تحفۃ الالمعی

شرح

سنن الترمذی

افادات

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ

محدث دارالعلوم دیوبند

ترتیب

جناب مولانا حسین احمد صاحب پالن پوری

فاضل دارالعلوم دیوبند

تفصیلی فہرست مضامین عربی

تحفۃ الألمعی

شرح

سنن الترمذی

شارح

حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ

شیخ الحدیث وصدر المدرّسین دار العلوم دیوبند

تفصیلات

نام کتاب　:　تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی جلد اول

افادات　:　حضرت اقدس مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم

محدث دارالعلوم دیوبند 09412873888

مرتب　:　جناب مولانا حسین احمد صاحب پالن پوری زید مجدہٗ

فاضل دارالعلوم دیوبند

سائز　:　$\frac{۲۰\times۳۰}{۸}$

صفحات　:　۶۰۰

تاریخ طباعت　:　بار اول ذی الحجہ ۱۴۲۷ ہجری مطابق جنوری ۲۰۰۷ عیسوی

کمپیوٹر کتابت　:　روشن کمپیوٹرز، محلّہ اندرون کوٹلہ دیوبند

کاتب　:　مولوی حسن احمد پالن پوری فاضل دارالعلوم دیوبند 09997658227

پریس　:　ایچ، ایس پرنٹرس، ۱۴۷ چاندنی محل، دریا گنج دہلی (011-23244240)

ناشر

مکتبہ حجاز دیوبند ضلع سہارن پور۔(یو، پی)

عربی ابواب کی فہرست

أَبْوَابُ الطَّهَارَةِ عن رَّسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

أبواب الصلاة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



عربی ابواب کی فہرست

أبواب الوتر

أبواب الجمعة

أبواب العيد ين

أَبْوَابُ السَّفَرِ:

أبواب الزكاة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



عربی ابواب کی فہرست

أبواب الصوم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الحج عن رسول الله صلی الله عليه وسلم

أبواب الجنائز عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب النكاح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

﴿ وللأبواب بقية﴾

أبواب الرضاع

﴿بقية أبواب النكاح﴾

عربی ابواب کی فہرست

أبواب الطلاق واللعان عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب البيوع عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الأحكام عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

﴿بقيةُ أبواب البيوع﴾

أبواب الديات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الحدود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الصيد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الأضاحی عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب النذور والأيمان عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب السير عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب فضائل الجهاد عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

أبواب الجهاد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



عربی ابواب کی فہرست

أبواب اللباس عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الأطعمة عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

أبواب الأشربة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب البر والصلة عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب الطب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الفرائض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الوصايا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الولاء والهبة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب القدر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

عربی ابواب کی فہرست

أبواب الرؤيا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الشهادة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الزهد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ، وَالرَّقَائِقِ، وَالْوَرَعِ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ الرَّقَائِقِ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ الورع عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ صفة الجنة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ صِفَةِ جهنم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ الإيمان عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبوابُ العلم عن رسول الله صلی الله عليه وسلم

أبواب الاستیذان والآداب عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب الأمثال عن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم

عربی ابواب کی فہرست

أبواب فضائل القرآن عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب القراء ة عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

أبوابُ تفسیر القرآن عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم



عربی ابواب کی فہرست

أبواب الدعوات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أحاديثُ شَتّٰى من أبْوَابِ الدَّعْوَاتِ

أبواب المناقب عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

شمائل النبی صلی الله علیه وسلم

شمائل ترمذی



فہرست مضامین

کتاب العلل کی شرح کا آغاز

ترمذی شریف کی سند

کتاب کا آغاز

أبواب الطهارة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الصلاة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



فہرست مضامین

أبواب الزکوٰۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم



فہرست مضامین

أبواب الصوم عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب الحج عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الجنائز عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب النكاح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

(ابھی ابواب النکاح باقی ہیں)

أبواب الرضاع
شیر خواری کا بیان



فہرست مضامین

أبواب الطلاق واللعان عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(ابھی ابواب البیوع باقی ہیں)

أبواب الأحكام عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

(باقی ابواب البیوع)

أبواب الديات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الحدود عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الصيد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الأضاحي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الأيمان والنذور عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب السير عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب فضائل الجهاد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الجهاد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



فہرست مضامین

أبواب اللباس عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

تقریب اختتام جلد اول

ترمذی شریف جلد ثانی کا آغاز

أبواب الأطعمة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

(اشیائے خوردنی کا بیان)

أبواب الأشربة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب البر والصلة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

(حسن سلوک، بدسلوکی، صلہ رحمی اور قطع رحمی کا بیان)

أبواب الطب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الفرائض عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الوصايا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الولاء والهبة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب القدر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الفتن عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



فہرست مضامین

أبواب الرُّؤْيَا عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الشهادات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

أبواب الزهد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

دنیا سے بے رغبتی کا بیان

أبواب صفة القيامة والرقائق والوَرَع عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قیامت کے احوال، دل کو موم کرنے والی روایتیں اور پرہیزگاری کی باتیں

أبواب القيامة

أبو اب الرقائق

دل نرم کرنے والی باتیں

أبواب الورع

پرہیزگاری کا بیان

أبواب صفة الجنة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

جنت کے احوال

متفرق احادیث

أبواب صفة جهنم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

دوزخ کے احوال

أبواب الإيمان عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ایمان کا بیان

أبواب العلم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

علم کا بیان

أبواب الاستيذان والآداب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اجازت طلبی اور سلیقہ مندی کی باتیں

أبواب الأمثال عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

معقول کو محسوس بنا کر پیش کرنا

فہرست مضامین

أبواب فضائل القرآن عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

أبواب القراءة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قراءتوں کا بیان

أبواب تفسير القرآن عن رسول الله صلى الله عليه وسلم



فہرست مضامین

أبواب الدعوات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اذکار ودعوات کا بیان

جامع الدعوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جامع اور ہمہ گیر دعائیں

أحاديثُ شَتّٰى من أبواب الدعوات

أبواب المناقب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

فضائل ومناقب کا بیان

فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم

شمائل ترمذی

نبی ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا بیان



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ مرتب

الحمدللہ الذی بنِعمتِہٖ تَتِمُّ الصّالحاتُ، وأفضلُ الصلوات وأیمنُ البَرکات علی منبع الجود وسید الکائنات، وعلی آلہ وصحبہ وعلماء أمتہ الذین ھم عین أعیان الموجودات. أما بعد!

علم حدیث درحقیقت آنحضرت ﷺ کی مبارک زندگی کی نہایت مستند ومعتبر تاریخ ہےاور وہ نور ہے جس سے قرآن کریم کے اسرار ومعارف کھلتے ہیں۔ دین متین کے حقائق پر آگاہی حاصل ہوتی ہے۔اور شریعت مطہرہ کی شاہ راہ اس طرح جگمگانے لگتی ہے کہ منزلِ حق کا مسافر زندگی کی پُر خار وادیوں، کٹھنائیوں اور صبر آزما مرحلوں کو کامیابی اور سلامتی سے طے کرتا ہوا اپنی منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔اس وجہ سے امتِ مسلمہ کے نابغۂ روزگار علماء اور فضلاء نے آپ ﷺ کی زندگی کے ہر گوشے اور ہر خدوخال کو کمالِ دیانت واحتیاط سے محفوظ رکھنے کی کوشش کی ہے۔انھوں نے ہر اس علم کی حفاظت وتدوین، نقل واشاعت، جمع وترتیب اور ضبط واتقان کی طرف خصوصی توجہ مبذول کی ہے جس کا کوئی بھی رشتہ علم حدیث سے ہے۔اور تالیف وتصنیف کی دنیا میں ایسے حسین اضافے کئے ہیں جن کی دل رُبائی قلب وروح کو تسکین بخشتی ہے۔

سرزمینِ پاک وہند میں علم حدیث کی تاریخ بہت طویل ہے۔اس سرزمین کو من جملہ دیگر خصوصیات کے ایک خصوصیت یہ بھی حاصل ہے کہ گذشتہ دو صدیوں میں اس خطہ کو علم حدیث کے لحاظ سے وہ مقام حاصل ہوا جس کی نظیر کسی دوسرے ملک میں مشکل سے ملے گی۔ یہاں دورۂ حدیث کا اور صحاح ستہ اور موطّین کا بالاستیعاب درس شروع ہوا جبکہ عرب ممالک میں اور دنیا کے مشہور دینی وتعلیمی اداروں میں کتب احادیث کے صرف چند منتخب ابواب ہی پڑھائے جاتے تھے، تاریخ کا ہر طالب عالم اس حقیقت سے بخوبی واقف ہے۔

برصغیر میں درس حدیث کا آغاز حضرت شیخ محدث عبدالحق دہلوی قدس سرہ (۹۵۹-۱۰۵۲ھ) سے ہوا ہے، مگر اس کا تسلسل قائم نہیں رہا، پھر امام اکبر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ (۱۱۱۴-۱۱۷۶ھ) کے دور سے دوبارہ اس کا سلسلہ شروع ہوا، پھر آپ کے خانوادے نے یعنی سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب اور

حضرت شاہ محمد اسحاق صاحب رحمہما اللہ نے فنِ حدیث کی آبیاری کی، پھر یہ سلسلہ حضرت شاہ عبدالغنی مجددی رحمہ اللہ کے توسط سے علمائے دیوبند سے جڑ گیا۔ علماء دیوبند میں اللہ تعالیٰ نے ایسے کبار محدثین پیدا فرمائے جو قرونِ اولیٰ کا نمونہ تھے اور حفظ و اتقان، وسعت علمی اور جامعیت کے اعتبار سے اپنی مثال آپ تھے۔ ان میں حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی، قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی، شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی، شارح ابوداؤد حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارن پوری، محدث عصر حضرت علامہ انور شاہ کشمیری، شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی، فخر المحدثین حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب مرادآبادی، جامع المعقول والمنقول حضرت علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی اور شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب سہارن پوری رحمہم اللہ کے اسمائے گرامی نمایاں شان کے حامل ہیں۔ ان حضرات کے کارنامے اتنے وسیع ہیں کہ آخر زمانہ میں اس کی مثال شاذ و نادر ہی مل سکے گی۔

اکابر محدثین کے اس سلسلۃ الذہب کی ایک کڑی محدثِ کبیر، جلیل القدر صاحب قلم، شارح حجۃ اللہ البالغہ، فقیہ النفس حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم کی ذات گرامی بھی ہے جن کی تقریر ترمذی کی جلد اول ہدیۂ ناظرین کی جارہی ہے۔ حضرتِ موصوف کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں اور کمالات سے نوازا ہے۔ آپ کا ذوق لطیف، طبیعت سادہ اور نفیس، مزاج میں استقلال و اعتدال، فطرت میں سلامتی اور ذہن رسا کے مالک ہیں۔ حق و باطل اور خطا و صواب میں امتیاز کرنے کی وافر صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور حقائق و معارف کے ادراک میں یکتائے زمانہ ہیں۔ خداوند قدوس نے آپ کو رسوخ فی العلم کے ساتھ مرتب گفتگو کا سلیقہ بھی عطا فرمایا ہے۔ آپ کی ہر تحریر اور تقریر حسن ترتیب اور مشکل کو آسان بنانے میں شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایشیاء کی عظیم دینی درسگاہ دارالعلوم دیوبند میں آپ کا درس بالخصوص حدیث شریف کا درس خصوصی شان کا حامل ہے۔ طلبۂ حدیث آپ کے درس میں جس ذوق وشوق سے حاضر ہوتے ہیں دوسرے اسباق اس سے عاری نظر آتے ہیں۔ ہر طالب علم آپ کی ہر بات قلم بند کرنے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ موصوف دورانِ درس سنت کے مطابق ٹھہر ٹھہر کر کلام فرماتے ہیں۔ اور ائمہ سلف، ائمہ مجتہدین اور محدثین کرام کا ذکر انتہائی ادب و عظمت سے کرتے ہیں۔ اور فقہاء کے مذاہب اور دلائل کی وضاحت میں جو طریقہ اختیار کرتے ہیں وہ عام فہم ہونے کے ساتھ انوکھا اور نرالا بھی ہوتا ہے۔ قارئین دورانِ مطالعہ محسوس کریں گے کہ حضرت مدظلہ اقوال مختلفہ کی تنقیح اس انداز پر کرتے ہیں کہ ہر امام کا قول حدیث شریف سے قریب نظر آتا ہے اور سامع یہ بات محسوس کرتا ہے کہ اکثر مسائل میں اختلاف کی بنیاد نص فہمی کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں۔ اور حدیث کے بعض الفاظ، بعض جملے اور بعض مضامین ایسے ہوتے ہیں جو لب ولہجہ اور مثالی صورت بنائے بغیر سمجھ میں نہیں آتے، آپ خصوصیت سے اس کا

عملی مظاہرہ کرتے ہیں، مگراس کوضبطِ تحریر میں لانا مشکل ہے۔اور آپ کے درس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ پورا سال درس اس ٹھہراؤ اور ترتیب سے ہوتا ہے کہ کتاب بحسن وخوبی مکمل ہوجاتی ہے۔ یہ نہیں ہوتا کہ بعض مشہور مباحث میں اتنا وقت صرف کردیا جائے کہ دوسرے مباحث اور بقیہ کتاب کے لئے وقت باقی نہ رہے اور صرف ورق گردانی کرکے بقیہ کتاب پوری کردی جائے۔

احقر نے گذشتہ سال درس وتدریس موقوف کرکے[1] حضرت والد صاحب کے حکم سے درسگاہ میں حاضر رہ کر تمام اسباق ریکارڈ کئے اور ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کے بھروسے پر ان کی ترتیب وتہذیب کا کام شروع کیا۔آج احقر کے جسم کا رواں رواں منعم حقیقی، رب کریم کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہے کہ اس نے اس ناکارہ کو ناکارگی اور تساہلی کے باوجود حضرت اقدس مدظلہ کے دروس کے مجموعہ کی پہلی جلد ہدیۂ ناظرین کرنے کی سعادت عطا فرمائی۔اس عظیم نعمت پر رب کریم کا جس قدر بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

إنَّ المَقَادِيْرَ إذَا سَاعَدَتْ ❁ أَلْحَقَتِ العَاجِزَ بالقَادِرِ

(قسمت جب یاوری کرے تو معمولی آدمی بھی بڑا کارنامہ انجام دے دیتا ہے)

❁ ❁ ❁

پیشِ نظر کتاب اس طرح مرتب کی گئی ہے کہ پہلے معالم طریق یعنی عناوین قائم کئے گئے ہیں۔ پھر باب سے متعلق پوری تقریر تفصیل سے لکھی گئی ہے۔ پھر امام ترمذی رحمہ اللہ کی عبارت اعراب کے ساتھ رکھی گئی ہے۔اس کے بعد درسی ترجمہ ہے۔اور ضروری جگہوں میں حل لغات اور تشریح ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے جامع ترمذی کے آخر میں اپنی سنن کا تعارف بذاتِ خود کرایا ہے۔ وہ رسالہ ''کتاب العلل'' کے نام سے موسوم ہوگیا ہے (گوکہ وہ رسالہ عللِ حدیث کے موضوع پر نہیں ہے) حضرت الاستاذ مدظلہ نے ترمذی شریف سے پہلے وہ رسالہ بالاستیعاب پڑھایا تھا اس لئے اُسے بھی عبارت، ترجمہ اور مطلب کے ساتھ شروع کتاب میں شامل کیا گیا ہے جو یقیناً بالکل ایک نیا اور اہم کام ہے۔طلبۂ حدیث اس سے بھی ان شاء اللہ خوب مستفید ہونگے۔اور دورانِ درس جن کتب حدیث اور کتب فقہ کا حوالہ آیا ہے ان کی مراجعت کرکے بقید صفحات بین القوسین حوالہ درج کردیا ہے تاکہ مراجعت میں سہولت ہو۔

اور اس مجموعہ کی سب سے بڑی اور اہم خوبی یہ ہے کہ صاحب افادات حضرت الاستاذ دامت برکاتہم نے اس

(۱) راقم الحروف جامعہ اسلامیہ عربیہ جامع مسجد امروہہ میں مدرس تھا۔ سات سال وہاں مختلف کتابیں پڑھائیں، آخر میں ترمذی شریف، بخاری شریف جلد ثانی اور مسلم شریف جلد اول پڑھانے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ پھر والد صاحب کے حکم سے تقریر ترمذی ضبط کرنے ہی کے لئے تدریس چھوڑ کر دیوبند میں قیام کیا ۱۲

شرح کا ایک ایک لفظ با معانِ نظر پڑھا ہے اور حک وفک کر کے اس کو قابل اشاعت بنایا ہے، ورنہ بندۂ ناچیز کو اپنی کم علمی، بے مائیگی، بے بضاعتی، اور ناتجربہ کاری کا پورا احساس ہے۔ یہ عظیم علمی کارنامہ اس ناکارہ کی بساط سے یقیناً بالاتر تھا، صرف حضرت الاستاذ کی عنایت نے اس کو قابل اشاعت بنایا ہے۔

اس شرح کی چند خصوصیات جو قارئین کے ذہن میں رہنی چاہئیں درج ذیل ہیں:

۱- حدیث شریف پڑھانے کا پہلے سے جو طریقہ چلا آ رہا ہے کہ مجتہدین کے مذاہب میں تقابل اور ترجیح قائم کی جاتی ہے، آپ کو یہ بات اس تقریر میں واضح طور پر نظر نہیں آئے گی۔ حضرت الاستاذ مدظلہ اس کو پسند بھی نہیں کرتے، وہ فرمایا کرتے ہیں کہ جب چاروں مذاہب برحق ہیں تو ان میں ترجیح قائم کرنے سے کیا فائدہ؟ حق بہرحال حق ہے اس میں تشکیک اور مراتب نہیں ہیں۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ اختلاف کی بنیاد نکھاری جائے کیونکہ مجتہدین امت کے سامنے سارے ہی دلائل ہیں ان کے سامنے ایک طرفہ دلائل نہیں ہیں، پھر اختلاف کیوں ہوا؟ کوئی نہ کوئی وجہ ہونی چاہئے۔ یہی بات خصوصیت سے اس تقریر میں سامنے آئے گی جس سے دوسری کتابیں خالی ہیں۔

بالفاظ دیگر: حضرت الاستاذ نے اختلاف ائمہ کے بجائے مدارکِ اجتہاد بیان کئے ہیں یعنی اختلاف کی بنیادیں بیان کی ہیں، پوری کتاب اس کی مثالوں سے بھری ہوئی ہے۔ جو مسائل معرکۃ الآراء ہیں ان میں بھی تقریر پڑھ کر آپ محسوس کریں گے کہ اختلاف ہونا ہی چاہئے تھا۔ بات ہی کچھ ایسی ذو وجہ ہے کہ ایک نقطہ پر سب مجتہدین کا جمع ہونا مشکل ہے، بہرحال یہ تقریر مناظرہ اور کشتی کا اکھاڑہ نہیں ہے بلکہ ایک بہتا دریا ہے جس کی تہہ میں بے شمار موتی ہیں ان کا چننا ہی قارئین کی آخری تمنا ہونی چاہئے۔

۲- حضرت الاستاذ صرف مسائل ہی بیان نہیں کرتے بلکہ کتاب بھی پڑھاتے ہیں اور فن بھی سمجھاتے ہیں اور جو بھی کتاب پڑھاتے ہیں اس کا ایک ایک لفظ حل فرماتے ہیں، کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں ہونے دیتے۔ گذشتہ سال پوری کتاب کی عبارت حضرت نے خود ہی پڑھی تھی تاکہ صحیح اعراب ریکارڈ ہو جائیں اور ترمذی شریف کی کوئی عبارت ایسی نہیں چھوڑی تھی جس کی وضاحت نہ کی ہو۔ ظاہر ہے کہ یہ باتیں تقریر کے ضمن میں نہیں لائی جاسکتیں تھیں اس لئے احقر نے تقریر کے بعد ترمذی شریف کی عبارت صحیح اعراب کے ساتھ رکھی ہے پھر اس کا ترجمہ اور حضرت الاستاذ کی وضاحتیں درج کی ہیں۔ ان شاء اللہ اس سے طلبہ اور اساتذہ کو فائدہ پہنچے گا۔

۳- ترمذی شریف **الجامع المعلّل** ہے یعنی جن حدیثوں میں عللِ خفیہ ہیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کو خاص طور پر واضح کیا ہے۔ سندوں کا اختلاف اور ترجیحات قائم کی ہیں جن کی وضاحت عربی شروحات میں بھی نہیں ہے، اس لئے اساتذہ ترمذی شریف پڑھاتے ہوئے ان ابحاث سے درگذر کرتے ہیں، وہ اس طرح ان مباحث سے گذر جاتے ہیں کہ گویا وہ لایعنی ہیں، حالانکہ یہی باتیں سنن ترمذی کی خصوصیات ہیں۔ اس شرح میں آپ کو اس موضوع پر

سیر حاصل گفتگو ملے گی۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی کتنی سندیں پیش کی ہیں ان میں کیا فرق ہے، راجح کی وجہ ترجیح کیا ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا فیصلہ صحیح ہے یا قابل غور ہے یہ سب باتیں مدلل و مفصل بیان کی گئی ہیں۔

۴- حضرت الاستاذ صرف محدث ہی نہیں ہیں بلکہ فقیہ بھی ہیں چنانچہ ہر باب میں ضروری مسائل بھی بیان فرمائے ہیں۔ اور بالغ نظر مفتی وہ ہے جو عصر حاضر کے تقاضوں کو بھی ملحوظ رکھے، چنانچہ مسائل کے بیان میں جابجا آپ کو یہ بات نظر آئے گی۔

۵- اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ حضرت الاستاذ مدظلہ نے حجۃ اللہ البالغہ کی شرح لکھی ہے جس کا نام رحمۃ اللہ الواسعہ ہے، یہ شرح پانچ جلدوں میں مطبوعہ ہے اور مقبول عام وخاص ہے، نیز پندرہ بیس سال سے دارالعلوم دیوبند میں آپ حجۃ اللہ البالغہ کا درس بھی دیتے ہیں اس لئے حکمت شرعیہ سے آپ کو خاص مناسبت ہے، دین کا کوئی کیسا ہی مسئلہ ہو، دقیق ہو یا رقیق، اس کی ایسی دل نشین حکمت بیان فرماتے ہیں کہ طبیعت عش عش کرنے لگتی ہے۔ پوری کتاب میں آپ کو اس کی بے شمار مثالیں مل جائیں گی۔ پس قارئین کو مطالعہ کے دوران یہ بات بھی خاص طور پر پیش نظر رکھنی چاہئے۔ اور کتاب میں بیان کئے ہوئے اسرار وحکم سے استفادہ کرنا چاہئے۔

۶- ترمذی شریف کے ہندوستانی نسخہ میں عبارت قدیم طرز پر چھپی ہوئی ہے کچھ پتا نہیں چلتا کہ بات کہاں سے شروع ہوتی ہے اور کہاں ختم ہوتی ہے۔ نہ ابواب پر کوئی نمبر ہے اور نہ حدیثوں کا کوئی شمار ہے۔ حضرت والا نے ترمذی شریف کی ترقیم کردی ہے۔ ابواب پر مسلسل نمبر ڈال دیئے ہیں، اسی طرح حدیثوں پر بھی نمبر ڈالے ہیں تاکہ حوالہ دینے میں اور مراجعت کرنے میں سہولت ہو، حضرت الاستاذ نے مصری نسخہ کی ترقیم کی پیروی نہیں کی بلکہ نئی ترقیم کی ہے۔ نیز عبارتوں کو جدا جدا کیا ہے اس سے بھی ان شاء اللہ کتاب فہمی میں بہت مدد ملے گی۔

یہ اس شرح کے چند واضح امتیازات ہیں جو عرض کئے گئے۔ ان کے علاوہ بھی قارئین بہت سی خوبیاں پائیں گے۔ مثلاً سلاستِ بیان، حسن ترتیب، واضح تعبیرات اور بلیغ اشارات قارئین کو محظوظ کریں گے۔

شرح کا نام: جب اس شرح کی جلد اول مکمل ہوئی تو میں نے والد محترم سے دریافت کیا کہ اس کا نام کیا رکھا جائے؟ آپ نے فرمایا: تحفةُ الألمعي (سمجھدار کی سوغات) اور یہ بھی فرمایا کہ یہ نام مجاز مَایَؤُوْلُ کے طور پر ہے، جیسے طالب علم کو "مولوی" کہتے ہیں، کیونکہ وہ آئندہ ان شاء اللہ مولوی بنے گا، اسی طرح جو اس شرح کو بغور پڑھے گا اور اس کے مضامین کو محفوظ کرے گا وہ ان شاء اللہ علوم الحدیث سے بہرہ ور ہوگا۔ اور فن حدیث میں صاحب فراست ہوگا۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ الألمعي اور الیلمعي کے معنی ہیں: ذکی وذہین، تیز فہم اور صاحب فراست۔ اس کا مادہ لَمَعَ (ف) لَمْعًا و لَمْعَانًا ہے، جس کے معنی ہیں: چمکنا، نمودار ہونا اور روشن ہونا۔ متقدمین (علامہ ابن العربی مالکی اور مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوری) نے لفظ الأَحْوَذِيْ استعمال کیا ہے، جس کے معنی ہیں: ایسا باصلاحیت جس

کے قبضۂ قدرت سے کوئی چیز باہر نہ ہو۔ الألمعی کے معنی اس سے قریب قریب ہیں اور اُس سے یہ لفظ آسان ہے۔ پس یہ شرح قارئین کرام اور طلبائے عظام کے لئے ایک سوغات (تحفہ) ہے جس کے ذریعہ حدیث کے حقائق ومعارف کھلیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس شرح کے ذریعہ امت کو فیض یاب فرمائیں اور طلباء کو بیش از بیش فائدہ پہنچائیں (آمین)

غرض اس بات کی پوری کوشش کی گئی ہے کہ کتاب میں کوئی جگہ تشنہ باقی نہ رہے، اگر میں اس مقصد میں کسی درجہ کامیاب ہوا ہوں تو وہ اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم اور حضرت الاستاذ کا فیض ہے اور اگر کسی جگہ کوئی غلطی ہوگئی ہے تو مبتدی سمجھ کر درگذر فرمائیں اور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ اس کی اصلاح کردی جائے۔ وما توفیقی إلا باللہ علیہ توکلت وإلیہ أنیب. وصلی اللہ علی النبی الکریم وعلی آلہ وصحبہ أجمعین

حررہ

حسین احمد بن حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری غفرلہ ولوالدیہ

فاضل دارالعلوم دیوبند

۴؍ذی قعدہ ۱۴۲۷ = ۲۶؍نومبر ۲۰۰۶ء بروز اتوار



تحفۃ الالمعی کی خصوصیات

(جناب مولانا ثناء اللہ صاحب رسولپوری (پالن پوری) محدث دارالعلوم چھاپی (گجرات) نے تحفۃ الالمعی جلد اول کا مطالعہ کرنے کے بعد حضرت والد ماجد مدظلہ کے نام ایک تحریر ارسال کی ہے اور ساتھ خط بھی لکھا ہے، وہ خط میں لکھتے ہیں: ''ماشاء اللہ یہ شرح اپنی ظاہری ومعنوی خوبیوں کی وجہ سے بے نظیر و بے بہا ہے۔ بندہ نے اپنے درسی مطالعہ کے دوران جن چند چیزوں کو نوٹ کیا وہ اس عریضہ کے ہمراہ ارسالِ خدمت ہیں۔ بیشک اس کی خوبیاں اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ یہ حضرت والا کی للّٰہیت، عشقِ نبوی، اور زندگی بھر کی علمی وعملی کوششوں اور وسیع تر مطالعہ کا ثمرہ ہے جو مختلف تصنیفات کی شکل میں آج امت کے سامنے تحریری شکل میں رہتی دنیا تک کے لئے آرہا ہے۔ خاص طور پر حجۃ اللہ البالغہ کی شرح شریعت فہمی میں، اور تفسیر ہدایت القرآن قرآن فہمی میں اور تحفۃ الالمعی حدیث فہمی میں، امت کے لئے مشعلِ راہ ہیں۔ عوام وخواص اس خوانِ یغما سے ہمیشہ متمتع ہوتے رہیں گے ان شاء اللہ'' .... جلد دوم کے آخر میں دو صفحے خالی تھے، میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ وہ تحریر یہاں درج کردی جائے، اس سے قارئین کو کتاب کی خصوصیات سمجھنے میں مدد ملے گی، حسین احمد عفی عنہ)

''تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی کی جلد اول منظرِ عام پر آگئی۔ ماشاء اللہ یہ شرح اپنی ظاہری وباطنی خوبیوں سے آراستہ ہونے کے ساتھ بے مثال بھی ہے۔ احقر کی ناقص نظر میں اُس کی جو خوبیاں آئیں وہ درج ذیل ہیں:

(۱) شرح کا مقدمہ بڑی قیمتی اور نایاب معلومات وتحقیقات پر مشتمل ہے۔ مقدمہ میں مذکور باتیں بصیرت پیدا کرنے والی ہیں۔ یہ مقدمہ ہر حدیث پڑھنے پڑھانے والے کے لئے بلکہ فقہ کے مدرسین وطلبہ کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ اس مقدمہ میں حجازی وعراقی مکتبِ فکر کی تاریخ، جمع حدیث وجمع قرآن کی تاریخ اور وجوہات بڑے اچھے پیرایے میں بیان فرمائے ہیں...... (۲) مقدمہ میں ایک جگہ درسِ حدیث میں علماءِ دیوبند کے طرز کی اور اُس میں فقہاء کے اقوال کو زیر بحث لانے کی وجہ: حدیث فہمی کو بتایا گیا ہے نہ کہ حنفیت کی ترجیح کو۔ یہ بہت ہی عمدہ توضیح ہے۔ نیز حدیث پڑھنے کا مقصد نصوص سے نئے مسائل اور احکام نکالنے کا سلیقہ پیدا کرنا بھی بتلایا گیا ہے............ (۳) اجماع اور قیاسِ شرعی کی واقعی حیثیت شارحِ محترم نے عجیب انداز میں بیان فرمائی ہے کہ یہ وحی حکمی ہیں اور اس کو مدلل بھی فرمایا ہے۔ الغرض مقدمہ کا ہر ہر حرف قیمتی اور ضروری باتوں پر مشتمل ہے...... (۴) کتاب العلل کو ابتداء میں لاکر حضرتِ شارح نے سنن ترمذی پڑھنے اور پڑھانے والوں کو ایک بہترین سوغات سے نوازا ہے۔ عام طور پر کتاب العلل سال کے اخیر میں بچے کھچے دنوں میں پڑھائی جاتی ہے بعض جگہوں پر صرف عبارت خوانی ہوتی ہے۔ حضرتِ والا نے اُس کی ایسی تشریح فرمائی ہے کہ کتاب العلل واقعی دلچسپ بن گئی ہے۔ عبارت اور اس کے مشمولات کو علحدہ علحدہ سولہ عنوانوں میں ذکر کرنے سے اس کا لطف دوبالا ہوگیا ہے...... (۵) شرح کی خصوصیات کا ذکر مرتب محترم بھائی مولوی حسین احمد زید مجدہ نے اپنے قلم سے فرمایا ہے اس کے علاوہ بندہ کو کچھ روز کے مطالعہ سے جو چند خصوصیات اور خوبیاں نظر آئیں وہ یہ ہیں:

ہر باب کے عنوان کے ساتھ ہی مسئلہ متعلقہ مافی الباب پر دل نشین انداز میں روشنی ڈالی گئی ہے، درحقیقت یہ حضرت الاستاذ

کے درس کا انداز ہے۔شرح میں اُسی کوملحوظ رکھنے سے نہ صرف ترمذی بلکہ حدیث شریف کی کسی بھی کتاب کا درس دینے کا طرز معلوم ہوسکتا ہے۔اس طرز سے باب سے مکمل مناسبت پیدا ہوجاتی ہے۔نیز یہ پیشگی مطلب اس انداز سے بیان فرمایا گیا ہے کہ باب کی عبارت اورحدیث پاک کے ترجمہ کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

(۶) ترمذی شریف کی عبارت کی تصحیح اور اُس کوعلحدہ علحدہ لکھنے سے طلبہ کے لئے بھی عبارت خوانی کی تیاری بہت آسان ہوگئی ہے......(۷) کسی حدیث کا مضمون اگر ترمذی کی روایت میں مکمل نہیں ہے تو اُس کومکمل کیا گیا ہے۔نیز امام ترمذی رحمہ اللہ وَرُوِی کہہ کرجن روایتوں کو بلا اسناد ذکرفرماتے ہیں اُن کے حوالے اوران کی سند کی حالت بیان کردی گئی ہے......(۸) فقہاء کے اقوال اس طرح ذکرفرمائے ہیں کہ ان کو یادرکھنا آسان ہوجاتا ہے۔اورصرف محقق اقوال پراکتفا کیا گیا ہے۔جس سے خواہ مخواہ تطویل لازم نہیں آتی......(۹) نیز فقہاء کے اقوال کچھ اس انداز سے بیان فرمائے ہیں کہ جس سے وجہِ اختلاف اور وجہِ استدلال دونوں واضح ہوجاتے ہیں۔ بلکہ اختلاف کی بنیاد کیا ہے؟ اس کی اچھی طرح وضاحت ہوجاتی ہے......(۱۰) حدیثوں کے ترجمے بلکہ امام ترمذیؒ کی عبارت کا ترجمہ بھی اتنا معنی خیز اور دل نشین ہے کہ اس سے دل جھوم جاتا ہے اور ایک گونہ لطف محسوس ہوتا ہے،مزید برآں ترجمہ سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گویا ہم اُس واقعہ کوبچشم خود مشاہدہ کررہے ہیں۔ نیز ترجمہ کے دوران بین القوسین بڑھاتے ہوئے الفاظ اتنے مختصر مگر اہم ترین ہیں کہ لمبی بحث کے قائم مقام بن کر کسی شبہ کا جواب بھی بن جاتے ہیں۔ ان ترجموں میں بعض جگہ پر محاورات کا لحاظ کرنے سے انوکھا پن پیدا ہوگیا ہے۔مثلاً تعجیل عصر کے باب میں **یجلس یرقب الشمس** کا ترجمہ (یا گھڑی دیکھتا رہے)

غرض دورِ حاضر میں عصری تعلیم،استشراق اور مادہ پرستی کے زہر سے بے شمار مسلمان شریعت کے احکام کے بارے میں ایک طرح سے تذبذب کا شکار ہیں۔یہ ''روشن خیال'' شریعت کے احکام کوموجودہ زمانہ سے ہم آہنگ نہیں سمجھتے یا سنن،آداب، واجبات اور فرائض تک کوغیر اہم بلکہ العیاذ باللہ فرسودہ گمان کرتے ہیں۔بعض لوگ ہرحکم شرعی میں لِمْ کے متلاشی ہوتے ہیں۔ ایسے زمانے میں شریعت کی ایسی توضیح وتشریح کہ ہرحکم کا عقل کے مطابق ہونا معلوم ہوجائے۔ نیز ان کی حکمتیں بھی واضح ہوجائیں اوراُن کی لم بھی سمجھ میں آجائے یہ نہایت ضروری ہے۔بحمد اللہ ''تحفۃ الالمعی'' میں یہ ساری باتیں بخوبی موجود ہیں۔ حضرتِ شارح مدظلہ نے تمہیدات اور مطالب کواس طرح ذکرفرمایا ہے کہ درایت وروایت کے ساتھ اسرارِشریعت اچھی طرح واضح ہوجاتے ہیں۔اس طرح روایت ودرایت کے ساتھ اسرار وحکم کی وضاحت نے سونے پرسہاگہ کا کام کیا ہے۔اور کیوں نہ ہو! حضرتِ شارح: اللہ کی حجۃ بالغہ کے رمز شناس اور پروردگار کے بحر رحمت کے غواص ہیں۔

یہ کارنامہ حضرت ہی کا حصہ ہے۔ہم جیسے ناچیز غلاموں کی بس یہی آرزو اور حضرت حق سے دعا ہے کہ وہ حضرت الاستاذ کو بسلامت وبعافیت رکھے اور آپ کی عمر شریف میں برکت عطا فرمائے تاکہ آپ کے خلوص وللّٰہیت سے بھرپور افادات سے امت دیر تک متمتع ہوتی رہے۔اور تشنگانِ علوم نبوت کوسیرابی ملتی رہے۔اللہ تعالیٰ اس شرح کونیز حضرت کے دیگر تصنیفی سلسلوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔ایں دعا ازمن وجملہ جہاں آمین باد''

(آپ کا: ثناءاللہ رسولپوری، دارالعلوم چھاپی ۱۵؍صفر ۱۴۲۸ھ)

تحفۃ الالمعی کی خصوصیات

(حضرت الاستاذ مولانا مفتی عبدالرؤف غزنوی صاحب استاذ حدیث جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی، وسابق استاذ دارالعلوم دیوبند نے تحفۃ الالمعی جلد اول پر (جو پاکستان میں زمزم پبلشرز کراچی کے زیر نگرانی شائع ہوئی ہے) پیش لفظ تحریر فرمایا ہے، جلد سوم کے آخر میں دو صفحے خالی تھے میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ اس تحریر کے اقتباسات یہاں درج کردوں، نیز جناب مولانا احمد صاحب ٹنکاروی محدث جامعہ ہانسوٹ گجرات نے حضرت والد ماجد کے نام ایک تحریر ارسال کی ہے جس میں انھوں نے تحفۃ الالمعی کی ان خصوصیات کا ذکر کیا ہے جن سے وہ بہ طور خاص متأثر ہوئے ہیں، وہ تحریر بھی پیش ہے۔ حسین احمد عفی عنہ)

مفتی عبدالرؤف غزنوی صاحب مدظلہ تحریر فرماتے ہیں:

۱- شارحین کتب حدیث کا یہ طرز دیکھا گیا ہے کہ ائمہ کے مذاہب وادلہ بیان کرتے وقت اپنے امام کے علاوہ باقی ائمہ کے حق میں بعض مرتبہ اعتدال پر قائم نہیں رہتے، چنانچہ بعض بڑے اہل علم جیسے حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ کا طرز فتح الباری میں اور علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ کا طریقہ عمدۃ القاری میں بطور مثال پیش کیا جاسکتا ہے۔ ان اکابرین کے زمانہ میں کیا ماحول تھا؟ اور کونسا طریقۂ استدلال مناسب تھا؟ یہ وہ حضرات خود ہی بہتر جانتے ہیں، البتہ عصر حاضر جس میں اسلام کے خلاف آئے دن نئے نئے فتنے سر اٹھا رہے ہیں، اس بات کا متحمل ہرگز نہیں کہ ائمہ حق (اہل السنۃ والجماعۃ) اور ان کے مسلک کے بارے میں ایسا طریقۂ استدلال اختیار کیا جائے کہ سننے والے یا پڑھنے والے خاص کر نوآموز طلبہ ان ائمہ حق اور ان کے مسلک سے متعلق شکوک واوہام میں مبتلا ہوجائیں، یا خدانخواستہ ان سے بدظن ہوجائیں، اور نتیجۃً ان ائمہ حق کے متبعین کے درمیان ایک محاذ قائم ہوجائے، اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے استاذ محترم حضرت مفتی صاحب مدظلہم العالی کو جنھوں نے ''تحفۃ الالمعی'' میں ایسا طریقہ اختیار کیا ہے کہ ائمہ کرام کے دلائل بھی سامنے آجاتے ہیں اور اختلاف کی بنیاد بھی نکھاری جاتی ہے۔ اور ائمہ حق کا مقام واحترام بھی ملحوظ رہتا ہے، اور پڑھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ یہ تمام راستے ایک ہی منزل مقصود کی طرف جاتے ہیں، اور چلنے والے ان راہوں میں سے جس راہ کو بھی اختیار کرکے اس پر چلیں گے وہ بتوفیق اللہ منزلِ مقصود تک پہنچ جائیں گے، بلکہ یہ مختلف راستے لوگوں کے لئے سہولت ورحمت خداوندی کے ذرائع ہیں۔

۲- حدیث پڑھانے والوں کی ایک عادت یہ چلی آرہی ہے کہ سال کے شروع میں اتنی لمبی تقریریں فرماتے ہیں کہ زیادہ تر تطویل کی وجہ سے طلبہ کے لئے غیر مفید اور ناقابل فہم ہوا کرتی ہیں، اور سال کے آخر میں چونکہ کتاب کا اکثر حصہ باقی رہتا ہے اور ختم کرانا ضروری ہوتا ہے اس لئے اتنی مختصر تقریریں ہوتی ہیں کہ زیادہ اختصار کی وجہ سے طلبہ کی سمجھ میں نہیں آتیں، بلکہ بعض مرتبہ تو صرف عبارت پر بھی اکتفا کیا جاتا ہے۔

عصر حاضر کے مشہور محدث فضیلۃ الشیخ عبدالفتاح ابوغدہ حلبی رحمہ اللہ نے ۱۴۱۵ھ میں جب ان سے میری آخری

ملاقات ریاض سعودی عرب میں ہوئی اس طرز پر شدید تنقید کی اور مجھے حکم دیا کہ تم سے جو ہو سکے کوشش کرو اور میری یہ گذارش دوسرے حضرات تک بھی پہنچا دو کہ حدیث پڑھانے کے طرز میں اعتدال پیدا کیا جائے، چنانچہ اس سلسلہ میں میں نے ایک عربی مضمون میں جو عربی مجلّہ البینات (شمارہ نمبر ۴ سن ۱۴۲۵ھ) میں شائع ہو چکا ہے شیخ کے حوالہ سے اس کا ذکر کیا ہے اور وہ مضمون دارالعلوم دیوبند کے عربی مجلّہ ''الداعی'' شمارہ نمبر ۳و۴ ماہ ربیع الاول، ربیع الثانی ۱۴۲۶ھ میں بھی شائع ہو چکا ہے۔

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب مدظلہم العالی کو اجر عظیم عطا فرمائے جنھوں نے ''تحفۃ الالمعی'' میں ایسا نچوڑ پیش فرمایا ہے جس میں اختصار و وضاحت کے ساتھ عبارت کا ترجمہ اور کتاب کا حل بھی موجود ہے، مشہور مذاہب کا بیان اور ادلہ بھی دستیاب ہیں، اہم الفاظ کی صرفی، لغوی اور نحوی تحقیق بھی حسب ضرورت کی گئی ہے، اور بے جا تطویل سے احتراز کیا گیا ہے، لہٰذا اگر مدرس اس طریقہ کو اپنائے گا تو اعتدال کے ساتھ وقت مقررہ پر کتاب ختم ہو سکتی ہے، اور طلبہ بھی شروع سے لے کر آخر تک تدریس سے مستفید ہو سکتے ہیں، پس یہ کتاب صحیح معنی میں ''سمجھ دار کی سوغات'' اور اسم بامسمّٰی ہے۔

اور حضرت مولانا احمد صاحب ٹنکاروی زید مجدہ رقم طراز ہیں:

بفضلہٖ تعالیٰ جامعہ ہانسوٹ، گجرات میں ترمذی شریف احقر سے متعلق ہے اس لئے بہ طور خاص تحفۃ الالمعی کی ہر دو جلد سے استفادہ کے خوب مواقع نصیب ہوئے، من وعن مطالعہ کیا، چند اہم خصوصیات سے میں بہ طور خاص متأثر ہوا جن کو درج کر رہا ہوں:

(۱) حدیث شریف اور امام ترمذیؒ کے کلام کا ترجمہ مطلب خیز اور دل کو موہ لینے والا ہے۔ طبیعت مچل جاتی ہے۔

(۲) دور حاضر کی نفسیات اور اصطلاحات ومحاورات کی رعایت نے چار چاند لگا دیئے ہیں۔

(۳) جابجا کلیات وضابطے تحریر کر دیئے ہیں جو حدیث فہمی اور بصیرت کے لئے انتہائی معین ہیں۔ جس کو میں کتاب کی روح سمجھتا ہوں۔

(۴) احکام تشریعیہ اور ان کے اسرار وعلل پر محققانہ وحکیمانہ کلام ہے۔ نظام شریعت کے کئی پہلو پہلی مرتبہ سمجھ میں آئے۔

(۵) ہر سطر قیمتی نکات پر مشتمل ہے اور طویل علمی وتدریسی تجربات کی آئینہ دار ہے۔

(۶) بیان القرآن کی طرح بین القوسین اضافے بہت بامعنی اور ایرادات مقدرہ کو نہایت خوبی کے ساتھ دفع کرنے والے ہیں۔ (۷) قدر مشترک مضامین کے علاوہ ضروری مباحث پر اکتفا کیا گیا ہے۔ (۸) زبان سہل الحصول وزود ہضم ہے (۹) مصطلحات حدیث کی تشریح بہت انمول اور اچھوتی ہے۔

(۱۰) اختلاف ائمہ کے بجائے مدارک اجتہاد کی نشاندہی نے کتاب کو اسم بامسمی بنا دیا ہے، ہمارے طریقۂ تدریس پر وارد کئی اعتراض ختم کر دیئے ہیں۔

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلویؒ کی اسرار شریعت پر جامع ترین کتاب ''حجۃ اللہ البالغہ'' کی اردو میں تشریح وترجمانی کر کے آپ نے فکر ولی اللّٰہی کے حامل تمام افراد کی طرف سے ایک زبردست علمی قرضہ ادا کر دیا ہے۔

خدا کرے تفسیر قرآن کے سلسلے میں جلالین جیسی درسی کتاب کی شرح آپ کے قلم بافیض سے صادر ہو جو فن تفسیر میں بھی شاہکار ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ العزیز۔

تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی

اہل علم کی نظر میں

(تحفۃ الالمعی پر دو وقیع تبصرے آئے ہیں، ایک ترجمان دارالعلوم دیوبند (جلد۴ شمارہ۲-۴) میں حضرت مولانا عمید الزماں صاحب کیرانوی مدظلہ (کارگزار صدر تنظیم ابنائے قدیم دارالعلوم دیوبند) کے قلم سے ہے، موصوف والد ماجد مدظلہ کے درس کے ساتھی ہیں، آپ بارہا مجالس میں حضرت موصوف کا تذکرہ کرتے ہیں، دوسرا تبصرہ ندائے شاہی (جلد۱۹ شمارہ ۵) میں حضرت مولانا محمد سلمان منصور پوری صاحب زید مجدہم کے قلم سے ہے، اس جلد کے آخر میں تین صفحات خالی تھے، میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ قارئین کرام انہیں ملاحظہ فرمالیں) حسین احمد پالن پوری

پہلا تبصرہ: بہ قلم حضرت مولانا عمید الزماں صاحب مدظلہ

زمیل گرامی قدر حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری کی زیر تبصرہ کتاب سال رواں کے شروع میں منظر عام پر آئی تھی، لیکن ان کی مہربانی سے اسے دیکھنے کا اتفاق اب ہوا ہے، حالانکہ کتاب کی عظمت واہمیت اور مصنف یا شارح کے علمی مقام کا تقاضا تھا کہ اسے بلاتاخیر حاصل کرکے فکر وبصیرت کا سامان بنایا جائے۔

اس کتاب کی دو جلدیں دستیاب ہوئی ہیں اور ان میں سے ہر دونوں جلدیں بالترتیب ۶۰۰ اور ۶۱۶ صفحات پر مشتمل ہیں اور یہ دونوں جلدیں شروع کتاب سے ابواب الزکاۃ (مکمل) تک پر مشتمل ہیں۔ جلد اول کے شروع میں پہلے عرض مرتب کے چند صفحات کے بعد ۵۵ صفحات پر مشتمل مصنف یا شارح کے قلم سے ایک طویل مقدمہ زیب کتاب ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ مقدمہ اپنے آپ میں ہی ایک مکمل کتاب کی حیثیت رکھتا ہے۔ حضرت مفتی صاحب نے حدیث کی حیثیت، حجیت، اس کی تدوین وترتیب کے تاریخی مراحل پر فن کی حیثیت سے، حدیث کی غرض وغایت وغیرہ پر عمومی انداز میں اور ان مباحث کے پہلو بہ پہلو دوسرے بہت سے اہم اور معرکۃ الآراء اور پیچیدہ ومختلف فیہ مسائل پر نہایت محققانہ کلام کیا ہے۔ ان مسائل میں خاص طور پر تقلید کی ضرورت واہمیت پر موصوف نے اعلی اور استدلالی انداز میں علمی توازن کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔ وحی کے تعلق سے وحی اور صاحب وحی (رسول اللہ ﷺ) کے مقام پر جس علمی انداز میں انھوں نے بحث کی ہے، اس سے صاحب فہم اور کدوعناد سے پاک ایسے لوگوں کے ذہنی دریچے وا ہوجانے چاہئیں جو منکرین حدیث کی پھیلائی ہوئی ضلالت وگمراہی کی تاریکیوں کو روشنی کا بدل تصور کربیٹھے ہیں۔

مولانا پالن پوری صاحب ایک طویل عرصے سے دارالعلوم دیوبند جیسے عالمی سطح کے عظیم ومشہور ادارے میں حدیث کی تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ترمذی جیسی اہم کتاب ان سے منسلک ہے، جس کی تدریس کا وہ صحیح معنی میں حق ادا کرتے رہے ہیں، اس کی سب سے بڑی شہادت دورۂ حدیث کے طلبہ کی مولانا موصوف کے تعلق سے گرویدگی ہے۔ ان کا جوجوہر اب تک ترمذی کی تدریس میں کھل کر دنیا کے سامنے آتا رہا ہے، اب وہ زیادہ مضبوط اور واضح شکل میں تحریری طور پر سامنے آگیا ہے، بظاہر تو یہ کتاب ترمذی کی شرح ہے لیکن حقیقت میں اس میں مختلف ابواب کے تحت شرعی امور ومعاملات پر گفتگو کے ضمن میں ایسے دقیق اور معنی خیز نکات شامل ہوگئے ہیں جن کے لئے درجنوں ضخیم مجلدات کی پیہم ورق گردانی بھی کافی نہیں ہے۔

مفتی صاحب فقیہ بھی ہیں اور محدث بھی۔ اس لئے فقہی احکام ومسائل میں ان کے یہاں انتہائی توازن اور اعتدال پایا جاتا ہے۔ اس کتاب میں جابہ جا ترجیح کے بجائے انھوں نے حنفیہ اور ائمہ ثلاثہ کے مابین توفیق ومطابقت کی کوشش کی ہے۔ کتاب کو پڑھتے ہوئے لگتا ہے کہ حضرت مفتی صاحب نے شاہ ولی اللہ کا باضابطہ اثر قبول کیا ہے۔ اس وقت وہ حضرت شاہ ولی اللہ کے سب سے بڑے شارح ہیں، دیگر علمی خدمات کے علاوہ صرف حجۃ اللہ البالغہ کی شرح ''رحمۃ اللہ الواسعہ'' ہی حضرت مفتی صاحب کی ایسی خدمت ہے جو ان کے نام کو علمی حلقوں میں زندہ رکھنے کے لئے کافی ہے۔

عربی اور اردو میں علمائے ہندوپاک کی طرف سے ترمذی کی کئی قابل ذکر شرحیں موجود ہیں۔ اردو میں مولانا تقی عثمانی صاحب کی درس ترمذی اور عربی میں معارف السنن (علامہ یوسف بنوریؒ) اور تحفۃ الاحوذی (مبارک پوری) حدیث کے طلبہ، اہل ذوق ومستفیدین میں مقبول ہیں، تحفۃ الالمعی اس سلسلے کی ایک نہایت نمایاں اور قیمتی کڑی ہے، امید ہے کہ طلبہ واہل ذوق بیش از بیش اس سے مستفید ہوسکیں گے اور یہ علمائے دیوبند کی حدیث کے باب میں خدمات اور کارناموں کا ایک اہم باب شمار ہوگا۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو اس نوع کی قیمتی علمی اسلامی خدمات کی مزید توفیق عطا فرمائے۔

دوسرا تبصرہ: بہ قلم حضرت مولانا سلمان صاحب منصور پوری مدظلہ

دارالعلوم دیوبند علوم نبوت کا وہ عظیم گہوارہ ہے جہاں ایک سے ایک بڑھ کر ماہرین علوم شریعت جمع ہیں جن کے بیک وقت اجتماع کو اگر مایۂ ناز ''علمی کہکشاں'' سے تعبیر کیا جائے تو بجا ہوگا، ان میں سے ہر ایک اپنے اندر الگ شان رکھتا ہے، اور نادرۂ روزگار کہلائے جانے کے لائق ہے، انہی عظیم المرتبت اساتذہ میں ہمارے حضرت الاستاذ المکرّم: محدث جلیل، فقیہ وقت، متکلم اسلام حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم ومدت فیوضہم بھی ہیں جن کے ''درسِ ترمذی شریف'' کو علمی حلقوں میں غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی ہے، حضرت الاستاذ کا بے نظیر انداز تفہیم، مباحث کی شاندار ترتیب، مشکل سے مشکل دلائل کی ایسی عمدہ انداز میں تسہیل کہ غبی سے غبی طالب علم بھی بآسانی سمجھ

جائے، ائمہ مجتہدین کے کامل احترام کے ساتھ ان کے مابین اختلافی مسائل کی ایسی وضاحت کہ بات دل میں اترتی چلی جائے، اور شروع کتاب سے آخری صفحات تک علوم و معارف کا ایسا فیضان کہ ہر نکتہ پر طبیعت عش عش کرا ٹھے، یہ اور اس طرح کی دیگر خصوصیات کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ طلباء آپ کے درس میں دل جمعی کے ساتھ پوری طرح ہمہ تن گوش رہتے ہیں؛ بلکہ طلبہ کی اکثریت آپ کی تقریر کو لفظ بلفظ کاپی میں نوٹ کرتی ہے، حتی کہ بعض صاحب ذوق طلبہ آپ کی درسی تقاریر ٹیپ ریکارڈ میں محفوظ کر لیتے ہیں، اور آپ کے درسی نوٹ امتحان کے مواقع پر اور بعد میں تدریس حدیث کے موقع پر سب سے زیادہ معین اور مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اس طرح آپ کا علمی فیضان تقریراً و تحریراً دنیا کے کونے کونے میں بفضلہٖ تعالیٰ پہنچ رہا ہے، اور خدا کرے کہ یہ فیض مزید آب و تاب کے ساتھ تادیر جاری رہے۔ آمین۔

عرصۂ دراز سے آپ کے ہزاروں تلامذہ اور خدام کے دلوں میں یہ آرزو رہ رہ کر انگڑائی لے رہی تھی کہ حضرت الاستاذ کے درسی افادات آپ ہی کی نگرانی اور نظر ثانی کے ساتھ مرتب ہو کر شائع ہوں؛ تاکہ آنے والی نسلیں تا قیامت آپ کے فیوضات عالیہ سے مستفیض ہوتی رہیں، مگر ہر کام کا عند اللہ ایک وقت مقرر ہوتا ہے، اب الحمد للہ وہ وقت آپہنچا، جس کی تمنا سالوں سے کی جا رہی تھی۔ خوش قسمتی ہے کہ خود حضرت الاستاذ مدظلہ نے اس اہم کام کی جانب توجہ فرمائی اور اپنے ہونہار اور لائق فرزند جناب مولانا مفتی حسین احمد صاحب پالن پوری زید علمہ (جو جامعہ اسلامیہ جامع مسجد امروہہ میں خود بھی کئی سال حدیث شریف کی اعلیٰ کتابیں پڑھانے کی سعادت حاصل کر چکے ہیں) ان کو امروہہ سے بلا کر اس اہم کام کی تکمیل پر مامور فرمایا۔ موصوف نے ۱۴۲۶ھ میں پورے سال ترمذی شریف کے سبق میں حاضر رہ کر تمام اسباق ریکارڈ کئے اور پھر انہیں پوری جاں فشانی کے ساتھ مرتب کر کے حضرت الاستاذ دامت برکاتہم کی خدمت میں پیش کیا اور حضرت نے ان دروس کا ایک ایک لفظ پڑھ کر اور حذف و اضافہ فرما کر اشاعت کی منظوری مرحمت فرمائی، ان قیمتی درسی افادات کا نام حضرت الاستاذ نے ''تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی'' رکھا ہے، جو پوری طرح کتاب پر منطبق ہے، اس وقت اس سلسلہ کی پہلی جلد پیش نظر ہے، جس میں شروع میں مقدمہ، اس کے بعد امام ترمذیؒ کی کتاب العلل، اور پھر کتاب الطہارۃ سے ''باب التکبیر عند الرکوع والسجود'' تک ابواب کی شرح آ گئی ہے، اسی طرح دوسری جلد بھی شائع ہو چکی ہے، جس میں ''کتاب الزکوٰۃ'' تک کے مباحث آ گئے ہیں اور امید ہے کہ جلد ہی اس کی اگلی جلدیں بھی شائع ہوں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بلا شبہ یہ شائقین اور تشنگانِ علم کے لئے ایک بیش قیمت تحفہ ہے، جس سے اساتذہ و طلبہ سب یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اللہ تعالیٰ صاحب افادات اور محترم مرتب کو اپنی شان عالی کے مطابق جزائے خیر مرحمت فرمائیں، اور جلد اس سلسلہ کی تکمیل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

الحمد للہ! تحفۃ الالمعی کی جلد چہارم آپ کے ہاتھوں میں ہے، اس میں ترمذی جلد اول تقریباً مکمل ہو گئی ہے، اور ترمذی جلد دوم کا سبق بعد عشاء شروع ہو گیا ہے، ان شاء اللہ اسکے بعد تحفۃ الالمعی کی جلد پنجم ابواب اللباس سے شروع ہو گی۔

تحفۃ الالمعی شرح ترمذی

(حضرت مولانا ابوبکر غازی پوری مدظلہ نے اپنے موقر سہ ماہی مجلّہ ''زمزم'' (جلد ۱۱ شمارہ ۵، ماہ رمضان وشوال ۱۴۲۹ھ) میں تحفۃ الالمعی پر نہایت دقیع تبصرہ فرمایا ہے اور صاحبِ افادات کی شخصیت کا بھی بھرپور تعارف کرایا ہے، اس جلد کے آخر میں چند صفحات خالی تھے، اس لئے میں مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ تبصرہ یہاں درج کردوں تاکہ وہ محفوظ ہو جائے۔ اور تحفۃ الالمعی کی ابھی ساتویں جلد آنی ہے اور ممکن ہے شرح آٹھویں جلد میں تمام ہو۔

حسین احمد پالن پوری

حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند وصدر المدرسین: علمی دنیا میں معروف ومشہور ومحبوب شخصیت سے متعارف ہیں، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ کی مشہور کتاب حجۃ اللہ البالغہ کی پانچ جلدوں میں ان کی اردو شرح رحمۃ اللہ الواسعہ نے حضرت مفتی صاحب کو بلند علمی مقام عطا کردیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مولانا مدظلہ کو تحریر وتقریر کا منفرد اسلوب عطا کیا ہے، مشکل مسائل کو اپنی سادہ زبان میں اس طرح پیش کرتے ہیں کہ دقیق سے دقیق مسئلہ بھی عام فہم ہو جاتا ہے، یہ وہ کمال ہے جس میں حضرت مفتی صاحب منفرد ہیں۔

ادھر کچھ ہی روز پہلے حضرت مفتی صاحب مدظلہ کا ایک تازہ علمی شاہ کار ترمذی شریف کی درسی تقریر بنام تحفۃ الالمعی کے مطالعہ کا شرف حاصل ہوا، اس کتاب کی اب تک پانچ جلدیں شائع ہو چکی ہیں، جن کے صفحات کی تعداد تقریباً تین ہزار پہونچتی ہے، اور ابھی غالباً اس کی اور بھی دو جلدیں آئیں گی۔

حضرت مفتی صاحب مدظلہ کے ذمہ عرصہ کئی سال سے ترمذی شریف کا درس متعلق ہے، ان کی درسی تقریر کو ٹیپ کیا گیا اور پھر کیسٹوں کی مدد سے ان کے لائق وفائق فرزند مولانا حسین احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے کاغذ پر منتقل کیا اور پھر مفتی صاحب نے اس پر نظر ثانی کی، نظر ثانی بڑی گہرائی وگیرائی سے کی گئی اس لئے مفہوم ومعنی میں شاید وباید ہی کچھ خلل نظر آتا ہے، طباعتی غلطیاں بھی نہ ہونے کے برابر ہیں، اتنی ضخیم کتاب میں طباعت کی غلطیوں کا نہ ہونا مفتی صاحب دامت برکاتہم کی کرامت ہی کہا جاسکتا ہے۔

ہماری نظر سے اردو میں متعدد درسی تقریریں مختلف کتب حدیث کی گذری ہیں، مگر یہ پہلی درسی تقریر ہے جس کو فی

الحقیقت درسی تقریر کہا جاسکتا ہے، اور تقریروں میں تحریر کا رنگ نظر آتا ہے، مگر یہ درسی تقریر واقعی درسی تقریر معلوم ہوتی ہے، پڑھو تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم درس میں بیٹھے ہیں اور مفتی صاحب اپنے منفرد انداز کلام میں ہم سے مخاطب ہیں، نرم لہجہ، تقریر جامع، ہر حدیث کی شرح ضرورت کے مطابق، نہ بہت زیادہ طویل اور نہ حد درجہ مختصر، احادیث پر محدثانہ کلام، فقہی مسائل میں دقت نظر اور وسعتِ نظر کے ساتھ منصفانہ گفتگو اور ان مسائل کی تشریح و تنقیح، اعتدال و توازن کے ساتھ مذہب حنفی کی دلائل کی روشنی میں ترجیح، تمام محدثین وفقہاء کرام کا ادب واحترام، گمراہ فرقوں کا تعاقب اور ان کا بلیغ انداز میں رد اور ساتھ ساتھ طلبہ کو پند ونصائح اور ان کی زندگی کو سنوارنے والی باتیں، جگہ جگہ پُر مزاح گفتگو کا انداز اور اس طرح کی بہت سی چیزیں ہیں جس نے اس شرح کو دوسری شرحوں اور درسی تقاریر سے ممتاز کر دیا ہے۔

ہمارے لئے خوشی کی بات یہ ہے کہ اس شرح کے مکمل ہوجانے کے بعد پوری ترمذی شریف کا ترجمہ بھی اہل علم اور طلبہ کے ہاتھ میں ہوگا۔ اب تک کسی حدیث کی کتاب کا مکمل اردو ترجمہ کسی حنفی اہل قلم کے ہاتھ سے میری نظر سے نہیں گذرا۔

اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کی حیات میں برکت دے، آج کے دور قحط الرجال میں ان کی شخصیت ہم جیسے طلبہ کے لئے باعثِ عبرت ہے، حضرت مفتی صاحب نے تھوڑے عرصہ میں پورے ایک ادارہ کا کام کیا ہے، اور کرتے جارہے ہیں، ان کی عمر اگر ڈھل رہی ہے تو ان کے قلم کی جوانی اور اس کی رعنائی بڑھتی جارہی ہے، اور یہ سب اللہ کی توفیق ونصرت کے بعد: برکت ہے کہ مفتی صاحب کو بلاوجہ کی مجلس جمانے سے مطلب نہیں ہے، کثرتِ اختلاط سے ان کو اجتناب ہے، ان کو اپنے وقت کی قدر وقیمت کا اندازہ ہے، مکمل یکسوئی اور دل جمعی کے ساتھ اپنے کام میں لگے رہتے ہیں، سیاست سے مولانا کا دور کا واسطہ نہیں ہے، علمی کام میں لگے رہنا اور مست رہنا یہی ان کا مزاج اور یہی ان کی طبیعت ہے، اور جب آدمی کام کرتا ہے تو اس کی طبیعت باغ وبہار رہتی ہے، مفتی صاحب باغ وبہار والی اسی طبیعت کے مالک ہیں، نہ زاہد خشک ہیں نہ عالم انا پرست، تواضع اور خوش طبعی کے مالک ہیں، مفتی صاحب پالن پوری دامت برکاتہم کی اس کتاب میں ان کی زندگی کی ان جھلکیوں کو دیکھا جاسکتا ہے۔

حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کے ہم شکرگذار ہیں کہ ان کی کرم فرمائی سے ہمیں اس عظیم اور ضخیم اور بے حد قیع کتاب کی پانچوں مطبوعہ جلدیں بطور ہدیہ دستیاب ہوئیں اور ہم ان سے خوب استفادہ کررہے ہیں۔

بارك الله فى حياته وَمَتَّعَهُ بِنُصرته وتائيداتِهِ ووفَّقَه لمزيد خَدَمَاتِ دينهِ وعلومِ دينهِ، وأَدام ظله مع صحته وسلامته وعافيتهِ، وجزاه بما عنده للمحسنين من الخيرات، وقبول الحسنات، والعفو عن السيئات، إنه مجيب للدعوات (آمین)



اہم تصانیف: حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری

① تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی: یہ حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ کے دروس ترمذی کا مجموعہ ہے، پانچ جلدیں طبع ہوچکی ہیں، جو ترمذی شریف جلد ثانی کے ابواب الفتن کے ختم تک ہیں، مقدمہ: نایاب اور قیمتی معلومات پر مشتمل ہے اور شرح کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں مدارکِ اجتہاد بیان کئے گئے ہیں، نیز ترمذی شریف کی عبارت صحیح اعراب کے ساتھ دی گئی ہے اور کتاب کا ہر ہر لفظ حل کیا گیا ہے، شروع میں کتاب العلل کی شرح بھی ہے، جو ایک قیمتی سوغات ہے۔ غرض یہ شرح ہر مدرس کی ضرورت اور حدیث کے ہر طالب علم کی حاجت ہے۔

② رحمۃ اللہ الواسعہ شرح حجۃ اللہ البالغہ ——— حضرت الامام المجدد الشاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ عالم اسلام کی ان برگزیدہ علمی شخصیتوں میں سے ہیں جن کی شہرت زمان ومکان کی قیود میں محدود نہیں، وہ اگرچہ ہندوستان میں پیدا ہوئے مگر ان کی شخصیت تمام عالم اسلام کا سرمایہ ہے۔ ان کی کتابیں اور انکے علوم ومعارف اسلامی تاریخ کا انمول خزانہ ہیں۔ حضرت الامام کی بہت سی کتابیں مختلف موضوعات پر ہیں لیکن حکمت شرعیہ اور فلسفۂ اسلام پر ان کی کتاب ''حجۃ اللہ البالغہ'' اپنی نظیر آپ ہے۔ حجۃ اللہ البالغہ کے متعدد تراجم ہوچکے ہیں اور بعض بازار میں دستیاب بھی ہیں لیکن ان سے کتاب حل نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ کو جنھوں نے نہایت محنت کے ساتھ اس کتاب کی شرح لکھی۔ شرح سے علماء، طلباء اور پڑھے لکھے لوگ بھی خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ شرح پانچ جلدوں میں اور تین ہزار چھ سو صفحات میں مکمل ہوئی ہے۔ ظاہری طور پر وہ تمام محاسن کتاب میں موجود ہیں جو ہونے چاہئیں، کتابت روشن اور واضح ہے، کمپیوٹر کتابت ہے، مگر جلی خط ہونے کی وجہ سے ضعیف نگاہ والے بھی بآسانی مطالعہ کرسکتے ہیں۔ کاغذ نہایت اعلی اور قیمتی ہے، طباعت بھی بہت عمدہ ہے، جلد مضبوط، دلکش اور خوب صورت ہے۔ اور قیمت اتنی کم ہے کہ اس ضخامت کی کتاب بازار میں اس قیمت پر دستیاب نہیں۔

نیز حضرت مفتی صاحب نے ایک احسان امت پر یہ بھی کیا ہے کہ حجۃ اللہ البالغہ پر عربی حاشیہ تحریر فرمایا ہے۔ جو دو جلدوں میں طبع ہوگیا ہے عربی خوان حضرات حاشیہ کی مدد سے کتاب حل کرسکتے ہیں اور درس میں بھی اس کو سامنے رکھا جاسکتا ہے۔

③ کامل برہانِ الٰہی تبیین وتشریح حجۃ اللہ البالغہ: رحمۃ اللہ الواسعہ میں مفتی صاحب نے عنوان قائم کرکے جو حجۃ اللہ کی آسان شرح کی ہے اس کو علحدہ کرلیا ہے اور ہلکی چار جلدوں میں مذکورہ نام سے یہ نئی کتاب تیار کی ہے اس میں حجۃ اللہ البالغہ کی عربی عبارت، ترجمہ، لغات اور تشریحات شامل نہیں۔ اب یہ عام مطالعہ کی ایک بہترین کتاب بن گئی ہے جو لوگ حجۃ اللہ حل نہیں کرنا چاہتے صرف اس کے مضامین پڑھنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ قیمتی سوغات ہے، زبان آسان اور سلیس ہے، ہر قاری بے تکلف اس کا مطالعہ کرسکتا ہے۔

④ ہادیہ شرح کافیہ: کافیہ: علم نحو کا مشہور ومقبول متنِ متین ہے، اس کی عبارت سلیس اور آسان ہے، مگر اس آسان کتاب کو طریقۂ تدریس نے مشکل بنادیا ہے۔ حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ نے اس پر ایک کام یہ کیا ہے کہ کافیہ کو مفصل ومرقم کیا ہے۔ اس کے ہر مسئلہ اور ہر قاعدہ کو علحدہ کیا ہے، پھر اس کی نہایت آسان شرح لکھی ہے اور شروع میں کافیہ

پڑھانے کا طریقہ بیان کیا ہے، اور قدیم طرز سے ہٹ کر کافیہ کس طرح طلبہ کے ذہن نشین کی جائے اس کے لئے ''مشقی سوالات'' دیئے گئے ہیں...... پھر دوسری شرح الوافیۃ عربی میں لکھی ہے اور اس پر وہی مفصل ومرقم متن ہے تاکہ طلبہ درس میں اس کو سامنے رکھ کر پڑھ سکیں۔

⑤ آسان نحو (دو حصے) نحو کی ابتدائی عربی کتابوں میں تدریج کا لحاظ نہیں رکھا گیا، یہ کتاب اسی ضرورت کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے۔ یہ دو حصے پڑھا کر علم نحو کی کوئی بھی عربی کتاب شروع کرائی جاسکتی ہے۔ زبان آسان اور انداز بیان سلجھا ہوا ہے۔

⑥ آسان صرف (دو حصے) آسان نحو کے انداز پر تدریج کا لحاظ کر کے یہ رسالے مرتب کئے گئے ہیں۔ پہلے حصہ میں گردانیں ہیں قواعد برائے نام ہیں اور دوسرے حصہ میں قواعد مع گردان دیئے گئے ہیں۔ اور ابواب کی صرف صغیر دی گئی ہے۔ بہت آسان اور مفید نصاب ہے۔

⑦ آسان منطق: ترتیب تیسیر المنطق۔ دارالعلوم دیوبند اور دیگر مدارس میں تیسیر المنطق کی جگہ اب یہ کتاب پڑھائی جاتی ہے۔ اس میں تیسیر المنطق ہی کو سہل کر کے مرتب کیا گیا ہے، کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔

⑧ تفسیر ہدایت القرآن: یہ مقبول عام وخاص تفسیر ہے۔ پارہ ۳۰ و ۱-۹ حضرت مولانا محمد کاشف الہاشمیؒ کے لکھے ہوئے ہیں اور ۱۰ تا ۱۸ مفتی صاحب نے لکھے ہیں، آگے کام جاری ہے اس تفسیر میں ہر ہر قرآنی کلمہ کے الگ الگ معنی دیئے گئے ہیں اور حاشیہ میں حل لغات اور ضروری ترکیب بھی ہے۔

⑨ الفوز الکبیر (جدید ترجمہ) قدیم ترجمہ میں سُقْم تھا، اس کو سنوارا گیا ہے، بغلی عناوین بڑھائے گئے ہیں اور ضروری حاشیہ لکھ کر عمدہ کاغذ پر کتاب طبع کی گئی ہے۔ دارالعلوم دیوبند میں اب یہی ترجمہ پڑھایا جاتا ہے۔ متوسط استعداد کے طلبہ از خود بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس کی آسان اردو شرح الخیر الکثیر مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری نے لکھی ہے، اور عربی شرح العون الکبیر ہے۔

⑩ العون الکبیر: یہ الفوز الکبیر کی عربی شرح ہے، پہلے قدیم تعریب کے مطابق تھی، اب جدید تعریب کے مطابق کر دی گئی ہے۔

⑪ فیض المنعم: مقدمہ مسلم شریف کی اردو شرح ہے۔ اس میں ضروری ترکیب اور حل لغات بھی ہیں، غرض کتاب حل کرنے کے لئے ہر ضروری بات اس کتاب میں موجود ہے اور کوئی غیر ضروری بات نہیں لی گئی۔

⑫ تحفۃ الدرر: یہ نخبۃ الفکر کی بہترین اردو شرح ہے، کتب حدیث پڑھنے والوں خصوصاً مشکوٰۃ شریف پڑھنے والوں کے لئے نہایت قیمتی سوغات ہے۔

⑬ مبادئ الفلسفہ: اس میں فلسفہ کی تمام اصطلاحات کی عربی زبان میں مختصر اور عمدہ وضاحت کی گئی ہے دارالعلوم دیوبند اور دیگر مدارس عربیہ کے نصاب میں داخل ہے۔

⑭ معین الفلسفہ: یہ مبادئ الفلسفہ کی بہترین اردو شرح ہے، اور حکمت وفلسفہ کے پیچیدہ مسائل کی عمدہ وضاحت پر مشتمل معلومات افزا کتاب ہے۔

⑮ مفتاح التہذیب: یہ علامہ تفتازانی کی ''تہذیب المنطق'' کی ایسی عمدہ شرح ہے کہ اس سے ''شرح تہذیب'' جو

مدارس عربیہ کے نصاب درس میں داخل ہے، خوب حل ہوجاتی ہے۔

⑯ محفوظات: (تین حصے) یہ آیات واحادیث کا مجموعہ ہے، جو طلبہ کے حفظ کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔ بہت سے مدارس ومکاتب میں داخل نصاب ہے۔

⑰ آپ فتوی کیسے دیں؟ یہ علامہ محمد امین بن عابد بن شامی کی شہرۂ آفاق کتاب ''شرح عقود رسم المفتی'' کی نہایت عمدہ شرح ہے۔

⑱ کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟: یہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہٗ کی کتاب ''توثیق الکلام'' کی نہایت آسان عام فہم شرح ہے۔

⑲ حیات امام ابو داؤد: اس میں امام ابو داؤد سجستانی کی مکمل سوانح، سنن ابی داؤد کا تفصیلی تعارف، اور اس کی تمام شروحات ومتعلقات کا مفصل جائزہ سلیس اور دلنشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

⑳ مشاہیر محدثین وفقہائے کرام اور تذکرہ راویان کتب حدیث: اس میں خلفاء راشدین، عشرۂ مبشرہ، ازواج مطہرات، بنات طیبات، مدینہ کے فقہائے سبعہ، مجتہدین امت، محدثین کرام، راویات کتب حدیث، شارحین حدیث، فقہائے ملت، مفسرین عظام، متکلمین اسلام اور مشہور شخصیات کا مختصر جامع تذکرہ ہے۔ حدیث کے ہر استاذ اور طالب علم کے پاس اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

㉑ حیات امام طحاوی: اس میں امام ابو جعفر طحاوی کے مفصل حالات زندگی، ناقدین پر رد، تصانیف کا تذکرہ، نظر طحاوی کی توضیح اور شرح معانی الآثار کا تفصیلی تعارف ہے۔

㉒ اسلام تغیر پذیر دنیا میں: یہ مسلم یونیورسٹی علی گڈھ اور جامعہ ملیہ دہلی کے سمیناروں میں پڑھے گئے چار قیمتی مقالوں کا مجموعہ ہے۔

㉓ نبوت نے انسانیت کو کیا دیا؟ یہ مقالہ جامعہ ملیہ دہلی کے ایک جلسہ میں پیش کیا گیا تھا، پہلے وہ علحدہ شائع ہوا تھا، اب اس کو اسلام تغیر پذیر دنیا میں شامل کردیا گیا ہے۔

㉔ ڈاڑھی اور انبیاء کی سنتیں: ناخن تراشنے، بغل کے بال اور زیر ناف لینے، مسواک کرنے، کلی اور ناک صاف کرنے، جسم کے جوڑوں کو دھونے، ختنہ کرنے، پانی سے استنجا کرنے، بالوں میں مانگ نکالنے، مونچھیں تراشنے اور ڈاڑھی رکھنے کے متعلق واضح احکامات، مسائل دلائل اور فضائل کا مجموعہ ہے، ڈاڑھی پر ہونے والے اعتراضوں کے جوابات بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔

㉕ حرمت مصاہرت: اس میں سسرالی اور دامادی رشتوں کے مفصل احکام، اور ناجائز انتفاع کا مدلل حکم بیان کیا گیا ہے۔

㉖ زُبدۃ الطحاوی: یہ امام طحاوی کی شہرۂ آفاق کتاب ''شرح معانی الآثار'' کی عربی تلخیص ہے، مگر جہاں تک عام طور پر طحاوی شریف پڑھائی جاتی ہے وہاں تک کام ہوا ہے یعنی کتاب الطہارۃ کے ختم تک طبع ہوئی ہے۔

㉗ طرازی شرح سراجی: یہ سراجی کی مکمل شرح ہے اور ذوی الارحام کا حصہ خاص طور پر حل کیا گیا ہے۔

㉘ مفتاح العوامل اور گنجینۂ صرف: حضرت مولانا فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ سابق شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کی تصنیفات ہیں، یہ شرح مأۃ عامل اور پنج گنج کی بہترین شروح ہیں، حضرت مفتی صاحب نے ان کی قابل قدر خدمت کی ہے۔

اہم تصانیف: حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری

① تحفۃ الالمعی شرح سنن الترمذی: یہ حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ کے دروسِ ترمذی کا مجموعہ ہے، سات جلدیں طبع ہوچکی ہیں، جو ترمذی شریف جلد ثانی کے ابواب التفسیر کے ختم تک ہیں، مقدمہ: نایاب اور قیمتی معلومات پر مشتمل ہے اور شرح کا امتیاز یہ ہے کہ اس میں مدارکِ اجتہاد بیان کئے گئے ہیں، نیز ترمذی شریف کی عبارت صحیح اعراب کے ساتھ دی گئی ہے اور کتاب کا ہر ہر لفظ حل کیا گیا ہے، شروع میں کتاب العلل کی شرح بھی ہے، جو ایک قیمتی سوغات ہے۔ غرض یہ شرح ہر مدرس کی ضرورت اور حدیث کے ہر طالب علم کی حاجت ہے۔

② رحمۃ اللہ الواسعہ شرح حجۃ اللہ البالغہ —— حضرت الامام المجد دالشاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ عالم اسلام کی ان برگزیدہ علمی شخصیتوں میں سے ہیں جن کی شہرت زمان ومکان کی قیود میں محدود نہیں، وہ اگرچہ ہندوستان میں پیدا ہوئے مگر ان کی شخصیت تمام عالم اسلام کا سرمایہ ہے۔ ان کی کتابیں اور انکے علوم ومعارف اسلامی تاریخ کا انمول خزانہ ہیں۔ حضرت الامام کی بہت سی کتابیں مختلف موضوعات پر ہیں لیکن حکمت شرعیہ اور فلسفۂ اسلام پر ان کی کتاب ''حجۃ اللہ البالغہ'' اپنی نظیر آپ ہے۔ حجۃ اللہ البالغہ کے متعدد تراجم ہوچکے ہیں اور بعض بازار میں دستیاب بھی ہیں لیکن ان سے کتاب حل نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ کو جنھوں نے نہایت محنت کے ساتھ اس کتاب کی شرح لکھی۔ شرح سے علماء، طلباء اور پڑھے لکھے لوگ بھی خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یہ شرح پانچ جلدوں میں اور تین ہزار چھ سو صفحات میں مکمل ہوئی ہے۔ ظاہری طور پر وہ تمام محاسن کتاب میں موجود ہیں جو ہونے چاہئیں، کتابت روشن اور واضح ہے، کمپیوٹر کتابت ہے، مگر جلی خط ہونے کی وجہ سے ضعیف نگاہ والے بھی بآسانی مطالعہ کرسکتے ہیں۔ کاغذ نہایت اعلی اور قیمتی ہے، طباعت بھی بہت عمدہ ہے، جلد مضبوط، دلکش اور خوب صورت ہے۔ اور قیمت اتنی کم ہے کہ اس ضخامت کی کتاب بازار میں اس قیمت پر دستیاب نہیں۔

نیز حضرت مفتی صاحب نے ایک احسان امت پر یہ بھی کیا ہے کہ حجۃ اللہ البالغہ پر عربی حاشیہ تحریر فرمایا ہے۔ جو دو جلدوں میں طبع ہوگیا ہے عربی خوان حضرات حاشیہ کی مدد سے کتاب حل کرسکتے ہیں اور درس میں بھی اس کو سامنے رکھا جاسکتا ہے۔

③ کامل برہانِ الٰہی تبیین وتشریح حجۃ اللہ البالغہ: رحمۃ اللہ الواسعہ میں مفتی صاحب نے عنوان قائم کرکے جو حجۃ اللہ کی آسان شرح کی ہے اس کو علحدہ کرلیا ہے اور ہلکی چار جلدوں میں مذکورہ نام سے یہ نئی کتاب تیار کی ہے اس میں حجۃ اللہ البالغہ کی عربی عبارت، ترجمہ، لغات اور تشریحات شامل نہیں۔ اب یہ عام مطالعہ کی ایک بہترین کتاب بن گئی ہے جو لوگ حجۃ اللہ حل نہیں کرنا چاہتے صرف اس کے مضامین پڑھنا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ قیمتی سوغات ہے، زبان آسان اور سلیس ہے، ہر قاری بے تکلف اس کا مطالعہ کرسکتا ہے۔

④ ہادیہ شرح کافیہ: کافیہ: علم نحو کا مشہور ومقبول متنِ متین ہے، اس کی عبارت سلیس اور آسان ہے، مگر اس آسان کتاب کو طریقۂ تدریس نے مشکل بنادیا ہے۔ حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ نے اس پر ایک کام یہ کیا ہے کہ کافیہ کو

مفصل ومرقم کیا ہے۔اس کے ہر مسئلہ اور ہر قاعدہ کو علحدہ کیا ہے، پھر اس کی نہایت آسان شرح لکھی ہے اور شروع میں کافیہ پڑھانے کا طریقہ بیان کیا ہے، اور قدیم طرز سے ہٹ کر کافیہ کس طرح طلبہ کے ذہن نشین کی جائے اس کے لئے ''مشقی سوالات'' دیئے گئے ہیں...... پھر دوسری شرح الوافية عربی میں لکھی ہے اور اس پر وہی مفصل ومرقم متن ہے تاکہ طلبہ درس میں اس کو سامنے رکھ کر پڑھ سکیں۔

⑤ آسان نحو (دو حصے) نحو کی ابتدائی عربی کتابوں میں تدریج کا لحاظ نہیں رکھا گیا، یہ کتاب اسی ضرورت کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے۔یہ دو حصے پڑھا کر علم نحو کی کوئی بھی عربی کتاب شروع کرائی جاسکتی ہے۔زبان آسان اور انداز بیان سلجھا ہوا ہے۔

⑥ آسان صرف (تین حصے) آسان نحو کے انداز پر تدریج کا لحاظ کر کے یہ رسالے مرتب کئے گئے ہیں۔پہلے حصہ میں گردانیں ہیں قواعد برائے نام ہیں اور دوسرے حصہ میں قواعد مع گردان دیئے گئے ہیں۔اور ابواب کی صرف صغیر دی گئی ہے۔ بہت آسان اور مفید نصاب ہے۔

⑦ آسان منطق: ترتیب تیسیر المنطق۔دارالعلوم دیوبند اور دیگر مدارس میں تیسیر المنطق کی جگہ اب یہ کتاب پڑھائی جاتی ہے۔اس میں تیسیر المنطق ہی کو سہل کر کے مرتب کیا گیا ہے، کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔

⑧ تفسیر ہدایت القرآن: یہ مقبول عام وخاص تفسیر ہے۔پارہ ۳۰ و ۱-۹ حضرت مولانا محمد کاشف الہاشمیؒ کے لکھے ہوئے ہیں اور ۱۰ تا ۱۸ مفتی صاحب نے لکھے ہیں، آگے کام جاری ہے اس تفسیر میں ہر ہر قرآنی کلمہ کے الگ الگ معنی دیئے گئے ہیں اور حاشیہ میں حل لغات اور ضروری ترکیب بھی ہے۔

⑨ الفوز الکبیر (جدید ترجمہ) قدیم ترجمہ میں سُقم تھا، اس کو سنوارا گیا ہے، بغلی عناوین بڑھائے گئے ہیں اور ضروری حاشیہ لکھ کر عمدہ کاغذ پر کتاب طبع کی گئی ہے۔دارالعلوم دیوبند میں اب یہی ترجمہ پڑھایا جاتا ہے۔متوسط استعداد کے طلبہ از خود بھی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔اس کی آسان اردو شرح الخیر الکثیر مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری نے لکھی ہے، اور عربی شرح **العون الکبیر** ہے۔

⑩ العون الکبیر: یہ الفوز الکبیر کی عربی شرح ہے، پہلے قدیم تعریب کے مطابق تھی، اب جدید تعریب کے مطابق کر دی گئی ہے۔

⑪ **فیض المنعم**: مقدمہ مسلم شریف کی اردو شرح ہے۔اس میں ضروری ترکیب اور حل لغات بھی ہیں، غرض کتاب حل کرنے کے لئے ہر ضروری بات اس کتاب میں موجود ہے اور کوئی غیر ضروری بات نہیں لی گئی۔

⑫ تحفۃ الدرر: یہ نخبۃ الفکر کی بہترین اردو شرح ہے، کتب حدیث پڑھنے والوں خصوصاً مشکوۃ شریف پڑھنے والوں کے لئے نہایت قیمتی سوغات ہے۔

⑬ مبادئ الفلسفہ: اس میں فلسفہ کی تمام اصطلاحات کی عربی زبان میں مختصر اور عمدہ وضاحت کی گئی ہے دارالعلوم دیوبند اور دیگر مدارس عربیہ کے نصاب میں داخل ہے۔

⑭ معین الفلسفہ: یہ مبادئ الفلسفہ کی بہترین اردو شرح ہے، اور حکمت وفلسفہ کے پیچیدہ مسائل کی عمدہ وضاحت پر مشتمل

معلومات افزا کتاب ہے۔

⑮ مفتاح التہذیب: یہ علامہ تفتازانی کی ''تہذیب المنطق'' کی ایسی عمدہ شرح ہے کہ اس سے ''شرح تہذیب'' جو مدارس عربیہ کے نصاب درس میں داخل ہے، خوب حل ہو جاتی ہے۔

⑯ محفوظات: (تین حصے) یہ آیات واحادیث کا مجموعہ ہے، جو طلبہ کے حفظ کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔ بہت سے مدارس ومکاتب میں داخل نصاب ہے۔

⑰ آپ فتوی کیسے دیں؟ یہ علامہ محمد امین بن عابد بن شامی کی شہرۂ آفاق کتاب ''شرح عقود رسم المفتی'' کی نہایت عمدہ شرح ہے۔

⑱ کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟: یہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ کی کتاب ''توثیق الکلام'' کی نہایت آسان عام فہم شرح ہے۔

⑲ حیات امام ابو داؤد: اس میں امام ابو داؤد سجستانی کی مکمل سوانح، سنن ابی داؤد کا تفصیلی تعارف، اور اس کی تمام شروحات ومتعلقات کا مفصل جائزہ سلیس اور دلنشین انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

⑳ مشاہیر محدثین وفقہائے کرام اور تذکرہ راویان کتب حدیث: اس میں خلفاء راشدین، عشرۂ مبشرہ، ازواج مطہرات، بنات طیبات، مدینہ کے فقہائے سبعہ، مجتہدین امت، محدثین کرام، راویات کتب حدیث، شارحین حدیث، فقہائے ملت، مفسرین عظام، متکلمین اسلام اور مشہور شخصیات کا مختصر جامع تذکرہ ہے۔ حدیث کے ہر استاذ اور طالب علم کے پاس اس کتاب کا ہونا ضروری ہے۔

㉑ حیات امام طحاوی: اس میں امام ابو جعفر طحاوی کے مفصل حالات زندگی، ناقدین پر رد، تصانیف کا تذکرہ، نظر طحاوی کی توضیح اور شرح معانی الآثار کا تفصیلی تعارف ہے۔

㉒ ڈاڑھی اور انبیاء کی سنتیں: ناخن تراشنے، بغل کے بال اور زیر ناف لینے، مسواک کرنے، کلی اور ناک صاف کرنے، جسم کے جوڑوں کو دھونے، ختنہ کرنے، پانی سے استنجا کرنے، بالوں میں مانگ نکالنے، مونچھیں تراشنے اور ڈاڑھی رکھنے کے متعلق واضح احکامات، مسائل دلائل اور فضائل کا مجموعہ ہے، ڈاڑھی پر ہونے والے اعتراضوں کے جوابات بھی اس کتاب میں شامل ہیں۔

㉓ حرمت مصاہرت: اس میں سسرالی اور دامادی رشتوں کے مفصل احکام، اور ناجائز انتفاع کا مدلل حکم بیان کیا گیا ہے۔

㉔ زُبدۃ الطحاوی: یہ امام طحاوی کی شہرۂ آفاق کتاب ''شرح معانی الآثار'' کی عربی تلخیص ہے، مگر جہاں تک عام طور پر طحاوی شریف پڑھائی جاتی ہے وہاں تک کام ہوا ہے یعنی کتاب الطہارۃ کے ختم تک طبع ہوئی ہے۔

㉕ طرازی شرح سراجی: یہ سراجی کی مکمل شرح ہے اور ذوی الارحام کا حصہ خاص طور پر حل کیا گیا ہے۔

㉖ مفتاح العوامل اور گنجینۂ صرف: حضرت مولانا فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ سابق شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند کی تصنیفات ہیں، یہ شرح مأۃ عامل اور پنج گنج کی بہترین شروح ہیں، حضرت مفتی صاحب نے ان کی قابل قدر خدمت کی ہے۔

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدُه ونستَعِينُه ونَسْتَهْدِيْه ونستغفره، ونعوذ بالله من شرور أنفسِنا، ومن سيئاتِ أعمالنا، من يهدِيْهِ اللّٰه فلا مُضِلَّ له، ومن يُضْلِلْه فلا هادى له، وأشهدُ أن لا إلٰـه إلا الله وحدَه، لاشريك له، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله.

طلبۂ عزیز کوبھی شہادتیں استاذ کے ساتھ پڑھنی چاہئیں، جیسے اذان میں شہادتین کا جواب شہادتین سے دیا جاتا ہے۔

کہو: أشهد أن لا إلٰه إلا الله وحده، لاشريك له، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله، صلى الله عليه وعلى آله وصحبه وسلَّم تسليماً كثيراً كثيراً، أما بعد: فأعوذ بالله من الشيطان الرجيم﴿ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَانُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾ بسم الله الرحمن الرحيم:﴿ لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ، إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ، فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ قرآن پاک پڑھنے سے پہلے اعوذ پڑھنا واجب ہے، بسم اللہ پڑھنا ضروری نہیں، برکت کے لئے پڑھیں تو بہتر ہے۔البتہ دومختلف جگہ سے قرآن پڑھا جائے تو درمیان میں بسم اللہ کے ذریعہ فصل کرنا چاہئے، بسم اللہ اسی مقصد سے نازل کی گئی ہے۔

كان جبريل عليه السلام يَنْزِلُ على رسول الله صلى الله عليه وسلم بالسُّنَّة كما ينزل عليه بالقرآن، ويُعلِّمه إيَّاها كما يعلِّمه القرآنَ (أخرجه أبو داوُد فى مراسيله) وقال صلى الله عليه وسلم: ”ألاإنى أُوتيتُ القرآنَ ومِثْلَه معه“ (رواه أبو داود وابن ماجه والدارمى)

عزیزو! حدیثیں بھی قرآن کریم کی طرح وحی ہیں۔قرآن پاک کی متعدد آیات اور متعدد حدیثیں اس پر صراحۃ دلالت کرتی ہیں۔لہٰذا پہلے وحی اوراس کی اقسام کوسمجھ لینا چاہئے:

وحی کی قسمیں:

وحی کی دوقسمیں ہیں: وحی صریح اوروحی حکمی۔ پھروحی صریح کی دوقسمیں ہیں: متلوّیعنی قرآن کریم،اورغیر متلوّیعنی احادیثِ شریفہ۔اوروحی حکمی پانچ چیزیں ہیں، نبی کا خواب، نبی کا اجتہاد، اجماع امت صحابہ کا اجتہاداور مجتہدین امت

کا اجتہاد ـــــــــ انسان اللہ کا بندہ ہے، اُسے اللہ ہی کی بندگی کرنی ہے۔ اور حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے لے کر ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ تک جو دین اللہ کے یہاں سے آیا ہے، اس کا مقصد بندوں کو اللہ کی بندگی کا طریقہ سکھانا ہے۔

دین ہمیشہ ایک نازل ہوا ہے۔ ارشاد پاک ہے: ﴿ إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلاَمِ ﴾ یعنی اللہ کے پاس دین اسلام ہے۔ دوسرا کوئی دین اللہ تعالیٰ کے یہاں نہیں ہے۔ پس جو دین وہاں ہے وہی نازل کیا جائے گا۔ اور زمین میں جو بہت سے ادیان ہیں وہ سب لوگوں کے گھڑے ہوئے یا بگاڑے ہوئے ہیں، دینِ حق صرف اسلام ہے۔ اس لئے کہ دین نام ہے اصول وعقائد کا، ظاہر ہے عقیدے ہمیشہ ایک رہے ہیں، ان میں تغیر وتبدل ممکن نہیں۔ مثلاً: اللہ ایک ہے یہ ایک عقیدہ ہے اس کے بدلنے کا سوال ہی نہیں، وہ ہمیشہ سے ہمیشہ تک ایک ہے اور ہر نبی نے یہی تعلیم دی ہے کہ اللہ ایک ہے، اسی طرح جنت وجہنم برحق ہیں، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ہے، اعمال تولے جائیں گے، اعمال کے مطابق جزاؤسزا ملے گی، پل صراط سے گذرنا ہوگا، اسی طرح فرشتوں پر رسولوں پر اور تقدیر پر یقین رکھنا یہ سب باتیں عقائد سے تعلق رکھتی ہیں اور تمام ادیان میں یہی عقیدے ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ امتِ محمدیہ کے لئے یہ عقیدے ہوں اور دوسری امتوں کے لئے دوسرے عقیدے۔ بلکہ تمام ادیان میں عقائد یکساں ہیں۔ پس از آدم تا ایں دم نازل ہونے والا دین ایک ہی ہے۔ البتہ شریعت جو دین کا ایک جزء ہے اس میں تغیر ہوتا رہا ہے۔ اور اس میں بندوں کی مصلحت کا اعتبار کیا جاتا ہے ـــــــ شریعت کا ترجمہ ہے: آئین، دستور: یعنی شریعت وہ دستور ہے جس پر انسانوں کو زندگی گذارنی ہے، مثلاً: آدم علیہ السلام کی شریعت میں بہن سے نکاح کرنا جائز تھا اس لئے کہ اس وقت بہن کے علاوہ عورتیں نہیں تھیں۔ لہٰذا بہن سے نکاح کو جائز رکھا گیا، پھر جب صورتِ حال تبدیل ہوگئی تو اگلی شریعت میں بہن سے نکاح حرام کردیا گیا، اسی طرح ایک شریعت میں (شریعت موسوی میں) تھپڑ کا جواب تھپڑ سے دینا ضروری تھا۔ پھر اگلی شریعت (شریعت عیسوی) میں قصاص لینا جائز نہیں رہا، معاف کرنا ضروری ہوا، اور نبی پاک ﷺ کی شریعت میں دونوں باتوں کا اختیار ہے، معاف کردے سبحان اللہ! اور قصاص لے تو یہ بھی جائز ہے۔

الغرض دین ہمیشہ ایک رہا ہے اور شریعتوں میں اختلاف رہا ہے، اور دین نازل کرنے کا مقصد بندوں کو بندگی کا طریقہ سکھانا ہے۔ پس بندے صرف وحی کی اطاعت کریں گے، اور وحی کے ذریعہ بندگی کا جو طریقہ سکھایا گیا ہے اسی کے مطابق زندگی گذاریں گے۔ پس وحی صریح خواہ متلو ہو یا غیر متلو اور وحی حکمی کی سب صورتوں کی اطاعت ضروری ہے۔

قرآن کریم کا وحی متلو نام رکھنے کی وجہ

مَتْلُوٌّ: اسم مفعول ہے اس کا ترجمہ ہے تلاوت کیا ہوا: قرآن کریم کو وحی متلو بایں وجہ کہتے ہیں کہ فرشتہ اللہ کے یہاں سے الفاظ لے کر آتا ہے اور نبی پاک ﷺ کے سامنے ان کی تلاوت کرتا ہے، پھر نبی پاک ﷺ ان الفاظ کی امت

کے سامنے تلاوت کرتے ہیں۔ ان الفاظ میں نہ تو فرشتہ کا کچھ دخل ہوتا ہے نہ ہی نبی پاک ﷺ کا، ان حضرات کا کام صرف الفاظ کی تلاوت کرنا ہے، جب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی پاک ﷺ کے سامنے اور نبی پاک ﷺ نے امت کے سامنے اللہ کے یہاں سے آئے ہوئے الفاظ کی تلاوت کردی تو دونوں کا کام مکمل ہوگیا: پھر انسانوں کو نماز میں وہ الفاظ تلاوت کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور نمازوں کے علاوہ بھی روزانہ ان میں سے کچھ نہ کچھ حصہ کی تلاوت کا حکم دیا گیا ہے، اور ان کی تلاوت کو باعثِ اجر وثواب قرار دیا گیا ہے۔ اس لئے اس کا نام وحی متلو رکھا گیا ہے۔

احادیث شریفہ کا وحی غیر متلو نام رکھنے کی وجہ

وحی صریح کی دوسری قسم: وحی غیر متلو ہے یعنی جس کے الفاظ اللہ کے یہاں سے نہیں آئے بلکہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے اپنے الفاظ میں حکم خداوندی پہنچایا، یا اللہ نے نبی پاک ﷺ کو جو فہم عطا فرمایا ہے، اس سے کام لے کر آپؐ نے قرآن کریم میں سے وہ باتیں مستنبط کیں۔ ان احادیث کا نام وحی غیر متلو ہے، وحی کی اس قسم کی تلاوت مشروع نہیں اس لئے اس کا یہ نام رکھا گیا ہے۔

نبی کا اجتہاد، نبی کا خواب اور اجماع امت بھی وحی ہیں:

اور وحی صریح کے بالمقابل وحی حکمی ہے۔ وحی حکمی باقاعدہ تو وحی نہیں، مگر درحقیقت وہ بھی وحی ہے۔ یعنی یہ بھی اللہ کی طرف سے ہے۔ وحی حکمی پانچ چیزیں ہیں:

۱- نبی پاک ﷺ کا اجتہاد: نبی پاک ﷺ بھی دیگر مجتہدین کی طرح اجتہاد فرماتے ہیں۔ اور دیگر مجتہدین کے اجتہاد میں جس طرح خطا وصواب کا احتمال ہوتا ہے نبی پاک ﷺ کے اجتہاد میں بھی یہ دونوں احتمال ہوتے ہیں۔ مگر فرق یہ ہے کہ مجتہد کی غلطی باقی رہتی ہے اس کو تنبیہ نہیں کی جاتی برخلاف نبی کے: وہ خطاء پر باقی نہیں رکھا جاتا بلکہ وحی صریح کے ذریعہ اس کو اطلاع کردی جاتی ہے! پس اگر نبی پاک ﷺ کو اجتہاد پر باقی رکھا جائے تو وہ اللہ کی طرف سے ہے یعنی اللہ کی مرضی کے مطابق ہے، اس لئے وہ اجتہاد بھی حکماً وحی ہے۔

۲- نبی کا خواب بھی وحی ہے۔ امت کے کسی بھی فرد کا خواب حجت نہیں، کیونکہ وہ وحی نہیں، اس کی حیثیت صرف بشارت کی ہوتی ہے، مگر نبی کا خواب حکماً وحی ہوتا ہے چنانچہ حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے خواب کو حکم خداوندی جان کر اپنے صاحب زادے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کا ارادہ کیا تھا، اگر نبی کا خواب وحی نہ ہوتا تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے صاحب زادے کو ذبح کرنے کی ضرورت نہیں تھی کیونکہ آپ کو ذبح کرنے کا حکم خواب کے علاوہ کسی اور طریقہ سے نہیں دیا گیا تھا۔

۳- اجماع امت بھی حکمی وحی ہے، خود نبی پاک ﷺ نے اس کی صحت کی اطلاع دی ہے، ارشاد فرمایا ہے:

لاتجتمع أمتی علی ضلالة (مشکوٰۃ حدیث نمبر۱۷۳ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ) (میری امت گمراہی پر اکٹھا نہیں ہوگی) پس اگر کسی مسئلہ پر امت کا اجماع ہوجائے تو اس حدیث شریف کی رُو سے وہ حجت ہوگا (وحی کی باقی دو قسموں کا بیان آگے آرہا ہے)

شروع ہی سے کچھ لوگ وحی حکمی کا انکار کرتے رہے ہیں۔ بلکہ ایک فرقہ تو وحی صریح کی دوسری قسم: وحی غیر متلو یعنی حدیث شریف کا بھی انکار کرتا ہے۔ یہ فرقہ ''اہل قرآن'' کہلاتا ہے۔ اور ایک اور فرقہ وحی صریح (وحی جلیّ) کی تو دونوں قسموں کو مانتا ہے، مگر وحی حکمی (وحی خفی) کی آخری قسم: اجماع امت کو حجت نہیں مانتا۔ یہ فرقہ ''اہل حدیث'' کہلاتا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے عِقد الجید اور حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا ہے کہ اصحابِ ظواہر کے مذہب کی بنیاد تین چیزوں کے انکار پر ہے: وہ اجماع امت، آثار صحابہ اور قیاس کو حجت نہیں مانتے۔

(تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۲:۷۰۰)

حدیث شریف بھی وحی ہے:

پہلا فرقہ حجیتِ حدیث کا انکار کرتا ہے، نفس حدیث کا انکار نہیں کرتا۔ وہ احادیث کو تاریخی حیثیت سے بے اصل نہیں کہتا۔ وہ احادیث کو بزرگوں کے ملفوظات کا درجہ دیتا ہے، جن سے پند و موعظت حاصل کرنی چاہئے۔ البتہ ان کے نزدیک احادیث وحی نہیں ہیں، اس لئے وہ حجتِ شرعیہ نہیں۔ پس ان کو جو منکرینِ حدیث کہا جاتا ہے تو یہ مختصر نام ہے، پورا نام: ''منکرین حجیتِ حدیث'' ہے۔

حالانکہ حدیث شریف بھی وحی ہے۔ اس پر بے شمار دلائل قائم ہیں۔ آیاتِ قرآنیہ سے بھی اور احادیث شریفہ سے بھی، مگر میں حدیث شریف سے دلیل پیش نہیں کرونگا، کیونکہ جب یہ جماعت حدیث شریف کو حجت نہیں مانتی تو حدیث سے دلیل پیش کرنا مصادرہ علی المطلوب ہوگا[1] اس لئے دلیل صرف قرآن کریم سے پیش کی جائے گی جو بالاتفاق وحی اور حجت ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کے طرزِ عمل سے استدلال:

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح: ایمان کے بیان سے شروع کی ہے اور ایمان ہی کے بیان پر ختم کی ہے۔ پہلی کتاب: کتاب الایمان ہے اور آخری کتاب: کتاب التوحید ہے۔ بیچ میں اعمال کا بیان ہے۔ اس میں اس طرف اشارہ

(۱) مُصادرہ علی المطلوب: دعوے ہی کو دلیل یا دلیل کا جزء بنانا۔ پھر اس کی چار صورتیں ہیں: دعوے کو بعینہٖ دلیل بنانا، یا دلیل کا جزء بنانا، یا دعوے پر دلیل کی صحت موقوف ہو یا دلیل کے جزء کی صحت موقوف ہو۔ یہ سب صورتیں باطل ہیں، کیونکہ وہ دور کو مستلزم ہیں۔ یہاں دعوی ہے کہ حدیث حجت ہے، اب اگر یہ بات حدیث سے ثابت کی جائے گی تو یہ مصادرہ علی المطلوب ہوگا۔

ہے کہ جو شخص از اول تا آخر مؤمن رہا اور پوری زندگی اعمالِ اسلامیہ پر عمل پیرا رہا اس کے لئے کامیابی یقینی ہے۔صرف ایمان: کامل کامیابی کی ضمانت نہیں ہے، بلکہ اعمال بھی ضروری ہیں۔

سوال: یہاں اگر کسی کے ذہن میں سوال آئے کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح: ایمان کے بیان سے شروع نہیں کی، بلکہ وحی کے بیان سے شروع کی ہے۔ پہلا باب ہے: **باب كيف كان بَدْءُ الوحيِ إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم؟** تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ باب کتاب الایمان کی تمہید ہے۔اصل کتاب: کتاب الایمان سے شروع ہوتی ہے۔اور یہ تمہید اس لئے قائم کی ہے کہ قاری کو معلوم ہوجائے کہ پوری کتاب میں جو ارشاداتِ نبوی ہیں وہ سب وحی ہیں،خواہ وہ روایات ایمانیات کے باب سے ہوں یا عبادت کے یا معاملات واخلاق کے باب سے سب قرآن کریم کی طرح وحی ہیں،اورسب کی اتباع لازم ہے [۱]

نظیر: جیسے فقہ کی کتابیں عبادات کے بیان سے شروع کی جاتی ہیں۔اور عبادت میں سب سے اہم نماز ہے۔سب فقہ کی کتابیں نماز کے بیان سے شروع کی گئی ہیں۔اور کتاب الطهارة: نماز کی تمہید ہے، کیونکہ نماز کے لئے پاکی ضروری ہے۔اسی طرح قرآن کا پہلا پارہ آلم ہے،اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فاتحہ قرآن سے خارج ہے۔فاتحہ تو پورے قرآن کا دیباچہ ہے،اس لئے اس کو کسی پارے میں شامل نہیں کیا گیا۔

پھر امام بخاری رحمہ اللہ سورۃ النساء کی آیت (۱۶۳) لائے ہیں: ﴿إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَى نُوْحٍ وَالنَّبِيِّيْنَ مِنْ بَعْدِهِ﴾ اس آیت کو لکھ کر یہ بات بتائی ہے کہ وحی غیر متلو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت نہیں ہے، بلکہ ایسی وحی گذشتہ انبیاء پر بھی آتی رہی ہے۔انبیاء علیہم السلام ٹیپ ریکارڈ کی مثال نہیں ہیں کہ جو اس میں بھر دیا گیا وہی بولتا ہے۔نہ اس میں فہم وفراست ہے نہ سمجھ بوجھ! انبیاء کا یہ حال کیسے ہوسکتا ہے؟ انبیاء تو لوگوں میں سب سے زیادہ ذکی ہوتے ہیں۔وہ اللہ کی وحی کی تبیین وتشریح نہ کریں یہ بات کیسے ممکن ہے؟

حدیث کے وحی ہونے کی پہلی دلیل:

سورۃ القیامہ (آیت ۱۹) میں صراحت ہے: ﴿ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ یعنی پھر اس کا بیان کرنا ہمارے ذمے ہے۔یعنی نازل کردہ قرآنی وحی کی تفصیل اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لی ہے۔اور سورۃ النحل (آیت ۴۴) میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾ یعنی ہم نے آپ کی طرف یہ قرآن اتارا ہے تاکہ جو مضامین لوگوں کے پاس بھیجے گئے ہیں آپ ان کو کھول کر سمجھا دیں۔دونوں آیتوں کو ملانے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بیان

---

(۲) اور بَدْءُ الوحی کے معنی صرف آغاز وحی کے نہیں ہیں، بلکہ اس کے معنی ہیں: وحی کی تاریخ۔محدثین کی یہ اصطلاح ہے۔جیسے امام ترمذی نے بَدْء الأذان باب قائم کیا ہے۔اور اس میں اذان کی تاریخ بیان کی ہے ۱۲

کی جو ذمہ داری لی ہے اس کی تکمیل رسول اللہ ﷺ کریں گے۔آپؐ کا بیان اللہ ہی کا بیان ہوگا۔اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے کہ آپ نے قرآن کی تبیین وتشریح وحی کے ذریعہ فرمائی ہو ورنہ اس کو ''اللہ کا بیان'' کیسے کہہ سکتے ہیں؟

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ﴾ الآیۃ میں مشرکین کے ایک اعتراض کا جواب دیا گیا ہے۔وہ کہتے تھے کہ جو شخص کھاتا پیتا اور چلتا پھرتا ہو وہ رسول کیسے ہوسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ کو اگر رسول بھیجنا تھا تو کسی مقرب فرشتہ کو بھیجتے، جیسے بادشاہ کسی سفیر کو روانہ کرتا ہے تو اپنے یہاں سے کسی کو روانہ کرتا ہے۔قرآن کریم نے اس اعتراض کا جواب مختلف جگہ مختلف انداز سے دیا ہے۔یہاں یہ جواب دیا ہے کہ سنتِ الٰہی یہی جاری ہے کہ ہمیشہ مرد ہی رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں، ملائکہ کبھی بھی رسول بنا کر نہیں بھیجے گئے۔ارشاد ہے: ﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالاً نُّوْحِيْ إِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ، بِالْبَيِّنَاتِ وَالزُّبُرِ﴾ یعنی آپ سے پہلے بھی ہم نے صرف مردوں کو رسول بنا کر بھیجا ہے، جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، پس حاملین ذکر (اہل کتاب یہود ونصاری) سے تحقیق کرلو اگر تم نہیں جانتے، روشن شواہد اور آسمانی کتابیں (۱) یعنی سلسلۂ نبوت آدم علیہ السلام سے برابر بشر ہی کے ذریعہ قائم ہے، ہمیشہ مردوں ہی کو رسول بنایا جاتا رہا ہے۔آج یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔پھر اگلی آیت میں انسان کو رسول بنانے کی حکمت بیان کی ہے۔ارشاد ہے: ﴿وَ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾ یعنی اسی سنتِ قدیمہ کے مطابق اب نبی ﷺ کو رسول بنا کر بھیجا گیا ہے تاکہ جن کی سمجھ میں کوئی بات نہ آئے وہ اسے سمجھا سکیں، جنھیں کچھ شک ہو ان کا شک رفع کرسکیں، اور جنھیں کوئی اعتراض ہو ان کے اعتراض کا جواب دے سکیں۔ظاہر ہے کہ یہ کام فرشتہ نہیں کرسکتا (۲)

دوسری حکمت: یہ ہے کہ بلاشبہ قرآنِ پاک دین وشریعت کی اصل واساس ہے، اور ادلۂ شرع میں وہی سب سے مقدم اور سب سے اہم ہے۔مگر اس کا کام صرف اصول بتانا ہے۔کیونکہ جزئیات کا دائرہ اتنا پھیلا ہوا ہے کہ اسے کسی ایک کتاب میں سمیٹنا تقریباً ناممکن ہے، جزئیات کو اگر سمیٹا جاسکتا ہے تو صرف اصول کے تحت سمیٹا جاسکتا ہے۔

جب قرآنِ پاک اصولِ شرع پر مشتمل ہے تو ان کی تفریع وتفصیل اور توضیح وتشریع ضروری ہوئی۔اللہ تعالیٰ نے یہ ذمہ داری سب سے پہلے اس ذاتِ اقدس پر ڈالی جس پر یہ عظیم المرتبت کتاب اتاری گئی، اور ثانیاً یہ ذمہ داری مجتہدین امت کو تفویض کی گئی۔اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: ﴿وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴾ یعنی تاکہ وہ خود بھی غور وفکر کریں اسی حقیقت کا بیان ہے۔

عورتوں کو منصبِ نبوت کیوں نہیں سونپا گیا؟ ——— یہاں ایک سوال ہے کہ مذکورہ آیت میں رجالاً ہے یعنی ہمیشہ منصبِ نبوت مردوں ہی کو سپرد کیا گیا ہے، کوئی عورت کبھی نبی نہیں بنائی گئی، اس کی کیا وجہ ہے؟ عام طور پر اس سوال کا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ عورتیں ناقص العقل ہیں، اور کارِ نبوت کے لئے عقلِ وافر کی ضرورت ہے، اس لئے یہ

(۱) بالبینات والزبر: لاتعلمون سے بھی متعلق ہوسکتے ہیں اور أرسلنا سے بھی ۱۲

(۲) مزید تفصیل کے لئے دیکھیں تفسیر ہدایت القرآن (۴:۱۱۱)

منصب عورتوں کو نہیں دیا گیا۔مگر یہ جواب شاید مبنی بر حقیقت نہیں۔ کیونکہ عورت کا ناقص العقل ہونا افراد کے اعتبار سے نہیں ہے، صنف کے اعتبار سے ہے یعنی مجموعہ کے اعتبار سے ہے، ورنہ مردوں میں بھی بے وقوفوں کی کمی نہیں، اور بعض عورتیں فرزانہ اور بڑی سوجھ بوجھ کی مالک ہوتی ہیں۔ اور کامیابی کے ساتھ حکومتیں چلاتی ہیں۔ اور نبوت ورسالت سے صنف نہیں بلکہ افراد سرفراز کئے جاتے ہیں۔ چنانچہ مردوں میں سے کم عقلوں کو نبوت نہیں سونپی گئی، بلکہ جوازکی (زیرک) اوراذکی (صاف ستھرے) تھے انہی کو اس منصبِ جلیل سے سرفراز کیا گیا ہے۔ بلکہ صحیح وجہ یہ ہے کہ نبوت ورسالت بھاری ذمہ داری (HEAVY DUTY) ہے، اور عورتیں صنفِ نازک ہیں۔ وہ اپنی وضع (حالت) کا پاس ولحاظ کرتے ہوئے یہ بھاری ذمہ داری انجام نہیں دے سکتیں۔ اسی طرح دوسری بھاری ذمہ داریاں بھی عورتوں پر نہیں رکھی گئیں۔ جیسے جہاد وقتال ان پر فرض نہیں کیا گیا۔ کیونکہ میدانِ کارزار میں پتّہ پانی ہوتا ہے، عورتوں کے لئے یہ کام انجام دینا نہایت دشوار ہے۔ حکومت کا سربراہِ اعظم بھی عورت کو نہیں بنایا جاسکتا۔ قضا کا عہدہ بھی عورت کو نہیں سونپا جاسکتا[1] حتی کہ کمانے کی ذمہ داری بھی عورت پر نہیں ڈالی گئی، وہ جب تک لڑکی ہے اس کا نفقہ باپ پر ہے، چاہے وہ بالغہ ہو، جب بیوی بن جاتی ہے تو اس کا نفقہ شوہر کے ذمہ ہے اور جب بیوہ ہوجاتی ہے تو اس کا خرچہ اولاد پر یا قریبی رشتہ داروں پر یا حکومت پر ہے۔ کیونکہ کمانا بھی ایک بھاری ذمہ داری ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت کے آخر میں فرمایا تھا کہ "اگر میں ایک سال اور زندہ رہا تو بیوہ عورتوں کے لئے ایسا انتظام کردونگا کہ وہ عمرؓ کے بعد کسی کی محتاج نہ رہیں گی" معلوم ہوا کہ بے سہارا عورتوں کے نفقہ کی ذمہ داری بیت المال پر ہے۔

الحاصل: نبوت ایک بھاری ذمہ داری ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک کے احوال قرآن کریم میں مذکور ہیں۔ ان کو پڑھو! اندازہ ہوجائے گا کہ انبیاء کو کن کٹھانیوں سے گذرنا پڑا ہے۔ خود سرور کائنات ﷺ کو کیا کیا حالات پیش آئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ عورت ان سختیوں کا تحمل نہیں کرسکتی، نہ وہ اپنی وضع باقی رکھتے ہوئے نبوت کی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہوسکتی ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس بھاری کام کا عورتوں کو مکلّف نہیں بنایا، ہمیشہ مرد ہی نبی بنائے گئے ہیں۔

حدیث کے وحی ہونے کی دوسری دلیل:

سورۃ النجم کے شروع میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوىٰ، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُّوْحىٰ﴾ یعنی آپؐ اپنی خواہشِ نفس سے باتیں نہیں بناتے، آپؐ کا ارشاد صرف وحی ہے جو آپؐ پر بھیجی جاتی ہے۔ ھو کا مرجع مَنْطُوق (بولی

(۱) قاضی کو حدود وقصاص کے فیصلے بھی کرنے ہوتے ہیں اور اجرائے حدود میں قاضی کو عملی حصہ بھی لینا پڑتا ہے، جو عورت کے بس کی بات نہیں ۱۲

ہوئی بات) ہے جو یَنْطِقُ کا مصدر ہے، جیسے:﴿اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى﴾ میں ھو کا مرجع عَدْلٌ ہے، جو اِعْدِلُوْا فعل امر کا مصدر ہے۔ یہ آیت صریح ہے کہ نبی ﷺ جو کچھ بولتے ہیں وہ ان کی طرف وحی کی ہوئی بات ہوتی ہے۔ پس ثابت ہوا کہ تمام احادیث وحی ہیں۔

سوال: اگر کوئی کہے کہ ان آیات کا سیاق وسباق اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ آیات وحی متلوّ (قرآن کریم) کے ساتھ خاص ہیں۔ کیونکہ آگے ارشاد ہے:﴿عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى، ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى، وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى، ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى، فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى، فَاَوْحٰى اِلٰى عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى، مَاكَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى﴾ یعنی ان کو ایک فرشتہ تعلیم کرتا ہے جو بڑا طاقت ور ہے، زور آور ہے، پھر وہ فرشتہ اپنی اصلی شکل میں نمودار ہوا، ایسی حالت میں کہ وہ آسمان کے بلند کنارہ پر تھا، پھر وہ فرشتہ نزدیک آیا، پھر اور نزدیک آیا، سو دو کمانوں کے برابر فاصلہ رہ گیا، بلکہ اور بھی کم، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو کچھ نازل فرمائی، قلب نے دیکھی ہوئی چیز میں کوئی غلطی نہیں کی (ترجمہ پورا ہوا) اور شانِ نزول کی روایات میں ہے کہ یہ سورۃ المدثّر کے نزول کا واقعہ ہے۔ اس موقع پر حضرت جبرئیل علیہ السلام اپنی اصلی صورت میں نمودار ہوئے تھے، اور اس سورت کی ابتدائی آیات وحی کی تھیں۔ پس اس آیت سے حدیث کی حجیت پر استدلال کیسے ہوسکتا ہے؟ یہ آیات تو وحی متلوّ (قرآن کی وحی) کے ساتھ خاص ہیں۔

اس کا جواب: یہ ہے کہ مورِد (وارد ہونے کی جگہ یعنی شانِ نزول) اگرچہ خاص ہے، مگر آیت کے الفاظ عام ہیں۔ اور ایسی صورت میں خاص شانِ نزول کا اعتبار نہیں ہوتا بلکہ الفاظ کے عموم کا اعتبار ہوتا ہے۔ تفسیر کا قاعدہ ہے: العِبْرَةُ لِعُموم اللفظِ، لا لِخُصوص المَوْرِد: یعنی آیت اگر کسی خاص موقع کے لئے نازل ہوئی ہو، مگر الفاظ عام ہوں، تو حکم اس خاص موقع تک مقصور نہیں رہے گا، بلکہ الفاظ کے عموم تک عام ہوگا۔

اور مذکورہ آیت میں وَمَا يَنْطِقُ ہے، وَمَا يَتْلُوْ نہیں ہے، پہلے الفاظ دوسرے الفاظ سے عام ہیں۔ اگر صرف وحی متلو مراد ہوتی تو کہا جاتا: وما يتلو عن الهوى یعنی نبی ﷺ جو کلام تلاوت فرما رہے ہیں وہ ان کا گھڑا ہوا نہیں ہے، بلکہ ان کی طرف وحی کیا ہوا ہے۔ مگر جب وما ينطق فرمایا یعنی رسول جو بولیں، اور بولنا عام ہے، خواہ قرآن کے الفاظ تلاوت کریں خواہ اس کی تبیین وتشریح میں کوئی بات فرمائیں سب وحی ہے۔ پس ثابت ہوا کہ قرآن کی طرح احادیث بھی وحی ہیں۔

العِبرۃُ لعموم اللفظ کی مثالیں:

پہلی مثال: سورۃ الواقعہ (آیت ۷۹) میں ارشاد پاک ہے:﴿لَايَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ یعنی پاک لوگوں کے علاوہ اس (قرآن) کو کوئی ہاتھ نہیں لگاتا۔ اس آیت سے پوری امت نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ بے وضو قرآن کو چھونا

جائز نہیں۔ حالانکہ یہ آیت فرشتوں اور لوح محفوظ کے بارے میں ہے۔ اس کا سیاق وسباق یہ ہے: ﴿إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيْمٌ، فِيْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ، لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ، تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ یعنی یہ ایک مکرّم قرآن ہے، جو ایک محفوظ کتاب (یعنی لوح محفوظ) میں درج ہے، کہ اس کو بجز پاک فرشتوں کے کوئی ہاتھ نہیں لگانے پاتا۔ یہ رب العالمین کی طرف سے اتارا ہوا ہے یعنی لوح محفوظ تک پہنچ صرف فرشتوں کی ہے، شیاطین کا وہاں گذر نہیں، وہ لوح محفوظ میں کوئی تصرف نہیں کر سکتے۔

یہ آیت لوح محفوظ سے متعلق ہے۔ اس کے باوجود پوری امت نے (چاروں ائمہ نے) اس آیت سے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ بے وضو قرآن کریم کو ہاتھ لگانا جائز نہیں۔ صحابہ کے زمانہ سے یہ مسئلہ اس آیت سے سمجھا جاتا رہا ہے۔ اور صرف صحابہ ہی نہیں صحابیات بھی یہ مسئلہ اسی آیت سے اخذ کرتی تھیں۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں ہے کہ جب وہ اپنی بہن کے گھر پہنچے ہیں اور بہنوئی اور بہن کی پٹائی کی اور بہن کے چہرے پر خون دیکھا تو انہیں ندامت ہوئی۔ پس انھوں نے کہا: تم کیا کتاب پڑھ رہے تھے، ذرا مجھے بھی پڑھنے کو دو، تو بہن نے کہا: تم ناپاک ہو، اس کتاب کو صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں، اٹھو غسل کرو، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے غسل کیا، پھر سورۂ طٰہٰ ان کو دی گئی، جس کو انھوں نے پڑھا اور ان کے دل کی کایا پلٹ گئی۔

اور یہ مسئلہ اس آیت سے اس طرح ثابت کیا گیا ہے کہ آیت کا شانِ نزول (مَورِد) اگرچہ خاص ہے یعنی آیت لوح محفوظ کے بارے میں ہے، مگر اس میں دو لفظ عام ہیں: ایک: لَايَصِلُ إِلَيه کے بجائے لَايَمَسُّه کہا گیا ہے، دوسرا: الملائکۃ کے بجائے المطھرون فرمایا گیا ہے۔ پس آیت کا مطلب صرف اتنا ہی نہیں ہوگا کہ لوح محفوظ ایسی جگہ ہے جہاں فرشتوں کے علاوہ کسی کی پہنچ نہیں، بلکہ الفاظ کے عموم سے جتنا مسئلہ ثابت کیا جا سکتا ہے: ثابت کیا جائے گا یعنی پاک بندے (باوضوء) ہی اس کو چھو سکتے ہیں۔ بے وضو قرآن کو ہاتھ لگانا جائز نہیں۔ یہی ائمہ اربعہ کی متفقہ رائے ہے۔

البتہ غیر مقلدین کے امام ابن حزم ظاہری کی رائے یہ ہے کہ قرآن پڑھنا اور اس کو ہاتھ لگانا ہر حال میں جائز ہے، خواہ آدمی بے وضو ہو یا جنابت کی حالت میں ہو یا عورت حیض کی حالت میں ہو۔ محلّی (مسئلہ ۱۱۶) میں اس پر مفصل کلام ہے۔ اور دلیل یہ دی ہے کہ قرآن پڑھنا، سجدۂ تلاوت کرنا، قرآن کو ہاتھ لگانا اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا کارِ خیر ہے، مستحب ہے اور ان کاموں کو کرنے والا ماجور ہے۔ پس یہ چاروں کام ہر حال میں جائز ہیں۔ جو شخص کسی حال میں ان کے عدم جواز کا قائل ہے اس کو دلیل پیش کرنے کا مکلّف کیا جائے ——— حالانکہ یہ لے اگر بڑھے گی تو نماز بھی کارِ خیر ہے، فرض ہے اور نماز پڑھنے والا ثواب کا حقدار ہے، پس نماز بھی ہر حال میں جائز ہوگی۔ اور آیت کریمہ: ﴿لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ کا یہ جواب دیا ہے کہ اس کا مورد لوح محفوظ ہے اور مطہرون سے مراد ملائکہ ہیں۔

جناب ابوالاعلی مودودی صاحب نے بھی یہی موقف اختیار کیا ہے۔ اپنی تفسیر تفہیم القرآن (۵:۲۹۲) میں صاف لکھا

ہے کہ ﴿ لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ سے قرآن کو ہاتھ لگانے کے لئے باوضوء ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ اور نہ قرآن وحدیث میں ایسی کوئی دلیل ہے جس سے وضوء کی ضرورت ثابت ہوتی ہو (ملخصاً) پھر ائمہ اربعہ کے مسالک لکھے ہیں کہ چاروں اماموں کے نزدیک قرآن کو چھونے کے لئے وضوء ضروری ہے۔ پھر آخر میں ظاہریہ کا مسلک بیان کیا ہے اور ابن حزم کی اس بات پر تان توڑی ہے کہ فقہاء نے قرآن پڑھنے اور اس کو ہاتھ لگانے کے لئے جو شرائط بیان کی ہیں ان میں سے کوئی بھی قرآن وسنت سے ثابت نہیں۔

جبکہ یہی مودودی صاحب سورۃ الممتحنۃ کی (آیت ۱۲) کے جملہ: ﴿ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ﴾ کی تفسیر میں الفاظ کے عموم سے استدلال کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''ظاہر ہے کہ اگر وہ نیک اعمال صرف وہی ہوں جن کا حکم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دیا ہے تو عہد ان الفاظ میں لیا جانا چاہئے تھا کہ ''تم اللہ کی نافرمانی نہ کروگی'' یا یہ کہ ''تم قرآن کے احکام کی نافرمانی نہ کروگی''، لیکن جب عہد ان الفاظ میں لیا گیا کہ ''جس نیک کام کا حکم بھی رسول اللہ ﷺ دیں گے تم اس کی خلاف ورزی نہ کروگی''، تو اس سے خود بخود یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ معاشرے کی اصلاح کے لئے حضورؐ کو وسیع ترین اختیارات دیئے گئے ہیں، اور آپؐ کے تمام احکام واجب الاطاعت ہیں، خواہ وہ قرآن میں موجود ہوں یا نہ ہوں'' (انتہی بلفظہ) مگر یہ بات آنجناب کو اس آیت میں نظر نہ آئی حالانکہ جب الملائکہ کے بجائے عام لفظ المطھرون (پاک بندے) استعمال کیا گیا تو اس سے خود بخود یہ بات لازم آتی ہے کہ یہ حکم مورد کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ اور مس مصحف کے لئے وضو کا شرط ہونا اس آیت سے ثابت ہوتا ہے۔

دوسری مثال اور حجیتِ حدیث کی تیسری دلیل: سورۃ الحشر (آیت ۷) میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا آتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ، وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا﴾ یعنی رسول تم کو جو کچھ دیں وہ لے لو، اور جس چیز سے تم کو روک دیں رُک جایا کرو۔ یہ آیت شان نزول اور سیاق وسباق کے اعتبار سے مالِ فَیْ کے بارے میں ہے (۱)۔ مگر چونکہ آیت کے دوسرے جملہ کے الفاظ عام ہیں اس لئے تمام امت نے اس سے حدیث کی حجیت ثابت کی ہے، مودودی صاحب نے بھی ثابت کی ہے۔ ایک تو ما عام کلمہ ہے، پھر نہاکم عام ہے لم یُعطکم سے، اور انتھوا عام ہے لاتطالبوا سے۔ پس جب آیت کے الفاظ عام ہیں تو حکم بھی عام ہوگا۔ اور احکام نبوی خواہ وہ از قبیل اوامر ہوں یا نواہی واجب الاتباع ہونگے۔ مودودی صاحب تفہیم القرآن (۵: ۳۹۳) میں لکھتے ہیں: ''لیکن چونکہ حکم کے الفاظ عام ہیں، اس لئے یہ

---

(۱) مالِ غنیمت وہ مال ہے جو جنگ کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ اس میں سے خمس (پانچواں حصہ) بیت المال کے لئے نکال کر باقی فوج میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اور مالِ فَیْ وہ مال ہے جو لڑے بھڑے بغیر مصالحت سے حاصل ہوتا ہے وہ کل کا کل بیت المال کے لئے ہوتا ہے اس کی تقسیم کا ضابطہ سورۃ الحشر میں بیان کیا گیا ہے۔ اسی ذیل میں یہ آیت آئی ہے کہ سربراہ حکومت اپنی صوابدید سے جس کو دے وہ لیلے اور جس کو نہ دے وہ نہ مانگے ۱۲

صرف اموالِ فئے کی تقسیم تک محدود نہیں، بلکہ ان کا منشا یہ ہے کہ تمام معاملات میں مسلمان رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کریں۔ اس منشا کو یہ بات اور زیادہ واضح کر دیتی ہے کہ ''جو کچھ رسول تمہیں دیں'' کے مقابلہ میں ''جو کچھ نہ دے'' کے الفاظ استعمال نہیں فرمائے گئے ہیں، بلکہ فرمایا یہ گیا ہے کہ ''جس چیز سے وہ تمہیں روک دے (یا منع کردے) اس سے رُک جاؤ'' اگر حکم کا مقصود صرف اموال فے کی تقسیم کے معاملہ تک اطاعت کو محدود کرنا ہوتا تو ''جو کچھ دے'' کے مقابلہ میں ''جو کچھ نہ دے'' فرمایا جاتا۔ منع کرنے یا روک دینے کے الفاظ اس موقع پر لانا خود یہ ظاہر کردیتا ہے کہ حکم کا مقصود حضور ﷺ کے امر ونواہی کی اطاعت ہے'' (انتہی بلفظہ) مگر آنجناب کو یہ عموم ﴿لَايَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ میں نظر نہ آیا فیاللعجب! —— یہ آیت پاک العبرة لعموم اللفظ، لا لخصوص المورد کی دوسری مثال ہے، اور حجیت حدیث کی تیسری دلیل بھی ہے۔ اور یہ حجیت بایں وجہ ہے کہ رسول کے احکام بھی وحی ہیں اس لئے ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔

نبی کی تبیین وتشریح کی ضرورت کیوں ہے؟

پہلے یہ آیت کریمہ آئی ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾ اس آیت میں الذکر: القرآن سے عام ہے۔ قرآن: اللہ تعالیٰ کی الہامی کتاب کا نام ہے۔ اور الذکر: سارے دین کو شامل ہے، حتی کہ یہود ونصاری کی کتابوں کو اوران کے دین کو بھی الذکر کہا گیا ہے، پس اس آیت کو بھی لفظ کے عموم کے بقدر عام کریں گے، اسی طرح ارشاد پاک: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ﴾ یعنی ہم نے الذکر (دین وشریعت) کو نازل کیا ہے، اور ہم اس کے محافظ ہیں (سورۃ الحجر آیت ۹) یہاں بھی الذکر عام لفظ ہے۔ قرآن وحدیث اور فقہ وحکمت سب کو شامل ہے۔ پس ثابت ہوا کہ قرآن کے علاوہ حدیثیں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے اتاری گئی ہیں۔

مثالوں سے وضاحت: قرآن کریم میں اسّی سے زیادہ جگہوں میں نماز کا حکم دیا گیا ہے، کہیں کہا ہے: ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلٰوةَ﴾ کہیں کہا گیا ہے: ﴿يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ﴾ یعنی نماز کا اہتمام کرو، مگر نماز کس چیز کا نام ہے؟ اس کے اجزائے ترکیبیہ کیا ہیں؟ اس کی ہیئتِ کذائی کیا ہے؟ قرآن کریم میں یہ بات کہیں بیان نہیں کی گئی: البتہ نماز کے ارکان کا قرآن میں مختلف جگہ تذکرہ آیا ہے، جیسے: ﴿قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ﴾ میں قیام کا ذکر ہے ﴿فَاقْرَؤُا مَاتَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ﴾ میں قراءت کا ذکر ہے ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾ میں تکبیر تحریمہ کا بیان ہے، ﴿وَارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا﴾ میں رکوع وسجود کا بیان ہے۔ مگران کو جوڑ کر نماز کی ہیئتِ کذائی کس طرح بنائی جائے؟ قرآن میں کہیں اس کا تذکرہ نہیں، پھر ایک ہے نماز کا ادا کرنا اور ایک ہے نماز کا اہتمام کرنا، اہتمام کرنا کیا ہے؟ قاضی بیضاوی نے اقامت صلوٰۃ کے معانی بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ لفظ أَقَامَ الْعُوْدَ سے ماخوذ ہے۔ تیر بنانے والا تیر کی لکڑی کو آگ پر گرم کر کے بالکل سیدھا

کرتا ہے اس میں ذرا کجی نہیں رہنے دیتا، تاکہ تیر صحیح نشانہ پر لگے۔ اس محاورہ سے اقامتِ صلوٰۃ کی تعبیر لی گئی ہے۔ چنانچہ نبی پاک ﷺ نے نماز کے اجزاء کو جوڑ کر نماز پڑھ کر لوگوں کو دکھائی کہ نماز اس طرح پڑھی جاتی ہے، اور فرمایا: صَلُّوْا کَمَا رَأَیْتُمُوْنِیْ أُصَلِّیْ یعنی جس طرح مجھے آپ لوگوں نے نماز پڑھتے دیکھا ہے اسی طرح نماز پڑھو۔ حدیث شریف میں ہے کہ جب مسجد نبوی میں ممبر رکھا گیا تو نبی پاک ﷺ نے ممبر پر کھڑے ہو کر نماز پڑھائی، اور قیام ورکوع ممبر پر ہی ادا کئے، اور سجدہ کے لئے ہر بار ممبر سے نیچے تشریف لائے اور سجدوں سے فارغ ہو کر ممبر پر تشریف لے گئے۔ اور اس پوری نماز میں صحابہ نبی پاک ﷺ کو دیکھ رہے تھے کیونکہ نبی پاک ﷺ نے صحابہ کو نماز کا طریقہ سکھانے کے لئے ایسا کیا تھا۔ چنانچہ نماز سے فارغ ہو کر نبی پاک ﷺ نے فرمایا: إنما صَنَعْتُ هذا لِتَأْتَمُّوْا بی وِلِتَعْلَمُوْا صَلاَ تِیْ: یعنی میں نے ایسا اس لئے کیا ہے تاکہ تم میری اقتداء کرو اور میری نماز کے طریقہ کو سیکھو (مشکوٰۃ حدیث نمبر ۱۱۱۳، باب الموقف)

الغرض نبی پاک ﷺ نے نماز کے تمام ارکان کو جمع کر کے اس کی ہیئتِ کذائی بنائی۔ نیز نبی پاک ﷺ نے نماز کے فرائض، واجبات، سنن، مستحبات، آداب، مکروہات اور ممنوعات (یعنی جن کے کرنے سے نماز باقی نہیں رہتی) ہر ایک کو تفصیل سے بیان کیا۔ مسجدیں قائم کرنے کا حکم دیا تاکہ نماز کا اہتمام ہو، اذان وجماعت کا نظام بنایا۔ امام ومؤذن کے احکام بیان کئے۔ پانچوں نمازوں کے اوقات متعین کئے، اور ان اوقات کے اول وآخر کو بیان کیا۔ غرض: تقریباً دو ہزار حدیثیں یقیمون الصلوٰۃ کی تفسیر کرتی ہیں! ان دو ہزار احادیث کو اگر یقیمون الصلوٰۃ کے ساتھ نہ ملایا جائے تو اقامتِ صلوٰۃ کی حقیقت سمجھ ہی میں نہیں آسکتی، اسی طرح قرآن کریم میں جگہ جگہ آیا ہے ﴿آتُوْا الزَّکَاۃَ﴾ مگر زکاۃ کیا ہے؟ قرآن میں کسی جگہ اس کی وضاحت نہیں آئی، اس سلسلہ میں تقریباً پانچ سو احادیث ہیں جن کو قرآن کی اس آیت کے ساتھ ملایا جائے تبھی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ معلوم ہوسکتا ہے اور کن چیزوں میں زکوٰۃ واجب ہے یہ بات کھل کر سامنے آسکتی ہے۔ اس کے بغیر زکوٰۃ کے حکم پر عمل ناممکن ہے۔ یہی حال روزے اور حج وغیرہ کا بھی ہے۔ ان کی تمام تفصیلات حدیثوں میں ہیں اور وہ بھی وحی کے ذریعہ نازل کی گئی ہیں۔

حدیث کی وحی کا کیا طریقہ تھا؟

قرآن کریم کی وحی کا جو طریقہ تھا وہ حدیث کی وحی کا نہیں تھا۔ بلکہ جب قرآن میں کوئی حکم نازل ہوتا تو اس کی پوری حقیقت یکبارگی نبی ﷺ کو سمجھا دی جاتی تھی، پھر موقع بہ موقع آپؐ اس حکم کی تفصیلات امت کے سامنے بیان کرتے تھے۔ مثلاً: سورۃ الاعراف (آیت ۱۵۷) میں ارشاد پاک ہے: ﴿یَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَیَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْکَرِ، وَیُحِلُّ لَهُمُ الطَّیِّبَاتِ، وَیُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبَائِثَ، وَیَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلٰلَ الَّتِیْ کَانَتْ عَلَیْهِمْ﴾ یعنی آپ

ﷺ لوگوں کو نیک باتوں کا حکم فرماتے ہیں، اور بُری باتوں سے منع کرتے ہیں، اور پاکیزہ چیزوں کو ان کے لئے حلال کرتے ہیں، اور گندی چیزوں کو ان پر حرام کرتے ہیں، اور لوگوں پر جو بوجھ اور طوق تھے ان کو ان سے دور کرتے ہیں۔

اس آیت میں نبی ﷺ کے پانچ فرائض منصبی بیان کئے گئے ہیں۔ آیت کے نزول کے ساتھ ہی آپ کو پانچوں باتوں کی حقیقت سمجھادی گئی کہ معروف ومنکر کیا ہیں؟ طیّب وخبیث کی حقیقت کیا ہے؟ اور بوجھ اور طوق کس قسم کی چیزیں ہیں؟ پھر پوری زندگی آپ اس خداداد علم کے مطابق احکام کی تشریع کرتے رہے، یہی احادیث کی وحی ہے۔ اگر احادیث کا جائزہ لیا جائے تو تقریباً پانچ ہزار حدیثیں ان پانچ باتوں سے متعلق ہیں۔ اسی کو آپ نے ایک حدیث میں فرمایا ہے کہ ألاَ إنی أُوتیتُ القرآنَ ومثلَه معه (مشکوٰۃ حدیث ۲۴ باب الاعتصام) یعنی آگاہ ہوجاؤ! میں قرآن دیا گیا ہوں اور اس کے ساتھ اس کے مانند دیا گیا ہوں۔

فرشتوں کو نبی بنا کر کیوں نہیں بھیجا گیا؟

فرشتوں کو منصب نبوت اس لئے نہیں سونپا گیا کہ وہ قرآنی احکام کی وضاحت نہیں کرسکتے تھے۔ بہت سے احکام ایسے ہیں جن کا ادراک صرف انسان کرسکتا ہے۔ مثلاً حالتِ حیض میں بیوی کو ساتھ لٹا سکتے ہیں یا نہیں؟ اس کا بوسہ لے سکتے ہیں یا نہیں؟ نبی پاک ﷺ سے ایک جوان شخص نے یہ سوال کیا تو آپ نے منع کیا۔ دوسرے وقت میں یہی سوال نبی پاک ﷺ سے ایک بوڑھے شخص نے کیا تو آپ نے اجازت دی۔ جوان اور بوڑھے کا فرق انسان ہی سمجھ سکتا ہے، فرشتہ نہیں سمجھ سکتا۔ کیونکہ وہ انسانی جذبات نہیں رکھتا۔

اسی طرح مبیع کی عدم موجودگی میں بیع درست نہیں۔ مگر جب نبی پاک ﷺ ہجرت کرکے مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے لوگوں کو بیع سلم کرتے دیکھا، بیع سلم میں بیع کے وقت مبیع موجود نہیں ہوتی۔ مگر نبی پاک ﷺ نے لوگوں کی حاجت کو پیش نظر رکھ کر اس کی اجازت دی، لوگوں کی اس ضرورت کو صرف انسان ہی سمجھ سکتا ہے فرشتہ نہیں سمجھ سکتا۔ اسی طرح نفس کی خرابیوں کا ادراک بھی انسان ہی کرسکتا ہے، فرشتہ نہیں کرسکتا۔

الغرض لوگوں کے احوال کو پیش نظر رکھ کر انسان رسول ہی احکام کی وضاحت کرسکتا ہے فرشتہ نہیں کرسکتا۔ اس لئے ضروری ہوا کہ یہ منصب انسانوں ہی کو دیا جائے، وہی اللہ کے احکام کی کما حقہ تبیین وتشریح کرسکتے ہیں۔

حدیث قُدسی اور حدیث نبوی:

وحی کی تین صورتیں ہیں:

پہلی صورت: یہ ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا کلام لے کر آتے ہیں۔ اور نبی ﷺ کے سامنے اس کی تلاوت کرتے ہیں۔ وحی کے الفاظ آپ کے دل ودماغ میں محفوظ ہوجاتے ہیں، پھر آپ اس وحی کی صحابہ کے سامنے

تلاوت کرتے ہیں، اور کاتبینِ وحی میں سے جو موجود ہوتا ہے اس کو بلا کر اس وحی کو لکھوا دیتے ہیں۔ اس وحی میں نہ جبرئیل علیہ السلام کا کچھ دخل ہوتا ہے نہ نبی ﷺ کا۔ یہ قرآن کریم کی وحی ہے اور یہ وحی کی سب سے اعلیٰ صورت ہے۔

دوسری صورت: اللہ تعالیٰ کے یہاں سے ایک مفصل مضمون آتا ہے، الفاظ نہیں آتے۔ مضمون کا دل میں القاء کیا جاتا ہے۔ نبی ﷺ اس مضمون کو اپنے الفاظ میں تعبیر کرتے ہیں۔ مثلاً کوئی اردو کتاب کسی انگریزی جاننے والے کو دی جائے کہ اس کا ترجمہ کردو۔ تو اس کا مضمون میں کوئی دخل نہیں ہوگا۔ وہ صرف زبان بدلے گا۔ وحی کی یہ صورت ''حدیث قدسی'' کہلاتی ہے۔ حدیث: بایں معنی کہ الفاظ نبی ﷺ کے ہیں۔ اور قدسی: بایں معنی کہ مضمون اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا ہے۔ حدیث قدسی کی علامت یہ ہے کہ اس کے شروع میں قال اللہ تبارك وتعالی یا عن اللہ تبارك وتعالی یا اس کے مانند کوئی جملہ ہوتا ہے۔ احادیث قدسیہ: دو سو سے کچھ زیادہ ہیں۔ ایک کتاب میں وہ جمع بھی کردی گئیں ہیں۔ اور وہ کتاب چھپ بھی گئی ہے۔ احادیث قدسیہ میں احکام نہیں ہیں، وہ مواعظ ورِقاق سے تعلق رکھنے والی روایات ہیں۔

تیسری صورت: تفہیمی وحی یعنی نزولِ قرآن کے ساتھ ہی حکم خداوندی کی تمام حقیقت نبی ﷺ کو سمجھا دی جاتی ہے، پھر آپؐ اس خداداد فہم سے موقع بموقع اس حکم کی تفصیل فرماتے ہیں اور اس کی جزئیات بیان کرتے ہیں۔ اس کی مثال گذر چکی ہے کہ ﴿أَقِيْمُوْا الصَّلَاةَ﴾ کے نزول کے ساتھ ہی اقامتِ صلوٰۃ کا مطلب سمجھا دیا۔ یعنی دو باتوں کی پوری تفصیل سمجھا دی: ایک: نماز کی حقیقت کیا ہے؟ دوم: اقامت (سیدھا کرنے) کے کیا معنی ہیں؟ یعنی نماز کا اہتمام کس طرح کیا جائے؟ پھر جیسے جیسے مواقع آئے آپؐ نے دونوں باتوں کی تفصیل کی۔ نماز کے ارکانِ ستّہ کو جوڑ کر اس کی ہیئتِ کذائی بنائی اور ممبر پر چڑھ کر صحابہ کو نماز پڑھ کر دکھلائی۔ اور اہتمام نماز کے لئے مسجدیں بنائیں۔ مکی دور میں اس کا موقع نہیں تھا، اس لئے آپؐ کسی گھر میں نماز ادا فرماتے تھے۔ ہجرت کے ساتھ مدینہ پہنچنے سے پہلے قُباء میں مسجد بنائی۔ پھر مدینہ پہنچے تو اونٹنی اسی جگہ بیٹھی جہاں مسجد نبوی بنانی تھی۔ پھر چونکہ مسجد بستی سے دور تھی اس لئے لوگوں کو جماعت کے لئے بلانے کا انتظام کیا اور اذان کا سلسلہ قائم کیا۔ پھر مدینہ میں محلّہ محلّہ مسجدیں بنوائیں۔ جماعت کا نظام بنایا۔ نماز کے ارکان وشرائط بیان کئے، مستحبات ومندوبات سکھلائے۔ مکروہات وممنوعات سے واقف کیا۔ یہ سب احادیث نبویہ ہیں۔ حدیث: بایں معنی کے الفاظ نبی ﷺ کے ہیں۔ اور نبوی: بایں معنی کہ مضمون خود نبی ﷺ نے پھیلایا ہے۔ یہ احکام تفصیل سے نازل نہیں ہوئے، بالاجمال سمجھائے گئے ہیں۔ جیسے ڈاک مہتمم صاحب کے پاس جمع ہوجاتی ہے تو آپ پیشکار کو بلا کر جوابات سمجھاتے ہیں۔ ایک خط دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ جواب لکھ دو: آنا مشکل ہے، دوسرا خط دیتے ہیں اور کہتے ہیں: دعا کرتا ہوں۔ تیسرا خط دیتے ہیں اور فرماتے ہیں: شکریہ لکھ دو۔ اب پیشکار مفصل جوابات لکھ کر لاتا ہے۔ مہتمم صاحب اس کو پڑھتے ہیں اور دستخط کرتے ہیں، اور کوئی جواب صحیح نہیں ہوتا

یا اس میں کمی ہوتی ہے تو لوٹا دیتے ہیں اور دوبارہ لکھنے کا حکم دیتے ہیں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا اپنے نبی کے ساتھ معاملہ ہوتا ہے۔

وحی حکمی کا بیان:

وحی کی دو قسمیں کی گئی تھیں: وحی جلی اور وحی خفی۔ ان کو وحی حقیقی اور وحی حکمی بھی کہتے ہیں۔ پھر وحی جلی کی دو قسمیں کی گئی تھیں۔ متلوّ اور غیر متلو یعنی قرآن وحدیث۔ ان کا بیان پورا ہوا۔ اب وحی خفی یعنی وحی حکمی کا بیان شروع کرتے ہیں۔ وحی خفی کا مطلب یہ ہے کہ وہ وحی تو ہے مگر اس کا وحی ہونا آسانی سے سمجھا نہیں جاتا۔ یہی مطلب وحی حکمی کا بھی ہے۔ یہ پانچ چیزیں ہیں، نبی کا خواب، نبی کا اجتہاد، امت کا اجماع اور اجتہاد (خواہ صحابہ کا ہو یا بعد کے مجتہدین کا)

مثال سے وحی حکمی کی وضاحت: دارالعلوم میں پڑھنے والے دو قسم کے طالب علم ہیں: ایک: باقاعدہ طالب علم ہیں جن کے فارم تعلیمات میں جمع ہیں، ان کا امتحان ہوتا ہے اور کامیاب ہونے کی صورت میں انعام اور آخر میں سند ملتی ہے۔ یہ حقیقی طالب علم ہیں۔ دوسرے: غیر رسمی سماعت کرنے والے طالب علم، جنھوں نے کسی وجہ سے داخلہ نہیں لیا یا ان کا داخلہ نہیں ہوا۔ مگر وہ پابندی سے پڑھتے ہیں۔ ان کا تعلیمات میں کوئی ریکارڈ نہیں ہوتا، نہ ان کا امتحان ہوتا ہے، نہ ان کو انعام ملتا ہے نہ سند۔ مگر یہ بھی حکماً دارالعلوم کے طالب علم ہیں اور پورا نصاب کما حقہ پڑھ لیں تو وہ حکماً دارالعلوم کے فاضل بھی ہیں۔ کیونکہ مقصود علم ہے، سند مقصود نہیں۔ مگر مرتبہ ان کا ثانوی ہے۔ وہ اول نمبر کے فاضل کے ہم پلّہ نہیں ہوسکتے۔ اسی طرح وحی حکمی کا درجہ وحی حقیقی کے بعد ہے۔

نبی کا اجتہاد: نبی ﷺ بھی اجتہاد فرماتے ہیں۔ قوم میں رائج ارتفاقات اور عبادات کی شکلوں میں غور کرتے ہیں۔ اور ان کو شریعت کے قواعد کے مطابق منضبط کرتے ہیں۔ یہ انضباطات نبی ﷺ اپنی خداداد فہم واجتہاد سے فرماتے ہیں۔ حدیثوں میں ان کا تذکرہ ہے۔ ان کے بارے میں آیات قرآنیہ نازل نہیں کی جاتی تھیں۔ ان میں سے بعض امور کسی وقتی مصلحت کی بنا پر ہوتے تھے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے دائمی اور قطعی فیصلہ کے مطابق نہیں ہوتے تھے۔ چنانچہ جب وہ عارضی مصلحت ختم ہوجاتی تو ان میں تبدیلی کردی جاتی تھی۔ اور نبی کے اجتہاد میں بھی کبھی چوک ہوجاتی تھی جس پر بروقت تنبیہ کردی جاتی تھی۔ نبی کو مجتہدین امت کی طرح خطا پر برقرار نہیں رکھا جاتا تھا۔ مثلاً: ہجرت کے بعد آنحضرت ﷺ نے بیت المقدس کے استقبال کا حکم دیا۔ یہ حکم بایں معنی اجتہادی تھا کہ اس سلسلہ میں کوئی آیت نازل نہیں کی گئی تھی۔ مگر دوسرے پارے کے پہلے رکوع میں متعدد اشارے پائے جاتے ہیں کہ یہ حکم بھی اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے تھا۔ معلوم ہوا کہ جس اجتہاد پر نبی کو برقرار رکھا جائے وہ بھی وحی ہے —— اسی طرح بدر کے قیدیوں سے جو فدیہ لینا طے کیا گیا تھا وہ بھی اجتہادی امر تھا۔ مگر اس اجتہاد میں چوک ہوگئی تھی۔ چنانچہ فوراً سورۃ الانفال کی (آیات

۶۷-۶۹) نازل ہوئیں اور حقیقتِ حال واضح کردی گئی۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ بدر کے قیدیوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟ یہ بات نبی ﷺ اور صحابہ کے اجتہاد پر چھوڑ دی گئی تھی مشورہ میں صحابہ کی بڑی تعداد کی رائے ان کو قتل کرنے کی تھی۔ اور حضرت ابوبکرؓ وغیرہ چند حضرات کی رائے فدیہ لینے کی تھی۔ نبی ﷺ نے اپنی قلبی اور فطری رحمت ورأفت کی وجہ سے اس آخری رائے کو پسند فرمایا اور فدیہ لینے کا فیصلہ کیا۔ مگر یہ فیصلہ منشا خداوندی کے موافق نہیں تھا۔ چنانچہ اس سے آگاہ کیا گیا۔ مگر چونکہ معاملہ لوگوں کے اور نبی ﷺ کے اجتہاد پر چھوڑا گیا تھا اس لئے فدیہ لینے کے فیصلہ کو برقرار رکھا گیا۔

امت کا اجماع حجت ہے:

پوری امت کسی بات پر متفق ہوجائے تو دین میں اس کا اعتبار ہے۔ کیونکہ وہ بھی حکماً وحی ہے۔ اس کی دلیل سورۃ النساء کی (آیت ۱۱۵) ہے: ﴿ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى، وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ، نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَاءَ تْ مَصِيْرًا ﴾ اس آیت میں حجیتِ حدیث اور حجیتِ اجماع کا بیان ہے۔ ارشاد ہے: ''جو شخص رسول کی مخالفت کرے اس کے بعد کہ اس کے لئے امر حق ظاہر ہو چکا (یہ حجیتِ حدیث کا بیان ہے) اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر دوسرے راستے پر ہولے (یہ حجیتِ اجماع کا بیان ہے) تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے، اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے، اور وہ لوٹنے کی بُری جگہ ہے!'' حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے اپنے الرسالۃ میں اس آیت سے حجیتِ اجماع پر استدلال کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: ''یہ مؤمنین کا راستہ ہی اجماع امت ہے'' غیر مقلدین: قرآن کے بعد صرف حدیثوں کو حجت مانتے ہیں۔ اور وہ بھی صحیح حدیثوں کو، ضعیف حدیثوں کو حجت نہیں مانتے۔ البانی نے ضعیف حدیثوں کو موضوع حدیثوں کے ساتھ ملایا ہے اور ان کو نا قابل حجت قرار دیا ہے۔ اور وہ شیعوں کی طرح اجماع امت کو بھی حجت نہیں مانتے۔ اور ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا کے طور پر کہتے ہیں کہ ''ہم قطعی اجماع کو حجت مانتے ہیں، ظنّی اجماع کو حجت نہیں مانتے'' تو کیا اجماع کا تذکرہ قرآن کریم میں ہوگا؟ اس کے قطعی ہونے کی اور کیا صورت ہے؟ اور جب اخبار آحاد جو ظنّی ہیں حجت ہیں تو اجماع ظنّی کیوں حجت نہیں؟

اور اجماع امت وحی اس لئے ہے کہ حدیث میں ہے: لا تجتمع أمتی علی الضلالۃ: میری امت گمراہی پر متفق نہیں ہوگی (مشکوۃ حدیث ۱۷۳) پس اگر کسی بات پر اجماع ہوگیا تو یہ عند اللہ اس کے حق ہونے کی دلیل ہے۔ یہ حدیث مستدرک حاکم (۱۱۵:۱) میں پوری اس طرح ہے: لا يَجْمَعُ اللّٰهُ هذه الأمةَ علی الضلالة أبدًا، وقال: ید اللہ علی الجماعة، فَاتَّبِعُوْا السَّوَادَ الْأَعْظَمَ، فإنه من شَذَّ شَذَّ فی النار: یعنی اللہ تعالیٰ اس امت کو گمراہی پر کبھی بھی جمع نہیں ہونے دیں گے'' (معلوم ہوا کہ صرف صحابہ کا اجماع ہی نہیں، بلکہ قیامت تک امت کا اجماع حجت ہے) اور ارشاد

فرمایا:''اللہ کا ہاتھ (تائید ونصرت) جماعت پر ہے، پس امت کی اکثریت کا اتباع کرو (امت کی اکثریت ائمہ اربعہ کی تقلید کرنے والوں کی ہے) پس جو امت کی اکثریت سے علحدہ ہوا وہ دوزخ میں اکیلا ہوگا (کیونکہ امت تو جنت میں جائے گی وہ اکیلا ہی جہنم رسید ہوگا)

اجتہاد (قیاس) بھی حکماً وحی ہے:

اجتہاد: وحی حکمی دو وجہ سے ہے:

۱-اجتہاد (قیاس) کی اعتباریت قرآن وحدیث سے ثابت ہے، اور اس کی یہی وجہ ہوسکتی ہے کہ وہ حکماً وحی ہو۔ اس کی دوسری کوئی وجہ نہیں ہوسکتی۔ سورۃ النحل کی (آیت ۴۴) جو پہلے آئی ہے اس کے آخر میں ہے: ﴿**وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ**﴾ اور تاکہ وہ (یعنی امت کے مجتہدین) غور وفکر کریں۔ یعنی پہلے نبی ﷺ **الذکر** کی تبیین وتشریح کریں گے، پھر اس کو اسوہ بنا کر امت کے مجتہدین اس میں غور وفکر کریں گے۔ اور نو پید صورتوں کے احکام اس سے مستنبط کریں گے۔ اگر امت کا اجتہاد حجت نہیں تو اس آیت کے کوئی معنی نہیں رہتے!

اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ جب انھوں نے عرض کیا: أَجْتَهِدُ رأيي وَلَا آلُو! یعنی اگر قضیہ کا حکم سنتِ رسول اللہ میں بھی نہیں ملے گا تو میں اپنی رائے کو تھکاؤنگا اور ذرا کوتاہی نہیں کرونگا یعنی انتہائی غور وفکر کر کے اجتہاد کرونگا اور اس کے مطابق فیصلہ کرونگا تو نبی ﷺ نے ان کا سینہ ٹھوکا (شاباشی دی) اور فرمایا: **الحمدلله الذى وَفَّقَ رسولَ رسولِ الله لما يَرْضٰى رسولُ الله!** یعنی اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے رسول کے فرستادے کو وہ بات سُجھائی جو اللہ کے رسول کو پسند ہے! (ابوداؤد حدیث ۳۵۹۲ **کتاب الأقضية، باب اجتهاد الرأى فى القضاء**) اجتہاد کو رسول اللہ ﷺ کا غایت درجہ پسند فرمانا اس کے حکماً وحی ہونے کی واضح دلیل ہے۔

۲-اجتہاد وقیاس کی حیثیت سمجھ لی جائے تو اس کا حکماً وحی ہونا خود بخود واضح ہوجائے گا۔ اصولِ شرع تین ہیں: کتاب اللہ، سنتِ رسول اللہ اور اجماعِ امت اور چوتھی اصل وہ قیاس ہے جو ان تین بنیادی اصولوں سے مسائل نکالنے والا ہے (منار الانوار متن نور الانوار) اب ایک مثال سماعت فرمائیں۔ ایک شخص نے دعوت کی، تین ڈیگیں اتاریں۔ پلاؤ کی، قورمہ کی اور زردہ کی۔ دیگیں گرم ہیں۔ ان میں سے کھانا کیسے نکالا جائے گا؟ اس کے لئے بڑے چمچے (ڈوئی، کف گیر) کی ضرورت ہوگی۔ یہ کف گیر قیاس ہے اور تین ڈیگیں قرآن، حدیث اور اجماعِ امت ہیں۔ پس جب قیاس کے ذریعہ احکام اصولِ شرع ہی سے نکالے جاتے ہیں، اور اصولِ ثلاثہ کا وحی ہونا ثابت ہو چکا، تو قیاس کو بھی لامحالہ حکماً وحی ماننا ہوگا۔ اور اگر آپ قیاس کو وحی کا درجہ نہیں دیں گے تو اصولِ شرع (قرآن وحدیث واجماع) کا وحی ہونا بھی محلِ نظر ہوجائے گا —— رہا قیاس میں خطا (چوک) کا احتمال تو اس سے درگذر کیا جائے گا۔ جیسے بدر کے قیدیوں کے سلسلہ

میں اجتہاد میں خطا ہوگئی تھی اس سے درگذر کیا گیا تھا، اور مالِ غنیمت کو حلال کیا گیا تھا۔

حدیثیں لکھنے کی ممانعت سے حجیتِ حدیث پر اعتراض کا جواب:

فرقہ اہل قرآن جو حدیث کو حجت نہیں مانتا وہ بہت سے شبہات (بوگس دلیلیں) رکھتا ہے، ان کو حجیتِ حدیث پر اعتراضات بھی کہہ سکتے ہیں۔ ان سب اعتراضوں کے جوابات تدوینِ حدیث یا حجیتِ حدیث کے موضوع پر لکھی گئی عربی اور اردو کی کتابوں میں موجود ہیں، ان کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ جیسے ڈاکٹر مصطفیٰ سباعی کی السُّنَّة ومكانتها في التشريع الإسلامي اور حضرت مولانا حبیب الرحمٰن اعظمی محدث کبیر رحمہ اللہ کی حجیتِ حدیث اور حضرت مولانا مناظر احسن گیلانی رحمہ اللہ کی تدوینِ حدیث۔ یہاں ہم ان کے ایک اعتراض کو لیتے ہیں، کیونکہ اس کا جواب تشفی بخش نہیں دیا گیا۔

جو لوگ صرف قرآن کو وحی اور حجت مانتے ہیں، احادیث کو حجت نہیں مانتے، ان کا ایک بڑا اعتراض یہ ہے کہ اگر حدیثیں بھی وحی اور حجت ہوتیں تو قرآن کی طرح ان کو بھی لکھ کر محفوظ کرلیا جاتا۔ قرآن کریم نزول کے ساتھ ہی لکھ لیا جاتا تھا، مگر احادیث کو نبی ﷺ نے نہیں لکھوایا، بلکہ جو صحابہ از خود لکھنا چاہتے تھے ان کو عموماً منع کردیا، اگرچہ بعض صحابہ کو اجازت دی، مگر عام ممانعت کردی، بلکہ صراحۃً فرمایا کہ ''اگر کسی نے قرآن کے ساتھ میری باتیں لکھی ہیں تو ان کو مٹادے'' اس سے معلوم ہوا کہ حدیثیں نہ وحی ہیں نہ حجت شرعیہ ہیں (۱)

حجیتِ حدیث اور تدوینِ حدیث کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں میں اس اعتراض کا جواب اس طرح دیا گیا ہے کہ متعدد روایات سے حدیثوں کا لکھنا ثابت ہے۔ مثلاً حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ کی اجازت سے مسموع حدیثیں لکھی تھیں، جن کا نام انھوں نے ''صحیفۂ صادقہ'' رکھا تھا۔ یا ابوشاہ کے لئے فتح مکہ کی تقریر لکھی گئی تھی۔ یا مختلف معاہدے اور دستاویز لکھے گئے تھے۔ مگر ان روایات سے اعتراض کا تشفی بخش جواب نہیں بنتا۔ کیونکہ یہ جزوی طور پر لکھنا ہے جس طرح پورا قرآن لکھ کر محفوظ کیا گیا، ساری حدیثیں لکھ کر ان کا ریکارڈ تیار نہیں کیا گیا۔ اس لئے اعتراض باقی رہتا ہے کہ اگر حدیثیں حجت ہوتیں تو ساری لکھ کر محفوظ کردی جاتیں، تاکہ ان کا کوئی حصہ ضائع نہ ہوتا۔

---

(۱) یہ استدلال إنّی ہے یعنی معلول سے علت پر استدلال ہے۔ استدلال کی دو قسمیں ہیں: لِمّی اور اِنّی۔ اگر علت سے معلول پر استدلال کیا جائے تو وہ لِمّی ہے، جیسے آگ سے دھوئیں پر استدلال کرنا۔ اور اگر معلول سے علت پر استدلال کیا جائے تو اِنّی ہے، جیسے دھوئیں سے آگ پر استدلال کرنا۔ حدیث وحی ہے پس وہ حجتِ شرعیہ ہے یہ استدلال لمی ہے اور جو چیز حجت شرعیہ ہے وہ ضرور وحی ہے یہ استدلال إنّی ہے۔ پس اس فرقہ کا یہ کہنا کہ حدیث حجتِ شرعیہ نہیں ہے، اگر حجت ہوتی تو اس کو قرآن کی طرح لکھ کر محفوظ کیا جاتا یہ استدلال إنّی کے قبیل سے ہے ۱۲

اس اعتراض کا صحیح جواب یہ ہے کہ نہ تو قرآن لکھ کر محفوظ کیا گیا ہے نہ حدیثیں لکھی گئیں ہیں، بلکہ دونوں کی حفاظت حفظ کے ذریعہ کی گئی ہے یعنی نہ تو قرآن ریکارڈ میں رکھا گیا نہ حدیثوں کا ریکارڈ تیار کیا گیا، بلکہ دونوں کی حفاظت کا مدار حفظ پر رکھا گیا۔

قرآن کی حفاظت حفظ کے ذریعہ کی گئی:

سورۃ الحجر (آیت ۹) میں ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ﴾ یعنی یقیناً ہم ہی نے قرآن اتارا ہے، اور بیشک ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ اس آیت میں **حافظون**: حافظ کی جمع ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ عالم اسباب میں قرآن کریم کی حفاظت حافظوں کے ذریعہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ شریعت میں قرآن کا حفظ کرنا فرض کفایہ قرار دیا گیا ہے یعنی ہر زمانے میں اتنے مسلمانوں پر قرآن کا حفظ کرنا فرض ہے جن سے قرآن کی حفاظت ہوسکے۔ **حافظون** کو جمع لانے میں اسی طرف اشارہ ہے کہ ایک دو حافظ کافی نہیں، معتد بہ حافظوں کی جماعت ضروری ہے۔

جمعِ قرآن کی تاریخ:

دورنبوی میں جب قرآن نازل ہوتا تھا تو کاتبین وحی میں سے جو موجود ہوتا تھا اسے بلا کر لکھوا دیا جاتا تھا۔ اور یہ لکھوانا لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق ہوتا تھا۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام جب وحی لاتے تو ہدایت دیتے کہ یہ آیات فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد لکھی جائیں۔ پھر کاتبین وحی جو قرآن لکھتے تھے وہ نبی ﷺ کے گھر میں محفوظ نہیں رکھا جاتا تھا۔ بلکہ کاتبین کے پاس محفوظ رہتا تھا۔ پھر جب کوئی سورت مکمل ہو جاتی تو اسے از سر نو لکھا جاتا، اور لکھنے کے بعد وہ نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذرتی (۱)۔ پھر جو صحابی اس کو مانگتے ان کو دیدی جاتی اور وہ ان کے پاس محفوظ رہتی، اور کسی دوسرے صحابی کو ضرورت ہوتی تو وہ ان سے نقل لیتا۔ نبی ﷺ کے گھر میں لکھے ہوئے قرآن میں سے کچھ نہ رہتا تھا۔

یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا تا آنکہ نزولِ قرآن کا سلسلہ مکمل ہوا اور نبی ﷺ اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ آپؐ

(۱) سوال: نبی ﷺ تو لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ پھر وہ تحریر آپؐ کے ملاحظہ سے گذرنے کے کیا معنی؟ اس کا جواب: یہ ہے کہ بیشک نبی ﷺ امی تھے یعنی بچپن میں لکھنا پڑھنا نہیں سیکھے تھے۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ آپؐ حروف شناس بھی نہیں تھے۔ اور اپنا نام بھی نہیں لکھ سکتے تھے۔ آج بھی دنیا میں بہت سے لوگ ہیں جو پڑھے لکھے نہیں ہوتے، مگر حروف شناس ہوتے ہیں، اور اپنی خداداد فراست سے حروف کو پہچان لیتے ہیں۔ نبی ﷺ سے بڑا ذہین اور عقل میں کامل نہ کوئی ہوا نہ ہوگا، پس کیا آپ کے بارے میں یہ بات ممکن ہے کہ آپؐ حروف بھی نہ پہچانتے ہوں؟ اور اپنا نام تک نہ لکھ سکتے ہوں؟ یہ تصور قطعاً غلط ہے ۱۲

کی وفات کے وقت آپؐ کے گھر میں لکھا ہوا قرآن نہیں تھا۔ حالانکہ آپؐ امیر المؤمنین بھی تھے یعنی اسلامی حکومت کے سربراہ بھی تھے، مگر آپؐ کے گھر میں لکھا ہوا قرآن محفوظ نہیں تھا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ قرآنِ کریم کو سرکاری ریکارڈ میں نہیں رکھا گیا۔

قرآن پاک سرکاری ریکارڈ میں کیوں نہیں رکھا گیا؟ —— یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ قرآنِ کریم کو سرکاری ریکارڈ میں کیوں نہیں رکھا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآنِ کریم لوگوں کی طرف اتارا گیا ہے، اس لئے انہی کو اس کی حفاظت کا ذمہ دار بھی بنایا گیا ہے۔ سورۃ النحل کی یہ آیت گذر چکی ہے: ﴿لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَانُزِّلَ إِلَيْهِمْ﴾ تاکہ آپؐ لوگوں کے فائدے کے لئے وہ قرآن کھول کر سمجھائیں جو ان کی طرف اتارا گیا ہے۔ پس لوگ ہی اس کی حفاظت کے ذمہ دار ہونگے، حکومت کے ذمے اس کی حفاظت نہیں۔ آج بہت سی اسلامی حکومتیں ہیں، مگر کسی حکومت کے ریکارڈ میں قرآنِ کریم نہیں ہے۔ قرآن مسلمانوں کو سونپ دیا گیا ہے، وہی اس کی حفاظت کے ذمہ دار ہیں۔ کوئی حکومت قرآن کی کسی طرح کی خدمت کرتی ہے تو وہ اس کی سعادت ہے۔ جیسے شاہ فہد رحمہ اللہ نے قرآن اور اس کے تراجم کی بڑی اشاعت کی ہے۔ یہ ان کے لئے سعادت ہے۔ مگر سعودی حکومت کے ریکارڈ میں قرآن نہیں ہے۔

القصہ: نبی ﷺ کی وفات کے بعد فوراً مسیلمہ کذّاب کے ساتھ جنگ یمامہ پیش آئی، جس میں متعدد حفاظِ قرآن شہید ہوگئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس صورتِ حال سے گھبرا گئے۔ وہ سوچنے لگے کہ اگر اسی طرح حفاظ شہید ہوتے رہے تو قرآن کا کیا ہوگا؟ چنانچہ آپؓ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مشورہ دیا کہ قرآن کریم کو سرکاری ریکارڈ میں لے لیا جائے تاکہ اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ رہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: كيف أَفعلُ شيئًا لم يَفْعَلْه رسولُ الله صلى الله عليه وسلم؟ میں وہ کام کیسے کروں جو نبی ﷺ نے نہیں کیا؟ غور کرو! وہ کونسا کام تھا جو نبی ﷺ نے نہیں کیا تھا؟ وہ یہی کام تھا کہ قرآن کو لکھوانے کے بعد آپؐ نے اس کو اپنے پاس یعنی سرکاری ریکارڈ میں نہیں رکھا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بات کا جواب بس یہی تھا کہ هو والله خير! بخدا یہ کام بہتر ہے! دونوں بزرگوں کے درمیان تبادلۂ خیال ہوتا رہا تا آنکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سینہ کھول دیا اور ان کو شرح صدر ہوگیا۔ پھر دونوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بلایا اور جمع قرآن کا کام ان کو سونپا۔ انھوں نے بھی یہ عرض کیا آپ دونوں حضرات وہ کام کیسے کرنا چاہتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو بھی یہی بات سمجھائی کہ یہ کام بہتر ہے۔ چنانچہ ان کو بھی شرح صدر ہوگیا۔

پھر عام اعلان کیا گیا کہ جس کے پاس قرآن کی اصلی تحریر ہے اور وہ نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذر چکی ہے اور اس

کے اصلی ہونے پر اور نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذرنے پر دو گواہ بھی موجود ہوں ایسی تحریریں لائی جائیں[1] ـــــ دو گواہوں میں ایک خود صاحبِ تحریر کی گواہی ہوگی، دوسری دوسرے شخص کی ـــــ چنانچہ وہ تحریریں آنی شروع ہوئیں۔ جب تمام تحریریں آ گئیں تو ان کو نفس الامری اور لوح محفوظ کی ترتیب کے مطابق مرتب کیا گیا تو معلوم ہوا کہ سورۂ توبہ کی آخری دو آیتیں نہیں آئیں، چنانچہ دوبارہ اعلان کیا گیا کہ﴿ لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ﴾ الآیتین نہیں آئیں۔ ان آیتوں کو حضرت ابوخذیمہ بن اوس لائے اور کہا میں دوسرا گواہ تلاش کررہا تھا مگر وہ نہیں ملا۔ اس لئے تاخیر ہوئی۔ وہ آیتیں حضرت زید بن ثابت کے ہاتھ ہی کی لکھی ہوئی تھیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی ان کو پہچانا۔ چنانچہ وہ لے لی گئیں۔ جب قرآن مکمل آ گیا۔ تو پہلے حافظوں کے حفظ سے اس کا مقابلہ کیا گیا۔ جب اطمینان ہوگیا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے مختلف چیزوں پر اس کو نقل کیا اور ان کو ایک تھیلہ میں بھر کر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپ دیا۔ حضرت ابوبکرؓ نے اس کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس محفوظ کرادیا اس طرح قرآن کریم سرکاری ریکارڈ (حفاظت) میں لے لیا۔ اور وہ اصلی تحریریں جن جن سے حاصل کی گئی تھیں ان کو لوٹا دیں کیونکہ وہ امانت تھیں۔

پھر اس تھیلے کو کبھی کھولنے کی نوبت نہیں آئی جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس محفوظ کیا گیا تھا۔ کیونکہ خطرہ ٹل گیا۔ آئندہ جنگوں میں حفاظ بکثرت شہید نہیں ہوئے، نیز بچوں نے بھی حفظ شروع کردیا۔ چنانچہ دس حافظ شہید ہوتے تو سو نئے حافظ تیار ہوجاتے۔ جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وفات ہوئی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو آپ نے وہ تھیلہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس سے لے کر اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس رکھوادیا تاکہ جب چاہیں بے تکلف جاکر دیکھ سکیں، مگر اس کی بھی نوبت نہیں آئی تا آنکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوگیا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن دوبارہ مسلمانوں کو سونپ دیا:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے۔ آپ نے وہ تھیلا حضرت حفصہ ہی کے پاس رہنے دیا۔ کیونکہ ازواج مطہرات میں آپ کا کوئی محرم نہیں تھا۔ پھر آپ کے زمانہ کے آخر میں یہ بات سامنے آئی کہ لوگوں نے مختلف طرح سے قرآن لکھ رکھے تھے۔ کسی نے نزول کی ترتیب سے، کسی نے لوح محفوظ کی ترتیب سے۔ کسی نے حاشیہ میں کچھ تفسیری کلمات بھی لکھ رکھے تھے، اس سے اختلاف پیدا ہونا ناگزیر تھا۔ چنانچہ جنگ ارمینیہ وآزربائجان سے فارغ ہوکر جب حضرت حذیفہ بن الیمان لوٹے تو انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اختلافات کی اطلاع دی

(۱) قال الحافظ: أو المراد أنهما يَشْهَدَانِ على أن ذلك المكتوب كُتِبَ بين يَدَيْ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم (فتح ۹:۱۵)

اورعرض کیا کہ اس سے پہلے کہ امت قرآن میں مختلف ہوجائے اس کی خبر لیجئے، چنانچہ آپ نے پھر حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو دوبارہ جمع قرآن کا کام سپرد کیا۔ مگر چونکہ اب زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بوڑھے ہو چکے تھے اور کام بھی لمبا تھا اس لئے ان کے ساتھ تین یا چار آدمی اور ملائے۔ اس کمیٹی نے وہ تھیلا جو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھا منگوایا۔ اور پھر اعلان کیا کہ اصلی تحریریں جو نبی ﷺ کے ملاحظہ سے گذر چکی ہیں دو گواہوں کے ساتھ لائی جائیں۔ جب ان تحریروں کا تھیلے والے قرآن سے مقابلہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ سورۂ احزاب کی آیت: ﴿ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ ﴾ نہیں آئی۔ لوگوں میں دوبارہ اعلان کیا گیا تو حضرت خذیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ نے کہا وہ آیت میرے پاس ہے، مگر اس کا گواہ وفات پا چکا ہے اور دوسرا کوئی گواہ ابھی تک ملا نہیں اس لئے میں نے جمع نہیں کی۔ لوگوں نے کہا کہ حضرت خذیمہ کو دوسرے گواہ کی ضرورت نہیں۔ نبی ﷺ نے ایک واقعہ میں ان کی گواہی کو دو کی گواہی کے قائم مقام گردانا ہے۔ چنانچہ صرف ان کی گواہی کی بنیاد پر وہ تحریر قبول کر لی گئی، پھر بعد میں اس کے اصلی تحریر ہونے کا گواہ بھی مل گیا۔

کمیٹی نے تھیلے والی تحریروں کو ان اصلی تحریروں سے ملایا، نیز حافظوں کے حفظ سے مقابلہ بھی کیا، جب اطمینان کر لیا تو کمیٹی نے پانچ مصاحف تیار کئے۔ یہ پہلی مرتبہ قرآن کتابی صورت میں لکھا گیا۔ اس وقت اس کی صورت یہ تھی کہ گتّوں کو جوڑ کر فائل بنایا گیا تھا اور ان میں قرآن کے اوراق الگ الگ رکھے گئے تھے۔ جلد نہیں باندھی گئی تھی۔ پھر ایک مصحف: حضرت عثمان نے اپنے پاس مدینہ میں رکھا اور باقی مصاحف مختلف شہروں میں بھیج دیئے اور حکم بھیج دیا کہ اب مسلمان اسی قرآن سے نقلیں لیں۔ نیز یہ بھی حکم بھیجا کہ لوگوں نے جو مختلف طرح سے قرآن لکھے ہیں وہ پایۂ تخت میں بھیج دیئے جائیں۔ جب سب قرآن آ گئے تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو جلوا دیا۔ اور اصلی تحریریں ان کے مالکان کو لوٹا دی گئیں اور وہ تھیلا حضرت حفصہ کو پھیر دیا گیا۔ اس طرح حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کر دیا۔ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے دو کام کئے: ایک: لوگوں کو موجودہ قرآن پر جمع کر دیا پس آپؓ جامع الناس علی القرآن ہیں، مگر تخفیفاً آپ کو بھی جامع القرآن کہا جاتا ہے۔ دوم: جو قرآن سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا اسے ریکارڈ سے نکال کر مسلمانوں کو سونپ دیا۔ جیسے نبی ﷺ نے ان کو سپرد کیا تھا[1]

یہ جمع قرآن کی تاریخ ہے۔ جمع قرآن کے لفظ سے لوگوں کو دھوکہ ہوتا ہے کہ قرآن نبی ﷺ کے زمانہ میں جمع نہیں تھا۔ صحابہ نے اس کو جمع کیا ہے حالانکہ یہ بات صحیح نہیں۔ قرآن مکمل جمع اور مرتب تھا، اور اسی طرح حافظوں کو یاد بھی تھا، مگر وہ ایک جگہ اکٹھا لکھا ہوا نہیں تھا اور حکومت کی تحویل میں نہیں رکھا گیا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اسے سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حسب سابق وہ مسلمانوں کو سونپ دیا۔ نیز

(۱) یہ تمام تفصیلات بخاری کی روایات میں ہے، جو مشکوٰۃ باب اختلاف القرآن و جمعه میں حدیث نمبر ۲۲۲۰ و ۲۲۲۱ میں ہیں ۱۲

سارا قرآن ایک ساتھ مصحف میں لکھا ہوا نہیں تھا۔ ہر سورت علحدہ علحدہ لکھی ہوئی تھی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں کتابی شکل دی گئی اور دو سورتوں میں فصل (جدائی) کرنے کے لئے درمیان میں بسم اللہ لکھی گئی۔ کیونکہ بسم اللہ فصل کرنے ہی کے لئے نازل کی گئی ہے۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ قرآن کی حفاظت کا مدار لکھنے پر نہیں ہے، بلکہ حفظ پر ہے۔ ﴿إِنَّا لَهُ لَحَافِظُوْنَ﴾ میں اس کی طرف اشارہ ہے۔ نیز سورۃ العنکبوت (آیت ۴۹) میں ارشاد پاک ہے: ﴿بَلْ هُوَ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْعِلْمَ﴾: بلکہ یہ کتاب واضح دلیلیں ہیں ان لوگوں کے ذہن میں جن کو علم عطا ہوا ہے۔ اس میں بھی صاف اشارہ ہے کہ قرآن سینوں میں ہے سفینوں میں نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن کی حفاظت عالم اسباب میں حافظوں کے ذریعہ کرتے ہیں، اسی طرح دور اول میں احادیث کی حفاظت بھی یاد کر کے کی گئی تھی۔ حفظ ہی پر اس کا مدار تھا۔ چنانچہ احادیث میں حدیثوں کو حفظ کرنے کے بڑے فضائل وارد ہوئے ہیں۔

قرآن کریم کیوں لکھا گیا؟

اگر کوئی سوال کرے کہ جب قرآن کریم کی حفاظت کا مدار حفظ پر ہے تو نبی ﷺ نزول کے ساتھ ہی قرآن کیوں لکھواتے تھے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن میں متعدد چیزیں ایسی ہیں جن کی حفاظت لکھ کر ہی کی جاسکتی ہے۔ مثلاً:

(۱) آیات توقیفی ہیں یعنی گول دائروں والی آیات کی تعیین من جانب اللہ ہے، ان کو لکھے بغیر یاد نہیں رکھا جاسکتا۔ کیونکہ چھوٹی آیتیں ایک سانس میں کئی ملا کر پڑھی جاتی ہیں، پھر ان کو لکھے بغیر الگ الگ کیسے یاد رکھا جاسکتا ہے؟

(۲) قرآن کا رسم الخط توقیفی ہے یعنی کونسا لفظ کس طرح لکھا جائے گا یہ بات بھی اللہ تعالیٰ کی جانب سے بتائی گئی ہے۔ جیسے اللذی کو الذی: ایک لام کے ساتھ، اللیل کو بھی الیل اور العالمین کو العٰلمین اور بالغداۃ کو بالغدواۃ لکھا گیا ہے، رسم الخط کا یہ فرق بھی لکھے بغیر محفوظ نہیں رکھا جاسکتا۔

(۳) قرآنِ کریم سات حروف پر نازل کیا گیا ہے۔ یعنی اس کو مختلف لہجوں میں پڑھا جاسکتا ہے، مگر لکھا ایک ہی طرح جائے گا۔ مثلاً بعض قبائل الف لام تعریف کی جگہ میم استعمال کرتے تھے، پس وہ رب العالمین کو ربِّ مْعَالمین پڑھ سکتے ہیں، مگر اس طرح لکھنا جائز نہیں۔ یا جیسے بعض ممالک کے لوگ آج بھی جیم ادا نہیں کرسکتے وہ گاف کا تلفظ کرتے ہیں، پس وہ وِجْهَةٌ کو وِگْهَةٌ پڑھ سکتے ہیں مگر اس طرح لکھنا جائز نہیں۔ قرآن قریش کے لہجہ کے مطابق لکھا گیا ہے، غرض یہ بات بھی لکھ کر ہی محفوظ رکھی جاسکتی ہے۔

(۴) قرآن کا لکھنا جائز ہے، اگرچہ حفاظت کا مدار اس پر نہیں۔ جیسے احادیث کا لکھنا بھی جائز تھا اگرچہ اس کی حفاظت کا مدار یاد کرنے پر رکھا گیا تھا۔ چنانچہ بیانِ جواز کے لئے قرآن بھی لکھا گیا اور فی الجملہ حدیثیں بھی لکھی گئیں

اور آپؐ نے بعض صحابہ کو لکھنے کی اجازت بھی دی۔
غرض مختلف مقاصد کے پیشِ نظر قرآن لکھا گیا، کچھ حفاظت ہی کے لئے نہیں لکھا گیا۔

عام طور پر احادیث لکھنے کی ممانعت کی وجہ:

اور احادیث میں اس قسم کی نزاکتیں نہیں تھیں، اس لئے عموماً اس کی کتابت کی ممانعت کردی گئی۔ نیز اس لئے بھی ممانعت کی کہ لکھنے سے حفظ کی صلاحیت کمزور پڑ جاتی ہے، لکھے ہوئے پر اعتماد ہوجاتا ہے۔ آدمی سوچتا ہے کہ استاذ کی تقریر میرے پاس لکھی ہوئی محفوظ ہے جب چاہونگا دیکھ لونگا۔ حالانکہ علم درسینہ نہ کہ درسفینہ، کتب خانے کتابوں سے بھرے پڑے ہیں مگر مُرا چہ ُترا چہ؟ ہمارا علم تو وہی ہے جو ہمیں محفوظ ہے، باقی علم دیمک اور کیڑوں کی خوراک ہے۔ امام غزالی رحمہ اللہ کا واقعہ مشہور ہے کہ جب وہ طالب علم تھے ان کا تھیلا کتّا لے گیا تھا۔ وہ رو رہے تھے، کسی نے رونے کی وجہ دریافت کی تو کہا کہ میرا سارا علم اس تھیلے میں تھا۔ میں نے آج تک جو کچھ پڑھا تھا اس کی کاپیاں کتّا لے گیا۔ اس شخص نے کہا: تُف ہے تیرے پڑھنے پر کہ تیرا علم ایک کتّا لے گیا۔ اس دن سے امام غزالی رحمہ اللہ نے معمول بنالیا کہ جو کچھ پڑھتے تھے، پہلے لکھ لیتے تھے، پھر اس کو یاد کرلیتے تھے۔ تاکہ علم ضائع نہ ہوجائے۔

علاوہ ازیں ممانعت کی یہ وجہ بھی تھی کہ لکھا ہوا قرآن لوگوں کے گھروں میں محفوظ تھا۔ اور متفرق چیزوں میں لکھا ہوا تھا۔ اور اس لکھے ہوئے کی آئندہ ضرورت بھی پڑنے والی تھی، پس اگر لوگوں کے گھروں میں حدیثیں بھی لکھی ہوئی ہونگی تو قرآن کے ساتھ اشتباہ کا اندیشہ تھا۔ اور مخصوص تحریروں سے اشتباہ نہیں ہوسکتا۔ مثلاً ایک معاہدہ لکھا گیا تو اس کی ابتداء وانتہاء بولے گی کہ یہ قرآن نہیں ہے۔ یا کسی موقعہ کی تقریر لکھی گئی تو اس میں یہ صراحت ہوگی کہ یہ فتح مکہ کی تقریر ہے، پھر اشتباہ کیسے ہوگا؟ اسی طرح مخصوص آدمی اس کا اہتمام کرسکتا ہے کہ حدیثوں کو علحدہ صحیفہ میں جمع کرے، عام طور پر لوگ اس کا اہتمام نہیں کرسکتے، اس لئے عمومی طور پر حدیثیں لکھنے کی ممانعت کی گئی۔

مگر خاص حدیثیں لکھی گئیں اور مخصوص لوگوں کو لکھنے کی اجازت بھی دی، اس سے کتابتِ حدیث کا جواز ثابت ہوا۔ جیسے ایک رمضان میں دو یا تین راتیں آپؐ نے تراویح جماعت سے پڑھائی، پھر فرضیت کے اندیشہ سے بند کردی، مگر اتنے عمل سے جواز ثابت ہوگیا۔ چنانچہ جب فرضیت کا اندیشہ نہ رہا تو فاروق اعظم نے اس کا باقاعدہ نظام بنادیا۔ اسی طرح جب ضرورت پیش آئی تو حدیثیں مدوّن کی گئیں، کیونکہ نبی ﷺ نے فی الجملہ حدیثیں لکھوائی بھی تھیں اور اس کی اجازت بھی مرحمت فرمائی تھی۔

حضرت عمرؓ نے حدیثیں جمع کرنے کا ارادہ کیا مگر اشارہ نہ پایا:

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت میں احادیث کو جمع کرنے کا ارادہ فرمایا تھا۔ حضرت ہی کو سب

سے پہلے قرآن جمع کرنے کا خیال بھی آیا تھا اوران کے مشورہ سے قرآن جمع کیا گیا تھا یعنی سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا تھا۔ یہی ارادہ آپ کا حدیثوں کو سرکاری ریکارڈ میں لینے کا بھی تھا۔ چنانچہ آپ نے مشورہ کے لئے صحابہ کو اکٹھا کیا، اور فرمایا کہ میرے دل میں یہ بات آتی ہے کہ حدیثیں لکھ لی جائیں۔ سب نے مشورہ دیا: مبارک خیال ہے! ایسا ضرور کرلیا جائے۔ مگر آپ کو شرح صدر نہ ہوا تو آپ نے استخارہ شروع کیا۔ ایک ماہ مسلسل استخارہ کرنے پر شرح صدر ہوگیا کہ حدیثوں کو مدون نہ کیا جائے، چنانچہ آپ نے پھر صحابہ کو جمع کیا اور فرمایا کہ ”مجھے یاد آیا کہ گذشتہ امتوں نے جو اللہ کی کتابیں ضائع کردیں تو اس کی وجہ یہ ہوئی تھی کہ انھوں نے اپنے پیغمبروں کی باتیں بھی لکھ لی تھیں، وہ ان میں ایسے مشغول ہوگئے کہ اللہ کی کتابوں سے ان کی توجہ ہٹ گئی، اور جب ان کا اہتمام نہ رہا تو وہ ضائع ہوگئیں، پس بخدا! میں اللہ کی کتاب کے ساتھ کسی چیز کو نہ رلاؤنگا!“ (۱)

چنانچہ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا رویہ سخت ہوگیا۔ جب آپ کسی بڑے صحابی کو باہر کسی علاقے کا ذمہ دار بنا کر بھیجتے تو ہدایت کرتے کہ وہاں حدیثیں بکثرت بیان نہ کرنا، لوگوں کو قرآن میں مشغول رہنے دینا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کو بھیجا تو ان کو یہ ہدایت دی کہ بکثرت حدیثیں بیان نہ کریں۔ بلکہ ایک منقطع روایت میں یہاں تک آیا ہے کہ تین اکابر صحابہ (ابن مسعود، ابوالدرداء اور ابوذر رضی اللہ عنہم) کو بکثرت روایت بیان کرنے کی وجہ سے قید کیا (۲)

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا تھا کہ کیا آپ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس کثرت سے حدیثیں بیان کرتے تھے تو انھوں نے جواب دیا: نہیں، اگر میں ایسا کرتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ میری خبر لے لیتے۔

بہر حال حضرت عمرؓ کی یہ احتیاط اس لئے تھی کہ لوگ قرآن میں مشغول رہیں۔ چنانچہ حفظ قرآن کا مسلمانوں میں ایسا رواج ہوگیا کہ دن بدن بڑھتا ہی جارہا ہے اور اس کی نظیر یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں یہ حکم نافذ کیا تھا کہ کوئی شخص حج کے ساتھ عمرہ نہ کرے۔ عمرہ کے لئے مستقل سفر کرکے آئے چنانچہ سال بھر کعبہ شریف آباد ہوگیا۔ اور دن بدن عمرہ کرنے والوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے استخارہ میں جو تدوین حدیث نہیں آئی اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح قرآن کی حفاظت کی ذمہ داری عام مسلمانوں کی ہے۔ حکومت ہی کی یہ ذمہ داری نہیں ہے۔ اسی طرح حدیثوں کی حفاظت کی

(۱) أخرج البيهقي في المدخل عن عروة بن الزبير: أن عمر بن الخطاب أراد أن يكتب السنن، فطفق عمر يَسْتَخِيْرُ اللّٰهَ فيها شهرا، ثم أصبح يوما وقد عَزَمَ اللّٰهُ له، فقال:” إني كنت أردتُ أن أكتب السننَ، وإني ذكرتُ قوماً قبلكم، كتبوا كتبا فأكبوا عليها، وتركوا كتاب الله، وإني والله! لا أُلَبِّسُ كتابَ الله بشيئ أبداً“ (جامع بيان العلم ۱:۷٦ السنة ومكانتها في التشريع الإسلامي ص: ۱۲۱) (۲) یہ روایت قطعاً صحیح نہیں ہے اس کو ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں اور ان کی ولادت حضرت عمر کی خلافت کے اخیر میں ہوئی ہے اس لئے ان کا حضرت عمر سے لقاء وسماع نہیں۔

ذمہ داری بھی عام مسلمانوں کی ہے۔ اگر حدیثیں جمع کرلی جاتیں یعنی سرکاری ریکارڈ میں لے لی جاتیں تو عام مسلمانوں کی توجہ اس سے ہٹ جاتی۔ اور حدیثوں کے ضائع ہونے کا امکان پیدا ہوجاتا۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کے سامنے جو بات فرمائی تھی کہ پچھلی امتوں نے اللہ کی کتابوں کو اس طرح ضائع کیا: اس کی تفصیل یہ ہے کہ محبت کی دو قسمیں ہیں: عقلی اور طبعی۔ عقلی محبت: معنویات سے اور غائب سے ہوتی ہے۔ اور طبعی محبت محسوسات اور حاضر سے ہوتی ہے۔ اور قوی محبت اگرچہ عقلی ہے مگر انسان پر غلبہ طبعی محبت کا ہوتا ہے جیسے مؤمن کو اللہ ورسول اور قرآن اور دین سے عقلی محبت ہے۔ اس کے لئے جان دینے سے بھی وہ دریغ نہیں کرتا مگر طبعی محبت اپنی ذات اور بیوی بچوں سے ہوتی ہے اور وہی ظاہر احوال میں غالب نظر آتی ہے۔ اسی طرح کسی شیخ کے خلفاء کو اپنے پیر سے جو محبت ہوتی ہے وہ اپنے پیر کے پیر سے نہیں ہوتی۔ اور یہ فطری محبت کا غلبہ ہے۔ چنانچہ جب کسی پیر کے خلفاء اکٹھا ہوتے ہیں تو گھنٹوں اپنے پیر کی باتیں کرتے ہیں اور ایک مرتبہ بھی پیر کے پیر کا تذکرہ نہیں آتا۔

اسی طرح اس مسئلہ کو بھی سمجھنا چاہئے کہ مؤمن کو اللہ اور اللہ کی کتاب سے جو محبت ہے وہ عقلی ہے اور صحابہ کو جو اپنے نبی اور اس کی باتوں سے تعلق ہے وہ طبعی ہے۔ چنانچہ گذشتہ امتوں نے اللہ کی کتابوں کے ساتھ اپنے انبیاء کی باتیں بھی لکھ لیں تو ان کے صحابہ فطری محبت کی وجہ سے ان کی باتوں میں ایسے منہمک ہوگئے کہ اللہ کی کتابوں کا اہتمام باقی نہ رہا، چنانچہ وہ ضائع ہوگئیں۔ اگر نبی ﷺ کی حدیثیں بھی دور صحابہ میں اور عہد فاروقی میں جمع کرلی جاتیں تو اندیشہ تھا کہ صحابہ اس میں قرآن سے زیادہ مشغول ہوجاتے، اس لئے عہد صحابہ تک حدیث مدوین نہیں ہونے دی گئیں، عہد صحابہ کے بعد اس کی تدوین ہوئی، کیونکہ تابعین کے لئے اللہ اور اللہ کے رسول دونوں غیب ہیں، اور قرآن وحدیث دونوں معنویات ہیں۔ پس دونوں سے محبت عقلی ہوگی اور عقلی محبت اللہ کی اور اللہ کی کتاب کی قوی تر ہے اللہ کے رسول اور ان کی حدیثوں کی محبت سے اس لئے وہ خطرہ اب باقی نہ رہا۔

صحابہ کے آخری دور میں حدیثوں کے ساتھ سندوں کا اضافہ ہوا:

امت دونوں مصادر شرعیہ (قرآن وحدیث) کی حفظ کے ذریعہ حفاظت کرتی رہی، پھر قرآن تو آج تک اسی طرح حفظ کیا جاتا ہے مگر حدیثوں کے ساتھ سن ۵۰ھ کے بعد صحابہ کے آخری دور میں سندوں کا سلسلہ شروع ہوا۔ کیونکہ کچھ لوگوں نے حدیثیں گڑھنے کا کاروبار شروع کیا اس لئے صحیح حدیثوں کو وضعی حدیثوں سے جدا کرنے کے لئے سند ناگزیر ہوگئی، مقدمۂ مسلم میں محمد بن سیرین رحمہ اللہ کا قول ہے کہ سلف یعنی صحابہ اسناد کا مطالبہ نہیں کرتے تھے مگر جب فتنہ واقع ہوا یعنی گمراہ فرقے وجود میں آئے تو انھوں نے کہا: سمُّوا لنا رجالکم حدیث کی سند بیان کرو تاکہ دیکھا جائے کہ راوی اہل السنہ سے ہے تاکہ اس کی روایت لی جائے، اور اگر راوی گمراہ فرقوں میں سے ہے تو اس

کی روایت نہ لی جائے، نیز مقدمۂ مسلم ہی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جب لوگ ہر طرح کی سواری پر سواری کرنے لگے تو ہم نے ہر طرح کے راویوں سے حدیث لینا چھوڑ دیا۔

اسناد کا یہ سلسلہ دن بدن بڑھتا گیا اور متن کا یاد رکھنا تو آسان ہے مگر معرفت کے بغیر رجالِ اسناد کا یاد رکھنا عام لوگوں کے لئے مشکل ہے اور زمانہ اتنی تیزی سے گذرتا ہے کہ پچاس سال میں تین نسلیں دیکھی جاسکتی ہیں۔ آپ غور کریں: اگر آج تک سندوں کا سلسلہ جاری رہتا تو ایک جملہ والی حدیث جیسے: إنما الأعمال بالنیات کی سند تین صفحوں میں ہوتی، رواتِ حدیث اس بارگراں کو کیسے اٹھاتے اس لئے صحابہ کے آخری دور میں اللہ تعالیٰ نے تدوینِ حدیث کا الہام فرمایا۔

تدوین حدیث کا سہرہ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے سر بندھا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد تدوین حدیث کا کسی کو خیال نہیں آیا۔ یہاں تک کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا زمانہ آ گیا ـــــ حضرت عمر بن عبدالعزیز پہلی صدی کے ختم پر خلیفہ بنے ہیں آپ کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ماں کی طرف سے نسبی تعلق ہے، آپ کی نانی حضرت عمرؓ کی پوتی ہیں ـــــ احادیث مدون کرنے کا خیال سب سے پہلے آپ کو آیا۔ چنانچہ آپ نے مدینہ کے گورنر اور قاضی ابوبکر بن حزم کو لکھا کہ مدینہ میں جو حدیثیں اساتذہ بیان کرتے ہیں ان کو لکھ کر میرے پاس بھیج دو کیونکہ مجھے علم کے مٹنے اور علماء کے ختم ہوجانے کا اندیشہ ہے۔ خاص طور پر عبدالرحمٰن بن اسعد بن زرارہ کی بیٹی عَمرۃ (متوفیہ ۹۸ھ) اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پوتے قاسم (متوفی ۱۲۰ھ) کی حدیثیں جو وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں لکھ کر بھیجی جائیں، یہی حکم آپ نے تمام گورنروں کے نام جاری کیا تھا کہ ہر علاقہ کی حدیثیں جمع کر کے پایۂ تخت کو ارسال کی جائیں۔ پلان یہ تھا کہ جب یہ حدیثیں آئیں گی تو امام زہری رحمہ اللہ ان کو مرتب کریں گے، گورنروں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کا والا نامہ علماء کو دکھایا اور ان کو یہ کام سونپ دیا۔ ابھی حدیثیں نہیں پہنچی تھیں کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کا انتقال ہوگیا اور ان کے بعد ولید خلیفہ بنا جس کو اس کام سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ چنانچہ وہ آڈر گیا گذرا ہوگیا مگر علماء نے جو کام شروع کیا تھا وہ برابر چلتا رہا اس طرح تدوین حدیث کا آغاز ہوا اور اس کا سہرہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے سر بندھا۔

خیر القرون: ساتھ ساتھ بھی اور آگے پیچھے بھی

یہاں یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ صحابہ سب کے سب نقل دین میں قابل اعتماد ہیں۔ ضابطہ ہے الصحابة كلُّهم عدولٌ یہ ضابطہ استقرائی ہے یعنی صحابہ کا دور ختم ہونے کے بعد تمام صحابہ کی روایات کا جائزہ لیا گیا تو یہ بات سامنے آئی کہ کسی صحابی نے جان بوجھ کر کسی روایت میں گڑبڑ نہیں کی، اس لئے یہ قاعدہ کلیہ بنادیا مگر غیر صحابہ یعنی

تابعین وتبع تابعین کا یہ حال نہیں تھا، ان میں اچھے برے ہر طرح کے لوگ تھے۔ اور یہ تینوں طبقات زمانہ کی چوڑائی میں ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ جب نبی پاک ﷺ دنیا میں تھے تو تمام مسلمانوں نے آپؐ کی زیارت نہیں کی تھی، اسلام قبول کرنے کے بعد قبائل کا وفد آتا تھا اور وہی آپ کی زیارت کرتے تھے، اس لئے وہی صحابی ہوتے تھے۔ پھر جب وہ حضرات واپس لوٹتے تھے تو قبائل کے لوگ ان صحابہ کی زیارت کرتے تھے اس لئے وہ تابعین ہوتے تھے اور کچھ ایسے مسلمان بھی تھے جنھوں نے ان صحابہ کی بھی زیارت نہیں کی ہوتی تھی۔ بلکہ ان تابعین کی زیارت کی ہوتی تھی وہ تبع تابعین کا طبقہ تھا اس طرح تینوں طبقے زمانہ کی چوڑائی میں ساتھ ساتھ موجود ہوتے ہیں۔

اور زمانہ کی لمبائی میں جب تک ایک بھی صحابی دنیا میں موجود رہا صحابہ کا دور تھا۔ آخری صحابی کا انتقال ۱۱۰ھ میں ہوا ہے، صحابہ کے بعد تابعین کا دور شروع ہوا۔ جب آخری تابعی کا بھی انتقال ہوگیا تو تبع تابعین کا زمانہ شروع ہوا۔

غرض احادیث بیان کرنے والے جو حضرات صحابہ تھے وہ تو قابل اعتماد تھے مگر دوسرے دو طبقوں میں غیر معتبر راوی بھی تھے اور یہ گڑبڑ اس وقت سے شروع ہوئی جب سے گمراہ فرقے وجود میں آئے، ۴۰ھ کے بعد شیعہ، خوارج، معتزلہ وغیرہ کا ناپاک وجود ہوا۔ انھوں نے اپنے مقاصد کے لئے حدیثیں گڑھنی شروع کیں تو صحابہ نے حدیثوں کی حفاظت کے لئے تین کام شروع کئے، ایک: سند کا التزام، دوم: اکابر کے سامنے حدیث پیش کر کے تصدیق کرانا، سوم: راویوں پر جرح وتعدیل کا سلسلہ شروع کیا، امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنے مقدمہ میں ان تینوں باتوں کا تذکرہ کیا ہے۔

تدوینِ حدیث کے پہلے دور میں علاقہ واری حدیثیں جمع کی گئیں:

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کے فرمان کی وجہ سے تدوین حدیث کا جو سلسلہ شروع ہوا تو دوسری صدی کے نصف اول میں علماء نے علاقہ واری حدیثیں جمع کیں۔ مدینہ کے محدثین نے مدینہ کی، بصرہ والوں نے بصرہ کی، کوفہ والوں نے کوفہ کی، شام والوں نے شام کی، اور یمن والوں نے یمن کی حدیثیں جمع کیں۔ اس طرح بہت سی کتابیں وجود میں آگئیں۔ ان کتابوں میں سے آج صرف امام مالک رحمہ اللہ کی موطا موجود ہے باقی کتابیں مفقود ہیں۔

فائدہ: موطا کا صحیح تلفظ واؤ کے ساتھ ہے۔ جو لوگ میم کے بعد واو پر ہمزہ پڑھتے ہیں وہ صحیح نہیں اور آخر میں الف اور ہمزہ دونوں ہو سکتے ہیں۔ موطا اسم مفعول ہے اس کے معنی ہیں روندا ہوا، یعنی اس پر اتفاق کیا ہوا۔ مادہ وطیٌ ہے جس کے معنی روندنے کے ہیں۔ چونکہ امام مالک رحمہ اللہ کی اس کتاب کو ان کے زمانہ ہی میں قبول عام حاصل ہوگیا تھا اس لئے اس کا یہ نام پڑ گیا۔

تدوین حدیث کے دوسرے دور میں جوامع لکھی گئیں:

جب تدوینِ حدیث کے پہلے دور میں علاقہ واری حدیثوں کی کتابیں وجود میں آگئیں تو ضرورت محسوس کی گئی کہ

ایسی کتابیں لکھی جائیں جن میں تمام حدیثیں جمع ہوں، کیونکہ مختلف کتابوں میں سے حدیث تلاش کرنا مشکل کام تھا۔ اس طرح تدوین حدیث کا دوسرا دور شروع ہوا۔اور دوسری صدی کے نصف ثانی میں جوامع لکھی گئیں جیسے جامع سفیان ثوری، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، اور مسند امام احمد وغیرہ۔ان کتابوں کے مصنّفین نے پہلے دور کی کتابوں سے نقل نہیں کی بلکہ ان کو دلیل (راہ نما) بنا کر اسلامی دنیا کی خاک چھانی اور ہر ہر محدث کے پاس پہنچ کر رُ ودررُ وحدیثیں لیں، اور وہ اپنی کتاب میں درج کیں، اس دور کی کتابوں میں صحیح غیر صحیح حدیثوں کا خیال نہیں رکھا گیا تھا۔ نیز مرفوع غیر مرفوع کا بھی امتیاز نہیں کیا تھا۔ بلا امتیاز تمام روایات لے لی گئی تھیں۔البتہ جس طرح پہلے دور کی تصنیفات میں امام مالک رحمہ اللہ نے صحیح اور غیر صحیح کا امتیاز کیا تھا دوسرے دور کی کتابوں میں امام احمد رحمہ اللہ نے صحیح (قابل استدلال) حدیثوں کا انتخاب کیا تھا اور اپنے مسند میں صرف مرفوع روایات کو لیا تھا موقوف اور مقطوع روایات کو جگہ نہیں دی تھی۔

ملحوظہ: امام احمد رحمہ اللہ کا مسند تیسرے دور کی کتاب بھی ہوسکتی ہے اس لئے کہ امام احمد رحمہ اللہ کا انتقال ۲۴۱ھ میں ہوا ہے۔ جبکہ تدوین حدیث کا دوسرا دور دوسری صدی پر مکمل ہوا ہے پس اگر مسند احمد کو تیسرے دور کی کتابوں میں لیا جائے تو دوسرے دور کی کتابوں میں کوئی کتاب ایسی نہیں ہے جس میں صحیح غیر صحیح کا امتیاز کیا گیا ہو۔

تدوین حدیث کا دوسرا مکمل ہونے کے بعد تین نئی باتیں پیدا ہوئیں:

جب تدوینِ حدیث کا دوسرا دور مکمل ہوا تو تین نئے خیالات سامنے آئے:

پہلا خیال: حدیث شریف کی کتابوں میں صرف صحیح حدیثوں کو جگہ دینی چاہئے۔ ہر حدیث کو نہیں لینا چاہئے۔ جس طرح دور اول میں امام مالک رحمہ اللہ نے اور دورِ ثانی میں امام احمد رحمہ اللہ نے کیا ہے۔

اور صحیح کا مطلب یہ تھا کہ وہ حدیث مسائل میں قابل استدلال ہو، چاہے وہ حسن لغیرہ ہو۔ اور اس زمانہ میں ضعیف وہ حدیث کہلاتی تھی جو قابل استدلال نہ ہو۔یعنی وہ بے حد ضعیف نا قابل استدلال ہو، اصولِ حدث میں جو تقسیم آپ نے پڑھی ہے وہ تفصیل اس زمانہ میں پیدا نہیں ہوئی تھی۔

دوسرا خیال: شیخین یعنی امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے زمانہ تک صحابہ کے انفرادی فتاوی بھی حجت سمجھے جاتے تھے۔ان کی موجودگی میں مجتہد اجتہاد نہیں کرتا تھا بلکہ ان کے اقوال کو لیتا تھا اور اگر صحابہ میں اختلاف ہوتا تو مجتہد انتخاب کرتا تھا مگر اب یہ خیال پیدا ہوا کہ ھم رجالٌ ونحن رجالٌ شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے مذہبِ شافعی کے وجود میں آنے کی جو پانچ بنیادیں بیان کی ہیں، ان میں چوتھی بات یہی لکھی ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے زمانہ میں صحابہ کے اقوال جمع کیے گئے تو وہ بہت ہو گئے اور ان میں اختلاف وانتشار پایا گیا اور ان میں سے بہت سے اقوال کو امام شافعی رحمہ اللہ نے صحیح حدیثوں کے خلاف پایا۔اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے صحابہ کے اقوال سے تمسُّک چھوڑ

دیا، جب تک وہ کسی بات پر متفق نہ ہوں۔اور فرمایا کہ وہ بھی آدمی ہیں اور ہم بھی آدمی ہیں، یعنی وہ بھی امت کے مجتہد ہیں اور ہم بھی مجتہد ہیں۔اور ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی اتباع واجب نہیں۔اور چونکہ تمام محدثین حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے بلا واسطہ یا بالواسطہ شاگرد ہیں اس لئے اس نئے رجحان سے تمام محدثین متأثر ہوگئے۔

تیسرا خیال: مرسل روایات حجت نہیں۔حنفیہ اور مالکیہ دونوں مرسل و منقطع روایات سے بھی استدلال کرتے تھے۔پھر جب روایات تمام طرق سے جمع کی گئیں تو یہ بات سامنے آئی کہ بہت سی مرسل روایتیں بے اصل ہیں اور بہت سی مرسل روایتیں مسند روایات کے خلاف ہیں۔اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے مرسل روایات کو ایک طرف رکھ دیا۔اور چند مخصوص مراسیل کے علاوہ عام طور پر مرسل روایتوں سے استدلال چھوڑ دیا۔امام شافعی رحمہ اللہ کے اس خیال سے بھی محدثین متأثر ہوئے۔

ملحوظہ: متقدمین کی اصطلاح میں منقطع، معضل، معلق اور مرسل سبھی پر مرسل کا اطلاق کیا جاتا تھا۔منقطع وہ ہے جس کی سند کے درمیان سے کوئی ایک راوی چھوٹ گیا ہو، اور اگر مسلسل دو راوی چھوٹ گئے ہوں تو وہ معضل ہے۔اور ابتداء سند سے ایک یا زیادہ راوی چھوڑ دیئے گئے ہوں تو وہ معلق ہے اور تابعی کے بعد صحابی کا تذکرہ چھوڑ دیا گیا ہو تو وہ مرسل اصطلاحی ہے۔

تدوینِ حدیث کا تیسرا دور اور امور مذکورہ کی رعایت:

تیسری صدی پوری تدوین حدیث کا تیسرا دور ہے۔اس دور میں جو کتابیں لکھی گئیں وہی اب پڑھائی جاتی ہیں۔اس دور کی کتابوں میں وہ تین خیالات ملحوظ رکھے گئے ہیں جو اوپر بیان کئے گئے۔یعنی صرف صحیح حدیثیں لی گئی ہیں۔صحابہ کے انفرادی فتاوی نہیں لئے گئے اور مرسل روایتیں بھی نہیں لی گئیں، ابتداء میں حدیث کی صرف دو قسمیں تھیں: صحیح اور ضعیف۔بعد کے دور میں حسن کی اصطلاح بھی استعمال ہونے لگی، اس زمانہ میں حسن: صحیح کا مترادف تھا اور یہ اصطلاح وہ محدثین استعمال کرتے تھے جو رقیق العبارۃ تھے۔یعنی جرح وتعدیل میں ہلکے الفاظ استعمال کرتے تھے۔امام بخاری رحمہ اللہ اور امام احمد رحمہ اللہ کا شمار ایسے ہی حضرات میں ہے جو نہ جرح میں بھاری جملے استعمال کرتے تھے نہ تعدیل میں۔بعد میں حسن: حدیث کی ایک مستقل قسم بن گئی جو صحیح اور ضعیف کے درمیان کا درجہ تھی۔

اسی طرح تدوین حدیث کے تیسرے دور میں حدیث اور اثر کے درمیان بھی فرق کیا جانے لگا۔پہلے نبی پاک ﷺ کے اقوال وافعال کو اور صحابہ وتابعین کے اقوال وافعال کو حدیث بھی کہتے تھے اور اثر بھی۔بعد میں حدیث کا لفظ نبی پاک ﷺ کے اقوال وافعال کے لئے خاص کرلیا گیا اور صحابہ وتابعین کے اقوال وافعال کے لئے اثر اور اس کی جمع آثار استعمال کی جانے لگی، اسی طرح نبی پاک ﷺ کے اقوال وافعال کو حدیث مرفوع کا نام دیا گیا اور صحابہ

کے اقوال وافعال کو حدیثِ موقوف کا اور اکابر تابعین کے اقوال وافعال کو حدیث مقطوع کا نام دیا گیا۔

الغرض: تیسرے دور کی مصنفات میں صرف مرفوع احادیث کو لینے کا انتظام کیا گیا۔ موقوف اور مقطوع روایات کو چھوڑ دیا گیا۔ البتہ حدیث کی تیسری قسم یعنی حدیث حسن جونئی سامنے آئی تھی اس کو کتابوں میں جگہ دی گئی۔

بخاری شریف میں صرف صحیح، مسلم شریف میں صحیح اور حسن اور دیگر کتب میں ضعیف حدیثیں بھی ہیں

امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں صرف صحیح مرفوع متصل روایتیں لی ہیں۔ حسن اور ضعیف نہیں لیں۔ اور امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں حسن روایات کو بھی جگہ دی ہے۔ کیونکہ حدیث حسن سے بھی استدلال کیا جاتا ہے۔ البتہ ضعیف روایات نہیں لیں۔ امام مسلم رحمہ اللہ نے خود اپنی صحیح کے مقدمہ میں لکھا ہے کہ میں اصول میں صحیح حدیثیں لاؤنگا اور متابعات میں حسن حدیثیں بھی لاؤنگا۔ اور اگر کسی باب میں اصول میں صحیح احادیث نہ ہونگی تو پھر حسن حدیثیں لاؤنگا، اور سنن اربعہ کے مصنّفین نے ضعیف احادیث بھی لی ہیں۔ کیونکہ ضعیف اگر حسن لغیرہ بن جائے تو وہ قابل استدلال ہوجاتی ہے۔

کتب ستہ کے مصنّفین کا زمانہ:

امام بخاری رحمہ اللہ کا انتقال ۲۵۶ ہجری میں ہوا ہے۔ امام مسلم رحمہ اللہ کا انتقال ۲۶۱ ہجری میں ہوا ہے۔

امام ابن ماجہ رحمہ اللہ کا انتقال ۲۷۳ ہجری میں ہوا ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ کا انتقال ۲۷۵ ہجری میں ہوا ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ کا انتقال ۲۷۹ ہجری میں ہوا ہے۔ امام نسائی رحمہ اللہ کا انتقال ۳۰۳ ہجری میں ہوا ہے۔

علاوہ ازیں امام احمد رحمہ اللہ کا انتقال ۲۴۱ ہجری میں، امام دارمی عبداللہ بن عبدالرحمٰن کا انتقال ۲۵۵ ہجری میں، ابن خزیمہ کا انتقال ۳۱۱ ہجری میں اور امام طحاوی رحمہ اللہ کا انتقال ۳۲۱ ہجری میں ہوا ہے۔

غرض تیسرے دور میں جو تدوین حدیث عمل میں آئی وہ بھی رجال حدیث سے براہ راست روایتیں لے کر کتابوں میں مدون کی گئی ہیں، سابقہ کتابوں سے نقل نہیں کی۔ اس زمانہ میں ایسا کرنا جائز نہیں تھا حتی کہ مجتہدین کے اقوال بھی ان کی کتابوں سے نقل کرنا جائز نہیں تھا۔ بلکہ رجال سے روایت کرنا ضروری تھا۔

طبرانی اور بیہقی کی کتابیں بعد کی ہیں:

تیسری صدی پر تدوین حدیث مکمل ہوگئی، اس کے بعد جو کتابیں لکھی گئیں جیسے طبرانی کے معاجم ثلاثہ اور بیہقی کی کتابیں وہ بعد کی کتابیں ہیں۔ تیسرے دور کے مصنّفین نے جو حدیثیں چھوڑ دی تھیں ان کو ان حضرات نے اپنی

کتابوں میں لیا اور براہِ راست اساتذہ سے حاصل کر کے ان کو اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔

حدیث شریف کی تعریف:

الحديث: ما أُضيف إلى النبي صلى الله عليه وسلم: من قول أو فعلٍ أو تقريرٍ أو صفةٍ حدیث: وہ ہے جس کی نبی پاک ﷺ کی طرف نسبت کی گئی ہو، خواہ وہ آپ کا ارشاد ہو یا آپ کا کیا ہوا کام ہو یا آپ کی برقرار رکھی ہوئی بات ہو یا آپ کے ذاتی حالات ہوں۔

قول وفعل اور صفت تو واضح ہیں۔ اور تقریر کے معنی ہیں: کسی بات کو برقرار رکھنا۔ جیسے بیع سلم کو آپ نے برقرار رکھا جب آپ ؐ ہجرت فرما کر مدینہ میں وارد ہوئے تو آپ ؐ نے دیکھا کہ لوگ کھجوروں کی بیع سلم کرتے ہیں۔ آپ نے اس کو برقرار رکھا رد نہیں فرمایا، یہ تقریر نبوی ہے۔

فنِ حدیث کی تعریف:

فن حدیث ایک کلی ہے اس کے تحت بہت سی انواع ہیں۔ اصولِ حدیث کی کتابوں میں اس کی اسّی سے زیادہ انواع کا تذکرہ ملتا ہے۔ جیسے: فن غریب الحدیث، مشکل الحدیث، مختلف الحدیث، فقہ السنہ، فن رجال اور اس کی انواع۔

فنِ حدیث کی تعریف: **علمٌ يُبحث فيه عن قول رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفعله، وتقريره: روايةً ودرايةً** فنِ حدیث: وہ علم ہے جس میں تین باتوں کے سلسلہ میں بحث وتمحیص کی جاتی ہے یعنی نبی پاک ﷺ کے اقوال وافعال وتقریرات کے بارے میں گفتگو کی جاتی ہے۔ اور یہ گفتگو دو حیثیتوں سے کی جاتی ہے۔ روایت کی حیثیت سے اور درایت کی حیثیت سے ——— نبی ﷺ کے ذاتی احوال سے اس فن میں بحث نہیں کی جاتی۔ کیونکہ وہ آپ کے ساتھ خاص ہے۔

اور روایۃً کے معنی ہیں: **اتصالاً وانقطاعاً أي صِحَّةً وضُعفًا** یعنی اس حیثیت سے بحث کی جاتی ہے کہ جو حدیثیں ہم تک پہنچی ہیں وہ سند متصل سے پہنچی ہیں یا سند میں کسی جگہ انقطاع ہے۔ اور اگر سند متصل ہے تو اس کے تمام راوی ثقہ ہیں یا بعض راوی ضعیف بھی ہیں۔ اگر تمام راوی ثقہ ہیں تو وہ حدیث صحیح ہے اور اگر ایک بھی راوی ضعیف ہے تو وہ حدیث ضعیف ہے۔

ملحوظہ: صحیح اور ضعیف سند ہوتی ہے حدیث نہیں ہوتی۔ حدیث تو دو حال سے خالی نہیں: جو بات نبی پاک ﷺ کی طرف منسوب کی گئی ہے وہ واقعی آپ ہی کی بات ہے تو سر آنکھوں پر، ورنہ وہ مردود ہے۔ مگر اس کا پتہ چلانا ناممکن ہے۔ اس کا فیصلہ سند ہی کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے۔ اگر سند میں کوئی خرابی نہیں ہے یعنی سند متصل بھی ہے اور اس کے تمام راوی ثقہ بھی ہیں تو فیصلہ کیا جائے گا کہ یہ آپ ؐ کا قول وفعل ہے۔ اور بصورتِ دیگر دوسرا فیصلہ کیا جائے گا، اور یہ

دونوں فیصلے ظنی ہیں۔اور حدیث کو جو صحیح اور ضعیف کہا جاتا ہے تو وہ مجازی تعبیر ہے۔

اور درایۃً کے معنی ہیں: فهما و استدلالاً یعنی حدیث کو صحیح سمجھنا اور اس سے مسائل کا استنباط کرنا۔ علماء دیوبند نے اس کا طریقہ یہ اختیار کیا ہے کہ گذشتہ اکابر نے حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے اور حدیث سے جو مسئلہ مستنبط کیا ہے اس کو زیر بحث لایا جائے، اور اس میں کوئی اختلاف ہو تو اس کو بھی زیر بحث لایا جائے، اور اس کو حدیث فہمی کا ذریعہ بنایا جائے۔

جیسے حدیث میں ہے: أُمر بلالٌ أن يَّشفع الأذانَ ويوتِر الإقامة یعنی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا کہ اذان دوہری کہیں اور تکبیر اکہری کہیں، دوہرا کہنے اور اکہرا کہنے کا کیا مطلب ہے؟ اس سلسلہ میں ائمہ اربعہ کی طرف رجوع کیا گیا تو ائمہ ثلاثہ کا یہ قول سامنے آیا کہ تکبیر میں مماثل کلمات کو صرف ایک ایک مرتبہ کہا جائے۔ البتہ شروع اور آخر میں اللہ اکبر دو دو مرتبہ کہا جائے۔ اور قد قامت الصلوۃ بھی دو مرتبہ کہا جائے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قدقامت الصلوۃ بھی ایک ہی مرتبہ کہا جائے۔ چنانچہ ان کے نزدیک تکبیر کے کلمات دس ہیں۔ اور باقی دو اماموں کے نزدیک گیارہ ہیں۔ اور اذان دوہری کہی جائے یعنی مماثل کلمات دو مرتبہ کہے جائیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ: یوتر الإقامة میں ایتار صوتی مراد ہے۔ ایتار کلماتی مراد نہیں۔ یعنی مماثل کلمات کو ایک ایک مرتبہ کہنا مراد نہیں بلکہ ایک آواز میں کہنا مراد ہے۔ اذان میں مماثل کلمات دو سانس میں کہے جائیں گے اور تکبیر میں ایک ہی سانس میں۔

اب ہمیں غور کرنا ہے کہ کس کا بیان کیا ہوا مطلب قرین صواب ہے۔ چنانچہ روایات کا جائزہ لیا گیا تو ابوداؤد میں صحیح سند سے یہ روایت ملی: حضرت ابومحذورہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے نبی پاک ﷺ نے تکبیر کے سترہ کلمات سکھائے۔ اور اذان کے انیس، سترہ کا عدد خاص ہے جس میں کمی بیشی کا احتمال نہیں پس ثابت ہوا کہ ایتار سے ایتار صوتی مراد ہے۔ ایتار کلماتی مراد نہیں۔ اگر ایتار کلماتی مراد لیا جائے گا تو دونوں روایتوں میں تعارض ہو جائے گا اور تطبیق کی کوئی شکل باقی نہ رہے گی۔

علاوہ ازیں ایتار صوتی کی توجیہ ایسی ہے جس کو شوافع نے بھی اللہ اکبر دو مرتبہ کہنے میں تسلیم کیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے کتاب الاذان باب نمبر۲ میں یہی جواب دیا ہے کہ چونکہ دو مرتبہ اللہ اکبر ایک سانس میں کہا جاتا ہے اس لئے وہ ایک ہی کلمہ ہے۔

غرض اس طرح جب غور کیا تو حدیث شریف کا صحیح مفہوم ہمارے ذہن میں آ گیا۔ گذشتہ مجتہدین کے اقوال زیر بحث لانے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ حنفیت کو ترجیح دی جائے، نہ یہ مقصد ہے کہ حدیث کے بجائے اقوال رجال پڑھائے جائیں جیسا کہ غیر مقلدین یہ الزام لگاتے ہیں۔

اجتہاد کا دروازہ من وجہٍ بند ہوا ہے بالکلیہ بند نہیں ہوا:

گذشتہ مجتہدین کے استدلالات واستنباطات زیر بحث لانے کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ یہ ایک طرح کی ریہل سل ہے۔اس کے ذریعہ نصوص سے نئے مسائل نکالنے کا سلیقہ پیدا ہوتا ہے اور اگر کوئی سوال کرے کہ اجتہاد کا دروازہ تو بند ہوگیا ہے پھر اس مشق وتمرین کا کیا فائدہ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اجتہاد کا دروازہ من وجہٍ بند ہوا ہے بالکلیہ بند نہیں ہوا یعنی جو مسائل پہلے زیر بحث آچکے ہیں اور وہ طے کردئے گئے ہیں خواہ اتفاقی طے ہوئے ہوں یا اختلافی، ان میں اجتہاد کا دروازہ بند کردیا گیا ہے۔اور جو مسائل نئے پیش آرہے ہیں ان میں اجتہاد کا دروازہ کھلا ہوا ہے، اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ دو باتیں بہت موٹی ہیں:

پہلی بات: جو مسائل گذشتہ زمانہ میں بالاتفاق طے ہوگئے ہیں ان میں اگر کوئی از سر نو اجتہاد کرے گا تو دو حال سے خالی نہیں: یا تو وہ وہی بات کہے گا جو پہلوں نے کہی ہے تو اجتہاد کا کیا فائدہ؟ اور اگر کوئی نئی رائے قائم کرے گا تو اس نے اتفاقی مسئلہ کو اختلافی بنادیا، یہ کونسی عقلمندی کی بات ہے۔امت کو انتشار کا شکار کرنا ہے۔مثلاً بیس رکعت تراویح پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔اب اگر کوئی شخص اس کو اجتہاد کا موضوع بناتا ہے اور اپنی تحقیق سے بیس رکعتیں ثابت کرتا ہے تو اس نے کیا نیا گل کھلایا؟! اور اگر اپنی تحقیق سے چھ، آٹھ یا دس رکعتیں ثابت کرتا ہے تو اس نے امت میں انتشار پیدا کردیا۔

اور اگر مسئلہ اختلافی ہے جیسے امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ نماز میں کسی جگہ رفع یدین نہیں ہے (اور تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع یدین نماز کے باڈر پر ہے اور نماز سے خارج ہے) اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ دو تین جگہ اور بھی رفع یدین سنت ہے۔اب اگر کوئی شخص اس مسئلہ کو لے کر نئی تحقیق شروع کرتا ہے تو دو حال سے خالی نہیں: یا تو انہی دو باتوں میں سے کوئی بات کہے گا تو وقت ضائع کرنے سے فائدہ کیا ہوا۔اور اگر کوئی تیسری بات کہے گا تو اختلاف اور بڑھے گا۔

غرض جو مسائل طے ہوگئے ہیں خواہ اختلافی طے ہوئے ہوں یا اتفاقی، ان میں از سر نو اجتہاد کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں۔

دوسری بات: جو معاملات نئے پیش آرہے ہیں اگر ان میں اجتہاد نہیں کیا جائے گا یعنی قرآن وحدیث سے ان کے احکام بیان نہیں کئے جائیں گے تو اسلام زمانہ کا ساتھ کیسے دے گا؟ پس ثابت ہوا کہ نئے پیش آنے والے مسائل میں اجتہاد ناگزیر ہے۔اور اس اعتبار سے اجتہاد کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

اور متجددین جو شور مچاتے ہیں کہ اجتہاد کا دروازہ کھولو اور از سر نو اجتہاد کرو وہ لوگ درحقیقت گذشتہ طے شدہ

مسائل میں اجتہاد چاہتے ہیں۔ مثلاً: یہ مسائل طے ہیں کہ اگر مبیع موجود نہیں تو بیع باطل ہے۔ اور مبیع موجود ہے مگر مقبوض یا مقدور التسلیم نہیں تو بیع فاسد ہے۔ متجددین کہتے ہیں کہ اب زمانہ بدل گیا ہے، لہٰذا اس مسئلہ پر از سر نو غور کرو اور یہ مسئلہ بدلو، اس سلسلہ میں علماء کہتے ہیں کہ اجتہاد کا دروازہ بند ہوگیا ہے، ورنہ نئے مسائل میں اجتہاد کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور ہمیشہ کھلا رہے گا۔

غرض نو پید مسائل کے احکام قرآن وسنت سے نکالنے ہونگے اور اس کے لئے تیاری بھی کرنی پڑے گی۔ تفاسیر میں احکام القرآن کی بحث اور احادیث میں فقہاء کی آراء کا تذکرہ اور ان کے استدلالات کا بیان یہ جاننے کے لئے کیا جاتا ہے کہ ان حضرات نے مسائل کس طرح مستنبط کئے تھے اس سے طلبہ میں صلاحیت پیدا ہوگی اور وہ نئے مسائل کے احکام نصوص سے نکال سکیں گے۔

فنِ حدیث کا موضوع:

فن حدیث کا موضوع مرویات ہیں، روایت ودرایت کی حیثیت سے۔ کیونکہ موضوع تعریف سے نکلتا ہے اور حیثیت کی قید کے ساتھ محیّث (مقید) ہوتا ہے۔ پس فن حدیث کا موضوع نبی ﷺ کے اقوال وافعال وتقریرات ہیں۔ ان سے دو حیثیتوں سے بحث کی جاتی ہے۔ روایت کی حیثیت سے اور درایت کی حیثیت سے۔ دونوں کی تفصیل تعریف کے ذیل میں آچکی۔

فنِ حدیث کی غرض وغایت:

فن حدیث کی دو غرض وغایت ہیں: تأسّی اور تشریع۔ تأسی کے معنی ہیں اسوہ بنانا، نمونۂ عمل بنانا۔ اور تشریع کے معنی ہیں: قانون سازی، دستور وآئین بنانا۔ یعنی احادیثِ شریفہ دو مقاصد سے پڑھنی چاہئیں:

پہلا مقصد: نبی پاک ﷺ کی ذات کو اسوہ بنانا۔ یعنی آپؐ نے جو احکام دیئے ہیں اور جو ارشادات فرمائے ہیں ان کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھالنا۔ قرآن کریم میں متعدد جگہ یہ بات آئی ہے کہ اللہ کے رسول کی اطاعت کرو، اطاعت کا مطلب یہی ہے کہ آپؐ نے جو احکام دیئے ہیں ان پر عمل کرو، آپؐ نے جو کچھ کیا ہے تم بھی ایسا ہی کرو۔ سورۃ الاحزاب (آیت ۲۱) میں ارشاد پاک ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوْا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا﴾ بخدا! واقعہ یہ ہے کہ تمہارے لئے اللہ کے رسول میں عمدہ نمونہ ہے، اس کے لئے جو اللہ سے اور آخرت کے دن سے ڈرتا ہے اور بکثرت اللہ کو یاد کرتا ہے۔ پس اگر طلبہ اس مقصد کا استحضار کرکے احادیث شریفہ پڑھیں گے تو ان کو فائدہ ہوگا، ورنہ سعی لا حاصل رہے گی۔

دوسرا مقصد: قانون سازی کرنا۔ یعنی احادیث سے دستور وآئین اسلامی بنانا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے لئے

دنیا میں زندگی گذارنے کے لئے ایک دستور نازل کیا ہے جس کا مأخذ قرآن وحدیث ہیں۔ تمام احکام شرعیہ انہی دو سے ماخوذ ہیں، طلبہ کو چاہئے کہ حدیث پڑھتے ہوئے اس مقصد کو بھی نگاہ سے اوجھل نہ ہونے دیں۔

ایک المیہ:

احکام شرعیہ کے مصادر قرآن وحدیث ہیں اور دونوں کا نچوڑ اور خلاصہ علم فقہ ہے۔ اور مدارس اسلامیہ کا بنیادی مقصد انہی کی تعلیم ہے۔ مگر بڑا المیہ یہ ہے کہ مدارس میں فقہ وحدیث کی تو کافی مقدار پڑھائی جاتی ہے مگر قرآنِ کریم کی حیثیت مظلوم صحیفہ کی ہے۔ پہلے ترجمہ پڑھایا جاتا ہے، جبکہ طالب علم کا ذہن پختہ نہیں ہوتا پھر جلالین پڑھائی جاتی ہے جو قرآن کا عربی ترجمہ ہے اور اس کے بھی چند پارے باقاعدہ پڑھائے جاتے ہیں باقی ورق گردانی کی جاتی ہے۔ پھر آگے نہ تو قرآن کی تعلیم ہے نہ فضلاء اپنے طور پر تفسیروں کی مدد سے قرآن کا مطالعہ کرتے ہیں۔ پھر قانون سازی کی صلاحیت کیسے پیدا ہوسکتی ہے؟ حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ نے مالٹا جیل سے لوٹنے کے بعد فرمایا تھا کہ جیل کی تنہائیوں میں غور کرنے سے یہ بات سمجھ میں آئی ہے کہ امت کی زبوں حالی قرآن سے دوری کی وجہ سے ہے۔ اس لئے ہمارے طلباء اور فضلاء کو چاہئے کہ وہ قرآن کریم کی طرف خصوصی توجہ مبذول فرمائیں۔ روزانہ کچھ نہ کچھ حصہ قرآن کریم کا تفسیروں کی مدد سے ضرور پڑھیں، اور فارغ ہونے کے بعد مساجد ومجالس میں درس قرآن کا اہتمام کریں۔

حدیث کی وجہ تسمیہ:

حدیث کے لغوی معنی: بات بھی ہیں اور نئی چیز بھی۔ چونکہ احادیثِ شریفہ میں غالب حصہ ارشاداتِ نبویہ کا ہے اس لئے اس کو حدیث کہا جاتا ہے اور غالبًا یہ اصطلاح سورۃ الضحیٰ کی آخری آیت سے لی گئی ہے۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ﴾ یعنی آپ اپنے رب کے انعامات کا تذکرہ کیجئے۔ آپ کے بیان فرمائے ہوئے علوم ومعارف اللہ کے انعامات ہیں اس لئے فعل امر حدِّث سے حدیثٌ: فعیلٌ کا وزن بنایا گیا ہے جو اسم مفعول کے معنی میں ہے۔ یعنی آپ کی بیان کی ہوئی باتیں۔ نیز حدیث: قدیم کی ضد بھی ہے۔ قرآن کریم جو اللہ کا کلام ہے قدیم ہے اس کے بالمقابل نبی پاک ﷺ کی باتیں حدیث یعنی غیر قدیم ہیں۔

تقلید کا بیان

فن حدیث علی وجہ البصیرت شروع کرنے کے لئے جن باتوں کا جاننا ضروری ہے ان میں سے بیشتر باتیں بیان ہوچکی ہیں۔ چند اور رہ گئی ہیں۔ ان میں سے ایک بات ہے: تقلید کیوں ضروری ہے؟ غیر مقلدین نے شور مچا رکھا ہے کہ ائمۂ اربعہ کی تقلید حرام ہے۔ یہ ان ائمہ کو رب بنانا ہے اس لئے شرک ہے۔ وہ لوگوں سے کہتے ہیں کہ تقلید چھوڑو

اللہ و رسول کی اطاعت کرو، اس لئے اس مسئلہ کی حقیقت بھی سمجھ لینی چاہئے۔

غیر مقلدین: لوگوں کے ذہنوں میں تقلید کا یہ غلط مفہوم بٹھاتے ہیں کہ تقلید کے معنی ہیں: اپنے گلے میں پٹا ڈال کر رسّی دوسرے کے ہاتھ میں دیدینا تا کہ وہ جہاں چاہے لے جائے، تقلید کا یہ غلط مفہوم آدمی کو یہ سوچنے پر مجبور کرتا ہے کہ ہم بیوقوف کیوں بنیں؟! اللہ نے ہمیں عقل دی ہے، ہم جانور کی طرح گلے میں پٹا ڈال کر رسّی دوسرے کے ہاتھ میں کیوں دیدیں؟! اس لئے پہلے تقلید کا صحیح مفہوم سمجھنا چاہئے۔

تقلید باب تفعیل کا مصدر ہے۔ قلّد قلادۃً کے معنی ہیں: ہار پہنانا۔ اور مجازی معنی ہیں: عہدہ سونپنا۔ جیسے: قلّد القاضِیَ: بادشاہ نے قاضی بنایا۔ اور خود ہار پہننے کے لئے باب تفعُّل سے تَقَلُّد آتا ہے تقلید نہیں آتا۔

مثال سے وضاحت: آج کی فلائٹ سے تین پارٹیوں کے تین لیڈر آرہے ہیں۔ ایک: کانگریس کا، دوسرا: بی جے پی کا۔ تیسرا: لوک دل کا۔ تینوں پارٹیوں کے ورکر پھول ہار لے کر ایرپورٹ پہنچ گئے۔ فلائٹ آئی۔ پہلے کانگریس کا لیڈر نکلا اس کی پارٹی کے لوگوں نے نعرہ لگایا جب وہ قریب آیا تو سب نے اس کو ہار پہنایا۔ پھر جب وہ چلا تو سب اس کے پیچھے چل پڑے۔ یہ تقلید ہے اور یہی اتباع ہے، یعنی پہلے عقیدت کا ہار پہنانا پھر اس کے پیچھے چلنا۔ دوسرے لوگ ابھی کھڑے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد بی جے پی کا لیڈر نکلا اس کی پارٹی کے ورکروں نے نعرہ بازی کی، اپنے لیڈر کو عقیدت کا ہار پہنایا اور وہ اس کے پیچھے ہولئے یہ اس کی تقلید ہے یہی عمل لوک دل کے ورکروں نے کیا جب ان کا لیڈر نکلا۔

یہ ایک مثال ہے یہ سمجھنے کے لئے کہ تقلید کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں: ایک عقیدت کا ہار پہنانا۔ دوسری اس کے پیچھے چلنا۔ جب یہ دو چیزیں جمع ہونگی تو تقلید ہوگی ورنہ نہیں۔ اگر ہار تو پہنایا مگر پیچھے نہیں چلا یا عقیدت کا ہار پہنائے بغیر پیچھے چلا تو یہ تقلید نہیں ہے۔

تقلید ائمہ کا بھی یہی مطلب ہے۔ جن مسلمانوں کو جس مجتہد سے عقیدت ہے وہ اس کو اپنا بڑا تسلیم کرتے ہیں پھر وہ جو احکام فرعیہ بیان کرتا ہے اس کی اتباع کرتے ہیں، یہی تقلید ہے۔

یہاں سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ تقلید اور اتباع ایک چیز ہیں۔ زمانوں کے بدلنے سے اصطلاحات بدلتی ہیں مگر اصطلاحات بدلنے سے حقیقت نہیں بدلتی، جیسے آپ جس چیز کو تصوف کہتے ہیں پہلے اس کو زُہد اور احسان کہتے تھے۔ قرآن وحدیث میں یہی الفاظ آئے ہیں۔ حدیث جبرئیل میں لفظ احسان استعمال کیا گیا ہے۔ اور حدیث کی کتابوں میں أبواب الزُھد قائم کئے گئے ہیں۔ پھر عرصہ کے بعد تصوف اور صوفی الفاظ استعمال کئے جانے لگے، جبکہ اللہ کے نیک بندے صوف یعنی اون کے کپڑے پہننے لگے، یہ تین زمانوں میں تین اصطلاحیں استعمال ہوئیں مگر حقیقت سب کی ایک ہے اسی طرح پہلے لفظ اتباع استعمال ہوتا تھا۔ قرآن کریم میں یہی لفظ آیا ہے پھر عرصہ کے بعد لفظ تقلید کا استعمال شروع ہوا۔ مگر حقیقت دونوں کی ایک ہے۔

تقلید اور تقلید شخصی کا وجوب بدیہی ہے:

یعنی یہ بات بے دلیل تسلیم کر لینی چاہئے۔ کیونکہ یہ دونوں وجوب: لذاتہ نہیں ہیں بلکہ لغیرہ ہیں۔ اور جو چیز لذاتہ واجب ہو اس کی دلیل کا مطالبہ تو کیا جاسکتا ہے مگر جو چیز لغیرہ واجب ہو اس کی دلیل کا مطالبہ نہیں کر سکتے۔ اس کے وجوب کا مدار اس غیر پر ہوتا ہے، اگر اس غیر میں کسی حکم کو واجب کرنے کی صلاحیت ہے تو فبہا ورنہ قصہ بالائے طاق! اسی طرح جو چیز لذاتہ ممنوع ہوتی ہے اس کی دلیل کا تو مطالبہ کر سکتے ہیں مگر جو چیز لغیرہ ممنوع ہوتی ہے اس کی دلیل مانگنا درست نہیں بلکہ اس غیر میں غور کرنا چاہئے، اگر اس غیر میں حرمت کی صلاحیت ہے تو فبہا ورنہ بات ختم! جیسے عورتوں کا نمازوں کے لئے مساجد میں جانا فی نفسہ ممنوع نہیں ہے۔ مسجدیں مردوں کی جاگیر نہیں ہیں، مساجد مسلمانوں کے لئے ہیں اور عورتیں بھی مسلمان ہیں۔ دورِ نبوی میں اور آج بھی حرمین میں سبھی عورتیں نماز کے لئے مسجد میں جاتی ہیں۔ پس ثابت ہوا کہ فی حد ذاتہ کوئی ممانعت نہیں۔

البتہ عورتوں کا نماز کے لئے مساجد میں جانا فتنہ کا باعث ہے اور عورتوں کے بدلے ہوئے احوال کا تقاضہ یہ ہے کہ ان کو گھروں میں نماز پڑھنے کا حکم دیا جائے، ترمذی شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد آیا ہے کہ عورتوں کے یہ بدلے ہوئے حالات اگر نبی پاک ﷺ کے سامنے آتے تو آپ خود ان کو مسجدوں میں آنے سے روک دیتے۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اور اس کے بعد عورتیں مسجدوں میں آتی تھیں پھر جب ان کے احوال بگڑے تو بعد کے انبیائے بنی اسرائیل نے ان کو مسجدوں میں آنے سے روک دیا (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول پورا ہوا) اس ارشاد سے یہ بات ثابت ہوئی کہ یہ ممانعت لغیرہ ہے۔

اور فتنہ کا مطلب یہ ہے کہ تین نمازیں اندھیرے میں آتی ہیں۔ مغرب پڑھ کر لوٹتے ہیں تو اندھیرا ہو جاتا ہے، عشاء کی دونوں جانب اندھیرا ہے اور فجر کے لئے جب مسجد جاتے ہیں اس وقت اندھیرا ہوتا ہے، اور بعض عورتوں کے گھر مسجد سے فاصلہ پر بھی ہو سکتے ہیں۔ اور ہر نماز میں شوہر یا محرم مسجد میں لانے والا موجود نہیں ہوتا اور بجلی کا بھی ٹھکانہ نہیں رہتا اور آج کے نوجوان مردوں اور عورتوں کے احوال لوگ جانتے ہیں۔ پس گھر اور مسجد کے درمیان آنے جانے میں فتنہ کا اندیشہ ہے، اس غیر کی وجہ سے عورتوں کو منع کیا جاتا ہے۔

اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ تقلید بھی فی نفسہ واجب نہیں۔ کیونکہ مجتہدین کے لئے تقلید ضروری نہیں بلکہ جائز بھی نہیں۔ حالانکہ وہ بھی مسلمان ہیں۔ بلکہ تقلید کا وجوب لغیرہ ہے۔ اور وہ غیر دین سے واقف نہ ہونا ہے جب دین پر عمل واجب ہے اور ہر مسلمان دین سے واقف نہیں تو تقلید کے بغیر چارہ کیا ہے، اور اللہ کا ارشاد ہے: ﴿فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ یعنی اگر تم دینی باتوں سے واقف نہیں ہو تو دین جاننے والوں سے پوچھو، اور وہ جو

احکام شرعیہ بتائیں اس پر عمل کرو، یہی تقلید اور اتباع ہے۔

اسی طرح تقلید شخصی یعنی کسی معین امام کی تقلید بھی فی نفسہ واجب نہیں بلکہ لغیرہ واجب ہے۔ دور اول میں یعنی صحابہ وتابعین کے زمانہ میں تقلید شخصی نہیں تھی جو بھی عالم مل جاتا لوگ اس سے مسائل پوچھتے تھے اور اس پر عمل کرتے تھے اس لئے کہ اس زمانہ میں دلوں کے احوال درست تھے۔ لوگ اختلاف کی صورت میں احتیاط کا پہلو اپناتے تھے مگر بعد میں یہ صورت حال باقی نہ رہی۔ اب لوگ رخصتوں کے طلب گار ہیں اب اگر معین امام کی تقلید واجب نہیں قرار دی جائے گی تو تشہّی کا دروازہ کھل جائے گا۔ لوگ مجتہدین کی فقہوں میں سے رخصتیں ڈھونڈھیں گے جہاں سہولت کا قول ملے گا اس کو لے لیں گے پس یہ دین پر عمل کہاں ہوا یہ تو خواہش نفس کی پیروی ہوئی، اس غیر کی وجہ سے تقلید شخصی کو واجب قرار دیا گیا ہے اس پر دلیل کا مطالبہ صحیح نہیں۔

علاوہ ازیں نفس تقلید کا جوب بدیہی ہے کیونکہ جب دنیا کا کوئی معاملہ تقلید کے بغیر انجام نہیں پاسکتا: کوئی سنار تقلید کے بغیر سنار نہیں بن سکتا، لوہار لوہار نہیں بن سکتا، سائنس دان سائنس دان نہیں بن سکتا، زندگی کی گاڑی اگلوں کی پیروی کے بغیر ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتی: بچہ باپ کی انگلی پکڑ کر ہی چلنا سیکھتا ہے پھر دین کا معاملہ ہی ایسا غیر اہم کیوں ہوگیا کہ ہر شخص جو چاہے کرے۔ حقیقت یہ ہے کہ دین میں بہر حال تقلید کرنی ہے، خواہ ائمۂ حق کی تقلید کرو یا گمراہ لوگوں کی تقلید کرو، تقلید بہر حال ضروری ہے۔

وجوبِ تقلید کے دلائل:

قرآن وحدیث میں وجوب تقلید کے بہت سے دلائل ہیں۔ ان میں سے ایک یہ آیت ہے: ﴿وَالسَّابِقُوْنَ الْأَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِإِحْسَانٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْأَنْهٰرُ خَالِدِيْنَ فِيْهَا أَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾ ترجمہ: اور جو مہاجرین وانصار سابق ومقدم ہیں اور جن لوگوں نے اخلاص کے ساتھ ان کی پیروی کی اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اللہ سے راضی ہوئے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایسے باغات تیار کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے۔

مہاجرین وانصار کا یہ اتباع کرنے والے کون لوگ ہیں؟ یہ بعد میں آنے والے لوگ ہیں۔ جیسے: ریل گاڑی کے ساتھ ڈبے لگتے ہیں اسی طرح امت کی بھی ایک زنجیر ہے۔ سابقین اولین انجن ہیں بعد کے لوگ اس کے ڈبے ہیں۔ یہ سلسلہ اسی طرح قیامت تک چلتا رہے گا اور سب سے اللہ تعالیٰ خوش ہیں اور وہ سب اللہ سے خوش ہیں۔ اس آیت سے الفاظ کے عموم کا اعتبار کرتے ہوئے تقلید کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔

اور اگر کوئی سوال کرے کہ اس میں تو امر کا صیغہ نہیں ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ اِخبار اِنشاء کو متضمن ہوتے

ہیں جیسے: لاإیمان لمن لا أمانة له میں یہ حکم ہے کہ امانت داری اختیار کرو، اور لاصلوٰۃ لجار المسجد إلا فی المسجد میں یہ حکم ہے کہ مسجد کے پڑوسی کو چاہئے کہ وہ مسجد میں جاکر نماز پڑھے، اسی طرح ﴿ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْھُمْ ﴾ میں یہ حکم ہے کہ گذشتہ نیک لوگوں کی اتباع کرو، اسی سے اللہ تعالیٰ خوش ہونگے۔ پس اس سے فی الجملہ تقلید کا وجوب ثابت ہوا۔

غیر مقلدین پکے مقلد ہیں:

اوپر یہ بات عرض کی جاچکی ہے کہ تقلید ناگزیر ہے۔ تقلید کے بغیر زندگی آگے نہیں بڑھ سکتی اور غیر مقلدین جو تقلید کا انکار کرتے ہیں وہ بھی پکے مقلد ہیں۔ ہم ائمۂ اربعہ کی تقلید کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے سے مسائل پوچھتے بھی ہیں اور لیتے بھی ہیں۔ یورپ وامریکہ میں سبھی شوافع مجھ سے مسئلے پوچھتے ہیں اور میں ان کی راہنمائی کرتا ہوں۔ اور زوج مفقود ومتعنّت وغیرہ کے احکام حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے الحیلة الناجزة میں فقہ مالکی سے لئے ہیں مگر کوئی غیر مقلد: کسی حنفی، شافعی، مالکی یا حنبلی سے کبھی کوئی مسئلہ نہیں پوچھتا وہ اپنے مسلک کے عالم ہی سے مسئلہ پوچھتے ہیں۔ پس وہ تقلید میں جامد ہیں۔

مگر یہ ایسا فرقہ ہے جس پر کوئی نام فٹ نہیں آتا۔ غیر مقلد کہو تو صحیح نہیں کیونکہ وہ پکے مقلد ہیں۔ اصحاب ظواہر کہو یعنی نصوص کا ظاہری مطلب لینے والے، نص کی گہرائی میں نہ اترنے والے اور قیاس کو حجت نہ ماننے والے کہو تو یہ نام بھی صحیح نہیں کیونکہ حوادث کا دھارا رکنے والا نہیں۔ نت نئی باتیں پیش آتی رہتی ہیں جن کے احکام نصوص سے نکالنے ضروری ہیں۔ اصحابِ ظاہر بھی باب القیاس پڑھے بغیر ان کے احکام نکالتے ہیں اور اوندھا مارتے ہیں، جب سونا چاندی کے سکوں کی جگہ بینک نوٹ نکلے تو انھوں نے فتوی دیا کہ نوٹوں میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ کیونکہ یہ سامان ہے زر نہیں۔ اس طرح انھوں نے فتوی دیا تھا کہ نوٹوں میں سود بھی نہیں، جب لوگوں نے بہت لعنت ملامت کی تب انھوں نے اپنا فتوی بدلا۔

پھر انگریزی دور میں انھوں نے باقاعدہ حکومت میں درخواست دے کر اپنا نام اہلِ حدیث رجسٹرڈ کرایا۔ اس نام کا مطلب وہی ہے جو اہل القرآن کا ہے، اہل قرآن یعنی صرف قرآن کو حجت ماننے والے، اس سے نیچے کی چیزوں کی حجیت کا انکار کرنے والے، اسی طرح اہل حدیث کا مطلب ہے قرآن کے بعد حدیث کو بھی حجت ماننے والے، اور اس سے نیچے کی چیز یعنی اجماع امت کی حجیت کا انکار کرنے والے۔ اور ہم ہیں اہل السنہ والجماعہ یعنی قرآن کے بعد سنت واجماع کی حجیت کے قائل۔ اس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔ پھر جب سعودیہ میں پیٹرول نکلا تو انھوں نے اپنا نام اہل حدیث بھی چھوڑ دیا اور خود کو سلفی کہنے لگے، سلفیت علم کلام کا ایک مسلک ہے جو امام احمد رحمہ اللہ سے چلا ہے

اورسعودیہ والے جس طرح فقہ میں حنبلی ہیں، علم کلام میں سلفی ہیں، غیرمقلدین نے یہ نام اختیار کرکے اس کو ظاہریت کے معنی پہنائے۔ جیسے قادیانی: محمد رسول اللہ میں نام پاک محمد سے مرزا غلام احمد قادیانی کو مراد لیتے ہیں۔ اسی طرح یہ لوگ سلفی سے غیر مقلد مراد لیتے ہیں۔ یہ ایک بہت بڑا دھوکا ہے جو وہ دنیا کو دے رہے ہیں۔

اس جماعت کا ایک نام لامذہب بھی ہے یہ غیر مقلد کا عربی ترجمہ ہے۔ پس عربی میں ان کو لامذہب کہنا درست ہے۔ مگر اردو میں لامذہب کہنا صحیح نہیں۔ کیونکہ اردو میں مذہب بمعنی دین ہے، تعلیم الاسلام کے شروع میں سوال وجواب ہیں: سوال: تم کون ہو؟ یعنی مذہب کے لحاظ سے تمہارا کیا نام ہے؟ جواب: مسلمان! اورعربی میں مذہب کے معنی ہیں: مسلک۔ کہا جاتا ہے: كذا في مذهب أبي حنيفة، كذا في مذهب الشافعي غرض عربی میں لامذہب اور لامذہبیہ کا استعمال درست ہے۔ مگر اردو میں ان کو لامذہب کہنا درست نہیں کیونکہ وہ بھی مسلمان ہیں اگرچہ گمراہ ہیں اللہ انہیں ہدایت دے۔

اہل السنہ والجماعہ:

امت کے سواد اعظم کا نام اہل السنہ والجماعۃ ہے۔ کیونکہ قرآن کی حجیت پر تو سب متفق ہیں۔ قرآن کے بعد کوئی چیز حجت ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ فرقہ اہلِ قرآن قرآن سے نیچے کسی بھی چیز کی حجیت کا قائل نہیں۔ اس لئے وہ کافر ہے (فتاوی رحیمیہ ۱:۴) پھر ایک فرقہ کہتا ہے کہ قرآن کے بعد حدیثیں بھی حجت ہیں اور ائمۂ اربعہ کے متبعین کہتے ہیں کہ حجت شرعیہ سنت ہے حدیث نہیں۔ اس لئے ان کا نام اہل السنہ ہوا۔ پھر اختلاف ہوا کہ حدیث یا سنت کے بعد کوئی چیز حجت ہے یا نہیں؟ اہل حدیث کسی بھی چیز کی حجیت کا انکار کرتے ہیں اور امت کا سواد اعظم اجماع امت کو بھی حجت مانتا ہے، اس لئے ان کے نام میں والجماعۃ کا اضافہ کیا گیا۔ یعنی وہ لوگ جو قرآن کے بعد سنت واجماع کو بھی حجت مانتے ہیں۔

حدیث اور سنت میں فرق:

حدیث چار چیزوں کا نام ہے: نبی ﷺ کے ارشادات، آپؐ کے کئے ہوئے کام، آپ کی تقریرات وتائیدات، اور آپؐ کے ذاتی اوصاف، اور سنت کے معنی ہیں: دینی راستہ: الطريقة المسلوكة في الدين پس حدیث اور سنت میں عام خاص من وجہ کی نسبت ہے اور جہاں من وجہ کی نسبت ہوتی ہے تین مادے ہوتے ہیں: دو افتراقی اور ایک اجتماعی۔ جو حدیثیں نبی ﷺ کے ساتھ خاص ہیں، جیسے: صوم وصال اور چار سے زیادہ عورتوں سے نکاح کا جواز، یا وہ حدیثیں منسوخ ہیں یہ سب حدیثیں تو ہیں مگر سنت نہیں، کیونکہ یہ احکام امت کے لئے نہیں ہیں —— اور خلفاء راشدین نے ملک وملت کی تنظیم کے سلسلہ میں جو کام کئے ہیں وہ سنت ہیں حدیث نہیں ہیں۔ جیسے عہد فاروقی میں با جماعت بیس رکعت تراویح کا نظام بنا اور عہدِ عثمانی میں جمعہ کی پہلی اذان بڑھائی گئی یہ سنت ہیں حدیث نہیں۔

اور جو حدیثیں معمول بہا ہیں، منسوخ یا خاص نہیں ہیں وہ سنت بھی ہیں اور حدیثیں بھی، پس ہم اہل حدیث نہیں ہیں کہ کسی بھی حدیث پر عمل کرنے لگیں۔ جیسے غیر مقلدین کے یہاں نکاح کی تحدید نہیں جتنی چاہیں بیویاں کر سکتے ہیں، کیونکہ حضور ﷺ کے نکاح میں ایک ساتھ نو بیویاں رہی ہیں۔ بلکہ ہم اہل السنہ ہیں یعنی جو حدیثیں معمول بہا ہیں انہی پر ہم عمل کرتے ہیں اور خلفاء راشدین کی سنتوں کو بھی مانتے ہیں۔

ایک اہم بات: احادیث میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا گیا ہے۔ کسی ایک حدیث میں بھی حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ ارشاد ہے:

(۱) عليكم بِسُنَّتِيْ وسنة الخلفاء الراشدين المهديين، تمسكوا بها وعضُّوا عليها بالنواجذ. — میری سنت لازم پکڑو اور میرے خلفاء کی سنت کو لازم پکڑو جو راہ یاب ہدایت مآب ہیں ان خلفاء کی سنت کو مضبوط پکڑو اور ان کو داڑھوں سے تھام لو (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۵ باب الاعتصام)

اس حدیث میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم ہے حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم نہیں ہے۔ نیز اس میں خلفاء راشدین کی سنتوں کو اپنانے کا تاکیدی حکم ہے بها اور عليها کی ضمیروں کا مرجع سنة الخلفاء ہے۔ کیونکہ وہی اقرب ہے۔ نیز اسی کی تاکید ضروری تھی سنت نبوی کی اطاعت تو ہر مسلمان تسلیم کرتا ہے نیا حکم خلفاء کی سنت کا التزام ہے۔

(۲) من تمسك بسنتي عند فساد أمتي إلى آخره. — یعنی جب امت میں بگاڑ پھیل جائے اس وقت جو میری سنت کو مضبوط پکڑے گا اس کے لئے یہ ثواب ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۶)

اس میں بھی بسنتی فرمایا ہے بحدیثی نہیں فرمایا۔

(۳) تركت فيكم أمرين لن تضلّوا ما تمسكّتم بهما: كتاب الله وسنة رسوله. — یعنی میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جاتا ہوں: اللہ کی کتاب اور اللہ کے رسول کی سنت جب تک تم ان دونوں کو مضبوط تھامے رہوگے ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۶)

ہاں حدیثوں کو یاد کرنے کے فضائل آئے ہیں اور دوسروں تک پہنچانے کے بھی فضائل آئے ہیں۔ چنانچہ امت نے تمام حدیثیں محفوظ رکھیں، مخصوص اور منسوخ احادیث کو بھی یاد رکھا اور ہم تک پہنچایا۔ مگر جہاں تک ہدایت کا تعلق ہے سب روایات میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا گیا ہے اور اجماع کی حجیت پہلے بیان کی جا چکی ہے اس لئے ہم اہل السنہ والجماعہ ہیں۔

اور یہ نام ایک حدیث شریف سے لیا گیا ہے۔ روایت میں ہے کہ یہود کے اتنے فرقے ہوئے اور نصاریٰ کے اتنے اور میری امت ان سے ایک ہاتھ آگے جائے گی۔ اس کے تہتر فرقے ہونگے جن میں سے صرف ایک جنت میں جائے گا باقی سب جہنم رسید ہونگے۔ پوچھا گیا: یا رسول اللہ! وہ ایک فرقہ کونسا ہے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ما أنا عليه

و أصحابی وہ فرقہ وہ ہے جو میرے اور میرے صحابہ کے طریقہ پر ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۱) ما أنا علیہ یعنی نبی ﷺ جس طریقہ پر تھے اسی کا نام سنت ہے اور صحابہ کی جماعت جس طریقہ پر تھی وہ امت کا اجماعی راستہ ہے۔ اس حدیث سے اہل السنہ والجماعۃ کا نام لیا گیا ہے۔ علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے منہاج السنہ میں اہل السنہ والجماعۃ کے یہی معنی بیان کئے ہیں۔ فرماتے ہیں: سنت سے مراد نبی پاک ﷺ کا طریقہ ہے اور جماعت سے مراد صحابہ کا اجماع ہے۔ غیر مقلد عالم نواب وحید الزماں صاحب نے بھی نزل الابرار میں یہی معنی بیان کئے ہیں کہ سنت سے مراد حضور ﷺ کا طریقہ اور جماعت سے مراد امت کا اجماع ہے۔

تقلید کن باتوں میں ہے؟

جو باتیں قرآن کریم یا حدیث شریف میں منصوص ہیں ان میں کسی امام کی تقلید نہیں، اللہ اور اللہ کے رسول کی تقلید ہے۔ ائمۂ اربعہ کی تقلید صرف تین قسم کے مسائل میں کی جاتی ہے:

پہلی قسم: جو روایتیں مختلف اور متعارض ہیں، ان میں تقلید کی جاتی ہے، مثلاً: نماز میں رفع یدین کی حدیثیں بھی ہیں اور عدم رفع کی بھی۔ ایسے موقع پر عام انسان کیا کرے گا؟ دونوں عمل ایک ساتھ نہیں ہوسکتے، لامحالہ ایک عمل پہلے کا ہوگا، دوسرا عمل بعد کا۔ یہ بات کون طے کرے گا؟ ائمہ دین ہی طے کرسکتے ہیں۔ پس اس معاملہ میں ان کی تقلید ضروری ہے، جس کو امام اعظم رحمہ اللہ سے عقیدت ہے تو انھوں نے جو بتایا ہے اس پر عمل کرے، جس کو امام شافعی رحمہ اللہ سے عقیدت ہے تو انھوں نے جو بتایا ہے اس پر عمل کرے۔ اس کے علاوہ راستہ کیا ہے؟ اس قسم کی دو روایتوں میں سے جو مقدم ہوگی وہ منسوخ ہوگی اور جو بعد کی ہوگی وہ ناسخ ہوگی، اور اگر روایتوں میں تاریخ نہیں ہے تو ائمۂ مجتہدین اپنے اجتہاد سے اس کو طے کریں گے۔

دوسری قسم: ایک حدیث کے دو مطلب ہوسکتے ہوں، ذہن دونوں طرف جاتا ہو، ایسی صورت میں کونسا مطلب لیا جائے گا؟ یہ بات بھی تقلید کی راہ سے طے ہوسکتی ہے، جسے جس امام سے عقیدت ہے اس کے بتائے ہوئے مطلب پر عمل کرے، جیسے: أمر بلال أن یشفع الأذان ویوتر الإقامة میں یوتر الإقامة کا کیا مطلب ہے؟ ایتار کلماتی بھی مراد ہوسکتا ہے جیسا کہ ائمہ ثلاثہ نے سمجھا ہے، اور ایتار صوتی بھی مراد ہوسکتا ہے جیسا کہ امام اعظم رحمہ اللہ نے سمجھا ہے، پس جس کو جس امام سے عقیدت ہو اس سے پوچھ کر عمل کرے۔

تیسری قسم: کوئی مسئلہ قرآن وحدیث کی اوپری سطح میں نہ ہو، ڈبکی (غوطہ) لگا کر اندر جانا ضروری ہو اور تہہ میں سے حکم شرعی لانا ضروری ہو، اور ظاہر ہے دریا میں ہر شخص ڈبکی نہیں لگا سکتا، جو غوّاصی میں ماہر ہیں وہی غوطہ لگا سکتے ہیں، مثلاً: مرد وعورت کے مادّے ملا کر ٹیوب میں رکھے گئے، اور بچہ پیدا ہوا، یہ بچہ ثابت النسب ہے یا نہیں؟ بچہ حلالی

ہے یا حرامی؟ اس کا نسب کس سے ثابت ہوگا؟ قرآن وحدیث میں یہ مسئلہ منصوص نہیں، ایسے مسئلے فقہاء ہی نکال سکتے ہیں، ماوشانہیں نکال سکتے، ایسے مسائل استنباطی مسائل کہلاتے ہیں ان میں ائمہ کی تقلید ضروری ہے۔

تنبیہ: بعض لوگ عوام کو دھوکہ دیتے ہیں، کہتے ہیں کہ تم قرآن وحدیث پر عمل نہیں کرتے۔ ابوحنیفہ وشافعی کے قول پر عمل کرتے ہو۔ ایسا نہیں ہے، وہ غلط بیانی سے کام لیتے ہیں، صرف مذکورہ تین قسم کے مسائل میں تقلید کی جاتی ہے، کیونکہ ان میں تقلید کے علاوہ چارہ نہیں، کسی نہ کسی سے پوچھنا ہوگا، وہ جو کہے گا اس پر چلنا ہوگا، البتہ قرآن وحدیث میں جو منصوص مسائل ہیں ان میں کسی کی تقلید نہیں۔

مذاہب اربعہ کو اختیار کرنے کی تاکید

اور

ان کو چھوڑنے اور ان سے باہر نکلنے کی سخت ممانعت

یہ مضمون رحمۃ اللہ الواسعہ شرح حجۃ اللہ البالغہ (۲:۳۷۶) سے قارئین کے فائدہ کیلئے یہاں لکھا جارہا ہے! مرتب

مذاہب اربعہ کو ماننے میں عظیم مصلحت ہے اور ان سے اعراض کرنا بڑے فساد کا باعث ہے۔ اور اس کی تین دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: امت کا اس پر اجماع ہے کہ وہ شریعت کی معرفت میں سلف پر اعتماد کریں۔ تابعین نے اس معاملہ میں صحابہ پر، اور تبع تابعین نے تابعین پر اعتماد کیا ہے۔ اسی طرح امت کے ہر طبقہ میں علماء نے متقدمین پر اعتماد کیا ہے۔ اور یہ طریقہ عقلاً بھی پسندیدہ ہے۔ اس لئے کہ شریعت کی معرفت یا تو نقل کے ذریعہ ہوسکتی ہے یا استنباط کے ذریعہ۔ اور نقل کی صحیح صورت اس کے سوا کچھ نہیں کہ ہر طبقہ اپنے سابق طبقہ سے پیہم لیتا چلا آئے۔ اور استنباط کے لئے یہ ضروری ہے کہ متقدمین کے مذاہب معلوم ہوں تاکہ کسی بھی جگہ پر ان کے اقوال سے خروج کی بنا پر خرق اجماع لازم نہ آئے۔ اور تاکہ اپنے قول کو انہی کے قول پر مبنی کرے۔ اور اس معاملہ میں ان کے اقوال سے اعانت حاصل کرے۔ اس لئے تمام فنون جیسے علم صرف، نحو، طب، شاعری، لوہاری، بڑھئی کا پیشہ اور زرگری: ہر صنعت صرف اس صورت میں حاصل ہوتی ہے جب اہل صنعت کی صحبت اختیار کی جائے۔ ان کی صحبت کے بغیر صنعت کا حصول اگرچہ عقلاً ممکن ہے مگر عملاً ایسا شاذ ونادر ہی ہوتا ہے۔

اور جب یہ متعین ہوگیا کہ سلف کے اقوال پر اعتماد ضروری ہے تو یہ بھی ضروری ہے کہ ان کے قابل اعتماد اقوال صحیح سند کے ساتھ مروی ہوں یا ان کی مشہور کتابوں میں مدون ہوں۔ نیز یہ بھی ضروری ہے کہ ان کی خدمت کی جاچکی ہو۔ بایں طور کہ ان کے محتملات میں سے راجح کو بیان کردیا گیا ہو، بعض مواقع میں ان کے عموم کی تخصیص کردی گئی ہو، بعض

مواقع میں ان کے مطلق کو مقید کردیا گیا ہو، ان کے مختلف فیہ مسائل میں جمع کی صورتیں تلاش کرلی گئی ہوں اوران کی علّتیں بیان کردی گئی ہوں۔ ان امور کے بغیران پر اعتماد درست نہ ہوگا۔ اورآج مذاہب اربعہ کے سوا کسی اور مذہب کی یہ حالت نہیں۔ البتہ مذہب امامیہ اور مذہب زیدیہ میں بھی یہ صورت موجود ہے مگروہ گمراہ فرقے ہیں۔ اس لئے ان کے اقوال پر اعتماد درست نہیں۔

دوسری دلیل: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے اِتَّبِعُوْا السوادَ الأعظم (مشکوٰۃ حدیث نمبر ۱۷۴ باب الاعتصام بالکتاب والسنۃ) بڑے جتھے کی پیروی کرو۔ اور چونکہ ان مذاہب اربعہ کے سوا تمام مذاہب فنا ہوچکے ہیں، اس لئے ان کا اتباع سوادِاعظم کا اتباع ہے۔ اوران سے خروج سوادِاعظم سے خروج ہوگا۔

تیسری دلیل: یہ زمانہ چونکہ عہدرسالت سے دور ہوگیا ہے اور امانتیں ضائع کردی گئی ہیں، اس لئے یہ جائز نہیں کہ ظالم قضات یاان مفتیوں کے اقوال پر اعتماد کیا جائے جو خواہشات کے غلام ہیں۔ تاوقتیکہ وہ اپنی بات کو صراحۃً یا دلالۃً سلف میں سے کسی ایسے شخص کی طرف منسوب نہ کریں جو صدق وامانت اور ذہانت میں مشہور ہوچکا ہو اوراس کا یہ قول محفوظ بھی ہو۔ اور نہ اس شخص کے قول پر اعتماد جائز ہے جس کے متعلق ہمیں معلوم ہے کہ وہ اجتہاد کے شرائط کا جامع نہیں۔

پس جب ہم علماء کو دیکھیں کہ وہ سلف کے مذاہب کی حفاظت میں ثابت قدم ہیں تو امید ہے کہ ان کی ان مسائل میں بھی تصدیق کی جائے گی جو انھوں نے سلف کے اقوال سے نکالے ہیں یا کتاب وسنت سے مستنبط کئے ہیں۔ اور جب ہم علماء میں یہ بات نہ دیکھیں تو ان کے اقوال کو راست جاننا بہت بعید ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایک ارشاد میں اس طرف اشارہ ہے۔ فرمایا: ''اسلام کو تباہ کرے گا منافق کا قرآن کے ذریعہ جھگڑا کرنا'' اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول میں بھی اشارہ ہے، فرمایا: ''جسے پیروی کرنی ہے وہ گذرے ہوئے لوگوں کی پیروی کرے'' (اس کے بعد ابن حزم کا قول ذکر کیا ہے اوران پر ردّ کیا ہے، جو آگے آرہا ہے)

اور شاہ صاحب نے عقدالجید کی تیسری فصل میں جو مذہب کے متبحر اور مذہب کی کتابوں کے حافظ کے بیان میں ہے، مسئلہ رابع میں لکھا ہے کہ تقلید دوطرح کی ہے: واجب اور حرام۔ پھر دونوں کی تفصیل کی ہے۔ اور تقلید واجب کو ''دلالۃً روایت کی پیروی'' قرار دیا ہے۔ پھر آگے فرماتے ہیں:

''جو شخص کتاب وسنت سے ناواقف ہے، اس کے لئے یہ تو ممکن نہیں کہ بذات خود تتبع اور استنباط کرسکے، لازماً وہ کسی فقیہ سے دریافت کرے گا کہ فلاں مسئلہ میں رسول اللہ ﷺ کا کیا حکم ہے؟ اور جب وہ فقیہ اس کو بتائے گا تو وہ اس کی اتباع کرے گا۔ خواہ فقیہ کا یہ قول صریح نص سے ماخوذ ہو یا اس سے مستنبط ہو یا کسی منصوص پر مقیس ہو۔ یہ تمام صورتیں رسول اللہ ﷺ سے روایت ہی کی صورتیں ہیں، اگرچہ یہ روایت دلالۃً ہے۔ اوراس صورت کی صحت پر نہ صرف قرناً بعد قرنٍ پوری امت کا اتفاق رہا ہے، بلکہ تمام امتیں اپنے شرائع کے بارے میں اس صورت پر متفق ہیں''

اور شاہ صاحب نے جہاں تقلید پر تنقید کی ہے وہ اس تقلید پر کی ہے جس میں کسی غیر نبی کو واجب الطاعت ہونے کا درجہ دیدیا جائے۔ اور اس کے قول کے مقابلہ میں صحیح حدیث کو بھی رد کر دیا جائے۔

مذاہب اربعہ کی تقلید کے جواز پر امت کا اجماع

پوری امت نے یا ان میں سے قابل لحاظ لوگوں نے (یعنی اہل حق نے) ان چار مدوّن ومنقّح مذاہب کی تقلید کے جواز پر اتفاق کیا ہے اور یہ اجماع آج تک مستمر ہے اور اس تقلید میں وہ مصلحتیں ہیں جو مخفی نہیں۔ خصوصاً اس زمانہ میں جبکہ ہمتیں پست ہو چکی ہیں اور نفوس خواہشات پلا دیئے گئے ہیں اور ہر ذی رائے اپنی رائے پر ناز کرتا ہے۔

اور "انصاف" میں شاہ صاحب نے لکھا ہے کہ: "دو صدیوں کے بعد لوگوں میں معین مجتہد کی تقلید کا رجحان پیدا ہوا۔ اور بہت کم لوگ رہ گئے جو کسی معین مجتہد کے مذہب پر اعتماد نہ کرتے ہوں۔ اور یہی چیز اس زمانہ میں واجب تھی"

یعنی دور نبوت سے دور ہو جانے کی وجہ سے امت میں جو اختلافات پیدا ہو گئے تھے اور ناقص استعداد والے مجتہدین کی جو بھرمار ہو گئی تھی، اور ہر شخص اپنی ہی رائے پر ریجھنے لگا تھا اس کا علاج سوائے تقلید شخصی کے اور کچھ نہیں رہ گیا تھا۔ اس لئے تقلید شخصی اسی زمانہ سے واجب ہے۔

تقلید کس کے لئے جائز نہیں؟

علامہ ابن حزم: علی بن احمد ظاہری اندلسی (۳۸۴-۴۵۶ھ) جو فرقہ "حزمیہ" کے بانی ہیں کہتے ہیں کہ تقلید حرام ہے۔ کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کسی کا قول بغیر دلیل کے مانے۔ انھوں نے اپنے دعوی کی چار دلیلیں بیان کی ہیں، جو درج ذیل ہیں:

پہلی دلیل: سورۃ الاعراف آیت ۲ میں ارشاد پاک ہے: "پیروی کرو تم اس کی جو تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے آیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر اولیاء (رفیقوں) کی پیروی مت کرو"

اور سورۃ البقرہ آیت ۱۷۰ میں ارشاد پاک ہے: "اور جب کوئی ان لوگوں سے کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو حکم بھیجا ہے اس کی پیروی کرو، تو وہ جواب دیتے ہیں کہ (نہیں) بلکہ ہم تو اسی پر چلیں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے"

اور سورۃ الزمر آیت ۱۷ میں اللہ تعالیٰ نے اس شخص کی تعریف کی ہے جو تقلید نہیں کرتا۔ ارشاد فرماتے ہیں: "سو آپ میرے ان بندوں کو خوش خبری سنا دیجئے جو اس کلام الٰہی کو کان لگا کر سنتے ہیں، پھر اس کی اچھی اچھی باتوں پر چلتے ہیں۔ یہی ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور یہی وہ عقل مند ہیں"

اور سورۃ النساء آیت ۵۹ میں ارشاد پاک ہے: "پھر اگر کسی امر میں تم باہم اختلاف کرنے لگو تو اس امر کو اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے حوالے کر دیا کرو، اگر تم اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو"

اس آیت پاک میں اللہ تعالیٰ نے بوقت منازعت بجز قرآن وسنت کے کسی کی طرف معاملہ پھیرنے کی اجازت نہیں دی۔ اوراس آیت کے ذریعہ بوقت منازعت کسی بھی قائل کی طرف معاملہ پھیرنے کوحرام کیا ہے۔ اس لئے کہ وہ قائل: قران وحدیث کے علاوہ ہے۔

دوسری دلیل: ترک تقلید پر قرون مشہود لہا بالخیر کا اجماع ہے۔ تمام صحابہ، تمام تابعین اور تمام تبع تابعین کا اتفاق ہے کہ کوئی شخص اگلوں یا پچھلوں میں سے کسی شخص کی طرف اس طرح قصد نہ کرے کہ وہ اس کے سارے اقوال کو لے۔ پس وہ شخص خوب سمجھ لے جو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ یا امام مالک یا امام شافعی یا امام احمد رضی اللہ عنہم کے تمام اقوال کی پیروی کرتا ہے۔ اوران میں سے اپنے پیشوا کے علاوہ کسی کی بھی پیروی نہیں کرتا اور جب تک قرآن وحدیث کے احکام کو کسی خاص شخص کے قول کی طرف نہیں پھیر لیتا، اس پر اعتماد نہیں کرتا وہ پوری امت کا مخالف ہے اور یہ بات یقینی اورشک وشبہ سے بالاتر ہے۔ قرون مشہود لہا بالخیر میں اس خیال کا ایک آدمی بھی نہیں تھا۔ ایسا شخص مؤمنین کی راہ سے قطعاً علحدہ ہے اور وہ غیر ایمان والوں کی راہ اختیار کررہا ہے۔ اللہ کی پناہ اس مقام سے!

تیسری دلیل: تمام فقہاء نے اپنی اوراپنے علاوہ کی تقلید سے منع کیا ہے۔ پس جو ان کی تقلید کرتا ہے وہ ان کی مخالفت کرتا ہے۔

چوتھی دلیل: وہ کونسا امر ہے جس کی وجہ سے ان فقہاء کی تقلید اَولی اور بہتر قرار پائی حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عمر، حضرت ابن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم کی تقلید کیوں نہیں کی جاتی؟ اگر تقلید جائز ہے تو ان حضرات میں سے ہر ایک اس قابل ہے کہ اس کی تقلید کی جائے۔ اوروں کی بہ نسبت یہ حضرات پیشوا ہونے کے زیادہ قابل ہیں۔

شاہ صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابن حزم کی بات صرف چار شخصوں کے حق میں درست ہے:

اوّل: وہ شخص جسے گونہ اجتہادی صلاحیت حاصل ہے، اگرچہ وہ ایک ہی مسئلہ میں ہو۔ یعنی مجتہد کے لئے تقلید حرام ہے۔ جو شخص تمام مسائل میں مجتہد ہو اس کے لئے تمام مسائل میں اور جو صرف کسی ایک مسئلہ میں مجتہد ہو اس کے لئے اسی ایک مسئلہ میں تقلید حرام ہے۔

دوم: وہ شخص جس پر صاف واضح ہوگیا ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ حکم دیا ہے، اوراس کی ممانعت فرمائی ہے، اور اسے یہ بھی معلوم ہو کہ یہ امر یا یہ نہی منسوخ بھی نہیں ہے۔ اور یہ جاننے کے دو طریقے ہیں:

۱ــــ اس نے مسئلہ میں احادیث اور مخالف وموافق اقوال کا تتبع کرلیا ہو، اوراسے کوئی ناسخ نہ ملا ہو۔

۲ــــ اس نے دیکھا ہو کہ علوم میں تبحر رکھنے والوں کا جم غفیر اس کی طرف گیا ہے، اوراس قول کے مخالف کے پاس قیاس یا استنباط یا اس جیسے دلائل کے سوا کوئی اور حجت نہیں ہے۔ پس ایسی صورت میں باطنی نفاق یا ظاہری حماقت کے

سوا، حدیث کی مخالفت کا اور کوئی سبب نہیں ہوسکتا اور اسی شخص کی طرف علامہ عزّ الدین بن عبد السلام رحمہ اللہ (۵۷۷-۶۶۰ھ)[1] نے اشارہ کیا ہے۔فرماتے ہیں:

''نہایت تعجب کی بات یہ ہے کہ فقہاء مقلدین میں سے بعض اپنے امام کے ماخذ کی کمزوری سے واقف ہوتے ہیں، ایسی کمزوری جس کو دفع کرنے والی کوئی چیز نہیں ہوتی۔ پھر بھی وہ اس امام کی تقلید کئے جاتے ہیں۔اور جس شخص کے مذہب کے لئے قرآن وحدیث اور صحیح قیاسات کی شہادت موجود ہوتی ہے اس کو ترک کردیتے ہیں اور اپنے امام کی تقلید پر جمے رہتے ہیں۔ بلکہ کتاب وسنت کے ظاہر کو دفع کرنے کے لئے حیلے بہانے گھڑتے ہیں۔اور اپنے امام کے دفاع میں بعید اور باطل تاویلات کرتے ہیں''

نیز فرماتے ہیں:

''لوگ برابر دریافت کرتے رہے ہیں اس عالم سے جو اتفاقاً ان کو مل گیا۔کسی مذہب کی پابندی کے بغیر، اور کسی سائل پر نکیر کئے بغیر (کہ اس نے دوسرے سے مسئلہ کیوں دریافت کیا؟) یہاں تک کہ یہ مذاہب اربعہ اور ان کے لئے تعصب سے کام لینے والے مقلدین پیدا ہوئے۔اب ان میں سے بعض اپنے امام کے مذہب کی پیروی کرتے ہیں، اس کے مذہب کے دلائل سے بعید ہونے کے باوجود، وہ اس طرح اس کی پیروی کرتے ہیں جیسے وہ نبی مرسل ہو۔یہ حق سے بُعد اور درست بات سے دوری ہے، جس کو کوئی بھی عقلمند پسند نہیں کرتا''

اور امام ابوشامہ: عبدالرحمٰن بن اسماعیل دمشقی رحمہ اللہ (۵۹۹-۶۶۵ھ) نے فرمایا:

''جو شخص فقہ میں مشغول ہو اس کے لئے مناسب یہ ہے کہ کسی ایک امام کے مذہب پر نظر کو قاصر نہ کرے۔اور ہر مسئلہ میں اُس بات کی صحت کا اعتقاد رکھے جو کتاب اللہ اور سنتِ غیر منسوخہ کی دلالت سے قریب تر ہو۔اور یہ بات اس شخص کے لئے آسان ہے جس نے گذشتہ علوم کا بڑا حصہ پختہ کرلیا ہو۔اور اس کو تعصب اور متاخرین کے اختلاف کی راہوں میں غور کرنے سے بچنا چاہئے، کیونکہ یہ چیز وقت کو ضائع کرنے والی ہے اور صاف زمانہ کو گدلا کرنے والی ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ سے ثابت ہے کہ آپ نے اپنی اور اپنے علاوہ کی تقلید سے منع کیا ہے۔ان کے تلمیذ رشید امام مُزنی اسماعیل بن یحییٰ رحمہ اللہ (۱۷۵-۲۴۶ھ) اپنی مختصر کے شروع میں لکھتے ہیں:

''میں نے یہ کتاب امام شافعی رحمہ اللہ کے علوم اور ان کی باتوں کے معانی سے مختصر کی ہے، تاکہ میں ان باتوں کو اس شخص سے قریب کروں جو ان کی تحصیل کا قصد کرتا ہے اور ساتھ ہی میں اس کو یہ بھی بتلادیتا ہوں کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے اپنی اور اپنے علاوہ کی تقلید سے منع کیا ہے''

(۱) سلطان العلماء عز الدین: عبدالعزیز بن عبدالسلام دمشقی ثم قاہری رحمہ اللہ ساتویں صدی کے مشہور شافعی فقیہ اور محقق ہیں اور اجتہاد کے رتبہ کو پہنچے ہوئے تھے۔ **إلمام فی أدلة الأحكام** اور **قواعد الأحكام** وغیرہ آپ کی تصنیفات ہیں ۱۲

سوم: وہ عامی جو ایک معین فقیہ کی تقلید کرتا ہے اور یہ سمجھتا ہے کہ اس جیسے شخص سے چوک نہیں ہوسکتی اور اس نے جو کچھ کہا ہے وہ یقیناً صحیح ہے۔ اور اس نے دل میں یہ بات ٹھان لی ہے کہ کسی صورت میں وہ اس کی تقلید نہیں چھوڑے گا اگرچہ اس کے خلاف کیسی ہی دلیل سامنے کیوں نہ آجائے۔ اسی شخص کے حق میں وہ روایت ہے جو امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۃ التوبہ کی آیت ۳۱ تلاوت فرماتے ہوئے سنا جس میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ: ''انھوں نے خدا کو چھوڑ کر اپنے علماء اور مشائخ کو رب بنا رکھا ہے، اللہ تعالیٰ سے ورے'' آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''وہ لوگ ان کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے۔ بلکہ جب وہ کسی چیز کو ان کے لئے حلال کرتے تو وہ اس کو حلال سمجھ لیتے اور جب وہ ان پر کسی چیز کو حرام کرتے تو وہ اس کو حرام سمجھ لیتے'' (ترمذی ۲:۱۳۶ کتاب التفسیر)

چہارم: جو شخص یہ بات جائز نہ سمجھتا ہو کہ مثلاً کوئی حنفی کسی شافعی سے یا کوئی شافعی کسی حنفی سے مسئلہ دریافت کرے۔ یا کوئی حنفی کسی شافعی امام کی اقتداء کرے۔ کیونکہ جو شخص ایسا کرتا ہے وہ قرونِ اولی کے اجماع کی خلاف ورزی کرتا ہے اور صحابہ وتابعین کی بھی مخالفت کرتا ہے۔

اماموں کی معروف تقلید ابن حزم کے قول کا مصداق نہیں:

ابن حزم ظاہری کے مطلقاً حرمت تقلید والے قول کا مصداق وہ شخص نہیں ہے جو صرف رسول اللہ ﷺ کے قول کو دین مانتا ہے۔ اور صرف اس چیز کو حلال وحرام سمجھتا ہے جو اللہ اور اس کے رسول نے حلال وحرام کی ہے۔ مگر چونکہ وہ نہیں جانتا کہ رسول اللہ ﷺ نے کیا فرمایا ہے۔ اور نہ وہ مختلف احادیث کے درمیان جمع کرنے کا طریقہ جانتا ہے۔ اور وہ کلام نبوی سے استنباطِ احکام کی راہوں سے بھی واقف نہیں۔ اس لئے وہ کسی راہ یاب عالم کی پیروی کرتا ہے۔ اور یہ سمجھ کر تقلید کرتا ہے کہ وہ عالم جو کچھ کہتا ہے یا وہ جو فتوی دیتا ہے اس میں وہ مصیب ہے۔ اور بہ ظاہر وہ عالم رسول اللہ ﷺ کی سنت کا متبع بھی ہے۔ پھر اگر اس مقلد کے سامنے اس عالم کے بارے میں اس کے گمان کے برخلاف بات آتی ہے تو وہ بغیر کسی جدال یا اصرار کے فوراً باز آجاتا ہے۔ تو اس قسم کی تقلید کا کون انکار کرسکتا ہے؟ علماء سے مسائل دریافت کرنے کا اور مسئلہ بتانے کا سلسلہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے سے برابر چلا آرہا ہے۔ اور یہی تقلید ہے۔ اور اس میں کیا فرق ہے کہ ہمیشہ ایک ہی عالم سے مسئلہ پوچھے یا کبھی ایک سے پوچھے، کبھی دوسرے سے؟ جبکہ اس کا پختہ ارادہ ہو کہ اگر اس عالم کے قول کے خلاف کوئی بات دلیل سے سامنے آئے گی تو وہ فوراً اس عالم کا قول چھوڑ دے گا۔

اور تقلید نادرست کیسے ہوسکتی ہے؟ ہم کسی فقیہ پر ایمان نہیں لائے کہ اللہ تعالیٰ نے فقہ اس پر وحی کی ہے۔ اور ہم پر اس کی اطاعت فرض قرار دی ہے۔ اور نہ ہم یہ مانتے ہیں کہ وہ معصوم ہے۔ اگر ہم ان میں سے کسی کی اقتداء کرتے ہیں تو

صرف یہ سمجھ کر کرتے ہیں کہ وہ اللہ کی کتاب اور اس کے رسول کی سنت کا عالم ہے۔ اور اس کی بات تین حال سے خالی نہیں:

۱ــــ یا تو اس کی بات صریح کتاب وسنت کی بات ہے۔

۲ــــ یا وہ کسی طرح سے کتاب وسنت سے مستنبط ہے۔

۳ــــ یا اس نے قرائن سے یہ بات جانی ہے کہ فلاں صورت میں حکم فلاں علت کے ساتھ وابستہ ہے۔ اور اس معرفت پر اس کا دل مطمئن ہے۔ اس لئے وہ غیر منصوص کو منصوص پر قیاس کرتا ہے۔ پس گویا وہ یہ کہتا ہے کہ میرے گمان میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جہاں جہاں یہ علت پائی جائے وہاں وہاں یہ حکم ہوگا اور مقیس (جسے قیاس کیا گیا) اس عموم میں داخل ہے پس یہ بھی رسول اللہ ﷺ ہی کی طرف منسوب ہے۔

مگر یہ ایک گمان ہے۔ اس لئے قیاس ظنی حکم ہوتا ہے، قطعی نہیں ہوتا۔ اور اگر یہ بات نہ ہوتی (یعنی قیاسی حکم بھی دلالۃً رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب نہ ہوتا) تو کوئی مؤمن کسی مجتہد کی کبھی تقلید نہ کرتا (کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے علاوہ کوئی واجب الطاعت نہیں) اب اگر ہمیں اس رسول معصوم کی کوئی حدیث صالح (قابل استدلال) سند سے پہنچے، جس کی اطاعت اللہ نے ہم پر فرض کی ہے اور وہ حدیث اس امام کے مذہب کے خلاف ہو، اور ہم اس حدیث کو ترک کردیں، اور اس امام کے ظن وتخمین کی پیروی کرتے رہیں تو ہم سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا؟ اور جس دن لوگ رب العالمین کے روبرو کھڑے ہوں گے ہم کیا عذر پیش کرسکیں گے؟! (رحمۃ اللہ سے اقتباس پورا ہوا۔ یہ ساری بات شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ کی ہے)

مصنّفات حدیث کی قسمیں:

احادیثِ شریفہ کی تصنیف کا طریقہ بھی جاننا ضروری ہے۔ احادیث کئی طرح سے مرتب کی جاتی ہیں اور ہر ایک قسم کی کتاب کا ایک خاص اصطلاحی نام ہے۔ حدیث کے طالب علم کے لئے مراجعت کتب حدیث کے لئے ان اقسام کا جاننا بھی ضروری ہے۔

۱- صِحَاح: صحیح کی جمع ہے، یہ وہ کتابیں ہیں جن کے مصنّفین نے اس بات کا التزام کیا ہے کہ وہ صرف صحیح مرفوع متصل حدیثیں ہی اپنی کتاب میں درج کریں گے۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ مصنف اپنے مقصد میں کہاں تک کامیاب ہوا ہے۔ امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ کے بارے میں اتفاق ہے کہ وہ اپنے مقصد میں صد فی صد کامیاب ہیں اور ابن خُزیمہ اور ابن حبّان اور حاکم وغیرہ اپنے مقصد میں صد فی صد کامیاب نہیں۔ ان کی لکھی ہوئی صحیح کتابوں میں غیر صحیح حدیثیں بھی ہیں۔

۲- جوامع: جامع کی جمع ہے، جامع اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں آٹھ مضامین کی حدیثیں جمع کی گئی ہوں۔

ان آٹھ مضامین کوایک شعر میں جمع کیا گیا ہے:

سِیَر، آداب وتفسیر وعقائد ۞ فتن، اَشراط واَحکام ومناقب

چنانچہ صحیح بخاری اور سنن ِترمذی جامع کتابیں ہیں۔اور صحیح مسلم جامع نہیں، کیونکہ اس میں تفسیر کا حصہ برائے نام ہے۔

۳- سُنَنْ: وہ کتابیں ہیں جن میں احادیث کوابواب فقہیہ کی ترتیب سے جمع کیا جاتا ہے ان کتابوں کا خاص مقصد مستدلات فقہاء کو جمع کرنا ہے۔ جیسے سنن ترمذی، سنن ابی داوٗد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، سنن دارمی، سنن دارقطنی وغیرہ۔ سُنَن: سُنَّة کی جمع ہے اور سنت اور حدیث کا فرق پہلے بیان کیا جاچکا ہے۔

۴- مَسَانید: مُسند کی جمع ہے۔مسند وہ کتاب ہے جس میں احادیث کو صحابۂ کرام کے ناموں کی ترتیب سے جمع کیا گیا ہو۔یعنی ایک صحابی کی تمام مرویات ایک جگہ ذکر کی گئی ہوں، خواہ وہ کسی باب سے متعلق ہوں۔ پھر دوسرے صحابی کی، پھر تیسرے صحابی کی وھلم جراً جیسے مسند امام احمد بن حنبل اور مسند حمیدی وغیرہ (۱)

۵- معاجیم: معجم کی جمع ہے، معجم اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی محدث نے اپنے شیوخ اور اساتذہ کی ترتیب سے احادیث کو جمع کیا ہو۔یعنی ایک شیخ کی جملہ مرویات بیان کرکے دوسرے شیخ کی مرویات بیان کی ہوں۔ جیسے امام طبرانی کے تین معاجم: کبیر، اوسط اور صغیر۔

۶- مستدرک: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی دوسری کتابِ حدیث کی ایسی چھُٹی ہوئی حدیثوں کو جمع کیا گیا ہو جو مذکورہ کتاب کی شرائط کے مطابق ہوں جیسے حاکم نیشاپوری رحمہ اللہ کی صحیحین پر مستدرک۔

۷- مستخرج: اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی دوسری کتاب کی احادیث کو اپنی ایسی سند سے روایت کیا گیا ہو جس میں مصنف کا واسطہ نہ آتا ہو جیسے اسماعیلی کا مستخرج بخاری شریف پر، اور ابوعوانہ کا مستخرج مسلم شریف پر۔

۸- أجزاء: جُزء کی جمع ہے، جزء اس کتاب کو کہتے ہیں جس میں کسی خاص مسئلہ سے متعلق تمام روایات یکجا کی گئی ہوں۔ جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کی کتابیں جزء القراءة اور جزء رفع الیدین۔

۹- افراد وغرائب: ان کتب حدیث کو کہا جاتا ہے جن میں کسی ایک محدث کے تفردات کو جمع کیا گیا ہو جیسے دار قطنی رحمہ اللہ نے ایک کتاب میں امام مالک رحمہ اللہ کے افراد وغرائب جمع کئے ہیں۔

۱۰- تجرید: ان کتب حدیث کو کہا جاتا ہے جن میں کسی کتاب کی سندیں اور مکررات کو حذف کرکے صرف صحابی کا نام لے کر حدیثوں کو لکھا گیا ہو، جیسے رزین عبدری کی تجرید الصحاح، زَبیدی کی تجرید بخاری، اور قرطبی کی تجرید مسلم۔

۱۱- تخریج: وہ کتاب ہے جس میں کسی دوسری کتاب کی بے حوالہ حدیثوں کی سند اور حوالہ درج کیا گیا ہو، جیسے ہدایہ

(۱) مُسند میم کے پیش کے ساتھ ہے۔اور مَسند: میم کے زبر کے ساتھ: ٹیک لگانے کی جگہ ہے۔ بعض طلبہ اس لفظ کے تلفظ میں غلطی کرتے ہیں ۱۲

کی تخریج میں امام زیلعی رحمہ اللہ کی مشہور کتاب نصب الرایہ، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کی الدرایہ اور التلخیص الحَبِیْر۔

۱۲- کتبِ جمع: وہ ہیں جن میں ایک سے زائد کتب حدیث کی روایتوں کو بحذفِ سند وتکرار جمع کیا گیا ہو۔ جیسے: حمیدی کی الجمع بین الصحیحین اور ابن الاثیر جزریؒ کی جامع الاصول (جس میں صحاح ستہ کی احادیث کو جمع کیا ہے)

۱۳- اطراف: وہ کتب حدیث ہیں جن میں احادیث کے صرف اول کو ذکر کرکے اس کی تمام سندوں کو جمع کیا گیا ہو۔ یا کتابوں کی تقیید کے ساتھ اسانید جمع کی گئی ہوں۔ جیسے امام مِزّی رحمہ اللہ کی تحفة الأشراف بمعرفة الأطراف۔

۱۴- فَھَارِس: وہ کتبِ حدیث ہیں جن میں کسی ایک یا زائد کتابوں کی احادیث کی فہرست بنادی گئی ہو، تاکہ حدیث کا تلاش کرنا آسان ہوجائے، جیسے: مفتاح کنوز السنة، اور المعجم المفھرس لألفاظ الحدیث الشریف۔

۱۵- اربعین: (چہل حدیث) وہ کتاب ہے جس میں کم وبیش چالیس حدیثیں کسی ایک موضوع سے متعلق یا مختلف ابواب سے متعلق جمع کی گئی ہوں۔ جیسے امام نووی رحمہ اللہ کی الأربعین (اربعینیات بے شمار لکھی گئی ہیں)

۱۶- موضوعات: وہ کتابیں ہیں جن میں احادیث موضوعہ (گھڑی ہوئی حدیثوں) کو جمع کیا گیا ہے، جیسے ملا علی قاری رحمہ اللہ کی الموضوعات الکبری اور المصنوع فی الأحادیث الموضوع (موضوعاتِ صغری) وغیرہ۔

۱۷- کتب احادیث مشہورہ: وہ کتابیں ہیں جن میں ان احادیث کی تحقیق کی جاتی ہے جو عام طور سے مشہور اور زبان زد ہوتی ہیں۔ مگر عام طور پر ان کی سند کا علم نہیں ہوتا۔ جیسے سخاوی رحمہ اللہ کی المقاصِد الحَسَنَة فی الأحادیثِ المُشْتَھِرَة علی الألْسِنَةِ۔

۱۸- غریب الحدیث: وہ کتابیں ہیں جن میں احادیث کے کلمات کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کئے جاتے ہیں۔ جیسے ابن الاثیر جزری رحمہ اللہ کی النھایة فی غریب الحدیث اور زمخشری رحمہ اللہ کی الفائق، اور شیخ محمد بن طاہر پٹنی رحمہ اللہ کی مجمعُ بِحَارِ الأنْوار فی غرائب التنزیل والآثار۔

۱۹- عِلَل: وہ کتب حدیث ہیں جن میں ایسی احادیث ذکر کی جاتی ہیں جن کی سند پر کلام ہوتا ہے۔ جیسے امام ترمذی رحمہ اللہ کی کتاب العلل الکبیر، اور ابن ابی حاتم رازی رحمہ اللہ کی کتاب الجرح والتعدیل۔

۲۰- کتب أذکار: وہ کتابیں ہیں جن میں آنحضور ﷺ سے منقول دعائیں اور اذکار جمع کئے گئے ہوں۔ جیسے امام نووی رحمہ اللہ کی کتاب الأذکار، اور ابن الجزری رحمہ اللہ کی الحِصْنُ الحَصِیْن۔

۲۱- زوائد: وہ کتابیں ہیں جن میں کسی کتاب کی صرف وہ احادیث لی جاتی ہیں جو کسی دوسری کتاب سے زائد ہیں جیسے علامہ نورالدین ہیثمی کی مجمع الزوائد ومنبع الفوائد (اس میں مسند احمد، مسند بزّار، مسند ابی یعلی، اور معاجم ثلاثہ طبرانی کی ان زائد احادیث کو جمع کیا گیا ہے جو صحاح ستہ میں نہیں ہیں) یا جیسے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کی المطالب العالیة بزوائد المسانید الثمانیة۔

ملحوظہ: ان کے علاوہ اور بھی متعدد طریقوں سے حدیث کی کتابیں لکھی جاتی ہیں ہم نے اختصاراً ان کا تذکرہ چھوڑ دیا ہے۔

جرح وتعدیل کے بارہ مراتب:

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے تقریب التہذیب کے شروع میں جرح وتعدیل کو ملا کر بارہ مراتب قائم کئے ہیں۔ یہ اگرچہ حافظ صاحب کی اپنی مخصوص اصطلاحات ہیں جو انھوں نے تقریب میں استعمال کی ہیں مگر اب عام طور پر یہی اصطلاحات استعمال کی جاتی ہیں، اس لئے ان کا جاننا بھی ضروری ہے۔

مرتبۂ اولیٰ: صحابی ہونا (یہ توثیق کا سب سے اعلی رتبہ ہے۔ تمام صحابۂ کرام بلاشبہ معتبر ہیں)

مرتبۂ ثانیہ: میں وہ رواۃ ہیں جن کی تعدیل ائمہ جرح وتعدیل نے تاکید کے ساتھ کی ہے خواہ صیغۂ اسم تفضیل استعمال کیا ہو، جیسے أوثق الناس یا صفتِ مادحہ کو لفظاً مکرر استعمال کیا ہو، جیسے ثقة ثقة یا معنی مکرر استعمال کیا ہو، جیسے ثقة حافظ.

مرتبۂ ثالثہ: میں وہ رواۃ ہیں جن کی تعدیل ائمہ نے ایک صفتِ مادہ کے ساتھ کی ہو۔ جیسے ثقة یا مُتْقِن (احادیث کو مضبوط یاد کرنے والا) یا ثَبْتٌ (مضبوط) یا عَدْلٌ (معتبر)

مرتبۂ رابعہ: میں وہ رواۃ ہیں جو مرتبۂ ثالثہ سے کچھ کم ہیں ان کے لئے حافظ صاحب نے تقریب میں صدوق، لابأس به اور ليس به بأس کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

مرتبۂ خامسہ: میں وہ رواۃ ہیں جو مرتبۂ رابعہ سے کچھ کم ہیں ان کے لئے صدوق سَيِّئُ الحفظ، صَدُوْقٌ يَّهِمُ، صَدوق له أوهام، صدوق يُخْطِئُ اور صدوق تَغَيَّر بأَخَرَةٍ (یا بآخرہ) کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ نیز وہ تمام رواۃ بھی اسی رتبہ میں شامل ہیں جن پر کسی بھی بدعقیدگی کا الزام ہے، مثلاً: شیعہ ہونا، قدری ہونا، ناصبی ہونا، مرجئ ہونا، یا جہمی وغیرہ ہونا۔

مرتبۂ سادسہ: میں وہ رواۃ ہیں جن سے بہت ہی کم احادیث مروی ہیں اور ان کے بارے میں کوئی ایسی جرح ثابت نہیں جس کی وجہ سے ان کی حدیث کو متروک قرار دے دیا جائے ان کا اگر کوئی متابع ہو تو راوی مقبول ہے ورنہ لَيِّن الحديث (نرم حدیث والا) ہے۔

مرتبۂ سابعہ: میں وہ رواۃ ہیں جن سے روایت کرنے والے تو ایک سے زائد ہیں مگر کسی امام نے ان کی توثیق نہیں کی، ان کے لئے مَسْتورٌ یا مجهول الحال کے الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں۔

مرتبۂ ثامنہ: میں وہ رواۃ ہیں جن کی قابل اعتبار توثیق نہیں کی گئی البتہ تضعیف کی گئی ہے۔ اگرچہ وہ تضعیف

مبہم ہو،ان کے لئے ضعیف استعمال کیا ہے۔

مرتبۂ تاسعہ : میں وہ رواۃ ہیں جن سے روایت کرنے والا صرف ایک راوی ہے اور کسی امام نے اس کی توثیق نہیں کی۔ان کے لئے مجھول استعمال کیا ہے۔

مرتبۂ عاشرہ: میں وہ رواۃ ہیں جن کی کسی نے بھی توثیق نہیں کی اور ان کی نہایت سخت تضعیف کی گئی ہے۔ان کے لئے متروك،یا متروك الحديث،یا واھی الحديث یاساقط کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔

مرتبۂ حادیہ عشرہ: میں وہ رواۃ ہیں جو کذب کے ساتھ متہم کئے گئے ہیں۔ بایں وجہ کہ ان کی روایت شریعت کے قواعد معلومہ کے خلاف ہے یا لوگوں کے ساتھ بات چیت میں ان کا جھوٹ بولنا ثابت ہو چکا ہے۔

مرتبۂ ثانیہ عشرۃ: میں وہ رواۃ ہیں جن کے متعلق کذب اور وضع کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔

صحاح ستّہ کے رُواۃ کے بارہ طبقات:

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے تقریب التہذیب کے شروع میں صحاح ستہ کے رُواۃ کے بارہ طبقات کئے ہیں[1]۔اور یہ حافظ صاحب کی خاص اصطلاح ہے۔تقریب میں اسی کا حوالہ دیتے ہیں وہ طبقات درج ذیل ہیں۔

طبقۂ اولی: تمام صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طبقہ۔

طبقۂ ثانیہ: کبار تابعین کا طبقہ۔جیسے حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ،مخضر مین[2] اسی طبقہ میں شمار کئے گئے ہیں۔

طبقۂ ثالثہ: تابعین کا درمیانی طبقہ۔جیسے حضرت حسن بصری اور محمد بن سیرین رحمہما اللہ۔

طبقۂ رابعہ: تابعین کے طبقۂ وسطی سے ملا ہوا طبقہ جن کی اکثر روایات کبار تابعین سے ہیں جیسے امام زہری اور حضرت قتادہ رحمہما اللہ۔

طبقۂ خامسہ : تابعین کا طبقۂ صغری جنھوں نے ایک دو ہی صحابہ کو دیکھا ہے اور بعض کا تو صحابہ سے سماع بھی ثابت

(۱) حافظ صاحب ''تقریب'' میں احوال رواۃ بیان کرتے ہوئے راوی کا سن وفات بھی ذکر کرتے ہیں اور صرف دہائی اور اکائی ذکر کرتے ہیں۔سیکڑہ حذف کر دیتے ہیں،اور اس سلسلہ میں ضابطہ یہ بیان کیا ہے کہ طبقۂ اولی وثانیہ کے سن وفات میں کچھ حذف نہ ہوگا۔اس لئے کہ ان دونوں طبقوں کے تمام رواۃ کی وفات پہلی صدی میں ہوئی ہے۔اور طبقہ ثالثہ سے طبقۂ ثامنہ تک کے تمام رُواۃ کے سن وفات میں مأۃ (ایک سیکڑہ) محذوف ہوگا،اور طبقۂ تاسعہ سے آخر تک کے تمام رواۃ کے سن وفات میں مِأتین (دو سیکڑے) محذوف ہوں گے۔(۲) مخضر مین وہ حضرات ہیں جنھوں نے اسلام اور جاہلیت کے دونوں زمانے پائے ہیں۔لیکن آنحضور ﷺ کی ملاقات وزیارت سے مشرف نہ ہو سکے،خواہ وہ حضور اکرم ﷺ کے عہدِ مبارک میں مسلمان ہوئے ہوں یا بعد میں مسلمان ہوئے ہوں،سب مخضر مین کہلاتے ہیں اور ان کا شمار کبار تابعین میں ہے۔

نہیں جیسے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ (۱) اور امام سلیمان الاعمش رحمہ اللہ۔

طبقۂ سادسہ: طبقۂ خامسہ کا معاصر طبقہ مگر کسی صحابی سے ان کی ملاقات نہیں ہوئی (۲)، جیسے ابن جریج رحمہ اللہ۔

طبقۂ سابعہ: کبار تبع تابعین کا طبقہ۔ جیسے امام مالک اور امام ثوری رحمہما اللہ۔

طبقۂ ثامنہ: تبع تابعین کا درمیانی طبقہ جیسے سفیان بن عیینہ اور اسماعیل بن علیّہ رحمہما اللہ۔

طبقۂ تاسعہ: تبع تابعین کا طبقۂ صغری۔ جیسے یزید بن ہارون، امام شافعی، ابوداؤد طیالسی اور عبدالرزاق صنعانی رحمہم اللہ۔

طبقۂ عاشرہ: تبع تابعین سے روایت کرنے والے بعد کے طبقہ کے اکابر جن کی کسی بھی تابعی سے ملاقات نہیں ہوئی۔ جیسے امام احمد رحمہ اللہ۔

طبقۂ حادیہ عشرہ: تبع تابعین سے روایت کرنے والے بعد کے طبقہ کا طبقۂ وسطی جیسے امام بخاری امام ذہلی رحمہما اللہ۔

طبقۂ ثانیہ عشرۃ: تبع تابعین سے روایت کرنے والے، بعد کے طبقہ کا طبقۂ صغری۔ جیسے امام ترمذی رحمہ اللہ وغیرہ۔

امام ترمذی رحمہ اللہ کے مختصر حالات:

ضروری باتیں تقریباً سب بیان ہوچکیں ہیں۔ اب مصنِّف اور مصنَّف (تصنیف کردہ کتاب) کے متعلق چند باتیں جان لینی چاہئیں:

امام ترمذی کا نام محمد، والد کا نام عیسی، دادا کا نام سَورۃ اور پردادا کا نام موسیٰ ہے۔ اور آپ کی کنیت ابوعیسیٰ ہے۔ وطنی نسبتیں بوغی اور ترمذی ہیں۔ آپ کے آباؤ اجداد شہر مَرو کے باشندے تھے۔ پھر خراسان کے شہر ترمذ (۳) میں منتقل ہوگئے تھے، ترمذ دریائے جیحون کے کنارے ایک شہر ہے وہ مدینۃ الرجال کہلاتا تھا۔ کیونکہ وہاں سے بڑے بڑے فضلاء، علماء اور محدثین نکلے ہیں، اس شہر سے چند فرسخ کے فاصلہ پر قصبہ بوغ ہے۔ جہاں امام ترمذی کی ولادت ہوئی ہے۔ اس لئے مقامی نسبت بوغی اور ضلعی نسبت ترمذی ہے۔

امام ترمذی کا سن پیدائش اصح قول کے مطابق ۲۰۹ ہجری ہے اور سن وفات ۲۷۹ ہجری ہے۔ امام ترمذی کی اس کتاب کے تین وصف ہیں: سنن، جامع اور معلَّل، سنن: سنۃ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں حکم شرعی۔ امام ترمذی رحمہ اللہ

---

(۱) امام اعظم رحمہ اللہ کا شمار درحقیقت طبقۂ خامسہ میں ہونا چاہئے تھا کیونکہ حضرت کی ولادت ۸۰ھ میں ہوئی ہے اس وقت متعدد صحابہ بقید حیات تھے، جن سے امام اعظم کی ملاقات بھی ہوئی ہے اور ان سے روایت بھی کی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو امام اعظم رحمہ اللہ کا دیکھنا نہایت قطعی دلائل سے ثابت ہے اور تقریباً بیس اکابر علماء نے اس کو تسلیم کیا ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے قواعد فی علوم الحدیث ص: ۳۰۶ تحقیق شیخ عبدالفتاح ابوغدۃ رحمہ اللہ) (۲) اس لئے وہ تابعی تو نہیں ہیں مگر کبار تبع تابعین کے طبقہ سے ان کا رتبہ اونچا ہے اس لئے ان کا الگ طبقہ شمار کیا ہے۔ (۳) ترمذ کا تلفظ چار طریقے سے کیا گیا ہے۔ تُرمُذ، تِرمِذ، تَرمِذ اور تَرمَذ۔ لیکن لوگوں میں مشہور دوسرا تلفظ ہے۔

کی اس کتاب میں چونکہ احکام شرعیہ سے تعلق رکھنے والی حدیثیں جمع کی گئی ہیں یعنی مستدلات فقہاء بیان کئے گئے ہیں اس لئے اس کو سننِ ترمذی کہتے ہیں۔امام ترمذی رحمہ اللہ کے زمانہ میں ائمۂ اربعہ کے علاوہ دیگر مجتہدین کے مسالک بھی رائج تھے اوران کے متبعین بھی موجود تھے۔ چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب میں ایسے چوبیس مجتہدین کا تذکرہ کیا ہے جن کے ماننے والے موجود تھے۔

اورامام ترمذی رحمہ اللہ کی اس کتاب کو جامع اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں حدیث کے آٹھوں ابواب کی حدیثیں لی گئی ہیں یعنی سیرتِ نبوی، آداب اسلامی، تفسیر، عقائد، احادیثِ فتن، علاماتِ قیامت، احکام اور مناقب کی روایتیں جمع کی گئی ہیں اس لئے یہ کتاب جامع ہے۔

اوراس کتاب کا نام الجامع المعلَّل بھی ہے۔ معلَّل وہ کتابیں ہیں جن میں ایسی احادیث کی اسانید پر بحث کی گئی ہو جن میں کوئی خرابی پائی جاتی ہے۔ راوی نے وہم سے سند کو کچھ سے کچھ کر دیا ہو۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اپنی اس کتاب میں خاص طور پر ایسی روایتیں لاتے ہیں اوران کی سندوں پر کلام کرتے ہیں ۔ یہ اس کتاب کا امتیاز ہے۔ حدیث کی دوسری کتابوں میں یہ بات موجود نہیں ۔ چنانچہ کبھی باب میں صحیح حدیث ہوتے ہوئے بھی متکلم فیہ روایت کی تخریج کرتے ہیں، تاکہ طالب علم اس کی سند کی حالت سے واقف ہو جائے۔

اور پوری کتاب میں اس قسم کی جو ابحاث ہیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کو ایک علحدہ کتاب میں جمع بھی کرلیا ہے جس کا نام انھوں نے کتاب العلل رکھا ہے۔مگر وہ ناپید ہے۔البتہ اس کی تلخیص وتبویب ایک عالم نے کی ہے جس کا قلمی نسخہ ترکیہ میں موجود ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی سنن کا ایک مقدمہ لاحقہ بھی لکھا ہے جو کتاب کے آخر میں چھپتا ہے۔کسی غلط فہمی سے اس کا نام بھی کتاب العلل رکھ دیا گیا ہے۔ پھر پہلی کتاب کے ساتھ الکبیر بڑھا دیا اوراس کے ساتھ الصغیر مگر یہ حقیقت میں کتاب العلل نہیں بلکہ سنن ترمذی کا مقدمہ لاحقہ ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے ایک اور کتاب الشمائل النبویۃ بھی لکھی ہے۔ شمائل: شمیلۃ کی جمع ہے۔جس کے معنی ہیں طبیعت ۔ یہ کتاب آپ نے سیرتِ نبوی میں تصنیف کی ہے اوراس کی اکثر حدیثیں سنن میں سے بعینہٖ نقل کی ہیں ۔ یہ کتاب بھی ترمذی شریف کے آخر میں ملحق ہے۔مگر درس میں علحدہ پڑھائی جاتی ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ ہر باب میں تمام حدیثیں روایت نہیں کرتے ،کوئی ہی باب ایسا ہے جس میں باب کی تمام حدیثیں لائے ہیں ورنہ عام طور پر ایک دو حدیثیں ذکر کر کے باقی حدیثوں کی طرف وفی الباب میں اشارہ کرتے ہیں۔

علاوہ ازیں ’’تصنیف را مصنف نکو کند بیاں‘‘ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے مقدمہ لاحقہ میں اپنی کتاب کا خوب تعارف کرایا ہے اور کتاب سے متعلق سولہ باتیں بیان کی ہیں اس لئے پہلے اس مقدمہ لاحقہ کو پڑھنا چاہیئے۔

کتاب العِلَل

(جو حقیقت میں مقدمہ لاحقہ ہے)

امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب العلل میں

اپنی

سنن سے متعلق سولہ باتیں بیان کی ہیں۔

پہلی بات: ترمذی کی تمام حدیثیں دوحدیثوں کے علاوہ معمول بہا ہیں۔

دوسری بات: اقوال فقہاء کی اسانید امام ترمذی تک۔

تیسری بات: حدیث کی علتوں اوراحوال روات کا ماخذ۔

چوتھی بات: ترمذی میں فقہاء کے اقوال، احادیث کی علتیں اور روات کے احوال بیان کرنے کی وجہ۔

پانچویں بات: ضعیف روایوں پر جرح کرنا دین کی خیرخواہی ہے، غیبت نہیں۔

چھٹی بات: اسناد کی اہمیت اور کمزور راویوں پر جرح۔

ساتویں بات: وہ روات جن کی حدیثیں قابل استدلال نہیں۔

آٹھویں بات: متکلم فیہ راویوں کا تذکرہ۔

نویں بات: روایت بالمعنی اور حدیث کا اختصار اس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ مراد نہ بدلے۔

دسویں بات: اعلی درجہ کے ثقہ روات اوران میں تفاوتِ درجات۔

گیارھویں بات: تحدیث واخبار کا ایک ہی درجہ ہے۔

بارھویں بات: المناولة المقرونة بالإجازة کے ذریعہ روایت کرنے کا جواز۔

تیرھویں بات: حدیث مرسل کی حجیت کا مسئلہ۔

چودھویں بات: مختلف فیہ روات کا تذکرہ۔

پندرھویں بات: امام ترمذی کی اصطلاح میں: حدیث حسن۔

سولہویں بات: امام ترمذی کی اصطلاح میں: غریب اوراس کی قسمیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب العلل

یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جو کتاب کے آخر میں لاحق کیا گیا ہے۔ عرف میں اس کو کتاب العلل کہتے ہیں ـــــــ علل: عِلَّۃٌ کی جمع ہے اس کے لغوی معنی ہیں: سبب اور وجہ، علَّل الشیئَ کے معنی ہیں: علت (وجہ) بیان کرنا اور کسی بات کو دلیل سے ثابت کرنا۔

اور محدثین کی اصطلاح میں علت اس پوشیدہ خرابی کا نام ہے جو راوی کے وہم سے سند یا متن میں پیدا ہوتی ہے جس سے حدیث بظاہر سالم نظر آتی ہے اور اس وہم کا پتہ ماہرین: قرائن سے اور تمام سندوں کو جمع کرنے کے ذریعہ چلا لیتے ہیں۔

العلة:فی الاصطلاح: عبارةٌ عن سببٍ غامضٍ خَفِیٍّ قادحٍ فی الحدیث اطُّلِعَ علیه بعد التفتیش وإمعان النظر،من الناقد الفَهِم البصیر، مع أن ظاهَره السلامة منها. یعنی اصطلاح میں علت: اس باریک پوشیدہ خرابی کو کہتے ہیں جس سے حدیث کی صحت متاثر ہوتی ہے جس کا تفتیش اور گہرے غور وفکر کے بعد پتہ چلتا ہے اور اس کا پتہ صرف حدیثوں کو پرکھنے والا فہم وبصیرت والا امام ہی چلا سکتا ہے اور حدیث بظاہر اس علت سے سالم نظر آتی ہے۔

اس فن کا موضوع ثقہ راویوں کی وہ روایات ہیں جن میں بظاہر حدیث کے صحیح ہونے کی تمام شرطیں پائی جاتی ہیں۔

اور اس فن کی غرض وغایت ثقہ راویوں سے جو چوک ہو جاتی ہے یا ان کو وہم پیش آتا ہے اس کا پردہ فاش کرنا ہے۔

علت کا پتہ کئی طرح سے چلایا جاتا ہے۔ کسی حدیث کے روایت کرنے میں کوئی راوی متفرد ہو یا کوئی دوسرا راوی اس کے برخلاف روایت کرے اس کے علاوہ اور بھی قرائن ہوتے ہیں جو ماہر حدیث کو حدیث میں واقع ہونے والے وہم سے آگاہ کرتے ہیں ـــــــ اور علت (پوشیدہ خرابی) عام طور پر سند میں واقع ہوتی ہے اور کبھی متن حدیث میں بھی وہم پایا جاتا ہے۔ یہ علم العلل کا میدان ہے اور اس رسالہ میں اس سلسلہ کی کوئی بات مذکور نہیں۔ علاوہ ازیں یہ رسالہ مستقل کتاب بھی نہیں ہے۔ بلکہ جامع ترمذی کا تتمہ ہے۔ پس جو لوگ اس کو کتاب العلل کہتے ہیں وہ صحیح نہیں ہے، یہ رسالہ علل حدیث کے موضوع پر نہیں ہے، بلکہ یہ بھی مقدمۂ مسلم کی طرح جامع ترمذی کا مقدمہ ہے۔ صرف فرق اتنا ہے کہ مسلم شریف کا مقدمہ مقدمۂ سابقہ ہے اور یہ مقدمہ لاحقہ ہے اور مستقل تصنیف نہ ہونے کی وجہ سے اس کے شروع میں بسم اللہ نہیں لکھی گئی جیسا کہ متقدمین کا طریقہ تھا۔ اور شروع میں اسناد کا تذکرہ بھی صرف ہندی نسخہ میں

ہے۔عربی نسخہ میں اور ابن رجب حنبلی کی شرح علل الترمذی میں سند مذکور نہیں۔

کتاب کی سند: أبوحفص عمر بن محمد بن طَبَرْزَذ بغدادی رحمه الله(۵۶۱-۶۰۸ھ) یہ رسالہ روایت کرتے ہیں۔ عبد الملك بن عبد الله أبو حفص كَرُوْخِيْ هِرَوِی رحمه الله(۴۶۲-۵۴۸ھ) سے،اور وہ تین اساتذہ سے روایت کرتے ہیں:(۱)أبوعامر محمود بن القاسم الأزدی المهَلَّبی الشافعي رحمه الله (۴۰۰-۴۸۷ھ)(۲) أبوبكر أحمد بن عبد الصمد الغُوْرَجِيْ رحمه الله(متوفی ۴۸۱ھ)(۳) أبو المظفّر عبيد الله بن علی الدَّهَّان رحمه الله. اور یہ تینوں: أبو محمد بن عبد الجبار جَرَّاحی مَرْزُبَانی مَرْوَزِیْ رحمه الله (۳۳۱-۴۶۱ھ) سے روایت کرتے ہیں،اور وہ أبو العباس محمد بن أحمد بن محبوب المروزی رحمه الله(متوفی ۳۴۶ھ) سے،اور وہ الإمام الحافظ أبو عيسى محمد بن عيسى رحمه الله(۲۰۹-۲۷۹ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

پہلی بات: ترمذی کی تمام حدیثیں دو حدیثوں کے علاوہ معمول بہا ہیں:

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ترمذی شریف کی تمام روایتیں معمول بہا ہیں، یعنی ان روایات پر کسی نہ کسی مجتہد نے عمل کیا ہے۔البتہ دو حدیثیں ایسی ہیں جن پر کسی نے عمل نہیں کیا:

پہلی حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ نے مدینہ میں ظہر وعصر، اور مغرب وعشاء کو جمع کیا۔حالانکہ نہ دشمن کا خوف تھا اور نہ سفر وبارش کا عذر تھا، پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی وجہ بیان فرمائی کہ نبی پاک ﷺ نے یہ کام بیانِ جواز کے لئے کیا تھا۔

دوسری حدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی پاک ﷺ نے فرمایا: شراب پینے والے کو کوڑے مارو(کوڑے مارنے کی سزا تین مرتبہ تک دو) پس اگر وہ چوتھی مرتبہ شراب پیئے تو اس کو قتل کر ڈالو۔

ان دونوں حدیثوں پر کسی مجتہد نے عمل نہیں کیا۔تمام ائمہ کا مسلک یہی ہے کہ شرابی کو کوڑے ہی مارے جائیں گے اس کو قتل نہیں کیا جائے گا، اسی طرح تمام ائمہ متفق ہیں کہ مقیم بلا عذر دو نمازوں کو جمع نہیں کرسکتا۔ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بھی سفر، بارش یا مرض کی وجہ سے جمع کرنا جائز ہے مطلقاً جائز نہیں۔

فائدہ: لیکن اگر حدیث ابن عباس میں جمع صوری مراد لی جائے اور حدیث معاویہ کو تعزیر وسیاست پر محمول کیا جائے تو دونوں حدیثیں احناف کے نزدیک معمول بہا ہونگی۔

جمع صوری کہتے ہیں: دو نمازوں کو اس طرح پڑھنا کہ پہلی نماز آخر وقت میں پڑھی جائے اور دوسری نماز اول وقت میں۔اور **تعزیر:** حدود کے علاوہ دوسری سزاؤں کو کہتے ہیں، جس کا قاضی کو اختیار ہوتا ہے۔اور حدود وتعزیر میں فرق یہ ہے کہ حدود پر بہر حال عمل ضروری ہے، اس میں کسی مصلحت کا لحاظ نہیں کیا جاتا، نہ اس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے، نہ وہ

معاف ہوسکتی ہے۔ اور تعزیر میں مصلحت کا لحاظ کیا جاتا ہے، پس اگر حاکم کسی شرابی کے قتل میں مصلحت دیکھے تو اس کو قتل کرسکتا ہے، اور معاف کرنا چاہے تو معاف بھی کرسکتا ہے۔

[قَالَ أَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ طَبَرْزَدَ الْبَغْدَادِيُّ] أَخْبَرَنَا الْكَرُوْخِيُّ، نَا الْقَاضِيْ أَبُوْ عَامِرٍ الْأَزْدِيُّ وَالشَّيْخُ الْغُوْرَجِيُّ، وَأَبُوْ الْمُظَفَّرِ الدَّهَّانُ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ مُحَمَّدٍ الجَرَّاحِيُّ، نَا أَبُوْ الْعَبَّاسِ الْمَحْبُوْبِيُّ، أَنَا أَبُوْ عِيْسٰى التِّرْمِذِيُّ.

قَالَ : جَمِيْعُ مَا فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ مِنَ الْحَدِيْثِ هُوَ مَعْمُوْلٌ بِهِ، وَبِهِ قَدْ أَخَذَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مَا خَلاَ حَدِيْثَيْنِ: حَدِيْثَ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِالْمَدِيْنَةِ، وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ، مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَلاَ سَفَرٍ وَلاَ مَطَرٍ، وَحَدِيْثَ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: "إِذَا شَرِبَ الْخَمرَ فَاجْلِدُوْهُ، فَإِنْ عَادَ فِيْ الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ" وَقَدْ بَيَّنَّا عِلَّةَ الْحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا فِيْ الْكِتَابِ.

ترجمہ: اس کتاب کی تمام حدیثیں معمول بہا ہیں اور ان کو بعض اہل علم نے لیا ہے، سوائے دو حدیثوں کے (اول) ابن عباس کی حدیث کہ نبی ﷺ نے ظہر وعصر کے درمیان اور مغرب وعشاء کے درمیان مدینہ میں جمع فرمایا خوف، سفر اور بارش کے عذر کے بغیر، (دوم) اور نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ آپ نے فرمایا: جب کوئی شخص شراب پیئے تو اس کو کوڑے مارو، پس اگر وہ چوتھی مرتبہ پیئے تو اس کو قتل کرڈالو —— اور ہم نے دونوں حدیثوں کی علت (یعنی عمل نہ ہونے کی وجہ) کتاب میں بیان کردی ہے۔

فائدہ: پہلی حدیث پر عمل نہ ہونے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی سے دوسری ضعیف حدیث یہ مروی ہے کہ من جمع بين الصلاتين من غير عذر فقد أتى باباً من أبواب الكبائر یعنی جو شخص بغیر عذر کے دو نمازیں ایک ساتھ پڑھتا ہے وہ کبیرہ گناہوں کے دروازوں میں سے ایک دروازہ پر آتا ہے۔ یعنی ایسا کرنا کبیرہ گناہ ہے۔ یہ حدیث روایت کر کے امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجتہدین نے اسی روایت کو لیا ہے اور ان کے نزدیک بغیر عذر کے دو نمازیں ایک ساتھ پڑھنا جائز نہیں۔

اور دوسری حدیث کے بارے میں فرمایا ہے: إنما كان هذا في أول الأمر، ثم نُسخ بعد یعنی یہ ابتدائی حکم تھا پھر منسوخ ہوگیا اور دلیل میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں کہ ایک شخص چوتھی مرتبہ شراب پیا ہوا نبی پاک ﷺ کے پاس لایا گیا آپ نے اس کی پٹائی کی، قتل نہیں کیا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اس حدیث کے بعد فرماتے ہیں: فرُفع القتل وكانت رخصة پھر ایک عام حدیث بھی اس کی تائید میں لائے ہیں کہ کسی بھی مسلمان کا قتل تین صورتوں کے علاوہ جائز نہیں: قصاصاً قتل کرنا، شادی شدہ زانی کو رجم کرنا اور مرتد کو قتل کرنا۔ یہی تین صورتیں جائز ہیں۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کی اس بات پر علماء نے نقد کیا ہے کہ کتاب میں بہت سی ایسی حدیثیں ہیں جن پر منسوخ ہونے کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے کسی مجتہد نے عمل نہیں کیا۔ اور ہم یہ بات پہلے واضح کر آئے ہیں کہ ہر حدیث حجت نہیں بلکہ حجت سنت ہے۔ پس جو منسوخ یا مخصوص روایات ہیں وہ کیسے قابل عمل ہو سکتی ہیں؟

دوسری بات: اقوال فقہاء کی اسانید امام ترمذی تک:

امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب میں اکابر فقہاء کے اقوال بغیر سند کے بیان کئے ہیں۔ ان اقوال کی سندیں یہاں اجمالاً ذکر کرتے ہیں۔ دوسرے حضرات کے اقوال کی سندیں کتاب میں مذکور ہیں۔

۱- سفیان ثوری رحمہ اللہ کی اسانید: سفیان ثوری رحمہ اللہ کے اقوال کی دو سندیں ہیں: (۱) محمد بن عثمان الکوفی، عن عبید الله بن موسی، عن سفیان (۲) أبو الفضل مکتوم بن العباس الترمذی، عن محمد بن یوسف الفریابی، عن سفیان.

۲- امام مالک کی اسانید: امام مالک رحمہ اللہ کے اکثر اقوال کی سند: إسحاق بن موسیٰ الأنصاری، عن معن بن عیسی القزّاز، عن مالك بن أنس ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے جو اقوال کتاب الصوم میں ہیں ان کی سند: أبو مصعَب المدنی، عن أنس بن مالك ہے۔ اور امام مالک کے بعض اقوال کی سند: موسی بن حِزام، عن عبید الله بن مسلمة القعنبی، عن مالك بن أنس ہے۔

۳- ابن المبارک کی اسانید: ابن المبارک رحمہ اللہ کے اقوال امام ترمذی رحمہ اللہ کو أحمد بن عبدة آمُلی کے ذریعہ پہنچے ہیں جن کو وہ ابن المبارک کے متعدد شاگردوں سے روایت کرتے ہیں، مثلاً: (۱) أبو وھب محمد بن مزاحم، عن ابن المبارك (۲) علی بن الحسن، عن ابن المبارك (۳) عَبْدَان، عن سفیان بن عبد الملك، عن ابن المبارك (۴) حِبّان بن موسی، عن ابن المبارك (۵) وھب بن زَمعة، عن فَضَالة النَّسَوِی، عن ابن المبارك۔ ابن المبارک کے اقوال ان کے علاوہ دیگر شاگرد بھی روایت کرتے ہیں۔

۴- امام شافعی کی اسانید: امام شافعی رحمہ اللہ کے اکثر اقوال کی سند: حسن بن محمد الزَّعفرانی، عن الشافعی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے جو اقوال کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ میں ہیں ان کی سند: (۱) أبو الولید المکی، عن الشافعی (۲) أبو إسماعیل الترمذی عن یوسف بن یحیی القرشی البُوَیطی، عن الشافعی ہے۔

ربیع رحمہ اللہ نے جو اقوال امام شافعی رحمہ اللہ سے براہ راست سنے تھے، ان میں سے کچھ اقوال انھوں نے امام ترمذی رحمہ اللہ کے پاس لکھ کر بھیجے تھے، اور اپنی سند سے ان کو بیان کرنے کی اجازت دی تھی، پس سنن میں امام شافعی کے بعض اقوال ربیع عن الشافعی کی سند سے ہیں ——— لکھ کر حدیثیں بھیجنے کا نام مکاتبہ ہے، متقدمین کے

نزدیک مکاتبہ معتبر سمجھا جاتا تھا، صریح اجازت ضروری نہیں تھی۔ اور متأخرین کے نزدیک شیخ کا صرف لکھ کر حدیثیں بھیج دینا کافی نہیں، روایت کرنے کی صریح اجازت ضروری ہے۔ ورنہ اب تو کتابیں چھپتی ہیں، ہر شخص چھپی ہوئی کتاب کو لے کر روایت شروع کردے گا۔

۵- امام احمد اور امام اسحاق کی اسانید: امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کے اکثر اقوال کی سند یہ ہے: إسحاق بن منصور، عن أحمد وإسحاق. امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ان کے جو اقوال أبواب الحج، أبواب الديات، اور أبواب الحدود میں ہیں وہ میں نے اسحاق بن منصور سے محمد بن موسیٰ الاصم کے واسطہ سے سنے ہیں۔ یعنی ان تین ابواب میں امام احمد واسحاق کے اقوال کی سند یہ ہے: محمد بن موسى الأصم، عن إسحاق بن منصور، عن أحمد وإسحاق —— اور حضرت اسحاق کے بعض اقوال کی سند یہ ہے: محمد بن أفلح، عن إسحاق.

وَمَا ذَكَرْنَا فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ مِن اختيار الفُقَهَاءِ: فَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ سُفْيَانَ فَأَكْثَرُه: ما حَدَّثَنا به محمد بْنُ عُثْمَانَ الْكُوْفِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ سُفْيَانَ: وَمِنْهُ مَا حَدَّثَنِيْ بِهِ:أَبُوْ الْفَضْلِ مَكْتُوْمُ بْنُ الْعَبَّاسِ التِّرْمِذِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ.

وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فَأَكْثَرُهُ:مَا حَدَّثَنَا بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى الْقَزَّازُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ: وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ أَبْوَابِ الصَّوْمِ.فَأَخْبَرَنَا بِهِ: أَبُوْ مُصْعَبٍ الْمَدَنِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ.وَبَعْضُ كَلَامِ مَالِكٍ: مَا أَخْبَرَنَا بِهِ: مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ القَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ.

وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، فَهُوَ:مَا حَدَّثَنَا بِهِ: أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الآمُلِيُّ، عَنْ أَصْحَابِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْهُ: مِنْهُ: مَارَوَى عَنْ أَبِيْ وَهْبٍ مُحَمَّدِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، وَمِنْهُ: مَارَوَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، وَمِنْهُ: مَارُوَى عَنْ عَبْدَانَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، وَمِنْهُ: مَارَوَى عَنْ حِبَّانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ ابْنِ الْمُبَارَكِ، وَمِنْهُ: مَارَوَى عَنْ وَهْبِ بْنِ زَمْعَةَ، عَنْ فَضَالَةَ النَّسَوِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ؛ وَلَهُ رِجَالٌ مُسَمَّوْنَ سِوَى مَنْ ذَكَرْنَا عَنْ ابْنِ الْمُبَارَكِ.

وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ الشَّافِعِيِّ، فَأَكْثَرُهُ: ما أَخْبَرَنِيْ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ عَنِ الشَّافِعِيِّ. وَمَا كَانَ مِنَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلَاةِ: حَدَّثَنَا بِهِ: أَبُوْ الْوَلِيْدِ الْمَكِّيُّ، عَنِ الشَّافِعِيِّ، وَمِنْهُ: مَا حَدَّثَنَا بِهِ: أَبُوْإِسْمَاعِيْلَ التِّرْمِذِيُّ، ثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَحْيَى الْقُرَشِيُّ الْبُوَيْطِيُّ، عَنِ الشَّافِعِيِّ، وَذُكِرَ فِيْهِ أَشْيَاءُ عَنِ الرَّبِيْعِ عَنِ الشَّافِعِيِّ، وَقَدْ أَجَازَ لَنَا الرَّبِيْعُ ذٰلِكَ وَكَتَبَ بِهِ إِلَيْنَا.

وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ قَوْلِ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَإِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، فَهُوَ:مَا أَخْبَرَنَا بِهِ: إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ،

عَنْ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، إِلَّا مَا فِيْ أَبْوَابِ الْحَجِّ وَالدِّيَاتِ وَالْحُدُوْدِ، فَإِنِّيْ لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ إِسْحَاقَ بْنِ مَنْصُوْرٍ، وَأَخْبَرَنِيْ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْأَصَمُّ، عَنِ إِسْحَاقَ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنْ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ. وَبَعْضُ كَلَامِ اسْحَاقَ، أَخْبَرَنَا بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ أَفْلَحَ، عَنِ إِسْحَاقَ. وَقَدْ بَيَّنَّا هٰذَا عَلٰى وَجْهِهِ فِيْ الْكِتَابِ الَّذِيْ فِيْهِ الْمَوْقُوْفُ.

ترجمہ: اور فقہاء کے وہ پسندیدہ اقوال جو ہم نے اس کتاب میں بیان کئے ہیں: پس سفیان ثوری کے اکثر اقوال اس کتاب میں وہ ہیں جو ہم سے بیان کئے ہیں محمد بن عثمان کوفی نے الخ ـــــ اور بعض اقوال وہ ہیں جو مجھ سے بیان کئے ہیں ابو الفضل مکتوم بن العباس ترمذی نے الخ ـــــ اور امام مالک کے اکثر اقوال جو اس کتاب میں ہیں وہ ہم سے بیان کئے ہیں اسحاق بن موسی انصاری نے الخ ـــــ اور ابواب الصوم میں جو اقوال ہیں اس کی ہمیں ابو مصعب مدنی نے اطلاع دی ہے ـــــ اور امام مالک کے بعض اقوال وہ ہیں جو ہمیں بتائے ہیں موسیٰ بن حزام نے الخ۔

اور ابن المبارک کے جو اقوال ترمذی میں ہیں وہ وہ ہیں جو ہم سے بیان کئے ہیں: احمد بن عبدۃ آملی نے، ابن المبارک کے مختلف شاگردوں سے روایت کرتے ہوئے، وہ تمام تلامذہ ابن المبارک سے روایت کرتے ہیں، ان اقوال میں سے بعض وہ ہیں جو روایت کئے ہیں: ابو وہب محمد بن مزاحم کے واسطہ سے، اور بعض وہ ہیں جو روایت کئے ہیں علی بن الحسن کے واسطہ سے، اور بعض وہ ہیں جو روایت کئے ہیں عبدان، عن سفیان بن عبد الملک کے واسطہ سے، اور بعض وہ ہیں جو روایت کئے ہیں: حبان بن موسیٰ کے واسطہ سے، اور بعض وہ ہیں جو روایت کئے ہیں: وہب بن زمعۃ، عن فضالۃ النسوی کے واسطہ سے، اور ابن المبارک کے ان کے علاوہ بھی کچھ متعین شاگرد ہیں۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے اکثر اقوال جو اس کتاب میں ہیں وہ وہ ہیں جو مجھے بتلائے ہیں: حسن بن محمد زعفرانی نے ـــــ اور جو اقوال کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ میں ہیں وہ وہ ہیں جو ہم سے بیان کئے ہیں: ابو الولید مکی نے الخ، اور امام شافعی کے بعض اقوال وہ ہیں جو ہم سے بیان کئے ہیں ابو اسماعیل ترمذی نے۔

اور ترمذی میں امام شافعی رحمہ اللہ کے کچھ اقوال ربیع رحمہ اللہ کی سند سے بھی ذکر کئے گئے ہیں، جن کی ربیع رحمہ اللہ نے ہمیں اجازت دی ہے اور وہ اقوال ہمارے پاس لکھ کر بھیجے ہیں۔

اور امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کے بعض اقوال جو ترمذی میں ہیں وہ وہ ہیں جو ہمیں بتلائے ہیں اسحاق بن منصور نے امام احمد اور امام اسحاق سے روایت کرتے ہوئے۔ مگر وہ اقوال مستثنیٰ ہیں جو ابواب الحج اور ابواب الدیات اور ابواب الحدود میں ہیں، وہ اقوال میں نے اسحاق بن منصور سے نہیں سنے۔ وہ مجھے محمد بن موسیٰ اصم نے بتائے ہیں۔

اور امام اسحاق کے بعض اقوال ہمیں محمد بن افلح نے بتائے ہیں:

قولہ وقد بینا ھذا علی وجھہ إلخ یعنی ہم نے ان اقوال کو جو ترمذی میں بے سند لکھے ہیں ان میں سے ہر

قول کواس کی خاص سند کے ساتھ کتاب الموقوف میں لکھا ہے۔ کتاب الموقوف: امام ترمذی رحمہ اللہ کی ایک ضخیم کتاب ہے جس میں احادیث موقوفہ، مقطوعہ اوراقوال فقہاء ودیگر مضامین لکھے ہیں۔ اس کتاب میں فقہاء کے ہر قول کواس کی خاص سند کے ساتھ بیان کیا ہے، پس جوفقہاء کے ہر قول کی علحدہ سند جاننے کا خواہش مند ہووہ کتاب الموقوف کا مطالعہ کرے۔ مگر یہ کتاب اب ناپید ہے، دنیا کے کسی کتب خانہ میں اس کا وجود معلوم نہیں۔

تیسری بات: حدیث کی علتوں اوراحوال رواۃ کا ماخذ

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی اس کتاب میں جوبعض روایتوں کی علتیں (خرابیاں) بیان کی ہیں یا بعض راویوں پر کلام کیا ہے یاان کے تاریخی احوال بیان کئے ہیں ان کا مأخذ امام بخاری رحمہ اللہ کی التاریخ الکبیر ہے۔ یہ کتاب اب چھپ چکی ہے اوراس سلسلہ کی بیشتر باتیں وہ ہیں جوامام بخاری رحمہ اللہ سے رُودررُو گفتگو کرکے استفادہ کی ہیں۔ اورکچھ باتیں امام دارمی اورامام ابوزرعہ رازی رحمہما اللہ سے رُودررُو گفتگو میں حاصل کی ہیں۔

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عراق اورخراسان میں حدیث کی علتوں، راویوں کے حالات اورسندوں کی معرفت میں امام بخاریؒ سے بڑا عالم میں نے کوئی نہیں دیکھا، یعنی امام بخاری رحمہ اللہ کواس سلسلہ میں یدطولی حاصل تھا۔

وَمَا كَانَ فِيْهِ مِنْ ذِكْرِ الْعِلَلِ فِيْ الْأَحَادِيْثِ وَالرِّجَالِ وَالتَّأْرِيْخِ: فَهُوَ مَا اسْتَخْرَجْتُهُ مِنْ كِتَابِ التَّأْرِيْخِ، وَأَكْثَرُ ذٰلِكَ مَا نَاظَرْتُ بِهِ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ، وَمِنْهُ: مَانَاظَرْتُ بِهِ عَبدَ اللهِ بْنَ عبدِ الرَّحْمٰنِ، وَأَبَا زُرْعَةَ، وَأَكْثَرُ ذٰلِكَ عَنْ مُحمدٍ، وَأَقَلُّ شَيْئٍ فِيْهِ عَن عبدِ اللهِ وَأَبِيْ زُرعَةَ، وَلَمْ أَرَ أَحَدًا بِالْعِرَاقِ وَلاَ بِخُرَاسَانَ فِي مَعنى الْعِلَلِ وَالتَّارِيْخِ وَمَعْرِفَةِ الْأَسَانِيْدِ كَبِيرَ أَحَدٍ أَعْلَمَ مِن مُحمدِ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ.

ترجمہ: اورجو باتیں ترمذی میں ہیں، یعنی حدیثوں کی علتوں اوررواۃ اورتاریخی حالات کا تذکرہ، پس وہ باتیں میں نے کتاب التاریخ سے نکالی ہیں۔ اوران میں سے بیشتر وہ باتیں ہیں جن کے بارے میں میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے بحث کی ہے (ناظرت به فلاناً کسی معاملہ میں بحث کرنا، غوروفکر کرکے صحیح بات تک پہنچنا) اوران میں سے کچھ باتیں وہ ہیں جن کے بارے میں میں نے امام دارمی اورابوزرعہ سے بحث کی ہے اوران میں سے بیشتر امام بخاریؒ سے مروی ہیں اورترمذی میں اس سلسلہ کی کچھ باتیں دارمی اورابوزرعہ سے مروی ہیں۔ اورنہیں دیکھا میں نے کسی کوعراق میں اورنہ خراسان میں حدیث کی علتیں جاننے میں اورراویوں کے حالات کی معرفت میں، اورسندوں کے جاننے میں کسی بھی بڑے آدمی کوجوامام بخاری سے اس سلسلہ میں زیادہ علم رکھتا ہو۔

قوله وأكثر ذٰلك: یہ تکرار ہے —— **قوله ولم أر أحداً** یعنی تین باتوں میں امام بخاری رحمہ اللہ کو بلند مقام

حاصل تھا: ایک علل خفیہ جاننے میں۔ دوم: راویوں کے احوال جاننے میں۔ سوم: اسانید کی معرفت میں —— قوله کبیر أحد: مرکبِ اضافی ہے مگر درحقیقت مرکبِ توصیفی ہے، یعنی کسی بڑے کو، ظاہر ہے بڑے کے ساتھ مقابلہ بڑے ہی کا کیا جاتا ہے۔ عام آدمی کا نہیں کیا جاتا اس لئے یہ لفظ بڑھایا ہے۔

چوتھی بات: ترمذی میں فقہاء کے اقوال احادیث کی علتیں

اور رواۃ کے احوال بیان کرنے کی وجہ:

امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ کتاب تدوینِ حدیث کے تیسرے دور کی ہے، اس دور میں فنِ حدیث میں جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان میں مجتہدین کے اقوال، احادیث میں پائی جانے والی پوشیدہ خرابیاں اور راویوں کے حالات کا تذکرہ نہیں کیا گیا ہے، تدوینِ حدیث کے پہلے اور دوسرے دور کی کتابوں میں بھی یہ باتیں مذکور نہیں ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ کتاب انوکھے انداز پر لکھی ہے۔ امام ترمذیؒ اس کی وجہ بیان کرتے ہیں کہ اس کا مجھ سے مطالبہ کیا گیا، مگر میں نے عرصہ تک ایسا کام کرنے کی ہمت نہ کی۔ کیونکہ حدیث کی کتاب میں یہ مضامین شامل نہیں کئے جاتے تھے مگر عرصہ کے بعد مجھے شرح صدر ہوگیا کہ ایسا کرنے میں نفع ہی نفع ہے، کیونکہ متعدد محدثین نے ایسی تصنیفات کی زحمت اٹھائی ہے جس کی نظیر پہلے سے موجود نہیں تھی۔ اس کے بعد چند محدثین کے نام لکھے ہیں جو اونچے پایہ کے علم وفضل کے مالک ہیں۔ انھوں نے فنِ حدیث میں کتابیں لکھی ہیں، جن سے اللہ نے لوگوں کو بیحد فائدہ پہنچایا ہے۔ اور وہ کتابیں ان کے لئے صدقہ جاریہ ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے بھی ان حضرات کی پیروی کی ہے اور اہل علم کی درخواست کی وجہ سے یہ سب مضامین اپنی کتاب میں شامل کئے ہیں جس کی وجہ سے کتاب کا نفع بیحد بڑھ گیا ہے۔

وَإِنَّمَا حَمَلَنَا عَلٰى مَا بَيَّنَّا فى هٰذا الكتابِ من قولِ الفقهاءِ وَعِلَلِ الْحَديثِ: لِأَنَّا سُئِلْنَا عن هٰذا فَلَمْ نَفْعَلْهُ زَمَانًا، ثُمَّ فَعَلْنَاهُ لِمَا رَجَوْنَا فِيهِ مِن مَّنْفَعَةِ النَّاسِ، لِأَنَّا قَد وَجَدْنَا غَيْرَ وَاحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ تَكَلَّفُوْا مِن التَّصْنِيْفِ مَالَمْ يُسْبَقُوْا إِلَيْهِ.

مِنْهُمْ: هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، وعَبدُ الملكِ بْنُ عَبدِ العزيزِ بنِ جُرَيْجٍ، وسعِيدُ بنُ أَبِىْ عَرُوْبَةَ، ومالكُ بْنُ أَنَسٍ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَعبدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ويَحْيَى بنُ زَكَرِيَا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، وَوَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، وعَبدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ وغَيْرُهُمْ مِن أهلِ العلمِ والفَضْلِ: صَنَّفُوْا. فَجَعَلَ اللّٰهُ فى ذٰلِكَ مَنْفَعَةً كَثِيْرَةً، وَلَهُمْ بِذٰلِكَ الثَّوَابُ الجَزِيْلُ عندَ اللّٰهِ، لِمَا نَفعَ اللّٰهُ بِه الْمُسْلِمِيْنَ، فَبِهِمُ الْقُدْوَةُ فِيْمَا صَنَّفُوْا.

ترجمہ: اور ہمیں ابھارا ان باتوں پر جو ہم نے اس کتاب میں بیان کی ہیں۔ یعنی مجتہدین کے اقوال اور حدیث کی

پوشیدہ خرابیاں: صرف اس بات نے کہ ہم سے اس سلسلہ میں درخواست کی گئی، مگر ہم نے اس پر ایک زمانہ تک عمل نہیں کیا۔ پھر ہم نے اس پر عمل کیا اس لئے کہ ہمیں اس میں لوگوں کے فائدہ کی امید ہے اس لئے کہ ہم نے متعدد ائمہ حدیث کو پایا، انھوں نے ایسی کتابیں لکھنے میں مشقت اٹھائی ہے جن کی پہلے سے نظیر نہیں تھی۔ ان میں سے ہشام بن حسان وغیرہ ہیں جو صاحبِ علم وفضل ہیں، جنھوں نے کتابیں لکھی ہیں۔ پس اللہ نے ان کتابوں میں بڑا فائدہ گردانا اوران کوان کتابوں کی وجہ سے اللہ کے یہاں بڑا ثواب ملا اس لئے کہ اللہ نے ان کتابوں کے ذریعہ مسلمانوں کو فائدہ پہنچایا، پس انہی کو میں نے اسوہ بنایا ہے ان کتابوں میں جو انھوں نے لکھی ہے۔ ان کتابوں میں سے آج صرف موطا مالک موجود ہے اس میں دو ثلث امام مالک کے اقوال ہیں۔ صرف ایک ثلث حدیثیں ہیں۔

قوله لما رجونا فيه: اس میں **ما**: مصدریہ ہے۔ **أی لرجائنا فيه** .... **قوله لأنا قد وجدنا**: یہ گویا ایک سوال مقدر کا جواب ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا انوکھے انداز پر تصنیف کرنا کوئی بدعت کا کام تو نہیں ہے؟ جواب: نہیں ہے کیونکہ نئے انداز پر کتابیں مشقت برداشت کر کے مذکور محدثین تصنیف کر چکے ہیں............ **قوله مالم يُسبقوا إليه**: وہ کتاب جس کی طرف وہ سبقت نہیں کئے گئے، یعنی پہلے سے اس کتاب کی نظیر موجود نہیں تھی۔

پانچویں بات: ضعیف راویوں پر جرح کرنا دین کی خیر خواہی ہے، غیبت نہیں

ضعیف (کمزور) راویوں پر جرح کرنا اوران کے ضعف کو بیان کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ امر مستحسن ہے، یہ کام غیبت میں شامل نہیں۔ اکابر تابعین نے دین کی حفاظت اوراحادیث کی صیانت کے لئے یہ کام کیا ہے، اور تمام علماء فقہاء اور محدثین کے نزدیک حفاظتِ حدیث کے لئے ایسا کرنا جائز ہے۔ حضرت حسن بصری اور حضرت طاؤس رحمہما اللہ نے معبدِ جہنی پر کلام کیا ہے۔ یہ شخص فرقہ قدریہ کا بانی تھا۔ ۸۰ھ میں قتل کیا گیا۔ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: معبدِ جہنی سے بچو، وہ خود بھی گمراہ ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے، اور طاؤس رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: ایک مرتبہ میں نے اس سے پوچھا: کیا تو اللہ پر افتراء کرتا ہے یعنی جھوٹ باندھتا ہے؟ تو اس نے جواب دیا: کُذِبَ عَلَيَّ: مجھ پر جھوٹ بولا گیا، یعنی لوگوں نے میری طرف غلط باتیں منسوب کی ہیں۔ اور حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے طلق بن حبیب پر کلام کیا ہے (یہ شخص عقیدۂ رجعت کا قائل تھا[1]) ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ سعید بن

(۱) شیعوں کے یہاں عقیدۂ رجعت کی مختلف تفسیریں ہیں: (۱) حضرت علی رضی اللہ عنہ بادلوں میں ہیں اوران کی اولاد میں سے جب کوئی شخص خروج کرتا ہے یعنی حکومتِ وقت سے بغاوت کرتا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ بادلوں میں سے پکار کر کہتے ہیں: تم بھی اس کے ساتھ خروج کرو، پس شیعہ کے ساتھ نکلتے ہیں۔ (۲) امام غائب محمد بن حسن عسکری کا سُرّ من رأی کے کنویں سے نکلنا رجعت ہے۔ (۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ کا دوبارہ زندہ ہوکر دنیا میں تشریف لانا رجعت ہے (فیض المنعم ص: ۱۰۱)

جبیر نے مجھے طلق بن حبیب کے پاس بیٹھا ہوا دیکھا تو فرمایا: اس کے ساتھ مت بیٹھا کرو۔ اور ابراہیم نخعی اور عامر شعبی رحمہما اللہ نے حارثِ اعور پر جرح کی ہے ـــــ اور ابن حبان: حارث اعور کے بارے میں فرماتے ہیں: کان غالیًا فی التَّشَیُّع واھیًا فی الحدیث: حارثِ اعور غالی قسم کا شیعہ اور احادیث میں ضعیف تھا۔ اور بعض ائمہ نے اس کی توثیق بھی کی ہے (فیض المنعم ص:۹۴)

مذکورہ علماء کے علاوہ دیگر اکابر محدثین نے بھی راویوں پر جرح کی ہے اور ان میں پائی جانے والی خرابیاں بیان کی ہیں۔ جن کے اسمائے گرامی کتاب میں ہیں۔ یہ حضرات یہ کام غیبت کے طور پر نہیں بلکہ دین اور احادیث کی حفاظت اور مسلمانوں کی خیر خواہی کے لئے کرتے تھے۔ پس جو لوگ محدثین پر جرح وتعدیل کے ذریعہ غیبت اور بہتان تراشی کا الزام لگاتے ہیں وہ برخود غلط ہیں۔

اس کی نظیر: قاضی کا درست فیصلہ تک پہنچنے کے لئے اور غلط فیصلہ سے بچنے کے لئے گواہوں کے احوال کی چھان بین کرنا ہے، قاضی کا یہ فعل غیبت اور عیب جوئی نہیں ہے بلکہ نیک مقصد لئے ہے، اس لئے یہ کام نہ صرف جائز ہے بلکہ ضروری ہے۔ اسی طرح ائمہ حدیث کا بعض راویوں پر جرح کرنا: مسلمانوں کو گمراہ، اہل ہویٰ، کذّاب، فاسق اور حدیثیں گھڑنے والوں کے چنگل سے بچانے کے لئے ہے اور صحیح حدیثوں کو غیر صحیح سے ممتاز کرنے کے لئے ہے اس لئے نہ صرف جائز بلکہ ضروری ہے۔

وَقَدْ عَابَ بَعْضُ مَن لَّا یَفْهَمُ عَلٰی أَهْلِ الحَدِیثِ الْکَلَامَ فی الرِّجَالِ، وقَدْ وَجَدْنَا غَیْرَ وَاحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ مِن التَّابعینَ قَد تَکَلَّمُوْا فی الرِّجَالِ، منهُم: الْحَسَنُ الْبَصْرِیُّ وَطَاوُوْسٌ، قَدْ تَکَلَّمَا فی مَعْبَدِ الْجُهَنِیِّ، وَتَکَلَّمَ سَعیدُ بنُ جُبَیْرٍ فی طَلْقِ بنِ حَبِیْبٍ، وتَکَلَّمَ إبراهیمُ النَّخَعِیُّ وعَامِرُ الشَّعْبِیُّ فی الحارِثِ الْأَعْوَرِ، وهٰکَذَا رُوِیَ عن أَیوبَ السَّخْتِیَانِیِّ وعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَوْن، وسُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ وشُعْبَةَ بنِ الْحَجَّاجِ، وسُفیَانَ الثَّوْرِیِّ، وَمَالكِ بنِ أَنسٍ، وَالْأَوْزَاعِیِّ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، ویَحیی بنِ سَعِیدٍ القَطَّانِ، وَوَکیعِ بنِ الجَرَّاحِ، وعَبدِ الرحمنِ بنِ مَهْدِیٍّ وغَیْرِهم مِن أهلِ العلمِ: تَکَلَّمُوْا فی الرِّجَالِ وَضَعَّفُوْا، فإِنَّمَا حَمَلَهُمْ علٰی ذٰلك عِندَنا– واللّٰهُ أَعْلَمُ– النَّصِیْحَةُ لِلْمُسْلِمِیْنَ، لَایُظَنُّ بهم أَنَّهُمْ أَرَادُوْا الطَّعْنَ علی النَّاسِ والغِیْبَةَ، إِنَّمَا أَرَادُوا عندَنا أَن یَّبَیِّنُوْا ضُعْفَ هٰؤُلَاءِ لِکَیْ یُعْرَفُوْا، لِأَنَّ بَعْضَ الَّذِیْنَ ضُعِّفُوْا کَانَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ، وبَعضُهُمْ کَانَ مُتَّهَمًا فی الحَدِیثِ، وبعضُهُم کانوا أصحابَ غَفْلَةٍ، وکَثْرَةِ خَطإٍ، فَأَرَادَ هٰؤُلَاءِ الْأَئِمَّةُ أَنْ یُّبَیِّنُوْا أَحوَالَهُمْ شَفْقَةً علی الدِّیْنِ وَتَثْبُّتًا، لِأَنَّ الشَّهَادَةَ فی الدِّیْنِ أَحَقُّ أَنْ یُّتَثَبَّتَ فِیْهَا، مِنَ الشَّهَادَةِ فِیْ الْحُقُوْقِ وَالْأَمْوَالِ.

ترجمہ: اور بعض ناسمجھ لوگوں نے محدثین پر راویوں میں کلام کرنے کی وجہ سے عیب لگایا ہے۔ حالانکہ ہم نے تابعین میں سے بہت سے ائمہ حدیث کو پایا ہے جنھوں نے راویوں میں کلام کیا ہے، جیسے: حسن بصری اور طاؤس نے معبد جُہنی میں کلام کیا ہے۔ اور سعید بن جبیر نے طلق بن حبیب میں کلام کیا ہے۔ اور ابراہیم نخعی اور عامر شعبی نے حارثِ اعور میں کلام کیا ہے۔ اور ایسا ہی روایت کیا گیا ہے ایوب سختیانی، عبداللہ بن عون، سلیمان تیمی، شعبۃ بن الحجاج، سفیان ثوری، امام مالک، امام اوزاعی، ابن المبارک، یحییٰ قطان، وکیع بن الجراح، اور ابن مہدی وغیرہ علماء سے، ان تمام حضرات نے راویوں پر کلام کیا ہے اور ان کی تضعیف کی ہے۔ ان حضرات کو اس کام پر ہمارے خیال میں ـــ اللہ بہتر جانتے ہیں ـــ صرف مسلمانوں کے ساتھ خیر خواہی نے ابھارا ہے۔ ان کے بارے میں یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ انھوں نے یہ کام لوگوں پر طعن وتشنیع اور ان کی غیبت کرنے کے لئے کیا ہے۔ ان حضرات کا ارادہ ہمارے خیال میں صرف یہ تھا کہ وہ ان راویوں کی کمزوری واضح کردیں تاکہ وہ پہچان لئے جائیں، اس لئے کہ بعض ضعیف رواۃ گمراہ فرقوں سے تعلق رکھتے تھے اور بعض حدیث میں متہم تھے، اور بعض حدیث سے غافل اور بہت زیادہ غلطی کرنے والے تھے، پس ان ائمہ نے چاہا کہ ان کے احوال بیان کردیں، دین پر شفقت اور روایت حدیث میں مضبوطی لانے کے لئے، اس لئے کہ دین کے معاملہ میں گواہی اس بات کی زیادہ حقدار ہے کہ اس میں تثبت سے کام لیا جائے، حقوق واموال کے معاملہ میں گواہی سے۔ یعنی احادیث میں راویوں کا تزکیہ زیادہ اہم ہے حقوق واموال کے معاملہ میں گواہوں کے تزکیہ سے۔

چھٹی بات: اسناد کی اہمیت اور کمزور راویوں پر جرح:

امام ترمذی رحمہ اللہ چند ائمہ کے اقوال بیان کرتے ہیں جن سے اسناد کی اہمیت اور کمزور راویوں پر جرح کا جواز ثابت ہوتا ہے۔

[۱-] وَأَخْبَرَنِیْ مُحمدُّ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ یَحْییٰ بنِ سَعیدٍ القَطَّانُ، ثنی أَبِیْ، قَالَ سَأَلْتُ سُفیانَ الثَّوْرِیَّ، وشُعْبَةَ، ومالكَ بنَ أَنَسٍ، وسُفیانَ بنَ عُیَیْنَةَ، عَنِ الرَّجُلِ یَکُوْنُ فِیْهِ تُهْمَةٌ أَوْ ضُعفٌ: أَسْکُتُ أَوْ أُبَیِّنُ؟ قَالُوْا: بَیِّنْ.

ترجمہ: یحییٰ قطان کہتے ہیں: میں نے سفیان ثوری، شعبہ، امام مالک، اور سفیان بن عیینہ سے اس راوی کے بارے میں دریافت کیا جس میں کوئی تہمت کی بات ہو یا کوئی دوسری کمزوری ہو: آیا میں خاموش رہوں یا اس کو بیان کروں؟ سب نے جواب دیا: بیان کرو (کیونکہ حفاظت حدیث کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے) قولہ: أَسْکُتُ: اس

میں ہمزۂ استفہام پوشیدہ ہے۔

[۲-] حَدَّثَنَا: محمدُ بنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ. نا يَحْيَى بنُ آدَمَ، قال قِيلَ لِأَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ: إِنَّ أُنَاسًا يَجْلِسُوْنَ، وَيَجْلِسُ إِلَيْهِمُ النَّاسُ. وَلاَ يَسْتَأْهِلُوْنَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ: كُلُّ مَن جَلَسَ جَلَسَ إِلَيْهِ النَّاسُ، وَصَاحِبُ السُّنَّةِ إِذَا مَاتَ أَحْيَى اللّٰهُ ذِكْرَهُ، وَالْمُبْتَدِعُ لاَ يُذْكَرُ.

ترجمہ: ابوبکر بن عیاش سے پوچھا گیا کہ کچھ لوگ (حدیث بیان کرنے کے لئے) بیٹھتے ہیں اوران کے پاس (حدیث سننے کے لئے) لوگ بیٹھتے ہیں۔ حالانکہ وہ اس کے اہل نہیں، ابوبکر بن عیاش نے فرمایا: جوبھی شخص بیٹھتا ہے اس کے پاس لوگ بیٹھتے ہیں یعنی ہرایک کوشاگرد مل جاتے ہیں: اور حدیث کا اہل جب انتقال کرتا ہے تو اللہ اس کا تذکرہ زندہ رکھتے ہیں اور گمراہ شخص کا کوئی تذکرہ باقی نہیں رہتا۔

وضاحت: ابوبکر بن عیاش رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا تھا کہ جوشخص اہلیت نہ ہونے کے باوجود درس وتدریس کی مجلس قائم کرتا ہے اورلوگوں کے سامنے احادیث بیان کرتا ہے، اورلوگ اس کومحدث سمجھتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟ اس کی مجلس میں جائیں یا نہ جائیں؟ ابوبکر نے جواب دیا: جب بھی کوئی شخص حدیثیں بیان کرنے کے لئے بیٹھتا ہے تو کچھ لوگ اس کوضرور مل جاتے ہیں اوراس کا حلقہ بن جاتا ہے، مگر یہ سلسلہ اس کی زندگی تک قائم رہتا ہے اس کے مرنے کے بعد اس کا تذکرہ باقی نہیں رہتا، اور جو اہل حق اور حدیث بیان کرنے کے اہل ہیں اللہ تعالیٰ ان کا نام قائم ودائم رکھتے ہیں اور ان کے فیض کوعام وتام کرتے ہیں ﴿أَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً وَأَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسُ فَيَمْكُثُ فِي الْأَرْضِ﴾ رہا میل کچیل تو وہ پھینک دیا جاتا ہے، اور جو چیز لوگوں کے لئے کارآمد ہے وہ چیز دنیا میں باقی رہتی ہے (الرعد:۱۷)

الکوکب الدری میں ابوبکر کے قول کی مراد یہ بیان کی گئی ہے کہ علماء کواس نام نہاد محدث سے اوراس کی احادیث سے بچنا چاہئے، اورلوگوں کوصحیح صورتِ حال سے واقف کرنا چاہئے تاکہ سادہ لوح مسلمان اس کے جال میں نہ پھنسیں، اوراس کی غلط باتیں لوگوں میں رائج نہ ہوں۔

[۳-] حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ علي بنِ الْحَسَنِ بنِ شَقِيْقٍ، نَا النَضْرُ بْنُ عبدِ اللّٰهِ الأَصَمُّ، نا إِسْمَاعِيْلُ بنُ زَكَرِيَّا، عن عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: كَانَ فِی الزَّمَنِ الْأَوَّلِ لاَ يَسْأَلُوْنَ عَنِ الإِسْنَادِ فَلَمَّا وَقَعَتِ الْفِتْنَةُ سَأَلُوْا عَنِ الإِسْنَادِ، لِكَیْ يَأْخُذُوْا حديثَ أَهْلِ السُّنَّةِ وَيَدَعُوْا حديثَ أهلِ البِدَعِ.

ترجمہ: ابن سیرین رحمہ اللہ نے فرمایا: دورِاول میں لوگ سند کے بارے میں نہیں پوچھتے تھے، پھر جب فتنہ واقع ہوا تولوگوں نے سند کا سوال شروع کیا۔ تاکہ اہل السنہ کی حدیثیں قبول کی جائیں اور گمراہوں کی حدیثوں سے بچا جائے۔

تشریح (۱): فتنہ سے مراد جنگِ صفین کے بعد کے حالات ہیں، جب شیعیت، ناصبیت (خارجیت) وغیرہ کی دعوت شروع ہوئی اس وقت جو صحابہ بقید حیات تھے انھوں نے اسنادِ حدیث کی داغ بیل ڈالی، اور راویوں کی جانچ پڑتال شروع کی۔

(۲) بدعت سے مراد: عقائد باطلہ ہیں۔ اور اصطلاح میں بدعتی وہ شخص ہے جو دین میں معروف بات کے خلاف کسی بات کا عقیدہ رکھے، اور نبی پاک ﷺ کی شریعت میں اور صحابہ کے اجماعی فیصلوں میں شک کرے (مگر انکار نہ کرے)

(۳) مبتدع کی روایت کے بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر اس کی گمراہی کفر کے درجہ تک پہنچی ہوئی ہو تو اس کی روایت لینا جائز نہیں، جیسے غالی شیعہ، یعنی باطنیہ، قرامطہ، امامیہ، یعنی اثنا عشریہ اور خطابیہ سے روایت کرنا جائز نہیں۔ اور اگر اس کی گمراہی فسق کے درجہ کی ہو، جیسے تفضیلی شیعہ کی گمراہی تو دیکھا جائے: اگر وہ اپنے مذہب کی طرف لوگوں کو دعوت دیتا ہے تو وہ معاند ہے، اور اصح مذہب یہ ہے کہ اس سے روایت جائز نہیں اور اگر وہ اپنے مذہب کی دعوت نہیں دیتا تو اس سے روایت کرنا جائز ہے۔

[٤-] حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ عَليِ بنِ الْحَسَنِ، قَالَ سَمِعْتُ عبدَانَ يقولُ: قَالَ عبدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ: الإِسْنَادُ عِنْدِى مِن الدِّيْنِ، لَولاَ الإِسْنَادُ لَقَالَ مَن شَاءَ: مَاشَاءَ، فِإِذَا قِيْلَ مَنْ حَدَّثَكَ؟ بَقِيَ!

ترجمہ: ابن المبارک نے فرمایا: اسناد میرے نزدیک دین میں شامل ہے، اگر اسناد نہ ہوتی تو جس کا جو جی چاہتا کہتا، پس جب اس سے پوچھا جاتا ہے کہ تجھ سے یہ حدیث کس نے بیان کی؟ تو وہ مبہوت رہ جاتا ہے!

وضاحت: ابن المبارک رحمہ اللہ نے اس قول میں اسناد کی اہمیت بیان کی ہے کہ طلبہ: حدیث کی سند کو غیر اہم نہ سمجھیں۔ کیونکہ حدیث کی حفاظت کے لئے اسناد ضروری ہے۔ اگر سند کو ضروری قرار نہیں دیا جائے گا تو ہر شخص جو چاہے گا نبی پاک ﷺ کی طرف نسبت کر کے بیان کر دے گا۔ یہ سند ہی ہے جو جھوٹوں کو لگام دیتی ہے، جب جھوٹی حدیث بیان کرنے والے سے سند پوچھی جائے گی تو وہ ہکا بکا ہو جائے گا اس کا پول کھل جائے گا۔

[٥-] حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ عليٍ، أَنَا حِبَّانُ بنُ مُوْسٰى، قَالَ: ذُكِرَ لعبدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ حَديثٌ فقال: يَحْتَاجُ لِهٰذَا أَرْكَانٌ مِّن آجُرٍّ يعنى أَنَّهُ ضَعَّفَ إِسْنَادَهُ:

ترجمہ: ابن المبارک رحمہ اللہ کے سامنے ایک حدیث کا تذکرہ کیا گیا، حضرت نے فرمایا: اس کے لئے پکّی اینٹوں کے ستونوں کی ضرورت ہے یعنی گویا آپ نے اس کی سند کو ضعیف قرار دیا (جرح کے مختلف انداز ہیں، ایک انداز یہ بھی ہے)

[٦-] حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ، نَاوَهْبُ بْنُ زَمْعَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ الْمُبَارَكِ، أَنَّهُ تَرَكَ حَديثَ الْحَسَنِ بنِ عُمَارَةَ، والحَسَنِ بنِ دِيْنَارٍ، وإِبْرَاهِيْمَ بنِ مُحمدٍ الأَسْلَمِيِّ، ومُقَاتِلِ بنِ سُلَيْمَان، وعُثمَانَ الْبُرِّيِّ. وَرَوْحِ بْنِ مُسَافِرٍ، وَأَبِي شَيْبَةَ الواسِطِيِّ، وعَمرِو بنِ ثَابِتٍ، وَأيوبَ بنِ خَوْطٍ، وأَيوبَ بنِ سُوَيْدٍ، ونَصْرِ بنِ طَرِيْفٍ أَبِي جَزْءٍ، وَالْحَكَمِ، وَحَبِيْبٍ؛ وَالْحَكَمُ: رَوَى لَهُ حديثًا في كتابِ الرِّقَاقِ، ثُمَّ تَرَكَهُ، وحَبِيْبٌ لاَ أَدْرِيْ.

ترجمہ: وہب بن زَمعہ: ابن المبارک سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے تیرہ راویوں کی حدیثوں کو چھوڑ دیا تھا: (۱) حسن بن عُمارہ (البَجَلي أبو محمد الكوفي: بغداد کے قاضی تھے مگر روایتِ حدیث میں نہایت ضعیف تھے بلکہ متروک قرار دیئے گئے ہیں۔ بخاری میں ان سے تعلیقاً اور ترمذی وابن ماجہ میں ان کی روایت ہے) (۲) اور حسن بن دینار (أبو سعيد تميمي: امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: یحییٰ قطان، ابن المبارک، وکیع اور ابن مہدی وغیرہ محدثین اس راوی پر بھروسہ نہیں کرتے تھے) (۳) اور ابراہیم بن محمد الاسلمی (أبو إسحاق المدني: فرقۂ جہمیہ سے تعلق رکھتا تھا نہایت کمزور راوی ہے) (۴) اور مقاتل بن سلیمان (صاحبُ التفسير أبو الحسن البلخي: ابن المبارک نے فرمایا: اگر یہ شخص ثقہ ہوتا تو فن تفسیر میں امام شمار کیا جاتا۔ امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: جہمیہ نے تشبیہ کی نفی میں افراط سے کام لیا ہے، یہاں تک کہ اللہ کے بارے میں کہہ دیا: اللّٰہ ليس بشيئ. اور مقاتل نے تفریط سے کام لیا ہے، یہاں تک کہ اللہ کو مخلوق کے مانند کر دیا) (۵) اور عثمان (بنَ مقسم) البُرِّی (أبو سلمة الكندي البصري: یحییٰ قطان وغیرہ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے) (۶) اور روح بن مسافر (أبو البشر البصري: ثقہ رواۃ کی طرف نسبت کر کے حدیثیں بیان کرتا تھا) (۷) اور أبو شيبة الواسطي (عبد الرحمن بن إسحاق: اکثر محدثین کے نزدیک متروک ہے، مگر ابوداؤد اور نسائی میں اس کی روایت ہے) (۸) اور عمرو بن ثابت (یہ شخص علماءِ سلف کو گالیاں دیتا تھا) (۹) اور أيوب بن خَوْط (أبو أمية البصري: محدثین کے نزدیک قابل بھروسہ نہیں) (۱۰) اور أيوب بن سُويد (أبو مسعود رَمَلي: ابن المبارک نے فرمایا: ارْمِ به: اس کی روایات ردی کی ٹوکری میں پھینک دو، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ کا راوی ہے) (۱۱) اور نصر بن طريف أبي جَزْء (القصَّاب: واضعین حدیث میں سے ہے) (۱۲) اور حَکَم (بن عبد الله بن سعيد الأيلي: نہایت متروک راوی ہے) (۱۳) اور حبیب (بن ثابت: مجہول راوی ہے) کی حدیثوں کو ابن المبارک نے ترک کر دیا ہے، اور حکم سے ایک حدیث ابن المبارک نے كتاب الزهد والرقاق میں روایت کی ہے پھر اس سے روایت لینا چھوڑ دیا (یعنی جب اس کے حالات کا پورا علم نہیں تھا، اس کی روایت لی تھی، پھر جب صحیح صورتِ حال معلوم ہوئی تو ابن المبارک نے اس سے روایت لینا ترک کر دیا۔ اور امام

ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور حبیب کو میں نہیں جانتا (کہ کون ہے؟)

[٧-] قَالَ أحمدُ بنُ عَبْدَةَ: وسَمعتُ عَبدانَ قَالَ: كانَ عبدُ اللّٰهِ بْنُ المباركِ قَرَأَ أحاديثَ بَكرِبنِ خُنَيْسٍ، وكان أَخِيْرًا إِذَا أَتیٰ عَلَيْهَا أَعْرَضَ عَنها، وكان لا يَذْكُرُهُ.

ترجمہ: عبدان کہتے ہیں: ابن المبارک نے بکر بن خنیس کی حدیثیں پڑھی تھیں (یعنی طلبہ کے سامنے بیان کی تھیں) لیکن آخر میں جب (اپنی کتاب میں) اس کی روایتوں پر سے گذرتے تو ان سے اعراض کرتے اور ان روایتوں کو بیان نہیں کیا کرتے تھے (یعنی اس کی روایات کو بھی ترک کردیا تھا)

[٨-] قال أحمدُ: وثنا أبو وَهبٍ، قال: سَمَّوا لعبدِ اللّٰهِ بْنِ الْمباركِ رَجُلاً يَهِمُ فی الحَديثِ فقال لَأَنْ أَقْطَعَ الطَّريقَ أَحبُّ إِلَیَّ مِن أنْ أُحَدِّثَ عَنْهُ.

ترجمہ: ابو وہب کہتے ہیں: لوگوں نے ابن المبارک کے سامنے ایک ایسے شخص کا تذکرہ کیا جو حدیث میں غلطی کرتا تھا، آپ نے فرمایا: ''مجھے ڈاکہ زنی زیادہ پسند ہے اس سے کہ اس سے حدیث روایت کروں!''

[٩-] وَأَخْبَرَنِیْ مُوسَی بنُ حِزَامٍ قال: سَمِعتُ يَزِيدَ بنَ هَارُوْنَ، يقُوْلُ: لَا يَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَّرْوِیَ عن سُلَيْمَانَ بنِ عَمرٍو النَّخعِیِّ الْكُوْفِیِّ.

ترجمہ: یزید بن ہارون نے فرمایا: کسی بھی شخص کے لئے جائز نہیں کہ سلیمان بن عمرو نخعی کوفی سے حدیث روایت کرے (کیونکہ یہ شخص حدیثیں گڑھتا تھا، چنانچہ متقدمین ومتاخرین اس کی روایت سے اجتناب کرتے تھے)

[١٠-] [حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، حدثنا أبو يَحْيیٰ الْحِمَّانِیُّ، قال: سَمعتُ أَبا حنيفةَ يَقولُ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْذَبَ منِ جابرٍ الجُعْفِیِّ وَلَا أَفْضَلَ منِ عَطَاءِ بنِ أَبی رَبَاحٍ: قال أبُو عيسى: وسمِعتُ الجَارُوْدَ، يقولُ: سمِعتُ وكيعاً يقولُ: لَولَا جَابِرٌ الجُعفِیُّ لَكَانَ أَهْلُ الْكُوْفَةِ بِغيْرِ حديثٍ، ولَولَا حَمَّادُ لَكَانَ أَهْلُ الْكُوْفَةِ بغيْرِ فِقْهٍ]

ترجمہ: ابو یحییٰ حمانی کہتے ہیں: میں نے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے جابر جعفی سے بڑا جھوٹا کوئی نہیں دیکھا، اور عطاء بن ابی رباح سے افضل کوئی نہیں دیکھا، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے جارود سے سنا، وہ کہتے ہیں کہ میں نے وکیع رحمہ اللہ سے سنا کہ اگر جابر جعفی نہ ہوتا تو کوفہ والے بغیر حدیث کے ہوتے

(یعنی کوفہ کے محدثین کے پاس حدیثیں جابر جعفی کی دَین ہیں) اور اگر حماد بن ابی سلیمان نہ ہوتے تو کوفہ والوں کے پاس فقہ نہ ہوتی (یعنی کوفہ والوں کی فقہ حضرت حماد کی دَین ہے)

تشریح: ابوعبداللہ جابر بن یزید جعفی کوفی (متوفی ۱۶۷ھ) مشہور ضعیف راوی ہے، ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ کا راوی ہے، پہلے یہ شخص ٹھیک تھا، پھر سبائی شیعہ ہوگیا تھا، چنانچہ بعض ائمہ نے سابق احوال کے اعتبار سے اس کی توثیق کی ہے، اور اس کی روایتیں لی ہیں، اور دوسرے حضرات نے آخری احوال کا اعتبار کرکے اس پر جرح کی ہے، اور اس کی روایتیں ترک کردی ہیں، چنانچہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس پر جرح کی ہے اور امام وکیع نے اس کو آسمان پر چڑھایا ہے (یہ عبارت ہندوستانی نسخہ میں نہیں ہے۔ مصری نسخہ سے اور ابن رجب کی شرح علل سے بڑھائی گئی ہے)

[۱۱-] وسَمِعتُ أحمدَ بنَ الْحسَنِ، يقولُ: كُنَّا عند أَحْمَدَ بنِ حَنْبَلٍ، فَذَكَرُوْا: مَن تَجِبُ عَلَيْهِ الجُمُعَةُ؟ فذَكَرُوْا فِيْهِ: عَن بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَغيْرِهِمْ، فَقُلْتُ: فِيْهِ عن النَّبِيِّ صَلى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حديثٌ، فقَالَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلتُ: نَعَمْ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بنُ نُصَيْرٍ، نا المُعَارِكُ بنُ عَبَّادٍ، عن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَعيدٍ المَقْبُرِيِّ، عن أبيهِ، عن أَبِى هُريرةَ، قال: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "الجُمُعَةُ عَلٰى مَنْ آوَاهُ اللَّيْلُ إِلٰى أَهْلِه" قَالَ: فَغضِبَ عَلَيَّ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ وقال: اسْتَغْفِرْ رَبَّكَ! اسْتَغْفِرْ رَبَّكَ! مَرَّتَيْنِ، وإِنَّما فَعَلَ هٰذا أحمدُ بنُ حَنبلٍ، لِأَنَّهُ لَم يُصَدِّقْ هٰذا عَن النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِضُعْفِ إِسْنَادِهِ، لِأَنَّهُ لم يَعْرِفْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؛ والحَجَّاجُ بنُ نُصَيْرٍ يُضَعَّفُ فى الحديثِ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ سعيدٍ المَقْبُرِيُّ: ضَعَّفَهُ يَحْيَى بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ جِدًّا فى الحَديثِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے احمد بن الحسن سے سنا وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ امام احمد کے پاس تھے، پس لوگوں نے اس کا تذکرہ کیا کہ جمعہ کس پر واجب ہے؟ پس انھوں نے اس مسئلہ میں بعض تابعین وغیرہ کے اقوال ذکر کئے، تو میں نے کہا: اس مسئلہ میں نبی پاک ﷺ سے حدیث مروی ہے، احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا: نبی پاک ﷺ سے؟ میں نے کہا: ہاں! ہم سے حدیث بیان کی حجاج بن نصیر نے معارک بن عباد سے، اس نے عبداللہ بن سعید مقبری سے، اس نے اپنے باپ سے اس نے حضرت ابوہریرہ سے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: "جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر والوں میں ٹھکانا دے" یعنی جمعہ پڑھ کر پیدل روانہ ہو تو غروب آفتاب سے پہلے اپنے گھر پہنچ جائے۔ احمد بن الحسن کہتے ہیں یہ حدیث سن کر امام احمد مجھ پر غصہ ہوئے اور فرمایا: توبہ کرو! توبہ کرو!! دو مرتبہ فرمایا۔ اور امام احمد بن حنبل نے ایسا اس لئے کیا کہ انھوں نے اس حدیث کو نبی ﷺ کی حدیث تسلیم نہیں کیا اس کی سند کی کمزوری کی وجہ سے (اور) اس وجہ سے کہ امام احمد نے اس حدیث کو (کسی اور سند سے) نبی ﷺ سے نہیں

پہچانا۔ اور حجاج بن نصیر حدیث میں ضعیف قرار دیا جاتا ہے۔ اور عبداللہ بن سعید مقبری کو امام یحیٰ قطان نے حدیث میں نہایت ضعیف قرار دیا ہے۔ یعنی ان دو راویوں کے ضعف کی وجہ سے امام احمد نے اس حدیث کو قابل اعتبار نہیں سمجھا۔

ساتویں بات: وہ رواۃ جن کی حدیثیں قابل استدلال نہیں:

امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ مضمون بہت ہی مختصر لکھا ہے فرماتے ہیں: اگر کسی راوی پر جھوٹ کا الزام ہو یا وہ حدیث کو یاد رکھنے سے غفلت برتتا ہو جس کی وجہ سے اس کی تضعیف کی گئی ہو یا اس کی بیان کی ہوئی حدیثوں میں بہت غلطیاں پائی جاتی ہوں اور صرف وہی اس حدیث کا راوی ہو تو اس حدیث سے استدلال نہیں کیا جائے گا، یعنی احکام شرعیہ میں اس کی حدیث حجت نہیں ہوگی۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ راویوں پر جو اعتراضات کئے جاتے ہیں، جو قبول حدیث کے لئے مانع ہوتے ہیں ان کو اصولِ حدیث کی اصطلاح میں طعن کہتے ہیں اور طعن دس ہیں: پانچ عدالت سے متعلق اور پانچ ضبط سے متعلق ہیں۔

عدالت اس وصف کا نام ہے جس کی وجہ سے آدمی نیک اور دیندار سمجھا جاتا ہے، یعنی کبائر سے بچنا، صغائر پر نہ اڑنا اور خلاف مروت باتوں سے پرہیز کرنا، عدالت کا ترجمہ دینداری بھی کر سکتے ہیں ——— اور ضبط کے معنی ہیں اچھی طرح محفوظ کرنا اور یاد رکھنا، ضبط کی دو قسمیں ہیں: ضبط الصدر اور ضبط الکتابہ، دماغ میں اچھی طرح محفوظ رکھنا ضبط الصدر کہلاتا ہے اور کاپی میں اچھی طرح لکھ رکھنا ضبط الکتابہ کہلاتا ہے۔

آدمی کی عدالت (دینداری) پانچ باتوں سے متاثر ہوتی ہے: کذب، تہمت کذب، فسق، جہالت اور بدعت۔

کذب: نبی پاک ﷺ کی طرف بالقصد کوئی ایسی بات منسوب کرنا جو آپ نے نہیں فرمائی یا نہیں کی، جس راوی پر یہ اعتراض ہوتا ہے اس کی روایت ''موضوع'' کہلاتی ہے ——— تہمتِ کذب: یعنی جھوٹ کا الزام، یہ اعتراض اس راوی پر کیا جاتا ہے جس سے حدیث میں جھوٹ بولنا تو ثابت نہیں مگر کچھ ایسے قرائن پائے جاتے ہیں جن سے کذب کا خیال پیدا ہوتا ہے، اور یہ الزام دو طرح سے لگتا ہے: اول: راوی کوئی ایسی حدیث بیان کرے جو شریعت کے قواعد معلومہ کے خلاف ہو۔ دوم: راوی کا حدیث کے علاوہ دیگر باتوں میں جھوٹ بولنا ثابت ہو۔ پس خیال پیدا ہوگا کہ شاید وہ حدیث میں بھی جھوٹ بولتا ہو اس لئے جس راوی پر یہ طعن ہو اس کی روایت متروک (چھوڑی ہوئی) ہوتی ہے ——— فسق: یعنی بددین ہونا۔ یہ اعتراض اس راوی پر کیا جاتا ہے جو کسی قولی یا فعلی کبیرہ گناہ کا مرتکب ہو یا موہم کفر کلمات بکتا ہو یا گالی گلوچ کرتا ہو یا گناہ صغیرہ کا عادی ہو ——— جہالت: یعنی راوی کا حال معلوم نہ ہو کہ ثقہ ہے یا غیر ثقہ ——— بدعت: کسی اعتقادی گمراہی میں مبتلا ہونا۔ یعنی مسلمانوں میں جو گمراہ فرقے پیدا ہوئے ہیں ان میں شامل ہونا۔ اصول حدیث کی اصطلاح میں بدعت کے یہی معنی ہیں۔ اور شریعت کی اصطلاح میں بدعت ایسی

نئی بات پیدا کرنے کا نام ہے جس کی کوئی اصل قرآن وحدیث میں اور خیر القرون میں نہ ہو۔

اور پانچ اعتراض ضبط سے متعلق ہیں: فُحش غلط: یعنی حدیث میں غلطیوں کی زیادتی، کثرتِ غفلت، وہم، مخالفتِ ثقات، اور سوء حفظ۔ یعنی حافظہ کا اچھا نہ ہونا —— فحش غلط: کا اعتراض اس راوی پر کیا جاتا ہے جس کی احادیث میں غلط بیانی صحت بیانی سے زائد ہو —— کثرت غفلت: یعنی بہت زیادہ غفلت، یہ اعتراض اس راوی پر کیا جاتا ہے جو حدیث کو محفوظ کرنے سے اکثر غفلت برتتا ہو —— وہم: یعنی بھول کر غلطی کرنا، سند میں یا متن میں تغیر وتبدیل کر دینا۔ مثلاً: حدیثِ مرسل یا منقطع کو متصل کر دینا، یا ایک حدیث کے ٹکڑے کو دوسری حدیث میں داخل کر دینا، یا حدیث میں کمی بیشی کرنا یا ضعیف راوی کو ثقہ راوی سے بدلنا، جس راوی کی حدیث میں وہم پایا جاتا ہے اس کی حدیث مُعلّل کہلاتی ہے یعنی وہ حدیث جس میں کوئی پوشیدہ خرابی پائی جاتی ہے —— مخالفت ثقات: یعنی ثقہ راوی کے خلاف روایت کرنا اس کی چھ صورتیں ہیں تفصیل کے لئے تحفۃ الدرر دیکھیں —— سوء حفظ: یعنی یادداشت کی کمزوری یہ اعتراض اس راوی پر کیا جاتا ہے جس کی غلط بیانی حافظے کی خرابی کی وجہ سے صحت بیانی سے زائد یا برابر ہو۔

فائدہ: عدالت سے متعلق اسباب طعن کا مجموعہ کَتْ فَجَبْ ہے ک: سے کذب، ت: سے تہمت کذب، ف: سے فسق، ج: سے جہالت اور ب: سے بدعت مراد ہے —— اور ضبط سے متعلق اسباب طعن کا مجموعہ فَكْ وَمَسْ ہے۔ ف: سے فحش غلط، ک: سے کثرتِ غفلت، و: سے وہم، م: سے مخالفت ثقات اور س: سے سوء حفظ مراد ہے۔

اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے نخبۃ میں شدت وضعف کے اعتبار سے اسباب طعن میں یہ ترتیب قائم کی ہے، کذب تہمتِ کذب، فحش غلط، کثرت غفلت، فسق، وہم، مخالفتِ ثقات، جہالت، بدعت اور سوء حفظ، ان کا مجموعہ کَتْ فَكْ فُو مَجْ بَسْ ہے۔

اب امام ترمذی رحمہ اللہ کی بات سمجھنی چاہئے، اگر کسی راوی پر کذب کا اعتراض کیا گیا ہو تو اس کی حدیث موضوع ہے۔ یعنی گڑھی ہوئی ہے۔ یعنی وہ حدیث ہی نہیں پس اس کے حجت ہونے یا نہ ہونے کا سوال ہی نہیں۔ اور اگر کسی راوی پر دوسرا تیسرا اور چوتھا اعتراض ہے یعنی اس پر کذب کا الزام ہے یا اس کی غلطیاں بہت زیادہ ہیں یا غفلت کی وجہ سے اس کو ضعیف قرار دیا گیا ہے اور اس حدیث کا راوی وہی ہے اس کا کوئی متابع یا شاہد نہیں پایا جاتا تو اس کی حدیث حجت نہیں۔ یعنی احکام وعقائد اس کی روایت سے ثابت نہیں کئے جائیں گے۔ البتہ ترغیب وترہیب اور دنیا کی بے رغبتی پیدا کرنے اور دل پگھلانے کے سلسلہ میں اس کی روایت بیان کی جاسکتی ہے۔

فَكُلُّ مَن رُوِى عَنْهُ حَدِيثٌ مِمَّنْ يُتَّهَمُ، أَو يُضَعَّفُ لِغَفْلَتِهِ وَكَثْرَةِ خَطَأِهِ وَلاَ يُعْرَفُ ذٰلِكَ الْحَدِيثُ إِلَّا مِن حَدِيثِهِ: فَلاَ يُحْتَجُّ بِه.

ترجمہ: پس ہر وہ راوی جس سے کوئی حدیث روایت کی گئی ہو اور وہ راوی ان لوگوں میں سے ہو جس پر جھوٹ کا الزام ہے یا اس کی غفلت کی وجہ سے یا اس کی غلطیوں کی زیادتی کی وجہ سے اس کی تضعیف کی گئی ہے اور وہ حدیث صرف اسی کی سند سے پہچانی جاتی ہے تو اس حدیث سے استدلال نہیں کیا جائے گا۔

ضعیف رواۃ سے ائمہ کے روایت کرنے سے دھوکا نہ ہو

ابھی یہ بیان کیا گیا کہ تین قسم کے ضعیف راویوں کی روایتیں حجت نہیں، مگر کبھی ایسے ضعیف راویوں سے بھی اکابر محدثین روایت کرتے ہیں اور قاعدہ ہے کہ ''ائمہ کا کسی سے روایت کرنا اس کی حکماً توثیق ہے'' مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں، بڑے محدثین مختلف وجوہ سے غیر ثقہ راویوں سے بھی روایت کرتے ہیں۔ پس ان کے روایت کرنے سے دھوکا نہ کھایا جائے۔

اور وہ مختلف اسباب جن کی وجہ سے ائمہ غیر ثقہ رواویوں سے روایت کرتے ہیں مثال کے طور پر درج ذیل ہیں:

۱-کبھی کسی ضعیف راوی کی کوئی روایت کسی امام کے نزدیک قوی ہوتی ہے۔ صحیحین کی بعض روایات پر یہ نقد کئے گئے ہیں۔ ان کا شارحین نے یہی جواب دیا ہے کہ ان کی یہ روایتیں شیخین کے نزدیک قوی ہیں۔

۲- ائمہ اس ضعیف راوی کی صحیح اور سقیم حدیثوں میں امتیاز کرتے ہیں اس راوی کی صرف صحیح حدیثیں روایت کرتے ہیں۔

۳-ضعیف راوی سے روایت کرنے کا مقصد اس کے ضعف کا اظہار ہوتا ہے، ظاہر ہے سبق میں اس کی روایت بیان کر کے ہی اس کے ضعف سے طلبہ کو واقف کیا جا سکتا ہے۔

۴-ضعیف راوی کی روایت کا متابع یا شاہد موجود ہوتا ہے اس لئے ائمہ اس کو روایت کرتے ہیں۔

ان کے علاوہ اور بھی اسباب ہوتے ہیں جن کی وجہ سے ائمہ ضعیف راویوں سے روایت کرتے ہیں۔ پس ان کے روایت کرنے سے دھوکا نہیں کھانا چاہئے یعنی ان راویوں کو ثقہ نہیں سمجھنا چاہئے، امام ترمذی رحمہ اللہ اس سلسلہ کی چند روایات ذکر کرتے ہیں۔

وقد رَوَى غَيْرُ واحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ عَن الضُّعَفاءِ وبَيَّنُوْا أَحْوَالَهُمْ لِلنَّاسِ:

حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ بنِ المُنْذِرِ الباهِلِيُّ، نا يَعْلَى بنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: قَالَ لناسُفيانُ الثَّوْرِيُّ: اتَّقُوْا الْكَلْبِيَّ! فَقِيْلَ لَهُ: فَإِنَّكَ تَرْوِيْ عَنْهُ؟ قَالَ: أَنَا أَعْرِفُ صِدْقَه مِن كَذِبِهِ.

ترجمہ: متعدد ائمہ نے ضعیف راویوں سے روایتیں کی ہیں اور ان محدثین نے لوگوں کے سامنے ان ضعیف راویوں کے احوال بیان کئے ہیں۔ مثلاً: (۱) یعلی بن عبید کہتے ہیں: ہم سے سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: کلبی سے

بچو (ابوالنضر محمد بن السائب کلبی کوفی مشہور مفسر اور انساب کا ماہر ہے) کسی نے سفیان ثوری سے عرض کیا کہ آپ تو اس سے روایت کرتے ہیں؟ سفیان ثوری نے فرمایا: میں اس کے سچ اور جھوٹ کو جانتا ہوں۔ یعنی میں اس کی صحیح اور غیر صحیح روایتوں میں امتیاز کرسکتا ہوں اور اس کی صحیح روایتیں ہی بیان کرتا ہوں۔ آپ لوگ یہ امتیاز نہیں کر سکتے اس لئے اس کی روایتوں سے بچو۔

وضاحت: اس کی نظیر یہ ہے کہ عام لوگوں کو مودودی صاحب کی کتابیں نہیں پڑھنی چاہئیں وہ ان کی صحیح اور غلط باتوں میں امتیاز نہیں کر سکتے۔ البتہ جو امتیار کر سکے اس کا حکم دوسرا ہے، میں مظاہر علوم میں پڑھتا تھا۔ مودودی صاحب کی کتاب ''پردہ'' کی بہت تعریف سنی تھی، میں درسگاہ میں بیٹھ کر اس کا مطالعہ کر رہا تھا، پیچھے سے مفتی یحییٰ صاحب قدس سرہ گذرے آپ نے دیکھ لیا اور فرمایا: ابھی یہ کتاب مت پڑھو۔ جب وقت آئے گا میں بتادوں گا۔ میں نے کتاب بند کردی، پھر مودودی صاحب کی کوئی کتاب نہیں پڑھی۔ جب میں فارغ ہوکر راندیر (سورت) مدرسہ اشرفیہ میں پڑھانے چلا گیا تو سات سال کے بعد مفتی صاحب قدس سرہ کا کارڈ موصول ہوا کہ اب تم مودودی کی کتابیں پڑھ سکتے ہو، اللہ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ کتنے دنوں تک بات یاد رکھی، غرض کچا ذہن غلط باتوں سے متاثر ہو جاتا ہے اس لئے ثوری رحمہ اللہ نے طلبہ کو ہدایت کی کہ وہ کلبی کی حدیثوں سے بچیں۔

وأَخْبَرَنِیْ محمدُ بن إسماعيلَ، ثنی يَحيىَ بنُ مَعينٍ، ثنی عَفَّانُ، عن أبی عَوَانَةَ، قَال: لَمَّا مَاتَ الْحَسَنُ الْبِصْرِیُّ اشْتَهَيْتُ كَلاَمَهُ، فَتَتَبَّعْتُهُ عَن أَصْحَابِ الْحَسَنِ، فَأَتَيتُ بِهِ أَبَانَ بنَ أَبی عَيَّاشٍ، فَقَرَأَهُ عَلَیَّ كُلَّهُ عَنِ الْحَسَنِ، فَمَا اسْتَحِلُّ أَنْ أَرْوِیَ عَنْهُ شَيْئًا.

ترجمہ: (۲) ابوعوانہ (وضاح بن عبید اللہ) کہتے ہیں: جب حسن بصری رحمہ اللہ کا انتقال ہوا تو میں نے ان کا کلام چاہا، یعنی میری خواہش ہوئی کہ میں ان کے ملفوظات کو جمع کروں، چنانچہ میں نے حضرت حسن کے شاگردوں کی تلاش شروع کی (اور ان سے حضرت حسن رحمہ اللہ کے ملفوظات جمع کئے) پھر میں حضرت حسن کے کلام کو یعنی ملفوظات کو ابان بن ابی عیاش کے پاس لایا تو اس نے وہ ساری باتیں حضرت حسن سے روایت کرتے ہوئے میرے سامنے پڑھ دیں، یعنی ان کو حدیثیں بنادیا چنانچہ میں اس سے کوئی روایت کرنا جائز نہیں سمجھتا۔

وضاحت: امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابوعوانہ کی اس بات کا مطلب یہ ہے کہ ابان حضرت حسنؒ کی طرف سے ہر وہ روایت بیان کرتا تھا جس کی اس سے درخواست کی جاتی اور وہ اس سلسلہ میں جھوٹا ہوتا تھا۔ اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس میں یک گونہ استبعاد تھا اس لئے اس کا جھوٹا ہونا واضح تھا۔ چنانچہ ابوعوانہ نے اس کو چھوڑ دیا ——— ابان کو امام احمد اور ابن معین رحمہما اللہ نے متروک قرار دیا ہے۔ اور وکیع رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے۔

وَقد رَوَى عَن أَبَانَ بنِ أَبِی عَيَّاشٍ غَيْرُ واحدٍ منِ الأَئِمَّةِ، وَإِنْ كَانَ فِيْهِ مِنَ الضُّعْفِ وَالغَفْلَةِ مَا وَصَفَهُ أَبو عَوَانَةَ وغَيْرُه، فَلاَ يُغتَرُّ بِروَايَةِ الثِّقَاتِ عنِ النَّاسِ، لِأَنَّهُ يُروىَ عنِ ابْن سِيْرِيْنَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الرَّجَلَ لَيُحَدِّثُنِیْ فَمَا أَتَّهِمُهُ، ولكن أَتَّهِمُ مَنْ فَوْقَهُ.

ترجمہ: (۳) (امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) ابان سے متعدد ائمہ نے روایت کی ہے (جیسے سفیان ثوری، معمر، یزید بن ہارون اور ابواسحاق فزاری وغیرہ ابان سے روایت کرتے ہیں) اگرچہ اس میں وہ کمزوری اور غفلت تھی جو ابو عوانہ وغیرہ نے بیان کی ہے۔ پس ثقہ محدثین کے لوگوں سے یعنی ضعیف رواۃ سے روایت کرنے کی وجہ سے دھوکا نہیں کھانا چاہئے، اس لئے کہ ابن سیرین رحمہ اللہ سے یہ بات مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایک آدمی مجھ سے حدیث بیان کرتا ہے۔ میں اس کو متہم نہیں گردانتا (کیونکہ وہ ثقہ قابل اعتماد ہوتا ہے) بلکہ میں اس سے اوپر والے راوی کو متہم گردانتا ہوں، یعنی اس کا استاذ یا اس کا بھی استاذ غیر ثقہ ہوتا ہے، ابن سیرین کے اس قول سے ثابت ہوا کہ کبھی ثقہ غیر ثقہ سے روایت کرتا ہے اور اس میں کوئی مصلحت ہوتی ہے جس کا تذکرہ پہلے گذر چکا۔ آگے امام ترمذی رحمہ اللہ ابان کا حال بیان کرتے ہیں کہ وہ روایت میں کس طرح گڑبڑ کرتا تھا:

وقَد رَوَى غيرُ واحِدٍ عَن إبراهِيمَ النَّخعِيِّ: أَنَّ عَبدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَقْنُتُ فی وِتْرِهِ قَبْلَ الرُّكُوْعِ. ورَوَى أَبَانُ بْنُ أَبی عَيَّاشٍ، عَن إِبْرَاهِيمَ النَّخعِیِّ، عَن عَلْقَمَةَ، عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ النَّبِیَّ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فی وِتْرِه قَبلَ الرُّكُوْعِ، هٰكَذَا رَوَى سُفيانُ الثَّوْرِیُّ عن أَبَانَ بنِ أَبِی عَيَّاشٍ؛ ورَوَى بَعْضُهُمْ عَن أَبَانَ بنِ أَبی عَيَّاشٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَ هٰذا وَزَادَ فِيْهِ: قَالَ عَبدُ اللّٰهِ بْنُ مسعودٍ: أَخْبَرَتْنِی أُمِّی أَنها بَاتَتْ عِندَ النَّبِیِّ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَتِ النَّبِیَّ صَلَی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنتَ فِیْ وِتْرِه قَبلَ الرُّكوعِ، وَأَبَانُ بنُ أَبی عَيَّاشٍ: وَإِنْ كَانَ قَدْ وُصِفَ بالعِبادَةِ وَالاِجْتِهَادِ، فَهٰذَا حَالُه فی الْحَدِيثِ، وَالْقَوْمُ كَانُوْا أَصْحَابَ حِفْظٍ، فَرُبَّ رَجُلٍ —— وَإِنْ كَانَ صَالِحًا —— لايُقِيْمُ الشَّهَادَةَ، وَلاَ يَحْفَظُهَا؛ فَكُلُّ مَن كَانَ مُتَّهَمًا فی الحَدِيثِ بِالْكِذْبِ، أَوْ كَانَ مُغَفَّلاً يُخْطِئُ الْكَثِيْرَ فَالَّذِیْ اخْتَارَهُ أَكْثَرُ أَهْلِ الحَديثِ مِن الأَئِمَّةِ: أَن لاَّ يَشْتَغِلَ بالرِّوَايَةِ عَنْهُ؛ أَلاَ تَرَى أَنَّ عَبدَ اللّٰهِ بنَ الْمُبارَكِ حَدَّثَ عَن قَوْمٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، فَلَمَّاتَبَيَّنَ لَهُ أَمْرُهُمْ تَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنْهُمْ.

ترجمہ: (امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) متعدد رواۃ نے ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے یہ بات نقل کی ہے کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے وتر میں رکوع سے پہلے دعاء قنوت پڑھا کرتے تھے (یہ روایت موقوف اور منقطع ہے اس لئے کہ ابراہیم نخعی نے ابن مسعودؓ کا زمانہ نہیں پایا۔ اور یہ روایت امام محمد رحمہ اللہ نے کتاب الآثار میں ذکر کی ہے) اور

ابان بن ابی عیاش: ابراہیم نخعی سے، وہ علقمہ سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتا ہے کہ نبی پاک ﷺ اپنے وتر میں رکوع سے پہلے دعاءِ قنوت پڑھا کرتے تھے یعنی اس نے حدیث کو مرفوع کر دیا۔ سفیان ثوری رحمہ اللہ نے اسی طرح یعنی ابان سے مرفوع روایت کیا ہے (یہ روایت مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے) اور بعض راوی (جیسے یزید بن ہارون) ابان سے اسی سند سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ اور اس میں اضافہ کرتے ہیں کہ ابن مسعودؓ نے فرمایا: مجھے میری والدہ نے اطلاع دی کہ انھوں نے ایک رات نبی ﷺ کے گھر میں گذاری۔ پس انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے اپنے وتر میں رکوع سے پہلے دعاءِ قنوت پڑھی، (یہ حدیث بھی مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔ غرض ابان نے حدیث موقوف کو مرفوع کر دیا اور ابن مسعود کی والدہ کی حدیث کا اضافہ کر دیا۔ اور ان دونوں باتوں کے ساتھ ابان متفرد ہے، کوئی دوسرا راوی اس طرح سے روایت نہیں کرتا۔ اور یہ دونوں باتیں اگرچہ ممکن ہیں مگر چونکہ ابان ان کے ساتھ منفرد ہے کوئی اور ثقہ راوی اس کو بیان نہیں کرتا، اس لئے وہ متہم گردانا گیا)

(امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) اور ابان بن عیاش اگرچہ عبادت کے ساتھ اور عبادت میں اجتہاد یعنی انتہائی محنت کرنے کے ساتھ متصف کیا گیا ہے یعنی اس کا شمار بزرگوں میں ہے، مگر حدیث میں اس کی یہ حالت ہے (ابن حبان کہتے ہیں کہ ابان: حسن بصری کی مجلس میں حاضر رہتا تھا اور ان سے جو باتیں سنتا تھا وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے مرفوع کر دیتا تھا۔ اور وہ ایسا بے خبری میں کرتا تھا۔ اس نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے تقریباً ڈیڑھ ہزار روایتیں ایسی بیان کی ہیں جن میں سے اکثر بے اصل ہیں) اور لوگ یعنی محدثین حفظ و اتقان والے تھے یعنی حقیقی معنی میں محدث وہ ہے جس کو حدیثیں محفوظ ہوں۔ کیونکہ بعض آدمی اگرچہ وہ نیک ہوں۔ صحیح طور پر گواہی نہیں دے سکتے، اور نہ ان کو وہ بات یاد ہوتی ہے جس کی وہ گواہی دے رہے ہیں۔ یعنی یہی حال ان ضعیف محدثین کا ہے۔ پس جو بھی حدیث میں متہم بالکذب ہو یا مغفل ہو، یعنی بہت زیادہ غلطیاں کرتا ہو تو ائمۂ حدیث میں سے اکثر کے نزدیک پسندیدہ بات یہ ہے کہ اس سے روایت کرنے میں مشغول نہ ہوا جائے، کیا آپ دیکھتے نہیں کہ ابن المبارک نے اہل علم کی ایک جماعت سے روایتیں بیان کیں، پھر جب ان کے لئے ان کا حال واضح ہوا تو ان سے روایت کرنا ترک کر دیا۔

[وأَخْبَرَنی مُوسَی بنُ حِزامٍ، سَمِعتُ صَالِحَ بنَ عبدِ اللّٰہِ، یَقُوْلُ: کُنَّا عندَ أَبی مُقَاتِلٍ السَّمَرْ قَنْدِیِّ، فَجعَلَ یَروِیْ عَن عَونِ بنِ أَبِیْ شَدَّادٍ الأَحادِیْثَ الطِّوَالَ الَّتی کَانَتْ تُرْوٰی فِی وَصِیَّۃِ لُقْمَانَ، وَقَتْلِ سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، وَمَا أَشْبَہَ ھٰذِہِ الأَحادِیْثَ فَقَالَ لَہُ ابنُ أَخِی أَبِی مُقَاتِلٍ: یا عَمِّ لاتَقُلْ: حَدَّثَنَا عَونٌ، فَإِنَّکَ لَم تَسْمَعْ ھٰذِہِ الأَشْیاءَ، قَالَ: یَابُنَیَّ! ھُوَ کَلَامٌ حَسَنٌ]

ترجمہ: (یہاں مصری نسخہ میں یہ عبارت زائد ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ) مجھے موسیٰ بن حزام نے

بتلایا کہ انھوں نے صالح بن عبداللہ کو کہتے ہوئے سنا کہ ہم ابومقاتل سمرقندی کے پاس تھے (یہ راوی تباہ حال راویوں میں سے ایک ہے اس کا نام حفص بن سلم ہے، قتیبہ نے اس کو نہایت ضعیف قرار دیا ہے، ابن مہدی نے اس کی تکذیب کی ہے، اس نے لمبی عمر پائی ہے ۲۰۸ ہجری تک زندہ تھا) اس نے عون بن ابی شداد سے وہ لمبی حدیثیں بیان کرنی شروع کیں جو لقمان کی نصیحتوں اور سعید بن جبیر کے قتل کے سلسلہ میں روایت کی جاتی ہیں۔ اور وہ باتیں جوان واقعات سے ملتی جلتی ہیں، پس ابومقاتل سے ان کے بھتیجے نے کہا: چچا جان! حدثنا عون نہ کہئے: کیونکہ آپ نے یہ باتیں عون بن ابی شداد سے نہیں سنی ہیں۔ اس نے جواب دیا: میرے پیارے بچے! یہ اچھی باتیں ہیں (پس ان کو عون کی طرف نسبت کر کے بیان کرنے میں کیا حرج ہے؟)

آٹھویں بات: متکلم فیہ راویوں کا تذکرہ

ضعیف راویوں کے تذکرے سے فارغ ہو کر اب امام ترمذی رحمہ اللہ متکلم فیہ راویوں کا تذکرہ شروع کرتے ہیں۔

متکلم فیہ: وہ رواۃ ہیں جو بڑے لوگ ہیں، جیسے امام المغازی محمد بن اسحاق اور قاضی مصر عبداللہ بن لہیعۃ، مگر حدیث میں ان پر جرح کی گئی ہے، اور جرح نے ان کی عدالت کو متاثر کیا ہے یعنی روایتِ حدیث میں ان کا پایہ گھٹ گیا ہے، امام ترمذی ایسے تیرہ راویوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اور اگر جرح نے ان کی عدالت کو متاثر نہ کیا ہو تو وہ مختلف فیہ رواۃ کہلاتے ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ آگے ایسے تین رواۃ کا تذکرہ کریں گے —— پھر جاننا چاہئے کہ جرح کرنے والے مختلف مراتب کے ہیں کوئی ہلکی جرح کرتا ہے کوئی بھاری، ایسی صورت میں بعد کے محدثین کبھی توثیق کا اعتبار کر کے ان سے روایتیں کرتے ہیں اور کبھی جرح کا اعتبار کر کے ان کی روایتیں چھوڑ دیتے ہیں، اسی طرح بعض ہلکی جرحوں سے صرف نظر کرتے ہیں اور بعض ان کا بھی اعتبار کرتے ہیں۔

> وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أهلِ الحَديثِ في قَوْمٍ مِنْ أَجِلَّةِ أهلِ العِلْمِ وَضَعَّفُوْهُمْ مِن قِبَلِ حِفْظِهِمْ وَوَثَّقَهُمْ آخَرُوْنَ مِنَ الأَئِمَّةِ بِجلَالَتِهِمْ وَصِدْقِهِمْ، وَإِنْ كَانُوْا قد وَهِمُوْا في بَعْضِ مَا رَوَوْا.

ترجمہ: بعض محدثین نے بڑے درجہ کے علماء کی ایک جماعت میں گفتگو کی ہے اور ان کو ان کے حافظہ کی جانب سے ضعیف قرار دیا ہے اور دوسرے ائمہ نے ان کی عظمت شان اور صداقت کی وجہ سے ان کی توثیق کی ہے اگرچہ انھوں نے اپنی بعض مرویات میں غلطیاں کی ہیں۔

وضاحت: بعض ائمہ: تعدیل کے معاملہ میں سختی برتتے ہیں وہ معمولی جرح کو جو چشم پوشی کے قابل ہوتی ہے اہمیت دیدیتے ہیں اور اس راوی کی حدیثوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ دوسرے ائمہ ان معمولی باتوں سے درگذر کرتے ہیں اور اس کی حدیث لے لیتے ہیں۔ نیز بعض ائمہ ایسا بھی کرتے ہیں کہ جب سختی برتتے ہیں تو راوی کی تضعیف کرتے ہیں اور نرمی

کی طرف آتے ہیں تو اس سے حدیث روایت کرتے ہیں (الکوکب) اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ائمہ جرح وتعدیل میں بعض متشدد ہیں اور بعض معتدل۔ شعبہ اور ثوری متشدد ہیں اور شعبہ ثوری سے سخت ہیں۔ اور یحییٰ قطان اور ابن مہدی معتدل ہیں، مگر یحییٰ: ابن مہدی سے سخت ہیں، اور ابن معین اور ابن حنبل نرم ہیں اور یحییٰ: ابن حنبل سے سخت ہیں۔ اور ابوحاتم رازی اور امام بخاری اور بھی نرم ہیں اور ابوحاتم: بخاری سے سخت ہیں (حاشیہ کوکب)

وقَد تكلَّمَ يَحْيىَ بنُ سَعِيدٍ القَطَّانُ في مُحمدِ بنِ عمرٍو، ثم رَوَى عَنه:
حَدَّثَنَا أَبُوبكرٍ عَبدُ الْقُدُّوسِ بنُ مُحمدٍ العَطَّارُ البِصْرِيُّ، نا عَلِيُّ بنُ المَدِينِيُّ، قال: سَأَلْتُ يَحيىَ بنَ سَعيدٍ، عن مُحمدِ بنِ عَمرِو بنِ عَلْقَمَةَ؟ فَقَالَ: تُرِيْدُ العَفْوَ أَوْ تُشَدِّدُ؟ قُلتُ: لَابَل أُشَدِّدُ، فَقَالَ: لَيسَ هُوَ مِمَّن تُرِيْدُ، كَانَ يَقُوْلُ: [حَدَّثَنَا] أَشْيَاخُنَا أَبُو سَلَمَةَ ويَحيىَ بنُ عَبدِ الرحمنِ بنِ حَاطِبٍ، قَالَ يَحْيىَ: وسَأَلْتُ مَالِكَ بنَ أَنَسٍ عَن مُحَمَّدِ بنِ عَمْرٍو، فَقَالَ فِيهِ: نَحوَ مَا قُلْتُ لَكَ:

(۱) محمد بن عمرو بن علقمہ لیثی کا تذکرہ

ترجمہ: یحییٰ قطان نے محمد بن عمرو میں کلام کیا ہے، پھر ان سے روایت بھی کی ہے ـــــ علی بن المدینی کہتے ہیں: میں نے یحییٰ قطان سے محمد بن عمرو بن علقمہ کے بارے میں پوچھا (کہ یہ راوی کیسا ہے؟) یحییٰ نے کہا: آپ درگذر چاہتے ہیں یا سختی کرنا چاہتے ہیں؟ یعنی نرم بات سننا پسند کریں گے یا کھری بات؟) میں نے کہا: میں سختی کرنا چاہتا ہوں یعنی کھری بات سننا چاہتا ہوں۔ پس یحییٰ نے فرمایا: وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہے جس کا تم ارادہ کرتے ہو یعنی وہ قابل اعتماد راوی نہیں۔ وہ (ہر حدیث کی سند میں) کہا کرتا تھا، ہم سے بیان کیا ہمارے شیوخ ابوسلمہ اور یحییٰ بن عبدالرحمٰن نے (حالانکہ یہ بات ممکن نہیں کہ اس نے تمام روایات ان ہی دو سے سنی ہوں۔ گویا یحییٰ قطان نے اس راوی کو غیر محتاط قرار دیا) ـــــ یحییٰ قطان نے کہا: میں نے امام مالک سے محمد بن عمرو کے بارے میں پوچھا، تو امام مالکؒ نے اس کے متعلق وہی بات کہی جو میں نے آپ سے کہی۔

فائدہ: محمد بن عمرو بن وقاص اللیثی المدنی صدوق تھا مگر اس کو وہم ہوتا تھا۔ صحاح ستہ کا راوی ہے (متوفی ۱۴۵ھ) یحییٰ قطان نے جب سختی کی تو اس کی روایات سے بچنے کا مشورہ دیا، اور جب نرمی کی تو خود اس سے روایت کی، یا یوں کہو کہ یحییٰ قطان نے کسی مصلحت سے اس سے روایت کی، کیونکہ اکابر محدثین بعض وجوہ سے غیر ثقہ سے بھی روایت کرتے تھے۔

قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ يَحْيىٰ: وَمُحمدُ بنُ عَمْرٍو أعلىٰ مِن سُهَيْلِ بنِ أبى صَالِحٍ، وَهُوَ عِندى فَوقَ عبدِ

الرَّحمٰنِ بنِ حَرمَلَةَ، قَالَ عَلِيٌّ: فَقُلْتُ لِيَحْيىٰ مَا رَأَيْتَ مِن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ حَرْمَلَةَ؟ قالَ: لَو شِئْتُ أَنْ أُلَقِّنَهُ لَفَعلْتُ، قُلتُ: كَانَ يُلَقَّنُ؟ قالَ: نَعَمْ.

قَال عَلِيٌّ، وَلَمْ يَرْوِ يَحْيىٰ عَن شَرِيكٍ، وَلاَ عَن أبى بكرِ بنِ عَيَّاشٍ، ولاَ عَن الرَّبِيْعِ بنِ صَبِيْحٍ، وَلاَ عَن الْمُبارَكِ بنِ فَضَالَةَ، قَالَ أبو عيسىٰ: وَإِنْ كَانَ يَحْيَى بنُ سَعِيدٍ قَد تَرَكَ الرِّوَايَةَ عن هٰؤُلاَءِ فلم يَتْرُكِ الرِّوَايَةَ عَنْهُمْ: أَنَّهُ اتَّهَمَهُمْ بالكِذْبِ، وَلكِنَّهُ تركَهُمْ لِحَالِ حِفْظِهِمْ.

وَذُكِرَ عَن يَحْيىَ بنِ سعيدٍ أَنَّه كَانَ إِذَا رَأَى الرَّجُلَ يُحدِّثُ عن حِفْظِه مَرَّةً هٰكَذَا وَمَرَّةً هٰكَذَا، لاَيَثْبُتُ عَلىٰ رِوَايَةٍ وَاحِدَةٍ: تَرَكَهُ.

وَقَدْ حَدَّثَ عن هٰؤُلاَءِ الَّذِيْنَ تَرَكَهُمْ يحيى بنُ سعيدٍ القَطَّانُ: عبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، وَوَكيعُ بنُ الجرَّاحِ، وعَبدُ الرَّحمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ وغَيْرُهم مِن الأَئِمَّةِ.

(۲)عبدالرحمٰن بن حرملة کا تذکرہ

ترجمہ: یحییٰ قطان کہتے ہیں: اور محمد بن عمرو (جن کا تذکرہ اوپر گذرا) سہیل بن ابی صالح سے (جن کا تذکرہ آگے آرہا ہے) اعلی درجہ کے راوی ہیں اور وہ (محمد بن عمرو) میرے نزدیک عبدالرحمٰن بن حرملہ سے بڑھ کر ہیں، علی مدینی کہتے ہیں: میں نے یحییٰ سے پوچھا: آپ نے عبدالرحمٰن بن حرملہ میں کیا بات دیکھی؟ (جواس کومحمد بن عمرو سے ہلکے درجہ کا راوی قرار دیا؟) یحییٰ نے فرمایا: اگر میں اس کوتلقین کرنا چاہتا تو کرتا، میں نے عرض کیا: کیا وہ تلقین قبول کرتا تھا؟ یحییٰ نے کہا: ہاں!

وضاحت: عبدالرحمٰن بن حرملہ قبیلۂ اسلم کے تھے اور مدینہ میں رہتے تھے، سچے تھے مگر کبھی غلطی کرتے تھے۔ مسلم اور سنن اربعہ کے راوی ہیں —— اور تلقین قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ راوی دوسرے کی بات قبول کرکے اپنی حدیث میں تبدیلی کردے۔ حدیث مرفوع کوموقوف یا مقطوع بنادے یا موقوف ومقطوع کومرفوع بنادے یا متن حدیث میں تبدیلی کردے۔ جوراوی تلقین قبول کرتا ہے اس کو حدیث صحیح طور پر محفوظ نہیں ہوتی اس لئے ایسا راوی غیر معتبر سمجھا جاتا ہے۔

(۳)شریک (۴)ابوبکر بن عیاش (۵) ربیع بن صبیح (۶) مبارک بن فضالہ کا تذکرہ:

ترجمہ: علی مدینی کہتے ہیں: یحییٰ قطان: شریک سے، ابوبکر بن عیاش سے، ربیع بن صبیح سے، اور مبارک بن فضالہ سے روایت نہیں کرتے تھے۔

وضاحت: (۳) قاضی شریک بن عبداللہ قبیلہ نخع کے تھے اور کوفہ کے باشندے تھے۔ صدوق تھے مگر کثیر الخطاء تھے۔ کوفہ کے قاضی بننے کے بعد ان کے حافظہ میں تغیر آ گیا تھا —— (۴) قاری ابوبکر بن عیاش کوفہ کے باشندے تھے۔ عابد وزاہد تھے۔ حدیث میں معتبر تھے، مگر بڑھاپے میں ان کا حافظہ خراب ہوگیا تھا —— (۵) ربیع بن صبیح سعدی بصری ہیں۔ صدوق مگر سیئ الحفظ ہیں۔ اللہ کے نیک بندے اور خوب عبادت گذار آدمی تھے —— (۶) مبارک بن فضالہ بصرہ کے رہنے والے تھے۔ صدوق تھے، مگر تدلیس التسویہ کرتے تھے، یعنی سند کو عالی بنانے کے لئے اپنے ضعیف استاذ کا نام حذف کر دیتے تھے یا اوپر سے کوئی ضعیف راوی حذف کر دیتے تھے اور وہاں کوئی ایسا لفظ رکھ دیتے تھے جس میں سماع کا احتمال ہو۔ بخاری میں تعلیقاً اور نسائی کے علاوہ سنن ثلاثہ میں ان کی روایت ہے۔

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یحییٰ قطان نے اگرچہ ان رواۃ سے روایت ترک کردی تھی مگر اس وجہ سے ترک نہیں کی تھی کہ یحییٰ نے ان کو کذب کے ساتھ متہم گردانا تھا بلکہ ان کو ان کی یادداشت کی خرابی کی وجہ سے چھوڑا تھا۔

اور یحییٰ بن سعید قطان کے بارے میں یہ بات بھی ذکر کی گئی ہے کہ جب وہ کسی شخص کو دیکھتے کہ وہ اپنی یادداشت سے حدیث کبھی یوں بیان کرتا اور کبھی ووں، ایک روایت پر نہ جمتا تو وہ اس کو چھوڑ دیتے تھے۔

اور ان چاروں حضرات سے جن کو یحییٰ قطان نے چھوڑ دیا ہے: ابن المبارک، وکیع، اور ابن مہدی وغیرہ ائمہ روایت کرتے تھے (کیونکہ یہ رواۃ ان حضرات کے نزدیک معتبر تھے)

وهٰكَذَا تَكَلَّمَ بَعضُ أهلِ الحَديثِ فی سُهَيْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، ومُحمدِ بنِ أسْحَاقَ، وَحَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، ومُحمدِ بن عَجْلَانَ، وَأَشْبَاهِ هٰؤُلَاءِ مِن الأَئِمَّةِ: إِنَّمَا تَكَلَّمُوْا فِيْهِمْ مِن قِبَلِ حِفْظِهِمْ فِي بَعضِ مَارَوَوْا، وحَدَّثَ عَنهُمُ الأَئِمَّةُ.

[۱-] حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الحُلْوَانِيُّ، نا عَلِيُّ بنُ المَدِيْنِيُّ، قَالَ: قَالَ لَنَا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ: كُنَّا نَعُدُّ سُهَيْلَ بنَ أبی صَالِحٍ ثَبْتًا فی الحَديثِ.

[۲-] حدَّثَنَا ابنُ أبی عُمَرَ، قَالَ: قَالَ سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ كَانَ مُحمدُ بنُ عَجْلَانَ ثِقَةً مَا مُوْناً فی الحَديثِ.

وَإِنَّمَا تَكَلَّمَ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ — عِندَنَا — فی رِوَايَةِ مُحمدِ بنِ عَجْلَانَ، عَن سَعيدٍ المَقْبُرِيِّ: حَدَّثَنَا أبو بَكرٍ، عن عَلِيِّ بنِ عَبدِ اللّٰهِ، قَالَ: قالَ يحيىَ بنُ سَعيدٍ: قَالَ محمدُ بنُ عَجْلَانَ: أَحَاديثُ سَعيدٍ المَقْبُرِيِّ: بَعضُها عن سَعيدٍ عن أبی هُرَيْرَةَ، وبَعضُها عن سعيدٍ، عَن رَجُلٍ، عن أبی هُريرةَ، فَاخْتَلَطَتْ عَلَيَّ، فَصَيَّرْتُهَا عن سعيدٍ، عَن أبی هُريرةَ.

فَإِنَّمَا تَكَلَّمَ يَحْيَى بنُ سَعيدٍ — عِنْدَنَا — فی ابنِ عَجْلَانَ لِهٰذَا، وقَد رَوٰى يَحْيَى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ الْكَثِيْرَ.

(۷)سہیل بن ابی صالح (۸)محمد بن اسحاق (۹)حماد بن سلمہ(۱۰)محمد بن عجلان کا تذکرہ:

(۷)سہیل بن ابی صالح مدینہ کے باشندے تھے، ان کے والد کا نام ذکوان تھا، ان کی نسبت السَّمَّان تھی۔یعنی گھی تیل بیچنے والے۔کنیت ابو یزید ہے۔صدوق یعنی اچھے راوی ہیں مگر آخر عمر میں ان کا حافظہ بگڑ گیا تھا۔بخاری میں تعلیقاً ان کی روایت ہے۔

(۸)محمد بن اسحاق بن یسار بھی مدینہ کے باشندے تھے۔صدوق ہیں، مگر مدلِّس ہیں، تدلیس کے معنی ہیں ضعیف راوی کا نام چھپانا، اور ایسا لفظ استعمال کرنا جس میں سماع کا احتمال ہو، آپ فن مغازی کے امام ہیں۔مگر بعض محدثین نے جیسے امام مالک رحمہ اللہ نے ان پر جرح کی ہے۔

(۹)حماد بن سلمہ بن دینار بصرہ کے باشندہ اور عابد وزاہد آدمی تھے، امام بیہقی نے ان کو ائمۃ المسلمین (مسلمانوں کے بڑے آدمیوں) میں شمار کیا ہے۔مگر بڑھاپے میں آپ کا بھی حافظہ خراب ہو گیا تھا اس وجہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی حدیثیں نہیں لیں۔

(۱۰)محمد بن عجلان مدنی اور صدوق ہیں، مگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیثوں میں انھوں نے غت ربود کر دیا تھا اس وجہ سے یحییٰ قطان نے ان میں کلام کیا ہے۔

ترجمہ: اور اسی طرح بعض محدثین نے سہیل بن ابی صالح میں اور محمد بن اسحاق میں، اور حماد بن سلمہ میں، اور محمد بن عجلان میں اور ان جیسے بڑے درجے کے اور راویوں میں کلام کیا ہے۔ان محدثین نے ان راویوں میں ان کے حافظہ ہی کی وجہ سے ان کی بعض مرویات میں کلام کیا ہے۔اور ان سے بڑے حضرات نے روا تیں (بھی) کی ہیں۔

(۱)علی مدینی کہتے ہیں: ہم سے ابن عیینہ نے فرمایا: ہم سہیل بن ابی صالح کو حدیث میں مضبوط گنتے تھے۔(۲) ابن عیینہ نے فرمایا: محمد بن عجلان حدیث میں ثقہ قابل اعتماد تھے۔

(امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) ہمارے خیال میں یحییٰ قطان نے محمد بن عجلان کی انہی روایتوں میں کلام کیا ہے جو وہ سعید مقبری سے روایت کرتے ہیں —— یحییٰ قطان فرماتے ہیں: محمد بن عجلان کہتے ہیں: سعید مقبری کی بعض روایتیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بلا واسطہ مروی ہیں، اور بعض کسی آدمی کے واسطہ سے مروی ہیں۔مگر وہ روایات میرے مسودات میں گڈ مڈ ہو گئیں اس لئے میں نے سبھی کو سعید مقبری عن ابی ہریرۃ کی سند سے کر دیا۔

(امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:) یحییٰ قطان نے ہمارے خیال میں اسی وجہ سے کلام کیا ہے اور یحییٰ قطان کافی روایتیں ابن عجلان سے نقل (بھی) کرتے ہیں۔

وضاحت:

(۱) محمد بن عجلان رحمہ اللہ نے سعید مقبری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان سے واسطہ اس لئے حذف کردیا کہ یہ اسناد کے لئے مضر نہیں، سند میں کسی راوی کو بڑھا دینا تو سند کو بوگس کردیتا ہے مگر کسی راوی کو چھوڑ دینے سے زیادہ سے زیادہ حدیث مرسل (منقطع) ہوجاتی ہے اور حدیث مرسل متقدمین کے یہاں معتبر ہے۔

(۲) عن رجل عن أبی هريرة کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ واسطہ مجہول تھا بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ واسطے مختلف تھے اور سب معتبر تھے۔ مگر ان کے نام یاد نہیں رہے تھے اس لئے سب کی سند سعید مقبری عن ابی ہریرہ کردی تھی۔

وهٰكَذَا مَن تَكَلَّمَ فِي ابنِ أبى لَيْلٰى: إِنَّمَا تَكَلَّمَ فيهِ مِن قِبَلِ حِفْظِه، قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ يَحْيىَ بنُ سَعِيدٍ: رَوَى شُعْبَةُ عَنِ ابنِ أبى لَيلىٰ، عن أَخِيهِ عِيسٰى، عَن عَبدِ الرحمنِ بن أبى لَيلٰى، عن أبى أَيُّوْبَ، عن النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فى العُطَاسِ. قَالَ يَحيىَ: ثُمَّ لَقِيتُ ابنَ أبى لَيلٰى، فَحَدَّثَنَا عن أَخِيْهِ عيسىٰ، عَن عبدِ الرَّحمنِ بنِ أبى لَيلٰى، عن عليٍّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ أبو عيسىٰ: ويُروىٰ عنِ ابنِ أبى ليلٰى، نَحْوُ هٰذا غَيْرُ شَيْءٍ، كَانَ يَروِى الشَّيْئَ مَرَّةً هٰكَذا، ومَرَّةً هٰكَذَا يَغيِّرُ الإِسْنَادَ، وَإِنَّمَا جَاءَ هٰذَا مِن قِبَلِ حِفْظِهِ، لِأَنَّ أَكْثَرَ مَن مَّضٰى مِن أهلِ العلمِ كَانُوْا لاَ يَكْتُبُوْنَ، ومَن كَتَبَ مِنْهُمْ: إِنَّمَا كان يُكْتَبُ لَهُمْ بَعْدَ السَّمَاعِ، وَسَمِعْتُ أحمدَ بنَ الْحَسَنِ يَقُول: سمعتُ أحمدَ بنَ حَنْبَلٍ يقولُ: ابنُ أبى لَيلٰى لاَ يُحْتَجُّ بِهِ.

(۱۱) ابن ابی لیلیٰ صغیر کا تذکرہ:

ترجمہ: اور اسی طرح جس نے ابن ابی لیلیٰ صغیر میں کلام کیا ہے تو وہ ان کے حافظہ ہی کی جانب سے کلام کیا ہے۔ یحییٰ قطان کہتے ہیں: امام شعبہ نے ابن ابی لیلیٰ سے، انھوں نے اپنے بھائی عیسیٰ سے، انھوں نے (اپنے ابا) عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، انھوں نے ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے، انھوں نے نبی پاک ﷺ سے چھینک کے سلسلہ میں روایت کی ہے (کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو چاہئے کہ وہ الحمد لله علی کل حال کہے، اور جو شخص اس کو جواب دے وہ یرحمك الله کہے اور چھینکنے والا اس کے جواب میں یهدیکم الله ویصلح بالکم کہے) یحییٰ کہتے ہیں: پھر میری ابن ابی لیلیٰ سے ملاقات ہوئی تو انھوں نے اپنے بھائی عیسیٰ سے، انھوں نے (اپنے ابا) عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے، انھوں نے نبی پاک ﷺ سے حدیث بیان کی (یعنی سند میں بجائے ابوایوب کے حضرت علی کو لے آئے)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن ابی لیلیٰ سے اس طرح کی متعدد چیزیں روایت کی جاتی ہیں۔ وہ ایک روایت کو ایک مرتبہ یوں روایت کرتے تھے اور دوسری مرتبہ ووں، سند بدل دیتے تھے اور ایسا ان کے حافظہ کی کمزوری کی وجہ ہی سے ہوتا تھا اس لئے کہ گذشتہ اہل علم میں سے اکثر علماء حدیث نہیں لکھا کرتے تھے (بلکہ حافظہ پر اعتماد کیا کرتے تھے) اوران میں سے جس نے لکھا ہے ان کے لئے حدیثیں سماع کے بعد ہی لکھی جاتی تھیں (یعنی ان کے ورّاق ان کے لئے وہ حدیثیں لکھتے تھے) میں نے احمد بن الحسن سے سنا ہے: وہ کہتے ہیں کہ میں نے احمد بن حنبل سے سنا ہے کہ ابن ابی لیلیٰ کی حدیثوں سے استدلال نہیں کیا جائے گا۔

وضاحت: ابن ابی لیلیٰ کا اطلاق چار شخصوں پر ہوتا ہے: اول: محمد بن عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ، یہ کوفہ کے قاضی تھے۔ فقہ میں ان کا بڑا مقام تھا، ہدایہ میں ان کے اقوال مذکور ہیں۔ حدیث میں صدوق ہیں۔ یعنی جھوٹ نہیں بولتے، مگر ان کا حافظہ نہایت کمزور تھا، اس لئے ان کی روایتوں میں گڑبڑ پائی جاتی ہے، ان کو ابن ابی لیلیٰ صغیر کہتے ہیں۔ اور وہی یہاں مراد ہیں —— دوم: ابن ابی لیلیٰ صغیر کے والد عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ پر بھی ابن ابی لیلیٰ کا اطلاق کیا جاتا ہے اوران کو ابن ابی لیلیٰ کبیر کہا جاتا ہے۔ یہ ثقہ راوی ہیں —— سوم: ابن ابی لیلیٰ صغیر کے بھائی عیسیٰ بن عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ کو بھی ابن ابی لیلیٰ کہا جاتا ہے یہ بھی ثقہ راوی ہیں —— چہارم: ابن ابی لیلیٰ صغیر کے بھتیجے عبد اللہ بن عیسیٰ کو بھی ابن ابی لیلیٰ کہا جاتا ہے یہ بھی ثقہ راوی ہیں۔

وكَذٰلِكَ مَن تكَلَّمَ مِن أَهْلِ العلمِ فى مُجالِدِ بنِ سَعيدٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ لَهِيْعَةَ وَغَيْرِهِمَا: إِنَّمَا تَكَلَّمُوْا فِيْهِمْ مِن قِبَلِ حِفْظِهِمْ، وَكَثْرَةِ خَطَئِهِمْ، وَقَدْ رَوٰى عَنهُم غَيْرُ وَاحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ.

فَإِذَا تَفَرَّدَ أَحَدٌ مِن هٰؤُلَاءِ بِحَدِيثٍ وَلَمْ يُتَابَعْ عَلَيْهِ: لَم يُحْتَجَّ بِه، كَمَا قَالَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: ابنُ أبى لَيلىٰ لَا يُحْتَجُّ بِهِ: إِنَّمَا عَنىٰ إِذَا تَفَرَّدَ بِالشَّيْءِ، وَأَشَدُّ مَايَكُوْنُ هٰذا إِذَا لَم يَحْفَظِ الإِسْنَادَ: فَزَادَ فى الإِسْنَادِ أَوْ نَقَصَ، أَوْ غَيَّرَ الإِسْنَادَ، أَوْ جَاءَ بِمَا يَتَغَيَّرُ فِيهِ الْمَعْنىٰ.

(۱۲) مجالد بن سعید (۱۳) عبد اللہ بن لہیعہ کا تذکرہ:

(۱۲) ابو عمرو مجالد بن سعید قبیلۂ ہمدان کے تھے اور کوفہ میں رہتے تھے۔ یہ اعلی درجہ کا راوی نہیں ہے، تلقین قبول کرتا تھا اور آخر عمر میں حافظہ بھی بگڑ گیا تھا۔

(۱۳) قاضی ابو عبد الرحمٰن عبد اللہ بن لہیعہ حضرمی ہیں اور مصر ان کا وطن ہے۔ صدوق ہیں مگر ان کے گھر میں آگ لگ گئی تھی اس لئے کتابیں جل جانے کے بعد انھوں نے حافظہ سے جو روایتیں بیان کی ہیں ان میں تسامح پایا جاتا ہے۔

ترجمہ: اوراسی طرح اہل علم میں سے جس نے مجالد بن سعید میں اور عبداللہ بن لہیعہ میں اوران دونوں کے علاوہ میں کلام کیا ہے تو انھوں نے ان راویوں میں ان کے حافظہ کی کمزوری اوران کی غلطیوں کی زیادتی ہی کی وجہ سے کلام کیا ہے۔اوران سے متعدد ائمہ نے روایتیں کی ہیں۔

(خلاصۂ کلام) جب ان (تیرہ) راویوں میں سے کوئی کسی حدیث کے ساتھ متفرد ہواوراس کا کوئی متابع نہ ہوتو اس سے استدلال نہیں کیا جائے گا جیسا کہ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا ہے۔ابن ابی لیلیٰ سے استدلال نہیں کیا جائے گا، ان کی مراد صرف یہ ہے کہ جب وہ کسی حدیث کے ساتھ تنہا ہو، اور یہ عدم استدلال اس صورت میں نہایت مؤکد ہوجاتا ہے جب راوی کو سند یاد نہ ہو، پس وہ یا تو سند میں اضافہ کرے یا کمی کرے، یا سند بدل دے، یا متن کے ایسے الفاظ لائے جن سے معنی بدل جائیں۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان تیرہ راویوں کا تذکرہ بطور مثال کیا ہے۔ایسے روات بے شمار ہیں اورسب کا وہی حکم ہے جواوپر مذکور ہوا۔

نویں بات: روایت بالمعنی اورحدیث کا اختصاراس شرط کے ساتھ جائز ہے کہ حدیث کی مراد نہ بدلے

روایت بالمعنی اورلمبی حدیث کو مختصر کرکے بیان کرنا بالاتفاق جائز ہے، صحابہ سے یہ بات ثابت ہے۔صحابہ ایک ہی واقعہ کو مختلف انداز اور مختلف الفاظ سے بیان کیا کرتے تھے اورروایت بالمعنی کے جواز کی سب سے مضبوط دلیل یہ ہے کہ احادیث کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنا جائز ہے۔ظاہر ہے کہ ترجمہ روایت بالمعنی ہے۔اورجب روایت بالمعنی جائز ہے تو حدیث کا اختصار بھی جائز ہے۔ کیونکہ یہ بھی بالمعنی روایت کی ایک صورت ہے، البتہ الفاظ حدیث کی حفاظت کرنا اور باللفظ روایت کرنا افضل اورتحدیث کا اعلیٰ درجہ ہے، متقدمین یعنی صحابہ وتابعین کے زمانہ میں ان دونوں باتوں کا عام طور پر رواج تھا، لیکن بعد میں باللفظ روایت کا بہت زیادہ اہتمام کیا جاتا تھا۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں آٹھ روایتیں ذکر کی ہیں۔

ملحوظہ: یہ نویں بات یہاں ضمناً آئی ہے، اصل تذکرہ روات کا چل رہا ہے۔ پہلے ضعیف روات کا تذکرہ کیا تھا، پھر متکلم فیہ روات کا اورآگے اعلیٰ درجہ کے سولہ ثقہ راویوں کا تذکرہ آرہا ہے، پھر تین مختلف فیہ روات کا تذکرہ کریں گے۔

فَأَمَّا مَن أَقَامَ الإسْنَادَ وَحَفِظَهُ وَغَيَّرَ اللَّفْظَ، فَإِنَّ هٰذَا وَاسِعٌ عِند أهلِ العِلْمِ إِذَا لَمْ يَتَغَيَّرْ بِه المَعْنٰى:

[۱-] حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا مُعاوِيَةُ بنُ صَالحٍ، عن العَلاءِ بنِ الحَارثِ عَن مَكْحُوْلٍ عن وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ قَالَ: إِذَا حَدَّثْنَاكُمْ عَلَى الْمَعْنٰى فَحَسْبُكُمْ.

[۲-] حَدَّثَنَا يحيىَ بنُ مُوْسٰى، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن أيوبَ، عن مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: كُنتُ أَسْمَعُ الحديثَ مِن عَشْرَةٍ: اللَّفْظُ مُخْتَلِفٌ، وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ.

[۳-] حَدَّثَنَا أحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا مُحمدُ بنُ عبدِ الله الأَنْصَارِيُّ، عن ابنِ عَوْنٍ، قَالَ كانَ إِبراهيمُ النَّخَعِيُّ وَالحَسَنُ وَالشَّعْبِيُّ يَأْتُوْنَ بالحَديثِ عَلَى المَعَانى، وَكَانَ القاسِمُ بنُ مُحمدٍ ومُحمدُ بنُ سِيْرِيْنَ وَرَجَاءُ بنُ حَيْوَةَ يُعِيْدُوْنَ الحَديثَ عَلٰى حُرُوْفِهِ:

[٤-] حَدَّثَنَا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، نَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَن عَاصِمِ الأَحْوَلِ، قَالَ: قُلتُ لِأَبِيْ عُثمانَ النَّهْدِيِّ: إِنَّكَ تُحَدِّثُنَا بِالحَديثِ، ثُمَّ تُحَدِّثُنا بِهِ عَلٰى غَيْرِ مَا حَدَّثْتَنا، قَالَ: عَلَيْكَ بِالسَّمَاعِ الأَوَّلِ.

[٥-] حَدَّثَنَا الْجَارُوْدُ حَدَّثَنَا وَكيعٌ عن الرَّبِيْعِ بنِ صَبِيْحٍ، عن الحَسَنِ قال: إِذَا أَصَبْتَ الْمَعْنٰى أَجْزَأَكَ.

[٦-] حَدَّثَنَا عَلَيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا عبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، عن سَيْفٍ هُوَ ابنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمعتُ مُجَاهِدًا يَقولُ: أُنْقُصْ مِنَ الحديثِ إِنْ شِئْتَ، وَلاَ تَزِدْ فِيْهِ.

[۷-] حَدَّثَنَا أَبُوْ عَمَّارٍ الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ حُبَابٍ، عن رَجُلٍ، قال: خَرَجَ إِلَيْنَا سُفيانُ الثَّوْرِيُّ فَقَالَ: إِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّي أُحَدِّثُكُمْ كَمَا سَمعتُ، فَلاَ تُصَدِّقُوْنِّيْ، إِنَّمَا هُوَ الْمَعْنٰى.

[۸-] حَدَّثَنَا الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعتُ وكيعاً يَقولُ: إِنْ لَّمْ يَكُنِ الْمَعْنٰى وَاسِعًا فَقَد هَلَكَ النَّاسُ.

ترجمہ: پس رہا وہ شخص جو سند کو درست بیان کرے اور اس کو وہ اچھی طرح محفوظ ہو اور حدیث کے الفاظ بدل دے تو اس کی اہل علم کے نزدیک گنجائش ہے، جب معنی میں کوئی تبدیلی نہ آئے۔

(۱-) حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: آپ نے فرمایا: جب ہم تم سے بالمعنی حدیث بیان کریں تو وہ تمہارے لئے کافی ہے۔

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت واثلہ رضی اللہ عنہ کا قول بہت مختصر لکھا ہے۔ بیہقی میں اس کی تفصیل ہے: مکحول کہتے ہیں: میں اور ابوالازہر حضرت واثلہ کے پاس گئے، ہم نے ان سے کہا: آپ ہم سے کوئی ایسی حدیث بیان کریں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو، اور اس میں کوئی وہم نہ ہو، نہ الفاظ کا اضافہ ہو اور نہ بھول چوک ہو۔ حضرت واثلہؓ نے فرمایا: آپ حضرات نے کچھ قرآن پڑھا ہے؟ ہم نے کہا ہاں! مگر ہم اس کے جید حافظ نہیں ہیں۔ قرآن پڑھنے میں ہم کبھی واو یا الف بڑھا دیتے ہیں، اور کبھی گھٹا دیتے ہیں۔ حضرت واثلہؓ نے فرمایا: یہ قرآن تمہارے سامنے لکھا ہوا موجود ہے، تم اس کی حفاظت میں ذرا کوتاہی نہیں کرتے، پھر تمہارا خیال ہے کہ تم سے اس کے پڑھنے میں کمی زیادتی ہو جاتی ہے، پس بتلاؤ جو حدیثیں ہم نے نبی پاک ﷺ سے سنی ہیں ان میں کمی بیشی کیسے نہیں

ہوگی، ہوسکتا ہے کہ ہم نے وہ بات آپ سے ایک ہی مرتبہ سنی ہو۔ پس جب ہم آپ لوگوں سے بالمعنی حدیث بیان کریں تو وہ آپ لوگوں کے لئے کافی ہے (تدریب الراوی ۲:۱۰۰)

(۲-) ابن سیرین نے فرمایا: میں ایک حدیث دس آدمیوں سے سنا کرتا تھا (یعنی بہت سے محدثین سے سنتا تھا) ان کے الفاظ مختلف ہوتے تھے مگر معنی ایک ہوتے تھے۔

(۳-) ابن عون کہتے ہیں: ابراہیم نخعی، حسن بصری اور عامر شعبی حدیث کو بالمعنی روایت کیا کرتے تھے۔ اور قاسم اور ابن سیرین اور رجاء بن حیوۃ حدیث بلفظہ لوٹاتے تھے۔

(۴-) عاصم احول کہتے ہیں: میں نے ابوعثمان نہدی سے کہا: آپ ہم سے ایک حدیث بیان کرتے ہیں، پھر آپ اسی حدیث کو دوسرے الفاظ سے بیان کرتے ہیں، یعنی پہلے والے الفاظ بدل دیتے ہیں (پس ہم کونسے الفاظ یاد کریں) ابوعثمان نے فرمایا: تم نے جو پہلی مرتبہ الفاظ سنے ہیں ان کو لازم پکڑو، (یعنی ابوعثمان نہدی بالمعنی روایت کرتے تھے)

(۵-) حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب آپ حدیث کے معنی کو پہنچ جائیں تو آپ کے لئے کافی ہے (یعنی بعینہ الفاظ یاد رکھنے ضروری نہیں، حدیث کا مفہوم صحیح طور پر ادا کرنا کافی ہے)

(۶-) مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر تم چاہو تو حدیث میں کمی کر سکتے ہو یعنی اختصار کر سکتے ہو، مگر حدیث میں اضافہ مت کرو۔

وضاحت: اکثر محدثین کے نزدیک حدیث کو مختصر طور پر بیان کرنا جائز ہے مگر شرط یہ ہے کہ اختصار کرنے والا عالم ہو، اس لئے کہ عالم: حدیث میں سے وہی حصہ چھوڑے گا جس سے مفہوم میں خلل نہ پڑتا ہو۔ یعنی جو بات بیان کی ہے وہ اور جو حذف کی ہے وہ گویا دو روایتیں ہوں۔

(۷-) ایک شخص کہتا ہے: ہمارے پاس سفیان ثوری رحمہ اللہ آئے، پس انھوں نے فرمایا: اگر میں آپ لوگوں سے کہوں کہ میں آپ لوگوں سے حدیث بالکل اسی طرح بیان کرتا ہوں جس طرح میں نے سنی ہے تو آپ لوگ میری بات نہ مانیں وہ (میرا حدیث بیان کرنا) بالمعنی ہی ہوتا ہے۔

(۸-) وکیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر بالمعنی روایت کی گنجائش نہ ہوتی تو لوگ یقیناً تباہ ہو جاتے یعنی تمام حدیثوں کو بلفظہ یاد رکھنا لوگوں کے لئے ناممکن تھا۔

فائدہ: طبرانی کی معجم کبیر میں ایک مرفوع روایت ہے: إذا لم تُحلّوا حراما ولم تُحرموا حلالاً وأصبتُم المعنى فلا بأس یعنی جب تم کسی حرام کو حلال نہ کردو اور کسی حلال کو حرام نہ کردو، یعنی معنی میں تغیر نہ ہو جائے اور تم معنی کو پہنچ جاؤ تو کوئی حرج نہیں۔ اس حدیث کا حسن بصری رحمہ اللہ کے سامنے تذکرہ کیا گیا تو آپ نے فرمایا: لو لا هذا ما حدّثنا اگر یہ گنجائش نہ ہوتی تو ہم حدیث بیان ہی نہ کرتے۔

دسویں بات: اعلی درجہ کے ثقہ رواۃ کا تذکرہ اوران میں تفاوتِ درجات کا بیان

پہلے ضعیف رواۃ کا تذکرہ کیا ہے، پھر متکلم فیہ رواۃ کا اوران کی روایات کا حکم بیان کیا ہے۔ اب اعلی درجہ کے ثقہ رواۃ کا، جن کو حدیثیں خوب محفوظ اور پختہ ہوتی ہیں ان کا تذکرہ شروع کرتے ہیں، یہ بڑے حضرات بھی سب ایک درجہ کے نہیں ہوتے، ان میں تفاضلِ درجات ہوتا ہے، کوئی بڑا ہے، کوئی بہت بڑا، اوران میں درجہ بندی کا معیار دو چیزیں ہیں (ایک) حفظ واتقان، یعنی سنی ہوئی حدیثوں کو یاد رکھنا اور بہت مضبوط طریقہ پر محفوظ رکھنا (دوم) حدیث سنتے وقت اور بیان کرتے وقت تثبت یعنی جماؤ سے کام لینا۔ جوراوی ان دو باتوں میں جس قدر بلند رتبہ ہونگے اسی قدر ان کا درجہ بلند ہوگا۔

مگراس کا یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ ان راویوں سے قطعاً کوئی غلطی نہیں ہوسکتی یا نہیں ہوئی۔ غلطی اور چوک سے بڑے بڑے حضرات محفوظ نہیں۔ انسان خطاء ونسیان کی سواری ہے، ہزار احتیاط کے باوجود غلطی ہوجاتی ہے۔ ابن معینؒ فرماتے ہیں: مجھے اس بات پر حیرت نہیں ہوتی کہ ایک محدث سے چوک کیوں ہوجاتی ہے بلکہ مجھے اس پر حیرت ہوتی ہے کہ حدیث بیان کرنے والا بالکل صحیح کیسے بیان کررہا ہے۔ اور ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: کہ وہم سے یعنی نادانستہ غلطیوں سے کون محفوظ رہ سکتا ہے؟! حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے متعدد صحابہ پر تنقید کی ہے اوران کی روایات میں وہم کی نشاندہی کی ہے اس لئے معمولی بھول چوک سے چشم پوشی برتنی ضروری ہے۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے بطور مثال سولہ اکابر محدثین کا تذکرہ کیا ہے۔

وَإِنَّمَا تَفَاضَلَ أَهْلُ العِلْمِ بِالحِفْظِ وَالإِتْقَانِ وَالتَّثَبُّتِ عندَ السَّمَاعِ، مَعَ أَنَّهُ لَمْ يَسْلَمْ مِنَ الْخَطَأِ وَالغَلَطِ كَثِيْرُ أَحَدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ مَعَ حِفْظِهِمْ.

ترجمہ: اہل علم یعنی رواۃ حدیث کا تفاضل یعنی تفاوت کے درجات حفظ واتقان اورحدیث سننے سنانے کے وقت مضبوط رہنے ہی سے ہوتا ہے (پس جو محدث احفظ واتقن واثبت ہوگا وہ سب سے افضل ہوگا) البتہ یہ بات بھی ہے کہ چوک اور غلطی سے ائمہ میں سے بڑے بڑے حضرات محفوظ نہیں رہے ہیں۔ حالانکہ ان کو حدیثیں نہایت پختہ یاد تھیں۔

وضاحت: حفظ الحدیث کے معنی ہیں زبانی یاد کرنا —— اور أتقنه کے معنی ہیں: مضبوط اور پختہ کرنا۔ اس کا مجرد تقُم (ک) تقامة ہے جس کے معنی ہیں: ماہر، حاذق اور کامل ہونا، قرآن میں ہے: ﴿صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْ أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ﴾ یہ کام اللہ کا ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنا رکھا ہے (النمل آیت ۸۸) —— اور تثبَّت فی الأمر کے معنی ہیں: احتیاط سے کام لینا، اس کا مجرد ثبُت (ک) ثباتة ہے اس کے معنی ہیں باوقار اور مستقل مزاج ہونا۔ صفت ثَبْتٌ

(بسکون الباء) اور ثبیتٌ ہے۔ پس حفظ واتقان ایک ہی چیز ہیں۔ البتہ اتقان حفظ کا اعلی درجہ ہے۔ اور تثبت دوسری چیز ہے۔ اور عند السماع صرف التثبت کا ظرف ہے۔ حفظ واتقان سے اس کا تعلق نہیں اور سماع سے حدیث کا سننا سنانا دونوں مراد ہیں۔ جب حدیث پڑھے تو باوقار بیٹھ کر پڑھے اور جب پڑھائے تو بھی باوقار بیٹھ کر پڑھائے۔ امام مالک رحمہ اللہ کا یہ واقعہ آگے آرہا ہے کہ وہ ابو حازم کی مجلس سے گذرے، بیٹھنے کی جگہ نہیں تھی تو لوٹ گئے۔ کسی نے پوچھا: آپ کیوں لوٹ گئے، امام مالک رحمہ اللہ نے جواب دیا: بیٹھنے کی جگہ نہیں تھی اور کھڑے کھڑے حدیث پڑھنا مجھے گوارہ نہ ہوا، اسی طرح جب آپ حدیث پڑھاتے تھے تو نہایت باوقار بیٹھتے تھے اور اس سلسلہ میں بہت سے واقعات مروی ہیں۔

ملحوظہ: كثير أحد: لم يسلم (نہیں بچا نہیں محفوظ رہا) کا فاعل ہے اور مصری نسخہ میں كبير أحد ہے۔ اور کوکب میں ہے کہ دونوں کے معنی ایک ہیں۔

حَدَّثَنَا محمدُ بنُ حُمَيْدِ الرَّازِيُّ، نا جَرِيرٌ، عن عُمَارَةَ بنِ القَعْقَاعِ، قَالَ: قَالَ لِي إِبْرَاهِيمُ النَّخَعِيُّ إِذَا حَدَّثْتَنِيْ فَحَدِّثْني عَن أبي زُرْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ جَرِيرٍ، فَإِنَّهُ حَدَّثَني مَرَّةً بِحَدِيثٍ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِيْنَ فَمَا أَخْرَمَ مِنهُ حَرْفًا.

(۱) ابوزرعہ بجلی کوفی کا تذکرہ:

(۱-) ابوزرعہ ابن عمرو بن جریر بن عبداللہ بجلی کوفی اعلی درجہ کے ثقہ راوی اور تابعی ہیں، اپنے دادا حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ کتب ستہ میں ان کی روایت ہے۔

نوٹ: امام ابوزرعہ رازی بہت بعد کے محدث ہیں۔ امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ کے معاصر ہیں۔ ترمذی میں ان کا ذکر بکثرت آتا ہے۔ صاحب ترجمہ ابوزرعہ ان کے علاوہ ہیں۔

ترجمہ: عمارۃ بن القعقاع کہتے ہیں: مجھ سے ابراہیم نخعی نے فرمایا: جب آپ مجھ سے حدیثیں بیان کریں تو ابوزرعہ کی حدیثیں بیان کریں (کیونکہ وہ حدیث کے بہت مضبوط راوی ہیں) اس لئے کہ انھوں نے مجھ سے ایک مرتبہ ایک حدیث بیان کی پھر میں نے ان سے وہ حدیث کئی سال گذر جانے کے بعد پوچھی تو انھوں نے اس حدیث میں سے ایک حرف بھی کم نہ کیا۔ یعنی جس طرح پہلے بیان کی تھی بعینہٖ انہی الفاظ کے ساتھ سالوں گذر جانے کے بعد بھی ان کو محفوظ تھی۔

حدثنا أبو حَفصٍ عَمرُو بنُ عَلِيٍّ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ، عن سُفيانَ، عن مَنصُورٍ، قال: قلتُ لِإِبْرَاهِيمَ: مَا لِسَالِمِ بنِ أَبِي الجَعْدِ أَتَمُّ حديثًا مِنك؟ قَالَ لِأَنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ.

(۲) سالم بن ابی الجعد کا تذکرہ:

(۲-) سالم بن ابی الجعد غطفانی اشجعی ہیں، کوفہ میں رہتے تھے، اعلی درجے کے ثقہ راوی ہیں، اکابر محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔ سن ۹۷ ہجری میں وفات پائی ہے۔

ترجمہ: منصورؒ کہتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعیؒ سے پوچھا: سالم بن ابی الجعدؒ آپ سے زیادہ تام حدیثیں کیسے بیان کرتے ہیں؟ ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا: اس لئے کہ وہ لکھا کرتے تھے (اس لئے ان کے پاس حدیثیں بلفظہ محفوظ ہیں اور میں لکھتا نہیں تھا یاد کرتا تھا اس لئے میری روایات میں الفاظ کی کمی بیشی ہو جاتی ہے)

ملحوظہ: اس سے معلوم ہوا کہ بلفظہ روایت بیان کرنا اولی ہے ورنہ سالم کا حال قابل تعریف نہ ہوتا۔

حدثنا عبدُ الجبَارِ بنُ العَلاَءِ بنِ عَبدِ الجَبَّارِ، نا سُفيانُ، قال: قال عبدُ الملكِ بنُ عُمَيْرٍ: إِنِّیْ لَأُحَدِّثُ بِالحَديثِ فَمَا أَدَعُ منهُ حَرْفًا.

(۳) عبدالملک بن عُمیر کا تذکرہ:

(۳-) عبدالملک بن عُمیر ثقہ راوی ہیں۔ فصیح اللسان تھے۔ بہت سے محدثین ان سے روایت کرتے ہیں، بڑھاپے میں ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا۔ ۱۳۰ سال کی عمر میں وفات پائی ہے۔

ترجمہ: عبدالملک بن عمیر کہتے ہیں: میں حدیثیں بیان کرتا ہوں اور ان میں سے ایک حرف بھی نہیں چھوڑتا۔ یعنی بلفظہ روایت کرتا ہوں اور مجھے حدیث کے الفاظ خوب محفوظ ہیں۔

حدثنا الحسينُ بنُ مَهْدِيِّ البِصْرِيُّ، نا عبدُ الرزاقِ، نا مَعْمَرٌ، قال: قال قَتَادَةُ: مَا سَمِعَتْ أُذُنَایَ شَيْئًا قَطُّ إِلاَّ وَعَاه قَلْبِیْ.

(۴) حضرت قتادہ کا تذکرہ:

(۴-) حضرت قتادہؒ کی کنیت ابوالخطاب، ان کے والد کا نام دعامۃ، قبیلۂ سدوس سے آپ کا تعلق ہے اور بصرہ کے باشندے تھے، مادرزاد نابینا اور انتہائی ذہین تھے۔ حضرت سعید بن مسیّب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرے پاس کوئی عراقی شاگرد ایسا نہیں آیا جو قتادہ سے زیادہ حدیثیں محفوظ کرنے والا ہو، قتادہ حضرت سعید کے پاس صرف آٹھ دن ٹھہرے ہیں۔ تیسرے دن حضرت سعید نے ان سے کہا: بس اب آپ رخصت ہو جائیں آپ نے مجھے نچوڑ کر رکھ

دیا، مطر ورّاق کہتے ہیں: قتادہ جب کوئی حدیث سنتے تھے تو بے چینی اور بے کلی ان کو پکڑ لیتی تھی۔ یہاں تک کہ وہ حدیث کو یاد کر لیتے۔ یعنی حدیث حفظ کرنے تک وہ بے چین رہتے، سن ۱۱۷ ہجری میں وفات پائی ہے۔

ترجمہ: قتادہ فرماتے ہیں: میرے کان نے کبھی کوئی چیز نہیں سنی، مگر اس کو میرے دل نے محفوظ کر لیا (اس سے معلوم ہوا کہ آپ اعلی درجہ کے حافظ حدیث تھے)

وضاحت: انہی کا یہ واقعہ بھی ہے کہ ایک مرتبہ مجلس تحدیث میں یہ فرمایا کہ میں کبھی کوئی چیز نہیں بھولا پھر جب سبق ختم ہوا تو خادم سے کہا: میری چپل لاؤ، خادم نے عرض کیا: چپل تو آپ نے پہن رکھی ہے (نفحة العرب) معلوم ہوا بھول سے کوئی محفوظ نہیں، اتنا بڑا حافظ بھی پیروں میں پہنی ہوئی چپلوں کو بھول گیا۔ فالعظمة لله العلي الكبير!

حدثنا سعيدُ بنُ عبدِ الرحمن المَخْزُوْمِيُّ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِينارٍ، قال: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَنَصَّ للحديثِ مِن الزُّهْرِيِّ.

(۵) امام زہری کا تذکرہ:

(۵-) آپ کا نام محمد، والد کا نام مسلم، سلسلۂ نسب عبید اللہ بن عبد اللہ بن شہاب ہے۔ قریش کی شاخ زُہرہ سے تعلق تھا، اس لئے زہری کہلاتے ہیں۔ آپ کی مشہور کنیت ابن شہاب اور دوسری کنیت ابو بکر ہے۔ آپ اعلی درجہ کے حافظِ حدیث اور مجتہد تھے۔ آپ کی جلالتِ شان اور حفظ و اتقان متفق علیہ ہے۔ سن ۱۲۵ ہجری میں وفات ہوئی ہے۔ آپ کا اپنے زمانہ کے خلفاء کے پاس آنا جانا تھا۔ جس کی وجہ سے بعض لوگوں نے آپ پر کاسہ لیسی کا الزام لگایا ہے۔ حالانکہ ان کے استاذ عمرو بن دینار ان کے بارے میں فرماتے ہیں: روپے پیسے جتنے زہری کے نزدیک بے قدر تھے اتنے کسی اور کے نزدیک نہیں تھے۔ ان کے نزدیک دراہم و دنانیر کی حیثیت مینگنیوں سے زیادہ نہیں تھی (ایسا شخص کاسہ لیسی کیوں کریگا؟!)

ترجمہ: عمرو بن دینار فرماتے ہیں: میں نے زہری سے زیادہ حدیثوں کو مرفوع کرنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا۔

وضاحت: اَنَصّ اسم تفضیل ہے نَصَّ (ض) الحدیث کے معنی ہیں: حدیث کو مرفوع کرنا، یعنی نبی پاک ﷺ تک سند پہنچانا، یعنی امام زہری کو مرفوع حدیثوں کی سندیں خوب محفوظ تھیں وہ روزانہ اپنی مرویات کو سونے سے پہلے سند کے ساتھ ایک مرتبہ پڑھتے تھے۔ البتہ ان کی مرسل روایتیں ضعیف قرار دی گئی ہیں۔

حدثنا إبراهيمُ بنُ سَعيدٍ الجَوْهَرِيُّ، نا سفيانُ بنُ عَيَيْنَةَ قَالَ: قال أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ: مَا عِلِمتُ أَحَدًا كَانَ أَعْلَمَ بِحَدِيثِ أَهْلِ الْمَدِينَةِ بَعْدَ الزُّهْرِيِّ: مِن يَحيىَ بنِ أبي كَثِيْرٍ.

(۶) یحییٰ بن ابی کثیر کا تذکرہ:

(۶-) یحییٰ بن ابی کثیر طائی ہیں، یعنی قبیلۂ طی کے ہیں۔ ائمۂ حدیث میں سے ہیں۔ سن ۱۲۹ھ میں وفات پائی ہے۔ شعبہ کہتے ہیں: یحییٰ کو زہری سے حدیثیں زیادہ محفوظ تھیں، البتہ یحییٰ قطان نے ان کی مرسل روایتوں کو ضعیف قرار دیا ہے۔ اور ان کو ہوا کے مشابہ قرار دیا ہے۔ امام احمد بھی ان کی مرسل روایتوں کو پسند نہیں کرتے تھے اس لئے کہ وہ گرے پڑے لوگوں سے روایت کرتے تھے۔

ترجمہ: ایوب سختیانی کہتے ہیں: میں ایسا کوئی آدمی نہیں جانتا جو زہری کے بعد مدینہ والوں کی حدیثوں کا زیادہ علم رکھتا ہو، یحییٰ بن ابی کثیر کے علاوہ۔

حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا سُلَيْمَانُ بنُ حَرْبٍ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، قال: كَانَ ابنُ عَوْنٍ يُحَدِّثُ فَإِذَا حَدَّثْتُه عَن أَيُّوْبَ بِخِلَافِهِ تَرَكَهُ، فَأَقُوْلُ: قَد سِمِعْتَه؟ فَيَقُوْلُ: إِنَّ أَيُّوْبَ كَانَ أَعْلَمَنَا بِحَدِيثِ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ.

(۷) ایوب سختیانی کا تذکرہ:

(۷-) حضرت ایوب کے والد کا نام ابوتمیمہ ہے۔ بصرہ کے رہنے والے تھے، سختیانی نسبت ہے، سختیان چھوٹے جانور کی کھال کو کہتے ہیں، ان کے یہاں یہ کاروبار ہوگا اس لئے اس نسبت سے مشہور ہوئے، سختیان عربی لفظ نہیں ہے، معلوم نہیں کس زبان کا کلمہ ہے۔ آپ بڑے بزرگ اور اعلی درجہ کے حافظ حدیث تھے، ہشام بن عروہ کہتے ہیں: ہمارے پاس عراق سے ایوب اور مسعر بن کدام سے بہتر کوئی طالب علم نہیں آیا، اور ابن المبارک کہتے ہیں: میں نے ایوب سے افضل کوئی آدمی نہیں دیکھا۔ آپ حدیثیں یاد کرتے تھے لکھتے نہیں تھے، سن ۱۷ھ میں آپ کی وفات ہوئی ہے۔

ترجمہ: حماد بن زید کہتے ہیں: ابن عون (محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہوئے) حدیث بیان کرتے تھے، پھر جب میں ان سے ایوب سختیانی کی سند سے اس کے خلاف حدیث بیان کرتا تو وہ ابن سیرین سے سنی ہوئی حدیث کو چھوڑ دیتے تھے۔ میں نے ان سے کہا: آپ نے تو خود اس حدیث کو ابن سیرین سے سنا ہے؟ (پھر اس کو کیوں چھوڑ دیا اور ایوب سختیانی کی حدیث کو کیوں لے لیا؟) تو وہ جواب دیتے کہ ایوب ہم سے زیادہ محمد بن سیرین کی حدیثوں کو جانتے تھے، یعنی ابن سیرین کے شاگردوں میں ایوب کو ان کی حدیثیں سب سے زیادہ محفوظ تھیں۔

حدثنا أبوبكرٍ، عن عَلى بنِ عبدِ اللّٰهِ، قال: قُلتُ لِيَحْيَى بنِ سَعيدٍ أَيُّهُمَا أَثْبَتُ: هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ أَو مِسْعَرٌ؟ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مِثلَ مِسْعَرٍ، كَانَ مِسْعَرٌ مِن أَثْبَتِ النَّاسِ:

(۸)مسعر بن کدام کا تذکرہ:

(۸-)مسعر بن کدام کی نسبی نسبت ہلالی، رُوَاسی تھی، کوفہ کے باشندے تھے۔ابن عیینہ فرماتے ہیں: مسعر سچائی کی کھان ہیں،شعبہ اور ثوری میں جب اختلاف ہوتا تو کہتے آؤ کسوٹی کے پاس چلیں یعنی مسعر کے پاس چلیں۔شعبہ کہتے ہیں: ہم مسعر کو مصحف کہا کرتے تھے،یعنی قرآن کی طرح ان کو حدیثیں یاد تھیں،مسعر قناعت پسند،شہرت سے متنفر اور گمنامی کو پسند کرتے تھے،غرض آپ ائمہ حدیث میں سے ہیں۔سن ۱۵۳ھ میں آپ نے وفات پائی ہے۔

ترجمہ:علی مدینی کہتے ہیں: میں نے یحییٰ قطان سے پوچھا: ہشام دستوائی اور مسعر میں سے زیادہ پختہ حدیثیں کس کو یاد تھیں؟ یحییٰ نے کہا: میں نے مسعر جیسا آدمی دیکھا ہی نہیں۔مسعر کو تمام راویوں سے زیادہ مضبوط حدیثیں یاد تھیں۔

[۱-] حدثنا أبوبكرٍ عبدُ القُدُّوْسِ بنُ محمدٍ، حدثنی أبُو الوَلِيْدِ، قَال سمعتُ حَمَّادَ بنَ زَيدٍ، يَقُوْلُ: مَا خَالَفَنِیْ شُعْبَةُ فی شيءٍ إِلَّا تَركْتُهُ.

[۲-] قَالَ: قال أبوبكرٍ: وحَدَّثنی أبُو الوَلِيْدِ، قَالَ: قَالَ لِی حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ: إِنْ أَرَدتَّ الحَدِيثَ فَعَلَيْكَ بِشُعْبَةَ!

[۳-] حدثنا عبدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا أبوداؤدَ، قَالَ: قال شُعبةُ: ما رَوَيْتُ عَنْ رَجُلٍ حَديثًا واحِدًا إِلَّا أَتَيْتُهُ أَكْثَرَ مِنْ مَرَّةٍ، والَّذِیْ رَوَيْتُ عَنهُ عَشْرَةَ أَحَادِيْثَ: أَتَيْتُهُ أَكْثَرَ مِنْ عَشْرَةٍ. وَالَّذِیْ رَوَيْتُ عَنهُ خَمْسِيْنَ حَدِيثًا أَتَيْتُهُ أَكْثَرَ مِن خَمْسِيْنَ مَرَّةً، وَالَّذِیْ رَوَيْتُ عَنه مِأَةً، أَتَيْتُهُ أَكْثَرَ مِنْ مِأَةِ مَرَّةٍ، إِلَّا حَيَّانُ الكُوْفِیُّ البَارِقِیُّ، فَإِنِّی سَمِعتُ مِنْهُ هٰذِهِ الأَحَاديثَ ثُمَّ عُدتُّ إِلَيْهِ فَوَجَدتُّهُ قَدْ مَاتَ.

[٤-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا عبدُ اللهِ بنُ أبی الأَسْوَدِ، نا ابنُ مَهْدِیٍّ، قال: سمعتُ سُفيانَ، يقول: شُعْبَةُ: أَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِیْ الحَدِيْثِ.

[٥-] حدثنا أبوبَكرٍ، عن عَلِیِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ قال: سمِعت يَحييَ بن سَعِيدٍ، يقولُ: لَيْسَ أَحدٌ أَحَبَّ إِلَیَّ مِن شُعْبَةَ، وَلَا يَعْدِلُهُ أَحدٌ عِندِی، وإذا خَالَفَهُ سُفيانُ، أَخَذْتُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ.

[٦-] قال عَلِیٌّ، قُلتُ لِيَحْيىٰ، أَيُّهُمَا كَانَ أَحْفَظَ لِلْأَحَادِيْثِ الطِّوَالِ: سُفيانُ، أَو شُعْبَةُ؟ قَالَ: كَانَ شُعْبَةُ أَمَرَّ فِيْهَا، قَالَ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ: وَكَانَ شُعْبَةُ أَعْلَمَ بِالرِّجَالِ، فُلَانٌ عَن فُلَانٍ وَكَانَ سُفيانُ صَاحِبَ الْأَبْوَابِ.

(۹)شعبہ رحمہ اللہ کا تذکرہ:

(۹-)امام شعبہؒ کی کنیت: ابو بسطام، والد کا نام: حجاج، نسبی نسبت: عتکی، ازدی اور وطنی نسبت: واسطی بصری ہے۔

بڑے محدث ہیں، اور ائمہ جرح وتعدیل میں شمار کئے جاتے ہیں۔آپ ہی نے سب سے پہلے جرح وتعدیل کے ضابطے اور سند کے اتصال وانقطاع کے اصول مقرر کئے ہیں۔علل حدیث (حدیث کی پوشیدہ خرابیوں) کی معرفت آپ کو سب سے زیادہ تھی۔ بعد کے محدثین جرح وتعدیل وغیرہ میں آپ کی پیروی کرتے ہیں۔صالح بن محمدؒ کہتے ہیں: رجال پر سب سے پہلے کلام شعبہؒ نے کیا، پھر ان کی پیروی یحییٰ قطانؒ نے کی، پھر ان کی پیروی ابن معینؒ اور امام احمدؒ نے کی۔امام احمدؒ آپ کو اس فن کی انجمن قرار دیتے تھے۔سن ۱۶۰ھ میں آپ کی وفات ہوئی ہے، آپ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے معاصر ہیں۔

ترجمہ:(۱-) حماد بن زیدؒ کہتے ہیں: جب بھی شعبہؒ نے مجھ سے کسی حدیث میں اختلاف کیا تو میں نے اپنی حدیث کو چھوڑ دیا (اس لئے کہ شعبہ کو حماد سے زیادہ مضبوط حدیثیں یاد تھیں)

(۲-) ابوالولیدؒ کہتے ہیں: مجھ سے حماد بن سلمہؒ نے کہا: اگر تو حدیث چاہتا ہے تو شعبہ کو لازم پکڑ، یعنی ان سے حدیثیں پڑھ۔

(۳-) شعبہؒ کہتے ہیں: میں نے جس سے بھی ایک حدیث روایت کی ہے میں اس کے پاس ایک سے زیادہ مرتبہ گیا ہوں۔یعنی شعبہ ایک مرتبہ حدیث سننے پر اکتفا نہیں کرتے تھے۔استاذ کے پاس جا کر بار بار وہ حدیث سنتے تھے۔ اور جس استاذ سے میں نے دس حدیثیں روایت کی ہیں میں ان کے پاس دس سے زیادہ مرتبہ گیا ہوں۔اور جس استاذ سے میں نے پچاس حدیثیں روایت کی ہیں میں ان کے پاس پچاس مرتبہ سے زیادہ گیا ہوں۔اور جس سے میں نے سو حدیثیں روایت کی ہیں میں ان کے پاس سو سے زیادہ مرتبہ گیا ہوں۔سوائے حیانؒ بن ایاس کوفی بارقی کے۔پس میں نے ان سے یہ حدیثیں سنیں پھر میں دوبارہ ان کے پاس گیا تو ان کی وفات ہو چکی تھی۔

(۴-) سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شعبہ امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں۔یعنی تمام محدثین کے پیشواء ہیں۔

(۵-) یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں: مجھے شعبہ سے زیادہ کوئی پسند نہیں، اور نہ کوئی ان کے برابر کا ہے۔اور جب سفیان ثوری رحمہ اللہ ان کے خلاف حدیث روایت کرتے ہیں تو میں سفیان کا قول لیتا ہوں کیونکہ وہ میرے نزدیک اثبت ہیں۔

(۶-) علی مدینیؒ کہتے ہیں: میں نے یحییٰ قطانؒ سے پوچھا: لمبی حدیثیں کس کو زیادہ یاد تھیں۔سفیانؒ کو یا شعبہؒ کو؟ انھوں نے کہا: شعبہ ان میں زیادہ گذرنے والے تھے۔یعنی وہ ان کو فرفر سناتے تھے۔یحییٰ قطانؒ نے یہ بھی فرمایا کہ شعبہ کو رجال کی معرفت زیادہ حاصل تھی۔رجال سے مراد فلان عن فلان ہے۔یعنی سندوں کو وہ زیادہ جانتے تھے۔اور سفیان ثوری رحمہ اللہ صاحب ابواب تھے۔یعنی ابواب فقہیہ اور مسائل شرعیہ کی معرفت ان کو زیادہ حاصل تھی۔ کیونکہ وہ مجتہد بھی تھے اور شعبہ مجتہد نہیں تھے۔

حدثنا عمرُو بنُ عليٍ، قال: سمعتُ عبدَ الرحمنِ بنَ مَهدِيٍّ، يقول: الْأَئِمَّةُ فی الأحاديثِ أَرْبَعَةٌ: سُفيانُ الثَّوْرِيُّ، ومَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَالْأَوْزَاعِيُّ، وحَمَّادُ بنُ زَيْدٍ.

(۱۰)امام اوزاعیؒ (۱۱)حماد بن زیدؒ کا تذکرہ:

(۱۰-)اوزاعی نسبی نسبت ہے۔ وطن ملک شام تھا، آپ کا اسم گرامی: عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔ اکابر محدثین میں سے ہیں اور مجتہد ہیں۔ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اوزاعیؒ قابل اقتداء امام ہیں، اور امام مالکؒ ان کو سفیان ثوریؒ پر ترجیح دیتے تھے۔ ابن معینؒ کہتے ہیں: اوزاعیؒ ابن عیینہؒ سے مضبوط راوی ہیں، ابن مہدیؒ کہتے ہیں: شام میں سنت کی معرفت میں امام اوزاعیؒ سے بڑا کوئی نہیں۔

(۱۱-)ابو اسماعیل حماد بن زیدؒ بصرہ کے باشندے تھے۔ امام احمدؒ نے ان کو ائمۃ المسلمین میں شمار کیا ہے۔ آپ نابینا تھے، ان کو اپنی ساری حدیثیں یاد تھیں۔

ترجمہ: ابن مہدیؒ فرماتے ہیں: حدیثوں میں امام چار حضرات ہیں: سفیان ثوری، امام مالک، امام اوزاعی اور حماد بن زید رحمہم اللہ۔

حدثنا أَبُو عَمَّارِ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، قال: سمِعْتُ وكيعاً، يقولُ: قال شُعْبَةُ: سُفيانُ أَحْفَظُ مِنِّي، مَا حَدَّثَنی سُفيانُ عن شَيْخٍ بِشَيْئٍ فَسَأَلْتُهُ إِلَّا وَجدتُّهُ كَمَا حَدَّثَنِيْ.

(۱۲)سفیان ثوری کا تذکرہ:

(۱۲-)حضرت سفیان بن سعید ثوری رحمہ اللہ کوفہ کے محدث اور مجتہد تھے۔ امام شعبہ وغیرہ ان کو امیر المؤمنین فی الحدیث کہتے تھے۔ سن ۱۶۱ھ میں وفات ہوئی ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے معاصر ہیں، اور نوے فیصد مسائل میں امام اعظم کے ساتھ متفق ہیں۔

ترجمہ: شعبہ کہتے ہیں: سفیان مجھ سے بڑے حافظ حدیث ہیں۔ سفیان نے جب بھی مجھ سے کسی شیخ سے روایت کرکے کوئی حدیث بیان کی ہے پھر میں نے اس شیخ سے پوچھا ہے تو میں نے اس حدیث کو ویسا ہی پایا ہے جیسا مجھ سے سفیان نے بیان کیا تھا۔

[۱-] سمعتُ إسحاقَ بنَ موسَى الْأَنْصَارِيَّ قَالَ: سَمِعتُ معنَ بنَ عيسیٰ، يقولُ: كان مالكُ بنُ أنسٍ يُشَدِّدُ فی حديثِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فی الياءِ والتَّاءِ ونحوِ هٰذَا.

[۲-] حدثنا أبُو مُوسیٰ، ثنی إبراهيمُ بنُ عبدِ اللهِ بنِ قُرَيْمٍ الْأَنْصَارِيُّ قاضِی المَدِينَةِ قَالَ: مَرَّ مَالكٌ

بنُ أنسٍ عَلٰى أبى حَازِمٍ، وهُو جَالِسٌ يُحدِّثُ، فَجازَهُ، فَقِيْلَ لَهُ؟ فَقالَ: إِنِّىْ لَمْ أَجِدْ مَوْضِعًا أَجْلِسُ فيهِ، فَكَرِهتُ أَنْ آخُذَ حديثَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا قَائِمٌ.

[۳-] حدثناأبوبكرٍ، عَن عَلِيِّ بنِ عبدِ اللهِ قال: قال يَحْيَى بنُ سَعيدٍ: مالكٌ عن سعيدِ بنِ المُسَيَّبِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِن سُفيانَ الثَّوْرِيِّ عَن إبراهيمَ النَّخعِيِّ، قَالَ يَحْيَى: مَا فى القَوْمِ أَحَدٌ أَصَحُّ حديثاً مِن مالكِ بنِ أنسٍ، كَانَ مَالكٌ إِمَامًا فى الحديثِ.

(۱۳)امام مالک رحمہ اللہ کا تذکرہ:

(۱۳-)امام مالک بن انس رحمہ اللہ کا شمار ائمہ اربعہ میں ہے۔آپ کا لقب امام دارالہجرۃ ہے۔یعنی مدینہ منورہ کے سب سے بڑے عالم،آپ بڑے مجتہد اور مضبوط محدث ہیں،سن ۱۷۹ھ میں آپ کا انتقال ہوا ہے۔

ترجمہ:(۱-)معن بن عیسیٰؒ کہتے ہیں: امام مالکؒ احادیث میں سختی برتتے تھے،ی اور ت اور اس کے مانند کی تبدیلی کو بھی جائز نہیں رکھتے تھے۔

(۲-) مدینہ کے قاضی ابراہیم انصاریؒ کہتے ہیں: امام مالکؒ: ابوحازم سلمۃ بن دینارؒ مدنی کی مجلس درس سے گذرے،وہ بیٹھے ہوئے حدیثیں بیان کررہے تھے۔امام مالکؒ وہاں سے آگے بڑھ گئے۔کسی نے ان سے پوچھا: آپ نے حدیثیں کیوں نہ سنیں؟ آپ نے جواب دیا: میں نے بیٹھنے کے لئے کوئی جگہ نہیں پائی،اور میں نے کھڑے کھڑے حدیثیں سننا پسند نہیں کیا۔

وضاحت: کھڑے ہوکر حدیثیں سننے میں دلجمعی نہیں رہتی اور یہ ادب کے خلاف بھی ہے۔اس لئے امام مالک رحمہ اللہ لوٹ گئے۔

امام مالک رحمہ اللہ حدیث کا بے حد احترام کرتے تھے۔مروی ہے کہ ایک مرتبہ آپ کو سبق میں بچھو نے سولہ مرتبہ ڈنک مارا تھا،آپ کا رنگ بدلتا رہا،مگر آپ نے جنبش نہ کی۔سبق کے بعد فرمایا: میں نے حدیث کے احترام میں ایسا کیا،بہرحال امام مالک رحمہ اللہ حدیث سننے میں بھی اور بیان کرنے میں بھی وقار اور متانت کا لحاظ رکھتے تھے۔

(۳-) یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں: امام مالکؒ کی سعید بن المسیبؒ سے روایات سفیان ثوریؒ کی ان روایات سے مجھے زیادہ پسند ہیں جو وہ ابراہیم نخعیؒ سے بیان کرتے ہیں،یحییٰ قطانؒ یہ بھی فرماتے ہیں کہ محدثین میں امام مالکؒ سے زیادہ صحیح حدیثیں بیان کرنے والا کوئی نہیں،امام مالک رحمہ اللہ حدیث میں امام تھے۔

سمِعتُ أحمدَ بنَ الحَسَنِ يقولُ: سمِعتُ أحمدَ بنَ حنبلٍ يقولُ: مَا رَأَيْتُ بِعَيْنَيَّ مِثْلَ يَحيىَ بنِ سَعِيْدِ القَطَّانِ.

(١٤)امام یحییٰ قطانؒ کا تذکرہ:

(١٤-) قطان روئی کے تاجر کو کہتے ہیں۔ یہ آپ کا یا آپ کے والد کا پیشہ تھا، آپ کے والد کا نام سعید ہے، آپ فن جرح وتعدیل کے امام ہیں، اس فن میں آپ شعبہؒ کے خلیفہ شمار کئے گئے ہیں۔ امام احمد، علی مدینی اور ابن معین رحمہم اللہ وغیرہ نے یہ فن آپ ہی سے حاصل کیا ہے۔ آپ کی وفات سن ١٩٨ھ میں ہوئی ہے۔

ترجمہ: امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میری آنکھوں نے یحییٰ قطانؒ جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا۔

[١-] قال: وَسُئِلَ أحمدُ عَن وَكيعٍ وعبدِ الرحمنِ بنِ مَهديٍّ، فقال أحمدُ: وكيعٌ أكْبَرُ في القَلْبِ، وعبدُ الرحمٰنِ إمَامٌ.

[٢-] سمعتُ محمدَ بنَ عمرِو بنِ نَبْهَانَ بنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيَّ البِصْرِيَّ، يقولُ: سمعتُ عليَّ المَدِيْنِيَّ يقولُ: لَوْ حَلَفْتُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالمَقَامِ لَحَلَفْتُ: إنِّي لَمْ أَرَا أَحَدًا أَعْلَمَ مِن عَبْدِ الرَّحمٰنِ بنِ مَهْدِيٍّ.

(١٥)ابن مہدی (١٦)وکیع رحمہما اللہ کا تذکرہ:

(١٥-)عبدالرحمٰن بن مہدیؒ بصرہ کے باشندے تھے۔ یحییٰ قطانؒ کے معاصر تھے، امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن مہدیؒ حافظ حدیث تھے، روایت حدیث میں انتہائی محتاط تھے، اور بلفظہ روایت کو پسند کرتے تھے، امام احمدؒ یہ بھی فرماتے ہیں کہ ابن مہدیؒ کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ شاید آپ کو خدمت حدیث ہی کے لئے پیدا کیا گیا ہے، سن ١٩٨ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

(١٦-)ابوسفیان وکیع بن الجراح الرؤاسی کوفہ کے باشندے تھے، اکابر محدثین میں شمار ہوتے ہیں۔ سن ١٩٦ھ میں وفات ہوئی ہے۔

ترجمہ: (١-) امام احمدؒ سے وکیع اور ابن مہدیؒ کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: دل میں وکیع کا مقام بڑا ہے اور عبدالرحمٰن بن مہدیؒ بھی امام ہیں (یعنی دونوں کو برابر رکھا یا عبدالرحمٰن کو ترجیح دی)

(٢-) ابن مدینی کہتے ہیں: اگر میں حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان کھڑے ہو کر قسم کھانا چاہوں تو میں یہ قسم کھا سکتا ہوں کہ میں نے ابن مہدیؒ سے بڑا کوئی عالم نہیں دیکھا۔

قال أبوعيسىٰ: والكَلَامُ في هٰذَا والرِّوَايَةُ عن أهلِ العِلْمِ تَكْثُرُ، وإنَّمَا بَيَّنَّا شَيْئًا منه عَلى الإخْتِصَارِ، لِيُسْتَدَلَّ بِه عَلىٰ مَنَازِلَ أَهْلِ العلمِ وَتفَاضُلِ بَعْضِهم عَلى بعضٍ في الحِفْظِ والإتْقَانِ، فَمَنْ تَكَلَّمَ فيهِ مِن أهلِ العلمِ: لِأَيِّ شَيْءٍ تَكَلَّمَ فِيْهِ.

ترجمہ: (حاصلِ کلام) اور گفتگو اس سلسلہ میں یعنی اہلِ علم کے مراتب میں اور اہل علم سے اس سلسلہ میں روایتیں بہت آئی ہیں، ہم نے ان میں سے چند ہی روایتیں بر سبیل اختصار بیان کی ہیں، تاکہ اس کے ذریعہ استدلال کیا جائے اہل علم کے مراتب پر اور حفظ واتقان میں ایک دوسرے سے بڑھے ہوئے ہونے پر۔ پس جس نے اہل علم میں سے اس معاملہ میں گفتگو کی ہے (تو غور کرنا چاہئے کہ) کس بارے میں اس نے گفتگو کی ہے، یعنی اس کے قول کا مقصد محض کسی راوی کی توثیق ہے یا اس میں کسی راوی کی افضلیت کا بیان ہے؟

گیارھویں بات: تحدیث واخبار کا ایک ہی درجہ ہے

شروع سے حدیثیں بیان کرنے کا طریقہ یہ چلا آرہا تھا کہ نبی پاک ﷺ ارشادات فرماتے اور صحابہ سنتے اور یاد کرتے تھے۔ پھر صحابہ حدیثیں بیان کرتے، تابعین سنتے اور یاد کرتے۔ کیونکہ اس زمانہ میں حدیث کی کتابیں وجود میں نہیں آئی تھیں۔ پھر بعد میں جب محدثین نے حدیث کی کتابیں لکھ دیں مثلاً امام مالک رحمہ اللہ نے موطا تصنیف فرمائی تو اب یہ نیا طریقہ جاری ہوا کہ طلبہ محدث کے سامنے اس کی حدیث کی کتاب پڑھتے، جس میں حدیثیں سندوں کے ساتھ لکھی ہوئی ہوتی تھیں، جب کتاب پوری ہوجاتی تو محدث سے اجازت طلب کرتے، جب وہ اجازت دے دیتا تو طلبہ حدیثوں کو اس محدث کی ان سندوں سے جو کتاب میں لکھی ہوئی ہوتی تھیں آگے بیان کرتے۔

جب یہ دوسرا طریقہ چلا تو شروع میں اس میں اختلاف ہوا، کچھ لوگوں نے اس کو نادرست قرار دیا، مگر اکابر محدثین نے اس کو بھی درست قرار دیا۔ کیونکہ صحیحین میں یہ واقعہ آیا ہے کہ نبی پاک ﷺ کے بھیجے ہوئے صحابہ کسی قبیلہ میں اسلام کی دعوت لے کر پہنچے، اور قبیلہ والوں کو دین کی بنیادی باتیں بتائیں، انھوں نے ایک ایلچی مدینہ منورہ تحقیق حال کے لئے روانہ کیا۔ اس نے وہ سب باتیں حضور اکرم ﷺ کو سنائیں، حضور اکرم ﷺ نے سب کی تصدیق فرمائی، اس واقعہ سے بہت سے محدثین نے اس دوسرے طریقہ کا جواز ثابت کیا ہے۔ (بخاری شریف کتاب العلم باب ماجاء فی العلم میں اس کی تفصیل ہے)

امام طحاوی رحمہ اللہ نے بھی اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جس کا نام ہے: التسویة بین حدثنا وأخبرنا یہ رسالہ تو اب تک چھپا نہیں مگر علامہ ابن عبدالبر رحمہ اللہ نے جامع بیان العلم وفضلہ میں اس کی تلخیص کی ہے اور وہ مطبوعہ ہے۔

سیوطی رحمہ اللہ نے تدریب الراوی میں اس سلسلہ میں تین قول ذکر کئے ہیں:

(۱-) امام مالک، علماء مدینہ اور علماء کوفہ رحمہم اللہ وغیرہ دونوں طریقوں کو یکساں قرار دیتے ہیں، کسی کو کسی پر فضیلت نہیں دیتے۔

(۲-) عام طور پر مشرق کے محدثین پہلے طریقہ کو افضل کہتے تھے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پہلے طریقہ

کی فضیلت جب ہے کہ استاذ شاگرد ہم رتبہ ہوں، یا شاگرد افضل ہو، اور اگر استاذ افضل ہو تو پھر دوسرا طریقہ بہتر ہے۔

(۳-) امام ابوحنیفہ اور ابن ابی ذئب رحمہما اللہ وغیرہ دوسرے طریقہ کو افضل کہتے ہیں۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ استاذ اگر غلطی کرے گا تو طالب علم اس کی تصحیح نہیں کرسکتا۔ اور اگر طالب علم پڑھے گا اور غلطی کرے گا تو استاذ اس کی تصحیح کرے گا۔ چنانچہ اب عام طور پر درس میں طالب علم ہی کے پڑھنے کا رواج چل پڑا ہے۔ استاذ شاذ و نادر ہی پڑھتا ہے۔

دوسری بات یہ بھی غور طلب تھی کہ تین لفظ حدثنا أخبرنا اور أنبأنا دونوں طریقوں کے لئے عام ہیں یا ان الفاظ کے استعمال میں کچھ فرق ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ نے سات روایتیں پیش کی ہیں ان کے ذیل میں اس مسئلہ کی وضاحت آئے گی۔

والقِراءَةُ عَلَى العَالِمِ إِذَا كَانَ يَحْفَظُ مَا يُقْرَأُ عَلَيْهِ، أَو يُمسِكُ أصلَهُ فِيمَا يُقْرَأُ عَلَيهِ إِذَا لَم يَحْفَظْ: هُوَ صَحيحٌ عندَ أهلِ الحديثِ مِثلَ السَّمَاعِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور عالم (محدث) کے سامنے پڑھنا جب اس کو وہ حدیثیں یاد ہوں جو اس کے سامنے پڑھی جارہی ہیں یا اگر اس کو وہ حدیثیں یاد نہ ہوں تو اس کے سامنے اس کی وہ کتاب ہو جس میں وہ حدیثیں لکھی ہوئی ہیں: محدثین کے نزدیک یہ طریقہ اسی طرح صحیح ہے جس طرح استاذ سے سننے کا درجہ ہے۔

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ بھی تحدیث کے دونوں طریقوں میں تساوی کے قائل ہیں، خواہ استاذ پڑھے خواہ طالب علم پڑھے، دونوں باتیں درست ہیں۔ البتہ یہ شرط ہے کہ اگر استاذ کو وہ حدیثیں زبانی یاد نہ ہوں تو اس کے سامنے وہ کتاب ہونی چاہئے جو اس کے سامنے پڑھی جارہی ہے۔

[۱-] حدثنا حسينُ بنُ مَهْدِيّ البِصْرِيُّ، نا عبدُ الرزاقِ، نا ابنُ جُرَيْجٍ، قال: قَرَأْتُ عَلىٰ عَطَاءِ بنِ أبی رَبَاحٍ فقلتُ له: كَيْفَ أَقُولُ؟ فَقَالَ: قُلْ: حَدَّثَنَاهُ.

[۲-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عَلِيُّ بنُ الحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عن أبی عِصْمَةَ عن يَزِيدَ النَّحْوِيِّ عن عِكرِمَةَ: أنَّ نَفَرًا قَدِمُوا عَلىٰ ابنِ عَبَّاسٍ مِن أهلِ الطَّائِفِ بِكِتَابٍ مِن كُتُبِهِ فَجَعَلَ يَقْرَأُ عَلَيهِمْ، فَيُقَدِّمُ ويُؤَخِّرُ، فقالَ: إِنِّی بَلِهْتُ لِهٰذِهِ المُصِيْبَةِ فَاقْرَءُوْا عَلَيَّ فَإِنَّ إِقْرَارِی به كِقِرَاءَتِی عَلَيْكُمْ.

[۳-] حدثنا سُوِيدٌ، نا عَلِيُّ بنُ الحُسينِ بنِ وَاقِدٍ عن أبيه عن مَنصُورِ بنِ المُعْتَمِرِ، قال: إِذَا نَاوَلَ الرَّجُلُ كِتَابَه آخرَ، فَقَالَ: ارْوِ هٰذَا عَنِّی فَلَهُ أَنْ يَرْوِيَه:

ترجمہ: (۱-) ابن جریج کہتے ہیں: میں نے حضرت عطاء بن ابی رباحؒ کے سامنے حدیثیں پڑھیں، پھر میں نے

ان سے پوچھا کہ جب میں آگے بیان کروں تو کیا لفظ استعمال کروں، تو انھوں نے فرمایا: حدثنا کہہ کر بیان کرنا (کیونکہ ان کے نزدیک حدثنا اور أخبرنا میں کوئی فرق نہیں تھا۔ تحدیث کے دونوں طریقوں میں حدثنا اور أخبرنا دونوں استعمال کر سکتے ہیں)

(۲-) عکرمہؒ کہتے ہیں: طائف کے کچھ لوگ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس ان کی کتابوں میں سے ایک کتاب لے کر آئے (کسی نے ابن عباسؓ کی حدیثیں ایک کاپی میں جمع کی تھیں وہ کاپی ان لوگوں کے ہاتھ میں پڑی، ان لوگوں نے چاہا کہ ابن عباس وہ حدیثیں ان کو پڑھ کر سنائیں تا کہ وہ ان کی سند سے روایت کریں) چنانچہ ابن عباسؓ نے ان کے سامنے پڑھنا شروع کیا، مگر (نگاہ کی کمزوری کی وجہ سے) آگے پیچھے کرنے لگے تو فرمایا: میں اس مصیبت میں پھنس گیا ہوں (یعنی میری نگاہ کمزور ہوگئی ہے) لہٰذا آپ لوگ مجھے پڑھ کر سنائیں اس لئے کہ (آپ لوگوں کا میرے سامنے پڑھنا اور) میرا ان حدیثوں کا اقرار کرنا آپ لوگوں کے سامنے میرے پڑھنے ہی کی طرح ہے (معلوم ہوا کہ ابن عباسؓ کے نزدیک بھی تحدیث کے دونوں طریقے یکساں تھے)

لغت: بَلِهَ(س) بَلَهاً وبلاهَةً کے اصلی معنی ہیں: عقل کا کمزور ہونا اور غفلت کا غالب ہونا اسی سے أَبْلَه (بیوقوف) ہے۔ یہاں مراد نگاہ کی کمزوری ہے۔

(۳-) منصور بن المعتمرؒ کہتے ہیں: جب کوئی آدمی دوسرے کو اپنی کتاب دے اور کہے ''اس کو میری طرف سے روایت کر'' تو اس کے لئے اس کو روایت کرنا جائز ہے، چونکہ جس کو کتاب دی ہے وہ اس کو پڑھے گا، پس گویا اس نے اس کتاب کو دینے والے کے سامنے پڑھا، اور اس طرح اجازت کے ساتھ کتاب دینا اور پھر اس سے روایت کرنا الروایة بالمناولة المقرونة بالإجازة کہلاتی ہے اور یہ بالاتفاق جائز اور معتبر ہے، اس کی تفصیل اگلے عنوان کے تحت آرہی ہے۔

[٤-] وسمعتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ، يقولُ: سَأَلْتُ أبا عاصِمٍ النَّبِيْلَ عن حَدِيثٍ فَقَالَ اقْرَأْ عَلَيَّ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ يَّقْرَأَ هُوَ فَقَالَ: أَأَنْتَ لَا تُجِيْزُ القِرَاءَةَ؟ وَقَدْ كَانَ سُفيانُ الثَّورِيُّ، ومَالِكُ بنُ أَنسٍ يُجِيْزَانِ القِرَاءَةَ.

[٥-] حدثنا أحمدُ بنُ الحَسَنِ، نا يحيىَ بنُ سُلَيْمَانَ الجُعْفِيُّ المِصْرِيُّ، قال: قال عبدُ اللهِ بنُ وَهْبٍ، مَا قُلْتُ: حَدَّثَنَا فَهُوَ مَا سَمِعْتُ مِنَ النَّاسِ، وَمَا قُلتُ حَدَّثَنِي: فَهُوَ مَا سَمِعْتُ وَحْدِيْ، ومَا قُلتُ: أَخْبَرَنَا، فَهُوَ مَا قُرِئَ عَلَى العَالِمِ وَأَنَا شَاهِدٌ، وَمَا قُلْتُ: أَخبرَنِيْ، فَهُوَ مَا قَرَأْتُ عَلَى العالِمِ يَعْنى وَأَنَا وَحْدِيْ.

[٦-] وسمعتُ أبا مُوسى محمدَ بنَ المُثَنّٰى يقولُ: سمعتُ يَحيى بنَ سَعيدٍ القَطَّانَ يقولُ: حَدَّثَنَا وَأَخْبَرَنَا واحدٌ.

[۷-] قال أبو عیسیٰ: وكُنَّا عند أبي مُصْعَبِ المَدِيْنِيِّ فَقُرِئَ عَلَيْهِ بعضُ حَدِيْثِهٖ فقُلتُ لَه: كَيْفَ نَقُوْلُ؟ فَقَالَ: قُلْ: حَدَّثَنَا أَبُو مُصْعَبٍ؛

ترجمہ:(۴-)امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے ابو عاصم النبیلؒ سے ایک حدیث سنانے کی درخواست کی، توانھوں نے کہا: تم مجھے پڑھ کر سناؤ، پس مجھے یہ بات اچھی لگی کہ وہ خود پڑھیں تو انھوں نے فرمایا: کیاتم استاذ کے سامنے پڑھنے کو جائز قرار نہیں دیتے؟ حالانکہ سفیان ثوری اور امام مالک رحمہما اللہ دونوں استاذ کے سامنے پڑھنے کو جائز قرار دیتے تھے (یعنی ان کے نزدیک تحدیث کی دونوں صورتیں یکساں تھیں)

(۵-)عبداللہ بن وہبؒ کہتے ہیں: جب میں حدثنا (جمع متکلم کا صیغہ) بولوں تو وہ حدیثیں میں نے لوگوں کے ساتھ سنی ہیں، اور جب میں حدثني (واحد متکلم) بولوں تو وہ حدیثیں میں نے استاذ سے تنہا سنی ہوتی ہیں۔ اور جب میں أخبرنا بولوں تو وہ حدیثیں میری موجودگی میں محدث کے سامنے پڑھی گئی ہوتی ہیں۔ اور جب میں أخبرني بولوں تو وہ میں نے تنہا محدث کے سامنے پڑھی ہوتی ہیں۔

(۶-)امام یحییٰ قطانؒ فرماتے ہیں: حدثنا اور أخبرنا ایک ہی ہیں (یعنی تحدیث کے دونوں طریقوں کے لئے یہ دونوں لفظ استعمال کئے جاسکتے ہیں)

وضاحت: بلکہ ابن عیینہؒ تو حدثنا اور أخبرنا اور أنبأنا اور سمعتُ چاروں لفظوں کو یکساں قرار دیتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں ان چاروں لفظوں کے یکساں ہونے پر حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ درختوں میں سے ایک درخت ایسا ہے جس کے پتے نہیں جھڑتے اور وہ مسلمان کی مثال ہے۔ فحدِّثوني ماهي؟ اور ایک روایت میں ہے أخبروني؟ اور تیسری روایت میں ہے: أنبئوني؟ (بتاؤ وہ کونسا درخت ہے) معلوم ہوا کہ تحدیث اخبار اور انباء ایک ہی معنی رکھتے ہیں۔

(۷-)امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ہم ابو مصعب مدینیؒ کے پاس تھے، ان کے سامنے ان کی کچھ حدیثیں پڑھی گئیں تو میں نے ان سے پوچھا ہم بوقت تحدیث کیا الفاظ استعمال کریں؟ تو انھوں نے فرمایا: حدثنا أبو مُصعبٍ کہنا۔

بارھویں بات: المناولة المقرونة بالإجازة کے ذریعہ روایت کرنے کا جواز

مناولہ: یہ ہے کہ شیخ اپنی اصل کتاب یا اس کی نقل تلمیذ کو دیدے، یا تلمیذ شیخ کی کتاب نقل کر کے شیخ کے روبرو پیش کرے، اور دونوں صورتوں میں شیخ کہے: میں اس کتاب کو فلاں سے روایت کرتا ہوں اور میں تمہیں اپنی سند سے اس کو روایت کرنے کی اجازت دیتا ہوں (اجازت کی یہ صورت سب سے اعلی وارفع ہے)

شرط: مناولہ کے لئے شرط یہ ہے کہ تلمیذ کا اصل کتاب پر یا اس کی نقل پر قبضہ ہو، اگر محض اجازت دی ہے اور تلمیذ کا اصل کتاب یا اس کی نقل پر قبضہ نہیں تو وہ مناولہ معتبر نہیں۔

فائدہ: کسی کتاب سے حدیث روایت کرنے کے لئے مناولہ کے علاوہ کچھ اور بھی طریقے ہیں، مثلاً:

۱- وِجادۃ: کسی کی حدیث کی لکھی ہوئی کتاب مل جائے۔ اور طرزِ تحریر سے یا دستخط سے یا شہادت وغیرہ سے یقین ہو جائے کہ یہ فلاں کی تحریر ہے ـــــ وجادۃ کے ذریعہ روایت اس وقت جائز ہے جب کہ صاحب تحریر نے اس کی روایت کی اجازت دی ہو، اجازت کی صورت میں لفظ أخبرنی استعمال کرے گا۔ اور اجازت نہ ہونے کی صورت میں وجدت بخط فلان یا اس کے ہم معنی کوئی لفظ استعمال کرے گا، أخبرنی نہیں کہے گا۔

۲- کتاب کی وصیت کرنا۔ یعنی کوئی شخص مرتے وقت وصیت کر جائے کہ میری لکھی ہوئی کتاب فلاں کو دیدینا۔ اس کتاب سے بھی روایت کر سکتا ہے بشرطیکہ موصی (وصیت کرنے والے) نے موصی لہ (جس کے لئے وصیت کی ہے) کو روایت کی اجازت دی ہو۔

۳- اِعلام: بتلانا، یعنی کوئی شیخ کسی تلمیذ کو بتلائے کہ میں فلاں کتاب کو فلاں محدث سے روایت کرتا ہوں ـــــ اس سے بھی روایت کر سکتا ہے، بشرطیکہ شیخ نے اجازت دی ہو۔

۴- عام اجازت، یعنی کوئی شیخ کہے کہ میں نے اپنی سند سے روایت کرنے کی فلاں جماعت کو یا تمام مسلمانوں کو اجازت دی۔

۵- مجہول کو اجازت دینا، یعنی شیخ کسی نامعلوم شخص کو روایت کی اجازت دے، مثلاً کہے: میں نے ایک طالب علم کو یا ثقہ کو روایت کی اجازت دی، یا کسی مسمّی کو اجازت دے مگر وہ مسمّٰی اپنے ہم ناموں کے ساتھ اشتباہ کی وجہ سے غیر معلوم ہو، مثلاً: کہے کہ میں نے محمد کو اجازت دی، درانحالیکہ محمد نامی کئی آدمی ہوں۔

۶- مجہول کی اجازت دینا۔ یعنی شیخ کسی کو غیر معلوم حدیث کی روایت کرنے کی اجازت دے، مثلاً: کہے: میں نے تم کو حدیث کی کسی کتاب کی یا اپنی بعض مسموعات کو روایت کرنے کی اجازت دی، اور وہ کتاب اور وہ بعض مسموعات کسی طرح بھی معلوم اور متعین نہ ہو۔

۷- معدوم کے لئے اجازت۔ یعنی شیخ کسی غیر موجود شخص کو روایت کی اجازت دے، مثلاً کہے: میں نے فلاں کے بچہ کو جو پیدا ہوگا روایت کی اجازت دی۔

نوٹ: آخری چار صورتوں میں اصح مذہب یہ ہے کہ روایت جائز نہیں۔

قال أبو عيسىٰ: وقد أَجَازَ بعضُ أهلِ العلمِ الإِجَازَةَ، إذَا أَجَازَ العالِمُ لِأَحَدٍ أَنْ يَّرْوِيَ عَنهُ شَيْئًا مِن حَدِيثِهِ، فَلَهُ أَنْ يَّرْوِيَ عَنْهُ:

[۱-] حدثنا مَحمُودُ بنُ غَيْلَانَ، ناوكيعٌ، عن عمرانَ بنِ حُدَيْرٍ، عن أبى مِجْلَزٍ، عن بَشِيْرِ بنِ نَهِيكٍ، قَالَ: كَتَبْتُ كتاباً عن أبى هُريرةَ فَقُلتُ أَرْوِيْهِ عَنكَ؟ قَالَ: نَعَم:

[۲-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ الْوَاسِطِيُّ، نا محمدُ بنُ الحَسَنِ، عن عَوفِ الْأَعرَابِيِّ، قَالَ: قال رجلٌ لِلحَسَنِ،: عِندِى بعضُ حَديثِكَ: أروِيْهِ عَنكَ؟ قَال: نعم، قَال أبو عيسىٰ: ومحمدُ بنُ الحَسَنِ: إِنَّما يُعْرَفُ بِمَحْبُوْبِ بنِ الحَسَنِ، وقَدْ حَدَّثَ عَنه غَيْرُ واحدٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ.

[۳-] حدثنا الجَارُوْدُ بنُ مُعَاذٍ، نا أنسُ بنُ عِيَاضٍ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، قَالَ: أَتَيْتُ الزَّهْرِيَّ بكتابٍ فقُلتُ له: هٰذا مِن حديثِكَ، أَرْوِيْهِ عَنكَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

[٤-] حدثنا أبوبكرٍ، عن عليِّ بن عبدِ اللّٰهِ، عن يحيى بنِ سعيدٍ قال: جَاءَ ابنُ جُرَيْجٍ إِلىٰ هِشامِ بنِ عُرْوَةَ بِكِتَابٍ فَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثُكَ، أَرْوِيْهِ عَنْكَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، قَالَ يَحْيىٰ: فَقُلْتُ فى نَفْسِىْ: لَا أَدْرِىْ أَيُّهُمَا أَعْجَبُ أَمْرًا.

[٥-] وقال عليٌّ: سَأَلْتُ يَحْيىَ بنَ سَعِيدٍ عن حديثِ ابن جُرَيْجٍ، عن عَطَاءٍ الخُرَاسَانِيِّ؟ فَقَالَ ضعيفٌ، فقلتُ: إِنَّه يَقولُ: أَخْبَرَنى، قَالَ: لاشَيْئَ: إِنَّما هُوَ كِتَابٌ دَفَعَهُ إِلَيْهِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض اہل علم نے اجازت کواس وقت معتبر قرار دیا ہے جب محدث کسی کو اجازت دے کہ وہ اس کی طرف سے اس کی حدیثوں میں سے کسی چیز کوروایت کرے تو اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس کی سند سے روایت کرے (اس کو کتاب دینے سے روایت کرنا کہتے ہیں جو اجازت کے ساتھ ملا ہوا ہے)

(۱-) بشیر بن نہیکؒ کہتے ہیں: میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیثوں کی ایک کتاب تیار کی تھی، پھر میں نے ابو ہریرہؓ سے پوچھا: میں اس کی آپ کی طرف سے روایت کرسکتا ہوں؟ تو انھوں نے فرمایا: ہاں!

ملحوظہ: یہ محض اجازت سے روایت کرنے کی مثال نہیں ہے۔ یہ روایتیں تو باقاعدہ بشیر کی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہوئی تھیں۔

(۲-) عوف اعرابی کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے پوچھا: میرے پاس آپ کی کچھ حدیثیں ہیں میں ان کو آپ کی طرف سے روایت کرسکتا ہوں؟ انھوں نے فرمایا: ہاں!

نوٹ: سند میں جو محمد بن الحسنؒ راوی آیا ہے اس کی شہرت محبوب بن الحسنؒ سے ہے اور اس سے کئی بڑے لوگوں نے حدیث روایت کی ہے۔ یعنی وہ ثقہ راوی ہے۔

(۳-) عبید اللہ عمریؒ کہتے ہیں: میں امام زہری رحمہ اللہ کے پاس ایک کتاب لے کر پہنچا، اور میں نے ان سے پوچھا: یہ آپ کی حدیثوں کی ایک کتاب ہے، میں اس کو آپ کی طرف سے روایت کرسکتا ہوں؟ انھوں نے فرمایا: ہاں!

(۴-) یحییٰ قطانؒ فرماتے ہیں: ابن جریج: ہشام بن عروۃؒ کے پاس ایک کتاب لے کر آئے، پس کہا: یہ آپ کی حدیثیں ہیں، میں ان کو آپ کی طرف سے روایت کروں؟ پس انھوں نے کہا: ہاں!

یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں: پس میں نے دل میں کہا: میں نہیں جانتا، میرے نزدیک دونوں میں سے کونسی بات زیادہ پسندیدہ ہے۔ یعنی استاذ کے سامنے حدیث پڑھنا اور استاذ کا کتاب دینا، دونوں یکساں ہیں۔

(۵-) علی مدینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے یحییٰ قطانؒ سے ابن جریج کی حدیثوں کے بارے میں پوچھا جو وہ عطاء خراسانی رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے کہا: ضعیف ہیں، پس میں نے کہا کہ وہ (ابن جریج) أخبرنی کہہ کر بیان کرتے ہیں۔ یحییٰ قطانؒ نے کہا: کچھ نہیں، وہ کتاب ہی ہے جو عطاءؒ نے ابن جریج کو دی ہے (یعنی صرف کتاب دی ہے اس کے ساتھ روایت کرنے کی اجازت نہیں دی، اس لئے ابن جریج کی وہ روایتیں معتبر نہیں)

تیرھویں بات: حدیث مرسل کی حجیت کا مسئلہ

مرسل ارسال سے اسم مفعول ہے۔ أرسل الشیئَ کے معنی ہیں: چھوڑنا، پس مرسل وہ حدیث ہے جس میں کسی راوی کا تذکرہ چھوڑ دیا گیا ہو، پھر مرسل کی دو قسمیں ہیں: مرسل عام اور مرسل خاص۔

مرسل عام: ہر وہ حدیث ہے جس میں کہیں بھی انقطاع پایا جاتا ہو، خواہ تعلیق کی صورت میں ہو، یعنی مصنف کتاب کی طرف سے ایک یا زیادہ راویوں کو حذف کیا گیا ہو یا انقطاع کی صورت میں ہو، یعنی سند کے درمیان سے کوئی راوی حذف کیا گیا ہو، یا اعضال کی صورت میں ہو، یعنی سند کے درمیان سے دو یا زیادہ راوی مسلسل حذف کئے گئے ہوں۔ یا ارسال کی صورت میں ہو، یعنی سند کے آخر سے صحابی کا نام حذف کیا گیا ہو۔ ان سب صورتوں میں متقدمین کے نزدیک حدیث کو مرسل کہا جاتا تھا، کتب ستہ میں لفظ مرسل اس معنی میں بکثرت مستعمل ہوا ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ کی بحث بھی اسی مرسل عام کے بارے میں ہے۔

مرسل خاص: متاخرین کی اصطلاح میں مرسل وہ روایت ہے جس کی سند کے آخر سے صحابی کا نام حذف کیا گیا ہو۔ تابعی نبی پاک ﷺ کا کوئی قول وفعل بیان کرے اور یہ نہ بیان کرے کہ اس نے یہ بات کس سے سنی ہے۔

مرسل کی دونوں قسموں میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، اور خاص ہمیشہ عام کا جز ہوتا ہے۔ جیسے انسان حیوان میں داخل ہے، پس جب امام ترمذی رحمہ اللہ نے مرسل عام کی بحث کی ہے تو مرسل خاص خود بخود اس میں شامل ہے۔

مرسل کی حجیت میں اختلاف تھا، فقہاء اس کو حجت مانتے تھے، اور محدثین اس کو حجت نہیں مانتے تھے۔ مگر یہ اختلاف درحقیقت بے معنی تھا، کیونکہ جو حجت مانتے تھے وہ بھی مطلقاً یعنی ہر مرسل کو حجت نہیں مانتے تھے، بلکہ اس مرسل کو حجت مانتے تھے جس کی اصلیت قرائن سے ثابت ہو۔ اور جو حضرات اس کی حجیت کا انکار کرتے تھے وہ بھی

مطلقاً اس کی حجیت کا انکار نہیں کرتے تھے بلکہ وہ بھی مخصوص حضرات کی مرسل روایتوں کو معتبر قرار دیتے تھے۔ پس یہ اختلاف کچھ گہرا اختلاف نہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس بحث میں یحییٰ قطانؒ کی بات نقل کی ہے کہ ان کے نزدیک تمام مرسل روایتیں ایک درجے کی نہیں تھیں۔ عطاءؒ، ابواسحاقؒ، اعمشؒ، تیمیؒ، یحییٰ بن ابی کثیرؒ، ثوریؒ اور ابن عیینہؒ کی مرسل روایتیں ضعیف ہیں۔ کیونکہ یہ حضرات ہر قسم کے لوگوں سے روایتیں لیتے تھے، رواۃ کی چھان بین نہیں کرتے تھے، اور مجاہدؒ، طاؤسؒ، سعید بن جبیرؒ، امام مالکؒ اور حسن بصریؒ کی مرسل روایتیں مقبول ہیں، اس لئے کہ یہ حضرات سوچ کر روایتیں لیتے تھے، راویوں کو پرکھتے تھے، گرے پڑے راویوں سے روایتیں نہیں لیتے تھے۔

خلاصۂ کلام: یہ ہے کہ مرسل روایتیں نہ تو مطلقاً حجت ہیں اور نہ مطلقاً مردود ہیں۔ البتہ یہ واقعہ ہے کہ دور تابعین میں جب اسناد کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا تو تابعین نے ان صحابہ کے نام یاد نہیں رکھے تھے، جن سے انھوں نے حدیثیں سنی تھیں، بلکہ انھوں نے صرف متونِ حدیث یاد کئے تھے۔ بعد میں جب اسناد کا سلسلہ شروع ہوا تو وہ کس صحابی کا نام لیتے؟ مجبوراً انھوں نے حدیثیں براہ راست نبی پاک ﷺ کی طرف منسوب کیں، پس ان کے ارسال میں ان کی کوتاہی کا کوئی دخل نہیں، بلکہ حدیث کو مرسل کرنا، ان کی ایک مجبوری تھی، نیز متقدمین ثقاہت میں بھی بلند پایہ تھے۔ اس لئے ان کے مرسلات میں ضعف کم پایا جاتا تھا، اس وجہ سے شیخین یعنی امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ مرسلات کو مطلقاً قبول کرتے تھے، کیونکہ ان کے زمانہ تک مرسل روایتوں میں بہت زیادہ ضعف در نہیں آیا تھا۔ بعد میں جب اسناد کا سلسلہ شروع ہوا تو اب کسی محدث کا ارسال کرنا، یعنی سند میں سے کسی راوی کو چھوڑ دینا بغیر مجبوری کے تھا۔ اور بعد کے رواۃ کی اعتباریت بھی حسب سابق نہیں رہی تھی۔ اس لئے مرسل (بمعنی عام) روایات میں بہت زیادہ ضعف پیدا ہوگیا تھا، اس لئے صاحبین نے یعنی امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے عام طور پر مرسل روایتوں کو غیر معتبر قرار دیا۔ صرف مخصوص تابعین کی مرسل روایتوں کا اعتبار کیا۔

فائدہ: روایتوں کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ بہت سی روایتیں پہلے ضعیف نہیں تھیں، بعد میں ان کی سندوں میں کوئی ضعیف راوی آگیا، یا اضطراب پیدا ہوگیا، یا انقطاع پایا گیا تو وہ روایات ضعیف ہوگئیں۔ چنانچہ ان روایات سے شیخین نے استدلال کیا، کیونکہ ان کے زمانہ تک وہ روایات قوی تھیں۔ اور صاحبین نے ان روایات کو نہیں لیا، کیونکہ ان کے زمانہ تک پہنچتے پہنچتے وہ روایات ضعیف ہوگئی تھیں۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے ان لوگوں کا قول بیان کیا ہے جن کے نزدیک مرسل روایتیں حجت نہیں اور اس ذیل میں سات روایتیں لائے ہیں۔ پھر مرسلات کے معتبر نہ ہونے کی وجہ بیان کی ہے اور اس ذیل میں تین روایتیں لائے ہیں۔ اور آخر میں ان لوگوں کا قول لائے ہیں جو مرسل کو حجت مانتے ہیں، اور اس کے ذیل میں صرف

ایک روایت لائے ہیں، یہ پوری بحث کا خلاصہ ہے۔

قال أبو عيسىٰ: والحديثُ إِذَا كَانَ مُرْسَلاً: فَإِنَّهُ لايَصِحُّ عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الحَديثِ، قَدْ ضَعَّفَهُ غَيْرُ وَاحدٍ مِنْهُمْ.

[۱-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ أَنا بَقِيُّةُ بنُ الوَليدِ، عن عُتْبَةَ بنِ أبي حَكيمٍ، قال: سَمِعَ الزُّهْرِيُّ إِسْحَاقَ بنَ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبي فَروَةَ، يقولُ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم، قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ الزُّهْرِيُّ: قَاتَلَكَ اللّٰهُ ياابنَ أبي فَرْوَةَ! تَجِيْئُنَا بِأَحَادِيْثَ لَيْسَ لَهَا خُطُمٌ وَلاَ أَزِمَّةٌ.

[۲-] حدثنا أبوبَكْرٍ، عن عَلِيِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ، قال: قال يَحْيىَ بنُ سعيدٍ، مُرسَلاَتُ مُجاهِدٍ أَحَبُّ إِلِيَّ مِن مُرسَلاَتِ عَطَاءِ بنِ أبي رَبَاحٍ بِكَثِيرٍ، كَانَ عَطَاءٌ يَأْخُذُ عَن كُلِّ ضَرْبٍ.

[۳-] قال عليٌّ: قال يَحيىَ: مُرسلاَتُ سَعيدِ بنِ جُبَيْرٍ أَحَبُّ إِلَيَّ مِن مُرْسَلاَتِ عَطَاءٍ.

[٤-] قلتُ لِيَحْيىٰ: مُرسَلاَتُ مُجَاهِدٍ أَحَبُّ إِلَيْكَ أَمْ مُرسَلاَتُ طَاوُوْسٍ؟ قَالَ مَا أَقْرَبَهُمَا.

[٥-] قال عليٌّ، وسمِعتُ يَحيىَ بنَ سَعيدٍ يقولُ: مُرسَلاَتُ أبي إسحاقَ عِنْدِيْ شِبْهُ لاَ شَيْئٍ! وَالأَعْمَشِ وَالتَّيْمِيِّ، وَيَحيىَ بنِ أبي كَثِيْرٍ، ومُرْسَلاَتُ ابنِ عُيَيْنَةَ شِبْهُ الرِّيْحِ، ثُمَّ قَالَ: إِيْ وَاللّٰهِ! وَسُفيَانَ بنِ سَعِيْدٍ.

[٦-] قلتُ لِيَحيىَ: مُرسَلاَتُ مَالِكٍ؟ قَالَ: هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَحْيىٰ: لَيْسَ في القَوْمِ أَحَدٌ أَصَحُّ حَدِيْثًا مِنْ مَالِكٍ.

[۷-] حدثنا سَوَّارُ بنُ عبدِ اللّٰهِ العَنبَرِيُّ، قال: سمِعتُ يَحيىَ بنَ سعيدٍ القَطَّانَ، يقولُ: مَاقالَ الحَسَنُ في حديثِه: قَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إِلاَّ وَجَدْنَا لَهُ أَصْلاً، إِلاَّ حَديثًا أو حَدِيْثَيْنِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب کوئی حدیث مرسل ہو (بمعنی عام) تو وہ اکثر محدثین کے نزدیک صحیح نہیں، یعنی حجت نہیں، متعدد محدثین نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

(۱-) امام زہری رحمہ اللہ نے اسحاق بن عبداللہؒ کو قال رسول الله، قال رسول الله کہتے ہوئے سنا، یعنی وہ صحابی کا نام لئے بغیر حدیثیں روایت کرتا تھا، تو امام زہریؒ نے فرمایا: اللہ تیرا ناس کریں اے ابن ابی فروۃ! تو ہمارے پاس ایسی حدیثیں لاتا ہے جن کی نہ نکیل ہے نہ لگام۔

وضاحت: اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروۃ اُموی مدنی تابعی ہے، اور متروک راوی ہے —— خُطُم بضمتین خِطام کی جمع ہے: ہر وہ چیز جو جانور کو ہانکنے کے لئے اس کی ناک میں ڈالی جائے، یعنی نکیل —— أزمّۃ (بفتح فکسرٍ) زِمام (بِکسرٍ) کی جمع ہے: وہ چیز جو نکیل میں باندھی جائے یعنی لگام، مُہار —— امام زہری رحمہ اللہ نے اس طرح بغیر سند کے حدیث بیان کرنے پر جو نکیر کی ہے اس سے معلوم ہوا کہ مرسل روایتیں حجت نہیں۔

(۲-) یحییٰ قطان کہتے ہیں: مجھے حضرت مجاہدؒ کی مرسل روایتیں حضرت عطاءؒ کی مرسل روایتوں سے بہت زیادہ پسند ہیں (کیونکہ) حضرت عطاء ہر قسم کے لوگوں سے روایتیں لیتے تھے۔

وضاحت: مجاہد بن جبر مکی، اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں، فن تفسیر میں امام اور فقہ میں پیشوا ہیں —— یحییٰ قطانؒ کے اس قول سے معلوم ہوا کہ مرسل روایتوں کو مطلقاً نا قابل اعتبار قرار دینا صحیح نہیں، بلکہ راوی اگر ثقہ ہی سے ارسال کرتا ہو تو اس کے مراسیل معتبر ہیں، جیسے مجاہد کے مراسیل، ورنہ معتبر نہیں جیسے عطاء بن ابی رباح کے مراسیل۔

(۳-) یحییٰ قطانؒ فرماتے ہیں: سعید بن جبیرؒ کی مرسل روایتیں مجھے حضرت عطاءؒ کی مرسل روایتوں سے زیادہ پسند ہیں (کیونکہ سعید ثقہ راویوں ہی سے روایتیں لیتے تھے اور حضرت عطاء ہر قسم کے راویوں سے روایتیں لیتے تھے)

(۴-) علی مدینی فرماتے ہیں: میں نے یحییٰ قطانؒ سے پوچھا: آپ کو مجاہدؒ کی مرسل روایتیں زیادہ پسند ہیں یا طاؤسؒ کی؟ انھوں نے فرمایا: دونوں ایک دوسرے سے کسی قدر مشابہ ہیں! (ما أَقْرَبَ: فعل تعجب ہے، یعنی دونوں کی مرسل روایتیں ایک درجہ کی ہیں اور مقبول ہیں)

(۵-) یحییٰ قطان فرماتے ہیں: ابو اسحاق ہمدانی کی مرسل روایتیں میرے نزدیک پرچھائی ہیں، کچھ نہیں ہیں۔ یعنی نہایت ضعیف ہیں۔ گویا لیس بشیئ ہیں۔ یہی حال اعمش، تیمی اور یحییٰ بن ابی کثیر کی مرسل روایات کا ہے، اور ابن عیینہ کی مرسل روایتیں ہوا جیسی ہیں (یعنی وہ بھی ضعیف ہیں) پھر یحییٰ قطان نے فرمایا: ہاں بخدا! ثوری کی مرسل روایتیں بھی ایسی ہی ہیں۔

وضاحت: والأعمش کا عطف أبی إسحاق پر ہے أی کذا مرسلات الأعمش والتیمی ویحیی بن أبی کثیر عندی شِبهٌ لا شیئٌ —— اعمش (چوندھیا) کا نام سلیمان بن مہران ہے، وہ قبیلۂ کاہلہ کے آزاد کردہ ہیں، کوفہ میں رہتے تھے —— تیمی سے مراد ابوالمعتمر سلیمان بن طرخان بصری ہیں —— اور یحییٰ بن ابی کثیر طائی یمامی ہیں، ان کی کنیت ابونصر تھی —— الشِّبه کے معنی ہیں: مانند۔ کہا جاتا ہے: هٰذا شِبه فلانٍ: یہ فلاں کے مشابہ ہے۔ یعنی ان حضرات کی مرسل روایتیں صحیح نہیں، بلکہ صحیح کے مشابہ ہیں، پرچھائیں بھی حقیقت کے مشابہ ہوتی ہے، اس لئے یہ ترجمہ کیا گیا ہے —— شِبه الریح: ہوا کے مشابہ یعنی ہوا جیسی، یہ بھی ضعف سے کنایہ ہے، جیسے ہوا کے لئے استقرار نہیں ان مرسلات کے لئے بھی ٹکاؤ نہیں۔

(۶-) علی مدینی نے یحییٰ قطانؒ سے امام مالکؒ کی مرسل روایتوں کے بارے میں پوچھا کہ وہ کیسی ہیں؟ یحییٰ قطان نے فرمایا: وہ مجھے بہت زیادہ پسند ہیں، پھر یحییٰ قطان نے فرمایا: قوم میں یعنی محدثین میں امام مالکؒ سے زیادہ صحیح حدیثیں بیان کرنے والا کوئی نہیں۔

(۷-) یحییٰ قطان فرماتے ہیں: حسن بصری نے جو بھی حدیث قال رسول اللہ کہہ کر بیان کی ہے۔یعنی مرسل بیان کی ہے ہم نے اس کی اصل پائی ہے، مگر ایک یا دو حدیثیں (ان کی اصل ہمیں نہیں ملی، کہتے ہیں کہ حسن بصری رحمہ اللہ ظالم حجاج کے زمانہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنی ہوئی روایات کو مرسل بیان کیا کرتے تھے، حجاج کے اندیشہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نام نہیں لیتے تھے)

قال أبو عيسىٰ: ومَن ضَعَّفَ المُرْسَلَ، فإنَّهُ ضَعَّفَهُ مِن قِبَلِ أَنَّ هٰؤُلاَءِ الْأَئِمَّةَ قَدْ حَدَّثُوْا عَنِ الثِّقَاتِ وَغَيْرِ الثِّقَاتِ، فَإِذَا رَوَى أَحَدُهُمْ حَدِيْثًا وَأَرْسَلَهُ: لَعَلَّهُ أَخَذَهُ عَن غَيْرِ ثِقَةٍ.

[۱-] قَدْ تَكَلَّمَ الْحَسَنُ الْبِصْرِيُّ فِيْ مَعْبَدِ الْجُهَنِيِّ، ثُمَّ رَوَى عَنْهُ.

حدثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْبِصْرِيُّ، نا مَرْحُومُ بْنُ عبدِ العزيزِ العَطَّارُ، حدثني أبي وَعَمِّي، قالاَ: سَمِعْنَا الْحَسَنَ يَقُوْلُ: إِيَّاكُمْ وَمَعْبَدَ الْجُهَنِيِّ فَإِنَّهُ ضَالٌّ مُضِلٌّ.

[۲-] قال أبو عيسىٰ: ويُروى عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: نا الحَارِثُ الْأَعْوَرُ، وَكَانَ كَذَّابًا [وقَدْ حَدَّثَ عَنْهُ وَأَكْثَرُ الْفَرَائِضِ الَّتِيْ تَرَوْنَهَا عَن عَلِيٍّ وَغَيْرِهِ: هِيَ عَنْهُ، وقَدْ قَالَ الشَّعْبِيُّ: الحَارِثُ الْأَعْوَرُ عَلَّمَنِيْ الْفَرَائِضَ، وكَانَ مِنْ أَفْرَضِ النَّاسِ]

[۳-] وسمعتُ مُحمدَ بن بَشَّارٍ، يقولُ: سمِعتُ عبدَ الرحمنِ بنَ مَهْدِيٍّ، يقول: أَلاَ تَعْجَبُوْنَ مِنْ سُفيانَ بنِ عُيَيْنَةَ، لَقَدْ تَرَكْتُ لِجَابِرِ الْجُعْفِيِّ بِقَوْلِهِ ـــ لَمَّا حَكَى عَنْهُ ـــ أَكْثَرَ مِن ألفِ حَدِيثٍ ثُمَّ هُوَ يُحَدِّثُ عَنهُ؟ قَالَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ: وتَرَكَ عبدُ الرَّحمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ حديثَ جَابِرِ الْجُعْفِيِّ.

مرسل روایات کے ضعیف ہونے کی وجہ

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جن علماء نے مرسل روایات کو ضعیف کہا ہے تو انھوں نے ان روایات کو اس وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے کہ یہ ائمہ ثقہ اور غیر ثقہ ہر طرح کے لوگوں سے حدیثیں لیتے تھے، اور بیان کرتے تھے۔ پس جب ان میں سے کوئی کسی حدیث کو روایت کرے اور اس کو مرسل کرے، یعنی مروی عنہ کا نام نہ لے تو احتمال ہے

کہ شاید اس نے اس روایت کو کسی غیر معتبر راوی سے لیا ہو (اور اس کی دلیل درج ذیل روایات ہیں)

(۱-) حضرت حسن بصریؒ نے معبد جُہنی میں کلام کیا ہے، پھر اس سے روایت (بھی) کی ہے (معبد بن خالد جہنی قدری یعنی منکر تقدیر تھا) حسن بصریؒ فرماتے ہیں کہ معبد جہنی سے بچو، وہ گمراہ گمراہ کرنے والا ہے (اس تنقید کے باوجود حضرت حسن رحمہ اللہ نے اس سے روایت بھی کی ہے، معلوم ہوا کہ بڑے لوگ بھی ہر طرح کے راویوں سے روایتیں کرتے تھے)

(۲-) عامر شعبی رحمہ اللہ سے روایت کیا گیا ہے: انھوں نے فرمایا: ہم سے حارث اعورؒ نے حدیث بیان کی اور وہ بڑا جھوٹا تھا (امام عامر بن شراحیل شعبی بڑے امام ہیں، کوفہ کے مجتہد تھے، ابراہیم نخعیؒ کی ٹکر کے تھے اور حارث بن عبداللہ ہمدانی کوفی جس کا لقب اعور (کانا) تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا شاگرد ہے اس پر عامر شعبیؒ نے تنقید بھی کی ہے اور اسی سانس میں اس کی حدیث بھی سنا رہے ہیں، معلوم ہوا کہ بڑے لوگ بھی ضعیف راویوں سے روایت کرتے تھے۔

اور شعبیؒ نے حارث اعور سے حدیثیں نقل کی ہیں۔ اور میراث کے بیشتر احکام جو حضرت علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے روایات میں آپ حضرات دیکھتے ہیں وہ سب حارثِ اعور سے مروی ہیں، اور خود شعبیؒ فرماتے تھے کہ حارثِ اعور نے مجھے مسائل مواریث سکھلائے ہیں۔ اور وہ اس فن میں سب لوگوں سے زیادہ ماہر تھے۔

نوٹ: وقد حدث سے آخر تک مصری نسخہ سے اضافہ ہے۔

(۳-) ابن مہدیؒ کہتے ہیں: آپ لوگوں کو سفیان بن عیینہؒ کے طرز عمل پر حیرت نہیں ہوتی۔ بخدا! ان کی بات کی وجہ سے، جب انھوں نے وہ بات جابر سے نقل کی تو میں نے ایک ہزار سے زیادہ حدیثیں جابر کی چھوڑ دیں (ابن عیینہ نے ابن مہدی کو بتایا تھا کہ جابر جعفی عقیدۂ رجعت کا قائل ہے، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دوبارہ زندہ ہونے کا) پھر وہ خود جابر سے روایت کرتے ہیں۔ محمد بن بشارؒ کہتے ہیں: ابن مہدی نے جابر جعفی کی روایات کو ترک کر دیا تھا مگر ابن عیینہ اس سے روایت کرتے تھے۔ معلوم ہوا کہ بڑے لوگ بھی غیر ثقہ راویوں سے روایتیں کرتے ہیں اس لئے مرسل روایتیں مطلقاً حجت نہیں۔

وقَدِ احْتَجَّ بَعْضُ أهلِ العِلمِ بِالْمُرْسَلِ أَيْضًا:

حدثنا أبو عُبَيْدَةَ بنُ أَبى السَّفَرِ الكُوْفِيُّ، نا سَعِيْدُ بنُ عَامِرٍ، عن شُعْبَةَ، عن سُلَيْمَانَ الأَعْمَشِ قَالَ: قُلتُ لِإِبْرَاهِيمَ النَّخعِيِّ: أَسْنِدْ لِيْ عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ مَسعُودٍ، فقَالَ إبراهيمُ: إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عن رَجُلٍ عن عبدِ اللّٰهِ، فَهُوَ الَّذِىْ سَمَّيْتُ، وإِذَا قُلْتُ: قَالَ عبدُ اللّٰهِ فَهُوَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ.

مرسل کی حجیت کا قول اور اس کی دلیل

ترجمہ: اور بعض اہل علم نے (مسند کی طرح) مرسل روایتوں سے بھی استدلال کیا ہے، سلیمان اعمش کہتے ہیں: میں نے ابراہیم نخعی سے عرض کیا: آپ میرے سامنے جو ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایتیں بیان فرماتے ہیں تو ان کی سند بیان کیجئے (یعنی آپ نے وہ روایتیں کن سے سنیں ہیں؟ کیونکہ آپ کی ملاقات ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نہیں ہے) ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا: جب میں آپ لوگوں کے سامنے کسی کا نام لے کر ابن مسعودؓ کی روایتیں بیان کروں تو وہ روایت میں نے اسی شخص سے سنی ہے جس کا نام لیا ہے۔ اور جب میں قال عبد اللہ کہوں، یعنی بیچ کا واسطہ ذکر نہ کروں تو وہ روایت میں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بہت سے شاگردوں سے سنی ہے (معلوم ہوا کہ نخعیؒ نے جو ابن مسعود کی حدیثیں بیان کی ہیں اور بیچ کا واسطہ چھوڑ دیا ہے وہ مرسل روایتیں حجت ہیں، کیونکہ نخعیؒ پختہ ثبوت کے بعد ہی ارسال کیا کرتے تھے)

چودھویں بات: مختلف فیہ رواۃ کا تذکرہ

پہلے ضعیف رواۃ کا اور ان کی حدیثوں کا حکم بیان کیا گیا ہے، پھر متکلم فیہ رواۃ اور ان کی حدیثوں کا حکم بیان کیا تھا۔ پھر اعلیٰ درجہ کے ثقہ راویوں کا تذکرہ کیا تھا، پھر درمیان میں تین اور باتیں بیان کی تھیں۔ اب مختلف فیہ رواۃ کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اور بطور مثال تین شخصیتوں کا ذکر کرتے ہیں۔

متکلم فیہ وہ رواۃ ہیں جن میں جرح وتعدیل دونوں جمع ہوں اور جرح نے ان کی عدالت کو متاثر کیا ہو اور مختلف فیہ وہ رواۃ ہیں جن میں جرح وتعدیل دونوں جمع ہوں، مگر جرح نے ان کی عدالت کو متاثر نہ کیا ہو، بلکہ وہ بدستور ثقہ اور قابل اعتبار ہوں، ایسی صورت میں جس غلط فہمی سے جرح کی گئی ہے اس کو سمجھنا پڑے گا۔

جیسے امام مالک رحمہ اللہ نے محمد بن اسحاقؒ پر سخت جرح کی ہے جب کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کو امام المغازی کہا ہے۔ علماء نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ امام مالکؒ کی جرح معاصرانہ چشمک کا نتیجہ تھی، چنانچہ اس کا اعتبار نہیں کیا گیا۔ وہ رواتِ حسان میں سے ہیں۔ البتہ ان میں تدلیس کا عیب ضرور ہے، اس لئے ان کا عنعنہ معتبر نہیں۔

اسی طرح شعبہؒ نے عبد الملک بن ابی سلیمانؒ اور حکیم بن جبیرؒ پر جرح کی ہے۔ علماء نے غور کیا تو یہ بات سامنے آئی کہ شعبہ رحمہ اللہ نے ان کی جن حدیثوں کی وجہ سے جرح کی ہے، ان حدیثوں کا وہ مطلب نہیں ہے جو شعبہؒ نے سمجھا ہے، شعبہؒ مجتہد نہیں تھے اس لئے ان کی جرح کا اعتبار نہیں کیا گیا۔

ویسے اگر کسی راوی میں جرح وتعدیل دونوں جمع ہوں تو فیصلہ کا طریقہ یہ ہے کہ دیکھا جائے کہ جرح کرنے

والے زیادہ ہیں یا ثقہ قرار دینے والے زیادہ ہیں؟ جدھر کثرت ہو اس کا اعتبار کیا جائے۔ اور اگر دونوں جانب برابر ہوں تو اکابر کس طرف ہیں اس کا اعتبار کیا جائے گا، یا پھر جرح وتعدیل کو ملا کر اعتدال قائم کیا جائے گا جیسے گرم اور سرد پانی کو ملانے سے نیم گرم پانی وجود میں آتا ہے، اسی طرح جرح کی وجہ سے وہ راوی اعتباریت کے اعلی مقام سے نیچے آجاتا ہے۔

وقَدِ اخْتَلَفَ الأَئِمَّةُ مِن أهلِ العِلمِ فِي تَضْعِيْفِ الرِّجَالِ، كَمَا اخْتَلَفُوْا فِيْمَا سِوَى ذٰلِكَ مِنَ العِلْمِ: ذُكِرَ عَنْ شُعْبَةَ: أَنَّهُ ضَعَّفَ أَبَا الزُّبَيْرِ الْمَكِّيَّ، وعَبدَ المَلِكِ بنَ أَبِي سُلَيْمَانَ، وحَكيم بنَ جُبَيْرٍ، وتَرَكَ الرِّوَايَةَ عَنهم، ثُمَّ حَدَّثَ شُعْبَةُ عَن مَّنْ هُوَ دُوْنَ هٰؤُلَاءِ فِي الحِفْظِ وَالعَدَالَةِ: حَدَّثَ عَن جَابِرٍ الجُعْفِيِّ، وإبراهيمَ بنِ مُسلمٍ الهَجَرِيِّ، ومُحمدِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ العَرْزَمِيِّ، وَغَيرِ وَاحدٍ مِمَّن يُضَعَّفُوْنَ فِي الحَديثِ.

ترجمہ: اکابر محدثین میں راویوں کی تضعیف میں اختلاف بھی ہو جاتا ہے جس طرح ان کے درمیان دیگر علمی باتوں میں اختلاف ہوتا ہے، امام شعبہؒ سے یہ بات نقل کی جاتی ہے کہ انھوں نے ابوالزبیر مکیؒ کی اور عبدالملک بن ابی سلیمانؒ کی اور حکیم بن جبیرؒ کی تضعیف کی ہے، اور ان سے روایت کرنا بند کر دیا ہے۔ پھر شعبہؒ نے ان راویوں کی روایتیں بیان کیں جو یادداشت اور عدالت میں ان حضرات سے فروتر تھے، جابر جعفیؒ سے اور ابراہیم ہجریؒ سے، اور محمد عرزمیؒ سے اور متعدد ایسے راویوں سے روایت کی جو حدیث میں ضعیف قرار دئے گئے ہیں (اس طرح وہ بارش سے بھاگ کر پرنالے کے نیچے کھڑے ہو گئے!)

حدثنا محمدُ بنُ عَمْرِو بنِ نَبْهَانَ بنِ صَفْوَانَ البِصْرِيُّ، نا أُمَيَّةُ بنُ خَالِدٍ، قال: قُلتُ لِشُعْبَةَ: تَدَعُ عَبدَ الملكِ بنَ أبى سُلَيْمَانَ، وَتُحَدِّثُ عن مُحمدِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ العَرْزَمِيِّ؟ قَالَ نَعَمْ!

قَالَ أبو عيسىٰ: وَقَدْ كَانَ شُعْبَةُ حَدَّثَ عن عبدِ الملكِ بنِ أبى سُلَيْمَانَ، ثُمَّ تَرَكَهُ، وَيُقَالُ: إِنَّمَا تَرَكَهُ، لِمَا تَفَرَّدَ بالحديثِ الَّذِىْ رَوَى عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِى رَبَاحٍ، عن جَابرِ بنِ عبدِ اللهِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ: " الرَّجُلُ أَحَقُّ بِشُفْعَتِهِ يُنْتَظَرُ بِه وإن كَانَ غَائِبًا، إِذَا كَانَ طَرِيْقُهُمَا وَاحِدًا"

وقَدْ ثَبَّتَ غَيرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ وَحَدَّثُوْا عن أبى الزُّبَيْرِ، وَعبدِ الملكِ بنِ أبى سُلَيْمَانَ وَحَكِيْمِ بنِ جُبَيْرٍ.

(۱) عبدالملک بن ابی سلیمان کا تذکرہ:

(۱-) عبدالملک بن ابی سلیمان عرزمی رحمہ اللہ کا شمار بڑے محدثین میں ہے۔ بخاری شریف میں تعلیقاً ان کی روایت ہے۔

ترجمہ: امیہ بن خالد کہتے ہیں: میں نے شعبہؒ سے کہا: آپ عبدالملک بن ابی سلیمانؒ کو چھوڑتے ہیں، اور محمد بن عبیداللہ عرزمیؒ سے روایت کرتے ہیں؟ انھوں نے فرمایا: جی ہاں! تہذیب التہذیب (۶: ۳۹۷) میں یہ روایت اس طرح ہے: امیہ کہتے ہیں: میں نے شعبہؒ سے کہا: کیا بات ہے آپ عبدالملک سے روایتیں نہیں کرتے حالانکہ ان کی روایتیں اچھی ہیں؟ شعبہؒ نے فرمایا: ان کے اچھے ہونے ہی سے میں بھاگا ہوں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شعبہؒ نے (پہلے) عبدالملک بن ابی سلیمانؒ سے روایتیں کی تھیں، پھر بعد میں ان کو چھوڑ دیا، اور کہا جاتا ہے کہ شعبہؒ نے ان کو اسی حدیث کی وجہ سے چھوڑا ہے جس کو وہ تنہا روایت کرتے ہیں عطاء بن ابی رباحؒ سے، وہ جابر بن عبداللہؓ سے، وہ نبی پاک ﷺ سے، آپؐ نے فرمایا: آدمی اپنے شفعہ کا زیادہ حقدار ہے اس سلسلہ میں اس کا انتظار کیا جائے گا، اگرچہ وہ غائب ہو، جبکہ ان دونوں کا راستہ ایک ہو (یہ حدیث ترمذی شریف میں (۱: ۱۶۴) میں اسی سند سے مروی ہے۔ اسی حدیث کی وجہ سے امام شعبہ رحمہ اللہ نے عبدالملک پر جرح کی ہے۔ حالانکہ وہ محدثین کے نزدیک ثقہ قابل اعتماد ہیں۔ اور اس حدیث کی وجہ سے شعبہؒ کے علاوہ کسی نے عبدالملک پر جرح نہیں کی، بلکہ سفیان ثوریؒ تو یہ فرماتے ہیں کہ عبدالملک کسوٹی ہیں، یعنی ان کے ذریعہ صحیح اور سقیم میں امتیاز کیا جائے گا)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور ائمہ میں سے متعدد حضرات نے عبدالملک کو مضبوط راوی قرار دیا ہے۔ اور وہ ابوالزبیر اور عبدالملک اور حکیم بن جبیر سے حدیثیں بیان کرتے تھے۔

وضاحت: ائمہ ثلاثہ شریک فی الحقوق کے لئے شفعہ ثابت نہیں کرتے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ثابت کرتے ہیں، عبدالملک کی روایت چونکہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے موافق تھی اور دیگر ائمہ اور محدثین کے خلاف تھی اس لئے شعبہؒ نے اس روایت کو قبول نہیں کیا، اور عبدالملک پر تفرد کا الزام لگا کر ساقط کر دیا، حالانکہ وہ ثقہ راوی ہیں، شعبہ کے علاوہ کسی نے ان کی تضعیف نہیں کی۔

حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا حَجَّاجٌ وابنُ أبی لَيْلٰی، عن عَطَاءِ بنِ أبی رَبَاحٍ، قَال: كُنَّا إِذَا خَرَجْنَا مِن عِندِ جَابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ تَذَاكَرْنَا حديثَه، وكَانَ أبو الزُّبَيْرِ أَحْفَظَنَا لِلْحَدِيْثِ.

حدثنا محمدُ بنُ يحيىَ بنِ أبی عُمَرَ المَكِّیُّ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: قال أبُو الزُّبَيْرِ: كَانَ عَطَاءٌ يُقَدِّمُنِی إِلٰی جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَحْفَظُ لَهُمُ الحَدِيْثَ.

حدثنا ابنُ أبى عُمَرَ، نا سُفيانُ، قَالَ: سَمِعتُ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيَّ يقولُ: حَدَّثَنى أَبو الزُّبَيْرِ، وَأَبُو الزُّبَيْرِ، وَأَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ سُفيانُ بِيَدِهِ يَقْبِضُهَا، قال أبو عيسىٰ، إِنَّمَا يَعنى بِذٰلِكَ الإِتْقَانَ وَالحِفْظَ، وَيُرْوَى عن عبدِ اللهِ بنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: كَانَ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ يقولُ: كان عبدُ المَلِكِ بنُ أبى سُلَيْمَانَ مِيْزَانًا فِى العِلْمِ.

(۲) ابوزبیر مکی کا تذکرہ:

(۲-) ابوالزبیر محمد بن مسلم بن تدرُس الاسدی المکی: صحاح ستہ کے راوی ہیں، شعبہؒ نے ان پر جرح اس وجہ سے کی ہے کہ شعبہ نے ان کو ایک مرتبہ دیکھا کہ وہ کوئی چیز تول رہے ہیں اور کم تول رہے ہیں۔ اس لئے ان کو غیر معتبر قرار دیا، حالانکہ وہ اپنے لئے کوئی چیز تول رہے تھے، دوسرے کو کم تول کر دینا تو عیب ہے، مگر اپنے لئے کسی مصلحت سے کم تولنا کوئی عیب نہیں۔

ترجمہ: عطاء بن ابی رباح کہتے ہیں: جب ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے حدیثیں پڑھ کر نکلتے تو ہم آپس میں ان کی حدیثوں کا مذاکرہ کرتے تھے، اور ابوالزبیر ہم میں سب سے زیادہ حدیثوں کو یاد کرنے والے تھے (معلوم ہوا کہ ابوالزبیر حافظ حدیث ہی نہیں، حضرت جابرؓ کی حدیثوں میں سب سے زیادہ حدیثوں کو یاد کرنے والے تھے)

ابوالزبیر فرماتے ہیں: عطاء بن ابی رباحؒ مجھے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی مجلس میں آگے کیا کرتے تھے تا کہ میں ان کے لئے حدیثوں کو یاد کروں۔

اور ایوب سختیانی کہا کرتے تھے: حدثنی أبو الزبير وأبو الزبير وأبو الزبير: سفیان بن عیینہؒ نے اپنے ہاتھ کو بند کر کے اشارہ کیا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایوب سختیانی کی مراد حفظ واتقان تھی (یعنی مٹھی بند کر کے ان کے مضبوط راوی ہونے کی طرف اشارہ کیا)

اور ابن المبارک سے مروی ہے کہ سفیان ثوری رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ عبدالملک بن ابی سلیمان علم میں ترازو تھے (غرض ابوالزبیر اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں اور شعبہؒ کی ان پر جرح معتبر نہیں)

حدثنا أبوبكرٍ، عن عَلِيِّ بنِ عبدِ اللهِ قَالَ: سَأَلتُ يَحيىَ بنَ سَعيدٍ: عَن حَكِيْمِ بنِ جُبَيْرٍ قَال تَرَكَهُ شُعْبَةُ مِن أَجْلِ هٰذَا الحَديثِ الَّذِىْ رَوَاهُ فى الصَّدَقَةِ يَعْنى حَديثَ عبدِ اللهِ بنِ مسعودٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "مَن سَأَلَ النَّاسَ وَلَهُ مَا يُغْنِيْهِ كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خُمُوْشًا فى وَجْهِهِ" قِيلَ: يارسولَ اللهِ، مَا يُغْنِيْهِ؟ قَالَ: "خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا أَوْ قِيْمَتُها مِنَ الذَّهَبِ"

قَالَ عَلِيٌّ: قال يَحيىَ: وَحدَّثَ عن حَكيمِ بنِ جُبَيْرٍ: سُفيانُ الثَّوْرِيُّ وَزَائِدَةُ، قَالَ عَلِيٌّ: وَلَمْ يَرَ يَحْيىَ بَحَدِيْثِهِ بَأْسًا.

حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا يَحيىَ بنُ آدَمَ، عن سُفيانَ الثَّوْرِيِّ، عن حَكيمِ بنِ جُبَيْرٍ بِحَدِيْثِ الصَّدَقَةِ، قَالَ يَحيىَ بنُ آدَمَ: فَقَالَ عبدُ اللّٰهِ بنُ عُثْمَانَ صَاحِبُ شُعْبَةَ لِسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ: لَوْ غَيْرُ حَكيمٍ حَدَّثَ بِهٰذَا! فَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ: وَمَا لِحَكِيْمٍ؟ لاَ يُحَدِّثُ عَنهُ شُعْبَةُ؟ قَالَ نَعَمْ: فَقَالَ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ: سَمِعتُ زُبَيْدًا يُحَدِّثُ بِهٰذَا عن مُحمدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ.

(۳) حکیم بن جبیر کا تذکرہ:

ترجمہ: علی مدینیؒ نے یحیٰ قطانؒ سے حکیم بن جبیرؒ کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے فرمایا: حکیم کو شعبہؒ نے اس حدیث کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے جس کو انھوں نے صدقہ کے سلسلہ میں روایت کیا ہے۔ یعنی ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی نبی پاک ﷺ سے یہ روایت کہ جو لوگوں سے سوال کرتا ہے درانحالیکہ اس کے پاس اتنا ہے جو اس کو بے نیاز کرتا ہے تو وہ سوال قیامت کے دن اس کے چہرے میں خراشیں ہوگا، کسی نے سوال کیا: اے اللہ کے رسول! وہ کتنی مقدار ہے جو آدمی کو سوال سے بے نیاز کرتی ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: پچاس درہم یا اس کی قیمت کے بقدر سونا (یہ حدیث ترمذی (۸۲:۱) میں ہے)

یحیٰ قطان فرماتے ہیں: اور حکیم بن جبیر سے سفیان ثوریؒ اور زائدہ روایت کرتے ہیں، علی مدینی فرماتے ہیں: یحیٰ قطان بھی ان کی حدیث میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

ایک مرتبہ سفیان ثوریؒ نے حکیم بن جبیرؒ کی سند سے صدقہ کی حدیث بیان کی تو امام شعبہؒ کے تلمیذ عبداللہ بن عثمانؒ نے سفیان ثوریؒ سے کہا: کاش حکیم کے علاوہ کوئی اور اس حدیث کو بیان کرتا! سفیان ثوریؒ نے ان سے فرمایا: اور حکیم کے لئے کیا بات ہے؟ کیا ان سے شعبہؒ روایت نہیں کرتے؟ عبد اللہ بن عثمانؒ نے کہا: جی ہاں (یعنی میرے استاذ شعبہ ان سے روایت نہیں کرتے) تو سفیان ثوریؒ نے فرمایا: میں نے زُبید یامی کو محمد بن عبدالرحمٰن بن یزیدؒ سے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے (یعنی حکیم کے علاوہ زُبید بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں)

وضاحت: شعبہؒ کے خیال میں پچاس درہم یا اس کی قیمت کے بقدر سونا بہت بڑی رقم تھا، سوال سے مانع تو اس سے تھوڑی رقم بھی ہوسکتی ہے، اس لئے شعبہؒ کا خیال اس طرف گیا کہ شاید حکیم نے اس حدیث میں کچھ گڑبڑ کی ہے۔ حالانکہ حالات اور زمان ومکان کے اختلاف سے یہ رقم بہت بڑی شمار نہیں ہوگی۔ یہ بعض گھرانوں کا ایک دن کا خرچہ ہے، پھر جب زبید حکیم کے متابع موجود ہیں تو حضرت شعبہؒ کا خیال بے معنی ہوکر رہ جاتا ہے۔

پندرھویں بات: امام ترمذی کی اصطلاح میں: حدیث حسن

صحیح حدیث وہ ہے جس میں پانچ باتیں جمع ہوں:

(۱) جس کے تمام راوی عادل، یعنی ثقہ اور معتبر ہوں (۲) تمام راویوں کو حدیث کی سند خوب اچھی طرح محفوظ ہو (۳) سند متصل ہو، یعنی اس کا کوئی راوی چھوٹ نہ گیا ہو (۴) سند میں کوئی علتِ خفیہ یعنی پوشیدہ خرابی نہ ہو (۵) اور وہ روایت شاذ بھی نہ ہو۔

اور حسن وہ حدیث ہے جس کی سند کا کوئی راوی خفیف الضبط ہو، یعنی اس کی یادداشت میں کمی ہو، حدیث اس کو خوب محفوظ نہ ہو، اور صحیح کی باقی چار شرطیں اس میں موجود ہوں، یعنی تمام راوی عادل ہوں، سند متصل ہو، سند میں کوئی علتِ خفیہ نہ ہو اور روایت شاذ بھی نہ ہو۔

غرض حسن: صحیح سے مختلف چیز ہے، دونوں ایک ساتھ اکٹھا نہیں ہوسکتے۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب میں لفظ حسن دو طرح سے استعمال کیا ہے۔ صحیح کے ساتھ ملا کر اور تنہا۔ اس لئے ضروری ہے کہ دونوں استعمالوں میں حسن کا کیا مطلب ہے اس کو سمجھ لیا جائے۔

حسن کو صحیح کے ساتھ جمع کرنے کا مطلب: جہاں امام ترمذی رحمہ اللہ نے حسن کو صحیح کے ساتھ جمع کیا ہے، اس کی وضاحت خود امام ترمذی رحمہ اللہ نے نہیں کی کہ وہاں حسن کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ علماء نے اس کی مختلف توجیہیں کی ہیں، نخبہ میں بھی آپ نے چند توجیہیں پڑھی ہیں مگر کوئی فٹ نہیں بیٹھتی، مثلاً: یہ توجیہ کہ یہ بات علی وجہ التردید کہی ہے کہ حدیث یا تو صحیح ہے یا حسن، مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ اعلی درجہ کی صحیح حدیثوں کے لئے بھی امام ترمذی کا یہی فیصلہ ہے، یہ کیسے ممکن ہے، نیز کتاب میں اسّی فیصد حدیثوں کے بارے میں یہی فیصلہ ہے تو کیا امام ترمذیؒ سبھی روایات میں تذبذب کا شکار تھے؟ یہی حال دیگر توجیہات کا بھی ہے۔

جو توجیہ قابل قبول ہوسکتی ہے وہ یہ ہے کہ امام ترمذیؒ کے زمانہ میں اصطلاحیں مختلف تھیں۔ اعلی درجہ کی حدیثوں کو کوئی صحیح کہتا تھا، کوئی حسن۔ امام ترمذیؒ نے اپنے زمانہ کی دونوں اصطلاحوں کو جمع کیا ہے۔ **أی هذا حديثٌ صحيحٌ فی اصطلاح قومٍ، وحسنٌ فی اصطلاح آخرین** اس کی تفصیل یہ ہے کہ شروع میں حدیث کی دو ہی قسمیں تھیں۔ صحیح اور ضعیف۔ حسن کا کوئی درجہ نہیں تھا۔ پھر امام ترمذیؒ کے زمانہ میں اور اس سے کچھ پہلے بعض محدثین نے حسن کا لفظ استعمال کرنا شروع کیا، مگر وہ لفظ حسن: صحیح ہی کے لئے استعمال کرتے تھے اور اس لفظ کا استعمال ان محدثین نے شروع کیا تھا جو رقیق العبارۃ تھے۔ یعنی جرح وتعدیل میں بھاری الفاظ استعمال نہیں کرتے تھے۔ جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کے دو استاذ علی مدینی اور امام احمد رحمہما اللہ، بلکہ خود امام بخاری رحمہ اللہ بھی رقیق العبارۃ تھے، جرح میں سب سے

بھاری لفظ منکر الحدیث استعمال کرتے تھے، کذّاب دجال جیسے الفاظ استعمال نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ صحیح حدیثوں کے لئے بھی وہ بجائے صحیح کے حسن استعمال کرتے تھے۔ یعنی یہ حدیث اچھی ہے۔ ترمذی میں کئی جگہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے کسی حدیث کے بارے میں پوچھا ہے کہ یہ حدیث کیسی ہے؟ تو امام بخاریؒ نے جواب دیا ہے کہ حسن ہے، پھر امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر حسنٌ صحیحٌ کا حکم لگایا ہے (۱)

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی دور میں اپنی کتاب لکھی ہے، اب ان کے لئے مشکل یہ تھی کہ کونسی اصطلاح استعمال کریں، قدیم یا جدید؟ قدیم کو قدامت کی مزیّت حاصل ہے، اورنئی اصطلاح امام ترمذی کے اساتذہ کی ہے، آگے اگر یہی اصطلاح چل پڑی تو پرانی اصطلاح کے مطابق فیصلے بیکار ہوجائیں گے اس لئے امام ترمذیؒ نے دونوں اصطلاحیں اکٹھا کیں۔

مگر یہ اصطلاح پھر آگے نہیں بڑھی، بلکہ رفتہ رفتہ حسن: حدیث کی مستقل قسم بن گئی۔ جس کی تعریف اوپر گذر چکی۔

صرف حدیث حسن کا مطلب: اور جہاں امام ترمذی رحمہ اللہ صرف حسن استعمال کرتے ہیں، یعنی صحیح کے ساتھ اس کو جمع نہیں کرتے، وہاں حسن کے کیا معنی ہوتے ہیں؟ چونکہ یہ نئی اصطلاح تھی، اس لئے امام ترمذیؒ نے خود اپنی اس اصطلاح کا مطلب بیان کیا ہے کہ جس حدیث کی سند میں تین باتیں جمع ہوں: (۱) سند کا کوئی راوی متّہم بالکذب نہ ہو (۲) روایت شاذ نہ ہو (۳) حدیث متعدد سندوں سے مروی ہو، تو ایسی حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ صرف حسن کہتے ہیں۔

سند میں کوئی راوی متہم بالکذب نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ کوئی راوی کذاب یا واضع حدیث نہ ہو۔ کیونکہ جب تہمتِ کذب کے الزام کی نفی کی تو اس سے بھاری جرح یعنی کذب ووضع کی گنجائش کیسے ہوسکتی ہے؟ البتہ باقی اسباب طعن کے ساتھ حدیث حسن ہوسکتی ہے۔

اور حدیث کے شاذ نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ ثقہ راویوں کی روایت کے خلاف نہ ہو، یا یہ مطلب ہے کہ اس کے متابع موجود ہوں، شذَّ (ض) شُذُوْذًا کے معنی ہیں: جماعت سے الگ ہونا، یا جماعت کی مخالفت کرنا۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ شاذ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کسی حدیث کو کوئی ثقہ راوی تنہا روایت کرتا ہو کوئی دوسرا اس کو روایت نہ کرتا ہو، بلکہ شاذ حدیث وہ ہے کہ ثقہ راوت کسی حدیث کو روایت کریں، پس ایک راوی ان سے علحدہ ہوجائے پس وہ ان کے برخلاف روایت کرے (امام شافعی رحمہ اللہ کی بات پوری ہوئی)

اور مختلف اسانید سے حدیث کے مروی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس حدیث کا مضمون دیگر اسانید سے بھی نبی پاک ﷺ سے مروی ہو۔

---

(۱) مثال کے لئے دیکھیں ترمذی شریف ۱:۱۸ باب فی المستحاضۃ إلخ

غرض وہ حدیث جس کو معتبر ثقہ راوی روایت کرے یا ایسا راوی روایت کرے جو بکثرت غلطیاں کرتا ہو، یا ایسا راوی روایت کرے جس کی روایتوں میں وہم پایا جاتا ہو۔مگر کوئی راوی متہم بالکذب نہ ہو، اور نہ شاذ ہو اور نہ وہ حدیث احادیث صحیحہ کے خلاف ہو، اور وہ مضمون مختلف سندوں سے مروی ہو تو ایسی حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک حسن ہے۔ اور امام ترمذیؒ کی حدیث حسن: حسن لذاتہ سے مختلف چیز ہے، ہلکی ضعیف حدیث بھی امام ترمذیؒ کے نزدیک حدیث حسن ہوسکتی ہے۔ پس امام نووی رحمہ اللہ وغیرہ جو امام ترمذی کی تحسین پر اعتراض کرتے ہیں وہ صحیح نہیں، وہ حسن لذاتہ کی تعریف پیش نظر رکھ کر اعتراض کرتے ہیں، حالانکہ امام ترمذیؒ کا حسن اس سے مختلف ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے زمانہ تک حدیث کی مستقل قسم حسن وجود میں نہیں آئی تھی۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ اصطلاح انہی کے ساتھ خاص ہوکر رہ گئی، آگے نہیں چلی۔ مابعد زمانہ میں حسن ایک مستقل قسم: صحیح اور ضعیف کے بیچ میں وجود میں آگئی، اور آگے یہ اصطلاح نہ چلنے کی وجہ سے امام ترمذی کی مراد بھی عام طور پر مخفی ہوگئی جبکہ حضرت نے خود اپنی اس اصطلاح کی وضاحت کی ہے جو درج ذیل ہے:

قَالَ أبو عيسىٰ: وَمَا ذَكَرْنَا فِى هٰذَا الكِتابِ، " حديثٌ حَسَنٌ" فَإِنَّمَا أَرَدْنَا حُسْنَ إِسْنَادِهِ عِندَنَا: كُلُّ حَديثٍ يُروٰى: لَايَكُوْنُ فِي إسْنَادِه مَنْ يُتَّهَمُ بِالْكِذْبِ، وَلَا يَكُوْنُ الحَدِيثُ شَاذًّا، وَيُروَى مِن غَيْرِ وَجْهٍ نَحْوُ ذٰلِكَ: فَهُوَ عِندَنا حَديثٌ حَسَنٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم نے اس کتاب میں جہاں بھی حدیثٌ حسنٌ کہا ہے تو ہم نے اپنے نزدیک اس کی سند کی عمدگی ہی کا ارادہ کیا ہے (اپنے نزدیک یعنی یہ ہماری اپنی اصطلاح ہے) ہر حدیث جو روایت کی جاتی ہو، جس کی سند میں ایسا راوی نہ ہو جس پر جھوٹ کا الزام لگایا گیا ہو، اور نہ وہ حدیث شاذ ہو، اور ایک سے زیادہ سندوں سے وہ حدیث اس طرح روایت کی جاتی ہو تو وہ حدیث ہمارے نزدیک حدیث حسن ہے۔

خلاصہ: جس حدیث کا کوئی راوی انتہائی درجہ ضعیف نہ ہو اور وہ حدیث ثقہ راویوں کے خلاف بھی نہ ہو۔ اور وہ مضمون نبی پاک ﷺ سے ایک سے زیادہ سندوں سے مروی ہو، تو ایسی حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ حدیث حسن کہتے ہیں۔

اس تعریف کی رُو سے حدیث حسن کے ڈانڈے حدیث صحیح سے ملے ہوئے ہیں۔ کیونکہ صحیح حدیث کے رواۃ اعلی درجے کے ہوتے ہیں اور وہ شاذ بھی نہیں ہوتی، اور عام طور پر وہ مضمون متعدد صحابہ سے مروی ہوتا ہے۔ اس لئے حسن اور صحیح کے درمیان حد فاصل قائم کرنی ضروری ہے، جو امام ترمذیؒ نے نہیں کی۔

ہمارے ناقص خیال میں اگر رواۃ کی عدالت اور حفظ واتقان اعلی درجے کے ہوں تو وہ حدیث صحیح ہے۔ اور اگر

دونوں باتوں میں کوئی راوی فروتر ہوتو وہ صرف حسن ہے۔ پس حسن لذاتہ سے امتیاز اوصافِ عدالت میں کمی کے ذریعہ ہوگا۔ اگر رواۃ اعلی درجہ کے عادل وثقہ ہوں تو وہ حدیث حسن لذاتہ ہے اور حفظ واتقان کی طرح عدالت میں بھی کمی آجائے تو وہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک حسن ہے۔ واللہ اعلم

سولھویں بات: امام ترمذی کی اصطلاح میں: غریب اور اس کی قسمیں

غریب کے لغوی معنی ہیں: اجنبی اور غیر مانوس۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: ضعیف حدیث۔ کیونکہ وہ غیر مانوس اور اجنبی ہوتی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے زمانہ میں غریب بمعنی ضعیف استعمال ہوتا تھا، خود امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ لفظ اس معنی میں استعمال کیا ہے۔ اور نہایت ضعیف حدیث کے لئے امام ترمذیؒ لفظ ''منکر'' استعمال کرتے ہیں۔ اس رائج معنی کے علاوہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے غریب کو تین نئے معنی میں بھی استعمال کیا ہے، اپنی اس کتاب میں ان نئے معانی کی وضاحت کرتے ہیں۔

(۱-) وہ حدیث جس کی صرف ایک سند ہو، امام ترمذیؒ اس کو غریب کہتے ہیں، چاہے وہ حدیث نیچے مشہور ہوگئی ہو، اس کی مثال میں: حماد بن سلمہ کی روایت پیش کی ہے، اور نیچے مشہور ہوجانے کی مثال میں عبداللہ بن دینار کی روایت پیش کی ہے۔

(۲-) کوئی حدیث فی نفسہ مشہور ہومگر اس کے کسی خاص طریق میں: متن میں یا سند میں کسی راوی نے کوئی زیادتی کی ہوتو اس کو بھی امام ترمذی رحمہ اللہ حدیث غریب کہتے ہیں۔ جیسے: صدقۃ الفطر کی روایت میں امام مالک رحمہ اللہ نے من المسلمین بڑھایا ہے۔ پھر اس زیادتی کا حکم بیان کیا ہے کہ اگر وہ زیادتی ثقہ کی جانب سے ہے تو قبول کی جائے گی ورنہ نہیں۔

(۳-) کوئی روایت فی نفسہ مشہور ہو، متعدد صحابہ اس کو روایت کرتے ہوں، مگر وہ حدیث کسی خاص صحابی سے معروف نہ ہو، اور اس کی ایک ہی سند ہوتو امام ترمذیؒ اس کو بھی غریب کہتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اس کی چار مثالیں پیش کی اور اسی پر اپنا یہ رسالہ ختم کیا ہے۔

وَمَا ذَكَرْنَا فِي هٰذَا الكِتَابِ: حديثٌ غَرِيْبٌ، فَإِنَّ أَهْلَ الحَدِيثِ يَسْتَغْرِبُوْنَ الحَدِيثَ لِمَعَانٍ:

[۱-] رُبَّ حَدِيْثٍ يَكُوْنُ غَرِيْبًا، لَا يُروٰى إِلَّا مِنْ وَجهٍ وَاحِدٍ:

مَثْلُ حَدِيثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ عَن أبي العُشَرَاءِ عَن أبيهِ قَالَ: قُلتُ: يارسولَ الله أَمَا تَكُوْنُ الذَّكَاةُ إِلَّا فِي الْحَلَقِ وَاللَّبَّةِ؟ فَقَالَ: لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا أَجْزَأَ عَنْكَ؛ فَهٰذَا حديثٌ تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادُ

بنُ سَلَمَةَ، عَن أَبی العُشَرَاءِ، وَلاَ یُعْرَفُ لأبی العُشَرَاءِ عن أبِیْهِ إلَّا هٰذَا الحَدِیْثُ، وَإِنْ کَانَ هٰذَا الحَدیثُ عِنْدَ أهلِ العلمِ مَشْهُوْرًا، فإِنَّمَا اشْتَهرَ مِن حَدیثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ لاَ نَعْرِفُه إلَّا مِن حَدِیْثِهِ.

یَعْنِی وَرُبَّ رَجُلٍ مِنَ الأَئِمَّةِ یُحَدِّثُ بالحَدیثِ، لاَ یُعْرَفُ إلَّا مِن حَدِیْثِهِ، فَیَشْتَهِرُ الحَدیثُ لِکَثْرَةِ مَن رَوَی عَنهُ، مِثلُ مَارَوَی عَبدُ اللّٰهِ بنُ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهٰی عَنْ بَیْعِ الوَلاَءِ وَهِبَتِهِ، وَهٰذَا حَدیثٌ لاَ یُعْرَفُ إلَّا مِن حَدیثِ عبدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ: رَوَاهُ عَنهُ عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، وَشُعْبَةُ، وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، ومالكُ بنُ أَنَسٍ، وابنُ عُیَیْنَةَ وغَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ.

وَرَوَی یَحْیَی بنُ سُلَیْمٍ هٰذَا الحَدیثَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، فَوَهِمَ فیهِ یَحیَی بنُ سُلَیْمٍ، وَالصَّحِیْحُ: هُوَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبدِ اللّٰهِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، هٰکَذَا رَوَی عَبدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، وَعَبدُ اللّٰهِ بنُ نُمَیْرٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ.

وَرَوَی المُؤَمَّلُ هٰذَا الحدیثَ عن شُعْبَةَ، فَقَالَ شُعْبَةُ: لَوَدِدْتُ أَنَّ عبدَ اللّٰهِ بنَ دینارٍ أَذِنَ لِیْ، حَتّٰی کُنْتُ أَقُوْمَ إِلَیْهِ فَأُقَبِّلَ رَأْسَهُ:

غریب کے پہلے معنی اوراس کی مثال

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جہاں جہاں ہم نے اس کتاب میں حدیثٌ غریبٌ کہا ہےتو (جاننا چاہئے کہ) محدثین بچند وجوہ حدیث کواجنبی قرار دیتے ہیں۔

(۱-) بعض حدیثیں غریب ہوتی ہیں بایں وجہ کہ وہ ایک ہی سند سے مروی ہوتی ہیں، جیسے حماد بن سلمہ کی حدیث ابوالعُشر اء سے، وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ذبح گلے اورسینہ کے گڑھے کے درمیان ہی ہوتا ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا: اگرتو جانور کی ران میں نیزہ مارےتو تیری طرف سے کافی ہے (یعنی ذبح اضطراری میں یہ بات کافی ہے، یہ حدیث ترمذی شریف میں أبو اب الصید میں باب الذکاۃ فی الحلق واللبّۃ میں ہے) پس یہ ایک ایسی حدیث ہے جس کے ساتھ حماد بن سلمہ متفرد ہیں، وہی ابوالعُشر اء سے روایت کرتے ہیں اورابوالعُشراء کی ان کے ابا سے اس حدیث کے علاوہ کوئی روایت معروف نہیں۔ اگرچہ یہ حدیث محدثین کے نزدیک مشہور ہوچکی ہے، مگر وہ حماد کی حدیث ہی سے مشہور ہوئی ہے، ہم اس کوانہی کی سند سے جانتے ہیں (پس یہ

حدیث اپنے ابتدائی حصہ کے اعتبار سے غریب ہے، اگرچہ بعد میں مشہور ہوگئی تھی)

(اگر حدیث اپنے ابتدائی حصہ میں غریب ہو اور نیچے چل کر مشہور ہو جائے اس کی مثال یہ ہے) یعنی بعض بڑے آدمی کوئی حدیث بیان کرتے ہیں جو انہی کی سند سے پہچانی جاتی ہے۔ پھر حدیث مشہور ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اس بڑے آدمی سے روایت کرنے والے بہت ہوتے ہیں۔ جیسے وہ روایت جو عبداللہ بن دینار نے روایت کی ہے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ نبی پاک ﷺ نے ولاء کے بیچنے اور بخشنے سے منع فرمایا (یہ حدیث جامع ترمذی میں أبواب البیوع میں باب کراھیة بیع الولاء وھبته میں ہے، اسی طرح جلد دوم ص:۲۳۴ پر بھی ہے) اور یہ ایک ایسی حدیث ہے جو عبداللہ بن دینار کی سند ہی سے پہچانی جاتی ہے، اس حدیث کو ان سے عبید اللہ عمریؒ، شعبہؒ، ثوریؒ، امام مالکؒ اور ابن عیینہؒ وغیرہ بڑے محدثین روایت کرتے ہیں (یعنی عبداللہ بن دینار سے نیچے یہ حدیث مشہور ہوگئی ہے)

(اس کے بعد ایک سوال مقدر کا جواب ہے۔ یعنی اگر کوئی کہے کہ عبداللہ بن دینار کے تنہا راوی ہونے کی وجہ سے اس حدیث کو غریب کہنا صحیح نہیں، کیونکہ اس حدیث کو ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نافع بھی روایت کرتے ہیں تو جواب دیتے ہیں:) اور یحییٰ بن سُلَیمؒ نے یہ حدیث عبید اللہ عمری سے، انھوں نے نافع سے، انھوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے۔ پس اس میں یحییٰ بن سلیم نے غلطی کی ہے اس کی صحیح سند عن عبید اللہ بن عمر، عن عبد اللہ بن دینار، عن ابن عمر ہے، اسی طرح عبدالوہاب ثقفی اور عبداللہ بن نُمیر: عبید اللہ عمری سے، وہ عبداللہ بن دینارؒ سے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں (اور یحییٰ بن سلیم طائفی کو امام نسائی نے عبید اللہ عمری کی حدیثوں میں نہایت ضعیف قرار دیا ہے اس لئے ان کی سند کا اعتبار نہیں)

(اور اس حدیث کو ابن عمر سے عبداللہ بن دینار ہی روایت کرتے ہیں اس کی دلیل یہ ہے:) اور مؤمّل (بروزن محمد) نے یہ حدیث امام شعبہؒ سے روایت کی تو شعبہؒ نے فرمایا کہ میری خواہش تھی کہ عبداللہ بن دینار مجھے اجازت دیتے کہ میں ان کے پاس جاتا اور ان کے سر کو چومتا (یعنی شعبہ اس حدیث سے بہت خوش ہوئے کیونکہ یہ حدیث انہی کی روایت سے مشہور ہوئی ہے، ان کے علاوہ اور کوئی یہ روایت نہیں کرتا)

وضاحت: (۱) ذبح کی دو قسمیں ہیں: ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری۔ جو جانور انسان کے قابو میں ہو خواہ پالتو ہو یا جنگلی، اس کا ذبح اختیاری ضروری ہے۔ اور ذبح اختیاری: گلے ہی میں ہوتا ہے، یعنی جہاں جبڑا ختم ہوتا ہے وہاں سے سینہ کے شروع تک، گردن کے کسی بھی حصہ میں چار رگیں: دو شاہ رگیں، اور سانس کی نالی اور غذا کی نالی کاٹنے کا نام ذبح اختیاری ہے —— اور جو جانور انسان کے قابو میں نہیں ہے جیسے جنگلی جانور یا بدکا ہوا پالتو بڑا جانور یا کھائی میں گرا ہوا پالتو بڑا جانور جس کو ذبح کرنے کی کوئی صورت نہ ہو تو اس میں ذبح اضطراری کافی ہے۔ اور ذبح اضطراری یہ ہے کہ بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر کوئی دھاردار چیز، جیسے کلہاڑی وغیرہ جانور پر پھینکی جائے جس سے جانور زخمی ہو جائے،

پھر مرجائے تو وہ حلال ہے، ابو العشراء کی روایت میں اسی ذبح اضطراری کا تذکرہ ہے۔ انھوں نے سوال کیا تھا کہ ذبیحہ کی حلت کے لئے کیا ذبح اختیاری ہی ضروری ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے جواب دیا کہ نہیں: بعض صورتوں میں ذبح اضطراری بھی کافی ہے۔

(۲) ولاء کے معنی ہیں آزاد کردہ غلام کی میراث کا حق۔ کسی نے کوئی غلام آزاد کیا جب وہ مرے گا تو اس کی میراث ذوی الفروض اور عصبہ نسبی کو ملے گی اور اگر وہ نہ ہوں تو آزاد کرنے والے کو میراث ملے گی۔ کیونکہ وہ عصبہ سببی ہے۔ یہ جو میراث پانے کا حق ہے اسی کا نام ولاء ہے اور یہ حق نہ بیچا جاسکتا ہے اور نہ بخشا جاسکتا ہے کیونکہ وہ محض حق ہے اور حقوق کی بیع وشراء جائز نہیں۔

(۳) اس پہلے معنی کے اعتبار سے جو حدیث غریب ہوتی ہے ضروری نہیں کہ وہ ضعیف بھی ہو، وہ سند فی نفسہ اعلی درجہ کی ہوسکتی ہے۔ پس غریب بایں معنی حسن صحیح کے ساتھ جمع ہوسکتی ہے اور صرف حسنٌ کے ساتھ بھی، اور اگر اس منفرد سند میں کوئی ضعیف راوی ہو تو وہ حدیث ضعیف ہوگی اور غریب کے دو معنی اکٹھا ہوجائیں گے ایک: سند کا ایک ہونا اور دوسرے: اس کا ضعیف ہونا۔

[۲-] قَالَ أبو عيسىٰ: وَرُبَّ حديثٍ: إِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِزِيَادَةٍ تَكُوْنُ فِي الحَدِيثِ، وَإِنَّمَا يَصِحُّ إِذَا كَانَتِ الزِّيَادَةُ مِمَّن يُعْتَمَدُ علىٰ حفْظِهِ.

مِثْلُ مَا رَوَى مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَن ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: فَرَضَ رَسولُ الله صلى الله عليه وسلم زَكَاةَ الفِطْرِ مِن رَمَضَانَ عَلىٰ كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ، ذَكَرٍ أَوْ أُنْثىٰ: مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ صَاعًا مِنْ تَمرٍ أَوْ صَاعًا مِن شَعِيْرٍ؛ قَالَ: وَزَادَ مَالِكٌ فى هٰذا الحديثِ: "مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ" ورَوىٰ أيوبُ السَّخْتِيَانِيُّ وعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ هٰذَا الحديثَ عَن نَافِعٍ، عنِ ابْنِ عُمَرَ، وَلَمْ يَذْكُرُوا فيهِ: مِن الْمُسْلِمِيْنَ.

وَقَدْ رَوَى بَعْضُهم عَن نَافِعٍ مِثْلَ رِوَايَةِ مَالِكٍ مِمَّنْ لاَ يُعْتَمَدُ علىٰ حِفْظِهِ.

وقَدْ أَخَذَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ بِحَديثِ مَالِكٍ، واحْتَجُّوا بِهِ، مِنْهُمْ الشَّافِعِيُّ، وأحمدُ بنُ حَنْبَلٍ قَالاَ: إِذَا كَانَ لِلرَّجُلِ عَبِيْدٌ غَيْرُ مُسْلِمِيْنَ لَمْ يُؤَدِّ عَنْهُم صدَقَةَ الفِطْرِ، واحْتَجَّا بِحَديثِ مالكٍ، فإذا زَادَ حَافِظٌ مِّمَّن يُّعْتَمَدُ علىٰ حِفْظِهِ قُبِلَ ذٰلكَ عَنهُ.

غریب کے دوسرے معنی اور اس کی مثال

ترجمہ: اور کوئی حدیث صرف اس زیادتی کی وجہ سے اجنبی سمجھی جاتی ہے جو زیادتی اس حدیث میں ہوتی ہے اور

وہ حدیث اس صورت میں صحیح ہوگی جبکہ وہ زیادتی ایسے راوی نے کی ہو جس کی یادداشت پر بھروسہ کیا جاتا ہے (اور اگر راوی کی یادداشت قابل اعتماد نہ ہو تو زیادتی والی وہ روایت ضعیف ہوگی) جیسے وہ روایت جو امام مالک رحمہ اللہ نے کی ہے نافع سے، انھوں نے ابن عمرؓ سے، ابن عمرؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے رمضان کے روزے ختم ہونے کا صدقہ مقرر کیا ہر آزاد یا غلام پر، مذکر یا مؤنث پر، جو مسلمان ہوں، کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام مالکؒ نے اس حدیث میں من المسلمین بڑھایا ہے۔ اور ایوب سختیانی اور عبیداللہ عمری اور ان کے علاوہ متعدد بڑے حضرات یہ حدیث نافع سے روایت کرتے ہیں، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اور وہ سب حضرات اس حدیث میں من المسلمین کا تذکرہ نہیں کرتے۔

(اگر کوئی کہے کہ امام مالکؒ اس زیادتی میں تنہا نہیں دوسرے سات راوی امام مالک رحمہ اللہ کے متابع ہیں وہ بھی من المسلمین بڑھاتے ہیں تو امام ترمذی رحمہ اللہ اس کا جواب دیتے ہیں:) اور بعض رواۃ نافع سے امام مالکؒ کی روایت کی طرح روایت کرتے ہیں مگر وہ رواۃ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی یادداشت پر اعتماد نہیں کیا جاتا۔

(مذاہب فقہاء) اور ائمہ مجتہدین میں سے کئی ایک حضرات نے امام مالک رحمہ اللہ کی حدیث کو لیا ہے۔ اور اس سے استدلال کیا ہے، ان میں سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ ہیں۔ یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں: جب کسی شخص کی ملکیت میں غیر مسلم غلام ہوں تو وہ ان کی طرف سے صدقۃ الفطر ادا نہیں کرے گا۔ اور دونوں نے امام مالکؒ کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ غرض جب کوئی ایسا حافظ حدیث اضافہ کرے جس کی یادداشت پر اعتماد کیا جاتا ہو تو وہ زیادتی اس کی طرف سے قبول کی جائے گی۔

وضاحت: اور امام ابوحنیفہ، اسحاق بن راہویہ اور ثوری رحمہم اللہ وغیرہ فرماتے ہیں کہ کافر غلام کا صدقۃ الفطر بھی مولیٰ پر واجب ہے، انھوں نے یہ زیادتی اس کے غریب ہونے کی وجہ سے نہیں لی، اس لئے کہ فتح الباری (۳:۳۷۱) میں روایت ہے کہ خود ابن عمر رضی اللہ عنہما جو اس حدیث کے راوی ہیں اپنے کافر غلام کا بھی صدقہ فطر نکالا کرتے تھے اور یہ کہنا کہ نفلی طور پر نکالتے ہونگے خواہ مخواہ کا احتمال ہے۔

[۳-] ورُبَّ حَديثٍ يُروَى مِن أوجُهٍ كَثِيْرَةٍ، وَإِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِحَالِ الإِسْنَادِ:

[الف] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، وأبو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، وأبُو السَّائِبِ، وَالْحُسَيْنُ بنُ الأَسْوَدِ، قَالُوْا: نا أبو أُسَامَةَ عن بُرَيْدِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبى بُرْدَةَ، عن جَدِّهِ أبى بُرْدَةَ، عن أبى مُوسىٰ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: " اَلْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءَ، وَالْمُؤْمِنُ يَاكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ" قَالَ أبو عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ من هٰذا الوَجْهِ مِن قِبَلِ إِسْنَادِهِ.

وقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحدیثُ مِن غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَإِنَّمَا یُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدیثِ أبی مُوسٰی، سَأَلْتُ مَحْمُوْدَ بنَ غَیْلاَنَ عن هٰذَا الحدیثِ، فَقَال: هٰذَا حَدیثُ أبی کُرَیْبٍ عَن أبی أُسَامَةَ، وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِیْلَ عَن هٰذَا الحدیثِ، فَقَالَ: هٰذَا حدیثُ أبی کُرَیْبٍ عن أبی أُسَامَةَ، وَلَمْ نَعْرِفْهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ أبی کُرَیْبٍ عن أبی أُسَامَةَ، فقلتُ لَه: حَدَّثَنا غَیْرُ وَاحِدٍ عن أبی أُسَامَةَ بِهٰذَا فَجعَلَ یَتعَجَّبُ، وَقَالَ: مَا عَلِمْتُ أَنَّ أَحَدًا حَدَّثَ بِهٰذَا غَیْرُ أَبی کُرَیْبٍ، وَقَالَ مُحمدٌ: وکُنَّا نَریٰ أَنَّ أَبَا کُرَیْبٍ، أَخَذَ هٰذَا الحدیثَ عن أبی أُسَامَةَ فی المُذَاکَرَةِ.

غریب کے تیسرے معنی اوراس کی پہلی مثال

ترجمہ: کوئی حدیث بہت سی سندوں سے روایت کی جاتی ہےاوروہ کسی سند کی خاص حالت کی وجہ سے اوپری سمجھی جاتی ہے۔جیسے نبی پاک ﷺ کا ارشاد ہے کہ کافرسات آنتوں میں کھاتا ہےاورمؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے(یعنی کافرکھانے میں حریص ہوتا ہےاورمؤمن قناعت پسند ہوتا ہے، یہ مطلب نہیں ہے کہ کافرکے پیٹ میں کچھ زیادہ آنتیں ہوتی ہیں)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس سند سے غریب ہے،اس کی سند کی جانب سے، درانحالیکہ یہ حدیث متعددطرق سے نبی پاک ﷺ سے روایت کی گئی ہے،مگرابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث سے انجانی سمجھی جاتی ہے(یہ حدیث صحابہ میں سے ابن عمر،ابوہریرہ،ابوسعید خدری،ابوبصرہ غفاری،جہجاہ غفاری،حضرت میمونہ،اورحضرت عبداللہ بن عمرورضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں،مگرابوموسیٰ کی حدیث سے یہ غریب ہے،اس کی یہی ایک سند ہے جواوپرگذری)

(امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) میں نےمحمودبن غیلان سےاس حدیث کے بارے میں پوچھا(کہ آیااس کی اورکوئی سند ہے؟)انھوں نے فرمایا: یہ ابوکریب کی ابواسامہ سے روایت ہے(یعنی اس کی اورکوئی سند نہیں)اورمیں نے امام بخاری رحمہ اللہ سےاس حدیث کے بارے میں پوچھا(کہ کیااس کی کوئی اورسند ہے؟)توانھوں نے فرمایا: یہ ابوکریب کی حدیث ہےابواسامہ سےاورہم اس کونہیں جانتے،مگرابوکریب عن ابی اسامہ کی سند سے۔

(امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) پس میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سےعرض کیا کہ ہم سے متعددحضرات نے ابواسامہ سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی ہے(یعنی صرف ابوکریب ہی روایت نہیں کرتے) پس امام بخاری رحمہ اللہ حیرت میں پڑگئےاورفرمایا: جہاں تک میں جانتاہوں اس حدیث کوابوکریب کے علاوہ کوئی اورروایت

نہیں کرتا۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ ہمارا خیال یہ ہے کہ ابوکریب نے یہ حدیث ابواسامہ سے مذاکرہ میں لی ہے (یعنی باقاعدہ سبق کے طور پر نہیں پڑھی)

[ب] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ أبی زِيَادٍ وغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالوا: نا شَبَابَةُ بنُ سَوَّارٍ، نا شُعْبَةُ، عن بُكَيْرِ بنِ عَطَاءٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَعْمُرَ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَالمُزَفَّتِ، قال أبو عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِن قِبَلِ إسْنَادِهِ لا نَعْلَمُ أَحَدًا حَدَّثَ به عَنْ شُعْبَةَ غَيْرُ شَبَابَةَ، وقَدْ رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَوْجُهٍ كَثِيْرَةٍ: أَنَّهُ نَهٰى أَنْ يُّنْتَبَذَ فی الدُّبَّاءِ وَالمُزَفَّتِ، وحَدِيثُ شَبَابَةَ إِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ لِأَنَّهُ تَفَرَّدَ بِه عَن شُعْبَةَ.

وَقَدْ رَوٰى شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ بهٰذَا الإِسْنَادِ، عَن بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ، عَن عبدِ الرحمٰنِ بنِ يَعْمُرَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " اَلْحَجُّ عَرَفَةُ " فَهٰذَا الحَدِيثُ المَعْرُوْفُ أَصَحُّ عِنْدَ أَهْلِ الحَدِيثِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ.

غریب کے تیسرے معنی کی دوسری مثال

ترجمہ: شبابہ کہتے ہیں: ہم سے شعبہؒ نے حدیث بیان کی بُکیر سے روایت کرتے ہوئے، وہ عبدالرحمٰن بن یَعْمُرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے کدو کی اور روغنی مٹکے کی ممانعت فرمائی ہے (یہ حدیث ترمذی شریف میں أبواب الأشربة باب كراهية أن يُنتبذ فی الدباء إلى آخره میں ہے)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس کی اسناد کی جانب سے غریب ہے، ہمارے علم میں اس کو کوئی شخص شبابہؒ کے علاوہ امام شعبہؒ سے روایت نہیں کرتا، اور نبی پاک ﷺ سے بہت سی سندوں سے یہ بات روایت کی گئی ہے کہ آپؐ نے کدو میں اور روغنی مٹکے میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے (یعنی یہ مضمون غریب نہیں ہے) اور شبابہ کی حدیث صرف اس وجہ سے انجانی سمجھی گئی ہے کہ اس کو تنہا وہی شعبہ سے روایت کرتے ہیں۔

اور شعبہ اور سفیان ثوری رحمہما اللہ اس سند سے یعنی عن بُكير، عن عبد الرحمن، عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا کہ حج عرفہ ہے (یعنی حج کا سب سے اہم رکن وقوف عرفہ ہے) پس یہ معروف حدیث اس سند سے محدثین کے نزدیک زیادہ صحیح ہے (اور دُبّاء اور مزفّت کی ممانعت والی روایت غریب ہے)

[ج] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، حدثنی أبی، عن يَحيىَ بنِ أبی كَثِيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنی

أبو مُزَاحِم أَنَّهُ سَمِعَ أبا هُرَيْرَةَ يقولُ: قَالَ رَسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " مَن تَبعَ جِنازَةً، فَصَلّٰى عَلَيْهَا فَلَهُ قِيْرَاطٌ، ومَنْ تَبعَهَا حَتّٰى يُقْضٰى قَضَاءُ هَا، فَلَهُ قِيْرَاطَانِ" قَالُوْا: يارسولَ الله مَا القِيْرَاطَانِ؟ قَالَ: " أَصْغَرُهُمَا مِثْلُ أُحُدٍ"

حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، أَنَا مَرْوَانُ بنُ مُحمدٍ، عن مُعَاوِيَةَ بنِ سَلَّامٍ، حدثنى يَحيىَ بنُ أبى كثيرٍ، نا أبو مُزَاحِمٍ، سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَن تَبِعَ جِنَازَةً فَلَهُ قِيْرَاطٌ" فَذَكَرَ نحوَه بِمَعْنَاهُ، قَالَ عبدُ اللّٰهِ: وَأَنا مَرْوَانُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ سَلَّامٍ قَالَ: قَالَ يَحييٰ: وحدثنى أبو سَعيدٍ مَوْلَى المِهْرِيِّ، عن حَمْزَةَ بنِ سَفِيْنَةَ عن السَّائِبِ، سَمِعَ عَائِشَةَ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ؛ قُلتُ لِأَبِىْ مُحمدٍ عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ الرحمنِ: مَا الَّذِىْ اسْتَغْرَبُوْا مِن حَدِيْثِكَ بالعِرَاقِ؟ فَقَالَ: حديثُ السَّائِبِ عَن عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِىِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ هٰذَا الحديثَ، وسمِعتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيلَ، يُحَدِّثُ بِهٰذَا الحديثِ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ الرحمنِ.

قال أبو عيسىٰ: وهٰذَا حديثٌ قَدْ رُوِىَ مِن غَيْرِ وَجْهٍ عَن عَائِشَةَ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم، وإِنَّمَا يُسْتَغْرَبُ هٰذَا الحديثُ لِحَالِ إِسْنَادِهٖ، لِرِوَايَةِ السَّائِبِ، عن عَائِشَةَ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم:

غریب کے تیسرے معنی کی تیسری مثال

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو جنازہ کے ساتھ گیا، پس اس نے اس کی نماز پڑھی، تو اس کے لئے ایک قیراط ہے۔ اور جو جنازہ کے ساتھ رہا، یہاں تک کہ اس کا دفن نمٹ گیا تو اس کے لئے دو قیراط ہیں (قیراط: درہم کے پانچویں یا چھٹے حصہ کا نام ہے) صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! دو قیراط کیا ہیں؟ (یعنی آخرت میں ان کی مقدار کیا ہے؟) آپؐ نے فرمایا: دونوں میں سے جو چھوٹا ہے وہ اُحد پہاڑ کے برابر ہے۔ یہ حدیث متعدد سندوں سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے محمد بن بشار کی سند ذکر کی ہے، پھر عبداللہ بن عبدالرحمٰن یعنی امام دارمی کی سند ذکر کی ہے، پھر امام دارمی کی ایک اور سند ذکر کی ہے، پھر فرمایا ہے کہ میں نے امام دارمی رحمہ اللہ سے پوچھا: عراق میں آپ کی حدیثوں میں سے لوگوں نے کس حدیث کو اوپرا سمجھا تھا؟ تو امام دارمی رحمہ اللہ نے کہا: اس تیسری سند کو جس میں سائب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام بخاری رحمہ اللہ بھی اس حدیث کو امام دارمیؒ ہی کی سند سے روایت کرتے تھے (یعنی ان کے پاس بھی اس حدیث کی کوئی اور سند نہیں تھی)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے متعدد سندوں سے مرفوعاً مروی ہے، مگر سائب حضرت عائشہؓ سے جو روایت کرتے ہیں یہ سند انوکھی اور انجانی ہے اس لئے وہ غریب ہے۔

[د] حدثنا أبو حَفْصٍ عمرُو بنُ عَلِيٍّ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ، نا المُغِيْرَةُ بنُ أبى قُرَّةَ السَّدُوْسِيُّ قال: سمعتُ أَنَسَ بنَ مَالكٍ يَقولُ: قَالَ رَجُلٌ: يارسولَ الله، أَعْقِلُهَا وَأَتَوَكَّلُ، أَوْ أُطَلِّقُهَا وَأَتوَكَّلُ؟ قَالَ: " اعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ" قَال عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ: قال يَحيى بنُ سَعِيدٍ: هٰذا عِندى حديثٌ مُنْكَرٌ.

قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غَريبٌ من هٰذا الوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ مِن حديثِ أنسِ بنِ مَالكٍ إِلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ، وقَدْ رُوِىَ عَن عَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نحوُ هٰذَا.

غریب کے تیسرے معنی کی چوتھی مثال

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں اونٹ کا پیر باندھوں اور اللہ پر بھروسہ کروں یا اونٹ کو ویسے ہی چرنے کے لئے چھوڑ دوں، اور اللہ پر بھروسہ کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا پیر باندھو اور اللہ پر بھروسہ کرو، یحییٰ قطانؒ کہتے ہیں کہ یہ حدیث میرے نزدیک منکر یعنی نہایت ضعیف ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس سند سے غریب ہے، ہم اس کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے نہیں جانتے، مگر اسی سند سے البتہ یہ حدیث حضرت عمرو بن امیہ ضمریؓ سے اسی طرح مرفوعاً مروی ہے (یعنی حضرت انسؓ کی سند سے غریب اور ضعیف ہے، مگر عمرو بن امیہ کی سند سے یہ حدیث صحیح ہے، ابن حبانؒ نے اس کو اپنی صحیح میں روایت کیا ہے)

فائدہ(۱): ان مثالوں سے یہ بات واضح ہوئی کہ جو حدیث اس تیسرے معنی کے اعتبار سے غریب ہوتی ہے اس کے لئے ضعیف ہونا ضروری نہیں۔ وہ غریب سند فی نفسہ اعلی درجہ کی ہوسکتی ہے اور دوسرے درجے کی بھی ہوسکتی ہے۔ پہلی صورت میں غرابت کے ساتھ حسنٌ صحیحٌ ہوگی۔ اور دوسری صورت میں غرابت کے ساتھ صرف حسنٌ ہوگی، ہاں کبھی ضعیف بھی ہوتی ہے۔ جیسا چوتھی مثال میں حضرت انس کی سند کو یحییٰ قطانؒ نے نہایت ضعیف قرار دیا ہے۔

فائدہ(۲): اور یہ بات پہلے بیان کی جاچکی ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ غریب بمعنی ضعیف بھی استعمال کرتے ہیں۔ اور یہ استعمال امام ترمذیؒ کے زمانے میں رائج تھا اس لئے امام ترمذیؒ نے اس کا تذکرہ نہیں کیا، پس یہ غریب

کے چوتھے معنی ہیں۔

[خاتمة الكتاب] وَقَدْ وَضَعْنَا هٰذَا الكِتَابَ على الإِخْتِصَارِ لِمَا رَجَوْنَا فِيْهِ مِنَ الْمَنْفَعَةِ، نَسْأَلُ اللّٰهَ النَّفْعَ بِمَا فِيهِ، وَأَن لّا يَجْعَلَهُ عَلَيْنَا وَبَالاً بِرَحْمَتِهِ، آخِرُ الْكِتَابِ، والحمدُ للهِ وحدَه.

بحمد اللہ کتاب پوری ہوئی

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم نے یہ کتاب اختصار کے ساتھ تصنیف کی ہے (یہ اس رسالہ کی طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ جامع ترمذی کی طرف اشارہ ہے۔ یعنی امام ترمذی نے سنن ترمذی مختصر طریقہ پر لکھی ہے، ہر باب میں ساری حدیثیں نہیں لکھیں، اگر چہ مذاہب فقہاء، اسانید پر حکم اور دیگر فوائد ذکر کرنے کی وجہ سے کتاب طویل ہوگئی ہے۔ مگر روایات کے اعتبار سے مختصر طور پر لکھی گئی ہے) ہمارے اس میں فائدے کی امید رکھنے کی وجہ سے (یعنی اختصار کو ہم نے قارئین کے لئے مفید سمجھا ہے) ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ اس کتاب کے مضامین سے نفع پہنچائیں اور اس کو اپنی مہربانی سے ہمارے لئے وبال نہ بنائیں، کتاب کا (یعنی جامع ترمذی کا) آخر آ گیا، اور تمام تعریفیں صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔

وضاحت: جامع ترمذی یہاں آکر پوری ہوئی۔ یہ رسالہ سنن ترمذی کا مقدمہ لاحقہ ہے، مگر مدارس میں سال کے آخر میں یہ سرسری پڑھایا جاتا ہے اس لئے میں نے آپ حضرات کو سال کے شروع میں تفصیل کے ساتھ پڑھایا تا کہ کتاب میں آپ اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ حضرات کے علم و عمل میں برکت فرمائیں۔ حدیث شریف کے انوار سے مالا مال فرمائیں اور ہماری آخرت کو دنیا سے بہتر بنائیں، **وصلی اللہ تعالی علی نبینا وحبیبنا وشفیعنا ومولانا محمد وعلی آله وصحبه وعلماء أمته أجمعین.**



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ترمذی شریف کی سند

مجھ سے امام ترمذی رحمہ اللہ تک سند کے تین ٹکڑے ہیں۔ پہلا ٹکڑا: شاہ محمد اسحاق رحمہ اللہ تک ہے، دوسرا ٹکڑا: شاہ محمد اسحاق رحمہ اللہ سے عُمر بنُ طَبَرزَذْ بغدادی رحمہ اللہ تک ہے، اور تیسرا ٹکڑا: ابن طبرزد سے امام ترمذی تک ہے۔ دوسرا اور تیسرا ٹکڑا کتاب میں موجود ہے، شاہ محمد اسحاق سے ابن طبرزد تک سند بسم اللہ سے اوپر لکھی ہوئی ہے، اور ابن طبرزد سے امام ترمذی تک سند بسم اللہ کے بعد لکھی ہوئی ہے۔

سند کا پہلا حصہ:

(۱) —— میں نے ترمذی شریف جلد اول جامع المعقول والمنقول حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (۱۳۰۴-۱۳۸۷ھ) سے پڑھی ہے، آپ نے ۱۳۲۷ھ میں فراغت حاصل کی ہے، اور آپ دارالعلوم دیوبند میں صدر المدرسین کے عہدۂ جلیلہ پر فائز رہے ہیں۔

(۲) —— حضرت علامہ روایت کرتے ہیں زعیم حریت، شیخ الہند، حضرت مولانا محمود حسن بن ذوالفقار علی صاحب دیوبندی رحمہما اللہ (۱۲۶۸-۱۳۳۹ھ) سے، آپ ۱۳۰۸ھ سے تا وفات دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین رہے ہیں۔ بخاری شریف اور ترمذی شریف آپ کے زیر درس رہتی تھیں، آپ سے چار اکابر دارالعلوم صحیح بخاری شریف و دیگر کتب حدیث روایت کرتے ہیں۔

اول: محدث العصر علامہ محمد انور شاہ بن محمد معظّم شاہ کشمیری قدس سرہٗ (۱۲۹۲-۱۳۵۲ھ) آپ نے ۱۳۱۴ھ میں فراغت پائی ہے۔

دوم: شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب بن سید حبیب اللہ صاحب فیض آبادی، ثم مدنی، ثم دیوبندی قدس سرہ: (۱۲۹۶-۱۳۷۷ھ) آپ نے ۱۳۱۶ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔

سوم: فخر المحدثین حضرت مولانا سید فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ ہاپوڑی ثم مرادآبادی (۱۳۰۷-۱۳۸۷ھ) آپ نے ۱۳۲۷ھ میں فراغت حاصل کی ہے۔

چہارم: حضرت علامہ قدس سرہٗ۔ آپ کا سن وفات اوپر آ گیا۔

علامہ انور شاہ صاحب قدس سرہٗ کے شاگردوں کا دور تو اب ختم ہو گیا۔ اب دنیا میں شاہ صاحب کا کوئی شاگرد جس نے براہِ راست حضرت سے پڑھا ہو باقی نہیں۔ البتہ شیخ الاسلام حضرت مدنی، فخر المحدثین مراد آبادی، اور جامع المعقول والمنقول علامہ بلیاوی کے شاگرد موجود ہیں۔ اس وقت اس درسگاہ میں (دارالعلوم دیوبند کی دارالحدیث میں) جتنے اساتذۂ کرام حدیث شریف پڑھاتے ہیں وہ یا تو حضرت مدنی کے شاگرد ہیں یا حضرت مرادآبادی اور علامہ بلیاوی رحمہما اللہ کے۔

(۳) —— حضرت شیخ الہند: حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہٗ (۱۲۴۸-۱۲۹۷ھ) سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت نانوتوی نے علوم عقلیہ ونقلیہ سے فارغ ہوکر دہلی کے ایک مطبعہ میں جو حضرت مولانا محمد علی بن شیخ لطف اللہ صاحب محدث سہارن پوری کا تھا تصحیح کتب کا کام کیا ہے، ۱۲۷۳ھ میں حضرت نے انگریزوں کے خلاف شاملی کے جہاد میں شرکت کی، اس تحریک کے ناکام ہونے کے بعد حضرت روپوش ہو گئے، کیونکہ حضرت کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ تھا، پھر ۱۲۷۷ھ میں سفر حج پر تشریف لے گئے، اور دوران سفر قرآن کریم حفظ کیا، حرمین شریفین سے واپسی کے بعد میرٹھ میں قیام کیا اور ایک مطبعہ میں جس کے مالک ممتاز علی خان صاحب تھے تصحیح کتب کا کام کیا۔

فائدہ: پہلے کتاب کے مختلف نسخوں اور مخطوطات کو ملا کر ایک صحیح نسخہ تیار کیا جاتا تھا پھر وہ کاتب کو دیا جاتا تھا۔ یہ کام انتہائی مشکل تھا۔ جو بحر العلوم ہوتا تھا وہی یہ کام کرسکتا تھا۔ ہر ایک کے بس کا کام نہیں تھا۔ حضرت مطبعہ مصطفائیہ میرٹھ میں یہی کام انجام دیتے تھے۔

جس وقت دیوبند میں حاجی عابد حسین صاحب قدس سرہٗ نے دارالعلوم کی بنیاد رکھی، اس زمانہ میں حضرت نانوتوی رحمہ اللہ میرٹھ میں مقیم تھے، حضرت کے مشورے سے اس مدرسہ کی بنیاد ڈالی گئی تھی، اور حضرت اس کی مجلس شوری کے رکنِ رکین تھے۔ کچھ زمانہ کے بعد حضرت دیوبند تشریف لائے، حضرت نانوتوی دارالعلوم دیوبند کے مہتمم نہیں رہے۔ آپ کا قیام مدرسہ میں تھا، اساتذہ کو جب کوئی مشکل پیش آتی تو وہ حضرت سے رجوع کرتے۔

حضرت نانوتوی قدس سرہٗ سے: حضرت شیخ الہند نے میرٹھ کے قیام کے زمانہ میں دورہ کی تمام کتابیں پڑھی ہیں۔

(۴) —— حضرت نانوتوی قدس سرہٗ: حضرت شاہ عبد الغنی بن ابی سعید مجددی دہلوی، ثم مدنی قدس سرہٗ (۱۲۳۵-۱۲۹۶ھ) سے حدیث روایت کرتے ہیں —— حضرت شاہ عبدالغنی صاحب مجددی: حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد بن عبدالاحد سرہندی رحمہ اللہ کے خاندان سے ہیں۔ جب انگریزی حکومت کا ہندوستان پر پوری طرح تسلط ہو گیا اور تحریکِ جہاد: بالاکوٹ میں ناکام ہوگئی تو انگریزی حکومت نے حضرت کے خلاف گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا۔ کیونکہ

آپ اس تحریک کے پشت پناہ تھے۔ چنانچہ حضرت ۱۲۷۳ھ میں ہجرت کر کے اولاً مکہ (زادھا اللہ شرفا وتعظیماً) تشریف لے گئے، اس کے بعد مدینہ (زادھا اللہ شرفا وتعظیماً) میں فروکش ہوگئے اور وہیں وفات تک قیام رہا۔ اور واصل بحق ہوئے۔

فائدہ: ہمارے دونوں بزرگ حجۃ الاسلام حضرت نانوتوی اور قطب الارشاد فقیہ الامت حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی قدس سرہٗ (۱۲۴۶-۱۳۲۳ھ) روایت حدیث خاص طور پر حضرت مجددی سے کرتے ہیں اور دونوں بزرگوں نے دوسری کتبِ درسیہ مولانا مملوک علی صاحب نانوتوی قدس اللہ سرہٗ (متوفی ۱۲۶۷ھ) سے دہلی میں پڑھی ہیں۔

⑤ —— شاہ عبدالغنی مجددی: حضرت ابوسلیمان محمد اسحاق بن محمد افضل عمری دہلوی ثم مکی رحمہ اللہ (۱۱۹۶-۱۲۶۲ھ) سے روایت کرتے ہیں —— شاہ محمد اسحاق: سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ کے نواسے ہیں، شاہ عبد العزیز رحمہ اللہ نے ان کو اپنا بیٹا اور نائب بنایا تھا اور اپنی تمام کتابیں اور گھر وغیرہ انہی کو عطا کر دیا تھا، چنانچہ حضرت اپنے نانا کی جگہ بیٹھ کر طویل عرصہ تک مخلوق خدا کو فیضیاب کرتے رہے، پھر (۱۲۴۰ھ) میں سفر حج پر تشریف لے گئے، اور شیخ عمر بن عبدالکریم مکی (متوفی ۱۱۴۷ھ) سے اجازت حاصل کی، پھر ہندوستان واپس تشریف لائے، اور دہلی میں سولہ سال تک درس وتدریس میں مشغول رہے، پھر ۱۲۵۸ھ میں مع اہل وعیال مکہ کی طرف ہجرت فرمائی اور وہیں واصل بحق ہوئے اور قبرستان معلیٰ میں سیدتنا خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کے جوار میں مدفون ہوئے۔

فائدہ: شاہ عبدالغنی مجددی رحمہ اللہ کو شاہ محمد اسحاق نے اپنا نائب بنایا تھا اور مکہ جاتے وقت اپنی مسند پر بٹھایا تھا، شاہ عبدالغنی مجددی: شاہ محمد اسحاق کے علاوہ موطا امام محمد اپنے والد سے، مشکوٰۃ شریف شیخ مخصوص اللہ بن شاہ رفیع الدین دہلوی سے بھی روایت کرتے ہیں، اور شیخ محمد عابد السندی اور ابوزاہد اسماعیل بن ادریس الرومی سے بھی حدیث روایت کرتے ہیں۔

سند کا دوسرا حصہ:

⑥ —— شاہ محمد اسحاق رحمہ اللہ: سراج الہند حضرت شاہ عبدالعزیز بن شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی قدس سرہٗ (۱۱۵۹-۱۲۳۹ھ) سے روایت کرتے ہیں —— حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب زہد وتقوی، علم وذکاوت، فہم وفراست اور حفظ میں ہمعصروں میں ممتاز تھے، حضرت کا تاریخی نام ''غلام حلیم'' ہے، پندرہ سال کی عمر میں فراغت حاصل کی اور درس وتدریس میں مشغول ہوئے، علماء کی ایک جماعت نے آپ سے استفادہ کیا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہٗ کے انتقال کے وقت آپ کی عمر سولہ سال تھی۔ والد کے انتقال کے بعد حضرت شاہ صاحب نے شیخ نوراللہ بڈھانوی، شیخ محمد امین کشمیری، اور شیخ محمد عاشق بن عبیداللہ پھلتی سے جو آپ کے والد کے اجلِ تلامذہ میں سے تھے

استفادہ کیا ہے۔اوراجازت حاصل کی ہے۔

⑦ —— شاہ عبدالعزیز رحمہ اللہ: مسند الہند شاہ ولی اللہ احمد بن عبدالرحیم عُمری دہلوی قدس سرہٗ (۱۱۱۴-۱۱۷۶ھ) سے روایت کرتے ہیں —— شاہ ولی اللہ صاحب: مسند الہند ہیں، برصغیر کی حدیث کی تمام سندیں آپ کے واسطہ سے اوپر جاتی ہیں۔آپ انتہائی ذہین تھے، سات سال کی عمر میں حافظ قرآن ہوگئے تھے اور پندرہ سال کی عمر میں تمام علوم متداولہ سے فارغ ہوگئے تھے، اس کے بعد تقریباً تیرہ سال دہلی میں درس وتدریس میں مشغول رہے، پھر ۱۱۴۳ھ میں حجاز مقدس کا سفر کیا، اور دوسال وہاں رہ کر ہر مکتب فکر کے علماء سے استفادہ کیا اور اجازتِ حدیث حاصل کی، دو سال بعد ہندوستان واپس تشریف لائے اور درس وتدریس، نیز تصنیف وتالیف میں مشغول ہوئے۔

⑧ —— حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ: شیخ ابوطاہر محمد بن ابراہیم بن حسن کُردی کُورانی شہرزوری، ثم مدنی شافعی رحمہ اللہ (۱۰۸۱-۱۱۴۵ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑨ —— وہ اپنے والد شیخ شہاب الدین ابراہیم بن حسن کردی کورانی شہرزوری، شہرانی ثم مدنی شافعی (۱۰۲۵-۱۱۰۱ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑩ —— وہ ابوالعزائم بحر العلوم شیخ القراء سلطان بن احمد مَزّاحی (مَزّاح: مصر میں ایک بستی ہے) مصری شافعی (۹۸۵-۱۰۷۵ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑪ —— وہ شیخ شہاب الدین احمد بن خلیل مصری شافعی سُبکی (سُبک: مصر میں ایک بستی ہے) (۹۳۹-۱۰۳۲ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑫ —— وہ شیخ الاسلام نجم الدین محمد بن احمد غَیْطی (غَیطہ: مصر کا ایک گاؤں ہے) اسکندری مصری شافعی (متوفی ۹۸۱ھ یا ۹۸۴ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑬ —— وہ شیخ الاسلام قاضی القضات زین الدین زکریا بن محمد انصاری قاہری ازہری شافعی رحمہ اللہ (۸۲۳-۹۲۶) سے روایت کرتے ہیں۔

⑭ —— وہ مسند مصر، قاضی القضات عزالدین عبدالرحیم بن ناصر الدین مصری حنفی رحمہ اللہ (۷۵۹-۸۵۱ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑮ —— وہ مسند العصر عمر بن حسن مَراغی، حلبی، دمشقی، مِزّی رحمہ اللہ (۶۷۹-۷۷۸ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑯ —— وہ ابوالحسن فخر الدین علی بن احمد مَقْدِسی (بیت المقدس کی طرف نسبت ہے) صالحی (صالحیہ گاؤں کی طرف نسبت ہے) حنبلی معروف بہ ابن البخاری رحمہ اللہ (۵۹۵-۶۸۹ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

⑰ —— وہ محدث کبیر ابوحفص عمر بن محمد معروف بہ ابن طَبَرْزَدْ بغدادی رحمہ اللہ (۵۱۶-۶۰۷ھ) سے روایت

کرتے ہیں۔

سند کا تیسرا حصہ:

⑱ ــــــ عمر بن طبرزد بغدادی رحمہ اللہ سنن ترمذی شیخ ابوالفتح عبدالملک بن عبداللہ ہروی کروخی رحمہ اللہ (۴۶۲-۵۴۸ھ) سے روایت کرتے ہیں۔ عمر بن طبرزد بغدادی نے ۵۴۷ھ ماہ ذی الحجہ کے پہلے عشرہ میں شیخ کے سامنے یہ کتاب پڑھی ہے۔

⑲ ــــــ شیخ کروخی رحمہ اللہ: تین اساتذہ سے سننِ ترمذی روایت کرتے ہیں۔

(الف) کروخی رحمہ اللہ نے قاضی ابو عامر محمود بن القاسم ازدی مُهَلَّبِیْ رحمہ اللہ (۴۰۰-۴۸۷ھ) سے ربیع الاول ۴۸۲ھ میں یہ کتاب پڑھی ہے۔

(ب) نیز ابونصر عبدالعزیز بن محمد تریاقی ہروی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۳ھ) سے پڑھی ہے۔

(ج) نیز ابوبکر احمد بن عبدالصمد غورجی ہروی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۱ھ) سے ربیع الآخر ۴۸۱ھ میں پڑھی ہے۔

⑳ ــــــ مذکورہ تینوں حضرات: شیخ ابومحمد عبدالجبار بن محمد ابوالجرّاح جرّاحی مَروَزی مَرزبانی رحمہ اللہ (۳۳۱-۴۱۲ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

㉑ ــــــ شیخ جرّاحی رحمہ اللہ: محدث مَرْو، ابوالعباس محمد بن احمد بن محبوب محبوبی مَروزی رحمہ اللہ (متوفی ۳۴۶ھ) سے روایت کرتے ہیں۔

㉒ ــــــ اور محبوبی رحمہ اللہ نے سولہ سال کی عمر میں (۲۶۵ھ) میں امام ترمذی رحمہ اللہ سے سنن پڑھی ہے [1]

پوری سند عربی میں:

قال الأستاذ العَلَّامة الشيخ سعيد أحمد البالن بورى: قرأت سننَ الترمذى على العلامة الكبير الشيخ محمد إبراهيم البلياوى رحمه الله، وهو قرأ على شيخ الهند الشيخ محمود حسن الديوبندى رحمه الله، وهو قرأ على قاسم العلوم والخيرات الشيخ محمد قاسم النانوتوى رحمه الله، وهو قرأ على الشيخ عبد الغنى المجددى رحمه الله، وهو يروى السنن عن شيخه محمد إسحاق الدهلوى رحمه الله:

(۱) سند مرتب کرتے وقت مرتب نے ''مشاہیر محدثین وفقہاء کرام'' مصنفہ: حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری دامت برکاتہم، اور الكلام المفيد فى تحرير الأسانيد: مصنفہ: مولانا روح الامین بن حسین احمد اخوند القاسمی بنگلہ دیشی دامت برکاتہم سے استفادہ کیا ہے۔

قال الشيخُ المكَرَّمُ المُفَخَّمُ، المُشْتَهَرُ بين الآفاق، المرحوم المغفور، مولانا محمد إسحاق رحمه الله: حصل لى الإجازةُ والقراء ة والسَّماعةُ من الشيخ الأجل، والحِبْرِ الأَبْجَلِ، الذى فاق بين الأقران بالتمييز، أعنى الشيخَ عبدَ العزيز رحمه الله، وحصل له الإجازةُ والقراء ة والسَّماعة عن والده الشيخ ولى الله بن الشيخ عبد الرحيم الدهلوى.

وقال الشيخ ولى الله: أخبرنا به الشيخ أبو طاهر المدنى، عن أبيه الشيخ إبراهيم الكُرْدى، عن الشيخ المَزَّاحِيِّ، عن الشهابِ أحمدَ السُّبْكِيِّ، عن الشيخ النَّجْمِ الغَيْطِيِّ، عن الزَّيْنِ زكريا، عن العِزِّ عبدِ الرحيمِ، عن الشيخ عُمَرَ المَرَاغِيِّ، عن الْفَخْرِ بن البخارى، عن عمر بن طَبَرْزَدِ البغدادىِّ.

[قال الشيخ عمر بن طبرزد البغدادى:] أخْبَرَنا الشَّيْخُ أبوالفَتْحِ عبدُ الملكِ بنُ أبي القَاسِمِ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبی سَهْلِ الهِرَوِیُّ الكَرُوْخِیُّ فی العَشْرِ الْأَوَّلَ مِنْ ذِی الحِجَّةِ سَنَةَ سبعٍ وَأرْبَعِيْنَ وَخَمْسِمِائَةٍ بِمَكَّةَ شَرَّفَهَا اللّٰهُ وَأَنا أسمَعُ، قال أنا القاضی الزَّاهدُ أبو عامر محمودُ بنُ قاسمٍ بنِ محمد الأَزْدیُّ رحمه الله قراء ةً عليه وأنا أسمعُ، فی ربيع الأول من سنة اثنَيْنِ وثمانين وأربعِ مِأةٍ، قال الكَرُوْخِیُّ وأخبرنا الشيخُ أبو نَصْرٍ عبدُ العزيز بنُ محمدِ بنِ عليٍ بن إبراهيمَ التِّرْيَاقِیُّ، والشيخُ أبوبكرٍ أحمدُ بنُ عبدِ الصمدِ بنِ أبی الفضلِ بن أبی حامد الغُوْرَجِیُّ رحمهما الله قراء ةً عليهما وأنا أسمعُ، فی ربيع الآخر من سنة أحدى وثمانين وأربعِ مِأةٍ، قالوا: أخبرنا أبومحمدٍ عبدُ الجبار بنُ محمدِ بن عبد الله بن أبی الجرَّاح الجَرَّاحِیُّ المَرْوَزِیُّ المَرزُبَانِیُّ قراء ةً عليه، أنا أبو العباسِ محمدُ بنُ أحمدَ بن محبوبِ بن فُضيل المحبوبیُّ المَروزِیُّ، فأقَرَّ به الشيخُ الثقةُ الأمينُ، أنا أبو عيسى محمدُ بنُ عيسى بن سَورةَ بنِ موسى الترمذیُّ الحافظُ قال:

المُفَخَّم (اسم مفعول) بہت بڑے آدمی، من فَخُمَ (ک) فَخَامَةً: عظیم الشان ہونا...... الحِبْر: عالم: جمع أحبار ...... الأبجل (اسم تفضیل) نہایت معزز: من بَجُلَ بَجَالَةً: معزز ہونا...... التمییز: سمجھداری، زیرکی، دانائی۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمہ اللہ کی زیرکی ضرب المثل تھی۔ الجھی ہوئی گتھیاں چٹکی میں سلجھاتے تھے۔ان کی دانائی کے دو واقعے سنیں:

پہلا واقعہ: جب حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ کا وصال ہوا، تو آپ والد صاحب کے قائم مقام ہوئے۔اس وقت آپ کی عمر سولہ سال تھی۔ پانی پت میں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کے ایک خاص شاگرد قاضی ثناء اللہ: صاحبِ تفسیر مظہری تھے۔ وہ تعزیت کے لئے دہلی ایک بہلی (بیلوں کی گاڑی) میں روانہ ہوئے۔بہل کا

مالک ہندو تھا۔ راستہ میں اس نے قاضی صاحب سے پوچھا: ''اللہ میاں مسلمان ہیں یا ہندو؟'' قاضی صاحب کی سمجھ میں جواب نہ آیا۔ فرمایا: ہم دہلی: جہاں جارہے ہیں، وہاں ہمارے حضرت کا لڑکا ہے، یہ سوال آپ ان سے کریں۔

جب دہلی وارد ہوئے تو ایک مجلس میں بَہل والے نے یہی سوال شاہ صاحب سے پوچھا، آپ نے فوراً جواب دیا: ''مسلمان ہیں!'' اس نے کہا: کیسے؟ شاہ صاحب نے فرمایا: دیکھو! گائے کتنے لوگ کھاتے ہیں، شیر، درندے کھاتے ہیں، عیسائی کھاتے ہیں، دَراوڑ ہندو کھاتے ہیں، مسلمان کھاتے ہیں، اور معلوم نہیں کون کون کھاتا ہے۔ اگر اللہ پاک ہندو ہوتے تو یہ گئو ہتیا نہ ہونے دیتے۔ بات اس کی سمجھ میں آگئی اور وہ مسلمان ہوگیا۔

دوسرا واقعہ: دہلی کی جامع مسجد کے سامنے ایک پاگل اپنا ایستادہ عضو پکڑ کر چلاتا: اللہ کا الف۔ اللہ کا الف۔ لوگ بہت پریشان تھے، سمجھایا دھمکایا مگر لاحاصل۔ کسی نے شاہ صاحب سے ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا: اس سے کہو: اللہ کے الف کے نیچے نقطے نہیں، اور تیرے الف کے نیچے دو نقطے ہیں۔ جب اس پاگل سے یہ بات کہی گئی تو وہ فوراً اپنی حرکت سے باز آگیا۔

غور فرمائیں! سمجھ دار آدمی کو تو سبھی سمجھاتے ہیں، پاگل کو سمجھانا کس کے بس میں ہے! آپ کی زیرکی کے ایسے بے شمار واقعات ہیں۔ سنانا شروع کرونگا تو ختم نہیں ہونگے۔ جیسے امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی زیرکی کے واقعات بے شمار ہیں، آپ کی دانشمندی کے واقعات بھی بہت ہیں۔

قوله قراء ة عليه وأنا أسمع: شیخ سے احادیث حاصل کرنے کے بہت سے طریقے ہیں، مثلاً: شاگرد پڑھے اور استاذ سنے، یا اس کے برعکس، یعنی استاذ پڑھے اور شاگرد سنے: دونوں صورتوں میں **أخبرني، أخبرنا، حدثني** اور **حدثنا** استعمال کرسکتے ہیں۔ جو مجلس میں پڑھ رہا ہے، استاذ کے سامنے وہ بھی یہ صیغہ استعمال کرسکتا ہے، اور جو لوگ سن رہے ہیں وہ بھی اس صیغہ کو استعمال کرسکتے ہیں، یہی راجح قول ہے (تفصیل کتاب العلل کی شرح میں گذر چکی)

فائدہ: دور اول میں عام طور پر قاری یعنی محدث کے یہاں پڑھنے والا متعین ہوتا تھا، ہر کسی کو پڑھنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی، اس لئے کہ جب ہر کوئی پڑھے گا اور وہ غلطیاں کرے گا تو استاذ کہاں تک تصحیح کرے گا؟ پھر بعض نسخوں میں کچھ ہوتا ہے بعض میں کچھ۔ اور استاذ کے سامنے کچھ لکھا ہوا ہوتا ہے اور طالب علم کچھ پڑھ رہا ہے۔ یہ سب دشواریاں تھیں اس لئے محدثین اپنے یہاں کسی ذی استعداد شخص کو رکھتے تھے، جس کا کام ہی عبارت پڑھنا ہوتا تھا، اس کے سامنے تصحیح شدہ نسخہ ہوتا تھا۔ اور چونکہ وہ بار بار پڑھ چکا ہوتا تھا، اس لئے پھٹا پھٹ پڑھتا تھا۔ طالب علم اس سے اپنی کتابیں درست کرتے تھے، کوئی ضروری بات ہوتی تو استاذ بیان کرتا، ورنہ کتاب چلتی رہتی۔ اور یہ بڑی بڑی کتابیں جو آج سال بھر میں مشکل سے ختم ہوتی ہیں۔ پندرہ بیس دن میں اور زیادہ سے زیادہ مہینہ بھر میں ختم ہوجاتی تھیں۔

ابن طبرزد بغدادی رحمہ اللہ یہی فرمارہے ہیں کہ شیخ ابوالفتح کروخی کے سامنے یہ کتاب صرف ایک عشرہ میں پڑھی گئی اور ہم نے سنی ہے۔

قوله: فأقَرَّ به الشيخُ الثقةُ الأَمينُ (پس اقرار کیا اس کا حضرت شیخ نے جو ثقہ (معتبر) اور امین (قابل اعتماد) ہیں) یہ جملہ عام طور پر اثبات (سندوں کے مجموعوں) میں نہیں ہے، أثبات: ثَبَت کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کسی محدث کی احادیث کی سندوں کا مجموعہ، دو تین ثبتوں کے علاوہ تمام اثبات میں یہ جملہ نہیں ہے، اور اس جملہ کی ضرورت بھی نہیں۔ کیونکہ استاذ کے سامنے پڑھنا یا اس سے سننا ہی اجازت ہے، اقرار کرنے کی ضرورت نہیں، خود بخود اجازت ہو جاتی ہے۔

اس جملہ کا قائل کون ہے؟ اور الشیخ سے مراد کون ہے؟ اس کی تعیین میں بہت اقوال ہیں: راجح قول یہ ہے کہ اس کے قائل جرّاحیؒ ہیں، اور شیخ سے مراد محبوبیؒ ہیں۔ جرّاحیؒ کہتے ہیں: جب ہم نے سننِ ترمذی محبوبی کے سامنے پڑھی تو انھوں نے اقرار کیا کہ وہ یہ کتاب امام ترمذی سے روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: یہاں طلبۂ عزیز کو یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ اجازتِ حدیث کے لئے (خواہ صراحتاً ہو یا دلالۃً) تین شرطیں ہیں جب تمام شرطیں پائی جائیں گی تبھی اجازت ہوگی، ورنہ نہیں۔

پہلی شرط: استاذ کے سامنے حدیث پڑھنا یا سننا۔ خواہ استاذ پڑھے یا استاذ کے سامنے پڑھی جائے۔ پس جو طالب علم سبق میں غیر حاضر ہوگا اس کو اُن احادیث کی اجازت نہ ہوگی جو اس کے سننے سے رہ گئی ہیں، اسی طرح جو طالب علم بیٹھا ہوا سورہا ہے، حدیث پڑھی گئی اس وقت وہ موجود ہے مگر حدیث نہیں سنی، اس کو بھی اجازت نہیں ہوگی۔

دوسری شرط: حدیث کو سمجھنا۔ پس جو حدیث کو نہیں سمجھا اس کو بھی اجازت نہیں ہوگی۔

تیسری شرط: تثبُّت ہے۔ یعنی حدیث مضبوط یاد ہو، تب بیان کرسکتا ہے۔ چاہے حافظہ سے بیان کرے، چاہے کتاب سے، سو فیصد صحت کا یقین نہ ہو تو روایت بیان کرنا جائز نہیں۔

فائدہ: محدثین کے یہاں اجازت کا ایک طریقہ یہ بھی رائج ہے کہ اوائل کتاب پڑھا کر ساری کتاب کی اجازت دیتے ہیں۔ یہ طریقہ طلبہ کے لئے نہیں ہے بلکہ بڑے علماء کے لئے ہے۔ وہ شخص جس نے بیس پچیس سال تک حدیثیں پڑھائی ہیں، اس کو اوائل کتب سے چند حدیثیں پڑھا کر ساری کتاب کی اجازت دے دیتے ہیں۔ مگر یہ بھی اجازت کا ثانوی درجہ ہے۔ اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ہر حدیث استاذ کے سامنے پڑھے یا سنے اور اس کو سمجھے اور خوب اچھی طرح محفوظ کرے تو اجازت خود بخود ہو جائے گی۔ اب صراحتاً اجازت کی ضرورت نہیں۔

قوله: أبو عیسی: یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کی کنیت ہے۔ ایک حدیث میں ابوعیسیٰ کنیت رکھنے کی ممانعت آئی ہے (مصنف ابن ابی شیبہ) یہ ممانعت لغیرہ ہے۔ اس ایہام سے بچنے کے لئے ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی باپ تھا،

اور جہاں ممانعت لغیرہ ہوتی ہے وہاں لعینہ جواز ہوتا ہے پس ابوعیسی کنیت رکھنا فی نفسہ جائز ہے۔ جیسے نبی کریم ﷺ نے ابوالقاسم کنیت رکھنے سے منع کیا تھا۔ ایک واقعہ پیش آیا تھا جس کی وجہ سے نبی پاک ﷺ نے ممانعت فرمائی تھی۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ کہیں تشریف لے جارہے تھے، اسی جانب ایک اور شخص بھی جارہا تھا۔ اس کی کنیت ابوالقاسم تھی۔ کسی نے پیچھے سے پکارا یا أبا القاسم تو نبی پاک ﷺ نے پیچھے مڑ کر دیکھا۔ وہ صاحب کہنے لگے کہ میری مراد آپؐ نہیں، بلکہ فلاں صاحب ہیں۔ اس وقت حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: سَمُّوا باسمي ولا تكتنُوا بكُنيتي: میرے نام پر نام رکھو مگر میری کنیت مت رکھو (مشکوٰۃ حدیث ۴۷۵۰ باب الاسامی)

آپؐ کا نام رکھنے کی اجازت کیوں تھی؟ اس لئے کہ عربوں کی عادت تھی کہ وہ بڑے آدمی کو نام لے کر نہیں پکارتے تھے بلکہ کنیت سے پکارتے تھے۔ صحابہ حضور اکرم ﷺ کو یارسول اللہ! کہہ کر پکارتے تھے، اور غیر مسلم ابوالقاسم کہہ کر پکارتے تھے، عام طور پر آپ کو نام سے نہیں پکارا جاتا تھا۔ اس لئے نبی ﷺ نے محمد نام رکھنے کی اجازت دی اور ابو القاسم کنیت رکھنے کی ممانعت فرمائی۔

غرض: ابوالقاسم کنیت رکھنے کی ممانعت لغیرہ ہے اور جہاں لغیرہ ممانعت ہوتی ہے وہاں لعینہ جواز ہوتا ہے، اس لئے اب نبی ﷺ کے دنیا سے تشریف بری کے بعد ابوالقاسم کنیت رکھنا جائز ہے۔ اسی طرح ابوعیسی کنیت رکھنے کی ممانعت بھی عارضی تھی، فی نفسہ جائز ہے (۱)

اب کتاب شروع کرتے ہیں۔ مگر کتاب شروع کرنے سے پہلے دو چار باتیں ذہن نشین کرلیں:

پہلی بات: ایک حدیث ہے، جس کو عام طور پر لوگ تین حدیثیں سمجھتے ہیں۔ تین نہیں تو دو تو سمجھتے ہی ہیں: حالانکہ وہ ایک ہی روایت ہے جس کے مختلف طرق سے مختلف الفاظ آئے ہیں۔ وہ روایت یہ ہے كل أمرٍ ذي بال لم يُبدأ ببسم الله فهو أقطع: اس روایت کے ایک طریق میں بسم اللہ ہے اور ایک طریق میں حمد اللہ ہے اور تیسرے طریق میں ذکر اللہ ہے۔ پس یہ الگ الگ روایات نہیں ہیں بلکہ ایک ہی روایت ہے۔ پس جب کوئی اہم کام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کیا جائے تو تینوں روایتوں پر عمل ہوگیا۔ بسم والی روایت پر تو عمل ظاہر ہے اور الرحمن الرحیم کے ذریعہ اللہ کی تعریف بھی ہوگئی۔ اور اس کے ذکر اللہ ہونے میں شک کی کیا گنجائش ہے؟! پس کوئی بھی اہم کام بسم اللہ سے شروع کرنا کافی ہے۔ نبی ﷺ نے جتنے خطوط یا معاہدے لکھوائے ہیں ان سب میں صرف بسم اللہ ہے، اسی وجہ سے حدیث شریف کی اکثر کتابیں بشمول ترمذی شریف صرف بسم اللہ سے شروع کی گئی ہیں۔

(۱) ابوعیسی کنیت رکھنے کی اجازت ابوداؤد کی ایک حدیث سے بھی ثابت ہے۔ وہ حدیث یہ ہے: حضرت مغیرہ نے اپنی کنیت ابوعیسیٰ رکھی تھی اور نبی پاک ﷺ کو اس کا علم تھا اور آپؐ نے منع نہیں فرمایا تھا (۲: ۳۲۲، باب فيمن يكتني بأبي عيسىٰ) ممانعت والی روایت ابتدائے اسلام پر محمول ہے کیونکہ اس وقت فسادِ عقیدہ کا خطرہ تھا بعد میں ممانعت ختم ہوگئی۔

نوٹ: اور شرح تہذیب میں جو ابتداء کی تین قسمیں کر کے تطبیق دی گئی ہے: وہ بے ضرورت بحث ہے۔

دوسری بات: ابن طبرزد بغدادی رحمہ اللہ سے امام ترمذی تک جو سند کتاب میں لکھی گئی ہے وہ بعد میں بڑھائی گئی ہے۔ ترمذی شریف صرف بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع ہو رہی ہے۔ پس مناسب یہ تھا کہ جس طرح شاہ محمد اسحاق سے ابن طبرزد تک کی سند کتاب سے باہر لکھی ہے یہ سند بھی کتاب سے باہر لکھی جاتی۔

تیسری بات: بعض لوگ امام ترمذی کو اَکْمَہْ (مادرزاد نابینا) سمجھتے ہیں، یہ غلط فہمی ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ آپ اپنے استاذ امام بخاری رحمہ اللہ کے انتقال کے بعد اتنا روئے کہ بینائی کھو دی۔ ایسا شخص (بڑھاپے میں نابینا ہو جانے والا) ضریر کہلاتا ہے۔ آپ ستر سال بقید حیات رہے ہیں۔ پیدائش ۲۰۹ھ میں اور وفات ۲۷۹ھ میں ہوئی ہے۔

چوتھی بات: امام ترمذی رحمہ اللہ حجازی مکتب فکر کی تقلید کرتے ہیں، اولاً دو مکتب فکر تھے: ایک: فقہاء محدثین کا۔ یہ وہ حضرات تھے جن کا اصل کام نصوص سے مسائل مستنبط کرنا تھا، اور ضمناً احادیث بھی روایت کرتے تھے یہ ''عراقی مکتب فکر'' تھا، جن کو ''اہل الرائے'' بھی کہتے ہیں۔

دوسرا: محدثین فقہاء کا: یہ وہ حضرات تھے جن کا اصل کام احادیث روایت کرنا تھا۔ مگر وہ مسائل بھی بیان کرتے تھے۔ یہ ''حجازی مکتب فکر'' کہلاتا تھا، اور ان کو ''اہل حدیث'' بھی کہتے تھے (غیر مقلد مراد نہیں)

اور عراقی مکتب فکر میں صرف امام اعظم اور ان کے شاگرد ہی نہیں تھے بلکہ بہت سے مجتہدین تھے جو اس مکتب فکر سے تعلق رکھتے تھے۔ مثلاً سفیان ثوری، سفیان بن عیینہ، عبداللہ بن المبارک، ابن ابی لیلیٰ، ابن شبرمہ رحمہم اللہ وغیرہ ان کے علاوہ بھی بہت سے حضرات تھے مگر جیسے جیسے زمانہ گزرتا گیا یہ سب حضرات باہم مل گئے۔ اور ایک مکتب فکر: ''مذہبِ حنفیہ'' وجود میں آیا۔

اور حجازی مکتب فکر کا معاملہ اس کے برعکس رہا۔ وہ ابتداء میں ایک تھے مگر جیسے جیسے زمانہ گزرتا گیا وہ مختلف ہو گئے حجازی مکتب فکر کے سرخیل حضرت سعید بن المسیبؒ تھے، بعد میں امام مالکؒ سرخیل ہوئے۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ نے الگ راہ اپنائی۔ اور ان کا مستقل مکتب فکر بن گیا۔ پھر امام احمد رحمہ اللہ نے الگ راستہ اختیار کیا اور ان کا بھی مستقل مکتب فکر بن گیا، اور صرف امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ ہی نہیں بلکہ ان کے علاوہ بھی بہت سے حضرات تھے جنھوں نے الگ راہیں اپنائی تھیں۔ مثلاً: امام اوزاعی، ابن جریر طبری رحمہم اللہ وغیرہ۔ مگر بعد میں ان کے ماننے والے نہ رہے تو وہ خود بخود ختم ہو گئے۔

غرض: حجازی مکتب فکر تین میں تقسیم ہو گیا۔ اور عراقی مکتب فکر متحد رہا۔ اس وقت دنیا میں یہی چار مکاتب فکر باقی ہیں۔ صحاح ستہ کی تصنیف کے وقت حجازی مکتب فکر الگ الگ بٹا ہوا نہیں تھا۔ مگر آثار شروع ہو گئے تھے، اس وجہ سے اس زمانہ میں جو مالکی تھا وہ پوری طرح مالکی نہیں تھا، بلکہ اس کا جھکاؤ مذہب مالکی کی طرف ہوتا تھا، اسی طرح جو شافعی یا

حنبلی تھا وہ بھی پوری طرح شافعی یا حنبلی نہیں تھا۔ بلکہ اس کا جھکاؤ ان مذاہب کی طرف ہوتا تھا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ حجازی مکتب فکر کی تقلید کرتے ہیں۔ اور ان کا جھکاؤ حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کے مذہب کی طرف ہے۔ جیسے امام ابو داؤد رحمہ اللہ کا جھکاؤ بھی حنبلی مذہب کی طرف ہے۔ کتاب میں جگہ جگہ اس کی طرف اشارے ہیں۔ کسی جگہ بھی امام ترمذی رحمہ اللہ نے کھل کر امام احمد کے مذہب پر نقد نہیں کیا، بلکہ جگہ جگہ ان کی رسّی کھینچی ہے۔ اور امام شافعی اور امام ابو حنیفہ رحمہما اللہ کے مذہب پر نقد کیا ہے۔ اور امام اسحاق رحمہ اللہ کا مسلک: امام احمد رحمہ اللہ کے مسلک سے الگ نہیں تھا۔ صرف ایک دو فیصد مسائل میں دونوں میں اختلاف تھا۔ پس امام ترمذی رحمہ اللہ ان دونوں حضرات کے مذہب کی طرف منتسب ہیں۔

پانچویں بات: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی سنن میں عراقی مکتبِ فکر کے بعض فقہاء کے اقوال نام لے کر بیان کئے ہیں جیسے سفیان ثوری اور عبداللہ بن المبارک رحمہما اللہ وغیرہ، اور سفیان ثوری کے پچانوے فیصد اقوال اور عبداللہ بن المبارک کے اٹھانوے فیصد اقوال وہی ہیں جو امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے ہیں، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام ابو حنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کا نام لے کر ان کا کوئی قول ذکر نہیں کیا، گول مول اہل کوفہ کا لفظ استعمال کیا ہے، کچھ حضرات سمجھتے ہیں کہ بر بنائے ناراضگی اس طرح تذکرہ کیا ہے کیونکہ اس زمانہ میں عراقی اور حجازی مکاتب فکر میں کشمکش تھی، مگر میرے خیال میں یہ وجہ صحیح نہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ وہ زمانہ تھا جب کتابوں سے نقل کرنا جائز نہیں تھا بلکہ سند سے اقوال روایت کئے جاتے تھے، چنانچہ کتاب العلل میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے مجتہدین کے اقوال کی بالاجمال سندیں لکھی ہیں اور ہر ہر قول کی سند کتاب الموقوف میں لکھی ہے۔ فقہاء کے یہ اقوال حدیثوں کے ضمن میں بیان کئے جاتے تھے چنانچہ سفیان ثوری اور ابن المبارک کے اقوال جو انھوں نے مجلسِ درس میں بیان کئے تھے وہ امام ترمذی رحمہ اللہ کو سند کے ساتھ پہنچے تھے اور احناف کے ائمہ ثلاثہ فقہ پڑھاتے تھے اور ان کے ضمن میں حدیثیں روایت کرتے تھے، اس لئے وہ فقہی اقوال امام ترمذی رحمہ اللہ کو سند کے ساتھ نہیں پہنچے تھے (۱)۔ مگر حجازی مکتب فکر کے حضرات: عراقی مکتب فکر کی فقہ کی کتابوں کا مطالعہ کرتے تھے اور وہ ان کے فقہی اقوال سے واقف تھے جیسے عراقی مکتب فکر کے حضرات: حجازی مکتب فکر کے محدثین کی کتابیں پڑھتے تھے اور وہ ان کی حدیثوں سے واقف تھے۔ اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے نام لئے بغیر احناف کا مذہب بیان کیا ہے۔ نام لینے کے لئے سند ضروری تھی جیسے امام طحاوی رحمہ اللہ شرح معانی الآثار میں ائمہ احناف کا تو نام لیتے ہیں مگر دوسرے ائمہ کے لئے ذھب قوم کی اصطلاح استعمال کی ہے اس کی بھی وجہ یہی ہے۔ واللہ اعلم۔

(۱) جو قول امام ترمذی رحمہ اللہ کو سند کے ساتھ پہنچا ہے اس کو نام لے کر بیان کیا ہے۔ جیسے جابر جُعفی پر امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا نقد کتاب العلل میں نام لے کر بیان کیا ہے (اگرچہ ہندوستانی نسخوں سے بعض کرم فرماؤں نے اس کو حذف کر دیا ہے)

أَبْوَابُ الطَّهَارَةِ عن رَّسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیه وسلم

الطهارة: مصدر ہے باب نصر اور باب کرم کا: طهر طُهْرًا وطُهوراً وطَهارةً: کے معنی ہیں پاک ہونا، اور الطُّهور (بضم الطاء) کے معنی ہیں پاکی، اور الطَّهور (بفتح الطاء) کے معنی ہیں وہ چیز جس سے پاکی حاصل کی جائے، خواہ وہ پانی ہو یا کوئی اور چیز۔

قوله: عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: یہ قید لگا کر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اس کتاب میں صرف مرفوع احادیث ہیں۔ موقوف اور مقطوع احادیث یعنی صحابہ اور تابعین کے اقوال بیان نہیں کئے۔ تدوینِ حدیث کے تیسرے دور میں جس میں صحاح ستہ لکھی گئی ہیں: صحابہ وتابعین کے اقوال کو احادیث کی کتابوں میں لینا درست نہیں سمجھا گیا تھا اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ بھی اس کتاب میں صرف احادیث مرفوعہ بیان کریں گے۔

بَابُ مَاجَاءَ لاَ تُقْبَلُ صَلوٰةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ

نماز پاکی کے بغیر قبول نہیں کی جاتی

امام ترمذی رحمہ اللہ کے تراجم نہایت آسان ہوتے ہیں، کیونکہ حضرت عام طور پر پوری حدیث یا حدیث کا کوئی ٹکڑا لے کر ترجمہ (باب) قائم کرتے ہیں۔ یہ باب بھی حدیث کا ٹکڑا ہے۔ پس جب حدیث شریف سمجھ لی جائے گی تو باب اور حدیث شریف کا باب سے انطباق خود بخود سمجھ میں آجائے گا۔ البتہ امام بخاری رحمہ اللہ کے تراجم مشکل ہیں۔ بخاری میں ترجمۃ الباب کو اور باب کے ساتھ حدیث کی تطبیق کو سمجھنا پڑتا ہے۔

قوله: لاتقبل صلوٰة بغير طهور: (کوئی نماز پاکی کے بغیر قبول نہیں کی جاتی)

یہاں تین باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: قبول کے دو معنی ہیں: قبول بمعنی صحت، اور قبول بمعنی رِضا (پسندیدگی) مثلاً حدیث شریف میں ہے: لا تُقبَلُ صلوٰةُ حَائضٍ إلا بخِمار (رواہ ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۷۶۲) کسی بھی بالغ عورت کی نماز قبول نہیں کی جاتی مگر اوڑھنی کے ساتھ، اس میں قبول بمعنی صحت ہے، یعنی سر چھپائے بغیر نماز صحیح نہیں ہوتی۔

دوسری حدیث ہے: من أتی عَرَّافًا فسأله عن شيئ لم تُقبَلْ له صلوٰةُ أربعين ليلةً (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۴۵۹۵ باب الکهانة) جو شخص کاہن کے پاس جائے اور اس سے غیب کی باتیں پوچھے: اس کی نماز چالیس دن تک قبول نہیں کی جاتی۔ اس میں قبول بمعنی رضا (پسندیدگی) ہے۔

قبول بمعنی صحت کہتے ہیں: شرائط کے پائے جانے کو اور موانع کے مرتفع ہونے کو، اور قبول بمعنی رضا کہتے ہیں:

اللہ کے یہاں عمل کے پسندیدہ ہونے کو، جس پر اللہ تعالیٰ ثواب عنایت فرماتے ہیں۔
غرض: حدیث شریف کے پہلے ٹکڑے میں قبول بمعنی صحت ہے اور دوسرے ٹکڑے میں قبول بمعنی رضا ہے۔یعنی مال غنیمت میں سے جو چیز خیانت کر کے لی گئی ہے اور اس کو صدقہ کیا جائے تو اس پر ثواب نہیں ملتا۔

فائدہ: یہاں ایک قاعدہ یاد رکھنا چاہئے: ایک ہی سلسلۂ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، مثلاً: حدیث شریف میں ہے عشر من الفطرة پھر جن دس چیزوں کو شمار کیا ہے وہ سب ایک درجہ کے احکام نہیں ہیں۔بعض سنتِ مؤکدہ ہیں، بعض سنتِ غیر مؤکدہ اور بعض واجب، اس طرح یہاں بھی دونوں قبول ایک درجہ کے نہیں ہیں۔

دوسری بات: حدیث شریف میں صلوةٌ: نکرہ تحت النفی آیا ہے، جو تمام نمازوں کو شامل ہے، اور اس بات میں تمام ائمہ کا اتفاق ہے کہ صلوٰۃِ کاملہ یعنی رکوع سجدے والی نماز پاکی کے بغیر صحیح نہیں ہوتی۔البتہ صلوٰۃِ ناقصہ مثلاً سجدۂ تلاوت جس میں نماز کا صرف ایک رکن ہے۔اور نماز جنازہ جس میں صرف قیام ہے اس کے لئے پاکی ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔عامر شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سجدۂ تلاوت اور صلوٰۃِ جنازہ دونوں کے لئے پاکی شرط نہیں، کیونکہ یہ دونوں صلوٰۃِ ناقصہ ہیں اور مذکورہ حدیث صرف صلوٰۃِ کاملہ کے لئے ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صلوٰۃِ جنازہ کے لئے تو پاکی ضروری ہے۔البتہ سجدۂ تلاوت کے لئے ضروری نہیں۔امام بخاریؒ کے پاس دلیل عقلی یہ ہے کہ سجدۂ تلاوت پر صلوٰۃ کا اطلاق نہیں ہوتا، نہ شرعاً نہ عرفاً، اور جنازہ پر صلوٰۃ کا اطلاق ہوتا ہے عرفاً بھی اور شرعاً بھی، پس نماز جنازہ کے لئے پاکی شرط ہے، سجدۂ تلاوت کے لئے نہیں۔اور نقلی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کبھی سجدۂ تلاوت بغیر پاکی کے بھی کرتے تھے (بخاری، کتاب سجود القرآن، باب۴ سجود المسلمین مع المشرکین) اور صحابی کا فعل حجت ہے۔پس معلوم ہوا کہ سجدۂ تلاوت پاکی کے بغیر کرنا درست ہے۔

اور جمہور (ائمہ اربعہ) کے نزدیک سجدۂ تلاوت اور نماز جنازہ دونوں کے لئے طہارت (وضوء) ضروری ہے۔ان کی دلیل یہ ہے کہ نماز جنازہ پر شرعاً اور عرفاً ''صلوٰۃ'' کا اطلاق ہوتا ہے پس وہ اس حدیث کے تحت ہے۔اور سجدۂ تلاوت پر اگرچہ صلوٰۃ کا اطلاق نہیں ہوتا، مگر سجدہ نماز کا رکن ہے، پس وہ نماز جنازہ کے حکم میں ہے۔اس میں بھی نماز کا ایک رکن (قیام) ہے۔رہا ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فعل تو اس میں بخاری کے نسخے مختلف ہیں۔ایک نسخہ میں علی غیر وضوء کے بجائے علی وضوء ہے، علاوہ ازیں بیہقی نے بہ سندِ صحیح حضرت ابن عمر کا قول نقل کیا ہے کہ لایسجد الرجل إلا وهو طاهر (فتح ۲:۵۵۴)

تیسری بات: اگر کسی کے پاس اسباب طہارت (پانی اور مٹی) نہ ہوں تو کیا کرے؟ چونکہ یہ مسئلہ منصوص نہیں بلکہ اجتہادی ہے اس لئے اس میں بہت اختلاف ہوا ہے۔ہر امام کی رائے الگ ہے:

(۱) امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لایصلی ویقضی: فی الحال نماز نہیں پڑھے گا بعد میں قضاء کرے گا۔ اس لئے کہ حدیث میں ہے لاتقبل صلوٰۃ بغیر طھور: اور جب آلۂ پاکی موجود نہیں تو فی الحال نماز نہیں پڑھے گا بلکہ جب پانی یا مٹی پر قادر ہوگا تب وضوء کر کے یا تیمّم کر کے نماز قضاء کرے گا۔

(۲) امام احمد کی رائے ہے: یصلی ولا یقضی: نماز پڑھے گا بعد میں قضاء نہیں کرے گا۔ کیونکہ قاعدہ ہے: لایکلف اللہ نفسا إلا وسعھا: انسان کو اللہ طاقت سے زیادہ کا حکم نہیں دیتے۔ اور یہ شخص اسباب طہارت پر قادر نہیں پس پاکی حاصل کرنے کا مکلّف بھی نہیں۔ اور نماز پڑھنے پر قادر ہے اس لئے طہارت کے بغیر ہی نماز پڑھے گا اور آئندہ قضاء کی حاجت نہیں۔

(۳) امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لایصلی ولا یقضی نہ فی الحال نماز پڑھے گا اور نہ قضاء کرے گا، فی الحال اس لئے نہیں پڑھے گا کہ حدیث ہے: لاتقبل صلوۃ بغیر طھور: اور قضاء اس لئے نہیں کرے گا کہ لاَ یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَھَا: جب وہ شرط یعنی پاکی کے ساتھ نماز ادا کرنے پر قادر نہیں تو وہ مکلّف بھی نہیں۔ جیسے حائضہ اور نفاس والی عورت پاکی کے ساتھ نماز پڑھنے پر قادر نہیں تو ان کے حق میں نماز معاف ہے۔ فاقد الطہورین بھی انہیں کی طرح ہے۔ پس اس کے حق میں بھی نماز کا حکم ساقط ہو جائے گا۔

(۴) امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یصلی ویقضی: فی الحال بھی پڑھے گا اور بعد میں بھی قضا کرے گا۔ فی الحال تو اس لئے پڑھے گا کہ نماز کا وقت داخل ہوتے ہی حکم خداوندی: ﴿أَقِیْمُوْا الصَّلٰوۃَ﴾ متوجہ ہوتا ہے۔ پس اس پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اور چونکہ یہ نماز پاکی کے بغیر پڑھی گئی ہے جو صحیح نہیں ہوئی اس لئے قضا بھی کرے گا۔

(۵) اور صاحبین رحمہما اللہ فرماتے ہیں: لایصلی بل یَتَشَبَّہُ بالمصلین ویقضی: فی الحال نماز نہیں پڑھے گا۔ البتہ نماز کی شکل بنائے گا یعنی پاک جگہ پر کھڑا ہوگا، قبلہ رو ہوگا، تکبیر تحریمہ کے لئے ہاتھ اٹھائے گا، رکوع سجدہ کرے گا، سلام پھیرے گا، مگر پڑھے گا نہیں! بس نمازیوں کی مشابہت اختیار کرے گا۔ اور بعد میں قضاء کرے گا۔ اور فتوی صاحبین کے قول پر ہے۔ مگر میں جب کبھی ایسی نوبت پیش آتی ہے (بس یا ریل میں ازدحام کی صورت میں) تو امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر عمل کرتا ہوں۔ اور بعد میں قضا کرتا ہوں۔

قولہ: ولا صَدَقَةٌ مِن غُلُوْلٍ: (مال غنیمت میں سے خیانت کر کے لی ہوئی چیز کا صدقہ قبول نہیں کیا جاتا)

صدقہ: کے معنی ہیں: اللہ سے ثواب حاصل کرنے کے لئے اور اس کی رضا جوئی کے لئے غریبوں کو کچھ دینا —— غلول کے اصل معنی ہیں: مال غنیمت میں سے چوری کرنا، مگر مراد عام ہے ہر حرام مال غلول کے حکم میں ہے: سود کا پیسہ ہو، رنڈی نے زنا سے رقم حاصل کی ہو، شراب کی تجارت کر کے پیسہ کمایا ہو: سب غلول کے حکم میں داخل ہیں۔ حدیث میں ہے: إن اللہ طیِّبٌ لایَقبل إلا طیِّبًا: اللہ ستھرے ہیں، ستھرے مال ہی کو قبول کرتے ہیں (رواہ

مسلم،مشکوۃ حدیث۲۷۶۰ باب الکسب و طلب الحلال) یہاں قبول بمعنی رضا ہے۔مگر فقہ کی کتابوں میں مسئلہ ہے کہ اگر کسی کے پاس حرام مال ہوتو اس سے تفصِّی (پیچھا چھڑانا) ضروری ہے،اور پیچھا چھڑانے کی صورت یہ ہے کہ ثواب کی نیت کے بغیر وہ مال غریب کو دیدیے۔اوراس کی دلیل عاصم بن کلیب کی روایت ہے۔جس کا ماحصل یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ کسی جنازہ میں تشریف لے گئے،جنازہ قبرستان روانہ ہونے کے بعد مرحوم کی بیوی نے سوچا کہ معلوم نہیں نبی ﷺ نے کب کھایا ہوگا؟!اس لئے آپؐ کے لئے اور آپؐ کے اصحاب کے لئے کھانا تیار کیا۔ جب آپؐ نے اور اصحاب نے کھانا شروع کیا تو گوشت پلاسٹک کا ہوگیا۔چباہی نہیں۔آپؐ نے فرمایا: أَجدُ لحمَ شاۃٍ أُخِذتْ بغیر إذن أھلھا: میں ایسا محسوس کرتا ہوں کہ بکری کا یہ گوشت مالک کی اجازت کے بغیر لیا گیا ہے! عورت سے پوچھا گیا اس نے کہا: یارسول اللہ! میں نے بقیع (بازار کا نام) آدمی بھیجا تھا،مگر بکری نہیں ملی،چنانچہ میں نے پڑوس سے بکری لے لی۔اور ابھی بکری کا معاملہ طے نہیں ہوا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: أَطْعِمِی ھذا الطعام الأسری: یہ کھانا قیدیوں کو کھلا دو(رواہ أبو داود والبیھقی فی دلائل النبوۃ،مشکوۃ حدیث۵۹۴۲باب فی المعجزات)

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مال حرام ضائع نہیں کیا جائے گا، بلکہ غریبوں کو دیدیا جائے گا۔اور علت چونکہ غریب ہونا ہے، مذہب نہیں ہے اس لئے ہر غریب کو خواہ وہ مسلمان ہو یا غیر مسلم دینا درست ہے،اور ثواب کی نیت کے بغیر دیا جائے گا کیونکہ حرام مال کو اللہ قبول نہیں کرتے یعنی اس پر ثواب عنایت نہیں فرماتے۔

فائدہ(۱): ابن القیم رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ حرام مال کے صدقہ کا ثواب تو نہیں ملے گا،مگر امتثالِ امر کا ثواب ملے گا۔یعنی بندے نے حکم شرعی کے مطابق اس مال کو اپنی ملک سے نکال دیا اور غریب کو دیدیا:اس کا ثواب ملے گا۔

فائدہ(۲): اس حدیث سے ثابت ہوا کہ دور سے آئے ہوئے مہمانوں کے لئے کھانے کا انتظام کرنا طعام المیت نہیں۔طعام المیت: یہ ہے کہ میت کی وجہ سے اہل محلّہ اور برادری کی دعوت کی جائے۔خواہ پہلے دن کی جائے یا تیسرے دن یا بیسویں چالیسویں دن۔ یہ ہندوانہ رسم ہے شرعاً اس کی اجازت نہیں۔رہی یہ بات کہ دور سے آئے ہوئے مہمانوں کے لئے گھر والے یا اہل محلّہ یا رشتہ دار کھانے کا انتظام کریں تو اس کی گنجائش ہے۔عاصم کی روایت میں اس خاتون نے جو کھانا تیار کیا تھا: وہ اس کی دلیل ہے۔

ہمارے ملکوں میں تو اس کی نوبت نہیں آتی اور اگر کسی بڑے آدمی کے جنازہ میں لوگ دور دور سے آتے ہیں تو اتنی بھیڑ جمع ہوجاتی ہے کہ ان کے لئے کھانے کا انتظام کرنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔مگر یورپ میں چونکہ میت فوراً دفن نہیں ہوتی اس لئے رشتہ دار وغیرہ دور دور سے جنازہ میں شرکت کے لئے آتے ہیں۔اور وہاں ہوٹلوں کا اور حلال کھانوں کا بھی کوئی خاص نظم نہیں اس لئے ایسی ضرورت کے وقت آنے والوں کے لئے کھانے کا انتظام کیا جاسکتا ہے۔

فائدہ(۳): یہاں ایک مسئلہ اور بھی سمجھ لینا چاہئے۔ بینک سے جو سود ملتا ہے اس کو لے لینا واجب ہے۔وہاں

چھوڑنا جائز نہیں، اس لئے کہ اگر وہ رقم وہاں چھوڑ دی جائے گی تو وہ مذہب اسلام اور مسلمانوں کے خلاف استعمال ہوگی۔ ایسا واقعہ پیش آچکا ہے۔ جب ہندوستان پر انگریزوں کا قبضہ ہوگیا اور بینکوں میں مسلمانوں کی جو رقمیں تھیں مسلمانوں نے ان کا سود نہ لیا تو انگریزوں نے پوری رقم عیسائی مشنری کو دیدی۔ مشنری نے اس رقم کے ذریعہ دنیا بھر میں عیسائیت کی تبلیغ کی اس وقت سے علماء برابر یہ فتوی دیتے آرہے ہیں کہ بینک سے جو سود ملتا ہے اس کو وہاں چھوڑنا حرام ہے اس کو لے لینا واجب ہے اور لیکر ثواب کی نیت کے بغیر غریب کو دیدینا واجب ہے۔ اپنے استعمال میں لانا کسی طرح درست نہیں۔ ایک فتوی آج کل یہ چل رہا ہے کہ سود کی رقم حکومت کے ٹیکس میں دی جاسکتی ہے۔ یہ فتوی صحیح نہیں۔ کیونکہ یہ ''ذاتی استعمال'' ہے۔ اور وہ فتوی اس بات پر مبنی ہے کہ ردعلی رب المال واجب ہے۔ اور بینکیں چونکہ حکومت کی ہیں۔ اس لئے کسی بھی طرح وہ رقم حکومت کو لوٹا دی جائے تو سبک دوشی ہوجائے گی۔ مگر اس پر غور نہیں کیا گیا کہ پھر بینک سے سود لینے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ بینک سود لینے پر مجبور نہیں کرتا۔ اور جب فتوی کی رو سے لے لیا تو اب فتوی ہی کی رو سے غریبوں کو دینا واجب ہے۔

أبواب الطهارة

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء لا تُقْبَلُ صلاةٌ بغير طُهور

[۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سعيدٍ، أَخْبَرَنَا أبو عَوَانَةَ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ ح قال: وناهَنَّادٌ، نا وَكيعٌ، عن إسرائيلَ، عن سِماكٍ، عن مُصعَبِ بنِ سعدٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: ''لاتُقْبَلُ صَلٰوةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ، ولاصَدَقَةٌ مِن غُلُولٍ'' قال هنَّادٌ فى حديثِه: إِلَّا بِطُهُوْرٍ.

قال أبو عيسى: هٰذا الحديثُ أَصَحُّ شيئٍ فى هٰذا البابِ وَأَحْسَنُ.

وفى الباب: عن أبى المَلِيْحِ عن أبيهِ، وأبى هريرة، وأنسٍ.

وأبو المَلِيْحِ بنُ أُسَامَةَ: اسْمُه عَامِرٌ، ويُقال زَيْدُ بنُ أُسَامَةَ بنِ عُمَيْرٍ الهُذَلِيُّ.

ترجمہ: (امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) ہم سے قتیبہ بن سعید نے حدیث بیان کی (وہ کہتے ہیں) ہمیں ابو عوانہ نے خبر دی سماک بن حرب سے روایت کرتے ہوئے۔ تحویل: (امام ترمذیؒ نے فرمایا) اور ہم سے ہناد نے حدیث بیان کی (وہ کہتے ہیں) ہم سے وکیع نے حدیث بیان کی (وہ روایت کرتے ہیں) اسرائیل سے، وہ سماک سے، وہ مصعب بن سعد سے، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے، وہ نبی ﷺ سے کہ آپؐ نے فرمایا: ''کوئی نماز پاکی کے

بغیر قبول نہیں کی جاتی اور نہ کوئی خیرات غنیمت میں چوری کئے ہوئے مال سے قبول کی جاتی ہے'' ہناد اپنی حدیث میں (بغیر طھور کے بجائے) إلا بطور کہتے ہیں (مطلب دونوں کا ایک ہے، صرف لفظوں کا فرق واضح کیا ہے) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس باب کی صحیح ترین اور بہترین حدیث ہے۔ اور اس میں: (۱) ابوالملیح کی روایت ہے جس کو وہ اپنے ابا سے نقل کرتے ہیں، (۲) اور ابو ہریرہ کی (۳) اور انس رضی اللہ عنہم کی روایتیں ہیں، اور ابوالملیح کے والد کا نام اسامہ ہے اور خود ان کا نام عامر ہے، اور کہا گیا ہے کہ زید ہے۔ پس پورا نام ہے: زید بن اسامہ بن عمیر الھُذَلی۔

ح: تحویل کا مخفف ہے۔ تحویل باب تفعیل کا مصدر ہے اس کے معنی ہیں: ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف منتقل کرنا، تحویل میں ت زائد ہے۔ تخفیف میں مادّہ کا پہلا حرف لیا ہے۔ ——— عربی زبان کی ایک خصوصیت ہے جو دوسری زبانوں میں نہیں پائی جاتی۔ عربی میں تخفیف کے لئے شروع کا حرف بھی لیتے ہیں، بیچ کا بھی اور آخر کا بھی۔ جیسے: ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ الٓمّ میں الف اللہ کا ہے، ل جبرئیل کا، اور م محمد کی۔ یعنی یہ اللہ کا کلام ہے جو جبرئیل کے ذریعہ محمد ﷺ پر نازل کیا گیا ہے۔ اللہ کا اور محمد کا پہلا حرف لیا، اور جبرئیل کا آخری حرف لیا۔ عربی زبان کی ایک دوسری خصوصیت یہ بھی ہے کہ بڑے جملہ کو چھوٹا جملہ، بلکہ ایک کلمہ بنالیتے ہیں۔ جیسے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف بَسمَلة ہے، لاحول ولا قوة إلخ کا مخفف حَوقلة ہے، حی علی الصلاة کا مخفف حَیْعَلة ہے۔ أنا مع الناس کا مخفف إِمَّعَة ہے۔

الغرض تحویل کا جو مادہ ہے اس کا پہلا حرف لے کر مخفف بنایا ہے۔ ح: کو تین طرح پڑھنے کا رواج رہا ہے: (۱) پورا لفظ تحویلٌ پڑھنا (۲) تخفیف کے ساتھ بغیر مدّ کے ح پڑھنا (۳) مد کے ساتھ حَاءٌ پڑھنا۔ یہ تینوں طریقے رائج رہے ہیں مگر اب صرف ایک ہی طریقہ چل رہا ہے بغیر مد کے قصر کے ساتھ حا پڑھتے ہیں۔ اور یہ سند بدلنے کی علامت ہے عام طور پر سند مصنف کتاب سے بدلتی ہے، اور جس راوی پر مختلف سندیں اکٹھی ہوتی ہیں اس کو مدار الاسناد یا مدار الحدیث کہتے ہیں، جیسے یہاں دونوں سندیں سماک بن حرب پر اکٹھی ہوئی ہیں پس وہ مدار الاسناد ہیں۔

قولہ: قال هناد فی حدیثه إلا بطهور: امام ترمذی رحمہ اللہ جب کسی حدیث کی دو یا زیادہ سندیں بیان کرتے ہیں تو عام طور پر الفاظ اس استاذ کے لکھتے ہیں جس کی سند عالی ہوتی ہے ——— عالی وہ سند ہے جس میں واسطے کم ہوں ——— اور دوسری سند کے الفاظ اگر مختلف ہوتے ہیں تو اس کی طرف اشارہ کرتے ہیں، یہاں چونکہ قتیبہ والی سند عالی ہے اس لئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ اور مدار الاسناد کے درمیان صرف ایک واسطہ ہے اور دوسری سند میں دو واسطے ہیں اس لئے امام ترمذی نے پہلے استاذ قتیبہ کے الفاظ لکھے، اور ہناد والی روایت ذرا مختلف تھی اس لئے اس اختلاف کی طرف اشارہ کیا کہ ہناد نے بغیر طھور کی جگہ إلا بطھور کہا ہے۔ مفہوم دونوں

لفظوں کا ایک ہے۔

قولہ: قال أبو عیسیٰ: ھذا الحدیث أصح شیئ فی ھذا الباب و أحسن: یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کی خاص اصطلاح ہے۔ حَسَنٌ کا اسم تفضیل أَحْسن، اور صحیح کا اسم تفضیل أصح ہے، اور یہ کلمہ حسنٌ صحیحٌ سے عام ہے۔ جیسے انسان سے حیوان عام ہے۔ یعنی جو انسان ہے وہ ضرور حیوان ہے، اور ہر حیوان کا انسان ہونا ضروری نہیں۔ اسی طرح حسنٌ صحیحٌ خاص ہے اور أحسنُ و أصحُّ عام ہے، پس جو روایت حسنٌ صحیحٌ ہوگی وہ ضرور أحسن و أصح ہوگی، مگر جو روایت أحسن و أصح ہو اس کے لئے حسنٌ صحیحٌ ہونا ضروری نہیں۔ اس اصطلاح کا یہی مطلب ہے کہ یہ روایت باب کی تمام روایتوں میں سب سے بہتر اور سب سے صحیح تر ہے۔ رہی یہ بات کہ نفس الامر میں یہ روایت کس درجہ کی ہے؟ اس کا فیصلہ قرائن خارجیہ سے کیا جائے گا۔

اور قرائن خارجیہ دو ہیں: ایک: تمام راویوں کے حالات کو دیکھا جائے کہ وہ کس درجہ کے ہیں؟ ثقہ ہیں یا غیر ثقہ؟ ثقہ ہیں تو حفظ و اتقان میں اعلی درجہ کے ہیں یا کم تر؟ اگر تمام راوی ثقہ ہیں اور حفظ و اتقان میں اعلی درجہ کے ہیں تو وہ روایت حسنٌ صحیحٌ ہے، اور اگر کوئی ایک بھی راوی غیر ثقہ یا فروتر ہے تو وہ روایت حسن صحیح نہیں ہے۔ مگر پرکھنے کا یہ طریقہ بہت مشکل ہے، کیونکہ ہر بڑے راوی پر کسی نہ کسی نے جرح کی ہے اور دوسروں نے اس کی تعدیل بھی کی ہے۔ پس جب جرح و تعدیل اکٹھا ہو گئیں تو راوی اعلی درجہ کا تو رہا نہیں، مگر وہ ثقہ ہے یا غیر ثقہ؟ جرح کرنے والوں کا اعتبار کیا جائے یا نہ کیا جائے؟ یہ کام ایسا ہے جو ماوشما کے بس کا نہیں، یہ انہی لوگوں کا کام ہے جو فن اسماء الرجال میں مہارتِ تامہ رکھتے ہیں۔

دوسرا طریقہ: یہ ہے کہ دیکھا جائے یہ روایت حدیث کی دوسری کتابوں میں آئی ہے یا نہیں؟ اگر بخاری یا مسلم، یا دونوں میں آئی ہے تو اعلی درجہ کی ہوگی۔ اور اگر بخاری و مسلم میں تو نہیں ہے البتہ سنن اربعہ یا دوسری کتب حدیث میں ہے اور وہ شرط شیخین پر ہے تو بھی صحیح ہے، ورنہ وہ روایت یا تو فروتر ہے یا ضعیف ہے۔

قولہ: وفی الباب: امام ترمذی رحمہ اللہ کی عادت ہے کہ وہ باب میں صرف ایک یا دو حدیثیں ذکر کرتے ہیں۔ باقی روایات کا حوالہ دیتے ہیں۔ اور انہی روایات کا حوالہ دیتے ہیں جو باب میں بیان کردہ مسئلہ سے متعلق ہوتی ہیں۔ مثلاً: ترجمۃ الباب ہے لاتقبل صلوٰۃ بغیر طھور: پس وفی الباب میں جن روایات کا حوالہ دیا ہے ان میں یہ مضمون ہوگا کہ پاکی کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔ حدیث کا دوسرا ٹکڑا ہے: ولا صدقۃ من غلول ضروری نہیں کہ وفی الباب کی روایات میں یہ مسئلہ بھی ہو۔

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ وفی الباب میں حدیثوں کے حوالے اپنے علم اور اپنے مسودات کے اعتبار سے دیتے ہیں۔ پس ضروری نہیں کہ اس باب میں صرف اتنی ہی روایات ہوں اس سے زائد بھی ہو سکتی ہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی فَضْلِ الطُّھُوْرِ

پاکی کی فضیلت کا بیان

فضل الطُّھور یعنی وضوء کا ثواب: الطُّھور: الوُضوء سے عام ہے، عام لفظ سے ترجمہ قائم کرکے اشارہ کیا ہے کہ حدیث میں جو فضیلت آئی ہے وہ وضوء کے ساتھ خاص نہیں۔ بلکہ وضو، غسل اور تیمّم سب کے لئے عام ہے۔ حدیث میں وضوء کی تخصیص بطور مثال ہے بطور حصر نہیں۔

حدیث کا ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب مسلمان بندہ یا مؤمن بندہ —— راوی کو شک ہے کہ آپؐ نے اس جگہ لفظ مؤمن استعمال کیا یا مسلم —— وضوء کرتا ہے: پس اس نے اپنا چہرہ دھویا تو اس کے چہرے سے ہر وہ غلطی نکل جاتی ہے جس کی طرف اس کی دونوں آنکھوں نے دیکھا ہے، پانی کے ساتھ یا (فرمایا) پانی کے آخری قطرہ کے ساتھ یا اس جیسا کوئی کلمہ فرمایا —— یہاں بھی راوی کو شک ہے اس کو صحیح الفاظ یاد نہیں رہے —— اور جب وہ اپنے ہاتھوں کو دھوتا ہے تو اس کے ہاتھوں سے ہر وہ غلطی نکل جاتی ہے جس کو اس کے ہاتھوں نے پکڑا ہے۔ پانی کے ساتھ یا (فرمایا) پانی کے آخری قطرہ کے ساتھ۔ یہاں تک کہ نکل جاتا ہے وہ گناہوں سے پاک صاف ہوکر۔

حدیث شریف کے ذیل میں چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: یہ حدیث مختصر ہے، اس باب میں تفصیلی روایت حضرت عبداللہ صُنابحی رضی اللہ عنہ کی ہے، جو نسائی، ابن ماجہ اور موطا مالک میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب مسلمان بندہ وضوء کرتا ہے اور مضمضمہ کرتا ہے تو گناہ اس کے منہ سے نکل جاتے ہیں، اور جب ناک صاف کرتا ہے تو گناہ ناک سے نکل جاتے ہیں، اور جب چہرہ دھوتا ہے تو گناہ چہرے سے نکل جاتے ہیں، یہاں تک کہ گناہ اس کی پلکوں کے نیچے سے نکلتے ہیں۔ پھر جب وہ ہاتھ دھوتا ہے تو گناہ ہاتھوں سے نکلتے ہیں، یہاں تک کہ ناخنوں کے نیچے سے نکلتے ہیں۔ پھر جب وہ سر پر مسح کرتا ہے تو گناہ سر سے نکلتے ہیں یہاں تک کہ کانوں سے نکل جاتے ہیں۔ پھر جب وہ پاؤں دھوتا ہے تو گناہ پاؤں سے نکل جاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ اس کے پاؤں کے ناخنوں کے نیچے سے نکلتے ہیں۔ پھر اس کا مسجد جانا اور نماز پڑھنا اس کے لئے مزید ثواب کا باعث ہوتا ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۲۹۷، کتاب الطہارۃ)

دوسری بات: حضرت الاستاذ (علامہ بلیاوی قدس سرہٗ) نے فرمایا کہ گناہ کلی عرضی ہیں کلی ذاتی نہیں —— جو کلی ماہیت میں داخل ہوتی ہے وہ کلی ذاتی کہلاتی ہے اور جو ماہیت سے خارج ہوتی ہے وہ کلی عرضی کہلاتی ہے۔ پس گناہ کلی عرضی ہے یعنی انسان کی ماہیت میں داخل نہیں۔

پھر عرض کی دو قسمیں ہیں: (۱) عرض لازم (۲) اور عرض مُفارق: عرض لازم: مالایزولُ بسُرعۃ: جو جلدی ختم نہ ہو۔

اورعرض مفارق: ما يزُولُ بسُرعةٍ: جوجلدی ختم ہوجائے۔پس بعض گناہ عرض مفارق ہیں وہ پانی کے ساتھ جھڑ جاتے ہیں، یعنی جونہی پانی اعضاء پر بہایا جاتا ہے گناہ ختم ہوجاتے ہیں۔اور جو گناہ عرض لازم ہیں وہ دیر تک باقی رہتے ہیں۔ جب آخری قطرہ ٹپکتا ہے تب ختم ہوتے ہیں (اس صورت میں أو تنویع کا ہوگا شک راوی کے لئے نہیں ہوگا)

تیسری بات: گناہ کے چار درجے ہیں: (۱) مَعْصِيَةٌ (نافرمانی) اس کے مقابل طاعةٌ (فرمان برداری) ہے (۲) سيئةٌ (برائی) اس کے مقابل حسنةٌ (نیکی) ہے (۳) خطيئةٌ (غلطی) اس کے مقابل صواب (درستگی) ہے (۴) ذنوب (عیوب) اس کے مقابل کچھ نہیں۔

وضوء، غسل، نماز، اور روزے وغیرہ سے کونسے گناہ معاف ہوتے ہیں؟ علامہ انور شاہ صاحب کشمیری قدس سرہٗ نے اس سلسلہ میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ نصوص میں جو لفظ آیا ہے وہ اور اس کے نیچے والے گناہ معاف ہونگے، اس سے اوپر والے گناہ معاف نہیں ہونگے، جیسے یہاں حدیث میں خطایا آیا ہے پس وضوء اور غسل سے خطيئةٌ اور اس سے نیچے کا گناہ ذنوب معاف ہونگے، اس سے اوپر کے درجے کے گناہ معاف نہیں ہونگے، اسی طرح نماز سے کونسے گناہ معاف ہوتے ہیں؟ حدیث کو دیکھا جائے۔اس میں کیا لفظ آیا ہے۔وہ اور اس سے نیچے والے گناہ معاف ہونگے، اس سے اوپر والے گناہ معاف نہیں ہونگے، اسی طرح قرآن کریم میں جو آیا ہے: ﴿إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾ بیشک نیکیاں برائیوں کو ختم کرتی ہیں۔ یہاں لفظ سیئات آیا ہے۔پس حَسَنات سے سیئات اور اس سے نیچے کے گناہ یعنی خطایا اور ذنوب معاف ہونگے، اس سے اوپر کا گناہ یعنی معاصی معاف نہیں ہونگے۔

اور امت کا اس پر اتفاق ہے کہ کبیرہ گناہ اس وقت تک معاف نہیں ہوتے جب تک توبہ نہ کرے، اور توبہ فعلی بھی ہوتی ہے اور قولی بھی، قولی توبہ تو ظاہر ہے۔اور فعلی توبہ یہ ہے کہ زندگی کا ورق پلٹ دے، یعنی برائیاں چھوڑ کر شریعت کی پیروی کرنے لگے، مثلاً: شراب پیتا تھا، اس کو بالکل چھوڑ دے، زنا کرتا تھا اس کو بالکل چھوڑ دے تو یہ فعلی توبہ ہے۔

چوتھی بات: کوئی اعتراض کرے کہ وضو، نماز، روزہ اور حج وغیرہ تمام اعمال کا ایک ہی فائدہ ہے۔یعنی گناہ کی معافی، پس جب انسان وضو کرنے کے بعد گناہوں سے پاک صاف ہوگیا، اس کے تمام گناہ پانی کے ساتھ بہ گئے، تو اب مزید اعمال کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ یا دوسرے اعمال کیا کام کریں گے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ بیشک ان تمام کاموں کا ایک ہی فائدہ ہے مگر مجموعہ کی بات اور ہے۔

مثال سے وضاحت: جب انسان کپڑے دھوتا ہے تو میل کاٹنے کے لئے کپڑے پر صابن لگاتا ہے اور اس کو خوب رگڑتا ہے پھر کپڑے کو بار بار پانی میں ڈبوتا ہے اور اس کو ستھرا کر دیتا ہے، پھر نیل میں ڈالتا ہے۔ ٹینی پال (ایک پاؤڈر) گھول کر کپڑا اس میں ڈالتا ہے۔ یہ سب کچھ کیوں کرتا ہے، کپڑا تو صابن سے صاف ہوگیا ہے؟ جواب یہ ہے کہ ان چیزوں سے کپڑا اجلا ہوتا ہے۔اسی طرح گناہ ختم ہونے کے بعد دیگر اعمال صالحہ جِلا کا کام کرتے ہیں۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ ایک ہی خاصیت رکھنے والی جب چند جڑی بوٹیاں ملائی جاتی ہیں تو ان کی تاثیر قوی ہوجاتی ہے۔ جیسے قبض سخت ہو تو حکیم چار مُسہل لکھتا ہے ان کا جوشاندہ پینے سے جلد پیٹ درست ہوجاتا ہے یہی حال اعمال صالحہ کا ہے۔ سب مکفر سیئات ہیں اور جب چند اکٹھا ہوجاتے ہیں تو شراب دوآتشہ ہوجاتی ہے اور سیئات نام کو بھی باقی نہیں رہتے۔

[۲-] بابُ ماجاء فی فضل الطُّهور

[۲-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنُ بنُ عِیسیٰ، نا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ ح وحدثنا قُتَیْبَةُ عن مالكٍ عن سُهَیْلِ بنِ أبی صَالِحٍ عن أَبِیْهِ عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قال: قَالَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:" إِذَا تَوَضَّأَ العَبْدُ الْمُسْلِمُ أَوِ الْمُؤْمِنُ فَغَسَلَ وَجْهَهُ خَرَجَتْ مِن وَجْهِه كلُّ خَطِیْئَةٍ نَظَرَ إِلَیْهَا بِعَیْنَیْهِ مَعَ الماءِ أو مَعَ آخِرِ قَطْرِ الماءِ أَوْ نَحْوَ هٰذا، وَإِذَا غَسَلَ یَدَیْهِ خَرَجَتْ مِنْ یَّدَیْهِ كُلُّ خَطِیْئَةٍ بَطَشَتْهَا یَداهُ مَع الماءِ أو مَعَ آخِرِ قَطْرِ الماءِ حتی یَخرُجَ نَقِیًّا من الذُّنُوْبِ"

قَالَ أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وهو حدیثُ مالكٍ عن سهیلٍ عن أبیه عن أبی هریرة، وأبو صالحٍ والدُ سُهَیْلٍ: هُو أبو صالحٍ السَّمَّانُ، واسْمُه ذَكْوَانُ.

وأبو هُریرة: اخْتَلَفُوْا فی اسْمِه، فقالوا: عبدُ شمسٍ وقالوا: عبدُ اللّٰهِ بنُ عمرٍو، وهٰكذا قال مُحمدُ بنُ إِسْمِاعیلَ، وهٰذا أصحُّ.

وفی الباب عن عُثمانَ وثَوبانَ والصُّنابِحِیِّ وعَمرِو بنِ عَبَسَةَ وسَلْمانَ وعبدِ اللّٰهِ بنِ عمرٍو.

والصُّنَابِحِیُّ هذا الذی رَوٰی عن النبی صلی الله علیه وسلم فی فَضْلِ الطُّهُوْرِ: هوعبدُ اللّٰهِ الصَّنَابِحِیُّ؛ والصُّنَابِحِیُّ الَّذی رَوٰی عن أبی بَكرِ الصِّدیقِ لَیْسَ لَهُ سَمَاعٌ مِن النَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، وَاسْمَهُ عبدُ الرحمنِ بنُ عُسَیْلَةَ، ویُكنٰی أبا عبدِ اللّٰهِ: رَحَلَ إِلی النبی صلی الله علیه وسلم فَقُبِضَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم وهو فی الطَّرِیقِ، وقد رَوٰی عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أحادیثَ.

والصُّنَابِحُ بنُ الأَعْسَرِ صَاحبُ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، یُقال له الصُّنابِحِیُّ أیضا، وإِنَّمَا حدیثُه قال: سمعتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم یقولُ: " إِنِّی مُكَاثِرٌ بِكُمُ الأُمَمَ فَلاَ تَقْتَتِلُنَّ بَعدِی"

ترجمہ: (سند کا ترجمہ اسی طرح کریں گے جس طرح پچھلے باب میں کیا گیا ہے اور حدیث کا ترجمہ تقریر کے ضمن میں آچکا ہے) اور وہ یعنی یہ امام مالکؒ کی حدیث ہے (یہ مدار حدیث بتایا ہے کہ امام مالکؒ سے آخر تک اس حدیث

کی یہی سند ہے) اور سہیل کے والد ابو صالح کی نسبت السمّان (گھی تیل بیچنے والا) ہے اور ان کا نام ذکوان ہے۔ اور حضرت ابو ہریرہ کے نام میں اختلاف ہے: کچھ لوگ ان کا نام عبد شمس بتاتے ہیں اور کچھ عبداللہ بن عمرو کہتے ہیں۔ اور یہی رائے امام بخاری رحمہ اللہ کی ہے۔ اور یہی صحیح ترین بات ہے (وفی الباب کا ترجمہ بھی اسی طرح کریں گے جس طرح پہلے باب میں کیا گیا ہے) اور یہ صُنابحی جن کی روایت پاکی کے ثواب کے سلسلہ میں آئی ہے (اور جس کا وفی الباب میں حوالہ دیا ہے) ان کا نام عبداللہ صنابحی ہے اور ایک دوسرے صنابحی تابعی ہیں وہ حضرت ابوبکر سے روایت کرتے ہیں۔ نبی ﷺ سے انھوں نے حدیثیں نہیں سنیں، ان کا نام عبدالرحمٰن بن عسیلہ اور کنیت ابوعبداللہ ہے۔ (اس کنیت سے مذکور صحابی سے اشتباہ ہوسکتا تھا اس لئے ان کا تذکرہ کیا) یہ گھر سے نبی ﷺ کی زیارت کے لئے چلے تھے۔ ابھی راستہ ہی میں تھے کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔ انھوں نے نبی ﷺ سے بلا واسطہ چند حدیثیں روایت کی ہیں (وہ ان کی صحابہ سے سنی ہوئی روایتیں ہیں اور چونکہ اس زمانہ میں سند کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اس لئے انھوں نے مروی عنہ کا نام یاد نہیں رکھا اس لئے انھوں نے وہ حدیثیں قال رسول اللہ کہہ کر بیان کی ہیں) اور ایک اور صحابی ہیں جن کا نام صنابح بن اعسر ہے ان کو بھی صنابحی کہا جاتا ہے اور ان کی حدیث إنی مکاثر ہی ہے (یعنی پاکی کی فضیلت میں ان کی روایت نہیں ہے)

قولہ حدیث حسنٌ صحیحٌ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے ترمذی میں بے شمار جگہ میں حسنٌ کو صحیحٌ کے ساتھ ملا کر استعمال کیا ہے، اور علماء نے جمع کرنے کی مختلف توجیہات کی ہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ مترادف کلمات اور امام ترمذی رحمہ اللہ کے زمانہ میں استعمال ہونے والی مختلف اصطلاحات ہیں، تفصیل کتاب العلل میں گذر چکی ہے۔

أبو ھریرۃ (چھوٹی بلّی والے) مشہور صحابی ہیں۔ اور یہ ان کی کنیت ہے، ان کے نام میں بہت اختلاف ہے، تقریباً تیس قول ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ ان کا نام عبداللہ بن عمرو ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی کو اصح کہا ہے۔ لیکن اکثر محدثین کے نزدیک ان کا نام عبدالرحمٰن بن صَخْر ہے۔ واللہ اعلم۔ انھوں نے بلّی کا پلّہ پال رکھا تھا، جس کو ہمیشہ ساتھ رکھتے تھے، اس لئے نبی ﷺ نے ان کی یہ کنیت رکھی تھی، جو اتنی مشہور ہوئی کہ لوگ نام بھول ہی گئے۔

قولہ: والصنابحی إلخ: اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ: صنابحی نام کے تین راوی ہیں:

۱- عبداللہ بن عمرو صُنابحی: یہ صحابی ہیں، اور باب فضل الطھور میں انہی کی روایت ہے۔

۲- عبدالرحمٰن بن عسیلہ صُنابحی: ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے اور یہ صحابی نہیں ہیں۔ نبی ﷺ کی زیارت کے ارادہ سے گھر سے چلے تھے، ابھی مدینہ سے تین دن کے فاصلے پر تھے کہ نبی ﷺ کی وفات ہوگئی۔ انھوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے حدیثیں سنی ہیں۔ نبی ﷺ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔ چونکہ ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے، اس

لئے عبداللہ صنابحی سے اشتباہ ہوسکتا تھا اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے تمیز کے لئے ان کا تذکرہ کیا ہے[1]

۳- صُنابح بن اَعسر احمسی: ان کے نام کے آخر میں ی نہیں ہے، اگرچہ ان کو بھی صنابحی کہہ دیا جاتا ہے۔ یہ صحابی ہیں ان کی حدیث إنی مکاثم بکم الأمم فلا تقتتلن بعدی ہے۔

باب ماجاء مفتاح الصلوٰۃ الطھور

نماز کی چابی پاکی ہے

نماز کے لئے طہارت شرط ہے۔ یہ مسئلہ پہلے باب میں گذر چکا ہے، البتہ اس باب میں جو حدیث ہے وہ نہایت اہم ہے۔ حدیث میں تین ٹکڑے ہیں، تینوں کو الگ الگ سمجھنا چاہئے۔

قولہ: مفتاح الصلوٰۃ الطھور: اس میں نماز کو ایسے مکان کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو مقفل ہو، جیسے: بنی الإسلام علی خمس میں اسلام کو ایسے خیمہ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے جو چند ستونوں پر کھڑا ہو ــــــ اور مقفل مکان کو کھولنے کے لئے چابی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی طرح نماز میں داخل ہونے کے لئے پاکی ضروری ہے۔ اور پاکی عام ہے جس میں کپڑوں کی پاکی، بدن کی پاکی، جگہ کی پاکی اور حدثِ اصغر واکبر سے پاکی سب مراد ہیں۔

اور نماز کے لئے پاکی کے علاوہ اور بھی شرطیں ہیں: جیسے استقبال قبلہ وغیرہ، پس حدیث میں جو حصر ہے وہ ادّعائی ہے یعنی گویا اصل فرض یہی ہے اور حدیث میں حصر اس طرح ہے کہ مبتدا خبر دونوں معرفہ ہیں اور جب جملہ اسمیہ کے دونوں جز معرفہ ہوتے ہیں تو کلام میں حصر پیدا ہوتا ہے پھر حصر کبھی حقیقی ہوتا ہے کبھی ادعائی۔ یہاں حصر ادّعائی ہے۔

قولہ: تحریمھا التکبیر: تحریم: باب تفعیل کا مصدر ہے جس کے معنی ہیں: حرام کرنا۔ اور ضمیر کا مرجع نماز ہے اور اضافت بمعنی فی ہے۔ یعنی نماز میں حرام کرنے والی چیز اللہ اکبر ہے، یعنی نماز شروع کرنے سے پہلے جو چیزیں حلال تھیں مثلاً: بات کرنا، کھانا پینا، چلنا پھرنا، یہ سب چیزیں تکبیر کہتے ہی حرام ہوجاتی ہیں۔

اب دو باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: تکبیر نماز کا رکن ہے یا شرط؟ جو چیزیں شیئ کی ماہیت میں داخل ہوتی ہیں رکن کہلاتی ہیں۔ جیسے: رکوع سجدہ اور قیام وغیرہ، اور جو چیزیں خارج ہوتی ہیں اور ضروری ہوتی ہیں وہ شرط کہلاتی ہیں، جیسے: طہارت، استقبال قبلہ وغیرہ۔ پس تکبیر رکن ہے یا شرط؟ اس میں اختلاف ہے اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ یہ نماز کے باڈر پر

---

(۱) وہ حضرات جنھوں نے اسلام اور جاہلیت کا زمانہ پایا ہے، لیکن حضور اکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف نہیں ہوئے خواہ وہ حضور اکرم ﷺ کے عہد میں مسلمان ہوئے ہوں یا بعد میں مسلمان ہوئے ہوں وہ مخضرمین کہلاتے ہیں (تحفۃ الدرر ص:۶۹) پس عبد الرحمٰن بن عسیلہ مخضرم ہیں اور ان کا شمار کبار تابعین میں ہے۔

ہے، اس میں دونوں مشابہتیں جمع ہیں۔ جیسے: دھوپ اور سایہ کے درمیان سایہ کے آخر میں ایک لکیر ہوتی ہے جو دھوپ اور سایہ کا سنگم ہوتی ہے، اسی طرح تکبیر کا شروع حصہ نماز کا جز نہیں، اور کُم پر پہنچتے ہی نماز شروع ہو جاتی ہے۔ یہی حال نماز کے آخر میں سلام کا بھی ہے۔ اس کا شروع حصہ نماز میں داخل ہے۔ اور بعد کا حصہ نماز سے خارج ہے۔ کیونکہ السلام کی میم پر نماز پوری ہو جاتی ہے۔ غرض تکبیر وتسلیم اگرچہ ذو وجہین ہیں، مگر تکبیر اشبہ بالشرائط ہے اور سلام اشبہ بالارکان ہے۔

دوسری بات: تکبیر کے کیا معنی ہیں، اس میں اختلاف ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ اس کے عرفی معنی اللہ اکبر کہنا مراد لیتے ہیں۔ اس لئے ان کے نزدیک خاص اسی صیغہ سے نماز میں داخل ہونا ضروری ہے کسی اور صیغہ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی، البتہ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ الأکبر سے بھی نماز شروع کرنا درست ہے۔ کیونکہ خبر پر ال داخل ہونے سے معنی میں زیادتی پیدا ہوتی ہے پس وہ اللہ اکبر ہی کے حکم میں ہے۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک اللہ اکبر ہی ضروری ہے اس کے علاوہ اور کسی لفظ سے نماز شروع نہیں ہوسکتی۔

اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تکبیر کے لغوی معنی لیتے ہیں۔ یعنی اللہ کی بڑائی بیان کرنا، اس لئے وہ فرماتے ہیں کہ ہر ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع ہوسکتی ہے، یعنی ہر ایسا ذکر جس سے اللہ کا بڑا ہونا سمجھا جاتا ہو، جیسے: اللہ أکبر، اللہ أعظم اور اللہ أجلُّ وغیرہ کلمات سے نماز شروع کرنا درست ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نزول قرآن کے وقت تکبیر کے یہی معنی تھے۔ سورۃ المدثر میں ہے: ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾ اور اللہ کی بڑائی بیان کیجئے۔ اور عرفی معنی چونکہ بعد میں پیدا ہوئے ہیں اس لئے ان کو نصوص میں مراد نہیں لیا جائے گا۔ جیسے: فقہاء کی اصطلاحات: فرض، واجب وغیرہ نصوص میں مراد نہیں ہوتیں کیونکہ یہ اصطلاحات بعد میں بنی ہیں۔

غرض یہ اختلاف نص فہمی کا اختلاف ہے، دلائل کا اختلاف نہیں۔ یعنی حدیث میں جو تکبیر آیا ہے اس کے عرفی معنی لئے جائیں یا لغوی؟ ائمہ ثلاثہ عرفی معنی لیتے ہیں اور اللہ اکبر کو رکن قرار دیتے ہیں۔ اور حنفیہ لغوی معنی لیتے ہیں اور ہر ذکر مشعر تعظیم سے نماز شروع کرنے کو درست قرار دیتے ہیں۔ البتہ حنفیہ کے نزدیک اللہ اکبر سے نماز شروع کرنا واجب جیسی سنت مؤکدہ ہے۔ کیونکہ یہی تعامل چلا آ رہا ہے۔

قولہ: تحلیلها التسلیم: تحلیل: بھی مصدر ہے، اس کے معنی ہیں حلال کرنا، اور ضمیر کا مرجع نماز ہے۔ اور اضافت بمعنی فی ہے، نماز میں حلال کرنا، یعنی جو چیزیں نماز میں حرام تھیں وہ سلام پھیرتے ہی حلال ہو جاتی ہیں۔ اور تسلیم کے معنی میں اختلاف ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کے معنی ہیں: السلام علیکم کہنا۔ چنانچہ ان کے نزدیک اسی صیغہ سے نماز سے نکل سکتے ہیں، ان کے نزدیک یہ نماز کا آخری رکن ہے۔ کسی اور طرح سے نماز سے نکلے گا مثلاً کچھ کھالیا، پی لیا، بات کرلی، چلدیا، یا حدث کردیا تو نماز باطل ہوگئی۔ کیونکہ نماز کا آخری رکن باقی رہ گیا۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک تسلیم کے معنی ہیں: دعا سلام کرنا، اور اس کے لئے اور بھی صیغے ہوسکتے ہیں، جیسے: صَباح الخیر وغیرہ۔ اور دعا سلام کرنے سے نماز اس لئے ختم ہوجاتی ہے کہ یہ چیز نماز کے منافی ہے۔ پس ہر منافی صلوٰۃ عمل سے نماز ختم ہوجائے گی، ان کے نزدیک صیغہ السلام علیکم فرض نہیں ہے بلکہ واجب ہے، احناف نے تسلیم کی تنقیح مناط کی ہے یعنی السلام علیکم کہنے سے نماز کیوں ختم ہوجاتی ہے؟ اس وجہ سے کہ وہ منافی صلوٰۃ ہے اور ائمہ ثلاثہ نے تنقیح نہیں کی بلکہ صیغۂ سلام ہی مراد لیا ہے۔

حنفیہ کی دلیل یہ ہے کہ صیغۂ سلام تو قرآن میں متعدد جگہ آیا ہے۔ جیسے: ﴿سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ﴾ اور ﴿سَلَامٌ عَلٰى إِلْيَاسِيْنَ﴾ وغیرہ۔ مگر ان کے پڑھنے سے نماز ختم نہیں ہوتی، بلکہ جب خطاب کے طور پر سلام کرے تب نماز باطل ہوتی ہے یا ختم ہوتی ہے، کیونکہ نماز میں کسی سے خطاب کرنا نماز کے منافی ہے، معلوم ہوا کہ اصل چیز جس سے نماز ختم ہوتی ہے وہ کسی عمل کا نماز کے منافی ہونا ہے۔ سلام کا صیغہ اس کے لئے متعین نہیں ہے۔

سوال: اگر کوئی کہے کہ تعامل تو صیغۂ اللہ اکبر کا بھی ہے اور صیغۂ السلام علیکم کا بھی۔ پھر احناف ایک کو سنت اور ایک کو واجب کیوں کہتے ہیں؟ سنت ترک کرنے سے نماز کا اعادہ واجب نہیں ہوتا۔ اور بالقصد واجب کو ترک کرنے سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے اور وقت میں واجب الاعادہ ہوتی ہے۔ مثلاً: کسی نے سلام کے بجائے کسی سے بات چیت کرکے نماز ختم کی تو چونکہ نماز کا ایک واجب رہ گیا تو اس نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب ہے اور اگر کسی نے اللہ اعظم کہہ کر نماز شروع کی تو نماز ہوگئی، اس کا اعادہ نہیں، یہ فرق کیوں ہے؟ جبکہ تعامل دونوں باتوں کا چلا آرہا ہے۔

جواب: وجہ فرق یہ ہے کہ اللہ اکبر کے علاوہ دیگر وہ کلمات جن سے نماز شروع کی جاسکتی ہے وہ سب حسن ہیں۔ یعنی اچھے کلمات ہیں، اور السلام علیکم کے علاوہ دوسرے تمام طریقے جن سے نماز ختم کی جاسکتی ہے ان میں سے بعض قبیح ہیں، جیسے: ریح خارج کرنے کے ذریعہ نماز ختم کرنا۔ اس لئے احناف نے صیغۂ سلام کو واجب قرار دیا تاکہ کوئی دوسرا طریقہ اختیار نہ کرے، اور کرے تو نماز دوبارہ پڑھے۔

ملحوظہ: یہ مسئلہ اور دیگر معرکۃ الآراء مسائل جن میں عراقی اور حجازی مکاتب فکر میں اختلاف ہوا ہے اس کا حاصل کچھ نہیں۔ جیسے: نماز میں سورۂ فاتحہ رکن ہے یا واجب؟ یہ اختلاف برائے نام ہے، کیونکہ دنیا کے سارے مسلمان نماز میں فاتحہ پڑھتے ہیں، خواہ وہ رکن مانتے ہوں یا واجب۔ اسی طرح تمام مسلمان اللہ اکبر ہی سے نماز شروع کرتے ہیں اور صیغۂ سلام ہی سے ختم کرتے ہیں۔ اس اختلاف کا اثر تو بعض نادر صورتوں ہی میں ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے: کوئی فاتحہ پڑھنا بھول جائے تو سجدۂ سہو سے تلافی ہوگی یا نہیں؟ احناف کے نزدیک ہوجائے گی، دیگر ائمہ کے نزدیک نہیں ہوگی، تکبیر و تسلیم کے اختلاف کو بھی ایسا ہی اختلاف سمجھنا چاہئے۔

[٣-] باب ماجاء مفتاح الصلاة الطُّهور

[٣-] حدثنا هَنَّادٌ وَقُتَيْبَةُ ومَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ قَالُوا: حدثنا وَكِيْعٌ عن سُفْيَانَ [ح] وَحَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ، نا سُفيانُ عن عبدِ اللّٰه بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيْلٍ عن مُحمدِ بنِ الْحَنَفِيَّةِ عن عَلِيٍّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مِفْتَاحُ الصَّلٰوةِ الطُّهُوْرُ وَتَحرِيْمُهَا التَّكْبِيْرُ وَتَحْلِيْلُهَا التَّسْلِيْمُ"

قَالَ أبو عيسىٰ: هٰذَا الْحَدِيْثُ أصحُّ شيئٍ فى هٰذا الباب وَأَحْسَنُ.

وعبدُ اللّٰهِ بنُ محمدِ بنِ عَقِيْلٍ هُوَصَدُوْقٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فيه بعضُ أهلِ العلمِ مِن قِبَلِ حِفْظِه، وسَمِعتُ مُحمدَ بنَ إسماعيلَ يَقُوْلُ: كَانَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ وَإِسْحَاقُ بنُ إبراهيمَ والحُمَيْدِيُّ يَحْتَجُّوْنَ بحديثِ عبدِ الله بنِ محمدِ بنِ عقيلٍ، قال محمدٌ: وَهُوَ مُقَارِبُ الحَدِيثِ.

وفی الباب عن جابرٍ وأبی سعیدٍ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: نماز کی کنجی پاکی ہے۔ اور نماز کا تحریمہ تکبیر ہے، اور نماز ختم کرنے والی چیز تسلیم ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس باب کی صحیح ترین اور بہترین ہے۔ اور عبداللہ بن محمد بن عقیل صدوق ہیں۔ ان پر بعض علماء نے حافظہ کی کمزوری کی جانب سے کلام کیا ہے اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو فرماتے سنا ہے کہ امام احمدؒ، امام اسحاق اور حمیدی: عبداللہ بن محمد بن عقیل کی حدیث سے استدلال کرتے تھے (اور) امام بخاریؒ نے فرمایا: عبداللہ مقارب الحدیث ہیں۔

قولہ: عن سفیان: سفیان ثوری مدار الاسناد ہیں، ان سے لے کر آخر تک یہی ایک سند ہے اور عن سفیان کے بعد تحویل ہے، مگر ہمارے نسخوں میں ح لکھنے سے رہ گئی ہے، اور سفیان سے مراد سفیان بن سعید الثوری ہیں (نصب الرایہ ۱:۳۰۷ میں اس کی صراحت ہے)

ملحوظہ: سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ معاصر ہیں، ثوری عمر میں اور علم وفضل میں بڑے ہیں۔ اور دونوں کے اساتذہ اور شاگردوں میں اشتراک ہے، اس لئے دونوں ایک ہی طبقہ کے راوی ہیں، ایسی صورت میں تعیین دشوار ہوتی ہے صراحت تلاش کرنی پڑتی ہے۔

قولہ: هذا الحديث أصح إلی آخرہ: یہ وہی اصطلاح ہے جس کی وضاحت پیچھے کی جا چکی ہے کہ صحیح ترین اور بہترین ہونے کے لئے فی نفسہ اعلیٰ درجہ کی حدیث ہونا ضروری نہیں۔ جیسے: یہ حدیث ابن عقیل کی وجہ سے اعلیٰ درجہ کی نہیں ہے۔

ابن عقیل کے حالات: عبداللہ بن محمد بن عقیل متکلم فیہ راوی ہیں(۱)۔ ائمہ جرح وتعدیل میں سے بعض نے ان کی توثیق کی ہے، بعض نے ان پر جرح کی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک صدوق ہیں۔ صدوق (سچا) وہ راوی ہے جو جان بوجھ کر حدیث میں غلط بیانی نہ کرتا ہو اور صدوق کا لفظ تعدیل کے الفاظ میں سب سے ہلکا لفظ ہے۔ ابن عقیل صدوق تو تھے مگر ان کا حافظہ کچھ بہتر نہیں تھا۔ اس لئے یہ اعلی درجہ کے راوی نہیں ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام احمد، اسحاق بن راہویہ اور حمیدی: ابن عقیل کی روایتوں سے استدلال کرتے تھے۔ اور خود امام بخاریؒ نے ان کو مقارب الحدیث کہا ہے، جس کے معنی ہیں حدیث کو قریب کرنے والا۔ یہ جرح ہے یا تعدیل اس میں اختلاف ہوا ہے۔ بعض لوگ اس محاورہ کو جرح قرار دیتے ہیں، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ الفاظ تعدیل میں سے ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے متعدد جگہ اس محاورہ کو ثقہ کے ساتھ ملا کر استعمال کیا ہے۔ فضائل جہاد میں اسماعیل بن رافع کے بارے میں فرمایا ہے: **هو ثقة وقوي ومقارب الحديث**، اور کتاب الطہارۃ میں ایک جگہ افریقی ایک راوی آئے گا۔ وہاں امام ترمذیؒ نے یہ جملہ لکھا ہے **رأيت محمدا يقوّي أمره ويقول: هو مقارب الحديث**. اس سے معلوم ہوا کہ یہ محاورہ الفاظ تعدیل میں سے ہے، مگر معمولی درجہ کی تعدیل ہے۔ اس محاورہ کی صورت یہ سمجھنی چاہئے کہ صحیح حدیثوں کا ڈھیر ہے۔ یہ راوی اپنی حدیث لے کر اس میں رکھنے کے لئے آیا۔ ائمہ نے اس کو نہ رکھنے دیا تو وہ ڈھیر کے پاس اپنی حدیث رکھ کر چلا گیا، پس یہ شخص اپنی حدیث کو صحیح حدیثوں سے قریب کرنے والا ہوا۔

محمد بن الحنفية: یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ذی علم صاحبزادے ہیں، ان کی والدہ قبیلہ بنوحنیفہ کی تھیں۔ اس لئے ماں کی طرف منسوب کر کے **محمد بن الحنفية** کہلاتے ہیں۔ یہ بالاتفاق ثقہ راوی ہیں۔ یہ اپنے والد کی شجاعت کے وارث بنے تھے۔ جنگ نامہ محمد حنیف جو ایک لغو کتاب ہے وہ انہی کے جھوٹے واقعات پر مشتمل ہے۔

بابُ مايقولُ إِذَا دَخَلَ الخَلاَءَ

بیت الخلاء میں جانے کی دعا

الخَلاَء: کے معنی ہیں: خالی مکان۔ بیت الخلاء میں لفظ بیت اردو والوں نے بڑھایا ہے تاکہ جو شخص لفظ خلاء کو نہ سمجھ سکے وہ بیت کے لفظ سے سمجھ لے، جیسے زَم زَم پر ''آب'' بڑھایا ہے حالانکہ آب اور زم زم ایک ہیں۔ پھر آب

(۱) عبداللہ بن محمد بن عقیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں، ان کی کنیت ابو محمد ہے، ان کی والدہ کا نام زینب بنت علی ہے، یہ متکلم فیہ راوی ہیں۔ امام مالک، یحییٰ قطان، ابن عیینہ، نسائی، ابن خزیمہ اور ابن حبان رحمہم اللہ نے ان پر جرح کی ہے۔ اور امام احمد، بخاری، اسحاق، حمیدی، ابن عدی اور ابن عبدالبر رحمہم اللہ نے ان کی توثیق کی ہے (تفصیلی احوال کے لئے دیکھئے تہذیب ۶: ۱۳ تقریب ص: ۳۲۱)

چونکہ فارسی لفظ تھا جس کو ہر شخص نہیں سمجھتا اس لئے لوگوں نے ایک لفظ اور بڑھایا ''آب زم زم کا پانی'' —— عربی میں الخلاء کے ساتھ لفظ بیت بڑھانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ الخلاء کے معنی ہی بیت الخلاء ہیں۔

بیت الخلاء کے لئے عربی میں تیرہ لفظ استعمال ہو چکے ہیں۔ اب چودھواں لفظ دَوْرَةُ مِيَاهٍ استعمال ہو رہا ہے۔ اور پرانے لفظ چھوڑنے اور ان کی جگہ نئے لفظ استعمال کرنے کی وجہ یہ ہے کہ: چھوٹے بڑے استنجے کے لئے استعمال کئے جانے والے لفظ کنائی ہوتے ہیں۔ اپنی وضع میں شاندار ہوتے ہیں مگر کثرتِ استعمال سے اتنے خراب ہو جاتے ہیں کہ مہذب مجلس میں استعمال کے قابل نہیں رہتے، اس لئے لوگ اس لفظ کو چھوڑ کر نیا لفظ استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ جیسے اردو میں بڑے استنجے کے لئے لفظ پاخانہ اور چھوٹے استنجے کے لئے لفظ پیشاب تھا۔ یہ دونوں کنائی لفظ تھے۔ پاخانہ کی اصل ''پائین خانہ'' ہے، پائین کے معنی ہیں: پچھلا حصہ، اسی سے ''پائینتی'' ہے اور خانہ کے معنی ہیں: گھر، پس پائینِ خانہ کے معنی ہیں: گھر کا پچھلا حصہ۔ پہلے بیت الخلاء گھر کے پچھلے حصہ میں بنتے تھے۔ اور پیشاب کی اصل ہے: پیش آب، پیش کے معنی ہیں آگے، اور آب کے معنی ہیں پانی۔ پس پیشاب کے معنی ہیں: آگے کا پانی۔ دیکھئے دونوں کتنے شاندار لفظ ہیں پھر کثرتِ استعمال سے پائخانہ پاخانہ بن گیا اور پیش آب، پیشاب بن گیا، اور دونوں اتنے مبتذل ہو گئے کہ کسی مہذب مجلس میں استعمال کے لائق نہیں رہے، تو لوگوں نے ان کی جگہ اور لفظ استعمال کرنے شروع کر دیئے۔

بیت الخلاء کی دعا: اللّٰهم إني أعوذ بك من الخُبُث والخبائث: الخُبْث کی ب پر ضمہ اور جزم دونوں جائز ہیں۔ ضمہ کی صورت میں خبیث کی جمع ہے اور مراد مذکر شیاطین ہیں۔ اور خبائث سے مراد مؤنث شیاطین ہیں۔ پس دعا کا ترجمہ ہے ''اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں مذکر و مؤنث شریر جنات سے!'' اور الخبْث (بالسکون) مصدر ہے اس کے معنی ہیں: گندگی، ناپاکی، اب دعا کا ترجمہ ہوگا: ''اے اللہ میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گندگی سے اور شریر مذکر و مؤنث جنات سے'' اس صورت میں مذکر شیاطین مؤنث شیاطین کے تابع ہونگے۔

مؤنث کو مذکر کے تابع کرنا تو عام بات ہے مگر کبھی مذکر کو بھی مؤنث کے تابع کرتے ہیں۔ اس کی نظیر یہ ہے: زنا کے باب میں اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا﴾ اس ارشاد میں عورت کو مقدم کیا ہے اور مرد کو تابع کیا ہے۔ اور چوری کے باب میں ارشاد ہے: ﴿وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا﴾ اس میں مرد کو مقدم کیا ہے اور عورت کو تابع کیا ہے۔ اس لئے کہ زنا کے وجود میں عورت کا دخل زیادہ ہوتا ہے۔ اگر عورت راضی نہ ہو تو زنا کا وقوع مشکل ہے، زبردستی کی بات اور ہے۔ اور چوری مرد زیادہ کرتے ہیں اس لئے مرد کو مقدم کیا اور عورت کو تابع کیا۔ معلوم ہوا کہ کبھی مذکر کو بھی مؤنث کے تابع کیا جاتا ہے اسی طرح یہاں بھی مذکر: مؤنث کے تابع ہو جائیں گے۔ اور خبائث سے دونوں کو مراد لیا جائے گا۔

بیت الخلاء کی دعا کی حکمت: جنات ہم کو دیکھتے ہیں اگرچہ ہم ان کو نہیں دیکھتے۔ اور جب شرارت کا کوئی موقع آتا ہے تو اس کو شیاطین ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ ان کی شرارت سے بچنے کے لئے یہ دعا تلقین کی گئی ہے، کتاب الصلوٰۃ کے آخر میں یہ حدیث آرہی ہے **سَترُ ما بين أعيُنِ الجن وعَورات بنی آدمَ إذا دخل أحدهم الخلاء أن يقول: بسم الله** یعنی جب انسان بسم اللہ کہہ کر بیت الخلاء میں جاتا ہے تو شیاطین کو انسان کی شرمگاہ نظر نہیں آتی، اس لئے ان کے لئے کھلواڑ کرنا ممکن نہیں ہوتا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اس زمین پر تین مکلّف مخلوقات ایک ساتھ بسی ہوئی ہیں: زمینی فرشتے، جنات اور انسان —— آسمان والے فرشتے الگ ہیں، وہ ملأ اعلی کہلاتے ہیں اور زمینی فرشتے ملأ سافل کہلاتے ہیں وہی یہاں مراد ہیں —— ان تینوں میں سب سے قدیم ملأ سافل ہیں۔ پھر جنات، پھر انسان۔ اور تینوں کے درمیان اللہ تعالیٰ نے آڑ کر رکھی ہے۔ پس جو مخلوق لطیف ہے اس کو کثیف مخلوق نظر آتی ہے اور کثیف کو لطیف نظر نہیں آتی، انسان سب سے زیادہ کثیف ہے کیونکہ وہ عناصر اربعہ سے پیدا کیا گیا ہے اور اس کے خمیر میں مٹی غالب ہے اور جنات بھی عناصر اربعہ سے پیدا کئے گئے ہیں مگر ان کے خمیر میں آگ غالب ہے اور مٹی آگ سے زیادہ کثیف ہے اس لئے جنات انسان سے لطیف مخلوق ہیں۔ اور زمینی فرشتے بھی عناصر اربعہ سے پیدا کئے گئے ہیں —— اور ملأ اعلی نور سے پیدا کئے گئے ہیں —— مگر ان کے خمیر میں کوئی عنصر غالب نہیں وہ چاروں عناصر کی بھاپ سے پیدا کئے گئے ہیں اور بھاپ آگ سے بھی زیادہ لطیف ہے، اس لئے زمینی فرشتے جنات سے بھی زیادہ لطیف ہیں۔

اور قاعدہ یہ ہے کہ لطیف کثیف کو دیکھتا ہے مگر کثیف لطیف کو نہیں دیکھتا۔ چنانچہ فرشتوں کو جنات اور انسان دونوں نظر آتے ہیں مگر جنات اور انسانوں کو فرشتے نظر نہیں آتے۔ اسی طرح جنات کو انسان نظر آتے ہیں مگر انسانوں کو عام طور پر جنات نظر نہیں آتے۔

غرض انسان و جنات دونوں اس زمین پر ایک ساتھ رہتے ہیں۔ اور اللہ نے ان کے درمیان آڑ کر رکھی ہے۔ یہ آڑ دونوں کا کثیف ولطیف ہونا ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے کہ دو سمندر کھارا اور میٹھا ایک ساتھ بہتے ہیں۔ مگر دونوں ایک دوسرے سے نہیں ملتے، جب سمندر میں جوار بھاٹا آتا ہے اور جو ندیاں سمندر میں گرتی ہیں ان میں پانی چڑھتا ہے تو میٹھا پانی نیچے رہتا ہے اور کھارا اوپر۔ پھر کھارا اتر جاتا ہے اور میٹھا باقی رہ جاتا ہے۔ دونوں کے درمیان آڑ یہ ہے کہ میٹھا پانی بھاری ہے اور کھارا پانی ہلکا۔ جیسے پانی میں تیل ڈالا جائے تو تیل اوپر رہتا ہے کیونکہ وہ ہلکا ہے۔ اسی طرح انسان اور جنات کے درمیان میں بھی آڑ ہے۔ مگر وہ انسانوں کو دیکھتے ہیں، پس جب انسان ستر کھولتا ہے تو جنات میں جو سرکش ہیں اس سے کھلواڑ کرتے ہیں اس سے حفاظت کے لئے یہ دعا تلقین کی گئی ہے۔

فائدہ: ہمارے جد امجد آدم علیہ السلام ہیں اس لئے ہم آدمی ہیں۔ مذکر بھی اور مؤنث بھی، سب آدمی ہیں۔ اور

جنات کے جدامجد جانّ ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے آگ کے آمیزہ سے پیدا کیا ہے اس لئے ان کی نسل جان اور جنات کہلاتی ہے، خواہ مذکر ہوں یا مؤنث، سب جنات ہیں، اور شیطان کے معنی ہیں سرکش۔ انسانوں میں اور جنات میں جو کافر اور شریر ہیں وہ شیاطین الانس والجن ہیں۔ اور شیطان اکبر جس کا نام عزازیل ہے، وہ جنات کا جدامجد نہیں بلکہ وہ جان کی نسل کا ایک نالائق فرد ہے۔ جیسے آدم علیہ السلام کی نسل میں فرعون، شداد اور ابوجہل نالائق افراد ہیں، انسان کی شرمگاہ کے ساتھ کھلواڑ تمام جنات نہیں کرتے بلکہ ان میں سے جو شیاطین ہیں وہی یہ حرکت کرتے ہیں اور کھلواڑ کرنے کی کیا صورت ہوتی ہے یہ بات معلوم نہیں۔

مسائل: بیت الخلاء جاتے وقت اور نکلتے وقت حدیثوں میں جو دعائیں آئی ہیں وہ باہر پڑھ کر بیت الخلاء میں جانا چاہئے اور بعد کی دعا باہر نکل کر پڑھنی چاہئے اور جنگل میں قضائے حاجت کے لئے جائے تو ستر کھولنے سے پہلے اور ستر ڈھانکنے کے بعد پڑھنی چاہئیں —— اور اگر کوئی شخص باہر دعا پڑھنا بھول جائے اور اندر جانے کے بعد یاد آئے تو اگر بیت الخلاء صاف ستھرا ہے جیسے فلش، جہاں بالفعل گندگی نہیں ہوتی تو وہ جنگل کے حکم میں ہے۔ ستر کھولنے سے پہلے دعا پڑھ سکتا ہے اور بعد کی دعا باہر نکل کر پڑھنی چاہئے، کیونکہ استنجے کے بعد بیت الخلاء میں بدبو ہوگی —— اور اگر بیت الخلاء میں بالفعل گندگی ہو یا صفائی نہ ہونے کی وجہ سے بدبو ہو تو دعا دل میں پڑھے زبان سے نہ پڑھے کیونکہ گندگی کے قریب اللہ کا ذکر کرنا مکروہ ہے۔

فائدہ: استنجے کی جو دعائیں حدیثوں میں آئی ہیں داخل ہونے کی بھی اور نکلنے کی بھی وہ چھوٹے بڑے دونوں استنجوں کے لئے عام ہیں۔ لوگ بڑے استنجے میں تو ان کا اہتمام کرتے ہیں مگر چھوٹے استنجے کے وقت ان دعاؤں کا اہتمام نہیں کرتے، یہ ٹھیک نہیں۔ ستر چھوٹے استنجے میں بھی کھلتا ہے اور اللہ کے ذکر سے رکنا بھی ہوتا ہے۔ اور اس کی نظیر پہلے گذر چکی ہے کہ وضو کی فضیلت میں جو روایت آئی ہے اس کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے عام کیا ہے اس پر باب قائم کیا ہے: **باب ماجاء فی فضل الطهور**: پس اسی طرح یہاں بھی تعمیم کی جائے گی۔

[٤-] باب مايقول إذا دَخَلَ الخلاَء

[٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ وهَنَّادٌ قالا: نا وكيعٌ عن شُعبَةَ عن عبدِ العَزِيْزِ بن صُهَيْبٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قال: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ الْخَلاَءَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّى أَعُوْذُ بِكَ، قَالَ شُعْبَةُ: وَقَدْ قَالَ مَرَّةً أُخرىٰ: أعوذُ باللّٰهِ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبِيْثِ أَو الْخُبُثِ والْخَبَائِثِ.

وفى البابِ عن عَلِيٍّ وزيدِ بنِ أَرْقَمَ وَجَابرٍ وابنِ مَسعودٍ.

قال أبو عيسىٰ حديثُ أنسٍ أَصَحُّ شَيئٍ فى هٰذا البابِ وأَحْسَنُ.

وحَديثُ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ فی إسْنادِهِ اضْطِرَابٌ: رَوَى هِشَامُ الدَّسْتَوَائِیُّ وسَعيدُ بنُ أبی عَرُوْبَةَ عن قَتَادَةَ، وقال سعيدٌ: عن القَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِیِّ عن زيدِ بنِ أَرْقَمَ، وقال هِشَامٌ: عن قتادة عن زَيْدِ بنِ أرقمَ؛ وَرَوَاه شُعبةُ ومَعْمَرٌ عن قَتَادَةَ عن النَّضْرِ بنِ أنسٍ، وقال شُعبةُ: عن زَيْدِ بنِ أرقمَ، وقال مَعمرٌ: عن النَّضْرِ بنِ أنسٍ عن أبيه.

قال أبو عيسى سَأَلْتُ محمداً عن هذا، فقال: يَحْتَمِلُ أن يكونَ قتادةُ رَوَى عَنْهُمَا جَمِيْعًا.

[ه-] حدثنا أحمدُ بنُ عبدةَ الضَّبِیُّ، نا حمادُ بن زَيْدٍ، عن عَبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ أنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ إِذَا دَخَلَ الخَلاَءَ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: نبی ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے .... عبدالعزیز نے ایک مرتبہ اللّٰهم إنی أعوذ بك إلخ کہا اور دوسری مرتبہ أعوذ بالله إلخ کہا۔ حضرت انس کی حدیث اس باب میں سب سے زیادہ صحیح اور سب سے زیادہ بہتر ہے .... اور زید بن ارقم کی حدیث (جس کا وفی الباب میں حوالہ دیا ہے) کی سند میں اختلاف ہے، ہشام دستوائی اور سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے روایت کی ہے۔ اور سعید نے کہا ہے: عن القاسم بن عوف الشیبانی عن زید بن أرقم، اور ہشام نے کہا ہے: عن قتادة عن زید بن أرقم، اور شعبہ اور معمر نے (بھی) یہ حدیث قتادہ سے روایت کی ہے، وہ نضر بن انس سے روایت کرتے ہیں، اور شعبہ نے کہا ہے: عن زید بن أرقم، اور معمر نے کہا ہے: عن النضر بن أنس عن أبیه .... امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا: ہوسکتا ہے قتادہ نے دونوں ہی سے یہ روایت سنی ہو (اس کے بعد عبد العزیز کے شاگرد حماد بن زید کی سند سے روایت لکھی ہے)

قوله: إذا دخل الخلاء: یہاں أراد پوشیدہ ہے۔ عربی میں یہ تقدیر عام ہے۔ جیسے: إذا قمتم إلى الصلوٰة أی أردتم القیام.

قوله: حدیث زید بن أرقم: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تخریج نہیں کی وفی الباب میں اس کا حوالہ دیا ہے، اور اس کے بارے میں ہوائی بحث کی ہے۔ اس حدیث کی درج ذیل چار سندیں ہیں۔

(۱) سعید عن قتادة عن القاسم عن زید. (۲) هشام عن قتادة عن زید.

(۳) شعبة عن قتادة عن النضر بن أنس عن زید بن أرقم (۴) معمرٌ عن قتادة عن النضر بن أنس عن أبیه.

حضرت قتادہ کے شاگردوں میں تین اختلاف ہیں: (۱) قتادہ اور زید بن ارقم کے درمیان واسطہ ہے یا نہیں؟ (۲)

واسطہ ہے تو کس کا ہے، قاسم کا یا نضر کا؟ (۳) اور یہ حدیث کس کے مسانید میں سے ہے حضرت زیدؓ کے یا حضرت انس رضی اللہ عنہ کے؟

فیصلہ: بیہقی نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث حضرت انس کے مسانید میں سے نہیں ہے، معمر نے جو سند کے آخر میں عن أبیه کہا ہے وہ انکا وہم ہے —— اور قتادہ اور حضرت زید کے درمیان واسطہ بہرحال ضروری ہے کیونکہ قتادہ کا حضرت زید سے لقاء اور سماع نہیں۔ پس ہشام دستوائی کی سند منقطع ہے —— باقی دو سندوں کو امام بخاری رحمہ اللہ نے صحیح قرار دیا ہے کہ درمیانی واسطہ قاسم اور نضر دونوں کا ہوسکتا ہے۔ دونوں نے یہ حدیث حضرت زید سے سنی ہو پھر دونوں سے قتادہ نے سنی ہو یہ بات ممکن ہے۔

فائدہ (۱): سعید بن ابی عروبہ کی روایت ابن ماجہ میں ہے اور شعبہ کی منقطع روایت بھی ابن ماجہ اور ابوداؤد میں ہے۔ اور معمر کی روایت جس میں وہم ہے بیہقی کی سنن کبری ۱:۹۶ میں ہے۔

فائدہ (۲): اضطراب کے لغوی معنی ہیں: ہلنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: اختلاف، اور اختلاف کبھی متن میں ہوتا ہے اور کبھی سند میں۔ اگر بڑے محدثین غور وفکر کرکے اختلاف ختم کردیں تو روایت قابل استدلال ہوجاتی ہے، جیسے حضرت زید کی حدیث کا اضطراب محدثین نے ختم کردیا ہے اور اگر محدثین اضطراب ختم نہ کرسکیں تو وہ حدیث مضطرب کہلاتی ہے اور مضطرب حدیث ضعیف ہوتی ہے۔

باب مَایَقُوْلُ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلاَءِ

بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا

استنجے کے بعد کی ایک دعا ابن ماجہ (ص:۲۶) میں آئی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب بیت الخلاء سے نکلتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے: الْحَمْدُ للّٰهِ الَّذِیْ أَذْهَبَ عَنِّی الأَذٰی وَعَافَانِیْ. دوسری دعا یہاں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ جب بیت الخلاء سے نکلتے تو فرماتے: غُفْرَانَكَ، الٰہی! معاف فرما۔ انسان جب تک بیت الخلاء میں رہتا ہے اللہ کے ذکر سے رکا رہتا ہے۔ اور اللہ کی نعمتیں بندے پر ہر وقت برستی ہیں ان نعمتوں کا تقاضہ ہے کہ بندہ ہر وقت اللہ کے ذکر میں مشغول رہے۔ ایک لمحہ بھی غافل نہ ہو۔ اور قضائے حاجت انسان کی مجبوری ہے وہ اس وقت میں ذکر نہیں کرسکتا اس کوتاہی پر اگرچہ وہ بدرجۂ مجبوری ہے غفرانك کے ذریعہ معافی مانگی گئی ہے۔ بندہ عرض کرتا ہے: خدایا! جو غفلت میری طرف سے پائی گئی اس کوتاہی کا میں معترف ہوں اور بخشش طلب کرتا ہوں، مجھے معاف فرما!

اور غفرانك: عاملِ محذوف کا مفعول مطلق ہے، رضی کہتے ہیں: چار جگہ مفعول مطلق کے عامل کو حذف کرنا واجب

ہے: اول: جب مصدر کی اضافت فاعل کی طرف ہو، جیسے: وعدَ اللہ. دوم: جب مصدر کی اضافت مفعول کی طرف ہو، جیسے: سبحانَ اللّٰہِ (پاکی اللہ پر واقع ہوتی ہے) سوم: جب مصدر کے بعد فاعل حرف جر کے ساتھ لایا جائے، جیسے: بُؤسًا لك (تیرے لئے تنگ حالی ہو) چہارم: جب مصدر کے بعد مفعول حرف جر کے ساتھ لایا جائے، جیسے: شُكْرًا لك (شرح الکافیہ ص:۱۱۶) اور غفران مصدر ہے اس کی اضافت ك: ضمیر فاعل کی طرف ہے اس لئے عامل وجوباً محذوف ہے۔ تقدیر عبارت ہے اغْفِرْ غفرانك.

[۵-] باب مايقول إذا خَرَجَ من الخلاء

[۶-] حدثنا محمدُ بنُ حُمَيْدِ بنِ إِسْمَاعيلَ، نا مالكُ بنُ إِسْمَاعيلَ، عن إسرائيلَ، عن يُوسُفَ بنِ أبی بُرْدَةَ، عن أبيه، عن عائشةَ، قالت: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلاَءِ قال: غُفْرَانَكَ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حَسَنٌ غريبٌ، لانَعرِفُه إِلَّا مِن حديثِ إسرائيلَ عن يُوسفَ بنِ أبی بُردةَ؛ وأبو بُردةَ بنُ أبی مُوسٰی: اسْمُه عامِرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ قيسِ الأشْعَرِیُّ.

ولا يُعرَفُ فی هذا الباب إلا حديثُ عائشةَ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ بیت الخلاء سے نکلتے تو فرماتے: غفرانك (الٰہی! معاف فرما!) امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن غریب ہے، ہم اس کو اسرائیل عن یوسف بن ابی بردہ کی سند کے علاوہ کسی دوسری سند سے نہیں جانتے، اور ابو بردہ کا نام عامر بن عبداللہ بن قیس اشعری ہے۔ اور اس باب میں حضرت عائشہ کے علاوہ کسی سے روایت نہیں جانی گئی۔

تشریح:

(۱) امام ترمذی کے استاذ کے نام میں تصحیف ہوئی ہے اس میں ''بن حمید'' زائد ہے۔ صحیح نام محمد بن اسماعیل ہے۔ اور یہ امام بخاریؒ ہیں، اور یہ غلطی قدیم سے چلی آرہی ہے اور پرانی غلطی باقی رکھی جاتی ہے اور اس پر تنبیہ کی جاتی ہے کیونکہ جن غلطیوں کا تذکرہ شرحوں میں آگیا ہے ان کی اگر تصحیح کردی جائے گی تو شرح کا سمجھنا مشکل ہوجائے گا ـــــ اور اگر تصحیح کر کے چھاپا جائے تو حاشیہ میں تنبیہ کرنا ضروری ہے کہ پہلے یہ تھا۔

(۲) اور امام ترمذی کے استاذ الاستاذ مالک بن اسماعیل نہدی ہیں۔ یہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے استاذ حماد بن ابی سلیمان کے نواسے ہیں، اور نہایت اعلیٰ درجہ کے راوی ہیں۔ صحاح ستہ میں ان کی روایات ہیں۔

(۳) امام ترمذی نے اس حدیث پر حسن غریب ہونے کا حکم لگایا ہے۔ غریب بایں معنی ہے کہ اسرائیل سے آخر

تک یہی ایک سند ہے۔مگر یہ حدیث فی نفسہ اعلی درجہ کی ہے اس پر صرف حسن کا حکم لگانا ٹھیک نہیں بلکہ صحیح ہے۔

(۴) امام ترمذی رحمہ اللہ تصحیح حدیث کے سلسلہ میں نرم ہیں، وہ ایسی حدیثوں کو بھی صحیح قرار دیتے ہیں جو صحیح کے درجہ کی نہیں ہوتیں۔اور دوسری طرف غایت درجہ محتاط بھی ہیں، ہر وقت ان کے پیش نظر حدیث من کذب علیَّ متعمِّدًا رہتی ہے۔ چنانچہ وہ بعض حدیثوں کو ان کا واقعی حق نہیں دیتے، بلکہ جہاں کسی حدیث کی دو سندیں ہوتی ہیں اور ایک میں کوئی کمزوری ہوتی ہے تو وہ اسی کو اصح کہتے ہیں، آپ کا یہ مزاج ٹھیک نہیں۔ ہر حقدار کو اس کا واجبی حق دینا انصاف ہے۔آگے بار بار اس کا تذکرہ آئے گا۔

(۵) امام ترمذی کا یہ ارشاد کہ اس باب میں صرف حضرت عائشہ کی حدیث ہے، یہ بات بھی مطابق واقعہ نہیں۔ اس باب میں حضرت عائشہ کی حدیث کے علاوہ پانچ دیگر صحابہ کی روایات بھی ہیں[1]

دیگر دعائیں: (۱) الحمدُ لله الّذی أذهبَ عَنِّی الأذیٰ وَعَافَانِیْ: اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھ سے تکلیف دہ چیز دور کردی، اور مجھے عافیت بخشی (یہ دعا ابن ماجہ اور نسائی میں ہے) —— (۲) الحمدُ لله الّذی أَخْرَجَ عَنِّی ما یُؤذِیْنِی و أمسَكَ عَلَیَّ ما یَنْفَعُنی: اللہ کا شکر ہے کہ اس نے میرے اندر سے وہ چیز نکال دی جو مجھے تکلیف پہنچاتی ہے اور وہ چیز باقی رکھی تو میرے لئے مفید ہے (یہ دعا دارقطنی وغیرہ میں ہے)

بابٌ فی النَّهْیِ عن اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ بغَائطٍ أَوْ بَوْلٍ

چھوٹا بڑا استنجاء کرتے وقت کعبہ کی طرف منہ اور پیٹھ کرنے کی ممانعت

یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، اور اس میں اختلاف نص فہمی کا نہیں بلکہ دلائل کا ہے، اور معرکۃ الآراء مسائل ہم تین مرحلوں میں بیان کرتے ہیں۔ سب سے پہلے ائمہ کے مذاہب بیان کئے جاتے ہیں۔ پھر باب سے تعلق رکھنے والی بنیادی روایات کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ پھر اس کی وضاحت کی جاتی ہے کہ ائمہ مجتہدین نے ان روایات سے کس طرح مسئلہ اخذ کیا ہے؟ اور ہر ایک نے جو مذہب اختیار کیا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟

مذاہبِ ائمہ: اس مسئلہ میں بہت سے اقوال ہیں، ہم صرف ضروری اقوال بیان کرتے ہیں:

۱- حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے اس باب میں چار قول منقول ہیں: (الف) استقبال واستدبار مطلقاً مکروہ تنزیہی ہیں —— مطلقاً کا مطلب ہے: صحراء (کھلی جگہ) ہو یا بنیان (عمارت) دونوں جگہ استقبال واستدبار

(۱) وہ پانچ صحابہ جو بیت الخلاء سے نکلنے کے وقت کی دعا روایت کرتے ہیں یہ ہیں: حضرت انس، حضرت ابوذر غفاری، حضرت ابن عمر، حضرت ابن عباس، اور حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہم (کشف النقاب ۱:۲۳۸)

مکروہ تنزیہی ہیں ـــــ (ب) دونوں مطلقاً مکروہ تحریمی ہیں اور یہی قول مفتی بہ ہے ـــــ (ج) استدبار مطلقاً جائز ہے اور استقبال مطلقاً مکروہ تحریمی ہے ـــــ (د) استدبار صرف بنیان میں جائز ہے اور استقبال دونوں جگہ ناجائز ہے ـــــ یہ قول درحقیقت امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا ہے۔ مگر حکماً یہ قول بھی امام اعظم کا شمار کیا جاتا ہے۔

۲- امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک استقبال واستدبار دونوں بنیان میں جائز ہیں اور صحراء میں ناجائز ہیں۔

۳- امام احمد رحمہ اللہ سے تین قول مروی ہیں: (الف) امام شافعی اور امام مالک رحمہ اللہ کے قول کے موافق، یعنی دونوں باتیں بنیان میں جائز ہیں اور صحراء میں ناجائز (ب) احناف کے مفتی بہ قول کے موافق، یعنی دونوں باتیں مطلقاً مکروہ تحریمی ہیں۔ (ج) استدبار مطلقاً جائز ہے اور استقبال مطلقاً ناجائز۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے آپ کا یہی قول بیان کیا ہے۔

۴- داؤد ظاہری، ربیعۃ الرائی اور اصحابِ ظواہر کے نزدیک استقبال واستدبار دونوں مطلقاً جائز ہیں۔

باب کی حدیثیں: اس باب میں سب سے قوی روایت حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی ہے جو بخاری ومسلم میں مروی ہے، وہ روایت درج ذیل ہے:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم نشیبی زمین میں آؤ'' ـــــ غائط کے اصل معنی ہیں: نشیبی زمین، قضاء حاجت کے لئے لوگ جنگل میں جاتے تھے تو پردہ کے لئے نشیبی جگہ تلاش کرتے تھے۔ مراد بیت الخلاء جانا ہے ـــــ ''تو بڑے اور چھوٹے استنجے میں قبلہ کی طرف نہ منہ کرو نہ پیٹھ بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف منہ یا پیٹھ کرو''

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم لوگ ملک شام میں آئے، ہم نے وہاں بیت الخلاء قبلہ رخ بنے ہوئے پائے، ہم ان میں بہ تکلف گھوم کر بیٹھتے تھے۔ یعنی حتی الامکان استقبال واستدبار سے بچنے کی کوشش کرتے تھے، اور اللہ سے استغفار کرتے تھے۔

دوسری حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں ایک دن اپنی بہن حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی چھت پر چڑھا ـــــ اس وقت حضور اکرم ﷺ بیت الخلاء میں تھے اور حضرت ابن عمر اس سے واقف نہیں تھے، اور بیت الخلاء کی چھت نہیں تھی ـــــ پس اچانک میری نظر پڑی، میں نے حضور اکرم ﷺ کو اس طرح قضاء حاجت کرتے دیکھا کہ آپؐ کا منہ شام کی طرف تھا اور پیٹھ کعبہ کی طرف تھی (یہ روایت بھی اعلی درجہ کی ہے اور اگلے باب میں آرہی ہے)

تیسری حدیث: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ یہ بھی اگلے باب میں آرہی ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ہم کو پیشاب کرتے وقت قبلہ کی جانب منہ کرنے سے منع کیا تھا، پھر میں نے نبی

ﷺ کوانتقال سے ایک سال پہلے قبلہ کی جانب منہ کر کے پیشاب کرتے ہوئے دیکھا —— یہ روایت اگرچہ اعلی درجہ کی نہیں ہے، مگر ضعیف بھی نہیں ہے، حسن کے درجہ کی ہے۔

چوتھی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک مرتبہ نبی ﷺ کی مجلس میں اس بات کا تذکرہ آیا کہ لوگ قبلہ کی طرف پیٹھ کرنے کو ناپسند کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: استقبلوا بمقعدتی القبلة میری نشست گاہ قبلہ کی طرف کردو یعنی اس طرح کردو کہ پیٹھ قبلہ کی طرف ہو (ابن ماجہ ص:۲۷) —— یہ روایت قابل استدلال نہیں، کیونکہ اس کی سند میں خالد بن ابی الصلت ہے جو ضعیف راوی ہے۔ علامہ ذہبی نے اس کو منکر کہا ہے، اور ابن حزم نے اس کو مجہول کہا ہے۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ خالد کا استاذ عراک بن مالک حضرت عائشہؓ سے اس حدیث کو بلاواسطہ روایت کرتا ہے یا بالواسطہ؟ اس میں اختلاف ہے، چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو مضطرب قرار دیا ہے۔

علاوہ ازیں یہ روایت محکم المراد بھی نہیں، کیونکہ نبی ﷺ کے ارشاد استقبلوا بمقعدتی القبلة کے دو مطلب ہوسکتے ہیں: (۱) بیت الخلاء میں بیٹھنے کا رخ بدل دو، اس طرح کہ قضاء حاجت کے وقت آپؐ کی پیٹھ قبلہ کی جانب ہو (۲) مسجد وغیرہ میں آپؐ کی نشست گاہ اس طرح رکھی جائے کہ پیٹھ قبلہ کی طرف ہو۔ تاکہ لوگ جان لیں کہ استقبال واستدبار کی ممانعت صرف مخصوص حالت میں ہے ہر وقت نہیں —— پہلی صورت میں یہ روایت زیر بحث مسئلہ سے متعلق ہوگی اور دوسرے مطلب کی صورت میں یہ روایت اس مسئلہ سے متعلق نہیں۔

مجتہدین کے استدلالات:

۱- ربیعۃ الرائی، داؤد ظاہری اور اصحاب ظواہر ان روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دیتے ہیں، ان کے نزدیک ممانعت کی روایات منسوخ اور جواز کی روایات ناسخ ہیں، کیونکہ ابن عمرؓ کی روایت سے بنیان میں نبی ﷺ کا استدبار کرنا ثابت ہے۔ پس وہی حکم استقبال کا بھی ہوگا اور جابرؓ کی روایت سے صحراء میں نبی ﷺ کا پیشاب کرتے وقت استقبال کرنا ثابت ہے۔ پس وہی حکم استدبار کا بھی ہوگا اور جب دونوں کا مطلقاً جواز ثابت ہوا تو ممانعت کی روایات منسوخ ہوگئیں۔

دیگر ائمہ ان روایات میں نسخ نہیں مانتے وہ دو باتیں کہتے ہیں:

(۱) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی روایت عہد فاروقی کی ہے، جب شام فتح ہوا اور اسلامی لشکر بستی میں داخل ہوا تو اس نے سرکاری عمارتوں میں قیام کیا، وہاں جو بیت الخلاء بنے ہوئے تھے وہ قبلہ رخ تھے۔ صحابہ نے مجبوراً ان کو استعمال کیا اور استقبال یا استدبار سے بچنے کے لئے گھوم کر بیٹھتے تھے، اگر ممانعت کی روایات منسوخ ہوتیں تو اس تکلف کی کیا ضرورت تھی؟

(۲) اگر ممانعت منسوخ ہوگئی تھی تو ضروری تھا کہ نبی ﷺ امت کو اس کی اطلاع کرتے، محض چھپ کر عمل نہ کرتے، جبکہ ایک بھی روایت ایسی اطلاع دہی کی نہیں ہے۔

۲- اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حکم کا مدار حضرت ابوایوب انصاری کی حدیث پر ہے، اس لئے کہ وہ قولی روایت ہے اور قولی اور فعلی روایات میں جب تعارض ہوتا ہے تو احناف قولی روایت کو لیتے ہیں، اور فعلی روایت کی تاویل کرتے ہیں۔ لِأَنَّ أحادیثَ الأفعالِ یَتطَرَّقُ إلیها الاحتِمال، یعنی فعلی روایات میں احتمالات نکل سکتے ہیں، مثلاً: یہ احتمال کہ اچانک دیکھنے کی صورت میں ابن عمرؓ سے چوک ہوگئی ہو اور وہ بالکل صحیح سمت کا اندازہ نہ کرسکے ہوں، یا یہ احتمال کہ یہ نبی ﷺ کی خصوصیت ہو، اور ممانعت صرف امت کے لئے ہو۔ اس لئے کہ آپؐ کعبہ سے افضل ہیں اور اعلی کے ذمہ ادنی کی تعظیم نہیں ہوتی، یا یہ احتمال کہ آپؐ گھوم کر بیٹھے ہوں، جیسے صحابہ ملک شام میں اسی طرح بیٹھتے تھے اور اچانک دیکھنے والا اس کا اندازہ نہیں کرسکتا —— اور حضرت جابرؓ کی روایت کا جواب ضروری نہیں، کیونکہ وہ اعلی درجہ کی نہیں ہے۔ نیز وہ بھی فعلی روایت ہے اس میں بھی احتمال نکل سکتے ہیں۔ مثلاً: یہ احتمال کہ بے پردگی سے بچنے کے لئے مجبوراً آپ نے ایسا کیا ہو، یا یہ احتمال کہ یہ آپ کی خصوصیت ہو۔

علاوہ ازیں احناف جب مُحرِم اور مبیح روایات میں تعارض ہوتا ہے تو مُحرِم روایات کو ترجیح دیتے ہیں۔ کیونکہ اس میں احتیاط ہے۔ اور حضرت ابوایوبؓ کی روایت مُحرِم یعنی ممانعت کرتی ہے اور دوسری دو روایتیں مُبیح یعنی جواز ثابت کرتی ہیں۔ پس احتیاط اولیٰ ہے اور وہ مُحرِم روایات کو لینے میں ہے۔

۳- اور ائمہ ثلاثہ ابن عمرؓ کی حدیث سے حضرت ابوایوبؓ کی حدیث میں تخصیص کرتے ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک فعلی روایت قولی روایت سے اقوی ہوتی ہے، کیونکہ قولی روایت میں نسخ کا احتمال ہوتا ہے، اور فعلی میں یہ احتمال نہیں ہوتا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ابن عمر کی روایت سے بنیان میں استدبار کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ استقبال کو اس پر قیاس کرتے ہیں، اور بنیان میں دونوں کا جواز ثابت کرتے ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ قیاس نہیں کرتے صرف استدبار کا جواز ثابت کرتے ہیں۔ پھر اس قدر مضمون کو یہ حضرات ابوایوبؓ کی حدیث میں سے خاص کرتے ہیں اور اس کا باقی حکم برقرار رکھتے ہیں۔ یعنی صحراء میں دونوں چیزیں ممنوع ہیں، اور امام احمد کے نزدیک بنیان میں بھی استقبال ممنوع ہے صرف استدبار جائز ہے۔

۴- اور امام ابویوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابن عمرؓ کی روایت سے صرف استدبار کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ پس بنیان اور صحراء دونوں میں استدبار کی اجازت ہے، بنیان کی تخصیص کی کوئی وجہ نہیں، اور استقبال مطلقاً ممنوع ہے اور وجہ فرق یہ ہے کہ بڑے استنجے میں ناپاکی نیچے کی طرف جاتی ہے اس لئے اس میں کعبہ کی کچھ توہین نہیں اور چھوٹے استنجے میں ناپاکی کعبہ کی طرف جاتی ہے اس لئے اس میں کعبہ کی اہانت ہے۔ چنانچہ وہ مطلقاً ممنوع ہے۔

[٦-] باب فى النهى عن اسْتِقْبَالِ القبلة بغائط أو بول

[٧-] حدثنا سَعيدُ بنُ عبدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِيُّ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عَطَاءِ بنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ عن أبى أيوبَ الأَنْصَارِيِّ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلاَ تَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ وَلاَ بَوْلٍ، ولاَ تَسْتَدْبِرُوْهَا، ولٰكِنْ شَرِّقُوْا أَوْ غَرِّبُوْا" قال أبو أيوبَ: فَقَدِمْنَا الشَّامَ فَوَجَدْنا مَراحِيْضَ قد بُنِيَتْ مُستقبَلَ القبلةِ، فَنَنْحَرِفُ عنها ونَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ.

وفى البابِ: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الحارِثِ، ومَعقِلِ بنِ أبى الهَيْثَمِ، ويُقال: مَعقِلُ بنُ أبى مَعْقِلٍ، وأبى أسامَةَ، وأبى هُريرةَ، وسَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ.

قال أبو عيسىٰ: حَديثُ أبى أيوبَ أَحْسَنُ شيئٍ فى هذا البابِ وأصحُّ.

وأبوأيوبَ: اسْمُه خالدُ بنُ زَيْدٍ؛ والزُّهْرِيُّ: اسْمُهُ مُحمدُ بنُ مُسْلِمِ بنِ عُبيدِ اللّٰهِ بنِ شهابٍ الزهرىُّ، وكُنْيَتُهُ أبوبكرٍ.

قال أبو الوَلِيْدِ المَكِّيُّ: قال أبُو عبدِ اللّٰهِ الشَّافعيُّ: إِنَّمَا مَعنىٰ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "لاَتَسْتَقْبِلُوْا الْقِبْلَةَ بَغَائِطٍ ولاَ بَوْلٍ ولا تَسْتَدْبِرُوْهَا": إِنَّمَا هٰذا فى الفَيَافِىْ، فَأَمَّا فى الكُنُفِ المَبْنِيَّةِ لَهُ رُخْصَةٌ فى أن يَّسْتَقْبِلَهَا؛ وهٰكَذَا قالَ إسحاقُ.

وقال أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: إِنَّمَا الرُّخْصَةُ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى اسْتِدْبَارِ القِبْلَةِ بِغَائِطٍ أوْبَوْلٍ، فَأَمَّا اسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ: فَلاَ يَسْتَقْبِلُهَا، كَأَنَّهُ لم يَرَ فى الصَّحراءِ ولا فى الكَنِيْفِ أَنْ يَسْتَقْبِلَ القبلةَ.

ترجمہ: (حدیث شریف کا ترجمہ گذر چکا) اور ابوایوب کا نام خالد بن زید ہے اور امام زہری کا نام محمد بن مسلم الی آخرہ ہے۔ اور ان کی کنیت ابوبکر ہے (امام شافعی کے شاگرد) ابوالولید مکی کہتے ہیں: امام شافعیؒ نے فرمایا: حدیث لاتسقبلوا میں مراد صحراء ہی ہے، رہی وہ عمارتیں جو استنجا کے مقصد کے لئے بنائی گئی ہیں یعنی بیت الخلاء تو ان میں استقبال کی بھی اجازت ہے۔ یہی بات حضرت اسحاق کہتے ہیں۔ یعنی یہ دونوں حضرات بنیان میں استقبال کو استدبار پر قیاس کرتے ہیں۔ اور امام احمد نے فرمایا: نبی ﷺ کی طرف سے اجازت صرف استدبار کی ہے، خواہ بڑے استنجے میں ہو خواہ چھوٹے استنجے میں۔ رہا استقبال تو آدمی بیت اللہ کا استقبال نہ کرے، گویا امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک استقبال جائز نہیں نہ صحراء میں نہ بیت الخلاء میں۔

۱- شَرِّقوا أو غَرِّبُوْا کا حکم مدینہ والوں کے لئے ہے اور ان لوگوں کے لئے ہے جو کعبہ سے شمال یا جنوب کی جانب میں رہتے ہیں، اور جو لوگ کعبہ سے مشرق یا مغرب کی جانب رہتے ہیں جیسے ہم لوگ مشرق میں رہتے ہیں ان

کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ جنوب یا شمال کی طرف منہ یا پیٹھ کریں۔
۲- مراحیض: مرحاض کی جمع ہے۔ رحض (ف) الثوب کے معنی ہیں کپڑا دھونا اور مراد بیت الخلاء ہے، کیونکہ وہاں پانی سے استنجا کیا جاتا ہے —— الفیافِیْ: الفَیْفاءُ کی جمع ہے، جنگل، بیابان، اور کھلے میدان کو الفَیْفُ اور الفَیْفاءُ کہتے ہیں —— اور کُنُف (نون کے ضمہ اور سکون کے ساتھ) کنیفٌ کی جمع ہے اس کے اصل معنی ہیں: پردہ، مراد پائخانہ ہے، کیونکہ وہ باپردہ ہوتا ہے۔

[۷-] بابُ مَاجَاءَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِیْ ذلك

[۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ ومُحمدُ بنُ الْمُثَنّٰی، قالا: نا وَهْبُ بنُ جَرِیْرٍ، نا أبی، عن مُحمدِ بن إسحاق، عن أبانَ بن صَالِحٍ، عن مُجاهدٍ، عن جَابِرِبنِ عبدِ اللّٰهِ، قال:نَهَی النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم أَن نَّسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِبَوْلٍ، فَرَأَیْتُهُ قَبْلَ أَن یُّقْبَضَ بِعَامٍ یَسْتَقْبِلُهَا.

وفی البابِ: عن أبی قَتَادَةَ وَعائِشَةَ وَعَمَّارٍ.

قال أبو عیسیٰ: حَدیثُ جابرٍ فی هذا البابِ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[۹-] وقَد رَوٰی هٰذَا الحدیثَ ابنُ لَهِیْعَةَ عن أبی الزُّبَیْرِ عن جَابِرٍ عن أبی قَتَادَةَ أَنَّهُ رَأَی النبیَّ صلی الله علیه وسلم یَبُوْلُ مُستقبَلَ القِبْلَةِ، أَخْبَرَنَا بِذلك قُتَیْبَةُ قَالَ: أَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ.

وحدیثُ جابرٍ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَصَحُّ مِن حدیثِ ابنِ لَهِیْعَةَ، وابنُ لَهِیْعَةَ ضعیفٌ عند أهلِ الحدیث، ضَعَّفَه یحیی بنُ سعیدٍ القَطَّانُ وغیرُه.

[۱۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ عن عُبیدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ عن محمدِ بن یَحییَ بنِ حِبَّانَ عن عَمِّهِ واسعِ بنِ حِبَّانَ عن ابنِ عمرَ قَالَ: رَقِیْتُ یومًا علی بیتِ حَفْصَةَ، فَرَأَیْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم علی حاجَتِه مُستقبَلَ الشَّامِ، مُستدبِرَ الْکَعْبَةِ: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے قبلہ رخ پیشاب کرنے سے منع فرمایا تھا، پھر میں نے آپؐ کو وفات سے ایک سال پہلے قبلہ کی طرف پیشاب کرتے ہوئے دیکھا —— امام ترمذی فرماتے ہیں: اس باب میں حضرت جابر کی حدیث حسنٌ غریبٌ ہے اور اس حدیث کو ابن لہیعہ، ابوالزبیر سے روایت کرتے ہیں، وہ حضرت جابر سے، وہ حضرت ابوقتادہ سے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو قبلہ کی طرف منہ کر کے پیشاب کرتے ہوئے دیکھا ہے ہم سے یہ حدیث قتیبہ نے بیان کی، انھوں نے کہا کہ ہمیں ابن لہیعہ نے خبر دی —— اور حضرت جابر کی حدیث نبی ﷺ سے صحیح تر ہے ابن لہیعہ کی حدیث سے، اور ابن لہیعہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں، یحییٰ قطان وغیرہ نے

ان کی تضعیف کی ہے (مصری نسخہ میں مِن قبل حفظه بھی ہے یعنی حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے تضعیف کی ہے) ——
ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں ایک دن حفصہؓ کے گھر پر چڑھا پس میں نے نبی ﷺ کو قضاء حاجت کرتے ہوئے دیکھا درانحالیکہ آپ کا منہ شام کی طرف تھا، اور پیٹھ کعبہ کی طرف تھی، یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔

تشریح:

۱- یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے۔ اوپر والا باب عراقی فقہاء (حنفیہ) کے لئے تھا اور ان کا جو مستدل تھا یعنی حضرت ابو ایوب انصاری کی روایت اس میں ائمہ ثلاثہ جو تخصیص کرتے ہیں اس کو بھی امام شافعی کا قول لا کر واضح کیا تھا۔ اب یہ باب حجازی فقہاء (ائمہ ثلاثہ) کے لئے ہے —— اور ذلك کا مشار الیہ استقبال واستدبار ہے اور اس کے جواز کی اصل دلیل ابن عمر کی روایت ہے جو باب کے آخر میں آئی ہے۔

۲- حضرت جابر کی روایت اعلی درجہ کی نہیں ہے۔ زیادہ سے زیادہ حسن کے درجہ کی ہے، اس کی سند میں محمد بن اسحاق ہیں جو پہلے مدینہ میں رہتے تھے پھر عراق میں فروکش ہو گئے تھے۔ یہ متکلم فیہ راوی ہیں۔ امام بخاریؒ وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے، اور یحییٰ قطانؒ، سلیمان تیمیؒ، اور امام مالکؒ وغیرہم نے ان پر جرح کی ہے، امام مالکؒ نے تو ان پر بہت سخت جرح کی ہے مگر ائمہ نے اس کو معاصرانہ چشمک کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ ہمارے اکابر نے محمد بن اسحاق کو من رُواۃ الحِسان مان لیا ہے مگر وہ تدلیس کرتے تھے یعنی اپنے ضعیف استاذ کا نام چھپاتے تھے[1] اور ایسے

---

(۱) تدلیس دو وجہ سے کی جاتی ہے۔ ایک: غرض فاسد سے یعنی کسی محدث کا استاذ معمولی درجہ کا ہو اور استاذ کا استاذ عالی رتبہ ہو، اور محدث کو اس معمولی استاذ سے روایت کرنے میں شرم محسوس ہوتی ہو تو وہ اس کو حذف کر دیتا تھا اس مقصد سے تدلیس حرام ہے۔ دوم: کوئی محدث اختصار کے لئے استاذ کو حذف کرتا تھا جیسا کہ بعض اکابر محدثین نے ایسا کیا ہے، اس کی گنجائش ہے۔ اور تدلیس کی بہت سی صورتیں ہیں، مگر مشہور قسمیں تین ہیں، تدلیس الاسناد، تدلیس الشیوخ، اور تدلیس التسویہ۔

تدلیس الاسناد: یہ ہے کہ محدث کسی حدیث کو ایسے شخص سے روایت کرے جو اس کا ہم عصر ہے مگر اس سے ملاقات نہیں ہوئی یا ملاقات تو ہوئی ہے مگر اس سے کوئی حدیث نہیں سنی، یا حدیث تو سنی ہے مگر یہ حدیث جو بیان کر رہا ہے وہ نہیں سنی، یہ حدیث اس شیخ کے کسی معمولی یا ضعیف شاگرد سے سنی ہے اور اس واسطہ کو حذف کر کے شیخ سے اس طرح روایت کرتا ہے کہ سماع کا وہم پیدا ہوتا ہے۔ جیسے بقیۃ بن الولید اور ولید بن مسلم کی تدلیس، تدلیس کی یہ قسم مذموم اور ناجائز ہے۔

تدلیس الشیوخ: یہ ہے کہ محدث اپنے شیخ کا ذکر غیر معروف نام سے یا غیر معروف کنیت سے یا غیر معروف نسبت سے یا غیر معروف صفت سے کرے، تاکہ لوگ اس کو پہچان نہ سکیں، کیونکہ وہ ضعیف یا معمولی درجہ کا راوی ہے۔ تدلیس کی یہ صورت بھی نامناسب ہے، مگر ناجائز نہیں۔ ←

راوی کا عنعنہ معتبر نہیں ہوتا، اور وہ یہ روایت ابان سے بصیغۂ عن کرتے ہیں اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کی روایت کو حسن غریب قرار دیا ہے اور غریب ہونے کی وجہ یہ ہے کہ محمد بن اسحاق سے آخر تک اس حدیث کی یہی ایک سند ہے۔

۳- اس حدیث کو عبداللہ بن لہیعہ ایک دوسری سند سے روایت کرتے ہیں اور وہ سند حضرت جابر پر نہیں رکتی بلکہ حضرت ابوقتادہ تک پہنچتی ہے۔ مگر یہ سند صحیح نہیں، اس لئے کہ عبداللہ بن لہیعہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہیں، اور ان کے ضعف کی وجہ یہ ہے کہ ان کی کتابیں جل گئی تھیں، چنانچہ بعد میں وہ اپنے حافظہ سے حدیثیں بیان کرتے تھے اس لئے بعض روایات کی سندوں میں ان سے غلطی ہوگئی ہے اس حدیث کی سند کو جو انھوں نے ابوقتادہ تک پہنچایا ہے یہ بھی ان کی غلطی ہے۔

۴- ائمہ ثلاثہ نے ابن عمر کی حدیث کو مستدل بنایا ہے اور حضرت جابر کی حدیث سے صرف نظر کیا ہے۔ احناف دونوں کی تاویل کرتے ہیں، کیونکہ دونوں فعلی روایتیں ہیں، احناف کی تاویل کا تذکرہ پہلے آچکا ہے۔

بابُ النَّهْيِ عن الْبَوْلِ قَائِمًا

کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کا جواز

یہ دو باب یکے بعد دیگرے ہیں۔ پہلے باب میں کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی ممانعت کی حدیث ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''اگر تم سے کوئی بیان کرے کہ نبی ﷺ کھڑے ہوکر پیشاب کیا کرتے تھے تو اس کی بات نہ ماننا۔ نبی ﷺ بیٹھ کر ہی پیشاب کیا کرتے تھے'' اور دوسرے باب میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ ایک قوم کی کوڑی پر تشریف لے گئے اور کھڑے ہوکر پیشاب کیا۔ میں آپ کے وضو کا پانی لے کر آیا، پانی رکھ کر میں وہاں سے ہٹنے لگا تو آپؐ نے مجھے بلایا یہاں تک کہ میں آپ کی ایڑیوں کے پاس تھا۔ پس آپؐ نے وضو کی اور خفین پر مسح کیا۔

پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنا نبی ﷺ کی سیرت نہیں تھی۔ اور دوسری حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک بار آپ نے کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا ہے۔ پس اس سے جواز ثابت ہوا۔

یہی مسئلہ ہے کہ اسلامی تہذیب میں بے ضرورت کھڑے ہوکر پیشاب کرنا روا نہیں، اور کسی ضرورت اور مجبوری

→ تدلیس التسویہ: یہ ہے کہ محدث اپنے شیخ کو تو حذف نہ کرے البتہ حدیث کو عمدہ بنانے کے لئے اوپر کے کسی ضعیف یا معمولی راوی کو حذف کرے اور وہاں ایسا لفظ رکھ دے جس میں سماع کا احتمال ہو، تدلیس کی یہ صورت حرام ہے۔

نوٹ: تدلیس کا لفظ جب مطلق بولتے ہیں تو وہ تدلیس مراد ہوتی ہے جو ناجائز ہے (تحفۃ الدرر ص:۲۶-۲۷)

سے ایسا کرے تو جائز ہے۔

فائدہ(۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں صاف اشارہ ہے کہ وہ حضرت حذیفہ کی حدیث پر تنقید کررہی ہیں، مگر حضرت حذیفہ کی حدیث اعلی درجہ کی صحیح روایت ہے۔ اس لئے علماء نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو عادت پر محمول کیا ہے کہ نبی ﷺ کی عادتِ شریفہ کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی نہیں تھی، اور حضرت حذیفہ کی روایت کو اتفاقی واقعہ قرار دیا ہے۔ پھر کسی نے اس کو عذر پر محمول کیا ہے اور کسی نے اس کو بیان جواز کے لئے قرار دیا ہے۔

فائدہ(۲): حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے متعدد صحابہ کی روایات پر نقد کیا ہے جو تقریباً پونے دوسو ہیں، بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ نے ایک کتاب میں ان کو جمع کیا ہے جس کا نام ہے **الإصابة فی ما اسْتَدرَكتْه السيدةُ عائشة على الصَّحابة**. یعنی حضرت عائشہ نے صحابہ پر جو استدراکات (اعتراضات) کئے ہیں ان میں درست بات کیا ہے؟ حضرت عائشہ کے بیشتر اعتراضات غور طلب ہیں اور کچھ اعتراضات صحیح ہیں۔ یہ کتاب چھپی ہوئی ہے اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ سیوطی رحمہ اللہ نے اس کی تلخیص کی ہے اور اس کا نام عین الاصابہ رکھا ہے۔ مگر کچھ اچھی تلخیص نہیں کی ہے۔ اس لئے اصل کتاب کو دیکھنا چاہئے۔

فائدہ(۳): پہلے باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں اور بھی پیش کی ہیں: ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے کھڑے ہوکر پیشاب کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: ''اے عمر! کھڑے ہوکر پیشاب نہ کرو'' چنانچہ میں نے پھر کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا، یہ حدیث ضعیف ہے اس کا ایک راوی عبدالکریم ہے۔ محدثین نے اس کی تضعیف کی ہے(۱)۔ صحیح روایت عبیداللہ عمری کی ہے، وہ نافع سے، وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں، آپؓ نے فرمایا کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں جب سے مسلمان ہوا ہوں کھڑے ہوکر میں نے پیشاب نہیں کیا، اس حدیث کی سند اعلی درجہ کی ہے اور جب حضرت عمر نے مسلمان ہونے کے بعد کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہیں کیا تو عبد الکریم جو واقعہ بیان کرتے ہیں وہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟

اور دوسری روایت موقوف ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ بات گنوار پن میں شمار ہے کہ کوئی کھڑے ہوکر پیشاب کرے۔ اس روایت کو مسئلہ کی تائید میں لائے ہیں، امام ترمذیؒ نے کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی ممانعت کو سلیقہ مندی پر محمول کیا ہے ناجائز نہیں قرار دیا۔ اور تائید میں ابن مسعودؓ کا قول لائے ہیں۔

---

(۱) ابوامیہ عبدالکریم بن ابی المخارق المعلم البصری (متوفی ۱۲۶ھ) پر امام ابن عیینہ، ابن مہدی، یحییٰ قطان، امام احمد، ابن عدی اور ایوب سختیانی وغیرہ نے جرح کی ہے۔ ان کی بخاری شریف میں ایک روایت ہے، نسائی میں چند اور ترمذی اور ابن ماجہ میں کافی روایتیں ہیں (تہذیب ۶: ۳۷۶)

[۸-] باب النهی عن البول قائما

[۱۱-] حَدَّثَنَا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، أنَا شَرِیْكٌ عن المِقْدَامِ بنِ شُرَیْحٍ، عن أبیه عن عائِشَةَ قالتْ: مَن حَدَّثَكُمْ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ یَبُوْلُ قَائِمًا فَلاَ تُصَدِّقُوْهُ، مَاكَانَ یَبُوْلُ إِلَّا قَاعِدًا.

وفی البابِ: عن عُمرَ وبُرَیْدَةَ: قال أبو عیسیٰ حدیثُ عائشةَ أَحْسَنُ شیئٍ فی هذا البابِ وَأَصَحُّ.

[۱۲-] وحدیثُ عمرَ إِنَّمَا رُوِی مِن حَدیثِ عبدِ الكریمِ بنِ أبی الْمُخَارِقِ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَر، عن عُمَرَ قال: رَآنِی النبیُّ صلی الله علیه وسلم أَبولُ قَائِمًا، فقال:" یَا عُمَرُ لاَ تَبُلْ قَائِمًا" فَمَا بُلْتُ قَائِمًا بَعْدُ.

وَإِنَّمَا رَفَعَ هٰذا الحدیثَ عبدُ الكریمِ بنُ أبی الْمُخَارِقِ، وهُو ضَعیفٌ عند أهلِ الحدیثِ، ضَعَّفَه أیوبُ السَّخْتِیَانِیُّ، وَتَكَلَّمَ فیه.

[۱۳-] ورَوٰی عبیدُ الله عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ قال: قال عمرُ: ما بُلْتُ قائمًا مُنذُ أَسْلَمْتُ، وهٰذا أَصَحُّ مِن حَدِیْثِ عبدِ الكریمِ، وحدیثُ بُرَیْدَةَ فی هٰذا غیرُ مَحْفُوْظٍ، ومَعَنی النَّهْیِ عَنِ الْبَوْلِ قائِمًا عَلَی التَّأْدِیْبِ لاَ عَلٰی التَّحْرِیْمِ.

[۱٤-] وقد رُوِیَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسعودٍ قال: إِنَّ مِنَ الجفَاءِ أَنْ تَبُوْلَ وَأَنْتَ قَائِمٌ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) اوراس باب میں حضرت عمرؓ اور حضرت بُریدہؓ سے روایتیں مروی ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت عائشہؓ کی حدیث اس باب کی بہترین اور صحیح ترین ہے (مگر فی نفسہ اعلی حدیث نہیں اس لئے کہ اس کی سند میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں اور وہ سچے ہیں مگر غلطیاں بہت کرتے ہیں اور جب سے وہ کوفہ کے قاضی بنے ہیں ان کا حافظہ بھی متأثر ہوگیا تھا) اور حضرت عمرؓ کی حدیث صرف عبدالکریم کی سند سے مروی ہے (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) اس حدیث کو صرف عبدالکریم نے مرفوع کیا ہے (یہ روایت ابن ماجہ اور بیہقی میں ہے) اور عبد الکریم محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔ ایوب سختیانی نے اس کی تضعیف کی ہے اور اس پر جرح کی ہے (اور حافظ ابن حجرؒ نے اس کو متروک قرار دیا ہے) اور عبیداللہ عمری اسی حدیث کو نافع سے روایت کرتے ہیں (جس کی سند ابن عمر پر رک جاتی ہے اور اس میں حضرت عمرؓ کا قول بیان کیا گیا ہے) اور یہ یعنی حضرت عمرؓ کی حدیثِ موقوف عبدالکریم کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے اور حضرت بریدہ کی حدیث جو اس باب میں مروی ہے اس کی سند صحیح نہیں (مگر علامہ عینی نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ حضرت بریدہ کی حدیث کو بزار نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے) اور کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی ممانعت کے معنی یعنی حدیث: سلیقہ مندی پر محمول ہے، ناجائز ہونے پر محمول نہیں۔ اور ابن مسعودؓ سے

روایت کیا گیا ہے: آپ نے فرمایا: بیشک گنوار پن میں سے یہ بات ہے کہ تو کھڑے ہو کر پیشاب کرے۔

[۹-] باب ماجاء من الرخصة فی ذلك

[۱۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وكيعٌ، عن الأَعْمَشِ، عن أبی وائِلٍ، عن حُذَيْفَةَ أَنَّ رسولَ الله صلی الله عليه وسلم أَتٰی سُبَاطَةَ قَوْمٍ فَبَالَ عَلَيْهَا قَائِمًا فَأَتَيْتُهُ بِوَضُوْءٍ فَذَهَبْتُ لِأَتَأَخَّرَ عنه، فَدَعَانی، حتی كُنْتُ عِنْدَ عَقِبَيْهِ فَتَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلٰی خُفَّيْهِ.

قال أبو عيسى: وهٰكذا رَوٰی مَنْصُوْرٌ وعُبَيْدَةُ الضَّبِّیُّ عن أبی وائِلٍ عن حُذَيْفَةَ مثلَ رِوَايَةِ الأَعْمَشِ.

ورَوٰی حَمَّادُ بنُ أبی سُلَيْمَانَ وَعَاصِمُ بنُ بَهْدَلَةَ، عن أبی وائِلٍ عن المُغيرةِ بنِ شُعْبَةَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم؛وحديثُ أبی وائِلٍ عن حُذَيْفَةَ أَصَحُّ وقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ البَوْلِ قَائِمًا.

ترجمہ: اس مسئلہ میں یعنی کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی اجازت کے سلسلہ کی روایت (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور اسی طرح یعنی جس طرح اعمش نے روایت کی ہے، منصور اور عبیدۃ الضّبی ابو وائل سے اور وہ حضرت حذیفہ سے روایت کرتے ہیں —— اور حماد بن ابی سلیمان اور عاصم بن بہدلۃ: ابو وائل سے روایت کرتے ہیں، وہ مغیرہ بن شعبہ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اور ابو وائل کی حذیفہ سے حدیث اصح ہے۔ اور اہل علم کی ایک جماعت نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی اجازت دی ہے (مگر اب فتوی تحریم کا دیا جاتا ہے کیونکہ یہ کفار اور فساق و فجار کا شعار بن چکا ہے)

تشریح:

۱- ابو وائل شقیق بن سلمہ کے تین شاگرد یعنی اعمش، منصور اور عبیدۃ اس کو حضرت حذیفہ کی حدیث قرار دیتے ہیں۔ اور دوسرے دو شاگرد: حماد اور عاصم اس کو حضرت مغیرہ کی حدیث قرار دیتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ یہ حدیث حضرت حذیفہ کی ہے، حضرت مغیرہ کی نہیں ہے۔ مگر بعض دوسرے محدثین دونوں حدیثوں کو صحیح قرار دیتے ہیں۔ حضرت مغیرہ کی روایت ابن ماجہ اور مسند احمد میں ہے۔

۲- نبی ﷺ نے جو کھڑے ہو کر پیشاب کیا ہے بعض نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ وہ جگہ گندی تھی، کپڑے خراب ہونے کا اندیشہ تھا اس لئے کھڑے ہو کر پیشاب کیا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ آپ کے گھٹنے میں تکلیف تھی، بیٹھنا دشوار تھا اس لئے کھڑے ہو کر پیشاب کیا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ کمر میں تکلیف تھی جس کا علاج عربوں کے نزدیک کھڑے ہو کر پیشاب کرنا ہی تھا اور بعض نے آپ کے اس فعل کو بیان جواز کے لئے قرار دیا ہے کیونکہ جب

حضرت حذیفہ پانی رکھ کر جانے لگے تو نبی ﷺ نے ان کو وہیں روکا تھا تاکہ آپ کا یہ عمل ان کے علم میں آئے اور وہ امت تک اس عمل کو پہنچائیں۔ اگر کسی مجبوری میں آپ نے ایسا کیا ہوتا تو اس سے امت کو واقف کرنا ضروری نہیں تھا۔

۳- اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ لوگوں کے قریب میں چھوٹا بڑا استنجاء کرنا جائز ہے بشرطیکہ پردہ ہو، جیسے اب گھروں ہی میں بیت الخلاء بنتے ہیں اور لوگ گھر والوں کی موجودگی میں ان میں استنجاء کرتے ہیں کیونکہ وہاں پردہ ہوتا ہے۔

۴- نبی کبھی بیان جواز کے لئے خلاف اولیٰ کام بھی کرتے ہیں اور وہ نبی کے حق میں خلافِ اولیٰ نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ تشریع کے لئے ہوتا ہے۔ مگر وہ سنت نہیں ہوتا، سنت کی تعریف ہے: **الطريقة المسلوكة في الدين**، اور یہ عمل جو بیان جواز کے لئے کیا جاتا ہے وہ دینی راہ نہیں ہوتا صرف مجبوری کا حکم ہوتا ہے۔

بابٌ في الاسْتِتَارِ عند الحَاجَةِ

چھوٹا بڑا استنجاء باپردہ کرنا چاہئے

اسْتِتَار: کے معنی ہیں: چھپنا، ڈھک جانا۔ یعنی چھوٹا بڑا استنجاء کرتے وقت پردہ کرنا چاہئے، لوگوں کے سامنے شرمگاہ کھولنے سے بچنا چاہئے، اور ادب کا تقاضہ یہ ہے کہ کھڑے کھڑے شرمگاہ نہ کھولے بلکہ جب بیٹھنے کے قریب ہوجائے تو شرمگاہ کھولے، خاص طور پر وہ شخص جو صحراء (کھلی جگہ) میں قضاء حاجت کرے وہ بیٹھنے کے قریب ہوکر ہی شرمگاہ کھولے تاکہ دور کھڑے ہوئے انسان کی نظر اس کی شرمگاہ پر نہ پڑے، لوگ عام طور پر قضاء حاجت کے لئے نشیبی جگہ تلاش کرتے ہیں۔ پس اگر آدمی بیٹھنے کے قریب ہوکر شرمگاہ کھولے گا تو اس کا ستر لوگوں کی نظروں سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح حاجت سے فارغ ہوکر کھڑے ہونے سے پہلے ستر چھپالے اس عمل کا فائدہ یہ بھی ہے کہ ستر کم وقت کھلا رہے گا جو شریعت میں مطلوب ہے۔

حدیث: حضرت انس اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ قضاء حاجت کے وقت زمین سے قریب ہوکر اپنا کپڑا اٹھاتے تھے۔

فائدہ: باب کی دونوں روایتیں مرسل (منقطع) ہیں اس لئے کہ اعمش نے حضرت ابن عمر کو تو سرے سے دیکھا ہی نہیں اور حضرت انس کو دیکھا ضرور ہے مگر ان سے کوئی روایت نہیں سنی۔ جیسے امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے بالیقین متعدد صحابہ کو دیکھا ہے مگر کسی صحابی سے حدیث سنی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات کے نزدیک امام اعظم نے سات روایتیں صحابہ سے سنی ہیں اور دوسروں کے نزدیک امام اعظم کا صحابہ سے لقاء تو ثابت ہے مگر حدیث سننا ثابت نہیں، صحیح رائے پہلی ہے۔

[۱۰-] باب فی الاِسْتِتَارِعند الحاجة

[۱۶-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا عَبْدُ السَّلَامِ بنُ حَرْبٍ، عن الأَعْمَشِ عن أَنَسٍ، قَال: کانَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم إِذَا أَرَادَ الْحَاجَةَ لَمْ یَرْفَعْ ثَوْبَه حتی یَدْنُوَ مِنَ الْأَرْضِ.

قال أبو عیسی هٰکذا رَویٰ مُحمدُ بنُ رَبِیْعَةَ عن الأَعْمَشِ عن أنسٍ هٰذا الحدیثَ.

[۱۷-] ورَوی وَکیعٌ والحِمَّانِیُّ عن الأَعْمَشِ قال: قال ابنُ عُمَرَ: کان النبیُّ صلی الله علیه وسلم إِذَا أَرَادَ الْحَاجَةَ لَمْ یَرْفَعْ ثَوْبَه حتی یَدْنُوَ مِنَ الْأَرْضِ.

وکِلَا الْحَدِیْثَیْنِ مُرْسَلٌ، ویُقَالُ لَمْ یَسْمَعِ الأَعْمَشُ مِن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ ولا مِن أَحَدٍ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وقَدْ نَظَرَ إلی أنسِ بنِ مالكٍ، قال: رَأَیْتُهُ یُصَلِّیْ، فَذَکَرَ عنه حکایَةً فی الصَّلٰوۃِ.

والأَعْمَشُ: اسْمُه سُلَیْمَانُ بنُ مِهْرَانَ أبو مُحمدِ الْکَاهِلِیُّ، وَهُوَ مَوْلیٰ لَهُمْ، قَالَ الأَعْمَشُ: کَانَ أبی حَمِیْلاً فَوَرَّثَهُ مَسْرُوْقٌ.

ترجمہ: قضاء حاجت کے وقت چھپنے (پردہ کرنے) کا بیان، عبدالسلام بن حرب، سلیمان اعمش سے، وہ حضرت انس سے روایت کرتے ہیں۔ فرمایا: جب نبی ﷺ قضاء حاجت کا ارادہ کرتے تو اپنا کپڑا نہیں اٹھاتے تھے یہاں تک کہ زمین سے قریب ہوجاتے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: محمد بن ربیعہ نے بھی اسی طرح اعمش سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ وہ حضرت انس سے روایت کرتے ہیں، اور وکیع اور حِمّانی: سلیمان اعمش سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے کہا کہ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ نبی ﷺ جب قضاء حاجت کا ارادہ کرتے تو اپنا کپڑا زمین سے قریب ہونے تک نہ اٹھاتے (یعنی دوراوی اعمش کے بعد حضرت انس کا نام لیتے ہیں اور دوسرے دوراوی حضرت ابن عمر کا) یہ دونوں حدیثیں مرسل (منقطع) ہیں اور کہا جاتا ہے کہ اعمش نے نہ حضرت انسؓ سے کوئی حدیث سنی ہے نہ کسی دوسرے صحابی سے (اعمش کی ولادت سن ۶۱ ہجری میں ہوئی ہے) ہاں اعمش نے حضرت انس کو دیکھا ہے۔ اعمش نے کہا میں نے حضرت انس کو نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ پھر انھوں نے حضرت انسؓ کی نماز کی کیفیت بیان کی۔ اور اعمش کا نام سلیمان ہے، ان کے والد کا نام مہران ہے کنیت ابومحمد اور قبیلہ کاہلہ ہے۔ وہ اس قبیلہ کے آزاد کردہ ہیں۔ اعمش کہتے ہیں: میرے ابا اٹھائے ہوئے تھے۔ پس حضرت مسروق نے ان کو وارث قرار دیا۔

تشریح:

۱- اعمش کے معنی ہیں: چندھیا۔ یعنی وہ شخص جس کی آنکھوں سے پانی بہتا ہو اور رات کو اسے نظر نہ آتا ہو۔ آپ

کاہلی اس لئے کہلاتے تھے کہ اس قبیلہ کے کسی آدمی نے آپ کی دادی کو یا والد کو آزاد کیا تھا۔ایسی نسبت کے بعد مولیٰ لھم بڑھاتے ہیں۔یعنی یہ نسبی نسبت نہیں ہے آزاد کرنے کی وجہ سے نسبت ہے۔

۲- پہلے غلام آزاد ہونے کے بعد آزاد کرنے والے کے قبیلہ کا فرد بن جاتا تھا اس کے اچھے برے کا، اور شادی بیاہ کا قبیلہ ذمہ دار ہوتا تھا۔اسی طرح اس زمانہ میں جب کوئی شخص کسی کے ہاتھ پر اسلام لاتا تو بھی وہ اس قبیلہ کا فرد بن جاتا تھا، اب اس نو مسلم کی خوشی، غمی، رنج وراحت اور شادی بیاہ میں وہ قبیلہ شریک ہوتا تھا۔

آج اسلام کی حقانیت پوری طرح دنیا کے سامنے واضح ہوگئی ہے مگر لوگوں کے اسلام میں داخل ہونے کا سلسلہ نہ کے برابر ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اب مسلمانوں کا طریقہ بدل گیا ہے۔آج اگر کوئی مسلمان ہوتا ہے تو وہ دنیا سے کٹ کر رہ جاتا ہے، اپنی قوم کے لئے تو وہ اسلام لاتے ہی اجنبی بن جاتا ہے، اور مسلمان اس کو قبول نہیں کرتے، نو مسلم کو شادی کے لئے نہ کوئی لڑکی دیتا ہے، اور نہ کوئی اس کی لڑکیاں لیتا ہے، نہ کوئی کاروبار میں اس کو سہارا دیتا ہے نہ لوگ اس کے رنج وراحت میں شریک ہوتے ہیں، اس لئے اسلام کی حقانیت سے واقف ہونے کے باوجود لوگ اس مذہب کو قبول نہیں کرتے۔ پہلے صورتِ حال یہ نہیں تھی لوگ نو مسلموں کو ہاتھوں ہاتھ لیتے تھے۔ان کی ضروریات کا انتظام کرتے تھے۔ان کو دین کی تعلیم دیتے تھے ان کی شادی کرتے تھے، اور اگر اس کی بچیاں ہوتیں تو بخوشی ان کو قبول کرتے تھے۔ بلکہ جو جس شخص کے ہاتھ پر مسلمان ہوتا وہ اس کے قبیلہ کا ایک فرد بن جاتا تھا، قبیلہ ہی اس کے اچھے برے کا ذمہ دار ہوتا تھا یہ تعاون اسلام کی اشاعت کا ذریعہ بنتا تھا۔لوگ یہ خیال کرتے تھے کہ ہم مسلمان ہو کر بے سہارا نہیں ہو جائیں گے۔ آج بھی مسلمان دور اول کے مسلمانوں کی راہ چلیں تو اسلام پہلے سے زیادہ تیزی کے ساتھ پھیل سکتا ہے۔

۳- امام سلیمان اعمش بڑے محدث اور قراءتوں کے جاننے والے اور نیک آدمی تھے۔کوفہ کے رہنے والے ہیں۔اور امام ابو حنیفہ کے معاصر ہیں۔مگر ان میں تدلیس کا عیب تھا۔جیسے اس روایت میں انھوں نے اپنے استاذ کا نام چھپایا ہے۔سن ٦١ ہجری میں ولادت اور سن ۱٤۷ یا ۱٤۸ میں وفات ہوئی ہے۔

۴- حمیل (حَمَلَ: اٹھانا) بمعنی محمول ہے۔فرماتے ہیں کہ میری دادی میرے والد کو گود میں لے کر گرفتار ہوئی تھیں۔جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت ابن مسعودؓ کے جلیل القدر شاگرد مسروق بن الاجدع مفتی کوفہ نے میرے ابا کو ان کا وارث قرار دیا۔

تقسیم ترکہ میں آٹھویں نمبر پر وہ شخص وارث ہوتا ہے جس کے لئے میت نے اپنے غیر سے نسب کا اقرار کیا ہو۔ اعمش کی دادی نے اعمش کے والد کے بارے میں بیٹا ہونے کا اقرار کیا تھا۔ایسی صورت میں خود اقرار کرنے والے کے ساتھ توارث جاری ہوتا ہے۔مگر اس غیر سے نسب ثابت نہیں ہوتا، تفصیل کے لئے دیکھیں۔طرازی شرح سراجی (ص:٤٦)

بابُ کراھیةِ الاِسْتِنْجَاءِ بالیَمین

دائیں ہاتھ سے استنجاء کرنا مکروہ ہے

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے دائیں ہاتھ سے پیشاب کے عضو کو چھونے سے منع کیا۔ یہی حکم بڑے استنجا کی جگہ کو چھونے کا ہے۔ اور یہ حکم استنجاء کے ساتھ خاص نہیں ہے، بلکہ عام ہے۔ کسی بھی وقت دایاں ہاتھ شرمگاہ کو نہیں لگانا چاہئے۔ ضرورت پیش آئے تو بایاں ہاتھ استعمال کرے۔ اور یہ محاسنِ اخلاق کی تعلیم ہے۔ تمام اچھے کام جیسے کھانا، پینا، قرآن یا کتاب پکڑنا سب کے لئے دایاں ہاتھ استعمال کرنا چاہئے۔ اور تمام برے کام: جیسے بغل یا زیر ناف کو کھجانا، ناک یا کان میں انگلی ڈالنا، ناک صاف کرنا اور چھوٹا یا بڑا استنجاء کرنا ایسے کاموں کے لئے بایاں ہاتھ استعمال کرنا چاہئے۔ اور یہ شریعتِ اسلامیہ کی ایک خوبی ہے کہ اس نے ایسی اچھی باتوں کی تعلیم دی ہے۔ عقل انسانی کی رسائی ان باتوں تک نہیں ہے۔ آپ ان لوگوں کا جائزہ لیں جو شریعت کی روشنی سے محروم ہیں وہ سب کام دائیں ہاتھ سے کرتے ہیں۔ اسی سے استنجاء کرتے ہیں اسی سے کھاتے ہیں۔ یورپ کے لوگ جو خود کو مہذب سمجھتے ہیں ان کی سمجھ میں یہ بات تو آگئی کہ ہم دائیں ہاتھ سے استنجاء کرتے ہیں اس لئے اس سے کھانا نہیں چاہئے۔ چنانچہ انھوں نے چھری کانٹوں سے کھانا شروع کر دیا، مگر آج تک ان کی سمجھ میں یہ بات نہیں آئی کہ ہاتھوں کو اچھے برے کاموں کے لئے تقسیم کرنا چاہئے۔ یہ نبی ﷺ کا احسان ہے کہ آپ نے اس امت کو چھری کانٹوں سے بچالیا اور ہاتھوں کی تقسیم کرکے مسئلہ حل کر دیا۔

[۱۱-] باب کراھیة الاستنجاء بالیمین

[۱۸-] حَدَّثَنا مُحمدُ بنُ أبی عُمَرَ المَکِّیُّ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ عَن مَعْمَرٍ عن یَحْیَی بنِ أبی کثیرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ أبی قَتَادَةَ عن أبیه أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَھٰی أَنْ یَّمَسَّ الرَّجُلُ ذَکَرَہُ بِیَمِینِهٖ.

وفی الباب: عن عائشةَ وسَلمان وأبی ھُریرةَ وسَھْلِ بنِ حُنَیْفٍ.

قال أبو عیسیٰ: ھٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وأبو قَتَادَةَ: اسْمُهُ الْحَارِثُ بنُ رِبْعِیٍّ، والعَمَلُ علی ھذا عند أھل العلم کرِھوا الاِسْتِنْجَاءَ بالیَمِیْنِ.

ترجمہ: دائیں ہاتھ سے استنجاء کی ناپسندیدگی کا بیان۔ (حدیث) نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ آدمی اپنے پیشاب کے عضو کو اپنے دائیں ہاتھ سے چھوئے، اس باب میں حضرت عائشہ کی، سلمان فارسی کی، ابو ہریرہ کی،

اورسہل بن حُنیف کی روایات ہیں۔امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ حضرت ابوقتادہ کی یہ روایت حسنٌ صحیحٌ ہے (یہ متفق علیہ روایت ہے) اورابوقتادہ کا نام حارث،ان کے والد کا نام ربعی (اوران کے دادا کا نام بُلْدُمة ہے،انصار کے قبیلۂ بنوسلمہ سے آپ کا تعلق تھا) اوراہل علم کا اس حدیث پرعمل ہے وہ دائیں ہاتھ سے(بغیرعذر کے) استنجا کرنے کومکروہ کہتے ہیں۔

بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بالْحِجَارَةِ

صرف ڈھیلے یاپتھر سے استنجاء کرنا جائز ہے

چھوٹے یابڑے استنجے میں پانی استعمال کرناضروری نہیں۔ڈھیلے یا پتھر پر اکتفا کرنا جائز ہے۔بشرطے کہ انقاء (صفائی) ہوجائے،البتہ پانی استعمال کرنا بہتر ہےاورڈھیلے یا پتھر پر اکتفا کرنے کی اجازت اس صورت میں ہے جبکہ نجاست مخرج سے متجاوز نہ ہوئی ہو،اگرنجاست مخرج سے متجاوز ہوگئی ہوتو پھرڈھیلے پر اکتفا کرنا جائزنہیں، بلکہ پانی کا استعمال ضروری ہے۔

اورمخرج سے متجاوز ہونے والی ناپا کی کتنی معاف ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔اوراحادیث میں یہ مسئلہ مصرّح نہیں۔امام شافعی رحمہ اللہ معمولی نجاست کوبھی معاف نہیں کہتے۔اگرمکھی کے پر کے برابربھی ناپا کی متجاوز ہوگئی ہوتو اس کا دھوناضروری ہے۔ڈھیلے پر اکتفا کرنا جائزنہیں،باب ماجاء في غسل دم الحيض من الثوب میں امام شافعی رحمہ اللہ کا قول آرہاہے کہ اگرمصلی کے کپڑوں پر یا بدن پر معمولی ناپا کی بھی ہوتو اس کی نمازنہیں ہوگی۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس قول پرتبصرہ کیا ہے کہ: شدّد فی ذلك. یعنی امام شافعی نے مسئلہ میں سختی کردی۔اتنی قلیل مقدارناپا کی سے بچنا ناممکن ہے۔اورامام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک بہت گنجائش ہے، ان کے نزدیک ناظر اگرکثیر سمجھے تو دھونا ضروری ہے،ورنہ ڈھیلے پر اکتفا جائز ہے۔یعنی نماز ہوجائے گی۔

اورامام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک درہم سے کم ناپا کی معاف ہے۔ڈھیلے پر اکتفا کرنا جائز ہے اس کی نماز بلا کراہیت درست ہوجائے گی۔اوراگر بقدر درہم ہوتو اس کو دھونا چاہئے ورنہ نماز مکروہ تحریمی ہوگی۔اوردرہم سے زائد ہوتو دھونا فرض ہے بغیر دھوئے نماز پڑھے گا تو نمازنہیں ہوگی۔

مسئلہ: حِجَارةٌ: (پتھر) سے مراد ہروہ پاک چیز ہے جونجاست کوصاف کرےاوروہ قابل احترام نہ ہو، جیسے: مٹی کا ڈھیلا، پرانا کپڑااوراستنجے کا کاغذ وغیرہ، نئے اور کارآمد کپڑے سے استنجاء کرنا مکروہ ہے۔اسی طرح لکھنے کے کاغذ سے بھی استنجاء کرنا مکروہ ہے۔

حدیث: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے کسی مشرک نے ٹھٹھا کرتے ہوئے کہا کہ تمہارے نبی عجیب آدمی

ہیں، وہ تمہیں ہگنے کا طریقہ بھی سکھاتے ہیں، یعنی انھوں نے تم کو بیوقوف سمجھ رکھا ہے کہ معمولی معمولی باتیں بھی سکھاتے ہیں۔ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے دانشمندانہ طریقہ اختیار کیا اور جواب دیا: ہاں! ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں استنجا کرتے وقت چار باتوں کی تعلیم دی ہے تو غور کر، تمہاری عقلیں ان باتوں تک پہنچی ہیں؟

(۱) ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ ہم استنجا کرتے وقت نہ تو کعبہ شریف کی طرف منہ کریں، نہ پیٹھ۔ کیونکہ یہ بات کعبہ کی تعظیم کے منافی ہے۔ تم لوگ بھی کعبہ کا احترام کرتے ہو مگر کیا تمہاری عقلیں اس بات تک پہنچی ہیں کہ استنجا کرتے وقت بھی اس کا خیال رکھنا چاہئے؟

(۲) ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے سے منع کیا ہے، یہ بھی ایک موٹی بات ہے کہ اچھے برے کاموں کے لئے ہاتھوں کی تقسیم ہونی چاہئے۔ تمہارے یہاں کوئی امتیاز نہیں، تم دائیں ہاتھ سے استنجاء بھی کرتے ہو پھر اسی سے کھاتے بھی ہو۔

(۳) ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ ہم بڑے استنجے میں کم از کم تین پتھر ضرور استعمال کریں، تم ایک ہی پتھر سے کام چلا لیتے ہو اور محل صاف ہوا یا نہیں اس کی کچھ پرواہ نہیں کرتے۔

(۴) ہمیں یہ بھی ہدایت فرمائی ہے کہ ہم لید، گوبر اور ہڈی سے استنجا نہ کریں۔ کیونکہ اول دو تو خود ناپاک ہیں۔ پس خُفتہ را خُفتہ کے کُند بیدار۔ اور ہڈی چکنی ہوتی ہے اس سے انقاء نہیں ہوسکتا۔

الغرض حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے اس مشرک کے مذاق کا حکیمانہ جواب دیا کہ استنجا کرنے کا طریقہ بھی تعلیماتِ نبوی کا محتاج ہے۔ شریعت کی ہدایت کے بغیر یہ معمولی کام بھی انسان سلیقہ سے انجام نہیں دے سکتا۔

[۱۲-] باب الاستنجاء بالحجارة

[۱۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ عن الأَعْمَشِ عن إبراهيمَ عن عَبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ قَالَ: قِيْلَ لِسَلْمَانَ: قَدْ عَلَّمَكُمْ نَبِيُّكُمْ كلَّ شَيئٍ حَتَّى الخِرَاءَ ةَ، قال سلمانُ: أَجَلْ، نَهَانَا أَنْ نَّسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ أَوْ بِبَوْلٍ، أَوْ أَنْ نَّسْتَنْجِيَ بَالْيَمِيْنِ، أَوْ أَنْ يَّسْتَنْجِيَ أَحَدُنا بِأَقَلَّ مِنْ ثَلٰثَةِ أَحْجارٍ، أو أن نَّسْتَنْجِيَ بِرَجِيْعٍ أَوْ بِعَظْمٍ.

وفي البابِ: عن عائشةَ وخُزَيْمَةَ بنِ ثابتٍ وجابرٍ وخَلَّادِ بنِ السَّائِبِ عن أبيه.

قال أبو عيسى: حَديثُ سَلْمَانَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بعدَهم، رَأَوْ أَنَّ الِاسْتِنْجَاءَ بِالْحِجَارَةِ يُجْزِئُ وَإِنْ لَّمْ يَسْتَنْجِ بالماءِ، إذا أَنْقٰى أَثَرَ الغائطِ والبَولِ، وبه يَقولُ الثَّوْرِيُّ وابنُ المبارك والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: پتھر سے استنجا کرنے کا بیان۔یعنی پتھر سے استنجا کرنے پر اکتفا کرنے کا بیان۔عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں کہ سلمانؓ سے کہا گیا: تمہارے نبی نے تمہیں ہر چیز سکھلائی ہے۔ یہاں تک کہ بڑا استنجا کرنے کا طریقہ (بھی) حضرت سلمانؓ نے فرمایا: جی ہاں! (۱) ہمیں ممانعت کی ہے اس بات سے کہ ہم کعبہ شریف کی طرف منہ کریں بڑا استنجا کرتے ہوئے یا پیشاب کرتے ہوئے (۲) یا یہ کہ ہم دائیں ہاتھ سے استنجا کریں (۳) اور یا یہ کہ ہم میں سے کوئی بھی تین پتھروں سے کم سے استنجا کرے (۴) یا یہ کہ ہم لید گوبر یا ہڈی سے استنجا کریں............حضرت سلمان کی حدیث حسن صحیح ہے اور وہ صحابہ میں سے اور بعد کے لوگوں میں سے اکثر اہل علم کا قول ہے۔ان کی رائے ہے کہ پتھر سے استنجا کرنا کافی ہوجاتا ہے اگرچہ اس نے پانی سے استنجا نہ کیا ہو جب اس نے پیشاب پاخانہ کا اثر بالکل صاف کردیا ہو۔ یہی رائے ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کی ہے۔

تشریح:

یہ مسئلہ اجماعی ہے اگر ناپاکی مخرج سے نہیں بڑھی تو تمام ائمہ کے نزدیک صرف ڈھیلے سے استنجا کرنا کافی ہے .... الخِراءَ ةُ: (خ کے زیر اور مد کے ساتھ) کے معنی ہیں: بڑا استنجا کرنا۔اور استنجا کرنے کے لئے بیٹھنا أجَل کے معنی ہیں: ہاں۔ یہ سکون پر مبنی ہے، استفہام کے بعد نعم سے جواب دینا بہتر ہے۔اور جملہ خبریہ کے بعد أجل سے۔ اور نفی کے بعد بلیٰ آتا ہے، اور یہ سب حروف ایجاب ہیں............أن نستقبل سے پہلے من: حرف جر پوشیدہ ہے۔ اسی طرح آگے بھی۔

ملحوظہ: بڑے استنجے میں تین ڈھیلے استعمال کرنے ضروری ہیں یا کم سے بھی استنجا ہوجاتا ہے جبکہ اچھی طرح صفائی ہوجائے، یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

بابٌ فى الاِسْتِنْجَاءِ بَالْحَجَرَيْنِ

استنجاء کے لئے تین ڈھیلے ضروری ہیں؟

ڈھیلوں سے استنجاء کرنے والے کو کم از کم تین ڈھیلے استعمال کرنے چاہئیں ان سے کم پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے۔ رہا یہ کہ تین کا عدد واجب ہے یا سنت مؤکدہ؟ اس میں اختلاف ہے۔اور دو باتیں اجماعی ہیں: ایک: استنجے میں انقاء (صفائی) ضروری ہے۔ چاہے تین ڈھیلوں سے حاصل ہو یا زیادہ سے۔ اگر انقاء کے بغیر استنجاء کرنے والا نماز پڑھے گا تو نماز نہیں ہوگی۔ دوم: اگر تین ڈھیلوں سے انقاء نہ ہو اور چوتھا ڈھیلا استعمال کرنا پڑے تو پھر طاق ڈھیلے استعمال کرنا مستحب ہے ــــــ لیکن اگر ایک یا دو ڈھیلوں سے صفائی ہوجائے تو تین ڈھیلے استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟ یہ

مسئلہ مختلف فیہ ہے اور اختلاف دلائل کا نہیں ہے، بلکہ نص فہمی کا ہے:

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اگر ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء ہوجائے تو تین کا عدد سنت مؤکدہ ہے۔ پس اگر استنجاء کرنے والا ایک یا دو پتھروں پر اکتفا کرلے تو اس کا استنجا درست ہوجائے گا، اور اب جو نماز پڑھے گا وہ درست ہوگی۔

اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تثلیث اور انقاء دونوں ضروری ہیں۔ پس ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء ہونے کی صورت میں بھی تیسرا ڈھیلا استعمال کرنا ضروری ہے۔ نہیں لے گا تو استنجاء نہیں ہوگا اور اس کی نماز درست نہیں ہوگی۔

دلائل: احادیث دو طرح کی ہیں: بعض وہ ہیں جن میں تین پتھروں سے استنجاء کرنے کا حکم دیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: أَمَرَ بثلاثة أحجار (ابن ماجہ، دارمی، مشکوٰۃ ۱: ۴۲) اور بعض وہ ہیں جن میں تین سے کم پر اکتفا کرنے سے منع کیا ہے، جیسے ابھی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث گذری۔ ان روایات کا ملحظ (پیش نظر) کیا ہے؟ تثلیث (تین کا عدد) یا انقاء؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک ان روایات کا ملحظ انقاء (صفائی) ہے، عدد نہیں۔ شارع نے ایک ایسا عدد اختیار کیا ہے جس سے عام طور پر صفائی ہوجاتی ہے۔ جیسے فقہ میں ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ یہ بتایا ہے کہ تین مرتبہ دھوؤ، اور ہر مرتبہ نچوڑو۔ لیکن اگر کوئی شخص ناپاک کپڑے کو دو مرتبہ دھوئے اور ظن غالب حاصل ہوجائے کہ ناپاکی نکل گئی تو کپڑا پاک ہوجائے گا۔ اور اگر تین مرتبہ دھونے کے باوجود ناپاکی کپڑے میں نظر آئے تو چوتھی اور پانچویں مرتبہ دھونا ضروری ہے۔ اسی طرح یہاں بھی فرض صرف انقاء ہے۔ اور احادیث میں تین پتھروں کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ اس سے عام طور پر انقاء ہوجاتا ہے۔ پس جس شخص نے ایک یا دو ڈھیلوں سے انقاء کرلیا اس کا استنجاء ہوگیا اور اگر انقاء نہیں ہوا تو تیسرا بلکہ چوتھا ڈھیلا بھی استعمال کرنا ضروری ہے۔ اور دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: إذا ذَهَبَ أحدكم إلى الغائط فَلْيَذْهَبْ معه بثلاثة أحجار فَلْيَسْتَطِبْ بها فإنها تُجْزِئُ عنه: جب تم میں سے کوئی شخص استنجے کے لئے جائے تو اس کو چاہئے کہ اپنے ساتھ تین پتھر لے جائے۔ پس ان کے ذریعہ صفائی حاصل کرے اس لئے کہ تین ڈھیلے اس کے لئے کافی ہوجائیں گے (نسائی شریف ۱: ۸)

یہ حدیث صریح ہے کہ جن روایات میں تثلیث کا حکم ہے یا تین سے کم کی ممانعت ہے ان کا ملحظ انقاء ہے عدد نہیں۔ اور چونکہ نبی ﷺ کی عادت تین ڈھیلوں سے استنجاء کرنے کی تھی اور صحابہ وتابعین کا بھی یہی معمول تھا، اس لئے تثلیث سنت ہے ـــــــ اور جن روایات میں ایتار کا حکم ہے ان کا ملحظ انقاء کے بعد ایتار ہے یعنی اگر دو میں انقاء ہوجائے تو تیسرا ڈھیلا سنت ہے تاکہ عدد طاق ہوجائے اور چار سے انقاء ہو تو پانچواں ڈھیلا لینا مستحب ہے تاکہ عدد

طاق ہو جائے۔

اور حضرت امام شافعی اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک احادیث کا ملحظ تثلیث وانقاء دونوں ہیں۔ پس ان کے نزدیک دونوں چیزیں ضروری ہیں۔ دو سے انقاء ہو جائے تو بھی تیسرا ڈھیلا استعمال کرنا واجب ہے۔

احناف کے نزدیک یہ حقیقت ومجاز کو جمع کرنا ہے اس لئے کہ تثلیث کے حقیقی معنی ہیں تین ڈھیلے استعمال کرنا اور مجازی معنی ہیں انقاء اور انقاء کی فرضیت تمام علماء نے انہی احادیث سے اخذ کی ہے۔ انقاء کی فرضیت کے لئے اور کوئی دلیل نہیں۔ پس جب مجازی معنی لے لئے تو اب حقیقی معنی بھی مراد لینا درست نہیں۔

آخر میں دو باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت پیش کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ قضاء حاجت کے لئے جنگل کی طرف تشریف لے گئے اس موقع پر ابن مسعود ساتھ تھے، ایک جگہ رُک کر آپؐ نے ابن مسعود سے فرمایا: ''میرے لئے تین پتھر تلاش کر لاؤ'' ابن مسعود کہتے ہیں مجھے تلاشِ بسیار کے بعد دو پتھر اور ایک لید ملی۔ میں وہ لے کر حاضر ہوا۔ آپؐ نے پتھروں کو لے لیا اور لید کو یہ کہہ کر پھینک دیا کہ یہ تو ناپاک ہے ــــــ اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں:

۱- رسول اللہ ﷺ نے جہاں استنجاء کرنے کا ارادہ فرمایا تھا وہاں موزون پتھر موجود نہیں تھے۔ ورنہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو تلاش کرنے کے لئے بھیجنے کی کیا ضرورت تھی؟ پھر ابن مسعودؓ کو بھی صرف دو ہی پتھر ملے۔ معلوم ہوا کہ آس پاس بھی پتھر نہیں تھے۔

۲- رسول اللہ ﷺ نے صرف دو پتھر قبول کئے، لید پھینک دی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس دن آپؐ نے صرف دو پتھروں سے استنجاء کیا۔ اور جب زندگی میں ایک مرتبہ دو ڈھیلوں سے استنجاء کرنا ثابت ہوا تو تثلیث کا وجوب ختم ہو گیا۔ یہ استدلال امام طحاوی اور علامہ کاسانی رحمہما اللہ وغیرہ نے کیا ہے، مگر اس حدیث سے یہ استدلال کمزور ہے کیونکہ یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے اس میں ہے: ائتني بحجر: یعنی ایک پتھر لاؤ (مسند احمد ۱: ۴۵۰) حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس حدیث کے تمام روات ثقہ ہیں (فتح الباری ۱: ۲۷۵) پس مذکورہ استدلال کمزور ہے۔ صحیح بات وہ ہے جو میں نے بتائی کہ اس باب میں اختلاف دلائل کا نہیں ہے بلکہ نص فہمی کا ہے۔

دوسری بات: پہلے یہ بات ضمناً آئی ہے کہ من اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ من فعل فقد أَحْسَنَ ومن لا فلا حرج. (مشکوٰۃ ۱: ۴۳) جیسی حدیثوں میں جو ایتار کا حکم آیا ہے اس سے تثلیث کے وجوب کے قائل اماموں کے نزدیک تین کے بعد کا ایتار مراد ہے، اور تین کے بعد کی وتریت کے استحباب پر اجماع ہے۔ اور جو امام تثلیث کو واجب نہیں کہتے ان کے نزدیک تین کا عدد بھی مراد ہے، جبکہ دو سے انقاء ہو جائے اور یہ تیسرا پتھر لینا مستحب نہیں، بلکہ سنت ہے کیونکہ

عمل نبوی سے اس کا ثبوت ہے اور بعد کا وتر عدد مستحب ہے۔

[١٣-] باب فى الاستنجاء بالحجرين

[٢٠-] حدثنا هَنَّادٌ وقُتَيْبَةُ، قالا: نا وكيعٌ، عن إسرائيلَ، عن أبى إسحاقَ، عن أبى عُبَيْدَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ قال: خَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِحَاجَتِهِ فَقَالَ الْتَمِسْ لِى ثَلٰثَةَ أَحْجَارٍ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بِحَجَرَيْنِ وَرَوْثَةٍ، فَأَخَذَ الْحَجَرَيْنِ، وَأَلْقَى الرَّوْثَةَ وَقَالَ: "إِنَّهَا رِكْسٌ"

قال أبو عيسى: وهٰكذا رَوَى قَيْسُ بنُ الرَّبِيْعِ هٰذَا الحَديثَ عَن أبى إسحاقَ عن أبى عُبَيْدَةَ، عن عَبدِ اللّٰهِ نَحْوَ حَديثِ إِسْرَائِيْلَ؛ وَرَوٰى مَعْمَرٌ وعَمَّارُ بْنُ رُزَيْقٍ عن أبى إسْحَاقَ عَن عَلْقَمَةَ، عن عبدِاللّٰهِ؛ وَرَوىٰ زُهَيْرٌ، عن أبى إسحاقَ عن عَبدِ الرحمنِ بنِ الْأَسْوَدِ، عَن أبيهِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ عن عبدِ اللّٰهِ؛ وَروىٰ زَكَرِيَّا بنُ أبى زَائِدَةَ عن أبى إسحَاقَ، عن عبدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ.، عَنِ الْأَسْوَدِ بنِ يَزِيْدَ عَن عبدِ اللّٰهِ؛ وَهٰذَا حديثٌ فِيْهِ اضْطِرَابٌ.

قال أبو عيسىٰ: سَأَلْتُ عبدَ اللّٰهِ بنَ عبدِ الرحمن: أَيُّ الرِّوَايَاتِ فِى هٰذا عن أبى إسحاقَ أَصَحُّ؟ فَلَمْ يَقْضِ فيهِ بِشَيْئٍ! وَسَأَلْتُ محمدًا عن هٰذا؟ فَلَمْ يَقْضِ فيه بشيئٍ! وَكَأَنَّهُ رَأىٰ حديثَ زُهَيْرٍ عن أبى إسحاقَ عن عبدِ الرحمنِ بنِ الْأَسْوَدِ عن أبيه عن عبدِ اللّٰهِ اَشْبَهَ، وَوَضَعَه فى كِتابِه الْجَامِعِ.

وَأَصَحُّ شيئٍ فى هٰذا عِندى حديثُ إسرائيلَ وقَيْسٍ عن أبى إسحاقَ عن أبى عُبَيْدَةَ عن عبدِ اللّٰهِ: لِأَنَّ إسرائيلَ أَثْبَتُ وأَحْفَظُ لِحَديثِ أبى إسحاقَ مِن هٰؤُلآءِ،وتَابَعَهُ على ذٰلِكَ قَيْسُ بنُ الرَّبِيْعِ، وسَمِعْتُ أَبَا مُوسى مُحَمَّدَ بنَ الْمُثَنّٰى يقولُ: سمِعتُ عبدَ الرحمنِ بنَ مَهْدِيٍ يقولُ، مَا فَاتَنى الَّذِىْ فَاتَنى مِن حديثِ سُفيانَ الثوريِّ عن أبى إسحاقَ، إلَّا لِمَا اتَّكَلْتُ به علىٰ إسرائيلَ، لِأَنَّهُ كان يَأْتِىْ بِه أَتَمَّ.

قال أبو عيسى:وزُهيرٌ فى أبى إسحاقَ لَيْسَ بذٰلِكَ، لِأَنَّ سَمَاعَه مِنهُ بِأَخَرَةٍ، سمعتُ أحمدَ بنَ الحسنِ يقولُ: سمِعتُ أحمدَ بنَ حنبلٍ يقول: إذَا سمِعتَ الحديثَ عن زَائِدَةَ وزُهَيْرٍ فَلاَ تُبَالِ أَن لَّا تَسْمَعَه مِن غَيْرِهِمَا إِلَّا حَديثَ أبى إسحاقَ.

وأبُو إسحاقَ: اسْمُه عَمْرُو بنُ عبدِ اللّٰهِ السَّبِيْعِيُّ الهَمْدَانِيُّ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بنُ عبد الله بنِ مسعودٍ لَمْ يَسْمَع مِنْ أَبِيْهِ وَلاَ يُعْرَفُ اسْمُهُ.

حدثنا محمدُ بن بَشَّارٍ، حدثنا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ عن شُعْبَةَ عن عمرِو بنِ مُرَّةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ بنَ عبدِ اللّٰهِ هَلْ تَذْكُرُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ شَيْئًا؟ قالَ لاَ!

ترجمہ: دو پتھروں سے استنجاء کرنے کا بیان۔ یعنی تثلیث واجب نہیں (حدیث کا ترجمہ اوپر گذر چکا) یہ اسرائیل کی روایت ہے ابواسحاق سے، وہ ابوعبیدۃ سے، اور وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اور اسی طرح یہ حدیث قیس بن الربیع نے ابواسحاق سے، انھوں نے ابوعبیدہ سے، انھوں نے ابن مسعود سے اسرائیل کی حدیث کی طرح روایت کی ہے ——— اور معمر اور عمار بن رُزَیق ابواسحاق سے، وہ علقمہ سے، وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں ——— اور زہیر: ابواسحاق سے، وہ عبدالرحمٰن بن الاسود سے، وہ اپنے والد اسود بن یزید سے، وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں ——— اور زکریا بن ابی زائدۃ ابواسحاق سے، وہ عبدالرحمٰن بن یزید سے وہ (اپنے بھائی) اسود بن یزید سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں (اس سند میں عن عبد الرحمن بن یزید کے بعد عن الأسود بن یزید ہندوستانی نسخوں میں چھوٹ گیا ہے) ——— اور یہ ایک ایسی حدیث ہے جس کی سند میں اختلاف ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے امام دارمی سے پوچھا: اس حدیث کی ابواسحاق سے کونسی سند زیادہ صحیح ہے؟ پس انھوں نے اس سلسلہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور میں نے اس سلسلہ میں امام بخاریؒ سے بھی پوچھا تو انھوں نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا، اور گویا انھوں نے زہیر کی حدیث کو جو وہ ابواسحاق سے، وہ عبدالرحمٰن بن الاسود سے، وہ اپنے والد سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں اس کو درستگی سے زیادہ مشابہ سمجھا۔ اور اس کو اپنی کتاب صحیح بخاری میں درج کیا (زہیر کی سند سے روایت بخاری شریف میں بابٌ لا یُستنجیٰ بروثٍ میں ہے) ——— اور میرے نزدیک اس میں صحیح ترین اسرائیل اور قیس کی حدیث ہے جو وہ ابواسحاق سے، وہ ابوعبیدہ سے، وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔ اس لئے کہ اسرائیل کو ابواسحاق کی حدیثیں ان تمام حضرات سے زیادہ مضبوط اور بہت عمدہ یاد تھیں ——— اور اس سند پر اسرائیل کی قیس بن الربیع نے متابعت کی ہے۔ یعنی قیس بھی اسرائیل ہی کی طرح سند بیان کرتے ہیں ——— (اسرائیل کے مضبوط راوی ہونے کی دلیل) اور میں نے ابوموسیٰ محمد بن المثنی سے سنا: وہ کہتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے سنا، وہ کہتے ہیں: ''میرے ہاتھ سے نہیں نکل گئیں وہ حدیثیں جو میرے ہاتھ سے نکل گئیں، سفیان ثوری کی حدیثوں میں سے جو وہ ابواسحاق سے روایت کرتے ہیں، مگر میرے تکیہ کرنے کی وجہ سے ان کے سلسلہ میں اسرائیل پر۔ اس لئے کہ اسرائیل ان حدیثوں کو کامل تر بیان کیا کرتے تھے ——— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اور زہیر ابواسحاق کے مضبوط راوی نہیں، اس لئے کہ ان کا سماع ابواسحاق سے ان کی آخری عمر میں ہے، میں نے احمد بن الحسن ترمذی سے سنا وہ کہتے ہیں: میں نے امام احمدؒ سے سنا، وہ کہتے ہیں: جب آپ حدیث زائدہ اور زہیر سے سن لیں تو اس کی پرواہ نہ کریں کہ آپ اس کو ان دونوں کے علاوہ سے نہ سنیں، مگر ابواسحاق کی حدیثیں مستثنیٰ ہیں (یعنی ان کو زہیر سے سننے پر اکتفا نہ کریں ان کو کسی اور شاگرد سے بھی سنیں) ——— اور ابواسحاق کا نام عمرو بن عبداللہ ہے، ان کا قبیلہ ہمدان ہے پھر اس کی شاخ سبیع ہے ——— اور ابوعبیدہ نے اپنے ابا ابن مسعودؓ سے نہیں

سنا، نہ ان کا نام معلوم ہے، عمرو بن مُرّہ نے خود ابو عبیدہ سے پوچھا ہے، کیا آپ کو ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی کوئی بات یاد ہے؟ انھوں نے کہا نہیں!

تشریح:

(۱) اسرائیل: اعلی درجہ کے راوی ہیں۔ یہ ابو اسحاق ہمدانی کے پوتے ہیں، ان کے والد کا نام یونس ہے، اور وہ بھی حدیث کے راوی ہیں۔ سن ۱۶۰ھ یا اس کے بعد وفات ہوئی ہے —— اور ابو اسحاق سَبِیْعی ہمدانی: مشہور محدث ہیں۔ کتبِ ستہ کے راوی ہیں، مگر آخری عمر میں حافظہ بگڑ گیا تھا، اس لئے آخری عمر کے شاگردوں کی روایات متابع کے بغیر قبول نہیں کی جائیں گی۔ سن ۱۲۹ ہجری میں انتقال ہوا ہے۔ ہمدان (میم کے جزم کے ساتھ) یمن کا قبیلہ تھا، سَبِیْع: اس کی ایک شاخ ہے۔ اور ہمدان (میم کے زبر کے ساتھ) ایران کا مشہور شہر ہے۔ اس شہر کا کوئی راوی نہیں۔ اس لئے رُوات کی نسبت میں سب ہمدانی: میم کے سکون کے ساتھ ہیں۔

(۲) ابوعبیدۃ: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے صاحبزادے ہیں۔ کہتے ہیں کہ کنیت ہی ان کا نام ہے۔ اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں، کتبِ ستہ میں ان کی روایتیں ہیں۔ ابھی سات سال کے تھے کہ حضرت ابن مسعودؓ کی وفات ہوگئی، اس لئے انھوں نے اپنے والد سے نہیں پڑھا، بلکہ ان کے شاگردوں سے پڑھا ہے۔ اور اس زمانہ میں چونکہ اسناد کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اس لئے انھوں نے یہ یاد نہیں رکھا کہ کونسی حدیث کس سے لی ہے۔ اس مجبوری کی وجہ سے وہ تمام حدیثیں اپنے والد سے روایت کرتے تھے۔ ان کے مراسیل (منقطع روایات) بالاجماع حجت ہیں۔

(۳) اس عبارت میں تین مرتبہ قال أبو عیسیٰ: آیا ہے۔ پہلے قول کے تحت سندوں کا اختلاف بیان کیا ہے کہ یہ حدیث چار سندوں سے مروی ہے:

پہلی سند: اسرائیل اور قیس بن الربیع ابو اسحاق سے، وہ ابو عبیدۃ سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔

دوسری سند: معمر اور عمار: ابو اسحاق سے، وہ علقمہ سے، وہ ابن مسعود سے روایت کرتے ہیں۔

تیسری سند: زہیر ابو اسحاق سے، وہ عبدالرحمٰن بن الاسود سے، وہ اپنے ابا اسود بن یزید سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔

چوتھی سند: زکریا ابو اسحاق سے، وہ عبدالرحمٰن بن یزید سے، وہ اپنے بھائی اسود بن یزید سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔

ان سندوں میں دو باتوں میں اختلاف ہے: (۱) ابو اسحاق کے چار شاگرد ابو اسحاق اور ابن مسعودؓ کے درمیان صرف ایک واسطہ لاتے ہیں۔ اور دو شاگرد دو واسطے لاتے ہیں (۲) وہ چار شاگرد جو ایک واسطہ لاتے ہیں ان کے

درمیان اختلاف ہے۔ اسرائیل اور قیس ابوعبیدة کا واسطہ لاتے ہیں اور معمر اور عمار علقمہ کا ـــــ اور جو دو شاگرد دو واسطے لاتے ہیں۔ ان میں بھی اختلاف ہے۔ زہیر عبد الرحمٰن بن الاسود اور ان کے والد اسود بن یزید کے واسطے لاتے ہیں، اور زکریا عبد الرحمٰن بن یزید اور ان کے بھائی اسود بن یزید کے واسطے لاتے ہیں ـــــ یہ اس حدیث کی سندوں میں اضطراب واختلاف کا بیان ہے۔

اور دوسرے قال أبو عیسیٰ کے تحت اسرائیل کی سند کے اصح ہونے کا بیان ہے۔ فرماتے ہیں: میں نے امام دارمی رحمہ اللہ سے اس اختلافِ اسانید کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا تو انھوں نے بھی کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ مگر ان کا عمل اس پر دلالت کرتا ہے کہ ان کے نزدیک زہیر کی سند اصح ہے۔ کیونکہ وہ اسی کو بخاری شریف میں لائے ہیں۔ مگر میرے نزدیک اسرائیل کی سند اصح ہے۔ کیونکہ قیس اسرائیل کے متابع ہیں اور اسرائیل کو باقی راویوں سے دادا کی حدیثیں زیادہ یاد تھیں اور اس کی دلیل ابن مہدی کا قول ہے جس کی تشریح آگے آرہی ہے۔

اور تیسرے قال أبو عیسیٰ: کے تحت زہیر کی حدیث کے اصح نہ ہونے کی وجہ بیان کی ہے کہ زہیر کا سماع قابل اعتبار نہیں، کیونکہ انھوں نے ابواسحاق سے حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے۔ چنانچہ امام احمد نے اپنے تلامذہ سے فرمایا ہے کہ زائدہ اور زہیر کی تمام روایات پر اعتماد کرسکتے ہو، مگر وہ دونوں جو روایتیں ابواسحاق سے کرتے ہیں ان پر اس وقت تک اعتماد نہ کرو جب تک ان روایات کو دوسرے محدثین سے نہ سنو۔

ابن مہدی کے قول کا مطلب: عبد الرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں: میں سفیان ثوری کے سبق میں پابندی سے جاتا تھا۔ لیکن جس زمانہ میں وہ ابواسحاق کی حدیثیں بیان کرتے تھے میں سبق میں جانے کا اہتمام نہیں کرتا تھا، کیونکہ میں وہ سب روایتیں اسرائیل سے لکھ چکا تھا اور اسرائیل کو اپنے دادا کی حدیثیں سفیان ثوری سے زیادہ یاد تھیں اور وہ ان کو زیادہ کامل بیان کرتے تھے۔

محاکمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے مزاج کے مطابق اسرائیل کی حدیث کو ترجیح دی ہے، کیونکہ اس کی سند میں انقطاع ہے۔ اور امام ترمذی جس سند میں کمزوری ہوتی ہے اسی کو ترجیح دیتے ہیں ـــــ اور امام بخاری نے اپنے طرزِ عمل سے زہیر کی حدیث کو ترجیح دی ہے۔ اور شارحین بخاری مثلاً: حافظ ابن حجرؒ، امام بخاری کی رسّی کھینچتے ہیں، اور زہیر کی حدیث کو اصح قرار دینے کی کوشش کرتے ہیں ـــــ اور ہمارے نزدیک حدیث کی چاروں سندیں صحیح ہیں۔ کیونکہ ابواسحاق کے سب شاگرد ثقہ ہیں اور اس کا احتمال ہے کہ ابن مسعود سے یہ حدیث علقمہ نے بھی سنی ہو، اور اسود بن یزید نے بھی۔ پھر ان سے ابوعبیدة، ابواسحاق، عبد الرحمٰن بن الاسود، اور عبد الرحمٰن بن یزید نے سنی ہو۔ پھر ابو اسحاق نے یہ حدیث ابوعبیدة اور عبد الرحمٰن بن الاسود، اور عبد الرحمٰن بن یزید سے سنی ہو۔ پس یہ از قبیل مزید فی متصل

الاسناد ہے۔غرض سب سندیں صحیح ہیں۔ترجیح کی ضرورت نہیں۔

امام ترمذی کے دلائل کا جائزہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلی دلیل یہ پیش کی ہے کہ اسرائیل کا متابع ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ زہیر کے چار متابع ہیں: یوسف بن ابی اسحاق، یحییٰ بن ابی زائدہ، لیث بن ابی سُلیم اور قاضی شریک (ہدی الساری مقدمہ فتح الباری ص:۵۰۴)

دوسری دلیل یہ دی ہے کہ اسرائیل کو سفیان ثوری رحمہ اللہ سے حدیثیں زیادہ یاد تھیں: اس کا جواب یہ ہے کہ یہ غیر متعلق بات ہے۔سفیان ثوری سے زیادہ یاد ہونگی مگر یہاں جن شاگردوں کی روایتیں ہیں، ان میں سفیان ثوری کا کوئی تذکرہ نہیں۔

تیسری بات امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ فرمائی ہے کہ زہیر نے آخری عمر میں حدیث سنی ہے۔ یہ بات صحیح ہے مگر اس کا اثر اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب زہیر کا کوئی متابع نہ ہو۔اور یہاں تو ان کے چار متابع موجود ہیں۔اس لئے آخر عمر میں سننے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

بابُ كَرَاهِيَةِ مَا يُسْتَنْجَى به

کن چیزوں سے استنجاء مکروہ ہے؟

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: لید اور ہڈی سے استنجاء نہ کرو، اس لئے کہ یہ چیزیں تمہارے بھائی جنات کی خوراک ہیں —— رسول اللہ ﷺ نے جنات کو بھائی یا تو مسلمان ہونے کی وجہ سے، یا امت میں شامل ہونے کی وجہ سے، یا جذبۂ ترحّم ابھارنے کے لئے فرمایا ہے۔جیسے: آپؐ نے فرمایا: ''کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے'' (مشکوٰۃ حدیث نمبر ۳۱۴۵) اس میں سوکن کو ''بہن'' جذبۂ ترحم ابھارنے کے لئے کہا گیا ہے۔

لید اور ہڈی جنات کی خوراک کیسے ہیں؟ جب جنات کا ان چیزوں پر گذر ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ ہڈی میں گوشت اور لید میں دانہ پیدا کر دیتے ہیں، ہڈی پر پیدا ہونے والا گوشت مسلمان جنات اور لید میں پیدا ہونے والا دانہ کافر جنات اور ان کے جانور کھاتے ہیں۔بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ ہڈی پر پیدا ہونے والا گوشت تمام جنات کھاتے ہیں، خواہ وہ جنات مسلمان ہوں یا غیر مسلم، اور لید میں پیدا ہونے والا دانہ جنات کے جانور کھاتے ہیں۔ایک رائے یہ بھی ہے کہ حلال جانوروں کی ہڈی پر مسلمان جنات کے لئے اور مردار یا غیر ماکول اللحم جانوروں کی ہڈی پر کافر جنات کے لئے گوشت پیدا ہوتا ہے۔

غرض: لید اور ہڈی سے استنجاء کرنے کی ممانعت لغیرہ ہے اور ''غیر'' یا تو ہڈی کا چکنا ہونا اور لید کا ناپاک ہونا ہے یا

ان دونوں چیزوں کا جنات کی خوراک ہونا ہے اور نہی لغیرہ میں فی نفسہ جواز ہوتا ہے۔ پس اگر کوئی شخص ہڈی یا لید سے استنجاء کرے اور صفائی ہو جائے تو استنجاء درست ہوگا اور نماز صحیح ہوگی۔

[١٤-] باب كراهيةِ ما يُستنجى به

[٢١-] حدثنا هَنَّادٌ، نا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أبي هِنْدٍ، عنِ الشَّعْبِيِّ عَن عَلْقَمَةَ عَن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قال: قالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تَسْتَنْجُوْا بِالرَّوْثِ وَلاَ بِالْعِظَامِ، فَإِنَّهُ زَادُ إِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ"

وفي البَابِ: عن أبي هُرَيرةَ، وسَلْمَانَ، وَجَابرٍ، وابْنِ عُمَرَ.

قَالَ أبو عيسىٰ: وقَدْ رَوَى هٰذَا الحَديثَ إِسْمَاعيلُ بنُ إبراهيمَ وغَيْرُه عَنْ دَاوُدَ بنِ أبي هِنْدٍ، عن الشَّعْبِيِّ، عَن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الْجِنِّ: الحَديثَ بِطُوْلِهِ. فَقَالَ الشَّعْبِيُّ: إِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: " لاتَسْتَنْجُوْا بِالرَّوْثِ، وَلاَ بِالْعِظَامِ، فَإِنَّهُ زَادُ إِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ" وَكَأَنَّ رِوَايَةَ إِسْمِاعيلَ أَصَحُّ مِن رِوَايَةِ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ.

وَالعَمَلُ على هٰذا الحَديثِ عِندَ أَهلِ العِلمِ؛ وفي الباب عن جَابرٍ وابنِ عُمَرَ.

ترجمہ: ان چیزوں کا بیان جن سے استنجاء کرنا مکروہ ہے (حدیث) نبی ﷺ نے فرمایا: لید اور ہڈی سے استنجاء مت کرو، اس لئے کہ یہ تمہارے بھائی جنات کی خوراک ہیں (یہ حفص بن غیاث کی حدیث ہے، داؤد بن ابی ہند سے) اور اس حدیث کو اسماعیل بن ابراہیم (جو ابن عُلیّہ کے نام سے پہچانے جاتے ہیں) اور ان کے علاوہ دیگر روات داؤد بن ابی ہند سے، وہ شعبی سے، وہ علقمہ سے، وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؓ نبی ﷺ کے ساتھ تھے لیلۃ الجن میں، حدیث کو پڑھیں اس کی درازی کے ساتھ (یعنی یہ لمبی حدیث ہے) پس شعبیؒ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لید اور گوبر سے استنجاء نہ کرو اور ہڈیوں سے بھی استنجاء نہ کرو، اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک تمہارے بھائی جنات کی خوراک ہے (اس سند سے یہ آخری حصہ مرسل ہے، کیونکہ امام شعبی تابعی ہیں) اور گویا اسماعیل کی روایت زیادہ صحیح ہے حفص بن غیاث کی حدیث سے۔

فائدہ (۱): ابن عُلیّہ کی روایت امام ترمذی آگے کتاب التفسیر میں سورۃ الاحقاف کی تفسیر میں (۱۵۸:۲) لائیں گے اور اسی طرح اس روایت کو امام مسلم نے بھی اپنی صحیح میں روایت کیا ہے، امام ترمذیؒ نے اپنے مزاج کے مطابق ابن علیہ کی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ اس میں ارسال کی وجہ سے ضعف پیدا ہو گیا ہے۔ مگر امام ترمذی کا یہ فیصلہ درست نہیں اس لئے کہ حفص بن غیاث اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی ہیں۔ اور مسلم شریف (۱۸۴:۱) میں عبدالاعلی بن عبد

الاعلیٰ ان کے متابع موجود ہیں۔ اور راوی کبھی حدیث کو مرسل کرتا ہے کبھی موصول کرتا ہے اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔ پس امام ترمذی کا فیصلہ محلِ نظر ہے۔

فائدہ (۲): اسماعیل بن ابراہیم ''ابن علیّہ'' سے مشہور ہیں۔ عُلَیَّہ: آپ کی والدہ کا نام ہے۔ جب کوئی آپ کو ابن علیّہ کہتا تو آپ سخت ناراض ہوتے اور فرماتے: کیا میرے والد نہیں جو ماں کی طرف نسبت کرتے ہو! جو مجھے ابن علیہ کہہ کر پکارے گا قیامت کے دن میں اس کو پکڑوں گا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے بایں وجہ اسماعیل بن ابراہیم کہا ہے مگر ان کو ابن علیہ کہنا جائز ہے کیونکہ اسی سے یہ راوی مشہور ہو گیا تھا۔

بابُ الِاسْتِنْجَاءِ بالماءِ

پانی سے استنجاء کرنے کا استحباب

استنجاء کے تین طریقے ہیں: اول: ڈھیلے اور پانی کو جمع کرنا۔ یعنی پہلے ڈھیلے سے مخرج صاف کرنا، پھر پانی سے دھونا، یہ سب سے افضل طریقہ ہے۔ دوم: صرف پانی استعمال کرنا، یہ فضیلت میں دوسرے درجے پر ہے۔ سوم: صرف ڈھیلا استعمال کرنا، یہ بھی جائز ہے اس میں کوئی فضیلت نہیں۔ البتہ صرف پانی استعمال کرنے والے کو استبراء کا خیال رکھنا چاہئے۔ یعنی پیشاب سے فارغ ہو کر عضو نچوڑ کر مکمل پیشاب نکال دینے کے بعد پانی سے دھونا چاہئے، اگر استبراء کئے بغیر عضو کو دھو کر اٹھ گیا اور بعد میں قطرہ نکلا تو کپڑا ناپاک ہوگا اور نماز نہ ہوگی اس لئے احتیاط کی ضرورت ہے۔

جاننا چاہئے کہ دورِ اول میں چھوٹے بڑے استنجے میں پانی کے استعمال کے جواز وعدم جواز میں اختلاف تھا۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں پانی کم تھا، لوگ عام طور پر ڈھیلا استعمال کرتے تھے۔ بعد میں جب پانی کا استعمال شروع ہوا تو بعض حضرات کو اعتراض ہوا، وہ یہ کہتے تھے کہ پانی: روٹی کی طرح محترم چیز ہے۔ اس لئے اس سے استنجاء نہیں کرنا چاہئے۔ مگر یہ خیال صحیح نہیں تھا کیونکہ نبی ﷺ اور صحابہ سے پانی کا استعمال ثابت ہے۔ اور روٹی پر قیاس اس لئے درست نہیں کہ روٹی صرف کھانے کی چیز ہے اور پانی کے اور بھی استعمالات ہیں، نیز نص کے سامنے قیاس نہیں چلتا۔ یہ اختلاف بعد میں ختم ہو گیا۔ اب سب مسلمان اس پر متفق ہیں کہ استنجے میں پانی کا استعمال نہ صرف جائز ہے بلکہ افضل ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عورتوں سے فرمایا: اپنے شوہروں کو حکم دو کہ وہ پانی سے استنجاء کریں، کیونکہ مجھے مردوں سے یہ بات کہتے ہوئے شرم آتی ہے، نبی ﷺ استنجے میں پانی استعمال کرتے تھے۔

ملحوظہ: استنجے میں پانی استعمال کرنے کی روایات پر معارف السنن میں اچھی بحث ہے۔ وہ دیکھنی چاہئے۔

[١٥-] باب الِاسْتِنْجَاءِ بالماء

[٢٢-] حَدَّثنا قُتَيْبَةُ ومُحمدُ بنُ عَبدِ الملكِ بنِ أبى الشَّوَارِبِ، قَالاَ: ثَنا أبو عَوَانَةَ، عَن قَتَادَةَ، عن مُعَاذَةَ، عن عائِشَةَ قَالَتْ: مُرْنَ أَزْوَاجَكُنَّ أَنْ يَّسْتَطِيْبُوْا بِالْمَاءِ، فَإِنِّىْ أَسْتَحْيِيْهِمْ، فَإِنَّ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَفْعَلُهُ.

وفى البابِ: عن جريرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، وأَنَسٍ، وأبى هريرة.

قال أبو عيسى: هذا حديث حسن صحيح؛ وعليه العمل عند أهل العلم يَخْتَارُوْنَ الِاسْتِنْجَاءَ بِالْمَاءِ، وَإِنْ كَانَ الِاسْتِنْجَاءُ بِالْحِجَارَةِ يُجْزِئُ عِندَهُمْ، فَإِنَّهُمُ اسْتَحَبُّوْا الِاسْتِنْجَاءَ بِالْمَاءِ، وَرَأَوْهُ أَفْضَلَ، وَبِه يَقولُ سُفيانُ الثَّورىُّ، وابنُ المُبارَكِ والشَّافِعِىُّ وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: پانی سے استنجا کرنے کا بیان (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) اوراسی حدیث پر اہل علم کا عمل ہے۔ وہ پانی سے استنجاء کرنے کو اختیار کرتے ہیں۔ یعنی افضل قرار دیتے ہیں۔ اگرچہ پتھر سے استنجاء کرنا ان کے نزدیک کافی ہوجاتا ہے، تاہم وہ پانی سے استنجاء کو مستحب کہتے ہیں۔ اوراس کو افضل سمجھتے ہیں الیٰ آخرہ۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَرَادَ الْحَاجَةَ أَبْعَدَ فى المَذْهَبِ

استنجاء کے لئے دور جانا

أبْعَدَ: (فعل ماضی) باب افعال سے ہے۔ اس کے معنی ہیں: دوری اختیار کرنا۔ عام طور پر یہ باب متعدی استعمال ہوتا ہے، مگر جب مفعول سے کوئی غرض وابستہ نہ رہے تو اس کے ساتھ لازم جیسا معاملہ کیا جاتا ہے۔ جیسے: سخی کی تعریف میں کہنا: فلانٌ يُعطى: فلاں دادودہش کرتا ہے، يُعطى: فعل متعدی ہے مگر چونکہ یہاں مفعول کے ساتھ کوئی غرض وابستہ نہیں اس لئے اس کے ساتھ لازم جیسا معاملہ کیا گیا ہے۔ المَذْهَبْ: مصدر میمی ہے۔ یعنی جانے میں دوری اختیار کرنا۔

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا۔ نبی ﷺ قضاء حاجت کے لئے تشریف لے گئے تو آپ نے جانے میں دوری اختیار کی (نافع نے یہ دوری تقریباً دو میل متعین کی ہے) یہ واقعہ غالباً سفر تبوک کا ہے۔ رات میں سفر جاری تھا۔ آخر رات میں آپؐ نے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کو اشارہ کیا۔ اور دونوں نے اپنے اونٹ ایک طرف کرلئے، پھر اتر کر نبی ﷺ بڑے استنجے کے لئے تشریف لے گئے، اس

کے بارے میں حضرت مغیرہ کہتے ہیں کہ بہت دور تشریف لے گئے۔اس دوری اختیار کرنے کا ایک مقصد تو پردہ تھا اوراس میں طبّی فائدہ یہ ہے کہ چلنے سے قبض ٹوٹتا ہے اوراجابت صاف ہوتی ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ باب میں ایک روایت بغیر سند کے یہ بھی لائے ہیں کہ نبی ﷺ پیشاب کرنے کے لئے مناسب جگہ تلاش کیا کرتے تھے جس طرح (سفر میں) ٹھہرنے کے لئے مناسب جگہ کا انتخاب فرماتے تھے۔یہ يحيىٰ بن عُبيد عن أبيه کی روایت ہے جس کا وفی الباب میں حوالہ دیا ہے۔اور عبید صحابی نہیں ہیں تابعی ہیں۔اور باپ بیٹا دونوں غیر معروف ہیں۔اس لئے امام ترمذی نے رُوِی فعل مجہول لاکر حدیث کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔

مناسب جگہ: یعنی جہاں بے پردگی نہ ہو، زمین نرم ہوتا کہ چھینٹے نہ اڑیں اوراگر کوئی نرم جگہ نہ ملتی تو آپ لکڑی وغیرہ سے کھود کر زمین نرم کرتے پھر پیشاب فرماتے اور قضاء حاجت کے لئے دور تک جانا بھی مناسب جگہ تلاش کرنا ہے۔غرض جس طرح مسافر پڑاؤ ڈالنے کے لئے مناسب جگہ تلاش کرتا ہے، گرمیوں میں سایہ دار اور ہوادار جگہ منتخب کرتا ہے اور سردیوں میں دھوپ والی جگہ کو ترجیح دیتا ہے اسی طرح آپؐ پیشاب کرنے کے لئے مناسب جگہ تلاش کرتے تھے۔

فائدہ: مکی دور میں اور ابتداء ہجرت میں لوگ بڑے استنجے کے لئے جنگل میں جاتے تھے، بعد میں جب گھروں میں بیت الخلاء بن گئے تو آپ بیت الخلاء ہی میں قضاء حاجت فرماتے تھے۔

[۱٦-] باب ماجاء أن النبی صلی اللہ علیه وسلم كان إذا أراد الحاجة أَبْعَدَ فی الْمَذْهَبِ

[۲۳-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عن مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سَلَمَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلی اللہ علیه وسلم فِي سَفَرٍ، فَأَتَى النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم حَاجَتَهُ، فَأَبْعَدَ فِيْ الْمَذْهَبِ.

وفی البابِ: عن عبدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أبی قُرَادٍ، وأبی قَتَادَةَ، وجَابرٍ، ويَحيىَ بنِ عُبَيْدٍ عن أبيه، وأبی مُوسى، وابنِ عَبَّاسٍ، وبلالِ بنِ الحارثِ.

قال أبوعيسى: هذا حديثٌ حَسَنٌ صَحيحٌ.

[۲٤-] وَرُوِىَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ كَانَ يَرْتَادُ لِبَوْلِهِ مَكَانًا كَمَا يَرْتَادُ مَنْزِلاً؛ وَأَبُوْسَلَمَةَ: اسْمُهُ عبدُ اللّٰهِ بنُ عَبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ الزُّهْرِيُّ.

ترجمہ: واضح ہے، اورابوداؤد میں حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: أن النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم كان إِذَا ذَهَبَ الْمَذْهَبَ أَبْعَدَ: جب نبی ﷺ جانے کی جگہ میں یعنی استنجے کی جگہ میں جاتے تھے تو دوری

اختیار کرتے تھے............ ارتیاد کے معنی ہیں تلاش کرنا، جگہ کا انتخاب کرنا —— اور ابوسلمہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے صاحبزادے ہیں اور ان کا نام عبداللہ ہے (آپ کا شمار مدینہ کے فقہائے سبعہ میں ہے) آپ کا خاندان قریش کی شاخ بنوزُہرۃ ہے۔

باب مَاجَاءَ فی کَرَاهِیَةِ الْبَوْلِ فی الْمُغْتَسَلِ

غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی کراہیت کا بیان

نبی ﷺ نے غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے، اور فرمایا ہے کہ: إِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ. یعنی غسل خانے میں پیشاب کرنا وسوسوں کا سبب ہے اس سے طبیعت میں وسوسے پیدا ہوتے ہیں۔ اور وسوسے بری چیز ہیں۔ شروع ہونے کے بعد رکتے ہی نہیں۔ انسان پریشان ہوجاتا ہے۔ اس لئے شریعت نے ہر وہ سوراخ بند کردیا ہے جہاں سے وسوسے پیدا ہوسکتے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ جب کسی کے پیٹ میں ریح پیدا ہو، اور وہ مبرز کے قریب آئے اور اس کو شک ہونے لگے کہ شاید ہوا نکل گئی ہو تو وہ ہرگز مسجد سے نہ نکلے یہاں تک کہ آواز سنے یا بدبو محسوس کرے (مشکوٰۃ ا:۴۰ باب مایوجب الوضوء) یہ ارشادِ پاک قطعِ وساوس کے لئے ہے۔ اسی طرح نبی ﷺ نے کسی کو وضو کرکے دکھائی۔ اعضائے مغسولہ تین تین بار دھوئے، پھر فرمایا: فمن زَادَ علی هٰذا فقد أَساءَ وتَعدّٰی وَظَلَم. جس نے اس سے زیادہ کیا اس نے برا کیا، حد سے بڑھا اور ظلم کیا (مشکوٰۃ ا:۴۷ باب سنن الوضوء) یہ ارشادِ پاک بھی قطعِ وساوس کے لئے ہے۔ زیادہ دھونے لگے گا تو رُکے گا ہی نہیں۔ غرض شریعت نے بہت سے احکام قطعِ وساوس کے لئے دیئے ہیں۔ اس باب کی روایت بھی اسی قبیل سے ہے۔

غسل خانے میں پیشاب کرنے کی دو صورتیں ہیں: اول: غسل خانہ کو پیشاب خانہ بنانا، یعنی گھر کا ہر فرد غسل خانہ میں پیشاب کرے، اس کی بالکل اجازت نہیں۔ دوسری صورت: یہ ہے کہ غسل کرنے سے پہلے پیشاب نکل جائے۔ ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: اگر غسل خانہ پکا ہے پانی وہاں جمع نہیں ہوتا، نالی میں بہہ جاتا ہے تو اس میں پیشاب کرنے کی گنجائش ہے، پیشاب کرنے کے بعد پانی بہادے، تاکہ پیشاب نکل جائے۔ اور اگر زمین کچی ہے، پانی جذب ہوتا ہے یا پیشاب نالی میں جمع رہتا ہے تو پیشاب کرنے کی اجازت نہیں اس سے طبیعت میں وسوسے پیدا ہونگے۔ اور ابن سیرین رحمہ اللہ ہر قسم کے غسل خانہ میں پیشاب کرنے کو جائز کہتے ہیں، کسی نے ابن سیرین سے کہا: ایسا کہا جاتا ہے کہ غسل خانے میں پیشاب کرنے سے طبیعت میں وسوسے پیدا ہوتے ہیں تو آپ نے فرمایا: رَبُّنَا اللّٰهُ لاشریك له: ہمارے پروردگار اللہ تعالیٰ ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں۔ یعنی ہر چیز کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں، ان کے علاوہ کوئی خالق نہیں۔ یعنی غسل خانہ میں پیشاب کرنا خالق وساوس نہیں، خالق صرف اللہ تعالیٰ ہیں۔ طالب علم نے چونکہ حدیث ذکر

نہیں کی تھی۔ حدیث کی بات ایک عوامی خیال کے طور پر پیش کی تھی اس لئے آپ نے ایسا جواب دیا ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ خالق صرف اللہ تعالیٰ ہیں اور چیزیں سبب کے درجہ میں کام کرتی ہیں اور اسباب کی طرف مجازی نسبت جائز ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ یہ دنیا دارالاسباب ہے۔ یہاں ہر مسبب کے لئے سبب ہے۔ آگ جلاتی ہے، پانی بجھاتا ہے، کھانا شکم سیر کرتا ہے، اور پانی سیراب کرتا ہے۔ پس یہ کہنا کہ گھر آگ سے جل گیا وغیرہ درست ہے۔ رہی یہ بات کہ اسباب سے مسببات کس طرح پیدا ہوتے ہیں تو اس میں چار قول ہیں:

۱- اشاعرہ کہتے ہیں: اسباب سے مسببات بطریق جریِ عادت پیدا ہوتے ہیں یعنی سنت الٰہی یہ ہے کہ جب سبب پایا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ مسبب کو پیدا کرتے ہیں۔ کوئی چیز آگ میں ڈالی جاتی ہے تو اس کو اللہ جلاتے ہیں آگ نہیں جلاتی۔

۲- ماتریدیہ کہتے ہیں کہ اسباب سے مسببات بطریق تأثیر پیدا ہوتے ہیں یعنی اللہ نے اسباب میں یہ تأثیر رکھی ہے کہ ان سے مسببات پیدا ہوں، کاغذ کو آگ جلاتی ہے، اس تاثیر کی وجہ سے جو اللہ نے اس میں رکھی ہے اور اسباب میں تاثیر پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ عاجز نہیں ہوگئے، وہ تاثیر اللہ کے اختیار میں ہے جب چاہیں سکیڑ لیں جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ کو گل وگلزار بنا دیا تھا۔

۳- معتزلہ کہتے ہیں کہ اسباب سے مسببات بطریقِ تولید پیدا ہوتے ہیں۔ یعنی اسباب مسببات کو جنتے ہیں۔ ماتریدیہ اور معتزلہ کے مذہب میں فرق یہ ہے کہ ماتریدیہ کے نزدیک اسباب کی تاثیر قدرتِ خداوندی میں ہے اور معتزلہ کے نزدیک ان اسباب پر اللہ تعالیٰ کی قدرت باقی نہیں رہتی۔ اب اسباب اپنا کام کریں گے، اللہ ان کو روک نہیں سکتے (العیاذ باللہ)

۴- فلاسفہ کہتے ہیں: اسباب سے مسببات بطریقِ اعداد پیدا ہوتے ہیں۔ اعداد کے معنی ہیں تیار کرنا۔ یعنی اللہ نے اسباب کو مسببات کے لئے تیار کیا ہے۔ پس وہ بہرحال اپنا کام کریں گے خواہ اللہ رہیں یا نہ رہیں۔ جیسے کاریگر گھڑی بنا کر چلا دیتا ہے۔ اب گھڑی چلتی رہتی ہے خواہ کاری گر باقی رہے یا نہ رہے۔ کاریگر کو گھڑی تیار کرنے نہ کرنے کا تو اختیار تھا مگر تیار کرنے کے بعد اس کا کچھ اختیار باقی نہیں رہتا۔ اب تو گھڑی اپنا کام کرے گی، اسی طرح اسباب کو اللہ تعالیٰ نے تیار کیا ہے اب وہ اپنا کام کر رہے ہیں۔

اشاعرہ اور ماتریدیہ کے مذاہب میں صرف تعبیر کا فرق ہے۔ اشاعرہ کے نزدیک مسبباب کی اسباب کی طرف نسبت جائز نہیں اور ماتریدیہ کے نزدیک جائز ہے۔ ورنہ دونوں کے نزدیک اسباب میں اثر اللہ نے پیدا کیا ہے اور وہ تاثیر اللہ کے اختیار میں ہے۔

اسی طرح معتزلہ اور فلاسفہ کا مذہب بھی درحقیقت ایک ہے۔ دونوں کے نزدیک اسباب میں صلاحیت پیدا

کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کا ان پر اختیار باقی نہیں رہتا۔ اب اسباب خود کار ہیں۔

پس ابن سیرین کے قول کی تطبیق اشاعرہ اور ماتریدیہ کے مذہب پر اس طرح ہوگی کہ غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے وسوسے خود بخود پیدا نہیں ہوتے بلکہ اللہ تعالیٰ پیدا کرتے ہیں۔ اور ماتریدیہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے اس عمل میں یہ تاثیر رکھ دی ہے کہ اس سے وسوسے پیدا ہوں۔ پھر اشاعرہ کے نزدیک وسوسوں کے پیدا ہونے کی: غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی طرف نسبت جائز نہیں۔ اور ماتریدیہ کے نزدیک جائز ہے۔ جیسے کہتے ہیں کہ فلاں ڈاکٹر کے علاج سے شفا ہوئی، اسی طرح یہ نسبت بھی ہے۔ پس اس میں کوئی حرج نہیں۔

فائدہ: مجازی نسبت ہر اس صورت میں جائز ہے جب اسباب جلی (واضح) ہوں، جیسے ڈاکٹر کے علاج کی طرف شفا کی نسبت کرنا۔ کسی چیز کے جل جانے کو آگ کی طرف نسبت کرنا، شکم سیری اور سیرابی کو کھانے پینے کی طرف منسوب کرنا اور جہاں اسباب واضح نہ ہوں وہاں نسبت جائز نہیں، جیسے یہ کہنا کہ فلاں نچھتّر آیا اس لئے بارش ہوئی، یا فلاں ولی نے بچہ دیا، یا فلاں ستارہ کی تاثیر سے یہ ہوا۔ یہ سب نسبتیں جائز نہیں۔ کیونکہ یہ اسباب خفیہ ہیں، ان کی طرف نسبت کرنے میں فسادِ عقیدہ کا احتمال ہے، اس لئے ایسی صورتوں میں مسببات کی نسبت براہ راست اللہ کی طرف کرنا ضروری ہے، یہ کہا جائے کہ اللہ کے فضل سے بارش ہوئی، اللہ کی مہربانی سے اولاد ہوئی وغیرہ۔

[١٧-] بابُ ماجاء فی کراهِیَةِ البول فی المغتسل

[٢٥-] حدَّثَنَا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ وأحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوسیٰ، قَالَا: أَنَا عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ، عن مَعْمَرٍ، عن أَشْعَثَ، عنِ الْحَسَنِ، عن عبدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم نَهٰی أَنْ یَّبُوْلَ الرَّجُلُ فی مُسْتَحَمِّهِ، وقال: "إِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ"

وفی البابِ: عَن رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

قال أبو عیسیٰ: هٰذا حدیثٌ غریبٌ، لا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إلَّا مِن حَدیثِ أَشْعَثَ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وَیُقَالُ لهُ: الْأَشْعَثُ الْأَعْمٰی.

وقَدْ کَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلم الْبَوْلَ فی الْمُغْتَسَلِ، وقَالُوْا: عَامَّةُ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ، وَرَخَّص فِیْهِ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ، مِنْهُمْ ابْنُ سِیْرِیْنَ، وقِیْلَ لَهُ: إِنَّهُ یُقَالُ: إِنَّ عَامَّةَ الْوَسْوَاسِ مِنْهُ، فَقَالَ: رَبُّنَا اللّٰهُ لَا شَرِیْكَ لَهُ.

قال ابنُ المبارك: قَدْ وُسِّعَ فِیْ الْبَوْلِ فی الْمُغْتَسَلِ إِذَا جَرَی فِیْهِ الماءُ، قال أبو عیسیٰ: ثنا بذلك أحمدُ بنُ عَبدةَ الآمُلِیُّ، عن حِبَّانَ، عن عبدِ اللّٰهِ بن المُبارَكِ.

ترجمہ: حسن بصری: حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اس سے منع کیا کہ آدمی اپنے غسل خانہ میں پیشاب کرے اور فرمایا بیشتر وساوس اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور باب میں ایک اور صحابی کی بھی روایت ہے (جن کا نام معلوم نہیں۔ یہ روایت ابوداؤد، نسائی، بیہقی اور مسند احمد میں ہے) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے۔ ہم اس کو حدیث مرفوع کے طور پر نہیں جانتے، مگر اشعث بن عبداللہ کی حدیث سے اور اس راوی کو اشعثِ اعمی بھی کہا جاتا ہے (یعنی اشعث سے آخر تک اس حدیث کی یہی ایک سند ہے اور یہ راوی ثقہ ہے۔ اور اس سے نیچے کی اسناد صحیح ہے۔ اور ابوداؤد اور منذری نے اس اسناد کے بارے میں خاموشی اختیار کی ہے، کوئی جرح نہیں کی۔ اس لئے حدیث فی نفسہ بھی صحیح ہے) اور اہل علم کی ایک جماعت نے غسل خانہ میں پیشاب کرنے کو ناپسند کیا ہے۔ اور وہ کہتے ہیں کہ بیشتر وساوس اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔ اور بعض علماء نے اس کی اجازت دی ہے، ان میں ابن سیرین شامل ہیں۔ ان سے کہا گیا کہ ایسا کہا جاتا ہے کہ بیشتر وساوس اس عمل سے پیدا ہوتے ہیں تو انھوں نے فرمایا: ہمارے پروردگار اللہ ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں (یعنی یہ جو کہا جاتا ہے غلط ہے۔ غسل خانہ میں پیشاب کرنا خالق وساوس کیسے ہوسکتا ہے، خالق تو اللہ ہی ہیں) اور ابن المبارک نے فرمایا: غسل خانہ میں پیشاب کرنے کی اس صورت میں گنجائش ہے جب کہ اس میں سے پانی بہہ جاتا ہو (پھر امام ترمذی نے ابن المبارک کے قول کی سند لکھی ہے)

تشریح:

۱- المُستحم: غسل کرنے کی جگہ، حمیم: گرم پانی، غسل خانہ میں گرم پانی سے نہاتے ہیں اس لئے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے —— الوَسْوَاس: واو کے زبر کے ساتھ وَسْوَسَۃٌ کی جمع ہے اور واو کے زیر کے ساتھ مصدر ہے: وسوسے پیدا ہونا یا کرنا۔

۲- اشعث اعمی اور اشعث بن عبداللہ ایک ہیں یا دو؟ بعض حضرات کے نزدیک یہ دو شخص ہیں۔ امام ترمذی نے یقال کہہ کر دوسرا قول یہ بیان کیا ہے کہ یہ دونوں شخص ایک ہی ہیں۔ بہر حال اشعث بن عبداللہ ثقہ ہیں اور اشعث اعمی ضعیف ہیں (تہذیب ۱: ۳۵۵)

۳- مسئلہ باب میں امام ترمذی نے تین قول ذکر کئے ہیں: ایک یہ کہ غسل خانہ میں پیشاب کرنا مطلقاً مکروہ ہے، دوسرا یہ کہ مطلقاً جائز ہے، تیسرا قول ابن المبارک کا ہے۔ وہ پکے غسل خانہ میں وقتی طور پر پیشاب کرنے کی اجازت دیتے ہیں۔ اور کچی جگہ میں یا مستقل طور پر پیشاب کرنے کو جائز قرار نہیں دیتے۔ یہ بین بین صورت ہے کہ من وجہ جائز ہے من وجہ جائز نہیں۔ اور ابن المبارک مجتہد ہیں۔ اور مجتہدین ہی حدیثوں کے معنی بہتر سمجھتے ہیں، جیسا کہ امام ترمذی نے کتاب الجنائز میں فرمایا ہے (دیکھیں حدیث اغسلنها وترا ثلاثا أو خمسا أو أكثر من ذلك کی شرح)

بابُ ماجَاءَ فِی السِّوَاكِ

مسواک کرنے کا بیان

سِواك: سین کے زیر کے ساتھ: دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواك کی جمع: مَسَاوِيك، ساك يسوك سو كا الشيئ: رگڑنا، ملنا۔ اب وضو کا تفصیلی بیان شروع ہوتا ہے۔ لوگ عام طور پر وضو سے پہلے استنجاء کرتے ہیں اس لئے پہلے استنجے کا طریقہ اور اس سے لگتے مسائل بیان کئے تھے، پھر استنجے سے فارغ ہو کر کچھ لوگ پہلے ہاتھ دھوتے ہیں اور عام طور پر لوگ پہلے مسواک کرتے ہیں، پھر ہاتھ دھوتے ہیں۔ اس لئے امام ترمذی نے پہلے مسواک کا مسئلہ بیان کیا ہے۔

یہاں دو باتیں سمجھ لینی چاہئیں:

۱- وضو میں مسواک سنت ہے یا واجب؟ تمام فقہاء سنت کہتے ہیں اور امام اسحاق اور داؤد ظاہری کی طرف وجوب کا قول منسوب کیا گیا ہے، لیکن علماء نے اس کی تردید کی ہے کہ وہ وجوب کے قائل نہیں۔

۲- مسواک وضو کی سنت ہے یا نماز کی یا دین کی؟ اگر وضو کی سنت ہے تو وضو سے پہلے کرنی چاہئے، نماز کی سنت ہے تو وضو کے بعد تکبیر تحریمہ سے پہلے کرنی چاہئے، اور دین کی سنت ہے تو اس کے لئے کوئی وقت متعین نہیں، جب بھی ضرورت محسوس ہو کرنی چاہئے۔ حضرت شاہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ مضمضہ اور استنشاق امور فطرت میں سے ہیں جن کو وضو میں شامل کیا گیا ہے۔ اسی طرح مسواک بھی امور فطرت میں سے ہے جس کو طہارت میں لیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ مسواک درحقیقت دین اسلام کی سنت ہے اس کو وضو میں لیا گیا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن الہمام نے مسواک کو پانچ جگہ مستحب قرار دیا ہے: جب دانت پیلے پڑ جائیں، جب منہ میں بدبو پیدا ہو جائے، جب آدمی نیند سے بیدار ہو، اور وضو سے پہلے اور نماز سے پہلے (فتح القدیر ۱:۲۲)

پھر اس میں اختلاف ہوا ہے کہ مسواک وضو کی سنت ہے یا نماز کی یا دونوں کی؟ احناف کے نزدیک وضو کی سنت ہے، اور شوافع کے نزدیک دونوں کی۔ میرے خیال میں حق درمیان میں ہے اگر وضو نماز سے متصل کی ہے تو وضو سے پہلے مسواک کرنا کافی ہے اور اگر دونوں میں فصل ہے جیسے عصر کے لئے وضو کی تھی پھر اسی وضو سے مغرب کی نماز پڑھتا ہے تو نماز سے پہلے بھی مسواک کرنی چاہئے اور مسواک نہ کرے تو کم از کم اچھی طرح سے کلی کر کے منہ صاف کر لے۔

البتہ اگر نماز سے پہلے صرف مسواک کرے تو احتیاط سے کرے تا کہ خون نہ نکلے۔ احناف کے نزدیک خون نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتی ہے۔ اور دوسرے ائمہ کے نزدیک اگرچہ خون نکلنا ناقض وضو نہیں مگر خون ناپاک ہے اس کو نگلنا جائز نہیں۔

ملحوظہ: جو مسائل معرکۃ الآراء ہیں ان میں لمبی لمبی بحثیں ہوتی ہیں جس سے بعض مرتبہ غلط ذہن بن جاتا ہے۔

جیسے مسح رأس میں یہ بحث ہوئی کہ استیعاب فرض ہے یا سر کے کچھ حصہ کا مسح فرض ہے؟ امام مالک رحمہ اللہ اول کے قائل ہیں۔ اور احناف اور شوافع دوسری رائے رکھتے ہیں۔ چنانچہ عام طور پر احناف آدھے سر کا مسح کرتے ہیں اور شوافع سر کے ذرا سے حصے کا مسح کرتے ہیں، حالانکہ نبی ﷺ کی سنت مستمرہ پورے سر پر مسح کرنے کی ہے، صرف ایک بار مسئلہ کی وضاحت کے لئے صرف سر کے اگلے حصہ پر مسح کیا ہے۔ اب احناف اور شوافع اسی کو لے بیٹھے، یہ ٹھیک نہیں۔ پورے سر کا مسح فرض نہ سہی سنت تو ہے۔ اس لئے ہمیشہ پورے سر کا مسح کرنا چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر مجھے اپنی امت کے حق میں دشواری کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا''، یعنی آپؐ نے مشقت کی وجہ سے وجوباً مسواک کا حکم نہیں دیا۔ خود آپؐ کے لئے ابتداء میں ہر فرض نماز کے لئے نئی وضو کرنا فرض تھا۔ بعد میں یہ حکم منسوخ کر دیا گیا، اور اس کی جگہ مسواک کو لازم کیا گیا۔ نبی ﷺ امت کو بھی یہی حکم دینا چاہتے تھے مگر دشواری کے اندیشہ سے یہ حکم نہیں دیا۔ پس امت کے حق میں نماز سے پہلے مسواک کرنا صرف سنت رہا واجب نہیں۔

فائدہ (۱): انفرادی احکام میں تو دشواری کا بہت زیادہ خیال نہیں کیا جاتا مگر اجتماعی احکام میں اس کا خیال ضرور رکھا جاتا ہے۔ اسی سے اَلحَرَجُ مَدفوعٌ اور اَلدِّیْنُ یُسْرٌ: کے قواعد بنائے گئے ہیں۔

فائدہ (۲): انبیاء علیہم السلام بھی اجتہاد کرتے ہیں اور ان کا اجتہاد حکماً وحی ہوتا ہے۔ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔ یہاں سمجھنے کی یہ بات ہے کہ نبی ﷺ جو مسواک کا حکم دینا چاہتے تھے وہ اپنے اجتہاد سے دینا چاہتے تھے پھر دشواری سامنے آئی تو اجتہاد بدل گیا۔ یہ حکم اللہ کی طرف سے نازل نہیں ہوا تھا ورنہ نبی ﷺ ضرور حکم دیتے، چاہے کتنی بھی دشواری ہوتی۔

فائدہ (۳): احکام کی تشریع کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ امت کسی حکم کی رغبت کرے اور نبی اس کی تائید کرے۔ جب یہ دو باتیں اکٹھا ہو جاتی ہیں تو اللہ کی طرف سے وہ حکم لازم کر دیا جاتا ہے۔ جیسے: مسلمانوں نے جمعہ کی نماز شروع کی، اور نبی ﷺ نے اس کی تائید کی تو جمعہ فرض کر دیا گیا، اور لوگوں نے تراویح میں انتہائی رغبت کا مظاہرہ کیا، مگر نبی ﷺ نے تائید نہیں کی تو تراویح فرض نہیں ہوئی، اور اس کے برعکس صورت یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ہر نماز سے پہلے مسواک کو چاہا مگر امت کی طرف سے کوئی اشتیاق سامنے نہیں آیا تو مسواک فرض نہیں ہوئی۔

فائدہ (۴): مسواک کی سنیت تواتر سے ثابت ہے۔ اور یہ تواتر اسناد سے ثابت نہیں بلکہ اس پر تعامل چلا آرہا ہے، تواتر کی چار قسمیں ہیں: (۱) تواترِ اسناد: کسی حدیث کو شروع سے آخر تک اتنی بڑی جماعت روایت کرے جس کا جھوٹ پر اتفاق کر لینا عادۃً محال ہو، جیسے ختم نبوت کی روایات —— (۲) تواتر طبقہ: پوری امت کسی بات کو نقل کرتی چلی آئے، جیسے قرآن کریم نقل ہوتا ہوا چلا آرہا ہے۔ اس تواتر کا درجہ قسم اول سے بڑھا ہوا ہے —— (۳) تواترِ تعامل

وتوارُث: کوئی عمل امت میں مسلسل چلا آرہا ہو۔ جیسے تراویح کی بیس رکعتیں۔ وضو سے پہلے مسواک اسی تواتر سے ثابت ہے —— (۴) تواتر قدر مشترک: کوئی حقیقت اتنی مختلف سندوں سے مروی ہو جو حدتواتر کو پہنچ گئی ہوں جیسے معجزات کی روایات چارسو ہیں جو الگ الگ واقعات ہیں۔ مگران کا قدر مشترک یہ ہے کہ نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کے علاوہ بھی معجزات عنایت فرمائے تھے، یہ بات تواتر قدر مشترک سے ثابت ہے۔

حدیث (۲): حضرت زید بن خالد جُہنی فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے اپنی امت کے حق میں دشواری کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ اور میں ضرور عشا کی نماز کو تہائی رات تک مؤخر کرتا، ابوسلمہ کہتے ہیں: پس حضرت زیدؓ مسجد میں نمازوں کے لئے آیا کرتے تھے درانحالیکہ ان کی مسواک ان کے کان پر ہوتی تھی جس جگہ کاتب قلم گھساتا ہے، جونہی وہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے مسواک کرتے پھر اس کو اس کی جگہ کی طرف لوٹادیتے۔ یعنی کان پر پگڑی میں گھسادیتے تھے۔

فائدہ (۱): یہ حدیث اس باب کی مشہورترین روایت ہے۔ اور پہلی حدیث جو حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے وہ بھی صحیح ہے۔ راوی کا وہم نہیں ہے اس لئے کہ ابوہریرہؓ تک اس کی بہت سی سندیں ہیں۔

فائدہ (۲): حدیثوں میں عام طور پر عند کل صلوٰۃ آیا ہے اور حضرت ابوہریرہ کی ایک روایت میں مع کل وضوء آیا ہے۔ اس حدیث کی تخریج امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام میں کی ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت میں مع الوضوء عند کل صلوٰۃ آیا ہے۔ یہ حدیث صحیح ابن حبان میں مروی ہے اور بخاری (۱:۲۰۹) میں تعلیقاً حضرت ابوہریرہؓ کی روایت ہے جس میں عند کل وضوء آیا ہے، اب دوصورتیں ہیں: یا تو دونوں جگہ مسواک کو سنت کہا جائے یا عند کل صلوٰۃ کی تاویل کی جائے۔ کیونکہ عند کل وضوء کی تاویل نہیں ہوسکتی۔ واللہ اعلم۔

فائدہ (۳): اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ کا عمل ایک صحابی کا عمل ہے، دیگر صحابہ کا یہ عمل نہیں تھا، ورنہ راوی خاص طور پر اس عمل کو بیان نہ کرتا۔ پس آپؓ کا یہ عمل عند کل صلوٰۃ کی تاویل میں مانع نہیں۔

[۱۸-] باب ماجاء فی السِّواك

[۲۶-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، ثنا عَبدَةُ بنُ سُلَيْمان، عن مُحَمَّدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هُريرةَ قال: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِی لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ "

قال أبو عيسى: وقَدْ رَوىَ هٰذا الحديثَ مُحمدُ بنُ إسحاقَ، عن مُحمدِ بنِ إبراهيمَ، عن أبی سَلَمَةَ، عن زَيْدِ بنِ خالدٍ، عَن النبیِّ صلى الله عليه وسلم وحديثُ أبی سلمةَ، عن أبی هريرةَ، وزيد

بن خالد، عن النبی صلى الله علیه وسلم كِلاهُمَا عِنْدِیْ صَحِیْحٌ، لِأَنَّهُ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عن أبی هُریرةَ عن النبیِّ صلى الله علیه وسلم هٰذا الحدیثُ؛ وحَدیثُ أبی هُریرةَ إِنَّمَا صُحِّحَ لِأَنَّهُ قد رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ، وَأَمَّا مُحمدٌ فَزَعَمَ: أَنَّ حَدیثَ أبی سَلَمَةَ عن زَیْدِ بنِ خَالِدٍ أَصَحُّ.

وفی البابِ: عن أبی بکرٍ الصدیقِ، وعَلیٍّ، وعائشةَ، وابنِ عباسٍ، وحُذَیْفَةَ، وزیدِ بنِ خَالِدٍ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عمرٍو، وَأُمِّ حَبِیْبَةَ، وابنِ عُمَرَ، وأبی أُمَامَةَ، وأبی أَیُّوْبَ، وتَمَّامِ بنِ عَبَّاسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ حَنْظَلَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَوَاثِلَةَ، وأبی مُوسیٰ.

[۲۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبدَةُ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن مُحمدِ بنِ إبراهیمَ، عن أبی سَلَمَةَ، عن زَیدِ بنِ خَالِدٍ الجُهَنِیِّ قَالَ: سَمِعتُ رسولَ الله صلى الله علیه وسلم یقولُ:" لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلیٰ أُمَّتِیْ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ، ولَأَخَّرْتُ صَلٰوةَ العِشَاءِ إِلیٰ ثُلُثِ اللَّیْلِ" قَال: فَكَانَ زَیْدُ بنُ خَالِدٍ یَشْهَدُ الصَّلَوَاتِ فی الْمَسْجِدِ، وَسِوَاكُهُ عَلیٰ أُذُنِهِ مَوْضِعَ الْقَلَمِ مِنْ أُذُنِ الْكَاتِبِ، لاَیَقُوْمُ إِلیٰ الصَّلٰوةِ إِلَّا اسْتَنَّ، ثُمَّ رَدَّهُ إِلیٰ مَوْضِعِهِ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: (حضرت ابو ہریرہؓ کی) اس روایت کو محمد بن اسحاق: محمد بن ابراہیم سے، وہ ابوسلمہ سے، وہ زید بن خالد جہنی سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (یہ حدیث اس سند سے باب کے آخر میں آرہی ہے) اور ابوسلمہ کی روایت ابو ہریرہ اور زید بن خالد سے، دونوں نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ دونوں حدیثیں میرے نزدیک صحیح ہیں، کیونکہ یہ حدیث متعدد اسانید سے ابو ہریرہ سے روایت کی گئی ہے۔ اور ابو ہریرہؓ کی حدیث کی اسی وجہ سے تصحیح کی گئی ہے کہ وہ متعدد اسانید سے مروی ہے (یہ جملہ تکرار ہے) اور رہے امام بخاری رحمہ اللہ تو ان کا خیال یہ ہے کہ ابوسلمہ کی حدیث زید بن خالد سے اصح ہے (یعنی ابو ہریرہ سے ان کی روایت صحیح نہیں۔ وہ راویوں کا وہم ہے۔ مگر اس معاملہ میں امام ترمذی کا فیصلہ ہی راجح ہے، کیونکہ وہم کسی ایک راوی سے ہوتا ہے، متعدد سے نہیں ہوسکتا۔ جبکہ ابوسلمہ کی ابو ہریرہؓ سے روایت متعدد اسانید سے مروی ہے، پھر دونوں کا مضمون بھی مختلف ہے۔ حضرت ابو ہریرہ کی حدیث میں صرف مسواک کا مضمون ہے۔ اور ابوسلمہ کی حضرت زید سے جو روایت ہے اس میں تین مضمون ہیں: ایک: مسواک کا، دوسرا: عشا کی نماز کا، تیسرا: خود ان کا ذاتی عمل، پس یہ دو مختلف حدیثیں ہیں واللہ اعلم)

قولہ: أن أشق: أن مصدریہ ہے، پس فعل بتاویل مصدر ہوجائے گا۔ أی لولا المشقة إلخ.

فائدہ: عشاء کو تہائی رات تک مؤخر کرنا حق اللہ ہے، اور جلدی پڑھنا بندوں کا حق ہے، اور بوقتِ تعارض حق

العبد مقدم ہوتا ہے، کیونکہ بندے کمزور ہیں اور اللہ بے نیاز ہیں، اس لئے مسجد میں عشا جلدی پڑھنا افضل ہے، تاکہ لوگوں کو آرام ملے اور نماز فوت ہونے کا اندیشہ باقی نہ رہے۔

بَابُ مَاجَاءَ إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَّنَامِهِ فَلَا يَغْمِسَنَّ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا

نیند سے بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں نہ ڈالے جائیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو اپنا ہاتھ پانی میں نہ ڈال دے، بلکہ پہلے ہاتھوں کو دو یا تین بار دھوئے اس کے بعد برتن میں ڈالے، اس لئے کہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے کہاں رات گذاری ہے؟!''

عرب کے لوگ عام طور پر چھوٹے بڑے استنجے میں پتھر استعمال کرتے تھے۔ اور صرف پتھر استعمال کرنے والا خواہ کتنا ہی مبالغہ کرے نجاست کے کچھ نہ کچھ اجزاء باقی رہ جاتے ہیں۔ اور وہ لوگ لنگی پہنتے تھے اور علاقہ گرم تھا۔ پس نیند میں ہاتھ محل نجاست پر پہنچ گیا تو ہاتھ ناپاک ہوجائے گا۔ کیونکہ وہ نجاست اس کے محل میں تو معاف ہے، مگر دوسری جگہ معاف نہیں۔ پس اگر وہ شخص بیدار ہونے کے بعد ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈال دے گا تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ پہلے دو یا تین مرتبہ ہاتھ دھوؤ پھر برتن میں ڈالو۔

اس حدیث کے ذیل میں چار باتیں سمجھ لینی چاہئیں:

پہلی بات: ناپاکی جب تک اس کے محل میں ہو معاف ہے، محل سے متجاوز ہونے کے بعد معاف نہیں۔ جیسے پیٹ میں پیشاب پاخانہ اور بدن میں خون ہے۔ مگر ان ناپاکیوں کے ساتھ نماز پڑھنا درست ہے۔ کیونکہ یہ ناپاکیاں اپنے معدِن میں ہیں۔ اسی طرح ناپاکی کے جو اجزاء مخرج میں ہیں وہ وہاں معاف ہیں، مگر جب وہ ہاتھ پر لگیں گے تو معاف نہیں۔ اب ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں ڈالے جائیں گے تو پانی ناپاک ہوجائے گا۔

دوسری بات: فقہی مسئلہ ہے کہ ناپاک کپڑا تین مرتبہ دھویا جائے اور ہر مرتبہ نچوڑا جائے۔ یہ مسئلہ اسی حدیث سے لیا گیا ہے۔ اور فقہ کے تمام مسائل کسی نہ کسی نص سے ماخوذ ہوتے ہیں۔ چاہے صراحتاً ماخوذ ہوں یا استنباطاً، کچھ لوگوں کا یہ خیال ہے کہ بہت سے مسئلے فقہاء نے گڑھے ہیں۔ یہ بات خود فریبی اور دھوکہ دہی کے علاوہ کچھ نہیں۔

تیسری بات: علت پر حکم کا مدار ہوتا ہے وہ پائی جائے تو حکم پایا جاتا ہے اور وہ نہ رہے تو حکم بھی نہیں رہتا۔ جیسے: شراب کا حرام ہونا نشہ آور ہونے کی وجہ سے ہے۔ پس اگر وہ سرکہ بن جائے اور اس میں نشہ نہ رہے تو حرمت مرتفع ہوجائے گی اور حکمت پر حکم کا مدار نہیں ہوتا وہ رہے یا نہ رہے حکم باقی رہتا ہے اور علت ہمیشہ ایک ہوتی ہے اور حکمتیں متعدد ہوسکتی ہیں۔ جیسے بڑے برتن میں مجلس میں پانی لایا گیا تو حکم یہ ہے کہ ایک سانس میں مت پیو، اور برتن میں

سانس مت لو، اس کی دو حکمتیں ہیں: ایک بعد میں جس کا نمبر ہے اس کو ناگوار نہ ہو، دوسری پانی جسم میں رَچے پچے۔ اب گلاسوں میں اور چھوٹے برتنوں میں پانی پیا جاتا ہے۔ پس پہلی حکمت ختم ہوگئی، مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے۔ اسی طرح ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں ڈالنے کی ممانعت کی بھی دو حکمتیں ہیں: ایک: احتمال نجاست۔ دوسری: پانی کی نظافت۔ پہلی حکمت اب باقی نہیں رہی، کیونکہ اب لوگ پانی سے استنجاء کرتے ہیں مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے۔ سوتے ہوئے آدمی زیر ناف بھی ہاتھ لے جاتا ہے، بغل میں کھجاتا ہے، ناک کان میں انگلی ڈالتا ہے اور ان جگہوں میں اگرچہ ناپاکی نہیں ہے مگر میل کچیل ہے، پس نظافت کا تقاضہ اب بھی یہی ہے کہ ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں نہ ڈالے جائیں۔

چوتھی بات: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک حدیث میں مذکور حکم صرف باب نظافت سے ہے، طہارت وعدم طہارت سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔ دیگر ائمہ کے نزدیک نظافت وطہارت دونوں سے ہے۔ چنانچہ اگر ہاتھوں پر بالیقین ناپاکی ہے اور اس نے دھوئے بغیر ہاتھ برتن میں ڈال دیئے تو تین اماموں کے نزدیک پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر پانی کا کوئی وصف نہ بدلے تو ناپاک نہ ہوگا۔ یہ مسئلہ تفصیل سے آگے آئے گا۔

مسئلہ: اگر ہاتھ کے ناپاک ہونے کا یقین یا ظن غالب ہو تو پانی میں ڈالنے سے پہلے ہاتھوں کا دھونا فرض ہے۔ دھوئے بغیر پانی میں ڈالے گا تو پانی ناپاک ہوجائے گا اور اگر ناپاکی کا صرف احتمال ہو تو ہاتھوں کا دھونا سنتِ مؤکدہ ہے۔ اگر دھوئے بغیر پانی میں ہاتھ ڈالے گا تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ فقہی ضابطہ ہے: **اليقين لايزول بالشك** جو بات یقینی ہے وہ شک سے ختم نہیں ہوتی، اور اگر ہاتھ بالیقین پاک ہوں تب بھی دھوکر پانی میں ڈالنا مستحب ہے۔ اب یہ حکم صرف باب نظافت سے ہوگا۔

[۱۹-] بابُ مَاجَاءَ إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَّنَامِهِ فَلاَ يَغْمِسَنَّ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا

[۲۸-] حدثنا أبُو الوَلِيدِ أحمدُ بْنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ مِنْ وُّلْدِ بُسْرِ بنِ أَرْطَاةَ صَاحِبِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: نا الوليدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن الأَوْزَاعِيِّ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَعيدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، وأبى سَلَمَةَ، عن أبى هُرَيرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلاَ يُدْخِلْ يَدَه فِي الإِنَاءِ حَتّٰى يُفْرِغَ عَلَيْهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا، فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِىْ أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ؟!"

وفى البابِ: عن ابنِ عُمَرَ، وجابرٍ، وعائشةَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قَالَ الشافعيُّ: أُحِبُّ لِكُلِّ مَنِ اسْتَيْقَظَ مِنَ النَّوْمِ ــــ قَائِلَةً كَانَتْ أَوْ غَيْرَها ــــ أَن لّاَ يُدْخِلَ يَدَه

فى وَضُوءِ ہِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا، فَإِنْ أَدْخَلَ يَدَهُ قَبْلَ أَنْ يَّغْسِلَهَا كَرِهْتُ ذٰلِكَ لَهُ، ولَمْ يُفْسِدْ ذٰلِكَ الْمَاءَ إِذَا لَمْ يَكُنْ عَلٰى يَدِهِ نَجَاسَةٌ.

وقَالَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فى وَضُوْءِ ہِ قَبْلَ أَنْ يَّغْسِلَهَا، فَأَعْجَبُ إِلَيَّ أَنْ يُّهْرِيْقَ الماءَ.

وقال إسحاقُ: إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ النَّوْمِ بِاللَّيْلِ أَوْ بِالنَّهَارِ فَلاَ يُدْخِلْ يَدَه فى وَضُوْءِ ہ حَتّٰى يَغْسِلَهَا.

ترجمہ: جب تم میں سے کوئی شخص اپنی نیند سے بیدار ہو تو اپنا ہاتھ برتن میں نہ ڈالے، یہاں تک کہ اس کو دھوڈالے۔ امام ترمذیؒ کے استاذ ابوالولید احمد بن بکّار دمشقی حضرت بسر بن ارطاۃ صحابیؓ کی اولاد میں سے ہیں (وُلد: لام کے سکون کے ساتھ وَلَدٌ کی جمع ہے اور باب میں فلا یَغمِسْ کو نون تاکید کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں اور بغیرن کے بھی) نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص رات میں سوکر بیدار ہو تو وہ اپنا ہاتھ پانی کے برتن میں داخل نہ کرے، یہاں تک کہ پانی ریڑھے اس پر دو مرتبہ یا تین مرتبہ۔ پس بیشک وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے کہاں رات گذاری ہے؟! یعنی نیند میں ہاتھ کہاں کہاں پڑا ہے یہ معلوم نہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: میں ہر اس شخص کے لئے پسند کرتا ہوں جو نیند سے بیدار ہو خواہ قیلولہ کر کے اٹھے یا اس کے علاوہ سویا ہو کہ وہ اپنا ہاتھ وضو کے پانی میں نہ ڈالے، یہاں تک کہ اس کو دھوڈالے (یعنی حدیث میں من اللیل کی قید اتفاقی ہے اور یہ حکم استحبابی ہے) پس اگر داخل کیا اس نے اپنا ہاتھ اس کو دھونے سے پہلے تو میں اس کے لئے یہ بات ناپسند کرتا ہوں اور یہ بات پانی کو نہیں بگاڑے گی۔ یعنی ناپاک نہیں کرے گی، جبکہ اس کے ہاتھ پر کوئی ناپاکی نہ ہو۔ اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے فرمایا: جب کوئی شخص رات میں سوکر بیدار ہو (یعنی من اللیل کی قید احترازی ہے قیلولہ کرنے والے کے لئے یہ حکم نہیں) پس داخل کیا اس نے اپنا ہاتھ اپنے وضو کے پانی میں اس کو دھونے سے پہلے تو مجھے زیادہ پسند یہ بات ہے کہ پانی کو پھینک دے۔ اور اسحاق رحمہ اللہ نے فرمایا: جب کوئی نیند سے بیدار ہو خواہ رات میں خواہ دن میں (یعنی من اللیل کی قید اتفاقی ہے) تو وہ اپنے وضو کے پانی میں اپنا ہاتھ نہ ڈالے۔ یہاں تک کہ اس کو دھولے۔

بابٌ فى التَّسْمِيَةِ عند الوُضُوْءِ

وضوء سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا بیان

ہاتھ دھونے کے بعد جب وضو شروع کرے تو بسم اللہ پڑھے۔ بسم اللہ ہر اہم کام پر پڑھنے کا حکم ہے۔ حدیث میں ہے: كُلُّ أَمْرٍ ذِىْ بَالٍ لَمْ يُبْدَأْ بِبِسْمِ اللّٰهِ فَهُوَ أَقْطَعُ. کوئی بھی اہم کام جو اللہ کے نام سے نہ شروع کیا جائے وہ ناقص

ہے۔اور وضوء بھی ایک اہم کام ہے اس کو بھی بسم اللہ سے شروع کرنا چاہئے۔اور صرف بسم اللہ بھی کافی ہے۔اور پوری بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔مگر معمول نبوی یہ تھا کہ بسم اللہ کے ساتھ موقع کے مناسب واو عطف کے ساتھ دوسرا جملہ ملاتے تھے۔جیسے جانور ذبح کرنے کے تسمیہ میں بسم اللہ و اللہ أکبر . اور کھانے کے تسمیہ میں بسم اللہ و علی بَرَکَۃ اللہ اور وضو کے تسمیہ میں بسم اللہ و الحمدللہ کہنا مروی ہے (۱)

وضو کے تسمیہ کا حکم: امام مالک رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ وضو کے شروع میں تسمیہ بدعت ہے۔اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ تسمیہ مستحب ہے۔اور جمہور فقہاء و محدثین کے نزدیک سنت ہے۔اور اسحاق بن راہو یہ، علامہ ابن ہمام اور داؤد ظاہری کے نزدیک واجب ہے۔

اس مسئلہ میں متعدد روایات ہیں مگر ہر روایت میں کچھ نہ کچھ کمزوری ہے۔باب کی روایت میں ابو ثفال مُرّی کی وجہ سے ضعف آیا ہے۔مگر چونکہ روایات متعدد ہیں اس لئے سب مل کر حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہو جاتی ہیں۔

---

(۱) ذبح کے تسمیہ بسم اللہ و اللہ اکبر کی روایات تو معروف ہیں (دیکھیں مشکوۃ حدیث ۱۴۶۱) اور کھانے کے تسمیہ کے سلسلہ میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت: مستدرک حاکم (۴:۱۰۷) میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ کے گھر گئے، جب سب نے کھانا تناول فرمایا اور شکم سیر ہو گئے تو نبی ﷺ نے فرمایا: خبز و لحم وتَمْر وبُسر ورُطب إذا أصبتم مثل هذا فضربتم بأيدكم فكلوا بسم الله وبَرَكَةِ اللّٰهِ: روٹی، گوشت، کھجور، گدری کھجور اور تازہ کھجور جب تم پہنچو یعنی کھاؤ اس کے مانند پس تم اپنے ہاتھ مارو یعنی کھانا شروع کرو تو کھاؤ اللہ کے نام اور اللہ کی برکت سے۔ حاکم نے اس حدیث کو بخاری و مسلم کی شرط کے مطابق بتایا ہے اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے ـــــ دوسری روایت: کنز العمال (۲۵۶:۱۵ حدیث ۴۰۸۴۵) میں ہے: إذا أصبتُم مثلَ هذا فضربتم بأيديكم فقولوا: بسم الله وبَرَكَة الله: جب تم ایسے کھانے کو پہنچو، پس اپنے ہاتھ مارو یعنی کھانا شروع کرو اور کہو: بسم الله وبَرَكَةِ اللّٰهِ۔صاحب کنز العمال نے ھب کا رمز بنا کر ابن عباس کا حوالہ دیا ہے۔یعنی یہ روایت بیہقی کی شعب الایمان میں ابن عباسؓ سے مروی ہے۔یعنی یہ پہلی روایت ہی ہے ـــــ اور لفظ بَرَکَۃ: راء کے زبر کے ساتھ ہے جس کے معنی ہیں: زیادتی، بہتات اور نمو۔اردو میں چونکہ برکت: راء کے سکون کے ساتھ بولا جاتا ہے اس لئے لوگ دعا میں بھی راء کے سکون کے ساتھ پڑھ دیتے ہیں۔حالانکہ عربی میں یہ لفظ راء کے زبر کے ساتھ ہے۔ اس کا خیال رکھنا چاہئے ـــــ اور وضو کا تسمیہ طبرانی کی معجم صغیر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے مروی ہے اور اس کی سند اچھی ہے۔تفصیل کے لئے دیکھیں معارف السنن (۱:۱۵۷)

اور ذبح کے تسمیہ میں اللہ أکبر کی حکمت یہ ہے کہ کہیں ذابح اس زعم میں مبتلا نہ ہو جائے کہ میں زبردست ہوں۔زبردست اللہ تعالیٰ ہیں۔اور وضو ایک عبادت ہے اللہ نے اس کی توفیق دی تو اس پر اللہ کا شکر بجالانا چاہئے۔اور کھاتے وقت برکت کی دعا کی اہمیت ظاہر ہے ۱۲

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص کی وضو نہیں جو اس پر اللہ کا نام نہ لے'' ـــــ اس حدیث میں لا نفی شئ کا بھی ہوسکتا ہے اور نفی کمال کا بھی۔ امام اسحاق وغیرہ نے نفی شی کا لیا ہے۔ اس لئے تسمیہ کو واجب قرار دیا ہے۔ اور جمہور نفی کمال کے معنی لیتے ہیں اس لئے وہ تسمیہ کو مستحب یا سنت کہتے ہیں۔ جمہور نے یہ معنی پانچ قرائن سے لئے ہیں۔

۱- وضو کی روایات بہت سے صحابہ سے مروی ہیں، ان میں معمولی باتیں جیسے مضمضہ اور استنشاق کا بھی ذکر ہے۔ مگر کسی روایت میں بسم اللہ کا ذکر نہیں۔ اگر وضو میں تسمیہ ضروری ہوتا تو سبھی راوی اس کا تذکرہ کیوں چھوڑتے؟

۲- امت میں عام طور پر وضو سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا معمول نہیں، اگر تسمیہ ضروری ہوتا تو امت اس کی طرف سے غفلت نہ برتتی۔

۳- تسمیہ کے عدم وجوب پر گویا امت کا اجماع ہے۔ چند حضرات کے علاوہ سبھی تسمیہ کے وجوب کا انکار کرتے ہیں۔

۴- باب کی کوئی روایت صحیح نہیں اور وجوب ثابت کرنے کے لئے اعلی درجہ کی صحیح روایت ضروری ہے۔

۵- باب میں جو روایت ہے وہ محکم الدلالہ بھی نہیں یعنی تسمیہ کے باب میں صریح نہیں۔ بعض علماء نے اس سے نیت مراد لی ہے۔ ربیعۃ الرائےؒ اور حضرت شاہ ولی اللہؒ کی یہی رائے ہے۔

غرض ان پانچ وجوہ سے جمہور وجوب کے قائل نہیں، وہ وضوء کے شروع میں تسمیہ کو مستحب یا سنت کہتے ہیں۔

[٢٠-] باب فی التسمیة عند الوضوء

[٢٩-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، وبِشْرُ بنُ مُعَاذٍ العَقَدِیُّ قالا: نَا بِشرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ حَرْمَلَةَ، عن أبی ثِفَالِ الْمُرِّیِّ، عن رَبَاحِ بنِ عَبدِ الرحمنِ بنِ أبی سُفیانَ بنِ حُوَیْطِبٍ، عن جَدَّتِهِ، عن أَبِیْهَا، قال: سمعتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم، یقولُ:'' لَا وُضُوْءَ لِمَنْ لَّمْ یَذْکُرِ اسْمَ اللهِ عَلَیْهِ''

وفی البابِ: عن عائشةَ، وأبی هُریرةَ، وأبی سَعیدٍ الخُدْرِیِّ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وأَنَسٍ.

قال أبو عیسیٰ: قال أحمدُ: لا أَعْلَمُ فی هٰذا البابِ حدیثاً لَهُ إِسْنَادٌ جَیِّدٌ.

وقال إسحاقُ: إِنْ تَرَکَ التَّسْمِیَةَ عَامِدًا أَعَادَ الوُضُوْءَ، وإِنْ کَانَ نَاسِیًا أَوْ مُتَأَوِّلاً أَجْزَأَهُ.

قال محمدُ بنُ إسماعِیلَ: أَصَحُّ شیئٍ فی هٰذا البابِ حَدیثُ رَبَاحِ بنِ عبدِ الرحمنِ.

قال أبو عیسی: وَرَبَاحُ بنُ عبدِ الرحمنِ، عن جَدَّتِه، عن أبیها: وأَبُوْهَا سَعیدُ بنُ زَیْدِ بنِ عَمرِو بنِ نُفَیْلٍ، وأَبُوْثِفَالِ الْمُرِّیُّ: اسْمُهُ ثُمَامَةُ بنُ حُصَیْنٍ، وَرَبَاحُ بنُ عَبدِ الرحمنِ: هُوَ أبوبکرِ بنُ حُوَیْطِبٍ، مِنْهُمْ مَن رَوٰی هٰذا الحدیثَ، فَقَالَ عن أبی بکرِ بنِ حُوَیْطِبٍ، فَنَسَبَهُ إِلٰی جَدِّهٖ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: ''اس مسئلہ میں میرے علم میں کوئی ایسی حدیث نہیں ہے جس کی سند عمدہ ہو'' اور امام اسحاق نے فرمایا: اگر وضوء کرنے والے نے بالقصد بسم اللہ نہیں پڑھی تو وضوء کا اعادہ کرے اور اگر بھول کر نہیں پڑھی یا تاویل کرتے ہوئے نہیں پڑھی تو اس کی وضو ہوگئی۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس مسئلہ میں بہترین روایت رباح کی ہے (جس کو امام ترمذی نے پیش کیا ہے) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: رباح اپنی دادی سے، اور وہ اپنے ابا سے روایت کرتی ہیں، اور ان کے ابا سعید بن زید ہیں۔ اور ابوثفال مری کا نام ثمامة بن حصین ہے۔ اور رباح بن عبد الرحمٰن اور ابوبکر بن حویطب ایک ہیں۔ بعض حضرات اس حدیث کو عن أبی بکر بن حویطب کہہ کر روایت کرتے ہیں۔ وہ اس راوی کو اس کے دادا کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

تشریح:

۱- باب کی روایت کے بارے میں امام احمدؒ کا قول وہ ہے جو اوپر آیا، اور عبد العظیم مُنذِری کہتے ہیں کہ اس مسئلہ میں کئی حدیثیں ہیں جن کی سندیں درست نہیں۔ اور بزّار کہتے ہیں کہ اس مسئلہ میں جو بھی روایت ہے وہ قوی نہیں۔ اور شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ حدیث کا علم رکھنے والوں نے اس حدیث کی تصحیح پر اتفاق نہیں کیا۔

۲- حضرت سعیدؓ بن زید حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بہنوئی ہیں۔ حضرت عمر کی بہن فاطمہ ان کے نکاح میں تھیں۔ ان کی صاحبزادی کا نام اسماء ہے وہ بھی صحابیہ ہیں اور اس حدیث کو نبی ﷺ سے براہِ راست بھی روایت کرتی ہیں۔ حضرت سعید بن زید عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں۔

۳- ابوثفال مری کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فی حدیث أبی ثفال نظر. یعنی ابوثفال کی حدیثیں تحقیق طلب ہوتی ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ چونکہ رقیق العبارۃ تھے اس لئے ان کی یہ تنقید بھاری سمجھی گئی ہے۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں اس راوی کی یہی ایک روایت ہے۔

۴- رباح کا پورا نام: رباح بن عبد الرحمٰن بن حویطب ہے، اور کنیت ابوبکر ہے۔ بعض روات نام کے بجائے کنیت ذکر کرتے ہیں، اور باپ کے نام کی جگہ دادا کا نام لیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے راوی غیر معروف ہوگیا ہے۔ اس لئے امام ترمذی نے اس کی وضاحت کی۔

۵- اور حضرت اسحاق کے قول کا مطلب یہ ہے کہ وضو میں تسمیہ واجب ہے۔ پس اگر کوئی بالقصد بسم اللہ نہیں پڑھے گا تو وضو نہیں ہوگی۔ البتہ اگر بھول جائے یا وضوء کرنے والا ایسے امام کی تقلید کرتا ہے جس کے نزدیک بسم اللہ واجب نہیں اس لئے اس نے بسم اللہ نہیں پڑھی تو ان دونوں صورتوں میں وضوء ہوجائے گی۔

باب ماجاء فی المضمضة والاستنشاق

کلی کرنے اورناک صاف کرنے کا بیان

مَضْمَضَ الماءَ فی فِیْہِ: کے معنی ہیں: پانی کو منہ میں پھرانا، یعنی کلی کرنا۔ اور الاستنشاق: کے معنی ہیں: پانی سونگھنا، ناک میں پانی چڑھانا، پھر سانس کی قوت سے پانی باہر جھاڑنے کو الاستنثار: کہتے ہیں۔

مذاہبِ فقہاء:

۱- حضرت عبداللہ بن المبارک، امام احمد، اسحاق بن راہویہ اور ابن ابی لیلیٰ صغیر رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ مضمضہ اور استنشاق: وضو اور غسل دونوں میں واجب ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ استنشاق واستنثار مضمضہ سے زیادہ مؤکد ہیں۔

۲- امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں وضو وغسل میں سنت ہیں۔

۳- اور حضرت امام اعظم اور سفیان ثوری رحمہما اللہ فرماتے ہیں: دونوں وضو میں سنت ہیں اور غسل میں واجب ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب آپ وضوء کریں تو ناک جھاڑیں اور جب استنجے کے لئے پتھر تلاش کریں تو طاق عدد لیں'' استجمر: میں س، ت طلب کے لئے ہیں۔ مادہ جَمْرٌ ہے، جس کے معنی ہیں: پتھر۔ اور یہاں طاق سے مراد بالاجماع ایک کے بعد کا طاق ہے۔

استدلال: حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے حدیث کے دوسرے ٹکڑے میں وجوب مراد لیا ہے۔ چنانچہ ان کے نزدیک استنجے میں تثلیث واجب ہے۔ اور پہلے ٹکڑے میں استحباب مراد لیا ہے۔ چنانچہ وہ مضمضہ اور استنشاق کو سنت کہتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ نے حدیث کے دونوں ٹکڑوں میں استحباب مراد لیا ہے۔ اس لئے ان کے نزدیک استنجے میں تثلیث اور وضوء میں مضمضہ واستنشاق دونوں سنت ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں ٹکڑوں میں وجوب مراد لیا ہے اس لئے ان کے نزدیک استنجے میں تثلیث اور وضوء میں مضمضہ واستنشاق دونوں واجب ہیں۔

امام احمد رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ انْتَثِرْ: اور أَوْتِرْ: دونوں امر ہیں۔ اور امر کا مقتضی وجوب ہے اس لئے دونوں واجب ہیں ـــــــ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ بیشک امر کا مقتضی وجوب ہے مگر قرائن کی موجودگی میں امر کے دوسرے معنی بھی ہوتے ہیں۔ ان کے نزدیک دونوں امر استحباب کے لئے ہیں۔ کیونکہ مضمضہ اور استنشاق کو امور فطرت میں شمار کیا گیا ہے اور فطرت کے معنی سنت کے ہیں اور غسل جنابت میں ظاہر بدن کو دھونے کا حکم ہے اور منہ اور ناک کے اندر کا حصہ اگرچہ من وجہ ظاہر ہے مگر من وجہ باطن ہے اس لئے ان کے نزدیک غسل میں ان دونوں کا دھونا ضروری نہیں۔

اور امام اعظم اور سفیان ثوری رحمہما اللہ کے نزدیک وضو میں تو دونوں سنت ہیں، کیونکہ وہ امور فطرت میں سے ہیں، مگر غسل جنابت میں دونوں واجب ہیں، کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا﴾ یعنی اگر تم جنبی ہوؤ تو خوب پاکی حاصل کرو۔ اور خوب پاکی حاصل کرنے کا طریقہ یہی ہے کہ بدن کا جو حصہ ہر طرح سے ظاہر ہے اس کو بھی دھویا جائے، اور جو حصہ من وجہ ظاہر ہے جیسے منہ اور ناک کے اندر کا حصہ اس کو بھی دھویا جائے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جسم کے تین حصے ہیں: بعض حصے پوری طرح ظاہر ہیں، بعض پوری طرح باطن ہیں، اور بعض من وجہ ظاہر ہیں من وجہ باطن ہیں۔ جو حصہ بالکلیہ باطن ہے اس کا دھونا نہ وضو میں فرض ہے نہ غسل میں۔ اور جو حصہ بالکلیہ ظاہر ہے اس کا دھونا دونوں میں فرض ہے۔ اور جو حصہ بین بین ہے جیسے منہ اور ناک کے اندر کا حصہ اس کا وضو میں دھونا تو فرض نہیں سنت ہے مگر غسل میں دھونا فرض ہے۔ کیونکہ غسل جنابت میں خوب پاک ہونے کا حکم ہے۔

اور منہ اور ناک کے اندر کا حصہ بین بین اس لئے ہے کہ روزہ کی حالت میں منہ اور ناک میں پانی ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ معلوم ہوا کہ وہ ظاہر ہیں اور لعاب اور رینٹ نگلنے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اسی طرح جب منہ بند کر دیں تو اندر کا حصہ نظر نہیں آتا اور ناک کے اندر کا حصہ بھی نظر نہیں آتا، مگر منہ کھولیں اور ناک اٹھائیں تو اندر کا حصہ بھی نظر آنے لگتا ہے اس لئے یہ دونوں من وجہ باطن ہیں اور من وجہ ظاہر ہیں۔ اور آنکھ کا حال بھی اگرچہ ایسا ہی ہے مگر اس کے دھونے میں حرج ہے اس لئے اس کے دھونے کا حکم نہیں۔

فائدہ: امام مالک رحمہ اللہ نے خوب پاک ہونے کی شکل یہ تجویز کی ہے کہ غسل جنابت میں دَلک یعنی خوب رگڑ کر بدن دھونے کو فرض قرار دیا ہے، اس لئے انھوں نے مضمضہ اور استنشاق کو فرض نہیں کہا۔

[۲۱-] باب ماجاء في المَضْمَضَةِ والاِسْتِنْشَاقِ

[۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ وَجَرِيْرٌ، عَن مَنْصُوْرٍ، عن هِلَالِ بنِ يَسَافٍ، عن سَلَمَةَ بنِ قَيْسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "إِذَا تَوَضَّأتَ فَانْتَثِرْ، وَإِذَا اسْتَجْمَرْتَ فَأَوْتِرْ"

وفي البابِ: عن عُثمانَ، ولَقِيْطِ بنِ صَبِرَةَ، وابنِ عباسٍ، والمِقدامِ بنِ معديكَرِبَ، ووَائِلِ بنِ حُجْرٍ، وأبي هريرة.

قال أبو عيسى: حديثُ سَلَمَةَ بنِ قَيْسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَاخْتَلَفَ أَهْلُ العلمِ فِيْمَنْ تَرَكَ الْمَضْمَضَةَ وَالاِسْتِنْشَاقَ، فَقَالَ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ: إِذَا تَرَكَهُمَا في الوُضوءِ حَتّٰى صَلّٰى أَعَادَ، وَرَأَوْا ذٰلِكَ في الْوُضُوْءِ وَالْجَنَابَةِ سَوَاءً، وبه يَقُوْلُ ابنُ أبي لَيْلٰى، وعبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ وأحمدُ وإسحاق.

وقَالَ أحمدُ: الاِسْتِنْشَاقُ أَوْكَدُ مِنَ الْمَضْمَضَةِ.

قال أبو عيسى: وقَالَتْ طَائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ العِلم: يُعِيْدُ فى الجَنَابَةِ وَلاَ يُعِيْدُ فى الْوُضُوْءِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ وبَعضِ أهل الكُوفَةِ.

وقَالَتْ طَائِفَةٌ: لاَ يُعِيْدُ فى الوُضُوْءِ وَلا فِي الْجَنَابَةِ، لِأَنَّهُمَا سُنَّةٌ مِن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فلاَ تَجِبُ الإِعَادَةُ علىٰ مَنْ تَركَهُمَا فِي الْوُضُوْءِ وَلاَ فِي الْجَنَابَةِ، وَهُو قَولُ مَالكٍ وَالشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب آپ وضوء کریں تو ناک جھاڑیں اور جب استنجے کے لئے پتھر تلاش کریں تو طاق عدد لیں'' اور علماء نے اس شخص کے بارے میں اختلاف کیا ہے جس نے مضمضہ واستنشاق کو چھوڑ دیا، چنانچہ علماء کی ایک جماعت نے کہا: جب ان دونوں کو وضو میں ترک کیا، تا آنکہ اس نے نماز پڑھی تو وہ نماز کا اعادہ کرے، اور ان حضرات نے وضو اور جنابت میں دونوں کو یکساں قرار دیا۔ اور اسی کے قائل ہیں: ابن ابی لیلیٰ، ابن المبارک، احمد اور اسحاق۔ اور امام احمدؒ نے فرمایا: استنشاق مضمضہ سے زیادہ مؤکد ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا: علماء کی ایک جماعت نے کہا کہ وہ (یعنی تارکِ مضمضہ واستنشاق) غسل جنابت میں (نماز کو) لوٹائے گا اور وضو میں نہیں لوٹائے گا۔ اور وہ سفیان ثوری اور بعض اہل کوفہ کا قول ہے۔ اور ایک جماعت نے کہا (نماز کو) نہ وضو میں لوٹائے گا اور نہ غسل جنابت میں، اس لئے کہ وہ دونوں نبی ﷺ کی سنت ہیں۔ پس جو شخص وضو میں یا غسل جنابت میں دونوں کو چھوڑ دے اس پر نماز کا دوبارہ پڑھنا واجب نہیں، اور وہ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ المَضْمَضِةِ والاِسْتِنْشَاقِ مِن كَفٍّ وَاحِدٍ

ایک چلّو سے کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کا بیان

کفّ: ہتھیلی، مراد چلو ہے۔ دونوں ہاتھوں کو ملا کر پانی لینا ''لب بھرنا'' کہلاتا ہے اور ایک ہتھیلی میں پانی لینا چلّو میں پانی لینا کہلاتا ہے۔

احادیث میں مضمضہ اور استنشاق کے مختلف طریقے آئے ہیں: بعض میں ایک چلو، بعض میں دو چلو، بعض میں تین چلو اور بعض میں چھ چلو کا تذکرہ آیا ہے(۱) پس وضو کرنے والے کو جس طریقہ پر سہولت ہو مضمضہ واستنشاق کرے،

(۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے: توضأ فغرف غرفة تمضمض منها واستنشق اس میں ایک چلو کا ذکر ہے۔ باب کی روایت میں تین چلو کا ذکر ہے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بھی ایک روایت ایسی ہی ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک روایت ہے: مضمض ثلاثاً واستنشق ثلاثاً من كف واحد اس میں چھ چلو کا ذکر ہے (کشف النقاب ۱: ۴۰۱-۴۰۳) حضرت عثمان سے بھی ایک روایت حضرت علی کی روایت کے مانند ہے ۱۲

کوئی پابندی نہیں۔

دنیا کے حالات یکساں نہیں، ہمارے یہاں اللہ کے فضل سے پانی بہت ہے۔ لیکن دنیا میں ایسی جگہیں بھی ہیں جہاں پانی بہت کم ہے۔ وہاں ایک لوٹے میں پورا گھر وضو کرتا ہے۔ اس طرح کے مسائل کی اہمیت وہاں ہے جہاں پانی کم ہے لیکن اگر آدمی درجۂ کمال حاصل کرنا چاہتا ہے تو مضمضہ واستنشاق تین تین مرتبہ کرے۔ جیسے نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: أَوَ لِكُلِّكُمْ ثَوْبَانِ؟! کیا تم میں سے ہر شخص کے پاس دو کپڑے ہیں؟ (ابوداؤد شریف ۱:۹۲ باب جُمَّاع أثواب ما يصلى فيه) ظاہر ہے کہ ایسا نہیں، ہر شخص کو اس زمانہ میں دو کپڑے میسر نہیں تھے، پھر اس کو ضروری کیسے قرار دیا جاسکتا ہے۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الصلوٰۃ فی الثوب الواحد سنة یعنی ایک کپڑے میں نماز پڑھنا سنت ہے، ہم لوگ نبی ﷺ کے زمانہ میں ایسا کرتے تھے اور ہمارا یہ عمل برا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ مگر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس صورت میں ہے جب کپڑے کم ہوں۔ فأما إذا وَسَّعَ اللّٰه فالصلوةُ في الثوبين أزكى یعنی اگر اللہ نے کشادگی فرمائی ہے تو پھر دو کپڑوں میں نماز پڑھنا افضل ہے (مشکوٰۃ ۱:۷۳ باب الستر) یہاں بھی یہی مسئلہ ہے۔ جن علاقوں میں پانی قلیل ہے وہاں کے لوگ کسی بھی روایت پر عمل کر سکتے ہیں۔ البتہ جن علاقوں میں پانی بہت ہے وہاں کے لوگوں کو افضل پر عمل کرنا چاہئے۔

مذاہبِ فقہاء: مضمضہ اور استنشاق میں فصل اولی ہے یا وصل؟ اس میں اختلاف ہے۔ اور یہ اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں بلکہ اولیٰ غیر اولیٰ کا ہے —— فصل کہتے ہیں: دونوں کو علحدہ علحدہ نئے پانی سے کرنا، اور وصل نام ہے دونوں کو ملانے کا، یعنی ایک چلو پانی لے کر تھوڑے سے کلی کرنا اور باقی سے ناک صاف کرنا۔

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک وصل اولیٰ ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فصل اولیٰ ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ سے دو روایتیں ہیں: ایک امام شافعی کے مطابق، دوسری امام اعظم کے موافق۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ بکثرت احادیث سے رسول اللہ ﷺ کا فصل کرنا ثابت ہے۔ ابوداؤد شریف میں طلحہ بن مُصَرِّف کی حدیث ہے: فرأيتُه يَفْصِلُ بين المضمضة والاستنشاق (۱:۹ باب الفرق بين المضمضة والاستنشاق) یعنی میں نے رسول اللہ ﷺ کو مضمضہ اور استنشاق میں فصل کرتے دیکھا، اسی طرح صحیح ابن السکن میں شقیق بن سلمہ کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو وضوء کرتے دیکھا: تَوَضَّاءَ ا ثلاثا ثلاثا وأَفْرَدَا المضمضةَ من الاستنشاق یعنی دونوں نے اعضائے وضو کو تین تین مرتبہ دھویا اور دونوں نے مضمضہ کو استنشاق سے جدا کیا۔ پھر دونوں حضرات نے فرمایا: هكذا رَأَيْنَا رسولَ الله صلى الله عليه وسلم توضأ: ہم نے اسی طرح نبی ﷺ کو وضو کرتے دیکھا ہے (رواه ابن السَّكن في صحيحه: بحواله

التعلیق الصبیح ۱:۲۰۵) علاوہ ازیں دیگر بہت سی روایات میں ثلاثا ثلاثا کا لفظ آیا ہے اس لئے احناف نے فصل کو افضل کہا ہے۔

من کف واحد کا مطلب: اور باب کی حدیث میں جو من کف واحد: آیا ہے یہ روایت اول تو غریب ہے۔ یعنی حدیث میں یہ اضافہ صرف خالد بن عبداللہ کرتے ہیں، پھر اس جملہ کے تین مطلب ہو سکتے ہیں: (۱) ایک ہتھیلی سے یعنی ایک چلو سے آدھے سے مضمضہ کیا اور آدھے سے استنشاق کیا (۲) ایک ہتھیلی سے یعنی ایک چلو سے نہ کہ دو ہتھیلیوں سے، جس طرح چہرہ دھوتے وقت لب میں پانی لیا جاتا ہے اس طرح مضمضہ اور استنشاق کرتے وقت لب بھر کر پانی نہیں لیا، بلکہ ایک ہتھیلی سے یعنی چلو میں پانی لے کر یہ دونوں عمل کئے (۳) ایک ہتھیلی سے یعنی دائیں ہاتھ ہی سے منہ میں اور ناک میں پانی ڈالا حالانکہ ناک صاف کرنا نامناسب عمل ہے جس کے لئے بایاں ہاتھ استعمال کرنا چاہئے، مگر نبی ﷺ نے ایک ہی ہتھیلی سے یعنی دائیں ہاتھ سے یہ دونوں عمل کئے —— جب اس جملے کے یہ تین مطلب ہو سکتے ہیں تو حدیث محکم الدلالۃ نہیں رہی۔

[۲۲-] باب المَضْمَضةِ والاِسْتِنْشَاقِ مِن كفّ واحدٍ

[۳۱-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوسىٰ، نا إبراهيمُ بنُ مُوسيٰ، ناخَالِدٌ، عن عَمرِو بن يحيىٰ، عن أبيه، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ، قال: رأيتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَضْمَضَ واسْتَنْشَقَ مِن كَفٍّ وَاحِدٍ، فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلاَثًا.

وفى الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبّاسٍ.

قال أبو عيسىٰ: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وقد رَوَى مَالكٌ وابنُ عُيَيْنَةَ وَغيرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ، عن عمرِو بنِ يحيىَ، ولَمْ يَذْكُروا هٰذا الحَرفَ: "أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَضْمَضَ واسْتَنْشَقَ مِنْ كَفٍّ وَاحِدٍ" وإِنَّما ذَكَره خَالِدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَخَالِدٌ ثِقَةٌ حَافِظٌ عندَ أهلِ الحديثِ.

وقال بعضُ أهلِ العلم: الْمَضْمَضَةُ والاِسْتِنْشَاقُ مِنْ كَفٍّ وَاحِدٍ يُجْزِئُ، وقال بُعضُهم: يُفرِّقُهما أَحَبُّ إِلَيْنَا، وقالَ الشَّافعيُّ: إِنْ جَمَعَهُمَا فى كَفٍّ وَاحِدٍ فَهُوَ جَائِزٌ، وإِنْ فَرَّقَهُما فَهُوَ أَحَبُّ إِلَيْنَا.

ترجمہ: عبداللہ بن زید کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک ہتھیلی سے مضمضہ اور استنشاق کرتے دیکھا۔ آپؐ نے یہ کام تین مرتبہ کیا، اور اس مسئلہ میں ابن عباس کی روایت ہے۔ امام ترمذی کہتے ہیں کہ عبداللہ بن زید کی

حدیث حسن غریب ہے۔اورامام مالک،ابن عیینہ اورمتعدد روات نے یہ حدیث عمرو بن یحییٰ سے روایت کی ہے۔اور وہ یہ لفظ کہ ''نبی ﷺ نے ایک ہتھیلی سے مضمضہ اوراستنشاق کیا'' ذکرنہیں کرتے۔اس کو خالد بن عبداللہ ہی نے ذکر کیا ہے۔اورخالد محدثین کے نزدیک ثقہ اور حافظ ہیں (پس ان کی زیادتی قبول کی جائے گی) اوربعض علماء نے کہا: مضمضہ اوراستنشاق ایک چلو سے کافی ہے،اوربعض علماء نے کہا: ان کو جدا جدا کرنا ہمیں زیادہ پسند ہے۔اورامام شافعی نے فرمایا: اگر وضوء کرنے والے نے دونوں کوایک چلو میں جمع کیا تو وہ جائز ہےاوراگراس نے ان کو جدا جدا کیا تو وہ ہمیں زیادہ پسند ہے۔

تشریح:

۱-اس حدیث کوامام ترمذی رحمہ اللہ نے اس زیادتی کی وجہ سے جو خالد بن عبداللہ نے حدیث میں کی ہے غریب قرار دیا ہے۔اورفی نفسہ حسن کہا ہے،حالانکہ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔بخاری ومسلم نے خالد بن عبداللہ ہی کی سند سے اس کوروایت کیا ہے۔

۲-امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کا جوقول بیان کیا ہے وہ آپ کا قول قدیم ہےاورقول جدید وصل کے اولیٰ ہونے کا ہے،اوروہی مذہب شافعی میں مفتی بہ ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ پہلے بغداد میں رہتے تھے۔اس زمانہ کے آپ کے اجتہادات قول قدیم کہلاتے ہیں، پھرآخر کے دوسال مصر میں گذارے ہیں، وہاں آپ کی بہت سی رائیں بدل گئی ہیں۔یہ آپ کے نئے اقوال ہیں۔اورامام ترمذیؒ کوآپ کے اقوال زعفرانی کی روایت سے پہنچے ہیں اوروہ زمانۂ بغداد کے شاگرد ہیں۔اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کا قول قدیم بیان کیا ہےان کا جدید قول امام ترمذیؒ کونہیں پہنچا۔

بابٌ فی تَخْلِیْلِ اللِّحْیَةِ

ڈاڑھی میں خیال کرنے کا بیان

حدیث: حسان بن بلال رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو دیکھا: انھوں نے وضوء کی، پس اپنی ڈاڑھی میں خلال کیا، پس ان سے کہا گیا یا حسان نے کہا: کیا آپ ڈاڑھی میں خلال کرتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: اورکیا چیز مجھ کوروکتی ہے؟ یعنی کیوں نہ کروں۔واقعہ یہ ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کواپنی ڈاڑھی میں خلال کرتے دیکھا ہے۔

اس حدیث کے ضمن میں دومسئلے سمجھنے چاہئیں:

پہلا مسئلہ: ڈاڑھی دوطرح کی ہوتی ہے: چھدری اور گھنی، اگر ڈاڑھی چھدری ہو یعنی ہلکی ہو اور بالوں کے نیچے کی کھال نظر آتی ہو تو اس صورت میں اندر کی کھال کا دھونا ضروری ہے، اور اگر ڈاڑھی گھنی ہو، یعنی بالوں کے اندر کی کھال نظر نہ آتی تو جتنے بال دائرۂ وجہ میں داخل ہیں ان کا دھونا فرض ہے۔ اور جو بال دائرۂ وجہ سے خارج ہیں ان کا دھونا فرض نہیں، نہ ان کا مسح ضروری ہے، البتہ ڈاڑھی کا خلال کرنا ادب ہے۔

اور شرح وقایہ میں جو مسئلہ بیان کیا ہے کہ رُبع لحیہ کا دھونا فرض ہے، یہ مفتی بہ قول نہیں، حضرت تھانوی قدس سرہٗ نے امداد الفتاوی میں شامی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ڈاڑھی کے جو بال چہرے کی حد کے اندر ہیں ان کا دھونا فرض ہے۔ اور لٹکے ہوئے بالوں کا دھونا فرض نہیں البتہ اولیٰ ہے (امداد الفتاوی ۱:۳۱)

دوسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ڈاڑھی کا خلال کرنا سنت ہے، اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک ادب ہے، ادب کی تعریف ہے: **ما یُحمَدُ فِعْلُه و لا یُذَمُّ تَرْکُهُ:** جس کے کرنے پر تعریف کی جائے اور جس کے چھوڑنے پر برائی نہ کی جائے۔ یعنی کرو تو واہ واہ! اور نہ کرو تو کوئی بات نہیں۔ ادب کا درجہ نُدب سے ذرا نیچے ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ نے تخلیل لحیہ کے ادب ہونے کا قول بچند وجہ اختیار کیا ہے۔ اول: باب کی تمام روایات ضعیف ہیں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی روایت کی پہلی سند میں عبدالکریم ہے جو ضعیف ہے، (اس کا تذکرہ پہلے گذر چکا ہے) پھر عبدالکریم کا حسان سے سماع بھی نہیں، پس یہ روایت منقطع بھی ہے، اور دوسری سند میں بھی انقطاع ہے اس لئے کہ قتادہ کا حسان سے سماع نہیں۔ دوم: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی یہ روایت کہ نبی ﷺ اپنی ڈاڑھی میں خلال فرماتے تھے۔ اس روایت کی سند بھی عمدہ نہیں کیونکہ عامر بن شقیق پر ذہبی نے مستدرک کی تلخیص میں تنقید کی ہے(۱)۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے میں یہ راوی ثقہ ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث عثمان کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے مگر درحقیقت یہ روایت اعلی درجہ کی نہیں۔ سوم: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو تخلیل لحیہ کرتے دیکھ کر تلامذہ کا تعجب کرنا اور سوال کرنا کہ آپ ڈاڑھی میں خلال کرتے ہیں؟ یہ دلیل ہے کہ حضرت عمار کا فعل انوکھا تھا۔ اور یہ بات اسی صورت میں ممکن ہے جب مسلمانوں میں اس کا رواج نہ ہو، اگر تخلیل لحیہ سنت ہوتا تو مسلمانوں میں اس کا ضرور رواج ہوتا —— مگر چونکہ روایات متعدد ہیں اس لئے وہ کسی درجہ میں معتبر ہیں اور ان سے ادب کے درجہ کا حکم ثابت ہوسکتا ہے۔

(۱) علامہ شمس الدین الذہبی اور شیخ تقی الدین نے ابن معین رحمہ اللہ کے حوالہ سے عامر بن شقیق کی تضعیف کی ہے، اور ابو حاتم رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: لیس بالقوی ....اور شیخین (بخاری ومسلم) نے حضرت عثمان کی متعدد روایات کی اپنی صحیحوں میں تخریج کی ہے جن میں حضرت عثمان نے رسول اللہ ﷺ کی وضو دکھائی ہے۔ مگر دونوں ہی حضرات نے حضرت عثمان کی اس روایت کی جس میں تخلیل لحیہ کا ذکر ہے، تخریج نہیں کی (نصب الرایہ ۱:۲۴)

[۲۳-] باب فی تخلیل اللحیة

[۳۲-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عبدِ الکریمِ بنِ أبی المُخَارِقِ أبی أُمَیَّةَ، عَن حَسَّانَ بنِ بِلَالٍ، قال: رَأَیْتُ عَمَّارَ بنَ یَاسِرٍ تَوَضَّأَ فَخَلَّلَ لِحْیَتَهُ، فَقِیْلَ لَهُ: أَوْ قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: أَتُخَلِّلُ لِحْیَتَكَ؟ قَالَ: وَمَا یَمْنَعُنِیْ وَلَقَدْ رَأَیْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یُخَلِّلُ لِحْیَتَهُ.

[۳۳-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سفیانُ، عن سَعیدِ بنِ أبی عَروبَةَ، عن قَتَادَةَ، عن حَسَّانَ بنِ بِلَالٍ، عن عَمَّارٍ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَه.

وفی البابِ: عن عائشةَ وَأُمِّ سَلَمَةَ، وأنسٍ وابنِ أبی أَوْفٰی وأبی أَیُّوْبَ.

قال أبو عیسی:سَمعتُ إسحاقَ بنَ مَنْصُوْرٍ، یقولُ: سمعتُ أحمدَ بنَ حنبلٍ، قال: قَال ابنُ عُیَیْنَةَ: لَمْ یَسْمَعْ عَبدُ الکریمِ مِنْ حَسَّانَ بنِ بِلَالٍ حدیثَ التَّخْلِیْلِ.

[۳۴-] حدثنا یحییٰ بنُ موسی، نا عبدُ الرزاق، عن إسرائیلَ، عن عَامِرِ بنِ شَقِیْقٍ، عن أبی وَائِلٍ، عن عُثمانَ بنِ عفان: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم کان یُخَلِّلُ لِحْیَتَهُ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حَسَنٌ صحیحٌ، وقال محمدُ بنُ إسماعیلَ: أَصَحُّ شیئٍ فی هذا البابِ حدیثُ عَامِرِ بنِ شَقِیْقٍ، عن أبی وائلٍ، عن عثمانَ.

وقال بِهٰذَا أَکْثَرُ أَهْلِ العِلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَن بَعْدَهُم: رَأَوْ تَخْلِیْلَ اللِّحْیَةِ، وبِهِ یقولُ الشافعیُّ.

وقال أحمدُ: إِنْ سَهَا عن التَّخْلِیْلِ فَهُوَ جَائِزٌ، وقال إسحاقُ: إِنْ تَرَکَهُ ناسِیًا أَوْ مُتَأَوِّلاً أَجْزَأَهُ، وإِنْ تَرَکَهُ عَامِدًا أَعَادَ.

ترجمہ: حسان بن بلال نے کہا: میں نے عمار بن یاسرؓ کو دیکھا، انھوں نے وضوء کی، پس اپنی ڈاڑھی میں خلال کیا، پس کسی نے سوال کیا یا حسان نے کہا: پس میں نے پوچھا: کیا آپ اپنی ڈاڑھی میں خلال کرتے ہیں؟ انھوں نے کہا: اور مجھے کیا چیز روکتی ہے؟ جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی ڈاڑھی میں خلال کرتے ہوئے دیکھا ہے (پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی حدیث کی دوسری سند بیان کی ہے جو قتادہ کے طریق سے ہے) امام ترمذیؒ نے فرمایا: میں نے اسحاق بن منصور کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے امام احمد رحمہ اللہ سے سنا، انھوں نے کہا کہ ابن عیینہ نے فرمایا: ''عبدالکریم نے حسان بن بلال سے تخلیل لحیہ والی حدیث نہیں سنی'' ——— حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ اپنی ڈاڑھی میں خلال کیا کرتے تھے، امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور امام بخاری

رحمہ اللہ نے فرمایا: اس باب کی صحیح تر روایت عامر بن شقیق کی ہے، جو وہ ابو وائل کے واسطہ سے حضرت عثمان سے روایت کرتا ہے۔ اور امام ترمذی نے فرمایا: صحابہ اور ان کے بعد کے لوگوں میں سے اکثر اس کے قائل ہیں۔ وہ تخلیل لحیہ کو دیکھتے ہیں، یعنی اس کو سنت کہتے ہیں۔ اور اسی کے امام شافعی رحمہ اللہ قائل ہیں۔ اور امام احمدؒ نے فرمایا: اگر ڈاڑھی میں خلال کرنا بھول جائے تو وضوء ہوگئی، اور اسحاق بن راہویہ نے کہا: اگر بھول کر خلال نہ کیا یا تاویل کرتے ہوئے نہ کیا تو اس کو کافی ہے اور اگر عمداً چھوڑ دیا تو وضوء دوبارہ کرے (یعنی آپ کے نزدیک تخلیل لحیہ واجب ہے۔ مگر اسی طرح کا واجب ہے جس طرح تسمیہ واجب تھا)

بابُ مَاجَاءَ فی مَسْحِ الرَّأْسِ أَنَّهُ یَبْدَءُ بِمُقَدَّمِ الرَّأْسِ إلی مُؤَخَّرِہِ

سر کا مسح اگلے حصہ سے شروع کر کے پچھلے حصہ کی طرف لے جائے

حدیث: عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے سر پر اپنے دونوں ہاتھوں سے مسح کیا، پس سامنے کی طرف لائے آپ ان دونوں کو اور پیچھے کی طرف لے گئے آپ، اور آپؐ نے اپنے سر کے اگلے حصہ سے مسح شروع کیا، پھر آپ دونوں ہاتھوں کو اپنی گدی کی طرف لے گئے، پھر آپ نے دونوں ہاتھوں کو لوٹایا یہاں تک کہ آپ لوٹ آئے اس جگہ کی طرف جہاں سے آپ نے ابتداء کی تھی، پھر آپ نے اپنے دونوں پیروں کو دھویا۔ یعنی نبی ﷺ نے پورے سر کا مسح کیا۔ یہی آپ کی سنتِ مستمرہ ہے، اور تمام ائمہ کے نزدیک استیعاب افضل ہے، زندگی میں ایک دو بار آپؐ نے سر کے بعض حصہ کا بھی مسح کیا ہے، مگر وہ آیت کی تفسیر کے لئے اور مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا۔ اصل سنت پورے سر کا مسح کرنا ہے۔ اور بعض احناف کی جو عادت ہے کہ ہمیشہ یا اکثر سر کے کچھ حصہ کا مسح کرتے ہیں اور بعض شوافع کی جو عادت ہے کہ ایک انگلی سے مسح کرتے ہیں یہ ٹھیک نہیں، لوگوں کو چاہئے کہ سنت پر عمل کریں اور ہمیشہ پورے سر کا مسح کریں۔

اب دو باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: منیۃ المصلی میں جو فقہ کی کتاب ہے اور جس کی شرح کبیری ہے، محیط سے مسح کا طریقہ یہ لکھا ہے کہ دونوں ہاتھ بھگا کر خنصر، بنصر اور وسطیٰ تین انگلیوں کو سر کے اگلے حصہ پر رکھے اور انگوٹھا اور ہتھیلی الگ رکھے، پھر انگلیوں کو کھینچ کر گدی تک لیجائے، پھر ہتھیلی سے سر کی دونوں جانبوں کا مسح کرتا ہوا ہاتھوں کو آگے لائے پھر شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے اندر کا اور انگوٹھوں سے کانوں کے پیچھے کا مسح کرے۔ علامہ ابن ہمام نے فتح القدیر میں لکھا ہے کہ یہ طریقہ کسی حدیث سے ثابت نہیں۔ مسح کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ سارے ہاتھ سر کے اگلے حصے پر رکھے اور سر کو گھیرتا ہوا پیچھے لیجائے، پھر پیچھے سے آگے لے آئے اور شہادت کی انگلیوں سے کانوں کے اندر کا اور انگوٹھوں سے کانوں کے

پچھلے حصہ کا مسح کرے اور یہ خیال کہ اس طرح کرنے سے ہاتھ، انگلیاں اور انگوٹھے مستعمل ہو جائیں گے، اس کا کبیری اور فتح القدیر میں یہ جواب دیا ہے کہ ہاتھ جب تک ایک عضو پر چلتا رہے گا مستعمل نہیں ہوگا، جیسے ہاتھ دھوتے ہیں تو پانی ہتھیلی سے کہنی تک چلتا ہے پھر گرتا ہے، یہ پانی ہاتھ سے علحدہ ہونے کے بعد مستعمل ہوگا، جب تک عضو پر چلتا رہے گا مستعمل نہیں ہوگا۔ یہی حکم مسح میں بھی ہے۔ اور کان چونکہ سر کا جز ہیں اس لئے ان کے حق میں بھی انگلیاں اور انگوٹھے مستعمل نہیں ہونگے، ہاں خفین پر مسح کرنے کے لئے نیا پانی لینا ہوگا، کیونکہ وہ دوسرا عضو ہیں۔

دوسری بات: گردن کے مسح کے سلسلہ میں تین رائیں ہیں: (۱) امام نووی اس کو بدعت کہتے ہیں (۲) اکثر احناف اور اصحاب متون مستحب کہتے ہیں اور یہی صحیح قول ہے (۳) اور بعض لوگ سنت کہتے ہیں، اس سلسلہ کی تمام روایات کو مولانا ابوالحسنات عبدالحئی لکھنوی رحمہ اللہ نے **تحفة الطلبة فی مسح الرقبة** نامی رسالہ میں جمع کیا ہے اور سعایہ شرح شرح وقایہ (۱:۱۷۸) میں بھی تفصیل ہے۔

[۲۴-] باب ماجاء فی مسح الرأس: أنه يَبْدَأُ بمقدَّم الرأس إلى مؤخَّره

[۳۵-] حدثنا إسحاقُ بنُ موسىٰ الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالِكُ بنُ أنسٍ، عن عَمْرِو بنِ يَحْيىٰ، عن أبيه، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰه صلى الله عليه وسلم مَسَحَ رَأْسَهُ بِيَدَيْهِ، فَأَقْبَلَ بِهِمَا وَأَدْبَرَ: بَدَأَ بِمُقَدَّمِ رَأْسِهِ، ثُمَّ ذَهَبَ بِهِمَا إِلٰى قَفَاهُ، ثُمَّ رَدَّهُمَا حَتّٰى رَجَعَ إلى المَكَانِ الَّذِیْ بَدَأَ مِنْهُ، ثُمَّ غَسَلَ رِجْلَيْهِ.

وفی البابِ: عن مُعَاوِيَةَ، والمِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبَ، وعائِشَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ أَصَحُّ شيئٍ فی هذا البابِ وأَحْسَنُ، وبه يَقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: حدیث کا ترجمہ اوپر گذر چکا ہے اور باقی عبارت کا ترجمہ واضح ہے۔

تشریح: اقبال کے معنی ہیں: سامنے آنا۔ جیسے: باب الظاہر سے کوئی شخص میری طرف آئے تو یہ اقبال ہے۔ اور ادبار کے معنی ہیں: پیٹھ پھیرنا، یعنی میری طرف سے باب الظاہر کی طرف جانا، اجمال میں أقبل پہلے تھا اور تفصیل میں ادبار کی تفسیر پہلے کی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ عرف میں اقبال پہلے اور ادبار بعد میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے: اردو محاورہ میں شب وروز کہا جاتا ہے، روز وشب نہیں کہا جاتا۔ اگر ایسا کہیں گے تو کلام فصاحت سے خارج ہو جائے گا، چنانچہ اجمال میں أقبل پہلے لایا گیا ہے۔ مگر أقبل کے معنی ہیں: ہاتھوں کو پیچھے سے آگے کی طرف لانا۔ یہ مسح کا مسنون طریقہ نہیں ہے، اس لئے مسح کے مسنون طریقہ کا لحاظ کر کے أدبر کی تفسیر پہلے کی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يَبْدَأُ بِمُؤَخَّرِ الرَّأْسِ

سر کے پچھلے حصہ سے مسح شروع کرنے کی روایت

ابن عقیل حضرت ربیع رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے دومرتبہ اپنے سر کا مسح کیا۔ اپنے سر کے پچھلے حصہ سے مسح شروع کیا، پھر اس کے اگلے حصہ سے اور اپنے دونوں ہی کانوں کا: ظاہر کا بھی اور باطن کا بھی مسح فرمایا۔

وضاحت: ابن عقیل صدوق ہیں مگر سیئ الحفظ ہیں ان کا تذکرہ پہلے گذر چکا ہے۔ یہ حدیث ان کا وہم ہے۔ حدیث کے صحیح الفاظ ابن عقیل ہی کی روایت سے اگلے باب میں آرہے ہیں: مَسَح رأسَه ومسح ما أقبل منه وما أدبر، یعنی یہ حدیث درحقیقت مجمل ہے اور محاورہ کے مطابق کلام ہے۔ کبھی ابن عقیل نے اس کو بالمعنی روایت کیا ہے اور أقبل کی تفسیر پہلے کردی ہے اور أدبر کی بعد میں، نیز اس کو دومرتبہ مسح قرار دیا ہے۔ حالانکہ یہ ایک ہی مرتبہ مسح ہے۔ چنانچہ ائمہ میں سے کسی نے سوائے وکیعؒ کے مسح کا یہ طریقہ بیان نہیں کیا، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث سے وہ حدیث اصح ہے جو پچھلے باب میں گذر چکی ہے۔

[۲۵-] باب ماجاء أنه يبدأ بمؤخر الرأس

[۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن عبدِ اللهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيلٍ، عن الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بنِ عَفْرَاءَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّتَيْنِ: بَدَأَ بِمُؤَخَّرِ رَأْسِه، ثُمَّ بِمُقَدَّمِه، وبِأُذُنَيْهِ كِلْتَيْهِمَا: ظُهُوْرِهِمَا وبُطُوْنِهِمَا.

قال أبوعيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وحديثُ عبدِ اللهِ بنِ زيدٍ أَصَحُّ مِنْ هٰذا وأَجْوَدُ.

وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ الْكُوْفَةِ إِلٰى هٰذا الحديثِ مِنْهُمْ وكيعُ بنُ الجَرَّاحِ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔ اور عبداللہ بن زید کی حدیث (جو گذشتہ باب میں آئی ہے) اس سے صحیح تر اور بہتر ہے۔ اور بعض اہل کوفہ اس حدیث کی طرف گئے ہیں (یعنی مسح کا جو طریقہ اس حدیث میں بیان کیا گیا ہے وہ اس کے قائل ہیں) ان میں سے وکیع بن الجراح ہیں (حنفیہ کا یہ مسلک نہیں ہے)

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ مَسْحَ الرَّأْسِ مَرَّةٌ

سر کا مسح ایک بار مسنون ہے

سر کا مسح ایک مرتبہ سنت ہے یا تین مرتبہ؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سر کا مسح تین مرتبہ، تین نئے پانیوں سے

سنت ہے۔ باقی تمام حضرات ایک مرتبہ مسح کو سنت کہتے ہیں۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی کوئی نقلی دلیل میرے علم میں نہیں ہے انھوں نے مسح کو غسل پر قیاس کیا ہے، جبکہ بہت سی حدیثوں سے نبی ﷺ کا ایک مرتبہ مسح کرنا ثابت ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: أحاديث عثمانَ الصِّحَاحُ كلُّها تدل على مسح الرأس: أنه مرةٌ فإنهم ذكروا الوضوءَ ثلاثا وقالوا فيها: ومسح رأسه ولم يذكروا عددا كما ذكروا في غيره (۱:۱۵) یعنی حضرت عثمان کی ساری صحیح حدیثیں اس پر دلالت کرتی ہیں کہ سر کا مسح ایک مرتبہ ہے، کیونکہ راویوں نے اعضاء مغسولہ کو تین تین بار دھونے کا ذکر کیا ہے، اور انھوں نے ان سب روایات میں مسح رأسه کہا ہے اور کوئی عدد ذکر نہیں کیا، جس طرح سر کے علاوہ میں انھوں نے عدد ذکر کیا ہے، اور قرینۂ قیاس بھی یہی بات ہے اس لئے کہ سر کے مسح کا حکم تخفیف کے لئے ہے۔ اگر تین نئے پانیوں سے سر کا مسح تین بار کیا جائے گا تو وہ غسل (دھونا) ہو کر رہ جائے گا۔

نوٹ: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کانوں کا مسح بھی تین مرتبہ تین نئے پانیوں سے سنت ہے۔

فائدہ: صُدغین (کنپٹیوں) کا تذکرہ حدیث میں صرف ابن عقیل کرتے ہیں، کوئی اور راوی اس کا تذکرہ نہیں کرتا۔ اور ان کا حال ابھی معلوم ہو چکا۔ چنانچہ کوئی مجتہد کنپٹیوں کے مسح کو سنت نہیں کہتا۔

ملحوظہ: امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید جو مفتی بہ ہے وہ تثلیث کی سنیت کا ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کا جو قول ذکر کیا ہے وہ قول قدیم ہے اس پر فتوی نہیں ہے۔

[۲۶-] باب ماجاء أن مسح الرأس مرةٌ

[۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا بَكْرُ بنُ مُضَرَ، عن ابنِ عَجْلاَنَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ محمدِ بنِ عَقيلٍ، عن الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عفْرَاءَ، أَنَّهَا رَأَتِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ، قَالَتْ: مَسَحَ رَأْسَهُ وَمَسَحَ مَا أَقْبَلَ مِنْهُ وَمَا أَدْبَرَ، وصُدْغَيْهِ وَأُذُنَيْهِ مَرَّةً وَاحِدَةً.

وفي الباب: عن عليٍّ، وَجَدِّ طلحةَ بنِ مُصَرِّفِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسىٰ: حديثُ الرُّبَيِّعِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ مَسَحَ بِرأْسِهِ مَرَّةً: والعَمَلُ على هٰذا عِندَ أَكْثَرِ أَهْلِ العِلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ، وبِه يَقُولُ جَعْفَرُ بنُ مُحَمَّدٍ، وسُفيانُ الثَّوْرِيُّ، وابنُ المباركِ، والشَّافِعِيُّ وأحمدُ، وإسحاقُ: رَأَوْ مَسَحَ الرَّأْسِ مَرَّةً وَاحِدَةً.

[۳۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ مَنْصُوْرٍ قال سَمِعْتُ سُفيانَ بنَ عُيَيْنَةَ يقول: سَأَلْتُ جَعْفَرَ بنَ مُحمدٍ عَنْ مَّسْحِ الرَّأْسِ أَيُجْزِئُ مَرَّةً؟ فَقَالَ إِيْ وَاللّٰهِ!

ترجمہ: ربیعؓ نے نبی ﷺ کو وضوء کرتے دیکھا، فرماتی ہیں: آپؐ نے اپنے سر کا مسح کیا اور مسح کیا اس حصے کا جو سر میں سے سامنے آتا ہے اور جو پیچھے جاتا ہے اور اپنی دونوں کنپٹیوں کا اور اپنے دونوں کانوں کا ایک مرتبہ۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ربیع کی حدیث حسن صحیح ہے اور نبی ﷺ سے متعدد سندوں سے یہ بات روایت کی گئی ہے کہ آپ نے اپنے سر کا مسح ایک مرتبہ کیا۔ اور صحابہ اور بعد کے لوگوں میں سے اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اس پر ہے، اور اسی کے قائل ہیں جعفرِ صادق، سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ، سب ایک مرتبہ سر کے مسح کے قائل ہیں۔ ابن عیینہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے جعفر صادقؒ سے سر کے مسح کے بارے میں پوچھا کہ کیا ایک مرتبہ مسح کافی ہو جاتا ہے؟ انھوں نے فرمایا: ہاں بخدا!

بابُ مَاجاءَ أَنَّهُ يَأْخُذُ لِرَأْسِهِ مَاءً جَدِيْدًا

سر کے مسح کے لئے نیا پانی لینے کا مسئلہ

سر کے مسح کے لئے نیا پانی لینا ضروری ہے یا ہاتھوں میں بچی ہوئی تری سے بھی مسح کر سکتے ہیں؟ احناف کے نزدیک: نیا پانی لینا ضروری نہیں، ہاتھوں میں بچی ہوئی تری سے بھی مسح کر سکتے ہیں۔ البتہ نیا پانی لینا سنت ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نیا پانی لینا ضروری ہے، اگر کوئی شخص ہاتھوں میں بچی ہوئی تری سے مسح کرے گا تو مسح درست نہ ہوگا۔

حدیث: عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ نے وضوء کی اور انھوں نے یہ بھی دیکھا کہ آپؐ نے اپنے سر کا مسح کیا اس پانی سے جو آپ کے ہاتھوں میں بچے ہوئے پانی کے علاوہ تھا۔ یعنی نئے پانی سے مسح کیا۔ اس حدیث کو حبان بن واسع سے عمرو بن الحارث اور عبداللہ بن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ عمرو بن الحارث کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: بماءٍ غَيْرِ فَضْلِ يَدَيْهِ (ترجمہ گذر چکا) اور ابن لہیعہ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: بماءٍ غَبَرَ من فضْلِ يديه: یعنی اپنے ہاتھوں کی تری سے (بچے ہوئے پانی) سے مسح کیا۔ یعنی نیا پانی نہیں لیا، یہ روایت احناف کی مؤید ہے اور پہلی روایت احناف کے خلاف نہیں، کیونکہ احناف بھی نئے پانی لینے کو سنت کہتے ہیں۔ اور نیا پانی لینے کی شرطیت کی کوئی دلیل نہیں، کیونکہ فعل سے فرضیت ثابت نہیں ہوتی۔

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حبان بن واسع کے دونوں شاگردوں کے الفاظ میں اختلاف بیان کیا ہے، پھر عمرو بن الحارث کی روایت کو ترجیح دی ہے حالانکہ ابن لہیعہ کی روایت کے الفاظ بھی وہی ہیں جو عمرو بن الحارث کے ہیں۔ مسند احمد میں چار جگہ اور سنن دارمی میں ابن لہیعہ کی روایت آئی ہے۔ اور امام دارمی نے اس پر باب قائم کیا ہے۔ بابٌ كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يأخذ لرأسه ماءً ا جديداً. معلوم ہوا کہ دونوں کی روایت متحد ہے۔

پس یہ حدیث احناف کی دلیل نہیں ہے۔ حنفیہ کی دلیل حضرت ربیع کی حدیث ہے جو ابوداؤد میں ہے: مسح برأسه من فَضْلٍ ماءٍ كان في يده: یعنی آپ نے اپنے سر کا مسح کیا اس بچے ہوئے پانی سے جو آپ کے ہاتھ میں تھا (ابوداؤد ۱:۱۷ باب صفة وضوء النبي صلى الله عليه وسلم) اور جب ایک مرتبہ ہاتھ میں بچی ہوئی تری سے مسح کرنا ثابت ہوا تو نیا پانی لینے کا شرط ہونا ختم ہوگیا۔

[۲۷-] بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يَأْخُذُ لِرَأْسِهِ مَاءً جَدِيْدًا

[۳۹-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، نا عَمرُو بنُ الحَارِثِ، عن حِبَّانَ بنِ وَاسِعٍ، عن أبيهِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ: أَنَّهُ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ، وَأَنَّهُ مَسَحَ رَأْسَهُ بِمَاءٍ غَيْرِ فَضْلِ يَدَيْهِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حَسَنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى ابنُ لَهِيْعَةَ هٰذا الحديثَ عن حِبَّانَ بنِ وَاسِعٍ عن أبيه عن عبد اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ وَأَنَّهُ مَسَحَ رَأْسَهُ بِمَاءٍ غَبَرَ مِنْ فَضْلِ يَدَيْهِ.

ورِوَايَةُ عَمْرِو بنِ الحَارِثِ، عن حِبَّانَ أَصَحُّ: لِأَنَّهُ قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ هٰذا الحديثُ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ وَغَيْرِه: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَخَذَ لِرَأْسِهِ مَاءً جَدِيْدًا.

والعَمَلُ على هٰذا عندَ أَكْثَرِ أَهْلِ العِلمِ: رَأَوْ أَنْ يَّأْخُذَ لِرَأْسِهِ مَاءً جَدِيْدًا.

ترجمہ: اور ابن لہیعہ نے یہ حدیث حبان بن واسع سے روایت کی ہے کہ آپؐ نے اپنے سر کا مسح کیا اس پانی سے جو آپ کے ہاتھوں میں بچ گیا تھا (ترمذی کے نسخے ان لفظوں میں بے حد مختلف ہیں۔ اور دوسری کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن لہیعہ کے الفاظ عمرو بن الحارث کے الفاظ سے مختلف نہیں ہیں) اور عمرو بن الحارث کی روایت زیادہ صحیح ہے۔ اس لئے کہ یہ حدیث متعدد اسانید سے عبداللہ بن زید وغیرہ سے روایت کی گئی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے سر کے لئے نیا پانی لیا۔ اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اس روایت پر ہے وہ اس کے قائل ہیں کہ آدمی اپنے سر کے مسح کے لئے نیا پانی لے۔

فائدہ: حبان میں الف نون زائدتان ہیں اس کی اصل حِبٌّ (دوست) یا حَبٌّ (دانہ) ہے بس ح کا زیر اور زبر دونوں پڑھ سکتے ہیں، جیسے نُعمان کی اصل نُعْمٌ ہے۔ اس کے معنی ہیں: خوش حالی، تن آسانی اور عثمان کی اصل عُثْمٌ ہے جس کے معنی ہیں مدد اور نفع، ان میں بھی الف نون زائدتان ہیں۔

بابُ مَسْحِ الأُذُنيْنِ ظَاهِرِهِمَا وَبَاطِنِهِمَا

کانوں کے اندر کا اور باہر کا مسح کرنا

کان کے جس حصہ میں سوراخ ہے وہ کان کا باطن ہے اور جو حصہ سر کی جانب ہے وہ ظاہر ہے۔ اور یہ تعیین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں آئی ہے۔ نسائی شریف میں ہے: إنَّ النبی صلی الله علیه وسلم مسح برأسه وأذنيه باطِنِهما بالسباحتين وظاهِرِهما بإبهاميه: رسول اللہ ﷺ نے اپنے سر کا اور دونوں کانوں کا مسح کیا، کانوں کے باطن کا تسبیح پڑھنے والی انگلی سے، اور ظاہر کا انگوٹھوں سے (۱:۱۴ باب مسح الأذنين مع الرأس) انگشت شہادت سے کان کے سوراخ والے حصہ کا مسح کرتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ وہ باطن اذن ہے اور انگوٹھوں سے سر کی جانب والے حصہ کا مسح کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ وہ کان کا ظاہر ہے —— اور کانوں کا مسح بالاجماع سنت ہے۔ لہٰذا اچھی طرح کانوں کا مسح کرنا چاہئے، شہادت کی انگلی کانوں کے سوراخ میں ڈال کر پھر اس کو کانوں کے پیچوں میں چلا کر صفائی کرنی چاہئے اور انگوٹھے کانوں کی لو کی جڑ میں رکھ کر دبا کر اوپر تک لے جانے چاہئیں، تاکہ وہاں جو میل کچیل ہو وہ صاف ہو جائے، لوگ عام طور پر کانوں کے مسح کا ڈھونگ کرتے ہیں، برائے نام انگلیاں گھماتے ہیں۔ یہ ٹھیک نہیں اس سے مسح کا مقصد پورا نہیں ہوتا۔

[۲۸-] بابُ مَسْحِ الأُذُنيْنِ ظَاهِرِهِمَا وَبَاطِنِهِمَا

[۴۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا ابنُ إدريسَ، عن ابنِ عَجْلاَنَ، عن زيدِ بنِ أسْلَمَ، عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن ابنِ عباس: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَسَحَ بَرأْسِهِ وَأُذُنَيْهِ ظَاهِرِهِمَا وَبَاطِنِهِمَا.

وفي الباب: عن الرُّبَيِّعِ. قال أبو عيسىٰ: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلىٰ هٰذا عند أكثرِ أهلِ العِلْمِ: يَرَوْنَ مَسْحَ الأُذُنَيْنِ ظُهُوْرِهِمَا وَبُطُوْنِهِمَا.

ترجمہ: ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے سر کا مسح کیا اور اپنے دونوں کانوں کا: دونوں کے ظاہر کا بھی اور باطن کا بھی .... اور اس پر اکثر اہل علم کے نزدیک عمل ہے۔ وہ دونوں کانوں کے مسح کے قائل ہیں: ان کے ظاہر کا بھی اور باطن کا بھی۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الأَذُنَيْنِ مِنَ الرَّأْسِ

دونوں کان سر کا جزء ہیں

کان ممسوح عضو ہیں یا مغسول؟ نیز کان کا ایک مرتبہ مسح ہے یا تین مرتبہ؟ اس میں چار قول ہیں:

۱-عامر شعبی رحمہ اللہ کے نزدیک باطنِ اذن یعنی کان کا جو حصہ چہرے کی جانب ہے وہ مغسول ہے اور ظاہر اُذن یعنی کان کا جو حصہ سر کی جانب ہے وہ ممسوح ہے اور ان کی دلیل یہ ہے کہ جب دو شخص آمنے سامنے کھڑے ہوں تو باطنِ اذن سے بھی مواجہہ ہوتا ہے۔ پس یہ حصہ چہرہ میں داخل ہے۔ پس اس کا غسل ضروری ہے، اور ظاہر اذن کا مواجہہ نہیں ہوتا اس لئے یہ حصہ سر میں شامل ہے اور اس کا مسح ہے۔

۲-امام اسحاق رحمہ اللہ کے نزدیک کان ممسوح عضو ہیں، مگر باطنِ اذن کا مسح چہرہ دھوتے وقت ہوگا اور ظاہر اذن کا مسح سر کے مسح کے ساتھ ہوگا۔

۳-امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی کان ممسوح عضو ہیں اور کان کی دونوں جانبوں کا مسح سر کے مسح کے ساتھ ہوگا البتہ ان کے نزدیک کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لینا ہوگا اور سر کی طرح کانوں کا مسح بھی تین مرتبہ تین نئے پانیوں سے سنت ہے۔

۴-دیگر تمام ائمہ کے نزدیک بھی کان ممسوح عضو ہیں اور ان کی دونوں جانبوں کا مسح سر کے ساتھ ہوگا اور ان کے نزدیک کانوں کے مسح کے لئے نہ نیا پانی لینا شرط ہے نہ سنت ہے، نہ اس کے مسح میں تثلیث ہے۔ البتہ اگر سر کا مسح کرنے کے بعد دیر ہو جائے اور ہاتھ خشک ہو جائیں یا کسی وجہ سے ہاتھوں کی تری باقی نہ رہے تو پھر کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لینا ضروری ہے۔

علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ نبی ﷺ سے کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لینا ثابت نہیں (۱:۱۹۵ فصل فی هدیه فی الوضوء) البتہ ایک روایت میں یہ بات آئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کانوں کے مسح کے لئے نیا پانی لیا[۱] یہ روایت اولاً ضعیف ہے، ثانیاً یہ احتمال ہے کہ سر پر مسح کرنے کے بعد کسی وجہ سے دیر ہوگئی ہو یا پگڑی کو ہاتھ لگانے کی وجہ سے ہاتھ خشک ہو گئے ہوں اس لئے رسول اللہ ﷺ نے نیا پانی لیا ہو، نیز اس حدیث کو بیان جواز پر بھی محمول کر سکتے ہیں۔ اور اس حدیث کی یہ تاویلات اس لئے ضروری ہیں کہ آٹھ صحابہ سے مروی ہے کہ دونوں کان سر میں شامل ہیں۔ ان روایات کی سندوں میں اگرچہ کلام ہے، لیکن متعدد سندیں ہیں اس لئے مجموعہ حسن لغیرہ ہے۔ یعنی قابل استدلال ہے[۲]

(۱) مستدرک حاکم (۱:۱۵۱) میں حبان بن واسع عن أبيه عن عبد الله بن زید کی سند سے یہ حدیث ہے: أنه رأى رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ فأخذ لأذنيه ماءً ا خلافَ الماءِ الذى أَخَذَه لرأسه یعنی رسول اللہ ﷺ نے مسح اذنین کے لئے نیا پانی لیا، حاکم نیشاپوری نے فرمایا: یہ حدیث صحیح علی شرطِ مسلم ہے۔ البتہ اسی کے مثل نِمران بن جارية عن أبيه کی سند سے ایک دوسری حدیث ہے۔ ابن قطان رحمہ اللہ نے كتاب الوهم والإيهام میں اس کو بے اصل بتایا ہے (نصب الرایہ ۱:۲۲)

(۲) وہ آٹھ صحابہ جن سے حدیث: الأذنان من الرأس مروی ہے یہ ہیں: ابو امامہ، عبد اللہ بن زید، ابن عباس، ابو ہریرہ، ←

حدیث: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی کریم ﷺ نے وضوء فرمایا، پس اپنے چہرہ کو تین مرتبہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تین بار دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا اور فرمایا: ''دونوں کان سر میں شامل ہیں'' یعنی سر کے مسح کے ساتھ ان کا بھی مسح کرو۔

الأذنان من الرأس میں خلقت کا بیان نہیں ہے، کیونکہ یہ پیغمبر کا منصب نہیں ہے۔ بلکہ حکم شرع کا بیان ہے۔ پس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ کانوں کا مسح بھی کرنا چاہئے اور چونکہ وہ سر کا جزء ہیں اس لئے سر کے پانی ہی سے ان کا مسح کرنا چاہئے، ان کے مسح کے لئے نیا پانی لینے کی ضرورت نہیں۔

[۲۹-] بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الأَذُنَيْنِ مِنَ الرَّأْسِ

[۴۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن سِنَانَ بنِ رَبِيْعَةَ، عن شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عن أبى أُمَامَةَ قَالَ: تَوَضَّأَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاَثًا وَيَدَيْهِ ثَلاثًا، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وقَالَ: " الْأُذُنَانِ مِنَ الرَّأْسِ" قال أبوعيسى: قال قُتَيْبَةُ: قال حَمَّادٌ: لا أَدْرِىْ هٰذَا مِن قَوْلِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم أو مِن قَولِ أبى أُمَامَةَ؛ وفى الباب: عن أَنَسٍ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ الْقَائِمِ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عندَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِن أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ أَنَّ الْأُذُنَيْنِ مِنَ الرَّأْسِ، وبِه يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وابنُ الْمُبَارَكِ وَأَحْمَدُ وَإِسحاقُ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: مَا أَقْبَلَ مِنَ الْأُذُنَيْنِ فَمِنَ الْوَجْهِ، وَمَا أَدْبَرَ فَمِنَ الرَّأْسِ.

قَالَ إِسحاقُ: وَأَخْتَارُ أَنْ يُمْسَحَ مَقَدَّمُهُمَا مَعَ وَجْهِهِ، وَمُؤَخَّرُ هُمَا مَعَ رَأْسِهِ.

ترجمہ: حماد کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ یہ یعنی الأذنان من الرأس نبی ﷺ کا قول ہے یا ابوامامہ کا، امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اس حدیث کی سند قوی نہیں، اور صحابہ اور بعد کے لوگوں میں سے اکثر اہل علم کے نزدیک اس پر عمل ہے کہ دونوں کان سر میں شامل ہیں۔ یہی رائے سفیان ثوریؒ، ابن المبارکؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ کی ہے۔ اور بعض اہل علم نے کہا کہ کانوں کا جو حصہ سامنے ہے وہ چہرہ میں داخل ہے اور جو حصہ پیچھے ہے وہ سر میں شامل ہے (یہ رائے عامر شعبیؒ

← ابوموسیٰ اشعری، انس، ابن عمر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم۔ حضرت عبداللہ بن زید کی حدیث متصل السند ہے اس کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ اور یہ اس باب کی سب سے بہتر حدیث ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں: (نصب الرایہ ۱: ۱۹) اس لئے تین اماموں نے اس حدیث کو لیا ہے اور عبداللہ بن زید کی اس روایت کو جو مستدرک حاکم میں ہے بیان جواز پر محمول کیا ہے یا یہ تاویل کی ہے کہ دیر ہو جانے کی وجہ سے یا پگڑی صحیح کرنے کی وجہ سے ہاتھ خشک ہو گئے ہونگے اس لئے نیا پانی لیا ہوگا۔ واللہ اعلم۔

کی ہے)امام اسحاق نے فرمایا: میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ کانوں کے سامنے کے حصے کا چہرے کے ساتھ مسح کیا جائے اور دونوں کے پچھلے حصے کا اپنے سر کے ساتھ۔

تشریح:

۱-اس حدیث میں مسح رأس کے ساتھ ثلاثاً نہیں ہے،اس سے معلوم ہوا کہ سر کا مسح ایک ہی مرتبہ ہے کیونکہ محل بیان میں سکوت بھی بیان ہوتا ہے جیسے کنواری کی خاموشی اجازت ہے۔

۲-حدیث میں جو قال: الأذنان من الرأس آیا ہے اس قال میں دو احتمال ہیں: نبی ﷺ بھی فاعل ہو سکتے ہیں اور فعل وقول کے درمیان امتیاز کرنے کے لئے راوی نے قال بڑھایا ہے۔یعنی قال سے پہلے نبی ﷺ کا فعل مذکور تھا،اور قال کے بعد قول،دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس کا فاعل حضرت ابوامامہ ہوں۔اس صورت میں حدیث کا یہ ٹکڑا موقوف ہوگا،مگر حکماً مرفوع ہوگا،کیونکہ یہ بات اجتہاد سے نہیں کہی جاسکتی کہ کان علحدہ عضو ہیں یا سر میں شامل ہیں۔ حدیث کے راوی حماد بن زید نے شک ظاہر کیا ہے،فاعل کی تعیین نہیں کی۔

۳-اس باب میں صرف حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث نہیں ہے بلکہ آٹھ صحابہ کی حدیثیں ہیں اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ کے وفی الباب سے دھوکا نہیں کھانا چاہئے۔

۴-اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث قوی اس لئے نہیں ہے کہ یہ شہر بن حوشب کی حدیث ہے۔یہ راوی معمولی درجہ کا ہے۔اور کثیر الارسال والاوہام ہے۔یعنی یہ راوی اساتذہ کا نام بکثرت حذف کرتا ہے اور اس کی روایتوں میں غلطیاں بھی بہت ہیں،اور ایسے راوی کا عنعنہ معتبر نہیں۔اور یہ حدیث اس نے حضرت ابوامامہؓ سے بصیغۂ عن روایت کی ہے اس لئے امام ترمذی نے فرمایا کہ اس کی اسناد کچھ اچھی نہیں ہے۔

بابٌ فی تَخْلِیْلِ الأَصَابِعِ

انگلیوں کے درمیان خلال کرنے کا بیان

وضوء کرتے ہوئے یا وضوء کے بعد ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں میں خلال کرنا چاہئے۔نبی ﷺ اپنی چھوٹی انگلی کے ذریعہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرتے تھے،اور آپؐ نے اس کا حکم بھی دیا ہے،ہمارے علاقہ میں چونکہ پانی بکثرت پایا جاتا ہے اور وضوء کرنے والا دل کھول کر پانی استعمال کرتا ہے اس لئے انگلیوں کے درمیان خشک رہ جانے کا احتمال کم ہوتا ہے،لیکن جن علاقوں میں پانی کم ہے وہاں یہ احتمال بہت زیادہ ہوتا ہے اس لئے خلال کی تاکید کی گئی ہے۔

فائدہ:سخت سردی کے زمانہ میں چونکہ کھال سکڑ جاتی ہے اس لئے کہنیوں،ایڑیوں وغیرہ کے خشک رہ جانے کا

احتمال ہوتا ہے، پس ان جگہوں کا خیال رکھنا چاہئے، انگلیوں میں خلال کی تاکید اس کو بھی شامل ہے۔

[۳۰-] بابٌ فی تَخْلِيْلِ الْأَصَابِعِ

[٤٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ وَهَنَّادٌ، قَالاَ: نَا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن أبی هَاشِمٍ، عن عَاصِمِ بنِ لَقِيْطِ بنِ صَبِرَةَ، عن أبيه، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلی الله عليه وسلم: "إِذَا تَوَضَّأْتَ فَخَلِّلْ الْأَصَابِعَ"

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، والمُسْتَوْرِدِ، وأبی أيوبَ؛قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هٰذا عند أهلِ العِلمِ أَنَّهُ يُخَلِّلُ أَصَابِعَ رِجْلَيْهِ فِیْ الوُضُوْءِ، وبه يَقولُ أحمدُ وإسحاقُ، وقال إسحاقُ، يُخَلِّلُ أَصَابِعَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ.

وَأَبُوْهَاشِمٍ: اسْمُهُ إِسْمَاعِيْلُ بنُ أَبِیْ كَثِيْرٍ.

[٤٣-] حدثنا إبراهيمُ بنُ سَعِيْدٍ، قال: ثنا سَعْدُ بنُ عَبدِ الْحَمِيْدِ بنِ جَعْفَرٍ، قَالَ ثَنَا عبدُ الرحمنِ بنُ أبی الزِّنَادِ، عن مُوسَى بنِ عُقْبَةَ، عن صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ رسولَ الله صلی الله عليه وسلم قال: "إِذَا تَوَضَّاتَ فَخَلِّلْ أَصَابِعَ يَدَيْكَ وَرِجْلَيْكَ"

قال أبوعيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٤٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قَال: ثنا ابنُ لَهِيْعَةَ، عن يَزِيْدَ بنِ عَمْرٍو، عن أبی عبدِ الرحمنِ الحُبُلِّیِّ، عن المُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ الفِهْرِیِّ، قال: رَأَيْتُ النبیَّ صلی الله عليه وسلم إِذَا تَوَضَّأَ دَلَكَ أَصَابِعَ رِجْلَيْهِ بِخِنْصَرِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حَدِيثِ ابنِ لَهِيْعَةَ.

ترجمہ: حدیث (۴۲): نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب آپ وضو کریں تو انگلیوں کے درمیان خلال کریں، یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس پر اہل علم کے نزدیک عمل ہے کہ وضو کرنے والا وضو میں اپنے دونوں پیروں کی انگلیوں میں خلال کرے، امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں۔ اور امام اسحاق رحمہ اللہ نے فرمایا: اپنے دونوں ہاتھوں اور اپنے دونوں پیروں کی انگلیوں میں خلال کرے یعنی آپ نے اصابع کو عام رکھا ہے (۴۳) ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: جب آپ وضو کریں تو اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کی انگلیوں میں خلال کریں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے، یعنی اعلیٰ درجہ کی نہیں ہے بلکہ دوسرے درجے کی ہے۔ کیونکہ اس کی سند میں صالح ہیں جو غیر صالح ہیں۔ اور غریب: سند میں تفرد کی وجہ سے ہے (۴۴) مستورد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جب آپ نے وضو کی تو آپ نے اپنی چھوٹی انگلی

سے پاؤں کی انگلیوں کو رگڑا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے ہم اس کو صرف ابن لہیعہ کی سند سے جانتے ہیں۔

تشریح:

١- دوسری حدیث جس میں صالح ہیں وہ صحیح حدیث ہے تو اُمۃ کے مولی (آزاد کردہ) صالح بن نبہان ٹھیک راوی ہیں، ابن ماجہ کے علاوہ سنن ثلاثہ میں ان کی روایت ہے۔ البتہ آخری عمر میں ان کی یادداشت خراب ہوگئی تھی، اس لئے قدیم شاگردوں کی روایتیں معتبر ہیں، اور موسیٰ بن عقبہ ان کے قدیم شاگرد ہیں۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔ حافظ نے ان کی تحسین **التلخیص الحبیر** میں نقل کی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ حسن کو بمعنی صحیح استعمال کرتے تھے پس یہ دوسری حدیث: حسن صحیح غریب ہے۔ صرف حسن نہیں ہے۔

٢- تیسری حدیث جس کی سند میں عبداللہ بن لہیعہ ہیں یہ سند بھی فی نفسہ حسن ہے اور مصری نسخہ میں غریب سے پہلے حسن بھی ہے۔ کیونکہ امام لیث بن سعد اور عمرو بن الحارث ان کے متابع موجود ہیں، بیہقی میں ان کی روایتیں ہیں۔ چنانچہ ابن القطان نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اس لئے اس کو کم از کم حسن تو ماننا ہی ہوگا۔

بابُ مَاجَاءَ وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے دوزخ کی وعید

یہ حدیث کا جملہ ہے اور اس میں مجاز بالحذف ہے۔ تقدیر عبارت ہے: **ويل للمقصِّرين فی غَسل الأعقاب من النار** . یعنی جو لوگ ایڑیاں دھونے میں کوتاہی کرتے ہیں ان کے لئے دوزخ کی وعید ہے۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے۔ بعض نے اس کو حدیث متواتر کہا ہے اور ایڑیوں کے حکم میں پاؤں کی تلی بھی آتی ہے۔ اور ایک حدیث میں **بطون الأقدام** کی صراحت بھی ہے (یہ روایت باب میں آرہی ہے)

مذاہب: فرقہ امامیہ کے نزدیک پاؤں کا وظیفہ مسح ہے۔ ان کے نزدیک چہرہ اور ہاتھ مغسول اعضاء ہیں اور سر اور پیر ممسوح وہ ﴿ أَرْجُلِكُمْ إِلَى الْكَعْبَيْنِ﴾ کی کسرہ والی قراءت سے استدلال کرتے ہیں۔ اور اس کو مسح کے تحت میں لیتے ہیں —— اور اہل السنہ والجماعۃ کے تمام محدثین وفقہاء پاؤں کا وظیفہ دھونا بتاتے ہیں ان کے نزدیک ننگے پاؤں پر مسح جائز نہیں —— اور ابن جریر طبری تخییر کے قائل ہیں ان کے نزدیک ننگے پاؤں کا دھونا بھی جائز ہے اور مسح بھی۔

جمہور کے دلائل:

(١) باب کی روایت ہے کہ ایک مرتبہ لوگ مکہ سے مدینہ کی طرف سفر کر رہے تھے، راستہ میں عصر کی نماز کا وقت

آ گیا، لوگ ایک پانی پر پہنچے اور چونکہ نماز میں دیر ہو رہی تھی اس لئے صحابہ نے جلدی جلدی وضو کی، چنانچہ بعض کی ایڑیاں خشک رہ گئیں۔ نبی ﷺ نے اعلان کرایا: ویل للأعقاب من النار، أسبغوا الوضوء: وضو میں خشک رہ جانے والی ایڑیوں کے لئے جہنم کی وعید ہے، وضو کامل کرو (مشکوۃ ۱:۴۶ باب سنن الوضوء) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیروں کا وظیفہ غسل ہے مسح نہیں ہے۔ کیونکہ مسح پیروں کے اوپر کیا جاتا ہے، ایڑیوں اور پیروں کی تلی پر نہیں کیا جاتا۔ پس ان کے خشک رہنے پر وعید سنانا بے معنی ہوگا۔

(۲) فضل طہور کی روایات میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے: جب آدمی اپنے دونوں پیر دھوتا ہے تو ان سے ہر غلطی نکل جاتی ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ پاؤں کا وظیفہ غسل ہے اگر ان پر مسح فرض ہوتا تو پاؤں دھونے سے گناہ نہ نکلتے (یہ دلیل امام طحاوی رحمہ اللہ نے پیش کی ہے مگر یہ دلیل صحیح نہیں کیونکہ غسل مسح سے ابلغ ہے اور کامل کے ضمن میں ناقص پایا جاتا ہے جیسے وضو میں اگر کوئی سر کے مسح کے بجائے سر دھو ڈالے تو بھی وضو ہو جاتی ہے پس گناہ بھی نکلیں گے)

(۳) أرجلکم یعنی نصب والی قراءت جمہور کی دلیل ہے کیونکہ اس صورت میں أرجلکم کا عطف وجوہ اور أیدی پر ہوگا اور آیت کے معنی ہونگے: اپنے پیروں کو دونوں ٹخنوں تک دھوؤ، اور شیعوں کا قراءتِ جر سے پیروں پر مسح کے لئے استدلال درست نہیں، کیونکہ اس صورت میں إلی الکعبین کی قید بے معنی ہو جاتی ہے۔ مسح تو تین انگلیوں کے بقدر ہوتا ہے انگلیوں کو کھینچ کر ٹخنوں تک لے جانا ضروری نہیں۔

قراءتِ جر کی توجیہ:

علماء نے سورۂ مائدہ کی آیتِ وضو میں قراءتِ جر کی مختلف توجیہات کی ہیں جو درج ذیل ہیں:

۱- جر جر جوار ہے یعنی پڑوس کے اثر سے آیا ہے۔ مگر اس توجیہ کو علامہ ابن ہمام نے رد فرمایا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ پڑوس کے اثر سے غیر منصرف پر تنوین پڑھنے کی نظیر تو قرآن میں ہے مگر پڑوس کے اثر سے بجائے رفع ونصب کے کسرہ پڑھنے کی کوئی نظیر نہ قرآن میں ہے نہ کلامِ عرب میں۔

۲- جر کی قراءت مسح علی الخفین پر محمول ہے۔ مگر یہ توجیہ بھی محل نظر ہے کیونکہ اس صورت میں إلی الکعبین کی قید بے معنی ہو جاتی ہے۔ مسح علی الخفین میں ٹخنوں تک انگلیوں کو کھینچ کر لے جانا ضروری نہیں۔

۳- مسح بمعنی غسلِ خفیف ہے اور آیت میں صنعت استخدام ہے۔ صنعت استخدام یہ ہے کہ لفظ کے ایک معنی لئے جائیں پھر جب اس کی طرف ضمیر لوٹائی جائے تو دوسرے معنی لئے جائیں جیسے شاعر کہتا ہے:

إذا نَزَلَ السماءُ بأرضِ قومٍ ❁ رَعَيْنَاه وإن كانوا غَضْبَانًا

ترجمہ: جب کسی قوم کے علاقہ میں بارش برستی ہے ÷ تو ہم اس گھاس کو چرا آتے ہیں چاہے وہ غضبناک ہوں۔

اس شعر میں السماء سے مراد بارش ہے، پھر جب اس کی طرف رعیناہ کی ضمیر لوٹائی تو گھاس مراد لی جو بارش

سے پیدا ہوتی ہے، یہی صنعت استخدام ہے۔اسی طرح دوضمیریں کسی ایک مرجع کی طرف لوٹائی جائیں اور مرجع کے الگ الگ معنی مراد لئے جائیں تو یہ بھی صنعت استخدام ہے۔اسی طرح دومعمولوں کوایک فعل سے جوڑا جائے اور ہر معمول کے ساتھ تعلق کے وقت الگ الگ معنی مراد لئے جائیں یہ بھی صنعت استخدام ہے۔آیت کریمہ میں رؤس اور أرجل دونوں کو امسحوا کے ساتھ جوڑا گیا ہے،مگر رؤس کے ساتھ تعلق کی صورت میں مسح کے معنی ہیں: کسی چیز پر بھیگا ہوا ہاتھ پھیرنا (إمرار اليد المُبتلّة على الشيئ) اور أرجل کے ساتھ تعلق کی صورت میں مسح کے معنی ہیں: ہلکا دھونا۔لفظ مسح اس معنی میں بھی آتا ہے۔

اوراس کی دلیل کہ جب أرجل کا تعلق امسحوا کے ساتھ کیا جائے تو معنی غسل خفیف کے ہونگے۔نصب کی قراءت ہے،نصب کی قراءت میں أرجل کا تعلق اغسلوا کے ساتھ ہے اور غسل بالغ مراد ہے۔پس جر کی قراءت میں بھی یہی معنی لینے ہونگے۔فرق صرف بالغ اور خفیف کا ہوگا اور ایسا نہیں کریں گے تو دوقراءتوں میں تعارض ہوجائے گا، حالانکہ جس طرح دوآیتوں میں تعارض نہیں ہوسکتا دوقراءتوں میں بھی تعارض نہیں ہوسکتا۔

دوسری دلیل پیروں کے دھونے کا تعامل وتواتر ہے، کسی حدیث سے نبی ﷺ کا یا کسی صحابی کا وضو میں ننگے پیروں پر مسح کرنا ثابت نہیں۔پس ثابت ہوا کہ جر کی قراءت میں بھی غسل ہی مراد ہے۔

سوال: چہرے اور ہاتھوں میں غسل بالغ اور پیروں میں غسل خفیف کا حکم کیوں ہے؟ یعنی اس میں کیا مصلحت ہے؟

جواب: تعبیر کا یہ فرق لوگوں کے ذہنوں سے ایک بوجھ اتارنے کے لئے ہے، جزیرۃ العرب میں پانی بہت کم تھا اور دورنبوی میں لوگ عام طور پر ننگے پیر چلتے تھے جس سے پیر گندے ہوتے تھے۔پھر جب اسلام نے نماز اور وضو کا حکم دیا اور وضوء بھی روزانہ پانچ مرتبہ کرنی ہوتی ہے تو ہر مرتبہ ایک لوٹا پانی چاہئے تاکہ میلے کچیلے پیر صاف کئے جاسکیں، اور ایک گھر میں دس نفر ہوں تو سوچئے کتنا پانی ضروری ہوگا، اتنا پانی وہ لوگ کہاں سے لائیں گے۔ذہنوں سے اس بوجھ کو ہٹانے کے لئے أرجل کا تعلق غسل کے ساتھ کرنے کے بجائے مسح کے ساتھ کیا گیا ہے،اور مسح سے غسل خفیف مراد لیا گیا ہے۔یعنی پیروں کا بھیگ جانا اور دوچار قطرے پانی ٹپک جانا وضوء کے لئے کافی ہے، چہرہ اور ہاتھ عام طور پر گندے نہیں ہوتے اس لئے تھوڑے پانی سے بھی ان میں غسل بالغ ہوجاتا ہے۔

لوگوں کے ذہنوں سے یہی بوجھ ہٹانے کے لئے فتح مکہ کے موقع پر جب سارا مکہ نیا مسلمان ہوا تھا، نبی ﷺ نے ایک مرتبہ فجر میں لوگوں کے سامنے وضوء کی، چہرے اور ہاتھوں کوایک ایک مرتبہ دھویا، سر پر مسح کیا اور چمڑے کے موزوں پر بھی مسح کیا، پھراس وضو سے فجر سے عشاء تک پانچ نمازیں پڑھائیں جبکہ یہ معمول نبوی نہیں تھا۔آپ ہر نماز کے لئے نئی وضوء کرتے تھے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کہ آج آپؐ نے ایک ایسا عمل کیا ہے جو آپؐ کبھی نہیں کرتے تھے۔تو آپ نے جواب دیا: عمَدا فعلتُه يا عمر: میں نے یہ عمل بالقصد کیا ہے تاکہ لوگ جان

لیں کہ وضو میں کچھ زیادہ پانی درکار نہیں۔ اسی طرح جر کی قراءت کے ذریعہ بھی لوگوں کے ذہنوں سے یہی بوجھ ہٹانا مقصود ہے۔

[۳۱-] بابُ مَاجَاءَ وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ

[٤٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قال ثَنَا عبدُ الْعَزِيْزِ بنُ محمدٍ، عن سُهَيْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، عن أبيه، عن أبی هريرة أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قال: "وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ مِنَ النَّارِ"

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعائشةَ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ الحَارِثِ، ومُعَيْقِيْبٍ، وخالدِ بنِ الوليدِ، وَشُرَحْبِيْلَ بنِ حَسَنَةَ، وعَمْرِوبنِ العاصِ، وَيَزِيْدَ بنِ أبی سُفْيَانَ.

قال أبو عيسى: حَديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حَسَنٌ صحيحٌ.

[٤٦-] وَرُوِیَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "وَيْلٌ لِلْأَعْقَابِ وَبُطُوْنِ الْأَقْدَامِ مِنَ النَّارِ"

وَفِقْهُ هٰذا الحديثِ: أَنَّهُ لَايَجُوْزُ الْمَسْحُ عَلَى الْقَدَمَيْنِ إِذَا لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِمَا خُفَّانِ، أَوْ جَوْرَبَانِ.

ترجمہ: (اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے علاوہ نو حدیثوں کا امام ترمذی رحمہ اللہ نے حوالہ دیا ہے اگر کتابوں کا تتبع کیا جائے تو اتنی حدیثیں اور بھی ملیں گی) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے یہ مسئلہ مستنبط ہوتا ہے کہ پیروں پر مسح جائز نہیں جبکہ چمڑے کے موزے یا کسی دوسرے مادے کے موزے نہ پہن رکھے ہوں (خف: چمڑے کے موزے کو کہتے ہیں اور جورب: کسی اور چیز سے بنے ہوئے موزے کو کہتے ہیں ان پر مسح کے جواز وعدم جواز کا بیان آگے آرہا ہے)

بابُ مَاجَاءَ فی الْوُضُوْءِ مَرَّةً مَرَّةً

وضوء میں اعضائے مغسولہ کو کتنی مرتبہ دھونا چاہئے؟

یکے بعد دیگرے چند ابواب ہیں ان میں یہ مسئلہ ہے کہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ یا دو دو مرتبہ دھونا کافی ہے یا تین تین مرتبہ دھونا ضروری ہے؟ رسول اللہ ﷺ کی عادتِ مستمرہ اعضاء مغسولہ کو تین تین مرتبہ دھونے کی تھی، مگر آپ نے بیانِ جواز کے لئے گاہ بہ گاہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ یا دو دو مرتبہ بھی دھویا ہے، نیز ایک ہی وضو میں بعض اعضاء کو ایک مرتبہ، بعض کو دو مرتبہ اور بعض کو تین مرتبہ بھی دھویا ہے، اس لئے یہ سب صورتیں جائز ہیں، اور مسئلہ یہ ہے کہ اعضاء مغسولہ کو ایک ایک مرتبہ دھونا فرض ہے، دو دو مرتبہ دھونا افضل ہے اور یہ فضیلت کا ادنیٰ درجہ ہے اور تین تین مرتبہ دھونا فضیلت کا اعلی درجہ ہے۔ اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں۔ البتہ اگر تین مرتبہ دھونے کے بعد بھی عضو کے

خشک رہ جانے کا یقین یا ظن غالب ہوتو پھر چوتھی اور پانچویں مرتبہ دھونا بھی ضروری ہے۔

[۳۲-] بابُ مَاجَاءَ فی الْوُضُوْءِ مَرَّةً مَرَّةً

[۴۷-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ وَهَنَّادٌ وقُتَيْبَةُ، قالوا: ثَنَا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، ح: وَثَنَا محمدُ بنُ بَشَّارٍ قال: ثَنَا يَحيىَ بنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: ثَنَا سُفيانُ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً.

وفى الباب: عن عُمَرَ وَجَابِرٍ وَبُرَيْدَةَ وأبى رَافِعٍ، وابنِ الفَاكِهِ.

قال أبو عيسىٰ: حديثُ ابنِ عباسٍ أَحْسَنُ شَيْئٍ فى هٰذا البابِ وَأَصَحُّ.

[۴۸-] وَرَوَى رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ وَغَيْرُهُ هٰذا الحديثَ عَنِ الضَّحَّاكِ بنِ شُرَحْبِيْلَ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أبيه، عن عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً.

ولَيْسَ هٰذا بِشَيْئٍ؛ والصَّحِيْحُ مَا رَوَى ابنُ عَجْلاَنَ، وَهِشَامُ بنُ سَعْدٍ، وَسُفيانُ الثَّوْرِيُّ، وعبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن زَيدِ بنِ أَسْلَمَ، عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن ابنِ عَبَّاسٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: سفیان ثوری روایت کرتے ہیں زید بن اسلم سے، وہ عطاء بن یسار سے، وہ ابن عباسؓ سے کہ نبی ﷺ نے ایک ایک مرتبہ وضوء کی .... ابن عباس کی حدیث اس باب کی بہترین اور صحیح ترین روایت ہے۔اور رشدین بن سعد وغیرہ اس حدیث کو ضحاک سے، وہ زید بن اسلم سے، وہ اپنے والد سے، وہ حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ایک ایک مرتبہ وضوء کی (یہ روایت ابن ماجہ میں ہے حدیث نمبر ۴۱۲) اور یہ کچھ نہیں۔اور صحیح سند وہ ہے جو ابن عجلان وغیرہ بیان کرتے ہیں (جس کو امام ترمذی باب کے شروع میں لائے ہیں)

تشریح: رِشْدین بن سعد مصری (متوفی ۱۸۸ھ) ترمذی اور ابن ماجہ کے راوی ہیں اور ضعیف ہیں۔ابو حاتم رازی نے ان کو ابن لہیعہ سے بھی گیا گذرا بتایا ہے۔ابن یونس کہتے ہیں: كان من الصالحين فأدركته غفلةُ الصالحين یعنی نیک لوگوں میں سے تھے۔اور بزرگوں میں جیسی غفلت پائی جاتی ہے ایسی ان میں بھی تھی۔یعنی نیک لوگ سب کو نیک سمجھتے ہیں، اور ہر کسی سے حدیث لے لیتے ہیں۔یہ بات روایتِ حدیث کے اصول کے خلاف ہے۔

[۳۳-] بابُ مَاجَاءَ فی الْوُضُوْءِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ

[۴۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ ومحمدُ بنُ رَافِعٍ، قالاَ: نا زيدُ بنُ حُبَابٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ ثَابِتِ بنِ ثَوْبَانَ، قَالَ: حدثنى عبدُ اللهِ بنُ الفَضْلِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ هُرْمُزٍ الْأَعْرَجِ، عن أبى هريرة: أَنَّ

النبیَّ صلی الله علیه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ غَرِيْبٌ، لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ ابنِ ثَوْبَانَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الفَضْلِ؛ وهٰذا إِسْنَادٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ.

وفی الباب عن جابرٍ.

[٥٠-] وقَدْ رُوِیَ عَن أبی هُرَيْرَةَ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم تَوَضَّأَ ثَلاثاً ثَلاثاً.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دو مرتبہ وضوء کی (یعنی اعضاء مغسولہ کو دو دو مرتبہ دھویا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے۔ ہم یہ حدیث ابن ثوبان عن عبد اللّٰهِ بن الفضل کی سند کے علاوہ کسی اور سند سے نہیں پہچانتے، اور یہ سند حسنٌ صحیحٌ ہے —— اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے (یہ حدیث بھی) مروی ہے کہ نبی ﷺ نے تین تین مرتبہ وضو کی (یہ دوسری حدیث ابن ماجہ اور مسند احمد میں ہے)

ملحوظہ: جب اس کی سند حسنٌ صحیحٌ ہے تو پھر امام ترمذی نے پہلے اس کو صرف حسنٌ کیوں کہا؟ میرے خیال میں پہلی جگہ غریبٌ کے ساتھ حسنٌ کاتبوں کا اضافہ ہے۔ صحیح صرف غریبٌ ہے۔ پہلے سند کی غرابت بیان کی پھر اسناد پر فی نفسہ حکم لگایا۔ واللہ اعلم

[٣٤-] بابُ مَاجَاءَ فِی الْوُضُوْءِ ثَلٰثاً ثَلٰثًا

[٥١-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، عن سُفيانَ، عن أبی إسحاقَ، عن أبی حَيَّةَ، عن عَلِیٍّ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم تَوَضَّأَ ثَلاثاً ثَلاثًا.

وفی الباب: عن عُثمانَ، والرُّبَيِّعِ، وابنِ عُمَرَ، وعائشةَ، وأبی أُمَامَةَ، وأبی رافعٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو، ومُعاويةَ، وأبی هريرة، وجابرٍ، وعَبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ، وأبی ذَرٍّ.

قال أبو عيسى: حديثُ علیٍ أَحْسَنُ شیئٍ فی هذا البابِ وَأَصَحُّ.

والعَمَلُ على هٰذا عند عَامَّةِ أَهْلِ العِلْمِ أَنَّ الوُضُوْءَ يُجْزِئُ مَرَّةً مَرَّةً، ومَرَّتَيْنِ أَفْضَلُ، وأَفْضَلُهُ ثَلَاثٌ: ولَيْسَ بَعدَه شَیْئٌ؛ وقال ابنُ المبارك: لاَ آمَنُ إِذَا زَادَ فی الوُضُوْءِ عَلَى الثلاثِ أَنْ يَأْثَمَ؛ وقَالَ أحمدُ وإسحاقُ: لَايَزِيْدُ عَلٰى الثَّلَاثِ إِلَّا رَجُلٌ مُبْتَلىً.

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے تین تین مرتبہ وضوء فرمائی —— امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث پر عام طور پر علماء کا عمل ہے کہ وضو ایک ایک مرتبہ کافی ہے، اور دو دو مرتبہ افضل ہے، اور

افضلیت کا کامل درجہ تین ہے۔ اوراس کے بعد کوئی درجہ نہیں۔ ابن المبارکؒ نے فرمایا: میں بے خوف نہیں جب وضوء کرنے والا وضوء میں تین پر زیادتی کرے، اس سے کہ وہ گنہ گار ہو۔ اور امام احمدؒ واسحاقؒ نے فرمایا: تین پر زیادتی نہیں کرتا مگر مالیخولیائی شخص یعنی جو شخص وسوسوں میں مبتلی ہوتا ہے۔

[۳۵-] بابُ مَاجَاءَ فِی الوُضُوْءِ مَرَّةً، وَمَرَّتَیْنِ، وَثَلٰثًا

[۵۲-] حدثنا إسماعیلُ بنُ مُوْسٰی الْفَزَارِیُّ، نَاشَرِیْكٌ، عن ثابتِ بنِ أبی صَفِیَّةَ، قَالَ قُلْتُ: لِأَبِیْ جَعْفَرٍ: حَدَّثَكَ جَابِرٌ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً ومَرَّتَیْنِ مَرَّتَیْنِ، وَثَلٰثًا ثَلٰثًا؟ قَالَ: نَعَمْ!

قال أبو عیسی: وَرَوَی وَکِیْعٌ هٰذا الحدیثَ عن ثَابتِ بنِ أَبی صَفِیَّةَ، قَالَ: قُلْتُ: لِأَبِیْ جَعْفَرٍ: حَدَّثَكَ جَابِرٌ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً؟ قَالَ: نَعَمْ! حَدَّثنا بِذٰلِكَ هَنَّادٌ، وقُتَیْبَةُ، قَالَا: ثنا وکیعٌ، عن ثَابِتٍ؛ وهٰذا أَصَحُّ من حَدیثِ شَرِیْكٍ، لِأَنَّهُ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ هٰذا عَنْ ثَابِتٍ نَحْوُ رِوَایَةِ وَکِیْعٍ، وَشَرِیْكٌ کَثِیْرُ الْغَلَطِ، وثابتُ بنُ أبی صَفِیَّةَ: هُوَ أبو حَمْزَةَ الثُّمَالِیُّ.

ترجمہ: ثابت بن ابی صفیہ کہتے ہیں: میں نے ابوجعفر (امام محمد باقر رحمہ اللہ) سے پوچھا: کیا آپ سے (ہمزۂ استفہام پوشیدہ ہے) حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ایک مرتبہ، دودو مرتبہ، اور تین تین مرتبہ وضو فرمائی؟ ابوجعفر نے کہا: ہاں! امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث وکیعؒ نے ثابت بن ابی صفیہ سے روایت کی ہے، ثابت کہتے ہیں: میں نے ابوجعفر سے پوچھا: کیا آپ سے حضرت جابرؓ نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ایک مرتبہ وضوء کی؟ انھوں نے کہا: ہاں! (یعنی جس حدیث میں توضأ مرة مرة آیا ہے وہی صحیح ہے اور جس میں تینوں کیفیتوں کا ذکر ہے وہ صحیح نہیں) امام ترمذی کہتے ہیں: ہم سے یہ حدیث بیان کی ھناد اور قتیبہ نے، وہ دونوں کہتے ہیں: ہم سے حدیث بیان کی وکیع نے، ثابت سے، اور یہ شریک کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے۔ اس لئے کہ یہ حدیث دیگر طرق سے بھی ثابت سے وکیع کی روایت کی طرح مروی ہے اور شریک کثیر الخطا ہیں۔ اور ثابت بن ابی صفیہ سے مراد ابوحمزہ الثمالی ہیں۔

فوائد

۱- حدیث کی دونوں سندیں کمزور ہیں، پہلی سند میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں یہ اچھے راوی ہیں، مسلم میں ان کی روایت ہے۔ اور بخاری میں بھی تعلیقاً ان کی روایت ہے، مگر ان کی روایات میں غلطیاں بہت ہیں، یہ پہلے واسط کے قاضی تھے، پھر کوفہ کے قاضی بنائے گئے، جب سے وہ کوفہ کے قاضی بنے ہیں ان کی یادداشت خراب ہوگئی تھی، اس لئے پہلی سند میں ان کی وجہ سے کمزوری آئی ہے اور دونوں سندوں میں ثابت بن ابی صفیہ ہیں، یہ راوی بھی ضعیف

ہے، ترمذی اور ابن ماجہ کا راوی ہے یہ شخص رافضی تھا۔

۲- پہلے شیعہ ہونا کچھ زیادہ برا نہیں تھا رافضی ہونا برا تھا۔ شیعہ تو ہر اس شخص کو کہہ دیتے تھے جو آل رسول سے محبت کرتا تھا۔ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی رحمہما اللہ پر بھی یہ الزام لگا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ شعر مشہور ہے:

إن كان الرَّفْضُ حُبَّ آل محمدٍ ❁ فَلْيَشْهد الثّقلان أنِّيْ رافض

(اگر آل رسول سے محبت کرنا رفض ہے ÷ تو جن وانس گواہی دیں کہ میں رافضی ہوں)

اور امام اعظم کو جو خلفاء بنی عباس نے قاضی بننے پر مجبور کیا تھا تو وہ ٹیسٹ کیس تھا، وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ اگر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ شیعہ ہیں تو ہمارا دیا ہوا عہدہ قبول نہیں کریں گے، اور سنی ہیں تو قبول کرلیں گے، مگر امام صاحبؒ تو اس عہدہ کو اس کی سنگینی کی وجہ سے قبول کرنا نہیں چاہتے تھے، چنانچہ آپ نے عہدۂ قضا قبول کرنے سے انکار کیا اور حکومت نے بدگمانی کی وجہ سے آپ کو سلاخوں کے پیچھے کر دیا اور جیل خانہ ہی میں آپ کا انتقال ہوا —— اور رافضی اس شخص کو کہتے ہیں جو چند صحابہ کے علاوہ باقی سب سے بغض رکھتا ہو یہ گمراہی ہے۔

۳- حدثنا اور أخبرنا کی بحث کتاب العلل میں گذر چکی، یہ أخبرنا کی مثال ہے، ثابت نے امام باقر کے سامنے حدیث پڑھی اور انھوں نے اقرار کیا۔ پہلے اس طریقہ کے جواز میں اختلاف تھا۔ اب یہی طریقہ چل رہا ہے، پہلے ہر حدیث پر استاذ نعم کہتا تھا اب اس کا رواج نہیں رہا، تصدی للإقراء (استاذ کا پڑھانے کے لئے بیٹھنا) ہی اقرار ہے۔

بابُ فِيْمَنْ تَوَضَّأَ بَعْضَ وَضُوْءِهِ مَرَّتَيْنِ وَبَعْضَهُ ثَلَاثًا

نبی ﷺ سے ایک ہی وضو میں بعض اعضاء کو تین مرتبہ اور بعض کو دو یا ایک مرتبہ دھونا بھی ثابت ہے۔ اور آپ ﷺ کا یہ عمل بیانِ جواز کے لئے تھا۔

[۳۶-] بابُ فِيْمَنْ تَوَضَّأَ بَعْضَ وَضُوْءِهِ مَرَّتَيْنِ وَبَعْضَهُ ثَلَاثًا

[۵۳-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ يَحْيىٰ، عن أبيهِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَوَضَّأَ فَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ يَدَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَمَسَحَ بِرَأْسِهِ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ ذُكِرَ فِيْ غَيْرِ حديثٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تَوَضَّأَ بَعْضَ وُضُوْءِهِ مَرَّةً، وبَعْضَه ثَلَاثًا؛ وقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ فِيْ ذٰلِكَ لَمْ يَرَوْا بَأْسًا أَنْ يَّتَوَضَّأَ الرَّجُلُ بَعْضَ وُضُوْءِهِ ثَلَاثًا وَبَعْضَهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ مَرَّةً.

ترجمہ: عبداللہ بن زید سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے وضوء فرمائی، پس اپنا چہرہ تین مرتبہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھ دو دو مرتبہ دھوئے اور سر پر مسح کیا اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے (مصری نسخہ میں مرتین بھی ہے)............اور متعدد احادیث میں یہ بات آئی ہے کہ نبی ﷺ نے وضو میں بعض اعضاء کو ایک مرتبہ اور بعض کو تین مرتبہ دھویا۔ اور اہل علم نے اس کی اجازت دی ہے، وہ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے کہ آدمی وضوء میں بعض اعضاء کو تین مرتبہ اور بعض کو دو مرتبہ یا ایک مرتبہ دھوئے (یہ مسئلہ اجماعی ہے)

بابٌ فی وُضُوْءِ النَّبِيِّ صلی اللہ عیہ وسلم کَیْفَ کَان؟

وضوء کرنے کا مسنون طریقہ

اب تک وضو کے الگ الگ اجزاء بیان کئے ہیں۔ اب ایک ایسی حدیث لارہے ہیں جس میں مکمل وضوء کا بیان ہے۔

[٣٧-] بابٌ فی وُضُوْءِ النَّبِيِّ صلی اللہ عیہ وسلم کَیْفَ کَان؟

[٤٥-] حدثنا قُتَیْبَةُ وهَنَّادٌ، قالا: نا أَبُو الأَحْوَصِ، عن أبی إسحاقَ، عن أبی حَيَّةَ، قال: رَأَیْتُ عَلِیًّا تَوَضَّأَ فَغَسَلَ كَفَّيْهِ حَتّٰى أَنْقَاهُمَا، ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلاثًا، واسْتَنْشَقَ ثَلاثًا وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلاثًا، وَذِرَاعَيْهِ ثَلاثًا، ومَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّةً، ثُمَّ غَسَلَ قَدَمَيْهِ إِلَى الْكَعْبَيْنِ، ثُمَّ قَامَ فَأَخَذَ فَضْلَ طَهُوْرِهِ، فَشَرِبَهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: أَحْبَبْتُ أَنْ أُرِيَكُمْ كَيْفَ كَانَ طُهُوْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟

وفی الباب: عن عُثمانَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعَائِشَةَ، والرُّبَيِّعِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ أُنَيْسٍ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، وهَنَّادٌ، قالا: نا أبو الأحْوَصِ، عن أبی إسحاق، عن عبْدِ خَيْرٍ: ذَكَرَ عَن عَلِيٍّ مِثْلَ حَديثِ أبی حَيَّةَ، إِلَّا أَنَّ عَبْدَ خَيْرٍ، قَالَ: كَانَ إِذَا فَرَغَ مِنْ طُهُوْرِهِ أَخَذَ مِنْ فَضْلِ طُهُوْرِهِ بِكَفِّهِ، فَشَرِبَهُ.

قال أبو عيسى: حَديثُ عَلِيٍّ رَوَاهُ أبو إسحاقَ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ أبی حَيَّةَ، وَعَبْدِ خَيْرٍ، وَالحَارِثِ عَن عَلِيٍّ.

وقَدْ رَوَاهُ زَائِدَةُ بنُ قُدَامَةَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَن خَالِدِ بنِ عَلْقَمَةَ، عن عَبدِ خَيْرٍ، عن عَلِيٍّ، حديثَ الوُضُوْءِ بِطُوْلِهِ وهٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذا الحديثَ عن خَالِدِ بنِ عَلْقَمَةَ، فَأَخْطَأَ فِي اسْمِهِ وَاسْمِ أَبِيهِ، فَقَالَ: مَالِكُ بنُ عُرْفُطَةَ.

وَرُوِيَ عن أبی عَوَانَةَ عَنْ خَالِدِ بنِ عَلْقَمَةَ، عن عَبدِ خَيْرٍ، عن عليٍّ، ورُوِيَ عنه عن مَالِكِ بنِ عُرْفُطَةَ، مِثْلَ رِوَايَةِ شُعْبَةَ: والصَّحِيْحُ: خَالِدُ بنُ عَلْقَمَةَ.

ترجمہ: ابوحیّہ سے مروی ہے، انھوں نے کہا: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے وضوء کی، پس آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو دھویا، یہاں تک کہ ان کو صاف کر دیا، پھر تین مرتبہ کلی کی، اور تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالا اور اپنا چہرہ تین مرتبہ دھویا اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تین مرتبہ دھویا، اور اپنے سر پر ایک مرتبہ مسح کیا، پھر اپنے دونوں پیروں کو ٹخنوں تک دھویا، پھر کھڑے ہوئے اور اپنے وضوء کے بچے ہوئے پانی کو لیا پس اس کو کھڑے کھڑے پیا، پھر فرمایا: میں نے پسند کیا کہ آپ لوگوں کو دکھلاؤں کہ نبی ﷺ کی وضوء کیسی تھی —— (دوسری سند) اور ابو اسحاق نے عبد خیر سے ذکر کیا، انھوں نے علی سے، ابوحیہ کی حدیث کے مانند۔ البتہ عبد خیر نے کہا: ''جب حضرت علی رضی اللہ عنہ وضوء سے فارغ ہوئے تو انھوں نے اپنے وضوء کے بچے ہوئے پانی میں سے کچھ پانی اپنی ہتھیلی میں لیا اور اس کو پیا (یعنی عبدِ خیر کی روایت میں کھڑے ہوکر پینے کا تذکرہ نہیں) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: علیؓ کی حدیث کو ابو اسحاق ہمدانی نے ابوحیہ، عبدخیر اور حارث سے روایت کیا ہے وہ سب علیؓ سے روایت کرتے ہیں —— اور زائدۃ بن قدامہ اور متعدد رواۃ خالد بن علقمہ سے، وہ عبدخیر سے، وہ علیؓ سے وضوء کی حدیث مفصل طور پر روایت کرتے ہیں (یعنی حضرت علیؓ سے ابوحیہ، عبدخیر اور حارث تینوں روایت کرتے ہیں، اور ان تینوں سے ابواسحاق ہمدانی روایت کرتے ہیں اور زائدۃ وغیرہ خالد کے واسطہ سے صرف عبدِ خیر سے روایت کرتے ہیں) اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو شعبہ نے (بھی) خالد بن علقمہ سے روایت کیا ہے۔ مگر انھوں نے خالد کے نام میں اور ان کے ابا کے نام میں غلطی کی ہے۔ چنانچہ انھوں نے (خالد بن علقمہ کے بجائے) مالک بن عرفطہ کہا ہے، وہ عبدِ خیر سے، وہ علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابوعوانہ سے (بھی) یہ حدیث روایت کی گئی ہے۔ وہ خالد بن علقمہ سے، وہ عبدِ خیر سے، وہ علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اور ابوعوانہ سے روایت کی گئی ہے، وہ مالک بن عرفطہ سے شعبہ کی روایت کی طرح روایت کرتے ہیں (یعنی ابوعوانہ نے دونوں نام لئے ہیں، کبھی خالد کا نام لیا ہے کبھی مالک کا) اور صحیح خالد بن علقمہ ہے (مالک بن عرفطہ راویوں کا وہم ہے)

تشریح:

۱- وضوء کے بعد بچا ہوا پانی پینے میں دو حکمتیں ہیں: ایک: وہ بابرکت پانی ہے، کیونکہ برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لے کر وضوء کیا گیا ہے۔ دوم: کھڑے ہوکر پینے سے اس برکت والے پانی کا اثر پورے جسم میں پہنچے گا، جیسے زم زم تھوڑا ہو تو کھڑے ہوکر پیتے ہیں تاکہ اس کا اثر پورے بدن میں پہنچے، اب لوگ لوٹے سے یا نل سے وضوء کرتے ہیں اس لئے پہلی حکمت باقی نہیں رہی، مگر دوسری حکمت اب بھی باقی ہے اس لئے وضوء کے بعد کچھ پانی کھڑے ہوکر پینا چاہئے۔

۲- حدیث میں مذکورہ واقعہ کوفہ کا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں ایک مرتبہ عصر کے فوراً

بعد لوگوں کے سامنے پانی منگوایا اور وضوء کی، لوگوں کو اس پر حیرت ہوئی کہ ابھی تو عصر کی نماز پڑھائی ہے اس پر آپ نے فرمایا کہ میں نے یہ وضوء آپ لوگوں کو دکھانے کے لئے کی ہے۔

۳- یہ واقعہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کے تین شاگرد روایت کرتے ہیں۔ ابو حیہ بن قیس وادِعی کوفی اور عبدِ خیر اور حارثِ اعور، پھر تینوں سے ابو اسحاق ہمدانی روایت کرتے ہیں۔ اور صرف عبدِ خیر سے خالد بن علقمہ اور مالک بن عرفطہ بھی روایت کرتے ہیں۔ پھر امام شعبہ رحمہ اللہ صرف مالک سے روایت کرتے ہیں اور ابو عوانہ دونوں سے روایت کرتے ہیں۔

۴- اور امام ترمذی کا یہ فیصلہ کہ شعبہ اور ابو عوانہ دونوں نے جو مالک بن عرفطہ کہا ہے یہ ان کی غلطی ہے۔ صحیح نام خالد بن علقمہ ہے، امام ترمذی کا یہ فیصلہ غور طلب ہے، کتاب العلل میں امام شعبہ کا یہ قول گذر چکا ہے کہ جب وہ کسی محدث سے ایک حدیث لیتے تھے تو وہ اس کے پاس کم از کم دس مرتبہ جاتے تھے ایسا شخص مروی عنہ کے نام میں کیسے غلطی کرسکتا ہے؟ اس لئے ہمارے نزدیک صحیح بات یہ ہے کہ اس حدیث کو عبدِ خیر سے خالد اور مالک دونوں ہی روایت کرتے ہیں واللہ اعلم۔

بابُ فی النَّضْحِ بَعدَ الوُضُوْءِ

وضوء کے بعد چھینٹا دینے کا حکم

نضح (ف،ض) نضحا اور انتضح کے معنی ہیں: پانی کا چھینٹا دینا۔ اگر کوئی شخص چھوٹا یا بڑا استنجاء کرنے کے بعد فوراً وضوء کرے اور استنجے میں صرف ڈھیلا استعمال کیا ہو تو ادب یہ ہے کہ وضوء سے فارغ ہو کر میانی پر چھینٹا دیدے۔ یہ حکم قطع وساوس کے لئے ہے، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جہاں وضوء کرنے کے لئے بیٹھا ہے وہاں پانی کا قطرہ گرا ہوا ہوتا ہے یا وضوء کرتے وقت کپڑے پر قطرہ گر جاتا ہے۔ پھر جب وہ نماز شروع کرے گا اور ران پر کپڑا گیلا محسوس ہوگا تو شیطان کو یہ وسوسہ ڈالنے کا موقع ملے گا کہ شاید پیشاب کا قطرہ نکل گیا ہے اور چھینٹا دینے کی صورت میں اس وسوسہ کا کوئی احتمال باقی نہیں رہتا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا: اے محمد! جب آپ وضوء کریں تو (میانی پر) چھینٹا دے لیا کریں'' یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ اس میں ایک راوی حسن بن علی ہاشمی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث قرار دیا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ جس راوی کے متعلق میں یہ لفظ استعمال کروں اس سے روایت جائز نہیں (میزان الاعتدال ۱:۵ ترجمہ ابان بن جبلۃ) مگر باب میں اور بھی روایات ہیں جن سے اس حدیث کی اصلیت کا پتہ چلتا ہے، اس لئے علماء نے اس حکم کو ادب کے درجہ میں تسلیم کیا ہے۔

[۳۸-] بابٌ فی النَّضْحِ بَعدَ الوُضُوْءِ

[۵۵-] حدثنا نصْرُ بنُ عَلیٍّ، وأحمدُ بنُ أبی عُبَیْدِ اللّٰهِ السَّلِیْمِیُّ البَصْرِیُّ، قالا: نا أبو قُتَیْبَةَ سَلْمُ بنُ قُتَیْبَةَ، عن الحَسَنِ بنِ عَلِیٍّ الهَاشِمِیِّ، عن عبدِ الرحمنِ، عن أبی هریرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: قَالَ : جَاءَ نِیْ جَبْرِیْلُ فَقَالَ:'' یا مُحمدُ! إِذَا تَوَضَّأْتَ فانْتَضِحْ''

قال أبوعیسی: هٰذا حدیثٌ غریبٌ، وسمِعْتُ محمدًا یقولُ: الحَسَنُ بنُ عَلیٍّ الهَاشِمِیُّ مُنْكَرُ الحَدِیْثِ.

وفی البابِ: عن أبی الحَكَمِ بنِ سُفْیَانَ، وابنِ عباسٍ، وزیدِ بنِ حَارِثَةَ، وأبی سَعیدٍ.

وقال بَعْضُهُم: سُفْیَانُ بنُ الْحَكَمِ، أَوِ الْحَكَمُ بنُ سُفیانَ، واضْطَرَبُوْا فی هٰذا الحدیثِ.

ترجمہ: واضح ہے، منکر الحدیث امام بخاری رحمہ اللہ کی آخری درجہ کی جرح ہے، وہ جس راوی کے بارے میں یہ لفظ استعمال کرتے ہیں اس کی حدیثیں انتہائی ضعیف ہوتی ہیں۔ اور الحدیث المنکر (انجانی حدیث) وہ ہے جو ایسے راوی سے مروی ہو جو فحش غلط یا کثرت غفلت یا فسق کے ساتھ مطعون ہو، خواہ اس کی روایت ثقہ کے خلاف ہو یا نہ ہو۔ ترمذی وغیرہ میں حدیثٌ منکرٌ اسی معنی میں استعمال کیا گیا ہے ـــــ اور اصول حدیث کی کتابوں میں منکر کے معنی ہیں: ضعیف راوی کا ثقہ راوی کے خلاف روایت کرنا۔ ثقہ کی روایت کو معروف اور ضعیف کی روایت کو منکر کہتے ہیں۔ یہاں یہ معنی مراد نہیں۔

اور غریب کے ایک معنی ضعیف کے بھی تھے اور یہ لفظ اس معنی میں پہلے سے استعمال ہوتا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب العلل میں اگرچہ یہ معنی بیان نہیں کئے مگر آپ یہ لفظ اس معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں اور جہاں بھی غریب بمعنی ضعیف استعمال کرتے ہیں تو اس کے بعد کسی راوی پر جرح کرتے ہیں۔

قولہ واضطربوا فی ھذا الحدیث: حدیث سے مراد اسناد ہے، اور اسناد سے مراد حدیث روایت کرنے والے صحابی کا نام ہے، جس کا باب میں حوالہ دیا ہے۔ یعنی ان صحابی کا نام ابوالحکم بن سفیان ہے یا سفیان بن الحکم ہے یا حکم بن سفیان ہے؟ اس میں راویوں میں اختلاف ہے۔ صحیح نام آخری ہے۔ یعنی حکم بن سفیان ہے۔ تفصیل کشف النقاب (۵۵۱:۱) کے حاشیہ میں ہے۔

بابٌ فی إِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

وضوء کامل کرنے کا بیان

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عام خطاب میں ارشاد فرمایا: ''کیا میں آپ لوگوں کو ایسے کام نہ بتاؤں جن کے ذریعہ

اللہ تعالیٰ گناہوں کو مٹاتے ہیں اور درجات کو بڑھاتے ہیں؟'' صحابہ نے عرض کیا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! یعنی ضرور ایسے کام بتایئے، آپؐ نے فرمایا: ''ناگواریوں کے باوجود وضوء کامل کرنا اور مسجدوں کی طرف قدموں کی زیادتی اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا، یہ کام سرحد کا پہرہ دینا ہیں'' حدیث کے دوسرے طریق میں یہ آخری جملہ کہ ''یہ کام سرحد کا پہرہ دینا ہیں'' تین مرتبہ ہے۔

تشریح:

۱- کبھی سوال سے مقصود لوگوں کو متوجہ کرنا ہوتا ہے، جواب ضروری نہیں ہوتا۔ لیکن اگر لوگ جواب دیں تو بہتر ہے، حدیث کے شروع میں جو سوال ہے اس کا بھی یہی مقصد ہے۔

۲- کلام مثبت کے جواب میں نعم بہتر ہے اور کلام منفی کے جواب میں بَلیٰ بہتر ہے۔ جیسے: جاء زید؟ کے جواب میں نعم کہیں گے، اور أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کا جواب بلیٰ ہے۔ حدیث میں بھی نفی کے جواب میں بلیٰ آیا ہے۔

اس حدیث میں گناہ مٹانے والے اور درجات بڑھانے والے تین کام بتائے گئے ہیں جو درج ذیل ہیں:

پہلا کام: ناگواریوں کے باوجود وضوء کامل کرنا۔ إسباغ: باب افعال کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: کامل کرنا۔ اور مکارہ: مکرَہٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: ناگواری، ناپسندیدگی، مثلاً آدمی بیمار ہے یا سردی کا زمانہ ہے یا پانی کم ہے یا کوئی اور وجہ ہے جس کی وجہ سے پانی استعمال کرنے کو جی نہیں چاہ رہا، پھر بھی وضوء کامل کی جائے تو اس کی بڑی فضیلت ہے۔

دوسرا کام: مسجدوں کی طرف بکثرت چلنا خطا: خُطوۃٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: قدم۔ یعنی چلتے وقت دو قدموں کے درمیان کا فاصلہ اور اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر مسجد جایا جائے، بلکہ مراد پابندی سے مسجد جانا ہے، خواہ مسجد کے قریب رہتا ہو یا دور رہتا ہو، قطرہ قطرہ دریا شود۔ قیامت کے دن جب زندگی بھر کے قدموں کا ٹوٹل سامنے آئے گا تو ان کی کثرت دیکھ کر عقل دنگ رہ جائے گی۔ اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ ہر قدم اٹھانے پر ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور رکھنے پر ایک درجہ بڑھتا ہے اور چلنے کی یہی صورت ہوتی ہے کہ جب پچھلا قدم اٹھا کر آگے رکھتے ہیں تو نیا قدم وجود میں آتا ہے۔ پھر جب پچھلا قدم اٹھا کر آگے رکھتے ہیں تو وہ پچھلا قدم ختم ہو جاتا ہے۔ پس ہر قدم میں پیر اٹھانا بھی ہے اور رکھنا بھی ہے اس لئے ہر قدم سے ایک گناہ معاف ہوگا اور ایک درجہ بڑھے گا۔

تیسرا کام: ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا، خواہ مسجد میں بیٹھ کر خواہ مسجد سے لوٹ کر، دونوں صورتوں کی حدیثوں میں فضیلت آئی ہے۔ پہلی صورت میں جسم سے انتظار کرنا ہے اور اس کی فضیلت ظاہر ہے اور دوسری صورت میں دل سے انتظار کرنا ہے اور اس کی فضیلت بھی ایک حدیث میں آئی ہے: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سات

قسم کے لوگوں کو اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے جس دن اللہ کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ ان میں سے ایک شخص وہ ہے جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہے یعنی مسجد سے نکلنے کے بعد بھی اس کو دوسری نماز کا انتظار ہے (یہ حدیث متفق علیہ ہے، مشکوٰۃ حدیث ۷۰۱)

رباط کا مطلب: ان تین کاموں کو نبی ﷺ نے رباط فرمایا ہے۔ رباط بھی باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ مرابطۃ اور رباط کے معنی ہیں: سرحد کا پہرہ دینا۔ اس حدیث میں دین کو یا نماز کو ملک کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور ملک پر دشمن حملہ آور ہونے کی کوشش کرتا ہے اور مؤمن کا چھوٹا دشمن شیطان ہے جو کھلا ہوا ہے، اور بڑا دشمن اس کا نفس ہے جو چھپا ہوا ہے۔ یہ دونوں دشمن آدمی کے دین میں داخل ہونا چاہتے ہیں یا نماز کو برباد کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس لئے سرحد کا پہرہ دینا ضروری ہے۔ تاکہ دشمن کو موقع نہ ملے، جو شخص مذکورہ تین باتوں کا اہتمام کرتا ہے، ان شاء اللہ اس کا دین بھی محفوظ رہے گا اور اس کی نمازیں بھی صحیح طور پر ادا ہوتی رہیں گی —— اور یہ بات نبی ﷺ نے تین بار فرمائی اس سے معلوم ہوا کہ یہ بات خطاب عام میں فرمائی گئی ہے، مجمع میں جو بات کہی جاتی ہے اگر اس پر زور دینا مقصود ہو تو اس کو سامنے اور دائیں بائیں منہ پھیر کر تین مرتبہ کہا جاتا ہے۔ پس یہاں یہ قاعدہ کلیہ سمجھ لینا چاہئے کہ جس حدیث میں بھی یہ بات آئے کہ آپؐ نے یہ بات تین مرتبہ فرمائی تو سمجھ لینا چاہئے کہ یہ بات خطاب عام میں فرمائی ہے۔

فائدہ: حدیث میں مذکور تینوں باتوں کا تعلق نماز سے ہے۔ وضوء ظاہر ہے کہ اس کا تعلق نماز سے ہے اور جو نماز کے متعلقات کا اہتمام کرے گا وہ نماز کا بدرجۂ اولیٰ اہتمام کرے گا، جو کامل وضوء کر کے بہترین لباس پہن کر نماز پڑھے گا وہ ضرور نماز بھی بہترین پڑھے گا —— اور پابندی سے مسجد میں جا کر نماز پڑھنا یہ بھی نماز کا اہتمام ہے۔ اس طرح اس کا تعلق بھی نماز سے ہے، گھر نماز پڑھنے میں اور مسجد میں نماز پڑھنے میں بڑا فرق ہے۔ گھر میں نماز پڑھ لینے والا بس پڑھ لیتا ہے اور مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی بات اور ہے۔ پس جو بندہ نماز کا اتنا اہتمام کرتا ہے کہ ہر نماز مسجد میں جا کر پڑھتا ہے تو وہ یقیناً نماز بھی شاندار پڑھے گا —— اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار کا تعلق نماز سے ہونا بھی ظاہر ہے۔ پس جن کاموں میں نماز سے تعلق کی وجہ سے فضیلت آئی ہے اس سے اندازہ کرنا چاہئے کہ خود نماز کا کیا مقام و مرتبہ ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں یہ بات سمجھنے کی اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۳۹-] بابٌ فی إِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ

[۵۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن العَلاءِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن أبيهِ، عن أبی هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلٰی مَا يَمْحُوْ اللّٰهُ بِهِ الْخَطَايَا،

ويَرْفَعُ بِهِ الدَّرَجَاتِ؟" قَالُوْا: بَلٰى، يارسولَ الله! قَالَ: " إِسْبَا غُ الْوُضُوْءِ عَلَى الْمَكَارِهِ، وَكَثْرَةُ الْخُطَا إِلَى الْمَسَاجِدِ، وانْتِظَارُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الصَّلٰوةِ، فَذٰلِكُمْ الرِّبَاطُ"

حدثنا قُتَيْبَةُ، قال: حدثنا عبدُ العَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عن العَلاَءِ نَحْوَه، وَقَالَ قُتَيْبَةُ فی حَدِيْثِهِ:" فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ، فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ، فَذٰلِكُمُ الرِّبَاطُ" ثَلثًا.

وفی الباب: عن عَلیٍّ، وعبدِ اللّٰهِ بن عَمْرٍو، وابن عَبَّاسٍ، وعَبِيْدَةَ، ويُقَالُ: عُبَيْدَةُ بنُ عَمْرٍو، وعائشةَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ عَائِشٍ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعَلاءُ بنُ عبدِ الرحمنِ، هُوَ ابْنُ يَعْقُوْبَ الْجُهَنِیُّ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أهلِ الحَدِيْثِ.

ترجمہ: یہ حدیث قتیبہ کی سند سے بھی مروی ہے اس میں آخری جملہ:" یہ چوکسی ہے! یہ چوکسی ہے! یہ چوکسی ہے!" آپ نے یہ جملہ تین مرتبہ فرمایا ——— اور علاء: محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں اور وہ اور ان کے والد عبدالرحمٰن اور ان کے دادا یعقوب: تینوں تابعی ہیں۔

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث پر حکم نہیں لگایا شاید بھول گئے ہیں، یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ مسلم، نسائی، ابن ماجہ اور مسند احمد وغیرہ میں مروی ہے۔

بابُ المِنْدِيْلِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ

وضوء اور غسل کے بعد تولیہ استعمال کرنے کا حکم

مِنْدِيْل: میم کے زیر اور زبر کے ساتھ: رومال۔ اس کا مادہ ہے: ندل (ن) ندلا الشيئَ: جلدی سے کوئی چیز اچک لینا، منتقل کرنا، تولیہ بدن پر سے پانی اچک لیتا ہے اس لئے اس کو مندیل کہتے ہیں، اس کے لئے دوسرا لفظ: مِنْشَفَةٌ ہے جس کے معنی ہیں تولیہ۔ نَشَفَ (ن،س) نَشْفًا الثوبُ: کپڑے کا پانی کو جذب کر لینا۔

وضوء اور غسل کے بعد تولیہ استعمال کرنا چاہئے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک رائے اور سعید بن المسیب اور امام زہری رحمہم اللہ کا مذہب یہ ہے کہ مکروہ ہے، کیونکہ قیامت کے دن وضوء کا پانی تولا جائے گا، لہٰذا اس کو پونچھنا نہیں چاہئے، اعضاء پر خشک ہونے دینا چاہئے، تاکہ وہ قیامت کے دن تولا جائے۔ اور باقی تین ائمہ کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ پونچھنے کی گنجائش ہے اس میں کوئی کراہیت نہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں دو مرفوع حدیثیں اور ایک امام زہری کا قول بیان کیا ہے۔ مرفوع دونوں

حدیثیں سند کے اعتبار سے کمزور ہیں مگر اباحت ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں اور امام زہری کا یہ فرمانا کہ وضوء کا پانی تولا جائے گا یہ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ تولیہ استعمال نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ وضوء کا پانی بہرحال تولا جائے گا خواہ اعضاء پر خشک ہو یا تولیہ میں چلا جائے یا نالی میں بہہ جائے، وہ میزان عمل میں ضرور لایا جائے گا۔

فائدہ: بخاری و مسلم میں ایک طویل حدیث ہے۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کے لئے نہانے کا پانی رکھا۔ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب آپؐ غسل سے فارغ ہوئے تو میں نے ایک کپڑا پیش کیا آپؐ نے اس کو نہیں لیا اور آپ ہاتھوں کو جھاڑتے ہوئے چلے (مشکوٰۃ حدیث ۴۳۶ باب الغسل) اس حدیث سے بدن پونچھنے کے عدم جواز پر استدلال درست نہیں۔ اس حدیث سے صرف بدن نہ پونچھنے کا جواز نکلتا ہے۔ کبھی دیر تک ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے یا کسی اور وجہ سے آدمی بدن نہیں پونچھتا تو اس کی بھی گنجائش ہے۔ اور جو حضرات کراہیت کے قائل ہیں وہ بھی اس حدیث سے استدلال نہیں کرتے، بلکہ ان کا مستدل یہ ہے کہ وضوء کا پانی تولا جائے گا۔

[٤٠-] بابُ المِنْدِيْلِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ

[٥٧-] حدثنا سُفيانُ بنُ وَكِيْعٍ، ناعبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عن زَيْدِ بنِ حُبَابٍ، عن أبى مُعَاذٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خِرْقَةٌ يُنَشِّفُ بِهَا بَعْدَ الْوُضُوْءِ.

وفى الباب: عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ.

[٥٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قال: ثنا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ زِيَادِ بنِ أَنْعُمٍ، عن عُتْبَةَ بنِ حُمَيْدٍ، عن عُبَادَةَ بنِ نُسَيٍّ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ غَنْمٍ، عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، قَالَ رَأَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا تَوَضَّأَ مَسَحَ وَجْهَهُ بِطَرْفِ ثَوْبِهِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غريبٌ، وإسْنَادُهُ ضَعيفٌ، ورِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، وعَبدُ الرحمنِ بنُ زِيَادِ بنِ أَنْعُمٍ الإفْرِيْقِيُّ يُضَعَّفَانِ فِى الْحَديثِ.

قال أبوعيسى: حديثُ عائشةَ لَيْسَ بِالْقَائِمِ، وَلاَ يَصَحُّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى هٰذا الباب شَيْئٌ.

وأبُو مُعَاذٍ: يَقُوْلُوْنَ: هُوَ سُلَيْمَانُ بنُ أَرْقَمَ وَهُوَ ضَعيفٌ عند أهلِ الحديثِ.

وقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم وَمَنْ بَعْدَهُمْ فى المِنْدِيْلِ بَعْدَ الْوُضُوْءِ. وَمَنْ كَرِهَهُ إِنَّمَا كَرِهَهُ مِنْ قِبَلِ أَنَّهُ قِيْلَ: إِنَّ الْوَضُوْءَ يُوْزَنُ.

وَرُوِیَ ذٰلِكَ عن سَعیدِ بنِ الْمُسَیِّبِ والزُّهْرِیِّ.

حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ حُمَیْدٍ، قال حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ، قال حَدَّثَنِیْهِ عَلِیُّ بنُ مُجَاهِدٍ، عَنِّیْ، وُهُوَ عِنْدِیْ ثِقَةٌ، عن ثَعْلَبَةَ، عنِ الزُّهْرِیِّ قال: إِنَّمَا أَكْرَهُ الْمِنْدِیْلَ بَعْدَ الْوُضُوْءِ لِأَنَّ الْوَضُوْءَ یُوْزَنُ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کے لئے ایک کپڑا تھا جس سے آپ وضوء کے بعد اعضاء پونچھتے تھے (اس حدیث کی سند میں ایک راوی ابومعاذ ہے جو ضعیف ہے) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جب آپ نے وضوء فرمائی تو اپنے کپڑے کے کنارے سے اپنے چہرے کو پونچھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اس کی سند ضعیف ہے، رشدین اور افریقی دونوں راوی ضعیف ہیں، اسی طرح حضرت عائشہ کی حدیث بھی ضعیف ہے اور اس باب میں کوئی مرفوع حدیث صحیح نہیں۔ اور محدثین کا خیال ہے کہ ابومعاذ: سلیمان بن ارقم ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ راوی ضعیف ہے —— اور صحابہ اور بعد کے لوگوں میں سے اہل علم کی ایک جماعت نے وضو کے بعد تولیہ استعمال کرنے کی اجازت دی ہے اور جن لوگوں نے اس کو ناپسند کیا تو اس کی وجہ صرف یہ قول ہے کہ وضوء کا پانی تولا جائے گا، اور کراہیت کا قول سعید بن مسیّبؒ اور زہریؒ سے مروی ہے۔

محمد بن حمید کہتے ہیں: ہم سے جریر نے حدیث بیان کی، جریر کہتے ہیں: مجھ سے علی بن مجاہد نے یہ حدیث بیان کی، مجھ سے روایت کرتے ہوئے، درانحالیکہ وہ میرے نزدیک ثقہ ہیں (پھر میں اس حدیث کو) ثعلبہ سے روایت کرتا ہوں، وہ زہری سے۔ زہریؒ نے فرمایا: ''میں وضوء کے بعد تولیہ کو اسی لئے ناپسند کرتا ہوں کہ وضوء کا پانی تولا جائے گا''

تشریح:

۱- پہلی حدیث کا راوی ابومعاذ کون ہے؟ اس کی تعیین امام ترمذیؒ نے قطعیت کے ساتھ نہیں کی۔ بس یہ فرمایا ہے کہ محدثین کہتے ہیں کہ یہ راوی سلیمان بن ارقم ہے۔ اور یہ راوی ضعیف ہے۔ یہی بات بیہقیؒ نے قطعیت کے ساتھ کہی ہے مگر مستدرک میں حاکم کہتے ہیں کہ یہ راوی فضیل بن میسرہ ہے اور وہ ثقہ ہے اگر حاکم کی یہ بات درست ہے تو حضرت عائشہؓ کی روایت قابل استدلال ہے۔

۲- دوسری حدیث میں رشدین بن سعد ہیں ان کا تذکرہ پہلے گذر چکا ہے کہ وہ نیک آدمی تھے اور ان میں بزرگوں جیسی غفلت پائی جاتی تھی اس لئے محدثین نے ان کی روایت کا اعتبار نہیں کیا۔

۳- دوسری حدیث کی سند میں عبدالرحمٰن افریقی بھی ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ان کو بھی ضعیف قرار دیا ہے مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ راوی ضعیف نہیں ہے۔ ان پر جو جرح کی گئی ہے وہ غلط فہمی پر مبنی ہے، انھوں نے مسلم بن یسار سے حدیث روایت کی، لوگوں نے ان سے پوچھا کہ آپ کی ملاقات مسلم بن یسار سے کہاں ہوئی؟ انھوں نے کہا: یہیں افریقہ میں،

پس لوگوں نے کہا جھوٹ! کیونکہ مسلم بن یسار بصری کبھی افریقہ نہیں گئے —— حالانکہ مسلم بن یسار نام کے دو راوی ہیں، ایک بصری ہیں دوسرے افریقی، افریقی مسلم بن یسار کی کنیت ابوعثمان اور نسبت طُنبذی ہے، بصری مسلم بن یسار افریقہ نہیں گئے، مگر عبدالرحمٰن افریقی کی مراد افریقی مسلم بن یسار تھی (تفصیل کے لئے دیکھیں محدث احمد محمد شاکر رحمہ اللہ کے حواشی بر ترمذی شریف) —— اور آگے امام ترمذیؒ نے باب من أذن فهو يقيم میں فرمایا ہے: رأيتُ محمد بن إسماعيل يُقوّی أمره ويقول: هو مقارب الحديث: یعنی امام بخاریؒ اس راوی کے معاملہ کو قوی کرتے ہوئے اس کے بارے میں مقارب الحدیث فرماتے تھے —— آگے بھی امام ترمذیؒ اس راوی کو بار بار ضعیف کہیں گے، اس لئے یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ یہ راوی ضعیف نہیں ہے اس پر جرح غلط فہمی کی وجہ سے کی گئی ہے۔

۴- تیسری روایت جو مقطوع ہے وہ من حَدَّث ونَسِيَ کی مثال ہے۔ جریر نے ثعلبہ سے روایت کر کے علی بن مجاہد کو یہ حدیث سنائی، پھر وہ اس حدیث کو بھول گئے، بعد میں علی بن مجاہد نے ان سے یہ حدیث بیان کی تو چونکہ علی ثقہ راوی ہیں اس لئے بعد میں جریر ان کے واسطہ سے یہ حدیث روایت کرتے تھے۔ اب اس حدیث کی سند اس طرح بنے گی: جريرٌ عن عليِّ بن مجاهدٍ، عن جرير، عن ثعلبة، عن الزهريِّ: یعنی سند میں جریر بن عبدالحمید کا نام دو جگہ آئے گا، علی کے استاذ کی جگہ بھی اور شاگرد کی جگہ بھی (علی بن مجاہد چار پیسہ کا بھی راوی نہیں ہے۔ تقریب میں اس کو متروک لکھا ہے اس لئے یہ اثر غیر معتبر ہے)

مسئلہ: کوئی محدث اپنی حدیث بھول جائے اور اس کا شاگرد اس کو یاد دلائے اور استاذ اس حدیث کا انکار کرے کہ میں نے یہ حدیث بیان نہیں کی تو وہ روایت غیر معتبر ہے، کیونکہ دونوں میں سے کوئی ایک ضرور جھوٹا ہے —— اور اگر استاذ سکوت اختیار کرے یعنی نہ تکذیب کرے نہ تصدیق تو روایت معتبر ہے۔ اسی طرح اگر استاذ شاگرد کی تصدیق کرے جیسے اس روایت میں جریر نے علی بن مجاہد کی تصدیق کی ہے تو بھی وہ روایت معتبر ہے۔

بابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ الْوُضُوْءِ

وضوء کے بعد کی دعا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے وضوء کی پس اچھی طرح وضوء کی پھر کہا: أشهد إلخ: تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جائیں گے جس سے چاہے جنت میں جاسکتا ہے''

تشریح: یہ حدیث مسلم شریف میں بھی معاویہ بن صالح کے شاگرد عبدالرحمٰن بن مہدی کی سند سے ہے، البتہ اس میں دعاء کا آخری حصہ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ: نہیں ہے (مسلم کتاب الطهارة الذكر المستحبُّ عقيب الوضوء ۳:۱۱۸)

جنت کے کتنے دروازے ہیں؟ سورۃ الحجر آیت ۴۴ میں جہنم کے سات دروازوں کا تذکرہ ہے۔ اور سورۃ الزمر

آیت ۷۳ میں جنت کے دروازں کا ذکر ہے مگر جنت کے دروازے کتنے ہیں یہ بات قرآن کریم میں مذکور نہیں، البتہ احادیث میں اس کی صراحت ہے کہ جنت کے آٹھ دروازے ہیں، یعنی جہنم سے ایک دروازہ زائد ہے۔ یہی حکمتِ خداوندی کا مقتضا ہے کہ جس طرح جہنم کے دروازے ہیں اور جہنمیوں کے الگ الگ حصے ہیں اسی طرح جنت کے بھی دروازے ہوں، اور جنتیوں کے بھی الگ الگ حصے ہوں اور ایک دروازے کی زیادتی اس لئے ہے کہ رحمت غضب پر غالب ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۴۹)

[٤١-] بابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ الْوُضُوْءِ

[٥٩-] حدثنا جَعْفَرُ بنُ محمدِ بنِ عِمْرَانَ الثَّعْلَبِيُّ الْكُوْفِيُّ، نا يَزِيْدُ بنُ حُبَابٍ، عن مُعَاوِيَةَ بنِ صَالحٍ، عن رَبِيْعَةَ بنِ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِيِّ، عن أبى إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، وَأَبِيْ عُثْمَانَ، عن عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ. اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِى مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِى مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ: فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ أَبْوَابٍ مِنَ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ"

وفى الباب: عن أنسٍ، وعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ.

قال أبو عيسىٰ: حَدِيثُ عُمَرَ قَدْ خُوْلِفَ زَيْدُ بنُ حُبَابٍ فِي هٰذَا الحَدِيثِ، رَوَى عَبدُ اللّٰهِ بنُ صَالحٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالحٍ، عن رَبِيْعَةَ بنِ يَزِيْدَ، عن أبى إِدْرِيْسَ، عن عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، عن عُمَرَ، وعَنْ أبى عُثْمَانَ، عَن جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عَن عُمَرَ.

وهٰذا حَدِيْثٌ فى إِسْنَادِهِ اضْطِرَابٌ، وَلاَ يَصِحُّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى هذا البابِ كَثِيْرُ شَيْئٍ، قَالَ مُحمدٌ: أَبُوْ إِدْرِيْسَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُمَرَ شَيْئًا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اس حدیث میں زید بن حباب مخالفت کئے گئے ہیں، یعنی معاویہ کے دوسرے شاگرد اور طرح سے سند پیش کرتے ہیں، عبداللہ بن صالح وغیرہ معاویہ سے، وہ ربیعہ سے، وہ حضرت عقبہ سے اور وہ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں (تحویل) اور ربیعہ: ابوعثمان سے، وہ جبیر بن نفیر سے، وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور یہ ایک ایسی حدیث ہے جس کی سند میں اختلاف ہے اور اس مسئلہ میں نبی ﷺ سے بہت زیادہ حدیثیں ثابت نہیں، اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابوادریس خولانی نے حضرت عمرؓ سے کوئی حدیث نہیں سنی۔

تشریح: اس حدیث کا اصل واقعہ مسلم شریف میں مذکور ہے۔ حضرت عقبہ کہتے ہیں: میں اور حضرت عمرؓ باری باری

اونٹ چرایا کرتے تھے، ایک دن میں اونٹ لے کر جاتا تھا اور عمرؓ نبی ﷺ کی مجلس میں حاضر رہتے تھے اور جو باتیں سنتے تھے وہ رات کو مجھے بتادیتے تھے، دوسرے دن وہ اونٹ لے کر جاتے تھے اور میں حاضر رہتا تھا اور دن بھر کی باتیں ان کو بتادیتا تھا، ایک دن اونٹ چرانے کی میری باری تھی مجھے اچھے پتے مل گئے، اونٹوں کا پیٹ جلدی بھر گیا اور میں جلدی اونٹ لے کر واپس آ گیا۔ عصر کے بعد کا وقت تھا میں اونٹ باندھ کر مسجد میں پہنچا، وہاں نبی ﷺ لوگوں سے خطاب فرمارہے تھے۔ میں مجلس کے آخر میں بیٹھ گیا۔ جس وقت میں پہنچا ہوں نبی ﷺ فرمارہے تھے کہ جس مسلمان نے وضوء کی پس اچھی طرح وضوء کی، پھر اس نے دو نفلیں پڑھیں جن کی طرف اپنے دل اور اپنے چہرے سے متوجہ رہا تو اس کے لئے جنت واجب ہوگئی، میرے منہ سے بے ساختہ نکل گیا: واہ واہ! میرے سامنے حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیٹھتے تھے وہ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تمہارے آنے سے پہلے نبی ﷺ نے جو بات فرمائی ہے وہ اس سے ڈبل واہ واہ ہے، تمہارے آنے سے پہلے آپ نے فرمایا تھا کہ جو بہترین وضوء کرے پھر یہ ذکر کرے أشهد إلخ تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، وہ جس سے چاہے جنت میں جاسکتا ہے —— اس سے معلوم ہوا کہ یہ حدیث حضرت عقبہ نے نبی ﷺ سے براہِ راست نہیں سنی۔ حضرت عمر کے واسطہ سے سنی ہے۔ پس صحیح سند عبداللہ بن صالح وغیرہ کی ہے۔ زید بن حباب کی سند صحیح نہیں، علاوہ ازیں ابوادریس خولانی کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے لقاء اور سماع بھی نہیں جیسا کہ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے:

زید بن حباب اور عبداللہ بن صالح کی سندوں میں فرق: زید بن حباب: ابوادریس خولانی اور ابوعثمان کے درمیان اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے۔ اور عبداللہ بن صالح: ابوادریس خولانی اور حضرت عمرؓ کے درمیان حضرت عقبہ کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔ اور ابوعثمان اور حضرت عمرؓ کے درمیان جبیر بن نفیر کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔ پس کل تین سندیں ہونگی: ایک زید بن حباب کی، اور دو عبداللہ بن صالح وغیرہ کی۔ اور سند کے بیچ میں تحویل ہے۔ ربیعہ سے دونوں سندیں الگ ہوجاتی ہیں۔

بابُ الْوُضُوْءِ بِالْمُدِّ

ایک مد پانی سے وضوء کرنے کا بیان

حدیث: نبی ﷺ ایک مد پانی سے وضوء اور ایک صاع پانی سے غسل کیا کرتے تھے:

تشریح: صاع چار مد کا ہوتا ہے یعنی تین کلو ایک سو پچاس گرام کا۔ اور ایک مد دو رطل کا ہوتا ہے یعنی سات سو نوے گرام کا، اتنی مقدار وضو اور غسل کے لئے بہت کافی ہے۔

مقصد حدیث: اگر یہ حدیث ایسی جگہ بیان کی جائے جہاں پانی بہت ہے تو حدیث کا سبق یہ ہے کہ وضوء اور غسل

میں اسراف نہیں کرنا چاہئے۔ نبی ﷺ اتنے ہی پانی سے وضوءاور غسل فرمایا کرتے تھے، اور اگر یہ حدیث ایسی جگہ بیان کی جائے جہاں پانی کی قلت ہے تو حدیث کا سبق یہ ہے کہ وضوءاور غسل میں بخیلی نہیں کرنی چاہئے، بہت تھوڑے پانی سے وضوءاور غسل کرنے میں بدن کے خشک رہ جانے کا احتمال ہے۔ نبی ﷺ پانی کی قلت کے باوجود آٹھ سوگرام سے وضواور سوا تین لیٹر سے غسل فرمایا کرتے تھے۔ پس لوگوں کو بھی چاہئے کہ پانی استعمال کرنے میں کنجوسی نہ کریں۔

[٤٢-] بابُ الْوُضُوْءِ بِالْمُدِّ

[٦٠-] حدثنا أحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وعَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، قالا: نا إسماعيلُ بنُ عُلَيَّةَ، عن أبي رَيْحَانَةَ، عن سَفِيْنَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَوَضَّأُ بِالْمُدِّ، وَيَغْتَسِلُ بِالصَّاعِ.

وفي البابِ: عن عائِشَةَ، وجابرٍ، وأنسِ بنِ مالكٍ.

قال أبو عيسى: حَديثُ سَفِيْنَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبو رَيْحَانَةَ: اسْمُهُ عبدُ اللهِ بنُ مَطَرٍ.

وهٰكَذَا رَأَى بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ الْوُضُوْءَ بِالْمُدِّ، وَالْغُسْلَ بِالصَّاعِ.

وقَالَ الشَّافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ: لَيْسَ مَعْنٰى هٰذا الحَديثِ عَلَى التَّوْقِيْتِ: أَنَّهُ لاَيَجُوْزُ أَكْثَرُ مِنْهُ، وَلاَ أَقَلَّ مِنْهُ، وَهُوَ قَدْرُ مَا يَكْفِي.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض علماء کی یہی رائے ہے کہ ایک مد سے وضوءاور ایک صاع سے غسل کرے، یعنی نہ اس سے کم پانی استعمال کرے نہ زیادہ۔ اور شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کے معنی تحدید نہیں ہیں کہ اس سے زیادہ یا اس سے کم جائز نہ ہو، بلکہ پانی کی جو مقدار کافی ہو وہ استعمال کرسکتا ہے۔

بابُ كَرَاهِيَةِ الإِسْرَافِ في الْوُضُوْءِ

وضوء میں ضرورت سے زیادہ پانی خرچ کرنا مکروہ ہے

وضوء وغسل میں اسراف یعنی ضرورت سے زیادہ پانی خرچ کرنا مکروہ ہے۔ مسند احمد اور ابن ماجہ میں یہ روایت ہے: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ وضوء کررہے تھے، نبی ﷺ کا وہاں سے گذر ہوا، آپؐ نے دیکھا کہ وہ وضوء میں اسراف کررہے ہیں تو آپؐ نے تنبیہ کی اور فرمایا: اے سعد! یہ فضول خرچی کیوں کررہے ہو؟ حضرت سعد نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا وضوء میں بھی اسراف ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! اگرچہ تم بہتی ندی پر ہو (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۷ باب سنن الوضوء) اس کے علاوہ بھی صحیح حدیثوں سے اسراف کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں جو روایت ذکر کی ہے وہ ضعیف ہے۔ امام ترمذیؒ کبھی کبھی ایسا کرتے ہیں کہ صحیح روایت ہوتے

ہوئے بھی ضعیف روایت لاتے ہیں، تاکہ طالب علم اس سے واقف ہوجائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک وضوء کے لئے ایک شیطان ہے جس کو وَلہان (سرگشتگی) کہا جاتا ہے۔ پس پانی کے وسوسوں سے بچو (یہ حدیث ابن ماجہ اور مسند احمد میں بھی ہے)

تشریح: عزازیل نے لوگوں میں بگاڑ پھیلانے کے لئے شیاطین کو مختلف کاموں پر لگا رکھا ہے، ایک پارٹی مؤمنین کی طہارت میں شک پیدا کرنے کے لئے بھی مقرر کر رکھی ہے۔ اس کام پر مقرر شیطان کا لقب وَلہان ہے۔ یہ لفظ وَلَہٌ (حیران) سے بنا ہے، اس میں الف نون زائدتان ہیں۔ اس لئے نبی ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ مؤمن کو پانی کے وسوسوں سے بچنا چاہئے، یعنی اعضاء دھوتا ہی چلا جائے اور اس کو دھلنے کا یقین ہی نہ ہو تو وہ وضوء میں ایک بالٹی پانی ضائع کردے گا، مؤمن کو چاہئے کہ وہ شریعت کی مقرر کی ہوئی حد پر رُکے، یعنی اعضاء کو صرف تین مرتبہ دھوئے زیادہ نہ دھوئے تاکہ پانی فضول ضائع نہ ہو۔

فائدہ: شریعت نے ہر وہ سوراخ بند کردیا ہے جس سے مؤمن کی طبیعت میں وسوسے پیدا ہوسکتے ہوں، اسی حکمت سے غسل خانہ میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے اور اسی حکمت سے عورت نے جس پانی سے غسل جنابت کیا ہے اس میں سے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنے سے مرد کو منع کیا ہے۔ اور اسی حکمت سے نبی ﷺ عورتوں کے کپڑوں میں نماز نہیں پڑھتے تھے۔

[۴۳-] بابُ كَرَاهِيَةِ الإِسْرَافِ فِى الْوُضُوْءِ

[۶۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو داوُدَ، نا خَارِجَةُ بنُ مُصْعَبٍ، عن يُوْنُسَ بنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عن عُتَىِّ بنِ ضَمْرَةَ السَّعْدِىِّ، عن أُبَىِّ بنِ كَعْبٍ، عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "إِنَّ لِلْوُضُوْءِ شَيْطَانًا، يُقَالُ لَهُ الْوَلَهَانُ، فَاتَّقُوْا وِسْوَاسَ الْمَاءِ"

وفى البابِ: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أُبَىِّ بنِ كَعْبٍ حديثٌ غرِيْبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِىِّ عند أهلِ الحَديثِ، لِأَنَّا لانَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيْرُ خَارِجَةَ.

وقَدْ رُوِىَ هٰذا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْحَسَنِ قَوْلُهُ، وَلاَ يَصَحُّ فى هٰذا البابِ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ، وخَارِجَةُ لَيْسَ بِالْقَوِىِّ عند أَصْحَابِنَا، وضَعَّفَهُ ابنُ الْمُبَارَكِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابی کی حدیث غریب (ضعیف) ہے اس کی سند محدثین کے نزدیک قوی نہیں، کیونکہ ہمارے علم میں خارجہ کے علاوہ کوئی نہیں جس نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہو۔ اور یہ حدیث

متعدد سندوں سے حسن بصریؒ سے ان کا قول مروی ہے۔ اور اس باب میں نبی ﷺ سے کوئی چیز ثابت نہیں۔ اور خارجہ ہمارے اکابر کے نزدیک مضبوط راوی نہیں، ابن المبارک نے اس کی تضعیف کی ہے۔

تشریح: خارجۃ بن مُصعب متروک راوی ہے، اپنے کذاب اساتذہ کا نام چھپایا کرتا تھا ۲۶۸ھ میں اس کا انتقال ہوا ہے۔ ترمذی اور ابن ماجہ میں اس کی روایتیں ہیں۔ دوسری سندوں سے یہ روایت حدیث مقطوع (تابعی کا قول) ہے یعنی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا قول ہے۔ اور امام ترمذیؒ کا یہ فرمانا کہ وضوء میں اسراف کی کراہیت کے سلسلہ میں کوئی صحیح مرفوع روایت نہیں، یہ بات محل نظر ہے، ہم نے اوپر صحیح روایت پیش کی ہے۔

بابُ الوُضُوْءِ لِكُلِّ صَلوٰةٍ

ہر فرض نماز کے لئے نئی وضو ضروری نہیں

یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ ہر فرض نماز کے لئے نئی وضوء ضروری نہیں، ایک وضوء جب تک باقی رہے جتنی چاہیں فرض اور نفل نمازیں پڑھ سکتے ہیں، رہی یہ بات کہ نبی ﷺ کے لئے کیا حکم تھا؟ اس کی تحقیق اب ضروری نہیں، اور ہلکا اشارہ باب السواك میں آ گیا ہے کہ پہلے آپ پر ہر فرض نماز کے لئے نئی وضوء ضروری تھی، پھر جب آپؐ کو اس میں دشواری محسوس ہوئی تو اللہ نے یہ حکم ختم کر دیا اور اس کی جگہ مسواک کرنے کا حکم دیا۔

[٤٤-] بابُ الوُضُوْءِ لِكُلِّ صَلوٰةٍ

[٦٢-] حدثنا محمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نا سَلَمَةُ بنُ الفَضْلِ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن حُمَيْدٍ، عن أنسٍ، أنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتوَضَّأُ لِكُلِّ صَلوٰةٍ طَاهِرًا أَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ، قَالَ: قُلتُ لِأَنَسٍ: فَكَيْفَ كَنْتُم تَصْنَعُوْنَ أَنْتُمْ؟ قَالَ: كُنَّا نَتوَضَّأُ وُضُوْءً وَاحِدًا.

قَالَ أبو عيسى: حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حَسَنٌ غريبٌ، وَالْمَشْهُوْرُ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ حَدِيثُ عَمْرِو بنِ عَامِرٍ، عَن أَنَسٍ.

وَقَدْ كَانَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ يَرَى الْوُضُوْءَ لِكُلِّ صَلوٰةٍ اسْتِحْبَابًا، لاَ عَلَى الْوُجُوْبِ.

[٦٣-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعِيدٍ وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، قالا: نا سُفيانُ بنُ سَعِيدٍ، عن عمرِو بنِ عَامِرٍ الأَنْصَارِيِّ، قَالَ: سمعتُ أنسَ بنَ مَالكٍ يَقولُ: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ عِنْدَ كُلِّ صَلوٰةٍ، قُلْتُ: فَأَنْتُمْ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ؟ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ مَالَمْ نُحْدِثْ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حَسَنٌ صحيحٌ.

[٦٤-] وَقَدْ رُوِىَ فى حَدِيثٍ عنِ ابنِ عُمَرَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " مَنْ تَوَضَّأَ عَلٰى طُهْرٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ عَشْرَ حَسَنَاتٍ" رَوَى هٰذَا الحديثَ الإِفْرِيْقِيُّ، عن أبى غُطَيْفٍ، عن ابنِ عُمَرَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حدثنا بِذٰلِكَ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ المَرْوَزِىُّ قَالَ: حدثنا محمدُ بنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِىُّ، عن الإِفْرِيْقِىِّ.

وَهُوَ إِسْنَادٌ ضعيفٌ، قال علىٌّ: قال يحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ: ذُكِرَ لِهِشَامِ بنِ عُرْوَةَ هٰذا الحديثُ فَقَالَ: هٰذا إِسْنَادٌ مَشْرِقِىٌّ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ ہر نماز کے لئے وضوء فرمایا کرتے تھے، خواہ باضوء ہوں یا بے وضوء، حمید طویل نے پوچھا: پس آپ حضرات کیا کرتے تھے؟ یعنی صحابہ کا عمل کیا تھا۔ حضرت انسؓ نے جواب دیا: ہم ایک ہی وضوء کیا کرتے تھے، یعنی جب تک وہ باقی رہتی ہم نمازیں پڑھتے رہتے تھے —— امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن غریب ہے (اس لئے کہ اس کو محمد بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں اور وہ مدلِّس ہیں اور حمید طویل سے بصیغۂ عن روایت کرتے ہیں) اور محدثین کے نزدیک مشہور عمرو بن عامر کی حضرت انسؓ سے روایت ہے (یہ روایت اگلے نمبر پر آرہی ہے) —— اور بعض علماء کے نزدیک ہر فرض نماز کے لئے نئی وضوء مستحب ہے واجب نہیں —— عمرو بن عامر انصاری کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ نبی ﷺ ہر نماز کے وقت وضوء کیا کرتے تھے، میں نے پوچھا: آپ حضرات کیا کرتے تھے؟ انھوں نے جواب دیا: ہم سب نمازیں ایک وضوء سے پڑھا کرتے تھے جب تک ہماری وضوء نہیں ٹوٹتی تھی (یہ روایت محدثین کے نزدیک مشہور ہے اور حمید طویل سے روایت غریب ہے) —— اور ایک حدیث میں ابن عمرؓ سے روایت کیا گیا ہے وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ''جس شخص نے باوضوء ہوتے ہوئے وضوء کی تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس وضوء کی وجہ سے دس نیکیاں لکھتے ہیں''۔ اس حدیث کو افریقی نے ابو غُطیف سے روایت کیا ہے، وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں، ہم سے یہ حدیث حسین نے بیان کی ہے، وہ کہتے ہیں: ہم سے محمد بن یزید نے حدیث بیان کی، افریقی سے روایت کرتے ہوئے —— اور یہ کمزور سند ہے۔ علی مدینی کہتے ہیں کہ یحییٰ قطان نے فرمایا: یہ حدیث ہشام بن عروۃ کے سامنے ذکر کی گئی تو انھوں نے کہا: یہ مشرقی یعنی عراقی سند ہے یعنی ضعیف ہے۔

تشریح:

۱- امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کو پہلی سند سے جو غریب کہا ہے وہ لحال الاسناد کہا

ہے، یعنی سند کی خصوصی حالت کی وجہ سے کہا ہے۔ وہ خصوصی حالت یہ ہے کہ یہ حدیث عمرو بن عامر انصاری کی سند سے تو معروف ومشہور ہے مگر حمید طویل کی سند سے انجانی ہے، اس کی یہی ایک سند ہے۔

۲- وضوء پر وضوء کرنے کی دو صورتیں ہیں: ایک مستحب دوسری مکروہ۔ اگر پہلی وضوء سے کوئی عبادت کی گئی ہے تو اب نئی وضوء مستحب ہے، اسی طرح پہلی وضوء کئے ہوئے لمبا وقت گذر گیا ہو تو بھی نئی وضوء مستحب ہے، اگر چہ اس سے کوئی عبادت نہ کی ہو اور اگر وقت بھی زیادہ نہیں گذرا اور کوئی عبادتِ مقصودہ بھی نہیں کی تو دوبارہ وضوء کرنا مکروہ ہے۔ کیونکہ یہ اسراف ہے۔

۳- ابن عمر کی حدیث دو وجہ سے ضعیف ہے: ایک تو اس کی سند میں افریقی ہیں، دوم: ابو غُطیف ہُذ لی ہیں جو مجہول راوی ہیں، مگر ہم پہلے بیان کر آئے ہیں کہ افریقی ضعیف راوی نہیں ہیں، ان پر جرح غلط فہمی کی بناء پر کی گئی ہے۔ اس لئے ضعف کی یہ وجہ ختم ہوگئی، اور ابو غُطیف کی جہالت سے صرف نظر کی جائے گی، کیونکہ صحابہ سے روایت کرنے والا تابعین کا پہلا طبقہ اگر مجہول ہے یعنی اس کے احوال نا معلوم ہیں تو اس میں قصور ائمہ جرح وتعدیل کا ہے کہ وہ بعد میں کیوں پیدا ہوئے؟ پہلے پیدا ہوتے تا کہ ان کا ریکارڈ محفوظ کرتے، یعنی جرح وتعدیل کا سلسلہ بعد میں شروع ہوا اور اس کا ریکارڈ بعد میں ائمہ نے تیار کیا۔ اس لئے صحابہ سے روایت کرنے والے تابعین کے پہلے طبقہ کی جہالت سے صرف نظر کرنی ضروری ہے، جیسے بلی کے جھوٹے کی حدیث حضرت ابو قتادہ سے ان کی بہو کبشہ روایت کرتی ہیں، پھر ان سے حمیدہ روایت کرتی ہیں، اور یہ دونوں مجہول ہیں۔ مگر تمام محدثین اس کو حسن صحیحٌ کہتے ہیں۔ پس ابن عمر کی حدیث کے ضعیف ہونے کی یہ وجہ بھی ختم ہوگئی۔

۴- ہشام نے جو فرمایا ہے: هذا إسناد مشرقي: یہ مشرقی سند ہے، یعنی عراقی سند ہے، یعنی ضعیف ہے۔ تضعیف کا یہ ضابطہ پہلے تھا، بعد میں یہ ضابطہ ختم ہو گیا۔ پس ابن عمر کی حدیث کی تضعیف کی یہ وجہ بھی صحیح نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب حدیثوں کے سلسلہ میں احتیاط شروع ہوئی تو شروع میں مختلف ضابطے بنے، مگر بعد میں ان کا سُقم ظاہر ہوا تو ان ضابطوں کو اصولِ حدیث میں نہیں لیا گیا، مثلاً: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب کوئی انوکھی روایت سنتے تو راوی سے گواہی طلب کرتے۔ مگر بعد میں یہ بات سمجھ میں آئی کہ روایتِ حدیث از بابِ دیانت ہے، حقوق کے قبیل سے نہیں ہے اور دینی باتوں میں گواہی طلب نہیں کی جاتی۔ چنانچہ یہ ضابطہ اصولِ حدیث میں نہیں لیا گیا، اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ نے احتیاط کے لئے یہ ضابطہ بنایا تھا کہ وہ راوی سے قسم لیتے تھے مگر قسم بھی حقوق میں منکر سے لی جاتی ہے دین کی کسی بات کی خبر دینے والے سے قسم نہیں لی جاتی، چنانچہ اس کو بھی اصولِ حدیث کی کتابوں میں نہیں لیا گیا۔

اسی طرح کسی زمانہ میں یہ ضابطہ بنا تھا کہ عراقی سند کے لئے حجازی سند کی تائید ضروری ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ

فرماتے ہیں: ’’ہر وہ حدیث جس کی حجازی حدیثوں میں کوئی اصل نہ ہو وہ ضعیف ہے‘‘ اور حجازی سند کے لئے کسی تائید کی ضرورت نہیں، یاد رہے کہ عراق مدینہ سے شمال مشرق میں ہے۔ ہشام بن عروۃ یہی بات کہہ رہے ہیں کہ یہ عراقی سند ہے، اس کی تائید میں کوئی حجازی سند نہیں اس لئے یہ سند ضعیف ہے۔ مگر بعد میں یہ بات سامنے آئی کہ ہزاروں صحابہ کوفہ وغیرہ میں جا بسے تھے انھوں نے وہاں جو حدیثیں بیان کی ہیں ان کی عراقی سندیں ہی ہونگی وہ حدیث حجاز میں باقی رہنے والے صحابہ میں سے کسی نے بیان نہیں کی، پھر اس کی حجازی سند کہاں سے آئے گی، اس لئے احتیاط کا یہ ضابطہ بھی اصولِ حدیث میں نہیں لیا گیا۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يُصَلِّى الصَّلَواتِ بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ

ایک وضوء سے متعدد نمازیں پڑھنے کا بیان

حدیث: حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہر نماز کے لئے نئی وضوء کیا کرتے تھے، پس جب فتح مکہ کا سال آیا تو آپؐ نے ایک وضوء سے ساری نمازیں پڑھیں اور خفین پر مسح کیا۔ پس عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: بیشک آپؐ نے ایک ایسا کام کیا ہے جس کو آپ نہیں کرتے تھے؟ یعنی اس کی وجہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے بالقصد یہ کام کیا ہے۔

تشریح: فتح مکہ کے بعد مکہ میں تیزی سے اسلام پھیلا تھا، بلکہ سارا ہی مکہ مسلمان ہوگیا تھا، ان نئے مسلمانوں کی تعلیم کے لئے ایک دن سب لوگوں کے سامنے فجر سے پہلے وضوء فرمائی، چہرے اور ہاتھوں کو صرف ایک ایک مرتبہ دھویا، سر پر اور خفین پر مسح فرمایا۔ پھر فجر سے لے کر عشاء تک پانچ نمازیں اسی وضوء سے پڑھیں۔ یہ بات معمولِ نبوی کے خلاف تھی۔ نبی ﷺ ہر فرض نماز کے لئے نئی وضوء کیا کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس عمل پر حیرت ہوئی، چنانچہ انھوں نے سوال کیا تو آپؐ نے یہ جواب ارشاد فرمایا کہ یہ عمل بالقصد مسائل کی تشریع کے لئے کیا گیا ہے اور لوگوں کے ذہنوں سے یہ بوجھ ہٹانا مقصود ہے کہ نماز اور اس کے لئے طہارت کوئی پریشان کن معاملہ نہیں، اس کے لئے کچھ بہت زیادہ پانی کی ضرورت نہیں، سو گرام پانی سے کام چل سکتا ہے۔

[٤٥-] بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يُصَلِّى الصَّلَواتِ بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ

[٦٥-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن سُفيانَ، عن عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عن سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عن أبيه، قال: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ، فَلَمَّا كَانَ عَامُ الْفَتْحِ، صَلَّى الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ، ومَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقَالَ عُمَرُ: إِنَّكَ فَعَلْتَ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ

فَعَلْتَهُ، قَالَ: "عَمَدًا فَعَلْتُهُ"

قال أبوعيسىٰ: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، ورَوىَ هٰذا الحديثَ عَلِيُّ بنُ قَادِمٍ عن سُفيانَ الثَّوْرِيِّ، وَزَادَ فِيْهِ تَوَضَّأَ مَرَّةً مَرَّةً.

وَرَوىٰ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ أَيْضًا عَن مُحَارِبِ بنِ دِثَارٍ، عن سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، كَانَ يَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلوٰةٍ.

وَرَوَاهُ وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن مُحَارِبٍ، عن سُلَيْمَانَ بن بُرَيْدَةَ، عن أَبِيْهِ.

ورَوَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ وَغَيْرُهُ، عن سُفيانَ، عن مُحَارِبِ بنِ دِثَارٍ، عن سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً؛ وَهٰذا أَصَحُّ مِن حَدِيْثِ وَكِيْعٍ.

والعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عند أهلِ العِلْمِ أَنَّهُ يُصَلِّي الصَّلَوَاتِ بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ، مَالَمْ يُحْدِثْ، وَكَانَ بَعْضُهُمْ يَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلوٰةٍ اسْتِحْبَابًا، وَإِرَادَةَ الفَضْلِ.

وَيُرْوَى عَنِ الإِفْرِيْقِيِّ، عن أبي غُطَيْفٍ، عنِ ابنِ عُمَرَ عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ تَوَضَّأَ عَلىٰ طُهْرٍ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ عَشْرَ حَسَنَاتٍ" وَهٰذَا إِسْنَادٌ ضَعِيفٌ.

وفي الباب: عن جَابِرِ بْنِ عبدِ اللّٰهِ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الظُّهْرَ وَالعَصْرَ بِوُضُوْءٍ وَاحِدٍ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا، پہلی سند ابن مہدی کی ہے سفیان ثوری سے) اور اس حدیث کو علی بن قادم (بھی) سفیان ثوری سے روایت کرتے ہیں۔ انھوں نے اپنی حدیث میں بڑھایا ہے کہ آپؐ نے ایک ایک مرتبہ وضوء کی (یہ حدیث کی دوسری سند ہے) اور سفیان ثوری اس حدیث کو محارب بن دثار سے بھی روایت کرتے ہیں، وہ سلیمان بن بریدہ سے کہ نبی ﷺ ہر نماز کے لئے وضوء کیا کرتے تھے (یہ حدیث کی تیسری سند ہے اور مرسل ہے، کیونکہ سلیمان تابعی ہیں) اور اس حدیث کو وکیع نے روایت کیا ہے سفیان ثوری سے، وہ محارب سے، وہ سلیمان بن بریدہ سے، وہ اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں (یہ حدیث کی چوتھی سند ہے، اور مسند ہے کیونکہ اس کے آخر میں حضرت بریدہ کا تذکرہ ہے) اور عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرہ سفیان ثوری سے، وہ محارب بن دثار سے، وہ سلیمان بن بریدہ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ حدیث مرسل ہے (اس کا تذکرہ پہلے آچکا ہے، مگر چونکہ وہاں سفیان ثوری کے کسی شاگرد کا نام نہیں تھا اس لئے اسی کو دوبارہ لائے ہیں) اور یہ مرسل حدیث وکیعؒ کی مسند حدیث سے اصح ہے —— اور اس حدیث پر اہل علم کے نزدیک عمل ہے کہ آدمی کئی نمازیں ایک وضوء سے پڑھ سکتا ہے، جب تک اس کی وضوء نہ ٹوٹے۔

اور بعض علماء ہر نماز کے لئے وضوء کیا کرتے تھے استحبابی طور پر اور ثواب حاصل کرنے کے لئے اور پچھلے باب میں ابن عمر کی یہ روایت گذر چکی ہے کہ وضوء پر وضوء کرنے کی صورت میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور یہ ضعیف سند ہے (اس کی تفصیل پچھلے باب میں گذر چکی ہے) اور اس باب میں حضرت جابر بن عبداللہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک وضوء سے ظہر اور عصر پڑھیں (یہ حدیث آگے باب ۵۹ میں آرہی ہے)

تشریح: سفیان ثوری یہ حدیث محارب بن دثار سے روایت کرتے ہیں، پھر ان کے بعض شاگرد جیسے: وکیع رحمہ اللہ سند متصل سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، یعنی سند کے آخر میں حضرت بریدہؓ کا تذکرہ کرتے ہیں اور ابن مہدی وغیرہ سند مرسل سے روایت کرتے ہیں۔ یعنی آخر میں حضرت بریدہ کا تذکرہ نہیں کرتے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے مرسل روایت کو ترجیح دی ہے۔ کیونکہ حضرت کا مزاج یہی ہے جدھر نشیب ہوتا ہے ادھر ہی پانی بہا دیتے ہیں۔ یعنی جس سند میں کمزوری ہوتی ہے اسی کو اصح قرار دیتے ہیں، حالانکہ سفیان ثوری یہی حدیث علقمہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ مسند ہے اور امام ترمذی نے اس کو حسنٌ صحیحٌ قرار دیا ہے، پھر ثوری کی محارب سے مسند روایت کو ترجیح دینے میں کیا چیز مانع ہوسکتی ہے؟

بابٌ فی وُضوءِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

مرد اور عورت کا ایک برتن سے وضوء یا غسل کرنا

اگر مرد اور عورت ایک ساتھ کسی برتن میں ہاتھ ڈال کر پانی لیں اور وضوء یا غسل کریں تو یہ صورت بالا جماع جائز ہے۔ اس باب میں اسی کا بیان ہے۔ اسی طرح اگر مرد نے عورت کی عدم موجودگی میں برتن میں ہاتھ ڈال کر غسل جنابت کیا تو بچے ہوئے پانی کو عورت وضوء یا غسل میں بالا جماع استعمال کرسکتی ہے، اور اس کی برعکس صورت میں اختلاف ہے، یعنی مرد کی عدم موجودگی میں عورت نے غسل جنابت کیا اس کا بچا ہوا پانی مرد استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں، باقی تمام ائمہ کے نزدیک یہ صورت بھی جائز ہے۔

حدیث: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں اور نبی ﷺ ایک برتن سے غسل جنابت کیا کرتے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی مسئلہ سبھی فقہاء کے نزدیک ہے کہ مرد اور عورت ایک ساتھ ایک برتن سے نہا سکتے ہیں۔

حدیث: حکم بن عمرو غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی سے منع کیا، دوسری روایت کے الفاظ ہیں کہ نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ مرد عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی سے وضوء کرے۔

امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کی یہی رائے ہے کہ عورت کا بچا ہوا پانی مرد کو استعمال نہیں کرنا چاہئے اور بچا ہوا

کھانا پانی مرد استعمال کرسکتا ہے۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کی کسی بیوی نے ایک بڑے کٹورے سے غسل جنابت کیا اس میں پانی بچ گیا، نبی ﷺ نے اس سے وضوء کرنا چاہا تو بیوی صاحبہ نے عرض کیا یارسول اللہ! میں جنبی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''پانی جنبی نہیں ہوگیا''

اس حدیث سے جمہور نے استدلال کیا ہے کہ عورت کا بچا ہوا پانی بھی مرد استعمال کرسکتا ہے۔

تشریح: دوسرے اور تیسرے باب کی روایات میں تعارض ہے۔ جمہور نے اصح ما فی الباب کو لیا ہے۔ یعنی تیسرے باب میں جو ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے اس کو لیا ہے۔ اور دوسرے باب کی روایت میں جو ممانعت ہے اس کی تاویل کی ہے کہ یہ نہی بر بناء مصلحت ہے، کبھی عورت بے سلیقہ ہوتی ہے، پاکی ناپاکی کے مسائل سے واقف نہیں ہوتی یا محتاط نہیں ہوتی۔ ایسی صورت میں اس کا بچا ہوا پانی مرد استعمال کرے گا تو اس کی طبیعت میں وسوسے پیدا ہونگے، نسائی میں روایت ہے: ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ عورت مرد کے ساتھ نہا سکتی ہے؟ انھوں نے جواب دیا: ہاں! اگر وہ سمجھ دار ہے۔ اس جواب سے ممانعت کی علت سمجھ میں آ گئی۔ اور تیسرے باب میں ابن عباس کی جو روایت ہے اس میں ارشاد نبوی کہ پانی جنبی نہیں ہوگیا، اس نے حقیقت حال واشگاف کردی۔

[٤٦-] بابٌ فی وُضوءِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ

[٦٦-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن أبی الشَّعْثَاءِ، عن ابنِ عباسٍ، قال: حَدَّثَتْنِیْ مَیْمُوْنَةُ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ مِنَ الْجَنَابَةِ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ: وَهُوَ قَوْلُ عَامَّة الفُقَهَاءِ أَنْ لَّا بَأْسَ أَنْ یَّغْتَسِلَ الرَّجُلُ وَالْمَرْأَةُ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ.

وفی البابِ: عن عَلِیٍّ، وعائشةَ، وأنسٍ، وأُمِّ هَانِیءٍ، وأُمِّ صُبَیَّةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وابنِ عُمَرَ؛ وَأَبُوْالشَّعْثَاءِ: اسْمُهُ جَابِرُ بنُ زَیْدٍ.

[٤٧-] بابُ كَرَاهِیَةِ فَضْلِ طَهُوْرِ الْمَرأَةِ

[٦٧-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا وكیعٌ، عن سُفیانَ، عن سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ، عن أبی حَاجِبٍ، عن رَجُلٍ مِنْ بَنِیْ غِفَارٍ، قَالَ: نَهٰی رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم عَن فَضْلِ طَهُوْرِ الْمَرأَةِ.

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سَرْجِسٍ.

قال أبو عيسى: وَكَرِهَ بَعْضُ الْفُقَهَاءِ الْوُضُوْءَ بِفَضْلِ طَهُوْرِ الْمَرأَةِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ: كَرِهَا فَضْلَ طَهُوْرِها، وَلَمْ يَرَيَا بِفَضْلِ سُؤْرِهَا بَأْسًا.

[٦٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ومحمودُ بنُ غَيْلَانَ قَالَا: نا أَبُوْ دَاوُدَ، عن شُعْبَةَ، عن عَاصِمٍ، قَالَ سَمِعْتُ أَبَا حَاجِبٍ يُحَدِّثُ عنِ الْحَكَمِ بنِ عَمْرٍو الْغِفَارِيِّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يَّتَوَضَّأَ الرَّجُلُ بَفَضْلِ طَهُوْرِ الْمَرْأَةِ، أَوْ قَالَ: بِسُوْرِهَا.

قال أبو عيسىٰ: هٰذا حديثٌ حَسَنٌ، وأبو حَاجِبٍ: اسْمُهُ سَوْادَةُ بنُ عَاصِمٍ.

وقال مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ فِيْ حَدِيْثِهٖ: نَهٰى رَسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَنْ يَّتَوَضَّأَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ طَهُوْرِ الْمرأَةِ؛ ولَمْ يَشُكَّ فِيْهِ مُحَمْدُ بنُ بَشَّارٍ.

[٤٨-] بَابُ الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ

[٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن عِكْرِمَةَ عن ابنِ عباسٍ، قَالَ اغْتَسَلَ بَعْضُ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى جَفْنَةٍ فَأَرَادَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنْ يَّتَوَضَّأَ مِنْهُ، فَقَالَتْ: يَارسولَ الله! إِنِّيْ كُنْتُ جُنُبًا، فَقَالَ: "إِنَّ الماءَ لاَ يُجْنِبُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ ومالكٍ وَالشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: (باب ۴۶) مرد اور عورت کا ایک برتن سے وضوء کرنا (حدیث کا ترجمہ گذر گیا) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تمام فقہاء کا یہی قول ہے کہ ایک برتن سے مرد اور عورت کے (ایک ساتھ) نہانے کی گنجائش ہے۔

(باب ۴۷) عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی کی کراہیت کا بیان، پہلی روایت بنوغفار کے ایک آدمی سے مروی ہے۔ یہ حضرت حکم بن عمرو ہی ہیں جس کی دوسری روایت میں صراحت ہے (روایت کا ترجمہ گذر چکا)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض فقہاء عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی سے وضوء کرنے کو ناپسند کرتے ہیں، یہ امام احمد اور امام اسحاق کا قول ہے۔ دونوں عورت کی طہارت کے بچے ہوئے پانی کو ناپسند کرتے ہیں اور عورت کے جھوٹے میں یعنی بچے ہوئے کھانے اور پانی میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ اور امام ترمذیؒ نے حدیث دو اسانید سے روایت کی ہے: محمود بن غیلان کی روایت میں راوی کا شک ہے کہ نبی ﷺ نے لفظ طهور فرمایا تھا یا سؤر. اور دوسرے استاذ محمد بن بشار کی روایت میں شک نہیں ہے بلکہ بالیقین لفظ طهور ہے (باب ۴۸) لایُجنب: ی کے پیش اور ن کے کسرہ کے ساتھ ہے اور ی کا زبر اور ن کا پیش بھی پڑھ سکتے ہیں۔ دونوں صورتوں میں ترجمہ ہے: لا یصیر جنبا یعنی پانی جنبی نہیں ہوگیا —— اور فضل کے معنی ہیں بچا ہوا، خواہ کھانے پینے سے بچا ہو یا وضوء اور غسل سے اور

حدیث میں غسل جنابت سے بچا ہوا پانی مراد ہے۔

تشریح:

ا-سور کا ترجمہ ہے: باقی ماندہ۔ یہ لفظ بھی فضل کی طرح عام ہے، اردو میں اس کا ترجمہ ''جھوٹا'' کیا جاتا ہے۔ یہ ترجمہ جھوٹا ہے، اسلام میں جھوٹے کا تصور نہیں۔ یہ ہندوانہ تصور ہے۔ اسلام میں سب سچا ہے، یعنی پاک ہے۔ اور جو قومیں ایک ساتھ رہتی ہیں ان کی تہذیبیں ایک دوسرے سے متأثر ہوتی ہیں اس لئے یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ انسان خواہ کوئی ہو اس کا بچا ہوا کھانا اور پانی پاک ہے، اس کے ساتھ بھی کھا سکتے ہیں اور اس کا بچا ہوا بعد میں بھی کھا سکتے ہیں۔

۲-اور یہ حدیث جو مشہور ہے: سؤر المؤمن شفاءٌ: مسلمان کا بچا ہوا شفاء ہے یہ بے اصل روایت ہے۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے الموضوعات الکبری میں اس کی صراحت کی ہے، نیز مسلمانوں میں اس کا رواج بھی نہیں، یعنی گھر میں کوئی بیمار ہو گیا تو کوئی پانی یا کھانا لے کر گھر والوں کو یا محلّہ والوں کو تھوڑا تھوڑا کھلا کر پھر ان کا بچا ہوا بیمار کو کھلایا جائے، مسلمانوں میں اس کا رواج نہیں، اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو مسلمانوں کے معاشرہ میں اس پر عمل ہوتا۔

ہاں مسلمانوں کے معاشرہ میں تبرک کا رواج ہے، یعنی کسی نیک آدمی کا بچا ہوا لوگ شوق سے استعمال کرتے ہیں۔ تبرک کا ثبوت حدیث سے ہے: ایک مرتبہ نبی ﷺ نے دودھ نوش فرمایا، دائیں طرف ام ہانی بیٹھی تھیں، آپ نے بچا ہوا ان کو عنایت فرمایا انھوں نے روزہ ہونے کے باوجود اس کو پی لیا، اور روزہ توڑ دیا، کیونکہ روزہ کی تو قضا بھی کی جا سکے گی اور تبرک ہاتھ سے نکل جائے گا تو اگلی پی جائے گی اور وہ محروم رہ جائیں گی، غرض تبرک کا ثبوت ہے، اور مسلمانوں میں اس کا رواج بھی ہے۔ مگر مؤمن کے بچے ہوئے کا شفا ہونا بے اصل بات ہے اور اس کا رواج بھی نہیں۔ بڑے بڑے لوگ یہ غلطی کرتے ہیں اور اس جملہ کو حدیث کے طور پر بیان کرتے ہیں اس لئے اس بات سے واقف رہنا ضروری ہے۔

۳-حدیث کی سند میں ایک راوی ابو حاجب آیا ہے اس کا نام: سوادة بن عاصم عَنَزی ہے۔ یہ معمولی درجہ کا راوی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ مسلم میں اس کی روایت ہے، اس راوی کی وجہ سے امام ترمذیؒ نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔

۴-حدیث میں جو حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کو اطلاع کی ہے کہ یہ پانی میں نے غسل جنابت میں استعمال کیا ہے اس میں صاف اشارہ ہے کہ نبی ﷺ نے عورت کے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنے کی ممانعت فرمائی تھی۔ پس باب ۴۷ کی روایات صحیح ہیں، ورنہ اطلاع کرنے کی کچھ ضرورت نہ تھی۔ نبی ﷺ نے إن الماء لایُجنب: جواب عنایت فرما کر اشارہ فرمایا ہے کہ وہ ممانعت بر بناء مصلحت تھی، یعنی قطع وساوس کے لئے تھی ورنہ فی نفسہ عورت کے استعمال کرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الْمَاءَ لاَ يُنَجِّسُه شَيْئٌ.

پانی کی پاکی ناپاکی کا بیان

پانی میں ناپاکی گرجائے تو وہ ناپاک ہوتا ہے یا نہیں؟ اور ناپاک ہوتا ہے تو کب ہوتا ہے؟ یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے۔اس لئے تین مرحلوں میں بیان کیا جاتا ہے:

مذاہبِ فقہاء:

۱-اصحاب ظواہر(۱) یعنی غیر مقلدین کہتے ہیں کہ پانی کی ذات پاک ہے اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرسکتی،خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ،اور خواہ ناپاکی گرنے سے اوصاف میں تغیر آئے یا نہ آئے۔ ہرحال میں پانی پاک ہے۔

۲-تمام فقہاء ومحدثین کے نزدیک قلیل پانی میں ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجاتا ہے اور کثیر پانی جب تک کوئی وصف نہ بدلے ناپاک نہیں ہوتا، پھر قلیل وکثیر کی تعیین میں اختلاف ہے۔

(الف)امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تھوڑا یا زیادہ ہونا امر اضافی ہے،اگر پانی میں ناپاکی کا اثر ظاہر ہوجاتا ہے تو پانی ناپاکی کی بہ نسبت قلیل ہے اور وہ ناپاک ہوجائے گا اور اگر ناپاکی کا اثر ظاہر نہیں ہوتا تو وہ ناپاکی کی بہ نسبت کثیر ہے، پس وہ ناپاک نہیں ہوگا۔مثلاً: ایک لوٹے میں پیشاب کے دو تین قطرے گرجائیں تو اس کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوگا۔پس امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وہ پانی پاک ہے،غرض ان کے نزدیک ظہورُ الأثر وعدمُه پر مدار ہے۔

(ب) اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر کا مدار قلتین پر ہے، قلّة: کے معنی ہیں مٹکا، قلّ الشیئ: کے معنی ہیں اٹھانا،جس مٹکے میں پانی بھر کر سر پر اٹھا کر لایا جاتا ہے وہ مٹکا مراد ہے، دو مٹکے یا زیادہ کثیر پانی ہے وہ ناپاکی گرنے سے اس وقت ناپاک ہوگا جب اس کا کوئی وصف بدلے اور دو مٹکوں سے کم پانی قلیل ہے اس میں ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجائے گا خواہ کوئی وصف بدلے یا نہ بدلے۔

(ج) اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قلیل وکثیر کا مدار پانی کے پھیلاؤ پر ہے۔اگر پانی کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ ایک طرف کی حرکت کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچتا تو وہ کثیر ہے اور حرکت دوسری طرف پہنچتی ہے تو وہ قلیل ہے،امام اعظم کے

(۱) غیر مقلدین اہل السنہ والجماعۃ میں شامل نہیں۔ یہاں ان کا تذکرہ صرف مسئلہ کی تفہیم کے لئے ہے، جیسے باب ۳۱ میں شیعوں کا تذکرہ کیا گیا ہے کہ وہ ننگے پیروں پر مسح کے قائل ہیں یا جیسے تفسیر کی کتابوں میں جب نسخ فی الشریعہ کا مسئلہ آتا ہے تو یہود اور برہمنوں کا بھی تذکرہ کیا جاتا ہے کہ وہ نسخ کا انکار کرتے ہیں۔غرض اس تذکرہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ مسلمان ہیں،اسی طرح یہاں اصحابِ ظواہر کا تذکرہ کرنے سے یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ وہ اہل حق میں شامل ہیں۔

مسلک کے لئے تعبیر ہے خُلوص الأثر وعدمُہ: ایک طرف کے اثر کا دوسری طرف پہنچنا یا نہ پہنچنا۔ پھر چونکہ اس کا فیصلہ عوام کے لئے مشکل تھا تو طلبہ نے امام محمد رحمہ اللہ سے اس کی تعیین چاہی۔ آپ نے فرمایا: کصحن مسجدی ھٰذا: جس مسجد میں وہ سبق پڑھا رہے تھے اس کے صحن کی طرف اشارہ کرکے فرمایا: میری اس مسجد کے صحن کے بقدر پانی کا پھیلاؤ ہو تو وہ کثیر پانی ہے۔ طلبہ نے اس صحن کی پیائش کی تو متعدد اقوال پیدا ہوگئے، ہشت در ہشت، دہ در دہ، دوازدہ در دوازدہ، یعنی ہر کنارہ آٹھ ہاتھ یا دس ہاتھ یا بارہ ہاتھ کا ہو۔ ایک ہاتھ ڈیڑھ فٹ کا ہوتا ہے۔ بعد کے مفتیوں نے درمیانی قول دہ در دہ فتوی کے لئے متعین کردیا۔ مگر یہ اصل مذہب نہیں۔ اصل مذہب ظھور الأثر وعدمہ ہے۔

پانی کی پاکی ناپاکی سے متعلق روایات:

۱- باب ۱۹ میں یہ حدیث گذری ہے کہ جب کوئی شخص نیند سے بیدار ہو تو ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں نہ ڈالے، کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ اس کے ہاتھ نے کہاں رات گذاری ہے۔ امام مالکؒ اس حدیث کو باب نظافت سے قرار دیتے ہیں، مگر دیگر ائمہ اس حدیث کا تعلق پانی کی طہارت ونجاست سے مانتے ہیں۔

۲- باب ۶۸ میں یہ روایت آرہی ہے کہ اگر کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اس کو سات مرتبہ دھویا جائے حالانکہ کتے کے منہ ڈالنے سے مظروف کے اوصاف میں کوئی تبدیلی نہیں آتی، اس کے باوجود پانی ناپاک ہوجائے گا۔ اور امام مالک کے نزدیک کتے کا جھوٹا پاک ہے اور برتن دھونے کا حکم تعبدی ہے۔ یعنی غیر معقول المعنی ہے۔

۳- بُضاعہ نامی کنویں کی روایت ہے، بُضاعۃ ایک جاہلی عورت کا نام ہے یہ کنواں اس کے نام سے مشہور تھا۔ بیر بضاعہ مدینہ کی نشیبی جانب میں واقع تھا، جب بارش ہوتی تھی تو شہر کا پانی اس پر سے گذرتا تھا اور ہر طرح کی گندگیاں اس میں پڑتی تھیں پھر جب اس سے باغات کی سینچائی شروع ہوتی تھی تو اس کا پانی پینے کے لئے اور استعمال کے لئے لوگ لے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ نبی ﷺ اس کنویں کے پانی سے وضوء فرمارہے تھے کسی نے سوال کیا کہ آپ بیر بضاعہ کے پانی سے وضوء فرماتے ہیں؟ یا پوچھنے والے نے مسئلہ پوچھا کہ ہم بیر بضاعہ کے پانی سے وضوء کرسکتے ہیں جب کہ اس میں حیض کے چیتھڑے کتوں کے گوشت اور بدبودار چیزیں ڈالی جاتی ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: إن الماء طَھورٌ لا یُنَجِّسہ شیئٌ: بیشک پانی پاک کرنے والا ہے کوئی چیز اس کو ناپاک نہیں کرتی۔ یہ روایت باب ۴۹ میں آرہی ہے۔

۴- قلتین کی روایت ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ سے اس پانی کے بارے میں پوچھا گیا جو چٹیل زمین میں ہوتا ہے اور جس پر درندے اور پالتو چوپائے باری باری آتے ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: إذا کان الماء قلّتین لم یَحمِلِ الخبَثَ: جب پانی دو مٹکے ہو تو وہ ناپاکی کو نہیں اٹھاتا۔ یہ حدیث باب ۵۰ میں آرہی ہے۔

۵- نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: لایبولنّ أحدُکم فی الماء الدائم ثم یَتَوَضَّأُ منہ: ہرگز تم میں سے کوئی ہمیشہ

رہنے والے پانی میں پیشاب نہ کرے، پھر وہ اس سے وضوء کرے یہ حدیث باب ۵۱ میں آرہی ہے۔

۶-سمندر کی روایت ہے، کسی نے نبی ﷺ سے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہم سمندر کا سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا پانی لے جاتے ہیں، پس اگر ہم اس سے وضوء کریں تو پیاسے مریں گے۔ پس کیا ہم سمندر کے پانی سے وضوء کرسکتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: هو الطَّهور ماءُ ہ الحِلُّ میتتُه: سمندر ہی کا پانی پاک کرنے والا ہے اس کا مردار حلال ہے۔

۷-غدیر (تالاب) کی روایت ہے، حضرت جابر یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، ہم ایک ایسے تالاب پر پہنچے جس میں مردار پڑا ہوا تھا، پس ہم بھی رک گئے اور لوگ بھی رک گئے۔ یہاں تک کہ نبی ﷺ تشریف لے آئے، آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے! پانی کیوں نہیں پیتے؟ ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ مردار ہے، آپ نے فرمایا: استَقوا فإن الماء لاینجسه شیئ: پانی پیو، پس بیشک پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی۔ چنانچہ ہم نے پیا اور سیراب ہوئے۔ یہ روایت امام طحاوی رحمہ اللہ نے شرح معانی الآثار کے پہلے باب میں روایت کی ہے اور یہ روایت ابن ماجہ میں بھی حدیث نمبر ۵۲۰ پر ہے۔

یہ وہ روایات ہیں جن پر پانی کی پاکی ناپاکی کا مدار ہے ان کے علاوہ جو روایات ہیں وہ انہیں کے ہم معنی ہیں۔

مجتہدین کے استدلالات:

۱-اصحابِ ظواہر نے صرف بیر بضاعہ والی حدیث لی ہے، ان کے نزدیک الماء میں ال طبیعت (جنس) کا یا استغراق کا ہے، یعنی پانی کی ماہیت یا اس کی تمام اقسام پاک ہیں پاک کرنے والی ہیں، کوئی بھی چیز پانی کو ناپاک نہیں کرسکتی، خواہ پانی تھوڑا ہو یا زیادہ، گرنے والی ناپاکی تھوڑی ہو یا زیادہ، کوئی وصف بدلے یا نہ بدلے، ہر حال میں پانی پاک ہے۔ باقی تمام حدیثوں سے انھوں نے صرف نظر کرلی ہے، اور ان کا یہی طریقہ ہے، ان کو مطلب کی حدیث ہی نظر آتی ہے دوسری حدیثیں ان کو نظر نہیں آتیں۔

حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ نے ایضاح الادلہ میں ان کی اچھی گرفت کی ہے کہ ان سے پوچھو انسان کا پیشاب پاک ہے یا ناپاک؟ وہ ضرور کہیں گے کہ ناپاک ہے، ان سے پوچھو کہ پیشاب کی اصل بھی پانی ہے ایک طرف سے پیا دوسری طرف سے نکلا، درمیان میں ناپاک کیسے ہوگیا؟

۲-امام مالک رحمہ اللہ نے بھی بیر بضاعہ والی حدیث لی ہے، مگر اس اضافہ کے ساتھ جو ابن ماجہ میں ہے، ابن ماجہ (حدیث ۵۲۱) ہے: إن الماء لاینجسه شیئ إلا ما غَلَبَ علی رِیْحِه وطعمه ولونِه: پانی کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی مگر وہ چیز جو پانی کی بو اور مزے اور رنگ پر غالب آجائے۔

اس حدیث کو رشدین بن سعد حضرت ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں اور یہ راوی ضعیف ہے، غرض امام مالکؒ

بھی الماء میں ال استغراق کا لیتے ہیں اور پانی کی تمام اقسام کو پاک کہتے ہیں۔البتہ اگر پانی کے اوصاف میں تبدیلی آجائے تو اس کو ناپاک کہتے ہیں۔

اور حدیث إذا استیقظ اور حدیث لا یبولنّ کو باب نظافت سے قرار دیتے ہیں، اور سور کلب والی روایت کو امر تعبّدی کہتے ہیں، اور غدیر والی روایت ان کے سامنے نہیں ہے، اور قلتین کی روایت کو ضعیف قرار دیتے ہیں، کیونکہ اس روایت کو ابن عمر سے ان کے صاحبزادے عبید اللہ روایت کرتے ہیں، ابن عمر کی ساری روایات کو نقل کرنے والے ان کے صاحبزادے سالم اور ان کے مولیٰ نافع روایت نہیں کرتے۔ یہ دلیل ہے کہ دال میں کالا ہے، اور اس کی سند میں محمد بن اسحاق ہیں جو مدلس ہیں۔اور بصیغۂ عن روایت کرتے ہیں، پھر ان کے استاذ کے نام میں سخت اختلاف ہے، اس لئے امام مالک اس حدیث کو قابل استدلال نہیں مانتے۔

۳- امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قلتین والی روایت قابل استدلال ہے، وہ اس کو قلیل وکثیر کے درمیان حد فاصل مانتے ہیں اور غدیر والی روایت ان کے سامنے نہیں ہے، اور حدیث إذا استیقظ: اور حدیث سور کلب کی وجہ سے فرماتے ہیں کہ تھوڑے پانی میں اگر ناپاکی گر جائے تو پانی ناپاک ہوجائے گا اگرچہ کوئی وصف نہ بدلے، اور کثیر پانی میں جیسے سمندر کے پانی میں کوئی ناپاکی گرے تو جب تک پانی کا کوئی وصف نہ بدلے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

اور حدیث بیر بضاعہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ الماءمیں ال عہدی ہے۔اور معہود بیر بضاعہ ہے۔اور حدیث میں مسئلے کا بیان نہیں ہے بلکہ خلجان کا دفعیہ ہے۔ برسات میں اس کنویں میں ہر طرح کی گندگی پڑتی تھی پھر جب اس سے باغوں کی سینچائی شروع ہوتی تھی تو اگرچہ سارا پانی نکل جاتا تھا مگر اس کی تہہ میں بیٹھی ہوئی ناپاکیاں نہیں نکالی جاتی تھیں، اس لئے لوگوں کو شبہ ہوا اور انھوں نے سوال کیا، آپ نے جواب دیا کہ اس طرح کے خیالات سے بیر بضاعہ کا پانی ناپاک نہیں ہوتا۔کنوؤں کے احکام برتنوں سے مختلف ہیں، کنویں کا نہ تو سارا ناپاک پانی پاک پانی سے علحدہ کر کے نکالا جاسکتا ہے نہ اس کی دیواریں دھوئی جاسکتی ہیں۔پس اس کی کیچ نکالنا بھی ضروری نہیں۔احکام بقدر وسعت ہی دیئے جاتے ہیں۔

۴- احناف نے مسئلے کا مدار غدیر والی روایت پر رکھا ہے۔اس سے یہ قاعدہ بنایا ہے کہ اگر پانی کا پھیلاؤ اتنا ہے کہ ایک طرف گری ہوئی ناپاکی کا اثر دوسری طرف نہیں پہنچتا تو وہ پانی کثیر ہے ورنہ قلیل ہے۔

اور حدیث إذا استیقظ اور حدیث سور کلب اور حدیث لا یبولنّ کا مطلب احناف بھی وہی لیتے ہیں جو شافعیہ اور حنابلہ نے لیا ہے کہ تھوڑے پانی میں ناپاکی گرنے سے پانی ناپاک ہوجائے گا، چاہے کوئی وصف نہ بدلے، اور کثیر پانی ناپاک نہیں ہوگا جب تک اوصاف میں تبدیلی نہ آئے جیسے سمندر کا پانی۔

اور قلتین کی روایت کو وہ ماء جاری پر محمول کرتے ہیں، وہ برتنوں، مٹکوں اور چھوٹے کھڈوں کے پانی کے بارے میں نہیں ہے۔ حدیث قلتین کی یہ توجیہ صاحب مذہب سے منقول ہے۔ معارف السنن میں یہ واقعہ ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ نے اپنے شاگرد امام ابو یوسفؒ سے اس حدیث کا مطلب پوچھا: انھوں نے مختلف توجیہات کیں۔ امام اعظم نے کوئی توجیہ قبول نہ کی، شاگرد نے عرض کیا: حضرت آپ اس کا مطلب بیان فرمائیں، امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: ''یہ حدیث ماء جاری کے بارے میں ہے'' امام ابو یوسف کو یہ توجیہ اتنی پسند آئی کہ انھوں نے استاذ کا ماتھا چوم لیا۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے اس حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے اس کے قرائن خود حدیث ہی میں ہیں، اور سب سے بڑا قرینہ وہ سوال ہے جس کے جواب میں یہ حدیث فرمائی گئی ہے۔ سائل نے اس پانی کے بارے میں دریافت کیا ہے جو چٹیل زمین میں ہوتا ہے جس پر دن میں جنگل میں چرنے والے پالتو جانور پانی پینے کے لئے آتے ہیں اور پانی پیتے ہوئے پیشاب بھی کرتے ہیں، گوبر بھی کرتے ہیں، اور رات میں درندے اس پر پانی پینے کے لئے آتے ہیں اور ان کا جھوٹا ناپاک ہے، ظاہر ہے ایسا پانی مٹکوں، برتنوں اور ٹنکیوں کا نہیں ہوتا۔ یہ کوئی خاص پانی ہے جس کے بارے میں پوچھا گیا ہے۔ یہ پانی چشموں اور آبشاروں کا ہے جو پہاڑی علاقہ میں پائی جاتی ہیں، زمین میں سے جو پانی پھوٹتا ہے وہ چشمہ کہلاتا ہے اور اوپر سے جو پانی ٹپکتا ہے اس کو آبشار کہتے ہیں۔ ہمالیہ کے پہاڑوں میں ایسے چشمے اور آبشاریں بہت ہیں وہی پانی جمع ہو کر اور آگے چل کر گنگا جمنا بنتی ہیں۔

اور عرب میں چونکہ بارش کم ہوتی ہے اس لئے یہ چشمے اور آبشاریں ہمیشہ نہیں چلتیں، ایک وقت تک چلتی ہیں پھر خشک ہو جاتی ہیں، پھر جب بارش ہوتی ہے تو دوبارہ پانی پھوٹ نکلتا ہے یا اوپر سے ٹپکنے لگتا ہے، جہاں پانی ٹپکتا ہے یا جہاں سے پانی نکلتا ہے وہاں چھوٹے بڑے گھڑے بن جاتے ہیں، اور جب وہ بھر جاتے ہیں تو بہنے لگتے ہیں۔ اب اگر ان میں کوئی ناپاکی گرے گی تو پانی کی سطح پر نہیں ٹھہرے گی پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہہ جائے گی، اس لئے وہ پانی ناپاک نہیں ہوگا، نبی ﷺ نے یہی جواب عنایت فرمایا ہے کہ جب پانی دو مٹکوں کو پہنچے یعنی پانی نکلنا شروع ہو یا ٹپکنے لگے اور گڑھا بھر کر بہنے لگے اور اس کا اندازہ دو مٹکوں سے کیا ہے کہ جب پانی دو مٹکے ہو جاتا ہے تو ضرور بہنے لگتا ہے۔ غرض دوسرا قرینہ لفظ بَلَغَ ہے۔ پس وہ پانی ناپاکی کو نہیں اٹھاتا۔ یعنی ناپاکی اس کی سطح پر نہیں ٹھہرتی۔ پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہہ جاتی ہے۔ پس تیرا قرینہ لم یحمِل ہے۔ یہ سب داخلی قرائن ہیں، یہ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ قلتین کی روایت چشموں اور آبشاروں کے بارے میں ہے یعنی ماء جاری کے بارے میں ہے۔

اور ماء جاری کا یہی حکم ہے، اس میں ناپاکی گرے گی تو پانی ناپاک نہیں ہوگا نہ جہاں ناپاکی گری ہے اور نہ آگے، جب تک بہتے پانی میں ناپاکی نظر نہ آئے، اسی لئے ماء دائم میں پیشاب کرنے سے منع کیا، معلوم ہوا کہ اگر ماء جاری ہو تو اس میں پیشاب کرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوگا۔

اوراگرکوئی سوال کرے کہ یہ کیا ضروری ہے کہ ہر چشمے یا آبشار کا گڑھا دومٹکوں کے بقدر ہو؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ضروری نہیں اسی لئے ایک حدیث میں: إذا كان الماء قلتين أو ثلاثاً: آیا ہے۔اورایک حدیث میں أربعين قلةً آیا ہے۔ یہ اختلاف علاقوں کے اعتبار سے ہے، کہیں چشمے اور آبشاریں بڑی ہوتی ہیں اور کہیں بہت بڑی ہوتیں ہیں اور کہیں چھوٹی ہوتی ہیں، ان کے اعتبار سے یہ مختلف تقدیریں ہیں۔اور عوامی سہولت کے لئے ایسی تقدیر ضروری ہے۔امام محمد رحمہ اللہ نے مقام رَی کے کنوؤں کا جائزہ لے کر دوسوتا تین سوڈول پانی کا اندازہ ٹھہرایا تھا جس کو بعد میں مفتیوں نے دنیا کے تمام کنوؤں میں مفتی بہ قول قرار دے دیا۔ یہ صحیح نہیں۔ ہر علاقے کے کنوؤں کا اندازہ الگ ٹھہرایا جائے گا اور یہ مفتی کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہ اندازہ مقرر کردے، جیسے رمضان کے ختم پر دارالافتاء صدقۃ الفطر کی رقم طے کرکے شہر میں اعلان کرتا ہے، کیونکہ ہر شخص آدھے صاع گیہوں کی قیمت طے نہیں کرسکتا۔

اور حنفیہ کی اس توجیہ سے اس سوال کا جواب بھی نکل آیا کہ یہ حدیث دوراول میں عام کیوں نہیں ہوئی؟ اور ابن عمر کے راوی سالم اور نافع اس حدیث کو کیوں روایت نہیں کرتے؟ جواب یہ نکلا کہ یہ حدیث عام پانی کے بارے میں نہیں ہے، مخصوص پانی کے بارے میں ہے۔اور عرب کے پہاڑ عام طور پر خشک ہیں، چشمے اور آبشاریں کہیں مخصوص جگہوں میں پائی جاتی ہیں۔ پس چونکہ یہ حدیث عام پانیوں کے بارے میں نہیں تھی اس لئے یہ حدیث مشہور نہیں ہوئی، اس زمانہ میں حدیث کی کتابیں نہیں تھیں، لوگ ضرورت کی باتیں پوچھتے تھے اور صحابہ اس کا جواب دیتے تھے۔اور کسی نے ان چشموں اور آبشاروں کا حکم دریافت نہیں کیا اس لئے نہ یہ حدیث عام صحابہ جانتے تھے نہ اس کو عام طور پر بیان کرنے کی نوبت آتی تھی، اس لئے اس حدیث کی عام شہرت نہیں ہوئی، اسی طرح ابن عمر نے بھی اتفاقاً یہ حدیث بیان کی ہے۔ جب اس علاقے کے کسی آدمی نے ان کا حکم دریافت کیا ہے اس وقت سالم اور نافع نہیں ہونگے، عام طور پر ابن عمر یہ حدیث بیان نہیں کرتے تھے اس لئے وہ دونوں اس حدیث سے واقف نہیں تھے۔ واللہ اعلم (اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ٣:٢٥٧-٢٦٧ میں بھی ہے)

[٤٩-] بابُ مَاجاءَ أَنَّ الْماءَ لاَ يُنَجِّسه شَيْءٌ

[٧٠-] حدثنا هَنَّادٌ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الخَلَّالُ، وغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنا أَبُو أُسَامَةَ، عن الوَلِيدِ بنِ كَثِيرٍ، عن محمدِ بنِ كعبٍ، عن عبيدِ اللّٰهِ بنِ عبد اللّٰهِ بنِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عن أبى سَعيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَال: قِيْلَ:يارسولَ اللّٰهِ! أَنَتَوَضَّأُ مِنْ بِيرِ بُضَاعَةَ، وَهِيَ بِئْرٌ يُلْقٰى فِيْهَا الحِيَضُ، وَلُحُومُ الكِلَابِ، وَالنَّتْنُ؟ فقال رسولُ اللّٰه صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الماءَ طَهُوْرٌ لاَ يُنَجِّسُهُ شَيْءٌ"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حَسَنٌ، وَقَدْ جَوَّدَ أَبُوْ أُسَامَةَ هٰذَا الحديثَ، لم يُرْوَ حديثُ أبى سعيدٍ فى

بِئْرِ بُضَاعَةَ أَحْسَنَ مِمَّا رَوَى أَبُوْ أُسَامَةَ.وقَدْ رُوِیَ هٰذا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن أبی سعيدٍ، وفی الباب عن ابنِ عباسٍ وعائِشَةَ.

ترجمہ: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کیا ہم بیر بضاعہ سے وضوء کر سکتے ہیں، درانحالیکہ اس میں حیض کے چیتھڑے، کتوں کے گوشت اور بدبودار چیزیں ڈالی جاتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''بیشک پانی پاک کرنے والا ہے اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی'' امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے اور ابواسامہ نے اس کی سند شاندار طریقہ پر بیان کی ہے اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث بیر بضاعہ اس سے زیادہ اچھی سند کے ساتھ روایت نہیں کی گئی، اور ابوسعید خدریؓ کی حدیث اور طرق سے بھی مروی ہے۔

تشریح:

۱-أَنَتَوَضَّأُ (جمع متکلم کا صیغہ) بھی مروی ہے۔اور أتتوضأ (واحد مذکر حاضر) بھی مروی ہے، بہتر ثانی ہے، یعنی نبی ﷺ کے پانی استعمال کرنے پر حیرت ظاہر کی گئی، مسئلہ دریافت نہیں کیا گیا —— یلقی (فعل مجہول) کا فاعل کون ہے؟ دو احتمال ہیں: ایک: فاعل لوگ ہوں، یعنی لوگ اس کنویں میں یہ گندگیاں ڈالتے ہوں، لفظوں کے اعتبار سے یہ احتمال قریب ہے۔ دوم: فاعل بارش ہو، یعنی برسات کا پانی اپنے بہاؤ کے ساتھ یہ گندگیاں لاتا تھا اور کنویں میں ڈالتا تھا۔ معنوی اعتبار سے یہ احتمال قریب ہے کیونکہ لوگ خود ایک کنویں میں گندگیاں ڈالیں پھر اس کا پانی استعمال کریں یہ بات بہت ہی بعید معلوم ہوتی ہے۔

۲- الحِيَض: حِيْضَةٌ (بکسر الحاء) کی جمع ہے: حیض کے چیتھڑے، وہ کپڑے جو ماہواری کے ایام میں عورتیں جسم پر باندھتی ہیں جن کو اردو میں کُرسُف کہتے ہیں —— اور لحوم الکلاب سے مراد ہر مردار ہے، کتوں کی کچھ تخصیص نہیں —— النتن: ہر بدبودار چیز۔ یہ تعمیم بعد التخصیص ہے —— بئر اور بیر (ہمزہ اور ی کے ساتھ) دونوں طرح درست ہے اور یہ لفظ مؤنث سماعی ہے اس لئے اس کی طرف مؤنث ضمیر لوٹائی گئی ہے۔

۳- قد جوّد أبو أسامة: کا مطلب یہ ہے کہ ولید بن کثیر کے شاگردوں میں سے ابواسامہ نے محمد بن کعب کے استاذ کا نام بالکل کامل و مکمل لیا ہے دیگر تلامذہ اتنا صحیح نام ذکر نہیں کرتے —— محمد بن کعب کے استاذ عبید اللہ کے نام میں بہت اختلاف ہے اور اسی وجہ سے یہ حدیث صرف حسن رہ گئی ہے۔

[۵۰-] بَابٌ مِنْهُ آخَرُ

[۷۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن مُحمدِ بنِ جَعْفَرِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يُسْأَلُ

عَنِ الْمَاءِ يَكُوْنُ فِیْ الفَلاَةِ مِنَ الأَرْضِ، ومَا يَنُوْبُهُ مِنَ السِّبَاعِ والدَّوَابِّ؟ قَالَ: " إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يَحْمِلِ الْخَبَثَ"

قَالَ مُحمدُ بنُ إسحاقَ: القُلَّةُ هِیَ الجِرَارُ، والقُلَّةُ الَّتِیْ يُسْتَقٰی فِيْهَا.

قَالَ أبو عيسى: وهُوَ قَوْلُ الشَّافعیِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، قَالُوْا: إِذَا كَانَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ لَمْ يُنَجِّسْهُ شَيْئٌ مَالَمْ يَتغَيَّرْ رِيْحُهُ أَوْ طَعْمُهُ؛ وَقَالُوْا: يَكُوْنُ نَحْوًا مِنْ خَمْسِ قِرَبٍ.

ترجمہ: ''ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا: درانحالیکہ آپ پوچھے جارہے تھے اس پانی کے بارے میں جو چٹیل زمین میں ہوتا ہے اور جس پر نوبت بنوبت درندے اور پالتو چوپائے آتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب پانی دو مٹکے ہو جائے تو وہ ناپاکی کو نہیں اٹھاتا'' —— محمد بن اسحاق کہتے ہیں: قلہ سے مراد مٹکے ہیں اور قلۃ وہ مٹکا ہے جس میں پانی بھر کر لایا جاتا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ شافعی احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ وہ کہتے ہیں: جب پانی دو مٹکے ہو تو اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی، جب تک اس کی بو یا مزہ نہ بدل جائے، اور ان حضرات نے یہ بھی کہا کہ دو مٹکے تقریباً پانچ مشک پانی ہوتا ہے۔

تشریح:

۱- محمد بن اسحاق کے استاذ کے نام میں اختلاف ہے، کوئی محمد بن جعفر بن الزبیر کہتا ہے۔ اور کوئی محمد بن عباد بن جعفر کہتا ہے —— اور ان کے استاذ عبید اللہ حضرت ابن عمر کے صاحبزادہ ہیں۔ یہ عبید اللہ عمری نہیں ہیں۔ وہ حضرت عمر کے صاحبزادے عاصم کے پڑپوتے ہیں اور اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں —— ناب ینوب نوبا کے معنی ہیں: باری باری آنا، اپنے نمبر پر آنا، یعنی دن میں چوپائے وہاں پانی پینے کے لئے آتے ہیں اور رات میں درندے —— إذا کان کی جگہ عام طور پر إذا بلغ آتا ہے —— قلة کے معنی ہیں: مٹکا اور جِرَارْ: جَرَّةٌ کی جمع ہے۔ اس کے معنی ہیں: عام مٹکا، خواہ پانی بھر کر لانے کا ہو یا گھر میں گُڑ وغیرہ بھرنے کا ہو اس لئے ابن اسحاق نے دوسرا جملہ استعمال کیا کہ یہاں مراد وہ مٹکا ہے جس میں پانی بھر کر سر پر اٹھا کر لایا جاتا ہے۔

۲- لفظ قلة کے اور معنی بھی ہیں اور شارحین وہ مختلف معانی بیان کر کے حدیث میں اضطراب پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ قلة کے معنی قدِ آدم اور پہاڑ کی چوٹی کے بھی ہیں۔ مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ لغت میں سے کسی لفظ کے سارے معانی جمع کر دیئے جائیں تو کوئی لفظ محکم نہیں رہے گا تمام الفاظ مشتبہ ہو جائیں گے، اس لئے یہ طریقہ ٹھیک نہیں، متکلم جو لفظ استعمال کرتا ہے اس کا سیاق وسباق دلالت کرتا ہے کہ اس کلام میں اس لفظ کے یہ معنی ہیں۔ ظاہر ہے یہاں نہ قدِ آدم کے معنی لینے کا کوئی موقع ہے نہ پہاڑ کی چوٹی کے معنی لینے کی گنجائش ہے۔

اس کلام نبوی میں قلۃ بمعنی مٹکا تقریباً طے ہے۔

۳-شوافع اور حنابلہ پانی کی مقدار کا بھی اعتبار کرتے ہیں اور پھیلاؤ کا بھی۔ دو قلّے یعنی پانچ مشکیں یعنی پانچ سو رطل یعنی دوسو تین کلو پانی ان کے نزدیک ماء کثیر ہے۔ اور چاروں طرف سے سوا سوا ہاتھ کا حوض ان کے نزدیک حوض کا ادنی درجہ ہے —— یہ تقدیر عوامی سہولت کے لئے کی گئی ہے۔

بابُ كَرَاهِيَةِ الْبَوْلِ فِيْ الْمَاءِ الرَّاكِدِ

ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنا مکروہ ہے

راکد: ٹھہرا ہوا یعنی نہ بہنے والا، اور دائم: ہمیشہ رہنے والا، یعنی نہ بہنے والا۔ پس دونوں لفظوں کا ایک ہی مفہوم ہے اس کا مقابل ماء جاری ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بہنے والے پانی میں پیشاب کرنے سے منع کیا ہے۔ اور بہتے ہوئے پانی میں کوئی پیشاب کرے تو وہ شرعاً ممنوع نہیں۔

اور ماء راکد میں پیشاب کرنے کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ اگر وہ پانی تھوڑا ہے تو پیشاب کرنے سے ناپاک ہوجائے گا اور وہ نہ اس کے کام کا رہے گا نہ کسی اور کے کام کا۔ اور کثیر ہے تو اگرچہ ناپاک نہیں ہوگا مگر اس میں پیشاب کرنا نظافت کے خلاف ہے۔ جب وہ اس پانی سے وضوء کرے گا تو اس کا جی کیسے چاہے گا؟! —— شریعت نے نظافت کا حکم دیا ہے اور نظافت کو نصف ایمان قرار دیا ہے۔

بعض لوگ حوض میں وضوء کرتے ہیں اور دھوون حوض میں گراتے ہیں بلکہ پیر بھی اندر ڈال کر دھوتے ہیں یہ تہذیب کے خلاف ہے، ان لوگوں کو سمجھایا جائے تو جواب دیتے ہیں: یہ حوض ہے ناپاک نہیں ہوتا۔ بیشک یہ بات صحیح ہے، مگر گندہ تو ہوتا ہے، جبکہ شریعتِ مطہرہ نے پانی کو صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا ہے۔ اس لئے ایسی حرکت سے بچنا چاہئے، حوض صرف اس لئے ہے کہ اس میں سے پانی لے کر وضوء کیا جائے نہ اس لئے کہ سارا میل اس میں ڈالا جائے۔

[۵۱-] باب كراهية البول فى الماء الراكد

[۷۲-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، عن مَعْمَرٍ، عن هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَيَبُوْلَنَّ أَحَدُكُمْ فِيْ الْمَاءِ الدَّائِمِ، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ مِنْهُ"

قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وفى الباب عن جابرٍ.

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ہرگز تم میں سے کوئی ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے، پھر وہ اس سے وضوء کرے گا"، یعنی آئندہ اسی کو اس پانی کی ضرورت پیش آئے گی، پس اگر پانی تھوڑا ہے اور پیشاب کرنے سے

ناپاک ہوگیا تو اسی کا نقصان ہوگا، اور اگر پانی زیادہ ہے اور ناپاک نہیں ہوا تو بھی اس کا جی نہیں چاہے گا کہ وہ اس پانی کو استعمال کرے۔ اس لئے بہرصورت پانی میں پیشاب نہیں کرنا چاہئے۔ ہاں پانی جاری ہو تو پھر وہ جانے۔

بابُ مَاجَاءَ فی ماءِ البَحْرِ أَنَّهُ طَهُوْرٌ

سمندر کا پانی پاک ہے کوئی وسوسہ دل میں نہ لائے

حدیث: قبیلۂ بنی عبدالدار کے ایک صاحب جن کا نام مغیرہ تھا۔ وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ قبیلۂ بنی مُدلج کے ایک صحابی نے نبی ﷺ سے سوال کیا کہ ہم سمندر کا سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ پینے کے لئے تھوڑا پانی لے جاتے ہیں اب اگر ہم اس پانی سے وضوء کریں تو پیاسے مریں گے، کیونکہ سمندر کا پانی پینے کے قابل نہیں ہوتا، تو کیا ہم سمندر کے پانی سے وضوء کرسکتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''سمندر کا پانی ہی پاک کرنے والا ہے اس کا مردار حلال ہے''

تشریح: سائل نے سوال اس لئے کیا ہے کہ سمندر اللہ کی مخلوقات سے بھرا پڑا ہے۔ سمندری سارے جانور سمندر ہی میں پیدا ہوتے ہیں، اسی میں مرتے ہیں اور اسی میں گل سڑ کر ختم ہوجاتے ہیں تو کیا ایسا پانی جس میں لاکھوں جانور گل سڑ کر مل گئے ہیں وضوء اور غسل میں استعمال کیا جاسکتا ہے؟ نبی ﷺ نے جواب عنایت فرمایا کہ سمندر کا پانی پاک کرنے والا ہے۔ اور جو جانور اس میں مرتے ہیں وہ مردار نہیں ہیں۔ مردار خون والا جانور ہی ہوتا ہے، جو اپنی موت مرگیا ہو اور سمندر کے جانور میں دم مسفوح نہیں ہوتا۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ مری ہوئی مچھلی حلال ہے۔ خون دو طرح کے ہیں: مسفوح اور غیر مسفوح۔ ناپاک اور حرام دم مسفوح ہے اور دم غیر مسفوح ناپاک نہیں۔ اور جو خون جم جائے جیسے کلیجی اور تلی تو وہ بھی حلال ہے، مچھلی وغیرہ سمندری جانوروں میں دم مسفوح جو رگوں میں چلتا ہے نہیں ہوتا اسی لئے مچھلی کو ذبح کرنے کا حکم نہیں۔ ذبح کرنے سے بدن میں سے دم مسفوح نکلتا ہے۔ اور وہ مچھلی میں ہوتا ہی نہیں۔

غرض حدیث کے پہلے جملے میں سمندر کے پانی کا حکم بیان کیا گیا ہے اور دوسرے جملے میں سائل کے خلجان کا جواب دیا گیا ہے۔ اور دونوں باتوں میں غایتِ تعلق کی وجہ سے دونوں جملوں کے درمیان حرف عطف نہیں لایا گیا۔

[۵۲-] باب ماجاء فی ماء البحر أنه طَهور

[۷۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عن مالكٍ، ح: وَحَدَّثَنَا الأَنْصَارِيُّ، قال: حدثنا مَعْنٌ، قال: حدثنا مَالِكٌ، عن صَفْوَانَ بنِ سُلَيْمٍ، عن سَعِيْدِ بنِ سَلَمَةَ مِنْ آلِ ابنِ الأَزْرَقِ، أَنَّ الْمُغِيْرَةَ بنَ أبى بُرْدَةَ، وَهُوَ مِنْ بَنِى عَبْدِ الدَّارِ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَأَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَال:

يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ، ونَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيْلَ مِنَ الْمَاءِ، فَإِنْ تَوَضَّأْ نَا بِهِ عَطِشْنَا، أَفَنَتَوَضَّأُ مِنَ الْبَحْرِ؟ فَقَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "هُوَ الطَّهُوْرُ مَاءُ هُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ"

وفى الباب: عن جابرٍ، وَالْفِرَاسِيِّ؛ قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ الْفُقَهَاءِ مِن أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مِنْهُمْ أبوبكرٍ، وعُمَرُ، وابنُ عباسٍ، لَمْ يَرَوْا بأْسًا بِمَاءِ الْبَحْرِ.

وقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم الْوُضُوْءَ بِمَاءِ الْبَحْرِ، مِنْهُمْ ابنُ عُمَرَ، وعبدُاللّٰهِ بنُ عَمْرٍو؛ وقال عبدُ اللّٰهِ بنُ عمرٍو: هُوَ نَارٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی صحابہ میں سے اکثر فقہاء کا قول ہے، ان میں سے ابوبکر وعمر اور ابن عباس ہیں وہ سمندر کے پانی میں کوئی حرج نہیں سمجھتے اور بعض صحابہ نے سمندر کے پانی سے وضوء کرنے کو ناپسند کیا ہے ان میں سے ابن عمر اور ابن عمرو ہیں اور عبداللہ بن عمرو نے فرمایا ہے کہ سمندر آگ ہے۔

تشریح:

۱- طَهور: (بالفتح) صفتِ مشبہ ہے، اس کے معنی ہیں: پاک کرنے والا، یعنی نہایت پاک اور ماء ہ: (مرکب اضافی) اس کا فاعل ہے اور مبتدا پر ال حصر کے لئے نہیں ہے بلکہ خبر کی حالت کے ذریعہ مبتدا کی پہچان کرانے کے لئے ہے۔ جیسے اللہ کا ارشاد ہے: ﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ یہ لوگ ہیں وہ کامیاب ہونے والے۔ اور شاعر کہتا ہے:

وإن قَتَل الهَویٰ رجُلاً ۞ فإنّی هو ذلك الرَّجلُ

یعنی اگر کسی کو محبت مار ڈالتی تو میں ہوں وہ قتیل محبت —— اور الحِلُّ: مصدر ہے بمعنی الحلال. اور میتته (مرکب اضافی) اس کا فاعل ہے۔ اور حدیث کا لفظی ترجمہ ہے: دریا پاک کرنے والا ہے، اس کا پانی، حلال ہے اس کا مردار۔

۲- حنفیہ کے نزدیک حدیث کے دونوں جملوں کا مصداق ایک ہے اور پہلے جملے میں سمندر کے پانی کا حکم بیان کیا گیا ہے۔ اور دوسرے جملے میں سائل کے ذہن کو صاف کیا گیا ہے اور کمال اتصال کی وجہ سے واو کے ذریعہ عطف نہیں کیا گیا۔ واو کے ذریعہ عطف وہاں کیا جاتا ہے جہاں من وجہ اتحاد ہو اور من وجہ مغائرت ہو جیسے جاء نی زید وعمرٌو میں زید اور عمر کی ذوات میں مغائرت ہے اور آنے میں اتحاد ہے اس لئے واو کے ذریعہ عطف کیا گیا ہے، اور اگر کہیں: جاء نی زیدٌ عالمٌ فاضلٌ: تو یہاں تینوں میں اتحاد ہے، اس لئے عطف نہیں کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں عالم دوسرا فاعل اور فاضل تیسرا فاعل ہوگا۔ پس حدیث میں ھو مبتدا کی دو خبریں ہیں: الطَهور ماء ہ اور الحل میتته —— اور حنفیہ کے نزدیک میتة سے صرف مچھلی مراد ہے ہر مردار مراد نہیں۔

۳- اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حدیث کے دونوں ٹکڑے علحدہ علحدہ ہیں، پہلے جملے میں سمندر کے پانی کا حکم بیان کیا گیا ہے اور دوسرے جملے میں سمندری جانوروں کی حلت کا بیان ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ سائل نے دوسری بات نہیں پوچھی تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ: الشیئ بالشیئ یُذکر: بات میں سے بات نکلتی ہے۔ نبی ﷺ نے سائل کو ایک مزید بات بتلائی ہے۔ جیسے ایک صاحب نے نبی ﷺ سے پوچھا تھا کہ ہم جنگل میں اونٹ چرانے جاتے ہیں اور چھاگل میں پینے کے لئے پانی لے جاتے ہیں۔ پس اگر ذرا سا پاد نکل جائے تو کیا وضوء کئے بغیر نماز پڑھ سکتے ہیں؟ کیونکہ پانی میں قلت ہے نبی ﷺ نے فرمایا: إذا فَسَا أحدُکم فلیتوضأ ولا تأتوا النساء فی أدبارھن: یعنی جب تم میں سے کوئی گوز مارے تو چاہئے کہ وضوء کرے، اور تم عورتوں سے پچھلی راہ میں صحبت نہ کرو، یہ آخری بات ان صاحب نے نہیں پوچھی تھی۔ یہ بات نبی ﷺ نے ازخود بتائی ہے۔ اسی طرح یہاں بھی سمندری جانوروں کی حلت ازخود بتائی ہے۔ لیکن اس سوال کا کوئی جواب نہیں کہ جب دونوں باتیں الگ الگ ہیں اگرچہ سمندر سے تعلق رکھنے والی ہیں پھر واو کے ذریعہ عطف کیوں نہیں کیا گیا؟ علاوہ ازیں ائمہ ثلاثہ تمام سمندری جانوروں کو حلال نہیں کہتے۔ اگر اس حدیث میں مسئلہ ہے تو وہ عام ہے، پھر امام مالک رحمہ اللہ بحری خنزیر کا استثناء کیوں کرتے ہیں؟ اور امام شافعی رحمہ اللہ بھی بعض جانوروں کا استثناء کرتے ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ عربوں کے مذاق کا اعتبار کرتے ہیں۔ عرب جس کو طیّب سمجھتے ہیں اس کو حلال کہتے ہیں اور جس کو خبیث سمجھتے ہیں اس کو حرام قرار دیتے ہیں۔ یہ سب تخصیصات کیوں ہیں؟!

۴- اور حنفیہ کے نزدیک سمندری جانوروں کی حلت وحرمت کا مسئلہ ایک دوسری حدیث میں بیان کیا گیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: أُحِلَّت لنا المیتتان والدمان: ہمارے لئے دو مردار یعنی مچھلی اور ٹڈی اور دو خون یعنی کلیجی اور تلی حلال کئے گئے ہیں (رواہ احمد والدارقطنی) اگر ہر سمندری جانور حلال ہوتا تو مچھلی کی تخصیص کی کوئی وجہ نہیں تھی۔

۵- جھینگا حلال ہے یا حرام؟ جن کے نزدیک وہ مچھلی ہے وہ اس کو حلال کہتے ہیں، اور جن کے نزدیک وہ ایک سمندری کیڑا ہے وہ اس کو حرام کہتے ہیں۔ ساحلی علاقوں کے مفتی اس کی حلت کے قائل ہیں اور دور کے باشندے حرام کہتے ہیں۔ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کا یہی فتوی ہے۔ اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے گول مول جواب دیا ہے۔ میں اپنے لئے اس کو حرام سمجھتا ہوں، مگر کسی کو منع نہیں کرتا۔

۶- سمندر کے پانی سے وضوء جائز ہے یا نہیں؟ صحابہ کے زمانہ میں اس مسئلہ میں تھوڑا اختلاف رہا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کراہیت کے قائل تھے اور انھوں نے وجہ یہ بیان کی ہے کہ سمندر کے نیچے آگ ہے، یعنی حرارت ہے اس کی وجہ سے بھاپ اٹھ کر بادل بنتی ہے اور جب آگ پر پکی ہوئی چیز سے وضوء ٹوٹ جاتی ہے تو سمندر کے پانی سے وضوء کیسے جائز ہوسکتی ہے؟ مگر ما مسّت النار کی روایت منسوخ ہے یا

مؤل، پس اس سے استدلال کیسے ہوگا؟ اور ابن عمر تو پہلے سے اس کے قائل نہیں تھے پھر سمندر کے پانی کے بارے میں صریح حدیث بھی موجود ہے اس لئے آہستہ آہستہ اختلاف مضمحل ہوگیا اور پوری امت متفق ہوگئی کہ سمندر کے پانی سے بلاکراہیت وضوء اور غسل وغیرہ جائز ہے۔

بابُ التَّشْدِيْدِ فی البَوْلِ

انسانی پیشاب کے سلسلہ میں وعید

تشدید کے معنی ہیں: سختی، اور مراد ہے: وعید۔ اور بول سے انسان کا پیشاب مراد ہے۔ دیگر حیوانات کے پیشاب کا حکم آگے آرہا ہے، انسان کا پیشاب بالاجماع ناپاک ہے، اور نجاستِ غلیظہ ہے، ایسی ناپاکی درہم سے کم معاف ہوتی ہے، درہم کے بقدر یا اس سے زائد معاف نہیں ہوتی، پس ہر شخص کو اپنے پیشاب سے بچنے کی فکر کرنی چاہئے اگر کپڑے پر پیشاب بقدر درہم لگ گیا تو نماز نہیں ہوگی۔ طلبہ کو چاہئے کہ وہ پیشاب کے بعد ڈھیلا استعمال کریں یا استنجے کا کاغذ استعمال کریں یا استنجے کی لنگی الگ رکھیں یا خوب استبراء کرکے پانی استعمال کریں۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ دو نئی قبروں کے پاس سے گذرے، آپ ان کے پاس رک گئے اور پوچھا یہ قبریں کس کی ہیں؟ بتایا گیا کہ فلاں فلاں کی ہیں، آپؐ نے فرمایا: ان دونوں کو قبر میں عذاب ہورہا ہے اور یہ عذاب کسی اہم معاملہ میں نہیں ہورہا، پھر آپ نے ایک قبر کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ شخص تو اپنے پیشاب سے پردہ نہیں کرتا تھا۔ اور دوسری قبر کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ شخص چغلیاں کھایا کرتا تھا، یعنی لگائی بجھائی کیا کرتا تھا۔

تشریح: بخاری کی روایت میں وما يعذَّبان فی کبیر کے بعد ثم قال: بلی بھی ہے۔ یعنی کیوں نہیں، ان کو بڑے اہم معاملہ میں عذاب ہورہا ہے یہ دو مختلف باتیں اس طرح جمع ہیں کہ عمل کے اعتبار سے یہ دونوں باتیں معمولی ہیں، پیشاب سے بچنا کیا مشکل ہے؟ اور چغل خوری میں کیا فائدہ ہے؟ اور نتائج کے اعتبار سے یہ دونوں باتیں سنگین ہیں، اگر پیشاب سے نہیں بچے گا تو ساری نمازیں برباد ہونگی اور لگائی بجھائی فساد ذات البین کا سبب ہے اس سے دین کا جنازہ نکل جاتا ہے۔

[۵۳-] باب التشديد فی البول

[۷۴-] حَدَّثَنَا هَنَّادٌ وَقُتَيْبَةُ وَأَبُوْ كُرَيْبٍ قَالُوْا: نَا وَكِيْعٌ، عن الْأَعْمَشِ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُحَدِّثُ عن طَاوُوسٍ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ عَلٰى قَبْرَيْنِ فَقَالَ: " إِنَّهُمَا يُعَذَّبَانِ،

وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ: أَمَّا هٰذَا فَكَانَ لاَ يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ، وَأَمَّا هٰذَا فَكَانَ يَمْشِيْ بِالنَّمِيْمَةِ"

وفي البابِ: عن زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ وأبي بَكْرَةَ وأبي هُرَيْرَةَ وأبي مُوسىٰ، وعبدِ الرَّحْمٰنِ بنِ حَسَنَةَ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوىٰ مَنْصُوْرٌ هٰذا الحَديثَ عن مُجاهدٍ عن ابنِ عباسٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ طَاوُوسٍ، وَرِوَايَةُ الأَعْمَشِ أَصَحُّ وسمِعْتُ أبا بكرٍ مُحمدَ بنَ أَبَانَ يَقول: سمعتُ وكيعاً يَقول: الأعْمَشُ أَحْفُظُ لِإسْنَادِ إِبْرَاهِيْمَ مِنْ مَنْصُوْرٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث منصور بھی مجاہد سے، وہ ابن عباس سے روایت کرتے ہیں اور وہ سند میں طاؤس کا تذکرہ نہیں کرتے، اور اعمش کی روایت جس میں طاؤس کا ذکر ہے زیادہ صحیح ہے۔ فرماتے ہیں: اعمش کو ابراہیم نخعی کی سندیں منصور سے زیادہ یاد تھیں۔

تشریح:

۱- مجاہد کے دو شاگرد اعمش اور منصور ہیں دونوں کی سندوں میں فرق یہ ہے کہ اعمش: مجاہد اور ابن عباس کے درمیان اپنے خواجہ طاش حضرت طاؤس کا واسطہ لاتے ہیں اور منصور وہ واسطہ ذکر نہیں کرتے، امام ترمذیؒ نے اعمش کی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ اس کی سند نازل ہوگئی ہے، اس میں ایک واسطہ بڑھ گیا ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا مزاج یہ ہے کہ جس سند میں کمزوری ہوتی ہے اس کو ترجیح دیتے ہیں۔ مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں سندیں بخاری میں لی ہیں (حدیث نمبر ۲۱۶ و ۲۱۸) معلوم ہوا کہ ترجیح کی ضرورت نہیں۔ اعمش کی سند کو مزید فی متصل الاسناد قرار دیا جائے گا۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے قول کی جو دلیل پیش کی ہے کہ اعمش کو ابراہیم نخعی کی سندیں منصور سے زیادہ یاد تھیں یہ غیر متعلق بات ہے۔ یہاں ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا کوئی دخل نہیں، اور ان کی سندیں زیادہ یاد ہونے سے لازم نہیں آتا کہ ہر استاذ کی سندیں ان کو زیادہ یاد ہوں اس لئے صحیح فیصلہ ابن حبان اور امام بخاری رحمہ اللہ کا ہے کہ دونوں سندیں صحیح ہیں۔

۲- اس حدیث میں بخاری شریف میں یہ مضمون بھی ہے کہ پھر آپ ﷺ نے کھجور کی ایک شاخ منگوائی اور چیر کر ہر قبر پر ایک ٹہنی گاڑ دی۔ صحابہ نے پوچھا یا رسول اللہ! آپ نے یہ عمل کیوں کیا، آپؐ نے فرمایا: لعلّه أن يُّخفَّفَ عنهما مالم يَيْبَسَا: یعنی شاید ان کے خشک ہونے تک ان کے عذاب میں تخفیف کر دی جائے، اور مسلم شریف کے آخر میں روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: أَحْبَبْتُ بشفاعتي أن يُرَفَّه ذاك عنهما مادام الغُصنان رَطْبَيْنِ (۲: ۴۱۸) یعنی میں نے ان کے لئے سفارش کی ہے۔ میری سفارش مطلقاً تو قبول نہیں کی گئی مگر مقید قبول کر لی گئی ہے۔ جب تک یہ ٹہنیاں تر رہیں گی میری سفارش کی وجہ سے ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی۔

پس بدعتیوں کا اس روایت سے قبروں پر پھول چڑھانے کے جواز کے سلسلہ میں استدلال کرنا درست نہیں اور ان کا یہ کہنا بھی بے دلیل ہے کہ پھول تسبیح پڑھیں گے اس سے میت کو فائدہ پہنچے گا۔ کیونکہ جب نبی ﷺ نے خود اپنے عمل کی وجہ بیان کردی ہے تو اب دوسرے کو فعل نبوی کی کوئی اور وجہ بیان کرنے کا حق نہیں۔

۳-قبر پر پھول چڑھانا حرام ہے۔ کیونکہ چڑھانا بندگی ہے، اور غیر اللہ کی کسی بھی درجہ میں بندگی شرک ہے۔ ہاں قبر پر پھول وغیرہ رکھنا جائز ہے، اور دونوں کا فرق اس طرح معلوم کیا جاسکتا ہے کہ جو شخص پھول لے کر کسی قبر پر جارہا ہے اس کو نیم کے پتوں کا ایک پوٹلہ دو اور اس سے کہو پھولوں کی یہ چند پنکھڑیاں مجھے دیدے اور یہ پتے لے جا کر قبر پر رکھ دے۔ یہ ان سے زیادہ تسبیح پڑھیں گی، اگر وہ اس کے لئے بے تکلف تیار ہوجائے تو سمجھ لو کہ وہ پھول رکھنے جارہا ہے۔ اور اگر وہ کہے: میں قبر پر نیم کے پتے رکھوں گا اس سے تو بزرگ کی توہین ہوجائے گی تو سمجھ لو کہ وہ پھول رکھنے نہیں جارہا بلکہ چڑھانے جارہا ہے جو شرک ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِيْ نَضْحِ بَوْلِ الْغُلَامِ قَبْلَ أَنْ يَطْعَمَ

باہر کی غذا لینے سے پہلے لڑکے کے پیشاب پر چھینٹا دینے کی روایت

جو بچے صرف ماں کے دودھ پر اکتفا کرتے ہیں باہر کی غذا نہیں لیتے یعنی ان کو گائے بھینس کا یا ڈبہ کا دودھ یا اور کوئی کھانے پینے کی چیز نہیں دی جاتی ایسے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب بالاجماع ناپاک ہے۔ مگر طریقۂ تطہیر میں اختلاف ہے۔

۱-امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں کے پیشاب کو دھونا ضروری ہے، پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں پیشابوں کو اچھی طرح دھونا ضروری ہے۔ یعنی دیگر ناپاکیوں کی طرح تین مرتبہ دھونا اور تین مرتبہ نچوڑنا ضروری ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لڑکی کے پیشاب کا تو یہی حکم ہے مگر لڑکے کے پیشاب کو ہلکا دھونا بھی کافی ہے۔ یعنی اس پر پانی ریڑھ دیا جائے اور جب پیشاب کپڑے سے نکل جائے تو نچوڑ دیا جائے۔

۲-اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک لڑکی کے پیشاب کو تو دھونا ضروری ہے اور لڑکے کے پیشاب میں چھینٹا دینا کافی ہے دھونا ضروری نہیں، اور چھینٹا دینے کا مطلب یہ ہے کہ جہاں لڑکے نے پیشاب کیا ہے چلو میں پانی لے کر اس پر اتنا ٹپکایا جائے کہ پانی پیشاب کو ڈھانک لے، مگر نچوڑنا چاہیں تو نہ نچڑے۔ شوافع کی کتابوں میں اس کے لئے تعبیر ہے الغَمْر بالماء: یعنی پانی کے ذریعہ پیشاب کو ڈبو دینا، ہاتھ بھگا کر چھینٹا دینا مراد نہیں۔

حدیث: ام قیس رضی اللہ عنہا اپنا بیٹا لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں، وہ بچہ ابھی صرف ماں کا دودھ پیتا تھا آپؐ نے اس کو گود میں لیا اس نے آپ پر پیشاب کردیا، آپ نے پانی منگوایا اور اس پر چھڑک دیا۔

تشریح:

۱- امام ترمذیؒ نے یہ بحث تشفی بخش نہیں کی، صرف امام شافعی اور امام احمد کی دلیل لائے ہیں، باقی دو اماموں کی دلیل نہیں لائے۔ تفصیلی بحث طحاوی میں آئے گی، یہاں مختصر بات یہ ہے کہ ایسے لڑکے کے پیشاب کے بارے میں حدیثوں میں پانچ لفظ آئے ہیں: (۱) نَضْحٌ (۲) رَشٌّ دونوں کے معنی ہیں: چھینٹا دینا، چھڑکنا (۳) صَبٌّ یعنی ریڑھنا (۴) اِتْبَاعُ الماءِ: پانی کو پیشاب کے پیچھے کرنا۔ یعنی پیشاب پر اتنا پانی ڈالنا کہ وہ دوسری طرف نکل جائے (۵) لم یَغسِله غَسْلا: یعنی اچھی طرح نہیں دھویا، کیونکہ اس میں نفی مفعول مطلق کی ہے، نفس دھونے کی نہیں ہے۔

ان پانچ لفظوں میں سے صَبّ، اتباع الماء اور لم یغسله غسلاکی دلالت دھونے پر قطعی ہے، باقی دولفظ محتمل ہیں، ان کے معنی چھینٹا دینے کے بھی ہوسکتے ہیں اور دھونے کے بھی، چھینٹا دینے کے معنی تو واضح ہیں اور یہ دونوں لفظ غسل کے معنی میں بھی آتے ہیں اس کے قرائن یہ ہیں:

(الف) باب ۸۴ میں مذی کے سلسلہ میں روایت آرہی ہے اس میں یہ جملہ ہے یکفیك أن تأخذ كَفًّا من ماء فَتَنْضَح به ثوبَك: اس حدیث میں نضح کے معنی غسل کے ہیں۔ اس باب میں امام شافعی کا قول ہے: لا یُجزِئُ إلا الغسل: یعنی مذی کا دھونا ہی ضروری ہے۔

(ب) باب ۱۰۴ میں حیض کے خون کی تطہیر کا طریقہ بیان کیا گیا ہے، ارشاد ہے: حُتّیه ثم اقْرُصیه بالماء ثم رُشِّیْهِ و صَلِّی فیه: یعنی حیض کے خون کو کھرچ دو پھر کپڑے کو پانی سے بھگا کر انگلیوں کے سروں سے رگڑ دو، پھر اس کو دھوڈالو، پھر اس میں نماز پڑھو، یہاں بھی رشّ کے معنی بالیقین دھونے کے ہیں۔

(ج) طحاوی میں روایت ہے: إني لأعرف مدينةً يَنْضَحُ البحر بجانبها: نبی ﷺ نے فرمایا: میں ایک ایسا شہر جانتا ہوں جس کے ساحل سے سمندر ٹکراتا ہے یہ عُمان شہر ہے جو ساحل سمندر پر واقع ہے۔ جب سمندر میں جوار بھاٹا آتا ہے تو پانی شہر کے کنارے سے ٹکراتا ہے۔ اس حدیث میں بھی نضح کے معنی چھڑکنے کے نہیں ہوسکتے۔

اس لئے بڑے دو اماموں نے مسئلے کی بنیاد ان تین لفظوں پر رکھی ہے جو محکم الدلالہ ہیں، اور جو دو لفظ محتمل ہیں ان کی تاویل کی ہے کہ ان سے بھی دھونا ہی مراد ہے۔ یہی احتیاط کی بات ہے۔ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مزاج بھی احتیاط ہے۔ جب عبادات کی روایات میں تعارض ہوتا ہے تو آپ احتیاط والا پہلو لیتے ہیں، اور جب معاملات کی روایات میں تعارض ہوتا ہے تو آپ انصاف والا پہلو لیتے ہیں۔

اور باقی دو اماموں نے ان دو لفظوں پر مسئلے کا مدار رکھا ہے جن میں چھینٹا دینے کے معنی کا احتمال ہے۔ اور باقی تین لفظوں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ روایت بالمعنی ہیں، راوی نے جس طرح سمجھا اس طرح لفظ بدل دیئے، یا یہ کہ کبھی نبی ﷺ نے دھویا بھی ہوگا، جیسے اعضاء وضوء تین تین مرتبہ دھوئے جاتے ہیں مگر یہ فرض کا درجہ نہیں، اسی

طرح اگر کوئی لڑکے کے پیشاب کو دھوئے تو سبحان اللہ۔ مگر تطہیر کے لئے دھونا ضروری نہیں۔

وجہ فرق: یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب دونوں پیشاب دھونے ضروری ہیں تو روایات میں دونوں پیشابوں کے لئے الگ الگ لفظ کیوں استعمال کئے گئے؟ وجہ فرق یہ ہے کہ لڑکی کے مزاج میں برودت ہے، اسی لئے اس کے پیشاب میں عفونت ہوتی ہے۔ پس اس کے پیشاب کو مبالغہ کے ساتھ دھونا ضروری ہے۔ ورنہ کپڑا پاک ہونے کے بعد بھی بدبورہ جائے گی اور لڑکے کے مزاج میں حرارت ہے اس لئے اس کے پیشاب میں عفونت کم ہوتی ہے اس لئے اس میں غسل خفیف بھی کافی ہے۔

علاوہ ازیں لڑکے کے پیشاب کا مخرج تنگ ہے، اس لئے پیشاب ایک جگہ گرتا ہے اور لڑکی کا مخرج کشادہ ہے اس لئے پیشاب کپڑے پر بکھر جاتا ہے۔ پس لڑکے کے پیشاب پر تو پانی ریڑھا جاسکتا ہے اور لڑکی کے پیشاب کرنے کی صورت میں پورا کپڑا دھونا ضروری ہوتا ہے۔

اور ایک فرق یہ بھی ہے کہ لڑکوں میں ابتلائے عام ہے، مرد اس کو اٹھائے پھرتے ہیں اور لڑکی کی یہ صورت نہیں اس لئے شریعت نے لڑکے کے پیشاب میں تخفیف کی اور لڑکی کے پیشاب میں اس کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

[٥٤-] باب ماجاء فی نَضْح بولِ الغلام قبل أن يَطْعَمَ

[٧٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ وأحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، قَالا: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عن أُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، قالتْ: دَخَلْتُ بابْنٍ لِيْ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَأْكُلِ الطَّعَامَ، فَبَالَ عَلَيْهِ، فَدَعَا بِمَاءٍ فَرَشَّهُ عَلَيْهِ.

وفی البابِ: عن عَلِيٍّ، وعائشةَ، وزينبَ، ولُبَابَةَ بِنْتِ الحَارِثِ، وَهِيَ أُمُّ الْفَضْلِ بنِ عَبَّاسِ بنِ عبدِالمُطَّلِبِ، وأبی السَّمْحِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو، وأبی لَيْلٰى، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: وَهُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَّعْدَهُمْ مِثْلُ أحمدَ وإسحَاقَ، قَالُوا: يُنْضَحُ بَوْلُ الْغُلَامِ وَيُغْسَلُ بَوْلُ الْجَارِيَةِ، وهٰذَا مَالَمْ يَطْعَمَا، فَإِذَا طَعِمَا غُسِلاَ جَمِيْعًا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی متعدد حضرات کا قول ہے۔ صحابہ میں سے اور تابعین میں سے اور ان کے بعد کے لوگوں میں سے، جیسے: امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ، یہ حضرات کہتے ہیں: لڑکے کے پیشاب پر چھینٹا دیا جائے اور لڑکی کا پیشاب دھویا جائے۔ اور یہ اس وقت تک ہے کہ دونوں کھانا نہ کھائیں، پس جب دونوں کھانا کھانے لگیں تو دونوں ہی کا پیشاب دھویا جائے۔

بابُ مَاجَاءَ فِی بَوْلِ مَایُؤْکَلُ لَحْمُہٗ

ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کاحکم

جن جانوروں کا گوشت حلال ہے، خواہ پالتو جانور ہوں یا جنگلی، ان کے فضلات خواہ آگے کی راہ سے نکلنے والے ہوں یا پیچھے کی راہ سے یعنی پیشاب، لید، گوبر اور مینگنی کی پاکی ناپاکی میں اختلاف ہے۔ تین امام پاک مانتے ہیں اور تین امام ناپاک کہتے ہیں۔ مالک، احمد اور ہمارے محمد رحمہم اللہ تمام فضلات کو پاک کہتے ہیں۔ اور ابوحنیفہ، شافعی اور ابو یوسف رحمہم اللہ ناپاک کہتے ہیں۔ اور نجاست خفیفہ ہے۔

حدیث: قبیلۂ عرینہ وغیرہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے اور حلقہ بگوش اسلام ہوئے، مدینہ کی آب وہوا ان کو موافق نہ آئی۔ جوی بیماری نے ان کو پکڑ لیا۔ نبی ﷺ نے ان کو زکوۃ کے اونٹوں میں بھیج دیا اور ان کو اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پینے کا حکم دیا۔ وہ یہ چیزیں پی کر تندرست ہوگئے، پھر ان کی نیت بگڑ گئی اور انھوں نے اونٹوں کے چرواہے کو قتل کردیا، دوسرا چرواہا اس درمیان بھاگ کھڑا ہوا۔ اس نے مدینہ پہنچ کر صورتِ حال بتائی۔ نبی ﷺ نے ان کے پیچھے ایک دستہ روانہ کیا جو ان کو اونٹوں کے ساتھ گرفتار کرلایا، ان کا ایک ہاتھ اور ایک پاؤں مخالف جانب سے کاٹ دیا گیا اور لوہے کی سلائی گرم کرکے ان کی آنکھوں میں پھیر دی گئی اور ان کو حرّہ نامی میدان میں ڈال دیا گیا۔ وہاں وہ شدتِ پیاس سے زمین کاٹتے تھے، آہستہ آہستہ جسم میں سے خون نکل گیا اور وہ اپنے کیفر کردار کو پہنچے۔

استدلال: قائلین طہارت نے اس حدیث سے اونٹوں کے پیشاب کی طہارت پر استدلال کیا ہے اور مینگنیوں کو اس پر قیاس کیا ہے، پھر دیگر ماکول اللحم جانوروں میں یہ حکم متعدی کیا ہے، مگر یہ استدلال بچند وجوہ غور طلب ہے:

۱- جوی بیماری میں اونٹ کا دودھ پیا جاتا ہے اور پیشاب سونگھا جاتا ہے پیا نہیں جاتا۔ چنانچہ بخاری کی ایک روایت میں صرف دودھ پینے کا ذکر ہے، پیشاب کا ذکر نہیں (حدیث ۵۶۸۵) طب کی کتابوں میں بھی یہی بات لکھی ہے۔ پس یہاں جو حدیث ہے: اشربوا من ألبانها وأبوالها: اس کی تقدیر عبارت ہوگی: اشربوا من ألبانها واسْتَنْشَقُوْا من أبوالها: یعنی اونٹوں کا دودھ پیو اور ان کا پیشاب سونگھو۔ پھر دوسرے فعل کو حذف کرکے اس کے معمول کو پہلے فعل کے ساتھ جوڑ دیا جیسے: عَلَّفْتُهَا تِبْنًا وماءً: میں نے اس کو بھوسے اور پانی کا چارہ دیا۔ حالانکہ چارہ صرف بھوسے کا دیا جاتا ہے۔ پانی سے تو سیراب کیا جاتا ہے۔ اصل جملہ تھا: عَلَّفْتُهَا تِبْنًا وأَرْوَيْتُها ماءً: پھر دوسرے فعل کو حذف کرکے اس کے معمول کو پہلے فعل کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہے۔

۲- اور علی سبیل التسلیم پیشاب پینے کی اجازت علاج کے طور پر تھی۔ پس اس سے طہارت ثابت نہیں ہوتی، جیسے ایک جنگ میں حضرت زُبیر اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہما کو خارش کی وجہ سے ریشم کا کرتا پہننے کی اجازت

دی تھی مگر اس سے مردوں کے لئے ریشم کی حلت ثابت نہیں ہوتی، کیونکہ وہ اجازت علاج کی ضرورت سے تھی۔ یہی معاملہ یہاں بھی ہے۔

۳-اور یہ بھی ممکن ہے کہ نبی ﷺ نے تو صرف دودھ پینے کے لئے فرمایا ہو اور پیشاب انھوں نے خود پیا ہو، کیونکہ عربوں کے تصورات میں جوئی بیماری میں پیشاب بھی پیا جاتا تھا۔

قائلین نجاست کے دلائل: جو تین امام ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کو ناپاک کہتے ہیں ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱-ترمذی جلد ثانی میں یہ روایت آئے گی کہ نبی ﷺ نے جَلاَّلة جانور کا گوشت کھانے اور دودھ پینے سے منع کیا۔ جِلَّة کے معنی ہیں: مینگنی، اور جَلاَّلة: وہ بکری وغیرہ ہے جو مینگنی کھاتی ہے جس کی وجہ سے اس کے دودھ اور پسینے میں بدبو پیدا ہوگئی ہو، اگر مینگنی پاک ہوتی تو وہ چنے کے مانند ہوتی اس کے گوشت اور دودھ سے کیوں روکا جاتا؟ معلوم ہوا کہ مینگنیاں ناپاک ہیں، اور اسی سے تمام ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کا ناپاک ہونا ثابت ہوتا ہے۔

۲-مشہور حدیث ہے: استنْزِهُوا من البولِ فإنَّ عامةَ عذابِ القبر منه: پیشاب سے بچو! اس لئے کہ قبر میں زیادہ تر عذاب پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے ہوگا (دارقطنی ۱:۱۲۸ باب نجاسة البول حدیث ۷) یہ حدیث عام ہے انسان اور غیر انسان کو اسی طرح ماکول اللحم اور غیر ماکول اللحم سب کے پیشاب کو شامل ہے۔

فائدہ: لوگوں میں ایک روایت مشہور ہے کہ نبی ﷺ ایک نیک صالح اور متقی صحابی کے دفن سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے محسوس کیا کہ ان پر عذاب قبر شروع ہوگیا ہے۔ نبی ﷺ نے ان کی بیوی سے صورتِ حال دریافت کی کہ اس بندۂ خدا کے احوال کیا ہیں؟ بیوی نے بتایا: وہ بکریاں چرایا کرتے تھے، اور ان کے پیشاب سے بچنے کا اہتمام نہیں کرتے تھے، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ان پر عذابِ قبر اسی وجہ سے ہورہا ہے۔ پھر فرمایا: إنَّ عَامَّةَ عذابِ القبر منه: علامہ کشمیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لم أَرَهُ ولو ثَبَتَ هٰذا لکان فَصْلاً فی الباب وحجةً فی مَوْرِدِ النزاع: میں نے یہ حدیث نہیں دیکھی اور اگر یہ واقعہ صحیح سند سے ثابت ہوجائے تو بول مایؤکل لحمه کی طہارت وعدم طہارت کا جھگڑا ختم ہوجائے (معارف السنن ۱:۲۷۶)

۳-ابوداؤد میں روایت ہے کہ جب کوئی شخص مسجد میں آئے تو وہ اپنے چپل کو دیکھ لے اگر اس میں گندگی یا ناپاکی ہو تو اس کو پونچھ ڈالے، پھر اس میں نماز پڑھے (ابوداؤد ۱:۹۵ باب الصلوٰة فی النعل) راستوں میں عام طور پر جانوروں ہی کے فضلات پڑے رہتے ہیں پس اس روایت سے بھی ان کا ناپاک ہونا ثابت ہوا۔

اس باب کا بنیادی مسئلہ تو یہی تھا۔ البتہ دو باتیں ضمناً زیر بحث آئی ہیں:

پہلی بات: ناپاک اور حرام چیز سے علاج کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور تفصیل معارف السنن

میں ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر جان کا خطرہ ہوتو حرام چیز سے علاج کرنا بالا تفاق جائز ہے، اور ایسی نازک صورتِ حال نہ ہوتو اقوال مختلف ہیں، میرے نزدیک ہر ناپاک چیز سے علاج اس وقت جائز ہے جب شفا اس میں منحصر ہو، لوگ دوسرا کوئی علاج نہ جانتے ہوں۔ واللہ اعلم

دوسری بات: قصاص میں مماثلت ضروری ہے یا نہیں؟ یعنی قاتل نے جس طرح قتل کیا ہے قصاص بھی اسی طرح لیا جائے گا یا صرف تلوار سے گردن اڑائی جائے گی؟ امام شافعی رحمہ اللہ قصاص میں مماثلت کے قائل ہیں۔ ان کی ایک دلیل: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاص﴾ ہے۔ یہ آیت عام ہے، خواہ زخم لگانے کے بعد مجروح مرگیا ہو یا زندہ رہا ہو۔ دونوں صورتوں میں زخموں کا قصاص لیا جائے گا۔ حدیث باب میں قبیلۂ عرینہ کے لوگوں کو جس طرح سزا دی گئی ہے اس سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ زخموں میں بھی قصاص لیا جائے گا، پھر قاتل کو قتل کیا جائے گا۔

اور احناف کے نزدیک قصاص بہر حال تلوار سے لیا جائے گا، زخموں میں مماثلت نہیں ہوگی۔ ان کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱- ابن ماجہ میں حدیث ہے: **لاقَوَدَ إلا بالسیف:** یعنی قصاص صرف تلوار سے لیا جائے، یہ روایت ناطق ہے۔

۲- نبی ﷺ نے مُثلہ سے یعنی لاش بگاڑنے سے منع کیا ہے، اگر قتل سے پہلے زخموں کا قصاص لیں گے تو اس سے لاش بگاڑنا لازم آئے گا۔

اور دلیل عقلی یہ ہے کہ قاتل کو ختم کرنا مقصود ہے۔ دل کی بھڑاس نکالنا اصل مقصود نہیں۔ اور آیت کریمہ: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاص﴾ احناف کے نزدیک عام نہیں، بلکہ اس سے وہ زخم مراد ہیں جن کے بعد مجروح اچھا ہو جائے، اور حدیث باب کا یہ جواب ہے کہ اس طرح سزا سیاسۃً دی گئی تھی۔ سیاست کے معنی ہیں: مصلحت، یعنی قاضی اگر کسی مجرم کو خاص طریقہ پر سزا دینا مصلحت سمجھے تو اس کو یہ حق ہے۔ اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ تو فرماتے ہیں کہ یہ واقعہ حدود کی تفصیلات نازل ہونے سے پہلے کا ہے، پس سزا دینے کا یہ طریقہ منسوخ ہے۔

[۵۵-] باب ماجاء فی بول مایؤ کل لحمُه

[۷۶-] حدثنا الحَسَنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ، نَا عَفَّانُ بنُ مُسْلِمٍ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، أنا حُمَیْدٌ وَقَتَادَةُ وَثَابِتٌ، عن أنسٍ أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَیْنَةَ قَدِمُوْا الْمَدِیْنَةَ فَاجْتَوَوْهَا فَبَعَثَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰه صلی الله علیه وسلم فِیْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ وَقَالَ: " اشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا" فَقَتَلُوْا رَاعِیَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وَاسْتَاقُوْا الإِبِلَ وارْتَدُّوْا عَنِ الإِسْلَامِ فَأُتِیَ بِهِمُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم: فَقَطَعَ أَیْدِیَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ مِنْ خِلَافٍ، وَسَمَرَ أَعْیُنَهُمْ، وأَلْقَاهُمْ بِالْحَرَّةِ، قال أنسٌ: فَکُنْتُ أَرَی أَحَدَهُمْ یَکُدُّ الْأَرْضَ

بِفِيْهِ حَتّٰى مَاتُوا، وَرُبَّمَا قَالَ حَمَّادٌ: يَكْدِمُ الأَرْضَ بِفِيْهِ حَتّٰى مَاتُوْا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَد رُوِيَ مِن غَيْرِ وجهٍ عن أنسٍ؛ وهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ العِلْمِ قَالُوْا: لَابَأْسَ بِبَوْلِ مَا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ.

[۷۷-] حدثنا الفَضْلُ بنُ سَهْلٍ الأَعْرَجُ، نا يحيىَ بنُ غَيْلَانَ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: إِنَّمَا سَمَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَعْيُنَهُمْ لِأَنَّهُمْ سَمَلُوْا أَعْيُنَ الرُّعَاةِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غريبٌ لاَ نَعْلَمُ أَحَدًا ذَكَرَهُ غَيْرَ هٰذَا الشَّيْخِ عن يَزِيْدَ بنِ زُرَيْعٍ. وَهُوَ مَعنى قَوْلِه: ﴿وَالجُرُوْحَ قِصَاصٌ﴾ وقد رُوِيَ عن مُحمد بنِ سيرينَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّمَا فَعَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم هٰذا قَبْلَ أَنْ تُنْزَلَ الحُدُوْدُ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلۂ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ آئے (یہ آٹھ آدمی تھے چار عرینہ کے تین عکل کے اور ایک کسی اور قبیلہ کا تھا) پس مدینہ کی آب وہوا ان کو موافق نہ آئی اور ان کو جو بیماری لاحق ہوگئی (یہ بدہضمی اور یرقان کے علاوہ ایک بیماری تھی معدہ کی خرابی کا نام بدہضمی ہے اور جگر کی خرابی سے یرقان ہوتا ہے اور جویٰ بیماری ان کے علاوہ ہے مگر آثار مشترک ہیں) پس نبی ﷺ نے ان کو زکوٰۃ کے اونٹوں میں بھیج دیا (یہ اونٹ مدینہ سے چند میل کے فاصلے پر چرتے تھے اور وہیں رہتے تھے۔ ان اونٹوں کے ساتھ نبی ﷺ کے مملوکہ اونٹ بھی تھے، مگر زیادہ تر اونٹ زکوٰۃ کے تھے۔ اس لئے في إبل الصدقة کہا ہے) اور فرمایا: ان کا دودھ اور ان کا پیشاب پیو۔ پس انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک لے چلے اور اسلام سے پھر گئے، پس ان کو نبی ﷺ کے پاس لایا گیا، پس آپ نے ان کے ہاتھ اور ان کے پیر مخالف جانب سے کاٹ دیئے، اور ان کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیر دیں، اور ان کو حرّہ میدان میں ڈال دیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ان میں سے ایک کو دیکھتا تھا کہ زمین کو اپنے منہ سے کاٹتا تھا یہاں تک کہ وہ مرگیا۔ اور حماد بن سلمہ نے کبھی یکِدُّ کے بجائے یکدم کہا ہے (معنی دونوں کے ایک ہیں) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور یہ حدیث دیگر اسانید سے بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی گئی ہے اور وہ اکثر اہل علم کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: ماکول اللحم جانوروں کے پیشاب میں کوئی تنگی نہیں —— حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کی آنکھوں میں گرم سلائی صرف اس لئے پھیری تھی کہ انھوں نے چرواہوں کی آنکھوں میں گرم سلائی پھیری تھی۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے۔ ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے یہ حدیث بیان کی ہو، سوائے اس شیخ کے، یزید بن زُریع سے روایت کرتے ہوئے (یعنی یحیٰ بن غیلان سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے اور لفظ شیخ معمولی

درجہ کی تعدیل ہے۔ پس یہ سند فی نفسہ حسن ہے) اور یہی مطلب ہے ارشاد پاک: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاص﴾ کا اور محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے روایت کیا گیا ہے کہ نبی ﷺ نے ان لوگوں کے ساتھ یہ عمل حدود نازل ہونے سے پہلے کیا تھا (محمد بن سیرین کا یہ قول ابوداؤد کتاب الحدود میں ہے: حدیث ۴۳۷۱)

بابُ ماجاء فی الوُضُوْءِ مِنَ الرِّیْحِ

ہوا نکلنے سے وضوء ٹوٹنے کا بیان

ریح من وجہ پاک ہے اور من وجہٍ ناپاک۔ اگر بھیگے ہوئے کپڑے سے گذرے تو بھی کپڑا ناپاک نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس صورت میں پاکی کے پہلو کا اعتبار ہے اور اس کے نکلنے سے وضوء ٹوٹ جاتی ہے، اس صورت میں ناپاکی کے پہلو کا اعتبار ہے۔ اس باب کا یہی مطلب ہے کہ ریح میں ناپاکی کے پہلو کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے اس لئے اس کی وجہ سے وضوء ٹوٹ جاتی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''وضوء صرف آواز یا بدبو کی وجہ سے ہے'' دوسری حدیث میں فرمایا کہ جو شخص مسجد میں ہو اور وہ اپنی دونوں سرینوں کے درمیان ہوا محسوس کرے تو وہ مسجد سے نہ نکلے یہاں تک کہ وہ آواز سنے یا بدبو پائے۔

تشریح: دونوں حدیثیں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہیں اور پہلی مجمل ہے، دوسری مفصل۔ پس مجمل کو مفصل کی طرف لوٹائیں گے، اور دونوں حدیثوں کا ماحصل یہ ہے کہ جب تک خروجِ ریح کا یقین نہ ہو وضوء نہیں ٹوٹتی۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ پیٹ میں قراقر ہوتا ہے، اور مبرز کے قریب تک ریح آتی ہے اور لوٹ جاتی ہے۔ شکّی مزاج لوگوں کو خروج ریح کا گمان ہوتا ہے۔ یہ ارشاد ایسے ہی لوگوں کے لئے ہے، جب تک خروج ریح کا یقین نہ ہو وضوء نہیں ٹوٹتی۔ اور یقین کے بہت سے طریقے ہیں۔ ایک آواز سننا ہے، دوسرا بدبو محسوس کرنا ہے۔ پس اگر کسی کو کسی اور طریقہ سے خروج ریح کا یقین ہو جائے تو بھی وضوء ٹوٹ جائے گی، غرض: یہ حدیث قطع وساوس کے باب سے ہے اس میں نقضِ وضوء کی تمام صورتوں کا بیان نہیں ہے، اور فقہ کا ضابطہ: الیقین لایزول بالشك (یقینی بات شک کی وجہ سے زائل نہیں ہوتی) اس قسم کی حدیثوں سے بنایا گیا ہے۔

[۵٦-] باب ماجاء فی الوضوء من الریح

[۷۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ وَهَنَّادٌ، نا وکیعٌ، عن شُعْبَة، عن سُهَیْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، عن أبیه، عن أبی هُرَیرةَ أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: ''لَاوُضُوْءَ إِلَّا مِنْ صَوْتٍ أَوْ رِیْحٍ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ العزيزِ بنُ مُحمدٍ، عن سُهَيْلِ بنِ أبى صَالحٍ، عن أبيهِ، عن أبى هريرةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فى المَسْجِدِ فَوَجَدَ رِيْحًا بَيْنَ أَلْيَتَيْهِ فَلاَ يَخْرُجْ حَتّٰى يَسْمَعَ صَوْتًا أَوْ يَجِدَ رِيْحًا"

[۸۰-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، أنا مَعْمَرٌ، عن هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عن أبى هريرةَ عن النبى صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ لاَيَقْبَلُ صَلٰوةَ أحدِكُمْ إِذَا أَحْدَثَ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وفى الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ وعَلِيِّ بنِ طَلْقٍ وعائشةَ وابنِ عبَّاسٍ وأبى سعيد.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وَهُوَ قَوْلُ الْعُلَمَاءِ أَن لَّا يَجِبَ عَلَيْهِ الوُضُوْءُ إِلَّا مِن حَدَثٍ يَسْمَعُ صَوْتًا أَوْ يَجِدُ رِيْحًا.

قال ابنُ المبارك: إِذَا شَكَّ فِي الْحَدَثِ فِإِنَّهُ لاَيَجِبُ عَلَيْهِ الوُضُوْءُ حَتّٰى يَسْتَيْقِنَ اسْتِيْقَانًا يَقْدِرُ أَنْ يَّحْلِفَ عَلَيْهِ، وقَالَ: إِذَا خَرَجَ مِنْ قُبُلِ الْمَرْأَةِ الرِّيْحُ وَجَبَ عَلَيْهَا الوُضُوْءُ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَإسحاقَ.

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی کی نماز قبول نہیں کرتے جب اس کی وضوءٹوٹ جائے، یہاں تک کہ وہ وضوءکرے (پہلی حدیث پر حکم اس کے ساتھ ہے اور تیسری حدیث پر بھی حکم اس کے ساتھ ہے اور دوسری حدیث پر حکم وفی الباب کے بعد ہے) اور وہ علماء کا قول ہے کہ آدمی پر وضوء واجب نہیں مگر ایسے حدث سے کہ آواز کو سنے یا بدبو کو پائے —— اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب کسی کو وضوءٹوٹنے میں شک ہو تو اس پر نئی وضوء واجب نہیں یہاں تک کہ اس کو ایسا یقین ہو جائے کہ وہ اس پر قسم کھا سکے۔ اور ابن المبارک رحمہ اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ جب عورت کی آگے کی راہ سے ہوا نکلے تو اس پر وضوء واجب ہے۔ یہی امام شافعی اور امام اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔

تشریح: مرد کے پیشاب کے عضو سے ہوا کا نکلنا ناقص وضوء نہیں، کیونکہ وہ ریح نہیں اختلاج ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور عورت کی اگلی شرم گاہ سے ہوا کا نکلنا ناقص وضوء ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ احناف کے نزدیک اگر عورت مفضات ہے یعنی سبیلین کے درمیان کا پردہ پھٹ گیا ہے یا اس میں سوراخ ہو گیا ہے تو آگے سے ہوا نکلنے سے بھی وضوءٹوٹ جائے گی اس لئے کہ احتمال ہے کہ وہ پیچھے کی ہوا ہو جو آگے سے نکلی ہو اور اگر عورت تندرست ہے تو ناقص وضوء نہیں، کیونکہ وہ اختلاج ہے ریح نہیں۔ اور ابن المبارکؒ اور امام شافعیؒ کے نزدیک عورت کی اگلی شرم گاہ سے نکلنے والی ریح بہر صورت ناقض وضوء ہے۔

بابُ الوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ

نیند سے وضوء ٹوٹنے کا بیان

نیند فی نفسہ ناقص وضوء نہیں بلکہ لغیرہ ناقض ہے۔ نیند سے خروج ریح کا احتمال پیدا ہوتا ہے، سونے کی حالت میں بدن کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں، پس مبرز کی بندش بھی ڈھیلی پڑ جاتی ہے اور ریح نکل جاتی ہے اس احتمال کی وجہ سے نیند کو ناقض وضوء قرار دیا گیا ہے۔

مذاہبِ فقہاء:

۱- حنفیہ کے نزدیک اگر نماز کی حالتوں (قیام، قعود، رکوع اور سجود) میں سے کسی حالت پر سو جائے تو وضوء نہیں ٹوٹتی۔ خواہ نماز میں سوئے یا نماز سے باہر۔ اسی طرح چارزانو بیٹھ کر سونے سے بھی وضوء نہیں ٹوٹتی، جبکہ اس نے کسی چیز سے ٹیک نہ لگا رکھی ہو اور لیٹ کر سونے سے یا کسی چیز سے ٹیک لگا کر سونے سے وضوء ٹوٹ جاتی ہے۔

۲- اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر نیند گہری ہو تو وضوء ٹوٹ جاتی ہے، جیسے سوتے ہوئے خواب نظر آیا یا جسم کا پچھلا حصہ زمین سے اٹھ گیا تو وہ گہری نیند ہے اور ناقض وضوء ہے۔

۳- اور اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب نیند عقل پر غالب آجائے یعنی انسان بے خبر ہو جائے تو وضوء ٹوٹ جاتی ہے، خواہ کسی حالت میں سوئے۔

حدیثیں: اس باب میں امام ترمذیؒ نے دو حدیثیں ذکر کی ہیں۔ ہم ایک تیسری حدیث بھی ذکر کرتے ہیں:

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ نبی ﷺ کی رات کی عبادتیں دیکھنے کے لئے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر ٹھہر گئے۔ رات میں نبی ﷺ اٹھے اور وضوء کر کے تہجد پڑھنے لگے، ابن عباسؓ بھی اٹھے اور وضوء کر کے نبی ﷺ کی بائیں طرف کھڑے ہو گئے۔ آپؐ نے ان کو دائیں طرف لے لیا، نماز میں آپؐ کو سجدہ میں نیند آجاتی تھی یہاں تک کہ خراٹے نکلنے لگتے تھے۔ نماز کے بعد ابن عباسؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ نماز میں سو گئے تھے۔ آپؐ نے جواب دیا: نماز میں سونے سے وضوء نہیں ٹوٹتی، کروٹ پر لیٹ کر سوئے تب وضوء ٹوٹتی ہے، کیونکہ اس صورت میں بدن کے جوڑ ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ عشاء کی نماز کے لئے آتے تھے تو بیٹھے بیٹھے سوتے تھے، پھر اٹھتے تھے اور نماز پڑھتے تھے اور وضوء نہیں کرتے تھے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ تہجد کی چار رکعتیں پڑھ کر لیٹ کر سو جاتے تھے پھر اٹھ کر دوسری چار رکعتیں پڑھتے تھے، پھر لیٹ جاتے تھے پھر اٹھ کر وتر ادا فرماتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ آپ وتروں

سے پہلے جو لیٹتے ہیں تو آپ کو نیند آجاتی ہے، میں خراٹے سنتی ہوں، یعنی پھر آپ نئی وضوء کئے بغیر وتر ادا فرماتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اے عائشہ! میری آنکھیں سوتی ہیں میرا دل نہیں سوتا (بخاری حدیث ۱۱۴۷)

تشریح:

۱- پہلی حدیث سے معلوم ہوا کہ نیند مطلقاً ناقض وضوء نہیں، نیز یہ بھی معلوم ہوا کہ نماز میں سوجائے، خواہ کسی حالت میں سوجائے تو اس سے بھی وضوء نہیں ٹوٹتی، اور دوسری حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز کی ہیئت میں اگرچہ نماز سے باہر سوجائے تو بھی وضوء نہیں ٹوٹتی، اسی طرح چارزانو بیٹھ کر سونے سے بھی وضوء نہیں ٹوٹتی۔ وضوء اس وقت ٹوٹتی ہے جب لیٹ کر سوئے، خواہ چت لیٹے یا کروٹ پر، اسی طرح جب ایسی حالت میں لیٹے جس حالت میں جوڑ ڈھیلے پڑتے ہیں۔ جیسے: کسی ایسی چیز سے ٹیک لگا کر سونا کہ اگر وہ ٹیک ہٹادی جائے تو آدمی گر پڑے، اسی طرح عورت سجدہ کی حالت میں سوجائے تو وضوء ٹوٹ جاتی ہے، کیونکہ اس حالت میں بھی جوڑ ڈھیلے پڑتے ہیں اور مردوں کے سجدہ کرنے کی جو ہیئت ہے اس میں سوئے تو وضوء نہیں ٹوٹے گی۔

۲- اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیثوں میں جو نبی ﷺ نے ایک ہی سوال کے دو مختلف جواب دیئے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر ایک کو وہ بات بتائی ہے جو اس کے لائق ہے اور موقع کے مناسب ہے۔ ابن عباسؓ کی روایت میں واقعہ سجدہ میں سونے کا ہے، اس لئے آپ نے مسئلہ بتایا کہ اس حالت میں سونے سے وضوء نہیں ٹوٹتی۔ لیٹ کر سونے سے وضوء ٹوٹتی ہے۔ اور حضرت عائشہ کی حدیث میں لیٹ کر سونے کا واقعہ ہے اس لئے ان کو یہ مسئلہ بتایا کہ انبیاء کی نیند ناقض وضوء نہیں، کیونکہ وہ غافل نہیں سوتے ان کی صرف آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا، جیسے ہم لیٹ کر آنکھیں بند کرلیں اور نیند نہ آئے تو اس سے وضوء نہیں ٹوٹتی، کیونکہ اس حالت میں اگر ہوا نکلے گی تو ہمیں احساس ہوگا، اسی طرح انبیاء کو سونے کی حالت میں بھی احساس ہوتا ہے اس لئے ان کا لیٹ کر سونا بھی ناقض وضوء نہیں۔

[۵۷-] باب الوضوء من النوم

[۸۱-] حدثنا إسماعیلُ بنُ مُوسٰی، وھَنَّادٌ، ومُحمدُ بنُ عُبَیْدٍ المُحَارِبِیُّ المَعْنٰی وَاحِدٌ، قَالُوْا: نا عبدُ السَّلَامِ بنُ حَرْبٍ، عن أبی خَالِدٍ الدَّالَانِیِّ، عن قَتَادَةَ، عن أبی العَالِیَةِ، عن ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّه رَأَی النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَامَ وَھُوَ سَاجِدٌ حَتّٰی غَطَّ أَوْ نَفَخَ ثُمَّ قَامَ یُصَلِّیْ فَقُلْتُ: یارسولَ اللہ! إِنَّكَ قَدْ نِمْتَ؟ قَالَ: "إِنَّ الوُضُوْءَ لَایَجِبُ إِلَّا عَلٰی مَنْ نَامَ مُضْطَجِعًا، فَإِنَّهُ إِذَا اضْطَجَعَ اسْتَرْخَتْ مَفَاصِلُهُ"

قال أبو عیسی: وأبو خَالِدٍ: اسْمُهُ یَزِیْدُ بنُ عبدِ الرحمنِ.

وفی الباب: عن عائشةَ وابنِ مسعودٍ وأبی هريرة.

[۸۲-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يحيیَ بنُ سَعيدٍ، عن شُعْبَةَ، عن قَتَادَةَ، عن أنسِ بنِ مَالكٍ قَالَ كَانَ أصحابُ رسولِ اللهِ صلی الله عليه وسلم يَنَامُوْنَ ثُمَّ يَقُوْمُوْنَ فَيُصَلُّوْنَ وَلاَ يَتَوَضَّؤُنَ.

قال أبو عيسی: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وسمِعتُ صَالِحَ بنَ عبدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: سَأَلْتُ ابنَ المبارَكِ عَمَّنْ نَامَ قَاعِدًا مُعْتَمِّدًا؟ فَقَالَ: لَاوُضُوْءَ عَلَيْهِ.

وقَد روٰی حديثَ ابنِ عَباسٍ سَعيدُ بنُ أبی عَرُوْبَةَ عن قَتَادَةَ عن ابنِ عباسٍ قَولَهٗ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ أَبَا العَالِيَةِ ،وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وَاخْتَلَفَ العُلَمَاءُ فی الوُضُوْءِ مِنَ النَّوْمِ: فَرَأیٰ أَكْثَرُهُمْ أَنَّهُ لَايَجِبُ عَلَيْهِ الوُضُوْءُ إِذَا نَامَ قَاعِدًا أَوْقَائِمًا، حَتّٰی يَنَامَ مُضْطَجِعًا، وبه يقولُ الثَّوْرِیُّ وابنُ المبارَكِ وأحمدُ.

وقال بَعْضُهم: إِذَا نامَ حَتّٰی غَلَبَ علیٰ عَقْلِهِ وَجَبَ عَلَيْهِ الْوُضُوْءُ، وبه يقولُ إسحاقُ.

وقال الشَّافعیُّ: مَن نَامَ قَاعِدًا فَرَأَی رُؤْيًا، أَوْ زَالَتْ مَقْعَدَتُهٗ لِوَسَنِ النَّوْمِ فَعَلَيْهِ الوُضُوْءُ.

ترجمہ: (حدیث کا ترجمہ اوپر آ گیا، ابن عباسؓ کی اس حدیث میں ایک راوی ابو خالد دالانی ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابو خالد کا نام یزید بن عبد الرحمٰن ہے (یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، سچے تھے۔ مگر غلطیاں بہت کرتے تھے) (حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کا ترجمہ بھی اوپر گیا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے اور صالح کہتے ہیں: میں نے ابن المبارک سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو بیٹھے ہوئے بدن کا پچھلا حصہ زمین پر جمائے ہوئے سو جائے؟ تو انھوں نے فرمایا: اس کی وضو نہیں ٹوٹتی —— امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابن عباس کی مذکورہ حدیث کی ابو خالد دالانی کی سند کے علاوہ ایک اور سند بھی ہے۔ سعید بن ابی عروبہ: قتادہ سے، وہ ابن عباس سے ان کا قول روایت کرتے ہیں۔ اور وہ سند میں ابو العالیہ کا ذکر نہیں کرتے نہ وہ حدیث کو مرفوع کرتے ہیں (بلکہ ابن عباس پر موقوف کرتے ہیں یعنی ان کا قول بتاتے ہیں) —— اور سونے سے وضوء میں علماء مختلف ہیں: اکثر کی رائے یہ ہے کہ اس پر وضوء واجب نہیں، جب بیٹھے ہوئے یا کھڑے ہوئے سوئے، تا آنکہ لیٹ کر سوئے، یہ ثوری ابن المبارک اور امام احمد کی رائے ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: جب کوئی ایسا سویا کہ اس کو بھان نہیں رہا تو اس پر وضوء واجب ہے۔ یہ امام اسحاق کی رائے ہے۔ اور امام شافعی نے فرمایا: جو شخص بیٹھے ہوئے سویا پس اس نے کوئی خواب دیکھا یا اس کے جسم کا پچھلا حصہ اونگھ کی وجہ سے زمین سے اٹھ گیا تو اس پر وضوء واجب ہے۔

تشریح: انبیاء کی صرف آنکھیں سوتی ہیں دل نہیں سوتا یہ مطلقاً نہیں ہے، خاص احوال کی بات ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نیند کو سُبات (راحت کی چیز) بنایا ہے اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب گہری نیند سوئے۔ چنانچہ نبی ﷺ

نے کبھی تہجد کے وقت اٹھ کر وضوء کئے بغیر نماز نہیں پڑھی، ہاں تہجد کے وقفوں میں جو آپ لیٹ کر سوتے تھے تو اٹھ کر نئے وضوء کئے بغیر نماز آگے جاری رکھتے تھے۔

اس کی نظیر نبی ﷺ کا پیچھے دیکھنا ہے۔ آگے دیکھنا تو فطری تھا اور پیچھے دیکھنا بطور معجزہ تھا اور معجزہ نبی کے اختیار میں نہیں ہوتا، جب اللہ تعالیٰ چاہیں ظاہر ہوتا ہے۔ پس ہمیشہ آپ پیچھے نہیں دیکھتے تھے اسی طرح انبیاء کی نیند بھی بعض حالات میں ناقض وضوء نہیں، ہر حال کی یہ بات نہیں واللہ اعلم۔

بابُ الوُضُوْءِ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

آگ پر پکی ہوئی چیز کے کھانے سے وضوء کا حکم

یہ یکے بعد دیگرے دو باب ہیں، پہلے باب کا ماحصل یہ ہے کہ مامَسَّتِ النار کی مزاولت سے یعنی جو چیز آگ پر پکی ہو اس کے کھانے پینے سے وضو ٹوٹ جاتی ہے۔ اور دوسرے باب میں اس سے وضو نہ ٹوٹنے کا بیان ہے۔ نبی ﷺ، خلفائے راشدین اور اکثر صحابہ آگ پر تیار کی ہوئی چیز کھاتے پیتے تھے، پھر نماز پڑھتے پڑھاتے تھے، اور نئی وضو نہیں کرتے تھے۔ اس مسئلہ میں پہلے تھوڑا اختلاف تھا۔ اب وضو نہ ٹوٹنے پر امت کا اجماع ہے۔ پہلے باب میں جو حدیثیں ہیں وہ قولی ہیں اور دوسرے باب کی تمام حدیثیں فعلی ہیں۔ اور وہ سب اعلی درجہ کی ہیں۔ علماء نے ان میں تطبیق دینے کے لئے مختلف راہیں اختیار کی ہیں۔

① —— پہلے باب کی حدیثیں منسوخ ہیں اور دوسرے باب کی ناسخ، یعنی نبی ﷺ کی زندگی کے دو دور ہیں: پہلے آپ مامست النار سے وضو فرماتے تھے، پھر آپؐ کا عمل بدل گیا۔ دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: وہ فرماتے ہیں: كان آخِرُ الأَمْرَيْنِ مِن رَّسُول الله صلى الله عليه وسلم تَرْكَ الوضوء مما غَيَّرتِ النار یعنی نبی ﷺ کے دو عملوں میں سے آخری عمل مامست النار سے وضو نہ کرنے کا ہے (ابوداؤدا: ۲۵) معلوم ہوا کہ جن حدیثوں میں مامست النار کی مزاولت سے وضو کرنے کا حکم ہے وہ پہلے کی روایات ہیں اور منسوخ ہیں۔

مگر اس تطبیق پر اطمینان نہیں، کیونکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث میں أمرین سے نبی ﷺ کی زندگی کے جو دو دور مراد لئے گئے ہیں یہ تفسیر متعین نہیں ہے، ممکن ہے یہ حدیث ایک تفصیلی واقعہ کا اختصار ہو۔ تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ اور شیخین: ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ابوالہیثم بن تیہان انصاری رضی اللہ عنہ کے کھجوروں کے باغ میں تشریف لے گئے، انھوں نے مہمانوں کے لئے بکری کا گوشت بنایا۔ نبی ﷺ نے اور صحابہ نے گوشت کھایا اور تازہ کھجوریں بھی کھائیں۔ جب ظہر کا وقت آیا تو سب نے وضو کی اور نماز پڑھی۔ نماز کے بعد سب حضرات بیٹھ گئے، باتیں ہوتی رہیں، عصر سے پہلے بکری کے وہ حصے جو تفکہ کے طور پر کھائے جاتے ہیں لائے گئے۔ سب نے کھایا،

پھر سب نے نئے وضو کئے بغیر عصر کی نماز پڑھی۔ یہ جو ایک دن میں دو معاملے پیش آئے ہیں یعنی ظہر کی نماز وضو کر کے پڑھی اور عصر کی نماز نئے وضو کئے بغیر پڑھی: أمرین سے یہ دونوں باتیں مراد ہو سکتی ہیں۔ پس اس حدیث (کان آخر الأمرین) کو دلیل نسخ بنانا درست نہیں۔ کیونکہ احتمال ہے کہ مامست النار سے وضو کا حکم بعد میں آیا ہو۔

② —— پہلے باب کی حدیثیں معمول بہ ہیں اور امر استحباب کے لئے ہے، یعنی مامست النار کی مزاولت سے وضو کرنا مستحب ہے، یہ توجیہ بھی عام طور پر پسند نہیں کی گئی۔ اور کسی فقہ میں اس کو مستحب نہیں لکھا۔ علاوہ ازیں حدیث کے راوی (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) وجوب مراد لے رہے ہیں، پس اس توجیہ میں راوی کا تخطیہ لازم آئے گا۔

③ —— حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے فرمایا کہ جن حدیثوں میں مامست النار سے وضو کا حکم ہے وہ خواص امت کے لئے ہے اور خواص امت وہ ہیں: جن کا ذہن مسبب سے سبب کی طرف منتقل ہوتا ہے، ان کو مامست النار کی مزاولت سے وضو کرنی چاہئے اور دوسرے باب کی حدیثوں میں عام مسلمانوں کے لئے مسئلہ بیان کیا ہے کہ نئے وضو واجب نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جتنے مسببات ہیں ان کے ظاہری اسباب ہیں۔ کھانے سے شکم سیر ہوتا ہے، پینے سے سیراب ہوتا ہے، آگ میں پڑنے سے جلتا ہے۔ یہ ظاہری اسباب ہیں۔ دوسرے حقیقی اسباب ہیں: اور وہ اللہ کی صفات ہیں، یہ سارا جہاں اللہ کی صفات کا مظہر ہے۔ جہنم اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے، اور جہنم کا مظہر اس دنیا کی آگ ہے۔ پس جو شخص خواصِ امت میں سے ہے جب وہ چائے پیئے گا تو اس کا ذہن فوراً گرم چائے سے آگ کی طرف منتقل ہوگا اور آگ سے جہنم کی طرف اور جہنم سے اللہ کی صفت غضب کی طرف اور جب ذہن اللہ کی صفت غضب کی طرف منتقل ہو گیا تو اب اس کو اس حال میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے بلکہ اُسے چاہئے کہ وضو کرے تاکہ پانی سے اس کا ذہن جنت کی طرف منتقل ہو اور جنت سے اللہ کی صفت رحمت کی طرف۔ پھر جب ذہن اللہ کی صفت رحمت کی طرف منتقل ہو گیا تو اب نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہو۔

④ —— ایک توجیہ یہ کی گئی ہے کہ مامست النار کی روایت میں وضو سے وضو لغوی مراد ہے، یعنی ہاتھ منہ دھونا۔ اور دوسرے باب کی روایات میں جو وضو کی نفی ہے اس سے وضو شرعی کا عدم وجوب مراد ہے (اس توجیہ کی تفصیل آگے آرہی ہے)

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ آگ پر پکی ہوئی چیز سے وضو ضروری ہے چاہے وہ سوکھے ہوئے دودھ کا ٹکڑا ہو۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سوال کیا: ''اگر ہم بدن میں تیل لگائیں یا گرم پانی سے وضو کریں تو کیا حکم ہے؟'' یعنی خارجی استعمال کا کیا حکم ہے؟ یہ ایک مشکل سوال تھا۔ اگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ جواب دیتے کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹتی اور گرم پانی سے وضو جائز ہے تو ابن عباسؓ عرض کرتے کہ داخلی استعمال کا بھی

یہی حکم ہونا چاہئے۔اور اگر دوسرا جواب دیتے تو اس کی دلیل پیش کرنا مشکل ہوجاتا، اس لئے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو ڈانٹ دیا کہ جب ہم نبی ﷺ کی حدیث بیان کریں تو تم عقلی گھوڑے نہ دوڑایا کرو!

ایک موقع پر یہی اعتراض حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی کیا تھا۔ابن عباسؓ تو چھوٹے تھے اس لئے ان کو ڈانٹ کر خاموش کردیا، لیکن ابن عمرؓ علم وفضل میں ان کے ہم پلہ بلکہ بڑھ کر تھے۔ان کو ڈانٹ کر خاموش نہیں کیا جاسکتا تھا اس لئے ان کو یہ جواب دیا کہ:''آپ قریشی ہیں اور میں دَوسی ہوں'' ابن عمرؓ سمجھ گئے اور فرمایا کہ اچھا آپ اللہ پاک کے ارشاد:﴿بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ﴾ کے تحت پناہ لے رہے ہیں؟!(سورۃ الزخرف آیت ۵۸) یہ آیت کفارِ قریش کے بارے میں ہے کہ وہ جھگڑالو قوم ہے ان سے ٹکر لینا اور پنجہ آزمائی کرنا آسان نہیں (یہ روایت طحاوی میں ہے)

غور کرنے کی بات یہ ہے کہ ان دونوں حضرات نے جو اعتراض کیا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں، اس کے باوجود دونوں نے حضرت ابو ہریرہ کی حدیث کو جھوٹا نہیں بتلایا۔معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک بھی حدیث صحیح ہے مگر راوی اس سے جو مسئلہ مستنبط کررہا ہے اس سے ان حضرات کو اتفاق نہیں۔

فائدہ: الوضوء مِمَّا مَسَّتِ النارُ میں مجاز بالحذف ہے۔مِن سے پہلے واجبٌ اور ما سے پہلے مُزاولةُ اور النار سے پہلے عائد محذوف ہے۔تقدیرِ عبارت ہے: الوضوء واجبٌ من مُزَاوَلَةِ مَامَسَّتْهُ النارُ. یعنی وضو واجب ہے ان چیزوں کو استعمال کرنے سے جن کو آگ نے چھویا ہے۔چونکہ مزاولة (استعمال کرنا) أکل (کھانے پینے) سے عام ہے اس لئے یہ حکم ان تمام چیزوں کو شامل ہوگا جو آگ پر تیار کی گئی ہیں خواہ ان کا داخلی استعمال کیا جائے یا خارجی۔جیسے: گرم پانی سے وضو کرنا اور مُقَطَّط: تیل یعنی آگ پر پکا کر خوشبودار کیا ہوا تیل، سر میں یا بدن میں لگانا —— ولو من ثَوْرِ أَقِطٍ میں لو وصلیہ ہے اور اس کے ساتھ واو ضرور آتا ہے۔اور اس کا ترجمہ ''چاہے'' اور ''اگرچہ'' ہوتا ہے۔الثور کے ایک معنی بیل کے بھی ہیں دوسرے معنی ہیں: ٹکڑا۔یہاں یہی معنی مراد ہیں۔اور أَقِط سوکھائے ہوئے دودھ کو کہتے ہیں اس کا عربوں میں رواج ہے، وہ دودھ کو پھاڑتے ہیں پھر اس کو سوکھاتے ہیں اور کھاتے ہیں(۱) لوگ اس کا ترجمہ پنیر بھی کرتے ہیں۔شاید حدیث میں یہ مراد نہیں۔

[۵۸-] بابُ الوضوءِ مما غَيَّرَتِ النار

[۸۳-] حَدَّثَنَا ابنُ أبى عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبى سَلَمَةَ، عن أبى هريرةَ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''الوُضُوْءُ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ، وَلَوْ مِنْ ثَوْرِ أَقْطٍ'' قَالَ:

(۱) لسان العرب میں ہے: الأَقِطُ: شيئٌ يُتَّخَذُ من اللبن المَخِيْضِ، يُطْبَخُ ثم يُتْرَكُ حتى يَمْصُلَ: اقِط: ایک چیز ہے جو بلائے ہوئے دودھ سے بنائی جاتی ہے، پھر پکایا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کا پانی ٹپک جاتا ہے۱۲

فَقالَ لَه ابنُ عَبَّاسٍ: أَنَتَوَضَّأُ مِنَ الدُّهْنِ؟ أَنَتَوَضَّأُ مِن الحَمِيْمِ؟ فَقال أبو هريرة: يا ابنَ أَخِيْ! إِذَا سَمِعْتَ حَدِيْثًا عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَلاَ تَضْرِبْ لَهُ مَثَلاً!

وفی البابِ: عن أُمِّ حَبِيْبَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وأبی طَلْحَةَ، وأبی أيوبَ، وأبی مُوسىٰ.

قال أبوعيسى: وَقَدْ رَأَىٰ بَعْضُ أهلِ العِلْمِ الوُضُوْءَ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ، وأَكْثَرُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابعين ومَنْ بَعْدَهُمْ عَلىٰ تَرْكِ الْوُضُوْءِ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ.

ترجمہ: ان چیزوں سے وضو کے واجب ہونے کا بیان جن کو آگ نے بدل دیا ہے یعنی وہ آگ پر پکائی گئی ہیں۔
امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض علماء (جیسے ابو ہریرہ اور ابن المنذ روغیرہ) نے وضو کو واجب کہا ہے ان چیزوں سے جن کو آگ نے بدل دیا ہے، اور اکثر صحابہ وتابعین اور بعد کے علماء کی رائے یہ ہے کہ ما غیرت النار سے وضو واجب نہیں (اور حدیث میں قال: فقال ابن عباس کا مرجع ابوسلمہ ہیں)

بابٌ فی تَرْكِ الوُضُوءِ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے اور اس میں جمہور کی دلیل ہے اور باب کی حدیث میں اگرچہ ابن عقیل ہیں جو کمزور راوی ہیں مگر چونکہ ان کے متابع محمد بن المنکدر موجود ہیں اس لئے روایت صحیح ہے۔ علاوہ ازیں باب میں دوسری بہت سی صحیح احادیث موجود ہیں۔

[۵۹-] باب فی تَرْكِ الوضوءِ مما غيرت النار

[۸۴-] حَدَّثَنَا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ مُحمدِ بنِ عَقيلٍ، سَمِعَ جَابِرًا قَالَ سفيان: وحدثنا محمدُ بن المُنكَدِر، عن جابرٍ قال: خَرَجَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وَأَنَا مَعَهُ، فَدَخَلَ عَلَى امْرَأَةٍ مِنَ الأَنْصارِ فَذَبَحَتْ لَهُ شَاةً فَأَكَلَ وَأَتَتْهُ بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ، فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ تَوَضَّأَ لِلظُّهْرِ وَصَلّٰى، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَتَتْهُ بِعُلاَلَةٍ مِنْ عُلاَلَةِ الشَّاةِ، فَأَكَلَ ثُمَّ صَلَّى العَصْرَ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

وفِی البابِ: عن أبی بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَلَا يَصَحُّ حَدِيْثُ أبی بَكْرٍ فی هٰذا مِن قِبَلِ إِسْنَادِهِ إِنَّمَا رَوَاهُ حُسَامُ بنُ مِصَكٍ، عنِ ابنِ سِيْرِيْنَ، عن ابنِ عباسٍ، عن أبی بكرٍ الصديقِ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَالصَّحِيْحُ إِنَّمَا هُوَ عَنِ ابنِ عباسٍ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، هٰكَذَا رَوَاهُ الحُفَّاظُ؛ وَرُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن ابنِ سِيْرِيْنَ عن ابنِ عَبَّاسٍ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ عَطَاءُ بنُ يَسَارٍ، وعِكْرِمَةُ، ومُحمدُ بنُ عَمْرِو بنِ عَطَاءٍ، وعَلِیُّ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ، وغَيْرُ

وَاحِدٍ عن ابنِ عباسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ، عَنْ أبی بکرٍ الصِّدیق وھٰذا أَصَحُّ.

وفِی الباب: عَن أبی ھُرَیرةَ، وابنِ مسعودٍ، وأبی رافعٍ، وأُمِّ الْحَکَمِ، وعَمْرِو بنِ أُمَیَّةَ وَأُمِّ عَامِرٍ وَسُوَیْدِ بنِ النُّعْمَانِ، وُأُمِّ سَلَمَةَ.

قال أبو عیسی: والعَمَلُ علی ھٰذا عند أَکْثَرِ أھلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَالتَّابعینَ ومَن بَعْدَھُمْ مِثْلُ: سُفیانَ،وابنِ المُبَارکِ والشَّافعیِّ وأحمدَ وإسحاقَ: رَأَوْا تَرْکَ الوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ، وھٰذَا آخِرُالْأَمْرَیْنِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَکَأَنَّ ھٰذا الحدیثَ نَاسِخٌ لِلْحَدِیْثِ الْأَوَّلِ: حَدِیْثِ الوُضُوْءِ مِمَّا مَسَّتِ النَّارُ.

ترجمہ:ان چیزوں سے وضونہ کرنے کا بیان جن کوآگ نے بدل ڈالا ہے،حضرت جابرؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ایک انصاری عورت کے گھر تشریف لے گئے اور میں آپؐ کے ساتھ تھا،آپؐ اس انصاری خاتون کے گھر پہنچے اس خاتون نے آپؐ کے لئے بکری ذبح کی۔آپؐ نے تناول فرمایا، پھراس عورت نے تازہ کھجوروں کی ایک تھال آپؐ کے روبروپیش کی،پس آپؐ نے اس میں سے (بھی) کھایا۔پھرآپؐ نے وضوکر کے ظہر پڑھی پھرآپ لوٹ آئے۔تو اس خاتون نے بکری کا باقی ماندہ جوتفکہ کے طور پرکھایا جاتا ہے پیش کیا۔آپ نے تناول فرمایا، پھرآپ نے عصر کی نماز پڑھی اورنئی وضونہ کی ـــــــ اور باب میں حضرت ابوبکرصدیق کی حدیث ہے۔اوراس کی سندصحیح نہیں۔اس حدیث کوابن سیرین سے صرف حسام بن مِصَک روایت کرتا ہے،وہ ابن عباس سے، وہ ابوبکرصدیقؓ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (اورحسام بن مصک ضعیف راوی ہے)اورصحیح بات یہ ہے کہ یہ ابن عباس کی روایت ہے، نبی ﷺ سے (یعنی حسام نے جوابوبکرصدیق کا واسطہ بڑھایا ہے وہ صحیح نہیں) اس حدیث کو بڑے محدثین نے اسی طرح روایت کیا ہے (اس کی تفصیل یہ ہے: اورابن سیرین سے یہ حدیث متعددطرق سے روایت کی گئی ہے، وہ ابن عباس سے،اوروہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔اوراس کوعطاء بن یسار،عکرمہ،محمد بن عمرواورعلی بن عبداللہ وغیرہ ابن عباس سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔اوران حضرات نے اس حدیث کی سند میں ابوبکرصدیق کا تذکرہ نہیں کیااوریہی زیادہ صحیح ہے۔اور باب میں ابوہریرہ الی آخرہ کی حدیثیں بھی ہیں (چونکہ وفی الباب میں ایک حدیث کا حوالہ دینے کے بعداس کی سند پر بحث شروع کردی تھی اورطویل فاصلہ ہوگیا تھااس لئے وفی الباب مکرر لائے ہیں،یعنی یہ ایک باب میں دومرتبہ وفی الباب لانانہیں ہے)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس پراکثر صحابہ وتابعین اور بعد کے علماء، مثلاً: سفیان ثوری،ابن المبارک، شافعی،احمداوراسحاق رحمہم اللہ کا عمل ہے۔یہ حضرات مامست النار کی مزاولت سے وضوواجب نہیں کہتے۔اوریہی نبی

ﷺ کا آخری عمل ہے۔ گویا یہ حدیث پہلے باب کی حدیث کے لئے جو ما مست النار کی مزاولت سے وضو واجب ہونے پر دلالت کرتی ہے ناسخ ہے (کَاَنَّ: گویا: توجیہ کے ضعف پر دلالت کرتا ہے)

تشریح:

۱- اس حدیث میں تحویل ہے اور علامت تحویل لکھی ہوئی نہیں ہے۔ تحویل کبھی مصنف کی طرف سے ہوتی ہے اس کی بہت سی مثالیں گذر چکی ہیں، اور کبھی سند کے بیچ سے اوپر کی طرف ہوتی ہے۔ یہاں یہی صورت ہے۔ ابن عیینہ دو سندوں سے یہ روایت بیان کرتے ہیں: (۱) عن ابن عقیل، عن جابر (۲) عن محمد بن المنکدر، عن جابر تحویل کی اس دوسری صورت میں ح لکھنے کا معمول نہیں۔

۲- وفی الباب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث کا حوالہ ہے۔ یہ حدیث مسند ابو یعلی اور مسند بزّار میں ہے۔ وہاں سے علامہ ہیثمی رحمہ اللہ نے مجمع الزوائد (۱:۲۵۱) میں نقل کی ہے اور فرمایا ہے کہ اس حدیث کے ضعف پر محدثین کا اتفاق ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس کی سند غیر محفوظ ہے اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حدیث نہیں ہے، بلکہ حضرت ابن عباس کی حدیث ہے۔ ابوبکرؓ کا نام صرف حسام بن مِصَکّ بڑھاتا ہے اور وہ ضعیف راوی ہے۔ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے اس کو تقریباً متروک کہا ہے (تقریب ص:۱۵۷) اور اس سند کے غیر محفوظ ہونے کی دلیل یہ ہے کہ ابن سیرین کے دوسرے تلامذہ جو حفظ واتقان میں اعلی درجہ کے ہیں، وہ ابن عباس پر سند روک دیتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ کا تذکرہ نہیں کرتے۔

فائدہ: اس باب میں دو باتیں خاص توجہ طلب ہیں۔ اور دونوں امام ترمذیؒ کی عادت (طریقہ) سے متعلق ہیں:

۱- امام ترمذیؒ کبھی وفی الباب کی کسی حدیث کی سند پر "ہوائی بحث" کرتے ہیں۔ اور وہ بحث عام طور پر وفی الباب کی فہرست مکمل کرنے کے بعد کرتے ہیں۔ جیسے: باب (۴) میں زید بن ارقم کی حدیث کی سند پر کلام کیا ہے، مگر کبھی وفی الباب کی فہرست مکمل ہونے سے پہلے ہی بحث شروع کر دیتے ہیں، جیسے: یہاں کیا ہے، آگے بھی کبھی ایسا کریں گے اس کا خیال رکھنا چاہئے۔

۲- سند کی بحث میں کبھی ایک بات اولاً مختصر بیان کرتے ہیں، پھر اس کی تفصیل کرتے ہیں، اور انداز ایسا ہوتا ہے کہ قاری کو غلط فہمی ہو جاتی ہے کہ یہ امام صاحب کوئی نئی بات بیان کر رہے ہیں، حالانکہ وہ پہلی ہی بات کی تفصیل ہوتی ہے۔ یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے۔ پہلے فرمایا: ھکذا رواہ الحفّاظ یعنی تمام ثقہ رواۃ سند کے آخر میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کرتے۔ پھر آگے اسی کی تفصیل کی ہے، اور عطاء بن یسار وغیرہ حفاظ کی اسانید بیان کی ہیں کہ وہ حضرت ابوبکرؓ کا تذکرہ نہیں کرتے۔

بابُ الوُضُوْءِ مِن لُحُوْمِ الإِبِلِ

اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو کا حکم

یہ مستقل مسئلہ ہے یا اوپر والے مسئلہ سے اس کا تعلق ہے؟ امام احمد اور اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ یہ مستقل مسئلہ ہے۔ اونٹ کا گوشت کھانے سے وضو ٹوٹ جاتی ہے، خواہ پکا ہوا گوشت کھائے یا کچا۔ ان کی دلیل باب کی حدیث ہے، نبی ﷺ سے اونٹ کے گوشت کے بارے میں پوچھا گیا؟ آپؐ نے فرمایا: اس سے وضو کرو، اور بکری کے گوشت کے بارے میں پوچھا گیا؟ تو آپؐ نے فرمایا: اس سے وضوء مت کرو۔ امام احمد اور امام اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ چونکہ نبی ﷺ نے اونٹ کے گوشت سے وضو کرنے کا حکم دیا ہے اس لئے وہ ناقض وضو ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص اونٹ کا بھیجا، کلیجی، تلّی، گردہ، دل، یا اوجھڑی کھائے تو اس سے وضو نہیں ٹوٹتی، کیونکہ ان چیزوں پر لحم کا اطلاق نہیں ہوتا۔ وضو صرف گوشت کھانے سے ٹوٹتی ہے۔

دیگر تمام ائمہ فرماتے ہیں کہ جس طرح آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتی، اونٹ کے گوشت سے بھی وضو نہیں ٹوٹتی، اونٹ کے گوشت کے ناقض وضو ہونے کی کوئی ایسی صریح دلیل موجود نہیں جس میں تاویل نہ ہو سکے، گویا عدم دلیل ہی جمہور کی دلیل ہے۔

باب کی روایت جو امام احمد کا مستدل ہے جمہور نے اس کی متعدد توجیہیں کی ہیں:

(۱) جب مامست النار والی حدیث منسوخ ہوگئی تو یہ حدیث بھی منسوخ ہوگئی، کیونکہ اونٹ کا گوشت پکا ہوا ہی کھایا جاتا ہے۔

(۲) یہ حکم خواصِ امت کے لئے ہے ـــــ مگر یہ دونوں توجیہیں محل نظر ہیں اس لئے کہ اس صورت میں اونٹ اور بکری کے گوشت کے درمیان فرق کرنا بے معنی ہو جاتا ہے۔

(۳) یہ حکم استحبابی ہے، مگر سوال پیدا ہوگا کہ تینوں ائمہ کی فقہوں میں یہ مسئلہ کیوں مذکور نہیں؟

(۴) وضو کی دو قسمیں ہیں: وضو شرعی اور وضو لغوی۔ وضو شرعی: نماز والی وضو ہے اور وضو لغوی ہاتھ منہ دھونے کو کہتے ہیں۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ چونکہ اونٹ کا گوشت چکنا ہوتا ہے اس کو کھانے کے بعد اگر اچھی طرح ہاتھ منہ نہ دھوئے جائیں تو عفونت باقی رہتی ہے۔ اس لئے نبی ﷺ نے وضو کا یعنی ہاتھ منہ دھونے کا حکم دیا، اور بکری کے گوشت میں چکناہٹ کم ہوتی ہے اس لئے اس کے کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونا ضروری نہیں، جی چاہے تو دھوئے نہ چاہے تو نہ دھوئے (۱)

(۱) عرب مسالا دار گوشت نہیں کھاتے تھے صرف گوشت بھون کر کھاتے تھے، نمک بھی بہت کم لگاتے تھے۔ اس طریقہ سے ←

اوراس توجیہ کی تائیداس حدیث مرفوع سے ہوتی ہے: بَرَکَةُ الطعام الوضوءُ قبلَه والوضوءُ بعدَه (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۰۸ کتاب الاطعمۃ) اس حدیث میں وضو سے بالا جماع وضولغوی یعنی ہاتھ منہ دھونا مراد ہے، دوسری حدیث: حضرت عکراش رضی اللہ عنہ کی ہے۔ وہ نبی ﷺ کے مہمان بنے اور نبی ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا، جب کھانے سے فارغ ہوئے تو آپؐ نے پانی منگوایا اور ہاتھوں کو دھویا اور فرمایا: یا عِکْراشُ! هذا الوضوءُ مما غيرتِ النار: اے عکراش! مامست النار سے جو وضوء ہے وہ یہ ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۳۳ کتاب الاطعمۃ)

یہ توجیہ سب سے اچھی ہے اس سے اس باب کی حدیث کا اور باب (۵۸) کی حدیثوں کا حل نکل آتا ہے کہ ان میں وضوشرعی مرادنہیں بلکہ وضولغوی مراد ہے۔ مگر میں نے یہ توجیہ سب سے آخر میں اس لئے بیان کی ہے کہ اس میں صحابہ کاتخطیہ لازم آتا ہے، جوصحابہ حدیث: توضؤا مما مست النار: بیان کرتے تھے وہ وضوشرعی مراد لیتے تھے۔ ان پر اعتراض ہوگا کہ کیا وہ اپنی حدیث کو سمجھے نہیں تھے؟ یہ ایک ایسی سخت بات ہے جس کی جلدی سے کوئی ہمت نہیں کرسکتا۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے تو ایسی جگہوں کے لئے ایک ضابطہ بنایا ہے کہ: العِبرة بما رَوى لابما رأى: راوی کی روایت کا اعتبار ہے، اس نے روایت کا جو مطلب سمجھا ہے اس کو لینا ضروری نہیں۔ مجتہد اگر روایت کا دوسرا مطلب سمجھتا ہے تو اس کو اس کا حق حاصل ہے۔ یعنی امام شافعی رحمہ اللہ نے دو چیزیں الگ کردیں: ایک نقلِ روایت، دوسری: فہم روایت۔ اول حجت ہے اور ثانی حجت نہیں، کیونکہ اس کا تعلق اجتہاد سے ہے۔ اور باب اجتہاد میں صحابی اور غیر صحابی ان کے نزدیک یکساں ہیں، ان کا قول معروف ہے: هم رجال ونحن رجال! پھر یہاں تو روایت کے معنی اجتہاد سے متعین نہیں کئے جارہے، بلکہ دوسری روایات کی روشنی میں متعین کئے جارہے ہیں اس لئے اگر صحابی کا تخطیہ لازم آتا ہے تو کوئی بڑی بات نہیں۔

[٦٠-] باب الوضوء من لحوم الإبل

[٨٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعاوِيةَ، عن الأَعْمَشِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلٰى، عن البَراءِ بنِ عازِبٍ، قال: سُئِلَ رسولُ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن الوُضُوْءِ مِنْ لُحُوْمِ الإِبِلِ فَقَالَ: ''تَوَضَّؤُمِنْها'' وَسُئِلَ عن الوُضُوْءِ مِن لُحُوْمِ الغنَمِ فَقَالَ: '' لاَ تَتَوَضَّؤُا مِنْهَا''

وفى الباب: عن جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وأُسَيْدِ بنِ حُضَيْرٍ.

قال أبو عيسى: وقَدْ رَوَى الحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ هٰذا الحديثَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن عبدِ

← گوشت کھانے میں اونٹ اور بکری کے گوشت میں فرق ہوگا، اور اب لوگ مسالے والا گوشت کھاتے ہیں بلکہ مسالا ہی کھاتے ہیں پس اس صورت میں دونوں میں فرق نہیں ہوگا ۱۲

الرحمنِ بنِ أبی لَیْلٰی، عن أُسَیْدِ بنِ حُضَیْرٍ، وَالصَّحِیْحُ حَدیثُ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَیْلٰی، عنِ البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ —— وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وَإِسْحَاقَ —— وَرَوَی عُبَیْدَةُ الضَّبِّیُّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ الرَّازِیِّ، عن عبدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أبی لَیْلٰی، عَن ذِی الغُرَّةِ.

وَرَوَی حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ هٰذَا الحدیثَ، عنِ الحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، فَأَخْطَأَ فِیْهِ، وقَالَ: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَیْلٰی، عن أَبِیْهِ، عن أُسَیْدِ بنِ حُضَیْرٍ؛ وَالصَّحِیْحُ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ الله الرَّازِیِّ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَیْلٰی، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ.

قَال إِسْحَاقُ: أَصَحُّ مَا فِی هٰذا البَابِ حَدِیْثَانِ عَن رَسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: حدیثُ البَرَاءِ، وحدیثُ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ.

ترجمہ: اونٹ کے گوشت سے وضوکرنے کا بیان (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حجاج بن ارطاۃ نے عبداللہ بن عبداللہ سے، وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، وہ اُسید بن حضیر سے روایت کرتے ہیں۔ اور صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی براء بن عازب سے ہے —— اور یہی امام احمد اور اسحاق بن راہویہ کا قول ہے —— اور عبیدۃ ضَبّی نے یہ حدیث عبداللہ بن عبداللہ سے، اس نے عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، اس نے ذوالغرّۃ سے روایت کی ہے۔

اور حماد بن سلمہ نے یہ حدیث حجاج بن ارطاۃ سے روایت کی ہے۔ پس حماد نے استاذ کا نام لینے میں غلطی کی ہے۔ وہ کہتے ہیں: حجاج روایت کرتے ہیں عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، وہ اپنے والد سے، وہ اسید بن حضیر سے (یعنی انھوں نے دوالگ الگ راویوں کو باپ بیٹا بنادیا) اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن عبداللہ رازی کی ہے، وہ روایت کرتے ہیں عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، وہ براء بن عازب سے —— اسحاق بن راہویہ نے فرمایا: اس باب میں نبی ﷺ سے دو حدیثیں ثابت ہیں: ایک: براء بن عازب کی۔ دوسری: جابر بن سمرۃ کی۔

سندوں کی وضاحت: باب کی حدیث عبداللہ بن عبداللہ رازی سے ان کے تین تلامذہ: اعمش، حجاج بن ارطاۃ اور عبیدۃ ضبی روایت کرتے ہیں۔ اعمش: براء بن عازب تک سند پہنچاتے ہیں، حجاج: اُسید بن حضیر تک۔ اور عبیدۃ ضبّی: ذوالغرّۃ جہنی تک۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت براء کی ہے۔ اور حجاج نے اور عبیدۃ ضبی نے جو اس کی سند اسید بن حضیر اور ذوالغرۃ تک پہنچائی ہے وہ صحیح نہیں۔ یہ ان دونوں کی غلطی ہے، کیونکہ حجاج اگرچہ صدوق ہیں مگر غلطیاں بہت کرتے ہیں۔ اور عبیدۃ بن معتّب ضعیف ہونے کے علاوہ حدیثوں میں غت ربود بھی کرتے ہیں (تقریب)

اس کے علاوہ حضرت براء کی حدیث کے صحیح ہونے پر اور دوسری دوسندوں کے صحیح نہ ہونے پر دلیل حضرت

اسحاق رحمہ اللہ کا قول ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس باب میں صرف دو حدیثیں صحیح ہیں۔ ایک حضرت براء کی، دوسری حضرت جابر بن سمرۃ کی۔

اور حجاج بن ارطاۃ سے حماد بن سلمہ نے یہ حدیث روایت کی ہے تو انھوں نے حجاج کے استاذ کا نام عبداللہ بن عبد الرحمٰن بتایا ہے، یعنی دو الگ الگ راویوں کو باپ بیٹا بنادیا ہے یہ حماد کی غلطی ہے۔ اور صحیح نام عبداللہ بن عبداللہ رازی ہے، وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں۔

باب الوضوء من مَسِّ الذَّکر

شرمگاہ چھونے سے وضوء کا حکم

یہ دو باب ساتھ ہیں ان دونوں بابوں میں مسئلہ یہ ہے کہ مس ذکر سے وضو ٹوٹتی ہے یا نہیں؟ یہاں ''ذکر'' عام ہے، خواہ آگے کی شرمگاہ ہو یا پیچھے کی، مرد کی شرمگاہ ہو یا عورت کی، یہ لفظ سب کو شامل ہے(۱) اگر مرد وزن میں سے کوئی اپنی شرمگاہ کو بغیر آڑ کے ہاتھ لگائے یا دوسرے کی شرمگاہ کو چھوئے تو وضو باقی رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ٹوٹ جائے گی، اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک نہیں ٹوٹے گی۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کی روایات مختلف ہیں۔ معارف السنن میں اور دیگر کتابوں میں یہ قصہ لکھا ہے کہ امام احمد، علی بن المدینی اور یحییٰ بن معین رحمہم اللہ مسجد خیف میں جمع ہوئے۔ علی بن المدینی اور ابن معین رحمہما اللہ کے درمیان مس ذکر کا مسئلہ چھڑ گیا، ابن المدینی رحمہ اللہ نے حضرت بسرۃ رضی اللہ عنہا کی حدیث پیش کی اور کہا کہ مس ذکر سے وضو ٹوٹ جاتی ہے۔ اور ابن معین نے طلق بن علی کی روایت پیش کی اور کہا کہ اس سے وضو نہیں ٹوٹتی۔ دونوں نے ایک دوسرے کی حدیثوں پر اعتراض کئے، پھر دونوں نے امام احمد رحمہ اللہ سے فیصلہ چاہا، امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: ''آپ دونوں ہی صحیح کہتے ہیں'' معلوم ہوا کہ امام احمد اس مسئلہ میں مذبذب ہیں، اور ان کے مذہب کی کتابوں میں بھی تین روایتیں ہیں: مطلقاً وضو ٹوٹ جاتی ہے، مطلقاً نہیں ٹوٹتی اور بالقصد چھوئے تو وضو ٹوٹتی ہے ورنہ نہیں۔ اب حنابلہ کے نزدیک راجح پہلا قول ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے بھی اس مسئلے میں متعدد اقوال ہیں۔ اور بحث وتمحیص کے بعد جو بات مالکیہ کے نزدیک منقح ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ مس ذکر سے وضو ٹوٹتی تو نہیں مگر نئی وضو کرنا سنت ہے ـــــ خلاصۂ اختلاف یہ ہے کہ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مس ذکر ناقض وضو نہیں، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ناقض ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں اختلاف اصلی نہیں ہے بلکہ فرعی ہے۔ اصل اختلاف ''عورت کو چھونے''

(۱) الفرج: اسمٌ لمخرج الحدث، ویتناول الذکر والدبر وقُبُلَ المرأة (المغنی)

میں ہوا ہے۔ اگر باوضو آدمی عورت کو چھوئے یا باوضو عورت مرد کو چھوئے تو وضو باقی رہتی ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ وضوٹوٹ جاتی ہے اور احناف کے نزدیک وضو نہیں ٹوٹتی۔ اصل اختلافی مسئلہ یہ ہے اور مس ذکر کا مسئلہ اس کے ساتھ ملحق ہے۔ اور دونوں میں علت مشترکہ شہوت (دل میں گدگدی پیدا ہونا) ہے، اردو میں شہوت کے جو معنی ہیں یعنی عضو میں انتشار پیدا ہونا، عربی میں شہوت کے یہ معنی نہیں ہیں۔ بلکہ چاہت اور میلان مراد ہے۔ چونکہ مرد اور عورت کے ایک دوسرے کو ہاتھ لگانے سے دل میں گدگدی پیدا ہوتی ہے اور یہی بات شرمگاہ کو ہاتھ لگانے میں بھی پائی جاتی ہے اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کو مس مرأت کے ساتھ لاحق کیا ہے۔ ان کے نزدیک ملحق بہ یعنی مس مرأۃ اور ملحق یعنی مس ذکر دونوں ناقض وضو ہیں۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ اگرچہ مس مرأت کو ناقض وضو کہتے ہیں، مگر اس مسئلہ کو اس کے ساتھ ملحق کرنے میں مذبذب ہیں۔ اور احناف کے نزدیک اصل مسئلہ ہی میں وضو نہیں ٹوٹتی، پس مس ذکر سے بدرجۂ اولیٰ وضو نہیں ٹوٹے گی۔

غرض یہ اختلاف دلائل کا اختلاف نہیں بلکہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔ آیتِ وضو میں ہے: ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ أَوْ لَمَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ ان دونوں ٹکڑوں میں نواقض وضو کا بیان ہے یا ناقض وضو اور ناقض غسل کا؟ ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں کہ دونوں میں نواقض وضو کا بیان ہے۔ ان کے نزدیک: غائط کنایہ ہے سبیلین سے نکلنے والی ناپاکی سے، اور لاَ مَسْتُمْ: لَمَسْتُمْ کے معنی میں ہے، یعنی وضو دو چیزوں سے ٹوٹتی ہے: ایک: ما خرج من السبیلین سے، دوم: عورت کو چھونے سے۔ دونوں ٹکڑوں میں ان کے نزدیک نواقض وضو کا بیان ہے۔ اور صحابہ میں سے حضرت عمر، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی یہی رائے تھی، ائمہ ثلاثہ نے اسی کو لیا ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک آیت کے پہلے ٹکڑے میں نواقض وضو کا بیان ہے اور دوسرے حصہ میں ناقضِ غسل کا، اور اس کی دو دلیلیں ہیں:

۱- اس سے پہلے وضو اور غسل دونوں کا بیان آیا ہے۔ پس عقل کا فیصلہ یہ ہے کہ جب نواقض کا بیان آئے تو دونوں کا آئے۔

۲- اللہ تعالیٰ نے لا مستم النساء فرمایا ہے جو باب مفاعلہ سے جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے، اور اس باب کا خاصہ اشتراک ہے یعنی دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا۔ پس لامستم کے معنی ہیں: مرد عورتوں کو اور عورتیں مردوں کو مضبوطی سے پکڑیں۔ شادی شدہ حضرات جانتے ہیں کہ یہ کیفیت انزال کے وقت ہوتی ہے۔ لہٰذا یہ کنایہ ہے جماع سے، اور اس میں ناقض غسل کا بیان ہے۔ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے علاوہ تمام صحابہ کی یہی رائے تھی، اسی کو حنفیہ نے لیا ہے۔

فائدہ: جب کسی مسئلہ میں صحابہ کی رائیں مختلف ہوتی ہیں تو احناف حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما

کی رائے کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ عراق میں ابن مسعودؓ ہی کے علوم رائج تھے، اور ائمہ ثلاثہ ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی رائے کو ترجیح دیتے ہیں، مگر یہاں معاملہ برعکس ہو گیا ہے۔ احناف نے حضرت عمرؓ اور حضرت ابن مسعودؓ کی رائے کو چھوڑ دیا ہے اور ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہما اور باقی صحابہ کی رائے کو لیا ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ نے حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی رائے کو لیا ہے۔

حدیث: حضرت بسرۃ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے پیشاب کے عضو کو ہاتھ لگائے وہ اس وقت تک نماز نہ پڑھے جب تک نئی وضو نہ کرے''

تشریح: یہ حدیث حضرت عروۃ بن الزبیر کی سند سے مروی ہے۔ اس کی سند متصل ہے یا منقطع؟ یعنی حضرت عروۃ نے یہ حدیث براہِ راست حضرت بسرۃؓ سے سنی ہے یا بیچ میں کوئی واسطہ ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ ابوالزناد کا دعوی یہ ہے کہ عروۃ نے یہ حدیث براہ راست حضرت بسرۃؓ سے سنی ہے، اور حضرت عروۃ کے صاحبزادے ہشام کے شاگردوں میں سے بعض مثلاً: یحییٰ قطان بھی یہی بات کہتے ہیں۔ اور ہشام کے دوسرے شاگرد مثلاً: ابواسامہ: عروۃ اور بسرۃ کے درمیان مروان کا واسطہ لاتے ہیں۔

اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے، یعنی عروۃ نے حضرت بسرہ رضی اللہ عنہا سے براہِ راست نہیں سنی اور اس کا تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عروۃ مدینہ کے گورنر مروان بن الحکم کے پاس تشریف لے گئے، مروان نے ان سے نواقض وضو بیان کرنے کی درخواست کی۔ اس زمانہ میں پڑھنے پڑھانے کا یہی طریقہ تھا کہ مجلس میں کوئی مسئلہ چھیڑ دیا جاتا تھا۔ حاضرین میں جو بڑے عالم ہوتے وہ اس مسئلہ پر روشنی ڈالتے تھے۔ حضرت عروۃ نے نواقضِ وضو بیان کرنے شروع کئے، اور سب بیان کر دیئے، جب عروۃ خاموش ہوئے تو مروان نے کہا: آپ نے ایک ناقض وضو چھوڑ دیا، عروۃ نے پوچھا وہ کیا ہے؟ تو مروان نے کہا: مس ذکر سے بھی وضو ٹوٹ جاتی ہے۔ حضرت عروۃ نے فرمایا: **ما سمِعنا بهذا**: ہم نے آج تک یہ بات نہیں سنی، غور کیجئے! حضرت عروۃ مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں، اور سعید بن المسیب کے بعد انہی کا نمبر ہے، اتنا بڑا فقیہ کہہ رہا ہے کہ ہم نے آج تک یہ بات نہیں سنی، مروان کہنے لگا: میں صحیح کہتا ہوں، مس ذکر سے بھی وضو ٹوٹ جاتی ہے اور یہ بات مجھ سے میری ساس بسرۃ بنتِ صفوان نے بیان کی ہے۔ حضرت عروۃ سر نیچا کئے ہوئے بیٹھے تھے، حضرت بسرہ کا —— جو صحابیہ ہیں —— حوالہ سننے کے بعد بھی سر نہیں اٹھایا۔ مروان نے خیال کیا کہ شاید میری بات پر اعتماد نہیں کیا۔ اس نے حجت تام کرنے کے لئے پولیس والے کو بلایا اور اس سے کہا: جا میری ساس سے پوچھ کر آ کہ آپ نے مروان سے یہ حدیث بیان کی ہے؟ شرطی چلا گیا، تھوڑی دیر کے بعد آیا اور کہنے لگا کہ بسرۃؓ کہتی ہیں کہ ہاں میں نے یہ حدیث بیان کی ہے۔ حضرت عروۃ اب بھی سر ڈالے رہے انھوں نے اب بھی سر نہیں اٹھایا، یعنی اس روایت کو قبول نہیں کیا۔

یہ اس حدیث کا تفصیلی واقعہ ہے اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ حضرت عروۃ نے یہ حدیث براہ راست حضرت بسرۃ سے نہیں سنی، بلکہ بیچ میں مروان کا اور شرطی کا واسطہ ہے۔ اور شرطی کا نہیں ہے تو مروان کا واسطہ تو ضرور ہے اور مروان فاسق اور حدیث میں غیر معتبر ہے (واقعہ کی یہ تفصیل طحاوی میں ہے)

[٦١-] بابُ الوضوءِ من مَسِّ الذَّكَرِ

[٨٦-] حدَّثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا يحيىَ بنُ سَعِيْدٍ القَطَّانُ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، قال أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ عَنْ بُسْرَةَ بِنْتِ صَفْوَانَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال: "مَن مَسَّ ذَكَرَهُ فَلَا يُصَلِّ حَتّٰى يَتَوَضَّأَ"

وفی الباب: عن أُمِّ حَبِيْبَةَ، وَأبی أَيُّوْبَ، وأبی هُريرةَ، وأَرْوَى ابْنَةِ أُنَيْسٍ، وعائشةَ، وجابرٍ، وزيدِ بنِ خَالدٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

هٰكَذَا رَوٰى غَيْرُ واحدٍ مِثْلَ هٰذا عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن بُسْرَةَ، وَرَوَى أبُوْ أُسَامَةَ وَغيْرُ وَاحِدٍ هٰذا الحديثَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أبيهِ، عن مَرْوَانَ، عن بُسْرَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: ثَنَا بِذٰلِكَ إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، أَنا أَبُوْ أُسَامَةَ بِهٰذا.

وَرَوَى هٰذا الحديثَ أَبُوْ الزِّنَادِ عن عُرْوَةَ، عن بُسْرَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: حدثنا بذلك عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، حدثنا عبدُ الرحمنِ بنِ أبی الزِّنَادِ، عن أبيهِ، عن عُرْوَةَ، عن بُسْرَةَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

وَهُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَالتَّابِعِيْنَ، وَبِهِ يَقُوْلُ الْأَوْزَاعِیُّ، وَالشافعیُّ، وأَحْمَدُ وإسحاقُ.

قَالَ مُحَمَّدٌ: أَصَحُّ شَيْئٍ فِی هٰذا البابِ حَديثُ بُسْرَةَ.

وقَالَ أَبُوْزُرْعَةَ: حديثُ أُمِّ حَبِيْبَةَ فی هٰذا البابِ أَصَحُّ، وَهُوَ حَديثُ العَلَاءِ بنِ الحَارِثِ، عن مَكْحُوْلٍ، عن عَنْبَسَةَ بنِ أبی سُفيانَ، عن أم حبيبة، وقال محمد: لم يسمعْ محكول من عنبسة بن أبی سفيان، وروٰی مَكْحُوْلٌ عن رَجُلٍ، عن عَنْبَسَةَ غَيْرَ هٰذَا الحديثِ، وَكَأَنَّهُ لَمْ يَرَ هٰذا الحديثَ صحيحًا.

ترجمہ: شرمگاہ کو چھونے سے وضو کرنے کا بیان (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: بسرۃ کی

حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے[۱]۔ بہت سے حضرات نے یہ حدیث یحییٰ قطان کی سند کے مانند روایت کی ہے، یعنی ہشام بن عروۃ سے، وہ اپنے والد عروۃ سے، اور وہ بسرۃ سے، اور ہشام کے دوسرے تلامذہ یعنی ابواسامہ اور ان کے علاوہ بہت سے حضرات اس حدیث کو ہشام سے روایت کرتے ہیں۔ اور عروۃ اور بسرۃ کے درمیان مروان کا واسطہ بڑھاتے ہیں (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) ہم سے یہ سند اسحاق بن منصور نے بیان کی، ان کو ابواسامہ نے اس کی خبر دی۔

(امام ترمذی رحمہ اللہ ہشام کا متابع پیش کرتے ہیں) اور یہ حدیث ابوالزناد نے (بھی) عروۃ سے روایت کی ہے وہ بسرۃ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتی ہیں۔ اس کے بعد امام ترمذیؒ نے پوری سند لکھی ہے۔ اور یہ صحابہ اور تابعین میں سے بہت سوں کا قول ہے[۲]

اور یہی قول اوزاعی، شافعی، احمد اور اسحاق کا ہے (امام مالک کو اس فہرست میں شمار نہیں کیا کیونکہ ان کے مذہب کا مفتی بہ قول یہ ہے کہ مس ذکر سے وضو نہیں ٹوٹتی البتہ نئی وضو کرنا سنت ہے) امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: اس باب میں صحیح ترین روایت حضرت بسرۃ کی ہے، اور ابوزرعۃ نے فرمایا: اس باب میں صحیح ترین روایت ام حبیبہؓ کی ہے اور وہ علاء بن الحارث کی روایت ہے مکحول سے، وہ عنبسہ بن ابی سفیان سے، وہ ام حبیبہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اور امام بخاریؒ نے فرمایا: (ام حبیبہؓ کی روایت میں انقطاع ہے کیونکہ) مکحول کا عنبسہ سے سماع نہیں۔ مکحول نے ایک دوسری حدیث عنبسۃ سے ایک آدمی کے واسطہ سے روایت کی ہے (معلوم ہوا کہ مکحول نے عنبسۃ سے نہیں سنا) گویا امام بخاریؒ نے ام حبیبہؓ کی حدیث کو درست نہیں جانا۔

---

(۱) امام ترمذی رحمہ اللہ کے اس فیصلہ کو بہت سے محدثین نے قبول نہیں کیا، ان کے نزدیک اس کی سند میں انقطاع ہے، مگر جو محدثین اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں ان کی اور امام ترمذی کی رائے میں یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے۔ یہ حضرات فرماتے ہیں کہ راوی اور مروی عنہ کا زمانہ ایک ہے۔ اور دونوں مدینہ کے رہنے والے ہیں، اس لئے عنعنہ کو سماع پر محمول کیا جائے گا اور یہ کہا جائے گا کہ عروۃ نے مروان کی مجلس سے اٹھ کر یہ حدیث براہِ راست بسرۃؓ سے سنی ہوگی۔

(۲) اور امام طحاوی نے فرمایا ہے کہ مس ذکر سے وضو ٹوٹنے کی بات صحابہ میں سے صرف ابن عمرؓ نے کہی ہے، ان کے علاوہ کسی دوسرے صحابی سے یہ بات مروی نہیں، طحاوی شریف میں آپ حضرات یہ روایت پڑھیں گے کہ ایک مرتبہ حضرت ابن عمرؓ قافلہ کے ساتھ سفر کر رہے تھے، نماز کے وقت میں قافلہ رکا اور سب نے نماز پڑھی، پھر سفر شروع کیا، کچھ وقت کے بعد حضرت ابن عمرؓ پھر اترے اور وضو کر کے نماز پڑھی، لوگوں نے پوچھا حضرت! آپ نے یہ کونسی نماز پڑھی؟ فرمایا: دراصل بات یہ ہے کہ میں نے فجر سے پہلے مس ذکر کیا تھا اور میں وضو کرنا بھول گیا تھا اب میں نے اس نماز کا اعادہ کیا۔ غرض تنہا حضرت ابن عمرؓ مس ذکر کو ناقض وضو مانتے تھے اور اگر آپ کا جی چاہے تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھی ان کے ساتھ ملا لیجئے۔ ان دو کے علاوہ کوئی صحابی مس ذکر کو ناقض وضو نہیں کہتا تھا۔

تشریح: اس باب میں گیارہ حدیثیں ہیں، مگر ہر حدیث کی سند میں کچھ نہ کچھ کلام ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے شرح معانی الآثار میں ان تمام حدیثوں کو سند کے ساتھ لکھ کر ہر ایک میں جو خرابی ہے اس کی نشاندہی کی ہے۔

اور ان گیارہ میں سے اَمثل (افضل) اور اصح کونسی ہے؟ امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ بسرۃؓ والی حدیث اصح ہے۔ اور ابوزرعہ ام حبیبہؓ کی حدیث کو اصح بتاتے ہیں —— ابوزرعہ کا شمار بڑے محدثین میں ہے۔ امام مسلم نے اپنی صحیح تصنیف کر کے نظر ثانی کے لئے ان کی خدمت میں پیش کی تھی اور انھوں نے جن جن روایات کی نشاندہی کی ان کو امام مسلم نے اپنی صحیح سے نکال دیا تھا —— ابوزرعہ رحمہ اللہ نے بسرۃ والی حدیث کو بایں وجہ اصح نہیں مانا کہ اس میں انقطاع ہے۔ عروۃ نے براہ راست یہ حدیث بسرۃ سے نہیں سنی۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ اس میں انقطاع نہیں بلکہ ام حبیبہ والی حدیث میں ہے۔ کیونکہ اس میں ایک راوی مکحول آئے ہیں ان کا عنبسۃ سے سماع نہیں۔ ہم کہتے ہیں: آپ دونوں حضرات بڑے ہیں اور دونوں صحیح کہتے ہیں۔ پس بسرۃ والی حدیث بھی صحیح نہیں اور ام حبیبہ کی حدیث بھی۔ اور باقی حدیثیں تو اس سے بھی کم تر ہیں پس وہ کیسے صحیح ہوسکتی ہیں؟!

بابُ تَرْكِ الوُضُوْءِ مِنْ مَسِّ الذَّكَرِ

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے۔ اس میں حنفیہ کی دلیل ہے۔

حدیث: نبی ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ اگر کوئی شخص نماز میں ذکر کو چھوئے تو کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: ''وہ اس کے جسم کی ایک بوٹی ہی تو ہے'' یا فرمایا: ''وہ اس کے جسم کا ایک پارہ (حصہ) ہی تو ہے'' (امام ترمذیؒ نے یہ حدیث مختصر کردی ہے)

تشریح:

۱- یہ حدیث ناطق ہے کہ ذکر کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتی، اس لئے کہ نبی ﷺ نے بنیاد یہ بیان کی ہے کہ ذکر بھی دوسرے اعضاء کی طرح ایک عضو ہے، جس طرح ان کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتی، ذکر کو چھونے سے بھی وضو نہیں ٹوٹتی۔ خواہ نماز کے اندر چھوئے یا نماز سے باہر، آڑ کے بغیر چھوئے یا آڑ کے ساتھ، ظاہر کف سے چھوئے یا باطن کف سے، کسی بھی صورت میں وضو نہیں ٹوٹے گی۔

۲- یہ ملازم بن عمرو کی حدیث ہے جس کو وہ عبداللہ بن بدر سے روایت کرتے ہیں (یہ ملازم کے دادا ہیں) اور وہ قیس بن طلق سے، وہ اپنے والد طلق بن علی سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، یہ حدیث اعلی درجے کی ہے مگر چونکہ اوپر بسرۃ کی حدیث میں کلام کیا تھا اور اس حدیث میں کلام نہیں ہے، اس لئے بیلنس قائم کرنے کے لئے اس کی بھی دو سندیں ایسی لائے جن میں کلام ہے۔ فرماتے ہیں: محمد بن جابر اور ایوب بن عتبہ نے بھی اس حدیث کو

روایت کیا ہے۔ اور یہ دونوں ضعیف راوی ہیں۔ بیشک یہ دونوں راوی ضعیف ہیں مگر باب کے شروع میں جو ملازم کی حدیث ہے اس میں تو کوئی کلام نہیں ہے۔ پس وہ استدلال کے لئے کافی ہے۔

[٦٢-] باب ترك الوضوءِ من مَسِّ الذكر

[٨٧-] حدّثنا هَنَّادٌ، نا مُلَازِمُ بنُ عَمْرٍو، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بَدْرٍ، عن قَيْسِ بنِ طَلْقِ بنِ عَلِيٍّ الحَنَفِيِّ عن أبيهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''وَهَلْ هُوَ إِلَّا مُضْغَةٌ مِنْهُ أَوْ: بَضْعَةٌ مِنْهُ''

وفی الباب: عن أبی أُمَامَةَ.

قال أبو عیسی: وقد رُوِی مِن غَیْرِواحدٍ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وبعضِ التَّابعینَ: أَنَّهُمْ لَمْ یَرَوُا الوُضُوْءَ مِنْ مَسِّ الذَّکَرِ، وھُو قَوْلُ أھلِ الکُوفَةِ وابنِ المُبارَكِ، وھٰذا الحدیثُ أَحْسَنُ شیئٍ رُوِی فی ھٰذا البابِ.

وقَد رَوٰی ھٰذا الحدیثَ أَیُّوْبُ بنُ عُتْبَةَ ومُحمدُّ بنُ جَابِرٍ، عن قَیْسِ بنِ طَلْقٍ عن أبیهِ، وقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُ أھلِ الحَدیثِ فی مُحمدِ بنِ جَابِرٍ، وأَیُّوْبَ بنِ عُتْبَةَ، وحدیثُ مُلَازِمِ بنِ عَمْرٍو عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بَدْرٍ أَصَحُّ وَأَحْسَنُ.

ترجمہ: ذکر کو چھونے سے وضو واجب نہ ہونے کا بیان: (حدیث کا ترجمہ گذر چکا) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے بہت سے صحابہ اور بعض تابعین سے یہ بات مروی ہے کہ مس ذکر سے وضو ضروری نہیں اور کوفہ والوں کا اور ابن المبارک کا یہی قول ہے، اور یہ حدیث اس باب کی حدیثوں میں سب سے اچھی ہے۔ اور اس حدیث کو ایوب بن عتبہ اور محمد بن جابر نے (بھی) قیس بن طلق سے روایت کیا ہے۔ اور بعض محدثین نے محمد بن جابر اور ایوب بن عتبہ میں کلام کیا ہے اور ملازم بن عمرو کی حدیث جو عبداللہ بن بدر سے مروی ہے وہ زیادہ صحیح اور زیادہ عمدہ ہے۔

وضاحت: دونوں بابوں کی وضاحت کے لئے جو باتیں ضروری تھیں وہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ اب ایک دو باتیں اور ذہن نشین کر لینی چاہئیں:

۱- امام شافعی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ کو مس مرأت کے مسئلہ کے ساتھ لاحق کیا ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ اور چونکہ پہلے باب کی حدیث ان کے اجتہاد کے موافق ہے اس لئے انھوں نے اس حدیث کو لیا ہے اور دوسرے باب کی حدیث کی یہ تاویل کی ہے کہ اس میں کپڑے کے اوپر سے چھونے کا مسئلہ دریافت کیا گیا تھا، کیونکہ نماز کے اندر جو شرمگاہ کو چھوئے گا وہ کپڑے کے اوپر ہی سے چھوئے گا، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا کہ شرمگاہ کو چھونے سے وضو نہیں ٹوٹتی، کیونکہ وضو اس وقت ٹوٹتی ہے جب آڑ کے بغیر چھوئے۔ مگر احناف کے نزدیک یہ تاویل

درست نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے وضو نہ ٹوٹنے کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ شرمگاہ جسم کا ایک حصہ ہے۔یعنی جس طرح دیگر اعضاء جسم کا حصہ ہیں ذکر بھی ایک حصہ ہے، پس دیگر اعضاء کی طرح اس کو چھونے سے بھی وضو ٹوٹنے کا سوال پیدا نہیں ہوتا، غرض امام شافعی رحمہ اللہ نے سوال پیش نظر رکھ کر حدیث کی تاویل کی ہے۔اور احناف نے جواب کو پیش نظر رکھ کر حدیث کا مطلب بیان کیا ہے۔

۲-احناف کے نزدیک پہلے باب کی حدیث باوجود کلام کے قابل استدلال ہے، اپنے بزرگوں نے اس کو حسن مان لیا ہے۔اور احناف کے نزدیک اس میں وضو سے وضو لغوی مراد ہے، اور ان کے نزدیک وہ حدیث درحقیقت عورتوں سے متعلق ہے اور فرج کے بارے میں ہے۔اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ حضرت بسرہؓ کو مردوں کے بارے میں مسئلہ پوچھنے کی کیا ضرورت ہے؟ وہ اپنا ہی مسئلہ دریافت کریں گی۔ نبی ﷺ نے ان کو مسئلہ بتایا کہ جب عورت آگے کی شرمگاہ کو ہاتھ لگائے اور بغیر کسی آڑ کے لگائے تو ہاتھ کو دھوڈالے، کیونکہ عورتوں کی آگے کی شرمگاہ میں عام طور پر رطوبت ہوتی ہے، پس جب وہ وہاں ہاتھ لگائے گی تو رطوبت ہاتھ میں لگے گی اس لئے اس کو ہاتھ دھوڈالنا چاہئے، بعد میں یہ حدیث بالمعنی روایت کی گئی تو ''فرج'' کی جگہ ''ذکر'' ہو گیا اور بات کہیں سے کہیں پہنچ گئی۔

بابُ تَرْكِ الوُضُوْءِ مِنَ الْقُبْلَةِ

عورت کا بوسہ لینے سے وضو نہیں ٹوٹتی

اگر کوئی شخص باوضو ہو اور بیوی کا بوسہ لے تو وضو رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ ائمہ ثلاثہ نے چونکہ قرآن کریم سے مس مرأت کو ناقض وضو سمجھا ہے اس لئے ان کے نزدیک بوسہ لینے سے بدرجۂ اولیٰ وضو ٹوٹ جائے گی۔ بوسہ لینا چھونے سے اوپر کا درجہ ہے، اور باب کی حدیث پر انھوں نے جرح کی ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں۔اور احناف کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے، اس لئے انھوں نے اس حدیث کو لیا ہے اور ﴿لاَ مَسْتُمُ النِّسَاءَ﴾ کی جو تفسیر حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے کی ہے اس کو نہیں لیا۔کیونکہ صحیح حدیث کی موجودگی میں صحابی کی رائے نہیں لی جاتی۔ اور محدثین نے حضرت عائشہ کی باب کی حدیث پر جو اعتراض کیا ہے علمائے احناف نے اس کا معقول جواب دیا ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے اپنی ایک بیوی صاحبہ کا بوسہ لیا پھر نئی وضو کئے بغیر نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے گئے، حدیث کے راوی حضرت عروہ کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہؓ سے کہا: وہ بیوی صاحبہ آپ ہی ہو سکتی ہیں؟! اس پر حضرت عائشہ مسکرائیں یعنی اقرار کیا کہ یہ واقعہ ان کے ساتھ پیش آیا ہے۔

تشریح: اس حدیث پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے، کیونکہ سند میں جو عروہ ہیں اگر ان سے عروۃ بن الزبیر مراد ہیں جو حضرت عائشہ کے بھانجے ہیں تو ان سے حبیب بن ابی ثابت کا لقاء وسماع ثابت نہیں۔اور اگر

عروۂ مزنی مراد ہیں تو ان کا حضرت عائشہ سے لقاء وسماع ثابت نہیں۔

اس کا جواب: یہ ہے کہ عروۃ بن الزبیر مراد ہیں، عروۂ مزنی مراد نہیں، اور اس کی دو دلیلیں ہیں: ایک: یہ کہ یہ حدیث مسند احمد اور سنن ابن ماجہ میں بھی ہے، وہاں ابن الزبیر کی صراحت ہے (مسند احمد ۶: ۲۱۰، ابن ماجہ ص: ۳۸) دوم: عروۃ نے حضرت عائشہ سے جو بات کہی ہے وہ بھانجہ ہی خالہ سے کہہ سکتا ہے اجنبی آدمی نہیں کہہ سکتا۔ عربوں کے معاشرہ میں قریبی رشتہ داروں سے بے تکلف باتیں کی جاتی تھیں، غیروں سے نہیں کی جاتی تھیں۔ رہی یہ بات کہ حبیب کا عروۃ بن الزبیر سے لقاء وسماع نہیں۔ یہ بعض محدثین مثلاً امام بخاری رحمہ اللہ کی رائے ہے، دوسرے محدثین کے نزدیک لقاء وسماع ثابت ہے، ان کے نزدیک حبیب نے عروۃ بن الزبیر سے چار حدیثیں سنی ہیں یہ حدیث ان میں سے ایک ہے، اور اصولِ حدیث کا قاعدہ ہے کہ جب مثبت (ثابت کرنے والے) اور نافی (نفی کرنے والے) میں تعارض ہو تو مثبت کے قول کو ترجیح دی جاتی ہے، کیونکہ اس کی بات مبنی بر علم ہوتی ہے اور نافی کی بات مبنی بر عدمِ علم ہوتی ہے۔ لہٰذا یہاں بھی امام بخاری رحمہ اللہ کے قول کو نہیں لیا جائے گا۔ بلکہ دوسرے محدثین کا قول لیا جائے گا جو حبیب کا حضرت عروۃ سے سماع ثابت کرتے ہیں، چنانچہ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے سنن میں پہلے سفیان ثوری کا قول نقل کیا ہے کہ حبیب: عروۂ مزنی ہی سے روایت کرتے ہیں، ان کا ابن الزبیر سے سماع نہیں، پھر امام ابوداؤد نے ان کے قول کو رد کیا ہے اور کہا ہے کہ حبیب نے ابن الزبیر سے ایک صحیح حدیث روایت کی ہے (ابوداؤد ۱: ۲۴ حدیث ۱۸۰ باب الوضوء من القبلۃ)

اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت یحییٰ قطان کا جو قول پیش کیا ہے کہ هو شِبْهُ لا شيئٌ (یہ حدیث پرچھائیں ہے کچھ نہیں ہے!) یحییٰ قطان رحمہ اللہ کی یہ جرح غیر معتبر ہے، کیونکہ یہ جرح مبہم ہے اور جرح مبہم کا اعتبار نہیں۔

نوٹ: اس حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے جس میں ابراہیم تیمی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں، یہ حدیث منقطع ہے، کیونکہ ابراہیم تیمی کا حضرت عائشہ سے سماع ولقاء نہیں (یہ روایت سنن ابی داؤد میں ہے)

[۶۳-] بابُ ترکِ الوضوء من القبلة

[۸۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ وَهَنَّادٌ وأبو كُرَيْبٍ وأحمدُ بنُ مَنِيْعٍ ومَحمودُ بنُ غَيْلانَ وأبُوعَمَّارٍ قَالُوْا: نا وكيعٌ، عن الأعمشِ، عن حَبِيْبِ بنِ أبى ثابتٍ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَبَّلَ بَعْضَ نِسَائِهِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هِيَ إِلَّا أَنْتِ؟ فَضَحِكَتْ.

قال أبوعيسىٰ: وقَدْ رُوِىَ نحوُ هٰذا عن غيرِ واحدٍ من أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ، وهو قولُ سُفيانَ الثوريِّ وأهلِ الكوفةِ، قالُوا: لَيْسَ فى القُبْلَةِ وُضُوْءٌ.

وقال مالكُ بنُ أنسٍ والأَوْزَاعِيُّ والشافعيُّ وأحمدُ وَإسحاقُ: فی القُبْلَةِ وُضُوْءٌ، وهو قولُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم والتابعينَ، وإنَّمَا تَرَكَ أصْحَابُنا حديثَ عائشةَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فی ھٰذا، لِأَنَّهُ لَایَصِحُّ عندَ هُمْ لِحَالِ الإِسْنَادِ.

قال: وسمِعتُ أبا بَكْرٍ العَطَّارَ البِصْرِيَّ يَذْكُرُ عن عَلِيِّ بن المَدِيْنِیِّ قال: ضَعَّفَ يَحيیَ بنُ سعيدٍ القَطَّانُ ھٰذا الحديثَ، وَقَالَ: هُوَ شِبْهُ لا شَيْئٌ.

قَالَ: وسمِعتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يُضَعِّفُ ھٰذَا الحديثَ، وقال: حَبِيْبُ بنُ أبی ثابتٍ لم يَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ.

[۸۹-] وقد رُوِی عن إبراهيمَ التَّيْمِیِّ، عن عائشةَ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَبَّلَهَا ولَمْ يَتَوَضَّأْ.

وھٰذا لَایَصِحُّ أيضًا، ولاَ نَعْرِفُ لِإبراهيمَ التَّيْمِیِّ سَمَاعًا مِن عائشةَ، وَلَيْسَ يَصِحُّ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فی ھٰذا البابِ شَيْئٌ.

ترجمہ: مَنْ هِیَ إلا أنتِ میں مَنْ متضمن معنی نفی ہے اور إلا اثبات کے لئے ہے۔ دونوں سے مل کر حصر پیدا ہوا ہے امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ مسئلہ صحابہ اور تابعین میں سے بہت سے علماء سے مروی ہے اور وہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بوسہ لینے سے وضو نہیں ٹوٹتی۔

اور امام مالک، اوزاعی، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کے نزدیک بوسہ میں وضو ہے۔ اور یہ صحابہ وتابعین میں سے بہت سے اہل علم کا قول ہے۔ اور ہمارے اکابر نے (امام ترمذیؒ کے اکابر ائمہ ثلاثہ ہیں، یعنی حجازی مکتب فکر کے مجتہدین) اس مسئلہ میں حضرت عائشہ کی حدیث کو جو نبی ﷺ سے مروی ہے بایں وجہ چھوڑا ہے کہ ان کے نزدیک اس حدیث کی سند صحیح نہیں، اس کے بعد امام ترمذیؒ نے یحییٰ قطانؒ کا قول بیان کیا ہے کہ یہ حدیث صرف پر چھائیں ہے، حقیقت میں کچھ نہیں (۱) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری کو اس حدیث کی تضعیف کرتے ہوئے سنا ہے اور فرمایا: حبیب بن ابی ثابت کا عروۃ سے سماع نہیں۔ اور یہ حدیث ابراہیم تیمی سے (بھی) مروی ہے، وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ان کا بوسہ لیا اور وضو نہیں کی، اور یہ حدیث بھی صحیح نہیں، ہم ابراہیم تیمی کا حضرت عائشہ سے سماع نہیں جانتے۔ اور نبی ﷺ سے اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں۔

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ آخری بات کہ اس باب میں کوئی حدیث ثابت نہیں غور طلب ہے۔ بوسہ

---

(۱) شِبْه (بکسر الشین) کے معنی ہیں: مثل، مانند۔ یعنی یہ حدیث صحیح حدیث جیسی نظر آتی ہے مگر درحقیقت یہ صحیح نہیں —— اور پر چھائیں کے معنی ہیں: عکس، سایہ، پرتو ۱۲

لینے کی یہ حدیث بھی ثابت ہے، اوراس کے علاوہ متعدد روایات میں حالت نماز میں نبی ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو پیر ہٹانے کے لئے اشارہ کرنا اور حضرت عائشہؓ کا آپؐ کو تلاش کرنا اور آپؐ کے پیروں پر ان کا ہاتھ پڑنا مروی ہے۔ اس کے عموم میں قبلہ کا بھی حکم آجاتا ہے۔ پس مسئلہ باب بوسہ لینے ہی کا نہیں ہے، بلکہ اصل مسئلہ مس مرأت کا ہے اور اس کے دلائل موجود ہیں۔

بابُ الوضوءِ مِنَ القَيْءِ وَالرُّعَافِ

قئ اور نکسیر سے وضوء کا حکم

یہ مسئلہ آیت پاک: ﴿أَوْ جَاءَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ مِنَ الْغَائِطِ﴾ سے متعلق ہے، اس آیت کی تنقیح میں اختلاف ہوا ہے۔ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: اس سے ماخرج من السبیلین مراد ہے، کیونکہ بیت الخلاء میں سبیلین ہی سے ناپاکی نکلتی ہے، اور احناف سبیلین کی تخصیص نہیں کرتے۔ وہ ہر اس ناپاکی کو جو انسان کے بدن سے نکلے آیت کا مصداق قرار دیتے ہیں، لہٰذا سبیلین سے ناپاکی نکلے یا بدن سے خون یا پیپ نکلے یا منہ بھر کر قے ہو، سب صورتوں میں وضوٹوٹ جاتی ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سبیلین کے علاوہ سے جو ناپاکی نکلتی ہے وہ ناقض وضو نہیں۔ اور باب کی حدیث سند کے اعتبار سے اتنی قوی ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ اپنے ساتھیوں سے اس مسئلہ میں علحدہ ہوگئے اور فرمایا: اگر خون زیادہ نکلے یا قی زیادہ ہو تو وضوٹوٹ جائے گی۔

حدیث: مِعْدان بن ابی طلحہ: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کو قی ہوئی تو آپؐ نے وضوء کی۔ معدان کہتے ہیں: پھر دمشق کی مسجد میں میری ملاقات حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہوئی، میں نے ان سے اس حدیث کی تصدیق چاہی تو انھوں نے کہا: ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے صحیح بیان کیا، اس موقع پر نبی ﷺ کو وضو میں نے کرائی تھی۔

تشریح: یہ حدیث عشاری ہے، ترمذی میں یہی ایک حدیث عشاری ہے، عشاری اس حدیث کو کہتے ہیں جس میں مصنف کتاب اور نبی ﷺ کے درمیان دس واسطے ہوں۔ اور ترمذی میں ثلاثی حدیث بھی صرف ایک ہے جو جلد ثانی (ص: ۵۰ أبواب الفتن حدیث: یأتی علی الناس زمان إلخ) میں آئے گی[1] یہ حدیث احناف کی اصل دلیل نہیں ہے کیونکہ یہ فعلی حدیث ہے جس میں احتمالات نکل سکتے ہیں، مثلاً یہ احتمال کہ نبی ﷺ نے نظافت کے لئے وضوء کی ہو یا بشاشت کے لئے کی ہو، اور یہ احتمال کہ آپ کی پہلے سے وضوء نہ ہو، اور نماز پڑھنی ہو، اس لئے وضو کی ہو۔

(۱) نسائی میں بھی ایک حدیث عشاری ہے۔ قل ھو اللہ تہائی قرآن ہے۔ یہ حدیث امام نسائی نے دس واسطوں سے روایت کی ہے (۲:۲ ۷ امصری)

احناف کی اصل دلیل وہ حدیث ہے جو ابن ماجہ میں ہے: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: من أَصَابَهُ قَيْئٌ أو رُعَافٌ أَوْ قَلْسٌ أو مَذْیٌ فَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَتوضَّأْ ثم لْيَبْنِ عَلى صَلَاته وهو فی ذالك لا يتكلم جس کو نماز کے اندر قئ ہو جائے یا نکسیر پھوٹ جائے یا پانی کی پلٹی ہو یا مذی نکل آئے تو اس کو نماز سے پھر جانا چاہئے اور وضوء کر کے بناء کرے، بشرطیکہ اس نے بات چیت نہ کی ہو یعنی کوئی نماز کے منافی کام نہ کیا ہو (ابن ماجہ ۸۵ باب ماجاء فی البناء علی الصلوۃ) یہ حدیث ناطق ہے کہ قئ اور خون ناقض وضو ہیں۔ اسی لئے نبی ﷺ نے وضوء کرنے کا حکم دیا۔

اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے لئے دِماء والی حدیث کو دلیل بنایا گیا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غزوۂ ذات الرقاع میں ایک صحابی کو نماز کے دوران دشمن نے تیر مارا وہ نماز میں مشغول رہے کیونکہ اس وقت وہ سورۂ کہف پڑھ رہے تھے اور ان کو بہت مزہ آ رہا تھا، جب دشمن نے یکے بعد دیگرے کئی تیر مارے تو انھوں نے نماز ختم کی اور اپنے ساتھی کو جگایا (الی آخرہ) یہ حدیث حاشیہ میں ہے، امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ نے اس حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ اگر خون ناقض وضو ہوتا تو وہ صحابی پہلے ہی تیر پر نماز ختم کر دیتے ان کا نماز کو جاری رکھنا دلیل ہے کہ خون کا نکلنا ناقض وضو نہیں۔

مگر یہ استدلال انتہائی کمزور ہے کیونکہ خون بالا جماع ناپاک ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تو نمازی کے بدن یا کپڑے پر مکھی کے پر کے برابر بھی نجاست معاف نہیں۔ پس جب یہ صحابی خون میں لت پت تھے تو ان کی نماز کیسے باقی رہی؟ اصل بات یہ ہے کہ یہ باب عشق ہے جس کے احکام ہی جدا ہیں۔

فائدہ: اس حدیث کی وجہ سے احناف کے نزدیک حدثِ اصغر پیش آنے کی صورت میں بناء جائز ہے، مگر استیناف (از سر نو نماز پڑھنا) اولیٰ ہے، اور دیگر ائمہ کے نزدیک بناء جائز نہیں، از سر نو نماز پڑھنا ضروری ہے۔

[٦٤-] بابُ الوضوءِ من الْقَيْءِ والرُّعَافِ

[٩٠-] حدثنا أبُو عُبَيْدَةَ بنُ أبی السَّفَرِ، وإسحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قال أبو عُبَيْدَةَ: ثنا، وقال إسحاقُ: أنا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عبدِ الوَارِثِ قال: حدثنی أبی، عن حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ عن يَحيىَ بنِ أبی كثيرٍ، قال: حدثنی عبدُ الرحمنِ بنُ عَمْرٍو الْأَوْزَاعِیُّ، عن يَعِيْشَ بنِ الوَلِيْدِ الْمَخزُوْمِیِّ، عن أبيهِ، عن مَعْدَانَ بنِ أبی طَلْحَةَ، عن أبی الدَّرْدَاءِ: أنَّ رسولَ الله صلی الله عليه وسلم قَاءَ فَتَوضَّأَ، فَلَقِيْتُ ثَوْبَانَ فی مسجدِ دِمَشْقَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: صَدَقَ، أَنَا صَبَبْتُ لَهُ وَضُوْءَهُ.

وقَالَ إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ: مَعْدَانُ بنُ طَلْحَةَ، قَالَ أبو عيسى: وابنُ أبی طَلْحَةَ أَصَحُّ.

قال أبو عيسى: وقد رَأىٰ غَيْرُ وَاحدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهم مِن التَّابعينَ: الوُضُوْءَ مِن القيءِ وَالرُّعَافِ، وهو قَوْلُ سفيانَ الثوريِّ وابنِ المباركِ، وأحمدَ وإسحاقَ.

وقال بَعضُ أهلِ العلمِ: لَيْسَ في القَيْءِ والرُّعَافِ وُضُوْءٌ، وهو قولُ مالكٍ والشافعيِّ.

وقَدْ جَوَّدَ حُسَيْنٌ المُعَلِّمُ هٰذا الحديثَ؛ وحديثُ حُسَيْنٍ أَصَحُّ شيئٍ في هٰذا البابِ.

وَرَوَى مَعْمَرٌ هٰذا الحديثَ عن يَحيىَ بنِ أبي كثيرٍ فَأَخْطَأَ فيهِ، فقال: عن يَعِيْشَ بنِ الوَلِيْدِ، عن خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عن أبي الدَّرْدَاءِ، ولم يَذْكُرْ فِيْهِ الْأَوْزَاعِيَّ، وقال: عَن خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، إِنَّمَا هُوَ مَعْدَانُ بنُ أبي طَلْحَةَ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم سے حدیث بیان کی ابوعبیدۃ اوراسحاق نے، پھر ابوعبیدۃ نے کہا: ہم سے حدیث بیان کی اور اسحاق نے کہا: ہمیں خبر دی، عبدالصمد بن عبدالوارث نے، انھوں نے کہا: مجھ سے حدیث بیان کی میرے ابا نے، وہ حسین معلم سے، وہ یحییٰ ابن ابی کثیر سے روایت کرتے ہیں۔ یحییٰ کہتے ہیں، مجھ سے امام اوزاعی نے حدیث بیان کی، وہ یعیش بن الولید سے، وہ اپنے ابا سے، وہ معدان بن ابی طلحہ سے اور وہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) اسحاق بن منصور نے معدان کے باپ کا نام طلحہ بتایا ہے، مگر صحیح ابوطلحہ ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: صحابہ اور تابعین میں سے متعدد اہل علم نے قی اور نکسیر میں وضوء کو ضروری کہا ہے۔ اور یہ ثوریؒ، ابن المبارکؒ، احمدؒ اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: قی اور نکسیر میں وضوء نہیں۔ اور یہ امام مالکؒ اور امام شافعیؒ کا قول ہے، اور حسین معلّم نے اس حدیث کی سند شاندار بیان کی ہے (یعنی انھوں نے معدان کے باپ کا نام صحیح بیان کیا ہے)

حسین کی حدیث اس باب کی سب سے اچھی حدیث ہے، اور یہ حدیث معمر نے (بھی) یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کی ہے، اور اس میں غلطی کی ہے۔ ایک: غلطی تو یہ کی ہے کہ سند میں امام اوزاعی کا نام چھوڑ دیا ہے، دوسری غلطی یہ کی ہے کہ معدان بن ابی طلحہ کا نام خالد بن معدان بیان کیا ہے۔

بابُ الوضوءِ بالنَّبِيْذِ

نبیذ سے وضوء کرنے کا مسئلہ

نبیذٌ: فعیلٌ کا وزن ہے اور اسم مفعول کے معنی میں ہے اس کے معنی ہیں ڈالا ہوا، اور اصطلاح میں نبیذ اس پانی کو کہتے ہیں جس میں کھجور، چھوہارے، کشمش یا انگور وغیرہ ڈالے گئے ہوں، اور یہ چیزیں پانی میں گل گئی ہوں اور پانی میٹھا ہوگیا ہو۔

مذاہبِ فقہاء:

(۱) تمام ائمہ متفق ہیں کہ کھجور کی نبیذ کے علاوہ نبیذوں سے وضو کرنا جائز نہیں۔

(۲) اور جس پانی میں کھجور یا چھوہارے ڈالے گئے ہوں اگر پانی میں ان کا اثر ظاہر نہ ہوا ہو تو اس سے وضوء کرنا بالاتفاق جائز ہے۔

(۳) اور اگر کھجوریں پانی میں گل گئی ہوں اور پانی گاڑھا ہو گیا ہو یا اس میں نشہ پیدا ہو گیا ہو تو بالاتفاق وضوء جائز نہیں۔

(۴) اور اگر کھجوروں کا اثر پانی میں ظاہر ہوا ہو یعنی پانی میٹھا ہو گیا ہو مگر ابھی وہ رقیق وسیال ہو اور اس کو پکایا بھی نہ گیا ہو تو اس سے وضو کے جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک اس سے وضوء جائز نہیں، کیونکہ قرآن میں ہے: ﴿ فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا ﴾ یعنی اگر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو اور یہ نبیذ پانی نہیں ہے اس لئے اس سے وضوء جائز نہیں تیمّم ضروری ہے۔

اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے اس مسئلے میں چار قول ہیں: (۱) اس نبیذ سے وضوء ضروری ہے، تیمّم جائز نہیں (۲) وضوء اور تیمّم دونوں کو جمع کرے اور یہ جمع کرنا مستحب ہے (یہی حضرت اسحاق کا بھی قول ہے) (۳) دونوں کو جمع کرے اور یہ جمع کرنا واجب ہے (امام محمد کا بھی یہی قول ہے) (۴) ائمہ ثلاثہ کے قول کے مطابق قول ہے یعنی اس سے وضوء جائز نہیں، تیمّم کرے اور اسی پر فتوی ہے۔ پس مفتی بہ قول کے مطابق تو اب کوئی اختلاف نہیں رہا، اس لئے مسئلہ میں زیادہ بحث ضروری نہیں۔ مگر اس اعتبار سے بحث ضروری ہے کہ سابقہ اقوال کی دلیل کیا تھی؟ پھر ان دلائل سے کس بنا پر امام اعظم نے رجوع کیا؟

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے پوچھا: ''تمہارے برتن میں کیا ہے؟'' میں نے کہا: یارسول اللہ! نبیذ ہے۔ آپ نے فرمایا: ''پاک کھجور اور پاک کرنے والا پانی!'' پھر آپ نے اس سے وضوء فرمائی۔

تشریح:

۱- امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث بہت مختصر بیان کی ہے۔ حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے: ''ہمارا امام محدث خشک ہے، لمبی حدیث اتنی مختصر کر دیتا ہے کہ سارا مزہ جاتا رہتا ہے'' تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ مکی دور میں ایک رات عشاء کی نماز کے بعد نبی ﷺ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو رکنے کا حکم دیا، پھر رات کا کچھ حصہ گذرنے کے بعد نبی ﷺ ابن مسعود کو لے کر قبرستان حجون کی طرف چلے۔ مکہ کی آبادی ختم ہونے کے بعد ابن مسعود کو ایک جگہ بٹھا دیا اور ان کے گرد ایک گول دائرہ کھینچ دیا اور فرمایا: ''کسی بھی حال میں اس دائرہ سے نہ نکلنا'' اور

آپؐ تنہا آگے تشریف لے گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ابن مسعودؓ نے دیکھا کہ عجیب وغریب قسم کے لوگ اس جانب جارہے ہیں جدھر نبی ﷺ تشریف لے گئے ہیں۔ ابن مسعودؓ کو نبی ﷺ کے بارے میں خطرہ محسوس ہوا اور انھوں نے اس جانب جانے کا ارادہ کیا مگر نبی ﷺ کی تاکید یاد آئی تو رک گئے۔ صبح کے قریب ابن مسعودؓ نے ان لوگوں کو واپس جاتے دیکھا۔ تھوڑی دیر کے بعد نبی ﷺ تشریف لائے۔ اور ابن مسعودؓ سے پوچھا: ''تمہاری چھاگل میں کیا ہے؟'' انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! نبیذ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ''ستھری کھجور اور پاک کرنے والا پانی!'' پھر آپؐ نے اس سے وضوء فرمائی، وضوء کے دوران ابن مسعودؓ نے پوچھا کہ یہ کون لوگ تھے؟ آپ نے فرمایا: ''نَصِیْبِیْن کے جنّ تھے، ان کی درخواست پر ان کو دین سکھانے کے لئے گیا تھا''

اس حدیث پر تین اعتراض کئے گئے ہیں، مگر سب کے معقول جواب ہیں، اس لئے یہ حدیث قابل استدلال ہے:

پہلا اعتراض: اس حدیث کے ایک راوی ابو زید ہیں جو مجہول ہیں۔ مجہول العین بھی ہیں اور مجہول الحال بھی۔ مجہول الحال: وہ راوی ہے جس کی ائمہ جرح وتعدیل نے نہ توثیق کی ہو نہ اس پر جرح کی ہو۔ اور مجہول العین: وہ راوی ہے جس سے روایت کرنے والا صرف ایک راوی ہو۔ ابو زید: مجہول الحال ہیں، کیونکہ ائمہ نے نہ ان کی توثیق کی ہے نہ ان پر جرح کی ہے اور مجہول العین بھی ہیں، کیونکہ ان سے روایت کرنے والے صرف ابوفزارہ ہیں۔

جواب: ابو زید سے روایت کرنے والے صرف ابوفزارہ راشد بن کیساں نہیں ہیں، بلکہ ان سے ابوروق عطیہ بن الحارث بھی روایت کرتے ہیں۔ پس یہ مجہول العین نہیں رہے، نیز ابن مسعودؓ سے روایت کرنے میں وہ منفرد بھی نہیں ہیں، بلکہ ان کے چودہ متابع موجود ہیں، وہ بھی یہ حدیث ابن مسعودؓ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں —— اور مجہول الحال اس لئے ہیں کہ صحابہ سے روایت کرنے والے تابعین کے پہلے طبقہ کے احوال ریکارڈ نہیں ہوسکے تھے، اس وقت نہ ائمہ جرح وتعدیل تھے، نہ یہ سلسلہ شروع ہوا تھا۔ اس لئے محدثین نے اس طبقہ کے بارے میں اغماض سے کام لیا ہے۔ جیسے بلّی کے جھوٹے کی حدیث کبشہ اور حمیدہ روایت کرتی ہیں اور دونوں مجہول الحال ہیں، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے۔

دوسرا اعتراض: ابوفزارہ جو ابو زید سے روایت کرتے ہیں: معلوم نہیں کون ہیں؟ اگر راشد بن کیسان ہیں تو ٹھیک ہیں اور اگر کوئی اور ہیں تو ان کا حال معلوم نہیں۔

جواب: وہ راشد بن کیسان ہی ہیں۔ اور محض احتمال آفرینی تو ایسی بیماری ہے جس کا کوئی علاج نہیں۔

تیسرا اعتراض: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا لیلۃ الجن میں نبی ﷺ کے ساتھ ہونا ثابت نہیں، ان کے صاحبزادے ابوعبیدۃ نے اس کا صاف انکار کیا ہے۔

جواب: یہ اعتراض بھی صحیح نہیں۔ ابھی باب ۱۴ میں حدیث گذری ہے جو اعلی درجہ کی صحیح ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ

عنہ فرماتے ہیں کہ وہ لیلۃ الجن میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے۔ اور ابوعبیدۃ کے انکار کی توجیہ یہ ہے کہ جہاں جنات سے ملاقات ہوئی تھی وہاں ساتھ نہیں تھے۔ وہ راستہ ہی میں بٹھا دیئے گئے تھے اور نبیذ سے وضوء کرنے کا واقعہ اسی جگہ پیش آیا تھا۔

۲- امام اعظم رحمہ اللہ کے پہلے قول کی دلیل یہی حدیث تھی، مگر بعد میں شک پیدا ہوا کہ نبیذ تیار ہوئی تھی یا نہیں؟ نبی ﷺ کے ارشاد: تمرۃٌ طیّبۃ وماءٌ طھور سے پتہ چلتا ہے ابھی کھجور: کھجور ہے اور پانی: پانی۔ کھجور کا اثر ابھی پانی میں نہیں پہنچا، اس لئے امام اعظم نے دوسرا قول کیا اور وضوء اور تیمّم کو استحبابا جمع کرنے کا حکم دیا۔ پھر یہ شک قوی ہوا تو دونوں کو وجوباً جمع کرنے کے لئے فرمایا۔ پھر شک یقین سے بدل گیا کہ ابھی نبیذ تیار نہیں ہوئی تھی اس لئے چوتھا قول کیا جو آخری قول ہے ــــــ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کو نبیذ مجازاً کہا ہے کیونکہ نبیذ بنانے ہی کے لئے چھوہارے پانی میں ڈالے تھے۔ جیسے طالب علم چولہے پر پانی رکھ کر کہتا ہے چائے پکا رہا ہوں، حالانکہ وہ ابھی پانی ہی پکا رہا ہے، مگر وہ آئندہ چائے بننے والی ہے اس لئے اس کو ''چائے'' سے تعبیر کرتا ہے۔

[٦٥-] باب الوضوء بالنبيذ

[٩١-] حدثنا هَنَّادٌ، نا شَرِيكٌ، عن أبي فَزَارَةَ، عن أبي زَيْدٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، قال: سَأَلَنِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا فِيْ إِدَاوَتِكَ؟" فَقُلْتُ: نَبِيْذٌ، فقال: "تَمرَةٌ طَيِّبَةٌ وماءٌ طَهُوْرٌ" قال: فَتَوَضَّأَ مِنهُ.

قال أبو عيسى: وَإِنَّمَا رُوِيَ هٰذا الحديثُ عن أبي زَيْدٍ، عن عبدِ اللّٰهِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وأبُو زَيْدٍ رَجُلٌ مَجهولٌ عند أهلِ الحديثِ، لاَ نَعْرِفُ لَهُ رِوَايَةً غَيرَ هٰذا الحديثِ. وقَدْ رَأَى بعضُ أهل العلمِ الوُضُوْءَ بالنَّبِيْذِ مِنْهُمْ: سفيانُ وغَيْرُهُ.

وقال بعضُ أهلِ العلم لاَيُتَوَضَّأُ بِالنَّبِيذِ، وهو قولُ الشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ؛ وقال إسحاقُ: إِنِ ابْتُلِيَ رَجُلٌ بِهٰذا فَتَوَضَّأَ بالنبيذِ وَتَيَمَّمَ: أَحَبُّ إِلَيَّ، قال أبو عيسى: وقَوْلُ مَن يَقُوْلُ: لاَ يُتَوَضَّأُ بالنبيذِ أَقْرَبُ إِلَى الكتابِ وأَشْبَهُ، لِأَنَّ اللّٰهَ تعالى قال: ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا﴾

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ابوزید سے، وہ ابن مسعود سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اور ابوزید محدثین کے نزدیک مجہول ہیں، اس حدیث کے علاوہ ہم ان کی کوئی روایت نہیں جانتے۔ اور بعض علماء نے نبیذ سے وضوء کرنے کو جائز کہا ہے۔ ان میں سے سفیان ثوری وغیرہ ہیں، اور بعض علماء کہتے ہیں کہ نبیذ

سے وضوء نہیں کی جائے گی، اور یہ امام شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ کا قول ہے۔ اور اسحاق کہتے ہیں: اگر کوئی شخص ایسی صورت سے دوچار ہو جائے تو اس کا نبیذ سے وضوء کرنا اور تیمّم کرنا مجھے زیادہ پسند ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اور اس شخص کا قول جو نبیذ سے وضوء نہ کرنے کی بات کہتا ہے قرآن سے زیادہ قریب اور صواب سے زیادہ مشابہ ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اگر تم پانی نہ پاؤ تو پاک مٹی کا قصد کرو''

بابُ المَضْمَضَةِ مِنَ اللَّبَنِ

دودھ پی کر کلی کرنے کا بیان

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے دودھ پیا، پھر پانی منگوایا اور کلی کی اور فرمایا: ''دودھ میں چکناہٹ ہے''

تشریح: یہ حدیث درحقیقت آدابِ طعام کی ہے۔ سب سے پہلے امام مالک رحمہ اللہ نے اس کو کتاب الطہارۃ میں لیا ہے، امام مالک رحمہ اللہ تمام محدثین کے سرخیل ہیں اس لئے بعد کے محدثین نے بھی اس کو کتاب الطہارۃ میں لیا ـــــ دَسَمْ: کے معنی ہیں: چکناہٹ، نبی ﷺ نے اپنے فعل کی وجہ بیان کی ہے اس لئے حکم ہر اس چیز کو عام ہوگا جس میں چکناہٹ ہو، مثلاً: اونٹ کا گوشت، گاجر کا حلوا اور گھی کا کوئی بھی آئیٹم کھا کر کلی کر لینی چاہئے۔

مسئلہ: کوئی چیز کھانے کے بعد منہ میں اس کا مزہ باقی ہو، اُس حالت میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ مثلاً چائے پی، ابھی اس کی کڑواہٹ منہ میں باقی ہے، اس حالت میں کلی کئے بغیر کوئی نماز پڑھے تو درست ہے، مگر کلی کر کے پڑھنا بہتر ہے۔

[٦٦-] باب المَضْمَضَةِ من اللبن

[٩٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن عُقَيْلٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم شَرِبَ لَبَنًا فَدَعَا بِمَاءٍ فَمَضْمَضَ وَقَال: '' إِنَّ لَهُ دَسَمًا ''

وفي البابِ: عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ وَأُمِّ سَلَمَةَ، قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رَأىٰ بَعضُ أهلِ العلمِ المَضْمَضَةَ مِنَ اللَّبَنِ، وهٰذَا عِندَنا عَلَى الِاسْتِحْبَابِ، وَلَمْ يَرَ بَعْضُهُمُ الْمَضْمَضَةَ مِنَ اللَّبَنِ.

ترجمہ: بعض علماء نے دودھ کی وجہ سے کلی کرنے کی بات کہی ہے۔ اور یہ ہمارے نزدیک مستحب ہے۔ اور بعض نے دودھ کی وجہ سے کلی کرنے کی بات نہیں کہی (یعنی اس کو واجب نہیں کہا مستحب ان کے نزدیک بھی ہے۔ پس دونوں قولوں میں کوئی تعارض نہیں)

بابٌ فی کَراھِیَۃِ رَدِّ السَّلَامِ غَیْرَ مُتَوَضِّئٍ

بے وضو سلام کا جواب دینے کی کراہیت

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کو سلام کیا جبکہ آپؐ (بالفعل) پیشاب فرمارہے تھے، آپؐ نے جواب نہیں دیا۔

تشریح:

۱-امام ترمذی رحمہ اللہ کا عنوان: حدیث سے عام ہے۔ عنوان یہ ہے کہ بے وضوء سلام کا جواب نہیں دینا چاہئے۔ اور حدیث یہ ہے کہ جو بالفعل پیشاب کررہا ہو اس کو سلام کا جواب نہیں دینا چاہئے۔ یہ بے وضو ہونے کی خاص حالت ہے۔ امام صاحبؒ نے حکم کو عام کیا ہے کہ ہر بے وضوء کے لئے یہی مسئلہ ہے۔ غالباً امام صاحب نے وھو یبول کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ آپؐ پیشاب سے فارغ ہو چکے تھے اور واقعہ بھی ایسا ہی تھا۔

۲-کیا بے وضو سلام کا جواب دینا مکروہ ہے؟ بالفاظ دیگر: کیا بے وضوء اللہ کا ذکر کرسکتے ہیں؟ اس سلسلہ میں روایات مختلف ہیں، دو حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سلام کا جواب نہیں دینا چاہئے اور ذکر بھی نہیں کرنا چاہئے: ایک: نبی ﷺ استنجے سے فارغ ہوکر بیر جمل کی طرف سے واپس آرہے تھے، آپؐ مدینہ کی ایک گلی سے گذر رہے تھے کہ ایک شخص نے سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا، جب وہ شخص نظروں سے اوجھل ہونے کے قریب ہوگیا تو آپؐ نے تیمّم کرکے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: أما إنه لَمْ یَمْنَعْنِیْ أن أَرُدَّ علیك إلَّا أنی كنتُ لستُ بطاھر، یعنی بے وضوء ہونے کی وجہ سے میں نے جواب نہیں دیا۔ دوم: مہاجر بن قُنْفُذ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس آئے اور سلام کیا، آپ نے جواب نہ دیا۔ جب آپؐ وضو سے فارغ ہوئے تو جواب دیا اور فرمایا: إنه لم یَمْنَعْنِیْ أَنْ أَرُدَّ علیك إلا أَنِّی كرهتُ أَنْ أَذْكُرَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ إلَّا علی طهارة. یعنی میں نے بے وضوء اللہ کا ذکر کرنا ناپسند کیا اس لئے جواب نہیں دیا۔ یہ دونوں حدیثیں طحاوی (۱: ۶۸) میں ہیں۔ ان سے معلوم ہوا کہ بے ضوء اللہ کا ذکر نہیں کرنا چاہئے، مکروہ ہے۔

دوسری طرف بہت سی حدیثیں ہیں جن سے جواز معلوم ہوتا ہے: (۱) نبی ﷺ بیت الخلاء سے نکل کر دعا پڑھتے تھے (۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: كان یَذْكُرُ اللّٰهَ علی كلِّ أَحْیَانِهِ: نبی ﷺ ہر حال میں اللہ کا ذکر کرتے تھے، اس کے عموم میں بے وضوء ہونے کی حالت بھی آجاتی ہے (۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ہر حالت میں قرآن پڑھاتے تھے سوائے جنابت کی حالت کے۔ ان کے علاوہ بھی حدیثیں ہیں جو طحاوی (۱: ۷۰) میں ہیں اور معروف ہیں۔ ان مختلف روایات میں تطبیق دینے کے لئے علماء نے متعدد راہیں اختیار کی ہیں۔ سب سے اچھی توجیہ یہ ہے کہ نبی ﷺ پر اس موقعہ پر خاص حالت طاری تھی جس کی وجہ سے آپؐ نے بے ضوء اللہ کا

ذکر ناپسند کیا، سلام کا جواب بھی نہیں دیا، کیونکہ ''سلام'' اللہ کی صفت ہے، پس وہ بھی ذکر ہے۔ اور عام حالات میں آپؐ بے وضو اللہ کا ذکر کرتے تھے، حتی کہ افضل الذکر قرآن کی تلاوت بھی کرتے تھے۔ البتہ جنابت کی حالت میں تلاوت نہیں کرتے تھے۔

فائدہ: اوپر ہم نے جو حدیث ذکر کی ہے کہ نبی ﷺ بیر جمل کی طرف سے تشریف لا رہے تھے اور تیمّم کر کے سلام کا جواب دیا، یہ حدیث اور باب کی حدیث ایک ہیں۔ امام ترمذیؒ نے حدیث کو اتنا مختصر کر دیا ہے کہ الگ حدیث ہونے کا وہم پیدا ہوتا ہے۔ یہ واقعہ نبی ﷺ کو پیشاب کرنے کی حالت میں سلام کرنے کا نہیں ہے، بلکہ فارغ ہونے کے بعد سلام کرنے کا ہے۔

مسئلہ: جو شخص پیشاب سے فارغ ہو کر ڈھیلا کر رہا ہو اس کو سلام کا جواب دینا چاہئے یا نہیں؟ یہ مسئلہ متقدمین کی کتابوں میں نہیں ہے، حضرت گنگوہی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جواب دے سکتا ہے، اور مولانا مظہر نانوتوی رحمہ اللہ منع کرتے تھے۔ ہم حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کے ساتھ ہیں، کیونکہ جب ستر کھلا ہوا نہیں ہے تو جواب دینے میں کوئی حرج نہیں۔

[٦٧-] باب فی كراهية رَدِّ السلامِ غَيْرَ متوضئ

[٩٣-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، ومحمدُ بنُ بَشَّارٍ، قالا: نا أبو أحمدَ، عن سُفيان، عَن الضَّحَّاكِ بنِ عُثمانَ عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَبُوْلُ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ.

قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وإِنَّمَا يُكْرَهُ هٰذا عِنْدَنا إِذا كَانَ عَلَى الغَائِطِ وَالْبَوْلِ، وَقَدْ فَسَّرَ بَعضُ أهلِ العلمِ ذٰلِكَ، وَهٰذا أحسنُ شَيْئٍ رُوِیَ فی هٰذا الباب.

وفی البابِ: عن المُهَاجِرِ بنِ قُنْفُذٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ حَنْظَلَةَ وَعَلْقَمَةَ بنِ الفَغْوَاءِ، وَجَابرٍ وَالْبَرَاءِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدث حسن صحیح ہے، اور یہ بات ہمارے نزدیک اس وقت مکروہ ہے جبکہ آدمی بالفعل بڑا یا چھوٹا استنجاء کر رہا ہو، اور بعض علماء نے حدیث کی یہی تفسیر کی ہے یعنی بالفعل پیشاب کرنے کی حالت پر حدیث کو محمول کیا ہے۔ اور یہ حدیث باب کی سب سے اچھی روایت ہے۔ اور باب میں مہاجر بن قنفذ، عبداللہ بن حنظلہ، علقمۃ بن الفغواء وغیرہ کی حدیثیں بھی ہیں (صحیح نام علقمہ بن الفغواء ہے، شَفْوَاء صحیح نام نہیں)

بابُ مَاجَاءَ فی سُؤْرِ الکَلْبِ

کتے کے جھوٹے کا مسئلہ

کتّے کے جھوٹے کے سلسلہ میں تین مسئلے ہیں: (۱) کتے کا جھوٹا پاک ہے یا ناپاک؟ (۲) کتا برتن میں منہ ڈال دے تو سات مرتبہ دھونا ضروری ہے یا تین مرتبہ دھونے سے بھی برتن پاک ہوجائے گا؟ (۳) مٹی سے مانجھنے کا کیا حکم ہے؟

پہلا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تمام درندوں کا جھوٹا پاک ہے اور کتا بھی ایک درندہ ہے، پس اس کا جھوٹا بھی پاک ہونا چاہئے۔ امام مالک رحمہ اللہ اپنی اصل پر قائم ہیں۔ وہ فرماتے ہیں: کتے کا جھوٹا پاک ہے۔ مگر امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ اپنی اصل سے ہٹ گئے، دونوں کہتے ہیں کہ کتے کا جھوٹا ناپاک ہے، اور احناف کے نزدیک تو ہر درندے کا جھوٹا ناپاک ہے، خواہ کتا ہو، شیر ہو یا چیتا وغیرہ ہو۔

دوسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ولوغ کلب کی صورت میں برتن کو سات مرتبہ دھونا ضروری ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حکم تعبدی ہے۔ اور باقی دو اماموں کے نزدیک برتن کی پاکی کے لئے دھونا ضروری ہے۔ اور احناف کے نزدیک تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہوجاتا ہے، البتہ سات مرتبہ دھونا مستحب ہے۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی حدیث ہے، اس میں نبی ﷺ نے سات مرتبہ دھونے کا حکم دیا ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ کا یہ ارشاد استحباب کے طور پر ہے۔ کیونکہ حدیث کے راوی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتوی یہ ہے کہ تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہوجاتا ہے (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ فتوی طحاوی باب سؤر الکلب میں مروی ہے)

پھر ائمہ ثلاثہ کے درمیان اس میں اختلاف ہوا ہے کہ برتن دھونے کا حکم کیوں ہے؟ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک یہ حکم طہارت کے لئے ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حکم تعبدی ہے۔ کیونکہ کتے کا جھوٹا ان کے نزدیک پاک ہے اور تعبدی کا مطلب یہ ہے کہ شریعت نے دھونے کا حکم دیا ہے اس لئے دھوتے ہیں اس کی وجہ ہم نہیں جانتے۔ جمہور کی دلیل مسلم شریف کی روایت ہے: طُهورُ إناءِ أحدکم إذا وَلَغَ الکلبُ فیه أن یَغسِلَه سبعَ مَرَّاتٍ: تمہارے برتن کی پاکی جب اس میں کتا منہ ڈال دے یہ ہے کہ اس کو سات مرتبہ دھوؤ (۱: ۱۳۷) جمہور لفظ طھور سے استدلال کرتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ اس کو بالمعنی روایت قرار دیتے ہیں یعنی راوی نے جیسا سمجھا ایسا لفظ بدل دیا۔

تیسرا مسئلہ: برتن کو مٹی سے مانجھنا امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک واجب ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص سات مرتبہ دھوئے مگر مٹی سے نہ مانجھے تو برتن پاک نہیں ہوگا، پھر امام احمدؒ کے نزدیک دو مرتبہ مٹی سے مانجھنا ضروری

ہے: ایک سات کے اندر دوسرے آٹھویں مرتبہ، کیونکہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث میں والثامنۃُ بالتراب آیا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سات کے اندر مانجھنا کافی ہے۔ آٹھویں مرتبہ مانجھنا مستحب ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مانجھنا ضروری نہیں، صرف مستحب ہے۔

وضاحت: سورکلب کی روایت کے جواب میں علماء نے تین موقف اختیار کئے ہیں: نسخ کا، تنفیر کا اور ارشاد کا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

ائمہ ثلاثہ: اس حدیث میں جو حکم ہے اس کو امر شرعی قرار دیتے ہیں۔ یعنی یہ شرعی مسئلہ ہے، برتن کی پاکی کے لئے سات مرتبہ دھونا اور مٹی سے مانجھنا ضروری ہے۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ تعبدی حکم قرار دیتے ہیں اور مٹی سے مانجھنے کو ضروری نہیں کہتے۔ اور احناف نے اس حدیث کے سلسلہ میں تین موقف اختیار کئے ہیں:

پہلا موقف: نسخ کا ہے۔ یعنی یہ حدیث منسوخ ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ عربوں کے مزاج میں کتا اتنا دخیل ہوگیا تھا جتنا اب یورپ کے مزاج میں دخیل ہوگیا ہے۔ انھوں نے GOD (خدا) کو چھوڑ کر DOG (کتے) کو پکڑ لیا ہے۔ اسلام آیا تو اس نے اس محبت کو لوگوں کے دلوں سے نکالنا چاہا، اور اس کے لئے بتدریج چند احکام دیئے۔ سب سے پہلے لوگوں کو یہ بتایا کہ اگر کوئی شوقیہ کتے کو پالے گا تو روزانہ اس کے ثواب میں سے ایک قیراط (درہم کا چھٹا حصہ) کم ہوجائے گا۔ محتاط لوگوں نے اسی وقت کتے کو چلتا کیا۔ کیونکہ ثواب ندارد گناہ لازم! پھر دوسرا حکم برتن کو سات مرتبہ دھونے کا اور ایک مرتبہ مٹی سے مانجھنے کا دیا۔ کتا گھر میں ہر طرف گھومتا ہے اور صبح سے شام تک نہ معلوم کتنے برتنوں میں منہ ڈالتا ہے۔ لوگ برتن دھوتے دھوتے تنگ آگئے تو اس کو رخصت کردیا۔ پھر آخری حکم کتوں کو مار ڈالنے کا دیا۔ پھر جب کتوں کی محبت دلوں سے نکل گئی بلکہ مدینہ میں کوئی کتا نہ رہا اور قبائل کی کوئی عورت کتے کے ساتھ مدینہ میں آتی تو لوگ دوڑ پڑتے اور اس کو مار ڈالتے، جب نفرت اس درجہ تک پہنچ گئی تو آخری حکم —— کالے کتے کو مستثنیٰ کرکے —— اٹھالیا۔ اب علماء کا اتفاق ہے کہ پہلا حکم (ثواب کم ہونے کا) بدستور باقی ہے، اور دوسرے حکم میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ حکم باقی ہے یا منسوخ ہوگیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک باقی ہے اور احناف کے نزدیک یہ دوسرا حکم بھی تیسرے حکم کی طرح منسوخ ہوگیا ہے —— مگر یہ توجیہ مقبول نہیں۔ کیونکہ تسبیع وتتریب کے استحباب کا قول احناف کے یہاں بھی موجود ہے۔ اگر یہ حکم ختم ہوگیا ہوتا تو استحباب کیسے باقی رہتا؟

دوسرا موقف: تنفیر کا ہے۔ یعنی اس حکم کا مقصد لوگوں کے دلوں میں کتوں کی نفرت پیدا کرنا ہے۔ پس تسبیع وتتریب کا حکم وجوبی نہیں استحبابی ہے، تنفیر کا مقصد اس صورت میں بھی حاصل ہوتا ہے اور حدیث کے راوی کا فتوی عدم وجوب کی دلیل ہے —— یہ توجیہ مقبول ہے۔

تیسرا موقف: ارشادی ہے۔ یعنی لوگوں کو ان کی بھلائی کی ایک بات بتائی گئی ہے کہ لوگوں کو چاہئے کہ کتے کے

جھوٹے برتن کو سات مرتبہ دھوئیں اور ایک مرتبہ مٹی سے مانجھیں۔ اور علامہ ابن رُشد مالکیؒ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ ممکن ہے کتا ہڑکایا (باؤلا) ہو، اور اس کی بیماری کے جراثیم چپکو ہوتے ہیں، جب تک مریں گے نہیں برتن سے نکلیں گے نہیں۔ اور ان کا علاج نوشادر ہے جو مٹی میں ہر جگہ موجود ہوتا ہے، پس جب برتن مٹی سے مانجھا جائے گا تو جراثیم مرجائیں گے اور بار بار دھونے سے نکل جائیں گے اور ان کی مضرت سے آدمی بچ جائے گا —— یہ توجیہ بھی پسندیدہ ہے، استحباب کے قول سے ہم آہنگ ہے۔

[۶۸-] باب ماجاء فی سُؤْرِ الکلب

[۹٤-] حدثنا سَوَّارُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ العَنْبَرِیُّ، نا المُعْتَمِرُ بنُ سُلَیْمَانَ، قال سمعتُ أَیُّوْبَ، عن مُحمدِ بنِ سیرینَ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: ”یُغْسَلُ الإِنَاءُ إِذَا وَلَغَ فِیْهِ الکَلْبُ سَبْعَ مَرَّاتٍ أَوْلَاهُنَّ أَوْ: أُخْرَاهُنَّ بالتُّرَابِ، وإِذَا وَلَغَتْ فِیْهِ الهِرَّةُ. غُسِلَ مَرَّةً“

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وهُو قولُ الشافعیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وقد رُوِیَ هٰذا الحدیثُ مِن غَیْرِ وَجْهٍ عن أبی هُرَیْرَةَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوُ هٰذَا وَلَمْ یُذْکَرْ فِیْهِ: ”إِذَا وَلَغَتْ فِیْهِ الهِرَّةُ غُسِلَ مَرَّةً“

وفی البابِ: عن عَبدِ اللّٰهِ بنُ مُغَفَّلٍ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ”برتن سات مرتبہ دھویا جائے جب اس میں کتا منہ ڈالے، پہلی مرتبہ یا فرمایا: آخری مرتبہ مٹی سے مانجھا جائے۔ اور جب اس میں بلی منہ ڈالے تو ایک مرتبہ دھویا جائے“ (بلی کے جھوٹے کا حکم اگلے باب میں آرہا ہے) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے (حدیث کا آخری ٹکڑا جو بلّی کے جھوٹے سے متعلق ہے اس میں اختلاف ہے کہ وہ مرفوع ہے یا موقوف) اور یہ شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاق کا قول ہے۔ اور یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے متعدد طرق سے اسی طرح مروی ہے، مگر اس میں إذا ولغت فیه إلخ نہیں ہے۔ اور باب میں عبداللہ بن مغفلؓ کی روایت ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی سُؤْرِ الهِرَّةِ

بلّی کے جھوٹے کا حکم

بلی کا جھوٹا ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک پاک ہے اس کے استعمال میں کوئی قباحت نہیں، خواہ متبادل موجود ہو یا نہ ہو، اور خواہ عذر ہو یا نہ ہو۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مکروہ ہے۔ پھر امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مکروہ

تحریمی ہے ـــ مکروہ تحریمی حرام کے قریب ہوتا ہے جیسے واجب: فرض کے قریب ہوتا ہے ـــ اور ابوالحسن کرخی رحمہ اللہ کی رائے میں مکروہ تنزیہی ہے، پس ضرورت کے وقت اس کو استعمال کر سکتے ہیں۔ عام حالات میں جائز نہیں۔ فتوی اسی پر ہے۔

حدیث: کبشہ (حضرت ابوقتادہؓ کی بہو) کہتی ہیں کہ ان کے پاس حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ تشریف لائے، انھوں نے ابوقتادہؓ کے لئے وضوء کا پانی رکھا۔ حضرت ابوقتادہ وضوء کے لئے بیٹھے تو بلی آئی۔ حضرت نے اس کے لئے برتن جھکا دیا۔ بلی نے پانی پی لیا، پھر حضرت ابوقتادہ اس سے وضوء کرنے لگے۔ کبشہ کہتی ہیں: مجھے خسر ابا کے اس فعل پر حیرت ہوئی، ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سمجھ گئے فرمانے لگے: اے بھتیجی! کیا تجھے تعجب ہو رہا ہے، انھوں نے کہا: ہاں! پس آپ نے حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''بلی ناپاک نہیں وہ گھروں میں بکثرت آنے جانے والے انسانوں میں سے ہے یا فرمایا: بکثرت آنے جانے والے جانوروں میں سے ہے''

تشریح:

روایت کے دو جز ہیں: ایک: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا فعل۔ یہ صراحۃً بلی کے جھوٹے کی طہارت پر دلالت کرتا ہے۔ دوم: حدیث مرفوع۔ یہ صراحۃً طہارت پر دلالت نہیں کرتی۔ إنھا سے بلی کا ظاہری بدن بھی مراد ہوسکتا ہے۔ مگر ائمہ ثلاثہ راویِ حدیث کے عمل کے قرینہ سے حدیث میں مجاز بالحذف مانتے ہیں۔ وہ تقدیر عبارت إن سؤرھا نکالتے ہیں۔ اور بلی کے جھوٹے کی طہارت بلا کراہیت ثابت کرتے ہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ اس حدیث کے ساتھ چار باتیں اور پیش نظر رکھتے ہیں:

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث گذشتہ باب میں گذر چکی ہے کہ اگر بلی برتن میں منہ ڈالے تو اس کو ایک مرتبہ دھویا جائے۔ طحاوی میں اس روایت کے الفاظ یہ ہیں: طُھور الإناء إذا وَلَغَ فیه الھِرُّ أن یُغسل مرة أو مرتین (قُرَّةُ شَكَّ) یعنی جب بلی برتن میں منہ ڈالے تو اس کو ایک مرتبہ یا دو مرتبہ دھویا جائے (طحاوی ۱:۱۸) امام طحاویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث متصل الاسناد ہے یہ حدیث مرفوع اور موقوف دونوں طرح مروی ہے، مگر موقوف بھی مرفوع ہے، کیونکہ ابن سیرین رحمہ اللہ نے تلامذہ کو بتلا رکھا تھا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سبھی حدیثیں مرفوع ہیں، خواہ وہ مرفوع کریں یا نہ کریں (طحاوی ۱:۱۸)

۲- حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے عمل کو ان کی بہو کا حیرت سے دیکھنا اس طرف مشیر ہے کہ اسلامی معاشرہ میں بلی کے جھوٹے کو پاک نہیں سمجھا جاتا تھا نہ اس کو استعمال کیا جاتا تھا۔

۳- بلّی درندہ ہے اور جھوٹا بحکم گوشت ہے، پس جس طرح درندوں کا گوشت ناپاک ہے ان کا جھوٹا بھی ناپاک ہونا چاہئے۔

۴-باب کی حدیث محکم الدلالۃ نہیں، اس کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ بلّی کا ظاہری بدن ناپاک نہیں۔
ان سب امور کو ملحوظ رکھ کر امام اعظم رحمہ اللہ نے بلی کے جھوٹے کو مکروہ قرار دیا، اور یہ تخفیف عموم بلوی کی وجہ سے ہے، ورنہ قاعدے سے ناپاک ہونا چاہئے۔ مگر چونکہ بلی ہر وقت گھر میں آتی جاتی رہتی ہے اس لئے تخفیف مناسب ہے۔

فائدہ: ائمہ ثلاثہ نے سور ہرّۃ پر تمام درندوں کو قیاس کیا ہے اوران کا جھوٹا پاک قرار دیا ہے (سوائے کتّے کے) مگر انھوں نے علت إنها من الطوافين عليكم أو الطوافات کو ملحوظ نہیں رکھا۔ سب درندوں میں یہ علت نہیں پائی جاتی۔ اور احناف نے حدیث کا حکم سواکن البیوت کی طرف متعدی کیا ہے اور چوہے وغیرہ کے جھوٹے کو پاک مکروہ کہا ہے۔ کیونکہ سواکن البیوت میں علت متحقق ہے۔

نوٹ: حدیث میں أو شك راوی کا ہے۔ یعنی نبی ﷺ نے بلّی کو ہر وقت گھر میں آنے جانے والے لوگوں یعنی غلاموں اور بچوں میں شامل کیا یا ہر وقت گھر میں آنے جانے جانوروں یعنی چوہوں وغیرہ میں شامل کیا (طوافین: ذوی العقول کی جمع ہے اور طوافات: غیر ذوی العقول کی)

[٦٩-] باب ماجاء في سُؤْرِ الهِرَّةِ

[٩٥-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسىَ الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكُ بنُ أنسٍ، عن إسحاقَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبي طلحةَ، عن حُمَيْدَةَ ابْنَةِ عُبَيْدِ بنِ رِفَاعَةَ، عن كَبْشَةَ ابْنَةِ كَعْبِ بنِ مَالكٍ ـــ وكانت عندَ ابنِ أبي قَتَادَةَ ـــ أَنَّ أَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ عَلَيْهَا، قالت: فَسَكَبْتُ لَهُ وَضُوْءً قَالَتْ: فَجَاءَ تْ هِرَّةٌ تَشْرَبُ، فَأَصْغٰى لَهَا الإِنَاءَ حَتّٰى شَرِبَتْ، قَالَتْ كَبْشَةُ: فَرَآنِيْ أَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: أَتَعْجَبِيْنَ يَا ابْنَةَ أَخِيْ؟ فقلتُ نَعَم، فقال: إِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ، إِنَّهَا مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عَلَيْكُمْ أَو: الطَّوَّافَاتِ"

وفي الباب: عن عائشةَ وأبي هريرةَ؛ قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وهُو قَولُ أكثَرِ العُلَماءِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ ومَن بَعدَهم، مِثلُ الشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ: لَمْ يَرَوْا بِسُؤْرِ الهِرَّةِ بَأْسًا.

وهٰذا أَحْسَنُ شَيْءٍ في هٰذا البابِ؛ وقَد جَوَّدَ مالكٌ هٰذا الحديثَ عن إسحاقَ بنِ عبدِاللّٰهِ بن أبي طَلحةَ، ولَمْ يَأْتِ به أَحَدٌ أَتَمَّ مِن مَالكٍ.

ترجمہ: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے (سنن اربعہ، مالک واحمد ودارمی نے اس کو روایت کیا ہے۔ مشکوٰۃ حدیث

۴۸۲ صحیحین میں یہ حدیث نہیں لی گئی) اور یہ اکثر صحابہ وتابعین اور بعد کے لوگوں کا جیسے شافعی، احمد اور اسحاق رحمہ اللہ کا قول ہے۔ ان کے نزدیک بلّی کے جھوٹے میں کوئی حرج نہیں۔ اور یہ باب کی سب سے اچھی حدیث ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ نے اسحاق سے اس کی عمدہ سند بیان کی ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ سے زیادہ تام اس حدیث کو کوئی نہیں لایا (یعنی امام مالک رحمہ اللہ نے اپنے استاذ اسحاق رحمہ اللہ کا نام بالکل صحیح بیان کیا ہے، بس اس عبارت کا اتنا ہی مطلب ہے)

فائدہ: اس حدیث کی سند میں حمیدۃ اور کبشہ دونوں مجہول ہیں، ان کے احوال معلوم نہیں کہ ثقہ ہیں یا غیر ثقہ، تاہم امام ترمذیؒ نے اس کی تصحیح کی ہے، اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ صحابہ سے روایت کرنے والا تابعین کا پہلا طبقہ اگر مجہول ومستور ہو تو اس سے صرفِ نظر کی جائے گی، کیونکہ اس زمانہ میں راویوں کا ریکارڈ رکھنے کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا۔ ہاں اگر ائمہ کسی راوی کو صراحۃً ضعیف قرار دیں تو وہ ضعیف ہوگا۔

بابُ المَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ

چمڑے کے موزوں پر مسح کا بیان

چمڑے کے موزوں پر مسح جائز ہے۔ اسلامی فرقوں میں سے صرف شیعہ اور خوارج اس کو ناجائز کہتے ہیں۔ پھر خوارج کا مذہب یہ ہے کہ پاؤں کو بہر حال دھونا ضروری ہے، ان پر مسح کسی حال میں جائز نہیں، اور شیعہ (امامیہ) پاؤں کا وظیفہ مسح بتاتے ہیں، ان کے نزدیک ننگے پاؤں پر مسح کرنا ضروری ہے۔ خفین پر مسح جائز نہیں۔ یہ لوگ ان تمام حدیثوں کو جن میں خفین پر مسح کا تذکرہ ہے منسوخ مانتے ہیں۔ اور ناسخ سورۂ مائدہ کی آیت (۶) بتاتے ہیں۔ یعنی آیتِ وضوء میں جر والی قراءت سے استدلال کرتے ہیں ان دو فرقوں کے علاوہ پوری امت خواہ وہ اہل السنۃ ہوں یا باطل فرقے، خفین پر مسح جائز کہتے ہیں، ان کی دلیل مسح علی الخفین کی روایاتِ متواترہ ہیں —— احادیثِ متواترہ سے کتاب اللہ پر زیادتی جائز ہے۔

اور خوارج وشیعہ کا ان حدیثوں کو منسوخ ماننا درست نہیں، کیونکہ نبی ﷺ سے آیت وضوء کے نزول کے بعد بھی خفین پر مسح کرنا ثابت ہے، حضرت جریر بجلی رضی اللہ عنہ جو سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد اور نبی ﷺ کی وفات سے پچاس دن پہلے مسلمان ہوئے ہیں، فرماتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے، معلوم ہوا کہ مسح علی الخفین کی حدیثیں منسوخ نہیں ہیں۔

فائدہ: خفین پر مسح کا ثبوت قرآن سے قطعی طور پر نہیں ہے۔ البتہ بعض حضرات نے أرْجُلِكُمْ میں کسرہ کی قراءت کو مسح علی الخفین پر محمول کیا ہے، تفصیل باب (۳۱) میں گذر چکی۔

[٧٠-] بابُ المسحِ على الخفين

[٩٦-] حدثنا هَنَّادٌ، ناوكيعٌ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن هَمَّامِ بنِ الحارثِ، قال: بَالَ جَرِيْرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ على خُفَّيْهِ، فَقِيْلَ لَهُ: أَتَفْعَلُ هٰذا؟ قَالَ: وَمَا يَمْنَعُنِی وقَدْ رَأَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَفْعَلُهُ؟ قال: وَكَانَ يُعْجِبُهُمْ حَديثُ جَرِيْرٍ لِأَنَّ إسلامَه كَانَ بَعدَ نُزُوْلِ المائدَةِ.

وفی الباب: عن عُمَرَ، وعليٍّ، وحُذيفةَ، والمُغيرةَ، وبلالٍ، وسَعدٍ، وأبی أيوبَ، وَسَلْمَانَ، وبُرَيْدَةَ، وَعَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ، وأنسٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، ويَعْلَى بنِ مُرَّةَ، وعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، وَأُسَامَةَ بنِ شَرِيكٍ، وأبی أُمَامَةَ، وجابرٍ، وَأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ جريرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٩٧-] ويُرْوىٰ عن شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ قال: رَأَيْتُ جريرَ بنَ عبدِ اللّٰهِ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلى خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ فی ذٰلك، فَقَالَ: رَأَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلىٰ خُفَّيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَقَبْلَ المائدَةِ أَوْ بَعْدَ المَائِدَةِ؟ فَقَالَ: مَا أَسْلَمْتُ إِلَّا بَعْدَ المَائِدَةِ. حَدَّثَنا بِذٰلك قُتَيْبَةُ، نا خالدُ بنُ زِيَادٍ التِّرمِذِیُّ، عن مُقَاتِلِ بن حَيَّانَ، عن شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عن جَرِيْرٍ.

وقال: وروىٰ بَقِيَّةُ عن إبراهيمَ بنِ أَدْهَمَ، عن مُقَاتِلِ بنِ حَيَّان، عن شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ عن جَرِيْرٍ.

وهٰذا حديثٌ مُفَسَّرٌ، لِأَنَّ بَعْضَ مَنْ أَنْكَرَ المَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ تَأَوَّلَ أَنَّ مَسْحَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْخُفَّيْنِ كَانَ قَبْلَ نزُوْلِ المائِدَةِ، وذَكَرَ جَرِيْرٌ فی حَدِيثِهٖ أَنَّهُ رَأَى النبیِّ صلى الله عليه وسلم مَسَحَ عَلى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ نُزُوْلِ المَائِدَةِ.

ترجمہ: ہمام بن الحارث کہتے ہیں: جریر بن عبداللہ بجلی نے پیشاب کیا، پھر وضوء کی (معلوم ہوا وضوء پر وضوء نہیں تھی) اور خفین پر مسح کیا۔ ان سے کہا گیا: آپ خفین پر مسح کرتے ہیں؟ (اس زمانہ میں خوارج وشیعہ یہ شوشہ چھوڑ چکے تھے کہ مسح علی الخفین کی حدیثیں منسوخ ہیں اس لئے حضرت جریرؓ کو خفین پر مسح کرتے دیکھ کر طلبہ نے دریافت کیا۔ اس زمانہ میں علم اسی طرح حاصل کیا جاتا تھا۔ موقع آتا تو سوال کرتے تھے) جریرؓ نے فرمایا: میں خفین پر مسح کیوں نہ کروں، جبکہ میں نے نبی ﷺ کو خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے؟! ابراہیم نخعی کہتے ہیں: محدثین کو حضرت جریر کی حدیث بہت پسند تھی اس لئے کہ وہ سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد مسلمان ہوئے ہیں (یعنی یہ دلیل ہے کہ خفین پر مسح کی حدیثیں منسوخ نہیں ہیں) اور باب میں حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما وغیرہ کی حدیثیں ہیں (امام ترمذیؒ نے اٹھارہ نام ذکر کئے ہیں۔ علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے شرح معانی الآثار کی شرح نُخَبُ الأفكار میں ترپّن صحابہ

کی حدیثوں کا حوالہ دیا ہے، اور حضرت حسن بصریؒ کا مشہور قول ہے کہ میں نے ستر سے زیادہ صحابہ سے ملاقات کی ہے وہ سب مسح علی الخفین کے قائل تھے)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

حضرت جریر کی یہ حدیث شہر بن حوشب سے بھی مروی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے حضرت جریر کو وضوء کرتے دیکھا انھوں نے خفین پر مسح کیا، میں نے ان سے اس سلسلہ میں پوچھا (کہ کیا آپ نے نبی ﷺ کو مسح کرتے دیکھا ہے؟) انھوں نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا ہے: آپؐ نے وضوء فرمائی اور اپنے دونوں موزوں پر مسح کیا۔ میں نے ان سے پوچھا: مائدہ کے نزول سے پہلے یا بعد میں؟ انھوں نے جواب دیا: میں مسلمان ہی مائدہ کے نزول کے بعد ہوا ہوں (اس کے بعد امام ترمذیؒ نے اس کی پوری سند لکھی ہے)

اور امام ترمذیؒ نے فرمایا: اور اس حدیث کو بقیۃ بن الولید (بھی) روایت کرتا ہے، ابراہیم بن ادہم سے، وہ مقاتل بن حیان سے، وہ شہر بن حوشب سے، وہ حضرت جریر سے۔

اور یہ حدیث واضح ہے (مفسر کو کسرہ کے ساتھ مفسِّر بھی پڑھ سکتے ہیں اور اس کے معنی ہونگے: تفسیر کرنے والی، وضاحت کرنے والی۔ اور زبر کے ساتھ مفسَّر بھی پڑھ سکتے ہیں، یعنی دوٹوک، واضح، بہتر بالفتح پڑھنا ہے) اس لئے کہ خفین پر مسح کے منکرین میں سے بعض نے یہ شوشہ چھوڑا ہے (یہ تأول کا ترجمہ ہے) کہ نبی ﷺ کا خفین پر مسح کرنا سورۂ مائدہ کے نزول سے پہلے تھا (لہٰذا یہ حدیثیں منسوخ ہیں) اور حضرت جریر نے اپنی حدیث میں یہ بات بیان کی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد مسح کرتے ہوئے دیکھا ہے (یعنی ان کا چھوڑا ہوا شوشہ غلط ہے)

وضاحت:

۱- شہر بن حوشب اشعری شامی (متوفی ۱۱۲ھ) معمولی درجہ کے راوی ہیں، کثیر الارسال والاوہام ہیں۔ سنن اربعہ میں ان کی روایت لی گئی ہے۔ محدثِ جلیل ابوعون عبداللہ بن عون بصریؒ نے ان پر کلام کیا ہے (تفصیل کے لئے دیکھئے تہذیب ۴: ۳۶۹)

۲- أبو یُحْمِدْ بقیةُ بن الولید بن الصائد کلاعی حمصی (متوفی ۱۹۷ھ) اچھے راوی ہیں، بخاری شریف میں تعلیقاً ان کی روایت ہے۔ صحاح ستہ کی باقی کتابوں میں بھی ان کی روایات ہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''اگر وہ غیر معروف رواۃ سے روایت کریں تو نہ لی جائیں، اور معروف رواۃ سے روایت کریں تو ان کی حدیث لی جائے'' ابومُسہر کہتے ہیں: أحادیثُ بقیةَ لیستْ بِنَقِیَّةٍ فَکُنْ مِنها علی تَقِیَّةٍ. یعنی بقیہ کی حدیثیں صاف ستھری نہیں، پس تم ان سے احتراز کرو۔ اور عُقیلی کہتے ہیں: یَروی عن قومٍ متروکین ومجھولین. یعنی بقیہ متروک ومجہول رواۃ کی

حدیثیں بیان کرتے ہیں۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں: صدوقٌ کثیر التدلیس عن الضعفاء یعنی معمولی درجہ کے سچے راوی ہیں اور ضعیف اساتذہ کا نام بکثرت چھپاتے ہیں (تفصیل کے لئے دیکھیں تہذیب ۱:۳۷۴ عقیلی کی الکامل فی الضعفاء ۱:۱۶۲)

بابُ المَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ لِلْمُسَافِرِ وَالْمُقِيْمِ

مسافر اور مقیم خفین پر کتنے دن مسح کرسکتے ہیں؟

پوری امت متفق ہے کہ خفین پر مسح کی اجازت مقیم ومسافر دونوں کے لئے ہے۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ کا ایک قول جو ان کے مذہب میں مفتی بہ نہیں ہے یہ ہے کہ یہ اجازت صرف مسافر کے لئے ہے، مقیم کے لئے نہیں (۱)۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ مسح علی الخفین میں توقیت کے قائل نہیں، جب تک جی چاہے مسح کرسکتا ہے۔ اور یہ عدم توقیت مسافر ومقیم دونوں کے لئے ہے، البتہ جنابت لاحق ہونے کے بعد یا موزہ نکال دینے کے بعد مسح باقی نہیں رہے گا۔ اب پاؤں کا دھونا ضروری ہوگا۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کے علاوہ باقی پوری امت متفق ہے کہ مسح میں توقیت ہے، مقیم کے لئے ایک رات دن (چوبیس گھنٹے) اور مسافر کے لئے تین رات دن (بہتر گھنٹے) ہیں۔ یہ وقت گذرنے کے بعد مسح خود بخود ختم ہوجائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے صرف جمہور کے دلائل بیان کئے ہیں۔ امام مالکؒ کی دلیل نہیں لائے، البتہ امام مالک رحمہ اللہ کا مسلک بیان کیا ہے کہ ان کے نزدیک مسح میں توقیت نہیں ہے۔ پھر فرمایا ہے کہ جمہور کا مسلک ہی صحیح ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ کی دلیل ابوداؤد اور طحاوی میں ہے۔ ان کی دلیل دو روایتیں ہیں: ایک صریح ہے، دوسری صریح نہیں۔ اور جو صریح ہے وہ صحیح نہیں، اس کا ایک راوی محمد بن یزید بن ابی زیاد ہے اور وہ مجہول ہے۔ اس روایت کا مضمون یہ ہے کہ حضرت ابی بن عمارۃ رضی اللہ عنہ نے سوال کیا: یارسول اللہ! میں خفین پر مسح کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں!'' انھوں نے پوچھا: ایک دن یارسول اللہ؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں اور دو دن'' انھوں نے پوچھا: اور دو دن یارسول اللہ؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں اور تین دن'' انھوں نے پوچھا: اور تین دن یارسول اللہ؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں'' یہاں تک کہ سات دن تک پہنچے، پھر فرمایا: اِمْسَحْ ما بدا لك: تمہارا جتنا جی چاہے مسح کرو! اس حدیث کے مذکور راوی محمد بن یزید کو ابوحاتم نے مجہول کہا ہے، امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: اس کی سند کے رجال معروف نہیں، ابن حبان کہتے ہیں: میں اس کی اسناد پر اعتماد نہیں کرتا۔ اور دار قطنی کہتے ہیں: اس حدیث کی سند ثابت نہیں۔

(۱) یہ ابن القاسم کی امام مالک سے روایت ہے (بُلغۃ السالک ۱:۵۸)

دوسری حدیث: حضرت خزیمہ بن ثابت کی ہے کہ نبی ﷺ نے مسح علی الخفین کی مدت مسافر کے لئے تین رات دن اور مقیم کے لئے ایک رات دن مقرر فرمائی۔ پھر فرمایا: ولم أَطْنَبَ له السائلُ فی مسألته لزاده: اگر درخواست کرنے والا مزید مدت مانگتا تو آپؐ عنایت فرماتے۔ یہ حدیث ٹھیک ہے، مگر عدم توقیت میں صریح نہیں، بلکہ توقیت میں صریح ہے۔ کیونکہ مانگنے والے نے نہ زیادہ مدت مانگی نہ آپؐ نے عنایت فرمائی، پس جو مدت مقرر کی تھی وہ باقی رہی (اور جمہور کی دلیل باب کی روایت ہے)

مسئلہ (۱): مسح کا وقت شروع ہوتا ہے طہارت کاملہ کے بعد پہلی مرتبہ حدث پیش آنے کے وقت سے، مثلاً ایک شخص نے فجر کی نماز سے پہلے وضوء کرکے خفین پہن لئے۔ پھر نو بجے حدث لاحق ہوا تو مسح دوسرے دن نو بجے تک کرسکتا ہے۔

مسئلہ (۲): خفین پر مسح کرنے کے لئے پہلی مرتبہ حدث پیش آنے کے وقت طہارتِ کاملہ ہونا شرط ہے۔ خفین پہنتے وقت شرط نہیں، مثلاً کسی نے پہلے پاؤں دھوئے پھر خفین پہن لئے، پھر ہاتھ منہ دھوئے اور سر پر مسح کیا، پھر حدث لاحق ہوا تو اس کے لئے مسح کرنا جائز ہے۔ اور اگر پاؤں دھوکر خفین پہن لئے پھر چہرہ اور ہاتھ دھوئے اور سر پر مسح کرنے سے پہلے حدث پیش آگیا تو مسح کرنا جائز نہیں کیونکہ جب حدث لاحق ہوا اس وقت طہارتِ کاملہ حاصل نہیں ہے۔

مسئلہ (۳): مسح کا وقت ختم ہونے پر صرف مسح ٹوٹتا ہے وضو نہیں ٹوٹتی، مثلاً: ایک شخص کے مسح کا وقت نو بجے ختم ہونے والا ہے، اس وقت وہ باوضوء ہے تو اس کے لئے خفین نکال کر صرف پاؤں کا دھونا کافی ہے مکمل وضوء لوٹانی ضروری نہیں۔

[٧١-] بابُ المسح على الخفين للمسافر والمقيم

[٩٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عن سَعِيْدِ بن مَسْرُوْقٍ، عن إبراهيمَ التَّيْمِيِّ، عن عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عن أبى عبدِ اللّٰهِ الجَدَلِيِّ، عن خُزَيْمَةَ بنِ ثَابِتٍ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ؟ فَقَالَ: " لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثٌ وَلِلْمُقِيْمِ يَوْمٌ"

وأبو عبدِ اللّٰهِ الجَدَلِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُبْنُ عَبْدٍ؛ قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وفى البابِ: عن عليٍّ، وأبى بَكْرَةَ، وأبى هريرةَ، وصَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، وعَوْفِ بنِ مالكٍ، وابنِ عُمَرَ، وَجريرٍ.

[٩٩-] حدَّثنا هَنَّادٌ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن عَاصِمِ بنِ أبى النَّجُوْدِ، عن زِرِّ بنِ حُبَيْشٍ، عن صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، قال: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفْرًا أَنْ لَّا نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلَاثَةَ

أَيَّامٍ وَلَيَالِيهُنَّ، إِلاَّ مِنْ جَنَابَةٍ، ولٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وبَوْلٍ ونَوْمٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رَوَى الحَكَمُ بنُ عُتَيْبَةَ، وحَمَّادٌ، عن إبراهيمَ النَّخَعِيِّ، عن أبى عبدِ اللّٰهِ الجَدَلِيِّ، عن خُزَيْمَةَ بنِ ثَابتٍ، ولاَ يَصِحُّ.

قَالَ عَلِيُّ بنُ المَدِيْنِيُّ: قَالَ يَحيىٰ: قال شُعْبَةُ: لَمْ يَسْمَعْ إبراهيمُ النَّخَعِيُّ مِن أبى عبدِ اللّٰهِ الجَدَلِيِّ حديثَ المَسْحِ.

وقَالَ زَائِدَةُ عَن مَنْصُوْرٍ: كُنَّا فى حُجْرَةِ إبراهيمَ التَّيْمِيِّ وَمَعَنَا إبراهيمُ النَّخَعِيُّ، فَحَدَّثَنَا إبراهيمُ التَّيْمِيُّ، عن عَمْرِو بنِ مَيْمُونٍ، عن أبى عبدِ اللّٰهِ الجَدَلِيِّ عن خُزَيْمَةَ بنِ ثَابِتٍ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم فى المَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ.

قال محمدٌ: أَحْسَنُ شَيْئٍ فى هٰذا البابِ حَدِيثُ صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ.

قال أبو عيسى: وهُو قَوْلُ العُلَماءِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابعين ومَن بَعْدَهُمْ مِنَ الْفُقَهَاءِ، مِثْلُ: سُفيانَ الثَّوْرِيِّ وابنِ المُبَارَكِ والشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ، قَالُوْا: يَمْسَحُ الْمُقِيْمُ يَوْمًا ولَيْلَةً، والمُسَافِرُ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ.

وقَد رُوِىَ عن بَعْضِ أهلِ العلمِ أَنَّهُمْ لَمْ يُوَقِّتُوْا فى المسحِ على الخُفينِ وهو قولُ مالكٍ بنِ أنسٍ، والتَّوْقِيْتُ أَصَحُّ.

ترجمہ: یہ حدیث ابراہیم تیمی کی ہے۔ وہ روایت کرتے ہیں عمرو بن میمون سے، وہ ابوعبداللہ جدلی سے، وہ خزیمہ بن ثابت سے، وہ نبی ﷺ سے کہ آپؐ سے خفین پر مسح کرنے کے بارے میں پوچھا گیا؟ (سوال مبہم ہے اس کی تفصیل جواب سے واضح ہوگی) آپؐ نے فرمایا: ''مسافر کے لئے تین دن اور مقیم کے لئے ایک دن ہے'' اور ابوعبد اللہ جدلی کا نام عبد بن عبد ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے، اور باب میں حضرت علی اور ابوبکرۃ وغیرہ کی حدیثیں ہیں (یہ فہرست بہت مختصر ہے اگر تمام کتب حدیث سے اس موضوع کی حدیثیں جمع کی جائیں تو یہ فہرست چار گنا ہو جائے گی)

صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب ہم سفر میں ہوتے تھے (سَفْرًا، سَافِرٌ کی جمع ہے، جیسے: صَحْب: صاحب کی جمع ہے) تو ہمیں نبی ﷺ حکم دیتے کہ ہم اپنے موزوں کو تین دن اور تین رات تک نہ نکالیں، مگر جنابت کی وجہ سے (یعنی جنابت کی صورت میں موزے نکالنے ضروری ہیں، مسح جائز نہیں) البتہ ہم مسح کریں بڑے استنجے سے اور چھوٹے استنجے سے اور نیند سے (یعنی مسح صرف حدث اصغر میں جائز ہے حدثِ اکبر میں جائز نہیں)

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اوراس حدیث کوحکم بن عتیبہ اورحماد نے ابراہیم نخعی سے روایت کیا ہے، وہ ابوعبداللہ جدلی سے، وہ خزیمہ بن ثابت سے روایت کرتے ہیں۔ اور یہ سند صحیح نہیں۔ علی بن المدینی: یحییٰ قطان سے نقل کرتے ہیں کہ شعبہؒ نے فرمایا: ابراہیم نخعی نے ابوعبداللہ جدلی سے مسح علی الخفین کی حدیث نہیں سنی (اوراس سند میں گڑبڑ کیسے ہوئی وہ زائدہ نے بیان کی ہے) زائدہ: منصور سے روایت کرتے ہیں کہ ہم لوگ ابراہیم تیمی کے کمرہ میں تھےاوروہاں ابراہیم نخعی بھی موجود تھے، ابراہیم تیمی نے خفین پرمسح کے سلسلہ میں نبی ﷺ سے جو حدیث مروی ہے وہ یہ کہہ کر سنائی کہ مجھ سے عمرو بن میمون نے حدیث بیان کی، وہ ابوعبداللہ جدلی سے، وہ خزیمہ بن ثابت سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (اس سے بعض حضرات کودھوکہ ہوااورانھوں نے ابراہیم نخعی کی طرف حدیث منسوب کردی) امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس باب کی سب سے اچھی حدیث صفوان بن عسال کی حدیث ہے (جواوپر آئی ہے) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: صحابہ، تابعین اوران کے بعد کے فقہاء مثلاً سفیان ثوری، احمد اوراسحاق رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔ یہ سب کہتے ہیں کہ مقیم ایک دن ایک رات اور مسافر تین دن اور تین رات مسح کرے گا، اور بعض علماء سے یہ قول مروی ہے کہ انھوں نے خفین پرمسح میں وقت کی تعیین نہیں کی، اور یہ امام مالک کا قول ہے اور جولوگ وقت کی تعیین کرتے ہیں ان کا قول زیادہ صحیح ہے۔

تشریح: حضرت خزیمہ کی حدیث کے راوی ابراہیم تیمی ہیں جس کووہ عمرو بن میمون کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں۔ مگربعض لوگوں نے اس جگہ دوغلطیاں کی ہیں: ایک: ابراہیم تیمی کی جگہ ابراہیم نخعی کورکھ دیا۔ دوسرے ابن میمون کا واسطہ حذف کردیا۔ اوراس گڑبڑ کی وجہ منصور نے بیان کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ ابراہیم تیمی کے حجرہ میں تھے، وہاں ابراہیم نخعی بھی موجود تھے، ابراہیم تیمی نے ابن میمون کی سند سے مذکورہ حدیث بیان کی، کچھ لوگوں کوغلط فہمی ہوئی اورانھوں نے سمجھا کہ یہ حدیث ابراہیم نخعی نے بیان کی ہے۔ اور چونکہ وہ لوگ یہ بات جانتے تھے کہ ابراہیم نخعی کا ابو عبداللہ جدلی سے لقاء وسماع ہے اس لئے انھوں نے ابن میمون کا واسطہ حذف کردیااورابراہیم نخعی عن ابی عبداللہ الجدلی کہہ کرحدیث روایت کردی۔ حالانکہ یہ حدیث ابراہیم نخعی نے سرے سے بیان ہی نہیں کی۔

بابٌ فی المَسْحِ عَلَی الخُفَّیْنِ أَعْلاَہُ وأَسْفَلِہ

خفین کے اوپراور نیچے مسح کی روایت

خفین پرمسح صرف اوپر کے حصہ میں ہے یا نیچے اوپر دونوں جگہ؟ امام مالک اورامام شافعی رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ اوپر نیچے دونوں جگہ ہے، مگراوپراصل ہے، یعنی ضروری ہے۔ اور نیچے مستحب یا سنت ہے۔ پس جس نے صرف اوپر مسح کیا اس کا مسح ہوگیا اور جس نے صرف نیچے مسح کیا اس کا مسح نہیں ہوا، اورامام اعظم اورامام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مسح

صرف اوپر کے حصہ میں ہے نیچے نہیں ہے۔ یعنی نیچے مسح جائز تو ہے مگر سنت یا مستحب نہیں۔ جیسے مغرب سے پہلے دو نفلیں امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سنت ہیں۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سنت نہیں ہیں، مگر جائز ہیں۔ کیونکہ سورج غروب ہونے کے بعد مکروہ وقت ختم ہوجاتا ہے۔ پس کوئی نفل پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔ مگر یہ نفلیں سنت نہیں ہیں۔ کیونکہ نبی ﷺ، خلفائے راشدین اور اکابر صحابہ سے ان کا پڑھنا ثابت نہیں۔

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے خفین کے اوپر اور نیچے (دونوں جگہ) مسح کیا۔

تشریح: یہ حدیث امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کا مستدل ہے، اور باب میں یہی ایک روایت ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے وفی الباب نہیں لکھا، اور یہ روایت ضعیف ہے، یہ حدیث حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے ساٹھ آدمی روایت کرتے ہیں، مگر أسفلہ کی زیادتی صرف ورّاد کاتبِ مغیرہ کی روایت میں ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث میں انقطاع بھی ہے کیونکہ رجاء بن حَیْوَۃ نے یہ حدیث ورّاد سے نہیں سنی، اور دلیل یہ ہے کہ ثور سے ابن المبارک نے بھی یہ حدیث روایت کی ہے، اس میں ہے: حُدِّثْتُ عن کاتب المغیرۃ: یعنی کاتب مغیرہ سے روایت کرتے ہوئے مجھ سے بیان کیا گیا، معلوم ہوا کہ رجاء نے براہ راست کاتب مغیرہ سے نہیں سنا، بلکہ بیچ میں واسطہ ہے اور وہ مجہول ہے۔

نیز ابن المبارک رحمہ اللہ حضرت مغیرہ کا تذکرہ نہیں کرتے یعنی یہ حدیث مرسل بھی ہے، ورّاد خود یہ بات بیان کرتے ہیں۔ غرض ولید بن مسلم نے اس میں دو غلطیاں کی ہیں: ایک: حدیث کو متصل کیا ہے دوسرے اس کو مرفوع کیا ہے۔ اس لئے امام ترمذیؒ نے اس کو حدیثٌ معلول کہا ہے۔ یعنی وہ حدیث جس میں راوی نے وہم سے تغیر وتبدل کردیا ہے اور اس وہمی تغیر کا قرائن کے ذریعہ اور تمام سندوں کو اکٹھا کرنے کے ذریعہ پتہ چل گیا ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اور ابوزرعہ رحمہ اللہ کی رائے میں بھی یہ حدیث صحیح نہیں۔

فائدہ: حضرت مغیرہؓ کی یہ حدیث غزوۂ تبوک کے موقع کی ہے جو پیچھے بھی باب (١٦) میں گذر چکی ہے۔ یہ حدیث یہاں مختصر بیان کی گئی ہے۔

[٧٢-] بابُ فی المسح علی الخفین أَعْلَاهُ وأَسْفَلِهِ

[١٠٠-] حدثنا أَبُو الوَلِیدِ الدِّمَشْقِیُّ، نا الوَلِیدُ بنُ مُسْلِمٍ، أَخْبَرَنِیْ ثَوْرُ بْنُ یزیدَ، عن رَجَاءِ بنِ حَیْوَۃَ، عن کاتِبِ المُغیرۃِ، عن المُغیرۃِ بنِ شُعْبَۃَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم مَسَحَ أَعْلَی الْخُفِّ وَأَسْفَلَهُ.

قال أبو عیسی: وهٰذا قولُ غَیْرِ واحدٍ مِن أصحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالتَّابعینَ، وبهِ یَقولُ مالكٌ، والشافعیُّ، وإسحاقُ.

وهٰذا حدیثٌ معلولٌ، لَم یُسْنِدْهُ عَن ثَوْرِ بنِ یَزِیْدَ غَیْرُ الوَلِیْدِ بنِ مُسْلِمٍ.

قال أبو عيسى: وسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ ومُحمدَ بنَ إسماعيلَ عن هٰذا الحديثِ فقالا: لَيسَ بِصحيحٍ، لِأَنَّ ابنَ المُباركِ رَوٰى هٰذا عن ثَوْرٍ عن رَجَاءٍ قَالَ: حُدِّثْتُ عن كاتِبِ المُغيرةِ: مُرْسَلٌ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ولَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ المغيرةَ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ صحابہ اور تابعین میں سے بہت سوں کا قول ہے، اور یہی بات امام مالک، شافعی اور اسحاق رحمہم اللہ نے کہی ہے۔ اور یہ حدیث معلول ہے اس کو ثور بن یزید سے ولید بن مسلم کے علاوہ کسی اور نے مرفوع نہیں کیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے ابوزرعہ اور محمد بن اسماعیل (بخاری) سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا تو دونوں نے فرمایا: یہ حدیث صحیح نہیں، اس لئے کہ ابن المبارک نے اس حدیث کو ثور سے روایت کیا ہے، وہ رجاء سے روایت کرتے ہیں، رجاء کہتے ہیں: میں حدیث بیان کیا گیا کاتب مغیرہ سے روایت کرتے ہوئے (معلوم ہوا کہ بیچ میں واسطہ ہے) نبی ﷺ سے یہ حدیث مرسل ہے اور ابن المبارک نے حضرت مغیرہ کا ذکر نہیں کیا۔

بابٌ فی المَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ ظَاهِرِهِمَا

خفین کے اوپر مسح کرنے کا بیان

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو خفین کے اوپر مسح کرتے دیکھا۔

تشریح: یہ حدیث عروۃ بن الزبیر کی ہے، وہی تنہا اس حدیث میں علی ظاهرهما بڑھاتے ہیں۔ باقی اٹھاون راوی جو اس حدیث کو حضرت مغیرہ سے روایت کرتے ہیں یہ لفظ نہیں بڑھاتے۔ صرف مسح علی الخفین کہتے ہیں۔

اور یہ صحیح حدیث ہے، مگر امام ترمذیؒ نے اس کو صرف حسنٌ کہا ہے، کیونکہ اس میں عبدالرحمٰن بن ابی الزناد ایک راوی ہیں، امام مالک نے ان پر جرح کی ہے، امام ترمذیؒ نے اس جرح کا لحاظ کر کے صرف حسن کا حکم لگایا ہے۔ حالانکہ صحیح بات یہ ہے کہ عبدالرحمٰن اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں، اور امام مالک کا ان پر جرح کرنا ایک خاص وجہ سے تھا۔ عبدالرحمٰن کتاب السبعہ اپنے والد سے روایت کرتے تھے، اس پر امام مالکؒ نے کہا: أين كنا عن هذا؟! یعنی ہمیں یہ کتاب کیوں نہ پہنچی؟ عبدالرحمٰن ہی کہاں سے لے آئے؟ (تہذیب ۱۷۲:۶)

اور خود امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کو أبواب اللباس، باب ماجاء في الجُمَّة (۲۰۸:۱) میں ثقة حافظ کہا ہے، بلکہ مصری نسخہ میں تو یہ بھی ہے: كان مالك بن أنس يُوَثِّقُهُ وَيأمر بالكتابة عنه: امام مالک ان کی توثیق کرتے تھے اور ان کی حدیثیں لکھنے کا طلبہ کو حکم دیتے تھے۔ اور تمام کتب ستّہ میں ان کی روایت ہے۔ البتہ بخاری میں تعلیقاً ہے۔ اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔ پس یہ روایت صحیح قابل استدلال ہے۔

فائدہ: ابوداؤد شریف میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: لو كان الدينُ بالرَّأْيِ لكان أسفلُ الخف أولٰى بالمسح من أعلاه، وقد رأيتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يمسح على ظاهر خُفَّيْه: یعنی اگر دین میں رائے کا دخل ہوتا تو خفین کے نیچے مسح کرنا اوپر مسح کرنے سے بہتر تھا، مگر میں نے نبی ﷺ کو خفین کے اوپر مسح کرتے دیکھا ہے (۲۲:۱ باب كيف المسح؟) احناف اور حنابلہ کی اصل دلیل یہ حدیث ہے [1] اور ''دین میں اگر رائے چلتی'' کا مطلب یہ ہے کہ منصوص مسائل میں رائے نہیں چلتی۔ اجتہاد صرف غیر منصوص مسائل میں ہوتا ہے۔

[۷۳-] باب فی المسح علی الخفین ظاهِرِهما

[۱۰۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ أبی الزِّنَادِ، عن أبيهِ، عن عُروَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، عن المُغيرةَ بنِ شُعبةَ، قال: رَأَيْتُ النبیَّ صلى الله عليه وسلم يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ: عَلٰى ظَاهِرِهِمَا.

قال أبو عيسى: حديثُ المُغيرةِ حديثٌ حسنٌ، وهو حديثُ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی الزِّنَادِ، عن أبيهِ، عن عُرْوَةَ، عن المغيرةِ، ولاَ نَعْلَمُ أَحَدًا يَذْكُرُ عن عُرْوَةَ عن المُغيرةِ: عَلٰى ظَاهِرِهِمَا غَيْرُهُ.

وهُو قولُ غيرِ واحدٍ من أهلِ العلمِ، وبه يقولُ سُفيانُ الثوریُّ وأحمدُ،

قال محمدٌ: وكَانَ مَالِكٌ يُشِيْرُ بِعَبْدِ الرحمنِ بنِ أبی الزِّنَادِ.

ترجمہ: حضرت مغیرہ کی حدیث حسن ہے، اور وہ عبدالرحمٰن بن ابی الزناد کی حدیث ہے، وہ اپنے والد سے، وہ عروۃ سے، اور وہ مغیرہؓ سے روایت کرتے ہیں، یعنی عبدالرحمٰن مدار حدیث ہیں۔ اور ہم عروۃ کے علاوہ کسی کو نہیں جانتے جس نے حضرت مغیرہ کی حدیث میں علی ظاهرهما کی قید ذکر کی ہو، اور یہ علماء میں سے بہت سوں کا قول ہے۔ اور یہی بات سفیان ثوری اور امام احمد نے کہی ہے۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: امام مالکؒ: عبدالرحمٰن بن ابی الزناد میں عیب نکالا کرتے تھے (أشار کے صلہ میں جب ب آئے تو معنی ہوتے ہیں: عیب نکالنا)

بابٌ فی المَسْحِ عَلَى الجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ

چمڑے کے علاوہ دوسرے موزوں پر اور چپلوں پر مسح کا بیان

چمڑے کے موزوں کو عربی میں خُفّ کہتے ہیں، اور جو موزے چمڑے کے علاوہ دیگر مادّے کے ہوتے ہیں ان کو جَورب کہتے ہیں، یہ فارسی لفظ ہے، اس کی اصل گورپا (پاؤں کی قبر) ہے جب اس کی عربی بنائی گئی تو گ کو ج سے بدلا اور ر پر زبر پڑھا تو جَوْرَبْ ہوگیا۔

(۱) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس قول کی شرح رحمۃ اللہ الواسعہ (۱۹۸:۳) میں دیکھیں ۱۲

جورب کی بنیادی قسمیں دو ہیں: ثخین (دبیز، موٹا) اور رقیق (پتلا، باریک):

ثخین: وہ موزہ ہے جس میں تین شرطیں ایک ساتھ پائی جائیں: (۱) وہ اتنا موٹا ہو کہ پانی چھن کر اندر نہ جائے (۲) وہ اپنی ضخامت کی وجہ سے پنڈلی پر کھڑا رہ سکے، اس کو باندھنا نہ پڑے اور آج کل جو سوتی، اونی اور نائلون کے موزے عام طور پر استعمال ہوتے ہیں ان کے اندر ربڑ ہوتی ہے وہ پنڈلی کو تھامے رہتی ہے، یہ رکنا مراد نہیں (۳) ان کو پہن کر ایک فرسخ یعنی تین میل یعنی تقریباً پانچ کلومیٹر چلنا ممکن ہو —— اگر یہ تینوں شرطیں بیک وقت پائی جائیں تو وہ جورب ثخین ہے ورنہ رقیق ہے۔

پھر ہر ایک کی تین تین قسمیں ہیں: مجلَّد، منعَّل اور سادہ:

مجلد: وہ موزہ ہے جس کے اوپر نیچے پورے پیر پر چمڑا چڑھا دیا گیا ہو، اور **منعل**: وہ موزہ ہے جس کی صرف تلی پر یا تلی اور پیر کے کناروں پر چمڑا چڑھایا گیا ہو، اور جس پر بالکل چمڑا نہ چڑھایا گیا ہو وہ سادہ موزہ ہے۔

ان چھوؤں قسموں کے احکام درج ذیل ہیں:

(۱و۲) وہ جورب جو مجلد ہوں خواہ ثخین ہوں یا رقیق ان پر بالا جماع مسح جائز ہے، کیونکہ جب اس پر چمڑا چڑھا دیا گیا تو وہ خف ہو گیا۔

(۳) ثخین منعل پر بھی بالا جماع مسح جائز ہے۔

(۴) ثخین سادہ میں پہلے اختلاف تھا، صاحبین اور ائمہ ثلاثہ مسح جائز کہتے تھے اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ ناجائز۔ مگر وفات سے تین دن پہلے یا نو دن پہلے امام اعظم رحمہ اللہ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا اس لئے اب اس پر بھی بالا جماع مسح جائز ہے۔

(۵) رقیق سادہ موزوں پر بالا جماع مسح جائز نہیں —— غیر مقلدین اس پر بھی مسح جائز کہتے ہیں۔ یہ لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں لفظ ''جورب'' آیا ہے اور فقہاء نے جو ثخین کی قید بڑھائی ہے وہ صحیح نہیں، ہر موزے پر مسح جائز ہے۔

(۶) رقیق منعل پر مسح جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ متقدمین کی کتابوں میں نہیں ہے۔ جن بعض کتابوں میں ہے، ان میں ناجائز لکھا ہے، البتہ متاخرین کی کتابوں میں یہ مسئلہ ہے، اور عام طور پر علماء کی رائے یہ ہے کہ ان پر مسح جائز نہیں۔ اور بعض حضرات ان پر مسح جائز کہتے ہیں۔

ہمارے اکابر میں بھی یہ مسئلہ اختلافی رہا ہے۔ دارالافتاء عدم جواز کا فتوی دیتا ہے، اور شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی قدس سرہ جائز کہتے تھے، ایک مرتبہ اساتذۂ دارالعلوم سفید مسجد کے پاس ایک مجلس میں جمع ہوئے، مغرب کی نماز کا وقت آیا تو لوگوں نے شیخ الاسلام سے امامت کی درخواست کی، انھوں نے رقیق منعل موزے پہن رکھے تھے۔ چنانچہ آپ نے فرمایا: ''نماز میں نہیں پڑھا سکتا کیونکہ میں نے ان موزوں پر مسح کر رکھا ہے۔

میرے پیچھے ان مفتی صاحب کی (مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کی طرف اشارہ کیا) نماز نہیں ہوگی'' چنانچہ مفتی صاحب نے نماز پڑھائی اور حضرت مدنی نے ان کی اقتداء کی۔ یہاں سے یہ مسئلہ بھی واضح ہوا کہ اگر کسی غیر مقلد نے رقیق سادہ موزوں پر مسح کیا ہے تو اس کے پیچھے نماز درست نہیں اور پڑھ لی ہو تو اس کا اعادہ واجب ہے۔

یہ مسئلہ حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب نے بھی تعلیم السلام (حصہ دوم) میں لکھا ہے کہ ''وہ اونی سوتی موزے جن پر چمڑے کا تلا لگا ہوا ہو مسح جائز ہے''۔ اسی طرح بہشتی زیور (حصہ اول) میں بھی یہ مسئلہ ہے: ''مسئلہ ۲۳: جرابوں پر مسح کرنا درست نہیں ہے، البتہ اگر ان پر چمڑہ چڑھا دیا گیا ہو، یا سارے موزہ پر چمڑا نہ چڑھایا ہو، بلکہ مردانہ جوتہ کی شکل پر چمڑا لگا دیا گیا ہو تو ان پر مسح جائز ہے'' —— مگر اس پر یہ حاشیہ بھی ہے: ''اس زمانے کی جرابوں پر جوتے کی شکل پر چمڑا لگا لینے کے بعد بھی مسح کرنے میں فقہاء کا اختلاف ہے، اس لئے احتیاط اسی میں ہے کہ جوتہ کی شکل پر چمڑا لگے ہوئے موزوں پر بھی مسح نہ کرے'' (بہشتی زیور اختری)

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے وضوء فرمائی اور جرّابوں اور چپلوں پر مسح کیا۔

تشریح: چپلوں پر مسح جائز نہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ غیر مقلدین بھی ناجائز کہتے ہیں۔ اور حدیث شریف کی علماء نے متعدد توجیہیں کی ہیں:

۱- والنعلین میں واو بمعنی مع ہے، یعنی آپؐ نے جرّابوں پر چپل پہنے ہوئے مسح کیا چپل نکالے نہیں، کیونکہ مسح تین انگلیوں کے بقدر فرض ہے اور چپل پہن کر اتنے حصے پر مسح کیا جا سکتا ہے۔ اور جب آپؐ نے چپل پہنے ہوئے مسح کیا تو چپلوں پر بھی مسح ہو گیا۔ پس راوی نے دونوں کو بیان کر دیا، کیونکہ اس کی ذمہ داری ہے کہ جو کچھ دیکھے اس کو من وعن بیان کر دے۔ اور فقہاء کا کام ہے تنقیح کرنا۔ چنانچہ انھوں نے وضاحت کی کہ آپؐ نے جرّابوں پر جو مسح کیا تھا وہ اصل تھا اور چپلوں پر کیا تھا وہ ضمناً تھا، وہ دراصل مقصود نہیں تھا۔

۲- آپؐ نے چپل جرابوں کے ساتھ سی دیئے ہونگے گویا وہ جورب منعل تھے، اور جورب منعل پر مسح ایک رائے میں جائز ہے۔

[۷۴-] باب في المسح على الجورَبَيْنِ والنعلين

[۱۰۲-] حدثنا هَنَّادٌ ومحمودُ بنُ غَيْلَانَ، قالا: نا وكيعٌ، عن سُفيان، عن أبي قَيْسٍ، عن هُزَيْلِ بنِ شُرَحْبِيْلَ، عن المُغيرةِ بنِ شُعْبَةَ، قال: تَوَضَّأَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم ومَسَحَ عَلى الجَوْرَبَيْنِ وَالنَّعْلَيْنِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وهُوَ قَولُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ وبه يَقولُ سُفيانُ

الثوريُّ وابنُ المباركِ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ، قالُوا: يَمْسَحُ عَلَى الجَوْرَبَيْنِ، وإِنْ لَّمْ يَكُوْنَا نَعْلَيْنِ إِذَا كَانَا ثَخِيْنَيْنِ.

وفي الباب: عن أبي مُوسىٰ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور بہت سے علماء کا یہی قول ہے اور سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے، یہ حضرات کہتے ہیں: جرابوں پر مسح کرے اگرچہ وہ منعل نہ ہوں جبکہ وہ دبیز (موٹے) ہوں (اور ان پر مسح کرتے وقت چپل نکالنے ضروری نہیں)

بابُ مَاجَاءَ فى المَسْحِ عَلَى الجَوْرَبَيْنِ والعِمَامَةِ

پگڑی پر مسح کا بیان

باب میں لفظ جوربین صحیح نہیں، تصحیف ہے۔ شیخ محمد عابد سندھی قدس اللہ سرہ کا ترمذی شریف کا قلمی نسخہ ہے جس میں آپ نے طویل عرصہ تک مسجد نبوی میں پڑھایا ہے۔ اور وہ مدینہ کے ایک کتب خانہ میں موجود ہے، اس میں جوربین کا لفظ نہیں ہے، اسی طرح مولانا عبدالرحمٰن صاحب مبارک پوریؒ جو غیر مقلد عالم ہیں اور تحفۃ الاحوذی کے مصنف ہیں انھوں نے بھی ترمذی شریف کے ایک پرانے قلمی نسخہ کا حوالہ دیا ہے کہ اس میں لفظ جوربین نہیں ہے۔ نیز امام ترمذیؒ باب میں جو حدیثیں لائے ہیں ان میں بھی صرف پگڑی کا مسئلہ ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ باب میں جوربین تصحیف ہے۔

پگڑی پر مسح کا حکم: امام احمد رحمہ اللہ محنّک پگڑی پر مسح جائز کہتے ہیں۔ اور یہ پگڑی باندھنے کا ایک خاص طریقہ ہے۔ حَنَك کے معنی ہیں: ٹھوڑی۔ پگڑی کا پیچ ٹھوڑی کے نیچے سے لیا جاتا ہے۔ جنگ میں خاص طور پر اس طرح پگڑی باندھ کر اس پر ''خود'' پہنا جاتا ہے تا کہ وہ ہلے نہ اور سر زخمی نہ ہو۔ ایسی پگڑی پر ان کے نزدیک مسح جائز ہے۔ اور امام احمدؒ کے علاوہ تمام فقہاء پگڑی پر مسح جائز نہیں کہتے۔ ان کی دلیل قرآن کریم کی یہ آیت ہے: ﴿ وَامْسَحُوْا بِرُؤُسِكُمْ ﴾ اس میں سر پر مسح کا حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا سر ہی پر مسح کرنا ضروری ہے۔ دوسری دلیل: وہ حدیث ہے جو باب میں آرہی ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے پوتے ابوعبیدہ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے خفین پر مسح کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے فرمایا: ''سنت ہے'' پھر انھوں نے پوچھا: پگڑی پر مسح کا کیا حکم ہے؟ حضرت جابرؓ نے فرمایا: ''بالوں کو ہاتھ لگاؤ'' یعنی پگڑی پر مسح جائز نہیں۔

اور امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل وہ حدیثیں ہیں جو باب میں مذکور ہیں۔ اور عمرو بن امیہ ضمری کی حدیث بھی ہے جو بخاری میں ہے۔

حدیث (۱): حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ’’نبی ﷺ نے وضوء فرمائی اور خفین پر اور پگڑی پر مسح کیا‘‘

حدیث (۲): حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے خفین پر اور خمار (اوڑھنی) پر مسح کیا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث اس باب میں لاکر اشارہ کیا کہ یہاں خمار سے پگڑی مراد ہے، اس لفظ کا مادہ خ، م، ر ہے اور اس مادہ کے معنی میں چھپانے کے معنی ہیں۔ شراب کو خمر اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ عقل کو چھپاتی ہے۔ اور پگڑی بھی چونکہ سر کو چھپاتی ہے اس لئے اس کو خمار کہہ دیا ہے۔

حدیث (۳): عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو پگڑی پر اور خفین پر مسح کرتے دیکھا ہے (بخاری شریف حدیث ۲۰۵ **باب المسح علی الخفین**)

تشریح: جمہور کہتے ہیں: یہ اخبارِ آحاد ہیں، ان سے قرآن پر زیادتی جائز نہیں، علاوہ ازیں یہ روایات محکم الدلالۃ بھی نہیں۔ پہلی روایت کے الفاظ مسلم شریف میں یہ ہیں: **مسح علی ناصیته وعمامته** یعنی نبی ﷺ نے پیشانی پر اور پگڑی پر مسح کیا۔ امام ترمذیؒ بھی فرماتے ہیں کہ محمد بن بشار کبھی **مسح علی العمامة** کہتے تھے اور کبھی **مسح علی ناصیته وعمامته** کہتے تھے۔ اسی طرح حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حدیث کے بعض طرق میں بھی ناصیۃ کا ذکر ہے (دیکھئے کشف النقاب ۲: ۴۳۹) معلوم ہوا کہ نبی ﷺ نے دراصل ناصیہ پر مسح کیا تھا، پھر جب پگڑی صحیح کی تو اس پر بھی مسح ہوگیا، مگر یہ مسح ضمناً اور صورۃً تھا۔ اور راوی نے جو دیکھا روایت کر دیا، کیونکہ اس کی یہی ذمہ داری ہے کہ جو دیکھے اس کو بیان کرے، پھر اس کی تنقیح کرنا فقہاء کا کام ہے چنانچہ فقہاء نے فرمایا کہ ناصیہ پر مسح اصالۃً تھا اور پگڑی پر صرف صورۃً یعنی اس پر مسح مقصود نہیں تھا۔

اور رہ گئی عمرو بن امیہ ضمری کی حدیث تو وہ استشہاد میں پیش کئے جانے کے لائق نہیں، کیونکہ اس میں علت خفیہ ہے۔ اس حدیث کے ایک راوی یحییٰ ہیں وہ ابوسلمہ سے، وہ عمرو بن امیۃ کے بیٹے جعفر سے، وہ اپنے والد عمرو بن امیہؓ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو یحییٰ سے ان کے متعدد تلامذہ مثلاً: شیبان، حرب اور ابان وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ یہ سب عمامہ کا ذکر نہیں کرتے۔ صرف اوزاعی عمامہ کا ذکر کرتے ہیں اور معمر نے بھی اوزاعی کے مانند روایت کی ہے مگر اس کی سند میں انقطاع ہے، کیونکہ وہ ابوسلمہ اور عمرو بن امیہ کے درمیان واسطہ ذکر نہیں کرتے، اور ابوسلمہ کا عمرو سے لقاء وسماع نہیں۔ لہٰذا صحیح بات یہ ہے کہ اس حدیث میں عمامہ کا ذکر محفوظ نہیں۔ یہ اوزاعی رحمہ اللہ کا وہم ہے (دیکھئے بخاری شریف ۱: ۳۳ کا حاشیہ)

[۷۵-] باب ماجاء فی المسح علی الجوربین والعِمامة

[۱۰۳-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا یحییَ بنُ سعیدٍ القَطَّانُ، عن سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ، عن بَکْرِ بنِ عبدِاللّٰہِ المُزَنِیِّ، عن الحَسنِ، عن ابنِ المُغیرۃ بنِ شُعْبَةَ، عن أبیه، قال: تَوَضَّأَ النبیُّ صلی اللہ علیه

وسلم ومَسَحَ عَلَى الخُفَّيْنِ والعِمَامَةِ؛ قال: بَكْرٌ: وقد سَمِعْتُهُ مِن ابنِ المُغيرةِ.

وَذَكَرَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ فی هٰذا الحديثِ فی مَوْضِعٍ آخَرَ: أَنَّهُ مَسَحَ عَلٰى نَاصِيَتِه وعِمَامَتِه؛ وقد رُوِىَ هٰذا الحديثُ مِن غَيْرِ وجهٍ عن المغيرةِ بنِ شُعبةَ، وذَكَرَ بعضُهُم المَسَحَ عَلَى النَّاصِيَةِ والعِمَامَةِ، ولم يَذْكُرْ بَعْضُهُمُ النَّاصِيَةَ.

سمِعتُ أحمدَ بنَ الحَسَنِ يقولُ: سمِعت أحمَدَ بنَ حَنْبَلٍ يقولُ: مَا رَأَيْتُ بَعَيْنَیَّ مِثْلَ يَحيىَ بنِ سَعيدٍ القَطَّانِ.

وفی الباب: عن عَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ، وسَلْمَانَ، وثَوْبَانَ، وأبی أُمَامَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ المغيرةِ بنِ شُعبةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وهُو قَولُ غَيْرِ واحدٍ من أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ: أبوبكرٍ وعُمَرُ وأنسٌ، وبه يَقولُ الأَوْزَاعِیُّ وأحمدُ وإسحاقُ قالُوا: يَمْسَحُ على العِمَامَةِ قَالَ: وسمِعتُ الجَارُوْدَ بنَ مُعَاذٍ يقولُ: سمِعتُ وكيعَ بنَ الجَرَّاحِ يقولُ: إِنْ مَسَحَ عَلَى العِمَامَةِ يُجْزِئُهُ لِلأَثَرِ.

[١٠٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعيدٍ، حدثنا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ إسحاقَ، عن أبی عُبَيْدَةَ بنِ مُحمدِ بنِ عَمَّارِ بنِ ياسِرٍ، قال: سَأَلْتُ جابر بنَ عبدِ اللّٰهِ عنِ المَسْحِ عَلَى الخُفَّيْنِ فَقَالَ: السُّنَّةُ يا ابنَ أخی! وسَأَلْتُهُ عن المسحِ عَلَى العِمَامَةِ فَقَالَ: مَسِّ الشَّعْرَ.

وقَالَ غَيْرُ واحدٍ من أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ، لا يَمْسَحُ على العِمامةِ إلَّا أَن يَّمْسَحَ بِرأْسِهِ مَعَ العِمَامَةِ، وهُو قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِیِّ ومالكِ بنِ أنسٍ وابنِ المباركِ والشافعیِّ.

[١٠٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَلِیُّ بنُ مُسْهِرٍ، عن الأَعْمَشِ، عن الحَكَمِ، عن عَبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَيْلٰى، عن كعبِ بنِ عُجْرَةَ عن بِلالٍ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم مَسَحَ عَلَى الخُفَّيْنِ والخِمَارِ.

ترجمہ: بکر بن عبداللہ حضرت حسن بصریؒ سے روایت کرتے ہیں اور فرماتے ہیں: میں نے یہ روایت حضرت مغیرہ کے صاحبزادے سے براہ راست بھی سنی ہے (بکر بن عبد اللہ نے یہ حدیث حمزۃ بن المغیرۃ اور عروۃ بن المغیرۃ دونوں سے سنی ہے، پہلی دار قطنی (۷۰:۱) میں اور دوسری مسلم (۱۳۴:۱) میں ہے، اوران دونوں میں ناصیہ کا ذکر بھی ہے، بحوالہ کشف النقاب ۲: ۴۳۵-۴۳۶) (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) محمد بن بشار نے مذکورہ حدیث میں ایک دوسرے موقع پر (اپنی کتاب میں) یوں فرمایا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی پیشانی اور اپنی پگڑی پر مسح کیا۔ اور یہ حدیث حضرت مغیرہؓ سے بہت سے طرق سے مروی ہے، ان میں سے بعض ناصیہ اور عمامہ دونوں پر مسح کا ذکر کرتے ہیں اور بعض نے ناصیہ

کا ذکر نہیں کیا۔

پھر امام ترمذیؒ نے احمد بن الحسن کے واسطہ سے امام احمد کا یہ قول ذکر کیا ہے کہ میری آنکھوں نے یحییٰ قطان جیسا شخص نہیں دیکھا (یہ بات حدیث کا اعتماد بڑھانے کے لئے بیان کی ہے)

اور باب میں عمرو بن امیہ وغیرہ کی حدیثیں ہیں، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت مغیرہ کی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور وہ صحابہ میں سے بہت سے اہل علم کا قول ہے ان میں سے حضرت ابو بکر، حضرت عمر اور حضرت انس رضی اللہ عنہم ہیں، اور اسی کے قائل ہیں اوزاعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ۔ یہ سب کہتے ہیں کہ عمامہ پر مسح کر سکتے ہیں، پھر امام ترمذیؒ: جارود بن معاذ کے واسطہ سے وکیع رحمہ اللہ کا قول لائے ہیں کہ انھوں نے فرمایا: ''اگر کوئی پگڑی پر مسح کرے تو حدیث کی وجہ سے اس کے لئے کافی ہے''

پھر جمہور کی دلیل پیش کی ہے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا فتوی لائے ہیں۔ جس کا ترجمہ اوپر گذر چکا (یہاں باقاعدہ باب تھا جو کاتبوں کی مہربانی سے اڑ گیا ہے) اور بہت سے اہل علم صحابہ اور تابعین پگڑی پر مسح کو جائز نہیں کہتے، مگر یہ کہ آدمی پگڑی کے ساتھ سر پر بھی مسح کرے، اور یہ سفیان ثوری، امام مالک، ابن المبارک اور شافعی رحمہم اللہ کا قول ہے پھر آخر میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں اس کا ترجمہ بھی آچکا (مصری نسخہ میں یہ حدیث اوپر ہے یعنی حضرت جابرؓ کے فتوی سے پہلے ہے اور وہی صحیح ہے، اس لئے کہ یہ حدیث امام احمد رحمہ اللہ کا مستدل ہے، پس اس کا تذکرہ ان کے مستدلات کے ساتھ ہونا چاہئے)

بابُ مَاجَاءَ فِی الغُسْلِ مِنَ الجَنَابَةِ

غسل جنابت کا طریقہ

غسل جنابت کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ پہلے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے، اس کے بعد شرمگاہ کو اور ران وغیرہ پر جہاں ناپاکی لگی ہو اس کو دھوئے، پھر وضوء کرے، یعنی کلی کرے، ناک صاف کرے، چہرہ اور ہاتھوں کو دھوئے، مسح کرے اور پاؤں دھوئے، پھر پورے بدن پر پانی بہائے، بال برابر بھی خشک جگہ نہ رہے تو غسل ہو گیا۔ اور اگر غسل کرنے کی جگہ میں غسالہ جمع ہو رہا ہو تو وضو میں پاؤں نہ دھوئے، غسل سے فارغ ہو کر اس جگہ سے ہٹ کر پاؤں دھوئے۔

غسل سے پہلے وضو کی حکمت: صحبت کرنے کے بعد اور بستر سے نکلنے کے بعد آدمی کا جسم گرم ہوتا ہے اس لئے اگر بدن پر ایک دم ٹھنڈا پانی ڈالے گا تو برا ردعمل ہوگا۔ اس لئے شریعت نے پہلے اطراف بدن دھونے کا مشورہ دیا، ان اعضاء میں یہ تاثیر ہے کہ ان کو دھونے کے بعد پورا جسم ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔ پھر بدن پر پانی ڈالے گا تو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔ مگر وضوء ضروری نہیں، اگر کوئی جنبی پانی میں ڈبکی لگائے اور پورا بدن بھیگ جائے تو غسل ہو گیا بشرطیکہ اس نے

مضمضہ اور استنشاق بھی کیا ہو، اور امام مالک کے نزدیک دلک یعنی بدن کو رگڑنا بھی ضروری ہے۔

[۷٦-] باب ماجاء في الغسل من الجنابة

[۱۰٦-] حدثنا هَنَّادٌ، ثنا وَكِيْعٌ، عن الأَعْمَشِ، عن سَالِمِ بنِ أَبِي الجَعْدِ، عن كُرَيْبٍ، عن ابنِ عَبَّاسٍ عن خَالَتِه مَيْمُوْنَةَ، قالتْ: وَضَعْتُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم غُسْلاً، فَاغْتَسَلَ مِن الجَنابَةِ، فَأَكْفَأَ الإِنَاءَ بِشِمَالِهِ عَلٰى يَمِيْنِهِ، فَغَسَلَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ أَدْخَلَ يَدَهُ فِي الإِنَاءِ فَأَفَاضَ عَلٰى فَرْجِهِ، ثُمَّ دَلَكَ بِيَدِهِ الحَائِطَ أَو: الأَرْضَ، ثُمَّ مَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ وَغَسَلَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ، فَأَفَاضَ عَلٰى رَأْسِهِ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَفَاضَ عَلٰى سَائِرِ جَسَدِهِ، ثُمَّ تَنَحّٰى فَغَسَلَ رِجْلَيْهِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وفي الباب: عن أُمِّ سَلَمَةَ، وجابرٍ، وأبي سعيدٍ، وجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ وأبي هُرَيْرَةَ.

[۱۰۷-] حدثنا ابنُ أبي عُمَرَ، نا سُفيانُ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أبيه، عن عائشةَ قَالَتْ: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ يَّغْتَسِلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، بَدَأَ بِغَسْلِ يَدَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُّدْخِلَهُمَا الإِنَاءَ، ثُمَّ يَغْسِلُ فَرْجَهُ، وَيَتَوَضَّأُ وُضُوْءَهُ لِلصَّلٰوةِ، ثُمَّ يُشَرِّبُ شَعْرَهُ الماءَ، ثُمَّ يُحْثِيْ عَلٰى رَأْسِهِ ثَلَاثَ حَثَيَاتٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهٰذَا الَّذِيْ اخْتَارَهُ أهلُ العلمِ في الغُسلِ مِن الجَنَابَةِ: أَنَّهُ يَتَوَضَّا وُضُوْءَهُ لِلصَّلٰوةِ، ثُمَّ يُفْرِغُ عَلٰى رَأْسِه ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ يُفِيْضُ الماءَ عَلى سَائِرِ جَسَدِهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ قَدَمَيْهِ.

والعَمَلُ عَلٰى هٰذا عِنْدَ أهلِ العلمِ، وقَالُوْا: إِنِ انْغَمَسَ الجُنُبُ في الماءِ ولَمْ يَتَوَضَّأْ أَجْزَأَهُ، وهُو قَوْلُ الشافعيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

ترجمہ: حضرت میمونہؓ کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے نہانے کے لئے پانی رکھا، آپؐ نے غسل جنابت فرمایا۔ پس برتن کو اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں ہاتھ پر جھکایا۔ پس دونوں ہتھیلیاں دھوئیں۔ پھر اپنا ہاتھ برتن میں داخل کیا۔ پس اپنی شرمگاہ پر پانی بہایا۔ پھر اپنا ہاتھ دیوار سے رگڑا، یا کہا کہ زمین سے رگڑا (یعنی مٹی سے ہاتھ دھویا) پھر مضمضہ اور استنشاق کیا اور اپنے چہرے اور ہاتھوں کو دھویا، پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہایا (یعنی سر کا مسح نہیں کیا نہ پیر دھوئے) پھر اپنے پورے بدن پر پانی بہایا۔ پھر ایک طرف ہٹ کر اپنے دونوں پاؤں دھوئے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ جب غسل جنابت کا ارادہ کرتے تھے تو اپنے ہاتھوں کے

دھونے سے ابتداء کرتے تھے، ان کو برتن میں ڈالنے سے پہلے، پھر اپنی شرمگاہ دھوتے تھے، اور نماز والی وضوء کرتے تھے۔ پھر اپنے سر کے بالوں کو پانی پلاتے تھے (یعنی پانی سر پر ڈال کر بالوں کی جڑوں میں پہنچاتے تھے) (یُشَرِّب اور یُشْرِبُ باب تفعیل اور باب افعال دونوں سے پڑھ سکتے ہیں) پھر اپنے سر پر تین لپ پانی ڈالتے تھے (حَثٰی (ن) حَثْوًا اور حَثٰی (ض) حَثْیًا کے معنی ہیں: لپ بھر کر پانی ڈالنا۔ اور حَثْیَة کے معنی ہیں: لپ (دونوں ہاتھوں کو ملا کر اس میں پانی بھرنا) جمع حَثَیَات۔

اور علماء نے غسل جنابت میں اسی طریقہ کو پسند کیا ہے کہ جنبی پہلے نماز والی وضوء کرے، پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالے، پھر اپنے پورے جسم پر پانی بہائے، پھر اپنے دونوں قدم دھوئے، اور اس پر علماء کا عمل ہے اور وہ کہتے ہیں: اگر جنبی نے پانی میں ڈبکی لگائی اور اس نے وضوء نہیں کی تو بھی اس کو کافی ہے۔ اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

باب هل تَنْقُضُ المرأةُ شَعْرَها عند الغسل؟

کیا غسل جنابت میں عورت کے لئے چوٹیاں کھولنا ضروری ہے؟

عورت نے اگر سر کے بالوں کی چوٹیاں بٹ رکھی ہوں تو غسل جنابت میں ان کو کھولنا ضروری نہیں، اور بالوں کا بھگونا بھی معاف ہے۔ البتہ بالوں کی جڑوں میں پانی پہنچانا فرض ہے، ایک جڑ بھی سوکھی نہ رہنے پاوے، اور اگر بے کھولے سب جڑوں میں پانی نہ پہنچ سکے تو کھول ڈالے اور بالوں کو بھی بھگودے —— اور اگر سر کے بال گندھے ہوئے نہ ہوں، خواہ کھلے ہوں یا سر کے پیچھے باندھ رکھے ہوں تو سب بال بھگونا اور ساری جڑوں میں پانی پہنچانا فرض ہے۔ ایک بال بھی سوکھا رہ گیا یا ایک بال کی جڑ میں پانی نہیں پہنچا تو غسل نہ ہوگا —— اور یہ حکم فقط عورتوں کا ہے۔ اگر مرد کے بڑے بڑے بال ہوں اور چوٹیاں گوندھی ہوئی ہوں تو مرد کو معاف نہیں، بلکہ کھول کر سارے بال بھگونا فرض ہے۔

اور عورتوں کے لئے یہ آسانی اس لئے رکھی ہے کہ جب وہ صبح اٹھتی ہیں تو بچہ بھی ساتھ اٹھ جاتا ہے، ان کو فجر کی نماز بھی پڑھنی ہوتی ہے، ساس زبردست ہو تو اس کے حکم کی تعمیل بھی کرنی ہوتی ہے، اور شوہر کے ناشتے وغیرہ کے تقاضے بھی بروقت پورے کرنے ہوتے ہیں، پھر سخت بٹی ہوئی چوٹیاں کھولنے میں دیر لگتی ہے، اور نہانے کے بعد بال خشک کر کے تیل کنگھا کر کے دوبارہ چوٹیاں بٹ لینی ہوتی ہیں، ورنہ عورت کے سر میں درد ہو جائے گا۔ ان وجوہ سے عورتوں کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ صرف بالوں کی جڑوں کو تر کر دیں غسل ہو جائے گا۔ ایسی ہی سہولت ان کو ماہواری کے زمانہ کی نمازوں میں دی گئی ہے۔ وہ حیض کے ایام میں نماز نہیں پڑھ سکتیں، کیونکہ ان کو طہارت حاصل نہیں اور بعد میں نمازوں کی قضا کرنے میں بھی دشواری ہے اس لئے نمازیں معاف کر دی گئیں ہیں۔

[۷۷-] باب هل تنقُضُ المرأةُ شَعرها عند الغسل؟

[۱۰۸-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ، عن أیُّوبَ بنِ مُوسیٰ، عن المَقْبُرِیِّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ رافعٍ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، قالت: قُلتُ: یارسولَ اللهِ! إِنِّی امْرَأَةٌ أَشُدُّ ضَفْرَ رَأْسِی أَفَأَنْقُضُهُ لِغُسْلِ الجَنابَةِ؟ قَالَ: " لَا، إِنَّمَا یَکْفِیْکِ أَنْ تَحْثِیْ عَلیٰ رَأْسِکِ ثَلَاثَ حَثَیَاتٍ مِنْ مَاءٍ، ثُمَّ تُفِیْضِی علی سَائِرِ جَسَدِکِ المَاءَ، فَتَطْهُرِیْنَ" أَوْ قَالَ: " فَإِذَاً أَنْتِ قَد تَطَهَّرْتِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعَمَلُ علی هٰذا عند أهلِ العلمِ أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا اغْتَسَلْتْ مِن الجَنابَةِ فَلَمْ تَنْقُضْ شَعْرَهَا: أَنَّ ذٰلِكَ یُجْزِئُهَا بَعْدَ أَنْ تُفِیْضَ الماءَ عَلیٰ رَأْسِهَا.

ترجمہ: ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! بیشک میں ایک ایسی عورت ہوں کہ اپنے سر کی چوٹیوں کو مضبوط بٹتی ہوں تو کیا میں ان کو غسلِ جنابت کے لئے کھولوں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: "نہیں، آپ کے لئے یہ بات کافی ہے کہ آپ اپنے سر پر تین لپ بھر کر پانی ڈالیں (اور بالوں کی جڑوں کو بھگودیں) پھر اپنے پورے بدن پر پانی بہادیں، پس آپ پاک ہوگئیں" یا فتطهرین کے بجائے قد تطهَّرتِ فرمایا (دونوں کا مطلب ایک ہے)

امام ترمذی فرماتے ہیں: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے کہ عورت جب غسل جنابت کرے اور وہ اپنے بالوں کو نہ کھولے تو یہ اس کے لئے کافی ہے، بشرطیکہ وہ اپنے سر پر پانی بہادے (اور بالوں کی جڑوں کو بھگودے)

بابُ ماجاءَ أَنَّ تَحْتَ کُلِّ شَعْرَةٍ جَنَابَةً

ہر بال کے نیچے جنابت ہے اس لئے پورا بدن دھونا ضروری ہے

جنابة: أنَّ کا اسم مؤخر ہے، اور تحت کل شعرة خبر مقدم ہے، ظرف ہونے کی وجہ سے خبر پہلے آئی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "ہر بال کے نیچے جنابت ہے پس بالوں کو دھوؤ اور کھال کو صاف کرو"

تشریح: اس حدیث کا مفہوم عام طور پر صحیح نہیں سمجھا جاتا۔ طلبہ تحت کل شعرة سے بالوں کی جڑوں کو مراد لیتے ہیں۔ حالانکہ وہ تو باطن جسم ہے اس کا دھونا ضروری نہیں۔ حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ بدن کے بال کھڑے نہیں ہوتے، جسم پر پڑے ہوتے ہیں، ان گرے ہوئے بالوں نے اپنے نیچے بدن کا جو حصہ چھپا رکھا ہے وہ تحت کل شعرة ہے۔ اسی طرح بال کا جو حصہ کھال سے ملا ہوا ہے وہ بھی بال کے نیچے کا حصہ ہے۔ پس پورا بال دھونا ضروری ہے۔ اور اس کے نیچے چھپی ہوئی کھال کو بھی صاف کرنا ضروری ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ نے اسی حدیث سے دلک یعنی جسم کے رگڑنے کو فرض کیا ہے۔ مگر یہ حدیث ضعیف ہے۔ یہ حدیث ابو محمد حارث بن وجیہ بصری ہی روایت کرتا

ہےاور یہ راوی ضعیف ہے۔ یہ آٹھویں طبقہ کا راوی ہے۔ ترمذی ابوداؤداور ابن ماجہ نے اس کی روایت لی ہے۔

[۷۸-] باب ماجاء أن تحت كل شعرة جنابةً

[۱۰۹-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا الحَارِثُ بنُ وَجِيْهٍ، نا مالكُ بنُ دينارٍ، عن مُحمدِ بنِ سِيرينَ عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "تَحتَ كُلِّ شَعْرَةٍ جَنَابَةٌ، فَاغْسِلُوْا الشَّعْرَ وانْقُوْا البَشَرَةَ"

وفى الباب: عن عليٍ وأنسٍ. قال أبو عيسى: حَديثُ الحَارِثِ بنِ وَجِيْهٍ حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إلَّا مِن حَدِيْثِه وَهُو شَيْخٌ لَيْسَ بِذَالِكَ، وقَدْ رَوَى عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ؛ وَقَدْ تَفَرَّدَ بِهٰذا الحَدِيثِ عن مَالِكِ بنِ دِيْنَارٍ، ويُقَالُ: الحَارِثُ بنُ وَجِيْهٍ، ويُقَالُ ابنُ وَجْبَةَ.

ترجمہ: (حدیث میں تحت كل شعرة: خبر مقدم ہےاور جنابة: مبتدا مؤخر ہے) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حارث بن وجیہ کی یہ حدیث غریب ہے، ہم اس کو حارث کے علاوہ کسی اور کی سند سے نہیں جانتے۔ اور وہ شیخ (ٹھیک) ہے مگر قوی نہیں اور اس سے متعدد ائمہ نے روایت کی ہے (یہ ادنی درجہ کی توثیق ہے) اس حدیث کو مالک بن دینار سے یہی راوی روایت کرتا ہےاور کہا جاتا ہے کہ اس کے والد کا نام وجیہ ہےاور کہا جاتا ہے کہ وَجبَة ہے۔

بابٌ فى الوُضُوْءِ بعد الغُسْلِ

غسل کے بعد وضوء کا بیان

غسل کے بعد وضوء ضروری نہیں، خواہ غسل سے پہلے وضوء کی ہو یا نہ کی ہو۔ کیونکہ وضوء طہارت کا ادنی درجہ ہے اور غسل اعلی درجہ، اور اعلی کے ضمن میں ادنی خود بخود آجاتا ہے۔ نیز غسل سے پہلے تو وضو کی حکمت ہے جو پہلے گذر چکی ہے مگر غسل کے بعد وضوء کرنے میں کوئی حکمت نہیں اور نبی ﷺ سے ثابت بھی نہیں۔ البتہ اگر غسل کرنے کے بعد کسی کی ریح خارج ہوجائے اور وضوء ٹوٹ جائے اور اس کو نماز پڑھنی ہے تو پھر وضوء کرنی ضروری ہے۔

[۷۹-] باب الوضوء بعد الغسل

[۱۱۰-] حدَّثنا إسماعيلُ بنُ مُوسى، ثنا شَرِيكٌ، عن أبى إسحاقَ، عن الأسوَدِ، عن عائشةَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لاَيَتَوَضَّأُ بَعْدَ الغُسْلِ.

قال أبو عيسى: هٰذا قولُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ: أَن لاَّ يَتَوَضَّأَ بَعْدَ الغُسْلِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ غسل کے بعد وضوء نہیں کیا کرتے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ صحابہ اور تابعین میں سے بہت سوں کا قول ہے کہ آدمی غسل کے بعد وضوء نہ کرے۔

بابُ مَاجَاءَ إِذَا الْتَقَى الخِتَانَانِ وَجَبَ الغُسْلُ

جب دو شرمگاہیں مل جائیں تو غسل واجب ہو جاتا ہے

خِتَانَانِ: تثنیہ ہے، مفرد ہے خِتانٌ اس کے معنی ہیں: ختنہ کی جگہ۔ یعنی وہ جگہ جہاں سے ختنہ میں چمڑی کاٹی جاتی ہے۔ یہ جگہ حشفہ کے بعد ہے۔ باب میں مسئلہ یہ ہے کہ جب دو ختنوں کی جگہیں مل جائیں یعنی حشفہ عورت کی شرمگاہ میں داخل ہو جائے تو دونوں پر غسل واجب ہو جاتا ہے، اگرچہ انزال نہ ہو۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔ لہٰذا لمبی بحث ضروری نہیں۔ البتہ پانچ باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: یہ مسئلہ دور صحابہ میں اختلافی تھا اکثر انصار اِکْسَال (۱) میں غسل کو واجب نہیں کہتے تھے۔ اور اکثر مہاجر غسل کو واجب کہتے تھے، اور انصار کی خواتین عورت پر غسل کو واجب کہتی تھیں اور مرد کو مستثنیٰ کرتی تھیں۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اختلاف ختم ہو گیا، واقعہ یہ پیش آیا کہ ایک صاحب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ زید بن ثابت رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں اپنی رائے سے فتوی دے رہے ہیں کہ اکسال میں غسل واجب نہیں۔ حضرت عمرؓ نے ان کو بھیجا کہ زید کو بلا کر لاؤ، وہ آئے تو حضرت عمرؓ نے ان سے پوچھا: کیا آپ اکسال کے مسئلہ میں لوگوں کو اپنی رائے سے فتوی دیتے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں نے یہ بات اپنے چچاؤں سے سنی ہے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: کونسے چچاؤں سے؟ انھوں نے کہا: ابوایوب انصاری، ابی بن کعب اور رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہم سے۔ اتفاق سے حضرت رفاعہ وہاں موجود تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا: یہ نوجوان کیا کہتا ہے؟ انھوں نے کہا: ٹھیک کہتا ہے۔ ہم لوگ نبی ﷺ کے زمانہ میں بیویوں سے صحبت کرتے تھے اور انزال نہ ہونے کی صورت میں غسل نہیں کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: آپ لوگوں نے یہ مسئلہ نبی ﷺ سے پوچھا تھا؟ انھوں نے کہا: نہیں! پھر حضرت عمرؓ حاضرین مجلس کی طرف متوجہ ہوئے کہ آپ حضرات کیا کہتے ہیں؟ ان کے درمیان اختلاف ہو گیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''اللہ کے بندو! اگر آپ لوگ اس میں اختلاف کرو گے تو بعد کے لوگوں کا کیا حال ہوگا؟!'' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ یہ مسئلہ ازواج مطہرات سے پوچھا جائے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو اپنی بیٹی حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا۔ مگر انھوں نے لاعلمی ظاہر کی اور کہا: میرے

(۱) اکسال: باب افعال کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: سست کرنا یعنی جماع شروع کرنے کے بعد کسی وجہ سے عضو میں فتور آجائے اور آدمی انزال کے بغیر جماع چھوڑ دے ۱۲

ساتھ ایسا واقعہ پیش نہیں آیا۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آدمی بھیجا تو انھوں نے کہا: میرے اور نبی ﷺ کے درمیان ایسی صورت پیش آئی ہے اور ہم نے دونوں نے غسل کیا ہے۔ جب نبی ﷺ کا عمل معلوم ہوگیا تو حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا: آج کے بعد اگر کوئی شخص ایسا کرے گا اور غسل نہیں کرے گا تو میں اس کو سخت سزا دوں گا (یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ شرح معانی الآثار میں ہے) اس دن سے تمام صحابہ کا اجماع ہوگیا کہ اکسال کی صورت میں غسل واجب ہے اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف باقی نہیں رہا اور امام بخاری رحمہ اللہ نے جو فرمایا ہے کہ غسل احتیاط کی بات ہے اور یہی آخری بات ہے (باب ۲۹) اس قول میں دو باتوں کی طرف اشارہ ہے: ایک: وجوبِ غسل کا حکم بر بنائے احتیاط ہے۔ یعنی اصل حکم تو الماء من الماء ہے، مگر کبھی انزال ہوجاتا ہے اور اس کا احساس نہیں ہوتا، اس لئے احتیاط کی بات یہ ہے کہ بہرصورت غسل کیا جائے، جیسے لیٹ کر سوتے ہی وضوٹوٹ جاتی ہے، یہ احتیاط کی بات ہے، ورنہ ضروری نہیں کہ آنکھ لگتے ہی ریح خارج ہوجائے، مگر اس کا امکان بہرحال ہے۔ دوم: الماء من الماء کا حکم پہلے تھا۔ بعد میں وہ منسوخ ہوگیا۔ حضرت ابی نے بھی یہی فرمایا ہے (غرض امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ قول اختلاف کی طرف مشیر نہیں)

دوسری بات: جب کسی حکم کی علت مخفی ہوتی ہے تو شریعت کسی ظاہری چیز کو اس کے قائم مقام گردانتی ہے، جیسے سفر میں نمازوں میں قصر کی علت مشقت ہے، مگر یہ ایک مخفی بات ہے اس کا ادراک بہت مشکل ہے۔ اس لئے نفس سفر کو مشقت کے قائم مقام کردیا ہے، اسی طرح وضوء ٹوٹنے کی علت ریح کا نکلنا ہے مگر سونے والے کو اس کا ادراک نہیں ہوتا۔ اس لئے نیند کو خروج ریح کے قائم مقام کردیا ہے۔ اس طرح وجوب غسل کی علت انزال ہے۔ مگر کبھی اس کا ادراک نہیں ہوتا اس لئے التقائے ختانین کو اس کے قائم مقام کردیا۔ اب حکم اس ظاہر پر دائر ہوگا حقیقت کی طرف نظر نہیں کی جائے گی۔

تیسری بات: حدیث: الماء من الماء (پانی سے پانی ہے) میں پہلے ماء سے مراد غسل کا پانی ہے اور دوسرے ماء سے مراد منی ہے۔ یعنی منی کے نکلنے کے بعد ہی غسل واجب ہوتا ہے۔ یہ حدیث منسوخ ہے جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: یہ ابتدائے اسلام میں ایک رخصت (سہولت) تھی بعد میں یہ حکم ختم کردیا گیا۔ اور ابن عباسؓ جو فرماتے ہیں کہ اس میں بیداری کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ خواب کا مسئلہ ہے یعنی اگر کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے صحبت کی، مگر بیدار ہونے کے بعد اس کے کپڑوں پر منی نہیں تو اس پر غسل واجب نہیں۔ غسل اس وقت واجب ہوگا جب کپڑوں پر منی کا اثر پائے۔ حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول ایک مسئلہ کا بیان ہے۔ مذکورہ حدیث کے نسخ کا انکار نہیں۔ کیونکہ حدیث بیداری میں جماع کے بارے میں ہے، خواب کے بارے میں نہیں ہے۔ البتہ بیداری کے جماع میں منسوخ ہے، اور خواب کا حکم بحالہ باقی ہے۔

چوتھی بات: بعض مسائل میں نفس الامر میں روایات موجود ہوتی ہیں، مگر ضرورت پیش نہ آنے کی وجہ سے وہ روایات لوگوں کے سامنے نہیں آتیں۔ پھر جب ضرورت واقع ہوتی ہے تو جن صحابہ کے پاس وہ روایات ہوتی ہیں وہ بیان کرتے ہیں۔ عراق والوں کے لئے میقات کی تعیین نبی ﷺ نے کی ہے، مگر فتح عراق سے پہلے اُدھر سے حج کے لئے آنے والا کوئی نہیں تھا، اس لئے وہ روایت سامنے نہیں آئی۔ پھر جب عہدِ فاروقی میں عراق فتح ہوا اور حضرت عمر نے وہاں کے لوگوں کے لئے ذات العرق کو میقات تجویز کیا تو اس سلسلہ کی روایات سامنے آئیں۔ اسی طرح آدھا صاع گیہوں فطرۃ کی مقدار کا معاملہ ہے۔ پہلے گیہوں بہت کم تھا تو یہ روایت سامنے نہیں آئی بعد میں جب گیہوں عام ہوا تو یہ روایت سامنے آئی۔ اسی طرح زیر بحث مسئلہ ہے کہ پہلے ضرورت پیش نہیں آئی تو حدیث سامنے نہیں آئی، بعد میں سامنے آئی۔ اسی طرح فقہاء کبھی حدیث کو مسئلہ کے طور پر بیان کرتے تھے اور کبھی حدیث کے طور پر۔ پس حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر یہ اعتراض نہیں ہونا چاہئے کہ ابھی تو انھوں نے مسئلہ بتایا تھا کہ التقائے ختانین سے غسل واجب ہوتا ہے۔ اب اسی کو حدیث کے طور پر پیش کر رہی ہیں۔

پانچویں بات: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک خانگی معاملہ: **فعلتُه أنا ورسول الله صلى الله عليه وسلم فاغتسلنا** کو جو لوگوں کے سامنے لائی ہیں تو وہ ایک دینی ضرورت کی وجہ سے تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دربار میں صحابہ اکٹھا ہیں اور اس مسئلہ میں آخری فیصلہ ہونا ہے۔ پس اگر حضرت عائشہؓ یہ راز افشا نہ کرتیں تو مسئلہ کیسے طے ہوتا؟ ایسی ہی صورت میں کہا گیا ہے: **إن الله لا يستحيي من الحق**: اللہ تعالیٰ حق بات سے شرم نہیں کرتے، پس مؤمن کو بھی بے تکلف شرم کی بات کا حکم دریافت کرنا چاہئے اور مفتی کو بیان بھی کرنا چاہئے۔

[۸۰-] باب ماجاء إذا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وجب الغسل

[۱۱۱-] حدثنا أبو مُوسى محمدُ بنُ المُثَنّٰى، ثنا الوليدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن الأَوْزَعِيِّ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ القاسمِ، عن أبيهِ، عن عائشةَ قالتْ: إِذا جَاوَزَ الخِتَانُ الخِتَانَ وَجَبَ الغُسْلُ، فَعَلْتُهُ أَنَاوَرَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاغْتَسَلْنَا.

وفى الباب: عن أبى هريرةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو، ورافعِ بنِ خَدِيْجٍ.

[۱۱۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وكيعٌ، عن سُفيانَ، عن عليِّ بنِ زَيْدٍ، عن سعيدِ المُسَيِّبِ، عن عائشةَ، قالتْ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "إِذَا جَاوَزَ الخِتَانُ الخِتَانَ وَجَبَ الغُسْلُ" قال أبوعيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قال: وقَد رُوِیَ هٰذا الحديثُ عن عائشةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِن غَيْرِوَجْهٍ: "إِذَا جَاوَزَ

الخِتَانُ الخِتَانَ وَجَبَ الغُسْلُ'' وَهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ العلمِ مِن أصحابِ رسول الله صلى الله عليه وسلم، مِنهُم: أبوبكرٍ، وعُمرُ وعثمانُ، وعليٌّ، وعائشةُ؛ والفقهاءُ مِنَ التَّابعينَ ومن بَعدَهُم مثلُ: سُفيانَ الثَّوْرِيِّ، والشافعيِّ وأحمد وإسحاقَ، قالُوا: إِذَا التقَى الخِتَانَانِ وَجَبَ الغُسْلُ.

ترجمہ: حضرت عائشہ فرماتی ہیں: جب ایک ختنہ کی جگہ دوسری ختنہ کی جگہ سے آگے بڑھ جائے یعنی حشفہ چھپ جائے تو غسل واجب ہوگیا، میں نے اور نبی ﷺ نے ایسا کیا پس ہم نے غسل کیا۔

حضرت عائشہ نے اسی حدیث کو مرفوعاً بھی بیان کیا ہے، وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب ایک ختنہ کی جگہ دوسری ختنہ کی جگہ سے آگے بڑھ جائے تو غسل واجب ہوگیا۔ حضرت عائشہ کی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت عائشہ کی یہ مرفوع حدیث متعدد طرق سے مروی ہے، یعنی یہ راوی کا وہم نہیں ہے۔ اور وہ اکثر صحابہ کا قول ہے جن میں خلفاء اربعہ اور حضرت عائشہ شامل ہیں۔ اور تابعین اور ان کے بعد کے لوگوں میں سے اکثر فقہاء مثلاً: سفیان ثوری، شافعی احمد اور اسحاق کا یہی قول ہے۔ یہ سب کہتے ہیں کہ جب دو ختنوں کی جگہیں مل جائیں تو غسل واجب ہوگیا۔

نوٹ: ختانان (دو ختنوں کی جگہ) تغلیباً کہا گیا ہے۔ عورت کی ختنہ ضروری نہیں۔ جیسے سورج اور چاند کو شمسین اور حسن و حسین کو حسنین تغلیباً کہا جاتا ہے۔

[۸۱-] باب ماجاء أن الماء من الماء

[۱۱۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارکِ، ثنا یُوْنُسُ بنُ یَزِیْدَ، عن الزُّھْرِیِّ عن سهلِ بنِ سعدٍ، عن أُبَیِّ بنِ کَعْبٍ، قال: إِنَّمَا کَانَ المَاءُ مِن الماءِ رُخْصَةً فی أَوَّلِ الإِسْلَامِ ثُمَّ نُهِیَ عَنْهَا.

حدثنا أحمدُ بنُ منیعٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارکِ نا مَعْمَرٌ عن الزُّھْرِیِّ بِهٰذا الإسنادِ مِثْلَه. قال أبوعیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وإِنَّمَا کَانَ المَاءُ مِنَ المَاءِ فی أَوَّلِ الإِسْلَامِ ثُمَّ نُسِخَ بَعْدَ ذٰلِكَ.

وهٰکَذَا رَوَی غَیْرُ واحدٍ مِنْ أصحابِ رسولِ الله صلی الله علیه وسلم، مِنْهُمْ: أُبَیُّ بنُ کَعْبٍ، ورَافِعُ بنُ خَدِیْجٍ.

والعَمَلُ علی هٰذا عند أکثرِ أهلِ العلمِ: عَلٰی أَنَّهُ إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ فی الفَرْجِ وَجَبَ عَلَیْهِمَا الغُسْلُ وإِنْ لَّمْ یُنْزِلَا.

[۱۱۴-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، أَنا شریكٌ، عن أبی الجَحَّافِ، عن عِکْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ قال: إِنَّمَا الماءُ مِنَ المَاءِ فی الاِحْتِلَامِ.

قال أبوعیسی:سمعتُ الجَارُوْدَ یقول: سمِعتُ وکیعاً یقولُ: لَمْ نَجِدْ هٰذا الحدیثَ إلَّا عِندَ شریكٍ.
وفی البابِ: عن عُثمانَ بنِ عَفَّانَ،وعلیِّ بنِ أبی طالبٍ، والزُّبَیْرِ، وطَلْحَةَ، وأبی أیُّوْبَ، وأبی سعیدٍ: عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:"الماءُ مِنَ المَاءِ" وأبو الجَحَّافِ: اسْمُهُ دَاودُ بنُ أبی عَوْفٍ؛ ورُوِیَ عن سُفیانَ الثوریِّ قال: نا أَبو الجَحَّافِ، وکَانَ مَرْضِیًّا.

ترجمہ:حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: الماء من الماء ابتدائے اسلام میں ایک رخصت تھی، پھر اس کی ممانعت کردی گئی۔یعنی یہ حکم منسوخ ہوگیا اور ابن شہاب زہری سے یونس کی طرح معمر بھی روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: الماء من الماء کی رخصت شروع اسلام ہی میں تھی، پھر یہ حکم بعد میں منسوخ کردیا گیا، اور یہی بات صحابہ میں سے بہت سوں نے کہی ہے۔ان میں سے ابی بن کعب اور رافع بن خدیج ہیں، اور اکثر علماء کے نزدیک اسی بات پر عمل ہے کہ جب آدمی اپنی بیوی سے شرمگاہ میں صحبت کرے تو دونوں پر غسل واجب ہوجاتا ہے اگرچہ دونوں کو انزال نہ ہو (اور جو حکم ایلاج فی الفرج کا ہے وہی حکم ایلاج فی الدبر کا بھی ہے۔جامع فی الفرج: تفخیذ سے احتراز ہے، یعنی رانوں کے درمیان عضو داخل کیا جائے تو غسل انزال کے بعد ہی واجب ہوگا)

حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: الماء من الماء احتلام ہی کے بارے میں ہے۔امام ترمذیؒ نے جارود کے حوالہ سے وکیع رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ:"ہم نے یہ حدیث صرف شریک کے پاس پائی ہے" (یعنی شریک سے آخر تک یہی ایک سند ہے) اور حضرت عثمان وغیرہ متعدد صحابہ الماء من الماء کو روایت کرتے ہیں، اور ابوالجحّاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہے، اور سفیان ثوری کہتے ہیں: ہم سے ابوالجحاف نے حدیث بیان کی اور وہ پسندیدہ آدمی تھے (یہ ابوالجحاف کی توثیق ہے پس ابن عباس کے قول کی یہی ایک سند ہے، مگر وہ قابل اعتبار ہے)

بابُ فِیْمَنْ یَّسْتَیْقِظُ ویَرَی بَلَلاً ولا یَذْکُراحْتِلَامًا

بدخوابی یادنہ ہومگر کپڑوں پر منی پائے تو غسل واجب ہے

یہ مسئلہ اوپر ضمناً آگیا ہے کہ اگر کوئی شخص خواب دیکھے کہ وہ بیوی سے صحبت کررہا ہے اور انزال بھی ہوگیا ہے مگر بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر منی کے اثرات نہیں پائے تو اس پر غسل واجب نہیں۔اور اس کی برعکس صورت میں غسل واجب ہے، یعنی خواب یادنہ ہو یا خواب میں انزال ہونا یادنہ ہومگر بیدار ہونے کے بعد کپڑے پر تری دیکھتا ہے تو اس پر غسل واجب ہے۔پہلی صورت میں یہ کہا جائے گا کہ بلی کے خواب میں چھیچھڑے! کیونکہ اگر انزال ہوا ہے تو تری کہاں گئی؟! اور دوسری صورت میں یہ کہا جائے گا کہ گہری نیند کی وجہ سے خواب یادنہیں رہا، جب کپڑے پر منی موجود

ہے تو بدخوابی ضرور ہوئی ہے۔ اس لئے غسل واجب ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ سے اس شخص کا حکم دریافت کیا گیا جو بیدار ہونے کے بعد اپنے کپڑے پر تری دیکھے اور اس کو خواب یاد نہ ہو، آپؐ نے فرمایا: ''اس پر غسل واجب ہے'' نیز اس شخص کا بھی حکم دریافت کیا گیا جس کو خواب تو یاد ہے مگر کپڑے پر تری نہیں ہے، آپ نے فرمایا: ''اس پر غسل واجب نہیں'' حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: یا رسول اللہ! اگر یہ خواب عورت دیکھے تو کیا اس پر بھی غسل واجب ہے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں! اس لئے کہ عورتیں مردوں کی نظیر ہیں (الشقائق: الشقیقة کی جمع ہے۔ الشقیق کے معنی ہیں: سگا بھائی اور مثل و مانند۔ یہاں یہ دوسرے معنی مراد ہیں)

تشریح:

۱- یہی سوال جو ام سلمہؓ نے کیا ہے ایک موقعہ پر ام سلیمؓ نے کیا تھا۔ تو ام سلمہؓ نے ان سے کہا تھا: ''اری! تو نے چوراہے پر عورتوں کا بھانڈا پھوڑ دیا!'' سوال یہ ہے کہ ایک بات ام سلمہؓ دریافت کریں تو عورتیں رسوا نہ ہوں، اور وہی بات ام سلیمؓ پوچھیں تو عورتیں رسوا ہو جائیں، یہ کیا بات ہے؟ —— اس کا جواب یہ ہے کہ ام سلمہؓ (بیوی) نے رسول اللہ ﷺ (شوہر) سے تنہائی میں پوچھا ہے اور ام سلیمؓ نے مردوں کے مجمع میں دریافت کیا تھا۔

۲- عورتوں کو احتلام کی نوبت کم آتی ہے۔ کیونکہ ان کا مزاج مرطوب ہے اور ان کا نظام تولید اندر ہے اس لئے تحریک کم ہوتی ہے اور مرد کا نظام باہر ہے، مزاج گرم خشک ہے اور عضو سے کپڑا وغیرہ لگتا ہے۔ اس لئے احتلام کی نوبت زیادہ آتی ہے۔ اور اکثر عورتوں کو تو احتلام کا تجربہ ہی نہیں ہوتا۔ ام سلیم کے سوال سے مردوں کو معلوم ہو گیا کہ عورتوں کو بھی یہ صورت پیش آتی ہے، چوراہے پر بھانڈا پھوڑنے کا یہی مطلب ہے۔

۳- بیشتر احکام میں مرد وزن میں اشتراک ہے۔ کیونکہ دونوں ایک نوع سے تعلق رکھتے ہیں۔ البتہ کچھ احکام میں فرق ہے جن کا تعلق صنف سے ہے، بدخوابی کا تعلق صنف سے نہیں ہے بلکہ یہ مسئلہ نوع سے متعلق ہے اس لئے دونوں کا حکم یکساں ہے۔

۴- کپڑے پر تری نہیں تو غسل واجب نہیں، خواہ خواب یاد ہو یا نہ ہو۔ اور اگر تری ہے تو اس کی چودہ صورتیں ہیں: (۱) منی کا یقین ہے (۲) مذی کا یقین ہے (۳) ودی کا یقین ہے (۴) منی اور مذی میں شک ہے (۵) مذی اور ودی میں شک ہے (۶) منی اور ودی میں شک ہے (۷) تینوں میں شک ہے۔ پھر ہر صورت میں خواب یاد ہے یا نہیں؟ یہ کل چودہ صورتیں ہوئیں۔ ان میں سے چار شکلوں میں بالاتفاق غسل واجب نہیں یعنی جب مذی کا یقین ہو اور خواب یاد نہ ہو، یا ودی کا یقین ہو اور خواب یاد ہو یا نہ ہو یا مذی اور ودی میں شک ہو اور خواب یاد نہ ہو۔ اور تین شکلوں میں اختلاف ہے، یعنی جب منی اور مذی میں شک ہو یا منی اور ودی میں شک ہو یا منی، مذی اور ودی میں شک ہو، اور تینوں صورتوں

میں خواب یاد نہ ہوتو امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک غسل واجب نہیں، طرفین کے نزدیک واجب ہے، باقی سات صورتوں میں بالاتفاق غسل واجب ہے (تفصیل امداد الفتاوی (۱:۵۰) میں ہے)

[۸۲-] بابٌ فِيْمَنْ يَّسْتَيْقِظُ ويَرىٰ بَلَلاً ولا يَذْكُر احْتِلاَمًا

[۱۱۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا حَمَّادُ بنُ خالدٍ الخَيَّاطُ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن القاسمِ بنِ مُحمدٍ، عن عائشةَ، قالتْ: سُئِلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عنِ الرَّجُلِ يَجِدُ البَلَلَ، وَلاَ يَذْكُرُ احْتِلاَمًا، قال:" يَغْتَسِلُ" وعنِ الرَّجُلِ يَرىٰ أَنَّه قَدِ احْتَلَمَ وَلَمْ يَجِدْ بَلَلاً قال: "لاَ غُسْلَ عَلَيْهِ" قالتْ أُمُّ سَلَمَةَ: يارسولَ اللّٰهِ! هَل عَلَى المَرْأَةِ تَرىٰ ذٰلِكَ غُسْلٌ؟ قال:" نعم، إِنَّ النِّسَاءَ شَقَائِقُ الرِّجَالِ"

قال أبو عيسى: وإِنَّمَا رَوى هٰذا الحديثَ عَبدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ حديثَ عائشةَ فى الرَّجُلِ يَجِدُ البَلَلَ وَلاَ يَذْكُرُ احْتِلاَمًا؛ وعبدُ اللّٰهِ: ضَعَّفَهُ يَحيىَ بنُ سَعِيْدٍ مِن قِبَلِ حَفْظِه فى الحديثِ.

وهُو قَوْلُ غَيْرِ واحدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحاب النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ: إِذَا اسْتَيْقَظَ الرَّجُلُ فَرَأَىْ بِلَّةً: أَنَّهُ يَغتسل، وهو قولُ سفيانَ وأحمدَ؛ وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ من التَّابعينَ: إِنَّمَايَجِبُ عَلَيْهِ الغُسْلُ إِذَا كَانَتِ البِلَّةُ بِلَّةَ نُطْفَةٍ، وهُو قولُ الشافعيِّ وإسحاقَ.

وإِذَا رَأَى احْتِلاَمًا وَلَمْ يَرَ بِلَّةً فلا غُسْلَ عليه عند عامَّةِ أهلِ العلمِ.

ترجمہ: وہ حدیث جو اس شخص کے بارے میں وارد ہوئی ہے جو بیدار ہو اور تری دیکھے اور اسے خواب یاد نہ ہو۔
امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت عائشہ کی یہ حدیث جو اس شخص کے بارے میں ہے جو کپڑے پر تری دیکھے اور اُسے خواب یاد نہ ہو اس کو عبداللہ عُمری (اپنے بھائی) عبیداللہ عمری سے روایت کرتے ہیں، اور عبداللہ کو یحییٰ قطان نے حدیث میں یادداشت کی کمزوری کی وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے —— اور یہ صحابہ اور تابعین میں سے بہت سے اہل علم کا قول ہے کہ جب آدمی بیدار ہو اور وہ کپڑے پر تری دیکھے تو غسل کرے، اور یہ سفیان ثوری اور امام احمد کا قول ہے۔ اور تابعین میں سے بعض فقہاء کہتے ہیں کہ غسل اس وقت واجب ہے جب تری منی کی تری ہو۔ اور یہ شافعی اور اسحاق کا قول ہے۔ اور جب کوئی خواب دیکھے اور کپڑے پر تری نہ دیکھے تو تمام علماء کے نزدیک اس پر غسل واجب نہیں۔

نوٹ: عبداللہ بن عمر اور عبیداللہ بن عمر دونوں بھائی ہیں۔ عبداللہ چھوٹے ہیں اور عبیداللہ بڑے۔ دونوں حضرت عمرؓ کی اولاد میں سے ہیں، اس لئے عمری کہلاتے ہیں۔ بڑے بھائی نہایت مضبوط راوی ہیں اور عبداللہ کمزور ہیں۔

بابُ ماجاء فى المَنِيِّ والمَذْيِ

منی اور مذی کا بیان

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ منی سے غسل واجب ہوتا ہے اور مذی سے وضوء ٹوٹتی ہے۔ حضرت علی اور حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ سے مذی کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''منی میں غسل ہے اور مذی میں وضوء'' اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔ اور لفظ مذی عربی میں میم کے زبر اور ذال کے سکون کے ساتھ فصیح ہے، اور اردو میں میم کے زبر اور ذال کے زیر کے ساتھ بولتے ہیں۔ مذی: وہ پانی ہے جو بوسہ یا ملاعبت کے وقت پیشاب کی نالی سے نکلتا ہے وہ جماع میں سہولت پیدا کرتا ہے۔ اور منی کے نکلنے کے لئے راستہ چکنا کرتا ہے تا کہ دفق کے ساتھ منی بچہ دانی میں پہنچ سکے۔ مذی کے نکلنے سے طبیعت کا جوش بڑھتا ہے اور منی خارج ہونے کے بعد عضو اور بدن میں فتور پیدا ہو جاتا ہے۔

[۸۳-] بابُ ماجاء فى المَنِيِّ والمَذْيِ

[۱۱۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَمْرٍو السَّوَّاقُ الْبَلْخِيُّ، نا هُشَيْمٌ، عن يَزِيدَ بنِ أبى زِيَادٍ، ح: وَنَا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا حُسينُ الجُعْفِيُّ، عن زَائِدَةَ، عن يَزِيْدَ بنِ أبى زِيَادٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلٰى، عن عليٍّ، قال: سَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَنِ المَذْيِ، فَقَالَ:'' مِنَ المَذْيِ الوُضُوْءُ وَمِنَ المَنِيِّ الغُسْلُ''

وفى الباب: عن المِقْدَادِ بنِ الأَسْوَدِ، وَأُبَيِّ بنِ كَعْبٍ؛ قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَد رُوِيَ عن عليٍّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِن غَيْرِ وَجْهٍ:'' مِنَ المَذْيِ الوُضُوْءُ، ومِنَ المَنِّي الغُسلُ'' وهُو قَولُ عَامَّةِ أَهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ، وبه يَقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: وہ روایات جو منی اور مذی کے بارے میں وارد ہوئی ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے مذی کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''مذی سے وضو اور منی سے غسل واجب ہے'' اور باب میں حضرت مقداد اور حضرت ابی بن کعب کی حدیثیں ہیں، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت علیؓ کی حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور حضرت علی کی یہ مرفوع حدیث متعدد طرق سے مروی ہے، اور وہ صحابہ اور تابعین میں سے اکثر اہل علم کا قول ہے۔ اور یہی بات شافعی، احمد اور اسحاق نے کہی ہے۔

تشریح: حضرت علی رضی اللہ عنہ مَذَّاء تھے، جب بھی بیوی سے چھیڑ کرتے مذی نکل آتی اور غسل کرتے، ان کے خیال میں منی اور مذی کا حکم یکساں تھا، جب بار بار نہانے میں مشقت محسوس ہوئی تو خیال آیا کہ دین میں تنگی نہیں، شاید

میں مسئلہ صحیح نہیں سمجھ رہا۔ چنانچہ انھوں نے خود نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا یا اپنے کسی دوست سے پوچھوایا تو نبی ﷺ نے جواب دیا: ''غسل منی نکلنے سے واجب ہوتا ہے، مذی میں وضو کرلینا کافی ہے'' اس سے معلوم ہوا کہ مجتہد سے بھی کبھی مسئلہ سمجھنے میں چوک ہوجاتی ہے، دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ درماندہ کی شفاء پوچھنے میں ہے۔ اگر کسی دینی حکم میں شک پیدا ہو تو بڑے آدمی سے پوچھ لینا چاہئے۔

بابُ المَذْیِ یُصِیْبُ الثَّوْبَ

مذی سے کپڑا پاک کرنے کا طریقہ

تمام ائمہ متفق ہیں کہ مذی ناپاک ہے اگر بدن پر لگ جائے تو اسے دھونا ضروری ہے، اور اگر کپڑے پر لگے تو طریقۂ تطہیر میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بول غلام کی طرح چھینٹا دینا کافی ہے، دھونا ضروری نہیں، باقی ائمہ کے نزدیک دھونا ضروری ہے۔

حدیث: حضرت سہل بن حُنیف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں مذی کی وجہ سے پریشان تھا، اور بہت غسل کیا کرتا تھا میں نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا آپؐ نے فرمایا: ''مذی سے وضوء کافی ہے'' میں نے پوچھا: یارسول اللہ! اگر کپڑے پر لگ جائے تو کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: ''ایک چلو پانی لے کر جس جگہ مذی لگی ہے وہاں چھینٹا دیدو''

تشریح: اس حدیث میں جو لفظ نَضْح آیا ہے امام احمد رحمہ اللہ نے اس کے معنی ''چھینٹا دینا'' کئے ہیں، مگر امام شافعی رحمہ اللہ اس کے معنی: ''دھونا'' کرتے ہیں۔ باقی دو اماموں کی بھی یہی رائے ہے، ان کے نزدیک چھینٹا دینا کافی نہیں۔ البتہ احناف کے نزدیک غَسل خفیف کافی ہے، مبالغہ کے ساتھ دھونا ضروری نہیں۔ یعنی اس پر پانی بہائے جب مذی کپڑے سے نکل جائے تو نچوڑ لے، کپڑا پاک ہوجائے گا۔

[۸۴-] باب المَذْیِ یصیب الثوب

[۱۱۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن سَعیدِ بنِ عُبَیْدٍ هُوَ ابنُ السَّبَّاقِ، عن أبیهِ عن سَهْلِ بنِ حُنَیْفٍ، قال: کُنْتُ أَلْقٰی مِنَ الْمَذْیِ شِدَّةً وعَنَاءً، فَکُنْتُ أُکْثِرُ مِنْهُ الغُسْلَ، فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِرَسُوْلِ اللهِ صلی الله علیه وسلم، وسَأَلْتُهُ عَنْهُ؟ فَقَالَ: '' إِنَّمَا یُجْزِئُکَ مِن ذٰلك الوُضُوْءُ'' قُلْتُ: یارسولَ اللهِ! کَیْفَ بِمَا یُصِیْبُ ثَوْبِی مِنْهُ؟ قال: '' یَکْفِیْکَ أَنْ تَأْخُذَ کَفًّا مِنْ مَاءٍ، فَتَنْضَحُ بِهِ ثَوْبَکَ، حَیْثُ تَرٰی أَنَّهُ أَصَابَ مِنْهُ''

قال أبو عیسیٰ: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَلاَ نَعْرِفُ مِثْلَ هٰذا إِلاَّ مِن حَدثِ محمدِ بنِ إسحاقَ

فی الْمَذْیِ مِثْلَ هٰذا.

وقَدِ اخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ فِی المَذْیِ یُصِیبُ الثَّوْبَ، فقالَ بَعْضُهُمْ: لَایُجْزِئُ إِلَّا الغَسْلُ، وَهُوَ قَوْلُ الشافعیِّ وإسحاقَ، وقال بَعْضُهم: یُجْزِئُهُ النَّضْحُ، وقال أحمدُ: أَرْجُوْ أَن یُّجْزِئَهُ النَّضْحُ بالمَاءِ.

ترجمہ: مذی کپڑے پر لگ جائے تو اس کا حکم: حضرت سہل بن حنیفؓ کہتے ہیں: میں مذی کی وجہ سے سختی اور پریشانی سے دوچار تھا۔ میں اس کی وجہ سے بہت غسل کیا کرتا تھا، میں نے اس کا تذکرہ نبی ﷺ سے کیا اور اس کا حکم دریافت کیا؟ آپؐ نے فرمایا: ''تیرے لئے مذی کی وجہ سے وضو کافی ہے'' میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! جو مذی میرے کپڑے کو لگ جائے اس کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''آپ کے لئے یہ بات کافی ہے کہ ایک چلّو پانی لیں، پھر اس سے اپنے کپڑے پر چھینٹا دیدیں جہاں آپ دیکھیں کہ مذی لگی ہے'' دوسرا ترجمہ: ''پس آپ اس سے اپنے کپڑے کو ہلکا سا دھودیں جہاں مذی ہونے کا گمان ہے''

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے، ہم اس کو صرف محمد بن اسحاق کی سند سے جانتے ہیں (مثل ھذا مکرر ہے) اور کپڑے پر مذی لگ جائے تو علماء میں اختلاف ہے: بعض کی رائے یہ ہے کہ دھونا ضروری ہے اور یہ امام شافعی اور اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے، اور بعض چھینٹا دینے کو کافی سمجھتے ہیں، اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: میں امید کرتا ہوں کہ پانی کا چھینٹا دینا کافی ہے۔

بابٌ فی المَنِیِّ یُصِیبُ الثَّوْبَ

کپڑے پر منی لگ جائے تو کیا حکم ہے؟

منی پاک ہے یا ناپاک؟ یعنی اگر کپڑے پر یا بدن پر منی لگی ہوئی ہو اور نماز پڑھ لی جائے تو کیا حکم ہے؟ اسی طرح اگر منی پانی میں گر جائے تو پانی پاک رہے گا یا ناپاک ہوجائے گا؟ یہی مطلب ہے پاک ناپاک ہونے کا، یہ مطلب نہیں ہے کہ اس کو دھویا نہ جائے۔ نظافت کے لئے دھویا تو جائے گا جیسے تھوک اور رینٹ پاک ہیں اور بدن یا کپڑے پر لگ جائیں تو نظافت کے لئے دھوڈالتے ہیں۔

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک منی پاک ہے، کپڑے پر یا بدن پر منی لگی ہوئی ہو اور نماز پڑھ لی جائے تو نماز صحیح ہے۔ اور اگر منی پانی میں گر جائے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ منی کو ناپاک کہتے ہیں، ان کے نزدیک نماز صحیح نہ ہوگی اور پانی ناپاک ہوجائے گا۔ پھر طریقۂ تطہیر میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دھونے سے بھی کپڑا پاک ہوجاتا ہے اور منی خشک ہو اور اس کو کھرچ دیا جائے تو بھی کپڑا پاک

ہوجائے گا۔ البتہ منی تر ہوتو دھونا ضروری ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دھونا ہی ضروری ہے، کھرچنے سے کپڑا پاک نہیں ہوگا۔ خواہ منی خشک ہو یا تر۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں بہت حدیثیں ہیں۔ تفصیل سے کہاں تک بیان کرونگا۔ سب کا خلاصہ سنو۔ حدیثوں میں چھ لفظ آئے ہیں: غَسل (دھونا) حَتّ، فَرْك، حَكّ (ان تینوں کے معنی ہیں: کھرچنا) مَسح (پونچھنا) اور سَلْت (دور کرنا) یعنی نبی ﷺ کے کپڑے سے منی کبھی دھوئی جاتی تھی، کبھی کھرچی جاتی تھی اور کبھی پونچھی جاتی تھی۔ اس سے دو اماموں نے استدلال کیا ہے کہ منی پاک ہے۔ کیونکہ اگر منی پیشاب پاخانہ کی طرح ناپاک ہوتی تو اس کا دھونا ضروری ہوتا۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول تو یہ ہے کہ منی ناک کی رینٹ کی طرح ہے اس کو اپنے سے دور کرو، خواہ ازخر گھاس کے ذریعہ ہو۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے دلیل عقلی کتاب الام میں یہ بیان کی ہے کہ مادۂ منویہ سے تمام انسانوں کی بشمول انبیاء تخلیق ہوئی ہے، پس اس کو ناپاک کیسے کہہ سکتے ہیں؟ کیا انبیاء ناپاک مادّہ سے پیدا کئے گئے؟

طہارت کے دلائل پر نظر: —— مگر ان دلائل سے منی کی طہارت واضح طور پر ثابت نہیں ہوتی۔ منی کا پاک ہونا اس وقت ثابت ہوسکتا ہے جب نبی ﷺ سے زندگی میں کم از کم ایک مرتبہ منی کے ساتھ نماز پڑھنا ثابت ہو۔ مگر ایسی ایک حدیث بھی موجود نہیں۔ بلکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تو یہ فرماتی ہیں کہ میں نبی ﷺ کے کپڑے پر سے منی دھوتی تھی، پھر آپ اس کو پہن کر نماز پڑھانے تشریف لے جاتے تھے، درانحالیکہ دھونے کا اثر اس میں صاف ظاہر ہوتا تھا (مسلم شریف ۱:۱۴۰) اگر منی پاک تھی تو اس قدر اہتمام کی ضرورت کیا تھی؟ نظافت کے لئے تو نماز کے بعد بھی دھوئی جاسکتی تھی؟ اور ابوداؤد وغیرہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ انھوں نے اپنی بہن ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی ﷺ جن کپڑوں میں مجامعت فرماتے تھے ان میں نماز پڑھتے تھے؟ ام حبیبہؓ نے کہا: نعم: إذا لم يَرَ فيه أَذًى: ہاں پڑھتے تھے جب ان میں گندگی نہ دیکھتے (ابوداؤد ۱:۵۳) ظاہر ہے اذی سے منی کی گندگی ہی مراد ہے، اگرچہ مذی کا بھی احتمال ہے مگر ظاہر احتمال پہلا ہی ہے۔

اور منی کھرچنے کی جتنی روایات ہیں ان سے طہارت ثابت نہیں ہوتی، کیونکہ خشک منی کو پاک کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے۔ جیسے بولِ صبی پر چھینٹا دینے سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک لڑکے کے پیشاب کا پاک ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ لڑکے کا پیشاب ان کے نزدیک ناپاک ہے اور چھینٹا دینا تطہیر کا ایک طریقہ ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے جو دلیل عقلی پیش کی ہے وہ بھی غور طلب ہے، کیونکہ جنین ماں کے پیٹ میں چار مہینہ تک حیض کے خون سے پرورش پاتا ہے۔ ناف کے راستے سے وہی خون بچہ کے پیٹ میں پہنچتا ہے اور اس کی غذا بنتا ہے۔ یہی غذا ہر بچہ کی بشمول انبیاء ہے تو کیا حیض کے خون کو بھی پاک کہا جائے گا؟ شوافع اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ

جب خون کی ماہیت بدل گئی تو حکم بدل گیا۔ یہی بات مادّۂ منویہ کے بارے میں بھی کہی جاسکتی ہے، ماہیت بدلنے کے بعد ہی اس سے انسان کی تخلیق ہوتی ہے۔

اور منی کھرچ کر کپڑا صاف کرنے کی روایات احناف کے خلاف نہیں۔ ہاں امام مالک رحمہ اللہ پر ان کا جواب واجب ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ کے کپڑے دو قسم کے تھے: ایک وہ جن میں آپ ازواج کے ساتھ لیٹتے تھے، دوسرے وہ جن میں آپ نماز پڑھتے تھے۔ حدیثوں میں پہلی قسم کے کپڑوں پر سے منی کھرچنے کا ذکر ہے۔ مگر امام مالک رحمہ اللہ کی یہ توجیہ صحیح نہیں، کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں (کبھی) نبی ﷺ کے کپڑوں پر سے منی کھرچتی تھی دھوتی نہیں تھی، پھر آپ ان میں نماز پڑھتے تھے (طحاوی ۱:۴۲)

فائدہ (۱): اگر منی فی نفسہ پاک بھی ہو تو لغیرہ ناپاک ہوگی کیونکہ منی نکلنے سے پہلے پیشاب کی نالی میں مذی پھیل جاتی ہے اور یہ قدرت کا نظام ہے، اور منی اس پر سے گذر کر نکلتی ہے، اور مذی بالاتفاق ناپاک ہے، پس جو منی اس سے لگ کر نکلی ہے وہ بھی بالیقین ناپاک ہوگی۔

فائدہ (۲): منی کی پاکی ناپاکی کا مسئلہ دور صحابہ سے مختلف فیہ چلا آرہا ہے۔ حضرت علی، حضرت عائشہ، حضرت ابن عباس اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کے نزدیک منی پاک تھی۔ باقی تمام صحابہ ناپاک کہتے تھے۔ اور اکثر مسائل میں اختلاف دور صحابہ سے چلا آرہا ہے۔ مجتہدین میں سے بعض نے بعض کی رائے لی اور بعض نے دوسروں کی۔ یہ اختلاف ائمہ مجتہدین نے پیدا نہیں کیا، لہٰذا ان کو کوسنا کہ انھوں نے مسائل میں اختلاف پیدا کیا ہے غلط ہے۔ اور صحابہ کا اختلاف حدیث کی رو سے امت کے لئے رحمت ہے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: **اختلافُ أصحابی رحمةٌ لِأُمَّتی**: میرے صحابہ کا اختلاف میری امت کے لئے رحمت ہے (رواہ البیہقی فی المدخل بحوالہ کشف الخفاء ۱:۶۶)

فائدہ (۳): اصحابِ درس کہتے ہیں کہ پہلے منی گاڑھی ہوتی تھی اس لئے کھرچنے سے کپڑا پاک ہوجاتا تھا۔ اب ضعف کی وجہ سے لوگوں کا مادّہ رقیق ہوگیا ہے اس لئے کھرچنے سے کام نہیں چلے گا۔ یہ بات صحیح نہیں، آج بھی مسئلہ وہی ہے جو پہلے تھا، کیونکہ پہلے منی گاڑھی ہوتی تھی مگر برفی جیسی نہیں ہوتی تھی اور اب مادّہ پتلا ہوگیا ہے مگر بچوں کی پیدائش بڑھ گئی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ مسئلہ لوگوں کے گلے نہیں اترتا اس لئے ہزار باتیں ہیں۔

فائدہ (۴): یہاں ایک اشکال ہے۔ نبی ﷺ کے فضلات کی طہارت کی متعدد علماء نے صراحت کی ہے۔ آپ ﷺ کا پیشاب وغیرہ پاک تھا، کتب فقہ میں اس کی صراحت ہے (شامی ۱:۲۳۳ باب الأنجاس) پھر نبی ﷺ کی منی کھرچنے کی روایات سے طہارت پر اور دھونے کی روایات سے عدم طہارت پر استدلال کیسے ہوسکتا ہے؟ مگر کسی نے اس بحث میں یہ اشکال نہیں کیا، پس یا تو فضلات کی طہارت کا مسئلہ مبنی بر محبت ہے یا اس مسئلہ میں تقریب ناتمام ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

[٨٥-] باب فى المنىِّ يُصِيْبُ الثوبَ

[١١٨-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن هَمَّامِ بنِ الحَارِثِ، قال: ضَافَ عائشةَ ضَيْفٌ، فَأَمَرَتْ لَهُ بِمِلْحَفَةٍ صَفْرَاءَ، فَنامَ فِيْهَا، فَاحْتَلَمَ فَاسْتَحْى أَنْ يُّرْسِلَ إِلَيْهَا وَبِهَا أَثَرُ الإِحْتِلَامِ، فَغَمَسَهَا فى الماءِ، ثُمَّ أَرْسَلَ بِهَا، فقالتْ عائشةُ: لِمَ أَفْسَدَ عَلَيْنَا ثَوْبَنَا؟ إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْهِ أَنْ يَفْرُكَهُ بِأَصَابِعِهِ، وَرُبَّمَا فَرَكْتُهُ مِن ثَوْبِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم بِأَصَابِعِي.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهُوَ قَولُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنَ الفُقَهَاءِ مَثْلُ: سُفيانَ وَأحمدَ وإسحاقَ، قَالُوْا فى المَنِيِّ يُصِيْبُ الثَّوْبَ: يُجْزِئُهُ الفَرْكُ، وإِنْ لَمْ يَغْسِلْهُ.

وهٰكَذَا رُوِىَ عَن مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ، عن هَمَّامِ بنِ الحَارِثِ، عن عائشةَ مِثْلَ رِوَايَةِ الأَعْمَشِ؛ وَرَوَى أَبو مَعْشَرٍ هٰذَا الحديثَ عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ؛ وَحَدِيْثُ الأَعْمَشِ أَصَحُّ.

[١١٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عن عَمرِو بنِ مَيْمُوْنِ بنِ مِهْرَانَ، عن سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عن عائشةَ: أَنَّهَا غَسَلَتْ مَنِيًّا مِنْ ثَوْبِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وحديثُ عائِشَةَ: أَنَّها غَسَلَتْ مِنِيًّا مِنْ ثَوْبِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم: لَيْسَ بِمُخَالِفٍ لِحَدِيْثِ الفَرْكِ، وَإِنْ كَانَ الفَرْكُ يُجْزِئُ، فقد يَسْتَحِبُّ لِلرَّجُلِ أَنْ لَّا يرىَ عَلَى ثَوْبِه أَثَرَهُ.

[١٢٠-] قال ابنُ عَبَّاسٍ: المَنِيُّ بِمَنْزِلَةِ المُخَاطِ فَأَمِطْهُ عَنْكَ وَلَوْ بِإِذْخِرَةٍ.

ترجمہ: (حدیث ۱۱۸) ہمام کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ کے یہاں ایک شخص مہمان بنا (یہ واقعہ خود ہمام کا ہے۔ اس زمانہ میں جب کوئی شخص کسی کے پاس پڑھنے کے لئے جاتا تھا تو اس کا مہمان بنتا تھا) عائشہؓ نے اس کے لئے ایک پیلی چادر کا حکم دیا، وہ اس میں سویا۔ پس اس کو بدخوابی ہوئی، پس اس کو شرم آئی کہ وہ چادر حضرت عائشہؓ کے پاس بھیجے درانحالیکہ اس میں احتلام کا نشان ہے۔ پس اس نے چادر کو دھوڈالا، پھر اس کو عائشہؓ کے پاس بھیجا۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ہماری چادر اس نے کیوں خراب کردی اس کے لئے یہ بات کافی تھی کہ وہ منی کو اپنی انگلیوں سے کھرچ دیتا۔ اور کبھی میں اس کو نبی ﷺ کے کپڑوں سے اپنی انگلیوں سے کھرچ دیتی تھی —— امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور فقہاء میں سے بہت سے مثلاً: ثوری، احمد اور اسحاق کا یہی قول ہے، وہ اس منی کے بارے میں جو کپڑے کو لگ جائے کہتے ہیں کہ اس کو کھرچنا کافی ہے، اگرچہ اس کو نہ دھوئے —— اعمش کی سند کی طرح منصور (بھی) ابراہیم سے، وہ ہمام سے، وہ عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں (یعنی درمیانی واسطہ ہمام کا ہے) اور ابومعشر ہمام کے

بجائے اسود کا واسطہ لاتے ہیں اوراعمش کی سند زیادہ صحیح ہے (اس لئے کہ حضرت عائشہ کے مہمان خود ہمام تھے)

(حدیث ۱۱۹) حضرت عائشہؓ سے یہ روایت بھی مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کے کپڑے پر سے منی دھوئی۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث جس میں منی دھونے کا ذکر ہے اس حدیث کے مخالف نہیں جس میں کھرچنے کا ذکر ہے (کیونکہ) اگرچہ کھرچنا کافی ہے، مگر کبھی آدمی اس کو پسند کرتا ہے کہ اپنے کپڑے پر منی کا اثر نہ دیکھے (حدیث ۱۲۰) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: منی ناک کی رینٹ کی طرح ہے پس اس کو اپنے سے دور کرو اگرچہ اذخر گھاس کے ذریعہ ہو (یہ روایت بغیر سند لائے ہیں اور موقوف روایت صحیح ہے، یہی روایت ابن عباسؓ سے مرفوعاً بھی مروی ہے مگر وہ صحیح نہیں۔ آثار السنن نیموی ص:۱۴)

بابٌ فی الجُنُبِ یَنَامُ قَبْلَ أَنْ یَغْتَسِلَ

جنبی کے لئے غسل کئے بغیر سونے کا حکم

جنبی اگر کھانا، پینا یا سونا چاہے یا دوبارہ اسی بیوی سے یا دوسری بیوی سے صحبت کرنا چاہے تو فضیلت کا اعلی درجہ یہ ہے کہ غسل کرے، پھر یہ کام کرے، اور فضیلت کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ شرمگاہ کو اور ران وغیرہ کو دھوڈالے، جہاں ناپاکی لگی ہے اور نماز والی وضوء کرے، پھر یہ کام کرے۔ اور فضیلت کا آخری درجہ یہ ہے کہ ہاتھ منہ دھوڈالے پھر یہ کام کرے۔ یہ وضوء لغوی ہے۔ اور بالکل پانی کو ہاتھ لگائے بغیر کھانے، پینے، سونے اور معاودت کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں، مگر ایسا کرنا پسندیدہ نہیں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ جنابت کی حالت میں سوتے تھے اور پانی کو بالکل نہیں چھوتے تھے۔

تشریح: اس حدیث سے بظاہر یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ نبی ﷺ رات بھر جنابت کی حالت میں سوتے تھے، مگر محدثین کے نزدیک یہ روایت غلط ہے، اور یہ غلطی ابواسحاق سے ہوئی ہے، انھوں نے ایک لمبی حدیث کا اختصار کیا ہے جس سے مضمون بگڑ گیا ہے۔ مفصل روایت یہ ہے کہ نبی ﷺ کبھی تو رات کے شروع میں صحبت فرماتے تھے اور کبھی تہجد سے فارغ ہو کر صبح صادق سے کچھ پہلے۔ اگر رات کے شروع میں صحبت کرتے تو نہا کر سوتے اور کبھی بیانِ جواز کے لئے صرف وضوء کر کے بھی سوئے ہیں۔ اور جب تہجد کے بعد مجامعت فرماتے تو پانی کو چھوئے بغیر سو جاتے اور صبح صادق ہوتے ہی کود کر کھڑے ہوتے اور غسل فرماتے کیونکہ یہ سونا برائے نام تھا اس لئے وضوء کئے بغیر سوتے تھے۔

[۸۶-] باب فی الجنب ینام قبل أن یغتسل

[۱۲۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبوبَکْرِ بنُ عَیَّاشٍ، عن الأعمشِ، عن أبی إسحاقَ، عن الأسودِ، عن

عائشة، قالتْ: کانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَنَامُ وَھُوَ جُنُبٌ، وَلاَ یَمَسُّ مَاءً.
حدثنا ھَنَّادٌ، نا وَکیعٌ عن سفیانَ عن أبی إسحاق نَحْوَهُ.
قَالَ أبو عیسی: وھٰذا قَولُ سَعِیدِ بنِ الْمُسَیَّبِ وَغَیْرِہِ.
وقَد رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ کَانَ یَتَوَضَّأُ قَبْلَ أَنْ یَنَامَ. وھٰذا أَصَحُّ مِن حَدیثِ أبی إسحاقَ عنِ الأَسْوَدِ.
وقَد رَوَی عن أبی إسحاقَ ھٰذا الحدیثَ شُعْبَةُ والثَّوْرِیُّ وغَیْرُ وَاحِدٍ، وَیَرَوْنَ أَنَّ ھٰذا غَلَطٌ مِنْ أبی إسحاق.

ترجمہ: یہ اعمش کی روایت ہے ابواسحاق سے اور سفیان ثوری ان کے متابع ہیں وہ بھی ابواسحاق سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ سعید بن مسیّب وغیرہ کا قول ہے (ان کے نزدیک جنابت کی حالت میں بلاکراہیت سونا جائز ہے۔ یہی امام ابویوسف رحمہ اللہ کا بھی قول ہے۔ اور جو حضرات کراہیت کے قائل ہیں ان کی دلیل وہ حدیث ہے جس میں فرمایا ہے کہ جس گھر میں تین چیزیں ہوتی ہیں وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے ان میں سے ایک جنبی بھی ہے) اور متعدد حضرات نے اسود سے یہ حدیث روایت کی ہے، وہ حضرت عائشہ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپؐ سونے سے پہلے وضوء کیا کرتے تھے۔ اور یہ روایت ابواسحاق کی روایت سے اصح ہے۔ اور ابواسحاق سے یہ حدیث: شعبہ، ثوری اور ان کے علاوہ رُوات بھی روایت کرتے ہیں اور ان کا خیال ہے کہ یہ ابواسحاق کی غلطی ہے۔

بابٌ فی الوُضُوءِ لِلْجُنُبِ إِذَا أَرَادَ أَنْ یَنَامَ

جنبی سونا چاہے تو وضوء کر کے سوئے

جنبی کے لئے صرف وضوء کر کے سونا بھی جائز ہے اور یہ فضیلت کا دوسرا درجہ ہے۔ امام ابویوسف اور حضرت سعید بن المسیب رحمہما اللہ کے نزدیک بغیر وضوء کئے ہوئے سونے میں بھی کچھ حرج نہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ وضوء سے جنابت ختم نہیں ہوتی پھر اس کا کیا فائدہ؟ اور جمہور کے نزدیک اس میں فضیلت ہے، کیونکہ نبی ﷺ کبھی صرف وضوء کر کے سوتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا تھا کہ کیا حالتِ جنابت میں سونا جائز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وضوء کر کے سوسکتا ہے'' یہ روایت باب میں آرہی ہے اور متفق علیہ روایت میں ہے: تَوَضَّأْ واغسل ذکرك، ثم نَمْ: وضوء کرلو اور شرمگاہ دھولو پھر سوؤ۔ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو جنبی وضوء کر کے سویا اس نے پاکی کی حالت میں رات گذاری (طحاوی ۱:۹۷) اور حضرت شداد کہتے ہیں: جنبی کو وضوء کر کے

سونا چاہئے، کیونکہ اس صورت میں جنابت آدھی رہ جاتی ہے (بیہقی ۱:۲۰۰) اور ایک بڑی حکمت یہ ہے کہ ممکن ہے سوتے ہوئے مرجائے، پس اگر وہ وضوء کرکے سویا ہے تو پاکی کی حالت میں مرنے والا قرار دیا جائے گا۔

[۸۷-] باب فی الوضوء للجنب إذا أراد أن ینام

[۱۲۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثنّٰی، نا یَحییَ بنُ سَعیدٍ، عن عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن عُمَرَ أَنَّهُ سَأَلَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَیَنَامُ أَحَدُنَا وَهُوَ جُنُبٌ؟ قَالَ: "نَعَمْ إِذَا تَوَضَّأَ"

وفی الباب: عن عَمَّارٍ، وعائِشَةَ، وجابرٍ، وأبی سَعیدٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ.

قال أبوعیسی: حدیثُ عُمَرَ أَحْسَنُ شَیْئٍ فی هٰذا البابِ وأَصَحُّ؛ وَهُوَ قَوْلُ غَیْرِ وَاحِدٍ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَالتّابعینَ، وبه یَقُوْلُ سُفیانُ الثَّوْرِیُّ، وابنُ المُبارَكِ، والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ، قَالُوْا: إِذَا أَرَادَ الجُنُبُ أَنْ یَنامَ تَوَضَّأَ قَبْلَ أَنْ یَنَامَ.

ترجمہ: امام ترمذی فرماتے ہیں: باب کی سب سے اچھی اور سب سے صحیح روایت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ہے۔ اور یہ صحابہ اور تابعین میں سے متعدد حضرات کا قول ہے۔ اور اسی کے سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ قائل ہیں۔ یہ حضرات کہتے ہیں: جب جنبی سونے کا ارادہ کرے تو سونے سے پہلے وضوء کرلے۔

بابُ مَاجَاء فی مُصَافَحَةِ الْجُنُبِ

جنبی سے مصافحہ کرنے کا حکم

جنبی، حائضہ اور نفاس والی عورت کو جو جنابت لاحق ہوتی ہے وہ حقیقی نجاست نہیں ہے بلکہ حکمی نجاست ہے۔ اس لئے ان کا بدن، لعاب، اور پسینہ وغیرہ پاک ہیں۔ پس ان سے مصافحہ کرنا بھی جائز ہے، مصافحہ کرنے والے کا ہاتھ ناپاک نہیں ہوتا، نیز جو کپڑا ان کے بدن سے لگے وہ بھی پاک ہے ان کے کھانے اور پینے سے جو بچ جائے وہ بھی پاک ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ وہ جنبی تھے اور ان کی ملاقات نبی ﷺ سے ہوئی، انھوں نے خیال کیا کہ نبی ﷺ ان سے مصافحہ کریں گے تو آپؐ کے ہاتھ ناپاک ہوجائیں گے۔ اس لئے وہ کھسک گئے، اور غسل کرکے حاضر ہوئے۔ آپؐ نے پوچھا: کہاں چلے گئے تھے؟ انھوں نے صورتِ حال عرض کی، آپؐ نے فرمایا: "سبحان اللہ! مسلمان ناپاک نہیں ہوتا"

تشریح: یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسا آپ نے بیر بضاعہ کے بارے میں پڑھا ہے کہ پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ یعنی جو باتیں لوگوں کے دماغوں میں ہیں ان کی وجہ سے پانی ناپاک نہیں ہوتا۔ اسی طرح نبی ﷺ کا یہ ارشاد ہے کہ تم نے

جیسا خیال کیا ہے مسلمان ایسا ناپاک نہیں ہوتا، بلکہ اس کو نجاست حکمی لاحق ہوتی ہے اور اس سے مصافحہ وغیرہ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

فائدہ: نبی ﷺ کا بعض صحابہ کے ساتھ خصوصی معاملہ تھا مثلاً آپ ہمیشہ حضرت جریر بن عبد اللہ بجلی سے مسکرا کر ملتے تھے، اسی طرح حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہما سے خصوصی معاملہ تھا کہ ہر ملاقات پر ان سے مصافحہ کرتے تھے۔

[۸۸-] باب ماجاء فی مصافحة الجنب

[۱۲۳-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا یحییَ بنُ سَعیدٍ القَطَّانُ، نا حُمَیْدٌ الطَّوِیْلُ، عن بَکْرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ المُزَنِیِّ، عن أبی رَافِعٍ، عن أبی هُریرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم لَقِیَهُ وَهُوَ جُنُبٌ، قَالَ: فَانْخَنَسْتُ فَاغْتَسَلْتُ ثُمَّ جِئْتُ، فَقَالَ: أَیْنَ کُنْتَ؟ أَوْ: أَیْنَ ذَهَبْتَ؟ قُلْتُ: إِنِّیْ کُنْتُ جُنُبًا، قَالَ: "إِنَّ الْمُؤْمِنَ لاَ یَنْجُسُ"

وفی الباب: عن حُذَیْفَةَ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هُریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَدْ رَخَّصَ غَیْرُ واحِدٍ مِن أهلِ العلمِ فی مُصافَحةِ الْجُنُبِ، وَلَمْ یَرَوْا بِعَرَقِ الْجُنُبِ والحَائِضِ بَأْسًا.

ترجمہ: بہت سے اہل علم نے جنبی سے مصافحہ کرنے کی اجازت دی ہے اور وہ جنبی اور حائضہ کے پسینے میں کچھ حرج نہیں سمجھتے (انْخَنَسَ عنه: پیچھے ہونا، لوٹنا، اسی سے خَنَّاس ہے)

بابُ ماجاء فی المَرْأة تَرَی فی المنام مِثْلَ ما یَرَی الرَّجُلُ

عورت کو بدخوابی ہو تو اس پر بھی غسل واجب ہے

یہ مسئلہ اوپر (باب۸۲) میں گذر چکا ہے کہ بدخوابی میں مرد و عورت کے احکام یکساں ہیں، مرد اگر بیدار ہو کر کپڑے پر منی دیکھے تو غسل واجب ہے، خواہ اُسے خواب یاد ہو یا نہ ہو۔ یہی حکم عورت کا بھی ہے۔ اگر وہ بیدار ہونے کے بعد اپنے کپڑے پر تری دیکھے تو اس پر بھی غسل واجب ہے، خواہ اُسے خواب یاد ہو یا نہ ہو، اور اگر خواب یاد ہے کہ کوئی مرد اس سے صحبت کر رہا ہے مگر بیدار ہونے پر کپڑے پر تری نہ پائے تو غسل واجب نہیں۔

حدیث: حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے پاس آئیں، ان کو ایک شرم کا مسئلہ پوچھنا تھا اس لئے انھوں نے تمہید قائم کی کہ اللہ تعالیٰ حق بات بیان کرنے میں شرم نہیں کرتے، مکھی مچھر کی بھی مثال بیان کرتے ہیں۔ پس بندوں کو بھی حق بات دریافت کرنے میں شرم نہیں کرنی چاہئے، پھر انھوں نے مسئلہ پوچھا کہ اگر عورت کو بدخوابی ہو تو

کیا اس پر غسل واجب ہے؟ آپ ؐ نے فرمایا: ''ہاں جب وہ اپنے کپڑوں پر منی دیکھے تو غسل کرے'' ام سلمہ ؓ نے کہا: اری ام سُلیم! تو نے تو عورتوں کو بھری مجلس میں رسوا کر دیا (باقی تفصیلات باب ۸۲ میں گذر چکی ہیں)

[۸۹-] باب ماجاء فی المرأة ترى فی المنام مثلَ مَا يَرَى الرجلُ

[۱۲٤-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن هِشَامِ بنِ عَرْوَةَ، عن أبیه، عن زَیْنَبَ بِنْتِ أبی سَلَمَةَ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، قَالتْ: جَاءَ تْ أُمُّ سُلَیمٍ ابْنَةُ مِلْحَانَ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فقالتْ: یارسولَ اللہ! إِنَّ اللّٰهَ لَایَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ، فَهَلْ عَلَی الْمَرْأَةِ — تَعْنِیْ غُسْلًا — إِذَا هِیَ رَأَتْ فِی الْمَنَامِ مِثْلَ مَا یَرَی الرَّجُلُ؟ قَالَ: '' نَعَمْ إِذَا هِیَ رَأَتِ الماءَ فَلْتَغْتَسِلْ'' قَالتْ أُمُّ سَلَمَةَ: قُلتُ لَهَا: فَضَحْتِ النِّسَاءَ یَا أُمَّ سُلَیْمٍ!

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وهُوَ قَولُ عَامَّةِ الْفُقَهَاءِ: أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا رَأَتْ فِی الْمَنَامِ مِثْلَ مَایَرَی الرَّجُلُ فَأَنْزَلَتْ أَنَّ عَلَیْهَا الغُسْلَ، وبِهِ یَقولُ سُفیانُ الثَّوْرِیُّ وَالشافعیُّ.

وفی الباب: عن أُمِّ سُلَیْمٍ، وَخَوْلَةَ، وعائشةَ، وأنسٍ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہی اکثر علماء کا قول ہے کہ جب عورت خواب میں وہ بات دیکھے جو مرد دیکھتا ہے اور اس کو انزال ہو جائے تو اس پر غسل واجب ہے، سفیان ثوری اور شافعی کا یہی قول ہے۔

بابٌ فی الرَّجُلِ یَسْتَدْفِئُ بِالْمَرْأَةِ بَعْدَ الغُسْلِ

نہانے کے بعد جنبی عورت کے بدن سے گرمی حاصل کرنا جائز ہے

اسْتَدْ فَأَ اسْتِدْفَاءً: کے معنی ہیں گرمی حاصل کرنا۔ اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ مرد کے لئے نہانے کے بعد جنبی عورت کے کھلے بدن سے لگ کر گرمی حاصل کرنا جائز ہے، اس سے مرد کا بدن ناپاک نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ عورت کو جو نجاست لاحق ہے وہ حکمی ہے حقیقی نہیں۔ یہی حکم حائضہ اور نفاس والی عورت کا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کبھی ایسا ہوتا تھا کہ نبی ﷺ غسل جنابت سے فارغ ہو کر میرے پاس تشریف لاتے اور میرے بدن سے گرمی حاصل کرتے۔ پس میں آپ ؐ کو اپنے بدن سے چمٹا لیتی تھی حالانکہ میں نے ابھی غسل نہیں کیا ہوتا تھا۔

[۹۰-] بابٌ فی الرَّجُلِ یَسْتَدْفِئُ بِالْمَرْأَةِ بَعْدَ الغُسْلِ

[۱۲۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وکیعٌ، عن حُرَیْثٍ، عن الشَّعْبِیِّ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عائشةَ، قالتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم مِنَ الْجَنَابَةِ، ثُمَّ جَاءَ فَاسْتَدْفَأَ بِیْ، فَضَمَمْتُهُ إِلَیَّ وَلَمْ أَغْتَسِلْ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لَيْسَ بِإِسْنَادِهِ بَأْسٌ. وهُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ من أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ: أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا اغْتَسَلَ فَلاَ بَأْسَ بِأَنْ يَسْتَدْفِئَ بِامْرَأَتِهِ وَيَنَامَ مَعَهَا قَبْلَ أَنْ يَغْتَسِلَ الْمَرأَةُ، وبه يَقولُ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند میں کچھ سختی نہیں ہے یعنی سند ٹھیک ہے۔ اور یہ صحابہ اور تابعین میں سے متعدد اہل علم کا قول ہے کہ آدمی جب نہا چکے تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ اپنی بیوی سے گرمی حاصل کرے اور اس کے ساتھ سوئے، عورت کے نہانے سے پہلے، اور اسی کے ثوری، شافعی، احمد، اور اسحاق قائل ہیں۔

تشریح: اس حدیث کے ایک راوی حُریث بن ابی مطر فزاری ہیں۔ امام ترمذیؒ کے خیال میں یہ راوی اچھا ہے۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ راوی ٹھیک نہیں۔ امام نسائی، امام بخاری، یحییٰ بن معین اور ابو حاتم رحمہم اللہ وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے اور اس کو متروک قرار دیا ہے (تہذیب ۲: ۲۳۴، میزان ۱: ۴۷۴)

بابُ التيمُّمِ لِلْجُنُبِ إِذَا لَمْ يَجِدِ المَاءَ

پانی نہ ملے تو جنبی کے لئے تیمّم جائز ہے

تیمّم: وضوء اور غسل دونوں کا نائب ہے، پانی کے موجود نہ ہونے کی صورت میں دونوں کے لئے تیمّم جائز ہے، اور پانی کبھی حقیقۃً موجود نہیں ہوتا اور کبھی حکماً۔ یعنی پانی ہوتا تو ہے مگر ضرورت کے بقدر ہوتا ہے، یا زائد ہوتا ہے مگر آدمی بیمار ہے، پانی استعمال کرنے میں جان کا یا بیماری کے بڑھ جانے کا اندیشہ ہے تو یہ حکماً پانی نہ ہونا ہے۔ اس صورت میں بھی تیمّم کرنا جائز ہے۔ علمائے سلف وخلف اور ائمہ اربعہ کا اس پر اتفاق ہے۔ البتہ حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی طرف یہ بات منسوب ہے کہ ان کے نزدیک جنبی کے لئے تیمّم کرنا جائز نہیں تھا۔ ان کے نزدیک یہ رخصت صرف وضوء کے لئے تھی۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ حضرات حدثِ اکبر میں بھی تیمّم کو جائز کہتے تھے۔ مگر مصلحتاً لوگوں کو فتوی نہیں دیتے تھے تا کہ لوگ سہل انگاری سے کام نہ لینے لگیں۔

واقعہ: ایک شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مسئلہ پوچھا کہ اگر میں سفر میں جنبی ہو جاؤں اور پانی نہ پاؤں تو کیا کروں؟ آپؓ نے فرمایا: پانی ملنے تک نماز قضاء کرو۔ وہاں حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ موجود تھے، انھوں نے عرض کیا: امیر المؤمنین! اس کے لئے تیمّم کی گنجائش ہے، آپ وہ واقعہ یاد کریں جو ہم دونوں کے ساتھ پیش آیا تھا۔ جب ہم دونوں اونٹ چرانے گئے تھے، اتفاق سے ہم دونوں کو بدخوابی ہوگئی۔ آپ نے نماز قضاء کی اور میں نے پورے بدن پر مٹی مل کر نماز پڑھی۔ پھر نبی ﷺ نے میری تائید کی، اور مجھے عملاً تیمّم کر کے دکھایا کہ وضوء اور غسل کا تیمّم ایک ہی ہے، پورے بدن پر مٹی ملنا ضروری نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نُوَلِّيْكَ مَا تَوَلَّيْتَ: ہم آپ کو

اس کا ذمہ دار بناتے ہیں جس کے آپ ذمہ دار بنے ہیں (یہ حدیث متفق علیہ ہے، بخاری حدیث ۳۳۸) معلوم ہوا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جنبی کے لئے تیمّم کو جائز سمجھتے تھے مگر مصلحتاً فتوی نہیں دیتے تھے، اگر ایسا نہ ہوتا تو وہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی تردید کرتے۔

دوسرا واقعہ: اور یہ واقعہ بھی متفق علیہ ہے: حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے درمیان جنبی کے تیمّم کے جواز وعدم جواز میں بحث ہوئی، ابوموسیٰ نے کہا: اگر جنبی ایک مہینہ تک پانی نہ پائے تو کیا کرے؟ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ پانی کا انتظار کرے اور نماز قضا کرے اس کے لئے تیمّم جائز نہیں۔ ابوموسیٰ اشعریؓ نے حضرت عمارؓ والی حدیث پیش کی جو اوپر گذری۔ ابن مسعودؓ نے جواب دیا: اس حدیث پر حضرت عمرؓ نے قناعت نہیں کی۔ ابوموسی اشعریؓ نے کہا: چھوڑیے! آیت کریمہ: ﴿فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَیَمَّمُوْا صَعِیْدًا طَیِّبًا﴾ کا آپ کیا کریں گے؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: لو رُخِّصَ لهم فی هذا لَأَوْشَكُوا إِذا بَرَدَ علیهم الماءُ أَن یتیمموا صعیداً طیبًا: اگر لوگوں کو تیمّم کی اجازت دی جائے گی تو جب پانی ٹھنڈا ہوگا کھٹ سے تیمّم کر ڈالیں گے۔ ابوموسیٰ نے فرمایا: إنما كَرِهْتُمْ هٰذا لِذا: اچھا اس مصلحت سے آپ ناجائز کہتے ہیں؟! (بخاری حدیث ۳۴۶) اس سے بھی واضح ہوا کہ ابن مسعودؓ مصلحتاً ناجائز کہتے تھے، ورنہ فی نفسہ وہ بھی جواز کے قائل تھے۔ اس کی نظیر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ حکم ہے جو آپ نے دیا تھا کہ کوئی شخص حج کے سفر میں عمرہ نہ کرے، عمرہ کے لئے سال کے بیچ میں مستقل سفر کر کے آئے۔ حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جانتے تھے کہ حج کے ساتھ عمرہ کرنا جائز ہے۔ خود انھوں نے اور صحابہ نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کے ساتھ عمرہ کیا تھا۔ مگر مصلحتاً آپ نے لوگوں کو منع کیا تا کہ لوگ پورے سال بیت اللہ کا قصد کریں، اور اللہ کا گھر آباد ہو جائے۔

حدیث: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''پاک مٹی مسلمان کی پاکی کا سامان ہے، اگرچہ وہ دس سال تک پانی نہ پائے، پھر جب پانی پائے تو چاہئے کہ اس کو اپنی کھال کو چھوائے، اس لئے کہ وہ بہتر ہے'' اس حدیث سے جنبی کے لئے تیمّم کا جواز ثابت ہوا۔ اور علماء نے اس حدیث سے دو مسئلے اور بھی ثابت کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: تیمّم: وضوء اور غسل کی طرح طہارتِ کاملہ ہے۔ طہارتِ ضروریہ نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی دس سال تک بھی پانی نہ پائے تو اس کے لئے تیمّم کافی ہے۔ یعنی جب تک کوئی ناقض وضوء یا ناقض غسل بات پیش نہ آئے اس تیمّم سے نمازیں پڑھ سکتا ہے۔ البتہ وضوء اور غسل اصل ہیں اور تیمّم ان کا نائب ہے، اور اصل کی موجودگی میں نائب کام نہیں کرتا، اس لئے جب پانی مل جائے گا تو وضوء اور غسل کرنا ضروری ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: اگر اتنا پانی ملے جس سے بمشکل وضوء یا غسل ہو سکتا ہو تو بھی تیمّم ختم ہو جائے گا، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: فَلْیُمِسَّهُ بَشَرَتَهُ یعنی چاہئے کہ وہ پانی کو اپنی کھال سے چھوائے، یعنی چُپڑ لے۔ معلوم ہوا کہ بافراغت

غسل اور وضوء کرسکیں اتنا پانی ملنا ضروری نہیں۔اقل قلیل پانی ملنے سے بھی تیمّم باطل ہوجائے گا۔

[۹۱-] باب التيمم للجنب إذا لم يَجِدِ الماءَ

[۱۲۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ومَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، قالا: نا أَبُوْأحمدَ الزُّبَيْرِيُّ، نا سُفيانُ، عن خالِدٍ الحَذَّاءِ،عن أبی قِلَابَةَ، عن عَمْرِو بنِ بُجْدَانَ، عن أبی ذَرٍّ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' إِنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ طَهُوْرُ المُسْلِمِ وَإِنْ لَمْ يَجِدِ الماءَ عَشْرَ سِنِيْنَ، فَإِذَا وَجَدَ المَاءَ فَلْيُمِسَّهُ بَشَرَتَهُ، فَإِنَّ ذٰلِكَ خَيْرٌ'' وقال مَحمودٌ فی حَدِيثِه:'' إِنَّ الصَّعِيْدَ الطَّيِّبَ وَضُوْءُ المُسْلِمِ''

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وعِمْرانَ بنِ حُصَيْنٍ.

قال أبو عيسى: وهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عن خَالِدٍ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ، عن عَمْرِو بنِ بُجْدَانَ، عن أبی ذَرٍّ.وقَدْ رَوَى هٰذا الحديثَ أَيُّوْبُ عن أبی قِلَابَةَ، عن رَجُلٍ مِن بَنِیْ عَامِرٍ، عن أبی ذَرٍّ، وَلَمْ يُسَمِّهِ، وهٰذا حديثٌ حسنٌ.

وَهُوَ قَوْلُ عَامَّةِ الْفُقَهَاءِ: أَنَّ الْجُنُبَ والحَائِضَ إِذَا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ تَيَمَّمَا وَصَلَّيَا، ويُرْوَى عَن ابنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ كَانَ لَايَرَى التَّيَمُّمَ لِلْجُنُبِ وَإِنْ لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ؛ ويُروى عنه: أنه رجع عن قوله، فقال: تَيَمَّمَ إِذَا لم يَجِدِ الماءَ وبِه يَقول سُفيانُ الثَّوْرِيُّ ومالكٌ والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کے دو استاذ ہیں: محمد بن بشار اور محمود بن غیلان، اول نے لفظ طھور اور ثانی نے لفظ وَضوء روایت کیا ہے (أرض پوری زمین کو کہتے ہیں اور صعید زمین کی اوپری سطح کو) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو سفیان کی طرح دیگر حضرات نے بھی خالد حذّاء سے، انھوں نے ابوقلابہ سے، انھوں نے عمرو بن بُجدان سے، انھوں نے ابوذرؓ سے روایت کیا ہے۔ اور اس حدیث کو ابوقلابہ سے ایوب نے بھی روایت کیا ہے اور وہ ابوقلابہ اور ابوذر کے درمیان مجہول واسطہ ذکر کرتے ہیں، کہتے ہیں: مجھ سے قبیلہ بنو عامر کے ایک آدمی نے بیان کیا (منذری کہتے ہیں: یہ مجہول واسطہ عمرو بن بجدان ہی ہیں) اور یہ حدیث حسن ہے (مصری نسخہ میں لفظ صحیح بھی ہے) اور یہ اکثر علماء کا قول ہے کہ جنبی اور حائضہ جب پانی نہ پائیں تو وہ تیمّم کریں اور نماز پڑھیں، اور حضرت ابن مسعودؓ سے یہ بات مروی ہے کہ وہ جنبی کے لئے تیمّم کو جائز نہیں کہتے تھے اگرچہ وہ پانی نہ پائے، اور ان سے یہ بھی مروی ہے کہ انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا ہے اور فرمایا: جنبی پانی نہ پائے تو تیمّم کرے، اور یہی سفیان ثوری، مالک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کی رائے ہے۔

بابٌ فِی الْمُسْتَحَاضَةِ

مستحاضہ کے احکام

استحاضہ: حیض سے بنا ہے۔ حاض (ض) حَیْضا کے معنی ہیں: بہنا۔ عرب کہتے ہیں حَاضَ الْوَادِی: میدان بہا یعنی اتنی بارش ہوئی کہ نالا چلا۔ چونکہ خون ہر مہینے بہتا ہے اس لئے اس کو حیض کہتے ہیں۔ اور استحاضہ میں س ت مبالغہ کے لئے ہیں۔ مستحاضہ وہ عورت ہے جس کو بہت زیادہ خون آتا ہے۔ اور یہ زیادتی مقدار کے اعتبار سے نہیں ہوتی بلکہ ایام کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ یعنی جو وقت بے وقت خون آئے وہ استحاضہ ہے، اور زچہ کو جو خون آتا ہے اس کو نفاس کہتے ہیں۔

حیض: کم سے کم کتنے دن آنا ضروری ہے؟ اور زیادہ سے زیادہ کتنے دن آسکتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قلیل مدت کی کوئی حد نہیں۔ ایک بار خون آکر رک جائے تو بھی حیض ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اقل مدت ایک رات دن ہے، اس سے کم اگر خون آئے تو وہ استحاضہ (بیماری کا خون) ہے۔ اور امام ابوحنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک اقل مدت تین دن تین راتیں ہیں، اور ابن الماجشون کے نزدیک پانچ رات دن ہیں۔

اسی طرح اکثر مدت میں بھی اختلاف ہے: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک زیادہ سے زیادہ سترہ دن حیض آسکتا ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک پندرہ دن، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دس دن حیض آسکتا ہے۔ اور جو خون اس مدت سے متجاوز ہو جائے وہ استحاضہ کا خون ہے۔

اور نفاس: کی کم سے کم مدت متعین نہیں۔ خون ایک مرتبہ آکر رک جائے ایسا بھی ممکن ہے اور سرے سے نہ آئے ایسا بھی ممکن ہے اور اس پر اجماع ہے [1] اور اکثر مدت میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک چالیس دن ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ساٹھ دن ہے۔ اور اس مدت سے بڑھنے والا خون استحاضہ ہے (اس کی تفصیل آگے آئے گی)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حیض و نفاس کا خون بچہ دانی کے اندر سے آتا ہے اور تندرست عورت کو آتا ہے اس لئے اس کے احکام الگ ہیں اور استحاضہ کا خون رگ پھٹنے کی وجہ سے یا کسی بیماری کی وجہ سے آتا ہے اس لئے وہ معذور ہے اور اس کے احکام معذور کے احکام ہیں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: فاطمہ بنت ابی حُبیش: نبی ﷺ کے پاس آئیں اور عرض کیا:

---

(۱) ولادت کے بعد اگر بالکل ہی خون نظر نہ آئے تو بھی غسل واجب ہوگا، کیونکہ بچے کے ساتھ لگ کر کچھ نہ کچھ خون آتا ہی ہے وہی نفاس ہوگا اور غسل واجب ہوگا ۱۲

یارسول اللہ! مجھے حیض مسلسل آتا ہے اور میں پاک ہی نہیں ہوتی، میرے لئے کیا حکم ہے؟ کیا میں نماز چھوڑے رہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''یہ حیض کا خون نہیں ہے بلکہ یہ خون رگ پھٹنے کی وجہ سے آتا ہے لہٰذا عادت کے ایام میں نماز روزہ نہ کرو، عادت کے دن گذرنے کے بعد نماز روزہ شروع کردو کیونکہ اب تم پاک ہو''

تشریح

۱- اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحاضہ: پاک عورت کی طرح ہے، وہ عادت کے ایام کے علاوہ میں نماز پڑھے گی، روزے بھی رکھے گی، قرآن کی تلاوت بھی کرے گی اور اس سے صحبت کرنا بھی جائز ہے (مستحاضہ کے احکام اگلے باب میں آرہے ہیں)

۲- ھَنّاد نے یہ حدیث تین اساتذہ سے روایت کی ہے: وکیع، عبدۃ اور ابومعاویہ سے، ابومعاویہ تنہا کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فاطمہ بنت ابی حبیش کو ہر نماز سے پہلے وضوء کرنے کا حکم بھی دیا تھا، باقی دو حضرات یہ مضمون بیان نہیں کرتے، اور صحیح بات یہ ہے کہ فاطمہ بنت ابی حُبیش کی حدیث میں وضوء والا مضمون محفوظ ہے۔ ہشام کے متعدد تلامذہ مثلاً: امام ابوحنیفہ، حماد بن سلمہ، ابوعوانہ، ابن سلیم اور ابوحمزہ اس کو بیان کرتے ہیں اور یہ سب ائمہ حدیث ہیں (زبدۃ شرح معانی الآثار ص:۸۲)

[۹۲-] باب فی المستحاضة

[۱۲۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيعٌ وعَبَدَةُ وأبو مُعَاوِيَةَ، عن هِشَامِ بنِ عُروَةَ، عن أبيهِ، عن عائشة قالت: جَاءَ تْ فَاطِمَةُ ابْنَةُ أَبِى حُبَيْشٍ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فقالتْ: يارَسولَ الله! إِنِّى امْرَأَةٌ اسْتُحَاضُ فَلاَ أَطْهُرُ أَفَادَعُ الصَّلاَةَ؟ قَالَ:'' لاَ، إِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ، وَلَيْسَتْ بِالْحَيْضَةِ، فَإِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِى الصَّلاَةَ، وَإِذَا أَدْبَرَتْ فَاغسِلِى عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّىْ''

قَالَ أبو مُعاويةَ فى حديثِه: وقال:'' تَوَضَّئِىْ لِكُلِّ صَلاَةٍ حَتّٰى يَجِئَ ذٰلِكِ الوَقْتُ''

وفى الباب: عن أُمِّ سَلَمَةَ، قَال أبو عيسىٰ: حديثُ عَائِشَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَهُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ من أهلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابعينَ، وَبه يَقولُ سُفيانُ الثورىُّ ومالكٌ وابنُ المباركِ والشافعىُّ: أَنَّ الْمُسْتَحَاضَةَ إِذَا جَاوَزَتْ أَيَّامَ أَقْرَائِهَا اغْتَسَلَتْ وَتَوَضَّأَتْ لِكُلِّ صَلاَةٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ وتابعین میں سے اکثر اہل علم کا یہی قول ہے، اسی کے ثوری، مالک، ابن المبارک اور شافعی قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جب مستحاضہ کا خون اس کے حیض کے ایام سے بڑھ جائے تو

وہ غسل کرے اور ہر نماز کے لئے نئی وضوء کرے (یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے)

بابُ مَاجَاءَ أنَّ الْمُسْتَحَاضَةَ تَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلاَةٍ

مستحاضہ ہر نماز کے لئے نئی وضوء کرے

مستحاضہ کی طہارت کے سلسلہ میں تین رائیں ہیں: (۱) ائمہ اربعہ کے نزدیک حیض سے پاک ہونے پر غسل کرے گی پھر ہر فرض نماز کے لئے یا ہر فرض نماز کے وقت کے لئے نئی وضو کرے گی (۲) روزانہ تین غسل کرے گی اور دو نمازیں ایک غسل سے پڑھے گی یعنی ظہر آخر وقت میں اور عصر اول وقت میں۔ اسی طرح مغرب آخر وقت میں اور عشاء اول وقت میں اور ان کے درمیان وضوء کرے گی۔ اور فجر سے پہلے علحدہ غسل کرے گی۔ یہ قول ابراہیم نخعی، عبداللہ بن شداد اور منصور بن المعتمر رحمہم اللہ وغیرہ کا ہے (۳) مستحاضہ روزانہ پانچ غسل کرے گی اور ہر نماز نئے غسل سے پڑھے گی۔ یہ مجاہد اور سعید بن جبیر رحمہما اللہ کا قول ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں تین باب قائم کئے ہیں: پہلے باب میں پہلے فریق کی دلیل بیان کی ہے۔ اور وہ عدی بن ثابت کے دادا کی حدیث ہے جن کا نام معلوم نہیں۔ مگر وہ صحابی ہیں اس لئے جہالت مضر نہیں۔ یہ حدیث ضعیف ہے۔ اس کی سند میں ابوالیقظان عثمان بن عُمیر: نہایت ضعیف راوی ہے۔ یہ راوی احادیث میں غت ربود کرتا تھا اور مدلّس اور غالی شیعہ بھی تھا۔ مگر یہ حدیث دیگر صحابہ سے بھی مروی ہے۔ اور ہر حدیث میں اگرچہ کچھ نہ کچھ کلام ہے مگر سب مل کر حسن لغیرہ ہو جاتی ہیں اس لئے ان سے استدلال درست ہے۔ علاوہ ازیں گذشتہ باب میں حضرت فاطمہ بنت ابی حُبیش کی حدیث گذری ہے، اس میں ہر نماز کے لئے وضوء کرنے کا مضمون بھی ہے اور وہ حدیث صحیح ہے، اس لئے ائمہ اربعہ نے اس حدیث کو لیا ہے اور اس پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے۔

اور تین غسل والی روایت اگلے باب میں آرہی ہے۔ اور پانچ غسل والی روایت اس کے بعد تیسرے باب میں آرہی ہے۔ یہ روایات صحیح ہیں۔ مگر محکم الدلالۃ نہیں۔ علماء نے ان کو مستحاضہ کی مصلحت پر محمول کیا ہے یعنی یہ مستحاضہ کے لئے بطور علاج ہیں۔

پھر ائمہ اربعہ کے درمیان اختلاف ہوا ہے کہ مستحاضہ نے فرض نماز کے لئے جو وضوء کی ہے اس سے قضاء نماز پڑھ سکتی ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ اس وضو سے صرف فرض نماز پڑھ سکتی ہے اور اس کے تابع جو سنن ونوافل ہیں ان کو پڑھ سکتی ہے۔ قضاء نماز کے لئے نئی وضوء شرط ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک وقت کے اندر مستحاضہ: فرض، قضاء، واجب سنن اور نوافل سب پڑھ سکتی ہے اور قرآن کی تلاوت بھی کر سکتی ہے —— امام شافعی رحمہ اللہ کا استدلال ان حدیثوں سے ہے جن میں لکل صلاۃ آیا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ ان حدیثوں میں

لام وقتیہ مانتے ہیں اور قرینہ وہ حدیث ہے جس میں عند کل صلاۃ یا لوقت کل صلاۃ آیا ہے، (لوقت کل صلاۃ: فاطمہ بنت ابی حُبیش کی حدیث کے ایک طریق میں آیا ہے دیکھیں: کتاب الآثار (۱۹۱:۱) باب غسل المستحاضة والحائض)

[۹۳-] باب ماجاء أن المستحاضة تتوضأ لكل صلوة

[۱۲۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا شريكٌ، عن أبى اليَقْظَانِ، عن عَدِيِّ بنِ ثَابِتٍ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ فى الْمُسْتَحَاضَةِ: " تَدَعُ الصَّلاَةَ أَيَّام أَقْرَائِهَا الَّتِىْ كَانَتْ تَحِيْضُ فِيْهَا، ثُمَّ تَغْتَسِلُ وَتَتَوَضَّأُ عِنْدَ كلِّ صَلاَةٍ وَتَصُوْمُ وَتُصَلِّىْ "

حدثنا علِيُّ بنُ حُجْرٍ، أَنَا شَرِيْكٌ نَحْوَهُ بِمِعْنَاهُ. قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ قَد تَفَرَّدَ به شَرِيكٌ عن أبى اليَقْظَانِ.

وسَأَلْتُ مُحَمَّدًا عن هٰذا الحَديثِ، فقُلْتُ: عَدِيُّ بنُ ثَابِتٍ عن أبيهِ عن جَدِّهِ: جَدُّ عَدِيٍّ مَا اسْمُهُ؟ فَلَمْ يَعْرِفْ مُحَمَّدٌ اسْمَهُ. وَذَكَرْتُ لِمُحَمَّدٍ قَوْلَ يَحْيىَ بنِ معَينٍ: أَنَّ اسْمَهُ دِيْنَارٌ، فَلَمْ يَعْبَأْ بِهِ.

وقال أحمدُ وإسحاقُ فى الْمُسْتَحَاضَةِ: إِنِ اغْتَسَلَتْ لِكُلِّ صَلاَةٍ: هُوَ أَحْوَطُ لَهَا، وَإِنْ تَوَضَّأَتْ لِكُلِّ صَلاَةٍ: أَجْزَأَهَا، وَإِنْ جَمَعَتْ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِغُسْلٍ أَجْزَأَهَا.

ترجمہ: وہ حدیث جس میں یہ بات آئی ہے کہ مستحاضہ ہر نماز کے لئے وضوء کرے، عدی کے دادا کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مستحاضہ اپنی عادت کے دنوں میں نماز چھوڑ دے۔ پھر حیض سے پاک ہونے کا غسل کرے اور ہر نماز کے وقت نئی وضوء کرے، اور روزہ بھی رکھے اور نماز بھی پڑھے'' —— یہ حدیث شریک سے علی بن حجر بھی روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: شریک ابوالیقظان سے روایت کرنے میں تنہا ہیں۔ اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے عدی کے دادا کا نام پوچھا تو وہ ان کے نام سے واقف نہیں تھے، اور میں نے ابن معین کا قول ذکر کیا کہ ان کے دادا کا نام دینار ہے تو امام بخاریؒ نے اس قول کو کوئی اہمیت نہیں دی۔ امام احمد اور اسحاق بن راہو یہ نے فرمایا: مستحاضہ اگر ہر نماز کے لئے غسل کرے تو زیادہ بہتر ہے اور ہر نماز کے لئے وضوء کرے تو جائز ہے اور ایک غسل سے دو نمازیں پڑھے تو یہ بھی جائز ہے۔

تشریح:

احناف کے نزدیک مستحاضہ کی تین قسمیں ہیں: مبتدأۃ، معتادہ اور متحیرۃ:

۱-مبتدأۃ: وہ مستحاضہ ہے جسے بالغ ہوتے ہی استحاضہ کی بیماری لاحق ہوگئی ہو، وہ ہر مہینہ اکثر مدت حیض اپنے کو

حائضہ شمار کرے گی، اور یہ مسئلہ حنفیہ کے نزدیک ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اقل مدت حیض شمار ہوگا۔ مثلاً ایک عورت کو پہلی بار خون آیا اور مسلسل جاری رہا، دس دن پر یا پندرہ دن پر بند نہیں ہوا تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شروع کے دس دن حیض شمار ہونگے پھر بیس دن طہر کے پھر دس دن حیض کے پھر بیس دن طہر کے، اسی طرح ہوگا تا آنکہ اللہ تعالیٰ اس کو شفا دیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ وہ ابتدائے حیض میں پندرہ دن تک انتظار کرے گی، اگر پندرہ دن سے پہلے خون بند ہوجائے تو وہ سب حیض ہے اور اگر پندرہ دن کے بعد بھی خون جاری رہے تو صرف ایک رات دن حیض شمار ہوگا۔ باقی چودہ دن کی نمازیں قضا کرے، کیونکہ وہ استحاضہ کا خون ہے، پھر ہر پندرہ دن کے بعد ایک رات دن نماز روزہ چھوڑ دے باقی چودہ دن پاک شمار ہوگی۔ اسی طرح یہ سلسلہ شفایابی تک چلتا رہے گا۔

۲- **معتادہ**: وہ مستحاضہ ہے جس کی بیماری لاحق ہونے سے پہلے عادت متعین تھی، وہ عادت کے ایام میں حائضہ ہوگی، باقی ایام میں پاک ہوگی، مثلاً ایک عورت کو ہر مہینے کی پانچ تاریخ کو حیض آتا تھا اور سات دن رہتا تھا، پھر اس کو استحاضہ کی بیماری لاحق ہوگئی تو وہ ہر مہینے کی پانچ تا بارہ تاریخ میں نماز روزہ چھوڑ دے گی۔ باقی ایام میں وہ پاک عورت کی طرح ہوگی۔

۳- **متحیرۃ**: کے معنی ہیں حیران۔ اور متحیرۃ: وہ مستحاضہ ہے جس کی یا تو عادت ہی نہیں بنی یا عادت بھول گئی۔ اول متحیرۃ بالعدد ہے اور ثانی متحیرۃ بالزمان۔ متحیرۃ کے مسائل بہت پیچیدہ ہیں [1] ان کے سلسلہ میں ایک قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جب متحیرۃ کو حائضہ ہونے میں، پاک ہونے میں اور حیض شروع ہونے میں شک ہو تو وہ ہر نماز کے لئے وضوء کرے، اور اگر حائضہ ہونے میں، پاک ہونے میں اور حیض ختم ہونے میں شک ہو تو ہر نماز کے لئے غسل کرے۔

مثلاً متحیرۃ کو یقین ہو کہ اُسے مہینہ کے پہلے عشرہ میں سات دن حیض آتا تھا مگر وہ پانچ تاریخ کی دوپہر میں بارہ بجے شروع ہوتا تھا یا چھ کی دوپہر میں؟ اس میں شک ہے۔ لہٰذا ہر مہینہ کی پانچ تاریخ میں بارہ بجے کے بعد اس کو تین باتوں میں شک ہوگا، حیض میں، طہر میں اور حیض شروع ہونے میں اور یہ شک چھ کی دوپہر کے بارہ بجے تک رہے گا۔ پس وہ ابھی نماز بند نہیں کرے گی اور چوبیس گھنٹے تک ہر فرض نماز نئی وضوء سے پڑھے گی۔ پھر چھ کی دوپہر میں نماز بند کردے گی کیونکہ اب بالیقین حائضہ ہے۔ پھر یہ شک دوسری بار بارہ تاریخ کی دوپہر میں پیدا ہوگا اور تیرہ کی دوپہر تک رہے گا اور یہاں شک حائضہ ہونے میں، پاک ہونے میں اور حیض ختم ہونے میں ہوگا، لہٰذا بارہ کی دوپہر سے وہ نماز شروع کردے اور ہر نماز کے لئے غسل کرے، کیونکہ اب ہر لحہ احتمال ہے کہ وہ ابھی پاک ہوئی ہو، اور یہ عمل تیرہ کی دوپہر تک کرے گی پھر غسل کرنا ضروری نہیں صرف وضو کرکے نماز پڑھے گی۔

اور وہ متحیرۃ جس کی عادت بنی تھی مگر اس کو نہ تو زمانہ یاد رہا اور نہ وقت تو وہ تحری کرے یعنی سوچے اور اس کے

(۱) تفصیل کنزالدقائق کی شرح البحرالرائق میں ہے ۱۲

مطابق عمل کرے، اور جب حائضہ ہونے میں، پاک ہونے میں اور حیض شروع ہونے میں شک ہوتو ہر نماز کے لئے وضوء کرے، اور جب حیض، طہر اور حیض ختم ہونے میں شک ہوتو غسل کرے۔

اور اگر متحیرہ سوچنے کے بعد بھی کسی نتیجہ پر نہ پہنچے یعنی کوئی وقت متعین نہ کر سکے یا اس کی سرے سے عادت ہی نہ بنی ہوتو پھر امام احمد رحمہ اللہ اس کے حق میں حیض مثل کا اعتبار کرتے ہیں، یعنی اس کے خاندان کی عورتوں کو کن تاریخوں میں اور کتنے دن حیض آتا ہے اس کا اعتبار ہوگا۔ ان کی دلیل اگلے باب کی حدیث ہے جس میں نبی ﷺ نے حضرت حمنہ بنتِ جحش رضی اللہ عنہا کو چھ دن یا سات دن حیض فرض کرنے کا حکم دیا ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے یہ حیض مثل کا اعتبار کیا ہے، کیونکہ حضرت حمنہ آپؐ کی سالی تھیں اور آپؐ ان کے خاندان کی عورتوں کے احوال سے واقف تھے۔ دیگر ائمہ حیض مثل کا اعتبار نہیں کرتے وہ کہتے ہیں کہ حضرت حمنہ معتادہ تھیں اور ان کو چھ اور سات دن میں شک تھا، یا ان کو کبھی چھ اور کبھی سات دن حیض آتا تھا اس لئے نبی ﷺ نے ان کو تحری کرنے کا حکم دیا ہے کہ وہ سوچ کر ایک وقت متعین کرلیں خواہ وہ سات دن ہو خواہ چھ دن۔

مستحاضہ کی ایک قسم ممیّزہ ہے۔ یعنی وہ عورت جو خون کے رنگوں کے ذریعہ حیض واستحاضہ کے درمیان فرق کر سکتی ہو۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عادت کا اعتبار نہیں ہے صرف تمیز بالدم کا اعتبار ہے، اور احناف کے نزدیک صرف عادت کا اعتبار ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ دونوں کا اعتبار کرتے ہیں۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ عادت کو مقدم رکھتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ تمیز بالدم کو، غرض ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تمیز بالدم کا اعتبار ہے اور انھوں نے حیض کے چھ رنگ تجویز کئے ہیں: اسود (کالا) احمر (سرخ) اصفر (زرد) کدرۃ (مٹیالا) اخضر (سبز) اور تربتی (مٹیالا) پھر ان میں اقوی اور اضعف تجویز کئے ہیں کہ فلاں رنگ اقوی ہے اور فلاں اضعف۔ اور یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ جب اقوی رنگ شروع ہوتو وہ حیض ہے اور جب اضعف آنے لگے تو حیض ختم ہو گیا۔ مثلاً کالا خون شروع ہوا پھر زرد آنے لگا یا سرخ شروع ہوا پھر مٹیالا آنے لگا تو حیض ختم ہو گیا۔ ائمہ ثلاثہ کی دلیل حضرت فاطمہ بن ابی حُبیش کی حدیث ہے جو ابوداؤد وغیرہ میں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: **إذا کان دمُ الحیض فإنه دمٌ أسود یُعْرَفُ، فإذا کان ذلك فأمسکی عن الصلاة:** حیض کا خون کالا ہوتا ہے بآسانی پہچانا جا سکتا ہے۔ لہٰذا جب وہ خون آئے تو نماز سے رک جا۔ اس میں نبی ﷺ نے رنگ کا اعتبار کیا ہے۔ احناف کہتے ہیں: یہ حدیث متکلم فیہ ہے۔ امام ابوداؤد سنن میں فرماتے ہیں: ابن عدی نے یہ حدیث ایک مرتبہ کتاب سے بیان کی تب اس کو فاطمہ بنت ابی حبیش کی حدیث بتایا۔ دوسری مرتبہ حافظہ سے بیان کی تو اس کو حضرت عائشہ کی حدیث بتایا۔ علاوہ ازیں اس میں اضطراب بھی ہے، علاء نے اس کو مرفوع روایت کیا ہے اور شعبہ نے موقوف (ابوداؤد ا:۴۳ باب من قال توضأ لکل صلاۃ مزید تفصیل کے لئے معارف السنن دیکھیں)

اوراحناف کی دلیلیں یہ ہیں:

(۱) مدینہ کی عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے پاس ڈبیہ میں کُرسف بھیجا کرتی تھیں وہ ہر رنگ دیکھ کرفرماتیں ابھی نماز پڑھنے میں جلدی نہ کرو جب تک چونے جیسی سفیدی نہ دیکھ لو، یہ حدیث بخاری (باب إقبال الحيض وإدباره) میں تعلیقاً اور موطا مالک (ص:۲۰،طهر الحائض) میں موصولاً مروی ہے۔

(۲) حضرت ام عطیہ کہتی ہیں: كنّالا نعُدُّ الكُدْرَة والصُّفْرَةَ شَيْئًا: ہم مٹیالے اور زرد رنگ کو کچھ شمار نہیں کرتے تھے۔ یعنی ان رنگوں کو حیض ہی سمجھتے تھے پاکی شمار نہیں کرتے تھے (بخاری حدیث ۳۲۶ باب الصفرة والكدرة) ان دونوں روایتوں سے معلوم ہوا کہ حیض کے زمانہ میں جس رنگ کا بھی خون آئے وہ حیض ہی ہے۔ واللہ اعلم

بابٌ فی الْمُسْتَحَاضَةِ أنها تَجْمَعُ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

مستحاضہ ایک غسل میں دو دو نمازیں جمع کرے

گذشتہ باب میں یہ روایت آئی ہے کہ مستحاضہ حیض کا زمانہ گذرنے کے بعد ایک غسل کرے گی پھر پاکی کے زمانہ میں وضوء کرکے نمازیں پڑھے گی۔ وہی جمہور کا مسلک ہے، چاروں ائمہ اس پر متفق ہیں۔ اب اس باب میں ایک دوسری روایت لارہے ہیں جس میں مستحاضہ کو پاکی کے زمانہ میں تین غسل کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ یہ حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کی روایت ہے۔ یہ نبی ﷺ کی سالی تھیں، حمنہ کی بہن ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو بھی استحاضہ کی بیماری تھی بلکہ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو بھی یہ بیماری تھی، آپؐ نے حضرت حمنہ کو روزانہ تین غسل کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ یہ طویل روایت ہے اس کا ترجمہ عبارت کے بعد آرہا ہے، جمہور کے نزدیک یہ غسل برائے علاج تھا، ٹھنڈے پانی سے رگوں میں خون سکڑتا ہے، مسئلہ شرعی کے طور پر یہ حکم نہیں تھا۔

[۹۴-] باب فی المستحاضة أنها تجمع بين الصلاتين بغسلٍ واحدٍ

[۱۲۹-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو عَامِرٍ العَقَدِیُّ، نازُهَيْرُ بنُ مُحمدٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيلٍ، عن إبراهيمَ بنِ مُحمدِ بنِ طَلْحَةَ، عن عَمِّهِ عِمْرَانَ بنِ طَلحَةَ، عن أُمِّهِ حَمْنَةَ ابنةِ جَحْشٍ قَالَت: كُنْتُ أُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَثِيْرَةً شَدِيْدَةً، فَأَتَيْتُ النبیَّ صلى الله عليه وسلم أَسْتَفْتِيْهِ وَأُخْبِرُهُ، فَوَجَدْتُهُ فِيْ بَيْتِ أُخْتِيْ زينبَ بِنْتِ جَحْشٍ فقلتُ: يارسولَ اللهِ! إِنِّيْ أُسْتَحَاضُ حَيْضَةً كَثِيْرَةً شديدةً فَمَا تَأْمُرُنِیْ فِيْهَا؟ فَقَدْ مَنَعَتْنِیْ الصِّيَامَ وَالصَّلاَةَ، قَالَ: " أَنْعَتُ لَكِ الكُرْسُفَ فَإِنَّهُ يُذْهِبُ الدَّمَ" قَالَتْ:

هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ:" فَتَلَجَّمِیْ" قَالتْ: هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ:" فَاتَّخِذِیْ ثَوْبًا" قَالتْ: هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ إِنَّمَا أَثُجُّ ثَجًّا فَقَالَ النبیُّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:" سَآمُرُكِ بِأَمْرَيْنِ أَيَّهُمَا صَنَعْتِ أَجْزَأَ عَنْكِ، فَإِنْ قَوِيْتِ عَلَيْهِمَا فَأَنْتِ أَعْلَمُ" فَقَالَ:" إِنَّمَا هِیَ رَكْضَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ فَتَحَيَّضِیْ سِتَّةَ أَيَّامٍ أَوْ سَبْعَةَ أَيَّامٍ فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ، ثُمَّ اغْتَسِلِیْ فَإِذَا رَأَيْتِ أَنَّكِ قَدْ طَهُرْتِ وَاسْتَنْقَأْتِ فَصَلِّی أَرْبَعَةً وعِشْرِيْنَ لَيْلَةً أَوْ ثَلاثَةً وَعِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَأَيَّامَهَا، وَصُوْمِیْ وَصَلِّی فَإِنَّ ذٰلِكَ يُجْزِئُكِ وَكَذٰلِكِ فَافْعَلِیْ كَمَا تَحِيْضُ النِّسَاءُ وَكَمَا يَطْهُرْنَ لِمِيْقَاتِ حَيْضِهِنَّ وَطُهْرِهِنَّ، فَإِنْ قَوِيْتِ عَلَى أَنْ تُؤَخِّرِیْ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلِیْ العَصْرَ ثُمَّ تَغْتَسِلِيْنَ حِيْنَ تَطْهُرِيْنَ وَتُصَلِّيْنَ الظُّهْرَ والْعَصْرَ جميعاً [فَافْعَلِیْ] ثم تُؤَخِّرِيْنَ المغربَ وتُعَجِّلِيْنَ العِشَاءَ ثُمَّ تَغْتَسِلِيْنَ وَتَجْمَعِيْنَ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ فَافْعَلِیْ، وَتَغْتَسِلِيْنَ مَعَ الصُّبْحِ وَتُصَلِّيْنَ وَكَذٰلِكَ فَافْعَلِیْ، وَصُوْمِیْ إِنْ قَوِيْتِ عَلَى ذٰلِكَ" فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:" وَهُوَ أَعْجَبُ الْأَمْرَيْنِ اِلَیَّ!"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وَرَوَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو الرِّقِّیُّ وابنُ جُرَيْجٍ وشريكٌ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عقيلٍ عن إبراهيمَ بنِ مُحمدِ بنِ طَلْحَةَ، عن عَمِّه عِمرانَ عن أُمِّهِ حَمْنَةَ، إِلَّا إِنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ يقولُ: عُمَرُ بنُ طَلْحَةَ، والصَّحِيْحُ عِمْرَانُ بنُ طَلْحَةَ.

وَسَأَلْتُ محمداً عن هٰذا الحديثِ فقال: هُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ، وهٰكَذا قال أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ:[و] هو حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: (باب ۹۴) مستحاضہ کے بارے میں یہ روایت آئی ہے کہ وہ ایک غسل میں دونمازیں جمع کرے (یعنی جمع صوری کرے: غسل کر کے ظہر کی نماز آخر وقت میں پڑھے پھر عصر کا وقت شروع ہونے پر وضوء کر کے عصر ادا کرے، اسی طرح مغرب اور عشاء پڑھے، اور فجر کے لئے علحدہ غسل کرے)

(حدیث ۱۲۹) زہیر بن محمد کی روایت ہے: حضرت حمنہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے بہت زیادہ بہت ہی زیادہ خون آتا تھا۔ میں نبی ﷺ کی خدمت میں مسئلہ دریافت کرنے کے لئے اور آپؐ کو اپنی صورتِ حال بتلانے کے لئے حاضر ہوئی، میں نے آپؐ کو اپنی بہن زینب کے گھر میں پایا۔ میں نے عرض کیا: مجھے بہت زیادہ بہت ہی زیادہ حیض آتا ہے، آپؐ مجھے اس سلسلہ میں کیا حکم دیتے ہیں؟ اس نے مجھے نہ روزہ کا رکھا ہے نہ نماز کا، آپؐ نے فرمایا میں تمہیں روئی استعمال کرنے کا مشورہ دیتا ہوں، اس سے خون بند ہوجائے گا (روئی میں خون بند کرنے کی خاصیت ہے کٹے ہوئے پر روئی دبا دی جائے تو خون بند ہوجاتا ہے، عورت روئی کی بتی اندام نہانی میں رکھے گی اس سے خون بند ہوجائے گا) حضرت حمنہ نے کہا: خون اس سے زیادہ ہے (یعنی اگر خون تھوڑا ہو تو روئی سے بند ہوسکتا ہے، خون کی

مقدار زیادہ ہو تو روئی اس کو نہیں روک سکتی) آپؐ نے فرمایا: تو لگام باندھ لو (یعنی روئی کی بتی رکھ کر لنگوٹ باندھ لو، اس سے خون رک جائے گا جیسے ڈاکٹر کٹے ہوئے پر روئی رکھ کر بانڈیز باندھتے ہیں) حضرت حمنہ نے کہا: وہ اس سے بھی زیادہ ہے، آپؐ نے فرمایا: تو کوئی کپڑا رکھ لو، (یعنی بتی چڑھا کر کوئی کپڑا دوہرا چوہرا کر کے رکھو پھر لنگوٹ کس کر باندھو، تو جسم کے خاص حصہ پر دباؤ پڑے گا اور خون کی آمد رکے گی) حضرت حمنہ نے کہا: وہ اس سے بھی زیادہ ہے، مجھے تو دھڑ دھڑ خون گرتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں دو باتیں بتلاؤں گا جس پر بھی تم عمل کرو گی تمہارے لئے کافی ہو جائے گا، اور اگر تم دونوں باتوں پر عمل کر سکو تو تم اپنا حال بہتر جانتی ہو۔ پھر آپؐ نے فرمایا: یہ شیطان کی ایڑ ہی ہے (یعنی یہ خون بیماری کا ہے حیض کا نہیں ہے اس لئے اس کے احکام علحدہ ہیں) پس تم —— اللہ بہتر جانتے ہیں —— چھ دن یا سات دن اپنے کو حائضہ سمجھو پھر غسل کرو پھر جب تم دیکھو کہ پاک وصاف ہوگئی تو چوبیس یا تیئیس رات دن نماز پڑھو، اور روزے رکھو، پس بیشک یہ بات تمہارے لئے کافی ہے اور اسی طرح کرتی رہو جس طرح عورتوں کو حیض آتا ہے اور جس طرح وہ پاک ہوتی ہیں اپنے حیض اور پاکی کی معینہ مدت پر۔ پس اگر تمہیں قدرت ہو کہ ظہر کو مؤخر کرو اور عصر کو جلدی پڑھو، پھر نہاؤ جب تم پاک ہوؤ، (یہ حیض سے پاک ہونے کا غسل ہے) اور ظہر اور عصر دونوں ہی پڑھو (تو ایسا کرو اور ان دو نمازوں کے لئے جو غسل کرنا ہے اس کا تذکرہ راوی نے چھوڑ دیا ہے وہ مقدر ہے) پھر مغرب کو مؤخر کرو اور عشاء کو مقدم کرو، پھر نہاؤ (یہ غسل دو نمازوں کو جمع کرنے کا ہے) اور دونوں نمازوں کے درمیان جمع کرو، تو ایسا کرو، اور صبح کے لئے نہاؤ اور نماز پڑھو، اور ایسا ہی کرتی رہو اور روزے رکھو اگر تم اس پر قادر رہو، پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اور یہ دو باتوں میں سے مجھے زیادہ پسند ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے اس حدیث کو ابن عقیل سے اسی سند کے ساتھ عبید اللہ الرّقّی ابن جریج، اور شریک نے بھی روایت کیا ہے، البتہ ابن جریج عمر بن طلحہ کہتے ہیں اور صحیح نام عمران بن طلحہ ہے۔ اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: ''یہ حدیث حسن ہے'' اور ایسا ہی امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا (اور) وہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے (یہ تکرار ہے)

تشریح:

۱- امام ترمذی رحمہ اللہ نے زہیر بن محمد کے تین متابع پیش کئے ہیں کیونکہ زہیر متکلم فیہ راوی ہیں، ان سے شامی راویوں کی روایتیں ناقابل اعتبار قرار دی گئی ہیں۔ اور یہ روایت ابو عامر عبد الملک بن عمر العقدی کی ہے اور یہ بصری راوی ہیں۔ اس لئے یہ روایت ٹھیک ہے پھر ان کے تین متابع بھی موجود ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر حسنٌ صحیحٌ کا حکم لگایا ہے پھر اپنی تائید میں امام بخاری اور امام احمد رحمہما اللہ کا قول پیش کیا ہے کہ ان دونوں حضرات نے بھی اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے اور پہلے یہ بات بیان کی جا چکی ہے کہ امام ترمذیؒ کے زمانہ میں حدیث

صحیح کے لئے بعض محدثین لفظ حسن استعمال کرتے تھے، یہ اس کی پہلی مثال ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ اور امام احمد رحمہ اللہ کی یہی اصطلاح تھی، اور کتاب میں جو امام احمد کے قول کے ساتھ حسنٌ صحیحٌ جڑا ہوا ہے یہ کاتبوں کی مہربانی ہے، کیونکہ یہ دونوں اصطلاحیں امام ترمذی کے علاوہ کوئی جمع نہیں کرتا تھا، پس ھو سے پہلے واو رہ گیا ہے اور یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا قول ہے اور مکرر آیا ہے اسی طرح ایک جگہ [فافعلی] کتابت سے رہ گیا ہے جو ہم نے بڑھایا ہے۔

۲- امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ بات تو صحیح ہے اس حدیث میں زہیر بن محمد نے کوئی گڑبڑ نہیں کی، مگر ان کے استاذ ابن عقیل ہیں جن کی یادداشت صحیح نہیں تھی، میرا خیال یہ ہے کہ اس حدیث میں ان کو وہم لاحق ہوا ہے، نبی ﷺ نے حمنہ رضی اللہ عنہا کو جو دو باتیں بتائی ہیں ان میں سے ایک کو انھوں نے چھوڑ دیا ہے، اور وہ روزانہ پانچ غسل کرنے کی بات ہے، اس کے اعتبار سے دوسری بات کو نبی ﷺ نے پسند فرمایا ہے اور یہ دو طریقے بتانے سے پہلے تمہید میں نبی ﷺ نے استحاضہ کا مسئلہ سمجھایا ہے کہ وہ حیض کا خون نہیں ہے اس لئے اس کے احکام مختلف ہیں، اب جبکہ حدیث میں سے پانچ غسل والی بات ختم ہوگئی تو بہت سے حضرات نے اس تمہید ہی کو پہلی بات قرار دے دیا، جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں ایسا ہی کیا ہے

نوٹ: جس راوی کو سوءِ حفظ کا عارضہ لاحق ہوتا ہے اس کی ہر روایت میں وہم نہیں ہوتا، کسی روایت میں گڑبڑ ہوجاتی ہے، اس لئے اس کی ہر روایت کو چوکنا ہوکر لینا چاہئے۔

۳- اور یہ جو فرمایا ہے کہ استحاضہ کا خون شیطان کی ایڑ ہی سے ہے یہ شریعت کی تعبیر ہے۔ شریعت ہر ناز یبا بات کو شیطان کی طرف منسوب کرتی ہے اور ہر اچھی بات کو اللہ کی طرف منسوب کرتی ہے پس اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ یہ خون بیماری کی وجہ سے آتا ہے، تندرست عورت کو جو ماہواری آتی ہے یہ وہ خون نہیں ہے۔

۴- اور نبی ﷺ نے رات دن میں تین غسل اس لئے پسند فرمائے ہیں کہ اس میں مشقت کم ہے اس لئے اس پر پابندی سے عمل کیا جاسکتا ہے اور پانچ غسلوں میں اگرچہ فائدہ زیادہ ہے مگر دشواری بھی زیادہ ہے اس لئے اس پر پابندی مشکل ہوگی اور پابندی نہ کی گئی تو کچھ فائدہ نہ ہوگا، اس لئے بالکل فائدہ نہ ہو اس سے تھوڑا فائدہ اچھا ہے۔

۵- اور یہ بات پہلے بیان کی جاچکی ہے کہ جمہور غسل کی ان روایتوں کو علاج پر محمول کرتے ہیں، مستحاضہ نہانے سے پہلے دیر تک ٹھنڈے پانی میں بیٹھی رہے گی اس سے خون کی رگیں سکیڑیں گی اور خون کی آمد کا سلسلہ کمزور پڑے گا اس طرح اللہ تعالیٰ اس کو شفا عنایت فرمائیں گے۔

۶- امام طحاوی رحمہ اللہ نے روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے پہلے سہلہ بنت سہیل کو پانچ غسل کرنے کا حکم دیا تھا، پھر جب ان کو دشواری محسوس ہوئی تو آپ نے تین غسل کا حکم دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ پانچ غسل والی روایت منسوخ ہے، اسی طرح جب آپ نے مستحاضہ کو ہر نماز کے لئے وضوء کا حکم دیا جیسا کہ گذشتہ

باب میں گذر چکا تو تین غسل کی روایت بھی منسوخ ہوگئی، اور آخری حکم صرف وضوء کا رہ گیا۔

مگر امام طحاوی رحمہ اللہ نے یہ بات سینہ ٹھوک کر نہیں کہی۔ انھوں نے تینوں قسم کی روایات کو مستحاضہ کی مختلف قسموں پر بھی محمول کیا ہے اور علاج والی بات بھی کہی ہے۔ اس لئے روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دینا ٹھیک نہیں، علاج پر محمول کرنا بہتر ہے۔ واللہ اعلم

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں مستحاضہ کے مسائل اور ائمہ کے قوال بھی بیان کئے ہیں جو آگے آرہے ہیں۔

وَقَالَ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقَ فِیْ الْمُسْتَحَاضَةِ: إِذَا كَانَتْ تَعْرِفُ حَيْضَهَا بِإِقْبَالِ الدَّمِ وَإِدْبَارِهِ، فَإِقْبَالُهُ أَنْ يَّكُوْنَ أَسْوَدَ، وَإِدْبَارُهُ أَنْ يَّتَغَيَّرَ إِلَى الصُّفْرَةِ، فَالْحُكْمُ فِيْهَا عَلى حَدِيثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ أبى حُبَيْشٍ، وإِنْ كَانَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ لَهَا أَيَّامٌ مَعْرُوْفَةٌ قَبْلَ أَنْ تُسْتَحَاضَ: فَإِنَّهَا تَدَعُ الصَّلاَةَ أَيَّامَ أَقْرائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ وَتَتَوَضَّأُ لِكُلِّ صَلاَةٍ وَتُصَلِّیْ، وَإِذَا اسْتَمَرَّ بِهَا الدَّمُ وَلَمْ يَكُنْ لَهَا أَيَّامٌ مَعْرُوْفَةٌ وَلَمْ تَعْرِفِ الْحَيْضَ بِإِقْبَالِ الدَّمِ وَإِدْبَارِهِ: فالحُكْمُ لَهَا عَلىٰ حَدِيثِ حَمْنَةَ بِنْتِ جَحْشٍ.

وقال الشافعیُّ: الْمُسْتَحَاضَةُ إذا اسْتَمَرَّ بِهَا الدَّمُ فِی أَوَّلِ مَا رَأَتْ فَدَامَتْ عَلىٰ ذٰلِكَ فَإِنَّهَا تَدَعُ الصَّلاَةَ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا، فَإِذَا طَهُرَتْ فی خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا أَوْ قَبْلَ ذٰلِكَ: فَإِنَّهَا أَيَّامُ حَيْضٍ، فَإِذَا رَأَتِ الدَّمَ أَكْثَرَ مِنْ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْمًا: فَإِنَّهَا تَقْضِیْ صَلاَةَ أَرْبَعَةَ عَشَرَ يَوْمًا، ثُمَّ تَدَعُ الصَّلاَةَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَقَلَّ مَا يَحِيْضُ النِّسَاءُ، وَهُوَ يومٌ وَلَيْلَةٌ.

ترجمہ: اور امام احمد اور امام اسحاق نے مستحاضہ کے بارے میں فرمایا: جبکہ وہ اپنے حیض کو پہچانتی ہو خون کے آنے اور بند ہونے سے (یعنی مستحاضہ ممیّزہ ہو) پس اس کا حیض کا آنا یہ ہے کہ خون کالا ہو اور اس کا پیٹھ پھیرنا یہ ہے کہ خون زردی کی طرف بدل جائے، تو اس مستحاضہ کا حکم حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش کی حدیث کے مطابق ہوگا (یعنی وہ ہر نماز کے لئے وضوء کرے گی) اور اگر مستحاضہ کے حیض کے لئے جانے پہچانے ہوئے دن ہوں، استحاضہ کی بیماری لاحق ہونے سے پہلے (یعنی وہ معتادہ ہو) تو وہ اپنے حیض کے ایام میں نماز چھوڑ دے، پھر حیض سے پاک ہونے کا غسل کرے، اور ہر نماز کے لئے وضوء کرے اور نماز پڑھے (یہاں ان دونوں اماموں نے کسی حدیث کا حوالہ نہیں دیا حالانکہ حضرت فاطمہ بنت ابی حبیش کی حدیث اسی صورت کے بارے میں ہے، وہ معتادہ تھیں ان کی روایت میں ہر کتاب میں یہ جملہ ہے: تَدَعُ الصلاةَ أَيّام أقرائها وہ ممیّزہ نہیں تھیں اور ابوداؤد کی جو روایت ہے: إنه دم أسود يُعرف وہ متکلم فیہ روایت ہے بلکہ منکر روایت ہے) اور جب مستحاضہ کو مسلسل خون آئے اور اس کے لئے جانے پہچانے دن نہ

ہوں اور وہ حیض کو پہچانتی بھی نہ ہو خون کے آنے اور پیٹھ پھیرنے کے ذریعہ (یعنی غیر معتادہ اور غیر ممیّزہ ہو) تو اس کے لئے حکم حضرت حمنہ کی حدیث کے مطابق ہوگا (یعنی وہ روزانہ تین غسل کرے گی، اور حضرت حمنہ ہی کی حدیث سے امام احمد نے حیض مثل کی اعتباریت بھی ثابت کی ہے)

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: مستحاضہ کو جب ابتداء ہی سے مسلسل خون آئے اور وہ اسی حال پر رہے تو وہ پندرہ دن تک نماز چھوڑے رہے گی پس اگر وہ پندرہ دن میں یا اس سے پہلے پاک ہوجائے تو وہ سب حیض کے دن شمار ہونگے۔ اور اگر پندرہ دن کے بعد بھی خون جاری رہے تو وہ چودہ دن کی نمازیں قضا کرے گی پھر اس کے بعد وہ نماز چھوڑ دے گی اقل مدتِ حیض تک اور وہ ایک رات دن ہے (امام شافعی رحمہ اللہ نے صرف مبتدأۃ کا حکم بیان کیا ہے جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے)

قال أبو عیسیٰ: فَاخْتَلَفَ أَھلُ العلمِ فی أَقَلِّ الحَیْضِ وَأَکْثَرِہِ:
فَقَالَ بَعْضُ أھلِ العلمِ: أَقَلُّ الحَیْضِ ثَلَاثٌ، وَأَکْثَرُہُ عَشْرَۃٌ، وھو قَوْلُ سفیانَ الثوریِّ وأھلِ الکوفۃِ، وبہ یَأْخُذُ ابنُ المبارکِ، ورُوِی عنہ خِلَافُ ھٰذا.
وقال بَعضُ أھلِ العلمِ مِنْھُمْ عَطَاءُ بنِ أبی رَبَاحٍ: أَقَلُّ الحَیْضِ یَوْمٌ وَلَیْلَۃٌ، وَأَکْثَرُہ خَمْسَۃَ عَشَرَ، وَھوقَوْلُ الْأَوْزَاعِیِّ ومالکٍ والشافعیِّ وأحمدَ وإسحاقَ وأبی عُبَیْدَۃَ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: علماء نے حیض کی اقل مدت اور اکثر مدت میں اختلاف کیا ہے، بعض علماء کے نزدیک اقل مدت تین دن اور اکثر مدت دس دن ہے۔ اور یہ ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ اور ابن المبارک نے بھی اسی قول کو لیا ہے، اور ان سے اس کے خلاف بھی روایت کیا گیا ہے (آپ کا دوسرا قول معلوم نہیں کیا ہے) اور بعض اہل علم نے جن میں حضرت عطاء شامل ہیں فرمایا کہ حیض کی اقل مدت ایک رات دن ہے اور اکثر مدت پندرہ دن ہے۔ اور اوزاعی، مالک، شافعی، احمد، اسحاق اور ابوعبیدۃ نے اسی قول کو لیا ہے (امام احمد اکثر مدتِ حیض میں امام شافعی کے ساتھ ہیں اور اقل مدت میں امام ابوحنیفہ کے ساتھ ہیں، اور امام مالک کے نزدیک حیض کی اقل مدت کوئی نہیں اور اکثر مدت سترہ دن ہے)

تشریح: ائمہ ثلاثہ نے حیض کی اقل و اکثر مدت میں عورتوں کی عادت کا اعتبار کیا ہے اور حضرت عطاء کے قول کو انھوں نے پیش نظر رکھا ہے اور ان کے دلائل میں جو حدیث ذکر کی جاتی ہے کہ تَمْکُثُ إحداکُنَّ شَطْرَ دَھْرِھا لا تُصَلِّیْ یہ حدیث بے اصل ہے۔ حافظ ابن حجر نے التلخیص الحبیر میں اس کی صراحت کی ہے۔ اور احناف کے مذہب کا مدار اس حدیث پر ہے: أقل الحیض ثلاث وأکثرہ عشرٌ یہ حدیث چھ صحابہ سے مروی ہے اور ہر حدیث میں تھوڑا

بہت کلام ہے مگر مجموعہ حسن لغیرہ ہے اس لئے قابل استدلال ہے (تفصیل کے لئے نصب الرایہ اور کشف النقاب دیکھیں)

بابُ مَاجَاءَ فی المستحاضَةِ أَنَّهَا تَغْتَسِلُ عندَ كُلِّ صَلاَةٍ

مستحاضہ ہر فرض نماز سے پہلے غسل کرے

نبی ﷺ نے بعض مستحاضہ عورتوں کو ہر فرض نماز سے پہلے غسل کرنے کا حکم دیا ہے اور یہ حکم بھی علاج کے لئے تھا، مسئلہ کے طور پر نہیں تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں حضرت ام حبیبہ بنت جحش رضی اللہ عنہا کی حدیث پیش کی ہے۔ یہ بھی آپؐ کی سالی ہیں، انھوں نے عرض کیا کہ مجھے بہت زیادہ خون آتا ہے، میں پاک ہی نہیں ہوتی تو کیا میں نماز چھوڑے رہوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں وہ رگ ہی کا خون ہے۔ پس نہاؤ، پھر نماز پڑھو، چنانچہ ام حبیبہ ہر نماز سے پہلے نہاتی تھیں۔ ابن شہاب زہری نے اس کی وضاحت نہیں کی ہے کہ نبی ﷺ نے ام حبیبہ کو ہر نماز سے پہلے نہانے کا حکم دیا تھا (اور حدیث میں جو نہانے کا حکم ہے وہ حیض سے پاکی کا غسل ہے) بلکہ وہ ایک ایسی بات تھی جسے ام حبیبہ خود کیا کرتی تھیں (یعنی نبی ﷺ نے ام حبیبہ سے تو ہر نماز سے پہلے نہانے کی بات نہیں فرمائی تھی مگر چونکہ اس سے پہلے ان کی بہن حضرت حمنہ کو نبی ﷺ نے جو دو باتیں بتائی تھیں ان میں سے پہلی بات پانچ غسل کی تھی، اور حضرت حمنہ نے اس پر عمل کیا تھا اور اس سے ان کو فائدہ ہوا تھا اس لئے ام حبیبہ نے بھی از خود یہ عمل شروع کر دیا، وہ روزانہ پانچ غسل کرتی تھیں)

[۹۵-] باب ماجاء فی المستحاضة: أنها تغتسل عند كل صلاة

[۱۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهابٍ، عن عُروَةَ، عن عائشةَ أَنَّهَا قالتْ: اسْتَفْتَتْ أُمُّ حَبِيْبَةَ ابنةُ جَحْشٍ رَسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنِّیْ أُسْتَحَاضُ فَلاَ أَطْهُرُ أَفَأَدَعُ الصَّلاَةَ؟ فَقَالَ: " لاَ، إِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاغْتَسِلِی ثُمَّ صَلِّیْ" فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلاَةٍ، قَالَ قُتَيْبَةُ: قَالَ اللَّيْثُ: لَمْ يَذْكُر ابنُ شِهَابٍ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ أُمَّ حَبِيبةَ أَنْ تَغْتَسِلَ عِنْدَ كُلِّ صَلاَةٍ، وَلٰكِنَّهُ شَيئٌ فَعَلَتْهُ هِیَ.

قال أبو عيسى: ويُرْوَى هٰذا الحديثُ عن الزُّهْرِیِّ عن عَمْرَةَ عن عائشةَ قَالتْ: اسْتَفْتَتْ أُمُّ حبيبةَ بِنتُ جَحْشٍ.

وقَد قَالَ بَعضُ أهلِ العلمِ: الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ عندَ كُلِّ صَلاَةٍ.

وَرَوَى الْأَوْزَاعِیُّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عن عُروةَ وعَمْرَةَ عن عائِشَةَ.

وضاحت: حضرت عائشہ کی یہ روایت امام زہری سے تین طرح سے مروی ہے: (۱) عن عروۃ عن عائشہ (۲) عن عمرۃ عن عائشہ (۳) اور امام اوزاعی دونوں کو جمع کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں: عن عروۃ وعمرۃ عن عائشہ اور یہ تینوں سندیں صحیح ہیں۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ مستحاضہ ہر نماز کے لئے غسل کرے گی (یہ قول مجاہد اور سعید بن جبیر کی طرف منسوب ہے)

بابُ ماجاء فی الحَائِضِ أَنَّهَا لاَ تَقْضِی الصَّلاَةَ

حائضہ پر نمازوں کی قضا واجب نہیں

حائضہ پر روزں کی قضا واجب ہے نمازوں کی قضا واجب نہیں، کیونکہ نمازوں میں تکرار ہے اس لئے ان کی قضا میں دشواری ہے۔ اور شریعت کا قاعدہ ہے: الحَرَجُ مدفوعٌ چنانچہ نمازوں کی قضا معاف ہے۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے اس میں کسی کا اختلاف نہیں، اور خوارج جو اختلاف کرتے تھے (ان کے نزدیک نمازوں کی بھی قضا واجب ہے) تو گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا، جیسے بیس رکعت تراویح پر اجماع ہے، اور غیر مقلدین جو اختلاف کرتے ہیں اس کا اعتبار نہیں، کیونکہ وہ گمراہ فرقہ ہے۔

[۹۶-] باب ماجاء فی الحائض: أنها لا تقضی الصلاة

[۱۳۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن أَیُّوْبَ، عن أبی قِلاَبَةَ، عن مُعَاذَةَ، أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائشةَ، قالتْ: أَتَقْضِیْ إِحْدَانَا صَلاَتَهَا أَیَّامَ مَحِیْضِهَا؟ فَقَالَتْ: أَحَرُوْرِیَّةٌ أَنْتِ! قَدْ کَانَتْ إِحْدَانَا تَحِیْضُ فَلاَ تُؤْمَرُ بِقَضَاءٍ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وقد رُوِیَ عن عائشةَ مِن غَیْرِ وَجْهٍ: أَنَّ الحَائِضَ لاَ تَقْضِی الصَّلاَةَ؛ وهُوَ قَوْلُ عَامَّةِ الْفُقَهَاءِ، لااخْتِلاَفَ بَیْنَهُمْ فِی أَنَّ الْحَائِضَ تَقْضِی الصَّوْمَ وَلاَ تَقْضِی الصَّلاَةَ.

ترجمہ: وہ روایت جو حائضہ کے بارے میں آئی ہے کہ وہ نماز کی قضاء نہیں کرے گی۔ معاذۃ کہتی ہیں: ایک عورت نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا (سوال کرنے والی خود معاذہ تھیں، مصنف عبدالرزاق اور مصنف ابن شیبہ میں اس کی صراحت ہے): کیا عورت پر ایام حیض کی نمازوں کی قضاء ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ''کیا تو حروری ہے؟!'' (خوارج کو حروری بھی کہتے تھے کیونکہ ان کا مرکز حروراء نامی گاؤں تھا) نبی ﷺ کے زمانہ میں ہم عورتوں کو حیض آتا تھا تو وہ نماز قضاء کرنے کا حکم نہیں دی جاتی تھیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت عائشہؓ سے یہ مضمون کہ حائضہ پر نمازوں کی قضاء نہیں متعدد طرق سے مروی ہے۔ اور تمام علماء کا یہی قول ہے ان کے درمیان اس

میں کہ حائضہ پر صرف روزں کی قضاء ہے نمازوں کی قضا نہیں: کوئی اختلاف نہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فِی الجُنُبِ وَالحَائِضِ: أَنَّهُمَا لَایَقْرَآنِ الْقُرْآن

جنبی اور حائضہ قرآن کی تلاوت نہیں کر سکتے

جنبی، حائضہ اور نفاس والی عورت کے لئے قرآن کی کوئی مکمل آیت، یا اس کا کچھ حصہ ذکر و دعا اور تسبیح کے طور پر پڑھنا بالاجماع جائز ہے۔ اور تلاوت کے طور پر پڑھنے میں اختلاف ہے: (۱) امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تلاوت مطلقاً جائز نہیں (۲) امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً جائز ہے (۳) امام مالک رحمہ اللہ چند آیات کی تلاوت کو جائز کہتے ہیں (۴) اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مکمل آیت کی تلاوت تو جائز نہیں، البتہ بعض آیت کی تلاوت جائز ہے اور اصح قول یہ ہے کہ طرفِ کلمہ یعنی کلمہ کا کچھ حصہ پڑھ سکتے ہیں۔ پورا کلمہ نہیں پڑھ سکتے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''حائضہ اور جنبی قرآن میں سے کچھ بھی نہ پڑھیں''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اسماعیل بن عیاش کے استاذ موسیٰ بن عقبہ حجازی ہیں، اور اسماعیل کی جو حدیثیں شامی اساتذہ سے مروی ہیں ان کو تو محدثین نے تسلیم کیا ہے، مگر حجازی اور عراقی اساتذہ سے جو حدیثیں مروی ہیں ان کو محدثین نے معتبر قرار نہیں دیا۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث آگے آرہی ہے وہ بھی ضعیف ہے، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ان حدیثوں کو نہیں لیا اور فرمایا کہ جنبی، حائضہ اور نفاس والی عورت کے لئے مطلقاً قرآن کی تلاوت جائز ہے۔ کیونکہ ممانعت کی کوئی روایت ثابت نہیں، مگر ائمہ اربعہ کے نزدیک حضرت علی کی حدیث کا ضعف قابل برداشت ہے یعنی وہ معمولی ضعیف ہے۔ اور ابن عمر کی حدیث بھی قابل استدلال ہے کیونکہ مغیرۃ بن عبدالرحمٰن اور ابومعشر: اسماعیل کے متابع ہیں، اور مغیرۃ کی حدیث دارقطنی (۱:۱۱۷) میں ہے۔ غرض ائمہ اربعہ کے نزدیک دونوں حدیثیں قابل استدلال ہیں۔ پھر جمہور نے ذکر و تسبیح اور دعا کو مستثنیٰ کیا ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ نے قلیل آیات کو اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے طرفِ کلمہ کو مستثنیٰ کیا ہے۔ کیونکہ ان پر تلاوت کا اطلاق نہیں ہوتا۔

[۹۷-] باب ماجاء فی الجنب والحائض: أنهما لا یَقْرآنِ القرآنَ

[۱۳۲-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، والحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، قَالَا: نا إسماعیلُ بنُ عَیَّاشٍ، عن مُوسَی بنِ عُقْبَةَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: '' لَا تَقْرَأُ الحَائِضُ وَلَا الجُنُبُ شَیْئًا مِنَ الْقُرْآنِ''

وفى الباب: عن عليٍّ؛ قال أبوعيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ لاَ نَعْرِفُهُ إلاَّ مِن حَديثِ إسماعيلَ بنِ عَيَّاشٍ، عن مُوسَى بنِ عُقْبَةَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: لاَ يَقْرَأُ الْجُنُبُ وَلاَ الحَائِضُ.

وَهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَالتَّابعين وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِثْلُ: سُفيانَ الثَّوْرِيِّ، وابنِ المباركِ، والشَّافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ، قَالُوْا: لاَ تَقْرَأُ الْحَائِضُ وَلاَ الْجُنُبُ مِنَ الْقُرآنِ شَيْئًا، إِلاَّ طَرْفَ الآيَةِ وَالْحَرْفَ وَنَحْوَ ذٰلِكَ، وَرَخَّصُوْا لِلْجُنُبِ وَالحَائِضِ فِى التَّسْبِيْحِ وَالتَّهْلِيْلِ.

قال: وسمِعتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يَقولُ: إنَّ إسماعيلَ بنَ عَيَّاشٍ يَروِى عَن أهلِ الحِجَازِ وَأَهْلِ العِرَاقِ أَحَادِيْثَ مَناكِيْرَ، كَأَنَّهُ ضَعَّفَ رِوَايَتَهُ عَنهُمْ فِيْمَا يَتَفَرَّدُ بِه، وقَالَ: إِنَّمَا حَديثُ إسماعيلَ بنِ عَيَّاشٍ عن أهلِ الشَّامِ.

وقَالَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: إسماعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ أَصْلَحُ مِن بَقِيَّةَ، ولِبَقِيَّةَ أَحَادِيْثُ مَناكِيْرُ مِنَ الثِّقَاتِ؛ قال أبو عيسى: حَدَّثَنى بِذٰلِكَ أحمدُ بنُ الحَسَنِ، قَالَ سَمِعْتُ أحمدَ بنَ حَنبلٍ يَقولُ بِذٰلِكَ.

ترجمہ: جس حدیث میں یہ بات آئی ہے کہ جنبی اور حائضہ قرآن کی تلاوت نہ کریں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابن عمرؓ کی حدیث کو ہم صرف اسماعیل بن عیاش کی روایت سے جانتے ہیں، وہ موسیٰ بن عقبہ سے، وہ نافع سے، وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جنبی اور حائضہ قرآن کی تلاوت نہ کریں (مگر صحیح بات یہ ہے کہ اسماعیل اس حدیث کی روایت میں متفرد نہیں ہیں، بلکہ مغیرۃ اور ابو معشر متابع ہیں) اور صحابہ، تابعین اور بعد کے اکثر اہل علم جیسے: سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا یہ قول ہے، وہ کہتے ہیں: جنبی اور حائضہ قرآن کی تلاوت نہ کریں، ہاں طرفِ آیت، یا حرف یا اس کے مانند مستثنیٰ ہے اور انھوں نے جنبی اور حائضہ کو تسبیح وتہلیل کی اجازت دی ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اسماعیل بن عیاش: حجازی اور عراقی اساتذہ سے منکر یعنی نہایت ضعیف روایتیں بیان کرتے ہیں، گویا آپ نے اسماعیل کی ان حدیثوں کو ضعیف قرار دیا جو حجازی اور عراقی اساتذہ سے مروی ہیں اور جن کی روایت میں وہ متفرد ہیں۔ اور امام بخاریؒ نے فرمایا: اسماعیل کی شامی اساتذہ ہی سے حدیثیں معتبر ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: اسماعیل روایت میں بقیہ سے اچھے ہیں، اور بقیہ ثقہ راویوں سے منکر روایتیں بیان کرتا ہے (بقیہ کا تذکرہ باب ۷۰ میں گذر چکا ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ کو امام احمد کا یہ قول احمد بن الحسن کے واسطہ سے پہنچا ہے۔

تشریح: لاَ تَقْرَأُ: فعل مضارع منفی بھی ہوسکتا ہے اور فعل نہی بھی۔ اگر فعل مضارع منفی ہے تو ضمہ کے ساتھ ملائیں

گے، اور اگر فعل نہی پڑھیں تو مجزوم ہوگا۔ پھر جب آگے ملائیں گے تو کسرہ دیں گے۔ اور فعل نہی تو انشاء ہے اور فعل مضارع منفی کی صورت میں جملہ خبریہ ہوگا اور انشاء کو متضمن ہوگا کیونکہ اخبار انشاء کو متضمن ہوتے ہیں۔ جیسے حدیث: لا إيمان لمن لا أمانة له: خبر ہے اور انشاء کو متضمن ہے، یعنی اس میں امانت داری اختیار کرنے کا حکم ہے۔

بَابُ مَاجَاءَ فِی مُبَاشَرَةِ الحَائِضِ

حائضہ کو ساتھ لٹانے کا مسئلہ

بَشَرَة: کے معنی ہیں کھال۔ اور مباشرت باب مفاعلہ ہے، عربی میں اس کے معنی ہیں بدن کا بدن سے لگنا۔ اور اردو میں اس کے معنی ہیں صحبت کرنا۔ جیسے شہوت کے عربی معنی ہیں: دل میں گدگدی پیدا ہونا، میلان ہونا اور اردو معنی ہیں: عضو کا انتشار۔ ایسی جگہوں میں طلبہ کو خیال رکھنا چاہئے، اردو معنی ذہن میں نہ آجائیں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب مجھے حیض آتا تھا تو نبی ﷺ مجھے لنگی باندھنے کا حکم دیتے پھر آپ مجھے اپنے ساتھ لٹاتے تھے۔

تشریح: نبی ﷺ کا یہ عمل گاہ بگاہ کا تھا اور بیانِ جواز کے لئے تھا۔ ورنہ ازواج کا عام معمول یہ تھا کہ وہ ماہواری کے دنوں میں علحدہ لیٹتی تھیں۔ ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: كنتُ إذا حِضْتُ نزلتُ عن المِثَال(: السرير) على الحصير، فلم نَقْرَبْ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم، ولم نَدْنُ منه حتى نطهر: جب مجھے ماہواری آتی تھی تو میں چارپائی سے چٹائی پر اتر جاتی تھی، پس جب تک ہم پاک نہیں ہوتی تھیں نبی ﷺ سے نہ نزدیک ہوتی تھیں نہ قریب (جامع الاصول حدیث ۵۳۹۵) اور باب میں جو روایت ہے اس کی صورت یہ ہوتی تھی کہ رات میں میاں بیوی بغیر کپڑوں کے لیٹے ہیں اور بیوی کو ایام شروع ہوگئے تو نبی ﷺ حکم دیتے تھے کہ بیوی حیض کے زمانہ میں جو کپڑے باندھتی ہے وہ کپڑے اور لنگی باندھ لے (یا پائجامہ پہن لے) اور آپؐ کے ساتھ لیٹ جائے۔ نبی ﷺ کا یہ فعل بیانِ جواز کے لئے تھا، اور انبیاء جو کام اس مقصد کے لئے کرتے ہیں وہ ان کے حق میں مکروہ نہیں ہوتے بلکہ ان کے لئے ایسا کرنا ضروری ہوتا ہے۔ پس یہ سنت نہیں۔ پس لوگوں کو خاص طور پر نوجوانوں کو ایامِ حیض میں بیویوں سے علحدہ سونا چاہئے، تاکہ وہ گناہ میں مبتلا نہ ہوں۔

[۹۸-] باب ماجاء فی مباشرةِ الحائض

[۱۳۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثنا عَبدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن سُفيانَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ قالتْ: كَانَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا حِضْتُ يَأْمُرُنِیْ أَنْ أَتَّزِرَ، ثُمَّ

يُبَاشِرُنِيْ.

وفي الباب: عن أمِّ سلمةَ ومَيْمونةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَهُو قَولُ غَيْرِ واحِدٍ من أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ، وبه يَقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ بُندار ہیں۔ یہ محمد بن بشار کا لقب ہے۔ اور یہ لفظ شاید ''بنڈل'' کی عربی ہے۔ محمد بن بشار بہت بڑے محدث تھے ان کے علاقہ کے محدثین کی تمام حدیثیں ان کے پاس جمع تھیں، یعنی وہ حدیثوں کے اسٹاکسٹ تھے اس لئے ان کا یہ لقب مشہور ہو گیا تھا۔

بابُ مَاجَاءَ فِى مُوَاكَلَةِ الجُنُبِ وَالحَائِضِ وسُؤْرِهِمَا

جنبی اور حائضہ کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے اور ان کا بچا ہوا پاک ہے

جنبی اور حائضہ کو جو جنابت لاحق ہوتی ہے وہ حکمی نجاست ہے، حقیقی نہیں۔ اس لئے ان کے ساتھ کھانا پینا جائز ہے اور ان کا بچا ہوا بھی پاک ہے، البتہ اگر جنبی عورت مرد کی عدم موجودگی میں برتن میں ہاتھ ڈال کر غسل کرے تو بچا ہوا پانی مرد استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے جس کی تفصیل (باب ۴۶ و ۴۷) میں گذر چکی ہے۔

[۹۹-] باب ماجاء في مُؤَاكلةِ الجنب والحائض وسؤرهما

[۱۳۴-] حدثنا عَبَّاسُ العَنْبَرِيُّ، ومُحمدُ بنُ عَبدِ الاَعْلٰى، قالا: نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيًّ، نا مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، عن العَلَاءِ بنِ الحَارِثِ، عن حَرَامِ بنِ مُعَاوِيَةَ، عن عَمِّهِ عبدِ اللّٰهِ بنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ مُؤَاكَلَةِ الحَائِضِ، فَقَالَ: '' وَاكِلْهَا''

وفي الباب: عن عائشةَ وأنسٍ؛ قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ سَعْدٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وَهُوَ قَوْلُ عَامَّةِ أَهْلِ العِلْمِ: لَمْ يَرَوْا بِمُؤَاكَلَةِ الحَائِضِ بَأْسًا؛ وَاخْتَلَفُوْا فِيْ فَضْلِ وَضُوْءِهَا، فَرَخَّصَ فى ذٰلِكَ بَعْضُهُمْ وَكَرِهَ بَعْضُهُمْ فَضْلَ طَهُوْرِهَا.

ترجمہ: عبداللہ بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے حائضہ کے ساتھ کھانے کے بارے میں پوچھا آپؐ نے فرمایا: '' تو اس کو اپنے ساتھ کھلا'' امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ تمام علماء کا قول ہے وہ حائضہ کے ساتھ کھانے میں کچھ حرج نہیں سمجھتے۔ اور علماء نے جنبی عورت کے طہارت سے بچے ہوئے پانی میں اختلاف کیا ہے۔ بعض اس کو استعمال کرنے کی اجازت دیتے ہیں اور بعض منع کرتے ہیں (اور لفظ مؤاکلة: واو اور ہمزہ دونوں کے

ساتھ صحیح ہے، لیکن حدیث میں وَاکِلْھا آیا ہے۔ آکِلْھا نہیں آیا، اس لئے واو کے ساتھ بہتر ہے اور جنبی کا تذکرہ حدیث میں نہیں ہے اس کو حائضہ پر قیاس کریں گے)

بابُ مَاجَاءَ فی الحائِضِ تَتَنَاوَلُ الشَّیْئَ مِنَ الْمَسْجِدِ

حائضہ ہاتھ لمبا کر کے مسجد میں سے کوئی چیز لے سکتی ہے

جنبی اور حائضہ کے لئے مسجد میں داخل ہونا تو جائز نہیں، مگر وہ باہر رہ کر مسجد میں سے کوئی چیز لیں تو یہ جائز ہے، عرف میں یہ مسجد میں داخل ہونا نہیں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے مسجد کے اندر سے چھوٹی چٹائی اٹھا کر دینے کے لئے فرمایا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں حائضہ ہوں، آپ نے فرمایا: ’’تمہارا حیض تمہارے ہاتھ میں نہیں ہے‘‘ یعنی باہر رہ کر تم چٹائی اٹھا سکتی ہو۔

[۱۰۰-] باب ماجاء فی الحائض تتناول الشیئَ من المسجد

[۱۳۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عُبَیْدَةُ بنُ حُمَیْدٍ، عن الأَعْمَشِ، عن ثَابِتِ بنِ عُبَیْدٍ، عن القَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، قال: قالتْ عائشةُ: قَالَ لِی رسولُ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم:" نَاوِلِیْنِی الخُمرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ" قَالَتْ: قُلتُ: إِنِّی حَائِضٌ، قَالَ:" إِنَّ حَیْضَتَكِ لَیْسَتْ فِیْ یَدِكِ"

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ وأبی هُریرةَ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَهُوَ قَوْلُ عَامَّةِ أَهْلِ العِلْمِ لاَ نَعْلَمُ بَیْنَهُمْ اخْتِلاَفًا فی ذٰلِكَ: بِأَنْ لاَ بَأْسَ أَنْ تَتَنَاوَلَ الحَائِضُ شَیْئًا مِنَ الْمَسْجِدِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ مسئلہ اجماعی ہے اس بات میں کہ حائضہ مسجد میں سے کوئی چیز اٹھائے: کسی کا اختلاف نہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی کَرَاهِیَةِ إِتْیَانِ الْحَائِضِ

حائضہ سے صحبت کرنا حرام ہے

یہ مسئلہ بھی اجماعی ہے اور اس کی حرمت سورۃ البقرہ (آیت ۲۲۲) میں مصرّح ہے۔ اور باب میں کراہیت کے معنی حرمت کے ہیں۔ متقدمین یہ لفظ بمعنی حرمت استعمال کرتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جس نے حائضہ سے صحبت کی، یا بیوی کی پچھلی راہ میں اپنی ضرورت پوری کی یا

کاہن یعنی غیب کی باتیں بتانے والے کے پاس گیا اور اس سے غیب کی باتیں پوچھیں تو اس نے اس دین کا (عملی) انکار کر دیا جو محمد (ﷺ) پر اتارا گیا ہے"

تشریح: خوارج اور معتزلہ کے نزدیک مرتکب کبیرہ اسلام سے نکل جاتا ہے، پھر خوارج اس کو کافر کہتے ہیں اور معتزلہ کفر واسلام کے درمیان ایک منزلہ میں رکھتے ہیں اور اہل السنۃ کے نزدیک وہ اسلام سے نہیں نکلتا۔ باب کی حدیث سے خوارج ومعتزلہ استدلال کرتے ہیں اس لئے جمہور نے اس کے متعدد جواب دیئے ہیں۔ مثلاً:

(۱) یہ حدیث ضعیف ہے اس کو صرف حکیم اَثْرم روایت کرتا ہے جو اچھا راوی نہیں۔ اور ابوتمیمہ طریف بن مجالد کا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع معلوم نہیں۔ یہ بات امام بخاریؒ نے التاریخ الصغیر میں کہی ہے (تہذیب ۵:۱۳) اور ضعیف روایت سے عقائد کے باب میں استدلال درست نہیں۔

(۲) یہ تغلیظ ووعید کی حدیث ہے۔ اس میں ناقص کو کامل فرض کر کے گفتگو کی گئی ہے، زجر وتوبیخ کے وقت ایسا کیا جاتا ہے۔ اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حائضہ سے صحبت کرنے کی صورت میں صدقہ کا حکم دیا ہے، اگر یہ حقیقۃً کفر ہوتا تو تجدید ایمان کا حکم دیا جاتا، صدقہ کا حکم نہ دیا جاتا۔

(۳) حدیث میں کَفَرَ سے مراد کفر عملی ہے کفر اعتقادی نہیں، کفر اعتقادی ارتداد کا نام ہے اور کفر عملی کبیرہ گناہ ہوتا ہے جس سے توبہ لازم ہے۔

[۱۰۱-] باب ماجاء في كراهية إتيانِ الحائض

[۱۳۶-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، وَبَهْزُ بْنُ أَسَدٍ، قَالُوا: نا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عن حَكِيْمِ الْأَثْرَمِ، عن أبى تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَن أَتٰى حَائِضًا، أَوامْرَأَةً في دُبُرِهَا، أَو كَاهِنًا فَقَدْ كَفَرَ بِمَا أُنْزِلَ عَلَى مُحمدٍ"

قال أبو عيسى: لَانَعْرِفُ هٰذا الحديثَ إِلَّا مِن حَدِيْثِ حَكِيْمِ الْأَثْرَمِ، عن أبى تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عن أبى هريرةَ.

وإِنَّمَا مَعنَى هٰذا عند أهلِ العلمِ عَلَى التَّغْلِيْظِ، وقد رُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ أَتٰى حَائِضًا فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ" فَلَوْ كَانَ إِتْيَانُ الحَائِضِ كُفْرًا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ بِالْكَفَّارَةِ.

وَضَعَّفَ مُحمدٌ هٰذا الحديثَ مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ؛ وَأَبُوْ تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيُّ: اسْمُهُ طَرِيْفُ بْنُ مُجَالِدٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم اس حدیث کو حکیم اَثْرم کی سند ہی سے جانتے ہیں۔ اور علماء کے نزدیک اس حدیث کے معنی زجر وتوبیخ ہیں۔ کیونکہ نبی ﷺ سے یہ حدیث مروی ہے کہ ''جو شخص حائضہ سے صحبت کرے وہ ایک دینار خیرات کرے'' اگر حائضہ سے صحبت کرنا حقیقۃً کفر ہوتا تو اس کو صدقہ کا حکم نہ دیا جاتا، اور امام بخاریؒ نے اس حدیث کی تضعیف کی ہے سند کی جانب سے، اور ابوتمیمہ کا نام طریف بن مجالد ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الکَفَّارَۃِ فی ذٰلِكَ

حالتِ حیض میں صحبت کرنے کا کفارہ

حدیث (۱۳۷): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ ''جو شخص حائضہ بیوی سے صحبت کرے وہ نصف دینار صدقہ کرے'' —— اور حدیث (۱۳۸) میں ہے کہ ''اگر بیوی سے اس زمانہ میں صحبت کی ہے جب اُسے سرخ خون آرہا ہے تو ایک دینار صدقہ کرے، اور زرد خون آرہا ہے تو نصف دینار صدقہ کرے''

تشریح: امام احمد اور امام اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ کے نزدیک حائضہ بیوی سے صحبت کرنا حرام ہے اور توبہ کی قبولیت کے لئے صدقہ شرط ہے اس طرح جس طرح حدیث میں آیا ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں کہ باب کی دونوں حدیثیں ضعیف ہیں، ان سے شرطیت ثابت نہیں ہوسکتی، کیونکہ شرط کا درجہ فرض کا درجہ ہے۔ پہلی حدیث خصیف بن عبدالرحمٰن الجزری کی وجہ سے ضعیف ہے۔ یہ راوی صدوق مگر سئی الحفظ ہے اور حدیث میں غت ربود بھی کرتا ہے، نیز اس پر مرجئہ ہونے کا الزام بھی ہے (تقریب ص:۱۹۳) اور دوسری حدیث عبدالکریم بن ابی المخارق کی وجہ سے ضعیف ہے۔ ابن عیینہ، ابن مہدی، یحیی قطان، امام احمد، ابن عدی اور ایوب سختیانی رحمہم اللہ نے اس پر جرح کی ہے (تہذیب ۶:۳۷۶) البتہ جمہور کے نزدیک صدقہ مستحب ہے اگر حیض کے ابتدائی ایام میں صحبت کی ہے تو ایک دینار اور آخری ایام میں صحبت کی ہے تو نصف دینار صدقہ کرنا چاہئے۔ استحباب کے ثبوت کے لئے ضعیف حدیث بھی کافی ہے۔

کفارہ کی حکمت: کفارہ زاجر (جھڑکنے والا) ہوتا ہے۔ آئندہ گناہ سے بچاتا ہے نیز توبہ میں بھی معاون ہوتا ہے، کیونکہ صدقہ: اللہ کی ناراضگی کو ہلکا کرتا ہے، پس اگر کسی سے یہ گناہ ہوجائے تو اس کو صدقہ کرکے توبہ کرنی چاہئے ان شاءاللہ اس کا گناہ معاف ہوجائے گا۔

[۱۰۲-] باب ماجاء فی الکفارة فی ذلك

[۱۳۷-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِیْكٌ، عن خُصَیْفٍ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عباسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الرَّجُلِ یَقَعُ عَلَی امْرَأَتِهِ وِهِیَ حَائِضٌ، قَالَ: '' یَتَصَدَّقُ

بِنِصْفِ دِيْنَارٍ‘‘

[۱۳۸-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نا الفَضْلُ بنُ مُوسَى، عن أبی حَمْزَةَ السُّكَّرِیِّ، عن عَبدِ الْكَرِيْمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عباسٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:” إِذَا كَانَ دَمًا أَحْمَرَ فَدِيْنَارٌ، وَإِنْ كَانَ دَمًا أَصْفَرَ فَنِصْفُ دِيْنَارٍ“

قال أبو عيسى: حديثُ الكَفَّارَةِ فِیْ إِتْيَانِ الْحَائِضِ قَدْ رُوِیَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ مَوْقُوْفًا ومَرْفُوْعًا، وهُوَ قَولُ بَعْضِ أهلِ العلمِ، وبه يَقُوْلُ أحمدُ وإسحاقُ.

وَقَالَ ابنُ المباركَ: يَسْتَغْفِرُ رَبَّهُ، وَلاَ كَفَّارَةَ عَلَيْهِ، وقَد رُوِیَ مِثْلُ قَوْلِ ابنِ المباركِ عن بعضِ التابعينَ، مِنهم: سعيدُ بنُ جُبَيْرٍ، وإبراهيمُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث مرفوع اور موقوف دونوں طرح مروی ہے۔ اور بعض علماء کا یہی قول ہے۔ اسی کے احمد اور اسحاق قائل ہیں (یعنی ان کے نزدیک کفارہ واجب ہے) اور ابن المبارک فرماتے ہیں: اس پر توبہ ضروری ہے کفارہ ضروری نہیں۔ اور بعض تابعین کا قول ابن المبارک کے قول کے مانند ہے ان میں سے سعید بن جبیر اور ابراہیم نخعی ہیں۔

باب ماجاء فی غَسل دم الحیض من الثوب

حیض سے کپڑا پاک کرنے کا طریقہ

حدیث: حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے پوچھا: اگر کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ”پہلے کپڑے کو رگڑ دو، پھر بھگو کر انگلیوں سے ملو پھر اس پر پانی ڈالو، پھر اس میں نماز پڑھو“

تشریح: یہ حدیث بخاری میں بھی ہے (حدیث ۳۰۷ باب غسل المحیض) اس میں لفظ نَضح ہے اور یہاں رَشّ۔ دونوں کے معنی پانی ریڑھنا ہیں، معلوم ہوا کہ ان دونوں لفظوں کا استعمال دھونے کے معنی میں بھی عام ہے۔ لڑکے کے پیشاب میں بھی یہی الفاظ استعمال کئے گئے ہیں اس لئے حنفیہ نے وہاں بھی غَسل کے معنی لئے ہیں۔ اور حَتّ کے معنی ہیں: رگڑنا، کھرچنا اور قرص کے معنی ہیں: انگلیوں کے سروں سے ملنا۔ حدیث کا حاصل یہ ہے کہ کپڑے پر حیض کا خون لگ جائے تو خوب اہتمام سے اس کو دھو ڈالو، کپڑا پاک ہو جائے گا۔

امام ترمذی نے اس باب میں یہ مسئلہ بھی بیان کیا ہے کہ اگر نمازی کے بدن پر یا کپڑے پر ناپاکی لگی ہوئی ہو اور اس حال میں نماز پڑھ لی جائے تو اس کی کتنی مقدار معاف ہے؟ تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر نمازی کو نجاست کا علم ہے تو

اُسے نجاست دور کر کے نماز پڑھنی چاہئے۔ اور اگر علم نہیں تھا یا کسی مجبوری میں اس حال میں نماز پڑھ لی گئی تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ذرا بھی نجاست معاف نہیں، نماز کا اعادہ واجب ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام شافعیؒ نے مسئلہ میں بہت سختی برتی ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کا قول یہ ہے کہ خواہ کتنی ہی ناپاکی ہو معاف ہے نماز کا اعادہ ضروری نہیں —— مگر امام ترمذیؒ نے امام احمد کا مذہب صحیح بیان نہیں کیا۔ ان کے مذہب میں تفصیل ہے کہ اگر آدمی نے نماز کے بعد کپڑے پر یا بدن پر ناپاکی دیکھی اور وہ یقین سے نہیں جانتا کہ نماز پڑھتے وقت اس کے کپڑے پر یا بدن پر ناپاکی تھی تو اس کی نماز ہوگئی، خواہ ناپاکی تھوڑی ہو یا زیادہ۔ اور اگر یقین ہے کہ نماز ناپاکی کے ساتھ پڑھی گئی ہے تو قلیل نجاست معاف ہے کثیر معاف نہیں، اور قلیل وکثیر کی مقدار میں ان کے یہاں متعدد اقوال ہیں: (۱) ہتھیلی کے بقدر قلیل ہے اس سے زیادہ کثیر (۲) بالشت بھر کثیر ہے اس سے کم قلیل۔ (۳) اس کی تعیین رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دی گئی ہے —— اور حنفیہ کے نزدیک درہم سے کم معاف ہے یعنی نماز بلا کراہیت درست ہے اور اگر ناپاکی ٹھیک درہم کے بقدر تھی اور نماز پڑھی تو کراہیت تحریمی کے ساتھ نماز درست ہوگئی۔ وقت کے اندر اس نماز کا اعادہ واجب ہے اور وقت گذر جانے کے بعد اعادہ مستحب ہے۔ اور اگر نجاست درہم سے زیادہ تھی تو نماز نہیں ہوئی، اس کا اعادہ واجب ہے۔

یہ مسئلہ اجتہادی ہے، اس بارے میں کوئی نص نہیں ہے۔ اور قدر درہم والی حدیث موضوع ہے (کشف الخفاء حدیث ۱۳۳۰) اور حنفیہ نے یہ مسئلہ محلّ استنجاء سے لیا ہے، پتھر سے استنجاء کرنے کی صورت میں ناپاکی مقعد پر باقی رہ جاتی ہے اور وہ معاف ہے اور مقعد درہم کے بقدر ہے، لہٰذا وہ ناپاکی جو درہم کے بقدر یا اس سے کم ہو معاف ہے۔

(البحر الرائق ۱: ۲۲۸)

[۱۰۳-] باب ماجاء فی غَسلِ دمِ الحیض من الثوب

[۱۳۹-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ، عن ہِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عن أسماءَ ابْنَةِ أبی بَکْرٍ الصَّدیقِ، أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتِ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الثَّوْبِ یُصِیْبُہُ الدَّمُ مِنَ الْحَیْضَةِ؟ فَقَالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ”حُتِّیْہِ، ثُمَّ اقْرُصِیْہِ بِالْمَاءِ، ثُمَّ رُشِّیْہِ وَصَلِّیْ فِیْہِ“

وفی الباب: عن أبی ہُریرةَ، وَأُمِّ قَیْسٍ بِنتِ مِحْصَنٍ؛ قال أبو عیسی: حَدیثُ أسماءَ فی غَسْلِ الدَّمِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَدِ اخْتَلَفَ أھلُ العِلْمِ فی الدَّمِ یَکُوْنُ عَلَی الثَّوْبِ، فَیُصَلِّیْ فِیْہِ قَبْلَ أَنْ یَغْسِلَہُ: فَقَالَ بَعْضُ أھلِ

العِلْمِ مِنَ التابعينَ: إِذَا كَانَ الدَّمُ مِقْدَارَ الدِّرْهَمِ فَلَمْ يَغْسِلْهُ وَصَلَّى فِيْهِ أَعَادَ الصَّلَاةَ.

وقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا كَانَ الدَّمُ أَكْثَرَ مِنْ قَدْرِ الدِّرْهَمِ أَعَادَ الصَّلَاةَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفيانَ الثوريِّ وابنِ المبارَكِ.

وَلَمْ يُوْجِبْ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنَ التابعينَ وغَيْرِهِمْ عَلَيْهِ الإِعَادَةَ، وإِنْ كَانَ أَكْثَرَ مِنْ قَدْرِ الدِّرْهَمِ وبه يَقُوْلُ أحمدُ وإسحاقُ.

وقال الشافعيُّ: يَجِبُ عَلَيْهِ الغَسْلُ وإِنْ كَانَ أَقَلَّ مِن قَدْرِ الدرهمِ، وشَدَّدَ فِي ذٰلِكَ.

ترجمہ: علماء نے اس خون میں جو کپڑے پر لگا ہوا ہو اور جس کو دھوئے بغیر نماز پڑھ لی گئی ہو اختلاف کیا ہے: بعض تابعین کی رائے یہ ہے کہ اگر خون درہم کے بقدر ہو اور اس کو نہیں دھویا اور نماز پڑھی تو اس کا اعادہ ضروری ہے، اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اگر درہم کی مقدار سے زیادہ ہو تو نماز کا اعادہ ہے اور یہ سفیان ثوری اور ابن المبارک رحمہما اللہ کا قول ہے۔ اور تابعین اور ان کے بعد کے علماء میں سے بعض اعادۃ کو واجب نہیں کہتے، خواہ وہ درہم کی مقدار سے زیادہ ہو، اور یہی احمد واسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ خون کو دھونا ضروری ہے اگرچہ وہ درہم کی مقدار سے کم ہو اور انھوں نے اس مسئلہ میں سختی کی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِيْ كَمْ تَمْكُثُ النُّفَسَاءُ؟

نفاس کی مدت کتنی ہے؟

نفاس کی اقل مدت بالاجماع متعین نہیں، خون ایک ہی بار آ کر رک جائے یہ بھی ممکن ہے اور بالکل نہ آئے ایسا بھی ہوسکتا ہے۔ البتہ زچہ پر غسل واجب ہے، کیونکہ بچہ کے ساتھ کچھ نہ کچھ خون لگ کر آتا ہی ہے اور وہ نفاس کا خون ہے۔ اور اکثر مدتِ نفاس میں اختلاف ہے: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اکثر مدت ساٹھ دن ہے۔ یہ قول حضرت عطاء بن ابی رباح کا ہے اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کے نزدیک پچاس دن ہے۔ اور جمہور کے نزدیک چالیس دن۔ باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں نفاس والی عورتیں چالیس دن تک بیٹھی رہتی تھیں، یعنی نماز روزے سے رکی رہتی تھیں، اور چہرے کی جھریوں کو صاف کرنے کے لئے وَرْس نامی گھاس کا لیپ کرتی تھیں۔

یہ حدیث اگرچہ غریب ہے کیونکہ اس کو تنہا ابوسَہل روایت کرتے ہیں۔ مگر حدیث فی نفسہ ٹھیک ہے اور مُسّۃ ازدیہ کی جہالت سے حدیث کی صحت متأثر نہیں ہوتی۔ کیونکہ صحابہ سے روایت کرنے والے تابعین کے پہلے طبقہ کے

احوال اگر پردۂ خفا میں ہوں تو اس سے قطع نظر کی جاتی ہے۔ کیونکہ اس زمانہ میں راویوں کا ریکارڈ تیار کرنے کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا۔ البتہ اگر اس طبقہ کے کسی راوی کا ضعیف ہونا مصرح ہو تو اس کا اعتبار کیا جائے گا۔ جیسے حارث اعور وغیرہ ضعیف ہیں۔

مسئلہ: نفاس چالیس دن آنا ضروری نہیں، عورت اس سے پہلے بھی پاک ہوسکتی ہے بلکہ اکثر عورتیں ۲۰ اور ۳۰ دن کے درمیان پاک ہوجاتی ہیں۔ اور اگر خون چالیس دن سے بڑھ جائے تو وہ استحاضہ ہے۔

[١٠٤-] باب ماجاء فی کم تمکث النفساء؟

[١٤٠-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا شُجَاعُ بنُ الوَلِيْدِ أَبُو بَدْرٍ، عن عَلِيِ بنِ عبدِ الأعْلٰى، عن أبى سَهْلٍ، عن مُسَّةَ الأَزْدِيَّةِ، عن أم سلمةَ قَالتْ: كَانَتِ النُّفَسَاءُ تَجْلِسُ عَلَى عَهْدِ رسول الله صلى الله عليه وسلم أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، وَكُنَّا نُطْلِيْ وُجُوْهَنَا بِالْوَرْسِ مِنَ الكَلَفِ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حَدِيثِ أبى سَهْلٍ، عن مُسَّةَ الأَزْدِيَّةِ، عن أم سَلَمَةَ؛ واسمُ أبى سَهْلٍ كثيرُ بنُ زِيَادٍ. قال محمد بن إسماعيل: على بن عبد الأعلى ثقةٌ، وأبو سهل ثقةٌ، ولم يَعرف محمدٌ هذا الحديث إلا من حديث أبى سهل.

وقَد أَجْمَعَ أهلُ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَن بعدَهم: عَلَى أَنَّ النُّفَسَاءَ تَدَعُ الصَّلاَةَ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، إِلَّا أَنْ تَرَى الطُّهْرَ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَإِنَّهَا تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيْ.

فَإِذَا رَأَتِ الدَّمَ بَعدَ الأَرْبَعِيْنَ: فَإِنَّ أَكْثَرَ أهلِ العلمِ قَالُوْا: لاَتَدَعُ الصَّلاَةَ بَعدَ الأَرْبَعِيْنَ، وَهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ الفُقَهَاءِ، وبه يَقولُ سُفيانُ الثوريُّ وابنُ المبارَكِ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ويُروَى عن الحَسَنِ البَصْرِيِّ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّهَا تَدَعُ الصَّلاَةَ خَمْسِيْنَ يَوْمًا إِذَا لَمْ تَطْهُرْ.

ويُرْوَى عن عَطَاءِ بنِ أبى رَبَاحٍ والشَّعْبِيِّ سِتِّيْنَ يَوْمًا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کے راوی تنہا ابوسہل ہیں، وہ مسّہ ازدیہ سے اور وہ ام سلمہ سے روایت کرتی ہیں، اور ابوسہل کا نام کثیر بن زیاد ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: علی بن عبدالاعلی اور ابوسہل دونوں ثقہ ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ بھی اس حدیث کو ابوسہل کی سند ہی سے جانتے ہیں۔ اور صحابہ وتابعین اور بعد کے علماء کا اتفاق ہے کہ نفاس والی عورت چالیس دن تک نماز روزہ چھوڑے رہے گی مگر یہ کہ وہ اس سے پہلے پاکی دیکھے، ایسی صورت میں وہ غسل کر کے نماز شروع کردے گی۔ اور اگر وہ چالیس دن کے بعد بھی خون دیکھے تو اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ وہ اب نماز ترک نہ کرے (کیونکہ یہ استحاضہ کا خون ہے) اور ثوری، ابن المبارک، شافعی احمد اور

اسحاق رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں (یہ امام شافعی کا قول قدیم ہے) اور حسن بصری رحمہ اللہ سے یہ بات مروی ہے کہ وہ پچاس دن تک نماز ترک کرے جبکہ وہ پاکی نہ دیکھے، اور عطاء بن ابی رباح اور شعبی ساٹھ دن کہتے ہیں (امام شافعیؒ کا قول جدید یہی ہے)

بابٌ فی الرَّجُلِ یَطُوْفُ عَلَی نِسَائِهِ بِغُسْلٍ وَاحِدٍ

آدمی ایک یا چند بیویوں سے ایک ہی غسل میں صحبت کرسکتا ہے

آدمی اپنی بیوی سے دوسری بار صحبت کرنا چاہے یا دوسری بیوی سے صحبت کرنا چاہے تو فضیلت کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ غسل کر کے صحبت کرے، اور فضیلت کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ شرمگاہ دھولے اور نماز والی وضوء کر کے صحبت کرے۔ اور فضیلت کا آخری درجہ یہ ہے کہ عضو اور ہاتھ منہ دھولے پھر صحبت کرے۔ اور بالکل پانی کو چھوئے بغیر صحبت کرے تو یہ بھی جائز ہے۔ اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔ نبی ﷺ سے دونوں باتیں ثابت ہیں، حجۃ الوداع میں احرام باندھنے سے پہلے آپؐ نے تمام ازواج سے صحبت فرمائی ہے اور آخر میں ایک غسل کیا ہے۔ اسی طرح جب احرام کھولا تو بھی یہی عمل کیا ہے۔ (احرام باندھنے سے پہلے اور احرام کھولنے کے بعد مرد اور عورت دونوں کے لئے صحبت کرنا مسنون ہے) کیونکہ یہ سفر کا موقع تھا اس لئے آخر میں ایک غسل فرمایا ہے اس سے مسئلہ واضح ہوگیا۔

اور جب ایسا واقعہ مدینہ میں پیش آیا ہے تو آپؐ نے ہر صحبت کے بعد غسل فرمایا ہے۔ جب آپ لمبے سفر سے لوٹتے تھے تو فوراً باری شروع نہیں فرماتے تھے بلکہ پہلی رات باری سے مستثنیٰ رکھتے تھے اور سب ازواج کے پاس تشریف لے جاتے تھے کیونکہ لمبے سفر سے لوٹنے کی صورت میں جس طرح مرد کی خواہش ہوتی ہے کہ بیوی سے ملے، بیوی کی بھی خواہش ہوتی ہے کہ شوہر اس سے ملے۔ غرض حالت حضر میں ہر صحبت کے بعد غسل فرمایا ہے۔ کسی نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ایسا کرنا ضروری ہے؟ آپ نے فرمایا: هذا أزکی وأطهر وأطیب یعنی ایسا کرنا ضروری نہیں، البتہ اس میں ستھرائی پاکیزگی اور صفائی زیادہ ہے (طحاوی ۱:۹۸)

[۱۰۵-] باب فی الرجل یطوف علی نسائه بغسل واحد

[۱۴۱-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا أبو أحمدَ، نا سُفیانُ، عن مَعْمَرٍ، عن قَتَادَةَ، عن أَنَسٍ أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ یَطُوْفُ عَلَی نِسَائِهِ فِیْ غُسْلٍ وَاحِدٍ.

وفی الباب: عن أبی رافعٍ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ صحیحٌ.

وَهُوَ قَوْلُ غَیْرِ وَاحِدٍ مِن أَهْلِ العِلْمِ مِنْهُمُ الْحَسَنُ البَصْرِیُّ: أَنْ لَّا بَأْسَ أَنْ یَعُوْدَ قَبْلَ أَنْ یَتَوَضَّأَ.

وقَدْ رَوَى مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ هٰذا عن سُفيانَ، فَقَالَ عن أبى عُرْوَةَ، عن أبى الخَطَّابِ، عن أنسٍ؛ وأبو عُرْوَةَ: هو مَعْمَرُ بنُ رَاشِدٍ، وأبُو الخَطَّابِ: قَتَادَةُ بنُ دِعَامَةَ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی تمام بیویوں کے پاس ایک غسل میں گھومتے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے (حسنٌ رہ گیا ہے مصری نسخہ میں ہے) اور بہت سے علماء جن میں حسن بصری بھی ہیں اسی کے قائل ہیں کہ شرمگاہ دھوئے بغیر دوبارہ صحبت کرنے میں کوئی حرج نہیں —— یہ حدیث سفیان ثوری رحمہ اللہ سے محمد بن یوسف رحمہ اللہ نے بھی روایت کی ہے اور وہ معمر اور قتادہ کے نام کے بجائے ان کی کنیتیں ذکر کرتے ہیں۔

بابُ مَاجَاءَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعُوْدَ تَوَضَّأَ

وضوء کرنے کے بعد دوسری مرتبہ صحبت کرنا بہتر ہے

عورت کے جسم میں ناپاک عضو داخل کرنا جائز ہے، لہٰذا شرمگاہ دھوئے بغیر دوسری مرتبہ صحبت کرنا جائز ہے، پہلی بیوی سے بھی اور دوسری بیوی سے بھی، مگر افضل طریقہ یہ ہے کہ دوسری مرتبہ صحبت کرنے سے پہلے کم از کم شرمگاہ کو دھوڈالے اور وضوء کرلے، اس میں پاکیزگی زیادہ ہے اور نشاط بھی ہے۔

[۱۰۶-] باب ماجاء إذا أراد أن يعود توضأ

[۱۴۲-] حدثنا هَنَّادٌ،نا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عن عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عن أبى المُتَوَكِّلِ، عن أبى سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ أَهْلَهُ ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يَعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّأْ بَيْنَهُمَا وُضُوْءًا"

وفى الباب: عن عُمَرَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ أبى سعيدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهُوَ قَوْلُ عُمَرَ بنِ الخطَّابِ، وقَالَ به غَيْرُ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ قَالُوا: إِذَا جَامَعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يَعُوْدَ فَلْيَتَوَضَّأْ قَبْلَ أَنْ يَعُوْدَ.

وَأَبُوْ المُتوَكِّلِ: اِسْمُهُ عَلِيُّ بنُ دَاوُدَ، وأبو سعيدٍ الخدرىِّ: اسْمُه سَعْدُ بنُ مَالِكِ بنِ سِنَانٍ.

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے صحبت کرے پھر دوبارہ صحبت کرنا چاہے تو دونوں صحبتوں کے درمیان وضوء کرلے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی بات بہت سے علماء نے کہی ہے کہ اپنی بیوی سے

صحبت کرنے کے بعد دوسری مرتبہ صحبت کرنے سے پہلے کم از کم وضوء کرلے۔

بابُ مَاجاءَ إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ وَوَجَدَ أَحَدُكُمْ الخَلاَءَ فَلْيَبْدَأْ بِالْخَلاَءِ

نماز کھڑی ہونے کے بعد استنجے کا تقاضا ہوجائے تو پہلے فارغ ہولے پھر نماز پڑھے

حدیث: حضرت عبداللہ بن الارقم رضی اللہ عنہ ایک مسجد میں امام تھے، ایک مرتبہ جب نماز کے لئے تکبیر کہی گئی تو انھوں نے ایک شخص کا ہاتھ پکڑ کر آگے کیا اور حدیث سنائی کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جب تکبیر کہہ دی جائے اور کسی کو استنجے کا تقاضہ ہوجائے تو وہ پہلے استنجے سے فارغ ہولے، پھر نماز پڑھے'' یہ حدیث سنا کر آپ بیت الخلاء تشریف لے گئے۔

تشریح

۱- بڑی عمر میں ایسی نوبت آتی ہے کہ پہلے سے چھوٹے یا بڑے استنجے کا کوئی تقاضا نہیں ہوتا، اچانک تقاضا ہوجاتا ہے اور اتنا شدید ہوجاتا ہے کہ برداشت نہیں کیا جاسکتا، ایسی صورت میں نماز شروع ہونے کے بعد بھی استنجے کے لئے چلا جائے، امام اور مقتدی: سب کے لئے یہی حکم ہے، بلکہ اگر دورانِ نماز یہ صورت پیش آئے تو نماز توڑ کر چلا جائے۔ نماز توڑنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس حال میں ہو اسی حال میں سلام پھیر دے، نماز ختم ہوجائے گی۔

۲- مگر یہ حکم استنجے کے شدید تقاضے کی صورت میں ہے۔ چھوٹے یا بڑے استنجے کے شدید تقاضے کے ساتھ نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ کیونکہ اس حال میں نماز پڑھے گا تو دل برابر استنجے کی طرف متوجہ رہے گا۔ نماز کی طرف دھیان نہیں رہے گا۔ اور نماز کو استنجا بنانا ٹھیک نہیں۔ اور نماز چھوڑ کر استنجے کے لئے چلا جائے گا تو خیال برابر نماز کی طرف لگا رہے گا یہ اچھی بات ہے۔ البتہ اگر تقاضا سخت نہ ہو تو اس حال میں نماز پڑھنا درست ہے۔ کیونکہ کچھ نہ کچھ تقاضا تو ہر وقت رہتا ہی ہے۔ اور سخت اور ہلکے تقاضے کے درمیان فرق یہ ہے کہ ذہن تقاضے سے ہٹ جائے تو ہلکا تقاضا ہے۔ اور مسلسل ذہن اس کی طرف متوجہ رہے تو سخت تقاضا ہے۔

اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ نماز کامل سکون واطمینان کی حالت میں پڑھنی چاہئے، شدید بھوک لگی ہو اور کھانا سامنے ہو یا سخت استنجے کا تقاضا ہو، ایسی بے اطمینانی کی حالت میں نماز پڑھنا مناسب نہیں۔ اس حالت میں نماز پڑھنے سے مقصد ہی فوت ہوجائے گا۔

[۱۰۷-] باب ماجاء إذا أقيمت الصلاة ووجد أحدكم الخلاءَ فَلْيَبْدَأْ بالخلاء

[۱۴۳-] حدثنا هناد، نا أبو معاوية، عن هِشامِ بنِ عَرْوَةَ، عن أبيه، عن عَبدِ اللّٰهِ بنِ الأَرْقَمِ قَالَ:

أُقِیْمَتِ الصلاةُ، فأخذ بیدِ رجلٍ فَقَدَّمَهُ، وکان إمامَ القومِ، وقال: سمعت رسولَ الله صلی الله علیه وسلم یقول: ” إِذَا أُقِیْمَتِ الصلاةُ وَوَجَدَ أَحَدُکُمْ الخلاءَ فَلْیَبْدَأْ بالخلاء“

وفی الباب: عن عائشة وأبی هریرة، وثوبان وأبی أمامة؛ قال أبو عیسی: حدیث عبد الله بن الأرقم حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

هکذا روی مالك بن أنس ویحیی بن سعید القطان وغیر واحد من الحفاظ عن هشام بن عروة عن أبیه عن عبد الله بن الأرقم؛ وروی وُهیب وغیره عن هشام بن عروة عن أبیه، عن رجل، عن عبد الله بن الأرقم.

وهوقولُ غیرِ واحدٍ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم والتابعینَ؛ وبه یقولُ أحمد إسحاق، قالا: لایقوم إلی الصلاة وهو یَجِدُ شَیْئًا من الغائط والبول؛ قالا: إن دخل فی الصلاة فوجد شیئًا من ذلك، فلا یَنْصَرِفُ مالم یَشْغَلْهُ.

وقال بعض أهل العلم: لا بأس أن یصلی وبه غائطٌ أو بولٌ مالم یَشْغَلْهُ ذلك عن الصلاة.

وضاحت: عبداللہ بن ارقم کی حدیث کو ہشام سے ان کے متعدد تلامذہ روایت کرتے ہیں۔ پھر امام مالک، یحییٰ قطان وغیرہ: عروۃ اور عبداللہ کے درمیان واسطہ ذکر نہیں کرتے، اور وہیب مجہول آدمی کا واسطہ بڑھاتے ہیں۔

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام احمد واسحاق رحمہما اللہ نے فرمایا ہے کہ اگر چھوٹے یا بڑے استنجے کا ذرا بھی تقاضا ہو تو نماز کے لئے کھڑا نہ ہو، اور اگر نماز شروع کردے تو شدید تقاضہ ہی پر نماز ختم کرے، اور بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اگر پیشاب یا پاخانہ کا ہلکا تقاضہ ہو تو نماز شروع کرنے میں کوئی حرج نہیں، ہاں شدید تقاضہ کے وقت مکروہ ہے۔

بابٌ فی الوُضُوْءِ مِنَ المَوْطِئِ

ناپاک زمین پر چلنے سے وضوء نہیں ٹوٹتی

وَطِئَ یَطَؤُ وَطْئًا (باب سمع) کے معنی ہیں پیروں سے روندنا، اور المَوْطَأ اور المَوْطِئُ ظرف مکان: روندنے کی جگہ، قدم رکھنے کی جگہ، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ ننگے پاؤں ناپاک جگہ پر چلنے سے نہ تو وضوء ٹوٹتی ہے نہ پیر ناپاک ہوتے ہیں جبکہ پیر خشک ہوں، اور ناپاکی بھی خشک ہو۔ کیونکہ ناپاک جگہ پر چلنے کی وجہ سے ناپاکی کے جو ذرات پاؤں میں لگیں گے وہ پاک جگہ پر چلنے سے خود بخود جھڑ جائیں گے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگ نبی

ﷺ کے زمانہ میں گھر سے وضوء کر کے مسجد نبوی میں آتے تھے (اور اس زمانہ میں عموماً لوگ ننگے پاؤں چلتے تھے، چپل یا خفین پہن کر چلنے کا رواج نہیں تھا صرف بڑے لوگوں کو چپل میسر تھے۔ اور زمین ناپاک بھی ہوتی تھی) مگر لوگ مسجد میں آکر نہ تو دوبارہ وضوء کرتے تھے اور نہ پاؤں دھوتے تھے۔

حدیث: ایک ام ولد نے حضرت ام سلمہ سے پوچھا کہ میں لمبا کرتا پہنتی ہوں اور چلتے وقت دامن زمین پر لگتا ہے اور زمین ناپاک بھی ہوتی ہے تو کیا حکم ہے؟ حضرت ام سلمہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''بعد والی زمین اس کو پاک کردے گی'' یعنی ناپاک زمین پر کپڑے کے لگنے سے جو ناپاکی کے ذرات لگیں گے بعد میں جب خشک زمین پر کپڑا لگے گا تو وہ ذرّات جھڑ جائیں گے۔ اور کپڑا پاک ہوجائے گا۔ یہی حکم پیروں کا بھی ہے۔

مسئلہ: اگر ناپاکی گیلی ہو اور اس پر چلے تو پیر ناپاک ہوجائیں گے، ان کو دھو ڈالے وضوء باقی ہے۔ اور اگر ناپاک جگہ خشک ہو اور پیر گیلے ہوں تو دیکھا جائے: اگر ناپاکی کا اثر پیروں پر آگیا ہے تو پیر ناپاک ہوگئے، ورنہ نہیں۔ جیسے کوئی وضوء کر کے ایسے فرش پر چلے جو گوبر سے لیپا ہوا ہو تو اگر جلدی جلدی چلا ہے تو ناپاکی کا اثر پیروں پر نہیں آئے گا۔ اور آہستہ چلا ہے یا اس پر کھڑا رہا ہے تو پیروں کی تری سے جگہ بھیگ کر ناپاکی کا اثر پیروں پر آجائے گا، ایسی صورت میں پیر دھونے ضروری ہیں۔

[۱۰۸-] باب ماجاء فی الوضوء من المَوْطِئِ

[۱٤٤-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نامالِكُ بنُ أَنَسٍ، عن مُحمدِ بنِ عُمَارَةَ، عن مُحمدِ بنِ إبراهیمَ، عن أُمِّ وَلَدٍ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَوْفٍ، قالتْ: قلتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: إِنِّی امْرَأَةٌ أُطِیْلُ ذَیْلِیْ، وَأَمْشِیْ فِی المَكَانِ القَذِرِ؟ فقالتْ: قَالَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: ''یُطَهِّرُهُ مَا بَعْدَهُ''

وَرَوَی عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ هٰذا الحدیثَ عن مالكِ بنِ أنسٍ، عن مُحمدِ بنِ عُمَارَةَ، عن مُحمدِ بنِ إبراهیمَ، عن أُمِّ وَلَدٍ لِهُوْدِ بنِ عَبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، وَهُوَ وَهْمٌ؛ وإِنَّما هُوَ عَنْ أُمِّ وَلَدٍ لإِبْرَاهِیْمَ بنِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، عن أُمَّ سَلَمَةَ، وَهٰذَا الصَّحِیْحُ.

وفی الباب: عن عبدِ الله بنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَ رسولِ الله صلی الله علیه وسلم وَلاَ نَتَوَضَّأُ مِنَ المَوْطِئِ.

قال أبو عیسی: وهو قَوْلُ غَیْرِ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ قَالُوْا: إِذَا وَطِئَ الرَّجُلُ عَلَی المَكَانِ القَذِرِ: أَنَّهُ لاَیَجِبُ عَلَیْهِ غَسْلُ القَدَمِ، إِلاَّ أَنْ یَّكُوْنَ رَطْبًا، فَیَغْسِلَ مَا أَصَابَهُ.

وضاحت: حدیث (۱۴۴) کو ابن المبارک رحمہ اللہ نے امام مالک رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے وہ عن أم ولد

لهود بن عبد الرحمن بن عوف کہتے ہیں۔ یہ وہم ہے۔سوال کرنے والی عورت حضرت عبدالرحمٰن کے صاحبزادے ابراہیم کی ام ولد تھیں، یہی صحیح ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بہت سے علماء یہی بات کہتے ہیں کہ جب آدمی ناپاک جگہ پر چلے تو اس پر پاؤں دھونے ضروری نہیں، مگر یہ کہ وہ جگہ گیلی ہو، پس جو ناپا کی لگے اس کو دھوڈالے۔

باب ماجاء فی التیمم

تیمّم کا طریقہ

مذاہب فقہاء: تیمّم میں ہاتھ زمین پر ایک مرتبہ مارے جائیں یا دو مرتبہ؟ اور ہاتھوں پر مسح کہنیوں تک ضروری ہے یا گٹوں تک؟ اس میں اختلاف ہے: امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کے نزدیک صرف ایک مرتبہ ہاتھ مارنا کافی ہے اور مسح گٹوں تک ضروری ہے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک دو مرتبہ ہاتھ مارنے ضروری ہیں: ایک مرتبہ چہرہ کے لئے اور دوسری مرتبہ ہاتھوں کے لئے، اور ہاتھوں پر کہنیوں تک مسح فرض ہے۔ اور اس مسئلہ سے متعلق تین حدیثیں ہیں: دو یہاں ہیں اور ایک دیگر کتب میں ہے۔

حدیث: حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ مونڈھوں اور بغلوں تک مسح کیا۔

حدیث: حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ان کو چہرے اور کفین پر مسح کا حکم دیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **التیممُ ضربتانِ، ضربةٌ للوجه وضربةٌ لليدين إلى المرفقين:** تیمّم دو مرتبہ ہاتھ مارنا ہے ایک چہرہ کے لئے دوسرا ہاتھوں کے لئے کہنیوں تک (یہ حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے اور ضعیف ہے، طبرانی نے اس کو معجم کبیر میں روایت کیا ہے (مجمع الزوائد ۱:۲۶۲) اس مضمون کی اور بھی روایات ہیں)

امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ دوسری حدیث لیتے ہیں، کیونکہ وہ اصح مافی الباب ہے اور یہی فتوی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بھی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ''آیتِ تیمّم اور آیتِ سرقہ میں غایت کا بیان نہیں ہے، اور آیت وضوء میں **إلى المرفقين** کی قید ہے۔ اور اس پر اجماع ہے کہ چور کا ہاتھ گٹوں سے کاٹا جائے گا۔ سنت (عمل نبوی) سے وضاحت ثابت ہے، پس آیتِ تیمّم میں بھی گٹوں تک مسح ضروری ہے'' اور جمہور نے تیسری حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے۔ یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے مگر متعدد صحابہ سے مروی ہے اس لئے مجموعہ حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہے اور پہلی حدیث بالاجماع منسوخ ہے کیونکہ اس میں اس تیمّم کا بیان ہے جو صحابہ نے آیت تیمّم کے نزول کے وقت کیا تھا۔ اس کا واقعہ یہ ہے کہ ایک سفر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہو گیا، لوگ ہار تلاش کرنے کے لئے رک گئے، یہاں تک کہ صبح ہو گئی، لوگوں کے پاس پانی نہیں تھا، چنانچہ آیتِ تیمّم نازل ہوئی۔ مگر آیت کا صرف

ابتدائی حصہ ﴿ فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا ﴾ نازل ہوا تیمّم کا طریقہ نازل نہیں کیا گیا۔ لوگوں نے اپنی سمجھ کے مطابق پاک مٹی کا قصد کیا، کسی نے تمام اعضائے وضوء پر مٹی ملی، کسی نے بدن کے کسی اور حصہ پر اور کسی نے ہاتھوں پر مونڈھوں اور بغلوں تک مسح کیا۔ غرض مختلف طریقوں پر تیمّم کیا گیا اس کے بعد آیت کا باقی حصہ ﴿ فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ ﴾ نازل ہوا اور لوگوں نے تیمّم کا طریقہ سیکھ لیا۔ پس جو مختلف تیمّم اس سے پہلے کئے گئے تھے وہ اس آیت سے منسوخ ہو گئے۔

اور جمہور کے نزدیک دوسری حدیث میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ اس میں معہود تیمّم کی طرف اشارہ ہے۔ اس کا تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ حضرت عمر اور حضرت عمار رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ اونٹ چرانے گئے، اتفاق سے دونوں کو بدخوابی ہوگئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نماز نہیں پڑھی، اور حضرت عمارؓ نے پورے بدن پر مٹی ملی اور نماز پڑھی، جب یہ واقعہ نبی ﷺ کے گوش گزار کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: إنما يكفيك (تمہارے لئے یہ کافی تھا) پھر آپ نے زمین پر ہاتھ مارا اور مٹی جھاڑ دی اور چہرے اور ہتھیلیوں پر پھیرا یعنی اشارہ کیا کہ وضوء اور غسل کا تیمّم ایک ہے، غسل کے تیمّم میں پورے بدن پر مٹی نہیں ملی جائے گی۔ اس حدیث میں آپؐ نے تیمّم کا طریقہ نہیں سکھایا بلکہ معہود تیمّم کی طرف اشارہ کیا ہے۔ حضرت عمارؓ نے اسی فعل نبوی کو ضربةٌ للوجه والكفين کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے اور لفظ أَمَرَهُ یا تو روایت بالمعنی ہے یا حضرت عمارؓ نے ایسا ہی سمجھا ہے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قیاس کا جواب یہ ہے کہ یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے، اس لئے معتبر نہیں۔ علاوہ ازیں مقیس اور مقیس علیہ میں تفاوت ہے، مقیس عبادت ہے جس میں احتیاط مطلوب ہے اور احتیاط مرفقین تک مسح کرنے میں ہے، اور مقیس علیہ عقوبت ہے، اس میں بھی احتیاط مطلوب ہے، مگر یہاں احتیاط یہ ہے کہ ہاتھ کا کم سے کم حصہ کاٹا جائے۔ چنانچہ آیت پر احتیاط کے ساتھ عمل کرنے کے لئے گٹے سے ہاتھ کاٹا جاتا تھا۔

اور جمہور کی عقلی دلیل یہ ہے کہ تیمّم میں دو عضو ساقط ہیں اور دو باقی ہیں جو ساقط ہیں وہ پورے ساقط ہیں اور جو باقی ہیں ان میں چہرہ بالاجماع پورا باقی ہے۔ پس قیاس کا تقاضہ ہاتھوں میں یہ ہے کہ وہ بھی پورے (جتنے وضو میں دھونے ضروری ہیں) باقی رہیں اور اس قیاس کی تائید حدیث مرفوع سے ہوتی ہے۔

فائدہ: حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی دونوں حدیثوں میں تطبیق کا یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ صحابہ نے پہلے از خود تیمّم کیا اور مناکب وآباط تک کیا، پھر نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے چہرہ اور کفین پر مسح کا حکم دیا۔ پس مناکب وآباط والا تیمّم منسوخ ہوگیا۔ مگر یہ توجیہ اس صورت میں درست ہوسکتی ہے جبکہ دونوں حدیثیں ایک موقع کی ہوں، حالانکہ دونوں واقعے الگ الگ ہیں۔ اس لئے یہ توجیہ محل نظر ہے۔

[١٠٩-] باب ماجاء فى التيمم

[١٤٥-] حدثنا أبو حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ الفَلاَّسُ، نا يَزِيدُ بنُ زُرَيْعٍ، ناسَعِيدٌ، عن قَتَادَةَ، عن عَزْرَةَ عن سَعِيدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَى، عن أبيهِ، عن عَمَّارِ بنِ يَاسِرٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُ بِالتَّيَمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ.

وفى الباب: عن عائشةَ وابنِ عباسٍ؛ قال أبو عيسىٰ: حديثُ عَمَّارٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وقَد رُوِىَ عَنْ عَمَّارٍ مِن غَيرِ وَجْهٍ.

وُهَو قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنهُم: عَلىٌّ، وعمارٌ، وابنُ عباسٍ وغَيرُ واحدٍ من التابعين، منهم الشعبى وعطاء ومكحول، قالوا: التيمم ضربة للوجه والكفين، وبه يقول أحمدُ وإسحاقُ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: مِنهُم: ابنُ عُمَرَ، وجابرٌ وإبراهيمُ والحَسَنُ: التيَمُّمُ ضَرْبَةٌ لِلوَجْهِ وَضَرْبَةٌ لِلْيَدَيْنِ إِلَى الْمِرْفَقَيْنِ؛ وبِه يَقولُ سُفيانُ الثَّوْرِىُّ ومَالِكٌ وابنُ المباركِ والشافعىُّ.

وقد رُوِىَ هٰذا الحديثُ عن عَمَّارٍ فى التَّيَمُّمِ أَنَّهُ قَالَ: الوَجْهُ وَالكَفَّيْنِ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.وقَدْ رُوِىَ عَن عَمَّارٍ أَنَّهُ قَالَ: تيَمَّمْنَا مَعَ النبىِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى المَنَاكِبِ والآبَاطِ.

فَضَعَّفَ بَعْضُ أهلِ العِلْمِ حَدِيْثَ عَمَّارٍ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم فِى التَّيَمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالكَفَّيْنِ لَمَّا رُوِىَ عَنهُ حَديثُ المَنَاكِبِ وَالآبَاطِ.

قال إسحاقُ بنُ إبراهيمَ: حديثُ عَمَّارٍ فِى التَّيَمُّمِ لِلْوَجْهِ وَالكَفَّيْنِ هُوَ حديثٌ صحيحٌ؛ وحديثُ عَمَّارٍ تيَمَّمْنا مَعَ النبىِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمَنَاكِبِ والآبَاطِ لَيْسَ بِمُخَالِفٍ لِحَدِيْثِ الوَجْهِ وَالكَفَّيْنِ، لِأَنَّ عَمَّارًا لَمْ يَذْكُرْ أَن النبىَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُمْ بِذٰلِكَ، وإِنَّمَا قَالَ: فَعَلْنَا كَذَا وكَذَا، فَلَمَّا سَأَلَ النبىَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُ بِالْوَجْهِ وَالكَفَّيْنِ.

وَالدَّلِيْلُ عَلَى ذٰلِكَ: ما أَفْتَى بِه عَمَّارٌ بَعْدَ النبىِّ صلى الله عليه وسلم فِى التَّيَمُّمِ، أَنَّهُ قَالَ: الْوَجْهُ وَالكَفَّيْنِ؛ فَفِى هٰذا دَلاَلَةٌ عَلَى أَنَّهُ انْتَهىٰ إِلىٰ مَا عَلَّمَهُ النبىُّ صلى الله عليه وسلم.

[١٤٦-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوْسَى، نا سَعِيدُ بنُ سُلَيْمَانَ، نا هُشَيْمٌ، عن مُحمدِ بن خالد القُرَشِىِّ، عن دَاوُدَ بنِ حُصَيْنٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ قَالَ فِىْ كِتَابِهِ

حِيْنَ ذَكَرَ الوُضُوْءَ:﴿ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ إِلَى الْمَرَافِقِ﴾ وقَالَ فى التَّيَمُّمِ:﴿ فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ مِنْهُ﴾ وقال:﴿ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا أَيْدِيَهُمَا﴾ فَكَانَتِ السُّنَّةُ فِى الْقَطْعِ الكَفَّيْنِ؛ إِنَّمَا هُوَ الوَجْهُ وَالكَفَّيْنِ يَعْنِىْ التَّيَمَّمَ.

قَالَ أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

ترجمہ: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی حدیث حسنٌ صحيحٌ ہے۔ اور وہ حضرت عمارؓ سے متعدد طرق سے مروی ہے............اور صحابہ میں سے بہت سے اہل علم مثلاً حضرت علی، عمار بن یاسر، ابن عباس رضی اللہ عنہم اور تابعین میں سے بہت سے اہل علم مثلاً: شعبی، عطاء اور مکحول اسی کے قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں: تیمّم ایک مرتبہ ہاتھ مارنا ہے چہرہ اور کفین کے لئے اور یہی احمد واسحاق کا قول ہے............اور بعض علماء مثلاً: ابن عمرؓ، جابرؓ، ابراہیم نخعیؒ اور حسن بصریؒ کہتے ہیں کہ تیمّم میں ایک مرتبہ ہاتھ مارنا چہرہ کے لئے ہے اور دوسری مرتبہ ہاتھوں کے لئے ہے کہنیوں تک (اکثر صحابہ وتابعین کی یہی رائے ہے۔ اگرچہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے چند ہی حضرات کا تذکرہ کیا ہے) اور ثوری، ابن المبارکؒ، مالک اور شافعی رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔ اور حضرت عمارؓ سے تیمّم والی حدیث متعدد طرق سے اسی طرح مروی ہے: انھوں کہا: چہرہ اور ہتھیلیاں (یہ تکرار ہے) اور حضرت عمار سے یہ حدیث بھی مروی ہے کہ ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ مونڈھوں اور بغلوں تک تیمّم کیا۔ پس بعض علماء نے حضرت عمارؓ کی وجہ اور کفین والی روایت کو ضعیف کہا جبکہ ان سے مناکب وآباط والی حدیث روایت کی گئی (یہ ترجمہ لَمَّا کی صورت میں ہے اور اگر وہ لِمَا ہے تو ترجمہ ہوگا: کیونکہ ان سے الخ)

حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے اس کا جواب دیا ہے: فرمایا: حضرت عمارؓ کی وجہ اور کفین والی روایت صحیح ہے، اور مناکب وآباط والی روایت سے اس کا تعارض نہیں، اس لئے کہ مناکب وآباط والی روایت میں حضرت عمارؓ نے یہ بات نہیں کہی ہے کہ ان کو نبی ﷺ نے ایسا کرنے کا حکم دیا تھا۔ انھوں نے بس اتنا ہی کہا ہے کہ ہم نے ایسا اور ایسا کیا۔ پھر جب انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے چہرے اور کفین پر تیمّم کرنے کا حکم دیا............اور اس کی دلیل حضرت عمارؓ کا وہ فتوی ہے جو آپ نے نبی ﷺ کے بعد وجہ اور کفین پر تیمّم کرنے کے سلسلہ میں دیا ہے۔ یہ فتوی اس پر دلالت کرتا ہے کہ مناکب وآباط تک تیمّم کرنے کی روایت مقدم ہے اور منسوخ ہے اور وجہ اور کفین والی روایت بعد کی ہے اور ناسخ ہے (انتهى إليه کے معنی ہیں: پہنچنا۔ یعنی وہ اس بات تک پہنچے جو ان کو نبی ﷺ نے سکھلائی تھی)

حدیث (۱۴۶) حضرت ابن عباسؓ سے طریقۂ تیمّم کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے تین آیتیں پڑھیں:

(۱)وضوء کی (۲) تیمّم کی (۳) اور چور کا ہاتھ کاٹنے کی۔ ان میں سے وضوء کی آیت میں غایت مذکور ہے۔ اور باقی دو آیتیں مجمل ہیں اور سنت نبوی سے چور کا ہاتھ گٹوں سے کاٹنا ثابت ہے پس یہی تفسیر تیمّم کی آیت کی ہوگی (یعنی گٹوں تک تیمّم ضروری ہوگا)

باب

جنابت کے علاوہ ہر حال میں قرآن پڑھ سکتے ہیں

ہندوستانی نسخوں میں یہ باب بلاعنوان ہے۔ اور مصری نسخہ میں باب اس طرح ہے: **باب ماجاء فی الرجل یقرأ القرآن علی کل حال مالم یکن جُنُبًا**: یعنی آدمی ہر حال میں قرآن کریم پڑھ سکتا ہے، البتہ جنابت کی حالت میں قرآن پڑھنا یا اس کو ہاتھ لگانا جائز نہیں اور جو حکم جنبی کا ہے وہی حائضہ اور نفاس والی عورت کا ہے۔ اور بے وضوء قرآن پڑھنا تو جائز ہے مگر ہاتھ لگانا جائز نہیں (یہ مسئلہ پہلے باب ۹۷ میں گذر چکا ہے)

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ہمیں ہر حال میں قرآن پڑھاتے تھے البتہ اگر آپ جنبی ہوتے تو قرآن نہ پڑھاتے (معلوم ہوا کہ بے وضوء قرآن پڑھنا جائز ہے، البتہ ہاتھ لگانا جائز نہیں اور اس کی دلیل: ﴿لَا یَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ ہے اور اس کی تفصیل مقدمہ میں گذر چکی ہے)

[۱۱۰-] بَابٌ

[۱۴۷-] حدثنا أبو سَعِیدٍ الْأَشَجُّ، نا حَفْصُ بنُ غِیَاثٍ، وعُقْبَةُ بنُ خَالِدٍ، قَالَا: نا الأعْمَشُ وابنُ أبی لَیْلٰی، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سَلِمَةَ، عَن عَلِیٍّ قَالَ: کانَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم یُقْرِئُنَا الْقُرْآنَ عَلَی کُلِّ حَالٍ مَالَمْ یَکُنْ جُنُبًا.

قال أبو عیسی: حدیثُ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.وَبه قَالَ غَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَالتابعینَ قَالُوا: یَقْرَأُ الرَّجُلُ الْقُرآنَ عَلَی غَیْرِ وُضُوْءٍ، وَلَا یَقْرَأُ فِیْ الْمُصْحَفِ إِلَّا وَهُوَ طَاهِرٌ، وبِهِ یَقُوْلُ سُفیانُ الثوریُّ والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ اور تابعین میں سے بہت سے حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ آدمی بے وضوء قرآن پڑھ سکتا ہے، اور قرآن میں دیکھ کر باوضوء شخص ہی پڑھ سکتا ہے (یعنی بے وضوء قرآن کو چھونا جائز نہیں اور اگر ہاتھ لگائے بغیر کوئی شخص قرآن کو دیکھ کر پڑھے تو جائز ہے) اور ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ اس حدیث کو ضعیف قرار دیا کرتے تھے اس لئے کہ اس کا مدار عبد اللہ بن سلمہ پر ہے اور وہ بوڑھے ہوگئے تھے اور ان کی احادیث میں نکارت پیدا ہوگئی تھی۔ مگر دیگر روایات سے اس کی تائید ہوتی ہے اس لئے استدلال درست ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِي البَوْلِ يُصِيْبُ الأَرْضَ

زمین ناپاک ہوجائے تو پاک کرنے کا طریقہ

زمین اور وہ چیزیں جو زمین کے حکم میں ہیں مثلاً: دیوار، درخت، کھڑی کھیتی وغیرہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف دھونے سے پاک ہوتی ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دھونے سے بھی پاک ہوجاتی ہیں اور خشک ہوجانے سے بھی پاک ہوجاتی ہیں، جبکہ ناپاکی کا اثر: رنگ، بو، مزہ باقی نہ رہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک دیہاتی مسجد نبوی میں آیا، اس وقت نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ وہاں موجود تھے، اس نے آتے ہی نماز پڑھی اور دعا شروع کی: ''اے اللہ! مجھ پر اور محمد پر رحم فرما اور کسی پر رحم نہ فرما!'' نبی ﷺ نے اس کو ٹوکا اور فرمایا: لقد تحجَّرْتَ واسِعًا: ''تو نے ایک کشادہ چیز کو تنگ کردیا!'' پھر وہ اٹھا اور کونے میں پیشاب کے لئے بیٹھ گیا۔ صحابہ نے کہا: رُک رُک کیا کر رہا ہے! آپؐ نے صحابہ کو منع کیا، جب وہ پیشاب کر چکا تو آپؐ نے اس کو بلا کر سمجھایا کہ مسجدیں اللہ کے ذکر، تسبیح وتہلیل اور نماز کے لئے ہیں، پیشاب پاخانہ کے لئے نہیں ہیں۔ پھر آپ ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ جہاں دیہاتی نے پیشاب کیا ہے اس جگہ کو کھود کر باہر ڈال دو اور ایک ڈول پانی اس پر ڈال دو۔ اور صحابہ کو نصیحت کی کہ ''تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو، سختی کرنے والے بنا کر نہیں بھیجے گئے''

تشریح: ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے پیشاب کی جگہ پانی ڈلوایا۔ معلوم ہوا کہ زمین دھونے ہی سے پاک ہوتی ہے۔ حنفیہ کہتے ہیں: آپؐ نے جو پانی ڈلوایا تھا وہ زمین پاک کرنے کے لئے نہیں تھا بلکہ پیشاب کی بدبو ختم کرنے کے لئے تھا۔ جگہ پاک کرنے کے لئے تو ناپاک مٹی کھود کر باہر ڈلوادی تھی اور یہ بات طحاوی (۱:۱۳) میں صراحۃً آئی ہے، اور اگر یہ بات تسلیم کرلی جائے کہ آپؐ نے زمین پاک کرنے کے لئے پانی ڈلوایا تھا تو بھی یہ حدیث احناف کے خلاف نہیں، کیونکہ احناف کے نزدیک زمین کو پاک کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے۔

رہی یہ بات کہ زمین خشک ہونے سے بھی پاک ہوجاتی ہے تو اس کی دلیل حضرت عائشہ، حضرت علی، ابن عمر رضی اللہ عنہم کی حدیثیں ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے: زَكاةُ الأرض يُبْسُها: زمین کی پاکی اس کا سوکھ

جاناہے۔ یہ حدیث حسن لغیرہ ہے، متعدد صحابہ اس کو روایت کرتے ہیں (نصب الرایہ ۱:۲۱۱) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث بخاری اور ابوداؤد میں ہے۔ وہ فرماتے ہیں: مسجد نبوی میں کواڑ نہ ہونے کی وجہ سے رات میں کتے گھس آتے تھے اور پیشاب کرتے تھے، اور مسجد دھوئی نہیں جاتی تھی (بخاری حدیث ۱۷۴، باب إذا شرب الكلب إلخ) اور یہ ٹکڑا کہ کتے پیشاب کرتے تھے بخاری میں نہیں ہے۔ ابو داؤد میں (۱:۵۵ باب فی طهور الأرض إذا يبست) میں ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زمین اگر خشک ہوجائے تو پاک ہوجاتی ہے، دھونا ہی ضروری نہیں۔

فائدہ: دعوت وتبلیغ کا کام کرنے والوں کو نرمی سے کام لینا چاہئے، کامیابی کا یہی گُر ہے۔ نبی ﷺ کا یہ ارشاد کہ: ''تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو، سختی کرنے والے بنا کر نہیں بھیجے گئے'' اس میں یہی تعلیم ہے۔

فائدہ: اور شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ کی افضلیت کی وجہ آپؐ کی بعثت کا دوہرا ہونا ہے۔ آپ براہ راست صحابہ کی طرف مبعوث تھے اور صحابہ کے واسطہ سے پوری دنیا کی طرف مبعوث تھے۔ اسی طرح صحابہ بھی آپؐ کی طرف سے مبعوث تھے۔ یہ حدیث اس کی دلیل ہے۔ اس میں إِنَّمَا بُعِثْتُمْ صریح ہے۔ نیز حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو جب یمن کی طرف روانہ کیا تو ان سے پوچھا: فیصلے کس طرح کروگے؟ ان کے جوابات سے نبی ﷺ کو اطمینان ہوا اور فرمایا: ''اللہ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے رسول کے رسول کو صحیح راہ دکھائی!'' یہ حدیث بھی صریح ہے کہ صحابہ بھی مبعوث تھے اور رسول کے لئے جس طرح عصمت ضروری ہے صحابہ کے لئے حفاظت ضروری ہے۔ البتہ فرق مراتب کرنے کے لئے انبیاء کے لئے لفظ عصمت اور صحابہ کے لئے لفظ حفاظت استعمال کیا جاتا ہے جیسے اولیاء سے کرامت کا ظہور ہوتا ہے۔ کرامت اور معجزہ کی حقیقت ایک ہے مگر فرق مراتب کے لئے نبی کے ہاتھ سے جو خرقِ عادت ظاہر ہوتا ہے اس کو معجزہ اور ولی کے ہاتھ سے جو خرقِ عادت ظاہر ہوتا ہے اس کو کرامت کہتے ہیں، اسی طرح عصمت اور حفاظت کی حقیقت ایک ہے۔ (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۲:۵۰-۵۵ میں ملاحظہ فرمائیں)

[۱۱۱-] باب ماجاء فى البول يُصيبُ الأرضَ

[۱۴۸-] حدثنا ابنُ أَبى عُمَرَ وسَعيدُ بنُ عَبدِ الرَحْمٰنِ المَخْزُوْمِيُّ، قالا: نا سفيانُ بنُ عَيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِىِّ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، عن أبى هريرةَ، قال: دَخَلَ أَعْرَابِىٌّ المَسْجِدَ والنبىُّ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ، فَصَلَّى فَلَمَّا فَرَغَ، قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِىْ وَمُحَمَّدًا وَلاَ تَرْحَمْ مَعَنَا أَحَدًا، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ النبىُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: لَقَدْ تَحَجَّرْتَ وَاسِعًا، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ بَالَ فِىْ الْمَسْجِدِ، فَأَسْرَعَ إِلَيْهِ النَّاسُ، فَقَالَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم: ''أَهْرِيْقُوْا عَلَيْهِ سَجْلاً مِنْ مَّاءٍ، أو: دَلْوًا مِنْ مَاءٍ'' ثُمَّ قَالَ:

''إِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِيْنَ وَلَمْ تُبْعَثُوْا مُعَسِّرِيْنَ''

قال سَعِيدٌ: قال سُفيانُ: وَحَدَّثَنِيْ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ عن أنسِ بنِ مَالكٍ نَحْوَ هٰذا.

وفى الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْودٍ، وابنِ عباسٍ وَوَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ؛ قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعَمَلُ عَلَى هٰذا عند بَعْضِ أهلِ العلمِ، وهُوَ قَوْلُ أحمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وقَدْ رَوَى يُوْنُسُ هٰذَا الحَدِيْثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَن أبى هُرَيرةَ.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث امام زہری سے دوطرح سے مروی ہے۔ سعید بن المسیب کے واسطہ سے بھی مروی ہے اور عبید اللہ بن عبداللہ کے واسطہ سے بھی۔ ابن عیینہ پہلے واسطے سے اور یونس دوسرے واسطے سے روایت کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ حدیث حضرت انسؓ سے بھی مروی ہے جو بخاری و مسلم میں ہے۔

مسئلہ: اگر زمین نرم ہو اور ناپاک ہوجائے تو اس پر اتنا پانی ڈالا جائے کہ ناپا کی کا اثر ختم ہوجائے تو پاک ہوجائے گی ـــــ اور اگر پختہ فرش ہو اور ناپاک ہوجائے تو تین مرتبہ اس پر پانی ڈالا جائے، پھر وہ پانی کپڑے سے یا مشین سے اٹھالیا جائے تو فرش پاک ہوجائے گا ـــــ اسی طرح موٹا قالین ناپاک ہوجائے تو تین مرتبہ اس پر پانی ڈال کر بھگو دیا جائے، پھر جھاڑ و دینے والی مشین سے پانی چوسالیا جائے تو قالین پاک ہوجائے گا۔

(الحمدللہ کتاب الطہارۃ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی)



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أَبوابُ الصَّلاَةِ عَن رَسُوْلِ الله صلى الله عليه وسلم

طہارت کے بیان سے فارغ ہوکراب نماز کا بیان شروع کرتے ہیں۔اور یہاں تسمیہ لکھنے کی وجہ غالبًا یہ ہے کہ متقدمین کے یہاں ہر کتاب الگ الگ کاپی میں لکھنے کا رواج تھا وہ کتاب الطہارۃ الگ کاپی میں لکھتے تھے، کتاب الصلاۃ، کتاب الزکاۃ اور کتاب الصوم وغیرہ الگ الگ کاپیوں میں لکھتے تھے۔ پھران سب کو یکجا کردیا کرتے تھے۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے بھی کتاب الطہارۃ الگ کاپی میں اور کتاب الصلاۃ الگ کاپی میں لکھی ہوگی،اس لئے یہاں بسم اللہ ہے۔

اورعنوان لکھ کرتسمیہ لکھنا یا تسمیہ پہلے لکھنا دونوں صورتیں یکساں ہیں۔جیسے بعض کتابوں میں اوپر لفظ مقدمہ لکھا ہوتا ہے پھرتسمیہ ہوتا ہےاور کہیں تسمیہ اوپر لکھتے ہیں، پھر لفظ مقدمہ لکھتے ہیں۔

صلاۃ کے معنی:

صلاۃ کے اصل معنی ہیں ''غایت انعطاف''یعنی انتہائی درجہ کا میلان۔اوراس کی شکلیں مختلف ہوتی ہیں۔اللہ کا: نبی ﷺ اور مؤمنین کی طرف جو میلان ہے اس کی نوعیت الگ ہے۔اور فرشتوں کا: نبی ﷺ کی طرف میلان الگ نوعیت کا ہے۔اور مؤمنین کا: نبی ﷺ کی طرف میلان یا اللہ کی طرف میلان اور ہے۔ جیسے ماں باپ کا اولاد کی طرف،اوراولاد کا ماں باپ کی طرف میلان ہوتا ہے، یا بیوی کا شوہر کی طرف اور شوہر کا بیوی کی طرف میلان ہوتا ہے، مگر موقع اور محل کے اعتبار سے ان کی نوعیتیں مختلف ہوتی ہیں۔

اللہ کا: نبی ﷺ کی طرف یا مؤمنین کی طرف میلان: اللہ کا رحمت ومہربانی فرمانا ہے۔یہی معنی اللہ کے شایانِ شان ہیں۔ارشاد ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلاَ ئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ﴾ (احزاب ۵۶) اورارشاد ہے: ﴿هُوَالَّذِیْ يصَلِّیْ عَلَيْكُمْ﴾ (احزاب ۴۳) یہاں صلاۃ کے یہی معنی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ اور مؤمنین پر رحمت ومہربانی فرماتے ہیں۔

اور جب صلاۃ کا تعلق فرشتوں کے ساتھ ہوتا ہے تو اس کے معنی استغفار کے ہوتے ہیں۔ ارشاد پاک ہے: ﴿يَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ (مؤمن آیت ۷) یعنی فرشتے مؤمنین کے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں یہی ان کی مؤمنین پر صلاۃ ہے۔

اور جب صلاۃ کا تعلق مؤمنین کے ساتھ ہوتا ہے تو اس کے معنی دعا کے ہوتے ہیں۔ ارشاد پاک ہے: ﴿ يأَيُّهَا

الَّذِیْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ﴾ (احزاب ۵۶) یعنی اے مسلمانو! آنحضرت ﷺ کے لئے دعا کرو۔

استغفار اور دعا میں فرق:

استغفار جزء ہے یعنی خاص ہے اور دعا کل ہے یعنی عام ہے۔ دعا کے مفہوم میں دو باتیں شامل ہیں۔ ایک: آنحضور ﷺ کے لئے رحمت و مہربانی مانگنا۔ اور یہی استغفار کا مفہوم ہے۔ دوسری: نبی ﷺ پر نازل ہونے والے دین کو پھیلانے کے لئے جدوجہد کرنا۔ ظاہر ہے یہ کام فرشتوں کا نہیں، یہ کام مؤمنین ہی کا ہے۔ پس فرشتے صرف رحمت کی دعا کرتے ہیں۔ اور مسلمانوں پر اس کے علاوہ شریعت محمدی ﷺ کو پھیلانے کی حتی الامکان کوشش کرنا بھی ضروری ہے تبھی ان کا درود کامل ہوگا۔ مؤمنین اگر صرف دعا کریں اور دین کو پھیلانے کی کوشش نہ کریں تو یہ ناقص درود ہے۔

اس کی نظیر: لفظ تلاوت ہے۔ اس کے مفہوم میں قرآن کو پڑھنا اور اس میں جو احکام دیئے گئے ہیں ان کے واجب الامتثال ہونے کا عقیدہ رکھنا اور ان پر عمل پیرا ہونا سب باتیں داخل ہیں۔ پس جو شخص قرآن کو سمجھ کر اور اس عقیدہ کے ساتھ تلاوت کرتا ہے کہ اس میں جو احکام دیئے گئے ہیں ان کی اطاعت فرض ہے تو یہ کامل تلاوت ہے۔ اور سمجھے بغیر قرآن کی تلاوت کرنا ناقص تلاوت ہے کیونکہ اس صورت میں نزول قرآن کا جو مقصد ہے وہ فوت ہو جاتا ہے۔ اسی لئے تلاوت کا لفظ آسمانی کتابوں کے ساتھ خاص ہے کیونکہ احکام کے واجب الامتثال ہونے کے عقیدہ کے ساتھ صرف آسمانی کتابوں کی تلاوت کی جاتی ہے۔ مگر بندہ ناقص تلاوت پر بھی ثواب کا مستحق ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: قاری کو قرآن کے ہر حرف پر دس نیکیاں ملتی ہیں اور الم ایک حرف نہیں ہے بلکہ تین حروف ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۳۷، کتاب فضائل القرآن) اسی طرح جو شخص صرف درود پر اکتفا کرتا ہے اور شریعت کی اشاعت کے لئے جدوجہد نہیں کرتا اس کا درود اگرچہ ناقص ہے مگر ثواب اس کے حق میں بھی ثابت ہے۔ کیونکہ مئے خانہ کا محروم بھی محروم نہیں ہے!

اور صلاۃ مع اللہ کی شکل خود شریعت نے تجویز کی ہے۔ یعنی ارکان مخصوصہ اور افعال مخصوصہ کا مجموعہ جس کا فارسی نام ''نماز'' ہے۔ یہ بندوں کا اللہ کی طرف غایت درجہ انعطاف ہے (۱)

بابُ مَاجَاءَ فی مَوَاقِیْتِ الصَّلاَةِ عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

اوقات نماز کا بیان

مواقیت: میقات کی جمع ہے اس کے دو معنی ہیں: مقررہ جگہ، اور مقررہ زمانہ۔ کتاب الحج میں اس کے معنی مقررہ جگہ

---

(۱) صلاۃ کے یہ معنی ابوالقاسم سُہیلی رحمہ اللہ نے لکھے ہیں، حوالہ کے لئے دیکھیں: **التعلیق الصبیح علی مشکاۃ المصابیح للعلامۃ محمد أدریس الکاندھلوی** (۱:۲۶۲)

کے ہیں۔یعنی وہ جگہیں جہاں سے احرام باندھنا ضروری ہے اور یہاں معنی ہیں مقررہ وقت۔اوراس باب کا ماحصل یہ ہے کہ نماز کے اوقات مقرر ہیں انہی اوقات میں نماز پڑھنی ضروری ہے۔قرآن کریم میں ہے: ﴿ إِنَّ الصَّلَاةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَوْقُوْتًا﴾ بیشک نماز مؤمنین پر فرض کی گئی ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے (نساء آیت ۱۰۳) اور حدیث میں ہے: إِنَّ للصلاة أَوَّلاً و آخِرًا۔ ہر نماز کی ابتداء ہے اور انتہا ہے۔اس میں سے دو موقعے بالاجماع مستثنیٰ ہیں: ایک عرفہ کا موقعہ، وہاں ظہر وعصر دونوں کو ایک ساتھ ظہر کے وقت میں پڑھتے ہیں۔دوسرا: مزدلفہ کا موقعہ۔وہاں مغرب وعشاء کو ایک ساتھ عشاء کے وقت میں پڑھتے ہیں۔اور یہ بات تواتر طبقہ سے ثابت ہے۔یعنی رسول اللہ ﷺ سے لے کر آج تک پوری امت ان دو موقعوں پر جمع بین الصلاتین کرتی آئی ہے۔پس اس سے قرآن کریم پر زیادتی جائز ہے۔ان دو موقعوں کے علاوہ کسی اور موقع پر جمع حقیقی جائز ہے یا نہیں؟ یعنی ظہرین کو ظہر یا عصر کے وقت میں پڑھنا یا عشائین کو عشاء یا مغرب کے وقت میں پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سفر اور مرض کے عذر سے ایسا کرنا جائز ہے۔اور حنفیہ کے نزدیک کسی بھی حالت میں جمع حقیقی جائز نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ﴿ كتاباً موقوتاً﴾ فرمایا ہے اور إِنَّ للصلاة أولاً و آخراً حدیث میں آیا ہے۔اور ائمہ ثلاثہ جن احادیث سے استدلال کرتے ہیں وہ صریح نہیں ہیں ان میں جمع صوری کا احتمال ہے۔غرض کوئی صحیح اور صریح حدیث جس سے جمع حقیقی کا جواز ثابت ہوتا ہو موجود نہیں ہے۔اس لئے احناف عرفہ اور مزدلفہ کے علاوہ موقعوں میں اس کو ناجائز کہتے ہیں۔تفصیل آگے آئے گی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اوقاتِ نماز کے سلسلہ کی بنیادی حدیثیں تین ہیں۔اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے تینوں کو ذکر کیا ہے اور ان حدیثوں کی روشنی میں دو وقتوں میں اختلاف ہو گیا ہے۔

اول: ظہر کے آخر وقت میں۔پس عصر کے اول وقت میں بھی اختلاف ہو گیا ہے۔ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ظہر کا وقت ہر چیز کا سایہ (سایۂ اصلی کے علاوہ) ایک مثل ہونے تک باقی رہتا ہے۔اور دوسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے۔اور امام اعظم رحمہ اللہ سے چار قول مروی ہیں:

۱- جمہور کے موافق۔ترکی اور عراق کے علمائے احناف کا اسی قول پر فتوی اور عمل ہے۔

۲- دو مثل تک ظہر کا وقت رہتا ہے اور عصر کا وقت تیسرے مثل سے شروع ہوتا ہے۔یہ ظاہر روایت ہے اور متون میں اسی قول کو لیا گیا ہے۔برصغیر کے علماء احناف اسی قول پر فتوی دیتے ہیں .... ظاہر روایت اس قول کو کہتے ہیں جو امام محمد رحمہ اللہ کی چھ کتابوں: جامع کبیر، جامع صغیر، سیر کبیر، سیر صغیر، زیادات اور کتاب الاصل (مبسوط) میں مذکور ہو، علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ میں نے مذکورہ کتابوں میں سے کسی کتاب میں یہ مسئلہ نہیں پایا (معارف السنن ۲: ۹) البتہ صرف موطا محمد (۲: ۴۴) میں یہ مسئلہ مذکور ہے اور اس میں عصر کے اول وقت کا ذکر ہے۔ظہر کا آخر وقت اس میں بھی مذکور نہیں۔اسی وجہ سے بہت سے علماء احناف نے پہلے قول پر فتوی دیا ہے۔

۳-ظہر کا وقت ایک مثل تک اور عصر کا وقت تیسرے مثل سے، اور بیچ کا وقت مہمل۔ یعنی وہ نہ عصر کا وقت ہے نہ ظہر کا۔

۴- دوسرے مثل کے آخر میں چار رکعت کے بقدر وقت مہمل ہے۔ اور تیسرے مثل سے عصر کا وقت شروع ہوتا ہے ——— یہ آخری دونوں قول مفتی بہ نہیں ہیں۔

ثانی: مغرب کے آخر وقت میں۔ اس اختلاف کا اثر عشا کے اول وقت پر بھی پڑتا ہے۔ اور یہ اختلاف شفق کے معنی کی تعیین میں ہوا ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک شفق سے صرف سُرخی مراد ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سرخی اور سفیدی دونوں مراد ہیں۔ لہٰذا افق سے سرخی کے غائب ہوتے ہی جمہور کے نزدیک مغرب کا وقت ختم ہوجاتا ہے اور عشا کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک سرخی اور سفیدی دونوں کے ختم ہونے کے بعد عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے اس سے پہلے تک مغرب کا وقت رہتا ہے ——— اور علامہ علاء الدین حصکفی رحمہ اللہ نے درمختار میں امام اعظم رحمہ اللہ کے صاحبین کے قول کی طرف رجوع کرنے کی جو بات لکھی ہے اس کی ابن عابدین شامی رحمہ اللہ نے تردید کی ہے (شامی ۲: ۱۷ کتاب الصلاۃ، مطبع زکریا) اور دلائل کی روشنی میں امام اعظم رحمہ اللہ کا قول ہی قوی ہے اس لئے کہ بعض حدیثوں میں حین یَسْوَدُّ الأُفق آیا ہے۔ ظاہر ہے اُفق سفیدی کے ختم ہونے کے بعد ہی سیاہ ہوتا ہے (ابوداؤد ا: ۵۷، باب المواقیت)

فائدہ: شفق صرف سُرخی کا نام ہے یا سرخی اور سفیدی دونوں کا نام ہے؟ یہ اختلاف دور صحابہ سے چلا آرہا ہے۔ جمہور نے ان صحابہ کی رائے کو لیا ہے جو شفق صرف سرخی کو قرار دیتے ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ نے ان صحابہ کے قول کو اختیار کیا ہے جو دونوں کو شفق بتاتے ہیں۔ مگر ظہر کے آخر وقت میں جو اختلاف ہے وہ مجتہدین کے درمیان ہوا ہے۔ اور یہ اختلاف روایات میں تطبیق دینے کی وجہ سے ہوا ہے۔ جمہور نے حدیث جبرئیل پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے کیونکہ وہ صریح اور دوٹوک ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ نے اس کو فیصلہ کن نہیں سمجھا کیونکہ اس میں نسخ کا احتمال ہے اس لئے کہ بعض ایسی روایتیں موجود ہیں جن سے مثل ثانی میں ظہر کا وقت باقی رہنے کا احتمال پیدا ہوتا ہے۔ وہ روایتیں آگے آرہی ہیں۔ پس وہ حدیثیں حدیث جبرئیل کے لئے ناسخ ہونگی۔

فائدہ: امام اعظم رحمہ اللہ کا مزاج یہ ہے کہ وہ عبادات کے باب میں اس نص پر مسئلہ کا مدار رکھتے ہیں جس میں احتیاط ہوتی ہے۔ اور یہاں احتیاط یہ ہے کہ جو شخص جمہور کی رائے کے مطابق شفق احمر غروب ہونے کے بعد متصلاً عشا پڑھ لے گا اس کی نماز میں شک باقی رہے گا۔ اس لئے کہ نفس الامر میں یہ مغرب کا وقت بھی ہوسکتا ہے۔ اگر بات ایسی ہی ہوئی تو اس بندہ کی نماز نہ ہوگی اور نہ ذمہ فارغ ہوگا۔ جبکہ افق پر سفیدی موجود ہونے کی صورت میں مغرب پڑھنے والے کی نماز بالیقین ہوجائے گی خواہ ادا ہو یا قضا۔ اور یہی حال مثل ثانی میں عصر پڑھنے والے کا ہے۔ مثل ثانی

میں ظہر بہرصورت ہوجائے گی۔

علاوہ ازیں ''عصر'' کے معنی ہیں: ''نچوڑنا'' یعنی اس لفظ کے مفہوم میں اس طرف اشارہ ہے کہ عصر کی نماز دن کا اکثر وقت گذار کر پڑھی جانی چاہئے۔ غرض امام اعظم رحمہ اللہ کے قول میں احتیاط کے علاوہ عصر کے مفہوم پر عمل کرنا بھی متحقق ہوتا ہے۔

أبواب الصلاة

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

بسم الله الرحمن الرحيم

[١] باب ماجاء في مواقيت الصلاة عن النبي صلى الله عليه وسلم

[١٤٩-] حدثنا هَنَّادُ بن السَّرِيِّ، نا عبدُ الرحمٰنِ بنُ أَبي الزِّنَاد، عن عبدِ الرحمٰنِ بنِ الحَارِثِ بنِ عَيَّاشِ بنِ أبي رَبِيْعَةَ، عن حَكيمِ بنِ حَكِيْمٍ، وهُوَ ابنُ عَبَّادٍ، قَالَ أَخْبَرَنِي نَافِعُ بنُ جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، قَالَ أَخْبَرَنِي ابنُ عَباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' أَمَّنِى جِبْرئيْلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ'': فَصَلَّى الظُّهْرَ فِي الْأُوْلىٰ مِنْهُمَا حِيْنَ كَانَ الفَيْءُ مِثْلَ الشِّرَاكِ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِيْنَ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ مِثْلَ ظِلِّهِ، ثُمَّ صَلَّى المغربَ حِيْنَ وَجَبَتِ الشَّمْسُ، وَأَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثم صَلَّى العِشاءَ حين غَابَ الشَّفَقُ، ثم صَلَّى الفَجْرَ حين بَرَقَ الفَجْرُ، وَحُرُمَ الطَّعَامُ عَلَى الصَّائِمِ.

وَصَلَّى الْمَرَّةَ الثَّانِيَةَ الظُّهْرَ حِيْنَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَهُ لِوَقْتِ الْعَصْرِ بِالْأَمْسِ، ثُم صَلَّى العَصرَ حين كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ مِثْلَيْهِ، ثم صَلَّى المغربَ لِوَقْتِهِ الْأَوَّلِ، ثم صَلَّى العِشَاءَ الآخِرَةَ حين ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ، ثُم صَلَّى الصُبحَ حينَ أَسْفَرَتِ الْأَرْضُ.

ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيَّ جبرئيلُ فقال: '' يا محمدُ! هٰذا وَقْتُ الأنْبِيَاءِ مِن قَبْلِكَ، والوَقْتُ فِيْمَا بَيْنَ هٰذَيْنِ الوَقْتَيْنِ''

وفي البابِ: عن أبي هريرةَ، وبُريدَةَ، وأبي موسىٰ، وأبي مسعودٍ، وأبي سَعيدٍ، وجابرٍ، وعَمْرِو بنِ حَزْمٍ، والبَرَاءِ، وأَنَسٍ.

[١٥٠-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوسىٰ. نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المُبارَكِ، أَخْبَرَنِي حُسينُ بنُ عَلِيِّ بنِ الْحُسَيْنِ، أخبرَني وَهْبُ بنُ كَيْسَانَ، عن جَابِرِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ، عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم

قال: أَمَّنِي جبرئيلُ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ ابنِ عَبَّاسٍ بِمَعْنَاهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: ''لِوَقْتِ العَصْرِ بِالأَمْسِ''

وحَديثُ جَابِرٍ في المَوَاقِيْتِ قد رَوَاهُ عَطَاءُ بْنُ أبي رَبَاحٍ، وعَمْرُو بنُ دينَارٍ، وأبو الزُّبَيْرِ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰه، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَديثِ وَهْبِ بنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ، حديثٌ حسنٌ. وقال محمدٌ: أَصَحُّ شيئٍ في المَوَاقِيْتِ حديثُ جَابِرٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حضرت جبرئیل نے دو مرتبہ بیت اللہ کے پاس میری امامت کی یعنی مجھے دو دن کی تمام نمازیں امام بن کر پڑھائیں (پہلے دن پانچوں نمازیں اول وقت میں پڑھائیں اور دوسرے دن تمام نمازیں آخر وقت میں پڑھائیں) چنانچہ دنوں میں سے پہلے دن میں ظہر اس وقت پڑھائی جبکہ سایہ چپل کی پٹی کے مانند تھا (یہ محاورہ ہے۔ ٹھیک استواء کے وقت جو سایہ ہوتا ہے اس کو فیٔ مثل الشراك کہتے ہیں اور اسی کو سایہ اصلی بھی کہتے ہیں۔ یعنی زوال ہوتے ہی حضرت جبرئیل نے ظہر پڑھائی معلوم ہوا کہ زوال کے بعد متصلاً ظہر کا وقت شروع ہوتا ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے) پھر عصر پڑھائی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کے مثل ہوگیا (یعنی دوسرا مثل شروع ہوتے ہی عصر پڑھائی۔ یہ جمہور کی دلیل ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل آگے آئے گی) پھر مغرب پڑھائی جبکہ سورج گر گیا اور جبکہ روزہ داروں کے لئے روزہ کھولنا جائز ہوگیا (أفطر الصائم: عطف تفسیری ہے اور وَجَبَ کے معنی ہیں سَقَطَ: گرنا، غروب ہونا) پھر عشاء شفق غائب ہونے کے بعد پڑھائی (شفق کی مراد متعین کرنے میں یہ جملہ غیر واضح ہے کیونکہ شفق صرف سرخی کو بھی کہتے ہیں اور سرخی اور سفیدی کے مجموعہ کو بھی کہتے ہیں) پھر فجر پڑھائی جبکہ صبح چمکی اور جس وقت روزہ داروں کے لئے کھانا پینا حرام ہوگیا (حَرُمَ الطعامُ: عطف تفسیری ہے)

دوسرے دن ظہر اس وقت پڑھائی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کے مثل ہوگیا یعنی گذشتہ کل جس وقت عصر پڑھائی تھی آج اسی وقت ظہر پڑھائی (لوقت العصر بالأمس یہ جملہ صرف اسی روایت میں ہے۔ اور اس کی توجیہ یہ ہے کہ مثل اول کی انتہاء اور مثل ثانی کی ابتداء اتنی قریب ہیں کہ آج گھڑیوں کے زمانہ میں تو دونوں میں فرق کرنا ممکن ہے مگر دور اول میں ان کے درمیان امتیاز کرنا انتہائی مشکل تھا اسی لئے راوی نے یہ بات کہی کہ: ''گذشتہ کل جس وقت عصر پڑھائی تھی آج اسی وقت ظہر پڑھائی'' حالانکہ دوسرے دن ظہر مثل ثانی کے شروع ہونے سے ذرا دیر پہلے پڑھائی تھی) پھر عصر پڑھائی جب کہ ہر چیز کا سایہ دو مثل ہوگیا (حضرت جبرئیل نے تمام نمازیں وقت حقیقی کے اول وآخر میں نہیں پڑھائیں بلکہ وقت مستحب کا بھی لحاظ کیا ہے۔ اگر صرف وقت حقیقی کا لحاظ کرتے تو دوسرے دن عصر کی نماز مکروہ وقت

میں پڑھنا لازم آتا) پھر مغرب دوسرے دن بھی اول وقت میں پڑھائی، یعنی سورج غروب ہوتے ہی (یہ بھی قرینہ ہے کہ امامت جبرئیل کی روایت میں وقت مستحب کا بھی لحاظ کیا گیا ہے۔ ورنہ مغرب کا وقت شفق غروب ہونے تک باقی رہتا ہے۔ اوراسی حدیث کی بناپر امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول جو کہ ان کے یہاں مفتی بہ نہیں ہے یہ ہے کہ مغرب کا وقت مُضَیَّق ہے مُوَسَّع نہیں) پھر عشاء کی نماز رات کا تہائی حصہ گذر جانے کے بعد پڑھائی (عشاء کا وقت حقیقی صبح صادق تک باقی رہتا ہے) پھر فجر اس وقت پڑھائی جب کہ زمین روشن ہوگئی۔

پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام آنحضرت ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: یہ گذشتہ انبیاء کا وقت ہے۔ اور ان دونوں اوقات کے درمیان نمازوں کا وقت ہے (پانچوں نمازیں بیک وقت صرف امتِ محمدیہ پر فرض کی گئی ہیں۔ گذشتہ امتوں پر متفرق فرض کی گئی تھیں یعنی کسی امت پر دو اور کسی امت پر تین، نیز کسی پر ظہر وعصر اور کسی امت پر کوئی اور نماز فرض کی گئی تھی)

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث کی سند لکھی ہے اور فرمایا ہے کہ حدیث جابر اور حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما قریب المعنی ہیں گو کہ الفاظ مختلف ہیں اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں لوقت العصر بالأمس نہیں ہے۔ اوراس حدیث کو وہب بن کیسان کے علاوہ متعدد تابعین مثلاً عطاء بن ابی رباح، عمرو بن دینار اور ابوالزبیر وغیرہ حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں، ان میں سے کوئی بھی یہ ٹکڑا نہیں بڑھاتا۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت جابر کی حدیث کو اصح مافی الباب قرار دیا ہے۔

تشریح:

ابن کثیر رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ شب معراج میں آنحضرت ﷺ کی واپسی صبح کے وقت ہوئی تھی۔ بلکہ آپؐ نے مسجد اقصی میں امام بن کر انبیاء کو جو دو رکعتیں پڑھائی تھیں وہ فجر کی نماز ہوسکتی ہے (تفسیر ابن کثیر ۳: ۲۳) بایں وجہ حضرت جبرئیل نے ظہر سے آنا شروع کیا تھا ——— علاوہ ازیں فجر میں لوگوں کو اطلاع کرنے کی بھی کوئی صورت نہیں تھی۔ اس لئے انھوں نے ظہر سے آنا شروع کیا تھا تاکہ لوگ حضرت جبرئیل کی آمد سے مطلع ہوجائیں اور وقت مقررہ پر مسجد میں پہنچ جائیں۔

فائدہ: اوراس حدیث سے مفترض کا مُتنفِّل کی اقتداء میں نماز پڑھنے کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ جب بغرض تعلیم حضرت جبرئیل علیہ السلام کو نماز پڑھانے کا حکم دیا گیا تو دو دن کی نمازیں ان پر بھی فرض ہوگئیں۔

اور دوسرا جواب: یہ ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام عالم مثال میں امام بنے تھے۔ اور عالم مشاہدہ میں امام آنحضور ﷺ تھے۔ اور صحابہ نے حضور اکرم ﷺ کی اقتداء کی تھی۔ اور مفترض ومتنفل کی اقتداء کا مسئلہ عالم مشاہدہ سے تعلق رکھتا ہے یعنی اس دنیا کا ہے۔

تیسرا جواب: أَمَّنی کا مطلب أَمَرنی جبرئیل بالإمامة بھی ہوسکتا ہے۔یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام نے بذات خود امامت نہیں کرائی بلکہ وقت ہوجانے پر آنحضرت ﷺ کو اشارہ کیا۔پس آپؐ نے نماز پڑھائی۔واللہ اعلم

بابٌ مِنْهُ

اوقاتِ نماز ہی کا بیان

یہ اوپر والے باب کا تتمہ ہے۔اور اس میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث قولی ہے۔اور دوسری حدیث فعلی۔اس میں یہ واقعہ ہے کہ ایک شخص نے نمازوں کے اوقات دریافت کئے تھے آپؐ نے اس کی تعلیم کے لئے ایک دن تمام نمازیں اول وقت میں پڑھیں،اور دوسرے دن آخر وقت میں۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک ہر نماز کے لئے اول ہے اور آخر (جو حضرات جمع حقیقی کو جائز کہتے ہیں اس جملہ میں ان کے قول کی تردید ہے۔اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو غیر محفوظ بتایا ہے۔اور قاعدہ کلیہ بیان کرنے کے بعد آپؐ نے فرمایا) ظہر کے وقت کا شروع یہ ہے کہ سورج ڈھل جائے۔اور اس کا آخر یہ ہے کہ عصر کا وقت داخل ہوجائے۔اور عصر کے وقت کی ابتداء یہ ہے کہ عصر کا وقت شروع ہوجائے (ظہر کے آخر اور عصر کے اول وقت کی تعیین میں یہ روایت فیصلہ کن نہیں ہے) اور عصر کے وقت کا آخر یہ ہے کہ سورج پیلا پڑ جائے (اس کے بعد وقتِ مکروہ ہے) اور مغرب کا وقت سورج غروب ہوتے ہی شروع ہوجاتا ہے،اور اس کا آخری وقت شفق کے غائب ہونے تک باقی رہتا ہے (جمہور اس حدیث کی بنا پر مغرب کے وقت کو بھی موسّع مانتے ہیں۔اور امام شافعی رحمہ اللہ کی بھی ایک روایت یہی ہے اور وہی مفتی بہ ہے) اور عشا کا اول وقت یہ ہے کہ افق غائب ہوجائے (یعنی آسمان کے چاروں کنارے یکساں ہوجائیں۔اور وہ شخص جو سورج کے غروب ہونے کی جگہ سے واقف نہیں اس کے لئے سورج کے غروب ہونے کی جگہ متعین کرنا مشکل ہوجائے۔یہاں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ شفق سرخی اور سفیدی دونوں کے مجموعہ کا نام ہے۔ورنہ جب تک افق پر سفیدی باقی رہے گی سورج غروب ہونے کی جگہ متعین کرنا مشکل نہیں ہوگا۔پس یہ ٹکڑا امام اعظم رحمہ اللہ کا مستدل ہے) اور عشا کا آخری وقت نصف رات ہے۔اور فجر کا اول وقت جبکہ صبح صادق طلوع ہوجائے اور آخر وقت جبکہ سورج طلوع ہوجائے۔

تشریح: اس حدیث کو سلیمان اعمش کے دو تلامذہ: ابو اسحاق فزاری اور محمد بن فضیل روایت کرتے ہیں۔اور دونوں کی حدیثیں قریب المعنی ہیں۔مگر ابو اسحاق فزاری استاذ الاستاذ حضرت مجاہد کو بتاتے ہیں۔اور وہ ان پر سند روک دیتے ہیں۔اور مجاہد رحمہ اللہ إن للصلاة أولاً و آخراً کو رسول اللہ ﷺ کی طرف یقین کے ساتھ منسوب نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ: ''ایسا کہا جاتا تھا کہ ہر نماز کا اول وآخر ہے''۔یعنی ابو اسحاق فزاری کی حدیث مقطوع ہے۔

جبکہ محمد بن فضیل کی حدیث کی سند یہ ہے: ''اعمش روایت کرتے ہیں ابوصالح سے۔ وہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔ اور وہ نبی ﷺ سے۔ آپؐ نے فرمایا: ''بیشک ہر نماز کا اول وآخر ہے''۔ یعنی محمد بن فضیل نے اس حدیث کو مرفوع بیان کیا ہے۔ اور إن للصلاة کو قولِ رسول قرار دیا ہے ـــــــ امام بخاری رحمہ اللہ نے ابواسحاق فزاری کی حدیث کو اصح بتایا ہے اور محمد بن فضیل کی حدیث میں وہم ہونے کی بات کہی ہے۔ یعنی حدیث کی یہ سند أعمش، عن أبی صالح، عن أبی هريرة، عن النبی صلی الله عليه وسلم صحیح نہیں۔ صحیح سند أعمش عن مجاهد ہے۔ اور یہ حدیث مقطوع ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کا یہ دعوی بلا دلیل ہے اور محل نظر ہے۔ محمد بن فضیل کی حدیث کو غلط کیسے کہا جاسکتا ہے؟ جبکہ وہ بھی اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں۔ اور اس بات کا امکان ہے کہ اعمش نے یہ حدیث مجاہد اور ابوصالح دونوں سے سنی ہو۔

حدیث (۲): ایک شخص آنحضور ﷺ کے پاس آیا اور نمازوں کے اوقات کے بارے میں استفسار کیا۔ آپؐ نے فرمایا: اگر اللہ چاہیں تو ہمارے ساتھ ٹھہرو (دس نمازوں تک ٹھہرنا اور پابندی سے تمام نمازیں مسجد نبوی میں پڑھنا اور عمل نبوی سے اوقات نماز اخذ کرنا ایسی باتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر ممکن نہیں۔ بایں وجہ آنحضور ﷺ نے إن شاء الله بڑھایا ہے) چنانچہ آپ نے پہلے دن کی تمام نمازیں اول وقت میں پڑھائیں۔ پس صبح صادق ہوتے ہی آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا۔ انھوں نے اذان واقامت کہی، پھر آپؐ نے فجر پڑھائی۔ پھر زوال ہوتے ہی ظہر پڑھائی۔ اور عصر اس وقت پڑھائی جبکہ سورج سفید تھا، یعنی خوب چمک رہا تھا اور وہ مغربی افق سے کافی اونچا تھا (یہ روایت بھی فیصلہ کن نہیں) پھر سورج غروب ہوتے ہی مغرب پڑھائی پھر شفق کے غائب ہونے کے بعد عشا پڑھائی۔ پھر دوسرے دن کی تمام نمازیں آخر وقت میں پڑھائیں۔ چنانچہ دوسرے دن آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو خوب روشنی ہونے تک انتظار کرنے کا حکم دیا۔ پھر جب زمین خوب روشن ہوگئی تو آپؐ نے فجر پڑھائی۔ پھر ان کو ظہر میں انتظار کرنے کا حکم دیا۔ پس وقت کو ٹھنڈا کیا اور خوب ٹھنڈا کیا، پھر ظہر پڑھائی (أنعَمَ النَّظَرَ کے معنی ہیں نگاہ کو دراز کرنا۔ اور أنعم أن يُبرِد کے معنی ہیں: ٹھنڈا کرنے میں دراز کیا یعنی خوب ٹھنڈا کیا) پھر عصر کے لئے اذان واقامت کہنے کا حکم دیا۔ اور عصر اس وقت پڑھائی جبکہ سورج آخر وقت میں پہنچ گیا تھا (فوق ما كانت کا ترجمہ ہے۔ گذشتہ کل جس وقت عصر پڑھائی تھی سورج اس سے اور نیچے چلا گیا تھا یعنی فوقیت: نیچے کی طرف ہے، اوپر کی طرف نہیں) پھر مغرب شفق غائب ہونے سے ذرا دیر پہلے پڑھائی۔ پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو عشا میں انتظار کرنے کا حکم دیا اور جب تہائی رات گذر گئی اس وقت اشارہ پاکر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی اور آپؐ نے عشا پڑھائی۔ پھر آنحضرت ﷺ نے دریافت کیا: سائل کہاں ہے؟ اس شخص نے عرض کیا حاضر ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: دونوں دن جن وقتوں میں نمازیں پڑھی گئی ہیں ان کے درمیان نماز کے اوقات ہیں۔

تشریح: آنحضرت ﷺ نے عملی تعلیم اس لئے دی کہ وہ قولی تعلیم سے ابلغ اور ذہن نشینی سے زیادہ قریب ہوتی

ہے محسوس مثال سے بات خوب سمجھ میں آتی ہے۔

فائدہ: یہاں سے یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ بلیک بورڈ کے ذریعہ جو تعلیم دی جاتی ہے وہ اوقع فی النفس (پائیدار) ہوتی ہے۔ کیونکہ وہ عملی تعلیم ہے۔ اس حقیقت کو اسکول اور کالج والوں نے سمجھ لیا ہے۔ چنانچہ ان کی ہر کلاس میں بلیک بورڈ موجود ہوتا ہے اور ان کے یہاں اسی کے ذریعہ پڑھانے کا طریقہ ہے، حالانکہ ان کے یہاں محسوسات پڑھائے جاتے ہیں۔ اور مدرسہ والے اس حقیقت سے غافل ہوگئے ان کی کسی درسگاہ میں بلیک بورڈ نہیں۔ اور نہ کوئی اس کے ذریعہ پڑھاتا ہے حالانکہ بلیک بورڈ کی زیادہ ضرورت مدرسہ والوں کو ہے۔ کیونکہ مدرسوں میں معنویات پڑھائے جاتے ہیں، جن کے لئے محسوسات کا سہارا نہایت مفید ہے۔

[۲] باب منه

[۱۵۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا محمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عن الأَعْمَشِ، عن أبى صَالِحٍ، عن أبى هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِلصَّلاَةِ أَوَّلاً وَآخِرًا، وإِنَّ أَوَّلَ وَقْتِ صَلاَةِ الظُّهْرِ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ، وآخِرَ وَقْتِهَا حِيْنَ يَدْخُلُ وَقْتُ الْعَصْرِ، وإِنَّ أَوَّلَ وَقْتِ الْعَصْرِ حِيْنَ يَدْخُلُ وَقْتُها، وَإِنَّ آخِرَ وَقْتِهَا حِيْنَ تَصْفَرُّ الشَّمْسُ، وَإِنَّ أَوَّلَ وَقْتِ المَغْرِبِ حِيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ، وإِنَّ آخِرَ وَقْتِها حِيْنَ يَغِيْبُ الشَّفَقُ، وإِنَّ أَوَّلَ وَقْتِ العِشَاءِ الآخِرَةِ حِيْنَ يَغِيْبُ الأُفُقُ، وَإِنَّ آخِرَ وَقْتِهَا حِيْنَ يَنْتَصِفُ اللَّيْلُ، وإِنَّ أَوَّلَ وَقْتِ الْفَجْرِ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ، وَإِنَّ آخِرَ وَقْتِهَا حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ"

وفى البابِ: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسٰى: سمِعْتُ محمداً يقولُ: حديثُ الأَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ فِى الْمَوَاقِيْتِ أَصَحُّ مِن حَدِيثِ مُحمدِ بنِ فُضَيْلٍ عن الأَعْمَشِ؛ وحَديثُ محمدِ بنِ فُضَيْلٍ خَطَأٌ، أَخْطَأَ فِيه مُحمدُ بنُ الفُضَيْلِ.

حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو أُسَامَةَ، عن أبى إسحاقَ الفَزَارِيِّ، عن الأعمَشِ، عن مُجَاهِدٍ، قال: كَانَ يُقَالُ: إِنَّ لِلصَّلاَةِ أَوَّلاً وآخِرًا فَذَكَرَ نَحْوَ حَديثِ مُحمدِ بنِ فُضَيْلٍ، عن الأَعْمَشِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

[۱۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، والحَسَنُ بنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، وأحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوسٰى، المعنىٰ واحِدٌ، قَالُوا: ثنا إسحاقُ بنُ يوسفَ الأَزْرَقُ، عن سُفْيَانَ، عن عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عن سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عن أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، فَسَأَلَهُ عَن مَوَاقِيْتِ الصَّلاَةِ، فَقَالَ: أَقِمْ مَعَنَا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَأَمَرَ بِلالاً، فَأَقَامَ حِيْنَ طَلَعَ الفَجْرُ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَقَامَ فَصَلَّى العَصْرَ، وَالشَّمْسُ بَيْضَاءُ مُرْتَفِعَةٌ، ثُمَّ أَمَرَهُ بِالْمَغْرِبِ حِيْنَ وَقَعَ حَاجِبُ

الشَّمْسِ، ثُمَّ أَمَرَهُ بِالْعِشَاءِ، فَأَقَامَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ أَمَرَهُ مِنَ الغدِ، فَنَوَّرَ بِالفَجْرِ، ثُمَّ أَمَرَهُ بِالظُّهْرِ، فَأَبْرَدَ، وَأَنْعَمَ أَنْ يُّبرِدَ، ثُمَّ أَمَرَهُ بالعَصْرِ، فَأَقَامَ وَالشَّمْسُ آخِرَ وَقْتِهَا فَوْقَ مَاكَانَتْ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَخَّرَ المَغْرِبَ إِلَى قُبَيْلِ أَنْ يَّغِيبَ الشَّفَقُ، ثم أَمَرَهُ بالعِشَاءِ، فَأَقَامَ حين ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ، ثُم قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَن مَوَاقِيْتِ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنَا، فَقَالَ: "مَوَاقِيْتُ الصَّلَاةِ كَمَا بَيْنَ هٰذَيْنِ"

قَالَ أبُو عيسىٰ: هذا حديثٌ حَسَنٌ غَرِيبٌ صحيحٌ. وَقَد رَوَاهُ شُعْبَةُ عن عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ أَيْضًا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے یہ بات سنی ہے کہ اوقاتِ نماز کے سلسلہ میں اعمش کی جو روایت حضرت مجاہد رحمہ اللہ سے ہے وہ اس حدیث سے اصح ہے جس کو محمد بن فضیل نے اعمش سے روایت کیا ہے (یعنی مقطوع روایت مرفوع روایت سے اصح ہے) اور محمد بن فضیل کی حدیث میں وہم ہے اس میں محمد بن فضیل نے غلطی کی ہے —— مقطوع روایت کی سند یہ ہے: ہناد روایت کرتے ہیں ابو اسامہ سے۔ وہ ابو اسحاق فزاری سے۔ وہ اعمش سے اور وہ مجاہد سے۔ مجاہد کہتے ہیں کہ ایسا کہا جاتا تھا کہ ہر نماز کے لئے ابتداء اور انتہاء ہے۔ اس کے بعد کا مضمون محمد بن فضیل کی حدیث کی طرح ہے —— اس کے بعد حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور اس کا ترجمہ اوپر گذر چکا ہے۔ اور اس حدیث کو علقمہ سے سفیان ثوری کے علاوہ شعبہ بھی روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی التَّغْلِيْسِ بالفَجْرِ

غلس میں نمازِ فجر پڑھنے کا بیان

نماز کے اوقات کے اجمالی اور جامع ابواب گذر چکے۔ اب تفصیلی ابواب شروع ہوتے ہیں۔ پہلے یہ بات جان لینی چاہئے کہ حقیقی فضیلت اول وقت کے لئے ثابت ہے۔ اور اس پر کسی دلیل کی حاجت نہیں۔ کیونکہ وقت داخل ہوتے ہی اللہ تعالیٰ کا حکم: صَلُّوْا (نماز پڑھو) بندوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ پس وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لینی چاہئے کیونکہ امر کا امتثال (اطاعت) فوراً کرنا ہی حقیقی فرمانبرداری ہے۔ مگر یہ بات کہ کیا اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے مقلدین یہ بات تسلیم نہیں کرتے چنانچہ وہ ہر جگہ اور ہر زمانہ میں پانچویں نمازیں اول وقت میں پڑھتے ہیں۔ گو کہ خود ائمہ ثلاثہ بعض صورتوں میں ثانی وقت کی فضیلت کا اقرار کرتے ہیں جیسا کہ تفصیلی ابواب کے ضمن میں یہ بات آئے گی۔ اور احناف کہتے ہیں کہ تین صورتوں میں یعنی حق مصلیان، حق صلوٰۃ اور حق وقت کی وجہ سے اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے۔

تفصیل:

۱-حق مصلیان: یعنی نمازیوں کا حق۔ اس حق کی بناء پر اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے کیونکہ اول وقت کی فضیلت اللہ کا حق ہے اور ثانی وقت کی فضیلت بندوں کا حق ہے۔ اور جب ان دونوں حقوق میں تعارض ہوتا ہے تو بندوں کے حق کی رعایت کی جاتی ہے۔ کیونکہ وہ محتاج ہیں اور اللہ بے نیاز ہیں۔ اس حق کی وجہ سے احناف کہتے ہیں کہ عمومی احوال میں اسفار میں فجر پڑھنا افضل ہے۔ کیونکہ اس میں بندوں کے احوال کی روایت ہے۔ اور رمضان میں نیز حرمین شریفین میں جلدی یعنی غلس میں نماز فجر پڑھنا افضل ہے کیونکہ وہاں یہی قرین مصلحت ہے۔ رمضان میں لوگ سحری کے وقت میں بیدار ہو جاتے ہیں۔ پس اسفار تک فجر کو مؤخر کرنے کی صورت میں یا تو لوگ تنہا نماز پڑھ کر سو جائیں گے یا نماز پڑھے بغیر سوئیں گے اور ان کی جماعت یا نماز فوت ہو جائے گی۔ اور حرمین شریفین میں تہجد کے وقت سے لوگ پہنچ جاتے ہیں۔ پس ان کی رعایت صبح صادق ہوتے ہی نماز پڑھ لینے میں ہے۔ غرض جہاں بندوں کا حق تاخیر کا متقاضی ہو وہاں ثانی وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے اور جہاں بندوں کا حق بھی اول وقت کو چاہتا ہو وہاں دو فضیلتیں اکٹھا ہونے کی وجہ سے اول وقت میں نماز پڑھنا افضل ہے۔

۲-حق صلوٰۃ: یعنی نفل نماز کا حق۔ اس کی صرف ایک مثال یعنی عصر کی نماز ہے۔ احناف کے نزدیک نماز عصر فی الجملہ یعنی کچھ تاخیر سے پڑھنا افضل ہے اس لئے کہ عصر کے بعد نفل ممنوع ہیں۔ پس وہ لوگ جو عصر کا وقت شروع ہونے کے بعد مسجد میں آتے ہیں اور وہ نفل پڑھنا چاہتے ہیں ان کو تھوڑا موقع دینا چاہئے۔ اگر وقت ہوتے ہی عصر پڑھ لی جائے گی تو یہ لوگ نفلوں سے محروم رہ جائیں گے۔ غرض یہاں حق صلوٰۃ کی وجہ سے ثانی وقت کی طرف استحباب منتقل ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں اس میں لفظ عصر کے مفہوم کی بھی رعایت ہے اور آنحضرت ﷺ کا معمول بھی فی الجملہ عصر تاخیر کر کے پڑھنے کا تھا، جیسا کہ آگے حدیث آرہی ہے۔

۳-حق وقت: یعنی وقت کا حق۔ یعنی اگر نماز کے اول وقت میں کچھ خرابی پائی جاتی ہو تو پھر فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہو جائے گی اور اس کی بھی صرف ایک مثال ہے۔ اور وہ سخت گرمیوں میں ظہر کی نماز ہے۔ حدیث شریف میں ہے: إذا اشتَدَّ الحرُّ فأبرِدُوْا عن الصلاة فإنَّ شَدَّةَ الحرِّ من فَيْحِ جهنم۔ یہ حدیث آگے آرہی ہے۔ اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ سخت گرمیوں میں ظہر کے اول وقت میں کچھ خرابی ہے پس گرمیوں میں نماز ظہر تاخیر سے پڑھنا افضل ہے۔

خلاصۂ کلام: یہ ہے کہ مذکورہ تینوں حقوق کی وجہ سے اول وقت کی فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے اور جہاں یہ حقوق متعارض نہ ہوں وہاں اول وقت کی فضیلت برقرار رہتی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہاں دو باب ہیں۔ پہلے باب میں فعلی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ غلس میں

یعنی اول وقت میں نماز فجر پڑھا کرتے تھے۔ اور دوسرے باب میں قولی حدیث ہے۔ اس میں آپؐ نے اسفار میں یعنی تاخیر سے فجر پڑھنے کا حکم دیا ہے اور یہ بات کہی ہے کہ اسفار میں نماز پڑھنے میں زیادہ ثواب ہے۔ یہ دونوں روایتیں بظاہر متعارض ہیں مگر حقیقت میں ان میں کوئی تعارض نہیں۔ کیونکہ پہلی حدیث کا محمل وہ صورت ہے جس میں اللہ کا حق بھی اور بندوں کا حق بھی اول وقت کی فضیلت کو چاہتا ہو۔ اور دوسری حدیث کا محمل وہ صورت ہے جبکہ بندوں کا حق ثانی وقت کی فضیلت کا متقاضی ہو۔

تفصیل: آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے علاوہ نو مساجد اور بھی تھیں[1] اور پورے مدینہ سے جن مسلمان مرد و زن کو فرصت ہوتی یا وہ کوئی مسئلہ دریافت کرنا چاہتے وہ مسجد نبوی میں آتے تھے اور آنحضرت ﷺ کی پُرنور مجلس سے فیضیاب ہوتے تھے۔ باقی مسلمان اپنے اپنے قبیلوں کی مسجدوں میں نماز پڑھتے تھے۔ اور تہجد کے وقت صحابہ اور صحابیات عام طور پر تہجد پڑھنے کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے۔ اور وہ آدھی رات ہی سے آنا شروع ہوجاتے تھے اور صبح صادق تک سب آجاتے تھے۔ کیونکہ مسجد نبوی بستی سے دور مدینہ کی ایک جانب میں واقع تھی اس کے اردگرد آبادی نہیں تھی۔ پس یہاں حق اللہ اور حق العبد دونوں کا تقاضہ یہ تھا کہ وقت ہوتے ہی نماز فجر پڑھ لی جائے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ اول وقت ہی میں نماز فجر پڑھایا کرتے تھے۔ جبکہ مدینہ منورہ کی باقی مساجد کی صورت حال اس سے مختلف تھی۔ وہاں صبح صادق کے بعد متصلاً نمازی حاضر نہیں ہوتے تھے۔ کچھ تاخیر سے پہنچتے تھے۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے وہاں کے نمازیوں سے فرمایا کہ خوب روشنی کرکے یعنی تاخیر سے فجر پڑھا کرو۔ اس صورت میں زیادہ ثواب ہوگا۔ کیونکہ اسفار میں نماز پڑھنے میں جماعت بڑھے گی پس ثواب بھی زیادہ ہوگا۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کے زمانہ میں عورتیں جماعت میں شریک ہونے کے لئے صرف مسجد نبوی میں حاضر ہوتی تھیں، مدینہ منورہ کی باقی مساجد میں عموماً وہ نہیں جاتی تھیں اور ان کا مسجد نبوی میں آنا درحقیقت دین سیکھنے کے لئے اور زیارتِ نبوی کے لئے ہوتا تھا۔ میرے علم میں ایسی کوئی روایت نہیں جس سے عورتوں کا مدینہ کی باقی مساجد میں بھی نماز پڑھنے کے لئے جانا ثابت ہوتا ہو۔ اسی طرح صرف مسجد نبوی میں نماز فجر غلس میں ہوتی تھی۔ اور باقی مسجدوں میں اسفار میں ہوتی تھی۔ دلیل بخاری شریف کی یہ حدیث ہے کہ ایک صحابی مسجد نبوی میں فجر پڑھ کر قباء میں پہنچے جو مدینہ سے کم از کم پانچ چھ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے وہاں فجر کی جماعت ہورہی تھی اور لوگ بیت المقدس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھ رہے تھے۔ ان صحابی نے خبر دی کہ رات میں آنحضرت ﷺ پر تحویل قبلہ کی وحی نازل ہوچکی ہے چنانچہ وہ حضرات

---

(۱) ان مسجدوں کے نام یہ ہیں: مسجد بنی عمرو، یہ قبیلۂ بنی نجار کی مسجد تھی، مسجد بنی ساعدۃ، مسجد بنی عبیدۃ، مسجد بنی سلمۃ، مسجد بنی رائح، یہ قبیلہ عبدالاشہل کی مسجد تھی، مسجد بنی زُریق، مسحد بنی غفار، مسجد اسلم، مسجد جہینہ۔ ابو داؤد شریف کے آخر میں ایک رسالہ ملحق ہے ''مراسیل ابی داوٗد'' کے نام سے اس کے صفحہ ۵ پر یہ تفصیل ہے۔

نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف گھوم گئے (بخاری حدیث ۴۰۳) ——— یہاں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ حق مصلیان کی رعایت ضروری ہے اور اس حق کی وجہ سے فضیلت ثانی وقت کی طرف منتقل ہوجاتی ہے۔

[۳] باب ماجاء في التغليس بالفجر

[۱۵۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عن مالكِ بنِ أنسٍ، ح: قال: ونا الأنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ، عن يَحيىَ بنِ سَعيدٍ، عن عَمْرَةَ، عن عائِشَةَ، قالتْ: إنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيُصَلِّى الصُّبْحَ، فَيَنْصَرِفُ النِّسَاءُ، قَالَ الأَنْصَارِيُّ: فَتَمُرُّ النِّسَاءُ مُتَلَفِّفَاتٍ بِمُرُوْطِهِنَّ، مَا يُعْرَفْنَ مِنَ الغَلَسِ، وَقال قُتَيْبَةُ: مُتَلَفِّعَاتٍ.

وفي الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وأنسٍ، وقَيْلَةَ ابْنَةَ مَخْرَمَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وُهَوَ الَّذِى اخْتَارَهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مِنْهُمْ: أَبُوبكرٍ، وعُمرُ، وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابعينَ، وبه يَقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ: يَسْتَحِبُّوْنَ التَّغْلِيْسَ بِصَلاَةِ الْفَجْرِ.

ترجمہ: وہ روایت جس میں تاریکی میں نماز فجر پڑھنا وارد ہوا ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: بیشک شان یہ ہے (یہ إنْ مخففہ من المثقلہ ہے۔ اور اس کا اسم ضمیر شان پوشیدہ ہے) آنحضرت ﷺ فجر پڑھتے تھے۔ پھر عورتیں لوٹتی تھیں درانحالیکہ وہ اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتی تھیں نہیں پہچانی جاتی تھیں وہ تاریکی کی وجہ سے۔ یعنی آنحضور ﷺ نماز فجر غلس میں شروع کرتے تھے اور غلس ہی میں پوری فرماتے تھے۔ اور مسجد نبوی میں نماز ختم ہونے کے بعد بھی ماحول میں اتنی تاریکی باقی رہتی تھی کہ عورتیں (ذات کے لحاظ سے) پہچانی نہیں جاتی تھیں (کہ کون ہے رقیہ ہے، زینب ہے یا فاطمہ؟) انصاری کی حدیث میں یَنصرف النساء کے بجائے تَمُرُّ النساءُ ہے۔ اور دونوں کا مطلب ایک ہے۔ اور قتیبہ کی حدیث میں متلفِّفات کی جگہ مُتَلَفِّعَاتٍ ہے۔ لَفَعَ اور لَفَفَ دونوں کے معنی ہیں: لپٹی ہوئی۔ اور مُروط جمع ہے مِرْطٌ کی: اونی چادر ——— اور یہ وہ بات ہے جس کو صحابہ میں سے بہت سے اہل علم نے پسند کیا ہے، ان میں سے حضرات شیخین رضی اللہ عنہما ہیں۔ اور ان کے بعد کے حضرات یعنی تابعین نے پسند کیا ہے۔ اور یہی بات شافعی احمد واسحاق نے کہی ہے۔ یہ سب مطلقاً فجر کی نماز غلس میں پڑھنے کو پسند کرتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث کی علماء احناف نے متعدد تاویلیں کر کے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ آنحضرت ﷺ فجر اسفار میں پڑھا کرتے تھے۔ مگر جو بات صحیح ہے وہ یہ ہے کہ مسجد نبوی میں نماز فجر غلس ہی میں شروع ہوتی تھی اور غلس ہی میں پوری ہوجاتی تھی۔ اور خلفاء راشدین کا بھی یہی معمول تھا۔ اس لئے کہ ان کے زمانہ میں بھی مسجد نبوی کی

وہی صورتِ حال تھی جو آنحضور ﷺ کے عہد میں تھی بلکہ آج تک ویسی ہی صورتِ حال ہے۔اس لئے خلفاء راشدین بھی غلس ہی میں نماز پڑھاتے تھے۔اور وہاں آج بھی غلس ہی میں نماز ہوتی ہے۔اور یہ حدیث مسلک احناف کے معارض نہیں۔کیونکہ اس طرح کی صورت حال میں احناف کے یہاں بھی غلس میں فجر پڑھنا افضل ہے، جیسے دیوبند وغیرہ میں رمضان میں فجر کی نماز غلس ہی میں پڑھی جاتی ہے۔

اور غَلَس (بفتحتین) رات کی آخری تاریکی کو کہتے ہیں جو صبح کی روشنی سے ملی ہوئی ہو۔

باب ماجاء فی الإسْفَارِ بالفَجْرِ

روشنی کر کے نماز فجر پڑھنے کا حکم

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''روشنی کر کے فجر کی نماز پڑھا کرو اس میں ثواب زیادہ ہے'' اسفار میں فجر پڑھی جائے گی تو جماعت بڑی ہوگی پس ثواب بھی زیادہ ہوگا۔

تشریح: جو ائمہ مطلقاً تغلیس کو مستحب کہتے ہیں یہ حدیث ان کے خلاف ہے۔انھوں نے اس حدیث کی تاویل کی ہے۔امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا مطلب ہے: أن یَضَحَ الفجرُ فلا یُشكَّ فیه یعنی جب یقینی طور پر صبح صادق ہو جائے اور اس میں کوئی شک باقی نہ رہے تب فجر پڑھی جائے۔مگر یہ عجیب تاویل ہے۔ اگر حدیث کا یہ مطلب ہے تو پھر فإنه أعظم للأجر کا کیا مطلب ہوگا؟ اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہونا چاہئے کہ جو شخص صبح صادق سے پہلے فجر پڑھ لے گا اس کی نماز بھی صحیح ہو جائے گی، البتہ ثواب کم ملے گا، اور یقینی صبح صادق کے بعد پڑھی جائے گی تو ثواب زیادہ ہوگا۔حالانکہ یہ بات بداہۃً غلط ہے۔وقت سے پہلے نماز ہوتی ہی نہیں۔ اس لئے حدیث کا بے غبار مطلب وہ ہے جو اوپر بیان کیا گیا کہ عام حالات میں حقِ مصلیان کی وجہ سے نماز فجر روشنی کر کے پڑھی جائے اس میں ثواب زیادہ ہے۔

[٤] باب ماجاء فی الإسفار بالفجر

[١٥٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ قَتَادَةَ، عن مَحمودِ بنِ لَبِیْدٍ، عن رَافِعِ بنِ خَدِیْجٍ، قال: سمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یقولُ: '' أَسْفِرُوْا بِالْفَجْرِ، فَإِنَّهُ أَعْظَمُ لِلْأَجْرِ''

وفی الباب عن أبی بَرْزَةَ، وجابرٍ، وبِلالٍ.

وقد رَوَی شُعْبَةُ والثَّوْرِیُّ هٰذَا الحدیثَ عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ؛ ورَوَاهُ محمدُ بنُ عَجْلَانَ أَیْضًا

عن عَاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ قَتَادَةَ. قال أبو عيسىٰ: حديثُ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رَأَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِن أَهْلِ العِلْمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ الإِسْفَارَ بِصَلَاةِ الفَجْرِ، وبه يَقولُ سفيانُ الثوريُّ.

وقال الشافعيُّ، وأحمدُ وإسحاقُ: مَعْنَى الإِسْفَارِ: أَنْ يَّضِحَ الفَجْرُ، فَلَا يُشَكُّ فِيْهِ، وَلَمْ يَرَوْا أَنَّ مَعْنَى الإِسْفَارِ تَاخِيْرُ الصَّلَاةِ.

وضاحت: حضرت رافع رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے۔اس کو محمد بن اسحاق سے عبدۃ کے علاوہ سفیان ثوری اور شعبہ نے بھی روایت کیا ہے۔اور محمد بن عجلان: محمد بن اسحاق کے متابع ہیں یعنی وہ بھی یہ حدیث عاصم بن عُمر بن قتادہ سے روایت کرتے ہیں ـــــــ امام شافعی، امام احمد اور امام اسحاق رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ اسفار کا مطلب یہ ہے کہ صبح صادق واضح ہوجائے۔اور اس کے طلوع ہونے میں کوئی شک باقی نہ رہے۔(یہ توجیہ فہم سے بالاتر ہے کیونکہ اگر صبح ہونے میں شک ہے تو ثواب زیادہ ہونے کا سوال ہی کہاں پیدا ہوتا ہے اس صورت میں تو نماز ہی صحیح نہ ہوگی) اور ان حضرات کے نزدیک اسفار کا مطلب نماز میں تاخیر کرنا نہیں ہے۔

بابُ ماجاء فی التَّعْجِيْلِ بالظُّهْرِ

ظہر جلدی پڑھنے کا بیان

یہ بھی دو باب ہیں۔ پہلے باب کا ماحصل یہ ہے کہ ظہر جلدی پڑھنی چاہئے۔اور دوسرے باب کا حاصل یہ ہے کہ گرمیوں میں ظہر دیر سے پڑھنی چاہئے۔اور خلاصہ دونوں بابوں کا یہ ہے کہ مستحب اول وقت میں نماز پڑھنا ہے لیکن اگر اس کے ساتھ حق وقت متعارض ہوجائے تو پھر ظہر میں تاخیر کرنا افضل ہے۔ چونکہ شدید گرمیوں میں ظہر کے اول وقت میں خرابی ہے یعنی اول وقت کی فضیلت کے ساتھ حق وقت معارض ہے اس لئے گرمیوں میں وقت ٹھنڈا کر کے یعنی تاخیر سے ظہر پڑھنا مستحب ہے۔اور سردیوں میں کوئی عارض نہیں اس لئے نماز جلدی پڑھنی مستحب ہے۔

فائدہ: احناف نماز ظہر میں تو یہ بات ملحوظ رکھتے ہیں چنانچہ وہ سردیوں میں ظہر جلدی پڑھتے ہیں اور گرمیوں میں تاخیر سے پڑھتے ہیں۔مگر وہ جمعہ کی نماز ہمیشہ جلدی پڑھتے ہیں۔ کیونکہ جمعہ میں حق وقت کے ساتھ حق مصلیان متعارض ہے اور ایسی صورت میں حق العبد کا لحاظ کیا جاتا ہے۔لوگ صبح ہی سے نماز جمعہ کے لئے آجاتے ہیں اب ان کو وقت ٹھنڈا ہونے تک روکنا زحمت کا باعث ہے، لوگوں کی رعایت میں جمعہ گرمیوں میں بھی جلدی پڑھا جاتا ہے۔پس جو احناف نماز جمعہ میں غیر معمولی تاخیر کرتے ہیں وہ مذہب احناف کا غلط استعمال کرتے ہیں۔نماز جمعہ احناف کے

نزدیک بھی ہمیشہ جلدی پڑھنی چاہئے خواہ سردی ہو یا گرمی۔ آنحضور ﷺ کا دائمی معمول زوال کے ساتھ ہی جمعہ پڑھ لینے کا تھا(۱)

پہلی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما سے زیادہ جلدی ظہر پڑھنے والا کوئی نہیں دیکھا۔

تشریح: حدیثِ مذکور میں صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اپنے زمانہ کے لوگوں پر نقد کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما ظہر پڑھنے میں تاخیر نہیں کیا کرتے تھے۔ اب لوگ ظہر میں تاخیر کرنے لگے ہیں جو کہ آنحضور ﷺ کی سنت مستمرہ کے خلاف ہے۔ ظاہر ہے صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات سردیوں کی ظہر کے بارے میں فرمائی ہے کیونکہ معمول نبوی گرمیوں میں تاخیر سے ظہر پڑھنے کا تھا۔ جیسا کہ آئندہ باب میں روایت آرہی ہے۔ اور حاشیہ میں بخاری شریف کی روایت ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: نبی ﷺ کیسے وقت ظہر پڑھا کرتے تھے؟ آپؐ نے فرمایا: إذا اشْتَدَّ البردُ بَكَّرَ بالصلاة، وإذا اشتد الحر أبرد بالصلاة یعنی سخت ٹھنڈ کے زمانہ میں نماز سویرے پڑھتے تھے اور سخت گرمیوں میں نماز ٹھنڈی کر کے پڑھتے تھے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ احادیثِ شریفہ میں جہاں بھی آنحضرت ﷺ کے عمل کے ساتھ شیخین رضی اللہ عنہما کا عمل ذکر کیا جاتا ہے وہاں یہ بتلانا مقصود ہوتا ہے کہ آپؐ کا یہ عمل دائمی تھا یعنی زندگی کے آخر تک باقی رہا۔ دلیل یہ ہے کہ آپؐ کے بعد جو خلفاء متصل آئے ہیں ان کا بھی یہی عمل تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی اسی طرف اشارہ کیا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھی جبکہ سورج ڈھل گیا (یہ حدیث مذکورہ بخاری شریف کی حدیث کے قرینہ سے سردیوں کے زمانہ پر محمول ہے)

[۵] باب ماجاء في التعجيل بالظهر

[۱۵۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وكيعٌ، عن سُفيان، عَن حَكِيْمِ بنِ جُبَيْرٍ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَشَدَّ تَعْجِيْلاً لِلظُّهْرِ مِن رَسُوْلِ الله صلى الله عليه وسلم، وَلاَ مِنْ أَبِیْ بَكْرٍ، ولا مِنْ عُمرَ.

وفی الباب: عن جابرِ بنِ عبدِ الله، وخَبَّابٍ، وأبی بَرْزَةَ، وابنِ مسعودٍ، وزَيْدِ بنِ ثابتٍ، وأنسٍ، وجابرِ بنِ سَمُرَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ. وهُوَ الَّذِیْ اخْتَارَهُ أهلُ العِلْمِ مِن أصحابِ النبیِّ

(۱) پہلے شہر کی ایک ہی مسجد میں جمعہ ہوتا تھا اور لوگوں میں عبودیت کا جذبہ بھی زیادہ تھا اس لئے لوگ صبح ہی سے جمعہ پڑھنے کے لئے آجاتے تھے۔ تفصیل ابواب الجمعہ میں آئے گی ۱۲

صلی اللہ علیہ وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ.

قال عَلِیٌّ: قال یَحییُ بنُ سَعیدٍ: وَقَدْ تکَلَّمَ شُعْبَةُ فی حَکیْمِ بنِ جُبَیْرٍ مِنْ أَجْلِ حَدیثِه الَّذِیْ رَوَی عن ابنِ مَسعودٍ، عنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''مَنْ سَأَلَ النَّاسَ وَلَهُ مَا یُغْنِیْهِ''

قَالَ یَحییَ: وروَی لَهُ سُفیانُ وزَائِدَةُ، وَلَمْ یَرَ یَحییَ بِحَدِیْثِهِ بَأْسًا، قال محمدٌ: وقد رُوِیَ عن حکیمِ بنِ جُبیرٍ، عن سَعیدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن عائشةَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فی تَعْجِیْلِ الظُّهْرِ.

[۱۵۶-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیِّ الحُلْوَانِیُّ، أَنا عَبدُ الرزاقِ، أنا مَعمرٌ، عن الزُّهْرِیِّ قال: أَخْبَرَنِی أنسُ بنُ مالكٍ، أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صَلَّی الظُّهْرَ حِیْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ، هٰذا حدیثٌ صحیحٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث حسن ہے (امام ترمذی نے صرف تحسین اس لئے کی ہے کہ اس کی سند کا ایک راوی حکیم بن جبیر متکلم فیہ ہے) اور صحابہ اور بعد کے علماء نے ظہر کی تعجیل کو ترجیح دی ہے (یعنی وہ مطلقاً خواہ گرمی ہو یا سردی ظہر کی نماز جلدی پڑھنے کو مستحب قرار دیتے ہیں) علی بن المدینی نے فرمایا: یحییٰ قطان نے فرمایا کہ شعبہ رحمہ اللہ نے حکیم بن جبیر میں اُس حدیث کی وجہ سے کلام کیا ہے جس کو انھوں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ جو شخص لوگوں سے سوال کرے درانحالیکہ اس کے پاس اتنا مال ہو جو اس کو بے نیاز کئے ہوئے ہو آخر حدیث تک (یہ حدیث کتاب الزکاۃ باب من تحل لہ الزکاۃ میں آئے گی) یحییٰ قطان فرماتے ہیں: سفیان ثوری اور زائدہ نے حکیم کی روایتیں لی ہیں اور خود یحییٰ قطان بھی ان سے روایت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے (خلاصہ یہ کہ حکیم بن جبیر ثقہ راوی ہیں اور شعبہ رحمہ اللہ کی تضعیف بے بنیاد ہے) امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حکیم بن جبیر بواسطہ سعید بن جبیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کا ظہر جلدی پڑھنا بھی روایت کرتے ہیں (مگر اس سند سے یہ روایت کسی کتاب میں نہیں ملی)

بابُ ماجاءَ فی تأخِیرِ الظُّهْرِ فی شِدَّةِ الحَرِّ

سخت گرمیوں میں تاخیر سے ظہر پڑھنے کا حکم

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جب گرمی سخت ہو جائے تو نماز ٹھنڈی کرو۔ یعنی وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد نماز پڑھو اس لئے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے۔

تشریح: عرب میں گیارہ ساڑھے گیارہ بجے دوپہر ٹھہر جاتی ہے۔ یعنی ہوا بالکل بند ہو جاتی ہے گرمی سخت ہو جاتی

ہے اور چلت پھرت بند ہو جاتی ہے۔ اس وقت دھوپ لگتی ہے جس کی وجہ سے جان کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے جیسا کہ ہمارے دیار میں لُو لگنے سے آدمی مر جاتا ہے۔ پھر ایک وقت کے بعد سمندر کی جانب سے ٹھنڈی ہوا چلنی شروع ہوتی ہے۔ میں نے مکہ میں بارہا اس کا تجربہ کیا ہے۔ میں عصر پڑھ کر حرم شریف کی چھت پر چلا جاتا تھا۔ وہاں بارہا میں نے یہ بات محسوس کی کہ عصر کی نماز کے بعد تقریباً آدھ گھنٹہ گذر جانے کے بعد سمندر کی جانب سے ہوا کے ہلکے ہلکے جھونکے آنے شروع ہو جاتے ہیں۔ موسم خوش گوار ہو جاتا ہے۔ اور گرمی کی شدت ٹوٹ جاتی ہے۔ یہی ابراد یعنی وقت کو ٹھنڈا کرنا ہے۔ محمد بن کعب قُرظی تابعی فرماتے ہیں: إذا فاءَ تِ الأفْیاءُ، وھَبَّتِ الأرواحُ، یُقَالُ: أَبْرِدْ تُم فالرَّوَاحُ یعنی جب سایے پلٹ جائیں اور ہوائیں چلنے لگیں۔ تو قافلہ میں اعلان کیا جاتا ہے کہ وقت ٹھنڈا ہو گیا سفر شروع کرو۔ غرض آنحضرت ﷺ نے سخت گرمیوں میں وقت ٹھنڈا ہونے کے بعد ظہر پڑھنے کا حکم فرمایا ہے اور اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ کا نتیجہ ہے اس لئے ایسے نامناسب وقت میں نماز پڑھنا مناسب نہیں۔

اور گرمی کی شدت جہنم کے پھیلاؤ سے ہے اس میں مجاز بالحذف ہے۔ یعنی جہنم کے اثر کے پھیلاؤ سے ہے۔ جہنم بذاتِ خود نہیں پھیلتی بلکہ اس کا اثر پھیلتا ہے ——— فَیْحٌ کے معنی ہیں: وسیع ہونا۔ کہتے ہیں: غُرفَۃٌ فیْحَاءُ أی غُرفَۃ واسِعۃ یعنی کشادہ کمرہ۔

آنحضور ﷺ کا یہ ارشاد حقیقت ہے یا مجاز؟ امام شافعی رحمہ اللہ کا رجحان یہ ہے کہ یہ مجاز ہے۔ یعنی یہ پیرایۂ بیان اور تمثیل ہے۔ اس سے یہ بات بتلانا مقصود ہے کہ گرمی کی شدت تکلیف دہ ہے۔ ظاہر ہے کہ جب جہنم بذاتِ خود تکلیف دہ ہے تو اس کے اثرات بھی یقیناً تکلیف دہ ہونگے۔ مگر جہنم اپنی جگہ قائم ہے نہ وہ خود پھیلتی ہے اور نہ اس کے اثرات بلکہ سخت گرمی تکلیف دہ ہے یہی بات سمجھانا مقصود ہے۔ اور جب یہ محض تمثیل ہے تو وقت میں خرابی ثابت نہیں ہوئی۔ چنانچہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک گرمیوں میں بھی عورتوں کے لئے ظہر اول وقت میں پڑھنا مستحب ہے۔ کیونکہ ان کو گھر میں نماز پڑھنی ہے۔ اسی طرح وہ نمازی جن کو محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھنی ہے اور انہیں زیادہ دور سے نہیں آنا ان کے لئے بھی اول وقت میں ظہر پڑھ لینا مستحب ہے۔ ہاں اگر مسجد فاصلہ پر ہو لوگوں کو دور دور سے آنا پڑتا ہو تو پھر تاخیر کرنے میں حرج نہیں۔

اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک حدیث میں مجاز و تمثیل نہیں ہے بلکہ حقیقت کا بیان ہے۔ یعنی گرمی کی شدت جہنم کے اثر کے پھیلاؤ سے ہے۔ اور چونکہ جہنم اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے جیسا کہ جنت رب ذوالجلال کی صفت رحمت کا مظہر ہے تو جہنم کے اثرات بھی صفت غضب کے مظہر ہوئے۔ اور وہ اثرات گرمیوں میں ظہر کے اول وقت میں پھیلتے ہیں اس لئے اول وقت میں خرابی ثابت ہوئی، پس گرمیوں میں ظہر تاخیر کرکے پڑھنا مستحب ہے خواہ گھر میں پڑھے یا مسجد میں، سفر میں ہو یا حضر میں۔

فائدہ: قرآن وحدیث میں تمثیلات بھی ہیں اور بیان حقیقت بھی۔ اور دونوں کے درمیان امتیاز اس طرح ہوتا ہے کہ اگر گفتگو مثال سے ممثل لہ کی طرف منتقل ہوجائے تو وہ تمثیل ہے اور اگر مثال ہی پر کلام تام ہوجائے تو وہ حقیقت ہے۔ جیسے سورۃ النور آیت ۳۹ ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْآنُ مَاءً، حَتّٰى إِذَا جَاءَ هُ لَمْ يَجِدْهُ شَيْئًا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهُ فَوَفّٰهُ حِسَابَهُ﴾ قیامت کے دن کفار کے اعمال سراب کی طرح ہونگے۔ سراب چمکتی ریت کو کہتے ہیں جس کو انسان پانی سمجھ لیتا ہے حالانکہ وہ ریت ہوتی ہے۔ پھر جب کفار اپنے اعمال کا صلہ حاصل کرنے پہنچیں گے تو وہاں کچھ نہ پائیں گے بلکہ وہاں اللہ موجود ہونگے اور ان کو حساب کا سامنا کرنا ہوگا۔ یہاں کلام مثال سے ممثل لہ کی طرف منتقل ہوگیا ہے اس لئے یہ تمثیل ہے ——— اور حدیث مذکور میں بیان حقیقت ہے کیونکہ وہاں مثال ہی پر بات پوری ہوگئی ہے اور فإن شدة الحر ماقبل جملہ کی تعلیل ہے۔ جیسا کہ حدیث إذا استيقظ أحدكم من منامه فلا يغمسن يده في الإناء کی تعلیل ہے: فإنّه لايدري أين باتت يده۔

سوال: گرمی کی شدت کا تعلق سورج سے ہے جہنم کے اثر اور اس کے پھیلاؤ سے نہیں ہے۔ چنانچہ جب سورج سر کے قریب آتا ہے تو گرمی بڑھ جاتی ہے اور جب وہ دور ہوتا ہے تو گرمی ہلکی پڑ جاتی ہے، پس یہ کہنا کیسے صحیح ہوسکتا ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کی وسعت کی وجہ سے ہے؟

جواب: انسان عالم مشاہدہ یعنی اس دنیا کے احوال تو اپنی عقل سے سمجھ سکتا ہے مگر دوسری دنیا کے یعنی ماورائے طبیعہ کے احوال اپنی عقل سے کما حقہ نہیں سمجھ سکتا۔ مخبر صادق ﷺ پر اعتماد کرنا ضروری ہے۔ جنت میں دودھ کی نہر ہے۔ وہ دودھ کہاں سے آتا ہے؟ کیسے پیدا ہوتا ہے؟ اس کا تصور ہم نہیں کرسکتے۔ چونکہ مخبر صادق ﷺ نے یہ باتیں بتلائی ہیں اس لئے ہم مانتے ہیں۔ اسی طرح جہنم، اس کے اثرات اور ان کا پھیلنا بھی دوسری دنیا سے تعلق رکھتا ہے وہ اثرات عالم مشاہدہ تک کیسے پہنچتے ہیں ہم نہیں جانتے۔ ممکن ہے سورج: جہنم کے اثر کو قبول کرتا ہو پھر اس کے رَوزَن (سوراخ) سے وہ اثرات اس دنیا تک پہنچتے ہوں۔

امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کی تردید:

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جن حضرات کے نزدیک گرمیوں میں مطلقاً ظہر میں تاخیر مستحب ہے ان کی بات قرین صواب ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول صحیح نہیں۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ان کے قول کی تردید ہوتی ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم لوگ ایک سفر میں آنحضور ﷺ کے ہمراہ تھے، دوپہر کے وقت قافلہ پڑاؤ کئے ہوئے تھا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے زوال کے بعد اذان دینے کا ارادہ کیا تو حضور اکرم ﷺ نے انہیں روک دیا اور فرمایا: "وقت ٹھنڈا ہونے دو" کچھ وقت گذرنے کے بعد انھوں نے اذان دینی چاہی تو

آپؐ نے ان کو پھر روکا اور فرمایا وقت ٹھنڈا ہونے دو اور آپ برابر روکتے رہے یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کے سایے دیکھے۔ اور بخاری میں ہے: حتی سَاوَی الظِّلُّ التَّلولَ یہاں تک کہ ٹیلوں کے سایے ٹیلوں کے برابر ہو گئے تب اجازت دی پھر اذان وا قامت کہی گئی اور نماز ہوئی (بخاری حدیث ۶۲۹ باب الأذان للمسافرین)

اس حدیث سے امام ترمذی رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ یہ سفر کا واقعہ ہے سب صحابہ یکجا تھے۔ نماز پڑھنے کے لئے کسی کو دور سے نہیں آنا تھا باوجود اس کے آنحضرت ﷺ نے تاخیر کروائی۔ معلوم ہوا کہ گرمیوں میں ہر شخص کے حق میں تاخیر مستحب ہے۔

تردید کی تردید:

مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ تردید دو وجہ سے محل نظر ہے:

پہلی وجہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کا یہ فرمانا کہ اس موقع پر دور سے آنے والے نمازی نہیں تھے، درست نہیں۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ کا قافلہ جب کسی جگہ ٹھہرتا تھا تو سب لوگ مجتمع نہیں رہتے تھے بلکہ پورے میدان میں جس کو جہاں سایہ ملتا قیام کرتا تھا۔ اس طرح وہ حضرات دور دور تک پھیلے رہتے تھے اور آنحضرت ﷺ کے لئے خیمہ کھڑا کیا جاتا تھا اور آپؐ کے خیمہ کے قریب کوئی زمین ہموار کر کے عارضی مسجد تیار کی جاتی تھی۔ اذان سن کر سب صحابہ اس عارضی مسجد میں جمع ہوتے تھے اور سب باجماعت نماز ادا کرتے تھے۔ غرض مذکورہ واقعہ میں بھی دور سے آنے والے حضرات تھے۔

دوسری وجہ: اگر حدیث شریف میں بیان کردہ مقدار تک یعنی ٹیلوں کا سایہ نمودار ہونے تک تاخیر کر کے آنحضور ﷺ کا ظہر پڑھنے کا معمول تھا تو پھر یہ اعتراض ہوگا کہ آخر قبل از وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ بار بار اذان دینے کا ارادہ کیوں کر رہے تھے؟ ظاہر ہے کہ مقررہ مؤذن ٹائم ٹو ٹائم ہی اذان دیتا ہے۔ ان کے بار بار اذان دینے کا ارادہ کرنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ ظہر میں اتنی تاخیر کرنا آنحضور ﷺ کا معمول نہیں تھا۔ آج یہ تاخیر عارضی مصلحت سے کی جا رہی تھی کیونکہ جو جگہ نماز پڑھنے کے لئے تیار کی گئی تھی وہ دھوپ کی شدت سے گرم ہو گئی تھی اس لئے آپؐ نے اس جگہ کے ٹھنڈا ہونے کا انتظار کیا۔ کیونکہ دور اول کے بیشتر مسلمان کچھ بچھائے بغیر زمین ہی پر نماز پڑھتے تھے ان کے پاس پہننے کے لئے کپڑے نہیں تھے مصلّٰی وغیرہ کہاں سے لاتے!

فائدہ: یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کا مستدل ہے کیونکہ ٹیلوں کا سایہ اور وہ بھی ٹیلوں کے بقدر مثل اول میں پڑ ہی نہیں سکتا جو چاہے اس کا تجربہ کر سکتا ہے۔ جزیرۃ العرب آج بھی بحالہ ہے۔ پس حدیث جبرئیل میں جو ظہر کا وقت بیان ہوا ہے اس میں تبدیلی ہوئی ہے۔ ورنہ لازم آئے گا کہ آنحضور ﷺ نے کم از کم یہ ظہر قضا کر کے پڑھی اور ایسی بات کہنے کی ہمت کون کر سکتا ہے؟!

[٦] باب ماجاء فی تأخیر الظهر فی شدة الحر

[١٥٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهابٍ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، وأبی سَلَمَةَ، عن أبی هُريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:" إذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ فَأَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلاَةِ، فَإِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ"

وفی الباب: عن أبی سعيدٍ، وأبی ذرٍّ، وابنِ عُمرَ، والمُغيرة، والقَاسمِ بنِ صَفْوَانَ عن أبيه، وأبی مُوسَی، وابنِ عباسٍ، وأنسٍ، ورُوِیَ عَن عُمرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فی هٰذا، وَلاَ يَصِحُّ، قَالَ أبو عيسیٰ: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدِ اخْتَارَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ تَأْخِيْرَ صَلاَةِ الظُّهْرِ فِی شِدَّةِ الحَرِّ. وهُوَ قَوْلُ ابنِ المباركِ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

قال الشافعیُّ: إنَّمَا الإِبْرَادُ بِصَلاَةِ الظُّهْرِ إِذَا كَانَ مَسْجِدًا يَنْتَابُ أَهْلُهُ مِن البُعْدِ، فَأَمَّا المُصَلِّی وَحْدَهُ، وَالَّذِیْ يُصَلِّیْ فی مَسجِدِ قَوْمِهِ، فَالَّذِیْ أُحِبُّ لَهُ أَنْ لاَيُؤَخِّرَ الصَّلاَةَ فی شِدَّةِ الْحَرِّ.

قال أبو عيسی: ومَعنَی مَن ذَهَبَ إِلٰی تَأْخِيْرِ الظُّهْرِ فی شِدَّةِ الْحَرِّ، هُوَ أَوْلٰی وَأَشْبَهُ بالإتْبَاعِ.

وَأَمَّا مَاذَهَبَ إِلَيْهِ الشَّافِعِیُّ: أَنَّ الرُّخصَةَ لِمَنْ يَنْتَابُ مِنَ الْبُعْدِ، وَلِلْمَشَقَّةِ عَلَی النَّاسِ: فَإِنَّ فِی حَدِيْثِ أبی ذرٍ مَا يَدُلُّ عَلَی خِلاَفِ مَا قَالَ الشافعیُّ، قَالَ أبوذرٍ: كُنَّا مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فی سَفَرٍ، فَأَذَّنَ بلالٌ بِصَلاَةِ الظُّهْرِ، فَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: يا بِلاَلُ أَبْرِدْ، ثُمَّ أَبْرِدْ، فَلَوْ كَانَ الأَمْرُ عَلَی مَاذَهَبَ إليهِ الشافعیُّ، لَمْ يَكُن لِلإِبْرَادِ فی ذٰلِكَ الوَقْتِ مَعْنًی، لِاِجْتِمَاعِهِمْ فی السَّفَرِ، وكَانُوْا لاَيَحْتَاجُوْنَ أَنْ يَنْتَابُوْا مِنَ الْبُعْدِ.

[١٥٨-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيلاَنَ، نا أبو داوٗد، قال أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عن مُهَاجِرٍ أَبی الْحَسَنِ، عن زَيدِ بنِ وَهْبٍ، عن أبی ذرٍ، أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم كَانَ فِی سَفَرٍ، ومَعَهُ بِلاَلٌ، فَأَرَادَ أَنْ يُّقِيْمَ، فَقَالَ: أَبْرِدْ، ثُمَّ أَرَادَ أَنْ يُقِيْمَ، فَقَالَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: أَبْرِدْ فی الظُّهْرِ، قَالَ: حَتّٰی رَأَيْنَا فَیْءَ التُّلُوْلِ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّی، فقال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:" إِنَّ شِدَّةَ الْحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَأَبْرِدُوْا عَنِ الصَّلاَةِ" قَالَ أبو عيسیٰ: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: سخت گرمی میں ظہر کی نماز تاخیر سے پڑھنے کا بیان (حدیث کا ترجمہ آ گیا) اور اس مسئلہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے مگر اس کی سند صحیح نہیں (یہ حدیث ابو یعلی اور بزار نے روایت کی ہے۔ اس کی سند

میں محمد بن الحسن بن زَبّالہ ہے جس کو حدیث گھڑنے والا بتایا گیا ہے۔مجمع الزوائد ہیثمی ۱:۳۰۶)

اور اہل علم کی ایک جماعت کے نزدیک سخت گرمیوں میں ظہر کی نماز میں تاخیر پسندیدہ ہے، اور یہ ابن المبارک، احمد اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ظہر کو ٹھنڈا کرنے کا حکم اس وقت ہے جب نمازی مسجد میں دور سے آتے ہوں، رہے وہ جن کو تنہا نماز پڑھنی ہے اور وہ جن کو محلّہ کی مسجد میں نماز پڑھنی ہے تو میں ان کے لئے یہ پسند کرتا ہوں کہ وہ سخت گرمیوں میں بھی نماز ظہر میں تاخیر نہ کریں (بلکہ اُسے اول وقت ہی میں پڑھیں)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور ان لوگوں کی بات جو سخت گرمیوں میں ظہر میں تاخیر کے مستحب ہونے کی طرف گئے ہیں: بہتر اور پیروی سے زیادہ مشابہ ہے یعنی پیروی کے زیادہ لائق ہے اور جس قول کو امام شافعی رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے یعنی حدیث مذکور میں رخصت صرف ان لوگوں کے لئے ہے جو دور سے آتے ہیں اور لوگوں کو مشقت میں پڑھنے سے بچانے کے لئے ہے: یہ بات صحیح نہیں کیونکہ ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اس کی تردید ہوتی ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ ایک سفر میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھے۔حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ظہر کی اذان دینے کا ارادہ کیا (أَذَّن أى أراد أن يُؤَذِّنَ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلال! وقت ٹھنڈا ہونے دو (کچھ وقت کے بعد انھوں نے دوبارہ اذان دینی چاہی تو آپ ؐ نے پھر فرمایا:) وقت ٹھنڈا ہونے دو۔ اگر بات وہی ہوتی جو امام شافعی نے اختیار کی ہے تو اس موقع پر وقت ٹھنڈا کرنے کا کوئی موقع نہیں تھا۔سفر میں لوگوں کے یکجا ہونے کی وجہ سے۔اور وہ نماز کے لئے دور سے آنے کے محتاج نہیں تھے۔اس کے بعد مصنف رحمہ اللہ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث سند کے ساتھ بالتفصیل درج کی ہے، جس کا ترجمہ آچکا ہے(فأراد أن يقيم :أراد أن يؤذن کے معنی میں ہے)

بابُ ماجاء فی تَعْجِیْلِ العَصْرِ

عصر کی نماز جلدی پڑھنے کا بیان

صرف احناف حق صلوٰۃ کی وجہ سے عصر میں کچھ تاخیر کرنے کو مستحب کہتے ہیں تا کہ جو لوگ وقت شروع ہونے کے بعد کاروبار اور مشغولیات چھوڑ کر سیدھے مسجد میں پہنچیں ان کو نفل پڑھنے کا موقع ملے، کیونکہ عصر کے بعد نفل ممنوع ہیں۔دیگر ائمہ کے نزدیک عصر کی نماز اول وقت پڑھنی چاہئے، مگر احناف کے نزدیک بہت تاخیر بھی نہیں ہونی چاہئے۔ کیونکہ جمہور کے مسلک کے اعتبار سے ایک مثل کی تو تاخیر ہو ہی جاتی ہے، اب مزید تاخیر نہیں چاہئے۔مثلِ سوم کے شروع ہی میں عصر پڑھ لینی چاہئے، جیسا کہ عام معمول ہے۔

یہاں بھی دو باب ہیں: پہلا باب ائمہ ثلاثہ کے لئے ہے اور دوسرا حنفیہ کے لئے۔ پہلے باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ عصر پڑھتے تھے درانحالیکہ دھوپ ان کے کمرہ میں ہوتی تھی سایہ ان کے حجرے سے (دیوار پر) نہیں چڑھا ہوتا تھا یعنی دھوپ کمرے ہی میں ہوتی تھی دیوار پر چڑھنی شروع نہیں ہوئی ہوتی تھی ایسے وقت آنحضرت ﷺ عصر پڑھ لیا کرتے تھے۔

تشریح: حجرۂ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ایک دروازہ مغربی جانب میں تھا جو مسجد میں کھلتا تھا۔ اور دوسرا دروازہ مشرق کی طرف تھا اور اس کے بعد صحن تھا جو چہار دیواری سے گھرا ہوا تھا۔ اور حجرہ کا اطلاق کمرہ پر یعنی اس حصہ پر بھی ہوتا ہے جس میں بود و باش ہوتی ہے اور صحن پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ یہاں کمرہ مراد لینا دشوار ہے کیونکہ پھر ایک اشکال تو یہ ہوگا کہ مذکورہ صورت میں دیوار پر سایہ نہیں بلکہ دھوپ چڑھے گی، کیونکہ کمرہ کے اندر دھوپ پہنچتی ہے وہی دیوار پر چڑھتی ہے۔ اور دوسرا اشکال یہ ہوگا کہ اس صورت میں نماز عصر میں غیر معمولی تاخیر ہو جائے گی۔ کیونکہ کمرہ کا دروازہ مغربی جانب میں تھا۔ دھوپ پوری مسجد سے گذر کر کمرہ کے اندر پہنچتی ہوگی۔ اس وقت تک سورج مغربی جانب میں کافی نیچے جا چکا ہوگا۔ اتنی تاخیر نا قابل فہم ہے۔

اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ یہاں حجرہ سے حجرے کا صحن مراد ہے جو چہار دیواری سے گھرا ہوا تھا اور سایہ سے مراد کمرہ کا سایہ ہے۔ جب سورج ڈھل جاتا تو کمرے کا سایہ صحن میں پڑتا، جو بتدریج بڑھتا رہتا۔ صدیقہؓ فرماتی ہیں: آنحضور ﷺ کا عصر پڑھنے کا معمول ایسے وقت تھا جب دھوپ میرے کمرے کے صحن میں ہوتی تھی اور کمرے کا جو سایہ پڑ رہا تھا وہ اگلی دیوار پر ابھی نہیں چڑھا ہوتا تھا۔

حدیث کا یہ مطلب تو واضح ہے، مگر اس سے تعجیل عصر یا تاخیر عصر پر استدلال دشوار ہے۔ کیونکہ یہ بات تو معلوم ہے کہ وہ حجرہ دو منزلہ تھا مگر بلندی کتنی تھی یہ بات معلوم نہیں۔ نیز یہ بھی معلوم نہیں کہ صحن کتنا بڑا تھا، نہ یہ بات معلوم ہونے کی کوئی صورت ہے، کیونکہ وہ حجرہ اور صحن اب نہیں رہا۔ پس جس وقت صدیقہؓ نے یہ بات بیان فرمائی تھی اس وقت تو بات واضح تھی، مگر اب اس حدیث سے تعجیل یا تاخیر پر استدلال کرنا تقریباً ناممکن ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ احادیث شریفہ میں دو مجازی تعبیریں آتی رہتی ہیں۔ ایک: راوی حضور اکرم ﷺ کے ایک مرتبہ کے فعل کو کان یفعل (ماضی استمراری) کے ذریعہ بیان کیا کرتا ہے۔ جیسے رسول اللہ ﷺ نے صرف ایک فرض حج کیا ہے۔ مگر روات آپؐ کے افعال کو ماضی استمراری کے ذریعہ بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ آپؐ نے وہ فعل اگرچہ ایک مرتبہ کیا ہے مگر اس کا جواز مستمر ہو گیا۔ دوسرے: کبھی اس کے برعکس ہوتا ہے۔ جیسے آنحضرت ﷺ کا معمول مذکورہ حدیث میں بیان کردہ وقت پر نماز عصر پڑھنے کا تھا مگر صدیقہ نے اس کو صَلّٰی رسول اللہ کہہ کر بیان کیا ہے، جس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ زندگی میں ایک آدھ مرتبہ آپؐ نے اس وقت عصر پڑھی تھی۔ حالانکہ یہ دائمی معمول تھا۔

غرض یہ دو مجازی تعبیریں روایات میں بکثرت آتی ہیں ان کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

دوسری حدیث: علاء بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: وہ مسجد میں ظہر باجماعت پڑھ کر (حدیث پڑھنے کی غرض سے) حضرت انس رضی اللہ عنہ کے گھر گئے۔ حضرت انس رضی اللہ کا گھر مسجد سے متصل تھا۔ مگر وہ بڑھاپے کی وجہ سے گھر ہی میں نماز پڑھتے تھے۔ جب علاء اور دیگر تلامذہ نے حدیث بیان کرنے کی درخواست کی تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''آؤ! پہلے نماز پڑھ لیں'' چنانچہ سب نے باجماعت عصر کی نماز پڑھی (معلوم ہوا کہ مسجد میں نماز ظہر غیر معمولی تاخیر سے ہوئی تھی جو غلط طریقہ تھا) نماز سے فراغت کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ منافق کی نماز ہے کہ آدمی بیٹھا سورج دیکھتا رہے (یا گھڑی دیکھتا رہے) یہاں تک کہ جب سورج شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جائے تو وہ اٹھے اور جلدی جلدی چار ٹھونگیں مارلے (یعنی اتنے مختصر سجدے کرے کہ چار رکعت میں جو آٹھ سجدے ہیں وہ سرسری نظر میں چار ہی محسوس ہوں) اور (نماز میں) برائے نام ذکر کرے''

سورج کا شیطان کے دوسینگوں کے درمیان پہنچ جانا مجازی تعبیر ہے یعنی جب سورج کی پرستش شروع ہوجائے۔ کیونکہ جب سورج لال تھالی ہوجاتا ہے تو سورج کے پجاری اس کی عبادت شروع کردیتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث احناف کے مذہب کے خلاف نہیں۔ کیونکہ اس میں نماز عصر کو اصفرار شمس تک مؤخر کرنے کو ناپسند کیا گیا ہے اور اس کو منافق کی نماز قرار دیا گیا ہے اور حنفیہ بھی اتنی تاخیر کے قائل نہیں، وہ بھی اس کو مکروہ تحریمی کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک حق صلوٰۃ کی بناء پر فی الجملہ یعنی وقت ہونے کے بعد تھوڑی تاخیر مستحب ہے۔ نیز حضرت انس رضی اللہ عنہ کا فعل بھی مذہب حنفیہ کے خلاف نہیں کیونکہ انھوں نے عصر گھر میں پڑھی ہے اور حنفیہ نے تاخیر کی بات مسجد الجماعۃ کے لئے کہی ہے۔ کیونکہ مسجد میں ممکن ہے کسی کو نوافل پڑھنے ہوں۔ اور جو شخص گھر میں نماز پڑھتا ہے اس کو اگر نوافل پڑھنے ہیں تو وہ تاخیر کرے گا ورنہ تاخیر کی کوئی ضرورت نہیں وہ اول وقت میں نماز پڑھ لے گا۔

[۷] باب ماجاء فی تعجیل العصر

[۱۵۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللّیْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ أَنَّهَا قَالتْ: صَلَّی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العَصْرَ، والشَّمْسُ فی حُجْرَتِهَا، لَمْ یَظْهَرِ الفَیْءُ مِنْ حُجْرَتِهَا.

وفی الباب: عن أنسٍ، وأبی أَرْوَی، وجابرٍ، ورافِعِ بنِ خَدِیجٍ؛ ویُرْوَی عن رَافِعٍ أیضاً عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فی تَأخِیرِ العَصْرِ وَلاَ یَصِحُّ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وهُوَ الّذِیْ اخْتَارَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ

أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْهُمْ: عُمرُ،وعَبدُ اللّٰهِ بنُ مَسعودٍ، وعائشةُ، وأنسٌ، وغَيْرُ واحِدٍ مِنَ التابعينَ: تَعْجِيْلَ صَلاَةِ العَصْرِ، وكَرِهُوْا تَأخِيْرَهَا، وبه يَقولُ عبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، والشافعيُّ، وأحمدُ وإسحاقُ.

[١٦٠-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن العَلاَءِ بنِ عبدِ الرحمنِ أَنَّهُ دَخلَ على أنسِ بنِ مالكٍ فى دَارِهِ بالبَصْرَةِ حِيْنَ انْصَرفَ مِنَ الظُّهْرِ، ودَارُهُ بِجَنْبِ المَسْجِدِ، فقال: قُوْمُوْا فَصلُّوا العَصْرَ، قَالَ: فُقُمْنَا فَصَلَّيْنا، فَلَمَّا انْصَرفْنَا، قال: سمعتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقولُ:" تِلك صَلاَةُ المُنَافِقِ، يَجْلِسُ يَرْقُبُ الشَّمْسَ، حَتى إِذَا كانتْ بَيْنَ قَرْنَيِ الشَّيْطَانِ، قَامَ، فَنَقَرَ أَرْبَعًا لاَيَذْكُرُ اللّٰهَ فِيْهَا إِلاَّ قَلِيْلاً" قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

تشریح: حضرت رافع رضی اللہ عنہ سے تاخیر عصر کی روایت بھی مرفوعاً مروی ہے وہ حدیث یہ ہے: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يأمُرُ بتأخير العَصر (نبی ﷺ عصر کی نماز میں تاخیر کرنے کا حکم دیا کرتے تھے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح نہیں۔ کیونکہ اس کا ایک راوی عبدالواحد بن نافع ضعیف ہے مگر متعدد ائمہ نے اس کی توثیق بھی کی ہے۔ (مجمع الزوائد: ۳۰۷:۱ وقت صلاۃ العصر)

اوراسی کو صحابہ میں سے بعض نے مثلاً حضرت عمر، حضرت ابن مسعود، حضرت عائشہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہم نے اور متعدد تابعین نے اختیار کیا ہے یعنی عصر میں جلدی کرنے کو (تعجیل: هو مقدر کی خبر بھی ہوسکتا ہے اور أعنی مقدر کا مفعول بھی) اور وہ حضرات عصر میں تاخیر کرنے کو مکروہ کہتے ہیں۔ اور ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فى تَأخِيْرِ صَلاَةِ العَصْرِ

نمازعصر میں تاخیر کرنے کا بیان

گذشتہ باب میں کوئی صریح روایت نہیں تھی جس سے نماز عصر میں تعجیل کا مستحب ہونا ثابت ہوتا ہو، البتہ اس باب میں صریح اور صحیح حدیث موجود ہے کہ آنحضرت ﷺ نماز عصر میں فی الجملہ تاخیر کیا کرتے تھے۔

حدیث: حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا اپنے زمانہ کے لوگوں پر نقد کرتے ہوئے فرماتی ہیں: آپ لوگ ظہر کی نماز زیادہ تاخیر کرکے پڑھتے ہیں جبکہ رسول اکرم ﷺ اتنی تاخیر نہیں کیا کرتے تھے۔ اور آپ لوگ عصر کی نماز جلدی پڑھتے ہیں جبکہ حضور اکرم ﷺ اتنی جلدی عصر نہیں پڑھتے تھے۔ یعنی وہ فرمارہی ہیں کہ لوگو! اپنے دونوں عمل بدلو اور ظہر کو تھوڑا پہلے اور عصر کو کچھ تاخیر سے پڑھو ——— ظاہر ہے وہ لوگ وقت داخل ہونے کے بعد ہی عصر پڑھتے

ہونگے، پھر بھی حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا تنبیہ کرتی ہیں۔ معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ عصر میں کچھ تاخیر کیا کرتے تھے اور یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔ مگر معلوم نہیں کس وجہ سے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس پر کوئی حکم نہیں لگایا۔

[۸] باب ماجاء فی تأخیر صلاۃ العصر

[۱۶۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، أنا إسماعیلُ بنُ عُلَیَّةَ، عن أیوبَ، عن ابنِ أبی مُلَیْکَةَ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، قالتْ: کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم أَشَدَّ تَعْجِیلاً للظُّهْرِ مِنْکُمْ، وأَنْتُمْ أَشَدُّ تَعْجِیْلاً لِلْعَصْرِ مِنْهُ.

قال أبو عیسی: وقد رُوِیَ هٰذا الحدیثُ عن ابنِ جُرَیْجٍ، عن ابنِ أبی مُلَیْکَةَ عن أُمِّ سَلَمَةَ نَحْوَهُ.

وضاحت: اس حدیث کو ابن ابی ملیکہ سے ابن جریج بھی ایوب سختیانی ہی کی طرح روایت کرتے ہیں، پس ابن جریج: ایوب سختیانی رحمہ اللہ کے متابع ہیں، اور حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

بابُ ماجاءَ فی وَقْتِ الْمَغْرِبِ

مغرب کی نماز کا وقت

تمام ائمہ متفق ہیں کہ مغرب کی نماز سورج غروب ہوتے ہی فوراً پڑھ لینی چاہئے۔ یہی مستحب ہے۔ اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث: سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مغرب پڑھا کرتے تھے جبکہ سورج غروب ہوجاتا تھا اور وہ پردہ کی اوٹ میں چلا جاتا تھا (توارت بالحجاب عطف تفسیری ہے)

تشریح: امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ مغرب کا وقت موسع نہیں ہے بلکہ مضیّق ہے۔ یعنی مغرب کا وقت غروب شمس کے بعد صرف اتنی دیر باقی رہتا ہے جس میں جنبی غسل کر کے اور بے وضو وضو کر کے پانچ رکعت پڑھ سکے۔ ان کا مستدل حدیثِ جبرئیل ہے۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دونوں دن سورج غروب ہوتے ہی نماز پڑھائی تھی۔ جمہور اس استدلال کا جواب دیتے ہیں کہ وہاں وقت حقیقی کے اول وآخر میں نماز نہیں پڑھائی گئی تھی بلکہ وقت مستحب کا بھی لحاظ کیا تھا۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ وہ حدیث دور اول کی ہے اور حدیث بریدہؓ اس کے لئے ناسخ ہے، اس میں آنحضور ﷺ نے شفق غروب ہونے سے ذرا دیر پہلے مغرب پڑھائی تھی۔ چنانچہ امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی دوسرا قول جمہور کے موافق ہے اور وہی مفتی بہ ہے کہ مغرب کا وقت غروب شفق تک رہتا ہے۔

فائدہ: امام اعظم رحمہ اللہ نے بھی یہی بات ظہر اور عصر کے اول وآخر کے بارے میں فرمائی ہے کہ حدیث جبرئیل

دوراول کی ہے اور حدیث ابوذرؓ میں آنحضور ﷺ نے ٹیلوں کا سایہ نمودار ہونے تک نماز ظہر میں تاخیر کی ہے۔ معلوم ہوا کہ ظہر کا وقت ایک مثل کے بعد بھی باقی رہتا ہے۔ نیز آپؐ کا ارشاد ہے: ''سخت گرمیوں میں وقت ٹھنڈا کر کے ظہر پڑھو'' یہ دونوں باتیں یعنی ٹیلوں کا سایہ نمودار ہونا اور وقت کا ٹھنڈا ہونا مثل اول میں تقریباً ناممکن ہے۔

[۹] باب ماجاء فی وقت المغرب

[١٦٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ناحَاتِمُ بنُ إسماعِيلَ، عن يَزِيدَ بنِ أبى عُبَيْدٍ، عن سَلَمَةَ بنِ الأكْوَعِ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى المغرِبَ إِذَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وتَوَارَتْ بِالْحِجَابِ.

وفى الباب: عن جابرٍ، وزيدِ بنِ خالدٍ، وأنسٍ، ورافعِ بن خَديجٍ. وأبى أيوبَ، وأُمِّ حَبيبة وعباسِ بنِ عبدِ المطَّلِبِ؛ وحديثُ العباسِ قد رُوِىَ عنه مَوْقُوفاً وهُوَ أَصَحُّ.

قال أبو عيسىٰ: حديثُ سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهُوَ قولُ أَكْثَرِ أهلِ العِلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ مِنَ التابعينَ اخْتَارُوا تَعْجِيْلَ صَلاَةِ المغرِبِ، وكَرِهُوْا تأخِيْرَهَا، حَتى قالَ بَعضُ أهلِ العِلْمِ: لَيْسَ لِصَلاَةِ المغربِ إلَّا وَقتٌ واحِدٌ؛ وَذَهَبُوْا إلَى حديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ صَلَّى بِهِ جِبْرَئِيلُ، وهو قولُ ابنِ المباركِ والشافعيِّ.

ترجمہ: حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث ان سے موقوفاً بھی مروی ہے اور اس کی سند اصح ہے (مگر معلوم نہیں اس کی تخریج کس نے کی ہے، البتہ مرفوع حدیث ابن ماجہ (ص:۵۰) اور سنن دارمی (ص:۱۴۲) میں ہے اور اس کی سند میں کچھ کلام ہے جو ابن ماجہ میں ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: لاتزال أمتی علی الفطرة مالم ینتظروا بالمغرب اشتباك النجوم: لوگ برابر خیر پر رہیں گے جب تک مغرب کی نماز میں ستاروں کے جال بن جانے تک تاخیر نہیں کریں گے) ——— اور وہ صحابہ اور تابعین میں سے اکثر اہل علم کا قول ہے۔ وہ مغرب میں تعجیل کو پسند کرتے ہیں اور تاخیر کو ناپسند کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض اہل علم نے تو یہ بات کہی ہے کہ مغرب کا وقت ایک ہی ہے یعنی اس میں توسُّع نہیں۔ اور انھوں نے حدیث جبرئیل سے استدلال کیا ہے، بایں طور کہ انھوں نے دونوں دن نماز مغرب ایک ہی وقت میں پڑھائی تھی۔ اور یہی رائے حضرت عبداللہ بن المبارک اور امام شافعی رحمہما اللہ کی ہے۔

مسئلہ: نماز مغرب میں اشتباک نجوم سے پہلے تک یعنی ستاروں کا جال بن جانے سے پہلے تک تاخیر کرنا مکروہ تنزیہی ہے اور اشتباک نجوم تک مؤخر کرنا مکروہ تحریمی ہے جبکہ کوئی عذر نہ ہو۔ اگر سفر وغیرہ کے عذر سے تاخیر کرے تو مکروہ نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی وَقْتِ صَلاَۃِ العِشَاءِ الآخرۃِ

عشاء کی نماز کا وقت

حدیث: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے آنحضرت ﷺ کا نماز عشا پڑھنے کا وقت سب سے زیادہ محفوظ ہے۔ آپؐ تیسری رات کا چاند جس وقت غروب ہوتا ہے اس وقت عشا پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: حدیث مذکور سے کوئی متعین وقت سمجھنا دشوار ہے۔ کیونکہ تیسری رات کا چاند کب غروب ہوتا ہے؟ یہ بات مختلف ہوتی ہے، اگر پہلا چاند ۲۹ کا ہے تو تیسری رات کا چاند جلدی غروب ہوگا اور ۳۰ کا ہے تو دیر سے غروب ہوگا۔ تقریباً آدھ گھنٹہ کا فرق پڑے گا۔ نیز تیس کا چاند کتنی ڈگری پر نظر آیا تھا اس کا بھی فرق پڑے گا۔ علاوہ ازیں مدینہ منورہ میں تو دیکھا جاسکتا ہے کہ وہاں تیسری رات کا چاند غروب کے کتنی دیر کے بعد غروب ہوتا ہے مگر اس سے ساری دنیا کے لئے فیصلہ کرنا درست نہ ہوگا۔ کیونکہ طول بلد کا اگرچہ چاند کے طلوع وغروب پر اثر نہیں پڑتا مگر عرض بلد کا اثر پڑتا ہے۔ غرض اس حدیث سے تقریبی وقت معلوم ہوسکتا ہے، تحقیقی نہیں۔ نیز مسئلہ باب میں اس کے علاوہ ایک اور حدیث بھی ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر لوگ جلدی آجاتے تو آنحضرت ﷺ نماز عشا جلدی پڑھا دیا کرتے تھے۔ اور اگر لوگوں کے آنے میں تاخیر ہوتی تو آپ تاخیر فرماتے تھے (متفق علیہ، مشکوۃ حدیث ۵۸۸ باب تعجیل الصلاۃ) یعنی لوگوں کے احوال کی رعایت فرماتے تھے اور نماز عشا ادا کرنے میں تقدیم وتاخیر فرماتے تھے۔

[۱۰] باب ماجاء فی وقت صلاۃ العشاء الآخرۃ

[۱۶۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبی الشَّوَارِبِ، نا أبو عَوَانَةَ، عن أبی بِشْرٍ، عن بَشیرِ بنِ ثابتٍ، عن حَبیبِ بنِ سَالمٍ، عن النُّعمانِ بنِ بَشیرٍ، قال: أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِوَقْتِ هٰذه الصَّلاَةِ، كان رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم يُصَلِّيْهَا لِسُقُوْطِ الْقَمَرِ لِثَالِثَةٍ.

حدثنا أبوبكرٍ محمدُ بنُ أَبَانَ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهدِيٍّ، عن أبی عَوانَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: رَوَى هٰذا الحديثَ هُشَيْمٌ، عن أبی بِشْرٍ، عن حَبيبِ بنِ سالمٍ، عن النُّعمانِ بن بَشِيْرٍ، ولَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ هُشَيْمٌ: عن بَشيرِ بنِ ثَابتٍ. وحَديثُ أبی عَوَانَةَ أَصَحُّ عندنا لِأَنَّ يزيدَ بنَ هَارُوْنَ رَوَى عن شُعْبَةَ، عن أبی بِشرٍ نحوَ رِوَايَةِ أبی عَوَانَةَ.

وضاحت: حدیث نعمانؓ کے راوی ابوعوانہ اور ہُشیم دونوں ہیں۔ البتہ ابوعوانہ نے ابوبشر اور حبیب بن سالم کے درمیان بشیر بن ثابت کا واسطہ بڑھایا ہے۔ جبکہ ہُشیم اس واسطہ کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے

ابوعوانہ کی حدیث کواصح قرار دیا ہے کیونکہ شعبہ ان کے متابع موجود ہیں (مگر مستدرک حاکم میں ہشیم کے متابع رقبۃ ہیں، وہ بشیر کا واسطہ نہیں بڑھاتے، چنانچہ حاکم نے دونوں سندوں کی تصحیح کی ہے یعنی واسطہ والی سند بھی صحیح ہے اور بغیر واسطہ والی بھی، اور اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ابو بشر نے یہ حدیث براہ راست حبیب سے بھی سنی ہو اور بشیر کے واسطہ سے بھی)

فائدہ: دورِ اول میں مغرب اور عشاء دونوں کو عشاء کہتے تھے۔ اور الأولی اور الآخرۃ کے ذریعہ فرق کرتے تھے۔ بعد میں اصطلاحات ٹھہر گئیں۔ اب پہلی نماز کے لئے لفظ مغرب اور دوسری کے لئے لفظ عشا استعمال کیا جاتا ہے، اس لئے اب الآخرۃ کی قید ضروری نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی تَأخِیْرِ العِشَاءِ الآخِرَۃِ

عشا کی نماز میں تاخیر کرنے کا بیان

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں لوگوں کو حکم دیتا کہ وہ تہائی رات تک یا فرمایا: آدھی رات تک عشا کو مؤخر کریں۔ مگر چونکہ اس میں لوگوں کے لئے دشواری تھی اس لئے یہ حکم نہیں دیا (أو شکِ راوی کا ہے۔ صحیح ثلث اللیل ہے)

تشریح: نماز عشا میں فی نفسہ ثلثِ لیل تک تاخیر مستحب ہے۔ لیکن حق مصلیان کی وجہ سے تعجیل مستحب ہے۔ اور اس حدیث سے یہ ضابطہ نکلتا ہے کہ اوقات نماز کی فضیلت اول وقت سے ثانی وقت کی طرف اور ثانی وقت سے اول وقت کی طرف منتقل ہوتی ہے۔

وضاحت:

(۱): ثلثِ لیل تک تاخیر کا استحباب: حق صلاۃ کی وجہ سے ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد باتیں کرنا ممنوع ہے، لوگوں کو چاہئے کہ عشاء کے بعد فوراً سو جائیں تاکہ تہجد میں ورنہ فجر میں اٹھ سکیں، پس جس کو نوافل پڑھنے ہیں ان کو عشاء سے پہلے موقع دینا چاہئے ان نوافل کی وجہ سے عشاء پڑھنے میں تاخیر مستحب ہے۔

(۲) مذکورہ حقِ نوافل: حق اللہ ہے، اور حق العباد یہ ہے کہ جلدی عشاء پڑھ لی جائے تاکہ نوافل نہ پڑھنے والے عشاء سے پہلے سو نہ جائیں، عشاء سے پہلے سونے کی بھی ممانعت ہے اور جو نہیں سوئے گا وہ بھی انتظار کرتے کرتے تھک جائے گا۔ اور جب حق اللہ اور حق العبد متعارض ہوتے ہیں تو حقوق العباد کو مقدم کیا جاتا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں اور بندے محتاج ہیں۔ محتاج کی رعایت مقدم ہوتی ہے، چنانچہ حق مصلیان (عباد) کی رعایت میں عشاء کی نماز میں تعجیل مستحب ہے۔

(۳) ثلثِ لیل تک تاخیر کا فی نفسہ استحباب بھی اسی حدیث سے ثابت ہوتا ہے اور حق العباد کی وجہ سے تقدیم کا استحباب بھی اسی حدیث سے ثابت ہوتا ہے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ثلثِ لیل تک تاخیر کرنے کا حکم دینے کا ارادہ فرمایا تھا وہ اسی استحباب کی وجہ سے تھا۔ پھر لوگوں کی مشقت کا خیال کر کے جو ارادہ ملتوی فرمادیا وہ حقوق العباد کی رعایت میں تھا پس اس کا استحباب بھی ثابت ہوا۔

[١١] باب ماجاء فی تأخیر العشاء الآخرة

[١٦٤-] أَخْبَرَنَا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن عُبیدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن سَعیدٍ المَقْبُرِیِّ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "لَوْلاَ أَنْ أَشُقَّ عَلَی أُمَّتِیْ لَأَمَرْتُهُمْ أَنْ یُّوَخِّرُوْا العِشَاءَ إِلٰی ثُلُثِ اللَّیْلِ أَوْ: نِصْفِهِ"

وفی الباب: عن جابرِ بنِ سَمُرَةَ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وأبی بَرْزَةَ، وابنِ عباسٍ، وأبی سعیدٍ الخُدْرِیِّ، وزیدِ بنِ خالدٍ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبوعیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وهُوَ الَّذِیْ اخْتَارَهُ أَکْثَرُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم والتابعینَ: رَأَوْا تَاخِیْرَ صَلاَةِ العِشَاءِ الآخِرَةِ، وبه یقول أحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: اور وہ بات جسے اکثر صحابہ اور تابعین نے اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ نماز عشاء میں تاخیر کرنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور احمد و اسحاق رحمہما اللہ کا یہی قول ہے (یہ فی نفسہ تاخیر کا استحباب ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں)

نوٹ: حضرت زید بن خالدؓ کی حدیث پہلے کتاب الطهارة، باب ماجاء فی السواك، میں گذر چکی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ النَّوْمِ قَبْلَ العِشَاءِ والسَّمَرِ بَعْدَها

عشاء سے پہلے سونا اور عشاء کے بعد باتیں کرنا مکروہ ہے

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: عشاء سے پہلے سونا نہیں چاہئے۔ کیونکہ عشاء سے پہلے سونے والا دو حال سے خالی نہیں یا تو وہ نماز کے وقت بیدار ہی نہ ہوگا، پس جماعت جاتی رہے گی اور نماز قضا ہونے کا احتمال بھی رہے گا۔ اور اگر جاگ گیا تو کچی نیند اٹھے گا پس ہارے جی نماز پڑھے گا اور ﴿إِذَا قَامُوْا إِلَی الصَّلاَةِ قَامُوْا کَسَالٰی﴾ کا مصداق ہوگا، یعنی اس کی نماز منافقین کی نماز جیسی ہوگی۔

البتہ رمضان میں بعض علماء عشاء سے پہلے سونے کی اجازت دیتے ہیں کیونکہ رمضان میں عبادت کا ذوق وشوق

بڑھا ہوا ہوتا ہے اس لئے وہ شوق: سستی پیدا نہ ہونے دے گا۔ اور اگر سستی پیدا ہوگئی تو وہ باقی نہ رہے گی کیونکہ عام دنوں میں دس پندرہ منٹ میں نماز نمٹ جاتی ہے پس احتمال ہے کہ نماز عشاء سستی کے ساتھ شروع کرے اور آخر تک سستی باقی رہے۔ اور رمضان میں ڈیڑھ گھنٹے تک نمازیں پڑھنی ہوتی ہیں۔ پس سستی کہاں تک رہے گی؟ جھک مار کر جائے گی۔

دوسرا مسئلہ: عشاء کے بعد قصہ گوئی ممنوع ہے۔ السَّمَر کے معنی ہیں: رات کو کہی جانے والی کہانیاں۔ اور یہ ممانعت اس لئے ہے کہ تہجد گذار بندے تہجد کے لئے اور عام مسلمان فجر کے لئے بیدار ہو سکیں۔ کیونکہ جب قصہ گوئی اور اِدھر اُدھر کی باتیں شروع ہو جاتی ہیں تو وہ دیر تک چلتی رہتی ہیں۔ پس لوگ بے وقت سوئیں گے اور تہجد کے لئے اٹھ نہ سکیں گے بلکہ عام مسلمان نماز فجر میں بھی نہیں اٹھیں گے۔

اور اس حکم سے تین شخص مستثنیٰ ہیں:

(۱) مسافر: ان کے لئے قصہ گوئی کی اجازت ہے تاکہ وہ بیدار رہ سکیں اور سامان وغیرہ کی حفاظت کر سکیں۔

(۲) تہجد گذار لوگ: جب متعدد حضرات یکجا تہجد پڑھ رہے ہوں اور نیند کا خمار چڑھا ہوا ہو اور سستی چھائی ہوئی ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے باتیں کر سکتے ہیں۔

(۳) نیا جوڑا: وہ شخص جس کی نئی شادی ہوئی ہے وہ عشاء کے بعد بھی اپنی بیوی سے باتیں کر سکتا ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ عشاء کے بعد مطالعہ کرنا یا سبق پڑھنا پڑھانا قصہ گوئی میں داخل نہیں۔ اور مطالعہ کے دوران نیند آنے لگے تو تھوڑی دیر باتیں کرنا بھی جائز ہے۔ اس کا بیان آگے آرہا ہے۔

لطیفہ: نیا جوڑا ایک ماہ تک رہتا ہے۔ کیونکہ نکاح کی تعریف ہے: سرورُ شهرٍ، غمومُ دَهرٍ، لزومُ مَهرٍ: مہینہ بھر کی خوشی، زمانہ بھر کا غم اور مہر سر پڑ گیا۔ بہر حال زندگی بھر نیا جوڑا نہیں رہتا۔

[۱۲] باب ماجاء فی کراهية النوم قبل العشاء، والسَّمَرِ بعدها

[۱۶۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، أنا عَوفٌ. قال أحمدُ: ونا عَبَّادُ بنُ عَبَّادٍ، هُوَ الْمُهَلَّبِيُّ، وإسماعيلُ بنُ عُلَيَّةَ جَمِيعاً، عن عوفٍ، عن سَيَّارِ بنِ سَلاَمَةَ، عن أبی بَرزَةَ، قال: كان النبیُّ صلی الله عليه وسلم يَكْرَهُ النَّوْمَ قَبلَ العِشَاءِ، والحَدِيثَ بَعْدَهَا.

وفی الباب: عن عائشةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، وأنسٍ. قال أبو عيسى: حديث أبی بَرزَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَد كَرِهَ أكثرُ أهلِ العلمِ النَّوْمَ قبلَ صَلاَةِ العِشَاءِ، ورَخَّصَ فی ذٰلِكَ بَعْضُهم، وقال عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ: أكثرُ الأحاديثِ عَلَى الكَرَاهَةِ. ورَخَّصَ بعضُهم فی النَّوْمِ قَبْلَ صَلاَةِ العشاءِ فی رَمَضَانَ.

وضاحت: سند میں تحویل ہے۔مگر تحویل کی ح نہیں لکھی۔امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ احمد بن منیع یہ حدیث ہُشیم،عباد بن عباد اور اسماعیل بن عُلیّہ تین اساتذہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ تینوں عوف بن ابی جمیلہ سے روایت کرتے ہیں۔جن کی شہرت ''اعرابی'' سے ہے۔البتہ ہُشیم صیغۂ اخبار سے روایت کرتے ہیں یعنی أخبرنا کہتے ہیں اور باقی دو اساتذہ بصیغۂ عن روایت کرتے ہیں۔اور کتاب میں دوسری جگہ جو عون ہے وہ کتابت کی غلطی ہے۔صحیح عوف ہے مصری نسخہ میں ایسا ہی ہے ——— **حدیث کا ترجمہ:** حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ عشاء سے پہلے سونے کو اور عشاء کے بعد قصہ گوئی کو ناپسند کرتے تھے۔

اور اکثر علماء عشاء سے پہلے سونے کو ناپسند کرتے ہیں اور بعض علماء نے اس کی اجازت دی ہے۔اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اکثر احادیث سے عشاء سے قبل سونے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے (اور بعض احادیث سے جواز ثابت ہوتا ہے) اور بعض علماء نے رمضان میں عشاء سے پہلے سونے کی اجازت دی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ فی السَّمَرِ بَعْدَ العِشَاءِ

عشاء کے بعد باتیں کرنے کا جواز

اس باب سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ عشاء کے بعد قصہ گوئی جائز ہے مگر یہ بات صحیح نہیں۔کیونکہ جواز کی کوئی روایت موجود نہیں اور اس باب میں جو روایت ہے وہ مختصر ہے اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے زمانۂ خلافت میں حج میں تھے اور وقوف عرفہ کئے ہوئے تھے۔ایک شخص ان کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ میں کوفہ سے آیا ہوں،کوفہ میں ایک حضرت ہیں جو حافظہ سے قرآن املا کراتے ہیں۔یہ بات سن کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ غصہ سے بھر گئے اور پوچھا: وہ کون ہے؟ اس شخص نے عرض کیا: ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں۔یہ نام سنتے ہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔اور فرمایا: میری دانست میں کوئی ایسا شخص موجود نہیں جسے حافظہ سے قرآن لکھوانے کا حق ہو بجز ابن مسعود کے۔پھر یہ واقعہ سنایا کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ نے عشاء کے بعد مسلمانوں کے معاملات کے سلسلہ میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا اور میں بھی ان کے ساتھ تھا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات تواضعاً فرمائی ہے۔ورنہ حقیقت میں شیخین رضی اللہ عنہما آنحضرت ﷺ کے وزیر تھے اور آپؐ دونوں حضرات سے مشورہ کرتے تھے) مشورہ سے فارغ ہو کر آنحضور ﷺ دونوں کو رخصت کرنے کے لئے باہر تشریف لائے۔ اچانک آپؐ نے ایک صاحب کو مسجد میں نماز میں مشغول پایا۔وہ ہلکے جہر سے قراءت کر رہے تھے۔آپؐ کو ان کا پڑھنا پسند آیا اور فرمایا: ''جسے یہ بات پسند ہو کہ وہ قرآن ایسا ہی پڑھے جیسا وہ نازل ہوا ہے تو چاہئے کہ وہ ابن ام معبد (ابن مسعود) کے پڑھنے کی طرح پڑھے'' (یہ حدیث بالتفصیل بیہقی (۴۵۲:۱) میں ہے)

تشریح: حدیث مذکور سے معلوم ہوا کہ عشاء کے بعد ضروری باتیں اور ضروری کام کرنے کی اجازت ہے۔ البتہ قصہ گوئی ممنوع ہے اور آنحضرت ﷺ کا حضرات شیخین ؓ سے مشورہ فرمانا ضروری باتیں تھیں۔ سَمر نہیں تھا اس لئے میں نے یہ بات کہی تھی کہ عشاء کے بعد قصہ گوئی کے جواز کی کوئی روایت موجود نہیں۔ اس لئے گذشتہ باب کی روایت میں اور اس روایت میں کوئی تعارض نہیں۔

[۱۳] باب ماجاء فی الرخصة فی السَّمَرِ بعد العشاء

[۱۶۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أبو مُعاويةَ، عن الأعمشِ، عن إبراهيم، عن عَلقمَةَ، عن عُمرَ بنِ الخَطَّابِ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يَسْمُرُ مَعَ أبی بكرٍ فی الْأَمْرِ مِن أَمْرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَنَا مَعَهُمَا.

وفی الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأَوسِ بنِ حُذَيْفَةَ، وعِمرانَ بنِ حُصَيْنٍ. قال أبوعيسى: حديثُ عُمرَ حديثٌ حسنٌ.

وقَد رَوَى هٰذَا الحديثَ الحَسَنُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن إبراهيمَ، عن عَلقَمَةَ، عن رَجُلٍ مِن جُعْفِيٍّ، يُقَالُ لَهُ قَيْسٌ أوِ ابنُ قَيْسٍ، عن عُمَرَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الحديثَ فی قِصَّةٍ طَوِيْلَةٍ.

وقدِ اخْتَلَفَ أَهْلُ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَنْ بَعدَهُم فِی السَّمَرِ بَعدَ العِشَاءِ الآخِرَةِ: فَكَرِهَ قَوْمٌ مِنْهُمْ السَّمَرَ بَعدَ صَلَاةِ العِشَاءِ؛ وَرَخَّصَ بَعضُهم إذا كَانَ فی مَعنَى العِلْمِ، ومَالاَ بُدَّ مِنهُ مِنَ الحَوَائِجِ: وأكثَرُ الحَديثِ على الرُّخْصَةِ.

وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم قال: ”لَاسَمَرَ إِلَّا لِمُصَلٍّ أو مُسَافِرٍ“

وضاحت: اعمش رحمہ اللہ کا بیان یہ ہے کہ یہ حدیث علقمہ نے براہ راست حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے جبکہ ابراہیم کے دوسرے تلمیذ حسن بن عبید اللہ: قبیلۂ جعفی کے ایک شخص کا جس کو قیس یا ابن قیس کہا جاتا تھا واسطہ بڑھاتے ہیں یعنی علقمہ نے براہ راست حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو روایت نہیں کیا بلکہ وہ قیس یا ابن قیس کے واسطہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور یہی بات صحیح ہے۔ کیونکہ کوفہ سے آنے والے یہی قیس یا ابن قیس تھے اور اس واقعہ کے وقوع کے وقت علقمہ حضرت عمرؓ کے ساتھ نہیں تھے۔

فائدہ: لفظ قصۃ امام ترمذی رحمہ اللہ کی ایک خاص اصطلاح ہے وہ یہ لفظ ”مضمون“ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ پس مذکورہ عبارت کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بالا حدیث ایک لمبے واقعہ کے ضمن میں مروی ہے۔

اور صحابہ اور تابعین میں سے اہل علم کی رائیں عشاء کے بعد قصہ گوئی کے جواز وعدم جواز میں مختلف ہیں۔ ایک

جماعت نے اس کو مکروہ قرار دیا ہے اور بعض حضرات کے نزدیک اس صورت میں اجازت ہے جبکہ کوئی علمی بات ہو یا ایسی ضروری بات ہو جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔ اور اکثر احادیث سے عشاء کے بعد علمی اور ضروری باتوں کا جواز ثابت ہوتا ہے (علمی اور ضروری باتیں نہ تو سمر ہیں اور نہ کسی کے نزدیک ناجائز ہیں، پس یہ بحث لاحاصل ہے)

اور آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: قصہ گوئی کی اجازت نہیں مگر تہجد گذار کے لئے اور مسافر کے لئے ——— یہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ ہیں (مجمع الزوائد ۱:۳۱۴ پس امام ترمذی کا رُوی: مجہول فعل استعمال کرنا ٹھیک نہیں) اور مُصلٍّ سے تہجد گذار بندے مراد ہیں اور قرینہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے: لاسَمَرَ إلا لثلاث: لِعَرُوْسٍ أو مسافرٍ أو مُتَهَجِّدٍ بالليل (رواہ ابویعلی۔ مجمع الزوائد ۱:۳۱۴)

فائدہ: اس حدیث میں سمر کے جواز کا بیان نہیں ہے بلکہ ممانعت والی عام حدیث میں سے دو شخصوں کا استثناء ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الوَقْتِ الأَوَّلِ مِنَ الْفَضْلِ

اول وقت کی فضیلت کا بیان

ترمذی شریف میں غالباً یہی ایک ایسا باب ہے جس میں مصنف رحمہ اللہ نے وفی الباب کی تمام احادیث کی تخریج کر ڈالی ہے۔ اور یہ ثابت کرنے کی پوری کوشش کی ہے کہ نمازیں اول وقت ہی میں پڑھنی چاہئیں۔ اور احناف جو کہیں وقت ثانی کی فضیلت کے قائل ہیں، ان کا نظریہ صحیح نہیں۔ حالانکہ احناف اول وقت کی فضیلت بغیر کسی دلیل کے تسلیم کرتے ہیں۔ البتہ حق مصلیان، حق صلوٰۃ اور حق وقت کی وجہ سے ثانی وقت کی فضیلت کے قائل ہیں۔ اور یہ بات ان کے نزدیک احادیث ہی سے ثابت ہے جیسا کہ گذشتہ ابواب میں یہ بات تفصیل سے آچکی ہے۔

دوسری بات: یہ جان لینی چاہئے کہ مطلقاً اول وقت کی فضیلت میں کوئی صحیح اور صریح حدیث نہیں ہے۔ اس باب میں جو احادیث صحیح ہیں وہ صریح نہیں ہیں اور جو صریح ہیں وہ صحیح نہیں ہیں۔ تفصیل آگے آرہی ہے۔

پہلی حدیث: ام فروہ رضی اللہ عنہا نے حضور اکرم ﷺ سے پوچھا: کونسا عمل سب سے افضل ہے؟ (متعدد صحابہ نے آنحضرت ﷺ سے یہی سوال کیا ہے اور آپؐ نے سائل کے حالات کے پیش نظر مختلف جواب دیئے ہیں) آپؐ نے فرمایا: ''اول وقت میں نماز پڑھنا سب سے بہتر عمل ہے''

تشریح: عورتوں کو وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لینی چاہئے کیونکہ ان کے ساتھ جو گھریلو مشاغل ہیں ان کے ساتھ نماز میں تاخیر کرنے کی صورت میں نماز کے مکروہ وقت میں پڑ جانے کا یا قضاء ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ البتہ اس حدیث سے علی الاطلاق اول وقت کی فضیلت پر استدلال کرنا درست نہیں، کیونکہ اس حدیث کا تعلق عورتوں سے ہے۔ اور پیچھے جو مسائل فقہاء کے درمیان زیر بحث آئے ہیں ان کا تعلق مسجد الجماعۃ سے ہے۔ علاوہ ازیں یہ حدیث

ضعیف اور مضطرب ہے۔خود امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کو قاسم بن غنّام سے تنہا عبداللہ بن عمر عمری روایت کرتے ہیں اور وہ ضعیف راوی ہیں (۱) (مگر عبداللہ بن عمر عمری کے متعدد متابع ہیں۔محدث احمد محمد شاکر رحمہ اللہ نے اپنے حاشیہ ترمذی میں ان کا تذکرہ کیا ہے) اور حدیث میں اضطراب یہ ہے کہ عبداللہ عمری: قاسم بن غنام اور ان کی پھوپھی ام فروۃ کے درمیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے جبکہ دیگر روات ان کے درمیان واسطہ بڑھاتے ہیں۔اور وہ واسطہ مجہول ہے۔یعنی قاسم بن غنام نے براہ راست یہ حدیث اپنی پھوپھی سے نہیں سنی بلکہ گھر کے کسی فرد سے سنی ہے۔اور وہ مجہول ہے۔

نوٹ: ام فروۃ رضی اللہ عنہا کا شمار بڑے درجہ کی صحابیات میں ہوتا ہے، انھوں نے آنحضرت ﷺ کے دستِ مبارک پر بیعت سلوک کی تھی۔سورۂ ممتحنہ آیت ۱۰ میں اس بیعت کا تذکرہ ہے اور یہ بیعت نوافل اعمال زیادہ کرنے اور جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کے لئے کی جاتی ہے۔حضور اکرم ﷺ کے دستِ مبارک پر بعض صحابہ وصحابیات نے یہ بیعت کی ہے۔اور ان بیعت کرنے والے صحابہ اور صحابیات کا درجہ بلند تصور کیا جاتا ہے۔

یاد رکھنا چاہئے کہ نجاتِ اخروی کے لئے بیعت سلوک ضروری نہیں ورنہ تمام صحابہ وصحابیات یہ بیعت ضرور کرتے۔آخرت میں نجات کے لئے ایمان صحیح اور اعمال صالحہ کافی ہیں۔اور جاہلوں کا یہ خیال صحیح نہیں ہے کہ پیر کے بغیر نجات نہیں ہوسکتی۔آخرت میں سرخ روئی کے لئے ایمانِ صحیح اور اعمالِ صالحہ کافی ہیں۔

دوسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا: ''نماز کا اول وقت اللہ کی خوشنودی کا وقت ہے اور آخر وقت اللہ کے درگذر کا وقت ہے'' یعنی جو بندہ وقت ہوتے ہی نماز پڑھ لیتا ہے اس سے اللہ تعالیٰ راضی ہوتے ہیں اور ثواب عنایت فرماتے ہیں۔اور جو تاخیر سے پڑھتا ہے اس سے فرض ساقط ہوجاتا ہے، اور وہ سبک دوش ہوجاتا ہے مگر پروردگار عالم کی خوشنودی اُسے حاصل نہیں ہوتی۔بس اللہ تعالیٰ اس سے درگذر کا معاملہ فرماتے ہیں، اور اس کو سزا نہیں دیتے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا۔یہ حدیث یعقوب بن الولید المدنی (۲) کی وجہ سے انتہائی درجہ کی ضعیف ہے، بلکہ بعض حضرات کے نزدیک تو یہ حدیث موضوع ہے۔ابن عدی: الکامل فی الضعفاء میں فرماتے ہیں: هذا الحديث بهذا الإسناد باطل۔یعنی یہ حدیث اس سند سے باطل ہے (۷:۱۴۹) علاوہ ازیں اس کے مروی عنہ یعنی استاد عبداللہ بن عمر عمری ہیں جن کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔

(۱) عبداللہ بن عمر عمری فی نفسہ ٹھیک راوی ہیں مگر حافظہ کی خرابی کی وجہ سے ان کی تضعیف کی گئی ہے۔البتہ ان کے بڑے بھائی عبید اللہ بن عمر عمری اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں (تہذیب ۵:۳۲۶) (۲) یہ راوی کذاب ہے۔ابن معین، ابوزرعہ، امام نسائی، دارقطنی، ابن عدی اور ابن حبان وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے اور اس کو متروک اور منکر الحدیث قرار دیا ہے (تہذیب ۱۱:۳۹۷)

تیسری حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: اے علی! تین کاموں میں تاخیر نہ کرو۔ایک: جب نماز کا وقت آجائے تو اُسے پڑھ لو(آ نَتْ کو حَانَتْ اور أتَتْ بھی پڑھا گیا ہے اور سب کا مطلب ایک ہے) دوسرے: جب جنازہ حاضر ہوجائے یعنی کسی کا انتقال ہوجائے تو فوراً اس کی تجہیز وتکفین کردو۔تیسرے: وہ لڑکی جس کا شوہر نہیں خواہ وہ کنواری ہو یا بیوہ (اور وہ شادی کے لائق ہو) اور اس کا جوڑا یعنی مناسب رشتہ مل جائے تو اس کا فوراً نکاح کردو —— یہ معاشرہ سے زنا کی بیخ کنی کی تدبیر ہے کیونکہ جب سب لڑکیاں بیاہ دی جائیں گی تو لڑکے بھی خالی نہ رہیں گے پس تانک جھانک کی نوبت نہ آئے گی اور زنا کا دروازہ بند ہوجائے گا۔

تشریح: اس حدیث میں بھی معمولی کمزوری ہے اور وہ یہ ہے کہ عمر کا اپنے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں۔ان کے بچپن میں حضرت علی رضی اللہ عنہ شہید کردئے گئے تھے۔پس حدیث میں انقطاع ہے۔اور یہ حدیث اول وقت کی فضیلت میں صریح بھی نہیں۔کیونکہ اس حدیث کا مطلب صرف اتنا ہے کہ وقت داخل ہوجانے کے بعد نماز پڑھ لینی چاہئے۔نماز اول وقت ہی میں پڑھنی چاہئے یہ بات حدیث میں مذکور نہیں۔پس حدیث گو صحیح ہے مگر صریح نہیں۔

چوتھی حدیث: ایک شخص نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کونسا عمل سب سے افضل ہے؟ آپؓ نے فرمایا: یہی سوال میں نے حضور اکرم ﷺ سے کیا تھا، آپؐ نے فرمایا: ''نمازوں کو ان کے وقتوں میں پڑھ لینا'' میں نے پوچھا: وماذا؟ (یہ عربی محاورہ ہے اس کا مطلب ہے پھر کونسا عمل افضل ہے؟) آپؐ نے فرمایا: ''ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا'' میں نے پوچھا وماذا؟ آپؐ نے فرمایا: ''راہِ خدا میں جہاد کرنا''

تشریح: یہ حدیث اگرچہ اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر باب سے غیر متعلق ہے۔کیونکہ اس حدیث کا صرف اتنا مطلب ہے کہ نمازوں کو ادا پڑھو، قضاء مت ہونے دو، اول وقت میں پڑھنے کا اس میں کوئی تذکرہ نہیں۔

پانچویں حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دو مرتبہ کے علاوہ کبھی کوئی نماز آخر وقت میں نہیں پڑھی یہاں تک کہ آپ کا وصال ہوگیا (ایک مرتبہ جبرئیل کی اقتداء میں اور دوسری مرتبہ اوقات کی تعلیم کی غرض سے آپؐ نے آخر وقت میں نمازیں پڑھی ہیں یہ دونوں حدیثیں پہلے گذر چکی ہیں۔اور حدیث میں مَرَّتین سے پہلے إلاَّ رہ گیا ہے)

تشریح: یہ حدیث بھی منقطع ہے کیونکہ اسحاق کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے لقاء اور سماع نہیں ہے۔علاوہ ازیں یہ حدیث بھی باب سے غیر متعلق ہے کیونکہ اس میں بھی اول وقت کے تعلق سے کوئی بات نہیں۔اور یہ حدیث احناف کے معارض بھی نہیں کیونکہ وہ وقت کے بالکل آخر میں نماز پڑھنے کے قائل نہیں۔

[١٤] باب ماجاء فى الوقت الأول من الفضل

[١٦٧-] حدثنا أبوعَمَّارٍ الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ،نا الفَضْلُ بنُ مُوسَى، عن عبدِ اللّٰهِ بن عُمَرَ العُمَرِىِّ، عن القَاسِمِ بنِ غَنَّامٍ، عن عَمَّتِهِ أُمِّ فَرْوَةَ، وَكَانَتْ مِمَّنْ بَايَعَتِ النبىَّ صلى الله عليه وسلم، قَالتْ: سُئِلَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم، أَىُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:" الصَّلاَةُ لِأَوَّلِ وَقْتِهَا"

[١٦٨-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَعقُوبُ بنُ الوَلِيْدِ المَدَنِىُّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمرَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" الوَقْتُ الأَوَّلُ مِن الصَّلاةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ، وَالوَقْتُ الآخِرُ عَفوُ اللّٰهِ"

وفى الباب: عن على، وابن عمر، وعائشة، وابن مسعود.

[١٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عن سَعيدِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ الجُهَنِىِّ، عن مُحمدِ بنِ عُمَرَ بنِ عَلِىِّ بنِ أبى طَالبٍ، عن أبيهِ، عن عَلِىِّ بنِ أبى طالبٍ، أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم قال لَهُ:" يا عَلِىُّ! ثَلاَثٌ لاَتُؤَخِّرْهَا: الصَّلاَةُ إذا آنتْ، وَالجَنازَةُ إذَا حَضَرَتْ، والأَيِّمُ إذا وَجدتَّ لَهَا كُفُوًا"

قال أبو عيسى: حديثُ أُمِّ فَرْوَةَ لا يُرْوَى إِلَّا مِن حَديثِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ العُمَرِىِّ، وَلَيْسَ هُوَ بالقَوِىِّ عند أهلِ الحديثِ، وَاضْطَرَبُوا فى هٰذا الحديثِ.

[١٧٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا مَرْوَانُ بنُ مَعَاوِيَةَ الفَزَارِىُّ، عن أبى يَعْفُوْرٍ، عن الوَلِيْدِ بنِ العَيْزَارِ، عن أبى عَمْرٍو الشَّيْبَانِىِّ: أَنَّ رَجُلاً قال لِابْنِ مَسْعُوْدٍ أىُّ العَمَلِ أَفْضَلُ؟ قال: سَأَلْتُ عَنه رسولَ الله صلى الله عليه وسلم فقال:" الصَّلاَةُ عَلَى مَوَاقِيْتِهَا" قلتُ: ومَاذَا يارسولَ الله؟ قال:" وبِرُّ الوَالِدَيْنِ" قلتُ: وماذا؟ قال:" الجِهَادُ فى سبيلِ اللّٰهِ"

قال أبو عيسى: وهٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وقد رَوَى المَسْعُودِىُّ، وشُعْبَةُ، والشَّيْبَانِىُّ وغَيْرُ واحدٍ عن الوَلِيْدِ بنِ العَيْزَارِ هٰذَا الحَديثَ.

[١٧١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن خَالِدِ بنِ يَزِيدَ، عن سَعيدِ بنِ أبى هِلاَلٍ، عن إسحاقَ بنِ عُمَر، عن عائشةَ قالتْ: مَاصَلَّى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم صَلاَةً لِوَقْتِهَا الآخِرِ[إلَّا] مَرَّتَيْنِ حَتَّى قَبَضَهُ اللّٰهُ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غريبٌ، ولَيْسَ إسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ.

قال الشَّافعىُّ: وَالوَقْتُ الأَوَّلُ مِنَ الصَّلاَةِ أَفْضَلُ، ومِمَّا يَدُلُّ عَلَى فَضْلِ أَوَّلِ الوَقْتِ عَلَى آخِرِهِ

اخْتِيَارُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وأبى بكرٍ، وعُمرَ، فَلَمْ يَكُوْنُوْا يَخْتَارُوْنَ إِلَّا مَا هُوَ أَفْضَلُ، ولَمْ يَكُوْنُوْا يَدَعُوْنَ الفَضْلَ، وَكَانُوْا يُصَلُّوْنَ فى أَوَّلِ الوَقْتِ؛ حَدَّثَنَا بِذلِكَ أَبُوْ الوَلِيْدِ المَكِّيُّ، عن الشَّافعيِّ.

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نماز کے اول وقت میں زیادہ فضیلت ہے اور وہ بات جو وقت اول کے ثانی وقت سے افضل ہونے پر دلالت کرتی ہے یہ ہے کہ آنحضور ﷺ اور شیخین نے اسی کو اختیار کیا ہے (یعنی وہ حضرات اول وقت ہی میں نمازیں پڑھا کرتے تھے) پس یہ حضرات نہیں اختیار کرتے تھے مگر فضیلت والے وقت کو۔ اور یہ حضرات فضیلت کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔ اور وہ حضرات اول وقت میں نمازیں پڑھتے تھے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول امام ترمذی رحمہ اللہ کو ابوالولید مکی کے واسطہ سے پہنچا ہے۔

تشریح: حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ ارشاد ایک دعوی ہے جو دلیل کا محتاج ہے۔ اگر یہ بات ثابت ہوجائے کہ آنحضور ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما ہر نماز ہر موسم میں اور ہر جگہ اول وقت ہی میں پڑھتے تھے تو پھر جھگڑا ہی کیا رہ جاتا ہے؟ مگر اس کا کیا کیا جائے کہ آنحضور ﷺ سے قولی حدیث بھی اس دعوی کے خلاف مروی ہے اور فعلی بھی۔ چنانچہ آپؐ نے اِسفار میں فجر پڑھنے کی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ نیز آپؐ کا معمول نماز عصر میں فی الجملہ تاخیر کرنے کا تھا اس لئے یہ دعوی قابل اعتناء نہیں۔

بابُ ماجاء فى السَّهْوِ عَن وَقْتِ صِلَاةِ العَصْرِ

نماز عصر کا وقت بھول جانے کا نقصان

اگر کسی شخص کو وقت کا خیال نہ رہے اور بے خبری میں اور بھول کر نماز عصر فوت ہوجائے تو اس کے نقصان کا اندازہ کیا ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ نے سہو کی قید اس لئے بڑھائی ہے کہ کسی مسلمان کے بارے میں یہ تصور کرنا کہ وہ جان بوجھ کر نماز قضاء کرے گا: مشکل امر ہے، نیز فوت کا مفہوم بھی یہی ہے کہ بے خبری میں نماز رہ جائے۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جس کے ہاتھ سے عصر کی نماز نکل گئی پس گویا اس کے گھر کے آدمی پر اور اس کے مال پر آفت آپڑی۔ یعنی نہ تو مقتول کا قصاص ملا اور نہ دیت ہاتھ آئی۔

تشریح: اسلامی حکومت میں جب کوئی قتل ہوجاتا ہے تو مقتول کے ورثاء کو قصاص و دیت میں سے کوئی ایک ضرور ملتا ہے، خون رائگاں نہیں جاتا۔ پس اگر کوئی شخص مارا جائے اور مقتول کے ورثاء کو نہ قصاص ملے نہ دیت تو خون رائگاں گیا۔ یہ جتنا بھاری نقصان ہے اتنا ہی بڑا نقصان نماز عصر فوت ہونے کا ہے۔ حدیث شریف کا یہی مطلب ہے۔

ترکیب اور معنی: وُتِرَ: فعل ماضی مجہول ہے اور أهلَه و مالَه مفعولِ ثانی ہیں اور مفعولِ اول جو نائب فاعل ہے

محذوف ہے اور وہ مقتول کا وارث ہے اس صورت میں وُتِرَ بمعنی أُصِیبَ (آفت ڈالا گیا) ہوگا یعنی مقتول کے وارث پر آفت ڈالی گئی اس کے مال یعنی دیت کی اور اس کے اہل یعنی آدمی کی یعنی قصاص کی۔ یہی ترکیب محدثین کے نزدیک مشہور ہے ـــــ دوسری ترکیب یہ ہوسکتی ہے کہ أهلُه و مالُهٗ نائب فاعل ہوں۔ اس صورت میں وُتِرَ بمعنی أُخِذَ (لے لیا گیا) ہوگا یعنی پس گویا اس کا مال (دیت) اور اس کا آدمی (مقتول) لے لیا گیا۔ مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے۔

ملحوظہ: یہ حکم عصر کی نماز فوت ہونے کا ہے اور بالقصد تارکِ صلاۃ کا حکم حدیث: من ترك الصلاةَ متعمداً فقد کفر میں ہے، یہ گناہ کبیرہ ہے اس کی تلافی کے لئے قضا اور توبہ ضروری ہیں۔

[۱۵] باب ماجاء فی السهو عن وقت صلاة العصر

[۱۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: "الَّذِیْ تفُوْتُهُ صَلَاةُ العَصْرِ فكَأَنَّمَا وُتِرَ أَهْلَهُ وَمَالَهُ"

وفی الباب: عن بُرَيْدَةَ، ونَوْفَلِ بنِ مُعَاوِيَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وقد رَوَاهُ الزُّهْرِیُّ أيضا عن سَالِمٍ عن أبيهِ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

ترجمہ واضح ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث ان کے صاحبزادے سالم بھی روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی تَعْجِيْلِ الصَّلَاةِ إِذَا أَخَّرَهَا الإِمَامُ

جب امام غیر معمولی تاخیر کر کے نماز پڑھائے تو تنہا نماز پڑھ لے

مملکتِ اسلامیہ میں سرکاری عہدوں پر فائز لوگ مثلاً: قاضی، گورنر وغیرہ جامع مسجد میں نماز پڑھایا کرتے تھے۔ اور یہ امام کُل پا اور سیاہ وسفید کے مالک ہوتے تھے۔ جب ان کا جی چاہتا نماز پڑھانے کے لئے مسجد میں آتے۔ لوگ ان کا انتظار کرنے پر مجبور تھے اور ان سے جلدی کرنے کے لئے یا وقت پر آنے کے لئے کہنا یا ان کی اجازت کے بغیر جماعت کر لینا اپنی شامت کو دعوت دینا تھا۔ اس لئے فرمایا کہ اگر یہ جابر ائمہ نماز پڑھانے میں غیر معمولی تاخیر کریں اور نماز کے قضاء ہونے یا مکروہ وقت میں پڑنے کا اندیشہ ہو تو لوگوں کو چاہئے کہ وہ انفرادی طور پر فرض پڑھ لیں۔ پھر جب امام آجائے تو اس کی اقتداء میں بھی نماز پڑھیں یہ ان کی نفل نماز ہوگی۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اے ابوذرؓ! میرے بعد کچھ امراء ہونگے جو نمازوں کو ماردیں گے یعنی

نمازیں قضا کر کے یا مکروہ وقت میں پڑھائیں گے۔ پس آپ وقت کے اندر نماز پڑھ لیں، پھر اگر وہ نماز وقت میں پڑھی گئی یعنی امام بروقت آ گیا اور صحیح وقت میں نماز پڑھائی (تو اس کے ساتھ بھی پڑھیں) اور وہ آپ کی نفل نماز ہوگی، ورنہ یعنی اگر امام نے نماز قضا کر کے پڑھائی تو آپ اپنی نماز سمیٹ چکے یعنی آپ کا کوئی نقصان نہیں ہوا، آپ اپنی نماز وقت کے اندر پڑھ چکے (أُمراءٌ میں تنکیر تقلیل کے لئے ہے یعنی کچھ امراء)

[١٦] باب ماجاء في تعجيل الصلاة إذا أَخَّرَهَا الإمام

[١٧٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ مُوسَى البِصْرِيُّ، نا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عن أبي عِمْرَانَ الجَونِيِّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الصَّامِتِ، عن أبي ذَرٍّ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا ذَرٍّ! أُمَرَاءُ يَكُوْنُوْنَ بَعْدِيْ يُمِيْتُوْنَ الصَّلاَةَ، فَصَلِّ الصَّلاَةَ لِوَقْتِهَا، فَإِنْ صُلِّيَتْ لِوَقْتِهَا كَانَتْ لَكَ نَافِلَةً، وَإِلَّا كُنْتَ قَدْ أَحْرَزْتَ صَلاَتَكَ"

وفي الباب: عن عبدِ الله بنِ مسعودٍ، وعُبادَةَ بنِ الصَّامِتِ. قال أبو عيسى: حديثُ أبي ذرٍّ حديثٌ حسنٌ.

وهوقولُ غَيْرِ وَاحدٍ من أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ أن يُّصَلِّيَ الرَّجُلُ الصَّلاَةَ لِمِيْقَاتِهَا إِذَا أَخَّرَهَا الإِمَامُ، ثُمَّ يُصَلِّي مَعَ الإِمَامِ؛ وَالصلاةُ الأُوْلٰى هِيَ المَكْتُوْبَةُ عند أكثرِ أهلِ العلمِ.

وأبو عِمرانَ الجَوْنيُّ: اسمُه عَبدُ المَلِكِ بنُ حَبِيْبٍ.

ترجمہ: اور وہ بہت سے اہل علم کا قول ہے انھوں نے یہ بات پسند کی ہے کہ آدمی نماز وقت کے اندر پڑھ لے جبکہ امام نماز میں تاخیر کرے۔ پھر امام کے ساتھ بھی پڑھے اور اکثر علماء کے نزدیک پہلی نماز ہی فرض نماز ہے۔

بابُ ماجاءَ في النَّوْمِ عنِ الصَّلاَةِ

نماز سے سوتے رہ جانے کا بیان

یہ دو باب ہیں۔ دونوں بابوں میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کوئی شخص نماز کے پورے وقت میں سوتا رہ جائے یا نماز کو بھول جائے یعنی اُسے وقت کے آنے اور جانے کا پتا ہی نہ چلے یا یہ خیال رہ جائے کہ وہ نماز پڑھ چکا ہے حالانکہ نہیں پڑھی تو اس کو چاہئے کہ بیدار ہونے یا نماز یاد آنے کے بعد فوراً پڑھ لے قضا کرنے کا گناہ نہیں ہوگا، بھول چوک معاف ہے۔ حدیث میں ہے: رُفِعَ عن أمتي الخطأُ والنسيانُ وما اسْتُكْرِهوا عليه یعنی میری امت سے بھول چوک اٹھا دی گئی ہے اور اس کام کا گناہ بھی اٹھا دیا گیا ہے جس کے کرنے پر لوگ مجبور کئے جائیں (ابن ماجہ ص:۱۴۷ اطلاق المکرہ) البتہ بیدار ہونے کے بعد یا نماز کو یاد کرنے کے بعد اگر ادا کرنے میں سستی کرے گا تو گناہ لازم ہو جائے گا۔

حدیث: لیلۃ التعریس میں آنحضرت ﷺ کی نماز فجر قضا ہوگئی تھی۔ اس کا واقعہ یہ ہے کہ خیبر سے واپسی میں ایک رات رسول اللہ ﷺ پڑاؤ نہیں کرنا چاہتے تھے۔ کیونکہ وقت تھوڑا رہ گیا تھا، مگر صحابہ کے اصرار پر اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ذمہ داری لینے پر آنحضرت ﷺ نے پڑاؤ فرمایا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح صادق کے انتظار میں کجاوہ سے ٹیک لگا کر مشرق کی جانب منہ کرکے بیٹھ گئے تاکہ صبح صادق ہوتے ہی اذان دیں اور لوگوں کو بیدار کریں، مگر سوءِ اتفاق کہ وہ بھی سوگئے۔ یہاں تک کہ سورج طلوع ہوگیا اور اس کی کرنیں رخ انور پر پڑیں تو آپؐ بیدار ہوئے۔ آپؐ نے انا اللہ پڑھی، جس سے سب لوگ بیدار ہوئے۔ آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: إنَّ هذا منزلٌ حَضَرَنَا فيه الشيطانُ۔ یہ ایسی جگہ ہے جس میں ہمارے ساتھ شیطان حاضر ہوگیا ہے پھر قافلہ نے وہاں سے کوچ کیا، جب قافلہ اگلی وادی میں پہنچا تو سورج بلند ہو چکا تھا اس وقت سب نے باجماعت نماز پڑھی۔ چونکہ آنحضرت ﷺ کی نماز صحابہ کے اصرار کی وجہ سے قضا ہوئی تھی اس لئے صحابہ گھبرائے ہوئے تھے۔ آپؐ نے تسلی دی اور فرمایا: ''اگر کوئی شخص سوتا رہ جائے تو اس میں کوئی کوتاہی نہیں، کوتاہی بیداری میں ہے'' یعنی آدمی جاگ رہا ہو اُسے نماز یاد ہو پھر بھی نماز قضا کردے تو یہ کوتاہی اور گناہ کا کام ہے۔ پھر آپؐ نے مسئلہ سمجھایا کہ: ''اگر کوئی شخص نماز کو بھول جائے یا سوتا رہ جائے پھر یاد آتے ہی اور بیدار ہوتے ہی نماز قضا کرلے تو اس پر کوئی گناہ نہیں'' (تفصیلی حدیث مسلم ۱: ۲۳۸، قضاء الصلاۃ میں ہے)

یہاں دو مسئلے سمجھنے ہیں:

پہلا مسئلہ: فجر الیوم اور عصر الیوم کا مسئلہ ہے۔ اگر کوئی شخص مکروہ وقت میں یعنی عند الطلوع یا عند الغروب بیدار ہو یا نماز یاد آئے تو ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک اسی وقت نماز پڑھ لینی چاہئے۔ ورنہ قضا کرنے کا گناہ لازم ہوگا۔ وہ اس حدیث کے عموم سے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول سے استدلال کرتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: يُصلِّيْها متى ذَكَرَها في وقتٍ أو غيرِ وقت۔ یہ قول اگلے باب میں آرہا ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فی وقتٍ أو غیر وقت سے مباح اور مکروہ اوقات مراد ہیں۔ نیز انھوں نے حدیث: مَن أدركَ ركعةً من الصبح قبل طلوع الشمس فقد أدرك الصبح ومن أدرك ركعةً من العصر قبل غروب الشمس فقد أدرك العصر سے بھی استدلال کیا ہے (تفصیل باب ۲۴) میں آئے گی۔

اور احناف کے نزدیک مکروہ اوقات میں نماز پڑھنا جائز نہیں خواہ وہ فجر الیوم ہو یا عصر الیوم۔ حنفیہ کے دلائل مندرجۂ ذیل ہیں:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب سورج کا کنارہ طلوع ہوجائے تو نماز مؤخر کردو تا آنکہ وہ بلند ہوجائے۔ اور جب سورج کا کنارہ غروب ہونے لگے تو نماز کو مؤخر کردو تا آنکہ وہ غروب ہوجائے (بخاری حدیث ۵۸۳ باب الصلاۃ بعد الفجر)

۲-حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے: وہ ایک مرتبہ شام کے وقت اپنے لڑکوں سے باغ میں چلنے کے لئے کہہ کر خود پہلے چلے گئے۔ لڑکوں کو کسی وجہ سے دیر ہوگئی وہ گاؤں میں نماز پڑھ کر باغ میں پہنچے۔ حضرت ابوبکرہؓ بچوں کا انتظار کرتے کرتے سو گئے جب بیدار ہوئے تو مکروہ وقت شروع ہو چکا تھا۔ وہ وضو سے فارغ ہو کر غروب کے انتظار میں بیٹھ گئے۔ اور غروب شمس کے بعد نماز پڑھی۔ یہ حدیث اگلے باب میں مختصراً آ رہی ہے اور تفصیل سے طحاوی کی مشکل الآثار میں ہے۔

اور احناف کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول: فی وقتٍ أو غیرِ وقتٍ سے وقت اداء اور وقت قضا مراد ہے، مباح اور مکروہ وقت مراد نہیں۔ یعنی مذکورہ ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ نماز بہر صورت پڑھنی ہے اگر وقت کے اندر بیدار ہو یا نماز کو یاد کرے تو ادا پڑھے اور اگر وقت نکل چکا ہو تو قضا پڑھے۔

فائدہ: یہاں دو مسئلے جدا جدا ہیں۔ ایک: مکروہ اوقات میں نہ فجر الیوم پڑھنی ہے اور نہ عصر الیوم۔ دوسرا مسئلہ: اگر کوئی مکروہ اوقات میں نماز پڑھ لے تو فجر الیوم صحیح نہیں ہوگی اس کا اعادہ واجب ہوگا۔ اور عصر الیوم صحیح ہو جائے گی اس کا اعادہ ضروری نہیں۔ اور فرق کی وجہ آپ حضرات نور الانوار میں پڑھ چکے ہیں کہ وجوب اداء کا سبب نماز سے متصل جزء ہوتا ہے اور وہ جزء فجر میں کامل ہے اور عصر میں ناقص۔ اور نماز کے درمیان طلوع وغروب سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے اور ناقص ہو جاتی ہے پس فجر میں جیسی واجب ہوئی تھی ویسی ادا نہیں کی اس لئے اس کا اعادہ ضروری ہے اور عصر میں ناقص واجب ہوئی تھی اور ناقص ادا کی پس اس کا اعادہ واجب نہیں ——— مگر یہ دونوں مسئلے غت ربود ہو گئے۔ اور بہت سی کتابوں میں یہ مسئلہ لکھ دیا کہ مکروہ وقت میں فجر الیوم نہ پڑھے مگر عصر الیوم پڑھے حالانکہ یہ بات غلط ہے۔ امام ترمذیؒ نے احناف کا جو مسلک بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ احناف کے نزدیک دونوں نمازیں اس وقت نہ پڑھے مکروہ وقت نکل جانے کے بعد دونوں نمازیں پڑھے، حاشیہ میں بھی احناف کا یہی مذہب بیان کیا گیا ہے۔

نوٹ: فجر الیوم اور عصر الیوم میں احناف نے جو فرق کیا ہے کہ اول نہیں ہوگی ثانی ہو جائے گی یہ مسئلہ محض اجتہادی ہے نص سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔ منصوص مسئلہ تو صرف یہ ہے کہ ان اوقات میں دونوں نمازیں نہ پڑھے بعد میں قضا پڑھے۔

دوسرا مسئلہ: بالقصد تارکِ صلوٰۃ کا مسئلہ ہے، غیر مقلدین کے نزدیک اس کی قضا نہیں صرف توبہ لازم ہے۔ ان کا استدلال یہ ہے کہ احادیث شریفہ میں بھولنے والے اور سونے والے کو تو نماز قضاء کرنے کا حکم دیا گیا ہے مگر بالقصد تارک صلاۃ کو یہ حکم نہیں دیا بلکہ فقد کفر کی وعید سنائی ہے، اگر قضاء ضروری ہوتی تو شریعت اس کا ضرور حکم دیتی۔ اس کی نظیر یمینِ غموس کا مسئلہ ہے۔ یمین منعقدہ میں تو کفارہ واجب ہے مگر یمین غموس میں احناف کے نزدیک کفارہ نہیں، صرف توبہ لازم ہے، کیونکہ یمین غموس بڑا سنگین گناہ ہے وہ کفارہ سے نہیں دُھل سکتا، اسی طرح جان بوجھ کر نماز

چھوڑنا بھی بڑا بھاری گناہ ہے، قضاء سے اس کی تلافی نہیں ہوسکتی، توبہ ہی لازم ہے۔ مگر چاروں فقہاء نے فوت کرنے کو فوت ہونے کے ساتھ لاحق کیا ہے یعنی نماز بھولنے والے، یا سوتے رہ جانے والے کے لئے جو حکم ہے وہی حکم بالقصد نماز چھوڑنے والے پر بھی جاری کیا ہے اور اس پر بھی قضاء لازم کی ہے۔ اور یہ مسئلہ اجتہادی ہے اس سلسلہ میں کوئی نص موجود نہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے: أَلْحَقَ الفقهاءُ التفويتَ بالفوَاتِ اور یمین غموس پر قیاس اس لئے صحیح نہیں کہ وہ معاملہ ہے اور نماز کی قضاء عبادت ہے پس ایک کا دوسرے پر قیاس درست نہیں۔ واللہ اعلم

[۱۷] باب ماجاء فی النوم عن الصلاة

[۱۷٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن ثَابتِ البُنَانِيِّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ رَبَاحٍ الأَنْصَارِيِّ، عن أبی قَتَادَةَ قال: ذَكَرُوا لِلنبیِّ صلى الله عليه وسلم نَوْمَهُمْ عن الصَّلَاةِ، فقال: "إِنَّهُ لَيْسَ فی النَّوْمِ تَفْرِيْطٌ، إِنَّمَا التَّفْرِيْطُ فی اليَقَظَةِ، فَإِذَا نَسِیَ أَحَدُكُمْ صَلَاةً أَوْ نَامَ عَنْهَا، فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا"

وفی الباب: عن ابنِ مِسعودٍ، وأبی مَرْيَمَ، وعمرانَ بنِ حُصينٍ، وجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، وأبی جُحَيْفَةَ، وعَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِیِّ، وذِی مِخْبَرٍ، وهُوَ ابنُ أَخِی النَّجَّاشِیِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی قَتَادَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدِ اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی الرَّجُلِ يَنَامُ عَنِ الصَّلَاةِ أَوْ يَنْسَاهَا، فَيَسْتَيْقِظُ أَوْ يَذْكُرُ وُهُوَ فی غَيْرِ وَقْتِ صَلَاةٍ، عندَ طُلوعِ الشمسِ أو عندَ غروبِها، فقال بَعْضُهم: يُصَلِّيْهَا إِذَا اسْتَيْقَظَ أو ذَكَرَ، وإِنْ كانَ عِندَ طُلوعِ الشمسِ أو عند غُروبِها، وهو قولُ أحمدَ وإسحاقَ، والشافعیِّ ومالكٍ.

وقال بَعضُهم: لَايُصَلِّی حَتى تَطْلُعَ الشمسُ أو تَغْرُبَ.

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے نماز سے سونے کا تذکرہ کیا (یعنی وہ معذرت خواہ ہوئے) آپؐ نے فرمایا: بیشک سونے کی حالت میں کوئی کوتاہی نہیں، کوتاہی صرف بیداری میں ہے۔ پس جب تم میں سے کوئی نماز کو بھول جائے یا اس سے سوجائے تو چاہئے کہ وہ اُسے پڑھے جب یاد کرے ـــــ علماء کی آراء اس شخص کے بارے میں مختلف ہیں جو نماز سے سوجائے یا اس کو بھول جائے پھر وہ ناوقت یعنی سورج کے طلوع ہونے یا غروب ہونے کے وقت بیدار ہو یا نماز کو یاد کرے۔ پس بعض علماء کہتے ہیں کہ وہ نماز اُسی وقت پڑھے جب بیدار ہو یا اُسے یاد کرے۔ اگرچہ سورج کے طلوع یا غروب کا وقت ہو۔ احمد، اسحاق، شافعی اور مالک رحمہم اللہ کی یہی رائے ہے۔ اور بعض علماء نے کہا: ابھی نماز نہ پڑھے یہاں تک کہ سورج طلوع

یا غروب ہو جائے (یہ حنفیہ کی رائے ہے جیسا کہ حاشیہ میں صراحت ہے)
مسئلہ: جو شخص بے وقت اٹھنے کا انتظام کئے بغیر سوئے پھر اس کی نماز قضاء ہو جائے تو وہ گناہ گار ہوگا۔ البتہ معقول انتظام کر کے سویا ہو پھر انتظام فیل ہو جائے اور وہ نہ اٹھ سکے اور نماز قضاء ہو جائے تو کوئی گناہ نہیں۔

[۱۸] باب ماجاء فی الرجل يَنْسَى الصلاةَ

[۱۷۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وبِشْرُ بنُ مُعَاذٍ، قالا: نا أبو عَوَانَةَ، عن قَتَادَةَ، عن أنسٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ نَسِيَ صَلاَةً فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا"

وفى الباب: عن سَمُرَةَ وأبى قَتَادَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ويُرْوَى عن عَلِيِّ بنِ أبى طالبٍ أنَّهُ قالَ فى الرَّجُلِ يَنْسَى الصَّلاَةَ: يُصَلِّيْهَا مَتَى ذَكَرَهَا فى وقتٍ أو فى غَيْرِ وَقتٍ، وهو قولُ أحمدَ وإسحاقَ.

ويُروَى عن أبى بَكْرَةَ: أَنَّهُ نَامَ عن صَلاَةِ العَصْرِ، فَاسْتَيْقَظَ عِندَ غُرُوْبِ الشمسِ، فَلَمْ يُصَلِّ حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ.

وقد ذَهَبَ قَوْمٌ مِن أهلِ الكُوْفَةِ إِلَى هٰذا، وأَمَّا أَصْحَابُنَا فَذَهَبُوْا إِلٰى قَوْلِ عَلِيِّ بنِ أبى طالبٍ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص نماز کو بھول جائے تو چاہئے کہ وہ اُسے پڑھے جب یاد کرے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے اس شخص کے بارے میں جو نماز کو بھول جائے فرمایا کہ وہ نماز پڑھے جب وہ اُسے یاد کرے، خواہ وقت میں ہو یا غیر وقت میں۔ اور احمد و اسحاق رحمہما اللہ کا یہی قول ہے۔
اور حضرت ابو بکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ عصر کی نماز سے سو گئے پھر غروب شمس کے وقت بیدار ہوئے تو انھوں نے نماز نہیں پڑھی یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔ اور اس کی طرف کوفہ کی ایک جماعت گئی ہے (یہی احناف کا مذہب ہے) اور ہمارے اکابر (یعنی حجازی مکتب فکر کے ائمہ) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کی طرف گئے ہیں۔

بابُ ماجاء فى الرَّجُلِ تَفُوْتُهُ الصَّلَوَاتُ بِأَيَّتِهِنَّ يَبْدَأُ؟

قضاء نمازوں میں ترتیب واجب ہے

فائتہ اور وقتیہ نمازوں کے درمیان نیز فوائت کے درمیان امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ترتیب سنت ہے اور بقیہ ائمہ کے نزدیک واجب ہے۔ پھر احناف کے نزدیک تین اعذار کی بناء پر ترتیب کا وجوب ساقط ہو جاتا ہے۔ ایک:

نسیان کی وجہ سے۔ یعنی اگر کوئی قضا نماز کو بھول جائے اور وقتی نماز پڑھ لے تو وہ ہوجائے گی۔ دوسرا: کثرتِ فوائت۔ یعنی چھ سے زائد نمازیں قضاء ہوجائیں تو بھی ترتیب کا وجوب ساقط ہوجاتا ہے۔ تیسرا: ضِیْقِ وقت۔ یعنی وقت اتنا تنگ ہو کہ پہلے قضاء پڑھنے کی صورت میں ادا نماز بھی قضا ہوجائے گی، پس ترتیب کا وجوب ساقط ہوجائے گا۔ اور امام احمد کے نزدیک کثرت فوائت عذر نہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک نسیان عذر نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ غزوۂ خندق کے موقع پر آنحضرت ﷺ کی دو مرتبہ نمازیں قضاء ہوئی ہیں۔ پہلی مرتبہ تین نمازیں: ظہر، عصر اور مغرب قضا ہوئیں ہیں۔ رات کا بڑا حصہ گذرنے کے بعد جنگ بند ہوئی تھی، چنانچہ پہلے یہ نمازیں باجماعت قضا کی گئیں، پھر عشاء پڑھی گئی۔ راوی نے جو چار نمازیں قضا ہونے کی بات کہی ہے وہ مجاز ہے حقیقت میں تین ہی نمازیں قضا ہوئی تھیں۔ دوسری مرتبہ صرف عصر کی نماز قضاء ہوئی ہے۔ چنانچہ پہلے عصر پڑھی گئی پھر مغرب۔ چونکہ یہ دونوں حدیثیں فعلی ہیں اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے ترتیب کو سنت کہا کیونکہ فعلی حدیث سے وجوب ثابت نہیں ہوتا اس سے زیادہ سے زیادہ سنیت ثابت ہوتی ہے۔ اور دیگر علماء مواظبت رسول کے قرینہ سے ترتیب کو واجب کہتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی پوری زندگی میں یہی دو واقعے پیش آئے ہیں۔ اور آپؐ نے دونوں مرتبہ ترتیب ملحوظ رکھی ہے جو وجوب کا قرینہ ہے۔ اگر ترتیب واجب نہ ہوتی تو آپؐ بیانِ جواز کے لئے کم از کم ایک مرتبہ خلافِ ترتیب نماز قضا فرماتے، دونوں مرتبہ ترتیب سے نمازیں پڑھنا واجب کی صریح دلیل ہے۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں یہ مسئلہ تو چھیڑا نہیں جس میں اختلاف ہے، البتہ ایک دوسرا مسئلہ چھیڑ دیا ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں، وہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر چند نمازیں باجماعت قضا کی جائیں پھر ادا نماز پڑھی جائے تو ایک اذان کافی ہے اور یہ اذان وقتی نماز کے لئے ہوگی، قضا نمازوں کے لئے اذان نہیں ہے۔ البتہ اقامت ہر نماز کے لئے کہی جائے گی اور اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۱۹] باب ماجاء فی الرجل تَفَوْتُهُ الصلواتُ بِأَيَّتِهِنَّ يَبْدَأُ؟

[۱۷۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نا هُشَيْمٌ، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن نافعِ بنِ جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، عن أبی عُبَيْدَةَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قال: قال عبدُ اللّٰهِ بنُ مسعودٍ: إِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ شَغَلُوْا رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عن أَرْبَعِ صَلَوَاتٍ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، حَتّٰى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ مَاشَاءَ اللّٰهُ، فَأَمَرَ بِلاَلاً فَأَذَّنَ، ثُمَّ أَقَامَ، فَصَلَّى الظهرَ، ثم أَقَامَ فَصَلَّى العصرَ، ثم أَقَامَ فَصَلَّى المغربَ، ثم أَقَامَ فَصَلَّى العشاءَ.

وفی الباب: عن أبی سعيدٍ وجابرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ لَيْسَ بِإِسْنَادِهِ بَأْسٌ، إِلاَّ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عبدِ اللّٰهِ.

وهُوَ الَّذِىْ اخْتَارَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ فى الفَوَائِتِ: أَن يُّقِيْمَ الرَّجُلُ لِكُلِّ صَلاَةٍ إِذَا قَضَاهَا، وإِنْ لَمْ يُقِمْ أَجْزَأَهُ، وهو قولُ الشافعيِّ.

[۱۷۷-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، قال حدثنى أبى، عن يَحيىَ بنِ أبى كثيرٍ، نا أبو سَلَمَةَ بنُ عبدِ الرحمنِ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، أَنَّ عُمَرَ بنَ الخطاب قَالَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ — وَجَعَلَ يَسُبُّ كُفَّارَ قُرَيْشٍ — قال: يارسولَ اللّٰهِ! مَا كدِتُّ أُصَلِّى العصرَ حَتَّى تَغْرُبَ الشمسُ، فقال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "واللّٰهِ! إِنْ صَلَّيْتُهَا" قال: فَنَزَلْنَا بُطْحَانَ، فَتَوَضَّأَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وَتَوَضَّأْنَا، فَصَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم العصرَ بَعْدَ مَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ، ثُمَّ صَلَّى بَعْدَهَا المغربَ. هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: آدمی کی چندنمازیں فوت ہوجائیں تو کس نماز سے (قضاء کرنا) شروع کرے؟ —— ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: مشرکین نے نبی ﷺ کوغزوۂ خندق کے موقعہ پر چار نمازوں سے مشغول کردیا، یہاں تک کہ رات کا اتنا حصہ گذر گیا جتنا اللہ نے چاہا، یعنی کافی حصہ گذر گیا۔ پھر آپؐ نے حضرت بلال کو حکم دیا۔ چنانچہ انھوں نے اذان کہی، پھر اقامت کہی، پس نبی ﷺ نے ظہر پڑھائی، پھر انھوں نے اقامت کہی، پس آپ نے عصر پڑھائی، پھر انھوں نے اقامت کہی پس آپؐ نے مغرب پڑھائی۔ پھر انھوں نے اقامت کہی پس آپؐ نے عشاء پڑھائی۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند ٹھیک ہے۔ بس اتنی بات ہے کہ ابوعبیدۃ کا اپنے والد حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے لقاء اور سماع نہیں (یعنی یہ حدیث منقطع ہے، مگر باب میں جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس کی سند اعلی درجہ کی ہے اور وہ اس حدیث کی مؤید ہے)

مسئلہ: اور بعض علماء فوت شدہ نمازوں میں یہ بات پسند کرتے ہیں کہ ہر نماز کے لئے تکبیر کہی جائے جب ان کو (باجماعت) قضا کریں۔ اور اگر وہ ہر نماز کے لئے تکبیر نہ کہیں (بلکہ ایک اذان اور ایک اقامت پر اکتفا کریں) تو بھی جائز ہے۔ اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے (یہ مسئلہ اجماعی ہے)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ غزوۂ خندق کے موقع پر (اپنے مورچہ سے) آنحضرت ﷺ کے پاس آئے درانحالیکہ وہ کفار کو برا بھلا کہہ رہے تھے۔ اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! قریب نہیں تھا میں کہ عصر پڑھ سکوں سورج غروب ہونے سے پہلے۔ یعنی مشکل سے نماز عصر ادا کی —— کاد: کلام مثبت میں فعل کی نفی کرتا ہے اور کلام منفی میں فعل کا اثبات کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے: كنتُ أمشى فى المكان الزَّلِق وكِدتُّ أن أزِلَّ۔ میں پھسلن کی جگہ چل رہا تھا اور قریب تھا کہ پھسل جاؤں، یعنی نہیں پھسلا (یہ کلام مثبت کی مثال ہے) اور وما كادوا يفعلون نہیں قریب تھے وہ کہ گائے ذبح کریں۔ مگر ذبح کی (یہ کلام منفی کی مثال ہے) ——

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے تو ابھی تک عصر نہیں پڑھی۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم بُطحان نامی وادی میں اترے، پھر نبی پاک ﷺ نے وضو فرمائی اور ہم نے بھی وضو کی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے سورج غروب ہونے کے بعد عصر پڑھائی۔ پھر اس کے بعد مغرب پڑھی (حدیث کے شروع میں قال مکرر آیا ہے، کیونکہ قول اور مقولہ کے درمیان فصل ہوگیا ہے، اور إِنْ صَلَّيْتُهَا میں إِنْ نافیہ ہے)

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاَةِ الوُسْطٰی: أَنَّهَا العَصْرُ

درمیانی نماز عصر کی نماز ہے

سورۂ بقرہ آیت ۲۳۸ ہے: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلاَةِ الْوُسْطٰی﴾ پانچوں نمازوں کی حفاظت کرو، خاص طور پر درمیانی نماز کی۔ اس آیت کی تفسیر میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں۔ علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے موطا مالک کی شرح تنویر الحوالک میں وہ تمام اقوال جمع کئے ہیں، ان میں سے جو قول راجح ہے وہ یہ ہے کہ صلاۃ وسطی سے مراد عصر کی نماز ہے۔ اس سے پہلے دن کی دو نمازیں فجر وظہر ہیں اور اس کے بعد رات کی دو نمازیں مغرب وعشاء ہیں اس لئے یہ درمیانی نماز ہے۔

[۲۰] باب ماجاء فی الصلاة الوسطی: أنها العصر

[۱۷۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن سَعيدٍ، عن قَتادةَ، عن الحَسَنِ، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدَبٍ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَنَّهُ قَالَ فی صَلاَةِ الوُسْطٰی: صَلاَةُ العَصْرِ.

[۱۷۹-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو دَاوُدَ الطَّيَالِسِیُّ، وأبو النَّضْرِ، عن مُحمدِ بنِ طَلحةَ بنِ مُصَرِّفٍ، عن زُبَيْدٍ، عن مُرَّةَ الهَمْدَانِیِّ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: "صلاةُ الوُسْطَی صلاةُ العصرِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ [حسنٌ] صحیحٌ.

وفی الباب: عن علیٍ، وعائشةَ، وحَفصةَ، وأبی هریرةَ، وأبی هاشِمِ بنِ عُتْبَةَ.

قال أبو عیسی: قال محمدٌ، قال علیُّ بنُ عبدِ اللّٰهِ: حدیثُ الحَسَنِ عن سَمُرَةَ حدیثٌ حسنٌ، وقد سَمِعَ عَنْهُ.

وقال أبو عیسی: حدیثُ سَمُرَةَ فی صَلاَةِ الوُسْطَی حدیثٌ حسنٌ. وهو قولُ أکثرِ العُلماءِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَيْرِهِمْ.

وقال زيدُ بنُ ثابتٍ، وعائشةُ: صلاةُ الوسطىَ صلاةُ الظهرِ؛ وقال ابنُ عباسٍ وابنُ عُمرَ: صلاةُ الوسطىَ صلاةُ الصُّبْحِ.

حدثنا أبو مُوسَى محمدُ بنُ المثنَّى، نا قُريشُ بنُ أنسٍ، عن حَبيبِ بنِ الشَّهِيْدِ، قال: قال لي محمدُ بنُ سيرينَ: سلِ الحَسَنَ مِمَّنْ سَمِعَ حَديثَ العَقِيْقَةِ؟ فَسَأَلْتُهُ، قال: سَمِعْتُهُ مِنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدَبٍ.

قال أبو عيسى: وأَخْبَرَنِيْ محمدُ بنُ إسماعيلَ، عن علي بنِ عبدِ اللهِ، عن قُريشِ بنِ أنسٍ، بِهٰذا الحديثِ. قال محمدٌ: قال عليٌ: وسَماعُ الحَسَنِ مِن سَمُرَةَ صحيحٌ، واحتَجَّ بهٰذا الحديثِ.

ترجمہ: حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے صلوۃ وسطی کے بارے میں فرمایا کہ وہ عصر کی نماز ہے۔اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث کا بھی یہی مضمون ہے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے (ہمارے نسخوں میں لفظ حسن موجود نہیں مگر مصری نسخہ میں ہے)

علی بن المدینی فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہؓ کی حدیث جس کے حسن بصری راوی ہیں حسن ہے۔اور انھوں نے یہ حدیث حضرت سمرۃ سے سنی ہے(جاننا چاہئے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابن المدینی، امام بخاری اور امام احمد رحمہم اللہ وغیرہ رقیق العبارۃ تھے وہ ہلکا لفظ استعمال کرتے تھے۔ان حضرات کا حسن اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا صحیح مترادف ہیں۔اور عبارت میں سے لفظ صحیح کاتب کی مہربانی سے اڑ گیا ہے۔اس نے خیال کیا کہ استشہاد میں ابن المدینی کا قول پیش کیا ہے اور انھوں نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔پس امام ترمذی رحمہ اللہ صحیح کیسے کہیں گے؟! حالانکہ ان کا حسن اور ہمارے مصنف کا صحیح مترادف ہیں، چنانچہ یہ حدیث اسی سند سے کتاب التفسیر میں بھی آئی ہے وہاں حسن صحیح موجود ہے)

اور اکثر صحابہ اور تابعین عصر کی نماز کو صلاۃ وسطی قرار دیتے ہیں۔اور حضرت زید اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ صلاۃ الوسطیٰ ظہر کی نماز ہے۔اور ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کے نزدیک فجر کی نماز ہے۔

حبیب بن الشہید کہتے ہیں کہ مجھ سے ابن سیرین نے فرمایا: جب آپ حسن بصری کے پاس حدیث پڑھنے جائیں تو ان سے پوچھیں کہ عقیقہ والی حدیث انھوں نے کس سے سنی ہے؟ حبیب کہتے ہیں: میں نے ان سے یہ بات دریافت کی تو انھوں نے فرمایا: میں نے حضرت سمرۃ سے وہ حدیث سنی ہے —— حبیب کا یہ سوال وجواب مصنف کو امام بخاری رحمہ اللہ نے بتلایا ہے اور سند کتاب میں مذکور ہے۔ابن المدینی فرماتے ہیں: حسن بصری کا حضرت سمرۃ سے سماع صحیح ہے اور ان کا مذکورہ قول اس کی دلیل ہے۔

تشریح: حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔بعض حضرات کے نزدیک لقاء وسماع ثابت نہیں، وہ کہتے ہیں کہ حضرت سمرۃ کی مرویات ایک کاپی میں مرقوم تھیں حضرت حسن بصری اسی کاپی سے روایت کرتے ہیں۔دوسری رائے یہ ہے کہ انھوں نے صرف عقیقہ والی حدیث سنی ہے، باقی

روایتیں کاپی سے بیان کی ہیں۔اور امام بخاری، ابن المدینی اور امام ترمذی رحمہم اللہ وغیرہ اکابر محدثین کے نزدیک لقاء وسماع ثابت ہے۔اور حسن بصری حضرت سمرۃ سے جتنی حدیثیں روایت کرتے ہیں وہ سب ان کی سنی ہوئی ہیں۔وہ حضرات فرماتے ہیں کہ جب ایک حدیث میں سماع صحیح سند سے ثابت ہو گیا تو بقیہ احادیث کو اس پر محمول کیا جائے گا۔ ہر حدیث میں سماع کا تذکرہ ضروری نہیں۔یہی آخری رائے صحیح ہے۔

سوال: حدیثِ مرفوع کے موجود ہوتے ہوئے حضرت عائشہ، زید بن ثابت، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم نے آیت کی دوسری تفسیر کیوں کی ہے؟

جواب: ان حضرات کو حدیث مرفوع نہیں پہنچی ہوگی۔دوسرا جواب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے عصر کو صلاۃ وسطیٰ کا مصداق اس کے نماز عصر ہونے کی وجہ سے قرار نہیں دیا بلکہ اس نماز میں لوگوں کے غفلت برتنے کی وجہ سے اس کو مصداق بنایا ہے، چنانچہ مذکورہ بزرگوں نے اپنے زمانہ میں لوگوں کو ظہر وفجر میں غفلت برتتے پایا اس لئے انھوں نے ان نمازوں کو مصداق قرار دیا۔جیسے طالب علم فجر اور ظہر میں غفلت برتتے ہیں پس جب ان کے سامنے اس آیت کی تفسیر کی جائے گی تو انہیں نمازوں کو صلوٰۃ وسطیٰ کا مصداق قرار دیا جائے گا۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ کبھی آیت میں امر کلّی مذکور ہوتا ہے، جس کے مصداق متعدد ہو سکتے ہیں، ایسی صورت میں آیت کی متعدد تفسیریں ہو سکتی ہیں۔ظاہر ہے کہ جب نمازیں پانچ ہیں تو ہر نماز درمیانی نماز ہو سکتی ہے اور خصوصیت سے اس کے اہتمام کا حکم بربنائے غفلت دیا گیا ہے، پس مختلف زمانوں میں لوگ جس نماز میں غفلت برتنے لگے صحابہ نے اسی کو آیت کا مصداق قرار دیا، تاکہ لوگوں کی غفلت دور ہو۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ الصَّلاَةِ بَعْدَ العَصْرِ وَبَعْدَ الفَجْرِ

عصر اور فجر کے بعد نفل نماز مکروہ ہے

پانچ وقتوں میں نماز پڑھنا ممنوع ہے، پھر ان کے دو گروپ ہیں، پہلا گروپ: طلوع، غروب اور استواء کے وقت کوئی بھی نماز پڑھنا جائز نہیں، خواہ نفل نماز ہو یا فرض یا واجب اور خواہ ادا ہو یا قضاء۔اسی طرح سجدۂ تلاوت اور جنازہ کی نماز بھی ان اوقات میں جائز نہیں۔کیونکہ ان اوقات میں سورج کی عبادت ہوتی ہے پس وقت میں خرابی ہے۔البتہ ائمہ ثلاثہ نے فجر الیوم اور عصر الیوم کو مستثنیٰ کیا ہے۔دوسرا گروپ: عصر اور فجر کے فرض پڑھنے کے بعد۔ان اوقات میں وقت میں کوئی خرابی نہیں ان میں نوافل کی ممانعت بربنائے احتیاط ہے۔کیونکہ اجازت کی صورت میں بعض حضرات کے حق میں مکروہ اوقات میں نفل پڑھنے کا اندیشہ تھا۔البتہ ان دو وقتوں میں قضا نماز پڑھنا بالاتفاق جائز ہے۔اور قضا کے علاوہ نمازوں میں اختلاف ہے۔امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف واجب لعینہٖ جیسے سجدۂ

تلاوت اور نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے، نوافل ممنوع ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک واجب لعینہ اور واجب لغیرہ جیسے طواف کا دوگانہ اسی طرح وہ نوافل جن کا کوئی سبب ہے، مثلاً تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضوو غیرہ پڑھ سکتے ہیں۔ اسی طرح بغیر کسی سبب کے ان کے نزدیک عصر کے بعد دو نفل پڑھنے کی بھی اجازت ہے، کیونکہ رسول اللہ ﷺ سے ان کا پڑھنا ثابت ہے۔ باقی نوافل ممنوع ہیں۔

فائدہ: وہ احادیث جن میں اوقات ثلاثہ میں نماز کی ممانعت وارد ہوئی ہے وہ اعلی درجہ کی صحیح ہیں، مگر خبر واحد ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کے لئے باب قائم نہیں کیا اور جن احادیث میں عصر اور فجر کے بعد نماز کی ممانعت آئی ہے وہ احادیث بعض حضرات کے نزدیک حد تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں، یہ باب ان دو وقتوں میں نماز کی کراہیت بیان کرنے کے لئے ہے اور آئندہ باب اس کا مقابل باب ہے، اس میں عصر کے بعد نوافل کا جواز بیان کریں گے۔

[۲۱] باب ماجاء في كَرَاهِيَةِ الصلاةِ بعد العصر وبعد الفجر

[۱۸۰-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا مَنصورٌ، وهُوَ ابنُ زَاذَانَ، عن قَتَادَةَ، أَنَا أبو العالِيَةِ، عن ابنِ عباسٍ، قال: سمعتُ غَيرَ واحِدٍ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنهُم عُمرُ بنُ الخطابِ، وكَانَ مِن أَحَبِّهِمْ إِلَيَّ، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم نَهَى عن الصَّلاَةِ بَعدَ الفَجْرِ، حتى تَطْلُعَ الشمسُ، وعن الصَّلاةِ بَعدَ العصرِ حتى تَغرُبَ الشمسُ.

وفي الباب: عن عليٍ، وابنِ مسعودٍ، وأبي سعيدٍ، وعُقبةَ بنِ عامرٍ، وأبي هريرةَ، وابنِ عُمَرَ، وسَمُرَةَ بنِ جُندَبٍ، وسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وزيدِ بنِ ثابتٍ، وعبدِ اللّهِ بنِ عَمْرٍو، ومُعاذِ بنِ عَفْرَاءَ، والصُّنَابِحِيِّ — ولَمْ يَسْمَعْ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم — وعائشةَ، وكعبِ بنِ مُرَّةَ، وأبي أُمَامَةَ، وعَمْرِو بنِ عَبَسَةَ، ويَعْلَى بنِ أُمَيَّةَ، ومُعَاوِيَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ، عن عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهو قولُ أكثَرِ الفُقَهاءِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهم: أَنَّهُمْ كَرِهُوْا الصلاَةَ بعدَ صلاَةِ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وبعدَ العصرحتى تَغْرُبَ الشمسُ؛ وأَمَّا الصَّلَوَاتُ الفَوَائِتُ فَلاَ بَأْسَ أَنْ تُقْضَى بعدَ العصرِ وبعدَ الصُبح.

قال عَلِيُّ بنُ المدينيُّ: قال يحيىَ بنُ سعيدٍ: قال شعبةُ: لم يَسْمَعْ قَتَادَةُ مِن أبي العالِيَةِ إِلَّا ثَلاَثَةَ أَشْيَاءَ: حديثُ عُمَرَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الصَّلاَةِ بَعدَ العصرِ حتى تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وبَعدَ الصُبحِ حتى تَطْلُعَ الشمسُ، وحديثُ ابن عباسٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: لا يَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ أَنْ يَقُوْلَ: أَنا خَيْرٌ مِن يُوْنُسَ بنِ مَتَّى، وحديثُ عَلِيٍّ: القُضَاةُ ثَلاَثَةٌ.

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث متعدد صحابہ سے سنی ہے، ان میں سے ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور وہ میرے نزدیک جن سے میں نے یہ حدیث سنی ہے سب سے زیادہ محبوب ہیں (کیونکہ وہ حدیث کے معاملہ میں حد درجہ محتاط تھے) حضرت عمر رضی اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فجر کے بعد نماز سے منع کیا، یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد نماز سے منع کیا یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے (اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب کی اٹھارہ حدیثوں کا حوالہ دیا ہے، ان کے علاوہ بھی احادیث ہیں اگر تمام کتب حدیث سے اس موضوع کی روایات اکٹھا کی جائیں تو وفی الباب کی فہرست دوگنی ہو جائے گی) اور وفی الباب میں جس صنابحی کا تذکرہ ہے وہ ابو عبداللہ عبدالرحمٰن بن عُسیلہ ہیں۔ اور وہ مخضرم ہیں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے تلامذہ میں سے ہیں، وہ وصال نبوی کے تین روز بعد مدینہ پہنچے تھے۔

اور اکثر صحابہ اور تابعین کا یہی قول ہے کہ فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک اور عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک نماز مکروہ ہے۔ البتہ فوت شدہ نمازیں عصر وفجر کے بعد قضا کرنا جائز ہے۔

شعبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قتادہ نے ابو العالیہ سے صرف تین حدیثیں سنی ہیں اور یہ حدیث ان میں سے ایک ہے۔ دوسری حدیث: لاینبغی لأحد أن یقول إلخ ہے اور تیسری حدیث القضاۃُ ثلاثۃٌ ہے (اس قول کو ذکر کرنے کا مقصد اس حدیث کا موصول ہونا بیان کرنا ہے)

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاۃِ بَعْدَ العَصْرِ

عصر کے بعد نوافل کا جواز

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے۔ اس میں عصر کے بعد نفل نماز کا جواز بیان فرماتے ہیں۔

مذاہب فقہاء: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عصر کے بعد بغیر کسی سبب کے دو رکعت نفل جائز ہے۔ اور دیگر ائمہ کے نزدیک ناجائز۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ تو یہ ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ ظہر کی نماز سے فارغ ہوکر فوراً مال تقسیم کرنے میں مشغول ہوگئے۔ خیال تھا کہ فراغت کے بعد سنت پڑھ لیں گے۔ مگر یہ عمل برابر جاری رہا تا آنکہ عصر کی اذان ہوگئی اور تقسیم بھی مکمل ہوگئی، آپؐ عصر پڑھا کر حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے، کیونکہ یہ ان کی باری کا دن تھا اور وہاں پہنچتے ہی آپؐ نے نفل نماز شروع فرمادی۔ اس وقت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس کچھ خواتین تھیں، انہیں اور حضرت ام سلمہ کو آنحضرت ﷺ کے نفل پڑھنے پر تعجب ہوا۔ چنانچہ ام سلمہؓ نے اپنی باندی کو آپؐ کے پاس بھیجا۔ اور اس سے کہا: خدمتِ اقدس میں سلام پیش کر اگر آپؐ اشارہ کریں تو نماز کے بعد ورنہ اسی وقت دریافت کر۔ جب سلام پیش کیا گیا تو آپؐ نے ہاتھ سے رکنے کا اشارہ فرمایا۔ جب آپ نماز مکمل

کر چکے تو باندی نے عرض کیا کہ ام سلمہ سلام کہتی ہیں اور دریافت کرتی ہیں کہ آنجناب عصر کے بعد نماز سے منع فرماتے ہیں، پھر یہ نماز کیسی ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے پاس مال آیا تھا جس کی تقسیم کی مشغولیت کی بنا پر ظہر کے بعد کی سنتیں رہ گئی تھیں (مسلم ۱:۲۷۷، باب الأوقات التی نُهی إلخ) —— حضرت ام سلمہ جو صاحب واقعہ ہیں اور حضرت ابن عباس جن کی باب میں حدیث ہے مُصر ہیں کہ آنحضور ﷺ نے اس واقعہ کے بعد پھر کبھی عصر کے بعد کوئی نفل نہیں پڑھے۔ بلکہ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ تو اپنے دور خلافت میں جب کسی کو عصر کے بعد نفل میں مشغول پاتے تو درّے سے خبر لیتے۔ ظاہر ہے پٹائی کرنے کا یہ واقعہ مسجد نبوی میں صحابہ کی موجودگی میں پیش آتا تھا مگر کبھی کسی صحابی نے اس پر نکیر نہیں کی (یہ واقعہ شرح معانی الآثار ۱:۲۱۳ میں مذکور ہے)

دوسری طرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اس واقعہ کے بعد جب بھی نبی ﷺ عصر کے بعد میرے گھر تشریف لائے تو آپ نے دو نفلیں پڑھیں۔ اور یہ آپؐ کا معمول وفات تک جاری رہا۔

مگر حیرت انگیز بات یہ ہے کہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی باری ہفتہ میں ایک بار آتی تھی باقی چھ دن آپ دیگر ازواج کے یہاں قیام فرماتے تھے مگر کوئی ام المؤمنین عصر کے بعد نفل پڑھنے کی بات روایت نہیں کرتیں بلکہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا تو شدت سے انکار کرتی ہیں اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کی حدیث اگرچہ سند کے اعتبار سے اعلی درجہ کی ہے، مگر درایۃً اس کا حال اللہ بہتر جانتے ہیں۔

فقہاء کی آراء: اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جمہور کے نزدیک آنحضرت ﷺ کا بعد عصر نفل پڑھنا آپؐ کی خصوصیت تھی اور دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کو دو کاموں سے روکا کرتے تھے اور خود وہ کام کیا کرتے تھے۔ ایک: صوم وصال سے، دوسرے: عصر کے بعد نفل پڑھنے سے (ابوداؤد ا:۱۸۲ باب من رخص فیهما إذا كانت إلخ) دوسری دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا عصر کے بعد نفل پڑھنے والوں کی خبر لینا ہے اگر یہ مسئلہ آنحضور ﷺ کے ساتھ خاص نہ ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ عصر کے بعد نفل پڑھنے والوں کو کیوں مارتے؟

البتہ امام شافعی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ مسئلہ مداومت کے اعتبار سے تو نبی ﷺ کے ساتھ خاص ہے، مگر نفسِ جواز کے اعتبار سے خاص نہیں۔ یعنی عصر کے بعد فی نفسہ دو رکعت نفل کا جواز ہے مگر اس پر مداومت جائز نہیں۔

مگر امام شافعی رحمہ اللہ کی یہ رائے غور طلب ہے اس لئے کہ جواز و مداومت میں فرق کرنا مشکل امر ہے جب ایک چیز کا جواز ثابت ہو گیا تو بندہ اس کو ایک مرتبہ کرے یا ہمیشہ کرے اس سے کیا فرق پڑتا ہے؟

سوال: جب عصر کے بعد نفلیں ممنوع ہیں تو نبی ﷺ نے کیوں پڑھیں؟

جواب: بیانِ جواز کے لئے: یعنی نبی ﷺ نے عصر کے بعد دو نفلیں پڑھ کر یہ مسئلہ واضح کیا کہ اوقات ثلاثہ میں

تو خرابی ہے پس ان اوقات میں تو نماز مکروہ تحریمی ہے، مگر ان دو وقتوں میں کوئی خرابی نہیں۔ یہاں ممانعت لغیرہ ہے، یعنی مکروہ وقت میں نماز کے پڑنے کے اندیشہ سے ہے اور یہ وجہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمائی ہے انھوں نے زید بن خالد جُہنی سے فرمایا تھا: لو لا أني أخشى أن يتخذها الناس سُلَّمًا إلى الصلاة حتى الليل لم أضرب فيهما یعنی میں عصر کے بعد نوافل پڑھنے پر لوگوں کی خبر اس لئے لیتا ہوں کہ اندیشہ ہے کہ وہ سورج غروب ہونے تک مسلسل نفلیں پڑھتے رہیں گے، اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا تو میں پٹائی نہ کرتا (رواہ عبدالرزاق ۲:۴۳۱، واحمد ۴:۱۱۵) اس لئے ان دو وقتوں میں قضا نماز وغیرہ پڑھ سکتے ہیں کیونکہ نوافل کی طرح ان کا سلسلہ دراز نہیں ہوتا اور مکروہ وقت میں جا پڑنے کا اندیشہ بھی نہیں ہوتا۔ واللہ اعلم

[۲۲] باب ماجاء فى الصلاةِ بعد العصر

[۱۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا جَرِيرٌ، عن عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: إِنَّمَا صَلَّى رسولُ الله عليه وسلم الرَّكعَتَيْنِ بَعدَ العَصرِ، لِأَنَّهُ أَتَاهُ مَالٌ، فَشَغَلَهُ عن الركعتَينِ بَعد الظُّهْرِ، فَصلَّاهُمَا بَعدَ العَصرِ، ثُمَّ لَمْ يَعُدْ لَهُمَا.

وفى الباب: عن عائشةَ، وأم سلمةَ، ومَيمونة، وأبى موسىٰ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديث حسن.

وقد رَوَى غَيرُ واحدٍ عَن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ صَلَّى بَعدَ العصرِ رَكعتَيْنِ، وهٰذَا خِلَافُ مَا رُوِىَ عَنه أَنَّهُ نَهَى عن الصَّلَاةِ بعدَ العصرِ حتى تَغْرُبَ الشمسُ؛ وحديثُ ابنِ عباسٍ أَصَحُّ، حَيْثُ قَالَ: لَمْ يَعُدْ لَهُمَا. وقد رُوِىَ عن زَيدِ بنِ ثابتٍ نحوُ حديثِ ابنِ عباسٍ.

وقد رُوِىَ عن عائشةَ فى هذا البابِ رِوَايَاتٌ: رُوِىَ عَنْها: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، مَادَخَلَ عَلَيْهَا بَعدَ العَصْرِ إلَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ؛ ورُوِىَ عَنها عن أمِّ سَلَمَةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ نَهَى عن الصَّلَاةِ بَعْدَ العصرِ حَتَّى تَغرُبَ الشمسُ، وبعدَ الصُبحِ حتى تَطْلُعَ الشمسُ.

والَّذِىْ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ أَكثَرُ أهلِ العلمِ: عَلَى كَرَاهِيَةِ الصَّلَاةِ بَعْدَ العصرِ حتى تَغْرُبَ الشمسُ، وبعدَ الصُّبْحِ حتى تَطْلُعَ الشمسُ، إلَّا مَا اسْتُثْنِىَ مِنْ ذٰلِكَ: مِثْلُ الصلاةِ بِمَكَّةَ بَعدَ العَصْرِ، حتى تَغرُبَ الشمسُ، وبَعْدَ الصُبحِ حتى تطلُعَ الشمسُ بعدَ الطَّوَافِ؛ فَقَدْ رُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم رُخْصَةٌ فى ذٰلِكَ. وَقَدْ قَالَ به قَوْمٌ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعدَهُمْ، وبه يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

وقد كَرِهَ قَوْمٌ من أهلِ العلمِ مِن أصحاب النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمُ الصَّلاَةَ بِمَكَّةَ أَيْضًا بَعْدَ العصرِ وبَعدَ الصُبْحِ، وبه يَقولُ سفيانُ الثوريُّ، ومالكُ بنُ أنسٍ وبعضُ أهل الكوفة.

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھیں، اس لئے کہ آپؐ کے پاس مال آیا تھا، جس نے آپؐ کو ظہر کے بعد کی دو سنتوں سے مشغول کر دیا تھا، پس آپؐ نے ان دونوں کو عصر کے بعد پڑھا، پھر ان دونوں کے لئے نہیں لوٹے، یعنی پھر کبھی عصر کے بعد نفلیں نہیں پڑھیں۔

اور متعدد صحابہ سے یہ بات مروی ہے کہ نبی ﷺ نے عصر کے بعد دو رکعتیں پڑھیں (یعنی ابن عباس کی حدیث میں جو کمزوری ہے کہ جریر نے عطاء بن السائب سے ان کا حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے، اس سے مضمون حدیث پر اثر نہیں پڑتا کیونکہ اس واقعہ کو متعدد صحابہ نے روایت کیا ہے) اور یہ حدیث ابن عباس کی اُس حدیث کے معارض ہے جس میں یہ بات آئی ہے کہ نبی ﷺ نے عصر کے بعد نفلوں سے منع کیا ہے، یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے، اور ابن عباسؓ کی یہ حدیث اصح یعنی راجح ہے، کیونکہ اس میں یہ صراحت ہے کہ آپؐ ان دو رکعتوں کے لئے نہیں لوٹے یعنی یہ صرف ایک مرتبہ کا واقعہ ہے۔ یہ آپؐ کا معمول نہیں تھا ——— اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ابن عباسؓ کی حدیث کی طرح ہے (یہ حدیث مسند احمد ۵: ۱۸۵ میں ہے، انھوں نے بھی اس کو صرف ایک دن کا واقعہ قرار دیا ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بیان پر سخت نقد کیا ہے، فرمایا ہے: يغفر الله لعائشة! نحن أعلم برسول الله صلى الله عليه وسلم من عائشة الحديث یعنی اللہ تعالیٰ عائشہؓ کو معاف کریں (ان کا بیان صحیح نہیں ان کو کوئی اشتباہ ہوا ہے) ہم نبی ﷺ کے (جلوت کے) احوال عائشہؓ سے زیادہ جانتے ہیں۔ پھر یہ بیان ہے کہ یہ صرف ایک مرتبہ کا واقعہ ہے دائمی معمول نہیں تھا)

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے اس باب میں (مختلف) روایات مروی ہیں: ان سے مروی ہے کہ جب بھی نبی ﷺ ان کے پاس عصر کے بعد آئے تو آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں۔ اور ان سے بواسطہ ام سلمہؓ مروی ہے کہ آپؐ نے عصر کے بعد غروب شمس تک اور صبح کے بعد طلوع شمس تک نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے (یہ حدیث عائشہؓ براہ راست نبی ﷺ سے روایت کرتی ہیں، ام سلمہؓ کا واسطہ نہیں ہے۔ شیخ احمد محمد شاکر رحمہ اللہ نے حاشیہ ترمذی میں لکھا ہے کہ ایک نسخہ میں عن أم سلمة کٹا ہوا ہے)

اور وہ بات جس پر اکثر علماء کا اتفاق ہے وہ یہ ہے کہ عصر کے بعد سورج غروب ہونے تک اور فجر کے بعد سورج طلوع ہونے تک (نفل) نماز پڑھنا مکروہ ہے (کتاب کی عبارت اسی طرح ہے، علی کراهية بدل ہے اجتمع عليه سے) البتہ وہ نوافل جو اس ممانعت سے مستثنیٰ ہیں، جیسے مکہ مکرمہ میں عصر کے بعد نوافل پڑھنا غروب تک اور فجر کے بعد طلوع تک طواف کے بعد یعنی طواف کے بعد دوگانہ جو واجب لغیرہ ہے ان دو وقتوں میں پڑھ سکتے ہیں، کیونکہ نبی ﷺ سے

اس سلسلہ میں اجازت مروی ہے۔ اور صحابہ وتابعین میں سے بعض اس کے قائل ہیں (یعنی وہ عصر کے بعد مکہ میں نوافل کو جائز کہتے ہیں) شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا یہی قول ہے۔ اور بعض صحابہ اور تابعین مکہ میں بھی عصر وفجر کے بعد نفل پڑھنے کو مکروہ کہتے ہیں۔ اور یہ سفیان ثوری، امام مالک اور کوفہ والوں میں سے بعض (احناف) کا قول ہے۔

تشریح: دواماموں (شافعی واحمد رحمہما اللہ) کے نزدیک مکہ مکرمہ میں اوقاتِ ممنوعہ میں بھی نوافل پڑھنا جائز ہے۔ اور دوسرے دواماموں کے نزدیک جائز نہیں۔

چھوٹے دواماموں کے دلائل دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فجر وعصر کے بعد نوافل پڑھنے سے منع فرمایا مگر مکہ مکرمہ کا استثناء فرمایا۔ اور یہ کلمہ (إلا بمكة) تین مرتبہ فرمایا۔ (دار قطنی ص:۱۶۳، مسند احمد ۵:۱۶۵)

دوسری حدیث: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بنی عبد مناف (متولیانِ کعبہ) سے فرمایا: اے بنو عبد مناف! رات اور دن کی جس گھڑی میں کوئی شخص بیت اللہ کا طواف کرنا چاہے یا نماز پڑھنا چاہے تو تم اس کو منع نہیں کرو گے۔ (ترمذی وابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۱۰۴۵) امام شافعی وغیرہ نے اس حدیث کے عموم میں اوقاتِ ممنوعہ کو بھی داخل کیا ہے۔

اور بڑے دواماموں کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے۔ وہ اپنے دورِ خلافت میں ایک مرتبہ عمرہ کے لئے مکہ تشریف لائے اور فجر کی نماز پڑھائی پھر آخری طواف کر کے مدینہ کے لئے روانہ ہوئے۔ جب ذوطوی نامی وادی میں پہنچے تو سورج طلوع ہو کر کافی بلند ہو چکا تھا، آپؓ نے طواف کا دوگانہ یہاں پڑھا۔ حالانکہ قرآن کریم میں مقام ابراہیم پر طواف کا دوگانہ پڑھنے کی صراحت آئی ہے۔ معلوم ہوا کہ مکہ میں بھی فجر کے بعد نفل ممنوع ہیں۔ (شرح معانی الآثار ۱:۴۲۲ باب الصلاة للطواف، إلخ)

اور چھوٹے دواماموں کے مستدلات کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں تو چار خرابیاں ہیں: (۱) وہ منقطع ہے کیونکہ مجاہد کا ابوذر سے لقاء وسماع نہیں (۲) اس کی سند میں اضطراب ہے (۳) ابن المؤمل ضعیف راوی ہے (۴) اس کا استاذ حمید مولی غفراء بھی ضعیف ہے۔ (تفصیل نصب الرایہ ۱:۲۵۴ میں دیکھئے)

اور جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ والی حدیث اگرچہ قابل استدلال ہے مگر اس میں اوقاتِ ممنوعہ میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں بلکہ یہ شریعت کے گفتگو کرنے کا ایک انداز ہے۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ جب کوئی مسئلہ دو فریقوں سے متعلق ہوتا ہے تو شریعت ہر فریق سے اس طرح خطاب کرتی ہے کہ گویا ساری ذمہ داری اسی کی ہے۔ دوسرا فریق بالکل آزاد ہے۔

مثال سے وضاحت: مثلاً عورتوں کا نکاح عورت اور ولی کی اجازت سے ہوتا ہے۔ چنانچہ جب شریعت نے

عورتوں سے خطاب کیا تو کہا: لا نکاح إلا بولیٍّ. یعنی تمہیں اپنا نکاح کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔ نکاح ولی کرے گا۔ اور جب اولیاء سے خطاب کیا تو کہا: الأَیِّمُ أَحَقُّ بنَفْسِھَا من ولیِّھا یعنی غیر شادی شدہ عورت اپنے نفس کی زیادہ حقدار ہے اس کے ولی سے یعنی وہ جہاں نکاح کرنا چاہے ولی کو منع کرنے کا حق نہیں۔ غرض جب عورتوں سے خطاب کیا تو سارا حق ولیوں کو سونپ دیا۔ اور جب اولیاء سے خطاب کیا تو عورتوں کو پورا اختیار دیدیا۔ اور حق بات درمیان میں ہے کہ عورت کی اجازت ضروری ہے اور ولی کی اجازت کے بغیر نکاح زیبا نہیں۔ اسی طرح یہاں بھی جب مسجد حرام کے متولیوں سے خطاب کیا تو نمازیوں کو بالکل آزادی دیدی اور متولیوں سے کہا کہ تمہیں طواف ونماز سے روکنے کا کوئی حق نہیں۔ دن رات کی جس گھڑی میں وہ نماز پڑھنا چاہیں پڑھ سکتے ہیں۔ اور جب نمازیوں سے خطاب کیا تو ان کو پانچ اوقات میں نماز پڑھنے سے منع کردیا۔ اس طرح معاملات میں اعتدال پیدا کردیا۔ غرض حضرت جبیر کی حدیث متولی کعبہ کی ذمہ داری سے متعلق ہے۔ وہاں نماز کب جائز ہے کب جائز نہیں یہ بات دوسری حدیثوں میں بیان کی گئی ہے۔ واللہ اعلم

باب مَاجَاءَ فی الصَّلَاۃِ قَبْلَ المَغْرِبِ

مغرب سے پہلے نفلوں کا جواز

مذاہب فقہاء: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک غروب کے بعد مغرب سے پہلے دو نفلیں نہیں ہیں۔ (مکروہ کی تعبیر ٹھیک نہیں) اور امام احمد رحمہ اللہ صرف جواز کے قائل ہیں، اگرچہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام احمد کا قول استحباب کا بیان کیا ہے مگر ابن قُدامہ نے مغنی (۱:۷٦٦) میں صرف جواز لکھا ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے دو قول ہیں: ایک جواز کا۔ دوسرا: استحباب کا۔

دلائل: بڑے دو اماموں کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے، خلفاء راشدین نے اور اکابر صحابہ نے کبھی مغرب سے پہلے دو رکعتیں نہیں پڑھیں۔ اگر یہ نفلیں مستحب ہوتیں تو رسول اللہ ﷺ ضرور پڑھتے۔ اور خلفاء راشدین اور اکابر صحابہ بھی پڑھتے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ مغرب سے پہلے دو نفلوں کا کیا حکم ہے؟ انھوں نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کسی کو میں نے مغرب سے پہلے دو نفلیں پڑھتے نہیں دیکھا۔ (ابوداؤد ۱:۱۸۲، باب الصلاۃ قبل المغرب) البتہ دور صحابہ میں یعنی رسول اللہ ﷺ کے بعد بعض صحابہ سے یہ نفلیں پڑھنا ثابت ہے اس لئے جائز ہے۔

اور درایۃً ان کی دلیل یہ ہے کہ مغرب کی نماز کا وقت موسّع ہونے کے باوجود غروب ہوتے ہی مغرب پڑھنا مستحب ہے۔ پس اگر سنتیں اور نفلیں پڑھی جائیں گی تو منشأ شریعت فوت ہوجائے گا۔

اور جو حضرات جواز یا استحباب کے قائل ہیں ان کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر دو اذانوں کے درمیان نماز ہے، اس شخص کے لئے جو چاہے'' ـــــ قائلین جواز کہتے ہیں کہ دوسری اذان سے اقامت مراد ہے، اور حدیث کے عموم میں مغرب کی اذان واقامت بھی داخل ہیں۔ پس مغرب سے پہلے بھی نفلیں مستحب یا جائز ہیں۔

اور امام طحاوی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہاں اقامت مراد نہیں، اقامت مراد لینا اذان کے مجازی معنی ہیں۔ بلکہ دواذانوں سے دواذانیں ہی مراد ہیں۔ یعنی فجر اور ظہر کی اذانوں کے درمیان، اسی طرح ظہر اور عصر کی اذانوں کے درمیان، اور عصر اور مغرب کی اذانوں کے درمیان اور مغرب اور عشاء کی اذانوں کے درمیان اسی طرح عشاء اور فجر کی اذانوں کے درمیان نماز ہے۔ مگر یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ ان دواذانوں کے درمیان تو فرض نمازیں ہیں، پس لمن شاء فٹ نہیں آتا، بلکہ دوسری اذان سے اقامت مراد ہے اور حدیث کا جو مطلب قائلین جواز نے سمجھا ہے وہ صحیح نہیں، ورنہ اعتراض ہوگا کہ حدیث میں کوئی تخصیص نہیں، پس جس طرح ظہر کی اذان واقامت کے درمیان، عصر کی اذان واقامت کے درمیان، عشاء کی اذان واقامت کے درمیان جتنی چاہیں نفلیں پڑھ سکتے ہیں، فجر کی اذان واقامت کے درمیان بھی جتنی چاہیں نفلیں جائز ہوں۔ حالانکہ فجر کی اذان واقامت کے درمیان صرف دوسنت جائز ہیں۔ اور مغرب میں بھی صرف دونفلوں کے جواز یا استحباب کے دوامام قائل ہیں، اس سے زیادہ کے وہ حضرات بھی قائل نہیں۔

بلکہ حدیث کا صحیح مطلب: یہ ہے کہ اس میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے، بلکہ نبی ﷺ نے ذہنوں میں پیدا ہونے والے ایک شبہ کو رفع فرمایا ہے۔ کسی کے ذہن میں شبہ پیدا ہوسکتا ہے کہ جب مؤذن نے حی علی الصلاۃ کے ذریعہ فرض نماز کے لئے بلایا ہے تو مسجد میں جاکر سنتوں اور نفلوں میں مشغول ہونا کیسے جائز ہوسکتا ہے؟ یہ تو اللہ کے داعی کی مخالفت ہے۔ نبی ﷺ نے اس خلجان کو رفع فرمایا کہ اذان واقامت کے درمیان سنتیں اور نفلیں جائز ہیں۔ یہ اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں ہے۔ کیونکہ عین نماز کے وقت پھر بلایا جائے گا یعنی اقامت کہی جائے گی۔ دوسری بار بلایا جائے تب نوافل وغیرہ میں مشغول ہونا جائز نہیں۔ ارشاد ہے: إِذَا أُقيمت الصلاة فلا صلاةَ إلا المكتوبة۔ یعنی جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو اب فرض کے علاوہ کسی نماز میں مشغول نہ ہوا جائے۔ اب دوسری نماز میں مشغول ہونا اللہ کے داعی کی مخالفت ہے۔ پس اس حدیث سے زیادہ سے زیادہ مغرب سے پہلے نفلوں کی اباحت ثابت ہوتی ہے استحباب ثابت نہیں ہوتا۔ واللہ اعلم

[۲۳] باب ماجاء فی الصلاةِ قبل المغرب

[۱۸۲-] حدثنا هَنَّادٌ، ناوكيعٌ، عن كَهْمَسِ بنِ الحُسَيْنِ، عن عبدِ اللهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ مُغَفَّلٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: '' بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صَلَاةٌ لِمَنْ شَاءَ''

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الزبيرِ، قال أبو عيسىٰ: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بن مُغَفَّلٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدِ اخْتَلَفَ أصحابُ النبیِّ صلى الله عليه وسلم فی الصَّلاَةِ قَبْلَ المغربِ، فَلَمْ يَرَ بَعْضُهُمُ الصَّلاَةَ قَبْلَ المغربِ؛ وقد رُوِیَ عن غَيْرِ واحدٍ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُمْ كَانُوْا يُصَلُّوْنَ قَبْلَ صَلاَةِ المغربِ رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإقَامَةِ.

وقال أحمدُ وإسحاقُ: إنْ صَلاَّهُمَا فَحَسَنٌ، وهٰذَا عندَهُمَا عَلَى الاِسْتِحْبَابِ.

ترجمہ: مغرب سے پہلے نفل نماز میں صحابہ میں اختلاف تھا، بعض حضرات اس کے قائل نہیں تھے۔ اور متعدد صحابہ سے یہ مروی ہے کہ وہ مغرب سے پہلے اذان واقامت کے درمیان دو رکعتیں پڑھتے تھے۔ اور امام احمد واسحاق فرماتے ہیں کہ اگر کوئی پڑھے تو اچھا ہے اور یہ ان دونوں کے نزدیک استحباب پر محمول ہے یعنی دو رکعتیں سنت نہیں ہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فِيْمَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ العَصْرِ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشمسُ

جس نے سورج طلوع ہونے یا غروب ہونے سے پہلے ایک رکعت پالی اس کا حکم

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے سورج طلوع ہونے سے پہلے فجر کی ایک رکعت پالی اس نے فجر کی نماز پالی، اور جس نے سورج غروب ہونے سے پہلے عصر کی ایک رکعت پالی اس نے عصر کی نماز پالی۔

تشریح: یہ معرکۃ الآراء حدیث ہے۔ اس کے سمجھنے میں اختلاف ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ اگر فرض نماز کے دوران سورج طلوع یا غروب ہوجائے تو نماز پڑھتا رہے اس کی نماز صحیح ہوگی، چنانچہ وہ اس حدیث پر فجر الیوم اور عصر الیوم کا مسئلہ متفرع کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ دو نمازیں طلوع وغروب کے وقت صحیح ہوجاتی ہیں۔

اور احناف نے حدیث کا دوسرا مطلب سمجھا ہے، وہ کہتے ہیں کہ جو شخص کسی نماز کے وقت کے بالکل آخر میں نماز کا اہل بنے۔ مثلاً نابالغ تھا بالغ ہوا، کافر تھا مسلمان ہوا، عورت کو حیض یا نفاس آرہا تھا وہ پاک ہوگئی اور اتنا وقت پالیا جس میں طہارت حاصل کرکے ایک رکعت پڑھ سکے تو اس پر وہ نماز فرض ہوگئی۔ احناف کہتے ہیں کہ اس حدیث میں فجر الیوم اور عصر الیوم کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ مسئلہ تو اجتہادی ہے، چنانچہ احناف کا مسلک یہ ہے کہ اگر فجر کی نماز کے دوران سورج نکل آئے تو فرض باطل ہوجائے گا، کیونکہ نماز شروع کرنے سے پہلے جو متصل وقت ہے وہ وجوب اداء کا سبب ہے۔ اور وہ وقت کامل ہے۔ پس کامل نماز فرض ہوئی اور کامل ہی پوری کرنی ضروری ہے، پھر جب نماز کے دوران

سورج نکل آیا تو جیسی واجب ہوئی تھی ویسی پوری نہیں کی، بلکہ کامل واجب ہوئی تھی اور ناقص پوری کی، اس لئے فرض باطل ہوگیا اور اس کا اعادہ ضروری ہے۔ اور عصر کی نماز کے دوران سورج غروب ہوجائے تو عصر صحیح ہے، کیونکہ یہاں جو وجوب اداء کا سبب ہے وہ ناقص ہے۔ یعنی نماز شروع کرنے سے پہلے جو متصل جزء ہے وہ ناقص ہے۔ پس نماز ناقص فرض ہوئی اور ناقص پوری کی اس لئے نماز ہوگئی۔

غرض احناف کے نزدیک یہ مسئلہ اجتہادی ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک منصوص ہے، انھوں نے اس حدیث سے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے۔

فائدہ: یہ حدیث عصر اور فجر کے ساتھ خاص نہیں، پانچوں نمازوں کے لئے یہی حکم ہے۔ کیونکہ یہ حدیث عصر اور فجر کی تخصیص کے بغیر بھی آئی ہے۔ بخاری میں ہے: **من أدرَكَ ركعةً من الصلاة فقد أدرَكَ الصلاة** (حدیث نمبر ۵۸۰) اور ترمذی کی حدیث میں عصر وفجر کی تخصیص اس لئے ہے کہ یہی دو وقت ایسے ہیں جن میں محسوس طریقہ پر وقت نکلتا ہوا نظر آتا ہے۔ اور اس کا واضح قرینہ یہ ہے کہ فجر میں تو ایک رکعت کی تخصیص ائمہ ثلاثہ کے مذہب پر معقول نظر آتی ہے، کیونکہ فجر کی دو ہی رکعتیں ہیں مگر عصر کی چار رکعتیں ہیں اس میں ایک رکعت کی تخصیص ائمہ ثلاثہ کی تفسیر پر غیر معقول ہے۔ غروب سے پہلے خواہ ایک رکعت پائے یا دو رکعت پائے یا تین رکعتیں پائے سب کا ایک حکم ہے۔

اور احناف نے حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے وہ نہایت معقول ہے۔ کیونکہ ہر نماز درحقیقت ایک رکعت ہے باقی رکعتیں اس پر زیادتی ہیں، لہٰذا جب بندہ نے ایک رکعت کے بقدر وقت پالیا تو نماز اس پر فرض ہوگئی۔

نوٹ: نماز درحقیقت ایک رکعت ہے۔ یہ مضمون تفصیل سے رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۴۰۱) میں دیکھئے اور حضرت نانوتوی قدس سرہ کی کتاب توثیق الکلام کی شرح ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'' میں اس کی دس دلیلیں پیش کی ہیں۔

[٢٤] باب ماجاء فيمن أدرك ركعةً من العصر قبل أن تغرب الشمس

[١٨٣-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكُ بنُ أنسٍ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، وعن بُسْرِ بنِ سَعِيدٍ، وعن الأَعْرَجِ يُحَدِّثُوْنَهُ، عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: ''مَن أَدْرَكَ مِنَ الصُّبحِ رَكْعَةً قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشمسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ، ومَن أَدْرَكَ مِنَ العَصْرِ رِكْعَةً قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ الشمسُ فَقَدْ أَدْرَكَ العصرَ''

وفى الباب: عن عائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وبه يَقولُ أصحابُنا والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ومَعْنى هَذَا الحديثِ عِندَهُمْ: لِصَاحِبِ العُذْرِ، مِثْلُ الرَّجُلِ يَنَامُ عَن الصلاةِ أو يَنْسَاهَا، فَيَسْتَيْقِظُ ويَذْكُرُ عِندَ طُلوعِ الشمسِ وعند غُروبِها.

ترجمہ: اور اس حدیث کا مطلب حجازی مکتب فکر کے فقہاء کے نزدیک یہ ہے کہ یہ حدیث عذر والے کے لئے ہے جیسے وہ شخص جو نماز سے سوگیا، یا اس کو بھول گیا، پھر طلوع یا غروب کے وقت بیدار ہوا یا اس نے نماز یاد کی (تو وہ اسی وقت نماز پڑھے اور اس کی نماز صحیح ہوگی)

بابُ مَاجَاءَ فِی الجَمْعِ بَیْنَ الصَّلاتَیْنِ

دو نمازوں کو جمع کرنے کا بیان

عرفہ میں جمع تقدیم یعنی عصر کو ظہر کے وقت میں پڑھنا، اور مزدلفہ میں جمع تاخیر یعنی مغرب کو عشاء کے وقت میں پڑھنا بالاتفاق جائز ہے، بلکہ واجب ہے۔ کیونکہ یہ جمع تواتر طبقہ سے ثابت ہے، اور ایسی متواتر روایت سے قرآن کریم پر زیادتی جائز ہے۔ قرآن میں ہے: ﴿إِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ کِتَابًا مَوْقُوْتًا﴾ یعنی مؤمنین پر نماز وقت کی پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے۔ مگر ان دو موقعوں میں چونکہ جمع کرنا تواتر سے ثابت ہے اس لئے یہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔

اور ان دو موقعوں کے علاوہ جمع حقیقی کرنا یعنی ظہر وعصر کو اور مغرب وعشاء کو ایک ساتھ پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اعذار کی صورت میں جمع تقدیم وتاخیر دونوں جائز ہیں، اور اعذار: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سفر اور بارش ہیں، امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سفر اور مرض ہیں، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سفر، بارش اور مرض تینوں ہیں۔

اور حنفیہ کے نزدیک جمع تاخیر کی تو گنجائش ہے یعنی مجبوری میں ظہر کو عصر کے وقت میں اور عصر کو مغرب کے وقت میں اور مغرب کو عشاء کے وقت میں پڑھ سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں ایک نماز قضاء ہوگی۔ دوسری ادا البتہ جمع تقدیم احناف کے نزدیک مطلقاً جائز نہیں —— علامہ علاء الدین حصکفی رحمہ اللہ نے درمختار میں لکھا ہے کہ عند الضرورت ائمہ ثلاثہ کے مسلک پر عمل کر سکتے ہیں۔ مگر ان کے مذہب میں جو شرطیں ہیں ان کا لحاظ ضروری ہے، اس لئے کہ حکم مُلفَّق باطل ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ نے اس کی یہ شرح کی ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے مذہب پر عمل کرتے ہوئے جمع تاخیر کی گنجائش ہے بشرطیکہ ان کے مذہب میں جو شرطیں ہیں ان کا لحاظ کیا جائے۔ حالانکہ جمع تاخیر میں تو اختلاف ہی نہیں۔ (درمختار ۲: ۴۶، کتاب الصلاۃ، مطبع زکریا)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس باب میں جو حدیث ہے وہ جمع حقیقی پر صراحۃً دلالت نہیں کرتی۔ جمع حقیقی کی صریح روایت تو امام ترمذی رحمہ اللہ آگے لائیں گے، یہاں جو حدیث لائے ہیں اس میں جمع صوری کا احتمال ہے اور اس صورت میں کسی تاویل کی ضرورت نہیں اور جمع حقیقی مراد لی جائے تو تاویل ضروری ہے، چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ

باب میں دوسری ضعیف حدیث لائے ہیں اور امت کا عمل اس پر ہونا بتلایا ہے، یہ ایک تاویل ہے۔

پہلی حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء کے درمیان مدینہ میں رہتے ہوئے جمع کیا، یعنی دونوں نمازیں ایک ساتھ پڑھیں، جبکہ نہ دشمن کا خوف تھا نہ بارش کا، طالب علموں نے پوچھا: آپؓ نے یہ عمل کیوں کیا؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: أن لا تُحرَجَ أمتُه۔ تاکہ آپؐ کی امت تنگی میں نہ پڑے، اس کو أن لایُحرِجَ أُمَّتَه بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی تاکہ آپؐ اپنی امت کو تنگی میں نہ ڈالیں، مطلب دونوں کا ایک ہے، یعنی نبی ﷺ نے یہ عمل بیانِ جواز کے لئے کیا ہے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب العلل میں فرمایا ہے کہ میری اس کتاب میں دو حدیثیں ایسی ہیں جن کو اہل حق میں سے کسی نے نہیں لیا، ان میں سے ایک یہی حدیث ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ ائمہ احناف نے اس حدیث کو لیا ہے اور وہ اس کو جمع صوری پر محمول کرتے ہیں، یعنی نبی ﷺ نے ظہر کو آخر وقت میں اور عصر کو اول وقت میں پڑھا۔ اسی طرح مغرب کو آخر وقت میں اور عشاء کو اول وقت میں پڑھا، اور ایسا آپؐ نے بیانِ جواز کے لئے کیا۔ یعنی شریعت کا منشاء تو یہ ہے کہ ہر نماز الگ الگ وقت میں پڑھی جائے، تاکہ دنیا کی مشغولیت اللہ سے غافل نہ کرنے پائے، اور جمع صوری اگرچہ شریعت کے منشاء کے خلاف ہے مگر اس کی گنجائش ہے۔ یہ مسئلہ واضح کرنے کے لئے آپؐ نے ایک مرتبہ ایسا کیا۔ اور نبی ﷺ کا یہ عمل منشأ شریعت کے خلاف نہیں۔ کیونکہ بیانِ جواز مقاصد نبوت میں داخل ہے۔

فائدہ: اس حدیث کی وجہ سے شیعہ یہ بات کہتے ہیں کہ نمازیں پانچ ہیں مگر ان کے اوقات تین ہیں، زوال سے غروب تک ظہر و عصر کا وقت ہے اور غروب سے صبح صادق تک مغرب و عشاء کا وقت ہے، اور صبح صادق کے بعد فجر کا وقت ہے۔ مگر ان کی یہ بات قرآن و حدیث کے خلاف ہے، اور اس حدیث سے ان کا استدلال باطل ہے، کیونکہ اس حدیث میں جمع حقیقی نہیں جمع صوری کا بیان ہے اور دلیل آئندہ حدیث ہے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے بلا عذر دو نمازوں کو جمع کیا وہ کبیرہ گناہوں کے دروازوں میں سے ایک دروازے پر آیا، یعنی اس نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا، اس لئے کہ اگر اس نے جمع تاخیر کی مثلاً: ظہر کو عصر کے وقت میں پڑھا تو ظہر قضا کرنے کا گناہ لازم آیا، اور اگر جمع تقدیم کی یعنی عصر کو ظہر کے وقت میں پڑھا تو اس کی عصر صحیح نہیں ہوئی، پس وہ تارک صلاۃ ہوا جو کبیرہ گناہ ہے۔

تشریح: یہ حدیث بھی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ہے، اور حَنَش کی وجہ سے ضعیف ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ضعیف ہونے کے باوجود اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک یہی حدیث معمول بہ ہے، اور وہ بلا عذر جمع حقیقی کرنے کو گناہ کبیرہ قرار دیتے ہیں۔

[۲۵] باب ماجاء في الجمع بين الصلا تين

[۱۸٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن حَبِيْبِ بنِ أبي ثابتٍ، عن سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: جَمَعَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ الظُّهْرِ والعَصْرِ، وبَيْنَ المغربِ والعِشَاءِ، بالمَدِيْنَةِ مِنْ غَيْرِ خَوْفٍ وَلاَ مَطَرٍ، قال: فَقِيْلَ لِابْنِ عباسٍ: مَا أَرَادَ بِذٰلِكَ؟ قَالَ: أَرَادَ أَنْ لاَ تُحْرَجَ أُمَّتُهُ.

وفي الباب: عن أبي هريرة. قال أبو عيسى: حديثُ ابنُ عَبَّاسٍ. قَدْ رُوِيَ عَنْهُ مِن غَيْرِ وَجْهٍ: رَوَاهُ جابرُ بنُ زَيدٍ، وسَعيدُ بنُ جُبيرٍ، وعَبدُ اللّٰهِ بنُ شَقِيْقٍ العُقَيْلِيُّ.

وقد رُوِيَ عن ابنِ عباسٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ هٰذا:

[۱۸۵-] حدثنا أبو سَلَمَةَ يَحيىَ بنُ خَلَفٍ البَصْرِيُّ، نا المُعْتَمِرُ بنُ سَلَيْمَانَ، عن أبيهِ، عن حَنَشٍ، عن عِكرمةَ، عن ابنِ عباسٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: "مَن جَمَعَ بَيْنَ الصَّلاَ تَيْنِ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ، فَقَدْ أَتَى بَاباً مِنْ أَبْوَابِ الكَبَائِرِ"

قال أبو عيسى: وَحَنَشٌ هٰذا هُوَ أبو عَلِيٍّ الرَّحَبِيُّ، وهُوَ حَنَشُ بنُ قَيْسٍ، وهُوَ ضَعيفٌ عِندَ أهلِ الحديثِ، ضَعَّفَهُ أحمدُ وغيرُه. والعَمَلُ عَلَى هٰذا عند أهلِ العلمِ أن لا يُجْمَعَ بَيْنَ الصَّلاتَيْنِ، إلا في السَّفَرِ أو بِعَرَفَةَ.

ورَخَّصَ بعضُ أهلِ العلمِ مِن التابعين في الجَمْعِ بَيْنَ الصَّلاَ تَيْنِ لِلْمَرِيْضِ، وبه يَقُوْلُ أحمدُ وإسحاقُ، وقَالَ بعضُ أهلِ العلمِ يُجْمَعُ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ في المَطَرِ، وبه يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ، ولَمْ يَرَ الشافعيُّ لِلْمَرِيْضِ أن يَجْمَعَ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن عباسؓ کی اس حدیث کو ان سے ان کے متعدد تلامذہ جیسے ابوالشعثاء جابر بن زید، سعید بن جبیر اور عبداللہ بن شقیق عقیلی روایت کرتے ہیں (پس یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے) اور ابن عباسؓ سے اس کے علاوہ (معارض) حدیث بھی مروی ہے (جو اگرچہ ضعیف ہے مگر امت کا عمل اس پر ہے) امام ترمذی کہتے ہیں: دوسری حدیث کی سند میں جو حَنَش ہیں وہ ابوعلی الرَّحَبِی ہیں اور ان کا نام حنش بن قیس ہے (دوسرا قول یہ ہے کہ ان کا نام حسین ہے) اور یہ راوی محدثین کے نزدیک ضعیف ہے، امام احمد وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔ اور علماء کا عمل اسی حدیث پر ہے کہ دونمازوں میں جمع نہ کیا جائے مگر سفر میں یا عرفہ میں (عرفہ میں جمع حقیقی امت کے درمیان متفق علیہ ہے اور سفر کی وجہ سے جمع حقیقی ائمہ ثلاثہ کے درمیان متفق علیہ ہے) اور تابعین میں

سے بعض علماء نے بیمار کو جمع حقیقی کی اجازت دی ہے۔ اور اسی کے امام احمد اور امام اسحاق قائل ہیں (امام مالکؒ بھی بیمار کو جمع حقیقی کی اجازت دیتے ہیں البتہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ عذر نہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے) اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ بارش میں دو نمازوں کو جمع کرنا جائز ہے، اور اسی کے امام شافعی، امام احمد اور امام اسحاق رحمہم اللہ قائل ہیں۔ (مگر امام مالکؒ کے نزدیک بارش عذر نہیں) اور امام شافعی رحمہ اللہ بیمار کو اجازت نہیں دیتے کہ وہ دو نمازوں کو ایک ساتھ پڑھے۔

بابُ ماجاءَ فی بَدْءِ الأَذَانِ

اذان کی ابتدائی تاریخ

رسول اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جب مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں فروکش ہوئے اور نماز باجماعت ادا کرنے کے لئے مسجد نبوی بنائی گئی تو ضرورت محسوس ہوئی کہ جماعت کا وقت قریب آنے کی عام اطلاع کے لئے اعلان کا کوئی خاص طریقہ تجویز کیا جائے۔ تاکہ سب لوگ جماعت میں شریک ہوسکیں، اور کوئی شخص جماعت کے ثواب سے محروم نہ رہ جائے۔

چنانچہ سن ایک ہجری میں رسول اللہ ﷺ نے اس بارے میں مشورے کے لئے لوگوں کو جمع کیا، کسی نے کہا کہ اس کے لئے بطور علامت کوئی جھنڈا بلند کرنا چاہئے، لوگوں کی نگاہ جب اس پر پڑے گی تو ایک دوسرے کو اطلاع کردیں گے، کسی نے رائے دی کہ کسی بلند جگہ پر آگ روشن کرنی چاہئے۔ کسی نے مشورہ دیا کہ جس طرح یہود کے عبادت خانوں میں نرسنگا بجایا جاتا ہے، ہمیں بھی نرسنگا بجانا چاہئے۔ کسی نے نصاری کے ناقوس کی تجویز پیش کی۔ لیکن حضور اکرم ﷺ نے ان میں سے کسی بات پر اطمینان ظاہر نہیں فرمایا۔ بلکہ بعض تجاویز یہ فرما کر رد کردیں کہ یہ غیر مسلموں کا طریقہ ہے۔

آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تجویز پیش کی کہ نماز کا وقت ہونے پر کوئی آدمی بھیجا جائے جو محلّہ محلّہ گھوم کر الصلاۃُ جامعةٌ (نماز تیار ہے) کا اعلان کرے، آپؐ نے یہ تجویز پسند فرمائی، اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اس کام کے لئے منتخب فرمایا، مگر کسی وجہ سے اس تجویز پر فوری عمل شروع نہ ہوسکا۔ البتہ اس معاملہ میں حضور اکرم ﷺ کی غیر معمولی فکر مندی نے بہت سے صحابہ کرام کو فکر مند کردیا، چنانچہ سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اذان سے متعلق خواب دیکھا، مگر کسی وجہ سے انھوں نے آنحضور ﷺ سے اپنے خواب کا تذکرہ نہ کیا، یہاں تک کہ ایک انصاری صحابی حضرت عبداللہ بن زید بن عبدربہ نے اذان کے متعلق خواب دیکھا، اور آنکھ کھلتے ہی تہجد کے وقت خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور اپنا خواب بیان کیا، حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''ان شاء اللہ یہ خواب سچا اور من جانب اللہ ہے''

اس وقت جو صحابہ مسجد میں تھے یا مسجد نبوی سے متصل حجروں میں رہتے تھے وہ سب جمع ہو گئے۔ ان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، جو اس واقعہ سے بیس روز پہلے ایسا ہی خواب دیکھ چکے تھے، مگر جب حضرت عبد اللہ سبقت کر گئے تو اس مجلس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنا خواب بیان کرنا پسند نہیں کیا، انھوں نے یہ خیال کیا کہ کہیں عبد اللہ یہ نہ سمجھیں کہ عمرؓ ان کی فضیلت چھیننا چاہتے ہیں۔

جس زمانہ میں حضرت عبد اللہ نے یہ خواب دیکھا تھا وہ بیمار تھے، نیز ان کی آواز بھی پست تھی، اس لئے حضور اکرم ﷺ نے حضرت عبد اللہ کو حکم دیا کہ جب نماز فجر کا وقت ہو تو تم بلالؓ کے ساتھ کھڑے ہونا اور کلماتِ اذان ان کو بتلانا تاکہ وہ بلند آواز سے پکاریں، کیونکہ ان کی آواز بلند بھی ہے اور خوبصورت بھی ہے۔

جب نماز فجر کا وقت ہوا تو حضور اکرم ﷺ کی ہدایت کے مطابق حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دینی شروع کی۔ رات کے سناٹے میں اور پہاڑوں کے جھرمٹ میں جب صوتِ بلالؓ گونجی تو پُر کیف سماں بند گیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر وجد طاری ہو گیا، وہ فوراً چادر گھسیٹتے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: قسم ہے اس ذات پاک کی جس نے آپ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، میں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا تھا، جیسا عبد اللہ نے دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا: الحمد للہ! مگر تم نے اس وقت جب عبد اللہ نے خواب بیان کیا تھا اپنے خواب کا تذکرہ کیوں نہ کیا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یا رسول اللہ! عبد اللہ نے یہ فضیلت آگے بڑھ کر حاصل کر لی، اس لئے مجھے تذکرہ کرتے ہوئے شرم محسوس ہوئی ـــــ اسی دن سے اذان کا یہ نظام قائم ہو گیا جو آج تک اسلام اور مسلمانوں کا خاص شعار ہے۔

خواب: حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خواب میں میرے سامنے ایک شخص آیا جو اپنے ہاتھ میں ناقوس لئے ہوئے تھا، میں نے اس سے پوچھا: اے اللہ کے بندے! تم یہ ناقوس بیچتے ہو؟ اس نے کہا: تم اس کا کیا کرو گے؟ میں نے کہا: ہم اس کے ذریعہ اعلان کر کے لوگوں کو نماز کے لئے اکٹھا کریں گے، اس نے کہا: کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جو اس کام کے لئے نقارہ سے بہتر ہے؟ میں نے کہا: ہاں ضرور بتاؤ، پھر اس نے اذان کہی، حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اذان کہہ کر وہ شخص مجھ سے تھوڑی دور ہٹ گیا، اور تھوڑے وقفہ کے بعد اس نے کہا: پھر جب نماز شروع کرو تو اقامت (تکبیر) کہو، اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔ اور وہ اسی وقت نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اپنا خواب آپؐ سے عرض کیا جیسا کہ اوپر گذرا۔

اذان کی مشروعیت حکم نبوی اور قرآن کریم سے ہے: اذان و اقامت کی مشروعیت صرف خواب سے نہیں ہے کیونکہ انبیاء کرام کے علاوہ کسی کا بھی خواب حجت نہیں، بلکہ اذان و اقامت کی مشروعیت ابتداءً تائید نبوی سے ہوئی ہے، پھر قرآن کریم نے اس کی توثیق کر دی۔ ارشاد ہے: ''اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لئے پکارا جائے تو تم اللہ کے ذکر کی طرف چل پڑو'' (سورۂ جمعہ آیت ۹)

علامہ محمد یوسف بنوری نوراللہ مرقدہ فرماتے ہیں: اذان کا عمل نبی کریم ﷺ کے حکم سے تھا صرف صحابی کے خواب سے نہیں تھا، پھر قرآن کریم نے آپؐ کے حکم کی توثیق وتصدیق فرمادی، پس انتہاء کے اعتبار سے اذان کی مشروعیت وحی متلو یعنی قرآن کریم سے ہے۔ (معارف السنن ۲:۱۶۹)

[۲۶] باب ماجاء فی بَدْءِ الْأَذَانِ

[۱۸۶-] حدثنا سَعِیدُ بنُ یَحییَ بنِ سَعِیدٍ الْأُمَوِیُّ، نا أبی، نا مُحمدُ بنُ إسحاقَ، عن مُحمدِ بنِ إبراهیمَ التَّیْمِیِّ، عن محمدِ بنِ عبد اللّٰهِ بنِ زیدٍ، عن أبیهِ، قال لَمَّا أَصْبَحْنَا أَتَیْنَا رَسولَ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم، فَأَخْبَرْتُهُ بالرُّؤْیَا، فَقَالَ: إنَّ هٰذِهِ لرُؤْیَا حَقٍّ، فَقُمْ مَعَ بِلالٍ، فَإِنَّهُ أَنْدَی وَأَمَدُّ صَوْتًا مِنْكَ، فَأَلْقِ عَلَیْهِ مَا قِیْلَ لَكَ، وَلْیُنَادِ بذٰلِكَ" قَالَ: فَلَمَّا سَمِعَ عُمرُ بنُ الخطابِ نِدَاءَ بِلالٍ بالصَّلاۃِ خَرَجَ إِلَی رسولِ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم وَهُوَ یَجُرُّ إِزَارَهُ، وهُو یَقُوْلُ: یارسولَ اللّٰهِ! وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بالحَقِّ لَقَدْ رَأَیْتُ مِثْلَ الَّذِیْ قَالَ، قَالَ: فَقالَ رسولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: " فَلِلّٰهِ الحمدُ، فَذٰلِكَ أَثْبَتُ"

وفی البابِ: عن ابنِ عُمَرَ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ زیدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وَقَدْ رَوَی هٰذا الحدیثَ إبراهیمُ بنُ سَعْدٍ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ أَتَمَّ مِنْ هٰذا الحدیثِ وَأَطْوَلَ، وذَکَرَ فِیْهِ قِصَّةَ الأَذَانِ مَثْنَی مَثْنَی، والإقَامَةِ مَرَّةً مَرَّةً.

وعبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدٍ: هُوَ ابنُ عَبْدِ رَبِّهِ، ویُقَالُ: ابنُ عَبْدِ رَبٍّ، وَلاَ نَعْرِفُ لَهُ عَن النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم شَیْئًا یَصِحُّ إِلَّا هٰذَا الحدیثَ الوَاحِدَ فی الأَذَانِ؛ وعبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدِ بنِ عَاصِمٍ المَازِنِیُّ، لَهُ أَحَادیثُ عن النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، وُهُوَ عَمُّ عَبَّادِ بنِ تَمِیْمٍ.

[۱۸۷-] حدثنا أَبُوْ بَکرِ بنِ أبی النَّضْرِ، نا الحَجَّاجُ بنُ مُحمدٍ، قال: قال ابنُ جُرَیْجٍ: أَنا نَافِعٌ، عن ابنِ عُمَرَ قَالَ: کَانَ المُسْلِمُوْنَ حِیْنَ قَدِمُوْا المَدِیْنَةَ یَجْتَمِعُوْنَ فَیَتَحَیَّنُوْنَ الصَّلَوَاتِ، وَلَیْسَ یُنَادِی بِهَا أَحَدٌ، فَتَکَلَّمُوْا یَوْمًا فی ذٰلِكَ، فقال بعضُهم: اتَّخِذُوْا نَاقُوْسًا مِثْلَ نَاقُوْسِ النَّصَارَی، وقال بعضُهم: اتَّخِذُوْا قَرْنًا مِثلَ قَرْنِ الیهودِ، قال: فقالَ عُمَرُ: أَوَلاَتَبْعَثُوْنَ رَجُلاً یُنَادِیْ بالصَّلاۃِ؟! قال: فقالَ رسولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: " یا بِلالُ! قُمْ فَنَادِ بالصَّلاۃِ"

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ من حَدیثِ ابنِ عُمَرَ.

ترجمہ: (حدیث ۱۸۶) عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نے صبح کی (یعنی صبح صادق قریب ہوئی) تو میں نبی ﷺ کے پاس آیا، پس میں نے ان کو اپنا خواب بتایا، آپؐ نے فرمایا: یہ سچا خواب ہے (خیالات نہیں ہیں)

پس آپ (صبح صادق کے وقت) بلال کے ساتھ کھڑے ہوں، اس لئے کہ ان کی آواز تم سے بلند ہے اور خوبصورت ہے (مجمع میں جو کام ہوتا ہے مثلاً اذان دینی ہے، نماز پڑھانی ہے، سبق میں عبارت پڑھنی ہے اس میں آواز کی خوبصورتی کا بھی لحاظ کرنا چاہئے، نبی ﷺ نے اسی کا لحاظ کیا ہے) اور ان کو وہ کلمات بتائیں جو آپ کو بتائے گئے ہیں۔ اور چاہئے کہ وہ ان کلمات کے ذریعہ پکاریں۔ راوی کہتا ہے: پس جب حضرت عمرؓ نے بلالؓ کی اذان سنی تو وہ نبی ﷺ کے پاس آئے درانحالیکہ وہ اپنی لنگی گھسیٹ رہے تھے (یہ عربی محاورہ ہے اس میں لنگی گھسیٹنا ضروری نہیں بلکہ گھر میں جس بے تکلف حالت میں ہوتا ہے اسی حالت میں نکل آنا مراد ہے۔ جیسے أنا النذیرُ العُریان: میں ننگا ہونا ضروری نہیں۔ دوٹوک وارننگ دینے کے لئے یہ محاورہ ہے) اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں نے بھی ایسا ہی خواب دیکھا ہے۔ راوی کہتا ہے: پس نبی ﷺ نے فرمایا: الحمد للّٰہ! اب بات پکی ہوگئی ـــــ اس حدیث کو ابراہیم بن سعد نے محمد بن اسحاق سے یحییٰ اموی کی حدیث سے تام اور مفصل روایت کیا ہے اور اس میں اذان کے کلمات دو دو مرتبہ اور تکبیر کے کلمات ایک ایک مرتبہ ذکر کئے ہیں۔

اور عبداللہ کے دادا کا نام عبدربہ ہے اور ایک قول عبدربّ (ہ کے بغیر) کا بھی ہے، اور ان کی صرف یہی ایک صحیح حدیث ہے جو اذان کے سلسلہ میں مروی ہے، اور ایک دوسرے عبداللہ ہیں ان کے والد کا نام بھی زید ہے، مگر ان کے دادا کا نام عاصم ہے، ان سے متعدد حدیثیں مروی ہیں۔ اور وہ عباد بن تمیم کے چچا ہیں۔

(حدیث ۱۸۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب مسلمان (ہجرت کرکے) مدینہ آئے تو وہ نمازوں کے لئے اکٹھا ہوا کرتے تھے، پس اندازہ کیا کرتے تھے یعنی اندازہ سے آتے تھے اور اس وقت تک نماز کے لئے بلانے کا طریقہ جاری نہیں ہوا تھا، پس ایک دن انھوں نے اس سلسلہ میں باہم گفتگو کی (یعنی مشورہ کیا) تو بعض لوگوں نے کہا: نصاریٰ کی طرح ناقوس (نقارہ) بجایا جائے۔ دوسروں نے یہ رائے دی کہ یہود کی طرح نرسنگا بجایا جائے۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ ایک ایسے شخص کو جو نماز کی اطلاع کردیا کرے کیوں نہیں بھیجتے؟! (رسول اللہ ﷺ کو یہ مشورہ پسند آیا) پس آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اس کا حکم دیا کہ آپ نماز کے لئے بلایا کریں (مگر کسی وجہ سے اس پر عمل شروع نہیں ہوا کہ خواب دیکھنے کا واقعہ پیش آیا)

بابُ مَاجَاءَ فی التَّرْجِیْعِ فی الأَذَانِ

اذان میں ترجیع کا بیان

ترجیع کے معنی ہیں: شہادتین (أشهد أن لا إله إلا اللهاور أشهد أن محمداً رسول الله) کو آہستہ کہنے کے بعد دوبارہ زور سے کہنا، یعنی پہلے چاروں کلمات کو ہلکی آواز سے کہا جائے پھر پلٹ کر دوبارہ ان کو بلند آواز سے کہے۔

مذاہبِ فقہاء: جمہور ائمہ کے نزدیک اذان کے شروع میں چار مرتبہ اللہ أکبر کہنا سنت ہے مگر امام مالک اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ اس کو سنت نہیں کہتے۔ ان کے نزدیک اذان کے شروع میں اللہ أکبر صرف دو مرتبہ کہنا سنت ہے۔ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ ترجیع کو سنت کہتے ہیں، مگر امام اعظم، امام احمد اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک ترجیع سنت نہیں۔ اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کلماتِ اذان انیس، امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سترہ، امام اعظم اور امام احمد کے نزدیک پندرہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک تیرہ ہیں۔

دلائل: جو امام ترجیع کے قائل نہیں ہیں ان کی دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی اذان میں آخر زمانہ تک ترجیع نہیں تھی۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ وہ فرشتہ جس نے خواب میں اذان سکھائی تھی اس کی اذان میں بھی ترجیع نہیں تھی۔

اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کی دلیل حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے اذان کے کلمات انیس سکھائے۔ چنانچہ وہ خود اور ان کے بعد ان کی اولاد اذان میں ترجیع کیا کرتی تھی۔

اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کا اذان میں ترجیع کرنا اذان کے مقصد سے نہیں تھا اگر اذان میں اس سنت کا اضافہ ہوا ہوتا تو نبی ﷺ اپنے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بھی اس کا حکم دیتے، بلکہ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ سے جو ترجیع کروائی گئی تھی اس کا مقصد ان کے دل سے اسلام کی نفرت کم کرنا اور ایمان کی محبت پیدا کرنا تھا۔ کیونکہ اس واقعہ کی تفصیل جو مختلف روایتوں کو جمع کرنے سے حاصل ہوتی ہے یہ ہے کہ جب نبی ﷺ سن ۸ ہجری میں غزوۂ حنین سے فارغ ہو کر واپس لوٹ رہے تھے تو راستہ میں ایک جگہ لشکر نے پڑاؤ کیا۔ ابو محذورہ اپنے نو دوستوں کے ساتھ وہاں پہنچ گئے۔ وہ سب نوجوان تھے، جب نماز کا وقت آیا تو نبی ﷺ کے مؤذن نے اذان دینی شروع کی۔ ابو محذورہ کہتے ہیں کہ ہم سب چونکہ اذان سے اور اذان دینے والے کے دین سے متنفر تھے اس لئے ہم نے مذاق اور تمسخر کے طور پر اذان کی نقل شروع کی۔ اور میں نے تو بالکل مؤذن کی طرح خوب بلند آواز سے نقل اتارنی شروع کی۔ نبی ﷺ نے ہماری آوازیں سنیں اور ہم سب کو طلب فرمایا، چنانچہ ہم سب پکڑ کر آپؐ کے سامنے پیش کئے گئے، آپؐ نے پوچھا: بتاؤ! تم میں سب سے بلند آواز کس کی تھی؟ سب نے میری طرف اشارہ کیا، چنانچہ آپؐ نے سب کو چھوڑ دیا اور مجھے روک لیا، اور فرمایا: کھڑے ہو کر اذان کہو۔ ابو محذورہ کہتے ہیں: اس وقت میرا یہ حال تھا کہ رسول اللہ ﷺ سے اور آپؐ نے جس اذان کے دینے کا مجھے حکم دیا تھا اس سے زیادہ ناپسند اور مبغوض کوئی چیز میرے لئے نہیں تھی، لیکن میں مجبور تھا ناچار حکم کی تعمیل کے لئے کھڑا ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے بذاتِ خود مجھے کلمات اذان تلقین فرمائے، فرمایا کہو: اللہ أکبر، اللہ أکبر میں نے یہ کلمات بہت زور

سے کہے۔ پھر جب توحید ورسالت کی شہادت کے کلمات مجھے تلقین فرمائے تو چونکہ میں کہنے پر مجبور تھا اس لئے کہے تو مگر ہلکی آواز سے، آپؐ نے وہ کلمات مجھ سے دوبارہ کہلوائے، اس وقت میرے دل کی دنیا بدل گئی تھی۔ چنانچہ میں نے خوب بلند آواز سے وہ کلمات کہے، پھر آخر اذان تک حضور اکرم ﷺ مجھے کلمات تلقین فرماتے رہے اور میں کہتا گیا۔ اس کے بعد آپؐ نے مجھے ایک تھیلی عنایت فرمائی جس میں کچھ چاندی تھی، اور میرے سر کے اگلے حصہ پر آپؐ نے دستِ مبارک رکھا اور میرے چہرے پر، سینہ پر، قلب وجگر پر دستِ مبارک پھیرا اور مجھے دعا دی۔ نبی ﷺ کی دعا اور دستِ مبارک کی برکت سے میرے دل سے کفر کی نفرت دور ہوگئی، اور ایمان کی دولت نصیب ہوئی، اور میں نے اسلام قبول کرلیا، پھر میں نبی ﷺ کے ساتھ ہولیا آپؐ نے مجھے مسجد حرام کا مؤذن مقرر فرمادیا۔

اس تفصیلی واقعہ سے یہ بات سمجھ میں آسکتی ہے کہ نبی ﷺ نے ابومحذورہؓ سے شہادتین کے کلمات مکرر اس لئے کہلوائے تھے کہ ان کے دل سے اسلام کی نفرت ختم ہو، اور ایمان کی محبت پیدا ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور کلمات کی یہ تکرار ابومحذورہ کے ایمان کا سبب بن گئی۔

اور صحابہ کی یہ خاص شان تھی کہ جو چیز ان کے ایمان کا سبب بنتی تھی وہ اس کو ہمیشہ یاد رکھتے تھے اور اس کو معمول بنالیتے تھے۔ چنانچہ ابومحذورہؓ نے جب مکہ میں اذان دینی شروع کی تو وہ ترجیع کیا کرتے تھے اور دوسرے صحابہ ان پر نکیر اس لئے نہیں کرتے تھے کہ یہ ان کا خصوصی معاملہ تھا، پھر ان کی اولاد بھی اپنے ابا کی سنت پر عمل پیرا رہی، غرض ترجیع حضرت ابومحذورہ کا خصوصی واقعہ تھا۔ وہ اذان کے مقصد سے نہیں تھا۔

ملحوظہ: اذان میں ترجیع سنت ہے یا نہیں؟ یہ نزاع اب لاحاصل ہے۔ کیونکہ اب عملی طور پر یہ مسئلہ باقی نہیں رہا۔ اب ساری دنیا میں مالکیہ اور شوافع نے ترجیع ختم کردی ہے۔

[۲۷] باب ماجاء فی الترجیع فی الأذان

[۱۸۸-] حدثنا بِشرُ بنُ مُعَاذٍ، ثنا إبراهيمُ بنُ عبدِ العزيزِ بنِ عبدِ الملكِ بنِ أبی مَحْذُوْرَةَ، قال: أَخْبَرَنِیْ أبی وَجَدِّی جميعاً عن أبی مَحذُورةَ، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم أَقْعَدَهُ وَأَلْقَى عَلَيْهِ الأَذانَ حَرْفًا حَرْفًا، قال إبراهيمُ: مِثْلَ أذانِنَا، قال بِشْرٌ: فَقُلْتُ لهُ: أَعِدْ عَلَیَّ، فَوَصَفَ الأَذانَ بِالتَّرْجِيْعِ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی مَحذُورةَ فی الأذانِ حديثٌ صحيحٌ؛ وقد رُوِیَ عَنهُ مِنْ غَيرِ وَجْهٍ، وعَلَيْهِ العَمَلُ بِمَكَّةَ وهول قُولُ الشافعیِّ.

[۱۸۹-] حدثنا أبو مُوسَى محمدُ بنُ المُثنَّى، نا عَفَّانُ، نا هَمَّامٌ، عن عَامِرٍ الأَحْوَلِ، عن مَكْحُولٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مُحَيْرِيْزٍ، عن أبی محذُورةَ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم عَلَّمَهُ الأَذَانَ تِسْعَ عَشْرَةَ

كَلِمَةً، والإِقَامَةَ سَبْعَ عَشَرَةَ كَلِمَةً.
قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وأبو مَحذُورةَ: اسْمُه سَمُرَةُ بنُ مِعْيَرٍ.
وقد ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلَى هٰذا فى الأَذَانِ، وقد رُوِىَ عن أبى مَحذُوْرَةَ أَنَّهُ كَانَ يُفرِدُ الإِقَامَةَ.

ترجمہ: (حدیث ۱۸۸) ابراہیم بن عبدالعزیز نے کہا: مجھ سے حدیث بیان کی میرے والد (عبدالعزیز) نے اور میرے دادا (عبدالملک) نے دونوں ہی ابومحذورہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ان کو (ابومحذورہؓ کو) بٹھایا اوران کواذان کا ایک ایک کلمہ کہلایا۔ ابراہیم کہتے ہیں: (یہ حرم شریف کے مؤذن تھے) ہماری اذان کی طرح۔ بشر (ابراہیم کے شاگرد) کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: اذان کہہ کر مجھے سنایئے۔ پس انھوں نے اذان بیان کی ترجیع کے ساتھ۔ حضرت ابومحذورہ کی یہ حدیث متعدد اسانید سے مروی ہے، اور اسی پر مکہ میں عمل ہے اور یہی امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔

(حدیث ۱۸۹) حضرت ابومحذورہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کو اذان کے انیس کلمات اور اقامت کے سترہ کلمات سکھائے۔ بعض علماء نے اذان میں ابومحذورہ کی اس حدیث کو لیا ہے اور ابومحذورہ سے یہ بھی مروی ہے کہ وہ اقامت اکہری کہتے تھے (یہ حدیث دارقطنی میں ہے اور اس کی سند اچھی ہے (فتح ۲:۸۴) اور احناف دونوں حدیثوں میں جمع کرتے ہیں تفصیل آگے آرہی ہے)

بابُ ماجاء فی إِفْرَادِ الإِقَامَةِ

اقامت اکہری کہنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اقامت میں ہر کلمہ ایک ایک مرتبہ کہا جائے گا، سوائے تکبیر کے اور قد قامت الصلاۃ کے پس وہ ڈبل ہیں۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قد قامت الصلاۃ بھی ایک مرتبہ ہے۔ پس کلماتِ اقامت: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دس ہیں، امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک گیارہ ہیں۔ اور احناف کے نزدیک سترہ ہیں —— یہ باب ائمہ ثلاثہ کے لئے ہے، احناف کے لئے اگلا باب ہے اور اس باب میں جو اختلاف ہے وہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حکم دیئے گئے کہ وہ اذان دوہری کہیں اور اقامت اکہری کہیں۔

تشریح: اس حدیث میں ایتار کلماتی مراد ہے یا ایتار صوتی؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایتار کلماتی مراد ہے اور احناف

کے نزدیک ایتارصوتی۔یعنی احناف کے نزدیک اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کوحکم دیا گیا کہ وہ اذان میں مماثل کلمات کو دو سانس میں کہیں اور تکبیر میں ایک ہی سانس میں کہیں، البتہ قد قامت الصلاۃ دو الگ الگ سانسوں میں کہیں کیونکہ یہی کلمات اقامت میں مقصود ہیں۔

اورفرق کی وجہ یہ ہے کہ اذان میں ترسُّل (ٹھیرٹھیر کر کہنا) مطلوب ہے۔کیونکہ اذان کا مقصد ان غائبین کو اطلاع کرنا ہے جو مشاغل میں منہمک ہیں، اوراقامت کا مقصد حاضرین کو آگاہ کرنا ہے جو پہلے سے تیار بیٹھے ہیں۔

اوراحناف نے حدیث کا یہ مطلب تین قرائن سے سمجھا ہے:

پہلا قرینہ: اگلے باب میں روایت ہے: حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کی اذان دوہری تھی: اذان بھی اوراقامت بھی۔پس باب کی حدیث میں ایتارصوتی مرادلیا جائے گا تاکہ دونوں روایتوں میں تعارض ختم ہوجائے۔

دوسرا قرینہ: وہ حدیث ہے جو گذشتہ باب میں گذری کہ حضرت ابومحذورہؓ کو نبی ﷺ نے اقامت کے سترہ کلمات سکھائے تھے ——— سترہ: عدد خاص ہے، اس میں کمی زیادتی نہیں ہوسکتی، پس دونوں حدیثوں میں جمع کی صورت یہی ہے کہ ایتارصوتی مرادلیا جائے۔

تیسرا قرینہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اقامت کے شروع میں بھی اورآخر میں بھی تکبیر دودومرتبہ ہے۔اس پراعتراض ہوتا ہے کہ یہ ایتار کے منافی ہے؟ حافظ رحمہ اللہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ چونکہ دومرتبہ اللہ اکبر ایک ہی سانس میں کہا جاتا ہے اس لئے یہ ایک ہی کلمہ ہے (فتح ۲:۸۳) پس ایتارصوتی مراد لینا تاویل بعید نہیں، دوسرے حضرات بھی بوقت ضرورت یہ تاویل کرتے ہیں۔

فائدہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث میں إلا الإقامۃ کا استثناء آیا ہے (بخاری حدیث ۶۰۵، باب الأذان مثنی) اس لئے امام شافعی اورامام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ تکبیر میں قد قامت الصلاۃ دومرتبہ کہا جائے گا، مگرامام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ استثناء متکلم فیہ ہے، اس پر ابن مندۃ نے اعتراض کیا ہے کہ یہ ایوب سختیانی کا قول ہے۔جس کو انھوں نے حدیث میں داخل کردیا ہے، حافظ رحمہ اللہ نے (فتح ۲:۸۳) میں اس کا جواب دینے کی کوشش کی ہے کہ امام شافعی وامام احمد رحمہما اللہ کے قول کا قرینہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ دورِنبوی میں اذان دوبار اوراقامت ایک بار تھی۔البتہ مؤذن قد قامت الصلاۃ، قد قامت الصلاۃ (دومرتبہ) کہا کرتا تھا (مشکوٰۃ حدیث ۶۴۳ باب الأذان) اوراحناف کے نزدیک اس استثناء کا یہ مطلب ہے کہ اقامت میں مماثل کلمات مؤذن ایک سانس میں کہے گا، مگر قد قامت الصلاۃ، قد قامت الصلاۃ کو الگ الگ سانوں میں کہے گا کیونکہ یہی کلمات مقصود ہیں۔

[٢٨] باب ماجاء فی إفراد الإقامة

[-١٩٠] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عبدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، ویَزِیدُ بنُ زُرَیْعٍ، عن خَالِدِ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قال: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ یَّشْفَعَ الْأَذَانَ وَیُوْتِرَ الإِقَامَةَ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وهو قولُ بعضِ أهلِ العِلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم والتابعینَ، وبه یَقولُ مالكٌ، والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: واضح ہے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الإِقَامَةَ مَثْنَی مَثْنَی

اقامت کے کلمات دودومرتبہ کہنے کا بیان

یہ باب عراقی مکتب فکر والوں کے لئے ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کی اذان میں دودوکلمات تھے۔ اذان میں بھی اور اقامت میں بھی۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں جو پہلے ابن ابی لیلیٰ ہیں، ان سے مراد ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں جن کا نام محمد ہے، یہ کوفہ کے قاضی تھے، فقہاء عراق میں ان کا شمار مجتہدین میں ہوتا ہے، ہدایہ میں ان کے اقوال ہیں، مگر حدیث شریف میں حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے ضعیف ہیں، اور دوسرے ابن ابی لیلیٰ: ابن ابی لیلیٰ کبیر ہیں جن کا نام عبدالرحمٰن ہے اور یہ اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی ہیں —— اس حدیث کو صاحبِ اذان عبداللہ بن زید سے یہی ابن ابی لیلیٰ کبیر روایت کرتے ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ ان کا عبداللہ بن زید سے سماع نہیں۔ مگر امام ترمذی کی یہ رائے قابل غور ہے، کیونکہ ابن ابی لیلیٰ کی ولادت حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ہوئی ہے جبکہ ان کی خلافت کے چھ سال باقی تھے (تہذیب ٦: ٢٦٠) اور عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ کا انتقال سن ٣٢ ہجری میں ہوا ہے (تہذیب ٥: ٢٢٤) یعنی حضرت عبداللہ کے انتقال کے وقت ان کی عمر دس سال سے متجاوز تھی، اور یہ عمر سماع حدیث اور تحمل حدیث کے لئے کافی ہے۔ اور اگر بالفرض سماع تسلیم نہ کیا جائے تو بھی یہ حدیث قابل استدلال ہے کیونکہ خود ابن ابی لیلیٰ کبیر کہتے ہیں کہ مجھ سے یہ حدیث متعدد صحابہ نے بیان کی ہے اور صحابہ کی جہالت مضر نہیں، کیونکہ الصحابةُ کلُّهم عُدُوْلٌ طے شدہ ضابطہ ہے یعنی سارے صحابہ روایتِ حدیث میں قابل اعتماد ہیں۔ علاوہ ازیں

احناف کی اصل دلیل حضرت ابومحذورہؓ کی حدیث ہے جس میں وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کو اقامت کے سترہ کلمات سکھائے۔ سترہ کا عدد خاص ہے اس میں کمی بیشی کی گنجائش نہیں۔

نوٹ: ہمارے نسخوں میں عبارت گڑبڑ ہے۔ محدث احمد محمد شاکر رحمہ اللہ نے اپنے حاشیہ میں اس پر تفصیلی گفتگو کی ہے۔ ہم نے اس حاشیہ اور مصری نسخہ کے موافق عبارت لکھی ہے۔

[۲۹] باب ماجاء أن الإقامة مثنى مثنى

[۱۹۱-] حدثنا أبوسَعيدٍ الأَشَجُّ، نا عُقْبَةُ بنُ خَالِدٍ، عن ابنِ أَبِى لَيْلَى، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلَى، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ زيدٍ قال: كَانَ أَذَانُ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم شَفْعًا شَفْعًا: فى الأَذَانِ وَالإِقَامَةِ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ رَوَاهُ وَكيعٌ عن الأَعْمَشِ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ عن عَبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلَى قَالَ: حَدَّثَنَا أَصْحَابُ محمدٍ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ عبدَ اللّٰهِ بنَ زَيْدٍ رَأَى الأَذَانَ فِى المَنَامِ.

وقال شُعْبَةُ عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ عن عَبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلَى: أَنَّ عبدَ اللّٰهِ بنَ زَيْدٍ رَأَى الأَذَانَ فِيْ الْمَنَامِ؛ وهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أبى لَيْلَى؛ وعبدُ الرحمنِ بنُ أبى ليلى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ زَيْدٍ.

قال بعضُ أهلِ العلمِ الأَذَانُ مَثْنَى مَثْنَى، والإِقَامَةُ مَثْنَى مَثْنَى، وبه يَقولُ سُفيانُ الثوريُّ وابنُ المباركِ وأهلُ الكوفة.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عبداللہ بن زید کی حدیث کو وکیع نے سلیمان اعمش سے روایت کیا ہے، وہ عمرو بن مُرۃ سے روایت کرتے ہیں، وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے، وہ کہتے ہیں: ہم سے صحابۂ کرام نے بیان کیا کہ عبداللہ بن زید نے خواب میں اذان دیکھی (اعمش رحمہ اللہ ابن ابی لیلیٰ صغیر کے متابع ہیں، پس ان کے ضعف کی تلافی ہوگئی اور اعمش کی سند میں ابن ابی لیلیٰ کبیر حضرت عبداللہ بن زید سے روایت نہیں کرتے، بلکہ متعدد صحابہ سے روایت کرتے ہیں، پس پہلی سند پر جو انقطاع کا اعتراض تھا وہ بھی ختم ہوگیا)

اور شعبہ رحمہ اللہ عمرو بن مُرۃ سے، وہ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زید نے خواب میں اذان دیکھی۔ اور یہ سند ابن ابی لیلیٰ صغیر کی سند سے اصح ہے۔ اور عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ نے عبداللہ بن زید سے نہیں سنا (پس ابن ابی لیلیٰ صغیر کا عن عبد اللہ بن زید کہنا صحیح نہیں، کیونکہ صیغۂ عن اتصال پر دلالت کرتا ہے اور

شعبہ کی سند میں أَنَّ ہے جو واقعہ بیان کرنے کے لئے ہے، اس میں سماع ضروری نہیں)

بابُ ماجاء فی التَّرَسُّلِ فی الأَذَانِ

ٹھہر ٹھہر کر اذان کہنے کا بیان

اذان میں ترسُّل یعنی کلمات کو دراز کرنا اور ہر کلمہ کے بعد ٹھہرنا مسنون ہے۔ اور اقامت میں حدر یعنی ہر کلمہ جلدی کہنا اور اس پر سانس نہ توڑنا سنت ہے، پھر اذان کے جن حروف پر کوئی مد نہیں ان کو کھینچنا لحن جلی ہے، مثلاً اللہ أکبر کے ہمزہ کو کھینچ کر آللہ أکبر کہنا یا با کو کھینچ کر أکبار کہنا حرام ہے۔ ہاں اذان کے جن کلمات میں مد اصلی ہے جیسے اللہ یا جہاں مد منفصل ہے جیسے لا إلٰہ یا جہاں مد عارض وقفی ہے، جیسے إلا اللہ، ان کلمات کو اذان میں کھینچنا نہ صرف جائز ہے بلکہ مطلوب و مستحسن ہے، مگر مد وجزر اور راگ پیدا کرنا مکروہ ہے (تفصیل کے لئے مفتی محمد امین صاحب پالن پوری کی کتاب آدابِ اذان واقامت دیکھیں)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے بلال! جب آپ اذان دیں تو اپنی اذان میں ترسل کریں یعنی کلمات کو لمبا کر کے اور ہر کلمہ کو ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں، اور جب آپ اقامت کہیں تو کلمات کو جلدی جلدی کہیں۔ یعنی ہر کلمہ پر سانس نہ توڑیں۔ اور اذان واقامت کے درمیان اتنا فاصلہ رکھیں کہ کھانے والا کھانے سے، پینے والا پینے سے، اور جو قضائے حاجت کے لئے گیا ہے وہ حاجت سے فارغ ہوجائے۔ (اور آپؐ نے مقتدیوں سے فرمایا:) اور جب تک مجھے (کمرہ سے نکلتے ہوئے) نہ دیکھو اس وقت تک کھڑے نہ ہوؤ''

تشریح: اس حدیث میں اذان واقامت کے علاوہ دو مسئلے اور بھی ہیں:

پہلا مسئلہ: اذان واقامت کے درمیان اتنا فاصلہ رکھنا چاہئے کہ اگر کوئی شخص پہلے سے کھانا کھا رہا ہے یا استنجے کے لئے گیا ہوا ہے تو وہ فارغ ہوکر اور طہارت حاصل کرکے بآسانی مسجد میں آسکے۔

یہاں دو باتیں یاد رکھنی چاہئیں:

پہلی بات: ہمارے دیار میں جو اذان واقامت کے درمیان آدھ گھنٹہ کا فاصلہ رکھا جاتا ہے وہ صحیح نہیں۔ اس سے اذان بے معنی ہوجاتی ہے، کوئی اذان سن کر نماز کی تیاری نہیں کرتا۔ اذان واقامت کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہونا چاہئے کہ جو شخص اذان شروع ہونے سے پہلے کھانا کھا رہا ہے یا استنجاء کے لئے گیا ہوا ہے، وہ ضرورت پوری کرکے مسجد میں آجائے۔ اس کے لئے دس پندرہ منٹ کافی ہیں۔

دوسری بات: اسی طرح ہمارے دیار میں جو طریقہ ہے کہ مغرب کی اذان واقامت کے درمیان مطلق فاصل نہیں رکھا جاتا یہ بھی صحیح نہیں، کچھ فصل رہنا چاہئے۔ یہ کیوں فرض کرلیا جاتا ہے کہ ہر شخص پہلے سے مسجد میں موجود ہے۔

حدیث میں بھی کوئی تخصیص نہیں، تمام نمازوں کے لئے حکم عام ہے اس لئے مغرب میں بھی کچھ فاصلہ رکھنا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: اگر امام مسجد میں موجود ہو تو لوگ اقامت کے ساتھ ہی کھڑے ہو سکتے ہیں، کیونکہ اقامت کے معنی ہیں: کھڑا کرنا۔ پس جب کھڑا کرنا پایا گیا تو کھڑے ہونے کی گنجائش ہے، البتہ اگر کوئی بیٹھا رہے تو حی علی الصلاۃ پر ضرور کھڑا ہو جائے ورنہ اللہ کے داعی کی مخالفت لازم آئے گی۔ علامہ احمد طحطاوی رحمہ اللہ نے فقہ کی عبارت یقوم الناس عند حی علی الصلاۃ کا یہی مطلب لکھا ہے (حاشیہ طحطاوی علی الدر المختار ۱:۲۱۵)

اور بریلوی جو فقہ کی مذکورہ عبارت کا مطلب لیتے ہیں کہ لوگوں کو حی علی الصلاۃ پر ہی کھڑا ہونا چاہئے، اس سے پہلے کھڑا ہونا جائز نہیں: یہ قطعاً غلط فہمی ہے۔ جب اقامہ (کھڑا کرنا) پایا گیا تو اب کھڑا ہونا کیوں جائز نہیں؟

اور اگر امام مسجد سے ملحق کمرہ میں ہو تو جب تک امام کمرہ سے نہ نکلے لوگ کھڑے نہ ہوں۔ کیونکہ اقامت سے امام کا نکلنا متخلف ہو سکتا ہے۔ نبی ﷺ نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو یہی نصیحت فرمائی ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے تکبیر شروع کرنے پر آپ حضرات کھڑے نہ ہوں بلکہ جب مجھے حجرہ سے نکلتا دیکھیں تب کھڑے ہوں، کیونکہ اس کا امکان ہے کہ نبی ﷺ گھر میں کسی کام میں مشغول ہوں یا آپؐ کی نیت بندھی ہوئی ہو۔ پس لوگوں کو کھڑے کھڑے نماز کا انتظار کرنا پڑے گا جو مکروہ ہے۔

فائدہ (۱): اگر اقامت سے امام کا نکلنا متخلف ہو جائے تو مؤذن کو بھی بیٹھ جانا چاہئے، پھر اگر امام فوراً نکل آئے تو تکبیر کا اعادہ ضروری نہیں، اور امام کو نکلنے میں تاخیر ہو تو تکبیر دوبارہ کہنی چاہئے۔ اور تھوڑے اور زیادہ وقفہ کا فیصلہ رائے مبتلیٰ بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے یعنی لوگ خود ہی اس کا فیصلہ کریں۔

فائدہ (۲): اسی طرح یہ جو طریقہ چل پڑا ہے کہ لوگ پہلے کھڑے ہو جاتے ہیں اور امام صاحب بھی مصلّی پر پہنچ جاتے ہیں پھر تکبیر شروع ہوتی ہے یہ بھی غلط طریقہ چل پڑا ہے۔ جب تک إقامة (کھڑا کرنا) نہ پایا جائے کھڑے ہونے کے کیا معنی؟ اور کھڑے کھڑے اقامت کا انتظار کرنا مکروہ ہے، فقہ کی کتابوں میں اس کی صراحت ہے۔ پس لوگوں کو چاہئے کہ وہ گھڑی میں وقت ہونے پر کھڑے نہ ہوں، نہ امام صاحب نہ مقتدی۔ بلکہ پہلے اقامہ (تکبیر) شروع کی جائے پھر لوگ کھڑے ہوں۔

[۳۰] باب ماجاء فی الترسُّل فی الأذان

[۱۹۲-] حدثنا أحمدُ بنُ الحَسَنِ، نا المُعَلَّی بنُ أَسَدٍ، نا عبدُ المُنْعِمِ ــ وهو صاحِبُ السِّقَاءِ ــ نا یحییَ بنُ مُسْلِمٍ، عن الحَسَنِ وعَطَاءٍ، عن جابرٍ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قال لِبلَالٍ: "یا بلالُ! إذَا أَذَّنْتَ فَتَرَسَّلَ فی أذَانِكَ، وإذَا أَقَمْتَ فَاحْدُرْ، وَاجْعَلْ بَیْنَ أذَانِكَ وإقَامَتِكَ قَدْرَمَا یفْرُغُ الآكِلُ مِن

أَكْلِه، والشَّارِبُ مِن شُرْبِه، وَالْمُعْتَصِرُ إِذَا دَخَلَ لِقَضَاءِ حَاجَتِه، ولاَ تَقُوْمُوْا حَتَّى تَرَوْنِيْ"

حدثنا عبدُ بنُ حُمَيدٍ، نا يُونُسُ بنُ مُحَمَّدٍ، عن عبدِ المُنْعِم نَحوَهُ. قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ هذا حديثٌ لا نَعرِفُهُ إِلَّا مِن هٰذَا الوَجْهِ: مِن حَدِيثِ عَبدِ المُنْعِمِ، وهُوَ إِسْنَادٌ مَجْهُوْلٌ.

وضاحت: اس حدیث کو معلّٰی بن اسد کے علاوہ یونس بن محمد بھی عبدالمنعم سے روایت کرتے ہیں۔ مگر عبدالمنعم سے اوپر وہی سند ہے جو پہلے گذری۔ اور عبدالمنعم کا لقب صاحب السقاء ہے، وہ حاجیوں کو فی سبیل اللہ زمزم پلایا کرتے تھے مگر حدیث میں ان کی تضعیف کی گئی ہے، اور ان کے استاذ یحییٰ بن مسلم اگرچہ بڑے بزرگ تھے ان کا لقب بَکاء (بہت رونے والا) تھا مگر وہ حدیث میں عبدالمنعم سے بھی زیادہ ضعیف ہیں، اس وجہ سے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس اسناد کو مجہول کہا ہے۔ یہ امام ترمذی کی خاص اصطلاح ہے اور آپ یہ اصطلاح بہت کم استعمال کرتے ہیں۔ اس اصطلاح کا مطلب یہ ہے کہ یہ پوری سند نہایت ضعیف ہے۔ اور اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اس کی دوسری کوئی سند امام ترمذی کے علم میں نہیں ہے

بابُ مَاجَاءَ فِي إِدْخَالِ الْأُصْبُعِ الْأُذُنَ عِنْدَ الْأَذَانِ

اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں ڈالنے کا بیان

اذان دیتے وقت کانوں کے سوراخوں کو شہادت کی انگلیوں سے بند کرنا مستحب ہے، کیونکہ اس سے آواز بلند ہوتی ہے جو مطلوب ومقصود ہے ـــــــ اور کان بند کرنے سے آواز اس لئے بلند ہوتی ہے کہ ہوا تین جگہ سے نکلتی ہے: منہ، ناک اور کان سے۔ البتہ منہ اور ناک میں سے ایک وقت میں ایک ہی جگہ سے نکلتی ہے۔ پس جب کلماتِ اذان کہتے وقت منہ کھل رہا ہے اور اس سے سانس نکل رہا ہے تو ناک خود بخود بند ہو جائے گی، اس سے ہوا نہیں نکلے گی۔ البتہ کانوں سے نکلے گی، پس جب کان کے سوراخ انگلیوں سے بند کر دیئے تو ہوا منہ سے زور سے نکلنے گی اور آواز بلند ہوگی۔

دوسری وجہ: یہ ہے کہ بہرہ آدمی اونچا بولتا ہے، جب وہ خود اپنی آواز سنتا ہے تب اس کو تسلی ہوتی ہے۔ اسی طرح جب مؤذن بہ تکلف بہرہ بنے گا تو وہ زور سے بولنے پر مجبور ہوگا۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج سے فارغ ہوکر مکہ واپسی کے وقت بطحاء نامی میدان میں پڑاؤ کیا تھا، اس موقع پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حضرت أبو جحیفہؓ نے اذان کہتے ہوئے سنا۔ وہ اس موقع کی منظر کشی کرتے ہیں، فرماتے ہیں: میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ اذان دے رہے ہیں اور گھوم رہے ہیں، یعنی اپنا منہ دائیں بائیں گھما رہے ہیں (گھوم رہے ہیں اس جملہ سے غلط فہمی پیدا ہوسکتی تھی اس لئے عطف تفسیری لائے کہ گھومنے سے مراد

حیعلتین میں چہرہ دائیں بائیں گھومانا ہے) درانحالیکہ ان کی انگلیاں ان کے کانوں میں تھیں (یہی جزء باب میں مقصود ہے) اور نبی ﷺ اپنے خیمہ میں تشریف فرما تھے اور وہ خیمہ سرخ تھا۔ سفیان ثوری رحمہ اللہ کہتے: مجھے ایسا خیال ہے کہ استاذ نے من أدَمٍ بھی کہا تھا، یعنی وہ خیمہ سرخ چمڑے کا تھا (اذان دے کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ خیمہ میں چلے گئے) تھوڑی دیر کے بعد وہ بلّم ہاتھ میں لئے ہوئے نکلے درانحالیکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے آگے چل رہے تھے۔ انھوں نے وہ بلّم بطحاء نامی میدان میں ایک جگہ گاڑا، پھر آپؐ نے اس بلّم کو سترہ بنا کر نماز پڑھائی، اور آپؐ کے سامنے سے کتّے اور گدھے گذر رہے تھے (مگر آپؐ نے ان کی پرواہ نہ کی) اور اس موقع پر آپؐ سرخ رنگ کا جوڑا زیب تن فرمائے ہوئے تھے۔ گویا میں اب بھی آپؐ کی پنڈلیوں کی چمک دیکھ رہا ہوں (معلوم ہوا کہ آپؐ نے ازار نصف پنڈلی تک باندھ رکھی تھی) —— سفیان ثوری رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جو سرخ جوڑا زیب تن فرمایا تھا وہ حِبَرِی کپڑا تھا یعنی اس کی زمین سفید تھی اور اس میں سرخ دھاریاں تھیں اور قریب قریب تھیں اس لئے وہ لال کپڑا محسوس ہوتا تھا مگر حقیقت میں وہ لال نہیں تھا، کیونکہ نبی ﷺ نے احمر قانی یعنی پیور لال کپڑا استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

فائدہ: اگر راہ بری یا انتظام کرنا مقصود ہو تو خادم کے لئے آگے چلنا بہتر ہے، اور باقی لوگوں کو دائیں بائیں چلنا چاہئے۔ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے کوئی نہیں چلتا تھا۔ ہمارے طلبہ جو اساتذہ کے پیچھے چلتے ہیں یہ صحیح طریقہ نہیں۔ لفظ شاگرد نے یہ غلط راہ ڈالی ہے۔ عرب میں استاذ کو اور شاگرد کو دونوں کو صاحب (ساتھی) کہتے ہیں اس لئے طلبہ استاذ کے ساتھ دائیں بائیں چلتے تھے۔ بعد میں استاذ اور شاگرد کے الفاظ وجود میں آئے۔ شاگرد کی اصل شاہ گرد ہے یعنی بادشاہ کے پاؤں کی خاک۔ جب طالب علم خاک بن گیا تو اب وہ ساتھ کیسے چلے؟ وہ خود بخود پیچھے چلنے لگا۔ اور افادہ اور استفادہ کا سلسلہ بند ہو گیا۔ اگر طالب علم ساتھ چلے گا تو گفتگو جاری رہے گی۔ گویا مدرسہ چل رہا ہے، اور پیچھے چلے گا تو کوئی نہیں بولے گا، صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نبی ﷺ کے ساتھ ساتھ دائیں بائیں چلتے تھے، آپؐ کی ایڑی کوئی نہیں روندتا تھا۔ پس ہمیں بھی صحابہ کے اسوہ پر عمل کرنا چاہئے۔

[۳۱] باب ماجاء فی إدخال الْأُصْبُعِ الْأُذُنَ عند الأذان

[۱۹۳-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، ناسُفيانُ الثَّوْرِيُّ، عن عَوْنِ بنِ أبی جُحَيْفَةَ، عن أبیه، قال: رَأَيْتُ بِلَالاً يُؤَذِّنُ ويَدُوْرُ، ويُتْبِعُ فَاهُ هٰهُنَا وهٰهُنَا، وأُصْبُعَاهُ فی أُذُنَيْهِ، ورسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فی قُبَّةٍ لَهُ حَمْرَاءَ، أُرَاهُ قَالَ: مِن أَدَمٍ، فَخَرَجَ بِلَالٌ بَيْنَ يَدَيْهِ بِالعَنَزَةِ، فَرَكَزَهَا بِالْبَطْحَاءِ، فَصَلّٰى إِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ الكَلْبُ والحِمَارُ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ كَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَى بَرِيْقِ سَاقَيْهِ، قال سُفيانُ: نُرَاهُ حِبَرَةً.

قال أبو عيسى حديثُ أبى جُحَيْفَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.وعَلَيْهِ العَمَلُ عِند أَهْلِ العِلْمِ: يَسْتَحِبُّوْنَ أَن يُّدْخِلَ المُؤَذِّنُ أُصْبُعَيْهِ فى أُذُنَيْهِ فى الأَذَانِ.

وقال بعضُ أهلِ العلمِ: وَفِى الإقَامَةِ أَيْضًا يُدْخِلُ أُصْبُعَيْهِ فى أُذُنَيْهِ، وهُوَ قَوْلُ الأَوْزَاعِيِّ.

وأبو جُحَيْفَةُ: اسْمُهُ وَهْبُ السُّوَائِيُّ.

تشریح: اگر مسجد بہت بڑی ہو جیسے دھلی کی جامع مسجد، اور آواز دور تک پہچانا مقصود ہو تو اقامت میں بھی کانوں کے سوراخ بند کرنے چاہئیں۔ بعض علماء کے قول کا یہی محمل ہے۔ باقی ترجمہ واضح ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فى التَّثْوِيْبِ فى الفَجْرِ

فجر کی اذان میں تثویب (الصلاۃ خیر من النوم بڑھانے کا) حکم

تثویب: باب تفعیل کا مصدر ہے، اس کا مادہ: ث، و، ب ہے۔ اس مادہ کے معنی ہیں: لوٹنا۔ کپڑے کو ثوب اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ بار بار بدن پر لوٹتا ہے اور ثواب کو ثواب اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ عمل کے عوض میں بندے کی طرف لوٹتا ہے۔ پس تثویب کے معنی ہیں: اعلان کے بعد اعلان ــــــ اور اس کی دو شکلیں ہیں:

پہلی شکل: فجر کی اذان میں حی علی الفلاح کے بعد الصلاۃ خیر من النوم، دو مرتبہ کہنا، یہ تثویب بالاتفاق سنت ہے ــــــ یہ کلمات شروع میں اذان فجر میں نہیں تھے، ان کی مشروعیت اس طرح ہوئی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کو صبح کی نماز کی اطلاع دینے کے لئے گئے، آپؐ سو رہے تھے۔ حضرت بلالؓ نے دو دفعہ کہا: الصلاۃُ خیر من النوم یارسول اللہ! آپؐ کی آنکھ کھل گئی۔ اور آپؐ نے فرمایا: ما أَحْسَنَ هذا يا بلالُ اجْعَلْهُ فى أذانك بلال! یہ کیسے اچھے کلمات ہیں، ان کو آپ اپنی اذان میں شامل کرلیں، چنانچہ اس واقعہ کے بعد حضرت بلال رضی اللہ عنہ یہ کلمات اذان میں کہنے لگے۔ (کنز العمال ۸:۳۵۶)

مسئلہ: پوری امت کا اتفاق ہے کہ فجر کی اذان کے علاوہ کسی اور اذان میں ان کلمات کا اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا ہے کہ فجر کی نماز کے علاوہ کسی بھی نماز میں تثویب نہ کیا کرو (رواہ الترمذی وابن ماجہ، مشکوۃ حدیث ۶۴۶ باب الأذان)

دوسری شکل: اذان کے بعد نماز سے پانچ دس منٹ پہلے مؤذن حی علی الصلاۃ کہہ کر یا الصلاۃ الصلاۃُ پکار کر یا مقامی زبان میں لوگوں کو نماز کے لئے بلائے۔ یہ تثویب مُستَحْدَث (نو پید) ہے۔ قرون مشہور لہا بالخیر میں یہ تثویب نہیں تھی، اور صحابہ نے اس پر نکیر فرمائی ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک مسجد میں نماز کے لئے تشریف لے

گئے، جب نماز کا وقت قریب آیا تو مؤذن نے تثویب کی۔ ابن عمرؓ نے اپنے شاگردوں سے کہا: ''ہمیں اس بدعتی کی مسجد سے لے چلو'' چنانچہ مسجد سے نکل گئے اور آپ نے وہاں نماز نہیں پڑھی (یہ واقعہ اسی باب میں آرہا ہے)

فائدہ: ہماری فقہ کی کتابوں میں یہ جزئیہ ہے کہ چونکہ اب لوگوں میں سستی پیدا ہوگئی ہے اس لئے تمام نمازوں میں تثویب کرنی چاہئے (درمختار وشامی ۵۶:۲ باب الأذان مطبع زکریا) ہمارے اکابر نے اس جزئیہ پر فتوی نہیں دیا۔ ہمارے یہاں نماز فجر میں بھی تثویب کا رواج نہیں، کیونکہ تثویب خود سستی پیدا کرتی ہے۔ جب ایک مرتبہ تثویب شروع کردی جائے گی تو آہستہ آہستہ لوگ دوسری تثویب کے محتاج ہوجائیں گے اور یہ سلسلہ دراز سے دراز ہوتا رہے گا۔ اس لئے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اذان کے بعد بقدر ضرورت فصل رکھ کر نماز شروع کردی جائے تاکہ لوگ اذان سن کر فوراً نماز کی تیاری میں مشغول ہوجائیں اور دوبارہ اعلان کی ضرورت نہ رہے۔

[۳۲] باب ماجاء فی التثویب فی الفجر

[۱۹۴-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا أبو أحمدَ الزُّبَيْرِىُّ، نا أبو إسرائِيْلَ، عن الحَكَمِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَيلَی، عن بلالٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " لاَتُثَوِّبَنَّ فی شَيْئٍ مِنَ الصَّلَوَاتِ إِلَّا فی صَلاةِ الفَجْرِ "

وفی الباب: عن أبی مَحذُوْرَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ بلالٍ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ أبی إِسْرَائِيْلَ المُلاَ ئِیِّ؛ وأبو إسرائيلَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذا الحَدِيْثَ مِنَ الْحَكَمِ بنِ عُتَيْبَةَ، قَالَ: إِنَّمَا رَوَاهُ عَنِ الْحَسَنِ بنِ عُمارَةَ، عن الحَكَمِ بنِ عُتَيْبَةَ.

وأبو إسرائيلَ: اسْمُهُ إسمَاعيلُ بنُ أبی إسحاقَ، ولَيْسَ بِذٰلِكَ القَوِیِّ عِندَ أهلِ الحديثِ.

وقَدِ اخْتَلَفَ أهلُ العِلْمِ فی تَفْسِيْرِ التثويب: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: التَّثْوِيْبُ أن يَّقُوْلَ فِی أذَانِ الفَجْرِ: الصَّلاَةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، وهُو قَوْلُ ابنِ المباركِ وأحمدَ.

وقال إسحاقُ فِی التَّثْوِيْبِ غَيْرَ هٰذَا، قال: هُو شَيْئٌ أَحْدَثَهُ النَّاسُ بَعدَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: إِذَا أَذَّنَ المُؤَذِّنُ فَاسْتَبْطَأَ القَوْمَ، قَالَ بَيْنَ الأَذَانِ وَالإِقَامَةِ: قَدْ قَامَتِ الصَّلاَة، حَیَّ عَلَى الفَلاَح.

وهٰذا الَّذِیْ قَالَ إسحاقُ هُوَ التَّثوِيْبُ الَّذِیْ كَرِهه أَهْلُ العِلْمِ، والَّذِیْ أَحْدَثُوْهُ بَعْدَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم. وَالَّذِیْ فَسَّرَ ابنُ المباركِ وأحمدُ: أَنَّ التَّثوِيْبَ أَنَّ يَّقُوْلَ المُؤَذِّنُ فی صَلاَةِ الفَجْرِ: الصَّلاَةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ، فَهُوَ قَوْلٌ صَحِيْحٌ، وَيُقَالُ لَهُ التَّثوِيْبُ أَيْضًا، وهُوَ الَّذِی اخْتَارَهُ أَهلُ العلمِ وَرَأَوْهُ.

وَرُوِیَ عن عبدِ اللّٰہ بنِ عُمَرَ أَنَّہُ کَانَ یَقُوْلُ فِی صَلاۃِ الفَجْرِ: الصَّلاۃُ خَیْرٌ مِنَ النَّوْمِ.
وَرُوِیَ عَن مُجَاھِدٍ قَال: دَخَلْتُ مَعَ عَبدِ اللّٰہِ بنِ عُمَرَ مَسْجِدًا وَقَدْ أُذِّنَ فِیْہِ، وَنَحْنُ نُرِیْدُ أَن نُّصَلِّیَ فِیْہِ، فَثَوَّبَ المُؤَذِّنُ، فَخَرَجَ عبدُ اللّٰہِ بنُ عُمَرَ مِنَ الْمَسجدِ وقال: اخْرُجْ بِنَا مِن عِنْدَ ھٰذَا الْمُبْتَدِعِ، وَلَمْ یُصَلِّ فِیْہِ. وإِنَّمَا کَرِہَ عَبدُ اللّٰہِ بنُ عُمرَ التَّثْوِیْبَ الَّذِیْ أَحْدَثَہُ النَّاسُ بَعْدُ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے حضرت بلالؓ سے فرمایا: ''فجر کی نماز کے علاوہ کسی اور نماز میں ہرگز تثویب نہ کیا کرو'' یعنی الصلاۃ خیر من النوم نہ بڑھایا کرو ——— امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ہم حضرت بلالؓ کی اس حدیث کو ابواسرائیل ملائی کی سند ہی سے جانتے ہیں۔ اور ابواسرائیل نے یہ حدیث حکم بن عتیبہ سے نہیں سنی (یعنی سند میں انقطاع ہے) امام ترمذیؒ نے فرمایا: ابواسرائیل نے یہ حدیث حسن بن عمارہ ہی سے روایت کی ہے، وہ حکم بن عتیبہ سے روایت کرتے ہیں (اور یہ راوی ضعیف ہے) اور ابواسرائیل کا نام اسماعیل بن ابی اسحاق ہے، اور وہ (بھی) محدثین کے نزدیک بہت مضبوط راوی نہیں۔

اور علماء نے تثویب کی تفسیر میں اختلاف کیا ہے یعنی مذکورہ حدیث میں جس تثویب کا ذکر ہے اس سے کیا مراد ہے؟ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ وہ تثویب یہ ہے کہ فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم کہے یعنی فجر کے علاوہ اذانوں میں یہ کلمات بڑھانے کی ممانعت ہے۔ اور وہ عبداللہ بن المبارک اور امام احمد رحمہما اللہ کا قول ہے (اور حدیث کی تفسیر میں یہی قول صحیح ہے) اور امام اسحاقؒ نے تثویب کی تفسیر میں اس کے علاوہ بات کہی ہے۔ فرمایا: وہ (تثویب) ایک نئی چیز ہے جس کو لوگوں نے نبی ﷺ کے بعد پیدا کیا ہے: جب مؤذن اذان دیتا ہے پھر وہ لوگوں کو سست پاتا ہے تو وہ اذان واقامت کے درمیان کہتا ہے: قد قامت الصلاۃ، حَیَّ علی الفلاح (امام ترمذی فرماتے ہیں:) اور یہ تفسیر جو اسحاق رحمہ اللہ نے فرمائی ہے وہ وہ تثویب ہے جس کو علماء نے مکروہ کہا ہے، اور اسی کو لوگوں نے نبی ﷺ کے بعد نیا پیدا کیا ہے۔ اور وہ تفسیر جو ابن المبارک اور احمد رحمہما اللہ نے فرمائی ہے کہ تثویب یہ ہے کہ مؤذن فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم کہے پس وہ صحیح قول ہے یعنی وہ تثویب مسنون ہے اور اس کو بھی تثویب کہا جاتا ہے (کیونکہ وہ حی علی الصلاۃ کہنے کے بعد دوسری مرتبہ نماز کا اعلان ہے) اور یہی وہ تثویب ہے جس کو علماء نے اختیار کیا ہے اور وہ اس کو مسنون سمجھتے ہیں۔

اور عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ آپ فجر کی نماز (اذان میں) الصلاۃ خیر من النوم کہا کرتے تھے (معلوم ہوا کہ یہ تثویب بدعت نہیں ہے)

اور مجاہد رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ میں عبداللہ بن عمرؓ کے ساتھ ایک ایسی مسجد میں داخل ہوا جس میں اذان ہو چکی تھی (یہ واقعہ حضرت ابن عمرؓ کے نابینا ہوجانے کے بعد کا ہے) اور ہم اس مسجد میں نماز کے ارادے سے گئے تھے، پس

مؤذن نے تثویب (دوبارہ اعلان) کیا تو ابن عمرؓ مسجد سے نکل گئے اور فرمایا: ''ہمیں اس بدعتی کی مسجد سے لے چلو'' اور آپؓ نے اس میں نماز نہ پڑھی۔ حضرت ابن عمرؓ نے اسی تثویب کو ناپسند کیا ہے جس کو لوگوں نے نبی ﷺ کے بعد نیا پیدا کیا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ مَن أَذَّنَ فَهُوَ يُقِيمُ

جس نے اذان کہی ہے وہی اقامت کہے

حدیث: حضرت زیاد بن حارث صدائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ فجر کی نماز کے وقت نبی ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ اذان کہوں، میں نے اذان دی (حضور ﷺ کے مؤذن حضرت بلالؓ اس وقت موجود نہیں تھے) پھر جب جماعت کا وقت آیا تو حضرت بلال نے اقامت کہنے کا ارادہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا: ''بیشک قبیلۂ صُداء کے آدمی نے اذان کہی ہے اور جو اذان کہے وہی اقامت کہے'' —— (أخ کی نسبت جب قبیلہ کی طرف ہوتی ہے تو اس کے معنی ہوتے ہیں: قبیلہ کا آدمی)

تشریح: اقامت کہنے کا حق اسی کا ہے جس نے اذان کہی ہے، کسی اور شخص کے اقامت کہنے پر اگر مؤذن ناراض ہوتا ہو تو دوسرے شخص کا اقامت کہنا مکروہ ہے، البتہ اگر مؤذن غیر حاضر ہو یا اس کی صراحتاً یا دلالۃً اجازت ہو تو دوسرا شخص اقامت کہہ سکتا ہے۔

[۳۳] باب ماجاء أن من أذَّنَ فهو يقيم

[۱۹۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، ويَعْلَى، عن عبدِ الرحمنِ بنِ زِيَادِ بنِ أَنْعُمٍ، عن زِيَادِ بنِ نُعَيْمٍ الحَضْرَمِيِّ، عن زِيَادِ بنِ الحَارِثِ الصُّدَائِيِّ، قال: أَمَرَنِيْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَنْ أُؤَذِّنَ فی صَلاَةِ الفَجْرِ، فَأَذَّنْتُ، فَأَرَادَ بِلالٌ أن يُّقِيْمَ، فقال رسولُ الله صلى الله عليهوسلم: '' إِنَّ أَخَاصُدَاءٍ قَدْ أَذَّنَ، ومَن أَذَّنَ فَهُوَ يُقِيْمُ''

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ.

قال أبو عيسى: حديثُ زِيَادٍ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِن حَدِيْثِ الإِفْرِيْقِيِّ، والإِفْرِيْقِيُّ هُوَ ضَعِيفٌ عند أهلِ الحديثِ، ضَعَّفَهُ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ وَغَيْرُهُ؛ قال أحمدُ: لاَ أَكْتُبُ حَديثَ الإِفْرِيْقِيِّ.

قال: ورَأَيْتُ مُحمدَ بنَ إسماعيلَ يُقَوِّیْ أَمْرَهُ، وَيَقُوْلُ: هُوَ مُقَارِبُ الحَدِيْثِ.

والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ العلمِ: مَنْ أَذَّنَ فَهُوَ يُقِيْمُ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیثِ زیاد کو تنہا افریقی نے روایت کیا ہے اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف راوی ہے، یحییٰ قطان وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کا قول ہے: میں (مسند احمد میں) اس راوی کی حدیث نہیں لکھتا۔ البتہ امام بخاری رحمہ اللہ اس کے معاملہ کو قوی کرتے تھے اور فرماتے تھے: وہ مقارب الحدیث ہے۔ یعنی وہ اپنی حدیثوں کو صحیح حدیثوں سے قریب کرنے والا ہے یعنی وہ اعلی درجہ کا راوی تو نہیں ہے مگر غنیمت ہے۔

ملحوظہ: محدث احمد محمد شاکر رحمہ اللہ نے اس راوی پر مفصل بحث کی ہے، ان کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ اچھا راوی ہے، اور جن لوگوں نے ان پر جرح کی ہے وہ جرح غلط فہمی پر مبنی ہے۔ جس کی تفصیل پہلے باب ماجاء فی الوضوء لکل صلاۃ میں گذر چکی ہے۔

بابُ مَاجاءَ في كَرَاهِيَةِ الأَذَانِ بِغَيْرِ وُضُوْءٍ

بغیر وضوء اذان کہنا مکروہ ہے

بغیر وضوء اذان واقامت کہنا کیسا ہے؟ یہ مسئلہ حقیقت میں اذکار کے باب سے ہے۔ ائمہ اربعہ کے نزدیک بغیر وضوء اللہ کا ذکر جائز ہے، حتی کہ قرآن کی تلاوت بھی جائز ہے۔ پس بلا وضو جو اذان واقامت کہی گئی ہیں وہ بھی صحیح ہیں کیونکہ یہ بھی اذکار ہیں، البتہ بلا وضو اذان کہنا مکروہ تنزیہی ہے۔ یعنی خلافِ اولی ہے، اور بغیر وضوء اقامت کہنے کی کراہیت اس سے بڑھی ہوئی ہے یعنی یہ اساءت کا درجہ ہے۔ اساءت کا درجہ مکروہ تحریمی سے نیچے اور مکروہ تنزیہی سے اوپر ہے، اور بغیر وضوء اقامت کہنے کی کراہیت اس وجہ سے بڑھی ہوئی ہے کہ ایسا شخص لوگوں کو نماز کے لئے بلا کر وضوء کرنے کے لئے خود غائب ہو جائے گا یہ دیگراں را نصیحت خود را فضیحت والی بات ہوگی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں جو حدیث ہے وہ چار پیسے کی بھی نہیں ہے، اس میں ایک راوی ہے معاویۃ بن یحییٰ صدفی یہ انتہائی درجہ کا ضعیف راوی ہے، دوسری خرابی یہ ہے کہ اس میں انقطاع ہے، کیونکہ ابن شہاب زہری کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں۔ اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع بھی نہیں بلکہ موقوف ہے، یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے، چنانچہ یونس جو کہ ابن شہاب زہری کے مضبوط اور ثقہ شاگرد ہیں وہ اس حدیث کو قال ابن شهاب قال أبو هريرة کہہ کر بیان کرتے ہیں، مگر اس میں بھی انقطاع ہے، اور ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کا شمار اگر چہ فن حدیث کے ائمہ میں ہوتا ہے مگر ان کی مرسل اور منقطع روایتیں بالاتفاق قابل اعتبار نہیں۔

[۳٤] باب ماجاء في كراهية الأذان بغير وضوء

[۱۹٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا الوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن مُعَاوِيَةَ بنِ يَحْيىَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أبي

هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "لَايُؤَذِّنُ إِلَّا مُتوضِّئٌ"

[۱۹۷-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوسَى، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عن يُوْنُسَ، عن ابنِ شِهَابٍ قال: قال أبوهريرةَ: لَايُنَادِى بِالصَّلَاةِ إِلَّا مُتَوَضِّئٌ.

قال أبو عيسى: وهٰذا أَصَحُّ مِنَ الحَديثِ الْأَوَّلِ. وحديثُ أبى هُرَيْرَةَ لَمْ يَرْفَعْهُ ابنُ وَهْبٍ، وهُوَ أَصَحُّ مِن حديثِ الوَلِيْدِ بنِ مُسْلِمٍ، والزُّهْرِيُّ لَمْ يَسْمَعْ من أبى هريرةَ.

وَاخْتَلَفَ أهلُ العِلمِ فى الْأَذَانِ على غَيْرِ وُضُوْءٍ: فَكَرِهَهُ بَعْضُ أهلِ العِلْمِ، وبه يقَولُ الشافعىُّ وإسحاقُ؛ وَرَخَّصَ فى ذٰلِكَ بَعْضُ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ سفيانُ الثورىُّ وابنُ المبَارَكِ وأحمدُ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی موقوف اور مرفوع دونوں حدیثوں کا ترجمہ یہ ہے: "باوضو آدمی ہی اذان دے" امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: موقوف حدیث مرفوع حدیث سے اصح ہے، ابو ہریرہ کی حدیث کو ابن وہب موقوف بیان کرتے ہیں اور ولید بن مسلم مرفوع کرتے ہیں۔ اور ابن وہب کی سند اصح ہے (کیونکہ اس سند میں کوئی ضعیف راوی نہیں مگر فی نفسہ یہ حدیث بھی غیر معتبر ہے کیونکہ ابن شہاب کی منقطع حدیثیں ضعیف ہوتی ہیں) اور علماء کا بے وضو اذان دینے کے سلسلہ میں اختلاف ہے، بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں۔ چنانچہ امام شافعی اور اسحاق بن راہویہ کا یہی قول ہے۔ اور بعض علماء اس کی اجازت دیتے ہیں اور یہ ثوریؒ، ابن المبارکؒ اور احمدؒ کا قول ہے (رَخص اور لا بأس به میں مکروہ تنزیہی کا مفہوم شامل ہے)

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الإمَامَ اَحَقُّ بِالإِقَامَةِ

تکبیر امام کی اجازت کے بعد شروع کرنی چاہئے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ ٹھہرے رہتے تھے اور اقامت شروع نہیں کرتے تھے (یہ یُمْهِلُ کی تفسیر ہے) یہاں تک کہ جب وہ نبی ﷺ کو حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھتے تو تکبیر شروع کرتے (حین یراہ مکرر ہے۔ وضاحت کے لئے لائے ہیں)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اذان کا وقت تو مقرر ہوتا ہے مگر نماز شروع کرنے کا کوئی وقت مقرر نہیں ہوتا، جب امام مناسب سمجھے گا مؤذن کو اشارہ کرے گا۔ مؤذن اس کا اشارہ پانے کے بعد تکبیر شروع کرے گا۔ اور امام کا حجرہ سے نکل کر نماز پڑھانے کے لئے مسجد میں آنا دلالۃً اجازت ہے لہٰذا مؤذن جب امام کو حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھے تو تکبیر شروع کرے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جب دیکھتے تھے کہ نبی ﷺ حجرہ سے باہر تشریف لا رہے ہیں تو

تکبیر شروع کرتے تھے۔

سوال: پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے مقتدیوں سے فرمایا کہ: ''بلال کے اقامت شروع کرنے پر آپ حضرات کھڑے نہ ہوں بلکہ جب مجھے حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھیں تب کھڑے ہوں'' اُس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ ابھی حجرہ ہی میں ہوتے تھے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ تکبیر شروع کر دیا کرتے تھے، اور اِس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ جب حجرہ سے باہر تشریف لاتے تب حضرت بلالؓ تکبیر شروع کرتے تھے، یہ دونوں حدیثوں میں تعارض ہے۔

جواب: اس کا حل یہ ہے کہ وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا پہلا عمل تھا، جب نبی ﷺ نے مقتدیوں کو ہدایت دی کہ بلال کے اقامت شروع کرنے پر آپ حضرات کھڑے نہ ہوں تو حضرت بلالؓ نے اپنا طرز عمل بدل دیا، وہ جب نبی ﷺ کو حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھتے تب تکبیر شروع کرتے تھے۔

[۳۵] باب ماجاء أن الإمام أحق بالإقامة

[۱۹۸-] حدثنا يَحيىُ بنُ مُوسَى، نا عبدُ الرَّزَّاقِ. نا إسرائيلُ، أَخْبَرَنِى سِمَاكُ بنُ حَرْبٍ، سَمِعَ جابرَ بنَ سَمُرَةَ، يَقولُ: كان مُؤَذِّنُ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُمْهِلُ، فَلاَ يُقِيمُ، حَتَّى إِذَا رَأَىْ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ خَرَجَ أَقَامَ الصَّلاَةَ حِيْنَ يَرَاهُ.

قال أبو عيسى: حديث جابر بن سمرة حديث حسن؛ وحديثُ سِمَاكٍ لاَ نَعْرِفُهُ إلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ.

وهٰكَذَا قالَ بعضُ أهلِ العلمِ: إِنَّ المُؤَذِّنَ أَمْلَكُ بالأَذَانِ، والإمَامَ أملَكُ بالإِقَامَةِ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث کو سماک بن حرب سے تنہا اسرائیل روایت کرتے ہیں (مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ بات ان کے علم اور ان کے مسودات کے اعتبار سے ہے ورنہ سماک بن حرب سے اس حدیث کو زہیر نے بھی روایت کیا ہے۔ اور وہ حدیث مسلم (۱:۲۲۱، باب متى يقوم الناس للصلاة) میں ہے۔

قوله: إن المؤذن أملك إلخ: مؤذن اذان کے سلسلہ میں ڈکٹیٹر ہے اس کو کسی سے پوچھنے کی ضرورت نہیں۔ اور اقامت کا پورا اختیار امام کو ہے، اس کی صراحتاً یا دلالۃً اجازت کے بعد ہی تکبیر شروع کرنی چاہئے۔ یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور اس کی سند میں قاضی شریک ضعیف راوی ہے (رواہ ابن عدی) اور بعض لوگوں نے اس قول کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کیا ہے، بیہقی کہتے ہیں: اس قول کی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف نسبت صحیح نہیں (تحفۃ الاحوذی ۱:۱۷۹)

بابُ مَاجَاءَ فی الْأَذَانِ بِاللَّيْلِ

صبح صادق سے پہلے فجر کی اذان دینے کا مسئلہ

مذاہبِ فقہاء: نماز کا وقت داخل ہونے سے پہلے اذان دینا جائز نہیں، اگر کوئی شخص وقت داخل ہونے سے پہلے اذان دیدے تو اس کا اعادہ ضروری ہے، اور پہلی اذان کے غلط ہونے کی اطلاع دینا بھی ضروری ہے تاکہ عورتوں نے یا بیماروں نے اگر گھروں میں نماز پڑھ لی ہے تو وہ اس کا اعادہ کریں، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ اذان فجر میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک آدھی رات کے بعد کسی بھی وقت فجر کی اذان دینا جائز ہے۔ اور صبح صادق کے بعد اس کا اعادہ ضروری نہیں۔ اگرچہ صبح صادق کے بعد دوسری اذان دینا بہتر ہے، اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک صبح صادق سے پہلے اذان دینا جائز نہیں، اور اگر دی جائے تو فجر کے بعد اس کا اعادہ ضروری ہے۔

گویا اختلاف اس بات میں ہے کہ فجر کے لئے ایک اذان ہے یا دو؟ ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک فجر کے لئے دو اذانیں ہیں اور ان میں سے کسی بھی ایک پر اکتفا کرنا جائز ہے۔ اور امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک فجر کے لئے بھی ایک اذان ہے۔ اور وہ صبح صادق کے بعد ہے۔

حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں صرف رمضان کی راتوں میں دو اذانیں دی جاتی تھیں، پہلی اذان اس وقت دی جاتی تھی جب سحری کا وقت شروع ہوتا تھا۔ اور دوسری اذان صبح صادق ہوتے ہی دی جاتی تھی۔ اور یہ اذانیں حضرت بلال اور حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہما دیا کرتے تھے، اور لوگ دونوں حضرات کی اذانیں ان کی آوازوں سے پہچانتے تھے، چنانچہ وہ ابن ام مکتوم کی اذان کے بعد بھی کھاتے پیتے رہتے تھے۔ اور حضرت بلالؓ کی اذان سن کر کھانا پینا بند کر دیا کرتے تھے کیونکہ وہ صبح صادق کے بعد اذان دیتے تھے —— حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی بینائی میں کمزوری تھی، ان سے ایک مرتبہ چوک ہوگئی، اور انھوں نے صبح صادق سے پہلے اذان دے دی۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: اعلان کرو کہ بندہ سو گیا تھا، یعنی اذان غلطی سے پہلے دیدی گئی، ابھی صبح صادق نہیں ہوئی آپ حضرات کھانا پینا ترک نہ کریں، چنانچہ حضرت بلالؓ نے یہ اعلان کیا۔ یہ واقعہ پیش آنے کے بعد نبی ﷺ نے دونوں کی ذمہ داریاں آگے پیچھے کر دیں اور حضرت بلالؓ سے فرمایا: تم سحری کے وقت اذان دیا کرو، اور ابن ام مکتومؓ سے صبح صادق کے بعد اذان دینے کے لئے فرمایا۔ ابن ام مکتومؓ نابینا تھے اس لئے متعدد حضرات صبح صادق کی تاک میں رہتے تھے، اور جونہی صبح صادق ہوتی ابن ام مکتومؓ سے اذان دینے کے لئے کہتے۔ اس لئے اب غلطی کا امکان باقی نہیں رہا۔ غرض جب دونوں حضرات کی ذمہ داریاں بدل گئیں تو نبی ﷺ نے لوگوں کو اس کی اطلاع دی اور فرمایا کہ بلالؓ رات میں

اذان دیا کریں گے۔ پس ان کی اذان سن کر کھانا پینا ترک نہ کرو، بلکہ کھاتے پیتے رہو۔ اور ان کی اذان کا مقصد واضح کیا: لِیَرْجِعَ قائِمُکم تاکہ مسجد نبوی میں جو لوگ تہجد پڑھ رہے ہیں وہ سحری کے لئے گھر لوٹ جائیں، ولِیَنْتَبِہَ نَائِمُکم اور تاکہ جو لوگ سورہے ہیں وہ سحری کے لئے بیدار ہو جائیں۔ اور ابن ام مکتوم صبح صادق ہوتے ہی اذان دیں گے پس ان کی اذان سن کر کھانا پینا ترک کردو (بخاری حدیث ۶۲۱ باب الأذان قبل الفجر)

غرض اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جو رات میں اذان دیتے تھے وہ اذان نہ فجر کے لئے تھی اور نہ تہجد کے لئے بلکہ جو لوگ تہجد میں مشغول ہیں ان کو سحری کا وقت ہو جانے کی اطلاع دینے کے لئے تھی اور جو لوگ سورہے ہیں ان کو بیدار کرنے کے لئے تھی۔ اگر یہ دونوں اذانیں فجر کے لئے ہوتیں جیسا کہ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں تو پھر حضور اکرم ﷺ کی پوری زندگی میں کم از کم ایک دفعہ سحری کے وقت میں دی جانے والی اذان پر اکتفا کیا جاتا اور فجر کے لئے دوسری اذان نہ دی جاتی۔ مگر ایسی کوئی روایت میرے علم میں نہیں ہے۔

فائدہ: اس مسئلہ میں ائمہ کے درمیان جو بحث چلی ہے اس سے احناف کا ذہن متاثر ہوا ہے۔ چنانچہ وہ رمضان میں سحری میں لوگوں کو بیدار کرنے کے لئے دسیوں طریقے اختیار کرتے ہیں مگر جو طریقہ نبی ﷺ کا تھا اس پر عمل نہیں کرتے چاہئے تو یہ تھا کہ ہم احناف بھی سحری کے لئے گھنٹہ ڈھول بجانے کے بجائے اذان دیتے، جو نبی ﷺ کا طریقہ تھا۔ واللہ الموفق

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ کے سامنے واقعہ کی صورتِ حال واضح نہیں۔ ان کا خیال یہ ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمیشہ رات میں اذان دیا کرتے تھے۔ انھوں نے کبھی صبح صادق کے بعد اذان نہیں دی۔ اس لئے وہ اس باب میں بہت الجھے ہیں، اور انھوں نے حضرت ابن عمرؓ کی صرف اس حدیث کو صحیح کہا ہے جو باب کے شروع میں ہے۔ اور جس کو ان سے ان کے دونوں راویے: حضرت سالم اور حضرت نافع روایت کرتے ہیں، اور ابن عمرؓ کی دوسری حدیث جس کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت بلالؓ سے یہ اعلان کرایا کہ: ''بندہ سو گیا تھا'' یہ حدیث امام ترمذی کی سمجھ میں نہیں آئی، اس لئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ کے خیال میں حضرت بلال رات میں اذان نہیں دیتے تھے پس اس اعلان کی کیا ضرورت ہے؟ اس لئے امام ترمذی نے اس حدیث کو غیر محفوظ کہا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ اس میں حماد سے غلطی ہوگئی ہے، اور وہ غلطی یہ ہے کہ یہ واقعہ حضور اکرم ﷺ اور حضرت بلال کا نہیں ہے بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور ان کے مؤذن کا ہے ــــــ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مؤذن نے ایک مرتبہ اذان فجر صبح صادق سے پہلے دے دی تو حضرت عمرؓ نے اس سے اعلان کرایا تھا اور اُسے دوبارہ اذان دینے کا حکم دیا تھا، اس واقعہ کو حضرت نافع حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ حماد کو یہیں سے دھوکا لگا اور انھوں نے اس واقعہ کو حضور اکرم ﷺ اور حضرت بلال کے ساتھ جوڑ دیا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ ساری بحث محل نظر ہے، کیونکہ إنَّ العبد نام والی

حدیث کی سنداعلی درجہ کی ہے اس میں کوئی کمی نہیں ہے۔اورواقعہ کی صحیح صورتِ حال وہ ہے جو ہم نے اوپر ذکر کی کہ إن العبد نام والی حدیث اس زمانہ کی ہے جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی ڈیوٹی صبح صادق کے وقت اذان دینے کی تھی،اور باب کے شروع میں جو حدیث ہے وہ اس وقت کی ہے جب ڈیوٹیاں بدل دی گئی تھیں اور حضرت بلال رات میں اذان دینے لگے تھے،پس روایات میں کوئی الجھاؤ نہیں۔

[۳۶] باب ماجاء فی الأذان بالليل

[۱۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن سَالِمٍ عن أَبِيْهِ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ بِلاَلاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا، حَتَّى تَسْمَعُوْا تَأْذِيْنَ ابنِ أمِّ مَكْتُوْمٍ"

قال أبو عيسى: وفى الباب عن ابنِ مسعودٍ، وعائشةَ، وأُنَيْسَةَ، وأنسٍ، وأبى ذَرٍّ، وسَمُرَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد اخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ فى الأَذَانِ باللَّيْلِ: فقال بعضُ أهلِ العلمِ: إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ بِاللَّيْلِ أَجْزَأَهُ وَلاَ يُعِيْدُ، وهو قولُ مالكٍ وابنِ المباركِ والشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ؛ وقال بعضُ أهلِ العلمِ: إذا أَذَّنَ بِاللَّيْلِ أَعَادَ، وبه يَقولُ سفيانُ الثوريُّ.

وَرَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ عن أَيُّوْبَ، عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ بلالاً أَذَّنَ بِلَيْلٍ، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَن يُنَادِىَ: إِنَّ العَبْدَ نَامَ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ؛ وَالصَّحِيْحُ مَارَوَى عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وغَيْرُه عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال:" إِنَّ بِلاَلاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ، فَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يُؤَذِّنَ ابنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ"

وروَى عبدُ العزيزِ بنُ أبى رَوَّادٍ، عن نافعٍ أَنَّ مُؤَذِّنًا لِعُمَرَ أَذَّنَ بلَيلٍ، فَأَمَرَهُ عُمَرُ أَنْ يُعِيْدَ الأَذَانَ. وهٰذَا لايَصِحُّ لِأَنَّهُ عن نافعٍ عن عُمَرَ مُنْقَطِعٌ؛ وَلَعَلَّ حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ أَرَادَ هٰذَا الحديثَ، وَالصَّحِيْحُ رِوَايَةُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ وَغَيْرِ وَاحِدٍ عن نَافِعٍ عن ابنِ عُمَرَ، والزُّهْرِيِّ عن سالِمٍ عن ابنِ عُمَرَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال: " إِنَّ بِلالاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ"

قال أبو عيسى: وَلَوْ كَانَ حديثُ حَمَّادٍ صَحِيْحًا لَمْ يَكُنْ لِهٰذا الحَدِيثِ مَعْنًى، إِذْقَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ بلالاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ: فَإِنَّمَا أَمَرُهُمْ فِيْمَا يُسْتَقْبَلُ، فَقَالَ: إِنَّ بلالاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ" ولَوْ أَنَّهُ أَمَرَهُ بِإِعَادَةِ الأَذانِ حِيْنَ أَذَّنَ قَبْلَ طُلوعِ الفَجرِ، لَمْ يَقُلْ:" إِنَّ بلالاً يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ"

قال عليُّ بنُ المدينيِّ: حديثُ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن أيوبَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: هُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وأَخْطَأَ فِيْهِ حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ.

ترجمہ: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: بیشک بلال رات میں اذان دیتے ہیں، لہٰذا آپ لوگ کھاتے پیتے رہیں یہاں تک کہ ابن ام مکتوم کی اذان سنیں ——— علماء نے رات میں اذان دینے کے سلسلہ میں اختلاف کیا ہے۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اگر مؤذن رات میں اذان دے تو کافی ہے اور لوٹائے نہیں۔ اور یہ مالک، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے۔ اور دوسرے حضرات کی رائے یہ ہے کہ جب رات میں اذان دے تو لوٹائے اور اسی کے سفیان ثوری رحمہ اللہ قائل ہیں۔ اور حماد بن سلمۃ نے ایوب سے، انھوں نے نافع سے، انھوں نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ حضرت بلال نے رات میں اذان دیدی تو نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ اعلان کریں: ''بندہ سو گیا تھا'' امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث محفوظ نہیں۔ اور صحیح حدیث وہی ہے جو عبید اللہ وغیرہ نافع سے، وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک بلال رات میں اذان دیتے ہیں لہٰذا تم لوگ کھاتے پیتے رہو یہاں تک کہ ابن ام مکتوم اذان دیں، اور عبد العزیز بن ابی روّاد نے نافع سے یہ واقعہ روایت کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مؤذن نے رات میں اذان دیدی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو اذان لوٹانے کا حکم دیا۔ اور یہ واقعہ بھی سند کے اعتبار سے صحیح نہیں کیونکہ اس میں انقطاع ہے، نافع نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا (وہ حضرت عمرؓ کے انتقال کے کافی زمانہ کے بعد حضرت ابن عمر کی ملکیت میں آئے تھے، پھر آزاد ہوئے اور ان سے علم حاصل کیا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) اور شاید حماد نے اس حدیث کا ارادہ کیا ہے (یعنی اس واقعہ کو غلطی سے نبی ﷺ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کر دیا ہے) اور صحیح وہی حدیث ہے جو عبید اللہ وغیرہ نافع سے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اسی طرح ابن شہاب زہری سالم سے وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک بلال رات میں اذان دیتے ہیں (امام ترمذی چونکہ إن العبد نام والی حدیث پر سند کے اعتبار سے کوئی اعتراض نہیں کر سکے اس لئے اب درایۃً اعتراض کرتے ہیں کہ) اگر حماد کی حدیث صحیح تسلیم کر لی جائے تو اس حدیث کے (جس کو ابن عمرؓ سے ان کے دو راوی یعنی ساری حدیثیں روایت کرنے والے) روایت کرتے ہیں) کوئی معنی باقی نہیں رہتے۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: إن بلالاً يؤذن بليل۔ اس کا مطلب یہی ہے کہ بلال آئندہ رات میں اذان دیں گے۔ اسی لئے فرمایا: إن بلالاً يؤذن بليل۔ اور اگر نبی ﷺ نے ان کو اذان لوٹانے کا حکم دیا جب انھوں نے صبح صادق سے پہلے اذان دیدی تو پھر آپؐ نے إن بلالاً يؤذن بليل نہیں فرمایا: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہی بات علی بن المدینی نے کہی ہے کہ حماد بن سلمہ کی حدیث محفوظ نہیں، اس میں حماد بن سلمہ سے چوک ہوگئی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِی کَرَاهِیَةِ الخُرُوْجِ مِنَ المَسْجِدِ بَعْدَ الأَذَانِ

اذان کے بعد مسجد سے نکلنا مکروہ ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ایک مسجد میں تشریف فرما تھے کہ عصر کی اذان شروع ہوگئی۔ اذان کے بعد ایک صاحب مسجد سے نکلے، حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: اس شخص نے ابوالقاسم ﷺ کی نافرمانی کی! ——— اس حدیث کے اقتضاء سے یہ بات نکلتی ہے کہ نبی ﷺ نے اذان کے بعد مسجد سے نکلنے سے منع فرمایا ہے۔

تشریح: عرب کی صورت حال ہمارے دیار سے مختلف ہے۔ وہاں اذان واقامت کے درمیان مختصر وقفہ ہوتا ہے۔ آدھ گھنٹے کا فاصلہ نہیں ہوتا۔ پس جو شخص اذان کے بعد مسجد سے نکلے گا اس کے بارے میں لوگ بدگمانی کریں گے کہ کیوں جارہا ہے؟ شاید نماز نہیں پڑھتا یا اس امام کے پیچھے نہیں پڑھتا اس لئے اس کے بارے میں لوگ گمان کریں گے کہ یہ بندہ تارک صلوٰۃ ہے۔ اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے: اتَّقُوا مَوَاضِعَ التُّهَم: تہمت کی جگہوں سے بچو، چونکہ اذان کے بعد مسجد سے نکلنے میں تہمت و بدگمانی ہے اس لئے اذان کے بعد مسجد سے نکلنا ممنوع ہے۔ البتہ ضرورت کے وقت نکلنے کی گنجائش ہے، مثلاً کوئی شخص دوسری مسجد میں امام یا مؤذن ہے تو جاسکتا ہے کیونکہ لوگ یہ بات جانتے ہیں اس لئے کوئی بدگمانی نہیں کرے گا، اسی طرح وضو کے لئے یا چھوٹے بڑے استنجے کے لئے بھی جاسکتا ہے کیونکہ اس صورت میں بھی اولاً تو کوئی بدگمانی نہیں کرے گا، ثانیاً جب ضرورت سے فارغ ہوکر واپس آجائے گا تو بدگمانی دور ہوجائے گی، اور ہمارے دیار کی جو صورتِ حال ہے اس میں اذان کے بعد مسجد سے نکلنے کی گنجائش ہے جب تک لوگ نماز کے لئے آنے شروع نہ ہوں۔ کیونکہ اس وقت تک بدگمانی کرنے والا کوئی مسجد میں موجود نہیں۔ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا جو قول باب میں مذکور ہے کہ مسجد سے نکلنے کی ممانعت اقامت شروع ہونے کے بعد ہے اس سے پہلے نکل سکتا ہے اس قول کا محمل یہی صورتِ حال ہے۔ واللہ اعلم

[۳۷] باب ماجاء فی کراهية الخروج من المسجد بعد الأذان

[۲۰۰-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن إبراهيمَ بنِ مُهَاجِرٍ عن أبی الشَّعْثَاءِ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلٌ مِنَ الْمَسْجِدِ بَعْدَ مَا أُذِّنَ فيْهِ بِالْعَصْرِ، فقال أبو هُريرةَ: أَمَّا هٰذَا فَقَدْ عَصَى أَبَا القَاسِمِ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسىٰ: وفی البابِ عن عُثمانَ؛ حديثُ أبی هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وعَلىٰ هٰذا العَمَلُ عِند أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ: أن لَّا يَخْرُجَ أَحَدٌ مِنَ

المسجدِ بَعدَ الأَذَانِ إِلاَّ مِنْ عُذْرٍ: أن يَّكُوْنَ عَلىٰ غَيْرِ وُضُوْءٍ، أو أَمْرٌ لاَبُدَّ مِنْهُ؛ ويُروَى عن إبراهيمَ النَّخَعِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: يَخْرُجُ مَالَمْ يَأْخُذِ الْمُؤَذِّنُ فى الإِقَامَةِ. قال أبو عيسى: وهٰذا عِندَنا لِمَنْ لَهُ عُذْرٌ فى الخُروجِ مِنْهُ.

وأبُو الشَّعْثَاءِ اسْمُهُ سُلَيْمُ بنُ الأَسْوَدِ، وهُوَ وَالِدُ أَشْعَثِ بنِ أبى الشَّعْثَاءِ. وقَدْ رَوَى أَشْعَثُ بنُ أبى الشَّعْثَاءِ هٰذَا الحديثَ عن أبيهِ.

ترجمہ: اس پر صحابہ اور بعد کے علماء کا عمل ہے کہ اذان کے بعد مسجد سے نکلنے کی کسی کے لئے گنجائش نہیں۔مگر معذور کے لئے (مثلاً) کوئی شخص بے وضو ہو (تو وہ وضو کے لئے نکل سکتا ہے) یا ایسی بات پیش آجائے جس کی وجہ سے نکلنا ضروری ہو جائے۔اور ابراہیم نخعیؒ سے یہ بات روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے فرمایا: جب تک اقامت شروع نہ ہو نکلنے کی گنجائش ہے۔امام ترمذی فرماتے ہیں کہ ہمارے نزدیک ابراہیم نخعی کے قول کا محمل یہ ہے کہ جس کو کوئی عذر ہو وہ اقامت سے پہلے نکل سکتا ہے، اقامت کے بعد نہیں نکل سکتا (ابراہیم نخعی کے قول کا جو محمل امام ترمذیؒ نے تجویز کیا ہے اس سے بہتر وہ محمل ہے جو ہم نے تجویز کیا ہے، کیونکہ صاحب عذر تو اقامت کے بعد بھی نکل سکتا ہے)

بابُ مَاجَاءَ فى الأَذَانِ فى السَّفَرِ

سفر میں اذان دینے کا بیان

سفر میں اگر باجماعت نماز پڑھنی ہو تو اذان واقامت دونوں کہنی چاہئیں۔یہ مسئلہ اجماعی ہے، البتہ سفر میں اذان کی اہمیت حضر جتنی ہے یا اس سے کم؟ اس میں اختلاف ہے۔امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اقامت کی اہمیت تو سفر وحضر میں یکساں ہے مگر اذان کی اہمیت سفر میں حضر کے مقابلہ میں کم ہے، کیونکہ حضر میں غائبین کو اطلاع دینی ہوتی ہے مگر سفر میں کسی کو اطلاع دینی نہیں ہوتی۔سب رفقاء ساتھ ہوتے ہیں۔اور امام شافعی وامام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سفر وحضر میں اذان واقامت کی اہمیت یکساں ہے، ان حضرات کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: مالک بن الحویرث کہتے ہیں: میں اور میرا چچازاد بھائی دین سیکھنے کے لئے مدینہ آئے، اور بیس دن قیام کیا، پھر جب نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ ہم گھر واپس جانا چاہتے ہیں تو آپؐ نے ہمیں گھر واپس لوٹنے کی اجازت دیدی، اور یہ تاکید فرمائی کہ جب تم دونوں سفر شروع کرو تو دونوں اذان دو اور دونوں اقامت کہو، یعنی تم میں سے کوئی بھی اذان واقامت کہے۔اذان واقامت میں تفاضل نہیں اور فرمایا: ''اور چاہئے کہ تم میں جو بڑا ہے وہ امامت کرے'' یعنی امامت میں تفاضل ہے، جو افضل ہے وہ امامت کرے گا۔تفصیل آگے آرہی ہے۔

[۳۸] باب ماجاء فی الأذان فی السفر

[۲۰۱-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وَكِيعٌ، عن سُفيانَ، عن خَالِدٍ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ عن مَالِكِ بنِ الحُوَيْرِثِ، قال: قَدِمْتُ عَلٰی رسولِ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم، أَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِیْ، فَقَالَ لَنَا: "إِذَا سَافَرْتُمَا فَأَذِّنَا وَأَقِيْمَا، وَلْيَؤُمُّكُمَا أَكْبَرُكُمَا"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العِلْمِ: اخْتَارُوا الأَذَانَ فِی السَّفَرِ؛ وقال بَعضُهم: تُجْزِئُ الإِقَامَةُ، إِنَّمَا الأَذَانُ عَلٰی مَنْ يُرِيْدُ أَن يَّجْمَعَ النَّاسَ، والقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ، وبه يَقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: واضح ہے۔اور قولِ اول اصح اس لئے ہے کہ قلم امام ترمذی رحمہ اللہ کے ہاتھ میں ہے، جو چاہیں لکھیں۔

بابُ مَاجَاءَ فِی فَضْلِ الأَذَانِ

اذان کی فضیلت کا بیان

اذان دینے کی فضیلت میں صحیح روایات موجود ہیں۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے وفی الباب میں ان کا حوالہ دیا ہے، مگر جس حدیث کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تخریج کی ہے وہ نہایت ضعیف ہے،امام ترمذیؒ ایسا افادہ کے لئے کرتے ہیں تاکہ طلبہ روایت کے حال سے واقف ہوجائیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص سات سال تک بامید ثواب اذان دے اس کے لئے جہنم سے رستگاری کا پروانہ لکھ دیا جاتا ہے ——— یہ سات سال مسلسل ہونے ضروری نہیں، اگر کسی شخص نے مختلف زمانوں میں اذان دی جس کا مجموعہ سات سال ہوجاتا ہے تو یہ ثواب اس کے لئے بھی ہے۔

تشریح: اذان اور دیگر دینی کاموں کا ثواب تنخواہ کے ساتھ جمع ہوسکتا ہے،اور دونوں کے درمیان من وجہٍ کی نسبت ہے۔جس شخص نے کوئی بھی دینی کام بامید ثواب کیا اور ضرورت پوری کرنے کے لئے تنخواہ بھی لی تو وہ ثواب کا حقدار ہے،اور یہ مادہ اجتماعی ہے،اور صرف ثواب کی امید پر کام کرنا اور تنخواہ نہ لینا، یا صرف تنخواہ کے لئے کام کرنا مادۂ افتراقی ہیں۔

اور دینی کام کرنے والے کے پیش نظر رضائے الٰہی ہے یا تحصیل زر؟ اس کے پہچاننے کی کسوٹی یہ ہے کہ اگر کسی معقول وجہ سے تنخواہ ملنی بند ہوجائے اور کوئی خاص معاشی پریشانی بھی نہ ہو اور وہ شخص اپنا کام بدستور انجام دیتا رہے تو یہ رضائے الٰہی کے لئے کام کرنے کی علامت ہے۔ورنہ تحصیل زر مقصود ہے۔یا دوسری جگہ تنخواہ زیادہ مل رہی ہے اور

سابقہ تنخواہ سے گذارہ چل رہا ہے پھر بھی دوسری جگہ جاتا ہے تو وہ تحصیل زر کی علامت ہے۔ اور اگر سابقہ تنخواہ سے ضرورت پوری نہیں ہوتی اس لئے دوسری جگہ جاتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، رضائے الٰہی کا مقصد متأثر نہیں ہوتا۔

فائدہ: یہاں ایک قاعدہ کلیہ جان لینا چاہئے کہ فضائل کی روایات کی مثال تیار مکان پر رنگ وروغن کرنے کی ہے، وہ مسلمان جس کے دین کا ڈھانچہ تیار نہ ہو یعنی وہ ارکان خمسہ ہی پر عمل پیرا نہ ہو اس کے حق میں یہ روایات فضا میں پینٹ (رنگ وروغن) کرنے کی مثال ہیں۔ امت میں اس سلسلہ میں بڑی غفلت پائی جاتی ہے، جب کوئی بڑی رات یا بڑا دن آتا ہے تو لوگ خوب نفلیں پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں، پھر غافل ہوجاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے حق میں فضائل کی روایات بے سود ہیں۔ مثلاً رمضان میں موت کی فضیلت کافر کے لئے تھوڑئے ہے؟ اس کے دین کا ڈھانچہ ہی موجود نہیں! اسی طرح جو مسلمان فرائض اربعہ کے تارک ہیں ان کا بھی دین کا ڈھانچہ تیار نہیں، صرف ایمان کا بیج ہے مگر اس سے درخت تو اگا نہیں پھر فضائل اعمال کی روایات سے ان کو کیا حاصل ہوسکتا ہے؟! لوگ اس نقطہ سے متنبہ ہوجائیں اور ایمان واعمال سے غفلت دور کریں تاکہ فضائل سے بہرہ ور ہوں۔ واللہ الموفق

[۳۹] باب ماجاء فی فضل الأذان

[۲۰۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثنا أبو تُمَيْلَةَ، نا أبو حَمْزَةَ، عن جَابِرٍ، عن مُجاهِدٍ، عن ابنِ عباسٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال: " مَن أَذَّنَ سَبْعَ سِنِيْنَ مُحْتَسِبًا كُتِبَتْ لَهُ بُرَاءَةٌ مِنَ النَّارِ"

قال أبو عيسى: وفی الباب عن ابنِ مسعودٍ، وثَوْبَانَ، ومُعاويةَ، وأنسٍ، وأبی هريرةَ، وأبی سعيدٍ.

وحديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ غريبٌ، وأبو تُمَيْلَةَ: اسْمُهُ يَحيیَ بنُ وَاضِحٍ؛ وأبو حَمْزَةَ السُّكَّرِیُّ: اسْمُهُ مُحمدُ بنُ مَيْمُوْنٍ؛ وجَابِرُ بنُ يَزِيدَ الجُعْفِیُّ ضَعَّفُوْهُ: تَرَكَهُ يَحيیَ بنُ سَعيدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ.

قال أبو عيسى: سَمِعْتُ الجَارُوْدَ يَقولُ: سمِعْتُ وَكيعاً يَقولُ: لَوْ لاَ جَابِرٌ الْجُعْفِیُّ لَكَانَ أهلُ الكُوفَةِ بِغيْرِ حَديثٍ، ولَولاَ حَمَّادٌ لَكَانَ أهلُ الكُوْفَةِ بِغَيْرِ فِقْهٍ.

وضاحت: ابوعبداللہ جابر بن یزید جعفی کوفی (متوفی ۱۶۷ھ) سَبائی شیعہ تھا۔ اور عقیدۂ رجعت کا قائل تھا، یحییٰ قطان اور عبدالرحمٰن بن مہدی نے اس کو متروک قرار دیا ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ جو اس کے ہم عصر اور ہم وطن تھے فرماتے ہیں: میں نے جابر جعفی سے بڑا جھوٹا کوئی نہیں دیکھا ——— مگر وکیع رحمہ اللہ اس کے بارے میں حسن ظن رکھتے ہیں۔ فرماتے ہیں: اگر جابر جعفی نہ ہوتے تو کوفہ والے حدیث کے بغیر ہوتے یعنی کوفہ والوں کی حدیثیں جابر کی مرہونِ منت ہیں اور حماد نہ ہوتے تو کوفہ والے فقہ کے بغیر ہوتے، یعنی کوفہ والوں کے پاس جو کچھ فقہ ہے وہ حضرت

حماد کا مرہونِ منت ہے (جابر جعفی کے سلسلہ میں کچھ کلام علل ترمذی میں بھی گذر چکا ہے)

بابُ مَاجاءَ أَنَّ الإِمَامَ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنَ مُؤْتَمَنٌ

امام مقتدیوں کی نماز کا ذمہ دار ہے اور مؤذن پر لوگوں نے اعتماد کیا ہے

اس باب میں صرف حدیث کو سمجھنا ہے کوئی مسئلہ نہیں ہے اور یہ جاننا ہے کہ حدیث کس درجہ کی ہے؟ اس کی ضرورت فاتحہ خلف الامام کے باب میں پیش آئے گی۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: امام ذمہ داری اوڑھنے والا ہے، یعنی مقتدیوں کی نماز کی ذمہ داری امام پر ہے، اور مؤذن پر اعتماد کیا گیا ہے، یعنی محلّہ اور گاؤں کے لوگوں نے مؤذن پر بھروسہ کیا ہے کہ جب نماز کا وقت ہوگا اذان دے گا۔ پس مؤذن کو چاہئے کہ صحیح وقت پر اذان دے، قبل از وقت اذان دے کر لوگوں کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائے ـــــ پھر نبی ﷺ نے دونوں کو دعا دی: ''اے اللہ! اماموں کو راہِ راست دکھا، اور مؤذنوں کی بخشش فرما!'' یعنی اگر ان سے نادانستہ کوئی کوتاہی ہو جائے تو اس کو معاف فرما۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں دو جگہ اختلاف ہوا ہے۔ پہلی جگہ: اعمش اور ابو صالح کے درمیان واسطہ ہے یا نہیں؟ ابو الاحوص، ابو معاویہ، سفیان ثوری، اور حفص بن غیاث رحمہم اللہ جیسے ائمۂ حدیث واسطہ ذکر نہیں کرتے، مگر اعمش کے ایک شاگرد اسباط بن محمدؒ کی سند میں ایک مجہول شخص کا واسطہ ہے، وہ کہتے ہیں: **حُدِّثْتُ عن أبی صالح:** میں ابو صالح سے روایت کرتے ہوئے حدیث بیان کیا گیا۔ یعنی بیچ میں مجہول شخص کا واسطہ ہے۔ اعمش نے براہ راست یہ حدیث ابو صالح سے نہیں سنی۔ دوسری جگہ: اس حدیث کی ایک سند حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر بھی پہنچتی ہے، علی بن المدینی رحمہ اللہ کی رائے ہے کہ دونوں سندیں بیکار ہیں، اور حضرت ابو زرعہ رحمہ اللہ کی رائے میں جو سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر پہنچتی ہے وہ صحیح ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے سبق میں اپنے استاذ علی بن المدینیؒ کی رائے ذکر کرنے کے بعد فرمایا: میرے نزدیک جو سند حضرت عائشہ پر پہنچتی ہے وہ صحیح ہے، یعنی امام بخاری نے علی وجہ البصیرت رائے دی ہے۔ اپنے استاذ کی رائے سے وہ واقف ہیں۔

فیصلہ: ہمارے نزدیک دونوں سندیں صحیح ہیں، جب یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کی راویہ کیوں نہیں ہو سکتیں؟!

[۴۰] باب ماجاء أن الإمامَ ضَامِنٌ والمؤذنَ مُؤْتَمَنٌ

[۲۰۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبوالأَحْوَصِ، وأبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن أبی صالحٍ عن أبی هُریرةَ، قال قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''الإمَامُ ضَامِنٌ وَالْمُؤَذِّنُ مُؤْتَمَنٌ، اَللّٰهُمَّ أَرْشِدِ الأَئِمَّةَ،

واغْفِرْ لِلْمُؤَذِّنِيْنَ"

قال أبو عيسى: وفی الباب: عن عائشةَ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ.

حديثُ أبی هُريرةَ رَوَاهُ سُفيانُ الثوریُّ وحفصُ بْنُ غِيَاثٍ وغَيْرُ واحِدٍ عن الأَعْمَشِ، عن أبی صالِحٍ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

ورَوَی أَسْبَاطُ بنُ مُحمدٍ عن الأَعْمَشِ قال: حُدِّثْتُ عن أبی صَالِحٍ عن أبی هُريرةَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

ورَوَی نَافِعُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن مُحمدِ بنِ أبی صَالِحٍ، عن أبيهِ، عن عائِشَةَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم هٰذا الحديثَ.

قال أبو عيسى: وسمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ يَقولُ: حَديثُ أبی صالحٍ عن أبی هُريرةَ أَصَحُّ مِن حَديثِ أبی صالحٍ عن عائِشَةَ.

قال أبو عيسى: وسَمِعْتُ مُحمداً يقولُ: حديثُ أبی صالحٍ عن عائشةَ أَصَحُّ؛ وَذَكَرَ عن عَلِیِّ بنِ المَدِيْنِیِّ أَنَّهُ لَمْ يُثْبِتْ حَديثَ أبی صالحٍ عن أبی هريرةَ، ولا حَديثَ أبی صالحٍ عن عائشةَ فی هٰذا.

عبارت کا ترجمہ اور مطلب واضح ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنے استاذ علی بن المدینی کی یہ رائے ذکر کی ہے کہ وہ ابوصالح کی اس حدیث کو جو وہ ابو ہریرہ اور عائشہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں دونوں کو ثابت نہیں کرتے یعنی دونوں کو بیکار بتاتے ہیں۔

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا أَذَّنَ المُؤَذِّنُ؟

اذان کا جواب کس طرح دینا چاہئے؟

جو شخص اذان سنے خواہ مرد ہو یا عورت، پاک ہو یا ناپاک اس کے لئے اذان کا جواب دینا مسنون ہے۔ اور جواب دینے کا طریقہ یہ ہے کہ جب مؤذن ایک کلمہ کہہ کر خاموش ہو جائے تو جواب دینے والا بھی وہی کلمہ دوہرائے، اور حیعلتین کے جواب میں حیعلۃ بھی جائز ہے اور حوقلہ بھی یعنی لاحول ولا قوة إلا بالله کہنا بھی جائز ہے (حوقلہ والی حدیث بخاری میں ہے نمبر ۶۱۳) ——— اگر حیعلہ کا جواب حیعلہ سے دیا جائے تو مؤذن کا خطاب تو لوگوں سے ہوگا اور جواب دینے والے کا خطاب اپنے نفس سے ہوگا یعنی اپنے آپ سے کہے: نماز کے لئے چل! اور اگر حیعلہ کا جواب حوقلہ سے دیا جائے تو گویا بندہ اعتراف کرتا ہے کہ اللہ کی قوت وطاقت ہی سے نماز کے لئے جا سکتا ہوں،

میری اپنی بساط کچھ نہیں۔یعنی بندے نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے اور جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرتے ہیں۔اس لئے ان شاءاللہ وہ بندہ نماز سے متخلف نہیں رہے گا۔

فائدہ: اجابتِ اذان کی دو قسمیں ہیں: (۱) اجابت قولی، یعنی جو کلمے مؤذن کہے جواب میں وہی کلمے کہے جائیں (۲) اجابتِ فعلی، یعنی نماز پڑھنے کے لئے اس مسجد میں جانا جہاں اذان ہوئی ہے۔اجابتِ قولی تو بالاجماع مستحب ہے مگر اجابت فعلی میں اختلاف ہے، بعض حضرات کے نزدیک اجابتِ فعلی واجب ہے، اور ہمارے یہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ اجابتِ فعلی سنتِ مؤکدہ اشدّ تاکید یعنی واجب جیسی مؤکد ہے، تفصیل آگے آئے گی۔

[۴۱] باب مايقول إذا أَذَّنَ المؤذنُ

[۲۰۴-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِيُّ، نا مَعنٌ، نا مالكٌ ح: وثنا قُتَيْبَةُ، عن مالكٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عَطَاءِ بنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عن أبي سعيدٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " إذا سَمِعْتُمُ النِّدَاءَ فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَايَقُوْلُ المُؤَذِّنُ"

وفي الباب: عن أبي رافعٍ، وأبي هريرةَ، وأُمِّ حَبيبةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو، وعبدِ اللّٰهِ بنِ رَبِيْعَةَ، وعائشةَ، ومُعَاذِ بنِ أنسٍ، ومُعَاوِيَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبي سعيدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.وهٰكَذَا رَوَى مَعْمَرٌ وغَيْرُ واحِدٍ عن الزُّهْرِيِّ مِثْلَ حَدِيثِ مالكٍ؛ ورَوَى عبدُ الرحمنِ بنُ إسحاقَ، عن الزُّهْرِيِّ هٰذا الحديثَ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيِّبِ، عن أبي هريرة، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.ورِوَايَةُ مالكٍ أَصَحُّ.

وضاحت: باب میں جو حدیث ہے وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ہے یا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی؟ امام مالک رحمہ اللہ حدیث کی سند ابوسعید خدریؓ تک پہنچاتے ہیں، اور معمر وغیرہ ان کے متابع ہیں، وہ بھی ابن شہاب زہری سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور سند ابوسعید خدریؓ تک پہنچاتے ہیں۔البتہ عبدالرحمٰن بن اسحاق نے یہ حدیث زہری رحمہ اللہ سے روایت کی ہے۔اور سند حضرت ابوہریرہؓ تک پہنچائی ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ امام مالک کی روایت اصح ہے یعنی یہ حدیث حضرت ابوسعید خدریؓ کی ہے، حضرت ابوہریرہ کی نہیں ہے۔

بابُ مَاجَاءَ في كَرَاهِيَةِ أَن يَّأْخُذَ المُؤَذِّنُ عَلَى الأَذَانِ أَجْرًا

اذان پر اجرت (تنخواہ) لینا کیسا ہے؟

تین چیزیں ہیں: ایک: عباداتِ محضہ، جیسے اذان، اقامت، امامت، قرآن وحدیث وتفسیر کی تعلیم وغیرہ۔ دوم:

معاملاتِ محضہ، جیسے بیع وشراء، اجارۃ وغیرہ۔ سوم: دونوں سے مرکب جیسے نکاح وغیرہ ——— تمام ائمہ متفق ہیں کہ جو چیزیں معاملاتِ محضہ ہیں یا دونوں سے مرکب ہیں ان پر اجرت لینا جائز ہے۔ اور جو چیزیں عباداتِ محضہ ہیں ان پر اجرت لینا جائز نہیں ——— اور دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: جب حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کو طائف کا گورنر بنا کر نبی ﷺ نے روانہ کیا تو آپؐ نے ان کو چند نصیحتیں کیں، ان میں آخری نصیحت یہ تھی کہ مؤذن ایسے شخص کو رکھنا جو اذان پر اجرت نہ لے۔

اس حدیث سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ عباداتِ محضہ پر اجرت لینا جائز نہیں۔ مگر جب احوال بدلے خلافتِ عباسیہ ڈانواڈول ہوگئی اور اسلام پھیلتا ہوا دارالاسلام سے دارالکفر تک پہنچا اور دینی کام کرنے والوں کی کفالت کرنے والا کوئی نہ رہا تو بدلے ہوئے حالات میں متأخرین علماء نے دین کے ان کاموں پر جن کے ساتھ اسلام کی شان وابستہ ہے اجرت لینے کے جواز کا فتوی دیا، اور آج تک یہی فتوی چل رہا ہے، کیونکہ ابھی حالات سدھرے نہیں۔ جب حالات پلٹ جائیں گے اور اسلام کی سابقہ شان وشوکت لوٹ آئے گی اس وقت عدم جواز کا فتوی دیا جائے گا۔

اور متأخرین نے بدلے ہوئے حالات میں یہ جو دوسرا فتوی دیا ہے یہ شریعت کی تبدیلی نہیں، کیونکہ اس کی اصل موجود ہے۔ جب عدم جواز کا فتوی تھا اس وقت بھی دینی کام کرنے والوں کی کفالت حکومت کیا کرتی تھی۔ علماء کو جاگیریں اور وظیفے دیئے جاتے تھے، اور وہ وظیفے بیت المال سے دیئے جاتے تھے۔ اور بیت المال لوگوں کے جیبوں سے جمع ہوتا تھا، پھر جب بیت المال کا نظام کمزور پڑ گیا یا درہم برہم ہوگیا تو متأخرین علماء نے دینی کام کرنے والوں کا خرچہ بلا واسطہ لوگوں کی جیبوں پر ڈال دیا۔ یہ خرچہ پہلے بھی لوگوں کے ذمہ تھا اب بھی انہیں کے ذمہ ہے۔ بس اتنا فرق ہے کہ پہلے درمیان میں حکومت کا واسطہ تھا اب وہ واسطہ باقی نہیں رہا۔

البتہ دین کے وہ کام جن کے ساتھ اسلام کا نظام وابستہ نہیں مثلاً میت کے لئے ایصال ثواب کرنا یا رمضان میں تراویح میں قرآن سنانا ان پر اجرت لینا اب بھی جائز نہیں۔

[٤٢] باب ماجاء فی کراهية أن يَأْخُذَ المؤذنُ على الأذان أجراً

[٢٠٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو زُبَيْدٍ، عن أَشْعَثَ، عن الحَسَنِ، عن عُثمانَ بنِ أبی العاصِ، قال: إنَّ مِن آخِرِ مَا عَهِدَ إِلَيَّ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَن أَتَّخِذَ مُؤَذِّنًا لَّايَأْخُذُ عَلٰى أَذَانِهِ أَجْرًا.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی عُثمانَ حديثٌ حسنٌ. والعَمَلُ عَلٰى هٰذا عند أهلِ العلمِ: كَرِهُوا أن يَّأْخُذَ عَلَى الأذَانِ أَجْرًا، واسْتَحَبُّوْا لِلْمُؤَذِّنِ أن يَّحْتَسِبَ فی أَذَانِهِ.

ترجمہ: عثمان بن ابی العاصؓ کہتے ہیں: آخری پیمان جو نبی ﷺ نے مجھ سے لیا یہ تھا کہ میں ایسا شخص مؤذن

رکھوں جواذان پر اجرت نہ لے(أَتَّخِذُ کومضارع واحد متکلم اورامر أَنِ اتَّخِذْ (مؤذن بنا) دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں) ـــــــ اورعلماء نے اذان پر اجرت لینے کوناپسند کیا ہے اورانھوں نے مؤذن کے لئے یہ بات پسند کی ہے کہ لوجہ اللہ اذان دے۔

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ مِنَ الدُّعَاءِ؟

اذان کے بعد کیا دعا مانگے؟

اس باب میں اوراگلے باب میں اذان کے بعد کی دو دعائیں ہیں، اوران میں جوگونہ تعارض ہے، علماء نے اس کے دوحل تجویز کئے ہیں۔ پہلا حل: تخییر ہے یعنی بندے کواختیار ہے جونسی دعا چاہے پڑھے، اور دونوں پڑھے تو اور بھی بہتر ہے۔ دوسرا حل: پہلے باب میں جودعا ہے وہ اذان کے درمیان کی ہے یعنی شہادتین کا مجموعی جواب ہے، پس شہادتین کا جواب شہادتین کے ذریعہ الگ الگ دینا بھی درست ہے اور چاروں شہادتوں کے جواب میں یہ دعا پڑھ لینا بھی کافی ہے۔

[٤٣] باب مايقول إذا أَذَّن المؤذن من الدعاء؟

[٢٠٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ نا اللَّيْثُ عن الحُكَيْمِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ بنِ قَيْسٍ، عن عَامِرِ بنِ سَعْدٍ، عن سَعدِ بنِ أبى وَقَّاصٍ، عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، قال: "مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ المُؤَذِّنَ، حِيْنَ يُؤَذِّنُ: وَأَنَا أَشْهَدُ أَن لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ وَأَنَّ مُحمداً عبدُه ورسولُه، رَضِيْتُ باللّٰهِ رَبًّا، وبِالإِسْلَامِ دِيْنًا، وبِمُحَمَّدٍ رَسولاً: غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذُنُوْبَهُ"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حَديثِ اللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ عن حُكَيْمِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ قَيْسٍ.

ترجمہ: جس نے مؤذن کے کلمات اذان سن کر جب کہ وہ اذان دے رہا ہے یہ دعا پڑھی: أشهد إلخ تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیں گے (حین یسمع اور حین یؤذن اور وأنا إلخ میں واؤ قرینہ ہے کہ یہ دعا درمیان اذان کی ہے یعنی شہادتین کا مجموعی جواب ہے) ـــــــ اس حدیث کو حُکیم سے تنہا لیث نے روایت کیا ہے اس وجہ سے یہ حدیث غریب بھی ہے۔

[٤٤] باب منه أيضا

[٢٠٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ سَهْلِ بنِ عَسْكَرٍ البَغْدَادِيُّ، وإبراهيمُ بنُ يَعقوبَ، قالا: نا عَلِيُّ بنُ عَيَّاشٍ،

نا شُعَيْبُ بنُ أبى حَمْزَةَ، نا مُحمدُ بنُ الْمُنْكَدِرِ، عن جابرِ بنِ عبدِ الله، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَالَ حِيْنَ يَسْمَعُ النَّدَاءَ: اللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذه الدَّعْوةِ التَّامَّةِ، وَالصَّلاَةِ الْقَائِمَةِ، آتِ مُحَمَّداً الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقامًا مَحْمُودًا الَّذِیْ وَعَدْتَّهُ: إِلَّا حَلَّتْ لَهُ الشَّفَاعَةُ يوْمَ الْقِيَامَةِ"

قال أبو عيسى: حديثُ جَابرٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِن حَديثِ محمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَاهُ غَيْرُ شُعَيْبِ بنِ أبى حَمْزَةَ.

وضاحت: اذان دین اسلام کی مکمل دعوت ہے کیونکہ اذان میں سب سے پہلے اللہ کی بڑائی کا اعلان ہے پھر توحید ورسالت کی گواہی ہے جو اسلام کے بنیادی عقائد ہیں۔ پھر اسلام کی سب سے اہم عبادت نماز کی دعوت ہے، پھر اس کا فائدہ بیان کیا ہے، پھر اللہ کی بڑائی کا اور آخر میں اس کی یکتائی کا اعلان ہے۔ غرض اذان پورے دین کا خلاصہ اور نچوڑ ہے اس لئے اس کو الدعوۃ التامہ: مکمل دعوت کہا گیا ہے۔

اور الصلاۃ القائمۃ سے مراد وہ نماز ہے جس کی طرف بلایا جارہا ہے، اور ربٌّ کے معنی ہیں ''والا'' یعنی مکمل دعوت والا اور جو نماز قائم ہونے والی ہے اس کا مالک یعنی نماز مؤذن کے لئے نہیں پڑھنی ہے بلکہ جو اذان ونماز والا ہے اس کے لئے پڑھنی ہے۔

پھر یہ عرض کی جاتی ہے کہ الٰہی! نبی ﷺ کو وسیلہ، فضیلہ اور مقام محمود عنایت فرمایئے جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے (یہ وعدہ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۷۹ میں ہے)

اور وسیلہ، فضیلہ اور مقام محمود کی تفصیل یہ ہے کہ وسیلہ: اللہ تعالیٰ کی مقبولیت ومحبوبیت کا ایک خاص الخاص مقام اور مرتبہ ہے، اور جنت کا ایک مخصوص درجہ بھی ہے جو اللہ تعالیٰ کے کسی ایک بندہ ہی کو ملنے والا ہے۔ اور فضیلہ: اسی مقام ومرتبہ کا دوسرا نام ہے، اور مقام محمود: وہ مقام عزت ہے جس پر فائز ہونے والا ہر ایک کی نگاہ میں محمود ومحترم ہوگا، اور سب اس کے ثنا خواں اور شکر گذار ہونگے، اور جو احکم الحاکمین کی بارگاہ میں سب سے پہلے سارے انسانوں کے لئے حساب اور فیصلہ کی استدعا اور شفاعت کرے گا۔ پھر گناہ گاروں کے لئے سفارش کا دروازہ بھی اسی کے طفیل کھلے گا، بس یہی وہ مقام محمود ہے جس کا اللہ نے آپؐ سے سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۷۹) میں وعدہ کیا ہے۔

فائدہ (۱): عام طور پر کہا جاتا ہے کہ دعائے وسیلہ میں الدرجة الرفيعة اور وارزقنا شفاعته يوم القيامة ثابت نہیں، مگر صحیح یہ ہے کہ بعینہٖ یہ الفاظ تو کسی حدیث میں وارد نہیں ہوئے، البتہ ان کے ہم معنی الفاظ احادیث میں موجود ہیں۔ طحاوی (۱:۸۷) میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: اللّٰهُم أَعْطِ محمداً الوَسيلةَ وَاجْعَلْ فى الأَعْلِيْنَ دَرَجته۔ اور ابن عباسؓ کی حدیث میں ہے: اللّٰهم صَلِّ عليه وبَلِّغه دَرَجَةَ الوَسيلةَ عندك، وَاجْعَلْنَا فى شَفَاعَتِه يومَ القِيَامَةِ (کنز العمال ۷:۷۰۴) اور بیہقی کی روایت میں إنك لا تخلف الميعاد آیا ہے

(سنن کبری ۱:۴۱۰) لہٰذا دعامیں والدرجة الرفيعة اور وارزقنا شفاعته يوم القيامة اور إنك لاتخلف الميعاد بڑھانا درست ہے۔

فائدہ(۲): دعائے وسیلہ کرنے میں دوفائدے ہیں: ایک: یہ دعاایک عبادت ہےاور نبی ﷺ نے دعاکوعبادت کا مغزکہاہے۔دوم:اس میں ہمارابھی فائدہ ہے کیونکہ جوشخص یہ دعا کرے گا، نبی ﷺ اس کے لئے سفارش کریں گے۔

نوٹ: باب کی حدیث غریب ہے کیونکہ محمد بن المنکدر کے صرف ایک شاگردشعیب بن ابی حمزہ اس کوروایت کرتے ہیں۔دوسراکوئی شاگرداس کوروایت نہیں کرتا،مگراس کی سندفی نفسہ حسن ہے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ الدُّعَاءَ لَايُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ

اذان واقامت کے درمیان کاوقت قبولیتِ دعا کاوقت ہے

کچھ جگہیں اور کچھ زمانے قبولیت دعا کے لئے خاص ہیں۔ان زمانوں میں سےایک زمانہ اذان واقامت کے درمیان کاوقت ہے۔لہٰذااس وقت میں مردوں کوبھی اورعورتوں کوبھی اپنے لئے اوراپنے متعلقین کے لئے دینی اور دنیوی مقاصد کے لئےخوب عاجزی سے دعا کرنی چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایاہے کہ:’’اذان واقامت کے درمیان دعارد نہیں کی جاتی‘‘(اورمقبول جگہوں اورزمانوں کی تفصیل زادالمعادمیں ہے)

مسئلہ: اذان کے بعددعامیں ہاتھ اٹھانے چاہئیں یانہیں؟اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اوقاتِ متواردہ کے لئے جودعائیں ہیں ان میں ہاتھ نہ اٹھانا مسنون ہے،اوراوقاتِ خاصہ کی دعاؤں میں ہاتھ اٹھانا مسنون ہے۔اس قاعدہ پرمتفرع کرکے میں نے امدادالفتاوی کےحاشیہ میں یہ بات لکھی ہے کہ اگرکوئی شخص اذان کے بعدصرف دعاء ماثورہ پڑھنا چاہےتو ہاتھ نہ اٹھانا افضل ہے،اوردعاء ماثورہ کےعلاوہ اپنی حاجت کے لئے بھی دعا کرنا چاہےتو پھر ہاتھ اٹھاناافضل ہے۔(امدادالفتاوی حاشیہ ۱:۱۶۴)

[۴۵] باب ماجاء في أن الدعاءَ لايُرَدُّ بين الأذان والإقامة

[۲۰۸-] حدثنا مُحمودٌ، نا وكيعٌ، وعبدُ الرزاقِ، وأَبُو أَحْمَدَ، وأبو نُعَيْمٍ، قالوا: نا سُفيانُ، عن زَيْدٍ العَمِّيِّ، عن أبي إياسٍ مُعَاوِيَةَ بنِ قُرَّةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ’’الدُّعَاءُ لَايُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ‘‘

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ. وقد رَوَاهُ أبو إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، عن بُرَيْدِ بنِ أبي مَرْيَمَ، عن أنسٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ هٰذَا.

ملحوظہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ترمذی (۲:۱۹۹) کتاب الدعوات میں بھی آئے گی۔ وہاں حدیث میں یہ اضافہ ہے: ''پس اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی عافیت مانگو''

بابُ مَاجاءَ كَمْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلٰى عِبَادِهِ مِنَ الصَّلَوَاتِ؟

اللہ تعالیٰ نے بندوں پر کتنی نمازیں فرض کی ہیں؟

شب معراج میں بارگاہ مقدس سے نبی ﷺ کو جو خاص تحفہ دیا گیا ہے وہ نمازیں ہیں، پہلے پچاس نمازیں فرض کی گئیں، پھر جب آپؐ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچے تو انھوں نے پوچھا: پروردگار نے آپؐ کی امت پر کیا فرض کیا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: پچاس نمازیں! انھوں نے مشورہ دیا کہ آپ بارگاہ خداوندی میں واپس جائیں اور تخفیف کی درخواست کریں، آپؐ کی امت پچاس نمازیں نہیں پڑھ سکے گی۔ میں بنی اسرائیل کو آزما چکا ہوں، اوران کا خوب تجربہ کر چکا ہوں، چنانچہ نبی ﷺ بارگاہِ خداوندی میں واپس گئے اور تخفیف کی درخواست کی، اللہ تعالیٰ نے پانچ نمازیں کم کردیں، جب آپؐ واپس لوٹے تو موسیٰ علیہ السلام نے پھر کہا کہ آپؐ کی امت پینتالیس نمازیں بھی نہیں پڑھ سکے گی، پھر جایئے اور تخفیف کی درخواست کیجئے۔ چنانچہ آپؐ برابر بارگاہِ خداوندی میں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آتے جاتے رہے یہاں تک کہ پانچ نمازیں رہ گئیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر بھی واپس جانے کا اور تخفیف کی درخواست کرنے کا مشورہ دیا مگر نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اتنی بار آیا گیا کہ اب شرم محسوس ہوتی ہے'' —— جب پانچ نمازیں رہ گئیں تو وحی آئی کہ ہمارا قول بدلا نہیں جاتا یہ شب وروز میں پانچ نمازیں ہیں اور ہر نماز کا دس گنا بدلہ ہے پس مجموعہ پچاس ہوگیا (اس طرح پہلا قول حکماً برقرار رہا) اور جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے پھر اس کو نہ کرسکے تو اس کے لئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے۔ اور اگر کرلے تو دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور جو شخص کسی برائی کا ارادہ کرے پھر اس کو نہ کرے تو اس کے لئے کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا، اور اگر کرلے تو صرف ایک گناہ لکھا جاتا ہے (تفصیل مسلم ۱:۹۱ باب الاسراء میں ہے)

غرض معراج کی مبارک رات میں نمازوں کے علاوہ الحَسَنَة بِعَشْرَةِ أمثالها کا تحفہ بھی حاصل ہوا ہے اور یہ ضابطہ صرف نمازوں کے لئے نہیں بلکہ تمام اعمال حسنہ کے لئے عام کردیا گیا ہے۔ اور نیکی کا دس گنا بدلہ امتِ محمدیہ کی خصوصیت ہے۔

فائدہ: معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟ اس سلسلہ میں سن، ماہ، تاریخ اور دن سب میں اختلاف ہے، سن میں چار قول ہیں: ۵ نبوی، ۶ نبوی، ۱۱ نبوی اور ۱۲ نبوی۔ اور مہینہ کے بارے میں پانچ قول ہیں: ماہ ربیع الاول، ربیع الآخر، رجب، رمضان اور شوال۔ اور تاریخ کے بارے میں دو قول ہیں: ۱۷ اور ۲۷۔ اور دن کے بارے میں تین قول ہیں: بار

کی رات، جمعہ کی رات، اور پیر کی رات، اور لوگوں میں مشہور یہ ہے کہ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال پہلے ۲۷ رجب کی شب میں پیش آیا ہے واللہ اعلم (ہدایت القرآن ۵:۳۲)

[٤٦] باب ماجاء كم فَرَضَ اللّٰهُ على عباده من الصلوات؟

[۲۰۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحيىَ نا عَبدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قال: فُرِضَتْ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ أُسْرِىَ بِهِ الصَّلاَةُ خَمْسِيْنَ، ثُمَّ نُقِصَتْ، ثُمَّ جُعِلَتْ خَمْسًا، ثُمَّ نُوْدِىَ يَا مُحمدُ! إِنَّهُ لاَيُبَدَّلُ القَوْلُ لَدَىَّ وإِنَّ لَكَ بِهٰذَا الخَمْسِ خَمْسِيْنَ.

وفى الباب: عن عُبادةَ بنِ الصَّامتِ، وطَلحةَ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وأبى قَتادةَ، وأبى ذَرٍّ، ومالكِ بنِ صَعْصَعَةَ، وأبى سَعيدٍ الخُدْرِىِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: شب معراج میں نبی ﷺ پر پچاس نمازیں فرض کی گئیں، پھر کم کی گئیں، پھر پانچ کردی گئیں، پھر پکارا گیا یعنی وحی آئی: ''اے محمد! ہمارا قول بدلا نہیں جاتا، بیشک آپؐ کے لئے ان پانچ کے بدلے پچاس ہیں''

فائدہ: نبی ﷺ کا معمول شب و روز میں پچاس رکعتیں پڑھنے کا تھا۔ آپؐ فرائض، سنن، تہجد، اشراق اور اوابین وغیرہ کے ذریعہ یہ تعداد پوری کرتے تھے (مزید وضاحت کے لئے میری کتاب: ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'' ص:۳۷ دیکھیں) اس لئے کہ شریعت کا جو حکم تخفیف کے طور پر منسوخ کیا جاتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے، جیسے پہلے عاشورہ کا روزہ فرض تھا جب رمضان کے روزے فرض کئے گئے تو عاشورہ کے روزے ختم کردیئے گئے یہ نسخ تخفیف کے لئے تھا، چنانچہ اس کا استحباب باقی ہے۔ لہٰذا اللہ سے توفیق مانگنی چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ رات دن میں پچاس رکعتیں پوری ہوجائیں واللہ الموفق۔

بابٌ فى فَضْلِ الصَّلَوَاتِ الخَمْسِ

پانچ نمازوں کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں اور جمعہ سے جمعہ کفارہ ہیں ان گناہوں کے لئے جو ان کے درمیان ہوتے ہیں جب تک کہ نہ چھایا جائے کبیرہ گناہوں پر۔ یعنی کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کیا جائے۔

تشریح: اس حدیث میں پانچ نمازوں کی اور جمعہ کی یہ فضیلت بیان کی گئی ہے کہ ان کے ذریعہ صغائر معاف ہوتے

ہیں البتہ کبائر کے لئے توبہ شرط ہے ——— اور ''جب تک نہ چھایا جائے کبیرہ گناہوں پر'' یہ تعبیر اس لئے اختیار کی ہے کہ مؤمن بالقصد کبیرہ گناہ کرے یہ بات تقریباً ناممکن ہے۔ ہاں شیطان اور نفس کے دھوکا دینے سے مؤمن گناہوں میں جا پڑتا ہے اور یہ بالکل ویسی ہی تعبیر ہے جیسی پہلے گذری ہے. تفُوْتُهُ صلاةُ العصر: اس کے ہاتھ سے عصر کی نماز نکل گئی یعنی اس نے عصر فوت کردی، یہ نہیں کہا کہ اس نے عصر کی نماز چھوڑ دی کیونکہ نماز فوت کرنا ممکن نہیں، ہاں مشغولیت اور انہماک کی وجہ سے عصر فوٹ ہوسکتی ہے۔ غرض پانچ نمازیں جمعہ اور دیگر اعمال حسنہ کی خاصیت یہ ہے کہ وہ گناہوں کو بھسم کرتے ہیں جو گناہ صادر ہونگے ان کو یہ اعمال ختم کردیں گے اور اگر گناہ نہیں ہونگے تو یہ اعمال بندے کو اجلا کریں گے۔

فائدہ: یغش: معروف اور مجہول دونوں طرح پڑھا گیا ہے، پہلی صورت میں الکبائر: مفعول بہ ہوگا اور دوسری صورت میں نائب فاعل۔ مالم یَغْشَ الکبائِرَ: جب تک مؤمن کبیرہ گناہوں پر نہ چھائے اور مالم یُغْشَ الکبائِرُ: جب تک کبیرہ گناہوں پر چھایا نہ جائے۔ اور اس ارشاد کے دو مطلب سمجھے گئے ہیں: پہلا مطلب: یہ ہے کہ نمازوں سے گناہوں کی معافی کے لئے کبیرہ گناہوں سے بچا ہوا ہونا شرط ہے۔ یعنی صغیرہ گناہ بھی اسی شخص کے معاف ہونگے جس نے کسی کبیرہ گناہ کا ارتکاب نہیں کیا۔ اگر کسی نے کبیرہ گناہ کا ارتکاب کیا ہے تو پھر نمازوں سے صغیرہ گناہ بھی معاف نہیں ہونگے۔ دوسرا مطلب: یہ ہے کہ نمازوں سے صرف صغیرہ گناہ معاف ہوتے ہیں، کبیرہ گناہ معاف نہیں ہوتے ان کی معافی کے لئے توبہ شرط ہے۔

[۴۷] باب فی فضل الصلوات الخمس

[۲۱۰-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعیلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن العَلاَءِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن أبیهِ، عن أبی هُریرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قال: "الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ وَالْجُمُعَةُ إِلَی الْجُمُعَةِ کَفَّارَاتٌ لِمَابَیْنَهُنَّ، مَالَمْ یُغْشَ الْکَبَائِرُ.

وفی الباب: عن جابرٍ وأنسٍ، وحَنْظَلَةَ الأُسَیِّدِیِّ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: واضح ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی فَضْلِ الْجَمَاعَةِ

جماعت کا ثواب

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: باجماعت نماز تنہا آدمی کی نماز سے ستائیس

گنا بڑھ جاتی ہے ـــــ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ''پچیس گنا'' ہے۔ اور علماء نے اس تعارض کو مختلف طرح سے دور کیا ہے۔

پہلی صورت: نفس جماعت کا ثواب پچیس گنا ہے لیکن اگر جماعت میں مزید خصوصیات پیدا ہو جائیں مثلاً امام نیک آدمی ہو، یا مجمع بڑا ہو، یا جماعت میں نیک لوگ شامل ہوں تو پھر ثواب بڑھ کر ستائیس گنا ہو جاتا ہے۔

دوسری صورت: نفس جماعت کا ثواب پچیس گنا ہے اور مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب ستائیس گنا ہے۔

تیسری صورت: شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: جماعت کے فوائد ایک زاویہ سے پچیس ہیں، دوسرے اعتبار سے ستائیس۔ پس جس زاویہ سے دیکھا جائے گا اس کا اعتبار ہوگا (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۵۷۵ میں ہے)

[٤٨] باب ماجاء فی فضل الجماعة

[٢١١-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبدَةُ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بن عُمَرَ عن نافِعٍ عن ابنِ عُمرَ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " صَلاَةُ الجَمَاعَةِ تَفْضُلُ عَلٰى صَلاَةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً"

وفى الباب: عن عَبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأُبَىِّ بنِ كَعْبٍ، ومُعاذِ بنِ جَبَلٍ، وأبى سَعيدٍ، وأبى هريرةَ وأنسِ بنِ مالكٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهٰكَذَا رَوَى نَافِعٌ عن ابنِ عُمرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ:" تَفْضُلُ صَلاَةُ الجَمِيْعِ عَلٰى صَلاَةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ بِسَبْعٍ وَّعِشْرِيْنَ دَرَجَةً"؛ وَعَامَّةُ مَنْ رَوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِنَّمَا قَالُوْا: خَمْسٍ وعِشْرِيْنَ إلَّا ابنَ عُمرَ، فَإِنَّهُ قَالَ: بِسَبْعٍ وعِشرينَ.

[٢١٢-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ عن ابنِ شِهابٍ عن سَعيدِ بنِ المُسَيِّبِ، عن أبى هريرةَ، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال:" إِنَّ صَلاَةَ الرَّجُلِ فى الجَمَاعَةِ تَزِيْدُ عَلٰى صَلاَتِهِ وَحْدَهُ بِخَمْسٍ وعشرينَ جُزْءً"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: (حدیث ۲۱۱) نافع: حضرت ابن عمرؓ سے یہ مرفوع حدیث روایت کرتے ہیں کہ جماعت کی نماز آدمی کی تنہا نماز سے ستائیس گنا بڑھ جاتی ہے۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور نافع حضرت ابن عمرؓ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں کہ جماعت کی نماز آدمی کی تنہا نماز سے ستائیس گنا بڑھ جاتی ہے اور عموماً صحابہ: نبی ﷺ سے روایت کرتے

ہوئے پچیس گنا کہتے ہیں، صرف ابن عمر ستائیس گنا کہتے ہیں۔ پھر بطور مثال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۲۱۲) پیش کی ہے۔ اس میں پچیس گنا ہے، اور یہ حدیث بھی حسن صحیح ہے۔

بابُ مَاجاءَ فی مَن سَمِعَ النّداءَ فلَا یُجیبُ

جماعت سے پیچھے رہنے والوں کے لئے وعید

اذان کے جواب دو ہیں: اجابتِ قولی، اور یہ مسنون ہے اور اجابتِ فعلی: یعنی مسجد میں جا کر با جماعت نماز پڑھنا۔ امام احمد رحمہ اللہ وغیرہ نے جماعت کو فرض قرار دیا ہے۔ اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے واجب کہا ہے۔ یعنی جس طرح نماز پڑھنا فرض ہے اسی طرح جماعت سے پڑھنا بھی ایک مستقل فرض یا واجب ہے، مگر جمہور کی رائے یہ ہے کہ جماعت سنت مؤکدہ اشدّ تاکید ہے یعنی واجب جیسی مؤکد ہے۔ اور فرق اس طرح ظاہر ہوگا کہ اگر کوئی شخص بغیر عذر کے تنہا نماز پڑھے تو جماعت فرض یا واجب کہنے والوں کے نزدیک نماز نہیں ہوگی اور سنت کہنے والوں کے نزدیک نماز ہو جائے گی، مگر اس شخص کو ترکِ جماعت کا گناہ ہوگا۔ —— اور دونوں فریقوں کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں خدام کو سوختہ جمع کرنے کا حکم دوں، پھر میں نماز کا حکم دوں۔ پھر اس کے لئے اذان کہی جائے، پھر میں ایک آدمی کو حکم دوں جو لوگوں کو نماز پڑھائے، پھر میں ان لوگوں کی طرف جاؤں جو نماز میں حاضر نہیں ہوئے۔ پس میں ان کو ان کے گھروں میں جلا دوں (مگر پھر آپؐ کو عورتوں اور بچوں کا خیال آیا تو آپؐ نے اپنے ارادہ کو عملی جامہ نہیں پہنایا) —— قائلینِ وجوب وفرض کا اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ مار ڈالنے کی سزا فرائض کے تارک ہی کو دی جاسکتی ہے، سنت ومستحب کے تارک کو نہیں دی جاسکتی، معلوم ہوا کہ جماعت سے نماز پڑھنا فرض یا واجب ہے (جن ائمہ کے نزدیک اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت ہوسکتی ہے ان کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک خبر واحد سے فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی اس لئے ابن الہمام نے واجب کی تعبیر اختیار کی ہے۔ اور مفاد دونوں کا ایک ہے)

اور جمہور کہتے ہیں: اس حدیث کا مفہوم جماعت کا فرض یا واجب ہونا نہیں ہے، کیونکہ نبی ﷺ اور آپؐ کے خدام جماعت سے متخلف ہونگے اور یہ بات کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے خدام دوسری جماعت کرلیں گے متخلفین کے حق میں بھی متحقق ہے۔ وہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہم بھی دوسری جماعت کرلیں گے۔ غرض اس حدیث سے جماعت کی تاکید تو نکلتی ہے، اس کا فرض یا واجب ہونا ثابت نہیں ہوتا —— اور وہ سنن ومستحبات جو شعائر اسلام میں سے ہیں ان کے ترک پر سخت سرزنش کی جاسکتی ہے۔ فقہ میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کسی علاقہ کے لوگ اذان نہ دینے پر اتفاق کرلیں یا ختنہ نہ کرانے پر متفق ہو جائیں تو ان کے ساتھ قتال کیا جائے گا حالانکہ احناف کے نزدیک اصح قول کے مطابق ختنہ

کرانا سنت ہے[1] معلوم ہوا کہ جو شعائر ہیں خواہ وہ سنن ومستحباب ہی ہوں ان کے تارک کو قتل کی بھی سزا دی جاسکتی ہے۔

فائدہ: جو حضرات جماعت کو فرض یا واجب کہتے ہیں ان کی دلیل حضرت ابن عباسؓ کی ایک حدیث اور ان کا فتوی بھی ہے۔ حدیث تو یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اذان سنی، پھر بھی وہ نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں نہیں گیا تو اس کی نماز نہیں (مشکوۃ حدیث ۱۰۷۷، باب الجماعۃ) اور فتوی یہ ہے کہ آپؓ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو رات بھر نفلیں پڑھتا ہے اور ہمیشہ روزے رکھتا ہے مگر جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہوتا۔ آپؓ نے فرمایا: ''ایسا شخص جہنم میں جائے گا''

اور جمہور ابن عباس کی اس حدیث کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ حدیث وعید کی ہے جس میں ناقص کو کامل فرض کرکے گفتگو کی جاتی ہے یعنی بلا عذر تارکِ جماعت کی نماز ناقص ہے مگر اس کو تہدیداً کالعدم قرار دیا گیا ہے۔ اور حضرت ابن عباسؓ کا فتوی اس شخص کے بارے میں ہے جو جمعہ اور جماعت کو بے حیثیت سمجھتا ہے، اس کی بے قدری کرتا ہے اور ان کو کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ وہ استخفاف کی بناپر کافر ہے، نہ کہ ترک کی بناء پر۔ واللہ اعلم

[٤٩] باب ماجاء فيمن سمع النداءَ فلا يُجيب

[٢١٣-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وكيعٌ، عن جَعفرِ بْنِ بُرْقَانَ، عن يَزِيْدَ بنِ الْأَصَمِّ، عن أبي هُريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: " لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ فِتْيَتِيْ أن يَّجْمَعُوْا حُزَمَ الحطَبِ، ثم آمُرَ بالصَّلَاةِ فَتُقَامَ، ثُمَّ أُحَرِّقَ عَلٰى أَقْوَامٍ لَا يَشْهَدُوْنَ الصَّلَاةَ"

وفي الباب: عن ابنِ مسعودٍ، وأبي الدَّرْدَاءِ، وابنِ عباسٍ، ومُعاذِ بنِ أَنسٍ، وجابرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أَبي هُريرةَ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رُوِىَ عَن غَيْرِ وَاحِدٍ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُم قَالُوْا: مَن سَمِعَ النِّدَاءَ فَلَمْ يُجِبْ فَلَا صَلَاةَ لَهُ؛ وقال بَعضُ أهلِ العلمِ: هٰذا عَلٰى التَّغْلِيْظِ والتَّشْدِيْدِ، وَلَا رُخْصَةَ لِأَحدٍ في تَرْكِ الْجَمَاعَةِ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ. قال مُجاهدٌ، وسُئِلَ ابنُ عَبَّاسٍ عن رَجُلٍ يَصُوْمُ النَّهارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ لَا يَشْهَدُ جُمْعَةً وَلَا جَمَاعَةً؟ فقال: هُوَ في النَّارِ؛ حدثنا بِذلِكَ هَنَّادٌ نا المُحَارِبِيُّ عن لَيْثٍ عن مُجاهدٍ.

ومَعْنَى الحَديثِ: أَن لَايَشْهَدَ الجمَاعَةَ وَالْجُمُعَةَ رَغْبَةً عَنْهَا، واسْتِخْفَافًا بِحَقِّهَا، وتَهَاوُنًا بِهَا.

لغات: لَقَد میں لام توطئہ للقسم ہے جو قسم کی تمہید میں آتا ہے، اور قد ماضی پر تحقیق کے لئے آتا ہے دونوں کا

(۱) والأصل: أن الخِتَانَ سنةٌ، كما جاء في الخبر، وهو من شعائر الإسلام وخصائصه، فلو اجتمع أهل بلدة على تركه حاربهم الإمام، فلا يُترك إلا لعذر (درمختار ۵:۵۳۰)

ترجمہ ہے "بخدا واقعہ یہ ہے" ——— فِتْیَۃٌ: فَتَی کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: نوجوان اور عرفی معنی ہیں: خدام ——— حُزَم جمع ہے، اس کا مفرد حُزْمَۃٌ ہے لکڑی وغیرہ کا گٹھر ——— حَطَب: ایندھن، اس کی جمع اَحْطَاب ہے۔

ترجمہ: اور متعدد صحابہ سے مروی ہے: انھوں نے کہا: جس نے اذان سنی (یعنی جس کا گھر مسجد سے قریب ہے اور اذان کی آواز اس کے گھر تک پہنچتی ہے) اور اس نے جواب نہیں دیا (یعنی مسجد میں نہیں گیا، گھر ہی میں نماز پڑھ لی) تو اس کی نماز نہیں ہوئی۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ قول وعید کا ہے (تغلیظ وتشدید مترادف لفظ ہیں دونوں کے معنی ہیں وعید) مگر ترکِ جماعت کی اجازت کسی کے لئے نہیں بجز معذور کے۔

اور مجاہدؒ کہتے ہیں: ابن عباسؓ سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات میں نماز پڑھتا ہے (مگر وہ) جمعہ اور جماعت میں حاضر نہیں ہوتا تو انھوں نے جواب دیا: وہ جہنم میں جائے گا۔ اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس قول کی ابتدائی سند لکھی ہے، اور حدیث (ابن عباسؓ کے قول) کا مطلب یہ ہے کہ جمعہ اور جماعت میں حاضر نہیں ہوتا ان سے اعراض کرتے ہوئے، اور ان کے حق کو ہلکا سمجھتے ہوئے اور ان کو ہیچ سمجھتے ہوئے (تھاونا بھا: استخفافا بحقھا کی تفسیر ہے۔ اور صحیح بحقھا ہے ہمارے نسخوں میں جو لحقھا ہے وہ صحیح نہیں)

فائدہ: اعذار کی بناء پر جماعت سے پیچھے رہنا اور تنہا نماز پڑھنا جائز ہے اور ایسے اعذار اکیس ہیں، تفصیل درمختار (۲۹۲:۲ باب الامامۃ، مطبع زکریا) میں ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الرَّجُلِ یُصَلِّی وَحْدَهُ ثُمَّ یُدْرِكُ الجَمَاعَةَ

تنہا نماز پڑھنے کے بعد جماعت پائے تو کیا حکم ہے؟

مذاہبِ فقہاء: اگر کوئی شخص تنہا نماز پڑھ لے پھر جماعت کو پائے تو اس کو جماعت میں شریک ہوجانا چاہئے، اس کی پہلی نماز فرض ہوگی اور یہ جماعت کے ساتھ پڑھی ہوئی نماز نفل ہوگی۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، مگر کن نمازوں میں شریک ہونا چاہئے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک پانچوں نمازوں میں شریک ہونا چاہئے۔ اس کے حق میں فجر اور عصر کے بعد نفل ممنوع نہیں۔ مگر امام مالکؒ نے مغرب کو مستثنیٰ کیا ہے، اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مغرب میں بھی شریک ہوجائے اور امام کے سلام کے بعد مزید ایک رکعت پڑھ لے تاکہ اس کا نفل شفعہ (دوگانہ) ہوجائے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف ظہر اور عشاء میں شریک ہوگا، بقیہ نمازوں میں شریک نہیں ہوگا کیونکہ عصر اور فجر کے بعد نفل ممنوع ہیں، اور مغرب طاق نماز ہے جبکہ کوئی نفل طاق نہیں ہوتا اور اس کو شفعہ بنانے کے لئے امام کے سلام کے بعد مزید ایک رکعت ملانا امام کی مخالفت ہے۔ اس لئے مغرب میں بھی شریک نہیں ہوگا۔

دلائل: احناف کی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "جب

تو اپنے ڈیرے میں نماز پڑھ لے پھر جماعت کو پائے تو اس میں شامل ہو جا سوائے فجر اور مغرب کے'' ــــــ اور جو حکم فجر کا ہے وہی عصر کا بھی ہے۔ یہ حدیث حاشیہ میں نقل کی ہے اور اس کی سند اچھی ہے (دار قطنی ۱:۴۱۶)

اور ائمہ ثلاثہ کا استدلال باب کی حدیث سے ہے۔

حدیث: یزید بن الاسود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے حج کے موقع پر منی کی مسجد خفیف میں یہ واقعہ پیش آیا کہ جب آپؐ فجر کی نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو دیکھا کہ پیچھے دو آدمی علحدہ بیٹھے ہیں آپؐ نے ان کو طلب فرمایا۔ وہ دونوں ڈرے سہمے آئے، آپؐ نے پوچھا: ''تم دونوں نماز میں کیوں شریک نہیں ہوئے؟'' انھوں نے عرض کیا: ہم اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ کر آئے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''پھر بھی ایسا مت کرو، جب تم دونوں اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ لو پھر ایسی مسجد میں آؤ جہاں جماعت ہو رہی ہے تو لوگوں کے ساتھ بھی نماز پڑھ لو، پس وہ یعنی مسجد میں پڑھی ہوئی نماز تمہارے لئے نفل ہے'' ــــــ ائمہ ثلاثہ کا استدلال اس حدیث سے واضح ہے کیونکہ یہ واقعہ فجر کا ہے اور نبی ﷺ نے فجر میں جماعت میں شریک ہونے کا حکم دیا ہے پس عصر کو اس پر قیاس کریں گے کیونکہ دونوں کا حکم ایک ہے۔ رہی مغرب کی نماز تو اس کو فجر کے ساتھ لاحق کیا جائے یا نہ کیا جائے؟ اس میں ان حضرات میں اختلاف ہو گیا ہے، امام مالک رحمہ اللہ لاحق نہیں کرتے، اور امام شافعی رحمہ اللہ لاحق کرتے ہیں۔

حدیثِ باب کی توجیہ: احناف نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے کیونکہ جن روایتوں میں بعد العصر اور بعد الفجر نفل کی ممانعت آئی ہے وہ متواتر ہیں اس لئے ان کا لحاظ ضروری ہے۔ اور حدیثِ باب کی یہ توجیہ کی ہے کہ یہ حدیث اس صورت کے لئے ہے جبکہ امیر کے عقاب کا اندیشہ ہو، ایسی صورت میں پانچوں نمازوں میں شریک ہو جانا چاہئے۔ رہی یہ بات کہ عصر اور فجر کے بعد نوافل ممنوع ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ: إذا ابْتُلِیَ بِبَلِیَّتَیْنِ فَلْیَخْتَرْ أَهْوَ نَهُمَا یعنی جب دو مصیبتیں درپیش ہوں تو ہلکی مصیبت کو اختیار کر لینا چاہئے۔ اور یہاں ہلکی آفت: کراہیت کا ارتکاب ہے، اور مغرب میں امام کے ساتھ سلام پھیر دے دو نفل ہو جائیں گی اور ایک بیکار جائے گی۔ اور جہاں ایسا کوئی اندیشہ نہ ہو وہاں مسئلہ وہ ہے جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں آیا ہے۔ واللہ اعلم

[۵۰] باب ماجاء فی الرجل یصلی وحدَه ثم یُدْرِكُ الجماعة

[۲۱۴-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا هُشَیْمٌ، نا یَعْلَی بنُ عَطَاءٍ، نا جَابِرُ بنُ یَزِیْدَ بنِ الْأَسْوَدِ، عن أبیه، قال: شَهِدتُّ مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم حَجَّتَهُ، فَصَلَّیْتُ مَعَهُ صَلَاةَ الصُّبْحِ فِی مَسْجِدِ الْخَیْفِ، فَلَمَّا قَضَی صَلَا تَهُ انْحَرَفَ، فإِذَا هُوَ بِرَجُلَیْنِ فی أُخْرَی الْقَوْمِ، لَمْ یُصَلِّیَا مَعَهُ، فَقَالَ: عَلَیَّ بِهِمَا، فَجِیْئَ بِهِمَا تَرْعُدُ فَرَائِصُهُمَا، فَقَالَ: '' مَا مَنَعَکُمَا أَنْ تُصَلِّیَا مَعَنَا؟'' فَقَالَا: یارسولَ الله! إِنَّا کُنَّا قد

صَلَّيْنَا فی رِحَالِنَا، فقال: " فَلاَ تَفْعلاَ، إِذَا صَلَّيْتُمَا فِی رِحَالِكُمَا ثم أَتَيْتُمَا مَسْجِدَ جَماعَةٍ فَصَلِّيَا مَعَهُمْ، فَإِنَّهَا لَكُمَا نَافِلَةٌ"

وفی الباب: عن مِحْجَنٍ، ويزِيْدَ بنِ عَامِرٍ. قال أبو عيسیٰ: حديثُ يَزِيدَ بنِ الأَسْوَدِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وهو قَولُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ وبه يَقولُ سفيانُ الثوریُّ والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ، قالوا: إِذَا صَلَّی الرَّجُلُ وَحْدَهُ ثُمَّ أَدْرَكَ الجماعَةَ فَإِنَّهُ يُعِيْدُ الصَّلَوَاتِ كُلَّهَا فی الْجَمَاعَةِ؛ وإذا صَلَّی الرَّجُلُ المغربَ وَحْدَهُ، ثم أَدْرَكَ الجَمَاعَةَ، قَالُوْا: فَإِنَّهُ يُصَلِّيْهَا مَعَهُمْ، ويَشْفَعُ بِرَكْعَةٍ، وَالَّتِی صَلَّی وَحدَه هِیَ المَكْتُوْبَةُ عِندَهُم.

ترجمہ: یزید بن الاسودؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ آپؐ کے حج میں حاضر ہوا، پس میں نے آپؐ کے ساتھ مسجدِ خیف میں فجر کی نماز پڑھی، جب آپؐ نے نماز مکمل کی تو آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، اچانک آپؐ نے لوگوں کے پیچھے دو آدمیوں کو علحدہ بیٹھا ہوا دیکھا۔ جنھوں نے آپؐ کے ساتھ نماز نہیں پڑھی تھی۔ آپؐ نے فرمایا: ان دونوں کو میرے پاس لاؤ۔ چنانچہ ان دونوں کو لایا گیا، درانحالیکہ ان کے شانے کا گوشت کپکپا رہا تھا (یہ محاورہ ہے اس میں شانے کے گوشت کا کپکپانا ضروری نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ڈرے سہمے ہوئے تھے) آپؐ نے فرمایا: تم دونوں نے ہمارے ساتھ نماز کیوں نہیں پڑھی؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نے اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ لی تھی، آپؐ نے فرمایا: "پھر بھی ایسا مت کرو، جب تم دونوں اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ لو، پھر ایسی مسجد میں آؤ جہاں جماعت ہو رہی ہے تو لوگوں کے ساتھ بھی نماز پڑھ لو، پس وہ یعنی مسجد میں پڑھی ہوئی نماز تمہارے لئے نفل ہے"

اور یہ متعدد علماء کا قول ہے۔ جیسے ثوری، شافعی، امام احمد اور امام اسحاق رحمہم اللہ۔ وہ کہتے ہیں: جب آدمی تنہا نماز پڑھ لے، پھر جماعت کو پائے تو وہ تمام نمازوں کو جماعت کے ساتھ دوبارہ پڑھے، اور جب مغرب کی نماز تنہا پڑھ لے، پھر جماعت پائے تو یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس کو بھی لوگوں کے ساتھ پڑھے، اور ایک رکعت کے ذریعہ اس کو شفعہ بنالے، اور جو نماز اس نے تنہا پڑھی ہے وہی ان کے نزدیک فرض ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الجَمَاعَةِ فی مَسْجِدٍ قَد صُلِّیَ فِيْهِ

مسجد میں جماعتِ ثانیہ کا حکم

مذاہبِ فقہاء: جمہور کے نزدیک مسجد میں جماعتِ ثانیہ کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے۔ وہ مسجد میں بار بار جماعت کرنے کی اجازت دیتے ہیں —— امام احمدؒ نے باب کی حدیث سے

استدلال کیا ہے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ نماز سے فارغ ہوکر اپنے اصحاب کے ساتھ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے کہ ایک صاحب داخل ہوئے، جنھوں نے نماز نہیں پڑھی تھی، جب انھوں نے نماز پڑھنے کا ارادہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے حاضرین سے فرمایا: تم میں سے کون ان کے ساتھ تجارت کرے گا (تجارت میں بائع اور مشتری دونوں کا نفع ہوتا ہے۔ یہاں آنے والے کا نفع یہ ہے کہ اس کو جماعت کا ثواب مل جائے گا، اور جو اس کے ساتھ جماعت میں شامل ہوگا اس کا نفع یہ ہے کہ اس کو نفل کا ثواب ملے گا) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور دونوں نے با جماعت نماز پڑھی ——— امام احمد رحمہ اللہ نے اس واقعہ سے جماعتِ ثانیہ کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ نیز امام احمدؒ کی دلیل حضرت انس رضی اللہ عنہ کا واقعہ بھی ہے جو بخاری میں تعلیقاً مذکور ہے: وہ اپنے اصحاب کے ساتھ ایک ایسی مسجد میں پہنچے جہاں جماعت ہو چکی تھی۔ انھوں نے اذان واقامت کہی، پھر با جماعت نماز پڑھی۔ (بخاری، مصری ۲: ۱۳۰ باب فضلُ صلاۃِ الجماعۃ)

اور امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل عقلی یہ ہے کہ مساجد با جماعت نماز پڑھنے ہی کے لئے بنائی جاتی ہیں، پس ان میں بار بار جماعت کرنے کی گنجائش ہے۔

اور جمہور کے دلائل یہ ہیں:

پہلی دلیل: وہ حدیث ہے جو پہلے گذر چکی ہے کہ نبی ﷺ نے جماعت سے پیچھے رہ جانے والوں کو جلا دینے کا ارادہ کیا، اگر مکرر جماعت کی گنجائش ہوتی تو پیچھے رہ جانے والوں کے پاس معقول عذر ہوتا کہ ہم دوسری تیسری جماعت میں شریک ہو جائیں گے۔ پس ان کو سزا دینے کا کوئی جواز نہیں۔ یہ بات تو اسی صورت میں معقول ہے جبکہ جماعت ثانیہ کا جواز نہ ہو۔

دوسری دلیل: ایک مرتبہ نبی ﷺ مدینہ میں کسی جگہ تشریف لے گئے، آپؐ کے لوٹنے میں دیر ہوگئی جب آپ واپس لوٹے تو جماعت ہو چکی تھی، آپؐ نے گھر کی عورتوں کو جمع کیا اور با جماعت نماز پڑھی (مجمع الزوائد ۲: ۴۵، ورجالہُ ثقات) اگر جماعت ثانیہ جائز ہوتی تو آپؐ مسجد نبوی کی فضیلت نہ چھوڑتے۔ آپ کا گھر میں نماز پڑھنا جماعت ثانیہ کی کراہیت کی کھلی دلیل ہے۔

تیسری دلیل: مسجد نبوی میں جماعتِ ثانیہ کا کوئی واقعہ رسول اللہ ﷺ کی پوری دس سالہ زندگی میں پیش نہیں آیا، حالانکہ اس عرصہ میں یقیناً سیکڑوں مسلمان جماعت سے پیچھے رہے ہونگے گویا جماعتِ ثانیہ کے نہ ہونے پر مواظبتِ تامہ ہے، اور مواظبتِ تامہ سے جس طرح جانبِ فعل میں وجوب ثابت ہوتا ہے جانبِ ترک میں کراہت تحریمی ثابت ہوتی ہے۔

اور حدیثِ باب میں جو واقعہ ہے اس کا جماعتِ ثانیہ سے سرے سے کوئی تعلق نہیں، کیونکہ عرف میں جماعتِ ثانیہ اس جماعت کو کہتے ہیں جس میں امام اور مقتدی سب فرض پڑھنے والے ہوں، اور مذکورہ واقعہ میں مقتدی متنفل ہے، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جو جماعتِ ثانیہ کی ہے تو ممکن ہے وہ مسجد طریق ہو اور مسجد طریق میں سب کے نزدیک جماعتِ ثانیہ جائز ہے، اور اس تخصیص کی پہلی دلیل یہ ہے کہ خود حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ بات مروی ہے کہ جب صحابہ کی جماعت فوت ہوجاتی تھی تو وہ تنہا نماز پڑھتے تھے۔ یہ قول جماعتِ ثانیہ کی نفی پر صریح دلیل ہے (فتح ۱۰۹:۲) دوسری دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے اذان واقامت کے ساتھ باجماعت نماز پڑھی ہے، جبکہ بار بار اذان کا محلّہ کی مسجد میں کوئی بھی قائل نہیں۔ پس لامحالہ وہ مسجد طریق کا واقعہ ہے۔

فائدہ: حدیثِ باب سے ضمناً یہ مسئلہ بھی نکلتا ہے کہ مفترض کی نماز متنفل کے پیچھے صحیح نہیں، ورنہ مذکورہ واقعہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ امام بنتے، اور آنے والے صحابی مقتدی بنتے، کیونکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ افضل تھے اور افضل امامت کا زیادہ حقدار ہوتا ہے جیسا کہ آگے آئے گا۔

[۵۱] بابُ مَاجاءَ فی الجَمَاعَةِ فی مَسْجِدٍ قَد صُلِّیَ فیه مَرَّةً

[۲۱۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن سَعِیدِ بنِ أبی عَرُوْبَةَ، عن سُلَیْمَانَ النَّاجِیِّ، عن أبی الْمُتَوَکِّلِ، عن أبی سعیدٍ، قال: جاءَ رَجُلٌ وقَد صَلَّی رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم فقال: "أَیُّکُمْ یَتَّجِرُ عَلٰی هٰذا؟" فَقَامَ رَجُلٌ وَصَلَّی مَعَهُ.

وفی الباب: عن أبی أُمَامَةَ، وأبی مُوسی، والحَکَمِ بنِ عُمَیْرٍ.

قال أبو عیسی: وحدیثُ أبی سعیدٍ حدیثٌ حسنٌ. هو قَوْلُ غَیْرِ واحدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَیْرِ هِمْ مِنَ التابعینَ، قالوا: لَابأسَ أَن یُصَلِّیَ القَوْمُ جَمَاعَةً فِیْ مَسجِدٍ قد صُلِّیَ فِیهِ، وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ؛ وقال آخَرُوْنَ مِن أهلِ العلمِ: یُصَلُّوْنَ فُرَادَی، وبه یَقولُ سفیانُ، وابنُ المبارکِ، ومالکٌ، والشافعیُّ: یَخْتَارُوْنَ الصَّلَاةَ فُرَادَی.

ترجمہ: صحابہ اور تابعین میں سے متعدد اہل علم کہتے ہیں کہ ایسی مسجد میں باجماعت نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں جس میں ایک مرتبہ نماز ہوچکی ہو۔ امام احمد واسحاق رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں، اور علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ وہ تنہا تنہا نماز پڑھیں۔ سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی اور امام مالک رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں۔ یہ لوگ تنہا تنہا نماز پڑھنے کو پسند کرتے ہیں (اور یَتَّجِرُ: تجارۃ سے باب افتعال ہے، اِتَّجَرَ یَتَّجِرُ اتِّجارًا کے معنی ہیں: تجارت کرنا۔ یہ لفظ أجر سے نہیں ہے، کیونکہ اس کا ہمزہ اصلی ہے، اس کا ادغام نہیں ہوسکتا)

بابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ العِشَاءِ والفَجْرِ فی جَمَاعَۃٍ

عشاءاور فجر کی نماز باجماعت پڑھنے کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوشخص عشاء کی نماز میں جماعت میں شریک ہوا اس کو آدھی رات نفلیں پڑھنے کا ثواب ملے گا، اور جوشخص عشاء اور فجر دونوں نمازوں میں جماعت میں شریک ہوا اس کو پوری رات نفلیں پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

تشریح: اس حدیث میں عشاء اور فجر کے فضلی (انعامی) ثواب کو تہجد کے اصلی ثواب کے برابر قرار دیا گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تہجد کی حاجت نہیں، اس کی اہمیت اپنی جگہ برقرار ہے اس لئے کہ تہجد کا اصلی اور فضلی ثواب مل کر اس سے کہیں زیادہ ہیں۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ ثواب کی دو قسمیں ہیں: اصلی اور فضلی یعنی انعامی ـــــــ اس کو ایک مثال سے سمجھئے، بخاری شریف کا ختم پڑھا گیا ہر طالب عالم کو پانچ لڈو ملے، اور تین طالب علموں نے مٹھائی تقسیم کرنے کا کام انجام دیا، آخر میں استاذ نے ان تینوں طالب علموں کو پندرہ پندرہ لڈو دیئے، ان میں پانچ اصلی ہیں، اور باقی دس فضلی یعنی انعامی ہیں، اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ عمل کا ایک اصلی ثواب ہے اور ایک فضلی، اور مقابلہ کی صورت میں ایک کا اصلی ثواب لیا جائے گا اور دوسرے کا فضلی۔ اصلی ثواب کا اصلی ثواب سے اور فضلی ثواب کا فضلی ثواب سے مقابلہ نہیں کیا جائے گا۔ یہاں بھی عشاء اور فجر باجماعت پڑھنے کے ثواب کا تہجد کے ثواب سے جو مقابلہ ہے تو اس میں عشاء اور فجر کا تو فضلی ثواب لیں گے اور تہجد کا اصلی۔ یعنی عشاء اور فجر کا انعامی ثواب تہجد کے اصلی ثواب کے برابر ہے، مگر تہجد پڑھنے والے کو تہجد کے اصلی اور فضلی دونوں ثواب ملتے ہیں۔ پس وہ عشاء اور فجر باجماعت پڑھنے والے کے ثواب سے کہیں زیادہ ہوجائیں گے، اس لئے تہجد تو بہر حال پڑھنا ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے: سورۂ اخلاص پڑھنے کا ثواب ثلثِ قرآن کے برابر ہے، یہاں بھی سورۂ اخلاص کا فضلی اور قرآن کا اصلی ثواب لیا جائے گا، یعنی سورۂ اخلاص کا فضلی ثواب تہائی قرآن کے اصلی ثواب کے برابر ہے، مگر جوشخص تہائی قرآن پڑھے گا اس کے پاس اصلی اور فضلی دونوں ثواب اکٹھا ہونگے جو اس فضلی ثواب سے کہیں زیادہ ہونگے، اس لئے صرف سورۂ اخلاص پڑھنے پر اکتفا نہیں کرنا چاہئے، بلکہ سارا قرآن پڑھنا چاہئے۔

غرض یہ قاعدہ کلیہ ہے تمام وہ حدیثیں جن میں ثواب کا ثواب سے تقابل کیا گیا ہے ان میں اصلی اور فضلی کا اعتبار ہوگا، اصلی کا اصلی سے اور فضلی کا فضلی سے تقابل نہیں ہوگا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز (باجماعت) پڑھی، پس وہ اللہ کی ذمہ داری میں

ہے لہٰذا اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی نہ کرو، یعنی ایسے بندے کو مت ستاؤ، اگر ستاؤ گے تو اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی ہوگی اور جو اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ اندازی کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ معاف نہیں کریں گے (اس حدیث میں کبری محذوف ہے)

تشریح: اس حدیث میں اگرچہ جماعت کی قید نہیں ہے مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث اس باب میں ذکر کرکے اس کو مقید کر دیا ہے۔ یعنی یہ فضیلت فجر کی نماز باجماعت پڑھنے والے کے لئے ہے، کیونکہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا ہی اداء کامل ہے، اور یہ ثواب کامل نماز ادا کرنے کا ہے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تاریکیوں میں مسجدوں کی طرف بہت زیادہ آنے جانے والوں کو قیامت کے دن پوری روشنی کی خوشخبری سنادو۔

تشریح: یہ حدیث اسماعیل الکحّال کی وجہ سے ضعیف ہے، اور حدیث میں مراد عشاء اور فجر کی نمازیں ہیں، عشاء میں جانا اور آنا دونوں تاریکی میں ہوتے ہیں، اور فجر میں جانا تاریکی میں ہوتا ہے، اور ظُلَم جمع اس لئے لائی گئی ہے کہ تاریکیاں متعدد ہوسکتی ہیں، رات کی تاریکی چاندنی راتیں نہ ہوں تو اس کی تاریکی، بادل ہوں تو اس کی تاریکی، لائٹ نہ ہو تو اس کی تاریکی، غرض تاریکیاں ہی تاریکیاں ہوں پھر بھی مسجد میں جا کر نماز پڑھے تو اس کو قیامت کے دن بارگاہِ مقدس سے خاص نور عطا ہوگا، کیونکہ ثواب جنسِ عمل سے ہوتا ہے اور ضد بھی ایک جنس ہے، اسی وجہ سے کہا جاتا ہے: **تُعرف الأشياءُ بأضدادها**۔

[۵۲] بابُ مَاجَاء فى فضل العشاء والفجر فى جماعة

[۲۱۶-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا بِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، نا سُفيانُ، عن عُثمانَ بنِ حَكيمٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى عَمْرَةَ، عن عُثمانَ بنِ عَفَّانَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ شَهِدَ العِشَاءَ فى جَمَاعَةٍ، كَانَ لَهُ قِيَامُ نِصْفِ لَيْلَةٍ، وَمَن صَلَّى العِشَاءَ وَالفَجْرَ فى جماعةٍ كَانَ لَهُ كَقِيَامِ لَيْلَةٍ''

وفى الباب: عن ابنِ عُمرَ، وأبى هريرةَ، وأنسٍ، وعُمَارَةَ بنِ رُوَيْبَةَ، وجُنْدُبٍ، وأُبيِّ بنِ كعبٍ، وأبى مُوسى، وبُرَيْدَةَ.

[۲۱۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نايَزيدُ بنُ هَارونَ، نَا دَاوُدُ بنُ أبى هِندٍ، عن الحَسَنِ، عن جُنْدُبِ بنِ سُفيانَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: '' مَنْ صَلَّى الصُبْحَ فَهُوَ فى ذِمَّةِ اللّٰهِ فَلاَ تُخفِرُوْا اللّٰهَ فى ذِمَّتِهِ''

قال أبو عيسى: حديثُ عثمانَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وقد رُوِىَ هٰذا الحديثُ عن عَبدِ الرحمنِ بنِ أبى عَمْرَةَ، عن عُثمانَ مَوْقُوْفًا؛ ورُوِىَ مِن غَيرِ وَجْهٍ عَن عُثمَانَ مَرْفُوْعًا.

[۲۱۸-] حدثنا عَبَّاسُ العَنْبَرِيُّ نا يَحيىَ بنُ كَثِيْرٍ أبو غَسَّانَ العَنْبَرِيُّ عن إسماعيلَ الكَحَّالِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ أَوْسٍ الخُزَاعِيِّ، عن بُرَيْدَةَ الأَسْلَمِيِّ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: ”بَشِّرِ المَشَّائِيْنَ فِى الظُّلَمِ إِلَى المَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ“

هٰذا حديثٌ غريبٌ.

ترجمہ: واضح ہے۔ اور آخری حدیث غریب اس لئے ہے کہ اس کے راوی صرف اسماعیل کحال ہیں اور وہ کچھ زیادہ اچھے راوی نہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی فَضْلِ الصَّفِّ الأَوَّلِ

پہلی صف کا ثواب

صفوں میں افضل پہلی صف ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے پہلی صف والوں کے لئے خاص طور پر بخشش کی دعا فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ صف اول کے لوگوں پر اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے اور فرشتے ان کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۰۹۵) اور اس فضیلت کا اصل مصداق وہ مسجدیں ہیں جہاں متعدد صفیں ہوتی ہوں، اور وہ مسجدیں جن میں ایک ہی صف ہوتی ہے وہ بھی ثواب سے محروم نہیں کیونکہ مئے خانہ کا محروم بھی محروم نہیں! اور یہ فضیلت اس لئے ہے تاکہ لوگ جلدی مسجد میں آئیں۔

یہاں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ معزز مہمان کے لئے صف اول میں جگہ متعین کی جاسکتی ہے، وائل بن حجر رضی اللہ عنہ جب مدینہ آئے ہیں تو نبی ﷺ نے مسجد نبوی میں ٹھیک اپنے پیچھے ان کے لئے جگہ متعین کی تھی۔ ایک حدیث میں وہ خود کہتے ہیں کہ میں نے آپؐ کی آمین سنی درانحالیکہ میں آپؐ کے پیچھے کھڑا تھا۔ اسی طرح اولیاء اور اکابر علماء کے لئے صف اول میں جگہ چھوڑنا بھی جائز ہے۔ صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین شیخین رضی اللہ عنہما کے لئے صف اول میں ٹھیک نبی ﷺ کے پیچھے جگہ چھوڑتے تھے۔ معارف السنن (۲: ۳۰۳) میں حضرت ابوبکرؓ کے تعلق سے اس کی صراحت ہے، اور بیہقی (۳: ۱۰۴) میں ہے: هكذا كان أبو بكر وعمر خلف النبی صلى الله عليه وسلم یہ حضرات بھی صف اول کے ثواب سے بہرہ ور ہونگے خواہ پہلے آئیں یا بعد میں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مردوں کی صفوں میں سب سے اچھی پہلی صف ہے، اور سب سے بری

آخری صف ہے، اور عورتوں کی صفوں میں سب سے اچھی آخری صف ہے، اور سب سے بری پہلی صف ہے۔

تشریح: نبی ﷺ کا یہ ارشاد مردوں اور عورتوں کے اتصال کی بنیاد پر ہے، مردوں کی صفوں میں جو لوگ بالکل آگے ہونگے ان کا عورتوں سے اتصال کم ہوگا، یہی خیریت ہے۔ اور پچھلی صف والوں کا عورتوں سے اتصال زیادہ ہوگا یہی اس کی برائی ہے۔ اسی طرح عورتوں کی جو صف بالکل آخر میں ہے اس کا مردوں سے اتصال کم ہوگا اس لئے وہ اچھی صف ہے، اور عورتوں کی پہلی صف کا مردوں سے اتصال زیادہ ہوگا، یہی اس کی برائی ہے۔

اس کی نظیر: فقہ میں مسئلہ ہے کہ نماز جنازہ میں آخری صف افضل ہے۔ اس کی دو بنیادیں ہیں: ایک یہ کہ لوگ پیچھے ہٹیں تاکہ نماز جنازہ میں کم از کم تین صفیں بنیں۔ دوسری وجہ: یہ ہے کہ نماز جنازہ میں مورتی پوجا کے ساتھ مشابہت ہے۔ پس جو لوگ سب سے پیچھے ہونگے وہ اس مشابہت سے دور ہونگے، اس لئے آخری صف افضل ہے۔

صف اول کی خیریت کی دوسری وجہ مسارعت الی الخیر ہے، جو جلدی آئے گا اسی کو صفِ اول میں جگہ ملے گی اور آخری صف کی برائی کی وجہ سستی اور کاہلی ہے۔ ایسے ہی لوگ سب کے بعد آتے ہیں۔ یہ وجہ عام ہے خواہ مسجد میں عورتیں ہوں یا نہ ہوں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے ایک دفعہ دعا فرمائی: اے اللہ! پہلی صف والوں کی بخشش فرما، لوگوں نے عرض کیا: وعلی الثانی یارسول اللہ! اے اللہ کے رسول! دعا میں دوسری صف کو بھی شامل فرمایئے، آپؐ نے پھر فرمایا: اے اللہ! پہلی صف والوں کی بخشش فرما، لوگوں نے پھر عرض کیا کہ دوسری صف کے لئے بھی دعا فرمائیں۔ تیسری مرتبہ آپؐ نے دوسری صف کو بھی دعا میں شامل کیا اور فرمایا: اے اللہ! پہلی صف اور دوسری صف والوں کی مغفرت فرما، یعنی صف اول کے لئے تین بار اور صف ثانی کے لئے ایک بار دعا کی۔

تشریح: غالباً نبی ﷺ نے یہ دعا کسی نماز کے بعد کی ہے، اور اس موقع پر مسجد میں دو ہی صفیں ہونگی۔ اگر تیسری صف ہوتی تو وہ بھی عرض کرتے۔ اور ایک حدیث میں وعلی الثالث بھی آیا ہے۔ اس موقع پر تین صفیں ہونگی۔

فائدہ: اس حدیث سے نماز کے بعد اجتماعی دعا کا جواز نکلتا ہے۔ گاہے گاہے رسول اللہ ﷺ سے نمازوں کے بعد اجتماعی دعا کرنا ثابت ہے۔ اگرچہ آپؐ نے اس پر مواظبت نہیں فرمائی، تفصیل آگے آئے گی۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر لوگ اذان دینے کا اور صف اول میں نماز پڑھنے کا ثواب جان لیں تو وہ ان دونوں کے لئے جھگڑا کریں، اور جھگڑا نمٹانے کے لئے ان کو قرعہ اندازی کرنی پڑے تو ضرور قرعہ اندازی کریں۔

تشریح: علم کے تین درجے ہیں: سب سے نیچے علم الیقین ہے یعنی بات کا یقین کر لینا، پھر عین الیقین ہے یعنی آنکھ سے دیکھ لینا۔ پھر حق الیقین ہے یعنی دل کا بات کو قبول کر لینا۔ یہاں ''جان لیں'' سے مراد عین الیقین یا حق الیقین ہے۔ کیونکہ علم الیقین تو ہر مسلمان کو حاصل ہے کہ اذان اور صف اول کا ثواب بہت ہے۔

[۵۳] بابُ مَاجَاءَ فِي فضلِ الصَّفِّ الأَوَّلِ

[۲۱۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ العَزيزِ بنُ مُحمدٍ، عن سُهَيْلِ بنِ أبي صالحٍ، عن أبيه، عن أبي هُريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "خَيْرُ صُفُوْفِ الرِّجَالِ أَوَّلُها، وشَرُّهَا آخِرُهَا، وخَيْرُ صُفُوْفِ النِّسَاءِ آخِرُهَا، وَشَرُّهَا أَوَّلُهَا"

وفي الباب: عن جابرٍ، وابنِ عباسٍ، وأبي سعيدٍ، وأُبيٍّ، وعائشةَ، والعِربَاضِ بنِ سَارِيَةَ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۲۰-] وقد رُوِيَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كَانَ يَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الأَوَّلِ ثَلاَثًا، ولِلثَّانِي مَرَّةً.

[۲۲۱-] وقال النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ أَنَّ النَّاسَ يَعْلَمُوْنَ مَا فِي النِّدَاءِ والصَّفِّ الأَوَّلِ ثُمَّ لَمْ يَجِدُوْا إِلَّا أَنْ يَّسْتَهِمُوْ عَلَيْهِ لَاسْتَهَمُوْا؛ حدثنا بذٰلك إسحاقُ بنُ مُوسى الأنصاريُّ، نا مَعَنٌ، نا مالكٌ ح: وثنا قُتيبةُ، عن مالكٍ عن سُمَيٍّ عن أبي صالحٍ عن أبي هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسری حدیث کی سند نہیں لکھی، یہ حدیث حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے نسائی، احمد اور حاکم نے روایت کی ہے۔ اور تیسری حدیث کی سند بعد میں لکھی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِي إِقَامَةِ الصُّفُوْفِ

صفیں درست کرنے کا بیان

رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو صفیں سیدھی کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے۔ بلکہ ایک عرصہ تک آپ بذاتِ خود تیر کی لکڑی لے کر لوگوں کے سینوں پر رکھ کر صفیں درست فرماتے تھے۔ اور صفیں درست نہ کرنے پر سخت دھمکایا ہے۔ اور صفیں درست کرنے کا طریقہ بخاری شریف میں یہ مذکور ہے کہ قدم سے قدم اور کندھے سے کندھا ملا کر دیکھا جائے۔ (حدیث نمبر ۷۲۵، باب إلزاق المنكب) کندھے سے کندھا ملانا تو ظاہر ہے اور قدم سے قدم ملانا یہ ہے کہ لوگ اس طرح کھڑے ہوں کہ اگر ایک جانب سے لوگوں کے ٹخنوں میں سوئی داخل کی جائے تو سب ٹخنوں میں سے گذر جائے، یعنی تمام لوگوں کے ٹخنے ایک سیدھ میں آجائیں۔ غیر مقلدین نے اس حدیث کے غلط معنی لئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس حدیث میں نماز میں کھڑے ہونے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے۔ ان کے نزدیک نماز میں کھڑے ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر آدمی دوسرے کے قدم سے قدم ملائے، مگر یہ بات ممکن نہیں، چنانچہ وہ قدم سے قدم ملانے

کے بجائے چھوٹی انگلی کو چھوٹی انگلی سے ملاتے ہیں اور عجیب بے ڈھنگی ہیئت بناتے ہیں۔حالانکہ اس حدیث میں کھڑے ہونے کا طریقہ بیان نہیں کیا گیا، بلکہ صفیں سیدھی کرنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔اور یہ بات کہ اس حدیث میں صفیں سیدھی کرنے کا طریقہ مذکور ہے حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۲۱۱:۲) میں بیان کی ہے۔وہ فرماتے ہیں: المراد بذلك المبالغة فی تعدیل الصف وسدّ خلله اھ اور اس کا واضح قرینہ یہ ہے کہ صحابہ کا یہ عمل ایک حدیث کے بعد حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ذکر کیا ہے۔پوری حدیث اس طرح ہے قال النبی صلی اللہ علیه وسلم: ’’أقیموا صفوفَکم فإنی أراکم من وراء ظهری، وکان أحدنا یُلْزِقُ منکبه بمنکب صاحبه، وقدمَه بقدمه: یعنی ارشاد فرمایا: ’’اپنی صفیں سیدھی کرو، کیونکہ میں تمہیں پیٹھ پیچھے سے دیکھتا ہوں‘‘ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اور ہم میں سے ایک شخص اپنا مونڈھا اپنے ساتھی کے مونڈھے سے اور اپنا پیر اس کے پیر سے ملاتا تھا۔ ظاہر ہے مذکورہ حدیث کے بعد صحابہ کا یہ عمل اس ارشاد کی تعمیل ہی میں ہوسکتا ہے۔علاوہ ازیں قدم سے قدم ملا کر کھڑا ہونا ممکن ہی نہیں اور غیر مقلدین قدم سے قدم نہیں ملاتے بلکہ انگلیوں سے انگلیاں ملاتے ہیں۔حالانکہ حدیث میں انگلیاں ملانے کا تذکرہ نہیں ہے۔بلکہ قدم ملانے کی بات آئی ہے، اور قدم انگلیوں سے ایڑی تک کا پورا حصہ ہے۔صرف انگلیاں قدم (پیر) نہیں ہیں۔نیز یہ حدیث بھی نہیں ہے۔یہ تو صحابہ کا عمل ہے اور غیر مقلدین آثار صحابہ کو نہیں مانتے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے اس کی صراحت کی ہے۔

غرض صفیں سیدھی رکھنا ضروری ہے، اور صفیں سیدھی کرنے کی ذمہ داری امام کی ہے، اگر امام کی بے توجہی سے صفوں میں خرابی رہی تو قیامت کے دن وہ ماخوذ ہوگا۔خود نبی ﷺ اس کا پورا اہتمام کرتے تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں جب مسجد نبوی میں نمازی زیادہ ہوگئے اور تنہا امام کے بس میں صفیں سیدھی کرانا نہ رہا تو انھوں نے چند حضرات کو یہ ذمہ داری سونپی، وہ لوگ صفیں سیدھی کرتے تھے، پھر جب وہ صفیں درست ہونے کی اطلاع دیتے تھے تب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز شروع کرتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ تو لوگوں کا نام لے کر ان کو آگے پیچھے، دائیں بائیں ہونے کا حکم دیتے تھے۔معلوم ہوا کہ صفیں سیدھی کرنے کی ذمہ داری امام کی ہے۔

حدیث: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہماری صفوں کو اس قدر سیدھا کرتے تھے کہ ہم میں سے کوئی سوت برابر بھی آگے پیچھے نہیں رہتا تھا، ایک مدت تک کوشش کرنے کے بعد جب آپؐ کو اطمینان ہوگیا کہ اب لوگ صف سیدھی کرنے کا طریقہ سیکھ گئے ہیں تو آپؐ نے اہتمام چھوڑ دیا۔لوگ خود ہی صفیں سیدھی کرنے لگے، لیکن ایک دن اچانک آپؐ نے دیکھا کہ ایک شخص کا سینہ آگے نکلا ہوا ہے، تو آپؐ نے پُر جلال انداز میں فرمایا: ’’اللہ کے بندو! اپنی صفیں سیدھی کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کے درمیان اختلاف ڈال دیں گے۔یعنی صفیں سیدھی کرنے میں کوتاہی کروگے تو اللہ تعالیٰ اس کی سزا میں تمہارے درمیان اختلاف ڈال دیں گے۔

اورتمہاری وحدت پارہ پارہ ہوجائے گی۔

تشریح: صفوں کی درستی اور معاشرہ کی اجتماعیت کے درمیان، اسی طرح صفوں کی نادرستی اورلوگوں میں اختلاف کے درمیان کوئی جوڑ نظر نہیں آتا، مگر یہ بات مخبر صادق نے بیان کی ہے، اس لئے باون تولہ پاؤرتی ہے۔ اس میں ادنی شک کی گنجائش نہیں۔ اور جس کو یقین نہ آئے وہ تجربہ کرکے دیکھ لے، کھیڑ بکھیڑ صفیں بنا کر نماز پڑھنا شروع کرو، چند دنوں میں لوگوں کے چہرے ایک دوسرے سے پھر جائیں گے۔

فائدہ: صفوں کی درستی میں جس طرح اس کو بالکل سیدھا کرنا شامل ہے۔ تَرَاصّ (مل مل کر کھڑا ہونا) بھی ضروری ہے۔ لوگوں کو اس طرح مل مل کر کھڑا ہونا چاہئے کہ کوئی شخص ان کے درمیان سے ہاتھ نہ گذار سکے۔ حدیث میں تراص کا بھی حکم آیا ہے (بخاری حدیث ۷۱۹، باب إقبال الإمام على الناس)

[٥٤] بابُ مَاجَاء في إقامة الصفوف

[٢٢٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن النُّعمانِ بنِ بَشِيْرٍ، قال كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يُسَوِّيْ صُفُوْفَنَا، فَخَرَجَ يَوْمًا، فَرَأَى رَجُلاً خَارِجًا صَدْرُهُ عَنِ الْقَوْمِ، فَقَالَ: "لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ أَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ"

وفي الباب: عن جابرِ بنِ سَمُرةَ، والبراءِ، وجابرِ بنِ عبدِ الله، وأنسٍ، وأبي هريرةَ، وعائشةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ نعمانَ بنِ بَشيرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٣-] وقد رُوِيَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "مِن تَمَامِ الصَّلاَةِ إِقَامَةُ الصَّفِّ"

[٢٢٤-] ورُوِيَ عن عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يُوَكِّلُ رَجُلاً بِإِقَامَةِ الصُّفُوْفِ، وَلاَ يُكَبِّرُ حَتّٰى يُخْبَرَ أَنَّ الصُّفُوْفَ قَدِ اسْتَوَتْ.

[٢٢٥-] ورُوِيَ عن عليٍّ وعُثمانَ أَنَّهُمَا كَانَا يَتَعَاهَدَانِ ذٰلِكَ، ويَقُوْلاَنِ: اسْتَوُوْا، وكان عليٌّ يَقولُ: تَقَدَّمْ يا فُلاَنُ، تَأَخَّرْ يا فلانُ.

ترجمہ: (حدیث ۲۲۲) البتہ ضرور بالضرور تم اپنی صفوں کو درست کرو یا البتہ ضرور بالضرور اللہ تعالیٰ تمہاری ذوات کے درمیان اختلاف پیدا کردیں گے۔ یعنی صفیں سیدھی رکھو ورنہ آپس میں لڑ مروگے۔

(حدیث ۲۲۳) اور رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: نماز کی تکمیل میں سے صف کا درست کرنا ہے (یہ حدیث بخاری، نمبر ۷۲۳، باب إقامة الصف إلخ میں ہے)

(حدیث ۲۲۴) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ انھوں نے ایک آدمی کو صفیں درست کرنے پر

مقرر کر رکھا تھا، آپؐ نماز شروع نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ صفوں کی درستگی کی اطلاع دے دی جاتی (رواہ فی الموطا۲:۱۷۲)

(حدیث ۲۲۵) اور حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے بارے میں مروی ہے کہ یہ دونوں حضرات صفوں کی درستگی کا بہت اہتمام کیا کرتے تھے، اور نماز شروع کرنے سے پہلے کہتے تھے: ''صفیں درست کرلو'' اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نام لے کر کہتے تھے: ''او فلاں! آپ آگے بڑھیں اور او فلاں! آپ پیچھے ہٹیں'' اس طرح صفیں درست کراتے تھے (یہ روایت بھی موطا میں ہے)

بابُ مَاجَاءَ لِيَلِيَنِیْ مِنْكُمْ أُوْلُوْ الْأَحْلَامِ وَالنُّهٰی

امام کے قریب دانشمند اور سمجھدار لوگ کھڑے ہوں

لِيَلِيَنِیْ: امر غائب ہے، اس کے آخر سے حرف علت ساقط ہوجانا چاہئے تھا مگر وہ باقی ہے، اس سلسلہ میں تفصیلی بحث ''شواہد ابن مالک'' میں ہے، پھر وہاں سے تھوڑی تفصیل معارف السنن (۲:۳۰۳) میں بھی نقل کی گئی ہے۔ اور بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ استعمال بھی صحیح ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چاہئے کہ مجھ سے قریب کھڑے رہیں جو دانش منداور سمجھدار ہیں، پھر وہ لوگ جو اس وصف میں ان سے قریب ہیں، پھر وہ جو ان سے قریب ہیں اور صفوں میں آگے پیچھے نہ کھڑے ہوں، ورنہ تمہارے دلوں میں اختلاف پیدا ہوجائے گا اور بازاروں جیسے شور سے احتراز کریں۔

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں:

پہلا مضمون: چاہئے کہ مجھ سے قریب رہیں جو دانشمند اور سمجھدار ہیں۔ یعنی امام کے قریب دانشمندوں اور سمجھداروں کو کھڑا رہنا چاہئے أحلام: حُلْم (بضم الحاء) کی جمع ہے جس کے معنی ہیں بالغ، چونکہ عقل: بلوغ کے بعد پختہ ہوتی ہے اس لئے مراد عقلمند ہیں۔ اور نُهَی: نُهْيَةٌ کی جمع ہے اس سے مراد بھی عقل ہے۔ اور عقل کو نُهْيَةٌ اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ آدمی کو برے کاموں سے روکتی ہے۔

دورِ نبوی میں چونکہ بیشتر احکام عملِ نبوی سے اخذ کئے جاتے تھے اس لئے آپؐ کے اس ارشاد کا مقصد یہ تھا کہ سمجھدار صحابہ آپ کی نماز دیکھیں اور اس کو محفوظ کریں۔ حدیث ۲۲۷ میں اس کی صراحت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ علت تو اب ختم ہوچکی مگر کچھ اور حکمتیں باقی ہیں، مثلاً یہ حکمت کہ اگر استخلاف (خلیفہ بنانے) کی ضرورت پیش آئے گی تو مناسب آدمی مل سکے گا، یا نسیان وغیرہ کی صورت میں صحیح لقمہ دے سکے گا۔ اس لئے اب بھی دانشمند اور سمجھدار لوگوں کو امام سے متصل کھڑا رہنا چاہئے۔

دوسرا مضمون: صفوں میں آگے پیچھے کھڑے نہ ہوں، یعنی لوگ صفیں سیدھی رکھیں، اور مل مل کر کھڑے ہوں،

تفصیل اوپر گذر چکی۔

تیسرا مضمون: مسجد میں بازاروں جیسے شور سے احتراز کریں۔ھیشات: ھیشۃٌ کی جمع ہے۔اور یہ حکم اس لئے ہے کہ مسجد کا ماحول پرسکون رہے تاکہ جو لوگ نوافل یا تلاوت میں مشغول ہیں وہ سکون سے نماز پڑھ سکیں اور قرآن کریم میں غور وفکر کرسکیں۔ نیز اس حکم کے ذریعہ لوگوں کو مہذب اور شائستہ بنانا بھی مقصود ہے، سلیقہ مندی کی بات یہ ہے کہ اجتماعات اور پاک مقامات میں شور وشغب نہ کیا جائے، اور اس میں یہ ادب سکھانا بھی مقصود ہے کہ نمازیوں کو اللہ کے دربار میں اس طرح حاضر ہونا چاہئے جس طرح لوگ بادشاہوں کے دربار میں عرض ومعروض کے لئے جاتے ہیں، وہاں کوئی چوں نہیں کرتا۔اور اس میں مسجد کا احترام بھی ہے۔کیونکہ جس جگہ شور کیا جاتا ہے اس جگہ کا احترام دلوں سے نکل جاتا ہے۔

فائدہ: طلبہ کو بھی درسگاہوں میں پُر وقار اور سنجیدہ رہنا چاہئے ورنہ دلوں سے درسگاہ کا احترام نکل جائے گا، اور یہ بات حدیث شریف کے انوار سے محرومی کا باعث بنے گی۔

سوال: أولو الأحلام والنُهى کون لوگ ہیں؟ یعنی اس کی تعیین کس طرح کی جائے گی؟

جواب: اس کا فیصلہ لوگوں کا عمل کرے گا جو مسجد میں پہلے آتا ہے، صف اول کی اہمیت کو سمجھتا ہے، مسجد میں پرسکون رہتا ہے، اور اس کا مزاج دینی ہے: وہ سمجھدار اور کامل عقل والا ہے۔

[۵۵] بابُ مَاجَاءِ لِيَلِيْنِىْ منكم أولو الأحلام والنُّهٰى

[۲۲۶-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيِّ الجَهْضَمِيُّ، ثنا يَزِيدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا خَالِدُ الحَذَّاءُ، عن أبى مَعْشَرٍ، عن إبراهيمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال:" لِيَلِيْنِىْ مِنْكُمْ أُوْلُوْ الْأَحلامِ وَالنُّهٰى، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، وَلاَ تَخْتَلِفُوْا فَتَخْتَلِفَ قُلُوْبُكُمْ، وإِيَّاكُمْ وَهَيْشَاتِ الْأَسْوَاقِ"

وفى الباب: عن أُبيِّ بنِ كعبٍ، وأبى مسعودٍ، وأبى سعيدٍ، والبَراءِ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مسعودٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۲۲۷-] ورُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كَانَ يُعْجِبُهُ أَنْ يَّلِيَهُ المُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ لِيَحْفَظُوْا عَنْهُ.

وخالِدٌ الحذَّاءُ: هُو خَالِدُ بنُ مِهْرَانَ، يُكْنَى أَبَا المَنَازِلِ.سمعتُ مُحمدَ بنَ إسماعيلَ يَقولُ: إِنَّ خَالِدًا الحَذَّاءَ مَا حَذَا نَعْلاً قَطُّ، إِنَّمَا كَانَ يَجْلِسُ إِلَى حَذَّاءٍ، فَنُسِبَ إِلَيْهِ.وأبو مَعْشَرٍ: اسْمُهُ زِيَادُ بنُ كُلَيْبٍ.

ترجمہ: (حدیث ۲۲۷) اور رسول اللہ ﷺ سے یہ بات مروی ہے کہ آپؐ اس بات کو پسند کرتے تھے کہ آپؐ سے

مہاجرین وانصار متصل رہیں تاکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی نماز محفوظ کریں۔(یہ حدیث ابن ماجہ ص:۶۹، باب من یستحب أن یلی الإمام میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے) اور خالد حذّاء (موچی) کا نام خالد بن مہران ہے اور ان کی کنیت ابوالمنازل ہے۔ امام بخاری کہتے ہیں: خالد حذاء نے کبھی جوتے نہیں گانٹھے، البتہ وہ ایک موچی کے پاس بیٹھتے تھے اس لئے حذاء لقب پڑ گیا (پس بروں کی صحبت سے بچنا چاہئے، غیر شعوری طور پر ان کی برائی اثر ڈالتی ہے)

فائدہ: قرآن وحدیث میں جہاں بھی مہاجرین وانصار مطلق آیا ہے اس سے اکابر مہاجرین وانصار مراد ہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی کَرَاهِیَةِ الصَّفِّ بَیْنَ السَّوَارِی

ستونوں اور دروں کے درمیان کھڑا ہونا مکروہ ہے

سَوَاری: ساریۃٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں ستون۔ اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ نماز میں ستونوں اور دروں کے درمیان تنہا کھڑے رہنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے بلکہ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تو شاید اس شخص کی نماز ہی صحیح نہ ہوگی کیونکہ ان کے نزدیک صف میں تنہا کھڑے رہنے سے نماز باطل ہوجاتی ہے۔ تفصیل اگلے باب میں آئے گی۔ اور اگر دروں اور ستونوں کے درمیان دو یا زیادہ اشخاص کھڑے ہوں اور صف بن جائے تو بے ضرورت ایسا کرنا خلافِ اولیٰ ہے اور عندالضرورت جیسے جمعہ اور عیدین میں گنجائش ہے۔

حدیث: عبدالحمید بن محمود کہتے ہیں: ہمارے علاقہ میں ایک امیر صاحب آئے، جس کی وجہ سے نماز میں اژدحام ہوگیا، پس لوگوں نے ہم کو مجبور کیا یعنی ہم نے مجبوراً ستونوں کے درمیان نماز پڑھی، مسجد میں حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے نماز کے بعد آپؓ نے لوگوں کو تنبیہ کی اور فرمایا کہ ہم لوگ نبی ﷺ کے زمانے میں ایسا کرنے سے بچتے تھے۔ یعنی صحابہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ستونوں کے درمیان نماز پڑھنے سے احتراز کرتے تھے۔

[۵۶] بابُ مَاجَاء فی کراهیة الصف بین السواری

[۲۲۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَکِیعٌ، عن سُفیانَ، عن یَحییَ بنِ هانِئِ بنِ عُرْوَۃَ الْمُرَادِیِّ، عن عبدِ الحمیدِ بنِ مَحمودٍ، قال: صَلَّیْنَا خَلْفَ أَمِیرٍ مِنَ الْأُمَرَاءِ، فاضْطَرَّنَا النَّاسُ، فَصَلَّیْنَا بَیْنَ السَّارِیَتَیْنِ، فَلَمَّا صَلَّیْنَا قَالَ أَنَسُ بنُ مَالِكٍ: کُنَّا نَتَّقِیْ هٰذَا عَلَی عَهْدِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم.

وفی الباب: عن قُرَّةَ بنِ إِیَاسِ الْمُزَنِیِّ. قال أبو عیسی: حدیثُ انسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقد کَرِهَ قَوْمٌ من أهلِ العلمِ أَن یُّصَفَّ بَیْنَ السَّوَارِی، وبه یَقولُ أحمدُ وإسحاقُ؛ وقَد رَخَّصَ قَوْمٌ مِن أهلِ العلمِ فی ذٰلِكَ.

ترجمہ: امام احمد اور امام اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ ستونوں کے درمیان صف بنانا مکروہ ہے۔ دوسرے حضرات اس کی اجازت دیتے ہیں (اوران دونوں اقوال کے درمیان کوئی تعارض نہیں اس لئے کہ جو اجازت دیتے ہیں وہ بوقت ضرورت اجازت دیتے ہیں، اور جو منع کرتے ہیں وہ بے ضرورت ستونوں کے درمیان صف بنانے سے منع کرتے ہیں)

بابُ مَاجَاءَ فی الصَّلاَۃِ خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَہُ

صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے کا حکم

اگر کوئی شخص صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھے تو کیا حکم ہے؟ اس کی نماز ہوگی یا نہیں؟ امام احمد، اسحاق بن راہویہ، حضرت حماد، ابن ابی لیلیٰ صغیر اور وکیع رحمہم اللہ کے نزدیک اس کی نماز صحیح نہیں ہوگی۔ نماز واجب الاعادۃ ہے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک کراہیت تحریمی کے ساتھ نماز ہوجائے گی۔

اور احناف کے یہاں اس مسئلہ میں تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی دوسرے شخص کے آنے کی امید ہو تو تنہا کھڑے رہنے میں کوئی مضائقہ نہیں، خواہ پھر دوسرا شخص آئے یا نہ آئے۔ اور اگر بالیقین معلوم ہو کہ کوئی اور شخص آنے والا نہیں تو ایسی صورت میں ایک آدمی کو آگے سے پیچھے لے لینا چاہئے، اگرچہ نماز شروع ہو چکی ہو۔ صف میں تنہا کھڑے رہ کر نماز پڑھنے کی صورت میں نماز مکروہ ہوگی۔

فائدہ: مگر اصحابِ درس کہتے ہیں کہ اب جہالت کا زمانہ ہے، پس نماز شروع ہوجانے کے بعد اگر کسی کو پیچھے آنے کا اشارہ کیا جائے گا تو وہ یا تو اپنی نماز توڑ بیٹھے گا یا متعدد قدم رکھ کر پیچھے آئے گا یا پھر جھگڑے گا، اس لئے اب کسی کو پیچھے نہیں لانا چاہئے، اصحاب درس کی یہ بات ٹھیک نہیں، کیونکہ یہ جہالت کا علاج نہیں ہے بلکہ جہالت کو تہ بہ تہ کرنا ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ اب بھی مسئلہ پر عمل کرنا چاہئے اور کوئی نماز توڑ دے گا تو توڑ دے گا، کم از کم پوری مسجد کے سامنے مسئلہ تو آجائے گا۔ اور اس کی نظیر یہ ہے کہ اب لوگ فرض نماز میں سجدہ کی آیات پڑھنے سے احتراز کرتے ہیں، تاکہ عوام کو الجھن نہ ہو۔ یہ بات بھی ٹھیک نہیں، اگر اس کا اندیشہ ہے تو تراویح کی طرح لوگوں کو نماز شروع کرنے سے پہلے بتادینا چاہئے کہ پہلی یا دوسری رکعت میں تلاوت کا سجدہ ہوگا۔

حدیث: ہلال بن یساف کہتے ہیں: مقام رِقّہ میں یہ واقعہ پیش آیا کہ زیاد بن ابی الجعد نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ایک حضرت کے پاس لے گئے، وہ حضرت وابصہ رضی اللہ عنہ تھے جو قبیلۂ بنی اسد کے تھے۔ پھر زیاد نے ان کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ مجھ سے ان حضرت نے یہ حدیث بیان کی ہے کہ ایک شخص نے صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھی تو نبی ﷺ نے اس کو نماز لوٹانے کا حکم دیا۔ ہلال کہتے ہیں: جب زیاد نے مجھ سے یہ حدیث بیان کی تو حضرت وابصہ اس

کوسن رہے تھے ——— امام احمد وغیرہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے اور فرمایا ہے کہ صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز نہیں ہوتی۔ اور ان کی دوسری دلیل وہ حدیث ہے جو ابن ماجہ (ص:۷۰، باب صلاة الرجل خلف الصف) میں ہے۔ علی بن شیبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نے صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھی تو نبی ﷺ نے اس کو نماز لوٹانے کا حکم دیا، اور فرمایا: لا صلاةَ لِلَّذِیْ خَلفَ الصَّفِّ۔ صف کے پیچھے تنہا رہنے والے کی نماز نہیں ہوتی۔

اور جمہور کی دلیل حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں مسجد میں ایسے وقت پہنچا کہ نبی ﷺ رکوع میں تھے، میں صف کے پیچھے ہی جلدی سے نیت باندھ کر نماز میں شامل ہوگیا۔ نماز کے بعد نبی ﷺ نے فرمایا: زادك الله حِرْصًا وَّلاَ تَعُدْ۔ اللہ آپ کا شوق فزوں کریں مگر آئندہ ایسا نہ کرنا (بخاری حدیث ۷۸۳ باب إذا ركع دون الصف) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز ہوجاتی ہے۔ حضرت ابوبکرۃؓ نے صف کے پیچھے نماز شروع کی تھی۔ اگر یہ باطل ہوتی تو باقی نماز بھی باطل ہوگی، کیونکہ باطل پر بنا بھی باطل ہے اور نماز میں تجزی نہیں کہ کچھ باطل ہوجائے اور کچھ صحیح ہوجائے ایسا ممکن نہیں، باطل ہوگی تو ساری باطل ہوگی اور صحیح ہوگی تو ساری صحیح ہوگی۔

اور امام احمد رحمہ اللہ وغیرہ کے مستدلات کا جواب یہ ہے کہ ابن ماجہ والی حدیث میں لا نفی کمال کا بھی لیا جاسکتا ہے، یعنی صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے سے نماز ناقص ہوتی ہے یعنی مکروہ ہوتی ہے۔ اور اس باب میں جو حدیث ہے وہ مضطرب ہے۔ ہلال کے ایک شاگرد حصین: ہلال اور وابصۃ کے درمیان زیاد بن ابی الجعد کا واسطہ بڑھاتے ہیں۔ اور دوسرے شاگرد عمرو بن مرّۃ: عمرو بن راشد کا واسطہ بیان کرتے ہیں، اور محدثین میں سے بعض حصین کی حدیث کو اصح بتاتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، اور بعض عمرو بن مرۃ والی حدیث کو اصح کہتے ہیں۔ غرض اس حدیث میں اضطراب ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: لو ثبت هذا الحديثُ لقلتُ به۔ اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو میرا مذہب اس کے موافق ہوتا، اور بیہقی کہتے ہیں: اس حدیث کی سند کے اضطراب کی وجہ ہی سے شیخین نے اس کی تخریج نہیں کی (معارف السنن ۲: ۳۱۱)

اور ان احادیث کی صحت تسلیم کرلینے کی صورت میں دونوں حدیثوں کا مشترک جواب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اعادۂ صلاۃ کا حکم مصلحتاً دیا ہے، اور وہ مصلحت ہے اس نفس کو تنبیہ کرنا جو آسانی کا خوگر ہوگیا ہے۔ چونکہ صف تک پہنچنے میں نفس نے سستی کی اور اس کو ہلکا حکم سمجھ کر پیچھے ہی تنہا نماز پڑھ لی اس لئے حکمت بالغہ کا تقاضہ ہوا کہ اس نفس پر ایسی چوٹ ماری جائے کہ وہ آئندہ ایسی حرکت نہ کرے۔ چنانچہ آپؐ نے اس کو دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا، اور یہ حکم بالکل ایسا ہی ہے جیسا آپؐ نے اس شخص کو جس نے کپڑا ٹخنوں سے نیچے لٹکا کر نماز پڑھی تھی دوبارہ وضو کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیا تھا (مشکوٰۃ حدیث ۷۶۱، باب الستر) اس میں بھی تغلیظ وتشدید تھی یعنی نفس کو تنبیہ کرنا مقصود تھا۔

[٥٧] بابُ مَاجَاء في الصلاة خلف الصف وحدَه

[٢٢٩-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبو الأَحْوَصِ، عن حُصَيْنٍ، عن هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ قال: أَخَذَ زِيَادُ بنُ أَبى الجَعْدِ بِيَدَيَّ ـ ونَحْنُ بِالرِّقَّةِ ـ فَقَامَ بِيْ عَلَى شَيْخٍ يُقَالُ لَهُ: وَابِصَةُ بنُ مَعْبَدٍ، مِن بَنِى أَسَدٍ، فقال زِيَادٌ: حَدَّثَنِى هٰذَا الشَّيْخُ أَنَّ رَجُلاً صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ ـ وَالشَّيْخُ يَسْمَعُ ـ فَأَمَرَهُ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَن يُّعِيْدَ الصَّلاَةَ.

وفى الباب: عن عَلِيِّ بنِ شَيْبَانَ وابنِ عباسٍ. قال أبو عيسى: حديثُ وابِصَةَ حديثٌ حسنٌ.

وقد كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ أَن يُّصَلِّيَ الرَّجُلُ خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ، وقالُوْا: يُعِيْدُ إِذَا صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

وقد قَالَ قَوْمٌ مِنْ أهلِ العلمِ: تُجْزِئُهُ إِذَا صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ، وهُو قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ وابنِ المباركِ والشافعيِّ.

وقد ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ إِلَى حَدِيْثِ وَابِصَةَ بنِ مَعْبَدٍ أيضًا، قالُوا: مَنْ صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ يُعِيْدُ، مِنْهُمْ: حَمَّادُ بنُ أبى سُليمانَ، وابنُ أبى لَيْلٰى، ووكيعٌ.

وَرَوَى حديثَ حُصَيْنٍ، عن هِلالِ بنِ يَسَافٍ: غَيْرُ وَاحِدٍ مِثْلَ رِوَايَةِ أبى الأَحْوَصِ، عن زِيَادِ بنِ أبى الجَعْدِ، عن وابِصَةَ.

فى حَدِيْثِ حُصَيْنٍ: ما يَدُلُّ عَلٰى أَنَّ هِلاَلاً قَدْ أَدْرَكَ وَابِصَةَ.

فَاخْتَلَفَ أهلُ الحَديثِ فى هٰذا: فقال بَعضُهم: حديثُ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن هِلالِ بنِ يَسَافٍ، عن عَمْرِو بن رَاشِدٍ، عن وابِصَةَ أَصَحُّ؛ وقال بعضُهم: حديثُ حُصينٍ، عن هِلالِ بنِ يَسَافٍ، عن زِيَادِ بنِ أبى الجَعْدِ، عن وَابِصَةَ بنِ مَعْبَدٍ أَصَحُّ.

قال أبو عيسى: وهٰذا عِندِى أَصَحُّ مِن حَديثِ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، لِأَنَّهُ قد رَوَى مِنْ غَيْرِ حَديثٍ: هِلاَلُ بنُ يَسَافٍ، عن زِيَادِ بنِ أبى الجَعْدِ عن وَابِصَةَ بنِ مَعْبَدٍ.

[٢٣٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعبةُ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن زِيَادِ بنِ أبى الجَعْدِ، عن وَابِصَةَ [ح] قال: ونا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعبةُ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن هِلالِ بنِ يَسَافٍ، عن عَمرِو بنِ راشِدٍ، عن وابِصَةَ بنِ مَعْبَدٍ: أَنَّ رَجُلاً صَلَّى خَلْفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَن يُّعِيْدَ الصَّلاَةَ.

قال أبو عيسى: سمِعتُ الجَارودَ يقولُ: سمِعتُ وكيعاً يقول: إِذَا صَلَّى الرَّجُلُ وَحْدَهُ خَلْفَ الصَّفِّ فَإِنَّهُ يُعِيْدُ.

ترجمہ: بعض علماء نے صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے کو ناپسند کیا ہے اور کہا ہے کہ اگر صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھے گا تو اس کا اعادہ ضروری ہے، امام احمد اور اسحاق بن راہویہ اسی کے قائل ہیں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھے گا تو اس کے لئے کافی ہے یعنی نماز کا اعادہ ضروری نہیں۔ اور یہ ثوری، ابن المبارک اور شافعی کا قول ہے۔ اور اہل کوفہ میں سے بعض حضرات کا مسلک حضرت وابصہ کی حدیث کے موافق ہے، وہ کہتے ہیں کہ جب صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھے تو اس کا اعادہ ضروری ہے، یہ قول حضرت حماد، ابن ابی لیلیٰ صغیر اور وکیع کا ہے۔ اور حصین جو حدیث ہلال سے روایت کرتے ہیں (جو باب کے شروع میں ہے) اس کو متعدد حضرات نے ابوالاحوص کی طرح روایت کیا ہے (یعنی وہ بھی ہلال اور حضرت وابصہ کے درمیان زیاد بن ابی الجعد کا واسطہ ذکر کرتے ہیں)

(حدیثی فائدہ) حُصین کی وہ حدیث جو باب کے شروع میں ہے اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہلال کا حضرت وابصہؓ سے لقاء اور سماع ہے (کیونکہ زیاد: ہلال کا ہاتھ پکڑ کر حضرت وابصہ کے پاس لے گئے ہیں، پس لقاء ثابت ہوا۔ حدیثی فائدہ ختم ہوا)

پھر محدثین کا اس حدیث (کی سند) میں اختلاف ہے: بعض محدثین کی رائے یہ ہے کہ عمرو بن مرۃ کی جو حدیث ہلال سے ہے، جس کو وہ عمرو بن راشد سے، اور وہ حضرت وابصہ سے روایت کرتے ہیں: وہ اصح ہے (یہ حدیث آگے باب کے آخر میں آرہی ہے۔ اس کی سند میں عمرو بن مرۃ: ہلال اور حضرت وابصہ کے درمیان عمرو بن راشد کا واسطہ لاتے ہیں) اور دوسرے محدثین کی رائے یہ ہے کہ حصین کی جو حدیث ہلال سے مروی ہے، جس کو وہ زیاد بن ابی الجعد سے، اور وہ حضرت وابصہ سے روایت کرتے ہیں: وہ اصح ہے (یہ حدیث باب کے شروع میں گذر چکی ہے۔ اس میں حصین: ہلال اور حضرت وابصہ کے درمیان زیاد کا واسطہ لائے ہیں)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک حصین کی حدیث (جس کو امام ترمذیؒ باب کے شروع میں لائے ہیں) عمرو بن مرۃ کی حدیث سے اصح ہے۔ کیونکہ ہلال نے متعدد حدیثیں زیاد کے واسطہ سے حضرت وابصہ سے روایت کی ہیں (پس یہ حدیث بھی زیاد کے واسطہ سے مروی ہے، عمرو بن راشد کے واسطہ سے مروی نہیں هلالُ: رَوَی کا فاعل ہے)

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے عمرو بن مرہ کی حدیث دو سندوں سے روایت کی ہے۔ پہلی سند میں عمرو بن مرۃ زیاد سے اور وہ حضرت وابصہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور دوسری سند میں عمرو بن مرہ: ہلال سے اور وہ عمرو بن

راشد سے، اور وہ حضرت وابصہ سے روایت کرتے ہیں، اس دوسری سند کو امام ترمذیؒ نے غیر اصح قرار دیا ہے۔

پھر اوپر جو بعض اہل کوفہ کی رائے ذکر کی تھی کہ صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز نہیں ہوگی، اور بعض اہل کوفہ کے جو نام ذکر کئے تھے ان میں وکیع رحمہ اللہ کا نام بھی تھا۔ چنانچہ باب کے ختم پر وکیع رحمہ اللہ کا قول سند کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

بابٌ فی الرَّجُلِ یُصَلِّی وَمَعَهُ رَجُلٌ

ایک مقتدی ہوتو کہاں کھڑا رہے؟

مقتدی اگر ایک ہوتو اُسے امام کی دائیں جانب اس کے برابر کھڑا رہنا چاہئے، اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اُسے امام سے ایک قدم پیچھے کھڑا رہنا چاہئے، تاکہ وہ نماز میں امام سے آگے نہ بڑھ جائے، اگر وہ آگے بڑھ گیا تو نماز باطل ہوجائے گی، پھر لوگ ایک ہاتھ پیچھے کھڑے رہنے لگے یہ صحیح نہیں۔ پس اگر مقتدی سمجھدار اور پڑھا لکھا ہے تو اُسے امام کے بالکل برابر کھڑا رہنا چاہئے، ورنہ صرف ایک قدم پیچھے کھڑا رہے، اور ایک قدم پیچھے کا مطلب یہ ہے کہ اگر مقتدی کی انگلیوں سے خط کھینچا جائے تو وہ امام کی ایڑی سے لگ کر گذرے۔

حدیث: ایک رات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر قیام کیا تاکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی رات کی عبادت دیکھ سکیں، تہجد کے وقت جب نبی ﷺ بیدار ہوئے اور آپؐ نے تہجد شروع کی تو ابن عباسؓ بھی وضو کرکے آگئے اور بائیں جانب کھڑے ہوکر آپؐ کی اقتداء کرلی۔ نبی ﷺ نے نماز کے اندر ہی ان کے سر پر ہاتھ رکھ کر پیچھے سے ان کو دائیں جانب لے لیا۔

تشریح: اس حدیث سے ایک مسئلہ تو یہ نکلا کہ نفلوں کی بھی جماعت ہوسکتی ہے، البتہ تداعی کی صورت میں فقہاء مکروہ کہتے ہیں۔ اور تداعی یہ ہے کہ چار یا زیادہ مقتدی ہوں (شامی ۲: ۲۸۸ باب الاقامۃ، مطبع زکریا)

دوسرا مسئلہ یہ نکلا کہ امام کے لئے شروع نماز سے امام ہونے کی نیت ضروری نہیں۔ درمیانِ نماز میں بھی وہ امامت کی نیت کرسکتا ہے۔ تیسرا مسئلہ یہ نکلا کہ ایک مقتدی کو امام کی دائیں جانب کھڑا ہونا چاہئے۔

فائدہ: مجبوری کی صورت میں ایک مقتدی امام کی بائیں جانب یا پیچھے بھی کھڑا ہوسکتا ہے اس میں کوئی قباحت نہیں۔

[۵۸] باب فی الرجل یصلی ومعه رجل

[۲۳۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا دَاوُدُ بنُ عبدِ الرحمنِ العَطَّارُ، عن عَمرِو بنِ دِینَارٍ، عن كُرَیْبٍ مَوْلَی ابنِ عباسٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: صَلَّیْتُ مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ذَاتَ لَیْلَةٍ، فَقُمْتُ عَن یَسَارِهِ

فَأَخَذَ رسولُ الله صلی الله عليه وسلم بَرَأْسِی مِن وَرَائِیْ فَجَعَلَنِی عَنْ يَمِيْنِهِ.

وفی الباب: عن أنسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذا عند أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ قَالوا: إِذَا كَانَ الرَّجُلُ مَعَ الإِمَامِ يَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الإِمَامِ.

ترجمہ: واضح ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الرَّجُلِ يُصَلِّی مَعَ الرَّجُلَيْنِ

اگر دو مقتدی ہوں تو کہاں کھڑے رہیں؟

مقتدی اگر دو یا زیادہ ہوں تو وہ امام کے پیچھے کھڑے رہیں۔ حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمیں نبی ﷺ نے حکم دیا کہ جب ہم تین ہوں تو ایک آگے بڑھے اور امام بنے اور دو پیچھے رہیں اور اقتدا کریں۔

البتہ عندالضرورت دو یا زیادہ مقتدی امام کے دائیں بائیں بھی کھڑے ہو سکتے ہیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ علقمہ اور اسود کے ساتھ نماز پڑھی اور ان کو دائیں بائیں کھڑا کیا۔ پھر نماز کے بعد فرمایا: حضور اکرم ﷺ نے بھی ہمیں اسی طرح نماز پڑھائی تھی۔

[٥٩] باب فی الرجل يصلی مع الرجلين

[٢٣٢-] حدثنا بُنْدَارٌ: محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ أبی عَدِیٍّ، قال أَنْبَأَنَا إسماعيلُ بنُ مُسْلِمٍ، عن الحَسَن، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قال: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم إِذَا كُنَّا ثَلاَثَةً أَن يَّتقَدَّ مَنا أَحدُنَا.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ وجابرٍ، قال أبو عيسى: وحديثُ سَمُرَةَ حديثٌ غريبٌ.

والعَمَلُ علی هٰذا عند أهلِ العِلمِ قالُوا: إِذَا كَانُوْا ثَلاَثَةً قَامَ رَجُلاَنِ خَلْفَ الإِمَامِ.

[٢٣٣-] ورُوِیَ عنِ ابنِ مسعودٍ أَنَّهُ صَلَّی بِعَلْقَمَةَ وَالأَسْوَدِ، فَأَقَامَ أَحدُهَما عن يَمِيْنِهِ، والآخَرَ عن يَسَارِهِ، ورَوَاهَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

وقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ النَّاسِ فی إسماعيلَ بنِ مُسْلِمٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

ترجمہ: واضح ہے اور حضرت سمرۃ کی حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے کیونکہ اسماعیل بن مسلم ضعیف راوی ہے، سوء حفظ کی وجہ سے اس کی تضعیف کی گئی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِی الرَّجُلِ یُصَلِّی وَمَعَهُ رِجَالٌ وَنِسَاءٌ

اگر مقتدی مرد اور عورتیں ہوں تو صف بندی کیسے کی جائے؟

مقتدیوں میں اگر مرد بھی ہوں اور عورتیں بھی ہوں تو عورتوں کی صف بالکل پیچھے بنے گی۔ چاہے عورت ایک ہو یا زیادہ۔ ہدایہ میں یہ حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أَخِّروهُنَّ من حَیثُ أَخَّرَهُنَّ اللّٰه: اللہ نے جس طرح ان کو پیچھے کیا ہے تم بھی ان کو پیچھے کرو (ہدایہ اولین ص:۱۰۳) —— یہ حدیث موقوف ہے یعنی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور طبرانی اور مصنف عبدالرزاق میں مروی ہے (نصب الرایہ۲:۳۶)

فائدہ: اگر میاں بیوی جماعت سے نماز پڑھیں تو عورت پیچھے کھڑی ہوگی، امام کے ساتھ کھڑی نہیں ہوگی۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نانی ملیکہ رضی اللہ عنہا نے ایک مرتبہ نبی ﷺ کی دعوت کی۔ آپؐ تشریف لائے اور کھانا تناول فرمایا۔ پھر آپ نے نماز پڑھانے کا ارادہ ظاہر فرمایا۔ گھر میں ایک چٹائی تھی جو کثرتِ استعمال سے میلی ہوگئی تھی حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس کو دھو کر صاف کیا اور اس کو بچھایا، آپؐ اس پر کھڑے ہوئے، پیچھے حضرت انس اور ایک یتیم یعنی نابالغ بچہ جس کا باپ فوت ہو چکا تھا دونوں نے صف بنائی، اور ملیکہؓ ان کے پیچھے کھڑی ہوئیں پھر آپؐ نے دو رکعت نفل پڑھائیں اور آپ تشریف لے گئے —— اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نوافل باجماعت پڑھنا جائز ہے۔ اور تین اشخاص تک تداعی نہیں ہے، جب مقتدی تین سے زائد ہو جائیں تو تداعی ہوگی اور نفل کی جماعت مکروہ ہوگی۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث سے ان حضرات نے استدلال کیا ہے جو صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے والے کی نماز کو درست قرار دیتے ہیں۔ ان کا استدلال اس طرح ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پیچھے صرف حضرت انسؓ اور یتیم تھے، اور نابالغ بچے کی نماز نہیں، پس پیچھے صرف حضرت انس رہے۔ پس صف میں تنہا کھڑے رہنے والے کی نماز کا صحیح ہونا ثابت ہوا —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ استدلال درست نہیں۔ یتیم کی نماز قابل لحاظ تھی ورنہ رسول اللہ ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اپنی دائیں جانب کھڑا کرتے۔

مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ بات قابل غور ہے، کیونکہ جمہور کا اس حدیث سے استدلال اس طرح نہیں ہے جس طرح امام ترمذیؒ نے بیان کیا ہے بلکہ جمہور کا استدلال یہ ہے کہ ملیکہ رضی اللہ عنہا صف میں تنہا تھیں اور یہ اگرچہ مجبوری تھی، مگر مجبوری والے پہلو سے تھوڑی دیر کے لئے قطع نظر کر لی جائے تو صاف یہ بات نکلتی ہے کہ جو شخص تنہا صف میں کھڑا ہو اس کی نماز درست ہے۔ کیونکہ مردوں اور عورتوں کے احکام ایک ہیں۔ مردوں کی نماز بھی اگر مجبوری نہ ہو تو مکروہ تحریمی ہوتی ہے اور عندالضرورت کوئی مضائقہ نہیں جیسا کہ ملیکہ رضی اللہ عنہا کی نماز بلا کراہیت درست تھی۔

[٦٠] باب ماجاء فی الرجل يصلی ومعه رجالٌ ونساءٌ

[٢٣٤-] حدثنا إسحاقُ الأَنْصَارِيُّ، نا مَعَنٌ، نا مالكٌ، عن إسحاقَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبی طَلْحَةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ: أَنَّ جَدَّتَهُ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ، فَأَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ: قُوْمُوا فَلْنُصَلِّ بِكُمْ قال أنسٌ: فَقُمْتُ إِلَى حَصِيْرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِن طُوْلِ مَا لُبِسَ، فَنَضَحْتُه بالماءِ، فَقَامَ عَلَيْهِ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم، وصَفَفْتُ عَلَيْهِ أَنَا وَالیَتِيْمُ وَرَاءَ هُ، والعَجُوْزُ مِن وَرَائِنَا، فَصَلَّى بِنَا رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلَيْهِ عِند أهلِ العلمِ، قالُوا: إذا كانَ مَعَ الإمَامِ رَجُلٌ وَامْرَأَةٌ قَامَ الرجلُ عَن يَمينِ الإمَامِ وَالمَرْأَةُ خَلْفَهُمَا.

وقَدِ احْتَجَّ بَعضُ النَّاسِ بِهٰذَا الحَديثِ فی إجَازَةِ الصَّلاَةِ إِذَا كَانَ الرَّجُلُ خَلفَ الصَّفِّ وَحْدَهُ وقَالُوْا: إِنَّ الصَّبِيَّ لَمْ تَكُنْ لَهُ صَلاَةٌ، وكان أنسٌ خَلْفَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَحْدَهُ.

ولَيْسَ الأَمْرُ عَلٰى مَا ذَهَبُوْا إِلَيْهِ، لِأَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَقَامَهُ مَعَ اليَتِيْمِ خَلْفَهُ، فَلَوْلاَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم جَعَلَ لِلْيَتِيْمِ صَلاَةً، لَمَا أَقَامَ اليَتِيْمَ مَعَهُ، وَلَأَقَامَهُ عن يَمِيْنِهِ.

[٢٣٥-] وقد رُوِیَ عن مُوسَى بنِ أنسٍ، عن أنسٍ: أَنَّهُ صَلَّى مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَقَامَهُ عَن يَمِيْنِهِ.

وفی هٰذا الحَديثِ دَلاَلَةٌ: أَنَّهُ إِنَّمَا صَلَّى تَطَوُّعًا: أَرَادَ إِدْخَالَ الْبَرَكَةِ عَلَيْهِمْ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی نانی ملیکہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو اس کھانے کے لئے بلایا جس کو انھوں نے نبی ﷺ کے لئے تیار کیا تھا۔ آپؐ نے اس میں سے کھایا پھر فرمایا: آؤ میں تمہیں نماز پڑھاؤں (صلّی کے صلہ میں ب آئے تو معنی نماز پڑھانے کے ہوتے ہیں) حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں اس چٹائی کی طرف کھڑا ہوا جو لمبے زمانے تک استعمال کرنے کی وجہ سے کالی ہوگئی تھی، پس میں نے اس کو پانی سے دھویا، پھر اس پر رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے، اور میں نے اور یتیم نے اس پر صف بنائی۔ اور بڑھیا یعنی ملیکہ ہمارے پیچھے تھیں، پس آپؐ نے ہمیں دو رکعت پڑھائیں۔ پھر آپ تشریف لے گئے ـــــ اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ جب امام کے ساتھ ایک مرد اور ایک عورت ہو تو مرد امام کی دائیں جانب کھڑا ہو، اور عورت ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو۔ اور بعض لوگوں نے اس حدیث سے اس نماز کے درست ہونے پر استدلال کیا ہے جس کو آدمی صف کے

پیچھے تنہا پڑھے وہ لوگ کہتے ہیں کہ بچہ کی نماز ہی نہیں۔ اور حضرت انسؓ نبی ﷺ کے پیچھے تنہا تھے، اور بات ویسی نہیں جیسی ان حضرات نے کہی ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے یتیم کے ساتھ کھڑا کیا ہے، اگر رسول اللہ ﷺ یتیم کی نماز کو معتبر نہ گردانتے تو یتیم کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ کھڑا نہ کرتے اور البتہ حضرت انسؓ کو اپنی دائیں جانب کھڑا کرتے (ولا أقامة صحیح نہیں، صحیح ولأقامه ہے) ـــــ اور حضرت انسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی پس رسول اللہ ﷺ نے ان کو اپنی دائیں جانب کھڑا کیا (یہ دوسرے موقع کا واقعہ ہے اور مسلم شریف (۲۳۴:۱) اور ابوداؤد اور نسائی وغیرہ میں ہے) اور اس حدیث میں اس بات پر دلالت ہے کہ آپؐ نے یہ نفل نماز گھر میں برکت کے لئے پڑھی تھی۔

بابُ مَن أَحَقُّ بالإِمَامَةِ؟

امامت کا زیادہ حقدار کون ہے؟

حدیث: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں کی امامت کرے ان میں کا سب سے زیادہ قرآن کریم پڑھا ہوا، پس اگر قرآن پڑھنے میں سب برابر ہوں تو ان میں سے زیادہ حدیثوں کو جاننے والا امامت کرے، پس اگر احادیث جاننے میں بھی یکساں ہوں تو وہ شخص جس نے ان میں پہلے ہجرت کی ہے امامت کرے، پس اگر سب ہجرت کرنے میں یکساں ہوں تو جو ان میں عمر میں بڑا ہے وہ امامت کرے۔ اور ہرگز امامت نہ کرے کوئی دوسرے کی اس کی امارت میں۔ اور نہ بیٹھے اس کے گھر میں اس کی گدی (مخصوص نشست گاہ) پر مگر اس کی اجازت سے'' ـــــ ابن نُمیر کی حدیث میں أکبرُهم سِنًّا کی جگہ أقدمُهم سِنًّا ہے۔ دونوں کا مطلب ایک ہے۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ امامت میں افضل ومفضول کا خیال رکھا جائے گا چنانچہ اس حدیث میں افضیلت کی ترتیب اس طرح قائم کی گئی ہے: اول: أقرأ لکتاب الله۔ یعنی سب سے زیادہ قرآن کریم پڑھا ہوا، دوم: أعلم بالسنة۔ یعنی معمول بہ احادیث کو سب سے زیادہ جاننے والا، سوم: أقدم فی الهجرة۔ یعنی دین کی خاطر سب سے پہلے وطن چھوڑنے والا، چہارم: أکبرهم سِنًّا۔ یعنی عمر میں سب سے بڑا۔ اور فقہ کی کتابوں میں جو ترتیب قائم کی گئی ہے وہ اس طرح ہے۔ اول: أعلم بالدین۔ یعنی احکام شریعت کو سب سے زیادہ جاننے والا، اور اگر ساری شریعت کے احکام سے واقف نہ ہو تو کم از کم نماز کے مسائل کو سب سے زیادہ جاننے والا۔ دوم: أحسن تلاوةً وتجویداً۔ یعنی قرآن کریم کو قراءت وتجوید کے لحاظ سے سب سے اچھا پڑھنے والا۔ سوم: الأورع۔ یعنی سب سے زیادہ پرہیزگار۔ چہارم: الأسن۔ یعنی عمر میں سب سے بڑا۔

یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ فقہاء کرام نے حدیث کی ترتیب کیوں بدلی؟ اس کی کیا ضرورت پیش آئی؟

جواب: ہجرت کی فضیلت تو بعد میں باقی نہ رہی اس لئے فقہاء نے اس کو ترتیب سے خارج کردیا۔ اور چوتھے نمبر پر عمر کی زیادتی کی جو فضیلت تھی اس کو اپنی جگہ پر برقرار رکھا۔ اور حدیث میں جو اول ودوم تھے ان کو ملا کر ان کے تین درجے قائم کئے، اس لئے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں تین چیزیں ساتھ تھیں۔ اول: قرآن کریم کی صحت کے ساتھ تلاوت، صحابہ کرام عام طور پر اہل لسان تھے۔ قرآن کریم ان کی مادری زبان میں نازل ہوا تھا اس لئے اس کو غلط پڑھنے کا سوال ہی نہیں تھا۔ دوم: وہ اعلی درجہ کے پرہیز گار بھی تھے۔ البتہ کچھ حضرات معمول بہا احادیث کا بھی زیادہ علم رکھتے تھے اس لئے حدیث میں یہ دو درجے علیحدہ قائم کئے گئے تھے۔ لیکن بعد میں یہ دو باتیں علحدہ علحدہ نہیں رہیں بلکہ دونوں علم ایک ساتھ ہوگئے اور اس کا نام علم فقہ ہوگیا۔ اور قرآن کریم کو صحت اور عمدگی کے ساتھ پڑھنے کا فن علحدہ تجوید وقراءت کے نام سے وجود میں آگیا۔ اور تقوی کا جوہر بھی لازم وملزوم نہ رہا۔ بلکہ اس نے علحدہ حیثیت اختیار کرلی۔ چنانچہ فقہاء کرام نے احکام شریعت کے جاننے والے کو اول نمبر پر رکھا اور تجوید وقراءت کے ماہر کو دوسرا درجہ دیا۔ اور آخر میں متقی اور پرہیز گار کو رکھا۔ پس اب تجرید (خالی ہونے) کے اعتبار سے ترتیب اس طرح قائم ہوگی کہ اگر تجوید وتقوی کا جوہر لوگوں میں موجود نہیں تو امامت کا سب سے زیادہ حق احکام شریعت کو سب سے زیادہ جاننے والے کا ہے یا کم از کم نماز کے مسائل سب سے زیادہ جاننے والے کا ہے۔ اور اگر یہ بات کسی کو حاصل نہ ہو تو تجوید وقراءت میں جس کا پایہ بلند ہے وہ احق بالامامت ہوگا اور اگر یہ بات بھی کسی میں نہ پائی جائے تو صرف پرہیز گاری دیکھی جائے گی۔ اور وجود (پائے جانے) کے اعتبار سے ترتیب برعکس ہوگی۔ یعنی جس میں تینوں باتیں پائی جائیں یعنی وہ دین یا نماز کے احکام سے بھی زیادہ واقف ہو، قاری بھی ہو اور متقی بھی تو اس کا نمبر پہلا ہے اور اگر مسائل سے پوری طرح واقف نہیں ہے مگر قاری ہے اور پرہیز گار ہے تو اس کا دوسرا نمبر ہے۔ پھر آخر میں صرف پرہیز گار کا نمبر ہے۔ غرض فقہاء کی قائم کی ہوئی یہ ترتیب حدیث میں وارد ترتیب ہی کی تفصیل ہے، کوئی نئی چیز نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ زمانہ کے ساتھ اقدار، اصطلاحات اور مفاہیم بدلتے ہیں جن کا احکام میں لحاظ کیا جاتا ہے۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں ''قاری'' صرف پڑھنے والے کو کہتے تھے۔ پہلی وحی کے موقعہ پر نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا تھا: ما أنا بقارئٍ: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔ اور عربوں میں یہ لفظ آج بھی اسی معنی میں مستعمل ہے، البتہ عجم میں قاری: مُجَوِّدْ کو کہتے ہیں۔ اسی قاری کا اسم تفضیل أقرأ ہے جس کا مفہوم زیادہ قرآن کریم پڑھنے والا ہے، البتہ اس کے جِلو میں صحت کے ساتھ قرآن کریم پڑھنا بھی ہے۔ اور آواز کی عمدگی کا مفہوم بھی اس میں شامل ہے۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو جو أَقْرَأُهم لکتاب اللہ کا خطاب ملا ہے اس میں یہ سب باتیں شامل ہیں۔ پس تجوید وقراءت کا لحاظ بھی کیا جائے گا۔

اور نبی ﷺ کے زمانہ میں جو بھی قرآن کریم پڑھتا تھا وہ سمجھ کر پڑھتا تھا اور جو کچھ قرآن کریم نے پیش کیا ہے وہی دین ہے پس قرآن کا زیادہ پڑھا ہوا اس زمانہ میں دین سے زیادہ واقف ہوتا تھا اس لئے اعلمیت کا بھی لحاظ کرنا ہوگا۔ البتہ اس زمانہ میں دین کے احکام احادیث میں بھی وارد ہوئے تھے پھر احادیث میں منسوخ مخصوص احادیث بھی تھیں جو معمول بہا نہیں ہیں، تفصیل مقدمہ میں گذر چکی ہے۔ اس لئے اس زمانہ میں دوسرے درجہ میں اعلم بالسنہ کو رکھا گیا تھا۔ اب یہ دونوں باتیں مل گئی ہیں اور علم فقہ وجود میں آ گیا ہے۔ اس لئے بعد میں نئی ترتیب قائم کرنی ضروری ہوگئی۔ اور اس فریضہ کو فقہاء کرام نے انجام دیا، اللہ تعالیٰ ان کو امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں۔

اس کی نظیر: اولوالامر کا معاملہ ہے۔ سورۃ النساء آیت ۵۹ میں ان کی اطاعت (کہا ماننے) کا حکم دیا گیا ہے۔ اولوالامر سے اہل حکومت مراد ہیں مگر دور اول میں جو اہل حکومت تھے وہی دین کے سب سے زیادہ جاننے والے تھے، مگر بعد میں یہ دونوں باتیں علحدہ علحدہ ہوگئیں۔ علماء کے پاس اقتدار نہ رہا اور ارباب اقتدار کے پاس علم نہ رہا تو سوال پیدا ہوا کہ اولوالامر کا مصداق کون ہیں؟ چنانچہ فقہاء کرام نے علماء کو اولوالامر کا پہلا مصداق قرار دیا اور ارباب اقتدار کو دوسرے نمبر پر رکھا۔ یہ فقہاء نے کوئی نئی بات پیدا نہیں کی بلکہ زمانہ کی تبدیلی کے ساتھ جو نئی بات پیدا ہوئی تھی اس کے احکام مرتب کئے۔ پس آج جو حاکم عالم بھی ہے وہ تو اولوالامر کا مصداق اولیں ہے لیکن جو حاکم عالم نہیں ہے وہ آیت کا مصداق اولیں نہیں ہوسکتا، بصورت انفکاک مصداق اولیں علماء ہونگے۔ واللہ اعلم

اس کے بعد حدیث شریف میں دو حکم اور دیئے گئے ہیں:

پہلا حکم: اگر کوئی شخص دوسرے کی عمل داری میں جائے تو صاحب اقتدار کی اجازت کے بغیر امامت نہ کرے، یعنی صاحب اقتدار کی موجودگی میں مذکورہ ترتیب کا لحاظ نہیں رکھا جائے گا۔ بلکہ حاکم ہی احق ہوگا۔ اور صاحب اقتدار عام ہے، مسجد کا امام بھی اپنی مسجد کا حاکم ہے۔ پس اس کی اجازت کے بغیر کسی کے لئے امام بن کر نماز پڑھانا جائز نہیں، کیونکہ یہ بات حاکم اور امام پر شاق گذرے گی، اور ہوسکتا ہے کہ کسی مقتدی پر بھی شاق گذرے کہ اس نو وارد نے ہمارے امام کی توہین کردی۔

دوسرا حکم: کسی کے گھر میں اس کی مخصوص نشست گاہ پر بغیر اس کی اجازت کے بیٹھنا بھی ممنوع ہے، کیونکہ یہ بات بھی صاحبِ خانہ پر شاق گذرے گی۔

الغرض: پہلا حکم مذکورہ ترتیب سے ایک طرح کا استثناء ہے اور دوسرا حکم علت کے اشتراک کی بناء پر دیا گیا ہے، یعنی ان دونوں حکموں کی بنیاد ناگواری کا اندیشہ ہے۔ پس دوسرا حکم گویا پہلے حکم کی نظیر ہے۔

[٦١] باب من أحق بالإمامة؟

[٢٣٦-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ. ح: وثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبومُعَاويةَ وابنُ نُمَيْرٍ، عن الأَعْمَشِ، عن إسماعيلَ بنِ رَجَاءٍ الزُّبَيْدِيِّ، عن أوسِ بنِ ضَمْعَجٍ قال: سَمِعْتُ أَبَا مسعودٍ الأَنْصَارِيَّ يقولُ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَأُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، فَإِنْ كَانُوا فى القِرَاءَ ةِ سَوَاءً فَأَعْلَمُهُمْ بالسُّنَّةِ، فَإِنْ كَانُوْا فِى السُّنَّةِ سَوَاءً فَأَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَإِنْ كَانُوْا فى الْهِجْرَةِ سَوَاءً فَأَكْثَرُهُمْ سِنًّا، وَلاَ يُؤَمُّ الرَّجُلُ فِىْ سُلْطَانِهِ، وَلاَ يُجْلَسُ عَلٰى تَكْرِمَتِهِ فى بَيْتِهِ إِلاَّ بِإِذْنِه" قال محمودٌ: قال ابنُ نُمَيْرٍ فى حَدِيثِهِ: أَقْدَمُهُمْ سِنًّا.

وفى الباب: عن أبى سعيدٍ، وأنسِ بنِ مالكٍ، ومالكِ بنِ الحُوَيْرِثِ، وعَمْرِو بنِ سَلَمَةَ.

قال أبو عيسى: وحديثُ أبى مَسعودٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عند أهلِ العلمِ قَالُوا: أَحَقُّ النَّاسِ بالإِمَامَةِ أَقْرَأُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ وَأَعْلَمُهُمْ بالسُّنَّةِ.

وقالوا: صاحِبُ الْمَنْزِلِ أحقُّ بالإِمَامَةِ؛ وقال بَعْضُهُمْ: إِذَا أَذِنَ صَاحِبُ الْمَنْزِلِ لِغَيْرِهِ فَلاَ بَأْسَ أَنْ يُصَلِّيَ بِهِمْ؛ وكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ، وقَالُوْا: السُّنَّةُ أَنْ يُصَلِّيَ صَاحِبُ البَيْتِ.

قال أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ، وقَولُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: " لاَيُؤَمُّ الرجلُ فى سُلْطَانِهِ وَلاَ يُجْلَسُ عَلٰى تِكْرِمَتِهِ فى بَيْتِهِ إِلاَّ بِإِذْنِهِ": فَإِذَا أَذِنَ، فَأَرْجُوْ أَنَّ الإِذْنَ فِى الْكُلِّ، ولَمْ يَرَ بِهِ بَأْسًا إِذَا أَذِنَ لَهُ أَنْ يُّصَلِّيَ بِهِ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ لوگوں میں امامت کا سب سے زیادہ حقدار اقرء یعنی اللہ کی کتاب کو زیادہ پڑھنے والا اور سنت کو زیادہ جاننے والا ہے۔ (خیال رہے: امام ترمذیؒ نے ترتیب ختم کر کے دونوں کو ایک درجہ میں کر دیا ہے۔ یہ وہی احوال کی تبدیلی کا اثر ہے کیونکہ بعد میں یہ دونوں باتیں الگ الگ نہیں رہی تھیں)

اورانھوں نے یہ بات (بھی) کہی ہے کہ گھر والا امامت کا زیادہ حقدار ہے (یعنی یہ حکم مطلق ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اگر گھر والا کسی دوسرے شخص کو اجازت دیدے تو اس کے امامت کرانے میں کوئی حرج نہیں، یعنی جائز ہے یعنی یہ حکم مقید ہے اور یہی بات صحیح ہے اور بعض علماء اس کو مکروہ بتاتے ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ گھر والے کے لئے نماز پڑھانا ہی دینی طریقہ ہے (یعنی حکم علی الاطلاق ہے)

امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے قول لايؤم الرجل إلخ اور لا يُجلس إلخ کے آخر میں جو بإذنه کی قید ہے وہ دونوں کے ساتھ ہے، پس جب (حاکم اور صاحبِ خانہ) اجازت دیں تو میں امید کرتا ہوں کہ

دونوں مسئلوں میں اجازت ہوگی۔اورامام احمد نے (دونوں صورتوں میں) غیر کے لئے امامت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھا،جبکہ (سلطان اورصاحبِ خانہ) غیر کواجازت دیدیں تو وہ نماز پڑھا سکتا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ إِذَا أَمَّ أَحَدُكُمْ النَّاسَ فَلْيُخَفِّفْ

جماعت کی نماز میں ہلکی قراءت کرنی چاہئے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص لوگوں کوامام بن کرنماز پڑھائے تو چاہئے کہ وہ نماز ہلکی پڑھائے۔کیونکہ مقتدیوں میں بچے بھی ہوتے ہیں اور بیمار بھی اور کمزور بھی اور بوڑھے بھی،اور جب تم میں سے کوئی شخص اپنے لئے تنہا نماز پڑھے تو جس طرح چاہے پڑھے۔

تشریح: اس حدیث میں اماموں کو ہلکی نماز پڑھانے کی نصیحت کی گئی ہے، کیونکہ جماعت میں بیمار، بوڑھے اور حاجت مند سبھی طرح کے لوگ ہوتے ہیں، پس سب کی رعایت کرکے نماز پڑھانی چاہئے ——— اورفقہ کی کتابوں میں مسنون قراءت کی جومقدار بیان کی گئی ہے یعنی فجر وظہر میں طوال مفصل،عصر وعشاء میں اوساط مفصل اورمغرب میں قصار مفصل یہ مقدار حدیثوں کی روشنی میں تجویز کی گئی ہے۔اوراتنی مقدار پڑھنا ہلکی قراءت کرنا ہے۔عمومی احوال میں مسجد کی جماعت میں اس مقدار سے کم قراءت نہیں کرنی چاہئے۔اگرکوئی بوڑھا یا بیمار ہے اورفجر میں مسنون قراءت کے بقدر کھڑا نہیں رہ سکتا تو وہ بیٹھ کرقراءت سنے یا گھر میں نماز پڑھے،اس کی رعایت میں مسنون قراءت میں تخفیف نہیں کی جائے گی،البتہ اچانک پیش آنے والے احوال میں کمی بیشی کرسکتے ہیں،مثلاً: نماز کے دوران امام نے محسوس کیا کہ بہت سے لوگ مسجد میں آئے ہیں اور وضو کررہے ہیں تو امام قراءت طویل کرسکتا ہے تاکہ لوگ وضو سے فارغ ہوکر جماعت میں شامل ہوجائیں۔یا صحن میں نماز ہورہی ہے اوراچانک بارش شروع ہوگئی تو قراءت مختصر کرنے کی گنجائش ہے۔غرض خصوصی احوال کی بات الگ ہے اورعمومی احوال میں مسنون قراءت کے مطابق نماز پڑھانا ہی نماز میں تخفیف کرنا ہے، البتہ اگرکوئی گھر میں کسی بوڑھے یا بیمار کونماز پڑھائے تو وہ مسنون قراءت سے بھی ہلکی قراءت کرسکتا ہے۔

ملحوظہ: تخفیف کا تعلق صرف قراءت سے ہے۔رکوع وسجود سے نہیں،حضرت انس رضی اللہ عنہ کی متفق علیہ حدیث باب میں ہے کہ نبی ﷺ کی نماز ہلکی مگر کامل ہوتی تھی یعنی قراءت مختصر فرماتے تھے مگر رکوع سجدے تام کرتے تھے۔

[٦٢] باب ماجاء إِذا أَمَّ أَحدكم الناسَ فَلْيُخَفِّفْ

[۲۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا المُغِيرَةُ بنُ عَبدِ الرحمنِ، عن أبي الزِّنَادِ، عن الأَعْرَجِ، عن أبي هريرة: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَمَّ أَحَدُكُمُ النَّاسَ فَلْيُخَفِّفْ، فَإِنَّ فِيهِمُ الصَّغِيْرَ وَالضَّعِيْفَ

وَالمَرِيْضَ، فَإِذَا صَلَّى وَحْدَهُ فَلْيُصَلِّ كَيْفَ شَاءَ"

وفي الباب عن عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، وأنسٍ، وجابرِ بنِ سَمُرَةَ ومالكِ بنِ عبدِ اللهِ، وأبي واقِدٍ، وعُثمانَ بنِ أبي العَاصِ، وأبي مَسعودٍ، وجابرِ بنِ عبدِ اللهِ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ اخْتَارُوْا أَنْ لَّا يُطِيْلَ الإِمَامُ الصَّلاَةَ، مَخَافَةَ المَشَقَّةِ عَلَى الضَّعِيْفِ وَالكَبِيْرِ وَالمَرِيْضِ.

وأبو الزِّنَادِ: اسْمُهُ عبدُ اللهِ بنُ ذَكْوَانَ؛ والأَعْرَجُ: هُو عبدُ الرحمنِ بنُ هُرْمُزٍ المَدِيْنِيُّ يُكْنَى أَبَا دَاوُدَ.

[۲۳۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوانةَ، عن قَتَادَةَ، عن أنسٍ قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم مِن أَخَفِّ النَّاسِ صَلاَةً في تَمَامٍ. وهٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: اور یہ اکثر علماء کا قول ہے انھوں نے کمزور، بوڑھے اور بیماروں کی تکلیف کے اندیشہ سے یہ بات پسند کی ہے کہ امام نماز کو لمبا نہ کرے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں سے ہلکی نماز پڑھاتے تھے، مگر وہ مکمل ہوتی تھی (ہلکا ہونے کا تعلق قراءت سے ہے اور تمامیت کا تعلق رکوع وسجود سے ہے یعنی رسول اللہ ﷺ کی نماز میں قراءت تو مختصر ہوتی تھی مگر رکوع وسجود مکمل ہوتے تھے۔ ان میں جلدی نہیں کرتے تھے)

بابُ مَاجَاءَ فِي تَحْرِيْمِ الصَّلاَةِ وَتَحْلِيْلِهَا

نماز کی ابتدا وانتہا کا بیان

اس باب میں جو حدیث ہے وہ کتاب کے بالکل شروع میں (تیسرے باب میں) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے گذر چکی ہے۔ وہ حدیث ابن عقیل کی وجہ سے ضعیف تھی اور یہ ابوسفیان طریف السعدی کی وجہ سے ضعیف ہے، بلکہ ابوسفیان سعدی: ابن عقیل سے زیادہ ضعیف ہے۔ اور حدیث میں جو مسائل ہیں وہ بھی ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، البتہ یہاں ایک مضمون زائد ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ نماز کی ہر رکعت میں خواہ وہ فرض ہو یا سنت یا نفل: سورۂ فاتحہ اور سورت ملانا ضروری ہے۔ البتہ علماء نے حضرت ابوقتادہؓ کی حدیث کی بنا پر فرض کی پچھلی رکعتوں کو مستثنیٰ کیا ہے ان میں سورت ملانا ضروری نہیں (حضرت ابوقتادہؓ کی حدیث بخاری حدیث ۷۷۶، بابٌ يَقرأ في الأخريين إلخ میں ہے) اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حدیث میں فاتحہ اور سورت کے مجموعہ پر حکم ہے، پس اس سے قدر مشترک یعنی قراءت کی فرضیت ثابت ہوتی ہے اور قراءت کی فرضیت ﴿فَاقْرَءُ وْا مَاتَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْآنِ﴾ (سورۃ المزمل آیت ۲۰) سے بھی ثابت ہے۔ اس حدیث سے فاتحہ اور سورت میں سے کسی ایک کی فرضیت ثابت نہیں ہوتی، زیادہ سے زیادہ دونوں کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔

اور یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ جب حدیث ضعیف ہے تو وجوب کیسے ثابت ہوگا؟ کیونکہ باب میں اعلیٰ درجہ کی صحیح احادیث موجود ہیں پس اس حدیث کے ضعیف ہونے سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا۔ مسلم شریف میں حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: لاصلاة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب فصاعداً: ''جو شخص فاتحہ اور کچھ اور نہ پڑھے اس کی نماز نہیں'' (مسلم ۱:۱۶۹،باب وجوب قراء ة الفاتحة إلخ) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ابوداؤد میں صحیح سند کے ساتھ ہے: لاصلاة إلا بقراء ة فاتحة الکتاب فما زاد(۱:۱۱۸،باب من ترك القراء ة) غرض باب میں صحیح حدیثیں موجود ہیں جن کی وجہ سے احناف فاتحہ اور سورت دونوں کو واجب کہتے ہیں۔ اور نفس قراءت کو رکن وفرض کہتے ہیں، دیگر ائمہ کے نزدیک سورۂ فاتحہ فرض ہے اور سورت ملانا سنت ہے۔ مزید تفصیل ابواب القراءۃ میں آئے گی۔

[۶۳] باب ماجاء فی تحریمِ الصلاة وتَحْلِیْلِهَا

[۲۳۹-] حدثنا سُفیانُ بنُ وَکِیعٍ، نا مُحمدُ بنُ فُضَیْلٍ، عن أبی سُفیانَ طَرِیْفِ السَّعْدِیِّ، عن أبی نَضْرَةَ، عن أبی سعیدٍ، قال: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: " مِفْتَاحُ الصَّلاَةِ الطُّهُوْرُ، وتَحْرِیْمُهَا التَّکْبِیْرُ، وتَحْلِیْلُهَا التَّسْلِیْمُ، وَلاَ صَلاَةَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِالْحَمْدِ وسُوْرَةٍ: فِی فَرِیْضَةٍ أَوْ غَیْرِهَا"

وفی الباب: عن علیٍّ وعائشةَ؛ وحدیثُ علیِّ بنِ أبی طالبٍ أَجْوَدُ إِسْنَادًا وَأَصَحُّ مِن حَدیثِ أبی سَعیدٍ، وقَدْ کَتَبْنَاهُ فی أَوَّلِ کِتَابِ الوُضُوْءِ.

والعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ أَهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ، وبِهِ یَقولُ سُفیانُ الثوریُّ وابنُ المبارکِ والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ: أَنَّ تَحرِیْمَ الصَّلاَةِ التَّکْبِیْرُ، وَلاَ یَکُوْنُ الرَّجُلُ دَاخِلاً فی الصَّلاَةِ إِلَّا بِالتَّکْبِیرِ.

قال أبو عیسی: سَمِعْتُ أبا بَکْرٍ مُحمدَ بنَ أَبَانٍ، یَقولُ: سمعتُ عبدَ الرحمنِ بنَ مَهْدِیٍّ، یقولُ: لو افْتَتَحَ الرَّجُلُ الصَّلاَةَ بِتِسْعِیْنَ اسْمًا مِن أَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعالیٰ، وَلَمْ یُکَبِّرْ لَمْ یُجْزِهِ؛ وإِنْ أَحْدَثَ قَبْلَ أن یُسَلِّمَ: أَمَرْتُهُ أَن یَّتَوَضَّأَ ثُمَّ یَرْجِعَ إِلَی مَکَانِهِ وَیُسَلِّمَ؛ إِنَّمَا الْأَمْرُ عَلَی وَجْهِهِ.

وأبو نَضْرَةَ: اسْمُهُ مُنْذِرُ بْنُ مَالِكِ بنِ قُطَعَةَ.

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث سند کے اعتبار سے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث سے عمدہ اور شاندار ہے (مگر فی نفسہ وہ بھی ضعیف ہے) اور اس کو ہم نے کتاب الطہارۃ کے شروع میں لکھا ہے، اور اس پر صحابہ اور تابعین میں سے اہل علم کا عمل ہے اور اسی کے ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ نماز کا تحریمہ (داخل ہونا) تکبیر ہے اور آدمی تکبیر ہی سے نماز میں داخل ہوسکتا ہے ——— اور عبدالرحمٰن بن

مہدی کہتے ہیں: اگر کوئی شخص اللہ کے ننانوے نام پڑھ کر نماز شروع کرے اور اللہ اکبر نہ کہے تو اس کو کافی نہیں (یعنی نماز شروع نہ ہوگی) اور اگر سلام پھیرنے سے پہلے حدث کر دے تو میں اس کو حکم دونگا کہ وہ ضوء کرے، پھر اپنی جگہ کی طرف لوٹے اور سلام پھیرے (یعنی بنا کرے، از سر نو نماز پڑھنا ضروری نہیں) معاملہ تو اس کے رخ ہی پر ہے یعنی حدیث میں سلام کو نماز کا آخر بتایا ہے پس سلام ہی کے ذریعہ نماز ختم کرنی چاہئے۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نماز شروع کرنے کے لئے تکبیر یعنی اللہ اکبر کہنا شرط ہے، البتہ امام شافعی رحمہ اللہ اللہ الأکبر (خبر پر الف لام داخل کرنے) سے بھی نماز شروع کرنے کو جائز کہتے ہیں۔ اور احناف کے نزدیک ہر اس ذکر سے جو مشعر تعظیم ہو یعنی جس سے اللہ کی عظمت و بڑائی ٹپکتی ہو نماز شروع کرنا درست ہے، مگر توارث کے خلاف ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے۔ تکبیر ہی سے نماز شروع کرنا مسنون ہے۔ اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تکبیر کے عرفی معنی مراد ہیں۔ تکبیر کے عرفی معنی ہیں: اللہ أکبر کہنا، نعرۂ تکبیر میں یہی معنی مراد لئے جاتے ہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک تکبیر کے لغوی معنی مراد ہیں تکبیر کے لغوی معنی ہیں: بڑائی بیان کرنا۔ ارشاد پاک ہے: ﴿وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ﴾ یعنی اپنے رب کی بڑائی بیان کرو (سورۃ المدثر آیت ۳) پس تکبیر کے علاوہ دیگر کلمات جو اللہ کی عظمت پر دلالت کرتے ہوں ان سے بھی نماز شروع کی جاسکتی ہے۔

اسی طرح تسلیم یعنی نماز کے آخر میں سلام پھیرنے کو ائمہ ثلاثہ فرض کہتے ہیں کیونکہ حدیث میں تحليلها التسليم آیا ہے اور تسلیم کے عرفی معنی ہیں سلام کرنا۔ اور احناف کے نزدیک تسلیم کے معنی: منافی نماز کام کرنے کے ہیں، پس جو شخص جان بوجھ کر قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بقدر بیٹھنے کے بعد سلام کے علاوہ کوئی اور منافی صلات کام کرے گا اس کی نماز پوری ہو جائے گی۔ مگر مکروہ تحریمی ہوگی اور وقت کے اندر واجب الاعادہ ہوگی اور وقت گذر جانے کے بعد اس کا اعادہ مستحب ہوگا۔ کیونکہ صیغۂ سلام سے نماز سے نکلنا واجب ہے اور ترکِ واجب سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ البتہ اگر حدث لاحق ہوا تو وہ بنا کر سکتا ہے جیسا کہ ابن مہدی نے کہا ہے۔ ان کا قول احناف کے معارض نہیں۔ کیونکہ احناف کے نزدیک بھی اللہ کے ننانوے نام پڑھنے سے نماز شروع نہیں ہوتی، بلکہ مُشعر تعظیم ذکر سے نماز شروع ہوتی ہے اور جان بوجھ کر حدث کرنے کی صورت میں احناف بناء کا حکم نہیں دیتے بلکہ اعادۂ صلاۃ کا حکم دیتے ہیں۔ مزید تفصیل کتاب الطہارۃ میں گذر چکی ہے۔

بابُ فِي نَشْرِ الْأَصَابِعِ عِندَ التَّكْبِيرِ

تکبیر تحریمہ کے وقت انگلیاں کھلی رہنی چاہئیں

تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کا طریقہ یہ ہے کہ ہاتھ اس طرح اٹھائے جائیں کہ گٹے مونڈھوں کے مقابل،

انگوٹھے کان کی لو کے مقابل، اور انگلیوں کے سرے کانوں کے اوپر کے کناروں کے مقابل ہو جائیں۔ اور انگلیاں کھلی رہیں اور ان کی حالت پر چھوڑ دی جائیں اور دونوں ہتھیلیاں قبلہ رخ رہیں۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب تکبیر کہتے تھے تو اپنی انگلیوں کو کھول دیا کرتے تھے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے لفظ مَدّ اور نَشْر کے درمیان فرق کیا ہے۔ ان کے خیال میں مٹھی کھولنا مَدّ ہے اور انگلیوں کے درمیان خلا پیدا کرنا نَشْر ہے، اس لئے فرماتے ہیں کہ حدیث باب کو ابن ابی ذئب سے متعدد حضرات روایت کرتے ہیں، اور یحییٰ بن الیمان کے علاوہ سب کی حدیثوں میں مَدّ ہے اور یحییٰ کی حدیث میں نَشْر ہے اور یحییٰ کی حدیث غلط ہے، کیونکہ رسول اللہ ﷺ رفع یدین کے وقت بہ تکلف انگلیوں کے درمیان خلا پیدا نہیں کرتے تھے یہ امام ترمذیؒ کی بحث کا خلاصہ ہے —— مگر صحیح بات یہ ہے کہ نَشْر اور مَدّ ایک چیز ہیں۔ دونوں کے معنی ہیں: بند مٹھی کو کھولنا اور انگلیوں کے درمیان خلا پیدا کرنا ''فرق'' ہے، ابن قدامہ نے مُغنی (۱:۵۱۲) میں فرمایا ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اہل لسان بند مٹھی کو ضمٌّ۔ کھلی کو مَدٌّ اور نَشْر اور انگلیوں کے درمیان خلا پیدا کرنے کو فرق کہتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ نشر اور مدّ مترادف ہیں پس سب حدیثیں صحیح ہیں، ابن الیمان کی حدیث بھی صحیح ہے۔ صرف تعبیر کا فرق ہے۔

[۶۴] باب فی نَشْرِ الأصابعِ عند التکبیر

[۲۴۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ وأبو سَعیدٍ الأَشَجُّ، قالا: نا یحییَ بنُ الیَمَانِ، عن ابنِ أبی ذِئْبٍ، عن سَعیدِ بنِ سِمْعَانَ، عن أبی هریرة، قال: کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا کَبَّرَ لِلصَّلاَۃِ نَشَرَ أَصَابِعَهُ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هُریرۃَ قد رَوَاهُ غَیْرُ واحِدٍ عن ابنِ أبی ذِئْبٍ، عن سَعیدِ بنِ سَمْعَانَ، عن أبی هریرۃَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ إِذَا دَخَلَ فی الصَّلاَۃِ رَفَعَ یَدَیْهِ مَدًّا؛ وهُوَ أَصَحُّ مِنْ رِوَایَةِ یَحییَ بنِ الیَمانِ، وأَخْطَأَ ابنُ الْیَمَانِ فی هٰذا الحَدیثِ.

[۲۴۱-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، أَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ عَبدِ المَجِیْدِ الْحَنَفِیُّ، نا ابنُ أبی ذِئْبٍ، عن سَعیدِ بنِ سِمْعَانَ، قال: سَمعتُ أبا هریرۃَ یقولُ: کان رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا قَامَ إِلَی الصَّلاَۃِ رَفَعَ یَدَیْهِ مَدًّا.

قال أبو عیسی: قال عبدُ اللّٰهِ: وهٰذا أَصَحُّ مِن حَدیثِ یَحیی بنِ الْیَمَانِ، وحدیثُ یَحییَ بنِ الْیَمَانِ خَطَأٌ.

وضاحت: عبداللہ بن عبدالرحمٰن امام دارمی کا نام ہے وہ امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں۔ ان کی رائے بھی یہی ہے کہ

یحییٰ بن الیمان کی حدیث غلط ہے (مگر قول امام احمد رحمہ اللہ کا صحیح ہے کہ مدّ اور نشر ایک چیز ہیں)

بابٌ فی فَضْلِ التَّکْبِیْرَۃِ الأُوْلٰی

تکبیر اولیٰ کی فضیلت

جو شخص شروع سے امام کے ساتھ شریک ہوا اور اس نے امام کی تکبیر کے ساتھ متصلاً تکبیر کہی ہو تو وہ حقیقۃً تکبیر اولیٰ پانے والا ہے، اور پہلی رکعت کے رکوع میں شریک ہونے والا حکماً تکبیر اولیٰ پانے والا ہے۔ احناف کے نزدیک راجح قول یہی ہے (شامی ۲:۲۴۰، باب صفة الصلاۃ)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے چالیس دن باجماعت نماز اس طرح پڑھی کہ وہ تکبیر اولیٰ میں شریک رہا تو اس کے لئے دو پروانے لکھ دیئے جاتے ہیں۔ ایک: جہنم سے آزادی کا، دوسرا: نفاق سے براءت کا۔

تشریح: اس حدیث میں صرف تکبیر اولیٰ کی فضیلت نہیں ہے بلکہ پورا چلّہ پابندی سے باجماعت نماز پڑھنے کی فضیلت کا بیان ہے، اور تکبیر اولیٰ پانے کی فضیلت یہ ہے کہ وہ بعد میں آنے والوں سے زیادہ ثواب پاتا ہے، مثلاً فجر کی نماز ایک شخص نے امام کے ساتھ شروع کی، دوسرا شخص سورۂ فاتحہ مکمل ہونے کے بعد آیا، تیسرا آدھی قراءت ہونے کے بعد آیا اور چوتھا جب امام رکوع میں چلا گیا تب آیا۔ ظاہر ہے کہ جو شخص شروع سے امام کے ساتھ شریک ہے اس کا ثواب بعد میں آنے والوں سے زیادہ ہے۔ بس یہی تکبیر اولیٰ کی فضیلت ہے، البتہ پورا چلّہ تکبیر اولیٰ سے باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب وہ ہے جو اوپر حدیث میں آیا ہے۔

[٦٥] باب فی فضل التکبیرة الأولی

[٢٤٢-] حدثنا عُقْبَةُ بنُ مُکْرَمٍ، ونَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، قالا: نا سَلْمُ بنُ قُتَیْبَةَ، عن طُعْمَةَ بنِ عَمْرٍو، عن حَبیبِ بنِ أبی ثابتٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: "مَن صَلَّی لِلّٰهِ أَرْبَعِیْنَ یَوْمًا فی جَمَاعَةٍ، یُدْرِكُ التَّکْبِیْرَةَ الْأُوْلٰی، کُتِبَ لَهُ بَرَاءَ تَانِ: بَرَاءَ ةٌ مِنَ النَّارِ، وبَرَاءَ ةٌ مِنَ النِّفَاقِ"

قال أبو عیسی: قد رُوِیَ هٰذَا الحدیثُ عن أنسٍ مَوْقُوْفًا، وَلاَ أَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ إِلَّا مَا رَوَی سَلْمُ بنُ قُتَیْبَةَ، عن طُعْمَةَ بنِ عَمْرٍو؛ وإِنَّمَا یُرْوَی هٰذا عن حَبیبِ بنِ أبی حَبیبِ البَجَلِیِّ، عن أنس بنِ مالكٍ قولُهُ: حدثنا بذلك هَنادٌ، نا وکیعٌ، عن خالدِ بنِ طَهْمَانَ، عن حَبیبِ بنِ أبی حَبیبٍ البَجَلِیِّ، عن أنسٍ قولُهُ، ولَمْ یَرْفَعْهُ.

ورَوَى إسماعيلُ بنُ عَيَّاشٍ هٰذَا الحديثَ عن عُمَارَةَ بنِ غَزِيَّةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، عن عُمَرَ بنِ الخَطَّابِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحوَ هٰذا؛ وهٰذا حَدِيْثٌ غَيْرُ مَحفوظٍ؛ وهُوَ حديثٌ مُرْسَلٌ: عُمَارَةُ بنُ غَزِيَّةَ لَمْ يُدْرِكْ أنسَ بنَ مالكٍ.

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی جو حدیث باب میں روایت کی گئی ہے اس کی تین سندیں ہیں: **پہلی سند:** صرف سَلْم بن قتیبہ حدیث کو مرفوع کرتے ہیں۔ وہ یہ حدیث طُعمۃ سے، وہ حبیب بن ابی ثابت سے، اور وہ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں (امام ترمذیؒ کا رجحان یہ ہے کہ اس حدیث کا مرفوع ہونا صحیح نہیں) **دوسری سند:** وکیع رحمہ اللہ کی ہے، وہ خالد سے، اور وہ حبیب بن ابی حبیب بجلی سے (یہ دوسرے حبیب ہیں) اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے۔ اس سند سے یہ حدیث مرفوع نہیں ہے، بلکہ حضرت انسؓ پر موقوف ہے یعنی یہ حضرت انسؓ کا قول ہے (مگر اس صورت میں بھی حدیث حکماً مرفوع ہوگی، کیونکہ حدیث میں ثواب بیان کیا گیا ہے۔ اور ثواب وعقاب مدرک بالقیاس نہیں۔ اور صحابی کا وہ قول جو مدرک بالقیاس نہ ہو حکماً مرفوع ہوتا ہے)

تیسری سند: اسماعیل بن عیاش کی ہے۔ وہ اس کی سند حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ سند صحیح نہیں نیز وہ منقطع بھی ہے یعنی اس میں دو خرابیاں ہیں: ایک: اسماعیل کا استاذ عمارۃ حجازی راوی ہے۔ اور اسماعیل کی شامی اساتذہ سے روایتیں تو معتبر ہیں مگر حجازی اور عراقی اساتذہ سے روایتیں معتبر نہیں۔ دوسری خرابی: عمارۃ کا حضرت انس رضی اللہ عنہ سے لقاء اور سماع نہیں، اس لئے یہ سند منقطع ہے۔

بابُ مَايَقُوْلُ عِند افْتِتَاحِ الصَّلاَةِ

نماز کے شروع میں کیا ذکر کرنا چاہئے؟

مذاہبِ فقہاء: تکبیر افتتاح اور قراءت کے درمیان امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اذکار نہیں ہیں بلکہ تکبیر تحریمہ کے بعد معاً قراءت شروع کر دینی چاہئے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک دونوں کے درمیان اذکار مسنون ہیں۔ پھر امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مسنون ذکر ''ثنا'' ہے۔ اور دوسرے اذکار جائز ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے دو قول ہیں: پہلا قول: اَللّٰهُمَّ باعد إلخ پڑھنا مستحب ہے۔ دوسرا قول: اللّٰهم إِنِّیْ وجهتُ إلخ پڑھنا مستحب ہے۔ اور ثنا پڑھنے سے بھی ان کے نزدیک سنت ادا ہو جائے گی۔

اور تکبیر وقراءت کے درمیان ذکر رکھنے میں حکمت یہ ہے کہ پہلے سے موجود تمام مقتدی امام کے ساتھ نماز شروع نہیں کر سکتے۔ کچھ لوگ پیچھے رہ جاتے ہیں، پس اگر امام تکبیر کے ساتھ ہی قراءت شروع کر دے گا تو کچھ مقتدی سننے

سے محروم رہیں گے، اس لئے دعائے استفتاح رکھی گئی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اللّٰھم بَاعِدْ والا ذکر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے متفق علیہ روایت میں مروی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۸۱۲، باب مایقرأ بعد إلخ) اور دعائے توجیہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ایک طویل روایت میں آئی ہے (مسلم ۱: ۲۶۳، باب صلاۃ النبی و دعائہ باللیل) اور ثنا آٹھ صحابہ سے مروی ہے (کشف النقاب ۴: ۲۶۴) مگر ہر حدیث میں کلام ہے بجز حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے، اس کے تمام روات ثقہ ہیں (نصب الرایہ ۱: ۳۱۱) نیز یہ ذکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی موقوفاً مروی ہے۔ وہ اپنے دورِ خلافت میں تعلیم کی غرض سے کبھی صحابہ کی موجودگی میں جہراً ثنا پڑھتے تھے (مسلم ۱: ۱۷۲ باب حجۃ من قال إلخ)

دوسری بات: یہ جاننی چاہئے کہ دعائے توجیہ جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ نبی ﷺ اس کو تہجد میں پڑھتے تھے چنانچہ نسائی میں اس کی صراحت ہے (۱: ۱۰۴ نوع آخر من الذکر إلخ) اور امام مسلم رحمہ اللہ نے بھی اس حدیث کو تہجد کے باب میں روایت کیا ہے، بلکہ حافظ رحمہ اللہ فتح الباری میں لکھتے ہیں کہ دعائے توجیہ والی حدیث کے بعد امام مسلم نے صراحت کی ہے کہ نبی ﷺ اس دعا کو تہجد میں پڑھتے تھے۔ ہمارے ہندوستانی نسخوں میں اگرچہ یہ عبارت نہیں ہے مگر حافظ رحمہ اللہ کے پاس مسلم شریف کا جو نسخہ تھا اس میں یہ عبارت موجود تھی۔ اور اللّٰھُم بَاعِدْ درحقیقت دعا ہے اور دعا کے آداب میں سے یہ بات ہے کہ اس سے پہلے اللہ کی تعریف کی جانی چاہئے۔ پس نماز کی ابتداء اس کے لئے مناسب موقع نہیں۔ نیز وہ طویل دعا ہے جو تخفیفِ قراءت کے منافی ہے اس لئے احناف اور حنابلہ نے فرائض میں ثنا کو ترجیح دی ہے۔

ثنا کا ترجمہ: سُبْحَانَكَ: آپ پاک ہیں (سبحان حاصل مصدر ہے اور اس کی مفعول ضمیر حاضر کی طرف اضافت کی گئی ہے) —— اللّٰھُمَّ: اس کی اصل یا اللہ ہے اور یہ مستقل جملہ معترضہ ہے —— بحمدك: آپ کی ذات خوبیوں کے ساتھ متصف ہے —— تبارك اسْمُكَ: آپ کا نام بڑا برکت والا ہے —— وتعالیٰ جدّك: اور آپ کا مرتبہ عالی ہے (جَدّ کے اصلی معنی ہیں: نصیبہ، مگر یہاں مرتبہ مراد ہے) —— ولا إلٰہ غیرك: اور آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں۔

فائدہ: احناف اور حنابلہ کا عمل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر ہے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث پر نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ زیادتی آئی ہے کہ حضور اکرم ﷺ تہجد میں ثنا پڑھتے تھے پھر اس کے بعد اللہ أکبر کبیراً اور أعوذ باللہ إلخ پڑھتے تھے —— ھَمْز کے معنی ہیں: چوکا اور مراد وسوسے ہیں۔ شیطان کے وسوسوں سے پناہ مانگی گئی ہے کیونکہ ان کی وجہ سے آدمی اوچھا ہو جاتا ہے اور کردنی ناکردنی کر گذرتا ہے —— اور نَفْخ کے معنی ہیں: پھونکنا اور مراد تکبر اور گھمنڈ ہے۔ شیطان کے گھمنڈ پیدا

کرنے سے بھی پناہ مانگی گئی ہے ـــــــ نَفْث کے معنی ہیں: تھوکنا یعنی ایسا پھونکنا جس میں تھوک کے ہلکے ہلکے ذرات شامل ہوں، جس کو اردو میں دم کرنا کہتے ہیں اور مراد سحر ہے۔ شیطان کے جادو سے بھی پناہ مانگی گئی ہے (مذکورہ تینوں کلموں کو بفتح الثانی اور بالسکون دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں) شیاطین بھی انسانوں پر جادو کرتے ہیں، بلکہ جادو کے بیشتر واقعات میں جنات کا کیا ہوا جادو ہوتا ہے اس کی تفصیل کسی اور موقع پر کی جائے گی۔ اس لئے شیطان کے جادو سے پناہ چاہی گئی ہے۔

[٦٦] باب مايقول عندَ افْتِتَاحِ الصلاة

[٢٤٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ مُوسَى البَصْرِىُّ، نا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ الضَّبُعِىُّ، عن عَلِىِّ بنِ عَلِىٍّ الرِّفَاعِىِّ، عن أبى المُتَوَكِّلِ، عن أبى سعيدٍ الخُدْرِىِّ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ بِاللَّيْلِ كَبَّرَ، ثُمَّ يَقُوْلُ: " سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وتَعَالٰى جَدُّكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ" ثم يَقولُ: " اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا" ثُمَّ يَقولُ: " أَعوذُ باللّٰهِ السَّمِيعِ العَلِيمِ مِنَ الشَّيطَانِ الرَّجِيْمِ: مِن هَمْزِهِ وَنَفْخِهِ وَنَفْثِهِ"

وفى الباب: عن عليٍّ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، وعائشةَ، وجابرٍ، وجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبو عيسى: وحديثُ أبى سعيدٍ أَشْهَرُ حَديثٍ فى هٰذا البابِ.

وقد أَخذَ قَوْمٌ مِن أهلِ العلمِ بِهٰذَا الحَديثِ؛ وأَمَّا أَكْثَرُ أهلِ العلمِ فقالُوا بِمَا رُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ يَقولُ: " سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، وتَبَارَكَ اسْمُكَ، وتَعَالٰى جَدُّكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ" وهٰكَذَا رُوِىَ عن عُمَرَ بنِ الخَطَّابِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسعودٍ؛ والعَمَلُ عَلَى هٰذا عندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنَ التَّابعينَ وغَيْرِهِمْ.

وقَدْ تُكُلِّمَ فى إِسْنَادِ حَدِيْثِ أبى سَعِيدٍ: كَانَ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ يَتَكَلَّمُ فى عَلِىِّ بنِ عَلِىٍّ. وقال أَحْمَدُ: لَايَصِحُّ هٰذا الحَديثُ.

[٢٤٤-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، ويَحيىَ بنُ مُوْسَى، قالا: نا أبو معاويةَ، عن حَارِثَةَ بنِ أَبى الرِّجَالِ، عن عَمْرَةَ، عن عائِشَةَ، قالتْ: كان النبىُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ: "سُبحانَكَ اللّٰهُمَّ وبحمدِكَ، وتبارَكَ اسْمُكَ، وتَعَالٰى جَدُّكَ، ولا إله غيرُكَ"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ؛ وَحَارِثَةُ قَدْ تُكُلِّمَ فِيْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ؛ وأبو الرِّجَالِ: اسْمُهُ مُحمدُ بنُ عبدِ الرحمنِ.

ترجمہ: (حدیث ۲۴۳) جب نبی ﷺ رات میں نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے، پھر ثنا پڑھتے، پھر کہتے: اللہ تعالیٰ بہت ہی بڑے ہیں، پھر کہتے: بے حد سننے والے خوب جاننے والے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں مردود شیطان سے: اس کے چوکوں سے اور اس کے پھونکنے سے اور اس کے دم کرنے سے ——— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ اس باب کی سب سے مشہور حدیث ہے۔ اور اہل علم کی ایک جماعت نے اس کو لیا ہے (معلوم نہیں یہ کون حضرات ہیں) اور اکثر اہل علم (حنفیہ اور حنابلہ) اس کو لیتے ہیں جو نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ کہا کرتے تھے: سبحانك تا لا إله غیره اور اسی طرح ثنا حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ اور تابعین وغیرہ میں سے اکثر علماء کے نزدیک اس پر عمل ہے ——— اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث کی سند میں کلام کیا گیا ہے: یحییٰ قطان، علی بن علی رفاعی میں کلام کیا کرتے تھے اور امام احمدؒ نے فرمایا: یہ حدیث صحیح نہیں ہے ———
(۲۴۴) حضرت عائشہؓ سے وہ ثنا روایت کی گئی ہے جس کو حنفیہ اور حنابلہ نے لیا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ہم اس حدیث کو اسی ایک سند سے جانتے ہیں (اس حدیث کی دوسری سند (ابوداؤد ا:۱۱۳ باب من رأى الاستفتاح إلخ) میں ہے مگر وہ بھی ضعیف ہے) اور حارثہ میں ان کی یادداشت کی جانب سے کلام کیا گیا ہے یعنی اس راوی کو حدیثیں صحیح یاد نہیں تھیں۔ اور حارثہ کے والد ابوالرجال کا نام محمد بن عبدالرحمٰن ہے۔

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حارثہ بن ابی الرجال پر ہلکی جرح کی ہے۔ اور امام بخاری اور ابوحاتم رازی رحمہما اللہ نے اس کو منکر الحدیث، امام نسائی نے متروک، ابوزرعہ نے واہی (بودا) اور امام احمد رحمہ اللہ نے اس کو لیس بشیئ کہا ہے اور ابن عدی، ابن معین، امام مالک، ابن خزیمہ اور ابن حبان رحمہم اللہ وغیرہ بھی اس کی تضعیف کرتے ہیں (تہذیب ۲:۱۶۵)

بابُ مَاجَاءَ فی تَرْكِ الجَهْرِ بِبِسمِ اللّٰهِ الرحمنِ الرحيمِ

سراً بسم اللہ پڑھنے کا بیان

یہ مسلسل تین باب ہیں۔ اور تینوں بابوں میں مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کے شروع میں بسم اللہ پڑھی جائے یا نہ پڑھی جائے؟ اور پڑھی جائے تو جہراً پڑھی جائے یا سراً؟ ——— تفصیل میں جانے سے پہلے یہ بات جان لینی چاہئے کہ سورۂ نمل میں جو بسم اللہ ہے وہ بالیقین قرآن کا جزء ہے، اس کا منکر کافر ہے اور اس پر اجماع ہے۔ اس کے علاوہ سورتوں کے درمیان فصل کرنے کے لئے جو ۱۱۳ جگہ بسم اللہ لکھی گئی ہے اس کے بارے میں تین نظریے ہیں:

پہلا نظریہ: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک یہ بسم اللہ نہ تو قرآن کا جزء ہے، نہ مستقل آیت ہے اور نہ کسی سورت کا جزء ہے ——— شاید ان کے خیال میں سورۂ نمل کی آیت ہی کو ہر سورت کے شروع میں لکھا گیا ہے۔

دوسرا نظریہ: احناف کے نزدیک سورۂ نمل کی بسم اللہ کے علاوہ ایک اور بسم اللہ قرآن کی مستقل آیت ہے اور وہ فصل کرنے کے لئے نازل کی گئی ہے۔ دورِ عثمانی میں جب مصحف تیار ہوا تو صحابہ کے مشورہ سے اسی بسم اللہ کو ہر سورت کے شروع میں لکھا گیا ہے۔ اسی لئے احناف کے نزدیک تراویح میں کم از کم ایک جگہ بسم اللہ جہراً پڑھنا ضروری ہے ورنہ قرآن ناقص رہے گا۔

تیسرا نظریہ: امام شافعی رحمہ اللہ کی رائے میں یہ قرآن کی ۱۱۳ آیتیں ہیں یعنی سورتوں کے شروع میں جتنی بسم اللہ ہیں وہ سب آیاتِ قرآنیہ ہیں۔ پھر یہ مستقل آیتیں ہیں یا مابعد سورت کا جزء ہیں؟ اس کی تفصیل یہ ہے کہ فاتحہ کے شروع میں جو بسم اللہ ہے وہ تو شوافع کے نزدیک بالاجماع فاتحہ کا جزء ہے وہ فاتحہ کی پہلی آیت بسم اللہ ہی کو قرار دیتے ہیں اور صراط الذین سے آخر تک ایک آیت شمار کرتے ہیں اور باقی بسم اللہ کے بارے میں شوافع کے مختلف اقوال ہیں، راجح قول یہ ہے کہ ہر بسم اللہ مابعد سورت کا جزء ہے ـــــــ اور امام احمد رحمہ اللہ کے اس مسئلہ میں تین قول ہیں، تینوں مذاہب کے موافق۔ غرض یہ مسئلہ منصوص نہیں اجتہادی ہے اور اس پر اجماع ہے کہ ان اختلاف کرنے والوں میں سے کسی کو نہ تو ایمان سے خارج کیا جائے گا نہ گمراہ قرار دیا جائے گا۔

اصل مسئلہ: فاتحہ کے شروع میں بسم اللہ پڑھی جائے یا نہیں؟ اور جہراً پڑھی جائے یا سراً؟ اس میں اختلاف ہے:

۱- امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک فرض نمازوں میں بسم اللہ نہیں پڑھی جائے گی۔ نہ جہراً نہ سراً۔ البتہ نوافل اور تراویح میں پڑھنے کی گنجائش ہے۔

۲- امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک فاتحہ سے پہلے بسم اللہ سراً پڑھنا سنت ہے۔ اور سورت کے شروع میں بسم اللہ پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ شیخین (امام اعظم اور امام ابو یوسف) سے اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں۔ اور امام محمد رحمہ اللہ اس کو مستحسن کہتے ہیں۔

۳- امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فاتحہ اور سورت دونوں سے پہلے بسم اللہ جہراً پڑھنا سنت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پہلا باب حنفیہ اور حنابلہ کے لئے ہے، دوسرا شوافع کے لئے اور تیسرا مالکیہ کے لئے۔ اور تینوں بابوں کا خلاصہ یہ ہے: پہلے باب کی روایات اگرچہ تھوڑی ہیں مگر سند کے اعتبار سے صحیح ترین اور مفہوم کے اعتبار سے واضح ترین اور دلالت کے اعتبار سے محکم ترین ہیں۔ اور دوسرے باب کی روایات اگرچہ تعداد میں بہت ہیں مگر سند کے اعتبار سے ضعیف ترین ہیں، بلکہ بعض تو موضوع ہیں۔ اور تیسرے باب کی روایات سند کے اعتبار سے تو صحیح ہیں مگر دلالت کے اعتبار سے مجمل ومحتمل ہیں۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بڑھاپے کی وجہ سے گھر میں نماز پڑھتے تھے، ان کے صاحبزادے یزید (تابعی) امام بن کر ان کو نماز پڑھاتے تھے، ایک مرتبہ انھوں نے فاتحہ کے شروع میں بسم اللہ جہراً پڑھی۔ سلام

کے بعد حضرت عبداللہؓ نے ان کو ٹوکا اور کہا: بیٹے! نماز میں بسم اللہ جہراً پڑھنا بدعت ہے، آئندہ ایسا نہ کرنا —— یزید کہتے ہیں: میرے والد بدعت کے معاملہ میں انتہائی سخت تھے، اتنا سخت میں نے کسی اور صحابی کو نہیں دیکھا —— حضرت عبداللہؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ اور خلفائے ثلاثہ یعنی ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی ہے، ان میں سے کوئی بھی بسم اللہ جہراً نہیں پڑھتا تھا، لہٰذا آئندہ جب آپ نماز پڑھائیں تو **الحمد للہ** سے جہر شروع کریں —— اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی نکلا کہ بڑھاپا جماعت میں حاضر نہ ہونے کے لئے عذر ہے اور بوڑھے یا معذور کو باجماعت نماز پڑھانے کے لئے ایک شخص مسجد سے متخلف بھی ہوسکتا ہے۔ مگر گھر کے سبھی افراد گھر کی جماعت سے نماز پڑھ لیں یہ جائز نہیں۔

تشریح: کچھ مسائل کبار صحابہ کے زمانہ میں نہیں تھے۔ جب وہ دنیا سے رخصت ہوگئے اور صغار صحابہ رضی اللہ عنہم کا زمانہ آیا (صغار صحابہ وہ حضرات ہیں جو رسول اللہ ﷺ کی وفات کے وقت یا تو نابالغ تھے یا بالکل نوجوان تھے) اور دینی قیادت ان کے ہاتھ میں آئی تو انھوں نے بعض وہ حدیثیں جو منسوخ تھیں اور مُرورِ زمانہ کی وجہ سے لوگ ان کو بھولنے لگے تھے، ان پر حفاظتِ حدیث کی غرض سے عمل شروع کیا۔ کیونکہ اس زمانہ میں حفاظت کی یہی صورت تھی۔ اس زمانہ میں احادیث مدون نہیں ہوئی تھیں۔ اس لئے حفاظت حدیث کا یہی طریقہ تھا کہ ان پر عمل کیا جائے تو وہ لوگوں کو یاد رہیں گی۔ کیونکہ جو چیز عمل میں آجاتی ہے وہ نقش کالحجر ہوجاتی ہے۔ عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کہتے ہیں: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں کہا کرتے تھے ایک مرتبہ انھوں نے پانچ تکبیریں کہیں۔ لوگوں نے نماز کے بعد دریافت کیا تو فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے پانچ تکبیریں بھی کہی ہیں۔ آپ لوگ اس کو یاد رکھیں (رواہ مسلم، مشکوۃ حدیث ۱۶۵۳) معلوم ہوا کہ حضور اکرم ﷺ کے بعض وہ اعمال جو یا تو منسوخ تھے مثلاً جنازہ میں پانچ تکبیریں کہنا اور نماز میں رفع یدین کرنا یا وہ عمل کسی وقتی مصلحت سے کیا گیا تھا، جیسے حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی تعلیم کے لئے آپؐ نے چند نمازوں میں آمین جہراً کہی تھی یا عام مسلمانوں کی تعلیم کی غرض سے متعدد مرتبہ بسم اللہ جہراً پڑھی تھی، ان پر صغار صحابہ نے بغرض حفاظت حدیث عمل شروع کیا۔ پھر چونکہ ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے اس لئے کچھ لوگوں نے ان باتوں میں دلچسپی لینی شروع کی اور انھوں نے ان منسوخ یا وقتی مصلحت سے کئے ہوئے اعمال پر دائماً عمل کرنا شروع کردیا —— یزید بن عبداللہ نے بھی جو نیا عمل شروع ہوا تھا اس کے مطابق بسم اللہ جہراً پڑھی۔ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے ٹوکا اور اس کو بدعت قرار دیا اور فرمایا: نبی ﷺ اور خلفائے ثلاثہ کا یہ عمل نہیں تھا۔

نوٹ: حضرت علی رضی اللہ عنہ چونکہ اپنے دورِ خلافت میں کوفہ چلے گئے تھے اور حضرت عبداللہ مدینہ ہی میں رہے تھے اس لئے ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھنے کا موقعہ نہیں ملا تھا، اس لئے ان کا تذکرہ نہیں کیا۔

[٦٧] باب ماجاء في ترك الجهر ببسم الله الرحمن الرحيم

[٢٤٥-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، نا سَعيدٍ الجُرَيْرِيُّ، عن قَيْسِ بنِ عَبَايَةَ، عن ابنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، قال سَمِعَنِيْ أَبِى وَأَنَا فِي الصَّلَاةِ أَقُوْلُ: بِسمِ اللهِ الرحمنِ الرحيمِ، فقال لِي: أَيْ بُنَيَّ! مُحْدَثٌ، إِيَّاكَ وَالْحَدَثَ ـــ قَالَ: وَلَمْ أَرَ أَحَدًا مِنْ أصحابِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم كانَ أَبْغَضَ إِلَيْهِ الحَدَثُ فِيْ الإِسْلَامِ يَعْنِيْ مِنْهُ ـــ وقال: وقد صَلَّيْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَمَعَ أبي بكرٍ وعُمَرَ ومَعَ عُثمانَ فَلَمْ أَسْمَعْ أَحَدًا مِنْهُمْ يَقُوْلُهَا، فَلاَ تَقُلْهَا، إِذَا أَنْتَ صَلَّيْتَ فَقُلْ: الحمدُ للّٰهِ رَبِّ العالمين.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ حديثٌ حسنٌ. والعَمَلُ عَلَيْهِ عِند أكثرِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ: أبوبكرٍ وعُمرُ وعُثمانُ وعَلِيٌّ وغَيْرُهُمْ، ومَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابعينَ، وبه يَقولُ سُفيانُ الثوريُّ، وأحمدُ،وإسحاقُ: لاَ يَرَوْنَ أَن يُّجْهَرَ بِبسمِ اللّٰهِ الرحمنِ الرحيمِ؛ قالُوا: وَيَقُوْلُهَا فِيْ نَفْسِهِ.

ترجمہ: عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے یزید کہتے ہیں: مجھے میرے والد نے نماز میں بسم اللہ پڑھتے سنا تو مجھ سے کہا: اے بچونگڑے! یہ بدعت ہے (هذا مبتدا محذوف ہے) بدعت سے بچ ـــ یزید کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ اُسے اسلام میں نئی بات پیدا کرنا زیادہ مبغوض ہو، یعنی عبداللہ بن مغفل سے ـــ اور عبداللہ بن مغفل نے فرمایا: (درمیان میں زیادہ فاصلہ ہو گیا تھا اس لئے قال مکرر لایا گیا ہے) اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اور خلفائے ثلاثہ کے ساتھ نماز پڑھی ہے میں نے ان میں سے کسی کو نہیں سنا کہ وہ بسم اللہ (جہراً) پڑھتے ہوں۔ لہٰذا تو بھی مت پڑھ (جہراً پڑھنے سے منع کیا ہے) جب تو نماز پڑھے تو الحمد إلخ سے پڑھنا شروع کر۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صرف حسنؒ کہا ہے شاید اس وجہ سے کہ یزید بن عبداللہ مجہول ہیں حالانکہ وہ صحابہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور تابعین کا پہلا طبقہ جو صحابہ سے روایت کرتا ہے اگر ان کے احوال پردۂ خفا میں رہ جائیں تو اس سے قطع نظر کی جاتی ہے اس کی بہت مثالیں ہیں۔ غرض یہ حدیث صحیح ہے اور اس پر اکثر صحابہ کا عمل ہے ان میں سے خلفاء اربعہ بھی ہیں اور بعد کے حضرات یعنی تابعین کا بھی عمل ہے۔ اور ثوری احمد اور اسحاق اسی کے قائل ہیں یہ حضرات جہراً بسم اللہ کے قائل نہیں ہیں۔ یہ حضرات کہتے ہیں کہ (امام) بسم اللہ سراً پڑھے۔

تشریح: قال فی نفسه کے اصل معنی: دل میں پڑھنا، تصور میں پڑھنا ہیں۔ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں یہ لفظ

آئے گا۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے:اقرأ بها في نفسك یعنی دل میں فاتحہ پڑھ یعنی اس کا تصور کر۔ مگر ائمہ ثلاثہ نے اس کے معنی سراً پڑھنے کے لئے ہیں اس لئے اب محدثین ہر جگہ یہی معنی کرتے ہیں۔حالانکہ اس کے معنی سراً پڑھنے کے نہیں ہیں۔اس کی نظیر:أَجزَأَ إِجزَاءً ہے۔اس کے معنی ہیں: کافی ہونا،مگر ائمہ ثلاثہ نے فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں لا تُجْزِئ صلاۃٌ کے معنی کئے ہیں لاتجوزُ یعنی نماز نہیں ہوتی،حالانکہ اس کے معنی ہیں: جس نے فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز کافی نہیں ہوتی یعنی ناقص ہوتی ہے۔

نوٹ: یزید کے قول میں منه (مفضل منہ) کسی راوی نے بڑھایا ہے،اس کی ضمیر کا مرجع حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ ہیں۔

بابُ مَن رَأَی الجَهْرَ بِبسمِ اللّٰهِ الرحمنِ الرحيم

جہراً بسم اللہ پڑھنے والوں کی روایات

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ بسم اللہ سے نماز شروع کیا کرتے تھے۔

امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث کا مطلب یہ سمجھا ہے کہ بسم اللہ سے قراءت کا جہر شروع کرتے تھے یعنی بسم اللہ زور سے پڑھتے تھے۔حالانکہ اس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ تکبیر افتتاح کے بعد معاً قراءت شروع نہیں کرتے تھے بلکہ پہلے ثنا اور تعوذ کے ساتھ بسم اللہ بھی پڑھتے تھے پھر جہراً قراءت شروع کرتے تھے۔اور حدیث کا یہ مطلب لینا اس لئے ضروری ہے کہ اوپر والے باب کی حدیث سے تعارض نہ ہو۔علاوہ ازیں یہ حدیث سند کے اعتبار سے کمزور ہے۔پس اس سے استدلال درست نہیں کیونکہ یہ کمزور ہونے کے ساتھ محکم الدلالۃ بھی نہیں۔

[۶۸] باب من رَأَی الجَهْرَ ببسم الله الرحمن الرحيم

[۲۴۶-] حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ، نا المُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حدثني إسماعيلُ بنُ حَمَّادٍ، عن أبي خَالِدٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَفْتَتِحُ صَلاَ تَهُ بِبسمِ اللّٰهِ الرحمن الرحيم.

قال أبو عيسى: ولَيْسَ إسْنَادُهُ بِذاك.وَقَدْ قَالَ بهٰذا عِدَّةٌ من أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مُنهُم: أبو هريرةَ، وابنُ عمرَ، وابنُ عباسٍ، وابنُ الزبيرِ،ومَن بَعدَهُم مِنَ التابعينَ: رَأَوُا الجَهْرَ بِبسمِ اللّٰهِ الرحمنِ الرحيم، وبه يَقولُ الشافعيُّ.

وإسماعيلُ بنُ حَمَّادٍ: هُوَ ابنُ أبي سُلَيْمَانَ؛ وأبو خَالِدٍ: هُوَ أَبو خالِدٍ الوَالِبِيُّ، واسْمُهُ: هُرْمُزُ، وهُوَ كُوْفِيٌّ.

ترجمہ: واضح ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں جن صحابہ کا تذکرہ کیا ہے وہ سب صغار صحابہ ہیں، معلوم ہوا کہ بسم اللہ کے جہر کا مسئلہ کبار صحابہ کے زمانہ میں نہیں تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند قوی نہیں (اسماعیل: مجہول ہیں۔ یہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے استاذ حضرت حماد بن ابی سلیمان کے صاحبزادے ہیں، مگر حدیث میں ان کا کیا پایہ تھا یہ بات معلوم نہیں) اور عِدَّۃ کے معنی ہیں: متعدد۔

بابٌ فی افْتِتَاحِ القِرَاءَةِ بالحمدِ لله رَبِّ العالمين

الحمد للہ سے قراءت شروع کرنے کا بیان

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے ثلاثہ سورۂ فاتحہ سے قراءت شروع کرتے تھے ـــــــ اس حدیث کا امام مالک رحمہ اللہ نے یہ مطلب سمجھا ہے کہ یہ حضرات تکبیر افتتاح کے بعد معاً سورۂ فاتحہ شروع کرتے تھے بسم اللہ وغیرہ کچھ نہیں پڑھتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر مسئلہ باب میں صریح نہیں۔ کیونکہ اس کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے بلکہ یہی مطلب ہے کہ یہ حضرات فاتحہ سے جہر شروع کرتے تھے۔ اس سے پہلے جواذکار ہیں یعنی ثنا تعوذ اور تسمیہ کو سراً پڑھتے تھے۔

مگر امام شافعیؒ حدیث کی یہ توجیہ نہیں کرسکتے کیونکہ یہ توجیہ ان کے مسلک کے خلاف ہے اس لئے انھوں نے دوسری توجیہ کی ہے، فرماتے ہیں: یہ حضرات فاتحہ کو سورت سے پہلے پڑھتے تھے۔ اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ حضرات بسم اللہ جہراً نہیں پڑھتے تھے۔ مگر یہ تاویل بعید ہے، سورت کو پہلے پڑھنے کا احتمال ہی کہاں ہے؟ جو اس کی نفی کی جائے۔

[٦٩] باب فی افْتتاحِ القراءة بالحمدلله رب العالمين

[٢٤٧-] حدثنا قُتيبةُ، نا أبو عَوانةَ، عن قَتادةَ، عن أنسٍ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وأبوبكرٍ وعُمرُ وعُثمانُ يَفْتَتِحُوْنَ القِرَاءَةَ بالحمدِ لله ربِّ العالمين.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعَمَلُ عَلَى هٰذا عِندَ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتَّابعينَ ومَن بَعْدَهُم كَانُوا يَفْتَتِحُوْنَ القِراءَةَ بالحمدِ لله ربِّ العالمين.

قال الشافعيُّ: إِنَّمَا مَعْنٰى هٰذا الحديثِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وأبا بكرٍ وعُمَرُ وعثمانَ كَانُوْا يَفْتَتِحُوْنَ القِراءَةَ بالحَمْدِ لِله رب العالمين، مَعْنَاهُ: أَنَّهُمْ كَانُوْا يَبْدَؤُنَ بِقِراءَةِ فَاتِحَةِ الكِتَابِ قَبْلَ السُّوْرَةِ، ولَيْسَ مَعْنَاهُ: أَنَّهُمْ كَانُوْا لايَقْرَؤُنَ بِسم الله الرحمن الرحيم؛ وكَانَ الشَّافِعِيُّ يَرَى أَن يُّبْدَأَ ببسمِ الله الرحمن الرحيم، وأَن يُّجْهَرَ بِهَا إِذَا جَهَرَ بالقِراءَةِ.

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ اور ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم فاتحہ سے قراءت شروع کیا کرتے تھے یعنی یہ حضرات سورت سے پہلے فاتحہ پڑھتے تھے۔ حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ حضرات بسم اللہ نہیں پڑھتے تھے۔ اور امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے کہ بسم اللہ سے قراءت شروع کی جائے اور اس کو جہراً پڑھا جائے، جب امام قراءت جہراً کر رہا ہو۔

فائدہ: یہ بات بغیر دلیل کے تسلیم ہے کہ نبی ﷺ نے کبھی کبھی بسم اللہ جہراً پڑھی ہے جبھی صغار صحابہ کے دور میں اس پر عمل شروع ہوا۔ اب اختلاف یہ ہے کہ آپ کا جہراً بسم اللہ پڑھنا نماز کی سنت ہے یا تعلیم امت کے لئے تھا۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نماز کی سنت ہے اور دلیل صغار صحابہ کا اس پر عمل ہے۔ اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک وقتی مصلحت سے یعنی تعلیم امت کے لئے تھا اور دلیل کبار صحابہ کا جہر نہ کرنا ہے۔ واللہ اعلم

بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ لاَصَلاَةَ إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ ضروری ہے

سب سے پہلے یہ جان لینا چاہئے کہ دو مسئلے بالکل علحدہ علحدہ ہیں۔ ایک: فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ دوسرا: مقتدی کے لئے فاتحہ ضروری ہے یا نہیں؟ عام طور پر ان دونوں مسئلوں میں غت ربود ہو جاتا ہے، جس سے دلائل میں الجھاؤ پیدا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ امام ترمذی رحمہ اللہ کو جزائے خیر عطا فرمائیں، آپ نے دونوں مسئلوں کو بالکل الگ الگ کر دیا ہے۔ ایک مسئلہ یہاں ذکر کیا ہے اور دوسرا مسئلہ یہاں سے اکتالیس ابواب کے بعد صفحہ ۱۴ پر لائے ہیں۔

مذاہبِ فقہاء: سورۂ فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض اور رکن کا تعلق ہے۔ اور احناف کے نزدیک واجب ہے۔ فرض اور واجب میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں۔ دونوں پر عمل ضروری ہے۔ چنانچہ دنیا کے تمام لوگ خواہ حنفی ہوں خواہ شافعی یا مالکی یا حنبلی نماز میں ہر رکعت میں فاتحہ پڑھتے ہیں۔ فرق صرف تعبیر کا ہے، اگر حکم دلیلِ قطعی سے ثابت ہو تو وہ فرض کہلاتا ہے اور اگر دلیل ظنی سے ثابت ہو تو وہ واجب کہلاتا ہے۔ یہی فرق جانبِ ترک میں بھی ہے اگر دلیل قطعی سے کسی چیز کی ممانعت ثابت ہو تو اس کو حرام کہتے ہیں اور اگر دلیل ظنی سے ممانعت ثابت ہو تو اس کو مکروہ تحریمی کہتے ہیں۔ نیز بعض مسائل اعتقادیہ اور بعض احکام فرعیہ میں بھی فرق پڑتا ہے۔ فرض وحرام کا انکار کرنے والا کافر ہے اور واجب اور مکروہ تحریمی کا منکر اسلام سے خارج نہیں بلکہ گمراہ ہے، اسی طرح بعض احکام فقہیہ میں فرق پڑتا ہے مثلاً: اگر فاتحہ فرض ہے تو جو شخص عمداً یا سہواً فاتحہ نہیں پڑھے گا اس کی نماز نہیں ہوگی اور اگر فاتحہ واجب ہے تو عمد کی صورت میں نماز واجب الاعادہ ہوگی اور سہو کی صورت میں سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب کی حدیث کا ترجمہ ائمہ ثلاثہ اس طرح کرتے ہیں: جس نے نماز میں فاتحہ نہیں

پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی اور احناف اس کا ترجمہ اس طرح کرتے ہیں: جس نے سورۂ فاتحہ بھی نہیں پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی۔

سوال: یہ ''بھی'' کس لفظ کا ترجمہ ہے، بظاہر عبارت میں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جس کا ترجمہ ''بھی'' ہوتا ہو۔

جواب: نحوی قاعدہ ہے: جو افعال لغت میں مفعول کی طرف بلاواسطہ متعدی ہوتے ہیں جب شریعت ان کو اصطلاح بناتی ہے تو وہ لازم بن جاتے ہیں۔ جیسے قَرَأَ الكتابَ لغت میں متعدی ہے جب شریعت نے اس کو نماز میں ''قراءت'' کے معنی میں لیا تو وہ لازم ہوگیا، کہا جائے گا: قرأ الإمام جهراً أو سراً۔ اسی طرح أَوْتَرَ کے معنی ہیں: طاق بنانا، أَوْتَرَ الأشياءَ (چیزوں کو طاق بنایا) متعدی ہے۔ جب شریعت نے اس کو اپنی اصطلاح بنایا تو وہ لازم ہوگیا، کہا جائے گا: أوتَر بعد العشاء: عشاء کے بعد وتر پڑھے ——— پھر جب دوبارہ ان کو متعدی بنایا جائے تو دوسرے افعالِ لازمہ کی طرح حرف جر کے ذریعہ متعدی کریں گے۔ جیسے حدیثِ باب میں قرأ کو فاتحة الكتاب کی طرف ب حرف جر کے ذریعہ متعدی کیا ہے اور حدیث فإذا خِفْتَ الصُبحَ فأوتِرْ بر كعة میں بھی ب کے ذریعہ متعدی کیا ہے۔

اور علامہ زمخشری رحمہ اللہ نے ''مفصّل'' میں یہ بات بیان کی ہے کہ شریعت جن افعال کو اپنی اصطلاح بنالیتی ہے جب ان کو حرفِ جر کے ذریعہ متعدی کیا جاتا ہے تو اس میں اور لغت کے لازم میں یہ فرق ہوتا ہے کہ جو لغت کا لازم ہے وہ صرف مفعول پر واقع ہوتا ہے۔ اور شریعت کا لازم صرف مجرور پر واقع نہیں ہوتا بلکہ دوسری چیز کے ضمن میں مفعول پر واقع ہوتا ہے۔ پس قرأ بفاتحة الكتاب میں قرأ صرف فاتحہ پر واقع نہیں ہوگا بلکہ کسی دوسری چیز کے ضمن میں فاتحہ پر واقع ہوگا۔ اسی طرح أوتر بر كعة میں أوتر صرف ایک رکعت پر واقع نہیں ہوگا بلکہ دوسری چیز کے ضمن میں ایک رکعت پر واقع ہوگا۔ پس أَوتر بر كعةٍ کے معنی ہونگے ایک رکعت کو دو رکعت کے ساتھ ملا کر وتر بناؤ اور قرأ بفاتحة الكتاب کے معنی ہونگے سورت کے ساتھ فاتحہ بھی پڑھو، اس لئے حدیث کے ترجمہ میں ''بھی'' بڑھایا ہے۔ اب حدیث کا ترجمہ ہوگا: جس نے فاتحہ بھی نہ پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی۔ یعنی فاتحہ اور سورت دونوں کا پڑھنا ضروری ہے، دونوں نہیں پڑھے گا تو نماز نہیں ہوگی۔ کیونکہ قراءت جو رکن ہے نہیں پایا گیا۔

اور نفس قراءت کی فرضیت کی دلیل سورۃ المزمل آیت ۲۰ ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جتنا قرآن آسان ہو پڑھو۔ دوسری دلیل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: لا صلاة إلا بقراء ة فاتحة الكتاب فما زاد (ابوداؤد ۱:۱۱۸، باب من ترك القراء ة) اس میں بھی مجموعہ پر حکم ہے پس کسی ایک کی فرضیت ثابت نہیں ہوگی۔ البتہ دونوں کا قدر مشترک یعنی قراءت کی فرضیت ضرور ثابت ہوگی۔ اسی طرح حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں فصاعداً کی زیادتی بھی مروی ہے، وہ روایت مسلم (۱:۱۶۹، باب وجوب قراء ة إلخ) میں ہے، لہٰذا اس حدیث سے بھی صرف نفس قراءت کی فرضیت ثابت ہوگی۔ اور اس حدیث کے ترجمہ میں ''بھی'' بڑھانا ضروری ہوگا تا کہ اس

میں فصاعداً کا مفہوم شامل ہو جائے، ورنہ حضرت عبادہؓ پر حدیث بگاڑنے کا الزام لگے گا، کیونکہ ایسا اختصار جائز نہیں جس سے حدیث کا مفہوم بدل جائے۔

اور اختلاف کی دوسری بنیاد یہ ہے کہ یہ حدیث بالاتفاق اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے مگر خبر واحد ہے متواتر نہیں اور ائمہ ثلاثہ اعلیٰ درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت کرتے ہیں۔ پس انھوں نے فاتحہ کی فرضیت تجویز کر دی اور احناف خبر واحد سے چاہے وہ اعلیٰ درجہ کی ہو فرضیت ثابت نہیں کرتے، وہ زیادہ سے زیادہ وجوب ثابت کرتے ہیں، اس لئے احناف فاتحہ کے وجوب کے قائل ہوئے۔

خلاصہ کلام: یہ ہے کہ اس مسئلہ میں اختلاف دلائل کا نہیں ہے بلکہ نص فہمی کا ہے۔ اسی حدیث سے ائمہ ثلاثہ بھی استدلال کرتے ہیں اور احناف بھی، اختلاف صرف طریقۂ استدلال میں ہے۔

نوٹ: یاد رکھنا چاہئے کہ امام مالک رحمہ اللہ اگرچہ فاتحہ کو فرض کہتے ہیں مگر وہ اس پر احکام واجب کے جاری کرتے ہیں چنانچہ بھول کر فاتحہ نہ پڑھنے کی صورت میں نماز کو سجدۂ سہو کے بعد صحیح کہتے ہیں گویا امام مالک رحمہ اللہ کا ایک پیر احناف کے پالے میں بھی ہے (معارف السنن ۲:۲۷۳)

[۷۰] باب ماجاء أنه لاصلاة إلا بفاتحة الكتاب

[۲۴۸-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، وعلیُّ بنُ حُجْرٍ، قالا: نا سُفیانُ، عن الزُّهْرِیِّ، عن مَحمودِ بنِ الرَّبِیْعِ، عن عُبادةَ بنِ الصَّامِتِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قال: " لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ"

وفی البابِ عن أبی هریرةَ، وعائشةَ، وأنسٍ، وأبی قتادةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عیسی: حدیثُ عُبادةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. والعَمَلَ علیهِ عند أکثرِ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، مِنهُم: عُمرُ بنُ الخَطَّابِ، وجابرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وعِمرانُ بنُ حُصینٍ وغَیْرُهُمْ، قالوا: لَاتُجْزِئُ صَلَاةٌ إِلَّا بِقِرَاءَ ةِ فَاتِحَةِ الْکِتَابِ، وبه یَقولُ ابنُ المبارکِ، والشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے جن صحابہ کے نام لئے ہیں ان کے اقوال حنفیہ کی موافقت میں ہیں کیونکہ انھوں نے لا تُجْزِئُ فرمایا ہے، اور إجزاء کے معنی جائز ہونے کے نہیں ہیں بلکہ کافی ہونے کے ہیں پس ترجمہ ہوگا: جس نے فاتحہ نہیں پڑھی اس کی نماز کافی نہیں۔ یعنی بس دال دلیا ہو گیا، کامل نہیں۔ اور احناف بھی یہی کہتے ہیں کہ واجب چھوڑ دینے کی وجہ سے نماز ناقص ہوئی۔

بابُ مَاجَاءَ فِی التَّأْمِیْنِ

آمین کہنے کا بیان

تأمین: کے معنی ہیں: آمین کہنا۔ یہ کونسی زبان کا لفظ ہے؟ اس بارے میں یقین سے کوئی بات کہنا مشکل ہے، اس وقت مسلمان، یہود اور نصاری تینوں اس لفظ کو استعمال کرتے ہیں، البتہ مسلمان مد کے ساتھ آمین کہتے ہیں اور یہود ونصاری بغیر مد کے اَمین کہتے ہیں، اور اس کے معنی ہیں: یا اللہ! دعا قبول فرما۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ آمین سراً افضل ہے یا جہراً؟ اس میں اختلاف ہے: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک امام ومقتدی دونوں کے لئے سراً آمین کہنا سنت ہے، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کا ایک قول یہ بھی ہے کہ صرف مقتدی آمین کہیں گے امام آمین نہیں کہے گا، مگر اس قول پر فتوی نہیں۔ دونوں مذاہب میں فتوی اس پر ہے کہ دونوں آمین کہیں گے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ آمین صرف امام جہراً کہے گا اور مقتدی سراً کہیں گے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم یہ ہے کہ امام ومقتدی دونوں زور سے آمین کہیں گے، شوافع کے یہاں فتوی اسی پر ہے۔

حدیث: باب میں جو حدیث ہے وہ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی ہے۔ یہ اقیالِ یمن (یمن کے نوابوں) میں سے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے یمن کو دو پرگنوں میں تقسیم کیا تھا اور ایک پرگنہ کا گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو اور دوسرے کا گورنر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو بنایا تھا۔ پھر پیچھے سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دونوں پرگنوں کا قاضی بنا کر بھیجا تھا۔ ان حضرات کی محنت سے حضرت وائل مسلمان ہوئے، پھر ان کے شوق دلانے سے حضرت وائل مدینہ آئے۔ اور بیس دن قیام کیا۔ جب یہ مدینہ سے تین دن کی مسافت پر رہ گئے تو نبی ﷺ کو وحی کے ذریعہ اطلاع ہوئی۔ اور آپؐ نے صحابہ کو خوشخبری سنائی، کیونکہ کسی بڑے آدمی کا مسلمان ہونا پوری قوم کے اسلام کا سبب بنتا ہے۔ پھر جب حضرت وائل رضی اللہ عنہ مدینہ پہنچے تو نبی ﷺ نے ان کا اعزاز واکرام کیا، اور نمازوں کے لئے مسجد نبوی میں ٹھیک اپنے پیچھے ان کے لئے جگہ مقرر فرمائی، تاکہ وہ دین اور نماز سیکھیں۔ یہ حدیث اسی موقع کی ہے وہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو سنا آپؐ نے ﴿غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلاَالضَّالِّیْنَ﴾ پڑھا اور آمین کہی اور اس کے ساتھ اپنی آواز کو کھینچا۔ یعنی بآواز بلند آپ نے آمین کہی —— امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ آمین جہراً کہنا سنت ہے۔

تشریح: اس حدیث میں سلمۃ بن کُہیل کے دوشاگردوں: شعبہ اور سفیان ثوری میں اختلاف ہوا ہے۔ سند میں بھی اختلاف ہوا ہے اور متن میں بھی۔ چنانچہ شیخین (بخاری ومسلم) نے صحیحین میں اس حدیث کی تخریج نہیں کی،

کیونکہ ان کا اصول ہے کہ جس حدیث کی سند یا متن میں روات کا اختلاف ہو جائے صحیحین میں وہ اس کی تخریج نہیں کرتے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے سفیان ثوری رحمہ اللہ کی حدیث کو اصح کہا ہے اور شعبہ رحمہ اللہ کی حدیث میں تین خرابیاں بتائی ہیں۔

مگر صحیح بات یہ ہے کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور ان میں نہ تو سند میں کوئی اختلاف ہے اور نہ متن میں۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ سفیان ثوری اور شعبہ کی حدیثوں میں جن تین باتوں میں اختلاف ہے وہ یہ ہیں:

پہلی بات: سفیان نے اپنے استاذ الاستاذ کا نام حجر بن عنبس بتایا ہے۔ اور شعبہ نے حُجر ابو العنبس۔

دوسری بات: حجر اور حضرت وائل کے درمیان سفیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے جبکہ شعبہ، علقمہ بن وائل کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔

تیسری بات: سفیان کی حدیث کا متن ہے: مَدَّ بها صوتَه جس کا مفہوم زور سے آمین کہنا ہے اور شعبہ کی حدیث میں خَفَضَ بها صوته ہے یعنی اپنی آواز کو پست کیا یعنی سراً آمین کہی۔

پہلی بات کا جواب: حجر کے والد اور بیٹے دونوں کا نام عنبس تھا۔ اس لئے حجر بن عنبس بھی صحیح ہے اور حجر ابو العنبس بھی، اور عربوں میں ایسا بکثرت ہوتا ہے چنانچہ حافظ رحمہ اللہ نے تہذیب (۲:۲۱۴) میں ان کی دو کنیتیں أبو السَّکن اور ابو العنبس ذکر کی ہیں اس لئے حجر بن عنبس اور حجر ابو العنبس ایک ہی شخص ہیں، سفیان نے باپ کا تذکرہ کیا ہے اور شعبہ نے ان کی کنیت ذکر کی ہے۔ اور دلیل سفیان کی وہ حدیث ہے جو ابو داؤد میں ہے اس میں سفیان نے بھی حجر ابو العنبس کہا ہے (۱:۱۳۴ باب التأمين إلخ)

دوسری بات کا جواب: اور حجر اور حضرت وائل کے درمیان علقمہ کا واسطہ صحیح ہے اس لئے کہ حجر نے یہ حدیث علقمہ سے بھی سنی ہے اور ان کے والد حضرت وائل سے بھی براہِ راست سنی ہے (مسند ابو داؤد طیالسی ص: ۱۳۸ حدیث ۱۰۲۴ میں اور مسند احمد میں اس کی صراحت ہے، آثار السنن ص: ۱۲۵، ترك الجهر حاشیہ) پس شعبہ کی سند میں جو علقمہ کی زیادتی ہے وہ مزید فی متصل الاسناد ہے۔

تیسری بات کا جواب: اور دونوں حدیثوں کے متن میں بھی کوئی تعارض نہیں، اس لئے کہ مَدَّ بها سر کے مقابلہ میں ہے اور خَفَضَ بها جہر کے مقابلہ میں ہے۔ پس سفیان ثوری رحمہ اللہ کی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے آمین بالجہر کہی، بالسرّ نہیں کہی۔ اور شعبہ کی حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جس لہجہ میں فاتحہ پڑھی تھی آمین اس سے پست آواز میں کہی، پس دونوں حدیثوں میں آمین بالجہر کہنے کی بات ہے صرف تعبیر کا فرق ہے۔ اور عبارا تُنا شتّٰی وحُسْنُك واحد کا مصداق ہے۔ اور اس کی دلیل نسائی کی حدیث ہے۔ حضرت وائل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: سمعتُه و أنا خلفه یعنی صرف اتنے زور سے آمین کہی کہ میں نے سن لی درانحالیکہ میں آپؐ کے

پیچھے تھا (نسائی، باب قول المأموم إذا عطس إلخ)

اور یہ حدیث امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے مسلک کے معارض بھی نہیں کیونکہ نبی ﷺ نے جہراً آمین وقتی مصلحت سے کہی تھی، یعنی حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی تعلیم کی غرض سے کہی تھی، چنانچہ خود حضرت وائلؓ فرماتے ہیں: قَرأَ: ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾ فقال: آمین یَمُدُّ بِهَا صوتَه ما أُرَاهُ إِلَّا لِيُعَلِّمَنَا یعنی آپؐ نے جہراً آمین میرے خیال میں میری تعلیم کے لئے کہی تھی، یہ حدیث حافظ ابو بشر دولابی کی کتاب الأسماء والکُنی میں ہے (آثار السنن ص:۱۲۰، الجهر بالتأمين درحاشیہ)

پھر رسول اللہ ﷺ نے بیس دن میں صرف تین نمازوں میں جہراً آمین کہی تھی۔ حضرت وائل کہتے ہیں: فلما فرغ من فاتحة الکتاب قال آمین ثلاث مراتٍ: آپؐ نے فاتحہ سے فارغ ہو کر تین مرتبہ آمین کہی۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ تین نمازوں میں آمین کہی۔ یعنی بیس دن کی باقی نمازوں میں سراً کہی۔ یہ حدیث معجم طبرانی کبیر میں ہے (مجمع الزوائد ۲:۱۱۳، ورجاله ثقات، اور حافظ ابن حجر کی شرح: مواہب لدنیہ کی شرح زرقانی (۷:۱۱۳) میں ہے)

الغرض یہ حدیث احناف کے خلاف نہیں، بلکہ ان کی دلیل ہے۔ اور وہ اس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کا معمول سراً آمین کہنے کا تھا، مگر آپؐ نے وقتی مصلحت سے جہراً آمین کہی ہے۔ اگر جہراً آمین کہنے کا معمول ہوتا تو اس سلسلہ کی روایات حد تواتر تک پہنچ جاتیں۔ کیونکہ صحابہ نے دس سال تک مسجد نبوی میں آپؐ کے پیچھے نمازیں پڑھی ہیں۔ مگر حضرت وائل کی حدیث کے علاوہ دوسری کوئی حدیث مسئلۃ الباب میں ایسی موجود نہیں جو صریح اور صحیح ہو اور حضرت وائل رضی اللہ عنہ یمن کے تھے اور صرف ۲۰ دن مدینہ میں قیام کیا تھا۔ انہی کی حدیث پر سارا مدار ہے۔ اور کبار صحابہ بھی جہراً آمین نہیں کہتے تھے۔ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے بارے میں سراً آمین کہنے کی صراحت ہے (شرح معانی الآثار ۱:۱۵۰، باب قراءة بسم الله) البتہ بعض صغار صحابہ نے اپنے دور میں جہراً آمین کہی ہے مگر ان کا ایسا کرنا حفاظتِ حدیث کی غرض سے تھا۔ تفصیل پہلے بسم اللہ کے مسئلہ میں گذر چکی ہے۔

علاوہ ازیں عقلی فیصلہ بھی یہی ہے کہ آمین میں سر ہونا چاہئے کیونکہ نماز میں متعدد اذکار ہیں اور قراءت کے علاوہ ہر ذکر میں بالاجماع سر سنت ہے، پس آمین میں بھی سر ہی سنت قرار پائے گا، اور امام کی تکبیرات میں جہر ضرورۃً ہے، نیز آمین دعا ہے اور دعا میں اخفاء افضل ہے۔ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً﴾ پکارو اپنے پروردگار کو تذلل ظاہر کرتے ہوئے اور چپکے چپکے (اعراف آیت ۵۵) واللہ اعلم

فائدہ: اس باب میں بھی نص فہمی کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں ہے۔ یعنی حضرت وائل رضی اللہ عنہ سے جو جہراً آمین کہنا مروی ہے وہ نماز کی سنت ہے یا کسی وقتی مصلحت سے ہے؟ دو اماموں کی رائے میں وہ نماز کی سنت

ہےاوردوسرے دواماموں کی رائے میں وہ نماز کی سنت نہیں ہے۔اور چونکہ تنہا حضور اکرم ﷺ نے جہراً آمین کہی تھی اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ صرف امام جہراً آمین کہے اور مقتدی سراً آمین کہیں گے۔مگرشوافع کا اس قول پر فتوی نہیں فتوی قولِ قدیم پر ہے۔

[۷۱] باب ماجاء فی التَّأْمين

[۲٤۹-] حدثنا بُندارٌ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، قالا: نا سُفيانُ، عن سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عن حُجْرِ بنِ عَنْبَسٍ، عن وائِلِ بنِ حُجْرٍ، قال: سمِعتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَرأَ﴿ غيرِ المغضوبِ عليهم ولا الضَّالين﴾ وقال: آمِينَ، وَمَدَّ بِهَا صَوْتَهُ.

وفى الباب: عن عليٍّ وأبى هريرةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ وائلِ بنِ حُجُرٍ حديثٌ حسنٌ، وبه يَقولُ غَيرُ واحِدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَن بَعْدَهُمْ: يَرَوْنَ أَن يَرْفَعَ الرَّجُلُ صَوْتَهُ بِالتَّأْمِيْنِ وَلاَ يُخْفِيْهَا؛ وبه يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ورَوَى شُعبةُ هٰذا الحديثَ عن سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عن حُجْرٍ أبى العَنْبَسِ، عن عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلٍ، عن أبيهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَرأَ﴿ غَيرِ المغضوبِ عليهم ولا الضَّالين﴾ فقال: آمينَ، وخَفَضَ بِهَا صَوْتَهُ.

قال أبو عيسى: سمعتُ محمداً يقولُ: حديثُ سُفيانَ أَصَحُّ من حَديثِ شُعْبَةَ فى هٰذا، وأَخْطَأَ شُعْبَةُ فى مَوَاضِعَ مِن هٰذا الحَديثِ.

فقال: عن حُجْرٍ أَبِى العَنبَسِ، وإِنَّمَا هُوَ حُجْرُ بنُ العَنبَسِ، ويُكَنَّى أَبَا السَّكَن؛ وزَادَ فِيْهِ: عن عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلٍ، ولَيْسَ فِيهِ عن عَلْقَمَةَ، وإِنَّمَا هُوَ حُجْرُ بنُ عَنْبَسٍ، عن وَائِلِ بنِ حُجْرٍ؛ وقال: وَخَفَضَ بها صَوْتَه، وإنما هُو مَدَّ بِهَا صَوْتَهُ.

قال أبو عيسى: وَسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ عن هٰذا الحديثِ، فقال: حَديثُ سُفيانَ فى هٰذا أَصَحُّ. قال: ورَوَى العَلاَءُ بنُ صَالِحِ الأَسَدِيِّ، عن سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ نَحْوَ رِوَايَةِ سُفْيَانَ.

قال أبو عيسى: حدثنا أبوبَكْرٍ مُحمدُ بنُ أَبَانٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عن العَلاَءِ بنِ صَالِحِ الأَسَدِيِّ، عن سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عن حُجْرِ بنِ عَنْبَسٍ، عن وائِلِ بن حُجْرٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: نَحْوَ حَدِيثِ سُفيانَ عن سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ.

ترجمہ: حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مطابق صحابہ وتابعین اور بعد کے علماء میں سے متعدد حضرات کا عمل ہے، ان کی رائے یہ ہے کہ آدمی آمین زور سے کہے، اور اس کو سرًا نہ کہے۔ اور اسی کے شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ قائل ہیں —— پھر شعبہ رحمہ اللہ کی سند سے حدیث پیش کی ہے (امام شعبہ کی سند سے حدیث مسند احمد میں ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ آمین کے مسئلہ میں سفیان ثوری کی حدیث شعبہ کی حدیث سے اصح ہے۔ اور شعبہ نے اس حدیث میں کئی جگہ غلطی کی ہے، چنانچہ انھوں نے کہا: (۱) عن حُجر أبی العنبس درانحالیکہ وہ راوی حجر بن العنبس ہی ہے اور اس کی کنیت ابوالسکن ہے (یعنی ابوالعنبس ان کی کنیت نہیں ہے جیسا کہ شعبہ کہتے ہیں) (۲) اور شعبہ نے سند میں علقمہ کا اضافہ کر دیا ہے، درانحالیکہ اس میں علقمہ سے روایت نہیں ہے۔ اس حدیث کو حُجر: حضرت وائل ہی سے روایت کرتے ہیں (۳) اور شعبہ نے کہا: خفض بها صوته، حالانکہ حدیث میں مدَّ بها صوتَه ہی ہے (امام بخاری کا قول پورا ہوا) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے ابوزرعہ سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے فرمایا: اس مسئلہ میں سفیان کی حدیث اصح ہے۔ ابوزرعہ نے فرمایا: اور علاء بھی سلمہ سے سفیان کی روایت ہی کی طرح بیان کرتے ہیں (یعنی علاء: سفیان کے متابع ہیں اور شعبہ کا کوئی متابع نہیں) پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے علاء کی سند پیش کی ہے (مگر یہ راوی متکلم فیہ ہے۔ ابوحاتم رازی اور ابن المدینی نے اس کی تضعیف کی ہے، اور ابن معین اور ابوداؤد نے اس کی توثیق کی ہے (میزان الاعتدال ۳:۱۰۱ اس لئے یہ راوی متابعت کے قابل نہیں)

بابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ التَّأْمِيْنِ

آمین کہنے کی فضیلت

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو۔ پس جس کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ موافق ہو جائے گا اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تشریح: آمین بالسر والوں کے نزدیک موافقت سے موافقت فی الزمان مراد ہے یعنی جس وقت فرشتے آمین کہیں اسی وقت جو آمین کہے گا اس کے گناہ معاف ہونگے۔ اور جو خیالات میں کھویا رہے گا اور آمین کہنے میں دیر کر دے گا وہ بخشش سے محروم رہے گا۔ کیونکہ فرشتے غافل نہیں ہوتے، وہ فاتحہ پوری ہوتے ہی آمین کہیں گے، پس جو شخص قراءتِ فاتحہ کی طرف متوجہ ہے اور بروقت آمین کہے اسی کی تامین ملائکہ کی تامین سے موافق ہوگی۔

اور آمین بالجہر والوں کے نزدیک موافقت سے موافقت فی الاخلاص مراد ہے یعنی جس طرح فرشتے اخلاص سے

آمین کہتے ہیں مقتدی بھی اخلاص سے آمین کہے تو اس کی مغفرت ہوگی۔ اور جو دکھانے سنانے کے لئے یا کسی کو چڑانے کے لئے چلائے گا اس کی مغفرت نہیں ہوگی۔ اوران حضرات کو موافقت کی یہ دوسری تفسیر اس لئے کرنی پڑی کہ جہراً آمین کہنے کی صورت میں کسی کے پیچھے رہ جانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ سویا ہوا بھی جاگ جاتا ہے۔

[۷۲] باب ماجاء فی فضل التَّأْمِين

[۲۵۰-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ مُحمدُ بنُ العَلاَءِ، نا زيدُ بنُ حُبَابٍ، قال: حدثني مالكُ بنُ أنسٍ، نا الزُّهْرِيُّ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيِّبِ وأبي سَلَمَةَ، عن أبي هُريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: " إِذَا أَمَّنَ الإِمَامُ فَأَمِّنُوْا، فَإِنَّهُ مَن وَافَقَ تَأْمِيْنُهُ تَأْمِيْنَ الْمَلاَئِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: واضح ہے، اور حدیث متفق علیہ ہے۔ امام بخاری نے اسی سے آمین بالجہر ثابت کیا ہے۔ حالانکہ اس حدیث سے اگر جہر ثابت ہوتا ہے تو صرف امام کا جہر ثابت ہوتا ہے۔ مقتدیوں کا جہر ثابت نہیں ہوتا اور مشاکلت سے استدلال تام نہیں جیسے حدیث میں ہے کہ جب امام سمع اللہ کہے تو تم ربنا ولك الحمد کہو۔ امام تسمیع جہراً کہے گا مگر مقتدی تحمید سراً کہیں گے۔ نیز امام کے جہراً آمین کہنے میں بھی حدیث صریح نہیں۔ اس کا یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے بلکہ ہے کہ جب امام کے آمین کہنے کا وقت آئے تو تم آمین کہو، اسی لئے دوسری حدیث میں ہے کہ جب امام ﴿وَلاَ الضَّالِّيْن﴾ کہے تو تم آمین کہو، کیونکہ یہی امام کے آمین کہنے کا وقت ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی السَّكْتَتَيْنِ

ہر رکعت میں دوسکتوں کا تذکرہ

حدیث: حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کے دو سکتے یاد ہیں۔ یعنی آپ ہر رکعت میں دو جگہ خاموشی اختیار فرماتے تھے، ایک: تکبیر تحریمہ کے بعد، دوسرے: فاتحہ ختم کرنے کے بعد۔ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے انکار کیا اور فرمایا: ہمیں ایک ہی سکتہ یاد ہے یعنی تکبیر تحریمہ کے بعد۔ فاتحہ کے بعد کے سکتہ کا انھوں نے انکار کیا۔ پھر دونوں نے مدینہ منورہ خط لکھا اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے استصواب کیا ان کا جواب آیا کہ سمرۃ کو ٹھیک یاد ہے۔

تشریح: حنفیہ کی کتابوں میں ہر رکعت میں تین سکتوں کا ذکر ہے۔ ایک: تکبیر تحریمہ کے بعد ثنا وغیرہ پڑھنے کے

لئے، دوسرا: سورۂ فاتحہ کے بعد آمین کہنے کے لئے، تیسرا: سورت ختم کرنے کے بعد سانس کی بحالی کے لئے۔

اور شوافع کی کتابوں میں چار سکتوں کا ذکر ہے۔ پہلا تکبیر تحریمہ کے بعد جس میں دعائے استفتاح پڑھی جاتی ہے۔ دوسرا: فاتحہ اور آمین کے درمیان ہلکا سا سکتہ تاکہ امام کا سانس بحال ہوجائے اور امام اور مقتدی ایک ساتھ جہراً آمین کہہ سکیں۔ تیسرا: آمین کے بعد سکتہ طویلہ تاکہ مقتدی فاتحہ پڑھ سکیں۔ چوتھا: سورت کے بعد سانس کی بحالی کے لئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس حدیث سے صرف تین سکتے ثابت ہوتے ہیں۔ شوافع کے سکتہ طویلہ کا دور دور تک حدیثوں میں کوئی تذکرہ نہیں، انھوں نے سکتۂ طویلہ کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ یہ مقتدیوں کو فاتحہ پڑھنے کا موقع دیا گیا ہے تاکہ وہ امام کو الجھن میں ڈالے بغیر اور انصات کا امر ترک کئے بغیر فاتحہ پڑھ سکیں۔ مگر ان کی یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ حدیث میں جس دوسرے سکتہ کا ذکر ہے وہ مختصر سا سکتہ ہے اور آمین کہنے کے لئے ہے۔ اور اس کے اختصار کا حال یہ ہے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اس کا ادراک ہی نہیں کیا۔

[۷۳] باب ماجاء فی السَّكْتَتَيْنِ

[۲۵۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثَنَّى، نا عبدُ الأَعْلَى، عن سَعيدٍ، عن قَتَادَةَ، عن الحَسَنِ، عن سَمُرَةَ، قال: سَكْتَتَانِ حَفِظْتُهُمَا عن رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَنْكَرَ ذٰلِكَ عِمرانُ بنُ حُصَيْنٍ، قال: حَفِظْنَا سَكْتَةً، فَكَتَبْنَا إِلٰى أُبَىِّ بنِ كَعْبٍ بِالْمَدِيْنَةِ، فَكَتَبَ أُبَىٌّ: أَنْ حَفِظَ سَمُرَةُ، قال سعيدٌ: فَقُلْنَا لِقَتَادَةَ: مَاهَاتَانِ السَّكْتَتَانِ؟ قال: إِذَا دَخَلَ فى صَلاَ تِهِ، وَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ، ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ: وإِذَا قَرَأَ ﴿وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾ قال: وَكَانَ يُعْجِبُهُ إِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ أَنْ يَّسْكُتَ، حَتّٰى يَتَرادَّ إِلَيْهِ نَفَسُهُ.

قال: وفى الباب عن أبى هريرةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ. وهو قَولُ غَيرِ وَاحِدٍ مِن أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ لِلإِمَامِ أَنْ يَّسْكُتَ بَعْدَمَا يَفْتَتِحُ الصَّلاَةَ، وبَعْدَ الفَرَاغِ مِنَ الْقِرَاءَ ةِ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقَ وأصحابُنَا.

ترجمہ: سعید بن ابی عروبہ کہتے ہیں: ہم نے قتادہ سے پوچھا وہ دو سکتے کونسے ہیں؟ انھوں نے جواب دیا: جب نماز میں داخل ہو اور جب قراءت سے فارغ ہو، پھر دوسرے موقع پر کہا: جب ﴿وَلا الضَّالِّيْن﴾ پڑھے (پہلے جواب میں بھی قراءت سے فاتحہ ہی مراد ہے۔ پس قتادہ کی دونوں تفسیروں میں کوئی تعارض نہیں) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کو قراءت سے فارغ ہونے کے بعد سکتہ کرنا پسند تھا، تاکہ سانس بحال ہوجائے

——— اور یہ متعدد علماء کا قول ہے وہ سب امام کے لئے یہ بات پسند کرتے ہیں کہ وہ نماز شروع کرنے کے بعد اور قراءت پوری کرنے کے بعد سکتہ کرے۔ امام احمد، اسحاق اور ہمارے اکابر رحمہم اللہ کی یہی رائے ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی وَضْعِ الیَمِیْنِ عَلَی الشِّمَالِ فِی الصَّلاَۃِ

حالتِ قیام میں ہاتھ باندھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک نماز میں حالتِ قیام میں ہاتھوں کو چھوڑنا یعنی ارسال کرنا سنت ہے۔ اور جمہور کے نزدیک وضع یعنی ہاتھوں کو باندھنا سنت ہے ——— اس باب میں صرف ہاتھ باندھنے کی احادیث ہیں۔ علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں اس سلسلہ کی بیس روایتیں جمع کی ہیں جن میں سے اٹھارہ مرفوع اور دو مرسل ہیں۔ اور ارسال (ہاتھ چھوڑنے) کی سرے سے کوئی روایت نہیں، نہ ضعیف نہ صحیح۔ بلکہ خود امام مالک رحمہ اللہ نے موطا مالک (ص:۵۵، باب وضع الیدین) میں ہاتھ باندھنے کی روایت ذکر کی ہے۔ اور امام مالک ارسال غالباً اس وجہ سے کرتے تھے کہ حاکم وقت نے ان کے گٹے اتروا دیئے تھے اور وہ ہاتھ باندھنے پر قادر نہیں رہے تھے، مگر تاریخی طور پر یہ واقعہ ثابت نہیں۔

ارسال کو سنت کہنے کی دوسری وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ ہاتھ باندھنا ایک قسم کا ٹیک لگانا ہے یعنی اس میں راحت ہے جو فرائض کی شان کے خلاف ہے۔ البتہ نوافل میں اس کی گنجائش ہے چنانچہ مالکیہ کے یہاں صرف فرائض میں ہاتھ باندھنا مکروہ ہے، نوافل میں جائز ہے (بُلغۃ السالک ۱:۱۱۸) مگر یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے جو مردود ہے۔

فائدہ: ہاتھ باندھنے کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر رکھے اور دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی انگلی کا حلقہ بنائے اور بائیں ہاتھ کے پہنچے کو پکڑے۔ اور باقی تین انگلیاں کلائی پر پھیلی ہوئی رکھے۔ اور ہاتھوں کو زیر ناف اس طرح رکھے کہ ناف ہاتھوں کے بالائی حصہ سے لگی ہوئی ہو۔ یہ طریقہ احناف کے یہاں مسنون ہے اور شوافع کے نزدیک ناف سے اوپر اور سینہ کے نیچے ہاتھ باندھنا مسنون ہے۔ اس طرح کہ ناف ہاتھوں کے زیریں حصہ سے لگی ہوئی ہو (شرح مہذب ۳:۳۱۰) اور امام احمد رحمہ اللہ کے دونوں کے موافق اقوال ہیں (مغنی ۱:۵۱۴)

یاد رکھنا چاہئے کہ ائمہ اربعہ میں سے کوئی بھی سینہ پر ہاتھ باندھنے کا قائل نہیں اور ان کے درمیان اختلاف صرف افضلیت اور عدم افضلیت کا ہے۔ مزید تفصیل کے لئے ادلۂ کاملہ اور ایضاح الادلۃ (مصنفہ شیخ الہند قدس اللہ سرہ) کی مراجعت کیجئے۔

[٧٤] باب ماجاء فی وضع الیمین علی الشمال فی الصلاة

[٢٥٢-] حدثنا قُتيبةُ، نا أبو الأحوصِ، عن سِمَاكِ بنِ حُرْبٍ، عن قَبِيْصَةَ بنِ هُلْبٍ، عن أبيهِ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يَؤُمُّنَا، فَيَأْخُذُ شِمَالَهُ بِيَمِيْنِهِ.

وفی الباب: عن وائلِ بنِ حُجْرٍ، وغُطَيْفِ بنِ الحارِثِ، وابنِ عباسٍ، وابنِ مسعودٍ، وسَهلِ بنِ سَعْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ هُلْبٍ حديثٌ حسنٌ، والعَمَلُ عَلَى هٰذا عند أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَن بَعدَهُمْ: يَرَوْنَ أَنْ يَّضَعَ الرَّجُلُ يَمِيْنَهُ على شِمالِهِ فی الصَّلَاةِ؛ ورَأَى بَعضُهُمْ: أن يَّضَعَهُمَا فَوقَ السُّرَّةِ؛ ورَأَى بَعضُهُمْ: أن يَّضَعَهُمَا تَحتَ السُّرَّةِ؛ وكُلُّ ذٰلِكَ عندَهُمْ وَاسِعٌ. وَاسْمُ هُلْبٍ: يَزِيدُ بنُ قُنَافَةَ الطَّائِیُّ.

ترجمہ: وہ حدیث جونماز میں دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھنے کے سلسلہ میں آئی ہے ـــــ حضرت ہُلب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہماری امامت کیا کرتے تھے اور اپنا بایاں ہاتھ دائیں ہاتھ سے پکڑا کرتے تھے ـــــ اوراس پر صحابہ، تابعین اور بعد کے اہل علم کا عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آدمی نماز میں دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھے۔ اور بعض علماء کی رائے ہاتھوں کو ناف سے اوپر رکھنے کی ہے اور بعض کی ناف سے نیچے۔ اوراس سلسلہ میں علماء کے نزدیک توسّع ہے۔ یعنی یہ اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں ہے بلکہ افضلیت وعدم افضلیت کا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی التَّكْبِيْرِ عِندَ الرُّكُوْعِ والسُّجُوْدِ

تکبیراتِ انتقالیہ کا بیان

مذاہبِ فقہاء: نماز میں ہر اونچ نیچ میں تکبیر ہے، البتہ رکوع کے بعد تسمیع وتحمید ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ پھر امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت اور اصحاب ظواہر کا خیال یہ ہے کہ یہ تکبیراتِ انتقالیہ واجب ہیں۔ اور جمہور کے نزدیک سنت ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہر جھکنے میں اور ہر اٹھنے میں یعنی ہر کھڑے ہونے میں اور ہر بیٹھنے میں تکبیر کہا کرتے تھے۔ اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کا بھی یہی معمول تھا ـــــ قیامٍ وقعودٍ عطفِ تفسیری ہیں اور کلُّ خفضٍ ورفعٍ کی وضاحت میں آئے ہیں۔ اور أبوبکر وعمر کا عطف رسول اللہ پر ہے، اور عطف کرکے یہ بات بتائی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ معمول آخر حیات تک تھا، چنانچہ آپ ﷺ کے بعد جو

متصل خلفاء آئے ان کا بھی یہی معمول تھا۔

تشریح: قائلینِ وجوب کا مذکورہ حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ تکبیرات مواظبت کے ساتھ کہی ہیں۔ایک روایت بھی ایسی نہیں جس سے ان تکبیرات کا ایک آدھ بار ترک کرنا ثابت ہوتا ہو۔ پس یہ مواظبت تامہ وجوب کی دلیل ہے۔اور جمہور کا خیال یہ ہے کہ یہ محض فعل ہے اور آپؐ کا تکبیرات کو ہمیشہ کہنا مواظبت کے ارادہ سے نہیں تھا بلکہ یہ محض فعل تھا جیسا کہ آپؐ نے ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھانا کھایا ہے اس میں مواظبت پیش نظر نہیں تھی بلکہ وہ صرف ایک دائمی عمل تھا۔ لہٰذا حدیث مذکور سے وجوب ثابت نہیں ہوگا کیونکہ فعلی حدیث سے زیادہ سے زیادہ سنیت ثابت ہوتی ہے۔وجوب ثابت نہیں ہوتا۔اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ دور بنی امیہ میں بعض خلفاء صرف رفع میں یعنی اٹھتے وقت تکبیر کہتے تھے جھکتے ہوئے تکبیر نہیں کہتے تھے۔اگر یہ تکبیراتِ انتقالیہ واجب ہوتیں تو وہ خلفاء اس کو نہ چھوڑتے۔مگر ان کا سنت کو چھوڑنا بھی برا تھا۔اور امام احمد رحمہ اللہ کا دوسرا قول جمہور کے موافق ہے اور وہی مفتی بہ ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تکبیر کہا کرتے تھے درانحالیکہ آپؐ گرتے تھے یعنی انتقال کے دوران تکبیر کہا کرتے تھے۔ —— ھوی (ض) ھَوِیًّا کے معنی ہیں: گرنا۔قرآن میں ہے:﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى﴾ أي إذا سَقَطَ وغَرَبَ۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ تکبیرات ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہونے کے دوران کہی جائیں گی۔اور ان کو اسی وجہ سے تکبیرات انتقالیہ کہتے ہیں۔اور اس پر چاروں فقہاء کا اتفاق ہے۔مگر آج کل عرب کے ائمہ انتقال کے دوران یہ تکبیرات نہیں کہتے بلکہ دوسرے رکن میں منتقل ہونے کے بعد کہتے ہیں، جو غلط طریقہ ہے۔اور دو حدیثوں کو غلط سمجھنے کی وجہ سے یہ طریقہ چل پڑا ہے۔ایک حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: إنما جُعِلَ الإمامُ لِيُؤْتَمَّ به فإذا كَبَّر فكبِّروا، وإذا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وإذا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وإِذَا سَجَدَ فاسْجُدُوْا۔یعنی امام اسی لئے ہے کہ اس کی پیروی کی جائے، پس جب وہ تکبیر کہے پس تم تکبیر کہو، اور جب وہ رکوع کرے پس تم رکوع کرو، اور جب وہ رکوع سے سر اٹھائے پس تم سر اٹھاؤ اور جب وہ سجدہ کرے پس تم سجدہ کرو —— اس حدیث کا یہ مطلب سمجھا گیا ہے کہ امام کے تکبیر کہنے اور رکوع وسجود کرنے کے بعد مقتدیوں کو تکبیر کہنی چاہئے اور رکوع وسجدہ کرنا چاہئے۔اب اگر امام انتقال کے دوران تکبیرات کہتا ہے تو مقتدی بھی ساتھ ساتھ منتقل ہوتے ہیں۔اس لئے عرب ائمہ نے مقتدیوں کو مؤخر کرنے کے لئے انتقال کے بعد تکبیر کہنا شروع کیا۔ظاہر ہے مقتدی تکبیرات سننے کے بعد ہی انتقال شروع کریں گے اس طرح وہ امام سے مؤخر رہیں گے۔

اور دوسری حدیث یہ ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ بوڑھے ہو گئے اور آپؐ نے محسوس کیا کہ بعض نوجوان پہلے

سجدہ میں پہنچ جاتے ہیں تو آپؐ نے مقتدیوں کو ہدایت دی کہ وہ جلدی سجدہ میں نہ جائیں۔ چنانچہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد ہم نے یہ احتیاط شروع کردی کہ آپ کے سجدہ میں سر رکھنے کے بعد ہم جھکنا شروع کرتے تھے۔

عرب ائمہ نے دونوں حدیثوں کو ملا کر یہ نتیجہ نکالا کہ امام کے اگلے رکن میں منتقل ہونے کے بعد ہی مقتدیوں کو انتقال شروع کرنا چاہئے۔ مگر چونکہ مقتدی تکبیر سننے کے بعد انتقال شروع کردیتے ہیں اس لئے انھوں نے لوگوں کو پیچھے رکھنے کے لئے تکبیرات کو انتقال کے بعد کہنا شروع کیا۔

حالانکہ پہلی حدیث میں ف تعقیب مع الوصل کے لئے ہے۔ لہٰذا امام اور مقتدی تکبیر اور انتقال ساتھ ساتھ شروع کریں گے، البتہ امام ذرا آگے رہے گا اور مقتدی ذرا اس سے پیچھے رہیں گے، نہ یہ کہ دونوں میں کوئی اتصال ہی نہ رہے۔ اور دوسری حدیث معذور کے لئے ہے۔ یعنی اگر امام بوڑھا ہے اور مقتدی نوجوان تو امام کو انتقال پہلے کرنا چاہئے اور مقتدیوں کو بعد میں تاکہ مقتدی امام سے پہلے سجدہ میں نہ پہنچ جائیں۔ غرض حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ والی حدیث سنت نہیں ہے بلکہ وہ ایک عارضی حکم ہے۔ اور باقی دونوں حدیثوں سے خاص طور پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث باب میں ہے اس سے صاف یہ بات نکلتی ہے کہ یہ تکبیرات انتقال کے دوران کہی جانی چاہئیں۔ یہی رسول اللہ ﷺ کا طریقہ تھا۔ واللہ اعلم

نوٹ: ابن العربی مالکی کی ترمذی کی شرح عارضۃ الاحوذی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے پہلے باب منه آخر ہے۔

[۷۵] باب ماجاء فی التكبير عند الركوع والسجود

[۲۵۳-] حدثنا قُتيبةُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن أبی إسحاقَ، عن عَبدِ الرحمنِ بنِ الأَسْوَدِ، عن عَلْقَمَةَ، والأَسْوَدِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسعودٍ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يُكَبِّرُ فی كُلِّ خَفْضٍ وَرَفْعٍ، وقِيامٍ وَقُعُوْدٍ، وأبو بَكْرٍ وعُمرُ.

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وأنسٍ، وابنِ عُمَرَ، وأبی مالكٍ الأَشْعَرِیِّ، وأبی موسى، وعِمرانَ بنِ حُصَيْنٍ، ووائِلِ بنِ حُجْرٍ، وابنِ عَباسٍ. قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسعودٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلَ عَلَيْهِ عِندَ أَصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، مِنُهم: أبوبكرٍ وعُمرُ وعُثمانُ وعَلِیٌّ وغَيْرُهُمْ ومَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعينَ، وعَلَيْهِ عَامَّةُ الْفُقَهاءِ والعُلَماءِ.

[۷٦] [باب منه آخر]

[٢٥٤-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ مُنِيْرٍ، قال: سَمِعْتُ عَلِيَّ بنَ الحَسَنِ، قال: أنا عبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أبی بكرِ بنِ عَبدِ الرحمنِ، عن أبی هريرةَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم كَانَ يُكَبِّرُ وَهُوَ يَهْوِیْ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وهُوَ قَوْلُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ، قَالُوْا: يُكَبِّرُ الرَّجُلُ وَهُوَ يَهْوِیْ لِلرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ.

دونوں باتوں کا ترجمہ واضح ہے اور حدیث ۲۵۴ پر باب کا اضافہ عارضة الأحوذی سے کیا ہے۔ آخری جملہ کا ترجمہ یہ ہے: وہ حضرات کہتے ہیں کہ آدمی تکبیر کہے درانحالیکہ وہ گر رہا ہو رکوع وسجود کے لئے یعنی دورانِ انتقال تکبیرات کہے۔

الحمدللہ! تحفة الألمعی شرح سنن الترمذی کی جلد اول مکمل ہوئی، دوسری جلد [۷۷] باب رفع اليدين عند الركوع سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بابُ رَفْعِ الیَدَینِ عند الرُّکُوْعِ

رکوع میں جاتے (اور رکوع سے اٹھتے) وقت رفع یدین کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع یدین سنت ہے۔ اسی طرح تین جگہوں کو چھوڑ کر پوری امت متفق ہے کہ باقی تکبیرات کے ساتھ رفع یدین نہیں کیا جائے گا۔ البتہ تین جگہوں میں یعنی رکوع میں جھکتے وقت، رکوع سے اٹھتے وقت اور تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین کیا جائے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ صرف دو جگہوں میں یعنی رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے اٹھتے ہوئے رفع یدین سنت ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام (۱۲۶:۱) میں بقلم خود اس کی صراحت کی ہے۔ اور علامہ جزیری رحمہ اللہ نے کتاب الفقہ (۱:۲۵۰) میں امام احمد رحمہ اللہ کا بھی یہی قول بیان کیا ہے۔ مگر شوافع تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کو سنت کہتے ہیں۔

اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ پوری نماز میں کسی جگہ رفع یدین سنت نہیں، بلکہ صاحب منیۃ المصلی نے اس کو مکروہ لکھا ہے اور ابوبکر الجصاص نے احکام القرآن میں مکروہ نہ ہونے کی صراحت کی ہے۔ اور علامہ بنوری رحمہ اللہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہے (معارف السنن ۲:۴۵۸)

قائلین رفع یدین کی سب سے مضبوط اور قوی دلیل حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپؐ نے نماز شروع کی تو اپنے ہاتھوں کو اٹھایا یہاں تک کہ وہ آپؐ کے مونڈھوں کے مقابل ہوگئے[1] اور جب رکوع کیا اور رکوع سے سر اٹھایا

(۱) تکبیر تحریمہ میں ہاتھ کہاں تک اٹھائے جائیں؟ اس میں روایتیں مختلف ہیں۔ حضرت ابوحمید ساعدی کی روایت میں اور ابن عمرؓ کی مذکورہ روایت میں مونڈھوں تک ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے۔ اور حضرت مالک بن الحویرثؓ کی روایت میں دونوں کانوں کی محاذات تک اٹھانے کا تذکرہ ہے۔ اور انہی کی ایک دوسری روایت میں کانوں کے اوپر کے کناروں تک اٹھانے کا بیان ہے۔ یہ سب روایات مشکوٰۃ شریف: باب صفۃ الصلاۃ میں ہیں اور ان کے درمیان دو طرح سے تطبیق دی گئی ہے: (۱) **تخییر:** یعنی ہر طرح رفع یدین کرنے کی گنجائش ہے (۲) سب روایات کو جمع کیا جائے یعنی ہاتھ اس طرح اٹھائے جائیں کہ گٹے مونڈھوں کے مقابل، انگوٹھے کان کی لو کے مقابل، اور انگلیوں کے سرے کانوں کے اوپر کے کناروں کے مقابل ہو جائیں۔

(تو بھی ایسا ہی کیا) امام ترمذی رحمہ اللہ کے دو استاذوں میں سے ابن ابی عُمر کی حدیث میں وکان لایَرفَع بین السجدتین کی زیادتی ہے۔یعنی رسول اللہ ﷺ دوسجدوں کے درمیان یعنی جلسہ میں رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کو ابن عمر رضی اللہ عنہما کے دونوں راوی یعنی سالم اور نافع روایت کرتے ہیں۔اور دونوں کے درمیان جن چار روایتوں میں اختلاف ہے ان میں سے یہ ایک حدیث ہے۔سالم نے اس کو مرفوع کیا ہے یعنی اس کو رسول اللہ ﷺ کا فعل بتایا ہے اور نافع نے موقوف بیان کیا ہے یعنی انھوں نے اس کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فعل بتایا ہے۔

علاوہ ازیں اس حدیث کا متن چھ طرح سے مروی ہے:

(۱) امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کی کتاب المُدوّنة الکبری (۱:۷۱) میں اس حدیث میں صرف تحریمہ کے ساتھ رفع یدین کا ذکر ہے۔

(۲) موطا مالک (ص:۲۵) میں دوجگہ رفع کا تذکرہ ہے۔تحریمہ کے ساتھ اور رکوع سے اٹھتے وقت۔

(۳) باب کی حدیث میں تحریمہ کے ساتھ اور رکوع میں جاتے ہوئے اور اس سے اٹھتے وقت رفع یدین کا تذکرہ ہے۔اور یہ حدیث بخاری (حدیث ۷۳۵) میں بھی ہے۔

(۴) بخاری ہی میں (حدیث ۷۳۹ میں) تیسری رکعت کے شروع میں بھی رفع یدین کا ذکر ہے۔اور اس کو شوافع نے لیا ہے۔

(۵) امام بخاری رحمہ اللہ کی کتاب جزءُ رفعِ الیدین میں پانچ جگہ رفع یدین کا تذکرہ ہے۔اور پانچویں جگہ سجدہ میں جاتے وقت ہے۔یعنی ایک رفع تو رکوع سے اٹھتے وقت ہے اور دوسرا رفع سجدہ میں جاتے وقت الگ ہے۔

(۶) ہر اونچ نیچ میں رفع یدین کا تذکرہ ہے۔یہ حدیث طحاوی کی مشکل الآثار میں ہے پھر وہاں سے فتح الباری (۲:۱۸۵) میں نقل ہوئی ہے۔غرض رفع کے قائلین کی دلیل کا یہ حال ہے،اس میں شدید اضطراب ہے۔

فائدہ(۱): کوفہ میں جو عساکر اسلامی کی چھاؤنی تھی اور جس میں پانچ سو صحابہ کرام کا فروکش ہونا ثابت ہے کوئی بھی رفع یدین نہیں کرتا تھا۔امام محمد بن نصر مروزیؒ فرماتے ہیں: ''ہم کسی شہر کے بارے میں نہیں جانتے کہ وہاں کے تمام باشندوں نے رکوع میں جھکتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین ترک کردیا ہو،سوائے کوفہ والوں کے (التعلیق الممجّد ص:۹۱) اور باقی بلاد اسلامیہ میں رفع کرنے والے بھی تھے اور رفع نہ کرنے والے بھی۔مدینہ کی اکثریت رفع یدین نہیں کرتی تھی۔اور امام مالک رحمہ اللہ کے زمانہ میں بھی رفع نہ کرنے والے غالب تھے۔علامہ کشمیری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:وقد کان فی سائر البلاد تارکون، وکثیر من التارکین فی عهد مالكؒ، وعلیه بَنی مختارَه (نیل الفرقدین ص:۲۲،رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۴۳۳)

فائدہ(۲): علامہ عراقی رحمہ اللہ نے یہ دعوی کیا ہے کہ رفع کی روایات پچاس صحابہ سے مروی ہیں۔ مگر علامہ بنوری قدس اللہ سرہٗ نے معارف السنن (۲:۴۶۳) میں لکھا ہے کہ عراقی رحمہ اللہ نے اس میں ان صحابہ کو بھی شامل کرلیا ہے جن سے صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین مروی ہے۔ صحیح تعداد شوکانی رحمہ اللہ کی تصریح کے مطابق بیس ہے اور اس میں بھی نقد کی گنجائش ہے۔ اور علامہ کشمیری رحمہ اللہ کی تحقیق کے مطابق پندرہ یا اس سے بھی کم تعداد رہ جاتی ہے۔ اور ترک رفع کی صریح روایات پانچ ہیں، البتہ اگر وہ روایات جن میں نماز کا پورا طریقہ مروی ہے اور رفع یدین کے بارے میں سکوت ہے شامل کرلی جائیں تو ترک رفع کی روایات بہت ہوجائیں گی ـــــــ اور امام ترمذیؒ نے وفی الباب کی جو فہرست لکھی ہے وہ بھی بھرتی کی فہرست ہے۔ اس میں سے صرف چھ یا سات روایات قابل استدلال ہیں۔ تفصیل کے لئے کتب متداولہ کی مراجعت کیجئے۔ ہم بطور مُشتے نمونہ ازخروارے شروع اور آخر کی روایات کا جائزہ لیتے ہیں۔

پہلے نمبر پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت کا حوالہ ہے۔ یہ حدیث محفوظ نہیں۔ علامہ زیلعی رحمہ اللہ نے نصب الرایہ (۱:۴۱۵) میں امام احمد رحمہ اللہ کا یہ قول لکھا ہے کہ اس حدیث کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف نسبت ہی صحیح نہیں یہ حدیث درحقیقت ابن عمر کی ہے ـــــــ اور آخری حدیث عُمیر لیثی رضی اللہ عنہ کی ہے جو ابن ماجہ (ص:۶۲) میں ہے اس میں رفدۃ بن قضاعہ منکر راوی ہے۔ اور بعض حضرات نے اس کو واضعین (حدیثیں گھڑنے والوں) میں شمار کیا ہے اور اس حدیث کو موضوع قرار دیا ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث میں ہر تکبیر کے ساتھ رفع کرنا مروی ہے۔ اس لئے وہ مبحث سے خارج ہے۔

فائدہ(۳): امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں جن صحابہ کا تذکرہ کیا ہے وہ سب صغار صحابہ ہیں۔ معلوم ہوا کہ کبار صحابہ کے دور میں رفع یدین نہیں کیا جاتا تھا۔ چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کا نام نہیں لیا حالانکہ وفی الباب میں ان کی روایات کا حوالہ ہے۔ یہ قرینہ ہے کہ وہ فہرست بھرتی کی ہے۔ علاوہ ازیں مصنف ابن ابی شیبہ میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے کہ حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع نہیں کرتے تھے (معارف السنن ۲:۴۷۰) ـــــــ اور صغار صحابہ نے اپنے دور میں رفع یدین اس لئے شروع کیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ عمل جو مرور زمانہ سے لوگوں کی نظروں سے اوجھل ہونے لگا تھا لوگوں کے سامنے آجائے اور اس سلسلہ کی جو روایات ہیں وہ محفوظ ہوجائیں۔ تفصیل بسم اللہ کے مسئلہ میں گذر چکی ہے۔

[۷۷] باب رفع الیدین عند الرکوع

[۲۵۵-] حدثنا قُتَیْبَۃُ وابنُ أبی عُمَرَ، قالا: ثنا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَۃَ، عن الزُّھْرِیِّ، عن سالِمٍ، عن أبیہِ، قال: رَأَیْتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم إذا افْتَتَحَ الصَّلَاۃَ یَرْفَعُ یَدَیْہِ حَتّٰی یُحَاذِیَ مَنْکِبَیْہِ، وإذَا

رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ؛ وَزَادَ ابنُ أبی عُمَرَ فی حَدِيْثِهِ: وَكَانَ لاَ يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ.

قال أبو عيسى: ثنا الفَضْلُ بنُ الصَّبَّاحِ البَغْدَادِيُّ، ثنا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ: بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَ حَديثِ ابنِ أبی عُمَرَ.

قال: وفی الباب عن عُمَرَ، وعَلِيٍّ، ووائِلِ بنِ حُجْرٍ، ومالِكِ بنِ الحُوَيْرِثِ، وأنسٍ، وأبی هريرةَ، وأبی حُمَيْدٍ، وأبی أُسَيْدٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، ومُحمدِ بنِ مَسْلَمَةَ، وأبی قَتَادَةَ، وأبی مُوسَى الأَشْعَرِيِّ، وجَابِرٍ، وعُمَيْرٍ اللَّيْثِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وبِهٰذَا يَقُولُ بعضُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنهُمْ ابنُ عُمَرَ، وجابرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وأبو هُريرةَ، وأنسٌ، وابنُ عباسٍ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ الزُّبَيْرِ وغَيْرُهُمْ، وَمِنَ التَّابعين الحَسَنُ البَصْرِيُّ، وعَطَاءٌ، وطَاوُسٌ، ومُجَاهِدٌ، ونَافِعٌ، وسَالِمُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وسَعِيدُ بنُ جُبَيْرٍ وغَيْرُهُمْ؛ وبه يقولُ عَبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ، والشافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

وقال عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ: قد ثَبَتَ حَدِيْثُ مَن يَرْفَعُ، وَذَكَرَ حَديثَ الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أبيهِ؛ ولم يَثْبُتْ حَديثُ ابنِ مَسعودٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَرْفَعْ إِلَّا فِی أَوَّلِ مَرَّةٍ:

حدثنا بذلك أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الآمُلِيُّ، ثنا وَهْبُ بنُ زَمْعَةَ، عن سُفيانَ بنِ عبدِ المَلِكِ، عن عبدِ اللّٰهِ بن المبارَكِ.

وضاحت: حضرت ابن عمرؓ کی حدیث میں وكان لايرفع بين السجدتين والا جملہ ابن ابی عُمر کے علاوہ فضل بن الصَّبّاح بھی بڑھاتے ہیں۔ اسی کی سند امام ترمذی رحمہ اللہ نے لکھی ہے ——— عبداللہ بن المبارک نے ابن عمرؓ کی حدیث کو جس کو ابن شہاب زُہری: سالم سے روایت کرتے ہیں صحیح قرار دیا ہے۔ اور انھوں نے ابن مسعود کی اس حدیث کے بارے میں جس میں وہ رسول اللہ ﷺ کا صرف پہلی مرتبہ یعنی صرف تکبیر تحریمہ میں رفع یدین کرنا بیان کرتے ہیں: یہ بات کہی ہے کہ وہ ثابت نہیں۔ پھر امام ترمذیؒ نے ابن المبارک کے اس قول کی سند لکھی ہے۔

ملحوظہ: جاننا چاہئے کہ اس عبارت کے بعد یہ باب ہے: بابُ مَن لَم يَرْفَعْ يَدَيْه إِلَّا فی أَوَّلِ مَرَّةٍ مگر کسی کی کارستانی سے وہ باب یہاں سے اڑ گیا ہے، تاکہ طالب علم کو یہ دھوکا دیا جاسکے کہ ابن المبارک نے ابن مسعودؓ کی جس حدیث کو لم يَثْبُتْ کہا ہے وہ یہی حدیث ہے جو اگلے باب میں آرہی ہے، حالانکہ ابن المبارک نے ابن مسعودؓ کی جس حدیث کو سنداً غیر صحیح کہا ہے وہ وہ حدیث ہے جس کو وہ مرفوع روایت کرتے ہیں۔ اور آئندہ باب کی حدیث جس میں ابن مسعودؓ نے تلامذہ کو نماز پڑھ کر دکھائی ہے اس کو خود امام ترمذیؒ نے حسنٌ کہا ہے اور ابن حزم ظاہری (غیر مقلد)

نے المُحلّٰی (۴:۸۸) میں صحیح کہا ہے۔

اوراس بات پر کہ یہاں باب ہے خارجی قرائن بھی ہیں اورداخلی بھی۔خارجی قرائن یہ ہیں:

(۱) شیخ محمد عابدسندی رحمہ اللہ کا ترمذی کا قلمی نسخہ جومدینہ کے ایک کتب خانہ میں آج تک محفوظ ہےاس میں یہاں باب ہے۔

(۲) شیخ سالم بن عبداللہ بصری کا ترمذی کا ایک نسخہ کراچی کے قریب پیرجھنڈا نامی جگہ کے ایک کتب خانہ میں محفوظ ہےاس میں بھی یہاں باب ہے۔

(۳) علامہ یعقوب فیروزآبادی صاحب قاموس کی سِفْر السعادۃ کی شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے شرح لکھی ہے جو فارسی میں ہے ''شرح سفرالسعادۃ'' میں شیخ نے ترمذی کے دونوں باب بعینہٖ نقل کئے ہیں اس میں بھی یہاں باب ہے۔

اورداخلی قرائن یہ ہیں:

(۱) امام ترمذیؒ کی عادت معرکۃ الآراء مسائل میں حجازی اورعراقی مکاتیب فکر کے لئے الگ الگ باب قائم کرنے کی ہےاور یہ مسئلہ معرکۃ الآراء ہے۔پس عدم رفع کے لئے بھی باب ہونا چاہئے کیونکہ یہی مصنف کی عادت ہے۔

(۲) امام ترمذیؒ ایک باب میں دومرتبہ وفی الباب نہیں لکھتے، پس آگے جو وفی الباب آرہاہے وہ قرینہ ہے کہ یہاں دوسراباب ہے۔

(۳) امام ترمذیؒ کی عادت جانبین کے دلائل الگ الگ بابوں میں بیان کرنے کے بعدان کے مذاہب ذکر کرنے کی ہے۔اور یہاں ایساہی ہے پس یہ تیسرا قرینہ ہے کہ یہاں باب ہے۔

[باب من لم يَرْفَعْ يَدَيْهِ إلاَّ فی أول مرة]

رفع یدین صرف تکبیرتحریمہ کے ساتھ ہے

حدیث: حضرت ابن مسعودرضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ اپنے تلامذہ سے فرمایا: کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کرنہ دکھاؤں؟ پھرآپ نے نماز پڑھی تو پہلی مرتبہ یعنی تکبیرتحریمہ کےعلاوہ رفع یدین نہیں کیا۔

تشریح: جب ابن مسعودرضی اللہ عنہ نے نماز پڑھنے سے پہلے فرمایا کہ کیا میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کی نماز پڑھ کرنہ دکھاؤں؟ تو اب آپ کی پڑھی ہوئی نماز حکماً مرفوع ہوگئی۔اورحدیث مرفوع میں قیاس کا دخل نہیں ہوتا۔ آنحضرت ﷺ کی طرف کسی بات کی نسبت علم ومشاہدہ ہی پرمبنی ہوسکتی ہے،خیال پرمبنی نہیں ہوسکتی۔

[۷۸] [باب من لم يَرْفَعْ يَدَيْهِ إلاَّ فی أول مرة]

[۲۵٦-] حدثنا هناد، نا وَكيعٌ، عن سُفيانَ، عن عَاصِمِ بنِ كُلَيْبٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الأَسْوَدِ،

عن عَلْقَمَةَ، قال: قال عبدُ اللّٰهِ بنُ مسعودٍ: أَلَا أُصَلِّيْ بِكُمْ صَلَاةَ رسولِ الله صلی الله علیه وسلم؟ فَصَلَّى، فَلَمْ يَرْفَعْ إِلَّا فِيْ أَوَّلِ مَرَّةٍ.

قال: وفي الباب عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ؛ قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مسعودٍ حديثٌ حسنٌ، وبه يَقولُ غَيْرُ واحِدٍ مِن أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلی الله علیه وسلم والتابعينَ، وهو قَوْلُ سُفيانَ، وأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

اب دو باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: دونوں بابوں کا خلاصہ یہ ہے کہ رفع کا ثبوت تسلیم کرنا بھی ضروری ہے اور عدم رفع کا ثبوت تسلیم کرنا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ دورِ صحابہ سے دونوں کا تعامل چلا آرہا ہے۔ لہٰذا کسی ایک کا انکار درست نہیں۔ اور رفع کے سلسلہ کی روایات زیادہ ہیں اگرچہ قابل استدلال ان میں سے صرف چھ یا سات ہیں۔ اور ترکِ رفع کی روایات کم ہیں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امت میں اسی کا تعامل رہا ہے۔ اور جب کوئی چیز تعامل میں آجاتی ہے تو اس سلسلہ کی روایات کم ہوجاتی ہیں بلکہ جوں جوں تعامل بڑھتا ہے روایات سرے سے ختم ہوجاتی ہیں۔ کیونکہ اب روایات کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ تعامل ہی سب سے بڑی دلیل بن جاتی ہے۔ مثلاً: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے شرقاً غرباً پوری دنیا تراویح کی بیس رکعت پڑھتی آرہی ہے۔ پس بیس رکعت کے ثبوت کے لئے کسی دلیل کی حاجت نہیں۔ تعامل ہی سب سے بڑی دلیل ہے۔ اسی طرح کلمۂ اسلام لا إله إلا الله، محمد رسول الله کی اور قرآن کریم کی کوئی مخصوص سند نہیں کیونکہ اس کی قطعاً حاجت نہیں۔ یہ دونوں باتیں طبقۃً عن طبقۃٍ روایت ہوتی ہوئی آرہی ہیں، پس اب **فلان عن فلان** کی کیا حاجت ہے؟

دوسری بات: تمام ائمہ فی الجملہ رفع یدین میں نسخ تسلیم کرتے ہیں کیونکہ صحیح احادیث سے سجدہ میں جاتے وقت (نسائی ۱:۱۶۵) اور دونوں سجدوں کے درمیان (ابوداؤد ۱:۱۰۸) اور دوسری رکعت کے شروع میں (ابوداؤد ۱:۱۰۵) اور تیسری رکعت کے شروع میں (بخاری ۱:۱۰۲) اور ہر اونچ نیچ میں (ابن ماجہ ۶۲) رفع کرنا ثابت ہے۔ مگر محل نزاع رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین ہے۔ باقی تمام جگہوں میں تمام ائمہ نسخ تسلیم کرتے ہیں۔ اب اختلاف صرف یہ باقی ہے کہ عند الرکوع اور عند الرفع بھی رفع یدین منسوخ ہوگیا ہے یا باقی ہے؟ دو امام یہاں بھی نسخ کے قائل ہیں اور دو امام ان دو جگہوں میں نسخ کے قائل نہیں۔

بالفاظ دیگر: اس میں اختلاف ہے کہ رفع نماز میں بڑھا ہے یا گھٹا ہے؟ چھوٹے دو امام کہتے ہیں: بڑھا ہے اور بڑے دو امام کہتے ہیں: گھٹا ہے۔ اور گھٹتے گھٹتے تکبیر تحریمہ تک چلا گیا ہے۔ کیونکہ رفع ایک حرکت ہے جو نماز کے منافی ہے۔ مسلم شریف میں حدیث ہے کہ پہلے نماز میں ہر جگہ رفع تھا حتی کہ سلام پھیرتے وقت بھی لوگ رفع یدین کرتے

تھے۔ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں تشریف لائے اور آپ نے لوگوں کو اس طرح نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: ’’کیا بات ہے؟ میں آپ لوگوں کو ہاتھ اٹھاتے ہوئے دیکھتا ہوں بدکے ہوئے گھوڑوں کی دموں کی طرح؟! نماز میں سکون اختیار کرو!‘‘ (مسلم شریف ۱:۱۸۲، باب الأمر بالسکون) ——— اور تکبیر تحریمہ کے ساتھ رفع کرنے میں مضائقہ نہیں کیونکہ وہ نماز کے باہر اور اس کے باڈر پر ہے، نماز تکبیر مکمل ہونے پر شروع ہوتی ہے، پس یہ رفع نماز سے باہر ہے۔

علاوہ ازیں اس مسئلہ کو اس طرح بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ بڑے دواماموں کے نزدیک رفع: محض ایک حرکت ہے جو نماز کے منافی ہے اور چھوٹے دواماموں کے نزدیک رفع نماز کی زینت ہے یعنی رفع کے ذریعہ نماز مزین ہوتی ہے۔ نیل الفرقدین (ص:۴و۵) میں سعید بن جبیر اور امام شافعی کے اقوال موجود ہیں کہ رفع نماز کی زینت ہے (مگر اس کا تقاضا یہ ہے کہ پھر ہر تکبیر کے ساتھ رفع ہونا چاہئے)

مثال سے مسئلہ کی وضاحت: دارالعلوم کے بارے میں مختلف رپورٹیں ہیں ایک رپورٹ یہ ہے کہ اس میں صرف دارالاہتمام میں بجلی ہے۔ دوسری یہ ہے کہ شعبۂ تعلیمات میں بھی بجلی ہے، تیسری یہ ہے کہ درسگاہوں میں بھی بجلی ہے، چوتھی یہ ہے کہ طالب علموں کے کمروں میں بھی بجلی ہے اور پانچویں یہ ہے کہ ہر جگہ بجلی ہے حتی کہ راستوں میں بھی ہے ——— رپورٹوں کے اس اختلاف کو ختم کرنے کی دو ہی صورتیں ہیں۔ اگر بجلی کا تدریجاً لگنا فرض کیا جائے تو آخری رپورٹ لینی ہوگی کہ تمام جگہوں میں بجلی ہے حتی کہ راستوں میں بھی روشنی کا خوب انتظام ہے۔ اور باقی رپورٹوں کو ابتدائی رپورٹیں قرار دینا ہوگا کہ اس وقت اتنی ہی جگہ میں بجلی رہی ہوگی۔ اور اگر بجلی کا تدریجاً ختم کیا جانا فرض کیا جائے تو پھر پہلی رپورٹ لینی ہوگی کہ صرف دارالاہتمام میں بجلی ہے اور باقی رپورٹوں کو سابقہ زمانوں پر محمول کرنا ہوگا کہ ان جگہوں پر بھی بجلی تھی۔

رفع یدین میں بھی یہی دو نقطۂ نظر ہو سکتے ہیں: یا تو صرف تحریمہ کے ساتھ رفع مانا جائے اور باقی روایتوں کے بارے میں کہا جائے کہ وہ روایات صحیح ہیں مگر پہلے زمانہ کی ہیں، جو بعد میں منسوخ ہوگئی ہیں۔ یا پھر ہر اونچ نیچ میں رفع مانا جائے اور باقی روایتوں کے بارے میں کہا جائے کہ وہ پہلے زمانہ کی ہیں جبکہ صرف انہی مواقع میں رفع یدین تھا۔

بڑے دواماموں کے پیش نظر یہ بات ہے کہ رفع یدین تدریجاً ختم کیا گیا ہے اور آخر میں صرف ایک جگہ باقی رہ گیا ہے۔ اور ان کی یہ بات بایں وجہ راجح ہے کہ باقی دوامام بھی فی الجملہ نسخ مانتے ہیں اور چھوٹے دواماموں نے اضافہ فرض کیا ہے اس لئے وہ رفع یدین کی سنیت کے قائل ہیں۔ مگر ان کا درمیانی مرحلہ کی روایت کو لینا کسی طرح معقول نہیں۔ ان کو چاہئے تھا کہ آخری مرحلہ کی روایت لیتے اور ہر خفض ورفع میں رفع یدین کو سنت کہتے۔ علاوہ ازیں جب رفع یدین کے ذریعہ نماز مزین ہوتی ہے تو بھی ہر جگہ رفع یدین باقی رکھنا چاہئے۔ زیور جتنا زیادہ ہوگا خوبصورتی بڑھے گی۔

بابُ مَاجَاءَ فی وَضْعِ الیَدَیْنِ عَلَی الرُّکْبَتَیْنِ فِی الرُّکُوْعِ

رکوع میں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا بیان

حدیث: ابوعبدالرحمٰن سُلمی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہم سے فرمایا: ''بیشک تمہارے لئے گھٹنے پکڑنا مسنون کیا گیا ہے، لہٰذا رکوع میں گھٹنوں کو پکڑو'' ـــــ اس حدیث میں مجاز بالحذف ہے تقدیر عبارت ہے: إِنَّ أَخْذَ الرُّکَب اور قرینہ وہ خُذُوْا ہے جو بعد میں آرہا ہے۔

تشریح: تمام ائمہ کے نزدیک رکوع کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ ہاتھوں کی انگلیاں پھیلا کر گھٹنوں پر اس طرح رکھی جائیں کہ گویا ان کو پکڑ رکھا ہے۔ اور تطبیق منسوخ ہے۔ اور وہ دونوں ہاتھوں کو ملا کر گھٹنوں کے بیچ میں داخل کرنے کا نام ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ تلامذہ کو نماز پڑھائی اور تطبیق کی۔ کسی نے یہ بات حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: ہم پہلے ایسا کیا کرتے تھے مگر بعد میں اس سے روک دیئے گئے اور ہم حکم دیئے گئے کہ ہتھیلیوں کو گھٹنوں پر رکھیں۔ یعنی یہ حکم منسوخ ہو گیا ہے ـــــ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے تطبیق کر کے اس لئے دکھائی تاکہ تلامذہ رسول اللہ ﷺ کے اس عمل سے واقف ہو جائیں۔ اور اس کی حفاظت کریں۔ کیونکہ تمام احادیث کی حفاظت ضروری ہے اگرچہ وہ منسوخ ہوں اور اس زمانہ میں یاد رکھنے کا طریقہ عمل کر کے دکھانا ہی تھا۔ وہ اوقع فی النفس ہوتا ہے۔

[۷۹] باب ماجاء فی وضع الیدین علی الرکبتین فی الرکوع

[۲۵۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا أبوبکرِ بنِ عَیَّاشٍ، نا أبو حَصِیْنٍ، عن أبی عَبدِ الرحمنِ السُلَمِیِّ، قال: قال لَنَا عُمَرُ بنُ الخَطَّابِ: إِنَّ الرُّکَبَ سُنَّتَ لَکُمْ، فَخُذُوْا بِالرُّکَبِ.

قال: وفی الباب: عن سَعْدٍ، وأنسٍ، وأبی حُمیدٍ، وأبی أُسَیْدٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، ومُحمدِ بنِ مَسْلَمَةَ، وأبی مَسْعودٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. والعَمَلُ عَلٰی هٰذا عند أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَالتَّابعینَ ومَن بَعْدَهُمْ، لَا اخْتِلَافَ بَیْنَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ، إِلَّا مَا رُوِیَ عن ابنِ مَسْعُوْدٍ وبَعْضِ أصحَابِهِ: أَنَّهُمْ کَانُوْا یُطَبِّقُوْنَ؛ والتَّطْبِیْقُ مَنْسُوْخٌ عند أهلِ العلمِ.

[۲۵۸-] قال سَعدُ بنُ أبی وَقَّاصٍ: کُنَّا نَفْعَلُ ذٰلِكَ، فَنُهِیْنَا عَنهُ، وأُمِرْنَا أَنْ نَضَعَ الْأَکُفَّ عَلَی الرُّکَبِ: حدثنا قُتیبةُ، نا أبو عَوانةَ، عن أبی یَعْفُورٍ، عن مُصعبِ بنِ سَعْدٍ، عن أبیه سَعْدٍ بِهٰذَا.

بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يُجَافِي يَدَيْهِ عَنْ جَنْبَيْهِ فِي الرُّكُوْعِ

رکوع میں دونوں ہاتھ پہلوؤں سے علحدہ رکھے

رکوع کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہتھلیاں دونوں گھٹنوں پر رکھے۔ انگلیاں پھیلا کر گھٹنوں کو دونوں پنجوں میں لیلے۔ گویا پکڑ رکھا ہے مگر پکڑے نہیں، اور کہنیاں پہلوؤں سے علحدہ رکھے، سر کو پیٹھ کے لیول پر رکھے، نہ اونچا رکھے نہ نیچا، پیر سیدھے رکھے، گھٹنے موڑے نہیں۔ اور ہاتھ بھی بالکل سیدھے رکھے، کہنیاں موڑے نہیں، بالکل مثلث متساوی الاضلاع بن جائے۔

حدیث: عباس بن سہل کہتے ہیں: ایک مجلس میں ابوحمید ساعدی، سہل بن سعد، ابو اُسید اور محمد بن مسلمہ اکٹھا ہوئے۔ مجلس میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کا تذکرہ چل پڑا۔ ابوحمید ساعدیؓ نے کہا: مجھے نبی ﷺ کی نماز سب سے زیادہ محفوظ ہے۔ لوگوں نے کہا: یہ بات کیسے ممکن ہے؟ آپ نہ تو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں نہ ہم سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں حاضر رہتے تھے۔ ابوحمید نے کہا: اس کے باوجود میرا دعوی یہی ہے۔ پھر انھوں نے چار رکعت نماز پڑھ کر دکھائی۔ ان کے سلام پھیرنے کے بعد سب نے اقرار کیا کہ واقعی آپ کو رسول اللہ ﷺ کی نماز ہم سے زیادہ محفوظ ہے ـــــــ روایت کی صحیح صورت یہی ہے۔ پھر جو نماز پڑھ کر ابوحمید نے دکھائی تھی راوی نے اس کے خاص خاص اجزاء کو الفاظ کا جامہ پہنایا ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے ٹکڑے کئے ہیں اور اس کو مختلف ابواب میں ذکر کیا ہے۔ پوری حدیث **باب ماجاء فی وصف الصلاۃ** میں آئے گی۔ مگر وہ حدیث محمد بن عمرو بن عطاء کی ہے اس راوی نے یہ بیان کیا ہے کہ اس مجلس میں دس صحابہ تھے اور ان میں حضرت ابو قتادہؓ بھی تھے مگر یہ بات غلط ہے۔ صحیح بات وہ ہے جو عباس بن سہل بیان کرتے ہیں کہ اس موقع پر صرف چار صحابہ موجود تھے اور وہ بھی سب صغار صحابہ تھے۔

یہاں حدیث کا جو ٹکڑا لایا گیا ہے اس کا ترجمہ یہ ہے: رسول اللہ ﷺ نے رکوع کیا اور دونوں ہتھیلیاں دونوں گھٹنوں پر رکھیں۔ گویا آپؐ ان کو پکڑنے والے ہیں۔ اور اپنے دونوں ہاتھوں کو تانت بنایا۔ یعنی ہاتھوں کو بالکل سیدھا کمان کی تانت کی طرح کیا اور ان کو اپنے دونوں پہلوؤں سے جدا رکھا۔ یہی رکوع کرنے کا مسنون طریقہ ہے۔ لوگ عجیب عجیب طرح سے رکوع کرتے ہیں۔ کوئی انگلیاں پھیلائے بغیر گھٹنوں پر رکھتا ہے، کوئی گھٹنے کس کر پکڑ لیتا ہے، کوئی ہاتھ کہنوں سے موڑ لیتا ہے، کوئی بازو پہلوؤں سے چپکا لیتا ہے، کوئی گھٹنے آگے نکال دیتا ہے۔ یہ سب غلط طریقے ہیں، لوگوں کو چاہئے کہ اس حدیث کی روشنی میں اپنے رکوع صحیح کریں۔

[۸۰] باب ماجاء أنه يُجَافِيْ يَدَيْه عن جَنْبَيْهِ فی الركوع

[۲۵۹-] حدثنا بُندارٌ، نا أبو عامرٍ العَقَدِيُّ، نا فُلَيْحُ بنُ سَلَيْمَانَ، نا عَبَّاسُ بنُ سَهْلٍ، قال: اجْتَمَعَ

أبو حُمَيْدٍ، وأبو أُسَيْدٍ، وسَهْلُ بنُ سَعْدٍ، ومُحمدُ بنُ مَسْلَمَةَ، فَذَكَرُوْا صَلاَةَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أبو حُميدٍ: أَنَا أَعْلَمُكُمْ بِصَلاَةِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكَعَ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، كَأَنَّهُ قَابِضٌ عَلَيْهِمَا، وَوَتَّرَ يَدَيْهِ، فَنَحَّاهُمَا عَن جَنْبَيْهِ.

قال: وفي الباب عن أنسٍ؛ قال أبو عيسى: حديثُ أبى حُمَيْدٍ حسنٌ صحيحٌ؛ وهُوَ الَّذِیْ اخْتَارَهُ أهلُ العِلْمِ: أَن يُّجَافِيَ الرَّجُلُ بِيَدَيْهِ عَن جَنْبَيْهِ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ.

وضاحت: رکوع وسجود دونوں ہی میں دونوں بازو پہلوؤں سے علحدہ رکھنے چاہئیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْبِيْحِ فى الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

رکوع وسجود کی تسبیحات کا بیان

رکوع میں تسبیحِ تعظیم اور سجدہ میں تسبیحِ اعلی پڑھنا مسنون ہے۔ اگر کوئی برعکس کرے یعنی رکوع میں تسبیحِ اعلی اور سجدہ میں تسبیحِ عظیم پڑھے تو یہ بھی جائز ہے۔ بلکہ ان کے علاوہ دیگر تسبیحات پڑھنے کی بھی گنجائش ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی بندہ رکوع کرے اور وہ رکوع میں **سبحان ربی العظیم** تین مرتبہ کہے تو اس کا رکوع مکمل ہوگیا اور یہ کم سے کم مقدار ہے (زیادہ کہنا بہتر ہے) اور جب وہ سجدہ کرے اور سجدہ میں **سبحان ربی الأعلی** تین مرتبہ کہے تو اس کا سجدہ مکمل ہوگیا اور یہ کم سے کم مقدار ہے (زیادہ کہنا بہتر ہے)

فائدہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ ایک بار مدینہ تشریف لائے۔ اس وقت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ مدینہ کے گورنر تھے اور عنفوانِ شباب میں تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ان کی اقتداء میں کوئی نماز پڑھی پھر نماز کے بعد فرمایا: اس نوجوان کی نماز رسول اللہ ﷺ کی نماز سے جتنی مشابہ ہے اتنی مشابہ میں نے کسی کی نماز نہیں دیکھی۔ لوگوں نے بعد میں اندازہ کیا تو ان کے رکوع وسجود دس تسبیحات کے بقدر تھے۔ معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ رکوع وسجود میں دس بار یا اس کے لگ بھگ تسبیحات کہتے تھے۔ (مشکوۃ حدیث ۸۸۳)

فائدہ: آج کل سعودیہ کے اماموں نے رکوع وسجود اتنے مختصر کردیئے ہیں کہ دو مرتبہ ہی اطمینان سے تسبیح کہی جاسکتی ہے۔ اور یہ ایک غلط فہمی پر مبنی ہے۔ اس کا تذکرہ آگے ایک حدیث (باب ۹۴) کے ضمن میں آئے گا۔ عربوں کا خیال یہ ہے رکوع وسجود اور قومہ جلسہ برابر ہونے چاہئیں۔ اب اگر رکوع وسجود میں تین مرتبہ سے زیادہ تسبیح کہتے ہیں تو اس کے بقدر قومہ وجلسہ کرنا پڑتا ہے اور یہ بات دشوار ہے، اس لئے انھوں نے سنت کے خلاف رکوع وسجود ہی مختصر کرلئے اور

ہمارے ملک میں بعض ائمہ نے ان کی اندھی تقلید شروع کردی۔

حدیث (۲): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے (تہجد میں) رسول اللہ ﷺ کی اقتداء کی۔آپؐ رکوع میں تسبیحِ عظیم اور سجدہ میں تسبیحِ اعلی پڑھتے تھے۔اور دورانِ تلاوت جب کسی ایسی آیت سے گذرتے جس میں رحمت کا مضمون ہوتا تو ٹھہر کر رحمتِ خداوندی کی دعا مانگتے۔اور جب عذاب والے مضمون کی آیت سے گذرتے تو بھی ٹھہرتے اور پناہ طلب کرتے۔

فائدہ: حضرت الاستاذ علامہ ابراہیم صاحب بلیاوی رحمہ اللہ نے فرمایا: فرائض اللہ کے دربار کی خاص ملاقات ہے اور نوافل گھر کی پرائیویٹ ملاقات ہے، جیسے وزیر اعظم سے ملاقات کرنے جاتے ہیں تو پہلے وقت لیتے ہیں اور آداب دربار کی رعایت کرکے حاضر ہوتے ہیں۔اور وقت مقررہ میں اپنی بات پوری کرتے ہیں اور جب وزیر اعظم سے دوستانہ ملاقات ان کے گھر میں کرتے ہیں تو کوئی پابندی نہیں ہوتی۔جب تک چاہیں باتیں کریں اور جتنا چاہیں بیٹھیں، کیونکہ یہ پرائیویٹ ملاقات ہے۔یہی حال فرائض ونوافل کا ہے۔فرائض میں اللہ کے دربار میں باقاعدہ حاضری ہوتی ہے پس فرائض کے لئے جو اصول وضوابط ہیں ان کی رعایت کرنا اور متعین اذکار پر اکتفا کرنا ضروری ہے۔اور نوافل میں آزادی ہے جس طرح چاہے پڑھے اور جہاں چاہے مانگے، اس لئے آنحضور ﷺ تہجد میں دورانِ تلاوت ٹھہر کر دعا مانگتے تھے۔

[٨١] باب ماجاء فی التسبیح فی الركوع والسجود

[٢٦٠-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، أنا عيسىٰ بنُ يُونُسَ، عن ابنِ أبی ذِئْبٍ، عن إسحاقَ بنِ يَزِيْدَ الهُذَلِيِّ، عن عَوْنِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عن ابنِ مَسعودٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم قال:'' إِذَا رَكَعَ أَحَدُكُمْ، فَقَالَ فی رُكوعِه: سُبحانَ ربی العظیم ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَدْتَمَّ رَكُوْعُهُ، وذٰلِكَ أَدْنَاهُ، وإِذَا سَجَدَ فقال فی سُجودِهِ: سُبحان ربی الأعلی ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَدْ تَمَّ سُجُوْدُهُ وَذٰلِكَ أَدْنَاهُ''

قال: وفی الباب عن حُذَيْفَةَ، وعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ؛ قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَسعودٍ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ؛ عَوْنُ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ لَمْ يَلْقَ ابنَ مَسْعُوْدٍ.

والعَمَلَ عَلَی هٰذَا عند أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ أَن لَّا يَنْقُصَ الرَّجُلُ فی الرُّكوعِ والسُّجوْدِ مِن ثَلَاثِ تَسْبِيْحَاتٍ.

ورُوِیَ عن ابنِ المباركِ أَنَّهُ قَالَ: أَسْتَحِبُّ لِلإِمَامِ أَنْ يُسَبِّحَ خَمْسَ تَسْبِيْحَاتٍ لِكَیْ يُدْرِكَ مَنْ خَلْفَهُ ثَلَاثَ تَسْبِيْحَاتٍ، وهٰكَذَا قَالَ إسحاقُ بنُ إبراهيمَ.

[٢٦١-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبوداوُدَ، قال: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عن الأَعْمَشِ، قال: سمِعْتُ

سَعدَ بن عُبَیْدَۃَ، یُحَدِّثُ عن المُسْتَوْرِدِ، عن صِلَۃَ بنِ زُفَرَ، عن حُذَیْفَۃَ: أَنَّہُ صَلَّی مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَکَانَ یَقولُ فی رُکوعِہِ: سُبحان ربی العظیم، وفی سُجودِہ: سُبحان ربی الأعلی، وَمَا أَتَی عَلَی آیَۃِ رَحْمَۃٍ إِلَّا وَقَفَ وَسَأَلَ، وما أَتَی عَلَی آیَۃِ عَذَابٍ إِلَّا وَقَفَ وَتعَوَّذَ.

قال أبو عیسی: وھٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَھْدِیٍّ، عن شُعْبَۃَ نَحْوَہُ.

وضاحت: ابن مسعودؓ کی حدیث منقطع ہے کیونکہ عون بن عبداللہ کا ابن مسعود سے لقاء نہیں ——— اور علماء اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ رکوع وسجود میں تین مرتبہ سے کم تسبیحات نہ پڑھی جائیں۔ ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: مجھے امام کے تعلق سے یہ بات پسند ہے کہ وہ پانچ مرتبہ تسبیح پڑھے۔ تاکہ جولوگ پیچھے ہیں وہ بآسانی تین مرتبہ پڑھ لیں۔ یہی بات حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے بھی کہی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی النَّھْیِ عَنِ القِرَاءَۃِ فی الرُّکُوْعِ والسُّجُوْدِ

رکوع سجدے اور قعدے میں قرآن پڑھنا مکروہ ہے

نماز کی چار حالتوں میں سے یعنی قیام، رکوع، سجدہ اور قعدہ میں سے صرف قیام میں قرآن پڑھا جائے گا۔ اور یہ بات قرآن کریم کی تعظیم کے لئے ہے۔ کیونکہ انسان کی سب سے بہتر حالت قیام کی حالت ہے۔ قیام کے علاوہ دیگر حالتوں میں قرآن پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور یہ بات واجباتِ تلاوت میں سے ہے، واجباتِ نماز میں سے نہیں ہے۔ جیسے نماز میں اترتی ہوئی سورتیں پڑھنا واجبِ تلاوت میں سے ہے۔ پس جو شخص خلاف ترتیب پڑھے یعنی چڑھتی ہوئی سورتیں پڑھے یا رکوع، سجدہ اور قعدہ میں قراءت کرے اس کی نماز تو صحیح ہوجائے گی اور سجدۂ سہو بھی واجب نہ ہوگا مگر جان بوجھ کر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں چار باتوں سے منع فرمایا: قَسّی کپڑے سے، گیروے رنگ کے کپڑے سے، سونے کی انگوٹھی سے اور رکوع میں قرآن پڑھنے سے۔

تشریح:

(۱): بعض حضرات کہتے ہیں کہ قَسّ مصر کے ایک گاؤں کا نام ہے وہاں جو کپڑا تیار ہوتا تھا اس کو قَسِّی کہتے تھے۔ اور وہ کپڑا سرخ ہوتا تھا۔ پس ممانعت کی وجہ اس کا سرخ ہونا ہے۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ یہ خَزّ کا معرب ہے جس کے معنی ہیں: ریشم پس ممانعت کی وجہ اس کا ریشم ہونا ہے، ریشم مردوں کے لئے حرام ہے۔

(۲) مُعَصْفَر: گیروے رنگ کے کپڑے کو کہتے ہیں، جس کو سادھو سنت پہنتے ہیں۔ اور ممانعت کی وجہ غیروں کی مشابہت ہے۔

(۳) سونے کی انگوٹھی مردوں کے لئے حرام ہے، البتہ چاندی کی انگوٹھی ایک مثقال سے کم (چار گرام کے بقدر) پہن سکتے ہیں۔

(۴) رکوع میں قرآن پڑھنے کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت: حالتِ قیام میں جو قرآن پڑھ رہا تھا اس کو پورا کرنے سے پہلے رکوع میں چلا جائے اور رکوع میں جا کر قراءت مکمل کرے۔

دوسری صورت: رکوع ہی میں قراءت کرے۔ یہ دونوں صورتیں ممنوع ہیں، مگر ان سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اور یہی حکم سجدے اور قعدے میں قراءت کرنے کا ہے۔

[۸۲] باب ماجاء فی النهی عن القراء ة فی الركوع والسجود

[۲۶۲-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالِكٌ، ح: وثنا قُتَيْبَةُ، عن مالكٍ، عن نافِعٍ، عن إبراهيمَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ حُنَيْنٍ، عن أبيهِ، عن عَلِيِّ بنِ أبی طالِبٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عن لُبْسِ القَسِّيِّ، وَالمُعَصَّفَرِ، وعَن تَخَتُّمِ الذَّهَبِ، وعن قِرَاءَ ةِ القُرآنِ فِی الركوعِ.

وفی الباب: عن ابن عباسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وهُوَ قَوْلُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ: كَرِهُوْا القِرَاءَ ةَ فِی الرُّكُوْعِ والسُّجُوْدِ.

بابُ مَاجَاءَ فی مَنْ لاَیُقِیْمُ صُلْبَهُ فی الركوعِ والسُّجوْدِ

رکوع وسجود میں پیٹھ سیدھی نہ کرنے کا بیان

ارکانِ اربعہ یعنی رکوع، قومہ، سجدہ اور جلسہ میں تعدیل حنفیہ کے نزدیک واجب ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے۔ جب آدمی اتنا جھکے کہ ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں تو رکوع ہوگیا۔ پھر پیٹھ سیدھی کرنا یعنی باطمنان رکوع کرنا تعدیل ہے۔ اسی طرح جب کھڑے ہونے کے قریب ہوگیا تو قومہ ہوگیا اور پیٹھ سیدھی کرنا یعنی باطمینان کھڑا ہونا قومہ کی تعدیل ہے۔ اور زمین پر پیشانی رکھنے سے سجدہ ہوگیا اور اس میں ٹھہرنا تعدیل ہے۔ اور جب بیٹھنے سے قریب ہوگیا تو جلسہ ہوگیا اور باطمینان بیٹھنا جلسہ کی تعدیل ہے۔ غرض ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ارکانِ اربعہ میں تعدیل فرض ہے پس ان کے نزدیک اگر ارکانِ اربعہ باطمینان ادا نہیں کرے گا تو نماز نہیں ہوگی۔ اور حنفیہ کے نزدیک تعدیل

واجب ہے اور یہ ایسا واجب ہے جس کی سجدۂ سہو سے تلافی نہیں ہوسکتی۔ پس تعدیل کے تارک کی نماز کراہت تحریمی کے ساتھ صحیح ہوگی، یعنی ذمہ فارغ ہوجائے گا مگر وقت کے اندر اس کا اعادہ واجب ہے اور وقت کے بعد مستحب۔ یہ مسئلہ باب ماجاء فی وصف الصلاة (باب۱۱۳) میں دوبارہ آئے گا —— اور اس باب کی حدیث سے دونوں فریقوں نے استدلال کیا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کافی نہیں کوئی نماز جس میں آدمی سیدھا نہ کرے یعنی رکوع وسجود میں اپنی پیٹھ سیدھی نہ کرے، یعنی جو شخص باطمینان رکوع وسجود نہ کرے اس کی نماز کافی نہیں یعنی اگرچہ دال دلیا ہوجاتا ہے مگر نماز کامل نہیں ہوتی۔

ائمہ ثلاثہ لا تُجْزِئُ کا ترجمہ لاتَجوز کرتے ہیں۔ یعنی پیٹھ سیدھی نہ کرنے والے کی نماز صحیح نہیں ہوتی اور وہ حضرات اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت کرتے ہیں اس لئے انھوں نے تعدیل کو فرض کہا ہے۔ مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ لا تُجْزِئُ کا ترجمہ لاتَجوز کیسے ہوسکتا ہے؟ اس کا ترجمہ تو کافی نہ ہونا ہی ہے۔ پس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ تعدیل نہ کرنے کی صورت میں نماز تو ہوجاتی ہے مگر کامل نہیں ہوتی، ناقص ہوتی ہے۔

[٨٣] باب ماجاء فی مَنْ لاَیُقِیْمُ صُلْبَهُ فی الركوعِ والسُّجُوْدِ

[٢٦٣-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنیعٍ، نا أبو معاویةَ، عن الأعمشِ، عن عُمارةَ بنِ عُمَیْرٍ، عن أبی مَعْمَرٍ، عن أبی مَسعودٍ الأَنْصارِیِّ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: ''لا تُجْزِئُ صَلاَةٌ لاَیُقِیْمُ الرَّجُلُ فِیْهَا — یَعنی صُلْبَهُ — فی الركوعِ وفی السجودِ.

قال: وفی الباب عن عَلیِّ بنِ شَیْبَانَ، وأنسٍ، وأبی هریرةَ، ورِفَاعَةَ الزُّرَقِیِّ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی مسعودٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعَمَلُ عَلَی هٰذا عند أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ: یَرَوْنَ أَنْ یُقِیْمَ الرَّجُلُ صُلْبَهُ فی الركوعِ والسجودِ.

وقال الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ: مَن لاَیُقِیْمُ صُلْبَهُ فی الركوعِ والسجودِ فَصلاَ تُهُ فَاسِدَةٌ، لِحَدیثِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: '' لاَتُجْزِئُ صَلاَةٌ لاَیُقِیْمُ الرَّجُلُ فیها صُلْبَهُ فی الركوعِ والسجودِ''

وأبو مَعْمَرٍ: اسْمُهُ عَبدُ اللّٰهِ بنُ سَخْبَرَةَ؛ وأبو مَسعودٍ الأَنْصارِیُّ البَدْرِیُّ: اسْمُه عُقْبَةُ بنُ عَمْرٍو.

ترجمہ: اور اس پر صحابہ اور بعد کے اہل علم کا عمل ہے، وہ آدمی کے لئے ضروری سمجھتے ہیں رکوع وسجود میں پیٹھ سیدھی کرنے کو، اور شافعی احمد اور اسحاق رحمہم اللہ نے فرمایا: جو رکوع وسجدہ میں پیٹھ سیدھی نہ کرے اس کی نماز فاسد ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: لاتجزئ صلاة إلخ —— اور حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ بدر

نامی گاؤں کے باشندے تھے اس لئے بدری کہلاتے تھے۔ جنگ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے۔

بابُ مَایَقُوْلُ الرجلُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ عَنِ الرکُوْعِ

رکوع سے اٹھتے وقت کیا ذکر کرے؟

رکوع سے کھڑے ہوتے وقت امام صرف تسمیع کہے گا اور مقتدی صرف تحمید۔ یہ رائے امام اعظم، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کی ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جب امام سمع الله لمن حمده کہے تو آپ لوگ ربنا لك الحمد کہیں یعنی امام اور مقتدی کے درمیان ذکر تقسیم کر دیا ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک امام تسمیع وتحمید دونوں کو جمع کرے گا اور مقتدی صرف تحمید کرے گا۔ اس لئے کہ مذکورہ حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام صرف مقتدیوں کو تحمید کا حکم دینا ہے۔ اور امام کے تعلق سے حدیث ساکت ہے اور عقل کا فیصلہ یہ ہے کہ امام کو بھی تحمید کرنی چاہئے کیونکہ اس نے تحمید کرنے کا اعلان کیا ہے پس خود اس کو بھی اس پر عمل کرنا چاہئے۔ میرا صاحبین کے قول پر عمل ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ امام ومقتدی دونوں کے لئے دونوں کو جمع کرنے کی بات کہتے ہیں ——— اور اختلاف جماعت کی نماز میں ہے۔ تنہا نماز پڑھنے والا دونوں کو جمع کرے گا خواہ وہ فرض پڑھ رہا ہو یا نفل، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو سمع الله لمن حمدإلخ کہتے تھے۔ ترجمہ: ''اے ہمارے پروردگار! آپ کے لئے تعریف ہے آسمانوں اور زمین کو بھر کر اور جو چیز ان کے درمیان ہے یعنی فضا کو بھر کر۔ اور ان چیزوں کو بھر کر جن کو آپ ان کے علاوہ چاہیں'' ——— یہ حدیث نفلوں کے بارے میں ہے۔

تشریح: ربنا ولك الحمد چار طرح سے مروی ہے: (۱) صرف واو کے ساتھ یعنی ربنا ولك الحمد (۲) واو کے بغیر یعنی ربنا لك الحمد (۳) صرف اللّٰھم کے ساتھ یعنی اللّٰھم ربنا لك الحمد (۴) دونوں کے ساتھ یعنی اللّٰھم ربنا ولك الحمد۔ مگر ابن القیم رحمہ اللہ اللّٰھم اور واو کے اجتماع کو تسلیم نہیں کرتے وہ کہتے ہیں کہ احادیث سے دونوں کو جمع کرنے کا ثبوت نہیں ہے (زاد المعاد ۱: ۲۲۰)[1]

فائدہ: رکوع وسجود اور دیگر مواقع میں جو طویل اذکار مروی ہیں ان میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ فرائض ونوافل میں فرق کرتے ہیں، کیونکہ فرائض باقاعدہ اللہ کے دربار کی حاضری ہے۔ اس لئے ان میں صرف متعین اذکار پڑھنے چاہئیں اور نفل پرائیویٹ ملاقات ہے پس طویل اذکار کی ان میں گنجائش ہے اور دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ

(۱) ربنا لك الحمد اور ربنا ولك الحمد اور اللّٰھم ربنا ولك الحمد کے صیغے بخاری میں بالترتیب حدیث نمبر ۷۸۹، ۸۰۳ اور ۷۹۵ میں مذکور ہیں۔ اور اللّٰھم ربنا لك الحمد مسلم (۱: ۱۹۰) میں مروی ہے۔

نے فرض ونفل میں فرق کیا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ فرض نماز میں دائیں بائیں دیکھ رہے تھے، آپؐ نے ان کو ٹوکا اور فرمایا: فرض نماز میں التفات ہلاکت ہے، ہاں نفلوں میں اس کی گنجائش ہے۔ یہ حدیث آگے آرہی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے جماعت اور غیر جماعت میں فرق کیا ہے۔ جماعت کی نماز میں اجازت نہیں، تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو طویل اذکار کرسکتا ہے اگرچہ وہ فرض نماز ہو۔ کیونکہ جماعت میں تخفیف مطلوب ہے، پس لمبے اذکار اس میں نہیں پڑھنے چاہئیں۔ اور غیر جماعت میں جب تک جی چاہے اذکار پڑھ سکتا ہے۔ وہ ذاتی معاملہ ہے۔ نقطۂ نظر کا یہ اختلاف یاد رکھنا چاہئے، آئندہ بھی اس کی ضرورت پیش آئے گی۔

[٨٤] باب مايقول الرجلُ إذا رفع رأسه عن الركوع؟

[٢٦٤-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، نا عبدُ العزيزِ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ أبى سَلَمَةَ المَاجِشُوْنَ، نا عَمِّى، عن عَبدِ الرحمنِ الْأَعْرَجِ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أبى رَافِعٍ، عن عَلِيِّ بنِ أبى طَالِبٍ قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ قال: '' سَمِعَ اللّٰهُ لمن حَمِدَهُ، ربنا ولك الحمدُ، مِلْأَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، ومِلْأَ مَا بَيْنَهُمَا، ومِلْأَ مَاشِئْتَ مِنْ شَيْئٍ بَعْدُ''

قال: وفى الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وابنِ عباسٍ، وابن أبى أَوْفٰى، وأبى جُحَيْفَةَ، وأبى سَعيدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ عليٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ عَلَى هٰذا عند بَعْضِ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ الشافعيُّ: قال: يَقولُ هٰذا فى المَكْتُوْبَةِ والتَّطَوُّعِ؛ وقال بَعْضُ أهلِ الكوفةِ: يَقُوْلُ هٰذا فى صَلاَةِ التَّطَوُّعِ، ولاَيَقُوْلُهُ فى صَلاَةِ المَكْتُوْبَةِ.

ترجمہ: اور عمل اس حدیث پر ہے بعض علماء کے نزدیک اور اسی کے امام شافعیؒ قائل ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ یہ تسمیع اور (طویل) تحمید فرض اور نفل نماز میں کرسکتا ہے اور کوفہ کے بعض حضرات کہتے ہیں: یہ ذکر نفل نماز میں کرے فرض نماز میں نہ کرے۔

بابٌ مِنْهُ آخَرُ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب امام تسمیع کرے تو تم تحمید کرو۔ اس لئے کہ جس کی تحمید فرشتوں کی تحمید کے ساتھ موافق ہوجائے گی اس کے سابقہ گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تشریح: موافقت کی دو تفسیریں ہیں: ایک: موافقت فی الزمان، دوسری: موافقت فی الاخلاص۔ تفصیل آمین کے بیان میں گذر چکی ہے (دیکھیں تحفۃ الالمعی ١:٥٩١)

[۸۵] باب منه آخر

[۲۶۵-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مالِكٌ، عن سُمَيٍّ، عن أبی صَالِحٍ، عن أبی هريرة، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قال:" إِذَا قَالَ الإِمَامُ: سمع الله لمن حمده فَقُوْلُوْا: ربنا لك الحمد، فَإِنَّهُ مَن وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ المَلائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلی اللہ علیه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ: أَنْ يَقُوْلَ الإِمَامُ: سَمع الله لمن حمده، ويَقولُ مَن خَلْفَ الإِمَامِ: ربنا ولك الحمد؛ وبه يقول أحمدُ؛ قال ابنُ سِيرينَ وغَيْرُه: يَقولُ مَنْ خَلْفَ الإِمَامِ: سمع الله لمن حمده، ربنا ولك الحمد، مِثْلَ مَايَقولُ الإِمَامُ، وبه يَقولُ الشافعيُّ وإسحاقُ.

ترجمہ:اس حدیث پرصحابہ اور بعد کے بعض اہل علم کا عمل ہے۔وہ کہتے ہیں:امام تسمیع کہے گا اور جولوگ پیچھے ہیں وہ تحمید کہیں گے۔اور یہ قول امام احمد رحمہ اللہ کا ہے(یہی قول امام اعظم کا ہے)ابن سیرین رحمہ اللہ وغیرہ کہتے ہیں:جولوگ امام کے پیچھے ہیں وہ تسمیع وتحمید دونوں کہیں گے،امام کے دونوں کو کہنے کی طرح،اور یہ شافعی اور اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی وَضْعِ اليَدَيْنِ قَبْلَ الرُّكْبَتَيْنِ فِیْ السُّجُوْدِ

سجدہ میں جاتے ہوئے پہلے گھٹنے پھر ہاتھ رکھے

یہاں دو نسخے ہیں۔حوض میں جونسخہ ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ سجدہ میں جاتے ہوئے زمین پر پہلے ہاتھ پھر گھٹنے رکھنے چاہئیں۔اور حاشیہ والے نسخہ کا مفہوم اس کے برعکس ہے،یعنی پہلے گھٹنے پھر ہاتھ رکھنے چاہئیں اور اسی کا ترجمہ کیا ہے کیونکہ یہی نسخہ صحیح ہے باب میں جو حدیث ہے وہ اسی نسخہ پر منطبق ہوتی ہے۔حوض والے نسخہ پر منطبق نہیں ہوتی۔

حدیث:حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب آپؐ نے سجدہ کیا تو گھٹنوں کو اپنے ہاتھوں سے پہلے زمین پر رکھا۔اور جب سجدہ سے سر اٹھایا تو ہاتھوں کو اپنے گھٹنوں سے پہلے اٹھایا۔

تشریح:جمہور کے نزدیک سجدہ میں جاتے وقت جو اعضاء زمین سے قریب ہیں ان کو پہلے رکھنا چاہئے۔اور سجدہ سے اٹھتے وقت جو اعضاء آسمان سے قریب ہیں ان کو پہلے اٹھانا چاہئے۔اوران کا مستدل باب کی حدیث ہے۔اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک پہلے ہاتھ رکھنا پھر گھٹنے رکھنا مسنون ہے۔ان کی دلیل اگلے باب کی حدیث ہے۔

[٨٦] باب ماجاء فی وضع الیدین قبل الرکبتین فی السجود

[٢٦٦-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِیْبٍ، وعبدُ اللّٰہِ بنُ مُنِیْرٍ، وأحمدُ بنُ إبراھیمَ الدَّوْرَقِیُّ، والحَسَنُ بن عَلِیٍّ الحُلْوَانِیُّ، وغَیْرُ وَاحِدٍ، قالوا: نا یزیدُ بنُ ھَارُوْنَ، نا شریكٌ، عن عَاصِمِ بنِ کُلَیْبٍ، عن أبیه، عن وائلِ بنِ حُجْرٍ، قال: رَأَیْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا سَجَدَ یَضَعُ رُکْبَتَیْهِ قَبْلَ یَدَیْهِ، وَإِذَا نَھَضَ رَفَعَ یَدَیْهِ قَبْلَ رُکْبَتَیْهِ.

وَزَادَ الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ فی حَدِیْثِهِ: قال یَزِیْدُ بنُ ھَارُوْنَ: وَ لَمْ یَرْوِ شَرِیْكٌ عن عاصِمِ بنِ کُلَیْبٍ إِلاَّ ھٰذا الحَدیثَ.

قال: ھٰذا حدیثٌ غریبٌ حسنٌ لانَعْرِفُ أَحَدًا رَوَاهُ غَیْرُ شَرِیْكٍ.

والعَمَلَ علیهِ عند أکثرِ أھلِ العلمِ: یَرَوْنَ أَن یَّضَعَ الرجُلُ رُکْبَتَیْهِ قَبْلَ یَدَیْهِ، وإِذَا نَھَضَ رَفَعَ یَدَیْهِ قَبْلَ رُکْبَتَیْهِ.

وروَی ھَمَّامٌ عن عَاصِمٍ ھٰذا مُرْسَلاً، ولم یَذْکُرْ فِیْهِ وَائِلَ بنَ حُجْرٍ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے متعدد اساتذہ میں سے حسن بن علی نے باب کی حدیث میں یزید بن ہارون کا یہ قول بیان کیا ہے کہ شریک نے عاصم بن کلیب سے صرف یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔ اور یہ حدیث غریب بھی ہے کیونکہ تنہا شریک اس کو روایت کرتے ہیں ——— اور امام ترمذیؒ کی یہ بات کہ وائلؓ کی حدیث کے موافق اکثر علماء کا عمل ہے: قرینہ ہے کہ حاشیہ والانسخہ ہی صحیح ہے ——— اور اس حدیث کو عاصم سے ہمام نے بھی روایت کیا ہے مگر وہ حدیث مرسل ہے کیونکہ ہمام وائل بن حجر کا تذکرہ نہیں کرتے۔

بابٌ آخَرُ مِنْهُ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا قصد کرتا ہے تم میں سے ایک آدمی پس وہ نماز میں اونٹ کے بیٹھنے کی طرح بیٹھتا ہے؟!'' ——— **یَعْمِدُ** سے پہلے ہمزۂ استفہام انکاری پوشیدہ ہے۔ یعنی نماز میں اونٹ کی طرح مت بیٹھو۔

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ابوداؤد میں بھی ہے جس کو عبدالعزیز بن محمد دَراوَردی نے روایت کیا ہے اس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو اونٹ کی طرح نہ بیٹھے۔ اور چاہئے کہ اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں گھٹنوں سے پہلے رکھے'' (١:٢٢٢، مصری کیف یضع رکبتیه؟) مگر یہ زیادتی

محفوظ نہیں، کیونکہ محمد بن عبداللہ بن الحسن کے دوسرے شاگرد عبداللہ بن نافع سے یہ ٹکڑا مروی نہیں۔ اور وہ دراوردی سے زیادہ معتبر ہیں۔ حافظ رحمہ اللہ نے تقریب میں بیان کیا ہے کہ دراوردی دوسروں کی کتابوں سے حدیث بیان کرتے تھے جس کی وجہ سے ان سے غلطی ہو جایا کرتی تھی (ص:۳۵۸) اور عبداللہ کی کتاب صحیح تھی (ص:۳۲۶) لہٰذا آخری جملہ دراوردی کا وہم ہے۔ اور وہ پہلے جملہ کے معارض بھی ہے کیونکہ اونٹ پہلے اگلے پیر ٹیکتا ہے اور جانوروں کے اگلے پیر انسانوں کے ہاتھوں کے بمنزلہ ہیں۔ پس جس چیز سے منع کیا گیا ہے وہی طریقہ سجدہ میں جانے کا بتلایا جائے یہ بات کیسے ممکن ہے؟ اور صحیح بات یہ ہے کہ وَلْيَضَعْ عطف تفسیری ہے۔ پس یہ اونٹ کی طرح بیٹھنے کی صورت ہے۔ اور یہی صورت ممنوع ہے ——— اور مستدرک حاکم (۲۲۶:۱) میں ابن عمرؓ کی روایت ہے جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے مانند ہے۔ وہ بھی دراوردی عن عبيد الله العمرى کی سند سے ہے۔ امام نسائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حديثه عن عبيد الله العمرى منكر: دراوردی کی جو روایتیں عبید اللہ عمری سے ہیں وہ قطعاً ناقابل اعتبار ہیں (تقریب ۳۵۸)

اور حدیثِ وائل جو اوپر والے باب میں گذری ہے اس پر یہ کلام کیا گیا ہے کہ اس میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں اور وہ حدیث کی روایت میں متفرد ہیں اور ان سے چوک بہت ہوتی تھی اس لئے جس روایت میں وہ متفرد ہوتے ہیں وہ قابل قبول نہیں ہوتی۔ علاوہ ازیں صحیح ابن خزیمہ (۳۱۹:۱) میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سجدہ میں جاتے وقت ہاتھوں کو پہلے رکھنے کا حکم منسوخ ہے، مگر وہ حدیث اسماعیل اور یحییٰ کی وجہ سے ضعیف ہے۔

[٨٧] باب آخر منه

[٢٦٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ نَافِعٍ، عن مُحمدِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الحَسَنِ، عن أبى الزِّنَادِ، عن الأَعْرَجِ، عن أبى هريرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال:" يَعْمِدُ أَحَدُكُمْ فَيَبْرُكُ فى صَلَاتِهِ بَرْكَ الجَمَلِ؟!"

قال أبو عيسى: حديثُ أبى هُريرةَ حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مِن حَديثِ أبى الزِّنَادِ إِلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ؛ وقد رُوِىَ هٰذا الحديثُ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سَعيدٍ المَقْبُرِيِّ، عن أبيهِ، عن أبى هُريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وعبدُ اللّٰهِ بنُ سَعيدٍ المَقْبُرِيُّ: ضَعَّفَهُ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ وَغَيْرُهُ.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب ہے کیونکہ ابو الزناد سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے اور اس کی ایک دوسری سند بھی ہے عبداللہ اپنے والد سعید مقبری سے اور وہ ابو ہریرہؓ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت

کرتے ہیں، مگر عبداللہ ضعیف راوی ہے یحییٰ قطان وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِی السُّجُوْدِ عَلَی الجَبْهَةِ وَالأَنْفِ

ماتھے اور ناک پر سجدہ کرنے کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ سجدہ میں ماتھا (سر کا اگلا حصہ، جبیں، جبہہ) اور ناک دونوں کو جما کر زمین پر لگانا چاہئے۔ اگر کوئی شخص صرف ماتھا لگائے تو امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اس کی نماز صحیح نہیں۔ اور جمہور کے نزدیک کراہتِ تحریمی کے ساتھ نماز صحیح ہے۔ اور صرف ناک لگانے والے کی نماز کو امام اعظم رحمہ اللہ کے علاوہ تمام ائمہ بشمول صاحبین درست قرار نہیں دیتے۔ مگر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ نماز بھی صحیح ہے البتہ بلا عذر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

حدیث: ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب سجدہ کرتے تھے تو اپنی ناک اور ماتھا زمین پر جما کر لگاتے تھے اور دونوں بازو پہلوؤں سے علحدہ رکھتے تھے اور اپنی ہتھیلیاں مونڈھوں کے مقابل رکھتے تھے۔

فائدہ: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بحالت سجدہ دونوں ہاتھ مونڈھوں کے مقابل رکھنا مسنون ہے۔ اور مذکورہ حدیث ان کا مستدل ہے۔ اور احناف کے نزدیک کانوں کے مقابل رکھنا مسنون ہے یعنی چہرہ دونوں ہتھیلیوں کے درمیان رکھنا چاہئے۔ اور دلیل حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ وہ فرماتے ہیں: **فَلَمَّا سَجد سَجدَ بین کفَّیْه** رسول اللہ ﷺ نے جب سجدہ کیا تو دونوں ہتھیلیوں کے درمیان سجدہ کیا (مسلم شریف (۱:۱۷۳)، باب وضع یدہ إلخ) علاوہ ازیں اس صورت میں دونوں بازو پہلوؤں سے بھی علحدہ رہیں گے جو کہ مامور بہ ہے اور ہاتھ مونڈھوں کے مقابل رکھنے کی صورت میں دونوں بازوں پہلوؤں سے مل جائیں گے۔

[۸۸] باب ماجاء فی السجودِ علی الجَبْهَةِ والأَنْفِ

[۲۶۸-] حدثنا بُندارٌ، ثنا أبو عامرٍ، نا فُلَیْحُ بنُ سُلَیْمَانَ، قال: حَدَّثَنی عباسُ بنُ سَهْلٍ، عن أبی حُمَیْدِ السَّاعِدِیِّ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ إِذَا سَجَدَ أَمْکَنَ أَنْفَهُ وَجَبْهَتَهُ الأَرْضَ، ونَحَّا یَدَیْهِ عَن جَنْبَیْهِ، وَوَضَعَ کَفَّیْهِ حَذْوَ مَنْکِبَیْهِ.

قال: وفی الباب عن ابنِ عباسٍ، ووائلِ بنِ حُجْرٍ، وأبی سعیدٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی حُمَیْدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ والعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ أهلِ العلمِ أَن یَّسْجُدَ الرَّجُلُ عَلَی جَبْهَتِهِ وَأَنْفِهِ؛ فَإِنْ سَجَدَ عَلَی جَبْهَتِهِ دُوْنَ أَنْفِهِ: فقال قَوْمٌ مِن أهلِ العِلْمِ: یُجْزِئُهُ؛ وقال غَیْرُهُمْ: لایُجْزِئُه حَتّٰی یَسْجُدَ عَلَی الجَبْهَةِ وَالأَنْفِ.

ترجمہ: اور علماء کا اس حدیث پر عمل ہے کہ آدمی ماتھا اور ناک دونوں پر سجدہ کرے پس اگر ماتھے پر سجدہ کیا نہ کہ ناک پر تو بعض علماء اس کی نماز کو درست قرار دیتے ہیں۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ اس کی نماز صحیح نہ ہوگی جب تک وہ ماتھا اور ناک دونوں پر سجدہ نہ کرے۔

بابُ مَاجَاءَ أَيْنَ يَضَعُ الرَّجُلُ وَجْهَهُ إِذَا سَجَدَ؟

سجدے میں چہرہ کہاں رکھے؟

حدیث: حضرت ابواسحاق ہمدانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: رسول اللہ ﷺ جب سجدہ کرتے تھے تو چہرہ کہاں رکھتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: اپنی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان۔

تشریح: یہ مسئلہ اوپر والے باب میں گذر چکا ہے۔ اور حدیثِ مذکور احناف کے موافق ہے مگر وہ اس حدیث سے استدلال نہیں کرتے، بلکہ حضرت وائل رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کیونکہ یہ حدیث حجاج بن ارطاۃ کی وجہ سے ضعیف ہے۔

[٨٩] باب ماجاء أين يَضَعُ الرجلُ وَجْهَهُ إذا سجد؟

[٢٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عن الحَجَّاجِ، عن أبى إسحاقَ، قال: قُلْتُ لِلْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ: أَيْنَ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَضَعُ وَجْهَهُ إِذَا سَجَدَ؟ فقال: بَيْنَ كَفَّيْهِ.

وفى الباب عن وائِلِ بنِ حُجْرٍ، وأبى حُمَيْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ البَراءِ حديثٌ حسنٌ غريبٌ؛ وهُوَ الَّذِىْ اخْتَارَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ أن تَكُوْنَ يَدَاهُ قَرِيْبًا مِنْ أُذُنِيْهِ.

ترجمہ: اس حدیث کو بعض اہل علم (احناف) نے اختیار کیا ہے (وہ کہتے ہیں) کہ آدمی کے دونوں ہاتھ اس کے دونوں کانوں کے نزدیک (مقابل) ہونے چاہئیں۔

بابُ مَاجَاءَ فى السُّجودِ على سَبْعَةِ أَعْضَاءٍ

سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا بیان

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بندہ سجدہ کرتا ہے تو اس کے ساتھ سات اعضاء سجدہ کرتے ہیں: چہرہ، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں قدم ـــــــ اور ابن عباسؓ کی

دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ حکم دیئے گئے کہ سات اعضاء پر سجدہ کریں اور بالوں کو اور کپڑوں کو نہ روکیں۔

تشریح: لفظ اُمِرَ کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سجدہ میں ساتوں اعضاء زمین پر لگنے ضروری ہیں اگر ایک عضو بھی زمین پر نہیں لگے گا تو سجدہ نہیں ہوگا اور نماز باطل ہوگی۔ دوسرے فقہاء کہتے ہیں: سجدہ غایت تذلّل یعنی آخری درجہ کی عاجزی ہے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ طرفِ اعلی یعنی سر کو طرفِ اسفل یعنی پاؤں کے لیول پر لے آئے۔ حالتِ قیام میں پاؤں کا جو حصہ زمین سے لگا ہوا ہوتا ہے اس کے لیول پر سر لے آنا تو محال ہے اس لئے مجازاً پیروں کی انگلیاں مراد لی ہیں۔ اسی طرح طرف اعلی یعنی سر کے بالکل اوپر کا حصہ بھی زمین پر لگانا ناممکن ہے ورنہ آدمی اوندھا ہو جائے گا۔ پس یہاں بھی مجاز مراد لیا جائے گا اور ماتھا اور ناک لگانا کافی ہے۔ اور دیگر اعضاء یعنی گھٹنوں اور ہاتھوں کی حیثیت صرف مددگار اعضاء کی ہے تاکہ دھڑام سے زمین پر نہ گرے۔ سجدہ کی ماہیت میں ان اعضاء کا دخل نہیں۔ لہٰذا اگر کوئی شخص پورے سجدہ میں دونوں گھٹنے اور دونوں ہاتھ زمین سے نہ لگائے تو بھی سجدہ صحیح ہوگا مگر نماز مکروہ تحریمی ہوگی۔ اور قدمین اور ماتھے اور ناک میں سے کسی ایک کا کم از کم ایک رکن کے بقدر زمین سے لگانا ضروری ہے۔ ورنہ سجدہ نہ ہوگا اور نماز باطل ہو جائے گی۔ اور قدمین اور ماتھے اور ناک میں سے کسی ایک پر اکتفا کرنا مکروہ ہے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ حدیث میں لفظ اُمِرَ وجوب کے لئے نہیں ہے، ہر امر وجوب کے لئے نہیں ہوتا، امر مختلف مراتب کے لئے مستعمل ہے۔ کہاں وجوب کے لئے ہے اس کی تعیین دیگر قرائن سے کی جائے گی۔ تمام کالے باپ کے سالے نہیں ہوتے۔

فائدہ (۱): اور فقہ میں جو سجدہ کی تعریف کی گئی ہے کہ سجدہ سر کو زمین پر رکھنے کا نام ہے تو یہ تعریف عوام کی سہولت کے لئے ہے۔ اصل تعریف وہ ہے جو اوپر بیان کی گئی، پس ہوائی جہاز میں، چاند پر، یہاں تک کہ آسمان و زمین کے درمیان فضا میں بھی سجدہ کا تحقق ہو جائے گا۔

فائدہ (۲): اور یہ جو مشہور ہے کہ سجدہ میں دونوں پیر زمین سے اٹھ جائیں تو نماز باطل ہو جائے گی۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ اگر پورے سجدہ میں دونوں پیر زمین سے اٹھے رہے ایک رکن کے بقدر بھی دونوں پیر یا ایک پیر زمین پر نہ لگا تو سجدہ نہیں ہوا اور نماز باطل ہوگئی۔ اور اگر ایک رکن کے بقدر لگنے کے بعد دونوں پیر اٹھا دیئے تو نماز ہو جائے گی مگر مکروہ تحریمی ہوگی۔ اور ایک رکن کی مقدار تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کا زمانہ ہے۔

[۹۰] باب ماجاء فی السجود علی سبعة أعضاءٍ

[۲۷۰-] حدثنا قُتیبةُ، نا بَکْرُ بنُ مُضَرٍ، عن ابنِ الْهَادِ، عن مُحمدِ بنِ إبراهیمَ، عن عَامِرِ بنِ سَعْدِ

بنِ أبی وَقَّاصٍ، عن العباسِ بنِ عَبدِ المُطلبِ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم یقولُ:" إِذَا سَجَدَ العَبْدُ سَجَدَ مَعَهُ سَبْعَةُ أَرَابٍ: وَجْهُهُ، وكَفَّاهُ، وُرُكْبَتاهُ، وقَدَمَاهُ"

قال: وفی الباب عن ابنِ عباسٍ، وأبی هریرةَ، وجابرٍ، وأبی سعیدٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ العباسِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛وعَلَیْهِ العَمَلُ عِند أهلِ العلمِ.

[۲۷۱-] حدثنا قُتیبةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن طَاوسٍ، عن ابنِ عباسٍ قال: أُمِرَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم أَن یَّسْجُدَ عَلَی سَبْعَةِ أَعْضَاءٍ، وَلاَ یَکُفَّ شَعْرَهُ وَلاَثِیَابَهُ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: واضح ہے اور نماز میں بالوں اور کپڑوں کو نہ روکنے کا مسئلہ آگے آئے گا۔

بابُ مَاجَاءَ فی التَّجَافِیْ فِی السُّجُوْدِ

سجدے میں اعضاء ایک دوسرے سے علحدہ رہنے چاہئیں

سجدہ میں ران کو پیٹ سے، دونوں بازؤں کو پہلوؤں سے اور کلائیوں کو زمین سے علحدہ رکھنا مسنون ہے اور اس کا نام تجافی ہے۔

حدیث: عبداللہ بن اقرم خزاعی (باپ بیٹے دونوں صحابی ہیں۔ اور عبداللہ حجۃ الوداع میں اپنے والد اقرم خزاعی کے ساتھ تھے) نے میدانِ نمرۃ میں رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا جب ان کا قافلہ قریب سے گذر رہا تھا۔ فرماتے ہیں: میں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا جب آپ سجدہ میں تھے تو آپؐ دونوں بازو پہلوؤں سے علحدہ کئے ہوئے تھے، میں نے آپؐ کے بغل کا بھورا پن دیکھا اور اس کی سفیدی دیکھی۔

قولہ: أَرَی بیاضَہ عطف تفسیری ہے چونکہ عام طور پر لوگوں کے بغل میں بھورا پن ہوتا ہے (بھورے پن کے مفہوم میں ہلکی سیاہی شامل ہے) اس لئے کوئی خیال کرسکتا تھا کہ آپؐ کے بغل میں بھی سیاہی ہوگی اس لئے تفسیر کی کہ آپؐ کے بغل آپؐ کے بدن کی طرح صاف وشفاف اور سفید تھے۔ اور یہ جملہ اگر شروع ہی میں لایا جاتا تو کسی کو دوسری غلط فہمی ہوسکتی تھی کہ بغل مبارک کسی بیماری کی وجہ سے سفید ہوگئے ہونگے اس لئے یہ جملہ پہلے نہیں لائے۔ غرض ہر جملہ نے دوسرے جملہ سے پیدا ہونے والی غلط فہمی کو دور کیا ہے۔

[۹۱] باب ماجاء فِی التَّجَافِیْ فی السجود

[۲۷۲-] حدثنا أبو کُرَیْبٍ، ثنا أبو خالِدٍ الأَحْمَرُ، عن دَاوُدَ بنِ قَیْسٍ، عن عُبَیْدِ اللّٰہِ بنِ عَبدِ اللّٰہِ بنِ

أَقْرَمَ الخُزَاعِيِّ، عن أبيه، قال: كُنْتُ مَعَ أبى بِالْقَاعِ مِنْ نَمِرَة، فَمَرَّتْ رَكْبَةٌ، فَإِذَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمٌ يُصَلِّيْ، قال: فَكُنْتُ أَنْظُرُ إِلَى عُفْرَتَىْ إِبْطَيْهِ إِذَا سَجَدَ، وَأَرَى بَيَاضَهُ.

قال: وفى الباب عن ابنِ عباسٍ، وابنِ بُحَيْنَةَ، وجابرٍ، وأحْمَرَ بنِ جَزْءٍ، ومَيْمُوْنَةَ، وأبى حُمَيْدٍ، وأبى أُسَيْدٍ، وأبى مَسعودٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، ومُحمدِ بنِ مَسْلَمَةَ، والبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، وعَدِيِّ بنِ عَمِيْرَةَ، وعائشةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ أَقْرَمَ حديثٌ حسنٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِن حَديثِ دَاوُدَ بنِ قَيْسٍ؛ وَلاَ يُعْرَفُ لِعبدِ اللّٰهِ بنِ أَقْرَمَ عَن النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرُ هٰذا الحديثِ؛ والعَمَلُ عَليه عند أهلِ العلمِ.

وأَحْمَرُ بنُ جَزْءٍ هٰذا: رَجُلٌ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، لَهُ حَديثٌ واحِدٌ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ أَرْقَمَ الزُّهْرِيُّ كَاتِبُ أبى بَكْرٍ الصِّديْقِ؛ وعبدُ اللّٰهِ بنُ أَقْرَمَ الخُزَاعِيُّ: إِنَّمَا يُعْرَفُ لَهُ هٰذا الحديثُ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: عبداللہ بن اقرم کہتے ہیں: میں اپنے والد کے ساتھ نمرۃ کے ہموار میدان میں تھا، پس ایک قافلہ گذرا (جس میں وہ خود تھے) پس اچانک رسول اللہ ﷺ کھڑے ہیں اور نماز پڑھ رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں آپؐ کے دونوں بغلوں کے بھورا پن کو دیکھ رہا تھا جب آپؐ نے سجدہ کیا اور میں بغل کی سفیدی کو دیکھتا تھا —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عبداللہ بن اقرم کی حدیث حسن ہے ہم اس کو داؤد بن قیس کے علاوہ کسی سند سے نہیں جانتے۔ اور عبداللہ کی رسول اللہ ﷺ سے اس کے علاوہ کوئی حدیث نہیں جانی گئی، یعنی وہ صرف اسی ایک حدیث کے راوی ہیں اور اس پر علماء کا عمل ہے یعنی بحالتِ سجدہ بازو کو پہلوؤں سے علحدہ رکھنے کو تمام علماء مسنون کہتے ہیں۔

اور فی الباب میں احمر بن جزء کی جس حدیث کا حوالہ دیا گیا ہے وہ صحابی ہیں اور ان کی بھی صرف ایک حدیث ہے۔

(رواۃ کے درمیان تمیز) اور عبداللہ بن ارقم زُہری تابعی ہیں وہ حضرت ابوبکر کے سکریٹری تھے۔ اور عبداللہ بن اقرم خزاعی صحابی ہیں اور ان سے صرف ایک ہی حدیث معروف ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فى الاعْتِدَالِ فى السُّجودِ

اعتدال یعنی ٹھیک سے سجدہ کرنے کا بیان

اعتدال کا ایک مطلب یہ ہے کہ سجدہ ڈھنگ سے کیا جائے۔ ڈھنگ سے سجدہ کرنے کی کیا صورت ہے یہ الگ مضمون ہے جو اپنی جگہ آئے گا۔ اور اعتدال کا دوسرا مفہوم تعدیلِ ارکان ہے۔ یعنی ارکانِ اربعہ باطمینان ادا کئے جائیں۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تعدیل ارکان فرض ہے اور حنفیہ کے نزدیک واجب یا سنت مؤکدہ اشدّ تاکید ہے۔

تفصیل گذر چکی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص سجدہ کرے تو چاہئے کہ وہ ٹھیک سے سجدہ کرے۔ دوسرا ترجمہ: چاہئے کہ تعدیلِ ارکان کرے (مگر یہ ترجمہ مرجوح ہے) اور اپنی کلائیاں کتے کی طرح نہ بچھائے۔ کتا اور دیگر درندے اگلے پیر زمین پر بچھا کر بیٹھتے ہیں۔ سجدے میں اس طرح ہاتھوں کو بچھانے سے منع کیا گیا —— ولایفترش إلخ عطف تفسیری ہے۔ یعنی ڈھنگ سے سجدہ کرنے کے مفہوم میں ہاتھوں کو نہ بچھانا بھی شامل ہے۔

تشریح: احادیثِ شریفہ میں نماز میں آٹھ ہیئتیں اختیار کرنے سے منع کیا گیا ہے: (۱) کتّے کی طرح ہاتھوں کو بچھانے سے (۲) کتّے کی طرح بیٹھنے سے (۳) لومڑی کی طرح جھانکنے سے (۴) اونٹ کی طرح بیٹھنے سے (۵) مرغ کی طرح ٹھونگیں مارنے سے (۶) گدھے کی طرح سر جھکانے سے یعنی سر کو پیٹھ کے لیول سے نیچا کرنے سے (۷) جلسہ میں سرین کے بل بیٹھنے سے (۸) بدکے ہوئے گھوڑے کی طرح دم ہلانے سے یعنی ہاتھ ہلانے سے —— اور جانوروں کے ساتھ تشبیہ دینے سے مقصود تنفیر ہے۔ یعنی ان ہیئتوں کی نفرت دل میں پیدا کرنے کی غرض سے جانوروں کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے (مزید تفصیل کے لئے معارف السنن (۳: ۴۵-۴۷) دیکھیں)

[۹۲] باب ماجاء فِی الاِعتدال فی السجود

[۲۷۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثنا أبو مُعاوية، عن الأَعْمَشِ، عن أبی سُفيانَ، عن جابرٍ، أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قال: " إِذَا سَجَدَ أَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ، وَلاَ يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتَرَاشَ الكَلْبِ"

قال: وفی الباب عن عبدِ الرحمنِ بنِ شِبْلٍ، والبَرَاءِ، وأنسٍ، وأبی حُمَيدٍ، وعائِشَةَ.

قال أبو عيسی: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ عَلَيْهِ عِند أهلِ الْعِلْمِ: يَخْتَارُوْنَ الاِعْتِدَالَ فی السُّجودِ، ويَكْرَهُوْنَ الاِفْتِرَاشَ كَافْتِرَاشِ السَّبُعِ.

[۲۷٤-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داوُدَ، نا شُعْبَةُ، عن قَتَادَةَ، قال: سَمِعتُ أَنَسًا يقولُ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم قال: " اعْتَدِلُوْا فی السُّجُوْدِ، وَلاَ يَبْسُطَنَّ أَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ فِی الصَّلاَةِ بَسْطَ الْكَلْبِ"

قال أبو عيسی: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: اس پر علماء کے نزدیک عمل ہے وہ سجدہ میں اعتدال کو پسند کرتے ہیں۔ اور درندوں کی طرح ہاتھوں کے بچھانے کو ناپسند کرتے ہیں (حدیث ۲۷۴) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سجدہ ٹھیک سے کیا کرو، اور ہرگز نہ بچھائے تم میں سے کوئی اپنی کلائیاں نماز میں کتّے کے بچھانے کی طرح۔

بابُ مَاجاءَ فی وَضْعِ الیَدَیْنِ وَنَصْبِ القَدَمَیْنِ فِی السُّجودِ

سجدے میں ہاتھوں کو رکھنے اور پیروں کو کھڑا کرنے کا بیان

سجدہ میں دونوں ہاتھ اور دونوں پیر زمین پر جما کر رکھنے چاہئیں۔ ہاتھوں کو رکھنے میں تو لوگ غلطی نہیں کرتے مگر پیروں میں اکثر غفلت برتتے ہیں۔ بعض لوگ تو سرے سے پیروں کو زمین پر رکھتے ہی نہیں۔ ان کی تو نماز ہی صحیح نہیں ہوتی۔ اور بعض تھوڑی دیر رکھ کر دونوں پاؤں اٹھا لیتے ہیں۔ اور بعض صرف ایک پاؤں رکھتے ہیں ان صورتوں میں نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ اور بعض لوگ اگرچہ دونوں پاؤں رکھتے ہیں مگر وہ صرف انگلیوں کے سرے زمین پر ٹیکتے ہیں یہ غیر مسنون طریقہ ہے۔ مسنون طریقہ یہ ہے کہ پورے سجدے میں دونوں پاؤں اس طرح دبا کر رکھے جائیں کہ انگلیاں مڑ کر قبلہ کی طرف ہوجائیں۔

حدیث: حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (سجدہ میں) دونوں ہاتھ اور دونوں قدم زمین پر رکھنے کا حکم دیا۔

تشریح: یہ حدیث مسند اور مرسل دونوں طرح مروی ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی عادت کے مطابق مرسل کو اصح کہا ہے۔ حالانکہ مسند حدیث کو غیر اصح قرار دینے کی کوئی وجہ نہیں۔ کیونکہ وہیب نے اس کو متصل کیا ہے اور وہ ثقہ ہیں۔ اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔ یہ اصولِ حدیث کا طے شدہ ضابطہ ہے۔

[۹۳] باب ماجاء فی وضع الیدین ونَصْبِ القدمین فی السجود

[۲۷۵-] حدثنا عبدُ اللّٰہِ بنُ عبدِ الرحمنِ ، أنا المُعَلّٰی بنُ أَسَدٍ، ناوُھَیْبٌ، عن مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عن مُحمدِ بنِ إبراھیمَ، عن عامِرِ بنِ سَعْدٍ، عن أبیہِ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بِوَضْعِ الیَدَیْنِ وَنَصْبِ الْقَدَمَیْنِ.

قال عبدُ اللّٰہِ: وقال المُعَلّٰی: حدثنا حَمَّادُ بنُ مَسْعَدَۃَ، عن مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عن مُحمدِ بنِ إبراھیمَ، عن عَامِرِ بنِ سَعْدٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بِوَضْعِ الْیَدَیْنِ، فَذَکَرَ نَحْوَہُ، وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْہِ عَنْ أَبِیْہِ.

قال أبو عیسی: وَرَوَی یَحْیَی بنُ سَعیدٍ القَطَّانُ وَغَیْرُ وَاحِدٍ، عن مُحمدِ بنِ عَجْلاَن، عن مُحمدِ بنِ إبراھیمَ، عن عَامِرِ بنِ سَعْدٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ بِوَضْعِ الیَدَیْنِ ونَصْبِ القَدَمَیْنِ، مُرْسَلٌ؛ وھٰذا أَصَحُّ مِن حَدیثِ وُھَیْبٍ.

وھُوَ الَّذِیْ أَجْمَعَ علیہ أھلُ العلمِ، واخْتَارُوْہُ.

وضاحت: مرسل حدیث کی دوسندیں ہیں: (۱) عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی نے کہا: معلّٰی بن اسد نے حماد بن مسعدۃ سے، انھوں نے محمد بن عجلان سے، انھوں نے محمد بن ابراہیم سے، انھوں نے عامر بن سعد سے، اور انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا وہیب کی حدیث کی طرح۔ یعنی بیچ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا واسطہ ذکر نہیں کیا۔ اور عامر تابعی ہیں۔ پس یہ حدیث مرسل ہے۔ (۲) یحیٰی قطان وغیرہ بھی محمد بن عجلان سے، وہ محمد بن ابراہیم سے، وہ عامر بن سعد سے، وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں یہ سند بھی مرسل ہے ——— اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی إِقَامَةِ الصُّلْبِ إِذَارَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السُّجُوْدِ وَالرُّكُوْعِ

جب سجدوں سے اور رکوع سے سر اٹھائے تو پیٹھ سیدھی کرے

إقامۃُ الصُّلب کے معنی ہیں: پیٹھ سیدھی کرنا۔ یعنی رکوع اور سجدہ سے اٹھ کر باطمینان کھڑا رہنا اور بیٹھنا اور بدن کو ڈھیلا چھوڑ دینا تاکہ ہر ہڈی اس کی جگہ میں سیٹ ہوجائے۔ یہ قومہ اور جلسہ کی تعدیل ہے۔ اور رکوع وسجود میں ٹھہرنا رکوع وسجود کی تعدیل ہے۔ اور ان میں ٹھہرانے کے مقصد ہی سے اذکار مسنون کئے ہیں۔

حدیث: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی نماز جب وہ رکوع کرتے تھے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے تھے، اور جب سجدہ کرتے تھے اور جب سجدہ سے سر اٹھاتے تھے تقریباً یکساں ہوتی تھی۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ آنحضور ﷺ کے ارکان اربعہ میں باہم تناسب ہوتا تھا۔ اور وہ قراءت کے اعتبار سے ہوتا تھا۔ فجر میں قراءت طویل ہوتی ہے اس لئے ارکان اربعہ بھی طویل ہوتے تھے۔ اور مغرب میں قراءت مختصر ہوتی ہے اس لئے ارکانِ اربعہ بھی مختصر ہوتے تھے۔ اور تہجد میں قراءت بہت طویل کرتے تھے۔ ایک رکعت میں سورۂ بقرۃ دوسری رکعت میں سورۂ آل عمران پڑھتے تھے اس لئے ارکانِ اربعہ بھی بہت لمبے کرتے تھے۔ چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ؐ کے رکوع وسجود پچاس آیتوں کے بقدر ہوتے تھے۔

(متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۱۱۸۸)

اور امام ترمذیؒ نے یہ حدیث اس باب میں لاکر اشارہ کیا ہے کہ قومہ اور جلسہ میں پیٹھ سیدھی کردینے سے اور رکوع وسجود میں ٹھہرے رہنے سے اگرچہ تعدیل ہوجاتی ہے مگر قراءت کے تناسب سے ارکان اربعہ میں طول واختصار ہونا چاہئے۔

فائدہ: سعودیہ والے اس حدیث کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا رکوع اور سجدہ اور قومہ اور جلسہ برابر ہوتے تھے یعنی رکوع اور سجدہ میں اگر آپ ؐ دس سکنڈ ٹھہرتے تھے تو قومہ اور جلسہ میں بھی دس سکنڈ ٹھہرتے تھے۔ اور اسی کو یعنی ارکانِ اربعہ میں زمانہ کے اعتبار سے برابری کو وہ تعدیل کہتے ہیں۔ مگر ان کا یہ خیال صحیح نہیں، کیونکہ اگر حدیث کا یہ مطلب ہوتا تو رکوع وسجود کی طرح قومہ اور جلسہ میں بھی اذکار مسنون کئے جاتے۔ اور ان کو مکرر سہ کرر پڑھنے کی ہدایت کی

جاتی۔ حالانکہ شریعت نے ان دو جگہوں کے لئے اذکار مسنون نہیں کئے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے ان جگہوں میں جو طویل اذکار مروی ہیں وہ نوافل کے لئے ہیں۔ فرائض کے لئے شریعت نے ہلکے اور آسان اذکار ہی تجویز فرمائے ہیں۔ تاکہ ہر مسلمان بآسانی ان کو یاد کر سکے اور پڑھ سکے۔ اور جہاں ٹھہرانا مقصود ہے وہاں ان ہی کو مکرر سہ کرر کہنے کی ہدایت دی ہے۔ شریعت کا یہ مزاج دلیل ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے قومہ اور جلسہ میں جو طویل اذکار مروی ہیں وہ فرائض کے لئے نہیں ہیں۔ وہ اذکار نفل نماز کے لئے ہیں اور خواص امت کے لئے ہیں۔

سوال: بخاری (حدیث ۷۹۲ باب حد إتمام الرکوع إلخ) میں اسی حدیث میں **مَا خَلاَ القیامَ والقُعودَ** بھی آیا ہے۔ اس استثناء سے معلوم ہوا کہ عرب علماء نے حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے وہ صحیح ہے۔

جواب: یہ زیادتی محفوظ نہیں اس لئے کہ اس حدیث کو شعبۃ سے بَدَل بن المُحَبَّر کے علاوہ ابوالولید محمد بن جعفر، معاذ العنبری، ابن المبارک، ابن علیہ، یحییٰ قطان اور حفص بن عمرو وغیرہ ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے اور سوائے بدل بن المُحَبَّر کے کوئی راوی یہ ٹکڑا نہیں بڑھاتا۔ اور ابن المُحَبَّر کی دارقطنی نے تضعیف کی ہے۔ تفصیل کے لئے معارف السنن (۳:۵۳) دیکھیں۔

[۹٤] باب ماجاء فی إقامة الصلب إذا رفع رأسه من السجود والركوع

[۲۷٦-] حدثنا أحمد بنُ محمد بن موسى، نا ابن المبارك، عن شعبة، عن الحكم، عن عبد الرحمن بن أبي ليلى، عن البراء بن عازب، قال: كانت صلاةُ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم إذا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ رأسَه من الركوع، وإِذَا سَجَدَ، وإِذَا رفع رأسَه من السجود: قريباً من السَّوَاءِ.

قال: وفي الباب: عن أنس.

حدثنا محمد بن بشار، نا محمدُ بنُ جعفر، نا شعبةُ، عن الحكم نحوه.

قال أبو عيسى: حديث البراء حديث حسن صحيح.

وضاحت: حَكَمْ سے نیچے حدیث کی ایک اور سند بھی ہے جو امام ترمذی رحمہ اللہ نے ذکر کی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی كَرَاهِيَةِ أَن يُّبَادَرَ الإِمَامُ فی الرُّكُوْعِ والسُّجُوْدِ

امام سے پہلے رکوع وسجود میں پہنچ جانا مکروہ تحریمی ہے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ افعال میں امام کی متابعت لازم ہے یعنی اس کے پیچھے پیچھے رہنا ضروری ہے۔ اور مُبادرت یعنی امام سے پہلے اگلے رکن میں پہنچ جانا جائز نہیں۔ البتہ اقوال میں متابعت ضروری نہیں، چنانچہ امام رکوع سے اٹھتے

وقت تسمیع کہتا ہے اور مقتدی تحمید۔ اور امام قراءت کرتا ہے اور مقتدی خاموش رہتے ہیں اور قراءت سنتے ہیں، اس کی متابعت نہیں کرتے، کیونکہ اقوال میں متابعت ضروری نہیں۔

حدیث: عبداللہ بن یزید نے دورانِ خطاب لوگوں کو حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث سنائی اور پہلے وھو غَیْرُ کَذُوْبٍ (وہ جھوٹے نہیں تھے) کہہ کر بات مؤکد کی۔ حضرت براءؓ کہتے ہیں: جب ہم رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں نماز پڑھتے تھے تو رکوع کے بعد کوئی بھی سجدہ میں نہیں جاتا تھا، یہاں تک کہ آنحضور ﷺ سجدہ میں سر رکھ دیتے تھے پھر ہم جھکنا شروع کرتے تھے۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں جو طریقہ بیان کیا گیا ہے وہ ایک عارضی بات ہے یعنی اگر امام بوڑھا ہو یا بہت موٹا ہو اور اس کو اٹھنے بیٹھنے میں دشواری ہوتی ہو اور مقتدی نوجوان ہوں تو ان کو امام کے اگلے رکن میں منتقل ہوجانے کے بعد انتقال شروع کرنا چاہئے۔ اور اگر امام تندرست ہو تو پھر امام ومقتدی ساتھ ساتھ انتقال شروع کریں گے البتہ امام ذرا آگے رہے گا اور مقتدی اس سے پیچھے۔ اس کی تفصیل باب ماجاء فی التکبیر عند الرکوع (۱:۵۹۶) کے تحت گذر چکی ہے۔

۲- عبداللہ بن یزید نے حدیث سنانے سے پہلے وھو غیر کذوب کہہ کر جو تمہید قائم کی ہے وہ بات پر زور دینے کے لئے اور لوگوں کی توجہ طلب کرنے کے لئے ہے ورنہ تمام صحابہ دین منتقل کرنے میں بالاتفاق عدول (قابل اعتماد) ہیں ان میں جھوٹ کا ادنی احتمال نہیں۔ اور یہ ایسا ہی ہے جیسا بعض مواقع میں حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہے: قال الصادق المصدوق حالانکہ آنحضور ﷺ میں جھوٹ کا احتمال ہی نہیں، بلکہ مقصود لوگوں کی توجہ طلب کرنا اور حکم کی اہمیت ذہن نشین کرنا ہے۔

[۹۵] باب ماجاء فی کراھیة أن یُّبادَرَ الإمَامُ فی الرکوع والسجود

[۲۷۷-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثنا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نا سُفیانُ، عن أبی إسحاقَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ یَزِیْدَ، قال: ثنا البَرَاءُ — وھُوَ غَیْرُ کَذُوْبٍ — قال: کُنَّا إِذَا صَلَّیْنَا خَلْفَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَرَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّکُوْعِ، لَمْ یَحْنِ رَجُلٌ مِنَّا ظَھْرَهُ حَتّٰی یَسْجُدَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَنَسْجُدُ.

قال: وفی الباب عن أنسٍ، ومُعاویةَ، وابنِ مَسْعَدَةَ: صاحبِ الجُیُوْشِ، وأبی ھُریرةَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ البَرَاءِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وبه یَقولُ أھلُ العلمِ: إِنَّ مَن خَلْفَ الإمامِ إِنَّمَا یَتَّبِعُوْنَ الإِمَامَ فِیْمَا یَصْنَعُ، وَلاَ یَرْکَعُوْنَ إِلاَّ بَعْدَ رُکُوْعِهِ، وَلاَ یَرْفَعُوْنَ إِلاَّ بَعْدَ رَفْعِهِ، وَلاَ نَعْلَمُ بَیْنَھُمْ فِیْ ذٰلِكَ اخْتِلاَفًا.

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے اور آپ اپنا سر رکوع سے اٹھاتے تھے تو ہم میں سے کوئی اپنی پیٹھ کو نہیں جھکاتا تھا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ سجدہ کر لیتے تھے پس ہم سجدہ کیا کرتے تھے ــــــ اور اسی کے مطابق علماء کا عمل ہے کہ جو لوگ امام کے پیچھے ہیں وہ امام کی اتباع افعال میں کریں۔ اور امام کے رکوع کے بعد ہی رکوع کریں اور اس کے سر اٹھانے کے بعد ہی سر اٹھائیں۔ اور ہم اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں جانتے۔

فائدہ: یہاں بعدیت سے بعدیتِ مطلقہ اور بعدیتِ کاملہ مراد نہیں جو سعودیہ کے اماموں نے سمجھی ہے بلکہ بعدیت مع الوصل مراد ہے یعنی مقتدی امام سے ذرا پیچھے رہیں کیونکہ حدیث **إنما جُعل الإمام** میں فتعقیب مع الوصل کے لئے ہے یعنی امام اور مقتدی دونوں ساتھ ساتھ انتقال کریں مگر امام ذرا آگے رہے اور مقتدی ذرا پیچھے رہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی کَرَاهِیَةِ الإِقْعَاءِ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ

سجدوں کے درمیان ایڑیوں پر بیٹھنے کی کراہیت

إقعاء: کی دو تفسیریں کی گئی ہیں۔ اول: پنڈلیاں کھڑی کر کے اور دونوں ہاتھ زمین پر رکھ کر سرین کے بل کتّے کے بیٹھنے کی طرح بیٹھنا۔ اقعاء بایں معنی بالاتفاق مکروہ تحریمی ہے۔ دوم: جلسہ میں دونوں پاؤں کھڑے کر کے ایڑیوں پر بیٹھنا۔ بعض حضرات مثلاً عبداللہ بن الزبیر وغیرہ اس کو جائز کہتے تھے، مگر ائمہ اربعہ کے نزدیک یہ بھی مکروہ تنزیہی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے علی! میں آپ کے لئے وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لئے پسند کرتا ہوں اور جو اپنے لئے ناپسند کرتا ہوں وہی آپ کے لئے ناپسند کرتا ہوں (یہ تمہید قائم کر کے آپ ﷺ نے فرمایا:) دو سجدوں کے درمیان اقعاء کے طور پر مت بیٹھو۔ ــــــ یہاں سے یہ اصول ہاتھ آیا کہ نصیحت کرنے سے پہلے زمین ہموار کرنی چاہئے، ایسی صورت میں آدمی خوش دلی سے نصیحت قبول کرتا ہے۔

تشریح: بلا عذر جلسہ میں ایڑیوں پر بیٹھنا خلافِ اولی ہے مگر عذر کی وجہ سے جائز ہے، اور معذور کو بھی قعدہ میں اقعاء نہیں کرنا چاہئے کیونکہ معذور کے لئے شریعت نے متبادل (تَوَرُّكْ) تجویز کیا ہے۔ تفصیل آگے (باب ۱۱۳ حدیث ۳۰۰ کے ذیل میں) آئے گی۔

[۹۶] باب ماجاء فی کراهیة الإِقْعَاءِ بین السجدتین

[۲۷۸-] حدثنا عبدُ اللهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، نا عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ مُوسَی، نا إسرائیلُ، عن أبی إسحاق، عن الحَارِثِ، عن عَلِیٍّ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " یَا عَلِیُّ! أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِیْ، وأَكْرَهُ لَكَ مَا أَكْرَهُ لِنَفْسِیْ: لاَ تُقْعِ بَیْنَ السَّجْدَتَیْنِ"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ لاَ نَعْرِفُهُ مِن حَديثِ عَلِيٍّ إِلاَّ مِن حَديثِ أبي إِسحاقَ، عن الحارِثِ، عن عليٍّ؛ وقد ضَعَّفَ بعضُ أهلِ العلمِ الحارثَ الأَعْوَرَ؛ والعَمَلُ عَلَى هٰذا الحديثِ عند أكثرِ أهلِ العلمِ يَكْرَهُوْنَ الإِقْعَاءَ.

وفي الباب: عن عائشةَ، وأنسٍ، وأبي هريرةَ.

وضاحت: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب بایں معنی ہے کہ ابواسحاق سے اوپر اس کی صرف ایک سند ہے اور بایں معنی بھی کہ وہ حارث اعور کی وجہ سے ضعیف ہے۔

بابٌ في الرُّخْصَة فِي الإِقْعَاءِ

سجدوں کے درمیان ایڑیوں پر بیٹھنے کا جواز

اس باب میں جو حدیث ہے اس سے اقعاء کی اجازت مستفاد ہوتی ہے۔ اور مصنف رحمہ اللہ نے لفظ رخصت کے ذریعہ اس کے خلاف اولیٰ ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے کیونکہ لفظ رخصت میں کراہیت تنزیہی کا مفہوم شامل ہوتا ہے۔ یعنی دوسجدوں کے درمیان ایڑیوں پر بیٹھنا اگرچہ جائز ہے مگر خلافِ اولیٰ ہے۔

حدیث: طاؤس رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جلسہ میں ایڑیوں پر بیٹھنے کا حکم دریافت کیا۔ آپؓ فرمایا: ''وہ سنت ہے'' ہم نے عرض کیا: ہمارے خیال میں تو یہ آدمی کا گنوار پن ہے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا: ''بلکہ وہ تمہارے نبی کی سنت ہے''

تشریح: اصولِ حدیث میں یہ ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ اگر صحابی من السنة كذا کہے تو وہ حدیث حکماً مرفوع ہو جاتی ہے۔ مگر امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ صحابہ کرام کے احوال کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ وہ اپنے مجتہدات کے لئے بھی من السنة كذا کا لفظ استعمال کرتے تھے۔ لہٰذا اصولِ حدیث کا مذکورہ ضابطہ ہر جگہ جاری نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس قاعدہ کو جاری کرنے سے پہلے سابقہ اور لاحقہ مضمون میں غور کرنا ضروری ہے۔ یہ بات عَرف الشَّذِیْ میں علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے بیان فرمائی ہے۔

یہاں هي السنة کہہ کر حضرت ابن عباسؓ نے اپنی رائے بیان کی ہے اور بل سنة نبيكم کا صرف اتنا مطلب ہے کہ اقعاء جائز ہے۔ اور دلیل گذشتہ باب کی حدیث ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس کام سے روکا ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ نبی ﷺ کی سنت نہیں ہے۔ اور دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر هي السنة کہنے سے حدیث مرفوع ہو جاتی تو تلامذہ إِنَّا لَنَرَاهُ جَفَاءً بالرجل نہ کہتے، کیونکہ حدیث کا معارضہ جائز نہیں۔ علاوہ ازیں آنحضور ﷺ کی پوری زندگی میں ایک واقعہ بھی اقعاء کا مروی نہیں اگر یہ سنت ہوتا اور حدیث ابن عباس مرفوع ہوتی تو نبی

ﷺ سے یہ عمل ضرور مروی ہوتا۔ اس لئے اس حدیث کو عذر پر محمول کریں گے، یعنی ابن عباسؓ نے هی السنة کہہ کر معذور کے لئے اس کا جواز بیان کیا ہے۔ واللہ اعلم

[۹۷] باب فی الرخصة فی الإقعاء

[۲۷۹-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوسَى، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا ابنُ جُرَيْجٍ، قال: أَخْبَرَنِیْ أَبو الزُّبَيْرِ، أَنَّه سَمِعَ طَاوُسًا يقولُ: قُلْنَا لِابْنِ عَبَّاسٍ فی الإِقْعَاءِ عَلَى الْقَدَمَيْنِ؟ قال: هِیَ السُّنَّةُ، فَقُلْنَا: إِنَّا لَنَرَاهُ جَفَاءً بِالرَّجُلِ! قال: بَلْ هِیَ سُنَّةُ نَبِيِّكُمْ.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ؛ وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إلٰى هٰذا الحديثِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: لَايَرَوْنَ بِالإِقْعَاءِ بَأْسًا؛ وهو قَوْلُ بَعْضِ أهلِ مَكَّةَ مِنْ أهلِ الفِقْهِ وَالعِلْمِ؛ وأَكثرُ أهلِ العلمِ يَكْرَهُوْنَ الإِقْعَاءَ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ.

ترجمہ: صحابہ میں سے بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ ایڑیوں پر بیٹھنے میں کوئی حرج محسوس نہیں کرتے اور وہ فقہ وعلم رکھنے والے بعض اہل مکہ (حضرت عبداللہ بن الزبیر) کا قول ہے۔ اور اکثر اہل علم سجدوں کے درمیان ایڑیوں پر بیٹھنے کو ناپسند کرتے ہیں۔

بابُ مَايَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ

جلسہ میں کیا ذکر کرے؟

فرائض میں جلسہ اور قومہ میں کسی ذکر کی شریعت نے تعلیم نہیں دی۔ البتہ نوافل میں ان دونوں جگہوں کے لئے طویل اذکار مروی ہیں۔ ان کو یاد کرنا چاہئے اور نوافل میں پڑھنا چاہئے، سنن مؤکدہ بھی نوافل ہیں۔ اور اگر امام موقع دے تو فرائض میں بھی پڑھ سکتے ہیں کیونکہ خاموش رہنے سے ان کو پڑھنا بہتر ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سجدوں کے درمیان یہ دعا پڑھتے تھے: ''اے اللہ! میری بخشش فرما، مجھ پر رحم فرما، میری شکستگی دور فرما، میری راہنمائی فرما اور مجھے رزق عطا فرما''

[۹۸] باب مايقول بين السجدتين؟

[۲۸۰-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، نا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عن كَامِلٍ أبی العَلَاءِ، عن حَبِيْبِ بنِ أبی ثَابِتٍ، عن سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ:

"اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ، وَارْحَمْنِیْ، وَاجْبُرْنِیْ، واهْدِنِیْ، وارْزُقْنِیْ"
حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الخَلَّالُ، نا یَزِیدُ بنُ هَارُوْنَ، عن زَیْدِ بنِ حُبَابٍ، عن کامِلٍ أبی العَلَاءِ نَحْوَهُ.
قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ غریبٌ؛ وهٰکذا رُوِیَ عن علیٍّ؛وبه یَقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ: یَرَوْنَ هٰذا جائِزًا فی المَکْتُوْبَةِ وَالتَّطَوُّعِ.وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذا الحدیثَ عن کامِلٍ أبی العَلَاءِ مُرْسَلاً.

وضاحت: یہ حدیث غریب بایں وجہ ہے کہ اس کو تنہا کامل ابوالعلاء روایت کرتے ہیں۔ ان سے نیچے متعدد سندیں ہیں، مگران سے اوپر ایک ہی سند ہے۔ اوراسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی یہ ذکر مروی ہے اخرجہ الشافعی فی مسندہ (۱:۹۳) وعبدالرزاق والبیہقی (کشف النقاب) اورقومہ اور جلسہ میں پڑھنے کے لئے جواز کا ر مروی ہیں: امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ (جماعت کے علاوہ میں) ان کو پڑھنے کی اجازت دیتے ہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ (غیر فرض میں) اجازت دیتے ہیں۔ اور یہ حدیث کامل ابوالعلاء کی سند سے مرسل بھی مروی ہے یعنی آخر میں حضرت ابن عباس کا تذکرہ نہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فی الاِعْتِمَادِ فی السُّجودِ

سجدہ میں کہنیاں ٹیکنے کی روایت

اگر کوئی شخص لمبا سجدہ کرے اور وہ مسنون طریقہ پر سجدہ کرنے کی وجہ سے یعنی بازوؤں کو پہلوؤں سے علحدہ رکھنے کی وجہ سے تھک جائے تو اس کے لئے گھٹنوں سے مدد لینا یعنی کہنیوں کو گھٹنوں پر ٹیک دینا جائز ہے۔ مگر کلائیاں بچھانے کی اجازت نہیں، کیونکہ اس میں کتّے کی مشابہت ہے۔

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام نے آنحضور ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: سجدوں میں ہاتھ پھیلا کر رکھنے کی وجہ سے ہم تھک جاتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: "گھٹنوں سے مدد لیا کرو" (یہ حدیث تہجد سے متعلق ہے فرضوں سے متعلق نہیں، کیونکہ فرضوں میں اتنے طویل سجدے نہیں کئے جاتے)

تشریح: محمد بن عجلان نے اس حدیث کو مرفوعاً بیان کیا ہے اور ابن عیینہ وغیرہ نے مرسل بیان کیا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابن عیینہ والی حدیث کو اصح قرار دیا ہے، کیونکہ محمد بن عجلان اگرچہ ثقہ ہیں اور مسلم شریف کے راوی ہیں مگر حضرت ابوہریرہ کی حدیثیں ان کے مسودہ میں گڑبڑ ہوگئی تھیں (تہذیب ۹:۳۴۲)

[۹۹] باب ماجاءَ فی الاِعتمادِ فی السجود

[۲۸۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عن ابنِ عَجْلَانَ، عن سُمَیٍّ، عن أبی صالحٍ، عن أبی هریرةَ،

قال: اشْتَکَی أَصْحَابُ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مَشَقَّةَ السُّجُوْدِ عَلَيْهِمْ إِذَا تَفرَّجُوْا، فقال: '' اسْتَعِيْنُوْا بِالرُّكَبِ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لا نَعْرِفُهُ مِن حَدِيثِ أبی صالحٍ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ مِن حَدِيثِ اللَّيْثِ، عن ابنِ عَجْلَانَ؛ وقد رَوَی هٰذا الحَدِيثَ سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ وغَيْرُ وَاحِدٍ، عن سُمَیٍّ، عن النُّعْمَانِ بنِ أبی عَيَّاشٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا؛ وَكَأَنَّ رِوَايَةَ هٰؤُلَاءِ أَصَحُّ مِن رِوَايَةِ اللَّيْثِ.

ترجمہ: صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ سے سجدوں کی دشواری کی فریاد کی جبکہ وہ ہاتھوں کو کھولتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ''گھٹنوں سے مدد حاصل کرو'' ہم نہیں جانتے ابوصالح کی حدیث کو جو وہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں، مگر اس طریق سے یعنی لیث کی سند سے جو ابن عجلان سے ہے۔ اور اس حدیث کو ابن عیینہ وغیرہ نے سُمّی سے، وہ نعمان بن ابی عیاش (تابعی) سے وہ نبی ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ اور گویا ان حضرات کی روایت لیث کی روایت سے اصح ہے۔

بابُ كَيْفَ النُّهوضُ مِنَ السُّجُوْدِ؟

سجدے سے اگلی رکعت کے لئے اٹھنے کا طریقہ

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی رحمہ اللہ جلسۂ استراحت کی سنیت کے قائل ہیں۔ باقی ائمہ اس کو سنت نہیں کہتے۔ اور جن احادیث میں رسول اللہ ﷺ سے جلسۂ استراحت کرنا مروی ہے، جمہور نے ان کو عذر پر محمول کیا ہے۔ یعنی اگر آدمی کے لئے بڑھاپے کی وجہ سے یا موٹاپے کی وجہ سے یا دیگر اعذار کی وجہ سے پہلی اور تیسری رکعت کے دوسرے سجدہ سے اگلی رکعت کے لئے سیدھا کھڑا ہونا مشکل ہو تو پہلے بیٹھ جائے پھر سستا کر کھڑا ہو، یہی جلسۂ استراحت ہے۔ مگر تندرست کو سیدھا کھڑا ہونا چاہئے۔ کیونکہ آنحضور ﷺ کی سنتِ مستمرہ سیدھے کھڑے ہونے کی تھی۔ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں: أكثر الأحاديث على هذا اکثر احادیث میں یہی بات مروی ہے۔ اور خود امام احمد رحمہ اللہ بھی جلسۂ استراحت نہیں کرتے تھے (مغنی ۱:۵۶۹) اور صحابہ کا بھی یہی عمل تھا، حضرت عمر، ابن مسعود، ابن عمر، ابن عباس، ابن زبیر اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم سے جلسۂ استراحت نہ کرنا مروی ہے (نصب الرایہ ۱:۳۸۹) بلکہ نوادر الفقہاء میں اور مجد بن تیمیہ نے جلسہ استراحت کے ترک پر صحابہ کے اجماع کا دعوی کیا ہے۔ علاوہ ازیں نماز میں تمام جگہوں میں (دو جگہوں کے علاوہ) ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف انتقال کے وقت تکبیر رکھی گئی ہے۔ اگر جلسہ

استراحت مسنون ہوتا تو اس کے بعد بھی تکبیر یا تسمیع و تحمید یا تسلیم کے مانند کوئی ذکر ضرور رکھا جاتا حالانکہ یہاں امام شافعیؒ بھی کسی ذکر کے قائل نہیں۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جلسہ استراحت ایک عارضی چیز اور عذر کی بنا پر ہے۔

[۱۰۰] باب کیف النُّهُوْضُ من السجودِ؟

[۲۸۲-] حدثنا عَلیُّ بنُ حُجْرٍ، نا هُشَيْمٌ، عن خالِدِ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ، عن مالكِ بنِ الحُوَيْرِثِ اللَّيْثِيِّ: أَنَّهُ رَأَى رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّی، فَكَانَ إِذَا كَانَ فی وِتْرٍ مِنْ صَلَاتِهِ لَمْ يَنْهَضْ حَتّٰى يَسْتَوِیَ جَالِسًا.

قال أبو عيسى: حديثُ مالكِ بنِ الحُوَيْرِثِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ عَلَيْهِ عند بَعْضِ أهلِ العلمِ، وبه يَقولُ أَصْحَابُنَا.

ترجمہ: مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا، پس جب رسول اللہ ﷺ نماز کی طاق رکعت میں ہوتے تو (اگلی رکعت کے لئے) کھڑے نہیں ہوا کرتے تھے یہاں تک کہ سیدھے بیٹھ جایا کرتے تھے (پھر کھڑے ہوتے تھے) (مالک بن الحویرث خدمتِ نبوی میں بیس روز رہے ہیں ان دنوں میں آپؐ نے کسی عذر کی بناء پر جلسہ استراحت کیا ہے یہ اس موقع کے عمل کا تذکرہ ہے ورنہ جلسۂ استراحت کرنا آپ کا دائمی معمول نہیں تھا)

بابٌ مِنه أيضاً

پہلے مسئلہ ہی سے متعلق دوسرا باب

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز کی طاق رکعت کے سجدوں کے بعد اگلی رکعت کے لئے اپنے قدموں کے سروں پر کھڑے ہوتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث اگرچہ خالد بن ایاس کی وجہ سے ضعیف ہے مگر اس سے فرق نہیں پڑتا۔ کیونکہ اکثر صحابہ کا جلسۂ استراحت نہ کرنا اس کے سنت نہ ہونے کی واضح دلیل ہے۔

[۱۰۱] باب منه أيضا

[۲۸۳-] حدثنا يَحيَى بنُ مُوْسَى، نا أبو مُعَاوِيَةَ، نا خَالِدُ بنُ إِيَاسٍ — ويُقَالُ خَالِدُ بنُ إِلْيَاسَ — عن صَالِحٍ مَوْلَى التَّوْأَمَةِ، عن أبی هريرةَ، قال: كان النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يَنْهَضُ فی الصَّلَاةِ

عَلٰی صُدُوْرِ قَدَمَیْهِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هُریرةَ عَلَیْهِ العَمَلُ عند أهلِ العلمِ: یَخْتَارُوْنَ أَن یَنْهَضَ الرَّجُلُ فِی الصَّلَاةِ عَلٰی صُدُوْرِ قَدَمَیْهِ.

وخالدُ بنُ إِیَاسٍ ضَعِیفٌ عِند أهلِ الحَدیثِ، ویُقَالُ خالدُ بنُ إِلْیَاسَ.

وصَالِحٌ مَوْلَی التَّوْأَمَةِ: هُوَ صَالِحُ بنُ أَبی صَالِحٍ: اسْمُهُ نَبْهَانُ مَدَنِیٌّ.

وضاحت: حدیثِ ابی ہریرہ پرعلماء کاعمل ہے وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ آدمی نماز میں اپنے قدموں کے سروں پر کھڑا ہو ـــــ اورتو اُمۃ ایک عورت کا نام ہے اس نے صالح کو آزاد کیا تھا اس لئے وہ مولی التوأمۃ کہلاتے ہیں۔

باب مَاجَاءَ فی التَّشَهُّدِ

تشہد کا بیان

تشہد: حضرت عمر، ابن مسعود، ابن عباس، ابن عمر، عائشہ رضی اللہ عنہم اور دیگر متعدد صحابہ سے بیس سے زائد طرح سے مروی ہے۔ اوران کی روایات میں ایک دو لفظوں کا معمولی سا فرق ہے۔ اور تمام محدثین کا اس پر اتفاق ہے کہ سند کے لحاظ سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے تشہد کو بقیہ روایات پر ترجیح حاصل ہے۔ اسی لئے احناف نے اس تشہد کو پسند کیا ہے۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس سے مروی تشہد کو لیا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے تشہد کو پسند کیا ہے اور تمام علماء کے نزدیک احادیث میں وارد تمام تشہد پڑھنا جائز ہے۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں قعدہ میں پڑھنے کے لئے جو تشہد سکھلایا ہے وہ یہ ہے:

(۱) التحیات: یعنی ادب وتعظیم اور اظہار نیاز مندی کے تمام کلمات اللہ کے لئے ہیں ـــــ **تَحیات: تَحِیَّۃٌ** کی جمع ہے جس کے معنی بندوں کے تعلق سے ''سلام'' کے ہیں اور اللہ کے تعلق سے نماز پڑھ کر اللہ کے لئے نیاز مندی کا اقرار کرنے کے ہیں۔ تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء اسی سے ماخوذ ہیں۔ اور یہاں تمام قولی عبادتیں مراد ہیں۔

(۲) الصلوات: یعنی نمازیں اللہ کے لئے ہیں۔ مراد تمام فعلی عبادتیں ہیں۔

(۳) والطیِّبَاتُ: یعنی پاکیزہ چیزیں یعنی تمام صدقات اللہ کے لئے ہیں ـــــ مراد تمام مالی عبادتیں ہیں یعنی بندہ تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اور نذرانے اللہ کے حضور میں پیش کرتا ہے۔

(۴) **السلام عليك**: یعنی آپ پر سلام ہو اے نبی! اور اللہ کی رحمتیں اور اس کی برکتیں ——— حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد بجائے **السلام عليك** کے **السلام على النبي** کہنے لگے تھے (بخاری حدیث ۶۲۶۵ باب الأخذ باليدين) مگر جمہور امت نے اس تبدیلی کو قبول نہیں کیا۔ اب بھی امت **السلام عليك أيها النبي** کہتی ہے۔ کیونکہ یہ جملے شب معراج کی یادگار ہیں اور یہ جملے پڑھے جاتے ہیں کہے نہیں جاتے۔ جیسے قل: **هو الله أحد** میں قُلْ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے، کہا نہیں جاتا، ورنہ قل کی ضرورت نہیں تھی۔

(۵) **السلام علينا**: یعنی سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر ——— رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: جب کوئی بندہ اس کلمہ کو کہتا ہے تو آسمان وزمین میں موجود تمام نیک بندوں تک اللہ کا سلام پہنچ جاتا ہے (بخاری حدیث ۸۳۱ باب التشهد إلخ)

(۶) **أشهد**: یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ آنحضور ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں ——— ایمان کی تجدید کے طور پر بندہ ہر نماز میں یہ گواہی دیتا ہے۔

فائدہ: فقہ کی کتابوں میں یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ تشہد شب معراج کا مکالمہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو جب بارگاہِ مقدس میں شرفِ حضوری نصیب ہوا تو آپ نے اس طرح نذرانۂ عبودیت پیش کیا: **التحيات لله والصلوات والطيبات**، اللہ کی طرف سے جواب ملا: **السلام عليك أيها النبي ورحمة الله وبركاته**۔ آپؐ نے خیال فرمایا: مجھ پر تو سلام آیا مگر میری امت محروم رہی۔ چنانچہ عرض کیا: **السلام علينا وعلى عباد الله الصالحين**: یعنی مجھ پر بھی سلامتی نازل ہو اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر بھی۔ بعد میں شب معراج کے اس یادگاری جملوں میں شہادتین کا اضافہ کیا گیا اور اسی کی مناسبت سے اس ذکر کا نام ''تشہد'' تجویز ہوا۔

[۱۰۲] باب ماجاء في التشهد

[۲۸۴-] حدثنا يَعقوبُ بنُ إبراهيمَ الدَّوْرَقِيُّ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ الأَشْجَعِيُّ، عن سُفيانَ الثوريِّ، عن أبي إسحاقَ، عن الأَسْوَدِ بنِ يَزِيْدَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قال: عَلَّمَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا قَعَدْنَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ أَنْ نَّقُوْلَ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ والصلواتُ والطيباتُ، السلامُ عليكَ أَيُّهَا النبيُّ ورحمةُ اللهِ وبركاتُه، السَّلامُ علينا وعلى عباد الله الصالحينَ، أَشْهَدُ أَن لا إله إلا الله، وأَشْهَدُ أَنَّ محمداً عبدهُ ورسولُه.

قال: وفي الباب عن ابنِ عُمَرَ، وجابرٍ، وأبي موسَى، وعائشةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مسعودٍ قَدْ رُوِيَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ؛ وهو أَصَحُّ حديثٍ عن النبيِّ صلى

الله علیه وسلم فی التَّشَهُّدِ؛ والعَمَلُ علیهِ عند أکثرِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابعینَ، وهو قولُ سُفیانَ الثوریِّ، وابنِ المبارکِ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

ترجمہ: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یہ بات سکھائی کہ جب ہم دو رکعت پر بیٹھیں تو کہیں —— حدیثِ ابن مسعود متعدد طرق سے مروی ہے، اور تشہد کے سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ سے جو روایات ہیں ان میں سب سے اصح ابن مسعود کی روایت ہے۔

باب منه أیضا

تشہد ابن عباس رضی اللہ عنہما

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ ہمیں قرآن کی طرح یہ تشہد سکھلایا کرتے تھے۔ اس تشہد میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے تشہد سے چار فرق ہیں: (۱) اس تشہد میں المبارکات کی زیادتی ہے۔ اور اس سے مراد بھی قولی عبادتیں ہیں، پس یہ تکرار ہے (۲) اس تشہد میں ابتدائی جملوں کے درمیان واو نہیں ہے (۳) اور دونوں جگہ ''سلام'' نکرہ ہے (۴) اس میں رسول اللہ ﷺ کی عبدیت کا تذکرہ نہیں ہے۔ پس مضمون کے لحاظ سے ابن مسعودؓ کا تشہد جامع ہے۔

فائدہ: شوافع کے یہاں لفظ ''سلام'' نکرہ پڑھنے کا معمول ہے، مگر مسلم شریف میں یہ لفظ معرفہ بھی آیا ہے۔ (مسلم ۱: ۱۷۴ باب التشہد)

[۱۰۳] باب منه أیضا

[۲۸۵-] حدثنا قُتیبةُ، نا اللَّیْثُ، عن أبی الزُّبَیْرِ، عن سَعیدِ بنِ جُبَیْرٍ، وطاوُسٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: کان رسولُ الله صلی الله علیه وسلم یُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ کَمَا یُعَلِّمُنَا القُرآنَ، فَکَانَ یَقولُ: التَّحِیَّاتُ الْمُبَارَکَاتُ الصَّلَوَاتُ الطِّیِّبَاتُ لِلّٰهِ، سَلَامٌ علیك أَیُّهَا النبیُّ ورحمةُ الله وبرکاتُه، سلامٌ علینا وعلی عباد اللّٰهِ الصالحین، أشهدُ أن لا إلٰه إلا الله، وأشهد أن محمداً رسول الله.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ؛ وقد رَوَی عبدُ الرحمنِ بنُ حُمَیْدٍ الرُّؤَاسِیُّ هٰذَا الحدیثَ عن أبی الزُّبَیْرِ نَحْوَ حَدیثِ اللَّیْثِ بنِ سَعْدٍ؛ ورَوَی أَیْمَنُ بنُ نَابِلٍ المَکِیُّ هٰذَا الحَدیثَ عن أبی الزُّبَیْرِ، عن جابرٍ، وهو غَیْرُ محفوظٍ؛ وذَهَبَ الشافعیُّ إلی حَدِیث ابنِ عباسٍ فی التَّشَهُّدِ.

ترجمہ: اس حدیث کو ابوالزبیر سے عبدالرحمٰن بن حمید رُوَاسی بھی لیث بن سعد کی حدیث کی طرح روایت کرتے ہیں یعنی عبدالرحمٰن امام لیث کے متابع ہیں، پس یہ سند صحیح ہے اور ایمن مکی اس کی سند حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں۔ یہ سند محفوظ نہیں یعنی صحیح نہیں، کیونکہ ان کا کوئی متابع نہیں۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے ابن عباسؓ کے تشہد کو اختیار کیا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّهُ يُخفِي التَّشَهُّدَ

تشہد آہستہ پڑھنا مسنون ہے

قعدہ میں جواذ کار ہیں: تشہد، درود اور دعا وہ سب سراًپڑھنا مسنون ہیں۔ اور اس پر اجماع ہے۔

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تشہد میں اخفاء سنت ہے ـــــــ اس حدیث کو غریب بھی کہا ہے مگر غرابت کی کوئی وجہ بیان نہیں کی۔ شاید ہمارے نسخوں میں یہ لفظ محفوظ نہیں۔ علامہ زیلعی رحمہ اللہ نے نصب الرایہ (۴۲۲:۱) میں اس حدیث کو ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے: قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ۔

[١٠٤] باب ماجاء أنه يخفى التشهد

[٢٨٦-] حدثنا أبو سعيدٍ الأَشَجُّ، نا يُونسُ بنُ بُكَيْرٍ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الأَسْوَدِ، عن أبيهِ، عن ابنِ مَسعودٍ قال: مِنَ السُّنَّةِ أَن يُّخفِيَ التشهدَّ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَسعودٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ؛ والعَمَلَ عليه عند أهل العلمِ.

ترجمہ: تمام علماء کے نزدیک اس حدیث پر عمل ہے۔

بابُ كَيْفَ الجُلُوْسُ فى التَشَهُّدِ

قعدہ میں بیٹھنے کا طریقہ: افتراش

مذاہبِ فقہاء: حنفیہ کے نزدیک دونوں قعدوں میں بیٹھنے کا مسنون طریقہ افتراش ہے یعنی بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھے۔ اور دایاں پاؤں کھڑا رکھے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں قعدوں میں تورک مسنون ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قعدۂ اولیٰ میں افتراش اور قعدۂ ثانیہ میں تورک مسنون ہے۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ مطلقاً قعدۂ اولیٰ میں افتراش کو سنت کہتے ہیں اور امام احمد رحمہ اللہ کے یہاں ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ قعدہ جس کے بعد سلام ہے اس میں تورک ہے۔ ثمرۂ اختلاف نماز فجر میں ظاہر ہوگا۔ اس میں امام شافعی رحمہ اللہ کے

نزدیک افتراش کرنا اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تورک کرنا سنت ہوگا۔

تورک کی دو صورتیں ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا رکھے اور بایاں پاؤں اس کے نیچے سے دائیں جانب نکال دے اور سرین پر بیٹھے۔ یہ کیفیت ابوحمید ساعدی کی حدیث میں مروی ہے (حدیث ۲۸۸) جو آگے آرہی ہے اس کو امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے اختیار کیا ہے۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ دونوں پاؤں دائیں جانب نکال دے اس کو امام مالک نے لیا ہے اور یہ طریقہ عبداللہ بن الزبیر کی حدیث میں آیا ہے (مسلم ۵:۷۹ صفة الجلوس مصری)

دلائل: حنفیہ نے باب کی حدیث سے اور ابن عمرؓ (بخاری حدیث ۸۲۷ سنة الجلوس) اور حضرت عائشہؓ کی حدیث (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۷۹۱ صفة الجلوس) سے استدلال کیا ہے ان میں بلا تفریق رسول اللہ ﷺ سے افتراش کرنا مروی ہے۔ بلکہ حضرت سمرۃ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی روایات میں تورک کی ممانعت آئی ہے۔ حضرت سمرۃ کی حدیث بیہقی اور مستدرک حاکم میں ہے (اعلاء السنن ۳:۸۲) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث صحیح ابن السکن اور سننِ بیہقی میں ہے (بدائع الصنائع ۱:۴۹۶) ـــــــ اور امام مالک رحمہ اللہ نے عبداللہ بن الزبیر کی روایت سے تمسک کیا ہے اس میں بلا تفریق تورک مروی ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا استدلال ابوحمید ساعدی کی حدیث سے ہے اس میں صرف آخری قعدہ میں تورک کرنے کا ذکر ہے۔

اور احناف نے ابن الزبیر اور ابوحمید ساعدی کی روایات کو عذر پر محمول کیا ہے۔ یعنی جو شخص بڑھاپے، موٹاپے یا کسی اور عذر کی بنا پر افتراش نہ کرسکتا ہو وہ تورک کرے، اس کے لئے یہی مسنون ہے۔

[۱۰۵] باب کیف الجلوسُ فی التشهد؟

[۲۸۷-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا عبد الله بن إدريس، عن عاصم بن كليب، عن أبيه، عن وائل بن حجر، قال: قَدِمْتُ المدينةَ، قلت: لَأَنْظُرَنَّ إلىٰ صلاةِ رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلما جَلَسَ - يعنى للتشهد - افْتَرَشَ رِجْلَهُ الْيُسْرىٰ، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرىٰ - يعنى على فَخِذِهِ الْيُسْرىٰ - ونَصَبَ رجلَه اليمنى.

قال أبوعيسى: هذا حديث حسن صحيح؛ والعمل عليه عند أكثر أهل العلم، وهو قول سفيان الثورى، وابن المبارك، وأهل الكوفة.

ترجمہ: حضرت وائل کہتے ہیں: میں مدینہ آیا اور میں نے سوچ رکھا تھا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی نماز کو ضرور دیکھوں گا۔ پس جب آپ بیٹھے ـــــ یعنی تشہد کے لئے ـــــ تو آپؐ نے اپنا بایاں پاؤں بچھایا، اور اپنا بایاں ہاتھ رکھا ـــــ یعنی اپنی بائیں ران پر ـــــ اور اپنے دائیں پاؤں کو کھڑا کیا۔

بابٌ مِنْهُ أیضًا

تشہد میں بیٹھنے کا دوسرا طریقہ: تورک

اس باب میں ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو پہلے بھی گذری ہے جس میں انھوں نے چار صغار صحابہ کی موجودگی میں نماز پڑھ کر دکھائی ہے اور سب نے ان کی تائید کی ہے اور کہا ہے کہ تمھیں رسول اللہ ﷺ کی نماز ہم سے زیادہ محفوظ ہے۔ اس میں یہ مضمون بھی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ تشہد کے لئے بیٹھے تو آپؐ نے اپنا بایاں پاؤں بچھالیا۔ اور دائیں پاؤں کے سر کو قبلہ کی جانب کیا یعنی دایاں پاؤں کھڑا کر کے اس کی انگلیاں جانب قبلہ کیں۔ اور دائیں ہتھیلی دائیں گھٹنے پر اور بائیں ہتھیلی بائیں گھٹنے پر رکھی۔ اور سبّابہ سے اشارہ کیا ——— یہ حدیث یہاں مختصر بیان ہوئی ہے۔ اور اس میں رسول اللہ ﷺ کے تورک کا تذکرہ نہیں ہے ورنہ امام ترمذی رحمہ اللہ اس ٹکڑے کو ضرور ذکر کرتے۔ کیونکہ باب قائم کرنے کا یہی مقصد ہے۔ البتہ یہی حدیث محمد بن عمرو بن عطاء کی سند سے آگے باب ماجاء فی وصف الصلاۃ میں آرہی ہے۔ اور اس میں نبی ﷺ کا قعدۂ اخیرہ میں تورک کرنا مروی ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ کا مستدل وہی حدیث ہے مگر وہ حدیث منقطع ہے۔

[۱۰۶] بابٌ منه أیضاً

[۲۸۸-] حدثنا بُندارٌ، نا أبو عامرٍ العَقَدِیُّ، نا فُلَیْحُ بنُ سُلَیْمانَ المَدَنِیُّ، نا عَبَّاسُ بنُ سَهْلٍ السَّاعِدِیُّ، قال: اجْتَمَعَ أبو حُمیدٍ، وأبو أُسَیْدٍ، وَسَهْلُ بنُ سَعْدٍ، ومُحمدُ بنُ مَسْلَمَةَ، فَذَکَرُوْا صَلاَةَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ أبو حُمَیْدٍ: أَنَا أَعْلَمُکُمْ بِصَلاَةِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: إِنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم جَلَسَ - یَعنِی للتَّشَهُّدِ - فَافْتَرَشَ رِجْلَهُ الْیُسْریٰ، وأَقْبَلَ بِصَدْرِ الْیُمْنٰی عَلَی قِبْلَتِهِ، وَوَضَعَ کَفَّهُ الْیُمْنٰی عَلَی رُکْبَتِهِ الْیُمْنٰی، و کَفَّهُ الْیُسْریٰ عَلَی رُکْبَتِهِ الْیُسْریٰ، وأَشَارَ بِأُصْبُعِهِ، یَعنی السَّبَّابَةَ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وبه یَقولُ بَعضُ أهلِ العلمِ، وهُوَ قَولُ الشافعیِّ وأحمدَ وإسحاقَ، قالوا: یَقْعُدُ فی التَّشَهُّدِ الآخِرِ عَلَی وَرِکِه، وَاحْتَجُّوا بِحَدِیْثِ أبی حُمَیْدٍ؛ وقالُوا: یَقْعُدُ فی التشهُّدِ الأَوَّلِ عَلَی رِجْلِهِ الْیُسْریٰ، ویَنْصِبُ الیُمْنَی.

ترجمہ: امام شافعی، امام احمد اور امام اسحاق رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ دوسرے تشہد میں سرین پر بیٹھے۔ اور انھوں نے ابوحمید کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ اور ان حضرات نے یہ بات بھی کہی ہے کہ پہلے تشہد میں بائیں پاؤں پر بیٹھے

اور دائیں پاؤں کو کھڑا رکھے (مگر اس حدیث میں صرف پہلے قعدہ میں بیٹھنے کا ذکر ہے اور دوسرے طریق سے اس میں قاعدہ اخیرہ میں تورک کا بھی ذکر ہے)

فائدہ: قعدہ میں دونوں ہاتھ گھٹنوں پر اس طرح رکھنے چاہئیں کہ انگلیاں گھٹنوں تک پہنچ جائیں۔ اور حضرت عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنی بائیں ہتھیلی اپنے گھٹنہ کو لقمہ بنا کر کھلاتے تھے۔ یعنی انگلیاں گھٹنے پر لٹکا لیتے تھے۔ پس یہ بھی درست ہے (مسلم ۵:۷۹ مصری)

بابُ مَاجَاءَ فی الإِشَارَةِ

تشہد میں اشارہ کرنے کا بیان

تشہد میں انگشتِ شہادت سے اشارہ کرنا مسنون ہے اور اس پر چاروں فقہاء کا اتفاق ہے۔ اگرچہ احناف کے یہاں پہلے اس مسئلہ میں شدید اختلاف تھا۔ فقہاء عراق جو حدیث سے مزاولت رکھتے تھے اشارہ کے قائل تھے اور فقہاء ماوراء النہر انکار کرتے تھے۔ اور یہ اختلاف برصغیر کے علماء احناف کے درمیان بھی طویل عرصہ تک رہا اور جانبین سے ایک دوسرے کے رد میں رسائل بھی تصنیف ہوئے، مجدد الف ثانی رحمہ اللہ بھی اشارہ کو تسلیم نہیں کرتے تھے اور ان کے مکتوبات میں ایک طویل خط موجود ہے جس میں حضرت نے اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے اور اشارہ کو غیر مسنون ثابت کیا ہے (دیکھیں دفتر اول مکتوب ۳۱۲) مگر بعد میں یہ اختلاف ختم ہو گیا۔ اب سب احناف اشارہ کے قائل ہیں۔

اور اشارہ کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دایاں ہاتھ دائیں گھٹنے پر ترپن کا عقد بنا کر رکھے۔ ترپن کا عقد اس طرح بنتا ہے کہ چھوٹی اور بیچ کی اور ان کے درمیان کی: تین انگلیاں بند کر لے، اور شہادت کی انگلی سیدھی رکھے۔ اور انگوٹھا اس کی جڑ میں لگائے۔ اس کے علاوہ دو طریقے اور بھی مروی ہیں۔ ایک: چھوٹی اور اس کے پاس والی: دو انگلیاں بند کرے۔ اور درمیانی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنائے۔ اور جب اشارہ کا وقت آئے تو انگشت شہادت سے اشارہ کرے۔ دوسرا: تمام انگلیوں کی مٹھی بنالے اور بوقت اشارہ شہادت کی انگلی سے اشارہ کرے۔ یہ تینوں صورتیں درست ہیں۔ اور شروع ہی سے یہ ہیئت بنائے یا جب اشارہ کا وقت آئے اس وقت بنائے یہ دونوں باتیں درست ہیں۔ پھر اشارہ کے بعد ہیئت آخر تک باقی رکھے، اور اشارہ باقی رکھے یا ختم کر دے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اشارہ ختم کر دے، فقہ کی کتابوں میں لفظ یَضَعُ آیا ہے یعنی انگلی رکھ دے۔ اور حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے جو فتوی دیا تھا کہ آخر تک انگلی جھکا کر اشارہ باقی رکھے اس فتوی سے آپ نے رجوع کر لیا ہے۔ اور وہ رجوع بھی امداد الفتاوی میں ہے (۱:۲۰۷) اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آخر تک اشارہ باقی رکھے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک انگشت شہادت کو یمیناً و شمالاً ہلکا ہلکا حرکت دیتا رہے۔

اور اشارہ کب کرے؟ اس میں بھی اختلاف ہے۔ حنفیہ کہتے ہیں کہ جب تشہد پڑھتا ہوا لا إلٰہ پر پہنچے تو نفی کے ساتھ شہادت کی انگلی سے اشارہ کرے اور اثبات کے ساتھ اشارہ ختم کردے۔ حنفیہ کے نزدیک اس اشارہ کی حکمت یہ ہے کہ لا إلٰہ سے مطلق نفی ہوتی ہے اور ایک انگلی کے اشارہ سے اللہ کی الوہیت کا استثناء ہوتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے دو انگلیوں سے اشارہ کیا تو آنحضور ﷺ نے اس کو ٹوکا اور فرمایا: أَحِّدْ أَحِّدْ ایک انگلی سے اشارہ کر، ایک انگلی سے اشارہ کر (مشکوٰۃ حدیث ۹۱۳) اور جب إلا اللہ کہے تو اشارہ ختم کردے کیونکہ اب فعلی اثبات کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ درمختار میں ہے: ویَضَعُهَا عند الإثبات اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اثبات کے ساتھ اشارہ ہے تاکہ قول و فعل میں مطابقت ہوجائے اور ایک معنوی حقیقت (توحید) نگاہوں کے سامنے پیکر محسوس بن کر آجائے۔

[۱۰۷] باب ماجاء فی الإشارة

[۲۸۹-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ويَحيىَ بنُ مُوسَى، قالا: نا عبدُ الرَّزَّاقِ، عن مَعْمَرٍ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان إِذَا جَلَسَ فى الصَّلَاةِ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى رُكْبَتِهِ، وَرَفَعَ أُصْبُعَهُ الَّتِى تَلِى الإِبْهَامَ، يَدْعُوْ بِهَا، وَيَدَهُ الْيُسْرَى على رُكْبَتِهِ بَاسِطَهَا عَلَيْهِ.

قال: وفى الباب عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الزُبيرِ، ونُمَيْرٍ الخُزَاعِيِّ، وأبى هريرةَ، وأبى حُمَيدٍ، ووائلِ بنِ حُجْرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِن حَديثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ إِلَّا مِن هٰذا الوَجْهِ؛ والعَمَلُ عليه عند بعضِ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ: يَخْتَارُوْنَ الإِشَارَةَ فى التَّشَهُّدِ، وهو قولُ أصْحَابِنَا.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز میں بیٹھتے تھے تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے گھٹنے پر رکھ لیتے تھے اور جو انگلی انگوٹھے سے متصل ہے اُسے اٹھاتے تھے اور اس کے ذریعہ اشارہ کرتے تھے۔ اور اپنا باؤں ہاتھ بائیں گھٹنے پر پھیلا کر رکھتے تھے۔ اور ابن عمرؓ کی حدیث حسن ہے مگر غریب ہے کیونکہ عبید اللہ عمری سے اس کی یہی ایک سند ہے (یہ حدیث مسلم شریف میں ہے) اور اس پر صحابہ و تابعین میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ تشہد میں اشارہ کرنے کو اختیار کرتے ہیں اور وہ ہمارے اکابر کا قول ہے۔

بابُ مَاجَاء فى التَّسْلِيْمِ فى الصَّلَاةِ

نماز میں سلام پھیرنے کا طریقہ

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ دائیں اور بائیں سلام پھیرا کرتے تھے۔ اور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ، السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا کرتے تھے ——— یہاں یقول پوشیدہ ہے۔ اور سلام کے اصل صیغے یہی ہیں۔ اور اس میں سے ورحمۃ اللہ کو حذف کرنے کی اور وبرکاتہ کا اضافہ کرنے کی گنجائش ہے۔

[۱۰۸] باب ماجاء في التسليم في الصلاة

[۲۹۰-] حدثنا بُندَارٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفيانُ، عن أبي إسحاقَ، عن أبي الأَحْوَصِ، عن عبدِ اللهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ عن يَمِيْنِهِ وعن يَسَارِهِ: السَّلَامُ عليكم ورحمةُ اللهِ، السَّلَامُ عليكم ورحمةُ اللهِ.

وفي الباب: عن سَعدِ بنِ أبي وقاصٍ، وابنِ عُمرَ، وجابرِ بنِ سَمُرَةَ، والبَرَاءِ، وعَمَّارٍ، ووائِلِ بنِ حُجْرٍ، وعَدِيِّ بنِ عَمِيْرَةَ، وجابرِ بنِ عَبدِ اللهِ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَسعودٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمُلَ عَلَيْهِ عند أكثَر أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَن بَعْدَهُمْ، وهو قولُ سُفيان الثوريِّ وابنِ المباركِ وأحمدَ وإسحاقَ.

بابٌ منه أيضاً

ایک سلام پھیرے یا دو؟

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز میں ایک سلام پھیرا کرتے تھے سامنے چہرہ کی جانب میں۔ یعنی سلام پھیرتے وقت رُخ مبارک جانب قبلہ ہوتا تھا۔ پھر آپؐ دائیں جانب تھوڑا چہرہ پھیرا کرتے تھے۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث کی بناء پر یہ بات کہی ہے کہ امام صرف ایک سلام پھیرے گا اور اس میں قبلہ کی جانب منہ رکھے گا۔ دائیں یا بائیں التفات نہیں کرے گا۔ اور مقتدی تین سلام پھیریں گے، دائیں جانب، سامنے اور بائیں جانب۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث میں اور گذشتہ حدیث میں تطبیق دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ چھوٹی مسجد میں امام ایک سلام پھیرے اور بڑی مسجد میں دو۔ اور آپ کا دوسرا قول تخییر کا بھی ہے یعنی ایک پر اکتفا کرنا بھی درست ہے اور دو سلام پھیرنا بھی جائز ہے۔ اور احناف کہتے ہیں کہ امام، مقتدی اور منفرد سب دو سلام پھیریں گے۔ اور یہ حدیث اولاً تو قابل استدلال نہیں، کیونکہ زُہیر بن محمد کا تلمیذ عمر و شامی ہے۔ پس یہ روایت معتبر نہیں۔ ثانیاً اس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ آپؐ ایک سلام یعنی پہلا سلام قبلہ کی جانب منہ رکھ کر پھیرتے تھے، پھر جب وہ سلام ختم ہونے کے قریب آتا تو دائیں جانب رُخ کرتے۔ یعنی دائیں طرف التفات پہلے سلام کے بالکل آخر میں کرتے تھے۔ ایک ہی سلام پھیرتے تھے حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے ——— چنانچہ مسئلہ بھی یہی ہے کہ

پہلے سلام میں السلام کی میم پر پہنچنے تک آدمی نماز ہی میں ہوتا ہے پس اس سے پہلے منہ پھیر لینا نماز میں التفات ہے جس کی وجہ سے نماز مکروہ ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس سے پہلے تک منہ قبلہ کی جانب ہی رہنا چاہئے۔ البتہ دوسرے سلام کے لئے کوئی قید نہیں۔ دائیں جانب سے دوسرا سلام شروع کرے، سامنے سے شروع کرے یا بائیں جانب رخ پھیر کر سلام کرے، سب صورتیں درست ہیں۔ مگر یہ اختلاف اب مضمحل ہو گیا ہے اب سب مسلمان دو ہی سلام پھیرتے ہیں۔

فائدہ: زہیر بن محمد نے شام میں قیام کے دوران حافظہ سے روایتیں بیان کی تھیں، کیونکہ وہاں حدیث روایت کرنے کا یہی طریقہ تھا اس لئے ان سے غلطی صادر ہو جاتی تھی۔ پھر جب وہ عراق آئے تو وہاں کے رواج کے مطابق کاپیوں سے روایات بیان کرنا شروع کیں، اس لئے ان میں اغلاط نہیں ہیں۔ اسی وجہ سے امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ زہیر بن محمد کی جو روایتیں شامی تلامذہ بیان کرتے ہیں وہ غیر معتبر ہیں۔ اور عراقی تلامذہ کی روایتیں معتبر ہیں۔
اور امام احمد رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ زہیر بن محمد دو ہیں: ایک شامی، دوسرا عراقی۔ اور وہ زہیر بن محمد جن کو شامی تلامذہ کی روایتوں میں غیر معتبر سمجھا گیا ہے اس زُہیر بن محمد سے الگ ہیں جو عراقی تلامذہ کی روایتوں میں آئے ہیں۔ یعنی یہ دو الگ الگ شخصیتیں ہیں۔ ناموں میں اشتباہ سے ان کو ایک سمجھ لیا گیا ہے ——— کتاب میں امام احمد رحمہ اللہ کے قول کی عبارت ذرا پیچیدہ ہے اس کا مفہوم وہ ہے جو بیان کیا گیا۔

[۱۰۹] بابٌ منه أيضاً

[۲۹۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحيَى النَّيْسَابُوْرِيُّ، نا عَمْرُو بنُ أبي سَلَمَةَ، عن زُهَيْرِ بنِ مُحمدٍ، عن هِشَامِ بنِ عُروةَ، عن أبيهِ، عن عائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُسَلِّمُ فِي الصَّلاَةِ تَسْلِيْمَةً وَاحِدَةً تِلْقَاءَ وَجْهِهِ، ثُمَّ يَمِيْلُ إِلَى الشِّقِّ الْأَيْمَنِ شَيْئًا.

قال: وفي الباب عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ. قال أبو عيسى: وحديثُ عائِشَةَ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ من هٰذا الوَجْهِ.

قال محمدُ بنُ إسماعيلَ: زُهَيْرُ بنُ مُحمدٍ: أهلُ الشَّامِ يَرْوُوْنَ عَنهُ مَنَاكِيْرَ، ورِوَايَةُ أهلِ العِراقِ عَنهُ أَشْبَهُ.

قال محمدٌ: وقال أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: كَأَنَّ زُهَيْرَ بنَ مُحمدٍ الَّذِيْ كَانَ وَقَعَ عِندَهُمْ لَيْسَ هُوَ هٰذَا الَّذِيْ يُرْوَى عَنهُ بِالعِراقِ، كَأَنَّهُ رَجُلٌ آخرُ، قَلَّبُوْا اسْمَهُ.

وقد قالَ به بعضُ أهلِ العلمِ في التِّسْلِيمِ في الصَّلاَةِ؛ وأَصَحُّ الرِّوَايَاتِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم تَسْلِيْمَتَانِ؛ وعليه أَكْثَرُ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَن بَعْدَهُمْ.

وَرَأَى قَوْمٌ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ وغَيْرِهِمْ تَسْلِيْمَةً وَاحِدَةً فى الْمَكْتُوْبَةِ؛ وقال الشافعيُّ: إِن شَاءَ سَلَّمَ تَسْلِيْمَةً وَاحِدَةً، وإِنْ شَاءَ سَلَّمَ تَسْلِيْمَتَيْنِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیثِ عائشہ صرف اسی سند سے مرفوع ہے اور حفاظ حدیث اس کو موقوف یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول بیان کرتے ہیں قاله ابن معين۔ نصب الرایہ (۱:۴۳۳) امام بخاری رحمہ اللہ کہتے ہیں: زہیر بن محمد سے شام کے تلامذہ نے نہایت ضعیف حدیثیں روایت کی ہیں۔ اور عراق کے تلامذہ کی ان سے کی ہوئی روایتیں درستگی سے زیادہ مشابہ ہیں (أشبه: أي بالصواب) پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے امام احمد رحمہ اللہ کی رائے ذکر کی: وہ فرماتے ہیں: گویا وہ زہیر بن محمد جو اہل شام کی روایتوں میں آئے ہیں وہ وہ زہیر بن محمد نہیں ہیں جن سے عراق میں روایت کی جاتی ہے۔ گویا وہ دوسرا شخص ہے، راویوں نے اس کے نام کو پلٹ دیا ہے یعنی اشتباہ پیدا کر دیا ہے۔ اور بعض علماء نے نماز میں سلام کے سلسلہ میں یہی بات کہی ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے مروی روایات میں اصح دو سلام والی روایتیں ہیں۔ اور اس پر اکثر صحابہ وتابعین اور بعد کے اہل علم کا عمل ہے۔ اور بعض صحابہ وتابعین اور بعد کے لوگوں کی رائے یہ ہے کہ فرضوں میں ایک سلام ہے (اور نفلوں میں دو) اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر چاہے تو ایک سلام پھیرے اور اگر چاہے تو دو سلام پھیرے۔

بابُ مَاجَاءَ أَنَّ حَذْفَ السَّلَامِ سُنَّةٌ

سلام کا حذف سنت ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سلام میں حذف سنت ہے ——— حذف کی تفسیر ابن المبارک رحمہ اللہ نے یہ کی ہے کہ سلام کو بہت زیادہ کھینچنا نہیں چاہئے۔ بلکہ جس طرح نماز سے باہر سلام کیا جاتا ہے نماز کے اندر بھی سلام کرنے کا یہی طریقہ ہے۔ بعض امام سلام اتنا لمبا کھینچتے ہیں کہ مقتدی کا سلام پہلے پورا ہو جاتا ہے یہ غلط طریقہ ہے۔ اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ سلام کے آخر میں جزم ہونا چاہئے۔ جس طرح تکبیر میں: اگر ایک سانس میں دو یا چار کلمے ادا کئے جائیں تو ہر کلمہ مجزوم ہوتا ہے اسی طرح سلام کے آخر میں بھی حرکت ظاہر نہیں کرنی چاہئے۔ اور یاد رکھنا چاہئے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سنةٌ کہنے کے بعد یہ حدیث مرفوع ہوگئی ہے۔

ایک واقعہ: مرحوم حضرت مولانا .... صاحب مبلغ دارالعلوم دیوبند ایک سال دارالعلوم کی مسجد میں تراویح پڑھا رہے تھے۔ وہ دونوں سلام ملا کر ایک ہی سانس میں اس طرح پھیرتے تھے: السلام علیکم ورحمةُ اللهِ السَّلَامُ علیکم ورحمة الله۔ حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (صدر المدرسین

دارالعلوم دیوبند) کو شکایت پہنچی کہ وہ اس طرح سلام پھیرتے ہیں۔ علامہ نے مولانا............ صاحب کو بلایا، میں اس وقت موجود تھا۔ فرمایا: مولوی صاحب السلامُ جَزْمٌ یاد نہیں۔ اس کے بعد مولانا.......... صاحب نے دو سانسوں میں سلام پھیرنا شروع کیا۔ اسی طرح بہت سے اقامہ (تکبیر) کہنے والے دو کلمات ملا کر کہتے ہیں اور پہلے کلمہ کے آخر کا اعراب ظاہر کرتے ہیں یہ غلط طریقہ ہے۔

[۱۱۰] باب ماجاء أن حَذْفَ السلامِ سنةٌ

[۲۹۲-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، والهِقْلُ بنُ زِيَادٍ، عن الْأَوْزَاعِيِّ، عن قُرَّةَ بنِ عَبدِ الرحمنِ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أبي سَلَمَةَ، عن أبي هريرةَ، قال: حَذْفُ السَّلَامِ سُنَّةٌ.

قال عليُّ بنُ حُجْرٍ: وقال ابنُ المباركِ: يَعنى أن لَا تَمُدَّهُ مَدًّا.

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وَهُوَ الذى يَسْتَحِبُّهُ أهلُ العلمِ.

ورُوِىَ عن إبراهيمَ النَّخَعِيِّ أَنَّهُ قَالَ: التَّكْبِيْرُ جَزْمٌ، والسَّلَامُ جَزْمٌ.

وهِقْلٌ: يُقَالُ كَانَ كَاتِبَ الْأَوْزَاعِيِّ.

قولہ: وهو الذى يستحبه میں ضمیر ھو کا مرجع ابن المبارک کی بیان کردہ تفسیر ہے، یعنی علماء نے اس بات کو پسند کیا ہے کہ نماز کے سلام میں آواز نہ کھینچی جائے (حدیث کی تفسیر میں راجح قول یہی ہے) اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: تکبیر جزم ہے اور سلام جزم ہے یعنی اقامہ میں بھی کلمات کے آخر میں جزم ہونا چاہئے اور سلام کے آخر میں بھی جزم ہونا چاہئے۔

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَاسَلَّمَ

نماز کے بعد کے اذکار

باب میں نماز کے بعد متعدد اذکار مروی ہیں۔ ان کو یاد کرنا چاہئے اور فرضوں کے بعد ان کو پڑھنا چاہئے، ہاتھ اٹھا کر دعا کی طرح پڑھنا ضروری نہیں۔ ہاتھ اٹھائے بغیر عام اذکار کی طرح پڑھنے کی بھی گنجائش ہے۔

پہلا ذکر: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ سلام پھیرنے کے بعد صرف اتنی دیر بیٹھتے تھے جس میں یہ ذکر پڑھا جا سکے۔ اللّٰهُمَّ أَنْتَ السلام إلخ: ترجمہ: اے اللہ! آپ سلامتی دینے والے ہیں۔ دوسرا ترجمہ: اے اللہ! آپ عیوب سے محفوظ وسالم ہیں۔ اور آپ ہی کی طرف سے سلامتی حاصل ہوتی ہے (پہلا السلام اللہ کی صفت ہے اور دوسرا لغوی معنی میں ہے) آپ کی ذات بڑی بابرکت ہے یعنی آپ عالی مرتبہ ہیں۔

اے ذوالجلال والاکرام: اے جلال وعظمت اورعزت واکرام والے! ایک حدیث میں ذوالجلال سے پہلے حرف ندا یا محذوف ہے۔ اور دوسری حدیث میں مذکور ہے ——— اور اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ رسول اللہ ﷺ فرضوں کے بعد دعا نہیں کرتے تھے۔ صرف یہ ذکر یا اس کے مانند کوئی اور ذکر کرکے سنت میں مشغول ہوجاتے تھے یا گھر میں تشریف لے جاتے تھے اور وہاں سنت پڑھتے تھے۔

فائدہ: یہاں یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ بعض حضرات اس دعا میں چند کلمات (ربنا حَيِّنَا بالسلام إلخ) بڑھاتے ہیں وہ کلمات نبی ﷺ سے مروی نہیں، مگران کا اضافہ جائز ہے کیونکہ ماثورہ اذکار میں تبدیلی کرنے کی تو گنجائش نہیں مگر اضافہ کرنے کی گنجائش ہے۔ آنحضرت ﷺ نے ایک شخص کو کوئی دعا سکھلائی تھی انھوں نے وہ دعا یاد کرکے سنائی اور وبنبيِّك الذی أرسلتَ کی جگہ برسولك الذی أرسلتَ پڑھ دیا تو آپؐ نے ٹوکا۔ معلوم ہوا کہ منقولہ دعاؤں میں تبدیلی کرنے کی اجازت نہیں۔ اور کتاب الحج میں یہ حدیث آئے گی کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کا تلبیہ یہ تھا، پھرانھوں نے ماثورہ تلبیہ کے آخر میں اضافہ کیا۔ معلوم ہوا کہ شروع میں یا درمیان میں یا آخر میں اضافہ کی گنجائش ہے۔

دوسرا ذکر: لا إله إلا الله وحده لاشريك له إلخ: ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یگانہ ہیں ان کا کوئی شریک نہیں۔ حکومت اور تعریف انہی کے لئے ہے۔ وہی جلاتے ہیں اور مارتے ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں۔ اے اللہ! کوئی اس چیز کو روکنے والا نہیں جو آپ عنایت فرمائیں۔ اور کوئی اس چیز کو دینے والا نہیں جس کو آپ روک دیں۔ اور مالدار کو مالداری نفع نہیں پہنچاتی آپ کے سوا (جَدّ کے معنی ہیں: غِنیٰ (مالداری) ——— یہ حدیث متفق علیہ ہے مگراس میں یُحیِي ویُمِیْتُ نہیں ہے اور حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث دوسری سند سے معجم طبرانی میں ہے وہاں یہ لفظ ہیں (فتح الباری)

تیسرا ذکر: سبحان ربك: ترجمہ: آپ کے رب کی ذات پاک ہے جو عزت والے ہیں ان باتوں سے جو مشرکین بیان کرتے ہیں اور سلامتی ہو رسولوں پر اور سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو سارے جہاں کے پروردگار ہیں۔ (یہ سورۃ الصافات کی آخری آیات ہیں) رواہ الطیالسی (۹:۲۹۲) وابن السّنی عن ابی سعید الخذری (کشف النقاب ۵:۲۳)

چوتھا ذکر: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوکر جب گھر کی طرف لوٹنے کا ارادہ فرماتے تو پہلے تین مرتبہ أستغفر الله، أستغفر الله، أستغفر الله کہتے۔ پھر اللّٰهم أنت السلام پڑھتے پھر تشریف لے جاتے (رواہ مسلم عن ثوبانؓ ۱:۲۱۸ وابوداؤد ا:۲۱۲ وابن ماجہ ص:۶۶ کشف النقاب ۵:۲۲)

اس کے بعد دعا کے تعلق سے ایک اہم اور ضروری بات سمجھ لینی چاہئے: دعا عبادت کا مغز ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: الدعاءُ مُخُّ العبادة، اور نماز سب سے اہم عبادت ہے پس وہ دعا سے خالی نہیں رہنی چاہئے۔ ورنہ وہ

بے مغز چھلکے کی طرح ہو کر رہ جائے گی اور فرضوں میں دعا کا محل قعدہ اخیرہ ہے۔اور غیر فرائض میں دوسری جگہیں بھی ہیں مثلاً وتر میں تیسری رکعت میں قراءت سے فارغ ہو کر دعا مانگی جاتی ہے۔اور رسول اللہ ﷺ سے نوافل میں سجدوں میں دعا مانگنا بھی ثابت ہے ــــــ اور آنحضرت ﷺ کا عام معمول فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگنے کا نہیں تھا مگر گاہے ماہے آپؐ نے فرضوں کے بعد اجتماعی دعا مانگی بھی ہے اور جہری مانگی ہے۔اور فرضوں کے علاوہ دیگر مواقع میں بھی آپؐ نے اجتماعی دعا مانگی ہے۔ نیز رسول اللہ ﷺ نے فرضوں کے بعد دعا مانگنے کی ترغیب دی ہے۔ یہ تمام باتیں اپنی جگہ ثابت ہیں اور ان کو تسلیم کئے بغیر چارہ نہیں (تفصیل کے لئے شاطبی رحمہ اللہ کی الاعتصام اور مولانا منظور نعمانی رحمہ اللہ کی معارف الحدیث دیکھیں)

اور دورِ اول کے تمام مسلمان نماز کے اندر دعا مانگتے تھے، وہ اس پر پوری طرح قادر تھے، عربی ان کی مادری زبان تھی اور وہ صحیح عربی بولتے تھے۔اور آج بھی بہت سے عرب علماء کو اس پر دسترس حاصل ہے۔مگر جب اسلام عجمیوں میں پہنچا اور عربوں کا حال بھی یہ ہو گیا کہ وہ اگرچہ عربی بولتے ہیں مگر صحیح عربی نہیں جانتے، بگڑی ہوئی زبان بولتے ہیں اس لئے اب عام مسلمان دعائے ماثورہ پر اکتفا کرنے پر مجبور ہیں۔اور عجمیوں کے لئے تو وہ محض اذکار بن گئے ہیں، دعا کی شان ان میں باقی نہیں رہی اس لئے علماء نے اس کا متبادل یہ تجویز کیا کہ دُبُر الصلوات میں یعنی نمازوں کے بعد دعا مانگی جائے۔ ہر شخص اپنی زبان میں خوب عاجزی اور انکساری کے ساتھ سمجھ کر دعا کرے۔ اسی لئے کتابوں میں نمازوں کے بعد دعا کرنے کو سنت یا ثابت نہیں کہا، بلکہ مستحب لکھا ہے۔اور اس نئے طریقہ کو بدعت نہیں کہہ سکتے کیونکہ اس کی اصل ثابت ہے۔ نبی ﷺ نے فرضوں کے بعد کبھی اجتماعی دعا کی ہے۔اور آپؐ نے فرضوں کے بعد دعا کرنے کی ترغیب بھی دی ہے۔نمازوں کے بعد دعا مانگنے کے استحباب پر حضرت تھانوی قدس سرہ کا ایک رسالہ استحباب الدعوات عقیب الصلوات ہے جو امداد الفتاوی جلد اول میں مندرج ہے اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔

مگر بعد میں اس سلسلہ میں چند خرابیاں پیدا ہو گئیں۔لوگوں نے ایک اور دعا کا اضافہ کر دیا جس کو دعائے ثانیہ کہتے ہیں۔یعنی ایک مرتبہ دعا فرضوں کے بعد متصلاً مانگی جائے اور دوسری دعا سنن ونوافل کے بعد ہیئت اجتماعی کے ساتھ بالالتزام مانگی جائے۔علماء دیوبند اس کو بدعت کہتے ہیں۔اسی طرح دعا کو اتنا لازم اور ضروری سمجھ لیا گیا کہ گویا اس کے بغیر نماز ادھوری ہے۔حالانکہ مستحب کو لازم کر لینے سے وہ ناجائز ہو جاتا ہے۔اسی طرح جہری دعا کا سلسلہ شروع ہو گیا۔امام نے چند ماثورہ دعائیں یاد کر لیں وہ انہی کو پڑھتا ہے اور نہ لوگ سمجھتے نہ امام۔

دوسری طرف اس کے ردِ عمل میں چند لوگوں نے فرضوں کے بعد دعا کرنے کو بدعت کہنا شروع کر دیا۔حالانکہ اس کی اصل موجود ہے۔خود رسول اللہ ﷺ نے کبھی فرضوں کے بعد اجتماعی دعا کی ہے اور فرضوں کے بعد دعا کرنے کی

ترغیب دی ہے۔ پس یہ بدعت کیسے ہوسکتی ہے؟ وہ لوگ کہتے ہیں: اب دعا کا التزام شروع ہوگیا ہے، لہٰذا دعا چھوڑ دینی چاہیئے۔ مگر غور کرنے کی بات یہ ہے کہ یہ غلطی کی اصلاح نہیں دعا بند کرنے سے تو بندوں کا رب العالمین سے دعا کا تعلق منقطع ہوجائے گا۔ اس لئے صحیح طریقہ یہ ہے کہ جن فرضوں کے بعد سنن ہیں ان میں سلام کے بعد صرف مختصر اذکار پڑھے جائیں پھر سنن ونوافل سے فارغ ہوکر الباقیات الصالحات یعنی ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ أکبر پڑھے پھر عاجزی اور انکساری کے ساتھ خوب جم کر انفراداً دعا مانگے۔ اور جن نمازوں کے بعد سنتیں نہیں ہیں ان میں سلام کے بعد متصلاً الباقیات الصالحات پڑھے، پھر دعا مانگے اور لوگوں کو دعا سراً مانگنی چاہیئے تاکہ ہر آدمی اپنی مراد اللہ سے مانگ سکے۔ اور اس بات کا خیال رکھا جائے کہ التزام نہ ہونے پائے، کبھی چھوڑ بھی دی جائے اور ہیئتِ اجتماعی کو ضروری نہ سمجھا جائے، جس کا جی چاہے امام سے پہلے دعا شروع کردے، جس کو کوئی ضرورت ہو اور وہ چلا جائے تو اس پر نکیر نہ کی جائے، اور جس کی دعا امام کے ساتھ پوری نہ ہو وہ بعد تک مانگتا رہے البتہ اگر سارے مجمع کی مراد مشترک ہو یا امام کے پیش نظر لوگوں کو دعا مانگنے کا طریقہ سکھلانا ہو تو پھر جہراً بھی دعا مانگی جاسکتی ہے، نبی ﷺ نے جہراً دعائیں مانگی ہیں جبھی وہ منقول ہوکر ہم تک پہنچی ہیں۔

خلاصہ: یہ ہے کہ دو باتیں بے شک قابلِ اصلاح ہیں: ایک: ہیئتِ اجتماعی۔ دوسری دعا کا التزام یعنی اس کو ضروری سمجھنا۔ ان دونوں کی اصلاح کا جو طریقہ تجویز کیا جاتا ہے کہ دعا بدعت ہے، اس کو بند کردیا جائے، یہ طریقہ صحیح نہیں۔ یہ تو مزید غلطی ہوگئی کہ جس چیز کی اصل ثابت تھی اس کو بدعت قرار دے دیا اور بندوں کا اپنے خالق ومالک سے دعا کا رابطہ منقطع کردیا۔ اصلاح کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ عام احوال میں جہری دعا نہ کی جائے، بلکہ ہر شخص اپنی زبان میں اپنی حاجتیں مانگے تو ہیئتِ اجتماعی خود بخود ختم ہوجائے گی۔ تین نمازوں میں تو لوگ نوافل کے بعد دعا کریں گے اور ظاہر ہے نوافل سے سب ایک ساتھ فارغ نہیں ہوتے اس لئے ہیئتِ اجتماعی خود بخود ختم ہوجائے گی اور دو نمازوں میں جب جس کی تسبیحات پوری ہوں دعا شروع کردے اور جب اس کی دعا پوری ہو دعا ختم کردے خواہ امام سے پہلے یا امام کے بعد، پس اجتماعی ہیئت باقی نہ رہے گی ——— اور التزام کو ختم کرنے کی یہ صورت ہے کہ امام صاحب لوگوں کو مختلف اوقات میں یہ بات سمجھاتے رہیں کہ امام اور مقتدیوں کا رابطہ سلام پر ختم ہوجاتا ہے، نماز سلام پر پوری ہوجاتی ہے۔ پس جس کو کوئی حاجت ہو وہ جاسکتا ہے۔ بلکہ خود امام کو کوئی ضرورت ہو تو وہ بھی جاسکتا ہے، دوسرے لوگ اپنی تسبیحات پوری کریں اور اپنی دعا مانگیں۔ امام کا ان کے ساتھ ہونا ضروری نہیں۔

نوٹ: بعض امام اس طرح دعا شروع کرتے ہیں کہ لوگوں کو نہ دعا شروع کرنے کا احساس ہوتا ہے نہ ختم کرنے کا۔ وہ دعا کے شروع اور آخر میں ایک جملہ بھی جہراً نہیں کہتے یہ طریقہ بھی ٹھیک نہیں۔ اگر دعا شروع کرتے وقت اور ختم کرتے وقت ایک آدھ جملہ جہراً کہہ دیا جائے تو یہ جہری دعا نہیں ہے۔

[۱۱۱] باب مایقول إذا سَلَّمَ

[۲۹۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا أبو مُعَاوِیَةَ، عن عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الحارثِ، عن عائشةَ، قالتْ: کان رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم إِذَا سَلَّمَ لَا یَقْعُدُ إِلَّا مِقْدَارَ مَایَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ، ومِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَکْتَ ذَا الجَلَالِ وَالإِکْرَامِ.

حدثنا هَنَّادٌ، نا مَرْوَانُ بنُ مُعاویةَ، وأبو مُعاویةَ، عن عاصِمٍ الأَحْوَلِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وقال: تَبَارَکْتَ یَا ذَالجَلَالِ والإِکْرَامِ.

قال: وفی الباب عن ثَوْبَانَ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عباسٍ، وأبی سعیدٍ، وأبی هریرةَ، والمَغِیْرَةِ بنِ شُعْبَةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۹۴-] وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَنَّهُ کَانَ یَقولُ بَعْدَ التَّسْلِیْمِ: لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحدَهُ لَاشَرِیْكَ لَهُ، له المُلْكُ وله الحمدُ، یُحیِی ویُمیتُ، وهو علی کل شیئٍ قَدیرٌ، اللّٰهُمَّ لَامَانِعَ لِمَا أَعْطَیْتَ، وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنعتَ، ولَا یَنْفَعُ ذَا الجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

[۲۹۵-] ورُوِیَ أَنَّهُ کَانَ یَقولُ: ﴿سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ، وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ العَالَمِیْنَ﴾

[۲۹۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوسَی، قال: أَخْبَرَنِیْ ابنُ المبارکِ، نا الأَوْزَاعِیُّ، نا شَدَّادٌ أبو عَمَّارٍ، قال: حدثنی أَبُو أَسْمَاءَ الرَحَبِیُّ، قال حدثنی ثَوْبَانُ مَوْلَی رسولِ اللهِ صلی الله علیه وسلم، قال: کان رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم إِذَا أَرَادَ أَن یَّنْصَرِفَ مِنْ صَلَاتِهِ اسْتَغْفَرَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثم قال: أَنْتَ السَّلَامُ، ومِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَکْتَ یَا ذَا الجلالِ والإِکرامِ.

قال: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وأبو عَمَّارٍ: اسْمُهُ شَدَّادُ بنُ عبدِ اللّٰهِ.

ملحوظہ: اس باب کا مقصد صرف نماز کے بعد کے اذکار کا بیان ہے۔ دعا کا مسئلہ تقریر میں بڑھایا گیا ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِی الانْصرافِ عَن یَمِیْنِهِ وعن یَسَارِهِ

نماز کے بعد دائیں بائیں گھومنے کا بیان

فرضوں سے یا سنن ونوافل سے فارغ ہونے کے بعد گھومنے کے لئے کسی ایک جہت کا التزام جائز نہیں یہ نماز میں شیطان کا حصہ گردانا ہے۔ متفق علیہ حدیث میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: لایجعلن أحدکم

للشیطان من صلاته جزء ا، یری أن حقا علیه أن لا ینفتل إلا عن یمینه۔ بلکہ جدھر حاجت ہو پھرنے کے لئے اسی جانب کو اختیار کرنا چاہئے۔ رسول اللہ ﷺ سے نماز کے بعد دونوں جانب انصراف ثابت ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر رسول اللہ ﷺ کی حاجت دائیں طرف ہوتی تو آپ پھرنے کے لئے دائیں جانب اختیار کرتے۔ اور بائیں طرف حاجت ہوتی تو ادھر پھرتے۔ اور چونکہ اکثر ازواج مطہرات کے حجرے محراب سے دائیں جانب تھے اس لئے آپؐ کا انصراف اکثر دائیں جانب ہوتا تھا۔

[۱۱۲] باب ماجاء فی الإنصرافِ عن یمینه وعن یساره

[۲۹۷-] حدثنا قُتیبةُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِماكِ بنِ حَرْبٍ، عن قَبِیْصَةَ بنِ هُلْبٍ، عن أبیهِ، قال: کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم یَؤُمُّنَا فَیَنْصَرِفُ عَلَی جَانِبَیْهِ جِمِیْعًا: عَلَی یَمِیْنِهِ وَعَلٰی شِمَالِهِ.

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأبی هُریرةَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ هُلْبٍ حدیثٌ حسنٌ؛ والعَمَلُ عَلَیْهِ عند أهلِ العلمِ: أَنَّهُ یَنْصَرِفُ عَلَی أَیِّ جَانِبَیْهِ شَاءَ: إِنْ شَاءَ عَنْ یَمِیْنِهِ، وَإِنْ شَاءَ عَنْ یَسَارِهِ؛ وقد صَحَّ الْأَمْرَانِ عن رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم.

[۲۹۸-] ویُرْوَی عن علیِّ بنِ أبی طالبٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنْ کَانَتْ حَاجَتُه عن یَمِیْنِهِ أَخَذَ عَنْ یَمِیْنِهِ، وإِنْ کَانَتْ حَاجَتُهُ عن یَسَارِهِ أَخَذَ عَنْ یَسَارِهِ.

ترجمہ: حضرت ہُلب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہماری امامت کیا کرتے تھے۔ پس دونوں ہی جانب پھرتے تھے: دائیں بھی اور بائیں بھی —— اور اس پر علماء کا عمل ہے کہ دونوں جانبوں میں سے جس جانب چاہے پھرے، اگر چاہے تو دائیں جانب اور اگر چاہے تو بائیں جانب۔ اور رسول اللہ ﷺ سے دونوں طرف پھرنا صحیح سند سے ثابت ہے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اگر رسول اللہ ﷺ کو دائیں جانب حاجت ہوتی تو آپ دائیں جانب پھرتے۔ اور اگر بائیں جانب حاجت ہوتی تو اسی جانب کو اختیار کرتے۔

بابُ مَاجَاءَ فِیْ وَصْفِ الصَّلاَةِ

پوری نماز کی ترکیب

وَصَفَ یصِفُ وَصْفًا وصِفَةً کے معنی ہیں: بیان کرنا۔ اور صِفَةُ الصلاة کا ترجمہ ہے پوری نماز کی ترکیب۔ باب میں جو حدیثیں ہیں ان میں پوری نماز کی ترکیب کا بیان ہے۔ اور یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ کسی ایک حدیث میں نماز کے سب اجزاء بیان نہیں کئے گئے، کیونکہ حدیثیں کسی بات کو موضوع بنا کر نہیں ارشاد فرمائی گئیں۔ بلکہ ان میں وقتا

فوقتاً پیش آنے والی صورتوں کے بارے میں احکام ہیں۔ اور ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں تمام اجزاء کا بیان اس لئے ہے کہ وہ حقیقتاً مرفوع حدیث نہیں بلکہ حکماً مرفوع ہے اس میں حضرت ابوحمید نے نماز پڑھ کر دکھائی ہے، اس لئے سب اجزاء ایک ساتھ مذکور ہیں —— اس باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث کا نام حدیثُ الْمُسِيْئِ صَلَاتَهُ ہے یعنی اپنی نماز کو بری کرنے والے کا واقعہ۔ یہ واقعہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسندوں سے ذکر کیا ہے۔ حضرت رِفاعہ کی سند سے اور حضرت ابوہریرہ کی سند سے۔ دوسری روایت حضرت ابوحمیدؓ کی ہے جس کے بعض اجزاء پہلے بھی گذر چکے ہیں۔

پہلی حدیث: میں حضرت خلاد بن رافع کا واقعہ ہے۔ حضرت خلاد: حضرت رفاعہ کے بھائی ہیں اور دونوں بدری صحابی ہیں۔ حضرت رفاعہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک مرتبہ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے اور ہم آپؐ کے ساتھ تھے یعنی آنحضرت ﷺ کی مجلس ہو رہی تھی کہ ایک بدوی شخص آیا (یہ حضرت خلادؓ ہیں، بدّو نہیں ہیں بلکہ مدینہ ہی کے باشندے ہیں مگر انھوں نے بدوؤں جیسا کام کیا ہے اس لئے مجازا کالبدوی کہہ دیا ہے) اس نے تحیۃ المسجد پڑھی (نسائی میں اس کی صراحت ہے) اور انھوں نے نماز کو ہلکا کیا (یعنی ارکان اربعہ جلدی جلدی ادا کئے ان میں تعدیل نہ کی) پھر وہ آنحضور ﷺ کی مجلس میں شرکت کے لئے آئے۔ اور سلام کیا، آپؐ نے جواب دیا وعليك (یہاں سے معلوم ہوا کہ سلام کے جواب میں صرف وعليك کہنا بھی کافی ہے) اور فرمایا: ''واپس جاؤ، نماز پھر پڑھو، تم نے نماز نہیں پڑھی'' یعنی تمہاری نماز نہیں ہوئی۔ وہ واپس گئے اور دوبارہ نماز پڑھ کر آئے۔ اور سلام کیا آپ نے جواب مرحمت فرمایا اور دوبارہ نماز پڑھنے کے لئے کہا۔ غرض آپؐ نے دو یا تین مرتبہ ان کو لوٹایا اور وہ ہر بار نماز پڑھ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے تھے اور سلام کرتے تھے آپؐ جواب دینے کے بعد یہی فرماتے تھے کہ واپس جاؤ پھر نماز پڑھو تم نے نماز نہیں پڑھی (اگر حضرت خلادؓ دو بار لوٹائے گئے تو انھوں نے نماز تین مرتبہ پڑھی اور تین مرتبہ لوٹائے گئے تو چار مرتبہ نماز پڑھی)

حضرت رفاعہؓ کہتے ہیں: اس واقعہ سے صحابہ سہم گئے اور یہ بات ان پر شاق گذری یعنی یہ بات کہ جو تعدیل ارکان نہ کرے اس کی نماز نہیں ہوتی۔ غرض دو یا تین مرتبہ لوٹانے کے بعد انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے دکھلایئے اور مجھے نماز سکھلایئے (کیونکہ میں جیسی جانتا ہوں ویسی پڑھتا ہوں) اور میں انسان ہی ہوں میرا عمل درست بھی ہوسکتا ہے اور اس میں چوک بھی ہوسکتی ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ہاں یعنی تم نے ٹھیک کہا۔ آپؐ نے جن جگہوں پر انھوں نے غلطی کی تھی اس کو خاص طور پر بیان کیا۔ فرمایا: جب آپ نماز پڑھنے کا ارادہ کریں تو پہلے ایسی وضو کریں جیسی وضو کرنے کا اللہ نے حکم دیا ہے (سورۂ مائدۃ آیت ۶) پھر گواہی دیں (یعنی وضو کے بعد کلمۂ شہادت پڑھیں یا اذان دیں) پس نماز شروع کریں (یا اقامت کہیں اور ابوداؤد میں لفظ أيضا نہیں ہے) پس اگر تیرے پاس قرآن میں سے کچھ ہو (

یعنی قرآن یاد ہو) تو اسے پڑھ۔ ورنہ اس کی جگہ الحمدللہ، اللہ أکبر اور لا إلٰہ إلا اللہ کہہ۔ پھر رکوع کر اور اس میں ٹھہر یعنی باطمینان رکوع کر۔ پھر سیدھا کھڑا ہو (تا آنکہ ہر ہڈی اپنی جگہ میں سیٹ ہو جائے) پھر سجدہ کر اور اس میں ٹھہر، پھر بیٹھ اور اطمینان سے بیٹھ، پھر دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو (آنحضور ﷺ نے صرف ایک رکعت پڑھنے کا طریقہ سکھلایا ہے کیونکہ اصل نماز ایک ہی رکعت ہے اور چونکہ اس کو کما حقہ پڑھنا مشکل ہے اس لئے اس کے ساتھ ایک اور رکعت ملائی گئی ہے اور شفعہ بنایا گیا ہے تاکہ دومل کر کمی کی تلافی ہو جائے۔ اور دوسری رکعت پہلی رکعت کے مانند ہے پس اس کو اسی طرح پڑھا جائے گا پھر آپؐ نے فرمایا: ''جب آپ نے اس طرح نماز پڑھی تو آپ کی نماز مکمل ہوگئی۔ اور اگر آپ نے اس میں کمی کی تو آپ نے اپنی نماز میں کمی کی'' حضرت رفاعہ کہتے ہیں: یہ ارشاد صحابہ پر پہلے ارشاد کی بہ نسبت آسان تھا یعنی تعدیلِ ارکان میں کمی کرے گا تو نماز میں نقص پیدا ہوگا، سرے سے نماز ختم نہیں ہو جائے گی۔

تشریح:

۱- قولہ: فعاف الناسُ: ایک نسخہ میں فخاف الناسُ ہے یعنی لوگ ڈر گئے یہی نسخہ موزون معلوم ہوتا ہے۔ عاف (ض، ف) عَيْفا وعِيَافًا الطعامَ کا ترجمہ ہے: کراہیت کی وجہ سے کھانا چھوڑ دینا۔ یہاں یہ ترجمہ موزون نہیں کیونکہ کبُر علیھم عطف تفسیری ہے یعنی لوگوں پر یہ بات شاق گذری۔ پس خاف ہی صحیح معلوم ہوتا ہے۔

۲- قولہ: ثم تشھد فأقم أیضا: ہمارے نسخوں میں جو لفظ أیضا ہے وہ ٹھیک نہیں، کیونکہ اس صورت میں مطلب ہوگا: وضو کرکے پہلے اذان دے پھر اقامت بھی کہہ۔ درانحالیکہ تحیۃ المسجد پڑھنے والے کے لئے اذان و اقامت کو کسی نے مسنون نہیں کہا۔ اس لئے جو ابوداؤد میں ہے وہی صحیح ہے، اور مطلب یہ ہے کہ وضو سے فارغ ہو کر کلمہ شہادت پڑھو پھر نماز قائم کرو یعنی نماز شروع کرو۔

۳- قولہ: فإن کان معك قرآن: یہ جملہ اس بات کی دلیل ہے کہ نماز میں مطلق قراءت فرض ہے۔ بالخصوص فاتحہ فرض نہیں، ورنہ آپؐ فرض کو چھوڑ کر غیر فرض کی تعلیم نہ دیتے ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ضم سورت سنت ہے اور وہی قراءت کا مصداق ہے۔

۴- قولہ: وإلا فَاحمد اللہ: یعنی جو شخص قرآن پڑھنے پر قادر نہیں وہ قراءت کی جگہ تسبیح وتہلیل اور تکبیر وتحمید کہے گا اور یہ بھی نہ کہہ سکے تو صرف اللہ، اللہ کہتا رہے۔ مگر نماز میں پڑھنے کے بقدر قرآن سیکھنا اور اس کے لئے مسلسل محنت جاری رکھنا فرض ہے اور ایسے شخص کو چاہئے کہ وہ باجماعت نماز پڑھنے کا اہتمام کرے، کیونکہ باجماعت نماز پڑھنے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ اگر مقتدی ایک حرف بھی نہ پڑھے تو بھی ڈبہ انجن کے ساتھ لگ کر آخر تک پہنچ جائے گا اور فرض ادا ہو جائیگا۔

۵- قولہ: وإن انتقصتَ منہ شیئاً: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تعدیلِ ارکان فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب یا سنت مؤکدہ اشد تاکید۔ ائمہ ثلاثہ نے مسئلہ کا مدار اس پر رکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تعدیل ارکان نہ کرنے کی

وجہ سے حضرت خلاد کو واپس لوٹایا اور دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا۔ اور احناف نے مسئلہ کا مدار اس پر رکھا ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر میں فرمایا کہ تعدیل نہ کرنے کی صورت میں نماز تو ہوجاتی ہے مگر ناقص ہوتی ہے۔ غرض تعدیل نہ کرنے کی صورت میں ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نماز باطل ہوجائے گی۔ اور احناف کے نزدیک مکروہ تحریمی ہوگی اور وقت کے اندر اس کا اعادہ واجب اور وقت گذرنے کے بعد اعادہ مستحب ہوگا اور جس جملہ سے ائمہ ثلاثہ نے تمسّک کیا ہے اس کے بارے میں احناف کہتے ہیں کہ یہ تنزیل الناقص بمنزلۃ المعدوم ہے یعنی اس میں ناقص کو کالعدم فرض کر کے کلام کیا گیا ہے ——— حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: ائمہ ثلاثہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے جس کو سن کر صحابہ ڈر گئے تھے۔ اور حنفیہ کا استدلال اس ارشاد سے ہے جس کی وجہ سے صحابہ کو اطمینان ہوا تھا۔ ببیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا؟ شیخ الہند رحمہ اللہ کا یہ قول فتح الملہم شرح مسلم میں ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ اور یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ اور اس کے راوی یحییٰ قطان اور ابن نمیر ہیں، اور دونوں کی روایتوں میں ایک فرق یہ ہے کہ یحییٰ قطان: سعید مقبری اور ابو ہریرہ کے درمیان ان کے والد ابو سعید کا واسطہ بڑھاتے ہیں۔ اور ابن نمیر: سعید مقبری کا براہ راست ابو ہریرہ سے روایت کرنا بیان کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی عادت کے مطابق یحییٰ قطان کی حدیث کو اصح کہا ہے کیونکہ ایک راوی کے بڑھنے سے سند نازل ہوجاتی ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ کی عادت یہ ہے کہ وہ عموماً اس سند کو ترجیح دیتے ہیں جس میں کمزوری ہو۔ اور بزار رحمہ اللہ نے ابن نمیر کی حدیث کو اصح کہا ہے کیونکہ ان کے متابع موجود ہیں۔ اور دار قطنی نے دونوں سندوں کو صحیح کہا ہے۔ اور بخاری کے دونوں شارح: حافظ ابن حجر اور عینی رحمہما اللہ بھی دونوں سندوں کو صحیح قرار دیتے ہیں اس لئے کہ سعید مقبری اور ان کے والد ابو سعید دونوں حضرت ابو ہریرہ کے شاگرد ہیں۔ پس مقبری نے یہ حدیث اپنے والد سے اور حضرت ابو ہریرہ سے دونوں سے سنی ہو یہ بات ممکن ہے اور یحییٰ قطان کی سند مزید فی متصل الاسناد کے قبیل سے ہوگی۔

قوله: فصلى كما كان: پس اس نے دوبارہ نماز پڑھی جیسی پہلی مرتبہ پڑھی تھی۔

قوله: والذى بعثك: اس ذاتِ برحق کی قسم جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے میں اچھا نہیں کرتا ہوں اس کے علاوہ کو یعنی میں اس سے اچھی نماز پڑھنا نہیں جانتا۔ پس آپؐ مجھے سکھلایئے۔ آپؐ نے فرمایا: جب تو نماز کے لئے کھڑا ہو تو تکبیر کہہ، پھر قرآن میں سے جو تیرے لئے آسان ہو اُسے پڑھ۔

قوله: وافعل ذلك: اپنی پوری نماز میں اسی طرح کر۔ یعنی تعدیل ارکان کا خیال رکھ کر پوری نماز پڑھ۔

[۱۱۳] باب ماجاء فی وَصْفِ الصلاة

[۲۹۹-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن يَحيىَ بنِ عَلِيِّ بنِ يَحيىَ بنِ خَلَّادِ بنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيِّ، عن جَدِّه، عن رِفَاعَةَ بنِ رَافِعٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي

الْمَسْجِدِ يَوْمًا، قال رِفَاعَةُ: ونَحْنُ مَعَهُ إِذْ جَاءَ هُ رَجُلٌ كَالْبَدَوِیِّ، فَصَلّٰی، فَأَخَفَّ صَلاَتَهُ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَسَلَّمَ عَلَى النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فقال النبیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم:" وعَلَيْكَ، فَارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَرَجَعَ فَصَلّٰى، ثم جاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فقال:" وعَلَيْكَ، فَارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّك لَمْ تُصَلِّ" مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، كُلَّ ذٰلِكَ يَأْتِی النبیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَيُسَلِّمُ عَلَى النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَيقولُ النبیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم:" وعَلَيْكَ فَارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَخَافَ النَّاسُ، وكَبُرَ عَلَيْهِمْ: أَن يَكُوْنَ مَنْ أَخَفَّ صَلاَتَهُ لَمْ يُصَلِّ، فَقَالَ الرجلُ فی آخِرِ ذٰلِكَ: فَأَرِنِیْ وعَلِّمْنِیْ فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ أُصِيْبُ وَأُخْطِئُ، فقال:" أَجَلْ! إِذاقُمْتَ إِلَى الصَّلاَةِ فَتَوَضَّأْ كَمَا أَمَرَكَ اللّٰهُ بِهِ، ثُمَّ تَشَهَّدْ فَأَقِمْ أَيْضًا، فَإِنْ كَانَ مَعَكَ قُرْآنٌ فَاقْرَأْ، وإِلاَّ فَاحْمَدِ اللّٰهَ وكَبِّرْهُ وَهَلِّلْهُ، ثم ارْكَعْ فَاطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثم اعْتَدِلْ قَائِمًا، ثم اسْجُدْ فَاعْتَدِلْ سَاجِدًا، ثم اجْلِسْ فاطْمَئِنَّ جَالِسًا، ثم قُمْ، فَإِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَدْ تَمَّتْ صَلاَتُكَ،وإِنِ انْتَقَصَتْ مِنْهُ شَيْئًا انْتَقَصَتْ مِنْ صَلاَتِكَ" قال: وكان هٰذا أَهْوَنَ عَلَيْهِمْ مِن الْأُوْلٰى: أَنَّهُ مَنِ انْتَقَصَ من ذٰلِكَ شَيْئًا انْتَقَصَ من صَلاَتِهِ، ولَمْ تَذْهَبْ كُلُّهَا.

قال: وفی الباب عن أبی هريرةَ،وعَمَّارِ بنِ يَاسِرٍ.قال أبو عيسى: حديثُ رِفَاعَةَ بنِ رَافِعٍ حديثٌ حسنٌ؛ وقد رُوِیَ عَن رِفَاعَةَ هٰذَا الحديثُ مِن غَيْرِ وَجْهٍ.

[٣٠٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ، نا عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، قال أَخْبَرَنِی سَعيدُ بنُ أبی سَعيدٍ، عن أبيهِ، عن أبی هُريرةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم دَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَدَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰی ثُمَّ جاءَ، فَسَلَّمَ عَلَى النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلاَمَ، فقال: "ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَرَجَعَ الرَّجُلُ، فَصَلّٰى كَمَا كَانَ صَلّٰى، ثُمَّ جاءَ إِلَى النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، فَسَلَّمَ ، فَرَدَّ عَلَيْهِ، فقالَ لَهُ:" ارجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَقالَ لَهُ الرجلُ:وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بالحقِّ مَا أُحْسِنُ غَيْرَ هٰذا فَعَلِّمْنِیْ، فَقَالَ:" إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلاَةِ فَكَبِّرْ، ثُمَّ اقْرَأْ بِمَا تَيَسَّرَ مَعَكَ مِنَ القُرآنِ، ثم ارْكَعْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ رَاكِعًا، ثم ارْفَعْ حَتّٰى تَعْتَدِلَ قَائِمًا، ثم اسْجُدْ حَتّٰى تَطْمَئِنَّ سَاجِدًا، ثم ارْفَعْ حتى تَطْمَئِنَّ جَالِسًا، وافْعَلْ ذٰلِكَ فی صلاَتِكَ كُلِّهَا"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ ورَوَى ابنُ نُمَيْرٍ هٰذا الحديثَ عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَر عن سَعيدٍ المَقْبُرِیِّ عن أبی هريرةَ؛ ولم يَذْكُرْ فِيْهِ عن أبيه، عن أبی هريرةَ؛ وروايةُ يحيىَ بنِ سَعيدٍ عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ أَصَحُّ؛ وسَعيدٌ المَقْبُرِیُّ قد سَمِعَ مِنْ أبی هريرةَ، ورَوَى عن أبيه عن أبی هريرةَ.

وأبو سعيدٍ المَقْبُرِیُّ: اسْمُه كَيْسَانُ، وسَعيدٌ المَقْبُرِیُّ يُكْنَى أَبَا سَعْدٍ.

تیسری حدیث: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی ہے۔اس حدیث کے راوی عباس بن سہل اور محمد بن عمرو بن عطا ہیں۔عباس کی حدیث پہلے گذر چکی ہے اور محمد بن عمرو بن عطا کی حدیث یہ ہے حضرت ابوحمید نے صحابہ کی ایک مجلس میں دعوی کیا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی نماز سب سے زیادہ یاد ہے۔پھر انھوں نے چار رکعت پڑھ کر دکھائی اور سب نے ان کے دعوی کی تصدیق کی۔یہ حدیث عباس بن سہل کی سند سے پیچھے بار بار گذری ہے۔اور ان کا بیان یہ تھا کہ اس مجلس میں بشمول حضرت ابوحمیدؓ کے چار صحابہ تھے،اور محمد بن عمرو اس مجلس میں دس صحابہ کے موجود ہونے کی بات کہتے ہیں۔جن میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا بھی تذکرہ کرتے ہیں اور وہ اپنا اس مجلس میں موجود ہونا اور واقعہ کو بچشم خود دیکھنا اور سننا بھی بیان کرتے ہیں، درانحالیکہ محمد بن عمرو کا کسی ایسی مجلس میں حاضر ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا جس میں ابوقتادہؓ موجود ہوں، اس لئے کہ ابوقتادہ کا انتقال ۳۸ ہجری میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں ہوا ہے۔حضرت علیؓ نے خود ان کی نماز جنازہ پڑھائی ہے۔اور محمد بن عمرو کا انتقال ۱۲۰ ہجری میں ۸۰ سال کی عمر میں ہوا ہے یعنی ان کی ولادت حضرت ابوقتادہ کے انتقال کے دوسال بعد ہوئی ہے ـــــــ مگر چونکہ شوافع نے اس حدیث پر تکیہ کیا ہے اور ان کے یہاں نماز کے اکثر مسائل کا مدار اسی حدیث پر ہے اس لئے حافظ رحمہ اللہ نے تہذیب میں اس اعتراض کا جواب دینے کی کوشش کی ہے مگر **التلخیص الحَبِیْر فی تخریج أحادیث الرافعی الکبیر** میں اس اعتراض کی سنگینی کو تسلیم کر لیا ہے۔

حدیث کا ترجمہ: محمد بن عمرو بن عطاء حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے ابوحمید سے سنا درانحالیکہ وہ دس صحابہ کے درمیان تھے جن میں ابوقتادہ ربعیؓ بھی تھے، وہ کہہ رہے تھے: مجھے رسول اللہ ﷺ کی نماز سب سے زیادہ محفوظ ہے۔سب بولے: (یہ بات کیسے ممکن ہے؟) آپ ہم سے زیادہ مقدم نہیں آنحضور کی صحبت کے اعتبار سے (یعنی آپ ہم سے پہلے مسلمان نہیں ہوئے) اور نہ ہم سے زیادہ حضور ﷺ کے پاس حاضر باش تھے۔انھوں نے کہا: کیوں نہیں! یعنی بات بیشک یہی ہے اس کے باوجود میرا دعوی یہی ہے (**بَلٰی**: نفی کے جواب میں آتا ہے، یہاں **ما کُنتَ** میں نفی موجود ہے) سب نے کہا اچھا (حضور کی نماز) پیش کیجئے پھر حضرت ابوحمید ساعدی نے چار رکعت پڑھ کر دکھائی۔راوی نے اس کو الفاظ میں اس طرح بیان کیا: ابوحمید نے کہا: جب آنحضور ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو سیدھے کھڑے ہوتے تھے پھر ہاتھوں کو اٹھاتے تھے یہاں تک کہ دونوں ہاتھوں کو مونڈھوں کے مقابل کر لیا کرتے تھے۔پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ کرتے تو اپنے ہاتھوں کو مونڈھوں کی محاذات تک اٹھاتے تھے۔اور پھر اللہ اکبر کہتے تھے اور رکوع کرتے تھے۔اور ٹھیک طرح سے رکوع کرتے تھے، نہ تو اپنے سر کو جھکاتے تھے اور نہ اس کو اٹھاتے تھے۔یعنی سر اور پیٹھ ایک لیول میں رہتے تھے۔اور اپنے دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھتے تھے۔پھر تسمیع کہتے تھے اور ہاتھوں کو اٹھاتے تھے اور سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے، یہاں

تک کہ ہر ہڈی اپنی جگہ لوٹ کر آجاتی تھی، پھر زمین کی طرف بغرض سجدہ جھکتے تھے پس اللہ اکبر کہتے تھے (یہاں الله أکبر کاتعلق ثم هوی کے ساتھ جڑے گا۔ اور ثم قال میں ثم بمعنی ف ہے یعنی رسول اللہ ﷺ جھکتے ہوئے تکبیر کہتے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہی مضمون ہے وہ فرماتے ہیں: إن رسول الله صلی الله علیه وسلم کان یکبر وهو یهوی) پھر دونوں بازو دونوں پہلوؤں سے علحدہ کرلیا کرتے تھے۔ اور پاؤں کی انگلیوں کو کھول دیا کرتے تھے (اور ایک نسخہ میں خ معجمہ سے فَتَخَ ہے یعنی پیروں کی انگلیوں کو نرم کردیا کرتے تھے تاکہ وہ جانب قبلہ مڑ جائیں) پھر اپنا بایاں پاؤں بچھاتے تھے اور اس پر بیٹھتے تھے۔ اور اطمینان سے بیٹھتے تھے۔ یہاں تک کہ ہر ہڈی اپنی جگہ لوٹ آتی تھی (یہ جلسہ میں بیٹھنا ہے) پھر دوسرے سجدہ کے لئے جھکتے تھے پس اللہ اکبر کہتے تھے (اس کی بھی اوپر والے جملہ کے مثل توجیہ ہے) پھر اپنا پاؤں بچھاتے تھے اور باطمینان بیٹھتے تھے۔ تا آنکہ ہر ہڈی اپنی جگہ واپس لوٹ جاتی تھی (یہ جلسۂ استراحت ہے) پھر کھڑے ہوتے تھے۔ پھر دوسری رکعت بھی اسی طرح پڑھتے تھے یہاں تک کہ جب دوسری رکعت سے (تیسری رکعت کے لئے) کھڑے ہوتے تھے تو تکبیر کہتے تھے اور ہاتھوں کو مونڈھوں تک اٹھاتے تھے جیسا کہ نماز شروع کرتے وقت کیا تھا۔ پھر بقیہ رکعتیں اسی طرح پڑھتے تھے یہاں تک کہ جب آپؐ اس رکعت پر پہنچتے جس میں نماز پوری ہوتی ہے تو بایاں پاؤں آگے کی طرف نکال دیتے تھے۔ اور بائیں جانب کی سرین پر بیٹھتے تھے، پھر سلام پھیرتے تھے۔

اور ابو عاصم کی روایت میں یہ زیادتی ہے کہ ابو حمید کی نماز دیکھ کر تمام صحابہ نے کہا: صدقت واقعی آپ کو رسول اللہ ﷺ کی نماز زیادہ یاد ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے نماز اسی طرح پڑھی ہے۔

تشریح

۱- قوله: ورفع یدیه: احادیث میں مونڈھوں کے مقابل، کانوں کی لو کے مقابل اور اطراف اُذُن یعنی کانوں کے بالائی حصہ کے مقابل ہاتھوں کو اٹھانا مروی ہے۔ احناف نے تینوں حدیثوں کو جمع کیا ہے اور یہ بات کہی ہے کہ رفع یدین کے وقت ہاتھوں کو اس طرح اٹھانا چاہئے کہ گٹے مونڈھوں کے مقابل، انگوٹھے کانوں کی لو کے مقابل اور انگلیاں اطراف اذن کے مقابل ہوجائیں۔ تفصیل گذر چکی ہے۔

۲- قوله: فإذا أراد أن یرکع: چھوٹے دو امام رکوع میں جاتے وقت اور رکوع سے اٹھتے وقت رفع یدین کو سنت کہتے ہیں۔ اور بڑے دو امام رفع یدین کو متروک سنت بتاتے ہیں یعنی رفع یدین آنحضور ﷺ سے ثابت ضرور ہے مگر بعد میں آپؐ نے اس کو ترک کردیا تھا۔ پس یہ سنت مستمرہ نہیں —— پھر شوافع نے تیسری رکعت کے شروع میں رفع یدین بڑھایا ہے کیونکہ ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے اس جگہ بھی رفع کیا تھا۔ اگرچہ امام شافعی رحمہ اللہ نے صرف دو جگہ رفع کرنے کی کتاب الامّ میں صراحت کی ہے۔

۳-قولہ:لم یُصوّب رأسَہ:اگر رکوع میں کمر سے نیچے کے حصہ کو اور ہاتھوں کو بالکل سیدھا کرلیا جائے، ذرا خم باقی نہ رہنے دیا جائے تو پیٹھ اور سر خود بخود ایک لیول میں ہوجائیں گے۔

۴-قولہ: حتی کانت الرکعة التی: اس حدیث میں قعدۂ اولیٰ میں افتراش (کما فی حدیث عباس) اور قعدۂ ثانیہ میں تورک کا تذکرہ ہے۔ چھوٹے دو امام اسی کو سنت کہتے ہیں۔ مگر حنفیہ نے اس حدیث کو عذر پر محمول کیا ہے۔ یعنی اس حدیث میں معذور شخص کے لئے قعدہ میں بیٹھنے کی متبادل شکل ہے۔ علاوہ ازیں عباس بن سہل کی حدیث میں جو اس حدیث سے اصح ہے تورک نہیں ہے۔ ابوداؤد باب افتتاح الصلاۃ میں عباس بن سہل کی حدیث متعدد طرق سے مروی ہے اور کسی میں تورک کا ذکر نہیں۔ اور پیچھے امام ترمذی رحمہ اللہ نے قائلین تورک کے لئے باب قائم کیا تھا، پھر عباس بن سہل کی حدیث کا صرف وہ ٹکڑا ذکر کیا تھا جس میں افتراش کا تذکرہ ہے۔ اگر عباس بن سہل نے بھی ابوحمید سے تورک کا مضمون روایت کیا ہوتا تو وہاں وہ حصہ ضرور ذکر کرتے اور محمد بن عمرو بن عطاء کی یہ حدیث جس میں تورک مروی ہے منقطع ہے، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔ اور امام ترمذیؒ کا اس حدیث کو حسن صحیح کہنا محل نظر ہے۔

آخری بات: حدیث مذکور کو بنظر غائر دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ مسلمانوں کا نماز پڑھنے کا جو طریقہ تھا ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے اس کے خلاف نماز پڑھ کر دکھائی ہے اور قرینہ صحابہ کا تصدیق کرنا ہے اور ابوحمید کا رسول اللہ ﷺ کی نماز کو زیادہ یاد رکھنے کا دعوی کرنا ہے۔ کیونکہ اگر سبھی مسلمان ایسی ہی نماز پڑھتے ہوتے جیسی ابوحمیدؓ نے پڑھ کر دکھائی ہے تو یہ کوئی اچنبے کی بات نہیں تھی اور ان کا دعوی لاحصل تھا اور تصدیق کرنے کی بھی ضرورت نہیں تھی۔ اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ جس زمانہ میں یہ واقعہ پیش آیا ہے اس وقت کے مسلمانوں کی نمازوں میں نہ تو رفع یدین تھا اور نہ تورک اور جلسۂ استراحت تھا۔ مگر چونکہ رسول اللہ ﷺ نے تورک بھی کیا ہے جلسہ استراحت بھی کیا ہے اور رفع یدین بھی کیا ہے خواہ بربنائے عذر ہی کیا ہو یا بربنائے تعلیم کیا ہو یا کسی اور مصلحت سے کیا ہو اس لئے آنحضور ﷺ کے ان اعمال کی حفاظت ضروری ہے۔ اس لئے بغرض حفاظتِ حدیث حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے یہ اعمال کرکے دکھائے اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے تصدیق کی کہ واقعی آپ نے متروک اور عذر پر محمول اعمال کو بھی خوب یاد رکھا ہے۔

[۳۰۱-]حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ومُحمدُ بنُ المُثَنَّی، قالا: نا یَحییَ بنُ سَعیدٍ القَطَّانُ، نا عَبدُ الحَمیدِ بنُ جَعْفَرٍ، نا مُحمدُ بنُ عَمْرِو بنِ عَطَاءٍ، عن أبی حُمَیْدٍ السَّاعِدِیِّ، قال: سَمِعْتُهُ وَهُوَ فی عَشْرَةٍ مِن أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَحَدُهُمْ أبو قَتَادَةَ بنُ رِبْعِیٍّ، یقول: أَنَا أَعْلَمُکُمْ بِصَلاَةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، قالُوا: مَا کُنْتَ أَقْدَمَنَا لَهُ صُحْبَةً، وَلاَ أَکْثَرَنَا لَهُ إِتْیَانًا؟ قال: بَلَی! قال فَاعْرِضْ، فقال: کان رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا قَامَ إِلَی الصَّلاَةِ اعْتَدَلَ قَائِمًا، ورَفَعَ یَدَیْهِ

حَتّٰی یُحَاذِیَ بِهِمَا مَنْكِبَیْهِ، فإِذَا أَرَادَ أَن یَرْكَعَ رَفَعَ یَدَیْهِ حَتّٰی یُحَاذِیَ بِهِمَا مَنْكِبَیْهِ، ثم قال: اللّٰه أكبر وَرَكَعَ، ثم اعْتَدَلَ فَلَمْ یُصَوِّبْ رَأْسَهُ وَلَمْ یُقْنِعْ، وَوَضَعَ یَدَیْهِ عَلٰی رُكْبَتَیْهِ، ثم قال سَمِعَ اللّٰهُ لمن حمده، وَرَفَعَ یَدَیْهِ واعْتَدَلَ، حتی یَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ فی مَوْضِعِهِ مُعْتَدِلاً، ثم هَوَی إِلَی الْأَرْضِ سَاجِدًا، ثم قال: الله أكبر، ثم جَافَی عَضُدَیْهِ عن إِبْطَیْهِ، وَفَتَحَ أَصَابِعَ رِجْلَیْهِ، ثُمَّ ثَنَی رِجْلَهُ الْیُسْرَی، وقَعَدَ عَلَیْهَا، ثُمَّ اعْتَدَلَ حتی یَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ فی مَوْضِعِهِ مُعْتَدِلاً، ثم هَوَی سَاجِدً، ثُمَّ قال: الله أكبر، ثم ثَنَی رِجْلَهُ وَقَعَدَ، واعْتَدَلَ حتی یَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ فی مَوْضِعِهِ، ثم نَهَضَ، ثم صَنَعَ فی الرَّكْعَةِ الثَّانِیَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ، حتی إِذَا قَامَ مِنْ سَجْدَتَیْنِ كَبَّرَ وَرَفَعَ یَدَیْهِ، حتی یُحَاذِیَ بِهِمَا مَنْكِبَیْهِ، كَمَا صَنَعَ حِیْنَ افْتَتَحَ الصَّلاَةَ، ثم صَنَعَ كَذٰلِكَ حَتّٰی كَانَتِ الرَّكْعَةُ الَّتِیْ تَنْقَضِیْ فِیْهَا صَلاَ تُهُ، أَخَّرَ رِجْلَهُ الْیُسْرَی، وَقَعَدَ علی شِقِّهِ مُتَوَرِّكًا ثم سَلَّمَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قال: ومَعْنَی قَوْلِهِ: إِذَا قَامَ مِنَ السَّجْدَتَیْنِ رَفَعَ یَدَیْهِ: یَعْنِیْ إِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتِیْنِ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، والحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الحُلْوَانِیُّ وغَیْرُ وَاحِدٍ قالوا: نا أبو عاصِمٍ،نا عبدُ الحمیدِ بنُ جَعْفَرٍ، نا مُحمدُ بنُ عَمرِو بنِ عَطَاءٍ، قال سَمِعْتُ أَبَا حُمَیْدٍ السَّاعِدِیَّ فی عَشْرَةٍ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فِیْهِمْ أبو قَتَادَةَ بنُ رِبْعِیٍّ، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدیثِ یَحیَی بنِ سَعِیدٍ بِمَعْنَاهُ؛ وزَادَ فِیْهِ أبو عاصِمٍ عن عَبدِ الحَمیدِ بنِ جَعْفَرٍ هٰذا الحَرْفَ: قَالُوْا: صَدَقْتَ هٰكَذَا صَلَّی النبیُّ صلی الله علیه وسلم.

وضاحت: ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے یحیٰی قطان اور ابو عاصم دونوں راوی ہیں۔ ابو عاصم کی حدیث میں یہ جملہ: صدقتَ هكذا صَلَّی النبیُّ صلی الله علیه وسلم زائد ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی القِرَاءَ ةِ فی الصُّبحِ

فجر کی نماز میں مسنون قراءت کا بیان

یہاں سے ابواب القراءۃ شروع ہوتے ہیں۔ پہلے تمہید میں چند باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: قرآن کریم کو تعلیم کی سہولت کی خاطر عہد صحابہ کے بعد تیس برابر حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی اس کے تیس پارے بنائے گئے ہیں ''پارہ'' فارسی لفظ ہے اس کے معنی ہیں ٹکڑا، حصہ۔ پھر عجمیوں کی سہولت کے لئے مشائخ

بخارا نے رکوع بنائے ہیں۔ پورے قرآن میں پانچ سو چالیس رکوع ہیں۔ اور حاشیہ پر رکوع کی علامت ''ع'' بنائی گئی ہے۔ اور یہ تقسیم معنی کے لحاظ سے کی گئی ہے، تاکہ بے پڑھے لوگ جان سکیں کہ کہاں مضمون پورا ہوتا ہے اور کہاں سے نیا مضمون شروع ہوتا ہے (فتاوی تاتارخانیہ ۱:۶۷۹) ——— میں نے تمام رکوعوں میں غور کیا ہے اور اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ سب رکوع ٹھیک جگہ پر لگائے گئے ہیں۔ صرف سورۂ واقعہ کا پہلا رکوع صحیح جگہ نہیں لگا۔ کیونکہ آیت ﴿ ثُلَّةٌ مِّنَ الْأَوَّلِيْنَ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِيْنَ ﴾ اصحابِ یمن کے تذکرہ کا آخری حصہ ہے، اس لئے رکوع ایک آیت کے بعد لگنا چاہئے تھا۔ باقی تمام رکوع ٹھیک جگہ پر لگے ہیں، ہاں بعض ایسی جگہیں ضرور ہیں جہاں یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اگر رکوع یہاں کے بجائے وہاں لگتا تو بہتر ہوتا۔ اور پورے قرآن کو ۵۴۰ رکوع پر منقسم کرنے کی وجہ عالمگیری (۱:۹۴ فصل التراویح) میں یہ بیان کی گئی ہے کہ: ''مشائخ نے قرآن کو ۵۴۰ رکوع پر تقسیم کیا ہے۔ اور مصاحف میں اس کی علامت بنادی ہے، تاکہ تراویح میں قرآن کا ختم ستائیسویں رمضان میں ہوسکے'' یعنی اگر ہر رکعت میں ایک رکوع پڑھا جائے تو ستائیسویں رمضان کو قرآن پورا ہوجائے گا۔

دوسری بات: صحابہ اور تابعین کا معمول تھا کہ وہ ہر ہفتہ ایک قرآن ختم کرتے تھے۔ اس مقصد کے لئے انھوں نے روزانہ تلاوت کی ایک مقدار مقرر کی تھی۔ جسے حِزْب اور منزلیں کہا جاتا ہے۔ جن کی شناخت کے لئے فمی بشوقٍ مجموعہ بنایا ہے۔ ف سے فاتحہ۔ م سے مائدۃ۔ ی سے یونس، ب سے بنی اسرائیل، ش سے شعراء۔ و سے والصافات اور ق سے سورۂ ق مراد ہے ——— ایک اور تقسیم بھی ہے جسے منزل فیل کہتے ہیں۔ ف سے فاتحہ۔ ی سے یونس اور ل سے لقمان مراد ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو آنحضور ﷺ نے کم از کم تین دن میں قرآن پورا کرنے کی اجازت دی تھی اس تقسیم کی اصل غالباً یہی واقعہ ہے۔

ان دونوں کے علاوہ ایک تیسری تقسیم بھی کی گئی ہے۔ طوال۔ مئین، مثانی اور مفصّلات۔ شروع کی سات یا آٹھ سورتیں (فاتحہ کے علاوہ) طوال ہیں۔ سورۂ انفال اور سورۂ توبہ الگ الگ شمار کریں تو آٹھ ورنہ سات سورتیں ہیں۔ پھر گیارہ سورتیں مئین ہیں۔ یعنی وہ سورتیں جن میں سو سے زیادہ آیتیں ہیں۔ پھر بیس سورتیں مثانی ہیں یعنی جن میں سو سے کم آیات ہیں پھر مفصلات ہیں۔ یعنی وہ سورتیں ہیں جن میں چھوٹی چھوٹی آیتیں ہیں۔ پھر مفصّلات کی تین قسمیں کی ہیں: طوال مفصل، اوساط مفصل اور قصار مفصل۔ اور یہ طوال، اوساط اور قصار کہاں سے شروع ہوتے ہیں اور کہاں ختم ہوتے ہیں اس میں بارہ قول ہیں۔ تفصیل کے لئے علامہ سیوطی رحمہ اللہ کی الاتقان دیکھیں۔ ان میں مشہور قول یہ ہے کہ سورۂ ق سے سورۂ بروج تک طوال مفصّل ہیں۔ پھر سورۂ زلزال تک اوساط مفصل ہیں اور آخر تک قصار مفصل ہیں۔

تیسری بات: چاروں ائمہ متفق ہیں کہ فجر وظہر میں طوال مفصل، عصر وعشاء میں اوساط مفصل اور مغرب میں قصار مفصل پڑھنا مسنون ہے۔ اور ظہر میں اوساط مفصل اور عصر میں قصار مفصل کے مسنون ہونے کا بھی ایک قول ہے۔

اور طوال، اوساط اور قصار میں سے پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ اتنی مقدار پڑھے یعنی پورے قرآن میں سے فجر وظہر میں طوال مفصل کے بقدر اور عصر وعشاء میں اوساط مفصل کے بقدر اور مغرب میں قصار مفصل کے بقدر پڑھے۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ نمازوں میں تلاوت صرف مفصلات سے کی جائے، بقیہ پچیس پارے مہجور کر دیئے جائیں۔ سارا قرآن نمازوں میں پڑھنے کے لئے ہے۔ نبی ﷺ اور خلفائے راشدین ہر جگہ سے پڑھتے تھے۔

چوتھی بات: شیخین رحمہما اللہ کے نزدیک فجر میں پہلی رکعت دوسری سے لمبی کرنا اور باقی نمازوں میں دونوں رکعتیں مساوی رکھنا مسنون ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ اور باقی ائمہ کے نزدیک تمام نمازوں میں پہلی رکعت دوسری سے لمبی کرنا مسنون ہے۔ شیخین کی دلیل حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ آنحضور ﷺ ظہر کی دونوں رکعتوں میں تیس تیس آیتوں کے بقدر تلاوت کرتے تھے (مسلم مصری ۴:۱۷۲ **القراء ۃ فی الظهر والعصر**) معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ فجر کے علاوہ نمازوں میں دونوں رکعتیں مساوی رکھتے تھے۔ اور جمہور کی دلیل حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ پہلی رکعت جتنی طویل کرتے تھے دوسری اتنی طویل نہیں کرتے تھے، **هكذا فی العصر، وهكذا فی الصبح** یعنی آپؐ ایسا عصر وفجر (سب نمازوں) میں کرتے تھے (بخاری حدیث ۷۷۶ **باب یقرأ فی الأُخریین إلخ**)

پانچویں بات: سورت ملانا یعنی فاتحہ کے بعد کم از کم بڑی ایک آیت یا چھوٹی تین آیتیں پڑھنا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک واجب ہے۔ اور یہ حکم فرض کی پچھلی رکعتوں کے علاوہ ہر نماز کی ہر رکعت کے لئے ہے۔ اور ہر نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ پڑھنا ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب ہے۔ البتہ احناف کے یہاں فرض کی پچھلی رکعتوں میں فاتحہ سنت ہے۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فرض کی پچھلی رکعتوں میں ضم سورت سنت ہے اور احناف کے یہاں تین قول ہیں۔ پہلا قول یہ ہے کہ سورت ملانا جائز نہیں، ورنہ سجدۂ سہو واجب ہوگا۔ دوسرا قول کراہیت کا ہے اور تیسرا قول یہ ہے کہ سورت ملانا سنت بھی نہیں اور ملانے کی صورت میں نماز مکروہ بھی نہیں ہوتی اور سجدۂ سہو بھی واجب نہیں ہوتا۔ یہی قول مفتی بہ ہے —— اور ایک رکعت میں یا کم از کم دو رکعتوں میں مکمل سورت تلاوت کرنی چاہئے یا مکمل رکوع پڑھنا چاہئے تاکہ مضمون تام ہو جائے۔

حدیث: قُطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے آنحضرت ﷺ کو فجر کی پہلی رکعت میں ﴿وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ﴾ پڑھتے سنا۔

تشریح: یہ ٹکڑا سورۂ ق کے پہلے رکوع میں آیا ہے۔ اور حدیث کا بظاہر مطلب یہ ہے کہ آپؐ نے فجر کی پہلی رکعت میں سورۂ ق پوری تلاوت کی۔ اور دوسرا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپؐ نے یہ سورت دو رکعت میں مکمل کی اور شروع کا حصہ پہلی رکعت میں تلاوت کیا —— رسول اللہ ﷺ سے نماز فجر میں سورۂ واقعہ تلاوت کرنا بھی مروی ہے۔ اور

یہ بات بھی مروی ہے کہ آپؐ فجر میں ساٹھ سے سو آیات تک تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ یعنی چھوٹی سو آیتیں اور بڑی ساٹھ آیتیں تلاوت فرماتے تھے۔ اور اگر آیات درمیانی ہوں تو ان کے لئے درمیانی عدد مقرر کرنا چاہیئے۔ اور سورۂ تکویر تلاوت کرنا بھی مروی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گورنروں کے نام ایک گشتی فرمان روانہ کیا تھا جس میں بہت سے احکام تھے۔ اور اس خط کے اصل مخاطب کوفہ کے گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تھے۔ اس خط میں ایک نصیحت یہ بھی کی گئی تھی کہ فجر میں طوال مفصل تلاوت کئے جائیں۔

[١١٤] باب ماجاء فی القراء ة فی الصبح

[٣٠٢-] حدثنا هنّادٌ، نا وكيعٌ، عن مِسْعَرٍ، وسُفيانَ، عن زِيادِ بنِ عِلاَقَةَ، عن عَمِّهِ قُطْبَةَ بنِ مَالِكٍ، قال: سمعتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فى الْفَجْرِ ﴿والنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ﴾ فى الرَّكْعَةِ الأُوْلٰى.

قال: وفى الباب عن عَمْرِو بنِ حُرَيْثٍ، وجابرِ بنِ سَمُرَةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ السَّائِبِ، وأبى بَرْزَةَ، وأُمِّ سَلَمَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ قُطْبَةَ بنِ مَالِكٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٠٣-] ورُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَرَأَ فى الصُّبْحِ بَالْوَاقِعَةِ.

[٣٠٤-] ورُوِىَ عَنْهُ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ فى الفَجْرِ مِنْ سِتِّيْنَ آيَةً إِلٰى مِأَةٍ.

[٣٠٥-] ورُوِىَ عَنه أَنَّهُ قَرَأَ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ.

[٣٠٦-] ورُوِىَ عن عُمَرَ أَنَّه كَتَبَ إِلٰى أبو موسىَ: أَنِ اقْرَأْ فى الصُّبْحِ بِطِوَالِ الْمُفَصَّلِ.

قال أبو عيسى: وعَلَى هٰذا العَمَلُ عند أهلِ العلمِ، وبه يقولُ سُفيانُ الثوريُّ وابنُ المباركِ والشافعيُّ.

وضاحت: آنحضور ﷺ کا فجر میں سورۂ واقعہ تلاوت کرنا مصنف عبدالرزاق میں مروی ہے۔ اور ساٹھ سے سو آیتیں پڑھنا متفق علیہ حدیث میں ہے۔ اور سورۂ تکویر پڑھنے کی روایت نسائی میں ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو گشتی فرمان روانہ کیا تھا وہ مصنف عبدالرزاق اور بیہقی میں ہے (نصب الرایہ ۲:۵) —— اور مسلم میں فجر میں آنحضرت ﷺ سے اخلاص کی دو سورتیں (سورۃ الکافرون اور سورۂ اخلاص) پڑھنے کی بھی روایت ہے۔ پس مخصوص احوال میں تلاوت مختصر کرنے کی بھی گنجائش ہے۔ مگر عمومی احوال میں مسنون قراءت کرنی چاہیئے۔ اور لوگوں کے احوال کی رعایت میں طوالِ مفصل میں جو چھوٹی سورتیں ہیں ان کو یا بڑی سورتوں کو دو رکعت میں پڑھے تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الْقِرَاءَ ةِ فی الظُّهْرِ والعَصْرِ

ظہراورعصر میں مسنون قراءت کا بیان

حدیث: حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ظہر اور عصر میں سورۂ بروج اور سورۂ طارق اور ان کے مانند سورتیں پڑھتے تھے ——— یہ حدیث دلیل ہے کہ ظہر وعصر میں اوساط مفصل مسنون ہیں۔ اور آنحضرت ﷺ سے ظہر میں آلم تنزیلُ السجدۃ اور اس کے برابر تلاوت کرنا بھی مروی ہے (یہ حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ہے جو مسلم میں ہے) اس کی دلالت ظہر میں طوال مفصل کے مسنون ہونے پر ہے۔

اور آنحضور ﷺ سے ظہر کی پہلی رکعت میں تیس آیتوں کے بقدر اور دوسری میں پندرہ آیتوں کے بقدر پڑھنا بھی مروی ہے (یہ بھی ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور مسلم میں ہے) اور یہ حدیث ان ائمہ کی دلیل ہے جو پانچوں نمازوں میں پہلی رکعت کو لمبا کرنا مسنون کہتے ہیں۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے گورنروں کے نام جو گشتی فرمان جاری کیا تھا اس میں یہ بات تھی کہ ظہر میں اوساط مفصل میں سے پڑھا جائے۔ اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ظہر میں عصر سے چار گنی قراءت ہے اور عصر ومغرب میں قصار مفصل مسنون ہیں۔

خلاصہ: یہ ہے کہ ظہر میں دو قول ہیں: ایک طوالِ مفصل کا دوسرا: اوساطِ مفصل کا۔ پس جو ائمہ ظہر میں قصارِ مفصل پڑھتے ہیں وہ خلاف سنت ہے، کم از کم اوساطِ مفصل تو پڑھنے ہی چاہئیں۔ اور عصر میں بھی دو قول ہیں: ایک: اوساطِ مفصل کا، دوسرا: قصارِ مفصل کا۔ پس عصر میں مغرب جتنی قراءت کرنے کی گنجائش ہے۔

[۱۱۵] باب ماجاء فی القراء ة فی الظهر والعصر

[۳۰۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَزِيدُ بنُ هَارُونَ، نا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن جابرِ بنِ سَمُرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْرَأُ فى الظُّهْرِ وَالعَصْرِ بالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ، والسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ وشِبْهِهِمَا.

قال: وفى الباب عن خَبَّابٍ، وأبى سعيدٍ، وأبى قَتَادَةَ، وزَيْدِ بنِ ثابتٍ، والبَرَاءِ.

قال أبو عيسى: حديثُ جابرِ بنِ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۸-] وقد رُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَرَأَ فى الظُّهْرِ قَدْرَ تَنْزِيْلِ السَّجْدَةِ.

[۳۰۹-] ورُوِىَ عنه أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ فى الرَّكْعَةِ الْأُوْلٰى مِنَ الظُّهْرِ قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ آيَةً، وفى الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ قَدْرَ خَمْسَةَ عَشَرَ آيَةً.

[۳۱۰-] ورُوِیَ عن عُمَرَ أَنَّهُ کَتَبَ إِلٰی أَبِی مُوْسَی: أَنِ اقْرَأْ فی الظُّهْرِ بَأَوْسَاطِ المُفَصَّلِ.
ورَأَی بَعضُ أهلِ العلمِ أَنَّ قِرَاءَ ةَ صَلاَةِ العَصْرِ کَنَحْوِ القِرَاءَ ةِ فِی صَلاَةِ الْمَغْرِبِ، یَقْرَأُ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ.
ورُوِیَ عن إبراهیمَ النَّخَعِیِّ أَنَّهُ قَالَ: تَعْدِلُ صَلاَةُ العَصْرِ بِصَلاَةِ الْمَغْرِبِ فی القِرَاءَ ةِ.
وقال إبراهیمُ: تُضَعَّفُ صَلاَةُ الظُهْرِ عَلٰی صَلاَةِ العَصْرِ فی القِرَاءَ ةِ أَرْبَعَ مِرَارٍ.

ترجمہ: بعض اہل علم کا خیال ہے کہ عصر میں قراءت مغرب میں قراءت کے مانند ہے، وہ عصر میں قصار مفصل پڑھے۔اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: عصر کی نماز مغرب کی نماز کے ساتھ قراءت کے لحاظ سے مساوی ہے۔اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے یہ بھی مروی ہے کہ ظہر میں عصر کی بہ نسبت چارگنا قراءت ہے۔

فائدہ: میرا اندازہ یہ ہے کہ نوّے فیصد ائمہ: ظہر اور عصر میں قصار مفصل کے بقدر تلاوت کرتے ہیں ان کا یہ عمل عصر میں تو ایک درجہ میں معقول ہے مگر ظہر میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں۔اس میں کم ازکم اوساط مفصل کے بقدر تلاوت ضرور کرنی چاہیئے ورنہ ترک سنت کا گناہ لازم آئے گا۔

بابٌ فی القِرَاءَ ةِ فی المَغْرِبِ

مغرب میں قراءت کا بیان

حدیث: آنحضور ﷺ کی چچی ام الفضل رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ مرض وفات میں نبی ﷺ مغرب پڑھانے کے لئے تشریف لائے درانحالیکہ سر مبارک پر شدتِ درد کی وجہ سے پٹی بندھی ہوئی تھی۔اس روز آپؐ نے مغرب میں سورۂ مرسلات تلاوت فرمائی۔پھر وفات تک ہم نے آپ کی اقتداء میں کوئی نماز نہیں پڑھی۔یعنی چند روز کے بعد آپؐ کا وصال ہوگیا —— اور ایک حدیث میں مغرب کی دونوں رکعتوں میں سورۂ اعراف پڑھنا بھی مروی ہے اور سورۂ طور پڑھنا بھی۔احناف کا رجحان یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مرسلات واعراف اور سورۂ طور میں سے کچھ حصہ کی تلاوت فرمائی ہوگی۔راوی نے مجازاً اس کو مرسلات اور اعراف وغیرہ پڑھنا کہہ دیا ہے۔مگر امام شافعی رحمہ اللہ کا خیال یہ ہے کہ آپؐ نے یہ سورتیں مکمل تلاوت فرمائی ہیں۔اس لئے ان کے نزدیک مغرب میں اتنی لمبی قراءت بھی کی جاسکتی ہے۔

[۱۱۶] باب ماجاء فی القراء ۃ فی المغرب

[۳۱۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن الزُّهْرِیِّ، عن عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ،

عن ابنِ عَبَّاسٍ، عن أُمِّه أُمِّ الْفَضْلِ، قالتْ: خَرَجَ إِلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وهُوَ عَاصِبٌ رَأْسَهُ فى مَرَضِهِ، فَصَلَّى المَغْرِبَ، فَقَرَأَ بِالْمُرْسَلَاتِ، فَمَا صَلَّاهَا بَعْدُ حَتّٰى لَقِىَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ.

وفى الباب: عن جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، وابنِ عُمَرَ، وأبى أَيوبَ، وزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أُمِّ الفَضْلِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۱۲-] ورُوِىَ عن النبىِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّهُ قَرَأَ فى المَغْرِبِ بالْأَعْرَافِ، فى الرَّكْعَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا.

[۳۱۳-] ورُوِىَ عن النبىِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّهُ قَرَأَ فى المَغْرِبِ بالطُّوْرِ.

[۳۱٤-] ورُوِىَ عن عُمَرَ أَنَّهُ كَتَبَ إِلٰى أبى مُوسَى: أَنِ اقْرَأْ فى المَغْرِبِ بِقِصَارِ الْمُفَصَّلِ.

[۳۱٥-] ورُوِىَ عن أبى بَكْرٍ: أَنَّهُ قَرَأَ فى المغربِ بِقِصَارَ الْمُفَصَّلِ.

قال: وعَلَى هٰذا العَمَلُ عند أهلِ العلمِ، وبه يَقولُ ابنُ المباركِ وأحمدُ وإسحاقُ.

وقال الشافعىُّ — وَذَكَرَ عن مَالِكٍ أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يَّقْرَأَ فى صَلَاةِ المَغْرِبِ بِالسُّوَرِ الطِوَالِ نَحْوَ الطُّوْرِ وَالْمُرْسَلَاتِ — قال الشافعىُّ: لَا أَكْرَهُ ذٰلِكَ، بَلْ أَسْتَحِبُّ أَنْ يُقْرَأَ بِهٰذِهِ السُّوَرِ فِى صَلَاةِ المَغْرِبِ.

وضاحت: جس حدیث میں مغرب کی دونوں رکعتوں میں سورۂ اعراف پڑھنا مروی ہے وہ حدیث ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی ہے جو مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔ اورسورۂ طور پڑھنے کی حدیث متفق علیہ ہے اوروہ حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی ہے ——— امام شافعی رحمہ اللہ نے پہلے امام مالک رحمہ اللہ کا قول ذکر کیا ہے کہ وہ مغرب کی نماز میں طوالِ مفصل پڑھنے کو ناپسند کرتے تھے۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ میں اس کو ناپسند نہیں کرتا۔ بلکہ میں مغرب میں مذکورہ سورتوں کے پڑھنے کو پسند کرتا ہوں۔

بابُ مَاجَاءَ فى القِرَاءَ ةِ فِى صَلَاةِ الْعِشَاءِ

عشاء کی نماز میں قراءت کا بیان

حدیث: حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ عشاء میں سورۃ الشمس اوراس کے مانند سورتیں پڑھا کرتے تھے۔ اورآپؐ سے عشاء میں سورہ والتین پڑھنا بھی ثابت ہے۔

اورحضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ عشاء میں اوساطِ مفصل میں سے کوئی سورت پڑھتے تھے۔ جیسے سورۂ منافقون اوراس کے مانند سورتیں۔ سورۂ منافقون اوراس کے مانند سورتیں اگر دو رکعت میں پڑھی جائیں تواوساطِ مفصل کے بقدر قراءت ہوجائے گی۔

خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ اوراصحابِ رسول ﷺ سے مسنون قراءت سے کم یا زیادہ پڑھنا بھی ثابت

ہے۔پس عمومی احوال میں مسنون قراءت کے بقدر پڑھنا چاہئے۔اور خصوصی احوال میں کم وبیش کی بھی گنجائش ہے۔

[۱۱۷] باب ماجاء فی القراء ۃ فی العشاء

[۳۱۶-] حدثنا عَبْدَۃُ بنُ عبدِ اللّٰہِ الخُزَاعِیُّ، نا زَیدُ بنُ الْحُبَابِ، نا حُسَیْنُ بنُ وَاقِدٍ، عن عَبدِ اللّٰہِ بنِ بُرَیْدَۃَ، عن أبیہِ، قال: کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یَقْرَأُ فی العِشَاءِ الآخِرَۃِ بالشَّمْسِ وَضُحٰھَا، ونَحْوِھَا مِنَ السُّوَرِ.

وفی الباب: عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ بُرَیْدَۃَ حدیثٌ حسنٌ.

[۳۱۷-] وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّہُ قَرَأَ فی العِشَاءِ الآخِرَۃِ بِسُوْرَۃِ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ.

[۳۱۸-] ورُوِیَ عن عُثمانَ بنِ عَفَّانَ أَنَّہُ کَانَ یَقْرَأُ فی العِشَاءِ بِسُوَرٍ مِنْ أَوْسَاطِ الْمُفَصَّلِ، نَحْوُ سُوْرَۃِ الْمُنَافِقِیْنَ وَأَشْبَاھِھَا.

ورُوِیَ عن أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم والتابعینَ: أَنَّھُمْ قَرَأُوْا بِأَکْثَرَ مِنْ ھٰذَا وَأَقَلَّ؛ کَأَنَّ الْأَمْرَ عِندَھُم واسِعٌ فی ھٰذا.

وأَحْسَنُ شیئٍ فی ذٰلِکَ مَا رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّہُ قَرَأَ بالشَّمْسِ وَضُحٰھَا وَالتِّینِ والزَّیْتُوْنِ.

[۳۱۹-] حدثنا ھَنَّادٌ، نا أبو معاویۃَ، عن یَحییَ بنِ سَعیدٍ الأَنْصَارِیِّ، عن عَدِیِّ بنِ ثابتٍ، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَرَأَ فی العِشَاءِ الآخِرَۃِ بالتِّیْنِ والزَّیْتُوْنِ.

وھٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ مَاجَاءَ فی القِرَاءَ ۃِ خَلْفَ الإمَامِ

امام کے پیچھے قراءت کرنے کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ مقتدی سورت نہیں پڑھے گا نہ جہری نمازوں میں اور نہ سری نمازوں میں۔اور فاتحہ میں اختلاف ہے۔اور یہاں امام ترمذی رحمہ اللہ نے سری نمازوں سے تعرض نہیں کیا۔جہری نماز میں مقتدی کو فاتحہ پڑھنی چاہئے یا نہیں؟ صرف یہ مسئلہ بیان کیا ہے۔

مذاہبِ فقہاء: حنفیہ، مالکیہ اور حنابلہ کا مذہب یہ ہے کہ جہری نماز میں مقتدی نہ صرف یہ کہ فاتحہ نہیں پڑھے گا

بلکہ فاتحہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے۔ احناف کا قول تو معروف ہے اور علامہ جزیری رحمہ اللہ نے کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ (۱: ۲۳۰) میں مالکیہ اور حنابلہ کے یہاں بھی کراہیت کا قول ہونے کی صراحت کی ہے۔ البتہ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ جہری نماز میں مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا جائز نہیں۔ خواہ مقتدی امام کی قراءت سن رہا ہو یا نہ سن رہا ہو (کتاب الفقہ ۱: ۲۵۴) اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اگر مقتدی امام کی قراءت سن رہا ہے تو فاتحہ پڑھنا جائز نہیں اور اگر اتنا دور ہے کہ امام کی آواز اس تک نہیں پہنچتی تو فاتحہ پڑھنا جائز ہے۔ اسی طرح امام کے سکتوں میں بھی پڑھنا جائز ہے (مغنی ۱: ۶۰۵)

اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم یہ ہے کہ مقتدی پر فاتحہ پڑھنا فرض نہیں۔ اور قول جدید یہ ہے کہ مقتدی پر فاتحہ فرض ہے، لیکن محققین کا خیال یہ ہے کہ جہری نمازوں میں آپ سے وجوب کا قول ثابت نہیں۔ چنانچہ امام شافعی رحمہ اللہ کے خاص الخاص شاگرد امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے کسی مسلمان سے یہ بات نہیں سنی کہ اس نے جہری نماز میں مقتدی کے لئے فاتحہ کو واجب کہا ہو۔ (مغنی ۱: ۶۰۲) تاہم حضرات شوافع جہری نمازوں میں بھی مقتدی پر فاتحہ واجب کہتے ہیں۔ اور علامہ نووی رحمہ اللہ نے شرح مہذب (۳: ۳۶۳) میں دعوی کیا ہے کہ امام شافعی رحمہ اللہ سے جہری نماز میں مقتدی پر فاتحہ کا وجوب ثابت ہے اور آپ کا وہ قول کتاب الام میں موجود ہے۔ علامہ بنوری قدس سرہٗ نے معارف السنن (۳: ۱۸۶) میں فرمایا ہے کہ میں نے کتاب الام میں یہ قول نہیں پایا۔

اور چونکہ سورۂ اعراف (آیت ۲۰۴) میں جب نماز میں قرآن پڑھا جائے تو اُسے سننے اور خاموش رہنے کا حکم ہے اس لئے حضرات شوافع نے استماع اور انصات کا امر ترک کرنے سے بچنے کے لئے یہ طریقہ تجویز کیا ہے کہ مقتدی امام کے ساتھ ساتھ نہ پڑھے بلکہ امام کے سکتوں میں یا سکتۂ طویلہ میں پڑھے۔ درانحالیکہ سکتۂ طویلہ کا ثبوت کسی ضعیف حدیث سے بھی نہیں۔ اور شوافع کا بیان کردہ فارمولہ صرف کاغذی ہے عملی دنیا میں سب امام کے ساتھ پڑھتے ہیں جس کی وجہ سے قرآن کی آیت کی مخالفت لازم آتی ہے۔

سرّی نمازوں کا حکم: اور سری نماز میں امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا مستحب ہے فرض یا واجب نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فرض ہے اور آپ کا یہ قول ثابت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ سے اس سلسلہ میں کوئی صریح قول مروی نہیں۔ اور مشائخ احناف کے اس سلسلہ میں پانچ قول ہیں۔ ایک قول وجوب کا ہے یعنی مقتدی پر سری نماز میں فاتحہ پڑھنا واجب ہے، دوسرا قول ندب یعنی استحباب کا ہے، صاحبِ ہدایہ نے یہ قول امام محمد رحمہ اللہ کی طرف منسوب کیا ہے، تیسرا قول اباحت کا ہے یعنی فاتحہ پڑھنا جائز ہے، چوتھا قول کراہت تنزیہی کا ہے اور پانچواں قول کراہت تحریمی کا ہے۔ اور یہی قول مفتی بہ ہے۔ اور علامہ ابن الہمام رحمہ اللہ نے صاحبِ ہدایہ کے قول کی تردید کی ہے اور فرمایا ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ کی کتاب الآثار اور موطا کی عبارتیں اس کے خلاف ہیں۔

علامہ حصکفی رحمہ اللہ (صاحبِ درمختار) نے فرمایا ہے کہ سری نماز میں بھی مقتدی کے لئے فاتحہ کی کراہت پر ہمارے تینوں ائمہ کا اتفاق ہے۔مزید تفصیل کے لئے فیض الباری (۲:۲۷۱) اور درمختار (مطبع زکریا ۲:۲۶۶) آخر صفة الصلاة کی مراجعت کیجئے ——— اور دلائل کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ مقتدی کو سری نماز میں بھی فاتحہ نہیں پڑھنی چاہئے۔ آنحضور ﷺ کا ارشاد ہے: **مَن کان له إمامٌ فقراء ةُ الإمامِ لَهُ قراءَ ةٌ**۔ دوسرا ارشاد ہے: **إذا قَرَأَ فَأَنْصِتُوْا**۔ دونوں حدیثوں میں سری اور جہری کے درمیان تفریق کئے بغیر مقتدی کو خاموش رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔اور یہ بات بتائی گئی ہے کہ امام کی قراءت مقتدی کے حق میں محسوب ہے پس اس کے لئے قراءت کی کیا حاجت ہے؟ بلکہ اس کے لئے قراءت کرنا لا حاصل ہے ——— پہلی حدیث پانچ صحابہ سے مروی ہے۔تخریج کے لئے نصب الرایہ (۲:۲ تا ۱۲) دیکھیں اور دوسری حدیث ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے جو مسلم شریف (۱:۱۷۴ باب التشہد) میں ہے۔

خلاصۂ کلام: یہ ہے کہ جہری نمازوں میں صرف شوافع کے نزدیک مقتدی پر فاتحہ فرض ہے۔اور سری نمازوں میں صرف امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فرض ہے۔اور کسی امام کے نزدیک فرض نہیں۔یعنی آدھے امام ایک طرف ہیں اور ساڑھے تین امام دوسری طرف!

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دو مسئلے علحدہ علحدہ ہیں۔ایک مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کا نماز سے کیا تعلق ہے؟ نمازی کون ہے اس سے قطع نظر۔ائمہ ثلاثہ رکنیت وفرضیت کا تعلق تجویز کرتے ہیں اور احناف نے وجوب کا تعلق بیان کیا ہے۔اور یہ مسئلہ تفصیل سے (۱:۵۸۴) میں گذر چکا ہے۔اور چونکہ ائمہ ثلاثہ نے فاتحہ کو غیر معمولی اہمیت دی ہے اس لئے ضم سورت پر اس کا اثر پڑا ہے اور ان حضرات نے اس کے سنت ہونے کی بات کہی ہے۔اور احناف نے توازن برقرار رکھا ہے، نفس قراءت کو فرض قرار دیا ہے اور فاتحہ اور سورت دونوں کو علی الخصوص واجب قرار دیا ہے۔

اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ فاتحہ کا کس نمازی سے تعلق ہے؟ امام اور منفرد دونوں سے تعلق ہونے کی بات سبھی کہتے ہیں۔اور مقتدی کے بارے میں اختلاف ہوا ہے۔اس دوسرے مسئلے میں روایات میں غت ربود ہوگیا ہے جو روایات پہلے مسئلہ سے متعلق ہیں ان کا بھی یہاں حوالہ دیا گیا ہے۔درانحالیکہ ان حدیثوں کا اس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قائلین وجوب فاتحہ اور مانعین وجوب فاتحہ میں سے ہر فریق کے پاس خاص حدیث صرف ایک ایک ہے۔اگرچہ عام احادیث جو مقتدی اور غیر مقتدی سب کو شامل ہیں یا جن میں سری اور جہری نمازوں کے درمیان فرق نہیں کیا گیا: ہر فریق کے پاس ہیں۔مثلاً پیچھے حدیث گذری ہے: **لاصلاة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب** اس کے عموم میں مقتدی کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بخاری شریف میں اس حدیث سے مقتدی کے لئے فاتحہ کی فرضیت ثابت کی ہے۔مگر ان کا استدلال صحیح نہیں، کیونکہ یہ حدیث مقتدی کے مسئلہ سے متعلق نہیں بلکہ فاتحہ کا نماز سے جو تعلق ہے اس کو بیان کرتی ہے۔اسی طرح حدیث **من کان له إمام** جہری

اور سری دونوں نمازوں کے لئے ہے۔ غرض عام حدیثیں تو دونوں فریق کے پاس کئی ایک ہیں مگر خاص حدیث صرف ایک ایک ہے۔

اور پہلا باب قائلین وجوب فاتحہ کے لئے ہے اور دوسرا باب مانعین وجوبِ فاتحہ کے لئے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے ائمہ کا جو گروپ بنایا ہے وہ ٹھیک نہیں۔ کیونکہ فرضیت کے قائل تو صرف شوافع اور امام شافعی رحمہ اللہ ہیں، دوسرا کوئی امام کسی نماز میں فرضیت کا قائل نہیں۔

یہ باتیں ذہن نشیں کر کے دونوں باب پڑھنے چاہئیں۔ اس کے بعد دونوں بابوں پر ایک ساتھ تبصرہ کیا جائے گا۔

حدیث: باب میں جو حدیث ہے وہ حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی ہے اور مختصر ہے۔ پورا واقعہ اس طرح ہے کہ حضرت عبادۃؓ بیت المقدس میں امام تھے۔ ایک روز نماز فجر میں بروقت نہ آسکے۔ تو ان کے مؤذن ابُونُعیم نے نماز شروع کر دی بعد میں حضرت عبادۃ بھی تشریف لائے۔ اتفاق سے وہ محمود بن الربیع کے پاس کھڑے ہوئے۔ یہ صحابی صغیر ہیں یعنی آنحضرت ﷺ کے وصال کے وقت نابالغ تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ حضرت عبادۃ کچھ پڑھ رہے ہیں۔ سلام پھیرتے ہی انھوں نے پوچھا: آپ نماز میں پڑھ رہے تھے جبکہ ابونعیم جہراً تلاوت کر رہے تھے؟ حضرت عبادۃ نے جواب دیا: جی ہاں! پھر انھوں نے یہ حدیث سنائی کہ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ نے فجر کی نماز پڑھائی۔ جس میں آپؐ کے لئے قراءت دشوار ہوگئی۔ یعنی آپؐ کا ارادہ پڑھنے کا تھا مگر دل ساتھ نہیں دے رہا تھا۔ نماز کے بعد آپؐ نے مقتدیوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: میرا خیال ہے کہ آپ لوگ امام کے پیچھے پڑھتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں ہم پڑھتے ہیں۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: ''ایسا نہ کرو، مگر سورۂ فاتحہ مستثنیٰ ہے۔ کیونکہ اسے پڑھے بغیر نماز نہیں'' —— یہ حدیث تفصیل سے ابوداؤد (مصری ۱:۱۷۲ باب من ترك القراء ۃ) میں ہے۔

تشریح: مذکورہ حدیث کی شرح میں چند باتیں جان لینی ضروری ہیں:

پہلی بات: یہ حدیث مضطرب ہے سنداً بھی اور متناً بھی۔ سند میں آٹھ اور متن میں پندرہ اقوال ہیں۔ یعنی یہ حدیث موصول ہے یا منقطع؟ اور اس حدیث کو حضرت عبادۃ سے محمود بن الربیع نے روایت کیا ہے یا نافع نے یا ابونعیم نے؟ پھر یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ یعنی مذکورہ واقعہ آنحضرت ﷺ کا ہے یا حضرت عبادۃ کا یا عبداللہ بن عمرو کا؟ نیز اس حدیث کا صحیح متن کیا ہے؟ رواۃ کے درمیان ان باتوں میں سخت اختلاف ہے اور محدثین اس اضطراب کا حل تلاش نہیں کر سکے۔ پس یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح تو بہر حال نہیں۔ خود امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو صرف حسن کہا ہے۔ اس لئے اس حدیث سے مقتدی پر فاتحہ کی فرضیت ثابت کرنا تو خود شوافع کے اصول کے خلاف ہے۔ کیونکہ فرضیت ثابت کرنے کے لئے ان کے نزدیک بھی کم از کم حدیث کا اعلیٰ درجہ کا ہونا شرط ہے۔ تفصیل معارف السنن (۳:۲۰۳) میں ہے۔

دوسری بات: آنحضور ﷺ کے دریافت کرنے کا جو انداز ہے وہ صریح ہے کہ صحابہ امام کے پیچھے جہراً یا پھس

پھس نہیں پڑھتے تھے ورنہ آپؐ یہ دریافت کرتے کہ: ''میرے پیچھے کون پڑھ رہا تھا؟'' اب غور یہ کرنا ہے کہ جب امام کے پیچھے نہ تو جہراً پڑھا گیا اور نہ قریب من الجہر تو پھر آپؐ کے لئے پڑھنا دشوار کیوں ہوا؟ اس کا جواب یہی ہے کہ پیچھے ایک امر منکر ہو رہا ہے خواہ وہ کسی بھی درجہ کا منکر ہو اس کا قلب نبوت پر اثر پڑا جس سے آپؐ کے لئے تلاوت دشوار ہوگئی ——— حضرت الاستاذ علامہ ابراہیم صاحب بلیاوی رحمہ اللہ نے اس جگہ اپنا یہ واقعہ سنایا تھا کہ وہ روزانہ عشاء کے بعد اپنے استاذ شیخ الہند قدس سرہ کے سر میں تیل رکھنے کے لئے جاتے تھے۔ کبھی حضرت دیر تک تیل رکھواتے اور کبھی یہ کہہ کر کہ آج جی نہیں چاہ رہا جلدی سر چھڑا لیتے۔ علامہ فرماتے ہیں: میں نے غور کیا تو اس نتیجہ پر پہنچا کہ جس دن میں باوضو تیل لگانے جاتا ہوں حضرت دیر تک لگواتے ہیں اور جب میں بے وضو جاتا ہوں تو حضرت جلدی سر چھڑا لیتے ہیں۔ اس کے بعد میں ہمیشہ باوضو تیل رکھنے کے لئے جانے لگا۔ جب ایک امتی کا یہ حال ہے تو قلب نبوت جو مجلّی و مصفّی تھا اس پر پیچھے ہونے والے امر منکر کا اثر کیسے نہیں پڑے گا؟ ضرور پڑے گا اور اسی کی وجہ سے پڑھنا دشوار ہو گیا تھا۔

علاوہ ازیں سلام پھیرتے ہی صحابی صغیر محمود بن الربیع رضی اللہ عنہ کا امام کے پیچھے پڑھنے کے سلسلہ میں دریافت کرنا دلالت کرتا ہے کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کا یہ فعل انوکھا تھا۔ اگر امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنی ضروری تھی تو آخر حضرت عبادۃ نے اپنے مقتدیوں کو یہ مسئلہ کیوں نہیں بتایا؟ اس اعتراض کا کوئی معقول جواب دینا ممکن نہیں۔

تیسری بات: حدیث میں لا تَفعلوا فعلِ نہی ہے۔ اور نہیِ مطلق حرمت کے لئے ہوتی ہے جس طرح امرِ مطلق وجوب کے لئے ہوتا ہے۔ پس مطلق قراءت کی نفی ہوگئی، پھر فاتحہ کا استثناء ہے۔ اور نہی سے استثناء اباحت کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے کہا جائے کہ اس جگہ کوئی نہ بیٹھے مگر ترجمان مستثنیٰ ہے، تو ترجمان کے لئے اس جگہ بیٹھنے کا صرف جواز ثابت ہوگا وجوب ثابت نہیں ہوگا۔ پس اس حدیث سے فاتحہ کا صرف جواز ثابت ہوسکتا ہے وجوب و فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی۔

آخری بات: حدیث شریف کا جو آخری ٹکڑا ہے: فإنه لا صلاة لمن لم يقرأ بها یہ اس حدیث کا جزء نہیں ہے، بلکہ وہ حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری مستقل حدیث ہے جس کو حضرت عبادۃ نے یا کسی نے اس حدیث کے ساتھ جوڑ دیا ہے اور وہ حدیث صحاح ستہ میں ہے اور پیچھے (۱:۵۸۶) گذر چکی ہے۔ اس حدیث کے راوی ابن شہاب زہری ہیں جس کو وہ محمود بن الربیع ہی سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابن شہاب زُہری نے محمود بن الربیع سے، انھوں نے حضرت عبادہؓ سے جو حدیث لاصلاة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب روایت کی ہے وہ اصح ہے۔ یعنی ابن شہاب زہری نے صرف آخری ٹکڑا مستقل حدیث کی شکل میں روایت کیا ہے اور وہی اصح ہے یعنی وہ ٹکڑا اس حدیث کا جز نہیں اور اس ٹکڑے کے اس حدیث کا جز نہ ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر اس کو اس حدیث کا جز تسلیم کیا جائے تو کلام نبوت کے اول و آخر میں تعارض ہو جائے گا۔ کیونکہ إلا بأم القرآن سے فاتحہ کی اباحت ثابت ہوتی ہے اور لا صلاة سے وجوب ثابت ہوتا ہے اور دونوں باتوں میں تعارض

ظاہر ہے اور کلام نبوت تعارض سے پاک ہوتا ہے۔

[۱۱۸] باب ماجاء فی القراء ۃ خلف الإمام

[۳۲۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن مُحمدِ بنِ إسحاقَ، عن مَكحولٍ، عن مَحمودِ بنِ الرَّبِيْعِ، عن عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، قال: صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الصُّبْحَ، فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ القِرَاءَةُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قال:" إِنِّى أَرَاكُمْ تَقْرَءُوْنَ وَرَاءَ إِمَامِكُمْ؟" قال: قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! إِىْ وَاللّٰهِ! قال:" لَاتَفْعَلُوْا إِلَّا بِأُمِّ الْقُرْآنِ، فَإِنَّهُ لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِهَا"

قال: وفى الباب عن أبى هريرةَ، وعائشةَ،وأنسٍ، وأبى قتادةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسى: حديثُ عُبادةَ حديثٌ حسنٌ؛ ورَوَى هٰذا الحديثَ الزُّهْرِيُّ، عن مَحمودِ بنِ الرَّبِيْعِ، عن عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم قال:" لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ" وهٰذَا أَصَحُّ.

والعَمَلُ عَلَى هٰذا الحديث فى القِرَاءَةِ خَلْفَ الإِمَامِ عند أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ، وهو قولُ مالكِ بنِ أنسٍ،وابنِ المباركِ، والشافعىِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ: يَرَوْنَ القِرَاءَةَ خَلْفَ الإِمَامِ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے وفی الباب میں جن احادیث کا حوالہ دیا ہے ان میں سے اکثر کا قراءت خلف الامام کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔ بلکہ وہ احادیثِ خداج ہیں۔ یعنی ان میں فاتحہ نہ پڑھنے کی صورت میں نماز کے ناقص ہونے کا بیان ہے۔ یعنی ان احادیث کا تعلق اس مسئلہ سے ہے جو اکتالیس ابواب پہلے گذرا ہے۔ مثلاً حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث اگلے باب میں آرہی ہے اور حضرت عائشہ اور عبداللہ بن عمرو کی حدیثیں ابن ماجہ میں ہیں۔ یہ تینوں احادیثِ خداج ہیں۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث متصل ہونے میں اور مرسل ہونے میں مضطرب ہے اور بیہقی رحمہ اللہ نے سنن کبری میں حدیث مرسل کو اصح کہا ہے۔ علاوہ ازیں اس میں امام کے پیچھے دل میں یعنی تصور میں پڑھنے کا ذکر ہے۔ اور حدیث ابوقتادہ مسند احمد وغیرہ میں ہے اور اس کی سند میں ایک مجہول راوی ہے۔ علاوہ ازیں وہ حدیثِ عبادۃ کے مانند ہے یعنی اس سے بھی فاتحہ کی اباحت ثابت ہوتی ہے کیونکہ نہی سے استثناء اباحت کے لئے ہوتا ہے ——— اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا یہ دعوی کہ اکثر صحابہ امام کے پیچھے قراءت کے قائل ہیں محض دعوی ہے جو واقعہ کے خلاف ہے۔ شامی رحمہ اللہ نے خزائن اور کافی کے حوالہ سے یہ بات لکھی ہے کہ اسّی اکابر صحابہ سے قراءت خلف الامام کی ممانعت وارد ہوئی ہے بلکہ متعدد صحابہ سے امام کے پیچھے پڑھنے کی صورت میں نماز کا

فاسد ہونا مروی ہے (شامی ۲:۲۶۶ باب صفة الصلاۃ) ——— اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کو قائلینِ وجوبِ فاتحہ کی فہرست میں شمار کرنا بھی صحیح نہیں۔ کیونکہ یہ حضرات نہ صرف یہ کہ وجوب کے قائل نہیں بلکہ قراءت خلف الامام کو مکروہ کہتے ہیں۔ جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے۔ اور ابن المبارک کا قول اگلے باب میں آرہا ہے کہ اگرچہ میں خود امام کے پیچھے پڑھتا ہوں لیکن جو نہ پڑھے اس کی بھی نماز کو درست قرار دیتا ہوں۔ معلوم ہوا کہ ابن المبارک بھی فاتحہ کی فرضیت کے قائل نہیں تھے۔ صرف امام شافعی رحمہ اللہ فاتحہ کو فرض کہتے ہیں اور محققین کا خیال یہ ہے کہ یہ قول امام شافعی رحمہ اللہ سے ثابت نہیں، بلکہ شوافع کا قول ہے پس اس باب میں تنہا شوافع رہ گئے باقی چاروں ائمہ اور صحابہ کا مانعینِ وجوبِ فاتحہ کی فہرست میں شمار ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فِیْ تَرْكِ الْقِرَاءَ ةِ خَلْفَ الإِمَامِ إِذَا جَهَرَ بِالْقِرَاءَ ةِ

جہری نمازوں میں مقتدی کے لئے قراءت کی ممانعت

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک ایسی نماز سے سلام پھیرنے کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے جس میں آپؐ نے تلاوت جہراً فرمائی تھی (ابوداؤد میں یہ حدیث ہے اس میں راوی کہتا ہے: ''میرا گمان یہ ہے کہ وہ فجر کی نماز تھی'' اور لفظ انصرَف بھی اس کا قرینہ ہے۔ کیونکہ آپؐ مغرب وعشاء میں لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر نہیں بیٹھا کرتے تھے) اور دریافت کیا: ''کیا آپ لوگوں میں سے کسی نے میرے ساتھ پڑھا؟'' ایک شخص نے عرض کیا: جی ہاں اے اللہ کے رسول! میں نے پڑھا (اوپر حضرت عبادۃ کی جو حدیث گذری ہے اس میں بہت سے حضرات بولے تھے اور قسم کھا کر انھوں نے اپنا پڑھنا بیان کیا تھا۔ اور یہاں پڑھنے والا صرف ایک شخص ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ حدیث بعد کی ہے اور حضرت عبادۃ کی حدیث میں جو واقعہ مذکور ہے وہ پہلے کا ہے) آنحضرت ﷺ نے فرمایا: بیشک میں سوچ رہا تھا: (آخر) کیا بات ہے کہ میں قرآن میں جھگڑا کیا جارہا ہوں (القرآنَ مفعول ثانی ہے۔ اور فاعل اور مفعول اول محذوف ہیں اور وہ قلب نبوت اور حضور اکرم ﷺ ہیں۔ اور امام کے پیچھے پڑھنا امر منکر ہے جو آنحضور ﷺ کے قلب مُجلّٰی و مُصَفّٰی پر اثر انداز ہوا ہے۔ بایں وجہ آپؐ کے دل ودماغ میں مناسبت باقی نہ رہی یعنی دماغ پڑھنا چاہتا تھا مگر دل ساتھ دینے پر آمادہ نہیں تھا) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس صحابہ نبی ﷺ کے ساتھ ان نمازوں میں پڑھنے سے رک گئے جن میں آپؐ جہراً تلاوت فرماتے تھے جب انھوں نے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد سنا ——— امام بخاری رحمہ اللہ نے جزء القراءۃ میں یہ حدیث نقل کرنے کے بعد آخر میں یہ اضافہ کیا ہے کہ صحابہ حضور اکرم ﷺ کے پیچھے سری نمازوں میں دل میں پڑھتے رہے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا: ابن شہاب زہری کے بعض تلامذہ قال: فانتهى الناس میں قال کا فاعل زُہری

کو بتاتے ہیں۔یعنی ابن شہاب زہری نے فرمایا کہ اس واقعہ کے بعد صحابہ حضور ﷺ کے پیچھے پڑھنے سے رک گئے۔ پس حدیث کا یہ آخری ٹکڑا ابن شہاب زہری کی مرسل روایت ہے۔اور زہری کی مرسل روایتیں بالاتفاق ضعیف ہوتی ہیں۔

مگر صحیح بات یہ ہے کہ قال کا فاعل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے زُہری کی مرسل روایت نہیں ہے۔اور دلیل یہ ہے کہ عبداللہ بن السرح کی حدیث میں اس کی صراحت ہے۔ان کا بیان ہے کہ معمر نے ابن شہاب زہری کے واسطہ سے یہ بات ذکر کی کہ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا: اس واقعہ کے بعد صحابہ نے حضور اکرم ﷺ کے پیچھے پڑھنا ترک کردیا۔یہ حدیث ابوداؤد (مصری ۱:۲۱۹باب من کرہ القراء ۃ) میں ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح حدیث ہے۔

اور جن لوگوں نے اس آخری ٹکڑے کو ابن شہاب زہری کا قول بتایا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ابن شہاب کے سبق میں لوگ کثرت سے حاضر ہوتے تھے۔اور معمر: ابن شہاب کے لاؤڈ اسپیکر تھے۔یعنی وہ ابن شہاب سے سن کر حدیث پکار کر کہتے تھے، مکبر کے پکار کر تکبیر کہنے کی طرح۔اور طالب علم لکھتے تھے۔پھر بعد میں جب کسی طالب علم کو کسی جگہ پر شک ہوتا تو وہ معمر سے پوچھتا کہ استاذ نے فلاں جگہ کیا کہا تھا تو معمر جواب دیتے: قال الزہری کذا پس یہ بھی اسی قسم کا جملہ ہے —— باب کی حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے مگر ہمارے نسخوں میں کسی کی کارستانی سے لفظ صحیح اڑ گیا ہے۔مصری نسخہ میں حسنٌ صحیحٌ موجود ہے۔اور مصری نسخہ سے میری مراد ابن العربی کی ترمذی کی شرح عارضۃ الاحوذی کا متن ہے۔

[۱۱۹] باب ماجاء فی ترک القراء ۃ خلف الإمام إذا جھر بالقراء ۃ

[۳۲۱-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالکٌ، عن ابنِ شِهابٍ، عن ابنِ أُکَیْمَةَ اللَّیْثِیِّ، عن أبی هریرة: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم انْصَرَفَ مِن صَلَاةٍ جَهَرَ فِیْهَا بِالْقِرَاءَ ةِ، فَقَالَ:" هَلْ قَرَأَ مَعِی أَحَدٌ مِنْکُمْ آنِفًا؟" فقال رجلٌ: نعم یارسولَ اللہ! قال:" إِنِّی أَقُوْلُ مَالِیْ أُنَازَعُ الْقُرآنَ؟" قال: فَانْتَهَی الناسُ عن القِرَاءَ ةِ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْمَا یَجْهَرُ فِیْهِ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مِنَ الصَّلَوَاتِ بِالْقِرَاءَ ةِ، حِیْنَ سَمِعُوْا ذٰلِکَ مِن رَسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.

وفی الباب: عن ابنِ مَسعودٍ، وعمرانَ بنِ حُصینٍ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ. قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ. وابنُ أُکَیْمَةَ اللَّیْثِیُّ: اسْمُهُ عُمَارَةُ، ویُقَالَ: عَمْرُو بنُ أُکَیْمَةَ.

ورَوَی بعضُ أصحابِ الزُّهرِیِّ هٰذا الحدیثَ، وذَکَرُوْا هٰذا الحَرْفَ، قال: قال الزُّهرِیُّ: فَانْتَهَی النَّاسُ عن القِرَاءَ ةِ حِیْنَ سَمِعُوْا ذٰلِکَ مِن رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم.

وضاحت: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث طحاوی میں اور عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث مسلم میں ہے

اور دونوں کا مضمون تقریباً حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی طرح ہے۔یعنی دونوں میں یہ بات ہے کہ پیچھے کسی مقتدی کے پڑھنے کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ پر تلاوت دشوار ہوگئی۔اور حضرت عمران کی حدیث میں ظہر یا عصر کا واقعہ ہونے کی بھی صراحت ہے۔اور حضرت جابر کی حدیث موطا محمد (ص:۹۸) میں علی شرط الشیخین ہے اس کے الفاظ ہیں: من صلّٰی خلف الإمام فإن قراء ةَ الإمامِ له قراء ةٌ: یعنی امام کی قراءت مقتدی کے حق میں محسوب ہے۔ اور فاتحہ بھی قراءت ہے پس امام کا فاتحہ مقتدی کے حق میں محسوب ہے۔رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد پانچ صحابہ روایت کرتے ہیں۔حدیث کی تخریج کے لئے نصب الرایہ (۲:۶ تا۱۲) دیکھیں۔اس باب میں اور بھی روایتیں ہیں مثلاً حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث :إذا قَرأ فَأَنْصِتُوْا مسلم شریف (۱:۱۷۴ باب التشهد) میں ہے اور اسی مضمون کی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے اور امام مسلم نے اگرچہ ابو خالد احمر میں بعض حضرات کے کلام کرنے کی وجہ سے اپنی صحیح میں اس کی تخریج نہیں کی مگر انھوں نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔اور امام احمد رحمہ اللہ نے بھی دونوں حدیثوں کی تصحیح کی ہے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ابوداؤد میں ہے۔غرض یہ تمام حدیثیں عام ہیں جہری کی تخصیص کے ساتھ صرف حضرت ابو ہریرہ کی حدیث ہے۔

۞ ۞ ۞

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث سے قائلین فاتحہ کے مذہب پر نقض وارد نہیں ہوتا کیونکہ ابو ہریرہؓ ہی کی دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص سورۂ فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں۔کسی طالب علم نے پوچھا: جب میں مقتدی ہوں تو کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا:''اس وقت فاتحہ سراً پڑھ'' اس حدیث میں اور اوپر جو حدیث گذری ہے اس میں تعارض ہے۔اور اس کا حل صرف یہ ہے کہ اوپر کی روایت میں غیر فاتحہ مراد لیا جائے۔یعنی آنحضرت ﷺ کا مذکورہ ارشاد سن کر صحابہ غیر فاتحہ پڑھنے سے رک گئے اور فاتحہ پڑھتے رہے۔اور دلیل یہ ہے کہ ابو ہریرہؓ نے امام کے پیچھے فاتحہ پڑھنے کے لئے فرمایا ہے۔

اور دوسری دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ذریعہ مدینہ میں اعلان کروایا ہے کہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔اگر مقتدی مستثنیٰ ہوتا تو مبہم اعلان کیسے کیا جاتا؟ مقتدی کا استثناء کرنا ضروری تھا کیونکہ بیشتر مسلمان باجماعت نماز پڑھتے تھے (امام ترمذی کی بات پوری ہوئی)

گذارش: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں لفظ خِداج کے جو معنی سمجھے گئے ہیں کہ نماز نہیں ہوئی اس معنی سے اتفاق نہیں، کیونکہ عورت یا جانور اگر مدتِ حمل پوری ہونے سے پہلے بچہ جن دے اور بچہ تام الخلق ہو تو مجرد سے خَدَجَتِ النَّاقَةُ اور خَدَجَتِ الْمرْأَةُ کہتے ہیں یعنی اونٹنی نے قبل از وقت بچہ جنا اور عورت نے مدتِ حمل پوری ہونے سے پہلے بچہ جنا۔اور اگر بچہ ناقص الخلق ہو خواہ مدتِ حمل پوری ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو تو پھر یہ لفظ باب افعال سے

استعمال کیا جاتا ہے کہتے ہیں: أَخْدَجَتِ الناقةُ: اونٹنی نے ناتمام بچہ جنا۔ بہرصورت اس لفظ کے مفہوم میں ناتمامیت کے معنی ہیں۔ پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس نے نماز پڑھی اور اس میں سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز اگرچہ ہوگئی مگر کامل نہیں ہوئی، ناقص ہوئی۔ اور اسی حدیث کی وجہ سے احناف نے فاتحہ کی فرضیت کی نفی کی ہے اور اس کے واجب ہونے کی بات کہی ہے۔ اور بعد میں جو لفظ غیر تمام آیا ہے وہ خداج کی تفسیر ہے۔ خواہ یہ حضور ﷺ کا ارشاد ہو جیسا کہ احناف کہتے ہیں، یا بعد میں کسی راوی نے بڑھایا ہو جیسا کہ ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں، بہرصورت اس نے خداج کے معنی کی تعیین کی ہے۔ غرض یہ حدیث گذشتہ مسئلہ سے متعلق ہے کہ نماز میں فاتحہ واجب ہے فرض نہیں۔ قراءت خلف الامام کے مسئلہ سے اس حدیث کا کوئی تعلق نہیں۔

اسی طرح اقرأْ بها فی نفسك کا جو ترجمہ کیا گیا ہے کہ ''سراً پڑھ'' یہ بھی صحیح نہیں۔ کیونکہ قرأ فی نفسه اور قال فی نفسه ایک محاورہ ہے اور اس کے معنی ہیں: دل ودماغ میں پڑھنا اور سوچنا اور یہ سر کے ادنی درجہ سے بھی نیچے کا درجہ ہے۔ جہر کا ادنی درجہ یہ ہے کہ دائیں بائیں موجود لوگ سن لیں۔ اور جہر کے اعلی درجہ کی کوئی حد نہیں ﴿إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ﴾ اور سر کا اعلی درجہ ہے إسماع نفسه اپنے آپ کو سنانا۔ اور سر کا ادنی درجہ ہے تصحیح حروف یعنی زبان حرکت کرے، مخارج پر جا کر لگے اور حروف کی ادائیگی ہو۔ اور اس سے نیچے قراءت نفسی ہے۔ یعنی ہونٹ ساکن ہوں، زبان اپنی جگہ ٹھہری ہوئی ہو اور دل ودماغ میں پڑھ رہا ہو تو یہ قراءتِ نفسی ہے جس کو سوچنا اور تصور میں پڑھنا کہتے ہیں۔ اور فاتحہ کو سوچنے کے لئے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس لئے فرمایا ہے کہ دماغ نہ بھٹکے اور آدمی نماز میں مشغول رہے۔ علاوہ ازیں حضرت ابوہریرہؓ جہری نماز میں امام کے پیچھے پڑھنے کو ناجائز کہتے تھے جیسا کہ علامہ بیہقی نے اپنی تصنیف کتاب القراءۃ میں حضرت عائشہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کا یہی مذہب بیان کیا ہے، پھر انھوں نے جہری نماز میں امام کے پیچھے سراً پڑھنے کے لئے فرمایا ہو یہ بات کیسے ممکن ہے؟ (معارف السنن ۳: ۲۳۹)

اور دوسری دلیل کے جواب میں یہ عرض ہے کہ حضرت ابوہریرہ کے مدینہ میں اعلان کے بارے میں جو حدیث ذکر کی گئی ہے اس میں فَمَا زَادَ بھی ہے۔ اور امام بخاریؒ کے جزء القراءۃ میں اس حدیث کے آخر میں وما زاد ہے اور مقتدی کے لئے فاتحہ کے ساتھ سورت پڑھنے کے ائمہ ثلاثہ بھی قائل نہیں۔ غرض دلالتِ عقل سے مقتدی کا استثناء خود بخود ہو جاتا ہے (ابوداؤد مصری ۱: ۲۱۶ باب من ترك القراءة) غرض یہ حدیث امام اور منفرد کے لئے ہے، مقتدی اس سے مستثنی ہے۔

وَلَيْسَ فی هٰذا الحديثِ مَا يَدْخُلُ عَلَى مَنْ رَأَى القِرَاءَ ةَ خَلْفَ الإِمَامِ، لِأَنَّ أَبَا هُريرةَ هُوَ الَّذِىْ رَوَى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم هٰذا الحديثَ.

[۳۲۲-] ورَوَى أبو هريرةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّه قال: مَن صَلَّى صَلَاةً لم يَقْرَأْ فِيْهَا

بأُمِّ الْقُرْآنِ فَهِيَ خِدَاجٌ غَيْرُ تَمَامٍ؛ فَقَالَ لَهُ حَامِلُ الحَدَثِ: إِنِّيْ أَكُوْنُ أَحْيَانًا وَرَاءَ الإِمَامِ؟ قال: اِقْرَأْ بِهَا فِيْ نَفْسِكَ.

[۳۲۳-] ورَوَى أبو عُثمانَ النَّهْدِيُّ، عن أبي هريرةَ، قال: أَمَرَنِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَن أُنَادِيَ أَن لَاصَلَاةَ إِلَّا بِقِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ.

ترجمہ: اوراس حدیث سے ان حضرات کے قول کا فساد لازم نہیں آتا جوامام کے پیچھے پڑھنے کے قائل ہیں (دَخلَ یدخُل دَخلاً مصدر سے فعل مضارع ہے دُخولاً سے نہیں ہے) اس لئے کہ ابو ہریرہؓ جواس حدیث کے راوی ہیں وہ رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث بھی روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ''جس نے کوئی نماز پڑھی اوراس میں فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی'' ان سے کسی طالب علم نے پوچھا: بیشک میں کبھی امام کے پیچھے ہوتا ہوں (پس کیا حکم ہے؟) تو انھوں نے فرمایا: ''فاتحہ سراًپڑھو'' اورابو عثمان نہدی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ اعلان کرنے کا حکم دیا کہ جوشخص فاتحہ نہ پڑھے اس کی نماز نہیں۔

❀ ❀ ❀

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے مذاہب بیان کئے ہیں۔اور جن حضرات کا تذکرہ قائلین فاتحہ کے باب میں کیا تھا مانعین فاتحہ کے باب میں بھی انہی کا ذکر کیا ہے۔ درانحالیکہ اس باب میں ان حضرات کا تذکرہ کرنا چاہئے جو قراءت خلف الامام کے قائل نہیں ہیں۔اور صحیح بات یہ ہے کہ یہاں جن ائمہ کا تذکرہ کیا ہے وہ مانعین وجوب فاتحہ میں سے ہیں ان کا شمار قائلین کی فہرست میں کرنا ہی صحیح نہیں۔

الغرض امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ حجازی مکتب فکر کے محدثین کا اس پر اتفاق ہے کہ جہری نماز میں مقتدی کے لئے امام کے ساتھ پڑھنا جائز نہیں البتہ اس کے لئے فاتحہ پڑھنی ضروری ہے اور وہ فاتحہ امام کے سکتوں میں پڑھے یعنی جب امام کوئی آیت پوری کر کے سانس لے تو مقتدی جلدی سے ایک آیت پڑھ لے۔ پھر دوسرے سکتہ میں دوسری آیت پڑھے اور تیسرے میں تیسری۔ آخر تک اسی طرح پڑھے۔امام کے ساتھ ساتھ نہ پڑھے تا کہ استماع اور انصات کا حکم ہاتھ سے نکل نہ جائے۔امام مالک، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ نے یہی بات کہی ہے۔

مگر صحیح بات یہ ہے کہ ان حضرات کا یہ مذہب نہیں۔امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تو جہری نماز میں مطلقاً فاتحہ پڑھنا مکروہ ہے۔اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک فاتحہ پڑھنا ضروری نہیں ہاں سکتاتِ امام میں پڑھ سکتا ہے یعنی مباح ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ثابت نہیں۔ تفصیل پہلے گذر چکی۔

اور ابن المبارکؒ نے فرمایا: میں امام کے پیچھے فاتحہ پڑھتا ہوں اور لوگ بھی پڑھتے ہیں مگر کوفہ کے کچھ لوگ نہیں پڑھتے اور میں ان کی نماز کو بھی درست قرار دیتا ہوں۔معلوم ہوا کہ ابن المبارکؒ بھی فاتحہ کی فرضیت کے قائل نہیں تھے۔

پھرامام ترمذی رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ پر تنقید کی ہے۔فرماتے ہیں: بعض اہل علم نے اس مسئلہ میں سختی کی ہے، وہ ہر حال میں فاتحہ کو فرض کہتے ہیں،خواہ آدمی امام کے پیچھے ہی نماز کیوں نہ پڑھ رہا ہو۔اورانھوں نے حضرت عبادۃ کی حدیثِ عام: لاصلاۃ لمن لم یقرأ بفاتحۃ الکتاب سے استدلال کیا ہے۔اس طرح کہ اس کے عموم میں مقتدی کو بھی شامل کیا ہے اور حدیث کو سری اور جہری تمام نمازوں کے لئے عام رکھا ہے۔پس ہر نماز میں ہر شخص پر فاتحہ فرض ہے۔اورانھوں نے عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کے اس واقعہ کو جو پہلے باب میں گذرا ہے اس کے لئے قرینہ بنایا ہے اس طرح کہ حدیثِ عام کے راوی کا عمل بحالتِ اقتداء فاتحہ پڑھنے کا تھا، پس معلوم ہوا کہ اس کے عموم میں مقتدی بھی شامل ہے اور جہری نماز بھی۔

مگرامام احمد رحمہ اللہ اس حدیث کے عموم میں مقتدی کو شامل نہیں کرتے اوراس پر فاتحہ کو فرض قرار نہیں دیتے اس لئے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مقتدی کا استثناء کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: جس شخص نے کوئی نماز پڑھی اوراس میں فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی،مگر وہ شخص جو امام کے پیچھے پڑھ رہا ہے وہ مستثنیٰ ہے یعنی فاتحہ پڑھے بغیر بھی اس کی نماز ہوجائے گی۔اور صحابی کا فہم واجتہاد امت کے مجتہدین کے فہم سے بالاتر ہے۔

فائدہ: اہل السنہ والجماعۃ بالاتفاق قرآن، حدیث اور اجماع امت کو حجت تسلیم کرتے ہیں۔مگر آثار صحابہ کے بارے میں امام شافعیؒ نے اختلاف کیا ہے وہ فرماتے ہیں: ھم رجالٌ ونحن رجالٌ یعنی ان کا شمار بھی امت کے مجتہدین میں ہے اور ہم بھی امت کے مجتہد ہیں اور ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی پیروی لازم نہیں۔اس لئے آثار صحابہ یعنی صحابہ کا فہم واجتہاد حجت نہیں۔صحابی کے اجتہاد کی موجودگی میں بھی دوسرے اجتہاد کی گنجائش ہے،مگر دیگر ائمہ آثار صحابہ کو بھی حجت مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ صحابی کا فہم دیگر مجتہدین کے فہم سے برتر ہے۔بلکہ احناف تو یہاں تک کہتے ہیں کہ صحابی کے اثر کی موجودگی میں دوسرا اجتہاد کرنا جائز ہی نہیں۔اسی پر عمل کرنا ضروری ہے۔اوراگر کسی مسئلہ میں صحابہ کی متعدد رائیں ہوں تو غور وفکر کرکے ان میں سے کسی ایک کو اپنانا ضروری ہے، نیا اجتہاد کرنے کی اجازت نہیں۔اور قیاس کو بھی چاروں ائمہ نے حجت تسلیم کیا ہے مگر قیاس مثبت حکم نہیں بلکہ مُظہرِ حکم ہے اس لئے چاروں مذاہب کے مقلدین کا نام اہل السنہ والجماعۃ ہے۔یعنی وہ لوگ جو قرآن کریم کے بعد سنت اوراجماع امت کو بھی حجت مانتے ہیں۔اورآثار کو اس لئے شامل نہیں کیا کہ ان میں اختلاف ہے۔اور قیاس صرف مظہر ہے مثبت نہیں۔اس لئے اس کو بھی شامل نہیں کیا۔

واخْتَارَ أَصْحَابُ الْحَدِيْثِ أَن لَّا يَقْرَأَ الرجلُ إِذَا جَهَرَ الإمَامُ بِالْقِرَاءَ ةِ، وقالُوا: يَتَّبِعُ سَكْتَاتِ الإِمَامِ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فى القِرَاءَ ةِ خَلْفَ الإِمَامِ: فَرَأَى أَكْثَرُ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ ومَن بَعدَهُمُ القِراءَ ةَ خَلْفَ الإِمَامِ، وبه يَقولُ مالكٌ،وابنُ المباركِ، والشافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ورُوِىَ عن عبدِ اللّٰهِ بن المباركِ أَنَّهُ قَالَ: أَنَا أَقْرَأُ خَلْفَ الإِمَامِ، وَالنَّاسُ يَقْرَءُوْنَ إِلَّا قَوْمٌ مِنَ الكُوْفِيِّيْنَ، وَرَأَى أَنَّ مَنْ لَمْ يَقْرَأْ صَلَاتُهُ جَائِزَةٌ.

وَشَدَّدَ قَوْمٌ من أهلِ العلمِ فى تَرْكِ قِراءَةِ فاتحةِ الكتابِ، وإن كان خَلْفَ الإمام، قالوا: لاتُجْزِئُ صلاةٌ إِلَّا بِقِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الكتابِ، وَحْدَهُ كَانَ أَوْ خَلْفَ الإِمَامِ؛ وذَهَبُوْا إِلٰى مَارَوَى عُبَادَةُ بن الصَّامِتِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم؛ وقَرَأَ عُبَادَةُ بنُ الصَّامِتِ بَعدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم خَلْفَ الإِمَامِ، وتَأَوَّلَ قَوْلَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَاصَلَاةَ إِلَّا بِقِرَاءَةِ فَاتِحَةِ الكِتَابِ "؛ وبه يقولُ الشافعيُّ، وإسحاقُ، وغَيْرُ هُمَا.

وأما أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ فقال: مَعْنَى قولِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:"لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الكتابِ" إِذَا كَانَ وَحْدَهُ؛ وَاحْتَجَّ بِحَديثِ جابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ حَيْثُ قَالَ: مَنْ صَلّٰى رَكْعَةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِأُمِّ القُرآنِ فَلَم يُصَلِّ إِلَّا أَن يَكُوْنَ وَرَاءَ الإِمَامِ؛ قال أحمدُ: فَهٰذا رَجُلٌ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم تَأَوَّلَ قَولَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَاصَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَأْ بِفَاتِحَةِ الكِتَابِ": أَنَّ هٰذا إِذَا كَانَ وَحْدَهُ.

وَاخْتَارَ أحمدُ مَعَ هٰذا القِرَاءَةَ خَلْفَ الإِمَامِ، وأَن لَّا يَتْرُكَ الرجلُ فاتحةَ الكتاب، وإِنْ كَانَ خَلْفَ الإِمَامِ.

[۳۲٤-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِيُّ، نا معنٌ، نا مالكٌ، عن أبى نُعَيْمٍ وهبِ بنِ كَيْسَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بنَ عبدِ اللّٰهِ، يقولُ: من صَلَّى رَكْعَةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِأُمِّ الْقُرآنِ فَلَمْ يُصَلِّ إِلَّا أن يَكونَ وَرَاءَ الإِمَامِ؛ هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: اوراصحابِ حدیث یعنی حجازی مکتب فکر کے محدثین نے یہ بات پسند کی ہے کہ آدمی فاتحہ نہ پڑھے جبکہ امام جہراً تلاوت کررہا ہو، اورانھوں نے کہا کہ وہ امام کے سکتوں کی پیروی کرے۔اور علماء کا امام کے پیچھے قراءت کرنے کے بارے میں اختلاف ہے۔صحابہ وتابعین اور بعد کے اکثر علماء کی رائے امام کے پیچھے پڑھنے کی ہےاوراس کے مالک،ابن المبارک،شافعی،احمداوراسحاق رحمہم اللہ قائل ہیں (امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ بات خلاف واقعہ ہےاس لئے کہ اسّی اکابر صحابہ سے امام کے پیچھے نہ پڑھنا مروی ہے۔اورائمہ اربعہ میں سے اکثر حضرات کی بھی یہی رائے ہے تفصیل گذرچکی) اورابن المبارک سے روایت کیا گیا کہ انھوں نے فرمایا: میں امام کے پیچھے پڑھتا ہوں اورلوگ بھی پڑھتے ہیں مگر کوفہ کے کچھ لوگ نہیں پڑھتے۔اورمیری رائے یہ ہے کہ جوشخص نہ پڑھےاس کی نماز بھی صحیح ہے۔

اوربعض اہل علم نے فاتحہ نہ پڑھنے کے سلسلہ میں سختی کی ہے،اگرچہ وہ امام کے پیچھے ہو،وہ کہتے ہیں: فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی،خواہ تنہا پڑھ رہا ہو یا امام کے پیچھے پڑھ رہا ہو۔اورانھوں نے حضرت عبادۃ کی حدیث سے استدلال کیا ہے،جس کو وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔اورحضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے بعدامام کے پیچھے

پڑھا ہے اور انھوں نے نبی ﷺ کے قول لا صلاۃ کا یہی مطلب سمجھا ہے۔ یعنی انھوں نے حدیث کے عموم میں مقتدی کو شامل کیا ہے اور یہ امام شافعی اور اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ کا قول ہے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کے ارشاد لا صلاۃ کا محمل وہ صورت ہے جبکہ آدمی منفرد ہو۔ اور انھوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تمسک کیا ہے، اس طرح کہ انھوں نے فرمایا: جس شخص نے کوئی رکعت پڑھی اور اس میں فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی، مگر یہ کہ وہ امام کے پیچھے ہو (جس طرح لا صلاۃ میں ناقص کو معدوم فرض کیا گیا ہے اسی طرح حضرت جابر کے قول لم یُصل میں بھی ناقص کو معدوم فرض کیا گیا ہے) امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی ہیں۔ انھوں نے لا صلاۃ کا یہ مطلب سمجھا ہے کہ یہ حکم اس صورت میں ہے جبکہ آدمی منفرد ہو۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے اس کے باوجود امام کے پیچھے پڑھنے کو پسند کیا اور یہ بات پسند کی کہ آدمی فاتحہ کسی حال میں نہ چھوڑے اگرچہ وہ امام کے پیچھے ہو (امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام احمد رحمہ اللہ کے مذہب کی صحیح ترجمانی نہیں کی) پھر حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے قول کی سند لکھی ہے۔

بحث کا تتمہ اور ہدایت المعتدی کا خلاصہ:

ہمارے اکابر میں سے حضرت گنگوہی قدس سرہ نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے جو چھپ چکا ہے اور بازار میں دستیاب ہے اس رسالہ کا نام ہے: **هداية المعتدى فى قراء ة المقتدى**۔ اس رسالہ کا حاصل یہ ہے کہ دور اول میں امام جو کچھ پڑھتا تھا مقتدی بھی ساتھ ساتھ پڑھتے تھے اور یہ قرآن یاد کرنے کا ایک طریقہ تھا۔ عربوں کا مزاج سن کر اور پڑھ کر حفظ کرنے کا تھا، بلکہ آج تک ان کے یہاں حفظ کا یہی طریقہ رائج ہے۔ یہ طریقہ ایک عرصہ تک برقرار رہا۔ پھر امام کے پیچھے غیر فاتحہ پڑھنے سے روک دیا گیا۔ صرف فاتحہ کی اباحت باقی رہی۔ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث جو پچھلے باب میں گذری ہے وہ اسی دور کی ہے، یعنی پہلے صحابہ کرامؓ آنحضور ﷺ کے پیچھے فاتحہ اور غیر فاتحہ سب کچھ پڑھتے تھے پھر جب آپؐ نے لاتفعلوا إلاّ بِأُمِّ القرآن فرمایا تو لوگ غیر فاتحہ پڑھنے سے رک گئے اور فاتحہ کی اباحت باقی رہی۔ پھر کچھ عرصہ کے بعد یہ حکم بھی منسوخ ہو گیا اور مقتدی کے پڑھنے پر ہر طرح سے پابندی عائد کر دی گئی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث جو دوسرے باب میں ہے اسی زمانہ کی ہے اور وہ حدیثِ عبادۃ کے لئے ناسخ ہے اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد: مالی أُنازَع القرآن میں امام کے پیچھے مطلقاً قراءت کی ناپسندیدگی کا اظہار ہے۔ صحابہ ہوشیار تھے، وہ اشارہ کو سمجھ گئے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس واقعہ کے بعد لوگ حضور ﷺ کے پیچھے پڑھنے سے رک گئے۔ غرض نماز کی موجودہ شکل تین مرحلوں سے گذر کر تکمیل پذیر ہوئی ہے۔ پہلے مقتدی کے لئے فاتحہ اور غیر فاتحہ سب کی تلاوت جائز تھی، پھر غیر فاتحہ کی تلاوت منسوخ کر دی گئی۔ اور فاتحہ کی صرف اباحت باقی رکھی گئی۔ پھر فاتحہ کی اباحت بھی منسوخ ہوگئی، اور فاتحہ غیر فاتحہ سب سے مقتدی کو روک دیا گیا۔ جیسے پہلے

نماز میں ہراونچ نیچ کے ساتھ رفع یدین تھا۔ پھروہ تدریجاً منسوخ ہوتا گیا یہاں تک کہ تکبیرتحریمہ پر پہنچ کررک گیا۔ احناف نے جس طرح یہاں آخری روایت کولیا ہے چنانچہ وہ تحریمہ کے علاوہ کسی جگہ رفع کے قائل نہیں، اسی طرح قراءت کے مسئلہ میں بھی انھوں نے آخری روایت کومعمول بہ بنایا ہےاورسری اور جہری ہرنماز میں امام کے پیچھے پڑھنے کو مکروہ تحریمی کہا ہے۔ اورامام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ نے وہاں بھی درمیانی روایت لی ہے اور یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے۔ مزید تفصیل کے لئے حضرت گنگوہی کے رسالہ کامطالعہ کرنا چاہئے۔

اس مسئلہ میں حضرت نانوتوی قدس سرہ کا بھی ایک رسالہ ہے۔ وہ رسالہ درحقیقت آپ کا ایک مکتوب ہے۔ اوردو ناموں سے شائع ہوا ہے، ایک نام ہے: **الدليل المُحكم على عدم قراءة الفاتحة للمؤتم**۔ اوردوسرا نام ہے: **توثيق الكلام في الإنصات خلف الإمام**۔ یہ ایک ہی رسالہ کے دونام ہیں، البتہ توثیق الکلام میں چندسطریں زیادہ ہیں۔ اور میں نے اس کی شرح لکھی ہے جس کا نام ہے: کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟ یہ رسالہ بھی اپنے موضوع پرلاجواب ہے اس کا بھی مطالعہ کرنا چاہئے۔

توثیق الکلام کا خلاصہ:

فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں اصل اختلاف احناف اورشوافع کے درمیان ہے۔ اوردونوں ہی اتنی بات بالاتفاق تسلیم کرتے ہیں کہ مقتدی نماز کے ساتھ براہِ راست متصف نہیں بلکہ وہ امام کے واسطہ سے متصف ہے۔ اورواسطہ تین قسم کا ہوتا ہے واسطہ فی العروض، واسطہ فی الثبوت اورواسطہ فی الاثبات۔ واسطہ فی الاثبات حداوسط کو کہتے ہیں جو قیاس میں ثبوتِ نتیجہ کے لئے واسطہ ہوتی ہے۔ اورواسطہ فی العروض [1] میں وصف ایک ہوتا ہےاوراس کے ساتھ بالذات اور حقیقۃً صرف واسطہ متصف ہوتا ہے۔ اور ذوالواسطہ بالعرض اورمجازاً متصف ہوتا ہے جیسے مسافرانجن کے واسطہ سے بالعرض اورمجازاً حرکت کے ساتھ متصف ہے [2] حقیقۃً صرف انجن (واسطہ) حرکت کے ساتھ متصف ہے —— اور واسطہ فی العروض میں چونکہ وصف ایک ہوتا ہے اوراس سے حقیقۃً صرف واسطہ متصف ہوتا ہے اس لئے ضروریاتِ وصف کی حاجت صرف اسی کو ہوتی ہے۔ ذوالواسطہ کواس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ پس حرکت کی ضروریات مثلاً ڈیزل، پیٹرول یا کوئلہ پانی کی حاجت صرف انجن کو ہوگی مسافروں کواور ڈبوں کونہیں ہوگی۔ مسافر اگر بیمار بھی ہواورحرکت کی طاقت نہ بھی رکھتا ہو یا سویا ہوا ہوتو بھی وہ ریل کے واسطہ سے متحرک ہوگا۔ یعنی منزل مقصود کی طرف رواں دواں ہوگا۔

(۱) واسطہ فی العروض یہ ہے کہ وصف کے ساتھ حقیقۃً اور بالذات صرف واسطہ متصف ہو، اور ذوالواسطہ بالعرض اورمجازاً متصف ہو، جیسے مسافرانجن کے واسطہ سے بالعرض اورمجازاً حرکت کے ساتھ متصف ہوتا ہے، حقیقۃً صرف انجن (واسطہ) حرکت کے ساتھ متصف ہوتا ہے ۱۲

(۲) حرکت سے مراد محض ہلنا نہیں، بلکہ مقصد کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ مثلاً ریل کا دہلی کی طرف جانا یہ حرکت ہے۔

البتہ ذوالواسطہ کا واسطہ کے احاطہ میں ہونا ضروری ہے۔ اگر وہ واسطہ کے احاطہ سے خارج ہو تو پھر متحرک نہ ہوگا۔ یعنی مسافر اگر ڈبے میں ہوگا تو دہلی پہنچے گا، ورنہ میرٹھ کے اسٹیشن پر کھڑا رہ جائے گا۔

اور واسطہ فی الثبوت (۱) میں وصف متعدد ہوتے ہیں اور اس کے ساتھ واسطہ اور ذوالواسطہ دونوں حقیقۃً متصف ہوتے ہیں، اس لئے ضروریات وصف کی حاجت دونوں کو رہتی ہے، جیسے تالا کھولنے میں ہاتھ اور چابی واسطہ ہیں۔ اور دونوں حرکت کے ساتھ حقیقۃً متصف ہیں پس دونوں میں حرکت کے ساتھ متصف ہونے کی صلاحیت اور قابلیت ضروری ہے۔ ہاتھ اگر شل ہو یا چابی وزنی ہو تو حرکت نہیں کرسکتی۔

اس تفصیل کے بعد یہ بات جاننی چاہئے کہ نماز کی حقیقت و ماہیت قراءت ہے۔ قراءت ہی کے لئے نماز مشروع ہوئی ہے، اور دیگر ارکان رکوع وسجود، قیام وقعدہ وغیرہ حضوری دربار کے آداب ہیں۔ اب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ امام کو واسطہ فی العروض قرار دیتے ہیں پس وصفِ قراءت کی حاجت صرف امام کو ہوگی مقتدیوں کو اس کی ضرورت نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ امام کو واسطہ فی الثبوت مانتے ہیں پس وصفِ قراءت کی ضرورت امام ومقتدی دونوں کو ہوگی۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے امام کو جو واسطہ فی العروض مانا ہے تو حضرت نانوتوی قدس سرہ نے اس کی پانچ دلیلیں بیان کی ہیں۔ اور شرح میں میں نے پانچ دلیلیں اور بڑھائی ہیں ان میں سے دو تین یہ ہیں:

۱– عربی زبان کا قاعدہ ہے: جب مفرد کی اضافت جمع کی طرف کی جاتی ہے تو مضاف ایک ہوتا ہے اور مضاف الیہ متعدد ہوتے ہیں۔ مثلاً کتابهم (ان کی کتاب) أبوهم (ان کے والد) کتاب اور والد ایک ہیں۔ اور مالک اور بیٹے متعدد ہیں۔ اور جب جمع کی اضافت جمع کی طرف کی جاتی ہے تو مضاف اور مضاف الیہ دونوں متعدد ہوتے ہیں مثلاً: رَوَوْا عن آبائهم (انھوں نے اپنے باپوں سے روایت کی) أَخَذُوا أَقْلاَمَهُمْ (انھوں نے اپنے قلم لئے) اس میں ہر راوی کا والد الگ ہے اور ہر شخص کا قلم جدا ہے۔

غرض اضافت کی پہلی صورت میں جمع کے تمام افراد واحد (ایک چیز) میں شریک ہوتے ہیں۔ اور دوسری صورت میں تقسیم الآحاد علی الآحاد ہوتی ہے —— اب تمام احادیث پر نظر ڈال لیجئے۔ اور عرف کو بھی دیکھ لیجئے سب جگہ صلاة الجماعة جماعت کی نماز کہا جاتا ہے۔ کسی جگہ صَلَوَات الجماعة (جماعت کی نمازیں) نہیں کہا جاتا اس سے ثابت ہوا کہ کل جماعت کی نماز ایک ہے۔ جس کے ساتھ امام حقیقۃً اور بالذات متصف ہے اور مقتدی اسی کے واسطہ سے مجازاً اور بالعرض متصف ہیں۔

(۱) واسطہ فی الثبوت یہ ہے کہ واسطہ اور ذوالواسطہ دونوں حقیقۃً وصف کے ساتھ متصف ہوں، مگر واسطہ اولاً متصف ہو، اور ذوالواسطہ ثانیاً (بعد میں) متصف ہو، جیسے لکھنے والے کا ہاتھ اور قلم دونوں حرکت کے ساتھ متصف ہوتے ہیں، مگر ہاتھ پہلے اور قلم بعد میں متصف ہوتا ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں: کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟)

۲- آگے حدیث آرہی ہے کہ امام کا سترہ مقتدیوں کے لئے سترہ ہے انہیں علحدہ سترہ گاڑنے کی ضرورت نہیں۔ یہ مسئلہ اس بات کی دلیل ہے کہ امام اور مقتدیوں کی نماز ایک (متحد) ہے۔

۳- پیچھے حدیث گذری ہے: الإمام ضامِنٌ۔ امام مقتدیوں کی نماز کا ذمہ دار ہے۔ جس طرح ضمانت میں ضامن کے قرضہ ادا کرنے سے ضامن اور اصل مدیون دونوں بری ہو جاتے ہیں اور ضامن قرضہ ادا نہ کرے تو اصل مدیون پر بھی بارِ دین باقی رہتا ہے اسی طرح اگر امام کی نماز صحیح ہو جائے گی تو مقتدی کی نماز بھی صحیح ہو جائے گی۔ لیکن اگر امام کی نماز فاسد ہو جائے تو مقتدی کے ذمہ بھی نماز باقی رہ جائے گی۔

اور جس طرح ضامن کے قرضہ ادا کرنے سے وہ تو بری ہو جاتا ہے مگر اصل مدیون پر ضروری ہوتا ہے کہ اب وہ قرضہ بجائے قرض خواہ کے ضامن کو ادا کرے۔ وہ بری نہیں ہوتا بلکہ اس کا ذمہ مشغول رہتا ہے۔ اسی طرح مقتدی نے جب اقتداء کی نیت کی تو اب اس پر لازم ہے کہ نماز صحیح ادا کرے۔ اگر فاسد کر دے گا تو اس کا ذمہ مشغول رہے گا لیکن امام جس نے نماز صحیح ادا کر لی ہے بری ہو جائے گا۔

بہر حال امام کو جب مقتدیوں کی نماز کا ضامن قرار دیا گیا تو جس طرح ضمانت میں اصل مدیون اور ضامن پر دین (قرضہ) متحد (ایک) ہوتا ہے اسی طرح یہاں بھی امام اور مقتدی کی نماز متحد (ایک) ہوگی۔ اسی طرح امام کی نماز کے فساد سے مقتدیوں کی نماز کا فاسد ہو جانا اس بات کی دلیل ہے کہ اصل نماز امام ہی کی ہے اور جس طرح سواری کی حرکت سوار کی طرف مجازاً منسوب ہوتی ہے امام کی نماز بھی مجازاً مقتدیوں کی طرف منسوب ہوگی۔ اور جس طرح سواری کے ٹھہرنے سے سوار کا ٹھہرنا ضروری ہے مگر سوار کے ٹھہرنے سے سواری کا ٹھہرنا ضروری نہیں اسی طرح امام کی نماز کے فساد سے سب کی نماز کا فساد ضروری ہے۔ مگر مقتدیوں کی نماز کے فساد سے انہی کی نماز کا فساد ضروری ہوگا۔ امام کی نماز کا فساد لازم نہیں آئے گا

——— بطور مثال ہم نے تین دلیلیں ذکر کی ہیں، باقی دلیلیں: کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟ میں دیکھیں۔

اور فاتحہ کی فرضیت یا وجوب کے مسئلہ میں، یا مقتدی پر فاتحہ کی فرضیت یا جواز یا ممانعت کے مسئلہ میں اختلاف کی دوسری بنیاد یہ ہے کہ قراءت: فاتحہ کو شامل ہے یا فاتحہ اس سے مستثنیٰ ہے؟ اس میں نقطۂ نظر مختلف ہیں: ایک نقطۂ نظر یہ ہے کہ قراءت: فاتحہ کو نہ صرف شامل ہے بلکہ اس کا اہم جزء ہے اس لئے خاص طور پر فاتحہ واجب ہے اور سورت ملانا یعنی درخواست کا جواب سننا بھی واجب ہے۔ اور دونوں کا مجموعہ یعنی علی الاطلاق قرآن پڑھنا فرض ہے۔ پس اس نقطۂ نظر سے إذا قرأ فأنصتوا کا مطلب یہ ہوگا کہ جب امام پڑھے خواہ فاتحہ پڑھے یا غیر فاتحہ جہری نماز میں پڑھے یا سری نماز میں مقتدی خاموش رہے۔ کیونکہ من کان له إمام فقراءۃُ الإمام له قراءۃ کا مطلب ہے: امام کا پڑھنا مقتدی کے حق میں محسوب ہے فاتحہ بھی اور غیر فاتحہ بھی، پھر اس کو زحمت اٹھانے کی کیا ضرورت ہے۔ اور اس بات کو قائلینِ فاتحہ بھی فی الجملہ تسلیم کرتے ہیں۔ جو شخص رکوع میں آ کر شامل ہوتا ہے اس کی نماز کو فاتحہ پڑھے بغیر بھی قائلین

فاتحہ صحیح کہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اس کی طرف سے امام نے فاتحہ پڑھ لی۔

اور دوسرا نقطۂ نظر یہ ہے کہ قراءت: فاتحہ کو شامل نہیں۔ فاتحہ پڑھنا ایک مستقل فرض ہے۔ اور قراءت کا مصداق صرف سورت ملانا ہے۔ پس مذکورہ روایات فاتحہ پڑھنے کو مَس نہیں کرتیں۔ لہٰذا اس نقطۂ نظر سے إذا قرأ فأنصتوا کا مطلب یہ ہے کہ جب امام غیر فاتحہ پڑھے تو خاموش رہو۔ اور من کان له إمام کا مطلب یہ ہے کہ مقتدی کو غیر فاتحہ کی حاجت نہیں، کیونکہ امام کا پڑھنا اس کے حق میں محسوب ہے۔ اور فانتهی الناس عن القراء ۃ کا مطلب ہے: لوگ حضور کے پیچھے سورت پڑھنے سے رک گئے۔ غرض یہ مسئلہ روایات کے اختلاف کی وجہ سے پیدا نہیں ہوا جو تطبیق کی راہ سوچی جائے۔ بلکہ یہ نقطۂ نظر کا اختلاف ہے۔ واللہ اعلم

بابُ مَایَقُوْلُ عند دُخُوْلِهِ الْمَسْجِدَ؟

مسجد میں داخل ہوتے وقت کیا دعا کرے؟

مسجد میں داخل ہوتے وقت اور مسجد سے نکلتے وقت آنحضرت ﷺ سے متعدد اذکار مروی ہیں۔ امام نووی رحمہ اللہ نے کتاب الاذکار میں ان سب کو جمع کیا ہے۔ یہاں معروف دعا کا ذکر ہے۔

حدیث: حضرت فاطمۃ الکبری رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو پہلے اپنے اوپر درود وسلام بھیجتے پھر یہ دعا پڑھتے: ''اے میرے رب! میرے گناہوں کو معاف فرما۔ اور میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے وَا کر دے'' اور جب مسجد سے نکلتے تو بھی اپنے اوپر درود وسلام بھیجتے پھر یہ دعا کرتے: ''اے میرے رب! میرے گناہوں کو معاف فرما۔ اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے'' ——— قرآن وحدیث میں رحمت سے اُخروی نعمت اور فضل سے دنیاوی نعمت مراد ہوتی ہے یعنی بندہ مسجد میں جاتے وقت اُخروی نعمت کا اور نکلتے وقت دنیاوی نعمت کا خواستگار ہو۔

تشریح: یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی فاطمہ کا ان کی دادی حضرت فاطمۃ الکبری رضی اللہ عنہا سے لقاء وسماع نہیں۔ اس لئے کہ حضرت فاطمہ کے انتقال کے وقت حضرات حسنین بالغ نہیں ہوئے تھے۔ علاوہ ازیں لیث بن ابی سُلیم زیادہ اچھا راوی بھی نہیں۔ اس سے احادیث میں بکثرت غت ربود ہوجاتا تھا۔ مگر اس مضمون کی حضرت ابواُسید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے صحیح سند سے حدیث مروی ہے۔ اور وہ ابن ماجہ میں ہے۔ اور قولی حدیث ہے اس میں نبی ﷺ نے مسجد میں داخل ہوتے وقت اور مسجد سے نکلتے وقت مذکورہ دعائیں کرنے کا اور ان سے پہلے درود پڑھنے کا حکم دیا ہے۔ البتہ ان میں شروع کا ٹکڑا رب اغفرلی ذنوبی نہیں ہے۔ بلکہ ترمذی کی اس روایت کے دوسرے طریق میں بھی یہ ٹکڑا نہیں ہے۔ غرض ان دعاؤں سے پہلے درود ضرور

پڑھنا چاہئے۔ عام طور پر لوگ اس سے غافل ہیں۔ جیسا کہ اذان کی دعا سے پہلے بھی درود ہے مگر لوگ وہاں بھی غفلت برتتے ہیں اور صرف دعا پڑھتے ہیں درود نہیں پڑھتے۔ پس خیال رکھنے کی ضرورت ہے۔

[۱۲۰] باب مایقول عند دخوله المسجدَ؟

[۳۲۵-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن لَيْثٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الحَسَنِ، عن أُمِّهِ فَاطمةَ بنتِ الحُسَيْنِ، عن جَدَّتِهَا فاطمةَ الكُبْرىٰ، قالت: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ المَسْجِدَ صَلّٰى عَلىٰ مُحمدٍ وَسَلَّمَ، وقَالَ: رَبِّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِي وافْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَإِذَا خَرَجَ صَلَّى على محمدٍ وَسَلَّمَ، وقالَ: رَبِّ اغْفِرْلِيْ ذُنوبي وافْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ فَضْلِكَ.

وقال عليُّ بنُ حُجْرٍ: قال إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ: فَلَقِيْتُ عبدَ اللّٰهِ بنَ الحسنِ بِمَكَّةَ، فَسَأَلْتُهُ عن هٰذا الحديثِ فَحَدَّثَنِيْ به. قال: كانَ إِذَا دَخَلَ قالَ: رَبِّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وإِذَا خَرجَ قالَ: رَبِّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ فَضْلِكَ.

وفي الباب: عن أبي حُميدٍ، وأبي أُسَيْدٍ، وأبي هُرَيْرَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ فاطمةَ حديثٌ حسنٌ، وليس إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ. وفاطِمَةُ ابْنَةُ الْحُسَيْنِ لَمْ تُدْرِكْ فاطمةَ الكُبْرىٰ، إِنَّمَا عَاشَتْ فاطِمةُ بعد النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَشْهُراً.

وضاحت: عبداللہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں۔ اور ان کے والد کا نام بھی حسن ہے اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی فاطمہ: عبداللہ کی والدہ ہیں ——— اسماعیل بن ابراہیم (ابن علیّہ) کہتے ہیں: مکہ میں میری ملاقات استاذ الاستاذ عبداللہ بن الحسن سے ہوئی۔ میں نے ان سے یہ حدیث پوچھی تو انھوں نے مجھے اسی سند سے یہ حدیث سنائی۔ اس میں شروع کا ٹکڑا رب اغفرلی ذنوبی نہیں ہے امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند متصل نہیں کیونکہ فاطمۃ بنت الحسین نے فاطمۃ الکبری کا زمانہ نہیں پایا۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آنحضرت ﷺ کے بعد صرف چند مہینے زندہ رہی ہیں۔

بابُ مَاجاءَ إِذَا دَخلَ أَحَدُكُمُ المَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ

جب کوئی مسجد میں داخل ہو تو پہلے تحیۃ المسجد پڑھے

مسجد میں داخل ہونے کے بعد اگر کوئی مانع نہ ہو تو بیٹھنے سے پہلے تحیۃ المسجد کی دو رکعت پڑھنی چاہئیں۔ یہ بندوں کا رب المسجد کو سلام کرنے کا طریقہ ہے۔ اور جو شخص مسجد میں پہنچ کر بیٹھ جائے پھر کھڑا ہو اور دو رکعت پڑھے تو یہ بھی تحیۃ

المسجد ہے، بیٹھنے کی وجہ سے تحیۃ المسجد فوت نہیں ہوتا۔ البتہ زیادہ دیر تک بیٹھے رہنے سے تحیۃ المسجد کا وقت ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ اور تھوڑے اور زیادہ وقت کی تعیین رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دی گئی ہے۔ صحیح ابن حبان میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ وہ تحیۃ المسجد پڑھے بغیر بیٹھ گئے۔ آنحضور ﷺ نے دریافت فرمایا: أَرَكعتَ ركعتين؟ کیا تم نے تحیۃ المسجد کی دو رکعتیں پڑھ لیں؟ حضرت ابوذرؓ نے نفی میں جواب دیا تو آپؐ نے فرمایا: قُمْ فَارْكَعْهُما اٹھو اور دو رکعتیں پڑھو۔ صحیح ابن حبان میں اس حدیث پر یہ باب قائم کیا ہے: بیٹھنے سے تحیۃ المسجد کا وقت فوت نہیں ہوتا۔

اور جو شخص عصر یا فجر کے بعد یا اوقاتِ ثلاثہ ممنوعہ میں مسجد میں پہنچے تو وہ تحیۃ المسجد نہ پڑھے، اسی طرح اگر جماعت شروع ہوگئی ہو یا شروع ہونے والی ہو تو بھی تحیۃ المسجد نہ پڑھے۔

حدیث: آنحضور ﷺ کا ارشاد ہے: ''جب کوئی شخص مسجد میں آئے تو چاہئے کہ بیٹھنے سے پہلے دو رکعت پڑھے''

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث کی سند حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ پر پہنچائی ہے۔ اور محمد بن عجلان وغیرہ ان کے متابع ہیں۔ یعنی وہ بھی اس کو حضرت ابوقتادہ کی حدیث بتاتے ہیں۔ اور سہیل بن ابی صالح نے بھی یہ حدیث عامر بن عبداللہ سے روایت کی ہے مگر اس نے سند حضرت جابر رضی اللہ عنہ پر پہنچائی ہے مگر یہ سہیل بن ابی صالح کا وہم ہے۔ یہ ابوقتادہ کی حدیث ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث نہیں ہے۔

[۱۲۱] باب ماجاء إذا دخل أحدُكُم المسجدَ فلْيَرْكَعْ ركعتين

[۳۲٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سعيدٍ، نا مالكُ بنُ أَنَسٍ، عن عَامِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عَمْرِو بن سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، عن أَبِى قَتادةَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' إذا جاءَ أَحَدُكُم الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَّجْلِسَ''

قال: وفى البابِ عن جَابرٍ، وأَبِى أُمَامَةَ، وأبى هريرةَ، وأبى ذَرٍّ، وكَعْبِ بنِ مالكٍ.

قال أبو عيسى: وحديثُ أبى قَتَادَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رَوَى هذا الحديثَ محمدُ بنُ عَجْلَانَ وغيرُ واحِدٍ، عن عامرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، نحوَ روايةِ مالكِ بنِ أنسٍ.

ورَوَى سُهَيْلُ بنُ أَبِى صالحٍ هٰذَا الحديثَ عن عامرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عَمْرِو بنِ سُلَيْمٍ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم؛ وهذا حديث غيرُ محفوظٍ، والصحيحُ حديث أبى قَتَادَةَ.

والعملُ على هذا الحديثِ عندَ أصحابنا: اسْتَحَبُّوا إِذَا دخلَ الرَّجُلُ المسجدَ أَن لايَجْلِسَ حَتّٰى يُصَلِّيَ الرَّكْعَتَيْنِ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ لَهُ عُذْرٌ.

قال عليُّ بنُ المَدِيْنِيُّ: وحديثُ سُهَيْلِ بنِ أبی صَالِحٍ خطأٌ، أَخْبَرَنِیْ بذلك إِسْحاقُ بنُ إبراهيمَ، عن عَلِیِّ بنِ المَدِينی.

بابُ مَاجاءَ أَنَّ الأَرْضَ كُلَّها مَسْجِدٌ إِلَّا المَقْبُرَةَ والحَمَّامَ

قبرستان اورحمام کے علاوہ ساری زمین نماز پڑھنے کی جگہ ہے

اس باب میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پوری زمین نماز پڑھنے کی جگہ ہے علاوہ قبرستان اور حمام کے''(۱)

تشریح: اس حدیث کی سند صحیح ہے مگر مضمون صحیح نہیں۔ یعنی آنحضرت ﷺ کے جو چند امتیازات ہیں ان میں سے ایک امتیاز یہ ہے کہ آپ کے لئے ساری زمین نماز پڑھنے کی جگہ اور پاکی حاصل کرنے کی جگہ بنادی گئی ہے۔ اس میں کوئی استثناء نہیں، چنانچہ نو صحابہ آنحضور ﷺ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں مگر کسی کی حدیث میں یہ استثناء نہیں اور ناپاک جگہ پر تیمّم کرنے کی ممانعت یا آگے آنے والی حدیث میں جو سات جگہوں میں نماز پڑھنے کی ممانعت ہے جن میں حمام اور قبرستان بھی شامل ہیں وہ نہی لغیرہ ہے۔

سند پر بحث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث مضطرب ہے۔ اس کو عمرو بن یحییٰ سے: سفیان ثوری، حماد بن سلمۃ، عبدالعزیز بن محمد دَراوَرْدی اور محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔ دراوردی سے یہ حدیث متصل اور مرسل دونوں طرح مروی ہے۔ اور سفیان ثوری نے اس کو مرسل روایت کیا ہے اور حماد بن سلمۃ متصل روایت کرتے ہیں یعنی وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہیں۔ اور محمد بن اسحاق کہتے ہیں کہ عمرو بن یحییٰ عن ابیہ کی سند سے اکثر حدیثیں حضرت ابوسعید خدریؓ سے مروی ہیں مگر یہاں ان کا واسطہ نہیں یعنی یہ حدیث مرسل ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے سفیان ثوری کی مرسل روایت کو اصح قرار دیا ہے۔

[۱۲۲] باب ماجاء أن الأرضَ كلّها مسجدٌ إلا المقبرةَ والحمامَ

[۳۲۷-] حدثنا ابن أبی عُمَرَ، وأَبو عَمَّارٍ الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، قالا: نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن

(۱) حمام نہانے کے ہوٹل کو کہتے ہیں، جس طرح ہمارے دیار میں کھانے اور ٹھہرنے کے لئے ہوٹل ہوتے ہیں اسی طرح جن ملکوں میں پانی کم ہے وہاں نہانے اور کپڑے وغیرہ دھونے کے لئے بھی ہوٹل ہوتے ہیں اور مرد وعورت سب وہاں جا کر نہاتے دھوتے ہیں۔

عَمْرِو بن يَحيىَ، عن أبيهِ، عن أبى سَعيدٍ الخُدرىِّ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "الأرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ إلا المَقْبُرَةَ وَالحَمَّامَ"

وفى الباب: عن عليٍّ،وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأبى هريرةَ، وجابرٍ، وابنِ عباسٍ، وحُذَيْفَةَ، وأَنَسٍ، وأَبى أُمَامَةَ، وأَبى ذَرٍّ، قالوا: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال:" جُعِلَتْ لِىَ الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسجدًا وطَهُوْرًا"

قال أبو عيسى: حديثُ أبى سعيدٍ قد رُوِىَ عن عبدِ العزيزِ بنِ محمدٍ روايتينِ: منهم مَن ذَكَرَ عن أبى سعيدٍ، ومنهم مَن لَّمْ يَذْكُرْهُ؛ وهذا حديثٌ فيهِ اضْطِرَابٌ: رَوَى سفيانُ الثَّوْرِىُّ، عن عَمْرِو بنِ يَحْيىَ، عن أبيه، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

وَرَوَاهُ حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عن عَمْرِو بنِ يَحيىَ، عن أبيه، عن أبى سعيدٍ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ مُحمدُ بنُ إسحاقَ، عن عَمْرِو بن يَحيىَ، عن أبيهِ، قال: وكَانَ عَامَّةُ رِوَايَتِهِ عن أبى سعيدٍ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم، ولَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عن أبى سَعيدٍ.

وَكَأَنَّ رِوَايَةَ الثَّوْرِىِّ عن عَمْرِو بن يَحيىَ، عن أبيه، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم أَثْبَتُ وَأَصَحُّ.

ترجمہ: باب کی پہلی حدیث عبدالعزیز دراوردی سے مروی ہے اور موصول ہے، پھر باب میں نو صحابہ کی روایت ہے۔ اس میں استثناء نہیں ہے۔ پھر امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث دراوردی سے دو طرح سے مروی ہے، ان کے بعض تلامذہ ابوسعید کا ذکر کرتے ہیں اور بعض ان کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اور یہ ایک ایسی حدیث ہے جس میں اضطراب (اختلاف) ہے پھر سفیان ثوری کی مرسل سند ذکر کی ہے۔ پھر حماد بن سلمہ کی مسند سند ذکر کی ہے، پھر محمد بن اسحاق کی مرسل سند ہے اور اس میں محمد بن اسحاق کا یہ قول بھی ہے کہ عمرو بن یحییٰ عن ابیہ سے جو روایتیں آتی ہیں ان کے آخر میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا ذکر ہوتا ہے مگر اس سند کے آخر میں ان کا تذکرہ نہیں یعنی یہ روایت مرسل ہے۔ پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے فیصلہ کیا ہے کہ گویا ثوری رحمہ اللہ کی مرسل روایت صحیح اور ثابت ہے (امام ترمذی رحمہ اللہ کا یہ فیصلہ صحیح ہے۔ یہ حدیث مرسل ہے یعنی ضعیف ہے صحیح احادیث میں کوئی استثناء نہیں)

بابُ مَاجَاءَ فِى فَضْلِ بُنْيَانِ الْمَسْجِدِ

مسجد بنانے کی فضیلت کا بیان

آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں مسجد نبوی ایک جھونپڑا تھی۔ پھر جب مسجد تنگ پڑنے لگی تو آپؐ نے خود اس میں اضافہ کیا۔ اور اصل مسجد کو برقرار رکھا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اصل مسجد کو برقرار رکھ کر توسیع کی۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں پوری مسجد کی ازسر نو تعمیر کی اور پوری مسجد پکی بنائی اور اس میں توسیع بھی

کی۔ یہ تعمیر آپ نے اپنے ذاتی مال سے کی تھی، بیت المال سے کچھ خرچ نہیں کیا تھا۔لیکن کچھ لوگوں کو اعتراض ہوا اور چہ مگوئیاں شروع ہوئیں۔ چنانچہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے خطاب کیا اور پوری صورتِ حال واضح کی اور فرمایا: میں نے یہ کام از راہ ثواب کیا ہے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس نے اللہ کے لئے کوئی مسجد بنائی، اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں حویلی بنائیں گے''

قولہ: بَنٰی: عام لفظ ہے۔ جو ثواب پہلی مرتبہ مسجد بنانے کا ہے وہی ثواب مسجد کو توڑ کر دوبارہ تعمیر کرنے کا ہے، نیز مسجد کے متعلقات بنانے کا بھی وہی ثواب ہے۔ مرمت کرنا اور جائز رنگ وروغن کرنا بھی اس میں شامل ہے۔

قولہ: لِلّٰہِ: بخاری میں یَبْتَغِیْ به وجهَ اللّٰه ہے۔ یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے مسجد بنائی۔ دکھاوا یا کسی اور غرض سے مسجد نہیں بنائی۔ ابن جوزی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: جس نے مسجد بنا کر اپنے نام کا کتبہ لگایا تو یہ کام اخلاص سے بہت دور ہے۔ یعنی اس کا یہ فعل اللہ کی خوشنودی کے لئے نہیں رہا۔ پس معمار اور مزدور جو دِہاڑی کے لئے کام کرتے ہیں مذکورہ ثواب کے حقدار نہیں ہونگے۔ اور علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں فرمایا ہے کہ اگر مزدور وغیرہ ثواب کی نیت بھی کرلیں تو وہ کچھ نہ کچھ ثواب کے ضرور مستحق ہونگے۔ اور نیت کے احوال سے اللہ تعالیٰ واقف ہیں مگر اس کی ایک علامت یہ ہے کہ مزدور تندہی اور چستی سے کام کریں۔ یا وقت مقررہ سے زیادہ کام کرنے کی اجرت نہ لیں تو یہ ثواب کی نیت کا ایک قرینہ ہے۔

قولہ: مسجداً: تنوین تنکیر کے لئے ہے یعنی مذکورہ ثواب ہر مسجد بنانے کا ہے خواہ بڑی مسجد بنائے یا چھوٹی۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں صغیراً کان أو کبیراً کی صراحت بھی ہے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث کے ایک طریق میں ولَوْ کَمَفْحَصِ قَطَاةٍ بھی آیا ہے یعنی اگر قطات (بٹیر یا چھوٹا تیتر) کے انڈے دینے کی جگہ کے بقدر مسجد بنائے گا تو بھی مسجد بنانے کا ثواب ملے گا (یہ حدیث مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے) اور اس جملہ کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک یہ کہ یہ چھوٹا ہونے میں مبالغہ ہے، اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ مسجد چندہ سے تعمیر کی جائے۔ پس جس کا معمولی چندہ ہوگا اس کے لئے بھی یہ ثواب ہوگا۔

قولہ: بَنی اللہ: یہ اسناد مجازی ہے۔ جس طرح کہا جاتا ہے: بَنَی الأمیرُ المدینةَ: امیر نے شہر بسایا، حالانکہ تعمیر کرنے والے معمار اور مزدور ہوتے ہیں مگر چونکہ تعمیر امیر کے حکم سے ہوتی ہے اس لئے اس کی طرف نسبت کردی جاتی ہے اسی طرح یہاں بھی اسناد مجازی ہے۔

قولہ: مثلَه: یہ مثلیت بِنا میں ہے مَبْنَی میں نہیں ہے۔ یعنی بندے نے اللہ کے لئے مسجد بنائی پس اللہ تعالیٰ بھی اس کے لئے گھر بنائیں گے۔ مگر وہ چیز جو بنائی گئی ہے اس میں مثلیت نہیں۔ بندہ اپنی گنجائش یا لوگوں کی حاجت کے مطابق مسجد بناتا ہے، اللہ اپنی شان کے مطابق اس کے لئے محل بنائیں گے۔ حضرت واثلۃ بن الاسقع رضی اللہ عنہ کی حدیث

کے الفاظ یہ ہیں: بَنَی اللّٰہ لہ بیتًا فی الجنۃ أَفْضَلَ منہ۔ معلوم ہوا کہ مَبْنَی میں مثلیت نہیں صرف بناء میں مثلیت ہے اور حضرت واثلہ کی حدیث معجم طبرانی کبیر میں ہے۔

واقعہ: حاتم طائی سے کسی نے دو درہم کا سوال کیا۔ حاتم نے اس کو درہموں کی دو تھیلیاں دیں۔ ایک تھیلی میں سو درہم ہوتے ہیں۔ کسی نے حاتم سے کہا: اس نے تو دو درہم مانگے تھے؟ حاتم نے جواب دیا: اس نے اپنی حاجت کے بقدر مانگا، ہم نے اپنے حوصلے کے بقدر دیا۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی اپنی شانِ عالی کے مطابق محل بنائیں گے۔

[۱۲۳] باب ماجاء فی فَضل بُنْیَانِ المسجدِ

[۳۲۸-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا أبو بکرٍ الحَنَفِیُّ، نا عبدُ الحمیدِ بنَ جَعْفَرٍ، عن أبیہِ، عن مَحمودِ بنِ لَبِیْدٍ، عن عثمانَ بنِ عَفَّانَ، قال: سمعتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یقولُ:" مَنْ بَنَی لِلّٰہِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰہُ لَہُ مِثْلَہُ فِیْ الْجَنَّۃِ"

وفی الباب: عن أَبی بَکْرٍ، وعُمَرَ، وعلیٍّ، وعبدِ اللّٰہِ بنِ عَمْرٍو، وأنسٍ، وابنِ عبّاسٍ، وعائشۃَ، وأُمِّ حَبِیْبَۃَ، وأبی ذَرٍّ، وعَمْرِو بنِ عَبَسَۃَ، وواثِلَۃَ بنِ الأَسْقَعِ، وأبی ہریرۃَ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰہِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عثمانَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۳۲۹-] وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قال:" مَنْ بَنَی لِلّٰہِ مَسْجِدًا، صَغِیْرًا کَانَ أَوْ کَبِیْرًا، بَنَی اللّٰہُ لَہُ بَیْتًا فِی الْجَنَّۃِ"؛ حدثنا بذلکَ قُتَیْبَۃُ بنُ سعیدٍ، نا نوحُ بنُ قیسٍ، عن عبدِ الرحمنِ مولَی قیسٍ، عن زیادٍ النُّمَیْرِیِّ، عن أنسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بھذَا.

ومحمودُ بنُ لَبِیْدٍ: قد أَدْرَکَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم؛ ومحمودُ بنُ الرَّبِیْعِ: قد رَأَی النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، وھما غُلَامَانِ صَغِیْرَانِ مَدَنِیَّانِ.

وضاحت: محمود بن الربیع جن کا تذکرہ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں گذرا ہے وہ اور محمود بن لبید دونوں صحابی صغیر ہیں یعنی رسول اللہ ﷺ کے وصال تک یہ بچے تھے اور یہ دونوں حضرات مدینہ کے رہنے والے ہیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاھِیَۃِ أَن یُتَّخَذَ عَلَی القَبْرِ مَسْجِدًا

قبر پر مسجد بنانے کی ممانعت

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قبر کی زیارت کرنے والی عورتوں پر اور قبر پر مسجد بنانے والوں پر اور ان پر چراغاں کرنے والوں پر لعنت فرمائی۔ یعنی ان کو رب ذوالجلال کی رحمت سے

محرومی کی بددعا دی۔

اس حدیث میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: عورتوں کے لئے قبرستان جانے کا حکم۔ یہ مسئلہ تفصیل سے کتاب الجنائز میں آئے گا۔ یہاں بالا جمال اتنی بات سمجھ لینی چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ سے اس مسئلہ میں حرمت کا بھی اور رخصت کا بھی دونوں قول مروی ہیں۔ حرمت والے قول کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ ظاہر ہے لعنت حرام کام کرنے والے ہی پر کی جاتی ہے۔ اور رخصت والے قول کی دلیل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے پہلے قبرستان جانے کی عام ممانعت فرمائی تھی، پھر بعد میں آپؐ نے اجازت دیدی اور اس میں مردوں کی تخصیص نہیں کی۔ پس جب ممانعت عام تھی تو اجازت بھی عام ہوگئی۔ مرد وزن سب کو شامل ہوگی۔ اور اس کا قرینہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا اپنے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی قبر پر جانا ہے۔ اور اپنے اکابر میں سے حضرت نانوتوی اور حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہما نے اس مسئلہ میں صرف اتنی بات لکھی ہے کہ عورتوں کو قبرستان نہیں جانا چاہئے۔ حلت وحرمت کے الفاظ سے ان دونوں حضرات نے اجتناب کیا ہے اور وجہ یہ بیان کی ہے کہ عورتیں کمزور دل اور کمزور عقیدہ ہوتی ہیں۔ پس اگر وہ کسی رشتہ دار کی قبر پر جائیں گی تو جزع فزع کریں گی۔ اور اگر کسی بزرگ کی قبر پر جائیں گی تو خرافات میں مبتلا ہونگی۔ اس لئے عورتوں کو قبرستان نہیں جانا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: قبر کے پاس مسجد بنانے کا حکم: قاضی بیضاوی (شافعی) رحمہ اللہ نے شرح مصابیح السنۃ میں یہ بات لکھی ہے کہ قبر کی تعظیم کی غرض سے اس کے قریب اس طرح مسجد بنانا کہ دورانِ نماز قبر کا مواجہہ ہو تو یہ شرک جلی ہے۔ اور اگر قبر ایک طرف ہو یعنی دائیں بائیں یا پیچھے ہو اور مقصد بزرگ کی تعظیم ہو تو یہ شرکِ خفی ہے۔ اور اگر زائرین کے قیام، نماز اور دیگر سہولتوں کے لئے مسجد بنائی جائے تو جائز ہے بشرطیکہ مسجد بنانے سے مقصود اس بزرگ کی تعظیم یا اس کی روحانیت کی طرف توجہ کرنا نہ ہو۔ اور مصابیح السنۃ کے دوسرے شارح علامہ تُورپُشتی (حنفی) تینوں صورتوں کو ناجائز کہتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں: اگر مسجد بنانے کا مقصد اس بزرگ کی تعظیم ہے تو یہ شرک جلی ہے، اور اس کی روحانیت سے استفادہ ہے تو یہ شرکِ خفی ہے، اور اگر یہ دونوں باتیں نہیں ہیں تو بھی قبوریوں کے ساتھ اور یہود ونصاری کے ساتھ مشابہت ہے اس لئے جائز نہیں (معارف السنن ۳: ۳۰۵)

تیسرا مسئلہ: قبرستان میں چراغاں کرنے کا حکم: اگر کسی قبر پر رات میں بھی زائرین آتے ہیں تو ان کی سہولت کے لئے قبرستان میں روشنی کرنا جائز ہے۔ اور اگر صاحب قبر کی وحشت دور کرنے اور اس کی تعظیم کے مقصد سے چراغاں کیا گیا ہو تو جائز نہیں۔ حدیث شریف کا مصداق یہی صورت ہے۔

فائدہ: یہاں ایک چوتھا مسئلہ بھی ہے۔ اور وہ ہے کسی مسجد کے پاس کسی بزرگ کو دفن کرنا۔ آج کل اس کا رواج چل پڑا ہے۔ پس جاننا چاہئے کہ یہ تدفین بھی جائز نہیں۔ تورپشتی رحمہ اللہ نے جو تیسری صورت کو ناجائز کہا ہے اس

میں یہ چوتھی صورت بھی داخل ہے۔

[۱۲٤] باب ماجاء فی کراهيةِ أن يَّتَّخِذَ على القبر مسجداً

[۳۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ الوارثِ بنُ سعيدٍ، عن محمدِ بنِ جُحَادَةَ، عن أبی صالحٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: لَعَنَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم زَائِرَاتِ الْقُبُوْرِ، والمُتَّخِذِيْنَ عليها المَسَاجِدَ والسُّرُجَ.

قال: وفی الباب عن أبی هريرةَ،وعائشةَ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباس حديثٌ حسنٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی قبروں کی زیارت کے لئے جانے والی عورتوں پر اور قبور پر مساجد بنانے والوں پر اور چراغاں کرنے والوں پر۔

بابُ مَاجَاءَ فی النَّوْمِ فی الْمَسْجِدِ

مسجد میں سونے کا حکم

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مسجد میں علی الاطلاق سونا جائز ہے۔ خواہ سونے والا مسافر ہو یا غیر مسافر۔ دن میں سوئے یا رات میں۔ اور یہ مسئلہ امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام میں لکھا ہے۔ اور انھوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں ہم نوجوان مسجد نبوی میں سویا کرتے تھے۔

دیگر ائمہ کے نزدیک مسجد کو مَبِیت (رات میں سونے کی جگہ) اور مَقِیْل (قیلولہ کرنے کی جگہ) بنانا جائز نہیں۔ البتہ معتکف اور مسافر اس حکم سے مستثنیٰ ہیں۔ ان کے لئے مسجد میں سونا جائز ہے۔ اور دلیل یہ ہے کہ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ مسجد نبوی میں سو رہے تھے۔ آنحضور ﷺ کا وہاں سے گذر ہوا تو آپؐ نے ان کو پاؤں لگا کر بیدار کیا اور فرمایا: أَلَا أَرَاكَ نائمًا فيه: کیا میں آپ کو مسجد میں سویا ہوا نہیں دیکھ رہا؟ یعنی مسجد میں کیوں سوئے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: غَلَبَتْنِیْ عَيْنَایَ: یارسول اللہ! میری آنکھ لگ گئی تھی، یعنی میں بالقصد نہیں سویا، بے اختیار سو گیا۔ آپؐ نے عذر قبول کیا اور کچھ نہ فرمایا۔ یہ حدیث دارمی (۱: ۳۲۵) میں ہے۔ حدیث مذکور میں آنحضرت ﷺ نے حضرت ابو ذرؓ کے مسجد میں سونے کو ناپسند کیا ہے۔ معلوم ہوا کہ مقامی لوگوں کے لئے مسجد میں سونا جائز نہیں۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث عذر پر محمول ہے یعنی جب مسلمان ہجرت کر کے مدینہ پہنچے تو مہاجرین کے پاس رہنے اور سونے کے لئے معقول انتظام نہیں تھا اس لئے نوجوان مسجد میں سوتے تھے اور ان کے ماں باپ گھر میں سوتے

تھے۔ پھر جب حالات بدل گئے تو آنحضرت ﷺ نے نوجوانوں سے خطاب کیا اور فرمایا: **یا معشر الشَّبَابِ تَزَوَّجُوْا**: اے نوجوانو! گھر بساؤ۔ غرض نوجوانوں کا مسجد میں سونا عذر کی بناء پر تھا۔ اس کے ذریعہ مسجد میں سونے کی عام اجازت پر استدلال کرنا محلِ نظر ہے۔

فائدہ: عرب کی مسجدوں میں صرف جماعت خانہ ہوتا ہے اس کے ساتھ مسجد کے دیگر متعلقات نہیں ہوتے، بایں وجہ کتابوں میں مسافر کے لئے مسجد میں سونے کی اجازت دی ہے مگر ہمارے دیار کی صورتِ حال مختلف ہے۔ ہمارے یہاں مسجد کے ساتھ ان کے متعلقات بھی ہوتے ہیں۔ پس ایسی صورت میں مسجد میں سونے کی اجازت نہیں ہوگی۔ وہ متعلقاتِ مسجد میں قیام کرے۔ البتہ اگر کسی مسجد میں متعلقات نہ ہوں تو پھر جماعت خانہ میں سوسکتا ہے۔ اور یہ اجازت اسی وقت ہے جبکہ کوئی دوسری جگہ میسر نہ ہو، بڑے شہروں میں قیام کے لئے ہوٹل ہوتے ہیں اگر مسافر کے پاس پیسہ ہے اور مناسب کرایہ پر قیام کی جگہ حاصل ہوسکتی ہے تو پھر مسجد میں ٹھہرنے کی اجازت نہیں —— اسی طرح بعض مدرسے مسجد میں قائم کئے جاتے ہیں اور طلبہ مسجد میں سوتے ہیں۔ اگر دوسری جگہ موجود ہو تو طلبہ کے لئے مسجد میں سونا جائز نہیں۔ اور اگر مجبوری ہو، متبادل انتظام نہ ہو تو پھر وقتی طور پر گنجائش ہے اور دلیل باب کی حدیث ہے۔ مگر ارباب مدرسہ کو چاہئے کہ پہلی فرصت میں انتظام کریں، اسی طرح تبلیغی جماعت والے بھی متعلقات مسجد میں سامان رکھیں اور وہیں قیام کریں۔ مسجد میں سامان رکھنے اور قیام کرنے کی اجازت مجبوری ہی میں ہے، مثلاً کسی مسجد کے متعلقات نہیں ہیں تو مجبوری ہے۔ ایسی صورت میں مسجد میں سامان رکھنا اور ٹھہرنا جائز ہے۔ واللہ اعلم

[۱۲۵] باب ماجاء فی النَّوْمِ فی المسجد

[۳۳۱-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: كُنَّا نَنَامُ عَلٰى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فی الْمَسْجِدِ، وَنَحْنُ شَبَابٌ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ فی النَّوْمِ فِیْ الْمَسْجِدِ؛ قال ابنُ عباسٍ: لَایَتَّخِذُهُ مَبِيْتًا ومَقِيْلاً؛ وذهبَ قومٌ مِن أهلِ العلمِ إلی قولِ ابنِ عباسٍ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مسجد میں سویا کرتے تھے درانحالیکہ ہم نوجوان تھے —— بعض علماء نے مسجد میں سونے کی اجازت دی ہے (اور) ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: مسجد کو رات میں سونے کی جگہ اور قیلولہ کرنے کی جگہ بنانا جائز نہیں۔ اور بعض علماء نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول کو اختیار کیا ہے۔

بابُ مَاجاء فی کَرَاهیۃِ الْبَیْعِ والشِّرَاءِ، وَإِنْشَادِ الضَّالَّۃِ والشِّعْرِ فی المسجدِ

مسجد میں خرید وفروخت کرنا، گم شدہ چیز تلاش کرنا اور بیت بازی کرنا ممنوع ہے

حدیث: آنحضرت ﷺ نے مسجد میں بیت بازی کرنے سے اور اس میں خرید وفروخت کرنے سے، اور جمعہ کے دن نماز سے پہلے مسجد میں حلقے بنانے سے منع فرمایا۔

اس حدیث میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: مسجد میں بیت بازی کرنا منع ہے۔ اس لئے کہ بیت بازی میں یکے بعد دیگرے سبھی اشعار پڑھتے ہیں، اور ایک دوسرے کو داد دیتے ہیں۔ اور بہت شور وشغب ہوتا ہے اور اشعار اچھے برے ہر طرح کے ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے اس میں مسجد کی بے حرمتی ہے۔ البتہ دوران درس یا دورانِ وعظ بطور استشہاد شعر پڑھنے کی گنجائش ہے بلکہ مسجد میں حمد ونعت پڑھنے کی بھی گنجائش ہے، مگر تناشد اشعار یعنی بیت بازی منع ہے۔ حضرت حسان رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں منبر رسول پر کھڑے ہوکر کفار کی ہجو میں اور آنحضرت ﷺ کی مدح میں اشعار سناتے تھے اور سامعین میں آپؐ بھی ہوتے تھے۔

دوسرا مسئلہ: مسجد میں خرید وفروخت کرنا ممنوع ہے۔ اور علماء نے اس کی وضاحت یہ کی ہے کہ مسجد میں سامان حاضر کرکے خرید وفروخت کرنا منع ہے۔ اور سامان حاضر کئے بغیر معتکف کوئی چیز خریدے یا بیچے تو گنجائش ہے۔

تیسرا مسئلہ: جمعہ کے دن جامع مسجد میں نماز جمعہ سے پہلے سبق یا وعظ کے حلقے لگانا بھی منع ہے۔ علماء نے فرمایا: یہ ممانعت اس وقت سے ہے جب لوگ جمعہ کے لئے مسجد میں آنا شروع ہوجائیں۔ اور اس وقت حلقے لگانے کی اجازت اس لئے نہیں کہ آنے والے سنن ونوافل اور دیگر اذکار میں مشغول ہونگے۔ البتہ جب تک لوگ آنے شروع نہ ہوں وہاں تک جمعہ کے دن بھی مسجد میں حلقے لگانے کی گنجائش ہے۔ یہاں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مسجد دراصل نماز پڑھنے کے لئے ہے۔ پھر دیگر دینی کاموں کے لئے ہے۔ لہٰذا جب تک لوگ نماز پڑھ رہے ہیں جماعت خانہ میں دیگر دینی کام نہیں کرنے چاہئیں۔ تبلیغ والے نمازوں کے بعد خاص طور پر مغرب کے بعد جلدی جلدی دو سنتیں پڑھ کر کھڑے ہوجاتے ہیں اور اعلان کرنے لگتے ہیں: نمازیوں کا خیال کرکے آگے آجائیں۔ حالانکہ وہ خود خیال نہیں کررہے۔ ابھی لوگ سنتوں میں مشغول ہیں اور وہ یہ اعلان شروع کردیتے ہیں۔ اس سے نمازیوں کی نماز میں خلل پڑتا ہے، لہٰذا ان کو اس سے احتراز کرنا چاہئے، جب لوگ سنتوں سے فارغ ہوجائیں تو دین کے دوسرے کام مسجد میں کرنے کی اجازت ہے۔

عمرو بن شعیب کی سند پر بحث:

ذخیرۂ حدیث میں جہاں بھی عن أبیه، عن جده آتا ہے وہاں دونوں ضمیریں پہلے نام کی طرف لوٹتی ہیں۔ مگر عمرو

بن شعیب کی سند میں دونوں ضمیریں منتشر ہیں یعنی پہلی ضمیر عمرو کی طرف لوٹتی ہے اور دوسری شعیب کی طرف۔ یعنی عمرو اپنے والد شعیب سے روایت کرتے ہیں، اور شعیب اپنے دادا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ شعیب کے والد کا نام محمد ہے اور وہ کوئی راوی نہیں ہیں۔ اس سند سے مروی روایتیں صحیح ہیں یا غیر صحیح؟ نیز متصل ہیں یا منقطع؟ اس میں اختلاف ہے بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ اس سند سے جتنی حدیثیں مروی ہیں وہ سب ضعیف ہیں۔ ان سے احکام مستنبط کرنا درست نہیں۔ مگر یہ رائے صحیح نہیں۔ یہ رائے اس خیال پر مبنی ہے کہ اس سند میں انقطاع ہے۔ شعیب نے اپنے دادا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے براہِ راست حدیثیں نہیں سنیں۔ بلکہ انھوں نے صحیفۂ صادقہ سے روایتیں کی ہیں (۱) اور اس کی دلیل یہ ہے کہ شعیب صحیفہ صادقہ سامنے رکھ کر احادیث بیان کیا کرتے تھے۔ اگر انھوں نے دادا سے حدیثیں سنی ہوتیں تو اپنی کاپی تیار کی ہوتی جیسا کہ اس زمانہ کا دستور تھا۔

دوسری رائے یہ ہے کہ شعیب نے براہ راست اپنے دادا سے حدیثیں سنی ہیں۔ اور چونکہ دادا نے اپنی کاپی پوتے کو دیدی تھی اس لئے شعیب نے الگ سے کاپی لکھنے کی ضرورت محسوس نہیں کی ـــــــ اکابر محدثین اسی نظریہ کو صحیح سمجھتے ہیں۔ مگر چونکہ اس سند میں کلام ہوا ہے اس لئے شیخین نے اس سند سے آنے والی روایات کو صحیحین میں نہیں لیا۔ غرض یہ سند قابل اعتبار ہے اور اس سند سے مروی احادیث کم از کم حسن کے درجہ کی ضرور ہوتی ہیں اس سے کم نہیں، اور ان سے مسائل میں استدلال درست ہے۔

[۱۲۶] باب ماجاء فی کراهیة البیع والشراء، وإنْشَادِ الضَّالَّةِ والشعرِ فی المسجد

[۳۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ عَجْلَانَ، عن عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عن أَبيهِ، عن جَدِّهِ، عن رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ نَهَى عَن تَنَاشُدِ الْأَشْعَارِ فی المسجِد، وعن البَيْعِ والشِّرَاءِ فيه، وأَنْ يَتَحَلَّقَ الناسُ فيهِ يَوْمَ الْجُمُعَةَ قَبْلَ الصَّلَاةِ.

وفی الباب: عن بُرَيْدَةَ، وجابرٍ، وأَنَسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرِو بنِ العاصِ حديثٌ حسنٌ؛ وعَمْرُو بنُ شُعيبٍ: هو ابنُ محمدِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بن العاصِ.

قال محمدُ بنُ إسماعيلَ: رَأَيْتُ أحمدَ وإسحاقَ، وَذَكَرَ غَيْرَهُمَا، يَحْتَجُّوْنَ بحديث عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ؛ قال محمدٌ: وقد سَمِعَ شعيبُ بنُ محمدٍ من عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

(۱) عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں احادیث کی ایک کاپی تیار کی تھی اور اس کا نام صحیفہ صادقہ رکھا تھا۔

قال أبو عيسى: وَمَن تكَلَّمَ فى حديثِ عَمْرِو بنِ شعيبٍ إِنَّمَا ضَعَّفَهُ لِأَنَّهُ يُحَدِّثُ عن صَحِيْفَةِ جَدِّهِ، كَأَنَّهُمْ رَأَوْا أَنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ هٰذِهِ الأحاديثَ مِنْ جَدِّهِ.

قال عليُّ بنُ عبدِ اللّٰهِ: وَذَكَرَ عن يحيى بن سعيدٍ أنه قال: حديثُ عَمْرِو بنِ شعيبٍ عِنْدَنَا وَاهٍ.

وقد كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أهل العلمِ البيعَ والشِّرَاءَ فى المسجدِ؛ وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

وقد رُوِىَ عن بعض أهلِ العلمِ مِنَ التابعينَ رُخْصَةٌ فى البَيْعِ والشِّرَاءِ فى المسجدِ.

وقد رُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم فى غَيْرِ حديثٍ رُخْصَةٌ فى إِنْشَادِ الشِّعْرِ فى المسجد.

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: میں نے امام احمد اور امام اسحاق بن راہویہ رحمہما اللہ کو دیکھا اور آپ نے ان دونوں کے علاوہ محدثین کا بھی تذکرہ کیا مثلاً حمیدی کا۔ یہ سب حضرات عمرو بن شعیب کی حدیث سے استدلال کرتے تھے، یعنی یہ سب اکابر اس سند کو صحیح قرار دیتے تھے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ شعیب نے اپنے دادا سے حدیثیں سنی ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جن حضرات نے عمرو بن شعیب کی سند میں کلام کیا ہے: انھوں نے اس سند کو صرف اس وجہ سے ضعیف قرار دیا ہے کہ شعیب اپنے دادا کی کاپی سے روایت کیا کرتے تھے، گویا ان کے خیال میں شعیب نے یہ احادیث اپنے دادا سے نہیں سنیں۔ علی بن عبداللہ المدینی نے فرمایا اور انھوں نے یہ بات یحییٰ بن سعید قطان سے روایت بھی کی کہ انھوں نے فرمایا: عمرو بن شعیب کی حدیث ہمارے نزدیک بودی ہے یعنی یہ رائے ابن المدینی اور یحییٰ قطان دونوں کی ہے اور بعض علماء نے مسجد میں خرید وفروخت کرنے کو ناپسند کیا ہے اور یہ امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے ——— اور بعض علمائے تابعین سے مسجد میں خرید وفروخت کرنے کی اجازت مروی ہے (ان دونوں قولوں میں تطبیق یہ ہے کہ سامان مسجد میں لاکر مکروہ ہے اور اس کے بغیر جائز ہے) اور آنحضور ﷺ سے متعدد حدیثوں میں مسجد میں شعر پڑھنے کی اجازت مروی ہے (یہ حضرت حسان کے اشعار پڑھنے کی طرف اشارہ ہے۔ مسجد میں اشعار پڑھنا جائز ہے مگر تناشدا شعار یعنی بیت بازی جائز نہیں)

بابُ مَاجَاءَ فِى المَسْجِدِ الّذِىْ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَىٰ

آیت ﴿لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوىٰ﴾ کا مصداق کونسی مسجد ہے؟

سورۂ توبہ (آیت ۱۰۸) میں ہے: ﴿لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوىٰ مِن أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ﴾ ترجمہ: البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوی پر رکھی گئی ہے اس بات کی زیادہ حقدار ہے کہ آپؐ اس میں نماز پڑھیں۔ اس آیت کے مصداق کی تعیین میں قبیلۂ خُدرۃ کے ایک صحابی اور قبیلۂ بنی عمرو بن عوف کے ایک صحابی کے درمیان بحث

ہوئی۔ خدری صحابی نے آیت کا مصداق مسجد نبوی کو قرار دیا کیونکہ اس کی بنیاد آنحضرت ﷺ نے خود رکھی ہے پس بلاشبہ وہ پہلے ہی دن سے تقوی پر قائم ہے۔ اور بنو عمرو بن عوف کے صحابی نے مسجد قُبا کو آیت کا مصداق بتایا، کیونکہ آیت کا سیاق وسباق اور شانِ نزول کی دلالت اسی پر ہے۔ پھر دونوں فیصلہ کے لئے خدمت نبوی میں حاضر ہوئے۔ اس وقت نبی ﷺ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے۔ آپؐ نے فرمایا: ''آیت کا مصداق یہ مسجد ہے، **وفی ذلك خیر کثیر** اور اس مسجد میں یعنی مسجد قبا میں خیر کثیر ہے'' یعنی وہ مسجد آیت کا شان نزول ہے۔

تشریح: تفسیر کا ایک قاعدہ ہے: **العِبْرَۃُ لِعُموم اللفظِ، لا لِخُصوصِ المَوْرِدِ**۔ یعنی اگر نص کے الفاظ عام ہوں تو حکم شان نزول کے ساتھ خاص نہیں رہتا، بلکہ عام ہو جاتا ہے۔ پس آیت کا شانِ نزول اگر چہ مسجد قبا ہے، مگر آیت اُس مسجد کے ساتھ خاص نہیں۔ مسجد نبوی بھی آیت کا مصداق ہے، بلکہ مسجد نبوی بدرجۂ اولیٰ آیت کا مصداق ہے، کیونکہ مسجد قبا میں آنحضور ﷺ نے چودہ دن نماز پڑھی ہے اور مسجد نبوی میں دس سال تک مسلسل نمازیں پڑھی ہیں۔

اس کی نظیر: ایک دفعہ آنحضور ﷺ نے اپنی ازواج سے ناراض ہو کر ایک مہینہ کے لئے ایلاء فرمایا تھا۔ جب مہینہ پورا ہوا تو سورۂ احزاب کا ایک مکمل رکوع نازل ہوا جس میں حضور ﷺ کو حکم دیا گیا کہ آپ اپنی بیویوں کو اختیار دیں جو چاہے تنگی ترشی کے ساتھ آپؐ کے ساتھ رہے اور جو دنیا کی آسائش چاہے وہ آپ سے علحدگی اختیار کرلے۔ تمام ازواج نے ذاتِ نبوی کو دنیا کی آسائش پر ترجیح دی اور آپؐ کے ساتھ رہنے کو پسند کیا۔ اس واقعہ کے ضمن میں یہ آیت ہے: ﴿إِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ أَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا﴾ (آیت ۳۳) یعنی اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ اے نبی کہ گھر والو! تم سے آلودگی کو دور رکھے اور تم کو پاک وصاف کرے۔ شیعہ کہتے ہیں: اس آیت کا مصداق حضرت علی، حضرت فاطمہ اور حضرات حسنین رضی اللہ عنہم ہیں، اور وہی اہل بیت ہیں۔ ان کو یہ غلط فہمی ایک حدیث سے ہوئی ہے۔ وہ حدیث یہ ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے۔ آپ نے کمبل اوڑھ رکھا تھا۔ حضرت حسن جو بچے تھے آئے آپ نے ان کو کمبل میں لے لیا۔ پھر حضرت حسین آئے تو ان کو بھی کمبل میں لے لیا۔ پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں تو آپؐ نے ان کو بھی کمبل میں لے لیا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپؐ نے انہیں بھی کمبل اوڑھا دیا اور خود باہر نکل گئے۔ اور دعا فرمائی: ''اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں ان سے گندگی کو دور فرما اور ان کو پاک صاف رکھ'' حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا نے جب رحمت کا دریا بہتا دیکھا تو دوڑی آئیں اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے بھی کمبل میں لے لیجئے۔ آپؐ نے ان کو کمبل کے نیچے نہیں لیا اور فرمایا: **أنتِ علی خیر**۔ یہ جملہ مذکورہ حدیث میں جو جملہ ہے اس کے مانند ہے اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ تم تو پہلے ہی سے اہل بیت میں شامل ہو یعنی تم تو آیت کا شان نزول ہو

کیونکہ ان آیتوں کا اصل مصداق ازواج مطہرات ہیں۔ مگر حضور ﷺ نے آیت کے عموم میں ان چاروں کو بھی شامل کرنا چاہا اور اس کے لئے دعا فرمائی اور یقیناً آپ کی دعا قبول ہوئی ہوگی (یہ حدیث آگے کتاب التفسیر میں سورۂ احزاب کی تفسیر میں آرہی ہے)

پس جس طرح اس آیت کا اصل مصداق ازواج مطہرات ہیں اور حضرات اربعہ ان کے ساتھ ملحق ہیں اسی طرح آیت ﴿لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى﴾ کا اصل مصداق مسجد قبا ہے اور مسجد نبوی اس کے ساتھ ملحق ہے مگر خارجی قرائن کی بناء پر مسجد نبوی بدرجۂ اولیٰ مصداق ہے یعنی یہاں ملحق بہ بڑھ گیا ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ نے اس میں دس سال تک مسلسل نمازیں پڑھی ہیں اور مسجد قبا میں صرف چودہ دن نمازیں پڑھی ہیں۔ اور حضرات اربعہ کی ازواج مطہرات پر افضلیت کے لئے کوئی قرینہ نہیں اس لئے اصل یعنی ازواج مطہرات اور ملحق بہ یعنی حضرات اربعہ اہل بیت کے مصداق میں یکساں ہیں۔ واللہ اعلم

[۱۲۷] باب ماجاء فی المسجد الذی أسِّسَ علی التقوی

[۳۳۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ نا حاتِمُ بنُ إسماعيلَ، عن أُنَيْسِ بنِ أبی يَحْيىَ، عن أبيهِ، عن أبی سَعيدٍ الخُدْرِیِّ، قال: امْتَرَى رَجُلٌ مِن بَنی خُدْرَةَ وَرَجُلٌ مِن بَنی عَمْرِو بنِ عَوْفٍ فِی الْمَسْجِدِ الَّذِیْ أُسِّسَ علی التَّقْوٰى، فَقَالَ الْخُدْرِیُّ: هو مسجدُ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم، وقال الآخَرُ: هُوَ مَسجدُ قُبَا، فَأَتَيَا رسولَ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم فی ذٰلك، فقال: "هو هٰذا - يَعْنِیْ مَسْجِدَهُ - وفی ذلك خَيْرٌ كَثِيْرٌ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا أبوبكرٍ، عن علیِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ، قال: سَأَلْتُ يَحيىَ بنَ سعيدٍ: عَنْ مُحمدِ بنِ أبی يَحيىَ الأَسْلَمِیِّ؟ فقال: لَمْ يَكُنْ بِه بَأْسٌ، وأَخُوْهُ أُنَيسُ بنُ أبی يَحيىَ أَثْبَتُ مِنْهُ.

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قبیلہ خُدرۃ کے ایک شخص اور قبیلہ بنی عمرو بن عوف کے ایک شخص کے درمیان لمسجد أسس کے مصداق میں بحث ہوئی۔ خدری نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی مسجد مراد ہے اور دوسرے شخص نے کہا: مسجد قبا مراد ہے وہ دونوں اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے۔ آپؐ نے فرمایا: "وہ یہ مسجد ہے اور اس (مسجد قبا) میں خیر کثیر ہے" ——— یحییٰ قطان سے علی بن المدینی نے دریافت کیا کہ محمد بن ابی یحییٰ اسلمی کیسا راوی ہے؟ قطان رحمہ اللہ نے فرمایا: اس میں کچھ حرج نہیں یعنی ٹھیک راوی ہے۔ اور اس کا بھائی اُنیس بن ابی یحییٰ اس سے مضبوط راوی ہے (اس حدیث میں یہی انیس راوی ہے)

بابُ مَاجَاء فِی الصَّلاۃِ فِی مَسْجِدِ قُبَا

مسجد قبا میں نماز پڑھنے کی فضیلت

قبا مدینہ سے تین چار میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا۔ اب وہ مدینہ میں شامل ہوگیا ہے ہجرت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے پہلے یہاں قیام فرمایا تھا۔ آپ چودہ دن یہاں ٹھہرے ہیں۔ اس مدت میں ایک مسجد تعمیر کی گئی جس میں آپؐ نے خود حصہ لیا، اس کو مسجد قبا کہا جاتا ہے۔

انبیاء کی تعمیر کردہ مسجدیں:

دنیا میں صرف چار مسجدیں ایسی ہیں جو بالیقین انبیاء کی تعمیر کردہ ہیں: مسجد حرام، مسجد نبوی، مسجد اقصی اور مسجد قبا۔ چنانچہ احادیث میں ان چار مساجد میں نماز پڑھنے کی فضیلت وارد ہوئی ہے۔ مسجد حرام میں ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے۔ اور صحیح حدیث میں مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کا ثواب ایک ہزار نمازوں کے برابر ہے۔ اور بیت المقدس میں پانچ سو نمازوں کے برابر ہے۔ اور ایک دوسری روایت میں مسجد نبوی کا ثواب پچاس ہزار اور مسجد اقصی میں نماز کا ثواب پچیس ہزار ہے۔ یہ حدیث علامہ سَمہودی رحمہ اللہ کی وفاء الوفاء میں ہے اور ضعیف ہے۔ اور ایک روایت میں بیت المقدس میں نماز پڑھنے کا ثواب بھی پچاس ہزار نمازوں کے بقدر آیا ہے اور یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے اور ضعیف ہے۔ اور مسجد قبا کے بارے میں اس باب میں یہ حدیث ہے کہ اس میں نماز پڑھنا عمرہ کے برابر ہے۔ اس حدیث کا بظاہر یہ مطلب ہے کہ عمرہ کرنے کا ثواب اور مسجد قبا میں دو رکعت پڑھنے کا ثواب برابر ہے۔ مگر صحیح مطلب یہ ہے کہ مذکورہ حدیث میں نسبت کا بیان ہے یعنی ثواب کے لحاظ سے جو نسبت عمرہ کو حج کے ساتھ حاصل ہے وہی نسبت مسجد قبا کو مسجد نبوی کے ساتھ حاصل ہے۔ یعنی جس طرح حج کا ثواب زیادہ ہے اور عمرہ کا کم اسی طرح مسجد قبا میں نماز پڑھنے کا ثواب مسجد نبوی میں نماز پڑھنے سے کم ہے مگر کتنا کم ہے یہ بات معلوم نہیں۔

[۱۲۸] باب ماجاء فی الصلاۃ فی مسجد قبا

[۳۳۴-] حدثنا محمدُ بنُ العَلاَءِ أبو كُرَيْبٍ، وسفيانُ بنُ وكيعٍ، قالا: نا أبو أُسامَةَ، عن عبدِ الحميدِ بنِ جَعْفَرٍ، نا أبو الأَبْرَدِ مَوْلَى بَنِي خَطْمَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أُسَيْدَ بنَ ظُهَيْرٍ الأَنْصَارِيَّ — وكان مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم — قال: "الصَّلاَةُ فِيْ مَسْجِدِ قُبَا كَعُمْرَةٍ"

وفي الباب: عَنْ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ. قال: حديثُ أُسَيْدٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ؛ ولا نَعْرِفُ لِأُسَيْدِ بنِ

ظُهَيْرٍ شَيْئًا يَصِحُّ غَيْرَ هٰذَا الحَدِيثِ؛ وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِن حَدِيثِ أبِى أُسَامَةَ، عن عبدِ الحميدِ بنِ جَعْفَرٍ.
وأبو الأَبْرَدِ : اسْمُهُ زِيَادٌ، مَدِيْنِيٌّ.

وضاحت: حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے وہاں عبارت اس طرح ہے: إنه سمع أُسيدَ بن ظهير ــ وكان من أصحاب النبيِّ صلى الله عليه وسلم ــ يُحدِّث عن النبى صلى الله عليه وسلم أنه قال إلخ۔ غرض یہ حدیث مرفوع ہے ـــــ اور حضرت اُسید تنہا اسی ایک حدیث کے راوی ہیں۔ اور یہ غریب حدیث ہے کیونکہ اس کو صرف ابواسامہ نے روایت کیا ہے۔ اور ابوالابرد کا نام امام ترمذی رحمہ اللہ نے زیاد بتایا ہے اور وہ مدینہ کے باشندے تھے۔ حافظ رحمہ اللہ کا خیال یہ ہے کہ امام ترمذی کو ایک دوسرے نام سے دھوکا ہوا ہے اور یہ راوی نام کے اعتبار سے غیر معروف ہے۔ اور حاکم نے اس راوی کا نام موسیٰ بن سلیم بتایا ہے (تہذیب ۳: ۳۹۰)

بابُ مَاجَاءَ فى أيِّ المَسَاجِدِ أَفْضَلُ

کونسی مسجد سب سے افضل ہے؟

اس باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد (مسجد نبوی) میں نماز پڑھنا دیگر مساجد میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے، مگر مسجد حرام مستثنیٰ ہے (وہاں ایک نماز پڑھنا دیگر مساجد میں ایک لاکھ نمازوں سے بہتر ہے)

تشریح: ان مساجد میں ثواب کی زیادتی بانیوں کی برکت سے ہے۔ اور نمازیوں کی کثرت وقلت بھی تفاضل کا باعث ہے۔ مسجد حرام میں لاکھوں کا مجمع ہوتا ہے۔ اور مسجد نبوی میں نمازی لاکھ دو لاکھ سے کم نہیں ہوتے اور مسجد اقصی میں بھی بڑا اجتماع ہوتا ہے۔ اسی طرح کس مسجد میں کس پیغمبر نے کتنا عرصہ عبادت کی ہے اس کا بھی فضیلت میں اور اس کی کمی بیشی میں دخل ہے۔ مسجد حرام میں تمام نبیوں اور رسولوں نے عبادت کی ہے اس لئے اس کا مرتبہ سب سے بلند ہے۔ اور مسجد نبوی میں دس سال تک مسلسل آنحضرت ﷺ نے قیام فرمایا ہے اور وہاں شب وروز عبادت کی ہے، اس لئے اس کا دوسرا نمبر ہے۔ اور مسجد اقصی میں انبیائے بنی اسرائیل نے عبادتیں کی ہیں اس لئے اس کا تیسرا نمبر ہے۔ اور قبا میں رسول اللہ ﷺ نے چودہ قیام فرمایا ہے، پھر گاہ بہ گاہ تشریف لے جاتے تھے اس لئے اس کا چوتھا نمبر ہے۔

اور علماء نے فرمایا ہے کہ یہ ثواب فرضوں کا ہے نفلوں کا نہیں ہے اور دلیل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ خود نفلیں گھر میں ادا فرماتے تھے اور صحابۂ کرام کو بھی آپ نے اس کی ترغیب دی تھی۔ اگر یہ ثواب غیر فرض کے لئے بھی ہوتا تو آپ سنن ونوافل مسجد میں پڑھتے اور صحابہ کو بھی اس کی ترغیب دیتے۔ علاوہ ازیں نمازیوں کی جو کثرت وقلت فضیلت کا باعث

ہے وہ بھی فرض نماز ہی میں متحقق ہے۔

نیز علماء نے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ ان مساجد میں نماز ادا کرنے کا جو ثواب مروی ہے وہ مردوں کے لئے ہے۔ عورتوں کے لئے مکہ اور مدینہ میں بھی گھر میں نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے۔ حضرت ام حمید رضی اللہ عنہا نے بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوکر عرض کیا تھا کہ مجھے آپؐ کے ساتھ نماز پڑھنے کا شوق ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہارا شوق بہت اچھا ہے مگر تمہاری نماز کوٹھری کے اندر کمرے کی نماز سے بہتر ہے۔ اور کمرے کی نماز گھر کے احاطے کی نماز سے بہتر ہے اور گھر کے احاطے کی نماز محلّہ کی مسجد کی نماز سے بہتر ہے اور محلّہ کی مسجد کی نماز میری مسجد کی نماز سے بہتر ہے''۔ اس حدیث سے یہ بات صاف معلوم ہوئی کہ مسجد نبوی اور مسجد حرام وغیرہ کا مذکورہ ثواب مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے مکہ اور مدینہ میں بھی گھر میں نماز ادا کرنے کا ثواب اس سے کہیں زیادہ ہے (الترغیب والترہیب ۱:۱۷۸)

ملحوظہ: مگر ہم جب حج یا عمرہ کے لئے جاتے ہیں تو یہ بات عورتوں کو نہیں بتاتے، ان کو حرمین میں نماز پڑھنے کی ترغیب دیتے ہیں، کیونکہ بے چاری زندگی بھر کی تمنا لے کر جاتی ہیں اور گھر میں نماز پڑھنے کو کہا جائے گا تو سست پڑی رہیں گی۔ اس لئے ان کے لئے زیادہ سے زیادہ وقت حرمین میں گذارنا ہی مفید ہے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کجاوے نہ کسے جائیں یعنی مضبوط نہ باندھے جائیں یعنی لمبا سفر نہ کیا جائے مگر تین مسجدوں کی طرف: مسجد حرام، مسجد اقصی اور میری یہ مسجد''

تشریح: کسی مسجد میں نماز ادا کرنے کے لئے لمبا سفر کرکے جانا یا اولیاء کی قبروں کی زیارت کے لئے جانا، یا کسی ولی کے تکیہ (بزرگ کے رہنے اور عبادت کرنے کی جگہ) کی زیارت کے لئے جانا یا کسی اور متبرک مقام کی زیارت کے لئے سفر کرنا مختلف فیہ ہے۔ بعض مباح کہتے ہیں اور بعض حرام۔ قائلینِ اباحت کہتے ہیں کہ اس حدیث کا مقصد ان جگہوں کا مہتم بالشان ہونا بیان کرنا ہے اس لئے ان تین مساجد کی طرف سفر کرکے نماز پڑھنے کے لئے جانے کی ترغیب دی کیونکہ یہ متبرک جگہیں ہیں۔ پس اگر لوگ سفر کی زحمت اٹھائیں تو ان تین مقامات میں حاضری کے لئے اٹھائیں، ان کے علاوہ کے لئے بار مشقت اٹھانا بے فائدہ ہے۔ اس حدیث کا یہ مقصد نہیں ہے کہ ان مقامات کے علاوہ کہیں سفر کرکے جانا جائز نہیں۔

اور دوسری رائے یہ ہے کہ خواہ مسجدیں ہوں یا اولیاء کی قبریں یا کسی ولی کا تکیہ یا کوئی اور متبرک جگہ سب کی طرف لمبا سفر کرکے جانا ممنوع ہے، اس لئے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ ایسے مقامات کی زیارت کے لئے اور برکتیں حاصل کرنے کے لئے جاتے تھے جو ان کے گمان میں معظم ومحترم ہوتی تھیں۔ اور یہ بات دین کی تحریف کا سبب تھی۔ اس لئے نبی ﷺ نے اپنے اس ارشاد کے ذریعہ فساد کا دروازہ بند کردیا کہ تین مساجد کے علاوہ حقیقی یا فرضی متبرک مقامات کے لئے سفر کرنا ممنوع ہے اور مقصد یہ ہے کہ غیر شعائر اللہ، شعائر کے ساتھ نہ مل جائیں اور یہ سلسلہ غیر اللہ کی عبادت کا

ذریعہ نہ بن جائے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کی یہی رائے ہے اور میرے نزدیک بھی یہی برحق ہے۔ کیونکہ حضرت بصرہؓ نے طور پر جانے سے منع کیا ہے۔ تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ (۳:۴۴۴)

پھر ایک نیا مسئلہ قبر اطہر کی زیارت کے لئے سفر کے جواز وعدم جواز کا کھڑا ہوا۔ علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ اس کے لئے بھی سفر کرنا ناجائز کہتے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں: مسجد نبوی میں نماز ادا کرنے کی نیت سے سفر کرے پھر روضۂ اقدس پر بھی حاضری دے۔ مگر قبر اطہر کی نیت سے مستقل سفر نہ کرے۔ اور وہ اسی حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں: حدیث میں استثناء مفرغ ہے یعنی اس کا مستثنیٰ منہ مذکور نہیں اور قاعدہ ہے کہ استثنائے مفرّغ میں مستثنیٰ منہ عام مقدر مانا جاتا ہے۔ پس تقدیر عبارت ہوگی: لاتُشَدُّ الرِّحالُ إلی مکانٍ مَّا۔ یعنی کسی جگہ کا سفر نہ کیا جائے اور اس کے عموم میں قبر اطہر بھی شامل ہے، پس اس کی زیارت کے لئے بھی سفر کرنا جائز نہیں۔

اور جمہور امت کے نزدیک قبر اطہر کی زیارت کے لئے سفر کرنا نہ صرف جائز ہے بلکہ اہم عبادتوں میں سے ہے اور بڑا کار ثواب ہے۔ اور ابن تیمیہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ بیشک استثنائے مفرغ میں مستثنیٰ منہ عام مقدر مانا جاتا ہے مگر وہ مستثنیٰ کی جنس سے ہوتا ہے پس تقدیر عبارت ہوگی: لا تُشَدُّ الرحالُ إلی مسجدٍ مَّا اور اس تقدیر کی دلیل ایک حدیث بھی ہے جو مسند احمد (۳:۶۴) میں ہے۔ مسند احمد میں شہر بن حوشب کی یہی حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بایں الفاظ مروی ہے: لاَیَنْبَغِیْ للمَطِیِّ أن تُشَدَّ رحالُه إلی مسجدٍ یَبْتَغِی فیه الصلاةَ غیرَ المسجدِ الحرامِ والمسجدِ الأقصی ومسجدی هذا۔ اور شہر بن حوشب میں اگرچہ کلام ہے مگر مجمع الزوائد (۴:۳) میں صراحت ہے کہ ان کی حدیث حسن کے درجہ کی ہوتی ہے۔ غرض اس حدیث میں مستثنیٰ منہ مصرح ہے اور إلی مکانٍ مَّا تو مقدر مانا ہی نہیں جاسکتا، ورنہ تجارت کے لئے اور مریض کے علاج کے لئے دور دراز کا سفر کرنا بھی ممنوع ہو جائے گا۔

اور جمہور امت نے اصل استدلال تعامل امت سے کیا ہے کہ دور صحابہ سے آج تک ہر حاجی مکہ کا ایک لاکھ نمازوں کا ثواب چھوڑ کر چار سو میل کا طویل سفر کر کے مدینہ جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ حجاج صرف مسجد نبوی کی زیارت کے لئے نہیں جاتے بلکہ قبر اطہر پر حاضری مقصود ہوتی ہے۔ غرض قبر اطہر کا معاملہ ایک استثنائی صورت ہے، جیسے گھر میں تدفین حدیث کی رو سے ممنوع ہے مگر آپ ﷺ کی تدفین اس سے مستثنیٰ ہے اور قبروں اور تکیوں کے لئے طویل سفر کا عدم جواز تنقیح مناط کے ذریعہ ہے، حضرت ابو بصرۃ رضی اللہ عنہ نے طور کے سفر کو حدیث کے ذیل میں لیا ہے کما فی الموطا، والتفصیل فی رحمۃ اللہ الواسعہ واللہ اعلم

فائدہ (۱): ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے زندگی بھر بدعات وخرافات سے ٹکر لی ہے اور دمشق، شام اور مصر ان کے کام کا میدان رہا ہے، اور ان کے مزاج میں تیزی تھی۔ جب انھوں نے دیکھا کہ لوگ اولیاء کی قبروں اور متبرک مقامات کی زیارت کے لئے طویل سفر کرتے ہیں اور وہاں پہنچ کر کردنی ناکردنی کرتے ہیں تو انھوں نے ردعمل میں قبر اطہر کی

زیارت کے لئے سفر کرنے کو بھی ناجائز کہہ دیا۔ ہندوستان بھی بدعات وخرافات سے بھرا پڑا تھا، ہمارے اکابر کی سوا سو سالہ محنت سے اس کی حالت میں کافی حد تک سدھار پیدا ہوا ہے مگر اب بھی آدھے سے زیادہ ہندوستان بدعات کی تاریکیوں میں سرگرداں ہے۔ مگر ہمارے اکابر کے مزاج میں اعتدال تھا۔ چنانچہ انھوں نے ردِ عمل میں کبھی کوئی مسئلہ نہیں بگاڑا، قرآن وحدیث کی رُو سے جو جائز تھا اسے جائز کہا اور اس کی پرواہ نہیں کی کہ کسی بات کو جائز کہنے کی صورت میں کن مشکلات کا سامنا کرنے پڑے گا بہر حال اپنے اکابر کے نزدیک قبر اطہر کی زیارت کے لئے طویل سفر نہ صرف جائز ہے بلکہ اعظم قربات سے ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے۔ اور یہ قبور اولیاء سے استثنائی صورت ہے۔ واللہ اعلم

فائدہ (۲): اسی طرح جب ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بدعتیوں کو قبروں سے استمداد کرتے دیکھا تو انھوں نے توسُّل کے مسئلہ کو بگاڑ دیا۔ وہ فرماتے ہیں: صرف زندوں کا توسل جائز ہے مردوں کا توسل جائز نہیں۔ اور وہ بخاری کی ایک حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں جب نماز استسقاء کے بعد دعا کرتے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کرتے (بخاری حدیث ۱۰۱۰ باب سؤال الناس إلخ) ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر مرے ہوئے بزرگوں کا توسل جائز ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کو چھوڑ کر حضرت عباس کا توسل کیوں کرتے؟ مگر ابن تیمیہ رحمہ اللہ کے سامنے صحیح صورتِ حال نہیں ہے یا انھوں نے اس سے اغماض کیا ہے۔ علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری (۳۲:۷) میں صحیح صورتِ حال اس طرح بیان کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نماز استسقاء میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے دعا کراتے تھے۔ پس اس حدیث میں توسّل کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ علامہ عینی نے یہ روایت بھی ذکر کی ہے کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ بھی جب کوئی لشکر روانہ کرتے تو حضرت عباسؓ سے فتح ونصرت کی دعا کراتے تھے۔ اور ہمارے اکابر کے نزدیک جس طرح اعمال صالحہ اور احیاء کا توسّل جائز ہے اموات کا توسل بھی جائز ہے۔ بلکہ احیاء کی بہ نسبت بدرجۂ اولیٰ جائز ہے۔ کیونکہ زندہ فتنوں سے محفوظ نہیں اور جس کا ایمان پر بالیقین خاتمہ ہوگیا جیسے نبی ﷺ ان کا توسل بدرجۂ اولیٰ جائز ہے (یہ یاد رہے کہ توسّل صرف جائز ہے فرض واجب یا مستحب نہیں اس لئے عام طور پر دیوبندیوں میں توسل کرنے کا رواج نہیں)

[۱۲۹] باب ماجاء فی أَیِّ المساجِد أفضلُ؟

[۳۳۵-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالِكٌ، ح: وحدثنا قُتَیْبَةُ، عن مالكٍ، عن زیدِ بنِ رَبَاحٍ، وعُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ أبی عبدِ الله الأَغرِّ، عن أبی عبدِ اللّٰهِ الأَغرِّ، عن أبی هریرة: أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قال: ”صَلَاةٌ فی مَسْجِدِیْ هٰذَا خَیْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِیْمَا سِوَاهُ إِلَّا المَسْجِدَ الحَرَامَ“

قال أبو عیسی: ولم یَذْکُرْ قُتَیْبَۃُ فی حدیثِہ عن عبیدِاللہ، وإِنَّما ذَکَرَ عن زَیْدِ بنِ رباحٍ، عن أبی عَبدِ اللہ الأَغرِّ.

قال: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وأبو عبد اللہ الأَغَرُّ: اسمُہ سَلْمَانُ.

وقد رُوِیَ عَن أبی ھُریرۃَ مِن غَیْرِ وَجْہٍ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

وفی البابِ: عن علیٍّ، ومَیْمُوْنَۃَ، وأبی سعیدٍ، وجُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ،وعبدِاللّٰہِ بنِ الزُّبَیْرِ، وابنِ عُمَرَ، وأبی ذَرٍّ.

[۳۳۶-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، أخبرنا سفیانُ بنُ عُیَیْنَۃَ، عن عبدِ الملکِ بنِ عُمَیْرٍ، عن قَزَعَۃَ، عن أبی سعیدٍ الخدریِّ، قال: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:" لاتُشَدُّ الرِّحَالُ إِلَّا إلی ثَلاثَۃِ مَسَاجِدَ: مَسْجِدِ الحَرَامِ، ومَسْجِدِیْ ھٰذَا، ومَسْجِدِ الأَقْصٰی"

قال: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: حدیث (۳۳۵) کی سند میں امام مالکؒ کے دو استاذ ہیں: ایک: زید بن رباح، دوسرے: عبداللہ۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ دو استاذ معن کی سند میں ہیں قتیبہ کی سند میں صرف زید بن رباح ہیں جو ابوعبداللہ الاغرّ سے روایت کرتے ہیں اور ابوعبداللہ الاغرّ کا نام سلمان ہے اور یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے متعدد اسانید سے مروی ہے۔

بابُ مَاجَاءَ فی الْمَشْیِ إِلَی الْمَسْجِدِ

مسجد کی طرف باوقار چلنے کا بیان

جب جماعت کھڑی ہوجاتی ہے یا رکعت فوت ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے تو بعض لوگ دوڑتے ہوئے آتے ہیں اس میں مسجد کی بے توقیری ہے۔ اگر کسی اونچی جگہ سے اس حالت کا نظارہ کیا جائے تو ایسا محسوس ہوگا جیسے اصطبل سے گھوڑے چُھٹے ہیں اور بے تحاشہ دوڑے چلے جارہے ہیں۔ یہ بات مسجد کی شایانِ شان نہیں۔ اس لئے نمازیوں کو اس بات کا حکم دیا گیا کہ وہ باوقار اور سنجیدگی کے ساتھ چلتے ہوئے آئیں۔ دوڑتے ہوئے نہ آئیں۔ پھر اگر وہ رکعت کو پالیں تو فبہا ورنہ جو حصہ فوت ہوگیا اس کی قضا کرلیں۔ غرض شریعت نے یہاں دفع مضرت کا یعنی مسجد کی حرمت کا لحاظ کیا ہے۔ جلب منفعت کا یعنی لوگوں کے فائدہ کا لحاظ نہیں کیا، کیونکہ جہاں جلب منفعت اور دفع مضرت میں تعارض ہوتا ہے وہاں دفع مضرت کو مقدم کیا جاتا ہے۔ البتہ بعض علماء نے لپک کر چلنے کی یعنی فطری چال سے ذرا تیز چلنے کی اجازت دی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب نماز کھڑی کی جائے یعنی اقامت شروع ہوجائے تو آپ لوگ نماز

میں دوڑتے ہوئے نہ آئیں، بلکہ چلتے ہوئے آئیں۔ اور اطمینان کو لازم پکڑیں۔ یعنی باطمینان چلتے ہوئے آئیں۔ پس نماز کا جو حصہ پالیں اُسے پڑھ لیں۔ اور جو حصہ فوت ہو جائے اُسے بعد میں مکمل کر لیں''

تشریح: اس حدیث میں یزید بن زُریع نے ابن شہاب زہری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ابو سلمۃ کا واسطہ ذکر کیا ہے اور عبد الرزاق نے دونوں کے درمیان سعید بن المسیب کا واسطہ بیان کیا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے عبد الرزاق کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے کیونکہ سفیان ثوری ان کے متابع ہیں۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ دونوں واسطے صحیح ہیں، یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابو سلمۃ اور سعید بن المسیب دونوں اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور ابن شہاب زہری نے دونوں حضرات سے یہ حدیث سنی ہے۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے بخاری شریف میں اس حدیث میں دونوں واسطے جمع کئے ہیں (بخاری حدیث ۹۰۸ باب المشی إلی الجمعة)

[۱۳۰] باب ماجاء فی المَشْیِ إلی المسجد

[۳۳۷-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبی الشَّوَارِبِ، نا یزیدُ بنُ زُرَیْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِیِّ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:" إِذَا أُقِیْمَتِ الصَّلَاةُ فَلَاتَأْتُوْهَا وَأَنْتُمْ تَسْعَوْنَ، ولكنِ ائْتُوْهَا وَأَنْتُمْ تَمْشُوْنَ، وعَلَیْكُمْ السَّكِیْنَةُ، فَمَاأَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوْا،ومَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوْا''

وفی الباب: عن أبی قتادةَ، وأُبَیِّ بنِ كَعْبٍ، وأبی سعیدٍ، وزیدِ بنِ ثابتٍ، وجابرٍ، وأَنَسٍ.

قال أبو عیسی: اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی المَشْیِ إلی المسجدِ: فَمِنْهُمْ مَنْ رَأَی الإِسْرَاعَ إِذَا خَافَ فَوْتَ التكبیرةِ الأُوْلَی،حَتّٰی ذُكِرَ عن بعضِهم أَنه كانَ یُهَرْوِلُ إِلی الصَّلَاةِ، ومِنْهُمْ مَنْ كَرِهَ الإِسْرَاعَ، واخْتَارَ أَنْ یَمْشِیَ علی تُؤَدَةٍ وَوَقَارٍ؛ وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ، وقالا: العَمَلُ علی حدیثِ أبی هریرةَ؛ وقال إسحاقُ: إِنْ خَافَ فَوْتَ التكبیرةِ الأُولٰی فلا بأْسَ أن یُسْرِعَ فی المَشْیِ.

حدثنا الحسنُ بنُ علیٍّ الخَلَّالُ، نا عبدُ الرزاقِ، نامَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِیِّ، عن سعیدِ بنِ المُسَیِّبِ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم بحدیثِ أبی سَلَمَةَ عن أبی هریرةَ بمعناهُ، هكذا قال عبدُ الرَّزَّاقِ عن سعیدِ بنِ المسیِّبِ، عن أبی هریرةَ، وهذا أَصَحُّ مِن حدیثِ یَزِیْدَ بنِ زُرَیْعٍ.

حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سفیانُ، عن الزُّهْرِیِّ، عن سعیدِ بنِ المَسَیِّبِ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ.

ترجمہ: علماء نے مسجد کی طرف چلنے میں اختلاف کیا ہے: بعض نے اسراع کی یعنی لپکنے کی اجازت دی ہے جبکہ

تکبیر اولیٰ فوت ہونے کا اندیشہ ہو۔ یہاں تک کہ بعض علماء سے منقول ہے کہ وہ نماز کی طرف ہلکے دوڑ کر بھی جاتے تھے۔ اور بعض علماء نے لپک کر چلنے کو ناپسند کیا ہے (پس ہرولہ تو بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوگا) اور انھوں نے یہ بات پسند کی ہے کہ آدمی باطمینان اور وقار کے ساتھ چلے۔ امام احمد واسحاق رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں۔ اور دونوں نے کہا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پر عمل ہونا چاہئے۔ اور حضرت اسحاق نے فرمایا: اگر تکبیر اولیٰ فوت ہونے کا اندیشہ ہو تو لپک کر چلنے میں حرج نہیں۔ اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے عبدالرزاق کی سند پیش کی ہے پھر اپنا فیصلہ دیا ہے، پھر عبدالرزاق کے متابع حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کی سند پیش کی ہے۔

فائدہ: یہاں ایک ضمنی مسئلہ یہ ہے کہ مسبوق فوت شدہ نماز کو کس طرح ادا کرے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ اس کی نماز کا شروع کا حصہ فوت ہوا ہے پس اگر ایک یا دو رکعت فوت ہوئی ہیں تو مسبوق ان کو بھری پڑھے گا اور تین فوت ہوئی ہیں تو وہ شروع کی دو بھری پڑھے گا اور تیسری میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھے گا۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ مسبوق نے نماز کا آخری حصہ نہیں پایا۔ شروع کا حصہ اس نے پڑھ لیا ہے کیونکہ اس نے تکبیر تحریمہ سے نماز شروع کی ہے پس ایک یا دو رکعت فوت ہونے کی صورت میں مسبوق کو ان میں صرف فاتحہ پڑھنی ہے اور تین فوت ہوئی ہوں تو پہلی بھری پڑھے اور آخری دو خالی پڑھے۔

اور اختلاف کی بنیاد وہ بات ہے جو پیچھے بیان کی جاچکی ہے کہ ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک امام واسطہ فی العروض ہے۔ نماز کے ساتھ حقیقۃً وہی متصف ہوتا ہے اور مقتدی بالعرض اور مجازاً متصف ہوتا ہے۔ پس جب امام کی نماز کا شروع کا حصہ مقتدی کے ہاتھ سے نکل گیا تو گویا مقتدی نے اس حصہ کو پڑھا ہی نہیں اس لئے سلام پھیرنے کے بعد اُسے شروع ہی کا حصہ پڑھنا ہے۔ لہٰذا اگر ایک رکعت فوت ہوئی ہے تو اس میں فاتحہ اور سورت دونوں پڑھنی ضروری ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے امام کو واسطہ فی الثبوت مانا ہے یعنی ان کے نزدیک امام اور مقتدی دونوں نماز کے ساتھ حقیقۃً متصف ہیں اور چونکہ مقتدی نے تکبیر تحریمہ سے نماز شروع کی ہے اس لئے اس نے شروع کی رکعتیں پڑھ لی ہیں۔ لہٰذا وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد جو ایک رکعت رہ گئی ہے اس کو خالی پڑھے گا کیونکہ وہ آخری رکعت ہے۔

اور امام مالک اور امام محمد رحمہما اللہ کی رائے یہ ہے کہ حقّ قول میں یعنی قراءت میں مسبوق کی شروع کی نماز فوت ہوئی ہے پس اگر ایک یا دو رکعت رہ گئی ہیں تو وہ بھری پڑھے گا۔ اور حقّ فعل میں یعنی قعدہ کے حق میں اس نے آخر کی نماز نہیں پڑھی ہے لہٰذا اگر امام کے ساتھ اس نے صرف ایک رکعت پائی ہے تو وہ امام کے سلام پھیرنے کے بعد ایک رکعت پڑھ کر قعدہ کرے گا کیونکہ فرائض میں ہر دو رکعت پر قعدہ ہے۔ اور وہ اس رکعت کو بھری پڑھے پھر قعدہ سے فارغ ہو کر پہلی رکعت بھری ہوئی اور دوسری خالی پڑھے۔ اسی طرح اگر مغرب میں دو رکعت فوت ہوئی ہیں تو مسبوق امام کے سلام کے بعد پہلی رکعت کے بعد قعدہ کرے پھر دوسری پڑھے اور دونوں بھری پڑھے احناف کے یہاں فتویٰ امام

محمد رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔

بابُ ماجاء فی القُعُودِ فی المسجد وانْتِظَارِ الصَّلاَةِ من الفَضْلِ

مسجد میں بیٹھنے اور نماز کا انتظار کرنے کا ثواب

جو شخص مسجد سے چمٹا رہے اور اس میں ٹھیر کر نماز کا انتظار کرے اس کے لئے فضیلت یہ ہے کہ وہ حکماً نماز میں ہے۔ اس لئے کہ منتظرِ صلاۃ بحکم صلاۃ ہے۔ یہ طے شدہ ضابطہ ہے۔ فرشتے اس کے لئے برابر بخشش ورحمت کی دعا کرتے ہیں۔ اور وہ شخص جو مسجد میں موجود تو نہیں، گھر پر یا کھیت میں یا کسی اور کام میں مشغول ہے مگر اُسے نماز کا انتظار ہے تو اس کے لئے بھی فضیلت ہے۔ متفق علیہ حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میدان حشر میں اللہ تعالیٰ سات قسم کے لوگوں کو اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے جبکہ اللہ کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ ان میں سے ایک وہ شخص ہے جو فرض پڑھ کر مسجد سے نکلا مگر اس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہے یعنی اُسے اگلی نماز کا انتظار ہے۔

(مشکوٰۃ حدیث ۷۰۱)

[۱۳۱] باب ماجاء فی القُعُوْدِ فی المسجد وانْتِظَارِ الصلاة من الفضل

[۳۳۸-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم:" لاَيَزَالُ أَحَدُكُمْ فِي صلاةٍ مَادَامَ يَنْتَظِرُهَا، ولا تَزَالُ الْمَلاَئِكَةُ تُصلی عَلَى أَحَدكم مادامَ فی المسجدِ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ، مَالَمْ يُحْدِثْ" فقال رَجُلٌ مِن حَضْرَ مَوْتَ: وما الحَدثُ يَا أَبَا هريرةَ؟ فقال: فُسَاءٌ أو ضُرَاطٌ.

وفی البابِ: عن عليٍّ، وأبی سعيدٍ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، وسهل بن سعدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ایک شخص برابر نماز میں رہتا ہے جب تک کہ وہ نماز کا انتظار کرتا ہے اور ملائکہ اس کے لئے برابر دعا میں لگے رہتے ہیں جب تک کہ وہ مسجد میں رہتا ہے (وہ یہ دعا کرتے ہیں) الٰہی! اس بندہ پر رحمت خاص نازل فرما۔ الٰہی! اس پر مہربانی فرما۔ جب تک وہ کوئی نئی بات پیدا نہ کرے'' (یا جب تک وہ ہگ نہ دے) حضر موت کے ایک طالب علم نے پوچھا: نئی بات پیدا کرنا کیا ہے؟ (یا مسجد میں ہگ دینے کی صورت کیا ہے؟) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: گوز یا پاد (یعنی مسجد میں بے آواز یا آواز کے ساتھ ہوا خارج کرنا حدث (نئی بات پیدا) کرنا ہے۔ بندے کی یہ حرکت فرشتوں کی دعا سے محرومی کا سبب بن جاتی ہے)

بابُ ماجاء فی الصَّلاَۃِ عَلَی الْخُمْرَۃِ

چٹائی وغیرہ پرنماز پڑھنے کا بیان

یہ تین باب ہیں، تینوں میں یہ مسئلہ ہے کہ کوئی چیز بچھا کراس پرنماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟ امام مالک رحمہ اللہ کہتے ہیں: فرض نماز میں زمین پر یا زمین کی جنس پر سجدہ کرنا ضروری ہے۔ اور زمین کی جنس سے مراد وہ چیزیں ہیں جو جلانے سے نہ جلیں، جیسے اینٹ اور پتھر وغیرہ، اور جو چیزیں آگ میں جل جاتی ہیں وہ زمین کی جنس سے نہیں ہیں، مثلاً چٹائی اور کپڑا وغیرہ۔ لہٰذا ان پر اس طرح فرض نماز پڑھنا کہ سجدہ بھی انہی چیزوں پر کیا جائے صحیح نہیں، البتہ نفلوں میں گنجائش ہے، ان میں سجدہ زمین کی جنس پر بھی ہوسکتا ہے اور غیر جنس پر بھی۔ اور دیگر ائمہ کے نزدیک فرض نماز میں بھی زمین پر یا زمین کی جنس پر سجدہ کرنا نہ تو فرض ہے اور نہ مستحب، بلکہ ہر چیز پر سجدہ کرنا جائز ہے۔ اس لئے کہ صحیح احادیث میں فرض اور نفل میں فرق کئے بغیر رسول اللہ ﷺ سے خُمرہ یعنی چھوٹی چٹائی پر اور بساط یعنی بڑی چٹائی پر اور دیگر بچھونوں پر نماز پڑھنا ثابت ہے ـــــ خُمرۃ: اس چھوٹی چٹائی کو کہتے ہیں جو عام طور پر گھروں میں بیٹھنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ یعنی اتنی چھوٹی چٹائی جس پر کھڑا ہونا اور سجدہ کرنا مشکل ہو۔ اگر اس پر کھڑے ہوں تو سجدہ زمین پر ہو اور اس پر سجدہ کریں تو کھڑا زمین پر ہو، ایسی چھوٹی چٹائی کو خمرۃ کہتے ہیں۔

[۱۳۲] باب ماجاء فی الصلاۃِ عَلَی الْخُمْرَۃِ

[۳۳۹-] حدثنا قُتَیبةُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن عِكْرَمَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: كان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّی عَلَی الْخُمْرَۃِ.

وفی الباب: عن أُمِّ حَبِيبَةَ، وابنِ عُمَرَ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وعائشةَ، ومَيْمُونَةَ، وأُمِّ كُلْثُومِ بنْتِ أبی سَلمةَ بنِ عبدِ الأَسَدِ؛ ولَمْ تَسْمَعْ مِن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابن عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وبه يقولُ بعضُ أهلِ العلمِ؛ وقال أحمدُ وإسحاقُ: قد ثَبَتَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الصلاۃُ عَلَی الْخُمْرَۃِ؛ قال أبو عیسی: والخُمْرَۃُ: هُوَ حَصِيرٌ صَغِيرٌ.

وضاحت: ام کلثوم بنت ابی سلمۃ آنحضور ﷺ کی ربیبہ ہیں یعنی ان کی پرورش رسول اللہ ﷺ کے گھر میں ہوئی ہے کیونکہ ان کی والدہ ازواج مطہرات میں سے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے انتقال کے وقت وہ اتنی چھوٹی تھیں کہ اس عمر کا سماع صحیح نہیں۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاَۃِ عَلَی الحَصِیْرِ

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے چٹائی پر نماز پڑھی ——

حصیر: چٹائی کے مصلّے کو کہتے ہیں۔ یعنی جس پر کھڑا ہونا اور اس پر سجدہ کرنا ممکن ہو۔

[۱۳۳] باب ماجاء فی الصلاۃِ عَلَی الْحَصِیْرِ

[۳۴۰-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، نا عیسیَ بنُ یُوْنسَ، عن الْأَعْمَشِ، عن أَبی سفیانَ، عن جابرٍ، عن أَبی سعیدٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم صَلَّی عَلَی حَصِیْرٍ.

وفی الباب: عن أنسٍ، والمغیرۃِ بنِ شُعْبَۃَ.

قال أبو عیسی: وحدیثُ أبی سعیدٍ حدیثٌ حسنٌ؛ والعملُ عَلَی هذا عندَ أکثر أهلِ العلمِ، إلا أن قوماً من أهل العلم اختاروا الصلاۃَ عَلَی الْأَرْضِ استحبابًا.

قولہ: إلا أن قوماً سے امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کی طرف اشارہ ہے، ان کے یہاں نوافل میں زمین پر سجدہ کرنا مستحب ہے اور فرائض میں واجب .... اور جابر: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ ہیں اور یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاۃِ عَلَی البُسُطِ

البُسُط: بِساط کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: بچھونا۔ یہ لفظ عام ہے، چٹائی یا کپڑے کا مصلّی یا رومال وغیرہ سب کو شامل ہے۔ اور اس باب میں جو حدیث ہے وہ پہلے (۱:۵۶۴) گذری ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی دادی حضرت ملیکہ رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی تھی اور آپؐ نے کھانا تناول فرمانے کے بعد برکت کے لئے نفل نماز پڑھنے کا ارادہ ظاہر فرمایا تھا۔ چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک پرانی چٹائی جو کثرتِ استعمال سے میلی ہوگئی تھی، اچھی طرح دھوکر صاف کی اور اس کو بچھایا۔ نبی ﷺ نے اس پر کھڑے ہوکر دو رکعت نفل پڑھائیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ کا ہمارے گھرانے کے ساتھ اتنا میل جول تھا کہ گھر کے چھوٹے بچوں کے ساتھ آپؐ دل لگی فرماتے تھے۔ میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جو ہمیشہ اپنی چڑیا کے ساتھ مشغول رہتا تھا ایک دن نبی ﷺ نے اس کو مغموم دیکھا تو پوچھا: یہ بچہ مغموم کیوں ہے؟ گھر والوں نے بتایا کہ اس کی چڑیا مرگئی ہے۔ اس کے بعد جب بھی نبی ﷺ ہمارے گھر تشریف لاتے تو اس بچہ کو چھیڑتے اور فرماتے: ''اے ابوعُمیر! تیری بلبل کیا ہوئی؟'' بچے کو اپنی چڑیا یاد آجاتی اور وہ ہشاش بشاش ہوجاتا —— لفظوں کو ہم وزن کرنے کے لئے آپؐ

نے نُغَیر کی مناسبت سے أبو عُمیر اس کی کنیت رکھی تھی۔ یہ لفظ عُمَرْ کی تصغیر ہے یعنی تھوڑی زندگی والا چنانچہ وہ بچہ بچپن ہی میں مرگیا۔ بڑوں کے منہ سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے۔

[۱۳۴] باب ماجاء فی الصلاۃِ عَلَی البُسُطِ

[۳۴۱-] حدثنا هَنَّادٌ، ناوکیعٌ، عن شُعْبَةَ، عن أبی التَّیَّاحِ الضُّبَعِیِّ، قال: سَمعتُ أنسَ بنَ مالكٍ یقول: کان رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم یُخَالِطُنَا حتی کان یقولُ لِأَخٍ لی صغیرٍ: "یا أبا عُمَیْرٍ ما فَعَلَ النُّغَیْرُ؟" قال: ونُضِحَ بِسَاطٌ لَنَا فَصَلَّی علیه.

وفی البابِ: عن ابنِ عباسٍ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعملُ عَلٰی هذا عند أکثرِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَنْ بَعدَهُمْ ولم یَرَوْا بالصَّلاَةِ عَلَی البِسَاطِ والطَنْفُسَةِ بَأسًا؛ وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

واسمُ أبی التَّیَّاح: یَزیدُ بنُ حُمَیْدٍ.

لغت: طَنْفُسَة قالین کے پتلے مصلّے کو کہتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاَۃِ فی الحِیْطَانِ

باغ میں نماز پڑھنے کا بیان

حدیث: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ باغ میں نماز پڑھنے کو پسند کرتے تھے۔

تشریح: حِیْطَان: حائط کی جمع ہے اس کے اصلی معنی ہیں: دیوار۔ عرب میں باغات کے چاروں طرف دیوار بنانے کا رواج تھا اس لئے اس لفظ کے ثانوی معنی ہیں: باغ۔ اور یہ حدیث نہایت ضعیف ہے کیونکہ حسن بن ابی جعفر انتہائی درجہ کا ضعیف راوی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث اور امام نسائی رحمہ اللہ نے اس کو متروک قرار دیا ہے۔ اور یحییٰ قطان، ابن المدینی اور امام احمد رحمہم اللہ وغیرہ نے بھی اس کی تضعیف کی ہے۔ بلکہ ابن جوزی رحمہ اللہ نے اس راوی کی وجہ سے اس حدیث کو موضوعات میں لیا ہے ــــــــ قرون متوسطہ میں جب تصوف میں عجمی اثرات داخل ہوئے تو صوفیاء نے جنگل اور پہاڑوں میں جا کر عبادت کرنے کو اور لوگوں سے بے تعلق رہنے کو بڑا دینی کام تصور کرلیا تھا اور انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا تھا کہ جب آنحضور ﷺ باغات میں یعنی لوگوں سے دور رہ کر عبادت کرنے کو پسند فرماتے تھے تو بستی سے علحدگی اختیار کرنے اور جنگل و باغات میں رہ کر اللہ کی عبادت میں مشغول رہنے کا جواز بلکہ فضیلت نکل آئی۔ حالانکہ یہ حدیث ضعیف جداً ہے اس سے استدلال قطعا جائز

نہیں۔ علاوہ ازیں یہ سنیاس لینا ہے جو ہندوانہ رسم ہے اور رہبانیت اختیار کرنا ہے جو عیسائیوں کا طریقہ ہے۔ اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں۔ حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے بیویوں سے قطع تعلق کرنے کا ارادہ کیا تھا تا کہ ہر وقت اللہ کی عبادت میں مشغول رہ سکیں۔ آنحضرت ﷺ نے ان کو اس کام سے روک دیا اور فرمایا: ''یہ میرے طریقہ کے خلاف ہے۔ اور جس نے میرے طریقہ سے اعراض کیا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں!'' خود آنحضور ﷺ نے بھی اور تمام انبیائے کرام نے بیویوں اور بچوں کے ساتھ رہ کر عبادت کی ہے۔ اللہ کا بھی حق ادا کیا ہے اور لوگوں کا بھی۔ پس یہی دین ہے اور جو اس کے خلاف چلے اس کا فعل مردود ہے۔

[١٣٥] باب ماجاء فی الصلاةِ فی الحِيْطَانِ

[٣٤٢-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثنا أبو داوُدَ، نا الحسنُ بنُ أبی جَعْفَرٍ، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن أبی الطُّفَيْلِ، عن مُعاذِ بنِ جَبَلٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يَسْتَحِبُّ الصلاةَ فی الحِيْطَانِ؛ قال أبو داود: يعنی البَسَاتِيْنَ.

قال أبو عيسى: حديثُ معاذٍ حديثٌ غريبٌ لَانَعرِفُه إلَّا مِن حديثِ الحسنِ بنِ أبی جَعْفَرٍ، والحَسَنُ بنُ أبی جعفرٍ قد ضَعَّفَهُ يحيىَ بنُ سعيدٍ وغيرُه.

وأبو الزُّبَيْرِ: اسْمُهُ محمدُ بنُ مُسْلِمِ بنِ تَدْرُسَ؛ وأبو الطُّفَيْلِ: اسمُهُ عامرُ بنُ وَاثِلَةَ.

وضاحت: حضرت ابو الطفیل رضی اللہ عنہ صحابی ہیں۔ اور ابو داؤد سے مراد ابو داؤد طیالسی ہیں جو حدیث کے راوی ہیں انھوں نے حیطان کے معنی بیان کئے ہیں اور غریب بمعنی ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی سُتْرَةِ المُصَلِّی

نمازی کے سامنے سترہ کا بیان

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے سامنے کجاوہ کی پچھلی لکڑی کے مانند کوئی چیز رکھ لے تو چاہیے کہ نماز پڑھے اور ان لوگوں کی کوئی پروا نہ کرے جو سترہ کے پرے سے گذرتے ہیں''

تشریح: کھلے میدان میں یا جہاں لوگوں کے گذرنے کا احتمال ہو ایسی جگہ میں نماز پڑھنے والے کے لئے مستحب یہ ہے کہ وہ اپنے سامنے کوئی چیز کھڑی کر کے نماز پڑھے۔ اور وہ چیز کم از کم ایک انگلی کے بقدر موٹی اور ایک ہاتھ کے بقدر لمبی ہونی چاہیے۔ موٹائی میں یا لمبائی میں اس سے کم کو سترہ بنانا صحیح نہیں۔ اور اگر کسی شخص کے پاس سترہ بنانے کے لئے کوئی چیز نہ ہو تو امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پھر لکیر کھینچ دینا بھی کافی ہے اور لکیر یا تو لمبائی میں کھینچے یا پھر

محراب کی طرح گول لکیر کھینچے۔ دیگر ائمہ لکیر کو سترہ کے قائم مقام نہیں گردانتے۔ اور اس سلسلہ کی روایت ابوداؤد میں ہے۔ تفصیل وہاں سمجھ لیں۔

[۱۳۶] باب ماجاء فی سُتْرَةِ المصلی

[۳۴۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ وهَنَّادٌ، قالا: نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن مُوسی بنِ طَلْحَةَ، عن أبیه، قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: " إِذَا وَضَعَ أَحَدُکُمْ بَیْنَ یَدَیْهِ مِثْلَ مُؤْخَرَةِ الرَّحْلِ، فَلْیُصَلِّ ولا یُبَالِی مَنْ مَرَّ مِنْ وَرَاءِ ذلك"

وفی الباب: عن أبی هریرةَ، وسَهْلِ بنِ أبی حَثْمَةَ، وابنِ عُمَرَ، وسَبْرَةَ بنِ مَعبدٍ، وأبی جُحَیْفَةَ، وعائشةَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ طلحةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ عَلَی هٰذَا عند أهلِ العلمِ، وقالوا: سُتْرَةُ الإِمَامِ سُتْرَةٌ لِمَنْ خَلْفَهُ.

مسئلہ: اگر کھلے میدان میں باجماعت نماز پڑھی جارہی ہو تو امام کا سترہ سب کے لئے کافی ہے۔ ہر شخص کے لئے اپنے سامنے سترہ رکھنا ضروری نہیں۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے ——— اور یہ مسئلہ دلیل ہے کہ امام واسطہ فی العروض ہے یعنی نماز کے ساتھ حقیقۃً وہی متصف ہے اور مقتدی نماز کے ساتھ بالعرض اور مجازاً متصف ہیں اگر امام اور مقتدی سب نماز کے ساتھ حقیقۃً متصف ہوتے یعنی امام واسطہ فی الثبوت ہوتا تو پھر مقتدیوں میں سے ہر ایک کے لئے الگ سترہ رکھنا کم از کم مستحب ہوتا۔

بابُ مَاجاءَ فی کَرَاهِیَةِ المُرُوْرِ بَیْنَ یَدَیِ المُصَلِّی

نمازی کے سامنے سے گذرنا مکروہ ہے

حدیث: بُسر بن سعید کہتے ہیں: یزید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو حضرت ابوجہیم رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور ان سے پوچھا کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے نمازی کے سامنے سے گذرنے والے کے بارے میں کیا حدیث سنی ہے؟ ابوجہیمؓ نے جواب دیا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: "اگر نمازی کے سامنے سے گذرنے والا اس گناہ کو جان لے جو اس کو ہوتا ہے تو وہ چالیس (سال) تک ٹھہرا رہے یہ اس سے بہتر ہے کہ وہ اس کے سامنے سے گذرے" ابوالنضر کہتے ہیں: بُسر بن سعید نے چالیس سال کہا تھا یا چالیس مہینے یا چالیس دن، مجھے یاد نہیں رہا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو ابن ماجہ میں ہے گناہ کے ڈر سے سو سال تک اپنی جگہ ٹھہرے رہنے کی

بات ہے۔ یہ قرینہ ہے کہ ابوجہیم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی چالیس سال ہوگا۔

[۱۳۷] باب ماجاء فی کراهية المُرُوْرِ بين يَدِی المصلی

[۳٤٤-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكُ بنُ أنسٍ، عن أبی النَّضْرِ، عن بُسْرِ بنِ سعيدٍ: أَنَّ زَيْدَ بنَ خالدٍ الجُهَنِیِّ أَرْسَلَ إلی أَبی جُهَيْمٍ، يَسْأَلُهُ ماذا سَمِعَ من رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم فی المَارِّ بَيْنَ يَدَیِ الْمُصَلِّی؟ فقال أَبُو جُهَيْمٍ: قال رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم:" لَوْ يَعْلَمُ المَارُّ بَيْنَ يَدَیِ المُصَلِّی مَاذَا عَلَيْهِ؟ لَكَانَ أَنْ يَقِفَ أَرْبَعِيْنَ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَن يَمُرَّ بَيْنَ يَدَيْهِ" قال أبو النَّضْرِ: لا أَدْرِیْ قال: أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا أَوْ أَرْبَعِيْنَ شَهْرًا أَوْ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً.

وفی الباب: عن أَبی سعيدٍ الخُدْرِیِّ، وأبی هريرةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو؛ قال أبو عيسی: حديثُ أبی جُهَيْمٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳٤٥-] وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم أنه قال:" لَأَنْ يَقِفَ أَحَدُكُمْ مَائَةَ عامٍ خَيْرٌ له مِن أَنْ يَمُرَّ بَيْنَ يَدَیْ أَخِيْهِ وَهُوَ يُصَلِّی"

والعملُ عليه عندَ أهل العلمِ، كَرِهُوْا الْمُرُوْرَ بَيْنَ يَدَیِ المُصَلِّی،ولَمْ يَرَوْا أَنَّ ذٰلِكَ يَقْطَعُ صلاةَ الرجلِ.

ترجمہ: نبی ﷺ سے مروی ہے: یقیناً یہ بات کہ تم میں سے ایک شخص سوسال تک کھڑا رہے یہ بات بہتر ہے اس کے لئے اپنے بھائی کے سامنے سے گذرنے سے درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو۔ اور اکثر علماء کا اس پر عمل ہے انھوں نے نمازی کے سامنے سے گذرنے کو مکروہ (تحریمی) قرار دیا ہے۔ اور انھوں نے نہیں دیکھا کہ یہ چیز آدمی کی نماز کو کاٹے گی، یعنی ان کے نزدیک کسی کے سامنے سے گذرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

بابُ ماجاءَ لايَقْطَعُ الصَّلاَةَ شَیْئٌ

کوئی بھی چیز نمازی کے سامنے سے گذرے تو نماز باطل نہیں ہوتی

جمہور علماء کے نزدیک نمازی کے سامنے سے کسی بھی چیز کے گذرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ کا اس میں اختلاف ہے۔ اور ان کے لئے اگلا باب ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر وہ اور ان کے بڑے بھائی فضل بن عباس رضی اللہ عنہ ایک گدھی پر سوار ہوکر منی میں آئے۔ ابن عباسؓ پیچھے بیٹھے تھے۔ اور اس وقت آنحضرت

ﷺ نماز پڑھا رہے تھے، انھوں نے گدھی کو چرنے چُگنے کے لئے چھوڑ دیا اور دونوں صف میں شامل ہوگئے، یعنی نماز شروع کردی۔ اور گدھی لوگوں کے سامنے سے گذرتی رہی اور کسی کی نماز فاسد نہیں ہوئی۔

فائدہ: عرب کا گدھا ہمارے یہاں کے خچر کے برابر ہوتا ہے۔ اس پر بآسانی دو آدمی سوار ہوسکتے ہیں۔ اور ان کے یہاں گدھے کی سواری معیوب بھی نہیں سمجھی جاتی بلکہ وہ شان سے اس پر سواری کرتے ہیں۔ خود رسول اللہ ﷺ کی سواریوں میں بھی ایک گدھا تھا۔ اور حضرت مولانا شبیر احمد صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ عرب میں ''گدھا'' نہیں ہوتا بلکہ ''حمار'' ہوتا ہے۔ اور میں نے مکہ مکرمہ میں کاروں کے اس دور میں ایک بدّو کو ٹھاٹھ سے گدھے پر گذرتے دیکھا ہے۔

[۱۳۸] باب ماجاء لایقطعُ الصلاۃَ شیئ

[۳۴۶-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملك بنِ أبی الشَّوَارِبِ، نا یزید بنُ زُرَیْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِیِّ، عن عُبَیدِ اللّٰهِ بن عبد الله بنِ عُتْبَةَ، عن ابن عباسٍ، قال: کُنْتُ رَدِیْفَ الفَضْلِ علی أَتَانٍ، فَجِئْنَا وَالنبیُّ صلی الله علیه وسلم یُصَلِّی بَأَصحابه بمنیً، قال: فَنَزَلْنَا عنها، فَوَصَلْنَا الصَّفَّ، فَمَرَّتْ بَیْنَ أَیدِیْهِمْ، فلم تَقْطَعْ صَلاَتَهُمْ.

وفی الباب: عن عائشة، والفضلِ بنِ عباسٍ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبَّاسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ والعملُ علیه عندَ أکثر أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَنْ بَعدَهم من التابعینَ، قالوا: لا یقطعُ الصلاۃَ شیئٌ ؛ وبه یقولُ سُفیانُ، والشافِعیُّ.

بابُ ماجاء أَنَّهُ لاَ یَقْطَعُ الصَّلاَةَ إِلاَّ الْکَلْبُ والحِمَارُ والْمَرْأَۃُ

عورت، گدھے اور کالے کتے کے گذرنے سے نماز فاسد ہوجاتی ہے

حدیث: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بندہ نماز پڑھے اور اس کے سامنے کجاوہ کی پچھلی لکڑی کے مانند، یا فرمایا: کجاوہ کی درمیانی لکڑی کے مانند کوئی چیز نہ ہو تو اس کی نماز کو کالا کتا، عورت اور گدھا کاٹتا ہے۔ عبداللہ بن الصامت نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کالے کتے کی تخصیص کی وجہ کیا ہے؟ آپؓ نے جواب دیا: یہی بات میں نے آنحضرت ﷺ سے پوچھی تھی۔ آپ ؐ نے فرمایا: ''کالا کتا شیطان ہے''

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے۔ اس حدیث کی بناء پر امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ نمازی کے سامنے سے اگر

کالا کتا گذر جائے تو اس کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور عورت اور گدھے کے بارے میں انھوں نے کوئی دوٹوک بات نہیں کہی۔ کیونکہ ان دونوں کے سلسلہ میں معارض روایتیں موجود ہیں۔ اوپر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث گذری ہے کہ لوگوں کے سامنے سے ان کی گدھی گذرتی رہی اور کسی کی نماز باطل نہیں ہوئی۔ اور بخاری میں ہے کہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ حدیث سنائی گئی کہ عورت گدھے اور کتے کی وجہ سے نماز فاسد ہو جاتی ہے تو انھوں نے اس پر نقد کیا اور فرمایا: تم نے ہم عورتوں کو گدھوں اور کتوں کے برابر کر دیا۔ پھر فرمایا: میں آنحضرت ﷺ کے سامنے جنازہ کی طرح لیٹی رہتی تھی۔ اور آپؐ تہجد میں مشغول رہتے تھے اور کمرہ میں روشنی نہ ہونے کی وجہ سے بے خبری میں میرا پاؤں آپؐ کی سجدہ کی جگہ میں چلا جاتا تھا۔ جب آپ سجدہ کرنے کا ارادہ فرماتے تو میرے پاؤں کو ٹھونکتے، میں اپنا پاؤں سکیڑ لیتی اور آپ سجدہ کرتے (حدیث نمبر ۵۱۴ باب لایقطع الصلاۃ شیئ) معلوم ہوا کہ عورت کے نمازی کے سامنے ہونے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اور کتے کے بارے میں کوئی معارض روایت نہیں اس لئے امام احمدؒ نے کتے کے گذرنے سے تو نماز کے فساد کا حکم لگایا اور عورت اور گدھے کے گذرنے میں کوئی صریح فیصلہ نہیں کیا۔

فائدہ: باب کی حدیث کے ساتھ معارض نہ تو حضرت ابن عباسؓ کی حدیث ہے اور نہ حضرت عائشہؓ کی اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کے سامنے سترہ تھا اور گدھی سترہ سے پرے گذر رہی تھی اور امام کا سترہ لوگوں کے لئے سترہ ہوتا ہے پس گدھی کے نمازیوں کے سامنے سے گذرنے سے کوئی فرق نہیں پڑا۔ اور حضرت عائشہ کی حدیث اس لئے معارض نہیں کہ وہاں نمازی کے سامنے عورت پہلے سے موجود ہے اور باب میں مسئلہ عورت کا نمازی کے سامنے سے گذرنے کا ہے اور دونوں باتوں میں فرق ہے پس وہ حدیث بھی بحث سے خارج ہے مگر باب کی حدیث میں قطعِ صلاۃ سے فسادِ صلاۃ مراد نہیں، بلکہ قطعِ وُصلہ (رابطہ) مراد ہے۔ اور عورت سے مرغوبات اور گدھے سے مُسْتَقْذِرَات (گھناؤنی چیزیں) اور کالے کتے سے مُخوِّفَات (ڈراؤنی چیزیں) مراد ہیں۔

اس کی تفصیل: یہ ہے کہ جب نمازی کی نظر کسی مرغوب چیز پر پڑتی ہے تو اس کی توجہ بٹتی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ نے بیل بوٹوں والی چادر اوڑھ کر نماز پڑھی دوران نماز آپؐ کی ان پر نظر پڑی۔ نماز کے بعد آپؐ نے وہ چادر ایک صاحب کو دی اور فرمایا: اس کو ابوجہم رضی اللہ عنہ کو واپس کر دو اور ان کے پاس انجانیہ چادر ہے جو سادہ ہے وہ لے آؤ (بخاری حدیث ۳۷۲) آنحضرت ﷺ نے وہ چادر اس لئے لوٹا دی کہ آپ کی توجہ نماز میں بٹی تھی۔ معلوم ہوا کہ مرغوبات قطع وُصلہ کا سبب بنتے ہیں اور عورت مرغوبات کا اعلی فرد ہے۔ اس لئے اس کا ذکر کیا گیا ہے، اس میں عورتوں کا اعزاز ہے توہین نہیں ہے۔ اسی طرح مُسْتَقْذِرَات یعنی گھناؤنی چیزیں بھی قطع وُصلہ کا سبب بنتی ہیں اور اس کا ایک فرد گدھا ہے اور ایک حدیث میں خنزیر کا ذکر آیا ہے وہ بھی گھناؤنی چیز ہے (ابوداؤد ۱۰۲:۱) نیز مُخوِّفَات یعنی ڈراؤنی چیزیں بھی اس کا سبب بنتی ہیں۔ اور کالا کتا اس کی مثال ہے۔ اور ایک حدیث میں

یہودی اور مجوسی کا ذکر آیا ہے (ابوداؤد ۱:۱۰۲) ابتدائے اسلام میں مدینہ میں یہودیوں کا ہر وقت کھٹکا لگا رہتا تھا۔ غرض اس قسم کی چیزیں جب نمازی کے سامنے آتی ہیں تو یقیناً توجہ بٹتی ہے۔ حدیث میں قطع صلاۃ سے یہی قطع وصلہ مراد ہے۔ اس توجیہ سے احادیث میں تعارض ختم ہوجاتا ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے نقد کا جواب بھی نکل آتا ہے کہ عورت کو گدھے اور کتے کے برابر نہیں کیا بلکہ عورت کو اس کی نوع (مرغوبات) کا اعلیٰ فرد قرار دیا ہے۔

[۱۳۹] باب ماجاء أنه لا يَقْطَعُ الصلاةَ إلا الكلبُ والحمارُ والمرأةُ

[۳۴۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا يونسُ ومنصورُ بنُ زَاذَانَ، عن حُمَيْدِ بنِ هِلَالٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الصَّامِتِ، قال: سمعتُ أَبَا ذَرٍّ يقولُ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " إِذَا صَلَّى الرَّجُلُ وَلَيْسَ بَيْنَ يَدَيْهِ كآخِرَةِ الرَّحْلِ أَو: كَوَاسِطَةِ الرَّحْلِ: قَطَعَ صَلَاتَه الكَلْبُ الأَسْوَدُ والمرأَةُ والحِمارُ" فقلتُ لِأَبِيْ ذَرٍّ: مَابَالُ الأَسْوَدِ مِنَ الأَحْمَرِ ومِنَ الأَبْيَضِ؟ فقال: يَا ابنَ أَخِيْ سَأَلْتَنِی كما سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فقال: " الكلبُ الأَسْوَدُ شيطانٌ"

وفی البابِ: عن أبی سعيدٍ، والحَكَمِ الغِفَارِیِّ، وأبی هريرةَ، وأنَسٍ.

قال أبو عيسى: حديث أبی ذَرٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدْ ذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ إليه، قالوا: يَقْطَعُ الصلاةَ الحِمَارُ والمَرْأَةُ والكَلْبُ الأَسْوَدُ، قال أحمدُ: الذی لا أَشُكُّ فيهِ: أَنَّ الكَلْبَ الأَسْوَدَ يَقْطَعُ الصلاةَ، وفی نَفْسِیْ مِنَ الْحِمَارِ وَالْمَرْأَةِ شيئٌ؛ قال إسحاقُ: لَايَقْطَعُهَا شيئٌ إلَّا الكلبُ الأَسْوَدُ.

ترجمہ: بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ گدھا، عورت اور کالا کتا نماز کو باطل کردیتے ہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: وہ بات جس میں مجھے کوئی شک نہیں یہ ہے کہ کالا کتا نماز کو ختم کردیتا ہے، اور گدھے اور عورت کے بارے میں میرے دل میں تذبذب ہے۔ یعنی یقینی بات کہنا مشکل ہے۔ اور حضرت اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نماز کو صرف کالا کتا باطل کرتا ہے یعنی عورت اور گدھے کی وجہ سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاةِ فی الثَّوْبِ الوَاحِدِ

ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کا بیان

حدیث: حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا کے لڑکے اور آنحضرت ﷺ کے ربیب عمر بن ابی سلمۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو اپنی والدہ کے گھر میں نماز پڑھتے دیکھا درانحالیکہ آپ ایک کپڑے

میں لپٹے ہوئے تھے۔

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ اگر کوئی شخص صرف ایک کپڑے میں نماز پڑھے تو اُسے حتی الامکان بدن ڈھانک لینا چاہئے۔ اگرچہ نماز کی صحت کے لئے ناف سے گھٹنے تک کا حصہ چھپالینا کافی ہے۔ مگر آنحضرت ﷺ نے صرف ستر چھپانے پر اکتفا نہیں کیا بلکہ آپؐ نے چادر پورے بدن پر لپیٹ رکھی تھی۔ اور یہ نفل نماز تھی اور نوافل میں وسعت کے باوجود ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کی گنجائش ہے۔ اور فرض نماز میں زینت لے کر نماز پڑھنے کا حکم ہے۔ سورۃ الاعراف (آیت ۳۱) میں ارشاد پاک ہے: ﴿خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ﴾ تم اپنی آرائش ہر نماز کے وقت لے لو۔ اور کامل آرائش یہ ہے کہ سر اور ٹخنوں تک جو بھی آرائش و زینت کا لباس ہے اس کو پہن کر نماز پڑھی جائے۔ اور کام کاج کے کپڑوں کا شمار آرائش اور زینت کے لباس میں نہیں ہے۔ اس لئے علماء نے ان کو پہن کر فرض پڑھنے کو مکروہ لکھا ہے۔

ایک واقعہ: میرے استاذ شیخ محمود عبدالوہاب محمود مصری قدس سرہ جب فرض پڑھنے کے لئے مسجد میں آتے تو سخت گرمیوں میں بنیان پہنتے، اس پر توب (لمبا کرتہ) پہنتے، اس پر عباء پہنتے اور اوپر سے شال اوڑھتے اور دولہا بن کر آتے اور سکون کے ساتھ نماز پڑھتے، پسینہ بہتا رہتا مگر کبھی نہیں کھجلاتے تھے۔ ہندوستان کی گرمی ان کے لئے ناقابل برداشت تھی، پورے بدن میں گرمی دانے نکل آتے تھے تاہم یہ اہتمام کرتے تھے۔ پھر جب کمرہ میں لوٹتے تو سارے کپڑے بڑی ناگواری سے اتار پھینکتے۔ ایک دن میں نے عرض کیا کہ یہ توب (لمبا کرتا) کافی ہے۔ آپ عباء کیوں پہنتے ہیں اور شال کیوں اوڑھتے ہیں؟ تو فرمایا: سعید! أَنَا أَسْتَحْيِيْ مِنَ اللّٰهِ: سعید! مجھے اللہ سے شرم آتی ہے۔ سبحان اللہ کیا ادب تھا۔

انہی کا حال یہ تھا کہ جب کمرہ میں نوافل پڑھتے تو صرف پاجامہ پہن کر پڑھتے تھے، کیونکہ کپڑا پہن ہی نہیں سکتے تھے ۲۴ گھنٹے صرف پاجامہ میں رہتے تھے، مگر فرض نماز کے وقت وہ حال ہوتا تھا جو اوپر آیا۔

لطیفہ: ایک صاحب کی بیوی کا نام ''زینت'' تھا وہ ہمیشہ اپنی بیوی کو لے کر مسجد میں نماز پڑھنے آتے تھے، اکیلے کبھی نہیں آتے۔ کسی نے اس کی وجہ معلوم کی تو فرمایا: اللہ پاک کا حکم ہے۔ لوگوں نے پوچھا: کہاں حکم ہے؟ تو انھوں نے مذکورہ آیت پڑھی کہ اپنی زینت لے کر مسجد جاؤ اکیلے مت جاؤ۔

فائدہ: کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ کھلے سر نماز پڑھنا سنت یا مستحب ہے۔ کیونکہ اس میں تذلل (عاجزی اور فروتنی) ہے جو نماز میں مطلوب ہے، نیز ٹوپی پہن کر نماز پڑھنا ثابت نہیں۔ ان حضرات کا یہ خیال صحیح نہیں۔ یہ قرآن کے مقابلہ میں قیاس ہے۔ مذکورہ بالا آیت سے نماز میں تزین (مزین ہونے) کا مطلوب ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور یہ عجیب بات ہے کہ عمامہ باندھنا ثابت ہے اور ٹوپی کا تذکرہ بھی آیا ہے، پھر عام حالات میں تو آپ تزئین کے لئے یہ لباس زیب تن فرماتے ہوں اور جب نماز کا وقت آئے تو ان کو اتار کر نماز پڑھتے ہوں یہ محض من گھڑت بات ہے۔ اور یہ

خیال کہ اب تو کھلے سر رہنا ہی عام رواج ہے تو جاننا چاہئے کہ یہ ایک فیشن ہے۔ اس کا اعتبار نہیں۔ اعتبار اسلامی تہذیب کا ہے۔ اور ٹوپی پہن کر نماز پڑھنا ثابت نہیں تو کھلے سر فرض نماز پڑھنا بھی تو ثابت نہیں۔

[۱۴۰] باب ماجاء في الصَّلاةِ في الثوب الواحد

[۳۴۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن هِشامٍ: هُو ابنُ عُرْوَةَ، عن أَبيهِ، عن عُمَرَ بنِ أبي سَلَمَةَ: أَنَّهُ رأَى رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ في بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ مُشْتَمِلاً في ثوبٍ واحدٍ.

وفي الباب: عن أبي هريرةَ، وجابرٍ، وسلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وأنسٍ، وعَمْرِو بنِ أبي أُسَيْدٍ، وأبي سَعِيدٍ، وكَيْسَانَ، وابنِ عباسٍ، وعائشةَ، وأُمِّ هانئٍ، وعَمَّارِ بنِ ياسرٍ، وطَلْقِ بنِ عليٍّ، وعُبادةَ بنِ الصَّامِتِ الأَنْصَارِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ عُمرَ بنِ أبي سَلَمَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعملُ عَلَى هذا عند أَكْثَرِ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعدَهُمْ مِنَ التَّابِعينَ وغيرِهم، قالوا: لا بأْسَ بالصلاة في الثَّوْبِ الواحِدِ؛ وقد قال بعضُ أهلِ العلمِ: يُصَلّي الرجلُ في ثَوْبَيْنِ.

ترجمہ: اس پر اکثر صحابہ اور بعد کے اہل علم کا عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں: ایک کپڑے میں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اور بعض علماء کہتے ہیں: دو کپڑوں میں نماز پڑھنی چاہئے —— یعنی ضرورت کے وقت ایک کپڑے میں یعنی صرف لنگی میں یا صرف پائجامہ میں بھی نماز ہوجاتی ہے۔ آنحضور ﷺ سے سوال کیا گیا تھا کہ ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "کیا تم میں سے ہر ایک کے پاس دو کپڑے ہیں؟" اس زمانہ میں جواب نفی میں تھا پھر دو کپڑے نماز کے لئے کیسے شرط کئے جاسکتے ہیں؟ (بخاری حدیث ۳۶۵) البتہ اگر گنجائش ہو تو پھر ایک کپڑے میں فرض نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔ پوری زینت کے ساتھ پڑھنی چاہئے، جس میں عمامہ یا ٹوپی بھی شامل ہے۔ (تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۳۶۲)

بابُ ماجاء في ابْتِدَاءِ الْقِبْلَةِ

تحویل قبلہ کی ابتدائی تاریخ

آنحضور ﷺ کی بعثت ملتِ ابراہیمی اسماعیلی پر ہوئی ہے۔ ابراہیمی یعقوبی بنی اسرائیل کہلاتے ہیں اور ان کا قبلہ بیت المقدس تھا۔ اور عرب ابراہیمی اسماعیلی ہیں اور ان کا قبلہ بیت اللہ تھا۔ پس اسلام کا قبلہ بھی بیت اللہ ہے۔ آنحضرت ﷺ جب تک مکہ میں رہے بیت اللہ ہی قبلہ تھا۔ پھر جب آپؐ ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں فروکش

ہوئے تو بیت المقدس کو قبلہ قرار دیا گیا۔ مگر رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام یہ بات جانتے تھے کہ بیت المقدس عارضی قبلہ ہے۔ دیر سویر دوبارہ کعبہ شریف کو قبلہ مقرر کیا جائے گا۔ اور مسجد اقصیٰ کو قبلہ مقرر کرنے میں ایک مصلحت یہ تھی کہ مدینہ منورہ کی بڑی آبادی یہودیوں کی تھی۔ ان کو اسلام سے قریب لانے کے لئے بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا عارضی حکم دیا گیا، تاکہ وہ جان لیں کہ دینِ یہود اور دینِ اسلام کا سرچشمہ ایک ہے[1] مگر یہود بے بہبود قریب تو کیا آتے، الٹا انھوں نے یہ پروپیگنڈہ شروع کر دیا کہ محمد آہستہ آہستہ دینِ یہود کی طرف آرہے ہیں اور وہ عنقریب مذہبِ یہود کو قبول کرلیں گے۔

غرض تحویل قبلہ کا یہ مقصد پورا نہ ہوا تو سولہ یا سترہ مہینے کے بعد دوبارہ تحویل ہوئی۔ اس وقت آنحضور ﷺ بنوسلمۃ کے ایک نوجوان صحابی بشیر بن براء کے جنازہ میں شرکت کے لئے ان کے محلّہ میں تشریف لے گئے تھے۔ اور مسجد بنی سلمۃ میں ظہر پڑھا رہے تھے، آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائی تھیں کہ نماز کے اندر ہی وحی نازل ہوئی، اور آپؐ اور صحابہ شمال کی جانب سے جنوب کی جانب پلٹ گئے۔ اور بقیہ دو رکعتیں کعبہ شریف کی طرف پڑھیں۔ مدینہ سے بیت المقدس شمال کی جانب ہے اور بیت اللہ جنوب کی جانب۔ اسی مسجد بنی سلمۃ کو مسجد القبلتین کہتے ہیں۔ پھر آپؐ گھر تشریف لائے اور عصر کی نماز مسجد نبوی میں آپؐ نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے پڑھائی۔ ایک صحابی یہاں سے عصر پڑھ کر بنو حارثہ کی مسجد کے پاس سے گذرے وہاں لوگ سابقہ قبلہ کی طرف نماز پڑھ رہے تھے انھوں نے گواہی دی کہ قبلہ بدل گیا ہے۔ چنانچہ سب نماز ہی کے اندر بیت اللہ کی طرف گھوم گئے پھر اگلے دن ایک صحابی مسجد نبوی میں فجر پڑھ کر قبا پہنچے جو مدینہ سے تین چار میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا وہاں لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، جب انھوں نے تحویل کی خبر دی تو وہ سب بھی نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف پھر گئے۔

فائدہ (۱): یہاں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں مسجد نبوی میں تو فجر کی نماز غلس میں ہوتی تھی مگر مدینہ کی دوسری مساجد میں اسفار میں ہوتی تھی۔ کیونکہ یہ صحابی مسجد نبوی میں باجماعت فجر پڑھ کر پانچ کلو میٹر گئے ہیں، اس وقت قبا میں فجر کی نماز ہو رہی تھی۔

فائدہ (۲): آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں جب کوئی حکم منسوخ ہوتا تھا اور وہ نسخ کسی کمی کی وجہ سے نہیں بلکہ حسن سے احسن کو اختیار کرنے کے لئے ہوتا تھا تو اس کا باقاعدہ اعلان نہیں کیا جاتا تھا۔ بلکہ جوں جوں لوگوں کو اطلاع ہوتی جاتی تھی عمل بدلتا جاتا تھا۔ مدینہ میں کل نو مساجد تھیں، ان کو آسانی سے تحویل کی اطلاع دی جاسکتی تھی مگر نہیں دی گئی۔ کیونکہ یہ نسخ کسی خرابی کی وجہ سے نہیں ہوا تھا بلکہ بِہ سے بہتر کی طرف انتقال تھا۔ جیسے پہلے ہر اونچ نیچ کے ساتھ رفع

(۱) یہ ایک مصلحت تھی اور اصل مصلحت وہ تھی جس کا تذکرہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۴۳) میں آیا ہے یعنی اس امت کے مزاج میں اعتدال پیدا کرنا مقصود تھا، نیز عربوں کا امتحان بھی مقصود تھا، تفصیل تفسیروں میں دیکھیں ۱۲

یدین تھا پھر رفتہ رفتہ وہ ختم کیا گیا۔ مگر اس کا اعلان نہیں کیا گیا، لوگوں کو جوں جوں اس کی اطلاع ہوتی گئی عمل بدلتا گیا۔

فائدہ (۳): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جو مروی ہے کہ ہجرت سے پہلے بیت المقدس قبلہ تھا (أخرجه ابن ابی شیبه والبیهقی فی سننه) یہ رائے جمہور نے قبول نہیں کی۔ ہجرت سے پہلے بھی کعبہ شریف ہی قبلہ تھا۔

[۱٤۱] باب ماجاء فی ابْتِدَاءِ القبلة

[۳٤۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيعٌ، عن إسرائيلَ، عن أبی إسحاقَ، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قال: لَمَّا قَدِمَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم المَدِیْنَةَ صَلّٰی نَحْوَ بَیْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ أَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وكان رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم یُحِبُّ أَنْ یُوَجَّهَ إلی الكعبةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تعالی: ﴿قَدْ نَرَی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّیَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا، فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ فَوُجِّهَ إلی الكعبةِ، وكان یُحِبُّ ذلكَ، فَصَلَّی رَجُلٌ مَعَهُ العصرَ ثُمَّ مَرَّ عَلَی قومٍ من الأَنْصَارِ، وهم ركوعٌ فی صلاةِ العصرِ نحوَ بَیْتِ الْمَقْدِسِ، فقالَ: هو یَشْهَدُ أَنَّهُ صَلَّی مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وأَنَّهُ قد وُجِّهَ إلی الكعبةِ؛ قال: فَانْحَرَفُوْا وهم ركوعٌ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وابنِ عباسٍ، وعمارَةَ بنِ أَوْسٍ، وعمرِو بنِ عوفٍ المُزَنِیِّ، وأنسٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ البراءِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وقد رَوَی سفیانُ الثوریُّ عن أبی إسحاقَ.

[۳۵۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وكیعٌ، عن سفیانَ، عن عبدِ اللّٰه بنِ دِیْنَارٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: كانوا رُكُوْعًا فی صلاةِ الصُّبْحِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ صحیحٌ.

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ میں فروکش ہوئے تو آپؐ نے سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نمازیں پڑھیں۔ اور آنحضور ﷺ اس بات کو پسند کرتے تھے کہ کعبہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم دیا جائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ کی یہ آیت نازل فرمائی: ''بیشک ہم دیکھتے ہیں بار بار اٹھنا آپؐ کے منہ کا آسمان کی طرف، سوالبتہ پھیرینگے ہم آپؐ کو جس قبلہ سے آپؐ راضی ہیں۔ اب پھیرلیں آپ اپنا منہ مسجد حرام کی طرف'' پس آپ کعبہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم دیئے گئے۔ اور آپ کو یہ بات پسند بھی تھی۔ پھر ایک شخص نے آپ کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی پھر وہ انصار کے کچھ لوگوں کے پاس سے گذرا درانحالیکہ وہ بیت المقدس کی جانب رخ کر کے عصر پڑھ رہے تھے۔ تو اس نے کہا کہ وہ گواہی دیتا ہے کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے درانحالیکہ وہ کعبہ شریف کی طرف پھیر دیئے گئے تھے۔ راوی بیان کرتا ہے کہ وہ لوگ رکوع میں تھے اور رکوع ہی میں

کعبہ کی طرف متوجہ ہوگئے (اگر کوئی شخص ٹرین میں نماز پڑھ رہا ہو اور گاڑی گھوم جائے، اور نمازی قبلہ کے پھر جانے سے واقف ہو تو اس پر جس رکن میں ہو اسی رکن میں گھوم جانا ضروری ہے ورنہ نماز باطل ہو جائے گی) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ہے کہ لوگ نماز فجر کے رکوع میں تھے (یہ مسجد قبا کا واقعہ ہے)

فائدہ(۱): مسجد بنی حارثہ اور مسجد قبا کے نمازیوں نے فرد واحد کی خبر کو حجت تسلیم کر کے نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف رخ کرلیا، کیونکہ وہ اطلاع مُحْتَفٌ بالقرائن (قرائن سے گھری ہوئی) تھی۔ اور قرائن: مخبر کے صادق ہونے کے ظن غالب کے ساتھ اس کا لفظ شہادت کے ذریعہ اطلاع کرنا تھا اور لوگوں کا تحویل قبلہ کا منتظر ہونا بھی تھا۔

یہاں سے علماء نے یہ ضابطہ اخذ کیا ہے کہ اگر خبر واحد مُحْتَف بالقرائن ہو تو وہ شرعاً حجت ہے، چنانچہ اخبار آحاد کے مفید ظن ہونے کے باوجود ان سے بیشتر مسائل ثابت کئے گئے ہیں کیونکہ خبر واحد کے تمام روات کا ثقہ ہونا اس حدیث کے صحیح ہونے کا قرینہ ہے۔

فائدہ(۲): اس حدیث سے دوسرا ضابطہ یہ اخذ کیا گیا ہے کہ قانون سازی کے وقت میں کچھ سہولت دی جاتی ہے یعنی جب پہلی بار کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو بعض باتوں سے صرف نظر کیا جاتا ہے۔ ظاہر ہے کہ جب نماز کے اندر تحویل قبلہ ہوئی ہے تو امام اور مقتدیوں کو انتقالِ مکانی کی نماز کے ضابطوں کے خلاف اجازت دی گئی یعنی یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ بَيْنَ المَشْرِقِ والمَغْرِبِ قِبْلَةً

مدینہ کا قبلہ جنوب کی جانب ہے

حدیث: آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''مشرق ومغرب کے درمیان قبلہ ہے'' ——— ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس حدیث کی شرح میں یہ بات کہی ہے کہ اگر مدینہ میں اس طرح کھڑا ہوا جائے کہ مغرب اس کی دائیں جانب اور مشرق بائیں جانب ہو تو جدھر اس کا منہ ہوگا اُدھر مدینہ کا قبلہ ہوگا۔ یعنی مدینہ میں قبلہ جانب جنوب ہے۔

تشریح: علماء نے اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: یہ کہ مشرق سے مغرب تک جانب جنوب کا آدھا دائرہ اہل مدینہ کا قبلہ ہے۔ پس اگر کوئی شخص بالکل جنوب کی طرف منہ کرنے کے بجائے مشرق یا مغرب کی طرف کچھ منحرف ہو کر نماز پڑھے تو ربع قوس تک انحراف معاف ہے۔ البتہ پورا ربع قوس انحراف ہو جائے تو نماز باطل ہو جائے گی کیونکہ اس صورت میں اس کا رخ مغرب یا مشرق کی جانب ہو گیا، جنوب کی طرف نہ رہا۔ اور دوسرا مطلب: یہ ہے کہ مشرق ومغرب کے درمیان کی جنوبی کمان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو اس کا بالکل بیچ مدینہ منورہ کا قبلہ ہے (حدیث کا یہ دوسرا مطلب صحیح ہے اور پہلا مسئلہ بھی صحیح ہے)

اس کے بعد یہ بات جاننی چاہئے کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نماز میں عینِ قبلہ کی طرف رُخ کرنا ضروری ہے ذرا بھی انحراف معاف نہیں۔ اور دیگر ائمہ کے نزدیک جہتِ قبلہ کی طرف توجہ ضروری ہے۔ یعنی نماز تو عینِ قبلہ کی طرف منہ کرکے ہی پڑھنی چاہئے لیکن اگر کوئی شخص دانستہ یا نادانستہ منحرف ہوکر کھڑا ہوتو رُبع قوس سے کم انحراف معاف ہے، اس کی نماز صحیح ہوجائے گی اور اگر پوری ربع قوس انحراف ہوگیا تو نماز باطل ہوجائے گی۔

نیز یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ باب کی حدیث ابومعشر کی وجہ سے ضعیف ہے۔ البتہ اس حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو حسن صحیح کہا ہے مگر بیہقی رحمہ اللہ نے سنن کبری میں اس حدیث کو بھی ضعیف بتایا ہے۔ کیونکہ عثمان بن محمد کو حدیث میں وہم ہوتا تھا اور وہ متکلم فیہ راوی ہے اور وہ سعید مقبری سے روایت کرنے میں منفرد ہے۔ علاوہ ازیں اس سے عبداللہ بن جعفر مخرمی نے روایت کی ہے۔ اور حافظ رحمہ اللہ نے مخرمی کی جو روایت عثمان بن محمد سے ہے اس کو غیر معتبر قرار دیا ہے (تہذیب ۷:۱۵۲)

[۱٤۲] باب ماجاء أن بين المشرقِ والمغربِ قبلةً

[۳۵۱-] حدثنا محمدُ بنُ أبى مَعْشَرٍ، نا أبِى، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبى سَلَمَةَ، عن أبى هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قبلَةٌ''

حدثنا يحيىَ بنُ مُوسٰى، نا محمدُ بنُ أبى مَعْشَرٍ: مثلَهُ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ قد رُوِىَ عنه مِن غَيْرِ وَجْهٍ؛ وقَدْ تَكَلَّمَ بعضُ أهلِ العلمِ فى أبى مَعْشَرٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، واسْمُهُ نَجِيْحٌ مَوْلَى بَنِى هَاشِمٍ، قَالَ محمدٌ: لا أَرْوِىْ عنه شَيْئًا، وقد رَوَى عَنْهُ النَّاسُ، قال محمدٌ: وحديثُ عبدِ الله بنِ جَعْفَرٍ المَخْرَمِيِّ، عن عُثمانَ بنِ محمدٍ الأَخْنَسِيِّ، عن سَعيدٍ المَقْبُرِيِّ، عن أبى هريرة. أَقْوَى وَأَصَحُّ مِن حَديثِ أبى مَعْشَرٍ.

[۳۵۲-] حدثنا الحَسَنُ بنُ بَكْرٍ المَرْوَزِيُّ، نا المُعَلَّى بنُ مَنْصُوْرٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ المَخْرَمِيُّ، عن عُثمانَ بنِ مُحمدٍ الأَخْنَسِيِّ، عن سَعيد المَقْبُرِيِّ، عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: ''مَا بَيْنَ المَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ''

وإِنَّمَا قِيْلَ: عبدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ المَخْرَمِيُّ: لِأَنَّهُ مِنْ وَلَدِ المِسْوَرِ بنِ مَخْرَمَةَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَد رُوِىَ عن غيرِ واحدٍ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالمَغْرِبِ قبلَةٌ، مِنْهُمْ عمرُ بنُ الخّطَّابِ، وعليُّ بنُ أبى طالبٍ، وابنُ عباسٍ.

قال ابنُ عُمَرَ: إِذَا جَعَلْتَ المغربَ عن يَمِيْنِكَ، والمشرقَ عن يَسَارِكَ، فما بَيْنَهُما قبلَةٌ إِذَا

اسْتَقْبَلْتَ القبلَةَ.

وقال ابنُ المبارك: ما بَیْنَ المشرقِ والمغربِ قبلَةٌ: هذا لِأَهْلِ المشرقِ؛ واخْتَارَ عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارکِ التَّیَاسُرَ لِأَهْلِ مَرْوَ.

ترجمہاوروضاحت: پہلی حدیث (۳۵۱) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے متعدد طرق سے مروی ہے (اس لئے وہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے) مگر اس کی جو دو سندیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے لکھی ہیں ان دونوں میں ایک راوی ابو معشر ہے۔ بعض اہل علم نے اس پر کلام کیا ہے کہ اس کو حدیثیں صحیح یاد نہیں تھیں۔ اور اس کا نام نجیح ہے اور وہ بنو ہاشم کا آزاد کردہ ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں اس کی کوئی حدیث بیان نہیں کرتا اور دوسرے حضرات نے اس سے روایت کی ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے یہ بھی فرمایا کہ عبداللہ کی حدیث (سند) جو آگے (نمبر ۳۵۲ پر) آرہی ہے وہ ابو معشر کی حدیث (سند) سے اقوی اور اصح ہے۔ پھر عبداللہ مخرمی کی سند بیان کی ہے اور اس کے بعد یہ بیان کیا ہے کہ اس راوی کو مَخْرَمِیّ اس لئے کہتے تھے کہ یہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہے۔

اور متعدد صحابہ سے یہ مسئلہ مروی ہے کہ مدینہ والوں کا قبلہ مشرق ومغرب کے درمیان (جانب جنوب) ہے۔ حضرت عمر، حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم سے یہ بات مروی ہے۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''جب آپ مغرب کو اپنی دائیں جانب کریں اور مشرق کو بائیں جانب تو جو ان دونوں کے درمیان نقطہ ہے وہ قبلہ ہے بشرطیکہ آپ کا منہ قبلہ کی طرف ہو (یہ محض وضاحت کے لئے ہے اس کا مفاد کچھ نہیں) اور ابن المبارک نے فرمایا: مشرق ومغرب کے درمیان کا نقطہ مشرق (مدینہ) والوں کے لئے قبلہ ہے اور انھوں نے مرو کے باشندوں کے لئے تیاسر یعنی بائیں جانب کو اختیار کیا یعنی ان کو بالکل درمیانی نقطہ سے ذرا بائیں جانب مڑکر نماز پڑھنی چاہئے (غرض حدیث کا صحیح مطلب دوسرا ہی ہے کہ ہر شخص کو عینِ کعبہ کی طرف نماز پڑھنی چاہئے)

نوٹ: ابن المبارک رحمہ اللہ مرو کے باشندے تھے، وہاں سے مدینہ منورہ مشرق جنوب میں ہے اور ہندوستان میں قبلہ جانب مغرب ہے اور شمال سے جنوب تک آدھی قوس قبلہ ہے، مگر نماز بالکل عینِ کعبہ کی طرف پڑھنی چاہئے، باقی ربع قوس سے کم انحراف معاف ہے یعنی نماز ہو جائے گی۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یُصَلِّیْ لِغَیْرِ القِبْلَةِ فی الغَیْمِ

تحری کر کے نماز پڑھی پھر غلطی ظاہر ہوئی تو نماز ہوگئی

اگر قبلہ کی سمت معلوم نہ ہو اور معلوم کرنے کی کوئی صورت بھی نہ ہو تو تحری کرنے کا حکم ہے۔ یعنی غور وفکر کے بعد جس جانب قبلہ ہونے کا ظن غالب ہو اس طرف نماز پڑھ لے نماز صحیح ہو جائے گی۔ پھر نماز کے بعد اگر غلطی معلوم ہو تو

مضائقہ نہیں، نماز صحیح ہوگئی۔ البتہ اگر نماز کے اندر تحری بدل جائے یا کوئی شخص دوسری جانب قبلہ ہونے کی اطلاع دے تو پھر نماز کے اندر ہی اس جانب پھر جانا ضروری ہے۔ اب سابقہ تحری پر نماز صحیح نہیں ہوگی۔ ایک اندھیری رات میں صحابہ نے تحری کر کے تہجد کی نماز پڑھی۔ صبح خطا ظاہر ہوئی تو رسول اللہ ﷺ سے مسئلہ دریافت کیا آپؐ نے سورۂ بقرہ کی آیت ۱۲۵ تلاوت فرمائی: ''تم لوگ جس طرف منہ کرو ادھر ہی اللہ تعالیٰ کا رخ ہے'' یہ آیت تلاوت فرما کر فرمایا کہ پیش آمدہ صورت میں سب کی نماز ہوگئی ——— یاد رکھنا چاہئے کہ یہ مسئلہ اجماعی ہے اور باب میں یہی ایک حدیث ہے اور وہ ضعیف ہے۔ اشعث بن سعید السمان اور عاصم بن عبید اللہ کی تضعیف کی گئی ہے، البتہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے عاصم کا ضعف ظاہر نہیں کیا۔

[۱۴۳] باب ماجاء فی الرجل يُصَلِّی لغير القبلةِ فی الغَيْمِ

[۳۵۳-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وكيعٌ، نا أَشْعَثُ بنُ سعيدٍ السَّمَّانُ، عن عاصِمِ بنِ عُبَيدِ اللّٰهِ، عن عبدِ الله بنِ عامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، عن أبيه، قال كُنَّا مع النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سَفَرٍ فِیْ لَيْلَةٍ مُظْلَمَةٍ، فَلَمْ نَدْرِ أَيْنَ الْقِبْلَةُ؟ فَصَلّٰی كُلُّ رجلٍ مِنَّا عَلٰی حِيَالِهِ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا ذٰلِكَ للنبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَنَزَلَ ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ لَيْسَ إسنادُهُ بِذَاكَ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حديثِ أَشْعَثَ السَّمَّانِ، وأَشْعَثُ بنُ سعيدٍ أَبو الرَّبِيْعِ السَّمَّانُ يُضَعَّفُ فی الحديثِ.

وقَدْ ذَهَبَ أكثرُ أهلِ العلمِ إلى هٰذا، قالوا: إِذَا صَلّٰی فی الغَيْمِ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ، ثُمَّ اسْتَبَانَ لَهُ بَعْدَ مَا صَلّٰی أَنَّهُ صَلّٰی لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ، فِإِنَّ صَلَاتَهُ جائِزَةٌ؛ وبِهِ يقولُ سفيانُ الثوریُّ، وابنُ المبارکِ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک تاریک رات میں (بادلوں کی تاریکی تھی) ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (سفر میں) تھے اور قبلہ کس جانب ہے یہ بات ہم نہیں جانتے تھے۔ پس ہم میں سے ہر شخص نے اپنے سامنے کی جانب نماز پڑھی۔ پھر جب صبح ہوئی تو ہم نے یہ بات آنحضور ﷺ سے ذکر کی۔ پس آیت: ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾ نازل ہوئی۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند قوی نہیں ہم اس کو نہیں جانتے مگر اشعث کی سند سے۔ اور اشعث حدیث میں ضعیف قرار دیا گیا ہے ——— اور اکثر علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ جب کسی نے ابر آلود موسم میں غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھ لی (تحری کر کے) پھر نماز پڑھنے کے بعد ظاہر ہوا کہ اس نے قبلہ کے علاوہ کی طرف نماز پڑھی ہے تو اس کی نماز درست ہوگئی۔

بابُ مَاجاءَ فی کَرَاھیۃِ ما یُصَلّٰی إلَیْہِ وَفِیْہِ

کس چیز کی طرف منہ کرکے اور کس جگہ میں نماز پڑھنا مکروہ ہے؟

اس باب میں ان جگہوں کا بیان ہے جہاں نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ اور وہ سات جگہیں ہیں۔ اور وہ چیزیں جن کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا مکروہ ہے ان کا بیان آئندہ ابواب میں آئے گا۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سات جگہوں میں نماز پڑھنے کی ممانعت فرمائی: گوبر وغیرہ ڈالنے کی جگہ میں، مذبح میں، قبرستان میں، راستہ کے بیچ میں، نہانے کی جگہ میں، اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ میں اور بیت اللہ کی چھت پر۔

تشریح: مذکورہ سات جگہوں میں نماز کی ممانعت کی علتیں مختلف ہیں۔ تفصیل یہ ہے:

① ـــــ مَزْبَلَۃ: یہ لفظ زِبْلٌ سے بنا ہے اس کے معنی ہیں: گوبر۔ پس مَزْبلَۃ کے معنی ہیں: گوبر ڈالنے کی جگہ یعنی کوڑی۔ اور گوبر وغیرہ ڈالنے کی جگہ میں نماز کی ممانعت جگہ کی ناپاکی اور گندگی کے قرب کی وجہ سے ہے اگر کپڑا وغیرہ بچھا کر نماز پڑھے تو بھی نجاست کے قرب کی وجہ سے کراہیت ہوگی۔ البتہ مجبوری میں جائز ہے ـــــ یہاں سے ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کا ناپاک ہونا بھی اشارۃً سمجھ میں آتا ہے۔ امام اعظم، امام شافعی اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں۔

② ـــــ مَجْزَرَۃٌ: جَزْر کے معنی ہیں: ذبح کرنا۔ اور مَجْزَرَۃ: مذبح اور کمیلا کو کہتے ہیں۔ یہاں بھی ممانعت کی وجہ جگہ کا ناپاک ہونا اور گندگی کا قرب ہے۔

③ ـــــ مَقْبُرَۃ: یعنی قبرستان۔ اور اس میں نماز کی ممانعت کی وجہ حنفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ وہاں نماز پڑھنے میں قبروں کا سامنا ہوتا ہے اور قبر کو سامنے کرکے نماز پڑھنے کی ممانعت ہے۔ البتہ اگر ایسی جگہ نماز پڑھے جہاں قبریں سامنے نہ ہوں تو گنجائش ہے۔ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کراہیت کی وجہ جگہ کی ناپاکی ہے۔ کیونکہ قبرستان بار بار استعمال ہوتا ہے۔ اور قبر کے اندر کی مٹی اوپر آجاتی ہے اور وہ مٹی ناپاک ہوتی ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دیگر ناپاک چیزوں کی طرح زمین بھی صرف دھونے سے پاک ہوتی ہے، جبکہ قبرستان کی زمین کو کوئی نہیں دھوتا، پس وہ جگہ ناپاک ہے اور ناپاکی کے قریب بھی نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔ کیونکہ نماز کے لئے مناسب نہایت پاکیزگی اور خوب صفائی ہے۔

④ ـــــ قَارِعَۃُ الطَّرِیْق: یہ ترکیب مقلوبی ہے اس کی اصل طریقٌ مَقْرُوعَۃٌ ہے (طریق مؤنث سماعی ہے) اور بیچ راستہ میں نماز ممنوع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہاں نماز میں اطمینان نصیب نہیں ہوگا۔ بار بار گذرنے والے کی

طرف توجہ جائے گی۔

⑤ ــــــ حمام : یعنی نہانے دھونے کے ہوٹل، یہاں بھی ممانعت کی وجہ بے اطمینانی ہے۔ اور وہاں کسی کا ستر بھی کھل سکتا ہے۔ اور بہت لوگ ایک ساتھ نہانے آجائیں تو بھیڑ بھی ہوسکتی ہے۔ پس یہ چیزیں نماز میں دل کی حضوری میں خلل ڈالیں گی۔

⑥ ــــــ مَعَاطِنُ الإِبِل: عَطَنَ (ن،ض) عَطْنًا البعيرُ کا ترجمہ ہے: اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔ اور معاطن الإبل اونٹ کے باڑے کو کہتے ہیں۔ وہاں نماز اس لئے ممنوع ہے کہ اس جگہ بدبو بہت ہوتی ہے۔ اور زمین ناہموار ہوتی ہے، نیز اونٹ بڑے ڈیل ڈول کا جانور ہے اس کے پریشان کرنے کا اندیشہ بھی رہتا ہے اور یہ اندیشہ جمعیت خاطر میں خلل ڈالتا ہے۔

⑦ ــــــ فوقَ ظهرِ بيت الله: بے ضرورت بیت اللہ کی چھت پر چڑھنا مکروہ ہے اس سے بیت اللہ کی عظمت پامال ہوتی ہے۔ پس وہاں بھی نماز پڑھنا منع ہے۔

نوٹ: باب میں مذکور حدیث زید بن جبیرۃ کی وجہ سے ضعیف ہے اور امام لیث بن سعد جو اس کی سند حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں وہ غیر محفوظ ہے۔ درحقیقت یہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے۔

[١٤٤] باب ماجاء فی كراهية ما يُصَلّٰى إليه وفيه

[٣٥٤-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، حدثنا المُقْرِئُ قال: نَا يَحيىَ بنُ أيوبَ، عن زيدِ بنِ جَبِيْرَةَ، عن داوُدَ بنِ الحُصَيْنِ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يُصَلَّى فی سَبْعَةِ مَوَاطِنَ: فی المَزْبَلَةِ، وَالْمَجْزَرَةِ، والمُقْبَرَةِ، وقَارِعَةِ الطَّرِيْقِ، وفی الحَمَّامِ، ومَعَاطِنِ الإِبِلِ، وفَوْقَ ظَهْرِ بَيْتِ اللّٰهِ.

حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا سُوَيدُ بنُ عبدِ العزيزِ، عن زَيْدِ بنِ جَبِيْرَةَ، عن داوُدَ بنِ حُصَيْنٍ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم بِمَعْنَاهُ ونَحْوَهُ.

وفی الباب: عن أبی مَرْثَدٍ، وجابرٍ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ إسنادُه لَيْسَ بِذَاكَ القویِّ؛ وقَد تُكُلِّمَ فی زيدِ بنِ جَبِيْرَةَ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وقد رَوَى اللَّيْثُ بنُ سعدٍ هذا الحديثَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ العُمَرِيِّ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن عُمَرَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مثلَه.

وحديثُ ابنِ عُمرَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَشْبَهُ وَأَصَحُّ مِن حديثِ اللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ؛ وعبدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ العُمَرِيُّ ضَعَّفَهُ بعضُ أهلِ الحديثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، مِنْهُمْ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ.

ترجمہ اور وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے سب سے پہلے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث دوسندوں سے ذکر کی ہے: ایک سند: یحییٰ بن ایوب کی ہے۔ دوسری: سُوید بن عبدالعزیز کی۔ دونوں میں زید بن جَبیرۃ ہیں اور وہ یادداشت کی جانب سے ضعیف ہیں اس لئے امام ترمذیؒ نے ان دونوں پر حکم لگایا ہے کہ یہ قوی نہیں۔ پھر اسی حدیث کی ایک تیسری سند پیش کی ہے۔ یہ امام لیث بن سعد مصری رحمہ اللہ کی ہے وہ سند حضرت عمر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں (ہندوستانی نسخوں میں عن ابن عمر کے بعد عن عمر رہ گیا ہے، مصری نسخہ سے ہم نے بڑھایا ہے) اس سند میں عبداللہ عمری ہیں، یہ بھی امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک ضعیف ہیں (مگر علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے اس راوی کو من رواۃ الحِسَان کہا ہے یعنی اس راوی کی روایتیں حسن کے درجہ کی ہوتی ہیں) پھر امام ترمذیؒ نے فیصلہ کیا ہے کہ یہ روایت ابن عمرؓ کی ہے حضرت عمرؓ کی نہیں یعنی لیث کی سند صحیح نہیں، عمری کو بعض محدثین نے ضعیف کہا ہے جیسے یحییٰ قطان کہتے ہیں کہ اس راوی کو حدیثیں اچھی طرح محفوظ نہیں تھیں۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاَةِ فی مَرَابِضِ الغَنَمِ وَأَعْطَانِ الإِبِلِ

بکریوں اور اونٹوں کے باڑوں میں نماز پڑھنے کا بیان

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھو، اور اونٹوں کے باڑے میں نماز مت پڑھو''

تشریح: دو مسئلے الگ الگ ہیں۔ ایک: مَرْبِضِ غنم (بکریوں کے باڑے) میں نماز پڑھنا جائز ہے۔ اور مَعْطِنِ إبل (اونٹوں کے بٹھانے کی جگہ) میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ دوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ اگر کوئی شخص معاطن ابل میں نماز پڑھ لے تو کیا حکم ہے؟ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک نماز نہیں ہوگی دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے اونٹوں کے باڑے میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک نماز ہوجائے گی۔ وہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ نے عارضی مصلحت سے معاطن ابل میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔ کیونکہ اونٹ کینہ توز جانور ہے، اور جب وہ مخلّی بالطبع ہوتا ہے یعنی اس پر کاٹھی یا ہودج بندھا ہوا نہیں ہوتا تو وہ شرارت کرتا ہے، پس وہاں نماز پڑھنے میں اندیشہ رہے گا اور یہ بات نماز میں دل کی حضوری میں خلل ڈالے گی۔

علاوہ ازیں جہاں اونٹ بیٹھتے ہیں وہاں زمین میں کھڈے ہوتے ہیں اور اس جگہ بدبو بھی بہت ہوتی ہے اس لئے

وہاں نماز پڑھنے کی ممانعت ہے۔ اور بکریوں کا حال اونٹوں سے مختلف ہے وہ مسکین جانور ہے، بیچاری کیا ستائے گی؟ پھر مرابضِ غنم عام طور پر صاف ہوتے ہیں اور زمین ہموار ہوتی ہے اس لئے وہاں نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اس لئے وہاں نماز کی اجازت دی گئی۔ اور یہ فرق بالکل ایسا ہی ہے جیسا آنحضور ﷺ نے ان کے گوشتوں کے درمیان کیا ہے۔ چونکہ اونٹ کے گوشت میں بو ہوتی ہے اور اس میں چکناہٹ بھی ہوتی ہے اس لئے آپؐ نے اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنے کا یعنی ہاتھ منہ دھونے کا حکم دیا۔ اور بکری کے گوشت میں نہ تو چکناہٹ ہوتی ہے اور نہ ہی بو، اس لئے آپ نے اس سے ہاتھ منہ دھونے کا حکم نہیں دیا۔ تفصیل پہلے (۱:۳۳۱ میں) گذر چکی ہے۔

[١٤٥] باب ماجاء فی الصلاة فی مَرَابِضِ الغنم ومَعَاطِنِ الإبل

[٣٥٥-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا يحيىَ بنُ آدمَ، عن أبی بَكرِ بنِ عَيَّاشٍ، عن هِشَامٍ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " صَلُّوْا فی مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَلاَ تُصَلُّوْا فی أَعْطَانِ الإِبِلِ"

حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا يحيىَ بنُ آدمَ، عن أبی بكرِ بنِ عَيَّاشٍ، عن أبی حَصِيْنٍ، عن أبی صالحٍ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ أَوْ بِنَحْوِهِ.

وفی الباب: عن جابرِ بنِ سَمُرَةَ، والبراءِ، وسَبُرَةَ بنِ مَعْبَدٍ الجُهَنِیِّ، وعبدِ اللّٰه بنِ مُغَفَّلٍ، وابنِ عُمرَ، وأنس.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وعليه العملُ عند أصحابنا؛ وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

وحديثُ أبی حَصِيْنٍ عن أبی صالحٍ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم حديثٌ غريبٌ؛ رواه إسرائيلُ عن أبی حَصِيْنٍ، عن أبی صالح، عن أبی هريرة موقوفاً، ولم يَرْفَعْهُ، واسمُ أبی حَصِيْنٍ: عثمانُ بنُ عَاصِمٍ الأَسَدِیُّ.

[٣٥٦-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يحيىَ بنُ سعيدٍ، عن شُعْبَةَ، عن أبی التَّيَّاحِ الضُّبَعِیِّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كان يُصَلِّیْ فی مَرَابِضِ الغَنَمِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وأبو التَّيَّاحِ: اسْمُهُ يزيدُ بنُ حُمَيْدٍ.

ترجمہ اور وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث (۳۵۵) کی دوسندیں ہیں: پہلی سند: ابوبکر بن عیاش: ہشام سے، وہ ابن سیرین سے، وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ دوسری سند: ابوبکر: ابوحصین

(بروزن امیر) سے وہ ابوصالح سے اور وہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ پہلی سند سے حدیث مرفوع ہے اوراعلی درجہ کی ہے۔ اور امام احمد اور اسحاق رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں اور دوسری سند غریب ہے، اسرائیل نے ابو حصین سے اس کو موقوفاً روایت کیا ہے، اور اس کو مرفوع نہیں کیا۔ اور ابوحصین کا نام عثمان بن عاصم اسدی ہے۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۳۵۶) اعلی درجہ کی ہے۔ نبی ﷺ بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھا کرتے تھے (نبی ﷺ کے پاس سو بکریاں تھیں) اور ابوالتیاح کا نام: یزید بن حمید ہے۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاَةِ عَلَی الدَّابَّةِ حَیْثُ مَا تَوَجَّھَتْ بِهِ

چوپائے پر جدھر بھی اس کا رخ ہو نماز پڑھنے کا بیان

یہاں لفظ دابَّۃ اگرچہ عام ہے مگر مراد اونٹ ہے۔ کیونکہ گھوڑے پر نماز نہیں پڑھ سکتے اس لئے کہ اس کو چلانا پڑتا ہے۔ اگر نماز کے اندر جانور کو چلانا پڑے تو یہ عمل کثیر ہے، نماز فاسد ہوجائے گی۔ اور اونٹ کی صورتِ حال مختلف ہے ان کی قطار ہوتی ہے۔ ہر اونٹ کی نکیل دوسرے اونٹ کی دم سے باندھ دی جاتی ہے اور جو اونٹ سب سے آگے ہوتا ہے اس کو ایک شخص لے کر چلتا ہے یا اس پر بیٹھ کر چلاتا ہے۔ اور باقی سب اونٹ ریل کے ڈبوں کی طرح اس کے پیچھے چلتے رہتے ہیں۔ لہٰذا ایک شخص کے علاوہ سب لوگ فارغ ہوتے ہیں۔ پس وہ ان پر بیٹھے ہوئے نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔ اور اونٹ کی پیٹھ کا پاک ہونا اور استقبال قبلہ شرط نہیں۔ جانور جس جانب بھی متوجہ ہو اس پر نماز پڑھ سکتے ہیں اور رکوع وسجود کی جگہ اشارہ کرنا کافی ہے۔ البتہ بغیر عذر کے فرض نماز سواری پر نہیں پڑھ سکتے کیونکہ اس میں قیام، رکوع وسجود اور استقبال قبلہ شرط ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور بس اور کار اونٹ کے حکم میں ہیں۔ ان میں بیٹھ کر نفلیں پڑھنا جائز ہے اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں اور سیٹ کا پاک ہونا اور استقبال قبلہ شرط نہیں۔ البتہ ڈرائیور نہیں پڑھ سکتا کیونکہ اس کو گاڑی چلانی ہے۔ اور یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ ریل گاڑی میں نوافل کے لئے اگرچہ قیام ضروری نہیں مگر استقبال قبلہ اور رکوع وسجود ضروری ہیں۔ ریل میں کیف ما اتفق اور اشارہ سے نفل پڑھنا جائز نہیں۔ اس لئے کہ بس اور کار میں کھڑے ہوکر نماز پڑھ ہی نہیں سکتے، پس وہ دابہ کے حکم میں ہے۔ اور ٹرین میں کھڑے ہوکر نماز پڑھنا ممکن ہے اور بھیڑ عارضی عذر ہے، اس لئے اس میں استقبال قبلہ اور رکوع وسجود کے ساتھ ہی نماز پڑھنا ضروری ہے۔

[۱٤٦] باب ماجاء فی الصلاة علی الدَّابَّةِ حیثُ ما تَوَجَّھَتْ بِهِ

[۳۵۷-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلاَنَ، نا وکیعٌ، ویَحییَ بنُ آدمَ، قالا: نا سُفْیَانُ، عن أبی الزُّبَیْرِ، عن جابرٍ، قال: بَعَثَنِی النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم فی حَاجَةٍ فَجِئْتُهُ وَھُوَ یُصَلِّیْ علی رَاحِلَتِهِ نَحوَ المشرِقِ،

والسُّجودُ أَخْفَضُ مِنَ الرُّكُوْعِ.

وفى الباب: عن أَنسٍ، وابنِ عمرَ، وأبى سعيدٍ، وعامرِ بنِ رَبِيْعَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ ورُوِىَ من غيرِ وجهٍ عن جابرٍ.

والعَمَلُ عليه عِنْدَ عَامَّةِ أهلِ العلمِ، لا نَعْلَمُ بَيْنَهُمْ اخْتِلَافًا: لَايَرَوْنَ بَأْسًا أَنْ يُّصَلِّىَ الرَّجُلُ عَلَى رَاحِلَتِهِ تَطَوُّعًا، حَيْثُمَا كان وَجْهُهُ: إلى القبلة وغَيْرِهَا.

ترجمہ: اس حدیث کا بیان جو اونٹ پر نماز پڑھنے کے سلسلہ میں آئی ہے جس جانب بھی وہ متوجہ ہو ——— حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آنحضرت ﷺ نے مجھے کسی ضرورت سے بھیجا۔ میں جب واپس آیا تو آپ اونٹ پر نماز پڑھ رہے تھے۔ اور آپ کا رخ مشرق کی طرف تھا (مدینہ میں قبلہ جنوب کی طرف ہے) اور آپ سجدہ کا اشارہ رکوع کے اشارہ سے جھکتا ہوا فرما رہے تھے ——— اور اس حدیث پر عموماً اہل علم کا عمل ہے، اس مسئلہ میں ہم کسی کے اختلاف سے واقف نہیں۔ تمام علماء اونٹ پر نماز پڑھنے میں حرج نہیں سمجھتے خواہ نماز پڑھنے والے کا رخ قبلہ کی جانب ہو یا کسی اور جانب۔

بابٌ فى الصَّلَاةِ إِلَى الرَّاحِلَةِ

اونٹ کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے کا بیان

راحلة اس اونٹ کو کہتے ہیں جس پر کاٹھی یا ہودج بندھا ہوا ہو۔ ایسے اونٹ کو بٹھا کر سترہ بنا کر اس کے قریب نماز پڑھنا جائز ہے۔ کیونکہ جب اونٹ پر کاٹھی وغیرہ بندھی ہوئی ہوتی ہے تو وہ شریف ہوجاتا ہے اور اس سے کوئی اندیشہ نہیں رہتا۔ ہاں جب وہ مُخلّی بالطبع ہوتا ہے تو شرارت کرتا ہے اس وجہ سے آنحضور ﷺ نے معاطن ابل میں نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔

[۱۴۷] باب ماجاء فى الصلاة إلى الراحلة

[۳۵۸-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وكيعٍ، نا أبو خالدٍ الأَحْمَرُ، عن عُبيدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى إلى بَعِيْرِهِ أو: رَاحِلَتِهِ، وكانَ يُصَلِّىْ على رَاحِلَتِهِ حَيْثُمَا تَوَجَّهَتْ بِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وهو قولُ بعضِ أهلِ العلمِ: لَايَرَوْنَ بالصَّلَاةِ إلى البَعِيْرِ بأسًا: أن يَسْتَتِرَ بِهِ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ اپنے اونٹ کی طرف یا فرمایا اپنے راحلة کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے تھے (راحلہ اور بَعیر کا ایک مطلب ہے) اور آپؐ راحلہ پر نماز پڑھتے تھے جس جانب بھی وہ آدمی کے ساتھ متوجہ ہو ——— یہ بعض اہل علم کا قول ہے، وہ کہتے ہیں کہ اونٹ کی طرف منہ کر کے اس کو سترہ بنا کر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔

بابُ مَاجاءَ إِذَا حَضَرَ العَشَاءُ وَأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَابْدَأُوا بِالعَشَاءِ

جب شام کا کھانا سامنے آئے اور نماز شروع ہو جائے تو پہلے کھانا کھالے

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جب شام کا کھانا سامنے آئے اور نماز کے لئے اقامت کہی جائے یعنی نماز شروع ہو جائے تو پہلے کھانا کھالے''

تشریح: اس حدیث کا مدعی یہ ہے کہ شدید بھوک کے ساتھ نماز نہیں پڑھنی چاہئے، بلکہ پہلے بھوک کا بھوت مار لے پھر نماز پڑھے، اس لئے کہ اگر شدید بھوک کے ساتھ نماز پڑھے گا تو نماز کے اندر توجہ کھانے کی طرف رہے گی۔ اور نماز کھانا بن جائے گی، اور اگر پہلے کھانا کھالے گا تو کھاتے وقت توجہ نماز کی طرف رہے گی اور کھانا نماز بن جائے گا۔ اور یہ صورت غیر رمضان میں روزہ داروں کو پیش آتی ہے۔ رمضان میں تو لوگ نماز مغرب تھوڑی تاخیر سے پڑھتے ہیں، مگر غیر رمضان میں تاخیر نہیں ہوتی، اذان کے بعد فوراً نماز شروع ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اگر روزہ دار کو شدید بھوک لگ رہی ہو تو اُسے پہلے کھانا کھالینا چاہئے پھر جماعت میں شریک ہونا چاہئے اگر کھانا کھانے کی وجہ سے جماعت فوت ہو جائے تو مضائقہ نہیں، کیونکہ بھوک کی شدت ترکِ جماعت کے اعذار میں سے ہے۔ جمہور علماء نے اس حدیث کا یہی مطلب سمجھا ہے۔ اور وکیع رحمہ اللہ نے دوسری تفسیر کی ہے وہ کہتے ہیں: اگر کھانا ایسا ہو جو نماز پڑھتے پڑھتے سڑ جائے گا یا خراب ہو جائے گا تو جماعت ترک کر کے پہلے کھانا کھالے، مگر یہ مطلب فہم سے بعید ہے اس لئے کہ ایسا کھانا جو نماز پڑھتے پڑھتے سڑ جائے کونسا ہے؟ ہاں ٹھنڈا ضرور ہو سکتا ہے مگر اس کو دوبارہ گرم کر لے گا اس میں کیا پریشانی ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اصحابِ رسول ﷺ نے حدیث شریف کا پہلا ہی مطلب سمجھا ہے۔ چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ''ہمیں اس حال میں نماز میں نہیں کھڑا ہونا چاہئے کہ ہمارے دلوں میں کوئی چیز ہو'' اور حدیثِ مذکور کے ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی راوی ہیں، اور ان کا عمل یہ تھا کہ ایک مرتبہ مسجد میں نماز کھڑی ہو گئی اور حضرت کھاتے رہے درانحالیکہ امام کے پڑھنے کی آواز حضرت سن رہے تھے، یعنی ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے عمل سے یہ بات بتلائی کہ بھوک کے وقت پہلے کھالینا چاہئے تاکہ بھوک نماز میں خشوع وخضوع کے زائل ہونے کا سبب نہ بن جائے۔ غرض وکیع رحمہ اللہ نے جو تفسیر کی ہے وہ ٹھیک نہیں۔

[١٤٨] باب ماجاء إِذَا حَضَرَ العَشَاءُ وأقيمت الصلاةُ فابْدَأُوْا بالعَشَاءِ

[٣٥٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عنِ الزُّهْرِيِّ، عن أنسٍ، يَبْلُغُ بِهِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال: "إِذَا حَضَرَ العَشَاءُ، وأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، فَابْدَأُوْا بالعَشَاءِ"

وفى الباب: عن عَائشةَ، وابنِ عُمَرَ، وسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وأُمِّ سَلَمَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حَسَنٌ صحيحٌ؛ وعليه العَمَلُ عندَ بعضِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ: أبوبكرٍ، وعمرُ، وابنُ عَمرَ؛ وبِه يقولُ أحمدُ، وإسحاقُ، يقولان: يَبْدَأُ بالعَشَاءِ وإِنْ فَاتَتْهُ الصلاةُ فى الجماعةِ.

قال أبو عيسى: سمعتُ الجَارُوْدَ يقولُ: سمعتُ وكيعاً يقول فى هذا الحديثِ: يَبْدَأُ بالعَشَاءِ إذا كانَ الطَّعَامُ يُخَافُ فَسَادُهُ.

والذى ذَهَبَ إِلَيْهِ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ أَشْبَهُ بالاِتِّبَاعِ، وإِنَّمَا أَرَادُوْا أَلَّا يَقُوْمَ الرَّجُلُ إِلَى الصَّلاَةِ، وقَلْبُهُ مشغولٌ بسببِ شيئٍ.

[٣٦٠-] وقَدْ رُوِىَ عنِ ابنِ عباسٍ أَنَّه قال: لانَقُوْمُ إِلَى الصَّلاَةِ وَفِىْ أَنْفُسِنَا شيئٌ.

[٣٦١-] ورُوِىَ عن ابنِ عُمَرَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قال: إِذَا وُضِعَ العَشَاءُ وأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَابْدَأُوْا بالعَشَاءِ، قال: وَتَعَشَّى ابنُ عمرَ وهُوَ يَسْمَعُ قَرَاءَةَ الإِمَامِ؛ حدَّثَنا بذلك هنادٌ، نا عَبْدَةُ عن عُبَيْدِ اللّٰه، عن نافعٍ عن ابنِ عمرَ.

ترجمہ: پہلی حدیث (نمبر ۳۵۹) کو ابن شہاب زہری حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: وہ یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ پہنچتے ہیں اس حدیث کے ساتھ رسول اللہ ﷺ تک (اس جملہ کا مفہوم وہی ہے جو قال رسول اللہ کا ہے۔ حدیث کا ترجمہ گذر چکا ہے) ——— احمد واسحاق رحمہما اللہ فرماتے ہیں: شام کے کھانے سے شروع کرے اگرچہ جماعت ہاتھ سے نکل جائے۔ اور وکیع رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تفسیر میں یہ بات کہی ہے کہ کھانے سے اس وقت شروع کرے جبکہ کھانے کے بگڑنے کا اندیشہ ہو۔ اور جس مطلب کی طرف صحابہ میں سے بعض اہل علم گئے ہیں اس کی اتباع قرین صواب ہے۔ اور انھوں نے یہ چاہا ہے کہ آدمی نماز کے لئے کھڑا نہ ہو درانحالیکہ اس کا دل کسی چیز میں اٹکا ہوا ہو (اور حدیث ۳۶۰ اور ۳۶۱ کا ترجمہ اوپر آ گیا اور حدیث ۳۶۱ کی سند میں عن عبید اللہ ہمارے نسخوں میں رہ گیا ہے۔ وہ مصری نسخہ سے بڑھایا ہے)

بابُ مَاجاءَ فی الصَّلاَۃِ عند النُّعَاسِ

اونگھتے ہوئے نماز پڑھنا

جب آدمی پر نیند کا خمار سوار ہو تو نماز نہیں پڑھنی چاہئے، بلکہ پورے ہوش کی حالت میں نماز پڑھنی چاہئے، تاکہ وہ جو کچھ زبان سے ادا کررہا ہے اس کو سمجھ بھی رہا ہو۔ اونگھتے ہوئے نماز پڑھنے میں اس بات کا امکان ہے کہ بے خبری میں اپنے لئے بددعا کرنے لگے اور وہ بددعا اس کے لئے وبالِ جان بن جائے۔ اور اس کی نوبت تہجد میں پیش آتی ہے۔ فرائض میں اولاً تو یہ نوبت ہی پیش نہیں آتی ثانیاً اگر نیند آئے گی تو بھی مقتدی کو آئے گی، اور مقتدی کی نماز کچھ پڑھے بغیر بھی مکمل ہوجاتی ہے، پس فرض نماز وقت ہی میں پڑھنی ضروری ہے۔ مذکورہ حکم نوافل کے لئے خاص طور پر تہجد کے لئے ہے۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اونگھنے لگے درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو تو چاہئے کہ وہ سوجائے تا آنکہ اس کی نیند چلی جائے یعنی جب نیند پوری ہوجائے تب نماز پڑھے۔ اس لئے کہ تم میں سے ایک جب نماز پڑھتا ہے درانحالیکہ وہ اونگھ رہا ہو تو ممکن ہے وہ استغفار کرتے ہوئے اپنے آپ کو بددعا دینے لگے''

[۱٤۹] باب ماجاء فی الصَّلاۃ عند النُّعَاسِ

[۳٦۲-] حدثنا هَارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ الْكِلاَبِيُّ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: " إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَلْيَرْقُدْ حَتّٰى يَذهَبَ عنهُ النَّوْمُ، فَإِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا صَلَّى وَهُوَ يَنْعَسُ، فَلَعَلَّهُ يَذْهَبُ لِيَسْتَغْفِرَ فَيَسُبَّ نَفْسَهُ!"

وفی الباب: عن أنسٍ وأبی هريرةَ. قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَاجاءَ مَنْ زَارَ قَوْمًا فَلاَ يُصَلِّ بِهِمْ

اجازت کے بغیر مہمان نماز نہ پڑھائے

یہ مسئلہ پہلے (۱:۵٦۷ میں) ضمناً گذرا ہے کہ جو شخص کسی کی عملداری میں جائے وہ حاکم کی اجازت کے بغیر امامت نہ کرائے۔ اور گھر والا اپنے گھر کا سلطان ہے، لہٰذا اگر وہاں باجماعت نماز پڑھی جارہی ہو تو مہمان کو امامت کے لئے آگے نہیں بڑھنا چاہئے۔ امامت میزبان کا حق ہے۔ البتہ اگر میزبان اجازت دیدے یا اس میں امامت کی صلاحیت نہ ہو تو پھر مہمان امام بن سکتا ہے۔

حدیث: ابو عطیہ عقیلی کہتے ہیں: مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ ہماری مسجد میں آیا کرتے تھے اور حدیثیں بیان کرتے تھے۔ ایک دن دورانِ سبق یا دورانِ وعظ نماز کا وقت ہوگیا، چنانچہ ان کو وہیں نماز پڑھنی پڑھی لوگوں نے ان سے امامت کی درخواست کی، انھوں نے فرمایا: چاہئے کہ تم میں سے کوئی آگے بڑھے، اور میں امامت کیوں نہیں کررہا اس کی وجہ بتاؤنگا۔ پھر انھوں نے حدیث سنائی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جب کوئی شخص کسی قوم کی زیارت کے لئے جائے یعنی وہاں مہمان بن کر جائے تو وہ وہاں امامت نہ کرے، اور چاہئے کہ انہی میں سے کوئی شخص امامت کرے۔

سوال: یہاں یہ اعتراض ہوتا ہے کہ جب لوگوں نے اجازت دیدی تو پھر امامت سے کیا چیز مانع ہوئی؟ اجازت کے بعد تو زائر کے لئے امام بننے کا جواز ہے؟

جواب: جس حدیث میں استثناء ہے حضرت مالک کو وہ حدیث نہیں پہنچی ہوگی۔ اور حضرت کی حدیث میں استثناء نہیں ہے اس لئے حضرت نے امامت نہیں کی۔ اور اس سے بہتر جواب یہ ہے کہ مالک بن الحویرث رضی اللہ عنہ چاہتے تھے کہ لوگ اس واقعہ کے ذریعہ حدیث کو یادرکھیں۔ اگر حضرت نماز پڑھادیتے تو اس حدیث کو یادرکھنے کے لئے بطور خاص کوئی واقعہ نہ ہوتا، پس حدیث بعض کو یادرہتی اور بعض بھول جاتے، اور امامت سے انکار کے بعد اب سب کو یہ حدیث یادرہے گی۔

[۱۵۰] باب ماجاء من زَارَ قَوْماً فلا يُصَلِّ بهم

[۳٦۳-] حدثنا هَنَّادٌ ومَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، قالا: نا وكيعٌ، عن أبانَ بنِ يَزِيْدَ العَطَّارِ، عن بُدَيْلِ بنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيِّ، عن أبى عَطِيَّةَ رجلٌ مِّنْهُمْ قال: كانَ مالِكُ بنُ الحُوَيْرِثِ يَأْتِيْنَا فِي مُصَلاَّنَا يَتَحَدَّثُ فَحضَرَتِ الصَّلاَةُ يَوْمًا فَقُلْنَا له تَقَدَّمْ، فقال: لِيَتَقَدَّمْ بَعْضُكُمْ، حَتّٰى أُحَدِّثَكُمْ لِمَ لاَ أَتَقَدَّمُ؟ سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَن زَارَ قَوْمًا فَلاَ يَؤُمُّهُمْ وَلْيَؤُمُّهُمْ رَجُلٌ مِنْهُمْ"

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ على هذا عندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم، قالوا: صاحِبُ المَنْزِلِ أَحَقُّ بالإمامةِ مِن الزَّائِرِ.

وَقَالَ بعضُ أهلِ العلمِ: إِذَا أَذِنَ لَهُ فَلاَ بَأْس أَنْ يُصَلِّيَ بِهِ.

وقال إسحاقُ بِحَديثِ مالكِ بنِ الحُوَيْرِثِ، وَشَدَّدَ فى أَنْ لَّا يُصَلِّيَ أَحَدٌ بِصَاحِبِ الْمَنْزِلِ، وإِنْ أَذِنَ لَهُ صاحبُ المنزلِ، قالَ: وَكَذٰلِكَ فِي الْمَسْجِدِ لاَ يُصَلِّيْ بِهِمْ فِيْ الْمَسْجِدِ إِذَا زَارَهُمْ، يَقُوْلُ لِيُصَلِّ بِهِمْ رَجُلٌ مِنْهُمْ.

ترجمہ: اس پر اکثر صحابہ وغیرہ کا عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں: گھر کا مالک مہمان سے زیادہ امامت کا حقدار ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب گھر والا اجازت دیدے تو مہمان کے لئے نماز پڑھانے میں کوئی مضائقہ نہیں (تمام نسخوں میں بہ ہے، حالانکہ بھم ہونا چاہئے) اور اسحاق بن راہویہ: مالک بن الحویرث کی حدیث ہی کو لیتے ہیں اور انھوں نے اس میں سختی کی ہے کہ گھر کے مالک کو کوئی شخص نماز نہ پڑھائے اگرچہ گھر والا اس کو اجازت دے (اور) فرمایا: مسجد کے لئے بھی یہی حکم ہے، مہمان لوگوں کو مسجد میں نماز نہ پڑھائے جب وہ ان سے ملنے جائے، بلکہ کہے: آپ ہی لوگوں میں سے کوئی شخص نماز پڑھائے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ أَنْ یَّخُصَّ الإِمَامُ نَفْسَهُ بالدُّعَاءِ

امام صرف اپنے لئے دعا کرے یہ بات مکروہ ہے

امام سب نمازیوں کی طرف سے نمائندہ ہوتا ہے۔ پس اس کو اپنے ہی لئے دعا نہیں کرنی چاہئے۔ بلکہ دعا میں اپنے مقتدیوں کو بھی شامل کرنا چاہئے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: ''امام کا مقتدیوں کو چھوڑ کر اپنے آپ کو دعا میں خاص کر لینا مقتدیوں کے ساتھ خیانت ہے'' مگر ہم عجمی لوگ نماز میں تو دعا مانگنے پر قادر نہیں، کچھ ماثورہ دعائیں یاد کر لی ہیں ان کو بغیر سمجھے پڑھ لیتے ہیں، ان کا صیغہ تک بدل نہیں سکتے۔ اس لئے علماء نے اس کا حل یہ نکالا ہے کہ نماز کے بعد ہر شخص اپنی حاجت مانگے اور اپنی زبان میں مانگے۔ اور امام اپنی دعا میں مقتدیوں کو بھی شامل کرے۔ مگر لوگوں نے نمازوں کے بعد جہراً دعا مانگنا شروع کر دیا۔ امام کچھ ماثورہ دعائیں پڑھ لیتا ہے اور جہاں اس کا سانس ٹوٹتا ہے مقتدی آمین کہہ دیتے ہیں۔ نہ امام نے سمجھا کہ اس نے کیا مانگا اور نہ مقتدیوں ہی کو پتا چلا کہ امام نے کیا مانگا۔ ایسی دعا لاحصل ہے، اب دعا محض رسم ہو کر رہ گئی ہے۔ یہ ماثورہ دعائیں تو قعدہ اخیرہ میں پڑھ لینا کافی تھا۔ نماز کے بعد ان کو پڑھنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس لئے دعا سراً ہونی چاہئے اور ہر شخص کو اپنی حاجت خود مانگنی چاہئے۔ اور کبھی لوگوں کو دعا مانگنے کا طریقہ سکھلانے کے لئے یا اگر سب کی حاجت مشترک ہو تو پھر جہراً دعا مانگی جا سکتی ہے۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''کسی شخص کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسرے شخص کے گھر میں دیکھے تا آنکہ اس سے اجازت لیلے۔ اگر اس نے اجازت حاصل کئے بغیر دوسرے کے گھر میں جھانک لیا تو وہ اس میں داخل ہو گیا۔ اور کوئی شخص کسی قوم کی امامت نہ کرے پس وہ خود کو ان کے وَرے دعا میں خاص کر لے۔ اگر وہ ایسا کرے گا تو اس نے مقتدیوں کے ساتھ خیانت کی۔ اور چھوٹے بڑے استنجے یا ریح کے دباؤ کے وقت نماز نہ پڑھے''

تشریح: اس حدیث میں تین مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اجازت حاصل کئے بغیر نہ تو کسی کے گھر میں داخل ہو اور نہ ہی اس کے اندر جھانکے، بخاری شریف

میں ہے: إنَّمَا جُعِل الاستئذانُ من أجل البَصَر یعنی اجازت طلب کرنے کا حکم نظر ہی کی وجہ سے ہے تا کہ کسی کی نامناسب حالت پر دوسرے کی نظر نہ پڑے (حدیث ۶۲۴۱) اجازت حاصل کرنے سے پہلے کسی کے گھر میں جھانک لینے سے استئذ ان کا مقصد فوت ہوجاتا ہے پس اس سے احتراز ضروری ہے۔ اور اس میں لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ دروازے کے سامنے کھڑے ہوکر اجازت طلب کرتے ہیں۔ اور عورتیں تو اجازت لینے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتیں، وہ ہر گھر کو اپنا گھر سمجھتی ہیں اور گھس آتی ہیں اور طالب علم بھی ایک دوسرے کے کمروں میں بے اجازت داخل ہوجاتے ہیں۔ یہ سب غلط طریقے ہیں ان کی اصلاح کی ضرورت ہے۔

دوسرا مسئلہ: امام کو دعا کے ساتھ اپنے کو خاص نہیں کرنا چاہئے۔ یہ مقتدیوں کے ساتھ خیانت ہے۔ یہی مسئلہ باب میں مقصود ہے۔

تیسرا مسئلہ: چھوٹے بڑے استنجے کے دباؤ کے وقت اسی طرح ریح کے دباؤ کے وقت نماز شروع نہیں کرنی چاہئے بلکہ پہلے فراغت حاصل کرلے پھر نماز پڑھے ورنہ نماز کے اندر ذہن استنجے ہی کی طرف رہے گا اور یہ چیز نماز کی روح خشوع وخضوع سے محرومی کا سبب بنے گی۔

[۱۵۱] باب ماجاء فی کراهیة أن یَّخُصَّ الإمامُ نفسَه بالدعاء

[۳۶٤-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعیلُ بنُ عَیَّاشٍ، قال: حَدَّثَنِی حَبِیْبُ بنُ صَالِحٍ، عن یزیدَ بنِ شُرَیْحٍ، عن أبی حَیِّ الْمُؤَذِّنِ الحِمْصِیِّ، عن ثَوْبَانَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: "لاَیَحِلُّ لِامْرِئٍ أَنْ یَنْظُرَ فِیْ جَوْفِ بَیْتِ امْرِئٍ حَتّٰی یَسْتَأْذِنَ، فَإِنْ نَظَرَ فَقَدْ دَخَلَ، وَلاَ یَؤُمُّ قَوْمًا فَیَخُصُّ نَفْسَه بِدَعْوَةٍ دُوْنَهُمْ، فَإِنْ فَعَلَ فَقَدْ خَانَهُمْ، وَلاَ یقومُ إِلَی الصلاةِ وَهُوَ حَقِنٌ"

وفی الباب: عن أبی هریرةَ، وأبی أُمَامَةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ ثوبانَ حدیثٌ حسنٌ.

وقَدْ رُوِیَ هذا الحدیثُ عن مُعَاوِیَةَ بنِ صالحٍ، عن السَّفْرِ بنِ نُسَیْرٍ، عن یَزِیْدَ بنِ شُرَیْحٍ، عن أبی أُمَامَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وَرُوِیَ هٰذَا الحدیثُ عن یَزِیْدَ بنِ شُرَیْحٍ، عن أَبِی هریرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وکَأَنَّ حدیثَ یزیدَ بنِ شُرَیحٍ، عن أبی حیِّ المؤذنِ، عن ثوبانَ فی هذا أَجْوَدُ إسناداً وَأَشْهَرُ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیثِ باب کی تین سندیں ذکر کی ہیں: پہلی سند حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے، یہی عمدہ اور مشہور سند ہے۔ دوسری سند: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور تیسری حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے (ان دوسندوں کے بارے میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے کچھ نہیں فرمایا صرف پہلی

سند کو عمدہ اور مشہور قرار دیا ہے)

بابُ مَاجَاءَ مَنْ أَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ كَارِهُوْنَ

جس کو مقتدی ناپسند کریں اس کا امامت کرنا

حدیث: آنحضرت ﷺ نے تین آدمیوں پر لعنت فرمائی:

اول: وہ شخص جو کسی قوم کی امامت کرے درانحالیکہ لوگ اس کی امامت کو ناپسند کرتے ہوں —— اور یہ ناگواری دنیاوی جھگڑے اور دنیاوی اسباب کی بنا پر نہ ہو بلکہ کسی دینی وجہ سے ہو۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات شرح مشکوٰۃ میں اس کی تین وجہیں بیان کی ہیں۔ایک: امام کا جاہل ہونا، مثلاً وہ صحیح قرآن نہیں پڑھتا یا نماز کے بنیادی مسائل سے واقف نہیں اس لئے لوگ اس کو ناپسند کرتے ہیں، دوسری وجہ: وہ فاسق وفاجر ہے، برملا گناہ کرتا ہے، سنیما دیکھتا ہے یا کسی اور برائی میں مبتلا ہے اس لئے لوگ اس کو ناپسند کرتے ہیں۔ تیسری وجہ: وہ بدعتی ہے اور مقتدی اہل السنہ والجماعۃ میں سے ہیں اس لئے امام کو ناپسند کرتے ہیں۔ پس ایسے شخص کی امامت مکروہ تحریمی ہے۔ اور اگر ناپسندیدگی کی وجہ مقتدیوں میں پائی جاتی ہو، مثلاً امام اہل السنہ میں سے ہے دیوبندی ہے، اور مقتدی بدعتی ہیں اس لئے وہ امام کو ناپسند کرتے ہیں تو پھر مقتدی ملعون ہیں، ایسے مقتدیوں کی ناراضگی کا قطعاً اعتبار نہیں۔

دوم: وہ عورت جو پوری رات اس حال میں گذارے کہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہو تو اس پر بھی لعنت ہے، دن بھر شوہر کے ناراض رہنے سے عورت ملعون نہیں ہوتی کیونکہ ممکن ہے عورت کو دن میں شوہر کے ساتھ تنہائی کا موقع نہ ملے، مگر رات میں میاں بیوی تنہائی میں ہوجاتے ہیں پھر بھی عورت شوہر کو راضی نہ کرے تو وہ ملعون ہے۔

ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اس کی بھی تین وجوہ بیان کی ہیں: (۱) نافرمانی: یعنی عورت شوہر کا کہنا نہیں مانتی (۲) بداخلاقی یعنی عورت بے ادب ہے اس کا شوہر کے ساتھ رکھاؤ ٹھیک نہیں (۳) بددینی: مثلاً وہ بے پردہ پھرتی ہے، نمازوں کا اہتمام نہیں کرتی۔ اگر مذکورہ وجوہ میں سے کسی وجہ سے شوہر ناراض ہو تو رات پوری ہونے سے پہلے عورت کو چاہئے کہ شوہر کو راضی کرلے ورنہ وہ گناہ گار ہوگی —— اور اگر ناراضگی کی وجہ شوہر میں ہے مثلاً وہ بداخلاق ہے، اس کا برتاؤ ٹھیک نہیں، وہ بددین ہے، وقت ناوقت گھر پہنچتا ہے اس لئے عورت ناراض ہے تو ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے: فالأمر بالعکس یعنی اب ملعون اور گناہ گار شوہر ہوگا، عورت پر کوئی گناہ نہیں۔

سوم: وہ شخص جو حَيَّ علی الفلاح سنے اور جواب نہ دے۔ یہاں اجابتِ قولی مراد نہیں، ورنہ یوں کہا جاتا کہ جو اذان سنے اور جواب نہ دے، بلکہ اجابت فعلی مراد ہے یعنی جو نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں نہ جائے گھر ہی میں نماز پڑھ لے وہ ملعون ہے۔ البتہ اگر کسی عذر شرعی کی وجہ سے جماعت سے پیچھے رہے تو پھر گناہ نہیں اور ترکِ جماعت کے

اعذار اکیس ہیں (دیکھئے درمختار ۲: ۲۹۲ باب الاقامۃ، مطبع زکریا)

اور اسی قسم کی حدیثوں کی بناء پر امام احمد رحمہ اللہ نے اجابتِ فعلی کو فرض اور ابن الہمام رحمہ اللہ وغیرہ نے واجب کہا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ سنت کے تارک پر لعنت رَوا نہیں۔ اور جمہور جماعت کو سنت مؤکدہ اشد تاکید کہتے ہیں۔ اور وہ فرماتے ہیں کہ بیشک عام سنت پر لعنت رَوا نہیں مگر سنت مؤکدہ اشد تاکید قریب من الواجب ہوتی ہے پس اس کا تارک ملعون ہے۔ اور ثمرۂ اختلاف یہ ہے کہ بغیر عذر گھر میں نماز پڑھنے والے کی نماز امام احمد اور ابن الہمام رحمہما اللہ کے نزدیک صحیح نہیں۔ اور جمہور کے نزدیک ذمہ فارغ ہوجائے گا۔ تفصیل گذر چکی ہے (دیکھیں ۱: ۵۴۰)

یاد رکھنا چاہئے کہ باب کی حدیث درحقیقت مرسل ہے یعنی اس میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں، اور اس کو محمد بن القاسم الاسدی نے مرفوع متصل کیا ہے اور وہ ضعیف راوی ہے۔ مگر اس سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا کیونکہ باب میں دوسری روایتیں موجود ہیں۔

فائدہ: امام احمد رحمہ اللہ نے کثرتِ رائے کا اعتبار کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: چند مقتدیوں کے ناراض ہونے سے کسی شخص کا امامت کرنا مکروہ نہیں، اگر امام سے اکثر مقتدی ناراض ہوں تو امامت مکروہ ہے۔ اور احناف قلت وکثرت کا اعتبار نہیں کرتے بلکہ اگر ذی علم اور سمجھدار لوگ امام سے ناراض ہیں تو پھر امامت مکروہ ہے، خواہ وہ تعداد میں کم ہوں۔

[۱۵۲] باب ماجاء من أَمَّ قَوْمًا وهُمْ لَهُ کارِهُوْنَ

[۳۶۵-] حدثنا عبدُ الأَعْلٰی بنُ واصلٍ الکوفیُّ، نا محمدُ بنُ قاسِمٍ الأَسَدِیُّ، عن الفَضْلِ بنِ دَلْهَمٍ، عن الحسنِ، قال: سمعتُ أنسَ بنَ مالكٍ قال: لَعَنَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم ثلاثةً: رجلٌ أَمَّ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ کَارِهُوْنَ، وامْرَأَةٌ بَاتَتْ وَزَوْجُها عَلَیْها سَاخِطٌ، ورجلٌ سمعَ حیَّ عَلَی الفلاحِ، ثُمَّ لَمْ یُجِبْ.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وطلحةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأبی أُمَامَةَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ لایَصِحُّ: لِأَنَّهُ قَدْ رُوِیَ هذا عن الحسنِ عنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مُرْسَلٌ.

قال أبو عیسی: ومحمدُ بنُ القاسِمِ تکَلَّمَ فیه أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ، وَضَعَّفَهُ، وَلَیْسَ بِالحافِظِ.

وقَدْ کَرِهَ قَوْمٌ من أهلِ العلمِ أَنْ یَؤُمَّ الرَّجُلُ قَوْمًا وَهُمْ لَهُ کَارِهُوْنَ، فَإِذَا کَانَ الإِمَامُ غَیْرَ ظَالِمٍ، فَإِنَّمَا الإِثْمُ عَلٰی مَنْ کَرِهَهُ.

وقال أحمدُ وإسحاقُ فِیْ هٰذا: إذا کَرِهَ وَاحِدٌ أَوِ اثْنَانِ أو ثلاثةٌ فَلاَ بَأْسَ أن یُصَلِّیَ بهم حَتّٰی یَکْرَهَهُ

أَكْثَرُ القومِ.

[٣٦٦-] حدثنا هنادٌ، نا جَريرٌ، عن مَنْصُوْرٍ، عن هِلالِ بنِ يَسَافٍ، عن زيادِ بنِ أبى الجَعْدِ، عن عَمْرِو بنِ الحارثِ بنِ المُصْطَلِقِ، قال: كانَ يُقَالُ: أَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اثْنَانِ: امْرَأَةٌ عَصَتْ زَوْجَهَا، وإمامُ قومٍ وَهُمْ لَهُ كَارِهُوْنَ.

قال جريرٌ: قالَ منصورٌ: فَسَأَلْنَا عن أَمْرِ الإِمَامِ؟ فقيلَ لَنَا: إِنَّمَا عَنَى بهٰذَا الأَئِمَّةَ الظَّلَمَةَ، فَأَمَّا مَنْ أَقَامَ السُّنَّةَ فَإِنَّمَا الإِثْمُ عَلَى مَنْ كَرِهَهُ.

[٣٦٧-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا عليُّ بنُ الحسنِ، نا الحسينُ بنُ واقِدٍ، قال: نا أَبُو غالِبٍ، قال: سمعتُ أبا أُمَامَةَ يقولُ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " ثَلاَثَةٌ لاَتُجَاوِزُ صَلاَتُهُمْ آذَانَهُمْ: العَبْدُ الآبِقُ حَتّٰى يَرْجِعَ، وامْرَأَةٌ باتت وزوجُهَا عليها سَاخِطٌ، وإمامُ قومٍ وهُمْ له كَارِهُوْنَ"

قال أبو عيسىٰ: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ من هذا الوجهِ. وأبو غالبٍ اسْمُهُ حَزَوَّرٌ.

ترجمہ: (حدیث ٣٦٥) رسول اللہ ﷺ نے تین شخصوں پر لعنت فرمائی: ایک: وہ شخص جو کسی قوم کی امامت کرے درانحالیکہ وہ اس کو ناپسند کرنے والے ہیں۔ (دوم) اور وہ عورت جس نے رات گذاری درانحالیکہ اس کا شوہر اس پر ناراض ہے (سوم) اور وہ شخص جو حي على الفلاح (یعنی اذان) سنے اور جواب نہ دے —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث سند کے اعتبار سے صحیح نہیں، اس لئے کہ یہ حدیث حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے روایت کی گئی ہے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (پس یہ حدیث) مرسل ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: محمد بن القاسم میں امام احمد نے کلام کیا ہے اور اس کی تضعیف کی ہے اور وہ حافظ (حدیثوں کو خوب یاد کرنے والا) نہیں ہے (اور وہی حدیث کو مرفوع متصل کرتا ہے پس اس کا اعتبار نہیں)

اور اہل علم کی ایک جماعت نے اس کو ناپسند کیا ہے کہ کوئی شخص کسی قوم کی امامت کرے درانحالیکہ وہ اس کو ناپسند کرتے ہوں۔ پس جب امام ظالم نہ ہو یعنی ناگواری کی وجہ اس میں نہ پائی جاتی ہو تو گناہ انہیں لوگوں پر ہے جو اس کو ناپسند کرتے ہیں۔

اور امام احمد اور اسحاق رحمہما اللہ نے حدیث کی شرح میں فرمایا: جب امام کو ایک یا دو شخص یا تین شخص ناپسند کریں تو کوئی حرج نہیں کہ وہ ان کو نماز پڑھائے، یہاں تک کہ اس کو اکثر لوگ ناپسند کریں۔

(حدیث ٣٦٦) عمرو بن الحارث رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: کہا جاتا تھا کہ قیامت کے دن سب سے سخت عذاب دو شخصوں کو ہوگا: (ایک:) وہ عورت جو اپنے شوہر کی نافرمانی کرتی ہے (دوم) کسی قوم کا امام درانحالیکہ وہ اس کو ناپسند کرتے ہوں۔ حدیث کے راوی جریر کہتے ہیں: ہمارے استاذ منصور نے فرمایا: ہم نے امام کے معاملہ میں دریافت کیا

(کہ اس سے کونسا امام مراد ہے؟) تو ہم سے کہا گیا: اس سے ظالم ائمہ (حکام) ہی مراد ہیں۔ پس رہا وہ امام (حاکم) جو دینی راہ برپا کرے تو گناہ اسی پر ہوگا جو اس کو ناپسند کرے یعنی امام حکومت کا عہدہ دار ہو، اور چونکہ ہر منتظم سے کچھ لوگ ناراض ہوتے ہیں مگر وہ متبع شریعت ہو تو پھر لوگ معلون ہونگے جو اس امام سے ناراض ہیں۔ اور اگر امام کے کرتوت خلافِ شرع ہیں مگر اس کے خلاف زبان کھولنا اپنی موت کو دعوت دینا ہے اس لئے لوگ خاموش ہیں تو ایسا امام (حاکم) ملعون ہے۔

(حدیث ۳۶۷) نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کی نمازیں ان کے کانوں سے آگے نہیں بڑھتیں یعنی قبول نہیں ہوتیں، اگرچہ ذمہ فارغ ہوجاتا ہے: (ایک) بھاگنے والا غلام یہاں تک کہ (مولی کے پاس) لوٹ آئے (دوم) وہ عورت جس نے پوری رات گذاری درانحالیکہ اس کا شوہر اس سے ناراض ہے (سوم) کسی قوم کا امام جس کو لوگ ناپسند کرتے ہیں ـــــــ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس سند سے حسن غریب ہے۔ اور ابوغالب کا نام حَزَوَّرْ ہے۔

نوٹ: کان یقال سے حدیث حکماً مرفوع ہوجاتی ہے۔

بابُ ماجاءَ إِذَا صَلَّى الإِمَامُ قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا

معذور امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو غیر معذور مقتدی بیٹھ کر نماز پڑھیں

اگر امام معذوری کی وجہ سے بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی کیا کریں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم، امام شافعی اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک ایسے معذور امام کی اقتداء درست ہے اور جو مقتدی قیام پر قادر ہیں وہ کھڑے ہو کر اقتداء کریں گے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام مالک رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب بیان کیا ہے، مگر صحیح یہ ہے کہ یہ امام مالک رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے، اور امام مالک کا مذہب اور امام محمد رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ ایسے معذور امام کی اقتداء میں قیام پر قادر مقتدیوں کا نماز پڑھنا درست نہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اگر معذور امام شروع ہی سے بیٹھ کر نماز پڑھا رہا ہے تو مقتدی بیٹھ کر اقتداء کریں۔ اور اگر امام کو درمیان نماز میں عذر پیش آیا اور وہ بیٹھ گیا تو مقتدی کھڑے کھڑے اقتداء کریں۔

اس مسئلہ میں دو فعلی روایتیں ہیں اور ایک قولی:

پہلا واقعہ: سن ۵ ہجری کا واقعہ ہے۔ آنحضرت ﷺ گھوڑے پر سوار ہو کر کہیں تشریف لے جارہے تھے۔ اچانک گھوڑا بدک گیا اور وہ آپؐ کو لے کر بے تحاشہ بھاگا اور ایک کھجور کے درخت کے قریب سے اس طرح گذرا کہ آپؐ کا پاؤں درخت سے رگڑ کھا گیا، آپؐ گھوڑے سے گر پڑے اور آپؐ کی کمر سے نیچے تک کا حصہ زخمی ہوگیا۔ اس موقع پر آپؐ نماز پڑھانے کے لئے تشریف نہیں لاتے تھے۔ آپؐ کا قیام ایک مَشْرُبَۃْ میں تھا یعنی حضرت عائشہ رضی

اللہ عنہا کے حجرہ کے اوپر کمرہ تھا اس میں آپ قیام فرمارہے اور علاج ہوتا رہا۔ اس اثنا میں مسجد نبوی میں نماز کس نے پڑھائی؟ احادیث میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں۔ اسی موقعہ کا واقعہ ہے ایک دفعہ آنحضور ﷺ بیٹھے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ چند صحابہ عیادت کے لئے پہنچ گئے۔ انھوں نے موقع غنیمت جان کر کھڑے کھڑے آپ کی اقتداء کرلی۔ آپؐ نے ان کو بیٹھنے کا اشارہ کیا اور نماز کے بعد یہ مسئلہ بتایا کہ امام اسی لئے بنایا گیا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے۔ پس جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو ـــــــ آنحضرت ﷺ کا صحابہ کو بیٹھنے کے لئے اشارہ فرمانا فعلی حدیث ہے۔ پھر مسئلہ بتایا کہ امام اسی لئے بنایا گیا ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یہ قولی حدیث ہے۔

دوسرا واقعہ: آپؐ کے مرضِ موت کا ہے۔ مرضِ موت کے آغاز میں آپؐ پر بار بار غشی طاری ہوتی تھی۔ آپؐ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حکم بھیجا کہ وہ عشاء کی نماز پڑھائیں۔ انھوں نے نماز پڑھانی شروع کی۔ اس کے بعد آپؐ نے بیماری میں افاقہ محسوس کیا اور حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے تشریف لائے۔ جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے آپؐ کی آمد محسوس کی تو وہ پیچھے ہٹ گئے۔ آنحضور ﷺ نے اشارہ بھی کیا کہ وہ نماز پڑھاتے رہیں مگر ان کی ہمت نہ ہوئی، آپؐ امام کی بائیں جانب بٹھادیئے گئے۔ اور آپؐ نے درمیان سے نماز پڑھانی شروع کی۔ مقتدیوں نے کھڑے کھڑے اقتداء کی۔

امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، انھوں نے فرمایا: پہلے واقعہ میں امام کا عذر اصلی تھا، یعنی وہ شروع ہی سے معذور تھا اس لئے بیٹھ کر اقتداء کا حکم دیا گیا۔ اور دوسرے واقعہ میں عذر طاری تھا یعنی معذور امام درمیان میں آیا تھا اس لئے لوگوں نے کھڑے کھڑے اقتداء کی۔ امام اعظم، امام شافعی اور امام ابویوسف رحمہم اللہ فرماتے ہیں: یہ روایتیں ناسخ منسوخ ہیں۔ لہٰذا مرضِ موت والے واقعہ کو معمول بہا بنائیں گے، کیونکہ وہ بعد کا واقعہ ہے اور پہلا واقعہ جس میں آپؐ نے مقتدیوں کو اشارہ سے بٹھادیا تھا منسوخ ہے۔ اور امام مالک اور امام محمد رحمہما اللہ نے ان دونوں واقعوں کے ساتھ آنحضور ﷺ کے ارشاد: **لایَؤُمَّنَّ أحدٌ بعدی جالساً**: یعنی میرے بعد کوئی شخص ہرگز بیٹھ کر امامت نہ کرائے: اس روایت کو بھی ملایا ہے۔ پس انھوں نے یہ مسئلہ طے کیا کہ ایسے معذور امام کے پیچھے قیام پر قادر لوگوں کی اقتداء صحیح نہیں اور فعلی روایتوں کو نبی ﷺ کے ساتھ خاص رکھا ہے۔ اور حدیث **لاَ یَؤُمَّنَّ أحد** دارقطنی میں ہے اور بے حد ضعیف ہے اس کی ایک سند میں جابر جعفی کذاب ہے اور دوسری سند میں مجالد متروک راوی ہے اس لئے جمہور نے اس روایت کا اعتبار نہیں کیا۔

[۱۵۳] باب ماجاء إِذَاصَلَّى الإمامُ قاعداً فصلوا قعوداً

[۳٦۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شهابٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال:" خَرَّ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم عَنْ فَرَسٍ فَجُحِشَ، فَصَلّى بِنَا قَاعِدًا، فَصَلَّيْنَا مَعَهُ قُعُوْدًا، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَالَ:" إِنَّمَا

الإِمَامُ أَوْ قَالَ: إِنَّمَا جُعِلَ الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا، وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا، وَإِذَا رَفَعَ فَارْفَعُوْا، وَإِذَاقال: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، فقولوا: رَبَّنَا ولك الحمدُ، وَإِذَا سَجَدَ فاسْجُدُوْا، وإِذَا صَلّٰى قَاعِدًا فَصَلُّوْا قُعُوْدًا أَجْمَعُوْنَ"

وفي الباب: عن عائشةَ، وأبي هريرةَ، وجابرٍ، وابنِ عُمرَ، ومعاويةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَّ عن فَرَسٍ فَجُحِشَ: حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدْ ذَهَبَ بعضُ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم إلى هٰذا الحديثِ، مِنْهُمْ جَابِرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وأُسَيْدُ بنُ حُضَيْرٍ، وأبو هريرةَ، وغيرَهُمْ، وبهٰذا الحديثِ يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

قالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا صَلَّى الإِمَامُ جَالِسًا: لَمْ يُصَلِّ مَنْ خَلْفَهُ إِلَّا قِيَامًا، فَإِنْ صَلُّوْا قُعُوْداً لَمْ يُجْزِهِمْ؛ وهو قولُ سفيانَ الثوريِّ، ومالكِ بنِ أنسٍ، وابنِ المباركِ، والشافعيِّ.

ترجمہ: اس حدیث کا بیان جس میں یہ مضمون آیا ہے کہ جب امام بیٹھ کرنماز پڑھائے تو تم بھی بیٹھ کرنماز پڑھو حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ گھوڑے سے گر گئے۔ پس آپ زخمی ہو گئے۔ آپؐ نے ہمیں بیٹھ کرنماز پڑھائی۔ پس ہم نے آپؐ کی بیٹھ کر اقتداء کی، پھر جب آپؐ نے سلام پھیرا تو فرمایا: امام اسی لئے بنایا گیا ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے۔ لہٰذا جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو۔ اور جب وہ رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو، اور جب وہ رکوع سے سر اٹھائے تو تم بھی سر اٹھاؤ، اور جب وہ تسمیع کرے تو تم تحمید کرو۔ اور جب وہ بیٹھ کرنماز پڑھائے تو تم سبھی بیٹھ کرنماز پڑھو۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔ اور صحابہ میں سے بعض حضرات مثلاً حضرت جابر، حضرت اسید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم وغیرہ اسی حدیث کی طرف گئے ہیں۔ اور احمد واسحاق رحمہما اللہ نے بھی اس حدیث کو اختیار کیا ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جب امام بیٹھ کرنماز پڑھائے تو جو لوگ اس کے پیچھے ہیں وہ نماز نہیں پڑھیں گے مگر کھڑے ہوکر۔ پس اگر انھوں نے بیٹھ کر اقتداء کی تو ان کی نماز صحیح نہ ہوگی۔ اور یہ سفیان ثوری، امام مالک، ابن المبارک اور امام شافعی رحمہم اللہ کا قول ہے۔

بابٌ منه

غیر معذور مقتدی: معذور امام کی کھڑے ہو کر اقتدا کریں

اس باب میں مصنف رحمہ اللہ بہت الجھے ہیں اور باب سے متعلق اور غیر متعلق سب روایتیں لے آئے ہیں، پس جاننا چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کے مرضِ وفات کی مدت چودہ دن ہے۔ اس مدت میں آپؐ چار مرتبہ مسجد میں تشریف

لائے ہیں۔ پہلی مرتبہ حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے سہارے تشریف لائے ہیں اس موقعہ پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نماز عشاء شروع کرا چکے تھے۔ اور ایک مرتبہ آنحضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز پڑھی ہے۔ اور ایک مرتبہ آنحضور ﷺ نماز مغرب میں تشریف لائے ہیں۔ سر مبارک پر پٹی بندھی ہوئی تھی اور آپؐ نے مغرب میں سورۃ المرسلات پڑھی ہے۔ اور آخری مرتبہ وفات والے دن حجرہ کے دروازے پر کھڑے ہو کر جماعت کا حال ملاحظہ فرمایا، پھر پردہ ڈال دیا، نماز میں شریک نہیں ہوئے۔ پس اس باب میں صرف پہلی روایت لانی چاہئے تھی، کیونکہ مسئلہ باب سے وہی متعلق ہے۔ باقی روایات کا مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔

[۱۵٤] بابٌ منه

[۳٦۹-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا شَبَابَةُ، عن شُعْبَةَ، عَنْ نُعَيْمِ بنِ أبی هِنْدٍ، عن أبی وائِلٍ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عائشةَ: قالَتْ: صَلَّى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَلْفَ أبی بكرٍ فی مَرَضِهِ الَّذِیْ مَاتَ فيه قاعداً.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۷۰-] وقد رُوِیَ عن عائشةَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّه قال: " إِذَا صَلَّى الإمامُ جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا"

[۳۷۱-] ورُوِیَ عنها أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ فی مَرَضِهِ، وأبوبكرٍ يُصَلِّیْ بِالنَّاسِ، فَصَلَّى إلی جَنْبِ أبی بَكْرٍ، والنَّاسُ يَأْتَمُّوْنَ بَأبی بَكْرٍ وأبو بكرٍ، يَأْتَمُّ بِالنبیِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۷۲-] وَرُوِیَ عنها: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى خَلْفَ أبی بَكْرٍ قَاعِدًا.

[۳۷۳-] ورُوِیَ عن أنسِ بنِ مالكٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى خَلْفَ أبی بكرٍ وَهُوَ قَاعِدٌ، حدثنا بذلك عبدُ اللّٰهِ بنُ أبی زِيَادٍ، نا شَبَابَةُ بنُ سَوَّارٍ، نا محمدُ بنُ طَلحةَ، عن حُمَيْدٍ، عن ثابتٍ، عن أنسٍ، قال: صَلَّى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ مَرَضِهِ خَلْفَ أبی بكرٍ قاعِدًا فِیْ ثَوْبٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وهكذا رَوَاه يحيىَ بنُ أيوبَ، عن حُميدٍ، عن ثابتٍ، عن أنسٍ، وقد رَوَاه غيرُ واحدٍ عن حُميدٍ، عن أنسٍ، ولم يذكرُوا فيه عن ثابتٍ، ومن ذَكَرَ فِيْهِ عن ثابتٍ فَهُوَ أَصَحُّ.

ترجمہ: (حدیث ۳٦۹) صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اس مرض میں جس میں آپ نے وفات پائی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی حدیث (۳۷۰) اور صدیقہ سے یہ قولی روایت بھی مروی

ہے کہ ''جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر نماز پڑھو'' (حدیث ۳۷۱) اور صدیقہ رضی اللہ عنہا آنحضرت ﷺ کا یہ واقعہ بھی بیان کرتی ہیں کہ آپؐ اپنے مرض کے زمانہ میں نکلے درانحالیکہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ پس آنحضور ﷺ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھ کر نماز پڑھی درانحالیکہ لوگ ابوبکرؓ کی اقتداء کررہے تھے اور وہ آنحضرت ﷺ کی اقتداء کررہے تھے (صرف یہی ایک حدیث اس باب سے متعلق ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ کی آواز پست ہوگئی تھی اس لئے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بآواز بلند تکبیر کہتے تھے اور لوگ اسی کو سن کر ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف منتقل ہوتے تھے اس لئے کہہ دیا کہ لوگ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی اقتداء کررہے تھے، پس یہ مجازی تعبیر ہے) (حدیث ۳۷۲) اور صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آنحضور ﷺ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں بیٹھ کر نماز پڑھی (یہ تکرار ہے) (حدیث ۳۷۳) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے کہ آنحضور ﷺ نے مرضِ موت میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھ کر نماز پڑھی، درانحالیکہ آپؐ ایک کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے (یہ چوتھا آخری واقعہ ہے پھر اسی دن آپؐ کی وفات ہوگئی) بعض رواۃ نے اس حدیث کی سند میں حمید اور حضرت انس کے درمیان ثابت کا واسطہ بڑھایا ہے، اور بعض یہ واسطہ نہیں بڑھاتے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ واسطہ والی سند اصح ہے۔

بابُ ماجاء فی الإمَامِ یَنْهَضُ فی الرَّکْعَتَیْنِ ناسیًا

قعدۂ اولیٰ بھول کر کھڑا ہوجانے کا حکم

ثلاثی یا رباعی فرض نماز میں اگر نمازی قعدۂ اولیٰ بھول کر تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہوجائے تو اُسے واپس نہیں لوٹنا چاہئے بلکہ وہ نماز کو آگے جاری رکھے اور آخر میں سجدۂ سہو کرے نماز صحیح ہوجائے گی۔ اور اگر کوئی شخص کھڑا ہونے کے بعد قعدہ کی طرف لوٹ آئے تو بعض کتب فقہ میں لکھا ہے کہ اس کی نماز باطل ہوگئی، کیونکہ وہ فرض (قیام) سے واجب (قعدہ) کی طرف لوٹا، اس لئے نماز باطل ہوگئی۔ مگر یہ بات صحیح نہیں۔ کھڑے ہونے کے بعد قعدہ کی طرف لوٹنا اگرچہ غلط ہے مگر نماز باطل نہیں ہوتی، اور یہی مفتی بہ قول ہے اور سجدۂ سہو بہرصورت واجب ہوگا۔

حدیث: شعبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمیں (کوفہ کے گورنر) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔ اور وہ دو رکعت کے بعد کھڑے ہوگئے یعنی قعدۂ اولیٰ بھول گئے۔ پس لوگوں نے ان کو متنبہ کرنے کے لئے سبحان اللہ کہا۔ امام صاحب نے بھی سبحان اللہ کے ذریعہ ان کو متنبہ کیا، یعنی انھوں نے بھی سبحان اللہ کہا (مقتدیوں کے سبحان اللہ کا مطلب یہ تھا کہ آپ بھولے، اور امام صاحب کے سبحان اللہ کا مطلب یہ تھا کہ جب میں کھڑا ہوگیا تو تمھیں بھی کھڑا ہوجانا چاہئے تھا۔ پس آپ لوگ مسئلہ بھولے۔ وہ لوگ یہ بات سمجھ گئے اور کھڑے ہوگئے) پس جب انھوں نے

نماز پوری کی تو آخری سلام پھیرا پھر سہو کے دو سجدے کئے درانحالیکہ وہ بیٹھے ہوئے تھے یعنی جس طرح سجدۂ تلاوت کھڑے ہوکر کرنا مستحب ہے یہاں ایسا نہیں، بلکہ بیٹھے ہوئے ہی دونوں سجدے کئے۔ پھر لوگوں کو حدیث سنائی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ایسا ہی کیا تھا جیسا کہ انھوں نے کیا۔ یعنی آپؐ بھی ایک مرتبہ قعدۂ اولیٰ بھول کر کھڑے ہوگئے تھے، پس آپ نے بھی آخری سلام پھیرنے کے بعد بیٹھے بیٹھے سجدۂ سہو کیا تھا۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ اس حدیث کی پہلے دو ضعیف سندیں لائے ہیں، پہلی سند میں ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں اور دوسری میں جابر جعفی کذاب ہے۔ پھر آخر میں اس کی ''حسن صحیح'' سند پیش کریں گے۔ اور سجدۂ سہو قبل السلام مسنون ہے یا بعد السلام؟ یہ مسئلہ آگے تفصیل سے آئے گا۔

فائدہ: جب امام کو اس کی کسی غلطی پر تنبیہ کرنا مقصود ہو تو سبحان اللہ کہنا چاہئے۔ اللہ أکبر کہنے کا اس موقع پر کوئی تُک نہیں، کیونکہ اس صورت میں مفہوم یہ ہوجاتا ہے کہ امام نے کوئی بڑا محیر العقول کام کیا ہے جس پر اللہ کی بڑائی کی جارہی ہے، یعنی بیشک امام نے بہت بڑا کام کیا ہے مگر بڑے اللہ ہی ہیں، ظاہر ہے کہ یہ بے موقع بات ہے۔ امام نے تو بھول کی ہے اور سبحان اللہ کا اس موقعہ پر مطلب یہ ہوتا ہے کہ اللہ عیوب سے اور بھول چوک سے پاک ہیں، پس امام فوراً غور کرے گا کہ آخر اللہ کے بے عیب ہونے کی بات مجھ سے کیوں کہی جارہی ہے؟ اس طرح اس کو اپنی بھول یاد آجائے گی۔

[۱۵۵] باب ماجاء فی الإمام يَنْهَضُ من الركعتين ناسياً

[۳۷٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا ابنُ أبی لَيلَی، عن الشَّعْبِیِّ، قال: صَلّٰی بِنَا الْمُغِيْرَةُ بنُ شُعْبَةَ، فَنَهَضَ فی الرَّكْعَتَيْنِ ، فَسَبَّحَ بِهِ الْقَوْمُ، وسَبَّحَ بِهِمْ، فَلَمَّا قَضٰی صَلَاتَهُ سَلَّمَ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ وهُوَ جَالِسٌ، ثُمَّ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله عليه وسلم فَعَلَ بِهِمْ مِثْلَ الَّذِیْ فَعَلَ.

وفی الباب: عن عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ،وسَعْدٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ بُحَيْنَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ الْمُغيرةِ بنِ شُعْبَةَ، قَدْ رُوِیَ مِن غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أهلِ العلمِ فی ابنِ أبی لَيْلیٰ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، قال أحمد: لَا يُحْتَجُّ بِحَدِيْثِ ابنِ أبی ليلیٰ، وقال محمدُ بنُ إسماعيلَ: ابنُ أبی ليلیٰ وهُوَ صَدُوْقٌ وَلاَ أَرْوِیْ عَنْهُ، لِأَنَّهُ لاَ يَدْرِیْ صَحِيْحَ حَدِيثِه من سَقِيْمِه، وكلُّ مَنْ كَانَ مِثْلَ هٰذَا فَلاَ أَرْوِیْ عَنْهُ شَيْئًا.

وَقدْ رُوِیَ هٰذا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وجهٍ عَنِ المغيرةِ بنِ شعبةَ، وروَی سفيانُ، عن جابرٍ، عن المغيرةِ بن شُبَيْلٍ، عن قيسِ بنِ أبی حَازِمٍ، عن المغيرةِ بنِ شُعْبَةَ؛ وجابرٌ الجُعْفِیُّ قَدْ ضَعَّفَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ، تَرَكَهُ يَحْيیَ بنُ سعيدٍ وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ غيرُهما.

والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ: عَلٰی أَنَّ الرَّجُلَ إِذا قامَ فی الرَّكْعَتَيْنِ مَضٰی فِیْ صَلَاتِهِ، وَسَجَدَ

سَجْدَتَيْنِ: مِنْهُم مَنْ رَأَىٰ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ ، ومِنْهُمْ مَنْ رَأَىٰ بَعْدَ التَّسْلِيْمِ، ومَنْ رَأَىٰ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ فَحَدِيْثُهُ أَصَحُّ، لِمَا رَوَى الزُّهْرِيُّ ويَحيىَ بنُ سعيدٍ الأَنْصَارِيُّ، عن عبدِ الرحمنِ الأَعْرَجِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بُحَيْنَةَ.

[۳۷۵-] حدثنا عبدُ الله بنُ عبدِ الرحمنِ، نايزيدُ بنُ هَارُوْنَ، عن المَسْعُوْدِيِّ، عن زِيَادِ بنِ عِلاَقَةَ، قال: صَلَّى بِنَا المغيرةُ بنُ شُعْبَةَ، فَلَمَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَامَ وَلَمْ يَجْلِسْ، فَسَبَّحَ بِه مَنْ خَلْفَهُ فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ أَنْ قُوْمُوْا، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلاَتِهِ سَلَّمَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، وقَالَ هٰكَذَا صَنَعَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وقد رُوِيَ هذا الحديثُ من غيرِ وجهٍ عن المغيرةِ بنِ شعبةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے (یہ بات امام صاحب نے باب میں تین بار کہی ہے) اور بعض اہل علم نے ابن ابی لیلیٰ صغیر میں حافظہ کی جانب سے کلام کیا ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن ابی لیلیٰ صغیر کی حدیث سے مسائل میں استدلال نہیں کیا جائے گا۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: ابن ابی لیلیٰ صدوق ہیں، یعنی فی نفسہ اچھے راوی ہیں مگر جس حدیث کی سند میں یہ راوی آتا ہے میں اس کو سبق میں بیان نہیں کرتا، اس لئے کہ وہ اپنی صحیح اور ضعیف احادیث کے درمیان امتیاز نہیں کرتا۔ پھر قاعدہ کلیہ بیان کیا کہ ہر وہ راوی جس کا یہ حال ہو یعنی وہ صحیح اور ضعیف میں امتیاز نہ کرتا ہو میں اس کی روایتیں سبق میں بیان نہیں کرتا۔

اور یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے (یہ تکرار ہے) پھر حدیث مغیرۃ کی دوسری سند ہے: سفیان روایت کرتے ہیں جابر جعفی سے، وہ مغیرۃ بن شُبَیل سے، وہ قیس بن ابی حازم سے، اور وہ مغیرۃ بن شعبہ سے۔ اور جابر جعفی کی بعض اہل علم نے تضعیف کی ہے۔ اس کو یحییٰ قطان اور ابن مہدی نے متروک قرار دیا ہے۔ اور اس حدیث پر علماء کا عمل ہے، یعنی جب مصلّی دو رکعت پر کھڑا ہو جائے تو وہ اپنی نماز کو آگے جاری رکھے (قعدہ کی طرف واپس نہ لوٹے) اور سہو کے دو سجدے کرے۔ پھر علماء میں سے بعض کی رائے یہ ہے کہ سلام سے پہلے سجدے کرے، اور بعض کی رائے یہ ہے کہ سلام کے بعد سجدے کرے، اور جن لوگوں کی رائے قبل السلام سجدہ کرنے کی ہے ان کی حدیث اصح ہے۔ کیونکہ اس حدیث کو زُہری اور یحییٰ بن سعید نے عبدالرحمٰن الاعرج سے اور انھوں نے عبداللہ بن بُحَیْنَۃْ سے روایت کیا ہے (یہ حدیث آگے آئے گی) اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت مغیرۃ کی حدیث کی تیسری سند لکھی ہے۔ اور اس کو حسن صحیح کہا ہے (یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب یہ حدیث حسن صحیح ہے تو عبداللہ بن بُحَیْنَۃْ کی حدیث اس سے اصح کیسے ہوئی؟ حسن صحیح سے اوپر تو کوئی مرتبہ نہیں؟! پس انصاف کی بات یہ تھی کہ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے: دونوں روایتیں صحیح ہیں کسی ایک کو اصح کہنا ناانصافی ہے) ——— (حدیث ۳۷۵) زیاد بن علاقہ کہتے ہیں: ہمیں حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ

نے نماز پڑھائی۔ پس جب وہ دو رکعت پڑھا چکے تو کھڑے ہوگئے بیٹھے نہیں، یعنی قعدۂ اولیٰ نہیں کیا۔ پس پیچھے جو لوگ تھے انھوں نے سبحان اللہ کہا۔ پس حضرت نے لوگوں کو اشارہ کیا کہ آپ لوگ کھڑے ہوجائیں (یہ اشارہ ہاتھ سے نہیں کیا تھا بلکہ انھوں نے بھی سبحان اللہ کہا تھا پس لوگ اس کا مقصد سمجھ گئے اور کھڑے ہوگئے) پھر نماز پوری کرکے آخری سلام پھیرا اور سجدۂ سہو کیا، پھر سلام پھیرا۔ اور فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے بھی اسی طرح کیا تھا۔

بابُ ماجاء فی مِقْدَارِ القُعُوْدِ فی الرَّکْعَتَیْنِ الْأُوْلَیَیْنِ

پہلی دو رکعتوں کے بعد بیٹھنے کی مقدار

تمام ائمہ متفق ہیں کہ ثلاثی اور رباعی نمازوں کے پہلے قعدہ میں صرف التحیات پڑھنی ہے، آگے کچھ نہیں پڑھنا۔ اور واجب نماز اور ایک قول کے مطابق ظہر سے پہلے کی چار سنتیں بھی فرائض کے ساتھ ملحق ہیں۔ ان میں بھی صرف تشہد پڑھنا ہے۔ باقی تمام نمازوں میں ہر قعدہ میں تشہد، درود اور دعا سب کچھ پڑھنا ہے۔ اس لئے کہ نوافل وسنن شفعہ شفعہ ہیں یعنی ان کی ہر دو رکعت ایک نماز ہے، البتہ صرف التحیات پڑھیں تو بھی درست ہے مگر اکثر لوگ اس مسئلہ سے واقف نہیں۔ وہ ہر نماز کے پہلے قعدہ میں صرف تشہد پڑھتے ہیں اور درود شریف وغیرہ نہ صرف یہ کہ نہیں پڑھتے بلکہ اگر کوئی بھولے سے پڑھ لے تو سجدۂ سہو کرتا ہے۔ یہ غلط فہمی فرائض کے قعدۂ اولیٰ سے پیدا ہوئی ہے چونکہ ان کے پہلے قعدہ میں تشہد پر اکتفا کرنا ضروری ہے اس لئے لوگوں نے تمام نمازوں کے لئے یہی حکم تصور کرلیا۔

اس کی نظیر: سجدۂ سہو آخری سلام کے بعد کرنا مسنون ہے۔ اور نماز میں آخری سلام تشہد، درود اور دعا کے بعد ہے۔ پس سجدۂ سہو بھی سب کچھ پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد کرنا چاہئے، البتہ جماعت کے فرضوں میں یہ حکم ہے کہ صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیرے اور سجدۂ سہو کرے تاکہ مسبوق جان لیں کہ یہ ایمرجنسی سلام ہے اور وہ کھڑے ہونے میں جلدی نہ کریں۔ غرض یہ حکم عارضی مصلحت سے تھا، مگر لوگوں نے اس کو اصل حکم سمجھ لیا، چنانچہ وہ ہر نماز میں یہی کرنے لگے۔ بلکہ فقہ کی بعض کتابوں میں بھی اس حکم کو عام کردیا ہے، حالانکہ سجدۂ سہو میں اصل طریقہ یہ ہے کہ قعدۂ اخیرہ میں بیٹھ کر پہلے تشہد، درود اور جتنی دعائیں کرنی ہیں سب مانگ لے پھر سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کرے، پھر صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیردے۔ غرض جس طرح سجدۂ سہو کے مسئلہ میں باجماعت نماز کے مسئلہ سے غلط فہمی ہوئی ہے اسی طرح یہاں بھی فرضوں کے قعدۂ اولیٰ سے غلط فہمی ہوئی ہے۔

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ جب پہلی دو رکعتوں میں بیٹھتے تھے تو (اس طرح بیٹھتے تھے کہ) گویا آپؐ گرم پتھر پر بیٹھے ہیں ——— اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ قعدۂ اولیٰ میں جم کر نہیں بیٹھتے تھے، بلکہ اس طرح بیٹھتے تھے کہ گویا ابھی اٹھیں گے۔

[١٥٦] باب ماجاء فی مِقْدَارِ القعود فی الرکعتین الأُوْلَیَیْنِ

[٣٧٦-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داوُدَ، هو الطَّيَالِسِيُّ، ناشُعْبَةُ، ناسَعْدُ بنُ إبراهيمَ، قال: سمعتُ أبا عُبَيْدَةَ بنَ عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، يُحَدِّثُ عن أبيهِ، قال: كَانَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إِذَا جلَسَ فی الرَّكْعَتَيْنِ الأُوْلَيَيْنِ، كَأَنَّهُ عَلَى الرَّضْفِ؛ قال شُعْبَةُ: ثُمَّ حَرَّكَ سَعْدٌ شَفَتَيْهِ بشيئٍ، فَأَقُوْلُ: حتى يَقُوْمَ؟ فَيَقُوْلُ: حتى يَقُوْمَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، إلا أنَّ أبا عُبيدةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبيهِ والعمَلُ على هذا عند أهل العلم يَخْتَارُوْنَ أن لا يُطِيْلَ الرجلُ القُعُوْدَ فی الرَّكْعَتينِ الأُوْلَيَيْنِ، ولاَ يَزِيْدَ على التَّشَهُّدِ شَيْئًا فی الرَّكْعَتَيْنِ الأُوْلَيَيْنِ، وقالوا: إِنْ زَادَ عَلَى التشهُّدِ فَعَلَيْهِ سَجْدَتَا السَّهْوِ، هكذا رُوِیَ عن الشَّعْبِیِّ وغيرِهِ.

ترجمہ: ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ دو رکعت پر بیٹھتے تھے تو (ایسا محسوس ہوتا) گویا وہ گرم پتھر پر ہیں۔ شعبہ کہتے ہیں (یہاں پہنچ کر میرے استاذ سعد کی آواز پست ہوگئی، مگر وہ کچھ بولے ضرور کیونکہ) پھر سعد نے اپنے ہونٹوں کو کسی چیز (لفظ) کے ساتھ حرکت دی (یعنی ایسا محسوس ہوا کہ گویا وہ کچھ بولے لیکن کیا بولے؟ شعبہ سن نہ سکے۔ شعبہ کہتے ہیں:) میں نے استاذ سے پوچھا: حتی یقوم؟ کھڑے ہونے تک؟ تو انھوں نے کہا: حتی یقوم (یعنی ہاں کھڑے ہونے تک یعنی میں یہی جملہ بولا ہوں، چونکہ شعبہ رحمہ اللہ یہ حدیث دیگر اساتذہ سے سن چکے تھے اور ان کی حدیث میں حتی یقوم تھا اس لئے انھوں نے پوچھا: کیا آپ نے بھی حتی یقوم فرمایا؟ استاذ نے اثبات میں جواب دیا)

اور اس پر علماء کا عمل ہے وہ یہ بات پسند کرتے ہیں کہ نمازی پہلی دو رکعت پر بیٹھنے کو لمبا نہ کرے اور تشہد پر کچھ اضافہ نہ کرے۔ اگر وہ تشہد پر زیادتی کرے گا تو اس پر سجدۂ سہو لازم ہوگا۔ شعبی وغیرہ سے اسی طرح مروی ہے (فرائض کے قعدۂ اولی میں تشہد سے زیادہ پڑھنے والے پر سجدہ سہو ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ اور منصوص نہیں ہے بلکہ تابعین کے مختلف اقوال کی بناء پر مجتہدین میں اختلاف ہوا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کا مسلک شعبی وغیرہ کی رائے کے مطابق ہے یعنی تشہد کے علاوہ پڑھنے والے پر سجدۂ سہو واجب ہوگا یہی احناف کا مذہب ہے)

بابُ ماجاء فی الإشَارَةِ فی الصَّلاَةِ

نماز میں اشارہ کرنے کا حکم

اگر نماز میں کوئی اشارہ کیا جائے خواہ وہ مفہوم ہو یا غیر مفہوم یعنی وہ اشارہ سمجھ لیا جائے یا نہ سمجھا جائے تو اس سے نماز

باطل نہیں ہوتی۔ کیونکہ یہ عمل قلیل ہے۔ البتہ فرض نماز میں مجبوری کے بغیر کوئی اشارہ نہیں کرنا چاہئے کیونکہ وہ بارگاہِ خداوندی کی خاص ملاقات ہے۔ اور نوافل چونکہ پرائیویٹ ملاقات ہیں اس لئے ان میں اشارہ کرنے کی گنجائش ہے۔

اس باب میں دو روایتیں ہیں اور دونوں کا تعلق نفل نماز سے ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر حضرت صہیب رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: میں آنحضرت ﷺ کے پاس سے گذرا اس وقت آپ نماز پڑھ رہے تھے، میں نے آپؐ کو سلام کیا تو آپؐ نے اشارہ سے جواب دیا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: مجھے ایسا یاد ہے کہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ آنحضور ﷺ نے انگلی کے اشارہ سے جواب دیا۔ یعنی اشارہ سے بتلایا کہ آپؐ نماز میں ہیں یا آپؐ نے ان کا سلام قبول کرلیا ہے۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آنحضرت ﷺ قبا والوں کے سلام کا جواب کس طرح دے رہے تھے جبکہ آپؐ نماز میں تھے؟ حضرت بلالؓ نے کہا: ہاتھ کے اشارہ سے جواب دے رہے تھے ــــــ یہ دونوں واقعے الگ الگ ہیں اور دونوں صحیح ہیں، اور ابن عمرؓ دونوں سے روایت کرتے ہیں۔

[۱۵۷] باب ماجاء فی الإشارةِ فی الصلاة

[۳۷۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن بُكَيْرِ بن عبدِ اللّٰهِ بنِ الأَشَجِّ، عن نَابِلٍ صاحِبِ العَبَاءِ، عن ابنِ عُمَرَ، عن صُهَيْبٍ، قال: مَرَرْتُ برسولِ الله صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يُصَلِّیْ، فَسَلَّمْتُ عَلیهِ، فَرَدَّ إِلَیَّ إِشَارَةً، وقال: لَا أَعْلَمُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: إِشَارَةً بِأُصْبُعِهِ.

وفی الباب: عن بلالٍ، وأبی هريرةَ، وأنسٍ، وعائشةَ.

[۳۷۸-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وكيعٌ، نا هشامُ بنُ سعدٍ، عن نافعٍ، عن ابنِ عمرَ، قال: قلتُ لِبِلَالٍ: كيفَ كان النبیُّ صلى الله عليه وسلم يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حِيْنَ كَانُوْا يُسَلِّمُوْنَ عَلَيْهِ، وَهُوَ فِی الصَّلَاةِ؟ قال: كان يُشِيْرُ بِيَدِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وحديثُ صُهَيْبٍ حسنٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حَديثِ اللَّيْثِ عن بُكَيْرٍ، وقد رُوِیَ عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: قُلتُ لِبلالٍ: كَيْفَ كَانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم يَرُدُّ عَلَيْهِمْ حيثُ كَانُوْا يُسَلِّمُوْنَ عَلَيْهِ فِیْ مَسْجِدِ بَنِیْ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ؟ قال: كَانَ يَرُدُّ إِشَارَةً.

وَكِلَا الحَدِيْثَيْنِ عِنْدِیْ صَحِيحٌ: لِأَنَّ قِصَّةَ حديثِ صُهَيْبٍ غَيْرُ قِصَّةِ حديثِ بِلالٍ، وإِنْ كَانَ ابنُ عُمَرَ رَوَى عنهما، فَاحْتَمَلَ أَنْ يَكُوْنَ سَمِعَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا.

وضاحت: حدیث (۳۷۷) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما: حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اس

حدیث کے تنہا لیث بن سعد راوی ہیں۔ اور حدیث (۳۷۸) ابن عمرؓ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو نافع کے علاوہ زید بن اسلم بھی ابن عمر سے روایت کرتے ہیں۔ اور دونوں حدیثیں صحیح ہیں، اور یہ دو الگ الگ واقعے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور میرے نزدیک دونوں حدیثیں صحیح ہیں اس لئے کہ صہیبؓ کی حدیث کا واقعہ اور ہے اور بلالؓ کا واقعہ اور ہے اگرچہ ابن عمرؓ نے دونوں سے روایت کی ہے، پس احتمال ہے کہ انھوں نے دونوں ہی سے سنا ہو۔

بابُ مَاجاءَ أَنَّ التَّسْبِيْحَ للرجال و التَّصْفِيْقَ لِلنِّسَاءِ

تنبیہ کے لئے مرد تسبیح کہیں اور عورتیں چٹکی بجائیں

تصفیق کے اصلی معنی ہیں: تالی بجانا، اور یہاں بائیں ہاتھ کی پشت پر دائیں ہاتھ کی دو انگلیاں مارنا مراد ہے۔ اور حدیث کا مطلب تمام ائمہ نے یہ سمجھا ہے کہ اگر امام کو غلطی پر تنبیہ کرنی مقصود ہو تو مرد مقتدی سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تصفیق کریں۔ وہ سبحان اللہ نہ کہیں، کیونکہ صَوتُ العورةِ عَوْرَةٌ: عورت کی آواز بھی ستر ہے۔ اور یہیں سے بعض کتابوں میں یہ مسئلہ لکھ دیا ہے کہ اگر عورت منہ سے لقمہ دے گی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ کیونکہ عورت کی آواز ستر ہے، اور ننگا پا ظاہر کرنا مفسد صلوٰۃ ہے۔ مگر یہ بات صحیح نہیں۔ صوتُ العورة عورةٌ کا مطلب یہ ہے کہ عورت پر بدن کی طرح اپنی آواز کی حفاظت بھی ضروری ہے۔ اجنبیوں کے سامنے آواز ظاہر کرنے سے بھی اُسے اجتناب کرنا چاہئے۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مرد و زن سب سبحان اللہ کہیں گے۔ وہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ امام کو تنبیہ کرنے کے لئے مرد سبحان اللہ کہیں تالی نہ بجائیں۔ یہ ان کے شایانِ شان نہیں، یہ تو عورتوں کا شیوہ ہے۔ مگر حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی حدیث سے امام مالک رحمہ اللہ کے بیان کردہ مطلب کی تردید ہوتی ہے، ان کی مرفوع حدیث کے الفاظ ہیں: إِذَا نَابَکُمْ أَمرٌ فَلْيُسَبِّحِ الرجالُ ولِيُصَفِّحِ النساءُ یعنی جب (نماز میں) کوئی بات پیش آئے تو چاہئے کہ مرد تسبیح کہیں اور عورتیں چٹکی بجائیں (بخاری حدیث ۷۱۹۰ کتاب الأحکام، باب الإمام یأتی إلخ) اس میں صراحت ہے کہ سبحان اللہ صرف مرد کہیں گے، عورتیں بجائے تسبیح کے تصفیق کریں گی۔

فائدہ: تسبیح کہنے کا صرف یہی موقعہ نہیں ہے بلکہ اس کے بہت سے مواقع ہیں۔ مثلاً کوئی شخص بے خبری میں نمازی کے سامنے سے گذرنا چاہے تو اس وقت بھی نمازی کو تسبیح کہنی چاہئے، تاکہ گذرنے والا متنبہ ہو جائے۔ اسی طرح امام اپنے مقتدیوں کو کسی غلطی پر متنبہ کرنا چاہے تو بھی تسبیح کہے جیسا کہ پہلے حدیث گذری ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص گھر کے اندر نماز میں مشغول ہے اور باہر سے کوئی اجازت طلب کرتا ہے تو چاہئے کہ زور سے تسبیح کہے اور اپنا نماز میں مشغول ہونا بتائے، جیسا کہ باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ میں نبی ﷺ سے اجازت طلب کرتا تھا جبکہ

آپؐ نماز میں ہوتے تھے تو آپؐ سبحان اللہ کہتے تھے۔اس کے علاوہ اور بھی بہت سی جگہیں ہوسکتی ہیں۔

[۱۵۸] باب ماجاء أن التَّسْبِيْحَ للرجال والتَّصْفِيْقَ للنساء

[۳۷۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيةَ، عن الأَعْمَشِ، عن أبی صالحٍ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلی الله عليه وسلم:" التَّسْبِيْحُ لِلرِّجَالِ وَالتَّصْفِيْقُ لِلنِّسَاءِ"

وفی الباب: عن علیٍّ، وسهلِ بنِ سعدٍ، وجابرٍ، وأبی سعيدٍ، وابنِ عُمَرَ.

[۳۸۰-] قالَ علیٌّ: كنتُ إذا اسْتَأْذَنْتُ عَلَی النبیِّ صلی الله عليه وسلم وَهُوَ يُصَلِّیْ سَبَّحَ.

قال أبو عيسی: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عليهِ عندَ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: حدیث (۳۸۰) حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں جب آنحضور ﷺ سے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کرتا اور آپ نماز پڑھ رہے ہوتے تو آپ سبحان اللہ کہتے۔معلوم ہوا کہ تسبیح کے دیگر مواقع بھی ہیں۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ التَّثَاؤُبُ فِیْ الصَّلاَةِ

نماز میں جماہی لینا مکروہ ہے

تثاؤب: کے معنی ہیں: جماہی لینا، جماہی کو جمائی بھی کہتے ہیں۔ یہ وہی لفظ ہے جو اردو میں داماد کے لئے مستعمل ہے، اور نماز میں جماہی لینا ٹھیک نہیں، آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے:''نماز میں جماہی آنا شیطان کے اثر سے ہے'' یعنی نماز سے پہلے ٹھیک تھا، جماہی کا نہ اتا تھا نہ پتا۔لیکن نماز شروع کرتے ہی جماہی پر جماہی آنے لگی تو یہ جماہی شیطان کے اثر سے ہے۔اور اس کا علاج حدیث شریف میں یہ آیا ہے کہ جہاں تک ممکن ہو اُسے روکے، ہونٹ بھینچ لے، پھر بھی نہ رُکے تو ہاتھ رکھ کر روکے۔غرض جس طرح ممکن ہو روکے، اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے جب جماہی آنا چاہتی ہے تو میں کھنکھارتا ہوں۔اور شامی (۱:۳۵۳) میں یہ طریقہ لکھا ہے کہ جب جماہی آنا چاہے تو یہ تصور کرے کہ کبھی کسی نبی کو جماہی نہیں آئی فوراً جماہی رک جائے گی۔واللہ اعلم

[۱۵۹] باب ماجاء فی كراهية التَّثَاؤُبِ فی الصلاة

[۳۸۱-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن العَلَاءِ بنِ عَبدِ الرحمنِ، عن أبيهِ، عن أبی هريرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قال:" التَّثَاؤُبُ فِی الصَّلَاةِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَ بَ

أَحَدُكُمْ فَلْيَكْظِمْ مااسْتَطَاعَ"
وفی الباب: عن أبی سعيدٍ الخُدریِّ، وجَدِّ عدِیِّ بنِ ثابتٍ.
قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثُ حسنٌ صحيحٌ.
وقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهلِ العلمِ التَّثاؤُبَ فی الصَّلاَةِ؛ قال إبراهيمُ: إِنِّیْ لَأَرُدُّ التَّثاؤُبَ بالتَّنَحْنُحِ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ صَلاَةَ القاعِدِ على النِّصْفِ مِنَ صَلاَةِ القائمِ

بیٹھ کر نماز پڑھنے کا ثواب آدھا ہے

اس باب میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔ان کو دو بیماریاں تھیں ایک: بواسیر کی دوسری بھگندر کی ان پر جب بواسیر کا حملہ ہوتا تھا یعنی خون بہت بہہ جاتا تھا تو وہ نڈھال ہوجاتے تھے اس لئے انھوں نے آنحضرت ﷺ سے بیٹھ کر نماز پڑھنے کا مسئلہ دریافت کیا۔اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس اور ابراہیم بن طہمان روایت کرتے ہیں۔اور دونوں کی روایتیں مختلف ہیں۔عیسیٰ بن یونس کی حدیث یہ ہے: عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے حضور اکرم ﷺ سے بیٹھ کر نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ''جو شخص کھڑے ہوکر نماز پڑھے: یہ بہتر ہے۔اور جو بیٹھ کر نماز پڑھے اس کے لئے کھڑے ہوکر نماز پڑھنے والے کے ثواب کا آدھا ہے۔ اور جو لیٹ کر پڑھے اس کے لئے بیٹھ کر پڑھنے والے کے ثواب کا آدھا ہے''

اور ابراہیم بن طہمان کی حدیث یہ ہے: عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بیمار کی نماز کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ''کھڑے ہوکر نماز پڑھو، اور اگر کھڑے ہونے کی طاقت نہ ہوتو بیٹھ کر پڑھو، اور اگر بیٹھ کر پڑھنے کی طاقت بھی نہ ہوتو کروٹ پر لیٹ کر پڑھو''

تشریح: ان دونوں روایتوں کا مدعیٰ متعین کرنے میں شارحین بہت الجھے ہیں، کیونکہ ان کی زیادہ سے زیادہ چار تقدیریں ہوسکتی ہیں: (۱) دونوں روایتیں فرض نماز سے متعلق ہوں (۲) دونوں نفل نماز سے متعلق ہوں (۳) دونوں میں مریض کی نماز کا حکم ہو (۴) یا دونوں تندرست کی نماز کے بارے میں ہوں۔

(۱) اگر ان کو فرض کے بارے میں اور تندرست کی نماز سے متعلق کیا جائے تو اشکال یہ ہوگا کہ تندرست کے لئے بیٹھ کر فرض پڑھنا جائز ہی نہیں، اس پر قیام فرض ہے (۲) اور اگر ان کو فرض سے اور بیمار کی نماز سے متعلق کیا جائے تو پہلی حدیث پر اشکال ہوگا کہ بیمار کو تو جس حال میں بھی وہ نماز پڑھے گا پورا ثواب ملے گا۔جو شخص قیام پر قدرت نہیں رکھتا وہ فرض نماز بیٹھ کر پڑھے گا اور بیٹھ کر بھی پڑھنے پر قادر نہیں تو لیٹ پر پڑھے گا اور اس کو ہر حال میں پورا ثواب ملے گا، تنصیف نہیں ہوگی (۳) اور اگر نفل نماز سے اور بیمار سے ان کا تعلق جوڑا جائے تو بھی درست نہیں کیونکہ جب معذور

کو فرض نماز بیٹھ کر پڑھنے کی صورت میں پورا ثواب ملتا ہے تو نفل بیٹھ کر پڑھنے والے کو تو بدرجۂ اولی پورا ثواب ملے گا (۴) اور اگر نفل نماز سے اور تندرست سے متعلق کیا جائے تو پہلی حدیث پر اشکال ہوگا کہ تندرست آدمی کے لئے نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کی تو گنجائش ہے مگر اس کے لئے لیٹ کر نفل پڑھنا جائز نہیں۔ غرض دونوں حدیثوں میں چار ہی تقدیریں ہوسکتی ہیں اور ہر تقدیر پر اعتراض ہے۔ شارحین اس کا کوئی قابل قبول حل تلاش نہیں کرسکے، البتہ امام ترمذی رحمہ اللہ ایک دور کی کوڑی لائے ہیں کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ تندرست آدمی کو بھی لیٹ کر نفل پڑھنے کی اجازت دیتے ہیں۔ مگر ظاہر ہے کہ حضرت حسن رحمہ اللہ کا قول مجتہدین پر حجت نہیں۔ مجتہدین اس کی اجازت نہیں دیتے۔

میں نے دونوں حدیثوں کو ملا کر ان کا جو مطلب سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ یہ دونوں فرض کے بارے میں ہیں اور ان میں بیمار کی نماز کا حکم ہے۔ دوسری حدیث میں حضرت عمران رضی اللہ عنہ کا بیمار کی نماز کے بارے میں دریافت کرنا اس کی دلیل ہے۔ اور پہلی حدیث میں ثواب کا بیان ہے اور دوسری میں صحتِ صلوٰۃ کا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ صحتِ صلوٰۃ میں عامل کی قدرت کا اعتبار ہے اور ثواب میں نفس الامری قدرت کا لحاظ ہے۔ یعنی اگر مصلّی کا خیال ہے کہ وہ کھڑے ہو کر فرض پڑھنے پر قادر نہیں تو وہ نماز بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے، نماز ہو جائے گی۔ اور اگر اس کی بھی ہمت نہیں تو لیٹ کر پڑھے، نماز صحیح ہو جائے گی۔ مگر ثواب نفس الامری قدرت کے لحاظ سے ملے گا۔ پس جو شخص بے ہمت ہو گیا اور اس نے بیٹھ کر نماز پڑھی حالانکہ نفس الامر میں اُسے قیام پر قدرت ہے تو اُسے آدھا ثواب ملے گا۔ اور اگر وہ واقعی قیام پر قادر نہیں اس لئے بیٹھ کر نماز پڑھی تو پورے ثواب کا مستحق ہوگا۔ یہی مسئلہ لیٹ کر نماز پڑھنے والے کا ہے: اگر وہ بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے مگر وہ بے ہمتی کی بناء پر لیٹ کر پڑھتا ہے تو بیٹھ کر نماز پڑھنے کی صورت میں جتنا ثواب ملے گا اس سے آدھا ملے گا۔ اور اگر نفس الامر میں بھی بیٹھ کر پڑھنے پر قادر نہیں تو پھر لیٹ کر پڑھی ہوئی نماز کا پورا ثواب ملے گا۔

غرض آنحضرت ﷺ نے عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو ایک تو مسئلہ بتایا ہے کہ مریض کھڑے ہو کر، بیٹھ کر، اور لیٹ کر ہر طرح نماز پڑھ سکتا ہے۔ اور دوسری بات یہ بتائی ہے کہ ثواب میں نفس الامری قدرت کا لحاظ ہے۔ پھر یہ دو الگ الگ حدیثیں ہوگئیں تو اشکال پیدا ہو گیا۔

اور بہت سے اکابر کے بارے میں مروی ہے کہ وہ معذور ہونے کے باوجود بتکلف کھڑے ہو کر فرض نماز پڑھا کرتے تھے، اس تکلف کی ضرورت اس لئے پیش آتی تھی کہ ثواب میں نفس الامری قدرت کا لحاظ ہے۔ گو کہ نماز بیٹھ کر بھی صحیح ہو جاتی ہے۔

فائدہ (۱): حدیث مذکور کی دونوں سندیں صحیح ہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے عیسیٰ بن یونس کی حدیث کے اصح ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے یہ کہہ کر کہ ان کے متعدد متابع ہیں جبکہ ابراہیم بن طہمان کا کوئی متابع نہیں۔ اور فرمایا ہے

کہ یہ حدیث تندرست کے بارے میں اور نفل نماز کے بارے میں ہے۔ پھر جب اعتراض ہوا کہ تندرست آدمی کے لئے لیٹ کر نفل پڑھنا جائز نہیں تو اس کا جواب یہ دیا کہ حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ تندرست آدمی نفل نماز لیٹ کر بھی پڑھ سکتا ہے۔ مگر یہ جواب دوسرے کو خاموش کرنے والا نہیں۔ کیونکہ خود امام ترمذی اور ائمہ اربعہ کے نزدیک تندرست آدمی کے لئے لیٹ کر نفل پڑھنا جائز نہیں۔

فائدہ(۲): مریض کے لئے لیٹ کر نماز پڑھنا بالاتفاق جائز ہے۔ اور اس کو جس طرح سہولت ہو اس طرح لیٹ کر نماز پڑھے، چاہے دائیں کروٹ پر لیٹے، چاہے بائیں پر اور چاہے تو چت لیٹے البتہ جب چت لیٹ کر نماز پڑھے تو پاؤں کعبہ کی طرف کرے اور سر کے نیچے کوئی چیز رکھ لے تاکہ سر اونچا ہو جائے اور رکوع وسجود کا اشارہ کرنے میں سہولت ہو۔

[۱۶۰] باب ماجاء أَنَّ صلاةَ القاعدِ على النصفِ من صلاة القائم

[۳۸۲-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا عيسىَ بنُ يُوْنُسَ، نا الحُسَيْنُ المُعَلِّمُ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عن عِمْرَانَ بنُ حُصَيْنٍ، قال: سَأَلْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم عن صَلَاةِ الرَّجُلِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَقَالَ:" مَنْ صَلَّى قَائِمًا فَهُوَ أَفْضَلُ،ومَنْ صَلَّاهَا قَاعِدًا فَلَهُ نَصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ، ومَنْ صَلَّاهَا نائِمًا فَلَهُ نَصْفُ أَجْرِ الْقَاعِدِ"

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأنسٍ، والسَّائِبِ.

قال أبو عيسى: حديثُ عِمرانَ بنِ حُصينٍ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۳-] وقد رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عن إبراهيمَ بنِ طَهْمَانَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، إِلَّا أَنَّهُ يَقولُ: عن عِمرانَ بنِ حُصَيْنٍ، قال: سَأَلْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم عَنْ صَلَاةِ الْمَرِيْضِ، فَقَالَ:" صَلِّ قَائِمًا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقَاعِدًا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَعَلٰى جَنْبٍ" حدثنا بذلك هَنَّادٌ، نا وكيعٌ، عن إبراهيمَ بنِ طَهْمَانَ، عن حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ.

قال أبو عيسى: لانَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى عن حُسينِ المعلِّمِ نَحْوَ رِوَايَةِ إبراهيم بنِ طَهْمَانَ، وقَدْ رَوَى أبو أُسَامَةَ وغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ نَحْوَ رِوَايَةِ عيسىٰ بنِ يُوْنُسَ.

ومَعْنَى هذا الحديثِ عندَ بعضِ أهل العلمِ فی صَلَاةِ التَّطَوُّعِ؛ حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا ابنُ أبی عَدِیّ، عن أَشْعَثَ بنِ عبدِ الملكِ، عنِ الحسنِ، قال: إِنْ شَاءَ الرَّجُلُ صَلَّى صَلَاةَ التَّطَوُّعِ قَائِمًا وَجَالِسًا وَمُضْطَجِعًا.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ صَلَاةِ الْمَرِيْضِ إِذَا لَمْ يَسْتَطِعْ أَنْ يُصَلِّيَ جَالِسًا: فقال بعضُ أهلِ العلمِ:

إِنَّهُ يُصَلِّيْ على جَنْبِهِ الأَيْمَنِ، وقال بعضُهم يُصَلِّيْ مُسْتَلْقِيًا على قَفَاهُ وَرِجْلَاهُ إِلَى الْقِبْلَةِ.

وقالَ سُفيانُ الثوريُّ فی ھذا الحديث: مَنْ صَلَّى جَالِسًا فَلَهُ نِصْفُ أَجْرِ الْقَائِمِ قال: هٰذا لِلصَّحِيْحِ ولِمَنْ لَيْسَ لَهُ عُذْرٌ، فَأَمَّا مَنْ كَانَ لَهُ عُذْرٌ مِنْ مَرَضٍ أو غَيْرِهِ فَصَلّٰى جَالِسًا، فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ الْقَائِمِ؛ وقد رُوِيَ فِيْ بَعْضِ الحديثِ مِثْلُ قَوْلِ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ.

ترجمہ اور وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے عیسیٰ بن یونس کی حدیث (نمبر ۳۸۲) روایت کی پھر فرمایا کہ یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی ہے، پھر فرمایا کہ یہ حدیث ابراہیم بن طہمان سے بھی اسی سند سے مروی ہے، مگر اس کا متن مختلف ہے، پھر امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ہم کسی راوی کو نہیں جانتے جس نے حسین معلّم سے ابراہیم بن طہمان کی طرح حدیث روایت کی ہو یعنی ابراہیم اس روایت کے ساتھ متفرد ہیں (مگر اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کیونکہ ابراہیم اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی ہیں) اور ابواسامہ وغیرہ حسین معلّم سے عیسیٰ بن یونس کی طرح روایت کرتے ہیں یعنی یہ روات عیسیٰ کے متابع ہیں (یہ اس حدیث کے اصح ہونے کی طرف اشارہ ہے) ——— پھر فرماتے ہیں: اس حدیث کا مصداق بعض علماء کے نزدیک نفل نماز ہے اور حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر آدمی چاہے تو نفل نماز پڑھے کھڑے ہوکر اور بیٹھ کر اور کروٹ پر لیٹ کر (حضرت حسن رحمہ اللہ کا قول سوالِ مقدر کے جواب کے طور پر لائے ہیں) پھر بیمار کے نماز پڑھنے کا طریقہ بیان کیا ہے، فرماتے ہیں: بیمار کی نماز میں علماء میں اختلاف ہے جبکہ وہ بیٹھ کر نماز نہ پڑھ سکتا ہو، پس بعض علماء کہتے ہیں کہ وہ دائیں کروٹ پر لیٹ کر نماز پڑھے، اور بعض کہتے ہیں کہ اپنی گدّی پر چت لیٹ کر پڑھے درانحالیکہ اس کے دونوں پیر قبلہ کی جانب ہوں ——— پھر سفیان ثوری رحمہ اللہ نے اس حدیث کا جو محمل متعین کیا ہے اس کو ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: اور سفیان ثوری نے اس حدیث کی شرح میں فرمایا ہے: جو شخص بیٹھ کر نماز پڑھے گا اس کو کھڑے ہوکر پڑھنے والے سے آدھا ثواب ملے گا۔ فرمایا: یہ حدیث تندرست کے لئے ہے اور اس شخص کے لئے ہے جس کو کوئی عذر نہ ہو، پس رہا وہ شخص جس کو کوئی عذر ہو بیماری ہو یا کوئی اور عذر ہو چنانچہ اس نے بیٹھ کر نماز پڑھی تو اس کو کھڑے ہوکر پڑھنے والے کے مانند ثواب ملے گا۔ اور ایک حدیث میں سفیان ثوری کے قول کی طرح مروی ہے (یہ بخاری کی حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب بندہ بیمار پڑتا ہے یا سفر کرتا ہے تو اس کے لئے وہ نیک اعمال بدستور لکھے جاتے ہیں جو وہ تندرستی اور اقامت کی حالت میں کرتا تھا)

بابٌ فی مَنْ يَتَطَوَّعُ جالِساً

نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کا بیان

نفل نماز کھڑے ہونے کی طاقت کے باوجود بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے۔ اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں مگر ثواب آدھا

ہوجائے گا۔ باب میں ایک تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے۔ وہ فرماتی ہیں: میں نے آنحضور ﷺ کو بیٹھ کر تہجد پڑھتے (کبھی) نہیں دیکھا ہاں وفات سے ایک سال پہلے یعنی حیاتِ طیبہ کے آخری سال میں آپ بیٹھ کر تہجد پڑھتے تھے۔ اور آپ چھوٹی سورت بھی ترتیل کے ساتھ اور اس طرح پڑھتے تھے کہ وہ لمبی سے لمبی سورت کے مانند ہوجاتی تھی۔ اور دو حدیثیں صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ہیں، پہلی حدیث (نمبر ۳۸۵) میں وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب تہجد بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے تو تلاوت بھی بیٹھ کر فرماتے تھے۔ پھر جب قراءت میں تیس چالیس آیات کے بقدر باقی رہ جاتا تو آپ کھڑے ہوجاتے۔ اور اتنی مقدار تلاوت کر کے رکوع وسجدہ کرتے۔ پھر دوسری رکعت بیٹھ کر پڑھتے اور اسی کے مانند کرتے۔ یعنی تیس چالیس آیات کے بقدر کھڑے ہوکر تلاوت فرمانے کے بعد کھڑے سے رکوع وسجدہ کرتے۔ اور صدیقہ رضی اللہ عنہا کی دوسری حدیث (نمبر ۳۸۶) یہ ہے کہ آنحضور ﷺ لمبی رات تک کھڑے کھڑے اور لمبی رات تک بیٹھے بیٹھے نفلیں پڑھتے تھے۔ یعنی کبھی کھڑے ہوکر اور کبھی بیٹھ کر تہجد پڑھتے تھے۔ اور آپؐ جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تو رکوع وسجود بھی بیٹھ کر کرتے۔ اور جب کھڑے ہوکر پڑھتے تو رکوع وسجود بھی کھڑے ہوکر کرتے ــــــ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ سب حدیثیں صحیح ہیں۔ اور مصلّی کو اختیار ہے جس طرح چاہے تہجد پڑھے ــــــ سُبْحَۃٌ اور تطوُّعٌ دونوں لفظ ہر نفل نماز کو شامل ہیں، مگر یہاں تہجد کی نماز مراد ہے۔

[۱۶۱] بابٌ فی من یَتطوَّعُ جالساً

[۳۸۴-] حدثنا الأَنْصارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكُ بنُ أنسٍ، عن ابنِ شهابٍ، عن السَّائِبِ بنِ یَزِیْدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بنِ أبی وَدَاعَةَ السَّهمِیِّ، عن حَفْصَةَ زَوْجِ النبیِّ صلى الله علیه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: مَارَأَیْتُ رسولَ اللهِ صلى الله علیه وسلم صَلَّى فِیْ سُبْحَتِهِ قَاعِدًا حَتّٰى كَانَ قَبْلَ وَفَاتِهِ صَلَّى اللهُ علیه وسلم بِعَامٍ، فَإِنَّهُ كَانَ یُصَلِّیْ فِیْ سُبْحَتِهِ قَاعِدًا، ویَقْرَأُ بِالسُّوْرَةِ ویُرَتِّلُهَا حَتّٰى تَكُوْنَ أَطْوَلَ مِنْ أَطْوَلَ مِنْهَا.

وفی البابِ:عن أُمِّ سَلَمَةَ، وأنسِ بنِ مَالِكٍ. قال أبو عیسى: حدیثُ حَفْصَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَقَدْ رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله علیه وسلم: أَنَّهُ كَانَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ جالِسًا فإِذَا بَقِیَ مِنْ قِرَاءَ تِهِ قَدْرُ ثَلَاثِیْنَ أَوْ أَرْبَعِیْنَ آیَةً قَامَ، فَقَرَأَ ثم رَكَعَ ، ثم صَنَعَ فی الرَّكْعَةِ الثَّانِیَةِ مثلَ ذٰلِكَ.

ورُوِیَ عَنْهُ: أَنَّهُ كَانَ یُصَلِّیْ قَاعِدًا، فَإِذَا قَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَائِمٌ، وإِذَا قَرَأَ وَهُوَ قَاعِدٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَاعِدٌ.

قال أحمدُ وإسحاقُ: والعَمَلُ على كِلَا الحَدِیْثَیْنِ، كَأَنَّهُمَا رَأَیَا كِلَا الْحَدِیْثَیْنِ صَحِیْحًا مَعْمُوْلاً بِهِمَا.

[۳۸۵-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ، عن أبی النَّضْرِ، عن أبی سَلَمَةَ، عن عائشةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کانَ یُصَلِّیْ جَالِسًا فَیَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ، فَإِذَا بَقِیَ مِنْ قِرَاءَ تِهِ قَدْرُ مَایَکُوْنُ ثَلاثِیْنَ أَوْ أَرْبَعِیْنَ آیَةً، قَامَ فَقَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ رَکَعَ وَسَجَدَ، ثُمَّ صَنَعَ فِی الرَّکْعةِ الثَّانِیَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۳۸۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا هُشَیْمٌ، نا خَالِدٌ، وهُوَ الحَذَّاءُ، عَنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ شَقِیْقٍ، عن عائشةَ، قال: سَأَلْتُهَا عن صَلَاةِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ تَطَوُّعِهِ، قالت: کانَ یُصَلِّیْ لَیْلاً طَوِیْلاً قَائِمًا وَلَیْلاً طَوِیْلاً قَاعِدًا، فَإِذَا قَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ رَکَعَ وَسَجدَ وَهُوَ قَائِمٌ، وَإِذَا قَرَأَ وَهُوَ جَالِسٌ رَکَعَ وَسَجدَ وَهُوَ جَالِسٌ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ملحوظہ: امام ترمذیؒ پہلے حدیث نمبر ۳۸۵ و ۳۸۶ بغیر سند کے لائے ہیں، پھر ان کو سند کے ساتھ بیان کیا ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال:

”إِنِّیْ لَأَسْمَعُ بُکَاءَ الصَّبِیِّ فی الصَّلَاةِ فَأُخَفِّفُ“

اچانک پیش آنے والی حالت کی نماز میں رعایت

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ”بخدا! میں بچہ کے رونے کی آواز سنتا ہوں درانحالیکہ میں نماز میں ہوتا ہوں، پس میں نماز ہلکی کر دیتا ہوں اس اندیشہ سے کہ کہیں اس کی ماں پریشانی میں مبتلا نہ ہو“

تشریح: یہ اختصار سب مصلیوں کی رعایت میں عموماً اور ماں کی رعایت میں خصوصاً ہوتا تھا۔ ظاہر ہے جب بچہ رونا شروع کرتا ہے تو وہ چپ ہی نہیں ہوتا، پس تمام لوگوں کا خشوع وخضوع متأثر ہوگا۔ اور ماں کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ تو بہت زیادہ ہے، اُسے تو نماز توڑنی بھی پڑسکتی ہے۔ اس لئے آنحضور ﷺ جب کسی بچہ کے رونے کو سنتے تو نماز مختصر فرمادیتے۔ اس حدیث کی بناء پر فقہاء نے یہ بات کہی ہے کہ خصوصی احوال میں یعنی تمام نمازیوں کی یا بہت سے مصلیوں کی رعایت میں نماز طویل اور مختصر کرنا جائز ہے۔ مثلاً کھلی جگہ میں جماعت ہورہی ہے اچانک بارش شروع ہوجائے تو اختصار کرنے کی گنجائش ہے۔ کیونکہ یہ ایمرجنسی حالت ہے۔ یا امام مسجد میں ایک ساتھ بہت لوگوں کا آنا محسوس کرے تو وہ نماز طویل کرسکتا ہے تاکہ لوگ وضو سے فارغ ہوکر جماعت میں شریک ہوجائیں، البتہ کسی مخصوص آدمی کی رعایت میں نماز میں طول واختصار کرنا مکروہ ہے۔

[١٦٢] بابُ ماجاءَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال:

"إِنِّيْ لَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ فى الصَّلَاةِ فَأُخَفِّفُ"

[٣٨٧-] حدثنا قُتيبةُ، نا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ الفَزَارِيُّ، عن حُمَيْدٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: " واللهِ إِنِّيْ لَأَسْمَعُ بُكَاءَ الصَّبِيِّ وَأَنا فِيْ الصَّلَاةِ فَأُخَفِّفُ مَخَافَةَ أَنْ تُفْتَتَنَ أُمُّهُ"

وفى الباب: عن أبى قتادةَ وأبى سعيدٍ وأبى هريرة. قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ لَاتُقْبَلُ صَلَاةُ الحَائِضِ إلَّا بِخِمَارٍ

بالغ عورت کی نماز اوڑھنی کے بغیر نہیں ہوتی

یہاں حائضہ سے بالغہ عورت مراد ہے۔ اور یہ قید اتفاقی ہے بالغہ ہو یا لڑکی ہو جو ابھی بالغ تو نہیں ہوئی مگر سیانی ہے، سنجیدگی کے ساتھ نماز پڑھتی ہے سب کے لئے نماز میں سر ڈھانپنا ضروری ہے۔ اگر چوتھائی سر یا زیادہ کھلا رہ جائے گا تو نماز باطل ہو جائے گی۔ اور سر پر لگے ہوئے بال اور لٹکے ہوئے بال دو الگ الگ عضو ہیں۔

جاننا چاہئے کہ عورت کا ستر بھی اُتنا ہی ہے جتنا مرد کا ہے۔ یعنی ناف سے گھٹنے تک کا حصہ ستر ہے۔ اس لئے کسی عورت کے لئے دوسری عورت کے سامنے شرعی ضرورت کے بغیر یہ حصہ کھولنا جائز نہیں۔ اور دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں اور چہرہ کے علاوہ عورت کا پورا بدن نماز کا حجاب ہے۔ اور اس میں ٹخنے بھی شامل ہیں، اگر چوتھائی ٹخنہ بھی کھلا رہ گیا تو نماز نہیں ہوگی۔ اور محارم کا حجاب ستر کے علاوہ پیٹ اور اس کے مقابل پیٹھ کا حصہ ہے سینہ اور اس کے مقابل پیٹھ کا حصہ محرم کے حجاب میں شامل نہیں۔ اور اجنبیوں سے پورے بدن کا حجاب ہے حتی کہ آواز بھی حجاب میں داخل ہے، اور دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں مستثنیٰ ہیں اور تنہا امام شافعی رحمہ اللہ چہرہ کو بھی مستثنیٰ کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک نماز کا جو حجاب ہے وہی اجنبیوں کا حجاب ہے۔ مگر امام شافعی رحمہ اللہ کا چہرہ کو مستثنیٰ کرنا صحیح نہیں۔ کیونکہ سورۃ الاحزاب آیت ۵۹ میں ہے: "اے نبی! آپ اپنی عورتوں سے، اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی چادریں چہرہ پر نیچے تک لٹکا لیا کریں" اس آیت میں صاف صراحت ہے کہ اجنبیوں کے حجاب میں چہرہ داخل ہے۔ اور شوہر سے بالکل حجاب نہیں حتی کہ ستر کا بھی حجاب نہیں۔ واللہ اعلم

[۱۶۳] بابُ ماجاءَ لَاتُقْبَلُ صلاۃُ الحائضِ إلا بخمار

[۳۸۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا قَبِيْصَةُ، عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن قَتَادَةَ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن صَفِيَّةَ ابْنَةِ الحَارِثِ، عن عائشةَ: قالتْ: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: " لَاتُقْبَلُ صَلَاۃُ الْحَائِضِ إِلَّا بِخِمَارٍ"

وفی الباب: عَنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو. قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ.

والعملُ علیه عندَ أهلِ العلمِ: أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا أَدْرَكَتْ فَصَلَّتْ وَشَيْئٌ مِنْ شِعْرِهَا مَكْشُوْفٌ: لَاتَجُوْزُ صَلَاتُهَا؛ وهو قولُ الشافعیِّ، قال: لَاتَجُوْزُ صَلَاۃُ الْمَرْأَۃِ وَشَيْئٌ مِنْ جَسَدِهَا مَكْشُوْفٌ؛ قَالَ الشافعیُّ: وقد قِیْلَ: إِنْ كَانَ ظَهْرُ قَدَمَیْهَا مَكْشُوْفًا فَصَلَاتُهَا جَائِزَۃٌ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے کہ عورت جب بالغ ہوجائے (یہ قید اتفاقی ہے) اور وہ نماز پڑھے اور اس کے بالوں میں سے کچھ بال کھلے ہوں تو اس کی نماز درست نہیں۔ اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے، وہ کہتے ہیں کہ عورت کی نماز صحیح نہیں درانحالیکہ اس کے جسم میں سے کچھ بھی کھلا ہو۔ یعنی تھوڑا کشف بھی معاف نہیں۔ اور احناف کے نزدیک چوتھائی سے کم معاف ہے۔ جب کوئی عضو چوتھائی یا اس سے زیادہ کھل جائے تو نماز باطل ہوجائے گی —— امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ بات کہی گئی ہے کہ اگر دونوں پاؤں کا بالائی حصہ کھلا رہ جائے تو نماز صحیح ہے۔

وضاحت: سورۃ النور کی آیت ۳۱ ہے ﴿وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا﴾ یعنی نہ کھولیں عورتیں اپنی زیبائش مگر جو کھلی رہتی ہیں ان میں سے۔ اور حدیث وآثار سے ثابت ہے کہ چہرہ اور کفین إلا ماظهر منها میں داخل ہیں اور علماء نے قدمین کو ٹخنوں سے نیچے تک ان کے ساتھ لاحق کیا ہے۔ اور یہ مسئلہ اجماعی ہے کہ نماز میں چہرہ کفین اور قدمین کا حجاب سے استثناء ہے۔

بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ السَّدْلِ فی الصَّلَاۃِ

نماز میں کپڑا لٹکانا مکروہ ہے

آنحضور ﷺ نے نماز میں کپڑا لٹکانے سے منع فرمایا ہے۔ اور سدل کی کیا صورت ممنوع ہے اس میں اختلاف ہے۔ اور اس اختلاف کی بنیاد علت میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ممانعت کی علت ننگا پا کھلنے کا احتمال ہے۔ اس لئے وہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص صرف ایک کپڑے میں نماز پڑھ رہا ہو تو اس کے لئے کپڑے کو لٹکانا مکروہ ہے کیونکہ اس صورت میں کپڑے کے گرجانے سے ننگا پا کھلنے کا احتمال ہے۔ اور اگر ایک سے زائد کپڑے ہوں تو پھر سدل ممنوع نہیں، اور باقی ائمہ کہتے ہیں: کپڑا لٹکانے میں یہود کی مشابہت ہے، علاوہ ازیں اس کپڑے کو گرنے

سے بچانے کے لئے بار بار روکنا پڑے گا۔ پس نماز میں بے اطمینانی ہوگی، لہٰذا ہر کپڑے میں خواہ وہ پہلا کپڑا ہو یا دوسرا تیسرا سدل مکروہ ہے۔ غرض جمہور کے نزدیک علت: مشابہتِ یہود اور بے اطمینانی ہے۔

[۱٦٤] بابُ ماجاءَ فی کراهیةِ السَّدْلِ فی الصَّلاَةِ

[۳۸۹-] حدثنا هنادٌ، نا قَبِیْصَةُ، عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن عِسْلِ بنِ سُفْیَانَ، عن عَطَاءٍ، عن أبی هریرةَ، قال: نَهی رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم عن السَّدْلِ فِیْ الصَّلاَةِ.

وفی الباب: عن أبی جُحَیْفَةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حدیثِ عَطَاءٍ عن أبی هریرةَ مرفوعاً إلّا مِنْ حدیثِ عِسْلِ بنِ سُفْیَانَ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی السَّدْلِ فی الصلاةِ فَکَرِهَ بَعْضُهُمُ السَّدْلَ فِیْ الصَّلاَةِ، وقالوا: هٰکَذَا تَصْنَعُ الیهودُ، وقال بعضُهم: إِنَّمَا کُرِهَ السَّدْلُ فِیْ الصَّلاَةِ إِذَا لَمْ یَکُنْ عَلَیْهِ إِلَّا ثَوْبٌ واحِدٌ، فَأَمَّا إِذَا سَدَلَ عَلَی الْقَمِیْصِ فَلاَ بَأْسَ، وهُوَ قَوْلُ أحمدَ، وکَرِهَ ابنُ المبارکِ السَّدْلَ فی الصَّلاَةِ.

وضاحت: اس حدیث کو صرف عسل بن سفیان نے مرفوع کیا ہے اور وہ ضعیف راوی ہے۔ مگر اس سے مسئلہ متاثر نہیں ہوتا کیونکہ باب میں دیگر صحیح روایات ہیں —— اور علماء نے نماز میں کپڑا لٹکانے کے بارے میں اختلاف کیا ہے۔ بعض علماء نے نماز میں سدل کو مکروہ قرار دیا ہے وہ کہتے ہیں: یہ یہود کا طریقہ ہے (یہ جمہور کے مسلک کی ترجمانی ہے) اور بعض علماء فرماتے ہیں: نماز میں کپڑا لٹکانا اس صورت میں مکروہ ہے جبکہ مصلی کے بدن پر صرف ایک کپڑا ہو، رہا قمیص پر سدل کرنا تو یہ مکروہ نہیں۔ اور یہ احمد واسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔ اور ابن المبارک رحمہ اللہ نے نماز میں سدل کو (مطلقاً) مکروہ کہا ہے، یعنی وہ جمہور کے ساتھ ہیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ مَسْحِ الحَصَی فی الصَّلاَةِ

نماز میں کنکریوں کو ہاتھ لگانا مکروہ ہے

اسلام کے ابتدائی دور میں مسلمان کچھ بچھائے بغیر زمین ہی پر نماز پڑھتے تھے۔ کیونکہ ان حضرات کو پہننے کے لئے کپڑے میسر نہیں تھے، بچھانے کے لئے مصلے یا کوئی اور کپڑا کہاں سے لاتے؟ اور عرب کی مٹی میں سنگریزے ہوتے ہیں ان پر سجدہ کرنے میں دشواری ہے اس لئے پہلے سجدہ کی جگہ ہموار کر لیتے تھے پھر نماز شروع کرتے تھے، مگر کبھی جگہ ہموار کرنے کا موقع نہیں ملتا تھا اور کبھی اس کا خیال نہیں رہتا تھا اس لئے نماز کے اندر ہی ایک آدھ مرتبہ ہاتھ پھیر کر سجدہ کی جگہ ہموار کرنے کی تو اجازت دی گئی مگر بار بار کنکریوں پر ہاتھ پھیرنا اور ان سے کھیلنا ناپسندیدہ عمل ہے

اس لئے آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا اور ارشاد فرمایا: ''نماز میں کنکریوں سے مت کھیلو، اس لئے کہ اللہ کی رحمت تمہاری طرف متوجہ ہے''

[۱٦٥] بابُ ماجاءَ فی کراهیةِ مَسْحِ الْحَصٰی فی الصلاة

[۳۹۰-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عبدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِيُّ، نا سفیانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عنِ الزُّهْرِيِّ، عن أبی الأَحْوَصِ، عن أبی ذَرٍّ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: '' إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَلَا يَمْسَحِ الْحَصٰی فَإِنَّ الرَّحْمَةَ تُوَاجِهُهُ''

[۳۹۱-] حدثنا الحُسينُ بنُ حُرَيْثٍ، نا الولیدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ، عن یحییَ بنِ أبی كَثِيْرٍ، قال: حَدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بنُ عبدِ الرحمنِ، عن مُعَيْقِيْبٍ قال: '' سألتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم مَنْ مَسْحِ الحَصٰی فِیْ الصَّلَاةِ؟ فَقَالَ: '' إِنْ كُنْتَ لَابُدَّ فَاعِلًا فَمَرَّةً وَاحِدَةً''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وفی الباب: عن عَلیِّ بنِ أبی طالبٍ، وحُذَيْفَةَ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، ومُعَيْقِيْبٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی ذَرٍّ حدیثٌ حسنٌ، وقد رُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ كَرِهَ الْمَسْحَ فِی الصَّلَاةِ، وقال: '' إِنْ كُنْتَ لَابُدَّ فَاعِلًا فَمَرَّةً وَاحِدَةً'' كَأَنَّهُ رُوِیَ عَنْهُ رُخْصَةٌ فِیْ الْمَرَّةِ الوَاحِدَةِ، والعملُ عَلی هذا عند أهلِ العلمِ.

وضاحت: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث (نمبر ۳۹۰) ان سے ابوالاحوص نے روایت کی ہے۔ یہ راوی قلیل الروایہ ہے اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے اس کی صرف یہی ایک حدیث ہے۔ اور اس کے احوال مخفی ہیں اس وجہ سے ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔ اس کا ترجمہ یہ ہے: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو وہ کنکریوں کو نہ چھوئے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی طرف متوجہ ہے۔ اور دوسری حدیث (نمبر ۳۹۱) کا ترجمہ یہ ہے: حضرت معیقیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے دریافت کیا کہ نماز میں کنکریوں کو چھو سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر برابر کرنا ضروری ہو تو ایک مرتبہ کرو'' یہ حدیث حسن صحیح ہے، ہمارے نسخوں میں لفظ حسن چھوٹ گیا ہے، مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عمل قلیل سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

نوٹ: مصری نسخہ میں حدیث نمبر ۳۹۱ بالکل آخر باب میں ہے، اور وہی نسخہ صحیح ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے وفی الباب میں اس کا حوالہ دیا ہے۔ اور امام ترمذیؒ ایسا تو کرتے ہیں کہ وفی الباب میں کسی حدیث کا حوالہ دیں، پھر اس کو اسی باب میں روایت کریں، مگر ایسا نہیں کرتے کہ حدیث ذکر کرنے کے بعد وفی الباب میں حوالہ دیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ النَّفْخِ فِیْ الصَّلاَةِ

نماز میں پھونکنا مکروہ ہے

آنحضرت ﷺ نے نماز میں پھونک مار کر سجدہ کی جگہ صاف کرنے سے منع فرمایا ہے۔ حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہمارے گھر میں (یعنی آنحضور ﷺ کے گھر میں) ایک لڑکا تھا جس کا نام افلح تھا اور ایک روایت میں رَباح نام آیا ہے، وہ جب بھی سجدہ میں جاتا تو پہلے پھونک مار کر جگہ صاف کرتا پھر پیشانی زمین پر رکھتا۔ حضور اکرم ﷺ نے اس کو ایسا کرتے دیکھ لیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اے افلح! اپنی پیشانی خاک آلود کر'' یعنی پھونک مت مار اگر پیشانی پر مٹی لگ جائے تو لگنے دے۔

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے کہ احناف کے نزدیک نماز میں پھونکنا مفسدِ صلوٰۃ ہے۔ مگر یہ بات صحیح نہیں، کتب احناف میں یہ مسئلہ اس طرح ذکر کیا گیا ہے کہ نماز میں بےضرورت کھنکھارنا مکروہ ہے۔ اور کھنکھارنے میں اگر حروف پیدا ہو جائیں تو نماز فاسد ہو جائے گی، کیونکہ حنفیہ کے نزدیک نماز میں کلام کی مطلقاً گنجائش نہیں۔ یہ مسئلہ آئندہ باب میں آرہا ہے۔ اور یہ مسئلہ اگرچہ کتبِ احناف میں ہے مگر اس پر عمل نہیں کیونکہ کوئی بھی شخص بے ضرورت نہیں کھنکھارتا یا اس کا اقرار نہیں کرتا۔ اور واقعہ بھی یہی ہے کہ بےضرورت کوئی نہیں کھنکارتا۔ غرض اس مسئلہ کا مصداق نہیں پایا جاتا۔ غرض امام ترمذی رحمہ اللہ نے مذہبِ احناف کی صحیح ترجمانی نہیں کی۔

[۱۶۶] بابُ ماجاءَ فی کراهیةِ النَّفْخِ فِی الصَّلاَةِ

[۳۹۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، نا عَبَّادُ بنُ العَوَّامِ، نَا مَیْمُوْنٌ أَبو حَمْزَةَ، عن أبی صَالِحٍ مَوْلٰی طَلْحَةَ، عن أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: رَأَی النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم غُلاَمًا لَنَا یَقَالُ لَهُ: أَفْلَحُ، إِذَا سَجدَ نَفَخَ، فقالَ: ''یا أَفْلَحُ! تَرِّبْ وَجْهَكَ''

قال أحمدُ بنُ مَنِیعٍ: کَرِهَ عَبَّادٌ النَّفْخَ فِیْ الصَّلاَةِ، وقال: إِنْ نَفَخَ لَمْ یَقْطَعْ صَلاَ تَهُ، قال أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ: وبهِ نَأْخُذُ.

قال أبو عیسی: ورَوَی بَعضُهم عن أبی حَمْزَةَ هٰذا الحدیثَ، وقال مولًی لَنَا یُقَالُ رَباحٌ.

حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن مَیْمُوْنٍ أبی حَمْزَةَ بهذا الإسناد نحوَه، وقال: غلامٌ لنا یقال له: رَبَاحٌ.

قال أبو عیسی: وحدیثُ أم سلمة إسنادُه لیس بذاك، ومیمونٌ أبوحمزةَ قَدْ ضَعَّفَهُ بعضُ أهلِ العلمِ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِی النَّفْخِ فِیْ الصَّلَاۃِ: فَقَالَ بَعْضُهم: إِنْ نَفَخَ فِیْ الصَّلَاۃِ اسْتَقْبَلَ الصَّلَاۃَ، وهُوَ قَوْلُ سفیانَ الثوریِّ، وأهلِ الکوفۃ، وقال بعضُهم: یُکْرَہُ النَفْخُ فِیْ الصَّلَاۃِ، وإِنْ نَفَخَ فِیْ صَلاَ تِهِ لَمْ تُفْسَدْ صَلاَتُهُ، وهو قولُ أحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ اور وضاحت: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت میمون ابوحمزہ الاعور القصّاب کی وجہ سے ضعیف ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ احمد بن منیع کہتے ہیں: عباد بن العوام (استاذ الاستاذ) نماز میں پھونکنے کو ناپسند کرتے تھے، مگر فرمایا کہ اگر پھونکا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔ احمد بن منیع کہتے ہیں: ہم اسی قول کو لیتے ہیں۔ پھر امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ پہلی سند سے اس لڑکے کا نام افلح آیا ہے، مگر ایک دوسری سند سے اس کا نام رباح آیا ہے اور آخر میں امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: نماز میں پھونکنے میں علماء کا اختلاف ہے: بعض کہتے ہیں کہ اگر نماز میں پھونکے تو از سرنو نماز پڑھے یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔ اور بعض کہتے ہیں: نماز میں پھونکنا مکروہ ہے لیکن اگر نماز میں پھونکے تو اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔ یہ امام احمد واسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی النَّهْیِ عن الِاخْتِصَارِ فِیْ الصَّلَاۃِ

نماز میں کوکھ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا منع ہے

اختصار کے معنی ہیں: دونوں ہاتھ خاصرۃ (کوکھ) پر رکھ کر کھڑا ہونا۔ آنحضرت ﷺ نے نماز میں حالتِ قیام میں کوکھ پر ہاتھ رکھ کر کھڑے ہونے کو ناپسند کیا ہے۔ کیونکہ یہ شیطان اور جہنمیوں کے کھڑے ہونے کا انداز ہے، یعنی دوزخی محشر میں جب کھڑے کھڑے تھک جائیں گے تو ستانے کے لئے اس طرح کھڑے ہونگے۔ اس لئے نماز کے باہر بھی اس انداز پر کھڑے ہونے کو ناپسند کیا گیا ہے۔ تاہم اس طرح کھڑے ہونے سے نماز باطل نہیں ہوتی۔

[۱۶۷] بابُ ماجاءَ فی النهی عن الاختصار فی الصلاۃ

[۳۹۳-] حدثنا أَبُو کُرَیْبٍ، نا أبو أُسَامَةَ، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عن محمدِ بنِ سِیْرِیْنَ، عن أبی هریرۃَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی أَنْ یُّصَلِّیَ الرَّجُلُ مُخْتَصِرًا.

وفی البابِ: عن ابنِ عُمَرَ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرۃَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَدْ کَرِہَ قَوْمٌ مِن أهلِ العلمِ الاخْتِصَارَ فِیْ الصَّلَاۃِ؛ والِاخْتِصَارُ: هُوَ أَنْ یَضَعَ الرَّجُلُ یَدَہُ عَلَی خَاصِرَتِهِ فِیْ الصَّلَاۃِ، وکَرِہَ بَعْضُهُمْ أَنْ یَّمْشِیَ الرجلُ مُخْتَصِرًا، ویُرْوَی أَنَّ إِبْلِیْسَ إِذَا مَشَی: یَمْشِیْ مُخْتَصِرًا.

وضاحت: مُخْتَصِرًا: اختصار سے اسم فاعل ہے اور ترکیب میں حال ہے یعنی کوکھ پر ہاتھ رکھنے کی حالت میں نماز پڑھنے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اہل علم کی ایک جماعت نے نماز میں اختصار کو ناپسند کیا ہے اور اختصار کے معنی ہیں نماز میں خاصرہ یعنی کوکھ پر ہاتھ رکھنا اور بعض حضرات کوکھ پر ہاتھ رکھ کر چلنے کو بھی ناپسند کرتے ہیں اور حدیث میں آیا ہے کہ شیطان جب چلتا ہے تو وہ کوکھ پر ہاتھ رکھ کر چلتا ہے (پس اس کی مشابہت اختیار نہیں کرنی چاہئے اور یہ حدیث جمع الفوائد (نمبر ۳۳۴۲) میں ہے)

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ كَفِّ الشَّعْرِ فِيْ الصَّلاَةِ

نماز میں بالوں کو روکنا مکروہ ہے

بال باندھ کر نماز پڑھنے کی کراہیت کا حکم مردوں کے ساتھ خاص ہے۔ عورتوں کے لئے اولیٰ اور مستحب یہ ہے کہ وہ بال باندھ کر نماز پڑھیں۔ تاکہ نماز میں بالوں کے کھل جانے کا خدشہ نہ رہے۔ کیونکہ عورت کے اگر ایک چوتھائی بال نماز میں کھل گئے اور ایک رکن کیبقدر یعنی تین بار سبحان اللہ کہہ سکیں اتنی دیر کھلے رہے تو اس کی نماز فاسد ہوجائے گی۔ یہ مسئلہ علامہ محمود خطاب سُبکی رحمہ اللہ نے ابوداؤد کی شرح المنہل العذب المورود (۵:۳۷) میں لکھا ہے۔ اور وہاں سے میں نے ''ڈاڑھی اور انبیاء کی سنتیں'' میں نقل کیا ہے۔

[۱۶۸] بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ كَفِّ الشَّعْرِ فِيْ الصلاة

[۳۹٤-] حدثنا يحيىَ بنُ مُوسٰى، نا عبدُ الرزاقِ، انا ابنُ جُرَيْجٍ، عن عِمْرانَ بنِ مُوْسَى، عن سَعِيدِ بنِ أبى سَعِيدٍ المَقْبُرِيِّ، عن أبيه، عن أبى رَافِعٍ: أَنَّهُ مَرَّ بِالْحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ وَهُوَ يُصَلِّيْ، وقَدْ عَقَصَ ضَفِرَتَهُ فِيْ قَفَاهُ، فَحَلَّهَا، فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ الحَسَنُ مُغْضِبًا، فقالَ: أَقْبِلْ عَلَى صَلاَتِكَ، وَلاَ تَغْضَبْ، فَإِنِّيْ سمعتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يقول: '' ذلك كِفْلُ الشَّيْطَانِ''

وفی الباب: عن أُمِّ سَلَمَةَ، وعبدِ اللّٰهِ عباسٍ. قال أبو عيسى: حديثُ أبى رافعٍ حديثٌ حسنٌ.
والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلم كَرِهُوْا أَنْ يُصَلِّيَ الرجلُ وهو مَعْقُوْصٌ شَعْرُهُ.
وعِمرانُ بنُ مُوسَى: هو القُرَشِيُّ المَكِّيُّ، وَهُوَ أَخُوْ أَيُّوْبَ بنِ مُوسَى.

ترجمہ: آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ ابو رافع رضی اللہ عنہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرے درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ اور انھوں نے اپنے بالوں کو گدی پر چوٹی کی شکل میں باندھ رکھا تھا۔ ابو رافع نے بال کھول دیئے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے نماز ہی میں ان کی طرف غضبناک نظروں سے دیکھا۔ ابو رافع نے فرمایا:

آپ اپنی نماز کی طرف متوجہ رہیں اور غصہ نہ کریں، اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہتے سنا ہے کہ یہ یعنی بالوں کو باندھ کر نماز پڑھنا شیطان کا حصہ ہے ——— اور علماء نے آدمی کے نماز پڑھنے کو ناپسند کیا ہے درانحالیکہ اس کے بال بندھے ہوئے ہوں (شعرہ: معقوص کا نائب فاعل ہے)

بابُ مَاجَاءَ فی التَّخَشُّعِ فِیْ الصَّلاَۃِ

نماز میں خشوع وخضوع کا بیان

آنحضور ﷺ نے تہجد گذاروں سے فرمایا: ''نماز دودو، دودو رکعتیں ہیں۔ ہر دو رکعت پر قعدہ ہے، یعنی تہجد کی ہر دو رکعت پر سلام پھیر دیا جائے۔ جاننا چاہئے کہ آئندہ ابواب میں یہ مسئلہ آرہا ہے کہ نفل نماز ایک سلام سے دو رکعتیں پڑھنا افضل ہے یا چار رکعتیں؟ جو حضرات ایک سلام سے دو رکعتوں کی افضلیت کے قائل ہیں وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ مگر ان کا استدلال صحیح نہیں۔ کیونکہ یہاں آنحضور ﷺ نے تہجد پڑھنے والے بندوں کے لئے ایک سہولت تجویز فرمائی ہے، یہ مسئلہ کا بیان نہیں ہے۔ چونکہ تہجد لمبے پڑھے جاتے ہیں اس لئے اگر چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھی جائیں گی تو لوگ تھک جائیں گے، اس لئے نبی ﷺ نے یہ مشورہ دیا ہے کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیر دیا کرو، پھر کچھ آرام کر کے اگلا شفعہ شروع کرو۔ اور یہ مسئلہ ایسا ہی ہے جیسا پہلے گذرا ہے کہ تہجد گذاروں نے بارگاہِ نبوت میں عرض کیا کہ جب وہ تہجد میں لمبے سجدے کرتے ہیں تو ہاتھوں کو کھلا رکھنے کی وجہ سے تھک جاتے ہیں، چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''گھٹنوں سے مدد لیا کرو'' یعنی تہجد کے سجدوں میں کہنیاں گھٹنوں پر ٹیک لیا کرو۔ یہ ایک سہولت تھی اس سے نفل نماز میں گھٹنوں پر ہاتھ ٹیکنے کی فضیلت ثابت نہیں ہوتی، اسی طرح یہاں بھی سہولت کا بیان ہے اس سے نفل نماز دو دو رکعت پڑھنے کی فضیلت ثابت نہیں ہوتی۔ غرض یہ حدیث اگرچہ لفظوں کے اعتبار سے عام ہے مگر شانِ ورود کے اعتبار سے خاص ہے۔

اور اس حدیث کے عموم سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ سنن ونوافل میں ہر دو رکعت مستقل نماز ہے خواہ ایک سلام سے دو رکعت پڑھی جائیں یا چار رکعت۔ پس سنن ونوافل کی ہر دو رکعت پر قعدہ فرض ہے کیونکہ وہ قعدۂ اخیرہ ہے اور اس میں تشہد، درود اور دعا سب کچھ پڑھنا ہے۔ اور وتر کی نماز اور ایک قول کے مطابق ظہر کی چار سنتیں فرائض کے ساتھ ملحق ہیں۔ لہٰذا ان میں قعدہ اولیٰ میں صرف تشہد پڑھیں گے۔

دوسری بات آنحضرت ﷺ نے اس حدیث میں یہ بیان فرمائی ہے کہ الصلاۃُ تَخَشُّعٌ وتَضَرُّعٌ وتمسْکُنٌ یعنی نماز کی حقیقت خشوع وخضوع اور سکون ہے۔ سراپے کی عاجزی یعنی سر سے پیر تک پر سکون رہنے کو تمسکن کہتے ہیں۔ اور صوت (آواز) میں تذلّل اختیار کرنے کا نام خشوع ہے۔ قرآن میں ہے: ﴿وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ﴾

معلوم ہوا کہ خشوع کا تعلق آواز سے ہے۔ اور اندروں کی عاجزی کا نام خضوع ہے، جس کو اردو میں گڑگڑانا کہتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے تہجد کے بارے میں مروی ہے: لَه إِزِيْزٌ كَأَزِيْزِ المِرْجَلِ۔ جب آپ تہجد میں تلاوت فرماتے تھے تو آپؐ کے اندر سے ہانڈی کی سنسناہٹ جیسی آواز نکلتی تھی۔ یہ تین چیزیں یعنی خشوع وخضوع اور سکون نماز کی ماہیت ہیں۔

پھر فرمایا کہ نماز پڑھنے کے بعد دونوں ہاتھ بارگاہِ خداوندی میں اٹھاؤ اور خوب گڑگڑا کر دعا مانگو۔ یہ دعا مانگنا نماز کا مغز ہے، لہٰذا جو شخص نماز کے بعد دعا نہ مانگے اس کی نماز خاک ہے۔

یہاں یہ اعتراض نہ کیا جائے کہ جب صحابہ نماز کے اندر دعا مانگنے پر قادر تھے اور قعدۂ اخیرہ دعاؤں ہی کے لئے ہے پس نماز کے بعد دعا مانگنے کی کیا ضرورت ہے؟ اس لئے کہ بندوں کی بعض حاجتیں ایسی ہوتی ہیں جن کو نماز کے اندر نہیں مانگا جاسکتا، اس سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ علاوہ ازیں عربی بولنے والا ہر شخص صحیح زبان بھی نہیں بولتا۔ اور نماز کے اندر صرف صحیح عربی ہی میں دعا مانگی جاسکتی ہے اس لئے آنحضور ﷺ نے نمازوں کے بعد دعا مانگنے کی تاکید فرمائی۔

اور اس حدیث سے اور اس کے مثل حدیثوں سے نمازوں کے بعد دعا مانگنے کا نہ صرف جواز ثابت ہوتا ہے بلکہ اس کی تاکید بھی ثابت ہوتی ہے۔ پس یہ حدیث نمازوں کے بعد دعا کے لئے اصل (بنیاد) ہے۔

فائدہ: عالمگیری میں ہے کہ دعا کے آداب میں سے یہ ہے کہ دونوں ہاتھ سینہ کے مقابل اس طرح اٹھائے جائیں کہ انگلیوں کا کچھ حصہ چہرہ کے مقابل ہو اور دونوں ہاتھوں کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ ہو۔ پھر دعا کے اختتام پر ہاتھوں کو چہرہ پر پھیر لیا جائے۔

[۱۶۹] بابُ ماجاءَ فی التَّخَشُّعِ فی الصَّلاَةِ

[۳۹۵-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنِ المُبَارَكِ، نا لَيْثُ بنُ سَعْدٍ، نا عبدُ رَبِّهِ بنُ سَعِيدٍ، عن عِمرانَ بنِ أبی أَنَسٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ نَافِعِ بنِ العَمْيَاءِ، عن رَبِيْعَةَ بنِ الحَارِثِ، عن الفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " الصَّلاَةُ مَثْنَى مَثْنَى، تَشَهُّدٌ فِيْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَتَخَشُّعٌ وَتَضَرُّعٌ وتَمَسْكُنٌ، وتُقْنِعُ يَدَيْكَ - يقولُ: تَرْفَعُهُمَا - إِلٰى رَبِّكَ، مُسْتَقْبِلاً بِبُطُوْنِهِمَا وَجْهَكَ، وتقولُ: يارَبِّ! يارَبِّ! ومَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهُوَ كَذَا وَكَذَا "

قال أبو عيسى: وقال غَيْرُ ابنِ المباركِ فِيْ هٰذا الحديثِ: " مَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهِيَ خِدَاجٌ "

قال أبو عيسى: سمِعتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يقولُ: رَوَى شعبةُ هذا الحديثَ عَن عبدِ رَبِّه بنِ سعيدٍ فَأَخْطَأَ فِيْ مَوَاضِعَ: فقال: عن أَنَسِ بنِ أبی أُنَيْسٍ، وَهُوَ عِمْرَانُ بنُ أبی أَنَسٍ؛ وقال: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الحارثِ، وإِنَّمَا هُوَ عبدُ اللّٰهِ بنُ نَافِعِ بنِ العَمْيَاءِ، عن رَبِيْعَةَ بنِ الحارِثِ، وقال شُعْبَةُ: عن عَبدِ اللّٰهِ بن

الحَارِثِ، عن المُطَّلِبِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وإِنَّمَا هُوَ عَنْ رَبِيْعَةَ بنِ الحَارِثِ بنِ عبدِ الْمُطَّلِبِ، عن الفَضْلِ بنِ عَباسٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.
قال محمدٌ: وحديثُ اللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ أَصَحُّ مِنْ حديثِ شُعبةَ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تہجد دو دو، دو دو رکعتیں ہیں ہر دو رکعت پر قعدہ ہے۔ اور نماز خشوع وخضوع اور تمسکن ہے اور اٹھائیں آپ اپنے دونوں ہاتھ (کسی راوی نے ترفعھما کے ذریعہ تُقنع کے معنی بیان کئے ہیں۔ حدیث کے الفاظ ہیں: تُقْنِعُ يَدَيْكَ إلى ربك مُسْتَقْبِلاً با کو بالفتح اور بالکسر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں) اپنے پروردگار کی طرف درانحالیکہ ان کا اندرونی حصہ آپ اپنے چہرے کی طرف کرنے والے ہوں اور مستقبلاً کو بالفتح پڑھیں تو ترجمہ ہوگا: درانحالیکہ ہاتھوں کا اندرونی حصہ سامنے کیا ہوا ہو اور عاجزی وانکساری کے ساتھ یا اللہ! یا اللہ! کہہ کر دعا کرے، اور جس نے ایسا نہیں کیا اس کی نماز کذا وکذا ہے (یہ محاورہ ہے اس کا ترجمہ نہیں ہوتا اور مطلب یہ ہے کہ اس کی نماز ناقص ہے) اور ابن المبارک کے علاوہ نے یعنی لیث بن سعد کے دیگر تلامذہ نے فھی خداج کہا ہے۔ اس کے معنی بھی ناقص ونا تمام کے ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو فرماتے سنا کہ شعبہ رحمہ اللہ بھی اس حدیث کو عبد ربہ سے روایت کرتے ہیں، مگر انھوں نے سند میں تین غلطیاں کی ہیں: (۱) انھوں نے استاذ الاستاذ کا نام انس بن ابی انیس لیا ہے جبکہ صحیح نام عمران بن انس ہے (۲) پھر اس کے بعد کے راوی کا نام عبداللہ بن الحارث بتایا ہے جبکہ صحیح نام عبداللہ بن نافع بن العمیاء ہے، وہ ربیعۃ بن الحارث سے روایت کرتے ہیں (یعنی شعبہ نے راوی کے نام میں سے عبد اللہ لیا اور مروی عنہ کے باپ کے نام کے ساتھ اس کو ملا دیا) (۳) اور شعبہ نے صحابی کا نام مطلب بتایا ہے جبکہ یہ فضل بن عباس کی حدیث ہے (ربیعۃ بن الحارث کے دادا کا نام عبدالمطلب تھا، شعبہ نے اس میں سے المطلب لے لیا اور اصل راوی فضل کو چھوڑ دیا) امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: امام لیث رحمہ اللہ کی سند امام شعبہؒ کی سند سے اصح ہے۔

بابُ ماجاء فِيْ كَرَاهِيَةِ التَّشْبِيْكِ بَيْنَ الْأَصَابِعِ فِيْ الصَّلَاةِ

نماز میں انگلیوں کو انگلیوں میں داخل کرنا مکروہ ہے

شبکۃٌ کے معنی ہیں جال۔ اور تشبیک کے معنی ہیں: انگلیوں کو انگلیوں میں داخل کرنا، اور جال بنانا۔ نماز میں یا انتظارِ نماز کی حالت میں یا نماز کے لئے مسجد کی طرف جاتے ہوئے تشبیک کرنے کی ممانعت آئی ہے۔ کیونکہ یہ کیفیت جالبِ نوم ہے۔ یعنی تشبیک کرنے کی وجہ سے اگر نیند نہ بھی آئے تو اس کا مقدمہ ''اونگھ'' یا اس کا مقدمہ ''سستی'' ضرور پیدا ہوتی

ہے اور نمازی کو اور منتظر نماز کو ایسی کیفیت اختیار نہیں کرنی چاہئے جو سستی پیدا کرے، اس سے نماز بے مزہ ہو جائے گی اور اسی وجہ سے ان حالات میں فقہاء نے انگلیاں چٹخانے کی ممانعت کی ہے، اس سے بھی آرام ملتا ہے اور طبیعت میں سستی پیدا ہوتی ہے اور نیند آتی ہے۔

[۱۷۰] بابُ ماجاءَ فی کراهیة التشبیك بین الأصابع فی الصلاة

[۳۹۶-] حدثنا قُتیبةُ، نا اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن ابنِ عَجْلاَنَ، عن سَعیدٍ المُقْبُرِیِّ، عن رَجُلٍ، عن كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله علیه وسلم قال:" إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَأَحْسَنَ وُضُوْءَ هُ ثُمَّ خَرَجَ عَامِدًا إِلى المَسجِدِ فَلاَ یُشَبِّكَنَّ بَیْنَ أَصَابِعِهِ فَإِنَّهُ فِیْ صَلاَةٍ"

قال أبو عیسى: حدیثُ كعبِ بنِ عُجْرَةَ رَوَاهُ غَیْرُ وَاحدٍ عن ابنِ عَجْلاَنَ مِثْلَ حَدیثِ اللَّیْثِ، وَرَوى شَرِیكٌ عن مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عن أبیهِ، عن أبی هُرَیْرَةَ، عن النبیِّ صلى الله علیه وسلم نحوَ هذا الحدیثِ؛ وحدیثُ شَرِیْكٍ غیرُ مَحفوظٍ.

ترجمہ: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ”جب کوئی شخص وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر مسجد جانے کے لئے گھر سے نکلے تو وہ انگلیوں کے درمیان ہرگز تشبیک نہ کرے کیونکہ وہ (حکماً) نماز میں ہے“ —— ابن عجلان سے یہ حدیث متعدد روات نے امام لیث کی طرح روایت کی ہے۔ اور شریک بھی اس کو روایت کرتے ہیں مگر ان کی سند ہے: محمد بن عجلان اپنے والد عجلان سے، وہ ابو ہریرہ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ شریک کی یہ سند غیر محفوظ ہے۔ صحیح سند وہی ہے جو اوپر آئی (کیونکہ لیث کے متابع ہیں اور شریک کا کوئی متابع نہیں۔ خیال رہے کہ امام لیث کی سند میں ایک مجہول راوی ہے جس کی وجہ سے وہ سند ضعیف ہے)

بابُ ماجاء فی طُوْلِ الْقِیَامِ فِیْ الصَّلاَةِ

نوافل میں لمبا قیام کرنے کا بیان

یہ دو باب ہیں۔ ان میں یہ مسئلہ ہے کہ نفلوں میں طولِ قنوت یعنی قراءت لمبی کرنا افضل ہے (اس صورت میں رکعتوں کی تعداد کم ہوگی) یا کثرتِ سجود یعنی تلاوت مختصر کر کے زیادہ رکعتیں پڑھنا افضل ہے؟ پہلے باب کی حدیث سے طول قنوت کا افضل ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور دوسرے باب کی حدیث سے کثرتِ سجود کی فضیلت نکلتی ہے۔

امام احمد رحمہ اللہ نے ان دونوں حدیثوں کے بارے میں صرف اتنی بات کہی ہے کہ یہ دونوں روایتیں صحیح ہیں مگر مسئلہ کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ البتہ اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے فیصلہ کیا ہے کہ دن کے نوافل میں کثرت

سجود افضل ہے اور رات کے نوافل میں طول قنوت۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ سے دن میں لمبے نفل پڑھنا مروی نہیں جبکہ آپؐ رات میں طویل نفلیں پڑھا کرتے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت اسحاق رحمہ اللہ کے فیصلہ کو پسند کیا ہے۔ اور قرین صواب بھی یہی بات ہے، چنانچہ ہمارے اکابر کا بھی معمول یہی رہا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ دن کے مزاج میں انقباض ہے اگر بندہ لمبی قراءت کرے گا تو طبیعت ساتھ نہیں دے گی۔ اور رات کے مزاج میں انبساط ہے چنانچہ جتنے تفریحی پروگرام ہوتے ہیں (مشاعرہ، سنیما، ڈرامے، قوالیاں وغیرہ) سب رات میں منعقد کئے جاتے ہیں، پس رات کے نوافل میں طول قنوت افضل ہے۔ البتہ کسی عارض کی وجہ سے برعکس معاملہ بھی ہوسکتا ہے، مثلاً ایک شخص کو رمضان میں نفلوں میں یاد کیا ہوا پارہ پڑھنا ہے یا وہ جمعہ کے روز نفل نماز میں سورۂ کہف پڑھنا چاہتا ہے تو لمبی نماز پڑھے، کوئی مضائقہ نہیں۔ اسی طرح کسی کا معمول رات میں لمبے تہجد پڑھنے کا اور آٹھ رکعت پڑھنے کا ہے، کسی دن دیر سے اٹھا۔ صبح ہونے میں پندرہ بیس منٹ باقی ہیں تو اُسے مختصر قراءت کرکے آٹھ رکعتیں پڑھ لینی چاہئیں اور طولِ قنوت کی فضیلت ہاتھ سے نکل جائے تو کوئی حرج نہیں کیونکہ دوسری فضیلت یعنی کثرتِ سجود کی فضیلت سے ہمکنار ہوجائے گا۔ اور اس کا ورد بھی مکمل ہوجائے گا۔

غرض عوارض کی بات اور ہے ورنہ عام حالات میں دن میں کثرت سجود کی روایت پر اور رات میں طول قنوت کی حدیث پر عمل کرنا چاہئے۔ کیونکہ دن کے نیچر میں انقباض ہے اور رات کے نیچر میں انبساط ہے۔ چنانچہ دن کی تمام نمازیں گونگی ہیں اور رات کی سب نمازیں جہری ہیں۔ اور جمعہ اور عیدین میں جہر کی وجہ عارضی ہے۔ مسلمان عید کی تیاری مہینہ بھر پہلے سے شروع کردیتے ہیں اور خاص عید کے دن صبح ہی سے نہاتے دھوتے ہیں، اچھے کپڑے پہنتے ہیں، اور جمعہ بھی ایک طرح کی عید ہے اس کے لئے بھی پہلے سے تیاری ہوتی ہے، یہ باتیں انقباض کو ختم کرنے والی ہیں اس لئے عیدین اور جمعہ میں جہری قراءت ہے۔ واللہ اعلم

[۱۷۱] بابُ ماجاءَ فی طول القیام فی الصلاۃ

[۳۹۷-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أبی الزُّبَیْرِ، عن جابرٍ، قال: قِیْلَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَیُّ الصَّلاَۃِ أَفْضَلُ؟ قال: "طُوْلُ الْقُنُوْتِ"

وفی الباب: عن عبدِ اللہ بنِ حُبْشِیٍّ، وأنسِ بنِ مالکٍ. قال أبو عیسی: حدیثُ جابرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وقد رُوِیَ من غیرِ وجهٍ عن جابرِ بنِ عبدِاللہ.

فائدہ: قنوت کے بہت سے معنی حاشیہ میں لکھ رکھے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان میں سے ایک معنی ''قیام'' کو اختیار کیا ہے اور اس کے لحاظ سے یہ باب قائم کیا ہے۔ مگر اس معنی کے لئے کوئی وجہ ترجیح نہیں۔ حدیث

میں قنوت کے دوسرے معنی بھی لئے جاسکتے ہیں۔

باب ماجاء فی کَثْرَةِ الرُّکُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

کثرتِ رکوع وسجود کی فضیلت

حدیث: معدان بن ابی طلحہ کہتے ہیں: میری آنحضور ﷺ کے آزاد کردہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے عرض کیا: آپ میری ایسے عمل کی طرف راہنمائی فرمائیں جس کے ذریعہ اللہ مجھے فائدہ پہنچائیں، اور جس کی بدولت مجھے جنت کا دخول نصیب ہو۔ یہ سوال سن کر حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ دیر تک خاموش رہے پھر غور وفکر کے بعد فرمایا: ''بہت زیادہ سجدے کرنے کو لازم پکڑ'' یعنی بکثرت نوافل پڑھ۔ اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: ''جو بھی بندہ اللہ کے حضور سجدہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سجدہ کے ذریعہ اس کے ایک درجہ کو بلند فرماتے ہیں اور اس کا ایک گناہ معاف فرماتے ہیں''۔ معدان کہتے ہیں: پھر ایک عرصہ بعد میری ملاقات حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے یہی سوال ان سے بھی کیا، انھوں نے بغیر توقف کے وہی جواب دیا جو حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے دیا تھا۔ اور وہی حدیث سنائی جو انھوں نے سنائی تھی ——— بعض اصحاب کے مخصوص القاب تھے، مثلاً سید الشہداء، اسد اللہ، فاروق، صدیق، ذوالنورین وغیرہ۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا لقب حکیم الامت تھا۔ چنانچہ ان کی علمی قابلیت کا اس حدیث سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کو جواب دینے سے پہلے سوچنا پڑا اور انھوں نے فوراً جواب دیدیا۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ بعض لوگوں کو جو بھی مولانا صاحب ملتے ہیں وہ ان سے ایک ہی مسئلہ پوچھتے ہیں اور ان کا مقصد کبھی تو مولانا صاحب کا امتحان کرنا ہوتا ہے اور کبھی آسانی تلاش کرنا، یہ دونوں مقصد مذموم ہیں۔ اور کبھی اس لئے پوچھا جاتا ہے کہ پہلے مولانا صاحب نے جو جواب دیا تھا اس پر دل مطمئن نہیں۔ مؤمن کا دل کسوٹی ہے وہ غلط بات پر مطمئن نہیں ہوتا، غرض اس مقصد سے پوچھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور حضرت معدان نے دوبارہ اس امید پر دریافت کیا ہے کہ شاید ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کوئی اور عمل بتلائیں پس میں دونوں پر عمل کروں اور اپنے کو زیادہ فائدہ پہنچاؤں، یہ تنافس ہے۔ خیر کے کام میں آگے بڑھنے کی سعی ہے جو کہ مطلوب ومستحسن ہے۔

[۱۷۲] بابُ ماجاءَ فی کثرة الرکوع والسجود

[۳۹۸-] حدثنا أبو عَمَّارٍ، نا الوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن الأَوْزَاعِيِّ، قال: حَدَّثَنِیْ الوليدُ بنُ هِشَامٍ المُعَيْطِيُّ، قال: حَدَّثنی مَعدانُ بنُ أبی طَلْحَةَ اليَعْمُرِیُّ، قال: لَقِيْتُ ثُوْبَانَ مَوْلَی رسولِ اللهِ صلی الله

عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: دُلَّنِيْ عَلىٰ عَمَلٍ يَنْفَعُنِی اللّٰهُ به، وَيُدْخِلُنِی اللّٰهُ الجَنَّةَ؟ فَسَكَتَ عَنِّی مَلِيًّا، ثم الْتَفَتَ إِلَیَّ فقال: عَلَيْكَ بِالسُّجُوْدِ فَإِنِّی سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقولُ:" مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً إِلاَّ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً"

قال مَعْدَانُ: فَلِقِيْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَسَأَلْتُهُ عَمَّا سَأَلْتُ عَنْهُ ثَوْبَانَ، فَقَالَ: عَلَيْكَ بِالسُّجُوْدِ، فَإِنِّی سمعتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقول:" مَامِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً إِلاَّ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً"

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وأبی فاطمةَ. قال أبو عيسى: حديثُ ثوبانَ وأبی الدرداءِ فی كَثْرَةِ الرُّكُوْعِ والسُّجُوْدِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ هٰذا: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: طُوْلُ القِيَامِ فِی الصَّلاَةِ أَفْضَلُ مِنْ كَثْرَةِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: كَثْرَةُ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ أَفْضَلُ مِنْ طُوْلِ القِيَامِ.

وقال أحمدُ بنُ حنبلٍ: قد رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم فِیْ هٰذا حَدِيْثَانِ، ولم يَقْضِ فِيْهِ بِشَيْئٍ.

وقال إسحاقُ: أَمَّا بِالنَّهَارِ فَكَثْرَةُ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ، وَأَمَّا بِاللَّيْلِ فَطُوْلُ القِيَامِ، إِلاَّ أَنْ يَكُوْنَ رَجُلٌ لَهُ جُزْءٌ بِاللَّيْلِ يَأْتِیْ عَلَيْهِ، فَكَثْرَةُ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ فِیْ هٰذَا أَحَبُّ إِلَیَّ، لِأَنَّهُ يَأْتِی عَلىٰ جُزْئِهِ وَقَدْ رَبِحَ كثرةَ الركوعِ والسُّجودِ.

قال أبو عيسى: وإِنَّمَا قالَ إسحاقُ هٰذا: لِأَنَّهُ كذا وُصِفَتْ صلاةُ النبیِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ، وَوُصِفَ طولُ القيامِ؛ وَأَمَّا بِالنَّهَارِ فَلَمْ تُوْصَفْ مِنْ صَلاَتِهِ مِنْ طُوْلِ الْقِيَامِ مَا وُصِفَ بِاللَّيْلِ.

ترجمہ: بعض علماء نماز میں طول قیام کو رکوع اور سجدوں کی کثرت سے افضل بتاتے ہیں اور بعض کثرتِ رکوع وسجود کو قیام میں دیر تک کھڑے رہنے سے افضل بتاتے ہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں دو (صحیح) حدیثیں مروی ہیں، اور انھوں نے ان مسئلہ میں کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ اور اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے فرمایا: رہا دن تو کثرتِ رکوع وسجود افضل ہے اور رہی رات تو طولِ قیام افضل ہے۔ مگر یہ کہ کسی شخص کے لئے رات میں کوئی وظیفہ ہو تو وہ اس کے مطابق کرے، پس اس کے حق میں رکوع سجود کی کثرت مجھے زیادہ پسند ہے، اس لئے کہ اس صورت میں وہ اپنا ورد پورا کرلے گا، اور کثرت رکوع وسجود والی فضیلت سے بہرہ ور ہوگا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بات وہی ہے جو حضرت اسحاق نے کہی۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ کی رات میں نماز کی یہی کیفیت بیان کی گئی ہے یعنی (رات کی نماز میں) طولِ قیام بیان کیا گیا ہے اور رہا دن تو دن کے نوافل میں طولِ قیام کے بارے میں بیان نہیں کیا گیا جیسا کہ رات کے نوافل کے بارے میں بیان کیا گیا ہے۔

بابُ ماجاء فی قَتْلِ الْأَسْوَدَيْنِ فِیْ الصَّلَاةِ

نماز میں سانپ بچھو مارنے کا حکم

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز میں دو کالوں کو مارنے کا حکم دیا: سانپ کو اور بچھو کو۔

تشریح: اس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام یہ ہے کہ اگر نمازی کے سامنے سے سانپ یا بچھو گذریں تو ان کو جانے نہ دیا جائے مار دینا چاہئے۔ کیونکہ اگر ان کو جانے دیا جائے گا تو وہ کہیں گھس جائیں گے اور بعد میں نقصان پہنچائیں گے۔ حدیث شریف کا منشاء بس اتنا ہی ہے۔ رہی یہ بات کہ ان کو مارنے سے نماز باقی رہے گی یا جاتی رہے گی؟ تو یہ الگ بات ہے۔ اگر عمل قلیل سے مارا ہے مثلاً بچھو سامنے سے گذر رہا تھا اتفاق سے قریب ہی چپل بھی رکھی تھی وہ اس پر رکھ کر دبا دی تو یہ عمل قلیل ہے پس نماز باقی رہے گی۔ اور اگر ان کو مارنے کے لئے عمل کثیر کرنا پڑا ہے تو نماز جاتی رہے گی از سرنو نماز پڑھے۔ اور نماز کے بطلان کا کوئی گناہ نہیں ہوگا کیونکہ ان کو مارنے کے لئے نماز توڑنا عذر شرعی ہے۔

[۱۷۳] بابُ ماجاءَ فی قتلِ الْأَسْوَدَيْنِ فِیْ الصَّلَاة

[۳۹۹-] حدثنا علیُّ بنُ حُجرٍ، انا إسماعيلُ بنُ عُلَيَّةَ، عن عليِّ بنِ المباركِ، عن يحيىَ بنِ أبی كَثيرٍ، عن ضَمْضَمِ بنِ جَوْسٍ، عن أبی هريرةَ، قال: أَمَرَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِقَتْلِ الْأَسْوَدَيْنِ فِیْ الصَّلَاةِ: الحَيَّةِ والعَقْرَبِ.

وفی الباب: عن ابن عباسٍ، وأبی رافع. قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ عَلَى هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ؛ وكَرِهَ بَعْضُ أهلِ العلمِ قَتْلَ الحَيَّةِ وَالعَقْرَبِ فِیْ الصَّلَاةِ، قال إبراهيمُ: إِنَّ فِیْ الصَّلَاةِ لَشُغْلًا؛ والقولُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض صحابہ اور تابعین کا عمل ہے اور یہی احمد واسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے (اس عبارت کا مطلب اگر یہ ہے کہ نماز کے اندر سانپ بچھو کو ضرور مار ڈالنا چاہئے تو یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور اگر یہ مطلب ہے کہ ان کو مارنے کے لئے خواہ کتنا بھی عمل کرنا پڑے نماز باطل نہیں ہوگی تو یہ بات محل نظر ہے ابن قدامہ رحمہ اللہ نے بھی صریح کوئی بات نہیں لکھی وہ (مغنی ۱:۶۶۳) میں صرف اتنی بات لکھتے ہیں کہ احمد وشافعی رحمہما اللہ وغیرہ کے نزدیک نماز کے اندر دو کالوں کو مارنے میں حرج نہیں۔ اور شرح مہذب (۹۲:۴) میں ہے: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر ان کو

مارنے کے لئے عمل کثیر کرنا پڑے تو نماز فاسد ہوگی) اور بعض اہل علم نے سانپ اور بچھو کے مارنے کو مکروہ کہا ہے (اس کا اگر یہ مطلب ہے کہ نماز کے اندر ان کو نہیں مارنا چاہئے تو یہ قول حدیث کے معارض ہے پس مردود ہے۔ اور اگر یہ مطلب ہے کہ ان کو مارنے سے عمل کثیر کی صورت میں نماز فاسد ہو جاتی ہے تو صحیح ہے) اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بیشک نماز میں مشغولیت ہے (یہ قول بھی ذو معنی ہے۔ اگر اس کا یہ مطلب ہے کہ نماز کے افعال واعمال طے شدہ ہیں ان کے علاوہ میں مشغول ہونا جائز نہیں لہٰذا دو کالوں کو مارنے سے نماز فاسد ہو جائے گی تو بات ٹھیک ہے اور القول الأول أصح کی ضرورت نہیں۔ اور اگر یہ مطلب ہے کہ نماز میں ان دونوں کو مارنا نہیں چاہئے۔ نماز کے کاموں میں مشغول رہنا چاہئے، تو پھر قول اول اصح ہے)

بابُ ماجاء فی سَجْدَتَیِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ

سلام سے پہلے سجدۂ سہو کرنے کا بیان

امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے یہ مسئلہ چھیڑا تھا کہ سجدۂ سہو میں دو رائیں ہیں۔ ایک: قبل السلام کی رائے ہے، دوسری: بعد السلام کی۔ پھر فرمایا تھا کہ قائلینِ قبل السلام کی روایت اصح ہے۔ وہ حدیث یہاں لائے ہیں۔ اس مسئلہ میں روایات میں اتنا شدید اختلاف ہے کہ کوئی دو امام ایک بات پر متفق نہیں، ہر مجتہد کی رائے الگ ہے۔

سب سے پہلے یہ بات جان لینی چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سجدہ سہو کی حقیقت: دو سجدے، تشہد اور سلام ہے۔ چنانچہ مذہب حنفیہ میں سجدۂ سہو کرنے کا اصل طریقہ یہ ہے کہ قعدہ اخیرہ میں سب کچھ پڑھ لے: تشہد بھی، درود بھی اور دعا بھی۔ اس کے بعد سلام پھیرے، پھر دو سجدے کرے، پھر صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔ مگر جماعت کی نماز میں عارضی مصلحت سے یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ صرف تشہد پڑھ کر سلام پھر دیا جائے پھر سجدے کئے جائیں اور درود دعا سہو کے قعدہ میں تشہد کے بعد پڑھے جائیں۔ اور ایسا اس لئے کیا جاتا ہے کہ مسبوق جان لیں کہ یہ ایمر جنسی سلام ہے اور وہ کھڑے ہونے میں جلدی نہ کریں۔ مگر اب طریقہ یہ چل پڑا ہے کہ ہر نماز میں صرف تشہد پڑھ کر سلام پھیر دیتے ہیں، بلکہ بعض کتابوں میں یہی مسئلہ لکھ دیا ہے۔ حالانکہ امام اعظمؒ کے قول کی صحیح صورت وہ ہے جو میں نے بیان کی ائمہ کے اختلاف کو اور احادیث کے مطلب کو سمجھنے کے لئے مذہب کی اصل صورت سے واقف ہونا ضروری ہے۔

غرض احناف کے نزدیک سہو کی تمام صورتوں میں افضل یہ ہے کہ سلام کے بعد سجدے کئے جائیں۔ اور سلام کے بارے میں فقہ حنفی میں تین قول ہیں: ایک قول یہ ہے کہ صرف ایک سلام پھیرے اور وہ بھی سامنے پھیرے، دائیں بائیں منہ نہ موڑے۔ اس قول پر کسی حنفی عالم نے فتوی نہیں دیا۔ دوسرا قول یہ ہے کہ دائیں بائیں دو سلام پھیرے، صاحب ہدایہ وغیرہ نے اسی قول کی تصحیح کی ہے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ صرف ایک سلام پھیرے اور دائیں جانب منہ

موڑے۔ابوالحسن کرخی رحمہ اللہ نے اس قول کی تصحیح کی ہےاوریہی مفتی بہ ہے۔

اورامام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سہو کی ہرصورت میں سلام سے پہلے سجدہ کرنا اولیٰ ہےان کے نزدیک سجدۂ سہو کی حقیقت ہے:سَجدتان لا تشهُّدَ و لا سلامَ:صرف دوسجدے بغیرتشہداورسلام کے،چنانچہ ان کے یہاں طریقہ یہ ہے کہ قعدہ اخیرہ میں سب کچھ پڑھ کرسلام پھیرے بغیر دوسجدے کرتے ہیں پھر معاً سلام پھیر دیتے ہیں۔

اورامام مالک رحمہ اللہ کا مذہب ہے:الدَّالُ بالدَّال و القافُ بالقاف:یعنی اگرنماز میں زیادتی ہوئی ہےتو بعد سلام سجدہ کرنا اولیٰ ہے۔اورنقصان (کمی) ہوئی ہےتو قبل السلام سجدہ کرنا افضل ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ زیادتی کی صورت میں بعدالسلام سجدےاس لئے ہیں کہ وہ نماز سے باہر ہوجائیں اگرقبل السلام سجدے کئے جائیں گےتو وہ نماز میں داخل ہوجائیں گے،اورزیادتی درزیادتی لازم آئے گی۔اورنقصان کی صورت میں قبل السلام سجدےاس لئے ہیں کہ وہ نماز میں داخل ہوکرجوکمی ہوئی ہےاس کی تلافی کریں۔

اورامام احمداورامام اسحاق رحمہما اللہ فرماتے ہیں: احادیث میں جوصورتیں آئی ہیں ان کی اتباع کرنا اولیٰ ہے۔احادیث میں پانچ صورتیں آئی ہیں جن میں سے بعض کوامام ترمذی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے۔غرض سہو کی جن صورتوں میں قبل السلام سجدہ کرنا وارد ہوا ہےاگران میں سے کوئی صورت پیش آئے تو قبل السلام سجدہ کیا جائے اورجن صورتوں میں بعدالسلام سجدہ کرنا مروی ہے وہ صورت پیش آئے تو پھر سجدہ بعدالسلام کرنا چاہئے۔اوراگرسہو کی کوئی نئی صورت پیش آئے تو پھرامام احمد:امام شافعی رحمہما اللہ کے ساتھ ہیں اورامام اسحاق:امام مالک رحمہما اللہ کے ساتھ ہیں۔

امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب بظاہر اچھا معلوم ہوتا ہے مگراس پرعمل ممکن نہیں۔کیونکہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو پہلے گذری ہے،آنحضرت ﷺ کا پہلے قعدہ کو بھول کر کھڑے ہونے کی صورت میں بعدالسلام سجدہ کرنا مروی ہے۔اورعبداللہ بن بُحَیْنَۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جوکہ باب میں ہے یہ آیا ہے کہ آنحضور ﷺ ظہر کے پہلے قعدہ سے کھڑے ہوگئے تو آپؐ نے قبل السلام سجدہ کیا۔یہ دونوں حدیثیں اعلی درجہ کی صحیح ہیں پس عمل کرنے کی کیا صورت ہوگی؟ غرض ہرامام کی اپنی رائے جداگانہ ہے،اورامام احمداورامام اسحاق رحمہما اللہ شروع میں ساتھ ضرور ہیں مگر بعد میں وہ بھی علحدہ علحدہ ہوجاتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ تمام ائمہ متفق ہیں کہ سجدۂ سہو قبل السلام بھی جائز ہےاور بعدالسلام بھی،اختلاف صرف اولیٰ اورافضل کا ہے۔مگر چونکہ مسئلہ میں خوب بحث ہوئی ہےاس لئے احناف کے ذہن میں قبل السلام سجدے کی گنجائش نہیں رہی۔اورشوافع بعدالسلام سجدے کو جانتے ہی نہیں۔یہ جوذہن بن گئے ہیں وہ ٹھیک نہیں۔میں حنفی ہوں اور جب کبھی سجدۂ سہو کی ضرورت پیش آتی ہے اپنے امام کے مذہب پرعمل کرتا ہوں مگر مجھے جب کسی وجہ سے جلدی ہوتی ہےتو امام شافعیؒ کے مذہب پرعمل کرتا ہوں کیونکہ اس میں تشہد ایک ہی مرتبہ پڑھنا ہےاس لئے آدمی جلدی فارغ ہوجاتا ہے۔

روایات کا خلاصہ: اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں قولی اور فعلی دونوں طرح کی روایتیں ہیں اور وہ مختلف ہیں یعنی آنحضرت ﷺ سے قبل السلام اور بعد السلام دونوں طرح سجدہ سہو کرنا مروی ہے اور آپؐ نے قبل السلام سجدہ سہو کرنے کے لئے بھی ارشاد فرمایا ہے اور بعد السلام بھی۔ اور قولی روایتوں میں سے بعد السلام والی روایت بخاری (حدیث ۴۰۱ باب التوجه نحو القبلة) اور مسلم (۲۱۲:۱ السهو فی الصلاۃ) میں ہے اور قبل السلام والی قولی روایت صرف مسلم (۲۱۱:۱) میں ہے۔ اور فعلی روایتوں میں سے صرف قبل السلام والی روایت متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۱۲۱۴، مسلم ۲۱۱:۱) اور بعد السلام والی فعلی روایت بھی اعلی درجہ کی ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ قول وفعل میں تعارض کے وقت فعلی روایت کو ترجیح دیتے ہیں اور احناف قولی روایت کو تفصیل (۲۰۹:۱ میں) گذر چکی ہے۔ یہ اختلاف کی بنیاد ہے۔

آخری بات: امام اعظم رحمہ اللہ کی تین دلیلیں ہیں:

۱- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز کی رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو وہ غور کرے اور ظن غالب پر عمل کرے پھر سلام پھیر کر سہو کے دو سجدے کرے، یہ قولی حدیث متفق علیہ ہے، البتہ مسلم میں مختصر ہے۔

۲- آنحضور ﷺ نے قاعدہ کلیہ بیان فرمایا ہے: ''سہو کی ہر صورت میں دو سجدے ہیں، سلام پھیرنے کے بعد'' یہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ابوداؤد (حدیث ۱۰۳۸) میں ہے اور صحیح سند کے ساتھ ہے اور اسماعیل بن عیاش کی وجہ سے حدیث کی صحت متاثر نہیں ہوتی، کیونکہ ان کا استاذ عبید اللہ کلاعی شامی ہے اور اسماعیل شامی اساتذہ کی روایتوں میں بالاجماع معتبر ہیں۔

۳- عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ''جسے نماز میں شک ہوجائے تو چاہئے کہ وہ سلام پھیرنے کے بعد دو سجدے کرے۔ یہ حدیث بھی صحیح ہے (ابوداؤد ۱۰۳۳)

اور امام اعظم رحمہ اللہ کی عقلی دلیل یہ ہے کہ بعد السلام سجدہ کرنے میں عبادت زیادہ ہے کیونکہ اس صورت میں تشہد دو مرتبہ پڑھنا پڑتا ہے۔ پس اس صورت کو افضل قرار دینا اولی ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ ان احادیث کے درمیان ناسخ ومنسوخ کی بات کہتے ہیں اور قبل السلام والی حدیث کو ناسخ قرار دیتے ہیں اور ان کی دو دلیلیں ہیں:

پہلی دلیل: ابن شہاب زہری رحمہ اللہ کی حدیث ہے کہ آنحضور ﷺ سے قبل السلام اور بعد السلام سجدہ کرنا مروی ہے اور آخری عمل قبل السلام سجدہ کرنے کا ہے۔ مگر یہ حدیث زہری کے مراسیل میں سے ہے اور مراسیلِ زہری بالاتفاق ضعیف ہیں۔ یحییٰ قطان نے ان کے بارے میں فرمایا ہے: شِبْهُ لاشیئ یعنی زہری کے مراسیل کی حیثیت پرچھائیں سے زیادہ نہیں۔

دوسری دلیل: بعد التسلیم سجدے والی حدیث حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ کے قصہ میں مروی ہے اور وہ شہدائے بدر میں سے ہیں پس یقیناً یہ واقعہ سن ۲ ہجری سے پہلے کا ہے یعنی ابتدائے اسلام کا ہے۔ مگر یہ بھی کوئی مضبوط دلیل نہیں۔ کیونکہ حضرت ابن مسعود اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہما کی حدیث میں بھی بعد التسلیم سجدہ کرنا مروی ہے۔ اور یہ دونوں حضرات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تک بقیدِ حیات رہے ہیں۔

[۱۷٤] بابُ ماجاءَ فی سجدتی السهو قبل السلام

[٤٠٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شهابٍ، عن عبدِ الرحمنِ الْأَعْرَجِ، عن عبدِ اللّٰهِ ابنِ بُحَيْنَةَ الْأَسَدِيِّ، حَلِيفِ بنی عبدِ المطلب: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَامَ فِیْ صَلَاةِ الظُّهْرِ وَعَلَيْهِ جُلُوْسٌ، فَلَمَّا أَتَمَّ صَلَاتَهُ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، يُكَبِّرُ فِیْ كُلِّ سَجْدَةٍ وَهُوَ جَالِسٌ، قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ، وسَجَدَهُمَا النَّاسُ مَعَهُ مَكَانَ مَا نَسِیَ مِنَ الْجُلُوْسِ.

وفی الباب: عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ.

[٤٠١-] حدثنا محمدُ بنُ بشارٍ، نا عبدُ الأَعْلٰى، وأبو داوُد، قالا: نا هشامٌ، عن يحيىَ بنِ أبی كَثيرٍ، عن محمدِ بن إبراهيمَ: أَنَّ أبا هريرةَ وَالسَّائِبَ القاریَ كانايَسْجُدَانِ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ بُحَيْنَةَ حديثٌ حسنٌ، والعَمَلُ على هٰذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، وهوَ قولُ الشافعیِّ: يَرَى سُجُوْدَ السَّهْوِ كُلَّهُ قَبْلَ التَّسْلِيْمِ، ويقولُ: هٰذا النَّاسِخُ لِغَيْرِهِ مِنَ الْأَحَادِيْثِ، وَيَذْكُرُ أَنَّ آخِرَ فِعْلِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ علىٰ هٰذَا.

وقال أحمدُ وإسحاقُ: إِذَا قَامَ الرَّجُلُ فِیْ الرَّكْعَتَيْنِ، فَإِنَّهُ يَسْجُدُ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ عَلٰى حديث ابنِ بُحَيْنَةَ.

وعبدُ اللّٰه بنُ بُحَيْنَةَ: هُوَ عبدُ اللّٰهِ بنُ مالكٍ ابنُ بُحَيْنَةَ، مالكٌ أبوه، وبُحَيْنَةُ أُمُّهُ، هكذا أَخْبَرَنِیْ إِسحاقُ بنُ منصورٍ، عن علیِّ بنِ المدِيْنِیِّ.

قال أبو عيسى: واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ مَتَى يَسْجُدُهُمَا الرَّجُلُ قَبْلَ السَّلَامِ أَوْ بَعْدَهُ؟ فَرَأَى بَعْضُهم أن يَّسْجُدَهُمَا بَعْدَ السَّلَامِ، وَهُوَ قولُ سفيانَ الثوریِّ وأهلِ الكوفةِ؛وقال بَعْضُهم: يَسْجُدُهُمَا قبلَ السلامِ، وَهُوَ قَوْلُ أكثَرِ الفُقَهَاءِ مِنْ أهلِ الْمَدِيْنَةِ، مِثْلُ يَحيىَ بنِ سعيدٍ، وَرَبِيْعَةَ، وغيرِهِمَا، وبهِ يقولُ الشافعیُّ.

وقال بَعْضُهم: إذا كانَتْ زيادةٌ فی الصَّلَاةِ فَبَعْدَ السَّلَامِ، وإِذَا كان نُقْصَانًا فَقَبْلَ السَّلَامِ، وهو قولُ مالكِ بنِ أنسٍ.

وقال أحمدُ: مَا رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ سَجْدَتَیِ السَّھْوِ فَیُسْتَعْمَلُ کُلٌّ علی جِھَتِه: یَرَی إِذَا قامَ فی الرَّکْعَتَیْنِ عَلٰی حَدیثِ ابنِ بُحَیْنَةَ، فَإِنَّهُ یَسْجُدُھُمَا قَبْلَ السَّلَامِ، وإِذَا صَلَّی الظُّھْرَ خمساً فإِنَّه یسْجُدُھُمَا بعدَ السلامِ، وإذاسَلَّم فی الرکعتَینِ من الظُّھْرِوالعصرِ فَإِنَّه یَسْجُدُھما بعدَ السلامِ، وکلٌّ یُسْتَعْمَلُ علی جِھَتِهِ،وکُلُّ سَھْوٍ لَیْسَ فِیْهِ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیهوسلم ذِکْرٌ، فإِنَّ سَجْدَتَیِ السھوِ فِیه قبل السلامِ.

وقال إسحاقُ نحوَ قولِ أحمدَ فی ھذا کلِّه، إلَّا أَنَّه قال: کُلُّ سَھْوٍ لَیْسَ فیهِ عَن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم ذِکْرٌ، فإِن کَانَتْ زِیَادَةً فی الصَّلَاۃِ یَسْجُدُھُمَا بعدَ السلامِ، وإِن کانَ نُقْصَانًا یَسْجُدُھُمَا قَبْلَ السَّلَامِ.

ترجمہ: باب میں عبداللہ ابن بُحَیْنَة کی حدیث ہے۔ یہ صحابی قبیلہ اسد کے ہیں اور وہ بنی عبدالمطلب کے حلیف تھے یعنی ان سے دوستی کر لی تھی اور مکہ میں بس گئے تھے۔ اس زمانہ میں یہ دستور تھا کہ باہر کا آدمی مکہ میں رہائش حاصل کرنے کے لئے مقامی کسی قبیلہ سے حلف کرتا تھا۔ وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ظہر کی نماز میں کھڑے ہو گئے درانحالیکہ آپ پر بیٹھنا تھا یعنی قعدۂ اولی بھول گئے۔ پس جب آپؐ نے نماز پوری کی تو بیٹھے ہوئے سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے کئے آپؐ ہر سجدہ کے ساتھ تکبیر کہتے تھے۔ اور آپؐ کے ہمراہ لوگوں نے بھی سجدے کئے اس قعدہ کی جگہ میں جو حضور اکرم ﷺ بھول گئے تھے ——— (اس حدیث کا مضمون بعینہٖ وہی ہے جو حضرت مغیرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا ہے۔ بس اتنا فرق ہے کہ یہاں قبل التسلیم سجدہ کرنے کی بات ہے اور حضرت مغیرہ کی حدیث میں بعد التسلیم۔ اور پیچھے حضرت امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی حدیث کے بارے میں کہا تھا کہ یہ اصح ہے، حالانکہ مصنف رحمہ اللہ کی یہ بات بے اصل ہے کیونکہ مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کو خود ترمذی رحمہ اللہ نے حسن صحیح کہا ہے۔ پس یہ حدیث اصح کیسے ہوگئی؟ حسن صحیح سے اوپر تو کوئی مرتبہ نہیں)

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے محمد بن ابراہیم کی سند سے یہ بات نقل کی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ اور السائب القاری قبل السلام سجدہ کیا کرتے تھے ——— السائب القاری جلیل القدر تابعی ہیں اور وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد تھے اور قبیلہ قارہ سے ان کا تعلق تھا اس لئے قاری کہلاتے تھے۔ ان کا عمل حجت نہیں۔ مگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ صحابی ہیں، ان کا عمل حجت ہے۔ مگر ان کی طرف اس قول کی نسبت صحیح نہیں۔ علامہ عراقی رحمہ اللہ جو کہ شافعی ہیں فرماتے ہیں: ابن مسعود، ابن عباس، ابو ہریرہ اور ابن الزبیر وغیرہ بعد السلام سجدہ کیا کرتے تھے اور طحاوی رحمہ اللہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا بھی یہی عمل لکھا ہے۔

اور جاننا چاہئے کہ ابن بُحَیْنَة کی حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور متفق علیہ ہے اور ہمارے ہندوستانی نسخوں سے لفظ

صحیح کسی کی کارستانی سے اڑ گیا ہے، مصری نسخہ میں حسنٌ صحیحٌ ہے۔

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے اور یہی قول امام شافعی کا ہے۔ وہ سہو کی تمام صورتوں میں سلام سے پہلے سجدہ کرنے کو افضل بتاتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ابن بُحَیْنَۃ کی حدیث دیگر احادیث کے لئے ناسخ ہے اور کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا آخری عمل اسی کے مطابق تھا (مگر یہ دعوی محتاج دلیل ہے) اور احمد و اسحاق نے فرمایا: جب مصلی دو رکعتوں سے یعنی قعدہ اولی بھول کر کھڑا ہو جائے تو وہ سلام سے پہلے سجدہ کرے ابن بُحَیْنَۃ کی حدیث کے موافق (مگر حضرت مغیرہ کی حدیث سے صرف نظر کرنے کی کوئی وجہ نہیں اس میں اسی صورت میں بعد السلام سجدہ کرنا مروی ہے اور وہ بھی اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے) اور عبد اللہ کے والد کا نام مالک ہے اور بُحَیْنَۃ ان کی والدہ ہیں ——— جاننا چاہئے کہ اعلام متناسبہ (نسب ناموں) میں جو ابن آتا ہے اس کا الف نہیں لکھا جاتا، اور نہ پڑھا جاتا ہے۔ اور اعلام غیر متناسبہ میں جو ابن آتا ہے اس کا الف لکھا جاتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا۔ چنانچہ عبد اللہ ابن بُحَیْنَۃ میں الف لکھا گیا ہے، کیونکہ بُحَیْنَۃ اعلام غیر متناسبہ میں سے ہے۔ یعنی وہ والدہ ہیں۔ اور نسب مردوں سے چلتا ہے۔ نیز اعلام غیر متناسبہ کا ابن پہلے نام کی صفت ہوتا ہے اس لئے عبد اللہ بن مالک ابنُ بُحَیْنَۃ پر پیش ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: علماء کا سجدۂ سہو کے بارے میں اختلاف ہے کہ ان کو کب کرے؟ سلام سے پہلے کرے یا سلام کے بعد؟ بعض کا خیال یہ ہے کہ سلام کے بعد کرے اور یہ ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ان کو سلام سے پہلے کرے، اور یہ اکثر فقہائے مدینہ مثلاً یحیٰ بن سعید اور ربیعۃ الرای وغیرہ کا قول ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ یہی بات کہتے ہیں۔ اور بعض علماء نے فرمایا کہ جب نماز میں زیادتی ہو جائے تو سجدے سلام کے بعد کرے اور جب نقصان ہو جائے تو سلام سے پہلے کرے۔ اور یہ امام مالک رحمہ اللہ کا قول ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ سے سجدہ کے بارے میں جو مروی ہے اسی کے مطابق عمل کرنا چاہئے (لفظی ترجمہ: پس استعمال کی جائے ہر روایت اس کے رُخ پر) دیکھتے ہیں وہ ابن بُحَیْنَۃ کی حدیث پر عمل کرنے کو جبکہ مصلی دو رکعت سے کھڑا ہو جائے۔ یعنی قعدۂ اولی بھولنے کے وقت قبل السلام سجدہ کرے۔ اور جب ظہر کی پانچ رکعت پڑھ لے تو بعد السلام سجدہ کرے (یہ صورت ابن مسعود کی حدیث میں آئی ہے) اور جب ظہر اور عصر کی دو رکعت پر سلام پھیر دے تو بھی سلام کے بعد سجدہ کرے (یہ ذوالیدین والا واقعہ ہے) ——— اور چوتھی صورت: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ آپؐ نے رکعت کی تعداد میں شک ہونے کی بناء پر قبل السلام سجدہ کیا۔ اور پانچویں صورت: عمران بن حصین کی حدیث میں ہے کہ آنحضور ﷺ نے تین رکعت پر سلام پھیر دیا تو ایک رکعت پڑھ کر بعد السلام سجدہ کیا۔ یہ دونوں حدیثیں مسلم شریف باب السھو فی الصلاۃ میں ہیں۔

اور ہر حدیث استعمال کی جائے اس کے رخ پر (یہ مکرر ہے) اور ہر وہ بھول جس کے بارے میں حضور اکرم ﷺ

سے کچھ مروی نہیں اس میں سلام سے پہلے سجدے ہیں۔ اور اسحاق رحمہ اللہ کی رائے پانچوں صورتوں میں امام احمد رحمہ اللہ کے مانند ہے، مگر وہ فرماتے ہیں کہ بھول کی جو صورتیں آنحضور ﷺ سے مروی نہیں ان میں اگر نماز میں زیادتی ہوگئی ہے تو سجدے بعد السلام کرے اور اگر نقصان ہوا ہے تو قبل السلام کرے۔

بابُ ماجاءَ فی سَجْدَتَیِ السَّھْوِ بَعْدَ السَّلَامِ والْکَلَامِ

سلام کے بعد سجدۂ سہو کا بیان

یہ باب عراقی فقہاء کے لئے ہے۔ اور کلام فی الصلوٰۃ کا مسئلہ آگے آرہا ہے۔ یہاں وہ مسئلہ نہیں چھیڑا گیا۔ اور باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ نے ایک مرتبہ ظہر کی پانچ رکعت پڑھادیں۔ سلام کے بعد آپ سے عرض کیا گیا: کیا نماز میں زیادتی ہوگئی یا آپ کو بھول لاحق ہوئی؟ صورت حال جان کر آپؐ نے دو سجدے کئے اور یہ سجدے سلام کے بعد کئے —— جاننا چاہئے کہ احناف کا مستدل یہ حدیث نہیں ہے، کیونکہ یہ حدیث اسلام کے ابتدائی دور کی ہے جب کہ نماز میں کلام جائز تھا۔ بلکہ احناف کی اصل دلیل ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی وہ قولی حدیث ہے جو متفق علیہ ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسی شخص کو نماز میں رکعتوں کی تعداد میں شک ہو جائے تو وہ سوچنے کے بعد جو ظن غالب قائم ہو اس پر عمل کرے پھر بعد السلام سجدۂ سہو کرے (بخاری حدیث ۴۰۱)

فائدہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ثلاثی اور رباعی فرض نماز کے دونوں قعدے یکساں ہیں یعنی سنت (بمعنی واجب) ہیں پس ان کے نزدیک دونوں میں سے کسی کے بھی ترک کی صورت میں سجدۂ سہو کر لینا کافی ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قعدۂ اولیٰ واجب اور قعدۂ ثانیہ فرض ہے۔ لہٰذا قعدہ اخیرہ چھوٹ جانے سے فرض باطل ہو جاتا ہے۔ اور مذہبِ احناف میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص قعدہ اخیرہ بھول کر اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے اور اُسے اس رکعت کا سجدہ کرنے سے پہلے یاد آجائے تو قعدہ کی طرف واپس لوٹ آئے۔ سجدۂ سہو کے بعد نماز صحیح ہو جائے گی اور اگر اس رکعت کا سجدہ کر لیا تو پھر وہ رکعت پوری ہوگئی اور فرض باطل ہو گیا اور اُسے چاہئے کہ مزید ایک رکعت ملا کر اسے نفل بنالے اور فرض از سر نو پڑھے —— اور حدیث مذکور میں آنحضور ﷺ نے قعدۂ اخیرہ کیا تھا یا نہیں اس سے حدیث خاموش ہے پس یہ نہ کسی کے موافق ہے نہ معارض۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ کی طرح یہاں بھی امام ترمذی رحمہ اللہ نے ائمہ کے گروپ ٹھیک سے قائم نہیں کئے۔ انھوں نے قائلین قبل السلام کے گروپ میں امام احمدؒ کو بھی رکھ دیا ہے اور بعد السلام والے گروپ میں صرف احناف کو رکھا ہے حالانکہ قبل السلام والے گروپ میں تنہا امام شافعی رحمہ اللہ ہیں اور بعد السلام والے گروپ میں اکیلے احناف ہیں۔ اور امام مالک واحمد رحمہما اللہ نہ اِدھر ہیں نہ اُدھر ہیں۔

[۱۷۵] بابُ ماجاءَ فی سَجْدَتَيِ السَّهْوِ بعد السلام والكلامِ

[۴۰۲-] حدثنا إسحاقُ بنُ منصورٍ، نا عَبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا شُعْبَةُ، عَنِ الحَكَمِ، عن إبراهيمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقَيْلَ لَهُ: أَزِيْدَ فِيْ الصَّلاَةِ أم نَسِيْتَ؟ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ بَعْدَ مَا سَلَّمَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۴۰۳-] حدثنا هنادٌ ومحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، قالا: نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سَجَدَ سَجْدَتَي السَّهْوِ بَعْدَ الْكَلاَمِ.

وفی الباب: عن مُعاويةَ، وعبدِ اللهِ بنِ جَعْفَرٍ، وأبی هُرَيْرَةَ.

[۴۰۴-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عن محمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عن أبی هريرةَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سَجَدَهُمَا بَعْدَ السَّلاَمِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رَوَاهُ أَيُّوْبُ وغيرُ واحدٍ عن ابنِ سِيْرِيْنَ.

وحديثُ ابنِ مسعودٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عَلَى هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ، قالوا: إِذَا صَلَّى الرجلُ الظُّهْرَ خَمْسًا فَصلاَ تُه جَائِزَةٌ، وسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وإنْ لَمْ يَجْلِسْ فِيْ الرَّابِعَةِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وقال بَعضُهم: إذا صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا ولم يَقْعُدْ فی الرَّابِعَةِ مِقْدَارَ التَّشَهُّدِ فَسَدَتْ صَلاَتُه، وَهُوَ قُوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ وبعضِ أهلِ الْكُوْفَةِ.

ملحوظہ: اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حسن صحیح حدیث ہے کہ آنحضور ﷺ نے بعد السلام سجدے کئے، یہ قرینہ ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے گذشتہ باب میں جو بیان کیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ قبل السلام سجدہ کیا کرتے تھے وہ بات صحیح نہیں۔ کیونکہ راوی کا عمل اس کی روایت کے خلاف نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ عراقی رحمہ اللہ نے امام ترمذی رحمہ اللہ کے قول کی تردید کی ہے۔

بابُ ماجاء فی التَّشَهُّدِ فی سَجْدَتَيِ السَّهْوِ

سجدۂ سہو کے بعد تشہد کا بیان

جو حضرات قبل التسلیم سجدہ کے قائل ہیں ان کے نزدیک سجدہ سہو کی حقیقت صرف دو سلام ہے اس میں نہ تشہد ہے

نہ سلام۔ اور قائلین بعد التسلیم کے یہاں سجدۂ سہو کی حقیقت تین چیزیں ہیں: دو سجدے، تشہد اور سلام ـــــ اس باب کی حدیث انہی حضرات کے حق میں ہے۔

حدیث: عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھائی اور آپ کو بھول ہوئی۔ پس آپؐ نے دو سجدے کئے پھر تشہد پڑھا پھر سلام پھیرا۔

تشریح: یہ حدیث اگرچہ سند کے اعتبار سے صحیح ہے مگر اس میں تشہد کا ذکر شاذ ہے کیونکہ اس کو محمد بن سیرین سے بہت سے تلامذہ روایت کرتے ہیں اور صرف اشعث اس میں تشہد کا ذکر کرتے ہیں۔ باقی کوئی بھی تلمیذ اس حدیث میں تشہد کا تذکرہ نہیں کرتا۔ نیز خالد حذاء سے بھی متعدد حضرات نے یہ حدیث روایت کی ہے مگر کسی نے بھی حدیث میں تشہد کا ذکر نہیں کیا، صرف اسی سند سے یعنی اشعث عن ابن سیرین عن خالد الحذاء کی سند سے ثم تشہد آیا ہے پس یہ ٹکڑا شاذ ہے۔

نوٹ: ابن سیرین نے باب کی حدیث کے علاوہ روایتیں ابو المہلب سے خالد حذاء کے واسطہ کے بغیر بھی روایت کی ہے، مگر باب کی حدیث خالد عن ابی قلابۃ کے توسط سے ابو المہلب سے روایت کی ہے۔ اور ابو قلابہ: ابو المہلب کے بھتیجے ہیں۔ وروی ابن سیرین عن أبی المهلب کا یہی مطلب ہے۔ اور حدیث مذکور کو حدیث عمران، حدیث ذوالیدین اور حدیث خرباق بھی کہتے ہیں۔

[۱۷۶] بابُ ماجاءَ فی التَّشَهُّدِ فِیْ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ

[۴۰۵-] حدثنا محمدُ بنُ یحییَ، نا محمدُ بنُ عبدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیُّ، قال: أَخْبَرَنِیْ أَشْعَثُ، عن ابنِ سِیْرِیْنَ، عن خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ، عن أبی الْمُهَلَّبِ، عن عِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم صَلّٰی بِهِمْ، فَسَهَا فَسَجَدَ سَجْدَتَیْنِ ثُمَّ تَشَهَّدَ ثُمَّ سَلَّمَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

ورَوی ابنُ سِیرینَ عن أبی الْمُهَلَّبِ – هو عَمُّ أبی قِلَابَةَ – غَیْرَ هٰذَا الحَدِیْثِ.

ورَوَی محمدٌ هذا الحدیثَ عن خالدٍ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ، عن أبی الْمُهَلَّبِ؛ وأبو الْمُهَلَّبِ: اسْمُه عبدُ الرحمنِ بنُ عمرو، ویقالُ أیضًا: معاویةُ بنُ عمرٍو.

وقد رَوَی عبدُ الوهَّابِ الثَّقَفِیُّ وهُشَیْمٌ وغیرُ واحِدٍ هذا الحدیثَ عن خالدٍ الحَذَّاءِ، عن أبی قِلَابَةَ بَطُولِهِ، وهو حدیثُ عِمرانَ بنِ حُصَیْنٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم سَلَّمَ فِیْ ثَلَاثِ رَکْعَاتٍ مِنَ الْعَصْرِ فَقَامَ رَجلٌ یقالُ لَهُ: الْخِرْبَاقُ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی التَّشَهُّدِ فِیْ سَجْدَتَیِ السَّهْوِ، فقال بعضُهم: یَتَشَهَّدُ فِیْهِمَا وَیُسَلِّمُ، وقال

بَعْضُهُمْ: لَيْسَ فِيْهِمَا تَشَهُّدٌ وتَسْلِيْمٌ؛ وَإِذَا سَجَدَهُمَا قَبْلَ التَّسْلِيْمِ لَمْ يَتَشَهَّدْ،وهوقولُ أحمدَ وإسحاقَ، قالا: إِذَا سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ قَبْلَ السَّلَامِ لَمْ يَتَشَهَّدْ.

ترجمہ: سجدۂ سہو میں تشہد کے سلسلہ میں علماء میں اختلاف ہے،بعض حضرات کہتے ہیں: ان کے بعد تشہد پڑھے اور سلام پھیرے اور بعض کہتے ہیں: ان کے بعد تشہد اور سلام نہیں ہے اور جب قبل السلام سجدے کرے تو تشہد نہ پڑھے اور یہ امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔ وہ دونوں فرماتے ہیں: جب سلام سے پہلے سہو کے سجدے کرے تو تشہد نہ پڑھے۔

بابٌ فِيمَنْ يَشُكُّ فی الزِّيَادَةِ و النُّقْصَانِ

رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو کیا کرے؟

مذاہب فقہاء:

۱- ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو بناء علی الاقل کرے،اس کے لئے دوسری تعبیر ہے: بناء علی الیقین کرے۔مثلاً تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار؟ اس میں شک ہو تو تین سمجھے کیونکہ وہ یقینی ہے اور جہاں قعدۂ اخیرہ کا احتمال ہو وہاں قعدۂ اخیرہ کرے پس مذکورہ صورت میں تیسری پر بھی اور چوتھی پر بھی قعدہ کرے۔ یہاں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ ائمہ ثلاثہ نے اگرچہ قعدۂ اولیٰ وثانیہ کو یکساں قرار دیا ہے مگر ان کے یہاں بھی قعدہ اخیرہ کی حیثیت زیادہ ہے ورنہ احتیاط کرنے کی ضرورت پیش نہ آتی۔

۲- امام شعبی اور امام اوزاعی رحمہما اللہ کے نزدیک حکم یہ ہے کہ نماز میں جس جگہ بھی شک ہوجائے فوراً سلام پھیر کر نماز ختم کردے اور از سرنو نماز پڑھے تا آنکہ اُسے رکعتوں کی تعداد صحیح یاد رہے۔

۳- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سہو کی ہر صورت میں سجدۂ سہو کرلینا کافی ہے۔

۴- اور احناف کے نزدیک اگر مصلی کو پہلی بار شک پیش آیا ہے یا کبھی سال دو سال میں ایک آدھ بار شک ہوتا ہے تو اس کے لئے استیناف کا حکم ہے یعنی وہ از سرنو نماز پڑھے۔اور اگر شک پیش آتا رہتا ہو اور وہ ذی رائے ہو تو تحری کرے اور ظن غالب پر عمل کرے۔اور ذی رائے نہ ہو تو پھر بناء علی الاقل کرے اور جہاں قعدہ اخیرہ کا احتمال ہو وہاں قعدہ کرے کیونکہ قعدۂ اخیرہ فرض ہے،اور آخر میں سجدۂ سہو کرے۔

جاننا چاہئے کہ ذی رائے شخص کو تحری نماز کا وظیفہ جاری رکھتے ہوئے کرنی ہے، ورنہ اس پر سجدۂ سہو واجب ہوگا، علامہ حصکفی رحمہ اللہ نے درمختار میں یہی مسئلہ لکھا ہے۔اور ابن الہمام رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ چاہے وظیفہ موقوف

کر کے سوچے اور چاہے وظیفہ جاری رکھنے کے ساتھ سوچے ہر صورت میں سجدۂ سہو واجب ہے۔اور علامہ کشمیری قدس سرہ نے صاحب درمختار کے قول کو اظہر (قوی) قرار دیا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلۂ باب میں تین روایتیں ہیں۔ایک: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے جو مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جب کسی شخص کو نماز میں رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو چاہئے کہ وہ نماز از سرنو پڑھے (بحوالہ نصب الرایہ ۲:۱۷۳) امام اوزاعی اور امام شعبی رحمہما اللہ نے اسی حدیث کو اختیار کیا ہے۔دوسری حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہے جو متفق علیہ ہے، اس میں ہے کہ جب کسی شخص کو رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو وہ صحیح بات سوچے اور اس کے مطابق عمل کرے۔اور تیسری روایت حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی ہے جو اس باب میں ہے۔اس میں بناء علی الاقل کی بات ہے، ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے۔اور احناف نے تینوں حدیثوں کو جمع کیا ہے اور مسئلہ کی تین صورتیں تجویز کی ہیں۔واللہ اعلم

[۱۷۷] بابٌ فیمن یَشُكُّ فی الزیادةِ و النقصان

[۴۰۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا إسماعیلُ بنُ إبراهیمَ، نا هِشامٌ الدَّسْتَوائِیُّ، عن یَحییَ بنِ أبی کَثِیْرٍ، عن عِیَاضِ بنِ هِلاَلٍ، قال: قُلْتُ لِأَبِیْ سَعِیدٍ: أَحَدُنَا یُصَلِّیْ فَلاَ یَدْرِیْ کَیْفَ صَلَّی؟ فَقال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم:" إِذَا صَلَّی أَحَدُکُمْ فَلَمْ یَدْرِ کَیْفَ صَلَّی فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ"

وفی الباب: عن عثمانَ، وابنِ مسعودٍ، وعائشةَ، وأبی هریرةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی سعیدٍ حدیثٌ حسنٌ. وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ عن أبی سعیدٍ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الوَجْهِ.

ورُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَنَّهُ قَالَ:" إِذَا شَكَّ أَحَدُکُمْ فِی الوَاحِدَةِ وَالثِّنْتَیْنِ فَلْیَجْعَلْهَا وَاحِدَةً، وَإِذَا شَكَّ فِیْ الاِثْنَتَیْنِ وَالثَّلاَثِ فَلْیَجْعَلْهُمَا اثْنَتَیْنِ، ویَسْجُدْ فی ذٰلِكَ سَجدَتَیْنِ قَبْلَ أَنْ یُسَلِّمَ"

والعملُ عَلَی هذا عندَ أصحابِنا؛ وقال بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا شَكَّ فی صَلاَتِهِ فَلَمْ یَدْرِ کَمْ صَلَّی؟ فَلْیُعِدْ.

[۴۰۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نااللَّیْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم:" إِنَّ الشَّیْطَانَ یَأْتِیْ أَحَدَکُمْ فِیْ صَلاَتِهِ فَیُلَبِّسُ علیه، حتی لاَیَدْرِیْ کَمْ صَلَّی؟ فَإِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ أَحَدُکُمْ فَلْیَسْجُدْ سَجْدَتَیْنِ وَهُوَ جَالِسٌ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۴۰۸-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ خالدِ بنِ عَثْمَةَ، نا إبراهیمُ بنُ سَعْدٍ، قال: حدثنی محمدُ بنُ إسحاقَ، عن مَکْحُوْلٍ، عن کُرَیْبٍ، عن ابنِ عَبَّاسٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، قال:

سمِعتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يقولُ:" إِذَا سَهَا أَحَدُكُمْ فِيْ صَلاَتِهِ فَلَمْ يَدْرِ وَاحِدَةً صَلَّى أَوْ ثِنْتَيْنِ فَلْيَبْنِ على وَاحِدَةٍ، فَإِنْ لَمْ يَدْرِ ثِنْتَيْنِ صَلَّى أَوْ ثَلاَثًا فَلْيَبْنِ علىٰ ثِنْتَيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَدْرِ ثَلاَثًا صَلَّى أَوْ أَرْبَعًا فَلْيَبْنِ عَلىٰ ثَلاَثٍ، وَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يُسَلِّمَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وقد رُوِىَ هذا الحديثُ عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الوَجْهِ؛ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ الله بنِ عُتْبَةَ، عن ابنِ عَبَّاسٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: (حدیث ۴۰۶) عیاض بن ہلال کہتے ہیں: میں نے ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: ہم میں سے کوئی نماز پڑھ رہا ہو اور اُسے یاد نہ رہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں (تو کیا حکم ہے؟) انھوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جب تم میں سے کوئی نماز پڑھے اور اُسے یاد نہ رہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں تو چاہئے کہ وہ بیٹھے ہوئے دو سجدے کرے'' (یہ حدیث حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا مستدل ہے) ——— اور یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے متعدد طرق سے مروی ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا گیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''جب کسی کو ایک رکعت میں اور دو رکعت میں شک ہو جائے تو چاہئے کہ اُسے ایک رکعت گردانے، اور جب دو اور تین میں شک ہو جائے تو ان کو دو گردانے، اور اس میں قبل التسلیم سہو کے دو سجدے کرے (یہ ابن عوف رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو یہاں مختصر ہے اور باب کے آخر میں بالتفصیل آرہی ہے) اور ہمارے اکابر (علمائے حجاز) کے نزدیک اس حدیث پر عمل ہے اور بعض علماء کہتے ہیں کہ جب نماز میں شک ہو جائے اور یہ یاد نہ رہے کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھیں تو وہ نماز کو لوٹائے (یہ اوزاعی اور شعبی کا قول ہے)

(حدیث ۴۰۷) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک شیطان تم میں سے ایک شخص کے پاس اس کی نماز میں آتا ہے اور اس پر رکعتوں کو مشتبہ کر دیتا ہے یہاں تک کہ اُسے یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی رکعت پڑھی ہیں، پس جب کسی مصلی کو یہ بات پیش آئے تو اُسے بیٹھے ہوئے دو سجدے کر لینے چاہئیں''

(حدیث ۴۰۸) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ جب کسی شخص کو اس کی نماز میں سہو لاحق ہو اور اُسے یاد نہ رہے کہ اس نے ایک رکعت پڑھی یا دو؟ تو چاہئے کہ ایک پر بناء کرے (یعنی اس کو ایک سمجھے) اور اگر یہ یاد نہ رہے کہ اس نے دو پڑھیں یا تین؟ تو اُسے دو پر بنا کرنی چاہئے۔ اور اگر تین اور چار میں شک ہو جائے تو تین پر بناء کرے اور قبل التسلیم سجدہ سہو کرے۔ ابن عوفؓ کی یہ حدیث اس سند کے علاوہ طریق سے بھی مروی ہے، اس کو زہری: عبیداللہ سے، وہ ابن عباس سے، وہ ابن عوف سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الرجُلِ یُسَلِّمُ فی الرَّکْعَتَیْنِ مِنَ الظُّهْرِ والْعَصْرِ

ظہراورعصر کی دورکعتوں پرسلام پھیردے تو کیا حکم ہے؟

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک مرتبہ ظہر یا عصر کی نماز میں دو رکعت پرسلام پھیردیا اور حجرہ میں تشریف لے گئے۔صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین حیران تھے کہ یہ کیا ہوا؟ کیونکہ آنحضرت ﷺ کو بھول ہوئی ہو یہ بات بھی ممکن ہے،اور ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ نماز کم کردی گئی ہو، کیونکہ پہلے ہرنماز مغرب کے علاوہ دورکعت تھی، پھر بعد میں زیادتی عمل میں آئی ہے۔اور وحی نماز کے اندر بھی نازل ہوتی تھی،تحویل قبلہ کا حکم نماز ہی کے اندر آیا ہے۔لہٰذا یہ احتمال بھی تھا کہ شاید نماز کے اندر وحی آئی ہو اور فرض گھٹا دیئے گئے ہوں۔اور پیچھے سے کچھ لوگ یہ کہتے ہوئے کہ نماز میں کمی کردی گئی مسجد سے نکل بھی گئے۔حضرت ذوالیدین رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے حجرہ میں گئے اور عرض کیا: کیا فرض میں کمی ہوگئی یا آپ کو بھول لاحق ہوئی؟ آپؐ نے فرمایا: نہ کمی ہوئی اور نہ بھول ہوئی۔حضرت ذوالیدینؓ نے عرض کیا: آپ نے دو ہی رکعتیں پڑھائی ہیں۔چنانچہ آپؐ مسجد میں تشریف لائے آپؐ کے چہرہ پرغصہ کے آثار تھے۔اور آپؐ محراب کے قریب ایک لکڑی پر دونوں ہاتھ رکھ کر اور ہاتھوں پر اپنی ٹھوڑی رکھ کر کھڑے ہوئے اور پوچھا: ذوالیدین کیا کہتے ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: آنجناب نے صرف دورکعتیں پڑھائی ہیں، چنانچہ آپؐ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے اور باقی دورکعتیں پڑھائیں اور سلام کے بعد سہو کے دوسجدے کئے۔اور وہ نماز کے سجدوں کے مانند تھے یا ان سے بھی طویل تھے، پھر نماز پوری فرمائی۔

تشریح: جوشخص بھول کر درمیانِ نماز سلام پھیردے اس کی نماز ختم نہیں ہوتی کیونکہ قاعدہ ہے: سلامُ مَن عَلَيْهِ بَقِيَّةٌ مِنَ الصَّلاةِ لَایَقْطَعُ الصلاۃ: جس کی نماز ابھی باقی ہے وہ اگر (بھولے) سے سلام پھیردے تو اس کی نماز باطل نہیں ہوتی، جیسے بعض مسبوق لاعلمی میں جب امام سجدۂ سہو کے لئے سلام پھیرتا ہے تو وہ بھی سلام پھیردیتے ہیں یا بعض مسبوق بھول کر امام کے ساتھ سلام پھیردیتے ہیں۔پس جب ان کو مسبوق ہونا یاد آئے تو وہ کھڑے ہوکر باقی نماز پڑھ لیں بشرطیکہ کوئی منافی صلاۃ عمل نہ کیا ہو اور آخر میں سجدۂ سہو کرلیں، نماز صحیح ہوجائے گی۔

کلام فی الصلاۃ کا مسئلہ:

① —— امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی بناء پر نماز میں فی الجملہ (کچھ نہ کچھ) کلام کی گنجائش تسلیم کی ہے، چنانچہ ان کا مشہور قول ہے کہ نماز کے اندر ناسیاً کلام کرنے سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔اور علامہ نووی رحمہ اللہ نے شرح مہذب میں اس کے ساتھ غیرُ طویلٍ کی قید بڑھائی ہے یعنی کلام بھول کر کیا گیا ہو اور طویل نہ ہو۔مگر امام ترمذی

رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ پر ہونے والے ایک اعتراض کا جواب دیا ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک نسیان کی قید نہیں، بلکہ مطلقاً کلام فی الصلاۃ کی گنجائش ہے چاہے بھول کر ہو یا جان بوجھ کر —— امام شافعی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ کو روزے پر قیاس کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ روزہ ایک عبادت ہے اور وہاں بھول کر کھانے پینے سے روزہ باطل نہیں ہوتا اور نماز بھی ایک عبادت ہے پس اس میں بھی کلام مفسد صلوٰۃ نہیں ہونا چاہئے۔ پھر اعتراض ہوا کہ عمداً کھانے پینے سے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے پھر عمداً کلام فی الصلاۃ سے نماز فاسد کیوں نہیں ہوتی؟ اس کا جواب یہ دیا ہے کہ روزہ کی حدیث میں نسیان کی قید موجود ہے اور یہاں کوئی قید نہیں۔ اس لئے خواہ عمداً کلام کرے یا ناسیاً نماز فاسد نہیں ہوگی۔ اس سوال وجواب سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول عمداً کلام فی الصلاۃ سے بھی نماز نہ ٹوٹنے کا ہے۔

(۲) —— اور امام احمد رحمہ اللہ کا قول مصنف رحمہ اللہ نے یہ بیان کیا ہے کہ اگر امام یا مقتدی یا دونوں کے گمان میں نماز پوری ہوچکی ہے جبکہ نفس الامر میں پوری نہیں ہوئی پھر کلام کیا گیا تو کلام اثر انداز نہیں ہوگا، بصورت دیگر نماز فاسد ہوجائے گی۔ وہ فرماتے ہیں: مذکورہ حدیث میں حضور اکرم ﷺ کا اور صحابہ کا خیال یہ تھا کہ فرض مکمل ہو چکا ہے۔ آنحضرت ﷺ سمجھ رہے تھے کہ آپ نے پوری نماز پڑھائی ہے اور صحابہ کا خیال تھا کہ شاید نماز میں کمی ہوگئی ہے۔ غرض امام اور مقتدی سب یہ سمجھ رہے تھے کہ نماز مکمل ہوچکی ہے اس لئے یہ کلام مفسد صلاۃ نہیں۔

(۳) —— اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً کلام مفسد صلاۃ ہے خواہ قلیل ہو یا کثیر، عمداً ہو یا ناسیاً یا جاہلاً۔ اور ان کی تین دلیلیں ہیں:

۱- حضرت معاویہ بن الحکم سُلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ دورانِ جماعت ایک شخص نے چھینکا انھوں نے جواباً یرحمک اللہ کہا۔ لوگوں نے ان کو گھورا تو وہ نماز ہی میں بولے: تم لوگ مجھے کیوں گھور رہے ہو؟ صحابہ نے رانوں پر ہاتھ مارے چنانچہ وہ خاموش ہوگئے۔ نماز کے بعد آنحضور ﷺ نے ان کو مسئلہ بتلایا: **إِنَّ هذه الصلاةَ لایَصْلُح فیها شیئٌ من کلام الناس إنما هی التسبیح والتکبیر وقراءۃُ القرآن** یعنی نماز میں کلام کی مطلق گنجائش نہیں، نماز صرف تسبیح وتکبیر اور قراءتِ قرآن ہے (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۹۷۸ باب مالا یجوز إلخ)

۲- حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ پہلے لوگ نماز میں بات چیت کرتے تھے۔ یہاں تک کہ سورۂ بقرہ کی آیت ۲۳۸ نازل ہوئی یعنی ﴿قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ﴾ پس خاموش رہنے کا حکم دیا گیا۔ اور کلام سے روک دیا گیا۔ یہ حدیث ابن ماجہ کے علاوہ پوری جماعت نے روایت کی ہے (بخاری حدیث ۴۵۳۴ کتاب التفسیر)

۳- حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ارضِ حبشہ کی طرف ہجرت کرنے سے پہلے حضور اکرم ﷺ نماز کے اندر سلام کا جواب دیتے تھے۔ جب میں ہجرت کے بعد مدینہ آیا اور خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو آنحضور

ﷺ نماز پڑھ رہے تھے، میں نے سلام کیا آپ نے جواب نہیں دیا، پھر نماز مکمل فرما کر جواب دیا اور فرمایا: ''اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں اپنے دین میں احکام بھیجتے ہیں، تمہارے حبشہ جانے کے بعد اللہ نے جو احکام بھیجے ہیں ان میں سے یہ حکم بھی ہے کہ تم نماز میں بات نہ کرو'' (ابوداؤد، مشکوۃ حدیث ۹۸۹) ——— ان تینوں حدیثوں سے یہ بات صاف نکلتی ہے کہ نماز میں سلام کا جواب دینا یا کوئی دوسرا کلام کرنا مفسد نماز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں جو اختلاف ہے وہ نقطۂ نظر کا اختلاف ہے۔احناف نے جو تین روایتیں پیش کی ہیں وہ قولی ہیں اور باب میں مذکور حدیث فعلی ہے اور فعل وقول میں جب تعارض ہوتا ہے تو ائمہ ثلاثہ فعلی حدیث کو ترجیح دیتے ہیں اور اس کے ذریعہ قولی حدیث میں تخصیص کرتے ہیں۔وہ فرماتے ہیں کہ فعلی حدیث قولی سے اقوی ہے کیونکہ اس میں نسخ کا احتمال نہیں جبکہ قولی حدیث میں یہ احتمال ہوتا ہے اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے۔اور احناف کے تینوں مستدلات میں اس حدیث کے ذریعہ تخصیص کی ہے اور یہ مسئلہ طے کیا ہے کہ نماز کے اندر فی الجملہ یعنی تھوڑے کلام کی گنجائش ہے، طویل کلام کی گنجائش نہیں۔گویا انھوں نے ان تینوں حدیثوں کا محمل کلام طویل کو قرار دیا ہے۔

اور حنفیہ تعارض کے وقت قولی حدیث کو اختیار کرتے ہیں کیونکہ فعلی حدیث میں احتمالات نکل سکتے ہیں، وہ تشریع کے وقت کی ترخیص بھی ہوسکتی ہے اور وہ نبی ﷺ کی خصوصیت بھی ہوسکتی ہے اس لئے حنفیہ نے مسئلہ کا مدار قولی احادیث پر رکھا ہے اور نماز میں کلام کی گنجائش باقی نہیں رکھی۔

فائدہ: کلام فی الصلاۃ کے مسئلہ میں امام احمد رحمہ اللہ سے متعدد اقوال مروی ہیں اور وہ آخری بات جس پر ان کی رائے ٹھہر گئی ہے وہ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کے مطابق ہے یعنی مطلقاً کلام مفسد صلاۃ ہے۔تفصیل مغنی (۱:۷۰۲) میں ہے۔اسی طرح امام مالک رحمہ اللہ کے بھی اس مسئلہ میں متعدد اقوال ہیں اور قاضی عیاض رحمہ اللہ نے امام مالک کا یہ قول نقل کیا ہے کہ نماز میں کلام کی صورت میں نماز کا اعادہ مستحب ہے۔اور حارث بن مسکین (مالکی) فرماتے ہیں: امام مالک کے تلامذہ کا اس پر اجماع ہے کہ کلام فی الصلاۃ والی احادیث اسلام کے ابتدائی دور کی ہیں اور وہ سب منسوخ ہیں (عمدۃ القاری ۴:۲۶۸) پس اب مسئلہ میں اختلاف صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا رہ جاتا ہے۔

[۱۷۸] باب ماجاء فی الرجل يُسَلِّمُ فی الركعتين من الظهر والعصر

[۴۰۹-] حدثنا الأنصاریُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ، عن أيوبَ بنِ أبی تَمِيْمَةَ وَهُوَ السَّخْتِيَانِیُّ، عن مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عن أبی هريرةَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم انْصَرَفَ مِنِ اثْنَتَيْنِ، فقال له ذُو اليَدَيْنِ: أَقُصِرَتِ الصلاةُ أم نَسِيْتَ يارسولَ اللهِ؟ فقال النبیُّ صلی الله عليه وسلم: أَصَدَقَ ذُو

اليَدَيْنِ؟ فقال الناسُ: نعم، فقامَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى اثْنَتَيْنِ أُخْرَيَيْنِ، ثم سَلَّمَ، ثم كَبَّرَ، فَسَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَو أَطْوَلَ، ثم كَبَّرَ فَرَفَعَ ثم سَجَدَ مِثْلَ سُجُوْدِهِ أَوْ أَطْوَلَ.

وفي الباب: عن عِمرانَ بنِ حُصَيْنٍ، وابنِ عمرَ، وذِی اليَدَيْنِ.

قال أبو عيسى: وحديث أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی هٰذا الحديثِ، فقال: بعضُ أهلِ الكوفةِ: إِذَا تَكَلَّمَ فِیْ الصَّلاَةِ نَاسِيًا أَوْ جَاهِلاً أَوْ مَاكَانَ: فَإِنَّهُ يُعِيدُ الصَّلاَةَ، وَاعْتَلُّوْا بِأَنَّ هٰذَا الحديثَ كان قَبْلَ تَحْرِيْمِ الكلامِ فی الصَّلاَةِ.

وأما الشافعیُّ فَرَأَی هذا حديثًا صحيحاً، فقال به، وقال: هذا أَصَحُّ مِنَ الحديثِ الذی رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم فی الصَّائِمِ إِذَا أَكَلَ نَاسِيًا، فَإِنَّهُ لاَ يَقْضِیْ، وإِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ؛ قال الشافعیُّ: وَفَرَّقُوْا هٰؤُلاَءِ بَيْنَ العَمْدِ والنِّسْيَانِ فی أَكْلِ الصَّائِمِ لِحَدِيْثِ أبی هريرةَ.

قال أحمدُ فی حديثِ أبی هريرةَ: إِنْ تَكَلَّمَ الإمامُ فی شیئٍ مِنْ صَلاَتِهِ وَهُوَ يَرَی أَنَّهُ قَدْ أَكْمَلَهَا، ثُمَّ عَلِمَ أَنَّهُ لَمْ يُكْمِلْهَا، يُتِمُّ صلاتَه،ومَنْ تَكَلَّمَ خَلْفَ الإمامِ، وهويَعْلَمُ أَنَّ عليهِ بَقِيَّةً مِنَ الصَّلاَةِ فَعَلَيْهِ أَنْ يَّسْتَقْبِلَهَا، واحْتَجَّ بِأَنَّ الفَرَائِضَ كانَتْ تُزَادُ وتُنْقَصُ على عَهْدِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، فَإِنَّمَا تَكَلَّمَ ذُو اليَدَيْنِ وَهُوَ عَلٰی يَقِيْنٍ مِنْ صَلاَتِهِ أَنَّهَا تَمَّتْ، ولَيْسَ هٰكَذَا اليومَ، لَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَّتَكَلَّمَ عَلَی مَعْنَی مَا تَكَلَّمَ ذُوْ الْيَدَيْنِ، لِأَنَّ الفَرَائِضَ اليومَ لايُزَادُ فِيْها وَلاَ يُنْقَصُ؛ قال أحمدُ: نحواً مِنَ هٰذَا الكلامِ،وقال إسحاقُ نحوَ قولِ أحمدَ فی هذا الباب.

ترجمہ: علماء کا اس حدیث کی شرح میں اختلاف ہے بعض اہل کوفہ کہتے ہیں: جب نماز میں کلام کرے خواہ وہ بھول کر ہو یا جان بوجھ کر یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے یا کوئی بھی صورت ہوتو وہ نماز کو لوٹائے۔اورانھوں نے عذر پیش کیا کہ یہ حدیث کلام فی الصلاۃ کی حرمت سے پہلے کی ہے۔رہے امام شافعی تو انھوں نے اس حدیث کو صحیح سمجھا ہے اور وہ اس کے قائل ہیں (قیاس) اور فرمایا کہ یہ حدیث اس حدیث سے اصح ہے جو روزہ کے مسئلہ میں آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ جب روزہ دار بھول کر کھائے تو قضا نہیں کرے گا، کیونکہ یہ رزق اللہ نے کھلایا ہے (اعتراض مقدر کا جواب) امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: علماء نے روزہ میں کھانے میں عمد ونسیان کے درمیان فرق کیا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی وجہ سے (یعنی اس میں نسیان کی قید ہے اس لئے بھول سے کھانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، عمد کی صورت میں ٹوٹ جائے گا اور کلام فی الصلاۃ کی حدیث میں یہ قید نہیں ہے اس لئے دونوں صورتوں میں نماز باطل نہیں ہوگی)

اور امام احمد رحمہ اللہ حضرت ابو ہریرہ کی حدیث (جو باب میں ہے) کے بارے میں کہتے ہیں کہ اگر امام کسی نماز

میں کلام کرے اور اس کا گمان یہ ہو کہ اس نے نماز مکمل کرلی ہے پھر اس نے جانا کہ نماز مکمل نہیں ہوئی تو وہ اپنی نماز پوری کرے (یعنی اعادہ کی ضرورت نہیں) اور مقتدیوں میں سے جس نے کلام کیا درانحالیکہ وہ جانتا تھا کہ ابھی نماز باقی ہے تو اس پر از سرنو نماز پڑھنا واجب ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں فرائض میں کمی زیادتی ہوتی تھی۔ پس ذوالیدین نے اس یقین سے کلام کیا ہے کہ نماز مکمل ہوگئی ہے (لفظ یقین مناسب تعبیر نہیں ورنہ سوال ہوگا کہ پھر وہ حضور ﷺ کے پیچھے کمرے میں کیوں گئے؟) لیکن آج کسی کے لئے اس انداز پر کلام کرنا ممکن نہیں جس انداز پر ذوالیدین نے کیا تھا (یعنی امام کو تو آج بھی بھول ہوسکتی ہے کہ اس نے نماز مکمل کرلی ہے اس لئے اس کا کلام تو مفسد نہ ہوگا مگر مقتدیوں کو بھول ہونے کا کوئی سوال نہیں، انہیں تو یقین ہوگا کہ نماز مکمل نہیں ہوئی) کیونکہ اب فرائض میں کمی زیادتی نہیں ہوسکتی۔ پس مقتدی کی نماز فاسد ہوجائے گی۔ اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ میں نے امام احمد کے قول کو ان کے الفاظ میں نقل نہیں کیا بلکہ بالمعنی لکھا ہے۔ اور امام اسحاق اس مسئلہ میں امام احمد کے ہم زبان ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاَةِ فِی النِّعَالِ

چپل پہن کر نماز پڑھنے کا بیان

جوتے چپل اور موزے پہن کر نماز پڑھنا جائز ہے کیونکہ نماز میں پاؤں کھلے رکھنا ضروری نہیں۔ البتہ یہ شرط ہے کہ جوتے چپل پاک ہوں اور سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں زمین سے لگیں خواہ بالواسطہ لگیں یا بلاواسطہ۔ بوٹ آگے سے پتلے ہوتے ہیں اور ان کی نوک اور پاؤں کی انگلیوں کے درمیان خلا رہتا ہے اس لئے ان کو پہن کر نماز پڑھنا صحیح نہیں۔ کیونکہ ان میں سجدہ میں پاؤں کی انگلیاں بالواسطہ بھی زمین سے نہیں لگتیں اس لئے نماز صحیح نہیں ہوگی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ آنحضور ﷺ سے چپلوں میں نماز پڑھنا ثابت ہے اور صحابہ بھی چپلوں میں نماز پڑھتے تھے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی مشہور حدیث ہے کہ باجماعت نماز ہورہی تھی آنحضور ﷺ نے درمیان نماز میں اپنے چپل اتار دیئے پس صحابہ نے بھی اتار دیئے، نماز کے بعد آپ نے پوچھا: آپ حضرات نے چپل کیوں اتارے؟ سب نے عرض کیا: آپ کی اتباع میں۔ آپ نے فرمایا: میں نے اس لئے اتارے تھے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ان میں گندگی ہونے کی بات بتلائی تھی (مشکوۃ حدیث ۷۶۶) مگر کسی حدیث میں اشارہ تک نہیں کہ آنحضرت ﷺ یا صحابہ مسجد نبوی میں یا دیگر مساجد میں چپل پہن کر نماز پڑھتے تھے، روایتیں اس سلسلہ میں خاموش ہیں۔ ممکن ہے آنحضور ﷺ نے اور صحابہ نے اسفار میں اور میدانِ جنگ میں نمازیں چپلوں میں پڑھی ہوں وہاں چپلوں کو نکالنے کا موقع نہیں ہوتا اس لئے وہ حضرات چپلوں سمیت نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔ واللہ اعلم

[١٧٩] باب ماجاء في الصّلاةِ في النِّعَالِ

[٤١٠-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن سَعيدِ بنِ يَزِيْدَ أبي مَسْلَمَةَ، قال: قلتُ لِأَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَكَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ؟ قال: نَعَمْ.

وفي الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ مَسعودٍ، وعبدِ اللهِ بنِ أبي حَبِيْبَةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وعَمْرِو بنِ حُرَيْثٍ، وشَدَّادِ بنِ أَوْسٍ، وَأَوْسِ الثَّقَفِيِّ، وأبي هريرةَ، وعطاءِ رَجُلٍ مِن بَنِي شَيْبَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعَمَلُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ.

بابُ ماجاءَ في القُنُوْتِ فِيْ صلاَةِ الْفَجْرِ

فجر کی نماز میں دعائے قنوت کا بیان

لفظ قنوت کے معنی ہیں دعا۔ اور قنوت تین ہیں۔ ایک: وہ جو وتر میں پڑھا جاتا ہے اس کا بیان ابواب الوتر میں آئے گا۔ دوسرا: قنوت نازلہ ہے یعنی وہ قنوت جو دشمن کی طرف سے آنے والی کسی اُفتاد کے وقت میں پڑھا جاتا ہے اس کا بیان آگے نہیں آئے گا۔ یہ قنوت اجماعی ہے۔ جب مسلمانوں کو دشمن کی طرف سے کسی آفت کا سامنا ہو تو انہیں قنوتِ نازلہ پڑھنا چاہئے۔ پھر امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور قول یہ ہے کہ یہ قنوت صرف نماز فجر کی دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھا جائے اور دوسرا قول یہ ہے کہ تمام جہری نمازوں میں پڑھ سکتے ہیں۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک پانچوں نمازوں میں قنوتِ نازلہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور تیسرا قنوت ہے: قنوتِ راتبہ۔ یعنی ہمیشہ پڑھا جانے والا قنوت۔ اس کے صرف امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ قائل ہیں، پھر امام مالک رحمہ اللہ اس کو مستحب گردانتے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ سنت۔ باقی دو امام اس قنوت کو تسلیم نہیں کرتے اور یہ قنوت صرف فجر کی نماز میں دوسری رکعت کے قومہ میں پڑھتے ہیں۔

حدیث: براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نماز فجر اور مغرب میں قنوت پڑھا کرتے تھے ـــــــ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ نے اس حدیث میں قنوتِ راتبہ مراد لیا ہے۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ قنوت نازلہ ہے قنوتِ راتبہ نہیں ہے۔ کیونکہ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ بھی مغرب میں قنوتِ راتبہ کے قائل نہیں۔ اور چونکہ اکثر احادیث میں آنحضرت ﷺ کا صرف نماز فجر میں قنوت نازلہ پڑھنا مروی ہے اس لئے امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور قول یہی ہے اور اس حدیث میں مغرب میں بھی قنوت نازلہ پڑھنا مروی ہے اس لئے ان کا دوسرا قول تمام جہری نمازوں میں قنوتِ نازلہ پڑھنے کا ہے۔

مسئلہ: حنفی امام کے پیچھے بھی شافعی مقتدی کو قنوتِ راتبہ پڑھنا چاہئے اور چاہئے کہ وہ چھوٹا سا قنوت پڑھے پھر

امام کے ساتھ اگلے رکن میں شامل ہوجائے مثلاً دوسری رکعت کے قومہ میں رب اغفرلی ہی کہہ لے۔ اور شافعی امام کے پیچھے حنفی مقتدی کو خاموش کھڑا رہنا چاہئے۔

[۱۸۰] باب ماجاء فی القُنُوْتِ فی صلاةِ الفجر

[۴۱۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ومحمدُ بنُ المُثَنَّى، قالا: نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عن شعبةَ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن ابنِ أبی لَيْلَى، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يَقْنُتُ فی صَلَاةِ الصُّبْحِ والمَغْرِبِ.

وفی الباب: عن عليٍّ، وأنسٍ، وأبی هُريرةَ، وابنِ عباسٍ، وخُفافِ بنِ أَيْمَاءَ بنِ رَحَضَةَ الغِفَارِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ البراءِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی القُنُوْتِ فی صَلَاةِ الفَجْرِ: فَرَأَى بعضُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم القُنوتَ فی صلاةِ الفجرِ؛ وهُوَ قولُ الشافعيِّ؛ وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: لايَقْنُتُ فی الفَجْرِ إلا عِندَ نَازِلَةٍ تَنْزِلُ بِالْمُسْلِمِيْنَ، فإذا نَزَلَتْ نازلةٌ فَلِلإِمَامِ أَنْ يَدْعُوَ لِجُيُوْشِ الْمُسْلِمِيْنَ.

نوٹ: سند میں ابن ابی لیلیٰ سے کبیر مراد ہیں۔

بابٌ فی تَرْكِ القُنُوْتِ

فجر میں دعائے قنوت نہ پڑھنے کا بیان

یہ باب مانعینِ قنوت کے لئے ہے۔ ابو مالک اشجعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے اپنے والد سے پوچھا: آپ نے مدینہ منورہ میں خلفاء ثلاثہ کی اقتداء میں اور کوفہ میں تقریباً پانچ سال حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نمازیں پڑھی ہیں، کیا یہ حضرات فجر میں قنوت پڑھتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: پیارے بیٹے! یہ نئی چیز ہے۔

فائدہ: نماز کی موجودہ شکل مختلف مراحل سے گذری ہے۔ آنحضور ﷺ نے ابتدائی ایام میں فجر میں قنوت پڑھا ہے مگر بعد میں ترک کردیا تھا۔ اور صغار صحابہ نے جب دیکھا کہ مرورِ زمانہ سے لوگ آنحضرت ﷺ کے اس عمل کو بھول گئے ہیں تو انھوں نے کبھی کبھی اس پر عمل شروع کیا تاکہ لوگ اس عمل کو بھی محفوظ کریں، مگر چونکہ ہر نئی چیز لذیذ ہوتی ہے اس لئے بعض لوگوں نے اس سے دلچسپی لینی شروع کردی اور وہ یہ عمل دوام کے ساتھ کرنے لگے۔ ابو مالک اشجعی رحمہ اللہ کے علاقہ میں بھی بعض لوگ فجر میں دوام کے ساتھ قنوت پڑھنے لگے تھے، چنانچہ آپ نے اپنے والد سے استصواب کیا انھوں نے اس کو بدعت قرار دیا۔

[۱۸۱] بابٌ فی ترك القنوت

[٤١٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَزِيدُ بنُ هَارُوْنَ، عن أبی مالكٍ الأَشْجَعِیِّ، قال: قلتُ لِأَبِی: يا أَبَتِ! إِنَّكَ قد صَلَّيْتَ خَلْفَ رسولِ الله صلی الله عليه وسلم وأَبِیْ بكرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ وعلیِّ بنِ أَبی طالبٍ هٰهُنَا بالكُوْفَةِ نحواً مِنْ خَمْسِ سِنِيْنَ، أَكَانُوْا يَقْنُتُوْنَ؟ قال: أَیْ بُنَیَّ مُحْدَثٌ.

حدثنا صالِحُ بنُ عبدِ الله، نا أَبو عَوَانَةَ، عن أبی مالكٍ الأَشْجَعِیِّ بِهٰذا الإسنادِ نحوَهُ بمعناه.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ والعملُ عليهِ عندَ أَكثرِ أهلِ العلمِ؛ وقال سفيانُ الثوریُّ: إنْ قَنَتَ فی الفَجْرِ فَحَسَنٌ، وإِنْ لَمْ يَقْنُتْ فَحَسَنٌ، واخْتَارَ أَنْ لَا يُقْنَتَ، ولَمْ يَرَ ابنُ المبَارَكِ القُنُوْتَ فِیْ الْفَجْرِ.

قال أبو عيسى: وأبو مالكٍ الأَشْجَعِیُّ: اسْمُهُ سَعْدُ بنُ طَارِقِ بنِ أَشْيَمَ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث پر اکثر اہل علم کا عمل ہے اور سفیان ثوری فرماتے ہیں: اگر فجر میں قنوت پڑھے تو بھی ٹھیک ہے اور اگر نہ پڑھے تو بھی ٹھیک ہے اور خود انھوں نے یہ بات پسند کی کہ قنوت نہ پڑھا جائے اور حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ فجر کی نماز میں قنوت کے قائل نہیں تھے۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ يَعْطِسُ فی الصَّلاَةِ

نماز میں چھینک آنے کا بیان

نماز کے اندر اگر چھینک آئے تو نہ تحمید کرنی چاہئے اور نہ کسی دوسرے چھینکنے والے کی تشمیت کرنی چاہئے۔ اور اگر کسی نے چھینکنے کے بعد غیر اختیاری طور پر تحمید کرلی تو کوئی مضائقہ نہیں، البتہ تشمیت سے نماز فاسد ہوجائے گی۔ کیونکہ یرحمک اللہ میں کاف خطاب کی ضمیر ہے پس کلام متحقق ہوگیا اس لئے نماز فاسد ہوجائے گی۔

حدیث: حضرت رفاعۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی اور انہیں چھینک آئی تو انھوں نے اس طرح تحمید کی: الحمد لله حمداً كثيراً طَيِّبًا مُبَارَكاً فيه مباركاً عليه كمايُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى (مصری نسخہ میں دونوں جگہ مُبارکا علیہ نہیں ہے۔ اور اس جملہ کو موجود مان لیا جائے تو یہ مبارکا فیه کی تاکید ہے) نماز کے بعد رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: نماز میں کون بولا؟ آپؐ نے یہی سوال تین مرتبہ کیا۔ حضرت رفاعۃ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بولا تھا۔ آپؐ نے فرمایا: کیا بولے تھے؟ انھوں نے تحمید کے وہ کلمات دوہرائے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! واقعہ یہ ہے کہ

میں نے تیس سے زائد فرشتوں کو دیکھا جو ان کلمات کی طرف جھپٹے، ہر فرشتہ چاہتا تھا کہ وہ ان کلمات کو لے کر بارگاہِ رب العالمین میں پہنچے ——— یعنی نبی ﷺ نے اس کو شاندار ذکر قرار دیا۔ پس تحمید کے موقع پر یہ ذکر کرنا چاہئے۔

تشریح: بیشک مذکورہ تحمید شاندار ذکر ہے مگر اس کے باوجود چھینکنے کے بعد یہ یا کوئی اور ذکر نماز کے اندر نہیں کرنا چاہئے کیونکہ نبی پاک ﷺ نے تحمید کرنے والے کو تین مرتبہ ڈانٹا ہے۔ اور اس کو کلام فی الصلاۃ قرار دیا ہے۔ جو لوگ عربی زبان کی باریکیوں سے واقف ہیں وہ من المتکلم فی الصلاۃ؟ کے وزن کا اندازہ کرسکتے ہیں کہ یہ کتنی سخت ڈانٹ ہے، چنانچہ حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ سہم گئے تھے جواب دینے کی ان میں ہمت نہیں تھی۔ پھر آپ نے ان کی تسلی کی خاطر اس کو شاندار ذکر قرار دیا۔ غرض آنحضور ﷺ نے تحمید کرنے کو بھی نماز کے اندر بولنا قرار دیا ہے اس وجہ سے تمام علماء متفق ہیں کہ نماز کے اندر نہ تحمید کی گنجائش ہے نہ تشمیت کی۔

[۱۸۲] باب ماجاء فی الرجل يَعْطِسُ فی الصلاة

[٤١٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا رِفَاعَةُ بنُ يَحيى بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ رِفَاعَةَ بنِ رَافِعٍ الزُّرَقِيُّ، عن عَمِّ أَبيهِ مُعاذِ بنِ رِفاعةَ، عن أبيهِ، قال صَلَّيْتُ خَلْفَ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فَعَطَسْتُ، فَقُلْتُ: الحمدُ لله حَمْداً كَثِيراً طَيِّبًا مُبارَكاً فيه مُبارَكاً عليه كما يُحِبُّ رَبُّنَا ويَرْضَى، فَلَمَّا صَلَّى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ فقال: " مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فی الصلاۃِ؟" فَلَمْ يَتَكَلَّمْ أَحدٌ، ثُمَّ قالَهَا الثَّانِيَةَ: " مَنِ المُتَكَلِّمُ فِيْ الصَّلاةِ؟" فَلَمْ يتكلمْ أحدٌ، ثم قالَهَا الثَّالِثَةَ: " مَنِ الْمُتَكَلِّمُ فی الصَّلاةِ؟" فقال رِفَاعَةُ بنُ رَافِعِ بنِ عَفْرَاءَ: أَنَا يارسولَ الله! قال: كَيْفَ قُلْتَ؟ قال: قُلتُ: الحَمْدُ لله حَمْدًا كثيراً طَيِّبًا مُبارَكاً فيه مباركاً عليه كما يُحِبُّ ربُّنا ويَرْضَى، فقال النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَقَدِ اُبْتَدَرَهَا بِضْعَةٌ وَّثَلاَثُوْنَ مَلَكاً أَيُّهُمْ يَصْعَدُ بِها"

وفى الباب: عن أنسٍ، ووائِلِ بنِ حُجْرٍ، وعامِرِ بنِ رِبِيْعَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ رِفَاعَةَ حديثٌ حسنٌ، وكَأَنَّ هٰذا الحديثَ عند بعضَ أهلِ العلمِ: أَنَّهُ فى التَّطوُّعِ، لِأَنَّ غيرَ واحِدٍ من التابعينَ قالوا: إِذَا عَطَسَ الرجلُ فى الصلاةِ المَكْتُوْبَةِ: إِنَّمَا يَحْمَدُ اللّٰهَ فِيْ نَفْسِهِ، ولم يُوَسِّعُوْا بِأَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو نفل نماز پر محمول کیا ہے (مگر یہ صحیح نہیں، کیونکہ دوسری کتب میں صراحت ہے کہ یہ مغرب کی نماز کا واقعہ ہے) اور انھوں نے فرمایا ہے کہ نوافل میں تحمید کی گنجائش ہے مگر فرائض میں تحمید نہیں کرنی چاہئے۔ ہاں دل دل میں تحمید کرسکتا ہے ——— جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہاں اقرار

کرلیا ہے کہ فی نفسہ کے معنی دل میں پڑھنے کے ہیں جبکہ فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ میں اقرأبها فی نفسك میں انہیں اصرار تھا کہ اس کے معنی سراً فاتحہ پڑھنے کے ہیں۔ اور صحیح بات وہی ہے جو یہاں ہے یعنی فی نفسه کے معنی: دل ودماغ میں تحمید کرنے اور پڑھنے کے ہیں۔

بابٌ فی نَسْخِ الْکَلاَمِ فی الصَّلاَةِ

نماز میں کلام کا جواز منسوخ ہے

حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم دورانِ نماز آنحضور ﷺ کے پیچھے باہم گفتگو کیا کرتے تھے۔ مصلی اپنے دائیں بائیں موجود شخص سے نماز کے اندر ضروری بات کرلیا کرتا تھا (بخاری شریف میں فی حاجته بھی ہے) یہاں تک کہ آیت ﴿قُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ﴾ نازل ہوئی۔ پس ہمیں خاموش رہنے کا حکم دیا گیا اور بات کرنے سے روک دیا گیا ــــــ یہ مسئلہ پہلے تفصیل سے گذر چکا ہے۔

[۱۸۳] بابٌ فی نَسْخِ الکلامِ فی الصَّلاَةِ

[۴۱۴-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا هُشَیْمٌ، نا إسماعیلُ بنُ أبی خَالِدٍ، عن الحارثِ بنِ شُبَیْلٍ، عن أبی عَمْرِو الشَّیْبَانِیِّ، عن زَیْدِ بنِ أَرْقَمَ، قال: کُنَّا نَتَکَلَّمُ خَلْفَ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ الصَّلاَةِ، یُکَلِّمُ الرجلُ مِنَّا صَاحِبَه إلی جَنْبِهِ، حَتّٰی نَزَلَتْ ﴿وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِیْنَ﴾ فَأُمِرْنَا بِالسُّکُوْتِ ونُهِیْنَا عن الْکَلاَمِ.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ، ومعاویةَ بنِ الحَکَمِ. قال أبو عیسی: حدیثُ زیدِ بنِ أَرْقَمَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعملُ علیه عندَ أکثرِ أهلِ العلمِ، قالوا: إِذَا تَکَلَّمَ الرَّجُلُ عَامِدًا فِی الصَّلاَةِ أَوْ نَاسِیًا أَعَادَ الصَّلاَةَ، وهو قَوْلُ الثوریِّ وابنِ المبارکِ.

وقال بعضُهم: إذا تَکَلَّمَ عَامِدًا فی الصَّلاَةِ أَعَادَ الصَّلاَةَ، وإِنْ کَانَ نَاسِیًا أَوْ جَاهِلاً أَجْزَأَهُ؛ وبه یقولُ الشافِعیُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر اہل علم کا عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں: جب آدمی نماز میں بات چیت کرے، خواہ بالقصد یا بھول کر تو وہ نماز کا اعادہ کرے۔ یہ ثوری اور ابن المبارک کا قول ہے (یہی احناف کا مذہب ہے) اور بعض نے کہا: جب نماز میں بالقصد بات کرے تو نماز کا اعادہ کرے اور اگر (نماز کو) بھول کر یا مسئلہ نہ جاننے کی وجہ سے بولا ہے تو

نماز ہوگئی اوراسی کے شافعیؒ قائل ہیں (معلوم ہوا کہ پہلے باب میں جوسوال مقدر کا جواب دیا ہے وہ امام شافعی رحمہ اللہ کی کسی روایت پر مبنی ہے) اورآیت: ﴿وَقُوْمُوْا﴾ سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۳۸ ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاَۃِ عند التَّوْبَۃِ

صلاۃ التوبہ کا بیان

سورۂ آل عمران کی آیت ۱۳۵ ہے: ''اور نیکوکار وہ لوگ ہیں کہ جب وہ کوئی ایسا کام کرگذرتے ہیں جو بےشرمی کا ہے یا وہ اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں یعنی کوئی بھی گناہ کا کام کرتے ہیں تو وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں، پس وہ اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں'' اس آیت سے آنحضرت ﷺ نے صلاۃ التوبہ مشروع فرمائی ہے کیونکہ اللہ کو یاد کرنے کی بہت سی شکلیں ہوسکتی ہیں۔ ان میں سب سے اعلیٰ نماز ہے۔ نماز کا مقصد اوراس کا سب سے بڑا فائدہ اللہ کا ذکر ہے۔ لہٰذا جب بندہ کسی گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوجائے تو اُسے چاہئے کہ اچھی طرح پاکی حاصل کرے پھر کم از کم دو رکعتیں اور زیادہ جتنی چاہے پڑھے اور اللہ کو راضی کرے پھر عاجزی اور انکساری کے ساتھ خوب گڑگڑا کر توبہ کرے ان شاء اللہ اس کے گناہ پر قلم عفو پھیر دیا جائے گا —— اور توبہ کی ماہیت تین چیزیں ہیں: گناہ پر پشیمان ہونا، اس گناہ سے باز آجانا اور دوبارہ وہ گناہ نہ کرنے کا عہد کرنا۔ جب یہ تینوں شرطیں جمع ہونگی تو توبہ متحقق ہوگی ورنہ صرف زبانی جمع خرچ ہوگا۔

[۱۸۴] بابُ ماجاء فی الصَّلاۃِ عِنْدَ التَّوْبَۃِ

[۴۱۵-] حدثنا قُتیبةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن عُثْمانَ بنِ الْمُغِیْرَۃِ، عن علیِّ بنِ رَبِیْعَةَ، عن أَسْمَاءَ بنِ الْحَکَمِ الفَزَارِیِّ، قال: سمعتُ علِیًّا یقولُ: إِنِّیْ کُنْتُ رَجُلاً إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم حَدِیْثًا نفعَنِی اللّٰہُ مِنْهُ بِمَا شَاءَ أَنْ یَنْفَعَنِیْ بِه، وإِذَا حَدَّثَنِیْ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ، فإِذَا حَلَفَ لی صَدَّقْتُهُ، وإِنَّهُ حَدَّثَنِیْ أبو بَکْرٍ، وصَدَقَ أَبو بَکْرٍ، قال: سمعتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقولُ: '' مَا مِنْ رَجُلٍ یُذْنِبُ ذَنْبًا ثم یَقُوْمُ فَیَتَطَهَّرُ، ثم یُصَلِّیْ ثم یَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ، إِلاَّ غَفَرَ اللّٰہُ لَهُ'' ثُمَّ قَرَأَ هذه الآیَةَ: ﴿وَالَّذِیْنَ إِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ ذَکَرُوْا اللّٰہَ﴾ إلی آخرِ الآیَةِ.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ، وأبی الدَّرْدَاءِ، وأَنَسٍ، وأبی أُمَامَةَ، ومُعاذٍ، ووَاثِلَةَ، وأبی الیُسْرِ، واسمُهُ: کعبُ بنُ عَمْرٍو.

قال أبو عیسی: حدیثُ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِن هذا الوَجْهِ مِن حَدیثِ عُثْمانَ بنِ المُغِیْرَۃِ، ورَوَی عَنه شُعْبَةُ وغیرُ واحِدٍ، فَرَفَعُوْهُ مِثلَ حدیثِ أبی عَوَانَةَ؛ ورَوَاهُ سُفیانُ الثوریُّ ومِسْعَرٌ: فَأَوْقَفَاهُ، وَلَمْ یَرْفَعاهُ إِلی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وقد رُوِیَ عن مِسْعَرٍ هذا الحدیثُ مَرْفُوْعًا أَیْضًا.

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک ایسا شخص تھا کہ جب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث سنتا تو اللہ تعالیٰ مجھے اس سے فائدہ پہنچاتے وہ جو چاہتے کہ مجھے اس سے فائدہ پہنچائیں یعنی جس قدر ممکن ہوتا میں اس پر عمل کرتا۔ اور جب مجھ سے آپؐ کے صحابہ میں سے کوئی حدیث بیان کرتا تو میں اس سے قسم لیتا (کہ کیا آپ نے خود یہ حدیث آنحضرت ﷺ سے سنی ہے یا کسی اور سے سنی ہے؟) پس جب وہ میرے سامنے قسم کھاتا تو میں اس کو سچا قرار دیتا (اور اس کی حدیث پر عمل شروع کر دیتا) اور بے شک شان یہ ہے کہ مجھ سے ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی اور ابوبکرؓ نے سچ کہا، فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ جو بھی شخص کوئی گناہ کرے، پھر وہ اٹھے، پس پاکی حاصل کرے، پھر نماز پڑھے پھر اللہ سے گناہ کی معافی مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کا گناہ معاف کر دیتے ہیں، پھر نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی —— یہ ابوعوانہ کی حدیث ہے، وہ عثمان بن المغیرۃ سے اس کو روایت کرتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: عثمان بن المغیرۃ کے علاوہ ہم کسی کی سند سے اس حدیث کو نہیں جانتے، البتہ ان سے ابوعوانہ کے علاوہ شعبہ وغیرہ بھی روایت کرتے ہیں اور وہ بھی ابوعوانہ کی طرح حدیث کو مرفوع کرتے ہیں۔ اور سفیان ثوری اور مسعر رحمہما اللہ نے بھی (عثمان سے) یہ حدیث روایت کی ہے مگر انھوں نے اس کو موقوف بیان کیا ہے (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے) البتہ مسعر سے ایک روایت مرفوع بھی آئی ہے۔

وضاحت: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ احتیاط دور نبوی سے تھی یا آپؐ کے بعد تھی؟ اس سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں ممکن ہے آپؐ کی حیات سے ہو، کیونکہ سورۃ الفرقان (آیت ۷۳) میں رحمان کے خاص بندوں کا حال یہ بیان کیا گیا ہے: ﴿وَالَّذِیْنَ إِذَا ذُکِّرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ لَمْ یَخِرُّوْا عَلَیْهَا صُمًّا وَّعُمْیَانًا﴾ یعنی رحمان کے خاص بندوں کا ایک وصف یہ ہے کہ جب ان کو اللہ کے احکام کے ذریعہ نصیحت کی جاتی ہے تو وہ ان پر اندھے بہرے ہو کر نہیں گرتے۔ اس آیت سے ثابت ہوا کہ دین کی ہر بات بے تحقیق نہیں مان لینی چاہئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اسی لئے حدیث کے سلسلہ میں احتیاط برتتے تھے۔ اور ظاہر ہے کہ جب یہ احتیاط دور نبوی میں تھی تو بعد میں بھی بدرجۂ اولیٰ رہی ہوگی۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے آپ نے قسم نہیں لی کیونکہ ان کی صداقت کا یقین تھا۔ وہ صدیق تھے اگر ان سے بھی قسم لی جاتی تو ماوشما کا فرق اٹھ جاتا۔ نیز وہ امیر المؤمنین تھے اور انبیاء کے بعد مخلوقِ خدا میں سب سے برتر تھے، پس ان سے قسم لینا ان کے علوشان کے خلاف تھا۔ علاوہ ازیں یہ صرف ایک احتیاطی تدبیر تھی کوئی شریعت کا لازمی حکم نہیں تھا۔

بابُ ماجاءَ مَتَی یُؤْمَرُ الصَّبِیُّ بالصَّلاۃِ؟

بچے کو نماز کا حکم کس عمر میں دینا چاہئے؟

تمام ائمہ متفق ہیں کہ نابالغ بچہ پر خواہ وہ لڑکا ہو یا لڑکی نماز فرض نہیں۔ اور حدیث شریف میں جو سات سال اور

دس سال کی عمر میں بچہ کو نماز کا حکم دینے کا حکم آیا ہے وہ تمرین اور عادت ڈالنے کے لئے ہے۔ اور دس سال کے بعد اگر بچہ نماز چھوڑے تو اس سے نماز کی قضا بھی کروانی چاہئے تاکہ قضا کرنے کی بھی عادت پڑے۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ دس سال کے بعد بچہ پر نماز فرض ہوجاتی ہے خواہ وہ بالغ ہوا ہو یا نہ ہوا ہو —— اور بلوغ: علامت سے بھی ہوتا ہے اور عمر سے بھی۔ لڑکی میں علامتیں: حاملہ ہونا یا حیض آنا ہے اور لڑکے میں علامتیں: حاملہ کرنا اور احتلام ہونا ہے۔ اگر یہ علامات نہ پائی جائیں تو پھر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قمری حساب سے سترہ سال اور صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک پندرہ سال پر بچہ بالغ ہوجاتا ہے، خواہ علاماتِ بلوغ ظاہر ہوں یا نہ ہوں۔ اور فتوی صاحبین کے قول پر ہے۔ اور علماء نے یہ بات بھی کہی ہے کہ لڑکی نو سال سے پہلے اور لڑکا بارہ سال سے پہلے بالغ نہیں ہوسکتا، اس کے بعد کسی بھی وقت بالغ ہوسکتے ہیں۔ غرض تمام ائمہ متفق ہیں کہ عبادات بدنیہ جیسے نماز، روزہ اور عبادات مرکبہ جیسے حج نابالغ پر فرض نہیں۔ اور عبادات مالیہ مثلاً زکوۃ میں اختلاف ہے، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نابالغ پر وہ بھی فرض نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نابالغ پر اگر وہ صاحب نصاب ہے تو اس کے مال میں سے زکوۃ ادا کرنا ضروری ہے۔ تفصیل کتاب الزکاۃ میں آئے گی۔

[۱۸۵] بابُ ماجاءَ مَتٰی یُؤْمَرُ الصبیُّ بالصلاۃ؟

[۴۱۶-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا حرملةُ بنُ عبدِ العزیزِ بنِ الرَّبیعِ بن سَبْرَةَ الجُهَنِیُّ، عن عَمِّهِ عبدِ الملكِ بنِ الرَّبِیْعِ بنِ سَبْرَةَ، عن أَبیهِ، عن جَدِّهِ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ”عَلِّمُوْا الصَّبِیَّ الصَّلَاةَ ابنَ سَبْعِ سِنِیْنَ، واضْرِبُوْهُ عَلَیْهَا ابنَ عَشْرَةٍ“

وفی البابِ: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو. قال أبو عیسی: حدیثُ سَبْرَةَ بنِ مَعْبَدٍ الجُهَنِیِّ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وعلیه العملُ عندَ بعضِ أهلِ العلمِ؛ وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ: وقالا: ما تَرَكَ الغلامُ بعدَ عَشْرٍ من الصلاةِ فإنه یُعیدُ.

قال أبو عیسی: وسَبْرَةُ هو ابنُ مَعْبَدٍ الجُهَنِیُّ، ویقالُ هو ابنَ عَوْسَجَةَ.

ترجمہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سات سال کے بچہ کو نماز سکھلاؤ اور دس سال کے بچہ کو نماز چھوڑنے پر سزا دو —— الصبی اور الصلاۃ: علّموا کے دو مفعول ہیں۔ اور ابنَ سبع حال ہے۔ اسی طرح ابنَ عشرۃ بھی حال ہے۔ اور سکھلانا قولی بھی ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ بچہ کو نماز پڑھنے کا طریقہ اور اس میں جو اذکار ہیں وہ یاد کرائے جائیں اور فعلی سکھلانا یہ ہے کہ اس سے نماز پڑھوائی جائے اور مسجد میں ساتھ لے جائے۔ اور علماء نے یہ بھی صراحت کی ہے کہ نماز چھوڑنے پر بچہ کو ہاتھ سے سزا دی جائے لکڑی سے سزا نہ دی جائے۔

بابُ ماجاءَ فی الرَّجُلِ یُحْدِثُ بَعْدَ التَّشَهُّدِ

قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد حدث پیش آجائے تو کیا حکم ہے؟

جاننا چاہئے کہ اس باب میں جو حدیث ہے اس میں ایک افریقی راوی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اس سے بدظن ہیں اس لئے آپ نے اس حدیث کو ضعیف کہا ہے، مگر پہلے یہ بات آچکی ہے کہ اس راوی میں ضعف کی کوئی وجہ نہیں اس کی تضعیف غلط فہمی کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ چنانچہ امام بخاری، احمد بن صالح، ابوداؤد اور اسحاق بن راہویہ رحمہم اللہ وغیرہ نے اس کی توثیق کی ہے پس یہ حدیث قابل استدلال ہے۔

اور باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی شخص کو قعدۂ اخیرہ میں بقدر تشہد بیٹھنے کے بعد یا تشہد پڑھ لینے کے بعد خود بخود حدث پیش آجائے تو کیا حکم ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس کے لئے استیناف یعنی نماز از سر نو پڑھنا افضل ہے، اور بناء کرنا بھی جائز ہے اور دونوں میں سے کچھ نہ کرے تو بھی نماز صحیح ہوگئی، کیونکہ وہ نماز کا آخری فرض بھی ادا کرچکا ہے۔ اس لئے کہ حنفیہ کے نزدیک نماز کا آخری فرض تشہد پڑھ لینا یا بقدر تشہد بیٹھ لینا ہے اور دلیل باب کی حدیث ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جب کسی شخص کو حدث پیش آئے درانحالیکہ وہ نماز کے آخر میں بیٹھ چکا ہے، سلام پھیرنے سے پہلے یعنی وہ تشہد پڑھ چکا ہو یا بقدر تشہد بیٹھ چکا ہو اور سلام نہ پھیرا ہو اور حدث پیش آجائے تو اس کی نماز ہوگئی۔ معلوم ہوا کہ سلام ارکان صلاۃ میں سے نہیں بلکہ نماز کا آخری فرض قدر تشہد بیٹھنا ہے۔

اور دوسری دلیل حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ابوداؤد (حدیث ۹۷۰) وغیرہ میں ہے۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: إذا قلتَ هذا أو قضيتَ هذا فقد قضيتَ صلاتَك: جب تو نے تشہد پڑھ لیا یا تشہد کے بقدر بیٹھ چکا تو تیری نماز پوری ہوگئی۔ دارقطنی، ابن حبان اور بیہقی نے اس ٹکڑے کو مُدرج فی الحدیث کہا ہے مگر یہ بات صحیح نہیں۔ زہیر بن معاویہ سے متعدد ثقہ حضرات اس ٹکڑے کو مرفوع روایت کرتے ہیں (معارف السنن ۴: ۳۴۴)

غرض حنفیہ اور اسحاق بن راہویہ کے نزدیک نماز کا آخری فرض بقدر تشہد بیٹھنا ہے اس کے بعد حدث لاحق ہو تو نماز صحیح ہوجاتی ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک آخری فرض سلام ہے اور ان کا مستدل: تَحْلِیْلُهَا التسلیمُ ہے۔ تفصیل کتاب الطہارۃ کے شروع میں گذر چکی ہے۔ پس قدر تشہد کے بعد بھی اگر مصلی کو حدث پیش آئے تو نماز فاسد ہوجائے گی، کیونکہ ابھی ایک فرض باقی ہے اور نماز از سر نو پڑھنی ہوگی کیونکہ ائمہ ثلاثہ بناء کا مسئلہ تسلیم نہیں کرتے۔

فائدہ: احناف کے نزدیک ایک دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ قدرِ تشہد کے بعد اگر مصلی جان بوجھ کر حدث کرے یعنی کوئی منافیٔ صلوٰۃ کام کرے تو نماز ہوجائے گی یعنی ذمہ فارغ ہوجائے گا، مگر چونکہ سلام واجب ہے اس لئے اس کو جان بوجھ کر ترک کرنے کی صورت میں کراہیتِ تحریمی کا ارتکاب لازم آئے گا۔ اور نماز وقت کے اندر واجب

الاعادہ ہوگی اور وقت گذرنے کے بعد اس کا اعادہ مستحب ہوگا۔ اور اگر قدر تشہد کے بعد خود بخود نماز ختم ہوگئی جیسے فجر کی نماز میں سورج نکل آیا یا تیمّم کرنے والے کو پانی مل گیا تو نماز صحیح ہوگئی اور کوئی کراہیت بھی نہیں ہوگی۔

[۱۸٦] بابُ ماجاء فی الرجلِ یُحْدِثُ بعد التشهد

[٤١٧-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدٍ، نا ابنُ المبارکِ، أنا عبدُ الرحمنِ بنُ زِیَادِ بنِ أَنْعُمٍ، أَنَّ عَبدَ الرحمنِ بنَ رَافِعٍ، وبَکْرَ بنَ سَوَادَةَ أَخْبَرَاهُ، عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: " إِذَا أَحْدَثَ یَعْنِی الرجُلُ وَقَدْ جَلَسَ فِیْ آخِرِ صَلاَتِهِ قَبْلَ أَنْ یُّسَلِّمَ فَقَدْ جَازَتْ صَلاتُه"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ لَیْسَ إسنَادُه بالقَوِیِّ، وقدِ اضْطَرَبُوْا فِی إسنادِهِ.

وقد ذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ إلی هٰذا، قالوا: إذا جَلَسَ مِقْدَارَ التَّشَهُّدِ، وَأَحْدَثَ قَبْلَ أَنْ یُّسَلِّمَ فقد تَمَّتْ صَلاتُه.

وقال بعضُ أهلِ العلمِ: إِذَا أَحْدَثَ قَبْلَ أن یَّتَشَهَّدَ أَوْ قَبْلَ أَنْ یُّسَلِّمَ أَعَادَ الصلاةَ، وهوقولُ الشافعیِّ.

وقالَ أحمدُ: إِذَا لَمْ یَتَشَهَّدْ وَسَلَّمَ أَجْزَأَهُ لِقَوْلِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم:" وَتَحْلِیْلُهَا التَّسْلِیْمُ" وَالتَّشَهُّدُ أَهْوَنُ، قَامَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم فی اثْنَتَیْنِ، فَمَضَی فی صَلاتِه وَلَمْ یَتَشَهَّدْ.

وقال إسحاقُ بنُ إبراهیمَ: إِذَا تَشَهَّدَ وَلَمْ یُسَلِّمْ أَجْزَأَه واحتجَّ بحَدیثِ ابنِ مَسعودٍ حِیْنَ عَلَّمَهُ النبیُّ صلی الله علیه وسلم التَّشَهُّدَ، فقال:" إذا فَرَغْتَ مِن هٰذا فقد قَضَیْتَ مَا عَلَیْكَ"

قال أبو عیسی: وعبدُ الرحمنِ بنُ زِیادٍ: هو الإفریقیُّ، وقد ضَعَّفَه بعضُ أهلِ الحدیثِ، منهم یحیی بنُ سعیدٍ القطانُ، وأحمدُ بنُ حنبلٍ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" جب آدمی نے حدث کیا درانحالیکہ وہ اپنی نماز کے آخر میں بیٹھ چکا ہے، سلام پھیرنے سے پہلے تو بالتحقیق اس کی نماز ہوگئی" یہ افریقی کی حدیث ہے اور اس کی سند قوی نہیں اور روات اس کی سند میں مختلف ہیں۔ اور بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جب آدمی بقدر تشہد بیٹھ چکے اور سلام پھیرنے سے پہلے حدث پیش آجائے تو اس کی نماز ہوگئی (یہ احناف کا مذہب نہیں اس صورت میں ان کے یہاں استیناف یا بناء کا حکم ہے) اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب تشہد سے پہلے یا سلام سے پہلے حدث پیش آجائے تو نماز کا اعادہ ضروری ہے اور یہ شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔ اور امام احمد نے فرمایا: جب تشہد نہ پڑھا ہو اور سلام پھیر دے تو کافی ہے (یعنی آخری رکعت کے دوسرے سجدہ سے اٹھتے ہی معاً سلام پھیر دے تو کافی ہے) رسول اللہ ﷺ کے ارشاد: **تحلیلها التسلیم** کی وجہ سے۔ اور تشہد کا معاملہ ہلکا ہے (یعنی سلام پھیرنا تو فرض ہے مگر تشہد پڑھنا فرض نہیں)

کیونکہ رسول اللہ ﷺ دو رکعت پر کھڑے ہوگئے تھے اور نماز کو آگے جاری رکھا تھا اور تشہد نہیں پڑھا تھا (معلوم ہوا کہ تشہد فرض نہیں اور دوسرے تشہد کا حکم وہی ہے جو پہلے کا ہے۔ پس دونوں کا فرض نہ ہونا ثابت ہوا) اور حضرت اسحاق فرماتے ہیں: جب تشہد پڑھ لے اور سلام نہ پھیرے تو کافی ہے (یعنی تشہد فرض ہے سلام فرض نہیں) اور انھوں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے جبکہ ان کو آنحضرت ﷺ نے تشہد سکھلایا تو فرمایا: جب تو اس سے فارغ ہو جائے تو جو تجھ پر فرض تھا تو نے اُسے ادا کر دیا۔ اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ امام احمد اور یحییٰ قطان رحمہما اللہ نے افریقی کی تضعیف کی ہے۔

بابُ ماجاء إذا كانَ المَطَرُ فَالصَّلَاةُ فِي الرِّحَالِ

بارش ہو تو نماز ڈیروں میں پڑھے

تمام ائمہ کے نزدیک کچھ اعذار ہیں جن کی وجہ سے جماعت سے متخلف ہونا جائز ہے۔ اور بارش ان اعذار میں سے ایک عذر ہے۔ رہی یہ بات کہ کتنی بارش عذر ہے؟ یہ معاملہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے، کیونکہ رات اور دن میں، اور مختلف زمانوں میں اور بجلی کے ہونے نہ ہونے کی وجہ سے اور سڑک کے پختہ اور خام ہونے کی وجہ سے، نیز صحت اور عمر کے اعتبار سے، لوگوں کے احوال مختلف ہوتے ہیں۔ پس اگر کسی کا خیال ہے کہ بارش میں اس کے لئے مسجد تک پہنچنا بہت مشکل ہے تو وہ گھر پر نماز پڑھ سکتا ہے۔ اور اگر مسجد جانے میں کوئی خاص دشواری نہ ہو تو پھر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنی ضروری ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ایک حدیث ہے إذا ابْتُلِيَتِ النِّعالُ فَصَلُّوْا فی الرِّحال (جب اتنی بارش ہو جائے کہ جوتا چپل اور پاؤں زمین پر رکھنے سے بھیگ جائیں تو گھر نماز پڑھو) یہ حدیث بے سروپا ہے۔ صاحب نہایہ (یہ غریب الحدیث کے موضوع پر کتاب ہے) نے نعل اور رحل کے مادوں میں یہ حدیث ذکر کی ہے، مگر یہ حدیث کتبِ احادیث میں نہیں پائی جاتی اس لئے یہ غیر معتبر ہے کیونکہ کسی حدیث کا کتب فقہ میں یا کتب تفسیر میں یا بزرگوں کے ملفوظات میں یا کسی اور جگہ پایا جانا حدیث کی صحت کے لئے کافی نہیں تا آنکہ وہ حدیث کی کسی کتاب میں ملے اور اس کے تمام روات ثقہ بھی ہوں۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم لوگ ایک سفر میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھے۔ بارش شروع ہوگئی تو آپؐ نے اعلان کروایا کہ جو اپنے ڈیرے میں نماز پڑھنا چاہے اس کے لئے اجازت ہے۔

تشریح: حضور اکرم ﷺ کا قافلہ جب کسی جگہ پڑاؤ کرتا تھا تو آپؐ کے خیمہ کے قریب کوئی جگہ ہموار کر کے نماز پڑھنے کے لئے تیار کر لی جاتی تھی۔ چونکہ بارش میں وہ جگہ بھیگ گئی تھی اور سب مسلمانوں کو یکجا با جماعت نماز پڑھنے

کے لئے کوئی جگہ میسر نہیں تھی اس لئے آنحضور ﷺ نے یہ اعلان کرایا کہ اپنے ڈیروں میں نماز پڑھ لو۔

[۱۸۷] بابُ ماجاء إذا كانَ الْمطَرُ فالصلاةُ فی الرحال

[٤١٨-] حدثنا أبُو حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عليٍّ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، نا زُهَيْرُ بنُ مُعاوية، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن جابرٍ، قال كُنَّا مَعَ النبیِّ صلی الله عليه وسلم فی سَفَرٍ فَأَصَابَنَا مَطَرٌ، فقال النبیُّ صلی الله عليه وسلم:'' مَنْ شَاءَ فَلْيُصَلِّ فِیْ رَحْلِهِ''

وفی الباب:عن ابنِ عُمَرَ، وسَمُرَةَ، وأبی الْمَلِيْحِ عن أبيهِ، وعبدِ الرحمنِ بنِ سَمُرَةَ.قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رَخَّصَ أهلُ العلمِ فی القُعُوْدِ عن الجماعةِ والجُمُعَةِ فِی الْمَطَرِ والطِّيْنِ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

قال: سمعْتُ أَبَا زُرْعَةَ يقولُ: رَوَى عَفَّانُ بنُ مُسْلِمٍ عن عَمْرِو بنِ عَلِيٍّ حَدِيْثًا، وقال أبو زُرْعَةَ: لَمْ أَرَ بالبَصْرَةِ أَحْفَظَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الثَّلَاثَةِ: علیِّ بنِ المدينیِّ، وابنِ الشاذكُوْنِیِّ، وعَمْرِو بن علیٍّ.

وأبو المَليحِ بنُ أُسَامَةَ: اسْمُهُ عَامِرٌ، ويُقَالُ: زيدُ بنُ أسامَةَ بنِ عُمَيْرٍ الهُذَلِیُّ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ ابوحفص عمرو بن علی بڑے محدث ہیں اوران کی جلالتِ شان کے لئے یہ بات کافی ہے کہ ان کے اورامام احمد، امام بخاری اورامام مسلم رحہم اللہ کے استاذ عفان بن مسلم رحمہ اللہ نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے جیسے امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنے تلمیذ حضرت امام ترمذی رحمہ اللہ سے ایک حدیث روایت کی ہے جو ترمذی جلد ثانی میں ہے۔اورابوزرعہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بصرۃ میں حفاظ حدیث تین شخص تھے: ابن المدینی، ابن الشاذکونی اورابوحفص عمرو بن علی۔

بابُ ماجاءَ فی التَّسْبِيْحِ فی أَدْبَارِ الصَّلَاةِ

نماز کے بعد کی تسبیحات کا بیان

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ تمام وہ احادیث جن میں دُبرالصلوات میں دعا کرنے کا ذکر ہے ان سب جگہوں میں قعدۂ اخیرہ مراد ہے کیونکہ دُبر: حیوان کا جز ہوتا ہے پس سب جگہ نماز کا آخری جز یعنی قعدۂ اخیرہ مراد لیا جائے گا اس طرح انھوں نے نمازوں کے بعد دعا کی نفی کی ہے۔مگر ان کا یہ خیال صحیح نہیں، کیونکہ دبر اگرچہ حیوان کا جز ہوتا ہے مگر دبرالشیٔ: شیٔ کا ظرف ہوتا ہے جز نہیں ہوتا باب میں مذکور حدیث اس کی دلیل ہے۔رسول اللہ ﷺ نے

دبر الصلوات میں الباقیات الصالحات یعنی ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر اور دس مرتبہ لا إلٰہ إلا اللہ پڑھنے کی تلقین فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ ان کو پڑھنے والا اعمال میں آگے نکل جانے والوں کو پالیتا ہے اور پیچھے رہنے والے اس کو نہیں پاسکتے۔ ظاہر ہے یہ الباقیات الصالحات نماز کے بعد ہی پڑھے جاتے ہیں، قعدۂ اخیرہ میں نہیں پڑھے جاتے۔ خود ابن تیمیہ رحمہ اللہ بھی اس کے قائل نہیں ہیں۔ معلوم ہوا کہ دبر الصلوات سے قعدۂ اخیرہ مراد نہیں بلکہ سلام کے بعد کا وقت مراد ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ الباقیات الصالحات فرضوں کے بعد متصلاً پڑھنے چاہئیں۔ مگر میری ناقص رائے یہ ہے کہ دبر الصلوات میں فرضوں کے متعلقات بھی شامل ہیں پس سنن ونوافل سے فارغ ہوکر یہ باقیات پڑھنے چاہئیں۔ تاکہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی جو حدیث پہلے گذری ہے کہ: ''آنحضور ﷺ فرضوں کے بعد صرف اللّٰھم أنت السلام کے بقدر بیٹھتے تھے'' اس کے خلاف لازم نہ آئے۔

حدیث: فقرائے صحابہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! بیشک مالدار صحابہ اعمال میں ہم سے سبقت لے گئے، کیونکہ وہ ہماری طرح نماز پڑھتے ہیں، روزے رکھتے ہیں اور ان کے پاس مال ہے جس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں اور وہ غلام آزاد کرتے ہیں اور ہم تہی دست ہیں یہ خیر کے کام ہمارے لئے ممکن نہیں، آنحضور ﷺ نے فرمایا: نمازوں کے بعد الباقیات الصالحات پڑھ لیا کرو۔ اس کی بدولت تم ان لوگوں کو جو آگے نکل گئے ہیں پالوگے اور جو پیچھے رہ گئے وہ تم کو نہیں پاسکیں گے۔

تشریح: یہ تسبیح عوام الناس میں تسبیح فاطمہ کے نام سے مشہور ہے۔ مگر حقیقت میں یہ تسبیح فقراء ہے۔ اور تسبیح فاطمہ دوسری ہے اور وہ ہے رات میں سونے سے پہلے میاں بیوی دونوں ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر پڑھیں اس عمل کی برکت سے عورت گھر کے کاموں سے تھکے گی نہیں آنحضرت ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بطور خاص یہ عمل بتلایا تھا (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۲۳۸۷)

[۱۸۸] بابُ ماجاء فی التَّسْبِیْحِ فی أَدْبَارِ الصَّلوۃ

[۴۱۹-] حدثنا إسحاقُ بنُ إبراهیمَ بنِ حَبِیْبِ بنِ الشَّهِیْدِ، وعلیُّ بنُ حُجْرٍ، قالا: حدثنا عَتَّابُ بنُ بَشِیْرٍ، عن خُصَیْفٍ، عن مُجاهدٍ وعِکْرِمةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: جاء الفُقَرَاءُ إلی رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم فقالوا: یارسولَ اللہ إِنَّ الأَغْنِیَاءَ یُصَلُّوْنَ کَمَا نُصَلِّیْ، وَیَصُوْمُوْنَ کَمَانَصُوْمُ، وَلَهُمْ أَمْوَالٌ یُعْتِقُوْنَ وَیَتَصَدَّقُوْنَ، قال: '' فَإِذَا صَلَّیْتُمْ فَقولُوا: سُبْحَانَ اللّٰهِ ثَلاثًا وثَلاثِیْنَ مَرَّةً، والحمدُ للّٰهِ

ثَلاثًا وثَلاَثِيْنَ مرةً، والله أكبرُ أَرْبَعًاوَثَلاَثِيْنَ مَرةً، ولا إلهَ إلا اللّٰهُ عَشْرَ مَرَّاتٍ، فَإِنَّكُمْ تُدْرِكُوْنَ بِه مَنْ سَبَقَكُمْ، وَلاَ يَسْبِقُكُمْ مَنْ بَعْدَكُمْ"

وفی الباب: عن كَعبِ بنِ عُجْرَةَ، وأنسٍ، وعبدِ الله بنِ عَمْرٍو، وزيدِ بنِ ثابتٍ، وأبى الدَّرْدَاءِ، وابنِ عُمَرَ، وأبى ذرٍّ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۴۲۰-] وقد رُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قال:" خَصْلَتَانِ لاَ يُحْصِيْهِمَا رَجُلٌ مسلمٌ إلاَّ دَخَلَ الجنةَ: يُسَبِّحُ اللّٰهَ فی دُبُرِ كلِّ صلاةٍ ثلاثاً وثلاثينَ، ويَحْمَدُهُ ثلاثاً وثلاثينَ، ويُكَبِّرُهُ أَرْبَعًا وثلاثين، ويسبِّحُ اللّٰهَ عند مَنَامِهِ عَشْرًا وَيَحْمَدُهُ عَشْراً، ويُكَبِّرُهُ عَشْرًا"

وضاحت: آخری حدیث (نمبر۴۲۰) جو بلا سند بیان ہوئی ہے وہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی ہے اور ہمارے نسخوں میں عبارت آگے پیچھے ہوگئی ہے، مصری نسخہ میں صحیح عبارت ہے اور یہ حدیث جلد ثانی (ص ۱۷۷ ابواب الدعوات) میں ہے وہاں مصری نسخہ کے موافق عبارت ہے صحیح حدیث اس طرح ہے: ''آنحضور ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان دو باتوں کی حفاظت کرے وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا، ایک: نمازوں کے بعد دس دس مرتبہ سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر کہنا۔ دوسری: سونے سے پہلے ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر کہنا''۔ اس لئے کہ الحَسَنَةُ بعشرة أمثالها کے ضابطہ سے ان کا ثواب ڈھائی ہزار نیکیاں ہوجائے گا اور کون مسلمان ہے جو دن بھر میں ڈھائی ہزار گناہ کرتا ہو (پس ان نیکیوں کے برائیوں کو بھسم کرنے کے بعد بھی ان میں سے کچھ نیکیاں بچ جائیں گی اور وہ قیامت کے دن دخولِ جنت کا موجب ہونگی) ـــــ اور جاننا چاہئے کہ فرضوں کے بعد کی تسبیح کے بارے میں اوپر دو عدد مروی ہیں۔ پس تسبیح وتحمید وتہلیل ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ پڑھنے چاہئیں۔ اور وقت میں تنگی ہو تو دس دس مرتبہ پڑھ لے۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاةِ عَلَى الدَّابَّةِ فی الطِّيْنِ والمَطَرِ

کیچ اور بارش میں اونٹ پر فرض نماز کا جواز

پہلے یہ مسئلہ گذرا ہے کہ سفر میں اونٹ پر نفل نماز پڑھنا جائز ہے۔ اور حضر میں جائز نہیں۔ اور سفر سے کیا مراد ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سفر شرعی مراد ہے اور احناف کے نزدیک سفر لغوی۔ چنانچہ عالمگیری میں ہے کہ جس شخص کا کھیت گاؤں سے باہر ہو اور وہ اونٹ پر سوار ہوکر اپنے کھیت کی طرف جا رہا ہو تو وہ گاؤں سے نکلنے کے بعد سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے۔

اور تمام ائمہ متفق ہیں کہ بغیر عذر کے سواری پر فرض نماز پڑھنا جائز نہیں۔ البتہ معقول عذر ہو تو جائز ہے۔ چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک طالب (وہ شخص جو دشمن کے پیچھے جا رہا ہے) اور مطلوب (جس کے پیچھے دشمن آرہا ہے) دونوں کے لئے سواری پر فرض پڑھنا جائز ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک مطلوب کے لئے تو جائز ہے کیونکہ اس کے

لئے عذر ہے اگر وہ نماز پڑھنے کے لئے رکے گا تو جان سے جائے گا۔ اور طالب کے حق میں عذر نہیں پس اس کے لئے جائز نہیں۔ تفصیل آپ حضرات بخاری میں پڑھیں گے۔ اسی طرح دلدل ہو اور زمین پر اتر کر نماز پڑھنے کی جگہ نہ ہو تو بھی سواری پر فرض پڑھنا جائز ہے، اسی طرح سیلاب آیا ہوا ہو یا کیچ ہو اور زمین پر سجدہ کرنا مشکل ہو اور آدمی کے پاس سواری بھی نہ ہو تو وہ کھڑے کھڑے اشارہ سے نماز پڑھے۔

حدیث: آنحضور ﷺ رفقاء کے ساتھ ایک سفر میں تھے قافلہ ایک تنگ نائے (تنگ راستہ، پہاڑوں کے درمیان کا درہ) سے گذر رہا تھا کہ اچانک بارش شروع ہوگئی دونوں طرف سے پہاڑوں کا پانی اترنے لگا اور وادی میں سیلاب کی صورت بن گئی۔ اسی اثناء میں نماز کا وقت آ گیا۔ آنحضور ﷺ نے اذان واقامت کہی۔ اور اپنی سواری آگے کر دی۔ باقی لوگ پیچھے ہوگئے اور آپؐ نے باجماعت نماز پڑھائی اور رکوع وسجود کی جگہ اشارہ کیا اور آپ سجدہ کا اشارہ زیادہ جھکتا ہوا فرمارہے تھے —— اس حدیث کی بناء پر امام نووی نے فرمایا کہ آنحضور ﷺ نے خود اذان دی ہے۔ مگر یہ صحیح نہیں، کیونکہ یہی حدیث مسند احمد میں ہے وہاں صراحت ہے کہ آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کہنے کا حکم دیا تھا پس یہاں اسناد مجازی ہے۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں ایک راوی ہے عمر بن الرَّمّاح یہ متکلم فیہ راوی ہے۔ بیہقی، ابن العربی اور ابن القطان نے اس کی وجہ سے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ راوی ٹھیک ہے اور حدیث صحیح ہے۔ اور امام محمد اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے اس حدیث کی بناء پر یہ بات کہی ہے کہ اگر زمین پر اتر کر باجماعت نماز پڑھنا مشکل ہو تو لوگ سواری پر باجماعت نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اور امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک ایسی صورت میں فرادی فرادی نماز پڑھیں گے جماعت جائز نہیں کیونکہ صحتِ اقتدا کے لئے اتحاد مکان ضروری ہے۔ دو آدمی ایک ہی جانور پر ہوں تو جماعت کر سکتے ہیں، یہ ائمہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالاً أَوْ رُكْبَانًا﴾ [البقرة ۲۳۹] کے ساتھ رکھے جانے کے قابل نہیں اللہ تعالیٰ نے آیت مذکور میں یہ حکم دیا ہے کہ جب دشمن کا خوف ہو اور زمین پر اتر کر جماعت کرنا اور صلاۃ الخوف پڑھنا مشکل ہو تو پھر ہر شخص تنہا تنہا نماز پڑھے سوار سواری پر اور پیادہ زمین پر پس یہی حکم کیچ اور بارش کے لئے ہے۔

[۱۸۹] بابُ ماجاء فی الصلاۃ علی الدَّابَّةِ فی الطین والمطر

[۴۲۱-] حدثنا يَحيىَ بنُ موسَى، نا شَبَابَةُ بنُ سَوَّارٍ، نا عُمرُ بنُ الرَّمَّاحِ، عن كَثِيْرِ بنِ زِيَادٍ، عن عَمْرِو بنِ عُثمانَ بنِ يَعْلَى بنِ مُرَّةَ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ: أَنَّهُمْ كانوا مَعَ النبىِّ صلى الله عليه وسلم فِى سَفَرٍ، فَانْتَهَوْا إِلَى مَضِيْقٍ، فَحَضَرَتِ الصلاةُ، فمُطِرُوْا السَّمَاءَ مِنْ فَوْقِهِمْ، وَالْبِلَّةُ مِنْ أَسْفَلَ مِنْهُمْ،

فَأَذَّنَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، وھو عَلٰی رَاحِلَتِهِ، وأَقَامَ، فَتَقَدَّمَ علی راحِلَتِهِ فَصَلَّی بِهِم، يُوْمِيْ إِيْمَاءً، يَجْعَلُ السُّجُوْدَ أَخْفَضَ مِنَ الرُّكوعِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ تَفَرَّدَ به عُمرُ بنُ الرَّمَّاحِ البَلْخِيُّ، لايُعْرَفُ إلَّا مِنْ حديثِهِ؛وقد رَوَى عنه غيرُ واحِدٍ من أهلِ العلمِ، وكذا رُوِيَ عن أنسِ بنِ مالكٍ أَنَّهُ صَلَّى فی ماءٍ وطِيْنٍ على دابَّتِهِ، والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے اس لئے کہ اس کے راوی تنہا عمر بن الرماح ہیں، البتہ ان سے روایت کرنے والے متعدد حضرات ہیں اس لئے یہ حدیث قابل لحاظ ہے اور اسی طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے پانی اور کیچ میں سواری پر نماز پڑھی اور یہی امام احمد واسحاق رحمہما اللہ کی رائے ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الاِجْتِهَادِ فی الصَّلَاةِ

نبی ﷺ کا تہجد میں انتہائی محنت فرمانا

خلاصۂ کائنات، محبوب رب العالمین ﷺ تہجد بہت طویل پڑھتے تھے اتنے طویل کہ ہمارے لئے ان کا تصور مشکل ہے۔ ایک ایک رکعت میں پوری سورۂ بقرہ، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء پڑھتے تھے۔ اور زندگی کے آخری سال میں آپؐ نے تہجد کھڑے ہوکر بھی پڑھے ہیں اور بیٹھ کر بھی، اور کبھی نماز کے دوران کھڑے ہوجاتے اور کبھی بیٹھ جاتے مگر آخری سال کے علاوہ ہمیشہ کھڑے ہوکر تہجد پڑھنے کا معمول تھا۔ نماز کی درازی کی وجہ سے پیروں پر ورم آجاتا تھا۔ کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نماز میں اتنی مشقت کیوں برداشت کرتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں آپ کے اگلے پچھلے تمام گناہوں کی بخشش کا اعلان فرمادیا ہے؟ آپؐ نے جواب دیا: ''تو کیا میں شکر گذار بندہ نہ بنوں؟'' یعنی یہ امتیاز اور یہ عظمت آپ کو عبادت ہی کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے پھر اس میں اضافہ کیوں نہ کیا جائے؟۔ چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد آپؐ کی عبادت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی تھی۔

سوال: یہاں ایک دوہرا اعتراض ہے کہ جب سبھی انبیاء معصوم ہیں تو ان کے لئے یہ اعلان کیوں نہ کیا گیا۔ صرف آنحضور ﷺ کے لئے یہ اعلان کیوں کیا گیا؟ نیز ﴿مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ﴾ امکانِ گناہ کو مستلزم ہے حالانکہ انبیاء کی عصمت کا عقیدہ مسلّمہ ہے۔

جواب: دونوں اعتراضوں کا مشترکہ جواب یہ ہے کہ بیشک تمام انبیاء معصوم ہیں اور عصمتِ انبیاء کا عقیدہ باون تولہ پاؤ رتّی ہے مگر دیگر انبیاء کے لئے اعلان اس لئے نہیں کیا گیا کہ اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ اور حضور اکرم ﷺ

کے لئے ایک موقع ایسا آیا کہ یہ اعلان ضروری تھا۔

غزوۂ حدیبیہ کے موقع پر جن شرائط پر کفار کے ساتھ صلح ہوئی تھی بظاہر اس میں مشرکین کا پلڑا بھاری نظر آرہا تھا۔ اور یہ صلح صحابہ کو ناگوار تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تو پریشان تھے، کبھی آنحضرت ﷺ کے پاس جاتے تھے اور کبھی صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس اور عرض کرتے کہ کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں؟ اور وہ لوگ باطل پر نہیں ہیں؟ پھر ہم دب کر صلح کیوں کریں؟ اس میں تو دین کی رسوائی ہے، مگر بہرحال آنحضرت ﷺ نے اللہ کے حکم سے صلح کر لی۔ جب قافلہ مدینہ کی طرف لوٹا تو یہ آیات نازل ہوئیں اور پہلی ہی آیت میں اعلان کیا گیا کہ اس صلح میں دین کی رسوائی نہیں بلکہ یہ فتح مبین ہے۔ اور اگر کسی کے ذہن میں یہ وسوسہ آئے کہ اس صلح میں آنحضور ﷺ سے غلطی ہوئی ہے تو وہ یہ اعلان سن لے کہ ہم نے اپنے نبی کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف کر دیئے۔ غرض یہاں ذنب سے لوگوں کے ذہنوں میں علی سبیل الفرض پیدا ہونے والے خیالات ہیں، پس یہ آیت امکانِ گناہ کو مستلزم نہیں۔ اور اس سے دوسرے انبیاء کی عصمت پر حرف نہیں آتا وہ سب بالیقین صغائر وکبائر سے منزّہ ہیں اور ان کے لئے یہ اعلان اس وجہ سے نہیں کیا گیا کہ اس کی ضرورت پیش نہیں آئی۔

[۱۹۰] بابُ ماجاء فی الاجتهاد فی الصلاۃ

[۴۲۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وبِشْرُ بنُ مُعَاذٍ، قالا: نا أبو عَوَانَةَ، عن زِيادِ بنِ عِلَاقَةَ، عن المُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، قال: صَلَّى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم حَتَّى انْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: أَتَتَكَلَّفُ هذا وقد غُفِرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟! قال: " أَفَلَا أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا؟!"

وفی الباب: عن أبی هُرَيْرَةَ، وعائشةَ. قال أبو عيسى: حديثُ المغيرةِ بنِ شُعْبَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ العَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الصَّلَاةُ

قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا

حدیث: حریث بن قبیصہ رحمہ اللہ اپنے گاؤں سے مدینہ منورہ آئے، اور مسجد نبوی میں نماز پڑھ کر دعا کی: "اے اللہ! میرے لئے کوئی اچھا ہمنشین (استاذ) آسان فرما" پھر اٹھے اور مسجد نبوی میں جو اسباق ہو رہے تھے ان کے پاس سے گذرے ایک مجلس کی طرف ان کا میلان ہوا وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مجلس تھی وہ اس مجلس میں بیٹھ گئے اور عرض کیا: میں نے یہاں پہنچ کر نماز پڑھنے کے بعد اللہ سے اچھے ہمنشین کی دعا کی ہے اور میرے دل کا میلان آپ کی طرف ہوا ہے پس آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنایئے جو آپ نے خود آنحضرت ﷺ سے سنی ہو، شاید اللہ تعالیٰ مجھے اس

حدیث سے نفع پہنچائیں یعنی میں اس پر عمل کروں۔ چونکہ وہ نماز پڑھ کر آئے تھے اس لئے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے نماز ہی کے بارے میں ایک حدیث سنائی کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے: ''قیامت کے دن بندے کے جس عمل کا سب سے پہلے حساب ہوگا وہ نماز ہے۔ اگر نماز کامل نکلی تو وہ کامیاب ہوگیا اور اگر اس میں خرابی پائی گئی تو لوٹیا ڈوبی! اور اگر کسی بندے کے فرائض میں کمی رہی تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائیں گے: دیکھو! میرے بندے کے پاس نوافل ہیں؟ اگر نفل ہونگے تو ان کے ذریعہ فرائض کی کمی پوری کی جائے گی۔ پھر تمام عملوں کا اسی طرح حساب ہوگا، یعنی جو بھی فرض ناقص ہوگا اور اس کی جنس سے نوافل ہونگے تو ان کے ذریعہ اس کمی کو پورا کیا جائے گا۔

الحمد للہ! لوگ نماز کی حد تک نوافل کا خوب اہتمام کرتے ہیں۔ چنانچہ فرضوں سے پہلے اور بعد میں سنتیں پڑھتے ہیں اور ان کے علاوہ بھی جتنی اللہ توفیق دیتے ہیں نوافل پڑھتے ہیں مگر روزوں اور زکات کا حال اس سے مختلف ہے۔ عام طور پر لوگ صرف فرض ادا کرتے ہیں، حالانکہ نفل روزے رکھنے چاہئیں، زکات سے زیادہ بھی غرباء پر خرچ کرنا چاہئے تاکہ وہ ہمارے کام آئے اور ہمارے فرائض کی ان سے تکمیل ہو۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ متفق علیہ حدیث میں ہے: قیامت کے دن سب سے پہلے دماء یعنی خون کا حساب ہوگا۔ اس حدیث کا باب کی حدیث سے کوئی تعارض نہیں، کیونکہ جس عمل کو سب سے پہلے جانچا جائے گا وہ نماز ہے اور جس کا سب سے پہلے نتیجہ آؤٹ ہوگا وہ خون کا معاملہ ہے۔ اور یہ تطبیق خود حدیثوں کے اندر موجود ہے چنانچہ یہاں أول ما يُحَاسَبُ ہے یعنی نماز کا حساب سب سے پہلے ہوگا یعنی جانچا جائے گا اور متفق علیہ حدیث میں ہے: أول ما يُقْضٰى۔ یعنی سب سے پہلے دماء کا فیصلہ کیا جائے گا۔ واللہ اعلم

[۱۹۱] بابُ ماجاء أن أولَ ما يُحَاسَبُ به العبدُ يوم القيامة الصلاةُ

[۴۲۳-] حدثنا عليُّ بنُ نَصْرِ بنِ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نا سَهْلُ بنُ حَمَّادٍ، نا هَمَّامٌ، قال: حدثني قَتَادَةُ، عنِ الحَسَنِ، عن حُرَيْثِ بنِ قَبِيْصَةَ، قال: قَدِمْتُ المدينةَ فقلتُ: اللّٰهُمَّ يَسِّرْ لِيْ جَلِيْسًا صَالِحًا، قال: فَجَلَسْتُ إِلٰى أبى هريرةَ، فَقُلْتُ: إِنِّى سَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يَّرْزُقَنِى جَلِيْسًا صَالِحًا، فَحَدِّثْنِى بِحَدِيْثٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم لَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يَّنْفَعَنِى بِه، فقال سمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يقولُ: '' إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِه العَبْدُ يومَ القِيَامَةِ مِنْ عَمَلِهِ صَلَاتُهُ، فَإِنْ صَلُحَتْ فَقَدْ أَفْلَحَ وَأَنْجَحَ، وَإِنْ فَسَدَتْ فَقَدْ خَابَ وَخَسِرَ، فَإِنْ انْتَقَصَ مِنْ فَرِيْضَةٍ شَيْئًا قال الربُّ تبَارَكَ وتعَالٰى: انْظُرُوْا هَلْ لِعَبْدِى مِنْ تَطَوُّعٍ؟ فَيُكَمَّلُ بِهَا مَا انْتَقَصَ مِنَ الْفَرِيْضَةِ، ثُمَّ يَكُونُ سَائِرُ عَمَلِهِ عَلٰى ذٰلِكَ''

وفى الباب: عن تميمٍ الدَّارِيِّ. قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرة حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هذا

الوَجْهِ، وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ مِنْ غَیْرِ هٰذا الوَجْهِ عَنْ أبی هریرةَ.

وقد رَوَی بعضُ أصحابِ الْحَسَنِ، عن الحَسَنِ، عن قَبِیْصَةَ بنِ ذُوَیْبٍ غَیْرَ هٰذَا الحدیثِ، والمشهورُ هُو قَبِیْصَةُ بنُ حُرَیْثٍ.

ورُوِیَ عن أنسِ بنِ حَکِیمٍ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نحوُ هذا.

وضاحت: پہلی سند میں راوی کا نام حریث بن قبیصہ ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث دیگر اسانید سے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دو راوی الگ الگ ہیں: (۱) قبیصۃ بن حُریث ان کو حریث بن قبیصہ بھی کہتے ہیں (۲) قبیصۃ بن ذُویب۔ یہ حدیث کس کی ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حسن بصری رحمہ اللہ کے بعض تلامذہ نے حسن بصری سے اور انھوں نے قبیصۃ بن ذُویب سے بھی اس کے علاوہ حدیث روایت کی ہے (پس احتمال ہے کہ یہ حدیث بھی انہی کی ہو) مگر مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث قبیصۃ بن حریث کی ہے (ابن ذُویب کی نہیں ہے)

نوٹ: العبدُ: نائب فاعل اور الصلاۃَ: أنَّ کی خبر ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ مَنْ صَلَّی فِی یَوْمٍ وَلَیْلَةٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَکْعَةً مِنْ السُّنَّةِ مَالَهُ مِنَ الْفَضْلِ؟

رات دن میں بارہ سنن مؤکدہ کی فضیلت

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سننِ مؤکدہ کی کوئی تحدید وتعیین نہیں وہ فرماتے ہیں: الصلاۃُ خیرُ موضوعٍ: نماز بہترین کام ہے پس اُسے زیادہ سے زیادہ کرنا چاہئے۔ تحدید وتعیین کرکے اس پر روک نہیں لگانی چاہئے۔ مگر حضرت کی یہ رائے دو وجہ سے غور طلب ہے: ایک: یہ نص کے مقابلہ میں قیاس ہے۔ دوسری وجہ: بیشک حد بندی نہ کرنے میں فائدہ ہے مگر نقصان بھی ہے۔ تعیین نہ ہونے کی صورت میں بہت سے لوگ صرف دو چار رکعتیں پڑھ لینے پر اکتفا کریں گے اور اگر تحدید کردی جائے تو کم از کم لوگ مقررہ تعداد تو پوری کرلیں گے۔ غرض حد بندی نہ کرنے میں صرف خواص کا فائدہ ہے اور تحدید وتعیین میں عام لوگوں کا فائدہ ہے اس لئے شریعت نے تحدید کی ہے۔ چنانچہ دوسرے تمام ائمہ سننِ مؤکدہ کی تعیین کے قائل ہیں پھر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شب وروز میں بارہ رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک دس رکعتیں ہیں۔ اور یہ اختلاف ظہر سے پہلے کی سنتوں کی وجہ سے ہوا ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ظہر سے پہلے چار سنت مؤکدہ ہیں اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک دو ہیں۔ اور اس اختلاف کی بنیاد نقطۂ نظر کا اختلاف بھی ہے اور روایات کا اختلاف بھی۔ چونکہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ہر نفل

نماز خواہ رات کی ہو یا دن کی ایک سلام سے دو رکعتیں ہی افضل ہیں۔ اس لئے انھوں نے ظہر سے پہلے دو سنتوں والی روایت لی ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دن رات کی ہر نفل نماز ایک سلام سے چار افضل ہیں اور صاحبین کے نزدیک دن میں ایک سلام سے چار افضل ہیں، اس لئے حنفیہ نے چار سنتِ مؤکدہ والی روایت کو ترجیح دی ہے۔

اس کے بعد پانچ باتیں ذہن نشین کر لینی چاہئیں:

پہلی بات: بارہ رکعت سنتِ مؤکدہ کی بھی روایت ہے اور دس رکعت کی بھی۔ اور دونوں صحیح ہیں۔ احناف نے بارہ رکعت والی حدیث کو بایں وجہ اختیار کیا ہے کہ اس کے ضمن میں دس رکعت والی روایت خود بخود آجاتی ہے، کیونکہ ادنی اعلی کا فرد اور جز ہوتا ہے جیسے خمسٌ من الفطرة اور عشر من الفطرة میں سب نے دوسری حدیث کو اختیار کیا ہے کیونکہ اس میں خمسٌ من الفطرة والی حدیث پر بھی عمل ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اس میں عبادت بھی زیادہ ہے اور ثواب بھی اور احتیاط بھی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ نے دس والی روایت لی ہے کیونکہ انھوں نے جو اصل طے کی ہے اس پر یہی روایت فٹ آتی ہے۔ اور آنحضور ﷺ سے ظہر سے پہلے جو چار رکعتیں پڑھنا مروی ہے اس کے بارے میں وہ فرماتے ہیں کہ وہ سب ظہر کی سنتیں نہیں ہیں بلکہ دو رکعت سنت زوال ہیں اور دو سنت ظہر۔ یعنی حضور اکرم ﷺ زوال کے بعد دو رکعت سنت پڑھا کرتے تھے پھر ظہر سے پہلے دو رکعت پڑھتے تھے اس طرح وہ چار ہوئیں۔

اور علامہ بدر الدین عینی اور علامہ کشمیری رحمہما اللہ کا رجحان یہ ہے اور میری بھی ناقص رائے یہی ہے کہ دونوں روایتیں معمول بہا ہیں عمومی احوال میں ظہر سے پہلے چار رکعت سنت مؤکدہ ہیں۔ اور وقت میں تنگی ہو، جماعت کھڑی ہونے والی ہو تو پھر دو رکعت پڑھ لے، اس سے بھی فضیلت حاصل ہو جائے گی۔

دوسری بات: یہ دس یا بارہ رکعتیں سنتِ راتبہ اور رواتب بھی کہلاتی ہیں اور وجہ تسمیہ یہ ہے: رَتَّب رُتوباً کے معنی ہیں: جم جانا، چونکہ بندہ حدیث میں مذکور ثواب کا مستحق مواظبت کرنے ہی پر ہوتا ہے یعنی دو چار مرتبہ ان کو پڑھ لینے سے ثواب نہیں ملتا بلکہ مواظبت پر ملتا ہے اس لئے اس کو سنتِ راتبہ اور رواتب کہتے ہیں۔

تیسری بات: عصر سے پہلے چار سنتوں کا احادیث میں تذکرہ ہے اگرچہ ان کا کوئی ثواب یا فضیلت مروی نہیں پس اس کا درجہ سنن مؤکدہ سے نیچے ہوگا۔ البتہ احادیث میں عشاء سے پہلے سنتوں کا تذکرہ نہیں ہے اور شرح منیہ (کبیری) میں جو سنن سعید بن منصور کے حوالہ سے روایت ذکر کی ہے اس کی کوئی اصل نہیں۔ کیونکہ علماء کو وہ حدیث نہیں ملی۔ اور دیگر کتب حدیث میں بھی وہ موجود نہیں، پس وہ درجہ کے لحاظ سے اور بھی نیچے ہے یعنی صرف مستحب ہے۔

چوتھی بات: جن نمازوں سے پہلے سستی پائی جاتی ہے وہاں سننِ قبلیہ تجویز ہوئی ہیں اور اس میں سستی کی کمی بیشی بھی ملحوظ ہے، چنانچہ فجر سے پہلے دو ہی رکعت سنتِ مؤکدہ ہیں کیونکہ اس وقت آدمی رات بھر سو کر بیدار ہوتا ہے اس لئے سستی کم ہوتی ہے۔ اور ظہر سے پہلے چار سنتیں رکھی گئی ہیں کیونکہ اس سے پہلے قیلولہ ہے جو مختصر ہوتا ہے اور اس

وقت عام طور پر آدمی کچی نیند سے بیدار ہوتا ہے اس لئے سستی زیادہ ہوتی ہے، پس تعداد بڑھائی گئی تاکہ ان کو پڑھنے سے سستی دور ہوجائے پھر آدمی چاک وچوبند ہوکر فرض ادا کرے۔ اور عصر اور مغرب اور عشا: سستی کے اوقات نہیں ہیں، اس لئے سنن قبلیہ نہیں رکھی گئیں۔ اسی طرح جن نمازوں کے بعد مشاغل ہیں وہاں بھی سنتیں تجویز ہوئی ہیں، چنانچہ فجر کے بعد سنت نہیں رکھی گئی کیونکہ اس وقت فوراً کوئی مشغلہ نہیں۔ علاوہ ازیں آگے مکروہ وقت آرہا ہے پس اگر کوئی شخص فرض دیر سے پڑھے گا تو سنت مکروہ وقت میں پہنچ جائے گی۔ اور عصر کے بعد اگرچہ مشغلہ ہے مگر مکروہ وقت کا لحاظ کرکے سنتیں نہیں رکھی گئیں۔ اور عصر ومغرب کے بعد مشغولیت ہے اور عشاء کے بعد سونے کا تقاضہ رہتا ہے اس لئے وہاں سنتیں تجویز کی گئیں، تاکہ آدمی فرض کی آخری رکعت ہی میں مشغلہ کی طرف متوجہ نہ ہوجائے، اور عشاء کی آخری رکعت ہی میں سو نہ جائے۔ اور نفلوں کے آخر میں ذہن اگر مشغلہ کی طرف متوجہ ہوجائے گا تو کوئی حرج نہیں کیونکہ ان میں بہت گنجائش ہے۔ اور وتر کی نماز درحقیقت عشاء کے بعد کی نماز نہیں ہے، بلکہ وہ تہجد کے بعد کی نماز ہے، مگر عام لوگوں کی سہولت کے لئے اس کو عشاء کے بعد پڑھ لینے کی اجازت دی گئی ہے اس لئے عشاء کی سنتیں اس سے پہلے ہیں۔

پانچویں بات: اور آخری اور سب سے اہم بات یہ یاد رکھنی چاہئے کہ فضائل اعمال کی تمام روایتوں میں ثَابَرَ اور وَاظَبَ اور دَاوَمَ کی قید ملحوظ ہوتی ہے خواہ وہ قید مذکور ہو یا نہ ہو۔ چنانچہ باب میں ایک ہی روایت متعدد اسانید سے ہے کسی میں یہ قید ہے اور کسی میں نہیں ہے۔ پس جہاں یہ قید مذکور نہیں ہوتی وہاں بھی وہ مقدر ہوتی ہے ـــــ آنحضور ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو صلاۃ التسبیح سکھلائی اور فرمایا: اس نماز کی بدولت دس قسم کے گناہ معاف ہوتے ہیں، چونکہ اس نماز میں چار رکعت میں تین سو مرتبہ ایک خاص تسبیح پڑھنی ہوتی ہے اس لئے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کون شخص ہے جو اس نماز کو روزانہ پڑھ سکے گا؟ یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے روزانہ پڑھنے کے لئے نہیں فرمایا تھا پھر حضرت عباسؓ نے یہ سوال کیوں کیا؟ اس کی وجہ یہی ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جانتے تھے کہ فضائل اعمال کی تمام روایات میں مواظبت اور مداومت کی قید ملحوظ ہوتی ہے، خواہ اس کا تذکرہ ہو یا نہ ہو اس لئے حضرت عباسؓ نے وہ بات عرض کی اور رخصت طلب کی، چنانچہ آپؐ نے آسانی مرحمت فرمائی یہاں تک کہ فرمایا: اچھا زندگی میں ایک مرتبہ پڑھ لو تب بھی ثواب کے مستحق ہوجاؤ گے۔ اب روزانہ پڑھنے کی وہ قید ہٹ گئی ـــــ اور پابندی ایک عرفی چیز ہے جس کو لوگ سمجھ سکتے ہیں۔ طالب علم ہر مہینہ دس بارہ دن غیر حاضر رہے تو اس کو پابندی کرنے والا کوئی نہیں کہتا۔ اور اگر سال بھر میں مختلف اوقات میں بیس پچیس روز غیر حاضر رہے تو اس کا شمار پابندی کرنے والوں میں ہوتا ہے۔ غرض مواظبت ومداومت ایک عرفی بات ہے اس کا کوئی مقررہ پیمانہ نہیں۔

[۱۹۲] بابُ ماجاء فی من صَلَّی فی یومٍ ولیلةٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رکعةً من السُّنَّةِ مَالَهُ من الفَضْلِ؟

[۴۲۴-] حدثنا محمدُ بنُ رافعٍ، نا إسحاقُ بنُ سُلیمانَ الرَّازِیُّ، نا المُغیرةُ بنُ زیادٍ، عن عَطاءٍ، عن عائشةَ، قالت: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم:" مَنْ ثَابَرَ علی ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَکْعَةً مِن السُّنَّةِ، بَنَی اللّٰهُ لَه بَیْتًا فی الْجَنَّةِ: أَرْبَعَ رَکْعَاتٍ قَبلَ الظُّهْرِ، ورکْعَتَیْنِ بعدَها، ورکعَتَیْنِ بعدَ المغربِ، ورکْعَتَیْنِ بعدَ العشاءِ، ورکعتَینِ قبلَ الفَجْرِ"

وفی الباب: عن أُمِّ حبیبةَ، وأبی هریرةَ، وأبی موسی، وابنِ عُمرَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ غریبٌ من هذا الوجهِ؛ ومغیرةُ بنُ زیادٍ قد تَکَلَّمَ فیه بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

[۴۲۵-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا مُؤَمَّلٌ، نا سفیانُ الثَّورِیُّ، عن أبی إسحاقَ، عن المُسَیَّبِ بنِ رافِعٍ، عن عَنْبَسَةَ بنِ أبی سُفیانَ، عن أُمِّ حَبیبةَ، قالت: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم" مَنْ صَلَّی فی یَوْمٍ ولَیْلَةٍ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَکْعَةً بُنِیَ له بَیتٌ فی الجنّةِ: أَرْبعًا قبلَ الظهرِ، ورکْعَتَیْنِ بعدَها، ورکعتَیْنِ بَعْدَ المغرِبِ، ورکْعَتَیْنِ بعدَ العِشاءِ، ورکعتَیْنِ قبلَ الفَجْرِ: صلاةِ الغَدَاةِ"

قال أبو عیسی: وحدیثُ عَنْبَسَةَ عن أُمِّ حَبِیْبَةَ فی هذا البابِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وقد رُوِیَ عن عَنْبَسَةَ من غیرِ وجهٍ.

ترجمہ: حدیث (۴۲۴) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بارہ سنتوں پر مواظبت کی تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک حویلی بنائیں گے (پڑھو) ظہر سے پہلے چار رکعتیں، اور اس کے بعد دو رکعتیں، اور مغرب کے بعد دو رکعتیں، اور عشاء کے بعد دو رکعتیں، اور فجر سے پہلے دو رکعتیں۔ حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث اس سند سے غریب (ضعیف) ہے، اس کے راوی مغیرہ میں بعض محدثین نے یادداشت کی جانب سے کلام کیا ہے۔ اور حدیث (۴۲۵) جو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے اعلی درجہ کی ہے اس کا بھی یہی مضمون ہے اور حدیث کے آخر میں صلاۃ الغداۃ کسی راوی نے بڑھایا ہے اور اس سے یہ وہم دفع کرنا مقصود ہے کہ فجر سے صبح صادق مراد نہیں ہے بلکہ نماز فجر مراد ہے۔

بابُ ماجاءَ فی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ مِنَ الْفَضْلِ

فجر کی سنتوں کی فضیلت

گذشتہ باب سننِ مؤکدہ کے سلسلہ کا عمومی باب تھا۔ اب تفصیلی ابواب شروع کرتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ سننِ

مؤکدہ میں سب سے زیادہ تاکید فجر کی سنتوں کی ہے، یہاں تک کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا ایک قول ان کے وجوب کا بھی ہے گو کہ اس پر فتویٰ نہیں۔ اور حدیثوں میں اس طرف اشارہ ہے کہ ان دو رکعتوں کا درجہ سنت کا نہیں بلکہ اس سے اوپر کا درجہ ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آنحضرت ﷺ فجر کی سنتوں کا جتنا اہتمام فرماتے تھے دوسری سنتوں کا اتنا اہتمام نہیں کرتے تھے (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۱۱۶۳) اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''فجر کی سنتوں کو نہ چھوڑو اگرچہ گھوڑے تم کو روند ڈالیں (ابوداؤد ۱:۱۷۹ بابٌ فی تخفیفهما) اس حدیث کے مخاطب مجاہدین ہیں، ان سے خطاب ہے کہ اگر جنگ کا میدان ہو، کفار صبح سویرے جنگ کے لئے تیار ہو جائیں اور اندیشہ ہو کہ اگر سنتیں پڑھ کر فجر کے فرض پڑھیں گے تو دشمن حملہ کر دے گا، اور ان کے گھوڑے روند ڈالیں گے تو بھی اس نماز کو ترک نہ کرو، اس کو ضرور پڑھو۔

علاوہ ازیں ان رکعتوں کی قضاء کا حکم بھی ہے جبکہ سنتوں کی قضا مشروع نہیں، یہ بھی دلیل ہے کہ ان میں وجوب کی شان ہے، اور ان کی قضا زوال تک ہے زوال کے بعد نہیں، معلوم ہوا کہ یہ نماز واجب نہیں، ورنہ ابداً قضاء کا حکم ہوتا۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''فجر کی دو رکعتیں دنیا اور دنیا کی تمام چیزوں سے بہتر ہیں''

تشریح: اس ارشاد کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو صبح چار پیسوں کے نفع کی خاطر فرض جلدی سے ادا کر کے کام پر لگ جاتے ہیں انہیں بتایا گیا ہے کہ یہ سنتیں عام نوافل کی طرح نہیں ہیں۔ یہ دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے سب سے بہتر قیمتی اور کارآمد ہیں، پس معمولی نفع کی خاطر ایسی قیمتی دولت ضائع نہ کرو۔

[۱۹۳] بابُ ماجاء فی رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ من الفضل

[۴۲۶-] حدثنا صالحُ بنُ عبدِ اللهِ، نا أبو عَوَانَةَ، عن قتادةَ، عن زُرَارَةَ بنِ أَوْفَى، عن سَعْدِ بنِ هِشَامٍ، عن عائشةَ قالت: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' رَكْعَتَا الفَجْرِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا ومَافِيْهَا''

وفی الباب: عن عليٍّ، وابنِ عمرَ، وابنِ عباسٍ. قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وقد رَوَى أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ عن صالحِ بنِ عبدِ اللهِ التِّرْمِذِيِّ حَديثًا.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ صالح بن عبداللہ ترمذی ثقہ راوی ہیں کیونکہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے اور بڑے آدمی کا کسی سے روایت کرنا اس کی توثیق ہے (خیال رہے یہ حدیث امام احمد: صالح سے روایت نہیں کرتے، کوئی اور حدیث ان سے روایت کی ہے۔ یہ حدیث تو امام احمد رحمہ اللہ نے مسند میں یحییٰ کی سند سے روایت کی ہے (الفتح الربانی ۴: ۲۲۱)

بابُ ماجاءَ فی تَخْفِیْفِ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ، وَالقِرَاءَ ۃِ فِیْھِمَا

فجر کی سنتوں کومختصر کرنا اوران میں اخلاص کی دوسورتیں پڑھنا مسنون ہے

اس باب میں دومسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: فجر کی سنتیں ہلکی پڑھنی چاہئیں۔ نبی ﷺ تہجد بھی ہلکی دورکعتوں سے شروع فرماتے تھے اور فجر کی سنتیں بھی مختصر پڑھتے تھے، اوراس کی وجہ حدیث (بخاری حدیث نمبر۱۱۴۲ باب عقد الشیطان) میں یہ بیان کی گئی ہے کہ:''جب بندہ رات میں سوتا ہے تو شیطان یہ منتر پڑھ کر کہ علیك لیلٌ طویلٌ فَارْقُدْ (سوتا رہ ابھی رات بہت باقی ہے) سونے والے کی گدی پر تین گرہیں لگاتا ہے، اگر بندہ بیدار ہوتے ہی اللہ کا ذکر کرے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے پھر جب وہ طہارت حاصل کرتا ہے یعنی وضوء یا غسل کرتا ہے تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے، اورنماز پڑھنے پر تیسری گرہ کھل جاتی ہے اور بندہ چست ہوجاتا ہے۔ اوراگر یہ کام نہ کرے تو وہ گرہیں باقی رہتی ہیں اور وہ سست اٹھتا ہے''

تشریح: یہ نشاط اور کسل جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے، ہر شخص تجربہ کرکے دیکھ سکتا ہے۔ اگر آدمی پہلے طریقہ پر اٹھے گا تو نماز فجر میں خوب جی لگے گا اور نماز کے بعد عبادت کرنے کا یعنی تلاوت اور مطالعہ وغیرہ کرنے کا شوق پیدا ہوگا، اور دوسرے طریقہ پر اٹھے گا تو نماز میں دل جمعی نہیں ہوگی، نہ کچھ مزہ آئے گا اور نہ نماز کے بعد اچھے کاموں کی طرف طبیعت مائل ہوگی۔

غرض جولوگ تہجد کے وقت بیدار ہوتے ہیں آنحضور ﷺ نے ان کے لئے یہ مسنون کیا کہ تہجد کے شروع میں دورکعتیں ہلکی پڑھیں تاکہ بعد میں طویل تہجد نشاط کے ساتھ پڑھا جاسکے اور مسلمانوں کی اکثریت فجر کے وقت بیدار ہوتی ہے، ان کے لئے یہ مسنون کیا کہ فجر سے پہلے سنتیں ہلکی پڑھیں تاکہ فرض نشاط کے ساتھ پڑھا جائے۔ غرض آپؐ نے دونوں عمل لوگوں کی دونوں قسموں کے لئے کئے ہیں ورنہ آپؐ شیطان کے اثر اس کے منتر اوراس کے وسوسوں سے محفوظ تھے۔

دوسرا مسئلہ: آنحضرت ﷺ فجر کی سنتوں میں اخلاص کی دوسورتیں یعنی قُلْ یأیھا الکافرون اورقل ھو اللہ أحد پڑھا کرتے تھے (۱) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے ایک مہینہ نبی ﷺ کے قریب رہ کر اور کان لگا کر سنا ہے کہ آپؐ فجر کی سنتوں میں کونسی سورتیں پڑھتے ہیں؟ (رَمَقَ (ن) رَمْقًا دیر تک دیکھنا) پس آپؐ فجر کی سنتوں میں سورۃ الکافرون اور سورۃ الاخلاص پڑھا کرتے تھے۔

---

(۱) اخلاص کے معنی ہیں خالص کرنا، اس میں کوئی ملاوٹ نہ کرنا۔ سورۂ کافرون میں اخلاص فی العبادت کا بیان ہے اور قل ھو اللہ أحد میں اخلاص فی الاعتقاد کا۔ اس لئے یہ دونوں سورتیں اخلاص کی سورتیں کہلاتی ہیں۔

یہ حدیث ابواحمد محمد بن عبداللہ الزبیری کی وجہ سے ضعیف ہے۔ یہ راوی اگرچہ فی نفسہ ثقہ ہے مگر بقول امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ: سفیان ثوری کی روایتوں میں کثیر الخطا ہے (تہذیب ۹:۲۵۵) مگر یہ حدیث سفیان ثوری سے اگرچہ ابو احمد ہی روایت کرتے ہیں مگر یہ مضمون کہ آنحضور ﷺ فجر کی سنتوں میں اخلاص کی دو سورتیں پڑھا کرتے تھے متعدد روایات میں مروی ہے پس فجر کی سنتوں میں یہ سورتیں پڑھنا مسنون ہے۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے بعض نمازوں میں مخصوص سورتیں پڑھی ہیں، مثلاً آپؐ جمعہ وعیدین میں سورۂ اعلی اور سورۂ غاشیہ اور کبھی سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقون پڑھتے تھے۔ اور وتر میں سورۂ اعلی، سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص پڑھا کرتے تھے، پس یہ ماثورہ سورتیں پڑھنی چاہئیں، مگر واجب کی طرح ان کا التزام نہیں کرنا چاہئے، گاہے ماہے دوسری سورتیں بھی پڑھنی چاہئیں۔

[۱۹٤] بابُ ماجاء فی تخفیف ركعتَیِ الفجر، والقراءةِ فیهما

[٤٢٧-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، وأبو عَمَّارٍ قالا: نا أبو أحمدَ الزُّبَیْرِیُّ، نا سُفیانُ، عن أبی إسحاقَ، عنْ مُجاهدٍ، عن ابنِ عُمَرَ قال: رَمَقْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم شَهْرًا فَكَانَ یَقْرَأُ فی الركعتَیْنِ قبلَ الفَجْرِ بِقُلْ یأَیها الكافرونَ وقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحدٌ.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ، وأنسٍ، وأبی هریرةَ، وابنِ عباسٍ، وحفصةَ، وعائشةَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عمرَ حدیثٌ حسنٌ، ولانَعْرِفُهُ مِنْ حدیثِ الثوریِّ عن أبی إسحاقَ إلا مِن حدیثِ أبی أحمدَ، والمعروفُ عندَ النَّاسِ حدیثُ إسرائیلَ عن أبی إسحاقَ، وقد رُوِیَ عن أبی أحمدَ عن إسرائیلَ هذا الحدیثُ أیضًا.

وأبو أحمدَ الزبیریُّ ثِقَةٌ حَافِظٌ قال: سمعتُ بُنْدَاراً یقولُ: مَارَأَیْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ حِفْظًا مِنْ أبی أحمدَ الزُّبیریِّ، واسمُه: محمدُ بن عبدِ اللهِ بنِ الزُّبَیْرِ الأَسَدِیُّ الكوفیُّ.

وضاحت: ابن عمرؓ کی مذکورہ حدیث ابواسحاق ہمدانی سے ان کے پوتے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔ محدثین میں یہ حدیث اسی شاگرد کی روایت سے معروف ہے، رہی یہ بات کہ اس حدیث کو ابواسحاق سے ثوریؒ بھی روایت کرتے ہیں یا نہیں؟ تو اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ صرف ابواحمد الزبیری ثوری سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ ثوری کا کوئی دوسرا شاگرد یہ حدیث ان سے روایت نہیں کرتا۔ اور ابواحمد زبیری نے بھی یہ حدیث عن اسرائیل عن ابی اسحاق روایت کی ہے۔ اور زبیری اگرچہ فی نفسہ ثقہ اور حافظ ہیں، محمد بن بشار جو بُندار سے مشہور ہیں فرماتے ہیں: میں نے ابواحمد زبیری سے اچھا حافظہ والا کوئی نہیں دیکھا، مگر یہ بھی واقعہ ہے کہ ثوری کی روایتوں میں ان سے کبھی غلطی

ہوجاتی تھی، جیسا کہ امام احمدؒ نے فرمایا ہے، اس لئے ممکن ہے یہاں بھی ان سے غلطی ہوگئی ہو اور انھوں نے بجائے اسرائیل کے ثوری کا نام لے لیا ہو۔ اس لئے امام ترمذیؒ نے اس سند کو صرف حسن کہا ہے اس پر صحیح کا حکم نہیں لگایا۔

بابُ ماجاء فی الْکَلَامِ بَعْدَ رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ

فجر کی سنتوں کے بعد بات کرنا

فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان نہ تو بات چیت کرنا سنت ہے اور نہ خاموش رہنا عبادت ہے، ضرورت ہو تو بات چیت کر سکتے ہیں ورنہ ذکر میں مشغول رہنا چاہئے تجربہ یہ ہے کہ اگر فجر کی سنت اور فرض کے درمیان بے ضرورت باتیں کی جاتی ہیں تو فرض نماز بے لطف ہوجاتی ہے اور ذکر میں مشغول رہنے یا خاموش رہنے یا لیٹ جانے سے لطف بڑھ جاتا ہے اور یہ صرف تجربہ کی بات ہے، ورنہ روایات سے نہ تو بات چیت کرنا سنت ثابت ہوتا ہے اور نہ خاموش رہنا۔ آنحضرت ﷺ کا معمول یہ تھا کہ جب آپ تہجد کے لئے بیدار ہوتے تو گھر والوں کو بیدار نہیں کرتے تھے، وہ ازخود اٹھنا چاہیں تو اٹھیں، البتہ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں تہجد کے وقت گھر والوں کو بھی بیدار فرماتے تھے، اور پورے سال جب آپ تہجد سے فارغ ہوتے اور وتر پڑھنے کا وقت آتا تو ازواج کو بیدار فرماتے، پھر وتر پڑھ کر آرام فرماتے اور صبح صادق ہوتے ہی فجر کی سنتیں پڑھتے۔ پھر اگر کوئی ضروری بات ہوتی تو اہلیہ محترمہ سے گفتگو فرماتے ورنہ لیٹ جاتے اور جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ اطلاع دیتے تو نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے۔

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب فجر کی سنت پڑھ کر فارغ ہوجاتے اور آپؐ کو مجھ سے کوئی حاجت ہوتی یعنی مجھ سے بات کرنے کو آپؐ کا جی چاہتا تو آپؐ مجھ سے باتیں کرتے، ورنہ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان صرف حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بات چیت کی ہے، بقیہ ازواج سے اس وقت میں بات چیت کرنا مروی نہیں۔ حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہٗ نے فرمایا: آنحضور ﷺ کا فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان لیٹنا نشاط کے لئے تھا اور محبوب سے دوگھڑی بات کرنے سے بھی نشاط دوبالا ہوجاتا ہے، چونکہ صدیقہؓ آنحضور ﷺ کی محبوبہ تھیں اس لئے آپ صرف انہی سے بات کیا کرتے تھے دیگر ازواج سے بات کرنا مروی نہیں۔

[۱۹۵] بابُ ماجاء فی الکلام بعد رکعتَیِ الفجر

[۴۲۸-] حدثنا یوسُفُ بنُ عیسی، نا عبدُ اللّٰہِ بنُ إدریسَ، قال: سمعتُ مالکَ بنَ أنسٍ، عن أبی النَّضْرِ، عن أبی سَلَمَۃَ، عن عائشۃَ، قالت: کانَ النبیُّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم إِذَاصَلَّی رَکْعَتَیِ الْفَجْرِ:

فَإِنْ كَانَتْ لَهُ إِلَيَّ حَاجَةٌ كَلَّمَنِيْ، وَإِلاَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد كَرِهَ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ الْكلاَمَ بعدَ طُلوعِ الفَجْرِ حتى يُصَلِّيَ صلاَةَ الفَجْرِ، إِلَّا مَاكَانَ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ أَوْ مَالاَ بُدَّ مِنْهُ، وهوقولُ أحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: صحابہ اور تابعین میں سے بعض اہل علم نے صبح صادق کے بعد بات کرنے کو ناپسند کیا ہے یہاں تک کہ فجر کی نماز پڑھ لے (اور یہ کراہت بے ضرورت باتیں کرنے میں ہے کیونکہ ان کی کوئی نہایت نہیں ہوتی اور اس سے فرض بے لطف ہوجاتا ہے) البتہ اللہ کا ذکر کرنا یا کوئی ضروری بات کرنا تو اس کی گنجائش ہے اور یہ احمد واسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء لاصَلاَةَ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ إلاَّ رَكْعَتَيْنِ

صبح صادق کے بعد دوسنتوں کے علاوہ نوافل جائز نہیں

مذاہبِ فقہاء: صبح صادق کے بعد دو رکعت سنتِ مؤکدہ کے علاوہ نوافل جائز ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صبح صادق اور نماز فجر کے درمیان جتنی چاہیں نفلیں نماز پڑھ سکتے ہیں، کوئی مضائقہ نہیں، اور جمہور کے نزدیک سنت مؤکدہ کے علاوہ نوافل ممنوع ہیں۔

دلائل: جمہور کی دلیل باب کی حدیث ہے، ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صبح صادق کے بعد کوئی نماز نہیں سوائے دوسجدوں کے''، یعنی سوائے دو رکعت سنت مؤکدہ کے، اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ صبح صادق کے بعد صرف دو ہلکی رکعتیں پڑھا کرتے تھے (بخاری حدیث ۱۱۷۳)

اور امام شافعی رحمہ اللہ کی دلیل عمرو بن عَبَسہ السلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ فرماتے ہیں: میں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! دعا کی قبولیت کے لئے کونسا وقت افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جوفُ الليل الآخِرُ، فصلِ ما شئتَ حتى تُصَلِّيَ الصُّبْحَ (مع الاختصار) قبولیت دعا کے لئے سب سے قیمتی گھڑی رات کا آخر ہے۔ پس آپ صبح کی نماز تک جتنی چاہیں نفلیں پڑھیں، اس وقت کی نماز میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور اس کا ثواب لکھا جاتا ہے (ابوداؤد ۱:۱۸۱ بابٌ من رخص فيهما) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صبح صادق کے بعد بھی نفلیں جائز ہیں، فجر کی نماز تک اس کی گنجائش ہے۔ اور جمہور کی طرف سے اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ یہی حدیث مسند احمد (۴:۱۱۱) میں ہے وہاں حتى يطلع الفجر ہے اور یہی لفظ قرینِ صواب ہے، ورنہ عمرو بن عَبَسہؓ اور حضرت حفصہؓ کی حدیثوں میں تعارض ہوجائے گا (معارف السنن ۴:۶۷)

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابن عمر کی حدیث کو غریب کہا ہے اس لئے کہ قدامۃ بن موسیٰ سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے، مگر یہ بات حضرت مصنف رحمہ اللہ کے علم اور آپ کے مسودہ کے اعتبار سے ہے، علامہ زیلعی رحمہ اللہ نے نصب الرایہ (۱:۲۵۵) میں اس حدیث کی تین سندیں اور بھی لکھی ہیں۔

[۱۹۶] بابُ ماجاء لاصلاة بعد طلوع الفجر إلاركعتين

[۴۲۹-] حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن قُدَامَةَ بنِ مُوسَى، عن مُحمدِ بنِ الْحُصَيْنِ، عن أبى عَلْقَمَةَ، عن يَسَارٍ مَوْلٰى ابنِ عُمَرَ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قال: " لَاصَلَاةَ بَعْدَ الفَجْرِ إِلَّا سَجْدَتَيْنِ "

وفى الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وحَفْصَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ قُدَامَةَ بنِ مُوْسَى. وَرَوَى عَنْهُ غيرُ وَاحِدٍ، وهُوَ مَا أَجْمَعَ عليهِ أهلُ العلمِ، كَرِهُوْا أَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ بعدَ طُلوعِ الفَجْرِ إِلَّا رَكْعَتِي الْفَجْرِ.

ومَعْنٰى هذا الحديثِ إِنَّمَايقولُ: لَاصَلَاةَ بعدَ طلوعِ الفَجْرِ إلا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث غریب ہے۔ ہم اس کو صرف قدامہ بن موسیٰ کی سند سے جانتے ہیں (یعنی قدامہ سے اوپر یہی سند ہے اور قدامہ کے استاذ محمد بن الحصین مجہول ہیں) اور ان سے متعدد حضرات نے روایت کیا ہے (یعنی قدامہ بن موسیٰ سے نیچے حدیث کی متعدد سندیں ہیں) اور اس مسئلہ میں علماء کا اجماع ہے (امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف امام ترمذی کے علم میں نہیں ہے) اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صبح صادق کے بعد کوئی نفل جائز نہیں سوائے فجر کی سنتوں کے (یعنی حدیث میں جو إلا سجدتین ہے اس سے مراد فجر کی سنتیں ہیں)

بابُ ماجاءَ فى الِاضْطِجَاعِ بَعدَ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

فجر کی سنتوں کے بعد لیٹنے کا بیان

اضطجاع کے معنی ہیں کروٹ پر لیٹنا۔ آنحضرت ﷺ کا معمول تھا کہ آپ تہجد سے فارغ ہوکر دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے تھے اور صبح صادق کے بعد فوراً سنت پڑھتے تھے، پھر دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے تھے۔ پھر جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نماز کی اطلاع کرتے تو آپ نماز پڑھانے کے لئے تشریف لے جاتے۔ یہ لیٹنا کس درجہ کا حکم ہے؟ اس سلسلہ میں آٹھ قول ہیں: پہلا قول: ابن حزم ظاہری کے نزدیک فجر کی نماز اور سنتوں کے درمیان لیٹنا فرض ہے

چاہےایک سکنڈ کے لئے لیٹے۔اور یہ لیٹنا نماز فجر کی صحت کیلئے بھی شرط ہے، جوشخص لیٹے بغیر فجر پڑھے گا اس کا فرض صحیح نہیں ہوگا۔ دوسرا قول: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک لیٹنا سنت ہے۔ تیسرا قول: بعض علماء کے نزدیک (غالبًا امام احمد کے نزدیک) مستحب ہے۔ چوتھا قول: احناف کے نزدیک مباح ہے۔ پانچواں قول: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک بدعت ہے۔ یہ آٹھ اقوال میں سے چند اقوال ہیں اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ یہ لیٹنا امر تشریعی تھا یعنی شرعی حکم تھا یا کسی مصلحت سے تھا؟ جو حضرات وجوب یا سنت یا استحباب کے قائل ہیں ان کے نزدیک یہ شرعی حکم تھا اور قائلین اباحت کے نزدیک یہ تہجد گذاروں کی مصلحت کے لئے تھا شرعی حکم نہیں تھا، تاکہ جو تہجد گذار لمبے تہجد پڑھنے کی وجہ سے تھک گئے ہیں وہ پہلے تھوڑی دیر آرام کرلیں، اور تھکن دور کر کے پھر فرض پڑھیں۔

فائدہ: بعض حضرات کے نزدیک گھر میں لیٹنا سنت ہے اور مسجد میں لیٹنا بدعت ہے، وہ کہتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ گھر ہی میں لیٹتے تھے، مسجد میں کبھی نہیں لیٹے۔ مگر یہ قول صحیح نہیں۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے مسجد نبوی میں تہجد پڑھنے والوں سے فرمایا ہے کہ ''جب تم فجر کی سنت پڑھ چکو تو دائیں کروٹ پر لیٹ جاؤ'' ظاہر ہے یہ حضرات مسجد ہی میں لیٹیں گے، لیٹنے کے لئے گھر نہیں جائیں گے ——— اور ایک قول یہ ہے کہ یہ لیٹنا تہجد گذاروں کے لئے سنت ہے، سب مسلمانوں کے لئے سنت نہیں، یہ فرق معقول ہے، اور احناف نے جو مباح کہا ہے اس میں سب شامل ہیں تہجد گذار بھی اور عام مسلمان بھی۔

[۱۹۷] بابُ ماجاء فی الِاضطجاع بعد ركعتَیِ الفجر

[۴۳۰-] حدثنا بِشرُ بنُ معاذٍ العَقَدِیُّ، نا عبدُ الواحِدِ بنُ زیادٍ، نا الْأَعْمَشُ، عن أبی صَالِحٍ، عن أبی هریرةَ قال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم " إذا صَلَّی أَحَدُكُمْ رَكْعَتَیِ الْفَجْرِ فَلْیَضْطَجِعْ علی یَمِیْنِهِ"

وفی البابِ: عن عائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِن هٰذا الوجهِ.

[۴۳۱-] وقد رُوِیَ عن عائشةَ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ إِذَا صَلَّی رَكْعَتَیِ الْفَجْرِ فی بَیْتِهِ اضْطَجَعَ علی یَمینِهِ.

وقد رَأَی بعضُ أهلِ العلمِ أَنْ یُفعلَ هذا اسْتِحْبَابًا.

وضاحت: یہ حدیث غریب اس لئے ہے کہ عبدالواحد بن زیاد اس حدیث کے ساتھ متفرد ہیں، اعمش کا دوسرا کوئی شاگرد یہ قولی حدیث بیان نہیں کرتا۔ اسی لئے ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے اس حدیث کو باطل قرار دیا ہے۔ وہ فرماتے

ہیں: اس مسئلہ میں کوئی قولی حدیث ثابت نہیں، صرف فعلی روایات صحیح ہیں یعنی آپ کا معمول لیٹنے کا تھا (ابن القیم نے زاد المعاد میں ابن تیمیہ کا یہ قول ذکر کیا ہے) مگر امام ترمذی رحمہ اللہ وغیرہ حضرات نے اس تفرد کے باوجود حدیث کو فی نفسہ حسن صحیح قرار دیا ہے۔ بلکہ نووی رحمہ اللہ نے تو اس کو علی شرط الشیخین بتلایا ہے، اور امام اعمش رحمہ اللہ اگرچہ مدلس ہیں، مگر ابو صالح سے ان کی روایتیں سماع پر محمول کی گئی ہیں۔ اور حدیث کے مخاطب صرف تہجد گذار بندے ہیں۔ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے عام لوگوں کو اس کا مخاطب سمجھ لیا ہے اس لئے انھوں نے وہ سخت بات کہی ہے ——— اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت (نمبر ۴۳۱) متفق علیہ روایت ہے مگر فی بیتہ کے لفظ سے روایت نظر سے نہیں گذری اگرچہ واقعہ گھر ہی کا ہے۔

بابُ ماجاء إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فلاصَلاَةَ إِلاَّ الْمَكْتُوْبَةَ

تکبیر شروع ہونے کے بعد سنن ونوافل میں مشغول ہونا جائز نہیں

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب نماز کھڑی کر دی جائے یعنی اقامت شروع ہو جائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہیں''

تشریح: پیچھے ایک حدیث گذری ہے: بَيْنَ كُلِّ أَذَانَيْنِ صلاةٌ لِمَنْ شَاءَ۔ وہ حدیث اور یہ حدیث ایک ہی مسئلہ سے متعلق ہیں، دونوں کو الگ الگ کر دینے کی وجہ سے ان کو سمجھنا دشوار ہو گیا ہے۔ مؤذن حی علی الصلاۃ کہہ کر فرض نماز کے لئے بلاتا ہے پس کسی کے ذہن میں یہ شبہ پیدا ہو سکتا ہے کہ اذان کے بعد مسجد میں پہنچ کر تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو اور دیگر نوافل میں مشغول ہونا جائز نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ اللہ کے داعی کی مخالفت ہے کیونکہ مؤذن نے فرض نماز کے لئے بلایا ہے۔ بین کل أذانین صلاۃ میں اس شبہ کا ازالہ کیا گیا ہے کہ اذان کے بعد بھی سنن پڑھ سکتے ہیں اور یہ اللہ کے داعی کی مخالفت نہیں کیونکہ وہ نماز کھڑی ہونے سے پہلے دوبارہ بلائے گا۔ رہی یہ بات کہ اذان کے بعد سنن ونوافل میں مشغول ہونا کب تک جائز ہے؟ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث میں اس کی حد بیان کی گئی ہے کہ جب مؤذن دوسری مرتبہ بلائے یعنی تکبیر شروع کرے تو اب نفلوں میں مشغول ہونا جائز نہیں۔ اب جماعت میں شامل ہونا ضروری ہے۔

غرض یہ دونوں حدیثیں ایک سلسلہ کی کڑیاں ہیں اور ان کو الگ الگ کر دینے کی وجہ سے پہلی حدیث میں یہ مسئلہ پیدا ہو گیا کہ مغرب کی اذان واقامت کے درمیان نفل ہیں یا نہیں؟ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

اور اس حدیث سے دو اور مسئلے کھڑے ہو گئے ہیں:

ایک: اگر کوئی شخص نفل پڑھ رہا ہے اور اقامت شروع ہو جائے تو کیا حکم ہے؟ ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: نماز توڑ

دے یعنی وہ جس رکن میں ہے وہیں سلام پھیر دے اور جماعت میں شامل ہوجائے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نفل نماز توڑنے سے اس کی قضا واجب نہیں ہوتی، اور احناف کے نزدیک نماز توڑنا جائز نہیں اور توڑنے کی صورت میں قضا واجب ہے، اور احناف کے نزدیک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اقامت کے بعد نفل نماز شروع کرنا جائز نہیں، مگر جو شخص پہلے سے نفل پڑھ رہا ہے اس کا نفل میں مشغول رہنا حدیث شریف کے خلاف نہیں، البتہ اُسے چاہئے کہ پہلے قعدہ پر نماز پوری کردے۔ اور جماعت میں شریک ہوجائے۔

دوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ فجر کی اقامت شروع ہونے کے بعد بلکہ فرض شروع ہونے کے بعد بھی پہلے سنت پڑھنی چاہئے یا جماعت میں شامل ہونا چاہئے؟ چھوٹے دو اماموں کے نزدیک جماعت میں شامل ہونا ضروری ہے۔ سنت پڑھنا جائز نہیں۔ ان کا مستدل باب کی حدیث ہے۔ آنحضرت ﷺ نے تکبیر شروع ہوجانے کے بعد جماعت میں شامل ہونے کا حکم دیا ہے، لہٰذا اب سنت پڑھنا جائز نہیں —— اور بڑے دو اماموں کے نزدیک اگر ایک رکعت اور دوسرا قول یہ ہے کہ قعدہ ملنے کی امید ہو تو پہلے سنت پڑھنی چاہئے پھر جماعت میں شریک ہونا چاہئے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عام مخصوص منہ البعض ہے، اس حدیث میں سے واجب اور فرض نماز کی تمام علماء نے تخصیص کی ہے، یعنی اگر کوئی صاحبِ ترتیب ہے اور اس نے عشاء کی نماز یا وتر نہیں پڑھے اور فجر کی جماعت شروع ہوجائے تو پہلے فرض اور واجب نماز پڑھنی ضروری ہے، اور جب عام میں ایک مرتبہ تخصیص ہوجاتی ہے تو وہ ظنی ہوجاتا ہے، اور ظنی ہونے کے بعد معمولی دلیل سے بھی حتی کہ قیاس سے بھی مزید تخصیص جائز ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ فجر کی سنتوں کا بہت زیادہ اہتمام فرماتے تھے اور کبھی آپؐ نے ان کو ترک نہیں کیا اور ان کے بارے میں بہت تاکید فرمائی ہے (حتی کہ امام اعظم رحمہ اللہ کا ایک قول ان کے واجب ہونے کا بھی ہے) اس لئے بڑے دو اماموں نے اس حدیث کے عموم سے فجر کی سنتوں کو بھی خاص کیا ہے۔ مگر جماعت خانہ میں یعنی جس جگہ جماعت ہورہی ہے سنتیں پڑھنا جائز نہیں یہ صورۃً جماعت کی مخالفت ہے، اس لئے سنتیں گھر پر یا مسجد کے دروازے پر یعنی فناء مسجد میں، یا مسجد سے باہر کسی جگہ پڑھے۔ اسی طرح اگر مسجد صیفی (صحنِ مسجد) اور شتوی (اصل مسجد) الگ الگ ہیں اور جماعت کسی ایک حصہ میں ہورہی ہے تو دوسرے حصہ میں سنت پڑھ سکتا ہے، اور اگر کوئی علحدہ جگہ نہ ہو تو پھر سنت نہ پڑھے جماعت میں شریک ہوجائے۔ احناف اس سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، جہاں جماعت ہورہی ہے وہیں سنتیں پڑھتے ہیں، یہ حنفی مذہب نہیں ہے، اس کا لحاظ رکھا جائے۔

[۱۹۸] بابُ ماجاء إذا أُقيمتِ الصلاةُ فلا صلاة إلا المكتوبة

[۴۳۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنيعٍ، نا رَوْحُ بنُ عُبادةَ، نازكرياَ بنُ إسحاقَ، نا عَمْرُو بنُ دِيْنَارٍ، قال:

سمعتُ عطاءَ بنَ يسارٍ، عن أبى هريرةَ قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم" إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَلاَ صَلاَةَ إِلاَّ الْمَكْتُوْبَةَ"

وفى الباب: عن ابنِ بُحَيْنَةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وعبدِ اللهِ بنِ سَرْجِسَ، وابنِ عباسٍ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ؛ وهكذا رَوَى أيوبُ، ووَرْقَاءُ بنُ عُمرَ، وزيادُ بنُ سَعْدٍ، وإسماعيلُ بنُ مسلمٍ، ومحمدُ بن جُحَادةَ، عن عَمْرِو بنِ دينارٍ، عن عطاءِ بنِ يسارٍ، عن أبى هريرةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم؛ ورَوَى حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، وسُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عَمرِو بنِ دِيْنَارٍ ولَمْ يَرْفَعَاهُ؛ والحديثُ المَرْفُوْعُ أَصَحُّ عندنا.

وقد رُوِىَ هذا الحديثُ عن أبى هريرةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِن غير هذا الوَجْهِ: رَوَاهُ عَيَّاشُ بنُ عَبَّاسٍ القِتْبَانِيُّ المِصْرِيُّ، عن أَبِى سَلَمَةَ، عن أبى هريرةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

والعَمَلُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم: إِذَا أُقِيْمَتِ الصلاةُ أَنْ لاَيُصَلِّىَ الرجلُ إِلاَّ المكتوبةَ، وبه يقولُ سفيانُ الثوريُّ وابنُ المباركِ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث مرفوع ہے اور صحیح ہے، بخاری کے علاوہ تمام کتب میں مروی ہے، مسلم شریف میں بھی ہے، مگر چونکہ رواۃ میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے ڈر کر صرف حسن کا فیصلہ کیا ہے۔اس حدیث کو جس طرح عمرو بن دینار کے شاگرد زکریا بن اسحاق نے مرفوع کیا ہے اسی طرح ایوب وغیرہ دوسرے پانچ تلامذہ نے بھی مرفوع کیا ہے، مگر حماد بن زید اور سفیان بن عیینہ نے اس کو عمرو بن دینار سے موقوف روایت کیا ہے یعنی اس کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ کا فیصلہ یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے، آپ نے یہ فیصلہ اپنے مزاج کے خلاف کیا ہے اور یہی فیصلہ صحیح ہے۔اور اس حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے وہ یہ ہے: عیاش بن عباس قتبانی مصری: ابوسلمۃ سے، وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں اس سند سے بھی یہ حدیث مرفوع ہے، پس یہ شاہد ہے اور اس حدیث پر صحابہ وغیرہ کا عمل ہے کہ جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو آدمی فرض نماز کے علاوہ کوئی نماز نہ پڑھے۔اور یہی قول سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا ہے (امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کا مسلک بیان نہیں کیا نہ اس کے لئے باب قائم کیا، کیونکہ اس سلسلہ میں کوئی صریح حدیث نہیں ہے)

بابُ ماجاء فِيمَنْ تَفُوْتُهُ الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الفَجْرِ يُصَلِّيهِمَا بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ

اگر فجر کی سنتیں رہ جائیں تو ان کو فرضوں کے بعد پڑھے

جس شخص نے فجر کی سنتیں نہ پڑھی ہوں تو کیا وہ فرض ادا کرنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے ان کو پڑھ سکتا ہے؟ جمہور اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم یہ ہے کہ نہیں پڑھ سکتا اس لئے کہ فجر اور عصر کے بعد نوافل ممنوع ہیں اور سنن مؤکدہ بھی نفل ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ پڑھ سکتا ہے، قول جدید کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں کہ یہ حدیث منقطع ہے اور محکم الدلالۃ بھی نہیں یعنی اس کی دلالت قطعی نہیں اس کے بالمقابل عصر اور فجر کے بعد نوافل کی ممانعت والی روایات تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں وہ ثبوت کے اعتبار سے بھی قطعی ہیں اور دلالت کے اعتبار سے بھی محکم ہیں۔ اس لئے باب کی حدیث سے استدلال درست نہیں۔

حدیث: حضرت قیس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے پس نماز کے لئے اقامت کہی گئی، میں نے آپؐ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی، سلام پھیرنے کے بعد رسول اللہ ﷺ لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے، آپؐ نے مجھے دیکھا کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں جب میں نماز سے فارغ ہوکر جانے لگا تو آپؐ نے فرمایا: ”قیس! ٹھہرو، یہ ڈبل ڈبل نماز کیسی؟“ یعنی تم نے فرضوں کے بعد کونسی نماز پڑھی؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے فجر کی سنتیں نہیں پڑھی تھیں، فرض نماز کے بعد میں نے وہ سنتیں پڑھیں، آپؐ نے فرمایا: فَلاَ إِذًا (إِذًا کو نون کے ساتھ إِذَنْ لکھنا بھی درست ہے اور تنوین کے ساتھ بھی)

تشریح: یہ حدیث منقطع ہے اس لئے کہ محمد بن ابراہیم تیمی کا حضرت قیس رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع نہیں۔ نیز سعد بن سعید کے دوسرے شاگرد عطاء بن ابی رباح اس حدیث کو مرسل بیان کرتے ہیں یعنی حدیث میں حضرت قیس رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے، بلکہ محمد بن ابراہیم حضرت قیس کا واقعہ بیان کرتے ہیں۔ اور وہ تابعی ہیں۔ واقعہ پیش آیا اس وقت وہ مجلس میں موجود نہیں تھے علاوہ ازیں اس حدیث کی دلالت بھی قطعی نہیں۔ کیونکہ فلا إِذَنْ کا مفہوم متعین کرنے میں اختلاف ہوا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کا ترجمہ کیا ہے: ”پس کوئی بات نہیں“ یعنی اگر تم نے سنتیں نہیں پڑھیں تو کوئی حرج نہیں۔ فرض پڑھنے کے بعد سنتیں پڑھ سکتے ہو۔ اور جمہور اس لفظ کا ترجمہ کرتے ہیں: ”تو بھی نہیں“ یعنی اگرچہ فجر کی سنتیں نہیں پڑھیں تو بھی فرض نماز کے بعد پڑھنا جائز نہیں۔

غرض اس حدیث کا مفہوم متعین کرنے میں اختلاف ہوا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے جو معنی کئے ہیں اس کا قرینہ وہ یہ بتاتے ہیں کہ یہ حدیث ابن ماجہ اور ابوداؤد میں ہے وہاں فلا إذن کے بجائے فَسَكَتَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم ہے، اور مصنف عبدالرزاق میں: فَمَضَی ولم يقل شيئًا ہے، اور بیہقی میں: فسکت النبی صلی اللہ علیه

وسلم ولم یُنْکِر علیه ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے ان مختلف الفاظ کی روشنی میں فلا إذن کا ترجمہ کیا: ''پس کوئی بات نہیں'' کیونکہ ایک حدیث دوسری حدیث کی شرح کرتی ہے۔

دیگر ائمہ کہتے ہیں: یہ قاعدہ کہ ایک حدیث دوسری حدیث کی شرح کرتی ہے بالکل صحیح ہے، مگر تمام قواعد کلیہ عُکّازۃ العُمیان (اندھے کی لاٹھی) ہوتے ہیں یعنی قاعدے اپنی جگہ صحیح ہوتے ہیں مگر ان کو جاری کرنے میں غلطی ہو جاتی ہے۔ امام شافعیؒ نے جو یہ قاعدہ یہاں جاری کیا وہ ٹھیک نہیں، کیونکہ اس قاعدہ کا مصداق وہ صورت ہے جب دو روایتیں الگ الگ ہوں، ایک مجمل ہو دوسری مفصل یا بالکل ہی الگ ہوں جیسے ایک حدیث میں ہے کہ جب زانی زنا کرتا ہے تو وہ مسلمان نہیں رہتا اور دوسری حدیث میں ہے کہ کسی بھی مسلمان کو کسی بھی گناہ کی وجہ سے اسلام سے باہر مت کرو (لا تکفروہ بذنب، ولا تخرجه من الإسلام بعمل، ابوداؤد حدیث ۲۵۳۲) یہاں دوسری روایت پہلی روایت کی شرح کرے گی اور اس کی روشنی میں پہلی حدیث کا مطلب طے کیا جائے گا، اور تطبیق بھی ایک طرح کی شرح اور وضاحت ہے۔ اور مسئلۂ باب میں دو الگ الگ روایتیں نہیں ہیں بلکہ ایک ہی روایت ہے جو مختلف الفاظ کے ساتھ آئی ہے، پس یہ روایت بالمعنی ہے۔ راوی نے حدیث کا جو مطلب سمجھا اس کے مطابق اس نے روایت کر دیا، ایسی جگہوں میں مجتہدین کو اپنی مجتہدانہ صلاحیتیں بروئے کار لا کر یہ طے کرنا ہوگا کہ آنحضرت ﷺ کے اصلی الفاظ کیا ہونگے؟ انہی الفاظ پر مسئلہ کا مدار رکھا جائے گا۔ اور اگر یہ بات معلوم نہ ہو سکے کہ آنحضور ﷺ کے اصل الفاظ کونسے ہیں نہ یقین کے درجہ میں اور نہ ظن غالب کے درجہ میں تو پھر اس حدیث سے مسئلہ مستنبط نہیں کیا جا سکتا، مگر اس کی کوئی مثال نہیں۔

اور حدیث مذکور میں ظن غالب یہ ہے کہ اصل لفظ فلا إذن ہی ہے اور دلیل یہ ہے کہ ہر متکلم کے لئے کچھ الفاظ اور محاورات ہوتے ہیں جس کو وہ بکثرت استعمال کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے متعدد حدیثوں میں یہی محاورہ استعمال کیا ہے۔ پس یہاں بھی یہی لفظ اصل ہے، باقی تمام الفاظ روایت بالمعنی ہیں۔ پس مسئلہ کا مدار اسی لفظ پر رکھا جائے گا اور دیگر روایات میں اس لفظ کے جو معنی ہیں وہی معنی یہاں بھی لینے ہونگے، دیگر حدیثوں میں اس لفظ کے معنی متعین ہیں وہاں کوئی اختلاف نہیں، مثلاً متفق علیہ حدیث ہے کہ حضرت بشیرؓ نے اپنے سب سے چھوٹے بیٹے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کو ایک غلام ہبہ کیا اور اس ہبہ پر آنحضور ﷺ کو گواہ بنانا چاہا، آپؐ نے فرمایا: کیا تم یہ نہیں چاہتے کہ تمہاری ساری اولاد تمہارے ساتھ یکساں حسن سلوک کرے؟ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: ضرور یہ بات چاہتا ہوں آپؐ نے فرمایا: فلا إذَنْ۔ یہاں اس محاورے کے معنی ''تو نہیں'' متعین ہیں یعنی جب تم یہ چاہتے ہو تو صرف ایک لڑکے کو ہبہ مت کرو، ہبہ کرنا ہے تو سب کو یکساں دو[1] (مشکوۃ حدیث ۳۰۱۹)

(۱) یہاں یہ سوال نہیں ہونا چاہئے کہ حضرت بشیر رضی اللہ عنہ تو غلام ہبہ کر چکے تھے اور ہبہ لوٹانا جائز نہیں پس آنحضرت ﷺ نے غلام واپس لینے کا حکم کیوں دیا؟ کیونکہ یہ تشریع (قانون سازی) کے وقت کی ترخیص ہے۔

اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر حج سے فارغ ہونے کے بعد آنحضرت ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اس وقت حضرت صفیہ بنت حُیَیْ رضی اللہ عنہا رو رہی تھیں میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! صفیہ کے ایام شروع ہوگئے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: کیا وہ ہمیں روک دیں گی؟ یعنی ان کی وجہ سے سارے قافلہ کو رک جانا پڑے گا؟ آپؐ کا خیال تھا کہ حضرت صفیہؓ نے ابھی تک طواف زیارت نہیں کیا، ازواج مطہرات نے عرض کیا: انھوں نے طوافِ زیارت تو کرلیا ہے آپؐ نے فرمایا: فلا إذًا یہاں بھی ''تو نہیں'' کے معنی متعین ہیں دوسرے معنی ہو ہی نہیں سکتے۔ یعنی اگر صفیہؓ طوافِ زیارت کرچکی ہیں تو اب قافلہ کو رکنا نہیں پڑے گا کیونکہ حائضہ پر طواف وداع نہیں۔

غرض دو باتیں متعین ہیں: ایک یہ کہ آنحضور ﷺ کے محاورات میں یہ لفظ (فَلا إذن) موجود ہے اس لئے ظن غالب یہ ہے کہ یہاں بھی اصل لفظ یہی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ سب جگہ اس لفظ کے معنی ''تو نہیں'' متعین ہیں پس وہی معنی یہاں بھی لینے ہونگے اور یہ معنی لینے کی صورت میں امام شافعی رحمہ اللہ کا اس حدیث سے استدلال درست نہیں رہتا اس لئے صحیح قول جمہور ہی کا ہے۔ واللہ اعلم

[۱۹۹] بابُ ماجاء فیمن تفوته الركعتان قبل الفجرِ يصليهما بعد صلاة الصبح

[٤٣٣-] حدثنا محمدُ بنُ عَمْرٍو السَّوَّاقُ، نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن سَعْدِ بنِ سَعِيدٍ، عن محمدِ بنِ إبراهيمَ، عن جَدِّهِ قَيْسٍ، قال: خَرَجَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَأُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ الصُّبحَ ثم انْصَرَفَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدَنِیْ أُصَلِّیْ، فَقَالَ: ''مَهْلاً يا قَيْسُ! أَصَلَاتَانِ مَعًا؟'' قلتُ: يارسولَ اللهِ! إِنِّی لَمْ أَكُنْ رَكَعْتُ رَكْعَتَیِ الْفَجْرِ، قال: ''فَلَا إِذَنْ''

قال أبو عيسى: حديثُ محمدِ بنِ إبراهيمَ لانَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذا إِلَّا مِنْ حَدِيثِ سَعْدِ بنِ سَعِيدٍ.

وقال سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ: سَمِعَ عطاءُ بنُ أَبِی رَبَاحٍ مِنْ سَعْدِ بنِ سَعِيدٍ هٰذا الحديثَ، وإِنَّمَا يُرْوَی هٰذا الحديثُ مُرْسَلاً.

وقد قالَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ بهٰذا الحديثِ: لَمْ يَرَوْا بَأْسًا أَنْ يُصَلِّیَ الرجلُ الركعتَيْنِ بعدَ المكتُوْبَةِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ.

قال أبو عيسى: وسَعْدُ بنُ سَعِيدٍ هُوَ أَخُوْ يَحْيَى بنِ سعيدٍ الأَنْصَارِیِّ، وقَيْسٌ هُوَ جَدُّ يحيى بنِ سعيدٍ، ويُقَالُ هُوَقَيْسُ بنُ عَمْرٍو، ويُقالُ هُوَ قَيْسُ بنُ قَهْدٍ.

وإِسْنَادُ هٰذا الحديثِ ليسَ بِمُتَّصِلٍ، محمدُ بنُ إبراهيمَ التيمیُّ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ قَيْسٍ؛ وَرَوَی بَعضُهم هذا الحديثَ عن سَعْدِ بنِ سَعِيدٍ عن محمدِ بنِ إبراهيمَ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ فَرَأَیْ قَيْسًا.

ترجمہ اور وضاحت: سند میں عن جدّہ قیسٍ میں ضمیر خلافِ قاعدہ سعد بن سعید کی طرف لوٹتی ہے یعنی حضرت قیس: محمد بن ابراہیم تیمی کے دادا نہیں ہیں بلکہ سعد بن سعید کے دادا ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: محمد بن ابراہیم کی حدیث کو ہم اس طرح صرف سعد بن سعید کی سند سے جانتے ہیں، یعنی سعد بن سعید سے اوپر اس کی صرف یہی ایک سند ہے۔ اور سفیان بن عیینہ کہتے ہیں: یہ حدیث سعد بن سعید سے عطاء بن ابی رباح نے بھی سنی ہے یعنی سعد سے نیچے تو اور بھی سند ہے، مگر اوپر یہی ایک سند ہے۔ اور یہ حدیث مرسل ہی روایت کی جاتی ہے، یعنی حدیث کے آخر میں حضرت قیس رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں ہے، اور بعض اہل مکہ (یعنی امام شافعی رحمہ اللہ جن کی ولادت مکہ میں ہوئی ہے) اس حدیث کو لیتے ہیں وہ اس میں کچھ حرج نہیں سمجھتے کہ آدمی فجر کے فرض پڑھنے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے دو رکعتیں (سنتیں) پڑھے —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سعد بن سعید حضرت یحییٰ بن سعید انصاری کے بھائی ہیں، اور قیس: یحییٰ بن سعید انصاری کے دادا ہیں (پس وہ سعد بن سعید کے بھی دادا ہیں) اور قیس کے والد کے نام میں اختلاف ہے، کہا جاتا ہے کہ ان کے والد کا نام عمرو ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ ان کے والد کا نام قَہد ہے، اور اس حدیث کی سند متصل نہیں ہے۔ محمد بن ابراہیم تیمی کا حضرت قیس سے سماع نہیں، اور بعض حضرات نے اس حدیث کو سعد بن سعید سے، انھوں نے محمد بن ابراہیم سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ گھر سے باہر تشریف لائے پس آپ نے قیس کو دیکھا (الی آخرہ یعنی حدیث مرسل ہے، محمد بن ابراہیم نے حضرت قیس کا واقعہ بیان کیا ہے روایت نہیں کی)

بابُ ماجاء فی إعادَتِهِمَا بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ

سورج نکلنے کے بعد فجر کی سنتیں پڑھنے کا بیان

ائمہ ثلاثہ اور امام محمد رحمہم اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص فجر کی سنتیں نہ پڑھ سکا ہو تو سورج نکلنے کے بعد جب مکروہ وقت گذر جائے تو زوال سے پہلے تک سنتیں پڑھ لے۔ یہ سنتوں کی قضاء نہیں ہے بلکہ ان کا بدل ہے، کیونکہ قضا فرض اور واجب نماز کی ہوتی ہے اور یہ دو رکعتیں مفتی بہ قول کے مطابق سنت ہیں، اس کی نظیر تہجد کی نماز ہے، آنحضرت ﷺ جب کسی عذر کی وجہ سے تہجد نہیں پڑھتے تھے تو دن میں بارہ رکعت پڑھ لیتے تھے۔ یہ تہجد کا بدل تھا، اس کی قضا نہیں تھی، اور چونکہ آپؐ رات میں تہجد لمبے پڑھتے تھے اور دن میں لمبے نوافل پڑھنے کا آپ کا معمول نہیں تھا کیونکہ دن کے مزاج میں انقباض ہے اور رات کے مزاج میں انبساط ہے اس لئے آپ بدل میں چار رکعت زائد یعنی بارہ رکعت پڑھتے تھے تاکہ اس طول کی تلافی ہو جائے۔ اور شیخین یعنی امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ سے اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں اس لئے علماء نے فرمایا ہے کہ اس مسئلہ میں امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر عمل کرنا چاہئے۔

[۲۰۰] بابُ ماجاء فی إعادتِهِمَا بعد طلوع الشمس

[٤٣٤-] حدثنا عقبةُ بنُ مُكْرَمٍ العَمِّيُّ الْبِصْرِيُّ، نا عَمْرُو بنُ عاصِمٍ، نا هَمَّامٌ، عن قَتَادَةَ، عن النَضْرِ بنِ أَنَسٍ، عن بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عن أبی هريرةَ، قال: قالَ رسولُ الله صلی الله عليهوسلم:" مَنْ لَّمْ يُصَلِّ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ فَلْيُصَلِّهِمَا بَعْدَ مَا تَطْلُعُ الشمسُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وقد رُوِیَ عن ابنِ عُمَرَ أَنَّهُ فَعَلَهُ، والعَمَلُ على هٰذا عَنْدَ بعضِ أهلِ العلمِ؛ وبه يقولُ سفيانُ الثوریُّ، والشافعیُّ،وأحمدُ، وإِسحاقُ، وابنُ المبارِكِ.

قال:ولانَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى هٰذَا الحديثَ عن هَمَّامٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَ هٰذَا إِلَّا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ الكِلَابیُّ؛ والمَعْرُوْفُ مِنْ حديثِ قَتَادَةَ، عن النَّضْرِ بنِ أَنَسٍ، عن بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم، قال:" مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ أَدْرَكَ الصُّبْحَ"

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے فجر کی دو رکعتیں (سنتیں) نہیں پڑھیں تو چاہئے کہ وہ ان دونوں کو سورج نکلنے کے بعد پڑھ لے''

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر اسی سند سے (یعنی عمرو بن عاصم کلابی سے اوپر اس کی صرف یہی ایک سند ہے، امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا کہ یہ روایت کس درجہ کی ہے) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے ایسا کیا (یعنی ان کی فجر کی سنتیں رہ گئیں تھیں تو ان کو سورج نکلنے کے بعد پڑھا۔ یہ روایت موطا مالک ص ۴۵ فی رکعتی الفجر میں ہے) اور اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے اور اسی کے سفیان ثوری، شافعی، احمد، اسحاق اور ابن المبارک رحمہم اللہ قائل ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے یہ حدیث ہمام سے اس سند سے اس کے مانند روایت کی ہو سوائے عمرو بن عاصم کلابی کے (یہ تکرار ہے اور یہ راوی صدوق ہے مگر حافظہ میں خرابی تھی اور مذکورہ مضمون یہی راوی تنہا روایت کرتا ہے) اور قتادہ کی مذکورہ سند سے محدثین کے نزدیک جو متن معروف ہے وہ یہ ہے کہ جس نے سورج نکلنے سے پہلے نماز فجر کی ایک رکعت پالی اس نے صبح کی نماز پالی (پس عمرو بن عاصم کی روایت شاذ ہے)

فائدہ: علامہ کشمیری قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ حضرت قتادہ کی اس سند سے بیس روایتیں مروی ہیں مگر کسی سند سے من أدرك ركعة من صلاة الصبح والا متن مروی نہیں (تفصیل کے لئے معارف السنن (۴:۱۰۰ اور ۲:۱۵۳) دیکھیں یعنی جو بات امام ترمذیؒ نے فرمائی ہے اس کے بالکل برعکس شاہ صاحب نے دعوی کیا ہے)

بابُ ماجاءَ فی الأَرْبعِ قَبْلَ الظُّهْرِ

ظہر سے پہلے چار رکعت سنتِ مؤکدہ کا بیان

علامہ ابن جریر طبری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ نے اکثر ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھی ہیں اور کبھی دو رکعتیں بھی پڑھی ہیں۔ علامہ کشمیری قدس سرہ نے اس کو معتدل قول قرار دیا ہے، اور گذشتہ ابواب میں یہ بات بتا چکا ہوں کہ ظہر سے پہلے چار رکعت سنت مؤکدہ کی بھی روایت ہے اور دو رکعت کی بھی، اور دونوں صحیح ہیں۔ چار کامل سنت ہیں اور دو بھی سنت ہیں۔ لہٰذا ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھنی چاہئیں، اور اگر وقت میں تنگی ہو یا موقع نہ ہو تو دو پڑھنا بھی درست ہے۔ اور جب چار پڑھے تو ایک سلام سے پڑھے یہی نبی ﷺ کی اصل سنت ہے اور دو سلام سے پڑھے تو بھی سنت پر عمل ہو جائے گا۔ اس میں زیادہ جھگڑنا نہیں چاہئے۔

[۲۰۱] بابُ ماجاء فی الأربع قبل الظهر

[۴۳۵-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا أبو عامرٍ، نا سفيانُ، عن أَبِی إِسْحَاقَ، عن عاصمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن علیٍّ، قال كانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّهْرِ أَرْبَعًا، وبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ.

وفی الباب: عن عائشةَ وأُمِّ حبيبةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ علیٍّ حديثٌ حسنٌ.

حدثنا أبوبكرٍ العَطَّارُ، قال: قال علیُّ بنُ عبدِ اللهِ، عن يحيیَ بنِ سعيدٍ، عن سفيانَ، قال: كُنَّا نَعْرِفُ فَضْلَ حديثِ عاصمِ بنِ ضَمْرَةَ عَلَى حديثِ الحارثِ.

والعَمَلُ على هذا عندَ أكثرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعدَهُمْ: يَخْتَارُوْنَ أَنْ يُصَلِّیَ الرَّجُلُ قَبْلَ الظهرِ أَرْبعَ رَكْعَاتٍ، وَهُوَ قَوْلُ سَفيانَ الثوریِّ، وابنِ المباركِ وإسحاقَ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: صلاةُ الليلِ وَالنَّهارِ مَثْنَى مَثْنَى، يَرَوْنَ الْفَصْلَ بَيْنَ كلِّ رَكعَتَيْنِ، وبه يقولُ الشافعیُّ وأحمدُ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور ظہر کے بعد دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث حسن ہے (عاصم بن ضمرۃ اور حارث اعور دونوں حضرت علی سے بکثرت روایتیں کرتے ہیں اور دونوں کا حافظہ کمزور تھا۔ نیز دونوں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اقوال کو حدیث مرفوع بھی کر دیا کرتے تھے اور حارث: عاصم سے زیادہ کمزور ہیں) سفیان ثوری کہتے ہیں: ہم حارث کی حدیث پر عاصم کی حدیث کی برتری پہچانتے تھے (یعنی عاصم کی حدیثیں حارث کی حدیثوں سے اچھی ہوتی ہیں) اور اس پر اکثر صحابہ اور بعد کے علماء کا عمل ہے وہ یہ بات پسند کرتے

ہیں کہ آدمی ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے۔اور یہ سفیان ثوری، ابن المبارک اور اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے (یہی حنفیہ کا قول ہے) اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ رات اور دن کی نفلیں دودو، دودو ہیں (یہ مسئلہ چند ابواب کے بعد آرہا ہے) ان کے نزدیک ہر دو رکعتوں کے درمیان فصل کرنا بہتر ہے اور یہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء فی الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ الظُّهْرِ

ظہر کے بعد دو سنتِ مؤکدہ کا بیان

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ظہر کے بعد چار رکعت ہیں اور وہ چاروں مندوب (مستحب) ہیں۔ باقی ائمہ کے نزدیک دو رکعت سنتِ مؤکدہ ہیں اور دو رکعت مندوب۔

[۲۰۲] بابُ ماجاء فی الرکعتین بعد الظهر

[۴۳۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا إسماعیلُ بنُ إبراهیمَ، عن أیوبَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عمرَ، قال: صَلَّیْتُ مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم رَکْعَتَیْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَکْعَتَیْنِ بَعْدَهَا.

قال: وفی البابِ عن علیٍّ، وعائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عمرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے ظہر سے پہلے نبی ﷺ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں اور ظہر کے بعد دو رکعتیں (معیت صرف تعداد میں ہے) یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اس لئے ظہر سے پہلے کبھی دو رکعتیں پڑھنا بھی درست ہے، مگر کامل سنت چار رکعتیں ہیں۔

بابٌ آخَرُ

ظہر سے پہلے کی سنتیں رہ جائیں تو ان کو بعد میں پڑھے

اگر کوئی شخص ظہر سے پہلے چار یا دو سنتیں نہ پڑھ سکا ہو تو ظہر کے بعد اُسے چار رکعتیں اور موقع نہ ہو تو دو رکعتیں پڑھ لینی چاہئیں۔اور چاہئے کہ پہلے ظہر کے بعد والی سنتیں پڑھے پھر پہلے والی سنتیں پڑھے، کیونکہ جو گاڑی لیٹ ہوگئی: ہوگئی، بروقت کو لیٹ نہیں کرنا چاہئے۔علاوہ ازیں شریعت نے کسی مصلحت سے فرضوں کے بعد ان کے مانند نوافل نہیں رکھے، تاکہ ناظر اس شبہ میں مبتلا نہ ہو کہ مصلی نے نماز کا اعادہ کیا اور امام کے ساتھ پڑھی ہوئی نماز کا اعتبار نہ کیا، کیونکہ یہ شکایت امام (حاکم وقت) تک پہنچ گئی تو گردن نپ جائے گی، اس لئے بھی پہلے دو سنتیں پڑھے پھر چار۔

پہلی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب ظہر سے پہلے چار رکعتیں نہیں

پڑھ سکتے تھے تو ان کو ظہر کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث ٹھیک ہے مگر غریب ہے کیونکہ ابن المبارک سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے اور اس حدیث کو خالد حذاء سے شعبہ رحمہ اللہ نے بھی روایت کیا ہے پھر ان سے صرف قیس روایت کرتے ہیں یعنی یہ دوسری سند بھی غریب ہے۔ اور عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (کبیر) سے بھی یہ مضمون مروی ہے، مگر یہ سند بھی مرسل ہے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص پابندی سے ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور ظہر کے بعد چار رکعتیں پڑھے اس پر اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ حرام کر دیتے ہیں'' (امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث کی بناء پر فرمایا ہے کہ ظہر کے بعد چار رکعتیں ہیں اور چاروں ایک درجہ کی ہیں مگر جمہور کے نزدیک ان میں سے دو سنتِ مؤکدہ ہیں اور دو غیر مؤکدہ) یہ حدیث بھی ٹھیک ہے، مگر ایک ہی سند سے مروی ہونے کی وجہ سے غریب ہے، البتہ اس کی ایک اور سند بھی ہے جس کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے بیان کیا ہے، وہ باب کی تیسری حدیث (نمبر ۴۳۹) ہے۔ اس کا بھی یہی مضمون ہے۔ اس حدیث کو حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے صرف ان کے بھائی عنبسہ روایت کرتے ہیں، پھر نیچے اس کی متعدد سندیں ہیں۔

[۲۰۳] بابٌ آخر

[۴۳۷-] حدثنا عبدُ الوارِثِ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ العَتَكِيُّ المَرْوَزِيُّ، نا عبدُ اللهِ بنُ المباركِ، عن خالدٍ الحَذَّاءِ، عن عبدِ اللهِ بنِ شَقِيقٍ، عن عائشةَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان إِذَالَمْ يُصَلِّ أَرْبَعًا قَبْلَ الظُّهْرِ صَلَّاهُنَّ بَعْدَهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ ابنِ المباركِ مِنْ هٰذا الوجهِ؛ ورَوَاهُ قَيْسُ بنُ الربيعِ، عن شُعْبَةَ، عن خالدٍ الحَذَّاءِ نَحوَ هذا، ولا نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَاهُ عن شُعبةَ غيرُ قَيْسِ بنِ الرَّبِيْعِ.

وقد رُوِىَ عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى لَيْلَى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نحوُ هذا.

[۴۳۸-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نايزيدُ بنُ هارونَ عن محمدِ بنِ عبدِ اللهِ الشُّعَيْثِيِّ، عن أبيهِ، عن عَنْبَسَةَ بنِ أَبِى سُفيانَ، عن أُمِّ حَبِيْبَةَ، قالتْ: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' مَنْ صَلَّى قَبْلَ الظُّهْرِ أَرْبَعًا وَبَعْدَهَا أَرْبَعًا حَرَّمَهُ اللّٰهُ على النَّارِ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وقد رُوِىَ مِن غَيْرِ هٰذا الوَجْهِ.

[۴۳۹-] حدثنا أبوبَكْرٍ محمدُ بنُ إسحاقَ البَغْدَادِيُّ، حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ يُوْسُفَ التِّنِّيْسِيُّ الشَّامِيُّ، حدثنا الهَيْثَمُ بنُ حُمَيْدٍ، قال: أَخْبَرَنِىْ العَلَاءُ بنُ الحَارِثِ، عن القاسِمِ أبى عبدِ الرحمنِ، عن عَنْبَسَةَ بنِ

أبی سُفیانَ، قال: سمعتُ أُخْتِی أمَّ حبیبةَ زَوْجَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، تَقُوْلُ: سمعتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقولُ: "مَنْ حَافَظَ عَلَی أَرْبَعِ رَکْعَاتٍ قَبْلَ الظُّهْرِ وَأَرْبَعٍ بَعْدَهَا حَرَّمَهُ اللّٰهُ علی النَّارِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِن هذا الوجهِ.

والقاسمُ: هو ابنُ عبدِالرحمنِ، یُکْنَی أبا عبدِ الرحمنِ، وهو مَوْلٰی عبدِ الرحمنِ بن خالدِ بنِ یزیدَ بنِ معاویةَ، وهو ثِقَةٌ شامِیٌّ وهو صاحِبُ أبی أُمَامَةَ.

وضاحت: عنبسة بن ابی سفیان حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے چھوٹے بھائی ہیں اور تابعی ہیں اور ان کی وفات حضرت معاویہ سے پہلے ہوئی ہے، اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی دوسندیں ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں سندوں سے حدیث روایت کی ہے۔ اور پہلی سند کو صرف حسن قرار دیا ہے اور دوسری کو حسن صحیح کہا ہے، مگر دونوں سندیں غریب ہیں۔ کیونکہ اس کو عنبسہ ہی روایت کرتے ہیں۔

اور یہ قاسم: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پوتے (جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں) نہیں ہیں اُن کے والد کا نام عبدالرحمٰن ہے اور ان قاسم کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے۔ یہ قاسم: یزید کے پوتے عبدالرحمٰن بن خالد کے مولیٰ (آزاد کردہ) ہیں۔ شام کے باشندے تھے اور ثقہ ہیں، اور حضرت ابوامامہ کے خاص شاگرد ہیں۔

بابُ ماجاء فی الأَرْبَعِ قَبْلَ العَصْرِ

عصر سے پہلے چار نفلوں کا بیان

پہلی حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضور ﷺ عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے، ان کے درمیان جدائی کیا کرتے تھے، مقرب فرشتوں پر اور جن مؤمنین اور مسلمین نے ان کی پیروی کی ہے ان پر سلام بھیجنے کے ذریعہ۔

تشریح: آنحضرت ﷺ عصر سے پہلے چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھتے تھے اور **یفصل بینهن بالتسلیم** سے سلام نہائی مراد نہیں بلکہ تشہد پڑھنا مراد ہے، کیونکہ سلام نہائی میں صرف دائیں بائیں موجود نمازیوں پر سلام بھیجا جاتا ہے تمام فرشتوں پر اور تمام مؤمنین پر سلام نہیں بھیجا جاتا۔ البتہ تشہد میں یہ جملہ ہے: **السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین** اس جملہ میں سب مؤمنین، مسلمین، عام فرشتے اور مقرب فرشتے سب پر سلام بھیجا جاتا ہے پس یہاں فصل کرنے سے تشہد پڑھنا مراد ہے اور یہ تفسیر حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے کی ہے۔ اور جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے مگر آگے **باب کیف کان یتطوع النبی صلی اللہ علیه وسلم**

بالنہار؟ میں یہ حدیث اسی سند سے پھر آئے گی وہاں حضرت نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ اس بندے پر رحم فرمائے جو عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے'' یعنی آپؐ نے دعا دی۔ حدیث شریف کا یہ انداز اشارہ کرتا ہے کہ ان چار رکعتوں کا درجہ سنن مؤکدہ سے کم ہے۔

[۲۰۴] باب ماجاء فی الأربع قبل العصر

[۴۴۰-] حدثنا بُندارٌ محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو عَامِرٍ، ناسُفیانُ، عن أبی إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن علیٍّ، قال: کان النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم یُصَلِّی قَبْلَ العَصْرِ أَرْبَعَ رَکْعَاتٍ، یَفْصِلُ بَیْنَهُنَّ بِالتَّسْلِیْمِ عَلَى الْمَلاَئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُؤْمِنِیْنَ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمرَ، وعبدِ اللہِ بنِ عَمْرٍو، قال أبو عیسى: حدیثُ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ.

واخْتَارَ إسحاقُ بنُ إبراهیمَ أَنْ لاَ یُفْصَلَ فی الْأَرْبَعِ قَبْلَ العَصْرِ، واحْتَجَّ بِهٰذا الحدیثِ، وقال: مَعْنٰى قَوْلِهِ: '' أَنَّهُ یَفْصِلُ بَیْنَهُنَّ بِالتَّسْلِیْمِ''یَعْنِی التشَهُّدَ.

ورأَى الشافعیُّ وأحمدُ: صلاةَ اللیلِ والنَّهَارِ مَثْنٰى مَثْنٰى، یَخْتَارَانِ الفَصْلَ.

[۴۴۱-] حدثنا یَحییَ بنُ مُوْسَى، وأحمدُ بنُ إبراهیمَ، ومحمودُ بنُ غَیْلاَنَ، وغیرُ واحدٍ، قَالُوْا: نا أبو داوُدَ الطَّیَالِسِیُّ، نا محمدُ بنُ مُسْلِمِ بنِ مِهْرَانَ، سَمِعَ جَدَّهُ، عن ابنِ عمرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قال: '' رَحِمَ اللّٰهُ امْرَأً صَلَّى قبلَ العصرِ أَرْبَعًا''

قال أبو عیسى: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

ترجمہ: اسحاق بن راہویہ نے یہ بات پسند کی ہے کہ عصر سے پہلے چار رکعت میں فصل نہ کیا جائے (یعنی ان کو ایک سلام سے پڑھا جائے) اور انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے اور فرمایا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول: **یفصل بینهن بالتسلیم** سے تشہد مراد ہے (سلام نہائی مراد نہیں) اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے رات اور دن کے نوافل میں دو دو، دو دو رکعتوں کو افضل قرار دیا ہے وہ دونوں فصل کو پسند کرتے ہیں (یعنی ان کے نزدیک عصر سے پہلے والی چار سنتوں کو دو سلام سے پڑھنا چاہئے)

دوسری حدیث میں ابو داؤد طیالسی کے استاذ محمد بن مسلم بن مہران کے والد کا نام ابراہیم ہے اور مسلم ان کے دادا ہیں۔ اور جدہ سے مسلم بن مہران مراد ہیں۔ اور حضرت اسحاق کے والد کا نام بھی ابراہیم ہے چونکہ وہ سفر حج میں راستہ میں پیدا ہوئے تھے اس لئے وہ راہویہ (راستے والے) کہلاتے تھے اور امام اسحاق: ابن راہویہ سے مشہور ہیں۔ اس دوسری حدیث میں چونکہ محمد بن مسلم میں کلام کیا گیا ہے۔ اس لئے حدیث کو صحیح قرار نہیں دیا۔

بابُ ماجاء فی الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَالْقِرَاءَ ۃِ فِیْهِمَا

مغرب کے بعد دوسنتوں اوران میں قراءت کا بیان

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مغرب کے بعد چھ رکعت سنت ہیں اور وہ سب ایک درجہ کی ہیں یعنی مندوب ہیں اور دیگر ائمہ کے نزدیک دوسنت مؤکدہ ہیں اور چار مندوب ہیں اور یہ چھ نفل اوابین کہلاتے ہیں۔ اور نبی ﷺ جس طرح فجر کی سنتوں میں اخلاص کی دوسورتیں پڑھتے تھے مغرب کے بعد کی سنتوں میں بھی یہی دوسورتیں پڑھتے تھے۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں گن نہیں سکتا اتنی مرتبہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو مغرب کے بعد کی سنتوں میں اور فجر سے پہلے کی سنتوں میں قل یأیها الکافرون اور قل هو الله أحد پڑھتے سنا ہے۔

تشریح: یہ بات تو پہلے بھی آچکی ہے کہ مغرب کے بعد دو رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں۔ اس حدیث میں خاص بات یہ ہے کہ آپؐ ان میں بھی اخلاص کی دوسورتیں پڑھتے تھے۔

[۲۰۵] باب ماجاء فی الرکعتین بعد المغرب، والقراء ۃِ فیهما

[۴۴۲-] حدثنا محمدُ بنُ الْمُثَنَّی، نا بَدَلُ بنُ المَحَبَّرِ، نا عبدُ المَلِكِ بنُ مَعْدَانَ، عن عاصِمِ بنِ بَهْدَلَةَ، عن أبی وائِلٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ مسعودٍ، أَنَّهُ قَالَ: مَاأُحْصِیْ مَا سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقْرَأُ فی الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ المَغْرِبِ وفی الرَّکْعَتَیْنِ قَبْلَ صَلاَۃِ الفَجْرِ بِقُلْ یَا أیها الکافرونَ وقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ؛ قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ مسعودٍ حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدیثِ عبدِ الملكِ بنِ مَعْدَانَ، عن عَاصِمٍ.

وضاحت: یہ حدیث ضعیف بھی ہے اور اس کی سند میں تفرد بھی ہے۔ عبد الملک بن معدان سے آخر تک اس کی یہی سند ہے اور یہ راوی ضعیف ہے۔ اس کے استاذ عاصم مشہور قاری ہیں، جن کے شاگرد حفص کی ہم قراءت پڑھتے ہیں۔ ان سے یہ روایت صرف عبد الملک کرتا ہے۔

بابُ ماجاء أَنَّهُ یُصَلِّیْهِمَا فی البَیْتِ

مغرب کے بعد کی سنتیں گھر میں پڑھنے کا بیان

سنن ونوافل کے سلسلہ میں اصل مسئلہ یہ ہے کہ ان کو گھر میں پڑھنا اولی ہے، مسجد میں صرف فرض نمازیں پڑھنی

چاہئیں، تاکہ بیوی بچوں کو ترغیب ہو اور وہ بھی ان کا اہتمام کریں، نیز اس سے گھر میں برکت بھی ہوگی۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مسجد میں نوافل بالکل نہ پڑھے جائیں۔ بعض اعتبارات سے مسجد میں پڑھنا بھی افضل ہے، مثلاً کوئی نیک آدمی مسجد میں ہو اور اس کی معیت مقصود ہو تو نفلیں مسجد میں پڑھنا افضل ہے کیونکہ نیکوں کی معیت شرعاً مطلوب ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿یَا أَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِیْنَ﴾ مسلمانو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھی بنو (التوبہ ۱۱۹) اسی طرح ملکہ سبا کے واقعہ میں ہے کہ اس نے اسلام قبول کرتے وقت کہا تھا: ﴿رَبِّ إِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَأَسْلَمْتُ مَعَ سُلَیْمَانَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ﴾ پروردگار! میں نے اپنے اوپر ظلم کیا کہ سورج کی پوجا کرتی رہی، اب میں سلیمان کے ساتھ سارے جہاں کے پالنہار پر ایمان لاتی ہوں (النمل ۴۴) ان دونوں آیتوں سے معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کی معیت مطلوب ہے۔

اسی طرح اگر مسجد سے قریب کسی نیک آدمی کا گھر ہو اور اس کے قُرب سے حصولِ برکت مقصود ہو تو بھی مسجد میں نوافل پڑھنا بہتر ہے، صحابہ کرام اسی وجہ سے تہجد پڑھنے کے لئے دور دور سے مسجد نبوی میں آتے تھے، اسی طرح اگر کوئی متبرک جگہ ہو مثلاً حرمین شریفین تو بھی مسجد میں نفل پڑھنا افضل ہے۔ غرض مختلف جہتوں سے مسجد میں نوافل پڑھنا افضل ہے، اور کوئی وجہ ترجیح نہ ہو تو پھر فرائض کے علاوہ تمام نمازیں گھر میں افضل ہیں اس میں ریاء وسمعہ کا احتمال نہیں رہتا، اصل مسئلہ یہی ہے مگر جب احوال بدلے تو مسئلہ بدلا، جب علماء نے دیکھا کہ لوگوں کے مشاغل بڑھ گئے ہیں اور عبادت کا ذوق وشوق کم ہوگیا ہے تو انھوں نے فرضوں کے ساتھ واجب کو بھی شامل کیا اور واجب کو بھی مسجد میں پڑھنے کا حکم دیا، پھر جب ذوق وشوق اور کم ہوگیا تو فتوی دیا کہ سنن مؤکدہ بھی مسجد ہی میں پڑھے جائیں۔ پھر جب بڑے شہروں کے احوال دیکھے کہ لوگ چھوٹے چھوٹے مکانوں میں رہتے ہیں اور گھر میں نماز میں سکون حاصل نہیں ہوتا تو سب نمازیں مسجد میں پڑھنے کا فتوی دیا اور لوگ سبھی نفلیں مسجدوں میں پڑھنے لگے۔ غرض یہ احکام عوارض کی وجہ سے ہیں اور آج فتوی یہ ہے کہ سنن مؤکدہ اور واجب نمازیں فرائض کے ساتھ ملحق ہیں یعنی فرائض کے ساتھ واجب اور سنن مؤکدہ کو بھی مسجد میں پڑھنا چاہئے، لیکن جس شخص کو اعتماد ہو کہ گھر جاکر سنتیں پڑھے گا فوت نہیں کرے گا اس کے لئے آج بھی دیگر نوافل گھر میں پڑھنا افضل ہے، یہ جمہور کی رائے ہے اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دن کے نوافل مسجد میں اور رات کے نوافل گھر میں پڑھنا افضل ہے۔

فائدہ: فرائض، واجب اور سننِ مؤکدہ کے علاوہ نو نوافل مسجد میں پڑھنا افضل ہے: (۱) تراویح (۲) سورج گہن کی نماز (۳) تحیۃ المسجد (۴) احرام کا دوگانہ (۵) طواف کا دوگانہ (۶) معتکف کے سب نوافل (۷) مسافر جب سفر سے لوٹے تو چاہئے کہ گھر میں داخل ہونے سے پہلے مسجد میں جاکر دو رکعت نفل نماز پڑھے (۸) جس شخص کو مشغولیت کی وجہ سے نماز فوت ہونے کا اندیشہ ہو اُسے بھی نفل نماز مسجد میں پڑھنی چاہئے (۹) جمعہ کی سنتیں (معارف السنن ۴: ۱۱۱)

[۲۰۶] باب ماجاء أنه يصليهما فى البيت

[۴۴۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن أيُّوْبَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: صَلَّيْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِيْ بَيْتِهِ.

وفى الباب: عن رافعِ بنِ خَدِيْجٍ،وكَعْبِ بنِ عُجْرَةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۴۴۴-] حدثنا الحَسَنُ بن عَلِيٍّ الحُلْوَانِيُّ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن أيُّوْبَ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: حَفِظْتُ عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم عَشْرَ رَكْعَاتٍ كَانَ يُصَلِّيْهَا بِاللَّيْلِ والنَّهَارِ: رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، ورَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، ورَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، ورَكْعَتَيْنِ بَعْدَ العِشَاءِ الآخِرَةِ، قال: وَحَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ أَنَّهُ كانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الْفَجْرِ رَكْعَتَيْنِ هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا الحَسَنُ بنُ عليٍّ، نا عبدُ الرزاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن ابنِ عُمرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مِثْلَهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مغرب کے بعد آپؐ کے گھر میں دو سنتیں پڑھیں (یعنی آنحضور ﷺ مغرب کے بعد کی سنتیں گھر میں پڑھا کرتے تھے۔ اور معیت تعداد میں ہے جماعت کے ساتھ پڑھنا مراد نہیں) (دوسری حدیث) ابن عمر کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے دس رکعتیں یاد کی ہیں جن کو آپ رات دن میں پڑھا کرتے تھے (دس رکعت سنت مؤکدہ کی ایک روایت پیچھے بھی گذری ہے اور ایک روایت آئندہ بھی آرہی ہے) ظہر سے پہلے دو رکعتیں، ظہر کے بعد دو رکعتیں، مغرب کے بعد دو رکعتیں اور عشاء کے بعد دو رکعتیں، ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور مجھ سے (میری بہن) حفصہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے (یعنی یہ عمل گاہ بہ گاہ دیکھنے کا تو اتفاق ہوتا تھا مگر آنحضور ﷺ یہ دو رکعتیں ہمیشہ پڑھتے تھے یہ بات مجھ سے میری بہن حفصہ رضی اللہ عنہا نے بیان کی) اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابن عمر کی اس حدیث کی ایک اور سند لکھی ہے اور وہ سند بھی اعلی درجہ کی ہے۔ پہلی سند نافع کی ہے اور دوسری حضرت سالم کی۔ نافع سے ایوب سختیانی اور ان سے معمر روایت کرتے ہیں اور سالم سے امام زہری پھر ان سے معمر روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی فضل التطوع، وست رکعات بعد المغرب

نوافل کی فضیلت اور مغرب کے بعد چھ نفلوں کا بیان

مصری نسخہ میں واو کے ساتھ وست رکعات ہے، مغرب کے بعد کے یہ نوافل صلاۃ الاوّابین کہلاتے ہیں ان نفلوں کے بارے میں کوئی صحیح حدیث نہیں سب احادیث ضعیف ہیں، مگر فضائل اعمال میں کافی ہیں یعنی ان سے مندوب (استحباب) کے درجہ کا حکم ثابت ہوسکتا ہے۔ اوران کی تعداد کے سلسلہ میں دو روایتیں ہیں، چھ رکعت کی، اور بیس رکعت کی اور دونوں ضعیف ہیں۔ جاننا چاہئے کہ اوابین کی ان چھ یا بیس رکعتوں میں مغرب کے بعد کی دو سنتیں بھی شامل ہیں۔

أوّاب: مبالغہ کا وزن ہے۔ آبَ یَؤُبُ أَوْبًا کے معنی ہیں لوٹنا، مشہور دعا ہے: آئبون تائبون ہم اپنے وطن کی طرف لوٹنے والے ہیں اور توبہ کرنے والے ہیں۔ اور اوّاب کے معنی ہیں: اللہ کی طرف بہت زیادہ رجوع ہونے والا، اور صلاۃ الاوابین کا ترجمہ ہے: جو بندے اللہ تعالیٰ کی طرف بہت زیادہ رجوع ہونے والے ہیں ان کی نماز، یعنی اس نماز کو وہی بندے پڑھتے ہیں جن کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص تعلق ہوتا ہے، پس لغوی معنی کے اعتبار سے مغرب کے بعد جو نفلیں ہیں وہ بھی اوابین ہیں۔ اور اشراق وچاشت کی نمازیں بھی صلاۃ الاوابین ہیں اور تہجد بھی صلاۃ الاوابین ہے بلکہ تہجد پر صلاۃ الاوابین کا اطلاق زیادہ بامعنی ہے، کیونکہ تہجد اللہ تعالیٰ کے بہت ہی خاص بندے (جن کو اللہ تعالیٰ سے بے حد لگاؤ ہوتا ہے) پڑھتے ہیں۔

جاننا چاہئے کہ صحیح حدیثوں میں اشراق وچاشت کی نمازوں کو صلاۃ الاوابین کہا گیا ہے اور مغرب کے بعد کے نوافل کو صلاۃ الاوابین ایک مرسل روایت میں کہا گیا ہے، مگر لوگوں میں صلاۃ الاوابین سے مشہور مغرب کے بعد کے نوافل ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ضعیف روایتوں کا ضعف اگر محتمل (قابل برداشت) ہو یعنی روایت کا ضعف ہلکے درجہ کا ہو مثلاً راوی کے حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے روایت کی تضعیف کی گئی ہو یا وہ ضعیف روایت متعدد طرق سے مروی ہو اور وہ حسن لغیرہ ہوگئی ہو ایسی ضعیف روایتیں فضائل الاعمال میں معتبر ہیں۔ اور اس قاعدہ کے دو مطلب ہیں اور دونوں صحیح ہیں: ایک: جو اعمال قرآن یا صحیح احادیث سے ثابت ہیں اگر ان کا ثواب کسی ضعیف حدیث میں آئے تو اس حدیث کا اعتبار کیا جائے گا۔ دوسرا مطلب: مندوب کے درجہ کے احکام ایسی ضعیف حدیثوں سے ثابت ہوسکتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ فضائل الأعمال کی ترکیب یا تو حقیقۃً مرکب اضافی ہے یا مرکب توصیفی سے بدلی ہوئی ہے یعنی یہ حقیقت میں موصوف صفت ہیں پھر عبارت کو سبک اور آسان بنانے کے لئے اس کو مرکب اضافی سے بدلا گیا ہے، اگر پہلی ترکیب ہے تو اعمال سے اعمال ثابتہ مراد ہیں یعنی فی فضائلِ الأعمال الثابتۃ یعنی وہ احکام جو قرآن یا

صحیح احادیث سے ثابت ہیں اگر ان کا ثواب کسی ضعیف حدیث میں آئے اور روایت کا ضعف قابلِ برداشت ہو تو وہ روایت معتبر ہے، جیسے قرآن کریم سے تہجد کی نماز ثابت ہے اگر اس کا ثواب کسی ضعیف روایت میں آئے اور روایت کا ضعف محتمل ہو تو اس روایت کو لے لیا جائے گا کیونکہ عمل تو فی نفسہ ثابت ہے ضعیف حدیث سے اس کو ثابت نہیں کرنا۔ اور اگر یہ مرکب توصیفی سے بدلی ہوئی ترکیب ہے اور اس کی اصل ہے: أعمالٌ فُضَلٌ (زائد اعمال) یعنی وہ اعمال جو فرض، واجب اور سنن مؤکدہ کے علاوہ ہیں (نوافلُ الأعمال بھی مرکب توصیفی سے بدلی ہوئی ترکیب ہے اس کی اصل ہے أعمال نافلةٌ اور اس کے بھی یہی معنی ہیں) اور مطلب یہ ہے کہ فرض، واجب اور سنن مؤکدہ کے ثبوت کے لئے تو حدیث کا صحیح ہونا شرط ہے مگر مندوب کے درجہ کے احکام ضعیف حدیثوں سے بھی ثابت ہو سکتے ہیں بشرطیکہ ان کا ضعف قابل برداشت ہو جیسے صلاۃ التسبیح کی تمام روایتیں متکلم فیہ ہیں مگر ان کی تعداد گیارہ ہے اس لئے ائمہ نے ان سے صلاۃ التسبیح کا استحباب ثابت کیا ہے۔ غرض اس باب کی بھی تمام روایتیں ضعیف ہیں مگر ان کا ضعف قابل برداشت ہے اس لئے ان سے صلاۃ الاوابین کا استحباب اور اس کی رکعتوں کی تعداد ثابت کرنا صحیح ہے۔

[۲۰۷] باب ماجاء فی فضل التطوع، وستِّ ركعاتٍ بعد المغرب

[۴۴۵-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ يعنی محمدَ بنَ العلاءِ الهَمْدَانِيَّ الكُوفِيَّ، نازيدُ بنُ الْحُبَابِ، نا عُمَرُ بنُ أبی خَثْعَمٍ، عن يَحيى بنَ أبی كَثيرٍ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ صَلَّى بَعْدَ الْمَغْرِبِ سِتَّ رَكْعَاتٍ لَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْمَا بَيْنَهُنَّ بِسُوْءٍ، عُدِلْنَ لَهُ بِعِبَادَةِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً"

قال أبو عيسى:

[۴۴۶-] وقد رُوِيَ عن عائشةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "مَنْ صَلَّى بَعْدَ المغربِ عِشرينَ رَكْعَةً بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فی الْجَنَّةِ"

قال أبو عسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ غريبٌ؛ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حَديثِ زيدِ بنِ الحُبَابِ، عن عُمرَ بنِ أبی خَثْعَمَ. قَالَ: وسَمِعْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يقولُ: عُمرُ بنُ عبدِ اللهِ بنِ أبی خَثْعَمَ مُنْكَرُ الحديثِ، وضَعَّفَهُ جداً.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس شخص نے (پابندی سے) مغرب کے بعد چھ رکعتیں اس طرح پڑھیں کہ ان کے درمیان کوئی بری بات نہ بولا (یعنی گالی گلوچ اور غیبت وغیرہ نہ کی) تو یہ چھ رکعتیں اس کے لئے بارہ سال کی عبادت کے برابر قرار دی جائیں گی" (جاننا چاہئے کہ یہ ثواب پابندی سے عمل کرنے کا ہے کیونکہ فضائل اعمال کی

روایات میں دَاوَمَ ،ثَابَرَ اور وَاظَبَ کی قید ملحوظ رہتی ہے چاہے وہ قید ذکر کی جائے یا نہ کی جائے تفصیل پیچھے گذر چکی ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ حدیث بھی مروی ہے کہ: ''جس نے مغرب کے بعد (پابندی سے) بیس رکعتیں پڑھیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک حویلی بنائیں گے'' (یہ حدیث ابن ماجہ (ص۹۸) میں ہے اور یعقوب بن الولید المدائنی کی وجہ سے ضعیف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ نے اس راوی کو کذاب اور حدیثیں گڑھنے والا قرار دیا ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث (بھی) غریب ہے ہم اس کو نہیں جانتے مگر زید بن الحباب کی سند سے وہ اس کو عمر بن ابی خثعم سے روایت کرتے ہیں (اور یہ راوی نہایت ضعیف ہے) امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: عمر بن عبداللہ بن ابی خثعم منکر الحدیث ہے اور امام بخاریؒ نے اس کو بہت ہی زیادہ ضعیف قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاء فی الرَّکْعَتَیْنِ بَعْدَ العِشَاءِ

عشا کے بعد دوسنتوں کا بیان

حدیث: عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے آنحضور ﷺ کی نفل نمازوں (سنن مؤکدہ) کے بارے میں پوچھا، انھوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ ظہر سے پہلے دو رکعتیں، اور ظہر کے بعد دو رکعتیں، اور مغرب کے بعد دو رکعتیں، اور عشا کے بعد دو رکعتیں، اور فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔

[۲۰۸] باب ماجاء فی الرکعتین بعد العشاء

[۴۴۷-] حدثنا أبو سَلَمَةَ یحییَ بنُ خلفٍ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن خالدٍ الحَذَّاءِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ شَقِیْقٍ، قال: سَأَلْتُ عائشةَ عن صلاةِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم، فقالتْ: کان یُصَلِّیْ قَبْلَ الظهرِ رَکْعَتَیْنِ، وَبَعْدَهَا رکْعَتَیْنِ، وبعدَ المغربِ ثِنْتَیْنِ، وبعدَ العِشَاءِ رَکْعَتَیْنِ، وقبلَ الفجرِ ثِنْتَیْنِ.

وفی الباب: عن علیٍّ، وابنِ عُمَرَ، قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ شقیقٍ عن عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

فائدہ: عشاء کے بعد چار نفلوں کی روایت بھی بخاری شریف (حدیث ۱۱۷ کتاب العلم) میں ہے، ان میں سے دوسنتِ مؤکدہ ہیں اور دو غیر مؤکدہ۔ مگر عشاء سے پہلے نوافل کے بارے میں کوئی روایت نہیں اور کبیری میں بحوالہ سنن سعید بن منصور: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی جو حدیث بیان کی گئی ہے وہ وہم ہے (معارف السنن ۴: ۱۱۵) مگر نماز بہترین کام ہے پس موقع ہو تو عشاء سے پہلے بھی نفلیں دو یا چار پڑھنی چاہئیں۔

بابُ ماجاء أَنَّ صَلاَۃَ اللَّیْلِ مَثْنَی مَثْنَی

رات کی نفلیں دو دو، دو دو رکعتیں ہیں

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک رات اور دن کے نوافل چار چار رکعت ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے، اگرچہ ایک سلام سے دو رکعت بھی جائز ہیں اور چھ یا آٹھ رکعت بھی ایک سلام سے پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، البتہ آٹھ سے زیادہ نفلیں ایک سلام سے پڑھنا ٹھیک نہیں —— اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک رات میں ایک سلام سے دو رکعتیں افضل ہیں اور دن میں چار رکعتیں۔ اور دن میں دو دو پڑھنا اور رات میں چار چار پڑھنا بھی جائز ہے۔ اور ایک سلام سے آٹھ رکعت تک پڑھنا بھی جائز ہے —— اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سب نفلیں دو دو افضل ہیں چاہے رات کی نفلیں ہوں یا دن کی، اور چار پڑھنا بھی جائز ہے —— اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک رات میں ایک سلام سے دو سے زیادہ نفلیں پڑھنا جائز ہی نہیں، اور دن میں دو دو کر کے پڑھنا افضل ہے اور چار پڑھنا بھی جائز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں صرف یہی ایک حدیث ہے اور وہ اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اسی حدیث میں والنہار کا اضافہ بھی آیا ہے یعنی **صلاۃ اللیل والنہار مثنی مثنی** مگر یہ اضافہ صحیح نہیں۔ وہ حدیث آگے آرہی ہے اور اس باب میں اختلاف نص فہمی کا ہے دلائل کا نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''رات کی نماز دو دو، دو دو ہیں (**صلاۃ اللیل**: اگرچہ عام ہے مگر مراد خاص ہے یعنی تہجد کی نماز مراد ہے، اور نصوص میں ایسا بکثرت ہوتا ہے کہ الفاظ عام ہوں اور مراد خاص ہو یا الفاظ خاص ہوں اور مراد عام ہو۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے **الرسالۃ** میں اس مسئلہ پر تفصیلی بحث کی ہے اور دسیوں بیسیوں مثالوں سے یہ مسئلہ واضح کیا ہے) پھر جب صبح صادق کا اندیشہ ہو تو دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت اور ملالو (یعنی وتر پڑھ لو) اور اپنی نماز کا آخر وتر کو بناؤ یعنی تہجد سے فارغ ہو کر آخر میں وتر پڑھو''

تشریح: حدیث شریف کے تین جز ہیں:

پہلا جزء: رات کی نماز دو دو، دو دو رکعتیں ہیں: اس حدیث کی وجہ سے امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ رات میں ایک سلام سے دو سے زیادہ نفلیں پڑھنا جائز نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے رات میں دو رکعت پڑھنے کا حکم دیا ہے [1]

---

(۱) جاننا چاہئے کہ اخبار انشاء کو متضمن ہوتے ہیں جیسے **لا إیمان لمن لا أمانۃ لہ** جملہ خبریہ ہے مگر وہ انشاء کو متضمن ہے یعنی اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے حکم دیا ہے کہ امانت داری اختیار کرو، اسی طرح **صلاۃُ اللیل مثنی مثنی** بھی اگرچہ مبتدا خبر ہیں مگر ان میں انشاء مضمر ہے یعنی رات میں نفل دو دو رکعت پڑھے جائیں۔

اور چونکہ حدیث میں والنهار کا اضافہ صحیح نہیں، نیز نبی ﷺ سے دن میں ایک سلام سے چار رکعت پڑھنا مروی بھی ہے اس لئے دن میں چار رکعت ایک سلام سے جائز ہیں۔

اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کا مدعی یہ ہے کہ رات میں نفلیں دو دو رکعت کر کے پڑھنے چاہئیں، اور چونکہ نفل کے باب میں رات اور دن یکساں ہیں پس دن کو رات پر قیاس کریں گے اور دن کی نفلوں میں بھی دو رکعت پر سلام پھیرنا افضل قرار پائے گا، علاوہ ازیں ان دونوں حضرات کے نزدیک والنهار والا اضافہ معتبر ہے یا قیاس کے لئے قرینہ ہے۔

اور صاحبین نے حدیث باب کی وجہ سے رات میں نوافل دو دو کر کے پڑھنے کو افضل قرار دیا ہے اور انھوں نے والنهار کے اضافہ کو نہیں لیا، اور دن میں ایک سلام سے چار رکعت کو افضل قرار دیا، کیونکہ آنحضرت ﷺ دن میں چار رکعت نفل ایک سلام سے پڑھا کرتے تھے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دن میں فرض نمازیں چار رکعت والی ہیں جیسے ظہر اور عصر اور رات میں بھی فرض نماز چار رکعت ہے جیسے عشاء کی نماز اور فرائض غیر اولیٰ ہیئت پر نہیں ہو سکتے۔ علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ سے دن میں ایک سلام سے چار رکعت سنت پڑھنا ثابت ہے اور نبی عموماً جو کام کرتے ہیں اُسے غیر اولیٰ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ غیر اولیٰ کام ان کے شایانِ شان نہیں۔ اور دن پر رات کو قیاس کریں گے کیونکہ رات اور دن نوافل کے باب میں یکساں ہیں پس رات میں بھی چار چار رکعت ایک سلام سے پڑھنا افضل ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث میں امر: تشریعی نہیں ہے بلکہ ارشادی ہے یعنی تہجد گذاروں کو ایک بھلائی کی بات بتائی گئی ہے، چونکہ تہجد بہت لمبے پڑھے جاتے ہیں اس لئے آنحضور ﷺ نے تہجد گذاروں سے فرمایا کہ تہجد کی نماز میں ہر دو رکعت پر سلام پھیر دیا کرو پھر تھوڑی دیر آرام کر کے اگلی رکعتیں شروع کرو، تاکہ تھک نہ جاؤ، اگر وہ چار رکعت ایک سلام سے پڑھیں گے اور طویل پڑھیں گے تو تھک جائیں گے۔ غرض حدیث میں تہجد گذاروں کو ان کے نفع کی بات بتائی گئی ہے نفل نماز دو دو رکعت کر کے پڑھنا افضل ہے یہ حدیث کا مدعیٰ نہیں ہے۔

دوسرا جزء: جب صبح صادق کا اندیشہ ہو تو دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت اور ملائی جائے۔ فاتحہ کے مسئلہ میں تفصیل سے یہ قاعدہ گذرا ہے کہ جب شریعت کسی متعدی لفظ کو اپنی اصطلاح بناتی ہے تو وہ لفظ لازم ہو جاتا ہے، پھر اگر اُسے متعدی بنانا ہو تو عام طریقہ کے مطابق حرف جر کے ذریعہ متعدی بنائیں گے، مگر لغت والے متعدی اور اس متعدی کے درمیان فرق ہوگا، لغت والے لازم کے متعدی ہونے کے بعد جو معنی ہوتے ہیں وہ تو ظاہر ہیں اور شریعت والے لازم کو جب متعدی کریں گے تو اس کے معنی میں دوسری چیز کے ضمن میں کوئی کام کرنے کا مفہوم پیدا ہوگا، جیسے قَرَءَ الکتابَ

حرفِ جر کے بغیر متعدی ہے، پھر شریعت نے اس کو اپنی اصطلاح بنایا پس یہ لازم ہوگیا قَرَأَ فی الصلاۃ کے معنی ہیں: نماز میں قراءت کی۔ پھر جب متعدی کیا تو حرف جر کا واسطہ لائے، اور کہا: لاصلاۃَ لمن لم یقرأْ بفاتحۃ الکتاب اب معنی ہونگے: فاتحہ کو دوسری چیز کے ساتھ نہ پڑھا تو نماز نہیں ہوئی اور وہ دوسری چیز سورت ملانا ہے یعنی حدیث میں فاتحہ اور سورت کے مجموعہ پر حکم لگایا ہے کہ ان کے بغیر نماز نہیں ہوتی۔ اسی طرح أَوْتَرَ الأشیاءَ کے معنی ہیں: چیزوں کو طاق بنایا یہ متعدی بنفسہ ہے، پھر جب یہ لفظ شرعی اصطلاح بنا تو لازم ہوگیا کہیں گے: أَوْتَرَ الرجلُ: آدمی نے وتر پڑھے۔ پھر جب باء کے ذریعہ متعدی کیا اور کہا: أَوْتَرَبر کعۃٍ تو معنی ہونگے: ایک رکعت کو کسی اور چیز کے ساتھ ملایا یعنی دوگانہ کے ساتھ ملایا۔ یعنی جب صبح صادق کا اندیشہ ہو تو دوگانہ پر سلام نہ پھیرا جائے بلکہ اس کے ساتھ ایک رکعت اور ملائی جائے یہی وتر اصطلاحی ہے، اور جب آخری نماز وتر بن گئی تو رات کی نماز بھی حکماً وتر بن گئی (اس جزء کی مزید وضاحت آگے ابواب الوتر میں آئے گی)

تیسرا جزء: اپنی نماز کا آخر وتر کو بناؤ۔ یہ امر استحبابی ہے، وجوبی نہیں۔ کیونکہ نبی ﷺ سے وتر کے بعد دو رکعت بیٹھ کر پڑھنا ثابت ہے۔ لہٰذا جو شخص عشاء کے بعد وتر پڑھ چکا ہو پھر وہ توفیق خداوندی سے تہجد کے لئے بیدار ہو جائے تو اس کے لئے تہجد پڑھنا جائز ہے اور اس کا سابقہ وتر باطل نہیں ہوگا (یہ مسئلہ بھی آگے ابواب الوتر میں آئے گا)

[۲۰۹] باب ماجاء أن صلاةَ الليل مثنى مثنى

[٤٤٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا الليثُ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عمرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنهُ قال: "صلاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فإذا خِفْتَ الصبحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ، واجْعَلْ آخِرَ صَلاَتِكَ وِتْرًا"

وفی الباب: عن عَمْرِو بنِ عَبَسَةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ: أَنَّ صلاةَ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، وهوَ قولُ سُفيانَ الثوريِّ، وابنِ المباركِ، والشافعيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

وضاحت: جو قول سفیان ثوری اور ابن المبارک رحمہما اللہ کا ہے وہی صاحبین کا ہے، امام اعظم رحمہ اللہ کا قول اس سے مختلف ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ صَلاَةِ اللَّيْلِ

تہجد کی نماز کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "رمضان کے بعد سب سے زیادہ فضیلت والے روزے اللہ کے مہینے محرم

کے روزے ہیں، اور فرائض کے بعد سب سے زیادہ فضیلت والی نماز تہجد کی نماز ہے"

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو صرف حسن کہا ہے جبکہ تمام راوی ثقہ ہیں اور یہ حدیث اسی سند سے مسلم شریف (۱:۳۶۸) میں بھی ہے۔ ممکن ہے یہاں نسخوں کی غلطی ہو یا حضرت مصنف رحمہ اللہ کے ذہن میں کوئی خاص وجہ ہو —— شهر الله سے پہلے مضاف صیام پوشیدہ ہے اور اضافت تشریف کے لئے ہے اور المحرم: شهر کی صفت ہے یعنی قابل احترام قرار دیا ہوا مہینہ —— اور واجب اور سنن مؤکدہ فرائض کے ساتھ ملحق ہیں یعنی تہجد کا درجہ فضیلت میں فرائض واجب اور سنن مؤکدہ کے بعد ہے۔

[۲۱۰] باب ماجاء فی فضل صلاة الليل

[۴۴۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن أبى بِشْرٍ، عن حُمَيْدِ بنِ عبدِ الرحمنِ الحِمْيَرِيِّ، عن أَبى هُرَيْرَةَ، قال: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" أَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللهِ المحرَّمُ، وأَفْضَلُ الصلاةِ بَعْدَ الفَرِيْضَةِ صَلَاةُ اللَّيْلِ"

وفى الباب: عن جابرٍ، وبلالٍ، وأبى أُمَامَةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ.

وأبو بِشْرٍ: اسمهُ جَعْفَرُ بنُ إياسٍ، وهو جَعْفَرُ بنُ أبى وَحْشِيَّةَ.

نوٹ: یہ حدیث آگے بھی روزوں کے بیان (۱:۹۳) میں آئے گی۔ وہاں بھی صرف تحسین کی ہے، اس لئے یہاں نسخہ کی غلطی کا احتمال کم ہے۔

بابُ ماجاءَ فى وَصْفِ صَلاَةِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم باللَّيْلِ

نبی ﷺ کے تہجد کا بیان

یہ یکے بعد دیگرے تین باب ایک ہی مسئلہ سے متعلق ہیں کہ آنحضرت ﷺ تہجد کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ نے تہجد مختلف طریقوں سے پڑھا ہے، کم سے کم نو رکعت اور زیادہ سے زیادہ تیرہ رکعت پڑھنا مروی ہے، جن میں تین رکعت وتر کی ہوتی تھیں۔ یعنی نو میں چھ رکعت تہجد اور تین رکعت وتر اور تیرہ میں دس رکعت تہجد اور تین رکعت وتر۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے یہ دونوں دعوے قابل غور ہیں۔ آپؐ سے سات رکعت تہجد پڑھنا بھی مروی ہے جس میں چار رکعت تہجد اور تین رکعت وتر ہوتی تھی، چنانچہ خود مصنف رحمہ اللہ آئندہ یہ حدیث لائیں گے، اور تہجد کی زیادہ سے زیادہ سترہ رکعتیں مروی ہیں جن میں چودہ رکعت تہجد اور تین رکعت وتر ہیں۔ ابن حزم ظاہری کی المحلّٰی بالآثار (وہ کتاب جس کو روایات سے مزین کیا گیا ہے) میں آنحضرت ﷺ کے تہجد کے سلسلہ

کی سب روایتیں جمع کی گئی ہیں اور کل تیرہ صورتیں مروی ہیں، ان روایتوں میں سب سے اعلیٰ گیارہ رکعت والی روایت ہے، یعنی آٹھ رکعت تہجد اور تین رکعت وتر، اور صحت میں دوسرے درجہ پر تیرہ رکعت والی روایت ہے، اور بعض حضرات نے گیارہ رکعت والی اور تیرہ رکعت والی روایتوں کو جمع کیا ہے کہ اس میں آٹھ رکعت تہجد کے ہیں اور تین رکعت وتر کے اور دو رکعت وتر کے بعد کی سنتیں ہیں جن کو آپؐ بیٹھ کر پڑھتے تھے۔ دوسری رائے یہ ہے کہ دو رکعتیں فجر کی سنتیں ہیں۔ ان کو بھی تہجد کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔ اس طرح تیرہ رکعت ہوگئیں ہیں۔

حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہٗ نے دو رسالوں میں: توثیق الکلام میں (جس کی میں نے شرح لکھی ہے جس کا نام ہے: ''کیا مقتدی پر فاتحہ واجب ہے؟'') اور مصابیح التراویح میں (یہ رسالہ فارسی میں ہے اور مولانا اشتیاق صاحب رحمہ اللہ نے اس کی شرح لکھی ہے جس کا نام ہے: انوار المصابیح ہے) اس مسئلہ پر کلام کیا ہے اور اس کی وجہ بیان کی ہے کہ آنحضور ﷺ کا تہجد مختلف کیوں تھا؟ فرماتے ہیں: شب معراج میں پچاس نمازیں فرض ہوئی تھیں، پھر تخفیف ہوئی اور پانچ رہ گئیں، اور نماز درحقیقت ایک رکعت ہے، دوسری رکعت اس کے ساتھ ملائی گئی ہے اس لئے اس کو شفعہ (جوڑا) کہتے ہیں کیونکہ بندہ ایک رکعت کما حقہ پڑھ ہی نہیں سکتا پس دوسری رکعت ملانا ضروری ہوا تاکہ پہلی رکعت میں جو کمی رہ گئی ہے اس کی دوسری رکعت سے تلافی ہوجائے ——— اور جو احکام آسانی کے لئے منسوخ ہوتے ہیں ان کا استحباب باقی رہتا ہے۔ چنانچہ آنحضور ﷺ رات دن میں پچاس رکعتیں پڑھتے تھے۔ آپؐ یہ تعداد فرض، واجب، سنن مؤکدہ، تہجد، اشراق وچاشت اور اوابین وغیرہ کے ذریعہ پوری فرماتے تھے۔ اور پچاس کی تعداد میں جو کمی رہ جاتی تھی تہجد میں اس کو پورا فرمادیا کرتے تھے، اس لئے آپؐ نے کم وبیش تہجد پڑھا ہے اور چونکہ مغرب کی تین رکعتیں ہیں اس لئے پچاس کی تعداد پوری نہیں ہوسکتی، یا انچاس ہونگی یا اکیاون، اس لئے پچاس کی تعداد پوری کرنے کے لئے تین رکعت وتر بڑھائی گئیں تاکہ تعداد ٹھیک پوری ہوجائے۔

حدیث: ابوسلمۃ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ رمضان کی راتوں میں تہجد کی کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ یعنی رمضان کی وجہ سے آپؐ تہجد کی رکعتوں میں اضافہ فرماتے تھے یا نہیں؟ صدیقہؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے (پہلے) چار رکعت پڑھتے تھے آپ ان کی عمدگی اور درازی کے بارے میں نہ پوچھیں، یعنی رمضان المبارک کی وجہ سے رکعتوں کی تعداد میں تو اضافہ نہیں فرماتے تھے، مگر کیفیت بدل جاتی تھی، آپؐ چار رکعتیں اتنی طویل اور اتنی شاندار پڑھتے تھے کہ الفاظ میں اس کیفیت کو بیان نہیں کیا جاسکتا، پھر تھوڑی دیر آرام فرماتے تھے اور سوجاتے تھے، یہاں تک کہ میں خراٹے سنتی تھی پھر بیدار ہوکر اگلی چار رکعت پڑھتے تھے اور وہ رکعتیں بھی نہایت شاندار اور نہایت لمبی پڑھتے تھے، پھر آرام فرماتے تھے، پھر تین رکعت وتر پڑھتے تھے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے

رسول! کیا آپ وتر پڑھنے سے پہلے سوجاتے ہیں؟ حضور اکرم ﷺ چار رکعت پڑھ کر بھی سوتے تھے اور وتر پڑھنے سے پہلے بھی سوتے تھے، مگر صدیقہؓ نے وہاں سوال نہیں کیا، شاید یہ خیال کیا ہوگا کہ تہجد نفل نماز ہے اور نوافل میں گنجائش ہے، مگر وتر فرائض کے قریب ہیں یعنی واجب ہیں اس لئے سوال کیا کہ یارسول اللہ! آپ وتروں سے پہلے سوجاتے ہیں یہاں تک کہ میں خراٹے سنتی ہوں پھر آپ وضو کئے بغیر وتر پڑھتے ہیں تو کیا سونے سے آپ کی وضو نہیں ٹوٹتی؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اے عائشہ! میری آنکھیں سوتی ہیں مگر میرا دل نہیں سوتا'' یعنی میں چوکنا سوتا ہوں اگر ناقض وضوء کوئی بات پیش آئے گی تو مجھے اس کا احساس ہوجائے گا، اس لئے میری نیند ناقض وضوء نہیں۔

تشریح: دو نمازیں بالکل ایک دوسرے سے علحدہ ہیں۔ ایک: صلاۃ اللیل یعنی تہجد کی نماز۔ یہ نماز سال بھر کی ہے رمضان اور غیر رمضان ہر وقت پڑھی جاتی ہے۔ تہجد کے معنی ہیں: ترکُ الھُجود: نیند چھوڑنا، چونکہ یہ نماز رات کے آخری حصہ میں پڑھی جاتی ہے یعنی بندہ پہلے سوجاتا ہے پھر اٹھ کر اس نماز کو پڑھتا ہے اس لئے اس کا نام تہجد رکھا گیا ہے۔ دوسری: قیامِ رمضان یعنی تراویح ہے۔ یہ رمضان کی زائد نماز ہے یہ نماز صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے باقی گیارہ مہینوں میں نہیں پڑھی جاتی اور حدیث مذکور صلاۃ اللیل سے متعلق ہے، قیام رمضان سے متعلق نہیں۔

جاننا چاہئے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں نہ تو تراویح کی رکعتوں کی تعداد متعین تھی اور نہ یہ نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جاتی تھی، بلکہ صرف اس کی ترغیب دی گئی تھی کہ یہ ایسی نماز ہے جو سابقہ گناہوں کے لئے کفارہ بنتی ہے، چنانچہ لوگ رمضان میں سونے سے پہلے ازخود یہ نماز پڑھتے تھے اور اللہ جس کو جتنی توفیق دیتا وہ اتنی رکعت پڑھتا۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں بھی یہی طریقہ رہا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی چھ سال سخت آزمائش کے تھے، مسلمان بیک وقت دو سپر پاور طاقتوں: ایران اور روم کے ساتھ جنگوں میں مصروف تھے، جب یہ دونوں طاقتیں ٹوٹیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت کے آخری چھ سالوں میں ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والے بہت سے کام کئے ہیں، ان میں سے ایک کام باقاعدہ جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام بنانا بھی ہے۔ شروع میں امام تراویح کی آٹھ رکعتیں پڑھاتا تھا اور سحری کے وقت تک پڑھاتا تھا اس وقت یہ خیال تھا کہ یہ تہجد ہی کی نماز ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ بات آئی کہ رسول اللہ ﷺ نے جو دو یا تین دن جماعت کے ساتھ نماز پڑھائی ہے وہ بیس رکعتیں پڑھائی ہیں، اور آنحضرت ﷺ تنہا بھی سونے سے پہلے بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث بیہقی ۴۹۶:۲ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ ماہ رمضان میں بلا جماعت بیس رکعتیں اور وتر پڑھتے تھے، اور علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے **التلخیص الحَبِیْر فی تخریج أحادیث الرافعی الکبیر** (۱۱۹:۱) میں یہ روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دن جماعت سے جو نماز پڑھائی تھی وہ بیس رکعتیں پڑھائی تھیں۔ حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس روایت کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے

(فتاوی رحیمیہ ۱:۲۹۰) چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نظام بدل دیا، اور دونوں اماموں: حضرت ابی بن کعب اور حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہما کو حکم دیا کہ بیس رکعتیں پڑھائیں اور مختصر پڑھائیں اور لوگوں کو سونے کا موقع دیں، پھر آخری پہر اٹھ کر ہر شخص تنہا تہجد پڑھے، بخاری (حدیث ۲۰۱۰) میں ہے کہ اس نئے نظام کے شروع ہونے کے بعد ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں تشریف لائے لوگوں کو ایک امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اور فرمایا: نِعْمَ البدعة هذه یعنی لوگ جو اس نماز کو بدعت کہتے ہیں وہ غلط ہے۔ یہ بدعت نہیں بلکہ شاندار کام ہے (اس نماز کو لوگوں کے خیال کے مطابق ''بدعت'' کہا ہے اور نِعْمَ سے اس کی تردید کی ہے) پھر فرمایا: والّتی یَنَامُوْنَ عنها أفضلُ مِن التی یَقُوْمُوْنَ: یعنی جس نماز سے لوگ سوتے رہتے ہیں وہ اس نماز سے افضل ہے جس کو وہ پڑھتے ہیں، یعنی تراویح سے زیادہ فضیلت والی نماز تہجد ہے، لہٰذا لوگوں کو چاہئے کہ جس طرح تراویح اہتمام کے ساتھ پڑھتے ہیں تہجد کی نماز بھی پڑھیں، سوتے نہ رہیں۔ اس ارشاد میں یہ بات صاف کردی گئی ہے کہ تراویح: تہجد کی نماز نہیں ہے بلکہ یہ دو بالکل مختلف نمازیں ہیں ایک کا وقت سونے سے پہلے ہے دوسری کا سونے کے بعد، ایک کی بیس رکعتیں ہیں، دوسری کی آٹھ۔ اور حضرت عائشہؓ کی یہ روایت دوسری نماز کے بارے میں ہے یعنی تہجد کے بارے میں ہے جو سال بھر پڑھی جاتی ہے، تراویح کے بارے میں نہیں ہے جو صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے۔

غرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ سے آج تک امت شرقاً غرباً تراویح جماعت کے ساتھ بیس رکعت پڑھتی چلی آرہی ہے۔ صرف غیر مقلدین اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں وہ کہتے ہیں: تراویح کی آٹھ رکعتیں ہیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث جو بیہقی اور مصنف ابن ابی شیبہ (حدیث ۷۷۷۴ طبع محمد عَوّامہ) میں ہے اس کو ضعیف بتاتے ہیں۔ مگر غیر مقلدین کا یہ خیال صحیح نہیں، کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث قیام رمضان (تراویح) سے متعلق نہیں ہے بلکہ قیام لیل (تہجد) سے متعلق ہے۔ رسول اللہ ﷺ یہ آٹھ رکعتیں سال بھر پڑھتے تھے، اور تراویح صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما والی حدیث کا ضعف تسلیم ہے مگر مسئلہ باب میں وہی تنہا روایت ہے، اس کے معارض کوئی روایت نہیں، حضرت عائشہ کی یہ حدیث تہجد سے متعلق ہے تراویح سے متعلق نہیں، پس حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کو لینا ضروری ہے۔ غرض اصح مافی الباب کا قاعدہ یہاں جاری نہیں ہوسکتا۔

علاوہ ازیں بیس رکعت تراویح پر چاروں ائمہ، تمام صحابہ، تابعین اور تمام علماء کا اجماع ہے۔ اور اگر بالفرض حضرت عائشہ کی اس حدیث کو تراویح سے متعلق کیا جائے تو غیر مقلدین سے عرض ہے کہ آنحضور ﷺ اس نماز کو سال بھر پڑھتے تھے، آپ بھی سال بھر پڑھیں تو ہم جانیں کہ آپ ''اہل حدیث'' ہیں۔ یہ کیا کہ میٹھا میٹھا ہپ ہپ، کڑوا کڑوا تھو تھو! اور اگر وہ کہیں کہ نبی ﷺ نے صرف تین دن یا دو دن رمضان میں جماعت سے پڑھی ہے اس لئے ہم اس پر عمل

کرتے ہیں تو سنیں: اس حدیث پر عمل کرنا ہے تو تراویح جماعت کے ساتھ صرف دو دن یا تین دن پڑھو، پھر مسجدوں سے دفع ہو جاؤ تا کہ فتنہ ختم ہو، اور وہ بھی مہینہ کی آخری تاریخوں میں تا کہ پورا رمضان مسجدوں میں سکون رہے۔

قولہ: ثم یصلی ثلاثا: تمام ائمہ متفق ہیں کہ وتر کی تین رکعتیں ہیں، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ وہ ایک سلام سے ہیں یا دو سلام سے؟ احناف کے نزدیک ایک سلام سے ہیں اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دو سلام سے، حاشیہ میں فتح القدیر کے حوالہ سے چار روایتیں لکھی ہیں وہ احناف کی دلیل ہیں:

پہلی حدیث مستدرک حاکم میں ہے اور وہ بخاری اور مسلم کی شرط پر ہے، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ تین رکعتوں سے وتر پڑھتے تھے، سلام نہیں پھیرتے تھے مگر ان کے آخر میں، یعنی ایک سلام سے پڑھتے تھے۔ یہی حدیث نسائی (حدیث ۱۶۹۸ باب کیف الوتر بثلاث) میں ہے، اس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ وتر کی دو رکعتوں پر سلام نہیں پھیرتے تھے۔

دوسری روایت بھی مستدرک حاکم میں ہے: کسی نے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے کہا کہ ابن عمر وتر کی دو رکعتوں پر سلام پھیرا کرتے تھے، حسن بصریؒ نے فرمایا: ان کے ابا حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے بڑے فقیہ تھے اور وہ دوسری رکعت سے تکبیر کہہ کر کھڑے ہو جاتے تھے، یعنی دو رکعت پر سلام نہیں پھیرتے تھے۔

تیسری روایت مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے: حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تمام مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ وتر کی تین رکعتیں ہیں سلام نہیں پھیرا جائے گا مگر ان کے آخر میں، یعنی حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے اس پر اجماع کا دعوی کیا ہے کہ وتر ایک سلام سے ہیں، چنانچہ میرے علم میں حضرت معاویہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے علاوہ کوئی دوسرا صحابی نہیں جو وتر دو سلام سے پڑھتا ہو۔

چوتھی روایت طحاوی سے نقل کی ہے اور پوری سند لکھی ہے۔ ابو زیاد مدینہ کے ساتوں فقہاء اور دیگر بہت سے علماء سے روایت کرتے ہیں کہ وتر تین رکعتیں ہیں سلام نہیں ہے مگر ان کے آخر میں۔

اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل صرف یہی ایک حدیث ہے: فإذا خِفْتَ الصبحَ فَأَوْتِرْ بر کعةٍ: وہ اس کا ترجمہ کرتے ہیں: جب صبح کا اندیشہ ہو تو ایک رکعت وتر پڑھو۔ مگر سوال ہوگا کہ کیا وتر ایک رکعت ہے؟ وہ جواب دیں گے: نہیں! وتر تین رکعت ہیں مگر ان کو دو سلام سے پڑھو، ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے وہ ہمارے نزدیک صحیح نہیں۔ أوتِرْ بر کعةٍ کا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت ملا کر پڑھو، یعنی تہجد میں تو ہر دو رکعتوں پر سلام پھیرا جاتا ہے مگر جب صبح صادق کا اندیشہ ہو تو اب دو رکعتوں پر سلام نہ پھیرو بلکہ اس کے ساتھ ایک رکعت اور ملا کر اس کو وتر حقیقی بناؤ، اور جب یہ وتر حقیقی بن گئے تو تہجد اور رات کی سب نمازیں وتر حکمی بن جائیں گی۔

اور حدیث کا یہ ترجمہ کہ دوگانہ کے ساتھ ایک رکعت ملا کر پڑھو اس لئے ہے کہ لفظ ایتار ایک اصطلاح ہے اور پھر

اس کوحرف جر کے ذریعہ متعدی کیا گیا ہے اور جب شرعی اصطلاح کومتعدی کیا جاتا ہے تو اس کے معنی میں دوسری چیز کے ضمن میں کوئی کام کرنے کا مفہوم پیدا ہوجاتا ہے۔ یہ قاعدہ زمخشری رحمہ اللہ نے مفصل میں بیان کیا ہے اور فاتحہ کے مسئلہ میں اور صلاۃ اللیل مثنی مثنی کے بیان میں اس کی تفصیل گذر چکی ہے۔

قولہ: إن عینی تنامان: یہ مسئلہ کہ انبیاء کی نیند ناقض وضوء نہیں تفصیل سے کتاب الطہارۃ باب ماجاء فی الوضوء من النوم میں گذر چکا ہے، چونکہ انبیاء کا دل نہیں سوتا یعنی وہ چوکنا سوتے ہیں اس لئے اگر کوئی ناقض وضوء بات پیش آئے گی تو ان کو پتا چل جائے گا اس لئے انبیاء کی نیند ناقض وضوء نہیں۔ اور امت بھی اگر چوکنا سوئے تو سونے کی وجہ سے ان کی بھی وضو نہیں ٹوٹتی۔ اور چوکنا سونا کیا ہے؟ اس کی ظاہری علامت یہ طے کی گئی ہے کہ کھڑے ہوکر، رکوع، سجدہ اور قعدہ کی حالت میں یا مقعد زمین پر جما کر سوئے تو چوکنا سونا ہے، پس اس طرح سونے سے وضو نہیں ٹوٹتی، اور ٹیک لگا کر سونا، یا چت لیٹ کر یا کروٹ پر سونا غفلت والا سونا ہے پس یہ نیند ناقض وضوء ہے، اور پیچھے یہ بات بھی بیان کی جاچکی ہے کہ یہ قاعدہ کہ انبیاء کی نیند ناقض وضوء نہیں اگرچہ کتابوں میں عام لکھا ہے مگر میری رائے میں انبیاء بھی گہری نیند سوتے ہیں، ورنہ نیند کا فائدہ یعنی تھکن دور ہونا اور بدن میں چستی پیدا ہونا حاصل نہیں ہوگا۔ اور اس نیند کا حکم چوکنا سونے والی نیند سے علحدہ ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی پوری زندگی میں ایک واقعہ بھی ایسا نہیں کہ آپ عشاء کے بعد سوئے ہوں پھر بیدار ہوکر وضوء کئے بغیر تہجد پڑھی ہو، ہاں تہجد کے درمیان یا چار رکعت کے بعد یا تہجد اور وتر کے درمیان سوتے تھے تو نئی وضوء کئے بغیر نماز پڑھتے تھے، کیونکہ ان اوقات میں آپ چوکنا سوتے تھے اور عشاء کے بعد رات بھر گہری نیند سوتے تھے۔

دوسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ رات میں گیارہ رکعت پڑھا کرتے تھے۔ ان میں سے ایک رکعت کے ذریعہ (نماز کو) طاق بناتے تھے (یعنی نویں اور دسویں رکعت کے ساتھ ایک رکعت اور ملایا کرتے تھے جس سے وہ وتر حقیقی بن جاتی تھیں، پھر وہ رات کی نماز میں شامل ہوکر سب کو وتر حکمی بنادیتی تھیں) پھر جب وتر سے فارغ ہوجاتے تو (صبح کے انتظار میں) دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے تھے۔

تیسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب تہجد نہیں پڑھ پاتے تھے: آپ ﷺ کو تہجد سے نیند روک دیتی تھی (اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ نیند کا تقاضہ ہوتا تھا تو آپ ﷺ سونے کو تہجد پر مقدم رکھتے تھے، مثلاً سفر ہے اور رات کے آخری حصہ میں پڑاؤ کیا ہے۔ اب سونا بھی ہے کیونکہ صبح آگے سفر کرنا ہے دوسری طرف تہجد کا وقت ہے تو آپ سو جاتے تھے اور تہجد بالقصد ترک فرمادیتے تھے) یا آپ ﷺ پر آپ کی آنکھیں غالب آجاتی تھیں (یعنی بیدار ہونے کے ارادے کے باوجود آنکھ نہیں کھلتی تھی) تو آپ دن میں سورج نکلنے کے بعد بارہ رکعت پڑھتے تھے۔

رسول اللہ ﷺ رات میں تہجد بہت لمبے پڑھتے تھے اور دن میں لمبے نوافل پڑھنا آپ ﷺ کا معمول نہیں تھا اس

لئے کیفیت کی تلافی کمیت بڑھا کر کرتے تھے یعنی آٹھ کی جگہ بارہ رکعت پڑھتے تھے۔اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوئیں ،ایک یہ کہ آنحضور ﷺ کے وتر کبھی قضا نہیں ہوئے ، وہ بہر حال اپنے وقت پر پڑھ لئے جاتے تھے، دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ آدمی کو اپنے اوراد کی حفاظت کرنی چاہئے ،آدمی جب کوئی ورد مقرر کرلیتا ہے تو اگرچہ وہ عمل شرعاً لازم نہیں ہوجاتا مگر اُسے پابندی سے کرنا چاہئے ، کیونکہ پابندی میں بڑی برکت ہے۔

ایک واقعہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث میں ایک راوی آئے ہیں حضرت زرارۃ بن اوفی ، یہ بڑے آدمی تھے، بصرہ کے قاضی تھے اور بنوقُشیر کی مسجد میں امامت کرتے تھے۔ایک دفعہ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے سورۂ مدثر کی آیت: ﴿فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ﴾ پڑھی اور روح پرواز کرگئی اور گر پڑے۔ بہز بن حکیم کہتے ہیں: جو لوگ قاضی صاحب کی میت کو گھر لے گئے ان میں میں بھی تھا، امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ واقعہ بھی سند کے ساتھ بیان کیا ہے۔

[۲۱۱] باب ماجاء فی وصفِ صلاةِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم باللیل

[٤٥٠-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسی الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مَالِكٌ، عن سَعِیدِ بنِ أبی سعیدٍ المقْبُرِیِّ، عن أبی سَلَمَةَ، أَنَّه أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَأَلَ عائشةَ: کیفَ کانتْ صَلاَةُ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی رَمَضَانَ؟ فقالت: ماکانَ سولُ اللہِ صلی اللہ علیه وسلم یَزِیْدُ فِیْ رَمَضَانَ وَلاَ فِیْ غَیْرِهِ عَلٰی إِحْدَی عَشْرَةَ رَکْعَةً: یُصَلِّیْ أَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ یُصَلِّی أَرْبَعًا فَلاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ یُصَلِّیْ ثَلاَثًا، فقالتْ عَائِشَةُ: فقلتُ یَارسولَ اللہِ! أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ فقال: ''یَاعائشةُ! إِنَّ عَیْنَیَّ تَنَامَانِ وَلاَ یَنَامُ قَلْبِیْ''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٤٥١-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسَی الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنُ بنُ عیسیٰ، نا مالكٌ، عن ابنِ شِهابٍ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ: أَنَّ رسولَ اللہِ صلی اللہ علیه وسلم کانَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ إِحْدَی عَشْرَةَ رَکْعَةً، یُوْتِرُ مِنْهَا بِوَاحِدَةٍ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْهَا اضْطَجَعَ علی شِقِّهِ الأَیْمَنِ.

حدثنا قُتَیْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عن ابنِ شهابٍ نحوَه؛ قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قوله: أنه أخبره: کہ انھوں نے یعنی ابوسلمہ نے ان کو خبر دی یعنی سعید مقبری کو بتایا کہ انھوں نے یعنی ابوسلمہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا۔

[۲۱۲] بابٌ مِنْهُ

[٤٥٢-] حدثنا أبو کُرَیْبٍ،نا وکیعٌ، عن شُعْبَةَ، عن أبی جَمْرَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: کان رسولُ اللہ

صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنْ اللَّيْلِ ثَلاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۱۳] بابٌ مِنْهُ

[٤٥٣-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكْعَاتٍ.

وفى الباب: عن أبى هريرةَ، وزيدِ بنِ خالدٍ، والفَضْلِ بن عباسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذا الوَجْهِ. ورَوَاهُ سُفيانُ الثوريُّ عن الأَعْمَشِ نحوَ هٰذَا، حدثَّنَابذلك محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا يَحيىَ بنُ آدمَ، عن سُفيانَ، عن الأَعْمَشِ.

قال أبو عيسى: وأَكْثَرُ ما رُوِىَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ صَلاَةِ اللَّيْلِ ثلاثَ عَشَرَةَ رَكْعَةً مَعَ الوِتْرِ، وأقلُّ مَا وُصِفَ مِنْ صَلاَتِهِ مِنَ اللَّيْلِ تسعُ رَكْعَاتٍ.

[٤٥٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عُوَانَةَ، عن قَتَادَةَ، عن زُرَارَةَ بنِ أَوْفَى، عن سَعْدِ بنِ هِشَامٍ، عن عَائِشَةَ، قالتْ: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا لَمْ يُصَلِّ مِنَ اللَّيْلِ: مَنَعَهُ مِنْ ذٰلِكَ النَّوْمُ، أَوْ غَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ: صَلَّى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا عباسٌ هو ابنُ عَبدِ العَظِيْمِ العَنبَرِيُّ، نا عَتَّابُ بنُ المُثَنَّىْ، عن بَهْزِبْنِ حَكِيْمٍ، قال: كانَ زُرَارَةُ بنُ أَوْفَى قَاضِى الْبَصْرَةِ، فَكَانَ يَؤُمُّ فِيْ بَنِى قُشَيْرٍ، فَقَرَأَ يَوْمًا فِيْ صَلاَةِ الصُّبْحِ ﴿فَإِذَا نُقِرَ فِيْ النَّاقُوْرِ فَذَلِكَ يَوْمَئِذٍ يَوْمٌ عَسِيْرٌ﴾ خَرَّ مَيِّتًا، وكُنْتُ فِيْمَنِ احْتَمَلَهُ إِلىٰ دَارِهِ.

قال أبو عيسى: وسعدُ بنُ هشامٍ: هوَ ابنُ عَامِرٍ الأَنْصَارِيُّ، وهشامُ بنُ عامرٍ: هُوَ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حدیث (۴۵۳) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات میں نو رکعتیں پڑھا کرتے تھے (اس مضمون کی روایت حضرت ابو ہریرہ، زید بن خالد اور فضل بن عباس رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عائشہؓ کی اس حدیث کی سند کو ''غریب'' کہا ہے، کیونکہ اعمش سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے، اور اعمش سے اس حدیث کو ابوالاحوص کے علاوہ سفیان ثوری بھی روایت کرتے ہیں، امام ترمذی نے ان کی سند بھی لکھی ہے ـــــ پھر فرمایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تہجد کی رکعتوں کی تعداد مع وتر زیادہ سے زیادہ تیرہ مروی ہے اور کم

سے کم نومروی ہے(اور یہ بات پہلے بیان کی جا چکی ہے کہ یہ بات محل نظر ہے) ــــــ اور حدیث (۴۵۴) کے ایک راوی: سعد بن ہشام ہیں۔ یہ عامر انصاری کے پوتے ہیں اور ان کے والد ہشام بن عامر صحابی ہیں۔

بابٌ فی نُزولِ الرَّبِّ تبارَكَ وتعالیٰ إلی السَّماءِ الدُّنْیا کُلَّ لیلَةٍ

ہر رات دنیا والے آسمان پر پروردگار کا نزول فرمانا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر رات دنیا والے آسمان پر اترتے ہیں جس وقت رات کا پہلا تہائی گذر جاتا ہے(غروبِ شمس اور صبح صادق کے درمیان جو وقت ہے اس کو تین حصوں میں تقسیم کرو، اس میں سے جب پہلا حصہ گذر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں) اور صدا دیتے ہیں: میں شہنشاہ ہوں، کوئی ہے جو مجھ سے دعا کرے جس کی دعا میں قبول کروں؟! کوئی ہے جو مجھ سے مانگے جس کو میں عنایت کروں؟! کوئی ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے جس کی میں بخشش کروں؟! یہ صدا برابر دیتے رہتے ہیں یہاں تک کہ صبح صادق طلوع ہو جاتی ہے"

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور آپ ہی سے ایک دوسری حدیث میں یہ بھی مروی ہے کہ جب رات کا ایک تہائی باقی رہتا ہے یعنی جب دو تہائی رات گذر جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ نزول فرماتے ہیں۔ یہ حدیث بھی اعلی درجہ کی صحیح ہے بلکہ اس کی سند پہلی حدیث سے بھی زیادہ شاندار ہے اور دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ایک شان دوسری شان سے غافل نہیں کرتی اور ایک تہائی رات گذرنے پر اترنا یا ایک تہائی رات باقی رہنے پر اترنا حسی اترنا نہیں ہے جو تعارض ہو بلکہ اس کا مطلب: اللہ تعالیٰ کی عنایات کا بندوں کی طرف متوجہ ہونا ہے۔ اور عنایات کے متوجہ ہونے میں تشکیک (کمی زیادتی) ہے ایک تہائی رات گذرنے پر اللہ تعالیٰ کی عنایت بندوں کی طرف متوجہ ہونا شروع ہوتی ہے مگر اس وقت کم مبذول ہوتی ہے پھر جب دوسرا تہائی گذر جاتا ہے اور آخری تہائی باقی رہتی ہے تو عنایات پہلے سے زیادہ متوجہ ہوتی ہیں۔

فائدہ (۱): حدیث شریف کا سبق یہ ہے کہ رات کے یہ حصے یعنی دوسری اور تیسری تہائی برکت والے حصے ہیں۔ اس وقت بندوں کو اٹھنا چاہئے اور عبادت میں مشغول ہونا چاہئے، اور تیسری تہائی تو بہت ہی زیادہ برکت والی ہے اب تو بندوں کو اٹھنا ہی چاہئے اور عبادت میں مشغول ہونا چاہئے۔

فائدہ (۲): اللہ تعالیٰ کے سمائے دنیا پر اترنے کا مطلب صرف عنایات کا بندوں کی طرف متوجہ ہونا ہی نہیں ہے بلکہ نزول اللہ کی ایک صفت ہے جو اللہ کے لئے ثابت ہے۔ اور یہ صفات متشابہات میں سے ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب الزکاۃ باب ماجاء فی فضل الصدقۃ میں صفاتِ متشابہات پر بحث کی ہے۔ وہاں صفتِ نزول پر بھی بحث آئے گی۔

[۲۱٤] بابٌ فی نزول الرب تبارك وتعالیٰ إلی السماء الدنیا کل لیلة

[٤٥٥-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا یَعقوبُ بنُ عبدِ الرحمنِ الإسْکَنْدَرَانِیِّ، عن سُهَیْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، عن أبیهِ، عن أبی هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قال:" یَنْزِلُ اللّٰهُ تَبارَكَ وتَعالٰی إلٰی السَّمَاءِ الدُّنْیَا کُلَّ لَیْلَةٍ، حِیْنَ یَمْضِی ثُلُثُ اللَّیْلِ الأَوَّلُ، فیقولُ:" أَنَا المَلِكُ مِنْ ذَا الَّذِیْ یَدْعُوْنِیْ فَأَسْتَجِیْبَ لَهُ؟! مَنْ ذَا الَّذِیْ یَسْأَلُنِیْ فَأُعْطِیَهُ؟! مَنْ ذَا الَّذِیْ یَسْتَغْفِرُنِیْ فَأَغْفِرَ لَهُ؟! فَلَا یَزَالُ کَذٰلِكَ حتی یُضِیْءَ الفَجْرُ"

وفی الباب: عن علیِّ بنِ أبی طَالِبٍ، وأبی سَعیدٍ، ورِفَاعَةَ الْجُهَنِیَّ، وجُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وأبی الدَّرْدَاءِ، وعُثْمَانَ بنِ أبی العاصِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ؛ وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ مِنْ أَوْجُهٍ کَثِیْرَةٍ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:" یَنْزِلُ اللّٰهُ تَبارَكَ وتَعالٰی حِیْنَ یَبْقٰی ثَلُثُ اللَّیْلِ الآخِرُ"؛ وهٰذا أَصَحُّ الرِّوَایَاتِ.

وضاحت: پہلی روایت میں الأولُ اور دوسری روایت میں الأخِرُ: مرفوع ہیں اور ثُلُث کی صفت ہیں اور دوسری روایت (حین یَبْقٰی ثلث اللیل الآخر) بخاری (حدیث ۱۱۴۵) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی القراء ة باللیل

تہجد میں قراءت کا بیان

تہجد میں سراً قراءت کرنا بھی جائز ہے اور جہراً قراءت کرنا بھی جائز ہے، مگر بہتر درمیانی کیفیت ہے۔ یعنی نہ تو بالکل آہستہ قراءت کرے اور نہ جہر مفرط یعنی بہت زور سے قراءت کرے، کیونکہ اگر سراً پڑھے گا تو طبیعت اکتا جائے گی اور دیر تک نہیں پڑھ سکے گا، اور اگر بہت اونچی آواز سے پڑھے گا تو تھک جائے گا، اس لئے درمیانی کیفیت سے پڑھنا بہتر ہے۔

پہلی حدیث: مسجد نبوی سے لگے ہوئے جس طرح حضور اکرم ﷺ کے حجرے تھے، شیخین: ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے حجرے بھی لگے ہوئے تھے، ایک مرتبہ آنحضور ﷺ رات میں حجرہ سے باہر تشریف لائے، اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے گذرے، آپؐ نے محسوس کیا کہ وہ تہجد پڑھ رہے ہیں اور ہلکی آواز سے قراءت کرر ہے ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر کے پاس سے گذرے، وہ بھی تہجد میں مشغول تھے اور بہت زور سے قرآن پڑھ رہے تھے، فجر کے بعد آپؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "رات میں تمہارے پاس سے گذرا تم

سراً قرآن پڑھ رہے تھے، کیوں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں اس ہستی کو سنا رہا تھا جس سے سرگوشی کرر ہا تھا۔ آپؐ نے یہ جواب پسند کیا مگر فرمایا کہ اپنی آواز ذرا بلند کرو، یعنی ہلکے جہر سے پڑھو۔ پھر حضرت عمرؓ سے فرمایا: میں تمہارے پاس سے گذرا تم بہت زور سے پڑھ رہے تھے، کیوں؟ انھوں نے عرض کیا: میں اونگھنے والوں (یعنی سونے والوں) کو جگا رہا تھا اور شیطان کو بھگا رہا تھا یعنی زور سے اس لئے پڑھ رہا تھا کہ گھر میں جو لوگ سور ہے ہیں وہ بھی بیدار ہو جائیں اور تہجد میں مشغول ہوں اور شیطان بھاگے، کیونکہ جہاں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے شیطان وہاں نہیں ٹھہر سکتا۔ آنحضرت ﷺ نے ان کا جواب بھی پسند کیا مگر فرمایا: ''ذرا آواز پست کرو'' یعنی بہت بلند آواز سے نہ پڑھو۔

تشریح: یہ حدیث غریب ہے، صرف یحییٰ بن اسحاق اپنی سند سے مرفوع کرتے ہیں۔ ثابت بنانی کے اکثر تلامذہ اس حدیث کو مرسل روایت کرتے ہیں یعنی سند کے آخر میں حضرت ابوقتادہ کا تذکرہ نہیں کرتے۔

فائدہ: آج کل مسلمانوں کے گھروں میں شیاطین ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں، لوگ تعویذ کراتے کراتے تھک جاتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ گھروں میں شیاطین کو دعوت دینے والی بہت سی چیزیں موجود ہیں، بیت الخلاء گندے ہوتے ہیں، بچوں کے کپڑے دن بھر گندے پڑے رہتے ہیں، نالیاں گندگی سے اٹی پٹی ہوتی ہیں یہ سب شیاطین کو دعوت دینے والی چیزیں ہیں۔ شیاطین کو ناپاکی اور گندی سے خاص مناسبت ہے اور شیاطین کو بھگانے کے طریقے یعنی تلاوت قرآن ذکر الٰہی وغیرہ لوگوں نے چھوڑ دیئے ہیں۔ اس لئے گھروں میں شیاطین حاضر رہتے ہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس گھر میں قرآن بلند آواز سے پڑھا جاتا ہے شیاطین ٹھہر نہیں سکتے۔

دوسری حدیث: عبداللہ بن ابی قیس کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ تہجد میں قراءت کس طرح فرماتے تھے؟ سراً یا جہراً؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: ''ہر طرح قرآن پڑھتے تھے، کبھی سراً پڑھتے تھے کبھی جہراً'' یہ گنجائش سن کر راوی نے کہا: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے معاملہ میں گنجائش رکھی!

تشریح: رسول اللہ ﷺ سے تہجد میں ہر طرح تلاوت کرنا ثابت ہے، آپ کبھی سراً تلاوت فرماتے تھے کبھی جہراً، کبھی ایک رکعت میں سراً اور دوسری رکعت میں جہراً پڑھتے تھے، کبھی ایک ہی رکعت میں کچھ جہراً پڑھتے تھے اور کچھ سراً۔ پس تہجد میں جس طرح جی چاہے تلاوت کرنے کی اجازت ہے۔

تیسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک رات قرآن کی ایک آیت کے ساتھ کھڑے رہے، یعنی پوری رات تہجد کی نماز میں ایک ہی آیت پڑھتے رہے۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے ایک مرتبہ پورا تہجد سورۂ انعام کی (آیت ۱۱۸) ﴿إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمِ﴾ کے ذریعہ پڑھا ہے، یعنی ہر رکعت میں بار بار اسی آیت کو پڑھتے تھے۔ یہاں سے یہ مسئلہ نکلا کہ جو شخص حافظ قرآن نہیں یا جس کو ایک آدھ سورت ہی یاد ہے اگر وہ لمبا تہجد پڑھنا چاہے تو اس کا

طریقہ یہ ہے کہ جوسورت یاد ہے اسی کو بار بار پڑھے، کیونکہ فرائض میں تو آیت یا سورت کی تکرار ٹھیک نہیں، مگر نوافل میں اس کی گنجائش ہے۔

جاننا چاہئے کہ بعض احناف نے اس حدیث سے نماز میں فاتحہ فرض نہ ہونے پر استدلال کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ اس رات حضور اکرم ﷺ نے صرف یہی ایک آیت پڑھی تھی، فاتحہ نہیں پڑھی تھی، مگر اس کی کوئی دلیل نہیں ہے کہ آپؐ نے اس رات فاتحہ نہیں پڑھی تھی ممکن ہے فاتحہ پڑھنے کے بعد سورت کی جگہ آپؐ نے بار بار یہ آیت پڑھی ہو، اس لئے مذکورہ استدلال تام نہیں۔

[۲۱۵] باب ماجاء فی القراء ة بالليل

[٤٥٦-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا يَحيىَ بنُ إسحاقَ، نا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عن ثابتٍ البُنَانِيِّ، عن عبدِ اللهِ بنِ رَبَاحِ الْأَنْصَارِيِّ، عن أبى قَتَادَةَ، أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم قال لِأَبِىْ بَكْرٍ: ’’مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تَقْرَأُ، وأَنْتَ تَخْفِضُ مِنْ صَوْتِكَ؟‘‘ فَقَالَ: إِنِّىْ أَسْمَعْتُ مَنْ نَاجَيْتُ، قال: ’’ ارْفَعْ قَلِيْلاً‘‘ وقال لِعمَرَ: ’’ مَرَرْتُ بِكَ وَأَنْتَ تَقْرَأُ وَأَنْتَ تَرْفَعُ صَوْتَكَ؟‘‘ فقال: إنى أُوْقِظُ الوَسْنَانَ وَأَطْرُدُ الشيطانَ، قال: ’’ اخْفِضْ قَلِيْلاً‘‘

وفى الباب: عن عائشةَ، وأُمِّ هانىءٍ، وأنسٍ، وأُمِّ سلمةَ، وابنِ عباسٍ.

[٤٥٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن مُعاويةَ بنِ صالحٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ أبى قَيْسٍ، قال: سَأَلْتُ عائشةَ كَيْفَ كانَ قِرَاءَ ةُ النبىِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ أكان يُسِرُّ بالقراء ة أم يَجْهَرُ؟ فقالت: كُلَّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ، رُبَّمَا أَسَرَّ بِالْقِرَاءَ ةِ وَرُبَّمَا جهَرَ، فقلتُ: الحمدُ للّٰهِ الذى جَعَلَ فى الْأَمْرِ سَعَةً.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبى قتادةَ حديثٌ غريبٌ،وإِنَّمَا أَسْنَدَهُ يَحيىَ بنُ إسحاقَ عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، وأَكثَرُ النَّاسِ إِنَّمَا رَوَوْا هٰذَا الحديثَ عن ثابتٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ رَبَاحٍ مُرْسَلاً.

[٤٥٨-] حدثنا أبوبكرٍ محمدُ بنُ نافِعٍ البَصْرِىُّ، نا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عبدِ الوارِثِ، عن إسماعيلَ بنِ مسلمٍ العَبْدِىِّ، عن أبى المُتوَكِّلِ النَّاجِىِّ، عن عائشةَ، قالت: قامَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم بِآيَةٍ مِنَ الْقُرآنِ لَيْلَةً.

قال أبوعيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ من هذا الوجه.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابوقتادہ کی حدیث غریب ہے اس کو یحییٰ بن اسحاق نے حماد بن سلمہ سے

روایت کرتے ہوئے مرفوع کیا ہے، اور اکثر محدثین اس حدیث کو ثابت بنانی کی سند سے عبداللہ بن رباح سے مرسل روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ صَلاَۃِ التَّطَوُّعِ فی الْبَیْتِ

نفل نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تمہاری نمازوں میں زیادہ فضیلت والی نماز وہ ہے جسے تم گھروں میں پڑھو، مگر فرائض مستثنیٰ ہیں'' یعنی فرائض کے علاوہ دیگر نمازوں میں زیادہ ثواب ان کو گھر میں پڑھنے میں ہے۔

تشریح: یہ مسئلہ پیچھے تفصیل سے گذر چکا ہے۔ وہاں ہم نے یہ بات بتائی تھی کہ بدلے ہوئے حالات میں علماء نے واجب اور سنن مؤکدہ کو فرائض کے ساتھ لاحق کیا ہے، یعنی فرض، واجب اور سنن مؤکدہ مسجد میں پڑھے، باقی نوافل گھر میں افضل ہیں۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اپنے گھروں میں نماز پڑھو، اور ان کو قبریں مت بناؤ''

تشریح: اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ گھروں میں نمازیں پڑھنی چاہئیں تاکہ گھروں میں برکت ہو، اور گھر کے دیگر افراد: بیوی، بچے اور بھائی بہنوں کو ترغیب ہو، البتہ اس حکم سے فرائض مستثنیٰ ہیں، کیونکہ مسجدیں فرائض کی ادائیگی کے لئے بنائی گئی ہیں پس اگر لوگ فرض نمازیں بھی گھر میں پڑھیں گے تو مسجدیں ویران ہو جائیں گی، اسی لئے اوپر والی حدیث میں فرائض کا استثناء کیا ہے، اور علماء نے واجب اور سنن مؤکدہ کو فرائض کے تابع کیا ہے۔

دوسرا مسئلہ: گھروں میں تدفین نہیں کرنی چاہئے، تدفین گورغریباں میں ہونی چاہئے ——— اور دونوں مسئلوں کو ایک ساتھ بیان کرنے میں حکمت یہ ہے کہ گھروں میں نمازیں پڑھنی ہے، اگر گھروں میں قبریں بھی ہونگی تو ہوسکتا ہے کہ نماز میں قبر سامنے پڑے، حالانکہ قبر کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے کی ممانعت آئی ہے (یہ حدیث کتاب الجنائز میں آئے گی)

فائدہ: کسی بزرگ کی قبر کے قریب مسجد بنانا یا مسجد میں یا مسجد کے آس پاس کسی کو دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ تفصیل سے باب ماجاء فی کراھیۃ أن یُتَّخَذَ علی القبر مسجد کے تحت گذر چکا ہے، اور اس حدیث میں یہ حکم ہے کہ گھر میں کسی بزرگ کی یا عام مسلمانوں کی قبر بنانا جائز نہیں۔ اور رسول اللہ ﷺ کی تدفین جو مسجد کے قریب اور مکان کے اندر ہوئی ہے وہ آپ کی خصوصیت ہے۔ آنحضور ﷺ جس جگہ مدفون ہیں پہلے وہ جگہ مسجد سے خارج اور مسجد سے قریب تھی اب وہ جگہ مسجد میں داخل ہو چکی ہے۔

نوٹ: اس حدیث کے دوسرے جزء کا یہ مطلب بھی بیان کیا گیا ہے کہ گھروں کو قبریں نہ بناؤ یعنی اعمال سے معطل نہ کرو۔ جس طرح قبرستان میں کوئی عمل نہیں ہوتا، بس مردے پڑے ہیں، اسی طرح گھروں کو صرف پڑنے کی جگہ مت بناؤ، بلکہ ان میں نمازیں بھی پڑھو۔ اگر یہ مطلب لیا جائے تو حدیث کے دونوں جزوں میں ارتباط ظاہر ہے، دوسرا جزء گویا پہلے جزء کی تعلیل ہے۔

[۲۱۶] باب ماجاء فی فضل صلاۃ التطوع فی البیت

[۴۵۹-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ سَعِيدِ بن أبی هِنْدٍ، عن سالمٍ أبی النَّضْرِ، عن بُسْرِ بنِ سَعِيدٍ، عن زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال: ”أَفْضَلُ صَلَاتِكُمْ فِیْ بُيُوْتِكُمْ إِلَّا الْمَكْتُوْبَةَ“

وفی الباب: عن عُمَرَ بنِ الخطابِ، وجابرِ بنِ عبدِ اللهِ، وأبی سعيدٍ، وأبی هريرةَ، وابنِ عُمرَ، وعائشةَ، وعبدِ اللهِ بنِ سعدٍ، وزيدِ بنِ خالدٍ الجُهَنِیِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ زيدِ بنِ ثابتٍ حديثٌ حسنٌ؛ وقد اخْتَلَفُوْا فِیْ رِوَايَةِ هٰذا الحديثِ، فَرَوَاهُ مُوْسَى بنُ عُقْبَةَ، وإبراهيمُ بنُ أبی النَّضْرِ مَرْفُوْعًا، وأَوْقَفَهُ بَعْضُهُمْ؛ ورَوَاهُ مالِكٌ، عن أبی النَّضْرِ، ولم يَرْفَعْهُ، والحديثُ المَرْفُوْعُ أَصَحُّ.

[۴۶۰-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، عن عُبَيْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال: ”صَلُّوْا فِیْ بُيُوْتِكُمْ، وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت زید بن ثابت کی حدیث حسن ہے، اور اس حدیث کی روایت میں رواۃ نے اختلاف کیا ہے۔ پس موسیٰ بن عقبہ اور ابراہیم بن ابی النضر اس کو مرفوع کرتے ہیں، اور بعض رُوات اس کو موقوف کرتے ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ نے اس کو ابوالنضر سے روایت کیا ہے اور مرفوع نہیں کیا، اور حدیث مرفوع زیادہ صحیح ہے۔

وضاحت: یہ حدیث ابوالنضر سالم بن ابی امیہ تیمی سے چار حضرات روایت کرتے ہیں۔ اور تین حدیث کو مرفوع کرتے ہیں اور ایک موقوف کرتا ہے یعنی حضرت زید کا قول قرار دیتا ہے، پس اصح تین راویوں کی روایت ہے۔ وہ تین راوی: عبداللہ بن سعید بن ابی ہند (ان کی روایت باب کے شروع میں ہے) اور ابوالنضر سالم کے لڑکے ابراہیم (جو وَرَدَان سے مشہور ہیں اور جن کی روایت طبرانی کی معجم کبیر ۵:۱۴۴ میں ہے) اور امام المغازی موسیٰ بن عقبہ (ان کی

روایت بخاری حدیث ۷۳۱ میں ہے) ہیں۔ یہ تینوں یہ روایت ابوالنضر سالم سے روایت کرتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں اور صرف امام مالکؒ اس حدیث کو ابوالنضر سالم سے روایت کرتے ہیں اور موقوف بیان کرتے ہیں۔

أَبْوَابُ الوِتْرِ

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الوِتْرِ

وتر کی فضیلت کا بیان

احناف کے نزدیک وتر واجب ہے باقی ائمہ کے نزدیک سنت ہے، لیکن یہ ایسی سنت ہے جس کا ترک ان کے یہاں بھی جائز نہیں، جس طرح عیدین کی نماز ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہے مگر وہ اس کے ترک کے روادار نہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک عیدین بھی واجب ہیں، اور واجب اور فرض میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں، دونوں پر عمل ضروری ہے البتہ عقیدہ کے اعتبار سے فرق ہوتا ہے۔ فرض کو فرض ماننا ضروری ہے، اس کا منکر کافر ہے، اور واجب کو واجب ماننا ضروری نہیں اس کا منکر کافر یا گمراہ نہیں۔

اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ واجب ایک فقہی اصطلاح ہے۔ اس کا درجہ فرض اور سنت مؤکدہ کے درمیان ہے اور یہ اصطلاح احناف نے تجویز کی ہے۔ دوسرے ائمہ کے نزدیک علی وجہ البصیرت یہ اصطلاح نہیں ہے، ہاں کہیں کہیں وہ بھی ''واجب'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں مگر احکام شرعیہ میں واجب ایک مستقل حکم ہے جو فرض اور سنت مؤکدہ کے درمیان ہے، اس طرح یہ مرتبہ ان کے ذہنوں میں واضح نہیں، چنانچہ تمام وہ احکام جو دلائل کی رو سے واجب کے مرتبہ میں ہیں، ائمہ ثلاثہ ان کو اِدھر اُدھر کر دیتے ہیں، بعض کو فرض کے خانے میں رکھ دیتے ہیں اور بعض کو سنت کے خانہ میں، کیونکہ ان کے یہاں واجب کا کوئی خانہ علی وجہ البصیرت نہیں ہے۔ مثلاً صدقۂ فطر کو ائمہ ثلاثہ فرض کہتے ہیں اس لئے کہ حدیث میں لفظ فَرَضَ آیا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۱۵) اور وتر، عیدین اور قربانی کو سنت کہتے ہیں کیونکہ ان میں حدیثوں میں ایسا کوئی لفظ نہیں آیا اور احناف چاروں کو یعنی صدقۂ فطر، وتر، عیدین اور قربانی کو واجب کہتے ہیں۔

اس کے بعد چند باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: تہجد اور وتر کی روایات میں بہت الجھاؤ ہے، کہیں تہجد اور وتر دونوں کو ''صلاۃ اللیل'' کہا گیا ہے، کہیں دونوں کے مجموعہ کو ''صلاۃ الوتر'' کہا گیا ہے، اور کہیں حقیقت کے پیش نظر تہجد کو ''صلاۃ اللیل'' اور آخر میں جو تین رکعت پڑھی جاتی ہیں ان کو ''صلاۃ الوتر'' کہا گیا ہے۔ یہ جو روایات میں الجھاؤ ہے یعنی مختلف اطلاقات ہیں اس کی وجہ سے یہ مسئلہ اختلافی اور پیچیدہ ہو گیا ہے۔

غرض وتر اور صلاۃ اللیل (تہجد) ایک نماز ہیں یا الگ الگ؟ اس میں اختلاف ہے: امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک الگ الگ نمازیں ہیں، پھر امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک وتر تین رکعتیں: دو قعدوں اور ایک سلام کے ساتھ ہیں، اور واجب ہیں۔ رات کی باقی نماز صلاۃ اللیل ہے اور سنت ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وتر تین رکعتیں: دو سلام سے مستحب ہیں، ایک سلام سے مکروہ ہیں۔ اور وتر سنت ہیں، اسی طرح رات کی نماز بھی سنت ہے مگر وتر آکد ہیں یعنی ان کی زیادہ تاکید آئی ہے اور ان کو چھوڑنا جائز نہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وتر صرف ایک رکعت ہے اور سنت ہے مگر اس سے پہلے تہجد کا دوگانہ ضروری ہے یعنی امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک ایک رکعت وتر سے پہلے جو دوگانہ ہے وہ وتر میں شامل ہے، اس کے علاوہ نماز تہجد ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایک رکعت وتر سے پہلے جو بھی نفل نماز ہے وہ صلاۃ اللیل ہے، مگر صرف ایک رکعت پڑھنا صحیح نہیں، تہجد کے دوگانہ کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تہجد اور وتر ایک ہی نماز ہیں۔ فرق برائے نام ہے۔ اور دونوں سنت ہیں، مگر وتر زیادہ مؤکد ہیں، ان کے نزدیک ایک سے گیارہ تک سب وتر بھی ہیں اور صلاۃ اللیل بھی۔ اور تیرہ رکعتیں صلاۃ الوتر ہیں یا نہیں؟ اس میں ان کے یہاں اختلاف ہے، اور تیرہ سے زیادہ صلاۃ الوتر نہیں ہیں اور ان کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر دو رکعت پر سلام پھیرے اور آخر میں ایک رکعت علحدہ پڑھے، غرض چاروں ائمہ متفق ہیں کہ وتر کی صرف ایک رکعت پڑھنا جائز نہیں، کم از کم تین رکعت پڑھنا ضروری ہے۔ قاضی ابوالطیب (شافعی) نے ایک رکعت وتر پڑھنے کو مکروہ لکھا ہے۔ اور امام احمد اور امام مالک رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے (معارف السنن ۴: ۱۶۸)

دوسری بات: چاروں ائمہ متفق ہیں کہ وتر کا وقت مقرر ہے، یعنی عشاء کے بعد سے صبح صادق تک اس کا وقت ہے اور جو شخص وتر پڑھنا بھول جائے یا سوتا رہ جائے تو یاد آنے پر یا بیدار ہونے پر اس کی قضا ضروری ہے پھر اس میں اختلاف ہوا ہے کہ قضا کب تک ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ابداً قضا ہے یعنی جس طرح فرض کی قضا پوری زندگی میں کرنی ضروری ہے اسی طرح وتر کی قضا بھی ضروری ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قضا کا وقت فجر کی نماز تک ہے، فجر پڑھنے سے پہلے پہلے قضا کر لینے ضروری ہیں، اگر فجر کی نماز پڑھ لی تو قضا کا وقت گذر گیا۔

تیسری بات: رسول اللہ ﷺ نے وتر مواظبت تامہ کے ساتھ پڑھے ہیں۔ زندگی میں ایک بار بھی قضا نہیں کئے۔ اور انیس روایات ہیں جو وتر کے وجوب پر دلالت کرتی ہیں، اگرچہ ہر حدیث کی سند میں تھوڑا بہت کلام ہے مگر مجموعہ حسن لغیرہ ہو کر قابل استدلال ہے (وہ سب روایات ہدایہ کی تخریج نصب الرایہ میں اور بخاری کی شرح عمدۃ القاری میں جمع کی گئی ہیں)

غرض وتر کے بارے میں پانچ باتیں اکٹھا ہوئی ہیں جن کی وجہ سے احناف نے وتر کے وجوب کا قول کیا ہے:

ایک: انیس روایات ہیں جن میں وتر کی غایت درجہ تاکید آئی ہے۔

دوسری: آنحضرت ﷺ کا وتر کو مواظبت تامہ کے ساتھ ادا فرمانا۔ زندگی میں ایک بار بھی ترک نہ کرنا، اگر وتر واجب نہ ہوتے تو بیانِ جواز کے لئے ایک ہی بار سہی، آپؐ وتر ترک فرماتے، تاکہ امت حقیقتِ حال سے واقف ہوتی۔

تیسری: وتر کے وقت کا مقرر ہونا، عشاء کے بعد سے طلوع فجر تک وتر کا وقت ہے، اور یہ شان فرائض کی ہے، نوافل کے لئے اس طرح اوقات کی تعیین نہیں کی گئی۔

چوتھی: اگر کوئی شخص وتر پڑھنا بھول جائے یا سوتا رہ جائے تو یاد آنے پر یا بیدار ہونے پر بالاتفاق اس کی قضا ہے، اور یہ شان بھی فرائض ہی کی ہے۔ نوافل کی اگرچہ وہ سنت مؤکدہ ہوں قضا نہیں۔

پانچویں: وتر نہ پڑھنے کی کسی مجتہد نے اجازت نہیں دی، جو حضرات سنت کہتے ہیں وہ بھی ترک کے روادار نہیں، امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو وتر نہیں پڑھتا اس کو سزا دی جائے گی اور وہ مردود الشہادۃ ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو شخص بالقصد وتر چھوڑتا ہے وہ برا آدمی ہے اور اس کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔ امام شافعی رحمہ اللہ بھی قریب قریب یہی بات کہتے ہیں۔

مذکورہ پانچوں باتوں میں اگر غور کیا جائے تو وتر کی فرائض سے مشابہت صاف نظر آئے گی، پھر وتر کو واجب کہا جائے یا سنت اس کا پڑھنا بالاتفاق ضروری ہے پس اختلاف محض لفظی ہے حقیقتِ وجوب کے سب قائل ہیں۔

حدیث: خارجۃ بن حذافۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ حجرۂ مبارک سے ہمارے پاس (مسجد میں) تشریف لائے، پس فرمایا: ''بیشک اللہ نے تمہارے پاس ایک نماز کی کمک بھیجی ہے'' (کسی جگہ فوج برسرِ پیکار ہو ان کی مدد کے لئے پیچھے سے مزید فوج بھیجی جائے تو اس کو اردو میں کمک اور عربی میں امداد (اضافہ) کہتے ہیں) ''وہ نماز تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے'' (عربوں کے نزدیک سرخ اونٹ بہت قیمتی مال سمجھا جاتا تھا، آج کی اصطلاح میں کہیں گے: وہ نماز تمہارے لئے بنگلوں اور مرسڈیز کاروں سے بہتر ہے) ''وہ وتر کی نماز ہے'' (الوتر سے پہلے ھو پوشیدہ ہے اور یہ مستقل جملہ ہے، یعنی: ھو الوتر) ''اللہ تعالیٰ نے اس کو تمہارے فائدہ کے لئے عشاء کی نماز اور طلوع فجر کے درمیان مقرر کیا ہے''

تشریح: یہ حدیث ان انیس روایتوں میں سے ایک ہے جو وتر کے واجب ہونے پر دلالت کرتی ہیں، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث پر فضلُ الوتر کا باب اس لئے قائم کیا ہے کہ اس کا جواب نہ دینا پڑے اور قاری کا ذہن دوسری طرف منتقل ہو جائے وہ یہ خیال کرے کہ یہ تو فضیلت کی روایت ہے گویا حضرت مصنف رحمہ اللہ نے ایک تیر سے دو شکار کئے ہیں، پھر اگلے باب میں حجازیوں کے لئے دلیل لائے ہیں، حالانکہ یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، جس طرح حجازیوں کے لئے باب لائے ہیں عراقیوں کے لئے بھی باب قائم کرنا چاہئے تھا چاہے الگ سے باب لاتے یا یہاں ایسا عنوان رکھتے جس سے پتا چلتا کہ عراقی علماء وتر کے وجوب پر اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں کیونکہ یہ

حضرت مصنف رحمہ اللہ کا طریقہ ہے۔علاوہ ازیں یہ بات سنن کے موضوع کے بھی خلاف ہے کیونکہ کتاب کا موضوع فقہاء کے مستدلات اکٹھا کرنا ہے۔

اس حدیث میں غور کیا جائے تو اس طرف اشارہ ملتا ہے کہ وتر واجب ہیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو فرضوں کے لئے کمک (اضافہ) کہا ہے اور کسی چیز میں اضافہ اسی کی جنس سے کیا جائے تبھی امداد کہلاتا ہے،فوج کی مدد کے لئے پیچھے سے فوجی روانہ کئے جائیں تو ہی وہ کمک ہے،اگر عام لوگ روانہ کئے جائیں تو وہ کمک نہیں۔غرض وتر حقیقی کا عملاً فرضوں کی طرح ہونا اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے،مگر چونکہ فرضوں کا ثبوت قرآن سے ہے یعنی دلیل قطعی اور تواتر سے ہے اس لئے ان پر فرض کا اطلاق کیا جاتا ہے اور وتر کا ثبوت دلیل قطعی سے نہیں ہے بلکہ اخبار آحاد سے ہے یعنی دلائل ظنیہ سے ہے اس لئے اس پر واجب کا اطلاق کیا جاتا ہے۔

أبواب الوتر

[۲۱۷] باب ماجاء فی فضل الوتر

[۴٦۱-] حدثنا قُتیبةُ، حدثنا اللیثُ بنُ سَعْدٍ، عن یَزِیْدَ بنِ أبی حَبِیْبٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ راشِدٍ الزَّوْفِیِّ، عن عبدِ اللهِ بنِ أبی مُرَّةَ الزَّوْفِیِّ، عن خارِجَةَ بنِ حُذَافَةَ، أَنَّهُ قالَ: خَرَجَ عَلَیْنَارسولُ اللهِ صلی اللہ علیہوسلم فقال: " إِنَّ اللّٰهَ أَمَدَّكُمْ بِصلَاةٍ هِیَ خَیْرٌ لَكُمْ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ، الوِتْرُ، جَعَلَهُ اللّٰهُ لَكُمْ فِیْمَا بَیْنَ صَلَاةِ العِشَاءِ إِلٰی أَنْ یَطْلُعَ الْفَجَرُ"

وفی البابِ: عن أبی هریرةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وبُرَیْدَةَ، وأبی بَصْرَةَ صاحبِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

قال أبو عیسی: حدیثُ خارِجَةَ بنِ حُذافَةَ حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدیثِ یزیدَ بنِ أبی حبیبٍ؛ وقد وَهِمَ بَعْضُ المحدِّثِیْنَ فِی هذا الحدیثِ، فقال: عبدُ اللهِ بنُ راشدٍ الزُّرَقِیُّ،وَهُوَ وَهْمٌ.

وضاحت: خارجۃ بن حذافۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب ہے کیونکہ یزید بن ابی حبیب سے آخر تک ایک سند ہے۔اور یزید بن ابی حبیب کے استاذ عبداللہ بن راشد مستور ہیں اور استاذ الاستاذ عبداللہ بن ابی مُرّۃ مجہول ہیں اور عبداللہ بن راشد کی نسبت زَوْفی ہے۔بعض محدثین نے زُرَقی نسبت بیان کی ہے وہ ان کا وہم ہے۔

فائدہ: وتر کے وقت کی تعیین میں عام مسلمانوں کی رعایت ملحوظ رکھی گئی ہے،تہجد گذاروں کی رعایت کرکے اس کا وقت تجویز نہیں کیا گیا، کیونکہ اکثر مسلمان رات کے آخری حصہ میں اٹھ نہیں پاتے، اور جو بندے آخر رات میں

عبادت کے لئے اٹھتے ہیں وہ ایک فیصد ہوتے ہیں اور قانون سازی میں سواد اعظم کی رعایت کی جاتی ہے، اس لئے وتر کا وقت عشاء کے بعد ہی سے رکھا گیا تا کہ جو شخص اٹھنے کا ارادہ نہیں رکھتا وہ وتر پڑھ کر سوئے، اور تہجد گذاروں کو تہجد کے بعد وتر پڑھنا چاہئے یہی ان کے لئے مستحب ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْوِتْرَ لَيْسَ بِحَتْمٍ

وتر واجب نہیں

حدیث: باب میں جو حدیث ہے وہ موقوف ہے یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے مگر وہ حکماً مرفوع ہے۔
حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وتر تمہاری فرض نمازوں کی طرح واجب نہیں، بلکہ یہ طریقہ رسول اللہ ﷺ نے جاری کیا ہے (اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے قول کی تائید میں حدیث مرفوع لائے ہیں) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''بیشک اللہ تعالیٰ یگانہ ہیں، وہ طاق کو پسند کرتے ہیں'' (پہلے لفظ وتر کے معنی ہیں یگانہ یعنی جس میں دوئی کی بُو بھی نہ ہو، اور دوسرے وتر کے معنی ہیں طاق۔ چونکہ طاق میں یگانہ پن کا شائبہ ہے اس لئے اللہ تعالیٰ طاق کو پسند کرتے ہیں۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حافظوں کو نصیحت کی) ''اے حافظو! وتر (تہجد) پڑھا کرو'' کیونکہ جو حافظ تہجد میں قرآن پڑھتے ہیں قرآن ان کی نوک زباں ہوتا ہے اور حقیقت میں حافظ وہی ہوتے ہیں، اکثر حفاظ تو رمضانی حافظ ہوتے ہیں۔ دن بھر میں ایک پارہ یاد کر کے سنا دیتے ہیں پھر اُسے بھول جاتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ نے وتر کے عدم وجوب پر استدلال کیا ہے۔ اس لئے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وتر کے واجب ہونے کی نفی کی ہے۔ اور فرمایا ہے کہ یہ طریقہ رسول اللہ ﷺ نے جاری کیا ہے۔ پس وتر پڑھو تو سبحان اللہ، نہ پڑھو تو کوئی بات نہیں۔

اور بعض احناف نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نفسِ وجوب کی نفی نہیں کی، بلکہ فرائض خمسہ کے مانند واجب ہونے کی نفی کی ہے۔ اور احناف وتر کو فرائض خمسہ کی طرح فرض نہیں کہتے بلکہ اس سے نیچے کے درجہ میں واجب قرار دیتے ہیں۔ مگر یہ جواب ٹھیک نہیں، کیونکہ فرض اور واجب میں جو درجاتی فرق ہے وہ یہاں زیر بحث نہیں۔ یہ اصطلاحات تو فقہاء کے دور میں پیدا ہوئی ہیں۔ صحابہ کے زمانہ میں یہ اصطلاحات نہیں تھیں، بلکہ مراد عمل کے اعتبار سے ہے یعنی وتر عملی اعتبار سے ضروری نہیں، بلکہ یہ رسول اللہ ﷺ کا جاری کردہ طریقہ ہے، پڑھنا چاہو تو پڑھو، نہ چاہو تو نہ پڑھو، جبکہ احناف عملی اعتبار سے وتر کو ضروری کہتے ہیں۔

پس صحیح بات یہ ہے کہ یہاں الوتر سے حقیقی وتر مراد نہیں، بلکہ تہجد کی نماز مراد ہے، یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تہجد کی ترغیب دی اور فرمایا: تہجد عملی اعتبار سے ضروری نہیں، کیونکہ وہ سنت ہے مگر قرآن یاد رکھنے کے لئے یہ عمل اکسیر

ہے، اس لئے کہ جب حافظ روزانہ تہجد پڑھے گا اور اس میں دو تین پارے پڑھے گا تو قرآن نوک زباں رہے گا، اور وہ قرآن کبھی نہیں بھولے گا۔ علاوہ ازیں تہجد اللہ کو بہت پسند ہے کیونکہ جو تہجد گذار بندے ہیں وہ تہجد کے بعد وتر پڑھیں گے تو سارا مجموعہ وتر (طاق) ہوجائے گا اور اللہ تعالیٰ کو طاق پسند ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''بیشک اللہ تعالیٰ یگانہ ہیں، طاق کو پسند کرتے ہیں'' لہٰذا حافظوں کو چاہئے کہ وہ تہجد کا اہتمام کریں۔ حدیث کا یہی مطلب ہے۔ پس یہ حدیث حنفیہ کے خلاف نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل بھی نہیں۔ غرض حدیث مذکور میں وتر کا لفظ تہجد اور وتر کے مجموعہ پر بولا گیا ہے اور مقصود تہجد پڑھنے کی ترغیب دینا ہے۔

فائدہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے راوی ابوبکر بن عیاش بھی ہیں اور سفیان ثوری بھی، دونوں حضرات ابواسحاق سے، وہ عاصم بن ضمرۃ سے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اور سفیان ثوری کی حدیث میں آخری جملہ: قال: إن الله وتر آخر تک نہیں ہے۔ یہ زیادتی صرف ابوبکر بن عیاش کی حدیث میں ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابوبکر بن عیاش والی حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔ اور سفیان ثوری کی حدیث کو جو کہ مختصر ہے اصح قرار دیا ہے، مگر حضرت مصنف رحمہ اللہ کا یہ فیصلہ صحیح نہیں، کیونکہ سفیان ثوری کی حدیث کو اصح کہنے کی کوئی وجہ ترجیح نہیں کیونکہ اگر ترجیح کی وجہ یہ ہے کہ سفیان کے متابع ہیں (وغیرہ میں اشارہ ہے) تو ابوبکر بن عیاش کے بھی متابع منصور بن المعتمر ہیں اس لئے یہ بات وجہ ترجیح نہیں بن سکتی۔ اور دونوں حدیثوں کے تمام راوی ثقہ ہیں اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں کوئی کم نہیں۔ فرق بس اتنا ہے کہ سفیان ثوری کی حدیث مختصر ہے اور ابوبکر بن عیاش کی حدیث مفصل اور ثقہ کی زیادتی بالاجماع معتبر ہے۔

[۲۱۸] باب ماجاء أن الوتر ليس بحتم

[٤٦٢-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا أبوبكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، نا أبو إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، قال: الوترُ لَيْسَ بِحَتْمٍ كَصَلاَتِكُمُ المَكْتُوْبَةِ، ولكِنْ سَنَّ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم، قال: '' إِنَّ اللهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الوِتْرَ''فَأَوْتِرُوْا يا أهلَ الْقُرآنِ.

وفي الباب: عن ابنِ عُمرَ، وابنِ مسعودٍ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ عليٍّ حديثٌ حسنٌ.

[٤٦٣-] وروَى سُفيانُ الثَّوْرِيُّ وغيْرُهُ عن أَبي إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، قال: الوترُ لَيْسَ بِحَتْمٍ كَهَيْئَةِ الصَّلاَةِ المَكْتُوْبَةِ، ولكِنْ سُنَّةٌ سَنَّهَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم؛ حدثنا بذلِكَ بُنْدَارٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيّ، عن سفيانَ؛ وهذا أَصَحُّ مِن حديث أبي بكر بنِ عَيَّاشٍ؛ وقد روَى منصورُ بنُ المُعْتَمِرِ، عن أبي إسحاقَ، نحوَ روايةِ أبي بكرِ بنِ عَيَّاشٍ.

نوٹ: اس حدیث میں خاص توجہ طلب بات یہ ہے کہ اس میں مرفوع روایت صرف إن الله وتر، یحب الوتر ہے۔ اور یہ ایک مستقل روایت ہے جس کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی بات کی تائید میں پیش کیا ہے۔ باقی آگے پیچھے حضرت علیؓ کا قول ہے اور راوی ایسا کرتے ہیں۔ فاتحہ خلف الامام کی حدیث میں بھی حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ نے ایک عام حدیث کو آنحضور ﷺ کے ایک واقعہ کے ساتھ ملایا ہے، جس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے ـــــ دوسری بات یہ یاد رکھنے کی ہے کہ حضرت علیؓ کے قول میں وتر سے نماز تہجد مع وتر مراد ہے، صرف وتر حقیقی مراد نہیں ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ النَّوْمِ قَبْلَ الوِتْرِ

وتر سے پہلے سونے کی کراہیت

پیچھے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ نصوص میں وتر اور صلاۃ اللیل کے مجموعہ پر وتر کا بھی اطلاق کیا جاتا ہے، اور صلاۃ اللیل کا بھی، اور کبھی حقیقت کا لحاظ کر کے علحدہ علحدہ اطلاقات آئے ہیں، اس لئے احادیث کو غور سے دیکھنا ضروری ہے کہ کہاں تہجد مراد ہے اور کہاں وتر حقیقی اور کہاں دونوں کا مجموعہ۔ اگر اس نقطہ سے ذہن ہٹ گیا تو روایات سمجھنے میں بہت دشواری ہوگی۔

پہلی حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ میں سونے سے پہلے وتر پڑھ لوں (رسول اللہ ﷺ نے یہ حکم ابوذر غفاری اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہما کو بھی دیا ہے)

تشریح: اس حدیث میں وتر سے کیا مراد ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ وتر حقیقی مراد ہے اور یہی بات عام طور پر سمجھی گئی ہے اور حضرت کی بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ جس شخص کو بیدار ہونے کا یقین یا ظن غالب ہوا سے وتر مؤخر کرنے چاہئیں، وہ تہجد کے بعد وتر پڑھے، اور جسے بیدار ہونے کا یقین نہ ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ عشاء کے بعد وتر پڑھ لے پھر سوئے۔ پھر اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بیدار ہو جائے تو تہجد پڑھے، وتر کے بعد بھی تہجد پڑھنا جائز ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تہجد کے بعد دو نفلیں پڑھی ہیں، پس وتر کے بعد بھی نفل پڑھنا جائز ہے اور وتر دوبارہ نہ پڑھے۔

مگر میری رائے میں حدیث مذکور میں صرف وتر مراد نہیں ہے بلکہ وتر اور صلاۃ اللیل کا مجموعہ مراد ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کو اٹھنے کا یقین نہ ہو، اس کے مشاغل ایسے ہوں کہ وہ اٹھ نہیں سکتا یا دیر سے سوتا ہے، یا طبعی طور پر مزاج ایسا ہے کہ پڑا اور مرا ایسے لوگوں کے لئے حکم یہ ہے کہ وہ سونے سے پہلے تہجد کی نیت سے نفلیں پڑھ لیں، پھر وتر پڑھیں اور سو جائیں۔ یہ تہجد نہیں ہے بلکہ ایڈوانس بدل ہے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی وجہ سے تہجد نہیں پڑھ پاتے تھے تو سورج نکلنے کے بعد بارہ رکعت پڑھتے تھے، ظاہر ہے یہ نفلیں تہجد نہیں ہیں بلکہ اس کا بدل ہیں، اور بدل مؤخر بھی ہو سکتا ہے اور مقدم بھی۔ غرض حدیث میں حقیقی وتر مراد نہیں، بلکہ تہجد کا بدل مراد ہے۔

اور دلیل یہ ہے کہ سونے سے پہلے وتر پڑھ لینے کا حکم ہر مسلمان کے لئے ہے اور سب مسلمان وتر پڑھ کر ہی سوتے ہیں، وتر مؤخر کرنے کا حکم یا فضیلت صرف تہجد گذاروں کے لئے ہے۔ پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کو سونے سے پہلے وتر پڑھنے کا حکم دینا اور وصیت کرنا معقول نہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ ان حضرات کو تہجد کا بدل پڑھ کر سونے کی وصیت کی گئی تھی۔ واللہ اعلم

مسئلہ: اگر کوئی شخص عشاء پڑھ کر متصلاً کچھ نفلیں پڑھ کر وتر پڑھے تو یہ نفلیں صلاۃ اللیل کے قائم مقام نہیں ہونگی تہجد کا بدل وہی نفلیں ہیں جو سونے سے پہلے پڑھی گئی ہوں اور تہجد کے بدل کے طور پر پڑھی گئی ہوں۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے جسے اندیشہ ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں بیدار نہیں ہوسکے گا تو چاہئے کہ وہ شروع رات میں وتر پڑھ لے۔ اور تم میں سے جسے امید ہو کہ وہ آخر رات میں کھڑا ہوجائے گا تو اُسے وتر مؤخر کرنے چاہئیں، اور آخر رات میں پڑھنے چاہئیں۔ کیونکہ رات کے آخری حصہ میں قرآن کی تلاوت میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں، اور یہ یعنی آخر رات میں تہجد یا وتر پڑھنا افضل ہے۔

تشریح: اس حدیث میں وتر سے حقیقی وتر مراد ہیں۔ اور حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جس شخص کو بیدار ہونے کی امید نہ ہو اسے سونے سے پہلے وتر پڑھ لینے چاہئیں۔ اور جس شخص کو بیدار ہونے کی امید ہو اس کو تہجد کے ساتھ وتر پڑھنے چاہئیں، کیونکہ رات کے آخری حصہ میں نماز پڑھنا بہتر ہے، اس وقت کی قراءت میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور نیک بندوں کی عبادت میں شرکت سے نورانیت پیدا ہوتی ہے اور قبولیت کی امید بندھتی ہے۔ غرض یہ حدیث باب سے متعلق ہے اور پہلی حدیث میرے ناقص خیال میں باب سے متعلق نہیں۔ واللہ اعلم

[۲۱۹] باب ماجاء فی کراهية النوم قبل الوتر

[٤٦٤-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا يحيىَ بنُ زَكَرِيَا بنِ أبی زَائِدَةَ، عن إسرائيلَ، عن عيسى بن أَبی عَزَّةَ، عن الشَّعْبِیِّ، عن أبی ثَوْرِ الْأَزْدِیِّ، عن أبی هريرةَ، قال: أَمَرَنِیْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَنْ أُوْتِرَ قَبْلَ أَنْ أَنَامَ؛ قال عيسى بنُ أبی عَزَّةَ: وكان الشَّعْبِیُّ، يُوْتِرُ أَوَّلَ اللَّيْلِ ثم يَنَامُ.

وفی الباب: عن أبی ذرٍّ؛ قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ من هذا الوجهِ؛ وأبو ثورٍ الأزدِیُّ: اسمُهُ حبيبُ بنُ أبی مُلَيْكَةَ.

وقَدْ اخْتَارَ قومٌ مِنْ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ أَنْ لَّا يَنَامَ الرجلُ حتى يُوْتِرَ.

[٤٦٥-] ورُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قال: '' مَنْ خَشِیَ مِنْكُمْ أَنْ لَّا يَسْتَيْقِظَ مِنْ آخِرِ

اللیلِ فَلْیُوْتِرْ مِنْ أَوَّلِہِ، ومَنْ طَمِعَ مِنْکُمْ أَنْ یَقُوْمَ مِنْ آخِرِ اللَّیْلِ، فلیوتِرْ من آخر اللیل، فَإِنَّ قِرَاءَ ۃَ القرآنِ فی آخِرِ اللَّیْلِ مَحْضُوْرَۃٌ، وھی أَفْضَلُ''؛ حدثنا بذلک ھَنَّادٌ، قال: نا أبو مُعاویۃ، عن الأَعْمَشِ، عن أَبی سُفیانَ، عن جابرٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں ہندوستانی نسخوں میں ایک نام غلط ہے، ابوکریب: زکریا بن ابی زائدۃ سے روایت نہیں کرتے بلکہ ان کے لڑکے یحییٰ سے روایت کرتے ہیں۔ مصری نسخہ میں عبارت اس طرح ہے: حدثنا أبو کریب، نا یحیی بن زکریا بن أبی زائدۃ إلخ اور مصری نسخہ ہی صحیح ہے چنانچہ متن اس کے مطابق کردیا ہے۔ حافظ رحمہ اللہ نے تہذیب میں ابوکریب کے اساتذہ میں یحییٰ کا تذکرہ کیا ہے ان کے والد زکریا کا تذکرہ نہیں کیا۔

عیسی بن ابی عزۃ کہتے ہیں: شعبی رحمہ اللہ شروع رات میں وتر پڑھ لیا کرتے تھے، پھر سوتے تھے، یہاں بھی میرے خیال میں وتر سے حقیقی وتر اور تہجد کا بدل مراد ہے یعنی شعبی رحمہ اللہ تہجد کا بدل پڑھ کر سویا کرتے تھے، اگر صرف حقیقی وتر مراد ہوتا تو یہ بات قابل تذکرہ نہیں تھی کیونکہ سبھی مسلمان وتر پڑھ کر سوتے ہیں۔ اور صحابہ اور تابعین میں سے بہت سے لوگوں نے یہ بات پسند کی ہے کہ آدمی جب تک وتر نہ پڑھ لے نہ سوئے، اس کے بعد دوسری حدیث ہے، پھر اس کے بعد اس کی سند ہے (اور یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے)

بابُ ماجاءَ فی الوِتْرِ مِنْ أَوَّلِ اللَّیْلِ وآخِرِہُ

رات کے شروع میں اور آخر میں وتر پڑھنا

حدیث: مسروق رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے رسول اللہ ﷺ کے وتروں کے بارے میں پوچھا یعنی آپؐ وتر کس وقت پڑھتے تھے؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: رات کے ہر حصہ میں رسول اللہ ﷺ نے وتر پڑھے ہیں۔ شروع رات میں بھی، درمیان رات میں بھی اور آخر رات میں بھی۔ پس وفات کے قریب آپؐ کا وتر رک گیا تھا سحری کے چہرہ میں۔ یعنی زندگی کے آخری سالوں میں آپ وتر اس وقت پڑھتے تھے جب سحری کا وقت شروع ہوتا تھا یعنی رات کے آخری چھٹے حصہ کے شروع میں تہجد پڑھتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں بھی وتر سے حقیقی وتر اور تہجد کا مجموعہ مراد ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تہجد کا وقت مقرر نہیں۔ آپؐ نے رات کے ہر حصے میں تہجد پڑھا ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ ایک رات آنحضور ﷺ اپنی چہیتی بیوی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ لیٹ گئے، تھوڑی دیر کے بعد فرمانے لگے: عائشہ! مجھے چھوڑو میں اپنے ربّ سے راز و نیاز کی باتیں کروں، پھر آپؐ نے نماز شروع کردی۔ حضرت عائشہؓ انتظار کرتے کرتے سوگئیں، جب

ان کی آنکھ کھلی تو بستر ٹٹولا کہ شاید آپؐ نماز پڑھ کر آ گئے ہوں۔ حضرت عائشہ کا ہاتھ آپؐ کی ایڑیوں پر پڑا، آپؐ سجدہ میں تھے۔ عاشقوں کا یہی حال ہوتا ہے ان کا دل ہمیشہ لرزتا رہتا ہے کیونکہ عاشق کی برات شاخ آہو (ہرن کے سینگ) پر رہتی ہے چنانچہ بار بار ایسا ہوتا تھا کہ آپؐ سوجاتے پھر اٹھ کر نماز پڑھنے لگتے، جب تھک جاتے تو سوجاتے پھر تھوڑی دیر کے بعد نماز میں مشغول ہوجاتے۔ غرض آپؐ نے رات کے ہر حصہ میں تہجد پڑھا ہے۔ البتہ حیات طیبہ کے آخری سالوں میں جب سحری کا وقت شروع ہوتا تھا یعنی رات کا آخری چھٹا حصہ شروع ہوتا تھا اس وقت آپؐ تہجد پڑھتے تھے۔ اس لئے کہ آپؐ بوڑھے ہوگئے تھے اور اسلام تیزی سے پھیل رہا تھا، چاروں طرف سے وفود آتے تھے۔ ان کو مسلمان کرنا، ان کو اسلام کی بنیادی تعلیم دینا، ان کے کھانے پینے کا انتظام کرنا وغیرہ کاموں کی وجہ سے آپ تھک جاتے تھے، اس لئے شروع رات میں آرام فرماتے، پھر رات کے آخری حصہ میں بیدار ہوکر تہجد پڑھتے تھے۔

[۲۲۰] باب ماجاء فی الوتر من أول الليل وآخره

[٤٦٦-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أبوبَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، نَا أبو حَصِيْنٍ، عن يحيىَ بنِ وثَّابٍ، عن مَسْرُوْقٍ، أَنَّهُ سَأَلَ عائشةَ عن وِتْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فقالَتْ: من كُلِّ اللَّيْلِ قَدْ أَوْتَرَ: أَوَّلِهِ وَأَوْسَطِهِ وَآخِرِهِ، فَانْتَهَى وِتْرُهُ حِيْنَ مَاتَ فِيْ وَجْهِ السَّحَرِ.

قال أبو عيسى: أبو حصَينٍ: اسمُهُ عُثمانُ بنُ عاصِمٍ الأسَدِيُّ.

وفي الباب: عن عليٍّ، وجابرٍ، وأبي مسعودٍ الأنصاريِّ، وأبي قتادة.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وهو الذی اختارَہ بعضُ أهلِ العلمِ: الوِتْرُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ.

ترکیب: أولِه، وأوسطِه، وآخرِه: مجرور ہیں کیونکہ کلِّ اللیلِ سے بدل ہیں...... اور الوتْرُ من آخر اللیل کو مرفوع اور منصوب دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ پہلی صورت میں ھو مقدر کی خبر ہوگا، اور ھو: اختارہ کے مفعول سے بدل ہوگا اور اگر براہ راست ہٗ سے بدل بنائیں تو منصوب ہوگا۔

بابُ ماجاء فی الوِتْرِ بِسَبْعٍ

سات رکعت وتر پڑھنے کا بیان

حدیث: ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ تیرہ رکعتوں کے ذریعہ وتر پڑھا کرتے تھے پس جب آپؐ بوڑھے اور کمزور ہوگئے (ضَعُفَ عطفِ تفسیری ہے اور کبِر باب سمع سے ہے جس کے معنی ہیں: بوڑھا ہونا۔

کَبُرَ باب کرم سے نہیں ہے جس کے معنی ہیں بڑے مرتبہ والا ہونا کیونکہ آپ ہمیشہ سے بڑے مرتبہ والے تھے) تو آپؐ نے سات رکعت کے ذریعہ وتر پڑھا۔

تشریح: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث اسی سند سے نسائی: **باب الوتر بثلاث عشرة رکعة** میں بھی ہے وہاں أَوْتَرَ بِتِسْعٍ ہے، چنانچہ بعض علماء کے نزدیک آپؐ سے سات رکعت وتر پڑھنا ثابت نہیں۔ پہلے امام ترمذیؒ نے بھی فرمایا تھا کہ رسول اللہ ﷺ سے کم از کم نو رکعت وتر پڑھنا مروی ہے اس سے کم کا ثبوت نہیں۔ امام ترمذیؒ کے اس قول سے گمان ہوتا ہے کہ یہاں بسبع تصحیف ہے، صحیح بتسع ہے، مگر ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث صحیح سند کے ساتھ موجود ہے اس میں آنحضور ﷺ کا سات رکعت وتر پڑھنا بھی مروی ہے (مشکوۃ حدیث ۱۲۶۴)

اور اس حدیث میں وتر سے حقیقی وتر اور تہجد کا مجموعہ مراد ہے، اور تیرہ رکعت وتر کی متعدد توجیہیں کی گئی ہیں: اول: اس میں دس رکعتیں صلاۃ اللیل کی اور تین رکعتیں وتر کی ہیں۔ دوم: اس میں آٹھ رکعتیں تہجد کی، تین رکعتیں وتر کی اور دو رکعتیں نفل ہیں جن کو آپؐ وتر کے بعد بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے۔ سوم: اس میں آٹھ رکعتیں تہجد کی، تین رکعتیں وتر کی اور دو رکعتیں فجر کی سنتیں ہیں۔ مگر چونکہ اہم نماز وتر ہے اس لئے نفلوں کو اس کے تابع کر کے مجموعہ کو وتر کہہ دیا گیا ہے۔

اس کی نظیر: مکتب کے بچوں سے اگر پوچھا جائے کہ ظہر کی کتنی رکعتیں ہیں؟ تو وہ بارہ رکعت بتائیں گے، اور عصر کی آٹھ رکعت بتائیں گے یعنی اصل نماز کے ساتھ سنن ونوافل کو ملا کر سب کو ظہر وعصر کی نماز بتائیں گے۔ عرف میں ایسا بولنا جائز ہے، اسی طرح یہاں بھی تہجد کو وتر کے ساتھ ملا کر سب کو وتر کہا گیا ہے۔ چنانچہ حضرت اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: روایت میں جو آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تیرہ رکعت وتر پڑھے اس کا مطلب یہ ہے کہ تیرہ رکعت وتر کے ساتھ پڑھے، یعنی صلاۃ اللیل کو وتر کے ساتھ ملا کر سب کو وتر کہا گیا ہے۔

اور اس کی دلیل کہ صلاۃ اللیل پر بھی وتر کا اطلاق ہوتا ہے دو ہیں۔

پہلی دلیل: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے۔ **منها الوترُ ورکعتَا الفجر**: ان میں وتر اور فجر کی دو سنتیں شامل ہیں (مسلم، مشکوۃ حدیث ۱۱۹۱) معلوم ہوا کہ تیرہ رکعتیں ساری صلاۃ اللیل نہیں ہیں، بعض صلاۃ اللیل ہیں، بعض وتر اور بعض فجر کی سنتیں، مگر چونکہ اہم نماز وتر ہے، اس لئے اس کے ساتھ سنن ونوافل کو ملا کر سب کو وتر کہہ دیا گیا ہے۔

دوسری دلیل: پیچھے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث گذری ہے اس کا آخری ٹکڑا ہے: **فأوتِرُوْا یاأهلَ القرآن** (میں نے پہلے کہا تھا کہ یہ بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے مگر حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ اس کو رسول اللہ ﷺ کا ارشاد بتاتے ہیں اور فرماتے ہیں) **أهل القرآن** سے حفاظ مراد ہیں۔ اور وتر سے تہجد مراد ہے۔ یعنی رسول اللہ ﷺ حافظوں کو تہجد پڑھنے کی ترغیب دے رہے ہیں۔ معلوم ہوا کہ نصوص میں صلاۃ اللیل پر وتر کا اطلاق آیا ہے۔

[۲۲۱] باب ماجاء فی الوتر بسبع

[٤٦٧-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن يَحيى بنِ الجَزَّارِ، عن أُمِّ سلمةَ، قالتْ: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُوْتِرُ بثلاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، فَلَمَّا كَبِرَ وَضَعُفَ أَوْتَرَ بِسَبْعٍ.

وفی الباب: عن عائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أُمِّ سَلَمَةَ حديثٌ حسنٌ.

وقد رُوِىَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم الوِتْرُ بِثَلاثَ عَشْرَةَ، وإِحْدَىْ عَشْرَةَ، وتِسْعٍ وَسَبْعٍ، وخَمْسٍ، وثَلَاثٍ، وواحِدَةٍ.

قال إسحاقُ بنُ إبراهيمَ: مَعْنٰى مَا رُوِیَ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يُوْتِرُ بِثَلَاثَ عَشْرَةَ قَالَ: إِنَّمَا مَعْنَاهُ: أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّی مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مَعَ الوِتْرِ، فَنُسِبَتْ صلاةُ اللَّيْلِ إلى الوِتْرِ؛ وروَى فی ذلكَ حديثاً عن عائشة؛ وَاحْتَجَّ بِمَا رُوِیَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَوْتِرُوْا يا أهلَ القرآنِ"؛ قالَ: إِنَّمَا عَنَى به قِيَامَ اللَّيْلِ، يقولُ: إِنَّمَاقِيَامُ اللَّيْلِ على أَصْحَابِ الْقُرْآنِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ سے وتر تیرہ رکعت، گیارہ رکعت، نو رکعت، سات رکعت، پانچ رکعت، تین رکعت اور ایک رکعت پڑھنا مروی ہے (حضرت مصنف رحمہ اللہ نے یہ جو دعوی کیا ہے اس کو ثابت کرنا آسان نہیں) اسحاق بن راہو یہ فرماتے ہیں: اُس حدیث کا مطلب جو روایت کی گئی ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ تیرہ رکعت کے ذریعہ وتر پڑھا کرتے تھے'' اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں وتر کے ساتھ پڑھا کرتے تھے۔ پس تہجد کو وتر کی طرف منسوب کیا گیا ہے یعنی تہجد کو مجازاً وتر کہا گیا ہے، اور اس سلسلہ میں انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک حدیث روایت کی (حضرت عائشہ کی یہ حدیث مسلم میں ہے اور تقریر میں پہلی دلیل ہے) اور انھوں نے استدلال کیا ہے اس حدیث سے جو رسول اللہ ﷺ سے روایت کی گئی کہ آپؐ نے فرمایا: ''اے حافظو! وتر پڑھو'' حضرت اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں بھی (وتر سے) قیام اللیل ہی مراد ہے (نبی ﷺ) فرمار ہے ہیں کہ تہجد صرف حافظوں پر ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الوِتْرِ بِخَمْسٍ

پانچ رکعت وتر پڑھنے کا بیان

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کی نماز رات میں تیرہ رکعتیں ہوتی تھیں۔ آپؐ ان میں سے پانچ رکعتوں کے ذریعہ وتر پڑھتے تھے، ان رکعتوں میں سے کسی میں نہیں بیٹھتے تھے مگر آخر

میں (یعنی پانچویں رکعت ہی پر بیٹھتے تھے، درمیان میں نہیں بیٹھتے تھے) پھر جب مؤذن اذان دیتا تو کھڑے ہوتے پس دو ہلکی رکعتیں پڑھتے۔

تشریح: شوافع کے نزدیک ایک سے تیرہ رکعت تک وتر پڑھنا جائز ہے۔ اور اس کے دو طریقے ہیں: اول: تین، یا پانچ یا سات (تیرہ تک) رکعتیں وتر کی نیت سے پڑھی جائیں اور ان کے آخر میں قعدہ کیا جائے، درمیان میں کہیں قعدہ نہ کیا جائے۔ دوم: دو دو رکعتیں الگ الگ سلام سے پڑھی جائیں پھر ایک رکعت الگ سلام سے پڑھی جائے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے شرح مسلم (۶: ۲۰ مصری) میں اس دوسرے طریقہ کو افضل کہا ہے اور پہلے طریقہ کو بیان جواز پر محمول کیا ہے۔

اور احناف کے نزدیک وتر کی صرف تین رکعتیں ہیں کم زیادہ پڑھنا جائز نہیں۔ اور اس حدیث میں جو آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ پانچ رکعت وتر پڑھتے تھے اور صرف آخر میں بیٹھتے تھے یہ بیٹھنا آرام کرنے کے لئے تھا۔ قعدہ مراد نہیں، اور پانچوں رکعتیں وتر نہیں تھیں بلکہ تین رکعت وتر اور دو رکعت نفل تھیں جن کو رسول اللہ ﷺ وتر کے بعد بیٹھ کر پڑھتے تھے، مجازاً پانچوں رکعتوں کو وتر کہا گیا ہے۔ اور پوری حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ چار رکعت تہجد پڑھنے کے بعد آرام فرماتے تھے، لیٹ جاتے تھے، پھر چار رکعت پڑھتے تھے اور آرام فرماتے تھے اور لیٹ جاتے تھے، پھر تین رکعت وتر پڑھتے تھے اور آرام کے لئے توقف نہیں فرماتے تھے بلکہ فوراً دو نفلیں بیٹھ کر ادا فرماتے تھے، پھر آرام کرتے تھے، یعنی لیٹتے تھے، پھر جب فجر کی اذان ہوتی تو کھڑے ہوتے اور سنت پڑھتے، غرض اس حدیث میں پانچ رکعتوں پر بیٹھنے کی جو بات ہے وہ احناف کے نزدیک آرام کے لئے بیٹھنا ہے، نماز کا قعدہ مراد نہیں۔ اور شوافع کے نزدیک نماز کا قعدہ مراد ہے۔ واللہ اعلم

[۲۲۲] باب ماجاء فی الوتر بخمس

[۴۶۸-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، نا هِشَامُ بنُ عُرْوَةَ، عن أَبِيهِ، عن عائشةَ، قالتْ: كانتْ صَلَاةُ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُوْتِرُ مِنْ ذٰلِكَ بِخَمْسٍ، لَايَجْلِسُ فِيْ شَيْئٍ مِنْهُنَّ إِلَّا فی آخِرِهِنَّ، فَإِذَا أَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ.

وفی الباب: عن أبی أيوبَ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رَأَى بعضُ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ الوِتْرَ بِخَمْسٍ، وقَالُوْا: لَايَجْلِسُ فِيْ شِيْئٍ مِنْهُنَّ إِلَّا فِيْ آخِرِهِنَّ.

نوٹ: حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی روایت نسائی (حدیث ۱۷۱۰) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی الوِتْرِ بِثَلاَثٍ

تین رکعت وتر کا بیان

وتر کی جو تین رکعتیں ہیں امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان میں سے اصل وتر ایک رکعت ہے اور باقی دو تہجد ہیں دیگر ائمہ کے نزدیک تینوں رکعتیں وتر کی ہیں، پھر ان میں اختلاف ہوا ہے، حنفیہ کے نزدیک وتر تین رکعتیں: دو تشہد اور ایک سلام کے ساتھ ہیں۔ اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک تین رکعتیں دو تشہد اور دو سلام کے ساتھ ہیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ وتر تین رکعت پڑھا کرتے تھے، ان تین رکعتوں میں مفصلات میں سے نو سورتیں پڑھتے تھے، ہر رکعت میں تین سورتیں پڑھتے تھے، ان نو سورتوں میں سے آخری سورت قل هو الله أحد ہوتی تھی۔

تشریح: یہ حدیث حارث اعور کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر اس کے صحیح شواہد موجود ہیں، جیسا کہ وفی الباب سے واضح ہوتا ہے، پس اس حدیث کا ضعف مضر نہیں۔ اور رسول اللہ ﷺ پہلی رکعت میں سورۂ تکاثر، سورۂ قدر، اور سورۂ زلزال پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں سورۂ عصر، سورۂ نصر، اور سورۂ کوثر اور تیسری رکعت میں سورۂ کافرون، سورۂ تبت اور سورۂ اخلاص پڑھتے تھے (طحاوی ۱:۲۰۳)

[۲۲۳] باب ماجاء فی الوتر بثلاث

[۴۶۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبوبكرِ بنُ عَيَّاشٍ، عن أبی إسحاقَ، عن الحارثِ، عن عليٍّ، قال: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُوْتِرُ بثلاَثٍ، يَقْرَأُ فِيهِنَّ بِتِسْعِ سُوَرٍ مِنَ الْمُفَصَّلِ، يَقْرَأُ فِی كُلِّ رَكْعَةٍ بِثلاَثِ سُوَرٍ، آخِرُهُنَّ ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾

وفی الباب: عن عِمرانَ بنِ حُصَيْنٍ، وعائشةَ، وابنِ عباسٍ، وأبی أيوبَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَى عن أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ؛ ويُرْوَى أيضًا عَنْ عبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَى، عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم؛ هٰكَذَا رَوَى بَعضُهم: فَلَمْ يَذكُرْ فِيْهِ عن أُبَيٍّ، وذكرَ بعضُهُمْ عن عبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَى عَنْ أُبَيٍّ.

قال أبو عيسى: وقدْ ذَهَبَ قَومٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغَيرِهِمْ إِلٰى هٰذا، وَرَأَوْا أَنْ يُوتِرَ الرَّجُلُ بِثلاَثٍ.

قال سفيان: إن شئتَ أوترتَ بخمس، وإن شئتَ أوترتَ بثلاث، وإن شئتَ أوترتَ بركعة، قالَ سُفيانُ: والَّذِیْ أَسْتَحِبُّ: أَنْ يُوْتِرَ بثلاثِ رَكْعَاتٍ، وهوَ قَوْلُ ابنِ المباركِ وأهلِ الكوفةِ.

حدثنا سعیدُ بنُ یَعقوبَ الطالَقَانِیُّ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن هِشَامٍ، عن مُحمدِ بنِ سِیْرِیْنَ، قال: کانوا یُوْتِرُوْنَ بِخَمْسٍ، وبِثَلاَثٍ، وبِرَکْعَةٍ، ویَرَوْنَ کُلَّ ذٰلِكَ حَسَنًا.

وضاحت: باب میں عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ کی حدیث کا بھی حوالہ ہے۔ یہ صحابی صغیر ہیں، وہ تین رکعت وتر کی روایت حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بھی روایت کرتے ہیں اور براہِ راست بھی، اس صورت میں یہ مرسل صحابی ہوگی فرماتے ہیں: اس حدیث کو محدثین نے اسی طرح روایت کیا ہے، پس انھوں نے سند میں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا واسطہ ذکر نہیں کیا، اور بعض محدثین نے عبدالرحمٰن بن ابزی سے روایت کیا ہے وہ حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کرتے ہیں۔ یعنی انھوں نے حضرت ابی کا واسطہ ذکر کیا ہے (یہ تکرار ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ اوران کے علاوہ علماء کی ایک جماعت اس حدیث کی طرف گئی ہے، انھوں نے یہ بات دیکھی ہے کہ آدمی وتر کی تین رکعتیں پڑھے۔ سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آپ چاہیں تو پانچ رکعت وتر پڑھیں، اور چاہیں تو تین رکعت پڑھیں، اور چاہیں تو ایک رکعت پڑھیں، یعنی ایک رکعت وتر پڑھنا بھی جائز ہے اور تین اور پانچ رکعتیں پڑھنا بھی جائز ہے (علامہ نووی شرح مہذب (۲۲:۴) میں فرماتے ہیں: سفیان ثوریؒ کا مذہب وہی ہے جو امام اعظم رحمہ اللہ کا ہے یعنی وتر تین رکعتیں ہی ہیں اور ان کو ایک سلام سے پڑھنا ضروری ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو قول نقل کیا ہے ممکن ہے وہ ان کی کوئی روایت ہو) سفیان ثوری فرماتے ہیں: اور وہ بات جو مجھے پسند ہے یہ ہے کہ وتر تین رکعت پڑھے، اور ابن المبارک اور کوفہ والوں کا یہی قول ہے، اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے محمد بن سیرین رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ وہ یعنی صحابہ پانچ رکعت، تین رکعت اور ایک رکعت وتر پڑھا کرتے تھے، وہ سب صورتوں کو اچھا سمجھتے تھے۔

بابُ ماجاء فی الوِتْرِ بِرَکْعَةٍ

ایک رکعت وتر کا بیان

حدیث: محمد بن سیرین کے بھائی انس بن سیرین رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کیا میں فجر کی سنتیں لمبی پڑھ سکتا ہوں؟ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ رات میں دودو، دودو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور ایک رکعت سے نماز کو طاق بنایا کرتے تھے اور دو رکعتیں (فجر کی سنتیں) پڑھتے تھے درانحالیکہ اذان آپؐ کے کان میں ہوتی تھی۔

تشریح: اس حدیث کی شرح پیچھے گذر چکی ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یوتر برکعة کا مطلب ہے: رسول اللہ

ﷺ وتر ایک رکعت پڑھتے تھے، اور حنفیہ کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ تہجد دو دو، دو دو پڑھتے تھے، پھر جب صبح صادق کا وقت قریب آتا تو آپؐ دو رکعت پر سلام نہیں پھیرتے تھے بلکہ ان کے ساتھ ایک رکعت اور ملا کر اس کو وتر بنا لیتے تھے، اور احناف نے حدیث کا جو مطلب سمجھا ہے وہی صحیح ہے اس لئے کہ **مثنی مثنی** یعنی وہ رکعتیں جو دو دو کر کے پڑھی جا رہی ہیں وہ تو صلاۃ اللیل ہیں، خود حضور اکرم ﷺ فرما رہے ہیں: **صلاۃ اللیل مثنی مثنی** پس وتر ایک ہی رکعت ہوئی، حالانکہ رسول اللہ ﷺ وتر تین رکعت پڑھا کرتے تھے اس لئے لامحالہ یہ بات ماننی پڑے گی کہ وتر کی تیسری رکعت سے پہلے جو دوگانہ ہوتا تھا وہ ایک رکعت کے ساتھ متصل ہوتا تھا، کیونکہ منفصل ہوگا تو وہ تہجد میں شامل ہو جائے گا۔

قولہ: والأذانُ فی أُذُنِہِ: اس جملہ کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

پہلا مطلب: رسول اللہ ﷺ اذان شروع ہوتے ہی فجر کی سنتیں شروع فرماتے تھے اور اذان ختم ہونے سے پہلے پوری فرما دیتے تھے یعنی غایت درجہ خفیف پڑھتے تھے۔ پس ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انس بن سیرین کو یہ جواب دیا کہ رسول اللہ ﷺ فجر کی سنتیں غایت درجہ ہلکی پڑھتے تھے، پس تمہیں بھی لمبی نہیں پڑھنی چاہئیں۔

دوسرا مطلب: آپؐ اذان شروع ہوتے ہی سنت پڑھنی شروع کر دیتے تھے، اور اذان سنتے رہتے تھے اور سنتیں پڑھتے رہتے تھے، اور آپؐ کی سنتیں اور اذان تقریباً ساتھ پوری ہوتی تھیں۔ اس کا حاصل بھی یہی ہے کہ فجر کی سنتیں ہلکی پڑھتے تھے، اسی لئے علماء کے نزدیک فجر کی سنتیں ہلکی پڑھنا مسنون ہے، بلکہ امام مالک رحمہ اللہ تو فرماتے ہیں: فجر کی سنتوں میں صرف فاتحہ پڑھی جائے سورت نہ ملائی جائے (ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سورت ملانا سنت ہے) تاکہ سنتیں ہلکی رہیں۔

فائدہ (۱): اس حدیث سے دو مسئلے اور بھی ثابت ہوتے ہیں:

پہلا مسئلہ: اگر کوئی شخص پہلے سے کسی دینی کام میں مشغول ہو تو اذان کا جواب دینے کے لئے وہ دینی کام بند کرنا ضروری نہیں۔ مثلاً کوئی شخص تلاوت کر رہا ہے یا سبق چل رہا ہے اور اذان شروع ہو جائے تو اذان کا جواب دینے کے لئے تلاوت اور سبق موقوف کرنا ضروری نہیں، کیونکہ اذان کا جواب دینا بھی دینی کام ہے اور تلاوت اور سبق بھی دینی کام ہیں اور ایک دینی کام کے لئے دوسرے دینی کام کو بند کرنا ضروری نہیں، اسی طرح فجر کی سنتیں پڑھنا بھی دینی کام ہے، اور اذان کا جواب دینا بھی دینی کام ہے، آپؐ اذان کا جواب نہ دے کر سنتیں پڑھنے میں مشغول رہتے تھے، ہاں دنیاوی باتیں ہو رہی ہوں تو ان کو موقوف کر کے اذان کا جواب دینا چاہئے۔

دوسرا مسئلہ: دورانِ اذان دوسرا دینی کام شروع کرنا جائز ہے، رسول اللہ ﷺ اذان کے بعد ہی فجر کی سنتیں شروع فرماتے تھے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اجابت قولی مسنون ہے۔ اس کا ترک جائز ہے۔ اجابت فعلی میں

اختلاف ہے کہ وہ واجب ہے یا سنت؟ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

فائدہ (۲): امام اعظم رحمہ اللہ کا قول مشہور ہے کہ ''میں کبھی فجر کی سنتیں لمبی پڑھتا ہوں'' علماء نے فرمایا ہے کہ یہ بات اس شخص کے لئے ہے جو پابندی سے تہجد پڑھتا ہے مگر کسی وجہ سے اس کا تہجد رہ جائے تو وہ فجر کی سنتی لمبی پڑھ سکتا ہے تاکہ تہجد میں جو قرآن پڑھنے کا اس کا معمول تھا اس کو وہ پورا کرلے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا یہی مصداق ہے۔

[۲۲٤] باب ماجاء فی الوتر بر کعة

[٤٧٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زيدٍ، عن أَنَسِ بنِ سيرينَ، قال: سَأَلْتُ ابنَ عمرَ، فقلتُ: أُطِيْلُ فِيْ رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ؟ فقالَ: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، ويُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ، وكانَ يُصَلِّى الركعَتَيْنِ والأَذَانُ فى أُذُنِهِ.

وفى الباب: عن عائشةَ، وجَابرٍ، والفَضْلِ بنِ عبَّاسٍ، وأبى أَيوبَ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم والتابعينَ: رَأَوْا أَنْ يَفْصِلَ الرَّجُلُ بَيْنَ الرَّكْعَتَيْنِ والثَّالِثَةِ، يُوْتِرُ بِرَكْعَةٍ، وبه يقولُ مالكٌ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: اس پر صحابہ اور تابعین میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے۔ وہ اس بات کو دیکھتے ہیں کہ آدمی فصل کرے دو رکعتوں کے درمیان اور تیسری رکعت کے درمیان، وتر پڑھے ایک رکعت کے ذریعہ، اور یہی بات مالک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کہتے ہیں۔

بابُ ماجاء ما يَقْرَأُ فى الوِتْرِ؟

وتر میں کونسی سورتیں پڑھے؟

پہلی حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ وتر میں سورۂ اعلی، سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص ایک ایک رکعت میں پڑھتے تھے یعنی پہلی رکعت میں سورۂ اعلی، دوسری میں سورۂ کافرون اور تیسری میں سورۂ اخلاص پڑھتے تھے۔

دوسری حدیث: عبدالعزیز بن جُریج کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ وتر میں کونسی سورتیں پڑھا کرتے تھے؟ انھوں نے فرمایا: پہلی رکعت میں سورۂ اعلی، دوسری میں سورۂ کافرون اور تیسری

میں سورۂ اخلاص اورمعوذتین پڑھتے تھے۔

تشریح: اکثر علماء کے نزدیک پہلی حدیث معمول بہ ہے یعنی تیسری رکعت میں صرف سورۂ اخلاص پڑھے۔اور دوسری حدیث ضعیف ہے کیونکہ خُصیف سیئ الحفظ ہیں اور بڑھاپے میں اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا،اور حدیث میں دوسری خرابی یہ ہے کہ عبدالعزیز بن جریج کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے لقاء وسماع نہیں اور وہ جو کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا اس کو علماء نے خصیف کا وہم قرار دیا ہے۔

جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے، یہاں اصطلاحی حسن مراد نہیں، بلکہ یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کی خاص اصطلاح ہے، یعنی ہر وہ حدیث جس میں کوئی متہم بالکذب راوی نہ ہو، اور شاذ بھی نہ ہو اور وہ حدیث متعدد سندوں سے مروی ہو تو وہ امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک حسن ہوتی ہے چونکہ اس حدیث میں کوئی متہم بالکذب راوی نہیں ہے پس یہ حدیث حضرت مصنف رحمہ اللہ کے نزدیک حسن ہے۔

دوسری بات یہ جاننی چاہئے کہ سننِ ترمذی جامع بھی ہے یعنی حدیثوں کا وہ مجموعہ ہے جس میں اصناف ثمانیہ کی حدیثیں جمع کی گئی ہیں، اورسنن بھی ہے یعنی وہ کتاب بھی ہے جس میں مستدلات فقہاء اکٹھا کئے گئے ہیں، اور کتاب کا اصل نام الجامع المعلَّل ہے یعنی اصنافِ ثمانیہ کی حدیثوں کا وہ مجموعہ جس میں حدیثوں کی علتوں (خرابیوں) کو واضح کیا گیا ہے چنانچہ حضرت مصنف رحمہ اللہ بہت سے ابواب میں صحیح روایت موجود ہوتے ہوئے بھی ضعیف روایت لاتے ہیں اور صحیح حدیث کا وفی الباب میں حوالہ دیتے ہیں، پھر حدیث میں جو خرابی ہوتی ہے اس کو واضح کرتے ہیں تاکہ طالب علم اس سے واقف ہو جائے، یہاں بھی حدیث میں جو علت خفیہ ہے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو بیان کیا ہے۔ کیونکہ ہر بڑا محدث ہر حدیث کی خرابی کا ضرور ادراک کرلے ایسا ضروری نہیں، بلکہ بعض حدیثوں کی پوشیدہ خرابی بڑے محدث کی نظر سے بھی اوجھل رہ جاتی ہے۔

[۲۲۵] باب ماجاء ما یقرأ فی الوتر؟

[۴۷۱-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عن أبی إسحاقَ، عن سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: كانَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم يَقْرَأُ فِيْ الْوِتْرِ بِسَبِّحِ اسمَ رَبِّكَ الْأَعْلیٰ، وقل یٰأَ يُّهَا الكافرونَ، وقُلْ هوَ اللّٰهُ أحدٌ: فِيْ رَكْعَةٍ رَكْعَةٍ.

وفی الباب: عن عليٍّ، وعائشةَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَی عن أُبَیِّ بنِ كعبٍ، وَيُرْوَی عن عبدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَی عن النبيِّ صلی الله علیه وسلم.

قال أبو عيسی: وقَدْ رُوِیَ عَنِ النبيِّ صلی الله علیه وسلم: أَنَّهُ قَرَأَ فِيْ الوِتْرِ فِيْ الركعةِ الثَّالِثَةِ

بالْمُعَوِّذَتَيْنِ، وقُلْ هُوَ اللّٰهُ أحدٌ.

والَّذِيْ اختَارَهُ أَكْثَرُ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُم أَنْ يَقْرَأَ بسبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلٰى، وقل يا أَيها الكافرون، وقُلْ هوَ الله أحدٌ، يَقْرَأُ فِيْ كلِّ رَكْعَةٍ مِنْ ذلِكَ بِسُوْرَةٍ.

[٤٧٢-] حدثنا إسحاقُ بنُ إبراهيمَ بنِ حَبِيْبِ بنِ الشَّهِيْدِ البَصْرِيُّ، نا محمدُ بنُ سَلَمَةَ الحَرَّانِيُّ، عن خُصَيْفٍ، عن عبدِ العزيزِ بنِ جُرَيْجٍ، قال: سَأَلْتُ عائشةَ بِأَىِّ شيئٍ كانَ يُوْتِرُ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ قالتْ كانَ يَقْرَأُ فِيْ الأُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلٰى، وفى الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وفى الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أحدٌ والْمُعَوِّذَتَيْنِ.

قال أبو عيسى: وهذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ؛ وعبدُ العزيزِ هٰذا والِدُ ابنِ جُرَيْجٍ صَاحبُ عَطَاءٍ، وابنُ جُرَيْجٍ اسْمُهُ: عبدُ الملكِ بنُ عبدِ العزيزِ بنِ جُرَيْجٍ.

وقد رَوَى هٰذا الحديثَ يَحيىَ بنُ سعيدٍ الأَنْصَارِيُّ، عن عَمْرَةَ، عن عائشةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: باب میں عبدالرحمٰن بن ابزی (صحابی صغیر) کی حدیث کا حوالہ بھی ہے، اس حدیث کی سند میں ابی بن کعب کا واسطہ ہے یا نہیں؟ یہ عبارت باب ماجاء فی الوتر بثلاث میں بھی گذری ہے اور یہ روایت نسائی میں ہے کہ نبی ﷺ وتروں میں یہ تین سورتیں پڑھتے تھے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے وتر کی تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھیں (یہ حدیث سند کے ساتھ آگے آرہی ہے) اور صحابہ اور بعد کے علماء میں سے اکثر نے جس بات کو پسند کیا ہے وہ یہ ہے کہ نمازی وتر میں سورۂ اعلی، سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص پڑھے، ان سورتوں میں سے ایک ایک سورت ہر رکعت میں پڑھے (یعنی اکثر علماء کے نزدیک تیسری رکعت میں صرف سورۂ اخلاص پڑھنی چاہئے) اس کے بعد عبدالعزیز بن جریج کی حدیث ہے جس میں رسول اللہ ﷺ سے تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھنا مروی ہے، مگر یہ حدیث معمول بہ نہیں کیونکہ وہ ضعیف ہونے کے علاوہ منقطع بھی ہے، اور عبدالعزیز: مشہور محدث عبد الملک کے دادا ہیں۔ یہ محدث ابن جریج سے مشہور ہیں اور عبدالعزیز حضرت عطاء بن ابی رَباح کے خاص شاگرد ہیں (وہ حضرت عطاء کی خدمت میں سترہ سال رہے ہیں) آخر میں عبدالعزیز کی مذکورہ حدیث کی دوسری سند بیان کی ہے اور شاید امام ترمذی رحمہ اللہ نے عبدالعزیز کی حدیث پر کلام اس لئے نہیں کیا کہ عبدالعزیز کا متابع پایا گیا ہے اس لئے من غیر وجہ کا تحقق ہوگیا پس روایت حسن ہوگئی۔

بابُ ماجاء فی القُنُوْتِ فِی الْوِتْرِ

وتر میں دعائے قنوت کا بیان

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: وتر میں قنوت پورے سال ہے یا صرف رمضان میں ہے یا رمضان کے نصف آخر میں ہے؟ امام ابو حنیفہ اور امام احمد رحمہما اللہ کا مختار قول اور امام شافعی رحمہ اللہ کی تین وجوہ میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ وتر میں قنوت پورے سال ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف رمضان میں ہے، باقی گیارہ مہینے وتر میں قنوت نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا اصل مذہب اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ رمضان کی سولہویں رات سے ختم رمضان تک قنوت ہے، باقی ساڑھے گیارہ مہینے قنوت نہیں۔

دوسرا مسئلہ: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک قنوت کی جگہ وتر کی آخری رکعت میں رکوع سے پہلے ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک رکوع کے بعد قومہ میں قنوت کی جگہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی مرفوع روایت نہیں ہے۔ اور صحابہ کے مختلف اقوال اور عمل ہیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سال بھر قنوت کے قائل تھے اور وہ اس کی جگہ تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے تجویز کرتے تھے۔ احناف نے اسی کو لیا ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے صرف رمضان کے آخری پندرہ دنوں میں قنوت پڑھنا مروی ہے آپ تیسری رکعت کے رکوع کے بعد پڑھتے تھے۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ لفظ قنوت کے بہت سے معانی ہیں، پہلے طول القنوت کا باب گذرا ہے، وہاں حاشیہ میں اس کے بہت سے معانی لکھے ہیں، یہاں قنوت کے معنی ہیں دعا، کوئی بھی دعا پڑھ لی جائے، چھوٹی یا بڑی، قنوت کا تحقق ہو جائے گا، کوئی متعین دعا پڑھنا ضروری نہیں۔ مجھے کبھی جلدی ہوتی ہے تو میں صرف ﴿رَبَّنَا آتِنَا فِيْ الدُّنْيَا حَسَنَةً﴾ إلخ پڑھتا ہوں۔

قنوت کے سلسلہ میں دو دعائیں روایات میں آئی ہیں، ایک باب میں ہے دوسری وہ دعا ہے جس کو احناف پڑھتے ہیں، وہ اعلاء السنن اور الدر المنثور میں ہے۔ باب میں جو روایت ہے شوافع نے اُسے اختیار کیا ہے اور دوسری دعا کو احناف نے اختیار کیا ہے۔ اس اختیار کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ احناف کو یہ دعا جو باب میں ہے عموماً یاد نہیں ہوتی، اور شوافع کو وہ دعا جو اعلاء السنن میں ہے یاد نہیں ہوتی۔ یہ ٹھیک نہیں۔ دونوں دعائیں حضور اکرم ﷺ سے مروی ہیں۔ پس دونوں دعائیں یاد کرنی چاہئیں اور پڑھنی چاہئیں، کبھی یہ کبھی وہ۔ اور دونوں کو ایک ساتھ پڑھے تو سبحان اللہ، اور سند کے اعتبار سے جو دعا باب میں ہے وہ اصح ہے، اگرچہ یہ بھی فی نفسہ اعلی درجہ کی صحیح روایت نہیں۔

آخری بات: دعائے قنوت رکوع سے پہلے پڑھنی ہے یا بعد میں؟ حافظ رحمہ اللہ نے فتح (۲:۴۰۸) میں تحریر فرمایا ہے: وقد اختلف عملُ الصحابة فی ذلك، والظاهر أنه من الاختلاف المُباح: اس سلسلہ میں صحابہ کا عمل مختلف تھا اور یہ اختلاف جواز وعدم جواز کا نہیں ہے بلکہ افضلیت اور غیر افضلیت کا ہے ——— میرا عمل یہ ہے کہ جب میں رکوع سے پہلے دعا پڑھنا بھول جاتا ہوں تو رکوع کے بعد قومہ میں دعا پڑھ لیتا ہوں، اور سجدۂ سہو نہیں کرتا، اگرچہ فقہ میں اس صورت میں سجدۂ سہو ضروری لکھا ہے۔

فائدہ: احناف جو دعا پڑھتے ہیں یعنی اللّٰهم إنا نستعينك إلخ وہ قرآن کی ایک سورت تھی اس کا نام سورۃ الخلع تھا مگر اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی، چونکہ یہ دعا قرآن کا حصہ رہ چکی ہے اس لئے احناف نے اس کو افضل قرار دیا ہے۔

[۲۲۶] باب ماجاء فی القنوت فی الوتر

[۴۷۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبوالأَحْوَصِ، عن أَبى إسحاقَ، عن بُرَيْدِ بنِ أَبى مَرْيَمَ، عن أَبى الحَوْرَاءِ، قال: قالَ الحَسَنُ بنُ عليٍّ: عَلَّمَنِىْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فِىْ الوِتْرِ: "اللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ، وعَافِنِىْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وتوَلَّنِى فِيْمَنْ توَلَّيْتَ، وَبَارِكْ لِىْ فِيْمَا أَعْطَيْتَ، وقِنِىْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَإِنَّكَ تَقْضِىْ وَلاَ يُقْضَى عَلَيْكَ، إِنَّهُ لاَيَذِلُّ مَنْ وَالَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ"

وفى الباب: عن عليٍّ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حديثِ أبى الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ، واسْمُهُ: رَبِيْعَةُ بنُ شَيْبَانَ؛ ولاَ نَعْرِفُ عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلمَ فِىْ القُنُوْتِ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِى الْقُنُوْتِ فِىْ الوِتْرِ، فَرَأَىْ عبدُ اللّٰهِ بنُ مَسْعُوْدٍ القُنُوْتَ فِىْ الوِتْرِ فى السَّنَةِ كُلِّهَا، واخْتَارَ القنوتَ قَبْلَ الركوعِ، وهو قولُ بعضِ أهلِ العلمِ، وبهِ يقولُ سُفيانُ الثوريُّ، وابنُ المباركِ، وإسحاقُ وأهلُ الكُوفةِ.

وقَدْ رُوِىَ عن عليِّ بنِ أبى طالبٍ أَنَّهُ كانَ لاَيَقْنُتُ إِلاَّ فِى النِّصْفِ الآخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، وكانَ يَقْنُتُ بعدَ الركوعِ، وقدْ ذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ إلى هذا، وبهِ يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ.

ترجمہ: حضرت حسنؓ فرماتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے وتر میں پڑھنے کے لئے چند کلمات سکھائے (ان کا ترجمہ یہ ہے:) "اے اللہ! مجھے ہدایت عطا فرما، ان بندوں میں شامل کر کے جن کو آپ نے ہدایت عطا فرمائی (۱)، اور

(۱) سوال: مسلمان تو پہلے سے ہدایت یافتہ ہے اسی لئے وہ نماز میں کھڑا ہوا ہے پس ہدایت کی دعا تحصیل حاصل ہے؟ جواب: ہدایت کے معنی ثَبِّتْنِىْ على الهُدى ہیں یعنی مجھے ہدایت پر ثابت قدم رکھ۔ إهدنا الصراط المستقيم کے بھی یہی معنی ہیں۔

مجھے عافیت (بلاؤں سے سلامتی) عطا فرما ان بندوں میں شامل کر کے جن کو آپ نے عافیت عطا فرمائی، اور میرا کارساز بن ان بندوں میں شامل کر کے جن کی آپ کارسازی فرماتے ہیں۔ اور مجھے برکت عطا فرما ان چیزوں میں جو آپ نے مجھے عطا فرمائی ہیں، یعنی صحت و مال و دولت اور بیوی بچوں میں اور مجھے بچالیں ان فیصلوں کے اثراتِ بد سے جو آپ فرمائیں۔ آپ یقیناً فیصلہ کرتے ہیں اور آپ کے خلاف کوئی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا (یعنی آپ کا فیصلہ تو ضرور پورا ہو کر رہے گا، میں اس کو بدلنے کے لئے عرض نہیں کرتا بلکہ اس کے شر سے پناہ چاہتا ہوں) بیشک شان یہ ہے کہ وہ شخص رسوا نہیں ہوتا جس کو آپ دوست بنالیں، آپ برکت والے ہیں۔ اے ہمارے پروردگار! اور آپ کی شان بہت بلند ہے!''

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے ہم اس کو نہیں جانتے مگر ابوالحوراء السعدی کی سند سے یعنی ان سے اوپر صرف یہی ایک سند ہے (اور یہ اعلیٰ درجہ کا راوی نہیں ہے اس لئے مصنف رحمہ اللہ نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے) اور اس کا نام ربیعۃ بن شیبان ہے۔ اور ہم رسول اللہ ﷺ سے قنوت میں اس سے اچھی کوئی اور روایت نہیں جانتے۔ اور اہل علم نے وتر میں قنوت کے سلسلہ میں اختلاف کیا ہے، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے نزدیک وتر میں پورے سال قنوت تھا، اور انھوں نے رکوع سے پہلے قنوت کو پسند کیا ہے۔ اور یہ بعض علماء کا قول ہے، اور ثوری، ابن المبارک، اسحاق اور کوفہ والے یہی بات کہتے ہیں، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ قنوت نہیں پڑھا کرتے تھے مگر رمضان کی آخری پندرہ راتوں میں اور رکوع کے بعد قومہ میں قنوت پڑھتے تھے، اور بعض علماء اس کی طرف گئے ہیں اور یہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یَنَامُ عن الوتر أَوْ یَنْسَی

جو وتر سے سوتا رہ جائے یا بھول جائے اس کا حکم

تمام ائمہ متفق ہیں کہ وتر کی قضا ہے، اور جب قضا ہے تو وتر واجب ہے، یہ استدلال اِنّی ہے (اگر علت سے معلول پر استدلال کیا جائے جیسے آگ سے دھوئیں پر استدلال کیا جائے تو یہ استدلال لمی ہے اور اگر معلول سے علت پر استدلال کیا جائے جیسے دھوئیں سے آگ پر استدلال کیا جائے تو یہ استدلال انّی ہے، یہاں بھی استدلال انی ہے، کیونکہ جب تمام فقہاء قضا پر متفق ہیں تو ثابت ہوا کہ وتر واجب ہے) پھر اختلاف ہے کہ قضا کب تک ہے؟ حنفیہ کے نزدیک ابداً قضاء واجب ہے کیونکہ جب وتر واجب ہیں تو زندگی بھر میں ان کو ادا کرنا ضروری ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فجر کے فرض پڑھنے تک قضاء ہے۔ جب فرض پڑھ لئے تو اب قضا کا وقت گذر گیا، اب قضا نہیں ہوسکتی، اب گناہ لازم ہو گیا۔ اور یہ باب احناف کے لئے ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص وتر سے سو جائے یا وتر بھول جائے تو چاہئے کہ وہ وتر پڑھے جب

اسے یاد آئے یا جب وہ بیدار ہو‘‘ ——— یہ عبارت لف ونشر مشوش ہے نامَ کا مقابل استیقظ بعد میں آیا ہے اور نسی کا مقابل ذکر پہلے آیا ہے۔

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی ہے عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم، محدثین کے نزدیک یہ راوی ضعیف ہے، البتہ اس کا بھائی عبداللہ ثقہ ہے اور وہ بھی اس حدیث کو روایت کرتے ہیں مگر مرسل روایت کرتے ہیں یعنی وہ اپنے والد زید بن اسلم پر سند روک دیتے ہیں، عطاء بن یسار اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کرتے، اور یہ مرسل حدیث عبدالرحمٰن والی حدیث سے اصح ہے اور اس کا متن یہ ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جو شخص وتر سے سو گیا یعنی وقت پر وتر نہیں پڑھ سکا پس چاہئے کہ وہ اُسے پڑھے جب صبح کرے‘‘ ——— ائمہ ثلاثہ ’’جب صبح کرے‘‘ کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ جو شخص وقت میں وتر نہ پڑھ سکا ہو وہ اسے صبح صادق کے بعد پڑھے، اور ان کے نزدیک یہ حکم فجر کے فرض پڑھنے تک ہے، اور حنفیہ کے نزدیک مطلب یہ ہے کہ صبح صادق ہونے کے بعد بھی وتر پڑھے، یعنی صبح ہونے کے بعد تہجد تو گیا، اس کی قضاء نہیں، مگر وتر صبح ہونے کے بعد بھی پڑھنے ہیں، کیونکہ وہ واجب ہیں اور فجر کی نماز تک پڑھنا اس کے بعد نہ پڑھنا حدیث شریف میں اس پر کوئی دلالت نہیں۔

[۲۲۷] باب ماجاء فی الرجل یَنَامُ عن الوتر أَو یَنْسٰی

[۴۷۴-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا وکیعٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ زیدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أبیه، عن عَطَاءِ بنِ یَسَارٍ، عن أبی سعیدٍ الخُدریِّ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: ’’مَنْ نَامَ عَنِ الْوِتْرِ أَوْ نَسِیَهُ فَلْیُصَلِّ إِذَا ذَکَرَ وَإِذَا اسْتَیْقَظَ‘‘

[۴۷۵-] حدثنا قُتیبةُ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أبیهِ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قال: ’’مَنْ نَامَ عن وِتْرِهِ فَلْیُصَلِّ إِذَا أَصْبَحَ‘‘

وهٰذا أَصَحُّ مِنَ الحَدیثِ الْأَوَّلِ؛ سمعتُ أَبَا دَاوُدَ السِّجْزِیَّ یعنی سُلیمانَ بنَ الْأَشْعَثِ یقولُ: سَأَلْتُ أحمدَ بنَ حنبلٍ: عن عبدِ الرحمنِ بنِ زیدِ بنِ أسلمَ؟ فقال: أخوه عبدُ اللّٰهِ لاَ بَأْسَ بِهِ.

وسمِعْتُ محمداً یَذْکُرُ عن علیِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ أَنَّهُ ضَعَّفَ عبدَ الرحمنِ بنَ زیدِ بنِ أَسْلَمَ، وقالَ: عبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ ثِقَةٌ.

وقد ذَهَبَ بعضُ أهلِ الکوفةِ إلی هٰذا الحدیثِ، وقَالوا: یُوْتِرُ الرَّجُلُ إِذَا ذَکَرَ، وإِنْ کَانَ بَعْدَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ؛ وبهِ یقولُ سفیانُ الثوریُّ.

وضاحت: امام ابوداؤد رحمہ اللہ کی مشہور نسبت سجستانی ہے، اور یہاں سِجْزِیْ نسبت آئی ہے، یہ دونوں لفظ

سیستان کی عربی ہیں، سیستان: خراسان کے ایک شہر کا نام ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے ابوداؤد سجزی یعنی سلیمان بن اشعث (یعنی سے عبارت کسی طالب علم نے بڑھائی ہے) سے سنا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمد رحمہ اللہ سے عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم کے بارے میں پوچھا کہ وہ کیسا راوی ہے؟ انھوں نے فرمایا: اس کے بھائی عبد اللہ میں کوئی خرابی نہیں۔یعنی عبداللہ ثقہ ہیں اور عبدالرحمٰن پر خاموش نقد کیا کہ وہ ٹھیک نہیں۔امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علی بن عبداللہ المدینی، عبدالرحمٰن کی تضعیف کرتے تھے۔اور عبداللہ کو ثقہ قرار دیتے تھے۔بعض کوفہ والے اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ آدمی وتر پڑھے جب یاد کرے، اگرچہ سورج طلوع ہونے کے بعد یاد کرے۔یعنی وتر کی قضا ابداً واجب ہے، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ کا یہی قول ہے۔

فائدہ: مسند مرفوع حدیث کو اگرچہ امام ترمذیؒ نے عبدالرحمٰن کی وجہ سے غیر اصح قرار دیا ہے اور عبداللہ کی مرسل روایت کو اصح قرار دیا ہے، مگر یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۱۴۳۱) میں زید بن اسلم کے شاگرد ابوغسان محمد بن مطرف مدنی کی سند سے بھی مرفوع مسند مروی ہے اور اس سند میں کوئی خرابی نہیں، پس یہ مسند مرفوع حدیث بھی صحیح ہے۔

بابُ ماجاء فی مُبَادَرَةِ الصُّبْحِ

صبح سے پہلے وتر پڑھ لینے کا بیان

یہ باب ائمہ ثلاثہ کے لئے ہے۔

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''وتر پڑھنے میں صبح سے سبقت کرو''

تشریح: یہاں صبح سے کیا مراد ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صبح کی نماز مراد ہے۔اور وہ حدیث کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ فجر کی نماز سے پہلے وتر پڑھ لو، اگر فجر کے فرض پڑھ لئے تو اب وقت گیا، اب وتر نہیں پڑھے جاسکتے، اب گناہ لازم ہوگیا۔اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صبح سے فجر کی نماز مراد نہیں بلکہ صبح صادق مراد ہے۔اور حدیث میں وتر کے وقتِ ادا کا بیان ہے۔یعنی صبح صادق سے پہلے وتر پڑھ لو وتر کا وقتِ ادا یہی ہے۔اگر صبح صادق ہوگئی تو وقت ادا گیا اب قضا پڑھنی ہوگی۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صبح کرنے سے پہلے وتر پڑھ لو''

تشریح: اس حدیث میں بھی احناف صبح سے صبح صادق مراد لیتے ہیں، یعنی رسول اللہ ﷺ نے وتر کا وقتِ اداء بیان کیا ہے۔اور ائمہ ثلاثہ فجر کی نماز مراد لیتے ہیں کہ صبح کی نماز پڑھنے سے پہلے تک وتر پڑھ لو، بعد میں اس کی قضاء نہیں (مگر حدیث کا یہ مطلب ناقابل فہم ہے)

تیسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب صبح صادق ہوگئی تو تہجد اور وتر دونوں کا وقت ختم ہوگیا۔لہٰذا

صبح صادق سے پہلے وتر پڑھ لو''

تشریح: تہجد اور وتر دونوں کا وقت صبح صادق تک ہے، صبح صادق ہونے پر دونوں کا وقت ختم ہوجاتا ہے، مگر چونکہ تہجد سنت ہے اس لئے اس کی قضاء نہیں البتہ وتر واجب ہیں اس لئے صبح صادق کے بعد بھی ان کی قضاء کرنی ہے۔ غرض اس حدیث میں بھی وتر کے وقتِ ادا کا بیان ہے ——— اس حدیث کا ایک راوی: سلیمان بن موسیٰ ہے یہ کوئی اچھا راوی نہیں۔ اور یہ حدیث مذکورہ الفاظ کے ساتھ وہی بیان کرتا ہے۔

چوتھی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صبح کی نماز کے بعد وتر نہیں'' ——— یہ حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اور محمد بن نصر مروزی کی کتاب ''قیام اللیل (ص:۱۳۸) میں ہے۔ ائمہ ثلاثہ کی صریح دلیل یہی ایک حدیث ہے مگر یہ حدیث غایت درجہ ضعیف ہے، اس حدیث کا مدار ابو ہارون عمارۃ بن جُوین العبدی پر ہے، حافظ رحمہ اللہ نے تقریب میں اس کو متروک اور کذاب کہا ہے (معارف السنن ۴:۲۵۴)

[۲۲۸] باب ماجاء فی مُبَادَرَةِ الصُّبْحِ

[۴۷۶-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَحيىَ بنُ زَكَرِيَّا بنِ أبی زَائِدَةَ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمرَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال:'' بَادِرُوْا الصُّبْحَ بِالوِتْرِ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۴۷۷-] حدثنا الحَسَنُ بنُ علیِّ الْخَلَّالُ، نا عبدُ الرزاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن يحيىَ بنِ أبی كَثِيرٍ، عن أبی نَضْرَةَ، عن أبی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قال: قال رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم:'' أَوْتِرُوْا قَبْلَ أَنْ تُصْبِحُوْا''

[۴۷۸-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عبدُ الرزاقِ، نا ابنُ جَرَيْجٍ، عن سليمانَ بنِ مُوْسَى، عَنْ نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم قال:'' إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ فَقَدْ ذَهَبَ كُلُّ صَلَاةِ اللَّيْلِ والوِتْرُ، فَأَوْتِرُوْا قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ''

قال أبو عيسى: وسُلَيْمَانُ بنُ مُوسى قَدْ تَفَرَّدَ بِهِ على هٰذا اللَّفْظِ.

[۴۷۹-] ورُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّه قال:'' لاوِتْرَ بعدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ''

وهو قولُ غيرِواحدٍ من أهلِ العلمِ، وبه يقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ: لَايَرَوْنَ الوِتْرَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ.

حدیث (۴۷۷) پر امام ترمذی رحمہ اللہ نے کوئی حکم نہیں لگایا۔ یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، بخاری اور ابوداؤد کے علاوہ پوری جماعت نے اس کو روایت کیا ہے۔

بابُ ماجاء لا وِتْرَانِ فی لَیْلَةٍ

ایک رات میں دووتر نہیں

یہ حدیث ہی کے الفاظ ہیں: ایک رات میں دووتر نہیں اوراس کے مطلب میں اختلاف ہوا ہے،صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک شخص نے سونے سے پہلے وتر پڑھ لئے، پھر اللہ تعالیٰ کی توفیق سے تہجد کے لئے بیدار ہوا،اب ایک طرف حضوراکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اپنی رات کی آخری نماز وتر کو بناؤ،اور یہ شخص وتر پڑھ چکا ہے پس وہ کیا کرے؟

جواب: حضرت اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ شخص تہجد شروع کرنے سے پہلے صرف ایک رکعت پڑھے اور نیت کرے کہ اس نے سونے سے پہلے جووتر پڑھا ہے یہ رکعت اس کے ساتھ مل کر جفت ہوگئی۔اور جب وہ نماز جفت ہوگئی تو وتر باطل ہوگیا پھر تہجد پڑھے،اور آخر میں وتر پڑھے۔پس اس حدیث پر بھی عمل ہوگیا کہ رات کی آخری نماز وتر کو گردانو،غرض اس شخص پر تہجد کے شروع میں ایک رکعت پڑھ کر سابقہ وتر کو باطل کرنا لازم ہے، کیونکہ حضوراکرم ﷺ کا ارشاد ہے:''ایک رات میں دووتر نہیں''

اورائمہ اربعہ فرماتے ہیں: حدیث کا یہ مطلب نہیں،حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جوشخص سونے سے پہلے وتر پڑھ چکا ہے پھروہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بیدار ہوتو وہ صرف تہجد پڑھے،وتر نہ پڑھے۔کیونکہ ایک رات میں دووتر نہیں۔ اورحدیث: اجعَل آخر صلاتك وتراً میں امر استحبابی ہے اور دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے وتر کے بعد بھی دو نفل بیٹھ کر پڑھے ہیں۔

[۲۲۹] باب ماجاء لَاوِتْرَان فی لیلةٍ

[۴۸۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا مُلازِمُ بنُ عَمْرٍو، قال حدثنی عبدُ اللهِ بن بَدْرٍ، عن قَيْسِ بنِ طَلْقِ بنِ عليٍّ، عن أَبيه، قال: سمعتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يقولُ:'' لَاوِتْرَانِ فِيْ لَيْلَةٍ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی الَّذِیْ يُوْتِرُ مِنْ أولِ الليلِ ثم يقومُ مِنْ آخِرِه: فَرَأَى بعضُ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ نَقْضَ الوِتْرِ، وقالوا: يُضِيْفُ إِلَيْهَا ركعةً، وَيُصَلِّیْ مَا بَدَا لَهُ، ثُمَّ يُوْتِرُ فی آخرِ صَلَاتِهِ، لِأَنَّه لاوِتْرَانِ فی ليلةٍ، وهو الذی ذهبَ إليه إسحاقُ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ: إِذَا أَوْتَرَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، ثم نامَ، ثم قامَ مِنْ آخِرِهِ: أَ نَّه يُصَلِّیْ ما بَدا لَهُ، وَلَا يَنْقُضُ وِتْرَهُ، ويَدَ عُ وِتْرَهُ على مَاكَانَ، وهو قولُ

سفيانَ الثوريِّ، ومالكِ بنِ أنسٍ، وأحمدَ، وابنِ المباركِ، وهذا أصحُّ لأنّه قَدْ رُوِىَ مِنْ غيرِ وجهٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قد صَلَّى بعدَ الوترِ.

[۴۸۱-] حدثنا محمدُ بنُ بشَّارٍ، نا حَمَّادُ بنُ مسعَدَةَ، عن مَيْمُوْنِ بنِ موسى المَرَئِيِّ، عن الحسنِ، عن أُمِّهِ، عن أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يُصَلِّيْ بعدَ الوِتْرِ رَكْعَتَيْنِ.

وقد رُوِيَ نحوُ هذا عن أبي أُمَامَةَ، وعائشةَ، وغيرِ واحدٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: علماء نے اختلاف کیا ہے اس شخص کے بارے میں جو شروع رات میں وتر پڑھ چکا ہو پھر وہ آخر رات میں اٹھے، پس صحابہ اور بعد کے بعض علماء نے وتر توڑنے کی بات کہی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وتر کے ساتھ ایک رکعت ملائے، اور جو چاہے نماز پڑھے۔ پھر اپنی نماز کے آخر میں وتر پڑھے، اس لئے کہ ایک رات میں دو وتر نہیں اور اسی کی طرف اسحاق بن راہویہ گئے ہیں ـــــ اور صحابہ وغیرہ میں سے بعض علماء کہتے ہیں کہ جب اس نے شروع رات میں وتر پڑھ لئے پھر وہ سو گیا پھر وہ رات کے آخری حصہ میں اٹھا تو وہ تہجد پڑھے جتنی اللہ تعالیٰ اس کو توفیق دیں، اور اپنے وتر کو باطل نہ کرے وہ اپنے وتر کو بحالہ چھوڑ دے، یہ سفیان ثوری، مالک، احمد اور ابن المبارک رحمہم اللہ کا قول ہے۔ اور یہ (مطلب) زیادہ صحیح ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ سے متعدد سندوں سے مروی ہے کہ آپؐ نے وتر کے بعد نوافل پڑھے ہیں، اس کے بعد یہی حدیث سند کے ساتھ بیان کی ہے۔ اس حدیث کو حضرت حسن بصری رحمہ اللہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں (ان کی والدہ کا نام خیرۃ ہے اور وہ حضرت ام سلمہ کی آزاد کردہ باندی تھیں) وہ ام سلمہ سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ وتر کے بعد دو رکعت پڑھا کرتے تھے (اس حدیث کی سند میں میمون بن موسیٰ ہیں یہ صدوق ہیں مگر مدلّس ہیں (تقریب) اور حضرت ام سلمۃ کی یہی حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے اس میں وھو جالِسٌ کا اضافہ ہے) اور اس کے مانند روایت کیا گیا ہے ابو امامۃ، اور حضرت عائشہ اور متعدد صحابہ رضی اللہ عنہم سے، وہ سب رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں (حضرت عائشہ کی حدیث ابن ماجہ میں صحیح سند کے ساتھ ہے اور ابو امامۃ کی حدیث مسند احمد میں ہے اور اس کی سند حسن ہے)

فائدہ: وتروں کے بعد دو نفلوں کا امام مالک رحمہ اللہ انکار کرتے ہیں، اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ نفلیں نہ میں پڑھتا ہوں اور نہ کسی کو روکتا ہوں، اور امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ سے اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں۔ متأخرین احناف نے اور ہمارے اکابر نے ان نفلوں کا ثبوت تسلیم کیا ہے۔ علامہ کشمیری قدس سرہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کا یہ نفلیں بیٹھ کر پڑھنا اتفاقی نہیں بلکہ بالقصد تھا تاکہ وتر کا آخری نماز ہونا متأثر نہ ہو۔ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ سے کسی نے پوچھا: میں یہ نفلیں بیٹھ کر پڑھوں یا کھڑے ہو کر؟ کیونکہ نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے سے ثواب آدھا ملتا ہے، حضرت گنگوہی نے فرمایا: بیشک بیٹھ کر نماز پڑھنے سے ثواب آدھا ملتا ہے لیکن اگر کوئی اتباعِ رسول کی نیت سے بیٹھ کر

پڑھے تو اس کو دو ثواب ملیں گے: نفلوں کا آدھا اور اتباعِ سنت کا علحدہ اور ہوسکتا ہے کہ نفل اور اتباعِ رسول کا ثواب مل کر کھڑے ہو کر نفل پڑھنے کے ثواب سے زیادہ ہو جائے۔

بابُ ماجاء فی الوِتْرِ عَلَی الرَّاحِلَةِ

سواری پر وتر پڑھنے کا بیان

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اونٹ پر وتر پڑھنا جائز ہے، کیونکہ ان کے نزدیک وتر سنت ہیں اور سنن و نوافل اونٹ پر پڑھنے جائز ہیں۔ اور امام اعظمؒ کے نزدیک وتر واجب ہیں یعنی وتر عملاً فرض ہیں اس لئے ان کو اونٹ پر پڑھنا جائز نہیں۔

حدیث: سعید بن یسار رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں ایک سفر میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ تھا، پس میں (نماز پڑھنے کے لئے) ان سے پیچھے رہ گیا (پھر جب ان کے ساتھ ہوا) تو انھوں نے پوچھا: کہاں رہ گئے تھے؟ میں نے کہا: وتر پڑھنے کے لئے اترا تھا، ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کیا آپ کے لئے رسول اللہ ﷺ میں اچھا نمونہ نہیں؟ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اونٹ پر وتر پڑھتے دیکھا ہے۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ نے یہاں وتر سے وترِ حقیقی مراد لئے ہیں، اور احناف کے نزدیک صلاۃ اللیل مع الوتر مراد ہے۔ یعنی ابن عمر رضی اللہ عنہ نے سعید بن یسار کو نصیحت کی کہ وتر یعنی تہجد جانور پر پڑھ سکتے ہیں۔ آنحضور ﷺ اونٹ پر تہجد پڑھتے تھے، اور اس تخصیص کی دلیل یہ ہے کہ خود حضرت ابن عمرؓ تہجد اونٹ پر پڑھتے تھے اور وتر پڑھنے کے لئے زمین پر اترتے تھے۔ طحاوی میں صحیح سند کے ساتھ روایت ہے۔ نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ اونٹ پر تہجد پڑھتے تھے اور وتر پڑھنے کے لئے زمین پر اترتے تھے، اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ بھی ایسا ہی کرتے تھے (طحاوی ۱:۲۸۴ باب الوتر هل يصلى فى السفر على الراحلة أم لا؟)

[۲۳۰] باب ماجاء فی الوتر علی الراحلة

[۴۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا مالِكُ بنُ أَنَسٍ، عن أبی بَكْرِ بنِ عُمَرَ بنِ عَبدِ الرحمنِ، عن سَعِيدِ بنِ يَسَارٍ قال: كُنْتُ أَمْشِیْ مَعَ ابنِ عُمَرَ فِیْ سَفَرٍ، فَتَخَلَّفْتُ عَنْهُ، فقال: أَيْنَ كُنْتَ؟ فُقُلْتُ: أَوْتَرْتُ، فَقال أَلَيْسَ لَكَ فِی رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ؟! رَأَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُوْتِرُ على رَاحِلَتِهِ.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد ذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ إِلٰى هٰذا، وَرَأَوْا أَنْ يُوْتِرَ الرجلُ على رَاحِلَتِهِ، وبِه يقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: لایُوْتِرُ الرجلُ علی الراحِلَةِ، فَإِذَا أَرَادَ أَنْ یُوْتِرَ نَزَلَ فَأَوْتَرَ عَلَی الْأَرْضِ، وهو قولُ بعضِ أهلِ الکوفةِ.

ترجمہ: صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض اس حدیث کی طرف گئے ہیں، انھوں نے یہ بات جائز سمجھی ہے کہ اونٹ پر وتر پڑھے، اور اسی کے شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ قائل ہیں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: آدمی سواری پر وتر نہ پڑھے، پس جب وتر پڑھنے کا ارادہ کرے تو سواری سے اترے اور زمین پر وتر پڑھے، یہ بعض کوفہ والوں کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی صَلاَۃِ الضُّحَی

چاشت کی نماز کا بیان

اشراق و چاشت دو نمازیں ہیں یا ایک؟ فقہاء و محدثین کے نزدیک دونوں ایک نماز ہیں۔ اگر سورج نکلنے کے بعد جلدی پڑھ لے تو اشراق ہے، اور دیر سے پڑھے (نو دس یا گیارہ بجے پڑھے) تو چاشت ہے۔ چنانچہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ایک ہی باب قائم کیا ہے اور اس کے تحت سب روایتیں لے آئے ہیں ـــــــ اور صوفیاء کہتے ہیں: یہ دونوں الگ الگ نمازیں ہیں، اشراق کی کم سے کم دو رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ چار رکعتیں ہیں، اور چاشت کی کم سے کم آٹھ رکعتیں اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔ ظاہر ہے اس مسئلہ میں صوفیا کی رائے کو زیادہ اہمیت نہیں دی جا سکتی کیونکہ صوفیا شریعت کے رموز شناس نہیں ہوتے شریعت کے رموز شناس اور نصوص کو سمجھنے والے اول نمبر پر فقہاء ہیں پھر محدثین ہیں، پس ان حضرات کی جو رائے ہے وہی صحیح ہے۔

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص (پابندی سے) چاشت کی بارہ رکعتیں پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں سونے کا محل بنائیں گے''

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی ہے موسیٰ بن فلان بن انس (یہ فلان کنائی لفظ نہیں ہے بلکہ موسیٰ کے باپ کا نام ہی فلان ہے۔ بعض حضرات کہتے ہیں: اس کا نام موسیٰ بن غیلان ہے اور فلاں: غیلان کی تحریف ہے، مگر اسماء رجال کے ماہرین کے نزدیک یہ بات صحیح نہیں، وہ کہتے ہیں کہ اس کے باپ کا نام فلاں ہی تھا) یہ کچھ بڑھیا راوی نہیں، مجہول سا ہے، مگر اس سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا کیونکہ باب میں بہت روایتیں ہیں۔

دوسری حدیث: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ کبیر کہتے ہیں: مجھے کسی صحابی نے یہ بات نہیں بتائی کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہے سوائے ام ہانی رضی اللہ عنہا کے، انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ ان کے گھر فتح مکہ کے دن آئے۔ پس غسل کیا پھر آٹھ نفلیں پڑھیں، میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس سے ہلکی

نماز پڑھتے نہیں دیکھا۔ البتہ آپؐ رکوع اور سجدے مکمل ادا فرماتے تھے (یعنی تخفیف صرف قراءت میں کی تھی، رکوع سجدے آپؐ نے باطمینان ادا فرمائے تھے)

تشریح: ام ہانی: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن اور رسول اللہ ﷺ کی چچازاد بہن ہیں، وہ ہجرت کر کے مدینہ نہیں آئی تھیں مکہ ہی میں قیام تھا۔ فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے رات میں مکہ سے باہر پڑاؤ ڈالا تھا پھر صبح مکہ میں داخل ہوئے تھے اور سیدھے اپنی بہن ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے تھے، وہاں غسل فرمایا اور چاشت کی آٹھ رکعت پڑھیں، وہ نماز نہایت ہلکی تھی۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: چاشت کے سلسلہ میں جو روایات مروی ہیں یہ روایت ان میں سب سے اچھی ہے، مگر یہ حدیث نمازِ چاشت کے باب میں صریح نہیں، ہوسکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ نفلیں فتح مکہ کے شکریہ کی پڑھی ہوں، اور چونکہ وہ وقت چاشت کا تھا اس لئے ان نفلوں کو چاشت کی نماز تصور کر لیا گیا۔

تیسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''اے فرزندِ آدم! تو دن کے شروع میں چار رکعتیں میرے لئے پڑھ، میں دن کے آخر تک تیری کفایت کروں گا''

تشریح: شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے اس حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ چار رکعتیں نفس کی اصلاح کے لئے متعد بہ مقدار ہے۔ اگر کوئی شام تک اصلاح نفس کے لئے کوئی دوسری عبادت نہ بھی کرے تو یہ عبادت اس کے لئے کافی ہے۔ اور عام طور پر اس حدیث کا مطلب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ شام تک اس کے مسائل حل فرماتے رہتے ہیں۔

چوتھی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص چاشت کی دو رکعتیں پابندی سے پڑھے اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں'' ——— گناہ سے صغائر مراد ہیں کبائر کے لئے توبہ شرط ہے۔ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

پانچویں حدیث: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے، یہاں تک کہ ہمارا گمان ہوتا تھا کہ آپؐ اس نماز کو کبھی نہیں چھوڑیں گے، پھر اس کو پڑھنا بند کر دیتے تھے یہاں تک کہ ہمارا گمان ہوتا تھا کہ اب آپ اس کو کبھی نہیں پڑھیں گے ——— یعنی آنحضور ﷺ نے چاشت کی نماز پابندی سے نہیں پڑھی، جب پڑھتے تو مسلسل پڑھتے اور جب بند کر دیتے تو لمبے وقت تک چھوڑے رہتے۔

[۲۳۱] باب ماجاء فی صلاۃ الضحی

[۴۸۳-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ محمدُ بنُ العَلاَءِ، نا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، حدثني موسى بنُ فُلاَنِ بنِ أنسٍ، عن عَمِّهِ ثُمَامَةَ بنِ أَنَسِ بنِ مالكٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قال: قال رسولُ الله

صلی اللہ علیہ وسلم:" مَنْ صَلَّی الضُّحٰی ثِنْتَیْ عَشْرَةَ رَکْعَةً بَنَی اللّٰهُ لَهُ قَصْراً فی الْجَنَّةِ مِنْ ذَهَبٍ"

وفی الباب: عن أُمِّ هانئٍ، وأبی هُریرة، ونُعَیْمِ بنِ هَمَّارٍ، وأبی ذَرٍّ، وعائشةَ، وأبی أُمَامَةَ، وعُتْبَةَ بنِ عبدٍ السُّلَمِیِّ، وابنِ أبی أَوْفَی، وأبی سَعیدٍ، وزیدِ بنِ أَرْقَمَ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ غریبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوجْهِ.

[٤٨٤-] حدثنا أبو موسی محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا محمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَیْلٰی، قال: مَا أَخْبَرَنِیْ أَحَدٌ أَنَّهُ رَأَی رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّیْ الضُحٰی إِلَّا أُمُّ هَانِئٍ، فَإِنَّهَا حَدَّثَتْ أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ بَیْتَهَا یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ، فَاغْتَسَلَ فَسَبَّحَ ثَمان رَکْعَاتٍ، مَا رَأَیْتُهُ صَلَّی صَلَاةً قَطُّ أَخَفَّ مِنْهَا، غَیْرَ أَنَّهُ کَانَ یُتِمُّ الرُّکُوْعَ والسجودَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وکَأَنَّ أحمدَ رَأَی أَصَحَّ شَیْئٍ فی هذا البابِ حدیث أُمِّ هَانِئٍ.

واخْتَلَفُوْا فی نُعَیْمٍ: فقال بعضُهُمْ: نُعَیْمُ بنُ خَمَّارٍ، وقال بعضُهم: ابنُ هَمَّارٍ، ویقال: ابنُ هَبَّارٍ، ویقال: ابنُ هَمَّامٍ، والصحیحُ: ابنُ هَمَّارٍ.

وأبو نُعَیْمٍ وَهِمَ فِیْهِ، فقال: ابنُ خَمَّارٍ، وأَخْطَأَ فِیْهِ، ثُمَّ تَرَکَ، فقال: نُعَیْمٌ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، أَخْبَرَنِیْ بِذٰلِکَ عبدُ بنُ حُمَیْدٍ، عن أَبی نُعَیْمٍ.

[٤٨٥-] حدثنا أبو جَعْفَرٍ السِّمْنَانِیُّ، نا محمدُ بنُ الحُسَین، نا أبو مُسْهِرٍ، نا إسماعیلُ بنُ عَیَّاشٍ، عن بَحِیْرِ بنِ سَعْدٍ، عن خالدِ بنِ مَعْدَانَ، عن جُبَیْرِ بنِ نُفَیْرٍ، عن أبی الدَّرْدَاءِ، وأبی ذَرٍّ، عن رسولِ اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم، عنِ اللّٰهِ تبَارَکَ وتَعالٰی، أَنَّهُ قَالَ: "ابنَ آدَمَ! ارْکَعْ لِیْ أَرْبَعَ رَکْعَاتٍ مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ: أَکْفِکَ آخِرَهُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ.

وَرَوَی وکیعٌ والنَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ وغیرُ واحدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ هٰذا الحدیثَ عن نَهَّاسِ بنِ قَهْمٍ، ولَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِهِ.

[٤٨٦-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلَی البَصْرِیُّ، نا یزیدُ بنُ زُرَیْعٍ، عن نَهَّاسِ بنِ قَهْمٍ، عن شَدَّادٍ أَبی عَمَّارٍ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَنْ حَافَظَ علی شُفْعَةِ الضُّحٰی غُفِرَ لَهُ ذُنُوْبُهُ، وإِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ البَحْرِ"

[٤٨٧-] حدثنا زِیادُ بنُ أَیُّوْبَ البَغْدَادِیُّ، نا محمدُ بنُ رَبِیْعَةَ، عن فُضَیْلِ بنِ مَرْزُوْقٍ، عن عَطِیَّةَ

العَوْفِيِّ،عن أبی سعیدٍ الخدریِّ، قال: کان النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّیْ الضُّحٰی حتی نَقولَ لاَیَدَ عُ، وَیَدَعُھا حتی نقولَ لاَیُصَلِّیْ"
قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

وضاحت: پہلی حدیث (نمبر۴۸۳) کی صرف یہی ایک سند ہے، پس وہ غریب ہے، علاوہ ازیں اس میں موسیٰ بن فلاں ہے جومجہول سا راوی ہے۔مگر حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا کیونکہ باب میں بہت روایتیں ہیں۔
امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ام ہانی کی حدیث (نمبر۴۸۴) حسن صحیح ہےاور گویا امام احمد رحمہ اللہ نے اس باب میں ام ہانی کی حدیث کوسب سے صحیح سمجھا ہے —— اور باب میں جن صحابہ کی حدیثوں کا حوالہ ہےان میں ایک صحابی نُعیم رضی اللہ عنہ ہیں، ان کے والد کے نام میں اختلاف ہےاور چارقول ہیں: خَمّار، هَمّار، هَبّار اور هَمّام صحیح نام ہمّار ہے —— اورایک بڑے محدث ابونُعیم فضل بن دُکین باپ کا نام خمّار لیتے تھے،اور یہ ان کی غلطی تھی بعد میں جب ان کوغلطی کا احساس ہواتو باپ کا نام لینا چھوڑ دیا صرف نُعیم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہنے لگے، یہ بات امام ترمذی کوعبد بن حمید نے بتائی ہے —— اور حدیث (۴۸۵) کوامام ترمذی نے غریب کہاہے۔مگر منذری نے ابوداؤد کی تلخیص میں ترمذی کی عبارت نقل کی ہےاس میں حسن غریب ہے، مصری نسخہ (ابن عربی کی شرح) میں بھی حسن غریب ہے۔کیونکہ اسماعیل بن عیاش: شامی اساتذہ میں معتبر ہیں،اور بحیر بن سعد شامی ہیں —— اس کے بعد امام ترمذی نے فرمایاہے کہ یہ حدیث یعنی صلاۃ الضحیٰ کی حدیث وکیع اورنضر بن شُمیل وغیرہ بڑے لوگوں نے نہاس بن قہم سے روایت کی ہےاور نہاس سے آخر تک اس کی ایک ہی سند ہے پھر نہاس کی اس حدیث کو یزید بن زریع کی سند سے بیان کیا ہے (حدیث ۴۸۶)اور وکیع رحمہ اللہ سے حدیث ابن ماجہ (حدیث ۱۳۸۲) میں مروی ہے۔

بابُ ماجاء فی الصَّلاَۃِ عِنْدَ الزَّوَالِ

زوال کی نماز کا بیان

رسول اللہ ﷺ زوال ہوتے ہی چار نفلیں ایک سلام سے پڑھتے تھے۔شوافع کے نزدیک یہ سنت الزوال ہے اور مستقل نماز ہے پھر ظہر سے پہلے دو رکعت سنت مؤکدہ الگ سے پڑھتے تھے،امام غزالی رحمہ اللہ نے احیاء العلوم کی کتاب الاوراد میں صلاۃ الزوال کے استحباب کی صراحت کی ہے، اور حنفیہ کے نزدیک یہ مستقل نماز نہیں بلکہ ظہر کی سنتیں ہیں جن کو آپؐ زوال ہوتے ہی پڑھ لیتے تھے۔ چنانچہ احناف کی کتابوں میں اس نماز کا ذکر نہیں ہے۔
اور حضرت گنگوہی قدس سرہٗ کا رجحان اس طرف ہے کہ یہ مستقل نماز ہے،ظہر کی سنتیں نہیں ہیں کیونکہ سنتوں کا فرضوں سے اتصال اصل ہےاور گرمیوں میں ظہر دیر سے پڑھی جاتی ہے، پھراس کی سنتیں زوال کے ساتھ ہی کیسے پڑھی

جا سکتی ہیں؟ (الکوکب ۱:۱۹۳)

پہلی حدیث: عبداللہ بن السائب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سورج ڈھلنے کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور فرمایا: ''یہ ایک ایسی گھڑی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں، پس میں یہ بات پسند کرتا ہوں کہ اس میں میرا کوئی نیک عمل چڑھے''

تشریح: بعض اوقات ایسے ہیں جن میں روحانیت پھیلتی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ میں ہے) زوال کے بعد کی گھڑی میں بھی روحانیت پھیلتی ہے اس لئے یہ بھی عبادت کا خاص وقت ہے، آسمان کے دروازے کھلنے کا مطلب: روحانیت کا پھیلنا اور عنایاتِ الٰہی کا متوجہ ہونا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ زوال کے ساتھ چار رکعتیں پڑھتے تھے اور ان کے آخر ہی میں سلام پھیرتے تھے یعنی ایک سلام سے پڑھتے تھے یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث نمبر ۱۱۵۷) میں ہے، اس کے آخر میں یہ بھی ہے کہ ''جب سورج ڈھلتا ہے تو آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں''

[۲۳۲] باب ماجاء فی الصلاۃ عند الزوال

[۴۸۸-] حدثنا أبو موسیٰ محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا أبو داوُدَ الطَّیَالِسِیُّ، نا محمدُ بنُ مُسْلِمِ بنِ أَبی الوَضَّاحِ، هُوَ أبو سعیدٍ المُؤَدِّبُ، عن عبدِ الکریمِ الجَزْرِیِّ، عن مجاهدٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ السَّائِبِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم کان یُصَلِّیْ أَرْبَعًا بَعْدَ أَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ قبلَ الظُهرِ فقال: ''إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِیْهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وأُحِبُّ أَنْ یَصْعَدَ لِیْ فِیْهَا عَمَلٌ صَالِحٌ''

وفی الباب: عن علیٍّ، وأبی أیوبَ، قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللهِ بنِ السَّائِبِ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[۴۸۹-] وَرُوِیَ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَنَّه کان یُصَلِّیْ أَرْبَعَ رَکْعَاتٍ بَعْدَ الزوالِ لاَیُسَلِّمُ إلاَّ فی آخرِهِنَّ.

ملحوظہ: مناوی نے دوسری حدیث (۴۸۹) کے بارے میں فرمایا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی صَلاَةِ الْحَاجَةِ

نماز حاجت کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کو کوئی حاجت پیش آئے خواہ اللہ تعالیٰ سے یا کسی انسان سے (یعنی وہ کسی اہم معاملہ میں براہِ راست اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا چاہے، یا کسی بندے سے کوئی چیز طلب کرنا چاہے مثلاً

قرض لینا چاہے اور خیال ہو کہ اللہ جانے دے گا یا نہیں) تو خوب اچھی طرح وضو کرے، پھر دو رکعت نفل پڑھے، پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے، اور نبی ﷺ پر درود بھیجے، پھر یہ دعا پڑھے: لا إله إلا الله الحليم الكريم الی آخرہ ترجمہ: کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو بردبار ہیں، پاک ہے وہ اللہ جو عرشِ عظیم کا پروردگار ہے۔ اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنہار ہے، مانگتا ہوں میں آپ سے آپ کی مہربانی واجب کرنے والی چیزیں، اور آپ کی بخشش کا پکا ذریعہ، اور ہر نیکی سے بلا مشقت کمائی، اور ہر گناہ سے سلامتی، نہ چھوڑیں آپ میرے لئے کسی گناہ کو مگر بخش دیں آپ اس کو، اور نہ کسی فکر (ٹینشن) کو مگر دور کردیں آپ اس کو، اور نہ کسی ایسی حاجت کو جس سے آپ راضی ہوں مگر پورا فرمادیں آپ اس کو، اے سب مہربانوں سے بڑے مہربان!

تشریح: یہ حدیث ابوالورقاء فائد بن عبدالرحمٰن کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر استحباب کے درجہ کا عمل ثابت کرنے کے لئے کافی ہے، مذکورہ طریقہ پر نماز پڑھ کر اپنی ضرورت خوب گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے مانگے اور یہ عمل مسلسل جاری رکھے، تا آنکہ مراد برآئے یا مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ پر دل راضی ہوجائے، یہ سب سے بڑی دولت ہے، بندے کی دعا ہر حال میں قبول ہوتی ہے، مگر بندہ جو مانگتا ہے اس کا دینا نہ دینا بندے کی مصلحت پر موقوف ہے، اگر مصلحت ہوتی ہے تو مانگی ہوئی چیز مل جاتی ہے، ورنہ دعا عبادت بنا کر نامۂ اعمال میں لکھ دی جاتی ہے، اور بندہ کے دل کو مطلوبہ چیز کے نہ ملنے پر راضی کردیا جاتا ہے۔

اور اگر حاجت کسی بندے سے متعلق ہو تو بھی مذکورہ عمل کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے خوب عاجزی سے دعا کرے کہ الٰہی! اُس بندے کے دل کو میری حاجت روائی کے لئے آمادہ کردے، کیونکہ تمام بندوں کے دل اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہیں وہ جدھر چاہتے ہیں پھیرتے ہیں، پھر دعا سے فارغ ہو کر اس بندے کے پاس جائے اور اپنی حاجت طلب کرے، اگر مقصود حاصل ہوجائے تو اس بندے کا بھی شکر ادا کرے، اور اللہ تعالیٰ کا بھی شکر بجالائے، کیونکہ جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکر گذار نہیں ہوتا۔ اور اگر ناکامی ہو تو سمجھے کہ اللہ کی مرضی نہیں، وہ حاجت روائی کا کوئی اور انتظام فرمائیں گے۔

اور اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگنے سے پہلے نماز حاجت پڑھنے میں یہ حکمت ہے کہ کسی سے کچھ مانگنے سے پہلے تقرب حاصل کرنا پڑتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگنے سے پہلے بھی وسیلہ ضروری ہے۔ سورۃ المائدۃ آیت ۳۵ میں حکم دیا گیا ہے کہ ''اللہ کا قرب ڈھونڈھو'' اور سب سے بڑا وسیلہ نیک اعمال ہیں اور ان سے بھی بڑھ کر اللہ کی حمد وثنا ہے اسی لئے سورۃ الفاتحہ میں پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وستائش ہے پھر ہدایت طلبی ہے۔ پس جب بندہ نماز حاجت پڑھ کر — جو اعلیٰ درجہ کا نیک عمل ہے — اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کر کے دعا کرے گا تو ضرور کشادگی کا دروازہ کھلے گا، اور بندہ کی مراد پوری ہوگی۔

اور اگر حاجت کسی بندے سے متعلق ہے تو اس بندے کے پاس جانے سے پہلے نماز حاجت پڑھنے میں دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: اس صورت میں صلاۃ الحاجہ عقیدۂ توحید کی حفاظت کے لئے ہے، کیونکہ جب بندہ کسی سے کوئی حاجت طلب کرتا ہے تو اس میں یہ احتمال ہوتا ہے کہ وہ غیر اللہ سے استعانت — کسی درجہ میں سہی — جائز سمجھتا ہے۔ پس یہ حاجت طلبی اس کے عقیدۂ توحید واستعانت میں خلل انداز ہوگی، توحیدِ استعانت: یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے سوا کسی سے حقیقۃً مدد طلب نہ کرے ﴿إِيَّاكَ نَسْتَعِيْن﴾ میں اسی توحیدِ استعانت کا بیان ہے جس کو بندہ بار بار ہر نماز کی ہر رکعت میں دوہراتا ہے۔ اس لئے شریعت نے یہ نماز مقرر کی اور اس کے بعد دعا سکھلائی تاکہ عقیدہ میں فساد پیدا نہ ہو۔ کیونکہ جب حاجت مند نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا کہ وہ حاجت روائی کے لئے اس بندے کا دل تیار کریں تو اس کا یہ عقیدہ اور یقین پختہ اور مستحکم ہوگا کہ کرنے والی ذات صرف اللہ کی ہے، وہی کارساز اور کام بنانے والے ہیں، بندے محض واسطہ ہیں، بلکہ آلۂ کار ہیں، ان کے اختیار میں کچھ نہیں، سب کچھ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

دوسری حکمت: حاجت کا پیش آنا اور اس کی وجہ سے کسی کے دروازے پر دستک دینا ایک دنیاوی معاملہ ہے، شریعت چاہتی ہے کہ یہ دنیا کا معاملہ نیکوکاری کا ذریعہ بن جائے، چنانچہ اس موقع پر نماز اور دعا مشروع کی تاکہ بندے کی نیکوکاری میں اضافہ ہو۔

فائدہ: امورِ عادیہ (روزمرہ کے کاموں) میں بندوں سے مدد لینا جائز ہے۔ حدیث میں ہے: ''جو اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرتے ہیں'' (مشکوۃ حدیث ۲۰۴) اور یہ استعانت مجازی ہے، حقیقی استعانت ذات پاک کے سوا کسی سے بھی جائز نہیں حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے سورۂ فاتحہ کے حواشی میں جو تحریر فرمایا ہے ''ہاں اگر کسی مقبول بندہ کو محض واسطۂ رحمتِ الٰہی اور غیر مستقل سمجھ کر استعانتِ ظاہری اس سے کرے تو یہ جائز ہے کہ یہ استعانت درحقیقت حق تعالیٰ ہی سے استعانت ہے'' اس عبارت میں حضرت کی مراد استعانت سے توسُّل ہے، اور یہ مسئلہ یہاں غیر محل میں بیان ہوا ہے جس سے کچھ لوگوں کو اشکال پیدا ہوا ہے، اس لئے وہاں یہ نوٹ لکھ دینا ضروری ہے کہ ''استعانت سے مراد توسُّل ہے اور یہ مسئلہ یہاں غیر محل میں بیان ہوا ہے'' اتنا نوٹ لکھ دیا جائے تو انصاف پسند ذہن مطمئن ہو جائیں گے۔

[۲۳۳] باب ماجاء فی صلاۃ الحاجۃ

[۴۹۰-] حدثنا عليُّ بنُ عيسى بنِ يَزيدَ البَغْدَادِيُّ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، و: نا عبدُ اللّٰهِ بنُ مُنِيْرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بَكْرٍ، عن فَائِدِ بنِ عبدِ الرحمنِ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ أبي أَوْفٰى، قال: قال رسولُ اللّٰه

صلى الله عليه وسلم:" مَنْ كَانَتْ لَهُ إِلى اللّٰهِ حَاجَةٌ أو إِلىٰ أَحَدٍ مِنْ بَنِيْ آدَمَ فَلْيَتوضَّأْ وَلْيُحْسِنِ الوُضُوْءَ ثُمَّ لْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثم لْيُثْنِ على اللّٰهِ، ولْيُصَلِّ على النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ لْيَقُلْ: لاإلهَ إلا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سبحانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ العَظِيْمِ، الحمدُ للّٰهِ رَبِّ العَالَمِيْنَ، أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ، لاتَدَعْ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلاَ هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ، وَلاَ حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ فی إسنادِه مَقَالٌ، فائِدُ بنُ عبدِ الرحمنِ يُضَعَّفُ فی الحديثِ، وفائِدُ: هو أبو الوَرْقَاءِ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں تحویل ہے، مگر تحویل کی ح نہیں لکھی۔ امام ترمذی کے دو استاذ ہیں: ایک: علی بغدادی، دوسرے: عبداللہ بن منیر، اور دونوں کے استاذ ہیں عبداللہ بن بکر سہمی۔ پہلے استاذ: نا (حدثنا) کہتے ہیں اور دوسرے استاذ عن سے روایت کرتے ہیں۔ یہی فرق ظاہر کرنے کے لئے امام ترمذی نے دونوں سندیں الگ الگ کی ہیں۔ غرض عبداللہ بن منیر سے تحویل ہے اس لئے نا سے پہلے واو ہے۔

بابُ ماجاء فی صَلَاةِ الاِسْتِخَارَةِ

نمازِ استخارہ کا بیان

استخارہ: خیر سے ہے، اس کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ سے بہتری طلب کرنا۔ جو کام فرض یا واجب ہیں ان میں استخارہ نہیں، اس لئے کہ جو فرض یا واجب ہے اُسے تو کرنا ہی ہے، اسی طرح جو کام سنت یا مستحب ہیں ان میں بھی استخارہ نہیں، اس لئے کہ ان کے مقابل دوسرے کام ان سے اچھے نہیں، اسی طرح حرام اور مکروہ تحریمی میں بھی استخارہ نہیں، کیونکہ ان سے بہر حال اجتناب ضروری ہے۔ پس صرف دو قسم کے کام بچے: مباح اور وہ واجب یا مستحب جن کا وقت متعین نہیں، استخارہ صرف انہی دو قسم کے کاموں میں ہے۔

اور استخارہ اس وجہ سے مشروع کیا گیا ہے کہ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آدمی ایک کام کرنا چاہتا ہے مگر اُسے کام کا انجام معلوم نہیں ہوتا، ایسی صورت میں سمجھ داروں سے مشورہ کرنا بھی مسنون ہے اور نماز استخارہ پڑھ کر اور استخارہ کی تعلیم فرمودہ دعا مانگ کر اللہ تعالیٰ سے راہنمائی حاصل کرنا بھی مسنون ہے۔

رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کی راہنمائی بندے کو کس طرح حاصل ہوگی؟ روایت میں اس طرف کوئی اشارہ نہیں، اور تجربہ یہ ہے کہ یہ راہنمائی کبھی خواب کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے، پھر خواب کبھی واضح ہوتا ہے اور کبھی تعبیر طلب ہوتا

ہے، اور کبھی راہنمائی اس طرح کی جاتی ہے کہ اس کام کے کرنے کا شدید داعیہ دل میں پیدا ہوتا ہے یا اس سے دل بالکل ہی ہٹ جاتا ہے، پس ان دونوں کیفیتوں کو بھی من جانب اللہ اور دعا کا نتیجہ سمجھنا چاہئے ـــــــ اور اگر استخارہ کے بعد بھی تذبذب باقی رہے تو استخارہ کا عمل مسلسل جاری رکھے، اور جب تک کسی ایک طرف رجحان نہ ہو جائے عملی اقدام نہ کرے۔

اور استخارہ کرنے کے لئے کوئی مدت متعین نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تدوینِ حدیث کے معاملہ میں ایک مہینہ تک استخارہ کیا تھا۔ ایک ماہ کے بعد آپ کو شرح صدر ہو گیا کہ ان کو حدیثیں مدون نہیں کرنی چاہئیں۔ اگر آپ کو شرح صدر نہ ہوتا تو شاید آپ آگے بھی استخارہ جاری رکھتے۔ تفصیل مقدمہ میں گذر چکی ہے۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے استخارہ کی دو حکمتیں بیان فرمائی ہیں:

پہلی حکمت: زمانۂ جاہلیت میں دستور تھا کہ جب کوئی اہم کام کرنا ہوتا تھا، مثلاً سفر یا نکاح یا کوئی بڑا سودا کرنا ہوتا تھا تو وہ تیروں کے ذریعہ فال نکالا کرتے تھے، یہ تیر کعبہ شریف کے مجاور کے پاس رکھے رہتے تھے۔ ان میں سے کسی تیر پر لکھا تھا: أَمَرَنی رَبِّیْ، اور کسی پر لکھا تھا نهاني ربي، اور کوئی تیر بے نشان تھا، اس پر کچھ لکھا ہوا نہیں تھا۔ مجاور تھیلا ہلا کر فال طلب کرنے والے سے کہتا کہ ہاتھ ڈال کر ایک تیر نکالو، اگر أمرني ربي والا تیر نکلتا تو وہ شخص کام کرتا۔ اور نهاني ربي والا تیر نکلتا تو وہ کام سے رک جاتا۔ اور بے نشان تیر ہاتھ میں آتا تو دوبارہ فال نکالی جاتی۔ سورۂ مائدہ آیت ٣ کے ذریعہ اس کی حرمت نازل ہوئی، اور حرمت کی دو وجہیں ہیں: ایک: یہ کہ یہ ایک بے بنیاد عمل ہے، اور محض اتفاق ہے، جب تھیلے میں ہاتھ ڈالا جائے گا تو کوئی نہ کوئی تیر ضرور ہاتھ آئے گا۔ دوم: یہ کہ یہ اللہ تعالیٰ پر افتراء (جھوٹا الزام) ہے، اللہ پاک نے کہاں حکم دیا ہے؟ اور کب منع کیا ہے؟ اور افتراء حرام ہے۔

نبی ﷺ نے فال کی جگہ استخارہ کی تعلیم دی، اور اس میں حکمت یہ ہے کہ جب بندہ رب علیم سے راہنمائی کی التجا کرتا ہے، اور وہ اپنے معاملہ کو اپنے مولیٰ کے حوالہ کرتا ہے، اور وہ ان کی مرضی معلوم کرنے کا شدید خواہش مند ہوتا ہے، اور وہ اللہ کے دروازہ پر جا پڑتا ہے، اور اس کا دل ملتجی ہوتا ہے تو ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کی راہنمائی اور مدد نہ فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فیضان کا باب وَا ہوتا ہے اور اس پر معاملہ کا راز کھولا جاتا ہے، پس استخارہ محض اتفاق نہیں، بلکہ اس کی مضبوط بنیاد ہے۔

دوسری حکمت: استخارہ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ انسان فرشتہ صفت بن جاتا ہے، استخارہ کرنے والا اپنی ذاتی رائے سے نکل جاتا ہے، اور اپنی مرضی کو خدا کی مرضی کے تابع کر دیتا ہے۔ اور وہ اپنا رخ پوری طرح اللہ کی طرف جھکا دیتا ہے تو اس میں فرشتوں کی سی خو بو پیدا ہو جاتی ہے۔ پس وہ رفتہ رفتہ فرشتوں کے مانند ہو جاتا ہے، ملائکہ کے مانند بننے کا یہ ایک تیر بہدف مجرب نسخہ ہے جو چاہے آزما کر دیکھے۔

حدیث: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمیں تمام معاملات میں استخارہ کرنا سکھاتے تھے جیسا کہ ہمیں قرآن کریم کی سورت سکھاتے تھے، فرماتے تھے: جب تم میں سے کسی کے سامنے کوئی اہم معاملہ ہو تو چاہئے کہ وہ فرض کے علاوہ دو رکعت پڑھے، یعنی استخارہ کی نیت سے دو نفلیں پڑھے، پھر یہ دعا پڑھے: ''اے اللہ! میں آپ سے خیر طلب کرتا ہوں آپ کی صفت علم کے ذریعہ سے، اور میں آپ سے قدرت طلب کرتا ہوں آپ کی صفت قدرت کے ذریعہ سے، اور آپ کے عظیم فضل کی بھیک مانگتا ہوں، پس بیشک آپ قادر ہیں اور میں قادر نہیں۔ اور آپ جانتے ہیں اور میں جانتا نہیں، اور آپ تمام چھپی چیزوں سے پوری طرح باخبر ہیں۔ اے اللہ! اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ معاملہ (جب اس جگہ پر پہنچے تو اگر عربی جانتا ہے تو اس جگہ اپنی حاجت کا تذکرہ کرے، مثلاً کوئی چیز بیچنی ہے تو هذا الأمر کے بجائے هذا البيع کہے۔ اور اگر عربی نہیں جانتا تو هذا الأمر کہتے وقت اس کام کا دھیان کرے جس کے لئے استخارہ کر رہا ہے) میرے لئے بہتر ہے میرے دین، میری دنیا اور میری آخرت میں تو اس کو میرے لئے مقدر فرما۔ اور اس کو میرے لئے آسان فرما، پھر میرے لئے اس میں برکت پیدا فرما، اور اگر آپ جانتے ہیں کہ یہ معاملہ میرے لئے برا ہے (یعنی اس کا نتیجہ خراب ہے) میرے دین، میری دنیا اور میری آخرت میں تو اس کو مجھ سے پھیر دے، اور مجھے اس سے پھیر دے، اور میرے لئے بھلائی مقدر فرما جہاں بھی ہو، پھر مجھے اس پر راضی کر دے'' فرمایا: اور جب هذا الأمر پر پہنچے تو اپنی حاجت کا تذکرہ کرے — اس دعا کو پڑھ کر کسی سے بولے بغیر پاک جگہ پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے، جب سو کر اٹھے تو جو بات مضبوطی سے دل میں جمے اس پر عمل کرے، ان شاء اللہ وہی بات بہتر ہوگی، اور کوئی خواب نظر آئے اور اس کا مطلب سمجھ میں نہ آئے تو کسی تعبیر جاننے والے سے معلوم کرے۔

[۲۳٤] باب ماجاء في صلاة الاستخارة

[٤٩١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ أبي المَوَالِي، عن محمدِ بنِ المُنْكَدِرِ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللهِ، قال: كان رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُنَا الِاسْتِخَارَةَ فِي الْأُمُوْرِ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرآنِ، يقولُ: إِذَا هَمَّ أَحَدُكُم بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيرِ الْفَرِيْضَةِ ثم لْيَقُلْ: '' اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ العظيمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الغُيُوْبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعِيْشَتِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ — أَوْ قَالَ: في عَاجِلِ أَمْرِيْ وآجِلِهِ — فَيَسِّرْهُ لِيْ، ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ، وإِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذا الْأَمْرَ شَرٌّ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعِيْشَتِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ — أَوْ قال: في عَاجِلِ أَمْرِيْ وآجِلِهِ — فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ، واصْرِفْنِيْ عَنْهُ، وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، ثُمَّ ارْضِنِيْ بِهِ، قال ويُسَمِّيْ حَاجَتَهُ.

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، وأبی أیوبَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ جابرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی المَوَالِی، وَهُوَ شَیْخٌ مَدِیْنِیٌّ ثِقَةٌ، رَوَی عَنْهُ سُفیانُ حَدیثًا، وقد رَوَی عن عبدِ الرحمنِ غیرُ واحِدٍ مِن الأَئِمَّةِ.

وضاحت: اس حدیث کی عبدالرحمٰن بن ابی الموالی سے اوپر یہی ایک سند ہے اور عبدالرحمٰن مدینی ہیں (مدینۃ السلام یعنی بغداد کے باشندے ہیں) اور ثقہ ہیں، اس لئے کہ سفیان ثوری رحمہ اللہ نے اور دیگر متعدد ائمہ حدیث نے ان سے روایت کی ہے، بڑے محدثین کا کسی سے روایت کرنا مروی عنہ کی توثیق ہے۔

بابُ ماجاء فی صَلاَةِ التَّسْبِیْحِ

صلاۃ التسبیح کا بیان

صلاۃ التسبیح: وہ نماز ہے جس میں چار رکعتوں میں تین سو مرتبہ ایک خاص تسبیح پڑھی جاتی ہے اس لئے اس کا نام صلاۃ التسبیح رکھا گیا ہے۔ اس نماز کے سلسلہ میں گیارہ حدیثیں ہیں اور سب ضعیف ہیں، مگر جب اتنی روایتیں ہیں تو مجموعہ حسن لغیرہ بن جائے گا، اس لئے استحباب کے درجہ کا عمل اس سے ثابت ہوسکتا ہے۔

پہلے یہ قاعدہ آچکا ہے کہ فضائلِ اعمال میں ضعیف روایت معتبر ہے، اس قاعدہ کا ایک مطلب یہ تھا کہ استحباب کے درجہ کا عمل ایسی ضعیف روایت سے جس کا ضعف محتمل (قابل برداشت) ہو ثابت ہوسکتا ہے۔ یہاں بھی جب گیارہ روایتیں ہیں تو ضعف قابل برداشت ہے اس لئے ان سے صلاۃ التسبیح کا ثبوت ہوسکتا ہے۔

علاوہ ازیں سلف سے اس نماز کا رواج چلا آرہا ہے۔ ابن المبارک رحمہ اللہ نے اس نماز کا طریقہ لوگوں کو سکھلایا ہے اور اس نماز کے فضائل بیان کئے ہیں۔ معلوم ہوا کہ یہ روایتیں بے اصل نہیں بلکہ ان کی اصل ہے۔

کلماتِ تسبیح: سبحان اللہ، والحمدللہ، ولا إلٰہ إلا اللہ، واللہ أکبر کلماتِ تسبیح کی یہ ترتیب ابن المبارک رحمہ اللہ نے دی ہے، اور شاندار ترتیب ہے، زبان سے بے تکلف کلمات ادا ہوتے ہیں۔ اور حدیث میں ترتیب اس طرح آئی ہے: اللہ أکبر، والحمدللہ، ولا إلٰہ إلا اللہ، وسبحان اللہ. اس طرح پڑھنا بھی درست ہے۔

صلاۃ التسبیح کا طریقہ: حدیث میں جو طریقہ آیا ہے وہ یہ ہے: چار رکعت صلاۃ التسبیح کی نیت سے نماز شروع کریں، اور ثناء، تعوذ، تسمیہ، فاتحہ اور سورت پڑھنے کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے مذکورہ تسبیح پندرہ مرتبہ پڑھیں، پھر رکوع میں پہلے رکوع کی تسبیح پڑھیں پھر مذکورہ تسبیح دس مرتبہ پڑھیں، پھر قومہ میں دس مرتبہ، پھر سجدہ میں سجدہ کی تسبیح

کے بعد دس مرتبہ، پھر جلسہ میں دس مرتبہ، پھر دوسرے سجدہ میں دس مرتبہ پڑھیں، پھر سجدہ سے سر اٹھا کر بیٹھیں اور دس مرتبہ تسبیح پڑھیں، یہ ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح ہوئی۔ اسی طرح بقیہ رکعتیں پڑھیں تو چار رکعتوں میں تین سو مرتبہ تسبیح ہوجائے گی۔

دوسرا طریقہ: ابن المبارک رحمہ اللہ نے یہ طریقہ تجویز کیا ہے کہ نماز شروع کرنے کے بعد ثنا پڑھ کر پہلے پندرہ مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھیں، پھر تعوذ، تسمیہ، فاتحہ اور سورت پڑھیں اس کے بعد رکوع میں جانے سے پہلے دس مرتبہ یہی تسبیح پڑھیں، رکوع میں دس مرتبہ، پھر قومہ میں دس مرتبہ، پھر پہلے سجدہ میں دس مرتبہ، پھر جلسہ میں دس مرتبہ، پھر دوسرے سجدے میں دس مرتبہ: یہ ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح ہوئی، اس صورت میں جلسۂ استراحت نہیں کرنا، اس طریقہ سے بھی صلاۃ التسبیح پڑھنا جائز ہے مگر بہتر پہلے طریقہ پر پڑھنا ہے کیونکہ وہ طریقہ حدیث میں آیا ہے، اور جلسۂ استراحت کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، بعض ائمہ کے نزدیک جلسۂ استراحت سنت ہے پھر صلاۃ التسبیح کی شان ہی نرالی ہے اگر اس میں جلسۂ استراحت کیا جائے تو کچھ حرج نہیں۔

صلاۃ التسبیح کی فضیلت: یہ ہے کہ اس سے دس قسم کے گناہ معاف ہوتے ہیں، اگلے، پچھلے، نئے، پرانے، بھول سے کئے ہوئے اور دانستہ کئے ہوئے، چھوٹے، بڑے، ڈھکے، چھپے اور علانیہ کئے ہوئے، صلاۃ التسبیح کا یہ فائدہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت میں آیا ہے جو ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے۔ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ نماز اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو ہدیہ کی اور ان کو یہ نماز سکھلائی تو انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کون اس نماز کو روزانہ پڑھ سکتا ہے؟ —— حالانکہ حضور اکرم ﷺ نے روزانہ پڑھنے کے لئے نہیں فرمایا تھا، یہاں سے یہ بات معلوم ہوئی کہ فضائل کی روایات میں وَاظَبَ، دَاوَمَ اور ثَابَرَ کی قید ملحوظ ہوتی ہے اگرچہ وہ قید مذکور نہ ہو یعنی فضائل کی روایتوں میں جو ثواب بیان جاتا ہے وہ پابندی سے عمل کرنے کا ہے —— آپؐ نے فرمایا: روزانہ نہیں پڑھ سکتے تو ہفتہ میں پڑھ لیا کرو، حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا ہر ہفتہ پڑھنا بھی مشکل ہے، آپؐ نے فرمایا: مہینہ میں پڑھ لیا کرو، انھوں نے عرض کیا: مہینہ میں پڑھنا بھی مشکل ہے، آپؐ نے فرمایا: سال میں ایک مرتبہ پڑھ لیا کرو، یہاں تک روایت ترمذی میں ہے اور ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: سال میں پڑھنا بھی مشکل ہے، آپؐ نے فرمایا: زندگی میں ایک مرتبہ پڑھو تو بھی یہ ثواب مل جائے گا۔

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: چچا جان! کیا میں آپ کے ساتھ صلہ رحمی نہ کروں؟ (صلہ رحمی کے معنی ہیں رشتہ داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا) کیا میں آپ کو گفٹ (عطیہ، ہدیہ) نہ دوں؟ کیا میں آپ کو نفع نہ پہنچاؤں؟ حضرت عباسؓ نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! (نفی کے جواب میں بلی بہتر ہے اگرچہ نعم بھی جائز ہے، اور کلام مثبت میں نعم بہتر ہے گو بلی بھی جائز ہے) آپؐ نے فرمایا: چچا جان!

آپ چار رکعت پڑھیں، ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھیں، پھر جب پڑھنا پورا ہو جائے تو رکوع میں جانے سے پہلے پندرہ مرتبہ الله أکبر، والحمدلله، ولا إله إلا الله، وسبحان الله پڑھیں (ولا إله إلا الله چھپنے سے رہ گیا ہے) پھر رکوع کریں۔ اور اس تسبیح کو دس مرتبہ پڑھیں، پھر سر اٹھائیں اور یہ تسبیح دس مرتبہ پڑھیں، پھر سجدہ کریں اور یہ تسبیح دس مرتبہ پڑھیں، پھر سر اٹھائیں اور دس مرتبہ تسبیح پڑھیں، پھر سجدہ کریں اور دس مرتبہ تسبیح پڑھیں، پھر سر اٹھائیں اور کھڑے ہونے سے پہلے (یعنی جلسۂ استراحت میں) دس مرتبہ تسبیح پڑھیں۔ پس یہ تسبیح ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ ہے، اور وہ چار رکعت میں تین سو مرتبہ ہے، اگر آپ کے گناہ عالج میدان کی ریت کے برابر بھی ہونگے تو اللہ تعالیٰ ان گناہوں کو بخش دیں گے (عالج: جزیرۃ العرب میں ایک علاقہ ہے وہاں میلوں تک ریت پھیلی ہوئی ہے) حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس نماز کو روز پڑھنے کی طاقت کون رکھتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اگر آپ یہ نماز روز پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے تو اس کو ہفتہ میں پڑھ لیا کرو، پس اگر آپ ہفتہ میں بھی پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتے تو مہینہ میں پڑھ لو، پس حضرت عباس رضی اللہ عنہ برابر رسول اللہ ﷺ سے عرض کرتے رہے (یعنی برابر سہولت طلب کرتے رہے) یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا: اس کو سال میں پڑھ لو۔

وضاحت: ابو رافع رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ موسیٰ بن عبیدۃ کی علماء نے تضعیف کی ہے اور سعید بن ابی سعید جو ابو بکر بن محمد کا مولیٰ ہے مجہول ہے، اور مصری نسخہ میں یہ حدیث اگلی حدیث یعنی ام سلیم کی حدیث کے بعد ہے، اور مصری نسخہ ہی صحیح ہے، اس لئے کہ امام ترمذیؒ نے وفی الباب میں اس حدیث کا حوالہ دیا ہے، اور حضرت مصنفؒ ایسا تو کرتے ہیں کہ فی الباب میں جس حدیث کا حوالہ دیں اس کو باب ہی میں لائیں مگر ایسا نہیں کرتے کہ پہلے حدیث لے آئیں پھر باب میں اس کا حوالہ دیں، ایسی جگہوں میں نسخوں کا اختلاف ہوتا ہے ——— اور جاننا چاہئے کہ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث باب میں سب سے اچھی حدیث ہے گو وہ بھی فی نفسہ ضعیف ہے (یہ حدیث ابوداؤد میں ہے)

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (ان کی والدہ) ام سُلیم رضی اللہ عنہا صبح سویرے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گئیں، اور عرض کیا: آپؐ مجھے کچھ کلمات سکھائیں جن کو میں اپنی نماز میں پڑھا کروں (یہ مجاز ہے مراد یہ ہے کہ نماز کے بعد ان کلمات کو پڑھا کروں) آپؐ نے فرمایا: دس مرتبہ اللہ اکبر، دس مرتبہ سبحان اللہ اور دس مرتبہ الحمد للہ پڑھیں، پھر آپ جو چاہیں مانگیں (ہر دعا کے جواب میں) کہا جائے گا: ہاں! ہاں!! (یعنی ہر دعا قبول ہوگی)

تشریح: اس حدیث کی سند اچھی ہے مگر اس باب میں یہ حدیث بے جوڑ ہے، باب سے اس کا کوئی تعلق نہیں، اور یہ باب مصری نسخہ میں اسی حدیث سے شروع ہوا ہے اور حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث اس کے بعد ہے، چونکہ حدیث میں فی صلاتی آیا ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو اس باب میں بیان کر دیا حالانکہ اس میں مجاز ہے، بعد صلاتی مراد ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ منفرد کو بھی یہ تسبیح پڑھ کر دعا کرنی چاہئے، عصر

اور فجر میں نماز کے بعد فوراً تسبیح پڑھ کر دعا کرے، کیونکہ ان کے بعد نفلیں نہیں ہیں، اور تین نمازوں میں سنن ونوافل سے فارغ ہوکر یہ تسبیح پڑھے، پھر دعا مانگے اور باجماعت نماز پڑھنے والے کے لئے بھی یہی حکم ہے: عصر اور فجر میں فرض کے بعد فوراً الباقیات الصالحات پڑھ کر دعا کریں اور تین نمازوں میں جب ہر شخص اپنے نفلوں سے فارغ ہوجائے تو الباقیات الصالحات پڑھ کر دعا کرے، اور الباقیات الصالحات کی یہ کم سے کم مقدار ہے اور افضل ۳۳،۳۳ اور ۳۴ مرتبہ سبحان اللہ، الحمد للہ اور اللہ اکبر پڑھنا ہے، نیز اس حدیث سے نمازوں کے بعد دعا مانگنے کا ثبوت بھی نکلتا ہے پس فرضوں کے بعد دعا کرنے کو بدعت کہنا صحیح نہیں۔ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

ابن المبارکؒ کا قول: ابو وہب رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن المبارک سے اُس نماز کے (طریقہ کے) بارے میں پوچھا جس میں (مخصوص) تسبیح پڑھی جاتی ہے۔ انھوں نے فرمایا: تکبیر تحریمہ کہہ کر نماز شروع کرو، پھر ثنا: **سبحانك اللّٰهُم إلخ** پڑھو، پھر یہ تسبیح: **سبحان الله والحمد لله، ولا إله إلا الله والله أكبر** پندرہ مرتبہ پڑھو، پھر تعوذ تسمیہ فاتحہ اور سورت پڑھو، پھر دس مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھو، پھر رکوع کرو اور یہ تسبیح دس مرتبہ پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس مرتبہ تسبیح پڑھو، پھر سجدہ کرو اور دس مرتبہ تسبیح پڑھو، پھر سر اٹھاؤ اور دس مرتبہ تسبیح پڑھو، پھر دوسرا سجدہ کرو اور دس مرتبہ تسبیح پڑھو، چاروں رکعتیں اسی طرح پڑھو پس یہ ہر رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح ہوئی۔ ہر رکعت کے شروع میں پندرہ مرتبہ تسبیح پڑھو (یعنی ہر رکعت میں قراءت سے پہلے پندرہ مرتبہ تسبیح پڑھو) پھر قراءت کرو پھر دس مرتبہ تسبیح پڑھو، پس اگر آدمی یہ نماز رات میں پڑھے تو مجھے یہ پسند ہے کہ نمازی ہر دو رکعت پر سلام پھیرے (ابن المبارک رحمہ اللہ کا مذہب صاحبین رحمہما اللہ کے موافق ہے، یعنی رات میں نفل دو دو افضل ہیں اور دن میں چار چار۔ اس لئے آپ نے فرمایا کہ اگر رات میں صلاۃ التسبیح پڑھے تو چار رکعت دو سلام سے پڑھے) اور اگر دن میں پڑھے تو چاہے سلام پھیرے چاہے نہ پھیرے۔ یعنی دن میں صلاۃ التسبیح چار رکعت ایک سلام سے بھی صحیح ہے اور دو سلام سے بھی۔

ابو وہب کہتے ہیں: مجھے عبدالعزیز بن ابی رِزمۃ نے ابن المبارک سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ انھوں نے فرمایا: رکوع میں تین مرتبہ سبحان ربي العظيم سے اور سجدہ میں تین مرتبہ سبحان ربی الاعلی سے شروع کرے، یعنی پہلے رکوع اور سجدہ کی تسبیح پڑھے پھر مذکورہ تسبیح پڑھے۔ احمد بن عبدۃ کہتے ہیں: ہم سے وہب بن زمعۃ نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں: مجھے عبدالعزیز بن ابی رزمۃ نے بتایا کہ میں نے ابن المبارکؒ سے پوچھا: اگر کسی کو صلاۃ التسبیح میں بھول ہوجائے اور سجدۂ سہو واجب ہو تو کیا وہ سہو کے سجدوں میں تسبیح پڑھے؟ ابن المبارکؒ نے فرمایا: نہیں، اس نماز میں تسبیح تین سو مرتبہ ہی ہے، اور وہ تین سو کی تعداد پوری ہوگئی۔ پس سہو کے سجدوں میں یہ تسبیح نہ پڑھے۔

فائدہ: ملا علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات میں تحریر فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی رکن کی تسبیح بھول جائے اور اگلے رکن میں یاد آئے تو اس چھٹی ہوئی تسبیح کو اگلے رکن کی تسبیح کے ساتھ جمع کرے۔

[٢٣٥] باب ماجاء فی صلاة التسبيح

[٤٩٢-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ محمدُ بنُ العَلاَءِ، نا زيدُ بنُ حُبَابٍ العُكْلِيُّ، نا مُوسى بنُ عُبَيْدَةَ، قال: حَدَّثَنی سعيدُ بنُ أبی سَعيدٍ مولَی أبی بَكْرِ بنِ محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عن أبی رافِعٍ، قال: قال رسولُ الله صلی الله عليه وسلم لِلْعَبَّاسِ:" ياعَمِّ أَلاَ أَصِلُكَ؟ أَلاَ أَحْبُوْكَ؟ أَلاَ أَنْفَعُكَ؟" قال: بَلَی يارسولَ اللّٰهِ قال:" ياعَمِّ صَلِّ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ تَقْرَأُ فیْ كُلِّ رَكْعَةٍ بِفَاتِحَةِ الكِتَابِ وَسُوْرَةٍ، فَإِذَا انْقَضَتِ القِرَاءَ ةُ، فَقُلْ: اللّٰهُ أكبرُ، والحمدُللهِ، ولا إله إلا الله، وسبحانَ اللّٰهِ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً قَبْلَ أَنْ تَرْكَعَ، ثُمَّ ارْكَعْ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثم ارْفَعْ رَاْسَكَ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثم اسْجُدْ فَقُلْهَا عَشْرًا ثُمَّ ارْفَعْ رَأْسَكَ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثم اسْجُدْ فَقُلْهَا عَشْرًا، ثم ارْفَعْ رَأْسَكَ فقلها عَشْراً قَبْلَ أَنْ تَقُوْمَ، فذلِكَ خَمْسٌ وسَبْعُوْنَ فِیْ كُلِّ رَكْعةٍ، وهِیَ ثَلاَثُ مِائَةٍ فی أَرْبَعِ رَكْعَاتٍ، ولو كَانَتْ ذُنُوْبُكَ مِثْلَ رَمْلِ عَالِجٍ غَفَرَهَا اللّٰهُ لَكُ"

قال: يارسولَ الله! ومَنْ يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَقُوْلَهَا فِیْ يَوْمٍ؟ قال:" إِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ أَنْ تقولَها فی يَوْمٍ فَقُلْهَا فِی جُمُعَةٍ، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ أَنْ تَقُوْلَهَا فِیْ جُمُعَةٍ فَقُلْهَا فِی شَهْرٍ" فَلَمْ يَزَلْ يَقولُ له حَتّٰی قَالَ:" فَقُلْهَا فی سَنَةٍ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ مِن حديث أبی رافِعٍ.

[٤٩٣-] حدثنا أحمدُ بنُ محمدِ بنِ موسیٰ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ،نا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، قال حدثنی إسحاقُ بنُ عبدِ اللهِ بنِ أبی طَلْحَةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ غَدَتْ علی النبیِّ صلی الله عليه وسلم فقالتْ: عَلِّمْنِیْ كَلِمَاتٍ أَقُوْلُهُنَّ فی صَلاَتِیْ، فقال:" كَبِّرِی اللّٰهَ عَشْرًا، وسَبِّحِی اللّٰهَ عَشْراً، واحْمَدِيْهِ عَشْرًا ثم سَلِی ماشِئْتِ، يقولُ: نَعم نَعَمْ"

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، والفَضْلِ بنِ عباسٍ،وأبی رافعٍ.قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ. وقد رُوِیَ عنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم غَيْرُ حديثٍ فی صلاةِ التسبيح، ولا يَصِحُّ مِنْهُ كَبِيْرُ شَيْئٍ.

وقد رأَی ابنُ المبارك وغيرُ واحد من أهل العلم صلاةَ التسبيح، وذكروا الفضلَ فيه:

حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، نا أبو وَهْبٍ، قال سألتُ عبدَ اللهِ بنَ المباركِ عن الصَّلاَةِ التی يُسَبَّحُ فِيْهَا، قال: يُكَبِّرُ ثم يقولُ سبحانكَ اللّٰهمَّ وبِحَمْدِكَ، وتَبَارَكَ اسْمُكَ، وتَعَالٰی جَدُّكَ، وَلاَ إلٰهَ غَيْرُكَ، ثم يقولُ خَمْسَ عَشْرَةَ مَرَّةً: سُبحانَ اللّٰهِ، والحمدُ للّٰهِ، ولا إلٰهَ إلَّا الله، واللّٰهُ أكبرُ، ثم يَتَعَوَّذُ

وَيَقْرَأُ بسم الله الرحمن الرحيم، وفاتِحَة الكتابِ، وسُوْرَةً، ثم يقولُ عَشْرَ مَرَّاتٍ: سُبْحَانَ اللّٰهِ والحمدُ للّٰهِ ولا إلٰه إلا اللّٰهُ واللّٰهُ أكبر، ثم يَرْكَعُ فيقولُها عَشْرًا، ثم يَرْفَعُ رَأْسَهُ فيقولها عَشْراً، ثم يَسْجُدُ فيقولُها عشراً، ثم يَرْفَعُ رَأْسَه وَيقُوْلُهَا عَشْرًا، ثم يَسْجُدُ الثَّانِيَةَ فيقولُها عَشْراً، يُصَلِّىْ أَرْبَعَ ركعاتٍ على هٰذا، فذلِكَ خمسٌ وسَبْعُوْنَ تَسْبِيْحَةً فى كُلِّ رَكْعَةٍ، يَبْدَأُ فى كلِّ رَكْعَةٍ بِخَمْسَ عَشْرَةَ تَسْبِيْحَةً، ثم يَقْرَأُ ثم يُسَبِّحُ عَشْراً، فَإِنْ صَلَّى لَيْلاً فَأَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ يُسَلِّمَ فى كلِّ رَكْعَتَيْنِ، وإن صَلَّى نَهاراً فَإِنْ شَاءَ سَلَّمَ وَإِنْ شَاءَ لَمْ يُسَلِّمْ.

قال أبو وَهْبٍ: وَأَخْبَرَنِىْ عبدُ العزيزِ، وهو ابنُ أبى رِزْمَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ، أَنَّه قال: يَبْدَأُ فى الركوعِ بسبحانَ ربى العظيمِ، وفى السجودِ بسبحانَ ربِّى الأعلَى ثلاثاً ثم يُسَبِّحُ التَّسْبِيْحَاتِ.

قال أحمدُ بنُ عَبْدَةَ: نا وهبُ بنُ زَمْعَةَ قال أخبرنى عبدُ العزيزِ، وهو ابنُ أبى رِزْمَةَ، قال: قلتُ لعبدِ اللّٰهِ بن المباركِ: إنْ سَهَا فِيْهَا: أَيُسَبِّحُ فى سَجْدَتَيِ السَّهْوِ عَشْراً عَشْراً؟ قال: لا إِنَّمَا هِىَ ثَلٰثُمِائَةِ تَسْبِيْحَةٍ.

ترجمہ: صلاۃ التسبیح کے سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ سے متعدد حدیثیں مروی ہیں اور ان میں سے کچھ بڑی تعداد صحیح نہیں یعنی اس باب کی کوئی بھی حدیث صحیح نہیں، اور ابن المبارک اور متعدد علماء نے صلاۃ التسبیح کو تسلیم کیا ہے اور انھوں نے اس کی فضیلت بیان کی ہے، پھر اس کا طریقہ ہے جو ابن المبارک نے بیان کیا ہے اور آخر میں صلاۃ التسبیح کے تعلق سے دو مسئلے ہیں، تفصیل اوپر گذر چکی۔

بابُ ماجاء فى صِفَةِ الصَّلاَةِ عَلَى النبىِّ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنے کا طریقہ

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی کا مذہب اور امام احمد کی ایک روایت یہ ہے کہ قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا فرض ہے، جو شخص درود شریف نہ پڑھے اس کی نماز صحیح نہیں، چاہے چھوٹے سے چھوٹا درود پڑھے۔ ابن جریر طبری رحمہ اللہ پانچویں صدی کے بڑے عالم ہیں اور جن کا دعوی تھا کہ وہ امت کے پانچویں مجتہد ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کے لئے نہ تو قرآن وحدیث سے کوئی دلیل ہے اور نہ سلف یعنی صحابہ اور تابعین میں سے کسی نے یہ بات کہی ہے۔ امام شافعیؒ کے علاوہ سب علماء کے نزدیک قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا سنت ہے۔ پس اگر کوئی نہ پڑھے تو بھی نماز صحیح ہے۔

اور سب سے افضل درود: درود ابراہیمی ہے، خود آنحضور ﷺ نے کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ کو نماز میں پڑھنے

کے لئے یہ درود سکھایا ہے، یہ درود مختلف صیغوں سے مروی ہے، حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہٗ نے فضائل درود کے آخر میں اور حضرت تھانوی قدس سرہٗ نے زاد السعید میں درود ابراہیمی کے تیس سے زیادہ صیغے جمع کیئے ہیں۔ پس جونسا درود پڑھے جائز ہے اور کوئی نیا درود پڑھے تو بھی جائز ہے، مگر ماثورہ اذکار میں جو برکت ہے وہ حاصل نہ ہوگی۔

حدیث: کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ آپ پر سلام بھیجنے کا طریقہ ہے جس کو ہم نے جان لیا ہے (یعنی سورۂ احزاب آیت ۵۶ میں دو حکم دیئے گئے ہیں: ایک: سلام بھیجنے کا دوسرا: درود بھیجنے کا، آپ پر سلام کس طرح بھیجیں یہ تو ہمیں تشہد میں معلوم ہوگیا ہے۔ **السلام علیك أیها النبی** میں **سلّموا** پر عمل ہوجاتا ہے اور **ورحمة الله وبركاته** میں مفعول مطلق **تسلیماً** پر عمل ہوجاتا ہے مگر **صَلُّوْا** پر عمل کس طرح کریں، یہ ہمیں معلوم نہیں یعنی آپ پر درود شریف کس طرح بھیجیں یہ ہمیں بتائیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہو: **اَللّٰهُمَّ صَلِّ إلخ**۔

تشریح: سورۂ احزاب آیت ۵۶ کی بناء پر علماء نے فرمایا ہے کہ ہر آدمی پر زندگی میں کم از کم ایک بار رسول اللہ ﷺ پر صلاۃ وسلام بھیجنا فرض ہے۔ اور بار بار درود وسلام پڑھنا اہم ترین عبادت ہے۔ پس صلاۃ وسلام کو نماز میں شامل کرنے سے بہتر کیا ہوسکتا ہے کہ ہر نماز میں بار بار آپ پر درود وسلام بھیجا جائے۔ اس کی نظیر: شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ کا یہ قول ہے کہ قرآن کریم اللہ تعالیٰ کا کلام ہے پس اس کی شان بلند کرنا ضروری ہے، اور نماز سے بہتر قرآن کریم کی شان بلند کرنے کے لئے کوئی جگہ نہیں ہوسکتی اس لئے نماز میں قراءت کو فرض قرار دیا گیا ہے۔

فائدہ: عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ کبیر فرماتے ہیں: ہم درودِ ابراہیمی میں **وعلی آل محمد** کے بعد **وعلینا مَعَهم** کا اضافہ کرتے ہیں، مگر یہ اضافہ امت نے قبول نہیں کیا۔ اب کوئی اس اضافہ کے ساتھ درود نہیں پڑھتا، اس کی نظیر یہ ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ کے وصال کے بعد تشہد میں تبدیلی کی تھی، وہ **السلام علیك أیها النبی** کی جگہ **السلام علی النبی** پڑھتے تھے، کیونکہ **علیك** حاضر سے خطاب ہے اور آنحضور ﷺ پردہ فرما چکے ہیں (یہ حدیث بخاری (۶۲۶۵) میں ہے) امت نے اس تبدیلی کو بھی قبول نہیں کیا اور اس کی دو وجہیں ہیں: ایک: آنحضور ﷺ کی حیات طیبہ میں جو عورتیں گھروں میں نماز پڑھتی تھیں یا جو مرد مسجد نبوی کے علاوہ دیگر مساجد میں نماز پڑھتے تھے، وہاں آپ موجود نہیں تھے، پھر بھی وہ صیغۂ حاضر یعنی **السلام علیك** کہتے تھے، دوسری وجہ: یہ کلمہ حکائی ہے، یعنی شب معراج کی یادگار ہے، اور حکائی کلمہ کو اس کی اصل شکل پر باقی رکھنا ضروری ہے، جیسے **قُلْ هُوَ اللّٰهُ أحدٌ** میں مخاطب حضور اکرم ﷺ ہیں، آپ کی تشریف بری کے بعد بھی **قُلْ** کو پڑھنا ضروری ہے اس کو حذف کرنا جائز نہیں کیونکہ یہ کلمہ حکائی ہے۔ واللہ اعلم

[۲۳۶] باب ماجاء فی صفة الصلاة علی النبی صلی الله علیه وسلم

[٤٩٤-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، قال: حدثنی أبو أُسَامَةَ، عن مِسْعَرٍ، والأَجْلَحِ، ومالكِ بنِ مِغْوَلٍ، عن الحَكَمِ بنِ عُتَيْبَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَيْلَی، عن كعبِ بنِ عُجْرَةَ، قال: قلنا: يارسولَ اللّٰهِ! هٰذا السلامُ عليكَ قد عَلِمْنَا فكيفَ الصَّلاَةُ عليك؟ قال:" قولوا اللّٰهُمَّ صَلِّ على محمدٍ وعلى آلِ محمدٍ كما صَلَّيْتَ على إبراهيمَ، إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ، وبَارِكْ على محمدٍ وعلى آلِ محمدٍ كما بارَكْتَ على إبراهيمَ إِنَّكَ حميدٌ مجيدٌ"

قال محمودٌ: قال أبو أُسامةَ: وَزَادَنِی زائدةُ عن الأَعْمَشِ، عن الحَكَمِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی ليلیَ، قال: ونحنُ نقولُ: وعلينا مَعَهُمْ.

وفی الباب: عن عليٍّ، وأبی حميدٍ،وأبی مسعودٍ، وطلحةَ، وأبی سَعيدٍ، وبُرَيْدَةَ، وزَيد بن خارجةَ، ويقولُ: ابنُ جاريةَ، وأبی هُريرةَ.

قال أبو عيسی: حديثُ كعبِ بنِ عُجْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وعبدُ الرحمنِ بنُ أبی لَيْلَی: كُنْيَتُهُ أبو عيسی، وأبو ليلی: اسمه يسارٌ.

وضاحت: محمود بن غیلان کہتے ہیں: ابواسامہ نے کہا: مجھ سے یہ حدیث زائدہ نے بھی اعمش کی سند سے بیان کی، اس میں یہ زیادتی ہے: ابن ابی لیلیٰ کبیر فرماتے ہیں: ہم وعلی آل محمد کے بعد وعلینامعھم کا اضافہ کرتے تھے (یہ روایت نسائی ۳:۴۷ میں ہے) ـــــــ وفی الباب میں حضرت زید کا تذکرہ آیا ہے ان کے والد کا نام بعض خارجہ اور بعض جاریہ بتاتے ہیں۔ اور ابن ابی لیلیٰ کبیر کی کنیت ابوعیسیٰ ہے اور ان کے والد ابولیلیٰ کا نام یسار ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الصَّلاَةِ عَلَی النبیِّ صلی الله علیه وسلم

درود شریف کی فضیلت کا بیان

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن لوگوں میں مجھ سے سب سے زیادہ قریب ان میں سے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجنے والا ہوگا'' یعنی جو صلاۃ وسلام کا ورد زیاردہ رکھے گا اس کو قیامت کے دن حضور اکرم ﷺ کی نزدیکی حاصل ہوگی، حضور اکرم ﷺ سے یہ قربت درود شریف کی سب سے بڑی فضیلت ہے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدل اس پر دس بار درود بھیجتے ہیں، اور اس کے بدل میں اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں''

تشریح: یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے سند کے بغیر لکھی ہے پھر اس کی سند لائے ہیں، اور یہ بات کہ درود شریف پڑھنے والے کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں قاعدہ کے مطابق ہے، کیونکہ درود پڑھنا نیک کام ہے اور ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہے، اور درود شریف کی خاص فضیلت یہ ہے کہ ایک درود کے بدلے اللہ تعالیٰ اس پر دس درود بھیجتے ہیں، کتاب الصلاۃ کے بالکل شروع میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ صلاۃ کے معنی ہیں غایتِ انعطاف، یعنی انتہائی درجہ کا میلان، اور یہ غایت درجہ کا انعطاف اضافت اور نسبت کے بدلنے سے مختلف ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کا بندوں کی طرف انعطاف اللہ پاک کا بندوں پر رحمت اور مہربانی فرمانا ہے۔ اور فرشتوں کا حضور اکرم ﷺ کی طرف یا مؤمنین کی طرف غایت درجہ میلان استغفار ہے، اور مؤمنین کا حضور اکرم ﷺ کی طرف انتہائی درجہ کا میلان دعا ہے، اور بندوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف غایت درجہ انعطاف ارکان مخصوصہ اور اذکار مخصوصہ کا مجموعہ ہے جس کا فارسی نام نماز ہے۔ غرض حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ ایک درود کے عوض میں اللہ تعالیٰ کی دس خاص عنایتیں بندے پر مبذول ہوتی ہیں ——— (مصری نسخہ میں صلی اللہ علیہ کے بعد اور کتب لہ کے بعد بھا بھی ہے)

تیسری حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بیشک دعاء آسمان اور زمین کے درمیان رُکی رہتی ہے اس دعا میں سے کوئی حصہ آسمان پر نہیں چڑھتا یہاں تک کہ آپ نبی ﷺ پر درود پڑھیں۔ یعنی دعا کے ساتھ جب درود ملتا ہے تب وہ دعاء آسمان پر چڑھتی ہے، اس سے پہلے آسمان وزمین کے درمیان معلق رہتی ہے۔

تشریح: یہ اگرچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے، مگر یہ ایسی بات ہے جو اجتہاد سے نہیں کہی جاسکتی اس لئے یہ حکماً مرفوع ہے۔

چوتھی روایت: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک ارشاد ہے، عبارت کے بعد اس کی وضاحت آرہی ہے۔

[۲۳۷] باب ماجاء فی فَضْلِ الصَّلاَةِ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۴۹۵-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ خَالِدِ بنِ عَثْمَةَ، قال: حدثنا موسى بنُ يعقوبَ الزَّمْعِيُّ، حدثني عبدُ اللهِ بنُ كَيْسَانَ، أَنَّ عبدَ اللهِ بنَ شَدَّادٍ أَخْبَرَهُ، عن عبدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قال: " أَوْلَى النَّاسِ بِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلاَةً"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

ورُوِيَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّه قال: " مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صلاةً صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ [بها] عَشْراً وَكُتِبَ لَهُ [بها] عَشْرُ حَسَنَاتٍ"

[۴۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن العَلاَءِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن أبيه، عن أبي

هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلاَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ [بها] عَشْرًا"

وفى الباب: عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وعامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، وعَمَّارٍ، وأبى طلحةَ، وأَنسٍ، وأُبَيِّ بنِ كعبٍ. قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ورُوِىَ عن سفيانَ الثوريِّ وغيرِ واحدٍ مِن أهلِ العلمِ، قالوا: صلاةُ الرَّبِّ الرَّحْمَةُ،وصلاةُ الملائِكَةِ الاِسْتِغْفَارُ.

[۴۹۷-] حدثنا أبو داودَ سليمانُ بنُ سَلْمٍ البَلْخِيُّ الْمَصَاحِفِيُّ، نا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، عن أبى قُرَّةَ الأَسَدِيِّ، عن سعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، عن عُمرَ بنِ الخَطَّابِ، قال: إِنَّ الدُّعَاءَ مَوْقُوْفٌ بَيْنَ السَّمَاءِ والأَرْضِ لاَيَصْعَدُ مِنْهُ شَيْئٌ حتى تُصَلِّيَ عَلٰى نَبِيِّكَ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى:والعَلاءُ بنُ عبدِ الرحمنِ: هو ابنُ يعقوبَ، هُو مَولى الحُرَقَةِ. والعلاءُ: هُو مِن التابعينَ، سَمِعَ مِنْ أنسِ بنِ مالِكٍ وغيرِه.

وعبدُ الرحمنِ بنُ يعقوبَ:وَالِدُ العَلاءِ: هُوَ مِن التابعينَ، سَمِعَ مِن أبى هريرةَ، وأبى سعيدٍ الْخُدْرِيِّ.

ويعقوبُ: هُوَ مِنْ كبارِ التَّابعينَ، قد أَدْرَكَ عُمَرَ بنَ الخطابِ، ورَوَى عنه.

[۴۹۸-] حدثنا عباسُ بنُ عبدِ العظيمِ العَنْبَرِيُّ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن مالكِ بنِ أنسٍ، عن العَلاَءِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ يعقوبَ، عن أبيهِ، عن جدِّه، قال: قال عُمرُ بنُ الخَطَّابِ: لاَيَبِعْ فى سُوْقِنَا إِلَّا مَنْ تَفَقَّهَ فى الدِّيْنِ. هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: سفیان ثوری اور دیگر علماء سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا (صلاۃ کے معنی نسبت بدلنے سے مختلف ہوتے ہیں چنانچہ) اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کرتے ہوئے صلاۃ کے معنی رحمت کے ہیں اور ملائکہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اس کے معنی استغفار کے ہیں ـــــــ دوسری حدیث کی سند میں علاء بن عبدالرحمٰن ہیں، یہ راوی خود اوران کے والد عبدالرحمٰن اوران کے دادا یعقوب تینوں تابعی ہیں، علاء صغار تابعین میں سے ہیں، انھوں نے صغار صحابہ یعنی حضرت انس رضی اللہ وغیرہ سے حدیث سنی ہیں، اوران کے والد عبدالرحمٰن: حُرقہ کے آزاد کردہ ہیں اور وہ اوساط تابعین میں سے ہیں، انھوں نے ابو ہریرہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے حدیث سنی ہیں، اوران کے دادا یعقوب کبار تابعین میں سے ہیں، انھوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ پایا ہے اوران سے حدیث سنی ہے۔ اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ علاء بن عبدالرحمٰن کے دادا یعقوب کی ایک روایت لائے ہیں جس کو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہمارے بازار میں کاروبار نہ کرے مگر وہ شخص جسے دین کی سمجھ حاصل ہے، یعنی جو بیع وشراء کے مسائل سے واقف ہے اسی کے لئے کاروبار کرنا جائز ہے، کیونکہ جو شخص مسائل

سے واقف نہیں وہ الٹا سیدھا کاروبار کرے گا (یہ قول یعقوب حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ ان کا حضرت عمرؓ سے لقاء وسماع ہے)

أبْوَابُ الجُمُعَةِ

بابُ فَضْلِ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے، اور جمعہ کو یہ فضیلت اس لئے حاصل ہے کہ اس دن میں گذشتہ زمانہ میں تین اہم واقعات پیش آئے ہیں، اور جس دن میں کوئی اہم واقعہ پیش آتا ہے اس دن کو خصوصیت حاصل ہو جاتی ہے، جیسے ہندوستان میں ۲۶/جنوری کو آزادی کا معاہدہ ہوا تھا اور ۱۵/اگست کو آزادی ملی تھی، اس لئے ہندوستان میں ان دنوں کی اہمت ہے۔ اسی طرح اگر آئندہ کسی دن میں کوئی اہم واقعہ پیش آنے والا ہو اور لوگ اس کو پہلے سے جانتے ہوں تو بھی اس دن کو اہمیت حاصل ہو جائے گی، جیسے اگر لوگوں کو پہلے سے معلوم ہوتا کہ آئندہ ۲۶/جنوری اور ۱۵/اگست کو آزادی حاصل ہونے والی ہے تو لوگ پہلے سے ان دنوں میں جشن مناتے۔ مگر مستقبل کا علم صرف علام الغیوب کو ہے یا ان کے بتلانے سے ان کے نمائندے یعنی حضور اکرم ﷺ جانتے ہیں اور انھوں نے ہمیں بتلایا ہے کہ مستقبل میں جمعہ کے دن میں ایک اہم واقعہ پیش آنے والا ہے اس وجہ سے بھی جمعہ کے دن میں فضیلت پیدا ہوگئی ہے، اور ایک خصوصیت بالفعل ہر جمعہ کے دن میں پائی جاتی ہے جو دوسرے چھ دنوں میں نہیں پائی جاتی اس وجہ سے بھی جمعہ کے دن کو فضیلت حاصل ہوئی ہے۔ غرض اس دن میں تین اہم واقعات گذشتہ زمانہ میں پیش آچکے ہیں، ایک مستقبل میں پیش آنے والا ہے اور ایک خصوصیت بالفعل ہر جمعہ میں پائی جاتی ہے، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

پہلا واقعہ: جمعہ کے دن انسانوں کے جدِ امجد حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی ہے، ان کا وجود اہم واقعہ ہے، لوگ بڑے لوگوں کی میلاد مناتے ہیں کیونکہ اس دن میں برکت ہوتی ہے، جیسے آنحضرت ﷺ کی ولادت باسعادت جس دن ہوئی ہے اس دن میں بالیقین برکت ہے، مگر ولادت کے دن جشن منانے کے سلسلہ میں یہ بات جاننی چاہئے کہ اگر صحابہ وتابعین نے میلاد منائی ہے تو عید میلاد النبی منانا جائز ہے اور اگر صحابہ وتابعین نے عید میلاد النبی نہیں منائی تو پھر ہمیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ ہم یہ کام کریں۔ غرض جمعہ کے دن کی فضیلت کی ایک وجہ اس کا حضرت آدم علیہ السلام کی میلاد کا دن ہونا ہے۔

دوسرا واقعہ: حضرت آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن جنت میں داخل کیا گیا۔ حضرت آدم کی تخلیق اسی زمین پر ہوئی ہے، اللہ تعالیٰ نے پوری زمین سے ایک مٹھی بھری، پھر اس کا گارا بنایا، پھر آدم علیہ السلام کا پتلا بنایا پھر جب وہ سوکھ کر کھنکھنانے لگا تو اس میں روح ڈالی، اور جو مٹی بچ گئی اس سے دادی حواء کو بنایا، پھر اسی جمعہ میں یا اس کے علاوہ آئندہ

کسی جمعہ میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم اور حضرت حواء علیہما السلام کو جنت میں داخل کیا، چونکہ انسانوں کے جد امجد کا جنت میں داخل ہونا انسانوں کے لئے اہم واقعہ ہے اور یہ واقعہ جمعہ کے دن میں پیش آیا ہے اس لئے جمعہ کے دن کو فضیلت حاصل ہوئی۔

تیسرا واقعہ: جمعہ کے دن آدم وحواء علیہما السلام کو جنت سے نکالا گیا۔ یہاں کوئی سوال کرے کہ آدم وحواء کا جنت سے اخراج کونسی اچھی بات ہے جو اس کی وجہ سے جمعہ کو فضیلت حاصل ہوئی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اخراج کے واقعہ کے دو پہلو ہیں: ایک ظاہری، دوسرا باطنی۔ ظاہری پہلو تو واقعی اچھا نہیں کہ دادا دادی کا جنت سے اخراج ہو گیا، مگر باطنی پہلو بہت اچھا ہے، اس لئے کہ جب دادا، دادی زمین پر اترے تو ان کی ساری نسل بھی زمین پر پیدا ہوئی اور پیچھے سے اللہ کی شریعت آئی، پھر لوگوں نے اس پر عمل کیا، اب دوبارہ جب جنت میں جائیں گے تو استحقاق کی بناء پر جائیں گے۔ ورنہ جنت میں رہنا کسی استحقاق کی بناء پر نہ ہوتا، سورۂ اعراف آیت ۴۳ میں ہے: جنتی جنت میں بیٹھے آپس میں باتیں کریں گے اور کہیں گے: ''ہم جو جنت میں آئے ہیں وہ اس لئے آئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے رسولوں کے ذریعہ ہماری راہنمائی کی، اگر اللہ تعالیٰ ہماری راہنمائی نہ کرتے تو ہم کبھی بھی جنت میں نہ پہنچ سکتے، پس اللہ کے لئے حمد ہے'' جنتی یہ باتیں کر ہی رہے ہونگے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خطاب ہوگا: ﴿وَنُوْدُوْا أَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾ یعنی تم کو یہ جنت تمہارے ان کاموں کے بدلے میں ملی ہے جو تم دنیا میں کیا کرتے تھے۔

علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے پہلے فرشتوں سے یہ بات کہی تھی کہ میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں، چنانچہ آدم وحواء زمین پر اترے تبھی انسان کو خلافت ملی، اگر وہ جنت ہی میں رہتے اور ان کی نسل وہاں چلتی تو خلافت کہاں ملتی؟ غرض اخراج کے یہ دو باطنی پہلو ہیں جو بہت اہم ہیں اور ان کا حصول اسی وقت ممکن ہوا جب دادا دادی زمین پر اترے، اور وہ جمعہ کے دن زمین پر اترے ہیں اس لئے اس دن کو فضیلت حاصل ہوئی۔

نوٹ: میں نے ظاہری اور باطنی پہلو کے سلسلہ میں رحمۃ اللہ الواسعہ (۸۴:۳) میں اپنا ایک واقعہ لکھا ہے، طلباء اس کو بھی دیکھ لیں تو بات اور واضح ہو جائے گی۔

چوتھا واقعہ: اور آئندہ جو اہم واقعہ پیش آنے والا ہے وہ یہ ہے کہ جمعہ ہی کے دن قیامت برپا ہوگی، قیامت کا برپا ہونا چاہے کافر کے حق میں برا ہو مگر مؤمنین کے حق میں خیر ہے۔ کیونکہ جب قیامت برپا ہوگی تبھی مؤمنین کو جنت ملے گی۔ اور قیامت جمعہ کے دن برپا ہوگی، یعنی مؤمنین جنت میں جمعہ کے دن جائیں گے اس لئے جمعہ کو فضیلت حاصل ہوئی۔

ساعتِ مرجوّہ: ہر جمعہ میں ایک ساعتِ مرجوّہ (امید باندھی ہوئی گھڑی) ہے باقی چھ دنوں میں یہ گھڑی نہیں ہے۔ اس گھڑی میں بندہ جو کچھ مانگتا ہے اللہ تعالیٰ وہ ضرور عنایت فرماتے ہیں۔ اس گھڑی کی تعیین میں اختلاف ہے، امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کی رائے میں وہ گھڑی جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد سے سورج غروب ہونے تک آتی

ہے۔اورامام شافعی رحمہ اللہ کی رائے میں جب امام خطبہ دینے کے لئے ممبر پر آتا ہے اس وقت سے نماز جمعہ کا سلام پھرنے تک یہ گھڑی آتی ہے۔غرض تعیین میں تو اختلاف ہے مگر ساعتِ مرجوّہ کے سب قائل ہیں۔اس باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے اس میں اس گھڑی کا تذکرہ نہیں،مگر اگلے باب میں سند صحیح کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث آرہی ہے اس میں الساعة المرجُوّة کا بھی تذکرہ ہے۔

أبواب الجمعة

[۲۳۸] باب فضلِ یوم الجمعة

[۴۹۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا المُغِیْرَةُ بنُ عبدِ الرحمنِ، عن أبی الزِّنَادِ، عن الأَعْرَجِ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال:" خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ فیه الشَّمْسُ یومُ الجمعةِ، فیه خُلِقَ آدمُ، وفیه أُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وفیه أُخْرِجَ منها، ولاتَقُوْمُ الساعةُ إِلَّا فی یومِ الْجُمُعَةِ"

وفی الباب: عن أَبی لُبَابَةَ، وسَلْمَانَ، وأبی ذَرٍّ، وسَعدِ بنِ عُبَادَةَ، وأَوْسِ بنِ أَوْسٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قوله:خیرُ یومٍ طلعت فیه الشمسُ یومُ الجمعة:(بہترین وہ دن جس میں سورج نکلتا ہے جمعہ کا دن ہے) طلعت فیه الشمسُ: خیرُ یومٍ کی صفت کاشفہ ہے،کلام کی تزئین کے لئے یہ صفت لائی گئی ہے۔جو حضرات عربی زبان کے رموز سے واقف ہیں وہ سمجھ سکتے ہیں کہ خیرُ یومٍ یومُ الجمعة اور خیر یوم طلعت فیه الشمس یومُ الجمعة کے درمیان کیا فرق ہے؟ جیسے قرآن میں ہے:﴿وَلَا طَائِرٍ یَّطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُکُمْ﴾اس میں یطیر بجناحیه: طائر کی صفت کاشفہ ہے،اس کے بغیر بھی بات پوری ہے مگر صفت کاشفہ کی وجہ سے کلام میں جو بلاغت اور خوبصورتی پیدا ہوئی ہے وہ ظاہر ہے۔اسی طرح حدیث خیرُ نساءٍ رَکِبْنَ الإبلَ نِساءُ قریش (بہترین وہ عورتیں جو اونٹ پر سواری کرتی ہیں قریش کی عورتیں ہیں)اس میں بھی رکبن الإبل محض تزئین کلام کے لئے بڑھایا گیا ہے۔

بابٌ فی السَّاعَةِ الَّتِیْ تُرْجَی فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن میں ساعتِ مرجوّہ کا بیان

ساعتِ مرجوۃ یعنی جس گھری میں قبولیت دعا کی امید باندھی گئی ہے وہ کس وقت آتی ہے؟ اس میں علماء کے پینتالیس قول ہیں۔علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے موطا مالک کی شرح تنویر الحوالک میں وہ سب اقوال ذکر کئے ہیں۔امام

اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کا رجحان اس طرف ہے کہ وہ گھڑی عصر کی نماز کے بعد سے سورج غروب تک آتی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا رجحان اس طرف ہے کہ زوال کے بعد جب امام خطبہ دینے کے لئے ممبر پر آتا ہے اس وقت سے نماز کا سلام پھرنے تک وہ گھڑی آتی ہے۔

سوال: ساعتِ مرجوّہ کی صحیح نشاندہی کیوں نہیں کی گئی تاکہ اللہ کے بندے اس سے فائدہ اٹھاتے؟

جواب: شب قدر بھی ایک قیمتی رات ہے اس کی بھی نشاندہی نہیں کی گئی اس لئے کہ قیمتی ہیرے دکھائے نہیں جاتے ان کو تلاش کرنا پڑتا ہے، شبِ قدر اور ساعتِ مرجوہ بھی قیمتی ہیرے ہیں ان کو پانے کے لئے جدوجہد کرنی پڑتی ہے، علاوہ ازیں نشاندہی نہ کرنے میں یہ بھی مصلحت ہے کہ بندہ رمضان کی تمام راتیں اور جمعہ کا پورا دن عبادت میں مصروف رہے۔

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم اس گھڑی کو جس کی جمعہ کے دن میں امید باندھی گئی ہے عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے تک ڈھونڈھو''

تشریح: یہ حدیث محمد بن ابی حمید کی وجہ سے ضعیف ہے۔ علماء نے حافظہ کی وجہ سے اس کی تضعیف کی ہے اور اسی راوی کو حماد بن ابی حمید بھی کہتے ہیں، محمد نام ہے اور حماد لقب ہے۔ اور بعض محدثین کا خیال یہ ہے کہ یہ راوی ابوابراہیم انصاری ہے، اگر یہ بات صحیح ہے تو پھر یہ منکر راوی ہے ـــــ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث ایک دوسری سند سے بھی مروی ہے اور وہ طبرانی کی معجم کبیر میں ہے، مگر اس کی سند میں مشہور ضعیف راوی عبداللہ بن لہیعہ ہیں۔ تاہم وہ سند اس سند سے بہتر ہے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک جمعہ کے دن میں ایک گھڑی ہے اس گھڑی میں بندہ جو بھی چیز اللہ سے مانگتا ہے اللہ تعالیٰ وہ چیز اس کو ضرور عنایت فرماتے ہیں'' صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! وہ گھڑی کونسی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس وقت نماز کھڑی کی جاتی ہے (یعنی امام خطبہ دینے کے لئے ممبر پر آتا ہے اس وقت سے) نماز سے پھرنے تک وہ گھڑی آتی ہے''

تشریح: اس حدیث کی سند میں کثیر بن عبداللہ ہے اور وہ کچھ اچھا راوی نہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ نے اس کی سند سے جو روایتیں مسند میں لکھی تھیں ان سب کو بعد میں کتاب سے نکال دیا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی حدیث کو حسن غریب کہا ہے۔ غریب بمعنی تفرد اسناد ہے اور امام ترمذی کا حسن فن کے حسن سے فروتر بھی ہوتا ہے۔

تیسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بہترین دن جس میں سورج نکلتا ہے جمعہ کا دن ہے۔ اس دن میں حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے، اور اسی دن جنت میں داخل کئے گئے، اور اسی دن جنت سے زمین پر اتارے گئے، اور اس دن میں ایک گھڑی ہے نہیں موافق ہوتا اس کے ساتھ کوئی مسلمان بندہ درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو، پس

وہ اس گھڑی میں اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مانگے مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر میری ملاقات عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے ہوئی، میں نے ان سے یہ حدیث بیان کی، تو انھوں نے فرمایا: میں خوب جانتا ہوں وہ گھڑی کس وقت آتی ہے؟ میں نے کہا: آپ مجھے بتائیں اور اس کے بتانے میں بخیلی نہ کریں، عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ گھڑی عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے تک آتی ہے، میں نے کہا: عصر کے بعد وہ گھڑی کیسے ہوسکتی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تو فرمایا ہے: ''نہیں موافق ہوتا اس گھڑی کے ساتھ کوئی مسلمان بندہ درانحالیکہ وہ نماز پڑھ رہا ہو'' اور اس وقت (عصر کے بعد) نماز نہیں پڑھی جاتی؟ یعنی حدیث میں یصلی کی قید ہے اور عصر کے بعد نماز پڑھنا ممنوع ہے، پس عصر کے بعد وہ گھڑی کیسے ہوسکتی ہے؟ ابن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا کہ ''جو شخص کسی جگہ میں بیٹھے درانحالیکہ وہ نماز کا انتظار کر رہا ہو تو وہ (حکماً) نماز میں ہے'' میں نے کہا: کیوں نہیں! یعنی یہ بات بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پس وہ یہی ہے۔ یعنی یُصلی سے حقیقۃً نماز پڑھنا مراد نہیں بلکہ نماز کا انتظار کرنا مراد ہے اور منتظر صلاۃ حکماً نماز میں ہوتا ہے۔ اور اس کی دلیل کہ حقیقتاً نماز پڑھنا مراد نہیں یہ ہے کہ نماز پڑھنے والا نماز میں دعا کیسے کرے گا؟ یہ کام تو منتظر صلاۃ ہی کرسکتا ہے کہ نماز کے انتظار میں بیٹھا ہے اور دعا میں مشغول ہے، پس دعا اور نماز دونوں کو جمع کرنے کی صورت یہی ہے کہ یصلی سے حکمی نماز مراد لی جائے۔

یہ حدیث موطا مالک میں بھی ہے، وہاں یہ مضمون زائد ہے کہ اس مجلس میں کعب احبار بھی تھے (یہ تابعی ہیں اور عبداللہ بن سلام صحابی ہیں، اسلام قبول کرنے سے پہلے دونوں حضرات یہودی تھے اور دونوں تورات کے بڑے عالم تھے) انھوں نے کہا: وہ گھڑی مہینہ میں ایک مرتبہ آتی ہے، ابن سلامؓ نے ان کی تردید کی اور فرمایا کہ ہر ہفتہ آتی ہے، حضرت کعب اٹھے اور تورات دیکھی پھر فرمایا: ابن سلام نے صحیح فرمایا وہ گھڑی ہر ہفتہ آتی ہے۔

[۲۳۹] باب ماجاء فی الساعة التی تُرْجیٰ فی یوم الجمعة

[۵۰۰-] حدثنا عبدُ الله بنُ الصَّبَّاحِ الهاشِمِیُّ البَصْرِیُّ، نا عبیدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ المجیدِ الحَنَفِیُّ، نا محمدُ بنُ أبی حُمَیْدٍ، نا موسی بن وَرْدَانَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال: ''الْتَمِسُوْا السَّاعَةَ التی تُرْجَی فی یَوْمِ الْجُمُعَةِ بَعْدَ العَصْرِ إلی غَیْبُوْبَةِ الشمسِ''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ مِن هذا الوَجْهِ؛ وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ عن أنسٍ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِنْ غَیْرِ هذا الوَجْهِ.

ومحمدُ بنُ أبی حُمَیْدٍ یُضَعَّفُ، ضَعَّفَهُ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، ویقالُ له: حَمَّادُ بنُ أبی

حُمَيْدٍ، ويقالُ: هو أبو إبراهيمَ الأَنْصَارِىُّ، وهو مُنْكَرُ الحديثِ.

ورَأَى بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم أَنَّ السَّاعَةَ التى تُرْجَى بعدَ العَصْرِ إِلىٰ أَنْ تَغْرُبَ الشمسُ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

وقال أحمدُ: أَكْثَرُ الأَحاديث فى السَّاعةِ التى تُرْجَى فيها إجابَةُ الدَّعْوَةِ: أَنَّهَا بَعْدَ صَلاَةِ العَصْرِ، وتُرْجَى بعدَ زَوَالِ الشَّمْسِ.

[۵۰۱-] حدثنا زيادُ بنُ أيوبَ البغدادىُّ، نا أبو عامرٍ العَقَدِىُّ، نا كَثيرُ بنُ عبدِ اللهِ بنِ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ المُزَنِىُّ، عن أبيهِ، عن جَدِّه، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال:" إِنَّ فى الْجُمُعَةِ سَاعَةً لاَيَسْأَلُ اللّٰهَ العبدُ فيها شيئًا إِلاَّ آتاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ" قالوا: يارسولَ اللهِ! أَيَّةُ ساعَةٍ هى؟ قال:" حِيْنَ تُقَامُ الصلاةُ إلى الانْصِرَافِ مِنْهَا"

وفى الباب: عن أبى موسى، وأبى ذَرٍّ، وسَلْمَانَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ سَلاَمٍ، وأبى لُبَابَةَ، وسعدِ بنِ عُبَادَةَ. قال أبو عيسى: حديثُ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۵۰۲-] حدثنا إسحاقُ بنُ موسى الأنصارىُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكُ بنُ أنسٍ، عن يَزِيْدَ بنِ عبدِ اللهِ بنِ الهادِ، عن محمدِ بنِ إبراهيمَ، عن أبى سَلَمَةَ، عن أبى هريرةَ قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فيه الشمسُ يومُ الْجُمُعَةِ، فيه خُلِقَ آدمُ، وفيه أُدْخِلَ الْجَنَّةَ، وفيه أُهْبِطَ منها، وفيه ساعَةٌ لاَ يُوَافِقُهَا عبدٌ مُسْلِمٌ يُصَلِّىْ فَيَسْأَلُ اللّٰهَ فِيْهَا شَيْئًا إِلاَّ أَعْطَاهُ إِيَّاهُ" قال أبو هريرةَ: فَلَقِيْتُ عبدَ اللّٰهِ بنَ سَلاَمٍ، فَذَكَرْتُ له هذا الحديثَ، فقال: أَنَا أَعْلَمُ بِتِلْكَ الساعةِ، فقلتُ: أَخْبِرْنِى بِهَا وَلاَ تَضْنَنْ بها عَلَىَّ، قال: هِىَ بعدَ العصرِ إلى أَنْ تَغْرُبَ الشمسُ، قلتُ: فَكَيْفَ تَكُوْنُ بعدَ العصرِ وقد قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ يُوَافِقُهَا عبدٌ مُسْلِمٌ وهو يُصَلِّىْ" وتلكَ الساعةُ لاَيُصَلَّى فِيْهَا؟ فقال عبدُ اللّٰه بنُ سَلاَمٍ: أَلَيْسَ قد قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا يَنْتَظِرُ الصلاةَ فهو فى الصَّلاَةِ"؟ قلتُ: بلى، قال: فهو ذَاكَ؛ وفى الحديثِ قصةٌ طويلةٌ.

قال أبو عيسى: وهذا حديثٌ صحيحٌ، قال: ومعنى قولِه: أَخْبِرْنِىْ بها ولاَ تَضْنَنْ بها عَلَىَّ يقول: لاَتَبْخَلْ بها علىَّ، والضَّنِيْنُ: البَخِيْلُ، والظَّنِيْنُ: الْمُتَّهَمُ.

ترجمہ: اورصحابہ وغیرہ میں سے بعض علماء کا خیال ہے کہ وہ گھڑی جس کی امید باندھی گئی ہے عصر کے بعد سے سورج غروب ہونے کے درمیان آتی ہے۔اوراسی کے احمد واسحاق رحمہما اللہ قائل ہیں۔اورامام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: زیادہ تر حدیثیں اس گھڑی کے سلسلہ میں جس میں قبولیتِ دعا کی امید کی جاتی ہے: یہ ہیں کہ وہ گھڑی عصر کے بعد آتی

ہے۔اور سورج ڈھلنے کے بعد بھی امید کی جاتی ہے۔

قولہ: قصة طويلة: یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کی خاص اصطلاح ہے، قصہ بمعنی مضمون ہے اور وہ مختصر مضمون کو بھی قصہ طویلہ کہتے ہیں، اس حدیث میں زائد مضمون بس اتنا ہی ہے جتنا میں نے موطا کے حوالہ سے بیان کیا ہے اسی کو حضرت نے ''لمبا مضمون'' کہا ہے۔

قولہ: لاتضنن بها علی کے معنی ہیں: وہ بات مجھے بتانے میں آپ کنجوسی سے کام نہ لیں۔ضنین (ضاد سے) بخیل کو کہتے ہیں اور ظنین (ظاء سے) متہم کے معنی میں ہے۔

بابُ ماجاء فی الِاغْتِسَالِ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن غسل کرنے کا بیان

اس باب میں چند مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: ائمہ اربعہ کے نزدیک جمعہ کے دن غسل جمعہ کی وجہ سے ہے اور سنت ہے۔اور اصحاب ظواہر کے نزدیک غسل واجب (بمعنی فرض) ہے وہ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن ہر بالغ پر خواہ وہ شہری ہو یا دیہاتی، پاک عورت ہو یا حائضہ اور نفاس والی سب پر غسل فرض ہے۔البتہ ان کے نزدیک صحت جمعہ کے لئے غسل شرط نہیں۔اگر کوئی شخص غسل کے بغیر جمعہ پڑھے تو بھی اس کی نماز درست ہے مگر جمعہ کے دن غسل نہ کرنے کی وجہ سے ترک فرض کا گناہ لازم ہوگا۔

دوسرا مسئلہ: شیخین: امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک یہ غسل نماز جمعہ کے لئے سنت ہے، اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک جمعہ کے دن کے لئے سنت ہے۔اور ثمرۂ اختلاف یہ ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک جن لوگوں پر جمعہ فرض نہیں، مثلاً دیہاتی اور عورتیں ان کے لئے بھی جمعہ کے دن غسل کرنا سنت ہے۔اور شیخین کے نزدیک صرف ان لوگوں کے لئے سنت ہے جن پر جمعہ فرض ہے یا جو جمعہ میں حاضر ہونے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اگر کوئی شخص جمعہ پڑھ کر غسل کرے تو بالاجماع سنت ادا نہیں ہوگی، یہاں ثمرۂ اختلاف ظاہر نہیں ہوگا۔

تیسرا مسئلہ: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنے سے سنت ادا ہوگی اگر کسی کی غسل کے بعد وضو ٹوٹ گئی اور وہ وضو کر کے جمعہ پڑھے تو سنت ادا نہیں ہوگی، باقی ائمہ کے نزدیک غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنا ضروری نہیں۔طحاوی (۱:۹۱) میں عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ کا یہ عمل مروی ہے کہ وہ جمعہ سے پہلے غسل کرتے تھے پھر اگر وضو ٹوٹ جاتی تو صرف وضو کر کے جمعہ پڑھتے تھے، نیا غسل نہیں کرتے تھے۔یہ جمہور کی دلیل ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کی کوئی خاص دلیل میرے علم میں نہیں۔

باب کی حدیثیں: اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں ذکر کی ہیں اور

دونوں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہیں، البتہ پہلی حدیث وہ براہ راست نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں اور دوسری حدیث اپنے ابا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، پھر پہلی حدیث کی تین سندیں ذکر کی ہیں جن میں سے دو صحیح ہیں اور تیسری میں مبہم راوی ہے اس سے مراد بھی ان دو میں سے کوئی ایک ہے اور دوسری حدیث کی بھی تین سندیں ہیں، معمر اور یونس کی سندیں مرفوع متصل ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ کی سند مرسل بھی ہے اور مسند بھی۔ تفصیل عبارت کے بعد آئے گی۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص جمعہ پڑھنے آئے اسے چاہئے کہ غسل کرے''

تشریح: اس حدیث میں فَلْيَغْتَسِلْ امر غائب ہے، اصحاب ظواہر نے اس کو وجوب کے لئے لیا ہے اور غسل جمعہ کو واجب قرار دیا ہے۔ اور جمہور کے نزدیک یہ امر استحباب کے لئے ہے، کیونکہ امر غائب خود ڈھیلا ڈھالا امر ہے، پھر دیگر دلائل بھی ہیں جو غسل کے عدم وجوب پر دلالت کرتے ہیں اس لئے جمعا بین الادلۃ اس امر کو استحباب کے لئے لینا ضروری ہے۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے کہ ایک صحابی مسجد میں داخل ہوئے (یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (خطبہ کے دوران ہی) فرمایا یہ آنے کا کیا وقت ہے؟ (أَيَّةُ کلمہ استفہام ہے ۃ مدورہ کے بغیر بھی مذکر وغائب دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ قرآن میں ہے: ﴿بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوْتُ﴾ أرض مؤنث سماعی ہے اور أی مذکر استعمال ہوا ہے) آنے والے صحابی نے عرض کیا: نہیں ہے یہ (دیر کرنا) مگر یہ کہ میں نے اذان سنی اور میں نے وضو پر زیادتی نہیں کی یعنی اذان سننے کے بعد بس وضو کی، اتنی دیر ہوئی ہے، اس سے زیادہ میں نے دیر نہیں کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اچھا صرف وضو! حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ نبی ﷺ نے غسل کا حکم دیا ہے (یہ آخری حصہ حدیث مرفوع ہے اور وہی اس باب کی دوسری حدیث ہے)

تشریح: جن لوگوں کے نزدیک غسل واجب نہیں ان کی ایک دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہی واقعہ ہے، اس طرح کہ اگر غسل واجب ہوتا تو اولاً حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غسل کے بغیر مسجد میں نہ آتے، ثانیاً: حضرت عمرؓ ان کو بیٹھنے نہ دیتے، واپس کرتے کہ غسل کر کے آؤ، اور اگر حضرت عمرؓ حکم نہ دیتے تو مسجد صحابہ سے بھری ہوئی تھی کوئی نہ کوئی نکیر کرتا کہ آپ کا صرف وضو کر کے آنا صحیح نہیں۔ آپ واپس جائیں اور غسل کر کے آئیں۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ روزانہ صبح غسل کیا کرتے تھے یہ بات حمران نے بیان کی ہے اور وہ روایت مسلم میں ہے (بحوالہ معارف السنن ۴: ۳۲۵) پس حضرت عثمان تو غسل کے بغیر نہیں آئے تھے۔ البتہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ان کو واپس نہ بھیجنا اور کسی صحابی کا نکیر نہ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ غسلِ جمعہ فرض نہیں،

کیونکہ حضرت عمر: حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کی اس عادت سے کہ وہ روزانہ صبح سویرے غسل کرتے ہیں واقف نہیں تھے، انھوں نے فرمایا تھا: ''اچھا! صرف وضو کرکے آئے ہو؟! حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے غسل کرنے کا حکم دیا ہے'' یہ ارشاد دلیل ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کی روزانہ غسل کرنے کی عادت سے واقف نہیں تھے، ورنہ وہ ان کے صبح میں کیے ہوئے غسل کو کافی گردانتے، کیونکہ قائلینِ وجوب بھی غسل کی طہارت سے جمعہ پڑھنے کو ضروری نہیں کہتے۔

[۲۴۰] باب ماجاء فی الاغتسال فی یوم الجمعة

[۵۰۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، عن أبيه، أَنَّه سَمِعَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يقولُ: ''مَنْ أَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ''

وفى الباب: عن أبى سَعيدٍ، وعُمَرَ، وجابرٍ، والبَرَاءِ، وعائشةَ، وأبى الدَّرْدَاءِ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرُوِىَ عن الزُّهْرِيِّ عن عبدِ الله بنِ عبد الله بنِ عُمَرَ، عن أبيهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم هذا الحديثُ أَيْضًا، حدثنا بذلك قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن ابنِ شهابٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وقال محمدٌ: وحديثُ الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أبيهِ، وحديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن أبيه، كِلاَ الحَدِيْثَيْنِ صحيحٌ.

وقال بعضُ أصحابِ الزُّهْرِيِّ، عن الزُّهْرِيِّ، قال: حَدَّثَنِیْ آلُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن ابنِ عُمَرَ.

[قال أبو عييسى:

[۵۰۴-] وقد روى عن ابنِ عُمرَ، عن عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى الغسل يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَيْضًا، وهو حديثٌ صحيحٌ، رواهُ يُوْنُس، ومَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، عن أبيه]: بَينَمَا عُمَرُ بنُ الخطابِ يَخْطُبُ يومَ الْجُمُعَةِ إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فقال: أَيَّةُ ساعةٍ هذه؟ فقال: ما هُوَ إِلاَّ أَنْ سَمِعْتُ النِّدَاءَ، وما زِدْتُ عَلَى أَنْ تَوَضَّأْتُ، قال: والوُضُوْءُ أيضًا وقد علِمْتَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بالغُسْلِ، حدثنا بذلك محمدُ بنُ أَبَانَ، نا عبدُ الرزاقِ، عن مَعْمَرٍ، عن الزُّهْرِيِّ، ح: وثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ صالحٍ، عن اللَّيْثِ، عن يُوْنُسَ، عن الزُّهْرِيِّ بهٰذا الحديثِ.

وَرَوَى مالكٌ هذا الحديثَ عن الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، قال بَيْنَمَا عُمَرُ يَخْطُبُ يومَ الْجُمُعَةِ فَذَكَرَ الحديثَ.

قال أبو عيسى: سَأَلْتُ محمداً عن هذا، فقال: الصحيحُ حديثُ الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، عن أبيهِ.

قال محمد: " وقد رُوِيَ عن مالكٍ أيضًا، عن الزُّهْرِيِّ، عن سالمٍ، عن أبيه نحوُ هذا الحديثِ.

وضاحت: پہلی حدیث (۵۰۳) ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہے جس کو وہ براہِ راست حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کے راوی امام ابن شہاب زہری رحمہ اللہ ہیں، پھر ان کے شاگردوں میں سے سفیان بن عیینہ: زہری اور ابن عمر کے درمیان سالم کا واسطہ ذکر کرتے ہیں (یہ ابن عمر کے جلیل القدر صاحبزادے ہیں اور مدینہ کے فقہاءِ سبعہ میں سے ہیں۔ باب کے شروع میں یہی سند ہے) اور امام زہری کے دوسرے جلیل القدر شاگرد امام لیث بن سعد مصری: زہری اور ابن عمر کے درمیان عبداللہ کا واسطہ ذکر کرتے ہیں (یہ حضرت عبداللہ بن عمر کے دوسرے صاحبزادے ہیں اور وہ اپنے ابا کے ہم نام ہیں) اور امام زہری کے کچھ دوسرے تلامذہ (اللہ جانے وہ کون ہیں) زہری اور ابن عمر کے درمیان مبہم راوی کا تذکرہ کرتے ہیں۔ امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کے خاندان کے ایک شخص نے مجھ سے حدیث بیان کی (وہ سالم ہیں یا عبداللہ؟ اس کی تعیین نہیں کی) وہ ابن عمر سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلی دونوں سندوں کو صحیح قرار دیا ہے اور تیسری سند قابل اعتناء نہیں، کیونکہ اس میں مبہم راوی سے مراد انہی دو میں سے کوئی ایک ہے، اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسری حدیث (۵۰۴) ذکر کی ہے، مگر ہمارے ہندوستانی نسخوں میں پوری ایک سطر عبارت چھوٹ گئی ہے جس سے مضمون خلط ملط ہو گیا ہے۔ میں نے مصری نسخہ سے یعنی ابن العربی المالکی کی شرح عارضۃ الاحوذی سے وہ چھٹی ہوئی عبارت دو کھڑی قوسوں کے درمیان لکھی ہے۔ یہ حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کا واقعہ ہے۔ یہ بھی امام زہری رحمہ اللہ کی حدیث ہے، مگر اس میں زہری اور ابن عمر کے درمیان سالم ہی کا واسطہ ہے، ابن عمر کے دوسرے صاحبزادے عبداللہ اس حدیث کو روایت نہیں کرتے، پھر زہری کے دو شاگرد معمر اور یونس عن الزہری عن سالم عن ابیہ کی سند سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ اور ان کی بیان کی ہوئی حدیث روایت کرتے ہیں اور امام مالک سند سالم پر روک دیتے ہیں، یعنی سالم یہ واقعہ بیان کرتے ہیں، یہ روایت مرسل ہے اور موطا مالک (ص:۳۵) میں ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے بارے میں بھی امام بخاری سے پوچھا تو انھوں نے فرمایا: اس کی صحیح سند زہری عن سالم عن ابیہ ہے، یعنی امام مالک کی سند صحیح نہیں، کیونکہ خود امام مالک رحمہ اللہ سے بھی یہ حدیث جویریۃ بن اسماء مسند روایت کرتے ہیں، یعنی وہ سالم کے بعد عن ابیہ بڑھاتے ہیں اور وہ روایت بخاری (حدیث ۸۷۸، باب فضل الغسل) میں ہے۔

بابُ فی فَضْلِ الغُسْلِ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ

غسلِ جمعہ کی فضیلت کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص جمعہ کے دن نہایا اور دھویا (غَسَّلَ: اغْتَسَلَ کی تاکید کے لئے ہے یعنی خوب اچھی طرح نہایا) اور سویرے مسجد گیا اور خوب سویرے گیا (ابتکر بھی تاکید کے لئے ہے) اور امام سے قریب بیٹھا اور توجہ سے خطبہ سنا اور خاموش رہا تو اس کے لئے ہر قدم کے بدلے جس کو وہ اٹھاتا ہے ایک سال کے روزوں کا اور رات کی نفلوں کا ثواب ہے'' (قیام کے معنی ہیں سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا، تراویح کا نام قیام اللیل اسی وجہ سے ہے کہ وہ سونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے)

تشریح: حدیث شریف میں جو ثواب بیان کیا گیا ہے یعنی ہر قدم پر ایک سال کے روزوں اور ایک سال کی نفلوں کا ثواب وہ اس صورت میں ہے جب تین کام پابندی سے ہر جمعہ کو کرے، ایک: خوب اچھی طرح نہائے دھوئے اور صاف ستھرے کپڑے پہنے، دوسرا: صبح سویرے مسجد جائے، تیسرا: امام سے قریب بیٹھے، اور خاموش رہ کر توجہ سے خطبہ سنے، ایک دو جمعہ یہ عمل کرنے کا یہ ثواب نہیں ہے۔

قولہ: اغْتَسَلَ وَغَسَّلَ: وکیع رحمہ اللہ جو بڑے درجہ کے محدث ہیں مگر فقہ میں ان کا کوئی خاص مقام نہیں: فرماتے ہیں: اغْتَسَلَ کے معنی ہیں خود نہایا اور غَسَّلَ کے معنی ہیں بیوی کو نہلایا یعنی بیوی سے صحبت کی تاکہ وہ نہائے۔ حضرت وکیع رحمہ اللہ نے جو تفسیر کی ہے وہ ایک لطیفہ سے زیادہ نہیں، صحیح تفسیر وہ ہے جو ابن المبارک رحمہ اللہ نے کی ہے، ابن المبارک مجتہد اور فقیہ ہیں، وہ فرماتے ہیں: غَسَّلَ تاکید کے لئے ہے، اور حدیث کی مراد یہ ہے کہ نہائے اور سر دھوئے، کپڑے دھوئے، یعنی خوب اہتمام سے نہائے دھوئے۔

قولہ: بَکَّرَ وابْتَکَرَ: بَکَّرَ تَبْکِیْراً کے معنی ہیں صبح صادق کے بعد جانا۔ مشہور حدیث ہے: اللّٰھم بارك لأمتی فی بکورھا: اے اللہ! میری امت کے سویرے کے کاموں میں برکت فرما۔ اور ابتکر تاکید کے لئے ہے۔ یعنی بہت سویرے مسجد گیا، پہلے شہر میں صرف ایک جگہ جمعہ ہوتا تھا اس وقت مسجد میں اسی کو جگہ ملتی تھی جو جلدی جاتا تھا۔ اب چونکہ جگہ جگہ جمعہ ہوتا ہے اس لئے آدمی خطبہ ختم ہونے سے پہلے پہنچتا ہے تو بھی مسجد میں جگہ مل جاتی ہے اس لئے اب لوگ جلدی نہیں جاتے، غرض آج کے بدلے ہوئے حالات میں حدیث کا سمجھنا مشکل ہے۔

قولہ: دنا واستمع وأنصتَ: مسجد میں پہنچ کر امام سے قریب بیٹھنے کی کوشش کرے، بعض لوگ مسجد میں جلدی پہنچ جاتے ہیں مگر ستون سے یا دیوار سے ٹیک لگانے کے لئے پیچھے بیٹھتے ہیں، حالانکہ آگے جگہ خالی ہوتی ہے یہ صحیح نہیں۔ امام سے قریب بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہئے، تب یہ ثواب ملے گا۔

[٢٤١] باب فی فضل الغسل یوم الجمعة

[٥٠٥-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا وکیعٌ، نا سفیانُ، وأبو جَنَابٍ یحییَ بنُ أبی حَیَّةَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عیسیٰ، عن یَحییَ بنِ الحارثِ، عن أبی الأَشْعَثِ الصَّنْعَانِیِّ، عن أَوْسِ بنِ أَوْسٍ، قال قال: رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:'' مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ وَغَسَّلَ، وبَکَّرَ وابْتَکَرَ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ، وأَنْصَتَ، کانَ لَهُ بِکُلِّ خُطْوَةٍ یَخْطُوْهَا أَجْرُ سَنَةٍ: صِیَامِهَا وقِیَامِهَا'' قال محمودٌ فی هذا الحدیثِ: قال وکیعٌ: اغْتَسَلَ هُوَ، وَغَسَّلَ امْرَأَتَهُ.

ویُرْوَی عن ابن المبارکِ، أَنَّه قال فی هذا الحدیث: مَنْ غَسَّلَ واغْتَسَلَ، یعنی غَسَلَ رَأْسَهُ واغْتَسَلَ.

وفی الباب: عن أبی بکرٍ، وعِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وسلمان، وأبی ذَرٍّ، وأبی سعیدٍ، وابنِ عمرَ، وأبی أَیُّوْبَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أَوْسِ بنِ أَوْسٍ حدیثٌ حسنٌ؛ وأبو الأَشْعَثِ الصَّنْعَانِیُّ: اسمُهُ شُرَحْبِیْلُ بنُ آدَةَ.

وضاحت: ہندوستانی نسخوں میں سند میں سفیان سے پہلے عن تھا اور مصری نسخہ میں حدثنا ہے اور وہی صحیح ہے کیونکہ ابو جناب حالت رفعی میں ہے، اگر عن ہوتا تو أبی جناب ہوتا، چنانچہ عن کی جگہ ہم نے نا لکھا ہے ——— اسی طرح مصری نسخہ میں قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور ہمارے نسخوں میں دوسرے قال کے بعد لی بھی ہے۔ مگر یہ حکم خاص طور پر حضرت اوس رضی اللہ عنہ کے لئے نہیں ہے بلکہ عام حکم ہے اس لئے لی کو حذف کیا ہے۔ جاننا چاہئے کہ ابو جناب یحییٰ بن ابی حیۃ کی علماء نے تدلیس کرنے کی وجہ سے تضعیف کی ہے (تقریب ۵۸۹) مگر یہاں چونکہ سفیان ثوری متابع ہیں اس لئے حدیث ٹھیک ہے۔

بابٌ فی الوُضُوْءِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

صرف وضو سے جمعہ پڑھنے کا بیان

جمعہ کے لئے غسل واجب ہے یا سنت؟ اس سلسلہ کے ابواب یہاں پورے ہو رہے ہیں اور گذشتہ سے پیوستہ باب اصحاب ظواہر کے لئے تھا اور اس باب میں جمہور کی دلیل ہے۔

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے جمعہ کے دن وضو کیا تو اس نے ٹھیک کیا، اور جس نے غسل کر کے جمعہ پڑھا تو غسل کرنا افضل ہے''

تشریح: اس حدیث نے دوٹوک فیصلہ کردیا کہ جمعہ کے دن غسل کرنا سنت ہے اور صرف وضو کرکے نماز پڑھنا بھی کافی ہے، اور یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے، مگر چونکہ قتادہ کے بعض تلامذہ اس کو مرسل بیان کرتے ہیں یعنی حضرت سمرۃ کا تذکرہ نہیں کرتے اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے صرف حسن کہا ہے۔ ورنہ فی نفسہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

جاننا چاہئے کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت سمرۃ سے سماع ہے یا نہیں؟ یعنی **عن الحسن عن سمرۃ بن جندب** والی سند موصول ہے یا منقطع؟ اس میں اختلاف ہے اور اصح قول یہ ہے کہ یہ سند موصول ہے یعنی حسن بصریؒ کی حضرت سمرۃ سے جتنی روایتیں ہیں وہ سب ان کی سنی ہوئی ہیں۔ تفصیل (۱:۴۸۵) میں گذر چکی ہے۔

جاننا چاہئے کہ پہلے (حدیث ۵۰۴ میں) حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کا جو واقعہ گذرا ہے اس سے امام شافعی رحمہ اللہ نے غسلِ جمعہ کے عدم وجوب پر استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: اگر غسل واجب ہوتا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ غسل کئے بغیر مسجد میں نہ آتے، وہ اس مسئلہ سے ناواقف ہوں یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے۔ اور اگر بالفرض یہ تسلیم کیا جائے کہ حضرت عثمانؓ یہ مسئلہ نہیں جانتے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو بیٹھنے کیوں دیا؟ حضرت عمرؓ ان کو واپس کرتے کہ جاؤ غسل کرکے آؤ، پھر مسجد صحابہ سے بھری ہوئی تھی اس وقت لوگوں میں نوے فیصد صحابہ تھے، کسی نے کیوں نہ کہا کہ امیر المؤمنین جمعہ کے دن غسل واجب ہے، لہٰذا ان کو واپس بھیجئے۔ کسی صحابی کا نکیر نہ کرنا عدمِ وجوبِ غسل پر اجماع ہے۔

فائدہ: اصحاب ظواہر کا استدلال ایک تو اس حدیث سے ہے جو پہلے گذری ہے کہ ''جو شخص جمعہ کے لئے آئے وہ غسل کرکے آئے'' جمہور اس حدیث میں امر برائے استحباب لیتے ہیں۔ اور دوسری دلیل آپؐ کا یہ ارشاد ہے: **الغُسْلُ واجبٌ علی کل مُحْتَلِمٍ**: جمعہ کے دن ہر بالغ پر غسل واجب ہے۔ ان کا استدلال لفظِ واجب سے ہے۔ اس استدلال کا عام طور پر یہ جواب دیا جاتا ہے کہ یہ شریعت والا واجب نہیں بلکہ واجب فی المروءۃ ہے یعنی احسان ونیکوکاری والا واجب ہے مگر یہ تاویل فہم سے بالاتر ہے۔

صحیح بات وہ ہے جو حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے کہ یہ حکم مخصوص حالات کے لئے تھا جبکہ مسجد نبوی چھپر تھی، چھت نیچی تھی، لوگ اون کے کپڑے پہنتے تھے، بذاتِ خود کھیتوں میں کام کرتے تھے، ملک گرم تھا، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ لوگ کھیتوں سے جمعہ کے وقت سیدھے مسجد میں آئے وہ پسینہ میں شرابور تھے، جس سے تعفن پیدا ہوا، جب آنحضرت ﷺ مسجد میں تشریف لائے تو آپ نے بدبو محسوس کی تو حکم دیا کہ کھیتوں سے سیدھے مسجد نہ آیا کرو، پہلے گھر جاؤ، غسل کرو، کپڑے بدلو پھر مسجد میں آؤ۔ پھر جب حالات بدل گئے۔ مسجد نبوی کشادہ ہوگئی، کھیتوں میں کام کرنے کے لئے غلام مل گئے کپڑے بھی اون کے نہ رہے تو حکم بدل گیا۔ اب غسل کی وہ سخت تاکید نہ رہی۔ اس توجیہ کا حاصل یہ ہے کہ مخصوص حالات میں غسل واجب تھا، پھر جب حالات بدلے تو وجوب

باقی نہ رہا۔مگر اگر حالات پلٹیں تو وہ وجوب لوٹ آئے گا۔

اس کی نظیر: زکوٰۃ میں مؤلفۃ القلوب کا حصہ خاص مصلحت سے رکھا گیا ہے۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب اسلام کا بول بالا ہوگیا تو وہ حکمت باقی نہ رہی، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مؤلفۃ القلوب کا حصہ موقوف کردیا۔لیکن وہ قیامت تک کے لئے موقوف نہیں ہوا،قرآن میں وہ آیت باقی ہے۔اگر آئندہ کبھی حالات ناگفتہ بہ ہوجائیں اور مسلمانوں کے احوال دور اول کے مسلمانوں کی طرح ہوجائیں تو مؤلفۃ القلوب کا حصہ دوبارہ شروع کیا جاسکتا ہے،مگر امیر المؤمنین نے موقوف کیا ہے پس زمانہ کا امیر المؤمنین ہی اس کو شروع کرسکتا ہے۔

اسی طرح جمعہ کے دن غسل کا جو حکم ہے وہ خاص احوال میں تھا جب حالات بدل گئے تو حکم باقی نہ رہا،مگر حدیثیں باقی ہیں،اگر خدانخواستہ حالات پلٹ جائیں یا کسی خاص جگہ کے احوال دور اول جیسے ہوں تو وہاں ان حدیثوں پر عمل ہوگا (حضرت عائشہ کی حدیث بخاری وقت الجمعة إذا زالت الشمس میں اور ابن عباس کی حدیث طحاوی میں ہے)

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جس نے وضو کی اور اچھی طرح وضو کی پھر جمعہ کے لئے آیا اور امام سے قریب بیٹھا،اور توجہ کے ساتھ خطبہ سنا اور خاموش رہا تو اس نے جو گناہ اس جمعہ سے گذشتہ جمعہ کے درمیان کئے ہیں وہ اور مزید تین دن کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے،یعنی کل دس دن کے گناہ معاف ہونگے،اور جس نے کنکری کو چھویا اس نے لغو کام کیا (یہ صغری ہے اور اس کا کبری ہے:ومن لَغَا فلا جُمُعَة له:جس نے لغو کام کیا اس کا ثواب گیا)

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے،اور اس کی دلالت بھی واضح ہے کہ غسل جمعہ واجب نہیں،اور اس حدیث میں مواظبت کی شرط بھی نہیں یعنی جس جمعہ میں بھی یہ سب باتیں جمع ہونگی یہ ثواب ملے گا۔اور یہ ثواب: الحَسَنَة بعشرة أمثالها کے ضابطہ کے مطابق ہے۔

[٢٤٢] بابٌ فی الوضوء یومَ الجمعة

[٥٠٦-] حدثنا أبو موسی محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا سعیدُ بنُ سفیانَ الجَحْدَرِیُّ، نا شعبةُ، عن قتادةَ، عن الحَسنِ، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:'' مَنْ تَوَضَّأَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَبِهَا ونِعْمَتْ،ومَنِ اغْتَسَلَ فالغُسْلُ أَفْضَلَ''

وفی الباب: عن أبی هریرةَ، وأنسٍ، وعائشةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ سَمُرَةَ حدیثٌ حسنٌ.

وقد رَوَی بعضُ أصحابِ قَتَادَةَ هذا الحدیثَ عن قتادةَ، عن الحَسَنِ، عن سَمُرَةَ، ورَوَی بَعضُهم عن قَتَادَةَ، عن الحَسَنِ، عن النبیِّ صلی الله علیهوسلم، مُرْسَلٌ.

والعَمَلُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ: اخْتَارُوْا

الغُسْلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ورَأَوْا أَنْ يُجزِئَ الوُضُوْءُ مِنَ الغُسْلِ يومَ الجمعةِ.

قال الشافعيُّ: وَمِمَّا يَدُلُّ عَلَى أَنَّ أَمْرَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بالغُسْلِ يومَ الْجُمُعَةِ: أَنَّهُ عَلَى الإِخْتِيَارِ لاَعَلَى الْوُجُوْبِ: حديثُ عُمَرَ حَيْثُ قال لعثمانَ: وَالوضوءُ أيْضًا! وقد عَلِمْتَ أَن رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بالغُسْلِ يومَ الْجُمُعَةِ، فلو عَلِمَا أَنَّ أَمْرَهُ عَلَى الْوُجُوْبِ، لاَ عَلَى الاِخْتِيَارِ، لَمْ يَتْرُكْ عُمَرُ عُثْمَانَ حَتّٰى يَرُدَّهُ، ويقولُ له: ارْجِعْ، فاغْتَسِلْ؛ ولَمَا خَفِيَ عَلَى عثمانَ ذلك مع عِلْمِهِ، ولكن دَلَّ هذا الحديثُ: أَنَّ الغُسْلَ يومَ الْجُمُعَةِ فيه فَضْلٌ، من غَيْرِ وجوبٍ يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ كذلك.

[٥٠٧-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو معاويَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن أبى صالحٍ، عن أبى هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ تَوَضَّأَ فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثم أَتَى الْجُمُعَةَ، فَدَنَا واسْتَمَعَ وَأَنْصَتَ: غُفِرَ لَهُ ما بَيْنَهُ وَبينَ الْجُمُعَةِ،وزِيَادَةُ ثلاثةِ أَيَّامٍ، ومَنْ مَسَّ الحَصَى فقد لَغَا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ:اس پر صحابہ اور بعد کے علماء کا عمل ہے۔پسند کیا انھوں نے جمعہ کے دن غسل کرنے کو اور دیکھی انھوں نے یہ بات کہ جمعہ کے دن غسل کی جگہ وضو کافی ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: ان میں سے جو دلالت کرتی ہیں (یہ خبر مقدم ہے) اس بات پر کہ رسول اللہ ﷺ کا جمعہ کے دن غسل کا حکم افضلیت پر محمول ہے، وجوب پر محمول نہیں ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے (یہ مبتدا مؤخر ہے) بایں طور کہ انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: ’’اچھا صرف وضو کر کے آئے ہو؟ حالانکہ آپ جانتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن غسل کا حکم دیا ہے‘‘ پس اگر دونوں (عمر و عثمان رضی اللہ عنہما) جانتے ہوتے کہ رسول اللہ ﷺ کا حکم وجوب کے طور پر ہے سنت کے طور پر نہیں ہے تو حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ کو نہ چھوڑتے یہاں تک کہ ان کو واپس کرتے اور ان سے کہتے واپس جاؤ اور غسل کر کے آؤ۔ اور البتہ حضرت عثمان پر پوشیدہ نہ ہوتا وجوب غسل کا حکم ان کے رتبۂ علم کے ساتھ (یعنی حضرت عثمان جیسا ذی علم صحابی یہ حکم نہ جانتا ہو یہ بات ممکن نہیں) لیکن یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ جمعہ کے دن غسل میں فضیلت ہے، ایسے وجوب کے بغیر جو آدمی پر واجب ہو اس طرح یعنی آدمی پر اس طرح واجب ہو کہ اس کے بغیر چارہ ہی نہ ہو (ویجب علی المرأ كذلك: غیر واجب کی تفسیر ہے)

فائدہ: فبِها ونِعْمَتْ: یہ دو مستقل جملے ہیں، اور ان کے درمیان واؤ عطف تفسیری ہے، اور فبھا کی تقدیر ہے فقد أَخَذَ بالخَصْلَةِ الْحَسَنَةِ: اس نے اچھی بات اختیار کی۔ اور نِعْمَتْ میں ھی ضمیر پوشیدہ ہے جو مخصوص بالمدح ہے اور وہ الخَصْلَةُ الحَسَنَةُ کی طرف لوٹتی ہے یعنی وہ اچھی بات بہت ہی اچھی ہے۔ اور دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے اور دوسرا جملہ پہلے جملہ کی تاکید ہے اس لئے علحدہ علحدہ استعمال کرنا بھی صحیح ہے اور ملا کر استعمال کرنا بھی درست ہے۔

بابُ ماجاءَ فی التَّبْکِیْرِ إِلَی الْجُمُعَۃِ

جمعہ کے لئے سویرے مسجد جانے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو جمعہ کے دن نہایا جنابت کے نہانے کی طرح (یہ منصوب بنزعِ خافض ہے أی کغُسلِ الجنابۃ۔ اور مراد اچھی طرح نہانا ہے اور بعض علماء فرماتے ہیں: اس جملہ میں اشارہ ہے کہ بیوی سے صحبت کر کے نہائے) پھر وہ مسجد گیا تو گویا اس نے ایک اونٹ کی قربانی کی یا صدقہ کیا (قربانی کا مفہوم ہے: ہر وہ چیز جس سے اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کیا جائے خواہ ذبیحہ ہو یا کچھ اور۔ اور قَرَّبَ کے معنی مجمع بحارالانوار میں أھدی تقرباً إلی اللہ تعالی کئے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ کی نزدیکی حاصل کرنے کے لئے کسی کو کوئی چیز دی، خواہ وہ ذبیحہ کا گوشت ہو، زندہ جانور ہو یا کوئی اور چیز ہو۔ اور بَدَنَۃ میں اونٹ، گائے، بھینس سب شامل ہیں، لیکن یہاں اونٹ مراد ہے، کیونکہ وہ بقرۃ کے مقابلہ میں آیا ہے) اور جو دوسری گھڑی میں گیا تو گویا اس نے گائے قربان کی یا صدقہ کی (اسی طرح آگے بھی دو دو ترجمے کریں) اور جو تیسری گھڑی میں گیا تو گویا اس نے سینگ دار مینڈھا قربان کیا، اور جو چوتھی گھڑی میں گیا تو گویا اس نے مرغی کی قربانی کی (نسائی میں اس سے پہلے بطخ کا بھی ذکر ہے) اور جو پانچویں گھڑی میں گیا تو گویا اس نے انڈے کی قربانی کی (نسائی میں اس سے پہلے چڑیا کا بھی ذکر ہے) پھر جب امام خطبہ کے لئے ممبر پر آتا ہے تو فرشتے (دفتر بند کر کے) مسجد میں (خطبہ سننے کے لئے) چلے آتے ہیں (یعنی اب جو آتا ہے اس کا اندراج نہیں ہوتا یعنی اس کے لئے (آنے کا) کوئی ثواب نہیں لکھا جاتا)

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ گھڑیاں زوال کے بعد سے شروع ہوتی ہیں اور وہ لحظاتِ خفیفہ ہیں، یعنی زوال کے بعد فوراً پہلی گھڑی شروع ہوتی ہے پھر فوراً دوسری اور تیسری گھڑیاں یکے بعد دیگرے شروع ہوتی ہیں۔ اور ان کی دلیل یہ ہے کہ حدیث میں لفظ رَاحَ آیا ہے جس کے معنی زوال کے بعد جانے کے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ گھڑیاں زوال کے بعد شروع ہوتی ہیں۔ اور آنحضور ﷺ بھی زوال کے بعد فوراً ممبر پر تشریف لاتے تھے، یہاں سے معلوم ہوا کہ یہ لحظات خفیفہ ہیں۔

اور دیگر تمام ائمہ فرماتے ہیں: یہ گھڑیاں جمعہ کے دن صبح صادق سے شروع ہوتی ہیں، اس لئے کہ ایک حدیث میں بَکَّرَ وابتکر آیا ہے۔ بَکَّرَ کے معنی ہیں: صبح کے وقت جانا۔ اور ابتکر اس کی تاکید ہے یعنی بالکل صبح میں جانا اور امام مالک رحمہ اللہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ راح جب غدا کے مقابل آئے تو اس کے معنی شام کے وقت جانے کے ہوتے ہیں، اور جب تنہا آئے تو اس کے معنی مطلق جانے کے ہوتے ہیں، خواہ شام میں جائے یا صبح میں، اور یہاں راح تنہا آیا ہے پس اس کے معنی مطلق جانے کے ہیں، اس لئے جمہور کے نزدیک یہ گھڑیاں جمعہ کے دن

صبح صادق کے بعد فوراً شروع ہوتی ہیں اور لمبی گھڑیاں ہیں۔

[۲۴۳] بابُ ماجاء فی التبکیر إلی الجمعة

[۵۰۸-] حدثنا إسحاقُ بنُ موسی الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ، عن سُمَیٍّ، عن أبی صالحٍ، عن أبی هریرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قال:'' مَنِ اغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ غُسْلَ الْجَنَابَةِ، ثُمَّ رَاحَ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ بَدَنَةً، ومَنْ رَاحَ فِی السَّاعَةِ الثَّانِیَةِ فَكَأَنَّما قَرَّبَ بَقَرَةً، ومَنْ رَاحَ فِی السَّاعَةِ الثَّالِثَةِ فَكَأَنَّمَا قَرَّبَ كَبْشًا أَقْرَنَ، ومَنْ رَاحَ فی السَّاعَةِ الرابِعَةِ فَكَأَنَّما قَرَّبَ دَجاجَةً، ومَنْ رَاحَ فِی الساعةِ الْخَامِسَةِ فَكَأَنَّما قَرَّبَ بَیْضَةً، فَإِذَا خَرَجَ الإِمَامُ حَضَرَتِ الْمَلاَئِكَةُ یَسْتَمِعُوْنَ الذِّكْرَ''

وفی الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وسَمُرَةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

الكَبْش: کسی بھی عمر کا مینڈھا، اس کی مادہ ضَأْنٌ ہے، اس کے مڑے ہوئے بڑے سینگ ہوتے ہیں۔ اگر اس کی دُم گول چکّی کی طرح بھاری ہو تو دنبہ کہلاتا ہے، اسے عربی میں خَرُوْف کہتے ہیں...... **أَقْرَن**: سینگ دار یہ صفتِ کاشفہ ہے...... **یستمعون الذكر**: حال ہے الملائکۃ سے۔

بابُ ماجاء فی تَرْكِ الْجُمُعَةِ مِنْ غَیْرِ عُذْرٍ

عذر شرعی کے بغیر جمعہ ترک کرنے پر وعید

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' جس نے (پے بہ پے) تین جمعے چھوڑ دیئے، جمعہ کے حق کو ہلکا سمجھتے ہوئے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل پر مہر لگا دیتے ہیں''

تشریح: حدیث میں اگر چہ متتابعات کی قید مذکور نہیں مگر وہ مراد ہے کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث میں متوالیات کی قید مذکور ہے (رواہ ابو یعلی) یعنی وعید لگاتار تین جمعہ چھوڑنے پر ہے۔ زندگی میں متفرق تین جمعہ چھوڑنے پر یہ وعید نہیں اور شرعی عذر سے جمعہ چھوڑنا اور ظہر پر اکتفا کرنا جائز ہے لیکن جمعہ کے حق کو ہیچ سمجھنا اور عذر کے بغیر ظہر پر اکتفا کرنا بڑی خطرناک بات ہے، ایسے شخص کے دل پر مہر لگ جاتی ہے، پھر شاید آئندہ اسے جمعہ پڑھنے کی توفیق نہ ہو۔

[۲۴۴] بابُ ماجاء فی ترك الجمعة من غیر عذر

[۵۰۹-] حدثنا علیُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عیسی بنُ یونسَ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن عَبِیْدَةَ بنِ سفیانَ، عن أبی الجَعْدِ، یعنی الضَّمْرِیَّ، وكانتْ له صُحْبَةٌ، فِیْمَا زَعَمَ محمدُ بنُ عَمْرٍو، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:'' مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ علی قَلْبِهِ''

وفی الباب: عن ابن عُمرَ، وابنِ عباسٍ، وسَمُرَةَ؛ قال أبو عيسى: حديثُ أبى الجَعْدِ حديثٌ حسنٌ.

قال: وسأَلْتُ محمداً عن اسم أبی الجَعْدِ الضَمْرِیِّ، فلم يَعْرِفْ اسْمَهُ. وقال: لَاأَعْرِفُ لَهُ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إِلَّا هٰذا الحديثَ.

قال أبو عيسى: ولاَ نَعْرِفُ هٰذا الحديثَ إِلَّا مِنْ حديثِ محمدِ بنِ عَمْرٍو.

وضاحت: یہ حدیث ابوالجعد الضمری رضی اللہ عنہ کی ہے۔ محمد بن عمرو کے خیال میں وہ صحابی ہیں اور قلیل الروایہ صحابی ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا کہ ان کا نام کیا ہے؟ تو امام بخاری کو ان کا نام معلوم نہیں تھا اور فرمایا کہ ان کی یہی ایک حدیث ہے (مگر دیگر محدثین کہتے ہیں کہ ان کی ایک روایت اور بھی ہے جو مسند بزار میں ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: محمد بن عمرو سے آخر تک حدیث کی یہی ایک سند ہے۔

بابُ ماجاءَ مِنْ كَمْ يُؤْتَى إلى الجُمُعَةِ؟

جمعہ کے لئے کتنی دور سے آنا ضروری ہے؟

محلِ اقامت جمعہ کے لوگوں پر جمعہ فرض ہے یہ متفق علیہ ہے اور شہر سے قریب جو علحدہ بستیاں ہیں ان کے باشندوں پر کتنی دور تک جمعہ فرض ہے؟ اس میں احناف کے یہاں آٹھ قول ہیں۔ ان میں سے ایک قول یہ ہے کہ جو بستی اتنی دور ہو کہ شہر میں جمعہ پڑھ کر پیدل سورج غروب ہونے سے پہلے گھر پہنچ جائیں تو اس بستی کے لوگوں پر جمعہ پڑھنے کے لئے شہر آنا ضروری ہے۔ یہی امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے اور اس قول کی تعبیر ہے: الجمعةُ على مَن آواهُ الليلُ إلى أَهلِه: جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر والوں میں ٹھکانہ دے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ جامع مسجد کی اذان کی آواز اس بستی تک پہنچتی ہو تو وہاں کے لوگوں پر جمعہ فرض ہے۔ یہ امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب ہے۔ اور امام ترمذی اور ابن العربی نے امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب بیان کیا ہے۔ اور احناف کے یہاں مفتی بہ قول یہ ہے کہ محلِ اقامتِ جمعہ میں رہنے والوں پر جمعہ فرض ہے مثلاً دیوبند میں جمعہ ہوتا ہے تو دیوبند کے باشندوں پر جمعہ فرض ہے، اور آس پاس جو علحدہ بستیاں ہیں وہاں کے لوگوں پر جمعہ فرض نہیں، البتہ جو بستیاں بہت زیادہ دور نہیں ہیں ان کے باشندوں کو جمعہ پڑھنے کے لئے شہر آنا چاہئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مدینہ میں مسجد نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں، مگر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی مسجد میں جمعہ قائم کرنے کی اجازت نہیں دی تھی، جمعہ صرف مسجد نبوی میں ہوتا تھا، اور قبا (گاؤں) سے اور عوالی کے

گاؤں سے لوگ نوبت بہ نوبت جمعہ پڑھنے کے لئے مسجد نبوی میں آتے تھے، ایک گھر میں دو آدمی ہوتے تو ایک اس ہفتہ آتا دوسرا دوسرے ہفتہ آتا، اس طرح لوگ باری باری آتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ شہر کے قریب رہنے والوں پر جمعہ فرض نہیں، مگر ان کو جمعہ پڑھنے کے لئے آنا چاہئے۔

پہلی حدیث: ثُوَیْر: قبا گاؤں کے ایک باشندے سے اور وہ اپنے والد سے جو صحابی ہیں روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا تھا کہ ہم جمعہ پڑھنے کے لئے قبا سے مدینہ آئیں۔

تشریح: یہ حدیث اولاً تو ضعیف ہے أبو فَاخِتَة ثویر بن علاقة نہایت ضعیف راوی ہے پھر اس کا استاذ مجہول ہے، بلکہ استاذ الاستاذ بھی مجہول ہے، مگر ان کی جہالت مضر نہیں کیونکہ وہ صحابی ہیں، مگر ان سے روایت کرنے والے کی جہالت مضر ہے۔ ثانیاً حدیث میں جو حکم ہے وہ استحبابی ہے، چنانچہ احناف بھی یہی کہتے ہیں کہ شہر سے قریب بستیوں میں رہنے والوں کو جمعہ پڑھنے کے لئے شہر آنا چاہئے۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر میں ٹھکانہ دے''

تشریح: یہ حدیث بھی انتہائی ضعیف ہے کیونکہ اس کی سند میں مسلسل تین راوی: حجاج بن نُصیر، معارک بن عباد اور عبداللہ بن سعید مقبری ضعیف ہیں، احمد بن الحسن کہتے ہیں: ہم لوگ امام احمد رحمہ اللہ کے پاس تھے، مجلس میں یہ مسئلہ چھڑا کہ جمعہ کن لوگوں پر فرض ہے؟ امام احمد رحمہ اللہ نے کوئی مرفوع حدیث بیان نہیں کی تو احمد بن الحسن نے کہا: اس مسئلہ میں مرفوع حدیث موجود ہے، امام احمدؒ کو یہ سن کر اچنبا ہوا، انھوں نے کہا: مرفوع حدیث؟ احمد نے کہا: ہاں۔ پھر انھوں نے سند کے ساتھ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث بیان کی۔ امام احمد یہ حدیث سن کر سخت غصے ہوئے اور فرمایا: توبہ کرو! توبہ کرو!! یعنی یہ حدیث انتہائی ضعیف ہے، مسائل میں پیش کرنے کے قابل نہیں۔

جمعہ فی القُری کا مسئلہ:

اس باب میں جو حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے قبا کے باشندوں کو حکم دیا تھا کہ وہ جمعہ پڑھنے کے لئے مدینہ آئیں اس سے یہ بات واضح ہوئی کہ ہر بستی میں جمعہ درست نہیں اور ہر بستی والوں پر جمعہ فرض بھی نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو قبا والے اپنے گاؤں میں جمعہ قائم کرتے یا سارے مدینہ منورہ میں جمعہ پڑھنے کے لئے آتے۔ ان حضرات کا باری باری آنا واضح دلیل ہے کہ گاؤں والوں پر جمعہ فرض نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ایک تو فرضیت کا درجہ ہے اور دوسرا صحتِ جمعہ کا مرتبہ ہے۔ شہر والوں پر تو جمعہ فرض ہے اگر وہ ظہر پڑھیں گے تو گناہ گار ہونگے، اور قصبات اور بڑے دیہاتوں میں جمعہ صرف درست ہے یعنی وہاں کے باشندے اگر جمعہ پڑھیں گے تو وقت کا فریضہ ادا ہو جائے گا، لیکن اگر وہ ظہر پڑھیں تو بھی درست ہے، ترکِ فرض کا گناہ نہیں ہوگا، کیونکہ جمعہ ان پر فرض نہیں۔ قہستانی میں ہے: تَقَعُ فرضاً فی القَصَبات والقُری الکبیرةِ (شامی

ا:۵۹۰باب الجمعۃ) فرض واقع ہونے کا یہی مطلب ہے کہ ان پر جمعہ فرض تو نہیں لیکن اگر وہ جمعہ پڑھیں تو فرض وقت ادا ہوجائے گا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: لاجمعةَ و لا تشريقَ إلا في مِصْرٍ جامعٍ یعنی جمعہ اور عید کی نماز بڑے شہر ہی میں ہے، یعنی انہی لوگوں پر فرض ہے، اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: گاؤں والوں پر جمعہ نہیں، جمعہ صرف مدائن جیسے شہر والوں پر ہے۔ اس میں بھی فرضیت کے درجہ کا بیان ہے۔

غرض یہ ایک خاص فرق ہے جس کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے۔ عام طور پر لوگ اس کو نہیں جانتے۔ وہ شہر، قصبات اور بڑے دیہاتوں کو ایک ہی حکم میں رکھتے ہیں، اور سب پر جمعہ فرض سمجھتے ہیں، جمعہ فرض صرف شہر والوں پر ہے۔ اور قصبات اور بڑی بستیوں میں جمعہ درست ہے، رہی یہ بات کہ جمعہ کی صحت کے لئے کس درجہ کا تمدن اور کتنی بڑی جماعت ضروری ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک شہر، قصبہ یا بڑا گاؤں ہونا ضروری ہے جس میں گلی کوچے اور بازار ہوں، اور کم از کم چار آدمیوں کی شرکت نماز میں ضروری ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک: ایسی بستی ضروری ہے جس کے مکانات متصل ہوں، اور اس میں ایسا بازار ہو جس سے بستی کی ضروریات پوری ہوتی ہوں، اور جماعت میں کم از کم بارہ آدمی شرط ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: جس بستی میں چالیس آزاد عاقل بالغ مرد بستے ہوں اس میں جمعہ ہوسکتا ہے اور جماعت میں بھی یہی تعداد شرط ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قرآن کریم میں سورۃ الجمعہ میں جو ارشاد پاک ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ﴾ الی آخر السورۃ۔ ان آیات میں شہر والوں پر جمعہ فرض ہونے کا بیان ہے۔ اذان سن کر اللہ تعالیٰ کی یاد کی طرف چل پڑنا اور خرید وفروخت موقوف کردینا، شہروں ہی میں ہوتا ہے، شہروں کی معیشت کاروبار پر مبنی ہوتی ہے۔ اسی طرح نماز جمعہ پوری ہونے کے بعد زمین میں پھیل جانا اور اللہ کا رزق تلاش کرنا بھی شہر کی طرف مشیر ہے۔ اسی طرح کھیل تماشہ اور مشغولیات کی چیزیں بھی شہر ہی میں ہوتی ہیں۔ اور نبی ﷺ نے بھی اپنی حیاتِ مبارکہ میں مدینہ، مکہ اور جواثی میں جو بحرین کا ایک شہر ہے: جمعہ کی اجازت دی تھی کیونکہ جمعہ ایسے ہی شہریوں پر فرض ہے۔ اور بڑا گاؤں وہ ہے جو ہر علاقے کا مرکزی مقام سمجھا جاتا ہے، اور گاؤں والوں کی ضروریات وہاں سے پوری ہوتی ہیں، یعنی اس کی شان قصبے جیسی ہونی چاہئے تو وہاں بھی جمعہ درست ہے اور جو بستیاں اس سے چھوٹی ہیں وہ چھوٹے گاؤں ہیں۔ ان میں مذہب حنفی کی رو سے جمعہ درست نہیں۔ لیکن ایک جزئیہ فقہ میں یہ ہے کہ اگر کسی ایسی بستی میں جہاں جمعہ درست نہیں حاکم وقت کی اجازت سے جمعہ قائم کیا جائے تو وقت کا فریضہ ادا ہوجائے گا۔ اور جس ملک میں اسلامی حکومت قائم ہی نہیں ہوئی یا اب باقی نہیں رہی وہاں بہت سے مسائل میں اور خاص طور پر جمعہ قائم کرنے کے سلسلہ میں جماعت مسلمین کے فیصلہ کو حاکم وقت کے حکم کے قائم مقام گردانا گیا ہے۔ اس لئے مفتیانِ کرام نے یہ بھی فتوی دیا ہے کہ جن دیہاتوں میں جمعہ پڑھا جاتا ہے ان کو باقی رکھا جائے، کیونکہ اس کو موقوف کرنے میں فتنہ ہے۔ اور

ایسے ممالک میں ایسی کوئی بالائی طاقت نہیں جو فتنہ فرو کرے، پھر مسئلہ مجتہد فیہ ہے اس لئے ایسے دیہاتوں میں جمعہ قائم تو نہ کیا جائے لیکن جہاں پرانے زمانہ سے قائم ہے اس کو موقوف بھی نہ کیا جائے۔

[٢٤٥] بابُ ماجاء من كم يؤتى إلى الجمعة؟

[٥١٠-] حدثنا عبدُ بنُ حُمَيْدٍ، ومحمدُ بنُ مَدُّوْيَةَ، قالا: حدثنا الفَضْلُ بن دُكَيْنٍ، نا إسرائيلُ، عن ثُوَيْرٍ، عن رَجُلٍ من أهلِ قُبَاءَ، عن أبيهِ، وكان مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: أَمَرَنَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَشْهَدَ الْجُمُعَةَ مِنْ قُبَاءَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوجهِ، ولا يَصِحُّ فى هذا البابِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم شيئٌ.

وقد رُوِىَ عن أبى هريرةَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال:" الجمعةُ عَلَى مَنْ آوَاهُ اللَّيْلُ إلى أَهْلِهِ"وهذا حديثٌ إسنادُه ضعيفٌ، إنّما يُرْوَى مِنْ حديثِ مُعَارِكِ بنِ عَبَّادٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سعيدٍ المَقْبُرِيِّ، وضعَّفَ يحيىَ بنُ سعيدٍ القَطَّانُ: عبدَ اللّٰهِ بنَ سعيدٍ المَقْبُرِيَّ فى الحديثِ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ على مَنْ تَجِبُ عَلَيْهِ الْجُمُعَةُ؟ فقال بعضُهُمْ: تَجِبُ الْجُمُعَةُ عَلَى مَنْ آوَاهُ اللَّيْلُ إلى مَنْزِلِهِ، وقال بعضُهم: لاَتَجِبُ الْجمعةُ إلَّا على مَنْ سَمِعَ النداءَ، وهو قولُ الشافعيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

[٥١١-] سمعتُ أحمدَ بنَ الحسنِ يقولُ: كُنَّا عِندَ أحمدَ بنِ حَنْبَلٍ، فَذَكَرُوْا على مَنْ تَجِبُ الْجمعةُ؟ فَلَمْ يَذْكُرْ أحمدُ فيه عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، قال أحمدُ بنُ الحسنِ: فَقُلْتُ لِأَحْمَدَ بنِ حَنْبَلٍ: فيه عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال أحمدُ بنُ حنبلٍ: عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قلتُ: نعم حدثنا الحَجَّاجُ بنُ نُصَيْرٍ، نا مُعَارِكُ بنُ عَبَّادٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سعيدٍ المَقْبُرِيِّ، عن أبيه، عن أبى هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال:" الجمعةُ على مَن آواهُ الليلُ إلى أَهْلِهِ" فَغَضِبَ عَلَيَّ أحمدُ، وقال: استَغْفِرْ رَبَّكَ! اسْتَغْفِرْ رَبَّك! وإِنَّمَا فَعَلَ به أحمدُ بنُ حنبلٍ هٰذا: لِأَنه لم يَعُدَّ هذا الحديثَ شَيْئًا، وَضعَّفَهُ لِحَالِ إسنادِهِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر اسی سند سے اور اس باب میں یعنی کتنی دور سے جمعہ پڑھنے کے لئے شہر آنا ضروری ہے؟ رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث ثابت نہیں۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر میں ٹھکانہ دے'' اور

یہ ایسی حدیث ہے جس کی سند ضعیف ہے۔ یہ حدیث معارک بن عباد ہی کی سند سے مروی ہے، وہ عبداللہ بن سعید مقبری سے روایت کرتا ہے، اور یحییٰ قطان نے عبداللہ بن سعید مقبری کو حدیث میں ضعیف قرار دیا ہے۔

اور اہل علم نے اس شخص کے بارے میں جس پر جمعہ واجب ہے اختلاف کیا ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ جمعہ اس شخص پر واجب ہے جس کو رات اس کے گھر میں ٹھکانہ دے، اور بعض علماء کہتے ہیں: جمعہ واجب نہیں مگر اس پر جو اذان کی آواز سنے، اور یہ شافعی احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے۔ پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی سند سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث (نمبر ۵۱۱) بیان کی ہے جس کا ترجمہ اوپر آ گیا۔

بابُ ماجاءَ فی وَقْتِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے وقت کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ ظہر کی طرح جمعہ کا وقت بھی زوال کے بعد شروع ہوتا ہے۔ البتہ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زوال سے پہلے بھی جس وقت عیدین پڑھی جاتی ہیں یعنی دس گیارہ بجے جمعہ پڑھ لیا جائے تو جائز ہے، لیکن افضل زوال کے بعد جمعہ پڑھنا ہے۔ باقی سب ائمہ کے نزدیک زوال کے بعد ہی جمعہ پڑھنا صحیح ہے۔ اگر زوال سے پہلے جمعہ پڑھ لیا گیا تو اس کا اعادہ ضروری ہے۔ جمہور کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جمعہ پڑھا کرتے تھے جس وقت سورج ڈھلتا ہے یعنی زوال کے بعد فوراً جمعہ پڑھتے تھے —— مگر یہ حدیث فعلی ہے، اور فعلی حدیث سے وجوب ثابت نہیں ہوتا۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل وہ حدیث ہے جو آگے آئے گی۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ہم لوگ دوپہر کا کھانا اور قیلولہ جمعہ کے بعد کیا کرتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں دو کھانے تھے، ایک: دن میں گیارہ بجے، دوسرا: مغرب کے بعد کھایا جاتا تھا۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ جب صبح کا کھانا اور قیلولہ جمعہ کے بعد کرتے تھے تو یقیناً حضور اکرم ﷺ اس سے پہلے یعنی دس بجے کے قریب جمعہ پڑھتے ہونگے۔ معلوم ہوا کہ زوال سے پہلے بھی جمعہ جائز ہے۔ اسی طرح عبداللہ بن سیدان سُلمی کی ایک روایت ہے جس میں خلفائے راشدین کا زوال سے پہلے جمعہ پڑھنا مروی ہے اور وہ روایت مسند احمد اور مصنف ابن ابی شیبہ میں ہے۔ مگر یہ حدیث محکم نہیں کیونکہ اس حدیث کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ جمعہ کے دن صحابہ دوپہر کا کھانا اور قیلولہ وقت پر نہیں کرتے تھے بلکہ جمعہ کی وجہ سے دونوں کو مؤخر کرتے تھے اس لئے کہ جمعہ کے لئے مسجد میں جلدی جانا صحابہ کا معمول تھا اور کھانا کھا کر جمعہ پڑھنے کے لئے جانے کی صورت میں طبیعت میں کسل پیدا ہوتا ہے، اس لئے صحابہ کھانے کو اور قیلولہ کو جمعہ کی وجہ سے مؤخر کرتے تھے۔ پس امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل ناطق نہیں۔ اور عبداللہ بن سیدان

والی روایت کا جواب معارف السنن (۳۵۶:۴) میں ہے۔

اور جمہور کی مذکورہ دلیل فعلی حدیث ہے جس سے فی نفسہ وجوب ثابت نہیں ہوسکتا لیکن اگر اس کے ساتھ یہ بات ملائی جائے کہ جمعہ: ظہر کا قائم مقام ہے اور ظہر کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے، پھر اس کے قائم مقام کا وقت اس سے پہلے کیسے شروع ہوسکتا ہے؟ اور ساتھ میں یہ بات بھی پیش نظر رکھی جائے کہ نبی ﷺ سے زوال سے پہلے جمعہ پڑھنا کسی محکم دلیل سے ثابت نہیں تو جمہور کی بات بہت وزنی ہوجاتی ہے۔

فائدہ: علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری میں پھر وہاں سے علامہ بنوری نے معارف السنن میں یہ بات نقل کی ہے کہ نبی ﷺ گرمیوں میں بھی اور سردیوں میں بھی زوال کے بعد فوراً جمعہ پڑھتے تھے۔ گرمیوں میں وقت ٹھنڈا کر کے جمعہ پڑھنا حضور اکرم ﷺ کا معمول نہیں تھا، پس بعض احناف جو زوال سے ایک دو گھنٹے کے بعد جمعہ پڑھتے ہیں یہ غلط طریقہ ہے، یہ آنحضور ﷺ کی سنت مستمرہ کی خلاف ورزی ہے، اس کو بدلنا ضروری ہے، اللہ تعالیٰ اصلاح کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۲٤٦] بابُ ماجاء فی وقت الجمعة

[٥١٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا سُرَيْجُ بنُ النُّعْمَانِ، نا فُلَيْحُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن عثمانَ بنِ عبدِ الرحمنِ التَّيْمِيِّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کانَ یُصَلِّی الْجمعةَ حینَ تمیلُ الشمسُ.

حدثنا یحییَ بنُ موسی، نا أبو داودَ الطَّیَالِسِیُّ، نافُلَیْحُ بنُ سُلَیْمَانَ، عن عثمان بنِ عبدِ الرحمنِ التَّیْمِیِّ، عن أنسٍ، نحوه.

وفی البابِ: عن سَلَمَةَ بنِ الْأَكْوَعِ، وجابرٍ، والزُّبَيْرِ بنِ العَوَّامِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وهو الذی أَجْمَعَ علیهِ أکثرُ أهلِ العلمِ: أَنَّ وقتَ الجمعةِ إذا زالت الشمس کوقت الظهر، وهو قول الشافعی، وأحمد، وإسحاق، ورأی بعضُهم أن صلاةَ الجمعة إِذاصُلِّیَتْ قَبْلَ الزَّوَالِ: أَنَّهَا تجوزُ أَیْضًا،وقال أحمدُ: ومن صَلَّاها قبلَ الزوالِ، فإنهُ لَمْ یَرَ علیهِ إعادةً.

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت فلیح کے دو شاگردوں سریج اور ابو داؤد طیالسی کی سندوں سے مروی ہے اور کوقت الظھر میں جمہور کے استدلال کی طرف اشارہ ہے۔ اور بعض کا خیال یہ ہے کہ اگر جمعہ کی نماز زوال سے پہلے پڑھ لی جائے تو بھی درست ہے اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: جو شخص زوال سے پہلے جمعہ پڑھ لے تو اس پر امام احمد کے نزدیک اعادہ نہیں۔

بابُ ماجاء فی الخطبة علی المنبر

ممبر پر خطبہ دینے کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ ممبر پر خطبہ دینا سنت ہے۔ اگر ممبر نہ ہو تو نیچے کھڑے ہو کر خطبہ دینا بھی جائز ہے۔ مسجد نبوی میں پہلے آنحضور ﷺ نیچے کھڑے ہو کر خطبہ دیا کرتے تھے، اور ممبر سے مراد ہر اونچی چیز ہے جیسے کرسی، ٹیبل وغیرہ، کسی بھی اونچی چیز سے خطبہ دیا جائے تو سنت ادا ہو جائے گی اور مقصد سامعین تک آواز پہنچانا ہے۔ چونکہ جمعہ میں مجمع زیادہ ہوتا ہے اس لئے بلند جگہ سے خطبہ دیا جائے تو سب کو آواز پہنچے گی اور سب خطیب کو دیکھ بھی سکیں گے، مقرر کو دیکھنے سے اس کے اشاروں اور چہرے کے اتار چڑھاؤ کے ملاحظہ سے بھی بات سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کھجور کے ایک تنے کے پاس کھڑے ہو کر خطبہ دیا کرتے تھے، پھر جب ممبر رکھا گیا تو وہ ستون بلکنے لگا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ اس کے پاس آئے اور اس کو اپنے بدن سے چپکایا، پس اس کا بلکنا بند ہوا۔

تشریح: مسجد نبوی کھجور کے ایک باغ میں بنائی گئی تھی۔ وہ باغ دو یتیموں کا تھا۔ آنحضور ﷺ نے وہ باغ خرید کر اس کے درخت کٹوا دیئے اور مسجد بنائی، اور کھجور کے درختوں کے تنے ستونوں کی جگہ لگائے۔ اور اس کے پتوں کا چھپر بنایا جو مسجد کی چھت بنا، آپؐ جب خطبہ دیتے تو کھجور کے ایک تنے سے ٹیک لگا کر کھڑے ہوتے تھے، پھر جب مسجد میں ممبر رکھا گیا تو آپؐ خطبہ دینے کے لئے ممبر پر چڑھے تو وہ تنا بلند آواز سے رونے لگا، اور اس کے بلکنے کی آواز سب حاضرین نے سنی، آنحضرت ﷺ ممبر سے اترے اور تنے کے پاس تشریف لے گئے اور اس کو سینے سے چمٹایا تو اس نے رونا بند کیا، پھر وہ تنا اکھاڑ کر ممبر کے نیچے دفن کیا گیا۔ یہ آنحضور ﷺ کے معجزات کی روایتوں میں سے ایک روایت ہے۔

[۲۴۷] بابُ ماجاء فی الخطبة علی المنبر

[۵۱۳-] حدثنا أبو حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عليٍّ الفَلَّاسُ، نا عثمانُ بنُ عُمرَ، ويحيى بنُ كَثيرٍ، أبوغَسَّانَ العَنْبَرِيُّ، قالا: حدثنا معاذُ بنُ العَلاَءِ، عن نافعٍ، عن ابن عُمَرَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يَخْطُبُ إلى جِذْعٍ، فلما اتُخِذَ المنبرُ حَنَّ الجِذْعُ، حتى أتَاهُ، فَالْتَزَمَهُ، فسَكَنَ.

وفى الباب: عن أنسٍ، وجابرٍ، وسهلِ بنِ سعدٍ، وأُبَيِّ بنِ كعبٍ، وابنِ عباسٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ.

قال أبوعيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ؛ ومعاذُ بنُ العَلاَءِ: هو بَصْرِيٌّ أخو أبي عَمْرِو بنِ العَلاَءِ.

نوٹ: ابوعمرو بن العلاء: علم نحو کے مشہور امام اور سات قاریوں میں سے ہیں، معاذ ان کے بھائی ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الجُلُوْسِ بَیْنَ الْخُطْبَتَیْنِ

دو خطبوں کے درمیان بیٹھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب اور امام احمد رحمہ اللہ کی مشہور روایت یہ ہے کہ جمعہ کے دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھنا فرض ہے، اگر بیٹھا نہ گیا تو نماز صحیح نہ ہوگی۔ یعنی ان دو اماموں کے نزدیک نماز جمعہ کی صحت کے لئے دو خطبے شرط ہیں، ایک خطبہ سے نماز صحیح نہ ہوگی۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک خطبوں کے درمیان بیٹھنا سنت ہے یعنی ان دو اماموں کے نزدیک صحت جمعہ کے لئے صرف خطبہ شرط ہے، دو خطبے ضروری نہیں، ان کی دلیل سورۂ جمعہ کی آیت ۹ ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿فَاسْعَوْا إِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ﴾ اس آیت میں صرف خطبہ کا ذکر ہے دو خطبوں کی کوئی قید نہیں۔ اور وہ حدیثیں جن میں آنحضور ﷺ کا دو خطبوں کے درمیان بیٹھنا مروی ہے وہ اخبار آحاد اور فعلی روایات ہیں اور خبر واحد خواہ کتنی ہی اعلیٰ درجہ کی ہو اس سے قرآن پر زیادتی جائز نہیں نیز فعل سے وجوب بھی ثابت نہیں ہوسکتا۔ البتہ خبر واحد پر فی نفسہ عمل ضروری ہے۔ پس ﴿فَاسْعَوْا إِلٰی ذِکْرِ اللّٰهِ﴾ سے نفسِ خطبہ شرط قرار پائے گا۔ اور حدیث کی وجہ سے دو خطبے اور ان کے درمیان بیٹھنا سنت ثابت ہوگا۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک چونکہ اعلیٰ درجہ کی خبر واحد سے قرآن پر زیادتی جائز ہے اس لئے چھوٹے دو اماموں نے اپنے اصول کے مطابق قرآن پر زیادتی کی اور فرمایا کہ قرآن سے نفس خطبہ کا وجوب اور حدیث سے دو خطبوں کا اور ان کے درمیان بیٹھنے کا وجوب ثابت ہوا، پس دو خطبے نماز جمعہ کی صحت کے لئے شرط ہیں۔

جاننا چاہئے کہ امام مالک رحمہ اللہ بھی اعلیٰ درجہ کی خبر واحد سے قرآن پر زیادتی جائز کہتے ہیں مگر یہاں انھوں نے اپنا اصول چھوڑ دیا ہے۔ اور حنفیہ کے ساتھ ہوگئے ہیں۔ غرض تین امام اپنے اصولوں پر ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ اپنے اصول سے ہٹ گئے ہیں۔

[۲۴۸] بابُ ماجاء فی الجلوس بین الخطبتین

[۵۱۴-] حدثنا حُمیدُ بنُ مَسْعَدَۃَ البَصْرِیُّ، نا خالِدُ بنُ الحارثِ، نا عُبَیْدُ اللّٰہِ بنُ عُمرَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کان یَخْطُبُ یَوْمَ الجمعۃِ، ثم یَجْلِسُ، ثم یَقُوْمُ فیَخْطُبُ، قال: مِثْلَ مَا یَفْعَلُوْنَ الیومَ.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰہِ، وجابرِ بنِ سَمُرَۃَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَر حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وھو الذی رآہُ أھلُ العلمِ أَنْ یَفْصِلَ بَین الخُطْبَتَیْنِ بِجُلُوْسٍ.

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دیا کرتے تھے پھر بیٹھتے تھے، پھر کھڑے ہوتے تھے، پس خطبہ دیتے تھے، ابن عمرؓ نے فرمایا: جس طرح آج کے ائمہ کرتے ہیں ـــــ اور یہ وہ بات ہے جس کے علماء قائل ہیں یعنی خطبوں کے درمیان بیٹھ کر فصل کرے۔

بابُ ماجاءَ فی قِصَرِ الْخُطْبَةِ

مختصر خطبہ دینے کا بیان

حدیث: جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھا کرتا تھا پس آپؐ کی نماز بھی درمیانی تھی اور آپؐ کا خطبہ بھی درمیانی تھا۔

تشریح: مسلم شریف میں حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إنّ طُوْلَ صَلاَۃِ الرجلِ وقِصَرَ خُطْبَتِہِ مِئَنَّةٌ من فِقْھِہ (۱۵۸:۶ مصری) یعنی آدمی کی نماز کا لمبا ہونا اور اس کے خطبہ کا مختصر ہونا اس کے سمجھ دار ہونے کی علامت ہے۔ اس لئے کہ لمبی تقریر کرنا مشکل نہیں۔ اور تھوڑے وقت میں اور کم الفاظ میں مافی الضمیر ادا کرنا اور اس کو سمجھا دینا مشکل کام ہے۔

امریکہ کے صدر ابراہیم لنکن کا مشہور واقعہ ہے۔ یہ شخص غضب کا مقرر تھا۔ نامہ نگاروں نے اس سے پوچھا: اگر آپ کو ایک موضوع دیا جائے اور بولنے کے لئے دس منٹ دیئے جائیں تو آپ کتنے دن میں اس کی تیاری کرلیں گے؟ اس نے کہا: دو ہفتے میں۔ نامہ نگاروں نے کہا: اگر بیس منٹ وقت دیا جائے تو؟ اس نے کہا: ایک ہفتہ میں تیاری کرلونگا۔ نامہ نگاروں نے کہا: اگر تیس منٹ وقت دیا جائے تو؟ اس نے جواب دیا: اس کے لئے کسی تیاری کی ضرورت نہیں، آپ جب چاہیں ایسی تقریر مجھ سے کرالیں ـــــ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے۔ جب انھوں نے یزید کو جانشین بنانا چاہا تو ملک کے ارباب حل وعقد کو بلا کر دربار منعقد کیا اور ایک شخص کو موضوع پر تقریر کے لئے کہا۔ وہ مقرر دربار میں فوجی لباس میں آیا، اور اس نے تقریر کی: أیھا الناس! ھذا أمیر المؤمنین (اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا) وبعدَہ ھذا (اور یزید کی طرف اشارہ کیا) وإلا فھذا (اور اس نے تلوار سونتی) اور بیٹھ گیا۔ مجمع کو سانپ سونگھ گیا، سب کی زبانیں گنگ ہوگئیں اور اسی مجلس میں سب نے یزید کے ہاتھ پر بیعت کرلی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے اس مقرر سے فرمایا: أنتَ أخطبُ العرب: آپ عرب کے سب

سے بڑے مقرر ہیں۔ غرض مختصر وقت میں موضوع کا حق ادا کرنا مشکل ہوتا ہے، یہ کام سمجھ دار ہی کرسکتا ہے۔ آج کے ائمہ کا عمل الٹا ہے۔ ان کا خطبہ آدھے گھنٹہ کا ہوتا ہے پھر نماز سورۂ والتین اور سورۂ قدر سے پڑھا دیتے ہیں اور دعوی مصلحت کا کرتے ہیں، حالانکہ اگر لوگوں کی مصلحت کا اتنا ہی خیال ہے تو خطبہ مختصر دینا چاہئے اور نماز سنت کے مطابق پڑھانی چاہئے۔

فائدہ: جمعہ کا خطبہ محض ایک دینی تقریر اور بیان نہیں ہے بلکہ وہ ایک شعار بھی ہے، اور شعار میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی، ورنہ شعار باقی نہیں رہے گا، جیسے قرآن واذان: جہاں ہدایت کی کتاب اور نماز کی دعوت ہیں اسلام کے شعائر بھی ہیں، پس جس طرح ان کی زبان نہیں بدلی جاسکتی خطبہ بھی غیر عربی میں دینا درست نہیں۔ یہ بات تعامل امت کے خلاف ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جو پڑوسی ممالک فتح کئے تھے وہاں عربی نہیں بولی جاتی تھی، فارسی، رومی اور قبطی وغیرہ زبانیں بولی جاتی تھیں۔ اور اسلام تیزی سے پھیل رہا تھا، اس وقت ضرورت تھی کہ جمعہ کے خطبہ میں لوگوں سے ان کی زبان میں خطاب کیا جائے مگر صحابہ نے ایسا نہیں کیا —— اور اس کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح سرکاری زبان کے لئے نمود وظہور کے مواقع ضروری ہیں جن میں وہی سرکاری زبان استعمال کی جائے خواہ لوگوں کو اس کے سمجھنے میں کتنی ہی دشواری پیش آئے۔ اسی طرح اسلام کی سرکاری زبان عربی ہے اسی میں دین نازل ہوا ہے، اور اسی میں دین محفوظ ہے۔ اور اسلام کا بقاء عربی زبان کی بقاء کے ساتھ وابستہ ہے۔ پس اس کے نمود وظہور کے لئے بھی کچھ مواقع ضروری ہیں، جن میں وہ لوگوں کے سامنے آئے، اور لوگ اس سے واقف ہوں اور اس کو سیکھیں تا کہ اپنے مذہب کے اصل مصادر سے استفادہ کرسکیں۔ جمعہ کا خطبہ ایسا ہی عربی زبان کے نمود وظہور کا ایک موقعہ ہے اس کو کھونا نہیں چاہئے۔

مسئلہ: توارث وتعامل کے خلاف ہونے کی وجہ سے عربی کے علاوہ کسی بھی زبان میں خطبہ دینا مکروہ تحریمی ہے، البتہ اگر ''ذکر اللہ'' کا تحقق ہوجائے تو نماز جمعہ ہوجائے گی۔

[۲۴۹] بابُ ماجاء فی قِصَرِ الخطبةِ

[۵۱۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وهَنَّادٌ، قالا: نا أبو الْأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن جابرِ بنِ سَمُرَةَ، قال: كُنْتُ أُصَلِّيْ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فكانَتْ صَلَاتُهُ قَصْدًا وَخُطْبَتُهُ قَصْدًا.

وفی الباب: عن عَمَّارِ بنِ يَاسِرٍ، وابنِ أبی أَوْفٰی. قال أبو عيسى: حديثُ جابرِ بنِ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: قِصَر: بروزن عِنَبْ ہے اور قَصْدًا بمعنی متوسطاً ہے۔

بابُ ماجاء فی القِرَاءَ ةِ عَلَی الْمِنْبَرِ

خطبہ میں قرآن پڑھنے کا بیان

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: خطبہ میں کم سے کم ایک آیت پڑھنا ضروری ہے، اگر قرآن کی ایک آیت نہ پڑھی گئی تو خطبہ صحیح نہ ہوگا اور نماز بھی صحیح نہ ہوگی۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک صحتِ خطبہ کے لئے چار باتیں ضروری ہیں: اول: اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا۔ دوم: رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجنا، سوم: لوگوں کوتقوی کی وصیت کرنا، چہارم: کم ازکم ایک آیت تلاوت کرنا۔ ان چار باتوں میں سے ایک بات بھی رہ گئی تو نماز صحیح نہ ہوگی۔ اور باقی ائمہ کے نزدیک خطبہ میں کم ازکم ایک آیت تلاوت کرنا سنت ہے۔ خطبہ اس کے بغیر بھی صحیح ہے۔

حدیث: یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ممبر پر وَنَادَوْا يَامَالِكُ پڑھتے سنا (یعنی کسی خطبہ میں آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی)

تشریح: یہ فعلی حدیث ہے، اس سے خطبہ میں قرآن پڑھنے کا اشتراط ثابت نہیں ہوتا، زیادہ سے زیادہ سنت ہونا ثابت ہوتا ہے، اور خطبہ میں ایک آیت کی تلاوت سبھی فقہاء سنت مانتے ہیں۔

[۲۵۰] بابُ ماجاء فی القراءۃ علی المنبر

[۵۱۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ناسُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن عَطَاءٍ، عن صَفوانَ بنِ يَعْلَى بنِ أُمَيَّةَ، عن أبيهِ، قال: سمعتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ على الْمِنبَرِ ﴿وَنَادَوْا يَامَالِكُ﴾

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ. قال أبو عيسى: حديثُ يَعْلَى بنِ أُمَيَّةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وهو حديثُ ابنِ عُيَيْنَةَ.

وقد اخْتَارَ قومٌ مِن أهلِ العلمِ أَنْ يَقْرَأَ الإِمَامُ فی الخطبةِ آيًا مِنَ الْقُرآن.

قال الشافعیُّ: وإِذَا خَطَبَ الإمامُ فَلَمْ يَقْرَأْ فی خُطْبَتِهِ شَيْئًا مِنَ الْقرآنِ أَعَادَ الخُطْبَةَ.

ترجمہ: یعلی بن امیہ رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح غریب ہے اور یہ ابن عیینہ کی حدیث ہے یعنی ابن عیینہ مدار حدیث ہیں ان سے نیچے تو متعدد سندیں ہیں مگر ان سے اوپر یہی ایک سند ہے اور علماء کی ایک جماعت نے اختیار کیا ہے کہ امام خطبہ میں قرآن کی کوئی ایک آیت تلاوت کرے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر امام نے خطبہ دیا اور اپنے خطبہ میں قرآن کی کوئی آیت نہ پڑھی تو دوبارہ خطبہ دے (اور نماز کا بھی اعادہ کرے) اور و نادوا يامالك: سورۃ الزخرف کی آیت ۷۷ ہے۔

بابٌ فى اسْتِقْبَالِ الإِمَامِ إِذَا خَطَبَ

جب امام خطبہ دے تو لوگ اس کی طرف متوجہ رہیں

جب امام خطبہ دے تو لوگوں کو صفوں میں بیٹھے ہوئے امام کی طرف چہرہ پھیرنا چاہئے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ خطبہ دیتے تھے تو ہم چہروں سے حضور اکرم ﷺ کی طرف متوجہ ہوتے تھے، یعنی جس طرح وعظ کی مجلس میں لوگ مقرر کے قریب سمٹ کر بیٹھتے ہیں اس طرح صحابہ اکٹھا ہو کر نہیں بیٹھتے تھے بلکہ صف بنا کر بیٹھتے تھے، البتہ ہر شخص اپنی جگہ بیٹھے ہوئے چہرہ حضور اکرم ﷺ کی طرف پھیرتا تھا، اس لئے کہ مقرر کے چہرے کا اتار چڑھاؤ اور اس کے ہاتھوں کے اشارے بھی بات سمجھنے میں معین و مددگار ہوتے ہیں۔ اس سے بات بخوبی اور آسانی سے سمجھ میں آتی ہے۔ اگر نیچے دیکھا جائے اور مقرر کو نہ دیکھا جائے تو بھی بات سمجھ میں آتی ہے مگر جتنی آنی چاہئے نہیں آتی۔ اسی طرح اگر مقرر آنکھ بند کر کے یا نیچے دیکھ کر تقریر کرے یا سبق پڑھائے تو بھی بات مؤثر نہیں ہوتی، اور دونوں یعنی مقرر اور سامعین ایک دوسرے کو دیکھیں تو نورٌ علیٰ نور!

[۲۵۱] بابٌ فى استقبال الإمام إذا خطب

[۵۱۷-] حدثنا عَبَّادُ بنُ يَعْقُوْبَ الكُوْفِيُّ، نا محمدُ بنُ الفَضْلِ بنِ عَطِيَّةَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قال: كان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم إذا اسْتَوَى عَلى المِنبَرِ اسْتَقْبَلْنَاهُ بِوُجُوْهِنَا.

وفى الباب: عن ابن عُمرَ؛ وحديثُ مَنْصُوْرٍ لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَديثِ محمدِ بنِ الفَضْلِ بنِ عَطِيَّةَ؛ ومحمدُ بنُ الفَضْلِ بنِ عَطِيَّةَ ضَعيفٌ ذاهِبُ الحديثِ عند أصحابِنَا.

والعَمَلُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيرِهم يَسْتَحِبُّوْنَ اسْتِقْبَالَ الإِمَامِ إِذَا خَطَبَ، وهو قولُ سفيانَ الثوريِّ، والشافعيِّ، وأحمدَ وإسحاقَ.

قال أبو عيسى: ولا يَصِحُّ فى هذا البابِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ.

ترجمہ: ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب ممبر پر تشریف فرما ہوتے تھے تو ہم آپؐ کی طرف اپنے چہروں سے متوجہ ہو جاتے تھے (یہ دیکھنا برکت کے لئے تھا، اور جب خطبہ شروع ہوتا تھا تو دیکھنے میں وہ مصلحت بھی ہوتی تھی جو اوپر مذکور ہوئی، کسی نیک آدمی کو دیکھنا برکت کا باعث ہے، اور آنحضور ﷺ نیک لوگوں کے سردار تھے، پس رخ انور کو دیکھنا برکت کے علاوہ ایمان کی زیادتی کا سبب بھی تھا) ——— منصور کی حدیث کو ہم نہیں

جانتے، مگر محمد بن فضل بن عطیہ کی سند سے (یعنی محمد بن فضل سے آخر تک یہی ایک سند ہے) اور محمد بن فضل ہمارے اکابر کے نزدیک ضعیف ہے اس کو اپنی حدیثیں یاد نہیں تھیں۔ ذاہب الحدیث کا یہی مفہوم ہے اور اس حدیث پر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے (معلوم ہوا کہ اگر باب میں کوئی صحیح حدیث نہ ہو تو ضعیف حدیث پر بھی عمل ہوگا) وہ پسند کرتے ہیں امام کی طرف متوجہ ہونے کو جب وہ خطبہ دے، اور یہ سفیان ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس باب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی صحیح حدیث مروی نہیں۔

بابٌ فی الرکعتین إذا جاء الرجل و الإمام یخطب

خطبہ کے دوران تحیۃ المسجد پڑھنے کا حکم

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جو شخص دورانِ خطبہ آئے اس کے لئے مستحب یہ ہے کہ تحیۃ المسجد پڑھے، اور مختصر پڑھے، پھر خطبہ سنے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اس وقت تحیۃ المسجد نہیں پڑھنی چاہئے، خطبہ سننا ضروری ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں مختلف روایتیں ہیں۔ ایک طرف حضرت ابن عمرؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں آئے جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو وہ نہ نماز پڑھے اور نہ بات چیت کرے یہاں تک کہ امام فارغ ہو جائے''[1] دوسری طرف سُلیک غَطفانی کا واقعہ ہے۔ وہ ایک مرتبہ پراگندہ اور بوسیدہ حالت میں مسجد میں داخل ہوئے جبکہ رسول اللہ ﷺ خطبہ دینے کے لئے ممبر پر تشریف لا چکے تھے مگر ابھی خطبہ شروع نہیں کیا تھا، وہ آکر بیٹھ گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ''کیا تم نے تحیۃ المسجد پڑھی؟'' انھوں نے نفی میں جواب دیا، آپؐ نے فرمایا: ''اٹھو اور تحیۃ المسجد پڑھو'' سنن دار قطنی (۲:۱۵) میں ہے کہ جب تک وہ نماز پڑھتے رہے آنحضرت ﷺ خطبہ سے رکے رہے[2] جب وہ نماز پڑھ چکے تو آپؐ نے خطبہ شروع کیا اور خطبہ میں غریبوں پر خیرات کرنے کی ترغیب دی، لوگوں نے خوب صدقہ دیا اور ممبر رسول کے قریب صدقہ کے مال کا ڈھیر لگ گیا۔

(۱) یہ حدیث مجمع الزوائد (۲:۱۸۴) میں ہے اور ایوب بن نہیک کی وجہ سے ضعیف ہے۔ مگر مؤید بالقرائن ہے۔ خود ابن عمر کا مسلک اس کے مطابق تھا (مصنف ابن ابی شیبہ ۲:۱۲۴) اور حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور جمہور سلف: صحابہ و تابعین کا مسلک بھی یہی تھا کہ وہ خروجِ امام کے بعد صلاۃ و کلام کو جائز نہیں سمجھتے تھے (شرح مسلم للنووی ۶:۱۶۴ مصری) غرض مؤید بالتعامل ہونے کی وجہ سے یہ حدیث قابل استدلال ہے۔

(۲) یہ حدیث مرسل ہے یا موصول؟ معتمر کے تلامذہ میں اختلاف ہے۔ عبید بن محمد العبدی اس کو موصول بیان کرتے ہیں اور امام احمد وغیرہ مرسل، تفصیل دار قطنی (۲:۱۵) میں ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے اس میں سے سُلیک غطفانی کو ایک جوڑا دیا اور باقی کپڑے دوسرے غرباء کے لئے رکھ لئے۔

اسی واقعہ کو کسی نے قولی حدیث سے بدلا، بدلنے والا کون ہے یہ بات یقین سے نہیں کہی جا سکتی، غالباً حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے اس کو قولی حدیث بنایا ہے، جیسے پہلے یہ واقعہ آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور شیخین رضی اللہ عنہما ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے تھے، اور وہاں کھجور اور بکری کا گوشت کھایا تھا۔ پھر جب ظہر کا وقت آیا تو سب نے وضو کی اور نماز پڑھی۔ نماز کے بعد یہ حضرات وہیں رکے رہے۔ بات چیت ہوتی رہی، عصر سے پہلے علالۃ الشاۃ (کلیجی گردہ وغیرہ) لایا گیا، سب نے اس کو تناول فرمایا، پھر نئی وضو کئے بغیر عصر کی نماز پڑھی۔ اس واقعہ کے راوی حضرت جابر رضی اللہ عنہ ہیں اور آپؓ ہی نے اس کو قولی حدیث بنایا ہے فرماتے ہیں: **كان آخِرُ الأمرَين من رسول الله صلى الله عيه وسلم تركَ الوضوءِ مما غيرت النار** (ابوداؤد حدیث ۱۹۲ قال أبو داود: **هذا اختصار من الحديث الأول**) اسی طرح اس حدیث کو بھی غالباً حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے قولی حدیث بنایا ہے، وہ قولی حدیث یہ ہے: **إذا جاء أحدُكم يومَ الجمعة والإمامُ يخطُب فَلْيَرْكَعْ ركعتين**۔ اس حدیث میں جو جملہ ہے: **والإمام يخطب** اس میں اضطراب ہے، حدیث کے صحیح الفاظ یہ ہیں: **إذا جاء أحدكم يومَ الجمعة وقد خرج الإمام فليُصل ركعتين** اور امام کے ممبر پر آجانے کے بعد خطبہ شروع ہونے سے پہلے نماز جائز ہے اور احناف جو امام کے نکلنے کے بعد صلاۃ وکلام کو منع کرتے ہیں وہ محض احتیاط کی بات ہے۔ نماز اور کلام کی ممانعت درحقیقت دورانِ خطبہ ہے۔ اور یہ دوسری روایت مسلم شریف (۶: ۱۶۳ مصری) میں ہے جو عمرو بن دینار سے مروی ہے۔ اور عمرو: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے مضبوط راوی ہیں۔ اور **والإمام يخطُب**: ابوسفیان طلحہ کے الفاظ ہیں انھوں نے حضرت جابرؓ سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں۔ اور چاروں بخاری میں ہیں، یہ روایت ان میں نہیں ہے[1]۔ اور ابن عیینہ اور شعبہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں کہ باقی روایتیں ابوسفیان: صحیفۂ جابر سے روایت کرتے ہیں (جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے کسی گمنام شاگرد کا مرتب کیا ہوا صحیفہ ہے) (تہذیب ۵: ۲۷) اور بخاری (حدیث ۱۱۶۶) میں عمرو بن دینار کی روایت کے الفاظ ہیں: **والإمام يخطب أوقد خَرَجَ** شک راوی کے ساتھ ہے پس جو متفق علیہ الفاظ ہیں وہی محفوظ ہیں، چنانچہ ابوالزبیر نے بھی یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، ان کا بیان ہے کہ جب سلیک غطفانی مسجد میں آئے تو آنحضور ﷺ ممبر پر بیٹھے ہوئے تھے۔ خطبہ شروع نہیں کیا تھا، یہ حدیث مسلم (۶: ۱۶۳) میں ہے، یہ شاہد ہے کہ اصل الفاظ **وقد خرج الإمام** ہیں۔

علاوہ ازیں نصف درجن واقعات مروی ہیں کہ دورانِ خطبہ لوگ آئے ہیں اور آپؐ نے کسی سے نماز نہیں

(۱) ابوسفیان نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے جو چار حدیثیں سنی ہیں وہ بخاری میں کتاب مناقب الانصار (حدیث ۳۸۰۳) کتاب التفسیر (حدیث ۴۸۹۹) اور دو حدیثیں کتاب الاشربۃ (حدیث ۵۶۰۵ و ۵۶۰۶) میں ہیں ۱۲

پڑھوائی، مثلاً ابوداؤد (١:١٥٦) میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے کہ ایک مرتبہ جمعہ کے روز جب رسول اللہ ﷺ ممبر پر تشریف فرما تھے: وہ آئے، آپؐ نے لوگوں کو بیٹھ جانے کا حکم دیا، اس وقت ابن مسعودؓ مسجد نبوی کے دروازہ پر تھے وہ وہیں بیٹھ گئے، آپؐ نے فرمایا: ''ابن مسعود! تم آگے آجاؤ'' لیکن آپؐ نے ان کو نماز کا حکم نہیں دیا، اسی طرح ایک شخص لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آرہا تھا۔ آنحضور ﷺ نے اس کو بیٹھ جانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ تیرا یہ عمل لوگوں کو تکلیف میں ڈال رہا ہے، مگر آپؐ نے اس کو بھی نماز پڑھنے کا حکم نہیں دیا (نسائی ١:٢٠٧) اسی طرح استسقاء کی حدیث میں ہے کہ ایک اعرابی قحط سالی کی شکایت لے کر آیا، پھر ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ سیلاب کی شکایت لے کر آیا۔ دونوں واقعات میں وہ خطبہ کے دوران داخل ہوا تھا مگر آپؐ نے اس کو نماز کا حکم نہیں دیا (یہ حدیث بخاری ابواب الاستسقاء میں ہے) اور خلافتِ فاروقی کا یہ واقعہ تو ابھی گذرا کہ خطبہ کے دوران حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ آئے اور نہ انھوں نے تحیۃ المسجد پڑھی اور نہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پڑھوائی۔ یہ تمام واقعات اس پر دلالت کرتے ہیں کہ خطبہ کے دوران نماز کا حکم نہیں، اور جہاں تک حدیثِ باب کا تعلق ہے اگر اس کو تمام طرق سے دیکھا جائے تو یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا مقصد سلیک غطفانی کی پراگندہ اور بوسیدہ حالت حاضرین کو دکھلانا مقصود تھا، تحیۃ المسجد مقصود نہیں تھی، نیز جب انھوں نے نفلیں پڑھیں تو رسول اللہ ﷺ ممبر پر بیٹھے ہوئے تھے، ابھی خطبہ شروع نہیں کیا تھا جیسا کہ مسلم شریف میں صراحت ہے، اور ان کے نماز ختم کرنے تک آپؐ خطبہ سے رُکے رہے جیسا کہ دارقطنی میں مذکور ہے۔ اس لئے اس واقعہ سے اور اس کے اختصار سے چھوٹے دو اماموں کا استدلال محلِ نظر ہے۔

[٢٥٢] بابٌ فی الرکعتین إذا جاء الرجل والإمام یخطب

[٥١٨-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰہِ، قال: بَیْنَمَا النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم یَخْطُبُ یَوْمَ الجمعۃِ، إِذَ جاءَ رجلٌ، فقال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''أَصَلَّیْتَ؟'' قال لا: قال: '' فَقُمْ فَارْکَعْ''

قال أبو عیسی: وھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٥١٩-] حدثنا محمدُ بنُ أبی عُمرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَۃَ، عن محمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عن عِیاضِ بنِ عبدِ اللّٰہِ بنِ أبی سَرْحٍ: أَنَّ أَبَا سعیدٍ الخُدْرِیَّ دَخَلَ یومَ الجمعۃِ ومَرْوَانُ یَخْطُبُ، فقام یُصَلِّیْ، فَجَاءَ الحَرَسُ لِیُجْلِسُوْہُ، فَأَبَی حتی صَلَّی، فَلَمَّا انصَرَفَ أتیْنَاہُ فقلنا: رَحِمَکَ اللّٰہُ إِنْ کَادُوْا لَیَقعُوْا بک فقال: ما کُنتُ لِأَتْرُکَھُمَا بعدَ شَیئٍ رَأَیْتُہُ مِنْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، ثم ذَکَرَ أَنَّ رجلاً جاءَ

يومَ الجمعةِ فی هَيْئَةٍ بَذَّةٍ، والنبیُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يومَ الجمعةِ، فَأَمَرَهُ فَصَلَّى ركعَتَيْنِ، والنبیُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ.

قال ابنُ أبی عُمَرَ: كان ابنُ عُيَيْنَةَ يُصَلِّیْ ركعَتَيْنِ إِذَا جاءَ والإِمَامُ يَخْطُبُ، ويَأْمُرُ بهِ؛ وكان أبوعبدِ الرحمنِ المُقْرِئُ يَرَاهُ.

قال أبو عيسى: وسمِعتُ ابنَ أبی عُمَرَ يقولُ: قال ابنُ عُيَيْنَةَ: كان محمدُ بنُ عَجْلَانَ ثِقَةً مأموناً فی الحديثِ.

وفی الباب: عن جابرٍ، وأبی هريرةَ، وسهلِ بنِ سعدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی سعيدٍ الخدریِّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعَمَلُ على هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

وقال بعضُهم: إذا دَخَلَ والإِمَامُ يَخْطُبُ، فَإِنَّهُ يَجْلِسُ وَلَا يُصَلِّیْ، وهو قولُ سفيانَ الثوریِّ، وأهلِ الكوفةِ،والقولُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نا العَلَاءُ بنُ خالدٍ القُرَشِیُّ، قال: رَأَيْتُ الحسنَ البَصْرِیَّ دَخَلَ المسجدَ يومَ الجُمُعَةِ، والإِمَامُ يَخْطُبُ، فَصَلَّى ركعَتَيْنِ، ثم جَلَسَ.

إِنَّمَا فَعَلَ الحسنُ اتِّبَاعًاللحديثِ،وهُوَ رَوَى عن جابرٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم هذا الحديثَ.

ترجمہ ووضاحت: جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: دریں اثنا کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے (أی أراد أن يخطُب یعنی خطبہ دینے کے لئے تشریف لائے تھے۔اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ مسلم میں اسی روایت میں وهو قاعدٌ على المنبر ہے۔جس کی کوئی تاویل ممکن نہیں، پس روایتوں کے درمیان تطبیق دینے کے لئے یہاں تاویل ضروری ہے) کہ اچانک ایک شخص آیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا تو نے نماز پڑھی؟'' اس نے کہا نہیں۔آپؐ نے فرمایا: ''کھڑے ہوؤ اور نماز (تحیۃ المسجد) پڑھو'' یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(حدیث ۵۱۹) عیاض کہتے ہیں: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوئے جبکہ مروان خطبہ دے رہا تھا، پس انھوں نے نماز پڑھنی شروع کی، پس چوکیدار آئے تا کہ وہ ابوسعید خدریؓ کو بٹھائیں، پس انھوں نے بیٹھنے سے انکار کیا (یعنی نماز پڑھتے رہے) یہاں تک کہ نماز پڑھ لی، پھر جب وہ (نماز کے بعد گھر) واپس لوٹے تو ہم ان کے پاس گئے اور ہم نے کہا: اللہ آپ پر رحم فرمائیں قریب تھے چوکیدار کہ آپ کی توہین کر دیں (یعنی وہ صرف زبانی بیٹھنے کے لئے کہہ رہے تھے مگر قریب تھا کہ وہ ہاتھ پکڑ کر زبردستی بٹھا دیں) پس ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے

فرمایا: نہیں تھا میں کہ ان رکعتوں کو چھوڑتا ایک چیز کے بعد جس کو میں نے رسول اللہ ﷺ سے دیکھا ہے، پھر انھوں نے یہ واقعہ ذکر کیا کہ ایک شخص جمعہ کے دن بوسیدہ حالت میں آیا، جبکہ رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے (یعنی خطبہ دینے کے ارادہ سے ممبر پر تشریف فرما تھے) پس آپؐ نے اس کو حکم دیا، پس اس نے دو رکعتیں پڑھیں درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ خطبہ دے رہے تھے (یعنی خطبہ دینے کے ارادے سے ممبر پر تشریف فرما تھے) (اس حدیث کی صاف دلالت اس پر ہے کہ اس زمانہ میں دورانِ خطبہ تحیۃ المسجد پڑھنے کا رواج نہیں تھا۔ اگر یہ بات عام ہوتی تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے عمل کو انوکھا عمل تصور نہ کیا جاتا اور نہ چوکیدار آپؓ کو بٹھانے کی کوشش کرتے) امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ ابن ابی عمر کہتے ہیں: ابن عیینہ (اس حدیث کے ایک راوی) دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے جبکہ وہ مسجد میں آتے تھے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہو۔ اور وہ اس کا حکم (بھی) دیا کرتے تھے، یعنی لوگوں کو مسئلہ بتایا کرتے تھے کہ جو دورانِ خطبہ آئے وہ تحیۃ المسجد پڑھے، اور ابوعبدالرحمٰن المقری (امام بخاری رحمہ اللہ کے جلیل القدر استاذ) بھی یہی بات دیکھتے تھے (یعنی ان کا بھی یہی مسلک تھا)

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے محمد بن عجلان (حدیث مذکور کے ایک راوی) کی توثیق نقل کی ہے کہ ابن عیینہ فرماتے ہیں: محمد بن عجلان ثقہ ہیں، حدیث میں قابل اعتماد ہیں (اختلاف حدیث کی صحت وعدم صحت میں نہیں ہے، حدیث کی صحت تو سب محدثین تسلیم کرتے ہیں۔ اختلاف اس میں ہے کہ حدیث کے اصل الفاظ: والإمام یخطب ہیں یاقد خرج الإمام ہیں۔ چھوٹے دو امام کہتے ہیں: پہلے لفظ اصل ہیں، اور بڑے دو امام کہتے ہیں: اصل الفاظ وقد خرج الإمام ہیں۔ چنانچہ بخاری اور مسلم دونوں نے حدیث ان الفاظ سے روایت کی ہے اور والإمام یخطب مجاز ہے یعنی أراد أن یخطب) ——— اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا یہی مذہب ہے۔ اور بعض کہتے ہیں: جب آدمی مسجد میں آئے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہو تو وہ بیٹھ جائے اور نماز نہ پڑھے، اور یہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ اور پہلا قول اصح ہے (کیونکہ قلم امام ترمذی رحمہ اللہ کے ہاتھ میں ہے جو چاہیں لکھ دیں ہمیں ذرا قلم دیں پھر دیکھیں: ہم کیا لکھتے ہیں!)

علاء کہتے ہیں: میں نے حسن بصری رحمہ اللہ کو دیکھا وہ جمعہ کے دن مسجد میں آئے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا تھا، پس انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں، پھر بیٹھے (یعنی دروانِ خطبہ تحیۃ المسجد پڑھی) حسن بصری نے حدیث کی اتباع میں ایسا کیا، اور وہ بھی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث روایت کرتے ہیں (جاننا چاہئے کہ دو چار حضرات صحابہ وتابعین میں سے دورانِ خطبہ بھی تحیۃ المسجد پڑھا کرتے تھے مگر جمہور صحابہ وتابعین جن میں حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم بھی ہیں دورانِ خطبہ نہ تحیۃ المسجد پڑھتے تھے اور نہ صلاۃ وکلام کو جائز سمجھتے تھے یہ بات علامہ نووی رحمہ اللہ نے شرح مسلم (۶:۱۶۴) میں لکھی ہے)

بابُ ماجاء فی کراهیة الکلام والإمامُ یخطب

دورانِ خطبہ بات چیت ممنوع ہے

خطبہ سے پہلے یعنی جب امام ممبر پرآ کر بیٹھ جائے اور ابھی خطبہ شروع نہ کیا ہو، اس وقت اور خطبہ پورا ہونے کے بعد نماز شروع کرنے سے پہلے بات چیت کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ عدم جواز کے قائل ہیں اور صاحبین وغیرہ جائز کہتے ہیں اور دورانِ خطبہ سب متفق ہیں کہ بات چیت جائز نہیں۔ خطبہ سننا ضروری ہے، صرف امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دورانِ خطبہ بھی کلام جائز ہے، امام کسی کو ہدایت دے، یا کوئی مقتدی امام سے کوئی بات کرے یا لوگ باہم گفتگو کریں یہ سب صورتیں جائز ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام (۱:۲۳۳) میں یہ مسئلہ تحریر کیا ہے اور دلائل میں وہ حدیثیں پیش کی ہیں جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی مقتدی کو کوئی ہدایت دی ہے، یا کسی مقتدی نے آپؐ سے کچھ عرض کیا ہے، حالانکہ امام کا کسی مقتدی سے کچھ کہنا، یا مقتدی کا امام سے کچھ عرض کرنا سب ائمہ کے نزدیک جائز ہے، کیونکہ ان صورتوں میں ممانعت کی علت یعنی شور وشغب نہیں ہوتا، شور وشغب باہم گفتگو کرنے میں ہوتا ہے۔ پس وہی صورت ممنوع ہے۔

غرض امام شافعی رحمہ اللہ نے جو دلائل پیش کئے ہیں، وہ ان صورتوں سے متعلق ہیں جو مبحث سے خارج ہیں۔ اور قبل الخطبہ اور بعد الخطبہ باہم گفتگو کرنے کے سلسلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ نے جو موقف اختیار کیا ہے وہی قرین مصلحت ہے۔ اس لئے کہ اگر لوگوں کو بات چیت کرنے کی اجازت دی جائے گی تو دورانِ خطبہ اور نماز شروع ہونے کے بعد تک باتیں ہوتی رہیں گی، باتوں کا سلسلہ بند ہی نہیں ہوگا، جیسا کہ تجربہ سے یہ بات معلوم ہو سکتی ہے۔

[۲۵۳] باب ماجاء فی کراهیة الکلام والإمام یخطب

[۵۲۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن عُقَیْلٍ، عن الزُّهْرِیِّ، عن سعیدِ بنِ المُسیَّبِ، عن أبی هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال:" مَنْ قَالَ یَوْمَ الْجُمعةِ وَالإِمَامُ یَخْطُبُ: أَنْصِتْ فقد لَغَا"

وفی الباب: عن ابنِ أَبی أَوْفی، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعملُ علیه عندَ أهلِ العلمِ: کَرِهُوْا للرجُلِ أَنْ یَّتَکَلَّمَ والإمامُ یَخْطُبُ، فقالوا: إِنْ تکلَّمَ غَیْرُهُ فَلاَ یُنْکِرُ عَلَیْهِ إِلاَّ بِالإِشَارَةِ.

واخْتَلَفُوْا فی رَدِّ السَّلاَمِ وتَشْمِيْتِ العَاطِسِ: فَرَخَّصَ بعضُ أهلِ العلمِ فی رَدِّ السلامِ وتَشْمِيْتِ العَاطِسِ والإِمَامُ يَخْطُبُ، وهو قولُ أحمدَ، وإسحاقَ، وكَرِهَ بعضُ أهلِ العلمِ مِن التابعينَ وغيرِهم ذلك، وهو قولُ الشافعيِّ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے جمعہ کے دن کہا درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہے: ''چپ'' تو اس نے لغو کام کیا (یہ صغری ہے۔ اور کبری ہے: ومن لغا فلا جمعة له: جس نے لغو کام کیا اس کا جمعہ کا ثواب گیا) اور علماء یہ بات مکروہ سمجھتے ہیں کہ آدمی کلام کرے درانحالیکہ امام خطبہ دے رہا ہو۔ پس انھوں نے کہا: اگر کوئی شخص بات کر رہا ہو تو اس کو منع نہ کرے مگر اشارہ سے۔ اور علماء نے سلام کے جواب میں اور چھینکنے والے کے جواب میں اختلاف کیا ہے: بعض علماء دورانِ خطبہ سلام کا جواب اور چھینکنے والے کو جواب دینے کی اجازت دیتے ہیں۔ اور یہ امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ کا قول ہے (امام ابو یوسف رحمہ اللہ بھی اسی کے قائل ہیں، اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: خطبہ کے بعد جواب دے) اور تابعین اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض اس کو مکروہ کہتے ہیں اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔ (مگر ابن العربی، عراقی اور نووی رحمہم اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کا مسلک وہ بیان کیا ہے جو امام احمد رحمہ اللہ کا ہے یعنی دورانِ خطبہ سلام کا جواب دینا اور یرحمک اللہ کہنا جائز ہے)

بابٌ فی كَرَاهِيَةِ التَّخَطِّی يومَ الجُمُعَةِ

جمعہ کے دن گردنیں پھاندنا مکروہ ہے

ہر بڑے مجمع میں خواہ وہ سبق ہو یا وعظ کی مجلس ہو یا جمعہ کا مجمع ہو، پروگرام اور خطبہ شروع ہونے سے پہلے دو صورتوں میں آگے بڑھنے کی اجازت ہے: ایک: لوگوں نے آگے جگہ خالی چھوڑ دی ہو تو اس کو بھرنے کے لئے آگے بڑھ سکتے ہیں، دوسرے: کسی کو تکلیف پہنچائے بغیر آگے بڑھنا جائز ہے۔ اور پروگرام اور خطبہ شروع ہونے کے بعد مطلقاً آگے بڑھنے کی اجازت نہیں، نسائی (۱:۲۰۷) میں حدیث ہے کہ ایک شخص جمعہ کے دن آگے بڑھ رہا تھا اور آنحضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: اجلس فقد آذيتَ الناسَ: لوگوں کو کیوں پریشان کر رہا ہے بیٹھ جا! معلوم ہوا کہ اگر آگے تھوڑی بہت جگہ بھی ہو مگر پروگرام شروع ہو چکا ہو تو آگے بڑھنا جائز نہیں، کیونکہ اس صورت میں لوگوں کی توجہ بٹے گی۔ اور یہ حرکت جہلاء بہت کرتے ہیں جس سے آپس میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے، بلکہ جھگڑے کی نوبت آتی ہے۔ پس ہر مجمع میں اس سے احتراز ضروری ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھاندتا ہے (یوم الجمعة کی قید

اتفاقی ہے، چونکہ جامع مسجد میں جمعہ کے دن بڑا مجمع ہوتا ہے اس لئے یہ قید لگائی ہے ورنہ ہر بڑے مجمع کے لئے یہی حکم ہے) وہ جہنم کی طرف پل بنایا جائے گا (یعنی اس کو لٹایا جائے گا اور جہنمی اس پر سے گذر کر جہنم میں جائیں گے) ــــــ اور اگر معروف پڑھیں تو ترجمہ ہوگا: وہ جہنم کی طرف بل بنائے گا یعنی گردنیں پھلانگ کر آگے بڑھنا جہنم میں جانے کا سبب ہے۔

تشریح: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے کیونکہ اس میں مسلسل تین راوی: رشدین بن سعد، زبّان بن فائد، اور سہل بن معاذ ضعیف ہیں، مگر اس حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا کیونکہ مسئلۂ باب میں دیگر صحیح روایات موجود ہیں۔

[۲۵۴] باب ماجاء فی کراهية التَّخَطِّیْ یومَ الجمعة

[۵۲۱-] حدثنا أبُو کُرَیْبٍ، نا رِشْدِیْنُ بنُ سَعْدٍ، عن زَبَّانَ بنِ فائِدٍ، عن سَهْلِ بنِ مُعَاذِ بنِ أنسٍ الجُهَنِیِّ، عن أبیهِ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: "مَنْ تَخَطَّی رِقَابَ النَّاسِ یومَ الْجُمُعَةِ اتُّخِذَ جِسْرًا إلی جَهَنَّمَ"

وفی الباب: عن جابرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ سَهْلِ بنِ مُعاذِ بنِ أنسٍ الجُهَنِیِّ حدیثٌ غریبٌ لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ حدیثِ رِشْدِیْنَ بنِ سَعْدٍ.

والعملُ علیهِ عندَ أهلِ العلمِ: کَرِهُوْا أَنْ یَتَخَطَّی الرجلُ یومَ الجُمُعَةِ رِقَابَ النَّاسِ، وشَدَّدُوْا فی ذلك.

وقد تَکَلَّم بعضُ أهلِ العلمِ فی رِشْدِیْنَ بنِ سَعْدٍ، وضَعَّفَهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

ترجمہ: سہل بن معاذ کی حدیث غریب ہے، ہم اس کو نہیں جانتے مگر رشدین بن سعد کی سند سے یعنی رشدین سے اوپر حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور اس حدیث پر علماء کا عمل ہے۔ جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگنے کو وہ مکروہ قرار دیتے ہیں۔ اور اس سلسلہ میں وہ سختی برتتے ہیں (یعنی مکروہ تحریمی قرار دیتے ہیں) اور بعض علماء نے رشدین بن سعد میں کلام کیا ہے اور اس کی حافظہ کی وجہ سے تضعیف کی ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ الاِحْتِبَاءِ والإمَامُ یَخْطُبُ

خطبہ کے دوران حَبْوہ بنانا مکروہ ہے

احتباء کہتے ہیں: سرین کے بل بیٹھ کر، گھٹنے کھڑے کر کے، ان کے گرد سہارا لینے کے لئے دونوں ہاتھ باندھ لینا یا کمر اور گھٹنوں کے گرد کپڑا باندھ لینا، یہ ایک طرح کی آرام کرسی ہے۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ معاذ بن انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے جمعہ کے دن دورانِ خطبہ حبوۃ بنانے سے منع کیا۔ اور ممانعت کی وجہ

یہ ہے کہ یہ کیفیت جالبِ نوم (نیند کھینچنے والی) ہے پس ہر وہ ہیئت جو نیند کو دعوت دے مثلاً دیوار یا ستون سے ٹیک لگا کر بیٹھنا یا آنکھیں بند کر کے خطبہ سننا ممنوع ہے۔ پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز کی تیاری کر لینے کے بعد تشبیک (انگلیاں باہم پیوست کرنے) سے منع فرمایا ہے کیونکہ وہ بھی جالبِ نوم ہے۔ اسی طرح علماء فرماتے ہیں: منتظر صلاۃ کو انگلیاں چٹخانا بھی ممنوع ہے، کیونکہ اس سے بھی نیند یا اس کا مقدمہ اونگھ یا اونگھ کا مقدمہ سستی پیدا ہوتی ہے۔ غرض دورانِ خطبہ ایسی تمام ہیئتوں سے اجتناب کرنا چاہئے جس سے سستی پیدا ہو یا نیند آئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ بعض صحابہ مثلاً ابن عمر رضی اللہ عنہما سے خطبہ کے دوران حبوۃ بنا کر بیٹھنا مروی ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ اگر کوئی شخص خطبہ شروع ہونے سے پہلے سے حبوۃ بنائے ہوئے ہے اور اسی حالت میں خطبہ سنے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ دورانِ خطبہ حبوۃ بنانا ممنوع ہے، کیونکہ یہ لغو عمل ہے۔ اور خطبہ کے دوران کنکری چھونا بھی جائز نہیں، پس چادر باندھنے کی اجازت کیسے ہو سکتی ہے؟

دوسری تطبیق یہ ہے کہ یہ ممانعت خلافِ اولیٰ (مکروہ تنزیہی) پر محمول ہے، اس لئے کہ جب حدیث میں ممانعت ہے اور صحابہ کا عمل اس کے معارض ہے تو کراہیت کا درجہ گھٹ جائے گا، اگر صحابہ کا عمل معارض نہ ہوتا تو حبوۃ بنانا مکروہ تحریمی ہوتا اور صحابہ کا معارض عمل بس ایک تعبیر ہے ورنہ صحابہ کا عمل حکم شرعی کی وضاحت ہے۔

اس کی نظیر: رسول اللہ ﷺ نے کسی بھی مخلوق کو زندہ جلانے سے منع فرمایا ہے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں کچھ لوگوں کو جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خدا مانتے تھے جب انھوں نے توبہ کرنے سے انکار کیا تو ان کو زندہ جلایا ہے پس حدیث میں جو زندہ جلا کر مارنے کی ممانعت ہے وہ خلافِ اولیٰ پر محمول ہوگی، کیونکہ صحابی کا عمل اس حکم شرعی کی وضاحت ہے۔ اگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ عمل نہ ہوتا تو زندہ جلانا مکروہ تحریمی ہوتا۔

غرض جس طرح کسی مسئلہ میں دو متعارض حدیثیں ہوں ایک ممانعت کی دوسری جواز کی، تو کراہیت کا درجہ گھٹ جاتا ہے۔ اسی طرح اگر حدیث کے ساتھ صحابی کا عمل معارض ہو تو بھی کراہیت کا درجہ گھٹ جائے گا، پس دورانِ خطبہ حبوۃ بنانا صرف خلافِ اولیٰ ہے ناجائز اور مکروہ تحریمی نہیں ہے۔ واللہ اعلم

[۲۵۵] باب ماجاء فی کراهیة الاحتباء والإمام یخطب

[۵۲۲-] حدثنا محمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِیُّ، والعباسُ بنُ محمدٍ الدُّوْرِیُّ، قالا: نا أبو عبدِ الرحمنِ المُقْرِئُ، عن سعیدِ بنِ أبی أَیُّوْبَ، قال: حدثنی أبو مَرْحُوْمٍ، عن سهلِ بنِ مُعَاذٍ، عن أَبِیْهِ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَی عن الحَبْوَةِ یَوْمَ الجمعةِ والإِمَامُ یَخْطُبُ.

قال أبو عیسی: وهذا حدیثٌ حسنٌ، وأبو مَرْحُوْمٍ: اسمُهُ عبدُ الرحیمِ بنُ مَیْمُوْنٍ.

وقد كَرِهَ قومٌ مِن أهلِ العلمِ الحَبْوَةَ يومَ الجمعةِ والإمَامُ يَخْطُبُ، وَرَخَّصَ فی ذلك بعضُهُم، مِنْهُم عبدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وغيرُه، وبه يقولُ أحمدُ، وإسحاقُ: لايَرَيَانِ بَالحَبْوَةِ والإمَامُ يَخْطُبُ بَأْسًا.

وضاحت: مذکورہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ اس میں ابومرحوم عبدالرحیم بن میمون اور سہل بن معاذ دو ضعیف راوی ہیں (مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کو حسن کہا ہے، کیونکہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا حسن: فن کے ضعیف کے ساتھ جمع ہوتا ہے) اور علماء کی ایک جماعت نے جمعہ کے دن حبوۃ بنانے کو مکروہ کہا ہے جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو، اور بعض علماء نے اس کی اجازت دی ہے۔ ان میں سے ابن عمرؓ وغیرہ ہیں۔ اور احمد واسحاق اسی کے قائل ہیں۔ وہ دونوں حضرات حبوۃ بنانے میں جبکہ امام خطبہ دے رہا ہو کوئی حرج نہیں سمجھتے۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ رَفْعِ الأَيْدِیْ عَلَى الْمِنْبَرِ

خطبہ کے دوران دعا میں ہاتھ اٹھانا مکروہ ہے

دعا کے آداب میں سے: ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ہے۔ مگر خطبے میں جو دعائیں مانگی جاتی ہیں وہ ہاتھ اٹھائے بغیر مانگی جائیں گی۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ سے خطبہ میں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا ثابت نہیں۔

حدیث: مدینہ کا گورنر بشر بن مروان خطبہ دے رہا تھا، اس نے دعا میں ہاتھ اٹھائے، حضرت عمارۃ بن رُویبہ رضی اللہ عنہ نے اُسے بددعا دی اور فرمایا: اللہ تعالیٰ ان دو چھوٹے چھوٹے ذلیل ہاتھوں کو ہلاک کریں، البتہ واقعہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ نہیں زیادہ کرتے تھے اس (اشارہ) پر۔ حدیث کے راوی ہشیم نے شہادت کی انگلی سے اشارہ کر کے طلباء کو بتایا۔ یعنی رسول اللہ ﷺ صرف شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے تھے۔ یہ اشارہ یا تو آپؐ دعاء کے وقت فرماتے تھے یا مقرر دورانِ تقریر جو اشارہ کرتا ہے وہ ہوگا۔ بہرحال حضرت عمارۃؓ دعا میں ہاتھ اٹھانے کی نفی کر رہے ہیں اور اس حرکت پر بشر کو کوس رہے ہیں۔ معلوم ہوا کہ دعا میں ہاتھ اٹھانا جائز نہیں۔

[۲۵٦] باب ماجاء فی كراهية رفع الأيدی على المنبر

[۵۲۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا حُصَيْنٌ، قال: سَمِعْتُ عُمارَةَ بنَ رُوَيْبَةَ: وبِشْرُ بنُ مَرْوَانَ يَخْطُبُ، فَرَفَعَ يَدَيْه فی الدُّعَاءِ فقال عُمارَةُ: قَبَّحَ اللّٰهُ هَاتَيْنِ اليُدَيَّتَيْنِ الْقُصَيِّرَتَيْنِ، لقد رأَيتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم، ومَا يَزِيْدُ على أَنْ يقولَ هٰكَذَا، وأَشَارَ هُشَيْمٌ بالسَّبَّابَةِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: يُدَيَّتَيْنِ: يَدَيْنِ کی حقارت کے لئے تصغیر بنائی ہے اور قُصَيِّرَتَيْنِ: قَصِيْرَتَيْنِ کی تصغیر ہے، قَصِيْر میں

خود ہی تحقیر کا مفہوم ہے، پھر بھی مزید تحقیر کے لئے تصغیر بنائی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی أَذَانِ الْجُمُعَةِ

اذانِ جمعہ کا بیان

حضورِ اکرم ﷺ، صدیق اکبر اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں نماز جمعہ کے لئے صرف ایک اذان دی جاتی تھی اور وہ اذان دو مقصد کے لئے تھی، ایک: غائبین کو نماز کی اطلاع دینا۔ دوم: حاضرین کو خطیب کی آمد کی اطلاع دینا۔ یہ اذان حضورِ اکرم ﷺ کے سامنے مسجد کے دروازہ پر (چھت پر) دی جاتی تھی (ابوداؤد ا:۱۵۵) پھر جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا اور مدینہ طیبہ کی آبادی پھیل گئی، اور یہ اذان اطلاع عام کے لئے ناکافی ہوگئی تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے خطبہ سے پہلے ایک اور اذان کا اضافہ کیا اور وہ اذان زَوْرَاء مقام پر دی جانے لگی جو مسجد نبوی سے متصل بازار میں کوئی بلند جگہ تھی، تاکہ لوگ اذان سن کر آجائیں، پھر کچھ وقفہ کے بعد حضرت عثمان تشریف لاتے تھے پس دوسری اذان ممبر کے سامنے مسجد میں دی جاتی تھی، کیونکہ اب جو اذان خطیب کے سامنے دی جاتی تھی اس کا مقصد صرف حاضرین کو آگاہ کرنا تھا اس لئے اس کو مسجد کے دروازے پر (چھت پر) دینے کے بجائے مسجد کے اندر لے لیا گیا۔ اس وقت سے آج تک یہ اذان مسجد میں خطیب کے سامنے دی جاتی ہے۔ اور عرب وعجم میں شرقاً غرباً یہی توارث وتعامل چلا آرہا ہے، صرف وہ لوگ جو اجماعِ امت کو حجت نہیں مانتے اور آثار صحابہ کو بھی حجت نہیں مانتے یعنی غیر مقلدین اس میں اختلاف کرتے ہیں۔ وہ جمعہ کی پہلی اذان کو بدعتِ عثمانی کہتے ہیں، حالانکہ اس کو بدعت کہنا ضلالت وگمراہی ہے، اس لئے کہ تمام صحابہ کرام کے مشورے اور اجماع سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس اذان کا اضافہ کیا تھا۔ اور اجماع بھی قرآن وحدیث کی طرح قطعی حجت ہے اور صحابہ کرام کا اجماع تو اجماعِ امت کا سب سے اعلیٰ فرد ہے۔

سوال: سورۂ جمعہ آیت ۹ ﴿إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلَاةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ﴾ کا مصداق اب پہلی اذان ہے یا دوسری؟ عام طور پر علماء پہلی اذان کو مصداق بتاتے ہیں جبکہ نزولِ قرآن کے وقت وہ اذان تھی ہی نہیں۔ پس اس کو آیت کا مصداق قرار دینا کیسے درست ہوسکتا ہے؟

جواب: آیت کا مصداق پہلی اذان ہی ہے۔ رہ گئی یہ بات کہ نزولِ آیت کے وقت پہلی اذان نہیں تھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اصولِ تفسیر کا قاعدہ ہے: الْعِبْرَةُ لعُموم اللفظ لالخصوص الْمَوْرِدِ: نص کے الفاظ اگر عام ہوں تو حکم عام ہوتا ہے، شانِ نزول کے ساتھ خاص نہیں رہتا۔ یہ قاعدہ اس شرح کے مقدمہ میں تفصیل سے گذر چکا ہے۔ یہاں بھی إذا نودی للصلاۃ عام ہے، پہلی اذان یا دوسری اذان کی کوئی قید نہیں۔ پس حکم بھی عام ہوگا اور مصداق وہ اذان ہوگی جو غائبین کو بلانے کے لئے دی جاتی ہے، اور وہ پہلی ہی اذان ہے، دوسری اذان تو حاضرین کو خطیب کی

آمد کی اطلاع دینے کے لئے ہے۔ وہ نودی للصلاۃ کا مصداق نہیں ہوسکتی۔

سوال: اذان جمعہ کے بعد کاروبار اور دیگر مشاغل ترک کر کے مسجد جانا فرض ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فَاسْعَوْا إِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوْا الْبَيْعَ﴾ مگر عام طور پر پہلی اذان کے بعد لوگ مشاغل ترک نہیں کرتے اور گناہ گار ہوتے ہیں۔ پس کیوں نہ دوسری اذان کو آیت کا مصداق قرار دیا جائے تاکہ لوگ گناہ گار نہ ہوں؟

جواب: یہ خرابی مسلمانوں کے اپنے عمل کی بناء پر پیدا ہوئی ہے۔ اور اس کا علاج بھی مسلمانوں کے پاس ہے، ہمارے دیار میں جو آدھا گھنٹہ پہلے اذان دی جاتی ہے وہ غلط طریقہ ہے، دس منٹ پہلے پہلی اذان دینی چاہئے تاکہ لوگ فوراً مشاغل ترک کر کے مسجد کی طرف چل پڑیں۔ غرض ہمارے پاس اس کا کوئی علاج نہیں، لوگ خود ہی اس کا علاج کر سکتے ہیں۔

[۲۵۷] باب ماجاء فی أذان الجمعة

[۵۲٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا حَمَّادُ بنُ خَالِدٍ الخَيَّاطُ، عن ابنِ أبی ذِئْبٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن السَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ، قال: كانَ الْأَذَانُ على عَهْدِ رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم، وأبی بكرٍ، وعُمَرَ: إِذَا خَرَجَ الإِمَامُ أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ، فلما كانَ عثمانُ زادَ النِّدَاءَ الثَّالِثَ على الزَّوْرَاءِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ اور ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے زمانہ میں اذان اس وقت ہوتی تھی جب امام نکلتا تھا (یعنی ممبر پر آکر بیٹھ جاتا تھا) جب نماز کھڑی کی جاتی تھی (یعنی ایک اذان خطبہ سے پہلے اور دوسری اذان یعنی اقامت نماز شروع کرنے سے پہلے کہی جاتی تھی) —— (ہندوستانی اور مصری نسخوں میں عبارت اسی طرح ہے۔ یعنی إذا خرج الإمام أُقيمت الصلاة مگر علامہ ابن العربی رحمہ اللہ نے ترمذی کی شرح عارضة الأحوذی میں عبارت قوله وإذا أقيمت الصلاة لکھی ہے پس واو ہونا چاہئے۔ عبارت اسی وقت صحیح ہوگی) پھر جب عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت آیا (کان: تامّہ ہے) تو انھوں نے زوراء مقام پر تیسری اذان کا اضافہ کیا (یعنی پہلی اذان زوراء مقام پر دی جانے لگی اور وجود پذیر ہونے کے اعتبار سے اس کو تیسری اذان کہا گیا ہے)

بابُ ماجاء فی الْكَلَامِ بَعْدَ نُزُوْلِ الإِمَامِ مِنَ المِنْبَرِ

امام کے ممبر سے اترنے کے بعد گفتگو کرنے کا بیان

پہلے یہ مسئلہ آچکا ہے کہ جب امام ممبر پر آکر بیٹھ جائے اور ابھی خطبہ شروع نہ ہوا ہو اس وقت اور خطبہ ختم ہونے کے

بعد نماز شروع کرنے سے پہلے جو وقفہ ہے اس میں امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لوگوں کا باہم گفتگو کرنا جائز نہیں، اور صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جائز ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ ممبر سے اترنے کے بعد کوئی ضروری بات ہوتی تو کلام فرماتے تھے۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ نے چونکہ خطبہ ختم کرنے کے بعد اور نماز شروع کرنے سے پہلے بات چیت کی ہے اس لئے جمہور کہتے ہیں کہ اس وقفہ میں لوگوں کا باہم باتیں کرنا جائز ہے۔ آپؐ نے خطبہ شروع کرنے سے پہلے سلیک غطفانی سے بات کی ہے۔ پس اس وقت بات کرنا جائز ہے اسی طرح آپؐ خطبہ کے بعد بھی ضروری بات چیت کرتے تھے پس اس وقفہ میں بھی بات کرنا جائز ہے۔

مگر یہ حدیث اولاً تو امام اعظم رحمہ اللہ نے جو قول اختیار کیا ہے اس کے معارض نہیں، کیونکہ امام کا کسی مقتدی سے بات کرنا یا مقتدی کا امام سے کچھ عرض کرنا امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بھی جائز ہے۔ اختلاف لوگوں کے باہم گفتگو کرنے کے جواز وعدم جواز میں ہے، اور جمہور کے پاس ایک بھی ایسی حدیث نہیں جس سے ان وقفوں میں لوگوں کا باہم گفتگو کرنا ثابت ہوتا ہو۔

ثانیاً یہ حدیث صحیح نہیں اس میں جریر بن حازم کو وہم ہوا ہے، یہ واقعہ درحقیقت عشاء کی نماز کا ہے۔ ایک مرتبہ آنحضور ﷺ عشاء کی تکبیر شروع ہونے کے بعد حجرہ سے نکلے اور مصلّٰی کی طرف بڑھے۔ ایک شخص نے آپؐ کا ہاتھ پکڑا، اور کوئی بات شروع کردی اور اتنی دیر بات کرتا رہا کہ بعض لوگ اونگھنے لگے، غرض یہ عشاء کی نماز کا واقعہ ہے نماز جمعہ کا واقعہ نہیں۔ اور یہ بات کہ اس حدیث میں جریر بن حازم کو وہم ہوا ہے امام بخاریؒ نے بیان فرمائی ہے۔

[۲۵۸] باب ماجاء فی الکلام بعد نزول الإمام من المنبر

[۵۲۵-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، نا جريرُ بنُ حَازِمٍ، عن ثَابِتٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: کان النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُكَلِّمُ بالحَاجَةِ إِذَا نَزَلَ مِنَ الْمِنْبَرِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ جريرِ بنِ حَازِمٍ، سمِعْتُ محمداً يقولُ: وَهِمَ جريرُ بنُ حَازِمٍ فی هذا الحديثِ، والصَّحِيْحُ مَا رُوِیَ عن ثابتٍ، عن أنسٍ، قال: "أُقِيْمَتِ الصَّلَاةُ فَأَخَذَ رَجُلٌ بِيَدِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَمَا زَالَ يُكَلِّمُهُ حتی نَعَسَ بعضُ القومِ؛ قال محمدٌ: والحديثُ هُوَ هٰذا.

وجريرُ بنُ حازمٍ رُبَّمَا يَهِمُ فِیْ الشَّيْئِ، وهوَ صَدُوْقٌ.

قال محمدٌ: وَهِمَ جريرُ بنُ حازمٍ في حديثِ ثابتٍ، عن أنسٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: "إذَا أُقِيْمَتِ الصلاةُ فَلاَ تَقُوْمُوْا حتى تَرَوْنِيْ"

قال محمدٌ: ويُرْوَى عن حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، قال: كُنَّا عند ثابتٍ البُنَانِيِّ، فَحَدَّثَ حَجَّاجُ الصَوَّافُ عن يَحيىَ بنِ أبى كثيرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ أبى قَتَادَةَ، عن أبيه، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال:" إذَا أُقِيْمَتِ الصلاةُ فَلاَ تَقُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْنِيْ" فَوَهِمَ جريرٌ، فَظَنَّ أَنَّ ثَابِتًا حَدَّثَهُمْ عن أنسٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٥٢٦-] حدثنا الحسنُ بنُ عليٍّ الخَلَّالُ، نا عبدُ الرزاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن ثابتٍ، عن أنسٍ، قال: "لَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ مَا تُقَامُ الصلاةُ، يُكَلِّمُهُ الرجُلُ، يَقُوْمُ بَيْنَه وبَيْنَ القِبْلَةِ، فَمَا زَالَ يُكَلِّمُهُ، ولقد رَأَيْتُ بعضَهم يَنْعَسُ مِنْ طُوْلِ قِيَامِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: وهذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر جریر بن حازم کی حدیث سے (یعنی تنہا جریر یہ حدیث روایت کرتا ہے) میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو فرماتے سنا کہ جریر بن حازم کو اس حدیث میں وہم ہوا ہے۔ اور صحیح واقعہ وہ ہے جو ثابت بنانی نے، حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز کے لئے اقامت کہی گئی، پس ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑا پس وہ برابر آپؐ سے بات کرتا رہا یہاں تک کہ بعض لوگ اونگھنے لگے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: صحیح حدیث یہ ہے۔

اور جریر بن حازم کو کبھی کسی حدیث میں وہم ہوتا ہے اور وہ صدوق (ہلکے درجہ کے ثقہ راوی) ہیں۔ پھر امام بخاری رحمہ اللہ نے جریر کے وہم کی ایک مثال بیان کی، فرمایا: جریر بن حازم کو ثابت بنانی کی اس حدیث میں جس کو وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں وہم ہوا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو آپ لوگ کھڑے نہ ہوں، یہاں تک کہ مجھے حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھ لیں۔ (یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نہیں ہے بلکہ حضرت ابوقتادہ کی ہے۔ جریر بن حازم کو وہم ہوا اور انھوں نے اس کو عن ثابت، عن أنس، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم روایت کردیا اور اصل واقعہ حماد بن زید نے بیان کیا ہے) امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حماد بن زید سے روایت کیا گیا کہ انھوں نے فرمایا: ہم لوگ ثابت بُنانی کے پاس تھے پس حجاج الصوّاف نے حدیث بیان کی، یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کرتے ہوئے، وہ عبداللہ بن ابی قتادہ سے، وہ اپنے والد ابوقتادہ سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب نماز کے لئے تکبیر کہی جائے تو تم لوگ کھڑے نہ ہوؤ، یہاں تک کہ مجھے حجرہ سے نکلتا ہوا دیکھ لو۔ پس جریر کو وہم ہوا اور انھوں نے گمان کیا کہ ثابت بُنانی نے

لوگوں سے روایت بیان کی ہے (حالانکہ یہ حدیث حجاج الصواف نے بیان کی تھی، مگر چونکہ ثابت بنانی کی مجلس تھی اس لئے جریر کو خیال ہوا کہ یہ حدیث ثابت بنانی نے بیان کی ہے اور چونکہ ثابت بنانی کی سند متعین تھی اس لئے جریر نے اسی سند سے یعنی عن ثابت، عن أنس، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم حدیث روایت کردی)

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے وہ حدیث جو باب کے شروع میں گذری ہے جس میں جریر کو وہم ہوا ہے پیش کی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: البتہ واقعہ یہ ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا نماز کے لئے اقامت ہوجانے کے بعد، آپؐ سے ایک شخص گفتگو کرنے لگتا وہ رسول اللہ ﷺ اور قبلہ کے درمیان کھڑا ہوجاتا۔ پس آپؐ برابر اس سے گفتگو کرتے رہتے اور البتہ میں نے بعض لوگوں کو دیکھا وہ رسول اللہ ﷺ کے دیر تک کھڑے رہنے کی وجہ سے اونگھنے لگتے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن صحیح ہے (اور ممبر سے اترنے کے بعد گفتگو کرنے کی روایت جریر کا وہم ہے)

بابُ ماجاء فی القِرَاءَ ةِ فِیْ صَلاَةِ الْجُمُعَةِ

نماز جمعہ میں کونسی سورتیں پڑھنی چاہئیں؟

جب جمعہ کی نماز میں لمبی قراءت کا ارادہ ہوتا تو آپؐ سورۃ الجمعہ اور سورۃ المنافقین پڑھتے اور ہلکی قراءت کرنا مقصود ہوتا تو سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ تلاوت فرماتے۔ پہلی دو سورتیں تو اس لئے پڑھتے کہ سورۃ الجمعہ کو جمعہ سے مناسبت ہے اور سورۃ المنافقین تحذیر (وارننگ) کے طور پر پڑھی جاتی تھی، کیونکہ نماز جمعہ میں منافقین اور کمزور ایمان والے بھی شریک ہوتے تھے، ان کو اس سورت میں اپنا طرز عمل بدلنے کا اشارہ دیا گیا ہے۔ اور آخری دو سورتوں میں آخرت کی منظر کشی اور آخرت کی زندگی کو بنانے کی ترغیب ہے۔ یہ مضمون بھی اہم اجتماع کے لئے موزوں ہے۔

[۲۵۹] باب ماجاء فی القراء ة فی صلاة الجمعة

[۵۲۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا حاتِمُ بنُ إسماعیلَ، عن جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أبیہِ، عن عُبَیْدِ اللّٰہِ بنِ أبی رَافِعٍ مولَی رسولِ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم، قال: اسْتَخْلَفَ مروانُ أبا هریرةَ علی المدینةِ، وَخَرَجَ إلی مکةَ، فَصَلّٰی بنا أبو هریرةَ یومَ الجمعةِ، فَقَرَأَ سورةَ الجمعةِ، وفی السَّجْدَةِ الثانیَةِ إذَا جَاءَ كَ المنافِقُوْنَ قال عُبَیْدُ اللّٰہِ: فَأَدْرَکْتُ أبا هریرةَ، فقلتُ: تَقْرَأُ بِسُوْرَتَیْنِ کان علیٌّ یَقْرَؤُهُمَا بالکُوْفَةِ، فقال أبو هریرةَ: إِنِّیْ سمِعْتُ رسولَ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقْرَأُ بِهِمَا.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، والنعمانِ بنِ بشیرٍ، وأبی عِنَبَةَ الخَوْلاَنِیِّ. قال أبو عیسی: حدیثُ

أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.
وَرُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّهُ کانَ یَقْرَأُ فی صَلاَةِ الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الأَعْلٰی، وهَلْ أَتَاكَ حَدِیْثُ الْغَاشِیَةِ.

ترجمہ: عبید اللہ جو کہ رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ ابو رافع کے صاحبزادے ہیں (جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ان کے سکریٹری تھے) فرماتے ہیں کہ مروان نے مدینہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو اپنا نائب مقرر کیا اور خود مکہ گیا۔ ابو ہریرہؓ نے ہمیں جمعہ کے دن نماز پڑھائی، اور (پہلی رکعت میں) سورۃ الجمعہ پڑھی اور دوسری رکعت میں سورۃ المنافقین پڑھی، عبید اللہ کہتے ہیں: میں نے ابو ہریرہؓ سے ملاقات کی اور میں نے کہا: آپ نے جو دو سورتیں پڑھی ہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی کوفہ میں ان کو پڑھتے تھے، پس ابو ہریرہؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو (جمعہ کی نماز میں) ان دونوں سورتوں کو پڑھتے سنا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ جمعہ کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ تلاوت فرمایا کرتے تھے (یہ حدیث آئندہ أبو اب العیدین میں سند کے ساتھ آرہی ہے)

بابُ ماجاء فی مَایَقْرَأُ فی صَلاَةِ الصُّبْحِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کونسی سورتیں پڑھے؟

رسول اللہ ﷺ کا جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۃ السجدۃ اور سورۃ الدہر پڑھنے کا معمول تھا ان دونوں سورتوں میں قیامت اور اس میں پیش آنے والے احوال کا تذکرہ ہے اور قیامت جمعہ کے دن برپا ہوگی۔ اسی لئے چوپائے جمعہ کے دن کان لگاتے ہیں کہ آج قیامت کا صور تو نہیں پھونکا جارہا۔ پس جمعہ کے دن مؤمنین کو بھی قیامت کے احوال یاد آنے چاہئیں، اور انسانوں کو بھی چوپایوں کی طرح قیامت کے تصور سے گھبرانا چاہئے۔

فائدہ: نبی ﷺ جمعہ کے دن سورۃ السجدہ اور سورۃ الدہر تلاوت فرماتے تھے تو مقتدیوں کے لئے کچھ بوجھ نہیں ہوتا تھا اور ہمارے ائمہ ان سورتوں کو پڑھتے ہیں تو مقتدیوں کے لئے بوجھ ہوجاتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی روزمرہ کی قراءت سے یہ قراءت ہلکی ہوتی تھی، آپؐ چھ دن فجر کی دونوں رکعتوں میں تقریباً آدھا پارہ پڑھتے تھے۔ روایات میں ہے کہ ساٹھ سے سو آیتیں پڑھتے تھے۔ اور یہ سورتیں اس سے کم ہیں یعنی جمعہ کے دن آپؐ کی قراءت ہلکی ہوتی تھی، اور ہمارے ائمہ کا طریقہ الٹا ہے وہ ہفتہ کے چھ دن ہلکی قراءت کرتے ہیں، پھر جب جمعہ کے دن وہ سورۃ السجدۃ اور سورۃ الدہر پڑھتے ہیں تو قراءت لوگوں کے لئے بوجھ ہوجاتی ہے۔ اس لئے ائمہ جلدی جلدی تراویح کی طرح پڑھتے ہیں، اس لئے میں نے اپنی مسجد کے امام کو ہدایت دی ہے کہ وہ ایک جمعہ سورۃ السجدۃ پڑھے اور دوسرے جمعہ میں

صرف سورۃ الدہر پڑھے تا کہ لوگوں پر بوجھ نہ ہو اور پڑھنے میں جلدی نہ کرے روزانہ کی طرح باطمینان پڑھے۔

[۲٦٠] باب ماجاء فی مایقرأ فی صلاۃ الصبح یوم الجمعة

[۵۲۸-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عن مُخَوَّلِ بنِ راشِدٍ، عن مُسْلِمٍ البَطِيْنِ، عن سَعيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: كانَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَقْرَأُ یومَ الجمعةِ فی صلاۃِ الفَجْرِ تَنْزِیْلَ السَّجْدَةِ، وهَلْ أَتٰی علی الإنسانِ.

وفی الباب: عن سَعْدٍ، وابنِ مسعودٍ، وأبی هریرةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وقد رَوَاهُ سُفیانُ الثوریُّ وغیرُ واحِدٍ عَنْ مُخَوَّلٍ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۃ السجدۃ اور سورۃ الدہر پڑھا کرتے تھے۔ اس حدیث کو مخوّل بن راشد سے سفیان ثوری رحمہ اللہ وغیرہ بھی روایت کرتے ہیں (مصری نسخہ میں رواہ ہے اور وہی نسخہ صحیح ہے اس لئے کہ روی کی صورت میں یہ مخول کی توثیق ہوگی، کیونکہ جب سفیان جیسا بڑا محدث ان سے روایت کرتا ہے تو وہ قابل اعتماد ہوئے، حالانکہ یہ توثیق نہیں ہے، بلکہ شریک کی طرح اس حدیث کو مخول سے ثوری بھی روایت کرتے ہیں، اور ان کی روایت مسلم شریف میں ہے، اور شعبہ رحمہ اللہ بھی روایت کرتے ہیں اور ان کی روایت مسند احمد میں ہے اس لئے مصری نسخہ ہی صحیح ہے)

بابٌ فی الصَّلاۃِ قَبْلَ الجُمُعَةِ وَبَعْدَهَا

جمعہ سے پہلے کی اور جمعہ کے بعد کی سنتیں

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک جمعہ سے پہلے بھی چار اور جمعہ کے بعد بھی چار سنتیں ہیں، پھر امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: چار رکعتیں ایک سلام سے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دو سلام سے ہیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہی مروی ہے، وہ جمعہ سے پہلے چار اور جمعہ کے بعد چار سنتیں پڑھتے تھے۔ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول بیان کیا ہے کہ ان کے نزدیک جمعہ کے بعد دو سنتیں ہیں، مگر خود امام شافعی رحمہ اللہ نے کتاب الام میں جمعہ کے بعد چار سنتیں لکھی ہیں (معارف السنن)

اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک جمعہ سے پہلے چار سنتیں ایک سلام سے ہیں اور جمعہ کے بعد چھ سنتیں ہیں۔ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ پہلے چار رکعتیں پڑھے پھر دو رکعتیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک جمعہ

سے پہلے چار اور جمعہ کے بعد دو سنتیں ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک کوئی تحدید نہیں وہ کہتے ہیں: نماز اچھی چیز ہے اُسے زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو مرفوع حدیثیں اور دو صحابہ کے عمل ہیں۔ پہلی حدیث فعلی ہے۔ اور وہ اعلی درجہ کی ہے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جمعہ پڑھا کر فوراً حجرہ میں تشریف لے جاتے اور وہاں دو سنتیں پڑھتے تھے، اور دوسری حدیث قولی ہے، آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جو جمعہ کے بعد نفلیں پڑھنا چاہے وہ چار رکعت پڑھے'' اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں پر عمل کی یہ صورت تجویز کی کہ اگر گھر میں سنت پڑھے تو دو رکعتیں پڑھے اور مسجد میں پڑھے تو چار رکعتیں پڑھے۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو رد کر دیا ہے۔ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ گھر میں دو رکعتیں پڑھتے تھے، اس کو ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں۔ اور خود ان کا عمل یہ تھا کہ انھوں نے مسجد میں دو سنتیں پڑھیں، پھر چار پڑھیں۔ معلوم ہوا کہ اسحاق رحمہ اللہ نے جو صورت تجویز کی ہے وہ صحیح نہیں۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی مسجد میں پہلے دو، پھر چار رکعتیں پڑھنا مروی ہے۔

اور صاحبین نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے اور وہ چھ سنتوں کے قائل ہیں، پھر امام ابو یوسف رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ پہلے چار رکعتیں پڑھے پھر دو رکعتیں۔ جبکہ حضرت علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کا عمل اس کے برعکس ہے، وہ پہلے دو پھر چار رکعتیں پڑھتے تھے، اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ شریعت نے کسی بھی نماز کے بعد اس کے مانند سنتیں نہیں رکھیں اور اس میں مصلحت یہ ہے کہ اگر فرض کے بعد اس کے مانند نفلیں پڑھی جائیں گی تو بدگمانی کرنے والے کو موقع ملے گا وہ گمان کرے گا کہ یہ شخص امام کو قابل اعتبار نہیں سمجھتا اس لئے اس نے نماز کا اعادہ کیا۔ اور امام اگر سرکاری آدمی ہوا اور ظالم ہوا اور اس کو شکایت پہنچائی گئی تو وہ شخص مصیبت میں پھنس جائے گا۔ اس لئے فرض کے بعد اس کے مانند سنتیں نہیں رکھی گئیں، غالباً امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے احوالِ زمانہ کی رعایت کرتے ہوئے یہ بات فرمائی ہوگی کہ پہلے چار سنتیں پڑھے پھر دو پڑھے تا کہ کسی کو بدگمانی کا موقع نہ ملے۔ واللہ اعلم

[۲۶۱] بابٌ فی الصلاة قبل الجمعة وبعدَها

[۵۲۹-] حدثنا ابن أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن الزُّهْرِیِّ، عن سالِمٍ، عن أبیه، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ کان یُصَلِّیْ بَعْدَ الْجمعةِ رَکْعَتَیْنِ.

وفی الباب: عن جابرٍ. قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وقد رُوِیَ عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ أیضًا.

والعَمَلُ علی هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ، وبه یقولُ الشافعیُّ وأحمدُ.

[۵۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كان إذَا صَلَّى الجمعةَ انْصَرَفَ فَصَلَّى سَجْدَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهِ، ثم قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يَصْنَعُ ذلك.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۵۳۱-] حدثنا ابنُ أبى عُمرَ، حدثنا سفيانُ، عن سُهَيْلِ بنِ أبى صالِحٍ، عن أبيهِ، عن أبى هريرةَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُصَلِّيًا بعدَ الجمعةِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا''

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. حدثنا الحسنُ بنُ عليٍّ، نا عليُّ بنُ المَدِيْنِيُّ، عن سُفيانَ بنِ عُيَيْنَةَ، قال: كُنَّا نَعُدُّ سُهَيْلَ بنَ أبى صالحٍ ثَبْتًا فى الحديثِ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ. والعَمَلُ على هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ.

[۵۳۲-] وَرُوِىَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ كانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الْجُمُعَةِ أَرْبَعًا وَبَعْدَهَا أَرْبَعًا.

[۵۳۳-] وَرُوِىَ عن عليِّ بنِ أبى طالبٍ أَنَّهُ أَمَرَ أَنْ يُصَلَّى بعدَ الجمعةِ رَكْعَتَيْنِ ثم أَربعًا.

وذَهَبَ سفيانُ الثوريُّ وابنُ المباركِ إلى قولِ ابنِ مسعودٍ.

قال إسحاقُ: إنْ صَلَّى فى المَسْجِدِ يومَ الجمعةِ صَلَّى أَرْبَعًا، وإنْ صَلَّى فِيْ بَيْتِهِ صَلَّى ركعتَيْنِ، واحْتَجَّ بِأَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يُصَلِّيْ بَعْدَ الجمعةِ ركعتينِ فى بَيْتِهِ، ولِحَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَنْ كَانَ مِنْكُمْ مُصَلِّيًا بعدَ الجمعةِ فَلْيُصَلِّ أَرْبَعًا.

قال أبو عيسى: وابنُ عمرَ هُوَ الَّذِىْ رَوَى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كانَ يُصَلِّيْ بَعدَ الجمعةِ ركْعَتَيْنِ فِيْ بَيْتِهِ، وابنُ عُمرَ بعدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فى المسجدِ بعدَ الجمعةِ ركعتَيْنِ، وصَلَّى بعدَ الركعتَيْنِ أَرْبَعًا.

حدثنا بذلك ابنُ أبى عُمَرَ، نا سفيانُ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن عطاءٍ، قال: رَأَيْتُ ابنَ عُمرَ صَلَّى بعدَ الجمعةِ ركعَتَيْنِ ثم صَلَّى بعد ذلك أَرْبَعًا.

حدثنا سعيدُ بنُ عبدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِيُّ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، قال: مَارَأَيْتُ أَحَدًا أَنَصَّ لِلْحديثِ مِنَ الزُّهْرِيِّ، وَمَا رَأَيْتُ أَحَدًا الدَّرَاهِمُ وَالدَّنَانِيْرُ أَهْوَنُ عِنْدَهُ مِنْهُ، إِنْ كانتِ الدنانير والدَّرَاهِمُ عِنْدَهُ بِمَنْزِلَةِ البَعْرِ.

قال أبو عيسى: سمعتُ ابن أبى عُمَرَ يقول: سمِعْتُ سفيانَ بنَ عُيَيْنَةَ يقولُ: كان عَمْرُو بنُ دينارٍ أَسَنَّ مِن الزُّهْرِيِّ.

وضاحت: پہلی حدیث (۵۲۹) سالم رحمہ اللہ کی ہے۔ اس کو عمرو بن دینار امام زہری سے روایت کرتے ہیں۔ یہ

دونوں ہم عصر ہیں، البتہ عمرو بن دینار بارہ سال بڑے ہیں، ان کا سن ولادت ۴۶ھ ہے اور زہری کا ۵۸ھ۔ مگر وفات زہری کی ایک سال پہلے ہوئی ہے۔ سن ۱۲۴ھ میں آپ کی وفات ہوئی ہے جبکہ عمرو بن دینار کی وفات سن ۱۲۶ھ میں ہوئی ہے۔ پھر یہی حدیث نافع کی سند سے روایت کی ہے (نمبر ۵۳۰) اس میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کا عمل بھی مذکور ہے، یہ مضمون سالم کی سند میں نہیں تھا۔ یہی امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا مسلک ہے، یعنی دونوں کے نزدیک: جمعہ کے بعد دو سنتیں ہیں (مگر امام شافعی رحمہ اللہ کی طرف اس قول کی نسبت صحیح نہیں جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا)

اس کے بعد حدیث قولی (۵۳۱) مرفوع ہے جو سہیل کی سند سے ہے، چونکہ یہ حدیث: ابن عمرؓ کی حدیث کے معارض تھی اس لئے شاید کسی کو خیال پیدا ہو کہ یہ حدیث صحیح نہیں ہوگی اس لئے ابن عیینہ کا قول سہیل کی توثیق میں نقل کیا کہ وہ اس راوی کو مضبوط راوی سمجھتے تھے (پھر اس توثیق والے قول کے بعد ''حدیث حسن'' ہے وہ بے معنی ہے، کیونکہ یہ حدیث نہیں ہے اور مصری نسخہ میں یہ عبارت نہیں ہے) بعض علماء کا عمل اس حدیث کے مطابق ہے (ان کے نام آگے آئیں گے یہ حضرات جمعہ کے بعد چار سنتوں کے قائل ہیں) ـــــ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ جمعہ سے پہلے چار اور جمعہ کے بعد چار سنتیں پڑھتے تھے (یہ روایت سند کے ساتھ مصنف ابن ابی شیبہ وغیرہ میں ہے، اسی کو مذکورہ حضرات نے لیا ہے)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے حکم دیا کہ جمعہ کے بعد دو رکعتیں پھر چار رکعتیں پڑھی جائیں (یہ روایت بھی مصنف ابن ابی شیبہ میں سند کے ساتھ ہے) سفیان ثوری اور ابن المبارک: حضرت ابن مسعودؓ کے قول کی طرف گئے ہیں (یہ اب فریق ثانی کے نام آئے اور یہی امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا قول ہے۔ یہ سب حضرات جمعہ کے بعد چار سنتوں کے قائل ہیں)

اور اسحاق رحمہ اللہ نے کہا: اگر جمعہ کے بعد مسجد میں نفلیں پڑھے تو چار پڑھے، اور گھر میں پڑھے تو دو پڑھے، اور انھوں نے استدلال کیا کہ نبی ﷺ کا عمل یہ تھا کہ آپؐ گھر میں دو رکعتیں پڑھتے تھے اور قولی حدیث ہے کہ جو شخص جمعہ کے بعد نفلیں پڑھنا چاہے وہ چار رکعتیں پڑھے (پس پہلی حدیث گھر میں پڑھنے کی صورت میں ہے کیونکہ اس میں اس کی صراحت ہے اور قولی حدیث مسجد میں پڑھنے پر محمول ہے کیونکہ اس میں جگہ کی صراحت نہیں)

(مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں حدیثوں پر عمل کی یہ صورت صحیح نہیں) فرماتے ہیں: ابن عمرؓ ہی یہ فعلی حدیث روایت کرتے ہیں کہ آپؐ گھر میں دو رکعتیں پڑھتے تھے، پھر نبی ﷺ کے زمانہ کے بعد ان کا عمل یہ تھا کہ انھوں نے مسجد میں جمعہ کے بعد پہلے دو رکعتیں پڑھیں پھر چار رکعتیں پڑھیں (معلوم ہوا کہ حضرت اسحاق کی تطبیق ٹھیک نہیں، ابن عمرؓ نے دونوں روایتوں کو جمع کیا ہے اور چھ رکعتیں مسجد میں پڑھی ہیں) پھر امام ترمذیؒ نے حضرت ابن عمرؓ کے اس عمل کو سند سے روایت کیا ہے۔

آخر میں امام ترمذیؒ سند کے ساتھ عمرو بن دینار کا قول لائے ہیں جس میں امام زہری کی فضیلت ہے۔فرماتے ہیں: ”میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جو حدیث کو مرفوع کرنے میں امام زہری سے بہتر ہو“ (أَنَصّ: نَصَّ الحدیثَ سے اسم تفضیل ہے، جس کے معنی ہیں: رَفْعُ الحدیثِ إلی قائله: بات کو اس کے کہنے والے کی طرف اٹھانا یعنی پہنچانا۔یعنی حدیث مرفوع کی سندیں جتنی شاندار زہری بیان کرتے ہیں اور کوئی بیان نہیں کرتا۔کیونکہ زہری رحمہ اللہ اپنی تمام مرویات سونے سے پہلے ایک مرتبہ پڑھتے تھے، اس لئے ان کو سندیں خوب محفوظ تھیں)

دوسری بات: عمرو بن دینار نے یہ فرمائی کہ میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس کے نزدیک دنانیر ودراہم (مصری نسخہ میں دونوں جگہ والدنانیر بھی ہے) اتنے بے حیثیت ہوں جتنے زہری کے نزدیک ہیں، زہری کے نزدیک روپے پیسے مینگنی کے برابر تھے (إنْ: مخففہ من المثقلہ ہے أی: إنَّه اور کانت الدنانیر إلخ إن کی خبر ہے۔امام زہری رحمہ اللہ اپنے زمانہ کے خلفاء وامراء کے پاس جاتے تھے، جبکہ دوسرے علماء ان سے دور رہتے تھے۔امام زہری کا خیال تھا کہ اگر علماء: بادشاہوں اور امراء سے دور رہیں گے تو وہ من مانی کریں گے اور ہم ان کے پاس جائیں گے تو ان کی راہ نمائی کریں گے اور ان کو حتی الامکان ظلم سے روکیں گے۔مگر بعض لوگوں نے آپ پر کاسہ لیسی (پیالہ چاٹنے) کا الزام لگایا ہے۔وہ کہتے تھے کہ زہری حکام کے پاس مال ودولت کی لالچ میں جاتے ہیں۔مگر ان کا یہ الزام بے بنیاد تھا۔جس کے نزدیک دراہم ودنانیر مینگنیوں سے زیادہ بے حیثیت ہوں، جس کی شہادت ان کے استاذ عمرو بن دینار دے رہے ہیں، وہ کاسہ لیسی کیوں کرے گا؟) پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابن عیینہ کا قول نقل کیا ہے کہ عمرو بن دینار (۴۶-۱۲۶ھ) زہری رحمہ اللہ (۵۸-۱۲۴ھ) سے عمر میں بڑے تھے (اور عمرو بن دینار نے یہ دو باتیں اس وقت کہی تھیں جب وہ بیمار پڑے تھے اور زہری ان کی عیادت کے لئے گئے تھے، جب وہ عیادت کرکے لوٹے تو پیچھے حاضرین سے عمرو بن دینار نے یہ باتیں کہیں)

بابٌ فِیْمَنْ یُدْرِكُ مِنَ الجُمُعَةِ رَكْعَةً

جس کو جمعہ کی ایک رکعت ملے اس کا حکم

مذاہبِ فقہاء: شیخین: امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جو شخص نماز جمعہ میں قعدۂ اخیرہ میں بھی شریک ہو گیا اس نے جمعہ پالیا۔پس امام کے سلام کے بعد وہ جمعہ کی دو رکعتیں پڑھے گا۔اور ائمہ ثلاثہ اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک جمعہ پانے کے لئے کم از کم ایک رکعت پانا ضروری ہے، جو شخص قعدۂ اخیرہ میں شریک ہوا یعنی جس کی دونوں رکعتیں فوت ہو گئیں اس کو جمعہ نہیں ملا، پس وہ امام کے سلام کے بعد اسی تحریمہ سے ظہر کی چار رکعتیں پڑھے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے نماز کی ایک رکعت پالی اس نے نماز پالی“

تشریح: یہ حدیث پہلے فجر اور عصر کی تخصیص کے ساتھ گذری ہے۔ جمہور نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ جمعہ وہی شخص پاتا ہے جو کم از کم ایک رکعت امام کے ساتھ پالے۔ جس کی دونوں رکعتیں فوت ہوجائیں اسے جمعہ نہیں ملا۔ اور شیخین فرماتے ہیں: اس حدیث کا جمعہ کی نماز سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ حدیث پانچوں نمازوں کے لئے ہے۔ اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی بھی نماز کے وقت کے آخر میں نماز کا اہل ہوا، جیسے عورت حائضہ یا نفاس والی تھی وہ پاک ہوئی، یا بچہ بالغ ہوا یا کافر مسلمان ہوا، اور اس نے ایک رکعت کا وقت پالیا، یعنی طہارت حاصل کر کے ایک رکعت پڑھ سکے اتنا وقت اس کو مل گیا تو اس پر وہ نماز فرض ہوگئی، ادا نہ پڑھ سکے تو قضا پڑھے۔

اور اس حدیث کا دوسرا مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ مسبوق کو جماعت پانے والا اس وقت قرار دیں گے جب وہ امام کے ساتھ کم از کم ایک رکعت پالے۔ جو شخص قعدۂ اخیرہ میں شریک ہوا وہ جماعت کی فضیلت پانے والا تو ہے مگر جماعت پانے والا نہیں۔ غرض اس حدیث کا مسئلۂ باب سے کوئی تعلق نہیں۔ اور جو حدیث پہلے گذری ہے وہ بھی یہی حدیث ہے۔ چونکہ فجر اور عصر کا آخر وقت محسوس تھا اس لئے عصر اور فجر کی تخصیص کے ساتھ حدیث وارد ہوئی ہے اور حکم تمام نمازوں کے لئے عام ہے کیونکہ تخصص کے بغیر بھی یہ حدیث آئی ہے، اور جب مسئلہ باب میں کوئی خاص حدیث نہیں تو عام ضابطہ جاری ہوگا، اور قعدۂ اخیرہ میں شریک ہونے والے کو جماعت میں شریک ہونے والا قرار دیا جاتا ہے، پس نماز جمعہ کے قعدہ اخیرہ میں شریک ہونے والے کو بھی جمعہ پانے والا قرار دیا جائے گا۔ واللہ اعلم

[۲۶۲] بابُ فيمن يُدْرِكُ من الجمعة ركعة

[۵۳٤-] حدثنا نَصْرُ بنُ عليٍّ، وسعيدُ بنُ عبدِ الرحمنِ وغَيْرُ واحِدٍ، قالوا: حدثنا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أبي سَلَمَةَ، عن أبي هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: "مَنْ أَدْرَكَ مِنَ الصَّلَاةِ رَكْعَةً فقد أَدْرَكَ الصَّلَاةَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعملُ على هذا عندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم قالوا: مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنْ الجُمُعَةِ صَلَّى إليها أُخْرَى، ومَنْ أَدْرَكَهُمْ جُلُوْسًا صَلَّى أَرْبَعًا. وبه يقولُ سفيانُ الثوريُّ، وابنُ المبارَكِ، والشافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے۔ وہ فرماتے ہیں: جس نے جمعہ کی ایک رکعت پائی وہ اس کے ساتھ دوسری رکعت ملائے۔ اور جس نے لوگوں کو قعدۂ اخیرہ میں پایا وہ (ظہر کی) چار رکعتیں پڑھے۔ اور یہی بات سفیان ثوری، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کہتے ہیں۔

بابٌ فی القَائِلَةِ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن قیلولے کا بیان

حدیث: سہل بن سعد کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں صبح کا کھانا نہیں کھاتے تھے اور قیلولہ نہیں کرتے تھے مگر جمعہ کے بعد۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ نے اس حدیث سے زوال سے پہلے جمعہ پڑھنے کے جواز پر استدلال کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: جب صحابہ صبح کا کھانا اور قیلولہ جمعہ کے بعد کرتے تھے تو یقیناً رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز اس سے پہلے پڑھتے تھے۔ صبح کا کھانا زوال سے پہلے گیارہ بجے کے قریب کھایا جاتا تھا پھر قیلولہ کیا جاتا تھا۔ پس آپؐ نے دس بجے کے قریب جس وقت عیدین پڑھی جاتی ہیں جمعہ پڑھا ہوگا، لہٰذا زوال سے پہلے جمعہ کی نماز پڑھنا جائز ہے، مگر جمہور کے نزدیک حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے۔ حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ چونکہ جمعہ کے دن مسجد جلدی جانا ہوتا ہے اور کھا کر جانے کی صورت میں سستی چھائی رہتی ہے اس لئے صحابہ جمعہ کے دن یہ دونوں کام مؤخر کرتے تھے۔ وہ جمعہ کے بعد صبح کا کھانا بھی کھاتے تھے اور قیلولہ بھی کرتے تھے۔ واللہ اعلم

[۲۶۳] بابٌ فی القائلة یوم الجمعة

[۵۳۵-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا عبدُ العزیزِ بنُ أبی حَازِمٍ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ، عن أبی حَازِمٍ، عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قال: ما كُنَّا نَتَغدَّى فی عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ولاَ نَقِيْلُ إِلَّا بَعْدَ الجُمُعَةِ.

وفی الباب: عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال أبو عيسى: حديثُ سهلِ بنِ سَعْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ فِيْمَنْ يَنْعَسُ يَوْمَ الجُمعةِ أَنَّهُ يَتَحَوَّلُ مِنْ مَجْلِسِهِ

جمعہ کے دن نیند آئے تو مجلس بدل لے

جمعہ کے دن یا سبق میں یا کسی بھی مجلس میں نیند آئے تو اس کا علاج یہ ہے کہ جگہ بدل لے۔ اپنی جگہ سے اٹھ کر دوسری جگہ جا بیٹھے، یا تھوڑا چل کر اپنی جگہ آ بیٹھے نیند اڑ جائے گی۔ اس لئے کہ نیند برودت سے آتی ہے اور حرکت سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے نیند اڑ جائے گی۔ لیکن اگر کوئی طالب علم نیند اڑانا ہی نہ چاہے تو اس کا کوئی علاج نہیں وہ امریکہ گھوم کر آئے گا تو بھی سوئے گا!

[٢٦٤] بابُ فيمن يَنْعَسُ يومَ الجمعة أنه يتحول من مجلسه

[٥٣٦-] حدثنا أبو سعيدٍ الأَشَجُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، وأبو خالدٍ الأَحْمَرُ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال:'' إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَلْيَتَحَوَّلْ عن مَجْلِسِهِ ذلك''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' جب تم میں سے کوئی شخص جمعہ کے دن اونگھنے لگے تو چاہئے کہ وہ اپنی مجلس سے منتقل ہوجائے''

بابُ ماجاءَ فی السَّفرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن سفر کرنے کا حکم

جمعہ کے دن زوال سے پہلے سفر کرنا جائز ہے۔اس میں کوئی حرج نہیں۔اور جمعہ کا وقت شروع ہونے کے بعد یعنی زوال کے بعد جمعہ پڑھے بغیر سفر کرنا مکروہ ہے۔البتہ اگر آگے جمعہ ملنے کی امید ہو جیسے دیوبند سے دہلی جارہا ہے، آگے مظفر نگر میں جمعہ مل جائے گا، یا مجبوری ہو مثلاً دس بجے کی ٹرین میں ریزرویشن کرایا تھا مگر گاڑی لیٹ آئی تو زوال کے بعد بھی سفر کرنا جائز ہے۔اور ضرورت کے بغیر اور آگے جمعہ ملنے کی امید بھی نہ ہو تو زوال کے بعد سفر کرنا مکروہ ہے۔

باب میں یہ واقعہ مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک سَرِیّہ تجویز فرمایا۔اور ان کو مثلاً حکم دیا کہ پرسوں نکل جاؤ۔اتفاق سے پرسوں جمعہ کا دن تھا، حضرت عبداللہ بن رواحۃ رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا: جنگ کا انجام معلوم نہیں زندہ سلامت واپس آنا ہوتا ہے یا نہیں اور میرے پاس گھوڑا ہے اس لئے آپ حضرات روانہ ہوجائیں۔ میں آنحضور ﷺ کے ساتھ جمعہ پڑھ کر چلونگا اور شام تک آپ حضرات سے آملونگا۔سریہ روانہ ہوگیا اور عبداللہ بن رواحہ پیچھے رہ گئے۔آنحضرت ﷺ نے خطبہ میں ان کو مسجد میں پایا تو پوچھا: آپ یہاں کیسے؟ اپنے ساتھیوں کے ساتھ صبح کیوں روانہ نہیں ہوئے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! جنگ سامنے ہے معلوم نہیں واپسی ہو یا نہ ہو۔اور میرے پاس گھوڑا ہے اس لئے میرے ساتھی روانہ ہوگئے ہیں اور میں آپؐ کی اقتداء میں جمعہ پڑھ کر چلونگا اور شام تک ان سے جاملونگا۔آنحضور ﷺ نے فرمایا:'' تمہارے جو ساتھی آدھا دن پہلے اللہ کے راستہ میں نکل گئے اگر تم زمین کی ساری دولت بھی خرچ کردو تو ان کے صبح نکلنے کے ثواب کو نہیں پاسکتے!''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن زوال سے پہلے سفر کرنا جائز ہے اور اس پر ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔

[٢٦٥] باب ماجاء فی السفر یومَ الجمعة

[٥٣٧-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا أبو مُعاویةَ، عن الحجَّاجِ، عن الحَکَمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال بَعَثَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عبدَ اللّٰہِ بنَ رَوَاحَۃَ فی سَرِیَّۃٍ، فَوَافَقَ ذلکَ یومَ الجمعۃِ، فَغَدَا أَصْحَابُہ فقال: أَتَخَلَّفُ فَأُصَلِّی مع رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ أَلْحَقُھُمْ، فَلَمَّا صَلَّی مع النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم رَآہُ، فَقَالَ لہ: ”ما مَنَعَکَ أَنْ تَغْدُوَ مَعَ أَصْحَابِکَ؟“ قال: أَرَدْتُ أَنْ أُصَلِّیَ مَعَکَ ثم أَلْحقُھُمْ، فقال: ”لَوْ أَنْفقتَ ما فِی الأَرْضِ مَا أَدْرَکْتَ فَضْلَ غُدْوَتِھِمْ“

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ لَانَعرِفُہُ إلَّا مِن ھذا الوجہِ، قال علیُّ بنُ المَدِیْنِیِّ: قال یحیی بنُ سعیدٍ: قال شُعْبَۃُ: لَمْ یَسْمَعِ الْحَکَمُ مِنْ مِقْسَمٍ إِلَّا خَمْسَۃَ أَحادیثَ،وعَدَّھَا شُعْبَۃُ، ولیسَ ھذا الحدیثُ فیما عَدَّھَا شُعْبَۃُ، وکَأَنَّ ھٰذا الحدیثَ لم یَسْمَعْہُ الْحَکَمُ مِنْ مِقْسَمٍ.

وقد اخْتَلَفَ أھلُ العلمِ فی السفرِ یومَ الجمعۃِ، فَلَمْ یَرَ بعضُھم بَأْسًا بِأَنْ یَخْرُجَ یومَ الجمعۃِ فی السفرِ مالم تَحْضُرِ الصلاۃُ. وقالَ بعضُھم: إِذَا أَصْبَحَ فَلَا یَخْرُجُ حتی یُصَلِّیَ الجمعۃِ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن رواحہ کو ایک سریہ میں بھیجا۔ اتفاق سے وہ جمعہ کا دن تھا، ان کے ساتھی صبح سویرے نکل گئے، اور ابن رواحہؓ نے کہا: میں پیچھے رہوں گا، اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھوں گا، پھر ان کے ساتھ مل جاؤں گا، پس جب انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھی تو آپؐ نے ان کو دیکھا اور ان سے پوچھا: ”تمھیں صبح سویرے اپنے ساتھیوں کے ساتھ نکلنے سے کس چیز نے روکا؟“ ابن رواحہؓ نے عرض کیا: میں نے چاہا کہ آپؐ کے ساتھ نماز پڑھوں، پھر میں ان کے ساتھ مل جاؤں گا۔ آپؐ نے فرمایا: ”اگر تم تمام چیزیں جو زمین میں ہیں خرچ کردو تو بھی ان کے صبح میں نکلنے کے ثواب کو نہیں پاسکتے!“

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر اسی سند سے (جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں دو خرابیاں ہیں، ایک: حجاج بن ارطاۃ ضعیف راوی ہے۔ دوسرے: یہ حدیث منقطع ہے کیونکہ حکم نے یہ حدیث مِقسم سے نہیں سنی) شعبہ رحمہ اللہ نے فرمایا: حکم نے مِقسم سے صرف پانچ حدیثیں سنی ہیں، اور شعبہ رحمہ اللہ نے ان کو شمار کیا اور یہ حدیث ان پانچ میں نہیں ہے جن کو شعبہ نے شمار کیا، گویا یہ حدیث حکم نے مِقسم سے نہیں سنی (تفصیل تہذیب (۲:۴۳۴) میں ہے)

اور علماء کا جمعہ کے دن سفر کرنے میں اختلاف ہے۔ بعض علماء کچھ حرج نہیں سمجھتے کہ آدمی جمعہ کے دن سفر میں نکلے جب تک نماز کا وقت شروع نہ ہو (یہ ائمہ اربعہ کا مذہب ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں (جمعہ کے دن) جب صبح صادق

ہوگئی تو اب سفر میں نہ جائے، یہاں تک کہ جمعہ پڑھ لے (یہ امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے)

بابٌ فی السِّواكِ والطِّیْبِ یَوْمَ الجُمُعَةِ

جمعہ کے دن مسواک کرنے اور خوشبو لگانے کا بیان

ہر بڑے مجمع میں حاضر ہونے سے پہلے نظافت کا خیال کرنا پسندیدہ امر ہے۔ جمعہ میں بھی بڑا مجمع ہوتا ہے اس لئے نہا دھوکر، بدن کا میل کچیل صاف کر کے، مسواک کر کے، صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور خوشبو لگا کر نماز پڑھنے کے لئے جانا چاہئے، یہ مستحب ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ جمعہ کے دن غسل کریں، اور چاہئے کہ ان میں سے ہر ایک اپنے گھر کی خوشبو میں سے چھوئے (یعنی گھر میں جو خوشبو موجود ہو اُسے لگائے) اور اگر وہ خوشبو نہ پائے تو پانی اس کے لئے خوشبو ہے'' (یعنی نہانا کافی ہے، دوسرے سے مانگ کر خوشبو لگانا ضروری نہیں)

تشریح: جو حضرات جمعہ کے دن غسل کے عدم وجوب کے قائل ہیں یہ حدیث ان کی ایک دلیل ہے۔ کیونکہ اس حدیث میں دوسرا حکم خوشبو لگانے کا ہے، اور وہ بالا جماع واجب نہیں۔ پس پہلا حکم بھی جو اس کا قرین ہے واجب نہیں۔ اور حقّ سے مراد احسان و نیکوکاری کا حق ہے یعنی بڑے مجمع کا تقاضہ یہ ہے کہ وہاں نہا دھوکر اور نظافت و صفائی کے ساتھ جانا چاہئے، شرعی وجوب مراد نہیں۔

[۲۶۶] باب ماجاء فی السواك والطِّیْبِ یومَ الجمعة

[۵۳۸-] حدثنا عليُّ بنُ الحَسَنِ الكوفيُّ، نا أبو يَحيى إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ التَيْمِيُّ، عن يَزيدَ بنِ أبي زِيَادٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أَبي لَيْلَى، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''حَقًّا عَلَى المُسْلِمِيْنَ أَنْ يَغْتَسِلُوْا يومَ الجمعةِ، ولْيَمَسَّ أَحَدُهم مِنْ طِيْبِ أَهْلِه، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَالْمَاءُ له طِيْبٌ''

وفي الباب: عن أبي سعيدٍ، وشَيْخٍ مِنَ الأَنْصَارِ.

قال: حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، عن يَزيدَ بنِ أبي زِيَادٍ، نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

قال أبو عيسى: حديثُ البَرَاءِ حديثٌ حَسَنٌ وَرِوَايَةُ هُشَيْمٍ أَحْسَنُ مِنْ رِوَايَةِ إِسْمَاعِيْلَ بنِ إبراهيمَ التَّيْمِيِّ، وإسماعيلُ بنُ إبراهيمَ التَّيْمِيُّ: يُضَعَّفُ في الحديثِ.

وضاحت: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث کو یزید بن ابی زیاد سے: اسماعیل بن ابراہیم کے علاوہ ہُشیم بھی

روایت کرتے ہیں، اور ہشیم والی سند زیادہ اچھی ہے اسماعیل تیمی کی سند سے، کیونکہ اسماعیل کی حدیث میں تضعیف کی گئی ہے۔ اور ہشیم ثقہ راوی ہیں۔

أبْوَابُ العِيْدَيْنِ

بابٌ فی المَشْیِ یَوْمَ العِیْدَیْنِ

عیدین کے لئے پیدل جانا مستحب ہے

اگر کوئی عذر نہ ہو تو مستحب یہ ہے کہ عیدین اور جمعہ پڑھنے کے لئے پیدل جائے۔ اور عذر ہو جیسے گاؤں والوں کو عید پڑھنے کے لئے شہر آنا ہے یا کوئی بیمار ہے، یا بوڑھا ہے اور اس کے لئے پیدل چلنا دشوار ہے تو سوار ہو کر جانا جائز ہے۔ اور پیدل جانا مستحب اس لئے ہے کہ عید کے موقع پر بڑا اجتماع ہوتا ہے، عیدین تو ایک ہی جگہ ہوتی ہیں، اور جمعہ بھی شہر میں ایک جگہ ہوتا تھا پس اگر لوگ سوار ہو کر آئیں گے تو سواریاں کھڑی کرنے کا مسئلہ پیدا ہوگا۔ نیز پیدل جانے میں عاجزی اور انکساری بھی ہے اور سوار ہو کر جانے میں شان کا اظہار ہے جو عبادت کے شایانِ شان نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عیدین کے لئے پیدل جانے کے مستحب ہونے پر کوئی صحیح حدیث نہیں ہے، البتہ جمعہ کے لئے پیدل جانا مستحب ہے اور اس سلسلہ میں صحیح حدیثیں موجود ہیں۔ پس وہ حدیثیں عیدین کے لئے بھی کافی ہیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سنت یہ ہے کہ آپ عیدین کے لئے پیدل جائیں۔ اور (عید الفطر میں) یہ بھی سنت ہے کہ آپ عیدگاہ جانے سے پہلے کچھ کھائیں۔

تشریح: یہ حدیث حکماً مرفوع ہے کیونکہ صحابی کے من السنة کہنے سے حدیث حکماً مرفوع ہو جاتی ہے۔ اور حارث اعور کی وجہ سے حدیث ضعیف ہے، اور عید الفطر میں صبح صادق کے بعد کچھ کھانا مستحب ہے تاکہ افطار متحقق ہو جائے، یعنی عملی طور پر یہ بات معلوم ہو جائے کہ آج روزہ نہیں ہے کیونکہ روزوں کا مہینہ ختم ہو چکا۔

أبْوَابُ العِيْدَيْنِ

[۲٦٧] بابٌ فی المشی یوم العیدین

[٥٣٩-] حدثنا إسماعيلُ بنُ مُوسى، نا شَرِيكٌ، عن أبى إسحاقَ، عنِ الحَارِثِ، عن عليٍّ، قال: مِنَ السُّنَّةِ أَنْ تَخْرُجَ إلى العيدِ مَاشِيًا، وأَنْ تَأْكُلَ شَيْئًا قَبْلَ أَنْ تَخْرُجَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، والعَمَلُ على هذا الحديثِ عندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ يَخْرُجَ الرجلُ إلى العِيْدِ مَاشِيًا، وأَنْ لَّا يَرْكَبَ إِلَّا مِنْ عُذْرٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے۔ وہ یہ بات پسند کرتے ہیں کہ آدمی عید کے لئے پیدل جائے، اور یہ کہ سوار ہو کر نہ جائے مگر عذر کی بناء پر۔

بابٌ فی صَلاَۃِ العِیْدَیْنِ قَبْلَ الخُطْبَۃِ

عیدین کی نمازیں خطبہ سے پہلے ہیں

یہ اجماعی مسئلہ ہے: عیدین کی نمازیں خطبہ سے پہلے ہیں۔ گذشتہ زمانہ میں کچھ امراء نے خطبہ پہلے کر دیا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حرکت سب سے پہلے مروان نے کی تھی، اور بعض لوگ یہ بات امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف منسوب کرتے ہیں، بہر حال جس نے بھی ایسا کیا ٹھیک نہیں کیا۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین کا دائمی عمل یہ تھا کہ وہ پہلے عیدین پڑھاتے تھے پھر خطبہ دیتے تھے۔

سوال: عیدین میں خطبہ بعد میں کیوں ہے؟ اور جمعہ میں پہلے کیوں ہے؟

جواب: عیدین میں لوگ عیدگاہ میں دوگانہ ادا کرنے کے لئے جاتے ہیں، تقریر سننے کے لئے نہیں جاتے۔ پس پہلے دوگانہ ادا کرنا چاہئے پھر خطیب کو جو تقریر کرنی ہو کرے، غرض عیدین میں معاملہ اصل وضع (حالت) پر ہے۔ اور ابتدائے اسلام میں جمعہ میں بھی خطبہ نماز کے بعد تھا لیکن ایک مرتبہ یہ واقعہ پیش آیا کہ نبی ﷺ جمعہ پڑھا کر خطبہ دے رہے تھے کہ مدینہ میں ایک تجارتی قافلہ آیا، اس نے نقارہ بجایا اور اعلان کیا، تو سارا مجمع منتشر ہو گیا۔ بعض لوگ خریداری کرنے چلے گئے اور بعض لوگ تماشہ دیکھنے کے لئے گئے۔ صرف بارہ آدمی رہ گئے، چنانچہ سورۃ الجمعۃ کی (آیت ۱۱) نازل ہوئی اور آئندہ اس قسم کا واقعہ پیش نہ آئے اس لئے خطبہ مقدم کر دیا گیا (تفصیل تفسیر ابن کثیر میں ہے) علاوہ ازیں عیدین کی نوبت سال میں دو ہی مرتبہ آتی ہے اور اس میں خوب ذوق وشوق ہوتا ہے۔ لوگ پہلے سے تیاری کر کے آتے ہیں اس لئے عیدین میں اصل کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔ اور جمعہ ہفتہ واری اجتماع ہے اس میں اگرچہ ذوق وشوق ہوتا ہے مگر عیدین جیسا نہیں ہوتا، بلکہ بعض لوگ سستی کرتے ہیں اور دیر سے آتے ہیں پس اگر خطبہ بعد میں ہوگا تو ان کی پوری نماز یا کوئی رکعت چھوٹ جائے گی، اس لئے خطبہ مقدم کیا گیا تاکہ دیر سے آنے والے بھی نماز سے محروم نہ رہیں۔

اب دو مسئلے سمجھنے چاہئیں:

پہلا مسئلہ: جمعہ کا خطبہ جب بعد میں تھا تو نماز کے لئے شرط نہیں تھا کیونکہ جو چیز بعد میں ہوتی ہے وہ شرط نہیں ہوتی۔ چنانچہ عیدین کا خطبہ بھی نماز کے لئے شرط نہیں، مگر جب جمعہ کا خطبہ مقدم کیا گیا تو اس کو نماز کے لئے شرط قرار دیا گیا، پس خطبہ کے بغیر جمعہ کی نماز صحیح نہیں ہوگی، اور خطبہ دینا شرط ہے اس کا سننا شرط نہیں۔ اگر مسجد میں سب مقتدی

بہرے ہوں یا سب سو رہے ہوں اور کسی نے بھی خطبہ نہ سنا ہو تو بھی نماز صحیح ہے۔

دوسرا مسئلہ: اگر کوئی شخص عیدین کے خطبے نماز سے پہلے دیدے تو کیا حکم ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: وہ خطبہ محسوب (گنا ہوا) ہوگا، اور ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے کیونکہ یہ عمل سنتِ متوارثہ کے خلاف ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: وہ خطبہ محسوب نہیں ہوگا اور نماز صحیح ہوگی کیونکہ عیدین کے لئے خطبہ شرط نہیں، اور ایسا کرنے والا برا آدمی ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما عیدین کی نمازیں خطبہ سے پہلے پڑھایا کرتے تھے پھر خطبہ دیتے تھے۔

تشریح: پہلے کئی جگہ یہ بات بتائی گئی ہے کہ نصوص میں جہاں بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ابوبکر و عمر کا تذکرہ ہوتا ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے وہ عمل زندگی کے آخر تک کیا ہے، یہاں بھی ایسا ہی ہے۔ آپؐ نے ہمیشہ عیدین پہلے پڑھائی ہیں پھر خطبہ دیا ہے۔ اور دلیل یہ ہے کہ آپؐ کے بعد متصلاً جو دو بزرگ یکے بعد دیگرے آپؐ کے مصلی پر کھڑے ہوئے وہ بھی پہلے عیدین پڑھاتے تھے پھر خطبہ دیتے تھے —— اور بنو امیہ نے عیدین سے پہلے خطبہ دینا اس لئے شروع کیا تھا کہ وہ اپنے خطبہ میں بنو ہاشم کی برائی کیا کرتے تھے، جسے لوگ سننا نہیں چاہتے تھے اس لئے جب وہ برائی شروع کرتے تو لوگ اٹھ کر چل دیتے، اس لئے انھوں نے خطبہ پہلے کر دیا تھا تا کہ لوگ مجبوراً سنیں۔

[۲۶۸] باب ماجاء فی صلاۃ العیدین قبل الخطبۃ

[۵۴۰-] حدثنا محمدُ بنُ المُثَنّٰی، نا أبو أُسامةَ، عن عُبَیدِ اللّٰہِ، عن نافعٍ، عن ابنِ عُمرَ، قال: کان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وأبوبکرٍ وعمرُ یُصَلُّوْنَ فی العِیْدَیْنِ قَبْلَ الخُطْبَۃِ، ثم یَخْطُبُوْنَ.

وفی الباب: عن جابرٍ وابنِ عباسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. والعملُ علی ھذا عندَ أھلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وغیرِھِمْ أَنَّ صلاۃَ الْعِیْدَیْنِ قَبْلَ الخُطْبَۃِ؛ ویقالُ: إِنَّ أَوَّلَ مَنْ خَطَبَ قَبْلَ الصَّلاَۃِ: مَرْوَانُ بنُ الحَکَمِ.

بابُ إِنَّ صَلاَۃَ العِیْدَیْنِ بِغَیْرِ أَذَانٍ ولا إِقَامَۃٍ

عیدین کی نمازیں اذان واقامت کے بغیر ہیں

عیدین کے لئے نہ اذان ہے اور نہ اقامت، اس لئے کہ قاعدہ کلیہ ہے: اذان واقامت صرف فرائض کے لئے ہیں دیگر نمازوں کے لئے چاہے وہ واجب ہوں یا سنن مؤکدہ یا نفل: اذان واقامت مشروع نہیں، اور عیدین یا تو سنت

مؤکدہ ہیں یا واجب۔ فرض عین نہیں اس لئے ان کے لئے اذان واقامت بھی مشروع نہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے مفتی بہ قول کے مطابق عیدین واجب ہیں۔ فرض کا بھی ایک قول ہے مگر وہ مرجوح قول ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کا مرجوح قول یہ ہے کہ عیدین فرض عین ہیں اور مفتی بہ قول یہ ہے کہ فرض کفایہ ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے یہاں سنت مؤکدہ ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک سنتِ واجبہ ہیں۔ ظاہر ہے جب واجب کے ساتھ لفظ سنت بھی ہے تو وہ سنت مؤکدہ ہی کے معنی میں ہوگا۔ یعنی امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک عیدین سنت مؤکدہ ہیں۔

[۲۶۹] بابٌ: أَنَّ صلاةَ العيدين بغير أذان ولا إقامة

[۵٤۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن جابرِ بنِ سَمُرَةَ، قال: صَلَّيْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم العِيْدَيْنِ غَيْرَ مَرَّةٍ ولاَمَرَّتَيْنِ، بِغَيْرِ أَذَانٍ وَلا إِقَامَةٍ.

وفي الباب: عن جابر بنِ عبدِ اللهِ، وابنِ عَبَّاسٍ. قال أبو عيسى: وحديثُ جابرِ بنِ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعَمَلُ عليه عندَ أهلِ العلمِ من أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم أَن لاَيُؤَذَّنَ لِصلاَةِ العِيدَيْنِ، وَلا لِشَيْءٍ من النَّوافِلِ.

ترجمہ: جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بارہا (یہ غیر مرة ولا مرتين کا ترجمہ ہے اور یہ حال ہیں) عیدیں اذان واقامت کے بغیر پڑھی ہیں ——— اس حدیث پر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے کہ عیدین کی نماز کے لئے اور نوافل میں سے کسی بھی نماز کے لئے اذان نہ کہی جائے۔

بابُ القِرَاءَةِ فی العِيْدَيْنِ

عیدین میں مسنون قراءت

عیدین کی نمازوں میں لمبی قراءت کا ارادہ ہوتا تو آپؐ سورۂ ق اور سورۃ القمر پڑھتے تھے۔ اور ہلکی قراءت کرنا مقصود ہوتا تھا تو سورۃ الاعلی اور سورۃ الغاشیہ پڑھتے تھے۔ پہلی دوسورتوں میں اختصار کے ساتھ قرآن کریم کے تمام مقاصد بیان کئے گئے ہیں اور بہت بڑے اجتماع کے موقع پر اسی کی ضرورت ہوتی ہے کہ جامعیت کے ساتھ دین کا خلاصہ لوگوں کے سامنے آجائے۔ اور آخری دوسورتوں میں آخرت کی منظرکشی ہے، اور آخرت کی زندگی کو بنانے کی ترغیب ہے، یہ مضامین بھی اہم اجتماع کے لئے موزوں ہیں۔

پہلی حدیث: نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ عیدین میں اور جمعہ میں سورۃ الاعلی اور

سورۃ الغاشیہ پڑھا کرتے تھے اور کبھی دونوں (عید اور جمعہ) ایک دن میں اکٹھے ہوجاتے تھے تو آپ دونوں نمازوں میں ان سورتوں کو پڑھتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کو ابراہیم بن محمد سے ابوعوانہ، سفیان ثوری اور مسعر روایت کرتے ہیں اور وہ سب حبیب بن سالم کے بعد عن أبیه نہیں بڑھاتے، حبیب بن سالم حضرت نعمان بن بشیر کے آزاد کردہ ہیں وہ نعمان بن بشیر سے براہ راست روایت کرتے ہیں اپنے والد کے واسطہ سے روایت نہیں کرتے۔

اور اس حدیث کو ابراہیم بن محمد سے سفیان بن عیینہ نے بھی روایت کیا ہے اور ان کے تلامذہ میں اختلاف ہے۔ بعض حبیب بن سالم کے بعد عن أبیه کا اضافہ کرتے ہیں اور بعض اضافہ نہیں کرتے، اور صحیح عن أبیه کا اضافہ نہ ہونا ہے اس لئے کہ حبیب نے نعمان بن بشیرؓ سے براہ راست حدیثیں روایت کی ہیں، اور ان کے والد روایتِ حدیث میں معروف نہیں۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ اگر جمعہ اور عید ایک ساتھ اکٹھا ہو جائیں تو حنفیہ کے نزدیک گاؤں سے عید پڑھنے کے لئے جو لوگ شہر میں آتے ہیں اگر وہ زوال سے پہلے گاؤں لوٹ جائیں تو ان پر جمعہ فرض نہیں، اور جو دیہاتی زوال تک شہر میں رہیں ان پر اور محلِ اقامت جمعہ میں رہنے والوں پر جمعہ فرض ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: اگر عید اور جمعہ اکٹھے ہوں تو عید کی نماز تو ضروری ہے جمعہ ضروری نہیں۔ جمعہ بھی پڑھ سکتے ہیں اور ظہر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

دوسری حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوواقد لیثی سے دریافت کیا: نبی ﷺ عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں کونسی سورتیں پڑھتے تھے؟ انھوں نے کہا: سورۂ قاف اور سورۂ قمر پڑھا کرتے تھے۔

[۲۷۰] بابُ القراء ة فی العيدين

[۵۴۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن إبراهيمَ بنِ محمدِ بنِ الْمُنْتَشِرِ، عن أبيه، عن حبيبِ بنِ سالمٍ، عن النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، قال: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ فی العِيْدَيْنِ وفی الجمعةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلٰى، وهَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ، وَرُبَّمَا اجْتَمَعَا فی يَوْمٍ واحدٍ فَيَقْرَأُ بِهِمَا.

وفی الباب: عن أبی واقِدٍ، وسَمُرَةَ بن جُنْدُبٍ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ النعمانِ بنِ بَشيرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهٰكذا رَوَى سفيانُ الثوریُّ، ومِسْعَرٌ، عن إبراهيمَ بنِ محمدِ بنِ الْمُنْتَشِرِ مِثْلَ حديثِ أبی عَوَانَةَ.

وأما ابن عُيَيْنَةَ فَيُخْتَلَفُ عَلَيْهِ فی الرِّوَايَةِ: فَيُرْوَى عنه عن إبراهيمَ بنِ محمدِ بنِ الْمُنْتَشِرِ، عن أبيه، عن حَبيبِ بنِ سالمٍ، عن أبيه، عن النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَلَا يُعْرَفُ لِحَبِيْبِ بنِ سالمٍ رِوَايَةٌ عن

أبيهِ، وحبيبُ بنَ سالمٍ هُوَ مَوْلَى النُّعْمانِ بنِ بشيرٍ، وروى عن النعمان بن بشير أَحاديثَ، وقَدْ رُوِىَ عن ابنِ عُيَيْنَةَ عن إبراهيمَ بنِ محمدِ بنِ الْمُنْتَشِرِ نحوُ رِوايةِ هٰؤُلاءِ.

وَرُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كانَ يَقْرَأُ فى صَلاَةِ العِيْدَيْنِ بِقَاف واقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ، وبه يقولُ الشافعيُّ.

[۵۴۳-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوسى الْأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنُ بنُ عيسى، نا مالكٌ، عن ضَمْرَةَ بنِ سعيدٍ المَازِنِيِّ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عُمرَ بنَ الخطابِ سَأَلَ أَبَا وَاقِدٍ اللَّيْثِيَّ: ماكان رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يَقْرَأُ بِهِ فى الفِطْرِ وَالْأَضْحٰى؟ قال: كان يَقْرَأُ بقاف والقرآن المجيد، واقتربتِ الساعةُوانْشَقَّ الْقَمَرُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا هَنَّادٌ، نا ابنُ عُيَيْنَةَ، عن ضَمْرَةَ بنِ سَعيدٍ، بهذا الإسناد نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: وأبووَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ: اسْمُه الحَارِثُ بنُ عَوْفٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔اوراسی طرح روایت کیا ہے سفیان ثوری اورمسعر نے ابراہیم بن محمد سے ابوعوانہ کی سند کی طرح (یعنی یہ حضرات بھی حبیب بن سالم کے بعد عن أبيه کا اضافہ نہیں کرتے)

اوررہے سفیان بن عیینہ تو ان پر روایت میں اختلاف کیا گیا (یعنی ان کے شاگردوں میں اختلاف ہے) پس ابن عیینہ سے روایت کیا جاتا ہے عن إبراهيم الی آخرہ (اس سند میں حبیب کے بعد عن أبيه کا اضافہ ہے) اورحبیب کی ان کے والد سے روایت معروف نہیں، اورحبیب حضرت نعمانؓ کے آزاد کردہ ہیں، اورانھوں نے حضرت نعمان سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں۔اورابن عیینہ سے ابراہیم بن محمد کی سند سے اُن حضرات کے مانند بھی روایت کیا گیا ہے (یعنی ابن عیینہ کے بعض تلامذہ ابوعوانہ، سفیان ثوری اورمسعر کی طرح عن ابیہ کے اضافہ کے بغیر بھی روایت کرتے ہیں)

اوررسول اللہ ﷺ سے روایت کیا گیا کہ آپؐ عیدین کی نمازوں میں سورۂ ق اورسورۃ القمر پڑھتے تھے، اورامام شافعی رحمہ اللہ اسی کے قائل ہیں۔اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہی حدیث سند کے ساتھ روایت کی ہے ——

اس حدیث میں مدارالاسناد ضمرۃ بن سعید ہیں۔ان سے امام مالک اورسفیان بن عیینہ دونوں روایت کرتے ہیں، اور ابن عیینہ کی سند عالی ہے، کیونکہ مصنف اورمدارالاسناد کے درمیان صرف ہناد اورابن عیینہ کا واسطہ ہے اورامام مالک کی سند میں تین واسطے ہیں یعنی اسحاق بن موسی انصاری، معن بن عیسی اورامام مالک، پس وہ سند نازل ہے ——

اورابوواقد اللیثی کا نام حارث بن عوف ہے۔

بابُ التَّکْبِیرِ فی العِیْدَیْنَ

عیدین میں زائد تکبیروں کا بیان

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک عیدین کی پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے سات تکبیریں ہیں، اور دوسری رکعت میں قراءت سے پہلے پانچ تکبیریں ہیں۔ پھر ان میں اختلاف ہے کہ پہلی رکعت میں جو سات تکبیریں ہیں وہ تکبیر تحریمہ کے علاوہ سات ہیں یا اس کے ساتھ سات ہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تکبیر تحریمہ کے علاوہ سات ہیں اس لئے ان کے نزدیک زائد تکبیریں کل بارہ ہیں۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سات میں تکبیر تحریمہ بھی شامل ہے پس ان کے نزدیک تکبیرات زوائد گیارہ ہیں۔

اور حنفیہ کے نزدیک تکبیراتِ زوائد چھ ہیں، تین پہلی رکعت میں ثناء کے بعد قراءت سے پہلے، اور تین دوسری رکعت میں قراءت کے بعد رکوع سے پہلے۔ اور تکبیر تحریمہ اور رکوع کی تکبیریں ملا کر دونوں رکعتوں میں کل نو تکبیریں ہیں۔ پہلی رکعت میں پانچ: ایک تکبیر تحریمہ، تین تکبیراتِ زوائد اور ایک رکوع کی تکبیر، اور دوسری رکعت میں چار ہیں: تین تکبیراتِ زوائد اور ایک رکوع کی تکبیر۔

حدیث: عمرو بن عوف مزنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ عیدین کی پہلی رکعت میں سات تکبیریں کہتے تھے، قراءت سے پہلے۔ اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں کہتے تھے قراءت سے پہلے۔

تشریح: یہ حدیث ائمہ ثلاثہ کی دلیل ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو باب کی سب سے اچھی روایت بتایا ہے مگر فی نفسہ یہ حدیث ضعیف ہے کیونکہ یہ حدیث کثیر بن عبداللہ، عن ابیہ، عن جدہ کی سند سے ہے اور یہ مشہور متکلم فیہ سند ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ نے اپنی مسند میں پہلے اس سند کی حدیثیں لکھی تھیں پھر سب قلم زد کر دیں اور مسند سے نکال دیں۔ اور محدثین نے امام ترمذی رحمہ اللہ کے اس فیصلہ پر کہ یہ باب کی سب سے اچھی روایت ہے نقد کیا ہے۔ اور عبداللہ بن عمرو بن العاص کی حدیث کو اصح بتایا ہے جو ابو داؤد (حدیث ۱۱۵۱) میں ہے، مگر وہ بھی ضعیف ہے، اس میں عبداللہ بن عبدالرحمٰن الطائفی متکلم فیہ راوی ہے۔ امام بخاری، امام نسائی اور ابو حاتم نے اس کی تضعیف کی ہے۔

حنفیہ کی دلیل: ابو داؤد (حدیث ۱۱۵۳) کی حدیث ہے: سعید بن العاص نے ابو موسیٰ اشعری اور حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہما سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ عیدین میں زائد تکبیریں کتنی کہتے تھے؟ ابو موسیٰ نے فرمایا: چار تکبیریں کہتے تھے، جنازہ کی تکبیروں کی طرح (پہلی رکعت میں تحریمہ کے ساتھ چار تکبیریں اور دوسری رکعت میں رکوع کی تکبیر کے ساتھ چار تکبیریں) حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اس کی تصدیق کی کہ ابو موسیٰ نے ٹھیک بتایا۔ پھر ابو موسیٰؓ نے فرمایا: میں جب بصرہ کا گورنر تھا اور وہاں عید پڑھاتا تو اسی طرح تکبیر کہتا تھا ـــــــ اس حدیث کی سند قوی ہے۔ اور

بعض حضرات نے اس کے ایک راوی ابو عائشہ کو جو مجہول الحال بتایا ہے وہ صحیح نہیں۔ یہ ثقہ راوی ہے، وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہم نشین تھے اور محمد بن ابی عائشہ اور موسی بن ابی عائشہ کے والد ہیں۔

دوسری دلیل: شرح معانی الآثار (کتاب الجنائز ۱:۳۱۹) میں سند قوی کے ساتھ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جو اختلافی مسائل تمام صحابہ کے مشورے سے طے ہوئے ان میں یہ مسئلہ بھی ہے کہ عیدین کی نمازوں میں چار چار تکبیریں کہی جائیں (پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے ساتھ چار تکبیریں اور دوسری رکعت میں رکوع کی تکبیر کے ساتھ چار تکبیریں)

تیسری دلیل: شرح معانی الآثار (کتاب الزیادات ۲:۳۷۱) میں صحیح سند کے ساتھ حدیث ہے: قاسم ابوعبدالرحمٰن کہتے ہیں: مجھ سے متعدد صحابہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں عید کی نماز پڑھائی اور چار چار تکبیریں کہیں، پھر سلام پھیرنے کے بعد آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: ''اس عمل کو بھول نہ جانا، عیدین میں جنازہ کی طرح تکبیریں ہیں''۔ اس وقت آپؐ نے انگوٹھے بند کر کے انگلیوں سے اشارہ بھی کیا کہ چار چار تکبیریں ہیں۔

غرض رسول اللہ ﷺ سے بارہ یا گیارہ تکبیراتِ زوائد بھی مروی ہیں اور چار چار بھی ثابت ہیں۔ اور آپؐ کا آخری عمل چار چار تکبیریں کہنے کا تھا، اور دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس پر صحابہ کا اجماع ہوا ہے اور حضرت ابوموسیٰ کا جواب اور حضرت حذیفہ کی تصدیق بھی اس کی دلیل ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ اختلاف اولیٰ غیر اولیٰ کا ہے، جواز وعدم جواز کا نہیں۔ احناف چار چار تکبیروں کو افضل قرار دیتے ہیں اور ائمہ ثلاثہ گیارہ یا بارہ تکبیروں کو افضل کہتے ہیں اور یہ اختلاف نقطۂ نظر کا اختلاف ہے۔ حنفیہ کا خیال ہے کہ یہ تکبیراتِ زوائد ہیں اور بھرتی کی چیز کم سے کم ہونی چاہئے اس لئے کم سے کم تکبیروں والی روایت لی ہے اور ائمہ ثلاثہ کا رجحان یہ ہے کہ یہ تکبیرات عیدین کا امتیاز ہیں، اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرۃ (آیت ۱۸۵) میں فرمایا ہے: ﴿وَلِتُكَبِّرُوْا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰاكُمْ﴾: اور تاکہ تم اللہ کی بزرگی بیان کرو اس پر کہ انھوں نے تم کو ہدایت دی یہ عیدین کی نمازوں کی طرف اشارہ ہے اللہ تعالیٰ نے ان کو تکبیر سے تعبیر کیا ہے پس تکبیراتِ زوائد عیدین کی نمازوں کا امتیاز ہیں۔ اس لئے زیادہ سے زیادہ تکبیروں والی روایت کو لینا چاہئے۔ واللہ اعلم

[۲۷۱] بابُ التكبير فى العيدين

[۵۴۴-] حدثنا مُسْلِمُ بنُ عَمْرٍو أبُوعَمْرٍو الحَذَّاءُ المدِيْنِيُّ، نا عبدُ اللّٰه بنُ نافِعٍ، عن كثيرِ بنِ عبدِاللّٰهِ، عن أبيه، عن جَدِّهِ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَبَّرَ فى العيدينِ فى الْأُوْلٰى سَبْعًا قَبْلَ القِرَاءَةِ، وفى الآخِرَةِ خَمْسًا قَبْلَ القِرَاءَةِ.

وفی الباب: عن عائشةَ، وابنِ عُمَرَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسى: حديثُ جَدِّ كثيرٍ حديثٌ حسنٌ، وهو أَحْسَنُ شَيئٍ رُوِىَ فى هذا البابِ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم، واسمُه: عَمْرُوبنُ عَوْفٍ المُزَنِىُّ، والعملُ على هذا عند بعضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ، وهٰكذا رُوِىَ عن أبى هريرةَ أَنَّهُ صَلَّى بالمَدِيْنَةِ نَحْوَ هٰذه الصلاةِ، وهو قولُ أهلِ المدينةِ، وبه يقولُ مالكُ بنُ أَنَسٍ، والشافعىُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

[۵۴۵-] ورُوِىَ عن ابنِ مسعودٍ أَنَّهُ قال فى التَّكْبِيْرِ فى العيدَيْنِ: تِسْعُ تكبيراتٍ: فى الركعةِ الأُولَى خَمْسُ تكبيراتٍ قبلَ القِرَاءَ ةِ، وفى الركعةِ الثَّانِيَةِ يَبْدَأُ بِالْقِرَاءَ ةِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ أَرْبَعًامَعَ تكبيرةِ الركوعِ.

وقد رُوِىَ عن غيرِ واحدٍ مِنْ أصحابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذا، وَهُوَ قولُ أهلِ الكوفةِ، وبه يقولُ سفيانُ الثورىُّ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کثیر کے دادا کی حدیث حسن ہے اور وہ اس باب کی سب سے اچھی مرفوع روایت ہے (خیال رہے کہ امام ترمذی کا حسن: فن کے ضعیف کے ساتھ اکٹھا ہوتا ہے چنانچہ حضرت مصنف رحمہ اللہ کے اس فیصلہ پر بعض محدثین نے نقد کیا ہے۔ اور عبداللہ بن عمرو بن العاص کی روایت کو اصح مافی الباب قرار دیا ہے) اور کثیر کے دادا کا نام عمرو بن عوف المزنی ہے اور اس حدیث پر صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء کا عمل ہے۔ اور اسی طرح حضرت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ انھوں نے مدینہ میں اس طرح عید کی نماز پڑھائی (یعنی سات اور پانچ تکبیرات زوائد کہیں) اور یہ مدینہ والوں کا قول ہے یعنی حجازی فقہاء کی یہی رائے ہے اور یہی بات امام مالک، امام شافعی، امام احمد اور اسحاق بن راہویہ رحمہم اللہ کہتے ہیں۔

اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپؓ نے عیدین کی تکبیروں کے بارے میں فرمایا کہ وہ نو تکبیریں ہیں، پہلے رکعت میں پانچ تکبیریں قراءت سے پہلے (یہ بات للأکثر حکمُ الکل کے ضابطہ سے کہی ہے ورنہ ایک تکبیر یعنی رکوع کی تکبیر قراءت کے بعد ہے) اور دوسری رکعت میں قراءت سے شروع کرے پھر چار تکبیریں کہے رکوع کی تکبیر کے ساتھ۔ اور متعدد صحابہ سے ایسا ہی روایت کیا گیا ہے اور یہ کوفہ والوں کا قول ہے، یعنی عراقی فقہاء کی یہی رائے ہے اور اسی کے سفیان ثوری قائل ہیں۔

بابُ لاَصَلاَةَ قَبْلَ العِيْدَيْنِ ولاَ بَعْدَهُمَا

عیدین سے پہلے اور بعد میں نفلیں نہیں

نبی ﷺ کا معمول نماز عید سے پہلے اور اس کے بعد نفلیں پڑھنے کا نہیں تھا، اور چاروں ائمہ اس پر متفق ہیں۔ اور

عورتیں جن کو عید کی نماز میں شریک نہیں ہونا وہ عید کی نماز سے پہلے گھر میں اشراق اور دیگر نوافل پڑھ سکتی ہیں۔ اور مردوں کو نماز عید سے پہلے تو گھر میں کوئی نفل نماز نہیں پڑھنی چاہئے، البتہ عید کے بعد گھر میں نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ کا واقعہ ہے: ایک شخص عید گاہ میں نفل پڑھ رہا تھا، کسی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اس کو روکتے نہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: مجھے اندیشہ ہے کہیں سورۂ علق کی آیات (۹و۱۰) ﴿أَرَأَيْتَ الَّذِیْ يَنْهٰى عَبْدًا إِذَا صَلّٰى﴾ کا مصداق نہ بن جاؤں، اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ عید سے پہلے نفل نہ پڑھنا سنت ہے۔

اور عیدین سے پہلے اور اس کے بعد نفلیں نہ رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ سنن ونوافل فرائض کے آگے پیچھے مشروع ہیں اور عیدین کی نمازیں بالاجماع فرض عین نہیں، علاوہ ازیں سنتیں مصلحتاً تجویز کی گئی ہیں، جن نمازوں سے پہلے سستی ہوتی ہے جیسے ظہر اور فجر کے وقت سو کر اٹھنے کی وجہ سے، وہاں سننِ قبلیہ رکھی گئیں ہیں، تاکہ سنت پڑھنے سے سستی دور ہو اور فرض نشاط کے ساتھ ادا ہو، اور ظہر، مغرب اور عشاء کے بعد چونکہ مشاغل ہیں، ظہر اور مغرب کے بعد تو کاروبار ہے اور عشاء کے بعد سونا ہے اس لئے سننِ بعدیہ رکھی گئیں ہیں تاکہ فرض کی آخری رکعت میں کاروبار شروع نہ ہو جائے، اور فجر اور عصر کے بعد بھی اگرچہ مشغلہ ہے مگر ان کے بعد مکروہ اوقات آتے ہیں اس لئے وہاں سنن تجویز نہیں ہوئیں۔ کیونکہ جو شخص دیر سے فجر اور عصر پڑھے گا ممکن ہے وہ مکروہ وقت میں سنتیں پڑھے۔ اور عیدین سے پہلے سستی نہیں ہوتی کیونکہ وہ نو دس بجے پڑھی جاتی ہیں پھر ان نمازوں کے لئے صبح ہی سے تیاری ہوتی ہے اور ان کے بعد کوئی مشغلہ بھی نہیں، وہ چھٹی کے دن ہیں اس لئے عیدین کے آگے پیچھے سنتیں تجویز نہیں ہوئیں۔ واللہ اعلم

[۲۷۲] بابُ لاصلاة قبلَ العيدين ولا بعدهما

[۵۴٦-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، أَنْبَأَنَا شعبةُ، عن عَدِيِّ بنِ ثابتٍ، قال: سمِعْتُ سَعِيدَ بنَ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثم لَمْ يُصَلِّ قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا.

وفى الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأبى سعيدٍ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ عليه عِندَ بعضِ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهم، وبه يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ، وقد رَأَى طَائِفَةٌ مِن أهلِ العلمِ الصَّلَاةَ بَعْدَ صلاةِ العِيْدَيْنِ وقَبْلَهَا مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ، والقولُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

[۵۴۷-] حدثنا الحسينُ بنُ حُرَيْثٍ أبو عَمَّارٍ، نا وكيعٌ، عن أبانَ بنِ عبدِ اللّٰهِ البَجَلِيِّ، عن أبى بكرٍ

بنِ حَفْصٍ، وهو ابنُ عُمرَ بنِ سعدِ بنِ أبى وَقَّاصٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّهُ خَرَجَ يومَ عيدٍ، ولَمْ يُصَلِّ قَبْلَهَا ولاَ بَعْدَهَا، وذَكَرَ أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم فَعَلَهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ عید الفطر کے دن نکلے پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں، پھر نہ اس سے پہلے کوئی نماز پڑھی اور نہ اس کے بعد ـــــ اور اس پر بعض صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے۔ اور شافعی، احمد اور اسحاق اسی کے قائل ہیں (اب یہ اجماعی مسئلہ ہے) اور صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کی ایک جماعت عیدین کی نمازوں کے بعد اور اس سے پہلے (عیدگاہ میں اور گھر میں) نفل نماز کی قائل ہے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

(دوسری حدیث) ابن عمرؓ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ عید کے دن نکلے اور عید سے پہلے اور اس کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھی، اور بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے بھی اسی طرح کیا (اس آخری جملہ سے حدیث مرفوع ہوگئی)

بابُ فى خُرُوْجِ النِّسَاءِ فى العِيْدَيْنِ

عیدین میں عورتوں کی شرکت کا مسئلہ

عورتوں کے عیدگاہ جانے کے سلسلہ میں امام اعظمؒ سے اجازت اور ممانعت دونوں طرح کے قول مروی ہیں۔ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جوان عورت کو عیدگاہ نہیں جانا چاہئے، بوڑھی عورت جاسکتی ہے، اور امام محمدؒ سے کچھ مروی نہیں، اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر عورت عیدگاہ جانے پر اصرار کرے اور وہ روزمرہ کے اور کام کاج کے کپڑوں میں جانے پر راضی ہو تو شوہر اجازت دے۔ اور اگر وہ اس پر راضی نہ ہو، بناؤ سنگھار کے ساتھ اور نئے کپڑوں میں جانے پر اصرار کرے تو شوہر کو حق ہے کہ اُسے جانے سے روک دے۔ اس لئے کہ اب وہ نماز پڑھنے کے لئے نہیں جارہی بلکہ اپنے سوٹ اور زیورات کی نمائش کرنے کے لئے جارہی ہے۔ اور سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عورتوں کے لئے عیدگاہ جانا مکروہ ہے، اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آج کل عورتوں نے جو نئے طریقے نکالے ہیں اگر وہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آتے تو آپؐ عورتوں کو مسجد جانے سے منع فرمادیتے، حضرت عائشہ کا یہ ارشاد پنج وقتہ نمازوں کے بارے میں ہے پس اس سے عیدین اور جمعہ کی نمازوں کے لئے جانے کی ممانعت بھی بدرجۂ اولیٰ نکل آئی۔

مسئلہ: عورتوں کا جمعہ اور دیگر نمازوں کے لئے مسجد جانا یا عیدین پڑھنے کے لئے عیدگاہ جانا فی نفسہ جائز ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں عورتیں مسجد نبوی میں اور عیدین کی نمازوں میں حاضر ہوتی تھیں، لیکن اب لغیرہ یعنی خوفِ فتنہ کی وجہ سے ممنوع ہے۔ جاننا چاہئے کہ جو چیز لغیرہ یعنی کسی دوسری چیز کی وجہ سے واجب یا ممنوع ہوتی ہے اس

پر دلیل کا مطالبہ صحیح نہیں۔ دلیل واجب لعینہ اور ممنوع لعینہ کی ہوتی ہے، واجب لغیرہ اور ممنوع لغیرہ میں تو اس غیر میں غور کرنا چاہئے کہ اس میں ایجاب وتحریم کی صلاحیت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو وجوب یا حرمت مان لینی چاہئے، ورنہ قصہ بالائے طاق! عورتوں کے لئے مسجد یا عیدگاہ جانے کی جو ممانعت ہے وہ بھی لغیرہ ہے اور وہ غیر ہے خوفِ فتنہ، اگر یہ وجہ مقعول ہے تو عورتوں کو مسجد اور عیدگاہ نہیں جانا چاہئے۔

اس کی نظیر: نفسِ تقلید اور تقلید شخصی کا وجوب ہے۔ یہ بھی واجب لعینہ نہیں ہیں، بلکہ لغیرہ واجب ہیں۔ کیونکہ تقلید اگر واجب لعینہ ہوتی تو مجتہد پر بھی واجب ہوتی، حالانکہ اس پر بالاجماع تقلید واجب نہیں۔ اور یہاں غیر یہ ہے کہ شریعت پر عمل کرنا فرض ہے۔ اور ہر شخص از خود قرآن وحدیث سے مسائل اخذ نہیں کرسکتا۔ پس کسی نہ کسی سے پوچھ کر عمل کرنا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لاَ تَعْلَمُوْنَ﴾ یعنی اگر تم خود نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھو اور اس پر عمل کرو، پس عوام کو لامحالہ کسی کی تقلید کرنی ہوگی۔ تقلید کے بغیر زندگی کی گاڑی ایک قدم آگے نہیں بڑھ سکتی، چاہے دنیوی معاملات ہوں یا دینی معاملات، فن کے ماہرین کی تقلید تو کرنی ہی پڑتی ہے۔ غرض تقلید واجب لعینہ نہیں بلکہ واجب لغیرہ ہے۔ اسی طرح تقلید شخصی بھی واجب لغیرہ ہے کیونکہ اگر تقلید شخصی نہیں کی جائے گی تو لوگ رخصتیں تلاش کریں گے جس عالم کا قول خواہش نفس کے مطابق ہوگا اس کو لیں گے اور جو قول خواہش کے خلاف ہوگا اس کو چھوڑ دیں گے۔ پس یہ شریعت پر عمل نہیں ہوگا بلکہ تشہّی کا دروازہ کھل جائے گا۔

غرض جس طرح تقلید اور تقلید شخصی واجب لغیرہ ہیں اسی طرح عورتوں کا عیدگاہ اور مسجد جانا بھی ممنوع لغیرہ ہے، اور وہ غیر ہے فتنہ کا اندیشہ اور یہ ایک ایسی حقیقت ہے جس کا کوئی انکار نہیں کرسکتا۔

حدیث: ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ عیدین میں لے جایا کرتے تھے کنواری لڑکیوں کو، سیانی لڑکیوں کو (وہ لڑکی جو اتنی بڑی ہوگئی ہو کہ ماں باپ اس کو ڈانٹ نہ سکتے ہوں وہ سیانی کہلاتی ہے) اور پردہ نشین خواتین کو، اور حائضہ اور نفاس والی عورتوں کو (یعنی سب عورتوں کو حکم تھا کہ عیدگاہ پہنچیں) رہی حائضہ تو وہ عیدگاہ میں ایک طرف الگ بیٹھتی تھیں (وہ نماز نہیں پڑھتی تھیں، کیونکہ نماز کے لئے طہارت شرط ہے) اور وہ مسلمانوں کے وعظ ونصیحت میں شریک ہوتی تھیں۔ ایک عورت نے کہا: اے اللہ کے رسول! اگر کسی کے پاس اوڑھنا (آج کی اصطلاح میں برقعہ) نہ ہو تو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اس کی بہن اس کو اپنے اوڑھنے میں سے عاریت دیدے'' یعنی جس کے پاس برقعہ زائد ہے وہ ایسی عورت کو مستعار دیدے جس کے پاس برقعہ نہیں ہے یا ایک چادر میں دو لپٹ کر جائیں۔

تشریح: یہ حدیث غیر مقلدین لئے پھرتے ہیں اور اصرار کرتے ہیں کہ عورتوں کو پانچوں نمازوں میں مسجد میں اور عیدگاہ میں جانا چاہئے۔ وہ کہتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ نے عورتوں کو عیدگاہ جانے کا حکم دیا اور مسجد نبوی میں عورتیں آتی تھیں تو آج بھی عورتوں کو مسجد اور عیدگاہ جانا چاہئے۔ حالانکہ اس حدیث میں صاف اشارہ ہے کہ آنحضور ﷺ کے زمانہ

میں عورتیں جو عیدگاہ جاتی تھیں تو مقصود نماز نہیں تھی بلکہ تعلیم مقصود تھی، ظاہر ہے حائضہ اور نفاس والی عورتوں کے لئے عید گاہ جانا لا حاصل ہے کیونکہ ان کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں۔ پھر بھی آپ ؐ نے ان کو عیدگاہ جانے کا حکم دیا تھا۔

اور اس کی وجہ یہ تھی کہ دین نیا نازل ہورہا تھا، مرد وزن سب اس کو سیکھنے کے محتاج تھے۔ اور عیدین کے موقع پر آنحضرت ﷺ اہم اور قیمتی نصائح بیان فرماتے تھے اس لئے ہر مرد وزن کو عیدگاہ چلنے کا حکم تھا، تاکہ سب احکام شریعت اخذ کریں۔ اور اب وہ مقصد باقی نہیں رہا، دین مکمل ہوچکا اور وہ کتابوں میں محفوظ ہے، بچے بچپن ہی سے تدریجاً اس کو حاصل کرتے ہیں۔ اور لوگوں کے احوال بھی بدل گئے، فیشن کا دور ہے، طبیعتیں شر پسند ہوگئی ہیں۔ پس فتنہ کا اندیشہ ہے۔ ان بدلے ہوئے احوال میں مسئلہ یہ ہے کہ عورتوں کو نہ تو فرض نمازوں کے لئے مسجد جانا چاہئے اور نہ جمعہ کے لئے جامع مسجد اور عیدگاہ جانا چاہئے۔ دیوبند کے اسٹیشن پر ایک مرتبہ ایک غیر مسلم نامہ نگار نے **دارالعلوم دیوبند** کے مہتمم صاحب سے سوال کیا کہ کیا عورتوں کے لئے مسجد میں جانا حرام ہے، مہتمم صاحب نے جواب دیا: نہیں! عورتیں پاکی کی حالت میں مسجد میں آسکتی ہیں اور آتی ہیں۔ ان لوگوں نے کہا: دارالعلوم سے فتوی عدم جواز کا شائع ہوا ہے۔ مہتمم صاحب نے کہا: وہ فتوی پانچوں نمازوں میں اور خاص طور پر رات کی نمازوں میں جماعت میں شریک ہونے کے سلسلہ میں ہے۔ اس کو مفتیانِ کرام نے خوفِ فتنہ کی وجہ سے ممنوع قرار دیا ہے، جس طرح عورتوں کے لئے تنہا سفر کرنا ممنوع ہے۔ ان لوگوں نے کہا: ہم تو مسجد کو عبادت گاہ اور جائے امن سمجھتے ہیں۔ مہتمم صاحب نے فرمایا: فتنہ مسجد میں نہیں ہے، گھر سے نکل کر مسجد آنا، پھر واپس جانا، خاص طور پر جب مسجد دور ہو اور رات تاریک ہو تو ہر طرح فتنہ کا اندیشہ ہے اور ہر نماز میں اس کو اس کا شوہر یا کوئی محرم لے کر مسجد میں آئے یہ بات تقریباً ناممکن ہے، اس لئے نماز جو اہم ترین عبادت ہے اس کو ہر طرح محفوظ کرنے کے لئے دور صحابہ سے یہ فتوی چلا آرہا ہے۔ آج یہ کوئی نیا فتوی نہیں دیا گیا۔ ان لوگوں نے یہ بات تسلیم کی کہ زمانہ بہت برا چل رہا ہے، عورت کسی طرح گھر سے باہر نکل کر محفوظ نہیں، لوگ بری نظریں اس پر ضرور ڈالتے ہیں اس لئے یہ فتوی صحیح ہے۔

فائدہ (۱): حضور اکرم ﷺ کے زمانے میں مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کے علاوہ نو مسجدیں اور بھی تھیں۔ مگر عورتیں صرف مسجد نبوی میں آتی تھیں، مدینہ کی دیگر مساجد میں شاذ ونادر ہی جاتی تھیں۔ اور آپ ؐ کے زمانہ میں عورتیں مسجد نبوی میں تین وجہ سے آتی تھیں۔ اول: اخذِ شریعت کے لئے۔ دوم: آپ ؐ کی زیارت کے لئے۔ سوم: جگہ کی برکت کی وجہ سے، اور مسجد حرام میں دو مقصد سے آتی تھیں: بیت اللہ کا طواف کرنے کے لئے اور جگہ کی برکت کی وجہ سے۔ مسجد حرام میں تو آج بھی وہ دونوں باتیں متحقق ہیں، اور مسجد نبوی میں اب پہلی وجہ باقی نہیں رہی، کیونکہ دین مکمل ہوچکا اور وہ کتابوں میں محفوظ ہے۔ البتہ جگہ کی برکت اور حضور اکرم ﷺ کی قبر اطہر کی زیارت: یہ دو مقصد آج بھی باقی ہیں اس لئے عورتیں ان دو مسجدوں میں جاسکتی ہیں بلکہ جانا چاہئے۔ ہماری عورتیں بھی نہ صرف جاتی ہیں بلکہ ہم

ان کوترغیب دیتے ہیں کہ حرم شریف میں جائیں۔اس لئے کہ ان کو زندگی میں ایک بار یہ موقع ملا ہے، بار بار یہ موقع ان کو ملنے والا نہیں اور وہاں فتنہ کا اندیشہ بھی نہیں۔اس لئے حرمین شریفین کا حکم دوسری مساجد سے مختلف ہے۔

فائدہ (۲): یہ جو مسئلہ ہے کہ عورتوں کو مسجد نہیں جانا چاہئے اس کا ردعمل یہ ہوا ہے کہ عورتیں بازار میں یا اسٹیشن پر یا پبلک مقامات میں ہوتی ہیں اور نماز کا وقت ہوجاتا ہے اور نماز پڑھنے کے لئے کوئی جگہ میسر نہیں ہوتی تو وہ نماز قضا کردیتی ہیں مگر مسجد میں جاکر نماز نہیں پڑھتیں، کیونکہ ذہن یہ بن گیا ہے کہ عورتوں کو مسجد نہیں جانا چاہئے حالانکہ مسجدیں مردوں کی جاگیر نہیں ہیں، ایسی مجبوری میں عورتوں کو مسجد میں جاکر کسی علحدہ جگہ میں نماز پڑھنی چاہئے۔اور اتفاقاً جماعت ہورہی ہوتو وہ جماعت میں بھی شرکت کرسکتی ہیں، ان کو نماز بہر حال قضا نہیں کرنی چاہئے بلکہ پبلک مقامات میں جو مسجدیں ہیں ان میں عورتوں کے نماز پڑھنے کے لئے علحدہ انتظام ہونا چاہئے، ان کا دروازہ الگ ہو، ان کے وضو وغیرہ کا انتظام الگ ہوتا کہ عورتیں اپنے دروازے سے آئیں اور نماز پڑھ کر چلی جائیں۔

[۲۷۳] بابٌ فی خروج النساء فی العیدین

[۵۴۸-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا هُشَیْمٌ، نا منصورٌ، وهو ابنُ زَاذَانَ، عن ابنِ سِیْرِیْنَ، عن أُمِّ عَطِیَّةَ أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم کان یُخْرِجُ الأَبْکَارَ، والعَوَاتِقَ، وذَوَاتِ الخُدُوْرِ، والحُیَّضَ: فی العیدَیْنِ، فَأَمَّا الحُیَّضُ فَیَعْتَزِلْنَ المُصَلَّی، ویَشْهَدْنَ دَعْوَةَ المسلمینَ، قالتْ إِحْدَاهُنَّ: یارسولَ الله! إِنْ لَمْ یَکُنْ لَهَا جِلْبَابٌ؟ قال: "فَلْتُعِرْهَا أُخْتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا"

حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا هُشَیْمٌ، عن هشامِ بنِ حَسَّانَ، عن حَفْصَةَ ابْنَةِ سِیْرِیْنَ، عن أُمِّ عَطِیَّةَ، بِنَحْوِهِ.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وجابرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أُمِّ عَطِیَّةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقد ذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ إلی هذا الحدیثِ، ورَخَّصَ لِلنِّسَاءِ فی الخُرُوْجِ إلی العِیْدَیْنِ، وکَرِهَهُ بعضُهم.

وَرُوِیَ عن ابنِ المبارکِ، أَنَّهُ قال: أَکْرَهُ الیومَ الخُرُوْجَ للنِّسَاءِ فی العیدَینِ، فإِنْ أَبَتِ الْمَرْأَةُ إِلَّا أَنْ تَخْرُجَ فَلْیَأْذَنْ لَهَا زَوْجُهَا أَنْ تَخْرُجَ فی أَطْمَارِهَا، وَلاَ تتزَیَّنَ، فَإِنْ أَبَتْ أَنْ تَخْرُجَ کَذٰلِكَ، فَلِلزَّوْجِ أَنْ یَمْنَعَهَا عن الخُرُوْجِ.

[۵۴۹-] وَیُرْوَی عن عائشةَ قالتْ: لَوْ رأَیْ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ، لَمَنَعَهُنَّ المسجدَ کما مُنِعَتْ نِسَاءُ بنی إسرائیلَ.

ویُرْوَی عن سفیانَ الثوریِّ: أَنه کَرِهَ الیومَ الخُروجَ للنِّسَاءِ إلی العید.

وضاحت: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو ان سے محمد بن سیرین اور ان کی بہن حفصہ بنت سیرین دونوں روایت کرتے ہیں۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں سندیں لکھی ہیں ——— بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور وہ عورتوں کو عیدین میں نکلنے کی اجازت دیتے ہیں۔اور بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں، اور ابن المبارک رحمہ اللہ سے روایت کیا گیا: انھوں نے فرمایا: میں آج کے احوال میں عورتوں کے لئے عیدین میں نکلنے کو ناپسند کرتا ہوں۔پس اگر عورت انکار کرے مگر یہ کہ نکلے یعنی عورت عیدگاہ جانے پر اصرار کرے تو اس کو اس کا شوہر اس شرط پر اجازت دے کہ وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلے اور زینت اختیار نہ کرے، پس اگر وہ اس طرح جانے سے انکار کرے تو شوہر کو نکلنے سے روکنے کا حق ہے۔اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا گیا: انھوں نے فرمایا: اگر رسول اللہ ﷺ وہ احوال دیکھتے جو عورتوں نے نئے پیدا کئے ہیں تو ضرور ان کو مسجد سے روک دیتے جیسا کہ بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئیں (یہ روایت متفق علیہ ہے دیکھیں بخاری حدیث نمبر ۸۶۹) اور سفیان ثوری سے مروی ہے کہ وہ آج کے احوال میں عورتوں کے لئے عید میں نکلنے کو ناپسند کرتے تھے۔

بابُ ماجاء فی خُرُوْجِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

إِلَی العِیْدِ فی طَرِیْقٍ، وَرُجُوْعِهِ مِنْ طَرِیْقٍ آخَرَ

ایک راستہ سے عیدگاہ جانا اور دوسرے راستہ سے لوٹنا مسنون ہے

حضور اکرم ﷺ کا معمول یہ تھا کہ آپؐ ایک راستہ سے عیدگاہ جاتے تھے اور دوسرے راستہ سے واپس لوٹتے تھے۔اور فقہ کی کتابوں میں ہر شخص کے لئے اس کو سنت لکھا ہے۔مگر حضور اکرم ﷺ کے بعد صحابہ کا زمانہ سو سال تک ہے مگر تلاشِ بسیار کے باوجود مجھے ایسی کوئی روایت نہیں ملی جس سے معلوم ہوتا ہو کہ صحابہ عیدگاہ ایک راستہ سے جاتے تھے اور دوسرے راستہ سے لوٹتے تھے۔اس لئے میرا ایسا خیال ہے کہ یہ حکم امراء کے ساتھ خاص ہے۔رسول اللہ ﷺ امیر المؤمنین تھے پس ہر زمانہ کے امراء کو اس سنت پر عمل کرنا چاہئے، اور اس میں دو مصلحتیں ہیں: ایک: امیر کی جان کی حفاظت۔جب یہ معلوم ہی نہ ہوگا کہ امیر کس راستہ سے جائے گا اور کس راستہ سے لوٹے گا تو حملہ آور کہاں گھات لگائے گا؟ دوسرے: بھیڑ سے بچنا۔لوگ امراء کو دیکھنے کا غیر معمولی جذبہ رکھتے ہیں، پس جس راستہ سے امیر عیدگاہ گیا ہے اگر وہ اسی راستہ سے واپس لوٹے گا تو اس کو دیکھنے کے لئے راستہ میں ازدحام ہو جائے گا، اس لئے امراء کو آنے جانے میں الگ الگ راستے اختیار کرنے چاہئیں، تاکہ جان بھی سلامت رہے اور راستہ میں بھیڑ بھی نہ ہو۔واللہ اعلم

[٢٧٤] باب ماجاء فی خروج النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إلی العید فی طریق، ورجوعِهِ من طریق آخر

[٥٥٠-] حدثنا عبدُ الأَعْلَی بنُ وَاصِلِ بنِ عبدِ الأَعْلیٰ الکوفِیُّ، وأبو زُرْعَةَ، قالا: نا محمَّدُ بنُ الصَّلْتِ، عن فُلَیْحِ بنِ سُلَیْمَانَ، عن سعیدِ بنِ الحارثِ، عن أبی هریرةَ، قال کان رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم إذا خَرَجَ یومَ العیدِ فی طَرِیقٍ رَجَعَ فی غَیْرِهِ.

وفی الباب: عن عبدِ اللہ بنِ عُمَرَ، وأبی رَافِعٍ. قال أبو عیسی: حدیثُ أَبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

ورَوَی أَبو تُمَیْلَةَ، ویُوْنُس بنُ محمدٍ، هذا الحدیثَ عن فُلَیْحِ بنِ سلیمانَ، عن سَعیدِ بنِ الحارثِ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰہِ.

وقد استَحَبَّ بعضُ أهلِ العلمِ للإمامِ إذا خَرَجَ فی طَرِیقٍ أَنْ یَرْجِعَ فی غَیْرِہ اتِّبَاعًا لِهٰذا الحَدیثِ، وهو قولُ الشافعیِّ. وحدیثُ جَابرٍ کَأَنَّهُ أَصَحُّ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ جب عید کے دن کسی راستہ سے نکلتے تھے تو اس کے علاوہ راستہ سے لوٹتے تھے اس حدیث کو ابوتُمیلہ اور یونس بن محمد نے فُلیح بن سلیمان سے، انھوں نے سعید بن الحارث سے اور انھوں نے جابر بن عبداللہ سے روایت کیا ہے (یعنی فلیح بن سلیمان کے تلامذہ میں اختلاف ہے، محمد بن الصلّت حدیث کی سند ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ پر پہنچاتے ہیں اور ابوتُمیلہ اور یونس بن محمد سند جابر بن عبداللہ پر پہنچاتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کی رائے میں زیادہ صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت جابر کی حدیث ہے) اور بعض علماء نے امام کے لئے (معلوم ہوا کہ یہ حکم امیر کے ساتھ خاص ہے) پسند کیا ہے کہ جب وہ ایک راستہ سے عیدگاہ جائے تو اس کے علاوہ راستہ سے لوٹے، اس حدیث کی پیروی کرتے ہوئے۔ اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔

بابٌ فی الأَکْلِ یَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ

عیدالفطر میں کچھ کھا کر عیدگاہ جانا چاہئے

عیدالفطر کی نماز کے لئے جانے سے پہلے چند کھجوریں کھائے اور طاق عدد کا خیال رکھے۔ اور کھجوریں میسر نہ ہوں تو کوئی بھی میٹھی چیز یا جو بھی چیز میسر ہو کھائے تاکہ افطار متحقق ہو جائے، یعنی عملی طور پر یہ بات واضح ہو جائے کہ آج روزہ نہیں ہے کیونکہ روزوں کا مہینہ ختم ہو چکا۔

اور عید الاضحیٰ میں نماز سے پہلے کوئی چیز نہ کھائے بلکہ نماز کے بعد اپنی قربانی کا گوشت کھائے، کیونکہ بھوکا ہوگا تو قربانی کا گوشت رغبت سے کھائے گا، البتہ چائے پی سکتا ہے اور پان کھا سکتا ہے، کیونکہ اس سے پیٹ نہیں بھرتا۔ اسی طرح اگر قربانی کرنے میں بہت دیر ہوسکتی ہو تو ناشتہ بھی کر سکتا ہے۔ عرب تو خود ذبح کرتے تھے اور ان کا گوشت دس منٹ میں پک جاتا تھا۔ اور ہمارے احوال ان سے مختلف ہیں میں نے دیکھا ہے کہ بعض کو تو کلیجی بھی دوپہر کو بارہ بجے نصیب ہوتی ہے، پس بے چارہ کب تک بھوکا رہے گا۔

[۲۷۵] بابٌ فی الأکل یومَ الفطر قبلَ الخروج

[۵۵۱-] حدثنا الحسنُ بنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، نا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عبدِ الوارثِ، عن ثَوَابِ بنِ عُتْبَةَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بُرَیْدَةَ، عن أبیه، قال: کان النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم لَایَخْرُجُ یَوْمَ الْفِطْرِ حَتّٰی یَطْعَمَ، وَلاَ یَطْعَمُ یومَ الْأَضْحٰی حَتّٰی یُصَلِّیَ.

وفی الباب: عن علیٍّ وأنسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ بُرَیْدَةَ بنِ الحُصَیْبِ الْأَسْلَمِیِّ حدیثٌ غریبٌ.

وقال محمدٌ: لا أَعْرِفُ لِثَوَابِ بنِ عُتْبَةَ غَیْرَ هذا الحدیثِ.

وقد اسْتَحَبَّ قومٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ أَنْ لَّا یَخْرُجَ یَوْمَ الْفِطْرِ حتّٰی یَطْعَمَ شَیْئًا، ویَسْتَحِبُّ له أَنْ یُفْطِرَ علی تَمْرٍ، ولا یَطْعَمُ یومَ الْأَضْحٰی حتی یَرْجِعَ.

[۵۵۲-] حدثنا قُتیبةُ، نا هشیمٌ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، عن حَفْصِ بنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ أَنَسٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کان یُفْطِرُ عَلَی تَمْرَاتٍ یومَ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ یَخْرُجَ إلی الْمُصَلّٰی.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ عید الفطر کے دن نہیں نکلتے تھے یہاں تک کہ کچھ تناول فرماتے تھے۔ اور عید الاضحیٰ کے دن نہیں کھاتے تھے یہاں تک کہ نماز پڑھ لیتے تھے۔ حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث غریب ہے (یعنی ضعیف ہے کیونکہ ثواب بن عتبہ کی علماء نے تضعیف کی ہے) امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں ثواب بن عتبہ کی اس کے علاوہ کوئی حدیث نہیں جانتا (یعنی وہ صرف اسی ایک حدیث کے راوی ہیں) اور علماء نے یہ بات پسند کی ہے کہ آدمی عید الفطر میں نہ نکلے یہاں تک کہ کچھ کھائے، اور اس کے لئے پسند کیا ہے کہ وہ چند کھجوریں کھا کر اپنا روزہ نہ ہونا ظاہر کرے۔ اور عید الاضحیٰ میں نہ کھائے یہاں تک کہ عید گاہ سے لوٹے۔

(دوسری حدیث) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ عید الفطر میں عید گاہ جانے سے پہلے چند کھجوریں کھا کر اپنا روزہ نہ ہونا ظاہر فرماتے تھے۔ یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

أَبْوَابُ السَّفَرِ

باب التَّقْصِيْرِ فی السَّفَرِ

سفر میں نماز قصر کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء : الاقتصار، التقصیر اور القَصْر تینوں مترادف الفاظ ہیں۔اور فصیح ترین لفظ تیسرا ہے اور زیادہ تر وہی استعمال ہوتا ہے ——— سفر شرعی میں قصر یعنی رباعی نمازیں دو رکعت پڑھنا بالاتفاق جائز ہے۔پھر اتمام کے جائز ہونے نہ ہونے میں اختلاف ہے۔یعنی سفر میں رباعی نماز پوری پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: حنفیہ کے نزدیک قصر واجب ہے،اور قصر: قصر اسقاط ہے، پس پوری نماز پڑھنا جائز نہیں،اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قصر: قصر ترفیہ ہے، پس اتمام بھی جائز ہے۔پھر ان کے درمیان اختلاف ہے۔امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قصر اور اتمام یکساں ہیں،کوئی اولیٰ یا غیر اولیٰ نہیں۔اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: قصر افضل ہے اور اتمام جائز ہے۔غرض بنیادی نقطۂ نظر دو ہیں: حنفیہ کے نزدیک قصر واجب ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قصر و اتمام دونوں جائز ہیں،کوئی واجب نہیں۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل :سورۃ النساء کی آیت ۱۰۱ ہے، ارشاد پاک ہے:﴿وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ یعنی جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم (رباعی) نماز سے کم کرو اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ کفار تمھیں پریشانی میں ڈالیں گے۔ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں:لاجناح: اباحت کی تعبیر ہے،اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ قصر کرنا جائز ہے واجب نہیں۔پس اس کا مقابل اتمام بھی جائز ہے۔

اور دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت عثمان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما سفر میں اتمام کرتے تھے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہر جگہ پوری نماز پڑھتی تھیں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے خلافت کے آخری سالوں میں حج کے موقع پر مکہ میں پوری نماز پڑھانی شروع کی تھیں۔اگر اتمام جائز نہ ہوتا تو یہ حضرات سفر میں پوری نماز کیسے پڑھتے؟

اور حنفیہ کا استدلال : یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اور خلفائے راشدین نے مواظبتِ تامہ کے ساتھ سفر میں رباعی نماز قصر پڑھی ہے۔ایک واقعہ بھی ایسا نہیں کہ آنحضور ﷺ نے اپنی پوری زندگی میں سفر میں رباعی نماز پوری پڑھی ہو، بلکہ حضور اکرم ﷺ کے بعد سو سال تک صحابہ کا زمانہ رہا ہے،اور ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ تھے،کسی صحابی کے بارے میں یہ مروی نہیں کہ انھوں نے سفر میں اتمام کیا ہو،اور حضرت عثمان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما جو اتمام کرتے تھے تو وہ اپنے عمل کی تاویل کرتے تھے۔تاویل کے بغیر کسی صحابی نے سفر میں اتمام نہیں کیا۔پس نبی ﷺ کا

مواظبتِ تامہ کے ساتھ قصر کرنا وجوب کی دلیل ہے۔ اور اتمام کے جواز کے سلسلہ میں کوئی روایت نہیں، نہ کسی صحابی کا تاویل کے بغیر اتمام کرنا مروی ہے پس قصر واجب ہے اور اتمام جائز نہیں۔

اور آیت کریمہ کی جو تفسیر ائمہ ثلاثہ نے کی ہے کہ لیس علیکم جناح: اباحت کی تعبیر ہے اس کا جواب بخاری (حدیث ۱۶۴۳) میں ہے، حضرت عروۃ نے (جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں اور حضرت عائشہؓ کے بھانجے ہیں) اپنی خالہ سے دریافت کیا کہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۵۸) میں ارشاد پاک ہے: ﴿فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَاجُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ یعنی جو شخص حج یا عمرہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرے (یہ بعینہٖ وہی تعبیر ہے جو یہاں سورۃ النساء کی آیت ۱۰۱ میں ہے) حضرت عروۃ نے کہا: اس سے تو یہ سمجھ میں آتا ہے کہ حج اور عمرہ میں سعی واجب نہیں۔ حالانکہ سعی حنفیہ کے نزدیک واجب ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ آیت کا صحیح مطلب نہیں سمجھے، اگر سعی صرف جائز ہوتی تو تعبیر یہ ہوتی: فلا جناح علیہ أن لایطوف بھما: یعنی حج اور عمرہ کرنے والے پر کوئی گناہ نہیں کہ وہ صفا اور مروہ کے درمیان سعی نہ کرے۔ حضرت عروۃ اہل لسان تھے، بات ان کی سمجھ میں آ گئی، مگر یہ سوال باقی رہا کہ آخر یہ تعبیر کیوں ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: انصار زمانۂ جاہلیت میں جب حج یا عمرہ کرتے تھے تو صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، کیونکہ ان دو پہاڑیوں پر دو بت رکھے ہوئے تھے۔ وہ ان کو خدا نہیں مانتے تھے پھر جب اسلام آیا اور بت وہاں سے ہٹا دیئے گئے تو بھی انصار کو قدیم نظریہ کے مطابق سعی کرنے میں حرج محسوس ہوا، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور ان کو سمجھایا کہ صفا مروہ کے درمیان سعی ان بتوں کی وجہ سے نہیں کی جاتی بلکہ اس کا پس منظر کچھ اور ہے۔ لہٰذا بے تکلف سعی کریں اور دل میں کوئی حرج محسوس نہ کریں، اس لئے لا جناح کی تعبیر اختیار کی گئی ہے۔ غرض یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے بلکہ انصار کے دلوں سے بوجھ ہٹانے کے لئے یہ تعبیر اختیار کی گئی ہے۔ یہی بات یہاں بھی ہے ﴿فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلَاةِ﴾ اباحت کی تعبیر نہیں ہے۔ اگر اتمام جائز ہوتا تو تعبیر یہ ہوتی: فلیس علیکم جناح أن أتموا صلاتکم یعنی تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز پوری پڑھو۔ اگر یہ تعبیر ہوتی تو اس کا مقابل قصر جائز ہوتا، رہی یہ بات کہ آخر یہ تعبیر کیوں ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جو بندے حضر میں ہمیشہ ظہر، عصر اور عشاء کی چار چار رکعتیں پڑھتے ہیں جب سفر میں ان سے دو رکعتیں پڑھنے کے لئے کہا جائے گا تو ان کے دل پر بوجھ پڑے گا۔ اس وجہ سے یہ تعبیر اختیار کی ہے کہ سفر میں دو رکعتیں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور جو دو صحابہ سفر میں اتمام کرتے تھے ان سے سوالات ہوئے ہیں۔ اگر سفر میں قصر واجب نہ ہوتا تو لوگ کیوں اعتراض کرتے؟ اور ان کو اپنے عمل کی وجہ کیوں بیان کرنی پڑتی؟

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تو اپنے عمل کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ ان کے حق میں سفر متحقق ہی نہیں ہوتا کیونکہ وہ تمام مسلمانوں کی ماں ہیں پس دنیا میں جہاں بھی رہیں وہ اپنے بیٹوں کے گھر ہیں اور ماں اپنے بیٹوں کے گھر مسافر

نہیں ہوتی۔ یہ تاویل صحیح ہے یا نہیں؟ اس سے بحث نہیں۔ سمجھنے کی بات صرف اتنی ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے عمل کی تاویل کی ہے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنے دور خلافت کے شروع میں چھ یا آٹھ سال تک جب حج کرانے کے لئے مکہ تشریف لاتے تو نماز قصر پڑھاتے تھے، پھر حضرت کا عمل بدل گیا اور مکہ میں اور منی میں چار رکعتیں پڑھانی شروع کیں تو لوگوں نے سوال کیا۔ آپؓ نے جواب دیا: میں نے مکہ کے قریب ایک گاؤں میں شادی کی ہے، میں پہلے مدینہ سے سیدھا اس گاؤں میں آتا ہوں، پھر ایک ماہ کے بعد وہاں سے مکہ آتا ہوں اس لئے مسافر نہیں ہوتا۔ غرض یہ دونوں اکابر اپنے عمل کی تاویل کرتے تھے، تاویل کے بغیر کسی صحابی نے سفر میں اتمام نہیں کیا (حضرت عثمان اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کی تاویلات متفق علیہ روایت میں ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۳۴۸) اور تفصیل شرح معانی الآثار (۱:۲۷۷) میں ہے)

علاوہ ازیں: مسلم شریف میں حدیث ہے کہ یعلی بن امیہؓ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء (آیت ۱۰۱) میں قصر کی اجازت اس شرط کے ساتھ دی ہے کہ کافروں کے پریشان کرنے کا اندیشہ ہو، اور اب اسلام کا جھنڈا سر بلند ہے، ہر طرف امن وامان ہے، جزیرۃ العرب میں کوئی کافر قبیلہ نہیں رہا، اب قصر کیوں ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی یہ خیال آیا تھا اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات دریافت کی تھی تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ ایک خیرات ہے جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں دی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی خیرات کو قبول کرو'' (مشکوٰۃ حدیث ۱۳۳۵) یعنی إن خفتم کی قید اولاً چاہے احترازی رہی ہو مگر بعد میں یہ قید احترازی نہیں رہی، اتفاقی ہوگئی، لہٰذا کافروں کے اندیشہ کے بغیر بھی قصر واجب ہے، کیونکہ یہ اللہ کا صدقہ ہے، اور سخی کی خیرات قبول کرنا ہی زیبا ہے۔ اب اگر کوئی نماز پوری پڑھتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی خیرات کو رد کرتا ہے جو کسی طرح زیبا نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ حنفیہ کے نزدیک یہ قصر: قصر اسقاط ہے یعنی سفر میں اللہ تعالیٰ نے رباعی نمازوں میں سے دو رکعتیں ساقط کردی ہیں پس سفر میں رباعی نماز پوری پڑھنا فجر کی نماز چار رکعتیں پڑھنے کی طرح ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ قصر: قصر ترفیہ (ترخیص) ہے۔ یعنی شریعت نے مسافر کو سہولت دی ہے کہ وہ چاہے تو قصر کرے اور چاہے تو نماز پوری پڑھے۔ واللہ اعلم

أَبْوَابُ السَّفَرِ

[۲۷۶] باب التقصير فی السفر

[۵۵۳-] حدثنا عبدُ الوَهَّابِ بنُ عبدِ الحَكَمِ الوَرَّاقُ البَغْدَادِيُّ، نا يحيى بنُ سُلَيْمٍ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: سَافَرْتُ مع النبيِّ صلى الله عليه وسلم وأبي بَكْرٍ وعُمَرَ وعُثْمَانَ

فَكَانُوْا يُصَلُّوْنَ الظُّهْرَ وَالعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، لَايُصَلُّوْنَ قَبْلَهَا وَلَا بَعدَها، وقال عبدُ اللّٰهِ: لو كُنْتُ مُصَلِّيًا قَبْلَهَا أَوْ بَعْدَهَا لَأَتْمَمْتُهَا.

وفى الباب: عن عُمَرَ، وعليٍّ، وابنِ عباسٍ، وأنسٍ،وعِمْرانَ بنِ حُصَيْنٍ، وعائشةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمرَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ حديثِ يَحيىَ بنِ سُلَيْمٍ مِثْلَ هذا.

وقال محمدُ بنُ إسماعيلَ: وقد رُوِىَ هذا الحديثُ عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمرَ، عن رَجُلٍ مِنْ آلِ سُرَاقَةَ، عن ابنِ عُمَرَ.

قال أبو عيسى: وقد رُوِىَ عن عَطِيَّةَ العَوْفِيِّ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يَتَطَوَّعُ فى السَّفَرِ قَبْلَ الصَّلَاةِ وبعدَها.

وقَدْ صَحَّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كان يَقْصُرُ فى السَّفَرِ، وأبو بَكْرٍ وعُمَرُ وعثمانُ صَدْرًا مِنْ خِلَافَتِهِ، والعَمَلُ على هذا عندَ أكثرِ أهلِ العلمِ مِن أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ.

وقد رُوِىَ عن عائشةَ أَنَّهَا كانَتْ تُتِمُّ الصلاةَ فى السَّفَرِ، والعملُ على ما رُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم وأصحابِهِ، وهو قولُ الشافعيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، إِلَّا أَنَّ الشافِعِيَّ يقولُ: التَّقْصِيْرُ رُخْصَةٌ له فى السفرِ، فَإِنْ أَتَمَّ الصلاةَ أَجْزَأَ عنه.

[٥٥٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشيمٌ، نا عليُّ بنُ زيدِ بنِ جُدْعَانَ، عن أبى نَضْرَةَ، قال: سُئِلَ عِمْرانُ بنُ حُصَيْنٍ عن صَلَاةِ المسافِرِ فقال: حَجَجْتُ مع رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وحَجَجْتُ مع أبى بكرٍ فَصَلَّى ركعتَين، ومَعَ عُمرَ فَصَلَّى ركعتَينِ، ومَعَ عثمانَ سِتَّ سِنِيْنَ مِنْ خِلَافَتِهِ أَوْ ثَمان سنينَ، فَصَلَّى ركعتَينِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٥٥٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن محمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، وإبراهيمَ بنِ مَيْسَرَةَ، أَنَّهُمَا سَمِعَا أنسَ بنَ مالكٍ، قال: صَلَّيْنَا مع النبيِّ صلى الله عليه وسلم الظُّهْرَ بالمدينَةِ أَرْبَعًا، وبذِى الحُلَيْفَةِ العَصْرَ ركعتَينِ.هذا حديثٌ صحيحٌ.

[٥٥٦-] حدثنا قُتيبةُ، نا هشيمٌ، عن مَنْصُوْرِ بنِ زَاذَانَ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ مِنَ المَدِيْنَةِ إلى مَكَّةَ لَا يَخَافُ إِلَّا اللّٰهَ رَبَّ العَالَمِيْنَ، فَصَلَّى ركعتَيْنِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ اوروضاحت: حدیث (۵۵۳) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ اورخلفائے

راشدین کے ساتھ سفر کیا ہے، وہ ظہر اور عصر دو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے، نہ ان سے پہلے سنتیں پڑھتے تھے نہ بعد میں۔ اور ابن عمرؓ نے فرمایا: اگر مجھے ان سے پہلے یا بعد میں سنتیں پڑھنی ہوتیں تو میں فرض نماز ہی پوری پڑھتا ——— یہ یحییٰ بن سُلیم کی عبیداللہ عمری سے روایت ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عمرؓ کی یہ حدیث حسن غریب ہے، ہم اس کو اس طرح یحییٰ کی سند ہی سے جانتے ہیں (یحییٰ فی نفسہ ثقہ ہیں، صحیحین میں ان کی روایتیں ہیں، مگر ان کی جو روایتیں عبیداللہ سے ہیں وہ منکر (نہایت ضعیف) ہیں، چنانچہ شیخین نے اس سند کی روایتوں کی صحیحین میں تخریج نہیں کی) امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ حدیث عبیداللہ سے روایت کی گئی ہے، وہ خاندانِ سراقہ کے ایک آدمی سے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتا ہے (اس سند میں واسطہ مجہول ہے اس لئے ضعیف ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عطیہ عوفی سے روایت کیا گیا ہے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سفر میں فرض نماز سے پہلے بھی اور بعد میں بھی سنتیں پڑھتے تھے (یہ حدیث آگے باب التطوع فی السفر میں سند کے ساتھ آرہی ہے اور یہ بھی ضعیف ہے، کیونکہ عطیہ عوفی ضعیف راوی ہے)

اور نبی ﷺ سے یہ بات ثابت ہے کہ آپؐ سفر میں قصر فرماتے تھے اور ابوبکر وعمر بھی اور اپنی خلافت کے شروع میں عثمان بھی اور صحابہ وغیرہ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے ——— اور حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ وہ سفر میں نماز پوری پڑھا کرتی تھیں اور عمل اس پر ہے جو نبی ﷺ اور آپؐ کے اصحاب سے مروی ہے، یعنی حضرت عائشہ کے عمل پر عمل نہیں۔ اور وہ شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے، البتہ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ قصر کرنا سفر میں مسافر کے لئے ایک سہولت ہے، پس اگر وہ نماز پوری پڑھے تو اس کے لئے کافی ہے یعنی جائز ہے۔

حدیث (۵۵۴) حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے مسافر کی نماز کے بارے میں پوچھا گیا، آپؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا، پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں، اور ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا تو انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں۔ اور عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیا تو انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں، اور عثمانؓ کے ساتھ ان کی خلافت کے چھ یا آٹھ سال حج کیا تو انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں، یعنی سب نے قصر کیا۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

حدیث (۵۵۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ظہر مدینہ میں چار رکعتیں پڑھیں اور عصر ذوالحلیفہ میں دو رکعتیں پڑھیں، یہ حدیث بھی صحیح ہے (ذوالحلیفہ: مدینہ سے چھ میل ہے، آپ حجۃ الوداع کے لئے ظہر مدینہ میں پڑھ کر روانہ ہوئے اور عصر ذوالحلیفہ میں قصر پڑھی، کیونکہ وہ مدینہ کے حدود سے خارج ہے)

حدیث (۵۵۶) ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ مدینہ سے مکہ کی طرف (حجۃ الوداع میں) نکلے، اللہ رب العالمین کے علاوہ کسی کا ڈر نہیں تھا، پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں یعنی إن خفتم کی قید اتفاقی ہوگئی۔ یہ حدیث بھی اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَمْ تُقْصَرُ الصَّلَاۃُ

کتنے دن قیام کرنے سے نماز پوری پڑھے؟

امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی ایک باب ایسا ہی باندھا ہے اور یہ مسئلہ بیان کیا ہے کہ کتنی مسافت پر سفر شرعی متحقق ہوگا۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا مقصود یہ مسئلہ بیان کرنا ہے کہ اگر دورانِ سفر مسافر کسی جگہ ٹھہرے تو کتنے دن ٹھہرنے سے نماز پوری پڑھے گا؟

مذاہبِ فقہاء: حنفیہ کے نزدیک مدتِ اقامت پندرہ دن ہے۔ اگر مسافر کسی جگہ پندرہ دن یا اس سے زیادہ قیام کی نیت کرے تو مقیم ہوجائے گا اور نماز پوری پڑھے گا، اور پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت ہو تو قصر کرے گا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مدتِ اقامت چار دن ہے، پھر ان کے یہاں تفصیل ہے۔ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: یوم دخول اور یوم خروج کو مستثنیٰ کرکے اگر چار دن یا زیادہ کسی جگہ ٹھہرے تو وہ پوری نماز پڑھے۔ اور چار دن سے کم ٹھہرے تو وہ مسافر رہے گا اور قصر پڑھے گا، اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر اکیس نمازوں تک کسی جگہ ٹھہرنے کا ارادہ ہے تو وہ مقیم ہوگیا نماز پوری پڑھے۔ اور اس سے کم ٹھہرنے کا ارادہ ہے تو وہ مسافر ہے، قصر پڑھے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی مرفوع روایت نہیں ہے نہ احناف کے پاس اور نہ ائمہ ثلاثہ کے پاس۔ باب میں صحابہ اور تابعین کے آثار ہیں۔ حنفیہ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اثر لیا ہے اور ائمہ ثلاثہ نے سعید بن المسیب اور عطاء بن ابی رباح رحمہما اللہ کا اثر لیا ہے۔ اور اس اختلاف میں نقطۂ نظر اثر انداز ہوا ہے، چونکہ احناف نے قصر کو اللہ تعالیٰ کی خیرات مانا ہے اس لئے جو سب سے زیادہ مدت مروی ہے اس کو لیا ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ قصر کو رخصت (سہولت) مانتے ہیں، اور رخصت مجبوری میں لی جاتی ہے اور کم سے کم لی جاتی ہے، اس لئے ائمہ ثلاثہ نے کسی صحابی کی قول کو نہیں لیا بلکہ جو سب سے کم قول تھا وہ سعید بن المسیب اور عطاء بن ابی رباح کا تھا اس کو لیا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو مرفوع حدیثیں ہیں، اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں، مگر مسئلۂ باب سے بے تعلق ہیں، ان سے مدتِ اقامت طے کرنا مشکل ہے:

پہلی حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مدینہ سے مکہ گئے، پس رسول اللہ ﷺ نے دو رکعت پڑھیں یعنی قصر کیا۔ یحییٰ کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ مکہ میں کتنے دن ٹھہرے تھے؟ انھوں نے فرمایا: دس دن۔

تشریح: یہ حجۃ الوداع کا واقعہ ہے۔ نبی ﷺ حج کے لئے پانچ ذی الحجہ کو مکہ پہنچے تھے، اور آٹھ ذی الحجہ کو منی تشریف لے گئے، پھر عرفہ گئے، پھر مزدلفہ میں قیام کرکے منی واپس لوٹے اور تیرہ کو مکہ واپس پہنچے اور اسی دن شام کو

مدینہ واپسی ہوئی۔ اس پوری مدت میں آپ ؐ نے قصر کیا۔ اس حدیث سے مدتِ اقامت پر استدلال اس لئے نہیں ہوسکتا کہ پورے دس دن آپ ؐ نے ایک جگہ قیام نہیں فرمایا تھا بلکہ مکہ میں چار دن سے بھی کم قیام رہا تھا اس لئے ائمہ ثلاثہ نے بھی اس حدیث کو نہیں لیا۔

دوسری حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے مکہ میں انیس دن قیام فرمایا اور پوری مدت میں نمازیں قصر پڑھیں۔ ابن عباس ؓ فرماتے ہیں: اگر آنحضور ﷺ اس سے زیادہ ٹھہرتے تو نماز پوری پڑھتے۔

اس حدیث کی وجہ سے خود ابن عباس ؓ کا مذہب یہ تھا کہ مدتِ اقامت انیس دن ہے، اور اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے اسی کو لیا ہے۔ مگر اس حدیث سے بھی مدتِ اقامت پر استدلال واضح نہیں کیونکہ آنحضور ﷺ کا مکہ میں یہ قیام حالات کے تابع تھا، ٹھہرنے کی نیت سے آپ ؐ نے قیام نہیں فرمایا تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب کوئی علاقہ فتح ہوتا تھا تو آنحضور ﷺ وہاں تین دن قیام فرماتے تھے پھر مدینہ واپسی ہوتی تھی، مگر فتح مکہ کے بعد آپ ؐ کو اطلاعات ملیں کہ ہوازن کے قبائل جنگ کی تیاری کر رہے ہیں۔ ایسی صورت میں مدینہ واپسی عقلمندی کی بات نہیں تھی اس لئے آپ ؐ مکہ میں ٹھہر گئے۔ جب یقینی اطلاعات پہنچیں کہ ہوازن کے قبیلے مکہ پر چڑھائی کے ارادہ سے کوچ کر چکے ہیں تو آپ ؐ ان کی طرف بڑھے اور غزوۂ حنین پیش آیا۔ غرض آنحضور ﷺ کا مکہ میں قیام ٹھہرنے کی نیت سے نہیں تھا بلکہ حالات کے تابع تھا، اور ایسی صورت میں جبکہ ٹھہرنے کا ارادہ نہ ہو، آج کل کرتے کرتے برسوں گذر جائیں تو بھی مسافر رہے گا۔ علاوہ ازیں اس کی کوئی دلیل نہیں کہ اگر حضور اکرم ﷺ بیسویں دن رکتے تو نماز پوری پڑھتے۔ اس لئے ائمہ نے اس حدیث کو بھی نہیں لیا۔

[۲۷۷] باب ماجاء فی کم تُقْصَرُ الصلاۃُ؟

[۵۵۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، نا هُشَیْمٌ، نا یحییَ بنُ أبی إسحاقَ الحَضْرَمِیُّ، نا أنسُ بنُ مالكٍ، قال: خَرَجْنَا مع النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مِن المدینة إلی مَکَّةَ، فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ، قال: قلتُ لِأَنَسٍ: کَمْ أَقَامَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم بِمَکَّةَ؟ قال عَشْرًا.

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وجابرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقد رُوِیَ عن ابنِ عباسٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّهُ أَقَامَ فی بَعْضِ أَسْفَارِهِ تِسْعَ عَشْرَةَ یُصَلِّی رَکْعَتَیْنِ، قال ابنُ عباسٍ: فَنَحْنُ إِذَا أَقَمْنَا ما بَیْنَنَا وبینَ تِسْعَ عَشْرَةَ صَلَّیْنَا رکْعَتَیْنِ، وإِنْ زِدْنَا علی ذٰلك أَتْمَمْنَا الصَّلَاۃَ.

وَرُوِىَ عن عليٍّ: أَنَّهُ قال: مَنْ أَقَامَ عَشْرَةَ أيامٍ أَتَمَّ الصَّلاَةَ.

ورُوِيَ عن ابنِ عُمرَ: أَنَّهُ قال: مَنْ أَقَامَ خَمْسَةَ عَشَرَ يومًا أَتَمَّ الصَّلاَةَ، وَرُوِىَ عنهُ ثِنْتَىْ عَشْرَةَ.

ورُوِىَ عن سعيدِ بنِ المسيَّبِ: أَنَّه قال: إذا أَقَامَ أَرْبعًا صَلَّى أَرْبعًا؛ وروَى ذٰلِكَ عنه قَتَادَةُ وعطاءُ الخُرَاسَانِيُّ، وروَى عنه داوُدُ بنُ أبى هِنْدٍ خِلَافَ هٰذا،

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ بَعْدُ فى ذلك:

فَأَمَّا سُفيانُ الثوريُّ وأهلُ الكوفةِ فَذَهَبُوْا إلى تَوْ قِيْتِ خَمْسَ عَشْرَةَ، وقالوا: إِذَا أَجْمَعَ على إِقَامَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ أَتَمَّ الصلاةَ.

وقال الْأَوْزَاعِيُّ: إِذَا أَجْمَعَ على إِقَامَةِ ثِنْتَىْ عَشْرَةَ أَتَمَّ الصَّلاَةَ.

وقال مالكٌ والشافعيُّ وأحمدُ: إذا أَجْمَعَ على إِقَامَةِ أَرْبَعٍ أَتَمَّ الصَّلاَةَ.

وأما إسحاقُ فَرَأَى أَقْوَى الْمَذَاهِبِ فيه حديثَ ابنِ عباسٍ، قال: لِأَنَّهُ رَوَى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ نَاوَلَهُ بعدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: إذا أَجْمَعَ على إِقَامَةِ تِسْعَ عَشْرَةَ أَتَمَّ الصلاةَ.

ثم أَجْمَعَ أهلُ العلمِ عَلَى أَنَّ لِلْمُسَافِرِ أَنْ يَقْصُرَ مَالَمْ يُجْمِعْ إِقَامَةً وإِنْ أَتَى عليه سِنُونَ.

[۵۵۸-] حدثنا هنادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن عاصِمٍ الأَحْوَلِ، عن عِكْرِمة، عن ابنِ عباسٍ، قال: سَافَرَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم سَفَرًا، فَصَلَّى تِسْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا ركعتينِ رَكْعَتَيْنِ، قال ابنُ عباسٍ: فَنَحْنُ نُصَلِّيْ فِيْمَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ تِسْعَ عَشْرَةَ رَكْعَتَينِ ركعتينِ فَإِذَا أَقَمْنَا أَكْثَرَ مِن ذلك صَلَّيْنَا أَرْبعًا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

وضاحت: وقد رُوِى عن ابن عباس: یہ روایت آگے امام ترمذی رحمہ اللہ سند کے ساتھ لائیں گے ــــــ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جو شخص کسی جگہ دس دن ٹھہرے وہ نماز پوری پڑھے (اخرجہ عبدالرزاق) اور ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ جو شخص کسی جگہ پندرہ دن ٹھہرے وہ نماز پوری پڑھے (أخرجه محمد فى الآثار، والطحاوى، وابن أبى شيبة) اور ابن عمرؓ سے بارہ دن بھی مروی ہیں (رواه مالك فى الموطا) اور سعید بن المسیب سے مروی ہے کہ اگر کسی جگہ چار دن ٹھہرے تو چار رکعتیں پڑھے۔ یہ قول قتادہ اور عطاء خراسانی نے آپؒ سے روایت کیا ہے (رواه مالك فى الموطا) اور داؤد بن ابی ہند نے اس کے خلاف روایت کیا ہے (انھوں نے پندرہ دن مدتِ اقامت کا قول روایت کیا ہے رواه محمد فى كتاب الحجة، وابن أبى شيبة) ــــــ اس کے بعد علماء میں اختلاف ہوا یعنی مدت اقامت میں صحابہ وتابعین میں تو اختلاف تھا ہی، جب مجتہدین کا زمانہ آیا تو ان میں بھی اختلاف ہوا۔ سفیان ثوری اور کوفہ والے پندرہ دن کی تعیین کی طرف گئے، اور انھوں نے کہا: جب پندرہ دن ٹھہرنے کا

پختہ ارادہ کرلے تو نماز پوری پڑھے ——— اور امام اوزاعی رحمہ اللہ نے فرمایا: جب بارہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کرے تو نماز پوری پڑھے ——— اور ائمہ ثلاثہ نے فرمایا: جب چار دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کرے تو نماز پوری پڑھے ——— اور رہے اسحاق تو انھوں نے اس میں قوی ترین مذہب ابن عباس کی حدیث کو سمجھا، فرمایا: اس لئے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کی، پھر اس کو لیا یعنی مذہب بنایا نبی ﷺ کے بعد یعنی دور صحابہ میں (حضرت اسحاق نے فرمایا:) جب کوئی شخص انیس دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کرے تو نماز پوری پڑھے ——— پھر اہل علم اس پر متفق ہیں کہ مسافر کے لئے جائز ہے کہ وہ قصر کرے جب تک ٹھہرنے کا پختہ ارادہ نہ کرے، اگرچہ اس پر سالوں گذر جائیں (پھر ابن عباسؓ کی مذکورہ حدیث سند کے ساتھ ہے)

بابُ ماجاءَ فی التَّطَوُّعِ فی السَّفَرِ

سفر میں سنتیں پڑھنے کا بیان

ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: مسافر کو سنن مؤکدہ پڑھنی چاہئیں۔ اور ائمہ احناف سے اس مسئلہ میں کچھ مروی نہیں، نہ امام اعظم رحمہ اللہ سے کچھ مروی ہے اور نہ صاحبین سے۔ اور متأخرین احناف نے مسئلہ یہ بیان کیا ہے کہ حالتِ قرار میں سنتیں پڑھے، اور حالت فرار میں نہ پڑھے۔ مثلاً ایک شخص دہلی گیا، اور وہاں پہنچ کر ٹھہر گیا اور مطمئن ہوگیا آگے روانگی یا واپسی دو دن کے بعد ہوگی تو یہ حالت قرار ہے، ایسی صورت میں سنتیں پڑھنی چاہئیں، اور اگر سفر جاری ہے گاڑی میں نماز پڑھ رہا ہے، یا اسٹیشن پر نماز پڑھ رہا ہے اور گاڑی آنے والی ہے تو یہ حالت فرار ہے، اس حالت میں سنتیں نہ پڑھے۔ اور میں نے تجربہ کی بنیاد پر اس میں یہ اضافہ کیا ہے کہ سفر شروع کرنے سے پہلے اور سفر ختم کرنے کے بعد متصلاً جو حالت ہے وہ بھی حالتِ فرار ہے۔ مثلاً ایک شخص دہلی گیا وہاں جا کر ٹھہر گیا تو یہ حالت قرار ہے مگر وہ تھکا ہوا ہے، نیند کا غلبہ ہے اور نماز بھی پڑھنی ہے تو وہ صرف فرض پڑھ لے، سنتیں نہ پڑھے۔ اسی طرح روانگی کا وقت ہے، سامان تیار کرنا ہے، وقت پر اسٹیشن پہنچنا ہے، ٹکٹ لینا ہے اور نماز کا وقت آگیا تو فرض نماز پڑھ لینا کافی ہے، سنت نہ پڑھے تو کوئی حرج نہیں۔ واللہ اعلم

[۲۷۸] باب ماجاء فی التطوع فی السفر

[۵۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نااللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن صَفْوَانَ بنِ سُلَيْمٍ، عن أبی بُسْرَةَ الغِفَارِیِّ، عن البَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قال: صَحِبْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَفَرًا، فَمَا رَأَيْتُهُ تَرَكَ الرَّكْعَتَيْنِ إِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمرَ، قال أبو عیسی: حدیثُ البَرَاءِ حدیثٌ غریبٌ، قال: سَأَلْتُ محمداً عَنْهُ؟ فَلَمْ یَعْرِفْهُ إِلَّا مِنْ حدیثِ اللَّیْثِ بنِ سَعْدٍ، ولَمْ یَعْرِفْ اسمَ أبی بُسْرَةَ الغِفَارِیِّ، ورَآہُ حَسَنًا.

ورُوِیَ عن ابنِ عُمر: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کانَ لایَتَطَوَّعُ فی السَّفَرِ قَبْلَ الصَّلَاۃِ ولَابَعْدَهَا، ورُوِیَ عَنْهُ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّه کَانَ یَتطَوَّعُ فی السَّفَرِ.

ثم اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ بَعدَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: فَرَأَی بعضُ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ یَتطَوَّعَ الرجُلُ فی السَّفَرِ، وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ، ولَمْ یَرَ طَائِفَةٌ مِنْ أهلِ العِلْمِ أَنْ یُصَلِّیَ قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا.

ومَعْنَی مَنْ لَمْ یَتَطَوَّعْ فی السفرِ: قُبولُ الرُّخْصَةِ، ومَنْ تَطَوَّعَ فَلَهُ فی ذلك فَضْلٌ کَثِیْرٌ، وهو قولُ أکثرِ أهلِ العلمِ یَخْتَارُوْنَ التَّطَوُّعَ فی السَّفَرِ.

[۵۶۰-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا حَفْصُ بنُ غِیاثٍ، عن حجاجٍ، عن عَطِیَّةَ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: صَلَّیْتُ مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم الظُّهْرَ فی السَّفَرِ رَکعَتَیْنِ وبعدَها رکعَتینِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ، وقد رَواہُ ابنُ أبی لیلَی عن عَطِیَّةَ، ونافعٍ عن ابن عمرَ.

[۵۶۱-] حدثنا محمدُ بنُ عُبیدِ الْمُحَارِبِیُّ، نا علیُّ بنُ هاشِمٍ، عن ابنِ أبی لیلَی، عن عَطِیَّةَ، ونافِعٍ، عن ابنِ عمرَ، قال: صَلَّیْتُ معَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فی الحَضَرِ والسَفَرِ، فَصَلَّیْتُ مَعَهُ فی الحَضَرِ الظُّهْرَ أَرْبَعًا، وبعدَها رکعَتینِ، وصَلَّیْتُ معهُ فی السَّفَرِ الظهرَ رکعتَین وبعدَها رکعَتین، والعصرَ رکعتَینِ ولم یُصلِّ بعدَها شَیْئًا، والمغرِبَ فی الحَضَرِ والسَّفَرِ سواءً، ثَلَاثَ رَکْعَاتٍ، لَا یَنْقُصُ فی حَضَرٍ وَلَا سَفَرٍ، وهی وِتْرُ النَّهَارِ، وبَعْدَهَا رکعَتینِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ، سمعتُ محمداً یقولُ: ما رَوَی ابنُ أبی لَیلَی حَدِیْثًا أَعْجَبَ إلیَّ مِنْ هذا.

ترجمہ اور وضاحت: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اٹھارہ سفروں میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہا ہوں، میں نے آپؐ کو نہیں دیکھا کہ آپؐ نے ظہر سے پہلے جب سورج ڈھلتا ہے دو رکعتیں چھوڑی ہوں، یعنی زوال کے بعد فوراً جو رکعتیں پڑھنے کا آپؐ کا معمول تھا وہ سفر کے دروان بھی جاری رہتا تھا۔ حضرت براءؓ کی یہ حدیث غریب ہے (امام لیث بن سعد سے اوپر یہی ایک سند ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا کہ کیا اس کی کوئی اور سند ہے؟ پس امام بخاریؒ نے اس کو نہیں جانا مگر لیث بن سعد

کی سند سے، یعنی امام بخاری کے علم میں بھی اس کی کوئی اور سند نہیں تھی۔ اور ابو بسرۃ غفاری کا نام بھی انہیں معلوم نہیں تھا اور وہ اس حدیث کو (فی نفسہ) حسن سمجھتے تھے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کا حسن دیگر محدثین کے صحیح کے مترادف تھا اس لئے یہ حدیث اعلی درجہ کی ہے ـــــــ اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں سنتیں نہیں پڑھتے تھے، نہ نماز سے پہلے نہ نماز کے بعد (یہ حدیث ابھی گذری) اور ابن عمرؓ ہی سے روایت کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں سنتیں پڑھتے تھے (یہ روایت اسی باب میں آرہی ہے، اور دونوں روایتیں ضعیف ہیں، پہلی اس لئے کہ وہ یحیٰ بن سُلیم کی عبید اللہ سے روایت ہے۔ اور دوسری عطیۃ العوفی کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر نافع ان کے متابع ہیں، اس لئے یہ روایت صحیح ہوجائے گی) پھر رسول اللہ ﷺ کے بعد علماء کے درمیان اختلاف ہوا۔ بعض صحابہ کہتے تھے کہ آدمی سفر میں سنن مؤکدہ پڑھے، احمد واسحاق رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں (امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے) اور علماء کی ایک جماعت کے نزدیک نماز سے پہلے اور نماز کے بعد سنتیں نہیں ہیں (یہ حنفیہ کا مسلک نہیں ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن عمرؓ کے قول **لم یتطوع فی السفر** کا مطلب یہ ہے کہ سفر میں سنتیں نہ پڑھے تو اس کی گنجائش ہے، وہ شریعت کی دی ہوئی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور جو شخص سنتیں پڑھے تو اس کے لئے اس میں بڑا ثواب ہے یعنی اس قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ سفر میں سنتیں پڑھنا جائز نہیں۔ اور اکثر علماء کا قول ہے وہ سفر میں سنت پڑھنے کو پسند کرتے ہیں، اس کے بعد ابن عمرؓ کی حدیث ہے اس میں حجاج بن ارطاۃ اور عطیۃ عوفی دو ضعیف راوی ہیں مگر دونوں کے متابع موجود ہیں۔ حجاج کے متابع ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں اور عطیۃ عوفی کے متابع نافع ہیں۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر میں ظہر کی دو رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد دو رکعتیں (سنت مؤکدہ) پڑھیں (معیت تعداد میں ہے جماعت کے ساتھ پڑھنا مراد نہیں) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے، اس کو ابن ابی لیلیٰ صغیر بھی عطیۃ عوفی اور نافع سے روایت کرتے ہیں، اس کے بعد ابن ابی لیلیٰ کی حدیث ہے جس کو وہ عطیۃ عوفی اور نافع سے روایت کرتے ہیں، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضر وسفر میں نماز پڑھی ہے۔ پس میں نے آپؐ کے ساتھ حضر میں ظہر کی چار رکعتیں اور اس کے بعد دو رکعتیں (سنت مؤکدہ) پڑھیں۔ اور میں نے آپؐ کے ساتھ سفر میں ظہر کی دو رکعتیں اور اس کے بعد (سنت مؤکدہ) دو رکعتیں پڑھیں۔ اور عصر کی دو رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد کچھ نہیں پڑھا، اور مغرب سفر وحضر میں یکساں ہیں وہ تین رکعتیں ہیں، نہ حضر میں اس میں کچھ کمی کی جائے گی نہ سفر میں۔ اور وہ دن کا وتر ہے اور اس کے بعد دو رکعتیں (سنت مؤکدہ) ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے۔ میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے سنا، فرماتے تھے: ابن ابی لیلیٰ نے کوئی حدیث روایت نہیں کی جو مجھے اس حدیث سے زیادہ پسند ہو، یعنی ان کی یہی حدیث شاندار ہے، ان کی دوسری روایتیں ٹھیک نہیں۔ اکابر محدثین رواۃ کی حدیثوں میں سے صحیح حدیثوں کو جدا کرتے تھے،

اس کی تفصیل کتاب العلل کی شرح میں گذر چکی ہے کہ بڑے محدث کبھی ضعیف راویوں سے روایت کرتے ہیں مگر وہ ان کی وہی حدیثیں بیان کرتے تھے جو ان کی نظر میں صحیح ہوتی تھیں۔

فائدہ: مغرب کی نماز کو دو خصوصیتیں حاصل ہیں۔اول: تمام نمازیں ابتداء میں دو رکعتیں فرض ہوئی تھیں، پھر فجر کو تو اس کی حالت پر چھوڑ دیا گیا اور اس میں قراءت طویل کردی گئی اور باقی نمازوں میں دو دو رکعتوں کا اضافہ کیا گیا۔مگر مغرب شروع ہی سے تین رکعتیں فرض کی گئی ہے۔اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔دوم: مغرب میں بھی قصر ممکن ہے، تین کے بجائے دو پڑھی جائیں یہ ممکن ہے، مگر اس میں قصر نہیں کیونکہ وہ دن کا وتر ہے اور عشاء کے بعد جو وتر ہیں وہ رات کے وتر ہیں۔اور جب یہ دونوں نمازیں وتر ہیں تو ایک دوسرے کے شاکلہ اور انداز پر ہونی چاہئیں اور مغرب بالاجماع تین رکعتیں ایک سلام سے ہیں، پس وتر اللیل بھی تین رکعتیں ایک سلام سے ہونگی۔

اور رات دن میں دو وتر اس لئے مشروع کئے گئے ہیں کہ پچاس کی تعداد پوری ہوجائے، اس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے کہ شبِ معراج میں پچاس نمازیں فرض کی گئی تھیں اور نماز درحقیقت ایک رکعت ہے اور جو حکم تخفیفاً منسوخ ہوتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے اس لئے آنحضور ﷺ کا معمول رات دن میں پچاس رکعتیں پڑھنے کا تھا اور امت کے بہت سے حضرات یہ تعداد پوری کرتے ہیں، پس اگر وتر ایک ہوتا تو پچاس کی تعداد پوری نہ ہوتی، یا تو انچاس رکعتیں ہوتیں یا اکیاون۔اس لئے پچاس کی تعداد پوری کرنے کے لئے ایک وتر کا رات میں اضافہ کیا گیا۔

بابُ ماجاءَ فی الْجَمْعِ بَیْنَ الصَّلاتَیْنِ

دو نمازوں کو جمع کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے اس لئے کہ اس میں حجازی اور عراقی مکاتب فکر کے درمیان اختلاف ہوا ہے۔ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اعذار کی صورت میں ظہرین (ظہر وعصر) اور عشائین (مغرب وعشاء) کو جمع کرنا جائز ہے (اور اعذار امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک: سفر، بارش اور مرض ہیں۔اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: سفر اور بارش ہیں، مرض عذر نہیں۔اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف سفر عذر ہے) پھر ان کے درمیان تھوڑی تفصیل ہے۔امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جمع بین الصلاتین مطلقاً جائز ہے تقدیماً وتاخیراً: یعنی جمع تقدیم بھی جائز ہے اور جمع تاخیر بھی۔ظہر کے وقت میں ظہر اور عصر دونوں کو اور مغرب کے وقت میں مغرب اور عشاء دونوں کو، اسی طرح عصر کے وقت میں ظہر اور عصر دونوں کو اور عشاء کے وقت میں مغرب اور عشاء دونوں کو پڑھ سکتے ہیں۔اسی طرح سائراً او نازلاً: سفر جاری ہو یا کسی جگہ قیام ہو ہر صورت میں جمع کرسکتے ہیں، اسی طرح مُجِدًّا وغَیْرَ مُجِدٍّ:

بھاگتے دوڑتے سفر ہو یا اطمینان کے ساتھ سفر ہو ہر صورت میں جمع بین الصلاتین جائز ہے۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ جمع تقدیم جائز نہیں، صرف جمع تاخیر جائز ہے۔ اور ان کا مشہور قول یہ ہے کہ جمع تقدیم اور جمع تاخیر دونوں جائز ہیں، جبکہ بھاگتے دوڑتے سفر ہو، اگر کسی جگہ قیام ہو یا اطمینان کا سفر ہو تو جمع جائز نہیں۔

اور حنفیہ کے نزدیک مطلقاً جمع جائز نہیں، نہ جمع تقدیم نہ جمع تاخیر۔ البتہ سخت مجبوری میں جمع تاخیر جائز ہے، یعنی پہلی نماز قضاء کر کے دوسرے وقت میں پڑھے، بس اس کی گنجائش ہے۔ اور ان کی دلیل سورۃ النساء (آیت ۱۰۳) میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿إِنَّ الصَّلاَةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَوْقُوْتًا﴾ یعنی مسلمانوں پر نماز فرض کی گئی ہے وقت کی پابندی کے ساتھ، پس ہر نماز اس کے وقت میں پڑھنا ضروری ہے۔

اور جاننا چاہئے کہ حج کے موقعہ پر عرفہ میں اور مزدلفہ میں احناف بھی جمع کے قائل ہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ کیونکہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ سے آج تک پوری امت قرناً بعد قرنٍ ایسا کرتی آرہی ہے۔ پس یہ تواتر کا اعلیٰ درجہ ہے، اور جو چیز تواتر سے ثابت ہو اس کے ذریعہ قرآن پر زیادتی جائز ہے۔ اسی طرح اگر عذر ہو تو حنفیہ کے نزدیک جمع تاخیر جائز ہے۔ ٹرین سے سفر کر رہا ہو، گاڑی میں بے حد بھیڑ ہو، نماز پڑھنا ممکن نہ ہو یا بس سے سفر کر رہا ہو اور بے بس ہو تو نماز کو مؤخر کرنا اور اگلے وقت میں پڑھنا درست ہے، کیونکہ اس کے سوا چارہ نہیں۔ اس صورت میں ایک نماز ادا ہوگی اور ایک قضاء ہوگی۔ پس اس کو جمع کہنا مجازاً ہے، اور جمع تقدیم کی حنفیہ کے نزدیک مطلقاً گنجائش نہیں۔ اگر کوئی جمع تقدیم کرے گا تو ایک نماز ہوگی دوسری نہیں ہوگی۔ اس کے ذمہ فرض باقی رہ جائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں تین قسم کی حدیثیں ہیں: اول: وہ حدیثیں ہیں جن میں صاف صراحت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سفر میں جمع صوری کرتے تھے، یعنی ایک نماز کو اس کے آخر وقت میں اور دوسری کو اس کے اول وقت میں پڑھتے تھے۔ دونوں نمازیں اپنے اپنے وقتوں میں پڑھی جاتی تھیں مگر صورۃً وہ جمع یعنی ایک ساتھ ہوتی تھیں، اس لئے اس کا نام ''جمع صوری'' ہے۔ اور عذر کی حالت میں ایسا کرنا بالاجماع جائز ہے۔ دوم: وہ حدیثیں ہیں جن میں جمع حقیقی کی صراحت ہے۔ جمع حقیقی کا دوسرا نام ''جمع وقتی'' بھی ہے۔ سوم: زیادہ تر روایتیں مجمل ہیں، انمیں صرف یہ مضمون ہے کہ رسول اللہ ﷺ دو دو نمازوں کو جمع کرتے تھے، جمع کرنے کی کیا صورت ہوتی تھی؟ اس کی تفصیل مذکور نہیں۔ ظاہر ہے کہ اس قسم کی حدیثیں مبحث سے خارج ہیں کیونکہ ائمہ ثلاثہ ان کو جمع حقیقی پر محمول کریں گے اور احناف جمع صوری پر، اسی طرح پہلی قسم کی حدیثیں بھی مبحث سے خارج ہیں اس لئے کہ جمع صوری بالاجماع جائز ہے۔ اور جن حدیثوں میں جمع حقیقی کی صراحت ہے ان میں امثل اور اصح حدیث حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی ہے جس کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے پیش کیا ہے:

حدیث: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ غزوۂ تبوک کے موقع پر جب سورج ڈھلنے سے پہلے سفر شروع فرماتے تو ظہر کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ اس کو عصر کے ساتھ جمع کرتے، اور دونوں کو (عصر کے وقت میں) ایک ساتھ پڑھتے۔ اور جب سورج ڈھلنے کے بعد سفر شروع کرتے تو عصر کو ظہر کے وقت میں جلدی پڑھ لیتے۔ پھر سفر شروع کرتے، اور جب سورج غروب ہونے سے پہلے سفر شروع کرتے تو مغرب کو مؤخر کرتے یہاں تک کہ اس کو (عشاء کے وقت میں) عشاء کے ساتھ پڑھتے۔ اور جب سورج غروب ہونے کے بعد سفر شروع کرتے تو عشاء میں جلدی کرتے اور عشاء کو (مغرب کے وقت میں) مغرب کے ساتھ پڑھ لیتے۔

تشریح: اس حدیث کو قتیبہ روایت کرتے ہیں: لیث بن سعد سے، وہ یزید بن ابی حبیب سے، وہ ابوالطفیل سے اور وہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے۔ اور شروع سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے۔ اور قتیبہ، لیث بن سعد اور یزید بن ابی حبیب اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں، اور ائمہ حدیث میں سے ہیں۔ اور ابوالطفیل اور معاذ بن جبل صحابی ہیں، یعنی اس حدیث کی سند نہایت درجہ قوی ہے۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سند کو اور متن کو شاذ قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں: محدثین کے نزدیک نہ تو یہ حدیث یزید بن ابی حبیب کی سند سے معروف ہے اور نہ یہ متن معروف ہے، بلکہ یہ حدیث ابوالزبیر، عن ابی الطفیل، عن معاذ کی سند سے معروف ہے۔ اور ابوالزبیر سے روایت کرنے والے قرۃ بن خالد، سفیان ثوری اور امام مالک وغیرہ ائمہ حدیث ہیں۔ اور جو متن معروف ہے وہ یہ ہے: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ تبوک میں ظہر اور عصر کے درمیان اور مغرب اور عشاء کے درمیان جمع کیا، یعنی درحقیقت یہ حدیث مجمل ہے اور یزید بن ابی حبیب کی سند سے جو تفصیلی متن آیا ہے وہ محفوظ نہیں، دیگر ائمہ حدیث نے بھی اس حدیث پر عجیب وغریب تبصرے کئے ہیں۔ حاکم ابوعبداللہ (صاحبِ مستدرک حاکم) نے اس حدیث کو موضوع، امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے منکر، اور ابن حزم ظاہری نے منقطع قرار دیا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے قتیبہ سے پوچھا کہ جب آپ نے یہ حدیث لیث بن سعد سے پڑھی تھی تو آپ کے پاس کون بیٹھا تھا؟ انھوں نے فرمایا: خالد مدائنی بیٹھا تھا۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: چوری پکڑی گئی، خالد مدائنی اساتذہ کی حدیثوں میں اضافہ کیا کرتا تھا اس حدیث میں جو تفصیل ہے وہ قتیبہ کی نظر بچا کر ان کی کاپی میں خالد مدائنی نے لکھ دی ہے۔ ورنہ درحقیقت یہ حدیث مجمل ہے، اور بعض محدثین نے اس حدیث کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔ ابن حبان نے اس کو صحیح کہا ہے، اور دیگر ائمہ حدیث نے بھی اس کو قابل اعتبار سمجھا ہے اسی لئے اس سے استدلال کیا ہے۔

غرض اس حدیث کو صحیح کہنے والے بھی ہیں مگر صحیح بات یہ ہے کہ مذکورہ تفصیل کے ساتھ یہ حدیث غیر محفوظ ہے، درحقیقت یہ حدیث مجمل ہے پس اس سے استدلال ممکن نہیں، اور حدیث مجمل کو ائمہ ثلاثہ جمع حقیقی پر محمول کریں گے

اور احناف جمع صوری پر (حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی مجمل حدیث مسلم میں ہے اور ائمہ کے تبصرے معارف السنن (۴:۴۸۳) میں ہیں)

[۲۷۹] باب ماجاء فی الجمعِ بَیْنَ الصَّلاَتَیْنِ

[۵۶۲-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن یَزِیْدَ بنِ أبی حَبِیبٍ، عن أبی الطُّفَیْلِ، عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کان فی غَزْوَةِ تَبُوْكَ إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ زَیْغِ الشَّمْسِ أَخَّرَ الظُّهْرَ إلیٰ أَنْ یَجْمَعَهَا إِلیٰ العَصْرِ فَیُصَلِّیْهِمَا جَمِیعاً، وإِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ زَیْغِ الشَّمْسِ عَجَّلَ العَصْرَ إلی الظُّهْرِ وَصَلَّی الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِیْعًا ثم سَارَ، وَکان إِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ الْمَغْرِبِ أَخَّرَ المغربَ حتی یُصَلِّیَهَا مَعَ العِشَاءِ، وَإِذَا ارْتَحَلَ بعدَ المغربِ عَجَّلَ العِشَاءَ فَصَلاَّهَا مَعَ المَغْرِبِ.

وفی الباب: عن علیٍّ وابنِ عُمَرَ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعائشةَ، وابنِ عباسٍ، وأُسَامَةَ بنِ زَیْدٍ، وجابرٍ.

قال أبو عیسی: ورَوَی علیُّ بنُ المَدِیْنِیُّ عَنْ أحمدَ بنِ حَنْبَلٍ عن قُتَیْبَةَ هٰذا الحدیثَ، وحدیثُ معاذٍ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ تَفَرَّدَ بهِ قُتَیْبَةُ، لانَعرِفُ أَحداً رَوَاهُ عَنِ اللَّیْثِ غَیْرُهُ، وحدیثُ اللَّیْثِ عن یَزِیْدَ بنِ أبی حَبِیْبٍ عن أبی الطُّفَیْلِ عن معاذٍ حدیثٌ غریبٌ والمعرُوفُ عِندَ أهلِ العلمِ حدیثُ معاذٍ مِنْ حدیثِ أبی الزُّبَیْرِ عَنْ أبی الطُّفَیْلِ عن مُعاذٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم جَمَعَ فی غَزْوَةِ تَبُوْكَ بَیْنَ الظهرِ والعصْرِ،وبین المغربِ والعِشَاءِ. رَوَاهُ قُرَّةُ بنُ خَالِدٍ وسفیانُ الثوریُّ ومالكٌ وغیرُ واحِدٍ عن أبی الزُّبَیْرِ المَکِّیِّ، وبهٰذا الحدیثِ یقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ یقولان: لا بَأْسَ أَنْ یُجْمَعَ بین الصلاتَیْنِ فی السَّفَرِ فی وقتِ إِحْدَاهُمَا.

[۵۶۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن عُبیدِ اللّٰهِ بنِ عُمرَ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّهُ اسْتُغِیْثَ علی بَعْضِ أهلِهِ، فَجَدَّ بِهِ السَّیْرُ، فَأَخَّرَ المغربَ حَتَّی غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ نَزَلَ فَجَمَعَ بَیْنَهُمَا، ثُمَّ أَخْبَرَهُمْ أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم کان یَفْعَلُ ذلكَ إِذَا جَدَّ بِهِ السَّیْرُ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: علی بن المدینی نے احمد بن حنبل سے اور انھوں نے قتیبہ سے اس حدیث کو روایت کیا ہے (یعنی قتیبہ سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے) اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث حسنٌ غریبٌ ہے اس کو تنہا قتیبہ روایت کرتے ہیں، قتیبہ کے علاوہ ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے یہ حدیث لیث بن

سعد سے روایت کی ہو۔ اور لیث کی یہ حدیث غریب (شاذ) حدیث ہے۔ اور محدثین کے نزدیک معروف حضرت معاذ کی حدیث ہے جو ابوالزبیر عن ابی الطفیل عن معاذ کی سند سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے غزوۂ تبوک میں جمع کیا ظہر اور عصر کے درمیان اور مغرب اور عشاء کے درمیان (یعنی حدیث مجمل معروف ہے) اس حدیث کو قرۃ بن خالد، سفیان ثوری، امام مالک اور دیگر متعدد محدثین نے ابوالزبیر مکی سے روایت کیا ہے، اور اس حدیث کے موافق امام شافعی، امام احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے۔ دونوں فرماتے ہیں: سفر میں دو نمازوں کے درمیان ان دونوں میں سے کسی ایک کے وقت میں جمع کرنے میں کوئی حرج نہیں (یعنی جمع تقدیم بھی جائز ہے اور جمع تاخیر بھی۔ خیال رہے کہ تمام نسخوں میں یقولان (تثنیہ) ہے، حالانکہ یقولون (جمع) ہونا چاہئے)

دوسری حدیث: نافع کہتے ہیں: ابن عمر رضی اللہ عنہما ارجنٹ بلائے گئے ان کی کسی بیوی کے معاملہ میں یعنی اطلاع آئی کہ ان کی طبیعت بہت خراب ہے آپ جلدی پہنچیں۔ وہ بیوی صاحبہ سسرال میں رہتی تھیں، مدینہ میں نہیں تھیں، نام صفیہ بنت ابی عبید تھا، بعد میں وہ شفایاب ہوگئیں، اور ابن عمرؓ کے بعد تک زندہ رہیں۔ پس ابن عمر بھاگتے دوڑتے گئے اور مغرب کو مؤخر کیا، یہاں تک کہ شفق (احمر) غائب ہوگئی، پھر اترے اور مغرب وعشاء کے درمیان جمع کیا، پھر تلامذہ کو بتلایا کہ رسول اللہ ﷺ بھی ایسا ہی کرتے تھے جب آپ بھاگتے دوڑتے سفر کرتے تھے یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

تشریح: اس سفر میں ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جمع صوری کی تھی، جمع حقیقی نہیں کی تھی۔ ابوداؤد (باب الجمع بین الصلاتین) میں حدیث ہے کہ ابن عمرؓ شفق غروب ہونے سے کچھ پہلے اترے تھے، اور مغرب پڑھی تھی، پھر شفق غروب ہونے کے انتظار میں بیٹھے رہے، جب شفق غائب ہوئی تو عشاء پڑھی اور فرمایا: جب رسول اللہ ﷺ کو جلدی ہوتی تو آپؐ ایسا کرتے تھے، جس طرح میں نے کیا[1]۔ پس رفع تعارض کے لئے ترمذی کی روایت کی تاویل ضروری ہے، کیونکہ ابوداؤد کی حدیث میں کوئی تاویل نہیں ہوسکتی، اور وہ تاویل ہے: کاد أن یَغیب یعنی شفق غروب ہونے کے قریب ہوگئی، راوی نے مبالغۃً غابَ الشفقُ کہہ دیا، دوسری تاویل یہ ہے کہ شفق سے شفقِ احمر مراد ہے کیونکہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مغرب کا وقت شفق ابیض کے غروب تک رہتا ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے امام مالک رحمہ اللہ نے استدلال کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ اگر بھاگتے دوڑتے سفر ہو تو جمع بین الصلاتین جائز ہے۔ اطمینان کے سفر میں اجازت نہیں۔ اور احناف کے نزدیک یہ حدیث جمع صوری پر محمول ہے۔

(۱) ابوداؤد کی روایت (۱۲۱۲) کے الفاظ یہ ہیں: حتی إذا کان قبل غیوب الشفق نزل، فصلی المغرب، ثم انتظر حتی غابَ الشفق وصلی العشاء (الی آخرہ)

بابُ ماجاءَ فی صَلاَۃِ الِاسْتِسْقَاءِ

بارش طلبی کی نماز کا بیان

روایات سے بارش طلبی کی تین صورتیں ثابت ہیں: اول: لوگ بستی سے نکل کر کسی جگہ اکٹھے ہوں اور بارش کے لئے دعا کریں، یہ صورت **آبی اللحم**ؓ کی حدیث میں آئی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ احجار الزیت نامی جگہ میں تشریف لے گئے اور خوب گڑگڑا کر بارش کے لئے دعا کی، پھر واپس آ گئے۔ دوم: جمعہ کے خطبہ میں بارش کے لئے دعا کی جائے، بخاری میں حدیث ہے: آنحضور ﷺ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے اچانک ایک دیہاتی مسجد میں آیا اور اس نے دورانِ خطبہ عرض کیا: یارسول اللہ! بارش نہ ہونے کی وجہ سے لوگ پریشان ہیں، جانور مر رہے ہیں، قحط کا سامنا ہے، بارش کے لئے دعا فرمائیں، آپؐ نے خطبہ ہی میں دعا فرمائی، دعا کا اثر یہ ظاہر ہوا کہ لوگ بھیگتے ہوئے گھر لوٹے، اور پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی۔ اگلے جمعہ کو وہی شخص یا کوئی اور شخص دورانِ خطبہ مسجد میں آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! سیلاب کی صورت بن گئی ہے، مکان ڈھنے لگے ہیں، دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ بارش روک دیں، آپؐ نے فرمایا: **اللّٰھم حَوَالَیْنَا لا عَلَیْنَا** اے اللہ! ہمارے اردگرد برسے ہم پر نہیں! اور سر کے اوپر ہاتھ لے جا کر دائرہ کی شکل میں اشارہ کیا کہ اِدھر اُدھر برسے ہم پر نہیں۔ چنانچہ فوراً بارش رک گئی اور بادل پھٹ گیا۔ چاروں طرف بارش ہوتی رہی اور مدینہ میں دھوپ نکل آئی، اور ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے مدینہ نے تاج پہن رکھا ہو۔ سوم: باقاعدہ آپؐ لوگوں کو لے کر عیدگاہ تشریف لے گئے اور وہاں جماعت سے دوگانہ ادا فرمایا، مختصر تقریر کی، اس کے بعد دعا مانگی۔ غرض بارش طلبی کے لئے یہ تینوں صورتیں حدیثوں سے ثابت ہیں۔

اس کے بعد دو باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک صلاۃ الاستسقاء سنت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **لاصلاۃ فی الاستسقاء**: بارش طلبی کے لئے نماز نہیں۔ عام طور پر امام اعظم رحمہ اللہ کے اس قول کا مطلب یہ سمجھا گیا ہے کہ آپؒ کے نزدیک صلاۃ الاستسقاء مشروع نہیں، اور فقہ حنفی کی اکثر کتابوں میں یہی بات لکھی ہے۔ مگر یہ مطلب صحیح نہیں، بلکہ اس قول کا مطلب یہ ہے کہ استسقاء کے لئے نماز ضروری نہیں، اس کے بغیر بھی استسقاء ہوسکتا ہے۔ لوگ بارش کی دعا کرنے کے لئے کسی جگہ جمع ہوں اور دعا مانگیں تو بھی استسقاء ہے۔ فرض نمازوں کے بعد یا جمعہ کے بعد یا خطبہ میں بارش کے لئے دعا کریں تو بھی استسقاء ہے۔ اور باقاعدہ عیدگاہ جا کر دوگانہ پڑھیں پھر دعا مانگیں تو بھی استسقاء ہے۔ اور سب صورتیں جائز ہیں۔ صرف نماز پڑھنا ہی استسقاء کا طریقہ نہیں۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کا صحیح مطلب یہی ہے۔ استسقاء کے لئے نماز مشروع نہیں یہ امام صاحب کے قول کا صحیح مطلب نہیں۔ جیسے کہا جاتا

ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک عقیقہ سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک عقیقہ نہیں یعنی سنت نہیں، اس سے نیچے کے درجہ کا حکم ہے یعنی مندوب ہے۔

اور اس کی دلیل کہ امام اعظم رحمہ اللہ صلاۃ الاستسقاء کے قائل ہیں یہ ہے کہ ان کے اور صاحبین کے درمیان اختلاف ہے کہ صلاۃ الاستسقاء میں قراءت جہراً ہوگی یا سراً؟ صاحبین جہرا کے قائل ہیں اور امام اعظم سراً کے، اگر امام اعظم رحمہ اللہ صلاۃ الاستسقاء ہی کے قائل نہیں تھے تو اس اختلاف کا کیا مطلب؟

اس کی نظیر: مزارعت کا مسئلہ ہے، کہتے ہیں: مزارعت صاحبین کے نزدیک جائز ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں۔ پھر جب تفصیل کا وقت آتا ہے کہ مزارعت کی کیا کیا صورتیں جائز ہیں؟ تو صاحبین اور امام اعظم کے درمیان بعض صورتوں میں اختلاف ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب امام اعظمؒ کے نزدیک سرے سے مزارعت جائز نہیں تو وہ بعض صورتوں کے جواز کے قائل کیسے ہیں؟ لامحالہ یہ بات ماننی ہوگی کہ امام اعظمؒ نے کسی خاص مصلحت سے مزارعت کا انکار کیا ہے، ورنہ مزارعت ان کے نزدیک بھی جائز ہے۔ اس کی تفصیل أبواب البیوع میں آئے گی، اسی طرح یہاں بھی امام صاحب کے بارش طلبی کی نماز کے انکار کا مطلب یہ ہے کہ اس میں انحصار نہیں، استسقاء کی اور بھی صورتیں ہیں۔

دوسری بات: کیا صلاۃ الاستسقاء میں بھی تکبیراتِ زوائد ہیں؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیراتِ زوائد نہیں ہیں۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک تکبیراتِ زوائد ہیں، ان کی دلیل ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے۔ وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے صلاۃ الاستسقاء کی دو رکعتیں پڑھائیں جس طرح عیدین میں پڑھی جاتی ہیں، چھوٹے دو امام فرماتے ہیں: ابن عباسؓ نے صلاۃ الاستسقاء کو عید کے ساتھ تشبیہ دی ہے، پس مشبہ بہ (عید) کے جو احکام ہیں وہی مشبہ (صلاۃ الاستسقاء) کے ہونگے، اور عید میں تکبیراتِ زوائد ہیں پس صلاۃ الاستسقاء میں بھی وہ مشروع ہیں۔ اور بڑے دو امام کہتے ہیں: تشبیہ میں ہر بات میں مماثلت ضروری نہیں، کچھ باتوں میں مماثلت کافی ہے، جیسے کسی بیوقوف کو گدھا کہا جائے تو یہ تشبیہ ہے اور وجہ شبہ صرف حماقت ہے، چار ٹانگیں اور دم ہونا ضروری نہیں، اسی طرح یہاں تشبیہ چند باتوں میں ہے، ہر ہر بات میں نہیں ہے، اور وہ چند امور یہ ہیں: عید میں دوگانہ پڑھا جاتا ہے، اس کے بعد خطبہ ہے، وہ نماز زوال سے پہلے چاشت کے وقت میں پڑھی جاتی ہے اور شہر سے باہر نکل کر پڑھی جاتی ہے، اسی طرح صلاۃ الاستسقاء بھی شہر سے باہر میدان میں اور چاشت کے وقت میں پڑھی جائے گی، اور اس میں بھی دو رکعتیں پڑھی جائیں گی۔ اور اس کے بعد خطبہ بھی دیا جائے گا، صرف اتنی باتوں میں تشبیہ ہے، تکبیراتِ زوائد میں تشبیہ نہیں، اس لئے صلاۃ الاستسقاء میں تکبیراتِ زوائد مشروع نہیں۔

[٢٨٠] باب ماجاء فى صلاة الاستسقاء

[٥٦٤-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوسَى، نا عبدُ الرزاقِ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن عَبَّادِ بنِ تَمِيْمٍ، عن عَمِّه: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم خَرَجَ بالناسِ يَسْتَسْقِيْ، فَصَلَّى بِهِمْ رَكْعَتَيْنِ، جَهَرَ بالْقِرَاءَ ةِ فِيْهِمَا، وحَوَّلَ رِدَاءَ هُ، ورَفَعَ يَدَيْهِ، واسْتَسْقَى، واسْتَقْبَلَ القِبْلَةَ.

وفى الباب: عن ابنِ عباسٍ، وأبى هريرةَ، وأنسٍ، وآبى اللَّحْمِ. قال أبو عيسى: حديثُ عبدِاللّٰهِ بنِ زَيْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وعلى هذا العَمَلُ عندَ أهلِ العلمِ، وبهِ يقولُ الشافعيُّ وأحمدُ وإسحاق. واسْمُ عَمِّ عَبَّادِ بنِ تَمِيْمٍ: هو عبدُ اللّٰهِ بنُ زَيْدِ بنِ عَاصِمٍ المَازِنِيُّ.

[٥٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن خالدِ بنِ يَزِيْدَ، عن سَعيدِ بنِ أبى هِلَالٍ، عن يَزِيْدَ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن عُمَيْرٍ مَوْلَى آبى اللَّحْمِ، عن آبى اللَّحْمِ: أَنَّهُ رَأَى رسولَ الله صلى الله عليه وسلم عِنْدَ أَحْجَارِ الزَّيْتِ، يَسْتَسْقِيْ، وهُوَ مُقْنِعٌ بِكَفَّيْهِ يَدْعُوْ.

قال أبو عيسى: كَذَا قال قُتَيْبَةُ فى هذا الحديثِ: عن آبى اللَّحْمِ، وَلاَ نَعْرِفُ لَهُ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا هٰذا الحيثَ الوَاحِدَ.

وعُمَيْرٌ مَوْلَى آبى اللَّحْمِ: رَوَى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أحاديثَ ولَهُ صُحْبَةٌ.

[٥٦٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حاتِمُ بنُ إسماعيلَ، عن هِشَامِ بنِ إسحاقَ، وهو ابنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ كِنَانَةَ، عن أَبِيْهِ، قال أَرْسَلَنِيْ الوَلِيْدُ بنُ عُقْبَةَ، وهُو أَمِيْرُ الْمَدِيْنَةِ إلى ابنِ عباسٍ أَسْأَلُهُ عَنِ اسْتِسْقَاءِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، فَأَتَيْتُهُ فقالَ: إِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم خَرَجَ مُتَبَذِّلاً مُتَوَاضِعًا مُتَضَرِّعًا، حَتَّى أَتَى المُصَلّٰى، فَلَمْ يَخْطُبْ خُطَبَتَكُمْ هٰذِهِ، ولٰكِنْ لَمْ يَزَلْ فى الدُّعَاءِ والتَّضَرُّعِ والتَّكْبِيْرِ، وصَلّٰى ركعَتَيْنِ كَمَا كَانَ يُصَلِّيْ فى العِيْدِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٥٦٧-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن هِشَامِ بنِ إسحاقَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ كِنَانَةَ، عن أبيهِ، فَذَكَرَ نَحوَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: مُتَخَشِّعًا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهو قولُ الشافِعيُّ، قال: يُصَلِّى صلاةَ الِاسْتِسْقَاءِ نَحْوَ صَلَاةِ العِيْدَيْنِ: يُكَبِّرُ فى الركعةِ الْأُوْلٰى سَبْعًا، وفى الثَّانِيَةِ خَمْسًا، واحْتَجَّ بحديثِ ابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسى: ورُوِىَ عن مالكِ بنِ أنسٍ أَنَّه قال: لاَيُكَبِّرُ فى صلاَةِ الِاسْتِسْقَاءِ كَمَا يُكَبِّرُ فى صَلاَةِ العِيْدَيْنِ.

ترجمہ اور وضاحت: عباد بن تمیم کے چچا عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ نکلے تا کہ بارش طلب کریں۔ پس آپؐ نے لوگوں کو دو رکعتیں پڑھائیں۔ ان میں قراءت جہراً کی (امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صلاۃ الاستسقاء میں سراً قراءت مسنون ہے، وہ فرماتے ہیں: دن کی نمازیں گونگی ہیں، اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک قراءت جہری ہے اور یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے) اور آپؐ نے اپنی چادر پلٹی (امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک خطبہ کے شروع میں اور دیگر ائمہ کے نزدیک خطبہ کا کچھ حصہ گذر جانے کے بعد چادر پلٹی جائے گی، اور یہ چادر پلٹنا تفاؤلاً (نیک فالی کے طور پر) ہے یعنی بندے زبان حال سے عرض کرتے ہیں کہ اے اللہ! ہم اپنے حالات پلٹ رہے ہیں آپ بھی اپنا فیصلہ پلٹیں، اور چادر تنہا امام پلٹے گا، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے) اور آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور بارش طلب کی (یعنی ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی) اور آپؐ نے منہ قبلہ کی طرف کیا، یعنی آپؐ نے خطبہ تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر دیا مگر دعا قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر کی) ـــــــ اور اس پر علماء کا عمل ہے اور یہی بات شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کہتے ہیں۔ اور عباد بن تمیم کے چچا کا نام عبداللہ بن زید بن عاصم المازنی ہے (یہ عبداللہ بن زید وضو کی حدیث والے ہیں، کتاب الطہارۃ میں ان کی حدیث گذری ہے، اور ان کے دادا کا نام عاصم ہے، اور صاحب اذان عبداللہ بن زید دوسرے صحابی ہیں ان کے دادا کا نام عبدربہ ہے)

(حدیث ۵۶۵) عُمیر جو حضرت آبی اللحم کے آزاد کردہ ہیں، اپنے مولیٰ سے روایت کرتے ہیں: انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو احجار الزیت نامی جگہ میں دیکھا درانحالیکہ آپؐ بارش کے لئے دعا مانگ رہے تھے اور آپ دعا مانگتے ہوئے اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اٹھائے ہوئے تھے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قتیبہ نے اس حدیث میں اسی طرح کہا ہے یعنی یہ حدیث عمیر اپنے مولیٰ آبی اللحم سے روایت کرتے ہیں۔ آبی اللحم کی رسول اللہ ﷺ سے یہی ایک حدیث ہے۔ اور عمیر جو آبی اللحم کے آزاد کردہ ہیں انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں اور ان کو صحبت حاصل ہے، یعنی عُمیر بھی صحابی ہیں اور وہ کئی حدیثوں کے راوی ہیں جن کو وہ براہ راست رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۵۶۶) اسحاق بن عبداللہ کہتے ہیں: مجھے ولید بن عقبہ نے، جبکہ وہ مدینہ کا گورنر تھا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس بھیجا تا کہ میں ان سے رسول اللہ ﷺ کی بارش طلبی کے بارے میں پوچھوں۔ میں ان کے پاس پہنچا تو انھوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نکلے کام کاج کے کپڑوں میں (یعنی جو کپڑے پہلے سے پہن رکھے تھے انہی میں عیدگاہ تشریف لے گئے) خاکساری کے طور پر، گڑگڑاتے ہوئے، یہاں تک کہ عیدگاہ پہنچے پھر تمہاری آج کی

تقریر کی طرح تقریر نہیں کی یعنی لمبی تقریر نہیں کی) بلکہ برابر دعا میں گڑگڑانے میں تکبیر میں مشغول رہے اور دو رکعتیں پڑھیں جس طرح عید میں پڑھی جاتی ہیں۔ ابن عباسؓ کی مذکورہ حدیث کو ہشام بن اسحاق سے حاتم بن اسماعیل کے علاوہ سفیان ثوری بھی روایت کرتے ہیں اور دونوں کی حدیثیں یکساں ہیں، البتہ اس سند سے حدیث میں متَخشعاً کا اضافہ ہے جس کے معنی خشوع وخضوع ظاہر کرنے کے ہیں اور حدیث اس سند سے بھی حسن صحیح ہے۔

اور وہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔ فرماتے ہیں: استسقاء کی نماز عیدین کی نماز کی طرح پڑھی جائے گی: پہلی رکعت میں سات تکبیریں اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں کہے اور انھوں نے ابن عباس کی حدیث سے استدلال کیا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ سے مروی ہے، آپؒ نے فرمایا: جس طرح عیدین میں تکبیریں کہی جاتی ہیں اس طرح بارش طلبی کی نماز میں تکبیریں نہیں کی جائیں گی۔

فائدہ: دعاء کی دو قسمیں ہیں: دعائے رغبت اور دعائے رہبت، ہاتھ اٹھا کر ہتھیلیاں چہرے کی طرف کر کے دعا کرنا دعائے رغبت ہے اور ہاتھ الٹے کر کے یعنی ہتھیلیوں کی پشت چہرے کی طرف کر کے دعا کرنا دعائے رہبت ہے۔ علماء فرماتے ہیں: بارش طلبی میں امام اور مقتدی سب کے لئے دعائے رہبت بہتر ہے۔ اور یہ بھی تفاؤلاً ہے۔

بابٌ فی صَلاَۃِ الکُسُوْفِ

سورج گہن کی نماز کا بیان

کسوف اور خسوف دونوں عام لفظ ہیں۔ سورج گہن اور چاند گہن دونوں پر دونوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ متفق ہیں کہ سورج گہن میں باجماعت نماز سنت ہے اور چاند گہن میں چھوٹے دو اماموں کے نزدیک باجماعت نماز سنت ہے اور بڑے دو اماموں کے نزدیک صرف نماز سنت ہے، جماعت سنت نہیں۔ ان کے قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ چاند گہن میں باجماعت نماز جائز نہیں، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جماعت مشروع نہیں یعنی جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا جائز تو ہے، مگر تنہا پڑھنا سنت ہے۔ اور سورج گہن میں باجماعت نماز پڑھنا سنت ہے اور تنہا پڑھنا جائز ہے یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

قراءت کا مسئلہ: چاند گہن میں اگر جماعت کریں تو قراءت بالاجماع جہراً ہوگی اس لئے کہ وہ رات کی نماز ہے۔ اور سورج گہن میں جماعت کریں تو قراءت جہراً ہوگی یا سراً؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک سراً قراءت ہے کیونکہ وہ دن کی نماز ہے، اور دن کی نمازیں گونگی ہوتی ہیں۔ اور امام مالک، امام احمد اور صاحبین رحمہم اللہ جہر کے قائل ہیں، یہ حضرات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں جو آئندہ باب میں آرہی ہے۔

مسئلہ: سورج گہن کی کم سے کم دو رکعتیں ہیں، اور زیادہ سے زیادہ چار۔ اگر لوگ لمبی نماز پڑھ سکیں اور کوئی ایسا شخص جو لمبی نماز پڑھا سکے موجود ہو تو سورج گہن کے دوران پورے وقت نماز میں مشغول رہنا بہتر ہے۔ اور اگر لوگ لمبی نماز پڑھنے پر آمادہ نہ ہوں یا ایسا شخص موجود نہ ہو جو لمبی نماز پڑھا سکے تو پھر دو یا چار رکعت پڑھ کر دعا میں مشغول رہیں تا آنکہ سورج گہن ختم ہو جائے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں چھ قسم کی روایتیں ہیں: (۱) ہر رکعت میں ایک رکوع (یہ ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے) (۲) ہر رکعت میں دو رکوع (۳) ہر رکعت میں تین رکوع (۴) ہر رکعت میں چار رکوع (یہ حضرت عائشہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیثیں ہیں) (۵) ہر رکعت میں پانچ رکوع (یہ ابی بن کعب کی حدیث ہے) (۶) اور حضرت قبیصۃ ہلالیؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ برابر دو دو، دو دو رکعتیں پڑھتے رہے یہاں تک کہ سورج گہن ختم ہو گیا (حضرت ابوبکرۃؓ کا عمل یہی تھا اور ان سے اس سلسلہ میں مرفوع حدیث بھی مروی ہے) ــــــ ان میں سے بعض حدیثیں صحیحین میں، بعض نسائی میں اور بعض ابوداؤد میں ہیں۔ اور سب سنداً قوی ہیں، جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ کے مکی دور کے احوال تو معلوم نہیں مگر مدنی دور میں صرف ایک مرتبہ ایسا سورج گہن ہوا ہے جس میں سورج آدھے سے زیادہ پکڑا گیا تھا اور وہ گہن صبح کے وقت تقریباً آٹھ نو بجے کے درمیان ہوا تھا اور مغرب سے پہلے جو صورت ہوتی ہے ویسی صورت ہو گئی تھی، اور یہ واقعہ سن ۱۰ ہجری میں پیش آیا تھا، اتفاق سے اس سے ایک دن پہلے آنحضور ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا، چنانچہ زمانۂ جاہلیت کے تصور کے مطابق لوگوں میں یہ چرچا شروع ہو گیا کہ آج سورج نے بھی سوگ منایا، اس لئے کہ جب کسی بڑے آدمی کا انتقال ہوتا ہے تو کائنات سوگ مناتی ہے، یہ عربوں کے تصورات تھے۔ چنانچہ حضور اکرم ﷺ نے نماز کے بعد ایک مختصر تقریر فرمائی اور اس میں یہ بات واضح کی کہ سورج اور چاند کسی کی موت یا حیات پر نہیں گہناتے، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں ہیں جو اللہ تعالیٰ مخلوق کو دکھاتے ہیں۔ غرض آنحضور ﷺ کی حیاتِ طیبہ میں صرف ایک مرتبہ سورج گہن ہوا ہے، اور آپؐ نے صرف ایک مرتبہ نماز کسوف پڑھی ہے، پھر بھی روایتوں میں سخت اختلاف ہے۔

اب دو باتیں سمجھنی ہیں: ایک: روایات میں اختلاف کیوں ہے؟ دوسری: کس روایت کو معمول بہ بنایا جائے؟ پہلے دوسری بات پھر پہلی بات بیان کرتا ہوں:

کس روایت کو معمول بہ بنایا جائے؟

ائمہ ثلاثہ نے حضرت عائشہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث کو اختیار کیا ہے جس میں ہر رکعت میں دو دو رکوع کا ذکر ہے اور باقی حدیثوں سے صرف نظر کیا ہے۔ ان کے یہاں نماز کسوف پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی

رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ بقرۃ جتنی قراءت کرے، پھر اسی تناسب سے طویل رکوع کرے، پھر اللہ اکبر کہہ کر کھڑا ہو (سمع اللہ لمن حمدہ نہ کہے) پھر کھڑے ہوکر دوبارہ فاتحہ پڑھے اور سورۂ آل عمران جتنی قراءت کرے، یعنی پہلی قراءت سے تھوڑی کم قراءت کرے پھر رکوع کرے اور قراءت کے تناسب سے لمبا رکوع کرے، یعنی پہلے رکوع سے ذرا کم رکوع کرے پھر تسمیع کے ساتھ کھڑا ہو، پھر دو سجدے کرے اور سجدے بھی قراءت کے تناسب سے طویل کرے، پھر اگلی رکعت اسی طرح پڑھے۔

اور حنفیہ نے ان روایات میں سے کوئی روایت اختیار نہیں کی بلکہ ایک ساتویں روایت لی ہے جو حضرت نعمان بن بشیر اور حضرت قبیصۃ الہلالی سے مروی ہے جو نسائی (۳:۱۴۱ مصری) میں ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نمازِ کسوف پڑھانے کے بعد ارشاد فرمایا: فإذا رَأَيْتُمْ ذلك فصلُّوْا كَأَحدَثِ صلاةٍ صَلَّيْتُمُوْهَا مِن المكتوبَةِ یعنی اگر آئندہ اس طرح کا واقعہ پیش آئے تو تم نے جو قریب ترین فرض نماز پڑھی ہے اس طرح نماز کسوف پڑھنا۔ قریب ترین جو فرض نماز پڑھی گئی تھی وہ فجر کی نماز تھی اور فجر کی نماز میں ہر رکعت میں ایک رکوع ہوتا ہے اس لئے احناف کے نزدیک نمازِ کسوف عام نمازوں کی طرح ہے، اس میں بھی ہر رکعت میں ایک ہی رکوع ہے۔

روایات میں اختلاف کیوں ہے؟

حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: حضور اکرم ﷺ نے سورج گرہن کی نماز مشاہدہ والی نماز پڑھی تھی۔ ہم جب نماز پڑھتے ہیں تو ہمارے اور غیب کے درمیان پردہ حائل رہتا ہے اور پردے کے پیچھے جو مخلوقات ہیں وہ ہماری نظروں سے غائب ہوتی ہیں، اور آپؐ کی نماز مشاہدہ والی نماز تھی یعنی بیچ سے پردہ ہٹ گیا تھا اور پردہ کے پیچھے اللہ تعالیٰ کی جو مخلوقات ہیں: جنت وجہنم وغیرہ وہ آپؐ کو نظر آرہی تھیں، بخاری (حدیث ۱۰۵۲) میں ہے: آنحضور ﷺ کبھی نماز میں قبلہ کی طرف بڑھے، اور ہاتھ بڑھایا گویا کچھ لینا چاہتے ہیں اور کبھی پیچھے ہٹ آئے یہاں تک کہ پہلی صف سے مل گئے۔ نماز کے بعد صحابہ نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! یہ کیا کیفیت تھی کہ کبھی آپ آگے بڑھے کبھی پیچھے ہٹ آئے؟ آپؐ نے فرمایا: نماز میں میرے سامنے جنت اور جہنم لائی گئیں۔ جب جنت سامنے آئی تو میں آگے بڑھا تاکہ تمہارے لئے انگور کا ایک خوشہ لے لوں، اگر میں خوشہ لے لیتا تو تم رہتی دنیا تک اس کو کھاتے۔ پھر جب میرے سامنے جہنم لائی گئی تو میں نے سخت حرارت محسوس کی، پس میں پیچھے ہٹ گیا، معلوم ہوا کہ آنحضور ﷺ نے یہ مشاہدہ والی نماز پڑھائی تھی اور ہم جب نماز پڑھیں گے تو یہ کیفیت حاصل نہیں ہوگی، اس لئے آپؐ نے نماز کے بعد یہ ہدایت دی کہ آئندہ اس طرح کا واقعہ پیش آئے تو فجر کی نماز کی طرح نماز پڑھی جائے۔ آنحضور ﷺ کی نماز کی طرح نماز نہ پڑھی جائے۔

بہ الفاظ دیگر: جس طرح سجدے کئی طرح کے ہوتے ہیں، ایک سجدۂ صلاۃ ہے جو نماز میں ہے، ایک سجدۂ تلاوت

ہے جو آیتِ سجدہ پڑھنے کے بعد کیا جاتا ہے۔ ایک سجدۂ تحیۃ (سلامی کا سجدہ) ہے، ایک سجدۂ تعظیم ہے (یہ سجدے گذشتہ امتوں میں جائز تھے) اور ایک سجدۂ آیات ہے جو اللہ تعالیٰ کی قدرت کی بڑی نشانیاں سامنے آنے پر کیا جاتا ہے۔ ابوداؤد (۱:۱۱۱ مصری) میں روایت ہے: ابن عباسؓ کے پاس ازواج مطہرات میں سے کسی کی وفات کی خبر پہنچی تو آپؓ نے سجدہ کیا پوچھا گیا: یہ کیسا سجدہ ہے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم اللہ تعالیٰ کی قدرت کی کوئی بڑی نشانی دیکھو تو سجدہ کرو، اور ازواج مطہرات آنحضور ﷺ کی نشانیاں تھیں، ان کے دنیا سے اٹھ جانے سے بڑی اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی کیا ہوسکتی ہے؟ اس لئے میں نے سجدہ کیا۔

اسی طرح رکوع بھی متعدد ہیں: ایک نماز کا رکوع ہے، ایک رکوع آیات ہے۔ سورہ ص (آیت ۲۴) میں اس کا ذکر ہے، اسی طرح سجدۂ تلاوت میں بھی کبھی رکوع سجدہ کی قائم مقامی کرتا ہے۔

چنانچہ جب نبی ﷺ نے مشاہدہ والی نماز پڑھائی اور اللہ کی عظیم نشانیاں آپؐ کے سامنے آئیں تو آپؐ نے رکوع فرمایا، یہ رکوع سجدۂ آیات کا قائم مقام تھا، نماز کا رکوع نہیں تھا اور اس کی دلیل یہ ہے کہ تمام روایات متفق ہیں کہ سجدے آپؐ نے ہر رکعت میں دو ہی کئے تھے، صرف رکوع متعدد کئے تھے، معلوم ہوا کہ یہ نماز والے رکوع نہیں تھے نیز ائمہ بھی پہلے رکوع سے تکبیر کے ذریعہ کھڑے ہونے کے قائل ہیں، تسمیع کے ذریعہ نہیں، اس سے بھی معلوم ہوا کہ یہ نماز کا رکوع نہیں تھا۔

اور صحابہ میں اختلاف اس لئے ہوا کہ پہلے سے اس کا کوئی علم نہیں تھا کہ آج سورج گہن ہونے والا ہے۔ جب سورج گہن شروع ہوا تو حضور اکرم ﷺ نے اعلان کرایا: الصلاۃُ جامعۃٌ: یعنی مسجد چلو جماعت ہو رہی ہے۔ یہ اعلان سن کر سارا مدینہ مسجد نبوی میں آگیا، مگر سب ایک ساتھ نہیں آئے، آگے پیچھے آئے، پھر جماعت بہت بڑی ہوگئی تھی، کیونکہ پورا مدینہ ایک جگہ اکٹھا ہوگیا تھا اس لئے جو لوگ پہلے آئے ان کو آنحضور ﷺ کے سب رکوع نظر آئے اور جو دور تھے ان کو بعض رکوع نظر نہ آئے، اس لئے ہر راوی نے اس کے علم میں جتنے رکوع آئے تھے وہ روایت کردیئے۔

رہی یہ بات کہ ایک ہی صحابی سے دو دو اور تین تین رکوع کی روایتیں کیوں ہیں جیسا کہ حضرت عائشہ اور ابن عباس سے مروی ہے؟ تو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت ابن عباسؓ تو اس وقت بچے تھے، ہوسکتا ہے وہ جماعت میں شریک بھی نہ ہوئے ہوں اور ہوئے ہوں تو بالکل پیچھے رہے ہوں، اور حضرت عائشہؓ بچوں سے بھی پیچھے عورتوں کی صف میں تھیں، پس ان حضرات کے علم کا مأخذ دوسرے صحابہ کی روایات ہیں۔ یہ حضرات جو روایتیں بیان کرتے ہیں وہ دوسرے صحابہ سے سنی ہوئی ہیں۔ اور کسی نے ان سے دو رکوع بیان کئے اور کسی نے تین پس انھوں نے جو سنا وہ بیان کردیا۔ اور چونکہ اس زمانہ میں سند کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا اس لئے مروی عنہ کا نام یاد نہیں رکھا اور اس بات پر طلباء کو حیرت نہ ہو، حضرت عائشہؓ ہجرت سے پہلے کے واقعات بھی بیان کرتی ہیں، بلکہ بالکل ابتدائے نبوت کے احوال

بھی بیان فرماتی ہیں۔ یہ سب رسول اللہ ﷺ سے یا دوسرے صحابہ سے مثلاً ان کے والد وغیرہ سے سنی ہوئی روایات ہیں۔ اور حضرت ابن عباسؓ نے تو باقاعدہ صحابہ کے پاس جا جا کر علم حاصل کیا ہے۔

[۲۸۱] باب ماجاء فی صلاة الكسوف

[۵۶۸-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يحيىَ بنُ سعيدٍ، عن سُفيانَ، عن حَبِيْبِ بنِ أبى ثَابِتٍ، عن طَاوُسٍ، عن ابنِ عباسٍ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ صَلَّى فى كُسُوْفٍ، فَقَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ قَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ قَرَأَ ثُمَّ رَكَعَ، ثم سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ، والأُخْرَى مِثْلَهَا.

وفى الباب: عن علىٍّ، وعائشةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، والنُّعْمَانَ بنِ بَشِيْرٍ، وَالمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وأبى مَسْعُوْدٍ، وأبى بَكْرَةَ، وسمرة، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَسْمَاءَ ابْنَةِ أبى بَكْرٍ، وابنِ عُمَرَ، وقَبِيْصَةَ الهِلاَلِيِّ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وأبى موسَى، وعبدِالرحمنِ بنِ سَمُرَةَ، وأُبَيِّ بنِ كَعْبٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رُوِىَ عن ابنِ عباسٍ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ صَلَّى فى كُسُوْفٍ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ فى أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ، وبه يقولُ الشافعىُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

قال: واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فى القِرَاءَ ةِ فى صَلاَةِ الكُسُوْفِ، فَرَأَى بَعْضُ أهلِ العلمِ: أَنْ يُسِرَّ بِالْقِرَاءَ ةِ فِيْهَا بِالنَّهَارِ؛ ورأى بَعضُهُمْ: أَنْ يَجْهَرَ بالقِرَاءَ ةِ فِيْهَا كَنَحْوِ صَلاَةِ العِيْدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ، وبه يقولُ مالكٌ، وأحمدُ، وإسحاقُ: يَرَوْنَ الجَهْرَ فِيْها؛ قال الشافعىُّ: لاَيَجْهَرُ فِيْهَا.

وقد صَحَّ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم كِلْتَا الرِّوَايَتَيْنِ: صَحَّ عنه: أَنَّهُ صَلَّى أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ فِيْ أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ، وصَحَّ عَنْهُ: أَنَّهُ صَلَّى سِتَّ رَكْعَاتٍ فِيْ أَرْبَعِ سَجدَاتٍ.

وهذا عند أهلِ العلمِ جائزٌ على قَدْرِ الكُسُوْفِ: إِنْ تَطَاوَلَ الكُسُوْفُ، فَصَلَّى سِتَّ رَكْعَاتٍ فِيْ أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ فَهُوَ جَائِزٌ، وإِنْ صَلَّى أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ فِيْ أَرْبَعِ سَجَدَاتٍ، وأَطَالَ القِرَاءَ ةَ، فهو جَائِزٌ.

ويَرَى أَصْحَابُنَا أَنْ يُصَلِّىَّ صلاةَ الكُسوفِ فى جَمَاعَةٍ، فى كُسُوْفِ الشَّمْسِ والقَمَرِ.

[۵۶۹-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبى الشَّوَارِبِ، نا يزيدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِىِّ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ، أَنَّهَا قالتْ: خَسَفَتِ الشَّمْسُ على عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم بالنَّاسِ، فَأَطَالَ القِرَاءَ ةَ، ثم رَكَعَ فَأَطَالَ الركوعَ، ثم رَفَعَ رَأْسَه فَأَطَالَ القِرَاءَ ةَ، وَهِىَ دُوْنَ الأُوْلَى، ثُمَّ رَكَعَ فَأَطَالَ الركوعَ، وَهُوَ دونَ الأَوَّلِ، ثم رَفعَ

رَأْسَهُ فَسَجدَ، ثُمَّ فَعَلَ ذلكَ فى الرَّكعةِ الثَّانِيَةِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وبهذا الحديثِ يقولُ الشافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ: يَرَوْنَ صَلاَةَ الكُسوفِ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ فى أَرْبعِ سَجدَاتٍ.

قال الشافعيُّ: يَقْرَأُ فى الركعةِ الْأُوْلَى بِأُمِّ الْقُرآنِ ونَحْواً مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ سَرًّا إِنْ كانَ بِالنَّهارِ، ثم رَكَعَ رَكُوْعًا طَوِيْلاً نَحوًا مِنْ قِراءَ تِهِ، ثم رَفَعَ رَأْسَهُ بتكْبِيْرٍ، وَثَبَتَ قَائِمًا كَمَا هُوَ، وَقَرَأَ أَيْضًا بِأُمِّ الْقُرْآنِ ونَحْواً مِن آلِ عمرانَ، ثم رَكَعَ رَكُوْعًا طَوِيْلاً نَحْوًا مِنْ قِراءَ تِهِ، ثُم رَفَعَ رَأسَهُ، ثم قال: سمعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، ثُمَّ سَجدَ سَجْدَتَيْنِ تَامَّتَيْنِ، ويُقِيْمُ فى كُلِّ سَجْدَةٍ نَحْوًا مِمَّا أَقَامَ فِيْ رُكُوْعِهِ، ثُم قَامَ فَقَرَأَ بِأُمِّ الْقُرآنِ، ونحواً مِنْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ، ثم رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً نَحْوًا مِنْ قِراءَ تِهِ، ثم رَفَعَ رَأْسَهُ بَتكْبِيْرٍ، وثَبَتَ قَائِمًا، ثم قَرَأَ نحواً مِنْ سُوْرَةِ المَائِدَةِ، ثم رَكَعَ رُكُوْعًا طَوِيْلاً نحواً مِنْ قِراءَ تِهِ، ثم رَفَعَ فقال: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، ثم سَجدَ سَجْدَتَيْنِ، ثم تَشَهَّدَ وسَلَّمَ.

ترجمہ: (حدیث ۵۶۸) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے سورج گہن کی نماز پڑھی، پس قراءت کی پھر رکوع کیا، پھر قراءت کی، پھر رکوع کیا، پھر قراءت کی پھر رکوع کیا، پھر دو سجدے کئے، اور دوسری رکعت پہلی کی طرح تھی یعنی ہر رکعت میں تین رکوع کئے ——— اور ابن عباس سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے سورج گہن میں نماز پڑھی: چار رکوع اور چار سجدوں میں یعنی ہر رکعت میں دو رکوع کئے اور اسی کے امام شافعی احمد اور اسحاق قائل ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا: علماء نے نماز کسوف میں قراءت میں اختلاف کیا ہے۔ پس بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس میں قراءت سراً کرے دن میں (چونکہ کسوف کا اطلاق چاند گرہن پر بھی ہوتا ہے اس لئے فرق کرنے کے لئے بالنہار کی قید لگائی) اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اس میں جہراً قراءت کرے جیسے عیدین اور جمعہ کی نمازوں میں۔ اور اس کے مالک احمد اور اسحاق قائل ہیں۔ وہ صلاۃِ کسوف میں جہر کو دیکھتے ہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا صلاۃ کسوف میں جہر نہ کرے ——— اور نبی ﷺ سے دونوں ہی روایتیں ثابت ہیں۔ آپؐ سے یہ بھی ثابت ہے کہ آپؐ نے چار رکوع، چار سجدوں کے ساتھ گئے، اور یہ بھی ثابت ہے کہ آپؐ نے چھ رکوع چار سجدوں کے ساتھ کئے ——— اور یہ اہل علم کے نزدیک جائز ہے، کسوف کی مقدار کے لحاظ سے، اگر کسوف لمبا ہو پس چھ رکوع چار سجدوں کے ساتھ پڑھے تو بھی جائز ہے اور اگر چار رکوع چار سجدوں کے ساتھ پڑھے اور قراءت لمبی کرے تو بھی جائز ہے (یعنی مقصود سورج گہن کے پورے وقت کو نماز میں مشغول رکھنا ہے، خواہ رکوع کی تعداد بڑھا کر نماز لمبی کرے یا قراءت طویل کر کے نماز لمبی کرے، مگر ائمہ ثلاثہ یہ بات نہیں کہتے ان کے نزدیک ہر رکعت میں دو ہی رکوع ہیں) ——— اور ہمارے اکابر (حجازی مکتب فکر کے علماء) کہتے ہیں کہ نماز کسوف جماعت کے ساتھ پڑھے، سورج گرہن کی بھی اور

چاندگرہن کی بھی (چاندگرہن کے مسئلہ میں امام مالک: حنفیہ کے ساتھ ہیں)

حدیث (۵۶۹) حضرت عائشہ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں سورج گہن ہوا، پس آپؐ نے لوگوں کو نماز پڑھائی، پس لمبی قراءت کی، پھر رکوع کیا، پس لمبا رکوع کیا۔ پھر اپنا سر اٹھایا، پس لمبی قراءت کی اور وہ پہلی قراءت سے کم تھی، پھر رکوع کیا اور لمبا رکوع کیا، اور وہ پہلے رکوع سے کم تھا۔ پھر اپنا سر اٹھایا، پس سجدہ کیا، پھر دوسری رکعت میں اسی طرح کیا۔ اور اسی کے مطابق شافعی، احمد اور اسحاق کا مذہب ہے۔ وہ کہتے ہیں: صلاۃِ کسوف میں چار رکوع، چار سجدوں کے ساتھ ہیں۔ پھر امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ نماز کسوف دو رکوع کے ساتھ کس طرح پڑھیں گے۔ اس کا ترجمہ اوپر آ گیا ہے۔

بابٌ كَيْفَ الْقِرَاءَ ةُ فى الْكُسُوْفِ؟

نماز کسوف میں قراءت جہراً کرے یا سراً؟

گذشتہ باب میں یہ مسئلہ آ چکا ہے کہ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک نماز کسوف میں سری قراءت ہے کیونکہ وہ دن کی نماز ہے اور دن کی نمازیں گونگی ہوتی ہیں۔ حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے سورج گرہن کی نماز پڑھائی، ہم نے آپؐ کی آواز نہیں سنی، یعنی آپؐ نے سراً قراءت کی۔ یہ حدیث قائلین سرّ کی دلیل ہے ——— اور امام مالک، امام احمد اور صاحبین رحمہم اللہ کے نزدیک نماز کسوف میں جہری قراءت ہے ان کی دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کسوف کی نماز پڑھائی اور اس میں جہراً قراءت کی۔

قائلین سر کہتے ہیں: اس حدیث سے استدلال صحیح نہیں، کیونکہ یہ سفیان بن حسین کی زہری سے روایت ہے اور سفیان بن حسین اگرچہ ثقہ ہیں، بخاری کے راوی ہیں۔ مگر امام زہری کی حدیثوں میں ضعیف ہیں (تہذیب ۴: ۱۰۸) جاننا چاہئے کہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے، غالباً یہ بات کہ سفیان بن حسین: زہری کی حدیثوں میں ضعیف ہیں: حضرت کے علم میں نہیں ہوگی اس لئے آپ نے اس حدیث پر صحت کا حکم لگایا ہے۔ واللہ اعلم

[۲۸۲] بابٌ كيف القراء ة فى الكسوف؟

[۵۷۰-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وَكِيعٌ، نا سُفيانُ، عن الأَسْوَدِ بن قَيْسٍ، عن ثَعْلَبَةَ بنِ عَبَّادٍ، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قال: صَلَّى بِنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فى كُسُوْفٍ، لاَ نَسْمَعُ لَهُ صَوْتًا.

وفى الباب: عن عائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ،

وقد ذَهبَ بعضُ أهلِ العلمِ إلى هذا. وهوقَولُ الشافعيُّ.

[۵۷۱-] حدثنا أبوبكرٍ محمدُ بنُ أَبَانٍ، نا إبراهيمُ بنُ صَدَقَةَ، عن سُفيانَ بنِ حُسَيْنٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى صَلاَةَ الكُسُوْفِ، وجَهَرَ بِالْقِرَاءَ ةِ فِيْهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديث حسنٌ صحيحٌ. ورَوَى أبو إسحاقَ الفَزَارِيُّ عن سُفيانَ بن حُسَيْنٍ نَحوَهُ. وبهذا الحديثِ يقولُ مالكٌ وأحمدُ وإسحاقُ.

وضاحت: حضرت عائشہ کی حدیث سفیان بن حسین سے ابراہیم بن صدقہ کے علاوہ ابواسحاق فزاری بھی روایت کرتے ہیں (مگر پھر بھی یہ حدیث قابل استدلال نہیں کیونکہ ضعف سفیان بن حسین کے امام زہری سے روایت کرنے میں ہے۔ اور سفیان کا کوئی متابع نہیں، ابراہیم بن صدقہ کے متابع سے کام نہیں چل سکتا)

بابُ ماجاء فی صَلاَةِ الخَوْفِ

نمازِ خوف کا بیان

پوری امت متفق ہے کہ صلاۃ الخوف آج بھی مشروع ہے اور اُسے پڑھنا جائز ہے، صرف امام ابو یوسف اور امام مزنی (جو امام شافعی رحمہ اللہ کے شاگرد ہیں) اختلاف کرتے ہیں۔ وہ صلاۃ الخوف کی مشروعیت کو تسلیم نہیں کرتے۔ امام مزنی تو کہتے ہیں اس کی مشروعیت منسوخ ہے مگر نسخ کی کوئی دلیل نہیں۔ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کہتے ہیں: سورۃ النساء کی جس آیت (۱۰۲) میں صلاۃ الخوف کا تذکرہ آیا ہے اس میں یہ قید ہے کہ یہ نماز اس وقت مشروع ہے جب حضور اکرم ﷺ نماز پڑھائیں، جب آپؐ کا وصال ہوگیا تو اب اس کی مشروعیت ختم ہوگئی، کیونکہ شرط باقی نہیں رہی، اس کو نسخ بھی کہہ سکتے ہیں، مگر یہ دلیل اس وجہ سے کمزور ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد متعدد جنگوں میں صحابہ نے صلاۃ الخوف پڑھی ہے۔ پس سورۃ النساء (آیت ۱۰۲) میں إذا کنتَ فیهم کی قید اتفاقی ہے۔

اور روایات میں صلاۃ الخوف مختلف طرح سے مروی ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے اپنی سنن میں آٹھ طریقے، ابن حبان نے صحیح ابن حبان میں نو طریقے، اور ابن حزم ظاہری نے المحلّی میں چودہ طریقے ذکر کئے ہیں۔ اور ابوالفضل عراقی نے اس موضوع پر ایک مستقل رسالہ لکھا ہے اس میں انھوں نے سترہ طریقے ذکر کئے ہیں، یعنی نبی ﷺ سے سترہ طریقوں سے صلاۃ الخوف پڑھنا مروی ہے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس باب کی سب روایتیں صحیح ہیں، کوئی روایت ضعیف نہیں۔ پس سب طریقوں پر جو حضور اکرم ﷺ سے مروی ہیں صلاۃ الخوف پڑھنا جائز ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ ان میں سے کونسے

طریقہ پر صلاۃ الخوف پڑھنا افضل ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ حنفیہ کے نزدیک جو طریقہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں آیا ہے اس طرح صلاۃ الخوف پڑھنا افضل ہے۔ وہ روایت باب کے شروع میں ہے، اور ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: جو طریقہ سہل بن ابی حثمہ کی روایت میں ہے اس طرح پر صلاۃ الخوف پڑھنا افضل ہے۔

حنفیہ کا طریقہ: یہ ہے کہ فوج کے دو حصے کئے جائیں، ایک حصہ دشمن کے مقابل کھڑا رہے اور دوسرے حصے کو امام اگر مسافر ہے تو ایک رکعت اور مقیم ہے تو دو رکعتیں پڑھائے۔ پھر یہ جماعت دشمن کے مقابل چلی جائے، اور جو طائفہ دشمن کے مقابل ہے وہ آکر صف بنائے اور نماز شروع کرے، پھر امام اس طائفہ کو ایک یا دو رکعت پڑھا کر سلام پھیر دے۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد یہ طائفہ سلام پھیرے بغیر دشمن کی طرف چلا جائے۔ اور پہلا طائفہ واپس آئے اور صف بنا کر لاحق کی طرح یعنی قراءت کے بغیر ایک رکعت یا دو رکعت پڑھ کر نماز پوری کرے، پھر وہ دشمن کے مقابل جائے، اور دوسرا طائفہ آئے، اور وہ بھی صف بنا کر مسبوق کی طرح یعنی قراءت کے ساتھ بقیہ نماز پوری کرے۔

ائمہ ثلاثہ کا طریقہ: یہ ہے کہ امام پہلے طائفہ کو ایک رکعت یا دو رکعت پڑھائے، پھر وہ طائفہ باقی نماز اسی وقت لاحق کی طرح پوری کرے پھر دشمن کے مقابل جائے اور امام دوسرے طائفہ کا انتظار کرے، جب دوسرا طائفہ آکر صف بنا کر نماز شروع کرے تو امام اس کو ایک رکعت یا دو رکعت پڑھائے اور سلام پھیر دے اور وہ لوگ مسبوق کی طرح باقی نماز پوری کریں۔

ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ نے یہ طریقہ اس لئے اختیار کیا ہے کہ اس میں نماز کے اندر نقل وحرکت نہیں کرنی پڑتی۔ اور احناف نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کو دو وجہ سے اختیار کیا ہے: ایک: سورۃ النساء کی آیت ۱۰۲ میں صلاۃ الخوف کا جو طریقہ بیان کیا گیا ہے ابن عمرؓ کی حدیث میں مروی طریقہ اس سے اقرب ہے، اور قرآن میں بہتر صورت ہی لی جاتی ہے، اس لئے حنفیہ نے اس طریقہ کو افضل قرار دیا ہے۔ دوم: ابن عمرؓ کی حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں، نہ سند میں نہ متن میں۔ اور سہل بن ابی حثمہ کی روایت میں سند میں بھی اختلاف ہے اور متن میں بھی، سند میں اختلاف یہ ہے کہ یحییٰ بن سعید قطان کے ایک استاذ یحییٰ بن سعید انصاری نے اس حدیث کو موقوف بیان کیا ہے۔ یعنی حضرت سہل کی حدیث میں صلاۃ الخوف کا جو طریقہ مذکور ہے وہ حضرت سہل کا بیان کیا ہوا ہے، نبی ﷺ کا بیان کیا ہوا نہیں ہے، اور یحییٰ قطان کے دوسرے استاذ شعبہ رحمہ اللہ نے اس کو مرفوع بیان کیا ہے —— اور متن میں اختلاف یہ ہے کہ شعبہ والی سند سے جو مرفوع ہے بخاری میں متن کچھ ہے اور نسائی میں کچھ۔ بخاری (حدیث ۴۱۳۱ کتاب المغازی) میں اس سند سے جو متن آیا ہے وہ ائمہ ثلاثہ کے موافق ہے اور نسائی (۳: ۱۷۰ مصری) میں جو متن آیا ہے وہ احناف کے موافق ہے۔ یعنی نسائی میں ابن عمر کی حدیث کے مطابق متن آیا ہے —— غرض ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث باب کی سب سے اعلیٰ روایت ہے، اور اس کی سند میں اور متن میں کوئی اختلاف نہیں۔ نیز اس میں جو طریقہ

ہے وہ نص قرآن سے قریب تر ہے۔ اس لئے احناف نے اس کو اختیار کیا ہے، اگرچہ اس طریقہ پر صلاۃ الخوف پڑھنے میں نماز کے اندر نقل وحرکت ہوتی ہے مگر اس میں کوئی مضائقہ نہیں، کیونکہ اس نماز کی شان ہی نرالی ہے۔ واللہ اعلم

[۲۸۳] بابُ ماجاء فی صَلاَةِ الخوفِ

[۵۷۲-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبى الشَّوَارِبِ، نا يَزِيدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِىِّ، عن سالمٍ، عن أبيهِ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى صلاةَ الخوفِ بِإِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةً، وَالطَّائِفَةُ الأُخْرَى مُوَاجِهَةَ العَدُوِّ، ثم انْصَرَفُوْا، فَقَامُوْا فِىْ مَقَامِ أُوْلٰئِكَ، وجاءَ أولٰئكَ فَصَلَّى بِهِمْ رَكعةً أُخْرَى، ثم سَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَقَامَ هٰؤُلاَءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ، وقَامَ هٰؤُلاَءِ فَقَضَوْا رَكْعَتَهُمْ.

وفى الباب: عن جابرٍ، وحُذَيْفَةَ، وزيدِ بنِ ثابتٍ، وابنِ عباسٍ، وأبى هريرةَ، وابنِ مسعودٍ، وسهلِ بنِ أبى حَثْمَةَ، وأبى عَيَّاشٍ الزُّرَقِىِّ، واسمُه زيدُ بنُ صامتٍ، وأبى بَكْرَةَ.

قال أبو عيسى: وقد ذَهَبَ مالكُ بنُ أَنَسٍ فى صلاةِ الخوفِ إلى حَديثِ سَهْلِ بنِ أبى حَثْمَةَ. وهو قولُ الشافعىِّ.

قال أحمدُ: قد رُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم صَلاةُ الخوفِ على أَوْجُهٍ، وَمَا أَعْلَمُ فى هٰذا البابِ إِلَّا حديثًا صحيحاً، وأَخْتَارُ حديثَ سَهْلِ بنِ أبى حَثْمَةَ.

وهٰكذا قال إسحاقُ بنُ إبراهيمَ، قال: ثَبَتَتِ الرِّوَايَاتُ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم فى صَلاَةِ الخَوْفِ، ورَأَى أَنَّ كُلَّ مَارُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم فى صَلاَةِ الخوفِ فَهُوَ جَائِزٌ، وهٰذَا عَلَى قَدْرِ الخَوْفِ.

قال إسحاقُ: ولَسْنَا نَخْتَارُ حديثَ سَهْلِ بنِ أَبِىْ حَثْمَةَ على غَيْرِهِ مِنَ الرِّوَايَاتِ.

وحديثُ ابنِ عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وقد رَوَاهُ موسى بنُ عُقبةَ عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم نحوَه.

[۵۷۳-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، عن يحيى بنِ سعيدٍ القَطَّانِ، نا يحيى بنُ سعيدٍ الأَنْصَارِىُّ، عن القاسِمِ بنِ محمدٍ، عن صالحِ بنِ خَوَّاتِ بنِ جُبَيْرٍ، عن سَهْلِ بنِ أبى حَثْمَةَ، أَنَّهُ قال فى صَلاَةِ الخَوْفِ: يَقُوْمُ الإمامُ مُسْتَقْبِلَ القِبْلَةِ، وتَقُوْمُ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ مَعَهُ، وطائفَةٌ مِنْ قِبَلِ العَدُوِّ، وجُوْهُهُمْ إلى العَدُوِّ، فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً، ويَرْكَعُوْنَ لأَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً، ويَسْجُدُوْنَ لِأَنْفُسِهِمْ سَجْدَتَيْنِ فى مَكَانِهِمْ، ثم يَذْهَبُوْنَ إلٰى مَقَامِ أُوْلٰئِكَ، ويَجِيْءُ أولٰئكَ، فَيَرْكَعُ بِهِمْ رَكْعَةً، ويَسْجُدُ بهم سَجْدَتَيْنِ، فَهِىَ لَهُ ثِنْتَانِ ولَهُمْ واحِدَةٌ، ثُمَّ يَرْكَعُوْنَ رَكْعَةً وَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَتَيْنِ.

قال محمدُ بنُ بَشَّارٍ: سَأَلْتُ يحيىَ بنَ سعيدٍ عن هٰذا الحديثِ، فَحَدَّثَنِيْ عن شُعْبَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ القاسمِ، عن أبيهِ، عن صالحِ بنِ خَوَّاتٍ، عن سهلِ بنِ أبي حَثْمَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِ حديثِ يحيىَ بنِ سَعيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، وقال لِيْ: اكْتُبْهُ إلى جَنْبِهِ، ولَسْتُ أَحْفَظُ الحديثَ، ولكِنَّهُ مَثْلُ حديثِ يحيىَ بنِ سعيدٍ الْأَنْصَارِيِّ.

قال أبو عيسى: وهذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لم يَرْفَعْهُ يحيىَ بنُ سعيدٍ الأنصاريُّ، عن القاسِمِ بنِ محمدٍ، وهكذا رواهُ أصحابُ يحيىَ بنِ سعيدٍ الأنصاريِّ موقوفاً، ورَفَعَهُ شُعْبَةُ عن عبدِ الرحمنِ بنِ القاسم بنِ محمدٍ.

ورَوَى مالكُ بنُ أنسٍ عن يَزِيْدَ بنِ رُوْمَانَ، عن صالحِ بنِ خَوَّاتٍ، عن مَّنْ صَلَّى مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم صَلاَةَ الخوفِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وبه يقولُ مالكٌ والشافعيُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ورُوِيَ عن غَيْرِ واحدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِإحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ رَكْعَةً رَكْعَةً، فكانتْ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَانِ، ولَهُمْ رَكْعَةٌ ركعةٌ.

ترجمہ: حدیث (۵۷۲) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو جماعتوں میں سے ایک کو صلاۃ الخوف ایک رکعت پڑھائی۔ اور دوسری جماعت دشمن کے مقابل تھی، پھر یہ لوگ (ایک رکعت پڑھ کر) پلٹے، اور وہ ان لوگوں کی جگہ میں (دشمن کے مقابل) کھڑے ہوئے، اور وہ لوگ یعنی دوسرا طائفہ آیا، پس ان کو دوسری رکعت پڑھائی، پھر ان پر سلام پھیر دیا۔ پس یہ لوگ کھڑے ہوئے اور انھوں نے اپنی ایک رکعت پوری کی اور وہ لوگ کھڑے ہوئے اور انھوں نے اپنی رکعت پوری کی (یہ حدیث مختصر ہے، تفصیلی حدیث بخاری میں ہے اور اسی کے مطابق اوپر صلاۃ الخوف کا طریقہ بیان کیا گیا ہے) ——— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام مالک رحمہ اللہ صلاۃ الخوف میں سہل بن ابی حثمہ کی حدیث کی طرف گئے ہیں۔ اور وہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے (اور امام احمد بھی اسی کے قائل ہیں)

امام احمدؒ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ سے صلاۃ الخوف متعدد طریقوں پر مروی ہے اور میں نہیں جانتا اس باب میں مگر صحیح حدیث کو (یعنی میرے علم میں اس مسئلہ میں جتنی حدیثیں ہیں سب صحیح ہیں) اور میں پسند کرتا ہوں سہل بن ابی حثمہ کی حدیث کو (یعنی جو طریقہ اس میں مروی ہے وہ بہتر ہے) اور ایسا ہی اسحاق بن راہویہ نے کہا۔ وہ فرماتے ہیں: صلاۃ الخوف کے مسئلہ میں متعدد حدیثیں رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہیں۔ اور ان کی رائے یہ ہے کہ ہر وہ طریقہ جو رسول اللہ ﷺ سے صلاۃ الخوف کا روایت کیا گیا ہے پس وہ جائز ہے۔ اور یہ خوف کی مقدار پر ہے یعنی جو حالات کا تقاضہ ہو اس کے مطابق صلاۃ الخوف پڑھی جائے۔ اسحاق بن راہویہ نے فرمایا: اور ہم سہل بن ابی حثمہ کی حدیث کو اس

کے علاوہ روایات پر ترجیح نہیں دیتے، یعنی صلاۃ الخوف کے سب طریقے یکساں ہیں، ہم کسی ایک طریقہ کی افضلیت کے قائل نہیں، جیسا کہ ائمہ ثلاثہ نے سہل بن ابی حثمہ کی روایت میں مذکور طریقہ کو افضل قرار دیا ہے۔

اور ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور اس کو موسیٰ بن عقبہ نے نافع سے، انھوں نے ابن عمر سے، انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا ہے۔ یعنی یہ حدیث ابن عمرؓ کے دونوں راویے: سالم اور نافع روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۵۷۳) اس حدیث کو محمد بن بشار: یحییٰ بن سعید قطان سے، وہ یحییٰ بن سعید انصاری سے، وہ قاسم بن محمد سے (جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں اور مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں) وہ صالح بن خوات سے، اور وہ سہل بن ابی حثمہ سے روایت کرتے ہیں: انھوں نے صلاۃ الخوف کے طریقہ کے بارے میں فرمایا: (یہ یحییٰ بن سعید انصاری کی سند ہے اور اس طریقہ سے حدیث موقوف ہے، اور شعبہ کی سند جو کہ مرفوع ہے بعد میں آرہی ہے) امام قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور لوگوں میں سے ایک جماعت امام کے ساتھ کھڑی ہو، اور دوسری جماعت دشمن کی طرف رہے، ان کے چہرے دشمن کی طرف ہوں۔ پس امام ان کو ایک رکعت پڑھائے اور وہ اپنے لئے ایک رکوع کرلیں اور اسی جگہ میں اپنے لئے دو سجدے کرلیں۔ یعنی امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھ کر فوراً وہیں کھڑے ہوکر دوسری رکعت پڑھ لیں، پھر ان لوگوں کی طرف جائیں اور وہ لوگ آئیں، پس امام ان کے ساتھ ایک رکوع کرے اور ان کے ساتھ دو سجدے کرے یعنی ان کو ایک رکعت پڑھائے۔ پس یہ امام کی دو رکعت ہوئیں اور لوگوں کی ایک رکعت ہوئی، یعنی امام کے ساتھ پھر وہ ایک رکوع کریں اور دو سجدے کریں یعنی اپنی باقی ایک رکعت پڑھ لیں۔ محمد بن بشار کہتے ہیں: میں نے یحییٰ قطان سے اس حدیث کی مرفوع سند کے بارے میں پوچھا؟ انھوں نے سند بیان کی: مجھ سے شعبہ نے حدیث بیان کی، وہ عبدالرحمٰن بن القاسم سے، وہ اپنے والد قاسم بن محمد سے (یہاں سے یہ سند اور اوپر والی سند ایک ہوگئی) وہ صالح بن خوّات سے، وہ سہل بن ابی حثمہ سے اور وہ نبی ﷺ سے: یحییٰ بن سعید انصاری کی حدیث کے مانند روایت کرتے ہیں۔ اور یحییٰ قطان نے مجھ سے کہا: اس سند کو موقوف سند کے پہلو میں لکھ لو، اور اس سند سے جو متن آیا ہے وہ مجھے یاد نہیں، لیکن (بالاجمال اتنا یاد ہے کہ) وہ یحییٰ بن سعید انصاری کی حدیث کی طرح ہے (اس سند سے حدیث بخاری اور نسائی میں ہے، بخاری میں متن کچھ ہے اور نسائی میں کچھ)

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اس کو یحییٰ بن سعید انصاری نے قاسم بن محمد کی سند سے مرفوع نہیں کیا، اور اس کو یحییٰ بن سعید انصاری کے تلامذہ نے اسی طرح موقوف بیان کیا ہے۔ اور اس حدیث کو شعبہ نے عبدالرحمٰن بن القاسم بن محمد کی سند سے مرفوع کیا ہے۔

اور امام مالک رحمہ اللہ نے یزید بن رومان سے، انھوں نے صالح بن خوات سے، انھوں نے اس شخص سے جس نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صلاۃ الخوف پڑھی ہے روایت کیا ہے، پس اس کے مانند (سہل بن ابی حثمہ کی حدیث

کے مانند) ذکر کیا (یہ حدیث بخاری (۴۱۲۹) میں ہے اور اس میں صحابی کا نام مذکور نہیں، پھر بھی یہ قابل استدلال ہے کیونکہ صحابی کی جہالت مضر نہیں، اس لئے کہ تمام صحابہ نقل دین میں قابل اعتبار ہیں) اس کے بعد جو قال أبو عیسی ہے وہ محض تکرار ہے ——— اور متعدد طرق سے روایت کیا گیا کہ نبی ﷺ نے دونوں جماعتوں میں سے ہر ایک کو ایک ایک رکعت پڑھائی۔ پس رسول اللہ ﷺ کے لئے دو رکعتیں تھیں اور لوگوں کے لئے (امام کے ساتھ) ایک ایک رکعت تھی۔

بابُ ماجاءَ فی سُجُوْدِ الْقُرآنِ

سجودِ تلاوت کا بیان

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قرآن میں کل گیارہ سجدے ہیں، مفصلات یعنی سورۃ النجم، سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق کے سجدوں کے وہ قائل نہیں۔ وہ فرماتے ہیں: مفصلات میں سجدے مکی دور میں مشروع تھے، بعد میں منسوخ ہوگئے، نبی ﷺ مدنی دور میں مفصلات میں سجدے نہیں کرتے تھے۔ ابن عباس کی حدیث جو ابو داؤد (۲: ۵۸ مصری) میں ہے ان کی دلیل ہے، مگر اس میں مطر الورّاق ہے جو کثیر الخطا ہے اور ابو قدامۃ الحارث بن عبید اللہ ضعیف راوی ہے۔

اور امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک چودہ سجدے ہیں، البتہ امام اعظم رحمہ اللہ سورۂ صٓ میں سجدہ مانتے ہیں اور سورۃ الحج میں صرف پہلا سجدہ مانتے ہیں، دوسرا سجدہ نہیں مانتے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سورۃ الحج میں دو سجدے ہیں اور سورۂ صٓ میں سجدہ نہیں ہے۔

اور امام احمد رحمہ اللہ سورۃ الحج میں دو سجدے اور سورۂ صٓ اور مفصلات میں سجدے مانتے ہیں، اس لئے ان کے نزدیک پندرہ سجدے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حنفیہ کے نزدیک سجودِ تلاوت واجب ہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہیں۔ اور ہمارے اکابر میں سے امام طحاوی رحمہ اللہ نے ائمہ ثلاثہ کے مذہب کو اختیار کیا ہے، اور صحابہ میں سے حضرت علیؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی رائے یہ تھی کہ قرآن کے سب سجدے یکساں نہیں، بلکہ بعض واجب ہیں اور بعض سنت، واجب کے لئے انھوں نے ''عزائم'' کی اصطلاح استعمال کی ہے، عزائم السجود: مرکب اضافی درحقیقت مرکبِ توصیفی ہے اصل سجود عزیمۃ ہے یعنی پختہ سجدے، پھر عبارت سبک کرنے کے لئے مرکب اضافی بنائی گئی۔ رہی یہ بات کہ کونسے سجدے واجب ہیں اور کونسے غیر واجب؟ ابن عباسؓ سے تو تفصیل مروی نہیں، بالاجمال اتنی بات معلوم ہے کہ ان کے نزدیک قرآن کے سب سجدے ایک درجہ کے نہیں تھے۔ اور حضرت علیؓ سے دو روایتیں ہیں: ایک میں چار سجدوں کے بارے میں اور دوسری میں مزید دو سجدوں کے بارے میں مروی ہے کہ وہ عزائم السجود ہیں یعنی حضرت علی

رضی اللہ عنہ کے نزدیک چھ سجدے واجب ہیں باقی آٹھ سنت ہیں (تعیین باب ۲۹۰ میں آئے گی)

ائمہ ثلاثہ کی دلیلیں: دو ہیں: ایک: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث۔ دوسری: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اثر۔ دونوں دلیلیں اگلے صفحہ پر یعنی ترمذی کے اگلے صفحہ پر آرہی ہیں، وہیں ان کی تفصیل آئے گی۔

اور احناف کی دلیلیں تین ہیں:

پہلی دلیل: خود آیاتِ سجدہ کا مضمون وجوب سجدہ کی دلیل ہے۔ سجدوں کی آیات میں پانچ طرح کے مضامین ہیں:

۱- انسانوں کو ملائکہ کا حال سنایا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اطاعت شعار بندے ہیں، بندگی سے منہ نہیں موڑتے، ہر وقت پاکی بیان کرتے ہیں، سجدے کرتے ہیں، پروردگار سے ڈرتے ہیں، اور جو بھی حکم دیا جاتا ہے بجالاتے ہیں (سورۃ الاعراف، سورۃ النحل)

۲- آسمان وزمین کا ذرہ ذرہ خدا کے سامنے سجدہ ریز ہے مگر بہت سے انسان انکاری ہیں اس لئے ان پر عذاب ثابت ہوگیا (سورۃ الرعد، سورۃ الحج)

۳- انبیاء اور مؤمنین خدا کو سجدے کرتے ہیں، روتے ہیں اور اللہ کی آیتیں سن کر ان کا خشوع بڑھ جاتا ہے (بنی اسرائیل، مریم، السجدۃ)

۴- کفار سجدہ کرنے سے انکار کرتے ہیں (الفرقان، الانشقاق)

۵- سجدہ صرف اللہ کو کرو۔ اور سجدہ کر کے اس کی نزدیکی حاصل کرو (النمل، حم السجدۃ، النجم، العلق)

اور سورۂ صٓ میں داؤد علیہ السلام کی آزمائش کا ذکر ہے جب وہ سجدے میں گر پڑے اور رجوع ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش معاف فرمادی۔ غرض سجود تلاوت میں امتثال امر اور نیک بندوں کی روش اپنانے کا مضمون ہے۔ یہ مضمون خود وجوب سجدہ کی دلیل ہے۔

دوسری دلیل: رسول اللہ ﷺ نے مواظبت تامہ کے ساتھ سجود تلاوت کئے ہیں، ایک بار بھی ایسا نہیں ہوا کہ آپؐ نے آیت سجدہ تلاوت کی ہو اور سجدہ نہ کیا ہو۔ پس یہ مواظبت وجوب کی دلیل ہے۔

تیسری دلیل: سجود تلاوت کو نماز میں شامل کرنا وجوب کا قرینہ ہے، اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ سجدۂ تلاوت نماز کا جز نہیں، اگر نماز کے اندر دورانِ تلاوت آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کیا تو بھی وہ سجدہ نماز کا جز نہیں، بلکہ وہ مستقل امر ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ جس طرح نماز میں اترتا قرآن پڑھنا واجب ہے، چڑھتا قرآن پڑھنا مثلاً پہلی رکعت میں سورۃ الناس اور دوسری رکعت میں سورۃ الفلق پڑھنا مکروہ ہے یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب نماز میں اترتا قرآن پڑھنا واجب ہے تو چڑھتا قرآن پڑھنے کی صورت میں سجدۂ سہو کیوں واجب نہیں؟ واجب چھوٹنے سے تو سجدہ سہو واجب ہوتا ہے؟ تمام علماء اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ اترتی سورتیں پڑھنا نماز کا واجب نہیں ہے بلکہ وہ واجباتِ قراءت میں

سے ہے اور مستقل واجب ہے، معلوم ہوا کہ بعض مستقل واجبات کو نماز کے اندر لیا گیا ہے اور ایسی کوئی مثال نہیں کہ مستقل سنت کو نماز کے اندر لیا گیا ہو۔ معلوم ہوا کہ سجود تلاوت واجب ہیں کیونکہ انہیں نماز کے اندر لیا گیا ہے، اگر سجود تلاوت سنت ہوتے تو ان کو نماز کے اندر شامل نہ کیا جاتا کیونکہ مستقل سنت کو نماز کے اندر لینے کی کوئی نظیر نہیں۔

حدیث: حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گیارہ سجدے کئے ہیں ان میں وہ سجدہ بھی ہے جو سورۃ النجم میں ہے۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرض نمازوں میں قرآن میں سے مختلف جگہ سے تلاوت فرماتے تھے۔ پس وہ سورتیں اور رکوع جن میں آیاتِ سجدہ ہیں ان کو بھی تلاوت فرماتے تھے۔ اور جب آپؐ کسی آیت سجدہ پر سے گذرتے تو نماز ہی میں سجدہ فرماتے تھے۔ ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز میں صرف گیارہ سجدہ کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔ سب سجدے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کرنے کا اتفاق نہیں ہوا، اس زمانہ میں تراویح جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی جاتی تھی جو سب سجدے کرنے کا اتفاق ہوتا۔

اور اس حدیث سے امام مالک رحمہ اللہ کا جو گیارہ سجدوں کے قائل ہیں استدلال صحیح نہیں، کیونکہ وہ سورۃ النجم کا سجدہ تسلیم نہیں کرتے جبکہ ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے گیارہ میں سورۃ النجم کا سجدہ بھی کیا ہے، بلکہ یہ جمہور کی دلیل ہے کہ رسول اللہ ﷺ مفصلات میں بھی سجدے کرتے تھے۔ مگر اس حدیث میں دو خرابیاں ہیں: ایک: وکیع رحمہ اللہ کے لڑکے سفیان روایتِ حدیث میں غیر معتبر ہیں، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ سبق میں وہ خود حدیث نہیں لکھتے تھے بلکہ ورّاق (تنخواہ دار ملازم) ان کے لئے حدیثیں لکھتا تھا، اور یہ اس زمانہ کا عام دستور تھا صاحبزادے ایسا کرتے تھے اور ان کا وراق برا آدمی تھا، وہ حدیثوں میں دخل فصل کرتا تھا، لوگوں نے یہ بات سفیان کو بتائی بھی اور ان سے ورّاق بدلنے کے لئے کہا بھی مگر انھوں نے کسی خاص تعلق کی وجہ سے وراق نہیں بدلا۔ پس محدثین نے فیصلہ کیا کہ جس روایت کے ساتھ سفیان بن وکیع متفرد ہوں وہ سب روایتیں غیر معتبر ہیں، دوسری: اس میں عمر الدمشقی مجہول راوی ہے۔ جاننا چاہئے کہ اس حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو اصح کہا ہے مگر اس میں بھی عمر الدمشقی اور اس کے اور ام الدرداء کے درمیان ایک مجہول واسطہ ہے۔

[۲۸۴] بابُ ماجاء فی سجود القرآن

[۵۷٤-] حدثنا سُفیانُ بنُ وَکِیعٍ، نا عبدُ اللّٰہِ بنُ وَہْبٍ، عن عَمْرِو بنِ الحارثِ، عن سَعیدِ بنِ أبی ہِلَالٍ، عن عُمَرَ الدِّمَشْقِیِّ، عن أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عن أَبی الدَّرْدَاءِ، قال: سَجَدْتُ مَعَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم إِحْدَی عَشْرَۃَ سَجْدَۃً، مِنْھَا التی فی النَّجْمِ.

وفی الباب: عن علیٍّ، وابنِ عباسٍ، وأبی هریرةَ، وابنِ مسعودٍ، وزیدِ بنِ ثابتٍ، وعَمْرِو بنِ العاصِ.
قال أبو عیسی: حدیثُ أبی الدَّرْدَاءِ حدیثٌ غریبٌ لاَنعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ سَعیدِ بنِ أبی هِلاَلٍ، عن عُمَرَالدِّمَشْقِیِّ.

[۵۷۵-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمن، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ صالحٍ، نا اللَّیْثُ بنَ سعدٍ، عن خالدِ بنِ یَزِیْدَ، عن سَعیدِ بنِ أبی هِلاَلٍ، عن عُمَرَ، وهو ابنُ حَیَّانَ الدِّمَشْقِیُّ قال: سَمِعْتُ مُخْبِراً یُخْبِرُنِی عن أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عن أَبی الدرداءِ، قال: سَجَدْتُ مع رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إحدَی عَشْرَةَ سَجْدَةً مِنْهَا الَّتِیْ فِی النَّجْمِ.
وهذا أَصَحُّ مِنْ حدیثِ سُفیانَ بنِ وکیعٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ وَهْبٍ.

وضاحت: ابوالدرداء کی حدیث غریب ہے کیونکہ سعید بن ابی ہلال سے آخر تک اس کی ایک ہی سند ہے، اور حدیث کی دوسری سند (۵۷۵) عبداللہ بن عبدالرحمٰن یعنی امام دارمی کی ہے۔ اس میں عمر دمشقی کہتا ہے: مجھے ایک بتلانے والے نے ام الدرداءؓ سے روایت کرتے ہوئے بتایا وہ ابوالدرداء سے روایت کرتی ہیں۔ یہ بتانے والا مجہول ہے اور حدیث کا مضمون وہی ہے جو حدیث (۵۷۴) کا ہے۔

بابٌ فی خُرُوْجِ النِّسَاءِ إِلَی المَسَاجِدِ

عورتوں کا نمازوں کے لئے مسجد جانا

ابواب العیدین میں عورتوں کے لئے عیدگاہ جانے کا مسئلہ گذر چکا ہے، وہاں تفصیل سے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ عورتوں کا فی نفسہ فرض نمازیں پڑھنے کے لئے مسجد جانا یا عیدین کے لئے عیدگاہ جانا جائز ہے، رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں عورتیں مسجد نبوی میں آتی تھیں، مگر فی زمانہ ممنوع ہے۔ اور یہ ممانعت لغیرہ ہے، اور غیر سے مراد خوفِ فتنہ ہے، کیونکہ آج کے بدلے ہوئے حالات میں عورتوں کا مسجد یا عیدگاہ جانا فتنہ کا باعث ہے، اس لئے اب عورتوں کے لئے مسجد اور عیدگاہ جانا ممنوع ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ابواب السجود میں یہ دو باب (یہ باب اور آئندہ باب) غیر متعلق ہیں، بخاری شریف میں جب ایسا ہوتا ہے تو شراح میدان گرم کردیتے ہیں اور طرح طرح سے مناسبتیں بیان کرتے ہیں، چاہے وہ سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں، مگر ترمذی میں ایسی کوئی بات نہیں۔ درحقیقت یہ دونوں ابواب گذشتہ کسی جگہ کے ابواب ہیں، مگر ایسا ہوا کہ کاتب نے جب ترمذی کا نسخہ لکھا تو یہ باب لکھنے سے رہ گئے پھر جب یاد آیا تو وہ یہاں لکھ دیئے، اور ایسی

صورت میں کاتب حاشیہ پرنشان بنایا کرتا ہے تاکہ قارئین سمجھ جائیں کہ یہ ابواب یہاں کے نہیں ہیں، اور آئندہ جب نیا نسخہ تیار کیا جائے تو وہ اپنی جگہ منتقل کردیئے جائیں مگر کسی وجہ سے وہ نشانی باقی نہیں رہی تو یہ دونوں باب ابواب السجود میں لکھے جاتے رہے، اب ہماری ذمہ داری ہے کہ غور وفکر کرکے ہم ان ابواب کو ان کی اصل جگہ پہنچادیں۔ میں نے اس سلسلہ میں غور کیا تو اس باب کی جگہ **باب فی خروج النساء فی العیدین** کے بعد ہے، جب عیدین کے لئے عیدگاہ جانے کی ممانعت کا ذکر آیا تو فرض نمازوں کے لئے مسجد میں جانے کا مسئلہ بھی ذکر کردیا۔ اور آئندہ باب کی جگہ **باب ماجاء فی النوم فی المسجد** کے بعد ہے، مسجد میں جس طرح سونا ممنوع ہے تھوکنا بھی ممنوع ہے۔ مگر چونکہ اب زمانہ دراز ہوگیا ہے اس لئے میں بھی ان کو ان کی جگہ میں منتقل کرنے کی ہمت نہیں کررہا۔

حدیث: مجاہد کہتے ہیں: ہم ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس تھے، انھوں نے حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورتوں کو رات میں مسجد جانے کی اجازت دو'' (یعنی عورتیں رات کی نمازوں کے لئے مسجد جانا چاہیں تو ان کو منع نہ کرو) یہ حدیث سن کر ان کے ایک بیٹے بولے: بخدا! ہم ان کو اجازت نہ دیں گے یا بخدا! آپ ان کو اجازت نہ دیں، ورنہ وہ اس کو دَغَل فَصَل (بگاڑ) کا سبب بنالیں گی (لا نَأْذَنُ: لا تَأْذَنْ (نہی حاضر) بھی پڑھا گیا ہے یعنی یہ حدیث بیان کرکے آپ عورتوں کے لئے رات میں مسجد جانے کا راستہ نہ کھولیں) بیٹے کی یہ بات سن کر ابن عمرؓ غضبناک ہوگئے، اور اس کو ڈانٹا کہ اللہ تیرے ساتھ ایسا کریں اور ایسا کریں (یہ کنائی جملہ نہیں ہے بلکہ زجر وتوبیخ کے لئے یہی جملہ استعمال کیا جاتا ہے اور یہ درمیانی درجہ کی ڈانٹ ہے) میں رسول اللہ ﷺ کی حدیث سنارہا ہوں اور تو کہتا ہے: ہم اجازت نہیں دیں گے یا آپ ان کو اجازت نہ دیں (صاحبزادے کی یہ بات کہ ہم اجازت نہیں دیں گے یا آپ اجازت نہ دیں بظاہر حدیث شریف کا معارضہ ہے، اس لئے ابن عمر سخت غصہ ہوئے، البتہ اگر وہ یہ کہتا کہ بیشک یہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے مگر آج کے بدلے ہوئے حالات میں عورتوں کو مسجد جانے سے روکنا مناسب ہے تو حدیث کا معارضہ نہ ہوتا اور ابن عمر قطعاً غصے نہ ہوتے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (حقیقی ترتیب کے اعتبار سے) اوپر والے باب میں کتنی خوبصورت بات کہی ہے کہ اگر یہ بدلے ہوئے حالات حضور اکرم ﷺ دیکھتے تو آپؐ عورتوں کو مسجد جانے سے روک دیتے۔ سبحان اللہ! کتنا پیارا انداز ہے۔ ان روایات سے عورتوں کے لئے مسجد جانے کا جواز بھی معلوم ہوا اور بدلے ہوئے احوال کا تقاضا بھی سامنے آیا۔ کہتے ہیں: اس واقعہ کے بعد ابن عمرؓ اس لڑکے سے کبھی نہیں بولے، یہ ہے غیرتِ دینی! اور یہ ہے نَتْرُكُ مَنْ يَّفْجُرُكَ پر عمل!

[۲۸۵] بابُ ماجاء فی خروج النساء إلی المساجد

[۵۷۶-] حدثنا نَصْرُ بنُ عليٍّ، نا عيسى بنُ يُوْنُسَ، عن الأَعْمَشِ، عن مُجَاهِدٍ، قال: كُنَّا عَنْدَ ابنِ عُمَرَ، فقال: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' ايْذَنُوْا لِلنِّسَاءِ بِاللَّيْلِ إِلَى الْمَسَاجِدِ'' فقال ابنُهُ:

واللّٰهِ لاَ نَأْذَنُ لَهُنَّ، يَتَّخِذْنَهُ دَغَلاً! فقال: فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ وَفَعَلَ! أَقولُ: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وتَقولُ: لاَ نَأْذَنُ!

وفى الباب: عن أبى هريرةَ،وزَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وزيدِ بنِ خالدٍ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: الدَّغَل: گھنے درختوں کا جھنڈ جس میں دھوکہ دینے کے لئے آدمی چھپ جائے: دَغَلْ فَصَل: مکروفریب۔

بابٌ فی كَرَاهِيَةِ البُزَاقِ فی المَسْجِدِ

مسجد میں تھوکنے کی ممانعت

نماز کے اندر اگر اچانک تھوکنے کی ضرورت پیش آئے، مثلاً: منہ میں مچھر گھس جائے اور تھوکنا ضروری ہوجائے تو بائیں طرف یا بائیں پاؤں کے نیچے تھوکے، سامنے یا دائیں طرف نہ تھوکے، اور اس کی وجہ حدیث میں یہ آئی ہے کہ سامنے اللہ سے مواجہہ ہوتا ہے اور دائیں طرف نیکی لکھنے والا فرشتہ ہے اس کا احترام چاہئے۔

سوال: بائیں طرف بھی تو فرشتہ ہے اس کا بھی تو احترام چاہئے؟!

جواب: بائیں طرف گناہ لکھنے والا فرشتہ ہے اور جب بندہ نماز شروع کرتا ہے تو برائی کا موقع نہیں رہتا اس لئے وہ ہٹ جاتا ہے، جیسے جمعہ کے دن جب خطیب ممبر پر آجاتا ہے تو فرشتے رجسٹر بند کرکے خطبہ سننے چلے جاتے ہیں۔

اور اگر بندہ مسجد میں نماز پڑھ رہا ہے تو پھر کسی طرف تھوکنا نہیں چاہئے۔ یہ مسجد کے احترام کے خلاف ہے اور اگر مجبوری ہو تو آستین میں، رومال میں، کرتے کے دامن میں، چادر میں یا کسی اور چیز میں تھوکے اور اس کو مل دے پھر بعد میں دھوڈالے، آخر لوگ آستین اور رومال وغیرہ سے ناک کی رینٹ صاف کرتے ہی ہیں۔ اور تھوک رینٹ سے زیادہ غلیظ نہیں، پس اس کو کپڑے میں لیلے، پھر نماز کے بعد دھوڈالے۔

اور اگر بالارادۃ یا بے اختیار تھوک نکل کر مسجد میں گر جائے تو یہ غلطی ہے، اور اس کی تلافی یہ ہے کہ نماز کے بعد وہ جگہ صاف کردے، اور اگر مسجد میں بالقصد تھوکا ہے تو یہ ایسی غلطی ہے جس کے لئے توبہ بھی ضروری ہے۔ اب صرف تھوک صاف کرنے سے گناہ معاف نہیں ہوگا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم نماز میں ہوؤ تو اپنی دائیں طرف نہ تھوکو، بلکہ اپنے پیچھے یا اپنی بائیں طرف یا اپنے بائیں پاؤں کے نیچے تھوکو''

تشریح: یہ حدیث اور کتابوں میں بھی ہے مگر یہ جملہ: ولكن خلفك صرف ترمذی میں ہے۔ اور نماز کے اندر

پیچھے تھوکنے کی کوئی صورت نہیں، کیونکہ چہرہ اور سینہ گھما کر پیچھے تھوکے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی، اور منہ اُلار کر تھوکے گا تو تھوک منہ پر گرے گا، اس لئے اللہ بہتر جانتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ جملہ محفوظ ہے یا نہیں ——— (اصل ترتیب کے اعتبار سے) گذشتہ باب میں یہ مسئلہ آیا تھا کہ مسجد میں سونا ممنوع ہے، سوتے ہوئے منہ سے رال بھی ٹپک جاتی ہے، اس باب میں صراحۃً مسجد میں تھوکنے کی ممانعت ہے، پس یہ باب اس باب کے بعد کا ہے۔

[۲۸۶] بابٌ فی کراهية البُزَاقِ فی المسجد

[۵۷۷-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن سُفيانَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن رِبْعِيِّ بنِ حِرَاشٍ، عن طارِقِ بنِ عبدِ اللّٰهِ المُحَارِبِيِّ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " إِذَا كُنْتَ فى الصَّلاَةِ فَلاَ تَبْزُقْ عَنْ يَمِيْنِكَ، ولكنْ خَلْفَكَ أَوْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ، أَوْ تَحْتَ قَدَمِكَ اليُسْرَى"

وفى الباب: عن أبى سعيدٍ، وابنِ عُمَرَ، وأنسٍ، وأبى هريرةَ. قال أبو عيسى: حديثُ طارِقٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ.

وسَمِعْتُ الجَارُوْدَ يقولُ: سَمِعْتُ وكيعاً يقولُ: لَمْ يَكْذِبْ رِبْعِيُّ بنُ حِرَاشٍ فى الإِسْلاَمِ كَذْبَةً.

وقال عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيِّ: أَثْبَتُ أهلِ الكوفةِ منصورُ بنُ المُعْتَمِرِ.

[۵۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن قَتَادَةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " البُزَاقُ فى المَسْجِدِ خَطِيْئَةٌ، وكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: وکیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ربعی بن حراش مسلمان ہونے کے بعد کبھی جھوٹ نہیں بولے (نہ بالقصد نہ بلاقصد) اور عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں: کوفہ والوں میں منصور سب سے مضبوط راوی ہیں ——— حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا غلطی ہے اور اس کی تلافی تھوک کو دفن کرنا یعنی صاف کرنا ہے۔

بابٌ فی السجدة فی إذا السماء انشقت واقرأباسم ربك الذى خلق

سورۃ الانشقاق اور سورۃ العلق میں سجدے

ان دوسجدوں کے بارے میں امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ منسوخ ہیں، باقی تینوں ائمہ فرماتے ہیں: یہ مشروع ہیں منسوخ نہیں ——— باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سورۃ العلق اور سورۃ

الانشقاق میں سجدہ کیا۔

تشریح: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ۷ھ میں مسلمان ہوئے ہیں اور ان کو یہ سجدے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کرنے کا اتفاق ہوا ہے، یعنی آپؐ نے مختلف وقتوں میں فرض نمازوں میں یہ سورتیں پڑھی ہیں اور سجدہ کیا ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ ان نمازوں میں شریک تھے۔ معلوم ہوا کہ آپؐ مدنی دور میں بھی مفصلات میں سجدے کرتے تھے۔ پس امام مالک رحمہ اللہ کا نسخ کا دعوی صحیح نہیں۔

فائدہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کے بعد وہ سند بھی لکھی ہے، اس سند میں چار تابعی: یحییٰ بن سعید انصاری، ابوبکر بن محمد بن عمرو بن حزم، عمر بن عبدالعزیز اور ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن الحارث: ایک دوسرے سے روایت کرتے ہیں۔

[۲۸۷] بابٌ فی السجدة فی إذا السماء انشقت واقرأ باسم ربك الذی خلق

[۵۷۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ بنُ سَعِیدٍ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أیوبَ بنِ مُوسی، عن عَطَاءِ بنِ مِیْنَاءَ، عن أبی هریرةَ، قال: سَجَدْنَا مع رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فی ﴿اقْرَأ بِاسْمِ رَبِّكَ﴾ و ﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾

حدثنا قُتَیْبَةُ، نا سفیانُ، عن یَحیی بنِ سعیدٍ، عن أبی بکرِ بنِ محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عن عُمَرَ بنِ عبدِ العزیزِ، عن أبی بکرِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ الحارثِ بنِ هِشَامٍ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَهُ.

وفی الحدیث أَرْبَعَةٌ مِنَ التَّابِعِینَ بَعْضُهم عن بعضٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعَمَلُ علی هذا عندَ أکثرِ أهلِ العلمِ، یَرَوْنَ السُّجُوْدَ فی إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ واقرأْ باسْمِ رَبِّكَ.

قوله: بعضُهم عن بعض: أی بعضُهم یروی عن بعض۔

بابُ ماجاء فی السَّجْدَةِ فی النَّجْمِ

سورۃ النجم میں سجدہ کا بیان

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے سورۃ النجم میں سجدہ کیا اور مسلمانوں اور مشرکین نے اور جن وانس نے سجدہ کیا۔

تشریح: یہ مکی دور کا واقعہ ہے، ایک مجلس میں آنحضور ﷺ نے سورۃ النجم تلاوت فرمائی، اس مجلس میں مسلمانوں کے علاوہ مشرکین اور انسانوں کے علاوہ جنات بھی تھے، جب آپؐ نے سورت ختم کی تو سجدہ تلاوت کیا پس مجلس میں موجود سبھی لوگوں نے سجدہ کیا مگر امیہ بن خلف نے سجدہ نہ کیا، اس نے زمین سے مٹی لی اور پیشانی سے لگائی اور کہا: میرے لئے یہ کافی ہے۔ اس مجلس میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، وہ فرماتے ہیں: اس موقع پر جس نے بھی سجدہ کیا دیر سویر اس کو ایمان کی دولت نصیب ہوئی، مگر امیۃ بن خلف ایمان کی دولت سے محروم رہا اور جنگ بدر میں مارا گیا۔

اور کفار نے اس موقع پر سجدہ اس لئے کیا تھا کہ سورۃ النجم نہایت فصیح و بلیغ سورت ہے، پھر زبانِ نبوت نے وہ سورت تلاوت کی تھی اس لئے سماں بندھ گیا اور جب حضور اکرم ﷺ نے سجدہ کیا تو بے اختیار کفار بھی سجدہ میں چلے گئے، بعد میں جب ان کو اپنی غلطی کا احساس ہوا تو انھوں نے خفت مٹانے کے لئے الغرانیق العلی والا قصہ گڑھا، اور کہنا شروع کیا: ہم نے سجدہ اس لئے کیا تھا کہ محمد (ﷺ) نے ہماری مورتیوں کی تعریف کی تھی۔ اس سورت میں تین بتوں کا ذکر آیا ہے، کفار نے کہنا شروع کیا کہ محمد (ﷺ) نے ان بتوں کی تعریف کی اور ان کو طائرانِ لاہوتی (عالم بالا کے پرندے یعنی فرشتے) قرار دیا اور یہ بھی کہا کہ ان کی سفارش ضرور قبول کی جائے گی، اس لئے ہم نے سجدہ کیا ——— مگر سوال یہ ہے کہ اگر یہ جملے آپؐ کی زبانِ مبارک سے ادا ہوئے تھے تو کس جگہ پڑھے گئے تھے؟ اس کے لئے کوئی موزوں جگہ بتاؤ؟ پوری سورت میں کوئی بھی جگہ ان کلمات کے لئے موزون نہیں، اور صاحب جلالین نے جہاں ان کو فٹ کیا ہے وہ تو بالکل ہی غیر موزون جگہ ہے، بھلا: ایک طرف قرآن ان بتوں کی تردید کرے، پھر وہیں ان کی تعریف بھی کرے اس سے زیادہ بے تکی بات کیا ہوسکتی ہے؟! الغرض الغَرَانِیقُ العُلٰی والا واقعہ محض بے اصل اور من گھڑت ہے۔

فائدہ: یہ حدیث امام مالک رحمہ اللہ کے خلاف پیش نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ مکی دور کا واقعہ ہے اور امام مالک مکی دور میں یہ سجدے مانتے ہیں وہ مدنی دور میں مفصلات کے سجدوں کے نسخ کی بات کہتے ہیں۔

[۲۸۸] باب ماجاء فی السجدة فی النجم

[۵۸۰-] حدثنا هارونُ بنُ عبدِ اللّٰهِ البَزَّازُ، نا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عبدِ الوَارِثِ، نا أبی، عن أیوبَ، عن عِکْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: سَجَدَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْهَا - یَعْنِی النَّجْمَ - والْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِکُوْنَ وَالْجِنُّ وَالإِنْسُ.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ، وأبی هریرةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. والعملُ علی هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ: یَرَوْنَ السُّجُوْدَ فی سُوْرَةِ النَّجْمِ.

وقال بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم: لَيْسَ فِيْ المُفَصَّلِ سَجْدَةٌ، وهو قولُ مالكِ بنِ أنسٍ، والقولُ الأَولُ أَصَحُّ. وبه يقولُ الثوريُّ. وابنُ المباركِ، والشافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ سورۃ النجم میں سجدے کے قائل ہیں۔ اور صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء کہتے ہیں کہ مفصلات میں کوئی سجدہ نہیں۔ اور یہی امام مالک رحمہ اللہ کا قول ہے (معلوم ہوا کہ یہ اختلاف اوپر سے آیا ہے بعض صحابہ اور تابعین نسخ کے قائل تھے، امام مالکؒ نے ان کا قول لیا ہے) اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

بابُ ماجاء من لم يَسْجُدْ فِيْهِ

سجود تلاوت واجب ہیں یا سنت؟

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۃ النجم سنائی (صحابہ سبق یاد کر کے آپؐ کو سناتے تھے) پس آپؐ نے اس میں سجدہ نہیں کیا۔

تشریح: اسی حدیث سے امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مفصلات میں سجدے نہیں۔ کیونکہ حضرت زید: انصاری ہیں۔ انھوں نے بالیقین مدنی زندگی میں یہ سورت آپؐ کو سنائی ہے، اور آپؐ نے سجدہ نہیں کیا، معلوم ہوا کہ ہجرت کے بعد یہ سجدے منسوخ ہوگئے تھے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں یہ مسئلہ تو چھیڑا نہیں، ایک دوسرا مسئلہ بیان فرمایا ہے۔ وہ یہ ہے کہ سجود تلاوت واجب ہیں یا سنت؟ ائمہ ثلاثہ سنت کہتے ہیں۔ اور احناف واجب مانتے ہیں۔ ائمہ ثلاثہ کی دو دلیلیں ہیں: ایک حضرت زید کی یہ حدیث ہے، دوسری حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی روایت ہے۔ حضرت زید کی حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ جب حضرت زید نے سورۃ النجم آپ کو سنائی تو آپؐ نے سجدہ نہیں کیا، معلوم ہوا کہ سجود تلاوت واجب نہیں سنت ہیں، چاہیں کریں چاہیں نہ کریں۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ آپ جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے، خطبہ میں سورۃ النحل کی آیت سجدہ پڑھی پھر ممبر سے اتر کر سجدہ کیا اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ سجدہ کیا۔ پھر ممبر پر جا کر خطبہ آگے دیا، آئندہ ہفتہ بھی یہی آیت خطبہ میں تلاوت فرمائی، لوگ سجدہ کی تیاری کرنے لگے تو آپ نے فرمایا: لوگو! ہم پر یہ سجدے لازم نہیں کیے گئے، ہم چاہیں تو کریں اور چاہیں تو نہ کریں اور خطبہ آگے جاری رکھا، ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں کہ اس پر کسی نے نکیر نہیں کی، پس یہ اجماع سکوتی ہوگیا کہ سجود تلاوت واجب نہیں۔

اور بعض حضرات نے پہلی دلیل کا جواب یہ دیا ہے کہ جب حضرت زید نے سجدہ نہیں کیا تو آپؐ پر بھی سجدہ واجب نہیں ہوا اس لئے آپؐ نے سجدہ نہیں کیا۔ یہ حضرات کہتے ہیں: قاری بمنزلہ امام ہے، وہ سجدہ کرے گا تو سامعین اس کی اقتداء میں سجدہ کریں گے ورنہ نہیں۔ مگر احناف کے نزدیک یہ جواب صحیح نہیں، ان کے نزدیک سامع پر بہر حال سجدہ واجب ہے، خواہ قاری سجدہ کرے یا نہ کرے۔ اس لئے وہ جواب دیتے ہیں کہ سجدۂ تلاوت علی الفور واجب نہیں، بعد میں بھی کیا جاسکتا ہے۔ اور ممکن ہے جس وقت حضرت زید نے سورۃ النجم سنائی اس وقت آپؐ کی وضو نہ ہو یا سجدہ کا موقع نہ ہو، اس لئے آپؐ نے اس وقت سجدہ نہیں کیا، بعد میں کیا ہوگا۔ اس وقت سجدہ نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ نے بعد میں بھی سجدہ نہیں کیا۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اثر کے دو جواب دیئے گئے ہیں:

پہلا جواب: یہ دیا گیا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ سجدہ تلاوت میں سجدہ ہی ضروری نہیں، رکوع کر لینا بھی کافی ہے، بلکہ سر جھکا کر اشارہ کر لینا بھی کافی ہے مصنف ابن ابی شیبہ (۴۸۳:۳ طبع محمد عوامۃ) میں باب ہے إذا قرأ الرجلُ السجدةَ وهو يمشي ما يَصنَعُ؟ اس میں متعدد روایات ہیں جن سے ابن مسعودؓ کا مذہب یہ سمجھ میں آتا ہے کہ سجدہ ہی ضروری نہیں۔ اور ابن مسعود کے علوم میں اور حضرت عمرؓ کے علوم اور آراء میں بڑی حد تک ہم آہنگی تھی۔ پس ممکن ہے حضرت عمرؓ کا بھی یہی مذہب ہو —— مگر یہ جواب ضعیف ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سر جھکانا مروی نہیں بلکہ آپ کا صاف ارشاد ہے کہ یہ سجدے ہم پر لازم نہیں ہم چاہیں تو کریں اور چاہیں تو نہ کریں۔

اس لئے دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اپنا مذہب ہے کہ سجود تلاوت سنت ہیں، دیگر صحابہ کا یہ مذہب نہیں، آئندہ باب میں روایت آرہی ہے کہ حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بعض سجدوں کو واجب کہتے تھے اور بعض کو سنت۔ اس لئے حنفیہ نے حضرت عمر کی رائے کے بجائے دوسرے صحابہ کی رائے لی ہے، بلکہ حاشیہ میں تو عمدۃ القاری سے منقول ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ حضرت عمرؓ کی ایسی رائے ہے جس کو صحابہ میں سے کسی نے اختیار نہیں کیا۔ اور جب نبی ﷺ سے مواظبت کے ساتھ سجود تلاوت کرنا ثابت ہے تو عمل نبوی کی موجودگی میں کسی بھی صحابی کا قول لینے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ رہی بات اجماع سکوتی کی تو یہ اجماع نہیں ہے بلکہ شخصیت کے احترام میں خاموشی ہے۔ اور دونوں کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں پس ان میں فرق کرنا ضروری ہے۔ اور فرق اس طرح کیا جائے گا کہ اگر اس واقعہ کے بعد صحابہ نے اپنی سابق رائے چھوڑ دی تو یہ اجماع ہے، اور اگر نہیں چھوڑی تو یہ خاموشی شخصیت کے احترام میں ہے۔ اور یہ بات طے ہے کہ دوسرے صحابہ اپنی رائے پر قائم رہے تھے، انھوں نے اپنی رائے نہیں بدلی تھی جیسا حضرت علی اور ابن عباس کے مذہب سے معلوم ہوتا ہے، پس یہ اجماع نہیں ہے۔ واللہ اعلم

[۲۸۹] باب ماجاء من لم يسجد فيه

[۵۸۱-] حدثنا يَحيىَ بنُ موسى، نا وكيعٌ، عن ابنِ أبى ذِئْبٍ، عن يَزِيْدَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ قُسَيْطٍ، عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن زيدِ بنِ ثابتٍ، قال: قَرَأْتُ على رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم النَّجْمَ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا.

قال أبو عيسى: حديثُ زيدِ بنِ ثابتٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وتَأَوَّلَ بعضُ أهلِ العلمِ هٰذا الحديثَ، فقال: إِنَّمَا تَرَكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم السُّجُوْدَ، لِأَنَّ زَيْدَ بنَ ثابتٍ حينَ قَرَأَ فَلَمْ يَسْجُدْ لَمْ يَسْجُدِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم؛ وقالوا: السَّجْدَةُ واجبة على مَنْ سَمِعَهَا ولَمْ يُرَخِّصُوْا فِيْ تَرْكِهَا، وقالوا: إِن سَمِعَ الرجُلُ وهو على غَيْرِ وُضُوْءٍ فإذا تَوَضَّأَ سَجَدَ، وهُوَ قولُ سفيانَ وأهلِ الكُوْفَةِ، وبه يقولُ إسحاقُ.

وقال بعضُ أهلِ العلمِ إِنَّمَا السَّجْدَةُ على مَنْ أَرَادَ أَنْ يَسْجُدَ فِيْها، وَالْتَمسَ فَضْلَهَا، وَرَخَّصُوْا فِيْ تَرْكِهَا، قَالُوْا إِنْ أَرَادَ ذٰلِكَ، واحْتَجُّوْا بالحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ، حديثِ زِيْدِ بنِ ثابتٍ، قال: قَرَأْتُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم النَّجْمَ فَلَمْ يَسْجُدْ، فقالوا: لَوْ كانتِ السَّجْدَةُ وَاجِبَةً لَمْ يَتْرُكِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم زَيْدًا حَتّٰى كانَ يَسْجُدُ، وَيَسْجُدُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم.

وَاحْتَجُّوْا بِحديثِ عُمَرَ أَنَّهُ قَرَأَ سَجدَةً على المِنْبَرِ فَنزلَ فَسَجَدَ، ثم قَرَأَهَا فِيْ الْجُمُعَةِ الثَّانِيَةِ فَتَهَيَّأَ النَّاسُ للسُّجُوْدِ، فقال: إِنَّهَا لم تُكْتَبْ عَلَيْنا إِلَّا أَنْ نَشاءَ، فَلَمْ يَسْجُدْ وَلَمْ يَسْجُدُوْا، وَذَهَبَ بعضُ أهلِ العلمِ إِلٰى هَذَا، وهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ.

ترجمہ: بعض علماء نے اس حدیث کی تاویل کی ہے پس کہا: نبی ﷺ نے سجدہ اس لئے نہیں کیا کہ حضرت زیدؓ نے جب آیت سجدہ پڑھی تو سجدہ نہیں کیا، اس لئے نبی ﷺ نے بھی سجدہ نہیں کیا (یہ پہلا جواب پورا ہوا) اور انھوں نے کہا: سجدہ اس شخص پر واجب ہے جو آیت سجدہ سنے اور انھوں نے سجدہ ترک کرنے کی اجازت نہیں دی اور انھوں نے کہا: اگر آدمی آیت سجدہ سنے درانحالیکہ وہ بے وضو ہو تو جب وضوء کرے سجدہ کرے (یعنی علی الفور سجدہ ضروری نہیں بعد میں بھی سجدہ کرنا درست ہے۔ یہ دوسرا جواب پورا ہوا) اور یہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے اور اسحاق بن راہویہ اسی کے قائل ہیں۔ (اور میرا خیال یہ ہے کہ وقالوا: السجدة واجبة على من سمعها سے پہلے کچھ عبارت رہ گئی ہے، مگر کسی نسخہ میں ترکہ کا سراغ نہیں ملا، اس لئے میں نے زبردستی مطلب بیان کیا ہے)

اور بعض علماء کہتے ہیں: سجدہ اسی شخص پر ہے جو آیاتِ سجدہ میں سجدہ کرنا چاہے، اور وہ سجدوں کے ثواب کا طالب

ہو، اور اجازت دی انھوں نے سجدہ نہ کرنے کی، کہا انھوں نے: اگر وہ یہ چاہے یعنی سجدہ نہ کرنا چاہے تو اجازت ہے، اور انھوں نے حدیث مرفوع سے استدلال کیا ہے یعنی حضرت زید کی حدیث سے استدلال کیا ہے، انھوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۃ النجم سنائی، تو آپؐ نے سجدہ نہیں کیا۔ پس انھوں نے کہا: اگر سجدہ واجب ہوتا تو رسول اللہ ﷺ زید بن ثابت کو نہ چھوڑتے یہاں تک کہ وہ سجدہ کرتے (یعنی حضرت زیدؓ کو سجدہ کرنے کا حکم دیتے) اور نبی ﷺ بھی سجدہ کرتے (اس استدلال کے دو جواب امام ترمذی پہلے دے چکے ہیں)

اور انھوں نے استدلال کیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے کہ انھوں نے ممبر پر آیت سجدہ تلاوت کی، پس اترے اور سجدہ کیا، پھر اسی آیت کو دوسرے جمعہ میں پڑھا، پس لوگوں نے سجدہ کی تیاری کی تو آپؓ نے فرمایا: بیشک سجدے ہم پر فرض نہیں کئے گئے مگر یہ کہ ہم چاہیں، پس آپؓ نے سجدہ نہیں کیا اور لوگوں نے بھی سجدہ نہیں کیا۔ بعض علماء اس کی طرف گئے ہیں اور یہ شافعی اور احمد رحمہما اللہ کا قول ہے (اس کا جواب امام ترمذی رحمہ اللہ نے نہیں دیا، کیونکہ عمل نبوی کی موجودگی میں قولِ صحابی حجت نہیں)

بابُ ماجاءَ فی السَّجْدَةِ فِی صٓ

سورۂ صٓ میں سجدے کا بیان

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سورۂ صٓ میں سجدہ نہیں کیونکہ وہ داؤد علیہ السلام کی توبہ کا تذکرہ ہے جب اللہ تعالیٰ نے ان کی لغزش معاف کی تو انھوں نے سجدہ کیا، ہمیں وہاں سجدہ کرنے کا حکم نہیں۔ باقی تمام فقہاء سورۂ صٓ میں سجدہ مانتے ہیں، کیونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو سورۂ صٓ میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے اور یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔ علاوہ ازیں نسائی شریف میں صحیح سند سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''داؤد علیہ السلام نے توبہ کے طور پر سجدہ کیا اور ہم شکر کے طور پر سجدہ کرتے ہیں'' اس حدیث میں حضرت امام شافعی کے قیاس کا جواب بھی ہے۔

فائدہ: حضرت ابن عباس اور حضرت علی کے نزدیک قرآن کے سب سجدے ایک درجہ کے نہیں تھے، بعض واجب تھے اور بعض غیر واجب، پھر ابن عباسؓ سے تو کوئی تفصیل مروی نہیں، اور حضرت علیؓ نے عزائم السجود یہ بتائے ہیں۔ حم السجدۃ، النجم، العلق، الاعراف، بنی اسرائیل اور الم السجدۃ (معارف السنن ۵:۷۹)

[۲۹۰] باب ماجاء فی السجدة فی صٓ

[۵۸۲-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سفیانُ، عن أیوبَ، عن عِکْرِمةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: رأَیْتُ

رسولَ اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم یَسْجُدُ فی صٓ، قال ابنُ عباسٍ: ولَیْسَتْ مِنْ عَزَائِمِ السُّجُوْدِ.

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

واخْتَلَفَ أھلُ العلمِ من أصحاب النبیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم وغَیرِھم فی ھذا، فَرَأَی بعضُ أھلِ العلمِ أَنْ یُسْجَدَ فِیْھَا، وھو قولُ سفیانَ، وابنِ المبارکِ، والشافعیِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ. وقال بعضُھم: إِنَّھَا تَوْبَۃُ نَبِیٍّ، ولَمْ یَرَوْا السُّجُوْدَ فِیْھَا.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے امام شافعیؒ کو قائلینِ سجدۂ ص میں شمار کیا ہے، ممکن ہے یہ بھی آپ کی کوئی روایت ہو، اور امام ترمذی کو وہی پہنچی ہو۔ علاوہ ازیں امام شافعی نماز کے اندر سورۂ ص کے سجدہ کے قائل نہیں، مگر نماز کے باہر وہ یہ سجدہ مانتے ہیں اس لئے ممکن ہے امام ترمذی نے اس اعتبار سے ان کو قائلین سجدہ کی فہرست میں شمار کیا ہو۔

بابٌ فی السَّجْدَۃِ فی الْحَجِّ

سورۃ الحج میں سجدے کا بیان

امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سورۃ الحج میں صرف ایک سجدہ ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دو سجدے ہیں۔ ان کی دلیل دو حدیثیں ہیں: ایک: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث جو ابو داؤد (حدیث ۱۴۰۱) میں ہے اس کی سند میں عبد اللہ بن منین ضعیف راوی ہے۔ دوسری: حضرت عقبۃ بن عامر کی حدیث جو یہاں ہے وہ ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے، البتہ ابو داؤد (حدیث ۱۴۰۲) میں اس کی صحیح سند ہے مگر یہ حدیث اس بات میں صریح نہیں کہ یہ دونوں سجدے تلاوت کے ہیں، احتمال ہے کہ حضرت عقبہ کی مراد ایک سجدۂ تلاوت ہو اور دوسرا سجدۂ صلاۃ۔

فائدہ: اعلاء السنن اور فتح الملہم میں حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہٗ کا یہ ارشاد نقل کیا ہے کہ نماز سے باہر سورۃ الحج میں دوسرا سجدہ بھی کرنا چاہئے، اور نماز میں اس آیت پر رکوع کرنا چاہئے اور رکوع میں سجدہ کی نیت کرنی چاہئے تاکہ دوسرے ائمہ کے قول کی رعایت ہو جائے۔

[۲۹۱] بابٌ فی السجدۃ فی الحج

[۵۸۳-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، نا ابنُ لَھِیْعَۃَ، عن مِشْرَحِ بنِ ھَاعَانَ، عن عُقْبَۃَ بنِ عَامرٍ، قال: قلتُ: یارسولَ اللّٰہ! فُضِّلَتْ سورۃُ الحجِّ بِأَنَّ فِیْھَا سَجْدَتَیْنِ! قال: "نَعَمْ! وَمَنْ لَمْ یَسْجُدْھُمَا فَلاَ یَقْرَأْ ھُمَا"

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ لیسَ إسنادُہُ بالقَوِیِّ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی هٰذَا، فَرُوِیَ عن عُمَرَ بنِ الخطابِ، وابنِ عُمَرَ، أَنَّهُمَا قالا: فُضِّلَتْ سورةُ الحجِّ بِأَنَّ فِيْهَا سَجْدَتَيْنِ، وبه يقولُ ابنُ المباركِ، والشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ؛ ورَأَى بعضُهم فِيْهَا سَجْدَةً، وهو قولُ سفيانَ الثوریِّ، ومالكٍ، وأهلِ الكُوفةِ.

ترجمہ: عقبہ بن عامر کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! سورۃ الحج کو یہ فضیلت حاصل ہے کہ اس میں دو سجدے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ہاں! اور جوان کو نہ کرے وہ ان کو نہ پڑھے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند قوی نہیں۔ اور علماء اس مسئلہ میں مختلف ہیں اور حضرت عمر اور ابن عمر سے مروی ہے کہ ان دونوں نے فرمایا: سورۃ الحج کو فضیلت حاصل ہے کہ اس میں دو سجدے ہیں اور ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق کا یہی قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اس میں ایک سجدہ ہے اور یہ سفیان ثوریؒ، مالکؒ اور کوفہ والوں کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ مايقولُ فی سُجُوْدِ القُرْآنِ؟

سجود تلاوت میں کیا ذکر کرے؟

اگر کوئی شخص فرض نماز میں سجدۂ تلاوت کرے تو سجدہ کی تسبیح سبحان ربی الاعلی پڑھے، اور نفل نماز میں یا جماعت سے باہر سجدہ کرے تو چاہے تسبیح پڑھے اور چاہے تو وہ ذکر کرے جو اس روایت میں آیا ہے۔ اور اگر کوئی شخص سجدۂ تلاوت میں کچھ بھی نہ پڑھے، خاموش رہے تو بھی سجدہ صحیح ہے، ہدایہ کی شرح عنایہ میں یہ مسئلہ ہے۔

پہلی حدیث: حسن بن محمد بن عبید اللہ کہتے ہیں: مجھ سے ابن جریج نے کہا: اے حسن! مجھے تیرے دادا عبید اللہ بن ابی یزید نے بتلایا، ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہوئے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ پس اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آج رات میں نے اپنے کو دیکھا درانحالیکہ میں سو رہا ہوں (یعنی خواب دیکھا) کہ ایک درخت کے نیچے نماز پڑھ رہا ہوں (اور سورۂ صٓ تلاوت کر رہا ہوں، جب آیت سجدہ پر پہنچا) تو میں نے سجدہ کیا تو درخت نے بھی میرے ساتھ سجدہ کیا۔ پس میں نے درخت کو سنا کہ وہ یہ کہہ رہا ہے: ''اے اللہ! آپ میرے لئے اس سجدہ کی وجہ سے اپنے پاس ثواب لکھئے۔ اور آپ اس کی وجہ سے مجھ سے گناہوں کا بوجھ اتار دیجئے اور آپ اس کو اپنے پاس میرے لئے ذخیرہ بنایئے، اور آپ اس کو میری طرف سے قبول فرمایئے۔ جس طرح آپ نے اس کو اپنے بندے داؤد کی طرف سے قبول فرمایا''

حسن کہتے ہیں: مجھ سے ابن جریج نے بیان کیا کہ مجھ سے تیرے دادا نے کہا کہ ابن عباسؓ نے فرمایا: پس نبی ﷺ نے آیت سجدہ پڑھی پھر سجدہ کیا۔ پس ابن عباسؓ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا اور آپؐ کہہ رہے

تھے اس کے مانند جو آپ کو اس آدمی نے درخت کے قول سے بتایا تھا (یعنی درخت نے جو دعا پڑھی تھی وہی دعاء رسول اللہ ﷺ نے بھی پڑھی)

تشریح: میرک شاہ نے فرمایا: وہ صحابی جنھوں نے مذکور خواب دیکھا تھا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ تھے اور یہ حدیث غریب ہے، اس لئے کہ حسن بن محمد سے اوپر یہی ایک سند ہے اور حسن بن محمد کی عقیلی نے تضعیف کی ہے اور ابن حبان نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے اس راوی کو مقبول بتایا ہے (تقریب)

جاننا چاہئے کہ یہ خواب از قبیل مبشرات ہے اور جو خواب مبشرات کے قبیل سے ہوتے ہیں ان کی تعبیر نہیں ہوتی، دوسری بات یہ ہے کہ خواب میں وہی تصورات آتے ہیں جو خزانۂ خیال میں بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے خیال میں یہ بات بیٹھی ہوئی ہے کہ سورۂ صٓ میں سجدہ ہے۔ چنانچہ جب انھوں نے خواب میں یہ آیت پڑھی تو سجدہ کیا۔ معلوم ہوا کہ اس سورت میں سجدہ پکا ہے، صحابہ کے ذہنوں میں یہ بات بیٹھی ہوئی تھی بلکہ انسان ہی نہیں نباتات بھی جانتے تھے کہ اس سورت میں سجدہ ہے۔

دوسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب تہجد میں آیت سجدہ تلاوت کر کے سجدہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے: ''اس ذات کے لئے میرے چہرہ نے سجدہ کیا جس نے اس کو پیدا کیا اور جس نے اس میں سماعت و بصارت کو جلوہ گر کیا۔ اپنی قدرت اور طاقت سے'' (یہ ذکر بھی بہت قیمتی ہے، اس کو بھی یاد کریں اور سجدۂ تلاوت میں پڑھیں)

[٢٩٢] باب ماجاء مايقول في سجود القرآنِ؟

[٥٨٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا محمدُ بنُ يَزِيْدَ بنِ خُنَيْسٍ، نا الحسنُ بنُ محمدِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أبى يَزِيْدَ، قال: قال لى ابنُ جُرَيْجٍ: ياحَسَنُ أَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ أبى يَزِيْدَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: جاء رَجُلٌ إلى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فقال يارسولَ اللّٰهِ! إِنِّیْ رَأَيْتُنِیْ اللَّيْلَةَ وَأَنَا نَائِمٌ كَأَنِّیْ أُصَلِّیْ خَلْفَ شَجَرَةٍ، فسَجَدْتُ، فَسَجَدَتِ الشجرةُ لِسُجُوْدِیْ، فَسَمِعْتُهَاوَهِیَ تقولُ: اللّٰهُمَّ اكْتُبْ لى بها عندَكَ أَجْرًا،وضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، واجْعَلْهَا لِیْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ كما تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عبدِك داودَ، قال الحسنُ: قالَ لى ابنُ جُرَيْجٍ: قال لى جدُّكَ: قال ابنُ عباسٍ: فَقَرَأَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم سَجْدَةً ثُم سجدَ، فقال ابنُ عباسٍ: سَمِعْتُهُ وهو يقولُ مِثْلَ ما أَخْبَرَهُ الرجلُ عن قَوْلِ الشَّجَرَةِ.

وفى الباب: عن أبى سعيدٍ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ مِن حديثِ ابنِ عباسٍ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

[۵۸۵-] حدثنا محمدُ بنُ بَشّارٍ، نا عبدُ الوَهّابِ الثقفيُّ، نا خالِدُ الحَذّاءُ، عن أبی العالِيَةِ، عن عائشةَ، قالتْ: كانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقولُ فی سُجُوْدِ الْقُرْآنِ باللّيْلِ: "سَجَدَ وَجْهِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَهُ، وشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قوله: بالليل: یعنی نماز تہجد میں جب سجدہ کرتے تو یہ ذکر کرتے تھے۔

بابُ ماذُكِرَ فِيمَنْ فَاتَهُ حِزْبُهُ مِنَ اللَّيْلِ فَقَضَاهُ بِالنَّهَارِ

رات کا وِرد رہ جائے تو اس کو دن میں قضاء کرے

ابواب السجود مکمل ہوگئے، اب کتاب الصلاۃ کے آخر تک متفرق ابواب ہیں جن کا کسی خاص سلسلۂ بیان سے تعلق نہیں ——— جس شخص کا رات میں کوئی معمول ہو، نوافل کا یا کسی اور عمل کا، اور سوتے رہ جانے کی وجہ سے یا کسی اور سبب سے وہ چھوٹ جائے یا اس میں کچھ کمی رہ جائے تو سورج نکلنے کے بعد زوال سے پہلے اپنا ورد مکمل کرلے۔ رات میں عمل کرنے کی جو برکت ہے وہ حاصل ہوجائے گی۔

اب چار باتیں سمجھنی چاہئیں:

۱-انسان کو اوراد کے ساتھ واجب جیسا معاملہ کرنا چاہئے، اگرچہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضروری نہیں، مگر وقتِ مقررہ پر پابندی سے عمل کرنے میں جو برکت ہے وہ دوسرے وقت میں عمل کرنے میں نہیں ہے۔ اگرچہ ثواب مل جاتا ہے۔

۲-اوراد ونوافل کی قضاء نہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو قضاء کا لفظ استعمال کیا ہے وہ عرف عام کے اعتبار سے کیا ہے، لغت میں اداء اور قضا کے الگ الگ معنی ہیں مگر عرف میں ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں۔ پس یہاں قضاء بمعنی اداء ہے۔

۳-مقررہ وقت میں کسی عمل کو کرنے میں جو بات ہے وہ بدل سے پیدا نہیں ہوسکتی اسی لئے حدیث میں کَأَنَّ: گویا ہے۔

۴-اس حدیث میں حکم ہے کہ اوراد کا بدل ضرور کیا جائے۔ کیونکہ اخبار: انشاء کو متضمن ہوتی ہیں۔

[۲۹۳] باب ماذكر فيمن فاته حِزْبُه من الليل، فقضاه بالنهار

[۵۸۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبوصَفْوانَ، عن يونُس، عن ابنِ شهابٍ، أَنَّ السَّائِبَ بنَ يَزِيْدَ، وعُبَيْدَ اللّٰهِ، أخبراه عن عبدِ الرحمنِ بنِ عبد القاریِّ، قال: سَمِعْتُ عُمَرَ بنَ الخطابِ يقولُ: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهِ أَوْ عَنْ شَيْئٍ مِنْهُ فَقَرَأَهُ مَا بَيْنَ صَلاَةِ الفَجْرِ وَصَلاَةِ الظُّهْرِ

كُتِبَ له كَأَنَّمَا قَرَأَهُ مِنَ اللَّيْلِ"
قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبو صَفْوَانَ: اسمُه عبدُ اللّٰهِ بنُ سَعِيدٍ المَكِّيُّ، ورَوَى عنه الْحُمَيْدِيُّ و كِبَارُ النَّاسِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے پورے ورد سے یا اس کے کچھ حصہ سے سو گیا، پس اس نے وہ ورد فجر اور ظہر کے درمیان پڑھا تو اس کے لئے لکھا جائے گا: گویا اس نے اس کو رات میں پڑھا'' یعنی رات میں پڑھنے کی برکت حاصل ہوگی۔

تشریح: امام ترمذیؒ کے استاذ الاستاذ ابو صفوان کا نام عبد اللہ بن سعید مکی ہے اور ان سے حمیدی اور دیگر ائمہ روایت کرتے ہیں، یعنی وہ ثقہ ہیں، کیونکہ اکابر محدثین کا کسی سے روایت کرنا مروی عنہ کی توثیق ہے۔ اور مذکورہ حدیث کی سند شاندار ہے اس میں کوئی ضعیف راوی نہیں۔ اور ابن شہاب نے یہ حدیث سائب بن یزید اور عبید اللہ دونوں سے روایت کی ہے۔ یہ عبید اللہ حضرت ابن مسعودؓ کے بھتیجے کے لڑکے: عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود ہیں مسلم شریف کی روایت میں اس کی صراحت ہے اور وہ ثقہ ہیں، یہ عبید اللہ عمری نہیں جیسا کہ تحفۃ الاحوذی میں تعیین کی ہے۔ اور عبد الرحمٰن کی نسبت القاری ہے، عرب کا ایک قبیلہ ہے: قارّ جو تیر اندازی میں مشہور تھا اس کی طرف نسبت ہے۔

بابُ ماجاء مِنَ التِّشْدِيْدِ فی الَّذِیْ یَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الإمَامِ

امام سے پہلے سر اٹھانے والے کے لئے وعید

نماز کے کسی بھی رکن میں امام سے پہلے پہنچ جانا یا امام سے پہلے سر اٹھا لینا مکروہ تحریمی ہے، مگر اس کراہتِ کی وجہ سے نماز کا اعادہ نہیں اس لئے کہ یہ کراہت نماز کے کسی جز کی وجہ سے نہیں بلکہ متابعت کے باب سے ہے، یعنی مقتدی پر امام کی پیروی واجب ہے اس کی وجہ سے یہ کراہت ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ سے ایک روایت یہ ہے کہ امام سے پہلے کسی رکن میں پہنچ جانے سے یا سر اٹھا لینے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے، مگر جمہور کے نزدیک نماز فاسد نہیں ہوتی البتہ یہ مذموم حرکت ہے جس کی وجہ سے نماز مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ حدیث میں ایسے شخص کے لئے وعید آئی ہے:

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا وہ شخص جو اپنا سر امام سے پہلے اٹھاتا ہے اس سے نہیں ڈرتا کہ اللہ تعالیٰ اس کے سر کو گدھے کے سر سے بدل دیں؟!''

تشریح: اس حدیث میں جو مضمون ہے وہ کچھ حضرات کے گلے نہیں اترا۔ ایسی صورت میں لوگ راویوں کو دیکھتے ہیں کہ کس کے سر الزام تھوپیں۔ چنانچہ محمد بن زیاد نیا راوی ہاتھ آ گیا، اس کے سر الزام دھر دیا کہ اس نے حدیث میں

گڑبڑ کی ہے، جبکہ یہ راوی ثقہ اور قابل اعتماد ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے سند کے بیچ ہی میں کہا: هو ثقةٌ، اور خود راوی نے جواب دیا کہ یہ حدیث خبر نہیں ہے بلکہ وعید کی حدیث ہے، اور دلیل یہ ہے کہ حدیث کے شروع میں: أمايخشي: ''کیا نہیں ڈرتا'' آیا ہے اور جس حدیث میں کوئی خبر دی گئی ہو اس کے لئے تو ویسا ہی ہونا ضروری ہے مگر وعید کی حدیث میں جو بات بیان کی جاتی ہے اس کا اس دنیا میں پورا ہونا ضروری نہیں، آگے بھی زندگیاں ہیں، برزخ کی زندگی ہے، حشر کی زندگی ہے، وہاں بھی وہ وعید پوری ہوسکتی ہے۔ غرض اس حدیث پر اعتراض لغو ہے، کیونکہ یہ وعید کی حدیث ہے۔

اور حاشیہ میں ایک واقعہ لکھا ہے کہ ایک محدث نے اس حدیث کو آزمایا۔ انھوں نے بالقصد نماز کے کسی رکن میں امام سے پہلے سر اٹھالیا۔ چنانچہ ان کا سر گدھے کا سر ہوگیا، پھر وہ محدث نقاب ڈال کر حدیث پڑھانے آتے تھے۔ یہ بے صفحہ کا قصہ ہے۔ طالب علم سوال کرتا ہے: کیا ایسا نہیں ہوسکتا؟ جواب یہ ہے کہ ایک بار نہیں ہزار بار ہوسکتا ہے مگر ایسا ہوا اس کی کیا دلیل ہے؟ یہ انوکھا اور عجیب وغریب واقعہ اگر ظہور پذیر ہوا ہوتا تو تواتر کے ساتھ منقول ہوتا اور تاریخ کی کتابوں میں اس کا تذکرہ ہوتا، اسماء الرجال کی کتابوں میں اس کا ذکر آتا، جبکہ کسی کتاب میں اس کا تذکرہ نہیں۔ یہ دلیل ہے کہ یہ بے صفحہ کا قصہ ہے۔

فائدہ: لوگ ایک بڑی غلطی کرتے ہیں: وہ ایسی ویسی کچی باتوں کو اور مہمل حکایات کو کرامت کے نام پر مان لیتے ہیں اور کہتے ہیں: کیا ایسا نہیں ہوسکتا؟ حالانکہ ''ہوسکتا ہے'' اور ہے اور ''ہوا ہے'' اور ہے، سب کچھ ہوسکتا ہے، مگر ہوا ہے اس کی دلیل چاہئے۔ سورۃ الفرقان (آیت ۷۳) میں مؤمن کی شان یہ بیان کی گئی ہے کہ جب اس کے سامنے کوئی بات دین کے عنوان سے آتی ہے تو وہ اس پر بہرہ گونگا ہو کر نہیں گرتا، عقل سے کام لیتا ہے، کھری بات قبول کرتا ہے اور کچی بات رد کردیتا ہے۔ لہٰذا حکایات الاولیاء آنکھ بند کرکے نہیں مان لینی چاہئیں، اس سے گمراہی کا دروازہ کھلتا ہے۔

[۲۹۴] باب ماجاء من التشديد فی الذی يَرْفَعُ رَأْسَه قبلَ الإمام

[۵۸۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حمادُ بنُ زيدٍ، عن محمدِ بنِ زيادٍ، وهو أبو الحارثِ البَصْرِيُّ ثِقَةٌ، عن أبی هريرةَ، قال: قال محمدٌ صلی الله عليه وسلم:" أَمَا يَخْشَى الَّذِیْ يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الإِمَامِ أَنْ يُحَوِّلَ اللّٰهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ؟!"

قال قُتَيْبَةُ: قال حمادٌ: قال لی محمدُ بنُ زيادٍ: إِنَّمَا قَالَ:" أَمَا يَخْشَى"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، ومحمدُ بنُ زيادٍ: وهو بَصْرِیٌّ ثِقَةٌ يُكْنَى أبا الحَارِثِ.

ترجمہ: محمد بن زیاد نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے أما يخشي: کیا وہ نہیں ڈرتا ہی فرمایا ہے، یعنی یہ اخبار نہیں ہے، بلکہ وعید ہے۔

بابُ ماجاء فی الَّذِیْ یُصَلِّیْ الفَرِیْضَۃَ ثُمَّ یَؤُمُّ النَّاسَ بَعْدَ ذٰلِكِ

فرض پڑھ کر امامت کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی اقتداء، اسی طرح فرض پڑھنے والے کے پیچھے نفل پڑھنے والے کی اقتداء صحیح ہے یا نہیں؟ ربیعۃ الرائے، امام زہری اور امام مالک رحمہم اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ صحیح نہیں۔ نہ مفترض کی نماز متنفل کی اقتداء میں درست ہے اور نہ متنفل کی نماز مفترض کی اقتداء میں درست ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ دونوں صورتیں درست ہیں۔ یعنی فرض پڑھنے والے کے پیچھے نفل پڑھنے والے کی نماز بھی صحیح ہے اور نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی بھی نماز صحیح ہے۔ اور امام اعظمؒ، امام مالکؒ اور امام احمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ اگر امام اقوی ہے تو اقتداء صحیح ہے اور اگر امام اضعف ہے تو اقتداء صحیح نہیں، پس مفترض کی اقتداء میں متنفل کی نماز تو صحیح ہے کیونکہ امام اقوی ہے مگر متنفل کی اقتداء میں مفترض کی نماز صحیح نہیں، کیونکہ امام اضعف ہے۔

اور اگر قوت میں امام و مقتدی برابر ہوں مگر نمازیں مختلف ہوں، مثلاً امام عصر پڑھ رہا ہو اور مقتدی ظہر کی نیت سے جماعت میں شریک ہو تو احناف کے نزدیک اقتداء صحیح نہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ کا فتوی نقل کیا ہے کہ امام اور مقتدی کے فرض الگ الگ ہوں تو بھی اقتداء صحیح ہے، مگر محدثین نے اس اثر کو بہت تلاش کیا، کسی کتاب میں یہ روایت نہیں ملی۔

جاننا چاہئے کہ اگر کوئی حدیث کتب فقہ میں یا کتب لغت حدیث میں یا کتب تفسیر میں یا بزرگوں کے ملفوظات میں یا کسی اور جگہ پائی جائے مگر حدیث کی کتابوں میں سند کے ساتھ نہ ہو تو وہ معتبر نہیں۔ حدیث قابلِ قبول اس وقت ہے جب وہ حدیث کی کسی کتاب میں پائی جائے اور اس کی سند قابل اعتبار ہو۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت ابوالدرداءؓ کا جو فتوی نقل کیا ہے وہ حدیث کی کسی کتاب میں نہیں ملا اور اس کی سند بھی معلوم نہیں اس لئے وہ قابل استدلال نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں ایک واقعہ مذکور ہے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ عشاء کی نماز پڑھ کر اپنے قبیلہ کی مسجد میں جاتے تھے اور وہاں امامت کرتے تھے اور طویل قراءت کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ حضور اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز تاخیر سے پڑھائی، اس لئے حضرت معاذؓ بھی اپنے قبیلے کی مسجد میں تاخیر سے پہنچے۔ پھر انھوں نے نماز میں سورۂ بقرہ شروع کردی، اور اس زمانہ میں قرآن میں رکوع نہیں تھے۔ چنانچہ ایک صحابی جو دن بھر کے تھکے ہوئے تھے، برداشت نہ کر سکے، انھوں نے نماز توڑ دی اور تنہا نماز پڑھ کر جا کر سو گئے، لوگوں نے کہنا شروع کیا: فلاں منافق ہوگیا۔ اگلے دن وہ صحابی آنحضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت

معاذ بھی اتفاق سے وہاں موجود تھے۔ انھوں نے سارا قصہ بیان کیا تو حضور اکرم ﷺ حضرت معاذ پر سخت غضبناک ہوئے اور فرمایا: ''معاذ! کیا تم لوگوں کو آزمائش میں ڈالدوگے!'' یہاں تک بخاری (حدیث ۷۰۵) میں ہے۔ اور مجمع الزوائد (۲:۷۲) میں ہے: ''آئندہ یا تو میرے ساتھ نماز پڑھو یا ہلکی نماز پڑھاؤ''

اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ نے متنفل کی اقتداء میں مفترض کی نماز کے صحیح ہونے پر استدلال کیا ہے۔ کیونکہ جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ عشاء پڑھ چکے ہیں تو وہ نفل کی نیت سے نماز پڑھائیں گے، اور مقتدی فرض پڑھ رہے ہیں، معلوم ہوا کہ متنفل کی اقتداء میں مفترض کی نماز صحیح ہے۔ اور اس کی برعکس صورت میں تو بدرجۂ اولیٰ صحیح ہے۔ علاوہ ازیں پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ حضور اکرم ﷺ اور صحابہ مسجد نبوی میں تھے کہ ایک شخص آیا اس نے نماز نہیں پڑھی تھی، آپؐ نے فرمایا: اس کے ساتھ کون تجارت کرے گا؟ چنانچہ ابوبکر رضی اللہ عنہ نفل کی نیت سے شریک ہوئے اور ان صحابی نے امامت کی۔ معلوم ہوا کہ مفترض کے پیچھے متنفل کی نماز بھی صحیح ہے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ نے اس استدلال کے تین جواب دیئے ہیں:

۱- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کی اقتداء میں فرض کی نیت سے نماز پڑھتے تھے اس کی کوئی دلیل نہیں، ممکن ہے وہ نفل کی نیت سے شریک ہوتے ہوں، پھر قوم میں جا کر فرض پڑھاتے ہوں اور یہ بات حضرت معاذ ہی بتا سکتے ہیں، دوسرا نہیں بتا سکتا، کیونکہ یہ نیت کا معاملہ ہے، اور اب حضرت معاذ رہے نہیں اس لئے اس حدیث سے استدلال درست نہیں۔

۲- حضرت معاذ کا یہ فعل حضور اکرم ﷺ کے علم میں نہیں تھا۔ جب آپؐ کو اس کا علم ہوا تو آپؐ نے ان کو اس پر برقرار نہیں رکھا بلکہ حکم دیا کہ یا تو میرے ساتھ نماز پڑھو اور امامت چھوڑ دو یا امامت کرو اور نماز ہلکی پڑھاؤ۔ اگر حضور اکرم ﷺ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو ان کے عمل پر برقرار رکھتے تو استدلال صحیح تھا۔ جب آپؐ نے برقرار نہیں رکھا تو استدلال درست نہیں۔

۳- شروع اسلام میں فرض بار بار پڑھنا جائز تھا، یہ واقعہ اسی زمانہ کا ہے پس ممکن ہے حضرت معاذ حضور اکرم ﷺ کے ساتھ بھی فرض پڑھتے ہوں اور قوم کو بھی فرض کی نیت سے نماز پڑھاتے ہوں، پھر جب فرض کی تکرار کا جواز منسوخ ہوگیا تو یہ حدیث بھی منسوخ ہوگئی۔

مگر اس تیسرے جواب کو ثابت کرنے کے لئے دو باتیں ثابت کرنی ہونگی: ایک: ابتداء اسلام میں فرض بار بار پڑھنا جائز تھا، دوسرے: حضرت معاذ دونوں جگہ فرض کی نیت سے عشاء پڑھتے تھے، اگر پہلی بات ثابت ہو بھی جائے تو بھی دوسری بات ثابت نہیں ہوسکتی، کیونکہ وہ غیب کا معاملہ ہے جسے اللہ تعالیٰ کے علاوہ صاحبِ معاملہ ہی جانتا ہے، کوئی دوسرا نہیں جان سکتا۔ اس لئے یہ جواب کمزور ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام ترمذیؒ نے جو حدیث بیان کی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت معاذ: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مغرب پڑھتے تھے پھر قوم میں جا کر نماز پڑھاتے تھے۔ اس حدیث سے تو جھگڑا ہی ختم ہو گیا، ظاہر ہے وہ اپنے قبیلہ کی مسجد میں عشاء پڑھائیں گے، مغرب نہیں پڑھائیں گے اس لئے کہ مغرب کے وقت میں اتنی گنجائش نہیں کہ حضرت معاذ پہلے مسجد نبوی میں آپؐ کے ساتھ مغرب پڑھیں پھر قوم میں جا کر سورۂ بقرۃ کے ساتھ مغرب پڑھائیں؟ لامحالہ یہ عشاء پڑھانے کا واقعہ ہے۔ مگر میرا خیال ہے کہ اس روایت میں مغرب کا لفظ محفوظ نہیں۔ صحیح واقعہ وہ ہے جو اوپر آیا کہ وہ عشاء پڑھ کر جاتے تھے اور عشاء پڑھاتے تھے اور یہاں اس کو مغرب مجازاً کہا گیا ہے۔

[۲۹۵] باب ماجاء فی الذی یصلی الفریضة، ثم یَؤُمُّ الناس بعد ذلك

[۵۸۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دينارٍ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، أَنَّ مُعاذَ بنَ جَبَلٍ كان يُصَلِّى مع رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم المغربَ، ثم يَرْجِعُ إلى قَوْمِهِ فَيَؤُمُّهُمْ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ أصحابنا: الشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ، قالوا: إِذَا أَمَّ الرَّجُلُ القومَ فى المَكْتُوْبَةِ، وقد كان صَلَّاهَا قَبْلَ ذلكَ: أَنَّ صَلَاةَ مَنِ ائْتَمَّ به جَائِزَةٌ، واحْتَجُّوْا بحديثِ جابرٍ فِىْ قَصَّةِ مُعَاذٍ، وهو حديثٌ صحيحٌ، وقد رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن جابرٍ.

وَرُوِىَ عن أبى الدَّرْدَاءِ أَنَّهُ سُئِلَ عن رَجُلٍ دخلَ المسجدَ والقومُ فى صلاةِ العَصْرِ وَهُوَ يَحْسَبُ أَنَّهَا صلاةُ الظهر فَائْتَمَّ به؟ قال: صلاتُه جَائِزَةٌ.

وقد قال قومٌ مِنْ أهلِ الكُوْفَةِ: إِذَا ائْتَمَّ قومٌ بِإِمَامٍ، وهو يُصَلِّى العصرَ، وهم يَحْسَبُوْنَ أَنَّهَا الظُّهْرُ، فَصَلَّى بِهِمْ وَاقْتَدَوْا به: فَإِنَّ صلاةَ المُقْتَدِىْ فاسدَةٌ، إِذَا اخْتَلَفَ نِيَّةُ الإِمَامِ وَالْمَأْمُوْمِ.

ترجمہ: جابرؓ کہتے ہیں: معاذؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مغرب پڑھا کرتے تھے پھر اپنی قوم میں واپس لوٹتے تھے اور ان کو امام بن کر نماز پڑھاتے تھے، اس حدیث پر ہمارے اکابر: شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ کا عمل ہے۔ وہ کہتے ہیں: جب آدمی کسی قوم کو فرض پڑھائے درانحالیکہ وہ اس فرض کو پہلے پڑھ چکا ہے تو ان لوگوں کی نماز صحیح ہے جو اس کی اقتداء کریں۔ اور انھوں نے حضرت جابر کی اس حدیث سے جس میں حضرت معاذ کا واقعہ ہے استدلال کیا ہے۔ اور یہ حدیث صحیح ہے اور حضرت جابر سے متعدد طرق سے مروی ہے۔

اور ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے ایک ایسے آدمی کے بارے میں پوچھا گیا جو مسجد میں آیا درانحالیکہ لوگ عصر کی نماز میں تھے، اور اس نے گمان کیا کہ یہ ظہر کی نماز ہے۔ پس اس نے امام کی اقتداء کی (تو کیا اس شخص کی نماز صحیح ہے؟) ابو الدرداءؓ نے فرمایا: اس کی نماز صحیح ہے۔

اور کوفہ والوں میں سے ایک جماعت نے کہا: جب لوگوں نے کسی امام کی اقتداء کی، درانحالیکہ وہ امام عصر کی نماز پڑھا رہا تھا اور لوگوں کا گمان یہ ہے کہ وہ ظہر پڑھ رہا ہے پس اس امام نے لوگوں کو نماز پڑھائی، اور لوگوں نے اس کی اقتداء کی تو مقتدی کی نماز فاسد ہے جبکہ امام اور مقتدی کی نیت مختلف ہو یعنی ان کی نمازیں علحدہ علحدہ ہوں۔

بابُ ماذُكِرَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِی السُّجُوْدِ عَلَی الثَّوْبِ فِی الْحَرِّ والْبَرْدِ

سردی گرمی میں بدن سے متصل کپڑے پر سجدہ کرنا

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو کپڑا بدن سے متصل ہے مثلاً چادر اوڑھ رکھی ہے، اگر نمازی اس کپڑے کے فاضل حصہ پر سجدہ کرے تو نماز صحیح نہیں۔ اور جمہور کے نزدیک نماز صحیح ہے۔ بدن سے متصل کپڑے پر بھی سجدہ کرنا جائز ہے اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ علامہ بیہقی رحمہ اللہ نے امام شافعی رحمہ اللہ کی دلیل میں وہ حدیث ذکر کی ہے جس میں صحابہ کہتے ہیں: ہم سخت گرمیوں میں نماز شروع کرنے سے پہلے ہاتھ میں کنکریاں لے لیتے تھے۔ اور پوری رکعت میں مٹھی بند رکھ کر ان کنکریوں کو ٹھنڈا کرتے تھے۔ پھر ان کو بچھا کر ان پر سجدہ کرتے تھے۔ پھر جب دوسری رکعت کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو پھر مٹھی بھرلاتے تھے (مشکوۃ حدیث ۱۰۱۱) اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ کا استدلال اس طرح ہے کہ جو کپڑا پہن رکھا ہے یا اوڑھ رکھا ہے اگر اس کے فاضل حصہ پر سجدہ جائز ہوتا تو صحابہ کو یہ تکلف کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اپنے فاضل کپڑے پر سجدہ کر لیتے، مگر یہ استدلال صحیح نہیں۔ اس لئے کہ دور اول میں ہر شخص کے پاس ایسا کپڑا کہاں تھا کہ اس کے فاضل حصہ پر سجدہ کرتا؟! بعض کے پاس تو ایک ہی کپڑا ہوتا تھا جس کو وہ لنگی کی جگہ باندھ لیتے تھے اور کرتے کی جگہ استعمال کرنے کے لئے ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا تھا، پس وہ کپڑے پر سجدہ کس طرح کرتے ——— اور جمہور کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہم نبی ﷺ کے پیچھے سخت گرمیوں کی دوپہر میں نماز پڑھتے تھے تو گرمی سے بچنے کے لئے ہم اپنے کپڑوں پر سجدہ کرتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور استدلال بھی واضح ہے کیونکہ جو کپڑے اوڑھ رکھے ہیں یا پہن رکھے ہیں وہ مراد ہیں۔ صحابہ ان پر سجدہ کرتے تھے۔ اور موسم سرما کو گرما پر قیاس کریں گے۔ پس سردی سے بچنے کے لئے بھی بدن سے متصل کپڑے پر سجدہ کرنا جائز ہے۔

[۲۹۶] باب ماذُكر من الرخصة فی السجود علی الثوب فی الحر والبرد

[۵۸۹-] حدثنا أحمدُ بن محمدٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارَكِ، نا خالدُ بنُ عبدِ الرحمن، قال: حَدَّثَنِیْ

غَالِبٌ القَطَّانُ، عن بَكْرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ المُزَنِيِّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا خَلْفَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بالظَّهَائِرِ: سَجَدْنَا على ثِيَابِنَا اتِّقَاءَ الحَرِّ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عن جابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وابنِ عباس. وقد رَوَى هذا الحديثَ وَكيعٌ عن خالدِ بنِ عبدِ الرحمنِ.

لغت: الظَّهَائِر: الظَّهِيْرة کی جمع ہے۔ جس کے معنی ہیں: دوپہر، نصف النہار۔

بابُ ماذُكِرَ مِمَّا يُسْتَحَبُّ مِنَ الجُلُوْسِ في المَسْجِدِ بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

فجر کی نماز کے بعد طلوعِ شمس تک مسجد میں ٹھہرنے کا بیان

پہلی حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب فجر پڑھ کر فارغ ہوجاتے تھے تو نماز پڑھنے کی جگہ میں ٹھہرے رہتے تھے تاآنکہ سورج طلوع ہوجاتا تھا، پھر اشراق پڑھ کر گھر تشریف لے جاتے تھے۔

تشریح: یہ فعلی حدیث ہے اور راوی نے جو اندازِ بیان اختیار کیا ہے اس سے پتہ چلتا ہے کہ یہ آپؐ کا دائمی معمول تھا، حالانکہ یہ دائمی معمول نہیں تھا، کبھی کبھار کا عمل تھا، اور کتاب الصلاۃ کے شروع میں یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ رُوات: حدیثوں میں دو مجازی تعبیریں اختیار کرتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ آپؐ نے کوئی عمل زندگی میں صرف ایک دوبار کیا اس کو بھی راوی ماضی استمراری کے صیغے سے تعبیر کرتے ہیں، اور اس طرح جواز کے استمرار کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے فجر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی پھر وہ مسجد میں رکا رہا اور اللہ کا ذکر کرتا رہا یہاں تک کہ سورج نکل آیا پھر دو رکعتیں پڑھیں تو وہ دو رکعتیں اس کے لئے ایک حج اور ایک عمرہ کے ثواب کے مانند ہونگی'' راوی کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے تین بار فرمایا: تامَّةٍ، تامَّةٍ، تامَّةٍ۔ یعنی کامل، کامل، کامل حج وعمرہ کا ثواب ملے گا۔

تشریح: اس حدیث میں ایک راوی ابوظلال ہلال بن ابی ہلال القسملی ہے۔ عام طور پر محدثین نے اس کی تضعیف کی ہے، مگر امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ راوی ٹھیک ہے۔ فرماتے ہیں: امام بخاری نے اس کو مقارب الحدیث کہا ہے۔ مگر حافظ رحمہ اللہ نے تہذیب (۸۵:۱۱) میں امام بخاریؒ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ اس راوی کی حدیثیں منکر ہیں۔

اور اس قولی حدیث کے دو مطلب ہیں:

پہلا مطلب: فجر کی نماز کے بعد طلوع شمس تک مسجد میں ٹھہرنے کا پھر اشراق کی دو رکعتیں پڑھنے کا ثواب کامل

ایک حج اور ایک عمرہ کے ثواب کے برابر ہے۔ اس صورت میں حدیث میں داوم اور واظَبَ کی قید ملحوظ ہوگی، یعنی مذکورہ ثواب پوری زندگی پابندی سے یہ عمل کرنے کا ہے۔ ایک دوبار یہ عمل کرنے کا یہ ثواب نہیں ہے۔

دوسرا مطلب: اس حدیث میں نسبت کا بیان ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ حج تو حج اکبر (بڑا حج) ہے اور عمرۃ: حج اصغر (چھوٹا حج) ہے۔ اور دونوں کے ثواب میں جو نسبت ہے وہی نسبت فجر کی دو رکعتوں میں اور اشراق کی دو رکعتوں میں ہے۔ یعنی جس طرح حج کا ثواب زیادہ ہے اور عمرہ کا کم، اسی طرح نماز فجر کا ثواب زیادہ ہے اور اشراق کا کم۔ اس صورت میں حدیث میں داوم کی قید ملحوظ نہیں ہوگی، بلکہ جب بھی عمل کرے گا یہ ثواب ملے گا۔

فائدہ: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمایا ہے کہ اعتکاف دو ہیں۔ ایک: وہ اعتکاف ہے جو رمضان میں یا رمضان کے آخری عشرہ میں کیا جاتا ہے۔ اور دوسرا یہ اعتکاف ہے جو روزمرہ کا اعتکاف ہے۔ حضور ﷺ نے یہ اعتکاف محسنین اور سالکین کے لئے مشروع کیا ہے۔ وہ روزانہ فجر کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے تک اعتکاف کریں، پھر دو رکعت پڑھ کر مسجد سے نکلیں۔ جیسے قربانیاں بھی دو ہیں۔ ایک: وہ قربانی ہے جو ذی الحجہ کے مہینہ میں کی جاتی ہے۔ دوسری: روزمرہ کی قربانی ہے اور وہ ذبیحہ پر تسمیہ ہے۔ ہم روزانہ کھانے کے لئے جو جانور بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کرتے ہیں وہ روزمرہ کی قربانی ہے، اور اسی لئے اس پر تسمیہ شرط ہے اگر کوئی شخص بالقصد ذبیحہ پر تسمیہ نہ پڑھے تو چاہے جانور کا سارا خون نکل جائے جانور حلال نہیں۔ اور یہ روزمرہ کی قربانی اس لئے مشروع کی گئی ہے کہ اللہ کا بول بالا ہو۔ لوگ روزانہ لاکھوں جانور ذبح کرتے ہیں اور ہر ذبیحہ پر بسم اللہ اللہ اکبر کہتے ہیں، یہی ذکر مقصود ہے، اس سے عالم میں نام پاک بلند ہوتا ہے (یہ مضمون تفصیل سے میری تفسیر ہدایت القرآن میں سورۃ الحج کی تفسیر میں ہے)

[۲۹۷] بابُ مَاذُکِرَ مِمَّا یُسْتَحب من الجلوس فی المسجد بعد صلاۃ الصبح حتی تطلع الشمسُ

[۵۹۰-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاکٍ، عن جابرِ بنِ سَمُرَۃَ، قال: کان النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا صَلَّی الفَجْرَ قَعَدَ فِیْ مُصَلَّاہُ حتی تَطْلُعَ الشمسُ.

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۵۹۱-] حدثنا عبدُ اللّٰہِ بنُ معاویۃَ الجُمَحِیُّ البَصریُّ، نا عبدُ العزیزِ بنُ مُسْلِمٍ، نا أبو ظِلَالٍ، عن أنسٍ، قال: قال رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ صَلَّی الفَجْرَ فی جَمَاعَۃٍ، ثُمَّ قَعَدَ یَذْکُرُ اللّٰہَ حتی تَطْلُعَ الشمسُ، ثُمَّ صَلَّی رکعتَیْنِ کانتْ لہ کَأَجْرِ حَجَّۃٍ وعُمْرَۃٍ" قال: قال رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "تَامَّۃٍ تَامَّۃٍ تامَّۃٍ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وسألْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ عن أبي ظِلَالٍ؟ فقال: هو مُقَارِبُ الحديث، قال محمدٌ: واسْمُه هِلَالٌ.

باب کا ترجمہ: اس حدیث کا ذکر جس میں فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے تک مسجد میں ٹھہرنے کا استحباب وارد ہوا ہے۔

بابُ ماذُكِرَ فی الِالْتِفَاتِ فی الصَّلَاةِ

نماز میں اِدھر اُدھر جھانکنے کا بیان

نماز کے دوران مصلی کو سجدہ کی جگہ دیکھنا چاہئے۔ سجدہ کی جگہ سے آگے نظر لے جانا، یا دائیں بائیں دیکھنا التفات (جھانکنا) ہے اور اس کی تین صورتیں ہیں:

۱- چہرہ گھمائے بغیر کنکھیوں سے دائیں بائیں دیکھنا، یا قبلہ کی جانب دور تک دیکھنا: مکروہ ہے مگر ہلکا مکروہ ہے۔ اور اگر ضرورت ہو تو مکروہ نہیں۔

۲- گردن گھما کر دائیں بائیں دیکھنا مکروہ ہے، اور سخت مکروہ ہے۔ البتہ اگر ضرورت شدیدہ ہو تو مکروہ نہیں، جیسے ابوداؤد میں روایت (نمبر ۹۱۶) ہے کہ ایک غزوہ سے واپسی پر رات میں آنحضور ﷺ نے پڑاؤ کیا وہ جگہ دشمن کے علاقہ سے قریب تھی اور جس جگہ پڑاؤ کیا تھا وہاں چاروں طرف اونچے اونچے پہاڑ تھے، اور ایک دَرّہ (دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ، گھاٹی) تھا۔ آنحضور ﷺ نے ایک صحابی سے فرمایا: گھاٹی کے دہانے پر رہو، یعنی پہرہ دو۔ جب صبح ہوئی اور فجر کی اذان ہوئی تو بھی وہ صحابی نہیں لوٹے، آپؐ برابر گھاٹی کی طرف دیکھتے رہے۔ کمانڈر کو اپنے فوجی کا بڑا خیال ہوتا ہے، پھر جب آپؐ نے نماز شروع کی تو بھی کئی بار گھاٹی کی طرف دیکھا۔ نماز کے بعد آپؐ نے خوشخبری سنائی کہ سوار آرہا ہے اس نے آکر دیر کرنے کی وجہ بتائی کہ اذان کے بعد میں نے پہاڑوں کا راونڈ لیا اس لئے آنے میں دیر ہوئی۔ غرض کوئی سخت ضرورت ہو تو مصلی گردن گھما کر بھی دیکھ سکتا ہے۔

۳- سینہ گھما کر دیکھنا: اس سے نماز باطل ہو جائے گی کیونکہ نماز میں استقبال قبلہ شرط ہے۔

پہلی حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نماز میں دائیں بائیں دیکھا کرتے تھے، اور اپنی گردن پیٹھ کے پیچھے نہیں موڑتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کا بظاہر مفہوم یہ ہے کہ دورانِ نماز گردن گھما کر دائیں بائیں دیکھنا آنحضور ﷺ کا معمول تھا، حالانکہ ایسا نہیں تھا، بلکہ یہ گاہے ماہے کا عمل تھا اور سخت ضرورت کے وقت تھا اور ماضی استمراری مجازی تعبیر ہے، کیونکہ جب گاہ بہ گاہ دیکھنا ثابت ہوا تو التفات کا جواز ثابت ہو گیا اور یہ جواز مستمر ہے یہی بات بتانے کے لئے راوی نے ماضی استمراری کا صیغہ استعمال کیا ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث کی سند میں علتِ خفیہ ہے، فضل بن موسیٰ (یہ بہت

اچھا راوی نہیں) یہ حدیث عبداللہ بن سعید سے روایت کرتا ہے اور مرفوع کرتا ہے، جبکہ امام وکیع رحمہ اللہ بھی یہ حدیث عبداللہ بن سعید سے روایت کرتے ہیں اور مرسل بیان کرتے ہیں یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تذکرہ نہیں کرتے۔ نیز فضل بن موسیٰ کی روایت میں تعیین ہے کہ عکرمۃ سے روایت کرنے والے ثور بن زید ہیں اور امام وکیع رحمہ اللہ کی روایت میں ہے کہ عبداللہ بن سعید عکرمہ کے ایک شاگرد سے اور وہ شاگرد عکرمہ سے روایت کرتا ہے، یعنی سند میں ایک مجہول واسطہ ہے۔ اس لئے حدیث قابل استدلال نہیں۔

فائدہ: حضور اکرم ﷺ ضرورتِ شدیدہ کے وقت دائیں بائیں تو دیکھتے تھے مگر پیچھے دیکھنے کے لئے گردن نہیں گھماتے تھے، یہاں یہ سوال نہیں ہونا چاہئے کہ آپؐ کو پیچھے دیکھنے کے لئے گردن گھمانے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ تو آگے بھی دیکھتے تھے اور پیچھے بھی دیکھتے تھے (متفق علیہ، مشکوۃ ۱۰۸۵) کیونکہ آپؐ کا آگے دیکھنا تو فطری تھا اور پیچھے دیکھنا ایک معجزہ تھا اور معجزے نبی کے اختیار میں نہیں ہوتے۔ جب اللہ تعالیٰ چاہیں معجزہ ظاہر ہوتا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’بیٹے! نماز میں جھانکنے سے بچ! اس لئے کہ نماز میں جھانکنا بربادی ہے، پس اگر ضروری ہو (یعنی شوق پورا کرنا ہو) تو نفل نماز میں دیکھ لے فرض نماز میں نہیں‘‘

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ دس سال کی عمر میں حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں دیئے گئے تھے، اور بچہ: بچہ ہوتا ہے حرکت سے باز نہیں آتا۔ ایک مرتبہ آپؐ نے ان کو تاکتے جھانکتے دیکھ لیا، آپؐ نے ان کو منع کیا اور فرمایا: ’’یہ بربادی ہے‘‘ لہٰذا یہ کام نہ کرو اور اگر شوق پورا کرنا ہے تو نفل نماز میں اِدھر اُدھر دیکھ لے۔ مگر فرض میں ایسا بالکل نہ کر!۔

اس حدیث سے دو مسئلے معلوم ہوئے: ایک: بے ضرورت نماز میں التفات اگرچہ وہ کنکھیوں سے ہو مکروہ ہے۔ دوسرا: فرض اور نفل نمازوں کے احکام الگ الگ ہیں۔ فرض نماز اللہ کے دربار کی باقاعدہ حاضری ہے اور اس کے لئے کچھ پابندیاں ہیں اور نفل نماز پرائیویٹ معاملہ ہے اس لئے وہ پابندیاں نہیں۔ یہ مسئلہ پہلے بھی گذر چکا ہے۔

تیسری حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے نماز میں دیکھنے کا مسئلہ دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: وہ جھپٹا ہے شیطان آدمی کی نماز میں سے اس کے ذریعہ جھپٹ لیتا ہے (یعنی نماز ناقص کر دیتا ہے) اس حدیث سے التفات فی الصلاۃ کی کراہیت ثابت ہوئی۔

[۲۹۸] بابُ مَاذُکِرَ فی الالتفات فی الصلاۃ

[۵۹۲-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، وغیرُ واحِدٍ، قالوا: نا الفَضْلُ بنُ موسیَ، عن عبدِ اللّٰہِ بنِ سعیدِ بنِ أبی ھِنْدٍ، عن ثَوْرِ بنِ زَیْدٍ، عن عِکْرَمَۃَ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

كان يَلْحَظُ فی الصَّلاَةِ يَمِينًا وشِمَالاً، ولا يَلْوِیْ عُنُقَهُ خَلْفَ ظَهْرِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ،وقد خَالَف وكيعٌ الفَضْلَ بنَ موسَى فی رِوَايَتِه، حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وكيعٌ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سعيدِ بنِ أبی هِنْدٍ، عن بعضِ أصحابِ عِكْرَمَةَ عن عِكْرِمَةَ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كان يَلْحَظُ فی الصَّلاَةِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

وفی الباب: عن أنسٍ، وعائشةَ.

[۵۹۳-] حدثنا مُسْلِمُ بنُ حاتِمٍ البَصْرِیُّ أبوحَاتِمٍ، نا محمدُ بنُ عبدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیُّ، عن أَبيهِ، عن علیِّ بنِ زَيْدٍ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، عن أنَسٍ، قال: قال لی رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”يابُنَیَّ! إِيَّاكَ وَالاِلْتِفَاتَ فی الصَّلاَةِ، فَإِنَّ الاِلْتِفَاتَ فی الصَّلاَةِ هَلَكَةٌ، فَإِنْ كان لاَبُدَّ فَفِی التَّطَوُّعِ، لاَ فی الفَرِيْضَةِ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

[۵۹۴-] حدثنا صالحُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن أَشْعَثَ بن أبی الشَّعْثَاءِ، عن أبيهِ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عائشةَ، قالتْ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عن الاِلْتِفَاتِ فی الصَّلاَةِ؟ قال: ”هو اخْتِلاَسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلاَةِ الرجُلِ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

لغت: لَحَظَه بالعين: کسی کو کن انکھیوں سے دیکھنا، گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ اخْتَلَسَ الشیئَ: ھوکے سے چھین لینا، جھپٹا مار کر چھین لینا، اچک لینا۔

بابُ ما ذُكِرَ فی الرَّجُلِ يُدْرِكُ الإِمَامَ سَاجِدًا كَيْفَ يَصْنَعُ؟

جو شخص امام کو سجدہ میں پائے: کیا کرے؟

اگر امام قیام میں یا رکوع میں ہوتا ہے تو لوگ جماعت میں شامل ہوجاتے ہیں، لیکن اگر امام سجدہ میں ہوتا ہے تو بعض لوگ کھڑے رہتے ہیں، جماعت میں شامل نہیں ہوتے، وہ یہ سوچتے ہیں کہ رکعت تو چھوٹ گئی، اب شریک ہونے سے کیا فائدہ؟ جب امام سجدہ کرکے اگلی رکعت کے لئے کھڑا ہوگا تب شامل ہوجائیں گے۔ یہ طریقہ اور یہ خیال غلط ہے، بیشک امام جب سجدہ میں چلا گیا تو رکعت فوت ہوگئی، مگر نمازی کے لئے بہتر یہ ہے کہ امام جس حالت میں ہو اسی حالت میں اس سے مل جائے۔ حضرت ابن المبارک رحمہ اللہ نے کسی کے حوالہ سے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ ہوسکتا ہے: سجدہ میں شریک تمام لوگوں کی مغفرت ہوجائے اور یہ شخص انتظار ہی کرتا رہ جائے۔ ابن المبارک رحمہ اللہ

نے جو بات بیان کی ہے وہ ٹھیک ہے، مگر خطابی ہے، برہانی نہیں۔ اور اس سے زیادہ مضبوط بات جس پر کوئی اشکال نہیں ہوسکتا یہ ہے کہ امام جس رکن میں ہے نمازی اسی رکن میں اس سے مل جائے گا تو اسی وقت سے ثواب شروع ہوجائے گا، یہ شرکت رائگاں نہیں جائے گی، اگرچہ رکعت نہیں ملے گی مگر سجدہ میں شرکت کا ثواب ملے گا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی نماز پڑھنے کے لئے آئے درانحالیکہ امام کسی رکن میں ہو تو چاہئے کہ وہ ویسا ہی کرے جیسا امام کر رہا ہے'' یعنی اسی رکن میں جماعت میں شامل ہوجائے۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں تحویل ہے۔ تحویل کبھی مصنف کی جانب سے ہوتی ہے اور اس کی بے شمار مثالیں ہیں، اور کبھی اوپر کسی راوی سے ہوتی ہے، یعنی نیچے سے ایک سند ہوتی ہے اور اوپر جا کر دو سندیں ہوجاتی ہیں۔ یہاں ایسا ہی ہے۔ ابواسحاق سے حدیث کی دو سندیں ہوگئی ہیں، ایک حضرت علی رضی اللہ عنہ پر پہنچ رہی ہے، دوسری معاذ بن جبلؓ پر، اور دونوں سندوں میں حجاج بن ارطاۃ ضعیف راوی ہے، اور دوسری سند میں انقطاع بھی ہے، کیونکہ ابن ابی لیلیٰ کبیر کی حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے ملاقات نہیں۔ حضرت معاذ کا بہت جلدی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں انتقال ہوگیا تھا۔

[۲۹۹] بابُ مَاذُكِرَ فی الرجل يُدرِكُ الإمامَ ساجداً كيف يصنع؟

[۵۹۵-] حدثنا هِشَامُ بنُ يُوْنُسَ الكُوفِيُّ، نا المُحَارِبِيُّ، عن الحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عن أبى إسحاق، عن هُبَيْرَةَ، عن عَلِيٍّ، وعن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن ابنِ أبى لَيْلَى، عن مُعاذِ بنِ جَبَلٍ، قالا: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا أَتَى أَحَدُكُم الصَّلاَةَ والإمامُ على حَالٍ فَلْيَصْنَعْ كما يَصْنَعُ الإِمَامُ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ لا نَعْلَمُ أَحَداً أَسْنَدَهُ إِلَّا مَا رُوِىَ مِنْ هٰذا الوجهِ. والعَمَلُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ، قالوا: إِذا جَاءَ الرجلُ والإِمَامُ سَاجِدٌ فَلْيَسْجُدْ، وَلاَ تُجْزِئُهُ تلكَ الركعةُ إِذَا فاتَهُ الركوعُ معَ الإمامِ.

واخْتارَ عبدُ اللهِ بنُ المبارَكِ: أَنْ يَسْجُدَ مَعَ الإِمَامِ، وذَكَرَ عن بَعْضِهم، فقال: لَعَلَّهُ لاَ يَرْفَعُ رَأْسَهُ مِنْ تلك السَّجْدَةِ حتى يُغْفَرَ لَهُ.

ترجمہ: علماء فرماتے ہیں: جب آدمی آئے درانحالیکہ امام سجدہ میں ہو تو چاہئے کہ وہ سجدہ کرے اور نہیں کافی اس کو وہ رکعت (یعنی وہ رکعت نہیں پائی) جب اس کا رکوع امام کے ساتھ فوت ہوگیا، اور پسند کیا ہے ابن المبارک نے کہ آنے والا سجدہ کرے امام کے ساتھ اور انھوں نے کسی کا قول نقل کیا ہے کہ ہوسکتا ہے وہ اس سجدہ سے سر نہ اٹھائے یہاں تک کہ اس کی بخشش کردی جائے یعنی اس سجدہ میں اس شرکت کرنے والی کی مغفرت ہوجائے، یہ شرکت کا فائدہ ہے

بابُ كَرَاهِيَةِ أَنْ يَنْتَظِرَ النَّاسُ الإِمَامَ وَهُمْ قِيَامٌ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلاَةِ

نماز کے شروع میں کھڑے کھڑے امام کا انتظار کرنا مکروہ ہے

نماز کے لئے کھڑے ہونے کا مستحب وقت یہ ہے کہ جب اقامت شروع ہو تب لوگ کھڑے ہوں۔ امام بھی اور مقتدی بھی، اور کھڑے کھڑے امام کا انتظار کرنا یعنی اقامت شروع ہونے سے پہلے کھڑا ہونا، یا اقامت تو شروع ہوگئی مگر امام ابھی حاضر نہیں، حجرے میں ہے اس وقت کھڑا ہونا بھی مکروہ ہے۔ آج کل لوگ گھڑی دیکھ کر کھڑے ہوجاتے ہیں، یا مؤذن کو اقامت کی تیاری کرتا دیکھتے ہیں تو کھڑے ہوجاتے ہیں یہ غلط طریقہ ہے۔ اقامت شروع ہونے کے بعد ہی لوگوں کو کھڑا ہونا چاہئے۔ حدیث میں پہلے کھڑے ہونے کی ممانعت آئی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب اقامت کہی جائے تو آپ لوگ اس وقت تک کھڑے نہ ہوں جب تک مجھے حجرے سے نکلتا ہوا نہ دیکھ لیں'' معلوم ہوا کہ اگر امام مسجد میں نہیں ہے اور اقامت شروع ہوجائے تو بھی لوگوں کو کھڑا نہیں ہونا چاہئے، جب لوگ دیکھیں کہ امام آرہا ہے تب کھڑے ہوں۔

اور تکبیر شروع ہونے کے بعد فوراً کھڑا ہونا جائز ہے۔ کیونکہ تکبیر کو عربی میں ''اقامت'' کہتے ہیں۔ اور اقامت کے معنی ہیں کھڑا کرنا۔ جب کھڑا کرنا پایا گیا تو کھڑا ہونا جائز ہے۔ اور فقہ میں جو جزئیہ ہے کہ لوگ حی علی الصلوۃ پر کھڑے ہوں، اس کا مطلب علامہ طحطاوی رحمہ اللہ نے حاشیہ درمختار میں یہ بیان کیا ہے کہ حیعلتین سے قیام کی تاخیر جائز نہیں۔ حیعلتین پر کھڑا ہوجانا ضروری ہے ورنہ اللہ کے داعی کی مخالفت لازم آئے گی۔ اس جزئیہ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ تقدیم جائز نہیں۔ تقدیم تو جائز ہے اس لئے کہ جب اقامۃ یعنی کھڑا کرنا پایا گیا تو کھڑا ہونا بھی جائز ہے۔ اگر تکبیر شروع ہونے کے بعد بھی کھڑا ہونا جائز نہ ہو تو پھر اقامۃ کے کوئی معنی نہیں۔ تفصیل کتاب الصلاۃ کے شروع میں گذر چکی ہے۔

فائدہ: مستحب کی ضد اس وقت مکروہ ہوتی ہے جب کراہیت کی کوئی دلیل ہو۔ جیسے اقامت شروع ہونے کے بعد اور امام کے حاضر ہونے کے بعد کھڑا ہونا مستحب ہے اور اس سے پہلے کھڑا ہونا مکروہ ہے۔ کیونکہ کراہیت کی دلیل ہے۔ حدیث میں پہلے کھڑے ہونے کی ممانعت آئی ہے، پس اس مستحب کی ضد مکروہ ہے اور اگر کراہیت کی کوئی دلیل نہ ہو تو پھر مستحب کی ضد مباح ہوتی ہے۔

[۳۰۰] بابُ كراهيةِ أن ينتظر الناسُ الإمامَ وهم قيامٌ عند افتتاح الصلاة

[۵۹۶-] حدثنا أحمدُ بنُ محمدٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ المباركِ، نا مَعْمَرٌ، عن يحيىَ بنِ أبى كثيرٍ، عن

عبدِ اللّٰهِ بنِ أبی قَتَادَةَ، عن أبيهِ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "إِذَا أُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ فَلاَ تَقُوْمُوْا حَتّٰی تَرَوْنِی خَرَجْتُ"

وفی الباب: عن أنسٍ، وحديثُ أنسٍ غيرُ مَحْفُوْظٍ.

قال أبو عيسی: حديثُ أبی قتادَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد كَرِهَ قَوْمٌ مِن أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وغيرِهم أَنْ يَنْتَظِرَ الناسُ الإمامَ وَهُمْ قِيَامٌ.

وقال بعضُهم: إذا كان الإمامُ فی المَسْجِدِ، وأُقِيْمَتِ الصَّلاَةُ، فَإِنَّمَا يَقُوْمُوْنَ إِذَا قال المُؤَذِّنُ: قد قامتِ الصَّلاَةُ، وهو قولُ ابنِ المبارَكِ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے مگر وہ محفوظ نہیں، درحقیقت وہ حضرت ابوقتادہؓ کی حدیث ہے، بعض لوگوں نے اس کی سند حضرت انسؓ تک پہنچادی ہے جو ان کا وہم ہے۔ اور صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض نے اس بات کو ناپسند کیا ہے کہ لوگ امام کا کھڑے کھڑے انتظار کریں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: جب امام مسجد میں ہو اور تکبیر کہی جائے تو لوگ اس وقت کھڑے ہوں جب مؤذن قدقامت الصلاۃ کہے، اور یہ ابن المبارک کا قول ہے۔

بابُ ماذُكِرَ فی الثَّنَاءِ عَلَی اللّٰهِ والصَّلاَةِ عَلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَبْلَ الدُّعَاءِ

دعا کے آداب میں اللہ کی حمد وثنا اور نبی ﷺ پر درود بھیجنا ہے

دعا کے آداب میں سے یہ بات ہے کہ پہلے اللہ تعالیٰ کی خوب تعریف کی جائے۔ پھر نبی پاک ﷺ پر درود وسلام بھیجا جائے پھر دعا مانگے اس لئے کہ طالب کو مطلوب کے سامنے ایک دم اپنی حاجت نہیں رکھنی چاہئے۔ یہ بے ادبی ہے، پہلے اس کی تعریف کر کے خوش کرے پھر وسیلہ ڈھونڈھے، نبی ﷺ پر درود بھیجنے میں اس طرف اشارہ ہے کہ میں آپؐ کا امتی ہوں اور جو دین آپؐ لے کر آئے ہیں میں اس پر یقین رکھتا ہوں، یہ دو کام کر کے دعا مانگے دعا ضرور قبول ہوگی۔

حدیث: عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نماز پڑھ رہا تھا اور نبی ﷺ (مسجد میں) موجود تھے، اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی آپ کے ساتھ تھے، پس جب میں (نماز سے فارغ ہوکر) بیٹھا (اور دعا مانگنی شروع کی) تو میں نے پہلے اللہ کی حمد وثنا کی، پھر آنحضور ﷺ پر درود بھیجا پھر اپنے لئے دعا مانگنی شروع کی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مانگو! دیئے جاؤ گے! مانگو دیئے جاؤ گے!" یعنی آپؐ نے آداب کی رعایت کر کے دعا مانگنی شروع کی ہے پس آپؐ کی دعا ضرور قبول ہوگی۔

فائدہ: دعا مانگنے کا یہ ادب ممکن ہے آنحضور ﷺ نے ابن مسعودؓ کو تعلیم فرمایا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ انھوں نے اپنی صوابدید اور اپنے اجتہاد سے یہ طریقہ معلوم کیا ہو۔

[۳۰۱] بابُ ما ذکر فی الثناء علی اللہ، والصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قبل الدعاء

[۵۹۷-] حدثنا محمودُ بنُ غیلانَ، نا یحییَ بنُ آدَمَ، نا أبوبکرِ بنُ عَیَّاشٍ، عن عاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عن عبدِاللّٰہِ، قال: کُنْتُ أُصَلِّی والنبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وأبُو بکرٍ وعُمرُ مَعَہُ، فَلَمَّا جَلَسْتُ بَدَأْتُ بالثَّنَاءِ علی اللّٰہِ، ثم الصَّلاَۃِ علی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، ثم دَعَوْتُ لِنَفْسِیْ، فقال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''سَلْ تُعْطَہْ، سَلْ تُعْطَہْ''

وفی الباب: عن فَضَالَۃَ بنِ عُبَیْدٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللّٰہِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَرَوَی أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ، عن یحییَ بنِ آدَمَ ہذا الحدیثَ مُخْتَصَرًا.

قولہ: والنبی صلی اللہ علیہ وسلم مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے أی موجود۔

بابُ ما ذُکِرَ فی تَطْیِیبِ الْمَسَاجِدِ

مسجدوں کو خوشبودار رکھنے کا بیان

حدیث: عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے محلّہ محلّہ مسجدیں بنانے کا حکم دیا اور یہ حکم دیا کہ ان کو صاف ستھرا رکھا جائے اور خوشبودار کیا جائے۔

تشریح: یہ مرفوع حدیث عامر بن صالح کی وجہ سے ضعیف ہے۔ یہ راوی متروک ہے اور عبدۃ اور وکیع جو اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں یہ حدیث ہشام بن عروۃ سے مرسلًا روایت کرتے ہیں، یعنی وہ حضرت عائشہ کا تذکرہ نہیں کرتے، اور سفیان بن عیینہ ان کے متابع ہیں وہ بھی ہشام سے روایت کرتے ہیں اور مرسل بیان کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے مزاج کے مطابق مرسل روایت کو اصح قرار دیا ہے، جبکہ اس کو اصح کہنے کی کوئی وجہ نہیں، اس لئے کہ زائدۃ بن قدامہ جو عبدۃ اور وکیع کے ہم پلہ ہیں وہ بھی یہ حدیث ہشام سے مرفوع روایت کرتے ہیں۔ زائدۃ بن قدامہ کی حدیث ابوداؤد (حدیث ۴۵۵) میں ہے۔ اور مالک بن سعید جو ثقہ ہیں ان کے متابع ہیں، ان کی حدیث ابن ماجہ میں ہے۔ اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، پس مرسل حدیث کو اصح کہنے کی کوئی وجہ نہیں۔

اور اس حدیث میں دو حکم ہیں:

پہلا حکم: یہ ہے کہ محلّہ محلّہ مسجدیں بنائی جائیں، یعنی مسجد اتنی قریب ہونی چاہئے کہ لوگ بسہولت اس تک پہنچ سکیں

اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھ سکیں، بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ ایک گاؤں میں ایک ہی مسجد ہونی چاہئے۔ چاہے گاؤں بڑا ہو، اور چاہے مسجد گاؤں کی ایک جانب میں واقع ہو اور لوگوں کو سردی گرمی اور برسات میں پہنچنے میں دقت ہوتی ہو، مگر گاؤں میں مسجد ایک ہی ہونی چاہئے۔ وہ کہتے ہیں: اگر گاؤں میں دو مسجدیں ہونگی تو لوگوں میں اختلاف ہوگا، ان کی یہ بات صحیح نہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے محلے محلے مسجدیں بنانے کا حکم دیا تھا، اگر اختلاف کا احتمال ہوتا تو آپؐ یہ حکم نہ دیتے، مسجد نبوی پر ہی اکتفا کی جاتی۔

سوال: مسجد بنانے میں لاکھوں کا صرفہ ہے محلّہ محلّہ مسجدیں بنانے کے لئے رقم کہاں سے آئے گی؟

جواب: لاکھوں کی مسجد بنانا ضروری نہیں، جھونپڑا بھی کافی ہے، بستی والوں کے جیسے مکان ہیں اللہ کا گھر اس سے کچھ بہتر ہونا چاہئے، بس اتنی بات کافی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے جب مسجد نبوی بنائی تھی تو کوئی عالی شان محل نہیں بنایا تھا ایک جھونپڑا بنایا تھا جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ تک استعمال ہوتا رہا۔ بہرحال حسب گنجائش مسجدیں بنائی جائیں اور محلّہ محلّہ بنائی جائیں۔

دوسرا حکم: یہ ہے کہ مسجدیں صاف ستھری اور معطّر رکھی جائیں، ہم لوگ اللہ کے فضل سے مسجدیں صاف ستھری تو رکھتے ہیں مگر ان کو خوشبودار کرنے کا رواج ہمارے یہاں نہیں، عرب آج بھی مساجد کی صفائی کا بھی اہتمام کرتے ہیں اور ان کو خوشبودار بھی رکھتے ہیں، وہ مسجد میں دھونی دیتے ہیں، ہمیں بھی وقتاً فوقتاً اگربتی جلا کر مسجد کو معطّر رکھنا چاہئے۔

[۳۰۲] بابُ ماذُکر فی تطییب المساجد

[۵۹۸-] حدثنا محمدُ بنُ حاتِمٍ البَغْدَادِیُّ، نا عَامِرُ بنُ صَالِحٍ الزُّبَیْرِیُّ، نا ہِشَامُ بنُ عُرْوَۃَ، عن أَبِیْہِ، عن عائشۃَ، قالتْ: أَمَرَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِبِنَاءِ الْمَسَاجِدِ فِیْ الدُّوْرِ، وأَنْ تُنَظَّفَ وتُطَیَّبَ.

حدثنا ہَنَّادٌ، نا عَبْدَۃُ ووکِیْعٌ، عن ہِشامِ بنِ عُرْوَۃَ، عن أبیہِ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ، فَذَکَرَ نَحْوَہُ، وھذا أَصَحُّ مِنَ الحدیثِ الأَوَّلِ.

حدثنا ابنُ أبی عُمرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَۃَ، عن ہِشَامِ بنِ عُرْوَۃَ، عن أبیہِ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَمَرَ، فَذَکَرَ نَحْوَہُ.

قال سُفیانُ: بِبِنَاءِ الْمَسَاجِدِ فِیْ الدُوْرِ یعنی القَبَائِلَ.

وضاحت: دُوْر: دار کی جمع ہے اس کے ایک معنی ہیں: گھر۔ دوسرے معنی ہیں: قبیلہ۔ یہاں یہی معنی مراد ہیں۔ سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دُوْر سے قبائل مراد ہیں۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ صَلاَةَ اللَّيْلِ والنَّهَارِ مَثْنَى مَثْنَى

رات اور دن کی نفلیں دودو، دودو رکعتیں ہیں

یہ حدیث اور یہ مسئلہ پہلے گذر چکے ہیں، وہاں بتایا تھا کہ ابن عمر کی حدیث صلاةُ الليل مثنى مثنى اعلی درجہ کی حدیث ہے، مگر ائمہ میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ حکم تشریعی ہے یا ارشادی؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تشریعی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: رات اور دن میں ایک سلام سے دو نفلیں افضل ہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک یہ حکم ارشادی ہے، یعنی آنحضور ﷺ نے تہجد گذاروں کو ان کی بھلائی کی ایک بات بتائی ہے۔ چونکہ تہجد طویل پڑھے جاتے ہیں اس لئے ہر دو رکعت پر سلام پھیرنے میں سہولت ہے، سلام کے بعد کچھ آرام کر کے تازہ دم ہو کر اگلا دوگانہ شروع کرے گا اور چار رکعتیں ایک ساتھ طویل پڑھنے سے تھک جائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ابن عمرؓ کی مذکورہ حدیث میں والنہار کا اضافہ صحیح ہے یا نہیں؟ بعض محدثین نے اس کو صحیح مانا ہے، کیونکہ سات راوی ابن عمر سے یہ اضافہ روایت کرتے ہیں، اور جمہور محدثین کے نزدیک یہ اضافہ صحیح نہیں، کیونکہ پندرہ ثقہ راوی ابن عمر سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور کوئی یہ اضافہ نہیں کرتا اور جو سات راوی اضافہ کرتے ہیں ان میں کچھ نہ کچھ کمزوری ہے، علاوہ ازیں ابن عمرؓ سے صحیح سند سے مروی ہے کہ آپؓ دن میں چار نفلیں ایک سلام سے پڑھتے تھے۔ اگر والنہار کا اضافہ صحیح ہوتا تو ابن عمرؓ کا عمل اس کے خلاف نہ ہوتا۔

[۳۰۳] بابُ ماجاء أن صلاةَ الليل والنهار مثنى مثنى

[۵۹۹-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا شُعْبَةُ، عن يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عن عَلِيِّ الأَزْدِيِّ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "صَلاَةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَثْنَى مَثْنَى"

قال أبو عيسى: اختلفَ أصحابُ شُعْبَةَ فى حديثِ ابنِ عُمَرَ، فَرَفَعَهُ بعضُهُمْ ووقَفَهُ بعضُهُمْ.

وَرُوِيَ عن عبدِ اللهِ العُمَرِيِّ، عن نافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نحوُ هٰذا، والصحيحُ ما رُوِيَ عن ابنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قالَ: "صلاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى" ورَوَى الثِّقاتُ عن عبدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ولَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ صَلاَةَ النَّهارِ؛ وقد رُوِيَ عن عُبَيْدِ اللهِ عن نافعٍ عن ابنِ عُمَرَ أَنَّهُ كان يُصَلِّيْ باللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، وبِالنَّهارِ أَرْبَعًا.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فى ذلكَ: فَرَأَى بعضُهُمْ أَنَّ صلاةَ اللَّيْلِ والنَّهارِ مَثْنَى مَثْنى، وهو قولُ الشافعيِّ وأحمدَ، وقال بعضُهم: صَلاَةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنى، وَرَأَوْا صَلاَةَ التطَوُّعِ بالنَّهارِ أَرْبَعًا، مَثْلَ أَرْبَعٍ قبلَ الظهرِ وغيرِها من صَلاَةِ التَّطَوُّعِ، وهو قولُ سفيانَ الثوريِّ، وابنِ المباركِ، وإسحاقَ.

ترجمہ اور وضاحت: ابن عمرؓ کی یہ حدیث جس میں و النہار کا اضافہ ہے علی بن عبداللہ البارقی الازدی کی روایت ہے وفیہ مَسٌّ مِن الضُّعْف: اس راوی میں کچھ کمزوری ہے یعنی وہ اعلی درجہ کا راوی نہیں۔ پھر یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ شعبہ رحمہ اللہ کے تلامذہ میں اختلاف ہے، بعض مرفوع کرتے ہیں اور بعض موقوف، یعنی بعض تلامذہ اس کو ابن عمر کا قول قرار دیتے ہیں اور اسی کے مانند یعنی و النہار کے اضافہ کے ساتھ عبداللہ عمری بھی نافع سے روایت کرتے ہیں، اور عبداللہ عمری میں بھی ضعف ہے، اور صحیح حدیث وہ ہے جو پہلے گذری ہے، اس میں و النہار کا اضافہ نہیں۔ ثقہ روات ابن عمر سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ اور عبید اللہ عمری (یہ عبداللہ عمری کے بڑے بھائی ہیں اور اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں) نافع سے وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ رات میں دو دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور دن میں چار رکعتیں —— اور علماء نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے: بعض کہتے ہیں: رات اور دن کی نفلیں دو دو ہیں۔ اور یہ شافعی اور احمد کا قول ہے۔ اور بعض کہتے ہیں: رات کی نفلیں دو دو ہیں اور وہ دن میں چار نوافل کے قائل ہیں، جیسے ظہر وغیرہ سے پہلے کے نوافل۔ اور یہ سفیان ثوری، ابن المبارک اور اسحاق کا قول ہے (صاحبین بھی اسی کے قائل ہیں)

بابٌ کَیْفَ کانَ یَتطَوَّعُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بالنَّہَارِ؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم دن میں کتنی نفلیں پڑھتے تھے؟

یہاں لفظ کیف: کیفیت بیان کرنے کے لئے نہیں ہے بلکہ مقدار بیان کرنے کے لئے ہے، یعنی کیف: کم کے معنی میں ہے۔ اور باب میں حضرت علیؓ کی حدیث ہے جو اتنی جامع اور تفصیلی ہے کہ اس جیسی تفصیلی روایت کوئی نہیں۔

عاصم بن ضمرۃ کہتے ہیں: ہم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دن کی نماز کے بارے میں پوچھا یعنی آپؐ دن میں کتنی نفلیں پڑھتے تھے اور کس وقت پڑھتے تھے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: تم اس پر عمل نہیں کر سکتے (پھر پوچھنے سے کیا فائدہ؟) —— حضرت علیؓ کے جواب سے دو باتیں معلوم ہوئیں: ایک: حدیث پڑھنے والے طالب علم کا سب سے پہلا مقصد تأسّی ہونا چاہئے، یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو اسوہ بنا کر اپنی زندگی کو اس پر ڈھالنا، اگر طالب علم کے سامنے یہ مقصد نہیں تو اس کا حدیث پڑھنا بے فائدہ ہے۔ دوسری: سبق میں لایعنی سوال نہیں کرنا چاہئے جو بات کام کی نہیں ہے اس کو پوچھنا ذہنی عیاشی ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا: جب تم اس پر عمل نہیں کر سکتے تو سوال فضول ہے —— طلبہ سمجھ دار تھے۔ انھوں نے عرض کیا: حضرت! آپ بیان فرمائیں ہم میں سے جو طاقت رکھے گا عمل کرے گا اور جو عمل نہیں کر سکے گا وہ حدیث دوسروں تک پہنچائے گا دوسرے اس پر عمل کریں گے —— حضرت علیؓ نے فرمایا: عصر کی نماز جس وقت پڑھی جاتی ہے اس وقت مغربی افق سے سورج جتنا بلند ہوتا ہے: جب سورج نکل کر اتنا بلند ہو جاتا تھا تو آپؐ دو رکعتیں پڑھتے تھے (یہ اشراق کی نماز ہے) اور جس وقت ظہر کی نماز پڑھتے

ہیں اس وقت سورج مغربی افق سے جتنا اونچا ہوتا ہے: جب سورج نکل کر اتنا بلند ہوجاتا تھا تو آپؐ چار رکعتیں پڑھتے تھے (یہ چاشت کی نماز ہے) ——— یہاں سے معلوم ہوا کہ آج کل عربوں کا جو طریقہ ہے کہ وہ پورے سال سردیوں میں بھی اور گرمیوں میں بھی زوال ہوتے ہی اذان دیتے ہیں پھر دس منٹ کے بعد ظہر پڑھ لیتے ہیں یہ طریقہ صحیح نہیں۔ کیونکہ چاشت کی نماز دس ساڑھے دس بجے پڑھی جاتی ہے۔ زوال سے ڈیڑھ دو گھنٹے پہلے، پس ظہر زوال سے ڈیڑھ دو گھنٹے بعد پڑھنے کا حضور اکرم ﷺ کا معمول تھا ——— اور ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور ظہر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے، اور عصر سے پہلے چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھتے تھے۔ معلوم ہوا: آنحضور ﷺ زوال ہوتے ہی جو چار رکعتیں پڑھتے تھے وہ ظہر کی سنتیں تھیں، صلاۃ الزوال نہیں تھیں، جیسا امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، اگر صلاۃ الزوال کوئی مستقل نماز ہوتی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اس کا تذکرہ ضرور کرتے۔ واللہ اعلم

[٣٠٤] بابُ كيف كان يَتَطَوَّعُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بالنهار؟

[٦٠٠-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ناشُعْبَةُ، عن أبی إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، قال: سَأَلْنَا عَلِيًّا عن صَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ النَّهَارِ، فقال: إِنَّكُمْ لاَتُطِيْقُوْنَ ذلكَ، فَقُلْنَا: مَنْ أَطَاقَ ذلكَ مِنَّا فَعَلَ، فقال كان رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا كانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هٰهُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هٰهُنَا عندَ العَصْرِ، صَلَّى ركعتَين، وإذا كانتِ الشمسُ مِنْ هٰهُنا كَهَيْئَتِهَا مِن هٰهُنا عندَ الظُّهْرِ صَلَّى أَرْبَعًا، ويُصَلِّيْ قبلَ الظُّهْرِ أَرْبَعًا، وبعدَها ركعتَينِ، وقبلَ العَصْرِ أَرْبَعًا يَفْصِلُ بينَ كُلِّ ركعتَينِ بالتَّسْلِيْمِ عَلَى الْمَلاَئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ والنَّبِيِّيْنَ والمُرْسَلِيْنَ ومَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ.

حدثنا محمدُ بنُ المُثَنَّى، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن أبی إسحاقَ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نحوَه.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وقال إسحاقُ بنُ إبراهيمَ: أَحْسَنُ شَيْئٍ رُوِيَ في تَطَوُّعِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بالنَّهَارِ هٰذَا.

ورُوِيَ عن ابنِ المباركِ أَنَّهُ كان يُضَعِّفُ هذا الحديثَ، وإِنَّمَاضَعَّفَهُ عِنْدَنَا — واللّٰهُ أعلمُ — لِأَنَّهُ لاَ يُرْوَى مِثْلُ هذا عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ مِنْ هٰذا الوجهِ، عن عاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، وعاصِمُ بنُ ضَمْرَةَ: هو ثِقَةٌ عندَ بعضِ أهلِ الحديثِ، قال عليُّ بنُ المَدِيْنِيِّ، قال يحيىَ بنُ سعيدِ القَطَّانُ. قال سفيانُ: كُنَّا نَعْرِفُ فَضْلَ حديثِ عاصمِ بنِ ضَمْرَةَ على حديثِ الحارِثِ.

ترجمہ: آپؐ عصر سے پہلے چار رکعتیں پڑھتے تھے، فصل کرتے تھے ان میں مقرب فرشتوں، نبیوں، رسولوں اور

ان کی پیروی کرنے والے مؤمنین و مسلمین پر سلام کے ذریعہ (باب ماجاء فی الأربع قبل العصر میں اس جملہ کا مطلب حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے یہ بیان کیا ہے کہ نبی ﷺ دو رکعتوں پر قعدہ کرتے تھے اور تشہد پڑھتے تھے سلام نہائی کے ذریعہ فصل کرنا مراد نہیں) اس کے بعد امام ترمذی نے اسی حدیث کی دوسری سند جو شعبہ رحمہ اللہ کے دوسرے شاگرد محمد بن جعفر کی ہے: تحریر کی ہے۔ امام اسحاق فرماتے ہیں: یہ سب سے تفصیلی روایت ہے جو رسول اللہ ﷺ کے دن کے نوافل کے بارے میں مروی ہے۔ (أحسن بمعنی مفصل اور جامع ہے سند کا اچھا ہونا مراد نہیں) اور ابن المبارک رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ آپ اس حدیث کو ضعیف قرار دیتے تھے اور ان کا اس حدیث کو ضعیف قرار دینا ہمارے خیال میں ـــــ اور اللہ زیادہ جانتے ہیں ـــــ اس لئے ہے کہ اس کے مانند رسول اللہ ﷺ سے روایت نہیں کی گئی مگر اسی طریق سے جو عاصم بن ضمرۃ سے ہے، اور وہ حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں (جاننا چاہئے کہ متقدمین واللہ اعلم وہاں بڑھاتے تھے جہاں وہ اپنی طرف سے کوئی بات کہتے تھے، اور وہ بات پہلوں سے منقول نہیں ہوتی تھی) اور عاصم بن ضمرۃ بعض محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں (پس ان محدثین کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے، اور ابن المبارک کے نزدیک یہ راوی ضعیف ہے اس لئے انھوں نے حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے) علی بن المدینی کہتے ہیں: یحییٰ قطان نے بیان کیا کہ سفیان ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: ہم عاصم کی حدیث کی برتری کو پہچانتے تھے حارث کی حدیث پر (یہ دونوں حضرت علی کے شاگرد ہیں اور حارث اعور ضعیف ہیں اور عاصم ٹھیک ہیں)

بابٌ فی کَرَاهِيَةِ الصَّلاَةِ فی لُحُفِ النِّساءِ

عورتوں کے اوڑھنوں میں نماز کی کراہیت

لُحُف: لِحاف کی جمع ہے، اردو میں لحاف: رضائی کو کہتے ہیں۔ اور عربی میں ہر وہ کپڑا جو اوڑھا جاتا ہے، خواہ سوتے وقت اوڑھا جائے یا بیداری میں: لحاف کہلاتا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ عورتوں کے اوڑھنوں میں نماز نہیں پڑھتے تھے، اس لئے کہ عورتوں کے ساتھ بچے ہوتے ہیں اور ان کے اور بھی ایسے کام ہوتے ہیں جن کی وجہ سے ان کے اوڑھنوں میں ناپاکی کا احتمال ہوتا ہے۔ اور یہ حکم قطع وساوس کے لئے ہے ورنہ شریعت کا اصل ضابطہ ہے: **اليقينُ لايَزُوْلُ بالشَّكِّ** یعنی احکام میں یقین کا اعتبار ہے وہم کا اعتبار نہیں، مگر چونکہ عقل پر وہم کا قبضہ ہے اس لئے شریعت نے منفی پہلو میں اس کا لحاظ کیا ہے، مثلاً: غسل خانے میں پیشاب نہ کرو، عورت کے غسل کے بچے ہوئے پانی کو استعمال نہ کرو، ان کے اوڑھنوں میں نماز نہ پڑھو وغیرہ۔ یہ سب احکام قطع وساوس کے لئے ہیں اور مثبت پہلو میں وہم کا اعتبار نہیں کیا، چنانچہ جب تک عورتوں کے اوڑھنوں میں ناپاکی کا یقین نہ ہو ان میں نماز پڑھنا جائز ہے۔

سوال: ازواج مطہرات تو صاف ستھری تھیں اور الطیبات للطیبین (سورۃ النور ۲۶) میں اس کی صراحت ہے اور

عام طور پر ان کے پاس بچے بھی نہیں تھے، پھر آنحضور ﷺ ان کے اوڑھنوں میں نماز کیوں نہیں پڑھتے تھے؟

جواب: امت کے لئے تشریع کے مقصد سے آپؐ ایسا کرتے تھے۔ جیسے فجر کی سنتیں آپ ہلکی پڑھتے تھے (حالانکہ آپؐ تہجد کے وقت بیدار ہوتے تھے) تاکہ آپؐ کا یہ عمل امت کے لئے اسوہ بنے، کیونکہ امت کی بڑی تعداد فجر کے وقت بیدار ہوتی ہے، پس ان کو فجر کی سنتیں ہلکی پڑھنی چاہئیں تاکہ شیطان نے رات میں جومنتر پڑھ کر گرہ لگائی ہے وہ کھل جائے۔ اسی طرح امت کی راہنمائی کے لئے آپؐ نے ازواج مطہرات کے اوڑھنوں میں نماز نہیں پڑھی ورنہ آپؐ کی ازواج پاک صاف تھیں اور خود آپؐ وساوس سے محفوظ تھے۔ واللہ اعلم

[۳۰۵] بابٌ فی کراهیة الصلاة فی لُحُفِ النِّسَاءِ

[۶۰۱-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلیٰ، نا خالدُ بنُ الحارثِ، عن أَشْعَثَ، وهو ابنُ عبدِ الملكِ، عن محمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ شَقِيْقٍ، عن عائشةَ، قالت: كان رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَايُصَلِّيْ فِيْ لُحُفِ نِسَائِهِ.

قال أبو عیسی: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِیَ فی ذلك رُخْصَةٌ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

ترجمہ: اور اس مسئلہ میں نبی ﷺ سے اجازت بھی مروی ہے۔ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی دو حدیثوں کی طرف اشارہ ہے۔ پہلی حدیث: صدیقہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ رات میں نماز پڑھتے تھے اور میں آپ کے پہلو میں ہوتی تھی اور میں حائضہ ہوتی تھی اور مجھ پر اونی چادر ہوتی تھی جس کا کچھ حصہ آپؐ پر ہوتا تھا (رواہ مسلم وابوداؤد) دوسری حدیث: صدیقہ فرماتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سوتی تھی اور ہم پر ہمارے کپڑے ہوتے تھے اور ہم نے ان پر ایک چادر ڈال رکھی تھی، پس جب آپؐ نے صبح کی تو وہ چادر (جو ہم نے کپڑوں کے اوپر سے اوڑھ رکھی تھی) لی اور تشریف لے گئے، پس فجر کی نماز پڑھی (رواہ ابوداؤد) معلوم ہوا کہ باب کی روایت میں جو ممانعت ہے وہ احتیاطی حکم ہے۔

بابُ مایَجُوْزُ مِنَ المَشْیِ و العَمَلِ فی صَلَاةِ التَّطَوُّعِ

نفل نماز میں کتنا چلنا اور کتنا عمل کرنا جائز ہے؟

نماز میں عمل کثیر مفسد صلاۃ ہے اور چلنا بھی ایک عمل ہے پس نماز میں زیادہ چلنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ خواہ فرض نماز ہو یا نفل دونوں کا حکم ایک ہے۔ اور نماز میں عملِ قلیل کی گنجائش ہے اس لئے تھوڑا چلے گا تو نماز فاسد نہیں ہوگی، رہی یہ بات کہ کونسا عمل قلیل ہے اور کونسا کثیر؟ اس میں علماء کے متعدد اقوال ہیں۔ بعض کہتے ہیں: مصلی جو کام دونوں ہاتھ سے کرے وہ عمل کثیر ہے اور جو کام ایک ہاتھ سے کرے وہ عمل قلیل ہے۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ اگر ناظر

(دیکھنے والا) مصلی کے عمل کو زیادہ سمجھے تو وہ عمل کثیر ہے اور قلیل سمجھے تو نماز درست ہے۔ اور ایک قول یہ ہے کہ خود عمل کرنے والے کی رائے کا اعتبار ہے۔ اگر نمازی اپنے عمل کو تھوڑا سمجھے تو عملِ قلیل ہے نماز فاسد نہیں ہوگی اور زیادہ سمجھے تو عمل کثیر ہے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کا جو اجتہادی مزاج ہے اس سے ہم آہنگ یہ تیسرا قول ہے۔ اور احناف کے یہاں عمل بھی اسی قول پر ہے، چنانچہ بعض لوگ جب رکوع یا سجدہ سے کھڑے ہوتے ہیں تو دونوں ہاتھوں سے کرتا ٹھیک کرتے ہیں، یہ بری عادت ہے، پھر بھی نماز جاری رکھتے ہیں اسی طرح کوئی بھی نمازی کسی بھی ناظر سے نہیں پوچھتا کہ میں نے جو فلاں کام کیا تو وہ آپ کے نزدیک کم تھا یا زیادہ؟ بلکہ ہر شخص اپنی ہی رائے پر عمل کرتا ہے اس لئے میں نے کہا کہ کونسا عمل قلیل ہے اور کونسا کثیر؟ یہ مسئلہ رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

مگر نماز میں کتنا چلنا مفسد صلاۃ ہے اور کتنا چلنا مفسد صلاۃ نہیں؟ یہ مسئلہ فقہاء نے طے کر دیا ہے: اگر کوئی شخص پے بہ پے تین قدم یا اس سے زیادہ چلے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور تین قدم سے کم چلے یا چار پانچ قدم چلے مگر وقفہ وقفہ سے چلے تو نماز فاسد نہ ہوگی۔ فرض نماز کے لئے بھی یہی حکم ہے اور نفل نماز کے لئے بھی۔ مگر چونکہ فرض نماز اللہ تعالیٰ کے دربار کی خاص حاضری ہے اس لئے اس میں تھوڑا بھی نہیں چلنا چاہئے اور نفل نماز خصوصی معاملہ ہے اس لئے اس میں تھوڑا چلنے کی گنجائش ہے۔ اسی فرق کا لحاظ کر کے امام ترمذی رحمہ اللہ نے عنوان میں نفل نماز کی قید لگائی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ازواج مطہرات کے حجرے ساتھ ساتھ تھے اور حضرت عائشہ کے کمرے سے لگا ہوا کمرہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا تھا۔ اور یہ سب گھر حضور اکرم ﷺ نے بنائے تھے اور آپؐ نے ہر حجرہ میں دو دروازے رکھے تھے ایک مسجد کی جانب کھلتا تھا دوسرا باہر سڑک کی جانب۔ عام استعمال میں وہی دروازہ آتا تھا، مسجد کی طرف کا دروازہ صرف آپؐ کے آنے جانے کے لئے تھا۔ اور تمام حجروں کے درمیان کھڑکی (چھوٹا دروازہ) تھی جس سے ایک کمرہ سے دوسرے کمرہ میں آنا جانا ہوتا تھا۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ سے لگا ہوا ایک طرف حضرت حفصہ کا حجرہ تھا اور دوسری جانب حضرت فاطمہ کا۔ آپؐ نے بعد میں حضرت فاطمہؓ کی طرف جو کھڑکی تھی وہ بند کر دی تھی اور حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ کے حجروں کے درمیان جو کھڑکی تھی وہ جانب جنوب تھی یعنی قبلہ کی جانب میں تھی۔ ایک مرتبہ حضرت عائشہ کہیں گئی تھیں، آپؐ گھر میں تنہا تھے اور دروازہ بند کر کے نماز پڑھ رہے تھے جب حضرت عائشہ واپس آئیں تو دروازہ بند پایا انھوں نے خیال کیا کہ آپؐ سو گئے ہیں، دروازہ کھٹکھٹانا مناسب نہیں۔ انھوں نے سوچا کہ حضرت حفصہ کے گھر میں جو کھڑکی ہے اس سے اپنے حجرہ میں چلی جائیں، مگر اتفاق سے وہ بھی بند تھی، جب حضرت عائشہ نے اس کو دھکا دیا تو آپؐ نے قبلہ کی طرف بڑھ کر اس کو کھول دیا، آپؐ قریب ہی نماز پڑھ رہے تھے، پھر واپس اپنی جگہ لوٹ گئے، اور نماز میں مشغول رہے۔ باب میں جو حدیث ہے اس میں یہی واقعہ ہے۔

[۳۰۶] باب مايجوز من المشى والعمل فى صلاة التطوع

[۶۰۲-] حدثنا أبو سَلَمَةَ يحييَ بنُ خَلَفٍ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن بُرْدِ بنِ سِنَانٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ، قالتْ: جِئْتُ ورسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى فى البيتِ، والبابُ عليهِ مُغْلَقٌ، فَمَشَى حتى فَتَحَ لى، ثُمَّ رَجَعَ إلى مَكَانِه، وَوَصَفَتِ البابَ فى القِبْلَةِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

ترجمہ: حضرت عائشہ آئیں درانحالیکہ رسول اللہ ﷺ گھر میں نماز پڑھ رہے تھے اور دروازہ اندر سے بند تھا (مراد وہ کھڑکی ہے جو ان کے اور حضرت حفصہ کے حجروں کے درمیان تھی) پس آپؐ چلے یہاں تک کہ دروازہ کھول دیا، پھر اپنی جگہ واپس چلے گئے، اور حضرت عائشہ نے دروازہ قبلہ کی جانب میں بیان کیا۔

بابُ ماذُكِرَ فِىْ قِرَاءَ ةِ سُوْرَتَيْنِ فِىْ رَكْعَةٍ

ایک رکعت میں دو سورتیں ملانے کا بیان

فرض نماز میں بھی اور نفل نماز میں بھی ایک رکعت میں دو یا زیادہ سورتیں جمع کرنا جائز ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ دو باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ ایک: دونوں سورتوں کے درمیان جہراً بسم اللہ پڑھنی چاہئے، بسم اللہ سورتوں کے درمیان فصل کرنے ہی کے لئے نازل ہوئی ہے اور اسی مقصد سے قرآن میں ہر دو سورتوں کے درمیان لکھی گئی ہے، دوسرے: اترتی ہوئی سورتیں ملانی چاہئیں چڑھتی ہوئی سورتیں جمع نہ کرے، مثلاً پہلے سورۃ الفیل پھر سورۃ الاخلاص پڑھے اس کا برعکس نہ کرے، اس لئے کہ نماز میں اترتی ہوئی سورتیں پڑھنا واجب ہے۔ اور سورتوں کے مضامین میں مناسبت کا خیال رکھے تو نورٌ علی نور۔

باب میں یہ واقعہ ہے کہ کسی طالب علم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ سورۂ محمد (آیت ۱۵) کو مِن ماءٍ غَيْر آسن ہمزۃ کے ساتھ پڑھتے ہیں یا ی کے ساتھ من غیر یَاسِنٍ؟ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: کیا تو نے اس کے علاوہ سارا قرآن پڑھ لیا ہے جو اتنی باریک بات پوچھتا ہے؟ ابووائل نے جواب دیا: جی ہاں! میں سارا قرآن یاد کر چکا ہوں اور اتنا پکا یاد کر لیا ہے کہ ایک رکعت میں تمام مفصلات (سورۂ ق سے آخر تک سوا چار پارے) پڑھتا ہوں، یہ سن کر حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: پڑھتا ہوگا، عورتیں جس طرح چاولوں میں سے کنکر چنتی ہیں یا کھجور کے ڈھیر میں سے جس طرح بوسیدہ کھجوریں چنی جاتی ہیں اس طرح پڑھتا ہوگا؟! پھر فرمایا: رسول اللہ ﷺ تہجد میں ایک رکعت میں دو دو سورتیں ملاتے تھے، اور مجھے معلوم ہے کہ آپؐ کونسی سورتیں ملاتے تھے (یعنی تو کہہ رہا ہے کہ میں تمام مفصلات ایک

رکعت میں پڑھتا ہوں، پس تیرا یہ عمل آنحضور ﷺ کے عمل کے خلاف ہے) ابن مسعودؓ چونکہ اس وقت ناراض تھے اس لئے آگے سوال کرنے کی کسی میں ہمت نہ ہوئی، مگر تلامذہ نے علقمہ سے کہا: کوئی مناسب موقع دیکھ کر حضرت سے دریافت کرنا کہ رسول اللہ ﷺ کونسی سورتیں ملاتے تھے؟ جب علقمہ نے دریافت کیا تو ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ بیس سورتیں ملاتے تھے۔ اور فلاں فلاں سورتیں ایک ایک رکعت میں پڑھتے تھے (ان سورتوں کی تفصیل ابوداؤد حدیث ۱۳۹۶) باب تحزیب القرآن میں ہے)

[۳۰۷] باب ما ذُكر في قراءة سورتين في ركعة

[۶۰۳-] حدثنا محمودُ بنُ غَيلانَ، نا أبو داوُد، قال: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عن الأَعْمَشِ، قال: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قال: سَأَلَ رَجُلٌ عبدَ اللهِ عن هٰذا الحَرْفِ: غَيْرِ آسِنٍ أوياسِنٍ؟ قال: كُلَّ الْقُرْآنِ قَرَأْتَ غيرَ هٰذا؟ قال نعم! قال: إِنَّ قَوْمًا يَقْرَأُوْنَهُ يَنْثُرُوْنَهُ نَثْرَ الدَّقَلِ، لايُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، إِنِّيْ لَأَعْرِفُ السُّوَرَ النَّظَائِرَ الَّتِيْ كان رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرُنُ بَيْنَهُنَّ، فَأَمَرْنا عَلْقَمَةَ، فَسَأَلَهُ فقال: عِشرونَ سُوْرَةً مِنَ الْمُفَصَّلِ، كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقْرِنُ بَيْنَ كلِّ سورَتَيْنِ في كُلِّ رَكْعَةٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: ابووائل کہتے ہیں: ایک شخص (نہیک بن سنان بجلی) نے آیت کریمہ: ﴿مِنْ مَّاءٍ غَيْرِ آسِنٍ﴾ [محمد ۱۵] کے بارے میں پوچھا کہ آسن ہمزہ کے ساتھ ہے یا یَاسِنٍ: ی کے ساتھ؟ ابن مسعودؓ نے فرمایا: کیا تو نے اس کے علاوہ سارا قرآن پڑھ لیا ہے؟ اس نے کہا: ہاں! حضرت ابن مسعود نے فرمایا: بیشک کچھ لوگ قرآن پڑھتے ہیں، پھینکتے ہیں اس کو بوسیدہ کھجوروں کے پھینکنے کی طرح، نہیں بڑھتا قرآن ان کی ہنسلیوں سے یعنی دل اثر قبول نہیں کرتا (حدیث میں اختصار ہے تفصیلی واقعہ جو مسلم کی روایت میں آیا ہے اوپر تحریر کیا ہے) بیشک میں جانتا ہوں ان سورتوں کو جو ایک دوسرے کی نظیر ہیں، جن کو رسول اللہ ﷺ ملایا کرتے تھے، پس ہم نے علقمہ کو حکم دیا، پس انھوں نے ابن مسعود سے پوچھا تو آپؓ نے فرمایا: مفصلات میں سے بیس سورتیں ہیں۔ نبی ﷺ دو دو سورتوں کو ملایا کرتے تھے ایک رکعت میں (نظائر: نظیر کی جمع ہے: وہ سورتیں جن کا مضمون ملتا جلتا ہو ان کو ایک رکعت میں ملاتے تھے)

بَابُ مَاذُكِرَ فِي فَضْلِ الْمَشْيِ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَمَا يُكْتَبُ لَهُ مِنْ الأَجْرِ فِي خُطَاهُ

مسجد جانے کی فضیلت اور ہر قدم پر ملنے والا اجر وثواب

جب آدمی نماز پڑھنے کے لئے گھر سے نکلتا ہے اور دوسرا کوئی مقصد نہیں ہوتا ہے تو ہر قدم پر جسے وہ اٹھاتا ہے ایک

نیکی لکھی جاتی ہے اور ہر قدم پر جسے وہ رکھتا ہے ایک گناہ معاف ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جب بندہ وضو کرتا ہے اور اچھی طرح وضو کرتا ہے پھر نماز کے لئے نکلتا ہے نہیں نکالتا اس کو یا فرمایا: نہیں کھڑا کرتا اس کو مگر یہی کام (یعنی مسجد جانے ہی کے لئے گھر سے نکلتا ہے دوسرا کوئی مقصد نہیں ہوتا) تو نہیں اٹھاتا وہ کوئی قدم مگر اللہ تعالیٰ اس قدم کی وجہ سے اس کا ایک درجہ بلند فرماتے ہیں اور اس قدم کی وجہ سے اس کا ایک گناہ معاف فرماتے ہیں“

تشریح: ایک زمانہ تک میرا خیال تھا کہ اس حدیث میں وضو کی قید بمنزلہ شرط ہے، یعنی مذکورہ ثواب اسی صورت میں حاصل ہوگا جبکہ وضو کرکے مسجد جائے، اگر بے وضو گھر سے نکلا ہے، چاہے مسجد میں جانے ہی کے لئے نکلا ہو: مذکورہ ثواب حاصل نہیں ہوگا، چنانچہ طالب علمی کے زمانہ سے میرا معمول یہ ہے کہ میں گھر سے وضو کرکے مسجد جاتا ہوں، طالب علمی کے زمانہ میں بھی کمرہ سے وضو کرکے جاتا تھا۔ پھر میں نے علامہ انور شاہ صاحبؒ کی یہ صراحت پڑھی کہ حدیث میں وضو کی قید عربوں کے عرف کے اعتبار سے ہے۔ چونکہ عربوں کی مسجدوں میں وضو کا انتظام نہیں ہوتا لوگ گھر سے وضو کرکے آتے ہیں اس لئے حدیث میں یہ قید ہے (فیض الباری ۲:۷۳) اس لئے میرا خیال بدل گیا مگر طالب علمی کے زمانہ سے جو عادت پڑی ہے وہ آج بھی باقی ہے، میں اب بھی گھر سے وضو کرکے مسجد جاتا ہوں۔

[۳۰۸] باب ما ذُکر فی فضل المَشْيِ إلی المسجد
وما يُكْتَبُ له من الأجر في خُطَاهُ

[۶۰۴-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داوٗد، قال: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عن الأَعْمَشِ، سَمِعَ ذَكْوَانَ، عن أبی هريرةَ، عن النبيِّ صلی الله عليه وسلم قال: ” إِذَا تَوَضَّأَ الرجلُ فَأَحْسَنَ الوُضُوْءَ، ثم خَرَجَ إلی الصَّلاَةِ لاَ يُخْرِجُهُ أَوْ قَالَ: لاَيُنْهِزُهُ إِلاَّ إِيَّاهَا، لم يَخْطُ خُطْوَةً إِلاَّ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِها دَرَجَةً، وحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً“

قال أبو عيسی: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: عنوان میں دونوں جملوں کے درمیان واو عطف تفسیری ہے یعنی دونوں جملوں کا ایک ہی مطلب ہے ترجمہ ہے: اس حدیث کا تذکرہ جو مسجد جانے کی فضیلت میں آئی ہے اور اس میں یہ مضمون آیا ہے کہ مسجد جانے والے کے لئے اس کے قدموں پر کیا ثواب لکھا جاتا ہے۔

بابُ ماذُكِرَ في الصَّلاَةِ بَعْدَ المَغْرِبِ فی البَيْتِ أَفْضَلُ

مغرب کے بعد کی سنتیں گھر میں پڑھنا افضل ہے

پہلے یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ سننِ مؤکدہ اور نوافل گھر میں پڑھنا افضل ہے یا مسجد میں؟ مغرب کی سنتوں کا بھی وہی

حکم ہے، ان کا کوئی علحدہ حکم نہیں، اس لئے یہاں صرف حدیث سمجھ لی جائے۔ آنحضور ﷺ نے ایک مرتبہ قبیلہ بنی عبدالاشہل کی مسجد میں مغرب کی نماز پڑھی۔ نماز کے بعد صحابہ مسجد ہی میں سنتیں پڑھنے لگے، آپؐ نے فرمایا: ''لوگو! یہ نماز گھروں میں پڑھو'' امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ قولی حدیث صحیح نہیں، صحیح حدیث ابن عمرؓ کی ہے جو فعلی ہے اور بخاری میں ہے کہ نبی ﷺ مغرب کے بعد اپنے گھر میں دو سنتیں پڑھتے تھے ——— اور مسجد میں بھی سنتیں پڑھنا جائز ہے، حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مغرب پڑھی، پھر مسجد ہی میں آپؐ برابر نماز پڑھتے رہے یہاں تک کہ عشاء کی نماز پڑھی۔ ظاہر ہے آپؐ نے اس دن مغرب کے بعد کی سنتیں بھی مسجد ہی میں پڑھی ہونگی۔ پس مغرب کی سنتیں اور دوسری سنتیں مسجد میں پڑھنا جائز ہے (حضرت حذیفہ کی حدیث مسند احمد میں ہے اور اس کی سند اچھی ہے)

[۳۰۹] باب ما ذُكر فی الصلاة بعد المغرب فی البيت أفضل

[۶۰۵-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا إبراهيمُ بنُ أبی الوَزِيْرِ، نا محمدُ بنُ موسیَ، عن سَعْدِ بنِ إسحاقَ بنِ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ، قال: صَلَّی النبیُّ صلی الله عليه وسلم فِیْ مَسْجِدِ بَنِی عَبدِ الْأَشْهَلِ المَغْرِبَ، فَقَامَ نَاسٌ يَتَنَفَّلُونَ، فقالَ النبیُّ صلی الله عليه وسلم: "عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الصَّلَاةِ فِیْ الْبُيُوْتِ"

قال أبو عيسی: هٰذا حَدِيْثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ، والصحيحُ ما رُوِیَ عن ابنِ عُمَرَ قال: كان النبیُّ صلی الله عليه وسلم يُصَلِّی الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِیْ بَيْتِهِ.

[۶۰۶-] وقد رُوِیَ عن حُذَيْفَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم صَلَّی الْمَغْرِبَ، فَمَا زَالَ يُصَلِّی فی الْمَسْجِدِ حَتّٰی صَلَّی الْعِشَاءَ الآخِرَةَ، فَفِی هٰذا الحديثِ دَلَالَةٌ أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم صَلَّی الركعتَينِ بعدَ المغربِ فی المَسْجِدِ.

وضاحت: کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب ہے اس لئے کہ اس کی یہی ایک سند ہے، مگر حدیث فی نفسہ کیسی ہے؟ یہ بات امام ترمذیؒ نے بیان نہیں کی۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح تو نہیں ہے اس لئے کہ اسحاق بن کعب ہلکے درجہ کے راوی ہیں، مگر وہ ضعیف بھی نہیں، پس یہ حدیث امام ترمذی والی حسن ہے۔ واللہ اعلم

بابٌ فی الاِغْتِسَالِ عند ما يُسْلِمُ الرَّجُلُ

اسلام قبول کرنے کے بعد غسل کرنے کا بیان

امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر نو مسلم نے جنابت کی حالت میں اسلام قبول کیا ہے تو مسلمان

ہونے کے بعد اس پر غسل فرض ہے۔ اور اگر نومسلم اسلام قبول کرتے وقت جنبی نہیں تھا تو غسل کرنا مستحب ہے، اور کپڑے دھونا اور بال کٹوانا بھی مستحب ہے، البتہ ختنہ کرانا واجب ہے۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: نومسلم خواہ جنبی ہو یا پاک اسلام قبول کرنے کے بعد اس پر غسل فرض ہے۔

حدیث: قیس بن عاصم رضی اللہ عنہ جب مسلمان ہوئے تو نبی ﷺ نے ان کو بیری کے پانی سے غسل کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ نے امر کو وجوب کے لئے لیا ہے۔ اور امام اعظم اور امام شافعی فرماتے ہیں: حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں ایک لاکھ سے زیادہ افراد مشرف باسلام ہوئے، آپؐ نے کسی کو غسل کا حکم نہیں دیا، صرف قیس بن عاصم کو یہ حکم دیا۔ اگر نومسلم پر غسل واجب ہوتا تو آپؐ ہر مسلمان ہونے والے کو یہ حکم دیتے، اور اس سلسلہ کی روایات درجۂ تواتر تک پہنچ جاتیں۔ معلوم ہوا کہ حدیث مذکور میں امر استحباب کے لئے ہے وجوب کے لئے نہیں ہے —— اور جاننا چاہئے کہ پرانے زمانہ میں صابن نہیں تھا اور تھا بھی تو ہر کسی کو میسر نہیں تھا۔ لوگ بدن کا میل صاف کرنے کے لئے مختلف چیزیں استعمال کرتے تھے، کوئی اُشنان مٹی بدن پر ملتا تھا، کوئی ریہ مٹی جن سے دھوبی کپڑے صاف کرتے ہیں استعمال کرتا تھا، کوئی ریٹھے کا پھل پانی میں بھگو کر استعمال کرتا تھا، کوئی شریفے کے بیج کوٹ کر اور پانی میں بھگو کر استعمال کرتا تھا کوئی بیری کے پتے پانی میں ڈال کر خوب پکاتا پھر اس کا زُلال استعمال کرتا۔ اب صابن آگیا ہے اور صابن میل کچیل صاف کرنے میں ان سب سے اچھا ہے اس لئے اب صابن سے نہانا کافی ہے۔ اور یہی مسئلہ میت کو غسل دینے کا بھی ہے۔ میت کو صرف صابن سے نہلانا کافی ہے بلکہ بدرجہ اولیٰ کافی ہے۔

[۳۱۰] باب فی الاغتسال عند ما يُسْلِمُ الرجلُ

[۶۰۷-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفيانُ، عن الْأَغَرِّ بنِ الصَّبَّاحِ، عن خَلِيْفَةَ بنِ حُصَيْنٍ، عن قَيْسِ بنِ عاصِمٍ: أَنَّهُ أَسْلَمَ فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَغْتَسِلَ بِمَاءٍ وِسْدرٍ.

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

والعَمَلُ عليهِ عندَ أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ لِلرَّجُلِ إِذَا أَسْلَمَ أَنْ يَغْتَسِلَ وَيَغْسِلَ ثِيَابَهُ.

ترجمہ: اہل علم کے نزدیک اس حدیث پر عمل ہے وہ آدمی کے لئے پسند کرتے ہیں جبکہ وہ اسلام قبول کرے کہ وہ نہائے اور اپنے کپڑے دھوئے۔

بابُ مَاذُكِرَ مِنَ التَّسْمِيَةِ فِيْ دُخُوْلِ الخَلاَءِ

بسم اللہ کہہ کر بیت الخلاء جانے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنات کی آنکھوں اور انسان کی شرم گاہ کے درمیان پردہ یہ ہے کہ جب وہ بیت الخلاء جائے تو بسم اللہ کہے''

تشریح: یہ حدیث محمد بن حمید الرازی کی وجہ سے بے حد ضعیف ہے اور یہ حدیث مسند احمد اور ابن ماجہ میں بھی ہے مگر اس کا شاہد موجود ہے وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور طبرانی کی معجم صغیر میں ہے، اور اس کی سند اچھی ہے اس کے الفاظ بھی تقریباً یہی ہیں ـــــ اور جاننا چاہئے کہ ایک دعا کتاب کے شروع میں گذری ہے: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ دونوں دعائیں پڑھ سکتا ہے یعنی صرف بسم اللہ کہنا بھی کافی ہے اور دونوں کو جمع کرے تو اور بھی بہتر ہے۔

[۳۱۱] بابُ ما ذكر من التسمية فى دخول الخلاء

[۶۰۸-] حدثنا محمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نا الحَكَمُ بنُ بَشِيْرِ بنِ سَلْمَانَ، نا خَلاَّدُ الصَّفَّارُ، عن الحَكَمِ بنِ عبدِ اللّٰهِ النَّصْرِيِّ، عن أبى إسحاقَ، عن أبى جُحَيْفَةَ، عن عليِّ بنِ أبى طَالِبٍ رضى الله عنه، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: '' سَتْرُ مَا بَيْنَ أَعْيُنِ الجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِيْ آدَمَ إِذَا دَخَلَ أَحَدُهُمُ الخَلاَءَ، أَنْ يَقُوْلَ: بِسمِ اللّٰهِ''

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غريبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذا الوَجْهِ وإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِذَاكَ، وقد رُوِىَ عن أنسٍ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ فى هٰذَا.

نوٹ: ابن ماجہ میں بھی حدیث کی یہی سند ہے (حدیث ۲۹۷)

بابُ ماذُكِرَمِنْ سِيْمَاءِ هٰذِهِ الأُمَّةِ مِنْ آثَارِ السُّجُوْدِ والطُّهُوْرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

قیامت کے دن سجدوں اور پاکی کے آثار سے اس امت کی علامتِ خاص

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری امت قیامت کے دن سجدوں (نمازوں) کی وجہ سے روشن چہرہ وضو کی وجہ سے روشن اعضاء ہوگی''

لغات: السِّيْمَا اور السِّيْمَاءُ: دونوں کے معنی ہیں: علامت، خاص نشانی (یونیفارم)............ اور غُرَّۃٌ کے معنی ہیں

پیشانی کی سفیدی، اور غُرٌّ اور أَغَرُّ کے معنی ہیں روشن پیشانی، اسی لئے مہینہ کی پہلی تاریخ کو غُرَّۃ الشھر کہتے ہیں، اس لئے کہ نیا چاند مہینہ کی پیشانی کو روشن کرتا ہے، پہلے راتیں تاریک تھیں اب تھوڑی روشنی ہوئی .... اور مُحَجَّلُوْن: تحجیل سے اسم مفعول ہے اس کے معنی ہیں: وہ گھوڑا جس کا رنگ سفیدی کے علاوہ ہو، مگر اس کے چاروں پیر سفید ہوں۔

اور حدیث کا مطلب: یہ ہے کہ قیامت کے دن اس امت کی امتیازی نشانی یہ ہوگی کہ اس کے وہ اعضاء جو سجدے میں استعمال ہوتے ہیں اور اس کے وہ اعضاء جو وضو میں دھوئے جاتے ہیں نماز اور وضو کی وجہ سے خاص طرح سے روشن اور چمکدار ہونگے، اور ہر شخص پہچان لے گا کہ یہ آخری پیغمبر کا امتی ہے۔ اور سابقہ امتوں میں بھی نماز اور وضو رہے ہیں پس ان کو بھی ان دونوں عملوں کا فائدہ پہنچے گا، مگر وہ فائدہ کسی اور شکل میں ان کو حاصل ہوگا، اس حدیث میں جس فائدہ کا بیان ہے وہ اس امت کی خصوصیت ہے۔

اس کے بعد تین باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: اس باب میں جو حدیث ہے وہ اعلی درجہ کی صحیح ہے، مگر حضرت عبداللہ بن بسرؓ کی روایت سے غریب (انوکھی) ہے۔ مسلم میں یہ حدیث ابو ہریرہؓ سے مروی ہے اور اس میں ایک ہی مضمون ہے۔ بخاری شریف (حدیث ۱۳۶) کے الفاظ ہیں: إن أُمتی یُدعَونَ یوم القیامة غُرًّا مُحَجَّلِیْنَ مِنْ آثار الوضوء، فمن استطاع منکم أن یُطیل غرته فلیفعل۔ ترجمہ: بیشک میری امت قیامت کے دن بلائی جائے گی درانحالیکہ وہ روشن پیشانی، روشن اعضاء ہوگی وضو کے اثر سے، پس جو شخص تم میں سے طاقت رکھتا ہے کہ اپنی پیشانی کی روشنی کو دراز کرے پس چاہئے کہ وہ کرے، یعنی خوب اہتمام سے وضو کرے، سجدوں کے اثر سے پیشانی کی روشنی کا مضمون اس حدیث میں نہیں ہے۔ یہ مضمون صرف باب کی حدیث میں ہے جو حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے مروی ہے اس لئے یہ حدیث لحال الاسناد غریب ہے۔

دوسری بات: اس حدیث میں دونوں مضمونوں میں سے آدھا آدھا مضمون بیان کیا گیا ہے اور باقی آدھا فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا گیا ہے۔ فرمایا: میری امت قیامت کے دن سجدوں کی وجہ سے روشن پیشانی ہوگی اور صرف پیشانی ہی نہیں بلکہ دوسرے وہ اعضاء بھی جو سجدے میں استعمال ہوتے ہیں روشن ہونگے، یہ آدھا مضمون چھوڑ دیا گیا ہے، کیونکہ وہ اگلے مضمون کے ساتھ مقابلہ کرنے سے سمجھ میں آجاتا ہے اور ارشاد فرمایا: میری امت وضو کی وجہ سے روشن اعضاء ہوگی۔ یعنی ان کے ہاتھ پاؤں چمکتے ہونگے، اور صرف اعضاء ہی نہیں چہرہ اور سر بھی روشن ہوگا، یہ آدھا مضمون یہاں چھوڑ دیا گیا ہے کیونکہ وہ پہلے مضمون کے ساتھ مقابلہ کرنے سے سمجھ میں آجاتا ہے اور جو اعضاء سجدے میں بھی استعمال ہوتے ہیں اور وضو میں بھی دھوئے جاتے ہیں یعنی چہرہ، کفین اور قدمین ان میں دونوں عبادتوں کی برکتیں ظاہر ہونگی اور ان اعضاء کی چمک دوبالا ہوگی۔

تیسری بات: اس حدیث میں جو دوسرا مضمون ہے یعنی سجدوں کی وجہ سے چہروں کی چمک۔ یہ مضمون قرآن

کریم میں بھی آیا ہے۔ سورۂ فتح (آیت ۲۹) میں ہے: ﴿سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ﴾ یعنی ان کے چہروں میں سجدوں (نمازوں) کے اثر سے امتیازی علامت ہوگی۔ یہ صحابہ کا اور مؤمنین کا تذکرہ ہے اوران کا یہ حال دنیا میں بھی ہوتا ہے اور قیامت کے دن بھی ہوگا۔ نماز اور سجدے کے مخصوص آثار دنیا میں بھی ان کے چہروں سے نمایاں ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی وہ نمایاں ہونگے۔ البتہ آیتِ پاک میں وہ نشان مرادنہیں جو پیشانی میں پڑ جاتا ہے یا ڈال لیا جاتا ہے۔ بلکہ نیک چلنی اور شب بیداری کے انوار وتجلیات مراد ہیں۔ آیتِ پاک میں وجوہ ہے جِباہ نہیں ہے۔ سائب بن یزید جو جلیل القدر تابعی ہیں ان کے پاس ایک شخص آیا جس کے ماتھے پر سجدہ کا نشان تھا آپ نے اس کو دیکھ کر فرمایا: بخدا! اس نے اپنا چہرہ بگاڑ لیا۔ سنو! بخدا! قرآن میں جو سیماء ہے اس سے یہ ماتھے کا نشان مرادنہیں اور فرمایا: میں اسّی سال سے سجدہ کرتا ہوں مگر میری آنکھوں کے درمیان سجدوں کا کوئی نشان نہیں (الدرالمنثو ر ۸۲:۶) اور یہ بات میں اس لئے بیان کررہا ہوں کہ بعض طلبہ کو غلط فہمی ہے وہ ماتھے کے اس نشان کو آیت کا مصداق سمجھتے ہیں پھر بزرگ بننے کے لئے معلوم نہیں گرم پتھر پر ماتھا رگڑتے ہیں یا کیا کرتے ہیں، ہتھیلی بھر کالا کالا داغ پیدا کرلیتے ہیں۔ اس حماقت کی ضرورت نہیں۔ تمام مفسرین متفق ہیں کہ یہ نشانی آیت کا مصداق نہیں۔

[۳۱۲] بابُ ما ذكر من سِيْمَاءِ هذه الأمةِ من آثار السجود والطهور يوم القيامة

[۶۰۹-] حدثنا أبو الوليدِ الدِّمَشْقِيُّ، نا الوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ قال: قال صَفْوَانُ بنُ عَمْرٍو، أَخْبَرَنِيْ يَزِيْدُ بنُ خُمَيْرٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ بُسْرٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: " أُمَّتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ غُرٌّ مِنَ السُّجُوْدِ مُحَجَّلُوْنَ مِنَ الْوُضُوْءِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ من هٰذا الوجهِ مِنْ حَديثِ عبدِ اللهِ بنِ بُسْرٍ.

فائدہ: غُرّ اور محجلون کے درمیان حرف عطف نہیں ہے، کیونکہ دونوں جملوں میں غایت اتحاد ہے۔

بابُ ما يُسْتَحَبُّ مِنَ التَّيَمُّنِ فى الطُّهُوْرِ

پاکی میں دائیں طرف سے ابتداء کرنے کا بیان

وضو اور غسل میں جہاں بھی دایاں بایاں ہے وہاں پہلے دایاں دھوئے پھر بایاں۔ اور جہاں دایاں بایاں نہیں جیسے چہرہ وہاں جو چاہے کرے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دائیں طرف سے ابتداء کرنے کو پسند فرماتے تھے، اپنے وضو میں (لفظ طہور اگرچہ عام ہے وضوء وغسل دونوں کو شامل ہے، مگر عام طور پر اس لفظ سے وضو مراد لی جاتی

ہے) جب وضو فرماتے تھے اور تیل کنگھا کرنے میں جب (سر میں یا ڈاڑھی میں) تیل کنگھا کرتے تھے (یعنی پہلے دائیں جانب پھر بائیں جانب کنگھا کرتے تھے) اور چپل پہنے میں جب چپل پہنتے تھے (یہ تین چیزیں بطور مثال ہیں۔علماء نے اسی سے قاعدہ کلیہ بنایا ہے کہ ہر اچھا کام دائیں طرف سے کرنا چاہئے)

[۳۱۳] بابُ ما یستحب من التیمن فی الطهور

[۶۱۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُو الأحوصِ، عن أشْعَثَ بنِ أبی الشَّعْثَاءِ، عن أبیهِ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عائشةَ، قالتْ: إنَّ رسولَ اللهِ صلى الله علیه وسلم کان یُحِبُّ التَّیَمُّنَ فی طُهُوْرِهِ إِذَا تَطَهَّرَ، وفی تَرَجُّلِهِ إِذَا تَرَجَّلَ، وفی انْتِعَالِهِ إِذَا انْتَعَلَ.

وأبو الشَّعْثَاءِ: اسْمُهُ سُلَیْمُ بنُ أَسْوَدَ المُحَارِبِیُّ، قال أبو عیسى: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغت: تَرَجَّلَ شَعْرَہ: بالوں میں کنگھا کرنا۔

بابُ ذِکْرِ قَدْرِ مَا یُجْزِئُ مِن المَاءِ فی الوُضُوْءِ

وضوء میں کتنا پانی کافی ہے؟

کتاب الطہارۃ میں یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ وضوء وغسل میں پانی کی ایسی کوئی مقدار جس سے کم یا زیادہ جائز نہ ہو شریعت نے متعین نہیں کی۔حسب ضرورت وضوء وغسل میں پانی استعمال کیا جاسکتا ہے۔البتہ دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے: ایک: اسراف (فضول خرچی) نہ کرے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ اگر جاری نہر پر وضو کرے تو بھی اسراف نہ کرے، دوسری بات: پانی استعمال کرنے میں بہت زیادہ بخیلی بھی نہ کرے۔

باب میں ایک قولی روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''وضو میں دو رطل پانی کافی ہے'' (ایک رطل ۴۰۷ گرام کا ہوتا ہے) یہ روایت شریک بن عبداللہ نخعی کی ہے جو کثیر الخطاء ہیں۔اور امام شعبہ کی روایت فعلی ہے کہ نبی ﷺ ایک مکّوک سے وضو اور پانچ مکوک سے غسل فرمایا کرتے تھے۔مکوک: ایک پیمانہ ہے جس کی مقدار مختلف ملکوں میں مختلف تھی۔امام نووی اور علامہ طاہر پٹنی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں مکوک سے مراد مدّ (دو رطل) ہے۔

[۳۱۴] بابُ ذِکْرِ قدرِ ما یُجْزِئُ من الماء فی الوضوء

[۶۱۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وکیعٌ، عن شریکٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عیسى، عن ابنِ جَبْرٍ، عن أنسِ بنِ مالکٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله علیه وسلم قال: ''یُجْزِیءُ فی الوُضُوْءِ رِطْلَانِ مِنْ مَاءٍ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ لا نَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ حديثِ شَرِيكٍ على هٰذا اللَّفْظِ.

ورَوَى شُعْبَةُ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ جَبْرٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يَتَوَضَّأُ بِالْمَكُّوْكِ، ويَغْتَسِلُ بِخَمْسَةِ مَكَاكِيَّ.

لغت: مكّوك: بروزن تنّور ہے اور مكاكِيّ: دراصل مكاكيك تھا، آخری کاف کو یاء سے بدل کری میں ادغام کیا ہے۔

بابُ مَا ذُكِرَ فِيْ نَضْحِ بَوْلِ الغُلَامِ الرَّضِيْعِ

شیرخوار بچے کے پیشاب پر چھینٹا دینے کا بیان

یہ مسئلہ کتاب الطہارۃ میں گذر چکا ہے۔ وہاں حضرت ام قیس کی حدیث ذکر کی تھی اور یہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث بیان کی ہے۔ شاید اس حدیث کے وقف ورفع میں جو اختلاف ہے اس سے طالب علم کو واقف کرنے کے لئے یہ باب دوبارہ قائم کیا ہے۔ واللہ اعلم

[۳۱۵] بابُ ما ذُكر فی نَضْحِ بولِ الغلام الرَّضيع

[۶۱۲-] حدثنا بُندارٌ، نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، قال: حَدَّثَنِيْ أبی، عن قَتَادَةَ، عن أبی حَرْبِ بنِ أبی الْأَسْوَدِ، عن أبيهِ، عن عليِّ بنِ أبی طالبٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قال فی بَوْلِ الغُلَامِ الرَّضِيْعِ: " يُنْضَحُ بَوْلُ الغُلَامِ، وَيُغْسَلُ بَوْلُ الجارِيَةِ". قال قَتَادَةُ وَهٰذَا مَالَمْ يَطْعَمَا، فَإِذَا طَعِمَا غُسِلاَ جَمِيْعًا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، رَفَعَ هِشَامُ الدَّسْتَوَائِيُّ هٰذا الحديثَ عن قَتَادَةَ، وَوَقَفَهُ سَعيدُ بنُ أبی عَرُوْبَةَ عن قَتَادَةَ، ولَمْ يَرْفَعْهُ.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شیرخوار بچے کے پیشاب کے بارے میں فرمایا: "لڑکے کے پیشاب پر چھینٹا دیا جائے اور لڑکی کے پیشاب کو دھویا جائے" قتادہ کہتے ہیں: یہ فرق اس وقت تک ہے جب تک دونوں باہر کی غذا نہ لیں، پس جب دونوں باہر کی غذا لینے لگیں تو دونوں کے پیشاب کو دھویا جائے۔

یہ حدیث ہشام دستوائی اور سعید بن ابی عروبہ دونوں حضرت قتادہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور ہشام حدیث کو مرفوع کرتے ہیں اور سعید موقوف بیان کرتے ہیں، یعنی وہ مذکورہ حدیث کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں۔

بابُ مَاذُكِرَ فی الرُّخْصَةِ لِلْجُنُبِ فِی الأَكْلِ وَالنَّوْمِ إِذَا تَوَضَّأَ

جنبی کے لئے وضو کر کے کھانا پینا اور سونا جائز ہے

یہ مسئلہ بھی پہلے گذر چکا ہے کہ جنبی کے لئے افضل یہ ہے کہ وہ سونے اور کھانے پینے سے پہلے غسل کرے اور صرف وضو کرے تو بھی جائز ہے اور یہ افضیلت کا ادنی درجہ ہے۔ اور پانی کو بالکل چھوئے بغیر سونا اور کھانا پینا بھی جائز ہے۔ اور یہ صرف مباح کا درجہ ہے اس میں کوئی فضیلت نہیں۔

[۳۱۶] بابُ ما ذُكر فی الرخصة للجنب فی الأكل والنوم إذا توضأ

[۶۱۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا قَبِيْصَةُ، عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن عَطَاءٍ الخُرَاسَانِيِّ، عن يَحيى بنِ يَعْمُرَ، عن عَمَّارٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لِلْجُنُبِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَأْكُلَ أَوْ يَشْرَبَ أَوْ يَنَامَ أَنْ يَتَوَضَّأَ وُضُوْءَهُ لِلصَّلَاةِ. قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے جنبی کو اجازت دی: جب وہ کھانا پینا یا سونا چاہے کہ وہ نماز والی وضوء کرلے۔

بابُ ما ذُكِرَ فی فَضْلِ الصَّلَاةِ

نماز کی فضیلت کا بیان

حدیث: کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: میں تجھے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں (یعنی اللہ تعالیٰ تیری حفاظت کریں) ایسے امراء سے جو میرے بعد ہونگے، پس جو چھایا (یعنی بغیر بلائے پہنچا) ان کے دروازوں پر پس ان کے جھوٹ (غلط احکام) میں ہاں ملائی اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کی تو وہ میرا نہیں (یعنی میرا اس سے کوئی تعلق نہیں) اور میں اس سے نہیں، اور وہ میرے پاس (میدان حشر میں) حوض کوثر پر نہیں پہنچے گا (اور پہنچنا چاہے گا تو فرشتے دھکا دے کر ہٹا دیں گے) اور جو ان امراء کے دروازں پر چھایا یا نہیں چھایا یعنی خواہ ان کے پاس گیا یا نہیں گیا اور ان کے جھوٹ میں ہاں نہیں ملائی، اور ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کی تو وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں۔ اور وہ عنقریب میرے پاس (میدانِ حشر میں) حوض کوثر پر آئے گا۔ اے کعب بن عجرۃ! نماز (ایمان کی) پکّی دلیل ہے، اور روزہ مضبوط ڈھال ہے۔ اور خیرات گناہوں کو بھسم کرتی ہے جس طرح پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ اے کعب بن عجرۃ! بیشک شان یہ ہے کہ نہیں بڑھتا کوئی گوشت جواُگا ہو (پیدا ہوا ہو) حرام مال سے (سُحت کے اصل معنی ہیں مونڈنا، چونکہ حرام مال آدمی کے دین کو مونڈ دیتا ہے اس لئے اس کو بھی سحت کہتے ہیں) مگر جہنم کی آگ اس

(گوشت) کی زیادہ حقدار ہے (یعنی جس بدن میں مال حرام پہنچا اس کے لئے جنت میں کوئی جگہ نہیں اس لئے کہ جنت پاک جگہ ہے اور مال حرام سے جو بدن تیار ہوتا ہے وہ ناپاک ہے، پس اس کے لئے زیادہ مناسب جگہ جہنم ہے)

تشریح: اس حدیث میں چار مضمون ہیں:

پہلا مضمون: اس دنیا میں جو معنویات ہیں وہ برزخ میں، میدانِ حشر میں اور جنت وجہنم میں پیکر محسوس اختیار کریں گے، ان کی حقیقت کے مناسب جو صورت ہوگی وہ ان کو ملے گی، جیسے بزدلی خواب میں خرگوش کی شکل میں نظر آتی ہے اس لئے کہ وہی صورت بزدلی کے مناسب ہے۔ اور لالچ خواب میں کتے کی شکل میں نظر آتی ہے کیونکہ یہی صورت حرص کے زیادہ مناسب ہے۔ اسی طرح دنیا میں جو چیزیں معنویات ہیں وہ مناسب صورت میں دوسری دنیا میں ظاہر ہونگی۔ چنانچہ حوضِ کوثر سنت نبوی کا پیکر محسوس ہے۔ اس دنیا میں جو سنتِ نبوی پر عمل پیرا ہوگا وہ حوض کوثر پر وارد ہوگا، اور جو سنت نبوی سے منہ موڑتا ہے وہ حوض کوثر پر نہیں پہنچے گا، اور اگر پہنچنے کا ارادہ کرے گا تو فرشتے دھکا دے کر ہٹا دیں گے، اور پل صراط: جو جہنم کی پیٹھ پر بچھایا جائے گا صراط مستقیم کا پیکر محسوس ہے، جو شخص دنیا میں صراط مستقیم پر گامزن ہے وہ پل صراط پر سے آسانی سے گذر جائے گا، اور جو جتنا مضبوطی سے صراط مستقیم سے چمٹا رہے گا وہ اتنا ہی جلدی صراط سے گذر جائے گا۔ اور جس نے دنیا میں صراط مستقیم اختیار نہیں کی وہ پل صراط پر سے نہیں گذر سکے گا، آنکڑے اس کو پکڑ کر کھینچ لیں گے اور جہنم میں پہنچا دیں گے۔ غرض اس دنیا میں جو معنویات ہیں اگلی دنیا میں وہ پیکر محسوس اختیار کریں گے، اس لئے ظالم حکام کی ہاں میں ہاں ملانا اور ان کی مدد کرنا چونکہ سنتِ نبوی کے خلاف ہے، اس لئے ایسے لوگ حوض کوثر کے آب شیریں سے محروم رہیں گے۔

دوسرا مضمون: امرائے سوء کی ان کے غلط احکام میں اور ان کے ظلم میں مدد (ہمنوائی) نہیں کرنی ہے، یہ حوض کوثر پر پہنچنے کے لئے مانع ہے، اور اس کا مدار امراء کے پاس جانے نہ جانے پر نہیں ہے بلکہ ظلم میں ان کی مدد کرنے نہ کرنے پر ہے۔

تیسرا مضمون: هو مني و أنا منه: ایک محاورہ ہے۔ حماسة (بہادرانہ کارنامے) عربی ادب کی ایک کتاب ہے جو تکمیل ادب میں پڑھائی جاتی ہے اس میں یہ واقعہ ہے کہ ایک شاعر کا اس کی پہلی بیوی سے ایک لڑکا تھا، دوسری بیوی اس لڑکے کو اچھا نہیں رکھتی تھی، شاعر نے اپنی بیوی کو نصیحت کی اور چند اشعار کہے وہ کہتا ہے:

إنْ کُنتِ مِنِّي أَوْ تُریدینَ صُحْبَتِي ❁ فکوني له کالسَّمْنِ رُبَّتْ لَهُ الْأَدَمُ

ترجمہ: اگر تو مجھ سے ہے یعنی میرے ساتھ شیر وشکر ہوکر رہنا چاہتی ہے یا میری رفاقت چاہتی ہے یعنی نباہ کرنا چاہتی ہے تو اس لڑکے کے لئے اس گھی کی طرح ہو جا جس کے لئے کھجور کا شیرہ بھر کر کپّی تیار کی گئی ہو ——— چمڑے کی کپی جب نئی ہوتی ہے تو گھی میں بو آتی ہے اس لئے اس میں کھجور کا شیرہ بھرتے ہیں تاکہ بدبو ختم ہو جائے۔ پھر اس میں گھی بھرتے ہیں، اس سے گھی میں نہ صرف یہ کہ بدبو پیدا نہیں ہوتی بلکہ وہ خوشبودار ہو جاتا۔ شاعر کہتا ہے اگر تو کسی بھی

درجہ میں میرے ساتھ نباہ کرنا چاہتی ہے تو تجھے اس لڑکے کے لئے اس گھی کی طرح ہوجانا چاہئے جس میں پہلے کھجور کا شیرہ بھرا گیا ہو۔ شاعر نے اس شعر میں یہی محاورہ استعمال کیا ہے کہ اگر تو میرے ہم مزاج ہے اور میرے ساتھ شیر وشکر ہوکر رہنا چاہتی ہے تو جیسا میرا برتاؤ لڑکے کے ساتھ ہے تو بھی ایسا ہی برتاؤ کر، پس حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص امراء کے غلط فیصلوں میں ان کی ہمنوائی کرتا ہے وہ میرا ہم مزاج نہیں، اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں، اور جب اللہ کے رسول کسی شخص سے ایسی بے تعلقی ظاہر کریں تو اس کا ٹھکانہ جہنم کے سوا کہاں ہوسکتا ہے؟!

چوتھا مضمون: نماز برہان (پکی دلیل) ہے کہ نمازی مؤمن ہے، ایمان ایک مخفی چیز ہے اس کو کسی ظاہری علامت ہی سے پہچانا جاسکتا ہے اور وہ علامت نماز ہے۔ پہلے حدیث گذری ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إذا رَأَيْتُمُ الرجلَ يُلاَزِمُ المسجدَ فَاشْهَدُوْا له بالإيمان: جب تم کسی کو دیکھو کہ وہ پانچوں وقت پابندی سے مسجد میں نماز پڑھتا ہے تو اس کے لئے ایمان کی گواہی دو، یعنی یہ عمل اس کے پکے مؤمن ہونے کی دلیل ہے اور اس کی بنیاد پر اس کے لئے مؤمن ہونے کی گواہی دی جاسکتی ہے ——— اور روزہ مضبوط ڈھال ہے، آدمی کے دو دشمن ہیں: شیطان اور نفس۔ روزہ دونوں سے حفاظت کرتا ہے۔ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے اور چھوٹا دشمن ہے ﴿إِنَّ الشَّيْطَانَ لِلإِنْسَانِ عَدُوٌّ مُبِيْن﴾ اور ﴿إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيْفًا﴾ اور نفس بڑا دشمن ہے۔ حدیث میں ہے: إِنَّ أَعدىٰ عَدُوِّكَ نفسُك التی بین جنبیك: تیرا سب سے بڑا دشمن تیرا وہ نفس ہے جو تیرے دو پہلوؤں کے درمیان ہے۔ ان دونوں دشمنوں سے روزہ بچاتا ہے، یعنی نفس کے تقاضوں سے انسان جو گناہ کرتا ہے روزں کی وجہ سے ان گناہوں سے حفاظت ہوجاتی ہے۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۸۳) میں ہے: ﴿لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ روزوں کی وجہ سے تمہارے اندر تقوی پیدا ہوگا، تم خواہش نفس سے بچ جاؤگے اور جب بڑا دشمن رام ہوگیا تو چھوٹا دشمن خود بخود ذلیل ہوگا ——— اور خیرات گناہوں کو بھسم کرتی ہے جیسے پانی آگ کو بجھاتا ہے۔ اور رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ تین چیزوں کو یعنی نماز، روزے اور خیرات کو لازم پکڑو، اور خیرات کا اعلی فرد زکوۃ ہے، اور حج کو اس لئے بیان نہیں کیا کہ اس کی استطاعت ہر شخص میں نہیں ہوتی، اس لئے ہر شخص کو اس کا مخاطب نہیں بنایا جاسکتا۔ اور اگر کوئی کہے کہ زکوۃ کی استطاعت بھی ہر شخص میں نہیں ہوتی پھر اس کا تذکرہ کیوں کیا؟ تو جواب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے زکوۃ کا نام نہیں لیا۔ صدقہ (خیرات) فرمایا ہے اور یہ لفظ عام ہے اور چھوٹی موٹی خیراتیں ہر شخص کرسکتا ہے۔

[۳۱۷] بابُ ما ذُكر فی فضل الصلاة

[۶۱۴-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ أبی زِيَادٍ، نا عُبيدُ اللّٰهِ بنُ موسی، نا غَالِبٌ أَبُوْ بِشْرٍ، عن أَيُّوْبَ بنِ عَائِذٍ الطَّائِیِّ، عن قَيْسِ بنِ مُسْلِمٍ، عن طَارِقِ بنِ شِهَابٍ، عن كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قال: قال لی رسولُ اللّٰهِ

صلی اللہ علیہ وسلم: " أُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ يَا كَعْبَ بنَ عُجْرةَ! مِنْ أُمراءَ يكونونَ مِنْ بَعْدِیْ، فَمَنْ غَشِیَ أَبْوابَهُمْ فَصَدَّقَهُمْ فی كَذِبِهِمْ، وأَعَانَهُمْ على ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّیْ وَلَسْتُ مِنْهُ، وَلاَ يَرِدُ عَلَیَّ الحَوْضَ، ومَنْ غَشِیَ أَبْوَابَهُمْ أَوْ لَمْ يَغْشَ، وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ فِیْ كَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ على ظُلْمِهِمْ، فَهُوَ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْهُ، وَسَيَرِدُ عَلَیَّ الحَوْضَ، يَا كَعْبَ بنَ عُجْرَةَ! الصَّلاَةُ بُرْهَانٌ، والصَّوْمُ جُنَّةٌ حَصِيْنَةٌ، والصَّدَقَةُ تُطْفِیءُ الخَطِيْئَةَ كَمَا يُطْفِیءُ الماءُ النَّارَ، يا كَعْبَ بنَ عُجْرَةَ! إِنَّهُ لاَيَرْبُو لَحمٌ نَبتَ مِنْ سُحْتٍ إلَّا كانتِ النَّارُ أَوْلٰی بِهِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوجهِ، وسَأَلْتُ محمداً عن هذا الحديثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عُبيدِ اللّٰهِ بنِ موسى، واسْتَغْرَبَهُ جِدًّا. وقال محمدٌ: حدثنا ابنُ نُمَيْرٍ، عن عُبيدِ اللّٰهِ بنِ موسى، عن غالبٍ بِهٰذا.

وضاحت: مذکورہ حدیث غریب ہے کیونکہ عبید اللہ بن موسیٰ سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے، اور عبید اللہ کے استاذ غالب ابو بشر پر رافضی ہونے کا الزام تھا اور استاذ الاستاذ ایوب بن عائذ پر مرجیہ ہونے کا الزام تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا: کیا اس حدیث کی کوئی اور بھی سند ہے؟ پس انھوں نے لاعلمی کا اظہار کیا اور اس حدیث کو نہایت درجہ غریب سمجھا، یعنی اس حدیث کی کوئی دوسری سند ان کے علم میں قطعاً نہیں تھی۔ اور خود امام بخاری نے یہ حدیث ابن نمیر سے روایت کی ہے، ان کی سند بھی عبید اللہ بن موسیٰ ہی کی ہے۔

بابٌ مِنْهُ

نماز کی فضیلت کے سلسلہ میں دوسرا باب

حدیث: حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اس اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے (یعنی اللہ سے اس لئے ڈرنا چاہئے کہ وہ ہمارا رب ہے، ہمیں پالتا پوستا ہے، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنا خوف کی وجہ سے نہیں ہے، جیسے سانپ، بچھو اور دشمن سے ڈرتے ہیں، بلکہ محبت کی وجہ سے ڈرنا ہے، جیسے فرمانبردار لڑکا باپ سے ڈرتا ہے۔ اطاعت شعار شاگرد استاذ سے ڈرتا ہے اور عقیدت مند مرید پیر سے ڈرتا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ سے بھی ڈرنا ہے اور اللہ سے ڈرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے احکام کی پیروی کی جائے۔ ان کی خلاف ورزی نہ کی جائے) اور اپنی پانچ نمازیں پڑھو (یعنی پابندی سے تمام نمازیں ادا کرو) اور اپنے مہینہ کے یعنی رمضان کے روزے رکھو، اور اپنے مالوں کی زکوٰۃ ادا کرو، اور اپنے معاملہ والوں کی یعنی حکام کی جن

کے سپرد تمہارے معاملات ہیں اطاعت کرو: جنت میں چلے جاؤگے۔ یعنی یہ پانچ اعمال کرو بے خطر جنت میں پہنچ جاؤگے، نبی ﷺ نے مختصر لفظوں میں جنت میں جانے کا فارمولہ بیان کیا ہے۔ حدیث کے راوی سلیم بن عامر نے خوشی میں حضرت ابوامامہ سے پوچھا: آپ نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے کب سنی تھی؟ ابوامامہ نے فرمایا: میں نے یہ حدیث اس وقت سنی تھی جب میری عمر تیس سال تھی ——— چونکہ حضرت ابوامامہ ان کے سامنے تھے اس لئے تلامذہ سمجھ گئے کہ آپؓ نے کتنے سال پہلے یہ حدیث سنی ہے۔ مثلاً جس وقت حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی ہے ان کی عمر ستر سال تھی تو انھوں نے چالیس سال پہلے یہ حدیث سنی ہے۔ مگر ان اللہ کے بندوں نے ہمیں نہیں بتایا کہ اس وقت آپؓ کی کیا عمر تھی۔ حالانکہ انہیں یہ بتانا چاہئے تھا تاکہ ہم بھی جان لیتے کہ کتنے سال پہلے انھوں نے یہ حدیث سنی تھی۔

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ میں تحریر فرمایا ہے کہ آخرت میں نجاتِ اوّلی کے لئے ارکانِ اربعہ: نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج پر مضبوطی سے عمل کرنا اور کبائر سے اجتناب کرنا شرط ہے۔ جو شخص اسلام کے ارکان اربعہ پابندی سے ادا کرے گا اور کبائر سے بچے گا وہ مرتے ہی جنت میں داخل ہوگا، اور نجات ثانوی کے لئے صرف ایمان شرط ہے، اگر آدمی میں کسی بھی درجہ میں ایمان ہے تو وہ دیر سویر جنت میں جائے گا۔

[۳۱۸] بابٌ منه

[۶۱۵-] حدثنا مُوسَى بنُ عبدِ الرحمنِ الكُوفِيُّ، نا زيدُ بنُ الحبابِ، نا مُعَاوِيةُ بنُ صالحٍ، قال: حدَّثَنِيْ سُلَيْمُ بنُ عامرٍ، قال: سمعتُ أبا أُمامةَ يقولُ: سمعتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ فی حَجَّةِ الوَدَاعِ فقال:" اتَّقُوْا اللهَ رَبَّكُمْ، وصَلُّوْا خَمْسَكُمْ، وصُوْمُوْا شَهْرَكُمْ، وأَدُّوْا زَكاةَ أَمْوَالِكُمْ، وأَطِيْعُوْا ذَا أَمْرِكُمْ: تَدْخُلُوْا جَنَّةَ رَبِّكُمْ" قال: قلتُ لأبی أُمامة: مُنْذُكُمْ سَمعتَ هذا الحديثَ؟ قال: سمعتُ وأنا ابنُ ثلاثينَ سَنَةً. قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

﴿آخرُ أبوابِ الصّلاةِ﴾

﴿الحمدللہ! کتاب الصلاۃ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبواب الزکوٰۃ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بابُ ماجاءَ عن رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فی مَنْعِ الزَّکَاۃِ مِنَ التَّشْدِیْدِ

زکات ادا نہ کرنے پر وعید

زکوٰۃ اسلام کے ابتدائی دور میں فرض کی گئی تھی۔ سورۃ المزمل جو ابتدائی سورتوں میں سے ہے اس کی آخری آیت میں زکوٰۃ کا ذکر ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَأَقِیْمُوْا الصَّلاَۃَ وَآتُوْا الزَّکَاۃَ﴾ [المزمّل ۲۰] مگر مکی دور میں زکوٰۃ کی تفصیلات نازل نہیں ہوئی تھیں۔ صحابہ نے دریافت بھی کیا تھا: ﴿یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ؟ قُلِ: الْعَفْوَ﴾ (سورۃ البقرۃ آیت ۲۱۹) لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں: کیا خرچ کریں؟ جواب دیں: اپنی ضرورت سے زائد کو خرچ کرو، مال کی کوئی مقدار متعین نہیں کی۔ جب ہجرت کے بعد سن دو ہجری میں اسلامی حکومت قائم ہوئی اور اسلامی نظام وجود میں آیا تو زکوٰۃ کی تفصیلات نازل ہوئیں۔

حدیث: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا جبکہ آپؐ کعبہ کے سایے میں بیٹھے ہوئے تھے، جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: ''قیامت کے دن وہی لوگ سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والے ہیں کعبہ کے رب کی قسم!'' (حضرت ابوذرؓ نے گمان کیا شاید میرے بارے میں ارشاد فرما رہے ہیں۔ انھوں نے دل میں سوچا: میرا کیا حال ہے؟ یعنی مجھ سے کیا کوتاہی ہوئی ہے جو آپؐ میرے بارے میں یہ ارشاد فرما رہے ہیں) شاید میرے بارے میں کوئی وحی نازل ہوئی ہو۔ حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں: میں نے (ڈرتے ڈرتے) پوچھا: کون ہیں وہ جو گھاٹے میں رہنے والے ہیں؟ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں! (اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ جو مصیبتیں آپؐ پر آنے والی ہیں وہ آپؐ پر نہ آئیں، میرے ماں باپ پر آئیں۔ فداہ نفسی: کا بھی یہی مطلب ہے کہ جو آفتیں آپ پر آنے والی ہیں وہ مجھ پر آئیں) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''گھاٹے میں رہنے والے بڑے دولت مند ہیں مگر جو اس طرح اور اس طرح کریں'' اور آپؐ نے لپ بھر کر اپنے سامنے اپنی دائیں جانب اور اپنی بائیں

جانب ڈالا، یعنی ڈالنے کا اشارہ کیا (یعنی جو مالدار وجوہِ خیر میں دونوں ہاتھوں سے خرچ کریں وہ مستثنیٰ ہیں باقی سب مالدار گھاٹے میں رہنے والے ہیں) پھر فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہیں مرتا کوئی آدمی جس نے اونٹ، گائے اور بھینسیں چھوڑی ہوں اور ان کی زکوٰۃ ادا نہ کی ہو مگر وہ جانور اس کے پاس قیامت کے دن آئیں گے بڑے سے بڑے ہوکر جو وہ کبھی تھے اور موٹے سے موٹے ہوکر جو وہ کبھی ہوئے تھے (یعنی خوب موٹے تازے اور بڑے ڈیل ڈول کے ہوکر آئیں گے) وہ اس کو اپنے پاؤں سے (باری باری) روندیں گے (خف: اونٹ کے پیر کو کہتے ہیں۔ یہاں مراد عام ہے) اور اس کو اپنے سینگوں سے ماریں گے جب ان کا آخری گذر جائے گا تو اس پر ان کا پہلا لوٹ آئے گا (یعنی جب ایک بار سب جانور روندتے ہوئے اور ٹکر مارتے ہوئے گذر جائیں گے تو دوبارہ اور سہ بارہ اسی طرح گذریں گے اور یہ سزا قیامت کے پورے دن میں جو پچاس ہزار سال کے برابر ہے جاری رہے گی) یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلے کردیئے جائیں گے (پس اگر اس کی سزا پوری ہوجائے گی تو وہ جنت میں جائے گا ورنہ باقی سزا پانے کے لئے جہنم میں جائے گا)

فائدہ: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ یمن کے باشندے تھے اور علم وفضل میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہم پلہ سمجھے جاتے تھے۔ ہجرت سے پہلے مکہ میں آکر مسلمان ہوئے ہیں۔ مسلمان ہونے کے بعد آنحضور ﷺ نے ان کو یمن لوٹ جانے کا حکم دیا تھا اور فرمایا تھا کہ جب اسلام کا غلبہ ہوجائے تب آنا، چنانچہ وہ یمن لوٹ گئے، اور ہجرت کے بعد جب اسلام کا بول بالا ہوا تو وہ ہجرت کرکے مدینہ آگئے، ان کا مسلک یہ تھا کہ سونا اور چاندی (دراہم ودنانیر) ذخیرہ کرنا جائز نہیں۔ مگر ان کی یہ رائے قبول نہیں کی گئی، کیونکہ زکوٰۃ اس سونے چاندی میں فرض ہے جس پر سال گذر جائے پس اگر ان کا ذخیرہ کرنا جائز نہیں تو ان میں زکوٰۃ کیسے فرض ہوگی؟!

أبواب الزکوٰۃ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱] باب ماجاء عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی منع الزکوٰۃ من التشدید

[۶۱۶-] حدثنا هَنَّادُ بنُ السَّرِيِّ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن مَعْرُوْرِ بنِ سُوَيْدٍ، عن أبی ذَرٍّ، قال: جِئْتُ إلى رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وهُوَ جَالِسٌ فِيْ ظِلِّ الكَعْبَةِ، قال: فَرَآنِيْ مُقْبِلاً، فقال: '' هُمُ الأَخْسَرُوْنَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ!'' قال: فَقُلْتُ: مَالِيْ لَعَلَّهُ أُنْزِلَ فِيَّ شَيْئٌ؟! قال: قُلْتُ: مَنْ هُمْ فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ؟ فقال رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' هُمُ الأَكْثَرُوْنَ، إِلَّا

مَنْ قَالَ هٰكَذَا وهٰكَذَا وَهٰكَذَا، فَحَثَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ، ثُمَّ قال:" والَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ لَايَمُوْتُ رَجُلٌ فَيَدَعَ إِبِلًا أَوْ بَقراً لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَها، إِلَّا جاءَتْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا كَانَتْ وَأَسْمَنَهُ، تَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا، وَتَنْطِحُهُ بِقُرُوْنِهَا، كُلَّمَا نَفِدَتْ أُخْرَاهَا عَادَتْ عليهِ أُوْلَاهَا، حتى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ"

وفى الباب: عن أبى هريرة مِثْلَه، وعن عليِّ بنِ أبى طَالِبٍ قال:" لُعِنَ مَانِعُ الصَّدَقَةِ" وعَنْ قِبِيْصَةَ بنِ هُلْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وجابرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبى ذَرٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ واسْمُ أبى ذَرٍّ: جُنْدَبُ بنُ السَّكَنِ، ويُقَالُ: ابنُ جُنَادَةَ.

[۶۱۷-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ مُنِيْرٍ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بن موسَى، عن سُفيانَ الثَّوْرِىِّ، عن حَكِيْمِ بنِ الدَّيْلَمِ، عن الضَحَّاكِ بنِ مُزَاحِمٍ، قال: الأَكْثَرُوْنَ أَصْحَابُ عَشْرَةِ آلَافٍ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے وفی الباب کی فہرست کے دوران ہی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کا متن لکھا ہے کہ" زکوٰۃ ادا نہ کرنے والا ملعون ہے" یہ حدیث سنن بیہقی میں ہے اور محمد بن سعید البورقی کی وجہ سے ضعیف ہے، وہ جھوٹا تھا اور حدیثیں گڑھتا تھا، اور حضرت ابوذرؓ کا نام جندُب (ٹڈی) ہے اس کو دال کے پیش اور زبر دونوں کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں اور ان کے والد کے نام میں دو قول ہیں سَکَن اور جُنادۃ متاخرین نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے۔ اس کے بعد مشہور مفسر ضحاک بن مزاحم کا قول نقل کیا ہے کہ جس کے پاس دس ہزار درہم ہوں وہ بڑا دولت مند ہے (کیونکہ دس ہزار درہم ایک نفس کی قیمت ہے، قتلِ خطاء میں یہی دیت واجب ہوتی ہے، اور ضحاکؒ نے یہ بات ایک دوسری حدیث کی تفسیر میں کہی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" جو شخص روزانہ قرآن کی ایک ہزار آیتیں پڑھے اس کا شمار بڑے مالداروں میں ہے" یہ حدیث ابوداؤد میں ہے۔ امام ترمذیؒ نے هم الأکثرون کی مناسبت سے ضحاک کا یہ قول یہاں ذکر کیا ہے۔ مگر صحیح بات یہ ہے کہ اس کی تفسیر کی ضرورت نہیں، اس کو عرف وعادت پر چھوڑ دینا چاہئے، کیونکہ عرف وعادت کے اختلاف سے اور زمانوں کے اختلاف سے یہ بات مختلف ہوتی ہے۔

بابُ ماجاءَ إِذَا أَدَّيْتَ الزَّكَاةَ فَقَدْ قَضَيْتَ مَا عَلَيْكَ

جس نے زکوٰۃ ادا کردی اس نے مال کا حق ادا کردیا

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" جب آپ اپنے مال کی زکوٰۃ دیدیں تو آپ نے وہ حق ادا کردیا جو

آپ پرواجب ہے''

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی کے مال میں اللہ کا حق صرف زکوٰۃ ہے، مگر آئندہ حدیث آرہی ہے کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ کا حق ہے۔ پس دونوں حدیثوں میں تطبیق یہ ہے کہ مال میں اللہ تعالیٰ کا اصل حق تو صرف زکوٰۃ ہے۔ البتہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ حقوق ہیں جو ثانوی درجہ کے ہیں۔ جیسے نوائب الحق یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے والے حوادث میں خرچ کرنا، پڑوسی کو بھوکا نہ چھوڑنا، سائل کو خالی ہاتھ نہ لوٹانا۔ یہ سب بھی مال میں اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں مگر ثانوی درجہ کے ہیں۔

دوسری حدیث: آنحضور ﷺ نے قبیلۂ بنی سعد بن بکر کی طرف چند داعی تبلیغ اسلام کے لئے بھیجے، ان کی محنت سے پورا قبیلہ مسلمان ہونے کے لئے تیار ہوگیا، لیکن انھوں نے پہلے داعی کی باتوں کی تصدیق کر لینی چاہی، چنانچہ قبیلہ والوں نے ایک نفری وفد مدینہ روانہ کیا۔ وہ حضرت ضمّام بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ تھے۔ تاکہ وہ رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کرکے داعی کی باتوں کی تصدیق کرآئیں۔ یہ واقعہ اصح قول کے مطابق سن ۹ ہجری کا ہے یہ وہ دور تھا جب صحابہ سہمے ہوئے تھے۔ وہ رسول اللہ ﷺ سے کچھ پوچھنے کی ہمت نہیں کرتے تھے۔ کیونکہ سورۂ مائدہ کی آیت ۱۰۱ نازل ہوچکی تھی جس میں حکم دیا تھا کہ لوگ نبی ﷺ سے کوئی ایسی بات نہ پوچھیں جس کا جواب انہیں ناگوار ہو۔ اور ظاہر ہے پوچھنے والا تو جانتا نہیں کہ کس بات کا جواب اُسے ناگوار ہوگا۔ اس لئے صحابہ نے چپ سادھ لی تھی، لیکن وہ علم کے رسیا تھے، تمنا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کچھ بیان فرمائیں۔ مگر آپؐ اسی وقت بیان فرمائیں گے جب کوئی کچھ پوچھے گا۔ اس زمانے میں پڑھنے کا یہی طریقہ تھا۔ اس لئے صحابہ چاہتے تھے کہ کوئی بادیہ نشیں (جنگل کا رہنے والا) آئے (خانہ بدوش تہذیب سے نابلد اور آداب سے ناواقف ہوتے ہیں وہ بے دھڑک سوال کرسکتے ہیں) اور وہ عقلمند بھی ہو تاکہ کوئی کام کی بات پوچھے، کیونکہ بہترین سوال آدھا علم ہے (۱) پھر رسول اللہ ﷺ جو جواب دیں اس سے صحابہ مستفید ہوں، صحابہ کی یہ حالت ایک وقت تک رہی، پھر رفتہ رفتہ ختم ہوگئی۔

حدیث کا ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم آرزو کرتے تھے کہ کوئی عقلمند بادیہ نشیں آئے اور رسول اللہ ﷺ سے سوال کرے، جس وقت ہم آپؐ کے پاس ہوں، پس دریں اثنا کہ ہم اس طرح تھے (یعنی اسی دور کا واقعہ ہے) کہ اچانک ایک اعرابی آیا اور وہ نبی ﷺ کے سامنے اُکڑوں بیٹھ گیا اور بخاری (حدیث ۶۳) میں ہے: اس نے سب سے پہلے یہ بات کہی کہ میں آپؐ سے کچھ سوال کروں گا آپ برا نہ مانیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: جو چاہو

(۱) اصح یہ ہے کہ **حُسْنُ السؤالِ نصفُ العلم** حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے، اس کا حدیث مرفوع ہونا ضعیف ہے (فتح الباری ۱۲: ۱۳۸) اور روایت کے الفاظ **السؤال نصف العلم** نہیں ہیں، بلکہ حُسن کا لفظ بھی ہے کیونکہ مطلق سوال کرنا آسان ہے ہر شخص کرسکتا ہے، اس کے لئے مسئلہ کا آدھا علم ضروری نہیں۔ ہاں بہترین سوال وہی کرسکتا ہے جو مسئلہ کا فی الجملہ علم رکھتا ہو۔

پوچھو، اس نے کہا: اے محمد(۱)! آپ کا قاصد ہمارے پاس آیا اور اس نے ہمیں اطلاع دی کہ آپؐ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو رسول بنا کر بھیجا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: وہ ٹھیک کہتا ہے۔ سائل نے کہا: اس ذات کی قسم دیتا ہوں جس نے آسمان کو بلند کیا، اور زمین کو بچھایا، اور پہاڑوں کو کھڑا کیا، کیا واقعی اللہ نے آپؐ کو رسول بنا کر بھیجا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں اللہ گواہ ہے! اعرابی نے پوچھا: آپؐ کے قاصد نے ہمیں بتایا کہ آپؐ کہتے ہیں: ہم پر رات دن میں پانچ نمازیں فرض ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قاصد ٹھیک کہتا ہے۔ دیہاتی نے کہا: اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے: کیا اللہ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ دیہاتی نے کہا: آپؐ کے رسول نے ہمیں یہ بھی بتایا کہ آپؐ کہتے ہیں کہ ہم پر سال میں ایک مہینہ کے روزے فرض ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: قاصد نے سچ کہا۔ دیہاتی نے کہا: اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے! کیا آپؐ کو اللہ نے اس کا حکم دیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ دیہاتی نے کہا: ہمیں آپؐ کے قصد نے یہ بھی بتایا کہ آپؐ کہتے ہیں کہ ہم پر ہمارے مالوں میں زکوۃ ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: قاصد نے سچ کہا، دیہاتی نے کہا: اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے کیا اللہ نے آپؐ کو اس کا حکم دیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ دیہاتی نے کہا: آپ کے رسول نے ہمیں بتایا کہ آپ کہتے ہیں کہ اس شخص پر بیت اللہ کا حج فرض ہے جو وہاں تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ دیہاتی نے کہا: اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے کیا آپ کو اللہ نے اس کا حکم دیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ہاں۔ اس دیہاتی نے کہا: اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے نہ میں اس میں سے کچھ کم کروں گا اور نہ ان میں اضافہ کروں گا، یعنی بے کم وکاست یہ باتیں قبیلے کو پہنچاؤں گا، پھر وہ کود کر کھڑا ہوا۔ ضمام بن ثعلبہ سیدھے مسجد نبوی میں آئے تھے اور مسجد کے دروازے پر اپنی سواری بٹھائی تھی، چنانچہ وہ قاصد کی باتوں کی تصدیق کر کے فوراً اٹھے اور سوار ہو کر واپس لوٹ گئے۔ مدینہ منورہ میں قیام نہیں کیا۔ ان کے لوٹ جانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر اس اعرابی نے سچ کہا (یعنی اگر وہ یہ باتیں بے کم وکاست قبیلے تک پہنچائے گا تو) جنت میں جائے گا۔

فائدہ: حدیث پڑھانے کے دو طریقے ہیں: ایک: استاذ پڑھے اور شاگرد سنے۔ دوسرا: شاگرد پڑھے اور استاذ سنے۔ حدیث پڑھانے کا پہلا طریقہ اصل ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ سے وہی طریقہ چلا آ رہا تھا۔ نبی ﷺ حدیث بیان فرماتے اور صحابہ سنتے، پھر صحابہ کے زمانہ میں بھی یہی طریقہ رائج رہا، پھر تابعین کے زمانہ میں جب طلبہ زیادہ ہو گئے تو دوسرا طریقہ شروع ہوا۔ اب شاگرد حدیث پڑھتا تھا اور استاذ سنتا تھا۔ اور اس صورت میں شاگرد سند

(۱) صحابہ آنحضور ﷺ کو نام لے کر مخاطب نہیں کرتے تھے بلکہ یا رسول اللہ کہتے تھے، حتی کہ ازواج مطہرات بھی یا رسول اللہ کہہ کر مخاطب کرتی تھیں، اور مشرکین کنیت سے یعنی ابو القاسم کہہ کر آپ کو بلاتے تھے۔ اور حضرت ضمام بن ثعلبہؓ نے نام اس لئے لیا کہ وہ بدو تھے جنگل کے باشندے بڑوں کو مخاطب کرنے کے طریقوں سے واقف نہیں ہوتے۔

کے شروع میں ہمزۂ استفہام بڑھاتا تھا وہ کہتا: أَحدَّثك فلانٌ؟ پھر جب طالب علم حدیث پڑھ کر فارغ ہوتا تو استاذ نعم کہتا۔ اس طریقہ کا نام عرض (محدث کے سامنے حدیث پیش کرنا) تھا جب یہ نیا طریقہ شروع ہوا تو بعض حضرات کو اشکال ہوا پھر رفتہ رفتہ اختلاف ختم ہوگیا اور بات طے ہوگئی کہ دونوں طریقے جائز ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ ابوبکر عبداللہ بن الزبیر حمیدی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث سے اس دوسرے طریقہ کا جواز ثابت کیا ہے۔ دیہاتی کو داعی کے ذریعہ جو باتیں پہنچی تھیں وہ ان کو سن کر اور یاد کر کے آیا تھا اس نے وہ باتیں حضور اکرم ﷺ کے سامنے پیش کیں اور آپؐ نے اس کی تصدیق کی۔ معلوم ہوا کہ حدیث پڑھانے کا یہ دوسرا طریقہ بھی صحیح ہے، اگرچہ اصل طریقہ پہلا ہی ہے۔ اس سلسلہ میں کچھ کلام کتاب العلل میں بھی گذر چکا ہے۔

[۲] باب ماجاء إذا أَدَّيْتَ الزكاةَ فقد قضيتَ ما عليك

[۶۱۸-] حدثنا عُمَرُ بنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، نا عَمْرُو بنُ الحارثِ، عن دَرَّاجٍ، عن ابنِ حُجَيْرَةَ، عن أبی هريرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال:" إِذا أَدَّيْتَ زكاةَ مالِكَ فَقَدْ قَضَيْتَ مَا عَلَيْكَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وقد رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ: أَنَّهُ ذَكَرَ الزكاةَ، فقالَ رجلٌ: يارسولَ اللّٰهِ! هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ فقال:" لَا، إلَّا أَنْ تَطَوَّعَ"

وابنُ حُجَيْرَةَ: هو عبدُ الرحمنِ بنُ حُجَيْرَةَ البَصْرِیُّ.

[۶۱۹-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، حدثنا علیُّ بنُ عبدِ الحميدِ الكُوفِیُّ، نا سُلَيْمَانُ بنُ المُغِيْرَةِ، عن ثَابِتٍ، عن أنسٍ، قال: كُنَّا نَتَمَنَّى أَنْ يَبْتَدِیءَ الْأَعْرَابِیُّ العَاقِلُ، فَيسأَلَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم ونَحْنُ عِنْدَهُ، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَلِكَ إِذْ أَتَاهُ أَعْرَابِیٌّ، فَجَثَا بَيْنَ يَدَیِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فقال: يا محمدُ إِنَّ رَسُوْلَكَ أَتَانَا فَزَعَمَ لَنَا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ اللّٰهَ أَرْسَلَكَ، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" نَعَمْ!" قال: فَبِالَّذِیْ رَفَعَ السَّمَاءَ، وَبَسَطَ الْأَرْضَ، ونَصَبَ الجِبَالَ آللّٰهُ أَرْسَلَكَ؟ فقال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" نَعَمْ!" قال: فَإِنَّ رسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِی اليَوْمِ وَاللَّيْلَةِ، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" نَعَمْ" قال: فَبِالَّذِیْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قال: "نَعَمْ!" قال: فَإِن رَسُولَكَ زَعَمَ لَنا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فی السَّنَةِ، فقال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:" صَدَقَ" قال: فَبِالَّذِیْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ فقال النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "نَعَمْ" قال: فَإِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ عَلَيْنَا فی أَمْوَالِنَا الزكاةَ، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم:

”صَدَقَ“ قال: فَبِالَّذِیْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قال النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:”نَعَمْ“ قال: إِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا أَنَّكَ تَزْعَمُ أَنَّ عَلَيْنَا الحَجَّ إلی بَيْتِ اللّٰهِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلًا، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: ”نَعَمْ“ قال: فَبِالَّذِیْ أَرْسَلَكَ آللّٰهُ أَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قال:” نَعَمْ“ فقالَ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالحَقِّ لَا أَدَعُ مِنْهُنَّ شَيْئًا وَلَا أُجَاوِزُهُنَّ، ثُمَّ وَثَبَ، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:” إِنْ صَدَقَ الْأَعْرَابِیُّ دَخَلَ الْجَنَّةَ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِن هذا الوجهِ، وقد رُوِیَ مِنْ غَيْرِ هذا الوَجْهِ عن أنسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

سَمِعْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يقولُ: قالَ بعضُ أهلِ الحديثِ: فِقْهُ هٰذا الحديثِ: إِنَّ القِرَاءَ ةَ على العَالِمِ والعَرْضَ عَلَيْهِ جَائِزٌ مِثْلَ السَّمَاعِ، واحْتَجَّ بِأَنَّ الْأَعْرَابِیَّ عَرَضَ على النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَقَرَّ بِهِ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث میں ایک راوی درّاج ہے اس لفظ کے معنی ہیں: تیتر۔ اس راوی کا نام عبدالرحمٰن بن سمعان ہے، درّاج ان کا لقب تھا۔ ابن معین نے ان کی توثیق کی ہے اور دار قطنی نے تضعیف کی ہے۔ اور ان کے استاذ کا نام بھی عبدالرحمٰن ہے اور وہ حُجیرۃ کے لڑکے ہیں اور بصرہ کے رہنے والے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سے متعدد طرق سے مروی ہے کہ جب آپؐ نے زکوٰۃ کے فرض ہونے کی بات بتائی تو سائل نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا مجھ پر زکوٰۃ کے علاوہ بھی کچھ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، مگر یہ کہ آپ نفلی خیرات کریں۔ یہ طلحہ بن عبیداللہ کی حدیث ہے اور متفق علیہ ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۶) ——— پھر امام ترمذیؒ نے حضرت انسؓ کی سند سے مذکورہ حدیث روایت کی ہے اور اس کو حسن غریب قرار دیا ہے، اور فرمایا ہے کہ حضرت انس کی یہ حدیث دوسرے طریق سے بھی مروی ہے۔ دوسری سند بخاری (حدیث ۶۳) میں ہے (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ بعض محدثین فرماتے ہیں: اس حدیث سے مستنبط ہونے والا حکم یہ ہے کہ عالم کے سامنے حدیث پڑھنا اور اس پر حدیث پیش کرنا جائز ہے اور وہ استاذ سے حدیث سننے کی طرح ہے۔ اور انھوں نے استدلال کیا کہ دیہاتی نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے حدیث پیش کی اور نبی ﷺ نے اس کا اقرار کیا (یہی عرض یعنی پیش کرنا ہے)

بابُ ماجاءَ فی زَکوٰةِ الذَّهَبِ والوَرِقِ

سونے چاندی کی زکوٰۃ کا بیان

ورِق (بکسر الراء) کے معنی ہیں: چاندی، جس کا سکہ ڈھالا نہ گیا ہو۔ اور یہاں مراد عام ہے۔ خواہ چاندی مضروبۃ

(ڈھالی ہوئی) ہو یا غیر مضروبہ سب کا ایک حکم ہے۔ اور وَرَق (بفتح الراء) کے معنی ہیں: درخت کا پتہ۔ کتاب کا ورق اسی سے ہے۔ اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ سونے چاندی میں زکوٰۃ واجب ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ باب کی حدیث میں صرف چاندی کے نصاب کا اور حساب کا تذکرہ ہے۔ سونے کا اس میں کوئی تذکرہ نہیں، اس کا بیان آگے آئے گا مگر چونکہ سونا اور چاندی دونوں خلقی ثمن ہیں، اور حدیث باب میں چاندی میں زکوٰۃ واجب ہونے کا تذکرہ ہے اس لئے سونے میں بدرجۂ اولی زکوٰۃ واجب ہوگی، ثمن خلقی ہونے میں سونا: چاندی سے ابلغ ہے۔ اسی لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں سونے کا بھی تذکرہ کیا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے گھوڑوں اور غلام باندیوں کی زکوٰۃ معاف کردی (یعنی میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے غلاموں اور گھوڑوں میں زکوٰۃ نہ ہونے کا اعلان کرتا ہوں) پس تم چاندی کی زکوٰۃ لاؤ، ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم (یہ حساب کا بیان ہے، نصاب کا بیان نہیں، یعنی سونے اور چاندی میں چالیسواں حصہ واجب ہے۔ بالفاظ دیگر: ڈھائی فیصد واجب ہے) اور میرے لئے نہیں ہے (مصری نسخہ میں لِیْ نہیں ہے اور اگر اس کو باقی رکھا جائے تو تاویل یہ ہے کہ بیت المال کے لئے نہیں ہے) ایک سونوے میں کچھ (عرب کسور (اکائیوں) کو چھوڑ دیا کرتے تھے صرف دہائیوں کو گنتے تھے، پیسے پیسے کا حساب کرنا ان کا مزاج نہیں تھا۔ غرض یہاں ایک سونوے سے ایک سوناوے درہم مراد ہیں) پس جب دوسو پورے ہوجائیں تو ان میں پانچ درہم ہیں (یہ نصاب کا بیان ہے۔ یعنی چاندی کا نصاب دوسو درہم ہے۔ دوسو میں ایک پائی بھی کم ہو تو زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور حولانِ حول بھی شرط ہے۔ اس کا تذکرہ آگے دوسری حدیث میں آرہا ہے۔ اور دوسو درہم میں چالیسویں کے حساب سے پانچ درہم واجب ہیں)

تشریح: چاندی کا نصاب پانچ اوقیہ یعنی دوسو درہم ہیں۔ اس سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور سونا: چاندی پر محمول ہے یعنی چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے بقدر سونا ہو تو اس پر بھی زکات واجب ہے اور دور نبوی میں ایک دینار کا چینج دس درہم سے ہوتا تھا۔ پس دوسو درہم کے بیس مثقال ہوئے۔ اس لئے اس کو (ساڑھے ستاسی گرام) سونے کو نصاب مقرر کیا گیا، اور دونوں میں زکوٰۃ چالیسواں حصہ یعنی ڈھائی فی صد ہے۔ اور یہ مقدار زکوٰۃ کی تمام مقداروں سے کم ہے۔ کیونکہ سونا چاندی قابل رغبت اموال ہیں۔ اور وہ لوگوں کے نزدیک نفیس ترین اموال شمار ہوتے ہیں اس لئے اگر لوگوں کو ان میں سے بہت مقدار خرچ کرنے کے لئے کہا جائے گا تو ان پر بوجھ پڑے، اس لئے ان کی زکوٰۃ تمام زکاتوں سے کم رکھی گئی ہے۔

پھر بعد کے زمانہ میں سونے چاندی کی قیمتوں میں تفاوت ہوگیا تو یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ سونے کا نصاب مستقل ہے یا چاندی کے نصاب سے اس کا موازنہ کیا جائے گا۔ جمہور کے نزدیک سونے کا نصاب: مستقل نصاب ہے۔ اس میں

قیمت کا اعتبار نہیں۔ البتہ کچھ حضرات سونے کو چاندی کے نصاب پر محمول کرتے ہیں۔ یعنی ان کے نزدیک سونے کا نصاب: کوئی مستقل نصاب نہیں۔ جتنا بھی سونا چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائے اس میں زکوٰۃ واجب ہے۔

جمہور کی دلیل تین روایتیں ہیں، مگر ان میں سے ایک بھی اعلی درجہ کی صحیح نہیں۔ وہ تین روایتیں یہ ہیں:

پہلی روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے کہ سونے میں کچھ واجب نہیں، تا آنکہ وہ بیس دینار ہو جائے، پھر اگر کسی کے پاس بیس دینار ہوں اور ان پر سال گذر جائے تو ان میں آدھا دینار ہے۔ اس روایت کو ابن وہب مصری نے مرفوع کیا ہے اور شعبہ اور ثوری وغیرہ نے موقوف بیان کیا ہے۔ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیا ہے۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے اس پر سکوت اختیار کیا ہے یعنی کوئی جرح نہیں کی۔ اور امام نووی رحمہ اللہ نے حسن یا صحیح کہا ہے۔ اور زیلعی رحمہ اللہ نے حسن قرار دیا ہے (ابوداؤد حدیث ۱۵۷۳ باب زکاۃ السائمۃ، نصب الرایہ ۲: ۳۲۸)

دوسری روایت: حضرت عائشہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً مروی ہے کہ نبی ﷺ ہر بیس دینار یا زیادہ میں سے آدھا دینار لیتے تھے۔ اس کی سند میں ایک راوی ابراہیم بن اسماعیل بن مُجمِّع انصاری ہے جو ضعیف ہے۔ مگر بہت ضعیف نہیں ہے۔ بخاری میں اس کی روایت تعلیقاً ہے (ابن ماجہ حدیث ۱۷۹۱ باب زکاۃ الوَرِقِ والذھب)

تیسری روایت: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ دو سو درہم سے کم میں کچھ نہیں۔ اور سونے کے بیس مثقال سے کم میں کچھ نہیں۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے درایہ میں اس کی سند کو ضعیف کہا ہے۔ یہ حدیث ابوعبید اور ابن زنجویہ نے کتاب الاموال میں روایت کی ہے (نصب الرایہ ۲: ۳۶۹ مغنی ابن قدامہ ۲: ۵۹۹)

مذکورہ روایات اگرچہ الگ الگ ضعیف ہیں مگر ضعف شدید نہیں۔ پھر مل کر ایک قوت حاصل کر لیتی ہیں اس لئے قابل استدلال ہیں۔ چنانچہ فتوی جمہور کے قول پر ہے کہ سونے کا نصاب مستقل ہے، چاندی کے نصاب پر محمول نہیں، مگر یہ فتوی صرف اس صورت میں ہے جبکہ کسی کے پاس صرف سونا ہو، اور اگر سونے کے ساتھ چاندی یا روپے بھی ہوں تو پھر سونے کی قیمت لگا کر روپیوں کے ساتھ ملا کر ۶۱۲ گرام چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائے تو زکوٰۃ واجب ہوگی، اس صورت میں سونے کو مستقل جنس شمار نہیں کرتے۔

غلام باندی کا مسئلہ:

غلام باندی دو مقصد سے رکھے جاتے ہیں: ایک: خدمت کے لئے، دوسرا: تجارت کے لئے۔ تمام ائمہ متفق ہیں کہ جو غلام باندی خدمت کے لئے ہیں ان میں زکوٰۃ نہیں۔ البتہ آقا پر ان کا صدقہ فطر واجب ہے۔ پھر حنفیہ کے نزدیک غلام باندی خواہ مسلمان ہوں یا غیر مسلم: صدقہ فطر واجب ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف مسلمان غلام باندی کا صدقہ واجب ہے۔ تفصیل آگے آئے گی۔ اسی طرح سب ائمہ متفق ہیں کہ جو غلام باندی تجارت کے لئے ہیں

ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔ اور ان کی قیمت کا چالیسواں حصہ ان کی زکوٰۃ ہے۔

گھوڑوں کا مسئلہ:

گھوڑے تین مقاصد سے پالے جاتے ہیں: ایک: سواری اور باربرداری وغیرہ کے لئے، دوسرے: تجارت کے لئے، تیسرے: تناسل یعنی نسل حاصل کرنے کے لئے۔ دودھ کے لئے گھوڑیاں پالنے کا رواج نہیں (گھوڑی کے دودھ کا مسئلہ گوشت پر متفرع ہے، جن ائمہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت حلال ہے دودھ بھی حلال اور پاک ہے اور وہ استعمال کرتے ہیں۔ اور جن ائمہ کے نزدیک گوشت مکروہ ہے دودھ بھی مکروہ ہے)

جو گھوڑے استعمال کے لئے یعنی باربرداری کے لئے ہیں ان میں زکوٰۃ بالاجماع واجب نہیں۔ اسی طرح سب متفق ہیں کہ تجارت کے گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب ہے۔ اور جو گھوڑے نسل کے لئے ہیں ان میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک ان میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک واجب ہے۔ پھر آپؒ کے قول کی تفصیل یہ ہے کہ اگر کسی کے پاس گھوڑے اور گھوڑیاں دونوں ہوں تو ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔ اور اگر صرف گھوڑیاں ہوں تو دو قول ہیں: وجوب کا بھی اور عدم وجوب کا بھی۔ اور راجح قول وجوب کا ہے اس لئے کہ دوسرے سے گھوڑا عاریت پر لے کر نسل حاصل کرنا ممکن ہے۔ اور اگر صرف گھوڑے ہوں تو بھی دو قول ہیں اور راجح عدم وجوب ہے، اس لئے کہ صرف گھوڑوں سے نسل حاصل نہیں کی جاسکتی۔

اور جمہور کا استدلال باب کی حدیث سے ہے اور ان کا استدلال واضح ہے کہ نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے گھوڑوں اور بردوں (غلام باندی) کی زکوٰۃ کی معافی کا اعلان کیا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک باب کی حدیث خاص ہے اس میں صرف ان بردوں اور گھوڑوں کا ذکر ہے جو سواری، باربرداری یا خدمت کے لئے ہیں، ہر قسم کے غلام باندی اور گھوڑوں کا مسئلہ اس حدیث میں نہیں ہے۔ چنانچہ جمہور بھی تجارت کے گھوڑوں اور بردوں میں زکوٰۃ کے قائل ہیں۔ اور امام اعظم کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا وہ فیصلہ ہے جو انھوں نے صحابہ سے مشورہ کر کے کیا تھا جس کی تفصیل یہ ہے کہ عرب صرف سواری، باربرداری یا تجارت کے لئے گھوڑے پالتے تھے۔ نسل حاصل کرنے کے لئے گھوڑے پالنے کا عرب میں رواج نہیں تھا۔ مگر جب دور فاروقی میں فتوحات ہوئیں اور ایران، عراق اور شام وغیرہ ممالک اسلامی حکومت میں شامل ہوئے تو وہاں تناسل کے لئے گھوڑے پالنے کا رواج تھا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مسئلہ دریافت کیا گیا۔ آپؓ نے صحابہ سے مشورہ کر کے جواب دیا کہ ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔ ہر گھوڑے میں سے ایک دینار (دس درہم) لئے جائیں یا قیمت کا چالیسواں حصہ لیا جائے (تفصیل نصب الرایہ ۲: ۳۵۸ و ۳۵۹ میں ہے)

[۳] باب ماجاء في زكاة الذهب والورِق

[۶۲۰-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبي الشَّوَارِبِ، نا أبو عَوَانَةَ، عن أبي إسحاقَ، عن عَاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، قال: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" قَدْ عَفَوْتُ عَنْ صَدَقَةِ الخَيْلِ والرَّقِيْقِ، فَهَاتُوْا صَدَقَةَ الرِّقَّةِ: مِنْ كُلِّ أَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ، وَلَيْسَ لِيْ فِيْ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ شَيْئٌ، فَإِذَا بَلَغَتْ مِائَتَيْنِ فَفِيْهَا خَمْسَةُ دَرَاهِمَ"

وفي الباب: عن أبي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وعَمْرِو بنِ حَزْمٍ.

قال أبو عيسى: رَوَى هذا الحديثَ الأَعْمَشُ وَأَبو عَوَانَةَ وَغَيْرُهُمَا عن أبي إسحاقَ، عن عَاصِمِ بنِ ضَمْرَةَ، عن عليٍّ، ورَوَى سُفيانُ الثَّوْرِيُّ، وابنُ عُيَيْنَةَ، وغَيْرُ وَاحِدٍ عن أبي إسحاقَ، عن الحَارِثِ، عن عليٍّ.

قال: وسَأَلْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ عن هذا الحَديثِ؟ فقالَ: كِلاَهُمَا عِنْدِيْ صَحِيْحٌ عن أبي إسحاقَ، يَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ عَنْهُمَا جَمِيْعًا.

وضاحت: یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کے دوشاگرد عاصم اور حارث روایت کرتے ہیں اور دونوں سے ابواسحاق روایت کرتے ہیں۔ پھر ابواسحاق کے تلامذہ میں سے ابوعوانہ اور اعمش وغیرہ عاصم کی سند سے روایت کرتے ہیں اور ثوری اور ابن عیینہ وغیرہ حارث کی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اور امام بخاریؒ نے دونوں سندوں کو صحیح قرار دیا ہے۔ انھوں نے فرمایا: ہوسکتا ہے ابواسحاق دونوں ہی سے روایت کرتے ہوں۔ (امام بخاریؒ کے قول میں صحیح سے: حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ مراد نہیں بلکہ مراد صرف یہ ہے کہ یہ حدیث ابواسحاق: عاصم اور حارث دونوں سے روایت کرتے ہیں، کیونکہ عاصم اور حارث دونوں اعلیٰ درجہ کے راوی نہیں اور ان کی حدیث کو کسی نے صحیح نہیں قرار دیا)

بابُ ماجاء في زَكَاةِ الإِبِلِ والغَنَمِ

اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کی زکوٰۃ کا بیان

اب جانوروں کی زکوٰۃ کا بیان شروع کرتے ہیں۔ سب سے پہلے چار باتیں ذہن نشین کرلی جائیں:

پہلی بات: قابلِ زکوٰۃ اموال میں زکوۃ اس وقت واجب ہوتی ہے جب نصاب پورا ہو، اور حولانِ حول بھی ہوجائے یعنی اس مال پر ایک سال گذر جائے۔

دوسری بات: قابلِ زکوٰۃ اموال کی پانچ اجناس ہیں: (۱) اونٹ (۲) بھیڑ بکری (دونوں ایک جنس ہیں)

(۳) گائے بھینس (دونوں ایک جنس ہیں) (۴) سونا، چاندی، اموالِ تجارت اور کرنسی وغیرہ سب ایک جنس ہیں [1] (۵) زمین کی پیداوار [2] ان میں سے ایک نصاب کا دوسرے نصاب کے ساتھ انضمام نہیں کیا جائے گا۔ لہٰذا اگر کسی کے پاس چار اونٹ، انتیس گائے بھینس اور انتالیس بکریاں ہوں تو ان پر زکوٰۃ واجب نہیں، اس لئے کہ کوئی بھی نصاب مکمل نہیں۔ اگرچہ ان کی قیمت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت سے زیادہ ہو۔ اور اگر کسی کے پاس بیس گائیں اور دس بھینس ہوں یا تیس بھیڑ اور دس بکریاں ہوں تو زکوٰۃ واجب ہے، کیونکہ گائے بھینس ایک جنس ہیں۔ اسی طرح بھیڑ بکریاں ایک جنس ہیں، پس ان کو ملایا جائے گا۔ اور اگر کسی کے پاس دو تولہ سونا، دس تولہ چاندی، اور کچھ تجارت کا مال اور کچھ روپے ہوں اور مجموعہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر یا زیادہ ہو جائے تو زکوٰۃ واجب ہے اس لئے کہ یہ سب ایک جنس ہیں پس ان کو ملایا جائے گا۔

تیسری بات: جانوروں میں راس (سر) گنے جائیں گے ان کی عمروں کا اعتبار نہیں جو بچہ ایک دن کا ہے وہ بھی شمار ہوگا۔ البتہ اگر کسی کے پاس بچے ہی بچے ہوں جیسے کسی کے پاس اونٹ کے پندرہ بچے ہوں (جانور جب تک ماں کا دودھ پیتا ہے بچہ ہے) تو ان میں زکوۃ واجب نہیں۔ اگر ساتھ میں ایک بھی بڑا ہے تو زکاۃ واجب ہے۔

چوتھی بات: زکوٰۃ صرف سائمہ جانوروں میں ہے یعنی جو جانور سال کا بیشتر حصہ جنگل کی مباح گھاس پر گذارہ کرتے ہوں صرف ان میں زکوٰۃ ہے اور جن جانوروں کو خرید کر یا اگا کر چارہ دیا جاتا ہو وہ علوفہ کہلاتے ہیں ان میں زکوٰۃ نہیں۔ نیز یہ بھی شرط ہے کہ وہ جانور تناسل، زوائد اور فوائد کے لئے ہوں۔ سواری، باربرداری یا ہل میں جوتنے وغیرہ کے لئے نہ ہوں۔ ان مقاصد سے جو جانور رہوتے ہیں ان میں زکوٰۃ واجب نہیں، وہ عوامل کہلاتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ رسول اللہ ﷺ نے اموالِ زکوٰۃ اور ان کے نصاب کے سلسلہ میں ایک تحریر لکھوائی تھی تاکہ عاملین (سفراء) کو اس کی نقلیں دی جائیں اور وہ اس کے حساب سے زکوۃ وصول کریں۔ وہ تحریر آنحضور ﷺ کی تلوار کی مٹھ میں رکھی ہوئی تھی، اس زمانہ میں دستاویزات تلوار کی مٹھ میں رکھے جاتے تھے۔ ابھی کسی کو اس کی نقل نہیں دی گئی تھی کہ آپؐ کا وصال ہوگیا۔ پھر وہ تحریر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہی اس لئے کہ آپؓ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ تھے۔ آپؓ نے اس کی نقلیں سفراء کو دیں، پھر آپؓ کے وصال کے بعد وہ تحریر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہی۔

---

(۱) جمہور کے نزدیک سونے کا مستقل نصاب بھی ہے اور بعض مسائل میں وہ سونے کو چاندی پر محمول بھی کرتے ہیں، اول کے اعتبار سے سونا مستقل جنس ہونا چاہئے اور ثانی کے اعتبار سے چاندی کا ہم جنس ہوگا، جیسے کرنسی: چاندی کی ہم جنس ہے۔ غرض سونے میں دو جہتوں کا اعتبار کیا گیا ہے، جیسے کرنسی (بنک نوٹ) میں بعض مسائل میں ''زر'' کا اعتبار کیا ہے، چنانچہ ایک ملک کی کرنسی میں کمی بیشی کے ساتھ تبادلہ حرام ہے اور دو ملکوں کی کرنسی میں عرض (سامان) کا اعتبار کیا گیا ہے اور حوالہ میں ایک عوض کا ادھار جائز ہے۔

(۲) زمین کی پیداوار میں عشر کو مجازاً زکوٰۃ کہا جاتا ہے، اس لئے قابل زکوٰۃ اموال کی اجناس میں اس کا شمار بھی مجازاً ہے ۱۲

اس باب میں جو حدیث ہے وہ بہت طویل ہے اور اس میں پانچ مسئلے ہیں اور سب اہم ہیں، اس لئے ہم ان کو علحدہ علحدہ بیان کریں گے تاکہ طلباء پر بوجھ نہ پڑے اور وہ حدیث کو آسانی سے سمجھ لیں:

پہلا مسئلہ: اونٹوں کا نصاب اور ان کی زکوٰۃ:

پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ اور پانچ میں ایک ایسی بکری ہے جس کی قربانی جائز ہو یعنی اس کی عمر ایک سال ہو اور اس میں قربانی کے لئے مانع کوئی عیب نہ ہو، پھر چار وَقْص (فریضتین کا مابین) ہیں یعنی نو تک یہی فریضہ ہے پھر دس میں دو بکریاں ہیں (ایک نصاب سے دوسرا نصاب عقدین کہلاتا ہے اور ان کا درمیان وَقْص کہلاتا ہے)

اور پندرہ میں تین بکریاں اور بیس میں چار بکریاں واجب ہیں۔ اور پچیس میں ایک بنت مخاض واجب ہے یعنی ایک سالہ مادہ بچہ واجب ہے۔ پھر یہی فریضہ پینتیس تک باقی رہتا ہے، اور چھتیس میں ایک بنتِ لبون یعنی دو سالہ مادہ بچہ واجب ہے۔ اور یہ فریضہ پینتالیس تک رہتا ہے۔ اور چھیالیس میں حِقّہ یعنی تین سالہ مادہ بچہ واجب ہے، ساٹھ تک۔ پھر اکسٹھ میں جذعہ یعنی چار سالہ مادہ بچہ واجب ہے پچھتر تک (بس زکوٰۃ میں چار سال سے زیادہ عمر کا اونٹ نہیں لیا جاتا اس کے بعد پیچھے لوٹیں گے) اور چھیتّر میں دو بنت لبون واجب ہیں کیونکہ یہ چھتیس کا ڈبل ہے، صرف چند زیادہ ہیں۔ اور یہ فریضہ پینتالیس کے ڈبل تک باقی رہتا ہے پھر اکیانوے میں دو حقے واجب ہیں اور یہ فریضہ ساٹھ کے ڈبل تک یعنی ایک سو بیس تک باقی رہتا ہے۔

پھر یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ ''ہر چالیس میں بنت لبون اور ہر پچاس میں حقہ واجب ہے'' اور اس قاعدہ کی تطبیق میں فقہاء کے درمیان اختلاف ہوا ہے۔ ائمہ ثلاثہ نے ایک سو بیس کے بعد مسئلہ کا مدار اربعینات اور خمسینات یعنی چالیسویں اور پچاسویں پر رکھا ہے، پھر امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ایک سو بیس سے اگر ایک اونٹ بھی زیادہ ہو جائے تو فریضہ بدل جائے گا اور نیا حساب اربعینات اور خمسینات والا شروع ہو جائے گا۔ جتنے چالیسے نکلیں گے اتنے بنت لبون اور جتنے پچاسے نکلیں گے اتنے حقے واجب ہونگے۔ چنانچہ ایک سو اکیس میں تین بنت لبون واجب ہونگے، کیونکہ اس میں تین چالیسے ہیں، پھر ایک سو تیس میں فریضہ بدلے گا، ان میں دو بنت لبون اور ایک حقہ واجب ہوگا کیونکہ اس میں دو چالیسے اور ایک پچاسہ ہے۔ اور ایک سو چالیس میں دو حقے اور ایک بنت لبون واجب ہوگی اور ایک سو پچاس میں تین حقے واجب ہونگے۔ غرض ہر دس پر فریضہ بدلے گا۔ درمیان کے نو وقص ہونگے اور یہ حساب اسی طرح چلتا رہے گا۔

اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ایک سو اکیس پر فریضہ نہیں بدلے گا بلکہ ایک سو انتیس تک دو حقے ہی واجب رہیں گے ایک سو تیس پر فریضہ بدلے گا اور حساب اربعینات اور خمسینات پر دائر ہوگا جس کی تفصیل امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کے بیان میں گذر چکی۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی حدیث ہے اس میں ہے: ’’جب اونٹ ۱۲۰ سے زیادہ ہوں تو ہر پچاس میں حقہ اور ہر چالیس میں بنت لبون ہے‘‘

اور حنفیہ نے حساب کا مدار پچاس پر رکھا ہے، ان کے نزدیک ہر پچاس میں حقہ واجب ہے اور چالیس کا اعتبار نہیں احناف ایک سوبیس میں دو حقے واجب کر کے از سر نو حساب شروع کرتے ہیں۔ اور ۲۰ تک چار بکریاں اور ۲۵ میں بنت مخاض واجب کر کے اس کو ۱۲۰ کے ساتھ ملاتے ہیں۔ پس مجموعہ میں یعنی ۱۴۵ میں دو حقے اور ایک بنت مخاض واجب کرتے ہیں۔ یہی فریضہ ۱۴۹ تک باقی رہتا ہے، پھر ۱۵۰ میں تین حقے واجب کرتے ہیں۔ اور یہ استیناف ناقص ہے، اس لئے کہ اس میں بنت لبون نہیں آئی،، پھر ۱۵۰ کے بعد دوبارہ حساب شروع ہوگا، اور ہر پانچ میں ایک بکری واجب ہوگی۔ اور ۲۵ میں ایک بنت مخاض پھر ۳۶ میں ایک بنت لبون واجب کر کے اس کو سابق سے ملائیں گے، اور مجموعہ ۱۸۶ میں تین حقے اور ایک بنت لبون واجب ہوگی، یہی فریضہ ۱۹۹ تک باقی رہے گا۔ پھر ۲۰۰ میں چار حقے واجب ہونگے، یہ استیناف کامل ہے پھر آخر تک اسی طرح استیناف کامل کیا جائے گا۔ یعنی ہر پچاس کے بعد حساب از سر نو شروع کیا جائے گا اور بنت لبون واجب کر کے اس کو سابق سے ملائیں گے، پھر پچاسہ پورا ہونے پر نیا حقہ واجب کریں گے۔

اور حنفیہ کا مستدل حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کی تحریر ہے جو آنحضور ﷺ نے ان کو لکھ کر دی تھی، اس میں ہے: **فإذا كانت أكثرَ من ذلك ففي كل خمسين حقة، فما فَضُلَ فإنه يُعَادُ إلى أول فريضة الأبل، فما كانت أقل من خمس وعشرين ففيه الغنم في كل خمس ذَوْدٍ شاة،** اس میں صراحت ہے کہ ۱۲۰ کے بعد فریضہ از سر نو شروع کیا جائے گا، اور بکریوں سے شروع کیا جائے گا۔ یہ حدیث سنن نسائی (۲: ۲۱۸ **ذكر حديث عمرو بن حزم في العقول**) میں ہے اس حدیث پر خصیب بن ناصح کے ضعف کا اعتراض کیا جاتا ہے مگر طحاوی (۲: ۲۱۸ **كتاب الزيادات، باب الزكاة في الإبل**) میں ابو عمر الضریر عن حماد کے طریق سے دوسری سند ہے اور وہ اسناد صحیح ہے۔ علاوہ ازیں حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے آثار (جو بالترتیب ابو داؤد حدیث ۱۵۷۲ باب زکاۃ السائمۃ اور امام محمد کی کتاب الآثار حدیث ۳۱۷ باب زکوۃ الإبل میں) ہیں ان میں اونٹوں کے نصاب کی تفصیل مسلک احناف کے مطابق ہے، پھر خاص طور سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اثر اس لئے اہمیت رکھتا ہے کہ صحیحین کی روایت کے مطابق ان کے پاس بھی ایک صحیفہ تھا جس میں آنحضور ﷺ نے دوسرے امور کے علاوہ اسنان الابل بھی لکھوائے تھے (بخاری کتاب الاعتصام **باب مايكره من التعمق إلخ**. مسلم کتاب الحج **باب فضل المدينة**) پس ظاہر یہ ہے کہ آپؓ کی بیان کردہ تفصیلات اس صحیفہ کے مطابق ہونگی۔

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث جو ائمہ ثلاثہ کا مستدل ہے وہ سفیان بن حسین کی زہری سے روایت ہے اور سفیان اگرچہ ثقہ ہیں مگر زہری کی روایتوں میں بالاتفاق ضعیف ہیں (تقریب ۲۴۴) اور ان کے متابع

سلیمان بن کثیر ہیں وہ بھی اگرچہ ثقہ ہیں مگر زہری کی روایتوں میں وہ بھی ضعیف ہیں (تقریب ۲۵۴) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی جو حدیث بخاری (حدیث ۱۴۵۴) میں ہے وہ اس حدیث کی شاہد ہے، مگر اس میں انقطاع ہے (نصب الرایہ ۲:۳۳۸) علاوہ ازیں باب کی حدیث مجمل ہے اور عمرو بن حزم کی حدیث مفصل ہے پس مجمل کو مفصل کی طرف لوٹایا جائے گا۔

اور اس کی وضاحت یہ ہے کہ فی کل خمسین حقة حنفیہ کی بیان کردہ تفصیل کے مطابق بھی صادق آتا ہے اور فی کل أربعین بنت لبون میں ۳۶ سے لے کر ۴۹ تک کے اعداد مراد ہیں۔ اہلِ عرب کے کلام میں اس قسم کا توسع پایا جاتا ہے وہ کسور کو چھوڑ دیتے ہیں، صرف عقود کو لیتے ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک ۳۶ سے ۴۹ تک میں بنت لبون واجب ہوتی ہے۔ پس ان کے مذہب پر بھی اس روایت پر عمل ہوجاتا ہے اور جمع بین الروایات کے لئے یہ تاویل کرنی ضروری ہے۔

فائدہ (۱): بنت مخاض: اونٹنی کا ایک سالہ مادہ بچہ، مخاض: دردِ زِہ، سال بھر کے بعد اونٹنی گابھن ہوجاتی ہے اس لئے یہ نام دیا گیا ہے، بنت لبون: دوسالہ مادہ بچہ، لبون دودھ والی، دوسال میں اونٹنی دوسرا بچہ جنتی ہے اور دودھ دیتی ہے، اس لئے یہ نام دیا گیا ہے۔ حِقّہ: تین سالہ مادہ بچہ، یہ نام اس لئے دیا گیا ہے کہ اب وہ بار برداری کے قابل ہوجاتا ہے، جَذَعہ: چار سالہ مادہ بچہ۔ جذْع: جوان، پانچویں سال میں اونٹنی کا مادہ بچہ جوان ہوجاتا ہے اور گابھن ہونے کے قابل ہوجاتا ہے۔ اس لئے یہ نام دیا گیا ہے، اسی طرح دس سال کی عمر تک اونٹوں کے لئے عربی میں الگ الگ الفاظ ہیں۔

فائدہ (۲): اونٹوں کی زکوۃ خواہ ائمہ ثلاثہ کے قول کے مطابق وصول کریں خواہ حنفیہ کے قول کے مطابق مالیت میں کچھ فرق نہ پڑے گا۔ دونوں صورتوں میں تقریباً برابر مالیت وصول ہوگی، اسی لئے ابن جریر طبری کا تخییر کا قول ہے کہ جس طرح چاہو زکات وصول کرو۔

اور دونوں حساب نہایت آسان ہیں، کلکیو لیٹر کی مطلق ضرورت نہیں، کوئی بھی عدد بولو میں ایک سیکنڈ میں اس کا جواب بتادونگا، اور اگر کچھ دشواری ہے تو ائمہ ثلاثہ کے حساب میں ہے، حنفیہ کے حساب میں تو نام کو بھی دشواری نہیں۔ مثلاً کوئی کہے کہ ۷۳۵ اونٹوں کی زکات کیا ہے؟ جواب: چودہ حقے اور ایک بنت مخاض (عندالحنفیہ) ۷۳۸ کی زکات کیا ہے؟ جواب ۱۴ حقے ایک بنت لبون، ۹۱۰ کی زکات کیا ہے؟ جواب ۱۸ حقے اور دو بکریاں۔ اسی طرح کوئی عدد بولو فوراً جواب دیا جائے گا۔

[٤] باب ماجاء فی زکاة الإبل والغنم

[٦٢١-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ البَغْدَادِيُّ، وإبرَاهيمُ بنُ عبدِ اللّٰهِ الهَرَوِيُّ، ومحمدُ بنُ كَامِلٍ المَرْوَزِيُّ - المَعنَى وَاحِدٌ - قالوا: نا عَبَّادُ بنُ العَوَّامِ عن سُفيانَ بنِ حُسَيْنٍ، عَن الزُّهْرِيِّ، عن سالِمٍ،

عن أبيه، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم كَتَبَ كِتَابَ الصَّدَقَةِ، فَلَمْ يُخْرِجْهُ إِلَى عُمَّالِهِ حتى قُبِضَ، فَقَرَنَهُ بِسَيْفِهِ، فلما قُبِضَ عمل به أبوبكر حتى قُبِضَ، وعُمَرُ حتى قُبِضَ، وكانَ فيه في خَمْسٍ مِنَ الإِبِلِ شَاةٌ، وفي عَشْرٍ شَاتَانِ، وفي خَمْسَ عَشْرَةَ ثلاثُ شِيَاهٍ، وفي عِشرينَ أَرْبَعُ شِيَاهٍ، وفي خَمْسٍ وعشرينَ بنتُ مَخَاضٍ إلى خَمْسٍ وثلاثينَ، فإذا زَادَتْ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ إلى خَمْسٍ وَأَرْبَعِيْنَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّةٌ إلى سِتِّيْنَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ إلى خَمْسٍ وَسَبْعِيْنَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا ابْنَتَا لَبُوْنٍ إلى تِسْعِيْنَ، فَإِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ إلى عِشْرِيْنَ ومِائَةٍ، فإذا زَادَتْ على عِشْرِيْنَ ومِائَةٍ فَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ، وفي كُلِّ أَرْبَعِيْنَ ابْنَةُ لَبُوْنٍ.

ترجمہ وو ضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے تین اساتذہ ہیں جن سے وہ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں اور سب کا مضمون ایک ہے جو آئندہ آرہا ہے ـــــــ ابن عمرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے زکوۃ کے سلسلہ میں ایک تحریر لکھوائی، پس اس کو عاملین کی طرف نہیں نکالا (یعنی ابھی کسی کو اس کی نقل نہیں دی) یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔ پس اس تحریر کو اپنی تلوار (کی مٹھ) میں رکھا (یہاں ف صرف عطف کے لئے ہے تعقیب مع الوصل مراد نہیں، کیونکہ تحریر کو تلوار میں رکھنا مقدم ہے اور وفات مؤخر ہے) پس جب آپؐ کا وصال ہوگیا تو اس پر ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عمل کیا۔ یعنی انھوں نے اس کی نقلیں سفراء کو دیں یہاں تک کہ ان کا وصال ہوگیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (نقلیں دیں) تا آنکہ ان کا بھی انتقال ہوگیا۔ اور اس میں تھا: پانچ اونٹ میں ایک بکری، اور دس میں دو بکریاں، اور پندرہ میں تین بکریاں، اور بیس میں چار بکریاں، اور پچیس میں بنت مخاض، پینتیس تک، پس جب اضافہ ہو اس میں تو بنت لبون ہے پینتالیس تک، پس جب اضافہ ہو اس میں تو حقہ ہے ساٹھ تک، پس جب اضافہ ہو اس میں تو جذعہ ہے پچھتر تک، پس جب اضافہ ہو اس میں تو دو بنت لبون ہیں نوے تک۔ پس جب اضافہ ہو اس میں تو دو حقے ہیں ایک سو بیس تک، پس جب ایک سو بیس پر اضافہ ہو تو ہر پچاس میں حقہ ہے اور ہر چالیس میں بنت لبون ہے۔

دوسرا مسئلہ: بکریوں کا نصاب اور ان کی زکوۃ:

بھیڑ بکریوں کا چھوٹا ریوڑ چالیس کا تجویز کیا گیا ہے۔ اور اس میں ایک بکری واجب کی ہے، اور بڑا ریوڑ تین چالیسوں سے زیادہ کا تجویز کیا ہے۔ چنانچہ ۱۲۱ میں دو بکریاں واجب ہیں، اور یہی فریضہ ۲۰۰ تک باقی رہتا ہے۔ اور ۲۰۱ میں تین بکریاں واجب ہیں۔ پھر قاعدہ کلیہ ہے: ''ہر سیکڑہ میں ایک بکری'' اور اس قاعدہ کی تطبیق میں بھی اختلاف ہوا ہے: ائمہ اربعہ کے نزدیک اب سیکڑہ پورا ہونے پر فریضہ بدلے گا۔ چنانچہ ان کے نزدیک ۲۰۱ سے ۲۹۹ تک وَقْص ہے اس لئے کہ سیکڑہ ۳۰۱ پر پورا ہوگا۔ پورے ۳۰۰ پر پورا نہیں ہوگا، پھر قاعدہ کلیہ جاری ہوگا تو ۴۰۰ میں چار بکریاں ہونگی اور

۵۰۰ میں پانچ اور ۶۰۰ میں چھ اسی طرح حساب چلے گا۔ اور حسن بن حیّ کہتے ہیں: جب سیکڑہ شروع ہوگا اسی وقت فریضہ بدل جائے گا۔ چنانچہ ان کے یہاں ۲۰۱ کے بعد ۳۰۱ پر فریضہ بدلے گا اور چار بکریاں واجب ہونگی۔ پھر ۴۰۱ میں پانچ اور ۵۰۱ میں چھ وقس علی ہذا۔ یعنی ہر سیکڑہ کے شروع میں اس سیکڑہ کی بکری واجب ہوگی اور سیکڑہ پورا ہونے تک وہ فریضہ باقی رہے گا۔ حدیث سے جمہور کا مسلک ثابت ہوتا ہے۔ حسن بن حی کے قول کی کوئی دلیل نہیں صرف قیاس (عقلی دلیل) ہے، جو کافی نہیں۔

وفی الشَّاءِ فی کُلِّ أَرْبَعِیْنَ شَاۃً شَاۃٌ إلی عِشْرِیْنَ ومِائَۃٍ، فإذَا زَادَتْ فَشَاتَانِ إلی مِائَتَیْنِ، فإذا زَادَتْ فَثلاَثُ شَیَاہٍ إلی ثَلاَثِمِائَۃِ شَاۃٍ فإذا زادَتْ علی ثَلاَثِ مِائَۃِ شَاۃٍ فَفِی کُلِّ مِائَۃِ شَاۃٍ شَاۃٌ، ثم لَیْسَ فِیْھَا شَیْئٌ حتی تَبْلُغَ أَرْبَعَمِائَۃٍ.

ترجمہ: اور بکریوں میں: ہر چالیس بکریوں میں ایک بکری ہے، ایک سوبیس تک۔ پس جب بڑھ جائیں (۱۲۱ ہو جائیں) تو دو بکریاں ہیں دوسو تک۔ پس جب بڑھ جائیں (۲۰۱ ہو جائیں) تو تین بکریاں ہیں تین سوتک۔ پس جب بڑھ جائیں تین سو بکریوں پر تو ہر سو بکری میں ایک بکری ہے۔ پھر ان میں کچھ نہیں یہاں تک کہ چار سو کو پہنچ جائیں۔

تیسرا مسئلہ: خُلطہ کا اعتبار ہے یا نہیں؟

خلطہ (بالضم) کے معنی ہیں: شرکت، خاص طور پر مواشی میں شرکت۔ پھر خلطہ کی دو قسمیں ہیں:

ایک: خلطۃ الشُّیوع، جس کو خلطۃ الاعیان اور خلطۃ الاشتراک بھی کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ میراث میں ملنے کی وجہ سے یا بخشش میں ملنے کی وجہ سے، یا مشترک رقم سے خریدنے کی وجہ سے مواشی دو شخصوں میں مشترک (غیر منقسم) ہوں۔ مثلاً ایک شخص کا انتقال ہوا اس نے ایک سوبیس بکریاں چھوڑیں اور وارث ایک لڑکا اور ایک لڑکی ہے تو بھائی بہن اَثلاثاً ان بکریوں کے مالک ہونگے، اور جب تک وہ بکریاں تقسیم نہیں ہونگی ان میں خلطۃ الشیوع ہوگا۔

دوسری قسم: خلطۃ الجوار، جس کو خلطۃ الاوصاف بھی کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے کہ دو شخصوں کے جانور ملکیت میں متمائز (جداجدا) ہوں، مگر دس باتوں میں (عندالشافعی) اور چھ باتوں میں (عند مالک واحمد) مشترک ہوں[1]

(۱) امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک خلطۃ الجوار میں جن چھ باتوں میں اشتراک ضروری ہے وہ یہ ہیں: (۱) چراگاہ (۲) باڑا (مویشیوں کے رہنے کی جگہ) (۳) چرواہا (۴) دودھ دوہنے کا برتن (۵) بجار (وہ نر جو نسل کشی کے لئے ریوڑ میں رکھا جاتا ہے) (۶) پانی پینے کی جگہ مثلاً حوض نہر وغیرہ۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مزید چار چیزیں ضروری ہیں: (۱) کتا (جو ریوڑ کی حفاظت کے لئے رکھا جاتا ہے) (۲) چراگاہ جانے اور لوٹنے کا راستہ (۳) دودھ دوہنے والا (۴) خلطۃ الجوار کی نیت۔ اگر اتفاقاً اشتراک ہوگیا ہو تو وہ خلطہ نہیں۔

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: دونوں خلطوں سے دو یا چند مالکوں کے مواشی کمالِ رجلٍ واحدٍ (ایک شخص کے مال کی طرح) ہوجاتے ہیں اور خلطۃ وجوبِ زکوٰۃ اور تقلیل وتکثیر زکوٰۃ پر اثر انداز ہوتا ہے۔ مگر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک وجوبِ زکوٰۃ کے لئے شرط یہ ہے کہ ہر مالک کی ملکیت بقدر نصاب ہو۔

نفس وجوب کی مثال: دو شخصوں کی چالیس بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو عندالشافعی واحمد: ایک بکری واجب ہوگی۔ اور امام مالکؒ کے نزدیک کچھ واجب نہیں۔ کیونکہ ہر مالک کی ملکیت نصاب سے کم ہے۔

تکثیر کی مثال: دو شخصوں کی انصافاً ۲۰۲ بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو تین بکریاں واجب ہونگی، اور اگر خلطہ نہ ہو تو ہر ایک پر ایک بکری واجب ہوگی، پس خلطہ کی وجہ سے زکوٰۃ زیادہ ہوگئی۔

تقلیل کی مثال: تین شخصوں کی ایک سو بیس بکریاں ہوں اور کوئی بھی خلطہ ہو تو ایک بکری واجب ہوگی، اور خلطہ نہ ہو تو تین بکریاں واجب ہونگی، پس خلطہ کی وجہ سے زکوٰۃ کم ہوگئی۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک خلطۃ کا مطلق اعتبار نہیں (یعنی خلطہ کرنا تو جائز ہے مگر بابِ زکوٰۃ میں اس کا اعتبار نہیں) نہ وجوب میں، نہ تقلیل میں اور نہ تکثیر میں۔ حنفیہ کے نزدیک اعتبار ملکیت کا ہے۔ چنانچہ پہلی صورت میں کچھ واجب نہیں ہوگا کیونکہ ہر ایک کی ملکیت نصاب سے کم ہے۔ اور دوسری صورت میں دو بکریاں واجب ہونگی کیونکہ ہر ایک: ایک سو ایک کا مالک ہے۔ اور تیسری صورت میں تین بکریاں واجب ہونگی، کیونکہ ہر ایک کی ملک میں چالیس بکریاں ہیں۔

اور جمع وتفریق ملکیت میں مراد ہے، مکان میں بالاتفاق مراد نہیں، کیونکہ مکان میں بالاجماع: جمع وتفریق کی جائے گی، مثلاً ایک شخص کی چالیس بکریاں ایک چراگاہ میں ہوں اور دوسری چالیس دوسری چراگاہ میں تو دونوں کو جمع کر کے اسّی میں سے ایک بکری لی جائے گی۔

اور حدیث: **لاَ یُجْمَعُ بین متفرِّق، ولا یُفَرَّق بین محتمع مخافة الصدقة**: جدا کو اکٹھا نہ کیا جائے اور اکٹھا کو جدا نہ کیا جائے، زکوٰۃ کے ڈر سے۔ اس میں مالکانِ مویشی سے بھی خطاب ہے اور ساعی (زکوٰۃ وصول کرنے والے) سے بھی۔ مالکانِ مواشی سے یہ کہا گیا ہے کہ جو مویشی جدا ہیں ان کو زیادہ زکوٰۃ واجب ہونے کے اندیشہ سے جمع نہ کیا جائے، مثلاً دو شخصوں کی چالیس چالیس بکریاں ہیں، ان میں دو بکریاں واجب ہونگی لیکن اگر وہ جمع کر کے ایک شخص کی بکریاں بتائیں تو ایک بکری واجب ہوگی، ایسی حیلہ بازی نہ کی جائے۔ اسی طرح جو مویشی جمع ہیں ان کو وجوبِ زکوٰۃ کے اندیشہ سے جدا نہ کیا جائے، مثلاً ایک شخص کی چالیس بکریاں ہیں اور دوسرے کی بیس، اول پر ایک بکری واجب ہے اور دوسرے پر کچھ نہیں۔ اب اگر پہلا شخص اپنی چند بکریاں دوسرے کے ریوڑ میں ملا دے تو دونوں پر زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ حدیث میں ایسا فریب کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

اورساعی سے یہ کہا گیا ہے کہ وہ زیادہ زکوٰۃ وصول کرنے کی غرض سے جمع وتفریق نہ کرے۔ مثلاً دو بھائیوں کے پاس انصافاً دوسودو بکریاں ہیں اور متفرق ہیں۔ پس ہر ایک پر ایک بکری واجب ہے، ساعی ان کو جمع کرائے اور دوسودو میں سے تین بکریاں لے ایسا نہ کرے، بلکہ ملکیت کا اعتبار کر کے زکوٰۃ لے یا دو بھائیوں کی ملی ہوئی اسّی بکریاں ہیں، ساعی دو بکریاں لینے کے لئے ان کو جدا کرائے اس سے منع کیا ہے کیونکہ جب ملکیت کا اعتبار کیا جائے گا تو ملی ہوئی میں بھی دو بکریاں واجب ہونگی۔ اور حدیث کا یہ مطلب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول پر ہے، احناف کے نزدیک لایُجمع اور لا یُفَرَّق فعل مضارع منفی ہیں، فعل نہی نہیں ہیں۔ پس یہ ارشاد انشاء نہیں بلکہ اخبار ہے یعنی جمع وتفریق کے بارے میں خبر دی گئی ہے کہ یہ لغو عمل ہے، زکوٰۃ پر اس کا کوئی اثر مرتب نہیں ہوتا، کیونکہ زکوٰۃ کا مدار ملکیت پر ہے۔ جس کی جتنی ملکیت ہوگی اس کے اعتبار سے زکوٰۃ لی جائے گی، خواہ جانور جمع ہوں یا متفرق۔

اور ائمہ ثلاثہ: لایُجمع اور لایُفَرَّقُ کو نہی مانتے ہیں، کیونکہ اَخبار انشاء کو متضمن ہوتے ہیں۔ پھر وہ نہی کا تعلق صرف ساعی سے جوڑتے ہیں، کیونکہ مالکان کو جمع وتفریق کا ہر وقت اختیار ہے۔ خواہ ان کی نیت کچھ ہو، اور ان کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر جانور متفرق ہوں اور زکوٰۃ واجب نہ ہوتی ہو یا کم واجب ہوتی ہو تو ساعی زکوٰۃ کی خاطر ان کو جمع نہ کرے، اور مختلط ہوں تو جدا نہ کرے بلکہ جس حال میں ہوں اس کا اعتبار کر کے زکوٰۃ وصول کرے۔

چوتھا مسئلہ: وما کان من خَلِیْطَیْنِ فَإنهما یَتَرَاجَعَانِ بالسَّوِیَّة: یعنی جو جانور زکوٰۃ میں دو شریکوں سے لیا گیا ہے وہ آپس میں ٹھیک ٹھیک لین دین کرلیں گے ـــــ اس جملہ میں بھی اختلاف ہے۔ اور وہ پہلے جملہ میں اختلاف پر مبنی ہے۔

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: اس جملہ کا تعلق دونوں خلطوں سے ہے، مگر خلطۃ الشیوع میں کچھ لین دین نہیں ہوگا صرف خلطۃ الجوار میں لین دین ہوگا، مثلاً زید کی چالیس بکریاں ہیں اور خالد کی بھی چالیس بکریاں ہیں اور انھوں نے خلطۃ الجوار کر رکھا ہے تو اسّی میں سے ساعی ایک بکری لے گا، پھر وہ جس کی بکریوں میں سے لے گا وہ اس کی آدھی قیمت دوسرے سے لیلے گا، کیونکہ دونوں پر آدھی آدھی بکری واجب ہوئی ہے اور بکری ایک کے جانوروں میں سے لی گئی ہے، پس اس کا مالک بکری کی آدھی قیمت اپنے ساتھی سے لے لیگا۔

اور احناف کے نزدیک: اس جملہ کا تعلق صرف خلطۃ الشیوع سے ہے، پس اگر اسّی بکریاں انصافاً ہوں تو دو بکریاں واجب ہونگی، اور کوئی لین دین نہ ہوگا ـــــ اور اَثلاثاً ہوں تو دوثلث والے پر ایک بکری واجب ہے اور ایک ثلث والے پر کچھ واجب نہیں، کیونکہ نصاب مکمل نہیں، پس جو ایک بکری زکوٰۃ میں لی گئی ہے اس کا تہائی: دوثلث والا ایک ثلث والے کو دے گا ـــــ اور ایک سوبیس بکریاں اثلاثاً ہوں تو دو بکریاں واجب ہونگی، پس دوثلث والا: ایک ثلث والے سے ایک بکری کا ثلث لے گا، کیونکہ اس کا ایک ثلث زائد گیا ہے۔ اور اکٹھ اونٹ ہوں ایک کے پچیس اور دوسرے کے چھتیس اور خلطۃ الشیوع ہو یعنی املاک متمائزہ نہ ہوں تو ایک بنت مخاض اور ایک بنت لبون

واجب ہوگی۔ پھر ۳۶ والا بنت لبون کے اکسٹھ حصوں میں سے پچیس حصے ۲۵ والے کو دے گا، اور پچیس والا بنت مخاض کے اکسٹھ حصوں میں سے چھتیس حصے: چھتیس والے کو دے گا (یہ دونوں طرف سے لین دین ہوا)

پانچواں مسئلہ: زکوۃ میں بوڑھا جانور اور ایسا عیب دار جانور جس کی وجہ سے اس کی قربانی درست نہ ہو نہیں لیا جائے گا۔ زکوۃ میں درمیانی جانور لیا جائے گا، شاندار جانور بھی نہیں لیا جائے گا تاکہ مالک پر بار نہ پڑے۔ اور نکما بھی نہیں لیا جائے گا تاکہ غرباء کا نقصان نہ ہو۔

ولاَ يُجْمَعُ بَيْنَ مُتفرِّقٍ، ولاَ يُفرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ: مَخَافَةَ الصَّدَقَةِ، ومَاكَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بالسَّوِيَّةِ، ولاَ يُؤْخَذُ فی الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلاَ ذَاتُ عَيْبٍ.

وقال الزُّهْرِیُّ: إِذَا جَاءَ الْمُصَدِّقُ قَسَّمَ الشَّاءَ أَثْلاَثًا: ثُلُثٌ خِيَارٌ، وثُلُثٌ أَوْسَاطٌ، وثُلُثٌ شِرَارٌ. وأَخَذَ الْمُصَدِّقُ مِنَ الوَسَطِ، وَلَمْ يَذْكُرِ الزُّهْرِیُّ البَقَرَ.

وفی الباب: عن أبی بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وبَهْزِ بنِ حَكِيْمٍ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ، وأبی ذَرٍّ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديث ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ، والعَمَلُ على هذا الحديثِ عند عَامَّةِ الفُقَهَاءِ، وقد رَوَى يونُسُ بنُ يَزِيْدَ وغيرُ وَاحِدٍ عن الزُّهْرِیِّ، عن سَالِمٍ هذا الحديثَ، ولم يَرْفَعُوهُ، وإِنَّمَا رَفَعَهُ سُفيانُ بنُ حُسَيْنٍ.

ترجمہ: اور متفرق جانوروں کو جمع نہیں کیا جائے گا اور مختلط جانوروں کو جدا نہیں کیا جائے گا زکوۃ کے اندیشہ سے (مخافة الصدقة: دونوں فعلوں کا مفعول لہ ہے اور اس میں تنازع فعلان ہے۔ پس ایک فعل کا ایسا ہی معمول محذوف مانا جائے گا) اور وہ جانور جو دو شریکوں سے لیا گیا ہے (من خليطين کا تعلق مأخوذاً محذوف سے ہے) پس وہ باہم ٹھیک ٹھیک لین دین کرلیں گے اور زکوۃ میں بوڑھا جانور اور عیب دار جانور نہیں لیا جائے گا۔

امام ابن شہاب زہری فرماتے ہیں: جب عامل (زکوۃ وصول کرنے والا) آئے تو وہ بکریوں کو (اسی طرح دیگر مواشی کو) تین حصوں میں بانٹے۔ ایک قسم اچھے جانوروں کی، دوسری قسم درمیانی جانوروں کی اور تیسری قسم نکمے جانوروں کی۔ اور عامل درمیانی جانور میں سے لے (وَسَط (بالفتح) کے معنی ہیں: معتدل، درمیانی۔ اور وسْط (بالسکون) کے معنی ہیں: درمیان۔ اور دونوں کے درمیان فرق اس طرح کیا جاسکتا ہے کہ اگر اس کی جگہ بَیْنَ رکھیں اور معنی درست ہوں تو وہ بالسکون ہے اور بین رکھنے کی صورت میں معنی درست نہ ہوں تو وہ بالفتح ہے) اور امام زہری نے (اس حدیث میں) گایوں اور بھینسوں (کی زکوۃ) کا ذکر نہیں کیا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے (مگر پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ یہ سفیان بن حسین کی

امام زہری سے روایت ہے، اور وہ امام زہری کی روایتوں میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں، اور ان کے متابع سلیمان بن کثیر کا بھی یہی حال ہے، وہ بھی امام زہری کی روایتوں میں ضعیف ہیں۔ اور یہی دونوں اس حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، اور ان کے علاوہ امام زہری کے دوسرے تلامذہ مثلاً یونس بن یزید اور دیگر متعدد حضرات اس حدیث کو امام زہری سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ حدیث کو مرفوع نہیں کرتے (بلکہ اس کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا قول قرار دیتے ہیں) نیز امام ترمذی نے اس مسئلہ میں اجماع کا دعوی کیا ہے (مگر معلوم نہیں کونسا مسئلہ مراد ہے۔ حدیث میں تو پانچ مسئلے ہیں، امام ترمذی نے مسئلہ کی تعیین کئے بغیر یہ بات کہی ہے)

بابُ ماجاء فی زَکَاۃِ البَقَرِ

گایوں بھینسوں کی زکوٰۃ کا بیان

جس طرح لفظ غَنَمْ اسم جنس ہے اور اس کی دونوعیں ہیں: مَعْز (بکرا) اور ضأنٌ (بھیڑ) اسی طرح بَقَر بھی اسم جنس ہے اور اس کی بھی دونوعیں ہیں: جاموس (بھینس) اور ثَورٌ (بیل) اور عرب میں صرف گائے ہوتی ہے۔ بھینس نہیں ہوتی، پس غیر مقلدین کا یہ کہنا کہ بھینس کی قربانی ثابت نہیں بے معنی سی بات ہے، جب عرب میں بھینس ہوتی ہی نہیں تو اس کی قربانی کہاں سے ثابت ہوگی؟ دیکھنا صرف یہ ہوگا کہ بقر کا اطلاق بھینس پر ہوتا ہے یا نہیں؟ تو جاننا چاہئے کہ بقر کا اطلاق بھینس پر بھی ہوتا ہے۔ اس لئے اس کی قربانی بھی درست ہے۔

نصاب: گایوں بھینسوں کا چھوٹا ریوڑ ۳۰ کا بنایا ہے، اس سے کم میں زکوٰۃ واجب نہیں اور تیس میں تبیع یا تبیعة (ایک سالہ مذکر یا مؤنث بچہ) واجب ہوتا ہے۔ پھر ۹ وقص ہیں اور ۴۰ میں مُسِنّ یا مُسِنَّة (دوسالہ مذکر یا مؤنث بچہ) واجب ہوتا ہے۔ پھر قاعدہ کلیہ ہے: ''ہر تیس میں ایک تبیعہ اور ہر چالیس میں ایک مسنۃ واجب ہے'' اور اس قاعدہ کو جاری کرنے میں بھی اختلاف ہوا ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک چالیس کے بعد انیس وقص ہیں، ساٹھ میں فریضہ بدلے گا کیونکہ پچاس میں کوئی حساب نہیں بیٹھتا۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے تین قول ہیں: اول: صاحبین کے قول کے موافق۔ دوم: چالیس کے بعد مطلق وقص نہیں، ایک بھی بڑھے گا تو اس میں زکوٰۃ واجب ہے۔ اور زکوٰۃ مسنۃ کی قیمت کے حساب سے لی جائے گی۔ مثلاً مسنۃ کی قیمت اسّی روپے ہے تو ۴۱ میں ایک مسنہ اور دو روپے لیں گے، اور ۴۲ میں ایک مسنہ اور چار روپے لیں گے وعلی ہذا۔ سوم: چالیس کے بعد نو وقص ہیں اور ۵۰ میں مسنہ کی قیمت کا چوتھائی واجب ہوگا۔ مسنہ کی قیمت اسّی روپے فرض کی تھی پس پچاس میں ایک مسنہ اور بیس روپے واجب ہونگے۔ اور ساٹھ میں بالاجماع دو تبیعے واجب ہیں کیونکہ اس میں سے دو تیس نکلتے ہیں، اور ستّر میں ایک تبیعہ اور ایک مسنہ ہوگا، کیونکہ اس میں سے ایک تیس اور ایک چالیس نکلتا

ہے اور اسّی میں دو مُسنّے اور نوے میں تین تبیعے واجب ہونگے وقس علی ہذا۔

فائدہ: تبیع اور تبیعہ: ایک سالہ مذکر یا مؤنث بچہ کو کہتے ہیں۔ یہ نام اس لئے دیا گیا ہے کہ ایک سال تک جب ماں چرنے چگنے کے لئے جاتی ہے تو اس کا بچہ بھی پیچھے پیچھے جاتا ہے، اور مُسن یا مُسنۃ: دوسالہ مذکر یا مؤنث بچہ کو کہتے ہیں چونکہ دوسال کے بعد بچہ کے دودھ کے دانت گرتے ہیں اس لئے یہ نام دیا گیا ہے، اور جاننا چاہئے کہ اونٹ کا مادہ بچہ زیادہ قیمتی ہوتا ہے اس لئے وہاں زکوٰۃ میں مؤنث بچہ ہی لیا جاتا ہے اور گائے بھینس کے مذکر ومؤنث بچوں کی قیمت یکساں ہوتی ہے اس لئے یہاں مذکر بچہ بھی لے سکتے ہیں اور مؤنث بھی۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیس گایوں بھینسوں میں ایک: ایک سالہ مذکر یا مؤنث بچہ ہے۔ اور ہر چالیس میں ایک دوسالہ مذکر یا مؤنث بچہ ہے۔

تشریح: خصیف کے شاگرد عبدالسلام بن حرب جو ثقہ اور احفظ ہیں: ابوعبیدۃ اور حضرت ابن مسعودؓ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں بڑھاتے۔ اور دوسرے شاگرد قاضی شریک جو کثیر الخطاء ہیں عن أبیہ بڑھاتے ہیں اور یہ ان کا وہم ہے اس لئے کہ ابوعبیدۃ کے والد خود ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہیں۔ اس لئے یہ اضافہ بے معنی ہے۔ اور اس حدیث میں انقطاع ہے کیونکہ ابوعبیدۃ کا اپنے والد سے سماع نہیں، وہ بچے تھے اور حضرت ابن مسعودؓ کا انتقال ہو گیا تھا۔

حدیث (۲): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے یمن کا گورنر بنا کر بھیجا اور حکم دیا کہ میں ہر تیس گایوں بھینسوں میں سے ایک: ایک سالہ بچہ نر یا مادہ لوں۔ اور ہر چالیس میں سے ایک دوسالہ بچہ نر یا مادہ لوں۔ اور ہر بالغ سے (سالانہ) ایک دینار یا ایک دینار کی قیمت کا مُعافری کپڑا (جو یمن میں بنتا تھا) لوں۔

تشریح: یہ حدیث بھی منقطع ہے اس لئے کہ مسروق رحمہ اللہ کا حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع نہیں۔ اور سفیان ثوری کے بعض تلامذہ اس حدیث کو مرسل روایت کرتے ہیں، یعنی مسروق حضرت معاذ کا واقعہ بیان کرتے ہیں، ان سے روایت نہیں کرتے اور مرسل روایت اصح ہے۔

جاننا چاہئے کہ یمن میں عیسائی بکثرت تھے۔ وہاں کے پادریوں کا ایک وفد مدینہ آیا تھا اور رسول اللہ ﷺ سے بحث ومباحثہ کیا تھا، اس موقع پر سورۂ آل عمران کی شروع کی ۹۰ آیتیں نازل ہوئی تھیں، اور ان کو مباہلہ کی دعوت دی گئی تھی، مگر انھوں نے باہمی مشورہ کر کے مباہلہ سے انکار کیا تھا اور اسلامی حکومت کی ماتحتی قبول کر لی تھی۔ اور فی نفر سالانہ ایک دینار اسلامی گورنمنٹ کو دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اس مصالحت کے بعد رسول اللہ ﷺ نے یمن کے دو مخلاف (پرگنے) بنائے تھے، اور ایک پرگنہ کا گورنر حضرت ابوموسیٰ اشعری کو اور دوسرے کا گورنر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہما کو بنایا تھا۔ باب میں مذکور حدیث اسی موقعہ کی ہے جب آنحضور ﷺ نے ان کو گورنر بنا کر روانہ کیا تو مختلف ہدایات دیں ان میں سے ایک ہدایت یہ تھی کہ وہ غیر مسلموں سے فی نفر سالانہ ایک دینار وصول کریں۔ اور اگر کسی کے پاس دینار نہ ہو تو معافری

کپڑا جو وہاں گھر گھر بنتا تھا اور جس کو ہر شخص آسانی سے دے سکتا تھا ایک دینار کی قیمت کا کپڑا وصول کریں اور عورتوں اور بچوں پر جزیہ نہیں۔ اور جزیہ کیوں لیا جاتا ہے؟ اور فی نفر جزیہ کتنا واجب ہے؟ یہ باتیں آئندہ آئیں گی۔

[۵] باب ماجاء فی زکاۃ البقر

[۶۲۲-] حدثنا محمدُ بنُ عُبَیْدٍ المُحَارِبِیُّ، وأبو سعیدٍ الأَشَجُّ، قالا: نا عبدُ السَّلاَمِ بنُ حَرْبٍ، عن خُصَیْفٍ، عن أبی عُبَیْدَةَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قال:" فِیْ ثَلاَثِیْنَ مِنَ الْبَقَرِ تَبِیْعٌ أو تَبِیْعَةٌ، وفی کُلِّ أَرْبَعِیْنَ مُسِنَّةٌ"

وفی الباب: عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ. قال أبو عیسی: هٰکَذَا رَوَی عبدُالسَّلاَمِ بنُ حَرْبٍ، عن خُصَیْفٍ، وعبدُ السَّلاَمِ ثِقَةٌ حَافِظٌ؛ ورَوَی شَرِیْكٌ هذا الحدیثَ عن خُصَیْفٍ، عن أبی عُبَیْدَةَ، عن أبیهِ، عن عبدِاللّٰهِ، وأَبو عُبَیْدَةَ بنُ عبدِ اللّٰهِ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ أَبِیْهِ.

[۶۲۳-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلاَنَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، ناسفیانُ، عن الأَعْمَشِ، عن أبی وائلٍ، عن مَسْرُوْقٍ، عن مُعاذِ بنِ جَبَلٍ، قال: بَعَثَنِیْ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَی الیَمَنِ، فَأَمَرَنِیْ أَنْ آخُذَ مِنْ کُلِّ ثَلاَثِیْنَ بَقَرَةً تَبِیْعًا أَوْ تَبِیْعَةً، ومِنْ کُلِّ أَرْبَعِیْنَ مُسِنَّةً، ومَنْ کُلِّ حَالِمٍ دِیْنَاراً أَوْ عَدْلَهُ مُعَافِرَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ، ورَوَی بعضُهم هذا الحدیثَ عن سُفیان، عن الأَعْمَشِ، عن أبی وائلٍ، عن مَسْرُوْقٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَی الْیَمَنِ فَأَمَرَهُ أَنْ یَأْخُذَ، وهٰذَا أَصَحُّ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، قال: سَأَلْتُ أَبا عُبَیْدَةَ هَلْ تَذْکُرُ مِنْ عبدِ اللّٰهِ شَیْئًا؟ قال: لا.

وضاحت: امام ترمذی نے آخر میں سند کے ساتھ یہ بات بیان کی ہے کہ ابوعبیدۃ کا ان کے ابا ابن مسعود سے سماع نہیں، یہ بات پہلے بھی گذر چکی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ أَخْذِ خِیَارِ المالِ فی الصَّدَقَةِ

زکوۃ میں بہترین مال لینا ممنوع ہے

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ زکوۃ میں نکما جانور یعنی بوڑھا اور عیب والا جانور نہیں لیا جائے گا اور اعلی قسم کا جانور بھی نہیں لیا جائے گا، بلکہ درمیانی قسم کا جانور لیں گے، تاکہ نہ مالک پر بوجھ ہو نہ غریبوں کا نقصان ہو۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو جب گورنر بنا کر یمن بھیجا تو آنحضور ﷺ نے ان کو چند ہدایات دی تھیں۔ان میں سے ایک ہدایت یہ تھی کہ یمن میں اہل کتاب (نصاریٰ) ہیں ان کو اسلام کی دعوت دینا۔معلوم ہوا کہ حضور اکرم ﷺ سے پہلے جو ادیان تھے وہ آپؐ کی بعثت سے منسوخ ہوگئے، حتی کہ نبی ﷺ سے قریب ترین پیغمبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دین بھی منسوخ ہوگیا۔اب نجات صرف نبی ﷺ کے دین کو قبول کرنے میں ہے۔دین عیسوی، یا دین موسوی یا کسی اور نبی کی شریعت پر عمل کرنے سے نجات حاصل نہیں ہوگی۔

دوسری ہدایت یہ دی تھی کہ احکام اسلامیہ بتدریج ان کے سامنے پیش کیے جائیں۔سب احکام ایک ساتھ پیش نہ کیے جائیں، اگر ایک ساتھ تمام احکام پیش کیے جائیں گے تو ممکن ہے ان کے ذہن پر بوجھ پڑے، اور وہ گھبرا جائیں اور پیچھے ہٹ جائیں، اس لئے **الأہم فالأہم** کے قاعدہ سے جو حکم سب سے زیادہ اہم ہے وہ پہلے پیش کیا جائے پھر جب لوگ اُسے قبول کرلیں تو ان کو دیگر احکام بتدریج بتائے جائیں۔اور بنیادی حکم توحید ورسالتِ محمدی ہے، یہود ونصاریٰ توحید کے تو قائل ہیں، مگر **محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم** کے قائل نہیں، پس ان کو توحید کے ساتھ رسالتِ محمدی (ﷺ) کی بھی دعوت دی جائے۔جب وہ نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا فرستادہ تسلیم کرلیں تو وہ خود سمجھ جائیں گے کہ ہر فرستادہ کوئی پیغام ضرور لاتا ہے، وہ خالی ہاتھ نہیں آتا، اس لئے اب ان کو عملی احکام میں سے جو سب سے اہم حکم ہے یعنی نماز کی دعوت دی جائے۔

نماز کے دو پہلو ہیں: ایک پہلو سے وہ آسان ہے اور دوسرے پہلو سے ذرا بھاری ہے۔آسان پہلو یہ ہے کہ نماز پڑھنے میں کچھ خرچ نہیں ہوتا۔اور بھاری پہلو یہ ہے کہ روزانہ پانچ بار نماز پڑھنا مشکل امر ہے۔جب آسان پہلو سے دعوت دیں گے تو اس کی کوئی مصلحت بتانے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ ہر شخص جانتا ہے کہ ہم اللہ کے بندے ہیں اور ہمارے ذمے ان کی بندگی (عبادت) ہے۔پھر جب وہ یہ حکم قبول کرلیں تو دوسرے اہم حکم زکوٰۃ کی دعوت دی جائے، اور زکوٰۃ کے بھی دو پہلو ہیں: ایک آسان دوسرا بھاری۔اس اعتبار سے کہ زکوٰۃ میں مال نکالنا پڑتا ہے بھاری حکم ہے، آدمی چمڑی دے سکتا ہے مگر دمڑی دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا، آدمی جان تو دے سکتا ہے مگر مال دینے کے لئے تیار نہیں ہوتا۔اور یہ حکم اس اعتبار سے آسان ہے کہ وہ سال میں صرف ایک مرتبہ فرض ہے، دل پر جبر کرکے ایک مرتبہ زکوٰۃ نکالدی جائے تو سال بھر کی چھٹی ہوجاتی ہے۔نماز کی طرح بار بار فرض نہیں۔پس اگر زکوٰۃ کا جو بھاری پہلو ہے اس کے لحاظ سے دعوت دی جائے گی تو اس کی مصلحت بھی بتانی ہوگی۔علاوہ ازیں زمانۂ جاہلیت میں قبیلہ کا سردار ہر شخص کی آمدنی کا چوتھائی لیا کرتا تھا تاکہ وہ اس آمدنی سے ٹھاٹھ کرے۔اب اسلام بھی زکوٰۃ کا مطالبہ کررہا ہے اس لئے یہ غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ زکوٰۃ نبی ﷺ کے ٹھاٹھ کے لئے لی جارہی ہے، اس لئے بھی مصلحت بتانی ضروری ہے کہ زکوٰۃ نبی ﷺ کے لئے نہیں ہے، ان پر اور ان کے خاندان پر حتی کہ ان کے موالی پر بھی زکوٰۃ حرام ہے، بلکہ یہ

بتایا جائے کہ زکوٰۃ اس لئے لی جارہی ہے کہ تمہارے قبیلوں میں تمہارے پڑوس میں جو غریب ہیں ان پر یہ مال خرچ کیا جائے، اور غرباء کی مدد اور رفاہی کاموں میں خرچ کرنا سبھی پسند کرتے ہیں اور ضرورت مندوں پر خرچ کرنے کا جذبہ ہر انسان میں ہوتا ہے، اس لئے جب ان کے سامنے یہ مصلحت آئے گی تو غلط فہمی دور ہوگی اور ان کے لئے زکوٰۃ نکالنا آسان ہوگا، اس لئے ان کو زکوٰۃ کے حکم کے ساتھ اس کی یہ مصلحت بھی ضرور بتائی جائے۔

اور تیسری ہدایت یہ دی کہ زکوٰۃ میں بہترین اموال نہ لئے جائیں، یہ ظلم ہے اور مظلوم کے دل سے جو آہ نکلتی ہے وہ اللہ سے ورے نہیں رکتی، سیدھی اللہ تک پہنچتی ہے۔ پس کہیں مظلوم کی آہ حکومت کی تباہی کا باعث نہ بن جائے اس کا خیال رکھا جائے۔

[٦] باب ماجاء فی کراهية أخذ خِيَارِ المال فی الصدقة

[٦٢٤-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا وكيعُ، نا زَكَرِيَا بنُ إسحاقَ المَكِّيُّ، نا يَحيىَ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ صَيفِيٍّ، عن أبی مَعْبَدٍ، عن ابنِ عباسٍ، أَنَّ رسولَ الله صلی الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَی اليَمَنِ، فقال: "إِنَّکَ تَأْتِی قَوْمًا أَهْلَ كِتَابٍ، فَادْعُهُمْ إِلَی شَهَادَةِ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّی رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذَلِکَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِی اليَوْمِ وَاللَّيْلَةِ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذَلِکَ فَأَعْلِمْهُمْ أَنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةَ أَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ، وتُرَدُّ علی فُقَرَائِهِمْ، فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوْا لِذَلِکَ فَإِيَّاکَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ، واتَّقِ دَعْوَةَ المَظْلُوْمِ فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وبَيْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ"

وفی الباب: عن الصُّنَابِحِیِّ، قال أبو عيسی: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبو مَعْبَدٍ مَوْلَی ابنِ عباسٍ: اسْمُهُ نَافِذٌ.

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبلؓ کو یمن کی طرف بھیجا، پس فرمایا: بیشک تم ایسے لوگوں کے پاس پہنچو گے جو کتاب والے ہیں۔ پس ان کو اس عقیدہ کی دعوت دو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور بیشک میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، پس اگر وہ یہ بات قبول کرلیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر رات دن میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ پس اگر وہ یہ بات قبول کرلیں تو ان کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ان کے مالوں میں زکوٰۃ فرض کی ہے، جو مالداروں سے لی جائے گی اور غریبوں پر خرچ کی جائے گی، پس اگر وہ یہ حکم قبول کرلیں تو ان کے بہتر مالوں سے بچو! (کرائم أموالهم درحقیقت مرکب توصیفی ہے أی أموالٌ کریمَةٌ) اور مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ مظلوم کی بددعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں یعنی مظلوم کی آہ سیدھی اللہ تک پہنچتی ہے۔

بابُ ماجاء فی صَدَقَةِ الزَّرْعِ والثَّمرِ والحُبُوْبِ

کھیتی، پھلوں اور غلوں کی زکوٰۃ کا بیان

زَرعٌ: کھیتی، مراد غلے ہیں۔ اور ثَمر: کے معنی ہیں پھل، خاص طور پر کھجور مراد ہے۔ اور حبوب: حَبٌّ کی جمع ہے، دانہ یعنی غلہ۔ زرعٌ اور حَبٌّ ایک ہیں۔

باغات اور کھیتوں میں جو کچھ پیدا ہوتا ہے اس میں بھی زکوٰۃ ہے اور اس زکوٰۃ کے لئے مخصوص لفظ عُشر ہے۔ زرعی پیداوار میں سے دسواں حصہ لیا جائے یا بیسواں حصہ دونوں کے لئے لفظ عشر (دسواں) مستعمل ہے اور اموال کی زکوٰۃ کے جو احکام اور ان کے جو مصارف ہیں وہی احکام اور مصارف عشر کے بھی ہیں۔ اور بعض زمینوں کی پیداوار میں سے خراج لیا جاتا ہے اس کے احکام مختلف ہیں۔

حدیث باب میں تین حکم ہیں:

پہلا حکم: پانچ اونٹ سے کم میں زکوٰۃ نہیں، یعنی اونٹوں کا چھوٹا ریوڑ جس میں زکوٰۃ واجب ہے پانچ کا ہے۔ اس سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ یہ مسئلہ اجماعی ہے اور پہلے تفصیل سے گذر چکا ہے ـــــــ ذَوْد کے لغوی معنی ہیں: دفع کرنا۔ جو شخص پانچ اونٹوں کا مالک ہوتا ہے وہ پچاس ہزار کا مالک ہوتا ہے۔ پس غریبی دور ہوگئی اور یہ لفظ تین اونٹوں سے دس تک بولا جاتا ہے۔

دوسرا حکم: پانچ اوقیوں سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں۔ اوقیہ: مفرد ہے اور یہ چاندی کا وزن ہے اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے پس پانچ اوقیہ دوسو درہم ہوئے، یہ چاندی کا نصاب ہے اور یہ مسئلہ بھی اجماعی ہے اور پہلے گذر چکا ہے۔

تیسرا حکم: پانچ وَسَق سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ وسق: غلوں اور پھلوں کا پیمانہ ہے، ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے، پس پانچ وسق: ۳۰۰ صاع ہوئے، اور صاع: چار مد کا، اور مد: احناف کے نزدیک دو رطل کا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے۔ اور رطل عراقی چار سو سات گرام کا ہوتا ہے پس ایک صاع احناف کے نزدیک تین کلو دو سو اکسٹھ گرام ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دو کلو ایک سو تہتر گرام ہے۔ اور ایک وسق احناف کے نزدیک ایک سو پچانوے کلو تین سو ساٹھ گرام ہے اور پانچ وسق: نو سو چھیتّر کلو آٹھ سو گرام ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: چھ سو اکیاون کلو نوے گرام ہیں (۱)

(۱) جاننا چاہئے کہ آج کل مارکیٹ میں جو تولہ رائج ہے وہ دس گرام کا ہے، اور شرعی تولہ گیارہ گرام اور چھیاسٹھ پوئنٹ کا ہے، باب زکوٰۃ میں اور دیگر مسائل میں شرعی تولہ ہی مراد ہوتا ہے، اس کے حساب سے نصف صاع صدقۃ الفطر ایک کلو پانچ سو چھتر گرام ←

اور مذکورہ حدیث میں ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک عشر کا بیان ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: پیداوار میں عشر (دسواں حصہ) یا نصف عشر (بیسواں حصہ) اس وقت واجب ہوتا ہے جب پیداوار کم سے کم پانچ وسق ہو۔ اس سے کم پیداوار میں عشر واجب نہیں۔ اور یہ بھی شرط ہے کہ پیداوار ذخیرہ کر کے رکھی جاسکتی ہو، جو چیزیں جلدی خراب ہو جاتی ہیں، جیسے ٹماٹر، لوکی، بیگن، پالک وغیرہ ان میں عشر واجب نہیں۔ اس کے لئے تعبیر ہے: **مالہ ثمرۃٌ باقِیَۃٌ**۔ غرض جمہور کے نزدیک پیداوار میں عشر یا نصف عشر واجب ہونے کے لئے دو شرطیں ہیں: ایک: پیداوار سال بھر ذخیرہ کر کے رکھی جاسکے، دوسری: پیداوار پانچ وسق یا اس سے زائد ہو۔ یہ دونوں شرطیں جمع ہونگی تب زکوٰۃ واجب ہوگی ورنہ نہیں۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک زمین میں پیدا ہونے والی ہر چیز میں عشر یا نصف عشر واجب ہے، خواہ وہ تھوڑی ہو یا زیادہ اور سال بھر باقی رہنے والی ہو یا جلدی خراب ہونے والی ہو۔ اور مذکورہ حدیث کی تین توجیہیں کی گئی ہیں:

پہلی توجیہ: یہ حدیث غلہ کے تاجر کی زکوٰۃ کا نصاب ہے۔ زمین کی پیداوار کا نصاب نہیں ہے اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تاجروں کی سہولت کے لئے ایک لَمْسَم حساب بتلایا ہے کہ جس تاجر کے پاس پانچ وسق (۶۷۹ کلو آٹھ سو گرام) غلہ ہو اس پر زکوٰۃ فرض ہے، کیونکہ غلہ کی یہ مقدار پانچ اوقیہ چاندی کی قیمت کے برابر ہے۔ اس کی نظیر یہ ہے کہ عید الفطر میں مفتی اور قاضی کی طرف سے صدقۃ الفطر کی رقم کا اعلان ہوتا ہے کہ نصف صاع گیہوں کی یہ قیمت ہے۔ یہ لوگوں کی سہولت کے لئے ہے، کیونکہ نصف صاع کتنا وزن ہے؟ پھر عام دوکانوں پر ایک ریٹ ہوتا ہے اور راشن کی دوکان پر دوسرا ریٹ ہوتا ہے اس لئے ہر شخص کے لئے رقم کی تعیین دشوار ہوتی ہے، اس لئے مفتی ایک رقم کا اعلان کرتا ہے۔ یا جیسے امام محمد رحمہ اللہ نے رَیّ کے کنوؤں کے پانی کا اندازہ کیا اور فرمایا: دوسو سے تین سو ڈول نکال دو کنواں پاک ہو جائے گا۔ یہ بھی ایک لمسم اندازہ ہے۔ اسی طرح یہاں بھی رسول اللہ ﷺ نے غلہ کے تاجر کا موٹا حساب بتلایا کہ پانچ وسق غلہ یا پھل پانچ اوقیہ چاندی کی قیمت کے برابر ہیں پس جس تاجر کے پاس پانچ وسق غلہ ہے اس پر زکوٰۃ فرض ہے۔ غرض باب عشر سے اس حدیث کا کوئی تعلق نہیں (یہ توجیہ کنز الدقائق کی شرح البحر الرائق (۲:۲۳۸) میں ہے)

دوسری توجیہ: اس حدیث میں عَرِیَّہ (عطیہ) کا بیان ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں یہ طریقہ تھا کہ باغ یا کھیت کا مالک چند درخت یا چند کیاریاں کسی رشتہ دار کو یا دوست کو دیدیتا تھا تاکہ ان درختوں پر جو پھل آئیں یا ان کیاریوں میں جو پیداوار ہو اس کو وہ استعمال کرے۔ شریعت نے پانچ وسق سے کم میں عریہ کی اجازت دی۔ یعنی جب

← غلہ ہوتا ہے۔ اور پانچ اوقیہ یعنی ساڑھے باون تولہ چاندی: چھ سو بارہ گرام ہوتی ہے۔ اور بیس مثقال یعنی ساڑھے سات تولہ سونا: ساڑھے ستاسی گرام ہوتا ہے۔ اور مہر فاطمی یعنی ایک سو اکیس تولے تین ماشے: پندرہ سو تیس گرام چاندی بنتی ہے۔ چاندی کی یہی مقدار یا جس دن مہر ادا کیا جائے اس دن اتنی چاندی کی جو قیمت ہے وہ مہر فاطمی ہے۔

ساعی زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے آئے گا اور مالک اُسے بتائے گا کہ میں نے یہ درخت یا یہ کیاریاں عریہ دی ہیں تو وہ پانچ وسق سے کم میں اس کی بات مان لے گا۔ اور ان درختوں اور کیاریوں کا عشر نہیں لے گا۔ اور اگر عریہ پانچ وسق سے زیادہ ہو تو مالک کی بات قبول نہیں کی جائے گی، مُصَدِّق ان کا عشر وصول کرے گا (یہ توجیہ معارف السنن (۲۰۸:۵) میں ہے)

تیسری توجیہ: اس حدیث کا مدعی یہ ہے کہ پانچ وسق اور زیادہ غلے کا عشر بیت المال میں پہنچانا ضروری ہے اور اس سے کم کی زکوٰۃ مالکان خود تقسیم کر سکتے ہیں۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ گورنمنٹ کی طرف سے جو شخص عشر وصول کرنے کے لئے آتا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ کھیت کھیت جا کر زکوٰۃ وصول کرے، کسی ایک جگہ بیٹھ کر، لوگوں کو قابلِ زکوٰۃ اموال وہاں لانے کا مکلّف بنانا اور وہیں بیٹھے ہوئے زکوٰۃ وصول کرنا جائز نہیں۔ حدیث میں ہے: لا جَلَبَ ولا جَنَبَ (ابوداؤد ا: ۲۲۵) یعنی نہ تو لوگوں کے لئے جائز ہے کہ وہ مصدِّق کو پریشان کرنے کے لئے اموالِ زکوٰۃ (مویشی) لے کر دور چلے جائیں، اور نہ ساعی کے لئے جائز ہے کہ وہ لوگوں کو کسی ایک جگہ قابل زکوٰۃ اموال لانے کا مکلّف کرے۔ بلکہ اسے گھر گھر اور کھیت کھیت جا کر زکوٰۃ وصول کرنی ہوگی۔ اور ظاہر ہے کہ عامل دھڑی دو دھڑی اناج کے لئے ایک کھیت سے دوسرے کھیت نہیں جا سکتا، اس کا وقت ضائع ہوگا۔ عامل کے لئے بھی دشواری ہے اور بیت المال کا بھی نقصان ہے، حکومت کا ٹرک کہاں کہاں گھومے گا؟ بلکہ ساعی صرف وہاں جائے گا جہاں کم از کم دس بوریاں پیداوار ہوئی ہو تا کہ عشر میں کم از کم ایک بوری ملے، اس سے کم پیداوار کا عشر مالکان خود غریبوں کو دیں گے۔ اگر مصدِّق وہاں پہنچے اور مالک زکوٰۃ ادا کرنے کا دعوی کرے تو پانچ وسق سے کم میں دعوی قبول کیا جائے گا، زیادہ میں دعوی قبول نہیں کیا جائے گا، کیونکہ پانچ وسق اور زیادہ کی زکوٰۃ بیت المال کو ادا کرنا ضروری ہے (معارف السنن ۵: ۲۱۲)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مستدلات:

امام اعظمؒ کی دلیل قرآن وحدیث کے عمومات ہیں۔ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶۷) میں ہے: ﴿یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَاکَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَکُمْ مِنَ الْأَرْضِ﴾ یعنی اے ایمان والو! خرچ کرو ستھری چیزیں اپنی کمائی میں سے اور اس چیز میں سے جو ہم نے پیدا کی ہے تمہارے لئے زمین سے۔ اور سورۃ الانعام (آیت ۱۴۱) میں ہے: ﴿کُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوْا حَقَّهٗ یَوْمَ حَصَادِهٖ﴾ یعنی کھاؤ ان کے پھلوں میں سے جس وقت وہ پھل دیں، اور ادا کرو اللہ کا حق جس دن اس کو کاٹو، اور سورۃ التوبۃ (آیت ۱۰۲) میں ہے: ﴿خُذْ مِنْ أَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً﴾ یعنی ان کے مال میں سے زکوٰۃ لیجئے ـــــ اسی طرح آئندہ حدیث آرہی ہے کہ جس باغ اور جس کھیت کی سینچائی بارش اور

چشموں کے پانی سے ہوئی ہے اس میں عشر (دسواں حصہ) حصہ واجب ہے اور جس کی سینچائی رہٹ کے ذریعہ کی گئی ہے اس میں نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب ہے۔ ان آیات اور احادیث میں زرعی پیداوار میں جس حق کا ذکر ہے وہ مطلق ہے اس میں قلیل وکثیر کی تفریق نہیں یہی عمومات امام اعظم کی دلیل ہیں۔

عقلی دلیل: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی عقلی دلیل یہ ہے کہ غریبوں پر خرچ کرنے کا جو جذبہ لوگوں میں ہے وہ کسی شرط کے ساتھ مقید نہیں۔ ہر حال میں انسان خرچ کرنا چاہتا ہے اس لئے تھوڑے اور زیادہ کی تفریق نہیں کرنی چاہئے۔

سوال: پھر اموال میں نصاب کیوں شرط ہے؟

جواب: شریعت نے رأس المال کو باقی رکھ کر زکوۃ فرض کی ہے۔ کیونکہ اگر رأس المال ہی نہیں رہے گا تو آدمی تنگ ہو جائے گا۔ چنانچہ زکوۃ اموال نامیہ (بڑھنے والے مال) میں اور منافع میں واجب کی ہے، غیر نامی مال میں جو حقیقۃً یا حکماً بڑھتا نہیں اس میں زکوۃ واجب نہیں۔ پس اموال میں نصاب اس لئے شرط ہے کہ رأس المال باقی رہے اور منافع میں سے زکوۃ ادا کی جائے۔ اور کھیتوں اور باغوں میں رأس المال خود زمین ہے اور اس کی پیداوار نفع ہے پس اگر سب پیداوار بھی خرچ کردے گا تو رأس المال باقی رہے گا۔ اس لئے زرعی پیداوار میں قلیل وکثیر کی تفریق کے بغیر عشر واجب ہے۔

فائدہ (۱): اگر کھیت اور باغ کی سینچائی پر خرچ نہ ہوا ہو، نہ محنت کرنی پڑی ہو، بارش کے پانی سے یا قریب سے جو نہر گذر رہی ہے اس کے پانی سے باغ کی سینچائی ہوئی ہو تو پیداوار میں عشر (دسواں حصہ) واجب ہے۔ اور اگر سینچائی پر خرچ کیا گیا ہو، موٹر سے پانی نکال کر سینچائی کی ہے یا محنت کی ہے یعنی کنویں سے پانی کھینچ کر سینچائی کی ہے تو نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب ہے۔

فائدہ (۲): عشر کے مسئلہ میں جو اختلاف ہوا ہے اس پر مجھے بہت حیرت ہے۔ اس لئے کہ آنحضور ﷺ کے زمانہ سے لے کر ائمہ مجتہدین کے زمانہ تک جو دو سو سال کا عرصہ ہے اس وقت تک مضبوط اسلامی حکومت قائم تھی، اس وقت حکومت کا کیا طریقہ تھا؟ لوگ زرعی پیداوار میں سے بلا شرط عشر نکالتے تھے یا اس کا کوئی نصاب تھا؟ یہ باتیں تواتر سے مروی ہونی چاہئے تھیں۔ جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بیس رکعت تراویح شروع ہوئی اس وقت سے لوگ مسلسل شرقاً غرباً بیس رکعتیں پڑھتے آرہے ہیں۔ چنانچہ بیس رکعت تراویح پر اجماع ہے، کسی اہل حق کا اس میں اختلاف نہیں، اس لئے روایتوں کی ضرورت باقی نہیں رہی، لوگوں کا تعامل ہی سب سے بڑی دلیل ہے۔ اسی طرح اس مسئلہ میں بھی اسلامی نظام کیا تھا؟ اور لوگوں کا عمل کیا تھا؟ تواتر سے ثابت ہونا چاہئے تھا، اور وہ تعامل ہی سب سے بڑی دلیل ہوتا، مگر عجیب بات ہے کہ نہ تو حکومت کا طریقہ مروی ہے نہ لوگوں کا طرز عمل منقول ہے۔ صرف یہی ایک حدیث ہے اس پر مجھے بڑی حیرت ہوتی ہے کہ آخر اتنی موٹی بات پردۂ خفا میں کیوں رہ گئی؟

[۷] باب ماجاء فی صدقة الزَّرْعِ والثَّمر والحُبُوْبِ

[۶۲۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن عَمْرِو بنِ يَحيىَ المازِنِيِّ، عن أبيه، عن أبی سعيدٍ الخُدَرِيِّ، قال: إِنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال:" لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، ولَيْسَ فِیْ مَا دُوْنَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، ولَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ"

وفی الباب: عن أبی هريرة، وابنِ عُمَر، وجابرٍ، وعبدِ اللّٰه بنِ عَمْرٍو.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفيانُ، وشُعْبَةُ، ومالكُ بنُ أنسٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ يحيیَ، عن أبيهِ، عن أبی سَعيدٍ الخُدْرِيِّ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نحو حَديثِ عبدِ العزيزِ، عن عَمْرِو بنِ يَحيیَ.

قال أبو عيسی: حديثُ أبی سَعِيدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْهُ.

والعَمَلُ علی هٰذا عِنْدَ أهلِ العلمِ: أنْ لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، والوَسْقُ سِتُّوْنَ صَاعًا، وخَمْسَةُ أَوْسُقٍ ثَلاثُمِائَةِ صَاعٍ.

وصَاعُ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم خَمْسَةُ أَرْطَالٍ وَثُلُثٌ، وصَاعُ أَهْلِ الكُوْفَةِ ثَمانِيَةُ أَرْطَالٍ.

ولَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَالوُقِيَّةُ: أَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا، وخَمْسُ أَوَاقٍ مِائَتَا دِرْهَمٍ.

ولَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ، يَعْنِی لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسٍ مِنَ الإِبِلِ صَدَقَةٌ، فإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وعِشْرِيْنَ مِنَ الإِبِلِ فَفِيْهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ، وفِيْمَا دُوْنَ خَمْسٍ وعِشْرِيْن مِنَ الإِبِلِ فی كُلِّ خَمْسٍ مِنَ الإِبِلِ شَاةٌ.

ترجمہ: باب کے شروع میں مذکور حدیث کوسفیان ثوری، شعبہ اور امام مالک رحمہم اللہ بھی عمرو بن یحییٰ سے عبد العزیز بن محمد کی حدیث کے مانند روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور متعدد طرق سے مروی ہے۔

اور اس پر اہل علم کا عمل ہے کہ پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ نہیں، اور ایک وسق: ساٹھ صاع ہیں۔ اور پانچ وسق تین سو صاع ہیں۔ اور نبی ﷺ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہے اور کوفہ والوں کا صاع آٹھ رطل کا ہے۔ اور پانچ اوقیوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں، اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہے اور پانچ اوقیے دوسو درہم ہیں۔ اور پانچ ذود سے کم میں زکوٰۃ نہیں، یعنی پانچ اونٹوں سے کم میں زکات نہیں (ذود کے معنی ہیں اونٹوں کا ریوڑ) ——— پس جب اونٹ پچیس ہو جائیں تو ان میں بنت مخاض ہے اور پچیس سے کم میں ہر پانچ میں ایک بکری ہے۔

تشریح: صاع: ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے اور طرفین کے

نزدیک آٹھ رطل کا۔ اور مد: بالا جماع دو رطل کا ہوتا ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے صاع النبی ﷺ کے مقابلہ میں صاع اہل کوفہ کو رکھا ہے یعنی نبی ﷺ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا اور کوفہ والوں کا صاع آٹھ رطل کا، مگر یہ انداز ٹھیک نہیں، کیونکہ جب صاع النبی ﷺ کے مقابل صاع اہل کوفہ کو رکھیں گے تو ہر شخص بدک جائے گا کہ کوفہ والے کون ہوتے ہیں؟ بلکہ کہنا یہ چاہئے تھا کہ نبی ﷺ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا صاع آٹھ رطل کا تھا، جب مقابلہ میں صاعِ عمر کو رکھا جائے گا تو لمحۂ فکریہ پیدا ہوگا کہ آخر حضرت عمرؓ کا صاع نبی ﷺ کے صاع سے مختلف کیوں تھا؟ کوفہ والے تو بدنام ہیں وہ تو حدیث ترک کر سکتے ہیں مگر حضرت عمرؓ حدیث کو کیسے ترک کر دیں گے؟ یہ ناممکن بات ہے اس لئے آدمی غور وفکر کرنے پر مجبور ہوگا۔

بات درحقیقت یہ ہے کہ جس طرح حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں جزیرۃ العرب میں درہم نہیں ڈھلتے تھے، بلکہ روم اور ایران سے ڈھل کر آتے تھے اور وہ تین قسم کے تھے: دس قیراط کا، بارہ قیراط کا اور بیس قیراط کا۔ اور نبی ﷺ نے دوسو درہم چاندی کی زکوٰۃ کا نصاب مقرر کیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ چھوٹے درہم کا اعتبار کیا جائے یا بڑے کا یا درمیانی کا؟ فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جب اپنے دورِ خلافت میں درہم ڈھالنے کا ارادہ کیا تو تینوں درہموں کو پگھلا کر مساوی حصوں میں تقسیم کیا تو ایک حصہ چودہ قیراط کا بنا (دس، بارہ اور بیس کا مجموعہ ۴۲ ہے اور اس کا ایک تہائی چودہ ہے) پس آپؓ نے چودہ قیراط کا سکہ ڈھال دیا —— اب چاروں فقہاء احکام شرعیہ میں اسی چودہ قیراط والے درہم کا اعتبار کرتے ہیں۔ اب دس، بارہ اور بیس قیراط والے درہموں کا اعتبار نہیں۔ اور ہدایہ میں ہے کہ دراہم میں معتبر وزنِ سبعہ ہے یعنی جو دس درہم سات دینار کے ہم وزن ہو جائیں ان کا اعتبار ہے۔ اور وہ چودہ قیراط والا درہم ہے۔ چاروں فقہاء کے نزدیک یہی درہم معتبر ہے۔

اسی طرح مدینہ منورہ میں جو مد استعمال ہوتا تھا وہ دو رطل کا تھا، اور صاع: پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا، اور جزیرۃ العرب میں مد تو وہی تھا جو مدینہ میں استعمال ہوتا تھا، مگر صاع آٹھ رطل کا تھا۔ اس سے مدینہ کے تاجروں کو پریشانی تھی، اس لئے کہ وہ تھوک میں صاع کے حساب سے خریدتے تھے اور خُردے میں مُد کے حساب سے بیچتے تھے یعنی چھوٹے پیمانے سے لیتے تھے اور بڑے پیمانے سے دیتے تھے اس لئے گھاٹا ہوتا تھا، چنانچہ صحابہ نے آنحضور ﷺ سے صاع بڑا کرنے کی درخواست کی تھی مگر آپؐ نے ایسا نہیں کیا، صرف دعا فرمائی کہ اے اللہ! ہمارے مُد میں بھی برکت فرما اور ہمارے صاع میں بھی برکت فرما۔ اور ہمارے تھوڑے میں بھی برکت فرما اور ہمارے زیادہ میں بھی برکت فرما۔ آپؐ کے زمانہ تک تو یہ بات نبھ گئی کیونکہ اس وقت اسلامی حکومت مختصر تھی مگر فاروق اعظمؓ کے دور خلافت میں جب اسلامی حکومت پھیل گئی اور روم، شام، ایران، مصر وغیرہ اسلامی حکومت میں شامل ہوئے تو اب یہ بات چلنے والی نہ تھی۔ اب دو ہی صورتیں تھیں یا تو مُد چھوٹا کر دیا جائے مگر اس میں خلفشار ہوتا یا صاع بڑا کر دیا جائے اور اس میں کوئی خاص پریشانی

نہیں تھی، اس لئے کہ مدینہ کے علاوہ سارے جزیرۃ العرب میں آٹھ رطل کا صاع مستعمل تھا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آٹھ رطل کا صاع کر دیا۔ اور لوگ نئے صاع سے کاروبار کرنے لگے، اور پرانا صاع یکبارگی موقوف ہو گیا۔

ایک واقعہ سے استدلال: ایک مرتبہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ مدینہ گئے، ان کی امام مالک رحمہ اللہ سے ملاقات ہوئی، دونوں کے درمیان یہ مسئلہ چھڑا کہ صاع کتنے وزن کا ہوتا ہے؟ چونکہ امام ابو یوسفؒ عراق کے باشندے تھے اور وہاں صاع آٹھ رطل کا تھا اس لئے وہ اس کے قائل تھے۔ اور امام مالکؒ پانچ رطل اور تہائی رطل کے قائل تھے۔ امام ابو یوسفؒ کو ان کی بات تسلیم کرنے میں تردد ہوا تو امام مالک نے تلامذہ سے کہا: اپنے گھر جاؤ اور جس کے گھر میں بھی نبی ﷺ کے زمانہ کا صاع ہے اسے لے آؤ۔ کہتے ہیں: مجلس میں ستر صاع جمع ہو گئے، اور ہر ایک نے سند بیان کی یہ صاع میرے والد کو میراث میں ملا ہے اور میرے دادا صحابی تھے۔ جب امام ابو یوسف نے ان کو ناپا تو وہ سب پانچ رطل اور تہائی رطل کے تھے۔ کہتے ہیں کہ اس واقعہ کے بعد امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اپنی رائے بدل لی۔

اس واقعہ میں ہمارے غور کرنے کی بات یہ ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ نے گھروں سے صاع کیوں منگوائے؟ وہ طالب علموں سے کہتے: ان مولانا صاحب کو بازار لے جاؤ۔ اور ایک ایک دوکان پر لے جا کر صاع بتاؤ اور ناپ کر دکھاؤ کہ وہ کتنے وزن کا ہے؟ مگر امام مالک رحمہ اللہ نے ایسا نہیں کیا۔ اس لئے کہ بازار میں دوکانوں پر جو صاع تھا وہ آٹھ رطل کا تھا۔ یعنی یہ بات تسلیم ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا مگر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی تعدیل کی اور آٹھ رطل کا صاع جاری کیا تو پرانا صاع بازار سے اٹھ گیا اور لوگوں نے اس پرانے صاع کو باپ دادا کی نشانی سمجھ کر اور حضور ﷺ کے زمانہ کا صاع ہونے کی وجہ سے گھروں میں محفوظ رکھا۔ پس جس طرح حضرت عمرؓ کے زمانہ میں درہموں کی تعدیل کی گئی اور تمام فقہاء نے اس تعدیل کو قبول کیا۔ اور احکام شرع میں اس کا اعتبار کیا اسی طرح چاہئے تھا کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ میں صاع میں جو تعدیل ہوئی اسے بھی قبول کرتے، مگر عجیب بات ہے: ائمہ ثلاثہ نے دراہم کی تعدیل تو قبول کی مگر صاع کی تعدیل قبول نہ کی، اور احناف نے دونوں تبدیلیاں قبول کیں۔

بابُ ماجاء لَيْسَ فی الخَيْلِ والرَّقِيْقِ صَدَقَةٌ

گھوڑوں اور غلاموں میں زکات نہیں

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ غلام باندی دو مقصد سے ہوتے ہیں۔ ان کا کوئی تیسرا مقصد نہیں ہوتا۔ وہ یا تو تجارت کے لئے ہوتے ہیں یا خدمت کے لئے۔ اگر پہلے مقصد سے ہیں تو بالاجماع ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔ اور اگر خدمت کے لئے ہیں تو بالاجماع ان میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور گھوڑے بھی حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں دو ہی مقصد سے

ہوتے تھے یا تو سواری اور بار برداری کے لئے ہوتے تھے، یا تجارت کے لئے، تناسل کے لئے، گھوڑے پالنے کا رواج عرب میں نہیں تھا اور سواری اور بار برداری کے گھوڑوں میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور تجارت کے گھوڑوں میں واجب ہے۔ اور یہ دونوں مسئلے اجماعی ہیں، پھر جب عراق اور شام فتح ہوئے تو وہاں نسل حاصل کرنے کے لئے گھوڑے پالنے کا رواج تھا، اس نئی صورت میں بھی ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک زکوٰۃ واجب نہیں، ان کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان کے گھوڑے اور اس کے غلام میں زکوٰۃ نہیں'' یہ حضرات کہتے ہیں کہ یہ حدیث عام ہے، تناسل کے لئے پالے گئے گھوڑوں کو بھی شامل ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث ہر قسم کے گھوڑوں کو عام نہیں۔ چنانچہ تجارت کے گھوڑوں میں بالاتفاق زکوٰۃ واجب ہے۔ اور تناسل کے گھوڑوں کا اس حدیث میں ذکر نہیں، اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں تناسل کے لئے گھوڑے پالنے کا عرب میں رواج نہیں تھا، عرب کی سرزمین بنجر ہے، ان کے پاس جانوروں کو کھلانے کے لئے گھاس نہیں، اور شام اور عراق کا علاقہ سرسبز وشاداب ہے، وہاں تناسل کے لئے گھوڑے پالے جاتے تھے۔ چنانچہ حضرت عمر سے مسئلہ دریافت کیا گیا اور آپؓ نے صحابہ سے مشورہ کے بعد لکھا کہ فی گھوڑا ایک دینار لیا جائے، اس سلسلہ کے دو واقعے نصب الرایہ میں مذکور ہیں وہ امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہیں۔

[۸] باب ماجاء ليس فى الخيل والرّقيق صدقة

[٦٢٦-] حدثنا محمدُ بنُ العَلَاءِ أبو كُرَيْبٍ، ومحمودُ بنُ غيلانَ، قالا: نا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، وشُعْبَةُ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ دينَارٍ، عن سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عن عِرَاكِ بنِ مالِكٍ، عن أبى هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِيْ فَرَسِهِ وَلَا فى عَبْدِهِ صَدَقَةٌ''

وفى الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وعَلِيٍّ، قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عليهِ عِندَ أهلِ العلمِ أَنَّهُ لَيْسَ فى الخَيْلِ السَّائِمَةِ صَدَقَةٌ، ولا فى الرَّقِيْقِ إِذَا كانُوا لِلْخِدْمَةِ صَدَقَةٌ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنُوْا للتِّجارَةِ، فإِذَا كَانُوْا لِلتِّجَارَةِ فِفِىْ أَثْمَانِهِمْ الزَّكَاةُ إِذَا حَالَ عَلَيْهَا الحَوْلُ.

ترجمہ: اس پر علماء کا عمل ہے کہ سائمۃ (جنگل کی مباح گھاس چرنے والے) گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں۔ اور نہ غلام باندیوں میں زکوٰۃ ہے، جبکہ وہ خدمت کے لئے ہوں۔ مگر یہ کہ وہ تجارت کے لئے ہوں۔ پس اگر وہ تجارت کے لئے ہوں تو ان کی قیمت میں (ڈھائی فیصد) زکوٰۃ ہے جبکہ ان پر سال گذر جائے۔

بابُ ماجاء فی زَکَاۃِ العَسَلِ

شہد میں عشر کا بیان

امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک شہد میں عشر واجب نہیں۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک شہد میں عشر واجب ہے۔ اور یہ اختلاف اس شہد میں ہے جو فارم (کھیت) سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور اگر شہد کی تجارت ہے تو اس میں بالاجماع زکوٰۃ واجب ہے۔

اور اس مسئلہ میں پہلے دواماموں کی دلیل عدم دلیل ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس باب میں ایسی کوئی صحیح قابل استدلال حدیث نہیں جس سے شہد میں عشر واجب ہوتا ہو، اس لئے شہد میں زکوٰۃ واجب نہیں۔ اور قائلینِ وجوب کا استدلال یہ ہے کہ باب میں متعدد حدیثیں ہیں اگرچہ وہ ضعیف ہیں مگر مجموعہ حسن لغیرہ اور قابل استدلال ہے، اس لئے شہد میں عشر واجب ہے۔ اور اس مسئلہ میں سب سے بہتر حضرت ابوسیّارہ مُتعیؓ کی حدیث ہے وہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے شہد کی مکھیاں پال رکھی ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: اس کا عشر ادا کرو۔ یہ حدیث ابن ماجہ (ص: ۱۳۱) میں ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہد کے دس مشکیزوں میں ایک مشکیزہ ہے''

تشریح: امام احمدؒ کے نزدیک اس حدیث میں نصاب کا بیان ہے، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: دس مشکیزوں سے کم شہد میں زکوٰۃ واجب نہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس حدیث میں حساب کا بیان ہے۔ یعنی شہد میں عشر (دسواں حصہ) واجب ہے اس میں نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب نہیں ہوتا، کیونکہ اس میں محنت نہیں ہے پس قلیل وکثیر کی تفریق کے بغیر زکوٰۃ واجب ہے۔

[۹] باب ماجاء فی زکاۃ العسل

[٦٢٧-] حدثنا محمدُ بنُ یَحْییَ النَّیْسَابُوْرِیُّ، نا عَمْرُو بنُ أبی سَلَمَۃَ التِّنِّیْسِیُّ، عن صَدَقَۃَ بنِ عبدِ اللّٰہِ، عن مُوسَی بن یَسَارٍ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ''فی العَسَلِ فی کُلِّ عَشْرَۃِ أَزُقٍّ، زِقٌّ''

وفی الباب: عن أبی ہریرۃَ، وأبی سَیَّارَۃَ المُتَعِیِّ، وعبدِ اللّٰہِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمرَ فی إسنادِہِ مَقَالٌ، ولا یَصِحُّ عَن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فی ہذا البابِ کَبِیْرُ شَیْئٍ، والعملُ علی ہذا عِنْدَ أَکْثَرِ أہلِ العلمِ، وبہ یَقُوْلُ أحمدُ، وإسحاقُ، وقالَ بعضُ أہلِ العلمِ لَیْسَ فی العَسَلِ شَیْئٌ.

ملحوظہ: حضرت ابن عمرؓ کی یہ حدیث صدقۃ بن عبداللہ کی وجہ سے ضعیف ہے۔ اور باب میں کوئی حدیث (اعلی درجہ کی) صحیح نہیں۔

بابُ ماجاء لازکوٰۃَ عَلَی المَالِ المُسْتَفَادِ حَتّٰی یَحُوْلَ عَلَیْہِ الحَوْلُ

حاصل شدہ مال پر سال پورا ہونے کے بعد زکوٰۃ واجب ہوتی ہے

مالِ مستفاد یعنی نیا حاصل شدہ مال اور اس کی چار صورتیں ہیں: تین اتفاقی ہیں اور ایک اختلافی:

پہلی صورت: جو شخص نصاب کا مالک ہو اور اُسے سال کے درمیان میں نصاب کی جنس سے نفع حاصل ہو تو اس مال مستفاد کو اصل کے ساتھ ملایا جائے گا اور کل مال پر زکوٰۃ واجب ہوگی، مثلاً ایک شخص کے پاس نو اونٹ تھے، سال کے بیچ میں دو بچے پیدا ہوئے اور گیارہ ہوگئے، یا پندرہ ہزار کا تجارت کا مال تھا، اس میں نفع ہوا اور وہ بیس ہزار کا ہوگیا تو سال پورا ہونے پر گیارہ اونٹوں کی زکات دو بکریاں واجب ہونگی۔ اور کل مال کی یعنی بیس ہزار کی زکوٰۃ واجب ہوگی اس صورت میں مالِ مستفاد پر الگ سے حولانِ حول ضروری نہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

دوسری صورت: ایک شخص تہی دست تھا سال کے درمیان — گورنمنٹ کی طرف سے زکوٰۃ وصول کرنے والا سال بہ سال آتا ہے مثلاً رمضان میں آتا ہے تو اس کا درمیان مراد ہے — صاحبِ نصاب بنا، مثلا وارثت میں اس کو پانچ اونٹ ملے، یا کسی نے ہدیہ دیئے تو جب رمضان میں ساعی آئے گا اس وقت اس پر زکوٰۃ فرض نہیں، بلکہ جب سال پورا ہوگا اس وقت زکوٰۃ فرض ہوگی۔ اور یہ مسئلہ بھی اجماعی ہے۔

تیسری صورت: صاحبِ نصاب کو سال کے بیچ میں نصاب کی جنس کے علاوہ مال ملا تو بھی مال مستفاد پر زکوٰۃ نہیں۔ قابلِ زکوٰۃ اموال کی اجناس چار ہیں (تفصیل گذر چکی ہے) مثلاً ایک شخص کے پاس دس اونٹ ہیں، سال کے درمیان اسے میراث میں چالیس بکریاں مل گئیں تو تمام ائمہ متفق ہیں کہ اس مالِ مستفاد پر الگ سے حولانِ حول ضروری ہے، اصل نصاب کے ساتھ اس کو ملایا نہیں جائے گا۔

چوتھی صورت: صاحبِ نصاب کو سال کے درمیان میں نصاب کی جنس سے میراث میں یا ہبہ میں مال ملا، مثلاً دس اونٹ تھے سال کے درمیان میں میراث میں پانچ اونٹ اور ملے۔ یا پندرہ ہزار روپے تھے سال کے بیچ میں کسی نے اور پندرہ ہزار روپے ہدیہ دیئے تو یہ مالِ مستفاد اصل کے ساتھ ملایا جائے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ملایا جائے گا کیونکہ مالِ مستفاد اصل نصاب کی جنس سے ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نہیں ملایا جائے گا، ان کے نزدیک اس مالِ مستفاد پر الگ سے حولانِ حول ضروری ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کو (سال کے درمیان) مال حاصل ہوا اس پر زکوٰۃ نہیں، یہاں

تک کہ اس پر سال گذر جائے‘‘

تشریح: اس حدیث کی دو سندیں ہیں: ایک میں عبدالرحمٰن بن زید ہے جو ضعیف ہے اور وہی اس حدیث کو مرفوع کرتا ہے، اور دوسری سند صحیح ہے مگر اس سند سے حدیث موقوف ہے، یعنی یہ ابن عمرؓ کا قول ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد نہیں۔ پھر اس حدیث کا مصداق کونسی صورت ہے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک چوتھی صورت مصداق ہے اور حنفیہ کے نزدیک دوسری صورت مصداق ہے، یعنی جو شخص پہلے سے صاحب نصاب نہیں تھا، پھر سال کے درمیان میں صاحبِ نصاب ہوا تو اس پر حولانِ حول ضروری ہے۔ غرض اس حدیث کی سند میں بھی اختلاف ہے اور مصداق میں بھی اختلاف ہے۔

[۱۰] باب ماجاء لازكوة على المال المُسْتَفَادِ حتى يَحُوْلَ عليه الحولُ

[۶۲۸-] حدثنا يحيىَ بنُ مُوسَى، نا هارُوْنُ بنُ صَالِحِ الطَّلْحِيُّ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أَبِيْهِ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”مَنِ اسْتَفَادَ مَالاً فَلاَ زَكَاةَ عَلَيْهِ حَتَّى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الحَوْلُ“

وفى الباب: عن سَرَّى بِنْتِ نَبْهَانَ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُالوَهَّابِ الثقفِيُّ، نا أَيُّوْبُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمرَ، قال: مَنِ اسْتَفَادَ مَالاً فَلاَ زَكَاةَ فِيْهِ حَتَّى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الحَوْلُ عِنْدَ رَبِّهِ، وَهٰذا أَصَحُّ مِنْ حَدِيثِ عبدِ الرحمنِ بنِ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ.

قال أبو عيسى: وَرَوَاهُ أَيُّوْبُ، وعُبَيْدُ اللّٰهِ، وغَيْرُ وَاحِدٍ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، مَوْقُوْفًا؛ وعبدُ الرحمنِ بنُ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ: ضَعِيفٌ فى الحَديثِ، ضَعَّفَهُ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ، وعَلِيُّ بنُ المَدِيْنِيِّ، وغَيْرُهُمَا مِنْ أَهْلِ الحَديثِ، وهو كَثيرُ الغَلَطِ.

وقَدْ رُوِىَ عن غَيْرِ واحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّ لاَزَكَاةَ فى المالِ المُسْتَفَادِ حَتَّى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الحَوْلُ، وبه يقولُ مالكُ بنُ أَنَسٍ، والشافعيُّ، وأحمدُ بنُ حَنْبَلٍ، وإسحاقُ.

وقال بعضُ أهلِ العلمِ: إذا كانَ عندَهُ مالٌ تَجِبُ فِيْهِ الزكاةُ، فَفِيْهِ الزَّكَاةُ، وإن لَمْ يَكُنْ عِندَهُ سِوَى المَالِ الْمُسْتَفَادِ مَالٌ تجبُ فِيْهِ الزَّكاةُ: لَمْ تَجبْ عَلَيْهِ فى المالِ المُسْتَفَادِ زَكَاةٌ، حَتَّى يَحُوْلَ عَلَيْهِ الحَوْلُ، فَإِنْ اسْتَفَادَ مَالاً قَبْلَ أَنْ يَحُوْلَ عليهِ الحَوْلُ، فَإِنَّهُ يُزَكِّى المالَ المُسْتَفَادَ مَعَ مَالِهِ الَّذِىْ وَجَبَتْ فيهِ الزكاةُ، وبه يقولُ سفيانُ الثَّوْرِىُّ، وأهلُ الكوفَةِ.

ترجمہ اور وضاحت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کی پہلی سند زید بن اسلم کی ہے جس کو ان کے لڑکے عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں۔ اور دوسری سند نافع کی ہے، ان سے ایوب سختیانی روایت کرتے ہیں اور موقوف بیان کرتے ہیں اور عبیداللہ وغیرہ ان کے متابع ہیں، وہ بھی موقوف کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے موقوف سند کو اصح قرار دیا ہے اور فرمایا ہے کہ عبدالرحمٰن ضعیف ہیں۔ امام احمد اور ابن المدینی وغیرہ محدثین نے ان کی تضعیف کی ہے اور وہ حدیث میں بہت غلطیاں کرتے ہیں۔

اور متعدد صحابہ سے مروی ہے کہ مالِ مستفاد میں زکوٰۃ نہیں، یہاں تک کہ اس پر سال گذر جائے۔ اور اسی کے مالک، شافعی، احمد اور اسحاق قائل ہیں (مالِ مستفاد کی کونسی صورت میں زکوٰۃ نہیں اس کی امام ترمذی نے تعیین نہیں کی، اور اختلاف بیان کردیا)

اور بعض علماء کہتے ہیں: جب کسی کے پاس ایسا مال ہو جس میں زکوٰۃ واجب ہے تو اس (مالِ مستفاد) میں زکوٰۃ ہے اور اگر اس کے پاس اس مالِ مستفاد کے علاوہ کوئی ایسا مال نہ ہو جس میں زکوٰۃ واجب ہے تو اس مالِ مستفاد پر زکوٰۃ واجب نہیں، یہاں تک کہ اس پر سال گذر جائے (یعنی حنفیہ کے نزدیک مالِ مستفاد پر بھی اصل کے ساتھ ملا کر زکوٰۃ واجب ہے اس پر الگ سے حولانِ حول ضروری نہیں) پس اگر اس نے کوئی نیا مال حاصل کیا نصاب پر سال گذرنے سے پہلے تو وہ مالِ مستفاد کی بھی زکوٰۃ دے اپنے اس مال کے ساتھ جس میں زکوٰۃ واجب ہوئی ہے یعنی اصل نصاب کے ساتھ (یہ تکرار ہے، پہلی والی بات ہی دوبارہ بیان کی ہے) اور سفیان ثوری اور کوفہ والے اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ لَيْسَ عَلَى المُسْلِمِيْنَ جِزْيَةٌ

مسلمانوں پر جزیہ نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک سرزمین میں دو قبلے مناسب نہیں اور مسلمان پر جزیہ نہیں''

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی قابوس بن ابی ظبیان ہے۔ وفيه لِينٌ: یعنی وہ معمولی درجہ کا راوی ہے اور یہ حدیث مسند بھی مروی ہے اور مرسل بھی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: ایک سرزمین میں دو قبلے مناسب نہیں۔ یہ حکم اگرچہ عام ہے مگر درحقیقت صرف جزیرۃ العرب کے لئے ہے۔ بعض حدیثیں اگرچہ عام ہوتی ہیں مگر ان کا موردِ خاص ہوتا ہے، یعنی اس حدیث میں جو حکم ہے وہ صرف جزیرۃ العرب کے لئے ہے۔

نص کبھی عام ہوتی ہے اور موردِ خاص ہوتا ہے پس حکم شانِ ورود کے ساتھ خاص نہیں رہتا بلکہ الفاظ میں جس قدر عموم

ہوتا ہے وہاں تک مسئلہ ثابت ہوتا ہے۔ اس کی بہت مثالیں ہیں اور پہلے گذر بھی چکی ہیں، اور کبھی نص عام ہوتی ہے مگر حکم عام نہیں ہوتا، شانِ ورود کے ساتھ خاص رہتا ہے اس کی مثالیں کم ہیں۔ ایک مثال ہے: الأئمّة من قریش اس حدیث کے الفاظ اگرچہ عام ہیں مگر مورد خاص ہے۔ حضور اکرم ﷺ کے بعد خلافت کے مسئلہ میں جو اختلاف ہونے والا تھا اس سے اس کا تعلق ہے اور بس یعنی یہ آپؐ کی ایک پیشین گوئی ہے کہ میرے بعد جو امیر ہوگا وہ مہاجرین میں سے ہوگا اور قریش میں سے ہوگا وہی ایک امیر ہوگا، چنانچہ آپؐ کے وصال کے بعد سقیفۂ بنی ساعدہ میں امارت کے مسئلہ میں اختلاف ہوا۔ انصار نے کہا: ہم میں سے ایک امیر ہو اور آپ لوگوں (مہاجرین) میں سے ایک امیر ہو۔ مگر جب یہ حدیث سامنے آئی تو اختلاف ختم ہوگیا اور سب نے ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔ یہ حدیث عام نہیں ہے یعنی دنیا کے سب مسلمانوں پر ہر مکان میں اور ہر زمان میں قریشی امیر مقرر کرنا ضروری نہیں۔ اسی طرح یہاں بھی اگرچہ حکم عام ہے مگر مورد خاص ہے۔ اور یہ عام حکم مورد خاص کے لئے ہی ہے اور حدیث کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اسلامی حکومت میں غیر مسلم نہیں رہ سکتے، اگر ایسا ہوتا تو جزیہ کا حکم بے معنی ہوتا، بلکہ مطلب یہ ہے کہ جزیرۃ العرب میں صرف مسلمان رہیں گے، کسی دوسری ملت والوں کو یعنی یہود ونصاریٰ اور مشرکین ومجوس وغیرہ کو جزیرۃ العرب میں نہیں رکھا جائے گا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: غیر مسلموں سے جزیرۃ العرب کا تخلیہ تین وجوہ سے ضروری ہے:

پہلی وجہ: آنحضرت ﷺ یہ بات جانتے تھے کہ زمانہ ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہتا، کبھی اسلام کمزور بھی پڑ سکتا ہے اور اس کی جمعیت پراگندہ بھی ہوسکتی ہے ایسے وقت میں اگر اسلام کے مرکز اور جڑ میں غیر مسلم ہونگے تو حرمات دین کی پردہ دری ہوگی اور اس کی سخت بے حرمتی ہوگی۔ اس لئے آپؐ نے دار العلم (مدینہ منورہ) کے اردگرد سے اور بیت اللہ کے مقام (مکہ مکرمہ) سے غیر مسلموں کو نکال باہر کرنے کا حکم دیا۔

دوسری وجہ: غیر مسلموں کے ساتھ اختلاط لوگوں کے دین کے فساد کا سبب ہے، اور وہ لوگوں کے مزاجوں میں تبدیلی کردیتا ہے، پس اگر مسلمانوں کے لئے دیگر ممالک میں اختلاط ناگزیر ہے تو کم از کم حرمین شریفین کو ان سے پاک رکھنا ضروری ہے۔

تیسری وجہ: نبی ﷺ پر وہ بات منکشف ہوئی جو آخر زمانہ میں پیش آنے والی ہے، چنانچہ آپؐ نے ارشاد فرمایا: ''بیشک ایمان مدینہ کی طرف سُکڑ جائے گا جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف سکڑ جاتا ہے'' (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۱۶۰ باب الاعتصام) یعنی خالص دین مدینہ منورہ ہی میں باقی رہے گا اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب وہاں دیگر مذاہب کا کوئی شخص موجود نہ ہو (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۴۲۸)

فائدہ (۱): آنحضور ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں غیر مسلموں کو جزیرۃ العرب سے باہر نہیں نکالا تھا۔ اس لئے کہ اس وقت تک اسلامی حکومت جزیرۃ العرب سے باہر قائم نہیں ہوئی تھی۔ اور حکومت کسی ملکی یا مذہبی مصلحت سے غیر

مسلموں کو ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں بسا سکتی ہے مگر مملکت سے باہر نکالنا ظلم ہے۔ اس لئے آپؐ نے غیر مسلموں کو حدود مملکت سے باہر نہیں نکالا، ان کو وقتی طور پر جزیرۃ العرب میں باقی رکھا، مگر آخر حیات میں فرمایا: ''اگر میں زندہ رہا تو ان شاء اللہ یہود ونصاری کو جزیرۃ العرب سے باہر کروں گا'' (ابوداؤد ۲:۴۲۹ کتاب الخراج) اور آپؐ نے اپنے بعد ہونے والے خلیفہ کو وصیت کی کہ مشرکین کو جزیرۃ العرب سے باہر کیا جائے (ابوداؤد ۲:۴۲۹) چنانچہ دورِ فاروقی میں جب اسلامی حکومت پھیل گئی، روم وایران اور عراق ومصر اور شام اس کے زیر نگیں آئے تو آپؓ نے اس وصیت پر عمل کیا اور تمام غیر مسلموں کو جزیرۃ العرب سے باہر کردیا اور ان کو سوادِ عراق (عراق کے گاؤں) میں اور شام میں آباد کیا۔

فائدہ (۲): تمام ائمہ متفق ہیں کہ جزیرۃ العرب میں غیر مسلموں کو آباد ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی مگر کیا عرب کے مشرکوں سے جزیہ لیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ بالفاظ دیگر: مشرکین عرب کو شرک پر برقرار رکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟ یعنی وہ بحالت شرک سرزمین عرب میں رہ سکتے ہیں یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ جواز کے قائل ہیں۔ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عرب کے مشرکوں سے جزیہ نہیں لیا جائے گا۔ اس لئے کہ ان کا کفر سخت ہے۔ نبی ﷺ انہی کے درمیان مبعوث ہوئے، اور آپؐ ان کی قوم کے ایک فرد تھے۔ وہی آپؐ کے اولین مخاطب تھے، اور قرآن کریم انہی کی زبان میں اترا ہے، ان امور کا تقاضہ یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے ایمان لائیں مگر انھوں نے ہٹ دھری سے کام لیا اور ایمان نہیں لائے اس لئے ان کے لئے دو ہی صورتیں ہیں یا تو مسلمان ہوں یا جنگ کے لئے آمادہ ہوں، وہ اپنے کفر وشرک پر برقرار نہیں رکھے جاسکتے۔

دوسرا مسئلہ: اہل جزیہ میں سے جو مسلمان ہوجائے اس سے آئندہ جزیہ ساقط ہوجائے گا یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ اگر کسی غیر مسلم پر جزیہ واجب ہوچکا ہے پھر وہ مسلمان ہوجائے تو سابقہ واجب جزیہ ساقط ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس سے واجب جزیہ وصول کیا جائے گا۔ اور دیگر ائمہ کے نزدیک وہ بھی ساقط ہوجائے گا۔ اب وہ جزیہ اس سے نہیں لیا جائے گا۔ اور باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان پر ابتداءً جزیہ نہیں لگایا جاسکتا، بقاءً رہ سکتا ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں: مسلمان پر ابتداءً جزیہ عائد نہ ہونا بدیہیات میں سے ہے اُسے بتانے کی ضرورت نہیں۔ جمہور کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مسلمان ہونے کے بعد اس پر جزیہ باقی نہیں رہ سکتا۔ پس سابقہ جزیہ بھی اس سے وصول نہیں کیا جائے گا۔

فائدہ (۱): اسلامی حکومت میں دو فنڈ ہوتے ہیں: ایک: ویلفیر فنڈ، دوسرا: محاصل کا فنڈ۔ ویلفیر فنڈ میں زکوٰۃ، صدقۃ الفطر اور عشر اکٹھا ہوتا ہے، اور وہ صرف مسلمان غرباء پر خرچ ہوتا ہے۔ سلطنت کی ضروریات میں اس میں سے خرچ نہیں کیا جاتا ——— یہاں یہ مسئلہ جان لینا چاہئے کہ غیر مسلم کو خواہ وہ ذمی ہو یا حربی، زکوٰۃ اور عشر دینا جائز نہیں۔ البتہ ذمی کو یعنی دارالاسلام میں آباد غیر مسلم کو صدقۃ الفطر دینا جائز ہے اور حربی غیر مسلم کو صدقۃ الفطر بھی نہیں

دے سکتے —— اور محاصل کے فنڈ میں زمین کا بیگہ (خراج) اور دیگر آمدنیاں (ٹیکس) جمع ہوتا ہے۔ اسی فنڈ کو بیت المال کہتے ہیں۔ اور بیت المال کے دو مصرف ہیں: ایک: حکومت کی ضروریات یعنی فوجیوں کو اور حکومت کے دیگر ملازمین کو اسی فنڈ سے تنخواہ دی جاتی ہے۔ دوسرا مصرف: ملک کی ترقی کے کام۔ مثلاً سڑک بنانا، پل تعمیر کرنا، بجلی بنانا، کارخانے قائم کرنا وغیرہ ان امور میں اسی فنڈ سے خرچ کیا جائے گا۔

اور جو غیر مسلم دارالاسلام میں آباد ہیں ان کو بھی ملکی ضروریات میں اور ملک کی ترقی میں حصہ لینا ہوگا اس لئے کہ ملک کی حفاظت کے لئے فوجیوں کی اور ملک چلانے کے لئے ملازمین کی جس طرح مسلمانوں کو ضرورت ہے غیر مسلموں کو بھی ضرورت ہے۔ اور جب ملک ترقی کرے گا تو اس کا فائدہ ہر شہری کو پہنچے گا مسلمان کو بھی اور غیر مسلم کو بھی۔ علاوہ ازیں غیر مسلموں میں جو غریب محتاج ہیں ان کی دستگیری بھی حکومت کی ذمہ داری ہے اور ویلفیر فنڈ میں سے ان پر خرچ نہیں کیا جاسکتا۔ کیونکہ زکوۃ اور عشر کی رقوم غیر مسلموں پر خرچ نہیں کی جاسکتیں۔ اور صدقۃ الفطر سے اگرچہ مدد کی جاسکتی ہے مگر وہ رقم تھوڑی ہوتی ہے اس لئے فنڈنگ میں غیر مسلموں کی شرکت کی صورت یہ تجویز کی گئی کہ زکوٰۃ کے بالمقابل ان کے تاجروں سے عشور (چنگی) لی جائے، اور صدقۃ الفطر کے مقابلہ میں ان کے ہر فرد سے سالانہ جزیہ لیا جائے، اور ان دونوں رقموں سے جو فنڈ اکٹھا ہو وہ تین حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ ایک حصہ: ملک چلانے میں۔ دوسرا حصہ: ملک کی ترقی میں اور تیسرا حصہ: ان کے غرباء اور محتاجوں کی مدد میں استعمال کیا جائے۔

فائدہ (۲): جزیہ کی کوئی خاص مقدار شرعاً متعین نہیں، اس کی مقدار حکومت کی صوابدید پر چھوڑ دی گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مالدار پر سالانہ اڑتالیس درہم اور متوسط حال پر چوبیس درہم، اور کامدار غریب پر بارہ درہم مقرر کئے تھے (ازالۃ الخفاء ۲: ۶۹ بحوالہ امام ابو یوسف) اور عورتیں، بچے، محتاج، بوڑھے، مذہبی لوگ اور جن کے پاس کام نہیں جزیہ سے مستثنیٰ ہیں۔

فائدہ (۳): جزیہ شاندار لفظ ہے اس کے معنی ہیں: بدلہ۔ یعنی حکومت اسلامیہ نے شہریوں کی حفاظت کی جو ذمہ داری لی ہے اور فوج اور پولیس کے ذریعہ ان کی حفاظت کررہی ہے یہ اس کا بدلہ ہے مگر یہ لفظ استعمال ہوتے ہوتے خراب ہوگیا۔ اب غیر مسلم اس کو گالی سمجھنے لگے ہیں، جیسے پاخانہ اور پیشاب کنائی الفاظ تھے اور شاندار تھے مگر کثرتِ استعمال سے خراب ہوگئے اب کسی مہذب مجلس میں ان کو بولتے ہوئے بھی تکلف ہوتا ہے۔ یہی حال لفظ جزیہ کا ہوگیا ہے پس اگر غیر مسلم اس لفظ کو پسند نہ کریں اور وہ کسی اور نام سے جزیہ دیں تو اس لفظ کے استعمال پر اصرار نہیں ہونا چاہئے۔ وہ جو نام پسند کریں اسی نام سے جزیہ لیا جائے، مقصود فنڈنگ ہے، لفظ نہیں۔ بنو تغلب نے لفظ جزیہ کو ناپسند کیا تھا اور انھوں نے جزیہ دینے سے انکار کیا تھا مگر زکوٰۃ کے نام پر وہ دوگنا دینے پر راضی تھے۔ چنانچہ گورنر نے امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے استصواب کیا آپؓ نے فرمایا: **هذه جزيةٌ سَمُّوْها ما شئتم** (فتح القدیر ۵: ۳۰۵)

یعنی یہ جزیہ ہے، تم اس کا جو چاہو نام رکھو، معلوم ہوا کہ لفظ مقصود نہیں ہے، کام مقصود ہے۔

[۱۱] باب ماجاء ليس على المسلمين جزية

[٦٢٩-] حدثنا يَحيىَ بن أَكْثَمَ، نا جَرِيرٌ، عن قَابُوْسَ بنِ أبى ظَبْيَانَ، عن أبيهِ، عن ابنِ عباسٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" لَايَصْلُحُ قِبْلَتَانِ فِىْ أَرْضٍ وَاحِدَةٍ، ولَيْسَ على الْمُسْلِمِيْنَ جِزْيَةٌ"

حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا جَرِيرٌ، عن قَابُوْسَ، بهذا الإسْنَادِ نَحْوَهُ.

وفى الباب: عن سعيدِ بنِ زَيْدٍ، وجَدِّ حَرْبِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ قد رُوِىَ عن قَابُوْسَ بنِ أبى ظَبْيَانَ، عن أبيهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

والعملُ على هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أهلِ العلمِ أَنَّ النَّصْرَانِيَّ إِذَا أَسْلَمَ وُضِعَتْ عَنْهُ جِزْيَةُ رَقْبَتِهِ.

وقولُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" لَيْسَ على الْمُسْلِمِيْنَ جِزْيَةٌ عُشُوْرٌ" إِنَّمَا يَعْنِىْ به جِزْيَةَ الرَّقْبَةِ، وفى الحديثِ مَا يُفَسِّرُ هٰذا، حَيْثُ قال:" إِنَّمَا العُشُوْرُ على اليَهُوْدِ والنَّصَارَى، ولَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ"

ترجمہ اور وضاحت: باب کی حدیث قابوس بن ابی ظبیان کی ہے، ان سے جریر نے روایت کی ہے۔ جریر اس کو مسند بیان کرتے ہیں، یعنی آخر میں حضرت ابن عباس کا تذکرہ کرتے ہیں اور بعض دوسرے تلامذہ نے اس کو مرسل روایت کیا ہے یعنی آخر میں حضرت ابن عباسؓ کا تذکرہ نہیں کیا۔ اور اس پر اکثر علماء کا عمل ہے کہ نصرانی (یا کوئی بھی غیر مسلم) جب اسلام قبول کرلے تو اس سے گردن کا جزیہ (اضافت بیانیہ ہے) ساقط کر دیا جائے گا۔ اور نبی ﷺ کے ارشاد: ليس على المسلمين جزيةٌ عُشُوْرٌ یعنی مسلمانوں پر جزیہ عشور نہیں۔ اس حدیث میں بھی گردن کا جزیہ مراد ہے، اور ایک دوسری حدیث میں اس کی وضاحت ہے، فرمایا: ''عشور صرف یہود و نصاری پر ہے، مسلمانوں پر عشور نہیں''، معلوم ہوا کہ عشور سے جزیہ مراد ہے، وہی مسلمانوں پر نہیں۔

تشریح: جاننا چاہئے کہ حرب بن عبید اللہ کے دادا کی حدیث جس کا وفی الباب میں حوالہ ہے یہ حدیث ابوداؤد (۴۳۲:۲ کتاب الخراج) میں ہے اور اس میں لفظ عشور آیا ہے۔ اور حدیث کے الفاظ وہی ہیں جو امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب کے آخر میں لکھے ہیں اور امام ترمذی کا خیال یہ ہے کہ جزیہ اور عشور ایک ہیں، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ دو مستقل لفظ ہیں اور عشور کے معنی چنگی کے ہیں۔ ذمی تاجروں سے زکوۃ کے مقابلہ میں جو چنگی لی جاتی ہے وہ عشور ہے اور ذمیوں

سے جوصدقۃ الفطر کے مقابلہ میں سالانہ رقم لی جاتی ہے وہ جزیہ ہے۔ پس امام ترمذی رحمہ اللہ کی تفسیر صحیح نہیں اور لیس علی المسلمین جزیۃٌ عشورٌ کے لفظ سے کوئی حدیث نہیں۔اوپر امام ترمذیؒ کی روایت میں صرف لفظ جزیۃ ہے، عشور نہیں ہے۔

بابُ ماجاءَ فی زَکَاۃِ الحُلِیِّ

زیورات کی زکوٰۃ کا بیان

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ان زیورات میں جوعورت کی ملک ہوں اور جن کوعورت پہنتی ہوزکوٰۃ واجب نہیں۔ان کے نزدیک یہ مالِ نامی نہیں، استعمال کی چیز ہے،اورزکوٰۃ مالِ نامی میں واجب ہوتی ہے،اورسونے چاندی کے جوزیورات مرد کی ملک ہوں یا عورت کی ملک ہوں مگر وہ ان کو پہنتی نہ ہوتو ان میں زکوٰۃ واجب ہے۔اور حنفیہ کے نزدیک سونے چاندی کے ہرزیور میں زکوٰۃ واجب ہے خواہ وہ خالص سونے کا ہو یا سونا چاندی غالب ہو۔اورخواہ وہ عورت کی ملک ہو یا مرد کی،اورخواہ عورت ان کو استعمال کرتی ہو یا نہ کرتی ہو ہرصورت میں زکوٰۃ واجب ہے۔

ائمہ ثلاثہ کی دلیل عدمِ دلیل ہے، وہ کہتے ہیں: زیورات میں زکوٰۃ کے وجوب کی کوئی صحیح صریح حدیث موجود نہیں،جبکہ وجوب کے لئے صحیح حدیث ہونا ضروری ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دوحدیثیں ہیں۔پہلی حدیث صحیح ہے مگر صریح نہیں۔اور دوسری حدیث صریح ہے اوراس کی دوسندیں ہیں اور دونوں کمزور ہیں۔ایک میں ابن لہیعہ ہیں اور دوسری میں مثنی بن الصبّاح ہیں۔ اور یہ دونوں ضعیف راوی ہیں،مگراس کی ایک تیسری سند بھی ہے جوصحیح ہے مگر وہ امام ترمذی کے پیشِ نظر نہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود کی اہلیہ زینب رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عورتوں میں تقریر کی اور فرمایا: ''اے عورتو! خیرات کرو۔خواہ تمہارے زیورات میں سے ہو۔اس لئے کہ قیامت کے دن جہنم میں عورتیں زیادہ ہونگی'' (پس جہنم سے بچنے کا سامان کرو،اورخیرات کرنا جہنم سے بچنے کا سامان ہے)

تشریح: یہ حدیث صحیح ہے مگر زیورات میں زکوٰۃ کے وجوب کی صریح دلیل نہیں کیونکہ اس سے نفلی صدقہ بھی مراد لیا جاسکتا ہے۔

اس حدیث کواعمش رحمہ اللہ سے شعبہ اورابومعاویہ روایت کرتے ہیں ابومعاویہ اپنی سند میں عمرو بن الحارث بن المصطلق کے بعد عن بڑھاتے ہیں مگر یہ اضافہ صحیح نہیں کیونکہ یہی عمرو بن الحارث حضرت زینب کے بھتیجے ہیں، صحیح سند شعبہ رحمہ اللہ کی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ کے پاس دوعورتیں آئیں (یہ نزولِ حجاب سے پہلے کا واقعہ ہے) دونوں کے

ہاتھوں میں سونے کے کنگن (چوڑیاں) تھے، آپؐ نے ان سے پوچھا: ’’کیا تم ان زیورات کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟‘‘ دونوں نے کہا: نہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ’’کیا تمہیں یہ پسند ہے کہ اللہ تعالیٰ تم کو ان سونے کی چوڑیوں کے بدلے میں جہنم کے کنگن پہنائیں؟‘‘ دونوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: ’’تو ان کی زکوٰۃ ادا کرو‘‘

تشریح: زیورات میں زکوٰۃ کے وجوب کے سلسلہ میں یہ حدیث صریح ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی دو سندیں پیش کی ہیں وہ دونوں ضعیف ہیں۔ پہلی سند ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے اور دوسری سند مثنی بن الصباح کی وجہ سے ضعیف ہے۔ مگر اس حدیث کی ایک تیسری سند بھی ابوداؤد (۲۱۸:۲) میں ہے خالد بن الحارث (جو ثقہ اور ثبت ہیں) حسین معلم سے اور وہ عمرو بن شعیب سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سند صحیح ہے، البانی نے جو غیر مقلد ہیں مشکوٰۃ (حدیث ۱۸۰۹) کے حاشیہ میں اس تیسری سند کو حسن قرار دیا ہے، ابوداؤد کی اس حدیث کے آخر میں یہ اضافہ بھی ہے کہ یہ وعید سن کر دونوں عورتوں نے اپنے کنگن خیرات کر دیئے۔ یہاں سے یہ مسئلہ بھی نکلا کہ اگر آدمی زکوٰۃ فرض ہونے کے بعد قابلِ زکوٰۃ مال سارا خیرات کر دے تو زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اور حنفیہ کی ایک دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث بھی ہے وہ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے ہاتھ میں فَتَخَات (ایک خاص زیور) دیکھے۔ آپؐ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ زیور میں نے اس لئے بنوایا ہے کہ اس کو پہن کر میں آپ کیلئے مزین بنوں۔ آپؐ نے پوچھا: کیا تم اس کی زکوٰۃ ادا کرتی ہو؟ میں نے نفی میں جواب دیا تو آپؐ نے فرمایا: هو حسبُكِ مِن النار: تمہارے جہنم میں جانے کے لئے یہ زیور کافی ہے! یعنی اگر تم ان زیورات کی زکوٰۃ نہیں دوگی تو جہنم کا عذاب ثابت ہو جائے گا۔ یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۱۵۶۵) اور دیگر کتب حدیث میں ہے۔ حاکم نے اس کو علی شرط الشیخین قرار دیا ہے۔ اور ابن دقیق العید نے علی شرط المسلم کہا ہے (معارف السنن ۵: ۲۳۰) یہ حدیث اور عمرو بن شعیب کی حدیث حنفیہ کی دلیل ہے۔

[۱۲] باب ماجاء فی زکاۃ الْحُلِيِّ

[۶۳۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن أبي وَائِلٍ، عن عَمْرِو بنِ الحَارِثِ بنِ المُصْطَلِقِ، عن ابنِ أَخِيْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ، عن زَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ، قالتْ: خَطَبَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فقال: ’’يا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ، ولَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ‘‘

حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داودَ، عن شُعْبَةَ، عن الأَعْمَشِ، قالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ عن عَمْرِو بنِ الحَارِثِ ابنِ أَخِيْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ، عن زَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أبي مُعَاوِيَةَ.

وأبو مُعَاوِيَةَ وَهِمَ فی حدِيْثِهِ فقالَ: عَنْ عَمْرِو بنِ الحَارِثِ عن ابنِ أَخِیْ زَيْنَبَ، والصَّحِيْحُ إِنَّمَا هُوَ: عن عمرِو بنِ الحارثِ ابنِ أخی زينب.

وقد رُوِیَ عن عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم أَنَّهُ رَأَی فی الحُلِیِّ زَكَاةً، وفی إِسْنَادِهِ مَقَالٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العِلْمِ فی ذٰلِكَ: فَرَأَی بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم والتابِعِيْنَ فی الحُلِیِّ زَكَاةً، مَاكَانَ مِنْهُ: ذَهَبٌ وفِضَّةٌ، وبه يقولُ سفيانُ الثوریُّ،وعبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ.

وقالَ بعضُ أصحابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، مِنْهُمْ ابنُ عُمَرَ، وعائشةُ، وجابرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وأنسُ بنُ مالكٍ: لَيْسَ فی الحُلِیِّ زكاةٌ، وهكذا رُوِیَ عن بعضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، وبه يقولُ مالكُ بنُ أنسٍ، والشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

[۶۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا ابنُ لَهِيْعَةَ، عن عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ، أَنَّ امْرَأَتَيْنِ أَتَتَا رسولَ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم، وفی أَيْدِيْهِمَا سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ، فقالَ لَهُمَا: "أَتُؤَدِّيَانِ زَكَاتَهُ؟" فَقَالَتَا: لا: فقالَ لَهُمَارسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: "أَتُحِبَّانِ أَنْ يُسَوِّرَكُمَا اللّٰهُ بِسِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ؟" قَالَتَا: لا، قال: "فَأَدِّيَا زَكَاتَهُ"

قال أبو عيسی: هذا حديثٌ قَدْ رَوَاهُ المُثَنّٰی بنُ الصبَّاحِ عن عَمْرِو بن شُعَيْبٍ، نَحْوَ هٰذَا. والمُثَنَّی بنُ الصَّبَّاحِ وابنُ لَهِيْعَةَ: يُضَعَّفَانِ فی الحديثَ ولاَ يَصِحُّ فی هٰذا عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم شَيْئٌ.

ترجمہ اور وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابومعاویہ نے عمرو بن الحارث بن المصطلق کے بعد جو عن بڑھایا ہے وہ ان کا وہم ہے اس لئے کہ حضرت زینب کے بھتیجے یہی عمرو بن الحارث ہیں، چنانچہ شعبہ نے بھی یہ حدیث اعمش سے روایت کی ہے ان کی سند میں عن نہیں ہے۔ اور عمرو بن شعیب عن أبيه، عن جده کی سند سے حدیث آگے آرہی ہے، اور اس کی سند میں کلام ہے۔ اور علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے۔ بعض صحابہ اور تابعین زیورات میں زکوۃ کے قائل ہیں، جو بھی زیور ہو (یہ ما كان منه کا ترجمہ ہے) سونے کا ہو یا چاندی کا۔ سفیان ثوری اور ابن المبارک اسی کے قائل ہیں۔ اور بعض صحابہ جن میں ابن عمر، عائشہ، جابر بن عبداللہ اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم شامل ہیں فرماتے ہیں: زیورات میں زکوۃ نہیں (حضرت عائشہؓ کی طرف اس قول کی نسبت شاید صحیح نہ ہو، کیونکہ وہ وجوبِ زکوۃ کی حدیث روایت کرتی ہیں اور راوی اپنی روایت کے خلاف فتوی نہیں دے سکتا ورنہ اس کی عدالت ساقط ہوجائے گی) اور اسی طرح بعض فقہائے تابعین سے مروی ہے اور مالک، شافعی، احمد اور اسحاق اسی کے قائل ہیں اس کے بعد عمرو بن شعیب کی حدیث ہے۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: اس حدیث کو عمرو بن شعیب سے مثنی بن الصباح نے

بھی اسی طرح روایت کیا ہے، اور مثنی اور ابن لہیعہ دونوں حدیث میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں۔ اور اس باب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی صحیح حدیث مروی نہیں (امام ترمذی نے یہ بات اپنے علم کے اعتبار سے کہی ہے حقیقت میں اس باب میں صحیح روایتیں ہیں جیسا کہ گذرا)

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کبھی کبیر شیئ کی نفی کرتے ہیں اور کبھی شیئٌ کی۔ پہلی صورت میں مراد یہ ہوتی ہے کہ باب کی بیشتر حدیثیں ضعیف ہیں، بس ایک آدھ صحیح ہے۔ اور جب شیئٌ کی نفی کریں تو مراد یہ ہوتی ہے کہ باب کی کوئی حدیث صحیح نہیں۔

بابُ ماجاء فی زَکَاۃِ الخَضْرَاوَاتِ

سبزی ترکاری کی زکوٰۃ کا بیان

پہلے یہ مسئلہ آچکا ہے کہ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک صرف اس زرعی پیداوار میں زکوٰۃ واجب ہے جو ذخیرہ کی جاسکتی ہے اور وہ پانچ وسق سے زیادہ ہو۔ پس سبزیاں جو اسٹور کر کے نہیں رکھی جاسکتیں ان میں زکوٰۃ یعنی عشر واجب نہیں۔ اگرچہ وہ پانچ وسق سے زیادہ ہوں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نہ قابل ذخیرہ ہونا شرط ہے نہ نصاب شرط ہے۔ پس ان کے نزدیک سبزیوں ترکاریوں میں دسواں یا بیسواں حصہ واجب ہے۔ البتہ امام اعظمؒ فرماتے ہیں: سبزیوں اور ترکاریوں کی زکوٰۃ گورنمنٹ وصول نہیں کرے گی۔ کیونکہ جب تک ساعی عشر وصول کرے گا اور غریبوں میں تقسیم کرے گا وہ خراب ہوجائیں گی، بلکہ مالکان خود غرباء تک پہنچائیں گے۔

حدیث: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے یمن سے خط لکھ کر رسول اللہ ﷺ سے معلوم کیا کہ سبزیوں میں زکوٰۃ ہے یا نہیں؟ آپؐ نے جواب دیا: ''سبزیوں میں زکوٰۃ نہیں''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، حسن بن عمارۃ نہایت درجے کا ضعیف راوی ہے اور عیسیٰ بن طلحہ بھی اچھا راوی نہیں۔ اور یہی عیسیٰ اس حدیث کو مرفوع کرتا ہے، اور اس کا بھائی موسیٰ جو اس کی بنسبت اچھا راوی ہے حدیث کو مرسل کرتا ہے۔ یعنی حضرت معاذ کا تذکرہ نہیں کرتا، صرف واقعہ بیان کرتا ہے۔ پھر اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ سبزیوں میں سے عشر حکومت وصول نہیں کرے گی۔ کیونکہ یہ مسئلہ گورنر نے پوچھا ہے پس سائل کے لحاظ سے جواب دیا گیا ہے۔ رہی یہ بات کہ سبزیوں میں فی نفسہ زکوٰۃ ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں یہ حدیث خاموش ہے۔

اور جاننا چاہئے کہ مسئلہ باب میں کوئی بھی صحیح حدیث نہیں، نہ وجوبِ عشر کی اور نہ عدم وجوب کی۔ اور قرآن وحدیث کے عمومات کی دلالت اس پر ہے کہ ہر زرعی پیداوار میں زکوٰۃ ہو۔ پس سبزی ترکاری میں بھی زکوٰۃ ہونی چاہئے۔ واللہ اعلم

[۱۳] باب ماجاء فی زکاة الخَضْرَاوَاتِ

[۶۳۲-] حدثنا علیُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عیسی بنُ یُوْنُسَ، عن الحَسَنِ، عن محمدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ عُبَیْدٍ، عن عیسی بنِ طَلْحَةَ، عن مُعَاذٍ، أَنَّهُ کَتَبَ إلی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، یَسْأَلُهُ عن الخَضْرَاوَاتِ: وهِیَ البُقُوْلُ ؟ فقال: ''لَیْسَ فِیْها شَیْئٌ''

قال أبو عیسی: إسنادُ هذا الحدیثِ لَیْسَ بِصَحِیْحٍ، ولَیْسَ یَصِحُّ فی هذا البابِ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم شَیْئٌ، وإِنَّمَا یُرْوَی هذا عن مُوسی بنِ طَلْحَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مُرْسَلاً، والعَمَلُ علی هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ: أَنَّهُ لَیْسَ فِی الخَضْرَاوَاتِ صَدَقَةٌ.

قال أبو عیسی: والحَسَنُ هو ابنُ عُمَارَةَ، وهوضَعِیفٌ عندَ أهلِ الحدیثِ، ضَعَّفَهُ شُعْبَةُ وغَیْرُهُ، وتَرَکَهُ عبدُ اللّٰهِ بنُ المبارکِ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اس حدیث کی سند صحیح نہیں اور اس باب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث ثابت نہیں اور یہ حدیث موسیٰ بن طلحہ سے (بھی) روایت کی گئی ہے، وہ نبی ﷺ سے مرسلاً روایت کرتے ہیں (موسیٰ کی روایت سنن دارقطنی میں ہے) اور اس حدیث پر علماء کا عمل ہے کہ سبزیوں میں زکوٰۃ نہیں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: سند کا راوی حسن: حسن بن عمارة ہے اور وہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔ شعبہ رحمہ اللہ وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔ اور ابن المبارک نے اس کو چھوڑ دیا ہے، یعنی ابن المبارک سبق میں اور اپنی تصنیفات میں اس کی روایتیں بیان نہیں کرتے تھے۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّدَقَةِ فِیْمَا یُسْقَی بِالأَنْهَارِ وَغَیْرِهَا

جو زمین نہر وغیرہ سے سینچی جائے اس کے عشر کا بیان

زمین کی پیداوار میں دو فریضے ہیں، دسواں حصہ اور بیسواں حصہ۔ اگر زمین کی سینچائی پر خرچ کیا ہے مثلاً موٹر کے ذریعہ سینچائی کی ہے یا سینچائی پر محنت کی ہے یعنی رہٹ کوس وغیرہ سے سینچائی کی ہے تو پیداوار میں نصف عشر (بیسواں حصہ) واجب ہے۔ اور اگر نہ تو خرچہ کیا ہے نہ محنت کی ہے، نہر، چشمہ یا بارش سے سینچائی ہوئی ہے تو عشر (دسواں حصہ) واجب ہے۔ اور عرف میں دونوں کو عشر کہتے ہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اُس پیداوار میں جس کو بارش یا چشموں نے سینچا ہے دسواں حصہ ہے اور اس پیداوار میں جو پانی بردار اونٹنی کے ذریعہ سینچی گئی ہے بیسواں حصہ ہے''

تشریح: اس حدیث کو حارث بن عبدالرحمٰن نے سلیمان بن یسار اور بُسر بن سعید سے مرفوعاً روایت کیا ہے اور بکیر بن عبداللہ نے مرسل روایت کیا ہے۔ یعنی وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے مزاج کے مطابق مرسل حدیث کو اصح قرار دیا ہے، وہ جدھر نشیب ہوتا ہے پانی بہا دیتے ہیں۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے طریقہ رائج کیا کہ دسواں حصہ لیا جائے اس پیداوار میں سے جس کو بارش یا چشموں نے سینچا ہے، یا وہ عَثَری زمین ہے اور اس پیداوار میں سے جس کو پانی بردار اونٹنی کے ذریعہ سینچا گیا ہے نصف عشر لیا جائے۔

تشریح: عَثَری: کھجور وغیرہ کے اس باغ کو کہتے ہیں جس کے درمیان سے یا پاس سے نہر گذر رہی ہے اور درختوں کو نیچے سے تری مل رہی ہے، اس پیداوار میں عشر واجب ہے، کیونکہ سینچائی پر نہ تو خرچ کیا گیا ہے اور نہ محنت کی گئی ہے۔ اور العشور کے اصلی معنی ہیں: چنگی اور مجازی معنی ہیں: عشر، یہاں مجازی معنی مراد ہیں۔

[١٤] باب ماجاء فی الصدقة فیما یُسْقٰی بالأنهار وغیرها

[٦٣٣-] حدثنا أبو موسى الأَنْصَارِیُّ، نا عَاصِمُ بنُ عبدِ العزیزِ المَدِیْنِیُّ، نا الحَارِثُ بنُ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی ذُبَابٍ، عن سُلَیْمَانَ بنِ یَسَارٍ، وبُسْرِ بنِ سَعِیدٍ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " فِیْمَا سَقَتِ السَّمَاءُ والعُیُوْنُ العُشْرُ، وفِیْمَا سُقِیَ بالنَّضْحِ نَصْفُ العُشْرِ"

وفی الباب: عن أنسِ بنِ مالكٍ، وابنِ عُمَرَ، وجابرٍ.

قال أبو عیسى: وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ عن بُكَیْرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الأَشَجِّ، عن سُلَیْمَانَ بنِ یَسَارٍ، وبُسْرِ بنِ سَعِیدٍ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مُرْسَلاً، وكَأَنَّ هٰذا الحدیثَ أَصَحُّ، وقد صَحَّ حدیثُ ابنِ عَمُرَ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم فی هٰذا البابِ، وعلیهِ العملُ عندَ عامَّةِ الفُقَهَاءِ.

[٦٣٤-] حدثنا أحمدُ بنُ الحَسَنِ، نا سَعِیْدُ بنُ أبی مَرْیَمَ، نا ابنُ وَهْبٍ، قال: حَدَّثَنِیْ یُوْنُسُ، عن ابنِ شهابٍ، عن سالمٍ، عن أبیهِ، عن رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: أَنَّهُ سَنَّ فِیْمَاسَقَتِ السَّمَاءُ وَالعُیُوْنُ أَوْ كَانَ عَثَرِیًّا العُشْوْرَ، وفِیْمَا سُقِیَ بالنَّضْحِ نَصْفَ العُشْرِ.

قال أبو عیسى: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث کو امام ترمذی نے مرسل کر دیا ہے، مگر فرماتے ہیں کہ ابن عمر کی مرفوع حدیث ثابت ہے اسی کو آگے (نمبر ۶۳۴) پر لائیں گے اور اسی حدیث پر علماء کا عمل ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

فائدہ: مدینی: مدینۃ السلام کی طرف نسبت ہے۔ یہ بغداد کا پرانا نام ہے، بغداد کی اصل بُغ داد ہے۔ بُغ: ایک

بت کا نام ہے یعنی بُغ کا عطیہ، چونکہ اس نام میں شرک کی بوتھی اس لئے مسلمانوں نے اس کا نام بدل دیا، مگر وہ چلا نہیں ،اب بھی پرانا نام ہی استعمال کیا جاتا ہے۔غرض اس شہر کی طرف نسبت ''مدینی'' ہے اور مدینۃ الرسول کی طرف نسبت ''مدنی'' ہے، دونوں نسبتوں میں فرق کرنے کے لئے ی باقی رکھی گئی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی زکَاۃِ مَالِ الیَتِیْمِ

نابالغ کے مال میں زکوٰۃ کا حکم

یتیم: اس بچہ کو کہتے ہیں جس کا باپ فوت ہو گیا ہو، مگر کبھی ہر نابالغ کو یتیم کہہ دیتے ہیں خواہ اس کا باپ فوت ہو چکا ہو یا زندہ ہو، یہاں یہی معنی مراد ہیں۔

مذاہبِ فقہاء: احناف کے نزدیک اس نابالغ پر جو مالدار ہے زکوٰۃ واجب نہیں۔اس لئے کہ حدیث میں ہے: تین شخصوں سے قلم اٹھا دیا گیا ہے یعنی وہ احکام شرعیہ کے مکلّف نہیں۔ان میں سے ایک نابالغ بھی ہے (یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اور ابواب الحدود میں آئے گی) البتہ حنفیہ کے نزدیک اگر نابالغ مالدار ہے تو اس کا صدقۃ الفطر اس کے مال میں واجب ہے اس کے باپ پر واجب نہیں۔البتہ اگر باپ بچہ کا صدقہ ادا کر دے تو جائز ہے۔اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مالدار نابالغ بچے پر زکوٰۃ بھی واجب ہے اور صدقۃ الفطر بھی واجب ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کسی کے پاس ایسی مرفوع حدیث جو صحیح اور صریح ہو موجود نہیں، دونوں فریقوں کے پاس آثار صحابہ اور اجتہاد ہے، حنفیہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ جب نابالغ پر نماز، روزہ، حج وغیرہ کوئی بھی عبادت فرض نہیں تو زکوٰۃ بھی فرض نہیں۔اور ائمہ ثلاثہ کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ زکوٰۃ مال میں واجب ہوتی ہے ذمہ پر نہیں، اور بچہ کا ذمہ تو قابل فریضہ نہیں مگر اس کے مال میں وجوب ہو سکتا ہے، چنانچہ حنفیہ بھی بچہ کے مال میں صدقۃ الفطر واجب کرتے ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے تقریر میں فرمایا: ''سنو! جو شخص کسی ایسے یتیم کا سرپرست بنے جس کے پاس مال ہے تو چاہئے کہ وہ اس مال کو تجارت میں لگائے، اور مال کو یوں ہی چھوڑے نہ رہے تا آنکہ اس کو صدقہ کھا لے''

تشریح: کرنسی کی قیمت دن بہ دن گھٹتی ہے۔پندرہ سال پہلے کے پانچ سو روپے میں اور آج کے پانچ سو روپے میں فرق ہے، وہ آج کے پانچ ہزار کے برابر تھے، اس لئے اگر یتیم کے مال کو یوں ہی چھوڑے رکھا جائے گا تو اس کے بالغ ہونے تک وہ مال بے حیثیت ہو جائے گا۔علاوہ ازیں اس مال میں سے بچہ پر خرچ ہو گا اس لئے مال رفتہ رفتہ ختم ہو جائے گا، اور اس کو تجارت میں لگائے گا تو مال خرچ بھی ہو گا اور بڑھے گا بھی۔اس لئے نبی ﷺ نے سرپرستوں کو ہدایت دی کہ وہ بچہ کے مال کو یوں ہی نہ چھوڑے رکھیں بلکہ اس کو کسی کاروبار میں لگائیں۔

اس حدیث میں صدقہ کا کیا مفہوم ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔احناف کے نزدیک: وہ صرفہ مراد ہے جو سرپرست

بچہ پر کرتا ہے۔ ظاہر ہے جب مال خرچ ہوگا اور آمدنی نہ ہوگی تو رفتہ رفتہ مال ختم ہوجائے گا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صدقہ سے زکوٰۃ مراد ہے۔ وہ کہتے ہیں: مال ختم ہونے کی وجہ سال بہ سال اس میں زکوٰۃ واجب ہونا ہے۔ احناف کہتے ہیں: زکوٰۃ سے کل مال ختم نہیں ہوسکتا، کیونکہ جب زکوٰۃ ادا کرتے کرتے نصاب گھٹ جائے گا تو وجوب ختم ہوجائے گا۔ سارا مال صرف اس صورت میں ختم ہوسکتا ہے جبکہ اس میں سے بچہ پر خرچ کرنا مراد لیا جائے۔

غرض اس حدیث کی وجوبِ زکوٰۃ پر دلالت قطعی نہیں اور حدیث صحیح بھی نہیں، کیونکہ یہ مُثنی بن الصباح کی روایت ہے اور وہ ضعیف راوی ہے۔ علاوہ ازیں یہ حدیث موقوف بھی مروی ہے اور اس کی سند حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر پہنچتی ہے یعنی عمرو بن شعیب کا بیان ہے کہ مذکورہ تقریر حضرت عمرؓ نے کی ہے۔ پس بات کچھ سے کچھ ہوگئی۔

[۱۵] باب ماجاء فی زکاۃ مال الیتیم

[۶۳۵-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعیلَ، نا إبراهیمُ بنُ مُوسی، نا الولِیدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن المُثَنَّی بنِ الصَّبَّاحِ، عن عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، عن أبیهِ، عن جَدِّهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم خَطَبَ النَّاسَ فَقَالَ: ”أَلَا مَنْ وَلِیَ یَتِیْمًا لَهُ مَالٌ فَلْیَتَّجِرْ فیهِ، وَلَا یترُکْه حَتّٰی تَأْکُلَهُ الصَّدَقَةُ“

قال أبو عیسی: وإنما رُوِیَ هذا الحدیثُ مِنْ هٰذا الوَجْهِ، وفی إِسْنَادِهِ مَقَالٌ،لِأَنَّ المُثَنّٰی بنَ الصَّبَّاحِ یُضَعَّفُ فی الحدیثِ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذا الحدیثَ عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ: أَنَّ عُمَرَ بنَ الخَطَّابِ فَذَکَرَ هٰذا الحدیثَ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی هٰذا البابِ،فَرَأَی غَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فی مالِ الیَتِیمِ زَکَاةً، مِنْهُمْ عُمَرُ، وَعَلِیٌّ، وعائشةُ،وابنُ عُمَرَ، وبه یقولُ مَالِكٌ، والشافِعِیُّ، وأحمدُ وإسحاقُ.

وقالتْ طَائِفَةٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ: لَیْسَ فی مَالِ الیَتِیْمِ زَکَاةٌ، وبهِ یَقولُ سفیانُ الثوریُّ، وعبدُ اللّٰهِ بنِ المبارکِ.

وعَمْرُو بنُ شُعَیْبٍ: هو ابنُ محمدِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ العاصِ، وشُعَیْبٌ قَدْ سَمِعَ مِنْ جَدِّهِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو،وقد تکَلَّمَ یَحْیَی بنُ سَعِیدٍ فی حدیثِ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، وقالَ: هُوَ عِنْدَنَاوَاهٍ،وَمَنْ ضَعَّفَهُ فَإِنَّمَاضَعَّفَهُ مِنْ قِبَلِ أَنَّهُ یُحَدِّثُ مِنْ صَحِیْفَةِ جَدِّهِ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

وأَمَّا أَکْثَرُ أهلِ الحدیثِ فَیَحْتَجُّوْنَ بِحَدِیْثِ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، ویُثْبِتُوْنَهُ، مِنْهُمْ أحمدُ،وإسحاقُ، وغَیْرُهُمَا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ حدیث صرف اسی سند سے مروی ہے اور اس کی سند میں کلام ہے، اس

لئے کہ مثنی بن الصباح حدیث میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں۔اور بعض نے یہ حدیث عمرو بن شعیب سے روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ تقریر کی پس اس حدیث کو ذکر کیا (یہ موقوف حدیث دارقطنی (۲:۱۱۰) میں ہے اور اس کو حسین معلم: مکحول سے، وہ عمرو بن شعیب سے، وہ سعید بن المسیب سے اور وہ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اور سفیان بن عیینہ نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے، انھوں نے عمرو بن شعیب سے، انھوں نے حضرت عمرؓ سے روایت کی ہے۔یعنی وہ سعید بن المسیب کا تذکرہ نہیں کرتے۔اور دارقطنی نے کتاب العلل میں سفیان کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے) (دارقطنی درحاشیہ ۲:۱۱۱) اور علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے، متعدد صحابہ یتیم کے مال میں زکوٰۃ کے قائل ہیں۔ان میں سے حضرت عمر، حضرت علی، حضرت عائشہ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہم ہیں، اور یہی بات مالک، شافعی احمد اور اسحاق کہتے ہیں۔اور علماء کی ایک جماعت کہتی ہے کہ یتیم کے مال میں زکوٰۃ نہیں، اور اس کے ثوری اور ابن المبارک قائل ہیں (ابن مسعود کا بھی یہی مذہب ہے، معارف السنن) اس کے بعد عمرو بن شعیب کی سند پر کلام ہے اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ شعیب کا اپنے دادا عبداللہ بن عمرو بن العاص سے سماع ہے یا نہیں؟ جو حضرات سماع نہیں مانتے ان کے نزدیک اس سند سے آنے والی تمام روایات منقطع ہیں۔چنانچہ یحییٰ قطان نے یہ سند بودی قرار دی ہے (واہِ کے یہی معنی ہیں) اور جمہور اور اکابر محدثین کے نزدیک سماع ثابت ہے پس اس سند سے آنے والی روایات معتبر ہیں۔تفصیل کتاب الصلاۃ باب ۱۲۶ میں گذر چکی ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ العَجْمَاءَ جُرْحُهَا جُبارٌ وفی الرِّکَازِ الخُمُسُ

چوپایہ جانی یا مالی نقصان کرے تو ضمان نہیں اور خزانے میں خمس ہے

العَجْمَاء: کے معنی ہیں: حیوان۔جُرحٌ اور جَرْحٌ کے معنی ہیں: زخم اور زخمی کرنا۔ایک مصدر ہے ایک حاصل مصدر۔جُبَارٌ کے معنی ہیں: رائگاں، هَدْر: الذی لاضمان فیه اور رِکاز: رَکَزَ الأرض سے ہے، اس کے معنی ہیں: زمین میں گاڑنا اور مراد ہے خزانہ، خزانے دو قسم کے ہیں: ایک: وہ جو انسانوں نے زمین میں گاڑے ہیں انکو دفینہ کہتے ہیں، دوسرے وہ جو قدرت نے زمین میں پیدا کئے ہیں، جیسے سونا، چاندی، لوہا، کوئلہ وغیرہ کی کھانیں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رکاز صرف دفینے ہیں قدرتی کھانیں رکاز نہیں ہیں۔اور احناف کے نزدیک دونوں رکاز ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''چوپائے کا زخم رائگان ہے۔اور کھان رائگاں ہے، اور کنواں رائگاں ہے، اور رکاز میں خمس واجب ہے''

اس حدیث میں چار مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: مواشی کا زخم رائگاں ہے، یعنی اگر جانور مالک کے ہاتھ سے چھوٹ جائے، یا کھونٹے سے کھل جائے اور

کسی کو زخمی کر دے یا ہلاک کر دے یا کوئی مالی نقصان کر دے تو یہ خون اور نقصان رائگاں ہے، مالک پر اس کا تاوان نہیں۔ اس لئے کہ بچنے بچانے کی ذمہ داری دوطرفہ ہے مگر جب جانور تنہا ہو گیا تو اب صرف لوگوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی اور اپنے مال کی حفاظت کریں، اب جانور کوئی نقصان کرتا ہے تو مالک پر کوئی تاوان نہیں، کیونکہ وہ جانور کے ساتھ نہیں۔

اسی طرح اگر جانور کسی کھیت میں گھس جائیں اور فصل برباد کر دیں تو دن میں مالک پر ضمان نہیں، کیونکہ دن میں کھیت کی حفاظت کی ذمہ داری کھیت والوں کی ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ اگر جانور رات میں کسی کا کھیت چر جائیں تو ضمان واجب ہوگا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ضمان واجب ہے اس لئے کہ رات میں مالکانِ مواشی پر جانوروں کی حفاظت ضروری ہے۔ ائمہ ثلاثہ کی دلیل ابوداؤد کی حدیث ہے، رسول اللہ ﷺ نے دن میں کھیت والوں پر ذمہ داری عائد کی ہے اور رات میں مالکانِ مواشی پر (ابوداؤد ۲:۵۰۲ آخر کتاب البیوع) اور حنفیہ کے نزدیک رات اور دن کا حکم یکساں ہے۔ اور وہ باب کی حدیث کے عموم سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جانور کا نقصان بہرحال رائگاں ہے یعنی اس کا ضمان نہیں۔

دوسرا مسئلہ: مَعدِن (بکسر الدال) رائگاں ہے۔ معدِن: کھان۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی کو قدرتی خزانہ ملے تو وہ رائگاں ہے، یعنی اس میں حکومت کا حصہ نہیں، یعنی گورنمنٹ اس میں سے خمس (پانچواں حصہ) نہیں لے گی، سارا خزانہ پانے والے کا ہے۔ اور اس میں زکوۃ واجب ہے یعنی اگر سونے یا چاندی کی کھان ملی ہے تو زکوۃ واجب ہے اور کوئلہ، تانبا، پیتل یا لوہے وغیرہ کی کھان ملی ہے تو اس میں زکوۃ بھی نہیں۔ جب تک وہ فروخت نہ ہو۔ اور حنفیہ کے نزدیک قدرتی خزانوں میں بھی خمس واجب ہے ان کے نزدیک یہ چیزیں بھی رکاز میں داخل ہیں۔ اور ان کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر کھان میں کوئی حادثہ پیش آئے اور کسی کا جانی نقصان ہو جائے تو کھان کے مالک پر اس کا کوئی ضمان نہیں۔

تیسرا مسئلہ: کنواں رائگاں ہے، اس کا بھی یہی مطلب ہے کہ کنواں کھودتے وقت اگر کوئی مزدور گر کر ہلاک ہو جائے تو مالک پر اس کی دیت نہیں وہ خون رائگاں ہے، البتہ مالک کو برضاء ورغبت ہلاک ہونے والے کے پسماندگان کی اعانت کرنی چاہئے۔

چوتھا مسئلہ: رکاز میں خمس ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رکاز: صرف دفینے ہیں، لہٰذا اگر کسی شخص کے ہاتھ دفینہ لگے تو وہ بحکمِ لقطہ ہے، اس پر مالک کو تلاش کرنا ضروری ہے۔ مالک نہ ملے تو پانچواں حصہ حکومت لے گی اور چار حصے پانے والے کے ہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک رکاز کا اطلاق قدرتی خزانوں پر بھی ہوتا ہے پس کھانوں میں بھی حکومت پانچواں حصہ لے گی۔ اور چار حصے پانے والے کے ہیں۔ پھر وہ خزانہ اگر زکوۃ کی جنس سے ہے تو زکوۃ بھی واجب ہے اور اگر زکوۃ کی جنس سے نہیں ہے تو جب تک وہ فروخت نہ ہو کچھ واجب نہیں۔

[۱۶] باب ماجاء أن العَجْمَاءَ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وفی الرِّكاز الخُمس

[۶۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن ابنِ شهابٍ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، وأبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرةَ، عن رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم، قال:" العَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، والمَعْدِنُ جُبَارٌ،والْبِئرُ جُبَارٌ، وفی الرِّكَازِ الخُمْسُ"

وفی الباب: عن أنسِ بنِ مالكٍ،وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو،وعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ،وعَمْرِو بنِ عَوْفٍ المُزَنِیِّ، وجابرٍ.قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الخَرْصِ

پیداوار کا تخمینہ لگانے کا بیان

خرص کے معنی ہیں: کھیتی اور پھلوں کا اندازہ لگانا۔ جب کھیتی اور پھل آفات سے محفوظ ہوجائیں اور ابھی کھانے کے قابل نہ ہوں اس وقت حکومت کے کارندے پیداوار کا تخمینہ لگائیں گے اور پوری تفصیل رجسٹر میں درج کرلیں گے کہ فلاں کھیت میں اتنا اناج پیدا ہوگا اور فلاں باغ میں اتنا پھل تیار ہوگا، اور اس میں اتنا عشر یا نصف عشر واجب ہوگا۔ اس کا نام خرص (تخمینہ لگانا) ہے۔ پھر جب غلہ سوکھ کر تیار ہوجائے، کھجوریں چوہارے بن جائیں، اور انگور کشمش منقّی بن جائیں تو ساعی رجسٹر کے حساب سے زکوٰۃ وصول کرے گا۔ اور پوری پیداوار کا عشر لے گا۔ کارندوں کو اس میں سے کم کرنے کا اختیار نہیں، اس لئے کہ یہ غریبوں کا حق ہے۔ اور یہ امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کا قول جدید ہے اور امام احمدؒ کے نزدیک رجسٹر میں جو اندراج ہے اس میں سے تہائی یا کم از کم چوتھائی کم کرکے باقی کا عشر لیا جائے گا۔ کیونکہ اندازہ غلط بھی ہوسکتا ہے اور چرند و پرند اور چور چکار نقصان بھی کرتے ہیں۔ اس لئے کچھ کم کرکے زکوٰۃ لینا قرین انصاف ہے (اور اس مسئلہ میں متعدد جزئیات میں اختلاف ہے، تفصیل کے لئے عمدہ، فتح اور معارف السنن دیکھیں)

اور تخمینہ کرنے میں حکمت یہ ہے کہ اربابِ زراعت آزاد ہوجائیں جس طرح چاہیں کھائیں کھلائیں اور زکوٰۃ وصول کرنے والے بھی بےفکر ہوجائیں۔ اب ان کو پیداوار کی نگرانی نہیں کرنی پڑے گی، اور یہ اندیشہ بھی نہیں رہے گا کہ کھیت والے یا باغ والے پیداوار میں سے کچھ چھپالیں گے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ بھی ان مسائل میں سے ہے جن کے بارے میں غلط فہمی ہے۔ مشہور یہ ہے کہ احناف کے نزدیک خرص کا اعتبار نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اعتبار ہے۔ پھر اعتراض ہوتا ہے کہ جب خرص کے سلسلہ میں صحیح حدیث موجود ہے تو احناف اس کا اعتبار کیوں نہیں کرتے؟ درحقیقت احناف کے قول کو سمجھنے میں غلط فہمی

ہوئی ہے۔ احناف جو کہتے ہیں کہ خرص کا اعتبار نہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر زمین کا مالک تخمینہ اور اندراج کے غلط ہونے کی بات کہے اور رجسٹر میں جو درج ہے اتنی پیداوار نہ ہونے کا دعوی کرے تو خرص کا اعتبار نہیں۔ اس لئے کہ تخمینہ اور اندراج دونوں میں غلطی کا احتمال ہے اور اس صورت میں مقدمہ کورٹ میں جائے گا اور قاضی گواہ طلب کرے گا، یا منکر سے قسم لے گا، یا کمیشن بھیج کر انکوائری کرائے گا، پھر شہادت سے یا کمیشن کی رپورٹ سے جو پیداوار ثابت ہوگی اس کی زکوۃ لی جائے گی۔ خرص کا اعتبار نہیں کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حکومت کارندے بھیج کر اندازہ نہیں کروائے گی بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ خرص لازم نہیں، اور خرص کرنا ضروری بھی نہیں، حکومت کی صوابدید پر موقوف ہے اس لئے احناف کی کتابوں میں یہ مسئلہ نہیں لیا گیا اور اس سے غلطی فہمی کو بڑھاوا ملا۔

پھر جمہور کے نزدیک پوری پیداوار کی زکوۃ لی جائے گی، تہائی یا چوتھائی وضع نہیں کی جائے گی۔ کیونکہ وہ غریبوں کا حق ہے۔ اور حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جو تہائی یا چوتھائی کم کرنے کی بات آئی ہے وہ زکوۃ سے متعلق نہیں، بلکہ خیبر کے یہود کے ساتھ جو مزارعت اور مساقات کا معاملہ تھا اس سے متعلق ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ فتح خیبر کے بعد صحابہ نے اپنی زمینیں یہود کو بٹائی پر دیدی تھیں، نبی ﷺ ان کا بھی تخمینہ کرواتے تھے، اور اندازہ سے تہائی یا چوتھائی کم کر کے لینے کا حکم تھا، کیونکہ وہ مالکان کا حق تھا۔ عشر کے مسئلہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں، اور قابلِ زکوۃ غلوں اور پھلوں کے خرص کا مسئلہ حضرت عتاب بن اَسید کی حدیث میں ہے اس میں کم کر کے زکوۃ لینے کا ذکر نہیں ہے۔

حدیث (۱): عبد الرحمٰن بن مسعود کہتے ہیں: سہل بن ابی حثمہؓ ہماری مجلس میں آئے، اور بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ ہدایت دی ہے کہ جب تم اندازہ کرو تو (جو اندازہ ہو اس کے مطابق) لو اور تہائی چھوڑ دو، اور اگر تہائی نہ چھوڑ و تو چوتھائی چھوڑو۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حدیث عشر کے مسئلہ سے بھی متعلق ہے۔ وہ فرماتے ہیں: جو تخمینہ لگایا گیا ہے اس میں سے تہائی یا چوتھائی کم کر کے باقی کا عشر لیا جائے گا۔ اور جمہور کے نزدیک یہ حدیث غیر مسلموں کے ساتھ مزارعت اور مساقات کے سلسلہ میں ہے۔ اور حدیث کے الفاظ إذا خَرَصْتُمْ سے اس کی تائید ہوتی ہے یعنی یہ حدیث اس صورت کے لئے ہے جب مالکان اندازہ کریں۔ اور قابلِ زکوۃ غلوں اور پھلوں کا اندازہ لوگ نہیں کرتے بلکہ حکومت کرتی ہے، لوگ تو صرف اپنی ان زمینوں کا اندازہ کرتے ہیں جو انھوں نے بٹائی پر دے رکھی ہے، اس میں سے تہائی اور چوتھائی کم کرنے کی ہدایت ہے۔

حدیث (۲): حضرت عتاب بن اَسید بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ لوگوں کے پاس ایسا آدمی بھیجتے تھے جو ان کے انگوروں اور ان کی کھجوروں کا اندازہ کرے (کروم: انگور کی بیلوں کو کہتے ہیں اور ثمار ہر قسم کا پھل ہے یہاں

مراد کھجور ہے)

تشریح: فتح مکہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے مکہ اور طائف کا گورنر حضرت عتاب بن اسید کو بنایا تھا اس وقت ان کی عمر اکیس سال تھی، اور آپؐ مدینہ سے خارص (تاڑے والا) بھیجا کرتے تھے، اور وہ جو اندازہ ٹھہراتا اس کے مطابق زکوٰۃ وصول کی جاتی تھی (باب عشر سے یہی حدیث متعلق ہے اور اس میں کم کرنے کا ذکر نہیں)

[۱۷] باب ماجاء فی الخَرْصِ

[۶۳۷-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، نا شُعْبَةُ، قال: أَخْبَرَنِیْ خُبَيْبُ بنُ عبدِ الرحمنِ، قال: سَمِعْتُ عبدَ الرحمنِ بنَ مَسْعُوْدِ بنِ نِيَارٍ، يقولُ: جاءَ سَهْلُ بنُ أبی حَثْمَةَ إلی مَجْلِسِنَا، فَحَدَّثَ أَنَّ رسولَ الله صلی الله عليه وسلم كان يقولُ:" إِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوْا، وَدَعُوْا الثُّلُثَ، فَإِنْ لَمْ تَدَعُوْا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ"

وفی الباب: عن عائشةَ، وعَتَّابِ بنِ أَسِيْدٍ، وابنِ عباسٍ.

قال أبو عيسی: والعَمَلُ علی حَدِيثِ سَهْلِ بنِ أبی حَثْمَةَ عندَ أكثرِ أهلِ العلمِ فی الخَرْصِ، وبِحَدِيْثِ سَهْلِ بنِ أَبی حَثْمَةَ يَقولُ إسحاقُ وأحمدُ.

والخَرْصُ: إذَا أَدْرَكَتِ الثَّمَارُ مِنَ الرُّطَبِ والعِنَبِ، مِمَّا فِيْهِ الزكاةُ، بَعَثَ السُّلْطَانُ خَارِصًا فَخَرَصَ عليهِمْ.

والخَرْصُ: أَنْ يَنْظُرَ مَنْ يُبْصِرُ ذلكَ، فيقولُ: يَخْرُجُ مِنْ هٰذا مِنَ الزَّبِيْبِ كذا، ومِنَ التَّمْرِ كَذَا وكَذَا، فَيُحْصِیْ عَلَيْهِمْ، ويَنْظُرُ مَبْلَغَ العُشْرِ مِنْ ذٰلِكَ، فَيُثْبِتُ عَلَيْهِمْ، ثم يُخَلِّی بَيْنَهُمْ وبَيْنَ الثِّمَارِ، فَيَصْنَعُوْنَ مَا أَحَبُّوْا، وإِذَا أَدْرَكَتِ الثِّمَارُ أُخِذَ مِنْهُمُ العُشْرُ، هٰكذا فَسَّرَهُ بعضُ أهلِ العلمِ، وبهذا يقولُ مالكٌ، والشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

[۶۳۸-] حدثنا أبو عَمْرٍو مُسْلِمُ بنُ عَمْرٍو الحَذَّاءُ المَدِينیُّ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ نافعٍ، عن محمدِ بنِ صالحٍ التَّمَّارَ، عن ابنِ شهابٍ، عن سعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، عن عَتَّابِ بنِ أسيد: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم كان يَبْعَثُ علی النَّاسِ مَنْ يَخْرُصُ عليهم كُرُوْمَهُمْ وَثِمارَهُمْ.

[۶۳۹-] وبهٰذا الإسناد أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قال فی زكاةِ الكُرُوْمِ:" إِنَّهَا تُخْرَصُ كَمَا يُخْرَصُ النَّخْلُ، ثم تُؤَدَّی زكاتُهُ زَبِيْبًا، كَمَا تُؤَدَّی زكاةُ النَّخْلِ تَمْرًا"

قال أبو عيسی: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وقد رَوَی ابنُ جُرَيْجٍ هذا الحديثَ عن ابنِ شِهَابٍ،

عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ، وسأَلْتُ محمداً عن هذا فقال: حديثُ ابنِ جُرَيْجٍ غَيْرُ مُحْفُوْظٍ، وحديثُ سعيدِ بنِ المُسَيَّبِ عن عَتَّابِ بنِ أَسِيْدٍ أَصَحُّ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: خرص کے مسئلہ میں اکثر علماء کا حضرت سہل بن ابی حثمہ کی حدیث پر عمل ہے اور سہل بن ابی حثمہ کی حدیث کے اسحاق اور احمد قائل ہیں۔ اور خرص یہ ہے کہ جب پھل پک جائیں کھجوروں اور انگوروں میں سے، ان پھلوں میں سے جن میں زکوٰۃ ہے تو بادشاہ کوئی تاڑے والا بھیجے پس وہ لوگوں کے پھلوں اور غلوں کا اندازہ کرے، اور خرص (کا طریقہ) یہ ہے کہ غور کرے وہ جو اس کا ماہر ہے۔ پس کہے: اس باغ میں سے کشمش اتنی اور چھوہارے اتنے اور اتنے تیار ہونگے۔ پس ان کو ریکارڈ کرلے اور دیکھے اس میں سے عشر کی مقدار پس اس کو بھی لکھ لے، پھر لوگوں کو اور پھلوں کو چھوڑ دے (نگرانی کی ضرورت نہیں) پس مالکان جو چاہیں کریں۔ یعنی کھائیں، کھلائیں کیونکہ ساعی لکھے ہوئے کے مطابق عشر لے گا۔ اور جب پھل پک جائیں تو ان میں سے عشر لیا جائے۔ اسی طرح بعض علماء نے خرص کی تفسیر کی ہے، اور اسی کے امام مالک، شافعی، احمد اور اسحاق قائل ہیں۔

(حدیث ۶۳۸) عتاب بن اسید کہتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں کے پاس بھیجتے تھے اس شخص کو جو ان کے انگوروں اور کھجوروں کا اندازہ کرے (حدیث ۶۳۹) اور اسی سند سے یہ بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے انگوروں کی زکوٰۃ کے بارے میں فرمایا: بیشک انگوروں کی بیلوں کا اندازہ ٹھہرایا جائے جس طرح کھجور کا اندازہ ٹھہرایا جاتا ہے۔ پھر اس کی زکوٰۃ کشمش کی شکل میں وصول کی جائے۔ جس طرح کھجور کی زکوٰۃ چھوہاروں کی شکل میں وصول کی جاتی ہے، یعنی جب انگور اور کھجور سوکھ جائیں تب ساعی زکوٰۃ لے۔ ان کو سوکھانے کی ذمہ داری مالک کی ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابن جریج نے بھی ابن شہاب زہری سے روایت کیا ہے مگر وہ سند حضرت عائشہ پر پہنچاتے ہیں۔ امام بخاری نے اس کو غلط قرار دیا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت عائشہ کی حدیث نہیں بلکہ عتاب بن اسید کی حدیث ہے۔

بابُ ماجاءَ فی العَامِلِ عَلَى الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ

صحیح وصولی کرنے والے کی فضیلت

اگر عامل ٹھیک ٹھیک کام کرے یعنی شریعت کی ہدایات کے مطابق زکوٰۃ وصول کرے تو اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جنگ کرنے والے کے برابر اس کو ثواب ملتا ہے۔ اور یہ ثواب بایں وجہ ہے کہ زکوتیں وصول کرنے میں بہت دشواری ہے۔ عاملین کو گاؤں گاؤں اور کھیت کھیت جانا پڑتا ہے، پھر وصول شدہ مال کے ساتھ لوٹتے وقت خطرہ بھی رہتا ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ مالیات کا مسئلہ بڑا نازک ہوتا ہے اس لئے کام کی دشواری اور نزاکت کے لحاظ سے ثواب بھی زیادہ ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ٹھیک ٹھیک زکوٰۃ وصول کرنے والا اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جنگ کرنے والے کی طرح ہے، یہاں تک کہ وہ گھر لوٹے'' یعنی مجاہد کی طرح اس کو بھی پورے سفر میں ثواب ملتا رہتا ہے۔

وضاحت: اس حدیث کی دوسندیں ہیں۔ پہلی سند میں یزید بن عیاض ضعیف راوی ہے۔ اور دوسری سند میں محمد بن اسحاق مدِّلس ہیں اور وہ عن سے روایت کرتے ہیں، مگر یہ بڑی خرابی نہیں، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے محمد بن اسحاق کی سند کو اصح قرار دیا ہے۔

[۱۸] باب ماجاء فی العامل علی الصدقة بالحق

[۶۴۰-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يزيدُ بنُ هَارُوْنَ، نا يزيدُ بنُ عِيَاضٍ، عن عَاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ قَتَادَةَ ح: وحدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا أحمدُ بنُ خَالِدٍ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، عن عَاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ قَتَادَةَ، عن محمودِ بنِ لَبِيْدٍ، عن رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، قال: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يقول: '' العَامِلُ على الصَّدَقَةِ بِالْحَقِّ كالغَازِىْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حتى يَرْجِعَ إلى بَيْتِهِ''

قال أبو عيسى: حديثُ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ حديثٌ حسنٌ، ويَزِيْدُ بنُ عِيَاضٍ ضعيفٌ عندَ أهلِ الحديثِ، وحديثُ محمَّدِ بنِ إسحاقَ أَصَحُّ.

بابُ ماجاء فی المُعْتَدِىْ فی الصَّدَقَةِ

وصولی میں زیادتی کرنے والے کے لئے وعید

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے۔ معتدی کے معنی ہیں: حد سے تجاوز کرنے والا۔ جو عامل ٹھیک ٹھیک زکوٰۃ وصول نہ کرے، حد سے تجاوز کرے یعنی وجوب سے زیادہ کا مطالبہ کرے، شاندار جانور لے اس کے لئے زکوٰۃ روکنے والے کے برابر گناہ ہے، اس لئے کہ جب عامل تعدی کرے گا تو لوگ قابلِ زکوٰۃ اموال چھپائیں گے اور زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے، اور اس کا سبب عامل بنے گا اور جس طرح اچھے کام کا سبب بننے والے کو اچھائی کرنے والے کے برابر ثواب ملتا ہے برائی کا سبب بننے والے کو بھی برائی کرنے والے کے برابر گناہ ہوتا ہے۔

[۱۹] باب ماجاء فی المعتدی فی الصدقة

[۶۴۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن يَزِيْدَ بنِ أبى حَبِيْبٍ، عن سَعْدِ بنِ سِنَانٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' المُعْتَدِىْ فى الصَّدَقَةِ كَمَانِعِهَا''

قال: وفى الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وأبى هريرةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ

غریبٌ مِن هذا الوجهِ، وقد تکلَّمَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ فِیْ سَعْدِ بنِ سِنَانٍ.
وهٰکَذَا یقولُ اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن یَزِیْدَ بنِ أبی حَبِیْبٍ، عن سَعْدِ بنِ سِنَانٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ،
قال أبو عیسی: سَمِعْتُ محمداً یقولُ: والصَّحِیْحُ: سِنَانُ بنُ سَعْدٍ.
وقَوْلُهُ: ''المُعْتَدِیْ فِی الصَّدَقَةِ کَمَا نِعِهَا'' یقول: عَلَی المُعْتَدِیْ مِنَ الإِثْمِ کَمَا عَلَی الْمَانِعِ إِذَا مَنَعَ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صدقہ وصول کرنے میں حد سے تجاوز کرنے والا زکوٰۃ کو روکنے والے کی طرح ہے'' یہ حدیث غریب ہے۔ اس کی یہی ایک سند ہے، اور وہ ضعیف بھی ہے اس لئے کہ سعد بن سنان کی امام احمد رحمہ اللہ نے تضعیف کی ہے۔ اور امام لیث بن سعد نے اس راوی کا نام سعد بن سنان لیا ہے مگر امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحیح نام سِنان بن سعد ہے۔ اور حضور ﷺ کے ارشاد: **المعتدی فی الصدقة کمانعها** کا مطلب یہ ہے کہ زکوٰۃ وصول کرنے میں حد سے تجاوز کرنے والے پر اتنا ہی گناہ ہے جتنا زکوٰۃ روکنے والے پر ہے جب کہ وہ زکوٰۃ ادا نہ کرے۔

بابُ ماجاءَ فی رِضَی الْمُصَدِّقِ

وصولی کرنے والے کو خوش کر کے لوٹانا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تمہارے پاس زکوٰۃ وصول کرنے والا آئے تو وہ تم سے ہرگز جدا نہ ہو مگر راضی ہو کر'' یعنی مصدق کو خوش کر کے واپس بھیجو۔

تشریح: پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ جب کوئی مسئلہ دو فریقوں سے متعلق ہوتا ہے تو شریعت ہر فریق سے اس طرح خطاب کرتی ہے جیسے ساری ذمہ داری اسی کی ہے اور دوسرا فریق آزاد ہے (دیکھئے کتاب الصلاۃ باب ۲۲) یہ بھی اس کی ایک مثال ہے۔ جب شریعت نے عاملین سے خطاب کیا تو کہا: ٹھیک ٹھیک زکوٰۃ وصول کرو، اگر تعدی کرو گے اور لوگ قابل زکوٰۃ اموال چھپائیں گے اور زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے تو سارا گناہ تمہارے سر ہوگا، گویا جو مال چھپاتے ہیں اور زکوٰۃ ادا نہیں کرتے وہ آزاد ہیں ان کو ایسا کرنے کا حق ہے۔ اور جب مالکان سے خطاب کیا تو کہا: عاملین کو راضی کر کے واپس کرو۔ حق ناحق جو مانگیں دو، اس لئے کہ ان کی رضامندی پر تمہاری زکوٰۃ کی قبولیت موقوف ہے جب تک عاملین راضی نہیں ہونگے تمہاری زکوٰۃ اللہ کے یہاں قبول نہیں ہوگی۔ اسی طرح معاملات میں اعتدال پیدا ہوتا ہے۔

[۲۰] باب ماجاء فی رِضَی المصدِّق

[۶۴۲-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا محمدُ بنُ یَزِیْدَ، عن مُجَالِدٍ، عن الشَّعْبِیِّ، عن جَرِیْرٍ، قال: قالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: '' إِذَا أَتَاکُمْ الْمُصَدِّقُ فَلاَ یُفَارِقَنَّکُمْ إِلاَّ عَنْ رِضیً''

حدثنا أبو عَمَّارٍ، ثنا سُفيانُ، عن داودَ، عن الشَّعْبِيِّ، عن جريرٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِهِ.

قال أبو عيسى: حديثُ داودَ عن الشَّعْبِيِّ أَصَحُّ مِنْ حديثِ مُجَالِدٍ، وقد ضَعَّفَ مُجَالِداً بعضُ أهلِ العلمِ، وهو كثيرُ الغَلَطِ.

ملحوظہ: حدیث کی دوسندیں ہیں، ایک مجالد کی ہے دوسری داؤد بن ابی ہند کی، اور دوسری سند اصح ہے اس لئے کہ مجالد ضعیف راوی ہے، وہ احادیث میں بہت غلطیاں کرتا ہے (حضرت جریر بن عبداللہ کی یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے)

بابُ ماجاء أَنَّ الصَّدَقَةَ تُؤْخَذُ مِن الأَغْنِيَاءِ فَتُرَدُّ عَلَى الْفُقَرَاءِ

زکوۃ مالداروں سے لی جائے اور غریبوں میں تقسیم کی جائے

حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں اکثر ایسا ہوتا تھا کہ عامل زکوٰۃ وصول کرنے کے بعد وہیں غریبوں میں تقسیم بھی کردیا کرتا تھا۔ خالی ہاتھ جاتا تھا اور خالی ہاتھ لوٹ آتا تھا۔ اور اگر زکوۃ کا مال زیادہ ہوتا اور غریب کم ہوتے اور تقسیم سے مال بچ جاتا تو وہ مدینہ منورہ لے آتا۔ غرض دور اول میں وصولی کا محکمہ اور تقسیم کا محکمہ ایک ساتھ تھا۔ بعد میں یہ دونوں محکمے الگ الگ ہوگئے۔ اب وصولی کرنے والے صرف وصولی کریں گے اور تقسیم کرنے والے تقسیم کریں گے۔ ان کے پاس ملک کے غرباء کی فہرست ہوگی اور وہ ہر ایک کا حصہ اس کے گھر پہنچائیں گے۔ اور یہ دونوں: وصولی کرنے والے اور تقسیم کرنے والے **العاملین علیہا** ہیں۔

حدیث: أبو جُحیفة رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے قبیلے میں نبی ﷺ کی طرف سے زکات وصول کرنے والا آیا اس نے مالداروں سے زکوٰۃ وصول کی اور غریبوں میں تقسیم کردی، اس وقت میں یتیم لڑکا تھا، چنانچہ مجھے زکوٰۃ کے مال سے ایک جوان اونٹنی دی۔

[۲۱] باب ماجاء أن الصدقة تُؤْخَذُ من الأغنياء، فَتُرَدُّ على الفقراء

[۶۴۳-] حدثنا عليُّ بنُ سَعِيدٍ الكِنْدِيُّ، نا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عن أَشْعَثَ، عن عَوْنِ بنِ أبي جُحَيْفَةَ، عن أبيه، قال: قَدِمَ عَلَيْنَا مُصَدِّقُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَأَخَذَ الصَّدَقَةَ مِنْ أَغْنِيَائِنَا، فَجَعَلَهَا في فُقَرَائِنَا، وكُنْتُ غُلاَمًا يَتِيْمًا فَأَعْطَانِيْ مِنْهَا قَلُوْصًا.

وفي الباب: عن ابنِ عباسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ أبي جُحَيْفَةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

لغت: قَلُوْص: جُھکے ہوئے جسم کی جوان اونٹنی (نویں سال کی عمر تک قلوص اس کے بعد ناقة کہلاتی ہے)

بابُ مَنْ تَحِلُّ لَهُ الزَّكَاةُ؟

زکوٰۃ کس کے لئے حلال ہے؟

نصاب دو ہیں: ایک: نصاب نامی (بڑھنے والا نصاب) ہے اس میں صرف قابل زکوٰۃ اموال کی چار اجناس (زرعی پیداوار کے علاوہ) شمار ہیں اور یہ بڑا نصاب ہے (تفصیل باب زکاۃ الإبل میں گذر چکی ہے) دوسرا: نصابِ غیر نامی (نہ بڑھنے والا نصاب) ہے قابل زکوٰۃ اموال کے علاوہ جو بھی مال ہو وہ اس میں شمار ہوگا، یہ مال خواہ کتنا ہی زیادہ ہو اس میں زکوٰۃ نہیں۔ البتہ اگر وہ حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو اور چھ سو بارہ گرام چاندی کی قیمت کے برابر ہو جائے تو وہ شخص چھوٹے نصاب کا مالک ہے اور اس پر پانچ احکام لازم ہیں: (۱) اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے (۲) اس پر قربانی واجب ہے (۳) ددھیالی اور ننھیالی رشتہ داروں کا نفقہ واجب ہے جو ذی رحم محرم ہوں، نادار ہوں اور معذور ہوں، کمانہ سکتے ہوں تو ان کا نفقہ ایسے مالدار پر واجب ہے (۴) اس پر حج فرض ہے، زائد زمین اور زائد مکان بیچ کر حج کرنا ضروری ہے (۵) اس کے لئے زکوٰۃ حرام ہے۔ اور اگر کوئی اس کو زکوٰۃ دے تو زکوٰۃ ادا نہ ہوگی —— اور نصاب نامی کے مالک پر چھ فریضے ہیں پانچ یہی اور چھٹا: اس پر ہر سال زکوٰۃ نکالنا فرض ہے (درمختار ۲: ۳۱۳ باب صدقۃ الفطر)

اور تیسرا شخص وہ ہے جس کے پاس کوئی نصاب نہیں، نہ نامی نہ غیر نامی۔ مگر اس کے پاس چوبیس گھنٹے کا گذارہ ہے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے اور اس کے لئے لینا بھی جائز ہے، مگر اس کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا حرام ہے، باب کی حدیث اسی سے متعلق ہے۔

اور چوتھا شخص وہ ہے جس کے پاس چوبیس گھنٹے کا گذارہ بھی نہیں، یہ شخص زکوٰۃ کا سوال کرسکتا ہے اور اس کو زکوٰۃ دینا بھی جائز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حدیث میں مایُغنیہ کی مقدار پچاس درہم یا اس کی قیمت کے بقدر سونا بیان کی گئی ہے۔ امام شعبہ رحمہ اللہ جو ائمہ حدیث میں سے ہیں، مگر مجتہد نہیں ان کا خیال یہ ہے کہ یہ بہت بڑی رقم ہے، سوال سے مانع تو اس سے کم رقم بھی ہوسکتی ہے۔ اس لئے انھوں نے راویوں کا جائزہ لیا اور حکیم بن جبیر پر تنقید کی کہ اس حدیث میں حکیم نے گڑبڑ کی ہے۔ لیکن شعبہ کی تنقید کو علماء نے نہیں لیا۔ اس لئے کہ حالات اور زمان ومکان کے اختلاف سے یہ رقم بڑی نہیں۔ اور حکیم ثقہ اور قابل اعتبار راوی ہیں۔ چنانچہ امام شعبہ کے ساتھی حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ جو حدیث میں امیر المؤمنین ہیں اور فقہ میں مجتہد ہیں اس حدیث کا اعتبار کرتے ہیں اور اُسے سبق میں بیان کرتے تھے۔ علاوہ ازیں زُبید یامی: حکیم کے متابع موجود ہیں اس لئے یہ حدیث معتبر ہے۔

فائدہ: ٹیلیفون، موبائل، ریڈیو، وغیرہ کا شمار حاجات اصلیہ میں ہوتا ہے یا نہیں؟ یعنی نصاب غیر نامی میں ان کو

شمار کیا جائے گا یا نہیں؟ دارالافتاء ان کو حاجت اصلیہ میں شمار نہیں کرتا۔ مگر میں اس مسئلہ میں توسع سے کام لیتا ہوں۔ میری ناقص رائے یہ ہے کہ ہر وہ چیز جس میں ابتلائے عام ہے وہ حاجاتِ اصلیہ میں شمار ہے، جیسے کئی کئی جوڑے کپڑے، سات جوڑوں تک میں حاجتِ اصلیہ میں شمار کرتا ہوں، اسی طرح ٹیلیفون وغیرہ کو بھی حاجاتِ اصلیہ میں شمار کرتا ہوں اور ان کا استثناء کرتا ہوں۔ واللہ اعلم

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو لوگوں سے سوال کرتا ہے درانحالیکہ اس کے پاس اتنا ہے جو اس کو بے نیاز کرتا ہے تو وہ سوال قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں ہوگا'' کسی نے سوال کیا: اے اللہ کے رسول! وہ مقدار کتنی ہے جو آدمی کو سوال سے بے نیاز کرتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''پچاس درہم یا اس کی قیمت کے بقدر سونا''

تشریح:

۱- خُموش، خُدوش اور کُدُوح مترادف الفاظ ہیں۔ اور أو شک راوی کا ہے۔ یعنی حضور اکرم ﷺ نے ان میں سے کوئی ایک لفظ فرمایا جو راوی کو یاد نہیں رہا۔ اور أو تنویع کا بھی ہوسکتا ہے۔ اس صورت میں خموش: ہلکی خراشیں ہیں، اور خدوش: زخم ہے اور کُدوح: گہرا زخم کاٹنے کے مانند ہے۔ اور تفاوت سوال کی نوعیت کے اعتبار سے ہوگا، اگر مانگنا کم ہے تو وہ بشکل خموش ظاہر ہوگا، زیادہ ہے تو بہ شکل خدوش، اور بہت زیادہ ہے تو کدوح کی شکل میں ظاہر ہوگا۔ یا مانگنا بغیر اصرار کے ہے یا اصرار کے ساتھ ہے یا تنگ کرنے کے درجہ میں ہے تو جزاء میں بھی تفاوت ہوگا۔

۲- حدیث کا مطلب امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک یہ ہے کہ اگر کسی شخص کے پاس پچاس درہم یا اس کی قیمت کے بقدر سونا یا کوئی اور مال موجود ہو تو اس کے لئے نہ زکوٰۃ کا سوال کرنا جائز ہے اور نہ اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔ اور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک ایسے شخص کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا تو حرام ہے لیکن اگر اس کو زکوٰۃ دی جائے تو جائز ہے یعنی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی، البتہ اس کے لئے زکوٰۃ لینا ٹھیک نہیں۔ پس اختلاف اس میں ہے کہ آئندہ حدیث (۶۴۶) میں جو لا تحل آرہا ہے اس سے شرعی حلّت مراد ہے یا باب مروّت کی عدم حلّت مراد ہے۔ پہلے دو اماموں کی رائے میں عدم جواز شرعی مراد ہے اور دوسرے دو اماموں کی رائے میں انسانیت کے باب کا عدم جواز مراد ہے۔

سوال: جس کے پاس ما یُغنیه ہو اس کو زکوٰۃ دینی چاہئے یا نہیں؟

جواب: اگر احتمال ہو کہ اُسے مفت خوری کی عادت پڑ جائے گی تو نہیں دینی چاہئے۔ اور اگر کارآمد آدمی ہے مگر ضرورت مند اور عیالدار ہے اور مفت خوری کی عادت پڑنے کا احتمال نہیں تو زکوٰۃ سے اس کی مدد کرنی چاہئے۔

[۲۲] بابُ مَنْ تَحِلُّ له الزكاةُ؟

[۶۴۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وعليُّ بنُ حُجْرٍ، قال قُتَيْبَةُ: حدثنا شَرِيكٌ، وقال عليٌّ: أنا شَرِيكٌ ــ المَعْنَى

واحِدٌ ــ عن حَكيمِ بنِ جُبَيْرٍ، عن محمدِ بنِ عبدِالرحمنِ بنِ يَزِيْدَ، عن أبيهِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مسعودٍ، قال: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ سَأَلَ النَّاسَ، ولَهُ مَايُغْنِيْهِ: جاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ومَسْأَلَتُهُ فی وَجْهِهِ خُمُوْشٌ أو خُدُوْشٌ أو كُدُوْحٌ" قيل: يارسولَ الله! ومَايُغْنِيهِ؟ قال:" خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا أَوْ قِيْمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ"

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ، وقد تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فی حَكِيْمِ بنِ جُبَيْرٍ مِنْ أَجْلِ هذا الحديثِ.

[٦٤٥-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا يَحيىَ بنُ آدَمَ، نا سفيانُ، عن حكيمِ بنِ جُبَيْرٍ بهذا الحديثِ، فقالَ له عبد الله بنُ عثمان صاحبُ شعبة: لو غيرُ حكيمٍ حَدَّثَ بهذا! فقال له سفيانُ: ومَالحكيمٍ؟ لَايُحَدِّثُ عنهُ شُعْبَةُ؟ قال: نَعَمْ، قال سُفيانُ: سمعتُ زُبَيْداً يُحَدِّثُ بهذا عن محمدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ.

والعملُ على هذا عندَ بعضِ أصْحَابِنَا، وبه يقولُ الثَّوْرِىُّ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، وأحمدُ، وإسحاقُ، قالوا: إذا كانَ عندَ الرَّجُلِ خمسونَ دِرْهَمًا لَمْ تَحِلَّ لَهُ الصَّدَقَةُ.

ولَمْ يَذْهَبْ بعضُ أهلِ العلمِ إلى حديثِ حَكِيْمِ بنِ جُبَيْرٍ، وَوَسَّعُوْا فی هذا، وقالوا: إذا كانَ عِنْدَهُ خَمْسُوْنَ دِرْهَمًا أو أَكْثَرُ،وهو مُحْتَاجٌ، لَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنَ الزكاةِ، وهو قولُ الشافعیِّ وغَيْرِهِ مِنْ أَهْلِ الفِقْهِ والعلمِ.

وضاحت: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر شعبہ رحمہ اللہ نے حکیم بن جبیرؒ پر تنقید کی ہے اس لئے امام ترمذی ڈر گئے اور صرف حسن کہا۔ اور شعبہ نے حکیم پر اسی حدیث کی وجہ سے جرح کی ہے (یہاں سے معلوم ہوا کہ محدثین جس طرح راویوں کے احوال سے حدیث پر حکم لگاتے ہیں اسی طرح متن سے بھی روایوں پر کلام کرتے ہیں، یعنی ائمہ جرح وتعدیل پر روات کے بارے میں کوئی وحی نہیں آتی بلکہ وہ استدلال لمّی یا إنّی کے ذریعہ حکم لگاتے ہیں، حدیث کے متابعات وشواہد کی تائید یا عدم تائید سے ثقہ یا ضعیف قرار دیتے ہیں، کبھی حدیث کے مضمون کا شریعت کے قواعد معلومہ سے موازنہ کرتے ہیں اور حکم لگاتے ہیں۔ پہلی صورت میں تو حکم مطرد ہوتا ہے مگر دوسری صورت میں کبھی اختلاف ہوجاتا ہے۔ یہاں ایسا ہی ہوا ہے)

ایک مرتبہ سفیان ثوری رحمہ اللہ نے حکیم بن جبیر کی سند سے صدقہ والی حدیث بیان کی تو امام شعبہ رحمہ اللہ کے خاص شاگرد عبداللہ بن عثمان نے سفیان ثوری سے کہا: کاش حکیم کے علاوہ کوئی اور اس حدیث کو بیان کرتا! سفیان ثوریؒ نے پوچھا: حکیم میں کیا بات ہے؟ یعنی ان میں کیا کیڑے پڑ گئے؟ کیا ان سے شعبہ روایت نہیں کرتے؟ عبداللہ بن عثمان نے کہا: جی! یعنی میرے استاذ شعبہ ان سے روایت نہیں کرتے پس سفیان ثوری نے فرمایا: میں نے زُبید

یامی کو محمد بن عبدالرحمٰن بن یزید سے یہ حدیث روایت کرتے ہوئے سنا ہے۔یعنی حکیم کے علاوہ زبید بھی جو ثقہ ہیں اس حدیث کو روایت کرتے ہیں۔

اس حدیث پر ہمارے بعض اکابر کا عمل ہے۔اور اسی کے سفیان ثوری، ابن المبارک، احمد اور اسحاق قائل ہیں۔وہ کہتے ہیں: جب آدمی کے پاس پچاس درہم ہوں تو اس کے لئے زکوٰۃ حلال نہیں۔اور بعض علماء حکیم کی حدیث کی طرف نہیں گئے، اور انھوں نے اس مسئلہ میں توسع سے کام لیا ہے۔وہ کہتے ہیں: جب آدمی کے پاس پچاس درہم یا زیادہ ہوں اور وہ ضرورت مند ہو تو اس کے لئے زکوٰۃ لینا جائز ہے۔اور یہ امام شافعی اور ان کے علاوہ علماء (حنفیہ) کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ مَنْ لاتَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ؟

زکوٰۃ کس کے لئے حلال نہیں؟

جو شخص نصاب نامی یا غیر نامی کا مالک ہے وہ غنی ہے۔اور غنی کے لئے نہ تو زکوٰۃ کا سوال کرنا جائز ہے اور نہ زکوٰۃ لینا جائز ہے۔اور غنی کو زکوٰۃ دینے سے زکوٰۃ اداء بھی نہیں ہوتی۔اور باب میں ضمناً چوتھے شخص کا بھی ذکر آیا ہے جس کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا اور لینا جائز ہے۔اور تیسرا شخص جس کے لئے زکوٰۃ لینا تو جائز ہے مگر سوال کرنا حرام ہے اس کا تذکرہ اوپر آچکا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''زکوٰۃ مالدار کے لئے اور توانا تندرست کے لئے حلال نہیں''——

مِرَّۃٌ کے معنی ہیں: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ذُو مِرَّۃٍ: توانا، طاقت ور۔اور سَوِیٌّ کے معنی ہیں: تندرست، ٹھیک بدن والا، یعنی جو لنگڑا لولا اندھا وغیرہ نہ ہو۔

تشریح: پہلے یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک ہی سلسلۂ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، یہاں بھی لاتَحِلُّ کے ذیل میں دو حکم ہیں اور دونوں کے درجے مختلف ہیں۔غنی کے لئے حلال نہ ہونا مسائل کے باب کا حلال نہ ہونا ہے، یعنی غنی کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا اور زکوٰۃ لینا حرام ہے۔اور توانا تندرست کے لئے حلال نہ ہونا اخلاقیات کے باب کا حلال نہ ہونا ہے۔یعنی اس کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا اور زکوٰۃ لینا جائز تو ہے مگر مناسب نہیں، اس لئے کہ جو صحیح الاعضاء ہے اور کما سکتا ہے اُسے زکوٰۃ کے ٹکڑوں پر گذارہ نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث (۲): حُبْشِیّ بن جُنادۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے حجۃ الوداع کے موقع پر سنا جبکہ آپؐ وقوفِ عرفہ کئے ہوئے تھے۔آپؐ کے پاس ایک بدو آیا۔اس نے آپؐ کی چادر کا کنارہ پکڑا اور آپ سے سوال کیا۔آپؐ نے اس کو دیا (یعنی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دینے کا حکم دیا) جب وہ چلا گیا تو مانگنا حرام ہوا۔پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک مانگنا جائز نہیں مالدار کے لئے اور نہ طاقت ور تندرست کے لئے مگر ایسی ضرورت

کی وجہ سے جو خاک نشیں کرنے والی ہو، اور گھبرادینے والے تاوان کی وجہ سے، اور جس نے لوگوں سے سوال کیا تاکہ اس کے ذریعہ مال زیادہ کرے تو وہ مانگنا قیامت کے دن اس کے چہرے پر خراشیں ہوگا، یا جہنم کا گرم پتھر ہوگا جسے وہ کھائے گا۔ پس جو چاہے مانگنا کم کرے اور جو چاہے زیادہ کرے''

تشریح:

۱- مذکورہ حدیث میں صحابی نے حدیث: **لاتحل الصدقة** کا جو شان ورود بیان کیا ہے وہ بر بنائے عادت ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آج ہی امت کے سامنے پہلی مرتبہ یہ مسئلہ آیا ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے الفوز الکبیر (**الفصل الثالث فی معرفة أسباب النزول**) میں تحریر فرمایا ہے کہ صحابہ اور تابعین نص کا جو بھی مصداق ہوسکتا تھا اس کے لئے **نزلت فی کذا** کا محاورہ استعمال کرتے تھے، غرض مذکورہ واقعہ کے لئے حدیث کا حقیقی شان ورود ہونا ضروری نہیں۔

۲- دو آدمیوں کے لئے چندہ کرنا (زکوٰۃ مانگنا) جائز ہے، ایک: ایسا غریب جو خاک نشیں ہو، یعنی جس کے پاس بچھانے کے لئے بھی کچھ نہ ہو، دوسرا: وہ جس پر بھاری ذمہ داری آن پڑی ہو، مثلاً دیت واجب ہوئی ہو، یا اصلاحِ ذات البین کے لئے اس نے کوئی بڑی رقم سر لی ہو، یا تعلیمی ادارہ وغیرہ قائم کیا ہو تو اس کو چلانے کے لئے زکوٰۃ کا چندہ کرسکتا ہے، بشرطیکہ اس ادارہ میں زکوٰۃ کا مصرف بھی ہو۔

۳- دولت کی ہوس میں دستِ سوال دراز کرنا برا ہے۔ حدیث میں اس کے لئے دو تشبیہیں آئی ہیں۔ ایک: یہ مانگنا قیامت کے دن سائل کے چہرے پر خراشوں اور زخموں کی شکل میں نمودار ہوگا۔ اس کا بیان گذر چکا۔ دوسری تشبیہ یہ ہے کہ دولت کی حرص میں مانگنا رَضْف یعنی گرم پتھر کو جو جہنم کی آگ میں گرم کیا گیا ہو کھانا ہے۔ رَضْف ایک خاص قسم کا پتھر ہے جو بہت جلد گرم ہوجاتا ہے اور اس پر کباب تیار کئے جاتے ہیں جو بہت لذیذ ہوتے ہیں، دولت کا حریص کباب نہیں کھاتا بلکہ رضف ہی کھاتا ہے جو نہایت گرم ہوتا ہے، یہ دونوں تشبیہیں تنفیر کے لئے ہیں۔

[۲۳] بابُ ماجاء من لا تحل له الصدقة؟

[٦٤٦-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، ناسُفيانُ ح: وحدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا سُفيانُ، عن سَعْدِ بنِ إبراهيمَ، عن رَيْحَانَ بنِ يَزِيْدَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: '' لاتَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِی مِرَّةٍ سَوِيٍّ''

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وحُبْشِیِّ بنِ جُنَادَةَ، وقَبِيْصَةَ بنِ المُخَارِقِ.

قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو حديثٌ حسنٌ، وقد رَوَى شُعْبَةُ عن سَعْدِ بنِ إبراهيمَ

هذا الحديثَ بِهٰذا الإسنادِ، ولَمْ يَرْفَعْهُ.

وقد رُوِیَ فی غَيْرِ هذا الحديثِ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: ”لاَتَحِلُّ الْمَسْأَلَةُ لِغَنِیٍّ وَلاَ لِذِی مِرَّةٍ سَوِیٍّ“

وإذا كان الرجُلُ قَوِيًّا مُحْتَاجًا، ولَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ شَيْئٌ، فَتُصَدِّقَ عَلَيْهِ أَجْزَأَ عَن الْمُتَصَدِّقِ عندَ أهلِ العلمِ، وَوَجْهُ هذا الحديثِ عِنْدَ بعضِ أهلِ العلمِ على الْمَسْأَلَةِ.

[٦٤٧-] حدثنا عليُّ بْنُ سَعيدٍ الكِنْدِیُّ، نا عبدُ الرَّحيمِ بنُ سُلَيْمَانَ، عن مُجَالِدٍ، عن عَامِرٍ، عن حُبْشِیِّ بنِ جُنَادَةَ السَّلُوْلِیِّ، قال: سمعتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فی حَجَّةِ الوَدَاعِ، وَهُوَ وَاقِفٌ بعَرَفَةَ، أَتَاهُ أَعْرَابِیٌّ، فَأَخَذَ بِطَرْفِ رِدَائِهِ، فَسَأَلَهُ إِيَّاهُ، فَأَعْطَاهُ وَذَهَبَ، فَعِنْدَ ذلك حَرُمَتِ الْمَسْأَلَةُ، فقالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: ”إنَّ الْمَسْأَلَةَ لا تَحِلُّ لِغَنِیٍّ وَلاَ لِذِی مِرَّةٍ سَوِیٍّ إِلَّا لِذِیْ فَقْرٍ مُدْقِعٍ، أَوْ غُرْمٍ مُفْظِعٍ، ومَنْ سَأَلَ النَّاسَ لِيُثْرِیَ بِهِ مَالَهُ كان خُمُوْشًا فی وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ورِضْفًا يَأْكُلُهُ مِنْ جَهَنَّمَ، فَمَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ ومَنْ شَاءَ فَلْيُكْثِرْ“

حدثنا محمودُ بنُ غيلانَ، نا يحيیَ بنُ آدَمَ، عن عبدِ الرحيمِ بنِ سُلَيْمَانَ، نَحْوَهُ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

وضاحت: عبد اللہ بن عمرو کی حدیث (۶۴۶) کوسفیان ثوری مرفوع کرتے ہیں اورشعبہ موقوف۔ بایں وجہ امام ترمذیؒ نے ڈرکرحدیث کوصرف حسن کہا ہے۔ حالانکہ وہ حسن صحیح ہے اور موقوف کو مسند کرنا زیادتی ہے اور ثقہ کی زیادتی بالاجماع معتبر ہے۔ اور یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے ——— جب آدمی طاقت ور غریب ہو اور اس کے پاس کچھ نہ ہو پس اس کو زکوٰۃ دی گئی تو علماء کے نزدیک زکوٰۃ دینے والے کی زکوٰۃ اداء ہو جائے گی۔ اور یہ حدیث بعض علماء کے نزدیک مانگنے پر محمول ہے، یعنی توانا تندرست کے لئے مانگنا جائز نہیں (یہ حدیث اگلے نمبر پر آرہی ہے)

(حدیث ۶۴۷) حضرت حُبشی کی حدیث مجالد بن سعید کی وجہ سے ضعیف ہے۔ اور عبدالرحیم بن سلیمان سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے۔ پس وہ غریب ہے۔ اور اس حدیث کو عبدالرحیم سے یحییٰ بن سعید کندی کے علاوہ یحییٰ بن آدم بھی روایت کرتے ہیں (حدیث کا ترجمہ اوپر آ گیا)

بابُ مَنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ مِنَ الغَارِمِيْنَ وَغَيْرِهِمْ

مدیون وغیرہ جن کے لئے زکوٰۃ حلال ہے

پہلے یہ مسئلہ آچکا ہے کہ غنی کے لئے زکوٰۃ کا سوال کرنا اور زکوٰۃ لینا حرام ہے۔ لیکن غارم کے لئے زکوٰۃ حلال ہے اور

وہ زکوٰۃ کا سوال بھی کرسکتا ہے۔ سورۂ توبہ (آیت ۶۰) میں زکوٰۃ کے جو آٹھ مصارف بیان کئے ہیں ان میں غارم بھی ہے۔

غارم کے معنی: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک غارم سے مدیون مراد ہے یعنی وہ شخص جس کے پاس مال ہے لیکن اس کا سارا مال یا بعض مال قرض میں گھرا ہوا ہے اور قرض ادا کرنے کے بعد بقدر نصاب باقی نہیں رہتا۔ یہ شخص اگرچہ بظاہر غنی ہے مگر حقیقت میں فقیر ہے اس لئے اس کو زکوٰۃ دینا جائز ہے اور اس کے لئے لینا بھی جائز ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: غارم وہ شخص ہے جس نے اصلاح ذات البین کے لئے کسی مقتول کی دیت یا کوئی اور بڑی رقم اپنے سر لی ہو: وہ شخص چندہ کرکے اس ذمہ داری سے سبکدوش ہوسکتا ہے، خود استعمال نہیں کرسکتا، کیونکہ وہ مالدار ہے۔

یہ دونوں تفسیریں صحیح ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مستدل گذشتہ حدیث ہے، رسول اللہ ﷺ نے دو شخصوں کو مانگنے کی اجازت دی ہے ان میں سے ایک ذُو غُرمٍ مُفظع ہے یعنی جس پر گھبرا دینے والا تاوان آپڑا ہو۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک شخص پر آفت آپڑی (یعنی مقروض ہوگیا) ایسے پھلوں میں جن کو اس نے خریدا تھا (کہتے ہیں وہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے) ان پر بھاری قرضہ ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ان کو صدقہ دو (صدقہ کا اولین مصداق زکوٰۃ ہے) پس لوگوں نے ان کو خیرات دی، مگر وہ خیرات ان کے قرضہ کی بھرپائی کو نہیں پہنچی (یعنی چندہ کم ہوا قرض زیادہ تھا) تو رسول اللہ ﷺ نے قرض خواہوں سے فرمایا: ''جو موجود ہے لے لو، تمہارے لئے بس یہی ہے''

تشریح: اس حدیث سے حنفیہ نے اس طرح استدلال کیا ہے کہ حضرت معاذ مقروض تھے، اور ان کے لئے چندہ کیا گیا۔ معلوم ہوا کہ غارم مدیون ہے۔ اور اس کے لئے زکوٰۃ حلال ہے۔ اور نبی ﷺ کا ارشاد کہ ''تمہارے لئے بس یہی ہے'' کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں: ایک: آپؐ نے آسانی ہونے تک انتظار کرنے کا حکم دیا یعنی ابھی جو موجود ہے وہ لے لو پھر جب گنجائش ہوگی تو باقی ملے گا، دوسرا مطلب: آپؐ نے جتنا چندہ ہوا تھا اس پر مصالحت کرادی اور معاملہ نمٹا دیا۔

فائدہ: مدیون کے پاس اگر رقم ہے اور وہ ٹال مٹول کر رہا ہے تو قاضی زبردستی قرض خواہوں کو دلوائے گا۔ اور رقم نہ ہو تو اس کی ضرورت کی چیزیں چھوڑ کر باقی چیزیں بیچ دے گا اور قرضہ چکائے گا، ورنہ قرض خواہوں کو آسانی ہونے تک انتظار کرنے کا حکم دے گا (سورۃ البقرہ آیت ۲۸۰ میں یہ حکم ہے)

[۲۴] بابُ من تَحِلُّ له الصدقةُ من الغارمين وغيرهم

[۶۴۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن بُكَيْرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ الأَشَجِّ، عن عِيَاضِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن

أبی سعیدٍ الخُدْرِیِّ، قال: أُصِیبَ رَجُلٌ فی عَھْدِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ ثِمَارٍ ابْتَاعَھَا، فَکَثُرَ دِیْنُہُ، فقالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:'' تَصَدَّقُوْا علیہِ'' فَتَصَدَّقَ الناسُ علیہِ، فَلَمْ یَبْلُغْ ذٰلِکَ وَفَاءَ دَیْنِہِ، فقالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِغُرَمَائِہِ:'' خُذُوْا مَا وَجَدْتُمْ وَلَیْسَ لَکُمْ إِلاَّ ذلکَ''

وفی الباب: عن عائشۃَ، وجُوَیْرِیَۃَ، وأنسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی سعیدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قولہ: فی ثمار یعنی انھوں نے کھجور کا باغ خریدا تھا، جس کی آمدنی کم ہوئی اس لئے قرضہ ہوگیا۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاھِیَۃِ الصَّدَقَۃِ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وأھلِ بَیْتِہِ وَمَوَالِیْہِ

نبی ﷺ کے لئے، آپؐ کے خاندان کے لئے اور آپؐ کے آزادکردہ لوگوں کے لئے زکوٰۃ کی حرمت

اس باب میں چار باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: نبی ﷺ پر، آپؐ کے خاندان پر اور آپؐ نے اور آپؐ کے خاندان نے جن غلاموں کو آزاد کیا ہے ان پر زکوٰۃ حرام ہے۔ اور یہ مسئلہ حدیثوں میں ہے، قرآن میں نہیں ہے، صراحتاً بھی نہیں ہے اور اشارۃً بھی نہیں ہے۔

جاننا چاہئے کہ مسائل تین قسم کے ہیں۔ اول: وہ مسائل ہیں جن کا تذکرہ قرآن کریم میں صراحتاً آیا ہے جیسے دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنے کی حرمت اور بڑے شہر میں جمعہ کی فرضیت دوم: وہ مسائل ہیں جو صرف حدیث میں ہیں مگر وہ قرآن سے مستنبط کئے جاسکتے ہیں، بعد میں قرآن میں ان کا ذکر آگیا ہے، جیسے خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنے کی حرمت آیت پاک: ﴿أَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْأُخْتَیْنِ﴾ سے مستنبط کی جاسکتی ہے۔ یا جیسے اذان کی مشروعیت حدیث سے ہوئی ہے لیکن بعد میں قرآن میں اس کا تذکرہ آگیا ہے ارشاد پاک ہے: ﴿إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلاَۃِ مِنْ یَوْمِ الْجُمُعَۃِ﴾ [الجمعۃ ۹] اور ﴿إِذَا نَادَیْتُمْ إِلَی الصَّلاَۃِ﴾ [المائدۃ ۵۸] سوم: وہ مسائل ہیں جو صرف حدیثوں میں ہیں وہ نہ تو قرآن سے مستنبط ہوسکتے ہیں اور نہ بعد میں قرآن میں ان کا ذکر آیا، جیسے شاربِ خمر کی حد کا مسئلہ۔ قرآن کی کسی آیت سے مستنبط نہیں کیا جاسکتا، اسی طرح خاندانِ نبوت پر اور ان کے موالی پر زکوٰۃ حرام ہے یہ مسئلہ بھی صرف حدیثوں میں ہے، قرآن میں اس کا کوئی تذکرہ نہیں۔

دوسری بات: نبی ﷺ اور آپؐ کے خاندان کے لئے زکوٰۃ کی حرمت تین وجوہ سے ہے:

پہلی وجہ: مسلم شریف میں حدیث ہے کہ صدقات لوگوں کا میل ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۲۳) پس وہ آپؐ کے اور آپؐ کے خاندان کے لائق نہیں۔ اور وہ میل اس طرح ہیں کہ ان سے صدقہ کرنے والوں کے گناہ معاف ہوتے ہیں ان کے ذریعہ بلائیں دفع ہوتی ہیں۔ اور وہ لوگوں کی بلاؤں کا فدیہ (عوض) بن جاتے ہیں۔ اس لئے وہ ملأ اعلی کو بلائیں محسوس ہوتے ہیں جیسے آگ کا ایک وجود خارجی ہے جو وجود حقیقی ہے اس لئے وہ جلاتی ہے اور جب ہم آگ کا تصور کرتے ہیں تو ذہن میں بھی وہی خارج میں پائی جانے والی آگ آتی ہے۔ اسی طرح جب ہم منہ سے لفظ آگ بولتے ہیں یا کاغذ پر لفظ آگ لکھتے ہیں تو بھی اس آگ کا تصور آتا ہے یہ اس آگ کا وجو دِشبہی (مثل اور مانند وجود) ہے اس لئے آثار نہیں پائے جاتے۔ ذہن زبان اور کاغذ جل نہیں جاتے۔ اسی طرح ملأ اعلی کے احساسات میں صدقات بلائیں نظر آتے ہیں۔ یہ صدقات کا وجود شبہی ہے۔ چنانچہ ملأ اعلی زکاتوں میں تاریکی کا ادراک کرتے ہیں پھر یہ علم ملأ سافل پر اترتا ہے اور انسانوں میں جو صاحبِ کشف ہیں وہ بھی اس ظلمت کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اور نبی ﷺ چونکہ اربابِ مکاشفہ کے سردار ہیں اس لئے آپ پر ان اموال کی ظلمت منکشف ہوئی۔ اس لئے آپؐ نے صدقات کو اپنے لئے اور اپنے خاندان کے لئے حرام کر دیا، پس دوسرے باہمت لوگوں کو بھی حتی الامکان زکوٰۃ سے پرہیز کرنا چاہئے۔

دوسری وجہ: جو مال کسی چیز کے عوض میں لیا جاتا ہے یعنی خرید وفروخت کے ذریعہ حاصل کیا جاتا ہے یا کسی منفعت کے عوض میں ملتا ہے یعنی ملازمت یا اجارہ کے طور پر حاصل ہوتا ہے، اس میں تو کوئی خبث نہیں ہوتا، کیونکہ وہ ہماری چیز یا ہمارے نفع کا عوض ہے، پس کمائی کرنے کے بہترین ذرائع یہی ہیں اسی طرح جو ہدیہ ملتا ہے وہ بھی طیب ہے کیونکہ اس میں مودت ومحبت اور عزت واحترام کا جذبہ کارفرما ہوتا ہے، مگر ان کے علاوہ جو مال حاصل ہوتا ہے یعنی خیرات کے طور پر ملتا ہے اس کے لینے میں ذلت واہانت ہے۔ اور دینے والے کی لینے والے پر برتری اور احسان کا پہلو بھی ہے۔ حدیث میں ہے کہ: ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۴۲) اس حدیث میں اسی برتری اور احسان کے پہلو کی طرف اشارہ ہے۔ اس لئے مال حاصل کرنے کا یہ طریقہ بدترین ذریعۂ معاش ہے۔ یہ پیشہ نہایت پاکیزہ لوگوں کے لائق نہیں۔ نہ ان لوگوں کے شایانِ شان ہے جن کو ملت میں نہایت اہم مقام حاصل ہے۔ یعنی یہ مال خاندانِ نبوت کے لئے سزاوار نہیں۔

تیسری وجہ: اگر آپؐ اپنی ذات کے لئے زکوٰۃ لیتے یا اپنے خاندان کے لئے جائز قرار دیتے جن کا فائدہ آپؐ ہی کا فائدہ ہے تو اندیشہ تھا کہ بدگمانی کرنے والے آپؐ کی شان میں نازیبا بات کہتے، وہ طعن کرتے کہ اپنی عیش کوشی کے لئے لوگوں پر ٹیکس لگایا ہے اس لئے آپؐ نے اس دروازہ کو بالکلیہ بند کر دیا۔ اور صاف اعلان کر دیا کہ زکوٰۃ کی منفعت لوگوں ہی کی طرف لوٹنے والی ہے۔ فرمایا: **تُؤْخَذُ مِنْ أَغنیائهم وترد علی فقرائهم**۔ یعنی زکوٰۃ ان کے

مالداروں سے لی جائے گی اوران کے فقیروں کولوٹادی جائے گی،یعنی زکوۃ کا یہ نظام فقراء پرمہربانی،مساکین پرنوازش، حاجت مندوں کی خوش حالی،اوران کوفلاکت سے بچانے کے لئے قائم کیا گیا ہے۔اس میں آپؐ کا اورآپ کے خاندان کا کچھ حصہ نہیں (ملخص رحمۃ اللہ الواسعہ ۴:۷۷)

تیسری بات: نبی ﷺ کے خاندان کے غریبوں کے لئے شریعت نے متبادل یہ تجویز کیا ہے کہ غنیمت کے خمس (پانچویں حصہ) میں ذوی القربی کا حصہ رکھا ہے۔لیکن اب جبکہ غنیمتیں نہیں رہیں تو کیا آپؐ کے خاندان کے غریبوں کوزکوۃ دی جاسکتی ہے؟ قدیم سے یہ مسئلہ اختلافی ہے۔میرے استاذ اور **دارالعلوم دیوبند** کے صدر مفتی سید مہدی حسن صاحب شاہ جہانپوری قدس سرہ سادات میں سے تھے،ان کے پاس لکھا ہوانسب نامہ موجود تھا اورآپ کا سلسلۂ نسب پیرانِ پیر حضرت شاہ عبدالقادر صاحب جیلانی قدس سرہٗ تک پہنچتا تھا،یعنی وہ قادری سادات میں سے تھے۔ حضرت مفتی صاحب یہ فتوی دیا کرتے تھے کہ فی زمانہ سادات کوزکوۃ دینا جائز ہے کیونکہ شریعت نے جومتبادل تجویز کیا تھا وہ باقی نہیں رہا۔مگر عام طور پر مفتیانِ کرام یہ فتوی دینے کی ہمت نہیں کرتے، کہتے ہیں:مفتی صاحب قدس سرہ توسادات میں سے تھے وہ اپنے لوگوں کے بارے میں جوچاہیں فتوی دیں ان کوحق تھا،ہمیں یہ حق نہیں۔پس سادات بھی اپنی زکوۃ سادات کونہیں دے سکتے،دوسروں کودیں۔درمختار میں ہے:**والهاشمي يجوز له دفع زكاته لمثله صوابه: لايجوز (بحر)**

سوال: جب شریعت نے جومتبادل تجویز کیا تھا وہ باقی نہیں رہااور جواز کا فتوی دینے کی مفتیانِ کرام میں ہمت نہیں توسادات کا کیا ہوگا؟ان میں جوغریب ہیں ان کا مسئلہ کیسے حل ہوگا؟

جواب: سادات دوقسم کے ہیں۔ایک:وہ جن کے پاس کوئی نسب نامہ نہیں۔بس اتنی بات ہے کہ وہ سید کہلاتے ہیں اورنوے فیصد سادات ایسے ہی ہیں یہ اصلی سادات نہیں۔ان کوزکوۃ دے سکتے ہیں۔رہ گئے اصلی سادات یعنی جن کے پاس صحیح نسب نامہ موجود ہے ان کوزکوۃ نہیں دینی چاہئے،مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے خالص مال سے ان کی مدد کریں، نبی ﷺ کا ہم پر یہ حق ہے کہ ہم آپؐ کے خاندان کی خبر گیری کریں لیکن اگران کوزکوۃ دی جائے توزکوۃ ادا ہوجائے گی اوران کے لئے لینا بھی جائز ہے،کیونکہ اب لوگ زکوۃ نکال دیں یہی غنیمت ہے،دوسرا مال خرچ کرنے والے بہت کم ہیں۔

چوتھی بات: نبی ﷺ کے چوتھے والد عبد مناف ہیں۔ان کے چارلڑکے تھے:ہاشم،مطلب،نوفل اورعبدشمس۔ پھرہاشم کے چارلڑکے تھے۔ان میں سے سوائے عبدالمطلب کے سب کا سلسلہ نسب منقطع ہوگیا۔اورعبدالمطلب کے بارہ لڑکے تھے۔ان کی اولاد میں سے سب کوزکوۃ دی جاسکتی ہے اگروہ غریب ہوں،صرف پانچ خاندانوں کے لئے زکوۃ حلال نہیں:(۱) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد کے لئے (۲) حارث بن عبدالمطلب کی تمام اولاد کے

لئے۔ اور ابو طالب کی اولاد میں سے تین خاندانوں کے لئے: (۳) حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد کے لئے (۴) حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد کے لئے (۵) حضرت عقیل رضی اللہ عنہ کی تمام اولاد کے لئے۔

اور نبی ﷺ کی نرینہ اولاد سن بلوغ کو نہیں پہنچی اس لئے خود آپ ﷺ کی اولاد اور اولاد در اولاد کا سلسلہ تو نہیں ہے۔ البتہ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کی اولاد آپؐ کی اولاد ہے اور یہی آلِ رسول اور خاندانِ رسول کہلاتا ہے۔ اور لوگ صرف انہی حضرات کے لئے زکوٰۃ کی حرمت جانتے ہیں۔ حالانکہ آج بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دوسری اولاد اور حضرت عباسؓ کی بے شمار اولاد موجود ہے۔ ان سب پر زکوٰۃ حرام تھی، مگر اب ان کی پہچان ہی باقی نہیں رہی، پس یہ بھی ایک وجہ ہے جواز کی کہ سادات کو اب زکوٰۃ دینا جائز ہے۔

حدیث (۱): بہز بن حکیم کے دادا کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کے پاس کوئی چیز لائی جاتی تو آپؐ (لانے والے سے) پوچھتے: یہ صدقہ ہے یا ہدیہ؟ اگر وہ کہتا کہ صدقہ ہے تو آپ اس کو نہیں کھاتے تھے (اصحابِ صفہ کے پاس بھیج دیتے تھے) اور اگر وہ کہتا کہ ہدیہ ہے تو (اصحاب صفہ کو بلا لیتے اور ان کے ساتھ خود بھی) کھاتے۔

تشریح: متفق علیہ حدیث ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ کسی جگہ سے گذر رہے تھے آپؐ نے راستہ میں ایک کھجور پڑی دیکھی آپؐ نے فرمایا: ''اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ وہ صدقہ کی کھجور ہوگی تو میں اس کو کھا لیتا'' (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۲۱) یعنی راستہ میں کھانے کی کوئی چیز پڑی ملے تو اٹھا کر کھا لینا چاہئے ورنہ ضائع ہو جائے گی۔ اسی طرح متفق علیہ حدیث میں ہے کہ مسجد نبوی میں صدقہ کی کھجوریں رکھی ہوئیں تھیں۔ حضرت حسن آئے اور انھوں نے ایک کھجور منہ میں رکھ لی آپؐ نے فرمایا: کَخْ کَخْ تھوتھو، پھر فرمایا: ''جان لو کہ آلِ رسول کے لئے صدقہ حرام ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۲۲)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے بنو مخزوم کی طرف ایک آدمی صدقہ وصول کرنے کے لئے بھیجا اس نے ابو رافع رضی اللہ عنہ (آنحضور ﷺ کے آزاد کردہ) سے کہا: آپ بھی میرے ساتھ چلیں جو ملے گا بانٹ لیں گے۔ ابو رافع نے کہا: جب تک میں رسول اللہ ﷺ سے پوچھ نہ لوں نہیں چل سکتا۔ وہ نبی ﷺ کے پاس گئے اور آپؐ سے معلوم کیا آپؐ نے فرمایا: ''ہمارے خاندان کے لئے صدقہ حرام ہے، اور آزاد کردہ: خاندان میں شمار ہوتا ہے''

تشریح: عاملین کو یعنی زکوٰۃ وصول کرنے والوں کو اور زکوٰۃ تقسیم کرنے والوں کو تنخواہ زکوٰۃ کے مال میں سے دی جاتی ہے اور ان کے لئے لینا بھی جائز ہے، اگرچہ وہ مالدار ہوں، مگر آنحضور ﷺ نے اپنے خاندان کے لئے اس کی بھی گنجائش نہیں چھوڑی۔

[۲۵] بابُ ماجاء فی کراھیۃ الصدقۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم، وأھل بیتہ، وموالیہ

[۶۴۹-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا مَكِّيُّ بنُ إبراهيمَ، ويُوسُفُ بنُ يَعْقُوْبَ الضُّبَعِيُّ، قالا: نا بَهْزُ بنُ حكيمٍ،

عن أبیهِ، عن جَدِّہ، قال: کانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم إذا أُتِیَ بِشَیْئٍ سَأَلَ أَصدَقَةٌ هِیَ أَمْ هَدِیَّةٌ؟ فإن قَالُوْا: صَدَقَةٌ لَمْ یَأْکُلْ، وإنْ قَالُوْا: هَدِیَّةٌ أَکَلَ.

وفی الباب: عن سَلْمَانَ، وأبی هریرةَ، وأنسٍ، والحَسَنِ بنِ علیٍّ، وأبی عَمِیْرَةَ جَدِّ مُعَرِّفِ بنِ وَاصِلٍ واسْمُهُ رُشَیْدُ بنُ مَالِكٍ، ومَیْمُوْنَ بنِ مِهْرَانَ، وابنِ عباسٍ، وعبدِ اللّٰہِ بنِ عَمْرٍو، وأبی رَافِعٍ، وعبدِ الرحمنِ بنِ عَلْقَمَةَ، وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ أیضاً عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَلْقَمَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی عَقِیْلٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وَجَدُّ بَهْزِ بْنِ حَکِیْمٍ: اسْمُهُ مُعَاوِیَةُ بنُ حَیْدَةَ القُشَیْرِیُّ، قال أبو عیسی: حدیثُ بَهْزِبنِ حکیمٍ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[۶۵۰-] حدثنا محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن الحَکَمِ، عن ابنِ أبی رَافِعٍ، عن أبی رَافِعٍ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم بَعَثَ رَجُلاً مِنْ بَنِیْ مَخْزُوْمٍ علی الصَّدَقَةِ، فقالَ لِأَبِی رَافِعٍ: اصْحَبْنِیْ کَیْمَا تُصیبُ مِنْهَا، فقال: لا حَتَّی آتِیَ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم فَأَسْأَلَهُ، وانْطَلَقَ إلی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فَسَأَلَهُ فقال:" إِنَّ الصَّدَقَةَ لاتَحِلُّ لَنَا، وإِنَّ مَوَالِیَ القَوْمِ مِنْ أَنْفُسِهِمْ"

قال: وهذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وأبو رافعٍ مَوْلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: اسْمُهُ أَسْلَمُ، وابنُ أبی رَافِعٍ: هُوَ عُبَیْدُ اللّٰہِ بنُ أبی رَافِعٍ کَاتِبُ علیِّ بنِ أبی طَالِبٍ.

وضاحت: بُنْدار: محمد بن بشار کا لقب ہے .... بہز بن حکیم کے دادا کا نام حضرت معاویہ بن حیدہ قشیریؓ ہے .... قوله: اصحبنی إلخ ترجمہ: ساتھ چلیں آپ میرے تا کہ پہنچیں آپ صدقہ میں سے یعنی جو عمالہ ملے گا اس میں سے آپ کو بھی دونگا .... حضرت ابورافع کا نام اسلم ہے اور ان کے صاحبزادے کا نام عبید اللہ ہے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سکریٹری تھے۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّدَقَةِ عَلَی ذِی الْقَرَابَةِ

رشتہ داروں کو خیرات دینے کا بیان

دو قسم کے رشتہ داروں کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔ ایک: وہ جن کے ساتھ ولادت کا تعلق ہے۔ یعنی اصول: باپ دادا، دادی اوپر تک، اسی طرح ماں، نانا، نانی اوپر تک اور فروع یعنی بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، نواسہ، نواسی، نیچے تک۔ دوسرے:

وہ جن سے نکاح کا تعلق ہے یعنی میاں بیوی ایک دوسرے کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔ان دورشتوں کے علاوہ تمام رشتہ داروں کو اگر وہ غریب ہوں زکوٰۃ دینا جائز ہے۔لہٰذا بھائی بہن کو ان کی اولاد کو، چچا، پھوپی، ماموں، خالہ وغیرہ سب کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔اور نہ صرف جائز ہے بلکہ اس میں دوگنا ثواب ہے۔ایک زکوٰۃ دینے کا دوسرا: صلہ رحمی کا، یعنی خاندان کو جوڑنے کا اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کا۔مگر عام طور پر لوگوں کے ذہنوں میں یہ بات بیٹھ گئی ہے کہ اپنے لوگوں کو دینے میں کیا ثواب؟ اس لئے وہ دور کی جگہوں میں اور اجنبیوں پر شوق سے خرچ کرتے ہیں۔غیر علاقہ کی مسجد یا مدرسہ ہو تو شوق سے چندہ دیں گے، اجنبی کی بلاتکلف مدد کریں گے، مگر اپنے گاؤں کی مسجد اور مدرسہ کو چندہ دینے میں اور رشتہ داروں کی مدد کرنے میں ان پر بوجھ پڑتا ہے۔یہ مزاج ٹھیک نہیں۔رشتہ داروں کا اور گاؤں کی مسجد ومدرسہ کا حق مقدم ہے۔پس چندہ دینے میں اور مدد کرنے میں ان کو مقدم رکھنا چاہئے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی روزہ کھولے تو چاہئے کہ کھجور سے روزہ کھولے، اس لئے کہ اس میں برکت ہے اور اگر کھجور میسر نہ ہو تو پانی سے روزہ کھولے، پس پانی صفائی کا آلہ ہے'' اور فرمایا: ''مسکین پر خیرات: صدقہ ہے (یعنی اس کا ایک ثواب ہے) اور رشتہ دار پر خرچ کرنے میں دو ثواب ہیں: صدقہ کا اور صلہ رحمی کا''

تشریح: بھوکے پیٹ میٹھی چیز کھانا معدہ کو تقویت پہنچاتا ہے اور عرب میں چونکہ کھجور أیسر الموجودات تھی پھر کھجور کے فوائد بھی بہت ہیں اس لئے حدیث میں کھجور سے روزہ کھولنے کا حکم ہے۔اور خالی پیٹ پانی پینا قبض کو توڑتا ہے جو قبض کا دائمی مریض ہے اگر وہ روزانہ صبح نہار منہ پیٹ بھر کر پانی پیئے تو قبض ٹوٹ جائے گا۔اور حضرت تھانوی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے کہ کھانے سے پہلے ٹھنڈا پانی پینا بھوک کو بڑھاتا ہے (حدیث کا دوسرا ٹکڑا باب سے متعلق ہے اس کی وضاحت پہلے آچکی ہے)

مذکورہ حدیث محمد بن سیرین کی بہن حفصہ بنت سیرین: رَباب سے جن کی کنیتیں: ام الرائح اور ابنۃ صُلیع ہیں روایت کرتی ہیں۔چنانچہ ابن عیینہ، ثوری، ابن عون اور ہشام بن حسان نے اپنی سندوں میں رباب کا ذکر کیا ہے۔مگر شعبہ رباب کا ذکر نہیں کرتے۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے جمہور کی حدیث کو جس میں رباب کا ذکر ہے اصح قرار دیا ہے اور حضرت کا یہ فیصلہ صحیح ہے۔انھوں نے اپنے مزاج کے مطابق فیصلہ کیا ہے، یعنی سند کے نازل ہونے کی وجہ سے یہ فیصلہ کیا ہے مگر اتفاق سے یہی فیصلہ صحیح ہے۔

[۲۶] بابُ ماجاء فی الصدقة علی ذی القرابة

[۶۵۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عَاصِمٍ، عن حَفْصَةَ بِنْتِ سِیْرِیْنَ، عن الرَّبَابِ، عن

عمِّهَا سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، يَبْلُغُ بِهِ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال:" إِذَا أَفْطَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ على تَمْرٍ، فَإِنَّهُ بَرَكَةٌ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ تَمْرًا فَالْمَاءُ فَإِنَّهُ طَهُوْرٌ" وقال:" الصَّدَقَةُ على المِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ، وهِیَ على ذِیْ الرَّحِمِ، ثِنْتَانِ: صَدَقَةٌ وصِلَةٌ"

وفی الباب: عن زَيْنَبَ امْرَأَةِ عبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وجابرٍ، وأبی هريرةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ حديثٌ حسنٌ. والرَّبَابُ: هِیَ أُمُّ الرَّائِحِ ابْنَةُ صُلَيْعٍ. وهٰكَذَا رَوَى سُفيانُ الثوریُّ عن عَاصِمٍ، عن حَفْصَةَ بنتِ سِيْرِينَ، عن الرَّبَابِ، عن عَمِّهَا سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ هذا الحديثِ.

ورَوَى شُعْبَةُ، عن عَاصِمٍ، عن حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عن سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ الرَّبَابِ.

وحديثُ سُفْيانَ الثَّوْرِیِّ وابنِ عُيَيْنَةَ أَصَحُّ، وهكذا رَوَى ابنُ عَوْنٍ، وهِشَامُ بنُ حَسَّانَ، عن حَفْصَةَ بنتِ سِيْرِيْنَ، عن الرَّبَابِ، عن سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ.

نوٹ: یہ حدیث اور سند کی بحث آگے کتاب الصوم میں بھی آئے گی۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ فی المالِ حَقًّا سِوَى الزَّكَاةِ

مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کا حق ہے

پہلے یہ باب آیا ہے کہ مال میں اللہ تعالیٰ کا حق صرف زکوٰۃ ہے، اور اس باب میں اس کے خلاف حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا:" مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کا حق ہے" پھر آپؐ نے سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۷۷) پڑھی: ﴿وآتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّائِلِيْنَ وَفِی الرِّقَابِ، وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ﴾ ترجمہ: اور مال دیا اس کی محبت میں رشتہ داروں کو اور یتیموں کو، اور محتاجوں کو اور مسافروں کو اور مانگنے والوں کو، اور گردنیں چھڑانے میں اور اہتمام کیا اس نے نماز کا اور دی اس نے زکوٰۃ۔ اس آیت سے نبی ﷺ نے یہ مسئلہ اس طرح مستنبط کیا ہے کہ رشتہ داروں اور مسکینوں وغیرہ پر خرچ کرنے کا جو حکم ہے وہ زکوٰۃ کے علاوہ ہے، کیونکہ زکوٰۃ کا تذکرہ بعد میں آرہا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ کا حق ہے۔

اور علماء نے فرمایا ہے کہ مال میں زکوٰۃ کے علاوہ جو اللہ کا حق ہے، شریعت نے اس کی تفصیلات بیان نہیں کیں۔ یہ مسئلہ لوگوں کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے، لوگ خود سوچیں کہ کن موقعوں پر خرچ کرنا چاہئے۔ البتہ نبی ﷺ نے بطور مثال چند اشارے کئے ہیں، مثلاً فرمایا:" اگر پڑوسی بھوکا سوئے تو تم مسلمان نہیں" یا فرمایا:" سائل کو خالی ہاتھ نہ

لوٹاؤ'' اور اس قسم کے ارشادات میں غور کرنے سے راہیں کھولیں گی، جیسے: ملت کے کاموں میں خرچ کرنا۔ اگر مسلمان ملت کے کاموں میں خرچ نہیں کریں گے تو دین کی گاڑی کیسے چلے گی؟ تمام غیر اسلامی حکومتوں میں مسلمان آباد ہیں ان کے لئے مدرسے مسجدیں، مکتب ناگزیر ہیں، اگر وہ وہاں مدرسے اور مسجدیں نہیں بنائیں گے تو ان کے اور ان کی نسل کے دین کا کیا ہوگا؟ اور یہ کام مسلمانوں کو از خود کرنا ہے۔ حکومتوں سے امید رکھنا فضول ہے۔ جو اسلامی حکومتیں ہیں وہ بھی مدرسوں اور مکتبوں پر خرچ نہیں کرتیں پھر غیر مسلم حکومتیں مدرسے اور مسجدیں بنا کر کیسے دیں گی؟ یہ کام مسلمانوں کو اپنی پونجی سے کرنا ہے، اس کے علاوہ اور بھی بہت سے قومی کام ہیں، جن میں خرچ کرنا ضروری ہے۔ غرض مال میں ایک تو فریضہ ہے اور وہ زکوٰۃ ہے، اور اس کے علاوہ مال میں جو اللہ تعالیٰ کا حق ہے وہ ثانوی درجہ کا حق ہے۔ مگر وہ نرا نفلی حکم بھی نہیں ہے۔ اس لئے کہ نفلی احکام میں اس قسم کی وعید نہیں سنائی جاتی کہ پڑوسی بھوکا سوئے تو آدمی مسلمان نہیں۔ معلوم ہوا کہ زکوٰۃ کے علاوہ جو حقوق ہیں وہ فرض اور نفل کے درمیان ہیں، اور اس کے لئے کوئی اصول اور ضابطہ نہیں، لوگوں کو خود ہی مصارف تلاش کرنے ہیں اور ان میں خرچ کرنا ہے۔

[۲۷] بابُ ماجاء أن فی المال حَقًّا سوی الزکاۃ

[۶۵۲-] حدثنا محمدُ بنُ مَدُّوْیَۃَ، نا الأَسْوَدُ بنُ عَامِرٍ، عن شَرِیكٍ، عن أبی حَمْزَۃَ، عن الشَّعْبِیِّ، عن فَاطِمَۃَ ابْنَۃِ قَیْسٍ، قالتْ: سَأَلْتُ أَوْ: سُئِلَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ الزَّکَاۃِ، فقال: '' إِنَّ فی المالِ لَحقًّا سِوَی الزَّکَاۃِ'' ثُمَّ تَلاَ هٰذِهِ الآیَۃَ الَّتِیْ فی البَقَرَۃِ: ﴿لَیْسَ الْبِرُّ أَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَکُمْ﴾ الآیۃَ.

[۶۵۳-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، نا محمدُ بنُ الطُّفَیْلِ، عن شَرِیكٍ، عن أبی حَمْزَۃَ، عن عَامِرٍ، عن فَاطِمَۃَ بِنْتِ قَیْسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قال: '' إِنَّ فی المالِ حَقًّا سِوَی الزَّکَاۃِ''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ إِسْنَادُهُ لَیْسَ بِذَاكَ، وأبو حَمْزَۃَ مَیْمُوْنُ الأَعْوَرُ یُضَعَّفُ، وَرَوَی بَیَانٌ، وإسماعیلُ بنُ سَالِمٍ عن الشَّعْبِیِّ هذا الحدیثَ قَوْلَهُ وَهٰذَا أَصَحُّ.

وضاحت: الآیۃ: کی تقدیر ہے: اقرأ الآیۃَ بتمامها یعنی پوری آیت پڑھو، جہاں بھی الآیۃ لکھا ہو وہاں پوری آیت پڑھنی چاہئے، لیکن لوگ الآیۃَ ہی پڑھتے ہیں۔ اور یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ یہ شریک کی روایت ہے جو کثیر الخطاء ہیں، اور ان کے استاذ ابو حمزۃ میمون الاعور اچھے راوی نہیں۔ اور صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع نہیں۔ عامر شعبی کا قول ہے۔ چنانچہ بیان بن بشر اور اسماعیل بن سالم نے اس کو شعبی رحمہ اللہ کا قول روایت کیا ہے (مگر یہ مضمون ایسا نہیں کہ کوئی تابعی اپنے اجتہاد سے بیان کرے لامحالہ اس کو حدیث مرفوع تسلیم کرنا پڑے گا اگرچہ ضعیف سہی!)

بابُ ماجاءَ فِيْ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

خیرات کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آدمی ستھرے مال میں سے جو بھی خیرات کرتا ہے — اور اللہ تعالیٰ ستھرا مال ہی قبول فرماتے ہیں (یہ جملہ معترضہ ہے) — مگر اس خیرات کو مہربان اللہ اپنے دائیں ہاتھ میں لیتے ہیں، پھر اگر وہ خیرات ایک چھوہارا ہوتی ہے تو وہ مہربان اللہ کی ہتھیلی میں (تدریجاً) بڑھتی ہے، یہاں تک کہ وہ پہاڑ سے بڑی ہو جاتی ہے، جس طرح تم میں سے ایک اپنے گھوڑے یا اونٹ کے بچہ کی پرورش کرتا ہے (اور اس کو بڑا کرتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ خیرات کو بڑا کرتے ہیں)

تشریح:

۱- صدقہ کا طیب ہونا ضروری ہے، حسًّا بھی اور معنًا بھی۔ حسًّا طیب ہونا یہ ہے کہ وہ چیز کسی لائق ہو۔ سالن سڑ گیا اس لئے غریب کو دیدیا یہ ٹھیک نہیں، کیونکہ جو چیز ہم نہیں کھا سکتے دوسرا اُسے کیسے کھائے گا؟ اور معنوی طیب ہونا یہ ہے کہ صدقہ حلال مال سے ہو حرام مال سے نہ ہو۔ اور قبول کے کتاب کے شروع میں دو معنی گذرے ہیں: ایک: قبول بمعنی صحت، دوسرے: قبول بمعنی رِضا (پسندیدگی) یہاں دوسرے معنی مراد ہیں۔ اس لئے کہ اگر کسی کے پاس حرام مال ہے تو اس سے پیچھا چھڑانا ضروری ہے، اور پیچھا چھڑانے کی صورت یہ ہے کہ ثواب کی نیت کے بغیر وہ مال غریب کو دیدیا جائے۔ معلوم ہوا کہ حرام مال کا بھی صدقہ ہوتا ہے مگر اس میں ثواب کی نیت جائز نہیں، اور نہ اس صدقہ کا ثواب ملتا ہے۔ اور یہاں چونکہ ثواب مذکور ہے اس لئے یہ قبول بمعنی رضا ہے۔

۲- اور دائیں ہاتھ میں لینے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس خیرات کو خوشی سے قبول کرتے ہیں، اور صفتِ رحمٰن میں اس طرف اشارہ ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ بندوں پر مہربان ہیں اس لئے ان کی خیرات کو رائگاں نہیں جانے دیتے بلکہ قبولیت سے نوازتے ہیں۔

اور جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں کوئی بایاں نہیں، اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے دونوں ہاتھوں میں قوت ہے انسان کے دائیں ہاتھ میں قوت اور بائیں ہاتھ میں ضعف ہوتا ہے، اللہ میں ایسا نہیں اس لئے کہ وہ عیوب سے پاک ہیں۔

۳- اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں صدقہ تدریجاً بڑھتا ہے، یک بیک پہاڑ سے بڑا نہیں ہو جاتا۔ یہ بات نبی ﷺ نے ایک مثال سے سمجھائی ہے: جس طرح آدمی گھوڑی اور اونٹنی کے بچہ کی پرورش کرتا ہے، اور مسلسل اس کی نگہبانی کرتا ہے،

حوادثات سے بچاتا ہے تا آنکہ وہ رفتہ رفتہ گھوڑا اور اونٹ بن جاتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بندوں کی خیرات کی حفاظت کرتے ہیں اور ایک چھوہارا بھی تدریجاً پہاڑ سے بڑا ہو جاتا ہے، اور انسان گھوڑی اور اونٹنی کے بچوں کو اپنے فائدے کے لئے پالتا ہے، تاکہ وہ باربرداری اور سواری کے قابل ہو جائیں یا اچھی قیمت سے فروخت ہوں۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ بندوں کے فائدے کے لئے صدقہ کو اپنی ہتھیلی میں بڑا کرتے ہیں پس قربان جایئے ان کی مہربانی کے!

سوال: جب صدقات رحمٰن کے ہاتھ میں تدریجاً بڑھتے ہیں تو آدم علیہ السلام کی امت نے جو خیراتیں کی ہیں ان میں اور نبی ﷺ کی امت کے آخری افراد جو خیراتیں کریں گے ان میں بڑا تفاوت ہوگا؟ اور یہ آخری امت گھاٹے میں رہے گی؟

جواب: کبھی کھاد اور بیج کی تاثیر سے بعد میں بوئی ہوئی کھیتی جلدی تیار ہو جاتی ہے اور وہ پہلے بوئی ہوئی کھیتی کے ساتھ کاٹنے کے قابل ہو جاتی ہے، یہاں بھی ایسا ہی سمجھنا چاہئے ان شاء اللہ یہ امت گھاٹے میں نہیں رہے گی، سرخ رو ہوگی۔

نوٹ: گھوڑی کے بچہ کے لئے دو لفظ ہیں: (۱) فَلُوٌّ: اس کی جمع أَفلاء ہے جیسے عَدُوٌّ کی جمع أعداء (۲) مُهْرٌ: اس کی جمع أَمْهار وغیرہ آتی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: رمضان کے بعد کونسے مہینے کے روزے زیادہ فضیلت والے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''شعبان کے روزے جو رمضان کی تعظیم (تیاری) کے لئے رکھے جائیں'' سائل نے پوچھا: پس کونسی خیرات افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''رمضان میں صدقہ کرنا''

تشریح: مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ رمضان کے بعد سب سے زیادہ فضیلت والے روزے محرم کے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۲۰۳۹) اور اس حدیث میں شعبان کے روزوں کو افضل قرار دیا ہے۔ اس تعارض کے دو جواب ہیں:

پہلا جواب: یہ حدیث صدقۃ بن موسیٰ کی وجہ سے ضعیف ہے اور محرم کے روزوں کی فضیلت والی حدیث حسن صحیح ہے۔ پس تعارض کے وقت اصح ما فی الباب کو لیا جائے گا۔

دوسرا جواب: محرم کے روزوں کی فضیلت مطلقاً ہے اور شعبان کے روزوں کی فضیلت تعظیم رمضان کی قید کے ساتھ ہے۔ یعنی شعبان کے انہی روزوں کے لئے فضیلت ہے جو رمضان کی تیاری کے لئے رکھے جائیں۔ اور محرم کے روزوں کے لئے کوئی قید نہیں، وہ مطلقاً افضل ہیں۔

اور رمضان کی تعظیم (تیاری) کے لئے شعبان میں روزے رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ جب بھی کوئی عبادت شروع کی جاتی ہے تو وہ شروع میں بس یونہی سا عمل ہوتا ہے، پھر تھوڑی عبادت ہو جانے کے بعد انوار محسوس ہونے لگتے ہیں اور عبادت میں مزہ آنا شروع ہو جاتا ہے۔ رمضان میں ہر شخص کو اس کا تجربہ ہوگا۔ شروع میں روزے بس رکھے جاتے

ہیں، پھر ہفتہ کے بعد مزہ آنے لگتا ہے اور رمضان کے آخر میں تو یہ حال ہوجاتا ہے کہ آدمی چاہتا ہے کہ روزے ختم ہی نہ ہوں، اسی لئے یکم شوال (عیدالفطر) کا روزہ حرام کیا گیا تاکہ فرض روزوں میں لوگ اضافہ نہ کریں۔ پس اگر شعبان میں کچھ روزے رکھ لئے جائیں تو رمضان کے روزے شروع ہی سے پُر لطف ہوجائیں گے، یہی مطلب ہے تعظیم (تیاری) کا۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صدقہ اللہ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بری موت کو دفع کرتا ہے''

تشریح: اس حدیث میں صدقہ کی دو خاصیتیں بیان کی گئی ہیں۔ ایک: یہ کہ اگر بندے کی کسی لغزش یا معصیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا غضب اس کی طرف متوجہ ہو تو صدقہ اس غضب کو ٹھنڈا کردیتا ہے اور بندہ بجائے اللہ کے غضب اور ناراضگی کے اس کی رضا اور رحمت کا مستحق بن جاتا ہے۔ اور دوسری خاصیت یہ ہے کہ صدقہ آدمی کو بُری موت سے بچاتا ہے یعنی صدقہ کی برکت سے اس کا خاتمہ اچھا ہوتا ہے اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ صدقہ اس طرح کی موت سے بچاتا ہے جس کو دنیا میں بری موت سمجھا جاتا ہے کہ مرنے کے بعد ہر آدمی اس پر پھٹکار بھیجے۔ لوگ سخی داتا کو روتے ہیں اور عرصہ تک یاد رکھتے ہیں، اس کا ذکر خیر کرتے ہیں اور دعائیں دیتے ہیں یہ اچھی موت ہے۔

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ صدقے کو قبول کرتے ہیں اور اس کو اپنے دائیں ہاتھ میں لیتے ہیں، پس تم میں سے ہر ایک کے لئے اس صدقہ کو بڑھاتے ہیں جس طرح تم میں سے ہر ایک اپنی گھوڑی کے بچہ کی پرورش کرتا ہے یہاں تک کہ ایک لقمہ اُحد پہاڑ کے برابر ہوجاتا ہے۔ اور قرآن کی یہ آیات اس کی تصدیق کرتی ہیں: ''اللہ وہ ہیں جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتے ہیں اور صدقات کو لیتے ہیں'' [التوبة ۱۰۴] اور ''اللہ سود کو مٹاتے ہیں اور صدقات کی پرورش کرتے ہیں'' [البقرة ۲۷۶] پہلی آیت سے رحمٰن کا صدقہ کو دائیں ہاتھ میں لینا ثابت ہوا اور دوسری آیت سے اس کی پرورش کرنا معلوم ہوا۔

نوٹ: پہلی آیت پاک ترمذی میں غلط چھپی ہوئی ہے اس میں واو اور الذی نہیں ہے۔

[۲۸] بابُ ماجاء فی فضل الصدقة

[٦٥٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن سَعِيْدِ المَقْبُرِيِّ، عن سَعيدِ بنِ يَسَارٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبا هريرةَ، يقولُ: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' مَا تَصَدَّقَ أَحَدٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ طَيِّبٍ – ولَايَقْبَلُ اللّٰهُ إِلَّا الطَّيِّبَ – إلا أَخَذَهَا الرَّحْمٰنُ بِيَمِيْنِهِ، وإِنْ كَانَتْ تَمْرَةً تَرْبُوْ فی كَفِّ الرحمنِ حتَّى تَكُوْنَ أَعْظَمَ مِنَ الجَبَلِ، كَمَا يُرَبِّىْ أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ أَوْ فَصِيْلَهُ''

وفی الباب: عن عائشةَ،وعَدِيِّ بنِ حاتِمٍ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ أبی أَوْفَی، وحَارِثَةَ،

وَوَهْبٍ، وعبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وبُرَيْدَةَ. قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٦٥٥-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا موسَىٰ بنُ إسماعيلَ، نا صَدَقَةُ بنُ موسى، عن ثَابِتٍ، عن أنسٍ، قال: سُئِلَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم: أَىُّ الصَّوْمِ أَفْضَلُ بَعْدَ رَمَضَانَ؟ قال:" شَعْبَانُ لِتَعْظِيْمِ رَمَضَانَ" قال: فَأَىُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قال:" الصَّدَقَةُ فِىْ رَمَضَانَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، وصَدَقَةُ بنُ موسى لَيْسَ عِندَهم بذاكَ القَوِىِّ.

[٦٥٦-] حدثنا عُقْبَةُ بنُ مُكْرَمٍ البَصْرِىُّ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ عيسىٰ الخَزَّازُ، عن يُوْنُسَ بن عُبَيْدٍ، عن الحَسَنِ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِىءُ غَضَبَ الرَّبِّ، وتَدْفَعُ مِيْتَةَ السُّوْءِ"

قال: هذا حديثٌ غريبٌ مِن هذا الوجْهِ.

[٦٥٧-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ محمدُ بنُ العَلَاءِ، نا وَكيعٌ، نا عَبَّادُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا القاسِمُ بنُ محمدٍ، قال: سمعتُ أبا هريرةَ، يقولُ: قال: رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ وَيَأْخُذُهَا بِيَمِيْنِهِ، فَيُرَبِّيْهَا لِأَحَدِكُمْ كَمَا يُرَبِّىْ أَحَدُكُمْ مُهْرَهُ، حتَّى إِنَّ اللُّقْمَةَ لَتَصِيْرُ مِثْلَ أُحُدٍ، وتَصْدِيْقُ ذٰلِكَ فى كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ:﴿ أَلَمْ يَعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ﴾ و﴿يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبَا وَيُرْبِى الصَّدَقَاتِ﴾

قال هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِىَ عن عائشةَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم نحوُ هذا.

وضاحت: حدیث (٦٥٦) غریب بمعنی ضعیف ہے، کیونکہ سند کا ایک راوی عبداللہ بن عیسیٰ خزّاز ابوخلف ضعیف ہے۔اور یہ حدیث ابن حبان نے بھی اپنی صحیح (۵:۱۳۱) میں اسی سند سے روایت کی ہے........ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی حدیث (٦٥٧) کی طرح مروی ہے جس کی تخریج طبرانی ابن حبان وغیرہ نے کی ہے (در منثور ۱:۳٦۵)

صفاتِ متشابہات کی بحث

جاننا چاہئے کہ قرآن میں دوقسم کی آیات ہیں: محکم اور متشابہ۔محکم: وہ آیات ہیں جن کی مراد اس شخص پر واضح ہے جو عربی زبان اچھی طرح جانتا ہے۔اور متشابہ: وہ آیات ہیں جن کی مراد ایسے شخص پر واضح نہیں۔پہلی قسم کی آیات کو اللہ تعالیٰ نے سورۂ آل عمران (آیت ۷) میں ام الکتاب کہا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ تعلیماتِ اسلامیہ کا اصل سرچشمہ

یہی آیات ہیں۔ کیونکہ ان کے معانی اور مفاہیم اشتباہ والتباس سے پاک ہیں، اور متشابہات کی مراد صرف اللہ تعالیٰ کو معلوم ہے۔ اپنی رائے سے کھینچ تان کر کے ان کے کوئی معنی متعین کرنا صحیح نہیں۔ ارشاد پاک ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتَابَ تا أُوْلُوْا الْأَلْبَاب﴾ ترجمہ: اللہ تعالیٰ ایسے ہیں جنھوں نے تم پر کتاب نازل کی جس کا ایک حصہ وہ آیات ہیں جو اشتباہِ مراد سے پاک ہیں اور وہی آیتیں اس کتاب کا مدار علیہ ہیں اور دوسری آیتیں وہ ہیں جو مشتبہ المراد ہیں۔ پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے وہ اس کے اسی حصہ کے پیچھے پڑتے ہیں جو مشتبہ المراد ہے، شورش ڈھونڈھنے کی غرض سے اور اس کا مطلب ڈھونڈھنے کی غرض سے، حالانکہ ان کی صحیح مراد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور جو لوگ علم میں پختہ کار ہیں وہ کہتے ہیں: ہم اس پر یقین رکھتے ہیں، یہ سب آیتیں ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو عقلمند ہیں۔ اس آیت میں خاص مضمون یہ ہے کہ جن کے دلوں میں روگ ہے وہ محکم آیات سے آنکھیں بند کر کے متشابہات کی کھود کرید میں لگے رہتے ہیں، اور ان سے اپنی خواہش کے مطابق معانی گھڑ کر لوگوں کو مغالطے میں ڈالتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے بارے میں قرآن وحدیث میں سخت وعید آئی ہے۔ صدیقہؓ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو متشابہات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں تو تم ان سے دور رہو، کیونکہ یہی وہ لوگ ہیں جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے (قرآن میں) کیا ہے (بخاری حدیث ۴۵۴۷) اور جو لوگ سلیم الفطرت ہیں وہ متشابہات کے بارے میں زیادہ تفتیش نہیں کرتے، بلکہ اجمالاً ان پر ایمان لاتے ہیں کہ یہ بھی اللہ ہی کا برحق کلام ہے۔

اور راسخین فی العلم کی تفسیر میں متعدد اقوال ہیں۔ راجح قول یہ ہے کہ ان سے مراد اہل السنۃ والجماعۃ ہیں، وہ قرآنی تعلیمات کی محور اور مرکزی آیات کو یعنی محکمات کو مانتے ہیں، اور متشابہات کو جن کے معانی ان کے فہم وادراک سے باہر ہیں ان پر اپنی کوتاہ نظری اور قصور علمی کا اعتراف کرتے ہوئے ایمان لاتے ہیں اور حقیقی مراد کو اللہ کے حوالے کرتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفات از قبیل متشابہات ہیں، اور ان کے تعلق سے چند باتیں عرض ہیں:

پہلی بات: صفاتِ متشابہات کے بارے میں سلف کا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے یعنی باری تعالیٰ کے لئے صفات کو اتباعاً للنصوص ثابت مانا جائے، لیکن اس کے معنی مرادی اور اس کی کیفیت کے بارے میں توقف وسکوت کیا جائے۔ ان میں غور وخوض نہ کیا جائے، اور خلف کا مذہب تنزیہ مع التاویل ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ الفاظ کا ظاہری مفہوم مراد نہیں کیونکہ وہ تشبیہ (مخلوق کے مانند ہونے) کو مستلزم ہے، اور درجہ احتمال میں ان کے ایسے معنی بیان کئے جائیں جو اللہ تعالیٰ کے شایانِ شان ہیں، اور خلف نے تنزیہ مع التاویل کی راہ اس لئے اختیار کی ہے کہ بیمار ذہن کو مطمئن کیا جائے اور فلسفیانہ اذہان کو قابو میں لایا جائے، ورنہ وہ اللہ کی صفات کے بارے میں گمراہی میں مبتلا

ہوجائیں گے۔

سلف وخلف میں امتیاز: جب سے علم کلام کی تدوین ہوئی اور اشعری اور ماتریدی مکاتبِ فکر وجود میں آئے اس وقت سے خلف کا دور شروع ہوتا ہے اور اس سے پہلے سلف کا زمانہ تھا۔ جب یونان کا فلسفہ عربی میں منتقل ہوا اور اس کی وجہ سے مسلمانوں کے عقائد میں تزلزل آیا تو ان کی تردید کے لئے یہ دو مکاتب فکر وجود میں آئے۔ اشعری مکتب فکر کے روح رواں حضرت ابوالحسن علی بن اسماعیل ہیں۔ ۲۶۰ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے اور ۳۲۴ھ میں وفات پائی۔ آپ ابوموسیٰ اشعریؓ کی اولاد میں سے ہیں، اس لئے اشعری کہلاتے ہیں۔ اور ماتریدی مکتب فکر کے سرخیل ابومنصور محمد بن محمد بن محمود ماتریدی (متوفی ۳۳۳ھ) ہیں، ماترید: سمرقند کا ایک محلّہ ہے۔

دوسری بات: شیخ ابومنصور ماتریدیؒ فقہی مسلک کے لحاظ سے حنفی تھے اور شیخ ابوالحسن اشعری شافعی تھے۔ چنانچہ علم کلام میں شوافع زیادہ تر اشعری ہیں اور احناف عموماً ماتریدی ہیں (بعض اشعری بھی ہیں جیسے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ حنفی تھے، مگر علم کلام میں اشعری ہیں) اور مالکیہ میں کچھ اشعری اور کچھ ماتریدی ہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ سے فقہ میں تو حنبلیت چلی ہے اور علم کلام میں سلفیت۔ ابتداء میں دونوں مسلکوں کو حنبلی کہتے تھے پھر بعد میں فرق کرنے کے لئے فقہ میں امام احمدؒ کے مقلدین کو حنبلی اور علم کلام میں آپ کے مقلدین کو ''سلفی'' کہنے لگے۔

پھر جب علماء دیوبند کا دور آیا تو انھوں نے سلف وخلف اور اشاعرہ وماتریدیہ کا جھگڑا ختم کردیا۔ انھوں نے نصاب میں دو کتابیں شامل کیں: ایک: عقیدۃ الطحاوی۔ یہ کتاب سلف کے مسلک کی ترجمانی کرتی ہے، دوسری: شرح عقائد نسفی۔ اس کا متن: **العقائد النسفیة**: نجم الدین ابوحفص عمر بن محمد النسفی (۴۶۱-۵۳۷ھ) کا ہے جو ماتریدی تھے اور شارح علامہ سعدالدین تفتازانی (۷۲۲یا۷۱۲-۷۹۱یا۷۹۲یا۷۹۳ھ) ہیں جو اشعری تھے۔ غرض دارالعلوم دیوبند کے نصاب میں جامعیت ہے اور اکابرین دیوبند کے نزدیک اصل مذہب سلف کا ہے اور بیمار اذہان کو گمراہی سے بچانے کے لئے اور بے پینڈے کے لوٹوں کو ٹھہرانے کے لئے صفات کی ایسی تاویل جائز ہے جو اللہ کے شایانِ شان ہو۔

جاننا چاہئے کہ ہندوستان اور عرب کے سب غیر مقلدین علم کلام میں اشعری تھے، اور علم فقہ میں ظاہری (یہ ایک مستقل فقہ ہے جیسے جعفری اور زیدی فقہ) لیکن اب انھوں نے فقہ ظاہری پر سلفیت کا لیبل چسپاں کرکے لوگوں کو دھوکے میں ڈالنا شروع کیا ہے۔ حالانکہ سلفیت امام احمدؒ سے چلنے والا علم کلام کا ایک مسلک ہے، اس کا ظاہریت سے دور کا بھی تعلق نہیں۔

جاننا چاہئے کہ فقہ میں چار ہی مکاتب فکر برحق ہیں۔ حنفیت، شافعیت، مالکیت اور حنبلیت یہی اہل السنہ والجماعۃ کے فقہی مکاتب فکر ہیں۔ ان کے علاوہ ظاہریت، جعفریت اور زیدیت وغیرہ تمام فقہی مکاتب فکر گمراہی ہیں۔ کیونکہ وہ

گمراہ فرقوں کی فقہیں ہیں اور علم کلام میں تین ہی مکاتب فکر برحق ہیں: سلفیت، اشعریت اور ماتریدیت، کیونکہ یہی تین اہل السنہ والجماعۃ سے تعلق رکھتے ہیں۔ دیگر بہتّر فرقے گمراہ ہیں۔ پھر جب دونوں لائنوں سے آدمی حق پر ہو تو وہ برحق ہے۔ فقہ میں چار میں سے کسی ایک کی پیروی کرے اور علم کلام میں تین میں سے کسی ایک کی تو وہ حق پر ہے اور دونوں لائنوں سے ہٹا ہوا ہو جیسے معتزلہ اور خوارج اور شیعہ وغیرہ تو وہ قطعاً گمراہ ہیں۔ اور ایک لائن سے ہٹا ہوا ہو جیسے فقہ میں حنفی ہو مگر علم کلام میں معتزلی ہو جیسے جار اللہ زمخشری: وہ کریلا نیم چڑھا ہے۔ غیر مقلدین اگر علم کلام میں سلفی ہوں تو بھی گمراہ ہیں کیونکہ فقہ میں وہ ظاہری ہیں۔ مگر وہ دنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکتے ہیں اور اپنے اوپر سلفیت کا لیبل لگا کر اپنا اہل حق میں شامل ہونا باور کراتے ہیں پس لوگوں کو ان کے دھوکہ سے ہوشیار رہنا چاہئے۔

تیسری بات: اب سلفی بھی حد سے گذر گئے ہیں اور خلفی بھی اپنی ڈگر پر نہیں رہے، اور حق درمیان میں ہے۔ سلفی اللہ تعالیٰ کے لئے مخلوق جیسی صفات ماننے لگے ہیں اور تنزیہ کا پہلو ان کے ذہنوں سے اوجھل ہو گیا ہے۔ ابن بطوطہ نے اپنے سفر نامے (۱:۵۷) میں یہ قصہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ وہ دمشق کی جامع مسجد میں جمعہ پڑھنے کے لئے گئے، نماز کے بعد ایک صاحب نے وعظ کہنا شروع کیا۔ دورانِ وعظ انھوں نے یہ حدیث بیان کی کہ اللہ تعالیٰ رات کے آخری پہر میں سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں۔ کسی نے پوچھا: اللہ تعالیٰ کیسے نزول فرماتے ہیں؟ وہ صاحب ممبر سے نیچے اترے اور کہا: ینزل کنزولی هذا یعنی باری تعالیٰ میرے اس اترنے کی طرح اترتے ہیں لوگوں نے اس کی خوب پٹائی کی، ابن بطوطہ کہتا ہے میں نے لوگوں سے پوچھا یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا کہ ابن تیمیہ ہے۔ محققین نے اس واقعہ کو تاریخی اعتبار سے غلط قرار دیا ہے، کیونکہ اسی جلد کے ص ۵۰ پر تصریح ہے کہ ابن بطوطہ ۹ رمضان ۷۲۶ھ میں دمشق پہنچا تھا اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ شعبان ۷۲۶ھ کے اوائل ہی میں دمشق کے قلعے میں قید کر دیئے گئے تھے، اور اسی قید کی حالت میں ۲۰ ذی قعدہ ۷۲۸ھ میں ان کی وفات ہوگئی تھی مگر اس اعتراض کا یہ جواب ہو سکتا ہے کہ وہ اگر حقیقی ابن تیمیہ نہیں تو ان کے نظریات کا حامل کوئی ہے، اس لئے اس کو ابن تیمیہ کہہ دیا گیا ہے، جیسے جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والا ہر شخص مودودی کہلاتا ہے، کیونکہ وہ مودودی کے نظریات کا حامل ہے۔ یہ ابن تیمیہ بھی اسی طرح کا ہو سکتا ہے یعنی وہ ابن تیمی ہے اگرچہ ابن تیمیہ نہیں اور حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہٗ سے میں نے سر میں تیل ڈالتے ہوئے پوچھا تھا کہ ابن تیمیہ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ حضرتؒ نے فرمایا: مولوی صاحب! وہ حدیث میں تو ہے کھلاڑی اور علم کلام میں ہے اناڑی! غرض سلفیوں نے صفاتِ خداوندی کی ایسی وضاحتیں کی ہیں کہ تنزیہ کا پہلو بالکل ختم ہو گیا ہے، حالانکہ سلف کا مذہب تنزیہ مع التفویض ہے۔

دوسری طرف خلف کا کیا حال ہے وہ بھی سن لیں۔ ایک بڑے عالم نے یہ واقعہ سنایا کہ وہ ایک مرتبہ حج کے لئے گئے، امام حرم سے ملاقات ہوئی، رسمی تعارف کے بعد امام حرم نے پوچھا: أین اللہ؟ اللہ کہاں ہیں؟ وہ عالم خاموش

رہے، کوئی جواب نہ دیا، میں نے ان سے کہا: آپ نے فی السماء کیوں نہ کہا؟ نبی ﷺ نے ایک باندی سے یہی سوال کیا تھا تو اس نے فی السماء کہا تھا۔ اور سورۃ الملک میں دوجگہ آیا ہے: ﴿ءَ أَمِنْتُمْ مَنْ فِيْ السَّمَاءِ﴾ یعنی کیا تم اس ہستی سے بے خوف ہو گئے جو آسمان میں ہے مجھے اس واقعہ سے یہ بتانا ہے کہ سلفیوں کو أین اللہ؟ کا جواب فی السماء ہی چاہئے کوئی دوسرا جواب وہ تسلیم نہیں کریں گے، کیونکہ وہ اس حدیث سے اللہ کے لئے تقریباً مکانیت ثابت کرتے ہیں جبکہ حدیث میں صفتِ علو کا بیان ہے، اور کون ہے جو اللہ کے لئے صفتِ علو (بلندی) ثابت نہیں کرتا؟ قرآن میں ہے: ﴿وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْر﴾ اور خلف تاویل کرتے ہوئے اتنے آگے نکل گئے ہیں کہ گویا تاویل ہی اصل ہے، حالانکہ صحیح بات بیچ میں ہے۔ اصل مذہب تنزیہ مع التفویض ہے اور بیمار ذہنوں کے لئے تاویل بھی جائز ہے مگر مبدأ کا ثبوت ماننا ضروری ہے اگر صفات سمع وبصر ونزول وغیرہ کے مبدأ کو مانے بغیر تاویل کی جائے تو وہ بھی گمراہی ہے (یہ مضمون تفصیل سے حجۃ اللہ البالغہ میں صفات پر ایمان لانے کے بیان میں ہے)

امام ترمذی کا تسامح: اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ سے یہاں تسامح ہوا ہے، انھوں نے اہل السنہ والجماعۃ میں سے خلف کا جو مذہب ہے یعنی تنزیہ مع التاویل اس کو فرقۂ جہمیہ کی طرف منسوب کیا ہے —— فرقۂ جہمیہ کا بانی جہم بن صفوان ترمذی ہے جو امام ترمذی کا ہم وطن تھا۔ مگر وہ امام ترمذی سے بہت مقدم ہے۔ سن ۱۲۸ھ میں ایک جنگ میں مارا گیا ہے —— جہمیہ اور معتزلہ دونوں صفات باری کے منکر ہیں مگر وہ راست انکار نہیں کرتے اگر وہ ایسا کریں تو مسلمان ان کے منہ پر تھوکیں، اس لئے کہ اللہ کی صفات قرآن میں آئی ہیں ان کا کوئی انکار کیسے کرسکتا ہے؟ بلکہ وہ کہتے ہیں: صفات عینِ ذات ہیں، یعنی صفات بذاتِ خود کچھ نہیں، اس کی نظیر: غیر مقلدین اجماع کا انکار کرتے ہیں اور ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا کے طور پر کہتے ہیں: ہم قطعی اجماع کو مانتے ہیں، ظنی اجماع کو حجت نہیں مانتے۔ تو کیا اجماع کا تذکرہ قرآن میں ہوگا؟ اس کے قطعی ہونے کی اور کیا صورت ہے؟ اور جب اخبار آحاد جو ظنی ہیں حجت ہیں تو اجماع ظنی کیوں حجت نہیں؟ غرض جہمیہ اور معتزلہ صفات کو عین ذات کہہ کر ان کا انکار کرتے ہیں، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر اللہ کی صفات ہونگی تو تعدد آلہہ لازم آئے گا کیونکہ جس طرح اللہ خدا ہیں، ان کی صفات بھی خدا ہونگی، پس چند خدا ہوئے جو باطل ہے۔ علاوہ ازیں اللہ کا مخلوق کے مشابہ ہونا لازم آئے گا، کیونکہ ان کا سننا، دیکھنا ہمارے سننے دیکھنے ہی کی طرح ہوگا درانحالیکہ اللہ تعالیٰ مخلوق کی مشابہت سے پاک ہیں۔ ان کے ان خیالات کے جوابات علم الکلام کی کتابوں میں موجود ہیں، اور حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ اگر یوں کہا جائے کہ لَهُ يدٌ مثلُ يدٍيا له يدٌ كَيَدٍ تو تشبیہ ہے لیکن اگر کہا جائے: له يدٌ اور له سمعٌ تو یہ تشبیہ نہیں صرف صفات کا اثبات ہے۔ اور دوسرا جواب یہ ہے کہ سورۃ شوری (آیت ۱۱) میں ہے: ﴿ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾ اس آیت میں پہلے یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ اللہ کے مانند کوئی چیز نہیں، پھر صفات سمع وبصر کو ثابت کیا

ہے۔پس اگر اب بھی کوئی گمان کرے کہ اللہ تعالیٰ مخلوق کی طرح سمیع وبصیر ہیں تو وہ پاگل ہے اور یہی بات اللہ تعالیٰ کی جملہ صفات کے تعلق سے ہے۔

آخری بات: جس طرح اللہ کی ذات کی معرفت ضروری ہے ان کی صفات کی معرفت بھی ضروری ہے۔صفات کی معرفت کے بغیر بندوں کا کام چلنے والا نہیں۔مثلاً اگر بندہ یہ نہ جانتا ہو کہ رزاق صرف اللہ تعالیٰ ہیں تو وہ ہر اس کو جس سے اس کی حاجت پوری ہوگی رزاق سمجھے گا، بندہ صرف اللہ کا اسی وقت ہوکر رہ سکتا ہے جب اُسے اللہ کی صفتِ رزاقیت کی معرفت ہو،اور یہی حال تمام صفات کا ہے اس لئے نبی ﷺ نے اللہ کی صفات میں سے اہم ترین ننانوے صفات امت کو تعلیم فرمائیں اور حکم دیا کہ ان کا احصاء (احاطہ) کیا جائے، ان کو یاد کیا جائے، اور ان کی حقیقتیں اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کی جائے، مثلاً جب بندے کو اللہ کی صفتِ رحمٰن ورحیم کی معرفت ہوگی تو وہ خود بھی مہربانی کرے گا۔جب اسے معلوم ہوگا کہ اللہ عَفُوٌّ غفورٌ ہیں تو وہ خود بھی درگذر کرے گا۔غرض بندوں کی تربیت اور ان کے قوی ادراکیہ (دل ودماغ) پر اللہ کا پوری طرح تسلط اور غلبہ اسی وقت ہوگا جب ان کو صفاتِ الٰہیہ کی معرفت حاصل ہوگی، اس کے بغیر یہ دولت حاصل ہونا ممکن نہیں، اس لئے قرآن وحدیث نے صفاتِ الٰہیہ کے بیان کا خاص اہتمام کیا ہے اور مخلوق کے ساتھ مشابہت پیدا نہ ہو اس کے لئے قاعدہ سمجھایا ہے کہ لیس کمثله شیئ: اس کے مانند کوئی چیز نہیں یعنی ان کی صفات ان کے شایانِ شان ہیں مخلوق کی صفات جیسی نہیں۔

فائدہ: بندوں کی صفات کے لئے جو الفاظ ہیں انہی الفاظ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات بیان فرمائی ہیں۔اور ایسا بندوں کی مصلحت کے لئے کیا ہے، اس لئے کہ اگر صفاتِ خداوندی بیان کرنے کے لئے نئے الفاظ استعمال کئے جاتے تو وہ بندوں کی گرفت سے باہر رہ جاتے۔اور صفات کا بیان ضروری تھا۔اس لئے بندوں کی صفات کے لئے جو الفاظ تھے وہ مستعار لئے ہیں اور چونکہ ان الفاظ کا موضوع لہ بندوں کی صفات ہیں اس لئے ان لفظوں سے اللہ کی صفات کی تمام حقیقت سمجھنا ممکن نہیں۔

وقد قالَ غيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ العلمِ فى هذا الحديثِ، وما يُشْبِهُ هذا مِنَ الرِّوَايَاتِ مِنَ الصِّفَاتِ ونُزُوْلِ الرَّبِّ تبَارَكَ وتعالَى كُلَّ لَيْلَةٍ إِلى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، قالُوْا: قَدْ ثَبَتَتِ الرِّوَايَاتُ فِيْ هٰذا، ويُؤْمَنُ بِهَا، وَلاَ يُتَوَهَّمُ وَلاَ يُقَالُ: كَيْفَ؟

هٰكَذَا رُوِىَ عن مالكِ بنِ أنسٍ، وسُفيانَ بنِ عُيَيْنَةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ المباركِ، أَنَّهُمْ قَالُوْا فى هذه الأحاديثِ: "أَمِرُّوْهَا بِلاَ كَيْفٍ" وهٰكَذَا قَوْلُ أهلِ العلمِ مِن أهلِ السُّنَّةِ والْجَمَاعَةِ.

وأما الجَهْمِيَّةُ فَأَنْكَرَتْ هذهِ الرِّوَايَاتِ، وقالوا: هذا تَشْبِيْهٌ، وقَدْ ذَكَرَ اللّٰهُ تبَارَكَ وتَعَالٰى فى غَيْرِ

مَوْضِعٍ مِنْ كِتَابِهِ الْيَدَ والسَّمْعَ وَالْبَصَرَ، فَتَأَوَّلَتِ الْجَهْمِيَّةُ هذِهِ الآياتِ، وفَسَّرُوْهَا على غَيْرِ مَا فَسَّرَ أهلُ العلمِ، وَقَالُوْا: إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَخْلُقْ آدَمَ بِيَدِهِ، وقالوا: إِنَّمَا مَعْنَى الْيَدِ الْقُوَّةُ.

وقال إسحاقُ بنُ إبراهيمَ: إِنَّمَا يَكُوْنُ التَّشْبِيْهُ إذا قال: يَدٌ كَيَدٍ أو مِثْلُ يَدٍ، أو سَمْعٌ كَسَمْعٍ أَوْ مِثْلُ سَمْعٍ، فإذا قالَ سَمْعٌ كَسَمْعٍ أَوْ مِثْلُ سَمْعٍ، فهذا تَشْبِيهٌ، وأما إذا قال كما قالَ اللّٰهُ: يَدٌ وسَمْعٌ وبَصَرٌ، ولا يقولُ: كَيْفَ؟ ولايَقُوْلُ: مَثْلُ سَمْعٍ، ولا كَسَمْعٍ، فهذا لايَكُوْنُ تَشْبِيْهًا، وهُوَ كَمَا قالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وتعالى في كتابِهِ ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ﴾

ترجمہ: اور متعدد علماء نے اس حدیث کے بارے میں اور اس سے ملتی جلتی حدیثوں کے بارے میں جن میں صفات کا ذکر ہے اور اللہ تعالیٰ کا ہر رات سمائے دنیا پر اترنا مذکور ہے، ان کے بارے میں کہا ہے کہ یہ حدیثیں ثابت ہیں (مصری نسخہ میں ثبتت ہے اور وہ زیادہ اچھا اور واضح ہے) ان پر ایمان لایا جائے، اور وہم نہ کیا جائے اور کیف سے سوال نہ کیا جائے (یعنی ان صفات کی ماہیت دریافت نہ کی جائے سلف کا یہی مذہب ہے) اسی طرح مالک وسفیان بن عیینہ اور ابن المبارک سے مروی ہے۔ وہ سب کہتے ہیں: ان احادیث کو چلاؤ کیف کے بغیر اور یہی اہل السنہ والجمعۃ کے علماء کا قول ہے ـــــ رہے جہمیہ تو انھوں نے ان روایتوں کا انکار کیا وہ کہتے ہیں: یہ تشبیہ ہے (یعنی اللہ کا بندوں کے مشابہ ہونا لازم آتا ہے) حالانکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن میں متعدد جگہ ہاتھ، سمع اور بصر کا تذکرہ کیا ہے، پس جہمیہ نے ان آیات کی تاویل کی، اور ان کی تفسیر کی اس کے علاوہ جو علماء نے کی ہے، اور کہا: اللہ نے آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھ سے پیدا نہیں کیا، اور انھوں نے کہا: ہاتھ کے معنی قوت ہی کے ہیں۔

اور اسحاق بن راہویہ نے فرمایا: تشبیہ اسی وقت ہوگی جب کہا جائے: یدٌ کَیَدٍ یا یدٌ مثلُ یدٍ (ہاتھ جیسا ہاتھ) یا سمعٌ کسمعٍ یا مثل سمع (سننے جیسا سننا) پس اگر اللہ فرماتے: سمعٌ کسمعٍ یا سمعٌ مثلُ سمعٍ تو یہ تشبیہ ہوتی، مگر جب کوئی کہے جیسا اللہ نے فرمایا ہے: یدٌ، سمعٌ، بصرٌ (یعنی اللہ کے لئے یہ صفات ثابت کرے) اور نہ کہے: کیسی؟ اور نہ کہے: مثل سمع اور نہ کسمع تو یہ تشبیہ نہیں۔ اور وہ ایسا ہے جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اللہ کے مانند کوئی چیز نہیں۔ اور وہ سمیع وبصیر ہیں''

بابُ ماجاءَ فی حَقِّ السَّائِلِ

سائل کے حق کا بیان

حدیث: أُمِّ بُجَیْد نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: میرے دروازے پر مسکین کھڑا ہوتا ہے اور میں اس کو دینے کے لئے اپنے پاس کچھ نہیں پاتی، یعنی ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر دینے کے لئے کچھ بھی نہ ہو

سوائے سینکے ہوئے کھر کے تو وہی اس کے ہاتھ میں دو‘‘

تشریح: بکری وغیرہ کے پائے گرم پانی میں ابال کر یا آگ میں سینک کر اس کے کھر اور بال نکال دیتے ہیں پھر رکھ لیتے ہیں اور دس پندرہ دن کے بعد جب گوشت ختم ہو جاتا ہے تو ان کو کھاتے ہیں۔ یہ سینکے ہوئے کھر نہایت معمولی چیز ہیں۔ اگر سائل کو دینے کے لئے اور کچھ نہ ہو تو وہی کھر اُسے دیئے جائیں مگر خالی ہاتھ نہ لوٹایا جائے۔ مگر اس حکم سے پیشہ ور گداگر مستثنیٰ ہیں، اس کی نظیر: سلام کا جواب دینا واجب ہے، مگر فقہ میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ سائل کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں اس لئے کہ اس کا سلام بھی سوال ہے، مگر پیشہ ور فقیر کو بھی جھڑکنا نہیں چاہئے۔ دینا نہ ہو تو خوبصورت طریقہ سے ٹال دے۔ ارشاد پاک: ﴿أَمَّا السَّائِلَ فَلاَ تَنْهَرْ﴾ میں وہ بھی شامل ہے۔

اور حدیث میں دوسرا حکم یہ ہے کہ خیرات احترام کے ساتھ فقیر کے ہاتھ میں دی جائے، بیٹھے ہوئے روپیہ دھیلا پھینکنا کہ لے! یہ بری بات ہے، آدمی کو سوچنا چاہئے کہ اس کا برعکس معاملہ بھی ہوسکتا ہے، سائل دوکان پر بیٹھا ہو اور آپ جھولا لئے کھڑے ہوں ایسا بھی ہوسکتا ہے، پھر جب وہ آنے دو آنے آپ کی طرف پھینکے گا تو تو آپ پر کیا گذرے گی؟!

[۲۹] بابُ ماجاء فی حق السائل

[۶۵۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن سعيدِ بنِ أبی سَعِيْدٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ بُجَيْدٍ، عن جَدَّتِهِ أُمِّ بُجَيْدٍ، وكانتْ مِمَّنْ بَايَعَ النبیَّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّها قالتْ لِرسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ المِسْكِيْنَ لَيَقُوْمُ على بَابِی، فَمَا أَجِدُ لَهُ شَيْئًا أُعْطِيْهِ إِيَّاهُ، فقالَ لَهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ’’ إِنْ لَمْ تَجِدِیْ لَهُ شَيْئًا تُعْطِيْهِ إِيَّاهُ، إِلَّا ظِلْفًا مُحْرَقًا، فادْفَعِيْهِ إليه فی يَدِهِ‘‘

وفی الباب: عن علیٍّ، وحُسَيْنِ بنِ علیٍّ، وأبی هريرةَ، وأبی أُمَامَةَ. قال أبو عيسى: حديثُ أُمِّ بُجَيْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت ام بجید رضی اللہ عنہا کا نام حواء اور ان کے والد کا نام زید تھا۔ وہ انصاری خاتون ہیں۔ ان کا شمار بڑے درجہ کی صحابیات میں ہے۔ کیونکہ انھوں نے نبی ﷺ کے دستِ مبارک پر بیعتِ سلوک کر رکھی تھی۔

بابُ ماجاء فی إِعْطَاءِ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ

مؤلفۃ القلوب کو زکوۃ دینے کا بیان

سورۃ التوبہ (آیت ۶۰) میں زکوۃ کے آٹھ مصارف بیان کئے گئے ہیں ان میں سے ایک مصرف مؤلفۃ القلوب

بھی ہیں۔ مُؤلَّفة: اسم مفعول ہے اور قلوبُهم اس کا نائب فاعل ہے۔ یعنی وہ لوگ جن کے دل جوڑے گئے ہیں یہ مجاز ہے یعنی وہ لوگ جن کے دلوں کو ملی مفاد کے لئے مسلمانوں کے ساتھ جوڑنا مقصود ہے اس مقصد کی تحصیل کے لئے زکوٰۃ کی مد سے ان پر خرچ کیا جاسکتا ہے۔

مؤلفۃ القلوب کی چھ قسمیں ہیں: دو غیر مسلموں میں سے اور چار مسلمانوں میں سے، غیر مسلموں کی دو قسمیں یہ ہیں: (۱) وہ کفار جن سے کسی خیر کی امید ہو (۲) وہ کفار جن کے شر کا اندیشہ ہو۔ کفار کی ان دونوں قسموں کو زکوٰۃ کی مد میں سے دینا جائز تھا۔ اور مسلمانوں کی چار قسمیں یہ ہیں: (۱) کسی مسلمان قبیلے کے سردار کو مال دینے سے اس کے نظراء کے اسلام کی طرف مائل ہونے کی امید ہو تو اس سردار کو زکوٰۃ سے دینا جائز تھا تاکہ اس سے متاثر ہوکر کافر قبیلوں کے سردار بھی اپنے قبیلوں کے ساتھ اسلام قبول کریں (۲) وہ نو مسلم جو اسلام میں مذبذب ہے اس کو بھی زکوٰۃ میں سے دے سکتے ہیں تاکہ وہ اسلام میں مضبوط ہو جائے وہ اگرچہ مالدار ہو، زکوٰۃ میں سے اس کو دے سکتے ہیں۔ اور اگر نو مسلم غریب ہو تب تو وہ فقراء اور مساکین میں شامل ہے اور اس کو زکوٰۃ دینا غربت کی بنیاد پر جائز ہے (۳) اسلامی ملک کی سرحد پر رہنے والے مسلمان ان کو زکوٰۃ میں سے دیا جائے تاکہ وہ کفار کے ساتھ جنگ کریں (۴) قبائل اور علاقوں کے بااثر لوگوں کو بھی زکوٰۃ میں سے دینا جائز ہے تاکہ وہ اس طرف کی زکوتیں وصول کر کے بھیجیں یا فوج کی مدد کے لئے آدمی فراہم کریں۔

مذاہبِ فقہاء: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں مؤلفۃ القلوب کا حصہ موقوف کر دیا تھا۔ اور فرمایا تھا کہ اب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو شوکت اور غلبہ عطا فرمایا ہے اس لئے اب کفار کی دلجوئی کی ضرورت نہیں۔ اب وہ خود اسلام کے محتاج ہیں ——— اب امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مؤلفۃ القلوب کی چھؤں قسموں کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک آخری دو قسموں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے اور باقی چار قسموں کے بارے میں ان کے یہاں دو قول ہیں: دینے کا بھی اور نہ دینے کا بھی۔ پھر جن دو قسموں کا تعلق کفار سے ہے ان میں دینے کا قول راجح ہے اور مسلمانوں کی دو قسموں میں نہ دینے کا قول راجح ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب امام ترمذی رحمہ اللہ نے وہی بیان کیا ہے جو بڑے دو اماموں کا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ وہ امام احمد کی ایک روایت ہے اور ان کا راجح قول یہ ہے کہ چھؤں قسموں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے۔

اور جن ائمہ کے نزدیک مؤلفۃ القلوب کا حصہ موقوف ہوگیا ہے اصح قول کے مطابق ان کے نزدیک یہ مصرف منسوخ نہیں ہوا بلکہ وہ معلول بعلت ہے، کیونکہ نبی ﷺ کے بعد نسخ نہیں ہوسکتا۔ اور علت چونکہ ضعفِ اسلام تھی اس لئے جب یہ علت ختم ہوگئی تو مصرف بھی ختم ہوگیا، لیکن اگر قیامت سے پہلے کبھی علت لوٹ آئے جیسا کہ حدیث میں ہے: **بَدَأَ الإسلامُ غريبا وسَيَعود كما بَدَأ** یعنی اسلام کس مپرسی کی حالت میں شروع ہوا ہے اور آئندہ اس کا

وہی حال ہوجائے گا جو شروع میں تھا۔ پس اگر اسلام دور اول کی طرح کفار کی دلجوئی کا محتاج ہوجائے تو مؤلفۃ القلوب کا حصہ دوبارہ شروع ہوجائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ نے اپنی حیات میں زکوٰۃ کی مد سے مؤلفۃ القلوب کو دیا یا نہیں؟ اس سلسلہ میں کوئی روایت میرے علم میں نہیں۔ اور درحقیقت کسی روایت کی ضرورت بھی نہیں کیونکہ جب یہ مصرف قرآن میں ہے تو اب کسی اور ثبوت کی ضرورت نہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو روایت پیش کی ہے وہ مالِ غنیمت کے خمس میں سے دینے کی ہے، زکوٰۃ میں سے دینے کی نہیں ہے —— جب رسول اللہ ﷺ نے حنین کی غنیمتیں جِعْرَانَۃ میں تقسیم کیں تو مکہ کے ان سرداروں کو جو نئے مسلمان ہوئے تھے ان کو اسلام پر جمانے کے لئے اور جو مسلمان نہیں ہوئے تھے ان کو اسلام کی طرف راغب کرنے کے لئے، ان کو مال کی بڑی مقدار دی، صفوان بن امیہ بھی مکہ کے انہی سرداروں میں سے تھے اور ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے، آپؐ نے ان کو وقفہ وقفہ سے تین سو اونٹ دیئے چنانچہ وہ کہتے ہیں: میرے نزدیک حضور ﷺ کی ذات سے کوئی مبغوض ذات نہیں تھی لیکن جب آپؐ کی عنایات بار بار مجھ پر مبذول ہوئیں تو میرے نزدیک حضور ﷺ سے زیادہ محبوب کوئی ذات نہیں رہی۔ پس باب کی حدیث زکوٰۃ کی نظیر ہے اس طرح کہ جب غنیمت کے خمس سے مؤلفۃ القلوب کو دیا گیا تو زکوٰۃ میں سے بھی دیا جاسکتا ہے۔ کیونکہ دونوں کا مقصد کفار کی دلجوئی اور ملکی اور ملی مفاد ہے۔

[۳۰] بابُ ماجاء فی إعطاء المؤلّفةِ قلوبُهم

[۶۵۹-] حدثنا الحسنُ بنُ عليٍّ الخَلَّالُ، نا يَحيىَ بنُ آدَمَ، عنِ ابن المبارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عن صَفْوَانَ بنِ أُمَيَّةَ، قال: أَعْطَانِيْ رسولُ اللّٰه صلی اللہ عیہ وسلم يَوْمَ حُنَيْنٍ، وإِنَّهُ لَأَبْغَضُ الخَلْقِ إِلَيَّ، فَمَا زَالَ يُعْطِيْنِيْ حَتَّى إِنَّهُ لَأَحَبُّ الخَلْقِ إِلَيَّ.

قال أبو عيسى: حدثنی الحسنُ بنُ عليٍّ بهٰذا أو شِبْهِهِ، وفی الباب: عن أبی سعيدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ صَفْوَانَ رَوَاهُ مَعْمَرٌ وغَيْرُهُ عن الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ صَفْوَانَ بنَ أُمَيَّةَ قال: أَعْطَانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وكَأَنَّ هذا الحديثَ أَصَحُّ وَأَشْبَهُ، إِنَّمَا هُوَ سَعِيْدُ بنُ الْمُسَيَّبِ: أَنَّ صَفْوَانَ بنَ أُمَيةَ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی إِعْطَاءِ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ، فَرَأَى أكثرُ أهلِ العلمِ أَنْ لاَ يُعْطَوْا، وقالوا: إِنَّمَا كَانوا قَوْمًا على عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، كان يَتَأَلَّفُهُمْ على الإِسْلَامِ حَتَّى أَسْلَمُوْا، وَلَمْ يرَوْا أَنْ يُعْطَوُا اليَوْمَ مِنَ الزَّكَاةِ على مِثْلِ هذا المَعْنَى، وهو قولُ سفيانَ الثَّوْرِيِّ وأهلِ

الْكُوْفَةِ وغَيْرِهِمْ، وبه يقولُ أحمدُ وإسحاقُ.
وقال بَعْضُهُمْ: مَنْ كَانَ اليَوْمَ على مِثْلِ حالِ هَؤُلآءِ، ورَأَى الإِمَامُ أَنْ يَتَأَلَّفَهُمْ على الإسلامِ، فَأَعْطَاهُمْ جَازَ ذلك، وهو قَوْلُ الشَّافعيِّ.

ترجمہ اور وضاحت: صفوان بن امیہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ حنین کے موقع پر دیا درانحالیکہ آپؐ میرے نزدیک مخلوق میں سب سے زیادہ مبغوض تھے، پس آپؐ برابر مجھے دیتے رہے یہاں تک کہ آپ مخلوق میں سب سے زیادہ مجھے محبوب ہوگئے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میرے استاذ حسن بن علی خلال نے یہی یا اس کے مانند حدیث بیان کی (مصری نسخہ میں شبهه کے بعد في المذاكرة بھی ہے۔ یعنی استاذ نے یہ حدیث سبق میں بیان نہیں کی، بلکہ باہمی گفتگو میں بیان کی۔ سبق میں جو حدیث بیان کی جاتی ہے طلبہ اس کو لکھ لیتے ہیں، اور مذاکرہ میں جو بیان کی جاتی ہے وہ لکھی نہیں جاتی۔ اس لئے أو شبهه بڑھایا)

حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث کی دو سندیں ہیں۔ پہلی سند میں سعید بن المسیب حضرت صفوان سے روایت کرتے ہیں، یہ یونس بن یزید کی ابن شہاب سے روایت ہے، اور یہ اسناد صحیح نہیں۔ اور دوسری سند میں سعید بن المسیب حضرت صفوان کا واقعہ بیان کرتے ہیں ان سے روایت نہیں کرتے یہ معمر وغیرہ کی ابن شہاب سے روایت ہے اور یہ اسناد صحیح ہے یعنی حدیث مرسل ہے اس لئے کہ سعید بن المسیب کا حضرت صفوانؓ سے لقاوسماع نہیں۔

اور علماء کا مؤلفۃ القلوب کو دینے میں اختلاف ہے۔ اکثر علماء کہتے ہیں: ان کو نہیں دیا جائے گا۔ اور وہ کہتے ہیں: مؤلفۃ القلوب نبی ﷺ کے زمانہ میں ایسے لوگ تھے جن کی نبی ﷺ اسلام کے لئے تالیف قلب کیا کرتے تھے یہاں تک کہ وہ مسلمان ہوگئے اور وہ علماء آج اس علت کی وجہ سے مؤلفۃ القلوب کو دینا جائز نہیں سمجھتے۔ اور یہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ اور احمد واسحاق اسی کے قائل ہیں (یہ ایک روایت ہے ان کا مذہب نہیں) اور بعض علماء کہتے ہیں: اگر آج کے احوال دور اول کے احوال کے مانند ہوں اور امام ان کے دلوں کو اسلام کے ساتھ جوڑنے میں مصلحت سمجھے اور ان کو دے تو جائز ہے اور یہ امام شافعی کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ في المُتَصَدِّقِ يَرِثُ صَدَقَتَهُ

خیرات میراث میں ملے تو لینا جائز ہے

اگر کوئی شخص کسی رشتہ دار کو زکوۃ یا نفلی خیرات دے پھر اس کا انتقال ہوجائے اور وہ چیز جو صدقہ میں دی تھی بشکل میراث واپس ملے تو اُسے لینا جائز ہے۔ اور اس کا صدقہ کا ثواب باطل نہیں ہوگا۔ اور وجہ جواز یہ ہے کہ ملکیت کے

بدلنے سے احکام بدلتے ہیں، اور یہ قاعدہ حضرت بریرۃ کی حدیث سے جو متفق علیہ ہے بنایا گیا ہے۔ ان کو صدقہ میں گوشت ملا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر بریرۃؓ اس میں سے ہمیں دے گی تو وہ ہمارے لئے ہدیہ ہوگا (مشکوٰۃ حدیث ۱۸۵۲) اور اس مسئلہ پر ائمہ اربعہ کا اجماع ہے۔ اور بعض غیر مقلدین عدم جواز کے قائل ہیں، وہ کہتے ہیں: اگر صدقہ کیا ہوا مال وارثت میں واپس ملے تو وہ مال کسی دوسرے غریب کو دینا ضروری ہے، مگر اس کی کوئی دلیل نہیں اور باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔

حدیث: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر تھا کہ ایک عورت آئی، اس نے مسئلہ پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں نے اپنی ماں کو ایک باندی خیرات دی تھی (بظاہر یہ نفلی صدقہ تھا) اب ماں کا انتقال ہوگیا (اور وارثت میں وہ باندی مجھے واپس مل رہی ہے تو کیا میں اس کو لے سکتی ہوں؟) آپؐ نے فرمایا: ''تیرا ثواب ثابت ہو چکا (یعنی صدقہ باطل نہیں ہوا) اور تجھ پر میراث نے باندی کو لوٹا دیا'' (یعنی اس کو لینا جائز ہے کیونکہ ملک بدل گئی) اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میری ماں پر ایک مہینے کے روزے تھے، تو کیا میں اپنی ماں کی طرف سے روزے رکھ سکتی ہوں؟ (بخاری حدیث ۱۹۵۳ میں ہے کہ وہ نذر کے روزے تھے) آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنی ماں کی طرف سے روزے رکھو'' پھر اس نے پوچھا: یارسول اللہ! میری ماں نے حج نہیں کیا تھا تو کیا میں ان کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''تم اس کی طرف سے حج کرو''

تشریح: اس حدیث میں زیر بحث مسئلے کے علاوہ دو مسئلے اور بھی ہیں۔ ایک نیابت فی العبادت کا مسئلہ دوسرا: ایصال ثواب کا مسئلہ، ان کو سمجھنے کے لئے پہلے دو باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: عبادات کی تین قسمیں ہیں: بدنی محضہ جیسے نماز اور روزہ، مالی محضہ: جیسے زکوٰۃ، اور دونوں سے مرکب جیسے حج۔ تمام ائمہ متفق ہیں کہ عباداتِ بدنی میں نیابت جائز نہیں، یعنی کسی کا دوسرے کی طرف سے عبادتیں کرنا جائز نہیں، نہ حالت اختیار (زندگی) میں اور نہ حالت اضطرار (مرنے کے بعد) میں، ہر شخص کو عبادت بدنیہ خود کرنی ہے، اس لئے کہ اس میں مقصود اتعابِ نفس (اپنے آپ کو تھکانا) ہے، جو دوسرے کے عبادت کرنے سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ اور عبادات مالیہ میں نیابت جائز ہے، زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی۔ کیونکہ اس میں مقصود غریب تک مال پہنچانا ہے۔ خواہ آدمی خود پہنچائے یا نائب کے ذریعہ پہنچائے دونوں یکساں ہیں، اور جو عبادت بدن اور مال سے مرکب ہے اور ایسی عبادت صرف حج ہے، اس میں حالتِ اضطرار میں نیابت جائز ہے اور حالتِ اختیار میں جائز نہیں، یعنی اگر آدمی خود حج کرسکتا ہے تو حج بدل نہیں کراسکتا، اور بڑھاپے کی وجہ سے یا لنگڑا، لولا، اندھا اور اپاہج ہونے کی وجہ سے خود حج نہیں کرسکتا یا وہ مرگیا ہے تو اس کا حج بدل کرنا جائز ہے۔

دوسری بات: اگر میت پر حج فرض تھا اور اس نے حج بدل کی وصیت کی ہے اور تہائی ترکہ سے حج بدل کیا جاسکتا

ہے یا سب ورثاء عاقل بالغ ہیں اور وہ برضاء ورغبت تہائی ترکہ سے زیادہ سے حج بدل کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو زیادہ سے بھی کیا جاسکتا ہے اور یہ حج بدل میت کے حساب میں لے لیا جائے گا گویا اس نے خود حج کیا۔ اور اگر میت نے وصیت نہیں کی یا تہائی ترکہ حج بدل کے لئے کافی نہیں اور ورثاء تہائی سے زیادہ سے حج بدل کرنے کی اجازت نہیں دیتے اور کوئی اس کی طرف سے اپنے پیسے سے حج بدل کرے تو اللہ کے فضل سے امید باندھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو میت کے حساب میں لے لیں گے مگر یقین سے یہ بات نہیں کہی جاسکتی کہ وہ حج میت کے حساب میں شمار کرلیا جائیگا۔ اور یہی مسئلہ دیگر عبادات کے لئے بھی ہے خواہ وہ بدنی عبادت ہو یا مالی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس باب میں جو دو مسئلے اور آئے ہیں ان میں سے دوسرے مسئلہ میں یعنی حج بدل کے مسئلہ میں اجماع ہے کہ حج بدل کرنا جائز ہے۔ اور اس کو نیابت فی العبادت کا مسئلہ بھی کہہ سکتے ہیں اور ایصالِ ثواب کا مسئلہ بھی۔ سائلہ کی ماں پر اگر حج فرض تھا اور اس نے حج بدل کی وصیت کی تھی تو وہ نیابت کا مسئلہ ہے، اور اگر حج فرض نہیں تھا یا اس نے وصیت نہیں کی تھی تو وہ ایصالِ ثواب کا مسئلہ ہے۔

اور ایصالِ ثواب کے فی الجملہ سب ائمہ قائل ہیں، پھر اس کی تفصیل میں اختلاف ہے۔ حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک ہر عبادت کا ایصال ثواب جائز ہے چاہے وہ عبادت بدنیہ ہو یا مالیہ یا دونوں سے مرکب۔ اور شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک عباداتِ مالیہ اور عبادتِ مرکبہ یعنی حج کا ایصال ثواب تو جائز ہے مگر عبادت بدنیہ کا ایصال ثواب جائز نہیں، اور غیر مقلدین بھی اسی کے قائل ہیں۔ مگر اب شوافع اور مالکیہ عبادت بدنیہ کے ایصال ثواب کے جواز کا فتوی دیتے ہیں اور میت کے لئے قرآن خوانی وغیرہ کرتے ہیں۔ پس مسئلہ باب میں اب صرف غیر مقلدین کا اختلاف رہ گیا۔

اور پہلے مسئلے میں یعنی فرض روزوں میں نیابت کے عدم جواز پر اجماع ہے مگر نذر کے روزوں میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نذر کے روزوں میں نیابت جائز ہے۔ اور ان کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ بخاری (حدیث ۱۹۵۳) میں صراحت ہے کہ سائلہ نے نذر کے روزوں کا مسئلہ پوچھا تھا، اور دیگر ائمہ کے نزدیک نذر کے روزوں میں بھی نیابت جائز نہیں۔ اور ان کے نزدیک حدیث باب میں ایصالِ ثواب کے مسئلہ سے تمسک ہے، اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے سائلہ کو ایصالِ ثواب کے مسئلہ کا سہارا لینے کا امر فرمایا ہے یعنی تیری ماں پر جتنے روزے ہیں اتنے نفل روزے رکھ کر ایصالِ ثواب کر اور اللہ تعالیٰ سے امید باندھ کہ وہ ان روزوں کو میت کے حساب میں لے لیں، جس طرح میت پر حج فرض ہوتا ہے اور اس نے وصیت نہیں کی اور کوئی اس کی طرف سے حج کرلے تو امید باندھی جاتی ہے کہ وہ حج اس کے حساب میں لے لیا جائے گا۔

اور جمہور کی دلیل تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: لایُصَلِّیْ أحدٌ عن أحدٍ، ولا یَصوم أحدٌ عن أحدٍ،

ولکن یُطْعِمُ عنه مکانَ کلِّ یومٍ مداً من حنطة (کوئی کسی کی طرف سے نماز نہ پڑھے اور کوئی کسی کی طرف سے روزے نہ رکھے، بلکہ اس کی طرف سے ہر دن کے بدلے گیہوں کا ایک مد خیرات کرے) اس میں صراحت ہے کہ نماز اور روزوں میں نیابت جائز نہیں۔ البتہ روزوں اور نماز کا فدیہ ادا کرسکتا ہے۔ یہ حدیث نسائی کی سنن کبری میں ہے اور علی شرط الشیخین ہے (نصب الرایہ ۲:۴۶۳)

دوسری حدیث: عمرۃ بنت عبدالرحمٰن نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ میری ماں کی وفات ہوگئی ہے اور رمضان کے روزے ان کے ذمہ باقی ہیں، کیا میں ان کی طرف سے وہ روزے رکھ سکتی ہوں؟ حضرت عائشہ نے نفی میں جواب دیا اور فدیہ دینے کا حکم دیا۔ یہ حدیث طحاوی کی مشکل الآثار میں ہے اور اس کی سند صحیح ہے۔ علامہ عینی نے عمدۃ القاری باب من مات وعلیه صومٌ میں یہ حدیث نقل کی ہے۔

تیسری حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جس شخص کا انتقال ہوگیا درانحالیکہ اس پر روزے باقی ہیں تو ہر روزے کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے، اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں اختلاف ہے اور یہ آگے باب ماجاء فی الکفارۃ میں آرہی ہے —— یہ سب روایات اگرچہ موقوف ہیں لیکن غیر مدرک بالعقل ہیں اس لئے حکماً مرفوع ہیں۔

[۳۱] بابُ ماجاء فی المتصَدِّقِ یَرِثُ صَدَقَته

[۶۶۰-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا علیُّ بنُ مُسْهِرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَطَاءٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بُرَیْدَةَ، عن أبیهِ، قال: کُنْتُ جَالِسًا عند النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم إذ أَتَتْهُ امْرَأَةٌ، فقالتْ: یارسولَ اللّٰهِ! إِنِّیْ کُنْتُ تَصَدَّقْتُ علی أُمِّی بِجارِیَةٍ وإِنَّهَامَاتَتْ قال: "وَجَبَ أَجْرُكِ، وَرَدَّهَا عَلَیْكِ المِیراثُ" قالتْ: یارسولَ اللّٰهِ! کانَ عَلَیْها صَوْمُ شَهْرٍ أَفَأَصُوْمُ عَنْهَا؟ قال: "صُوْمِیْ عَنْهَا" قالت: یارسولَ اللّٰهِ! إِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قال: "نَعَمْ حُجِّیْ عَنْهَا"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، لَا یُعْرَفُ مِن حدیثِ بُرَیْدَةَ إِلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ عَطَاءٍ ثِقَةٌ عِنْدَ أهلِ الحدیثِ.

والعَمَلُ علی هذا عِنْدَ أکثرِ أهلِ العلمِ: أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ ثم وَرِثَهَا حَلَّتْ لَهُ.

وقال بعضُهم: إِنَّمَا الصَّدَقَةُ شَیْئٌ جَعَلَهَا للّٰهِ، فَإِذَا وَرِثَهَا فَیَجِبُ أَنْ یَصْرِفَهَا فی مِثْلِهِ.

وَرَوَی سُفیانُ الثَّوْرِیُّ، وزُهَیْرُ بنُ مُعَاوِیَةَ هذا الحدیثَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَطَاءٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر علماء کا عمل ہے کہ جب آدمی کوئی خیرات کرے پھر وہ اس کا وارث بنے تو وہ مال اس

کے لئے حلال ہے اور بعض علماء کہتے ہیں: صدقہ ایک ایسی چیز ہے جس کو آدمی نے اللہ کے لئے کردیا ہے پس جب وہ اس کا وارث بنے تو اس پر اس کے مانند جگہ میں خرچ کرنا واجب ہے (یعنی کسی دوسرے مستحق کو دینا ضروری ہے خود رکھنا جائز نہیں) اور مذکورہ حدیث کو علی بن مُسہِر کے علاوہ سفیان ثوری اور زہیر بن معاویہ بھی عبداللہ بن عطاء سے روایت کرتے ہیں اور ان سے اوپر یہی ایک سند ہے، مگر روایت اعلیٰ درجہ کی ہے، کیونکہ عبداللہ بن عطاء ثقہ ہیں اور باقی راوی بھی معروف ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ العَوْدِ فی الصَّدَقَةِ

صدقہ کر کے واپس لینا جائز نہیں

آگے کتاب الہبۃ میں یہ بات آئے گی کہ اگر سات موانع میں سے کوئی مانع ہو تو ہبہ کی ہوئی چیز واپس نہیں لے سکتے۔ ان میں سے ایک مانع یہ ہے کہ ہبہ کا عوض لے لیا جائے مثلاً کتاب ہدیہ دی اور قلم عوض میں لے لیا تو اب رجوع نہیں ہوسکتا اور صدقہ بھی ہبہ ہے، جب اس کا تحقق ہوگیا تو عوض یعنی ثواب مل گیا، پس صدقہ میں رجوع نہیں ہوسکتا۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی کو ایک گھوڑا صدقہ یا ہبہ دیا تا کہ وہ اس پر سوار ہو کر اللہ کے راستہ میں جہاد کرے، اس صحابی کو ضرورت پیش آئی اور وہ اس گھوڑے کو فروخت کرنے کے لئے بازار میں لائے، جب حضرت عمرؓ نے اپنا گھوڑا بکتا دیکھا تو چونکہ وہ گھوڑا ان کو بہت پسند تھا اس لئے اُسے خریدنے کا ارادہ کیا، مگر خیال آیا کہ پہلے رسول اللہ ﷺ سے معلوم کرلوں کہ میرے لئے خریدنا جائز بھی ہے یا نہیں؟ انھوں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اپنے صدقہ کو واپس مت لو''

تشریح: یہاں اگر کوئی سوال کرے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ واپس کہاں لینا چاہتے تھے وہ تو خریدنا چاہتے تھے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر حضرت عمرؓ خریدیں گے تو وہ صحابی محابات (بہت زیادہ رعایت) کریں گے۔ یہ محابات ایک طرح سے صدقہ کے کچھ حصہ میں رجوع ہے اگرچہ حقیقتاً رجوع نہیں۔ نبی ﷺ نے اس کو بھی پسند نہیں کیا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ جب کوئی چیز خیرات کی جائے تو اپنا دل اس سے ہٹا لیا جائے۔ اگر صدقہ کے بعد بھی استشرافِ نفس باقی رہے تو صدقہ کامل نہیں۔

مسئلہ: ہدیہ یا صدقہ دی ہوئی چیز کو دوسرا شخص جو قیمت دے رہا ہے اس قیمت پر خریدنا جائز ہے اور اگر بیع میں محابات ہو تو مکروہ ہے۔

[۳۲] بابُ ماجاء فی کراهیة العَوْدِ فی الصدقة

[٦٦١-] حدثنا هارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عبدُ الرزَّاقِ، عن مَعْمَرٍ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن عُمَرَ: أَنَّهُ حَمَلَ على فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثم رَآهَا تُبَاعُ، فَأَرَادَ أَنْ يَشْتَرِيَهَا، فقال النبيُّ صلى الله عيه وسلم: "لاتَعُدْ فی صَدَقَتِكَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ.

فائدہ: اگرصدقہ یاہدیہ کسی شرط کے ساتھ مقید ہوتو وہ شرط کالعدم ہے۔حضرت عمرؓ نے اگرچہ اپنے صدقہ میں جہاد فی سبیل اللہ کی شرط لگائی تھی مگر چونکہ وہ شرط غیر معتبر تھی اس لئے اس صحابی کے لئے گھوڑا فروخت کرنا جائز تھا۔

بابُ ماجاء فی الصَّدَقَةِ عن المَيِّتِ

میت کی طرف سے صدقہ کرنے کا بیان

تمام علماء متفق ہیں کہ عباداتِ مالیہ کا ثواب میت کو بخشنا جائز ہے۔اور عباداتِ بدنیہ کے ایصال ثواب میں اختلاف ہے۔حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک جائز ہے اور مالکیہ اور شافعیہ اور اصحاب ظواہر کے نزدیک جائز نہیں۔تفصیل گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی ہے۔اور عباداتِ مالیہ کے ایصال ثواب میں اتفاق اس لئے ہے کہ صحیح روایت موجود ہے، غزوۂ تبوک کے موقع پر قبیلۂ خزرج کے سردار حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کی والدہ کا ان کی عدم موجودگی میں انتقال ہوا ان کو اپنی والدہ سے بہت محبت تھی۔ان کی دلجوئی کے لئے نبی ﷺ نے ایک مہینہ کے بعد ان کی والدہ کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی ہے۔انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: اگر میری والدہ کو موت کا پہلے سے احساس ہوتا تو وہ ضرور اللہ کے راستہ میں مال خرچ کرتیں، مگر ان کا اچانک انتقال ہو گیا پس کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: "ہاں، تمہاری خیرات کا ثواب تمہاری والدہ کو پہنچے گا" چنانچہ انھوں نے سو غلام آزاد کئے اور ایک باغ اللہ کے راستہ میں دیا۔

حنفیہ اور حنابلہ نے اس حدیث سے قاعدہ کلیہ بنایا کہ ہر وہ عمل جس کا ثواب ملے عامل اس ثواب کو خود بھی رکھ سکتا ہے اور کسی زندہ یا مردہ کو بخش بھی سکتا ہے۔اس قاعدے کے عموم میں عباداتِ بدنیہ بھی داخل ہیں، اس لئے عباداتِ بدنیہ کا ایصالِ ثواب بھی درست ہے۔اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ نے اگرچہ اس حدیث کو جزئی واقعہ قرار دیا ہے اور عباداتِ بدنیہ کو اس پر قیاس نہیں کیا مگر ان کے متبعین نے حکم عام کردیا ہے۔وہ عباداتِ مالیہ اور عباداتِ بدنیہ ہر ایک کے ایصال ثواب کے قائل ہیں۔رہ گئے اصحاب ظواہر (غیر مقلدین) تو انھوں نے حدیث کو

جزئی ہی باقی رکھا ہے۔ ان کے نزدیک عباداتِ بدنیہ کا ایصال ثواب جائز نہیں، اوران کی دلیل یہ ہے کہ اگر عباداتِ بدنیہ کا ایصالِ ثواب بھی جائز ہوتا تو نبی ﷺ اُسے ضرور بیان فرماتے۔ مگران کی یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ اگر نبی ﷺ نے اقداماً مسئلہ بیان کیا ہوتا توان کی بات صحیح تھی جبکہ صورتِ حال یہ ہے کہ آپؐ نے اقداماً یہ مسئلہ بیان نہیں کیا بلکہ سائل کے سوال کا جواب دیا ہے، اگروہی سائل یا کوئی دوسرا شخص عبادات بدنیہ کے بارے میں پوچھتا تو آپؐ اس کے بارے میں بھی مسئلہ بتاتے مگر جب کسی نے پوچھا نہیں تو آپؐ کیوں بیان فرماتے؟! جو پوچھا اس کا جواب دیا۔ اب یہ فقہاء کی ذمہ داری ہے کہ وہ غور کریں کہ آپؐ کا یہ ارشاد جو عبادت مالیہ کے تعلق سے ہے کلی ہے یا جزئی؟ اوراس پر عباداتِ بدنیہ کو قیاس کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ چنانچہ حنفیہ اورحنابلہ نے اس پر عبادات بدنیہ کو قیاس کیا، اورامام شافعی اورامام مالک نے قیاس نہیں کیا۔ مگران کے مقلدین نے حدیث کوکلی بنایا۔ اورحدیث کوکلی بنانا ہی قرین صواب ہے اس لئے کہ اگرعبادات بدنیہ کواس پر قیاس نہیں کریں گے تو دونوں کے درمیان فرق بیان کرنا مشکل ہوگا۔ سوال ہوگا کہ جب عبادات مالیہ اور بدنیہ دونوں میں ثواب ملتا ہے تو پھرصرف عبادت مالیہ ہی کا ایصال ثواب کیوں درست ہے اورعبادت بدنیہ کا ایصال ثواب کیوں درست نہیں؟ اس کا کوئی معقول جواب نہیں دیا جاسکتا۔ اور نیابت کے مسئلہ میں جوفرق ہے اس کا معقول جواب ہے کہ عبادات بدنیہ میں اتعاب نفس مقصود ہے پس وہاں نیابت جائز نہیں، اورعبادات مالیہ میں غریب تک پاس مال پہنچانا مقصود ہے خواہ مالک خود پہنچائے یا کوئی دوسرا پہنچائے اس لئے نیابت جائز ہے۔

[۳۳] بابُ ماجاء فی الصدقة عن الميِّت

[٦٦٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، نا زَكَرِيَّا بنُ إسحاقَ، قال: حدثنی عَمْرُو بنُ دِيْنَارٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ رَجُلاً قال: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ أُمِّي تُوُفِّيَتْ، أَفَيَنْفَعُهَا إِنْ تَصَدَّقْتُ عنها؟ قال: "نَعَمْ" قال: فإِنَّ لی مَخْرَفًا، فَأُشْهِدُكَ أَنِّیْ قد تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وبه يقولُ أهلُ العلمِ، يَقُوْلُوْنَ: لَيْسَ شيئٌ يَصِلُ إلى المَيِّتِ إِلَّا الصَدَقَةَ وَالدُّعَاءَ.

وقد رَوَى بَعْضُهُمْ هذا الحديثَ عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مُرْسَلاً، ومَعْنَى قَوْلِهِ: إِنَّ لِیْ مَخْرَفًا يعنی بُسْتَانًا.

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے (سعد بن عبادۃ نے) کہا: اے اللہ کے رسول! بیشک میری امی کا انتقال ہوگیا تو کیا ان کو فائدہ پہنچے گا اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں؟ آپؐ نے فرمایا: "ہاں" پس اس آدمی

نے کہا: بیشک میرے پاس ایک باغ ہے میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے وہ باغ اپنی ماں کی طرف سے صدقہ کیا۔ یہ حدیث حسن ہے اور علماء اس کے قائل ہیں، وہ کہتے ہیں: کوئی چیز نہیں ہے جس کا ثواب میت کو پہنچتا ہو علاوہ صدقہ اور دعا کے (ان دو کے ایصالِ ثواب میں اتفاق ہے) عمرو بن دینار کے بعض تلامذہ اس حدیث کو مرسل روایت کرتے ہیں یعنی وہ آخر میں ابن عباس کا ذکر نہیں کرتے، اور مخرف کے معنی باغ کے ہیں۔

فائدہ: صدقہ کے بارے میں تو یہی حدیث ہے اور دعا کے نافع ہونے کے سلسلہ میں مشہور حدیث ہے کہ جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے اعمال منقطع ہو جاتے ہیں، مگر تین عملوں کا ثواب جاری رہتا ہے۔ ان میں سے ایک نیک اولاد کی دعائیں ہیں۔ اس روایت سے بھی استدلال کیا گیا ہے کہ عبادت بدنیہ کا —— دعا کے علاوہ —— ثواب نہیں پہنچتا، مگر اول تو یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے جو حجت نہیں، ثانیاً: اس روایت میں ہے: **انقطع عنه عملُه** یعنی میت کے اعمال علاوہ تین کے منقطع ہو جاتے ہیں اور ایصالِ ثواب کا عمل میت کا نہیں ہے، بلکہ وہ دوسرے کا عمل ہے، پس اس حدیث کا ایصالِ ثواب کے مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں۔

بابُ ماجاء فی نَفَقَةِ الْمَرْأَةِ مِنْ بَیْتِ زَوْجِهَا

شوہر کے گھر سے خرچ کرنے کا بیان

وہ چیزیں جن کو خرچ کرنے کی صراحۃً یا دلالۃً یا عرفاً اجازت ہے، عورت شوہر کے مال میں سے ان چیزوں کو خرچ کر سکتی ہے اور جن چیزوں کو خرچ کرنے کی اجازت نہیں ان کو خرچ کرنا جائز نہیں۔ دروازہ پر سائل کھڑا ہے اس کو روپیہ دو روپیہ دینا یا تھوڑا آٹا دینا لوگوں کا عرف ہے یا عورت نے شوہر کی موجودگی میں سائل کو دو چار روپے دیئے وہ دیکھ رہا ہے اور کچھ بولا نہیں تو یہ دلالۃً اجازت ہے۔ اور اگر خود شوہر سائل کو دینے کے لئے کہے تو یہ صراحۃً اجازت ہے، البتہ مدرسہ اور مسجد کے چندے میں پچاس روپے دینا جائز نہیں کیونکہ اس کا عرف نہیں۔ البتہ اگر کسی خاص گھر میں شوہر نے صراحۃً اجازت دے رکھی ہو تو جائز ہے۔ اور یہی حکم خازن (منیجر، سکریڑی) کا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جب عورت شوہر کے مال میں سے خرچ کرے گی تو ثواب اس کو بھی ملے گا۔ بلکہ خازن کو بھی اگر صراحۃً یا دلالۃً یا عرفاً اجازت ہو اور وہ خرچ کرے تو اس کو بھی ثواب ملے گا۔ البتہ سب کا ثواب برابر ہونا ضروری نہیں، ثواب میں کمی بیشی ہو سکتی ہے، ثواب کا مدار نیت پر ہے جس کی جیسی نیت ویسا ثواب!

حدیث (۱): حجۃ الوداع کے موقع پر نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی عورت اپنے شوہر کے مال میں سے کچھ خرچ نہ کرے مگر شوہر کی اجازت سے'' پوچھا گیا: اے اللہ کے رسول! عورت کھانا (غلہ) بھی شوہر کی اجازت کے بغیر خرچ نہیں کر سکتی؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ تو ہمارے گھروں کے اصل اموال ہیں'' یعنی گھروں میں عام طور پر کھانے پینے کی

چیزیں ہی ہوتی ہیں، روپیہ پیسہ گھروں میں کہاں ہوتا ہے؟ یعنی کھانا بھی اجازت کے بغیر نہیں دے سکتی۔ البتہ اجازت کبھی صراحۃً ہوتی ہے کبھی دلالۃً اور کبھی عرفاً۔ اگر کسی بھی طرح اجازت ہو تو خرچ کر سکتی ہے ورنہ نہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب عورت نے شوہر کے مال میں سے صدقہ کیا تو عورت کے لئے بھی خرچ کرنے کا ثواب ہے اور شوہر کے لئے بھی اس کے مانند ہے (مثل کے مفہوم میں ثواب کا برابر ہونا داخل نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جس طرح عورت کو ثواب ملے گا کیونکہ اس نے خرچ کیا اسی طرح شوہر کو بھی ثواب ملے گا کیونکہ وہ اس کا مال ہے) اور خازن کے لئے بھی اس کے مانند ہے یعنی سیٹھ کو جس طرح ثواب ملتا ہے منیجر کو بھی ملتا ہے۔ اور اس میں کوئی اپنے ساتھی کے ثواب میں سے کچھ کم نہیں کرتا (یعنی کسی کے ثواب میں سے کٹوتی کر کے دوسرے کو نہیں دیا جاتا، بلکہ ہر ایک کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ثواب عنایت فرماتے ہیں)

تشریح: عورت اور خازن اگر چاہیں تو ہزار بہانے کر کے سائل کو ٹلا سکتے ہیں، مگر انھوں نے سائل کو ٹلانے کے بجائے ان پر خرچ کیا اس لئے وہ بھی ثواب کے مستحق ہونگے۔ مگر ان کو ثواب اس وقت ملتا ہے جب وہ خوش دلی سے خرچ کریں۔ قصہ مشہور ہے کہ ابن المبارک رحمہ اللہ کا بہت بڑا کاروبار تھا اور وہ بڑے فیاض تھے، جب ان کے پاس کوئی ضرورت مند آتا تو وہ منیجر کو لکھ دیتے کہ اس کو اتنا دیدو۔ ایک مرتبہ حضرت نے کسی کے لئے بہت بڑی رقم لکھ دی، منیجر نے بذریعہ تحریر حضرت سے عرض کیا کہ اگر آپ اس طرح مال لٹاتے رہیں گے تو میں کاروبار کیسے چلاؤں گا؟ حضرت نے اس تحریر کے نیچے لکھا: دوکان میری ہے یا آپ کی؟ منیجر نے مجبوراً وہ رقم دی، یہاں چونکہ خازن نے مجبوراً دی اس لئے اس کا ثواب گیا، منیجر کو ثواب اسی صورت میں ملتا ہے جب وہ برضاء ورغبت دے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب عورت نے اپنے شوہر کے گھر سے خوش دلی کے ساتھ خرچ کیا درانحالیکہ وہ شوہر کے گھر کو بگاڑنے والی نہ ہو تو عورت کے لئے بھی شوہر کی طرح ثواب ہے، اس کے حُسن نیت کی وجہ سے، اور خازن کے لئے بھی سیٹھ کی طرح ثواب ہے''

وضاحت: اس حدیث کو ابو وائل سے عمرو بن مرّۃ بھی روایت کرتے ہیں مگر وہ ان کے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے درمیان مسروق کا واسطہ ذکر نہیں کرتے، اور منصور: مسروق کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔ پس یہ سند نازل ہوگئی اس لئے کہ اس میں ایک واسطہ بڑھ گیا اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی کو اصح قرار دیا۔

[۳۴] بابُ ماجاء فی نفقة المرأةِ من بیت زوجها

[۶۶۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا إسماعیلُ بنُ عَیَّاشٍ، نَا شُرَحْبِیْلُ بنُ مُسْلِمٍ الخَوْلَانِیُّ، عن أبی أُمَامَةَ البَاهِلِیِّ، قال: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یقولُ فی خُطْبَتِهِ عَامَ حَجَّةِ الوَدَاعِ: '' لَا

تُنْفِقِ امْرَأَةٌ شَيْئًا مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِ زَوْجِهَا" قيل: يارسولَ اللّٰهِ! وَلَا الطَّعَامَ؟ قال:" ذلكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا"

وفى الباب: عن سَعْدِ بنِ أبى وقاصٍ، وأَسْمَاءَ ابْنَةِ أبى بَكْرٍ، وأبى هريرةَ وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعائشةَ. قال أبو عيسى: حديثُ أبى أُمَامَةَ حديثٌ حسنٌ.

[٦٦٤-]حدثنا محمدُ بنُ المُثَنَّى، نامحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، قال: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ عن عَائِشَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قال:" إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا كانَ لَهَا بِهِ أَجْرٌ، وللزوجِ مِثْلُ ذلكَ، وللخازِنِ مَثْلُ ذلكَ، وَلَا يَنْقُصُ كُلُّ واحِدٍ مِنْهُمْ مِنْ أَجْرِ صَاحِبِهِ شَيْئًا، لَهُ بما كَسَبَ، ولَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

[٦٦٥-]حدثنا محمودُ بن غيلانَ، نا المُؤَمَّلُ، عن سُفيانَ، عن مَنْصُورٍ، عن أبى وائلٍ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عائشةَ، قالتْ: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا أَعْطَتِ الْمَرأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا بِطِيْبِ نَفْسٍ غَيْرَ مُفْسِدَةٍ، فَإِنَّ لَهَا مِثْلُ أَجْرِهِ، لَهَا مَا نَوَتْ حَسَنًا، وللخازِنِ مِثْلُ ذلكَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهو أصَحُّ مِنْ حديثِ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن أبى وَائِلٍ، وعَمْرُو بنُ مُرَّةَ لَا يَذْكُرُ فِى حديثِهِ عن مَسْرُوْقٍ.

نوٹ: حدیث (٦٦٤) اورحدیث (٦٦٥) ایک ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی صَدَقَةِ الفِطْرِ

صدقہ فطر کا بیان

اس باب میں پانچ مسئلے سمجھنے چاہئیں:

پہلا مسئلہ: حنفیہ کے نزدیک صدقۂ فطر واجب ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک فرض ہے۔ فرض اور واجب میں عمل کے اعتبار سے کوئی فرق نہیں۔ عقیدہ کے اعتبار سے فرق ہے۔ فرض کا اعتقاد ضروری ہے، اگر کوئی اس کا انکار کرے تو وہ کافر ہے اور واجب پر عمل تو فرض ہی کی طرح ضروری ہے، مگر اعتقاد ضروری نہیں کوئی اس کے وجوب کا انکار کرے تو وہ گمراہ ہے کافر نہیں۔

اور یہ اختلاف اصولی ہے چونکہ ائمہ ثلاثہ اعلی درجہ کی خبر واحد سے فرضیت ثابت کرتے ہیں اور باب میں حسنٌ

صحیحؒ روایات موجود ہیں اس لئے وہ صدقۃ الفطر کی فرضیت کے قائل ہیں، اور حنفیہ کے نزدیک خبر واحد سے اگر چہ وہ اعلی درجہ کی صحیح ہو فرضیت ثابت نہیں ہوسکتی، زیادہ سے زیادہ وجوب ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ اخبار آحاد مفید ظن ہیں اس لئے انھوں نے صدقۃ الفطر کے وجوب کا قول کیا ہے، غرض یہ اصول کا اختلاف ہے دلائل کا اختلاف نہیں۔

دوسرا مسئلہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ہر غلہ کا خواہ وہ منصوص ہو یا غیر منصوص یعنی حدیثوں میں اس کا ذکر آیا ہو یا نہ آیا ہو: صدقۃ الفطر ایک صاع ہے اور احناف کے نزدیک گیہوں اور کشمش میں راجح قول کے مطابق نصف صاع ہے اور باقی غلوں میں ایک صاع ہے اور کشمش میں احناف کا دوسرا قول ایک صاع کا بھی ہے مگر وہ قول شاذ ہے۔ اور غیر منصوص غلوں میں جیسے چاول، چنے وغیرہ میں نصف صاع گیہوں کی قیمت یا دوسرے غلوں کے ایک صاع کی قیمت کے برابر واجب ہے، اور یہ دلائل کا اختلاف ہے۔ تفصیل حدیث کے بعد آئے گی۔

تیسرا مسئلہ: احناف کے نزدیک یکم شوال کی صبح صادق کے وقت صدقۃ الفطر واجب ہوتا ہے اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک رمضان کی آخری تاریخ کے سورج غروب ہونے کے وقت واجب ہوتا ہے۔ اور ثمرۂ اختلاف دو صورتوں میں ظاہر ہوگا۔ ایک: جو بچہ عید کی رات میں پیدا ہوا امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس کا فطرہ واجب نہیں، کیونکہ وجوب اداء یعنی غروب شمس کے وقت وہ دنیا میں نہیں تھا۔ اور احناف کے نزدیک وجوب ادا کا وقت صبح صادق ہے پس اس کا فطرۃ واجب ہے۔ دوسری صورت: جو شخص عید کی رات میں مر گیا امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس کا فطرہ واجب ہے کیونکہ وجوب ادا کے وقت وہ موجود تھا۔ اور حنفیہ کے نزدیک واجب نہیں۔ کیونکہ وہ وقت وجوب سے پہلے مر گیا۔ اور اگر بچہ رات میں پیدا ہوا اور رات ہی میں مر گیا تو کسی کے نزدیک اس کا فطرہ واجب نہیں۔ اور یہ اختلاف لفظ ''فطر'' کے معنی کی تعیین کی وجہ سے ہوا ہے یعنی یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

صدقۃ الفطر: میں مسبب کی سبب کی طرف اضافت ہے، یعنی یہ صدقہ: فطر کی وجہ سے واجب ہوتا ہے۔ اس ''فطر'' کے کیا معنی ہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس فطر کے بھی وہی معنی ہیں جو ہر دن فطر کے ہیں یعنی روزہ کھولنا یعنی رمضان کی آخری تاریخ کا روزہ کھولنا۔ پس جب سورج غروب ہوگا تو فطرہ واجب ہوگا کیونکہ آخری روزہ اسی وقت کھلتا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس طرح روزہ تو رمضان کے ہر دن میں کھلتا ہے پس ہر دن فطرہ واجب ہونا چاہئے بلکہ یہاں ''فطر'' کے دوسرے معنی ہیں یعنی روزہ نہ ہونا۔ عید الفطر کے دن روزہ حرام ہے یہ فطر مراد ہے اور اسی کی خوشی میں فطرہ واجب ہے۔

چوتھا مسئلہ: احناف کے نزدیک صدقہ فطر واجب ہونے کے لئے نصاب نامی یا نصاب غیر نامی شرط ہے جو شخص دونوں نصابوں میں سے کسی بھی نصاب کا مالک نہیں اس پر فطرہ واجب نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وجوب فطرہ کے لئے کوئی نصاب شرط نہیں۔ ان کے نزدیک ہر اس شخص پر جس کے پاس عید کی رات کا اور عید کے دن کا خرچہ ہے

اس کا بھی اور اس کی فیملی کا بھی اور اس کے علاوہ اتنا مال ہے کہ صدقہ فطر ادا کرسکتا ہے تو اس پر فطرہ فرض ہے اور یہ مسئلہ اجتہادی ہے۔ دونوں فریقوں کے پاس کوئی نص نہیں۔ حنفیہ نے مشہور حدیث **خير الصدقة ما كان عن ظهر غنىً** سے استدلال کیا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۹۲۹) یعنی بہترین خیرات وہ ہے جو مالداری کی پیٹھ سے ہو، یعنی خیرات کرنے کے بعد بھی خیرات کرنے والا مالدار رہے، مگر یہ ایک عام روایت ہے اس سے اس خاص مسئلہ پر استدلال کچھ زیادہ قرین صواب نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کا استدلال یہ ہے کہ جب شریعت نے صدقۃ الفطر کے لئے نصاب مقرر نہیں کیا تو نصاب شرط نہیں یعنی عدم دلیل ان کی دلیل ہے۔

پانچواں مسئلہ: صاحب نصاب پر اس کا اور اس کے نابالغ بچوں کا اور اس کے غلام باندیوں کا صدقہ واجب ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ آقا پر صرف مسلمان غلام باندیوں کا صدقہ واجب ہے یا ہر غلام باندی کا؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف مسلمان بردوں کا صدقہ واجب ہے اور احناف کے نزدیک ہر غلام باندی کا خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر صدقہ واجب ہے اور یہ مسئلہ اب غیر اہم ہے کیونکہ اب غلام باندی نہیں رہے۔ مگر حدیث فہمی کے لئے اہم ہے۔ تفصیل حدیث کے بعد آئے گی۔

حدیث (۱): ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم صدقۃ الفطر نکالا کرتے تھے جب رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان موجود تھے، طعام (کھانے) میں سے ایک صاع، یا جو میں سے ایک صاع یا کھجور میں سے ایک صاع یا کشمش میں سے ایک صاع، یا سوکھائے ہوئے دودھ میں سے ایک صاع (أَقِطْ کے معنی کے لئے تحفۃ الالمعی ۱:۳۲۷ کا حاشیہ دیکھیں) پس ہم برابر اس کو نکالتے رہے یہاں تک کہ حضرت معاویہ مدینہ آئے پس انھوں نے تقریر کی، اور انھوں نے لوگوں سے جو باتیں کیں ان میں سے ایک یہ تھی کہ میرے خیال میں شام کے گیہوں میں سے دو مد (نصف صاع) کھجور کے ایک صاع کے برابر ہے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگوں نے اس کو لے لیا (یعنی وہ گندم کا نصف صاع نکالنے لگے) مگر میں تو برابر اتنا ہی صدقہ نکالتا ہوں جتنا میں (نبی ﷺ کے زمانہ میں) نکالتا تھا، یعنی میں گندم کا بھی ایک صاع ہی نکالتا ہوں۔

تشریح: اس حدیث میں جو لفظ طعام آیا ہے ائمہ ثلاثہ نے اس سے گندم مراد لیا ہے۔ اور احناف کے نزدیک طعام سے مکئی مراد ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر علاقہ کا طعام (کھانا، بھات) وہ ہوتا ہے جو وہاں عام طور پر کھایا جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں عام طور پر مکئی کھائی جاتی تھی اور جو کا دوسرا نمبر تھا، پس آپؐ کے زمانہ کا ''طعام'' مکئی ہے، گندم: دور اول میں گراں اور کم یاب تھا۔ امراء ہی اس کو کھاتے تھے، مساکین کو وہ نصیب نہیں ہوتا تھا، خاندانِ بنواُبیرق کے بشیر نامی منافق نے جو چوری کی تھی اس واقعہ میں حضرت قتادہ بن النعمان رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ جب شام سے کوئی تاجر میدہ لاتا تھا تو متمول آدمی اس کو خرید لیتا۔ اور اپنے لئے خاص کرلیتا، اور

بال بچے کھجور اور جو کھاتے تھے (ترمذی ۲:۱۲۸ کتاب التفسیر، سورۃ النساء) پھر جب عراق اور شام فتح ہوئے تو عرب میں گندم بکثرت آنے لگا، اور وہ سستا بھی ہوگیا اس لئے لوگ اس کو عام طور پر استعمال کرنے لگے تو طعام کا مصداق بدل گیا۔ ائمہ اربعہ کے زمانہ میں طعام سے گیہوں مراد لیا جاتا تھا پس ائمہ ثلاثہ نے حدیث میں بھی طعام سے گیہوں مراد لے لیا۔ حالانکہ یہ زمانہ کی تبدیلی کا اثر ہے۔ جیسے حدیث: **تحریمها التكبير** میں تکبیر کے معنی ہیں: اللہ کی بڑائی بیان کرنا۔ پھر اللہ اکبر کہنے پر اس کا اطلاق ہونے لگا۔ تو ائمہ ثلاثہ نے حدیث میں بھی اللہ اکبر کہنے کے معنی لے لئے، حالانکہ یہ عرفِ حادث تھا۔ اسی طرح طعام کے معنی گندم عرفِ حادث ہے، نصوص میں وہ معنی مراد نہیں لئے جائیں گے نصوص میں اس کا مصداق مکئی ہے۔

اور احناف کی دلیلیں یہ ہیں:

۱- رسول اللہ ﷺ نے مکہ میں منادی کرائی کہ ہر مسلمان پر صدقہ واجب ہے خواہ وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، بڑا ہو یا چھوٹا، گندم کے دو مُد (نصف صاع) یا دیگر غلے میں سے ایک صاع ——— اس حدیث میں صراحت ہے کہ گندم میں سے نصف صاع واجب ہے اور دیگر غلوں میں سے ایک صاع، اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حدیثوں میں گندم پر بغیر قید کے طعام کا اطلاق نہیں ہوتا (یہ حدیث باب میں ہے)

۲- طحاوی میں **ثعلبة بن أبی صُعیر عن أبیه** کی سند سے مرفوعاً روایت ہے کہ کھجور اور جو میں سے ایک صاع اور گندم میں سے نصف صاع ادا کرو۔

۳- اسماء بنت ابی بکرؓ کہتی ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں گندم میں سے دو مد نکالا کرتے تھے (طحاوی)

۴- سعید بن المسیب کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے گندم میں سے نصف صاع صدقہ مقرر کیا ——— یہ حدیث اگرچہ مرسل ہے لیکن سعید بن المسب کے مراسیل ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بھی حجت ہیں (یہ تینوں روایتیں طحاوی جلد اول **باب مقدار صدقة الفطر** میں ہیں)

رہی یہ بات کہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ گندم کا بھی ایک صاع نکالتے تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ انھوں نے معاویہ رضی اللہ عنہ کی بات کو ان کی رائے سمجھا تھا حالانکہ خود آنحضور ﷺ نے گندم میں نصف صاع مقرر کیا ہے۔ یہ بات حضرت ابوسعید کے علم میں نہیں تھی، اور صحابی کا فہم نص کی موجودگی میں حجت نہیں یا ان کے نزدیک بھی نصف صاع کافی تھا مگر چونکہ گندم سستا ہوگیا تھا اس لئے وہ گندم کا بھی ایک صاع نکالتے تھے، آج بھی گندم چھوہاروں سے ارزاں ہے۔ لہٰذا صدقۃ الفطر ایک صاع گندم نکالنا چاہئے۔

فائدہ: اس اختلاف پر اس کا بھی اثر پڑا ہے کہ ائمہ ثلاثہ کا صاع چھوٹا (پانچ رطل اور تہائی رطل) ہے اور احناف کا صاع بڑا (آٹھ رطل) ہے۔ اب اگر ائمہ ثلاثہ نصف صاع گندم واجب کریں تو غریب کو مٹھی بھر غلہ ملے گا، اور احناف

کا نصف صاع بھی خاصی مقدار ہے، اس لئے انھوں نے گیہوں میں سے نصف صاع واجب کیا۔

حدیث (۲): عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مکہ کی گلیوں میں منادی کرائی کہ سنو! ہر مسلمان پر صدقہ واجب ہے خواہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، چھوٹا ہو یا بڑا، گندم میں سے دو مد اور گندم کے علاوہ طعام میں سے ایک صاع۔

تشریح: اس حدیث کی وضاحت اوپر آگئی اور جاننا چاہئے کہ باپ پر صرف نابالغ بچوں کا صدقہ واجب ہے، بالغ بچوں کا صدقہ واجب نہیں۔ اور اگر نابالغ بچے کے پاس مال ہو تو اس کا صدقہ اس کے مال میں واجب ہوگا۔ باپ پر واجب نہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور غلام باندیوں کا صدقہ آقا پر واجب ہے اور شوہر پر بیوی کا صدقہ واجب نہیں اگر بیوی صاحبِ نصاب ہے تو اس کا صدقہ اسی پر واجب ہے۔ البتہ اگر باپ بالغ بچوں کا اور شوہر: بیوی کا صدقہ نکالے تو جائز ہے مگر ان کے حکم یا علم واطلاع سے ہونا ضروری ہے۔ یہی حکم زکات کا بھی ہے۔ اس میں بھی امر یا علم واطلاع ضروری ہے۔

حدیث (۳): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مرد وزن، آزاد وغلام پر کھجور یا جو میں سے ایک صاع صدقۃ الفطر مقرر کیا۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس لوگوں نے نصف صاع گندم کو کھجور اور جو کے ایک صاع کے برابر کردیا۔

تشریح: اس حدیث میں اور اوپر والی حدیث میں جو فرض اور واجب کے الفاظ آئے ہیں ان سے فقہاء والے واجب اور فرض مراد نہیں، کیونکہ یہ بعد کی اصطلاحیں ہیں، جو نصوص میں مراد نہیں لی جاسکتیں، بلکہ مراد لغوی معنی ہیں یعنی ضروری ہے اور ضروری ہونا فقہاء کے فرض وواجب دونوں پر صادق آتا ہے۔

اور اس حدیث کو نافع سے ایوب سختیانی اور عبیداللہ عمری اور ان کے علاوہ متعدد بڑے حضرات روایت کرتے ہیں وہ سب اس حدیث میں من المسلمین نہیں بڑھاتے۔ صرف امام مالک رحمہ اللہ حدیث میں یہ اضافہ کرتے ہیں، اور ائمہ ثلاثہ نے اس اضافہ کو لیا ہے، کیونکہ ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔ چنانچہ ان کے نزدیک مولیٰ پر صرف مسلمان غلام باندیوں کا صدقہ فرض ہے اور ان کی عقلی دلیل یہ ہے کہ کافر احکام شرع کا مکلّف نہیں پس اس پر صدقہ واجب نہیں۔ اور احناف کے نزدیک ہر غلام باندی کا خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر آقا پر صدقہ واجب ہے، اور یہ تعبیر کہ احناف من المسلمین کی زیادتی نہیں لیتے: ٹھیک نہیں احناف نے بھی اس زیادتی کو لیا ہے چنانچہ ان کے نزدیک آقا پر مسلمان بردوں کا صدقہ واجب ہے۔ البتہ احناف نصوص میں مفہوم مخالف کے قائل نہیں، اور یہ مسئلہ کہ غیر مسلم بردوں کا صدقہ واجب نہیں یہ نص کا مفہوم مخالف ہے جو احناف کے نزدیک معتبر نہیں۔ اس لئے کہ حدیث کے راوی حضرت ابن عمرؓ اپنے غیر مسلم غلاموں کا بھی صدقہ نکالا کرتے تھے (فتح الباری ۳: ۳۷۱) اور یہ کہنا کہ نفلی طور پر نکالتے ہونگے خواہ مخواہ کا

احتمال ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کی عقلی دلیل کا جواب یہ ہے کہ صدقہ کا فر غلام باندی پر واجب نہیں بلکہ اس کے آقا پر واجب ہے جو مسلمان ہے اور مکلّف ہے۔

[٣٥] بابُ ماجاء فی صدقة الفطر

[٦٦٦-]حدثنا محمودُ بنُ غيلانَ، نا وكِيعٌ، عن سُفيانَ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن عِيَاضِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن أبی سعيدٍ الخُدْرِیِّ، قال: كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الفِطْرِ إِذْ كانَ فِيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، أو صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ، فَلَمْ نَزَلْ نُخْرِجُهُ حَتَّى قَدِمَ مُعَاوِيَةُ المَدِيْنَةَ، فَتَكَلَّمَ فَكَانَ فِيْمَا كَلَّمَ بِهِ النَّاسَ: إِنِّیْ لَأَرَى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَاءِ الشَّامِ تَعْدِلُ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، قال: فَأَخَذَ النَّاسُ بذلكَ، قال أبو سعيدٍ: فَلاَ أَزَالُ أُخْرِجُهُ كَمَا كُنْتُ أُخْرِجُهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ يَرَوْنَ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ صَاعًا، وهو قَوْلُ الشافعیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وقال بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ صاعٌ إِلَّا مِنَ البُرِّ، فَإِنَّهُ يُجْزِئُ نَصْفُ صَاعٍ، وهو قولُ سُفيانَ الثوریِّ، وابنِ المباركِ، وأهلِ الكُوْفَةِ: يَرَوْنَ نَصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ.

[٦٦٧-]حدثنا عُقْبَةُ بنُ مُكْرَمٍ البَصْرِیُّ، نا سَالِمُ بنُ نُوْحٍ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عن أبيهِ، عن جَدِّهِ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُنَادِيًا فِیْ فِجَاجِ مَكَّةَ: "أَلَا إِنَّ صَدَقَةَ الْفِطْرِ وَاجِبَةٌ على كُلِّ مُسْلِمٍ: ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى، حُرٍّ أُوْ عَبْدٍ، صَغِيْرٍ أَوْ كَبِيْرٍ: مُدَّانِ مِنْ قَمْحٍ، أَوْ سِوَاهُ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ حسنٌ.

[٦٦٨-] حدثنا قتيبةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن أيوبَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: فَرَضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَدَقَةَ الفِطْرِ على الذَّكَرِ وَالْأُنْثَى، والحُرِّ وَالْمَمْلُوْكِ: صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ، قال: فَعَدَلَ النَّاسُ إلى نِصْفِ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وفی الباب: عن أبی سعيدٍ، وابنِ عباسٍ، وجَدِّ الحارثِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ ذُبَابٍ، وثَعْلَبَةَ بنِ

أبی صُعَيْرٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو.

[٦٦٩-]حدثنا إسحاقُ بنُ موسیَ الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مالكٌ، عن نَافِعٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَرَضَ زکاۃَ الفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ، أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ: علی کُلِّ حُرٍّ أو عَبْدٍ، ذَکَرٍ أَوْ أُنْثٰی: مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

قال أبو عيسی: حديثُ ابنِ عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، رَوَاهُ مَالِكٌ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نحوَ حديثِ أيوبَ، وزَادَ فِيْهِ: "مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ" وَرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ نَافِعٍ، ولَمْ يَذْكُرُوْا فيهِ: "مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ"

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی هذا، فقالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا كانَ للرَّجُلِ عَبِيْدٌ غَيْرُ مُسْلِمِيْنَ لَمْ يُؤَدِّ عَنْهُمْ صَدَقَةَ الفِطْرِ، وهو قَوْلُ مَالِكٍ، والشافعیِّ، وأحمدَ. وقال بعضُهم يُؤَدِّیْ عَنْهُمْ وإن كانُوا غَيْرَ مُسْلِمِيْنَ، وهوقولُ الثَّوْرِیِّ، وابنِ المبارکِ، وإسحاقَ.

ترجمہ:اس پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ ہر طعام میں سے ایک صاع کے قائل ہیں اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔اور صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء کہتے ہیں: ہر طعام میں سے ایک صاع واجب ہے بجز گندم کے، اس میں نصف صاع کافی ہے۔اور یہ سفیان ثوری، ابن المبارک اور کوفہ والوں کا قول ہے۔وہ گندم میں نصف صاع کے قائل ہیں —— اور علماء کا غلام باندیوں کے مسئلہ میں اختلاف ہے۔بعض کہتے ہیں: جب آدمی کے پاس غیر مسلم غلام ہوں تو اس پر صدقہ واجب نہیں۔اور یہ ائمہ ثلاثہ کا قول ہے۔اور بعض کہتے ہیں: بردوں کی طرف سے صدقہ ادا کیا جائے اگرچہ وہ کافر ہوں۔اور یہ سفیان ثوری، ابن المبارک اور اسحاق کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی تَقْدِيْمِهَا قَبْلَ الصَّلاَةِ

عید سے پہلے صدقہ ادا کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: احناف کے نزدیک عید سے جتنا بھی چاہیں مقدم صدقۃ الفطر ادا کرنا جائز ہے۔اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک رمضان سے پہلے ادا کرنا جائز نہیں۔البتہ رمضان شروع ہونے کے بعد کسی بھی وقت ادا کر سکتے ہیں۔اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک عید سے ایک یا دو دن مقدم کر سکتے ہیں۔اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً تقدیم جائز نہیں، عید کا دن آنے کے بعد ہی صدقہ دے تو جائز ہوگا ورنہ نہیں۔اور اگر کوئی عید کے بعد صدقہ دے تو شوافع اور مالکیہ کے یہاں اس کے لئے قضاء کی تعبیر ہے، اور ہمارے یہاں اس صورت میں بھی ادا ہی کی تعبیر ہے۔

اوراس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ صدقۃ الفطر میں نفس وجوب اور وجوب اداء ساتھ ساتھ ہیں یا الگ الگ؟ اس میں اختلاف کی وجہ سے مسئلہ مختلف فیہ ہوگیا ہے۔ زکوٰۃ میں بالاجماع دونوں الگ الگ ہیں، وہاں نفس وجوب کا سبب نصاب کا مالک ہونا ہے اور وجوب اداء کا سبب حولانِ حول ہے۔ چنانچہ سب متفق ہیں کہ جس شخص کے پاس نصاب ہے وہ حولانِ حول سے پہلے زکوٰۃ دے سکتا ہے کیونکہ وجوب متحقق ہوگیا۔ مگر صدقہ فطر میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہاں بھی نفس وجوب اور وجوب اداء الگ الگ ہیں ان کے نزدیک وجوبِ اداء کا سبب عید الفطر کا دن ہے۔ اور نفس وجوب کا سبب: رأسٌ يَمُوْنُه ويَلِيْ عليه ہے یعنی ایسی ذات جس کا وہ خرچ برداشت کرتا ہے اور وہ ذات اس کی سرپرستی میں ہے ——— آدمی اپنا بھی خرچ برداشت کرتا ہے اور اپنی بھی سرپرستی کرتا ہے، اور نابالغ اولاد کا بھی خرچ برداشت کرتا ہے اور ان کی بھی سرپرستی کرتا ہے۔ ان کے بُرے بھلے کا ذمہ دار ہوتا ہے، اور بالغ اولاد کا خرچ باپ پر واجب نہیں۔ اور نہ وہ باپ کی سرپرستی میں ہیں، باپ اخلاقاً ان کی سرپرستی کرتا ہے اور ان پر خرچ بھی کرتا ہے، مگر اس کا خرچ باپ پر واجب نہیں اس لئے ان کا صدقہ فطر بھی باپ پر واجب نہیں۔ اسی طرح غلام باندیوں کا خرچ آقا پر ہے اور وہ مولیٰ کی سرپرستی میں ہیں، ان کے برے بھلے کا آقا ذمہ دار ہے اور اس بات میں سب غلام باندی یکساں ہیں، خواہ وہ مسلمان ہوں یا کافر۔ پس ہر غلام باندی کا صدقہ آقا پر واجب ہے، مسلم اور غیر مسلم میں تفریق درست نہیں۔

غرض احناف کے نزدیک چونکہ صدقۃ الفطر کے نفس وجوب کا سبب ذات ہے اور وہ ذات پہلے سے موجود ہے اس لئے نفس وجوب کا سبب متحقق ہے۔ اس لئے صدقہ کو عید سے پہلے مقدم کرنا جائز ہے، جیسا کہ زکوٰۃ کو مقدم کرنا جائز ہے۔

اور یہ بات فی الجملہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ بھی تسلیم کرتے ہیں، چنانچہ ان کے نزدیک بھی تقدیم جائز ہے۔ البتہ امام مالکؒ کے نزدیک دونوں ساتھ ساتھ ہیں، جیسے نماز کا نفسِ وجوب اور وجوبِ ادا ساتھ ساتھ ہیں پس وقت ہونے سے پہلے نماز پڑھنی جائز نہیں، اسی طرح عید الفطر سے پہلے صدقہ ادا کرنا صحیح نہیں۔

فائدہ: صدقۃ الفطر اگرچہ عید سے پہلے دینا جائز ہے مگر بہتر عید الفطر کے دن عید گاہ جانے سے پہلے ادا کرنا ہے تاکہ جن لوگوں کا گذارہ دہاڑی پر ہے جو روز کماتے اور کھاتے ہیں جب ان کو صبح سویرے دن بھر کا خرچ مل جائے گا تو وہ فکر معاش سے فارغ ہوکر عید پڑھنے جائیں گے اور دس پندرہ دن پہلے صدقہ دیدیا جائے گا تو عید آتے آتے وہ ختم ہوجائے گا اور عید کی نماز کے بعد دیں گے تو عید کے دن فکر معاش پیچھا کئے رہے گی۔ اس لئے عید کے دن عید گاہ جانے سے پہلے صدقہ دینا افضل ہے۔

[۳۶] بابُ ماجاء فی تقدیمها قبل الصلوٰۃ

[۶۷۰-] حدثنا مُسْلِمُ بنُ عَمْرِو بنِ مُسْلِمٍ أبو عَمْرٍو الحَذَّاءُ المَدينيُّ، قال: حدَّثَنِيْ عبدُ اللهِ بنُ

نَافِعٍ، عن ابنِ أبی الزِّنَادِ، عن موسی بنِ عُقْبَةَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عمر: أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم كان يَأْمُرُ بِإِخْرَاجِ الزَّكَاةِ قَبْلَ الغُدُوِّ لِلصلاةِ يَوْمَ الفِطْرِ.

قال أبو عيسى: هذا: حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهو الذی يَسْتَحِبُّهُ أهلُ العلمِ أَنْ يُخْرِجَ الرَّجُلُ صَدَقَةَ الفِطْرِ قَبْلَ الغُدُوِّ إلی الصَّلاَةِ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ صدقہ فطر عید کے دن نماز سے پہلے ادا کرنے کا حکم دیتے تھے۔ اور علماء نے اس کو پسند کیا ہے کہ آدمی صدقہ فطر عید کے لئے جانے سے پہلے ادا کرے۔

بابُ ماجاء فی تَعْجِيْلِ الزَّكوٰةِ

سال پورا ہونے سے پہلے زکوٰۃ دینے کا بیان

صاحب نصاب کے لئے سال دو سال یا اس سے بھی زیادہ پیشگی زکوٰۃ ادا کرنا جائز ہے۔ اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اور اس باب میں دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: رسول اللہ ﷺ کے پاس اطراف سے جو لوگ مسلمان ہونے کے لئے یا بیعت ہونے کے لئے یا دین سیکھنے کے لئے آتے تھے اور وہ غریب ہوتے تھے: آپؐ زکوٰۃ کے مال سے ان کی مدد کرتے تھے، مگر کبھی بیت المال خالی ہوتا تھا اور کوئی ایسا نادار آ جاتا تھا جس کی مدد ناگزیر ہوتی تھی تو آپؐ قرض لے کر اس کی مدد فرماتے تھے۔ پھر جب زکوٰۃ وصول ہوتی تو قرض واپس کر دیتے تھے۔ ایک دفعہ آپؐ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے قرض مانگا وہ جانتے تھے کہ آپؐ اپنے لئے قرض نہیں لے رہے چنانچہ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھ پر سال پورا ہونے پر جو زکوٰۃ واجب ہوگی وہ زکوٰۃ اگر میں ابھی دیدوں تو کیا یہ جائز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جائز ہے۔ چنانچہ حضرت عباسؓ نے پیشگی زکوٰۃ دیدی۔

دوسری حدیث: رسول اللہ ﷺ نے مدینہ اور قرب وجوار کی زکوتیں وصول کرنے کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ کام مکمل کر کے انھوں نے رپورٹ دی کہ سب زکوتیں وصول ہوگئیں مگر حضرت عباس اور حضرت خالد اور ابن جمیل نے نہیں دی، آپؐ نے فرمایا: عباسؓ سے میں دو سال کی پیشگی زکوٰۃ وصول کر چکا ہوں، اس لئے وہ میرے ذمے ہے۔ اور خالدؓ نے اپنی زکوٰۃ سے زرہیں (فولاد کے کرتے جو لڑائی میں پہنے جاتے ہیں) اور دیگر سامانِ جنگ خرید کر رکھ لیا ہے تاکہ مجاہدین کو جب وہ جنگ کے لئے جائیں یہ چیزیں دیں، اور ابن جمیل کو تو بس یہ بات ناپسند ہے کہ وہ کنگال تھا اس نے مجھ سے دعا کرائی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اس کو نواز دیا، اب اس کو اللہ کا حق دینا

بھی بھاری معلوم ہوتا ہے۔غرض نبی ﷺ نے حضرت عباس اور حضرت خالد رضی اللہ عنہما کی طرف سے صفائی دی اور ابن جمیل سے ناراضگی ظاہر فرمائی۔

تشریح: پہلی حدیث (نمبر ۶۷۱) اسماعیل بن زکریا کی ہے۔اور دوسری حدیث (نمبر ۶۷۲) اسرائیل کی ہے۔ دونوں کی سندیں مختلف ہیں اور دونوں کا مضمون بھی مختلف ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں ایک ہیں۔ اور اسماعیل کی حدیث اصح ہے اور وہ منقطع بھی مروی ہے، یعنی حکم بن عتیبہ سے اوپر سند نہیں ہے۔مگر صحیح یہ ہے کہ ترجیح قائم کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ دونوں حدیثیں علحدہ علحدہ ہیں۔ واللہ اعلم

[۳۷] بابُ ماجاء فی تعجیل الزکاۃ

[۶۷۱-] حدثنا عبدُ اللّٰہِ بنُ عبدِ الرحمنِ، نا سعیدُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا إسماعیلُ بنُ زَکَرِیَّا، عن الحَجَّاجِ بنِ دِیْنَارٍ، عن الحَکَمِ بنِ عُتَیْبَۃَ، عن حُجَیَّۃَ بنِ عَدِیٍّ، عن علیٍّ: أَنَّ العَبَّاسَ سَأَلَ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فی تَعْجِیْلِ صَدَقَتِہِ قَبْلَ أَنْ تَحِلَّ، فَرَخَّصَ لہ فی ذٰلِکَ.

[۶۷۲-] حدثناالقاسمُ بنُ دِیْنَارٍ الکُوْفِیُّ، نا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، عن إسرائیلَ، عن الحَجَّاجِ بنِ دِیْنَارٍ، عن الحَکَمِ بنِ جَحْلٍ، عن حُجْرٍ العَدَوِیِّ، عن علیٍّ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قال لِعُمَرَ: "إِنَّا قَدْ أَخَذْنَا زَکَاۃَ العَبَّاسِ عَامَ الأَوَّلِ لِلْعَامِ"

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ.

[قال:] لا أَعْرِفُ حدیثَ تَعْجِیلِ الزکاۃِ مِنْ حدیثِ إسرائیلَ، عن الحَجَّاجِ بنِ دِیْنَارٍ، إِلَّا مِنْ ھٰذا الوَجْہِ. وحدیثُ إسماعیلَ بنِ زکریَّا، عن الحجَّاجِ عِنْدِیْ أَصَحُّ مِنْ حدیثِ إسرائیلَ، عن الحجَّاجِ بنِ دِیْنَارٍ. وقد رُوِیَ ھذا الحدیثُ عن الحَکَمِ بنِ عُتَیْبَۃَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْسَلٌ.

وقد اخْتَلَفَ أھلُ العلمِ فِیْ تَعْجِیْلِ الزکاۃِ قَبْلَ مَحِلِّھَا، فَرَأَی طَائِفَۃٌ مِنْ أھلِ العلمِ أَنْ لَا یُعَجِّلَھَا، وبہ یقولُ سُفیانُ الثَّوْرِیُّ، قال: أَحَبُّ إِلَیَّ أَنْ لَا یُعَجِّلَھَا، وقال أکثرُ أھلِ العلمِ: إِنْ عَجَّلَھَا قَبْلَ مَحِلِّھَا أَجْزَأَتْ عَنْہُ، وبہ یقولُ الشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عباسؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سال پورا ہونے سے پہلے زکوٰۃ ادا کرنے کے بارے میں معلوم کیا تو آپؐ نے ان کو اس کی اجازت دی۔

رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "ہم عباسؓ سے اس سال کی زکوٰۃ شروع سال میں لے

چکے ہیں'' (عامَ الأول کی تقدیر ہے: أولَ العام۔ اور للعام: أی للعام الحاضر: موجودہ سال کی) (امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں:) میں اسرائیل کی حجاج بن دینار سے پیشگی زکوٰۃ ادا کرنے کے سلسلہ کی حدیث صرف اسی طریق سے جانتا ہوں، اور اسماعیل بن زکریا کی حجاج سے جو روایت ہے وہ میرے نزدیک اسرائیل کی اس حدیث سے جو حجاج بن دینار سے ہے اصح ہے۔ اور یہ حدیث حکم بن عتیبہ سے وہ نبی ﷺ سے مرسل (منقطع) بھی روایت کی گئی ہے۔ اور علماء کا سال پورا ہونے سے پہلے پیشگی زکوٰۃ ادا کرنے میں اختلاف ہے، علماء کی ایک جماعت کہتی ہے: پیشگی زکوٰۃ دینا جائز نہیں۔ اور سفیان ثوری اسی کے قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں: مجھے یہ پسند ہے کہ پیشگی زکوٰۃ نہ دی جائے۔ اور اکثر علماء کہتے ہیں: اگر سال پورا ہونے سے پہلے زکوٰۃ دیدی تو اس کی طرف سے کافی ہے۔ اور شافعی، احمد اور اسحاق اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی النَّهْیِ عن المَسْئَلَةِ

سوال کرنے کی ممانعت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''البتہ یہ بات کہ تم میں سے ایک شخص صبح سویرے جائے (یہ قید اتفاقی ہے، لکڑہارے عام طور پر صبح سویرے جنگل جاتے ہیں) پس وہ اپنی پیٹھ پر سوختہ لاد کر لائے (اور اس کو بیچ کر جو رقم حاصل ہو) اس میں سے خیرات کرے اور مانگنے سے بے نیاز ہو جائے یہ اس کے لئے اس سے بہتر ہے کہ کسی آدمی سے مانگے وہ اس کو دے یا دینے سے انکار کر دے، پس بیشک اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، اور شروع کر وان لوگوں سے جن کا تم خرچ برداشت کرتے ہو''

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ جب تک بازو میں طاقت ہو کما کر کھانا چاہئے۔ پرائے ٹکڑوں پر پلنا ٹھیک نہیں۔ اور ''اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے'' کی سات تفسیریں کی گئی ہیں راجح یہ ہے کہ اوپر کا ہاتھ خرچ کرنے والا ہاتھ ہے اور نیچے کا ہاتھ لینے والا ہاتھ ہے۔ نیز اس حدیث میں نبی ﷺ نے خرچ کرنے کے تعلق سے یہ ہدایت دی ہے کہ خرچ کرنے کے زیادہ حقدار قریبی رشتہ دار ہیں، سب سے پہلے اپنے اوپر اور بیوی بچوں پر خرچ کیا جائے پھر جو نادار رشتہ دار ہیں ان پر خرچ کیا جائے، اور ان سے بچے تو غیروں پر خرچ کیا جائے۔ مگر لوگ عام طور پر دور کی جگہوں میں خرچ کرتے ہیں اور رشتہ داروں کو بھول جاتے ہیں یہ غلط ذہن ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک مانگنا ایک سخت محنت ہے جس کے ذریعہ آدمی اپنے چہرے کو تھکاتا ہے (یعنی بے آبرو ہوتا ہے) مگر یہ کہ آدمی بادشاہ سے مانگے یا ایسی ضرورت میں مانگے جس میں مانگنا ناگزیر ہے (تو مانگنے کی وجہ سے بے آبرو نہیں ہوگا)

تشریح: جس طرح آدمی کام کرنے سے تھکتا ہے مانگنے سے بھی تھکتا ہے۔ فرق بس اتنا ہے کہ کام کرنے والے کا بدن تھکتا ہے اور مانگنے والے کا چہرہ تھکتا ہے، یعنی مانگنے والے کو بے آبرو ہونا پڑتا ہے۔ البتہ دو صورتوں میں مانگنے کی اجازت ہے۔ ایک: آدمی اپنی اتھارٹی سے مانگے جبکہ وہ مستحق بھی ہو، جیسے طلبہ کی اتھارٹی اہتمام ہے پس طالب علم استحقاق کی بنیاد پر مہتمم صاحب سے یا ناظم صاحب سے مانگ سکتا ہے اس کی وجہ سے وہ بے آبرو نہیں ہوگا۔ دوم: کسی کام کے لئے مانگنا ناگزیر ہو تو بھی بے آبرو نہیں ہوگا مثلاً: گاؤں میں مسجد بن رہی ہے یا مکتب یا مدرسہ چلانا ہے تو چندہ کئے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ پس مانگنا بے آبرو ہونا نہیں ہے اور کہاں تک مانگنا بے آبرو ہونا نہیں ہے؟ جہاں تک لوگ مسجد کو جانتے ہیں، یا جہاں تک لوگ مدرسہ کو جانتے ہیں اور جہاں تک اس کا فیض پہنچ رہا ہے وہاں تک چندہ کرنے سے بے عزت نہیں ہوگا۔ مگر آج کل کی صورتِ حال یہ ہے کہ کسی چھوٹے سے گاؤں میں مسجد بن رہی ہے اور دنیا بھر میں چندہ ہو رہا ہے، اسی طرح ایک گاؤں کا مدرسہ ہے اور بمبئی میں چندہ ہو رہا ہے۔ ایسے مدرسوں کے سفراء کو لوگ جوتوں سے تولتے ہیں۔ جب بمبئی میں کوئی اس مدرسہ کو جانتا ہی نہیں نہ وہاں تک مدرسہ کا فیض پہنچ رہا ہے تو وہاں چندہ کرنے کا کیا مطلب ہے؟ اور ایسے غیر معروف یا بوگس چندہ کرنے والوں کی وجہ سے صحیح لوگ بھی بے آبرو ہوتے ہیں:

چوں ز قومے یکے بے دانشی کرد ❁ نہ کہ را منزلت ماند نہ مِہ را

(جب قوم کا ایک فرد بے عقلی کا کام کرتا ہے ÷ تو نہ چھوٹے کا مرتبہ رہتا ہے نہ بڑے کا)

بلکہ لوگ قرب وجوار میں چندہ کرنے کے بجائے دور جا کر چندہ کرتے ہیں تا کہ کوئی حقیقتِ حال سے واقف نہ ہو اور زکوٰۃ کی رقمیں سمیٹ کر اناپ شناپ اڑائیں۔ مگر وہ بھول جاتے ہیں کہ ایک دن اللہ تعالیٰ کے سامنے بھی کھڑا ہونا ہے جو عالم الغیب والشہادۃ ہے، اور اپنے اعمال کا حساب دینا ہے، دنیا کے حقیر مزہ کی خاطر آخرت کی لازوال دولت کھو دینا کہاں کی عقلمندی ہے؟ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو نیک سمجھ عطا فرمائیں تا کہ وہ ملت کی رسوائی کا سبب نہ بنیں (آمین)

[۳۸] بابُ ماجاء فی النهی عن المسألة

[۶۷۳-]حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن بَيَانِ بنِ بِشْرٍ، عن قَيْسِ بنِ أبی حَازِمٍ، عن أبی هريرةَ، قال: سمعتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم يقولُ: " لَأَنْ يَغْدُوَ أَحَدُكُمْ، فَيَحْتَطِبَ علی ظَهْرِهِ، فَيَتَصَدَّقَ مِنْهُ، ويَسْتَغْنِيَ بِهِ عن النَّاسِ، خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ رَجُلاً: أَعْطَاهُ أَوْ مَنَعَهُ ذٰلِكَ، فَإِنَّ اليدَ العُلْيَا خَيْرٌ مِنَ اليَدِ السُّفْلٰی، وابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ"

وفی الباب: عن حَکیمِ بنِ حِزَامٍ، وأبی سعیدٍ الخُدْرِیِّ، والزُّبَیْرِ بنِ العَوَّامِ، وعَطِیَّةَ السَّعْدِیِّ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، ومَسْعُوْدِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عباسٍ، وثَوْبَانَ، وزیادِ بنِ الحَارِثِ الصُّدَائِیِّ، وأنسٍ، وحُبْشِیِّ بنِ جُنَادَةَ، وقَبِیْصَةَ بنِ مُخَارِقٍ، وسَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، یُسْتَغْرَبُ مِنْ حدیثِ بَیَانٍ، عن قَیْسٍ.

[٦٧٤-]حدثنا محمودُ بنُ غیلانَ، ناوَکیعٌ، نا سُفیانُ، عن عبدِ الملکِ بنِ عُمَیْرٍ، عن زَیْدِ بنِ عُقْبَةَ، عن سُمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قال: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ الْمَسْأَلَةَ کَدٌّیَکُدُّ بِها الرَّجُلُ وَجْهَهُ، إِلَّا أَنْ یَسْأَلَ الرجُلُ سُلْطَانًا، أَوْفِیْ أَمْرٍ لَابُدَّ مِنْهُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب اس لئے ہے کہ بیان بن بشر سے اوپر یہی ایک سند ہے ....اور کَدّ اور کَدْح کے معنی ہیں: سخت محنت۔

الحمدللہ کتاب الزکاۃ کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی

الحمدللہ! تحفۃ الألمعی شرح سنن الترمذی جلددوم مکمل ہوئی
تیسری جلدأبواب الصوم سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبواب الصَّوْمِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

روزوں کا بیان

بابُ ماجاءَ فی فضل شَهْرِ رَمَضَانَ

رمضان کی فضیلت اور روزوں کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو شیاطین اور سرکش جنات بیڑیوں میں جکڑ دیئے جاتے ہیں (مَرَدَةُ الجن عطف تفسیری ہے یعنی شیاطین الجن جکڑ دیئے جاتے ہیں، شیاطین الانس نہیں جکڑے جاتے، یہ بات سمجھانے کے لئے عطف تفسیری لایا گیا ہے) اور جہنم کے دروازے بھیڑ دیئے جاتے ہیں، پس ان میں سے کوئی دروازہ کھلا نہیں رہتا۔ اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، پس ان میں سے کوئی دروازہ بند نہیں رہتا، اور ایک پکارنے والا پکارتا ہے: اے بھلائی کے چاہنے والے! آگے بڑھ، اور اے برائی کے چاہنے والے! رک جا، اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت سے (گنہ گار) بندوں کو جہنم سے رہائی دی جاتی ہے (یعنی ان کی مغفرت کا فیصلہ کیا جاتا ہے) اور یہ (رستگاری کا فیصلہ) ہر رات ہوتا ہے۔

تشریح: حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جب رمضان شروع ہوتا ہے تو خیر کے تمام اسباب بروئے کار آتے ہیں اور شر کے اسباب مسدود کر دیئے جاتے ہیں، چنانچہ جنت کے — جو کہ رب ذوالجلال کی صفت رحمت کا مظہر ہے — سب دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، پس اس کے اثرات دنیا میں پھیلتے ہیں، اور جہنم کے — جو کہ اللہ کی صفت غضب کا مظہر ہے — سب دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں، تاکہ اس کا اثر نہ پھیلے۔ اور فرشتے زمین میں پھیل جاتے ہیں، اور نیک کاموں کا الہام کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے صالح اور اطاعت شعار بندے طاعات وحسنات میں مشغول ومنہمک ہو جاتے ہیں، وہ دن کو روزہ رکھتے ہیں اور ذکر وتلاوت میں گذارتے ہیں اور راتوں کا بڑا حصہ تراویح، تہجد، دعا

اور استغفار میں خرچ کرتے ہیں، اور ان کے انوار وبرکات سے متاثر ہوکر عام مؤمنین کے قلوب بھی رمضان میں عبادات اور نیکیوں کی طرف راغب ہوجاتے ہیں، اور بہت سے گناہوں سے کنارہ کش ہوجاتے ہیں۔

اور یہ سب اہتمام اس وجہ سے ہوتا ہے کہ رمضان عبادتوں کا خاص مہینہ ہے اور دستور زمانہ ہے کہ جب کوئی اہم دن آتا ہے تو اس کے لئے ضروری انتظامات کئے جاتے ہیں، تمام شر پسندوں کو بند کردیا جاتا ہے تاکہ وہ تقریب میں رخنہ نہ ڈالیں (تقریب ختم ہونے کے بعد ان کو چھوڑ دیا جاتا ہے) اور ہمنواؤں کو ہر طرف پھیلا دیا جاتا ہے، چنانچہ رمضان میں شیاطین اور سرکش جنات بند کردیئے جاتے ہیں اور فرشتے زمین میں پھیل جاتے ہیں۔

فائدہ (۱): کفار اور خدا ناشناس لوگ جو رمضان اور اس کے احکام وبرکات سے کوئی سروکار نہیں رکھتے، ظاہر ہے اس قسم کی بشارتوں کا ان سے کوئی تعلق نہیں اور جو بعض مسلمان رمضان میں بھی گناہوں میں غوطہ زن رہتے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ شر کے تمام اسباب مسدود نہیں ہوجاتے، بعض اسباب باقی رہتے ہیں۔ مثلاً شیاطین الانس کھلے رہتے ہیں، نیز انسان کا سب سے بڑا دشمن نفس جو اس کے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے ساتھ لگا رہتا ہے، جب خدا فراموش اور غفلت شعار لوگ گیارہ مہینے شیطان کی پیروی پر مطمئن رہتے ہیں تو رمضان کے آنے پر ان کی زندگیوں میں پوری طرح تبدیلی نہیں آتی۔ مگر رمضان میں عموماً اہل ایمان کا رجحان ومیلان خیر وسعادت والے کاموں کی طرف ہوجاتا ہے، یہاں تک کہ بہت سے غیر محتاط اور آزاد منش لوگ بھی رمضان میں اپنی روش کچھ بدل لیتے ہیں اور یہ ملأ اعلی کی اس نداء کا اثر ہے جو وہ رمضان میں ہر گھڑی اور ہر آن دیتے رہتے ہیں۔

فائدہ (۲): صُفِّدَتِ الشیاطینُ: (شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں) یہ آدھا مضمون ہے دوسرا آدھا یعنی فرشتے زمین میں پھیلا دیئے جاتے ہیں، فہم سامع پر اعتماد کرکے چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور قرینہ سیاق ہے یعنی آئندہ مضمون میں متقابلات (جنت وجہنم) کا تذکرہ ہے، اور کبھی قرینہ سباق یعنی پہلے ہوتا ہے، جیسے سورۂ آل عمران آیت ۲۶ میں ہے: ﴿بِیَدِكَ الْخَیْرِ﴾ یعنی بھلائی آپ کے اختیار میں ہے، اس کا باقی آدھا مضمون ہے: ''اور برائی کے مالک بھی آپ ہیں'' اور یہاں قرینہ سباق یعنی پہلے آنے والے متقابلات (دینا، لینا اور عزت وذلت) ہیں۔

نوٹ: اس حدیث کو امام اعمش سے ابوبکر بن عیاش اور ابوالاحوص روایت کرتے ہیں اور یہ دونوں راوی ثقہ ہیں، البتہ ابوبکر بن عیاش کبھی حدیث میں غلطی کرتے ہیں اور اس حدیث کو انھوں نے ہی مرفوع کیا ہے، جبکہ ابوالاحوص: اعمش عن مجاہد کے طریق سے مقطوع روایت کرتے ہیں، یعنی مجاہد پر سند روک دیتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ کے حوالہ سے فرمایا ہے کہ ابوالاحوص والی حدیث اصح ہے، یعنی یہ حدیث مرفوع نہیں ہے۔ مگر ہمارا خیال یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے اس لئے کہ حدیث میں جو مضمون ہے اسے کوئی تابعی اپنی عقل سے بیان نہیں کرسکتا۔ علاوہ ازیں ابوبکر بن عیاش معمولی آدمی نہیں، وہ بخاری ومسلم کے راوی ہیں، اور ان سے کبھی غلطی سرزد ہوجانے سے یہ لازم

نہیں آتا کہ انھوں نے اس حدیث کو مرفوع کرنے میں غلطی کی ہے۔ رہی حضرت مجاہد کی مقطوع حدیث تو اس کا جواب یہ ہے کہ بڑے علماء کبھی سبق میں یا وعظ میں حوالہ دیئے بغیر حدیث بیان کرتے تھے پس ممکن ہے حضرت مجاہد نے کبھی یہ حدیث حوالہ کے بغیر بیان کی ہو، اور نفس حدیث متفق علیہ ہے، مسلم شریف میں ہے: إذا جاءَ رمضانُ: فُتِحَتْ أبوابُ الجنةِ، وغُلِّقَتْ أبوابُ النار، وصُفِّدَتِ الشياطين اور ترمذی کی حدیث میں اسی کی تفصیل ہے اور ایک مضمون زائد ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ایمان اور ثواب کی امید سے رمضان کے روزے رکھے اور ایمان اور ثواب کی امید سے سونے سے پہلے نفلیں (تراویح) پڑھیں تو اس کے سابقہ تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں، اور جس نے ایمان اور ثواب کی امید سے لیلۃ القدر میں نفلیں پڑھیں تو اس کے سابقہ تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

تشریح: قیام رمضان ان نفلوں کو کہتے ہیں جو رمضان میں سونے سے پہلے پڑھے جاتے ہیں، یعنی تراویح۔ اور تہجد جو سال بھر کی نماز ہے اس کو قیام اللیل کہتے ہیں۔ اور روزے اور تراویح کا ثواب یہ ہے کہ اس سے تمام سابقہ گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اور پیچھے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ گناہ کے چار درجے ہیں: (۱) معصيةٌ (نافرمانی) (۲) سيِّئةٌ (برائی) (۳) خطيئةٌ (غلطی) (۴) ذُنُوْبٌ (کوتاہی) اور نصوص میں جو لفظ آتا ہے وہ اور اس سے نیچے والے گناہ معاف ہوتے ہیں، یہاں ذَنْبٌ آیا ہے، پس روزے اور تراویح کی برکت سے ذنوب معاف ہونگے اس سے اوپر کے گناہ یعنی خطیئہ، سیئہ اور معاصی معاف نہیں ہونگے (مزید تفصیل کے لئے کتاب الطہارۃ باب ۲ دیکھئے)

اور چونکہ پورے رمضان روزے رکھنا اور تراویح پڑھنا اور رمضان کی ہر رات میں شب قدر کو تلاش کرنا نہایت مشکل کام تھا اس لئے شریعت نے اس دشواری کا حل یہ بتایا ہے کہ یقین کو پختہ کرے اور ان عملوں پر جو ثواب ملنے والا ہے اس کو مستحضر کرے، ان شاء اللہ یہ کام آسان ہوجائیں گے، اس کو سمجھنے کے لئے مثال یہ ہے کہ نوکری پیشہ آدمی روز بروقت آفس جاتا ہے، کبھی ناغہ نہیں کرتا نہ دیر سے پہنچتا ہے اور شام خالی ہاتھ واپس آجاتا ہے، اس لئے کہ اسے یقین ہے کہ میری یہ دوڑ دھوپ ضائع ہونے والی نہیں، جب مہینہ پورا ہوگا تو ایک ساتھ بہت روپے ملیں گے، اسی طرح قیام رمضان اور صیام رمضان پر جو اجر ملنے والا ہے اگر اس پر یقین پختہ ہو اور ان کا ثواب پیش نظر ہو تو یہ عمل آسان ہوجائے گا۔

فائدہ: قام ليلةَ القدر میں اس طرف اشارہ ہے کہ شب قدر میں پوری رات جاگنا اور عبادت کرنا ضروری نہیں، کیونکہ قیام سونے سے پہلے کی نفلوں کو کہتے ہیں۔ پس جو شخص لیلۃ القدر میں سویا بھی اور بقدر استطاعت عبادت بھی کی تو وہ مذکورہ ثواب کا مستحق ہوگا، پوری رات عبادت کرنے کے لئے لفظ أَحْیٰی (زندہ کیا) آتا ہے، عیدین کی راتوں کی

فضیلت میں جو حدیث ہے اس میں یہی لفظ آیا ہے، البتہ وہ حدیث ضعیف ہے (الترغیب والترہیب۲:۱۵۳)

أبواب الصوم

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱] باب ماجاء فی فضلِ شهرِ رمضان

بسم الله الرحمن الرحيم

[۶۷۵-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ محمدُ بنُ العَلاء بنِ كُرَيْبٍ، نا أبو بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عن الْأَعْمَشِ، عن أبی صَالِحٍ، عن أبی هريرة، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" إذا كان أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ صُفِّدَتِ الشَّيَاطِيْنُ وَمَرَدَةُ الْجِنِّ، وغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النِّيْرَانِ، فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ، وَفُتِحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ، وَيُنَادِیْ مُنَادٍ: يَا بَاغِیَ الْخَيْرِ! أَقْبِلْ، وَيَا بَاغِیَ الشَّرِّ! أَقْصِرْ، ولِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ، وذلك كُلَّ لَيْلَةٍ "

وفی البابِ: عن عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وسَلْمَانَ.

[۶۷۶-]حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، وَالْمُحَارِبِیُّ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ صَامَ رَمَضَانَ وَقَامَهُ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، ومَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ "

هذا حديثٌ صحيحٌ.

قال أبو عيسى: وحديثُ أبی هريرةَ الَّذِیْ رَوَاهُ أبُو بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مِنْ رِوَايَةِ أبی بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عن الْأَعْمَشِ، عن أبی صَالِحٍ، عن أبی هريرةَ إِلَّا مِنْ حديثِ أبی بَكْرٍ. وسَأَلْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ عن هذا الحديثِ، فقال: نا الحَسَنُ بنُ الرَّبِيْعِ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن الْأَعْمَشِ، عن مُجَاهِدٍ، قَوْلَه، قال: إذا كانَ أَوَّلُ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ، فَذَكَرَ الحديثَ، قال محمدٌ: وهذا أَصَحُّ عِنْدِیْ مِنْ حديثِ أبی بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث جس کو ابوبکر بن عیاش روایت کرتے ہیں غریب ہے، ہم اس کو ابوبکر بن عیاش ہی کے طریق سے جانتے ہیں۔ یعنی اس کو صرف ابوبکر مرفوع کرتے ہیں اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: ہم سے حسن بن الربیع نے بیان کیا،

ان سے ابوالاحوص نے، وہ اعمش سے اور وہ مجاہد سے ان کا قول روایت کرتے ہیں، مجاہد کہتے ہیں: جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے الی آخرہ۔ اور میرے نزدیک ابوالاحوص کی حدیث اصح ہے، ابوبکر بن عیاش کی حدیث سے۔

بابُ ماجاء لاتَتَقَدَّمُوْا الشَّهْرَ بِصَوْمٍ

رمضان کے روزے پہلے سے شروع نہ کرو

شریعت نے جو عبادت جتنی مشروع کی ہے اتنی ہی بجالانی چاہئے، نہ اس میں کمی کرنی چاہئے نہ زیادتی، کمی کرنے کی خرابی تو ظاہر ہے اور زیادتی کرنے میں برائی یہ ہے کہ جب احتیاط کے نام پر اضافہ کیا جائے گا تو وہ اضافہ بڑھتا جائے گا، پھر جب بوجھ ناقابل برداشت ہوجائے گا تو لوگ اصل کو بھی چھوڑ دیں گے۔ کہتے ہیں: بنی اسرائیل پر صرف تین روزے فرض کئے گئے تھے، انھوں نے احتیاط کے نام پر ان میں اضافہ کیا، یہاں تک کہ چھ مہینے کے روزے کردیئے، پھر سب ختم کردیئے، آج عیسائی روزہ رکھتے ہیں، ہندو بھی رکھتے ہیں، مگر یہودی نہیں رکھتے۔ اس لئے شریعت نے رمضان کے روزے پہلے سے شروع کرنے سے منع کیا، اسی طرح رمضان کے اخیر میں بھی اضافہ ممنوع قرار دیا، بلکہ یکم شوال کا روزہ حرام کردیا، کیونکہ روزے رکھتے رکھتے قلب منور ہوجاتا ہے اور مزہ آنے لگتا ہے اس لئے رمضان کے آخر میں اضافہ کا احتمال زیادہ تھا اس لئے یکم شوال کا روزہ حرام کردیا۔ اور ابتدائے رمضان میں یہ احتمال کم تھا اس لئے صرف زبانی ممانعت کی۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نہ آگے بڑھو تم ماہ رمضان سے ایک دن کے ساتھ اور نہ دو دن کے ساتھ'' (لاتَتَقَدَّمُوْا کی اصل ہے لاتَتَتَقَدَّمُوْا) یعنی احتیاطاً ایک دو دن پہلے سے روزے شروع مت کرو، ''مگر یہ کہ اتفاقاً ایسا ہوجائے کہ وہ ایسا روز ہو جس کا روزہ تم میں سے کوئی رکھتا ہو۔ رمضان کا چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور شوال کا چاند دیکھ کر روزے ختم کردو۔ پس اگر چھپا دیا جائے تم پر (یعنی بادل یا گہرا غبار ہونے کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے) تو مہینے کے تیس دن شمار کرو پھر روزے ختم کردو''

تشریح: اس حدیث میں دو مسئلے اور بھی ہیں: ایک: اگر کسی شخص کو مثلاً جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی عادت ہے اور اتفاق سے انتیس یا تیس شعبان جمعہ کا دن ہو، تو اس کے لئے روزہ رکھنا جائز ہے اس لئے کہ وہ پہلے سے رمضان شروع نہیں کررہا، بلکہ اپنا معمول پورا کررہا ہے۔ اور دوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ رمضان کی ابتداء اور انتہا کا مدار رویت (چاند دیکھنے) پر ہے اگر انتیس شعبان یا انتیس رمضان میں چاند نظر آئے تو فبہا، رمضان شروع کردیں گے یا رمضان ختم کردیں گے، اور اگر کسی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو تیس دن پورے کرکے روزے شروع کریں گے اور عید کریں گے (یہ مسئلہ آگے مستقل باب میں آرہا ہے)

[۲] باب ماجاء لاتَتَقَدَّمُوْا الشهر بصوم

[۶۷۷-]حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرة، قال: قال النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم" لاتَقَدَّمُوْا الشَّهْرَ بِيَوْمٍ وَلاَ بِيَوْمَيْنِ إِلَّا أَنْ يُوَافِقَ ذٰلِكَ صَوْمًا كانَ يَصُوْمُهُ أَحَدُكُمْ؛ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وأَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَعُدُّوا ثَلاَثِيْنَ ثُمَّ أَفْطِرُوْا"

وفی البابِ: عن بعضِ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَخبرنا مَنْصُوْرُ بنُ المُعْتَمِرِ، عن رِبْعِیِّ بنِ حِرَاشٍ، عن بعضِ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِنَحْوِ هٰذَا.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ: كَرِهُوْا أَنْ يَتَعَجَّلَ الرَّجُلُ بِصِيَامٍ قَبْلَ دُخُوْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ، لِمَعْنَى رَمَضَانَ، وإِنْ كَانَ رَجُلٌ يَصُوْمُ صَوْمًا فَوَافَقَ صِيَامُهُ ذٰلِكَ فَلاَ بَأْسَ به عِنْدَهُمْ.

[۶۷۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن علیِّ بنِ المُبَارَكِ، عن يَحْيَى بنِ أبی كَثِيْرٍ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرة، قال: قالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم:" لاتَقَدَّمُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ بِصِيَامٍ قَبْلَهُ بِيَوْمٍ أَوْيَوْمَيْنِ، إِلَّا أَنْ يَّكُوْنَ رَجُلٌ كانَ يَصُوْمُ صَوْمًا فَلْيَصُمْهُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: علماء مکروہ کہتے ہیں اس بات کو کہ آدمی ماہ رمضان شروع ہونے سے پہلے روزے رکھنا شروع کردے رمضان کی وجہ سے، اوراگر کوئی آدمی کسی خاص دن میں روزہ رکھتا ہو، پس اتفاق سے وہ روزہ اس دن (انتیس شعبان) میں پڑے تو علماء کے نزدیک اس روزہ کے رکھنے میں مضائقہ نہیں (اور یہ اجماعی مسئلہ ہے) اس کے بعد حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث دوسرے طریق سے ہے۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ صَوْمِ يَوْمِ الشَّكِّ

یوم الشک کا روزہ مکروہ ہے

اگر انتیس شعبان کو مطلع صاف نہ ہو، بادل، گہرا غبار یا تیز سرخی ہو، جس کی وجہ سے چاند نظر نہ آئے تو اگلا دن یوم الشک ہے، کیونکہ اس میں دو احتمال ہیں: ایک: ممکن ہے افق پر چاند ہو اور علت کی وجہ سے نظر نہ آیا ہو، پس وہ رمضان کی پہلی تاریخ ہوگی اور یہ بھی ممکن ہے کہ چاند نہ ہو، پس وہ شعبان کی تیس تاریخ ہوگی، اس لئے یہ یوم الشک ہے۔ اسی طرح ایک شخص نے رویت کی گواہی دی، مگر وہ فاسق تھا اس وجہ سے گواہی قبول نہ کی گئی مگر اس کی بات میں صدق کا

احتمال ہے، اس لئے آئندہ دن یوم الشک ہے۔ اور اگر کوئی علت نہ ہوتو بالیقین آئندہ دن شعبان کی تیس ہے، یوم الشک نہیں، مگراس میں بھی روزہ رکھنا ممنوع ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے رمضان سے ایک دو دن پہلے سے روزے شروع کرنے سے منع فرمایا ہے۔

اور یوم الشک میں روزہ کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ اس دن کے روزہ میں دواحتمال ہیں: اگر وہ رمضان کی پہلی تاریخ ہےتو روزہ فرض ہوگا، اور اگر تیس شعبان ہےتو روزہ نفل ہوگا۔ پس لمعنی رمضان (رمضان کی وجہ سے) پایا گیا اس لئے یہ روزہ ممنوع ہے۔

حدیث: صلۃ بن زفر کہتے ہیں: ہم عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس ایک سالم بُھنی ہوئی بکری لائی گئی، حضرت عمار نے کہا: کھاؤ! پس ایک صاحب پیچھے ہٹ گئے (وہ کھانے میں شریک نہیں ہوئے) اور انھوں نے کہا: میرا روزہ ہے۔ حضرت عمارؓ نے فرمایا: جس نے یوم الشک کا روزہ رکھا اس نے ابوالقاسم ﷺ کی مخالفت کی۔

تشریح: یوم الشک میں روزے کی ممانعت اسی حدیث کے اقتضاء سے ثابت ہوتی ہے، دوسری حدیث تلاش کرنے کی ضرورت نہیں۔ جیسے پیچھے حدیث گذری ہے: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مسجد میں سبق پڑھا رہے تھے اذان کے بعد ایک شخص مسجد سے نکلا تو آپ نے فرمایا: أمّا هٰذا فقد عَصَى أبا القاسم صلى الله عليه وسلم اس حدیث کے اقتضاء سے اذان کے بعد مسجد سے نکلنے کی ممانعت ثابت ہوگی، مستقل حدیث ہونی ضروری نہیں۔

لغت: صَلٰى صَلْيًا اللحمَ: گوشت بھونا، صفتِ مفعولی مَصْلِیٌّ: بھونا ہوا، شاةٌ مَصْلِيَّةٌ: بھونی ہوئی بکری۔

[۳] باب ماجاء فی کراهيةِ صومِ يومِ الشك

[۶۷۹-] حدثنا أبو سَعيدٍ عبدُ اللّٰهِ بنُ سعيدِ الأَشَجُّ، نا أبو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عن عَمْرِو بنِ قَيْسٍ، عن أبی إسحاقَ، عن صِلَةَ بنِ زُفَرَ، قال: كُنَّا عِنْدَ عَمَّارِ بنِ يَاسِرٍ، فَأُتِیَ بِشَاةٍ مَصْلِيَّةٍ، فقال: كُلُوْا فَتَنَحَّى بَعْضُ القَوْمِ، فَقال: إِنِّی صَائِمٌ، فقال عَمَّارٌ: مَنْ صَامَ اليومَ الَّذِیْ شُكَّ فيهِ فَقَدْ عَصَى أبا القَاسِمِ.

وفی البابِ: عن أبی هريرةَ، وأنَسٍ. قال أبو عيسى: حديثُ عَمَّارٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعمل على هذا عندَ أكثرِ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم ومَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابعينَ، وبهِ يقولُ سُفيانُ الثَّوْرِیُّ، ومالكُ بنُ أنسٍ، وعبدُ اللّٰهِ بنُ المباركِ، والشَّافِعِیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ: كَرِهُوْا أَنْ يَصُوْمَ الرَّجُلُ الْيَوْمَ الَّذِیْ يُشَكُّ فيهِ، وَرَأَى أَكْثَرُهُمْ: إِنْ صَامَهُ وكانَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ: أَنْ يَقْضِیَ يَوْمًا مَكَانَهُ.

ترجمہ: اس پر اکثر صحابہ اور بعد کے تابعین کا عمل ہے، اور ثوری، مالک، ابن المبارک، شافعی، احمد اور اسحاق اسی

کے قائل ہیں، وہ سب ناپسند کرتے ہیں کہ آدمی اس دن کا روزہ رکھے جس میں شک کیا جاتا ہے۔ اور اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ اگر کسی نے یوم الشک کا روزہ رکھا اور وہ رمضان کی پہلی تاریخ تھی تو اس کی قضا ضروری ہے، یعنی یہ روزہ فرض شمار نہیں ہوگا، کیونکہ اس نے وہ روزہ نفل کی نیت سے رکھا ہے۔

تشریح: اس سلسلہ میں احناف کا مذہب یہ ہے کہ یوم الشک میں عوام کے لئے روزہ رکھنا مکروہ ہے، البتہ خواص رکھ سکتے ہیں۔ پھر اگر اتفاق سے وہ رمضان کی پہلی تاریخ ہو تو یہ روزہ فرض ہوجائے گا، مگر ضروری ہے کہ یوم الشک کا روزہ نفل کی نیت سے رکھا جائے، رمضان کا کوئی تصور نہ ہو، اور یہی خاص اور عام کا معیار ہے، جو شخص نفل کی پختہ نیت کرسکتا ہے وہ خاص ہے، اور نیت پختہ نہ ہو، یہ خیال آئے کہ اگر رمضان ہوگا تو رمضان کا روزہ ہوجائے گا وہ عامی ہے، میں پہلے خود کو خواص میں شمار کرتا تھا، مگر جب عقل آئی تو اب خود کو عوام میں شمار کرتا ہوں اور یوم الشک کا روزہ نہیں رکھتا، کیونکہ نیت نہ ہلے یہ بات میرے لئے ممکن نہیں۔

بابُ ماجاء فی إحْصَاءِ هِلاَلِ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ

رمضان کے لئے شعبان کے چاند کا اہتمام کیا جائے

إحْصَاء: کے معنی ہیں: گننا، احاطہ کرنا، خیال رکھنا۔ یہ لفظ حَصَی (کنکری) سے بنا ہے۔ پہلے کنکریوں کے ذریعہ گننے کا رواج تھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''رمضان کی خاطر شعبان کا چاند دیکھنے کا اور اس کے ایام گننے کا اہتمام کرو۔ پھر اگر انتیس شعبان کو چاند دیکھو تو اگلے دن سے رمضان شروع کرو، ورنہ شعبان کے تیس دن پورے کرو''

[٤] باب ماجاء فی إحصاء هلالِ شعبانَ لرمضانَ

[٦٨٠-] حدثنا مُسْلِمُ بْنُ حَجَّاجٍ، نا يَحْيَى بنُ يَحْيَى، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرةَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: '' أَحْصُوْا هِلاَلَ شَعْبَانَ لِرَمَضَانَ''

قال أبو عيسىٰ: حديثُ أبی هريرةَ لانَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا إلاَّ مِنْ حديثِ أبی مُعَاوِيَةَ، والصَّحِيْحُ مَا رُوِیَ عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن أبی سلمةَ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال: ''لا تَقَدَّمُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ بِيَوْمٍ وَلاَ يَوْمَيْنِ'' وهٰكَذَا رُوِیَ عَنْ يَحْيَى بنِ أبی كَثِيْرٍ، عن أبی سَلمةَ، عن أبی هريرةَ نَحْوُ حديثِ محمدِ بنِ عَمْرٍو اللَّيْثِیِّ.

وضاحت: محمد بن عمرو: عن ابی سلمۃ: عن ابی ہریرۃ کی سند سے جو متن آیا ہے وہ ابو معاویہ محمد بن خازم کی روایت ہے، اور باب ۲ حدیث ۶۷۷ میں اسی سند سے دوسرا متن آیا ہے۔ وہ عبدۃ بن سلیمان کی روایت ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ

کے نزدیک وہی اصح ہے، کیونکہ ابوسلمۃ کے دوسرے تلمیذ یحییٰ بن ابی کثیر کی روایت کا متن بھی وہی ہے، یہ روایت بھی باب ۲ حدیث ۶۷۸ میں گذر چکی ہے (لیکن احتمال ہے کہ یہ دونوں حدیثیں الگ الگ ہوں، اور محمد بن عمرو نے دونوں حدیثیں ابوسلمہ سے روایت کی ہوں، پھر ایک ابومعاویہ نے روایت کی ہو اور دوسری عبدۃ اور یحییٰ نے روایت کی ہو)

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ: امام مسلم صاحب صحیح ہیں، اور آپ نے اس کتاب میں امام مسلم سے یہی ایک حدیث روایت کی ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الصَّوْمَ لِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ وَالإِفْطَارَ لَهُ

رمضان کا چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور شوال کا چاند دیکھ کر روزے بند کردو

رمضان المبارک کے آغاز واختتام میں حساب کا مطلق اعتبار نہیں، چاند دیکھ کر روزے شروع کئے جائیں اور چاند دیکھ کر بند کردیئے جائیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور چاند دیکھ کر روزے بند کردو'' اور یہ مستقل حدیث نہیں ہے، طویل حدیث کا جزء ہے، اصل حدیث یہ ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''رمضان کی آمد سے ایک دو دن پہلے روزے شروع نہ کردو، بلکہ جب چاند دیکھو روزے شروع کرو، اور اگلا چاند دیکھ کر روزے موقوف کردو''

جاننا چاہئے کہ عیسوی (انگریزی) کلینڈر کا مدار سورج پر ہے۔ اور اسلامی مہینوں کا مدار چاند پر ہے، ہندو کلینڈر بھی قمری حساب سے بنتا ہے، مگر ہندو دو کام کرتے ہیں: ایک: ہر مہینے کو دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ پندرہ دن چاند کے روشن ہونے کے، اور پندرہ دن تاریکی کے۔ دوسرا: ہر تین سال میں ایک مہینہ بڑھاتے ہیں۔ اس کا نام لوند ہے، عربی میں اس کو کبیسہ اور قرآن میں اس کو نسیئ کہا گیا ہے، اس لئے ان کے مہینے انگریزی مہینوں کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور تقویم اسلامی میں لوند کا طریقہ نہیں، پس رمضان کبھی سردی میں آتا ہے، کبھی گرمی میں، اور کبھی برسات میں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شریعت کے بعض احکام کا تعلق سورج سے ہے، مثلاً نمازوں کے اوقات اور سحر وافطار کے اوقات سورج کی چال سے جڑے ہوئے ہیں، اور بعض احکام مثلاً رمضان کا آغاز واختتام کا تعلق چاند کے ساتھ ہے، اور اس میں بندوں کا فائدہ ہے، جہاں سورج کی رعایت کرنے میں بندوں کے لئے سہولت تھی وہاں احکام سورج سے متعلق کئے گئے ہیں، اور جہاں چاند کی رعایت میں سہولت تھی وہاں احکام چاند سے متعلق کئے گئے ہیں، اور دونوں صورتوں میں رویت پر مدار رکھا گیا ہے، حساب پر مدار نہیں رکھا گیا، گو کہ لوگوں نے جنتریاں بنالی ہیں، مگر ان پر مدار نہیں۔ چنانچہ جو شخص سورج کو غروب ہوتے ہوئے دیکھ رہا ہے اس کے لئے روزہ کھولنا جائز ہے، چاہے جنتری میں وقت نہ ہوا ہو، اور اگر سورج موجود ہو تو روزہ کھولنا جائز نہیں، اگرچہ جنتری میں وقت ہو گیا ہو۔

اور یہ اصول کہ احکام شرع کا مدار رویت پر ہے حساب پر نہیں اسی حدیث سے اخذ کیا گیا ہے، کیونکہ اگر شریعت کو

حساب لینا ہوتا تو سورج کا حساب لیا جاتا، کیونکہ سورج کی چال چاند کی چال کی بہ نسبت زیادہ باقاعدہ ہے۔اور رویت پر احکام کامدار رکھنے میں مصلحت یہ ہے کہ نبی ﷺ کی امت بہت بڑی امت ہےاوران میں بیشتر امی (اَن پڑھ)اور حساب سے نابلد ہیں پس اگر حساب پر مدار رکھا جائے گا تو عمل میں دشواری ہوگی،اور جب رویت پر مدار رکھا گیا تو ہر شخص خواہ وہ خواندہ ہو یا ناخواندہ،شہری ہو یا دیہاتی،آسانی سے دین پر عمل کرسکے گا۔

فائدہ: آج سے تقریباً چالیس سال پہلے سعودیہ کی تنظیم رابطہ عالم اسلامی نے توحید اہلہ کے مسئلہ پر اجلاس بلایا تھا جس میں دنیا بھر کے اکابر علماء کو مدعو کیا تھا اور یہ مسئلہ ان کے سامنے رکھا تھا کہ جب ساری دنیا کے مسلمان ایک ساتھ حج کرتے ہیں تو عیدین اور رمضان بھی ایک ساتھ کریں،اوراس کی صورت یہ ہو کہ رمضان کے آغاز واختتام کا مدار بجائے رویت کے القمر الجدید (نیومون) پر رکھا جائے ——— چاند کی دو چالیں ہیں: ایک چال: سورج کی طرح مشرق سے مغرب کی طرف ہے،اور دوسری چال: چاند روزانہ سورج سے چند ڈگری پیچھے پڑتا ہے یعنی مغرب سے مشرق کی طرف چلتا ہے، یہاں تک کہ ایک وقت ایسا آتا ہے جب چاند سورج کے بالکل مقابل ہوجاتا ہے، پھر جب وہ پیچھے پڑتا ہے تو القمر الجدید کہلاتا ہے۔حساب داں اس کو جانتے ہیں کہ کب چاند پیچھے پڑے گا، رابطہ والوں کا پلان یہ تھا کہ نیومون پر مدار رکھا جائے، تاکہ پوری دنیا میں ایک ساتھ رمضان اور عیدین ہوں، مگر تمام علماء نے اس پلان کو رد کردیا اور حج کے استدلال کا جواب یہ دیا کہ حج صرف ایک جگہ یعنی میدانِ عرفہ میں ہوتا ہے، پس وہاں کی رویت کا اعتبار کیا جائے گا۔جس دن مکہ میں نو ذی الحجہ ہوگی وہی دن حج کا ہوگا،اور عیدین اور رمضان کی صورت حال اس سے مختلف ہے ان کو ایک ساتھ کرنا ممکن نہیں، کیونکہ سورۃ البقرۃ (آیت ۱۸۹) میں ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَهِلَّةِ؟ قُلْ: هِيَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ﴾ ترجمہ: لوگ آپؐ سے چاند کی حالت کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ آپؐ بتادیں: وہ لوگوں کے لئے اور حج کے لئے اوقات ہیں۔اس میں اشارہ ہے کہ حج کا وقت تو سب کے لئے ایک ہوگا، باقی امور میں چاند لوگوں کے لئے مختلف اوقات مقرر کرے گا۔مگراس کے بعد سے سعودیہ نیومون سے چاند کا اعلان کرتا ہے اور لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے ہر سال رمضان اور عیدین میں دو گواہ قاضی کے سامنے پیش ہوتے ہیں،اور ان کی گواہی پر اعلان کیا جاتا ہے، جبکہ پوری دنیا میں کہیں چاند نظر نہیں آتا۔نیز عرب کا مطلع عام طور پر صاف ہوتا ہے، مگر ایک دو آدمیوں ہی کو چاند نظر آتا ہے یہاں لوگ سوال کرتے ہیں کہ آیا سعودیہ والے مسلمان نہیں ہیں؟ جواب یہ ہے کہ بےشک وہ مسلمان ہیں، مگر براعظم افریقہ اور براعظم امریکہ والوں کو وہ چاند نظر نہیں آتا تو کیا وہ آنکھیں بند کرکے چاند دیکھتے ہیں؟ بات دراصل یہ ہے کہ سعودیہ میں چاند کا نظام جن لوگوں کے ہاتھ میں ہے وہ نہیں چاہتے کہ حج صحیح وقت پر ہو، چنانچہ انھوں نے چاند کا سارا نظام ہی بدل دیا ہے،اور پوری دنیا میں ایک عظیم فتنہ برپا کردیا ہے، ہر ملک میں کچھ لوگ بےعقلی کے ساتھ سعودیہ کے اعلان پر عمل کرتے ہیں اور مسلمانوں کی صفوں میں انتشار ہوجاتا ہے۔

رہا یہ سوال کہ اس صورت میں حج کا کیا ہوگا؟ تو اس کا جواب باب نمبر ۱۱ میں آرہا ہے۔

مذکورہ واقعہ کی تفصیل: رابطہ عالم اسلامی نے توحید اہلّہ پر جو اجلاس بلایا تھا وہ ۱۹۷۶-۷۷ء کے درمیان کا واقعہ ہے، حضرت مولانا محمد منظور صاحب نعمانی رحمہ اللہ اس اجلاس میں شریک ہوئے تھے، میں اس زمانہ میں راندیر میں پڑھاتا تھا، جب مولانا اس اجلاس سے لوٹے تو راندیر تشریف لائے اور اس اجلاس کی پوری کارروائی سنائی، اور فرمایا کہ یہ خطرناک اسکیم ہے، اس پر مضمون لکھنا چاہئے، چنانچہ میں نے دو قسطوں میں مضمون لکھا جو ''الفرقان لکھنؤ'' میں شائع ہوا، اس مضمون میں میں نے قرآن وحدیث کی متعدد دلیلوں سے یہ بات ثابت کی کہ توحید اہلہ یعنی ساری دنیا کا ایک چاند ناممکن ہے، اور القمر الجدید کو بنیاد بنا کر رمضان وغیرہ کو ایک ساتھ کرنا مذکورہ آیت کی رو سے غلط ہے، ہاں توحید اہلہ —— اگر یہ تعبیر مناسب ہو —— حج میں ممکن ہے، کیونکہ حج کا وقت ہلال خود متعین کرتا ہے، مکہ مکرمہ کی رویت سے جو ۹/ ذی الحجہ ہوگی اس میں ساری دنیا کے لوگوں کو حج کرنا ہوگا اور اپنی مقامی قمری تاریخوں کو چھوڑ دینا ہوگا، مگر سعودیہ نے جو چاہا وہ شروع کر دیا، اور اب تک وہ کھل کر اعتراف نہیں کرتا کہ ہم قمر جدید پر چل رہے ہیں۔

اور دنیا کے وہ مسلمان جو سہولت پسند ہیں سعودیہ کا اتباع کرتے ہیں کیونکہ پہلے سے ان کو معلوم ہوجاتا ہے کہ فلاں دن رمضان یا عید ہے، مگر افریقہ اور امریکہ میں جہاں غروب آفتاب سعودیہ سے گھنٹوں بعد ہوتا ہے عام طور پر سعودیہ کا چاند نظر نہیں آتا ہے، بلکہ کبھی پورے دورے میں کہیں چاند نظر نہیں آتا، دوسرے دن نظر آتا ہے، پس ایسی صورت میں لوگوں کو چاہئے کہ سعودیہ کی اندھی تقلید کر کے اپنے روزوں کو خراب نہ کریں، جو لوگ مملکت سعودیہ کی حدود میں رہتے ہیں ان کے لئے تو مجبوری ہے، یہی حال حج کی تاریخوں کا ہے، مگر جو لوگ سعودیہ کی حدود سے باہر رہتے ہیں ان کے لئے کوئی مجبوری نہیں، پس ان کو اندھی پیروی نہیں کرنی چاہئے۔

یہاں ایک اور بات پر تنبیہ ضروری ہے، اور وہ یہ ہے کہ چاند کے معاملہ میں حساب کا اعتبار نہیں، مگر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ کچھ بے دین مسلمان سعودیہ کی رویت کو منوانے کے لئے رویت کی جھوٹی گواہی دیتے ہیں، بلکہ کچھ لوگ چاند پر سٹہ لگاتے ہیں، پس ایسی صورت میں اگر حساب کو اس حد تک مان لیا جائے کہ اگر امکانِ رویت نہ ہو تو گواہی قبول نہ کی جائے: میری ناقص رائے میں اس میں کوئی حرج نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

[۵] باب ماجاء أن الصومَ لرؤية الهلال والإفطارَ له

[۶۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو الأحوصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: '' لاَتَصُوْمُوْا قَبْلَ رَمَضَانَ، صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ، فَإِنْ حَالَتْ دُوْنَهُ غَيَايَةٌ فَأَكْمِلُوْا ثلاثينَ يَوْمًا''

وفي الباب: عن أبي هريرة، وأبي بَكْرَةَ، وابنِ عُمَرَ. قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِيَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''رمضان سے پہلے روزے مت رکھو، چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور چاند دیکھ کر روزے بند کردو، پس اگر چاند کے ورے کوئی پتلا بادل حائل ہوجائے (اور چاند نظر نہ آئے) تو تیس دن پورے کرو''

لغت: الغَيَايَة: ہر وہ چیز جو انسان پر سایہ فگن ہو، جیسے بادل، گرد وغبار، جمع غَيَايَات۔

بابُ ماجاء أَنَّ الشَّهْرَ يَكُوْنُ تِسْعًا وعِشْرِيْنَ

قمری مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے

قمری مہینہ کبھی تیس کا ہوتا ہے اور کبھی انتیس کا۔ اور چاند کی چال کچھ ایسی ہے کہ بعض مہینے زیادہ تر تیس کے پورے ہوتے ہیں اور بعض انتیس کے، رمضان ان مہینوں میں سے ہے جو زیادہ تر انتیس کا پورا ہوتا ہے۔ نبی ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں نو رمضانوں کے روزے رکھے ہیں، رمضان کے روزے سن دو ہجری کے نصف شعبان میں فرض ہوئے ہیں، ان میں سے ایک یا دو رمضان تیس کے پورے ہوئے ہیں باقی انتیس کے۔

ترمذی کی ایک شرح ہے جس کا نام ہے: شروحِ اربعہ، وہ چار شرحوں کا مجموعہ ہے، ان میں ایک قاضی ابوالطیب کی شرح ہے، وہ فرماتے ہیں: دو رمضان تیس کے پورے ہوئے تھے، باقی سات انتیس کے، اور معروف قول یہ ہے کہ ان میں سے صرف ایک رمضان تیس کا پورا ہوا تھا، باقی انتیس کے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بھی یہی فرمایا ہے۔ اسی طرح جب نبی ﷺ نے ازواج مطہرات سے ناراض ہوکر ایلاء کیا تھا تو وہ مہینہ بھی انتیس کا پورا ہوا تھا جیسا کہ آگے آرہا ہے۔ پس جب رمضان ۲۹ کا پورا ہوتا ہے تو جاہل کہتے ہیں: لو مولوی چاند لے آئے! یہ ان کی جہالت ہے، رمضان کی وضع ہی کچھ ایسی ہے کہ وہ اکثر ۲۹ کا پورا ہوتا ہے۔

حدیث (۱): ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو روزے میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ انتیس کے رکھے ہیں وہ ان روزوں سے زیادہ ہیں جو ہم نے تیس کے رکھے ہیں، یعنی اکثر رمضان ۲۹ کو پورا ہوجاتا تھا۔

حدیث (۲): جب بنو نضیر اور بنو قریظہ کے علاقے فتح ہوئے تو وہ علاقے مال فئی قرار دیئے گئے تھے، وہ علاقے سرسبز وشاداب تھے، نبی ﷺ نے ان میں سے کچھ زمینیں اپنے لئے روک لی تھیں، اس لئے آپؐ کی آمدنی بڑھ گئی تھی، ایک مرتبہ تمام ازواج نے ایکا کیا اور نبی ﷺ سے اپنے مصارف میں اضافہ کا مطالبہ کیا۔ ازواج مطہرات کے اس مطالبہ سے نبی ﷺ کو دھکا لگا، کیونکہ آمدنی بڑھ گئی تھی، مگر ساتھ ہی خرچ بھی بڑھ گیا تھا، اسلام تیزی سے پھیلنا

شروع ہوگیا تھا، اسلام قبول کرنے کے لئے باہر سے آنے والوں کے قیام وطعام کا انتظام اور جنگوں کے مصارف وغیرہ اسی آمدنی سے پورے ہوتے تھے، اس لئے آپؐ کو ازواج کا مطالبہ ناگوار ہوا اور آپؐ نے قسم کھائی کہ آپؐ ایک مہینہ تک کسی بیوی صاحبہ سے نہیں ملیں گے۔ آپؐ نے یہ مہینہ ایک بالاخانہ میں گذارا، اتفاق سے قسم کھانے کا واقعہ مہینہ کے بالکل شروع میں پیش آیا تھا، چنانچہ ۲۹ تاریخ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور بتایا کہ آج مہینہ پورا ہوجائے گا، آپؐ بیویوں کو اختیار دیں اگر وہ اللہ ورسول کی خوشنودی چاہتی ہیں تو موجودہ حالات پر قناعت کریں، اور اگر دنیاوی عیش چاہتی ہیں تو طلاق لے لیں اور جہاں چاہیں جائیں۔ اسی موقعہ پر سورۂ احزاب کا چوتھا رکوع جس میں سات آیات ہیں نازل ہوا ہے۔ نبی ﷺ مغرب کے بعد سب سے پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے، حضرت عائشہؓ نے یاد دلایا کہ آج انتیس تاریخ ہے، یعنی آپؐ نے ایک ماہ کا ایلاء کیا تھا، پس کہیں بے خبری میں قسم ٹوٹ نہ جائے، آپؐ نے فرمایا: ''مہینہ کبھی انتیس کا ہوتا ہے'' یعنی یہ مہینہ ۲۹ کا پورا ہوا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے اپنی ازواج سے ایک ماہ کا ایلاء کیا، پس آپ بالاخانہ میں انتیس دن تک ٹھہرے رہے، لوگوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے ایک مہینہ کا ایلاء کیا ہے، آپؐ نے فرمایا: مہینہ انتیس دن کا (بھی) ہوتا ہے۔

لغت: آلٰی إیلاءً: کے معنی ہیں: قسم کھانا۔ ایلاء کی دو قسمیں ہیں: لغوی اور شرعی۔ شرعی ایلاء میں چار ماہ یا زیادہ کی قسم کھائی جاتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے چار ماہ کی قسم نہیں کھائی تھی، پس یہ ایلاء لغوی تھا۔

[٦] باب ماجاء أن الشهر يكون تسعا وعشرين

[٦٨٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَحْيَى بنُ زَكَرِيَّا بن أبى زَائِدَةَ، قال: أَخْبَرَنِىْ عيسى بنُ دِيْنَارٍ، عن أبيه، عن عَمْرِو بنِ الحَارِثِ بنِ أبى ضِرَارٍ، عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، قال: ما صُمْتُ مع النبيِّ صلى الله عليه وسلم تِسْعًا وعِشْرِيْنَ أَكْثَرُ مِمَّا صُمْنَا ثَلاَثِيْنَ.

وفى الباب: عن عُمَرَ، وأبى هريرة، وعائشةَ، وسَعْدِ بنِ أبى وَقَّاصٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، وأنسٍ، وجَابِرٍ، وأم سَلَمَةَ، وأبى بَكْرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال: " الشَّهْرُ يَكُوْنُ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ"

[٦٨٣-] حدثنا علىُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عن حُمَيْدٍ، عن أنسٍ، أَنَّهُ قال: آلٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ شَهْراً فَأَقَامَ فِىْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وعِشْرِيْنَ يَوْمًا، قالوا: يارسولَ الله! إِنَّكَ آلَيْتَ شَهْراً، فقالَ: " الشَّهْرُ تِسْعٌ وعِشْرُوْنَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: اس حدیث کو کہ مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا ہے، دس صحابہ روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّوْمِ بِالشَّهَادَةِ

گواہی کی بنیاد پر رمضان شروع کرنا

رمضان کی ابتداء اور انتہا کا مدار جو رویت پر ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ فی الجملہ رویت ضروری ہے، اگر کسی کو بھی چاند نظر آیا اور وہ رویت کی گواہی دے تو چاند کا ثبوت ہو جائے گا، ہر شخص کے لئے چاند دیکھنا ضروری نہیں، پھر اگر مطلع صاف ہو تو جم غفیر کی رویت ضروری ہے، یعنی ثبوت ہلال کے لئے ضروری ہے کہ اتنی بڑی تعداد چاند دیکھے جس سے یقین ہو جائے کہ واقعی انھوں نے چاند دیکھا ہے، ان کو دھوکا نہیں ہوا ہے۔ اور مطلع صاف ہونے کی صورت میں رمضان اور عید کے چاندوں کا بھی یہی حکم ہے۔ اور اگر مطلع صاف نہ ہو (بادل گرد وغبار یا تیز سرخی ہو) تو رمضان کے چاند میں ایک مسلمان کی خبر کافی ہے، لفظ شہادت ضروری نہیں، تعداد یعنی دو گواہ بھی شرط نہیں، البتہ عید کے چاند میں تعداد (دو گواہ) بھی شرط ہیں اور ان کا دیندار ہونا بھی شرط ہے، اسی طرح لفظ شہادت یا ہر زبان میں اس کا مترادف لفظ بولنا ضروری ہے، اور یہ تفصیل احناف کے نزدیک ہے، امام شافعی، امام احمد اور عبداللہ بن المبارک رحمہم اللہ کے نزدیک رمضان کے چاند میں اگرچہ دو گواہ شرط نہیں، مگر لفظ شہادت شرط ہے، محض خبر کافی نہیں۔ اور اسحاق بن راہویہؒ فرماتے ہیں: رمضان کا چاند ہو یا عید کا دونوں میں دو گواہ اور لفظ شہادت ضروری ہے، ایک آدمی کی خبر سے نہ رمضان کا چاند ثابت ہوگا نہ عید کا۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک اعرابی (بدّو) نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا: بیشک میں نے چاند دیکھا ہے (مدینہ منورہ میں رویت نہیں ہوئی تھی، اور وہ اعرابی انتیس شعبان کے بعد رات میں مدینہ پہنچا تھا، اور راستہ میں اس نے چاند دیکھا تھا) آپؐ نے پوچھا: کیا تو اللہ کی وحدانیت کی گواہی دیتا ہے؟ اور کیا تو محمد ﷺ کی رسالت کی گواہی دیتا ہے؟ اس نے اقرار کیا تو آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا: ''اے بلال! مدینہ میں اعلان کردو کہ لوگ آئندہ کل روزہ رکھیں''

تشریح: یہ حدیث متصل ہے یا مرسل؟ سماک بن حرب کے تلامذہ میں اختلاف ہے، ولید بن ابی ثور اس حدیث کو متصل بیان کرتے ہیں (یہ راوی ضعیف ہے) مگر زائدۃ ان کے متابع ہیں، اور سماک کے اکثر تلامذہ مثلاً سفیان ثوریؒ وغیرہ اس کو مرسل بیان کرتے ہیں، یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا تذکرہ نہیں کرتے، رہی یہ بات کہ مرسل روایت اصح ہے یا متصل؟ تو امام ترمذیؒ نے اس کا کوئی فیصلہ نہیں کیا (اور امام نسائی رحمہ اللہ نے مرسل کو اصح قرار دیا ہے)

[۷] باب ماجاء فی الصوم بالشهادة

[٦٨٤-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، نا محمدُ بنُ الصَّبَّاحِ، نا الوليدُ بنُ أبی ثَوْرٍ، عن سِمَاكٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: جَاءَ أعرابیٌّ إلی النبیِّ صلی الله علیه وسلم فقال: إِنِّیْ رَأَیْتُ الْهِلَالَ،

فقال: " أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ؟ أَتَشْهَدُ أَنَّ محمداً رسولُ اللّٰهِ؟" قال: نعم، قال: "يا بِلَالُ أَذِّنْ في النَّاسِ أَنْ يَصُومُوْا غداً"

حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا حُسَيْنُ الجُعْفِيُّ، عن زَائِدَةَ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ فيهِ اخْتِلَافٌ، وَرَوَى سُفيانُ الثَّوْرِيُّ وغَيْرُهُ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عِنْ عِكْرِمَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَأَكْثَرُ أصحابِ سِمَاكٍ رَوَوْا عن سِمَاكٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

والعَمَلُ على هذا الحديثِ عند أَكْثَرِ أهلِ العلمِ، قالوا: تُقْبَلُ شَهَادَةُ رَجُلٍ وَاحِدٍ فِي الصِّيَامِ، وبهِ يقولُ ابنُ المُبَارَكِ، والشَّافِعِيُّ، وأحمدُ، وقال إسحاقُ: لَايُصَامُ إِلَّا بِشَهَادَةِ رَجُلَيْنِ، وَلَمْ يَخْتَلِفْ أهلُ العلمِ فى الإِفْطَارِ أَنَّهُ لايُقْبَلُ فيه إِلَّا شَهَادَةُ رَجُلَيْنِ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ فرماتے ہیں: رمضان کے چاند میں ایک آدمی کی شہادت قبول کی جائے گی، اور ابن المبارک، شافعی اور احمد اسی کے قائل ہیں (احناف کے نزدیک لفظ شہادت ضروری نہیں، محض خبر کافی ہے) اور حضرت اسحاقؒ فرماتے ہیں: روزے شروع نہیں کئے جائیں گے مگر دو آدمیوں کی شہادت سے، اور علماء کا افطار (عید کے چاند) میں کوئی اختلاف نہیں، وہ کہتے ہیں: عید کے چاند میں نہیں قبول کی جائے گی مگر دو آدمیوں کی شہادت۔

بابُ ماجاءَ شَهْرَا عِيْدٍ لَايَنْقُصَانِ

عید کے دو مہینے گھٹتے نہیں

یہ بعینہ حدیث کے الفاظ ہیں، اور عید کے دو مہینوں سے مراد: رمضان اور ذوالحجہ ہیں۔ ذوالحجہ کا عید کا مہینہ ہونا تو ظاہر ہے، اور رمضان عرفاً عید کا مہینہ ہے، حقیقت میں عید کا مہینہ شوال ہے، مگر چونکہ عرف میں ماہِ رمضان کو عید کا مہینہ کہتے ہیں، اس لئے یہاں یہی مراد ہے۔

اور اس حدیث کی تفسیر میں علماء کے دس قول ہیں۔ حدیث کی تفسیر میں اختلافِ اقوال کی مختلف وجوہ ہوتی ہیں، کبھی یہ وجہ ہوتی ہے کہ نبی ﷺ کا ارشاد جوامع الکلم کے قبیل سے ہوتا ہے یعنی وہ ارشاد بہت سے معانی کا احتمال رکھتا ہے، پس ہر شارح بعضِ حقیقت کو بیان کرتا ہے، ایک شارح ایک معنی بیان کرتا ہے، دوسرا شارح دوسرے معنی، یوں اقوال مختلف ہوجاتے ہیں۔ ایسی صورت میں تمام توجیہوں کو اکھٹا کرنا ہوگا اور اگر کوئی پہلو بیان سے رہ گیا ہے تو اُسے بڑھانا ہوگا، اور ان اقوال کا مجموعہ حدیث کا مطلب ہوگا۔

اور کبھی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ایک عالم حدیث کا جو مطلب بیان کرتا ہے وہ دوسروں کی سمجھ میں نہیں آتا، اس لئے وہ

دوسرا مطلب بیان کرتے ہیں، پھر اگلوں کی سمجھ میں وہ دونوں مطلب نہیں آتے تو وہ تیسرا مطلب بیان کرتے ہیں، یوں اقوال بڑھتے رہتے ہیں۔ ایسی صورت میں تمام توجیہوں میں غور کرنا ہوگا، جو قول فہم سے اقرب ہوگا اس کو لیا جائے گا، اور اگر سب اقوال سمجھ میں نہ آئیں تو نئی توجیہ کرنی ہوگی۔

مذکورہ حدیث کی جو دس توجیہیں کی گئی ہیں میرے نزدیک وہ سب صحیح نہیں، اس لئے میں نے گیارہویں توجیہ کی ہے آپ حضرات کی سمجھ میں یہ توجیہ نہ آئے تو بارہویں توجیہ کرنے کا آپ کو اختیار ہے۔ وہ دس توجیہیں کیا ہیں، اور کیوں صحیح نہیں؟ یہ تفصیل طلب بات ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو دو توجیہیں بیان کی ہیں، یہاں ان کو سمجھ لینا کافی ہے کہ وہ صحیح کیوں نہیں؟ باقی توجیہوں کو اس پر قیاس کر لیا جائے۔

امام احمد رحمہ اللہ نے حدیث کی توجیہ یہ کی ہے کہ ایک سال میں عید کے یہ دونوں مہینے یعنی رمضان اور ذی الحجہ انتیس انتیس کے نہیں ہو سکتے یا تو دونوں تیس کے ہونگے یا ایک انتیس کا ہوگا تو دوسرا ضرور تیس کا ہوگا، مگر یہ توجیہ بداہۃً غلط ہے۔ مشاہدہ اور تجربہ یہ ہے کہ ایک سال میں دونوں مہینے انتیس کے ہوتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے بھی اس توجیہ کو پسند نہیں کیا۔ اس لئے اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ نے دوسری توجیہ کی کہ عید کے یہ دو مہینے گھٹتے نہیں، یعنی ان کا ثواب گھٹتا نہیں، اگر یہ مہینے انتیس کے ہوں تب بھی ثواب پورے تیس دن کا ملتا ہے، مگر اس توجیہ پر اشکال یہ ہے کہ رمضان میں تو یہ بات ٹھیک ہے، مگر ذی الحجہ میں یہ بات کیسے درست ہو سکتی ہے؟ ذوالحجہ میں تو شروع کے تیرہ دن عبادت کے ہیں، اس کے بعد کوئی عبادت نہیں۔ پس ماہِ ذی الحجہ انتیس میں پورا ہو یا تیس میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ شروع کے تیرہ دن تو تیرہ ہی رہیں گے وہ بارہ نہیں ہو جائیں گے، البتہ رمضان کا پورا مہینہ عبادت کا ہے، وہاں فرق پڑے گا۔

اس اشکال کا بعض لوگوں نے یہ جواب دیا کہ یہاں ذوالقعدہ کی آخری تاریخ مراد ہے، اور مسئلہ کی صورت یہ ہے کہ ماہ ذوالقعدہ تیس کا تھا، پھر کچھ دنوں کے بعد گواہیوں سے انتیس کا چاند ثابت ہو گیا، تو اب بارہ ہی دن رہ جائیں گے، مگر اس صورت میں بھی ثواب گھٹے گا نہیں، پورے تیرہ دن کا ثواب ملے گا، مگر یہ توجیہ زبردستی کی ہے، اور ذوالحجہ سے ذوالقعدہ کی آخری تاریخ مراد لینا بہت بعید بات ہے۔

پس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ مقصود صرف رمضان کی فضیلت بیان کرنا ہے، یعنی اگر رمضان انتیس دن میں پورا ہو تو بھی ثواب پورے تیس دن کا ملے گا، اور ماہِ ذی الحجہ کا تذکرہ محض طرداً للباب کیا گیا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ عربی زبان کا اسلوب بیان یہ ہے کہ جب دو چیزوں میں مناسبت ہوتی ہے تو دونوں کو ملا کر ایک چیز کا حکم بیان کرتے ہیں، جیسے: نبی ﷺ نے فرمایا: **اُقْتُلُوْا الْأَسْوَدَيْنِ فى الصلاةِ: الحيّةَ والعقربَ** اس حدیث کا مقصود سانپ کو مارنے کا حکم دینا ہے، بچھو کا تذکرہ تبعاً ہے، مگر چونکہ حدیث میں بچھو کا بھی تذکرہ آیا ہے اس لئے اس کو بھی مار دینا چاہئے۔ اسی طرح مسلسلات میں ایک موضوع حدیث ہے: **أضافني بالأسودين: التمر والماءِ:**

میری ضیافت کی دوکالی چیزوں سے یعنی کھجوراور پانی سے۔ کھجورتو کالی ہوتی ہے اوراس کی ضیافت کی بھی کی جاتی ہے، مگر پانی نہ تو کالا ہوتا ہے اور نہ اس کی ضیافت کی جاتی ہے، مگر چونکہ کھجور کے ساتھ پانی بھی پیا جاتا ہے، اس مناسبت سے اس کا بھی تذکرہ کردیا گیا۔ اسی طرح یہاں بھی حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام صرف رمضان ہے، مگر مناسبت کی وجہ سے عید کے دوسرے مہینہ ذی الحجہ کا بھی تذکرہ کردیا اور مقصود بنائے حکم کی طرف ذہن کو منعطف کرنا ہے یعنی ثواب اس لئے نہیں گھٹے گا کہ وہ عید کا مہینہ ہے۔ خوشی کے موقعہ پر ثواب گھٹا دیا جائے تو خوشی کرکری ہوجاتی ہے۔

[۸] باب ماجاء شهرا عيدٍ لاينقصان

[۶۸۵-] حدثنا يَحْيَىٰ بنُ خَلَفِ البَصْرِيُّ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن خالدِ الحَذَّاءِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى بَكْرَةَ، عن أَبِيْهِ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ”شَهْرَا عِيْدٍ لاَيَنْقُصَانِ: رَمَضَانُ وذو الحِجَّةِ“

قال أبو عيسى: حديثُ أبى بَكْرَةَ حديثٌ حسنٌ.

وقد رُوِىَ هذا الحديثُ عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبى بَكْرَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

قال أحمدُ: مَعْنَى هذا الحديثِ: ”شَهْرَا عِيْدٍ لاَيَنْقُصَانِ“ يقولُ: لاَيَنْقُصَانِ مَعًا فى سَنَةٍ وَاحِدَةٍ: شَهْرُ رَمَضَانَ وَذُوْ الْحِجَّةِ، إِنْ نَقَصَ أَحَدُهُمَا تَمَّ الآخَرُ.

وقال إسحاقُ: مَعْنَاهُ لاَيَنْقُصَانِ، يقولُ: وإن كانَ تِسْعًا وعِشْرِيْنَ فَهُوَ تَمَامٌ غَيْرُ نُقْصَانٍ، وعلى مَذْهَبِ إسحاقَ يَكُوْنُ يَنْقُصُ الشَّهْرَانِ مَعًا فى سَنَةٍ وَاحِدَةٍ.

ترجمہ: مذکورہ حدیث: مرسل یعنی ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کے واسطہ کے بغیر بھی روایت کی گئی ہے (مگر موصول حدیث اصح ہے اور یہ حدیث متفق علیہ ہے) امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: یہ حدیث کہ ”عید کے دو مہینے گھٹتے نہیں“ کا مطلب یہ ہے کہ رمضان اور ذوالحجہ ایک ساتھ ایک سال میں کم نہیں ہوتے۔ اگران میں سے ایک کم (انتیس کا) ہوتا ہے تو دوسرا تام (تیس کا) ہوتا ہے، اور اسحاق بن راہویہؒ نے فرمایا: عید کے دونوں مہینے کم نہیں کئے جاتے کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہ انتیس کے بھی ہوں تو بھی وہ تام ہونگے، یعنی ثواب کم نہیں ہوگا۔ اور امام اسحاقؒ کے مذہب پر دونوں مہینے ایک ساتھ ایک سال میں کم (انتیس کے) ہوسکتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ لِكُلِّ أَهْلِ بَلَدٍ رُؤْيَتُهُمْ

ہر جگہ کے لئے اسی جگہ کی رویت معتبر ہے

اس باب میں اختلاف مطالع کا بیان ہے، مطالع: مطلع کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: طلوع ہونے کی جگہ، چونکہ

زمین گول ہے، اس لئے سورج اور چاند ہر جگہ الگ الگ اوقات میں نکلتے چھپتے ہیں ـــــ رمضان میں اختلاف مطالع کا اعتبار ہے یا نہیں؟ اعتبار ہونے کا مطلب ہے: لکل أهل بلدٍ رؤیتهم یعنی ہر جگہ کے لئے وہیں کی رویت کا اعتبار ہوگا، ایک جگہ کی رویت کا دوسری جگہ اعتبار نہ ہوگا اور اعتبار نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ساری دنیا کا مطلع ایک ہے کسی بھی جگہ چاند نظر آ جائے تو اس کو ہر جگہ مان لیا جائے یعنی جہاں تک معتبر ذریعہ سے رویت کی خبر پہنچے اس کو مان لیا جائے۔

پہلے راجح قول یہ تھا کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں، البتہ بعض حضرات اختلاف مطالع کا اعتبار کرتے تھے، مثلاً حنفیہ میں سے امام قدوری اور امام زیلعی، مالکیہ میں سے ابن رشد مالکی اور بعض شوافع رحمہم اللہ اختلاف مطالع کا اعتبار کرتے تھے، مگر چاروں فقہوں میں فتوی اس پر تھا کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں۔ ایک جگہ کی رویت کی خبر معتبر ذریعہ سے جہاں تک پہنچے اس کو ماننا اور اس کے مطابق عمل کرنا ضروری ہے، مگر جب نقل وحمل اور مواصلات کے ذرائع وسیع ہوئے، اب آدمی ۲۴ گھنٹے میں پوری زمین کا چکر لگا سکتا ہے اور دو چار منٹ میں ایک کونے کی خبر دوسرے کونے تک پہنچ جاتی ہے تو علماء کا فتوی بدل گیا، اگرچہ اب بھی بعض لوگ پرانی رائے کے قائل ہیں کہ اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں، مگر فی زمانہ ننانوے فیصد علماء کی رائے یہ ہے کہ اب ممالک بعیدہ میں اختلاف مطالع کا اعتبار ہے، البتہ ممالک قریبہ میں اعتبار نہیں۔ سعودیہ کی تنظیم رابطہ عالم اسلامی نے توحید اہلہ کے مسئلہ پر جو میٹنگ بلائی تھی اس میں علماء نے اسی بنیاد پر اختلاف کیا تھا کہ جب اختلاف مطالع معتبر ہے اور بدیہی ہے تو ساری دنیا کا رمضان اور عید ایک ساتھ کیسے ہو سکتے ہیں۔

یہاں یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ رویت کے مقام سے مغربی ممالک میں اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں، صرف مشرق کی طرف اختلافِ مطالع کا اعتبار ہے۔ پس جہاں رویت ہوئی ہے وہاں سے جانب مغرب جو بھی ممالک ہیں ان میں جہاں تک معتبر ذرائع سے رویت کی خبر پہنچے گی اس خبر کے مطابق عمل ضروری ہوگا، اس لئے کہ جب چاند کسی جگہ میں نظر آئے گا تو جو علاقے اس کے مغرب میں واقع ہیں وہاں ضرور نظر آئے گا، مثلاً ہندوستان میں رویت ہوئی تو پاکستان میں بدرجۂ اولیٰ رویت ہوگی۔ اسی طرح سعودیہ میں بھی بدرجۂ اولیٰ رویت ہوگی، کیونکہ سعودیہ میں غروب یہاں سے ڈھائی گھنٹہ کے بعد ہوتا ہے، پس ڈھائی گھنٹہ میں چاند سورج سے اور پیچھے پڑے گا اور یقیناً نظر آئے گا۔ اسی طرح سعودیہ میں جو چاند دیکھا گیا ہے وہ افریقہ میں ضرور دیکھا جائے گا، کیونکہ افریقہ سعودیہ سے مغرب کی جانب ہے، مگر ہوتا یہ ہے کہ سعودیہ میں رویت کا اعلان ہوتا ہے اور پورے افریقہ میں جس میں ۴۲ حکومتیں ہیں اور جس کا مطلع عام طور پر صاف رہتا ہے کہیں چاند نظر نہیں آتا، بلکہ براعظم امریکہ میں بھی نظر نہیں آتا، جبکہ وہاں ساڑھے سات گھنٹہ کے بعد غروب ہوتا ہے، یہ سعودیہ کی چاند کے سلسلہ میں دھاندلی کی واضح دلیل ہے، لیکن اگر کسی جگہ واقعی رویت ہو تو

لامحالہ مغرب کی جانب رویت ہوگی، البتہ جو علاقے مشرق کی جانب ہیں وہاں رویت ضروری نہیں۔ لہٰذا مشرق کی طرف ممالک قریبہ میں اختلاف مطالع کا اعتبار نہیں، اور ممالک بعیدہ میں ہے، پس سعودیہ کی حقیقی رویت بھی ہندو پاک میں معتبر نہیں۔

اور ممالک قریبہ اور بعیدہ کی حد کیا ہے؟ اس سلسلہ میں آج سے تقریباً پچپن سال پہلے مرادآباد میں ایک میٹنگ ہوئی تھی، جس میں شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب قدس سرہما شریک تھے، اس میں یہ طے پایا تھا کہ خط مستقیم پر پانچ سو میل تک ممالک قریبہ ہیں، اور اس سے دور ممالک بعیدہ ہیں۔ دلی سے کلکتہ خط مستقیم پر ایک ہزار میل ہے اور ہزار میل پر طلوع وغروب میں ایک گھنٹہ کا فرق پڑتا ہے اس لئے کلکتہ میں ایک گھنٹہ پہلے طلوع وغروب ہوتا ہے۔

لیکن اس فیصلے کو مفتیوں نے قبول نہیں کیا، کیونکہ چار سو ننانوے میل تک چاند نظر آئے اور ایک میل بڑھ جائے تو نظر نہ آئے اس کی کیا دلیل ہے؟ اس کی نظیر پہلے گذری ہے کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر مکہ میں ۱۹ دن قیام فرمایا تھا، ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اگر اس سے زیادہ ٹھہریں گے تو نماز پوری پڑھیں گے، مگر ابن عباسؓ کا یہ مذہب حضرت اسحاق کے علاوہ کسی نے نہیں لیا، اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ بیسویں روز قیام فرماتے تو اتمام فرماتے، اس کی کیا دلیل ہے؟ اسی طرح چار سو ننانوے میل تک چاند نظر آئے اور ایک میل بڑھ جائے تو نظر نہ آئے اس کی کیا دلیل ہے؟ اس لئے مفتیوں نے اس قول کو قبول نہیں کیا۔

دوسری رائے یہ ہے کہ ہر ملک ایک مطلع ہے، جب ملک بدلے گا تو مطلع بھی بدلے گا، یہ قول بھی صحیح نہیں، کیونکہ بعض ممالک بہت چھوٹے ہیں۔ پس گول مول بات یہ ہے کہ ایسی دو جگہیں جہاں کی چاند کی تاریخیں ہمیشہ یا اکثر ایک رہتی ہیں وہ ممالک قریبہ ہیں، جیسے ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش۔ اور جن جگہوں کی تاریخوں میں ہمیشہ یا اکثر اختلاف ہوتا ہے، جیسے ہندوستان اور سعودیہ وہ ممالک بعیدہ ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پہلے جو محققین اختلاف مطالع کا اعتبار کرتے تھے یا اب جو جمہور ممالکِ بعیدہ میں اختلاف مطالع کا اعتبار کرتے ہیں ان کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کی والدہ ام الفضلؓ نے کریب کو (جو حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ تھے) کسی ضرورت سے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس ملکِ شام بھیجا۔ کریب نے ام الفضل کا کام نمٹایا، ابھی وہ شام ہی میں تھے کہ رمضان کا چاند نظر آیا، چاند جمعہ کی رات میں نظر آیا تھا (اور انھوں نے پہلا روزہ جمعہ کا رکھا تھا) پھر وہ مہینہ کے آخر میں مدینہ آئے، ابن عباسؓ نے ان سے دریافت کیا، تم نے چاند کب دیکھا تھا؟ انھوں نے کہا: ہم نے جمعہ کی رات میں چاند دیکھا تھا، ابن عباسؓ نے پوچھا: کیا آپ نے خود جمعہ کی رات میں چاند دیکھا تھا (مسلم کی روایت میں

ہے:نعم: ہاں میں نے خود دیکھا تھا اور) لوگوں نے بھی دیکھا تھا، پس انھوں نے روزہ رکھا اور امیر معاویہؓ نے بھی روزہ رکھا، ابن عباسؓ نے فرمایا: مگر ہم نے بار کی رات میں چاند دیکھا ہے، پس ہم برابر روزے رکھتے رہیں گے تا آنکہ ہم تیس دن پورے کریں یا چاند دیکھ لیں۔ کریب نے پوچھا: کیا آپ کے لئے امیر معاویہ کا چاند دیکھنا اور ان کا روزہ رکھنا کافی نہیں؟ ابن عباس نے فرمایا: نہیں۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی حکم دیا ہے۔

[٩] باب ماجاء لكل أهل بلدٍ رؤيتهم

[٦٨٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، نا محمدُ بنُ أبی حَرْمَلَةَ، أَخْبَرَنِیْ كُرَيْبٌ: أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ بِنْتَ الحَارِثِ بَعَثَتْهُ إِلٰى مُعَاوِيَةَ بِالشَّامِ، قال: فَقَدِمْتُ الشَّامَ فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا واسْتُهِلَ عَلَیَّ هِلاَلُ رَمَضَانَ وَأَنَا بالشَّامِ، فَرَأَيْنَا الهِلاَلَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ فی آخِرِ الشَّهْرِ، فَسَأَلَنِیْ ابنُ عبَّاسٍ، ثُمَّ ذَكَرَ الهِلاَلَ، فقالَ مَتٰى رَأَيْتُمُ الهِلاَلَ؟ فَقُلْتُ: رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ، فقال: أَنْتَ رَأَيْتَهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ؟ فَقُلْتُ: رَآهُ النَّاسُ فَصَامُوْا وَصَامَ مُعَاوِيَةُ، فقالَ: لٰكِنْ رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلاَ نَزَالُ نَصُوْمُ حتى نُكْمِلَ ثلاثينَ يَوْمًا أو نَرَاهُ، فَقُلْتُ: أَلاَ تَكْتَفِیْ بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَصِيَامِهِ؟ قال: لاَ، هٰكَذَا أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

والعملُ على هذا الحديثِ عندَ أهلِ العلمِ: أَنَّ لِكُلِّ أَهْلِ بَلَدٍ رُؤْيَتُهُمْ.

وضاحت: یہ حدیث مسلم شریف میں ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے مسئلہ اس طرح بیان کیا ہے کہ گویا یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ اختلاف مطالع مطلقاً معتبر ہے، حالانکہ یہ مسئلہ اختلافی ہے، تفصیل گذر چکی ہے۔

بابُ ماجاءَ ما يُسْتَحَبُّ عَلَيْهِ الإِفْطَارُ؟

کس چیز سے افطار کرنا مستحب ہے؟

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کو کھجور میسر ہو اسے چاہئے کہ کھجور سے افطار کرے، اور جس کے پاس کھجور نہ ہو اُسے پانی سے افطار کرنا چاہئے، کیونکہ پانی پاک کرنے والا ہے''

تشریح: پہلے کتاب الزکاۃ باب ۲۶ میں حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ کی جو روایت گذری ہے وہ صحیح ہے اور یہاں جو حدیث سعید بن عامر کی سند سے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ صحیح نہیں۔ شعبہؒ کے شاگردوں میں سے صرف سعید بن عامر ہی اس حدیث کی سند حضرت انسؓ تک پہنچاتے ہیں، نیز عبدالعزیز بن صہیب کی حدیثوں

میں بھی یہ حدیث معروف نہیں (اکابر محدثین ہر راوی کی حدیثیں، اس کے شاگرد اور شاگردوں کے شاگردوں کی حدیثیں الگ الگ کاپیوں میں لکھتے تھے، چنانچہ عبدالعزیز کی حدیثوں میں یہ حدیث نہیں ہے) پس شعبہ رحمہ اللہ کی صحیح سند وہ ہے جو پہلے گذری ہے۔ البتہ شعبہ کے بعض تلامذہ حفصہ اور سلمان بن عامر کے درمیان رباب کا واسطہ ذکر نہیں کرتے، مگر رباب کا واسطہ ہونا چاہئے۔ سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ کی سندوں میں رباب کا واسطہ ہے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عیدالفطر کے دن نماز عید سے پہلے چند تازہ کھجوریں کھا کر افطار کرتے تھے (یعنی روزہ نہ ہونا ظاہر کرتے تھے) اور اگر تازہ کھجوریں میسر نہ ہوتیں تو چند چھوہارے نوش فرماتے۔ اور چھوہارے بھی نہ ہوتے تو چند گھونٹ پانی پی لیتے (یہی حکم روزہ افطار کرنے کا ہے) اور اس حدیث کی شرح کتاب الصلوٰۃ باب ۲۷۵ (حدیث ۵۵۲) میں گذر چکی ہے۔

[١٠] باب ماجاء ما يُسْتَحَبُّ عليه الإفطارُ

[٦٨٧-] حدثنا محمدُ بنُ عُمَرَ بنِ عليٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، نا سَعيدُ بنُ عَامِرٍ، نَا شُعْبَةُ، عن عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ وَجَدَ تَمْراً فَلْيُفْطِرْ عَلَيْهِ، ومَنْ لاَ فَلْيُفْطِرْ عَلىٰ مَاءٍ، فَإِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ"

وفی الباب: عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أَنَسٍ لاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَاهُ عن شُعْبَةَ مِثْلَ هذا غيرَ سَعِيْدِ بنِ عَامِرٍ، وهو حديثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَلاَ نَعْلَمُ لَهُ أَصْلاً مِنْ حديثِ عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أنسٍ.

وقد رَوَى أصحابُ شُعْبَةَ هَذَا الحديثَ عن شُعْبَةَ، عن عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عن حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيْرِيْنَ، عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حديثِ سَعِيْدِ بنِ عَامِرٍ.

وهَكَذَا رَوَوْا عن شُعْبَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيْرِيْنَ، عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ شُعْبَةُ عن الرَّبَابِ.

والصَّحِيْحُ ما رَوَى سُفيانُ الثوريُّ وابنُ عُيَيْنَةَ وغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عن الرَّبَابِ، عن سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ.

وابنُ عَوْنٍ يقولُ: عن أُمِّ الرَّائِحِ بِنْتِ صُلَيْعٍ، عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، والرَّبَابُ: هِیَ أُمُّ الرَّائِحِ.

[٦٨٨-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وكيعٌ، نا سُفْيَانُ، عن عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ ح: وحدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عن حَفْصَةَ ابْنَةِ سِيْرِيْنَ، عن الرَّبَابِ، عن سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: "إِذَا أَفْطَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيُفْطِرْ عَلىٰ تَمْرٍ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُفْطِرْ على

مَاءٍ، فَإِنَّهُ طَهُوْرٌ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٦٨٩-] حدثنا محمدُ بنُ رَافِعٍ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن ثَابِتٍ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُفْطِرُ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ على رُطَبَاتٍ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ رُطَبَاتٌ فَتُمَيْرَاتٌ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تُمَيْرَاتٌ حَسَا حَسَوَاتٍ مِنْ مَاءٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت انس کی حدیث: ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے اس کو شعبہ سے اس طرح روایت کیا ہو سوائے سعید بن عامر کے، اور وہ سند محفوظ نہیں۔ اور ہم عبدالعزیز بن صہیب کی حضرت انس سے مرویات میں اس حدیث کی کوئی اصل نہیں جانتے ——— اور شعبہ کے تلامذہ نے اس حدیث کو شعبہ سے روایت کیا ہے۔ وہ عاصم احول سے، وہ حفصہ بنت سیرین سے، وہ سلمان بن عامر سے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (اس سند سے رباب کا تذکرہ حذف کیا ہے) اور یہ سعید بن عامر کی حدیث سے اصح ہے ——— اور اسی طرح اصحاب شعبہ نے شعبہ سے روایت کی ہے، وہ عاصم احول سے، وہ حفصہ بنت سیرین سے، وہ سلمان بن عامر سے روایت کرتے ہیں، اور شعبہ نے رباب کا تذکرہ نہیں کیا (معلوم ہوا کہ اوپر سند میں رباب کا تذکرہ نسخوں کی غلطی ہے، اس لئے اس کو حذف کیا گیا ہے) ——— اور صحیح حدیث وہ ہے جو سفیان ثوری اور ابن عیینہ وغیرہ نے عاصم سے، انھوں نے رباب سے، انھوں نے سلمان بن عامر سے روایت کی ہے (یعنی رباب کا واسطہ ہونا چاہئے) اور ابن عون کہتے ہیں: ام الرائح بنت صُلیع: سلمان بن عامر سے روایت کرتی ہیں، اور رباب ہی ام الرائح ہیں، یعنی ابن عونؒ نے کنیت ذکر کی ہے ——— اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث صحیح سند سے روایت کی ہے جو پہلے گذر چکی ہے (دیکھیں حدیث ۶۵۱ کتاب الزکوۃ باب ۲۶ تحفۃ ۲: ۵۷۷) پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کی ہے جو دوسری سند سے پہلے گذر چکی ہے (دیکھیں حدیث نمبر ۵۵۲ کتاب الصلاۃ باب ۲۷۵ تحفۃ ۲: ۴۲۰)

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْفِطْرَ يَوْمَ تُفْطِرُوْنَ وَالْأَضْحٰى يَوْمَ تُضَحُّوْنَ

عیدالفطر: جس دن تم روزے ختم کرو اور عیدالاضحیٰ: جس دن تم قربانی کرو

اگر کسی دینی کام میں مسلمانوں سے اجتماعی غلطی ہو جائے اور اس کی اصلاح ممکن نہ ہو تو وہ معاف ہے، مثلاً رمضان شروع کرنے میں غلطی ہو گئی کسی دیندار شخص کی خبر سے رمضان شروع کر دیا گیا، بعد میں پتا چلا کہ اس کو چاند دیکھنے میں دھوکا لگا تھا اس لئے رمضان ایک دن پہلے شروع کر دیا گیا تو یہ غلطی معاف ہے، یا رمضان کے ختم پر ایسی غلطی ہوئی اور

ایک دن پہلے یا بعد میں رمضان ختم کیا گیا، یا حج میں ایسی غلطی ہوئی: ذوالحجہ کا چاند تیس کا مانا گیا پھر حج گذر جانے کے بعد معلوم ہوا کہ ذوالحجہ کا چاند انتیس کا ہوا تھا اور وقوفِ عرفہ دس ذی الحجہ میں ہوا ہے تو یہ غلطی معاف ہے، سب کا حج ہو گیا۔

غرض اگر مسلمانوں سے اجتماعی غلطی ہو جائے اور اصلاح ممکن ہو تو اصلاح کی جائے گی اور اگر غلطی کی اصلاح ممکن نہ ہو تو وہ غلطی معاف ہے، جیسے سعودیہ میں چاند کا نظام جن ہاتھوں میں ہے ان کی دلچسپی اس سے ہے کہ حج صحیح تاریخوں میں نہ ہو۔ اب اگر کوئی اعتراض کرے کہ مسلمانوں کے حج کا کیا ہوگا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جس دن بھی مسلمان حج کرتے ہیں ان کا حج صحیح ہوتا ہے، کیونکہ یہ اجتماعی غلطی ہے جو معاف ہے —— باب میں جو حدیث ہے اس میں تین چیزوں کا ذکر ہے: شروع رمضان کا، آخر رمضان کا اور عیدالاضحیٰ کا، حج کا ذکر نہیں، مگر چونکہ حج ذوالحجہ میں ہوتا ہے اس لئے عیدالاضحیٰ کے مسئلہ میں ضمناً حج کا حکم بھی آجاتا ہے۔

[١١] باب ماجاء أن الفطر یومَ تُفْطِرُوْنَ وَالأَضحی یومَ تُضَحُّوْنَ

[٦٩٠-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعیلَ، نا إبراهیمُ بنُ المُنْذِرِ، نا إسحاقُ بنُ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، قال: حدَّثَنِیْ عبدُ الله بنُ جَعْفَرٍ، عن عثمانَ بنِ محمدٍ، عن المَقْبُرِیِّ، عن أبی هریرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قال: "الصَّوْمُ یَوْمَ تَصُوْمُوْنَ، وَالفِطْرُ یَوْمَ تُفْطِرُوْنَ، وَالأَضْحٰی یَوْمَ تُضَحُّوْنَ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ حسنٌ، وفَسَّرَ بعضُ أهلِ العلمِ هذا الحدیثَ فقال: إِنَّمَا مَعْنَی هذا: الصَّوْمُ وَالْفِطْرُ مع الجَمَاعَةِ وعُظْمِ النَّاسِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "روزہ جس دن تم روزہ رکھو، اور عیدالفطر: جس دن تم عیدالفطر مناؤ، اور عیدالاضحیٰ: جس دن تم قربانی کرو"

یہ حدیث غریب حسن ہے۔ اور بعض علماء نے اس حدیث کی تفسیر کی ہے، فرماتے ہیں: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رمضان اور عیدالفطر جماعت اور سوادِ اعظم کے ساتھ ہے (یعنی جب سب مسلمان رمضان شروع کریں یا بند کریں، وہی دن رمضان کا آغاز یا اختتام ہے) —— عُظْمُ الناس: عطف تفسیری ہے، عُظْمٌ: أی مُعَظَّمُهم، وأکثَرُهم، وعامَّتُهم۔

بابُ ماجاء إذا أَقْبَلَ اللَّیْلُ وأَدْبَرَ النَّهارُ فَقَدْ أَفْطَرَ الصَّائِمُ

جب رات آجائے اور دن پیٹھ پھیرے تو یقیناً افطار کا وقت ہو گیا

اقبال کے معنی ہیں: سامنے آنا، جیسے باب الظاہر سے کوئی شخص میری طرف آئے تو یہ اقبال ہے، اور ادبار کے معنی

ہیں: پیٹھ پھیرنا، یعنی میری طرف سے باب الظاہر کی طرف جانا ——— مغربی افق میں سورج جتنا نیچے جاتا ہے مشرقی افق میں اتنی ہی تاریکی ابھرتی ہے، یہ اقبال اللیل ہے اور سورج کا مغربی افق میں نیچے جانا ادبار النہار ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب رات آجائے اور دن پیٹھ پھیرے اور سورج چھپ جائے تو افطار کا وقت ہوگیا'' (**فقد أفْطَرْتَ** کی تقدیر ہے: **فقد دخَلتَ فی وقت الإفطار**)

پہلا مسئلہ: جہاں سورج واضح طور پر غروب ہوتا ہوا نظر نہ آتا ہو وہاں غروب کی متعدد علامتیں جمع کریں گے اور جب یقیناً غروب ہوجائے، تب افطار کریں گے۔ مدینہ منورہ میں مغرب کی جانب پہاڑ ہیں اور مشرق کی جانب میں بھی پہاڑ ہیں۔ وہاں سورج غروب ہوتے ہوئے نظر نہیں آتا، غروب سے آدھ گھنٹہ پہلے سورج پہاڑوں کی اوٹ میں چلا جاتا ہے، پس ایسی جگہوں میں غروب کی دوسری علامتیں بھی اس کے ساتھ ملانی ضروری ہیں۔ اس لئے نبی ﷺ نے صرف **غابت الشمس فقد أفطرت** نہیں فرمایا، بلکہ جو تاریکی مشرقی افق پر ابھرتی ہے اس علامت کو بھی غروب کے ساتھ ملایا۔

دوسرا مسئلہ: احتیاط کے طور پر افطار میں بہت زیادہ تاخیر کرنا مناسب نہیں۔ یہ بات شریعت کے منشا کے خلاف ہے۔ شریعت کا منشا یہ ہے کہ روزہ کے وقت میں جانبین سے کوئی زیادتی نہ کی جائے، چنانچہ صبح صادق کے بالکل قریب سحری ختم کرنا اور غروب کے بعد فوراً افطار کر لینا مسنون ہے۔

فائدہ: روزے میں حقیقۃً اضافہ نہیں ہوسکتا، روزہ بہرحال صبح صادق پر شروع ہوگا اور غروب پر ختم ہوجائے گا۔ مگر صورۃً اضافہ ہوتا ہے، آدمی نے صبح صادق سے دو گھنٹے پہلے سحری کر لی یا غروب کے ایک گھنٹہ کے بعد افطار کیا تو یہ صورۃً اضافہ ہے، اور **فقد أفطرتَ** کا مطلب یہ نہیں ہے کہ غروب کے بعد بغیر کھائے پیئے بھی افطار ہوگیا، افطار کھانے یا پینے کے بعد ہی ہوگا ورنہ بظاہر روزہ میں اضافہ ہوگا، آئندہ باب میں حدیث آرہی ہے کہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ افطار میں اور نماز میں تاخیر کرتے تھے، اور ابن مسعودؓ دونوں میں جلدی کرتے تھے، حضرت عائشہؓ سے اس سلسلہ میں دریافت کیا گیا تو انھوں نے ابن مسعود کے عمل کو سنت کے مطابق بتایا۔ اگر غروب پر خود بخود روزہ ختم ہوجاتا اور صورۃً بھی اضافہ نہ ہوتا تو دونوں صحابہ کے عمل میں کوئی فرق نہ ہوتا۔

[۱۲] باب ماجاء إذا أقبل الليل وأدبر النهارُ فقد أفطر الصائم

[۶۹۱-] حدثنا هارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عَبْدَةُ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أبيهِ، عن عَاصِمِ بنِ عُمرَ، عن عُمَرَ بنِ الخَطَّابِ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: '' إذا أَقْبَلَ اللَّيْلُ وأَدْبَرَ النَّارُ وَغَابَتِ الشَّمْسُ فَقَدْ أَفْطَرْتَ''

وفی الباب: عن ابنِ أبی أَوْفَی، وأبی سَعِيدٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عُمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی تَعْجِیْلِ الإِفْطَارِ

افطار جلدی کرنے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ برابر خیر میں رہیں گے جب تک افطار میں جلدی کرتے رہیں گے''

تشریح: یہ حدیث ایک جزئیہ ہے، اس سے قاعدہ کلیہ یہ نکلے گا کہ احکام شرعیہ پر کماھی عمل کرنا ضروری ہے، اور جب تک لوگ افراط وتفریط میں مبتلا نہیں ہونگے، بلکہ صحیح دین پر عمل کرتے رہیں گے، بھلائی پر رہیں گے۔ اور احکام شرعیہ میں نہ حقیقتاً کمی بیشی کرنے کی اجازت ہے نہ صورۃً، ظہر کی تین یا پانچ رکعت پڑھنا حقیقتاً افراط وتفریط ہے اور روزہ میں اضافہ صرف صورۃً افراط ہے، اس کی بھی اجازت نہیں، کیونکہ جو شخص بظاہر افراط وتفریط کرتا ہے وہ حقیقی افراط وتفریط سے بھی باز نہیں آتا۔

حدیث (۲): حدیث قدسی ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''مجھے میرے بندوں میں وہ بندے زیادہ پسند ہیں جو افطار کرنے میں جلدی کرتے ہیں''

حدیث (۳): ابو عطیہ کہتے ہیں: میں اور مسروق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں گئے (یہ دونوں حضرات کوفہ سے آئے تھے) ہم نے کہا: اے ام المؤمنین! (کوفہ میں) نبی ﷺ کے اصحاب میں سے دو شخص ہیں ان میں سے ایک افطار میں جلدی کرتے ہیں اور نماز (مغرب) جلدی پڑھتے ہیں اور دوسرے صحابی افطار میں بھی تاخیر کرتے ہیں اور نماز میں بھی تاخیر کرتے ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: جو صاحب افطار اور نماز میں جلدی کرتے ہیں وہ کون ہیں؟ ہم نے بتایا: وہ ابن مسعودؓ ہیں تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کا یہی معمول تھا، اور دوسرے صاحب ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تھے۔

تشریح: ابو موسیٰ اشعری اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما دونوں مقتدیٰ تھے، ابو موسیٰ کوفہ کے گورنر تھے اور قاعدہ ہے: **الناس علی دین ملوکھم** اور ابن مسعودؓ کوفہ کے معلّم، قاضی اور بیت المال کے ذمہ دار تھے، یعنی وہ بھی گورنر سے کم نہیں تھے، کوفہ کے تمام اہل علم کے استاذ تھے، اور طالب علموں پر استاذ کے اثرات پڑتے ہیں اس لئے ان حضرات نے دونوں کے عمل کے بارے میں دریافت کیا۔ اور ان دونوں بزرگوں کا عمل مزاجوں کے اختلاف کی وجہ سے مختلف تھا۔ ابو موسیٰ اشعریؓ کے مزاج میں ''احتیاط'' تھی اور ابن مسعودؓ کے مزاج میں ''کھراپن'' تھا، جیسے ایک مرتبہ حضرت تھانوی قدس سرہ حضرت مولانا یحییٰ صاحب کاندھلوی (شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر علوم سہارن پور ووالد ماجد حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب) کے یہاں رمضان میں مہمان ہوئے۔ مولانا یحییٰ صاحب نے پوچھا: حضرت! افطار میں کیا معمول ہے؟ حضرت تھانویؒ نے فرمایا: جب گھڑی سے افطار کا وقت ہوجاتا ہے تو تین منٹ شرح صدر کا انتظار

کرتا ہوں، پھر افطار کرتا ہوں۔ مولانا یحییٰ صاحب نے فرمایا: ''میرا معمول یہ ہے کہ افطار کا وقت ہوتے ہی بلا تاخیر افطار کر لیتا ہوں'' حضرت تھانوی نے کہا: ''آپ اپنے وقت پر افطار کریں، میں شرح صدر کے بعد کرونگا'' جب افطار کا وقت ہوا فوراً مولانا یحییٰ صاحب نے ہاتھ بڑھایا، سب احباب نے بھی شروع کر دیا، حضرت تھانوی آدھا منٹ دیکھتے رہے، پھر انھوں نے بھی شروع کر دیا اور فرمایا: ''میرے شرح صدر ہونے تک تو دسترخوان پر کچھ بھی نہیں بچے گا!'' —— تراویح کے بعد مولانا یحییٰ صاحب نے دریافت کیا: حضرت! سحری کا کیا معمول ہے؟ مولانا تھانوی نے فرمایا: وقت ختم ہونے سے آدھ گھنٹہ پہلے فارغ ہو جاتا ہوں۔ مولانا یحییٰ صاحب نے فرمایا: میرا معمول ایسے وقت فارغ ہونے کا ہے کہ آدھے دن تک دغدغہ رہتا ہے کہ روزہ ہوا یا نہیں (یہ مبالغہ ہے) حضرت تھانوی نے فرمایا: اختلاف ٹھیک نہیں، مل کر ایک بات طے کریں، چنانچہ طے پایا کہ وقت ختم ہونے سے دس منٹ پہلے فارغ ہو جائیں گے —— یہ واقعہ مزاجوں کے اختلاف کو سمجھنے میں مدد دے گا۔

[۱۳] باب ماجاء فی تعجیل الإفطار

[٦٩٢-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، عن سُفْیَانَ، عن أبی حَازِمٍ، ح: وأخبرنا أبو مُصْعَبٍ قِرَاءَ ةً عن مالِكِ بنِ أنسٍ، عن أبی حَازِمٍ، عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: ''لَایَزَالُ الناسُ بِخَیْرٍ مَا عَجَّلُوْا الفِطْرَ''

وفی الباب: عن أبی هریرةَ، وابنِ عباسٍ، وعائشةَ، وأنسِ بنِ مالكٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وهو الذی اختَارَهُ أهلُ العلمِ مِنْ أصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغیرِهم اسْتَحَبُّوْا تَعْجِیْلَ الْفِطْرِ، وبه یقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

[٦٩٣-] حدثنا إسحاقُ بنُ موسَی الأَنْصَارِیُّ، نا الولیدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن الأَوْزَاعِیِّ، عن قُرَّةَ، عن الزُّهْرِیِّ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: قال الله عَزَّوَجَلَّ: ''أَحَبُّ عِبَادِیْ إِلَیَّ أَعْجَلُهُمْ فِطْراً''

حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ عبدِ الرحمنِ، نا أبو عَاصِمٍ، وأبو المُغِیْرَةِ، عن الأَوْزَاعِیِّ نحوَهُ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[٦٩٤-] حدثنا هنادٌ، نا أبو مُعَاوِیَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن عُمَارَةَ بنِ عُمَیْرٍ، عن أبی عَطِیَّةَ، قال: دخَلْتُ أنَا ومَسْرُوْقٌ علی عائشةَ، فَقُلْنَا: یا أُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ! رَجُلَانِ مِنْ أصحابِ محمدٍ صلی الله علیه وسلم، أَحَدُهُمَا یُعَجِّلُ الفِطْرَ ویُعَجِّلُ الصَّلَاةَ، والآخَرُ یُؤَخِّرُ الإفْطَارَ وَیُؤَخِّرُ الصَّلَاةَ، قالتْ: أَیُّهُمَا یُعَجِّلُ الإِفْطَارَ ویُعَجِّلُ الصلاةَ؟ قلنا: عبدُ اللّٰهِ بنُ مَسْعُوْدٍ، قالتْ: هکذَا صَنَعَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه

وسلم، والآخَرُ أبو مُوسَی.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وأبوعطیةَ: اسْمُهُ مَالِكُ بنُ أبی عَامِرٍ الْهَمْدَانِیُّ. ویُقالُ: مالِكُ بنُ عَامِرٍ الهَمْدَانِیُّ، وهو أَصَحُّ.

بابُ ماجاء فی تَأْخِیرِ السُّحُوْرِ

دیر سے سحری کھانے کا بیان

سَحور: (سین کے زبر کے ساتھ) کے معنی ہیں: سحری کا کھانا۔ اور سُحور (بالضم) کے معنی ہیں: سحری کھانا۔

حدیث: زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک سفر میں) ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سحری کھائی، پھر ہم (فجر کی) نماز کے لئے کھڑے ہوئے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے پوچھا: سحری کھانے اور نماز کے لئے کھڑے ہونے کے درمیان کتنا فاصلہ تھا؟ انھوں نے فرمایا: پچاس آیتیں پڑھنے کے بقدر۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ صبح صادق کے قریب سحری کرتے تھے، اور یہی مستحب ہے، پچاس آیتیں پاؤ پارہ ہوتی ہیں، سحری سے فارغ ہو کر جب صبح ہوگی تو اذان ہوگی، اور سنتیں پڑھیں گے، پھر نماز شروع ہو جائے گی۔

[۱٤] باب ماجاء فی تأخیر السحور

[۶۹۵-] حدثنا یَحْیَی بنُ موسیٰ، نا أبو داودَ الطیالِسِیُّ، نا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ، عن قَتَادَةَ، عن أنسٍ، عن زَیْدِ بنِ ثَابِتٍ قال: تَسَحَّرْنَا مع رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم ثُمَّ قُمْنَا إِلَی الصَّلاَةِ قالَ: قُلْتُ: کَمْ کانَ قَدْرُ ذاكَ؟ قال: قَدْرُ خَمْسِیْنَ آیَةً.

حدثنا هَنَّادٌ، نا وکیعٌ، عن هِشَامٍ بِنَحْوِهِ إِلاَّ أنهُ قال: قَدْرُ قِرَاءَةِ خَمْسِیْنَ آیَةً.

وفی الباب: عن حُذَیْفَةَ. قال أبو عیسی: حدیثُ زَیْدِ بنِ ثَابِتٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وبه یقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ: اسْتَحَبُّوْا تأْخیرَ السُّحُوْرِ.

نوٹ: ہناد کی روایت میں لفظ قراءۃ کی زیادتی ہے اور مسئلہ باب اجماعی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی بَیَانِ الفَجْرِ

من الفجر سے کونسی فجر مراد ہے؟

سورۃ البقرۃ آیت ۱۸۷ میں ہے: ﴿کُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْأَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْأَسْوَدِ

مِنَ الْفَجْرِ﴾ یعنی کھاؤ پیو یہاں تک کہ تمہارے لئے صبح کی سفید دھاری سیاہ داری سے جدا ہوجائے۔اس آیت سے اگرچہ بات واضح ہوگئی مگر اتنی واضح نہیں ہوئی کہ سب لوگ از خود سمجھ جائیں، چنانچہ بخاری (حدیث ۴۵۰۹) میں یہ واقعہ ہے کہ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے اپنے تکیے کے نیچے دو دھاگے: ایک کالا اور ایک سفید رکھ لیا، جب انھوں نے یہ بات نبی ﷺ کو بتلائی تو آپؐ نے فرمایا: تمہارا تکیہ بڑا چوڑا ہے اور ان کو آیت کا مطلب سمجھایا، معلوم ہوا کہ صبح کا بیان اتنا واضح نہیں کہ ہر کوئی اس کو سمجھ لے، غلط فہمی ہوسکتی تھی اس لئے حدیثوں میں اس مسئلہ کو واضح کیا گیا۔ جب حدیث کو آیت کے ساتھ ملائیں گے تو بات بے غبار ہوجائے گی اور کوئی اشتباہ باقی نہیں رہے گا۔

اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ من الفجر سے صبح صادق مراد ہے، صبح کاذب مراد نہیں —— صبح صادق سے تقریباً پندرہ منٹ پہلے مشرقی افق پر ایک روشنی نمودار ہوتی ہے مگر افق سیاہ ہوتا ہے، یہ روشنی السَّاطِعُ الْمُصْعِدُ ہے، ساطع کے معنی ہیں: لمبی ہونے والی، اور المصعد کے معنی ہیں: چڑھنے والی۔یعنی وہ روشنی جو افق سے اوپر دارز ہوتی ہے، اس کا نام صبح کاذب ہے، اس میں دو دھاریاں نہیں ہوتیں، پھر یہ روشنی آہستہ آہستہ ماند پڑجاتی ہے اور بالکل ختم ہوجاتی ہے پھر تقریباً دس منٹ کے بعد مشرقی افق پر ایک لال دھاری چوڑائی میں نمودار ہوتی ہے جو بتدریج اوپر کی طرف بڑھتی ہے۔ یہ لال دھاری سفید تاگا ہے، اور اس سے اوپر جو تاریکی ہے وہ کالا تاگا ہے، یہ صبح صادق ہے۔ آیت میں یہی مراد ہے، اور آیت کا مطلب یہ ہے کہ جب صبح کا سفید تاگا رات کے کالے تاگے سے الگ محسوس ہونے لگے یعنی یقینی طور پر صبح ہوجائے تو کھانا پینا بند کردو۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کھاؤ اور پیو اور نہ برانگیختہ کرے تمہیں چمکنے والی چڑھنے والی صبح (یعنی وہ روشنی جو افق سے اوپر ہوتی ہے) یہاں تک کہ ظاہر ہو تمہارے لئے سرخ لکیر۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صبح کاذب رات کا حصہ ہے اس وقت کھانا پینا جائز ہے۔البتہ صبح صادق کے بعد اکل وشرب منع ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں سحری کھانے سے نہ روکے بلالؓ کی اذان اور نہ لمبی فجر، مگر وہ فجر جو افق میں پھیلی ہوئی ہوتی ہے''

تشریح: اس حدیث کا مطلب بھی یہی ہے کہ صبح کاذب کے بعد کھانا پینا جائز ہے اور صبح صادق پر کھانا پینا بند کردینا ضروری ہے۔اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ پہلے فجر کی اذان دیا کرتے تھے اور ابن ام مکتوم سحری کے وقت اذان دیتے تھے، بعد میں ڈیوٹیاں بدل گئی تھیں، آنحضرت ﷺ نے اس حدیث میں اس کی اطلاع دی ہے کہ آئندہ حضرت بلالؓ سحری کے وقت اذان دیا کریں گے، پس ان کی اذان سن کر کھانا پینا بند نہ کرو۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۳۶ میں گذر چکی ہے۔ (دیکھیں تحفہ ۱:۵۲۱)

[۱۵] باب ماجاء فی بیان الفجر

[۶۹۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نا مُلَازِمُ بنُ عَمْرٍو، قال حَدَّثنی عبدُ اللّٰهِ بنُ النُّعْمَانِ، عن قَیْسِ بنِ طَلْقِ بنِ علیٍّ، قال حدَّثنی أبی طَلْقُ بنُ علیٍّ، أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قال:" کُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَایَهِیْدَنَّکُمُ السَّاطِعُ الْمُصْعِدُ، وکُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰی یَعْتَرِضَ لَکُمُ الْأَحْمَرُ"

وفی الباب: عن عَدِیِّ بنِ حاتِمٍ، وأبی ذَرٍّ، وسَمُرَةَ.قال أبو عیسی: حدیثُ طَلْقِ بْنِ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَالْعَمَلُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ أنه لایَحْرُمُ علی الصَّائِمِ الْأَکْلُ والشُّرْبُ حتی یکونَ الفَجْرُ الْأَحْمَرُ الْمُعْتَرِضُ، وبه یقولُ عَامَّةُ أهلِ العلمِ.

[۶۹۷-] حدثنا هنادٌ، ویُوسُفُ بنُ عیسی، قالا: نا وَکِیْعٌ، عن أبی هِلَالٍ، عن سَوَادَةَ بنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قال: قالَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم:" لَایَمْنَعُکُمْ مِنْ سُحُوْرِکُمْ أَذَانُ بِلَالٍ، وَلا الفَجْرُ الْمُسْتَطِیْلُ، ولٰکِنَّ الفَجْرَ الْمُسْتَطِیْرَ فی الْأُفُقِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے: روزہ دار پر کھانا پینا حرام نہیں ہوتا جب تک سرخ فجر جو چوڑائی میں ظاہر ہوتی ہے نمودار نہ ہو۔ اور اکثر علماء یہی بات کہتے ہیں (یعنی یہ مسئلہ اجماعی ہے)

لغت: هَادَهٗ یَهِیْدُه هَیْداً: گھبراہٹ میں ڈالنا، برانگیختہ کرنا۔

بابُ ماجاء فی التَّشْدِیْدِ فی الغِیْبَةِ لِلصَّائِمِ

روزہ دار کے لئے غیبت کرنے کی سخت ممانعت ہے

کسی نے سب سے پہلے اس حدیث پر غیبت کا باب باندھا ہے، بعد میں محدثین اس پر یہی باب باندھنے لگے، ورنہ حدیث غیبت کے ساتھ خاص نہیں۔ حدیث میں قاعدہ کلیہ بیان کیا گیا ہے، غیبت اس کے تحت آتی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" جو شخص (روزے میں) جھوٹ اور دھوکا دہی نہ چھوڑے: اللہ کو اس کے بھوکے پیاسے رہنے کی کوئی ضرورت نہیں"

تشریح: جس کلام کی نسبتِ کلامیہ نسبتِ واقعیہ کے مطابق نہ ہو وہ کذب (جھوٹا کلام) ہے اور جھوٹی بات کو قسم یا کسی اور مؤکد کے ذریعہ مدلل کرنا" زور" ہے۔ زَوَّرَ الشیئَ کے معنی ہیں: مزین کرنا، پس قولِ زور کے معنی ہیں:

جھوٹی بات کو مدلل اور مزین کر کے پیش کرنا۔ بالفاظ دیگر: اگر بات سو فیصد یا اس سے کم جھوٹ ہو تو وہ کذب ہے اور سو فیصد سے زیادہ جھوٹی ہو تو وہ قولِ زور ہے۔ اور عمل بالزور کے معنی ہیں: دھوکا دینا، مثلاً گاہک کو پھنسانے کے لئے دوسرا شخص زیادہ قیمت پر خریدنے کی بات کرے تو یہ عمل بالزور ہے۔

اور غیبت کے معنی ہیں: وصفُ الرجلِ فی غَیْبَتِہ بما یَکرہُ إِذَا سَمِعَہ: کسی آدمی کے متعلق اس کی عدم موجودگی میں ایسی بات کہنا کہ اگر وہ سنے تو ناراض ہو۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر وہ بات واقعی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: جبھی غیبت ہے ورنہ بہتان ہے (مشکوۃ حدیث ۴۸۲۸) غرض غیبت سچی بات ہوتی ہے وہ قول زور کے تحت نہیں آتی، مگر چونکہ جس کی غیبت کی گئی ہے اس کو تکلیف پہنچتی ہے اور قول زور اور عمل بالزور کا نتیجہ بھی یہی ہے اس لئے محدثین نے حدیث کو عام کیا ہے اور غیبت کو قول زور اور عمل بالزور کے دائرہ میں لیا ہے۔ بالفاظ دیگر: قول زور اور عمل بالزور حرام ہیں اور غیبت بھی حرام ہے اس لئے وہ بھی قولِ زور کے حکم میں ہے۔

قولہ: فلیس للہ حاجۃٌ کے تحت دو باتیں سمجھ لی جائیں:

پہلی بات: روزہ: کھانا پینا اور صحبت چھوڑنے کا نام ہے اور یہ تینوں کام مباح ہیں، پس جب روزہ دار اللہ کی خوشنودی کے لئے مباح چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے تو اس کو ممنوعات شرعیہ سے بدرجۂ اولیٰ احتراز کرنا چاہئے، جیسے نبی ﷺ نے فرمایا: **المھاجر مَن ھَجَرَ مانَھَی اللّٰہ عنہ** یعنی جو ممنوعاتِ شرعیہ کو ترک کرتا ہے وہی حقیقی مہاجر ہے، صرف وطن چھوڑ کر مدینہ آجانا کوئی معنی نہیں رکھتا، اسی طرح جو روزے میں ممنوعاتِ شرعیہ سے بچتا ہے وہی حقیقی روزہ دار ہے۔

دوسری بات: فلیس للہ حاجۃ: اباحت کی تعبیر نہیں ہے یعنی جس کو جھوٹ بولنا ہے یا دھوکا دینا ہے وہ روزہ نہ رکھے: یہ مطلب نہیں ہے بلکہ یہ وعید ہے، جیسے کتاب الحج میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص گنجائش کے باوجود حج نہ کرے: اس پر کوئی حرج نہیں کہ وہ یہودی یا عیسائی ہو کر مرے! یہ یہودی یا عیسائی ہونے کی اجازت نہیں ہے، بلکہ وعید ہے کہ جب اُسے احکام شرعیہ کا پاس نہیں تو اس کے مسلمان ہونے کا کیا حاصل ہے؟ ایسے ہی یہ بھی وعید ہے۔

[۱۶] باب ماجاء فی التشدید فی الغیبة للصائم

[۶۹۸-] حدثنا أبو مُوسی محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا عُثْمَانُ بنُ عُمَرَ، أنا ابنُ أبی ذِئْبٍ، عن سَعیدِ المَقْبُرِیِّ، عن أبیہِ، عن أبی ھریرۃَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال: "مَنْ لَمْ یَدَعْ قولَ الزُّوْرِ والعَمَلَ بہِ فَلَیْسَ للّٰہِ حَاجَۃٌ بِأَنْ یَدَعَ طَعَامَہُ وَشَرَابَہُ"

وفی الباب: عن أنسٍ، قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: سند میں عثمان بن عمر کے بعد عبارت اس طرح تھی کہ گویا تحویل ہے اور علامتِ تحویل لکھنے سے رہ گئی

ہے۔معارف السنن میں بھی اسی طرح ہے،مگر مصری نسخہ میں أنا ہے جو أخبرنا کا مخفف ہے یعنی سند مسلسل ہے تحویل نہیں ہے،اور یہی بات صحیح ہے،ابن ابی ذئب: امام ترمذی کے استاذ نہیں ہیں،اس لئے میں نے مصری نسخہ کے مطابق عبارت کردی ہے۔

بابُ ماجاء فی فضل السُّحور

سحری کھانے کا ثواب

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''سحری کھایا کرو، بیشک سحری کے کھانے میں یا سحری کھانے میں برکت ہے''

تشریح: سحری میں پیٹ بھر کر کھانا ضروری نہیں، مسند احمد میں روایت ہے: جس نے ایک لقمہ کھایا اس نے سحری کھائی،اور سنن سعید بن منصور میں روایت ہے: جس نے ایک گھونٹ پیا اس نے سحری کھائی،اور اس باب میں دوسری حدیث یہ ہے کہ: ''ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں کے درمیان فرق: سحری کا ایک لقمہ ہے''

اور سحری کھانے میں برکت یہ ہے کہ دل نہیں دھڑکتا، جس نے کسی وجہ سے سحری نہیں کھائی اس کا دل دوپہر تک دھڑکتا رہتا ہے،اور زوال کے بعد سے مسلسل افطار کا انتظار رہتا ہے۔نیز کھانا پینا روزے میں مددگار رہتا ہے اور سحری کھانے سے مسلم اور اہل کتاب کے روزوں کے درمیان امتیاز ہوتا ہے۔ابوداؤد (۱:۳۰۷ باب کیف الأذان) میں حدیث ہے کہ اہل کتاب کے یہاں رات میں سونے کے بعد اگلا روزہ شروع ہوجاتا ہے،اسلام میں بھی شروع میں یہی حکم تھا،بعد میں سورۂ بقرہ آیت ۱۸۷ سے یہ حکم منسوخ ہوگیا۔پس سحری کھانا ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں کے درمیان امتیاز ہے، نیز اس میں سنت کی اتباع،نشاط میں زیادتی،اور وقت استجابہ میں دعا کا موقع ملنا اور دیگر بہت سے فوائد ہیں۔

[۱۷] باب ماجاء فی فضل السُّحور

[۶۹۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا أبو عوانَةَ، عن قَتَادَةَ، وعبدِ العزیزِ بنِ صُهَیْبٍ، عن أنَسِ بنِ مالكٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قال: '' تَسَحَّرُوْا فَإِنَّ فی السُّحُوْرِ بَرَكَةً''

وفی الباب: عن أبی هریرةَ، وعبدِ اللہ بن مَسْعُوْدٍ، وجَابرِ بنِ عبدِ اللہ، وابنِ عباسٍ، وعَمْرِو بنِ العاصِ، والعِرْبَاضِ بنِ سَارِیَةَ، وعُتْبَةَ بنِ عَبْدٍ، وأبی الدَّرْدَاءِ. قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۷۰۰-] ورُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ قال: '' فَصْلُ ما بَیْنَ صِیَامِنَا وصِیَامِ أهلِ الكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحَرِ'' حدثنا بذلكَ قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عن موسی بنِ عُلَیٍّ، عن أبیهِ، عن أبی قَیْسٍ مَوْلَی عَمْرِو بنِ العَاصِ، عَنْ عَمْرِو بنِ العاصِ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم بذلكَ. وهذا

حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وأهلُ مِصْرَ يقُوْلُوْنَ: موسى بنُ عَلِيّ، وأهلُ العِراقِ يقُوْلُوْنَ: موسى بنُ عُلَيٍّ بنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيِّ.

وضاحت: أَكلة (بفتح الهمزة) کے معنی ہیں: ایک لقمہ کھانا اور أُكلة (بالضم) کے معنی ہیں: ایک لقمہ ——— موسی کے والد کا نام اہل مصر علی (مکبّر) لیتے ہیں، اور اہل عراق علی (مصغّر) لیتے ہیں (تہذیب) اور آگے موسیٰ کا یہ قول آرہا ہے کہ جو میرے والد کا نام بگاڑے گا یعنی مکبر کے بجائے مصغر نام لے گا میں اُسے معاف نہیں کروں گا۔ لیکن چونکہ ان کی پہچان تصغیر سے ہوگئی تھی اس لئے تصغیر استعمال کرنا مجبوری تھی۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الصَّوْمِ في السَّفَرِ

سفر میں روزہ رکھنے کی ناپسندیدگی

مذاہبِ فقہاء: تمام علماء متفق ہیں کہ سفر میں رمضان میں روزے نہ رکھنا جائز ہے، لیکن سفر میں رمضان کے روزے رکھنا اولیٰ ہے یا نہ رکھنا؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سفر میں روزے نہ رکھنا اولیٰ ہے اور باقی تینوں فقہاء کے نزدیک اگر روزہ رکھنے میں غیر معمولی مشقت نہ ہو تو روزہ رکھنا اولیٰ ہے اور اس مسئلہ میں اختلاف کی بنیاد روایات اور تطبیق کا اختلاف ہے۔

حدیث: آنحضور ﷺ فتح مکہ کے لئے دس رمضان کو مدینہ منورہ سے نکلے تھے اور آپؐ اور صحابہ روزہ رکھ کر سفر کر رہے تھے، کُراع الغَمیم جو مکہ کے قریب ایک موضع ہے جب وہاں لشکر پہنچا تو سرداروں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ روزے رکھتے ہیں اور آپؐ کی پیروی میں فوج روزہ رکھتی ہے، اور اب مکہ قریب آگیا ہے، کسی بھی وقت جنگ ہوسکتی ہے، اب مصلحت یہ ہے کہ فوج روزے بند کردے، کھائے پیئے تاکہ کچھ طاقت آئے۔ نبی ﷺ نے عصر کے بعد پانی منگوایا اور سب کے سامنے نوش فرمایا، یا تو روزہ توڑ دیا یا ممکن ہے آپ نے اس دن روزہ رکھا ہی نہ ہو، اور پانی پی کر روزہ دار نہ ہونا ظاہر کیا ہو، دونوں احتمال ہیں۔ اس کے بعد صحابہ نے عام طور پر روزے بند کردیئے مگر بعض نے پھر بھی روزہ رکھا۔ جب یہ بات آپؐ کے علم میں آئی تو آپؐ نے فرمایا: ''وہی لوگ نافرمان ہیں'' یہ کلمات سخت ڈانٹ تھے، چنانچہ سب نے روزے بند کردیئے۔

اس حدیث سے آنحضور ﷺ کا سفر میں روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونوں باتیں ثابت ہیں۔ جمہور نے ابتدائی حالت کا اعتبار کیا، اور فرمایا: سفر میں روزہ رکھنا اولیٰ ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ نے آخری حالت کا اعتبار کیا اور سفر میں روزہ نہ رکھنے کو اولیٰ قرار دیا۔

مگر امام احمدؒ کے اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ چونکہ جنگ درپیش تھی اس لئے روزے بند کئے گئے تھے، ورنہ

آپؐ اور صحابہ روزے رکھتے ہوئے سفر کر رہے تھے (مجمع الزوائد ۳: ۱۸۵، بخاری حدیث ۱۹۴۵ اور ۱۹۴۷)

امام احمدؒ کی دوسری دلیل متفق علیہ حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''سفر میں روزہ رکھنا نیکی کا کام نہیں'' مگر اس دلیل کا جواب یہ ہے کہ حضور ﷺ نے یہ ارشاد ایک خاص واقعہ میں فرمایا تھا، ایک سفر میں کچھ لوگوں نے روزے رکھے اور وہ اتنے نڈھال ہو گئے کہ اپنے جانوروں کا گھاس چارہ بھی نہ کر سکے اس موقع پر آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا (تفصیل طحاوی ۱: ۲۸۱ باب الصیام فی السفر میں ہے، متفق علیہ مشکوٰۃ حدیث ۲۰۲۲)

غرض اس حدیث کا محمل وہ صورت ہے جبکہ روزہ رکھنے سے ناقابل برداشت مشقت لاحق ہو، اور حدیث کی یہ تاویل کرنا اس لئے ضروری ہے کہ نبی ﷺ نے اور صحابہ نے سفر میں روزے رکھے ہیں اگر یہ تاویل نہیں کریں گے تو آپؐ کے اور صحابہ کے عمل کو غیر افضل قرار دینا ہوگا، اور اس کی جرأت کون کر سکتا ہے؟

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ دونوں ارشاد اس شخص کے بارے میں ہیں جس کا دل شریعت کی دی ہوئی رخصت (سہولت) پر مطمئن نہ ہو۔ اس کے لئے سفر میں روزہ رکھنا نیکی کا کام نہیں اور وہ نافرمان ہے، رہا وہ شخص جو رخصت کو قبول کرتا ہے اور اس کا دل مطمئن ہے اور وہ طاقت ور ہے، پس اس کے لئے روزہ رکھنا اولیٰ ہے۔

اور جمہور کی دلیل آئندہ باب کی حدیث ہے۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کرتے تھے، بعض لوگ روزہ رکھتے تھے اور بعض نہیں رکھتے تھے، اور روزہ رکھنے والے روزہ نہ رکھنے والوں پر، اور نہ رکھنے والے رکھنے والوں پر غصہ نہیں ہوتے تھے۔ اور صحابہ یہ سمجھتے تھے کہ جس میں روزہ رکھنے کی طاقت ہے اس کے لئے روزہ رکھنا افضل ہے اور جس میں طاقت نہیں اس کے لئے روزہ نہ رکھنا افضل ہے۔ یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور مسئلہ باب میں فیصلہ کن ہے۔

اب دو مسئلے سمجھ لینے چاہئیں:

پہلا مسئلہ: چاروں ائمہ متفق ہیں کہ جب تک سفر شروع نہیں کیا افطار کی رخصت حاصل نہیں، مثلاً: ایک آدمی کو دس بجے سفر شروع کرنا ہے پس وہ صبح سے روزہ نہ رکھے یہ جائز نہیں۔ اور سفر شروع کرنے کے بعد روزہ توڑنے کے جواز و عدم جواز میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک توڑنا جائز ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک جائز نہیں، لیکن اگر کوئی توڑ دے تو بالاتفاق صرف قضا واجب ہوگی کفارہ واجب نہیں ہوگا، کیونکہ سفر شروع ہو جانے کے بعد رخصت حاصل ہو جاتی ہے اس لئے شبہ پیدا ہوا پس کفارہ واجب نہیں۔

دوسرا مسئلہ: رمضان کا جو روزہ دورانِ سفر رکھا گیا ہو اس کو توڑ سکتے ہیں یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ جواز کے قائل ہیں اور احناف عدم جواز کے، لیکن توڑ دینے کی صورت میں بالاتفاق صرف قضا واجب ہے کفارہ واجب نہیں۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے باب کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے دورانِ سفر رکھا ہوا روزہ توڑ دیا تھا۔ پس جواز

ثابت ہوا، اور احناف نے اس حدیث کے تین جواب دیئے ہیں۔

۱- نبی ﷺ کا اس دن روزہ تھا اس کی کوئی دلیل نہیں، ممکن ہے آپؐ نے اس دن روزہ رکھا ہی نہ ہو، اور پانی پی کر روزہ نہ ہونا ظاہر کیا ہو۔

۲-فوج کے احکام الگ ہیں، وہ دورانِ سفر رکھا ہوا روزہ بھی توڑ سکتے ہیں (عالمگیری ۱:۲۰۸ الباب الخامس فی الأعذار إلخ)

۳- نبی ﷺ تشریع کے لئے کبھی مکروہ تنزیہی کام بھی کرتے تھے۔ اور وہ آپؐ کے حق میں مکروہ نہیں ہوتا تھا، پس احتمال ہے کہ آپؐ کا روزہ توڑنا تشریع کے لئے ہو۔

[۱۸] باب ماجاء فی کراهية الصوم فی السفر

[۷۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبيهِ، عن جَابرِ بنِ عبدِ الله، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ، فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ كُرَاعَ الغَمِيْمِ، وصَامَ النَّاسُ مَعَهُ، فقيلَ لَهُ: إِنَّ النَّاسَ قَدْ شَقَّ عَلَيْهِمُ الصِّيَامُ، وإِنَّ النَّاسَ يَنْظُرُوْنَ فِيْمَا فَعَلْتَ، فَدَعَا بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ بَعْدَ العَصْرِ، فَشَرِبَ وَالنَّاسُ يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهِ، فَأَفْطَرَ بَعْضُهُمْ وَصَامَ بَعْضُهُمْ، فَبَلَغَهُ أَنَّ نَاسًا صَامُوْا، فقال:" أُوْلٰئِكَ العُصَاةُ"

وفى الباب: عن كَعْبِ بنِ عَاصِمٍ، وابنِ عباسٍ، وأبى هريرةَ، قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۰۲-] وَقَدْ رُوِىَ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قال:" لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِىْ السَّفَرِ"

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فى الصَّوْمِ فِى السَّفَرِ، فَرَأَىْ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ أَنَّ الفِطْرَ فِىْ السَّفَرِ أَفْضَلُ، حَتّٰى رَأَى بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ الإِعَادَةَ إِذَا صَامَ فِىْ السَّفَرِ، واخْتَارَ أحمدُ وإسحاقُ الفِطْرَ فى السَّفَرِ.

وقَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: إِنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ فَحَسَنٌ، وَهُوَ أَفْضَلُ، وإِنْ أَفْطَرَ فَحَسَنٌ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ وَمَالِكِ بنِ أنسٍ وعبدِ اللّٰهِ بنِ المبارك.

وقال الشافعىُّ: إِنَّمَا مَعْنَى قولِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم:" لَيْسَ مِنَ الْبِرِّ الصِّيَامُ فِىْ السَّفَرِ" وقولهِ حِيْنَ بَلَغَهُ أَنَّ نَاسًا صَامُوْا، فقال:" أُوْلٰئِكَ العُصَاةُ" فَوَجْهُ هٰذا إِذَا لَمْ يَحْتَمِلْ قَلْبُهُ قَبُوْلَ رُخْصَةِ اللّٰهِ تعالىٰ، فَأَمَّا مَنْ رَأَى الفِطْرَ مُبَاحًا وصَامَ وقَوِىَ على ذلك فَهُوَ أَعْجَبُ إِلَيَّ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے سال مکہ کی طرف نکلے تو آپؐ نے روزہ رکھا، یہاں تک کہ آپؐ کراع الغمیم تک پہنچے، اور آپؐ کے ساتھ لوگوں نے روزہ رکھا، پس آپؐ سے کہا گیا: بیشک لوگوں پر روزہ رکھنا دشوار ہو گیا ہے اور لوگ آپؐ کا عمل دیکھتے ہیں۔ یعنی آپ کی اتباع میں روزے رکھتے ہیں، پس آپؐ نے عصر کے بعد پانی کا ایک پیالہ منگوایا اور نوش فرمایا، درانحالیکہ لوگ آپؐ کو دیکھ رہے تھے۔ پس (اگلے دن) بعض لوگوں نے روزہ نہیں رکھا اور بعض نے روزہ رکھا۔ پس آپ کو یہ بات پہنچی کہ کچھ لوگوں نے روزہ رکھا ہے تو آپؐ نے فرمایا: ''وہی لوگ نافرمان ہیں''

(حدیث ۷۰۲) اور نبی ﷺ سے روایت کیا گیا کہ آپؐ نے فرمایا: ''سفر میں روزہ رکھنا کوئی نیکی کا کام نہیں (یہ حدیث متفق علیہ ہے امام ترمذیؒ نے اس کی سند پیش نہیں کی)

اور علماء کا سفر میں روزہ رکھنے کے سلسلہ میں اختلاف ہے، صحابہ اور بعد کے بعض علماء کہتے ہیں: سفر میں روزہ نہ رکھنا اولیٰ ہے، یہاں تک کہ بعض علماء (اہل ظاہر) کہتے ہیں کہ اس پر اس روزہ کی قضا ہے جو سفر میں رکھا گیا ہے۔ اور احمد اور اسحاق نے سفر میں روزہ نہ رکھنے کو پسند کیا ہے، یعنی وہ اعادہ کے قائل نہیں، اور صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء کہتے ہیں: اگر طاقت ہو اور اس نے روزہ رکھا تو اچھا ہے اور یہ افضل ہے، اور اگر روزہ نہ رکھا تو بھی اچھا ہے اور یہ ثوری مالک اور ابن المبارک کا قول ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد: **لیس من البر الصیام فی السفر** اور آپؐ کا ارشاد جب آپؐ کو یہ بات پہنچی کہ بعض لوگوں نے روزہ رکھا ہے تو آپؐ نے فرمایا: **أُولَئِكَ العُصَاة** ان دونوں حدیثوں کا مصداق وہ صورت ہے جب آدمی کا دل اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی سہولت قبول کرنے کے لئے آمادہ نہ ہو، رہا وہ شخص جو سفر میں افطار کو جائز سمجھتا ہو اور اس نے روزہ رکھا اور اُسے روزہ رکھنے کی طاقت بھی ہے تو یہ بات مجھے زیادہ پسند ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ فی الصَّوْمِ فی السَّفَرِ

سفر میں روزہ رکھنا جائز ہے

یہ گذشتہ باب کا مقابل باب ہے اور اس باب میں تین حدیثیں ہیں:

حدیث (۱): حمزۃ بن عمرو اسلمیؓ نے نبی ﷺ سے سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا، وہ ہمیشہ روزہ رکھتے تھے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر آپ چاہیں تو روزہ رکھیں اور اگر چاہیں تو نہ رکھیں''

تشریح: حمزۃ بن عمرو اسلمی رضی اللہ عنہ صائم الدہر تھے پس ممکن ہے انھوں نے نفل روزوں کے بارے میں پوچھا ہو اس لئے یہ حدیث امام احمد رحمہ اللہ کے مقابل پیش نہیں کی جا سکتی۔

حدیث (۲): ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رمضان کے مہینہ میں سفر

کرتے تھے، پس روزہ داروں پر روزہ رکھنے کی وجہ سے اور روزہ نہ رکھنے والوں پر روزہ نہ رکھنے کی وجہ سے خردہ گیری نہیں کی جاتی تھی (یعنی ہر فریق کے عمل کو صحیح تصور کیا جاتا تھا)

حدیث (۳): ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سفر کرتے تھے، پس ہم میں سے بعض روزہ رکھتے تھے اور بعض روزہ نہیں رکھتے تھے۔ پس نہ مفطر: صائم پر غصہ ہوتا تھا اور نہ صائم: مفطر پر (وَجَدَ کے صلہ میں جب علی آتا ہے تو غصہ کرنے کے معنی ہوتے ہیں) اور صحابہ کہتے تھے کہ جو روزہ کی طاقت رکھتا ہے اور وہ روزہ رکھے تو وہ اچھا کرتا ہے اور جو طاقت نہیں رکھتا اور وہ روزہ نہ رکھے تو وہ اچھا کرتا ہے۔

تشریح: مذکورہ دونوں حدیثیں اہل ظاہر (جو سفر میں روزہ کے عدم جواز کے قائل ہیں) کے خلاف حجت ہیں اور تیسری حدیث مسئلہ باب میں فیصلہ کن ہے کہ اگر سفر میں روزہ رکھنے میں غیر معمولی مشقت ہو تو روزہ نہ رکھنا اولیٰ ہے، بصورتِ دیگر رکھنا اولیٰ ہے۔

[۱۹] باب ماجاء فی الرخصة فی الصوم فی السفر

[۷۰۳-] حدثنا هارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،أَنَّ حَمْزَةَ بنَ عَمْرٍو الأَسْلَمِيَّ. سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصَّوْمِ فی السَّفَرِ، وكَانَ يَسْرُدُ الصَّوْمَ، فقالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ شَئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ"

وفی الباب: عن أنسِ بنِ مالكٍ، وأبی سعيدٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأبی الدَّرْدَاءِ، وحَمْزَةَ بنِ عَمْرٍو الأَسْلَمِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ أَنَّ حَمْزَةَ بنَ عَمْرٍو الأَسْلَمِيَّ سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۰٤-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عن سَعِيْدِ بنِ يَزِيْدَ أَبِیْ مَسْلَمَةَ، عن أَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ، قال: كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فی شَهْرِ رَمَضَانَ، فَمَا يُعَابُ عَلَى الصَّائِمِ صَوْمُهُ، وَلاَ عَلَى الْمُفْطِرِ فِطْرُهُ.

[۷۰۵-] حدثنا نَصْرُ بنُ عليٍّ، نا يزيدُ بنُ زُرَيْعٍ، نَا الجُرَيْرِيُّ، ح: ونا سفيانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا عبدُ الْأَعْلٰى، عَنِ الجُرَيْرِيِّ، عن أبی نَضْرَةَ، عن أبی سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قال: كُنَّا نُسَافِرُ مع رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَمِنَّا الصَّائِمُ، وَمِنَّا الْمُفْطِرُ، فَلاَ يَجِدُ الْمُفْطِرُ على الصَّائِمِ، وَلاَ الصَّائِمُ على الْمُفْطِرِ، وكَانُوْا يَرَوْنَ أَنَّهُ مَنْ وَجَدَ قُوَّةً فَصَامَ فَحَسَنٌ، ومَنْ وَجَدَ ضَعْفًا فَأَفْطَرَ فَحَسَنٌ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ لِلْمُحَارِبِ فی الإِفْطَارِ

فوج کوروزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے

پہلے یہ مسئلہ ضمناً آیا ہے کہ مجاہدین کے لئے جنگ کے دوران یا جنگ قریب آنے کی صورت میں: رمضان کا رکھا ہوا روزہ بھی توڑ دینا جائز ہے، پس نہ رکھنا بدرجہ اولیٰ جائز ہے۔

حدیث: معمر بن ابی حُیَیَّہ نے سعید بن المسیبؒ سے سفر میں روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا، آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے بیان کیا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رمضان میں دو غزوے کئے ہیں: غزوۂ بدر اور فتح مکہ، پس ہم نے ان میں روزے نہیں رکھے تھے۔

تشریح: فتح مکہ کے سفر میں نبی ﷺ اور صحابہ نے کراع الغمیم تک روزے رکھے تھے اور حضرت عمرؓ روزہ نہ رکھنے کی بات کہہ رہے ہیں، اس تعارض کے دو حل ہیں: (۱) حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد آخری حالت کے اعتبار سے ہے، یعنی جب جنگ قریب آگئی تو روزے بند کردیئے گئے تھے (۲) گذشتہ حدیث اعلیٰ درجہ کی ہے اور یہ حدیث اس کے برابر نہیں، اس لئے کہ معمر کچھ زیادہ اچھا راوی نہیں، کتب ستہ میں اس کی یہی ایک روایت ہے۔ علاوہ ازیں اس کی سند میں ابن لہیعہ مشہور ضعیف راوی ہے، پس تعارض ختم ہوگیا، کیونکہ اصح مافی الباب کا اعتبار ہوتا ہے۔

[۲۰] باب ماجاء فی الرخصة لِلْمُحَارِبِ فی الإفطار

[۷۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِیْ حَبِيْبٍ، عَنْ مَعْمَرِ بنِ أَبِیْ حُيَيَّةَ، عن ابنِ المُسَيَّبِ، أَنَّهُ سَأَلَهُ عن الصَّوْمِ فِیْ السَّفَرِ؟ فَحَدَّثَ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قال: غَزَوْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ رَمَضَانَ غَزْوَتَيْنِ: يَوْمَ بَدْرٍ وَالْفَتْحِ، فَأَفْطَرْنَا فِيْهِمَا.

وفی الباب: عن أبی سعيدٍ، قال أبو عيسی: حديثُ عُمَرَ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

وَقَدْ رُوِیَ عن أبی سَعِيْدٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّهُ أَمَرَ بِالْفِطْرِ فِیْ غَزْوَةٍ غَزاهَا، وقَدْ رُوِیَ عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ نَحْوُ هٰذَا: أَنَّهُ رَخَّصَ فِی الإِفْطَارِ عِنْدَ لِقَاءِ الْعَدُوِّ، وبِهِ يقولُ بعضُ أهلِ العلمِ.

ترجمہ: ہم اس حدیث کو نہیں جانتے، مگر اس طریق سے (اور یہ سند ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے) اور ابو سعید خدریؓ سے مروی ہے کہ آپؐ نے ایک غزوہ میں روزہ نہ رکھنے کا حکم دیا (یہ حدیث مختصر ہے اور مسلم میں ہے) اور حضرت عمرؓ سے اس کے مانند مروی ہے کہ آپؐ نے جنگ کے وقت افطار کی اجازت دی اور بعض علماء اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَۃِ فی الإِفْطَارِ لِلْحُبْلٰی وُالْمُرْضِعِ

حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت کے لئے روزہ نہ رکھنے کی اجازت

سورۃ البقرۃ آیت ۱۸۵ میں دو شخصوں کے لئے رمضان میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت آئی ہے، ایک: مسافر کے لئے، دوم: مریض کے لئے۔ اور وہ عورت جو حمل سے ہو یا ایسے بچہ کو دودھ پلا رہی ہو جو ماں کے دودھ پر اکتفا کرتا ہے، باہر کی غذا نہیں لیتا، وہ مریض کے ساتھ لاحق ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے اگر حاملہ اور مرضعہ کو روزہ رکھنے میں اپنی ذات پر خطرہ ہے تو وہ بالاجماع مریض کے حکم میں ہیں۔ وہ افطار کریں اور ان پر صرف قضا ہے۔ اور اگر ان کو اپنی ذات پر کوئی خطرہ نہ ہو، بلکہ حاملہ کو پیٹ کے بچہ پر خطرہ ہو یا مرضعہ کو بچہ پر خطرہ ہو کہ وہ بھوکا مرے گا تو وہ مریض کے ساتھ لاحق ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ احناف نے لاحق کیا ہے ان کے نزدیک ایسی حاملہ اور مرضعہ کے لئے روزہ نہ رکھنا جائز ہے۔ اور ان پر صرف قضا واجب ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے لاحق کیا بھی ہے اور نہیں بھی کیا۔ وہ فرماتے ہیں: ایسی حاملہ اور مرضعہ کے لئے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے، مگر ان پر قضا اور روزوں کا فدیہ دونوں واجب ہونگے۔ قضا کا فیصلہ مریض کے ساتھ لاحق کرنے کی وجہ سے ہے اور فدیہ کا فیصلہ لاحق نہ کرنے کی بناء پر ہے۔ اور امام اسحاق رحمہ اللہ کے نزدیک صرف فدیہ واجب ہے قضا واجب نہیں۔ یعنی وہ لاحق نہیں کرتے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک حاملہ پر صرف قضا ہے اور مرضعہ پر قضا اور فدیہ دونوں ہیں۔ غرض ہر امام کی رائے الگ ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس سلسلہ میں صرف ایک روایت ہے اور وہ روایت اگرچہ اعلی درجہ کی صحیح نہیں مگر قابل استدلال ہے، حنفیہ نے اس روایت کی بناء پر حاملہ اور مرضعہ کو مریض کے ساتھ لاحق کیا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ کا لشکر انس بن مالک کعبیؓ کے قبیلہ پر حملہ کرنے کے لئے جا رہا تھا، جب حضرت انس کو اس کی خبر ہوئی تو انھوں نے آگے بڑھ کر نبی ﷺ سے ملاقات کی تاکہ لشکر کو حملہ کرنے سے روکیں۔ یہ رمضان کا مہینہ تھا، وہ سفر کر کے جس جگہ آپؐ کا پڑاؤ تھا وہاں پہنچے۔ اس وقت آپؐ صبح کا کھانا کھا رہے تھے، آپؐ نے ان کو کھانے پر بلایا۔ انھوں نے روزہ ہونے کا عذر کیا۔ آپؐ نے فرمایا: ''آؤ میں تمہیں روزے کا مسئلہ سمجھاتا ہوں: اللہ تعالیٰ نے مسافر سے روزوں کو اور آدھی نماز کو معاف کر دیا ہے۔ اور حاملہ اور مرضعہ سے روزوں کو معاف کر دیا ہے'' حضرت انسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے دونوں کا تذکرہ کیا یا ان میں سے ایک کا تذکرہ کیا یہ بات مجھے یاد نہیں رہی۔ غرض حضرت انسؓ نے روزہ نہیں توڑا بعد میں وہ افسوس کرتے تھے کہ ہائے میری بدقسمتی! اس دن میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کھانا کیوں نہ کھایا! (اس حدیث میں نبی ﷺ نے حاملہ اور مرضعہ کو مریض کے ساتھ لاحق کیا ہے)

فائدہ (۱): انس بن مالک نام کے دو صحابی ہیں، ایک: خادمِ رسول ﷺ حضرت ابوحمزہ، انس بن مالک نجاری

خزرجی انصاریؓ، آپ مشہور صحابی ہیں اور کثیر الروایہ ہیں۔ دوسرے: انس بن مالک ؓ کعبی یہ واقعہ ان دوسرے انس بن مالک کا ہے اور ان کی صرف یہی ایک روایت ہے۔

فائدہ (۲): پہلے یہ مسئلہ گذرا ہے کہ رمضان کا جو روزہ سفر کے دوران رکھا جائے امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس کو توڑنا جائز ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز نہیں۔ یہ حدیث امام شافعیؒ کی دلیل ہے۔ حضرت انسؓ نے سفر کے دروان روزہ رکھا تھا اور نبی ﷺ نے ان کو کھانے پر بلایا، معلوم ہوا کہ سفر میں رکھا ہوا روزہ توڑنا جائز ہے۔ احناف اس حدیث کا یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، چونکہ یہ مسئلہ ابھی تک حضرت انسؓ کے سامنے نہیں آیا وہ یہ بات کہ مسافر کے لئے افطار کی اجازت ہے نہیں جانتے تھے، اسی لئے وہ روزہ رکھتے ہوئے سفر کر رہے تھے، اس لئے ان کو رکھا ہوا روزہ توڑنے کی سہولت دی گئی۔ واللہ اعلم۔

[۲۱] باب ماجاء فی الرخصة فی الإفطار للحُبلی والمُرْضِعِ

[۷۰۷-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، ويُوسفُ بنُ عيسیٰ، قالا: نا وَكِيْعٌ، نا أبو هِلَالٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سَوَادَةَ، عن أَنسِ بنِ مالكٍ — رَجُلٌ مِنْ بَنِی عَبْدِ اللّٰهِ بنِ كَعْبٍ — قال: أَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلُ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَأَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، فَوَجَدْتُهُ يَتَغَدّٰی، فقال: "ادْنُ فَكُلْ" فَقُلْتُ: إِنِّیْ صَائِمٌ، فقال: "ادْنُ أُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّوْمِ أَوِ الصِّيَامِ: إِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ شَطْرَ الصَّلَاةِ وَالصَّوْمَ، وعَنِ الْحَامِلِ أَوْ: الْمُرْضِعِ الصَّوْمَ أَوْ: الصِّيَامَ" وَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَهُمَا النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم كِلَيْهِمَا أَوْ أَحَدَهُمَا، فَيَالَهْفَ نَفْسِیْ! أَنْ لَا أَكُوْنَ طَعِمْتُ مِنْ طَعَامِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وفی الباب: عن أبی أُمَيَّةَ، قال أبو عيسی: حديثُ أنسِ بنِ مالكٍ الكَعْبِیِّ حديثٌ حسنٌ، وَلَا نَعْرِفُ لأَنسِ بنِ مالكٍ هٰذَا عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم غَيْرَ هٰذَا الحديثِ الوَاحِدِ.

والعَمَلُ علی هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ، وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: الحَامِلُ وَالْمُرْضِعُ يُفْطِرَانِ، وَيَقْضِيَانِ ويُطْعِمَانِ، وبه يقولُ سُفيانُ، ومالِكٌ، والشَّافِعِیُّ، وأحمدُ، وقالَ بعضُهُمْ: يُفْطِرَانِ ويُطْعِمَانِ وَلا قَضَاءَ عَلَيْهِمَا، وَإِنْ شَاءَتَا قَضَتَا وَلَا إِطْعَامَ عَلَيْهِمَا، وبه يقولُ إسحاقُ.

ترجمہ: انس بن مالک ؓ جو قبیلہ بنی عبداللہ بن کعب کے ہیں کہتے ہیں: ہم پر رسول اللہ ﷺ کے لشکر نے چڑھائی کی۔ میں نبی ﷺ کے پاس آیا، میں نے آپ کو صبح کا کھانا کھاتے ہوئے پایا (بعض نے یَتَغَدّٰی کے معنی سحری کرنے کے کئے ہیں جو غلط ہیں، کیونکہ اس وقت میں حضرت انس کا روزہ ہونے کا کوئی مطلب نہیں) آپ ؐ نے فرمایا: ''قریب آؤ اور کھاؤ'' میں نے کہا: میں روزہ سے ہوں، آپ ؐ نے فرمایا: ''قریب آؤ میں تمہیں روزہ کا مسئلہ سمجھاتا ہوں (آپ ؐ

نے لفظ صوم بولا یا صیام اس میں راوی کو شک ہے) اللہ تعالیٰ نے مسافر سے آدھی نماز اور روزے معاف کردیئے ہیں (الصوم بین السطور لکھا ہوا ہے مگر وہ حدیث میں ہونا چاہئے۔ نسائی (۱:۲۴۴ ذکر وضع الصیام عن المسافر سے میں نے تصحیح کی ہے) اور حاملہ اور مرضعہ سے روزے کو یا فرمایا: روزوں کو معاف کردیا ہے (حضرت انس کہتے ہیں:) خدا کی قسم: نبی ﷺ نے دونوں کا یعنی حاملہ اور مرضعہ دونوں کا تذکرہ کیا یا ان میں سے ایک کا، ہائے میری بدقسمتی! میں نے نبی ﷺ کے ساتھ کھانا کیوں نہ کھایا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: انس بن مالک کعبیؓ کی یہ حدیث حسن ہے، اور ہم ان انس کی نبی ﷺ سے اس ایک حدیث کے علاوہ کوئی حدیث نہیں جانتے اور اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے، اس کے بعد امام ترمذی نے مذاہب بیان کئے ہیں، مگر اس میں تسامح ہے۔ فرماتے ہیں: بعض علماء کہتے ہیں: حاملہ اور مرضعہ روزہ نہیں رکھیں گی، اور وہ دونوں قضا کریں گی اور روزوں کا فدیہ دیں گی، اور اسی کے قائل ہیں: سفیان، مالک، شافعی اور احمد۔ (امام مالکؒ کا یہ مذہب نہیں ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: وہ دونوں افطار کریں گی اور فدیہ دیں گی، اور ان پر قضا نہیں، اور اگر وہ دونوں قضا کرنا چاہیں تو ان پر فدیہ نہیں، اور اس کے اسحاق قائل ہیں (حضرت اسحاق کے نزدیک صرف فدیہ ہے قضا نہیں)

فائدہ: نعمت کی قدر زوال کے بعد ہوتی ہے، ہم اپنی آنکھوں اور کانوں کی کیا اہمیت جانتے ہیں! مگر اندھے ہوجائیں یا بہرے ہوجائیں تو اندازہ ہوگا کہ یہ کتنی بڑی نعمتیں ہیں۔ اسی طرح جب نبی ﷺ حیات تھے تو آپؐ کے ساتھ کھانا کھانے کی اور تبرک کی اہمیت سمجھ میں نہیں آئی، مگر جب آپؐ کی وفات ہوگئی تو حضرت انسؓ اس محرومی کو یاد کرکے افسوس کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّوْمِ عن المَیِّتِ

میت کی طرف سے روزہ رکھنے کا بیان

وارث میت کی طرف سے نیابۃً روزہ رکھ سکتا ہے یا نہیں؟ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وارث صرف نذر کے روزے رکھ سکتا ہے، باقی تینوں فقہاء کے نزدیک وارث نہ نذر کے روزے رکھ سکتا ہے نہ غیر نذر کے۔ کیونکہ عبادات بدنیہ میں نیابت جائز نہیں، تفصیل کتاب الزکاۃ باب ۳۱ میں گذر چکی ہے۔

حدیث: ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی اور اس نے کہا: میری بہن کا انتقال ہوگیا ہے (گذشتہ حدیث میں ماں کے انتقال کی بات تھی وہ حدیث الگ ہے) اور اس پر پے بہ پے دو مہینے کے روزے واجب ہیں (تو کیا میں نیابۃً وہ روزے رکھ سکتی ہوں؟) آپؐ نے فرمایا: تیرا کیا خیال ہے اگر تیری بہن پر قرض ہوتا تو کیا تو اس کو ادا کرتی؟ سائلہ نے کہا: ہاں ادا کرتی۔ آپؐ نے فرمایا: ''پس اللہ تعالیٰ کا حق زیادہ لائق ہے کہ ادا کیا جائے''، یعنی آپؐ نے نیابۃً روزہ

رکھنے کی اجازت دی۔

تشریح: اس حدیث میں کفارہ کے روزوں کا بیان ہے، کیونکہ پے بہ پے دو مہینے کے روزے کفارہ ہی کے ہو سکتے ہیں، پس حدیث کا بظاہر مطلب یہ ہے کہ وارث نیابۃً کفارہ کے روزے رکھ سکتا ہے، اس کے بالمقابل اگلا باب آرہا ہے جس میں فدیہ کا مسئلہ ہے۔

[۲۲] باب ماجاء فی الصوم عن المیت

[۷۰۸-] حدثنا أبو سَعِیْدٍ الاَشَجُّ، نا أبوخَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ کُهَیْلٍ، ومُسْلِمٍ البَطِیْنِ، عن سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، وعَطَاءٍ، وَمُجَاهِدٍ، عن ابنِ عبَّاسٍ، قال: جاء تِ امرأۃٌ إلی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فقالتْ: إنَّ أُخْتِیْ مَاتَتْ، وعَلَیْهَا صَوْمُ شَهْرَیْنِ مُتَتَابِعَیْنِ؟ قال: ”أَرَأَیْتِ لَوْ کَانَ علی أُخْتِكِ دَیْنٌ أَکُنْتِ تَقْضِیْنَهُ؟“ قالتْ: نعم، قال: ”فَحَقُّ اللّٰهِ أَحَقُّ“

وفی الباب: عن بُرَیْدَةَ، وابنِ عُمَرَ، وعائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدثنا أبو کُرَیْبٍ، نا أبو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عن الأَعْمَشِ، بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، قال محمدٌ: وقَدْ رَوَی غَیْرُ أَبِیْ خَالِدٍ، عن الأَعْمَشِ مِثْلَ رِوَایَةِ أبی خَالِدٍ.

قال أبو عیسی: وَرَوَی أبو مُعَاوِیَةَ وَغَیْرُ واحِدٍ هذا الحدیثَ عن الأَعْمَشِ، عُنْ مُسْلِمٍ البَطِیْنِ، عن سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عبَّاسٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عَنْ سَلَمَةَ بنِ کُهَیْلٍ، وَلاَ عَنْ عطَاءٍ، وَلاَ عَنْ مُجَاهِدٍ.

وضاحت: اس حدیث کو اعمش سے ابوخالد احمر اور ابومعاویہ روایت کرتے ہیں، اور ابوخالد احمر: اعمش کے اساتذہ میں سلمۃ بن کہیل کا بھی تذکرہ کرتے ہیں۔ اور سلمۃ اور مسلم البطین کے بعد تین اساتذہ: سعید بن جبیر، عطاء اور مجاہد کا تذکرہ کرتے ہیں، اور ابومعاویہ سلمۃ بن کہیل کا تذکرہ نہیں کرتے، نیز وہ صرف سعید بن جبیر کا تذکرہ کرتے ہیں، عطا اور مجاہد کا تذکرہ نہیں کرتے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: ابوخالد احمر کے علاوہ اور روات بھی اعمش سے ابوخالد کی طرح روایت کرتے ہیں، یعنی ان کے متابع ہیں، پس یہ روایت اصح ہوگی۔

بابُ ماجاء فی الکَفَّارَةِ

روزوں کے فدیہ کا بیان

یہ مسئلہ کتاب الزکاۃ باب ۳۱ میں گذر چکا ہے کہ اگر میت پر نماز یا روزے باقی ہوں تو وارث نیابۃً روزے نہیں

رکھ سکتا، نہ نمازیں پڑھ سکتا ہے، بلکہ وہ ہر روزہ کے بدلے میں اور ہر نماز کے بدلے میں نصف صاع گیہوں کا فدیہ دے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کا انتقال ہو گیا درانحالیکہ اس پر پورے ماہ کے روزے ہیں تو وارث کو چاہئے کہ وہ میت کی طرف سے ہر دن کے روزے کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے''

تشریح: اس حدیث کے ایک راوی محمد ہیں، یہ محمد کون ہیں؟ امام ترمذی رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ یہ محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (یعنی ابن ابی لیلیٰ صغیر) ہیں اگر یہ خیال درست ہے تو یہ حدیث ضعیف ہے۔ مگر ابن ماجہ ص:۱۲۶ میں صراحت ہے کہ وہ محمد بن سیرین ہیں، پس حدیث صحیح ہے، البتہ حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں اختلاف ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک اصح اس کا موقوف ہونا ہے۔

[۲۳] باب ماجاء فی الکفارة

[۷۰۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عَبْثَرٌ، عَنْ أَشْعَثَ، عن محمدٍ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال: ''مَنْ مَاتَ وعلیهِ صِیَامُ شَهْرٍ فَلْیُطْعِمْ عَنْهُ مَکَانَ کُلِّ یَوْمٍ مِسْکِیْنًا''

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، والصحیحُ عنِ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفٌ قولُهُ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی هذا، فقالَ بَعْضُهم: یُصَامُ عن المَیِّتِ، وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ، قالَا: إذا کانَ عَلَی المَیِّتِ نَذْرُ صِیَامٍ یُصَامُ عَنْهُ، وإذا کانَ عَلَیْهِ قَضَاءُ رَمَضَانَ أَطْعَمَ عنهُ. وقالَ مالکٌ وسفیانُ والشافعیُّ: لَایَصُوْمُ أَحَدٌ عَنْ أَحَدٍ.

وأَشْعَثُ: هو ابنُ سُوَّارٍ، ومحمدٌ: هو محمدُ بنُ عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَیْلَی.

ترجمہ: ہم اس حدیث کو مرفوع نہیں جانتے مگر اسی سند سے، اور صحیح یہ ہے کہ یہ ابن عمر کی موقوف حدیث ہے یعنی ان کا قول ہے۔ اور علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: میت کی طرف سے روزہ رکھا جائے، امام احمد اور امام اسحاق اسی کے قائل ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب میت پر نذر کے روزے ہوں تو اس کی طرف سے روزے رکھے جائیں، اور اگر اس کے ذمہ رمضان کے قضا روزے ہوں تو وارث ان کے بدلہ میں کھانا کھلائے، اور مالک، سفیان اور شافعی فرماتے ہیں: کوئی شخص دوسرے کی طرف سے روزہ نہ رکھے۔ اور اشعث کے والد کا نام سوّار ہے اور محمد سے مراد محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (صغیر) ہیں۔

بابُ ماجاء فی الصَّائِمِ یَذْرَعُهُ القَیْءُ

قئ خود بخود ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا

یہ دو باب ہیں، ان بابوں میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر خود بخود قئ ہو جائے، چاہے تھوڑی ہو یا زیادہ تو روزہ نہیں ٹوٹتا، کیونکہ اس میں بندے کا دخل نہیں۔ اور اگر بالقصد انگلی ڈال کر قئ کرے اور قئ منہ بھر کر یا زیادہ ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور صرف قضا واجب ہوگی، کفارہ واجب نہیں ہوگا اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ —— ذَرَعه القیءُ کے معنی ہیں: قئ پیش آئی، اور اِستَقاءَ کے معنی ہیں: قئی طلب کی یعنی بالقصد کی۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین چیزوں سے روزہ نہیں ٹوٹتا، پچھنے لگوانے سے، قئ سے اور بدخوابی سے۔

تشریح: پچھنے لگوانے میں بدن سے خون نکلتا ہے اور بدن سے کسی چیز کا نکلنا ناقض صوم نہیں، لہٰذا پچھنے لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹے گا، یہ حنفیہ کا مذہب ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔ اور بدخوابی میں اگرچہ قضائے شہوت ہے مگر اس میں انسان کا دخل نہیں، اس لئے وہ بھی ناقض صوم نہیں۔ لیکن اگر کوئی بیداری میں تصور سے یا عمل سے یعنی ہاتھ وغیرہ سے منی نکالے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور صرف قضا واجب ہوگی کفارہ واجب نہیں ہوگا، کیونکہ اس صورت میں قضائے شہوت کامل نہیں۔

نوٹ: اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن زید مرفوع روایت کرتا ہے اور وہ ضعیف راوی ہے اور اس کا بھائی عبداللہ بن زید اور عبدالعزیز بن محمد مرسل روایت کرتے ہیں، پس مرسل روایت اصح ہے۔

[۲٤] باب ماجاء فی الصائم یَذْرَعُهُ القیْءُ

[۷۱۰-] حدثنا محمدُ بنُ عُبَیْدٍ المُحَارِبِیُّ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أَبِیْهِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیدٍ الخُدْرِیِّ، قال: قال رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " ثَلاَثٌ لاَیُفَطِّرْنَ الصَّائِمَ: الحِجَامَةُ، وَالْقَیْءُ، والاِحْتِلاَمُ"

قال ابو عیسی: حدیثُ أبی سعیدٍ الخُدْرِیِّ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ. وقَدْ رَوَی عبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، وعبدُ العزیزِ بنُ محمدٍ، وغَیْرُ واحِدٍ هذا الحدیثَ عن زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ مُرْسَلاً، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ.

وعبدُ الرحمنِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ یُضَعَّفُ فی الحدیثِ، سَمِعْتُ أَبَا دَاوُدَ السِّجْزِیَّ یقولُ: سَأَلْتُ أحمدَ بنَ حَنْبَلٍ: عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ؟ فقالَ: أَخُوْهُ عبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدٍ لاَ بَأْسَ به.

وَسَمِعْتُ محمدًا یَذْکُرُ عَنْ عَلِیِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ قال: عبدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ ثِقَةٌ، وعبدُ الرحمنِ بنُ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ ضَعِیْفٌ، قال محمدٌ: وَلاَ أَرْوِیْ عَنْهُ شَیْئًا.

ترجمہ: ابوسعیدؓ کی حدیث کی سند محفوظ نہیں، اور عبداللہ بن زید اور عبدالعزیز بن محمد وغیرہ نے اس حدیث کو زید بن اسلم سے مرسل روایت کیا ہے وہ سند میں ابوسعیدؓ کا تذکرہ نہیں کرتے، اور عبدالرحمٰن بن زید حدیث میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں۔ میں نے ابوداؤد سجستانی سے سنا کہ امام احمد رحمہ اللہ سے عبدالرحمٰن بن زید کے بارے میں پوچھا گیا پس انھوں نے فرمایا: اس کے بھائی عبداللہ میں کوئی خرابی نہیں (یعنی اشارۃً عبدالرحمٰن کی تضعیف کی) اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے سنا: وہ علی بن عبداللہ (ابن المدینی) کا قول ذکر کرتے تھے کہ عبداللہ بن زید ثقہ ہے، اور عبدالرحمٰن بن زید ضعیف ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: میں عبدالرحمٰن کی حدیثیں بیان نہیں کرتا۔

بابُ ماجاءَ في مَنِ اسْتَقَاءَ عَمْدًا

بالقصد قئ کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس کو قئ پیش آئی اس کے ذمہ قضا نہیں (کیونکہ روزہ نہیں ٹوٹا) اور جس نے بالقصد قئ کی: وہ روزہ قضا کرے (یعنی روزہ ٹوٹ گیا اور صرف قضا ہے کفارہ نہیں)

تشریح: اس حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں۔ اور یہ حدیث غریب ہے اس لئے کہ تنہا عیسیٰ بن یونس اس کے راوی ہیں مگر حاکم نیشاپوریؒ نے اس کو علی شرط الشیخین قرار دیا ہے اور دار قطنی نے اس کو قوی کہا ہے، مگر امام بخاری اور امام احمد رحمہما اللہ نے اس کو غیر محفوظ کہا ہے، اور اسحاق بن راہویہؒ کہتے ہیں: عیسیٰ بن یونس نے فرمایا: اہل بصرۃ کا گمان یہ ہے کہ ہشام بن حسان کو اس حدیث میں وہم ہوا ہے (نصب الرایہ ۲: ۴۴۹)

[۲۵] باب ماجاء في من اسْتَقَاءَ عَمْدًا

[۷۱۱-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا عيسى بنُ يُوْنُسَ، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانَ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن أبي هريرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال: "مَنْ ذَرَعَهُ الْقَيْءُ فَلَيْسَ عليهِ قَضَاءٌ، ومَنِ اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْيَقْضِ"

وفي الباب: عن أبي الدَّرْداءِ، وثَوْبَانَ، وفَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ هِشَامٍ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن أبي هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ مِنْ حديثِ عيسى بنِ يُوْنُسَ، وقالَ محمدٌ: لاأُرَاهُ مَحْفُوْظًا.

قال أبو عيسى: وقَدْ رُوِيَ هذا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن أبي هريرةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه

وسلم وَلاَ يَصِحُّ إِسْنَادُهُ.

[۷۱۲-] ورُوِیَ عن أبی الدَّرْدَاءِ وثَوْبَانَ وَفَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قَاءَ فَأَفْطَرَ.

وإِنَّمَا مَعْنَی هذا الحديثِ أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم كانَ صَائِمًا مُتَطَوِّعًا، فَقَاءَ فَضَعُفَ فَأَفْطَرَ لِذَلِكَ، هٰكَذَا رُوِیَ فی بعضِ الحديثِ مُفَسَّرًا.

والعَمَلُ عندَ أهلِ العلمِ علی حديثِ أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم: أَنَّ الصَّائِمَ إِذَا ذَرَعَهُ الْقَیْءُ فَلاَ قَضَاءَ عليهِ، وإِذَا اسْتَقَاءَ عَمْدًا فَلْيَقْضِ، وبه يقولُ الشافعیُّ وسفيانُ الثَّوْرِیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ اور وضاحت: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابو ہریرہؓ کی حدیث کو ہم ہشام کی سند سے نہیں جانتے مگر عیسیٰ بن یونس کی سند سے (حالانکہ ہشام بن حسان سے یہ حدیث حفص بن عیاث بھی روایت کرتے ہیں اور ان کی حدیث ابن ماجہ ص ۱۲۰ میں ہے) اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: میں اس سند کو محفوظ نہیں سمجھتا۔ امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ سے متعدد سندوں سے مروی ہے (اس حدیث کو حفص بن غیاث نے عبداللہ بن سعید بن ابی سعید المقبر ی، عن جده، عن أبی هريرة، عن النبی صلی الله عليه وسلم کی سند سے بھی روایت کیا ہے اور ابوبکر بن عیاش بھی اس طریق سے روایت کرتے ہیں، اور عبداللہ ضعیف راوی ہے، اور نسائی میں یہ حدیث اوزاعی کی سند سے موقوفاً مروی ہے، اور موطا میں ابن عمر سے موقوفاً مروی ہے (نصب الرایہ ۲: ۴۴۹) اور اس کی سند صحیح نہیں ہے۔

(حدیث ۷۱۲) اور ابوالدرداء، ثوبان اور فضالۃ بن عبید رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کو قئ ہوئی پس آپؐ نے روزہ کھول دیا (ابوالدرداء اور حضرت ثوبان کی روایت کتاب الطہارۃ باب ۶۴ میں گذر چکی ہے اور فضالۃ بن عبید کی حدیث ابن ماجہ ص ۱۲۰ میں ہے) اور یہ نبی ﷺ کا نفلی روزہ تھا، قئ ہونے کی وجہ سے آپؐ نے ضعف محسوس کیا تو روزہ کھول دیا۔ بعض روایات میں اس کی صراحت ہے۔

اور علماء کا ابو ہریرہؓ کی حدیث پر عمل ہے کہ روزہ دار کو جب قئ پیش آئے تو اس پر قضا نہیں، اور جب وہ جان بوجھ کر قئ کرے تو وہ روزہ قضا کرے اور اس کے شافعی، سفیان، احمد اور اسحاق قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّائِمِ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ نَاسِيًا

بھول کر کھانے پینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا

رمضان کا روزہ ہو یا غیر رمضان کا اگر صائم بھول کر کھا پی لے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔ اس مسئلہ میں صرف امام مالک رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، وہ فرماتے ہیں: بھول کر کھانے پینے سے نفل روزہ نہیں ٹوٹتا، رمضان کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر یہ فرق غیر معقول ہے، اس لئے کہ روزہ توڑنے والی اور نہ توڑنے والی چیزوں میں نفل وفرض کے درمیان کوئی فرق

نہیں، جیسے جن باتوں سے نماز ٹوٹتی ہے یا نہیں ٹوٹتی ان میں نفل وفرض میں کوئی فرق نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بھول کر کھایا یا پیا وہ روزہ نہ توڑے۔ اس لئے کہ وہ کھانا پینا ایک رزق ہے جو اللہ تعالیٰ نے اُسے کھلایا پلایا ہے۔

سوال: جو شخص بھول کر کھا پی رہا ہو اُسے روزہ یاد دلانا چاہئے یا نہیں؟

جواب: اگر اندازہ ہو کہ صائم کو سخت روزہ لگا ہوا ہے تو تھوڑا کھانے پینے دے، اور اگر ایسی بات نہ ہو تو بتا دینا ضروری ہے، مگر جب روزہ لگتا ہے تو بھول نہیں ہوتی، چاہنے کے باوجود آدمی روزہ نہیں بھولتا۔

[۲۶] باب ماجاء فی الصائم یأکل ویشرب ناسیا

[۷۱۳-] حدثنا أبو سعیدٍ الأَشَجُّ، نا أبو خالدٍ الأَحْمَرُ، عن حَجَّاجٍ، عن قَتَادَةَ، عن ابنِ سِیْرِیْنَ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: "مَنْ أَکَلَ أَوْ شَرِبَ نَاسِیًا فَلاَ یُفْطِرْ، فَإِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ رَزَقَهُ اللّٰهُ"

حدثنا أبو سعیدٍ، نا أبو أُسَامَةَ، عَنْ عَوْفٍ، عن ابنِ سِیْرِیْنَ، وخِلاَسٍ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله لعیه وسلم مِثْلَهُ أَوْ: نَحْوَهُ.

وفی الباب: عن أبی سعیدٍ، وأُمِّ إسحاقَ الغَنَوِیَّةِ. قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعملُ علی هذا عندَ أَکْثَرِ أهلِ العلمِ، وبه یقولُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ والشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ. وقالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: إِذَا أَکَلَ فِیْ رَمَضَانَ نَاسِیًا فَعَلَیْهِ الْقَضَاءُ، والقولُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

بابُ ماجاءَ فی الإِفْطَارِ مُتَعَمِّدًا

جان بوجھ کر رمضان کا روزہ نہ رکھنے کا نقصان

جو شخص رمضان کا روزہ شرعی عذر کے بغیر نہ رکھے تو ایک روزہ کی قضا ایک ہی روزہ ہے مگر روزہ کا کھانا کبیرہ گناہ ہے، جیسے کوئی فرض نماز جان بوجھ کر قضا کرے پھر اس کو پڑھ لے تو ذمہ فارغ ہوئے گا، مگر نماز قضا کرنا نہایت بھاری گناہ ہے، حدیث میں اس کے لئے فقد کفر کی تعبیر آئی ہے اور کبیرہ گناہ کے لئے توبہ شرط ہے، پس محض قضا پڑھ لینے سے گناہ معاف نہیں ہوگا، اسی طرح روزہ خور نے جب روزہ کی قضا کر لی تو ذمہ فارغ ہو گیا، مگر روزہ کھانا کبیرہ گناہ ہے اس کے لئے توبہ شرط ہے، اگر توبہ کئے بغیر مر گیا تو روزہ کھانے کی پاداش میں عذاب بھگتنا پڑے گا، روزہ کی

قضا کرنے سے گناہ معاف نہیں ہوگا اور دنیا کے اعتبار سے حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ اگر ایسا شخص پوری زندگی روزہ رکھے تو بھی اس نے جو روزہ کھایا ہے اس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔

اس کی نظیر: الفوائد البهية في تراجم الحنفية میں مولانا عبدالحئی لکھنوی رحمہ اللہ نے یہ قصہ لکھا ہے کہ ایک فقیہ ہمیشہ جماعت سے نماز پڑھتے تھے ایک مرتبہ اتفاق سے ان کی جماعت فوت ہوگئی، ان کو بہت ملال ہوا، انھوں نے سوچا کہ جماعت سے نماز پڑھنے کا پچیس گنا یا ستائیس گنا ثواب ہے پس اگر میں یہ نماز ستائیس مرتبہ پڑھ لوں تو جماعت کا ثواب مل جائے گا، چنانچہ انھوں نے وہ فرض ستائیس مرتبہ پڑھا، جب آخری مرتبہ سلام پھیرا تو ہاتف (فرشتہ) نے آواز دی: فَأَيْنَ أنت من تأمين الملائكة؟ تم نے ستائیس مرتبہ نماز تو پڑھ لی مگر جماعت سے نماز پڑھنے کی صورت میں فرشتے جو تمہارے ساتھ آمین کہتے وہ بات کہاں نصیب ہوئی؟

اسی طرح اگر کوئی پوری زندگی روزہ رکھتا رہے تو بھی رمضان کے روزے کی تلافی نہیں ہوسکتی، کیونکہ وہ روزے کی قضا غیر رمضان میں کرے گا، اور نفل روزے بھی غیر رمضان میں رکھے گا، پس رمضان میں روزے کی جو فضیلت ہے وہ کہاں حاصل ہوسکتی ہے؟

[۲۷] باب ماجاء في الإفطار متعمدًا

[۷۱٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعيدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، قالاَ: نا سفيانُ، عن حَبيبِ بنِ أبي ثَابِتٍ، نا أبو المُطَوِّسِ، عن أبيهِ، عن أبي هريرةَ، قال: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَلاَ مَرَضٍ: لَمْ يقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَإِنْ صَامَهُ"

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَسَمِعْتُ محمداً يقولُ: أَبُو المُطَوِّسِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ المُطَوِّسِ، وَلاَ أَعْرِفُ لَهُ غَيْرَ هذا الحديثِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کا ایک روزہ کھالیا شرعی عذر کے بغیر اور مرض کے بغیر تو زمانہ بھر کے روزے بھی اس کی تلافی نہیں کرسکتے، اگرچہ وہ ان کو رکھے، یعنی اول تو ہمیشہ روزہ رکھنا مشکل ہے لیکن اگر کوئی رکھے تو بھی رمضان کے ایک روزہ کی تلافی نہیں ہوسکتی۔

اس حدیث کی یہی ایک سند ہے اور ابوالمطوس کا نام یزید بن المطوس ہے اور وہ اسی ایک حدیث کے راوی ہیں۔

فائدہ: ابوالمطوس کا نام یزید ہے یا عبداللہ۔ اور یہ راوی مجہول ہے اور اس حدیث کی سنن اربعہ نے تخریج کی ہے (تقریب ۶۷۴) اور اس حدیث کی سند میں اضطراب ہے، بعض طرق میں ابوالمطوس ہے (دارقطنی ۲: ۲۱۱) اور بعض میں ابن المطوس (ابوداؤد ۲۳۹۶) اور بعض روایات میں حبیب بن ثابت اور ابوالمطوس کے درمیان واسطہ ہے

(ابن ماجہ ص:۱۲۰ میں ابن المطوس کا واسطہ ہے اور ابو داؤد ا:۳۲۶ میں دو واسطے ہیں عمارۃ بن عمیر کا اور ابن المطوس کا) اور بعض میں کوئی واسطہ نہیں پھر بعض روایتوں میں ابو المطوس براہ راست حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں (ابن ماجہ ص:۱۲۰) اور بعض میں والد کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، جیسا کہ یہاں ہے، پس یہ حدیث مضطرب ہے۔

بابُ ماجاء فی کَفَّارَةِ الفِطْرِ فِیْ رَمَضَانَ

رمضان کا روزہ توڑنے کا کفارہ

رمضان المبارک کا روزہ جان بوجھ کر توڑنے سے قضا کے علاوہ کفارہ بھی واجب ہوتا ہے اور روزہ کا کفارہ وہی ہے جو ظہار کا ہے۔ سورۃ المجادلہ آیت ۳ و۴ میں اس کا بیان ہے، یعنی غلام آزاد کرنا یا لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنا یا ساٹھ مسکینوں کو صبح وشام کھانا کھلانا۔ اور ان تینوں کے درمیان جمہور کے نزدیک ترتیب واجب ہے اور ان کا مستدل یہ ہے کہ آیاتِ ظِہار میں اور حدیث باب میں ف ہے جو تعقیب کے لئے ہے، البتہ امام مالک رحمہ اللہ تخییر کے قائل ہیں، ان کا مستدل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: أَمَر رَجُلاً أَفطر فی رمضان أن یعتق رقبةً أو یصوم شهرین أو یُطعم ستین مسکینا (مسلم ا:۳۵۵، باب تغلیظ تحریم الجماع) لیکن جمہور نے دوسری روایات کی بناء پر اس روایت میں أو کو تخییر کے بجائے تنویع کے لئے لیا ہے (اعلاء السنن ۹:۱۲۳باب وجوب الکفارة والقضاء إلخ)

حدیث: ایک صحابی نے رمضان المبارک میں روزہ کی حالت میں روزہ یاد ہوتے ہوئے بیوی سے صحبت کر لی، جوش میں یہ حرکت ہو تو گئی مگر بعد میں پشیمان ہوئے اور حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں تباہ ہو گیا، آپؐ نے پوچھا: کس چیز نے تمہیں تباہ کر دیا؟ انھوں نے واقعہ عرض کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک رقبہ آزاد کرو، رقبہ کے لفظی معنی ہیں: گردن۔ اور عرفی معنی ہیں: غلام۔ ان صحابی نے لفظی معنی سے نکتہ پیدا کیا، اپنی گردن پر ہاتھ مارا اور کہا: یارسول اللہ! بندے کے پاس تو یہی ایک رقبہ یعنی گردن ہے، یعنی میں غلام آزاد کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: پس لگاتار دو ماہ کے روزے رکھو (کفارے کے روزے پے بہ پے ہونے ضروری ہیں اگر درمیان میں عذر سماوی پیش آجائے تو کوئی حرج نہیں، جیسے عورت کو دو مہینے میں دو مرتبہ حیض آئے گا، لیکن اگر اپنے اختیار سے بیچ میں روزہ چھوڑا تو روزے از سر نو رکھنے ہوں گے) ان صحابی نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایک ماہ کے روزے تو رکھے نہیں گئے دو مہینے کے روزے کیسے رکھوں گا؟ یعنی انھوں نے شَبَق یعنی شدتِ شہوت کا عذر پیش کیا (رمضان کی راتوں میں بیوی سے فائدہ اٹھانا جائز ہے، شبق یہ ہے کہ صبح سے شام تک بھی

صبر نہ کر سکے) حضور ﷺ نے فرمایا: پس ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ، انھوں نے کہا: میرے اندر اس کی استطاعت نہیں۔ آپؐ نے ان سے بیٹھ جانے کے لئے فرمایا۔ تھوڑی دیر کے بعد آپؐ کے پاس ایک بڑا بورا جس میں چھوہارے تھے لایا گیا (عَرَق کے معنی ہیں: بڑا بورا۔ اور ایک عَرَق میں پندرہ صاع چھوہارے آتے ہیں، یعنی پینتالیس پچاس کلو غلہ جس بورے میں آجائے وہ عرق ہے) آپؐ نے وہ چھوہارے ان کو دیئے اور غریبوں میں تقسیم کرنے کے لئے فرمایا۔ جب بورا مل گیا تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! غریب کہاں ڈھونڈھوں، مدینہ کے دو پاٹوں (دونوں جانبوں) کے درمیان میرے گھر سے زیادہ غریب کوئی گھر نہیں۔ آپؐ مسکرائے یہاں تک کہ انیاب مبارک کھل گئے (آپؐ کا زیادہ سے زیادہ ہنسنا یہی تھا کہ انیاب مبارک ظاہر ہوجاتے تھے، اس سے زیادہ آپ کبھی نہیں ہنستے تھے) آپؐ نے فرمایا: جاؤ گھر میں کھالو۔

تشریح: تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر صحبت کر کے روزہ توڑا ہے تو کفارہ واجب ہے، اور اگر کھاپی کر روزہ توڑا ہے تو کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک کفارہ واجب نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ جماع کی طرح اکل وشرب بھی اگرچہ منافی صوم ہیں مگر اکل وشرب جماع کے معنی (درجہ) میں ہیں یا نہیں؟ یعنی جماع سے جتنا حظ نفس (لذت) حاصل ہوتا ہے اکل وشرب سے اتنا حظ نفس حاصل ہوتا ہے یا نہیں؟ اور اگر تفاوت ہے تو تھوڑا ہے یا زیادہ؟ اس میں اختلاف ہے: بڑے دو اماموں کا خیال یہ ہے کہ جماع اور اکل وشرب میں تفاوت برائے نام ہے، اس لئے ان حضرات نے جماع کا حکم اکل وشرب کی طرف بڑھادیا۔ اور چھوٹے دو اماموں کا خیال یہ ہے کہ تفاوت بہت زیادہ ہے، اس لئے انھوں نے جماع کے حکم کو اکل وشرب کی طرف متعدی نہیں کیا، انھوں نے کفارہ کا حکم مورد کے ساتھ خاص رکھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قیاس کے لئے مقیس مقیس علیہ کا ہم وزن ہونا ضروری ہے، اگر دونوں میں تفاوت ہو تو حکم کا تعدیہ درست نہیں۔ جیسے: عباداتِ مالیہ اور عباداتِ بدنیہ میں فرق ہے۔ عباداتِ مالیہ میں ثواب بھی ملتا ہے اور غریبوں کو فائدہ بھی پہنچتا ہے اور عبادات بدنیہ میں صرف ثواب ملتا ہے، پس حدیث سعد بن عبادہؓ میں جو عباداتِ مالیہ میں ایصالِ ثواب کا ذکر آیا ہے: امام مالکؒ اور امام شافعیؒ اس کو مورد پر خاص رکھتے ہیں۔ عبادتِ بدنیہ کی طرف اس کو متعدی نہیں کرتے، اسی طرح یہاں شہوتِ جماع اور لذت اکل وشرب میں آسمان وزمین کا تفاوت ہے پس کفارہ کا حکم مورد کے ساتھ خاص رہے گا، اکل وشرب سے روزہ توڑنے کی صورت میں وہ حکم ثابت نہیں ہوگا۔

اور احناف اور مالکیہ کے نزدیک حظ نفس کے اعتبار سے اگرچہ تفاوت ہے، مگر مفطر (روزہ توڑنے والی چیز) ہونے کے اعتبار سے کوئی تفاوت نہیں، تینوں سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، پس تینوں میں کفارہ واجب ہوگا، رہا حظ نفس تو

اس کا اعتبار کرنا مشکل ہے، کیونکہ جوان اور بوڑھے کے جماع میں بھی حظ نفس میں تفاوت ہوتا ہے، پس اس کا کیسے اعتبار کیا جاسکتا ہے؟! اسی طرح دو امام عبادتِ مالیہ کی حدیث میں صرف ثواب ملنے کی جہت کا اعتبار کرتے ہیں، اس لئے انھوں نے حدیث عبادہؓ کا حکم عباداتِ بدنیہ کی طرف متعدی کیا۔

بالفاظ دیگر: جماع میں دو چیزیں ہیں: ایک اس کا مفطر ہونا، دوسرا: اس سے حظ نفس حاصل ہونا۔ دو اماموں نے صرف پہلی بات کا اعتبار کیا ہے اور اس پر اکل وشرب کو قیاس کیا، دوسرے دو اماموں نے دونوں باتوں کے مجموعہ کا اعتبار کیا، اس لئے اکل وشرب کو جماع پر قیاس نہیں کیا۔

اور اس حدیث میں تین مسئلے اور بھی زیر بحث آئے ہیں:

پہلا مسئلہ: شبق (شدتِ شہوت) عذر ہے یا نہیں؟ نبی ﷺ نے مذکور صحابی کے حق میں شبق کو عذر مانا ہے، اور ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کا حکم دیا ہے مگر فقہاء شبق کو عذر نہیں مانتے۔

دوسرا مسئلہ: حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اگر وہ صحابی پندرہ صاع چوہارے غریبوں کو دیدیتے تو کفارہ ادا ہوجاتا، مگر تمام فقہاء کے نزدیک پندرہ صاع سے کفارہ ادا نہیں ہوگا، ساٹھ صاع کھجوریں دینی ضروری ہیں۔

تیسرا مسئلہ: حدیث سے یہ بھی مفہوم ہوتا ہے کہ ان صحابی کے خود کھالینے سے کفارہ ادا ہوگیا، حالانکہ چاروں فقہاء متفق ہیں کہ خود کھانے سے کفارہ ادا نہیں ہوتا، غرباء کو کھلانا ضروری ہے۔

احناف تینوں سوالوں کا جواب دیتے ہیں کہ یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے کیونکہ یہ مسئلہ کہ رمضان کا روزہ جان بوجھ کر توڑنے سے کفارہ واجب ہوتا ہے آج پہلی بار امت کے سامنے آیا ہے، پہلے سے اگر مسئلہ معلوم ہوتا تو شاید وہ صحابی یہ حرکت نہ کرتے، پس یہ قانون سازی کا آغاز ہے اور اس وقت میں سہولت دی جاتی ہے، اس لئے نبی ﷺ نے ان کا ہر عذر تسلیم کرلیا۔ اور خود کھانے کی اجازت دیدی۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے صرف تیسرے سوال کا جواب دیا ہے کہ آدمی پر فی الفور کفارہ واجب نہیں، کفارہ کی ادائیگی سہولت کے ساتھ مشروط ہے۔ یعنی مالی کفارہ اس وقت واجب ہوتا ہے جب آدمی کے پاس گنجائش ہو، اور مذکورہ صحابی چونکہ غریب تھے اور جو چوہارے ان کو ملے تھے وہ ان کی ضرورت میں مشغول تھے اس لئے ان پر فوری کفارہ ادا کرنا واجب نہیں تھا، اس لئے ان کو گھر میں کھانے کی اجازت دی گئی۔ غرض گھر میں کھانے سے کفارہ ادا نہ ہوگا، کفارہ ان کے ذمہ دَین رہے گا، جب گنجائش ہوگی ادا کریں گے۔

مگر یہ بات حدیث سے مفہوم نہیں ہوتی۔ حدیث سے بظاہر یہی مفہوم ہوتا ہے کہ گھر میں کھانے سے ان صحابی کا کفارہ ادا ہوگیا۔ علاوہ ازیں پہلے دو سوالوں کے جوابات باقی رہ جاتے ہیں اور احناف کے قاعدہ سے سب کے جوابات نکل آتے ہیں۔

[۲۸] باب ماجاء فی كفارة الفطر فی رمضان

[۷۱۵-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، وأبو عَمَّارٍ ـــ المَعْنَى وَاحِدٌ، وَاللَّفْظُ: لَفْظُ أَبِیْ عَمَّارٍ ـــ قَالاَ: نا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن أبی هريرةَ، قال: أَتَاهُ رَجُلٌ فقالَ: يارسولَ اللهِ! هَلَكْتُ! قال:" وَمَا أَهْلَكَكَ؟" قال: وَقَعْتُ على امْرَأَتِیْ فِیْ رَمَضَانَ، قال:" هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُعْتِقَ رَقْبَةً؟" قال: لا، قال:" فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَصُوْمَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟" قال:لا، قالَ:" فَهَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تُطْعِمَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا؟" قال: لا، قالَ:" اجْلِسْ، فَجَلَسَ، فَأُتِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَقٍ فِيْهِ تَمْرٌ ـــ وَالعَرَقُ: المِكْتَلُ الضَّخْمُ ـــ قال:" فَتَصَدَّقْ بِه" فقالَ: مَا بَيْنَ لاَ بَتَيْهَا أَحَدٌ أَفْقَرَ مِنَّا، قال: فَضَحِكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم حَتّٰی بَدَتْ أَنْيَابُهُ، قال:" خُذْهُ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ"

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وعائشةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرٍو، قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا الحديثِ عندَ أهلِ العلمِ فی مَنْ أَفْطَرَ فی رَمَضَانَ مُتَعَمِّدًا مِنْ جِمَاعٍ؛ وَأَمَّا مَنْ أَفْطَرَ مُتَعَمِّدًا مِنْ أَكْلٍ أَوْ شُرْبٍ فَإِنَّ أهلَ العلمِ قد اخْتَلَفُوْا فی ذلك، فقالَ بَعْضُهُمْ: عليهِ القَضَاءُ وَالكَفَّارَةُ، وَشَبَّهُوْا الأَكْلَ وَالشُّرْبَ بِالْجِمَاعِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وابنِ المباركِ، وإسحاقَ.

وقال بَعْضُهُمْ: عليهِ القَضَاءُ، وَلاَ كَفَّارَةَ عليهِ، لِأَنَّهُ إِنَّمَا ذُكِرَ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم الكَفَّارَةُ فِیْ الْجِمَاعِ، وَلَمْ يُذْكَرْ عَنْهُ فی الأَكْلِ وَالشُّرْبِ، وقالوا: لاَيُشْبِهُ الأَكْلُ وَالشُّرْبُ الجِمَاعَ، وهُوَ قَوْلُ الشافعیِّ وأحمدَ.

وقال الشافعيُّ: وقولُ النبیِّ صلى الله عليه وسلم للرَّجُلِ الذِیْ أَفْطَرَ، فَتَصَدَّقَ عليهِ:" خُذْهُ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ" يَحْتَمِلُ هذا مَعَانِيَ: يَحْتَمِلُ أَنْ تَكُوْنَ الْكَفَّارَةُ عَلٰى مَنْ قَدَرَ عَلَيْهَا، وهٰذَا رَجُلٌ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى الْكَفَّارَةِ، فَلَمَّا أَعْطَاهُ النبیُّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، وَمَلَّكَهُ، قال الرَّجُلُ، مَا أَحَدٌ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنَّا، فقالَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم:" خُذْهُ فَأَطْعِمْهُ أَهْلَكَ" لِأَنَّ الْكَفَّارَةَ إِنَّمَا تكونُ بعدَ الفَضْلِ عَنْ قُوْتِهِ، واخْتَارَ الشافعیُّ لِمَنْ كانَ على مِثْلِ هذا الحالِ أَنْ يَأْكُلَهُ، وتكُوْنَ الكَفَّارَةُ عليهِ دَيْنًا، فَمَتَى مَامَلَكَ يَوْمًا كَفَّرَ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے اس شخص کے بارے میں جو رمضان میں جان بوجھ کر جماع کے ذریعہ روزہ توڑ دے۔ رہا وہ شخص جو بالقصد کھا کر یا پی کر روزہ توڑے تو علماء کا اس میں اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں: اس پر

قضا اور کفارہ دونوں واجب ہیں۔ اور انھوں نے اکل وشرب کو جماع کے مانند قرار دیا۔ اور یہ سفیان ثوری، ابن المبارک اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اس پر قضا ہے اور کفارہ نہیں۔ اس لئے کہ نبی ﷺ سے کفارہ صرف جماع کی صورت میں مروی ہے، اکل وشرب کی صورت میں کفارہ مروی نہیں۔ اور وہ کہتے ہیں: اکل وشرب جماع کے مانند نہیں، اور یہ شافعی اور احمد کا قول ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: نبی ﷺ کا ارشاد اس شخص سے جس نے روزہ توڑ دیا تھا پس آپؐ نے اس کو صدقہ دیا تھا کہ: ''اس کو لیلے اور اپنے گھر والوں کو کھلا دے'' اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ کفارہ اس شخص پر واجب ہے جو کفارہ ادا کرنے پر قادر ہو، اور یہ شخص کفارہ ادا کرنے پر قادر نہیں تھا پس جب اس کو نبی ﷺ نے کچھ دیا اور اس کو اس چیز کا مالک بنا دیا تو اس نے کہا: ہم سے زیادہ کوئی ان کھجوروں کا محتاج نہیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس کو لیلے اور اپنے گھر والوں کو کھلا دے'' اس لئے کہ کفارہ گذارہ سے بچنے کے بعد ہی واجب ہوتا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے اس شخص کے لئے جس کی یہ حالت ہو پسند کیا کہ وہ اس کو کھالے، اور اس پر کفارہ قرض رہے گا۔ جب بھی مال کا مالک ہوگا کفارہ ادا کرے گا۔

بابُ ماجاء فی السِّوَاكِ لِلصَّائِمِ

روزہ دار کے لئے مسواک کا حکم

مذاہبِ فقہاء: روزہ کی حالت میں مسواک کرنا کیسا ہے؟ اس سلسلہ میں ہر امام کی رائے الگ ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ فرض ونفل میں فرق کرتے ہیں اور فرماتے ہیں: نفل روزے میں مسواک کر سکتے ہیں اور فرض روزے میں مسواک کرنا مکروہ ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ تر اور خشک مسواک کے درمیان فرق کرتے ہیں، ان کے نزدیک تر مسواک مکروہ ہے، فرض روزے میں بھی اور نفل روزے میں بھی، اور خشک مسواک جائز ہے اور تر مسواک سے مراد درخت سے توڑی ہوئی تازہ مسواک ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ دو پہر سے پہلے اور دو پہر کے بعد کا فرق کرتے ہیں، ان کے نزدیک زوال سے پہلے مسواک جائز ہے اور زوال کے بعد مکروہ ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک مطلقاً مسواک کرنا جائز ہے۔

حدیث: عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو روزے کی حالت میں اتنی مرتبہ مسواک کرتے ہوئے دیکھا ہے کہ میں اس کو گن نہیں سکتا یعنی بے شمار مرتبہ دیکھا ہے۔

تشریح: یہ حدیث احناف کا مستدل ہے، اس حدیث میں صحابی کوئی فرق نہیں کرتے، نہ تر اور خشک لکڑی کا، نہ نفل اور فرض روزوں کا، اور نہ قبل الزوال اور بعد الزوال کا، بلکہ علی الاطلاق یہ بات کہتے ہیں کہ آپ روزہ کی حالت میں بکثرت مسواک کرتے تھے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے متفق علیہ حدیث سے استدلال کیا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''روزہ دار کے منہ کی بو

اللہ تعالیٰ کو مشک سے زیادہ محبوب ہے (مشکوۃ حدیث ۱۹۵۹) جب معدہ خالی ہوجاتا ہے تو اس سے ایک گیس اٹھتی ہے جو منہ میں آکر رکتی ہے اور منہ میں بو پیدا کرتی ہے، یہ خلوف ہے، امام شافعیؒ کا اس حدیث سے استدلال اس طرح ہے کہ دوپہر کے بعد جب معدہ خالی ہوجاتا ہے تب یہ خلوف پیدا ہوتی ہے اور چونکہ وہ اللہ کو بہت پسند ہے اس لئے مسواک کر کے اس کو زائل نہیں کرنا چاہئے۔

مگر امام شافعیؒ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ مسواک سے خلوف زائل نہیں ہوتی، مسواک سے دانتوں کا میل دور ہوتا ہے، رہا خلوف تو وہ دس پندرہ منٹ کے بعد پھر پیدا ہوجائے گا پس زوال کے بعد بھی مسواک کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

[۲۹] باب ماجاء فی السواك للصائم

[۷۱۶-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عن عَاصِمِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عامرِ بنِ رَبِيْعَةَ، عن أَبِيْهِ، قال: رَأَيْتُ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم مَالاَ أُحْصِیْ يَتَسَوَّكَ، وَهُوَ صَائِمٌ.

وفی الباب: عن عائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ عامرِ بنِ رَبِيْعَةَ حديثٌ حسنٌ.

والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ لاَيَرَوْنَ بالسِّوَاكِ لِلصَّائِمِ بَأْسًا إِلَّا أَنَّ بَعْضَ أهلِ العلمِ كَرِهُوْا السِّوَاكَ لِلصَّائِمِ بِالْعُوْدِ الرَّطْبِ، وكَرِهُوْا لَهُ السِّوَاكَ آخِرَ النَّهَارِ، وَلَمْ يَرَ الشافعیُّ بالسِّوَاكِ بَأْسًا أَوَّلَ النَّهَارِ وَآخِرَهُ، وَكَرِهَ أحمدُ وإسحاقُ السِّوَاكَ آخِرَ النَّهَارِ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ روزہ دار کے لئے مسواک میں کوئی حرج نہیں دیکھتے، مگر بعض علماء روزہ دار کے لئے تر لکڑی کی مسواک کو مکروہ کہتے ہیں (یہ امام مالکؒ کا مذہب ہے) اور وہ روزہ دار کے لئے دن کے آخری حصہ میں مسواک کو مکروہ کہتے ہیں (یہ امام مالک کا مذہب نہیں) اور امام شافعیؒ دن کے اول وآخر میں مسواک میں کوئی حرج نہیں سمجھتے (یہ احناف کا مذہب ہے اور امام شافعیؒ کی ایک روایت ہے۔ علامہ نوویؒ نے شرح مہذب میں اسی قول کو راجح بتایا ہے معارف السنن ۵: ۳۹۹) اور احمد واسحاق نے زوال کے بعد مسواک کو مکروہ کہا ہے (یہ امام شافعی کا قول ہے، اور امام احمدؒ فرض ونفل میں فرق کرتے ہیں)

بابُ ماجاء فی الكُحْلِ لِلصَّائِمِ

روزے میں سرمہ لگانے کا حکم

روزہ کی حالت میں اگر کوئی آنکھ میں سرمہ لگائے یا کوئی سیال دوا ڈالے تو جائز ہے، کوئی کراہیت نہیں، اور یہ مسئلہ

اجماعی ہے۔

حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: میری آنکھیں دکھتی ہیں، پس کیا میں روزہ کی حالت میں سرمہ لگا سکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔

تشریح: یہ حدیث ابو عاتکہ کی وجہ سے ضعیف ہے اور باب میں اور کوئی صحیح حدیث نہیں، پس اس سے استدلال درست ہے۔ اور سرمہ وغیرہ جو آنکھ میں ڈالا جاتا ہے، بعض مرتبہ اس کا اثر تھوک میں ظاہر ہوتا ہے، پھر بھی روزہ نہیں ٹوٹتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اثر مسامات کے ذریعہ پہنچتا ہے اور جو چیز مسامات کے ذریعہ جوفِ معدہ میں یا جوفِ دماغ میں پہنچے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، روزہ اس وقت ٹوٹتا ہے جب اصلی سوراخ سے یا اصلی جیسے مصنوعی سوراخ سے معدہ میں یا دماغ میں کوئی چیز پہنچے، اور اصلی سوراخ دو ہیں: ایک منہ کا سوراخ (ناک کا سوراخ اور منہ کا سوراخ ایک ہیں) دوسرا: بڑے استنجے کا سوراخ، وہ بھی معدہ تک جاتا ہے، ان دونوں سوراخوں کے ذریعہ کوئی چیز معدہ میں پہنچائی جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا اور اصلی جیسے مصنوعی سوراخ سے مراد یہ ہے کہ پیٹ میں کوئی ایسا زخم ہو گیا جو معدہ کے اندر تک جاتا ہے اور وہ مستقل سوراخ بن گیا ہے، جس کو جائفہ کہتے ہیں، یہ سوراخ اگرچہ منفذِ اصلی نہیں، مگر اس کے مشابہ ہے، پس اس میں دوا وغیرہ ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا، اگر وہ دوا معدہ کے اندر پہنچ جائے۔ ان تین منفذوں کے علاوہ کسی بھی طریقہ سے معدہ میں یا جوفِ دماغ میں کوئی چیز پہنچائی جائے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا، جیسے انجکشن خواہ رگ میں لگایا جائے یا گوشت میں: ناقض نہیں، کیونکہ وہ دوا معدہ تک نہیں پہنچتی، اسی طرح کتّے کے کاٹے کا انجکشن اس میں دوا اگرچہ براہ راست معدہ تک پہنچائی جاتی ہے مگر چونکہ منفذِ اصلی سے نہیں پہنچائی جاتی اس لئے روزہ نہیں ٹوٹتا، اور انجکشن کی سوئی گھسنے کا سوراخ عارضی ہے، اور دلیل باب کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے بحالت روزہ سرمہ لگانے کی اجازت دی ہے، اور سرمہ کا اثر کبھی تھوک میں بھی محسوس ہوتا ہے، مگر چونکہ وہ اثر مسامات کے ذریعہ آتا ہے اس لئے وہ ناقضِ صوم نہیں۔

فائدہ: دماغ میں کسی چیز کے چڑھ جانے سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر یہ چیز فی نفسہ ناقض نہیں، بلکہ یہ اس لئے ناقض ہے کہ جو چیز دماغ میں پہنچ جاتی ہے وہ ضرور پیٹ میں اتر جاتی ہے، جیسے: نیند فی نفسہ ناقضِ وضوء نہیں بلکہ خروجِ ریح کا مظنہ ہونے کی وجہ سے ناقض ہے اسی طرح کسی چیز کا دماغ میں چڑھ جانا فی نفسہ ناقض نہیں وہ ناقض اس لئے ہے کہ وہ چیز وہاں سے پیٹ میں اتر جاتی ہے، پس اصل ناقض جوفِ معدہ میں کسی چیز کا پہنچنا ہے۔ اور آمّة (سر کا وہ زخم جو جوف دماغ تک پہنچ گیا ہو) کا ذکر میں نے اس لئے نہیں کیا کہ ایسا زخمی عام طور پر زندہ نہیں رہتا۔

[۳۰] باب ماجاء فی الکُحْلِ للصائم

[۷۱۷-] حدثنا عبدُ الأَعْلَى بنُ وَاصِلٍ، نا الحَسَنُ بنُ عَطِيَّةَ، نا أبو عَاتِكَةَ، عن أنسِ بنِ مالكٍ، قال: جاءَ رَجُلٌ إلى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: اشْتَكَت عَيْنَيَّ أَفَأَكْتَحِلُ وَأَنَا صَائِمٌ؟ قَالَ: نَعَمْ.

وفی الباب: عن أبی رَافِعٍ. قال أبو عيسی: حديثُ أنسٍ حديثٌ إِسْنَادُهُ لَيْسَ بِالْقَوِیِّ، وَلاَ يَصِحُّ عنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم فی هذا البابِ شيئٌ، وأَبُوْ عَاتِكَةَ يُضَعَّفُ.
واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی الكُحْلِ لِلصَّائِمِ، فَكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ، وهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ، وابنِ المُبَارَكِ وأحمدَ، وإسحاقَ، ورَخَّصَ بعضُ أهلِ العلمِ فِیْ الكُحْلِ لِلصَّائِمِ، وَهُوَ قَوْلُ الشافِعِیِّ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی سند قوی نہیں، اور نبی ﷺ سے اس مسئلہ میں کوئی صحیح روایت مروی نہیں۔ اور ابو عاتکہ کی تضعیف کی گئی ہے۔ اور علماء کا روزہ دار کے لئے سرمہ لگانے کی مسئلہ میں اختلاف ہے، بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں اور یہ سفیان، ابن المبارک، احمد اور اسحاق کا قول ہے (مگر یہ قول مفتی بہ نہیں) اور بعض علماء روزہ دار کے لئے سرمہ لگانے کی اجازت دیتے ہیں اور یہ شافعی کا قول ہے (تمام علماء کا مفتی بہ قول یہی ہے)

بابُ ماجاء فی الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ

روزہ کی حالت میں بیوی کو چومنے کا حکم

روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینے سے اگرچہ روزہ نہیں ٹوٹتا مگر جوان آدمی یہ کام کرے گا تو اندیشہ ہے کہ صحبت تک معاملہ پہنچ جائے، اس لئے جوان آدمی کو روزہ کی حالت میں بیوی کا بوسہ لینے سے بچنا چاہئے، اسی طرح مباشرت یعنی روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانا بھی جائز ہے، مگر جوان کے لئے خطرہ سے خالی نہیں، اس لئے روزہ کی حالت میں خاص طور پر رمضان کے روزہ کی حالت میں اس کام سے بہت دور رہنا چاہئے، تاکہ روزہ خطرہ میں نہ پڑے۔

[۳۱] باب ماجاء فی القُبْلَةِ للصائم

[۷۱۸-] حدثنا هَنَّادٌ، وقُتَيْبَةُ، قالا: نا أبو الأَحْوَصِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم كانَ يُقَبِّلُ فِیْ شَهْرِ الصَّوْمِ.
وفی الباب: عن عُمَرَ بنِ الخَطَّابِ، وحَفْصَةَ، وأبی سعيدٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وابنِ عباسٍ، وأنسٍ، وأبی هريرةَ، قال أبو عيسیٰ: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
واخْتَلَفَ أَهْلُ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ فِیْ القُبْلَةِ للصَّائِمِ: فَرَخَّصَ بعضُ أصحابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم فِی الْقُبْلَةِ لِلشَّيْخِ، وَلَمْ يُرَخِّصُوْا لِلشَّابِّ، مَخافَةَ أَنْ لاَ يَسْلَمَ لَهُ صَوْمُهُ؛ وَالْمُبَاشَرَةُ عندَهُمْ أَشَدُّ، وقَدْ قَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: القُبْلَةُ تَنْقُصُ الأَجْرَ، وَلاَ تُفْطِرُ

الصَّائِمَ، وَرَأَوْا أَنَّ للصَّائِمِ إِذَا مَلَكَ نَفْسَهُ: أَنْ يُقَبِّلَ، وَإِذَا لَمْ يَأْمَنْ على نَفْسِهِ تَرَكَ الْقُبْلَةَ، لِيَسْلَمَ لَهُ صَوْمُهُ، وَهُوَ قولُ سفيانَ الثَّوْرِيِّ والشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ رمضان کے مہینہ میں بوسہ لیا کرتے تھے۔
صحابہ اور ان کے علاوہ علماء نے روزہ دار کے لئے بوسہ لینے کی بابت اختلاف کیا ہے: بعض صحابہ بوڑھے کو بوسہ لینے کی اجازت دیتے ہیں اور وہ جوان کو اجازت نہیں دیتے، اس اندیشہ سے کہ کہیں اس کا روزہ محفوظ نہ رہے۔ اور ان کے نزدیک مباشرت (بیوی کو ساتھ لٹانا) سخت بات ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: بوسہ ثواب کو کم کرتا ہے اور روزہ کو توڑتا نہیں، اور وہ کہتے ہیں: جب روزہ دار اپنے نفس سے مطمئن ہو تو بوسہ لے سکتا ہے اور جب وہ اپنے نفس سے مطمئن نہ ہو تو بوسہ نہ لے، تاکہ اس کا روزہ محفوظ رہے، اور یہ سفیان ثوری اور شافعی کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی مُباشَرَةِ الصَّائِمِ

روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانے کا حکم

مباشرۃ: باب مفاعلہ کا مصدر ہے، اردو میں اس کے معنی ہیں: صحبت کرنا، اور عربی میں اس کے معنی ہیں: بدن سے بدن لگانا، یہاں روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانا مراد ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ روزہ کی حالت میں مجھے اپنے ساتھ لٹاتے تھے، اور آپؐ اپنی خواہش پر نہایت قابو یافتہ تھے، دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ روزے کی حالت میں بیوی کا بوسہ لیتے تھے اور بیوی کو ساتھ لٹاتے تھے اور آپؐ اپنی خواہش پر تم سے زیادہ قابو یافتہ تھے۔

تشریح: حضور ﷺ کا یہ عمل بیانِ جواز کے لئے تھا یعنی مسئلہ کی وضاحت کے لئے تھا، سنت نہیں تھا کہ لوگ اس پر عمل کرنے لگیں، حضرت عائشہؓ نے آخری جملہ سے یہی بات سمجھائی ہے، جیسے آپؐ نے ایک مرتبہ کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا ہے، یہ عمل بھی بیانِ جواز کے لئے تھا یعنی مجبوری میں کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے، سنت نہیں ہے یعنی یہ اسلامی تہذیب نہیں ہے، اسی طرح حائضہ کے بارے میں سورۃ البقرۃ (آیت ۲۲۲) میں ارشاد ہے کہ حیض گندی چیز ہے، پس حیض میں تم عورتوں سے علحدہ رہا کرو، اور ان کے قریب مت جاؤ جب تک کہ وہ پاک نہ ہو جائیں۔ نبی ﷺ نے اپنے عمل سے اس کی حدود متعین کیں کہ چومنا اور ساتھ لٹانا جائز ہے اس سے آگے بڑھنا جائز نہیں۔

[۳۲] باب ماجاء فی مباشرة الصائم

[۷۱۹-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا وكيعٌ، نا إسرائيلُ، عن أبی إسحاقَ، عن أبی مَيْسَرَةَ، عن عائشةَ،

قالتْ: كانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُبَاشِرُنِیْ وَهُوَ صَائِمٌ، وكانَ أَمْلَكَكُمْ لِأَرَبِه.

[۷۲۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن عَلْقَمَةَ، وَالأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: كانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُقَبِّلُ وَيُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَكَانَ أَمْلَكَكُمْ لِأَرَبِهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبومَيْسَرَةَ: اسْمُهُ عَمْرُو بنُ شُرَحْبِيْلَ، ومَعْنَى لِأَرَبِهِ يَعْنِیْ لِنَفْسِهِ.

لغت: الاَرَب: (بفتحتين) (۱) ضرورت، ضرورتِ شدیدہ (۲) مقصد، آرزو۔ کہا جاتا ہے: نَالَ/ بَلَغَ أَرَبَه: مقصد پورا ہوگیا، آرزو برآئی۔

بابُ ماجاءَ لاَصِيَامَ لِمَنْ لَمْ يَعْزِمْ مِنَ اللَّيْلِ

جس نے رات سے روزے کی نیت نہیں کی اس کا روزہ نہیں

جو روزے اللہ کی طرف سے متعین ہیں جیسے رمضان کے روزے یا بندے کی طرف سے متعین ہیں جیسے نذر معین کے روزے، ان میں تبییتِ نیت یعنی صبح صادق سے پہلے نیت کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ان میں تبییتِ نیت ضروری ہے اگر صبح صادق ہوگئی اور نیت نہیں کی تو روزہ نہیں ہوگا، اور احناف کے نزدیک تبییتِ نیت ضروری نہیں، صبح صادق کے بعد بھی نیت کرسکتے ہیں۔ باب کی حدیث ائمہ ثلاثہ کا مستدل ہے۔

اور جو روزے ضروری ہیں مگر ان کا وقت متعین نہیں، نہ اللہ کی طرف سے نہ بندے کی طرف سے، اور ایسے روزے تین ہیں: رمضان کی قضا کا روزہ، کفاروں کے روزے، اور نذر غیر معین کے روزے: ان میں بالاجماع رات سے نیت کرنا ضروری ہے، صبح صادق کے بعد ان کی نیت نہیں ہوسکتی۔

اور نفل روزوں میں صرف امام مالک تبییت نیت کے قائل ہیں اور احناف کے نزدیک ضحوۂ کبری یعنی دس گیارہ بجے تک نیت ہوسکتی ہے، اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک زوال کے بعد بھی نیت ہوسکتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح صادق سے پہلے روزہ کا پختہ ارادہ نہیں کیا اس کا روزہ نہیں۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ کا خیال ہے کہ اس حدیث کے عموم میں رمضان اور نذر معین کے روزے بھی شامل ہیں، احناف کہتے ہیں: اول تو اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں اختلاف ہے، صرف یحییٰ بن ایوب اس حدیث کو مرفوع کرتے ہیں باقی سب روات موقوف بیان کرتے ہیں، یعنی اس حدیث کو ابن عمر کا فتوی قرار دیتے ہیں۔ اور اس کا موقوف ہونا ہی اصح ہے خود امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی کو اصح کہا ہے اور دیگر محدثین کی رائے بھی یہی ہے۔ ثانیاً

اس کا مصداق وہ تین روزے ہیں جو واجب ہیں مگر ان کا وقت متعین نہیں، رمضان اور نذر معین کے روزے اس حدیث کا مصداق نہیں، کیونکہ ان کا وقت متعین ہے اور ان اوقات میں دوسرے روزوں کا احتمال ہی نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ روزے چھ ہیں: رمضان کے روزے، نذر معین کے روزے، رمضان کی قضا کے روزے، کفاروں کے روزے، نذر غیر معین کے روزے اور نفل روزے۔ آخری روزے میں صبح صادق کے بعد بھی نیت کرنا نبی ﷺ سے ثابت ہے، جیسا کہ حدیث (۷۲۴) میں آرہا ہے۔ باقی پانچ روزے: سب اس حدیث کے تحت داخل ہیں یا اس مسئلہ میں کوئی اور بھی حدیث ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سب اس حدیث کے تحت داخل ہیں اور سب میں رات سے نیت کرنا ضروری ہے۔ اور احناف کے نزدیک اس مسئلہ میں ایک اور حدیث بھی ہے، حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے قبیلہ اسلم کے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ لوگوں میں عاشورے کے دن اعلان کرے کہ من كان أَكَلَ فَلْيَصُمْ بقيةَ يومِه، ومن لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ، فإن اليومَ يومُ عاشوراءَ (بخاری حدیث ۲۰۰۷) یعنی جس نے کھا پی لیا ہے وہ دن بھر امساک کرے اور جس نے اب تک کچھ کھایا پیا نہیں وہ روزے کی نیت کرلے اور رمضان سے پہلے عاشوراء کا روزہ واجب تھا (اس میں دیگر ائمہ کا اختلاف ہے) پس روزوں کی پہلی دو قسمیں اس حدیث کے تحت ہیں کیونکہ وہ اللہ کی طرف سے یا بندے کی طرف سے متعین ہیں اور باقی تین روزے حدیث باب کے تحت ہیں۔

[۳۳] باب ماجاء لاَصِيَامَ لمن لَم يَعْزِمْ من الليل

[۷۲۱-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا ابن أبی مَرْيَمَ، نا يَحْيَىٰ بنُ أيوبَ، عن عبدِ اللّٰه بن أبی بَكْرٍ، عن ابنِ شهابٍ، عن سَالِمِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عن أبيهِ، عن حَفْصَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قال: "مَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الفَجْرِ فَلاَ صِيَامَ لَهُ"

قال أبو عيسى: حديثُ حَفْصَةَ حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ هٰذا الوَجْهِ، وقد رُوِیَ عَنْ نَافِعٍ عن ابنِ عُمَرَ قَوْلُهُ، وَهو أَصَحُّ.

وَإِنَّمَا مَعْنَى هٰذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ: لاَصِيَامَ لِمَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فِیْ رَمَضَانَ أَوْ فِیْ قَضَاءِ رَمَضَانَ أَوْ فِیْ صِيَامِ نَذْرٍ: إِذَا لَمْ يَنْوِهِ مِنَ اللَّيْلِ لَمْ يُجْزِهِ.

وَأَمَّا صِيَامُ التَّطَوُّعِ فَمُبَاحٌ لَهُ أَنْ يَنْوِيَهُ بَعْدَ مَا أَصْبَحَ، وهو قولُ الشافعیِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

ترجمہ: اس حدیث کو ہم مرفوع نہیں جانتے مگر اسی سند سے، اور نافع سے، وہ ابن عمر سے ان کا قول روایت کرتے ہیں (یعنی نافع اس کو ابن عمر کا قول قرار دیتے ہیں) اور وہی اصح ہے ——— اور اس حدیث کا مطلب بعض

علماء کے نزدیک یہ ہے کہ اس شخص کا روزہ نہیں جو رمضان میں یا رمضان کی قضا میں یا نذر کے روزوں میں صبح صادق سے پہلے روزہ کا پختہ ارادہ نہ کرے، جب رات سے نیت نہیں کی تو اس کا روزہ نہیں ہوا ـــــ اور رہا نفل روزہ تو اس میں صبح کے بعد بھی نیت کرنا جائز ہے، اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی إِفْطَارِ الصَّائِمِ الْمُتَطَوِّعِ

نفل روزہ توڑنے کا حکم

اس باب میں دو مسئلے ہیں: ایک مسئلہ یہ ہے کہ نفل روزہ توڑنا کیسا ہے؟ اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ جو شخص نفل روزہ توڑ دے اس پر قضا واجب ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نفل روزہ توڑنا بلا کراہیت جائز ہے خواہ کوئی عذر ہو یا نہ ہو۔ اور اس کی قضا واجب نہیں البتہ امام مالکؒ کے نزدیک قضا واجب ہے۔ اور حنفیہ کے یہاں دو قول ہیں: مشہور قول یہ ہے کہ عذر کے بغیر نفل روزہ توڑنا مکروہ ہے۔ اور اگر کوئی معقول عذر ہو تو توڑ سکتے ہیں، اور دوسرا قول وہی ہے جو ائمہ ثلاثہ کا ہے مگر یہ غیر مشہور قول ہے اور دونوں صورتوں میں قضا واجب ہے۔

اور یہ اختلاف اس پر مبنی ہے کہ نفل عبادت (کوئی بھی ہو) شروع کرنے کے بعد نفل رہتی ہے یا واجب ہو جاتی ہے؟ ائمہ ثلاثہ کا خیال ہے کہ نفل عبادت جس طرح شروع کرنے سے پہلے نفل ہوتی ہے یعنی شروع کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے اسی طرح شروع کرنے کے بعد بھی وہ نفل رہتی ہے، یعنی بندہ کو اختیار رہے چاہے اُسے پورا کرے اور چاہے پورا نہ کرے۔ اور نفل حج اور عمرہ میں سب کا اتفاق ہے کہ ان کو شروع کرنے کے بعد پورا کرنا ضروری ہے توڑنا جائز نہیں اور توڑنے کی صورت میں قضا واجب ہے، یہی حکم احناف کے نزدیک دیگر نفل عبادات کا ہے اور حج اور نماز روزے میں ان کے نزدیک کوئی فرق نہیں، جو حکم نفل حج اور عمرہ کا ہے وہی حکم نفل روزے اور نماز کا ہے، ان کو شروع کرنے سے پہلے شروع کرنے نہ کرنے کا اختیار ہے، مگر جب عبادت شروع کر دی تو اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا تُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ﴾ (سورۂ محمد آیت ۳۲) یعنی اپنے اعمال کو باطل نہ کرو، خواہ کوئی عمل ہو، پس نفل اعمال کو بھی پورا کرنا ضروری ہے، عذر کے بغیر ان کو توڑنا جائز نہیں، اور توڑے گا تو اس کی قضا ضروری ہوگی، اور ائمہ ثلاثہ نفل حج اور عمرہ میں تو یہ قاعدہ تسلیم کرتے ہیں مگر دیگر نفل اعمال کو اس قاعدہ کے تحت نہیں لاتے، اور احناف دیگر عبادات میں بھی یہ قاعدہ جاری کرتے ہیں۔

حدیث (۷۲۲): ام ہانی کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس بیٹھی تھی (گھر کی دیگر خواتین بھی تھیں) پینے کی کوئی چیز لائی گئی۔ آپؐ نے اس کو پیا۔ پھر بچا ہوا مجھے دیا (ام ہانی آپؐ کی دائیں جانب تھیں، اس لئے الأیمن فالأیمن کے قاعدہ سے بچا ہوا ان کو دیا) میں نے اس کو پی لیا، پھر میں نے عرض کیا: مجھ سے گناہ ہو گیا، میرے لئے بخشش کی دعا

فرمایئے۔ آپ نے پوچھا: کیا گناہ ہوا؟ انھوں نے عرض کیا: میں روزے سے تھی (تبرک کی وجہ سے) میں نے روزہ توڑ دیا۔ آپؐ نے پوچھا: کیا رمضان کا قضا روزہ تھا؟ عورتوں پر رمضان کے روزے باقی رہ جاتے ہیں۔ انھوں نے عرض کیا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''پس وہ (روزہ توڑنا) تمہیں ضرر نہیں پہنچائے گا''

تشریح: یہ حدیث ابوالاحوص کی ہے، وہ سماک بن حرب سے، وہ ام ہانی کے کسی لڑکے سے، اور وہ اپنی والدہ ام ہانی سے روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کی وجہ سے ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: عذر کے بغیر بھی نفل روزہ توڑنا جائز ہے۔ ام ہانی نے بغیر کسی عذر کے روزہ توڑا تھا۔ احناف اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ ام ہانی نے روزہ اس لئے توڑا تھا تاکہ تبرک ہاتھ سے چلا نہ جائے، اور یہ بہت بڑا عذر تھا، اگر وہ نہ پیتیں تو اگلی پی لیتی اور وہ تبرک سے محروم رہ جاتیں، پس یہ روزہ توڑنے کے لئے معقول عذر تھا۔

حدیث (۷۲۳): مذکورہ حدیث کو امام شعبہ رحمہ اللہ اس طرح بیان کرتے ہیں: میں سماک بن حرب کو اس طرح کہتے ہوئے سنا کرتا تھا: أحد بنی أم هانِیءٍ حدثنی یعنی ام ہانی کے کسی لڑکے نے مجھ سے حدیث بیان کی، شعبہ کہتے ہیں: پھر میری ملاقات ام ہانی کی اولاد میں سے سب سے افضل ہوئی جس کا نام جعدہ تھا، ام ہانی ان کی دادی تھیں، پس جعدہ نے مجھ سے ام ہانی سے روایت کرتے ہوئے اس طرح حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ ایک دن ان کے گھر تشریف لائے اور آپؐ نے کوئی مشروب منگوایا پس نوش فرمایا پھر بقیہ ام ہانی کو دیا تو انھوں نے پی لیا، پھر انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! سنیں بیشک میں روزے سے تھی، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نفل روزہ دار اپنی ذات کا ذمہ دار ہے اگر چاہے تو روزہ پورا کرے اور اگر چاہے تو روزہ توڑ دے'' شعبہ کہتے ہیں: میں نے جعدہ سے پوچھا: کیا آپ نے یہ روایت ام ہانی سے خود سنی ہے؟ جعدہ نے کہا نہیں۔ مجھ سے ابوصالح نے اور ہمارے گھر والوں نے ام ہانی سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی ہے، یعنی درمیان میں مجہول واسطہ ہے ——— اور سماک کے تیسرے شاگرد حماد بن سلمہ ام ہانی کے نواسے ہارون کا واسطہ ذکر کرتے ہیں ——— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شعبہ کی روایت سب سے اچھی ہے۔

تشریح: یہ سماک بن حرب کی حدیث ہے۔ اس کی سند میں بھی اضطراب ہے اور متن میں بھی اضطراب ہے، ابوالاحوص کی اسناد میں واسطہ ام ہانی کے کسی لڑکے کا ہے اور شعبہ کی سند میں جعدہ کا ہے، پھر ان سے اوپر مجہول راوی ہے اور حماد کی سند میں ہارون کا واسطہ ہے، اور متن تین طرح مروی ہے: (۱) حدیث نمبر ۷۲۲ میں جو ابوالاحوص کی حدیث ہے فلا یَضُرُّكِ ہے (۲) اور شعبہ کی سند میں جو بسند محمود بن غیلان عن ابی داؤد الطیالسی مروی ہے أمین نفسه ہے (۳) اور شعبہ کے دیگر تلامذہ أمیر نفسه أو أمین نفسه کہتے ہیں ان کو شک ہے کہ نبی ﷺ نے ان دو لفظوں میں سے کونسا لفظ ارشاد فرمایا تھا۔

ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نفل روزہ رکھنے والا خود مختار ہے چاہے روزہ پورا کرے چاہے توڑ دے، احناف اس حدیث کو سند اور متن کے اضطراب کی وجہ سے قابل استدلال نہیں مانتے، ان کا مستدل اگلے باب کی حدیث ہے۔

حدیث (۷۲۴): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک دن نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا کیا تمہارے پاس (کھانے کے لئے) کچھ ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: پس میں روزہ دار ہوں یعنی روزہ کی نیت کر لیتا ہوں (یہ حدیث مختصر ہے مفصل اگلے نمبر پر آرہی ہے)

حدیث (۷۲۵): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ میرے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور پوچھا کرتے تھے کیا تمہارے پاس صبح کا کھانا ہے؟ (غَدَاء صبح کے کھانے کو کہتے ہیں اور عرب میں صبح کا کھانا دس گیارہ بجے کھایا جاتا تھا) پس میں کہتی کہ نہیں ہے تو آپؐ فرماتے: میں روزہ دار ہوں، یعنی کھانے کو کچھ نہیں ہے تو میں روزہ کی نیت کر لیتا ہوں، صدیقہ فرماتی ہیں: آپؐ ایک دن میرے پاس تشریف لائے (اور کچھ نہیں پوچھا) پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آج ہمارے پاس ہدیہ آیا ہے، آپؐ نے پوچھا: کیا آیا ہے؟ میں نے عرض کیا حَیس آیا ہے (ستو، گھی اور کھجور کو ملا کر یہ کھانا تیار کیا جاتا تھا) آپؐ نے فرمایا: سنو! میں نے صبح سے روزہ کی نیت کر لی تھی پھر آپؐ نے وہ حلوہ کھایا، یعنی روزہ توڑ دیا۔

تشریح: اس حدیث سے تین مسئلے ثابت ہوتے ہیں۔

۱- نفل روزہ کی نیت رات سے کرنی ضروری نہیں، صبح صادق کے بعد بھی نیت کی جا سکتی ہے، جمہور کا یہی مذہب ہے۔ البتہ امام مالک اختلاف کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک نفل روزہ میں بھی رات سے نیت کرنی ضروری ہے۔

۲- ضحوۂ کبری سے پہلے نفل روزہ کی نیت کی جا سکتی ہے، احناف کا یہی مذہب ہے۔ نبی ﷺ ناشتہ کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا تو روزہ کی نیت کر لیتے تھے۔ اور ناشتہ ضحوۂ کبری سے پہلے کیا جاتا ہے۔

۳- ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ بغیر عذر کے بھی نفل روزہ توڑ سکتے ہیں۔ نبی ﷺ نے صبح سے روزہ کی نیت کر رکھی تھی مگر جب ملیدہ سامنے آیا تو آپؐ نے روزہ توڑ دیا۔ احناف کے نزدیک یہ روزہ توڑنا بھی بر بناء عذر تھا، آپؐ کو معلوم تھا کہ آج گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہیں اس لئے آپؐ نے صبح سے روزہ رکھ لیا تھا اور معلوم نہیں کتنے دن کا فاقہ ہوگا پس یہ روزہ توڑنے کے لئے بہت بڑا عذر ہے۔

[۳٤] باب ماجاء فی إفطارِ الصائمِ المتطوع

[۷۲۲-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن ابنِ أُمِّ هَانِیءٍ، عن أُمِّ هَانِیءٍ،

قالتْ: كُنْتُ قَاعِدَةً عندَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فأُتِيَ بِشَرَابٍ، فَشَرِبَ مِنْهُ، ثُمَّ نَاوَلَنِيْ فَشَرِبْتُ مِنْهُ، فقلتُ: إِنِّيْ أَذْنَبْتُ فَاسْتَغْفِرْ لِيْ قال: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَتْ: كُنْتُ صَائِمَةً فَأَفْطَرْتُ، فقالَ: أَمِنْ قَضَاءٍ كُنْتِ تَقْضِيْنَهُ؟ قالتْ: لا، قال: فَلاَ يَضُرُّكِ.

وفي الباب: عن أبي سعيدٍ، وعائشةَ.

حديثُ أُمِّ هَانِيءٍ في إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، والعملُ عليه عندَ بعضِ أهلِ العلم مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيرِهِمْ: أَنَّ الصَّائِمَ الْمُتَطَوِّعَ إِذَا أَفْطَرَ فَلاَ قَضَاءَ عليهِ، إِلَّا أَنْ يُحِبَّ أَنْ يَقْضِيَهُ، وهو قولُ سُفْيَانَ الثوريِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، والشافعيِّ.

[٧٢٣-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داودَ، نا شُعْبَةُ، قال: كُنْتُ أَسْمَعُ سِمَاكَ بنَ حَرْبٍ يقولُ: أَحَدُ بَنِيْ أُمِّ هَانِيءٍ حَدَّثَنِيْ، فَلَقِيْتُ أَنَا أَفْضَلَهُمْ، وَكَانَ اسْمُهُ جَعْدَةَ، وكانت أُمُّ هَانِيءٍ جَدَّتَهُ، فَحَدَّثَنِيْ عَنْ جَدَّتِهِ أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عليها، فَدَعَا بِشَرابٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَهَا فَشَرِبَتْ، فَقالَتْ: يارسولَ اللّٰهِ! أَمَا إِنِّيْ كُنْتُ صَائِمَةً، فقال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "الصَّائِمُ الْمُتَطَوِّعُ أَمِيْنُ نَفْسِهِ إِنْ شَاءَ صَامَ وَإِنْ شَاءَ أَفْطَرَ"

قال شُعْبَةُ: قلتُ له: أنتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ أُمِّ هَانِيءٍ؟ قال: لا، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ صَالِحٍ وَأَهْلُنَا عَنْ أُمِّ هَانِيءٍ.

وَرَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ هٰذَا الحديثَ عن سِمَاكٍ، فقال: عن هَارُوْنَ ابنِ بِنْتِ أُمِّ هَانِيءٍ، عن أُمِّ هَانِيءٍ، وَرِوَايَةُ شُعْبَةَ أَحْسَنُ، هٰكذَا حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، عن أبي داودَ، فقال: "أمينُ نَفْسِهِ" وحدثنا غَيْرُ محمودٍ عن أبي داودَ فقال: "أَمِيْرُ نَفْسِهِ أَو أَمِيْنُ نَفْسِهِ" على الشَّكِّ، وهكذا رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ شُعْبَةَ: "أميرُ أو: أمينُ نَفْسِه" على الشَّكِّ.

[٧٢٤-] حدثنا هنادٌ، نا وكيعٌ، عن طَلْحَةَ بنِ يَحْيىَ، عن عَمَّتِهِ عائشةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عن عائشةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قالتْ: دَخَلَ عليَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا فقال: هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْئٌ؟ قالتْ: قلتُ: لا، قال: "فَإِنِّيْ صَائِمٌ"

[٧٢٥-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا بِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، عن سُفْيَانَ، عن طَلْحَةَ بنِ يحيىَ، عن عائشةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عن عائشةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قالتْ: إِنْ كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْنِيْ فيقولُ: "أَعِنْدَكِ غَدَاءٌ؟" فَأَقُولُ: لا، فيقولُ: "إِنِّيْ صَائِمٌ" قالتْ: فَأَتَانِيْ يَوْمًا فقلتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّهُ قَدْ أُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ، قال: "وَمَا هِيَ؟ قُلْتُ: "حَيْسٌ، قال: "أَمَا إِنِّيْ أَصْبَحْتُ صَائِمًا" قالتْ: ثُمَّ أَكَلَ. قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

ترجمہ: ام ہانی کی حدیث کی سند میں کلام ہے اور اس پر بعض صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے کہ نفل روزہ رکھنے والا جب روزہ توڑ دے تو اس پر قضا نہیں مگر یہ کہ وہ اس کی قضا کرنا چاہے۔ اور یہ سفیان ثوری، احمد، اسحاق اور شافعی کا قول ہے۔ اور شعبہ کی حدیث اچھی ہے۔ ہم سے محمود بن غیلان نے ابوداؤد سے روایت کرتے ہوئے اس طرح بیان کیا: أمين نفسه یعنی شک کے بغیر۔ اور ہم سے محمود کے علاوہ نے ابوداؤد سے روایت کرتے ہیں بیان کیا: أمير نفسه أو: أمين نفسه (یعنی ان کی حدیث میں شک ہے اور أمير نفسه کے معنی ہیں: اپنی ذات کا خود مختار، اسی طرح شعبہ سے متعدد سندوں سے اسی طرح أمير یا أمين شک کے ساتھ مروی ہے۔

بابُ ماجاء فی إِیْجَابِ الْقَضَاءِ عَلَیْهِ

نفل روزہ توڑنے سے قضا واجب ہوتی ہے

یہ باب اوپر والے باب کا مقابل ہے اور اس میں ان ائمہ کی دلیل ہے جو نفل روزہ توڑنے پر وجوبِ قضاء کے قائل ہیں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے اور حفصہ نے روزہ رکھا، پس ہمارے پاس (ہدیہ میں) ایسا کھانا لایا گیا جس کی ہم نے خواہش کی (یعنی ہمارا جی للچایا) ہم نے وہ کھانا کھالیا (یعنی روزہ توڑ دیا، اور ہر ایک نے دل میں سوچا کہ جب آپؐ تشریف لائیں گے تو وہ مسئلہ پوچھے گی) پس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تو حفصہؓ نے مجھ سے سبقت کی اور وہ اپنے باپ کی بیٹی تھی (یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرح جری تھیں) انھوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہم دونوں روزے سے تھیں پس ہمارے لئے کھانا لایا گیا جس کی وجہ سے ہمارے دل للچائے پس ہم نے وہ کھالیا، آپؐ نے فرمایا: ''دونوں اس دن کے عوض ایک روزہ کی قضا کرو''

تشریح: اس حدیث کی بنا پر بڑے دو امام کہتے ہیں: اگر نفل روزہ رکھ کر توڑ دیا تو اس کی قضا واجب ہے۔ اور یہ حدیث متصل بھی مروی ہے اور مرسل (منقطع) بھی اور مرسل حدیث اصح ہے، تفصیل عبارت کے بعد آئے گی۔

[٣٥] باب ماجاء فی إیجاب القضاء علیه

[٧٢٦-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، نا کثیرُ بنُ هِشَامٍ، نا جَعْفَرُ بنُ بُرْقَانَ، عن الزُّهریِّ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ، قالتْ کُنْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ صَائِمَتَیْنِ، فَعَرَضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَیْنَاهُ، فَأَکَلْنَا مِنْهُ، فَجَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَبَدَرَتْنِی إِلَیْهِ حَفْصَةُ، وکَانَتِ ابْنَةَ أَبِیْهَا، فقالَتْ: یارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا کُنَّا صَائِمَتَیْنِ فَعَرَضَ لَنَا طَعَامٌ اشْتَهَیْنَاهُ، فَأَکَلْنَا مِنْهُ، قال: '' اقْضِیَا یَوْمًا آخرَ مَکَانَهُ''

قال أبو عيسى: ورَوَى صَالِحُ بنُ أبى الأَخْضَرِ، ومحمدُ بنُ أبى حَفْصَةَ هذا الحديثَ عن الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عائشةَ مَثْلَ هٰذَا، ورَوَى مالِكُ بنُ أَنَسٍ، ومَعْمَرٌ، وعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، وزِيَادُ بنُ سَعْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عن الزُّهْرِيِّ، عن عائشةَ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ عُرْوَةَ، وَهٰذَا أَصَحُّ، لِأَنَّهُ رُوِيَ عن ابنِ جُرَيْجٍ، قال: سَأَلْتُ الزُّهْرِيَّ، فَقُلْتُ: أَحَدَّثَكَ عُرْوَةُ عن عائشةَ؟ قال: لَمْ أَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ فِيْ هٰذا شَيْئًا، وَلٰكِنْ سَمِعْتُ فِيْ خِلَافَةِ سُلَيْمَانَ بنِ عَبْدِ الْمَلِكِ مِنْ نَاسٍ، عن بَعْضِ مَنْ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ هٰذَا الحديثِ، حدثنا بهذا عليُّ بنُ عيسىٰ بنُ يَزِيْدَ البَغْدَادِيُّ، نا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، فَذَكَرَ الحديثَ.

وقد ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ إِلٰى هذا الحديثِ، فَرَأَوْا عليهِ القَضَاءَ إِذَا أَفْطَرَ، وهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: صالح بن ابی الاخضر اور محمد بن ابی حفصہ نے یہ حدیث زہری سے جعفر بن برقان کی طرح متصل روایت کی ہے۔ اور امام مالک، معمر، عبید اللہ بن عمر اور زیاد بن سعد وغیرہ حفاظ حدیث: زہری سے یہ حدیث منقطع روایت کرتے ہیں، وہ سند میں عروہ کا تذکرہ نہیں کرتے اور یہ منقطع روایت اصح ہے۔ کیونکہ ابن جریج سے یہ بات مروی ہے کہ انھوں نے زہریؒ سے پوچھا: کیا آپ سے عروۃ نے حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی ہے؟ زہری نے کہا: میں نے اس سلسلہ میں عروہ سے کچھ نہیں سنا، البتہ سلیمان بن عبد الملک کی خلافت میں بعض ان لوگوں سے جنھوں نے یہ حدیث حضرت عائشہ سے پوچھی تھی: سنا ہے، پھر ابن جریج رحمہ اللہ کے قول کی سند لکھی ہے۔

اور صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض حضرات اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ کہتے ہیں: نفل روزہ رکھنے والے پر قضا واجب ہے، جب وہ اس کو توڑ دے اور یہ امام مالکؒ (اور امام اعظمؒ) کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی وِصَالِ شَعْبَانَ بِرَمْضَانَ

شعبان کے روزوں کو رمضان کے روزوں سے ملانا

اس باب میں دو حدیثیں ہیں۔ ایک ام سلمہؓ کی، دوسری حضرت عائشہؓ کی، اور دونوں حدیثوں میں گونہ تعارض ہے، ام سلمہ کہتی ہیں: حضور اکرم ﷺ پورے شعبان اور پورے رمضان کے روزے رکھتے تھے، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: آپؐ اکثر شعبان کے روزے رکھتے تھے، یعنی مکمل شعبان کے روزے نہیں رکھتے تھے، اس تعارض کا

ابن المبارک رحمہ اللہ نے یہ جواب دیا ہے کہ ام سلمہ کی حدیث میں مجاز ہے اور حضرت عائشہ کی حدیث حقیقت پر مبنی ہے۔یعنی رسول اللہ ﷺ شعبان کے اکثر دنوں کے روزے رکھتے تھے، پورے مہینے کے روزے نہیں رکھتے تھے، اور اکثر پر کل کا اطلاق کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے: قامَ فلانٌ لیلةً أجمعَ: فلاں نے پوری رات نفلیں پڑھیں۔جبکہ اس نے شام کا کھانا بھی کھایا ہوگا، استنجے کے لئے بھی گیا ہوگا، تاہم یہ قول صحیح ہے اس لئے کہ اکثر پر کل کا اطلاق شائع ذائع ہے اسی طرح حضرت ام سلمہ کی حدیث میں مجاز ہے اور مراد شعبان کے اکثر دنوں کے روزے رکھنا ہے۔

دوسرا تعارض: یہ ہے کہ ایک حدیث میں نبی ﷺ نے شعبان کے نصف آخر میں روزے رکھنے سے منع کیا ہے (یہ حدیث آئندہ باب میں آرہی ہے) اور دوسری حدیث میں جو کتاب الصوم کے شروع میں گذری ہے آپؐ نے رمضان کے روزے ایک دو دن پہلے سے شروع کرنے سے منع کیا ہے۔اور حضور ﷺ نصف شعبان کے بعد رمضان کے بالکل قریب تک روزے رکھتے تھے۔

اس تعارض کا حل: یہ ہے کہ جس حدیث میں روزے ایک دو دن مقدم کرنے کی ممانعت آئی ہے وہاں احتیاطاً رمضان کے روزے مقدم کرنے کی ممانعت ہے، اور شعبان کے آخر کے روزوں میں احتیاط والی بات متحقق نہیں، پس اس حدیث کا مصداق اور ہے، اسی طرح ارشادِ پاک: ''شعبان کے نصف آخر میں روزے مت رکھو'' کا الگ مصداق ہے، اس حدیث میں ممانعت ان لوگوں کے لئے ہے جن کو روزہ کمزور کرتا ہے ان کو حکم دیا گیا ہے کہ نصف شعبان کے بعد روزے مت رکھو، بلکہ کھاؤ پیو اور طاقت حاصل کرو، تاکہ رمضان کے روزے قوت کے ساتھ رکھ سکو اور رمضان میں خوب نمازیں پڑھ سکو اور دیگر عبادتیں کرسکو، اور نبی ﷺ چونکہ طاقت ور تھے روزوں کی وجہ سے آپ کو کمزوری لاحق نہیں ہوتی تھی اس لئے آپؐ نصف شعبان کے بعد بھی روزے رکھتے تھے اور امت میں سے جو اس کی طاقت رکھتے ہیں اور روزے ان کو کمزور نہیں کرتے وہ بھی نصف شعبان کے بعد روزے رکھ سکتے ہیں، ممانعت صرف ان لوگوں کے لئے ہے جن کو روزوں سے کمزوری لاحق ہوتی ہے۔

[۳۶] باب ماجاء فی وصالِ شعبانَ برمضانَ

[۷۲۷-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن سُفيانَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن سَالِمِ بنِ أبی الجَعْدِ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، قالتْ: مَا رَأَيْتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ إلاَّ شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ.

وفی الباب: عن عائشةَ، قال أبو عيسی: حديثُ أُمِّ سَلَمَةَ حديثٌ حسنٌ.

[۷۲۸-] وقد رُوِیَ هذا الحديثُ أيضًا: عن أبی سلمةَ، عن عائشةَ: أَنَّهَا قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ النبیَّ

صلى الله عليه وسلم فی شَهْرٍ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنهُ فِیْ شَعْبَانَ، كانَ يَصُوْمُهُ إِلَّا قَلِيْلًا، بَلْ كَانَ يَصُوْمُهُ كُلَّهُ، حدثنا بذلكَ هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، نا أبو سَلَمَةَ، عن عائشةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم بِذَٰلِكَ.

ورَوَى سَالِمٌ أبو النَّضْرِ وَغَيْرُ واحدٍ هذا الحديثَ عن أبی سلمةَ عن عائشةَ نَحْوَ رِوَايَةِ محمدِ بنِ عَمْرٍو.

ورُوِیَ عن ابنِ المُبَارَكِ أَنَّهُ قالَ فی هذا الحديثِ: وَهُوَ جَائِزٌ فی كَلَامِ العَرَبِ إِذَا صَامَ أَكْثَرَ الشَّهْرِ أَنْ يُقَالَ: صَامَ الشَّهْرَ كُلَّهُ، ويُقَالُ: قَامَ فُلَانٌ لَيْلَتَهُ أَجْمَعَ، وَلَعَلَّهُ تَعَشَّى وَاشْتَغَلَ بِبَعْضِ أَمْرِهِ، كَأَنَّ ابنَ المُبَارَكِ قَدْ رَأَى كِلَا الحَدِيْثَيْنِ مُتَّفِقَيْنِ، يقولُ: إِنَّمَا مَعْنَى هٰذَا الحديثِ: أَنَّهُ كانَ يَصُوْمُ أَكْثَرَ الشَّهْرِ.

ترجمہ: ام سلمہؓ فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو لگا تار دو ماہ کے روزے رکھتے نہیں دیکھا مگر ماہ شعبان اور رمضان کے روزے، یعنی ان دو مہینوں کے روزے آپؐ لگا تار رکھتے تھے (یہ حدیث ام سلمہؓ سے ابوسلمہؒ نے روایت کی ہے) اور ابوسلمہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں (ابوسلمہ: حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما دونوں سے روایت کرتے ہیں پس دونوں حدیثیں الگ الگ ہیں) فرمایا: نبی ﷺ شعبان کے مہینے میں جتنی کثرت سے روزے رکھتے تھے میں نے اس کثرت سے کسی اور مہینے میں روزے رکھتے نہیں دیکھا (یعنی آپؐ شعبان کے اکثر ایام کے روزے رکھتے تھے) اس کے بعد حضرت عائشہ کی حدیث کی سند ہے، پھر سالم ابوالنضر کی متابعت ہے وہ بھی محمد بن عمرو کی طرح روایت کرتے ہیں۔

اور ابن المبارک سے مروی ہے: انھوں نے اس حدیث (ام سلمہ کی حدیث) کے بارے میں فرمایا: کلام عرب میں یہ بات جائز ہے کہ جب آدمی مہینے کے اکثر دنوں میں روزہ رکھے تو کہا جائے کہ اس نے پورے مہینے کے روزے رکھے (یعنی مجازاً اکثر پر کل کا اطلاق کیا جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے: ''فلاں شخص نے اپنی پوری رات نفلیں پڑھیں'' اور ہوسکتا ہے کہ اس نے شام کا کھانا کھایا ہو اور اپنی بعض ضروریات میں مشغول ہوا ہو، گویا ابن المبارک کے نزدیک دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں، وہ کہتے ہیں: اس حدیث کا مطلب یہی ہے کہ آپؐ نے مہینے کے اکثر دنوں میں روزے رکھے۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ الصَّوْمِ فی النِّصْفِ الباقِی مِن شَعْبَانَ لِحَالِ رَمَضَانَ

رمضان کی وجہ سے شعبان کے نصفِ ثانی میں روزے رکھنا مکروہ ہے

نبی ﷺ نے شعبان کے نصف آخر میں روزے رکھنے سے منع فرمایا ہے اور گذشتہ باب میں یہ بات آئی ہے کہ آپؐ خود روزے رکھتے تھے، یعنی آپؐ کا قول وفعل باہم متعارض ہیں، اس تعارض کا امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ جواب دیا ہے کہ نصف شعبان کے بعد رمضان کی وجہ سے احتیاطاً روزے شروع کرنا ممنوع ہے جیسا کہ دوسری حدیث میں

رمضان کی وجہ سے ایک دو دن پہلے سے روزے شروع کرنے کی ممانعت آئی ہے باب میں لحال رمضان بڑھا کر یہی جواب دیا ہے مگر یہ جواب قوی نہیں، کیونکہ رمضان کی وجہ سے پندرہ دن پہلے سے کوئی روزے شروع نہیں کرتا ہاں ایک دو دن پہلے سے رمضان کے روزے شروع کرنے کا احتمال ہے، بلکہ ممانعت کی وجہ وہ ہے جو اوپر مذکور ہوئی کہ یہ ممانعت ان لوگوں کے لئے ہے جن کو روزے کمزور کرتے ہیں، ان کے لئے یہ حکم ہے کہ وہ شعبان کے نصف آخر میں روزے نہ رکھیں، بلکہ کھا پی کر طاقت حاصل کریں تا کہ رمضان کے روزے اور دیگر عبادات نشاط کے ساتھ ادا کرسکیں۔

[۳۷] باب ماجاء فی کراهیة الصوم فی النصف الباقی من شعبان لحال رمضان

[۷۲۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عبدُ العزیزِ بنُ محمدٍ، عن العَلَاءِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن أبیہِ، عن أبی هریرة، قال: قالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''إِذَا بَقِیَ نَصْفٌ مِنْ شَعْبَانَ فَلَا تَصُوْمُوْا''

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ علی هذا اللَّفظِ.

وَمَعْنَی هذا الحدیثِ عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ: أَنْ یَکُوْنَ الرَّجُلُ مُفْطِراً، فإِذَا بَقِیَ شَیْئٌ مِنْ شَعْبَانَ أَخَذَ فِیْ الصَّوْمِ لِحَالِ شَهْرِ رَمَضَانَ.

وقد رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِمَا یُشْبِهُ قَوْلَهُ، وهٰذَا حَیْثُ قالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''لَاتَقَدَّمُوْا شَهْرَ رَمَضَانَ بِصِیَامٍ إِلَّا أَنْ یُوَافِقَ ذٰلِكَ صَوْمًا کانَ یَصُوْمُهُ أَحَدُکُمْ''، وَقَدْ دَلَّ هذا الحدیثُ: إِنَّمَا الکَرَاهِیَةُ علی مَنْ یَتَعَمَّدُ الصِّیَامَ لِحَالِ رَمَضَانَ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب آدھا شعبان باقی رہ جائے تو روزے مت رکھو'' اور اس حدیث کے معنی بعض علماء کے نزدیک یہ ہیں کہ کوئی شخص روزہ نہ رکھتا ہو، پھر جب شعبان کا کچھ حصہ باقی رہ جائے تو وہ ماہِ رمضان کی وجہ سے روزے شروع کردے (یعنی مذکورہ حدیث میں رمضان کی تعظیم کے لئے شعبان کے نصف ثانی میں روزوں کی ممانعت ہے) اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس کے مشابہ حدیث مروی ہے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رمضان سے آگے نہ بڑھو روزوں کے ساتھ، مگر یہ کہ اتفاقاً ایسا روزہ آجائے جس کو تم میں سے کوئی رکھا کرتا ہے (اس حدیث میں بھی رمضان کی تعظیم کے لئے روزوں کی تقدیم کی ممانعت ہے) اور یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ کراہیت اسی شخص کے لئے ہے جو بالقصد رمضان کی تعظیم کی وجہ سے روزے رکھے (خلاصہ یہ ہے کہ مذکورہ دونوں حدیثوں کا مصداق ایک ہے، دونوں میں تعظیم رمضان کی وجہ سے شعبان کے نصف ثانی میں روزوں کی ممانعت ہے، اسی تطبیق پر ہم نے اشکال کیا ہے اور اوپر دوسرا جواب دیا ہے)

بابُ ماجاءَ فی لَیْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ

پندرہویں شعبان کا بیان

شعبان کی پندرھویں رات کو شب براءت کہتے ہیں۔ براءت کے معنی ہیں: جہنم سے رستگاری۔ عوام شب برات (شادی کی رات) کہتے ہیں، جب انھوں نے براءت کو ''برات'' کردیا تو اس رات میں کچھ کرنا دھرنا تو ختم ہوگیا اور پٹاخے، چراغاں اور طرح طرح کے خرافات شروع ہوگئے، لفظوں کے بڑے اثرات پڑتے ہیں۔ جیسے مدرسوں سے پڑھ کر نکلنے والوں کو جب سے ''فارغ'' اور ''فاضل'' کہا جانے لگا انھوں نے پڑھنا چھوڑ دیا، اور خود کو باکمال سمجھ لیا، اور جو اس غلط فہمی کا شکار ہوگیا اس کی ترقی رک گئی!

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس رات کے سلسلہ میں کوئی صحیح روایت نہیں ہے، سب سے اچھی روایت وہ ہے جو باب میں ہے مگر اس میں دوجگہ انقطاع ہے، ایک: حجاج بن ارطاۃ کا یحییٰ سے لقاء وسماع نہیں، دوسرا: یحییٰ کا عروۃ سے لقاء نہیں، اگرچہ ابن المدینی لقاء مانتے ہیں اور مثبت نافی پر مقدم ہوتا ہے، مگر پہلی بات میں یعنی حجاج کا یحییٰ سے لقاء نہیں اتفاق ہے اور حجاج ضعیف راوی ہے، پس سند میں تین خرابیاں ہیں۔ اور اس رات میں نفلوں کی جو روایتیں ہیں ابن العربیؒ (ترمذی کی شرح عارضۃ الاحوذی کے مصنف) فرماتے ہیں: وہ سب موضوع ہیں، دوسری بات انھوں نے یہ لکھی ہے کہ لوگوں میں جو مشہور ہے کہ اس رات میں لوح محفوظ سے ان لوگوں کے نام نقل کر کے ملک الموت کو دیدیئے جاتے ہیں جن کی اگلے سال میں وفات ہونی ہے: یہ اٹکل پچو کی بات ہے، اور حاشیہ میں لکھا ہے کہ اس رات میں مسلمان جو چراغاں کرتے ہیں اور پٹاخے چھوڑتے ہیں وہ دیوالی کی نقل ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ضعیف روایات سے صرف تین باتیں ثابت ہیں: اول: اس رات میں اپنے لئے اور مردوں کے لئے مغفرت کی دعا کی جائے (قبرستان جانا ضروری نہیں) دوم: شعبان کی پندرہ تاریخ کا روزہ رکھنا (چونکہ اس کا ثبوت ضعیف روایت سے ہے اس لئے فقہاء نے پندرہ تاریخ کے روزے کو مستحب روزوں میں شمار کیا ہے) سوم: اس رات میں انفرادی طور پر حسب توفیق کوئی بھی نیک کام کرنا، تعداد کی تعیین کے بغیر نفلیں پڑھنا وغیرہ۔ یہ تین باتیں ضعیف روایتوں سے ثابت ہیں، اور بعض لوگوں نے جو اس رات کو کھیل تماشہ کی رات بنالیا ہے وہ خُسران میں ہیں، اس لئے کہ جہنم سے چھٹکارا تو کچھ کرنے سے حاصل ہوگا خرافات سے رستگاری کیسے حاصل ہوسکتی ہے؟ اور جو دیندار مسلمان اس رات میں مسجدوں میں اجتماعی شکل میں عبادت کرتے ہیں وہ بھی غلط ہے، اصل انفرادی اعمال ہیں، ہر آدمی اپنے گھر میں عبادت کرے اور اپنے لئے بھی اور مردوں کے لئے بھی مغفرت طلب کرے، اور ایک ضعیف حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ اس رات میں ہر شخص کی مغفرت کی جاتی ہے سوائے مشرک، کینہ پرور، رشتہ ناتا

توڑنے والے، ازار ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والے، ماں باپ کی نافرمانی کرنے والے اور شراب کے عادی کے، ان کی طرف اللہ تعالیٰ نظر نہیں فرماتے (بیہقی فی شعب الایمان ۳:۳۸۴) یعنی اس مبارک رات میں بھی مذکورہ چھ شخصوں کی مغفرت نہیں ہوتی، پس ان کو اپنے احوال کی اصلاح کرنی چاہئے۔

اور شب براءت کا ثبوت صرف ضعیف احادیث سے ہے، قرآن کریم میں اس کا تذکرہ نہیں ہے، اور سورۂ دخان کی ابتدائی آیات: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِیْ لَيْلَةٍ مُبَارَكَةٍ إِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ، فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ حَكِيْمٍ﴾ میں شب قدر کا ذکر ہے۔ بعض مقررین جو ان آیات کو شب براءت پر فٹ کرتے ہیں وہ غلط ہے، اس لئے کہ قرآن کریم لوح محفوظ سے سمائے دنیا پر لیلۃ القدر میں نازل ہوا ہے، شب براءت میں نازل نہیں ہوا۔

اس کی نظیر: قرآن کریم میں کسی بھی جگہ کسی بھی نبی کو بشمول نبی ﷺ نور نہیں کہا گیا، البتہ آسمانی کتابوں کو جگہ جگہ نور کہا گیا ہے، ارشاد ہے: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا التَّوْرَاةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ﴾ (سورۃ المائدہ آیت ۴۴) ﴿وَآتَيْنٰهُ الإِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ﴾ (سورۃ المائدۃ آیت ۴۶) اور ﴿قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُبِيْنٌ﴾ (سورۃ المائدہ آیت ۱۵) اس آیت میں نُوْر اور کِتٰب کا مصداق قرآن کریم ہے اور واؤ عطف تفسیری ہے، بعض مفسرین نے نُوْرٌ کا مصداق نبی ﷺ کو قرار دیا ہے وہ غلط ہے، دلیل اگلی آیت ہے: ﴿يَهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ﴾ یہاں مفرد کی ضمیر آئی ہے اگر نور اور کتاب دو چیزیں ہوتیں تو تثنیہ کی ضمیر (بھما) آتی۔

اسی طرح سورۂ دخان کی آیات میں شب براءت مراد لینا غلط ہے، غرض شب براءت کا تذکرہ قرآن میں نہیں ہے، مگر اس کا ثبوت ضعیف روایتوں سے ہے، پس غیر مقلدین جو شب براءت کی مطلق نفی کرتے ہیں وہ بھی غلط ہے۔

حدیث: ایک رات نبی ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ لیٹے ہوئے تھے، تھوڑی دیر گذری تھی کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور فرمایا کہ یہ رات شعبان کی پندرہویں رات ہے، خداوند عالم اس رات میں اتنے زیادہ لوگوں کو دوزخ سے آزاد کرتے ہیں جو قبیلہ کلب کی بکریوں کے بالوں سے بھی زیادہ ہوتے ہیں، پس آپ اموات کے لئے دعائے مغفرت کریں، نبی ﷺ چپکے سے اٹھے تاکہ حضرت عائشہ کی نیند خراب نہ ہو، آپؐ آہستہ سے دروازہ کھول کر باہر تشریف لے گئے، حضرت عائشہ کی آنکھ کھل گئی، ان کو خیال آیا کہ شاید آپؐ کسی اور بیوی صاحبہ کے پاس تشریف لے گئے، چنانچہ وہ بھی کمرے سے دیکھنے کے لئے نکلیں، انھوں نے دیکھا کہ نبی ﷺ بقیع الغرقد (قبرستان) کی طرف جارہے ہیں، وہ مسجد سے نکلیں اور آنحضور ﷺ کو دیکھتی رہیں۔ جب آپ قبرستان سے لوٹے تو وہ کمرہ میں لوٹ کر لیٹ گئیں، آپؐ خاموشی سے کمرے میں داخل ہوئے اور حضرت عائشہؓ کے ساتھ لیٹ گئے، مگر آپؐ نے محسوس کیا کہ ان کا سانس پھول رہا ہے، آپؐ ساری بات سمجھ گئے اور فرمایا: ''کیا تمہیں دھڑکا لگا کہ تمہارے ساتھ اللہ اور اس کے رسول ناانصافی کریں گے!'' یعنی کیا میں آپ کی باری میں دوسری بیوی کے پاس

جاؤنگا؟ حضرت عائشہؓ نے اعتراف کیا کہ ان کے ذہن میں ایسا وسوسہ آیا تھا، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تبارک وتعالیٰ شعبان کی پندرھویں رات میں سمائے دنیا پر نزول فرماتے ہیں، اور قبیلہ کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ لوگوں کی مغفرت فرماتے ہیں'' چنانچہ میں اموات کے لئے دعا کرنے کے لئے قبرستان گیا تھا۔ مگر آپؐ نے لوگوں کو قبرستان جانے کی ترغیب نہیں دی، نیز آپؐ نے یہ عمل خاموشی سے کیا، یہ تو اتفاق تھا کہ حضرت عائشہؓ نے دیکھ لیا، اگر ان کی آنکھ نہ کھلتی تو کسی کو پتا بھی نہ چلتا، اس لئے میں نے عرض کیا تھا کہ قبرستان جانا ضروری نہیں، اپنے لئے اور اموات کے لئے دعائے مغفرت کرنا کافی ہے۔

[۳۸] باب ماجاء فی لیلة النصف من شعبان

[۷۳۰-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا الحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ، عَنْ یَحیی بنِ أبی کَثِیْرٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قالتْ: فَقَدْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله لعیه وسلم لَیْلَةً، فَخَرَجْتُ فَإِذَا هُوَ بِالْبَقِیْعِ، فقالَ: '' أَکُنْتِ تَخَافِیْنَ أَنْ یَحِیفَ اللّٰهُ عَلَیْكِ وَرَسُوْلُهُ؟'' قُلْتُ: یارسولَ اللّٰهِ! ظَنَنْتُ أَنَّكَ أَتَیْتَ بَعْضَ نِسَائِكَ، فقالَ: '' إِنَّ اللّٰهَ تبارَكَ وتَعَالٰی یَنْزِلُ لَیْلَةَ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ إِلٰی سَمَاءِ الدُّنْیَا، فَیَغْفِرُ لِأَکْثَرَ مِنْ عَدَدِ شَعْرِ غَنَمِ کَلْبٍ''

وفی الباب: عن أبی بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ. قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ مِنْ حدیثِ الحَجَّاجِ، وسَمِعْتُ مُحمداً یُضَعِّفُ هذا الحدیثَ، وقَالَ: یَحیی بنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ، قالَ محمدُ: والحَجَّاجُ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ یَحیی بنِ أبی کَثِیْرٍ.

وضاحت: اس حدیث کی حجاج بن ارطاۃ سے اوپر یہی ایک سند ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تضعیف کی ہے کہ یحییٰ کا عروۃ سے لقاء وسماع نہیں (مگر ابن المدینیؒ نے سماع ثابت کیا ہے) اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: حجاج نے یحییٰ سے نہیں سنا (اس انقطاع کو سب تسلیم کرتے ہیں) نیز حجاج بن ارطاۃ ضعیف راوی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی صَوْمِ المُحَرَّمِ

محرم کے روزے کی فضیلت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رمضان کے روزوں کے بعد سب سے زیادہ فضیلت والے روزے اللہ کے مہینے محرم کے روزے ہیں (اللہ کا مہینہ: اضافت تشریف کے لئے ہے یعنی برکت والا اور محترم مہینہ)

نوٹ: یہ حدیث اور اس کی وضاحت کتاب الصلوٰۃ باب ۲۱۰ میں گذر چکی ہے۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے پوچھا: آپ رمضان کے روزوں کے بعد کس مہینے کے روزے رکھنے کا مجھے مشورہ دیتے ہیں، حضرت علیؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ سے ایک شخص نے یہی سوال کیا تھا اس وقت میں آپؐ کے پاس موجود تھا، اس وقت سے آج تک کسی نے مجھ سے یہ سوال نہیں کیا، آپ پہلے شخص ہیں جو یہ سوال کررہے ہیں۔ سائل نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آپ مجھے رمضان کے بعد کونسے مہینے کے روزے رکھنے کا حکم دیتے ہیں؟ یعنی رمضان کے بعد کس مہینے کے روزے افضل ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اگر آپ رمضان کے بعد کسی مہینے کے روزے رکھنا چاہیں تو محرم کے روزے رکھیں، کیونکہ وہ اللہ کا مہینہ ہے (سبھی مہینے اللہ کے ہیں، پس اضافت تشریف کے لئے ہے، جیسے تمام مسجدیں اللہ کے گھر ہیں، پس ''بیت اللہ'' میں اضافت تشریف کے لئے ہے) اس ماہ میں ایک دن ہے (مگر وہ کونسا دن ہے یہ معلوم نہیں، جیسے رمضان کی راتوں میں ایک بابرکت رات (شب قدر) ہے مگر وہ متعین طور پر معلوم نہیں) اس دن میں اللہ نے ایک قوم پر مہربانی کی نظر فرمائی ہے (تابَ یَتُوْبُ تَوْبًا کے معنی ہیں: خصوصی توجہ کرنا، مہربانی کی نظر کرنا) اور اس دن میں (آئندہ) ایک قوم پر مہربانی کی نظر فرمائیں گے۔

تشریح: وہ قوم جس پر پہلے اللہ تعالیٰ مہربانی کی نظر فرما چکے ہیں اور اسے ظالم کے پنجہ سے نکال چکے ہیں وہ تو متعین طور پر معلوم ہے، اس ماہ میں حضرت موسیٰ اور بنی اسرائیل پر نظر کرم فرمائی ہے، اور دس محرم الحرام کو اللہ تعالیٰ نے فرعون اور اس کے لشکریوں کو غرقاب کیا ہے اور وہ قوم جس پر اللہ تعالیٰ آئندہ نظر کرم فرمائیں گے متعین طور پر معلوم نہیں، بعض لوگوں نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے واقعہ کو اس کا مصداق قرار دیا ہے مگر وہ صحیح نہیں، اس لئے کہ حدیث سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بنی اسرائیل کی طرح اس قوم کو بھی ظالم سے نجات عطا فرمائیں گے۔ جبکہ حضرت حسینؓ کے واقعہ میں دشمن غالب آیا تھا اور حضرت حسینؓ شہید ہو گئے تھے، پس ان کے واقعہ کو حدیث کا مصداق قرار دینا درست نہیں، پس جس واقعہ کی طرف اس حدیث میں اشارہ آیا ہے: ممکن ہے وہ واقعہ پیش آچکا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ ابھی تک پیش نہ آیا ہو، آئندہ پیش آئے، واللہ اعلم

[۳۹] باب ماجاء فی صوم المحرم

[۷۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن أبی بِشْرٍ، عن حُمَيْدِ بنِ عبدِ الرحمنِ الحِمْيَرِیْ، عن أبی هُرَيْرَةَ، قال: قالَ رسولُ اللّٰهَ صلی الله علیه وسلم: ''أَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ صِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ''

قال أبو عيسی: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ.

[۷۳۲-] حدثنا علیُّ بنُ حُجْرٍ، نا علیُّ بنُ مُسْهِرٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ إسحاقَ، عن النُّعْمَانِ بنِ

سَعْدٍ، عن عليٍّ، قال: سَأَلَهُ رَجُلٌ، فقالَ: أَیُّ شَهْرٍ تَأْمُرُنِی أَنْ أَصُوْمَ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ؟ فقالَ لَهُ: مَا سَمِعْتُ أَحَداً یَسْأَلُ عن هذا إِلاَّ رَجُلاً سَمِعْتُهُ یَسْأَلُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم وأَنَا قَاعِدٌ عِنْدَهُ، فقالَ: یارسولَ اللّٰهِ! أَیُّ شَهْرٍ تَأْمُرُنِی أَنْ أَصُوْمَ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ؟ قال:" إِنْ کُنْتَ صَائِمًا بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ فَصُمِ الْمُحَرَّمَ، فَإِنَّهُ شَهْرُ اللّٰهِ، فیهِ یَوْمٌ تَابَ اللّٰهُ فِیْهِ علی قَوْمٍ، ویَتُوْبُ فِیْهِ علی قَوْمٍ آخَرِیْنَ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

بابُ ماجاء فی صَوْمِ یَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے روزے کا بیان

حدیث: نبی ﷺ ہر مہینے کے شروع کے تین دنوں میں روزہ رکھا کرتے تھے اور بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ آپؐ جمعہ کے دن روزہ نہ رکھتے ہوں۔

تشریح: غُرَّۃَ کے معنی ہیں: پیشانی کی روشنی اور مراد قمری مہینے کے شروع کے تین دن یا ایام بیض یعنی تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخیں ہیں۔ اگر ایام بیض مراد ہوں تو بات واضح ہے، اس لئے کہ ان تاریخوں میں چاند مکمل ہوتا ہے، اور یہ راتیں مہینے کی تمام راتوں میں سب سے زیادہ روشن ہوتی ہیں، اور اگر مہینے کے شروع کی تین راتیں مراد ہوں تو وہ گذشتہ مہینے کی آخری تین راتوں کے مقابلہ میں روشن ہوتی ہیں، مہینے کی آخری تین راتوں میں چاند نہیں ہوتا، پھر جب چاند نمودار ہوتا ہے تو کچھ نہ کچھ روشنی ہوتی ہے اس لئے وہ غرہ ہیں، اور چونکہ غرۃ کے اصل معنی ہیں: گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی، پس مہینے کی شروع کی تین راتیں مراد لینا زیادہ بہتر ہے۔

اور جمعہ کا روزہ بالاجماع مستحب ہے، البتہ اگر تخصیص سے تفضیل کا وہم پیدا ہو جائے کہ آدمی جمعہ کے آگے پیچھے روزہ رکھنا جائز ہی نہ سمجھے تو صرف جمعہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے۔ جیسے ماثورہ سورتیں نماز میں پڑھنا سنت ہے مگر التزام کی صورت میں یعنی آدمی دوسری سورتیں پڑھنا جائز ہی نہ سمجھے تو مکروہ ہے۔

[۴۰] باب ماجاء فی صوم یوم الجمعة

[۷۳۳-] حدثنا القَاسِمُ بنُ دِیْنَارٍ، نا عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسی، وَطَلْقُ بنُ غَنَّامٍ، عن شَیْبَانَ، عن عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عن عبدِ اللّٰهِ قال: کانَ رسولُ الله صلی الله لعیه وسلم یَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ کُلِّ شَهْرٍ ثَلاَثَةَ أَیَّامٍ، وقَلَّ ماکانَ یُفْطِرُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَر، وأبی هریرةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللّٰهِ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

وقد اسْتَحَبَّ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ صِیَامَ یَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَإِنَّمَا یُکْرَہُ أَنْ یَصُوْمَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، لاَیَصُوْمُ

قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ.

قَالَ: وَرَوَی شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ هَذَا الحَدِیْثَ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

ترجمہ: اور علماء کی ایک جماعت جمعہ کے دن کے روزے کو مستحب کہتی ہے اور مکروہ ہے یہ بات کہ آدمی صرف جمعہ کے دن روزہ رکھے، نہ اس سے پہلے روزہ رکھے اور نہ اس کے بعد ——— اس حدیث کی عاصم بن بہدلۃ سے اوپر یہی ایک سند ہے، پس یہ حدیث غریب ہے اور اس کے موقوف و مرفوع ہونے میں بھی اختلاف ہے۔ شیبان اس کو مرفوع کرتے ہیں اور شعبہ موقوف۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ صَوْمِ یَوْمِ الْجُمُعَةِ وَحْدَهُ

صرف جمعہ کے دن کے روزے کی کراہیت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی جمعہ کے دن کا روزہ نہ رکھے مگر یہ کہ جمعہ سے پہلے والے دن میں روزہ رکھے یا اس کے بعد والے دن میں روزہ رکھے''

تشریح: حنفیہ کے نزدیک صرف جمعہ کا روزہ رکھنا جائز ہے اس میں کوئی کراہیت نہیں، اور شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے حنفیہ کے قول اور اس حدیث کے درمیان یہ تطبیق دی ہے کہ اگر تخصیص یا تفضیل کا وہم پیدا ہو تو صرف جمعہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے، اور اگر ایسا کوئی وہم پیدا نہ ہو تو جائز ہے، جیسے نمازوں میں ماثورہ سورتیں پڑھنا جائز ہے لیکن تخصیص یا تفضیل کا وہم پیدا ہو تو مکروہ ہے۔

[٤١] باب ماجاء فی کراهیة صوم یوم الجمعة وحدَهُ

[٧٣٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِیَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن أبی صَالِحٍ، عن أبی هریرةَ، قال: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: '' لاَیَصُوْمُ أَحَدُکُمْ یَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلاَّ أَنْ یَصُوْمَ قَبْلَهُ أَوْ یَصُوْمَ بَعْدَهُ''

وفی الباب: عن علیٍّ، وجابرٍ، وجُنَادَةَ الأَزْدِیِّ، وُجُوَیْرِیَّةَ، وأنسٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قال أبوعیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعملُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ یَکْرَهُوْنَ أَنْ یُخْتَصَّ یَوْمُ الْجُمُعَةِ بِصِیَامٍ، لاَیَصُوْمُ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ، وبه یقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے، وہ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں کہ جمعہ کا دن خاص کیا جائے روزے کے ساتھ نہ اس سے پہلے روزہ رکھے اور نہ اس کے بعد اور اس کے احمد اور اسحاق قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی صَوْمِ یَوْمِ السَّبْتِ

سنیچر کے روزے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بار کے دن روزہ نہ رکھو، مگر وہ روزے جو تم پر فرض کئے گئے ہیں (یعنی رمضان میں بار کے روزے مستثنیٰ ہیں) پس اگر تم میں سے کوئی کھانے کے لئے کچھ نہ پائے مگر انگور کا چھلکا (انگور کی بیل کا چھلکا مراد نہیں، وہ کھایا نہیں جاتا بلکہ کبھی انگور کی کھال موٹی ہوتی ہے تو اس کو دانتوں میں دبا کر چوس لیتے ہیں اور چھلکا پھینک دیتے ہیں، جس کو بکری کھاتی ہے وہ چھلکا مراد ہے) یا درخت کی (تر) لکڑی پس چاہئے کہ اس کو چبالے اور اپنا روزہ نہ ہونا ظاہر کرے۔

تشریح: سنیچر میں روزہ رکھنا فی نفسہ جائز ہے، نبی ﷺ نے اس دن میں روزہ رکھا ہے اور سنیچر کا روزہ جمعہ یا اتوار کے ساتھ ملا کر رکھنا بھی جائز ہے، اور تنہا سنیچر کا روزہ بھی رکھ سکتے ہیں، مگر چونکہ سنیچر کا روزہ یہودی رکھتے ہیں اس لئے جہاں یہودی ہوں وہاں سنیچر میں روزہ نہیں رکھنا چاہئے۔

[٤٢] باب ماجاء فی صوم یوم السبت

[٧٣٥-] حدثنا حُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا سُفْیَانُ بنُ حَبِیْبٍ، عَنْ ثَوْرِ بنِ یَزِیْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، عن أُخْتِهِ: أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قال: "لاتَصُوْمُوْا یَوْمَ السَّبْتِ إِلاَّ فِیْمَا افْتُرِضَ عَلَیْکُمْ، فَإِنْ لَمْ یَجِدْ أَحَدُکُمْ إِلاَّ لِحَاءَ عِنَبَةٍ أَوْ عُوْدَ شَجَرَةٍ فَلْیَمْضُغْهُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ، ومَعْنَی الکَرَاهِیَةِ فِیْ هٰذا: أَنْ یَخُصَّ الرَّجُلُ یَوْمَ السَّبْتِ بِصِیَامٍ، لِأَنَّ الیَهُوْدَ یُعَظِّمُوْنَ یَوْمَ السَّبْتِ.

ترجمہ: اور سنیچر کے روزے میں کراہیت کے معنی یعنی صورت یہ ہے آدمی سنیچر کو روزے کے ساتھ خاص کرلے، یعنی صرف سنیچر کا روزہ رکھے تو یہ مکروہ ہے اس لئے کہ یہود سنیچر کی تعظیم کرتے ہیں (اور وہ اس دن روزہ رکھتے ہیں، پس ان کی مشابہت سے بچنا چاہئے) اور عبداللہ بن بُسر: صحابی صغیر ہیں، اور ان کی بہن کا نام صَمَّاء ہے، وہ صحابیہ ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ صَوْمِ یَوْمِ الاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ

پیر اور جمعرات کے روزے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ خیال کر کے پیر اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے، یعنی پہلے سے خیال رکھتے تھے کہ

جب یہ دن آئیں گے روزہ رکھیں گے (وجہ تیسری حدیث میں آرہی ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ ایک مہینے سنیچر، اتوار اور پیر کے روزے رکھتے تھے اور اگلے مہینے منگل، بدھ اور جمعرات کے روزے رکھتے تھے، یعنی آپؐ نے ساتوں دنوں میں روزے رکھے ہیں، روزوں کے ساتھ کسی دن کو خاص نہیں کیا۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندوں کے اعمال پیر اور جمعرات کو (بارگاہ ایزدی میں) پیش کئے جاتے ہیں، پس میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال پیش کئے جائیں درانحالیکہ میں روزے سے ہوں۔

[۴۳] باب ماجاء فی صوم یوم الاثنین والخمیس

[۷۳۶-] حدثنا أبو حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عليِّ الْفَلَّاسُ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ دَاوُدَ، عَنْ ثَوْرِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ رَبِيْعَةَ الجُرَشِيِّ، عن عَائِشَةَ، قالتْ: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَحَرَّى صَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ.

وفی الباب: عن حَفْصَةَ، وأبی قَتَادَةَ، وأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هذا الوَجْهِ.

[۷۳۷-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو أحمدَ، ومُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، قالا: نا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عائشةَ، قالتْ: كان رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ السَّبْتَ وَالْأَحَدَ وَالِاثْنَيْنِ، ومِنَ الشَّهْرِ الآخَرِ الثُّلَاثَاءَ، والْأَرْبِعَاءَ، وَالْخَمِيْسَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، ورَوَى عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ هذا الحديثَ عن سُفْيَانَ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۷۳۸-] حدثنا محمدُ بنُ يحيىَ، نا أبو عاصِمٍ، عن محمدِ بنِ رِفَاعَةَ، عن سُهَيْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عن أبی هريرةَ، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: "تُعْرَضُ الأعمالُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ، فَأُحِبُّ أَنْ يُعْرَضَ عَمَلِیْ وَأَنَا صَائِمٌ"

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ فی هذا البابِ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فی صَوْمِ الْأَرْبِعَاءِ وَالْخَمِيْسِ

بدھ اور جمعرات کے روزے کا بیان

حدیث: کسی صحابی نے نبی ﷺ سے صوم دھر یعنی ہمیشہ روزہ رکھنے کے بارے میں پوچھا، آپ نے فرمایا: تجھ پر تیری بیوی کا حق ہے، یعنی ہمیشہ روزے رکھنے سے ضعف آجائے گا اور بیوی کے حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی ہوگی، اس لئے صوم الدہر مناسب نہیں، اور فرمایا: رمضان کے روزے رکھو اور اس سے متصل مہینے کے یعنی شوال کے روزے

رکھواور ہر ہفتہ، بدھ اور جمعرات کے روزے رکھو، پس تو نے ہمیشہ روزہ رکھا اور بے روزہ بھی رہا، یعنی یہ حکماً صوم الدھر ہے جو پسندیدہ ہے، حقیقۃً صوم الدہر پسندیدہ نہیں۔

[٤٤] باب ماجاء فی صوم یوم الأربعاء والخمیس

[-٧٣٩] حدثنا الحُسَینُ بنُ محمدٍ الحَرِیْرِیُّ، ومحمدُ بنُ مَدُّوْیَةَ، قالا: نا عُبَیْدُ اللهِ بنُ موسی، ناهارونُ بنُ سَلْمَانَ، عن عُبَیْدِ اللهِ بنِ المُسْلِمِ القُرَشِیِّ، عن أبیهِ، قال: سَأَلْتُ أَوْ: سُئِلَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم عن صِیَامِ الدَّهْرِ؟ فقال: " إِنَّ لِأَهْلِكَ عَلَیْكَ حَقًّا" ثم قال: " صُمْ رَمَضَانَ، وَالَّذِیْ یَلِیْهِ، وكُلَّ أَرْبِعَاءٍ وَخَمِیْسٍ، فإِذًا أَنْتَ قَدْ صُمْتَ الدَّهْرَ، وَأَفْطَرْتَ"

وفی الباب: عن عائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ مُسْلِمٍ القُرَشِیِّ حدیثٌ غریبٌ، ورَوَی بَعْضُهُمْ عن هارونَ بنِ سَلْمَانَ، عن مُسْلِمِ بنِ عُبَیْدِ اللهِ، عن أبیه.

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ صَوْمِ یَوْمِ عَرَفَةَ

عرفہ کے دن کے روزے کی فضیلت

عرفہ یعنی نو ذی الحجہ کا روزہ بالاجماع سنت ہے اور اس کی فضیلت یہ ہے کہ اس کی وجہ سے دو سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں، البتہ حاجیوں کے لئے عرفہ کے دن عرفہ کے میدان میں روزہ رکھنا اولیٰ ہے یا نہ رکھنا اولیٰ ہے؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل آئندہ باب میں آرہی ہے۔ حاجیوں کے علاوہ سب کے لئے نو ذی الحجہ کو روزہ رکھنا بالاجماع مستحب ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عرفہ کے دن کا روزہ: بیشک میں اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید باندھتا ہوں کہ وہ مٹادیں گے اُس سال (کے گناہوں) کو جو بعد میں آنے والا ہے، اور اُس سال (کے گناہوں) کو جو گذر چکا ہے (حدیث میں مجاز بالحذف ہے، مراد گناہوں کو مٹانا ہے)

تشریح: اس حدیث میں دو متضاد باتیں اکٹھا ہوئی ہیں: ایک: اللہ سے امید باندھنا (أحتسبُ) دوسری: اللہ کے ذمہ کسی چیز کا واجب ہونا (علی اللہ) اللہ کے فضل وکرم کی امید باندھنا الگ بات ہے اور اللہ کے ذمے کوئی بات ضروری ہونا الگ بات ہے، مگر ایسا عربی میں بکثرت ہوتا ہے: جو فعل شعور میں ہوتا ہے اس کا تذکرہ کرتے ہیں اور جو فعل لاشعور میں ہوتا ہے اس کا صلہ لاتے ہیں (سر کے پچھلے حصہ میں جو چھوٹا دماغ ہے اس کا نام لاشعور ہے اور آگے کے حصہ میں جو بڑا دماغ ہے جس کے پانچ حصے ہیں وہ شعور کہلاتا ہے) یہاں شعور میں تو أحتسب ہے کیونکہ اللہ کے ذمے کوئی چیز واجب نہیں، ثواب کی امید ہی باندھی جاسکتی ہے۔ اور اس شعوری فعل کا صلہ مِنْ آتا ہے أی أحتسب

من اللہ اور لاشعور میں فعل یجب ہے اور اس کا صلہ عَلٰی آتا ہے أی یجب علی اللہ، اور اس فعل کو اس لئے ذکر نہیں کیا کہ یہ اللہ کے شایانِ شان نہیں، اللہ پر کوئی چیز واجب نہیں، اور أحتسب اللہ کے شایانِ شان ہے، بندے اس کے فضل وکرم کی امید باندہ سکتے ہیں، اس لئے اس کو ذکر کیا۔ مگر بعض باتیں جو بندوں کے تعلق سے سرسری ہوتی ہیں اللہ کے تعلق سے اہم ہوتی ہیں، جیسے: ﴿لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ میں لَعَلَّ ہمارے تعلق سے امید کے لئے ہے اور اللہ کے تعلق سے پکا وعدہ ہے، چنانچہ تمام مفسرین لَعَلَّ کا ترجمہ ''تاکہ'' کرتے ہیں ''شاید'' نہیں کرتے۔ اس قاعدے سے کہ ہم نے اللہ کے فضل سے جو امید باندھی ہے اللہ ہمیں اس سے مایوس نہیں کریں گے وہ ثواب ہمیں ضرور عنایت فرمائیں گے، غرض عَلٰی لاشعور میں جو فعل ہے اس کا صلہ ہے اور یہ بتانے کے لئے لایا گیا ہے کہ عرفہ کے روزے پر جس ثواب کا اللہ کی طرف سے وعدہ ہے وہ قطعی اور یقینی ہے۔

[٤٥] باب ماجاء فی فضل صوم یوم عرفةَ

[٧٤٠-] حدثنا قُتَیْبَةُ، وأحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، قالا: نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن غَیْلاَنَ بنِ جَرِیْرٍ، عن عبدِ اللّٰہِ بنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِیِّ، عن أبی قَتَادَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال:'' صِیَامُ یَوْمِ عَرَفَةَ إِنِّیْ أَحْتَسِبُ علی اللّٰہِ أَنْ یُّکَفِّرَ السَّنَةَ التی بَعْدَهُ وَالسَّنَةَ التی قَبْلَهُ''

وفی الباب: عن أبی سَعِیْدٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی قَتَادَةَ حدیثٌ حسنٌ، وقد اسْتَحَبَّ أهلُ العلمِ صِیَامَ یَوْمِ عَرَفَةَ إِلاَّ بِعَرَفَةَ.

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ صَوْمِ یَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ

حاجیوں کے لئے عرفہ کا روزہ رکھنا مکروہ ہے

امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو باب قائم کیا ہے اس کو ثابت کرنا مشکل ہے، باب میں جو احادیث ہیں ان سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی۔ اور ابوداؤد میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے یوم عرفہ میں روزہ رکھنے سے منع کیا وہ ضعیف حدیث ہے (مشکوۃ حدیث ۲۰۶۲) اور اس سلسلہ میں احناف کا مذہب یہ ہے کہ اگر عرفہ کے دن روزہ رکھنے سے عرفہ کے کاموں میں خلل پڑے تو روزہ نہ رکھنا بہتر ہے، اور اگر روزہ رکھنے کی وجہ سے عرفہ کے کاموں میں کچھ خلل نہ پڑے تو روزہ رکھنا بہتر ہے۔

حاجیوں کے لئے عرفہ کے دن روزہ رکھنا جائز ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عائشہ، عبداللہ بن الزبیر اور حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہم عرفہ کے میدان میں روزہ رکھتے تھے (فتح ۴: ۲۰۷) اور حضور ﷺ اور خلفاء راشدین عرفہ کے دن اس

لئے روزہ نہیں رکھتے تھے کہ وہ امیر المؤمنین تھے، ان کے ذمے بہت کام ہوتے تھے، نیز وہ مقتدی بھی تھے، ان کے فعل کی پیروی کی جاتی تھی، اس لئے لوگوں کی سہولت کے لئے یہ حضرات عرفہ کے میدان میں روزہ نہیں رکھتے تھے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ بعض کام امت کی مصلحت سے کیا کرتے تھے، اگر عرفہ کے دن آپؐ روزہ رکھتے تو اتباع میں سب لوگ روزہ رکھتے اور سب حاجیوں کے لئے میدانِ عرفات میں روزہ رکھنا ایک مشکل امر ہے جیسے شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے لکھا ہے کہ حضور ﷺ نے مزدلفہ کی رات میں بالقصد تہجد نہیں پڑھا تھا تاکہ لوگ اس نماز کو ضروری خیال نہ کریں، اگرچہ تہجد پڑھنے کا آپؐ کا معمول تھا، مگر لوگوں کی مصلحت سے اس کو ترک کر دیا، اسی طرح کی مصلحت سے آپؐ نے میدانِ عرفہ میں روزہ نہیں رکھا تھا، یا جیسے نبی ﷺ فجر کی سنتیں ہلکی پڑھتے تھے حالانکہ آپؐ آدھی رات سے بیدار ہوجاتے تھے اور تہجد کے شروع میں دو ہلکی رکعتیں پڑھتے بھی تھے مگر چونکہ امت کی اکثریت فجر کے وقت بیدار ہوتی ہے اس لئے آپؐ نے ان کی مصلحت سے فجر کی سنتیں بھی ہلکی پڑھی ہیں تاکہ لوگ یہ سنتیں ہلکی پڑھیں اور اس سے تیسری گرہ کھل جائے، پھر فجر نشاط کے ساتھ پڑھیں، اس کی اور بھی مثالیں ہیں۔ غرض آپؐ کا یوم عرفہ میں روزہ نہ رکھنا مصلحتاً تھا۔

حدیث (۱): حجۃ الوداع کے موقعہ پر جب نبی ﷺ عرفہ میں وقوف عرفہ کئے ہوئے تھے، خواتین میں یہ بحث چلی کہ آج آپؐ کا روزہ ہے یا نہیں؟ حضرت ام الفضل (ابن عباس کی والدہ اور آپؐ کی چچی) نے تحقیق کے لئے آپؐ کے پاس دودھ بھیجا، آپؐ نے نوش فرمالیا، معلوم ہوا کہ آج آپ کا روزہ نہیں ہے۔

تشریح: اس حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ حاجیوں کے لئے عرفہ میں روزہ رکھنا مکروہ ہے: غالباً صحیح نہیں، عدم فعل سے کوئی حکم ثابت نہیں ہوتا۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرفہ کے روزے کے بارے میں دریافت کیا گیا یعنی حاجی کو عرفہ میں روزہ رکھنا چاہئے یا نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا ہے انھوں نے روزہ نہیں رکھا۔ ابوبکرؓ کے ساتھ حج کیا ہے انھوں نے روزہ نہیں رکھا۔ عمرؓ کے ساتھ حج کیا ہے انھوں نے روزہ نہیں رکھا، عثمانؓ کے ساتھ حج کیا ہے، انھوں نے روزہ نہیں رکھا اور خود میں عرفہ کا روزہ نہیں رکھتا، مگر کسی کو منع بھی نہیں کرتا۔

تشریح: اس حدیث سے بھی کراہیت پر استدلال درست نہیں، بلکہ اس حدیث سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ حاجی کے لئے عرفہ میں روزہ رکھنا جائز ہے، کیونکہ اس دن روزہ مکروہ ہوتا تو ابن عمر رضی اللہ عنہما ضرور منع کرتے۔

[٤٦] باب ماجاء فی کراهیةِ صومِ یوم عرفةَ بعرفةَ

[٧٤١-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا إسماعیلُ بنُ عُلَیَّةَ، نا أیوبُ، عَنْ عِکْرَمَةَ، عن ابنِ عبَّاسٍ: أَنَّ

النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَفْطَرَ بِعَرَفَةَ، وَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ أُمُّ الْفَضْلِ بِلَبَنٍ فَشَرِبَ.

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وابنِ عُمَرَ، وأُمِّ الْفَضْلِ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقد رُوِیَ عن ابنِ عُمَر قال: حَجَجْتُ مع النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَلَمْ يَصُمْهُ يَعْنِی يَوْمَ عَرَفَةَ، ومَعَ أبی بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ، ومَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ.

والعملُ علی هذا عندَ أكثرأهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ الإفْطَارَ بِعَرَفَةَ، لِيَتَقَوَّی بِهِ الرَّجُلُ علی الدُّعَاءِ، وقَدْ صَامَ بَعْضُ أهلِ العلمِ يَوْمَ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ.

[٧٤٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، وعلیُّ بنُ حُجْرٍ، قالا: نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، وإسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن ابنِ أبی نَجِيْحٍ، عن أبيهِ، قال سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ؟ قال: حَجَجْتُ مع النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَلَمْ يَصُمْهُ، ومَعَ أَبِیْ بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ، ومَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ، ومَعَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَصُمْهُ، وَأَنَا لاَأَصُوْمُهُ وَلاَ آمُرُ بِهِ، وَلاَ أَنْهَی عَنْهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وأبو نَجِيْحٍ: اسْمُهُ يَسَارٌ، وقَدْ سَمِعَ مِنَ ابْنِ عُمَرَ، وقد رُوِیَ هذا الحديثُ أَيْضًا عن ابنِ أبی نَجِيْحٍ، عن أَبِيْهِ، عن رَجُلٍ، عن ابنِ عُمَرَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت ابن عمرؓ کی حدیث پہلے بغیر سند کے لکھی ہے اس بے سند حدیث میں مصری نسخہ میں ومع عثمان فلم یصمه ہے، پھر اس حدیث کو سند کے ساتھ لائے ہیں ـــــــ اور اکثر علماء کا اس حدیث پر عمل ہے وہ عرفہ میں روزہ نہ رکھنے کو پسند کرتے ہیں تاکہ آدمی دعا (اور عرفہ کے دیگر اعمال میں) قوت حاصل کرے، اور بعض علماء نے عرفہ کے دن عرفہ کے میدان میں روزہ رکھا ہے (پھر مکروہ کیسے کہہ سکتے ہیں؟) اور ابن عمر کی حدیث میں جو ابو نجیح آئے ہیں ان کا نام یسار ہے اور ان کا ابن عمرؓ سے سماع ہے مگر وہ یہ حدیث اپنے والد کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، بلکہ ان کے والد کے بعد ایک مجہول واسطہ سے بھی روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الحَثِّ عَلَی صَوْمِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

عاشورہ کے روزے کی ترغیب

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عاشوراء کے دن کا روزہ: بیشک میں اللہ کے ذمے امید باندھتا ہوں کہ وہ مٹا دیں گے اُس سال (کے گناہوں) کو جو گذر چکا ہے۔

تشریح: یہ حضرت ابو قتادہؓ کی وہی حدیث ہے جو پہلے گذری ہے، اس میں یہ مضمون بھی ہے کہ عاشورہ کے روزہ

سے گذشتہ ایک سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں، علاوہ ازیں عاشورہ کے روزہ کی ترغیب میں آٹھ صحابہ سے روایتیں ہیں، مگر ایک سال کے گناہ معاف ہونے کا تذکرہ صرف ابوقتادہ کی روایت میں ہے اور وہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے، اور عاشورہ کے روزے کے مستحب ہونے پر اجماع ہے۔

اور اس میں اختلاف ہے کہ رمضان کی فرضیت سے پہلے عاشورے کا روزہ فرض تھا یا نہیں؟ شوافع انکار کرتے ہیں، اور احناف ثابت کرتے ہیں۔ اور جو حکم تخفیف کے طور پر منسوخ ہوتا ہے اس کا استحباب باقی رہتا ہے، اس لئے اس میں تو کوئی اختلاف نہیں کہ عاشورے کا روزہ مستحب ہے، البتہ اس اختلاف کا اثر ایک دوسرے مسئلہ پر پڑا ہے جو پہلے گذر چکا ہے کہ رمضان میں رمضان کے روزے کی اور نذر معین کے روزے کی نیت دن شروع ہونے کے بعد کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ یعنی اس میں تبییتِ نیت ضروری ہے یا نہیں؟ احناف کے نزدیک کی جاسکتی ہے، کیونکہ ہجرت کے بعد جو پہلا عاشورہ کا دن آیا اس میں آپؐ نے دن شروع ہونے کے بعد اعلان کرایا ہے کہ جس نے اب تک کھایا پیا نہیں وہ روزہ کی نیت کرلے، کیونکہ آج عاشورہ کا دن ہے۔ یہ روایت متفق علیہ ہے اور پہلے حوالہ کے ساتھ گذر چکی ہے، احناف اس روایت کی بناپر مذکورہ دو روزوں میں تبییتِ نیت کو شرط نہیں کہتے، اور شوافع عاشورے کے روزے کی فرضیت کا انکار کرتے ہیں اس لئے وہ ان دو روزوں میں بھی تبییتِ نیت کو شرط قرار دیتے ہیں۔

[۴۷] باب ماجاء فی الْحَثِّ علی صَوْمِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

[۷۴۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ، وأحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، قالا: نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن غَیْلاَنَ بنِ جَرِیْرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِیِّ، عن أبی قَتَادَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قال: "صِیَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ إِنِّیْ أَحْتَسِبُ علی اللّٰهِ أَنْ یُکَفِّرَ السَّنَةَ التی قَبْلَهُ"

وفی الباب: عن علیٍّ، ومحمدِ بنِ صَیْفِیٍّ، وسَلَمَةَ بنِ الأَکْوَعِ، وهِنْدِ بنِ أَسْمَاءَ، وابنِ عَبَّاسٍ، والرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بنِ عَفْرَاءَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ سَلَمَةَ الخُزَاعِیِّ، عَنْ عَمِّهِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَیْرِ: ذَکَرُوْا عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَنَّهُ حَثَّ علی صِیَامِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ.

قال أبو عیسی: لانَعْلَمُ فِیْ شَیْءٍ مِنَ الرِّوَایَاتِ أَنَّهُ قال: صِیَامُ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ کَفَّارَةُ سَنَةٍ إِلَّا فِیْ حَدِیثِ أَبی قَتَادَةَ، وبحدیثِ أبی قَتَادَةَ یقولُ أحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے وفی الباب میں آٹھ صحابہ کی روایتوں کا حوالہ دیا ہے، وہ سب نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے عاشوراء کے روزے کی ترغیب دی ہے، مگر کسی روایت میں یہ مضمون نہیں ہے کہ عاشوراء کے روزہ سے ایک سال کے گناہ معاف ہوتے ہیں، سوائے ابوقتادہ کی حدیث کے (اسی ایک حدیث میں یہ مضمون آیا

ہے)اور ابوقتادہ کی حدیث کے مطابق احمد واسحاق عاشورہ کا روزہ مستحب کہتے ہیں (یہ مسئلہ اجماعی ہے)

بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ فِیْ تَرْكِ صَوْمِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

عاشوراء کا روزہ نہ رکھنے کا بیان

رمضان کے روزے فرض ہونے سے پہلے عاشوراء کا روزہ فرض تھا۔ جب رمضان کی فرضیت آئی تو عاشوراء کی فرضیت ختم ہوگئی، اور قاعدہ یہ ہے کہ جو حکم تخفیف کے طور پر منسوخ کیا جاتا ہے نسخ کے بعد بھی اس کا استحباب باقی رہتا ہے، اور عاشوراء کے روزے کی فرضیت بھی آسانی کے لئے ختم کی گئی تھی، کیونکہ ایک سال میں دومرتبہ روزوں کی فرضیت امت پر بھاری ہے، پس نفس استحباب باقی رہے گا اور اس پر اتفاق ہے۔ اور جب یہ روزہ مستحب ہے تو نہ رکھنا بھی جائز ہے، اب اس کی فرضیت باقی نہیں رہی۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں قریش عاشوراء کا روزہ رکھا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ بھی یہ روزہ رکھتے تھے، جب آپؐ مدینہ آئے تو بھی آپؐ نے یہ روزہ رکھا اور لوگوں کو یہ روزہ رکھنے کا حکم دیا، پھر جب رمضان کی فرضیت نازل ہوئی، تو رمضان کے روزے ہی فرض رہ گئے اور عاشورہ کی فرضیت ختم کردی گئی، لہٰذا چاہے تو عاشورہ کا روزہ رکھے اور چاہے تو نہ رکھے۔

[٤٨] باب ماجاء فی الرخصة فی تركِ صومِ یوم عاشوراءَ

[٧٤٤-] حدثنا هارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِیُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَیْمَانَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أبیهِ، عن عائشةَ قالتْ: كانَ عَاشُوْرَاءُ یَوْمٌ تَصُوْمُهُ قُرَیْشٌ فی الْجَاهلیةِ، وكانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَصُوْمُهُ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ صَامَهُ، وَأَمَرَ النَّاسَ بِصِیَامِهِ، فَلَمَّا افْتُرِضَ رَمَضَانُ كانَ رَمَضَانُ هُوَ الْفَرِیْضَةُ، وتُرِكَ عَاشُوْرَاءُ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ.

وفی الباب: عن ابنِ مسعودٍ، وقیسِ بنِ سَعْدٍ، وجابرِ بنِ سَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ، ومُعَاوِیَةَ.

قال أبو عیسیٰ: والعملُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ علی حدیثِ عائشةَ، هو حدیثٌ صحیحٌ: لاَیَرَوْنَ صِیَامَ عَاشُوْرَاءَ واجباً، إلاَّ مَنْ رَغِبَ فِیْ صِیَامِهِ، لِمَا ذُكِرَ فِیْهِ مِنَ الْفَضْلِ.

ترجمہ: اس حدیث پر یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پر علماء کا عمل ہے، وہ صحیح حدیث ہے، علماء عاشوراء کے روزے کو واجب نہیں کہتے، مگر جو شخص اس دن کے روزے کی رغبت کرے (وہ رکھے) بایں وجہ کہ اس کی فضیلت وارد ہوئی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی عَاشُوْرَاءَ أَیُّ یَوْمٍ هُوَ؟

عاشورا کونسا دن ہے؟

عاشورا: کو بالمد اور بالقصر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں اور عاشرٌ اور عاشوراء مترادف الفاظ ہیں، اور عاشورہ دس محرم کا نام ہے اور یہ اجماعی بات ہے اس کے خلاف اگر کسی روایت میں کوئی بات آئے تو اس کی تاویل کی جائے گی۔

حدیث (۱): حکم بن الاعرج کہتے ہیں: میں ابن عباسؓ کے پاس گیا وہ زمزم کے کنویں کے پاس اپنی چادر کا تکیہ بنائے لیٹے تھے، (نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن سقایہ یعنی حاجیوں کو زمزم پلانے کی خدمت حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے سپرد کی تھی، پھر یہ خدمت حضرت ابن عباسؓ کی طرف منتقل ہوئی، وہ اپنے لڑکوں اور غلاموں کے ساتھ زمزم کے کنویں پر جاتے تھے اور حاجیوں کو پانی پلاتے تھے، کام خدام کرتے تھے اور ابن عباس نگرانی کرتے تھے) میں نے ان سے کہا: مجھے عاشورا کے دن کے بارے میں بتلائیے: میں کس دن کا روزہ رکھوں؟ آپ نے فرمایا: جب آپ محرم کا چاند دیکھیں تو دن گننا شروع کریں پھر نویں تاریخ میں روزہ رکھیں، حکم کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا نبی ﷺ اسی طرح (یعنی نو تاریخ کو) روزہ رکھا کرتے تھے؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: ہاں۔

تشریح: اس حدیث سے بظاہر یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ نو محرم عاشورا کا دن ہے اور نبی ﷺ نو محرم کو روزہ رکھتے تھے جبکہ نو محرم عاشورا کا دن نہیں ہے، اور آپؐ نے نو محرم کا روزہ نہیں رکھا، آپؐ نے صرف دس محرم کا روزہ رکھا ہے، اور وہی یوم عاشورا ہے، پس ابن عباسؓ کی اس حدیث کی تاویل کی جائے گی کہ چونکہ عاشوراء کا روزہ نو تاریخ سے شروع کیا جاتا ہے اس لئے ابن عباسؓ نے نو محرم کا روزہ رکھنے کے لئے فرمایا، اور نبی ﷺ کی طرف نو محرم کے روزہ کی نسبت بالقوۃ ہے بالفعل نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کو آپؐ کی حیات کے آخری سال میں یہ بات بتائی گئی کہ یہود بھی اس دن کا روزہ رکھتے ہیں اور وہ اس وجہ سے روزہ رکھتے ہیں کہ اس دن اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو فرعون کے ظلم سے نجات دی تھی، پس موسیٰ علیہ السلام نے شکریہ کے طور پر عاشوراء کا روزہ رکھا تھا، اور ان کی اتباع میں پوری قوم اس دن کا روزہ رکھتی ہے، آپؐ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام کی سنت کی پیروی کرنے کے ہم زیادہ حقدار ہیں اور فرمایا: اگر میں آئندہ سال زندہ رہا تو دس کے ساتھ نو محرم کا بھی روزہ رکھوں گا تاکہ یہود کے روزے سے امتیاز ہو جائے (مشکوٰۃ حدیث ۲۰۴۱ و ۲۰۶۷) مگر اگلے محرم سے پہلے آپؐ کی وفات ہوگئی، اس لئے آپؐ نے نو محرم کا روزہ بالفعل تو نہیں رکھا مگر چونکہ اس کا پختہ ارادہ کیا تھا اور آپؐ حیات رہتے تو ضرور رکھتے، اس لئے بالقوۃ آپؐ نے نو کا بھی روزہ رکھا یعنی حکماً روزہ رکھا، اس لئے ابن عباسؓ نے نو محرم کا روزہ رکھنے کی بات کہی ہے، اور چونکہ عاشورا کا روزہ نو محرم سے شروع کرنا افضل ہے

اس لئے ابن عباسؓ نے حکم بن الاعرج کو نو تاریخ سے روزے رکھنے کا حکم دیا، ابن عباسؓ کے قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نو محرم یوم عاشورا ہے، عاشوراء دس محرم ہے مگر اس کا روزہ نو محرم سے شروع ہوگا۔

حدیث (۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے محرم کی دسویں تاریخ میں عاشورا کا روزہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔

تشریح: اس حدیث سے یہ بات صاف ہوجاتی ہے کہ عاشوراء محرم کی دسویں تاریخ ہے اور آپؐ نے عاشوراء کے روزے کا حکم رمضان کی فرضیت سے پہلے دیا تھا۔

[٤٩] باب ماجاء فی عاشوراءَ أَیُّ یومٍ هُوَ؟

[٧٤٥-] حدثنا هَنَّادٌ، وأبو کُرَیْبٍ، قالا: نا وَکِیْعٌ، عن حَاجِبِ بنِ عُمَرَ، عن الحَکَمِ بنِ الأَعْرَجِ، قال: انْتَهَیْتُ إلی ابنِ عباسٍ وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ رِدَاءَ هُ فِیْ زَمْزَمَ، فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِیْ عَنْ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ أَیَّ یَوْمٍ أَصُوْمُهُ؟ فقالَ: إِذَا رَأَیْتَ هِلَالَ المُحَرَّمِ فَاعْدُدْ، ثُمَّ أَصْبِحْ مِنْ یَوْمِ التَّاسِعِ صَائِمًا، قال: قلتُ: أَهٰکَذَا کانَ یَصُوْمُهُ محمدٌ صلی اللہ علیه وسلم؟ قالَ: نَعَمْ.

[٧٤٦-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عبدُ الوَارِثِ بنُ یُوْنُسَ، عنِ الحَسَنِ، عنِ ابنِ عبَّاسٍ قال: أَمَرَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بِصَوْمِ عَاشُوْرَاءَ یَوْمَ العَاشِرِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ، فقالَ بَعْضُهُمْ: یَوْمُ التَّاسِعِ، وقال بَعضُهم: یَوْمُ العَاشِرِ، ورُوِیَ عن ابنِ عباسٍ أَنَّهُ قال: صُوْمُوْا التَّاسِعَ وَالعَاشِرَ وَخَالِفُوْا الیَهُوْدَ، وبِهٰذَا الحدیثِ یقولُ الشافعیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ترجمہ: علماء کا عاشوراء کی تعیین میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: وہ محرم کی نو تاریخ ہے اور بعض کہتے ہیں: وہ دسویں تاریخ ہے، اور ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نویں اور دسویں تاریخ میں روزے رکھو، اور یہود کی مخالفت کرو، اور شافعی، احمد اور اسحاق (اور مالک اور ابوحنیفہ) اسی حدیث کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ صِیَامِ العَشْرِ

عشرۂ ذی الحجہ کے روزوں کا بیان

عشرۂ ذی الحجہ کے روزے بالاجماع مستحب ہیں اور عشرہ سے مراد ذوالحجہ کے شروع کے نو دن ہیں، دسواں دن

مراد نہیں، اس لئے کہ وہ عید الاضحیٰ کا دن ہے اس میں روزہ حرام ہے۔ عرب کبھی کسور (اکائیوں) کو نہیں گنتے اور کبھی ان کو پورا گنتے ہیں، جیسے ایک حدیث میں نبی ﷺ کی عمر ساٹھ سال آئی ہے اس میں راوی نے تین کو حذف کر دیا ہے کیونکہ آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوئی ہے، اور یہاں ذوالحجہ کے نو دنوں کو عشرہ کہہ دیا ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ذوالحجہ کے دس دنوں میں کبھی روزہ رکھتے نہیں دیکھا۔

تشریح: یہ حدیث ھُنَید (ہند کی تصغیر) بن خالد کی حدیث کے معارض ہے، ھُنَید کی حدیث ابوداؤد (۳۳۱:۱) میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے، وہ بعض ازواج مطہرات سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ذوالحجہ کے نو دنوں کے روزے رکھتے تھے، اور علماء نے ھُنَید کی روایت کو لیا ہے، اور حضرت عائشہ کی اس حدیث کی تاویل کی ہے، اگرچہ وہ تاویل بعید ہے، کہتے ہیں: ان نو دنوں میں حضرت عائشہ کی باری نہیں آئی، اس لئے ان کو آپؐ کے روزوں کی اطلاع نہیں ہوئی، اور دیگر ازواج مطہرات نے آپؐ کے روزے دیکھے، اور مثبت نافی پر مقدم ہوتا ہے۔ مگر یہ تاویل بعید ہے۔ آپؐ کا معمول تھا کہ آپؐ روزانہ عصر کے بعد تمام ازواج کے پاس تشریف لے جاتے تھے، پس آپ لامحالہ حضرت عائشہؓ کے پاس بھی جاتے ہونگے، پھر یہ روزے ان کے علم میں کیوں نہیں آئے؟ مگر بہر حال علماء نے ھُنَید کی حدیث کو لیا ہے، کیونکہ اگلے باب میں ان ایام میں عمل صالح کی فضیلت آرہی ہے، اور روزہ بھی ایک عمل صالح ہے، پس لامحالہ وہ بھی ان دنوں میں افضل ہوگا اور آپؐ ضرور اسے رکھتے ہونگے۔

[۵۰] باب ماجاء في صيام العشر

[۷۴۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: ما رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَائِمًا فِيْ العَشْرِ قَطُّ.

قال أبو عيسى: هَكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، وَرَوَى الثوريُّ وغَيْرُهُ هذا الحديثَ عَنْ مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُرَ صَائِمًا فِيْ العَشْرِ.

ورَوَى أبو الأَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ، عن عَائِشَةَ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ الأَسْوَدِ، وقد اخْتَلَفُوْا عَلٰى مَنْصُوْرٍ فِيْ الحَدِيْثِ، وَرِوَايَةُ الأَعْمَشِ أَصَحُّ، وَأَوْصَلُ إِسْنَادًا، قال: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ محمدَ بنَ أَبَانٍ، يقولُ: سمعتُ وَكِيْعًا يقولُ: الأَعْمَشُ أَحْفَظُ لِإِسْنَادِ إبراهيمَ مِنْ مَنْصُوْرٍ.

وضاحت: حضرت عائشہؓ کی حدیث ابراہیم نخعیؒ سے اعمش اور منصور روایت کرتے ہیں، پھر اعمش سے ابومعاویہ

روایت کرتے ہیں، اور وہ حدیث کو مرفوع متصل کرتے ہیں، اور منصور سے سفیان ثوری اور ابوالاحوص روایت کرتے ہیں، پھر ثوری: ابراہیم نخعی پر سند روک دیتے ہیں، اسود کا اور حضرت عائشہ کا تذکرہ نہیں کرتے اور ابوالاحوص حضرت عائشہ کا تذکرہ تو کرتے ہیں مگر اسود کا تذکرہ نہیں کرتے اور ابراہیم کا حضرت عائشہ سے سماع نہیں۔ غرض منصور کی سند میں اختلاف ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے اعمش کی سند کو (جو باب کے شروع میں ہے) اصح قرار دیا ہے۔ حضرت نے یہ فیصلہ اپنے مزاج کے خلاف کیا ہے اور یہی فیصلہ صحیح ہے، اور اعمش کی سند کے اصح ہونے کی دلیل میں وکیع کا قول پیش کیا ہے کہ اعمش کو ابراہیم نخعی کی سندیں منصور سے زیادہ یاد تھیں۔

بابُ ماجاءَ فی العَمَلِ فِیْ أَیَّامِ العَشْرِ

عشرۂ ذی الحجہ میں نیک کاموں کی فضیلت

عشرۂ ذی الحجہ میں نبی ﷺ نے روزے رکھے ہیں یا نہیں؟ اس سلسلہ میں روایات میں اختلاف ہے۔ مگر ان دنوں میں جو اعمال صالحہ کئے جائیں صحیح حدیث میں ان کی فضیلت آئی ہے۔ اور روزے رکھنا بھی نیک کام ہے، پس یہ فضیلت روزوں کو بھی شامل ہوگی۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی بھی دن (مِنْ زائدہ ہے نفی کی تاکید کے لئے آیا ہے) جس میں نیک عمل اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہو، اِن دس دنوں سے یعنی اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ان دس دنوں کے اعمال ہیں، البتہ اس سے رمضان مستثنیٰ ہے، جیسے بعض حدیثوں میں نوافل کی فضیلت آئی ہے ان سے فرض واجب اور سنن مؤکدہ مستثنیٰ ہیں لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا بھی؟ یعنی ان دس دنوں کے علاوہ دنوں میں اگر اللہ کے راستہ میں جہاد کیا جائے تو کیا وہ بھی اللہ کو زیادہ پسند نہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا بھی، مگر یہ کہ کوئی شخص اپنی جان اور اپنے مال کے ساتھ نکلے اور ان میں سے کچھ بھی لیکر واپس نہ آئے یعنی شہید ہو جائے تو اس کا جہاد عشرۂ ذی الحجہ کے عمل سے افضل ہوگا، رہا وہ مجاہد جو جہاد سے صحیح سلامت واپس آگیا یا دوسرے کے تعاون سے جہاد میں گیا اور شہید ہو گیا تو اس کا جہاد ان دس دنوں کے عمل سے افضل نہیں ہوگا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کسی بھی دن میں عبادت کرنا اللہ تعالیٰ کو اتنا محبوب نہیں جتنا عشرۂ ذی الحجہ میں عبادت کرنا محبوب ہے (یعنی ان دنوں کی عبادت اللہ تعالیٰ کو دوسرے دنوں کی عبادت سے زیادہ محبوب ہے) اس عشرہ کے ہر دن کا روزہ سال بھر کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی ہر رات کی نفلیں شب قدر کی نفلوں کے برابر ہیں۔

تشریح: یہ آخری مضمون کہ عشرۂ ذی الحجہ کے ہر دن کا روزہ سال بھر کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی ہر رات کی نفلیں شب قدر کی نفلوں کے برابر ہیں، یہ مضمون صرف اسی حدیث میں آیا ہے اور اس حدیث کی مسعود بن واصل سے

اوپر یہی ایک سند ہے اور مسعود لیِّن الحدیث ہے یعنی مضبوط راوی نہیں، اور اس کا استاذ نہاس بن قہم ضعیف راوی ہے۔

[۵۱] باب ماجاء فی العمل فی أیام العشر

[۷۴۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعاویةَ، عن الأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ، وَهُوَ ابنُ أَبِیْ عِمْرَانَ البَطِیْنُ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" مَا مِنْ أَیَّامٍ العَمَلُ الصَّالِحُ فِیْهِنَّ أَحَبُّ إِلَی اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الأَیَّامِ الْعَشْرِ" فقالُوا: یارسولَ اللّٰهِ! وَلاَ الجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ؟ فقالَ رسولُ اللّٰهَ صلی الله علیه وسلم:" وَلاَ الجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، إِلاَّ رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ یَرْجِعْ مِنْ ذٰلِكَ بِشَیْئٍ"

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وأبی هریرةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وجَابِرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ.

[۷۴۹-] حدثنا أبو بَکْرِ بنُ نَافِعٍ البَصْرِیُّ، نَا مَسْعُوْدُ بنُ وَاصِلٍ، عن نَهَّاسِ بنِ قَهْمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِیدِ بنِ المُسَیَّبِ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال:" مَا مِنْ أَیَّامٍ أَحَبُّ إِلَی اللّٰهِ أَنْ یُتَعَبَّدَ لَهُ فِیْهَا مِنْ عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ، یَعْدِلُ صِیَامُ کُلِّ یَوْمٍ مِنْهَا صِیَامَ سَنَةٍ، وقِیَامُ کُلِّ لَیْلَةٍ مِنْهَا بِقِیَامِ لَیْلَةِ القَدْرِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ مَسْعُوْدِ بنِ وَاصِلٍ، عن النَّهَّاسِ، وسَأَلْتُ محمداً عن هذا الحدیثِ فَلَمْ یَعْرِفُهُ مِنْ غَیْرِ هذا الوَجْهِ مِثْلَ هٰذَا، وقَالَ: قَدْ رُوِیَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ المُسَیَّبِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مُرْسَلٌ شیئٌ مِنْ هٰذا.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم اس حدیث کو نہیں جانتے مگر مسعود بن واصل کی سند سے، اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: اس کے علاوہ کسی اور طریق سے اس طرح کا مضمون نہیں آیا۔ اور فرمایا: قتادہ سے، وہ سعید بن المسیب سے، وہ نبی ﷺ سے ایک مرسل روایت میں کچھ اس طرح کا مضمون مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی صِیَامِ سِتَّةِ أَیَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ

شوال کے چھ روزوں کا بیان

رمضان کے بعد شوال کے چھ روزے مستحب ہیں، اور یہ صوم الدہر (ہمیشہ روزہ رکھنے) کی سب سے ادنی شکل

ہے، حقیقی صوم الدہر مکروہ ہے اور وہ یہ ہے کہ آدمی پورے سال کے روزے رکھے حتی کہ ان پانچ دنوں کے بھی روزے رکھے جن میں روزے حرام ہیں، اور اگر پانچ ممنوع دنوں کو چھوڑ کر باقی دنوں کے روزے رکھے تو یہ صورت جائز ہے، مگر شریعت کو پسند نہیں، کیونکہ ایسا روزہ دو حال سے خالی نہیں یا تو روزہ دار کو کمزور کرے گا، یا صبح سے پہلے اور غروب کے بعد کھانے کی عادت بن جائے گی، پس روزہ بے فائدہ ہوگا، اس لئے نبی ﷺ نے ایسے صوم الدہر کو پسند نہیں فرمایا۔

اور صوم الدہر کی ایک صورت: صوم داؤدی ہے، یعنی ایک دن روزہ رکھا جائے دوسرے دن نہ رکھا جائے، اسی طرح سال بھر روزے رکھے، حضور ﷺ نے اس کو پسند فرمایا ہے، کیونکہ اس صورت میں نہ بھوکا رہنے کی عادت پڑے گی اور نہ روزہ سے کمزوری آئے گی، آپؐ کا ارشاد: ولایَفِرُّ إذا لاقَی یعنی داؤد علیہ السلام جب دشمن سے مقابل ہوتے تھے تو بھاگتے نہیں تھے، اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ صوم داودی سے کمزوری نہیں آتی (بخاری حدیث ۱۹۷۷)

اور اس کے علاوہ بھی صوم الدہر کی دسیوں شکلیں ہیں، آخری شکل وہ ہے جس کا باب میں تذکرہ ہے کہ پورے رمضان کے روزے رکھے، پھر شوال کے چھ روزے رکھے۔ اور یہ صوم الدہر اس طرح ہے کہ شوال کے چھ روزے رمضان کے تیس روزوں کے ساتھ مل کر ۳۶ ہو جائیں گے (رمضان کے روزے اگر انتیس بھی ہونگے تو حکماً تیس شمار ہونگے، کیونکہ حدیث میں آیا ہے شهرا عيدٍ لاينقصان) پھر الحسنة بعشرة أمثالها کے قاعدہ سے چھتیس کو دس میں ضرب دیں گے تو تین سو ساٹھ روزے ہو جائیں گے اسی طرح وہ صائم الدہر ہو گیا۔

فائدہ: شوال کے چھ روزے متفرق رکھنا بھی جائز ہے اور مسلسل بھی۔ ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی یہ چھ روزے شوال کے پورے مہینے میں رکھ لے تو جائز ہے، یعنی وہ بھی حدیث پر عمل ہوگا اور فضیلت کا مستحق ہوگا۔ لیکن تجربہ یہ ہے کہ اگر عید کے بعد فوراً یہ روزے شروع کر دیئے جائیں تو پورے ہوتے ہیں اور اگر متفرق رکھے جائیں تو شاید ہی پورے ہوں، اس لئے بہتر یہ ہے کہ عید کے بعد فوراً شروع کر دیئے جائیں اور مسلسل رکھے جائیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے (أتبعه میں اشارہ ہے کہ یہ روزے رمضان کے بعد فوراً رکھنے چاہئیں) تو یہ ہمیشہ روزے رکھنا ہے۔

فائدہ: اس حدیث کی سند میں جو سعد بن سعید ہیں وہ جلیل القدر تابعی ہیں اور یحییٰ بن سعید انصاری کے بھائی ہیں، اور مسلم شریف کے راوی ہیں (یہ حدیث انہی کی سند سے مسلم شریف میں ہے) اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو حسن صحیح کہا ہے اور بعض لوگوں نے جو ان کی تضعیف کی ہے کہ ان کو حدیثیں یاد نہیں تھیں: امام ترمذیؒ نے اس جرح کا اعتبار نہیں کیا۔

[۵۲] باب ماجاء في صيام ستة أيام من شوالٍ

[-۷۵۰] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، نا سَعْدُ بنُ سَعِيْدٍ، عن عُمَرَ بنِ ثابتٍ، عن أبي أَيُّوْبَ، قال: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ،

فَذَلِكَ صِيَامُ الدَّهْرِ"

وفی البابِ: عن جَابرٍ، وأبی هریرةَ، وثَوْبَانَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی أیوبَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقدِ اسْتَحَبَّ قَوْمٌ صِیَامَ سِتَّةٍ مِنْ شَوَّالٍ لِهٰذَا الحَدِیْثِ.

وقال ابنُ المبارکِ: هُوَ حَسَنٌ مِثْلَ صِیَامِ ثَلَاثَةِ أَیَّامٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ. قال ابنُ المبارکِ: ویُرْوَی فی بَعضِ الحدیثِ، ویُلْحَقُ هذا الصِّیَامُ برَمَضَانَ، واخْتَارَ ابنُ المبارکِ أَنْ یَکُوْنَ سِتَّةَ أَیَّامٍ مِنْ أَوَّلِ الشَّهْرِ، وقد رُوِیَ عن ابنِ المبارکِ أَنَّهُ قالَ: إِنْ صَامَ سِتَّةَ أَیَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ مُتفرِّقًا فهُوَ جَائِزٌ.

قال أبو عیسی: وقَدْ رَوَی عبدُ العزیزِ بنُ محمدٍ، عن صَفْوَانَ بنِ سُلَیْمٍ، وسَعْدِ بنِ سَعِیْدٍ هٰذا الحدیثَ، عَنْ عُمَرَ بنِ ثابتٍ، عن أبی أَیُّوْبَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، ورَوَی شُعْبَةُ عَنْ وَرْقَاءَ بنِ عُمَرَ، عَنْ سَعْدِ بنِ سَعِیْدٍ هٰذا الحدیثَ، وسَعْدُ بنُ سَعِیدٍ: هو أَخُوْ یَحْیَی بنِ سَعِیدٍ الأَنْصَارِیِّ، وقَدْ تَکَلَّمَ بَعْضُ أهلِ الحدیثِ فِیْ سَعْدِ بنِ سَعِیدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

ترجمہ: کچھ حضرات نے اس حدیث کی وجہ سے شوال کے چھ روزوں کو مستحب کہا ہے اور ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: یہ چھ روزے مستحب ہیں جیسے ہر مہینے کے تین روزے مستحب ہیں۔ ابن المبارک نے فرمایا: ایک حدیث میں یہ بات مروی ہے (یعنی ہر ماہ کے تین روزے بھی صوم الدہر کی ایک صورت ہیں یہ حدیث آئندہ باب میں آرہی ہے) اور یہ روزے رمضان کے ساتھ ملائے جائیں گے (اور اس طرح وہ صوم الدہر بنیں گے) اور ابن المبارک نے پسند کیا کہ یہ چھ روزے شروع شوال میں رکھے جائیں، اور ابن المبارک سے یہ بھی مروی ہے کہ اگر کوئی شخص شوال کے چھ روزے متفرق رکھے تو یہ بھی جائز ہے ——— امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: عبدالعزیز بن محمد نے یہ حدیث صفوان بن سُلیم اور سعد بن سعید دونوں سے روایت کی ہے (یعنی صفوان بن سلیم: سعد بن سعید کے متابع ہیں) اور شعبہؒ نے ورقاء بن عمر سے روایت کی ہے، وہ سعد بن سعید سے روایت کرتے ہیں، اور سعد بن سعید: یحییٰ بن سعید الانصاری کے بھائی ہیں، اور بعض محدثین نے سعد بن سعید میں حافظہ کی جانب سے کلام کیا ہے (مگر امام ترمذیؒ نے اس کا لحاظ نہیں کیا، کیونکہ یہ مسلم شریف کا راوی ہے)

بابُ ماجاءَ فی صَوْمِ ثَلَاثَةٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ

ہر ماہ تین روزے رکھنے کا بیان

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے تین باتوں کا عہد لیا: (۱) اس بات کا عہد لیا کہ میں وتر پڑھے بغیر نہ سوؤں (یہاں وتر سے تہجد کا بدل مراد ہے وتر حقیقی مراد نہیں، تفصیل کتاب الصلوٰۃ

باب ۲۱۹ میں گذر چکی ہے)(۲)اور ہر ماہ تین روزے رکھوں (۳)اور چاشت کی نماز پڑھوں۔

تشریح: ہر ماہ تین روزے رکھنا مستحب ہے اور یہ بھی صوم الدہر کی ایک شکل ہے، اس لئے کہ **الحسنة بعشرة أمثالها** کے قاعدہ سے تین روزے تیس روزے ہوگئے، پس ہر ماہ تین روزے رکھنے والا صائم الدہر ہوا (اور رمضان کے روزوں کو دس میں ضرب نہیں دیں گے، ان کو محفوظ رکھیں گے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! جب آپ مہینے کے تین روزے رکھیں تو (ایام بیض یعنی) تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخوں کے روزے رکھیں۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے ہر مہینے تین روزے رکھے: وہ ہمیشہ روزہ رکھنے والا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق قرآن کریم میں نازل فرمائی: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾ یعنی جو شخص ایک نیکی لایا اس کو اس کا دس گنا بدلہ ملے گا پس ایک دن دس دنوں کے برابر ہوگا۔ خیال رہے کہ یہ آیت اس موقعہ پر نازل نہیں ہوئی، مگر چونکہ یہ ارشاد آیت پاک کا مصداق ہے اس لئے صحابی نے کہہ دیا: نبی ﷺ کے ارشاد کی تصدیق اس آیت نے کی۔

نوٹ: اس حدیث کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو سندیں ذکر کی ہیں، ایک: ابومعاویہ کی سند ہے جو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور دوسری امام شعبہ کی سند ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے۔ امام ترمذی نے نہ کسی کی تصحیح کی ہے نہ ترجیح دی ہے۔

حدیث (۴): معاذہ نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: ہاں! معاذہ نے پوچھا کن دنوں کے روزے رکھتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: دنوں کی کوئی پرواہ نہیں کرتے تھے یعنی دن اور تاریخ کی تعیین کے بغیر تین روزے رکھتے تھے۔

[۵۳] باب ماجاء فی صومِ ثلاثةِ أيام من كل شهر

[۷۵۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن أبی الرَّبِيْعِ، عن أبی هريرةَ، قال: عَهِدَ إِلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَةً: أَنْ لاَ أَنَامَ إِلاَّ على وِتْرٍ، وَصَوْمَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وأَنْ أُصَلِّيَ الضُّحٰى.

[۷۵۲-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داودَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عنِ الأَعْمَشِ، قال: سَمِعْتُ يَحيىَ بنَ بَسَّامٍ، يُحَدِّثُ عَنْ موسىَ بنِ طَلْحَةَ، قال: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ يقولُ: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يا أَبَا ذَرٍّ! إذا صُمْتَ مِنَ الشَّهْرِ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ فَصُمْ ثَلاَثَ عَشْرَةَ وَأَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ"

وفی الباب: عن أبی قتادةَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وقُرَّةَ بنِ إیاسٍ المُزَنِیِّ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأبی عَقْرَبَ، وابنِ عباسٍ، وعائشةَ، وقَتَادَةَ بنِ مِلْحَانَ، وعُثْمَانَ بنِ أبی العَاصِ، وجَرِیْرٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی ذَرٍّ حدیثٌ حسنٌ.

وقد رُوِیَ فی بعضِ الحدیثِ أَنَّ مَنْ صَامَ ثلاثةَ أَیَّامٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ کانَ کَمَنْ صَامَ الدَّهْرَ.

[۷۵۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِیَةَ، عن عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عن أبی عُثْمَانَ، عن أبی ذَرٍّ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " مَنْ صَامَ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ ثلاثةَ أَیَّامٍ فَذَلِكَ صِیَامُ الدَّهْرِ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وتعالیٰ تَصْدِیْقَ ذلك فی کِتَابِهِ: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾: الیومُ بِعَشْرَةِ أَیَّامٍ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ.

قال أبو عیسی: وقد رَوَی شُعْبَةُ هذا الحدیثَ عن أبی شِمْرٍ، وأبی التَّیَّاحِ، عن أبی عُثمانَ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[۷۵۴-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا أبو داودَ، نا شُعْبَةُ، عن یزیدَ الرِّشْكِ، قال: سَمِعْتُ مُعَاذَةَ قالتْ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَکَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَصُوْمُ ثَلاَثَةَ أَیَّامٍ مِنْ کُلِّ شَهْرٍ؟ قالتْ: نَعَمْ، قُلْتُ: مِنْ أَیِّهِ کانَ یَصُوْمُ؟ قالتْ: کانَ لَایُبَالِیْ مِنْ أَیِّهِ صَامَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ قال: ویَزِیدُ الرِّشْكُ: هُوَ یَزِیْدُ الضُّبَعِیُّ: وهو یَزِیْدُ القاسِمُ، وَهُوَ القَسَّامُ، وَ الرِّشْكُ: هو القَسَّامُ فِیْ لُغَةِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ.

وضاحت: قوله: وقد رُوی فی بعض الحدیث إلخ یہی حدیث بعد میں سند کے ساتھ لائے ہیں ——
اور رِشْك: اہل بصرۃ کی لغت میں بمعنی قسّام ہے۔ بصرۃ ایران کی قلمرو میں تھا، وہاں فارسی بولی جاتی تھی اس لئے غالباً یہ فارسی لفظ ہے اور اس کے عربی معنی ہیں: قاسم اور قسّام (بانٹنے والا) اسلامی حکومت میں قسّام ایک عہدہ تھا جو لوگوں کی جائدادیں وغیرہ تقسیم کرتا تھا۔ یزید الرشک یہی کام کرتے تھے اس لئے ان کا یہ لقب مشہور ہوگیا تھا۔

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ الصَّوْمِ

روزوں کی فضیلت کا بیان

اس باب میں روزوں کے ثواب کا بیان ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ذکر کی ہے جو حدیث قدسی ہے۔ مگر پوری حدیث قدسی نہیں ہے والصومُ جُنة من النار سے حدیث نبوی شروع ہوتی ہے، اس سے پہلے تک حدیث قدسی ہے۔

اس حدیث میں اعمال کے ثواب کا یہ ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ ہر نیک عمل کا ثواب دس سے سات سو گنا تک ملتا ہے مگر دو عمل اس سے مستثنیٰ ہیں:

ایک: انفاق فی سبیل اللہ، یعنی جہاد کے کاموں میں خرچ کرنا، اس کا تذکرہ سورۂ بقرۃ آیت ۲۶۱ میں آیا ہے۔ انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب سات سو گنا سے شروع ہوتا ہے اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں، اور اللہ تعالیٰ نے یہ بات ایک مثال کے ذریعہ بیان کی ہے: گندم کا ایک دانہ زمین میں بویا اس میں سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہیں، پس ایک دانے کے سات سو دانے ہو گئے (یہ محض تمثیل ہے، ایک دانے سے سات سو دانے پیدا ہونے ضروری نہیں) اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا بھی ایسا ہی ہے جو کچھ خرچ کیا جائے گا اس کا سات سو گنا ثواب ملے گا ﴿وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ﴾ اور اللہ جس کے لئے چاہتے ہیں بڑھاتے ہیں یعنی اخلاص کی برکت سے اور موقعہ کے لحاظ سے یہ ثواب بڑھتا ہے اور زیادتی کی کوئی حد نہیں۔

دوسرا عمل: روزہ ہے اس کا کم از کم ثواب عام ضابطہ کے مطابق ہے یعنی دس گنا ثواب ملتا ہے۔ یہاں استثناء نہیں ہے اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں (یہاں استثناء ہے) اللہ کا ارشاد ہے: الصومُ لي وأنا أَجزي به: روزہ میرے لئے ہے اور میں اس کا ثواب دوں گا یعنی روزوں کا ثواب کتنا ہے؟ یہ بات اللہ تعالیٰ نے کسی کو نہیں بتائی حتی کہ کراماً کاتبین بھی نہیں جانتے۔ جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کا ثواب ڈکلیر کریں گے اسی وقت پتہ چلے گا کہ کس کو اس کے روزے کا کتنا ثواب ملا۔ اس دنیا میں تو بالاجمال اتنی بات بتائی ہے کہ جب ثواب ملے گا روزہ دار خوش ہو جائے گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: روزہ دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: ایک خوشی افطار کے وقت اور دوسری خوشی جب اللہ تعالیٰ سے ملاقات ہوگی، یعنی جب روزے کا ثواب بتایا جائے گا تو روزہ دار خوش خوش ہو جائے گا۔

سوال: جب سبھی عبادتیں اللہ کے لئے ہیں تو الصوم لی کا کیا مطلب ہے؟

جواب: علماء نے اس کے متعدد معانی بیان کئے ہیں:

۱- روزہ ایک ایسی عبادت ہے جس میں ریاء کا دخل نہیں جبکہ دوسری عبادتوں میں ریاء کا احتمال ہے، روزہ میرے لئے ہے کا یہی مطلب ہے۔

۲- تمام اعمال صالحہ میں اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند روزہ ہے، چنانچہ فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہے یعنی مجھے بہت پسند ہے۔

۳- کھانے پینے سے اور دیگر خواہشات سے استغناء صفات باری تعالیٰ میں سے ہے اور جب بندہ روزہ رکھتا ہے اور مفطراتِ ثلاثہ سے بچتا ہے تو اس کو باری تعالیٰ سے خصوصی قرب حاصل ہوتا ہے اور اس قرب کا ذریعہ روزہ ہوتا ہے اس لئے فرمایا: ''روزہ میرے لئے ہے''

۴- روزہ ایک ایسی عبادت ہے جو غیر اللہ کے حق میں نہ کی گئی، نہ کی جاسکتی ہے اور دیگر عبادتیں صدقہ طواف

وغیرہ غیر اللہ کے لئے بھی کئے جاتے ہیں، اس لئے روزہ اللہ ہی کے لئے ہے۔

۵- روزہ کے سوا جتنی عبادتیں ہیں وہ قیامت کے دن کفارہ بنیں گی، ان کے ذریعہ بندوں کے گناہ معاف ہونگے اور واجب الاداء حقوق چکائے جائیں گے، مگر روزہ باقی رہے گا وہ حقوق کے لئے کفارہ نہیں بنے گا (مگر یہ توجیہ صحیح نہیں، ترمذی جلد ثانی ص ۲۸ میں حدیث ہے کہ روزوں سے بھی مقاصّہ ہوگا)

۶- الصومُ لی: میں نسبت تشریف کے لئے ہے، جیسے کہا جاتا ہے: بیت اللہ (اللہ کا گھر) جبکہ تمام گھر اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں ـــــــ حدیث کی ان کے علاوہ اور بھی توجیہیں کی گئی ہیں مگر راجح آخری توجیہ ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک تمہارا پروردگار فرماتا ہے: ہر نیکی کا ثواب دس گنا ہے، سات سو گنا تک۔ اور روزہ میرے لئے ہے (یہ استثناء ہے پہلے ثواب کا جو ضابطہ بیان کیا ہے اس سے روزے کا استثناء کیا ہے اگرچہ حرف استثناء موجود نہیں اور اس کی حدیثوں میں بہت مثالیں ہیں، پہلے ایک قاعدہ بیان کیا جاتا ہے پھر اس میں سے استثناء کیا جاتا ہے اور حرف استثناء موجود نہیں ہوتا[1]) اور میں ہی اس کا ثواب دوں گا (اس کے بعد حدیث نبوی ہے) اور روزہ جہنم سے ڈھال ہے اور روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک (یہ قرینہ ہے کہ یہ حدیث نبوی ہے ورنہ عندی ہوتا) مشک سے زیادہ پسندیدہ ہے اور اگر کوئی نادان تم میں سے کسی کے سامنے نادانی کرے (یہاں جاہل: حلم (بردباری) کی ضد ہے علم کی ضد نہیں) اور وہ روزے سے ہو تو کہہ دے: ''میں روزے سے ہوں''

تشریح:

قولہ: وأنا أَجزِیْ بہ: مجہول بھی پڑھا گیا ہے یعنی أنا أُجْزیٰ بہ: اس کا ترجمہ ہے: ''میں روزہ کے بدلہ میں دیا جاتا ہوں'' یعنی روزے کی برکت سے اللہ تعالیٰ کا وصال (قُرب) نصیب ہوتا ہے، یہ مطلب بھی اگرچہ صحیح ہے، مگر اس صورت میں سابقہ جملے سے جوڑ باقی نہیں رہتا اس لئے مشہور قراءت معروف کی ہے اور محدثین معروف ہی پڑھتے ہیں، مجہول صوفیاء نے پڑھا ہے۔

(۱) جیسے ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: **مَن کان مستنًّا فلیستَنَّ بمن قدمات، فإن الحیَّ لایؤمن علیہ الفتنةُ، أولئك أصحابُ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کانوا أفضل ھذہ الأمة** (مشکوٰۃ حدیث ۱۹۳ باب الاعتصام الخ) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پہلے یہ ضابطہ بیان کیا کہ جن لوگوں کا ایمان پر انتقال ہوا ہے صرف ان کی پیروی کی جائے، زندوں کی پیروی نہ کی جائے، کیونکہ زندہ معرضِ فتن میں ہے، اس کا ایمان پر اور صلاح پر خاتمہ ہونا ضروری نہیں، وہ مرنے سے پہلے گمراہ ہوسکتا ہے، پھر اس ضابطہ سے ابن مسعودؓ نے صحابہ کا استثناء کیا ہے کہ جو صحابہ حیات ہیں ان کی پیروی کرنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ وہ امت کے افضل ترین افراد ہیں، وہ نبی ﷺ کی صحبت کی برکت سے فتنہ سے محفوظ ہیں، نیز ان کی یہ یہ خوبیاں ہیں اس لئے ان کی پیروی میں کوئی حرج نہیں۔ یہاں ابن مسعود نے حرف استثناء کے بغیر صحابہ کا استثناء کیا ہے ۱۲

قولہ: الصومُ جنة من النار: روزے سے شہوت ٹوٹتی ہے اور گناہوں سے حفاظت ہوتی ہے، پس جب گناہ ختم ہوجائیں گے تو جہنم سے خود بخود حفاظت ہوجائے گی۔ اور چونکہ اس کا سبب روزہ بنا اس لئے روزے کو ڈھال کہا گیا (جُنَّة میں تنوین تعظیم کی ہے یعنی مضبوط ڈھال)

قولہ: ولَخلُوْفُ إلخ جب معدہ خالی ہوجاتا ہے تو اس میں سے ایک گیس اٹھتی ہے جو منہ میں آکر رکتی ہے اور منہ میں بو پیدا ہوتی ہے یہ خلوف ہے اور یہ روزے سے تعلق رکھنے والی چیز ہے اور جب اللہ تعالیٰ کو روزے کے متعلقات اتنے پسند ہیں تو خود روزہ کتنا پسند ہوگا اس کا کون اندازہ کرسکتا ہے؟ قیاس کن زگلستانِ من بہارِ مرا!

قولہ: وإن جهل إلخ روزہ کی حالت میں بعض لوگوں کو غصہ بہت آتا ہے ان کے دماغ کا ایک اسکرو ڈھیلا پڑجاتا ہے ان کو چاہئے کہ اگر کوئی نادانی کا برتاؤ کرے تو ترکی بہ ترکی جواب نہ دے، اندیشہ ہے کہ کہیں حد سے تجاوز نہ کرجائے، اس لئے جب ایسی صورت پیش آئے تو خود کو سمجھائے، یعنی یہ بات سوچے کہ وہ روزے سے ہے جواب دینا ٹھیک نہیں، اور اگر موقعہ ہو تو دوسرے کو بھی بتادے کہ میرا روزہ ہے۔ امام نووی شرح مہذب میں فرماتے ہیں: **كلٌّ منهما حسنٌ، والقولُ باللسان أقوى، ولو جَمَعَهُما لكان حَسَنًا** (فتح الباری ۴: ۱۰۵)

نوٹ: مذکورہ حدیث علی بن زید بن جُدعان کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر متن صحیح سند سے مروی ہے اور حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۱۹۰۴)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ریّان (سیرابی) ہے اس سے روزہ داروں کو بلایا جائے گا، پس جو روزہ دار ہوگا وہ اس دروازے سے جنت میں جائے گا، اور جو اس دروازے سے جنت میں جائے گا وہ کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔

تشریح: جنت کے آٹھ دروازے ہیں اور جہنم کے سات۔ جہنم کے دروازوں کا ذکر سورۃ الحجر آیت ۴۴ میں آیا ہے، اور جنت کے آٹھ دروازوں کا ذکر حدیثوں میں آیا ہے اور جنت کا ایک دروازہ زائد کیوں ہے؟ اس کی وجہ کتاب الطہارۃ باب ۴۱ میں گذر چکی ہے۔

یہاں تین سوال ہیں:

پہلا سوال: رمضان کے روزے تو سبھی مسلمان رکھتے ہیں پھر باب ریّان سے روزہ داروں کو پکارنے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: مراد وہ لوگ ہیں جن کو روزوں سے خصوصی دلچسپی ہے، جو بکثرت نفل روزے رکھتے ہیں، انہی کو باب ریّان سے پکارا جائے گا۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ فرض عبادتیں تو سبھی مسلمان کرتے ہیں مگر نفل عبادتوں کے معاملہ میں احوال مختلف ہیں: بعض لوگوں کو بعض عبادتوں سے خصوصی دلچسپی ہوتی ہے، کسی کو نفل نماز سے، کسی کو خیرات سے، کسی کو

حج سے، کسی کو روزوں سے، کسی کو تلاوت سے، کسی کو ذکر سے دلچسپی ہوتی ہے، یہی نفل روزوں سے خصوصی دلچسپی رکھنے والے حضرات مراد ہیں۔

دوسرا سوال: باب ریّان سے جنت میں داخل ہونے والا پیاسا نہیں ہوگا اس کا کیا مطلب ہے؟ جنت میں تو بھوک پیاس ہے ہی نہیں!

جواب: پیاس نہ لگنا کلی مشکک ہے اور کلی مشکک کے افراد متفاوت ہوتے ہیں، جیسے ''معافی'' کلی مشکک ہے اور اس کے مختلف درجے ہیں، ایک طالب علم نے غلطی کی، استاذ ناراض ہوگیا پھر اس نے معافی مانگی تو استاذ نے معاف کردیا، مگر وہ منظورِ نظر نہیں ہوا، پھر اس نے کوئی شاندار کام کیا تو منظور نظر ہوگیا۔ یہ معافی کے درجات ہیں، اسی طرح پیاس نہ لگنے کے بھی درجات ہیں جو بابِ ریّان سے جنت میں جائے گا اس کو اعلیٰ درجہ کی یہ نعمت حاصل ہوگی اور دوسرے دروازوں سے داخل ہونے والوں کو دوسرے درجہ میں یہ نعمت حاصل ہوگی۔ غرض نوعیت مختلف ہوگی۔

تیسرا سوال: کھانے پینے کا مزہ اس وقت آتا ہے جب بھوک پیاس لگے اور جب جنت میں بھوک پیاس نہیں ہوگی تو کھانے پینے کا کیا مزہ آئے گا؟

جواب: جس طرح بھوک پیاس کے بعد کھانے پینے میں مزہ آتا ہے اشتہاء کے بعد بھی مزہ آتا ہے اور جنت میں بھوک پیاس تو نہیں ہوگی مگر اکل وشرب کی اشتہاء ہوگی، پس خوب مزہ آئے گا۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روزے دار کے لئے دو خوشیاں ہیں: ایک: جب وہ افطار کرتا ہے اور دوسری: جب وہ اپنے رب سے ملاقات کرے گا (اور روزے کا ثواب اس کو ملے گا تب وہ خوش خوش ہوجائے گا)

[٥٤] باب ماجاء فی فضل الصوم

[٧٥٥-] حدثنا عِمْرانُ بنُ موسیَ القَزَّازُ الْبَصْرِیُّ، نا عبدُ الوَارِثِ بنُ سعیدٍ، نا علیُّ بنُ زَیْدٍ، عن سَعیدِ بنِ المُسَیَّبِ، عن أبی هریرةَ قال: قال رسولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: ''إِنَّ رَبَّکُمْ یقولُ: کلُّ حَسَنَةٍ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا إِلٰی سَبْعِمائَةِ ضِعْفٍ، والصَّوْمُ لِیْ وَأَنا أَجْزِیْ به، وَالصَّوْمُ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ، وَلَخَلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْیَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِیْحِ الْمِسْكِ، وَإِنْ جَهِلَ عَلٰی أَحَدِکُمْ جاهِلٌ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْیَقُلْ إِنِّیْ صَائِمٌ''

وفی الباب: عن مُعاذِ بنِ جَبَلٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وكَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، وَسَلَامَةَ بنِ قَیْصَرَ، وبَشِیْرِ بنِ الخَصَاصِیَّةِ، واسْمُ بَشِیْرٍ: زَحْمُ بنُ مَعْبَدٍ، وَالْخَصَاصِیَّةُ: هِیْ أُمُّهُ.

قال أبو عیسی: وحدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هذا الوجهِ.

[۷۵۶-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو عامرٍ العَقَدِیُّ، عن هِشَامِ بنِ سَعْدٍ، عن أبی حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال:" فی الْجَنَّةِ بَابٌ یُدْعَی الرَّیَّانُ، یُدْعَی لَهُ الصَّائِمُوْنَ، فَمَنْ کَانَ مِنَ الصَّائِمِیْنَ دَخَلَهُ، ومَنْ دَخَلَهُ لَمْ یَظْمَأْ أَبَدًا"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

[۷۵۷-] حدثنا قُتیبةُ، نا عبدُ العزیزِ بنُ محمدٍ، عن سُهَیْلِ بنِ أبی صَالِحٍ، عن أَبیهِ، عن أبی هریرةَ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ حِیْنَ یُفْطِرُ، وَفَرْحَةٌ حِیْنَ یَلْقَی رَبَّهُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فی صَوْمِ الدَّهْرِ

ہمیشہ روزہ رکھنے کا بیان

حدیث: ابوقتادہؓ کہتے ہیں: کسی نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کوئی شخص ہمیشہ روزے رکھے تو کیسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''نہ اس نے روزہ رکھا اور نہ وہ بے روزہ رہا''

تشریح: پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ ایام خمسہ ممنوعہ کو چھوڑ کر باقی پورے سال روزے رکھنا جائز ہے، مگر یہ روزہ شرعاً پسندیدہ نہیں، اس لئے کہ جو ہمیشہ روزہ رکھتا ہے اس کی صبح صادق سے پہلے کھانے کی اور غروب کے بعد کھانے کی عادت ہوجاتی ہے، درمیان میں اُسے کھانے پینے کی خواہش نہیں ہوتی۔ پس روزے کی جو مشقت ہے وہ اس کو حاصل نہیں ہوتی، اس لئے گویا اس نے روزہ نہیں رکھا اور چونکہ اس نے روزے کی نیت کی ہے اس لئے وہ بے روزہ بھی نہیں اس لئے فرمایا: نہ اس نے روزہ رکھا اور نہ وہ بے روزہ ہے یعنی اس کے روزے کا کوئی فائدہ نہیں۔

[۵۵] باب ماجاء فی صوم الدهر

[۷۵۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، وأحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، قالا: نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن غَیْلَانَ بنِ جَرِیْرٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ مَعْبَدٍ، عن أبی قَتَادَةَ، قال: قیلَ: یارسولَ اللّٰهِ! کَیْفَ بِمَنْ صَامَ الدَّهْرَ؟ قال:" لَاصَامَ وَلَا أَفْطَرَ" أَوْ:" لَمْ یَصُمْ وَلَمْ یُفْطِرْ"

وفی الباب: عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعبدِ اللّٰهِ بن الشِّخِّیْرِ، وعِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وأبی مُوسی،

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی قَتَادَةَ حدیثٌ حسنٌ.

وقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ صِيَامَ الدَّهْرِ[وَأَجازَهُ آخرُوْنَ] وقالوا إِنَّمَا يَكُوْنُ صِيامُ الدَّهْرِ إِذَا لَمْ يُفْطِرْ يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ الأَضْحٰى وَأَيَّامَ التَّشْرِيْقِ، فَمَنْ أَفْطَرَ فى هذه الأَيَّامِ فَقَدْ خَرَجَ مِنْ حَدِّ الْكَرَاهِيَةِ، وَلاَ يَكُوْنُ قَدْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ، هكذا رُوِىَ عن مالكِ بنِ أنسٍ، وهُوَ قَوْلُ الشافعيِّ، وقال أحمدُ: وإسحاقُ: نَحْوًا مِنْ هذا، وقالا: لايَجِبُ أَنْ يُفطِرَ أَيَّامًا غَيْرَ هذه الْخَمْسَةِ الأَيَّامِ التى نَهٰى عَنْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَوْمِ الْفِطْرِ وَيَوْمِ الأَضْحٰى وَأَيَّامِ التَّشْرِيْقِ.

ترجمہ: بعض علماء صوم الدہر کو مکروہ کہتے ہیں اور دوسروں نے اس کی اجازت دی ہے (عبارت میں أجازهُ آخرون میں نے بڑھایا ہے اس کا ہونا ضروری ہے، اس کے بغیر عبارت مکمل نہیں ہوتی) وہ کہتے ہیں: صوم الدہر اس وقت مکروہ ہے جب عید الفطر، عید الاضحیٰ اور ایام تشریق کے بھی روزے رکھے، پس جس نے ان پانچ دنوں میں روزہ نہیں رکھا تو وہ کراہت کی حد سے نکل گیا، اور وہ پورے سال روزے رکھنے والا نہیں۔ امام مالک رحمہ اللہ سے یہی مروی ہے۔ اور امام شافعی (اور امام اعظم) رحمہما اللہ کا بھی یہی قول ہے، اور امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ اسی کے مانند کہتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: وہ پانچ دن جن میں نبی ﷺ نے روزے رکھنے سے منع کیا ہے، یعنی عید الفطر، عید الاضحیٰ اور ایام تشریق: ان کے علاوہ دنوں میں روزے نہ رکھنا واجب نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی سَرْدِ الصَّوْمِ

مسلسل روزے رکھنے کا بیان

آنحضرت ﷺ کی سیرت میں صوم الدہر نہیں تھا، اور نہ آپؐ نے اس کو پسند کیا ہے۔ البتہ سرد الصوم (مسلسل روزے رکھنا) آپؐ کا طریقہ تھا، آپؐ نفل روزے شروع کرتے تھے تو مسلسل رکھتے تھے۔ یہاں تک کہ لوگوں کو یہ خیال ہوتا تھا کہ اب آپؐ ہمیشہ روزے رکھیں گے، پھر جب روزے بند کر دیتے تھے تو اتنے دنوں تک روزے نہیں رکھتے تھے کہ خیال ہوتا تھا کہ اب آپؐ کبھی نفل روزے نہیں رکھیں گے، البتہ آپ کا سرد الصوم ایک مہینے سے کم ہوتا تھا، صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپؐ نے رمضان کے علاوہ کسی مہینے کے مکمل روزے نہیں رکھے۔

حدیث (۱): عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کے روزوں کے بارے میں پوچھا، انھوں نے فرمایا: آپؐ روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم سوچتے تھے کہ اب آپؐ ہمیشہ روزے رکھیں گے اور روزے بند کر دیتے تھے تو ہم خیال کرتے تھے کہ اب آپؐ کبھی روزے نہیں رکھیں گے، اور رسول اللہ ﷺ نے رمضان کے علاوہ کسی مہینے کے مکمل روزے نہیں رکھے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روزوں کے بارے میں پوچھا گیا، انھوں نے فرمایا: آپ کسی مہینے میں روزے رکھنا شروع کرتے تو ایسا خیال ہوتا تھا کہ آپ کا اس مہینے میں روزے چھوڑنے کا ارادہ نہیں ہے (یعنی آپ مکمل مہینے کے روزے رکھیں گے ایسا سمجھا جاتا تھا) اور کسی مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے یہاں تک کہ ایسا خیال ہوتا کہ آپ اس مہینے میں کوئی روزہ نہیں رکھیں گے (سائل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تہجد کے بارے میں بھی سوال کیا تو آپ نے فرمایا:) آپ رات کے جس حصہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھنا چاہیں دیکھ سکتے ہیں، اور جس حصہ میں سوتے ہوئے دیکھنا چاہیں دیکھ سکتے ہیں (یعنی آپ نے رات کے ہر حصے میں تہجد پڑھا ہے اور ہر حصے میں آرام فرمایا ہے یعنی آپ کا تہجد کا کوئی وقت متعین نہیں تھا)

حدیث (۳): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزوں میں سب سے افضل میرے بھائی داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن نہیں رکھتے تھے، اور جب دشمن سے مڈبھیڑ ہوتی تو بھاگتے نہیں تھے اس آخری جملہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے داؤد علیہ السلام کے روزے کو سراہا ہے اور اس میں اشارہ ہے کہ صوم داؤدی سے صائم کو کمزوری لاحق نہیں ہوتی۔

فائدہ: سرد الصوم اور صوم الدہر میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے، اول عام ہے، ثانی خاص ہے، ہر سرد الصوم: صوم الدہر نہیں ہے، مگر ہر صوم الدہر: سرد الصوم ہے۔

[۵۶] باب ماجاء فی سرد الصوم

[۷۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن أَيُّوْبَ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ شَقِيْقٍ، قال: سَأَلْتُ عائشةَ عن صِيَامِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالتْ: كانَ يَصُوْمُ حتى نَقُوْلَ قَدْ صَامَ، ويُفْطِرُ حتى نَقُوْلَ قَدْ أَفْطَرَ، وَمَا صَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا كامِلاً إِلاَّ رَمَضَانَ.

وفي الباب: عن أَنَسٍ، وابنِ عبَّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۶۰-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعيلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ صَوْمِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قال: كانَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى يُرَى أَنَّهُ لاَيُرِيْدُ أَنْ يُفْطِرَ مِنْهُ، ويُفْطِرُ حتى يُرٰى أَنَّهُ لاَيُرِيْدُ أَنْ يَصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا، فَكُنْتَ لاَتَشَاءُ أَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا إِلاَّ رَأَيْتَهُ مُصَلِّيًا، وَلاَ نَائِمًا إِلاَّ رَأَيْتَهُ نَائِمًا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۶۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن مِسْعَرٍ، وسُفْيَانَ، عن حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عن أَبِي العَبَّاسِ،

عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قال: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ”أَفْضَلُ الصَّوْمِ صَوْمُ أَخِیْ دَاوُدَ، کانَ یَصُوْمُ یَوْمًا ویُفْطِرُ یَوْمًا، وَلاَ یَفِرُّ إِذَا لاَقَی“

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وأبو العَبَّاسِ: هو الشَّاعِرُ الْأَعْمَی، واسْمُهُ: السَّائِبُ بنُ فَرُّوْخٍ.

وقال بَعْضُ أهلِ العلمِ: أَفْضَلُ الصِّیَامِ أَنْ یَصُوْمَ یَوْمًا، ویُفْطِرَ یَوْمًا، ویُقالُ: هذا هُوَ أَشَدُّ الصِّیَامِ.

قولہ: ویقال: اور کہا جاتا ہے کہ یہ (صوم داؤدی) بہت بھاری روزہ ہے۔ یعنی اس سے نفس پر بہت مشقت پڑتی ہے اس لئے یہ روزہ افضل ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ الصَّوْمِ یَوْمَ الْفِطْرِ ویَوْمَ النَّحْرِ

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا روزہ مکروہ ہے

جس طرح پانچ وقتوں میں نفلیں پڑھنا ممنوع ہے اور ان کے دو گروپ بنائے گئے ہیں، اوقات ثلاثہ (طلوع وغروب اور استواء) کا تذکرہ الگ حدیثوں میں ہے اور عصر اور فجر کے بعد نفلوں کی ممانعت الگ روایتوں میں آئی ہے، اسی طرح پانچ دنوں میں روزے رکھنا ممنوع ہے اور وہ بھی دو حصوں میں منقسم ہیں: عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کا تذکرہ الگ حدیثوں میں ہے اور ایام تشریق: گیارہ، بارہ اور تیرہ ذی الحجہ کا تذکرہ الگ روایت میں آیا ہے، اور ایسا ممانعت کے درجات کے تفاوت کی وجہ سے کیا گیا ہے، اوقاتِ ثلاثہ میں ہر نماز مکروہ ہے، اور دو وقتوں میں صرف نوافل ممنوع ہیں، اسی طرح یہاں بھی دو دنوں میں روزوں کی کراہیت سخت ہے اور تین دنوں میں ہلکی ہے، چنانچہ ان دنوں میں بعض فقہاء متمتع اور قارن کو روزے کی اجازت دیتے ہیں۔

حدیث (۱): ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے دو دنوں کے روزوں سے: عیدالاضحیٰ اور عید الفطر کے روزوں سے منع فرمایا۔

حدیث (۲): ابوعبید کہتے ہیں: میں نے ایک عیدالاضحیٰ کی نماز حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے پڑھی، انھوں نے پہلے نماز پڑھائی پھر خطبہ دیا، اور دورانِ خطبہ فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے وہ ان دو دنوں کے روزوں سے منع فرماتے تھے: عیدالفطر کا روزہ (اس لئے منع ہے کہ) عملی طور پر رمضان کا روزہ چھوڑنا متحقق ہوجائے (دوسری وجہ) اور وہ مسلمانوں کے لئے خوشی کا دن ہے (پس روزہ رکھ کر منہ لٹکائے پھرنا مناسب نہیں، بلکہ خوشی منانا اور کھانا پینا مستحب ہے) اور رہا عیدالاضحیٰ کا روزہ (تو وہ اس لئے منع ہے کہ) آپ لوگ اپنی قربانی کا گوشت کھائیں۔

[۵۷] باب ماجاء فی کراھیة الصوم یومَ الفطر ویومَ النحر

[۷۶۲-] حدثنا قتیبةُ، نا عبدُ العزیزِ بنُ محمدٍ، عن عَمْرِو بن یَحییَ، عن أبیهِ، عن أبی سعیدٍ الخُدْرِیِّ، قال: نَهَی رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ صِیَامَیْنِ: صِیَامِ یَوْمِ الأَضْحٰی ویَوْمِ الفِطْرِ.

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وعلیٍّ، وعائشةَ، وأبی هریرةَ، وعُقْبَةَ بنِ عَامرٍ، وأنسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی سَعیدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علیهِ عندَ أهلِ العلمِ.

قال أبو عیسی: وعَمْرُو بنُ یَحْیی: هو ابنُ عُمَارَةَ بنِ أبی الحَسَنِ المازِنیُّ المدِیْنِیُّ، وهو ثِقَةٌ، رَوَی عنه سُفْیَانُ الثوریُّ، وَشُعْبَةُ، ومالكُ بنُ أَنَسٍ.

[۷۶۳-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الملكِ بنِ أبی الشَّوَارِبِ، نا یَزِیْدُ بنُ زُرَیْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِیِّ، عن أبی عُبَیْدٍ: مَوْلَی عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، قَالَ: شَهِدْتُ عُمَرَ بنَ الخَطَّابِ فِیْ یَوْمِ نَحْرٍ، بَدَأَ بالصَّلَاةِ قَبْلَ الخُطْبَةِ ثم قالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَنْهٰی عَنْ صَوْمِ هَذَیْنِ الیَوْمَیْنِ، أَمَّا یَوْمُ الْفِطْرِ: فَفِطْرُکُم مَنْ صَوْمِکُمْ، وعِیْدٌ لِلْمُسْلِمِیْنَ، وأَمَّا یَوْمُ الأَضْحٰی: فَکُلُوْا مِنْ لَحْمِ نُسُکِکُمْ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ صحیحٌ، وأبو عُبَیْدٍ: مَوْلٰی عبدِ الرحمن بنِ عَوْفٍ اسْمُهُ سَعْدٌ، ویقالُ له: مَوْلَی عبدِ الرحمنِ بنِ أَزْهَرَ: هو ابنُ عَمِّ عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ.

وضاحت: پہلی حدیث میں ایک راوی ہے عمرو بن یحییٰ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی توثیق کی ہے کہ ان سے سفیان ثوری، شعبہ اور امام مالک رحمہم اللہ جیسے ائمہ حدیث روایت کرتے ہیں ـــــــ اور ابوعبید: عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے آزاد کردہ ہیں ان کا نام سعد تھا اور ان کو مولیٰ عبدالرحمٰن بن ازہر بھی کہتے ہیں اور ابن ازہر: عبدالرحمٰن بن عوف کے چچازاد بھائی ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی کراھیةِ صَوْمِ أَیَّامِ التَّشْرِیْقِ

ایام تشریق کے روزوں کی کراہیت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عرفہ کا دن، عیدالاضحیٰ کا دن اور ایام تشریق (گیارہ، بارہ اور تیرہ ذی الحجہ) ہم مسلمانوں کی عید ہیں اور یہ کھانے پینے کے دن ہیں''

تشریح: علامہ ابن عبدالبر نے موطا کی شرح التمہید میں لکھا ہے کہ عرفہ کا ذکر صرف اس حدیث میں ہے کسی اور

حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں۔ اور علامہ ابوالفتح عراقی فرماتے ہیں: عرفہ کا دن اکل وشرب کا دن کیسے ہوسکتا ہے؟ اس میں تو روزہ مستحب ہے، پھر فرماتے ہیں: شاید اس کا تعلق حاجیوں سے ہو، کیونکہ حاجیوں کے لئے عرفہ کے دن روزہ نہ رکھنا افضل ہے (معارف السنن) مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ یوم عرفہ کھانے پینے کا دن نہیں ہے یعنی خوشی منانے کا دن نہیں ہے، اس میں تو حاجیوں کو بہت کام کرنے ہوتے ہیں اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ حدیث میں عرفہ کا ذکر محفوظ ہے یا نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جس طرح وہ پانچ اوقات جن میں نمازیں پڑھنا ممنوع ہے ان میں سے اوقاتِ ثلاثہ میں ممانعت سخت ہے ان وقتوں میں قضا نماز بھی پڑھنا جائز نہیں، اور عصر اور فجر کے بعد نماز کی ممانعت ہلکی ہے اس لئے ان وقتوں میں قضا نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر میں روزوں کی ممانعت سخت ہے، ان دودنوں میں روزوں کے جواز کا کوئی قائل نہیں، اور ایام تشریق میں جو ممانعت ہے وہ ہلکی ہے چنانچہ بعض حضرات کے نزدیک ایام تشریق میں متمتع اور قارن کے لئے روزہ رکھنا جائز ہے، متمتع اور قارن کے پاس اگر قربانی کا جانور یا پیسہ نہ ہو تو اُسے دس روزے رکھنے ہوتے ہیں، تین عید سے پہلے عشرۂ ذی الحجہ میں اور سات گھر لوٹ کر، اور یہ مسئلہ سورۂ بقرۃ آیت ۱۹۶ میں ہے، اور اگر کوئی حاجی عید سے پہلے تین روزے نہ رکھ سکا ہو تو کیا وہ ایام تشریق میں روزے رکھ سکتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم کا مذہب امام شافعی کا مفتی بہ (جدید) قول اور امام احمد رحمہم اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ متمتع اور قارن کے لئے بھی ایام تشریق میں روزے رکھنا جائز نہیں۔ اب ان پر دم مقرر ہے، دوسرا کوئی راستہ نہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کا مذہب امام شافعی رحمہ اللہ کا مرجوع عنہ قول اور امام احمد کی ایک روایت یہ ہے کہ یہ شخص ایام تشریق میں وہ روزے رکھ سکتا ہے۔

[۵۸] باب ماجاء فی کراهية صوم أيامِ التشريق

[۷٦٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن موسىَ بنِ عُلَيٍّ، عن أبيهِ، عن عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، قال: قال رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”يَوْمُ عَرفَةَ وَيَوْمُ النَّحْرِ وَأَيَّامُ التَّشْرِيْقِ عِيْدُنَا أَهْلَ الإِسْلاَمِ، وَهِيَ أَيَّامُ أَكْلٍ وشُرْبٍ“

وفی الباب: عن عليٍّ، وسَعدٍ، وأبی هريرةَ، وجابرٍ، وَنُبَيْشَةَ، وبِشْرِ بنِ سُحَيْمٍ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ حُذَافَةَ، وأنسٍ، وحَمْزَةَ بنِ عَمْرٍو الأَسْلَمِيِّ، وكَعْبِ بنِ مَالِكٍ، وعائشةَ، وعَمْرِو بنِ العَاصِ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

قال أبو عيسى: حديثُ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ يَكْرَهُوْنَ صِيَامَ أَيَّامِ التَّشْرِيْقِ، إِلاَّ أَنَّ قَوْمًا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهِمْ رَخَّصُوْا لِلْمُتَمَتِّعِ إِذَا لَمْ يَجِدْ هَدْيًا وَلَمْ يَصُمْ فِيْ العَشْرِ أَنْ يَصُوْمَ أَيَّامَ التَّشْرِيْقِ، وبهِ يقولُ مَالكُ بنُ أنسٍ

وِالشافعیُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.
قال أبو عیسی: وأهل العراقِ یقولُوْنَ: موسی بنُ عُلَیِّ بنِ رَبَاحٍ، وأهلُ مِصْرَ یقُوْلُوْنَ: مُوسَی بنُ عَلِیٍّ. وقال: سَمِعْتُ قُتَیْبَةَ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اللَّیْثَ بنَ سَعْدٍ یقولُ: قالَ موسیٰ بنُ عَلِیٍّ: لاَأَجْعَلُ أَحَدًا فِیْ حِلِّ صَغَّرَ اسْمَ أَبِیْ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے، وہ ایام تشریق میں روزہ رکھنے کو مکروہ کہتے ہیں مگر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض حضرات متمتع (اور قارن) کو اجازت دیتے ہیں جب اس کے پاس ہدی نہ ہو اور اس نے عشرۂ ذی الحجہ میں روزے نہ رکھے ہوں کہ وہ ایام تشریق میں روزے رکھ سکتا ہے اور یہ مالک، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اہل عراق موسیٰ بن علی (مصغّر) کہتے ہیں اور اہل مصر موسیٰ بن علی (مکبّر) کہتے ہیں پھر امام ترمذیؒ نے لیث بن سعد کے حوالہ سے بیان کیا ہے کہ موسیٰ کہتے تھے: میں کسی کو جواز میں نہیں گردانوں گا جو میرے ابا کے نام کی تصغیر بنائے گا، یعنی جو میرے ابا کے نام کو بگاڑے گا اور علی (مصغر) کہے گا میں اس کو معاف نہیں کروں گا (مگر جب ان کی علی (مصغر) سے تشہیر ہوگئی تو اب مصغر نام لینا ضروری ہے، ورنہ ان کو کون پہچانے گا؟ جیسے معرفت کے لئے اعمش (چوندھیا) کہنا ضروری ہے)

بابُ ماجاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ الحِجَامَةِ لِلصَّائِمِ

روزے میں پچھنے لگوانے کی کراہیت

الحِجامَةُ: کے معنی ہیں: سینگی لگوانا، پچھنے لگوانا، یعنی بدن سے فاسد خون نکلوانا۔ یہ طریقہ دنیا میں آج بھی رائج ہے اور مختلف طریقوں سے بدن سے فاسد خون نکالا جاتا ہے، اور روزہ کی حالت میں پچھنے لگوانے یا کسی اور طریقہ سے بدن سے خون نکلوانے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک روزہ ٹوٹ جاتا ہے، مگر صرف قضا واجب ہوتی ہے، کفارہ واجب نہیں ہوتا۔ دیگر فقہاء کے نزدیک پچھنے لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، اس لئے کہ قاعدہ ہے: جوفِ معدہ یا جوفِ دماغ میں منافذ اصلیہ سے کوئی چیز پہنچے تو روزہ ٹوٹتا ہے اور بدن کے اندر سے کوئی چیز باہر نکلے تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہاں دو باب ہیں، دوسرے باب میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے پچھنے لگوائے درانحالیکہ آپؐ احرام کی حالت میں تھے اور روزے سے تھے۔ امام ترمذیؒ نے یہ حدیث تین سندوں سے ذکر کی ہے اور تیسری سند حسن صحیح ہے۔ یہ حدیث جمہور کا مستدل ہے، اور امام احمدؒ کی

دلیل پہلے باب کی حدیث ہے، رسول اللہ ﷺ نے دو شخصوں کو دیکھا: ایک پچھنے لگا رہا تھا، دوسرا لگوا رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: جو پچھنے لگا رہا ہے اس کا بھی روزہ ٹوٹ گیا اور جو پچھنے لگوا رہا ہے اس کا بھی روزہ ٹوٹ گیا ——— غالب یہ ہے کہ یہ رمضان کا واقعہ ہوگا، آپؐ کہیں تشریف لے جا رہے ہونگے کہ یہ منظر دیکھا ہوگا پس یہ ارشاد فرمایا ——— یہ رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور دیگر ۲۲ صحابہ سے بھی یہ روایت مروی ہے، ان میں اصح ما فی الباب کونسی روایت ہے؟ امام احمد رحمہ اللہ کے اس سلسلہ میں چار قول ہیں: (۱) رافع بن خدیج کی روایت اصح ما فی الباب ہے (مگر امام بخاری رحمہ اللہ نے اس حدیث کو غیر محفوظ بتایا ہے) (۲) حضرت ثوبان کی روایت اصح ہے (۳) حضرت شدّاد کی روایت اصح ہے (۴) شداد اور ثوبان دونوں کی روایتیں اصح ما فی الباب ہیں مگر یحییٰ بن معین کہتے ہیں: اس باب کی کوئی روایت ثابت نہیں (معارف ۵:۴۸۶)

لیکن صحیح بات یہ ہے کہ جب باب میں اتنی کثیر روایات ہیں تو ان سب کو بے اصل نہیں کہا جاسکتا مگر چونکہ نبی ﷺ نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے ہیں اس لئے اس روایت کی تاویل ضروری ہے، کیونکہ فعل نبوی کی تاویل نہیں ہوسکتی۔

چنانچہ علماء نے اس حدیث کی متعدد تاویلیں کی ہیں:

پہلی تاویل: أَفْطَرَ: کاد أن یُفْطِر کے معنی میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ عملِ حجامت سے دونوں کا روزہ ٹوٹنے کے قریب ہوگیا، حاجم کا تو اس لئے کہ وہ خون چوستا ہے، پس خون کے حلق میں چلے جانے کا اندیشہ ہے اور محجوم کا اس لئے کہ اس کو خون نکلنے کی وجہ سے ضعف لاحق ہوسکتا ہے، اُسے فوری دوا لینی پڑسکتی ہے اور روزہ توڑنا پڑسکتا ہے۔

فائدہ: روزہ کی حالت میں ایسی بات جس میں ضعف کا اندیشہ ہو اختیار کرنا مکروہ ہے، اور کمزوری کا اندیشہ نہ ہو تو جائز ہے، مثلاً شوگر ٹیسٹ کرنے کے لئے خون دینے میں مضائقہ نہیں کیونکہ اس میں تھوڑا سا خون لیا جاتا ہے اور اس سے ضعف کا اندیشہ نہیں ہوتا۔ اور روزہ میں خاص طور پر فرض روزے میں کسی مریض کو خون کی بوتل دینا مکروہ ہے اس لئے کہ اس صورت میں ضعف کا اندیشہ ہے اور فوری دوا لینی پڑسکتی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا: آپ حضرات بحالت روزہ پچھنے لگوانے کو مکروہ سمجھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: لا، إلا من أجل الضعف: نہیں مگر کمزوری کی وجہ سے یعنی فی نفسہ پچھنے لگوانا جائز ہے مگر کمزوری کے اندیشہ سے مکروہ ہے (بخاری حدیث ۱۹۴۰) ابن عباسؓ کے علاوہ اور صحابہ نے بھی یہی جواب دیا ہے اور انھوں نے روزے کی حالت میں پچھنے لگوائے ہیں (دیکھئے بخاری باب الحجامة والقیء للصائم)

دوسری تاویل: الحاجم والمحجوم میں ال عہدی ہے اور مراد دو مخصوص آدمی ہیں جو حجامت کے دوران غیبت کر رہے تھے، ان کے بارے میں آپؐ نے فرمایا: دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا، یعنی دونوں کے روزوں کا ثواب

ضائع ہوگیا اور ضیاع ثواب کی علت حجامت نہیں ہے بلکہ غیبت ہے (یہ تاویل امام طحاوی رحمہ اللہ نے کی ہے، شرح معانی الآثار ا:۲۹۵)

تیسری تاویل: رافع بن خدیج کی روایت منسوخ ہے اور ناسخ ابو سعید خدری کی حدیث ہے جو دار قطنی (۱۸۲:۲) میں صحیح سند سے مروی ہے: رَخَّصَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم فى الحجامة للصائم: نبی ﷺ نے صائم کو پچھنے لگوانے کی اجازت دی، اور رخصت ممانعت کے بعد ہوتی ہے، پس معلوم ہوا کہ رافع بن خدیج کی روایت منسوخ ہے۔

چوتھی تاویل: أفطر الحاجم والمحجوم اگرچہ جملہ خبریہ ہے مگر اس میں انشاء مضمر ہے اور وہی مقصود ہے، یعنی نبی ﷺ نے لوگوں کو مشورہ دیا کہ روزہ کی حالت میں پچھنے نہ لگوائیں کیونکہ اس سے کمزوری لاحق ہوتی ہے اور روزے میں انشراح ضروری ہے۔ پس یہ امر ارشادی ہے اور دلیل ابوداؤد کی حدیث ہے: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن الحجامة، والمواصلة، ولم يَحرِّمْهُمَا إبقاءً على أصحابه (ابوداؤدا:۲۲۳) نبی ﷺ نے صحابہ کو صوم وصال سے اور بحالت روزہ پچھنے لگوانے سے منع کیا اور یہ ممانعت شفقۃً تھی، حرمت کے طور پر نہیں تھی (یہ توجیہ سب سے بہتر ہے اور مجھے زیادہ پسند ہے)

فائدہ: امام شافعی رحمہ اللہ کا بغداد میں قیام کے دوران یہ خیال تھا کہ دونوں بابوں کی حدیثیں صحیح نہیں، مگر جب آپ مصر تشریف لے گئے اور ابن عباسؓ کی حدیث کی دوسری سندیں آپ کے سامنے آئیں تو آپ نے اس حدیث کی صحت کو تسلیم کرلیا۔ بغداد میں قیام کے زمانہ میں بھی ان کا مذہب یہی تھا کہ پچھنے لگوانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، وہ فرماتے تھے کہ اگرچہ روایات صحیح نہیں ہیں مگر قاعدہ یہ ہے کہ جوف معدہ یا جوف دماغ میں کوئی چیز پہنچے تو روزہ ٹوٹتا ہے، بدن سے کسی چیز کے نکلنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، پس پچھنے لگوانے سے بھی روزہ نہیں ٹوٹتا۔ مگر بعد میں انھوں نے قطعیت کے ساتھ حدیث کی بنیاد پر روزہ نہ ٹوٹنے کی بات فرمائی۔

[۵۹] باب ماجاء فى كراهية الْحِجَامَةِ للصائم

[۷٦۵-] حدثنا محمدُ بنُ رافِعٍ النَيْسَابُوْرِيُّ، ومحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ويحيىَ بنُ موسىٰ، قالوا: نا عبدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عن يحيىَ بنِ أبى كثيرٍ، عن إبراهيمَ بنِ عبدِ اللّٰهِ بنِ قَارِظٍ، عن السَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ، عن رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "أَفْطَرَ الحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ"

وفى الباب: عن سَعْدٍ، وعَلِيٍّ، وشَدَّادِ بنِ أَوْسٍ، وثَوْبَانَ، وأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، وعائشةَ، ومَعْقِلِ بنِ يَسارٍ — ويُقَالُ مَعْقِلُ بنُ سِنَانٍ — وأبى هريرة، وابنِ عبَّاسٍ، وأبى موسى، وبِلَالٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وذُكِرَ عن أحمدَ بنِ حَنْبَلٍ، أَنَّهُ قال: أَصَحُّ شَيئٍ فی هذا البابِ حديثُ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وذُكِرَ عن عليِّ بنِ عبدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ قال: أَصَحُّ شيئٍ فی هذا البابِ حديثُ ثَوْبَانَ وشَدَّادِ بنِ أَوْسٍ، لِأَنَّ يحيىَ بنَ أبی کثيرٍ رَوَی عن أبی قِلَابَةَ الحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا: حديثَ ثَوْبَانَ وَحديثَ شَدَّادِ بنِ أَوْسٍ.

وقد كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمُ الحِجَامَةَ للصَّائِمِ، حَتَّی أَنَّ بعضَ أصحابِ النبیِّ صلی اللہ لعیه وسلم احْتَجَمَ بِاللَّيْلِ، مِنْهُمْ أَبُو مُوسی الْأَشْعَرِیُّ، وابنُ عُمَرَ، وبهذَا يقولُ ابنُ المبارَكِ.

قال أبو عيسى: وسَمِعْتُ إسحاقَ بنَ مَنْصُوْرٍ، يقولُ: قال عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ: مَنِ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ فَعَلَيْهِ القَضَاءُ، وقالَ إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ: وهكذا قال أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ، وإسحاقُ بنُ إبراهيمَ.

قال أبو عيسى: وأخبرنی الحَسَنُ بنُ محمدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ، قال: قال الشافعیُّ: قد رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ، ورُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ قال: أَفْطَرَ الحَاجِمُ وَالمَحْجُوْمُ، وَلاَ أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ هٰذَيْنِ الحَدِيثَيْنِ ثابتاً، ولَوْ تَوَقَّی رَجُلٌ الحِجَامَةَ وَهُوَ صَائِمٌ كان أَحَبَّ إِلَیَّ، وإِنِ احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ لَمْ أَرَ ذٰلِكَ أَنْ يُفْطِرَهُ.

قال أبو عيسى: هكذا كانَ قَوْلُ الشافعیُّ ببغدادَ، وأَمَّا بِمِصْرَ فَمالَ إلی الرُّخْصَةِ، وَلَمْ يَرَ بِالْحِجَامَةِ بأْسًا، واحْتَجَّ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم احْتَجَمَ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: رافع بن خدیج کی حدیث حسن صحیح ہے اور امام احمدؒ سے مروی ہے کہ اس باب میں صحیح ترین روایت رافع بن خدیج کی ہے، اور علی بن المدینی سے مروی ہے کہ اس باب میں صحیح ترین دو حدیثیں ہیں یعنی ثوبان وشداد کی حدیثیں۔ اس لئے کہ یحییٰ بن ابی کثیر نے ابوقلابہ سے دونوں حدیثیں: ثوبان کی حدیث اور شداد کی حدیث روایت کی ہیں، اور صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض لوگ روزہ کی حالت میں پچھنے لگانے کو مکروہ کہتے ہیں، یہاں تک کہ بعض صحابہ رات میں پچھنے لگواتے تھے ان میں سے ابوموسیٰ اشعری اور ابن عمر رضی اللہ عنہم ہیں، اور ابن المبارک کا یہی قول ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے اسحاق بن منصور سے سنا کہ ابن مہدیؒ فرماتے ہیں: جس نے روزہ کی حالت میں پچھنے لگوائے اس پر قضا واجب ہے اور اسحاق بن منصور نے کہا: امام احمد اور حضرت اسحاق اسی کے قائل ہیں۔

امام ترمذیؒ کہتے ہیں: مجھے زعفرانی نے خبر دی (یہ امام شافعی کے بغداد کے زمانہ کے شاگرد ہیں اور قول قدیم کے راوی ہیں) کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا: نبی ﷺ کے بارے میں مروی ہے کہ آپؐ نے روزہ کی حالت میں پچھنے

لگوائے اور نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپ ؐ نے فرمایا: پچھنے لگانے والے کا اور پچھنے لگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا۔ اور میں ان دونوں حدیثوں میں سے کسی کو ثابت نہیں مانتا اور اگر آدمی روزہ کی حالت میں پچھنے لگوانے سے احتراز کرے تو مجھے زیادہ پسند ہے اور اگر کوئی روزہ کی حالت میں پچھنے لگوائے تو میرے نزدیک اس کا روزہ نہیں ٹوٹے گا۔

امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا بغداد کے زمانہ کا قول ہے اور مصر میں وہ رخصت کی طرف مائل ہوئے تھے (یعنی روزہ نہ ٹوٹنے کی بات قطعیت کے ساتھ کہتے تھے) اور پچھنے لگوانے میں حرج نہیں سمجھتے تھے۔ اور انھوں نے اس واقعہ سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں روزہ کی حالت میں پچھنے لگوائے ہیں۔

بابُ ماجاءَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِيْ ذٰلِكَ

روزے میں پچھنے لگوانے کا جواز

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے پچھنے لگوائے جبکہ آپ احرام کی حالت میں تھے اور روزہ سے تھے۔

تشریح: امام ترمذیؒ نے یہ حدیث تین سندوں سے ذکر کی ہے، پہلی سند ایوب کی ہے، ان سے عبدالوارث بن سعید روایت کرتے ہیں، اور حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، اور وہیب ان کے متابع ہیں اور اسماعیل بن ابراہیم بھی اس حدیث کو ایوب سے روایت کرتے ہیں مگر مرسل بیان کرتے ہیں یعنی ابن عباسؓ کا تذکرہ نہیں کرتے، عکرمہ پر سند روک دیتے ہیں، اور مرفوع روایت اصح ہے اور وہ بخاری میں ہے (حدیث ۱۹۳۸ و ۱۹۳۹) اور دوسری سند حبیب بن الشہید کی ہے۔ ان سے اوپر ایک ہی سند ہے یعنی یہ حدیث غریب ہے اور اس کے تمام رجال ثقہ ہیں، البتہ محمد بن عبداللہ انصاری میں کلام ہے اور تیسری حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

[٦٠] باب ماجاء من الرخصة فی ذلك

[٧٦٦-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلَالٍ البَصْرِيُّ، نا عبدُ الوارثِ بنُ سعيدٍ، نا أَيُّوْبُ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ، قال: احْتَجَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَى وُهَيْبٌ نَحْوَ رِوَايَةِ عبدِ الوَارِثِ، وَرَوَى إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عن ابنِ عبَّاسٍ.

[٧٦٧-] حدثنا أبو موسىٰ محمدُ بنُ المُثَنَّى، نا محمدُ بنُ عبدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيُّ، عن حَبيبِ بنِ الشَّهِيْدِ، عَنْ مَيْمُوْنِ بنِ مِهْرَانَ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ وَهُوَ صَائِمٌ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هذا الوَجْهِ.

[۷٦٨-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عن يَزِيْدَ بنِ أبى زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ فِيْما بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ وَهُوَ مُحْرِمٌ صَائِمٌ.

وفى الباب: عن أبى سعيدٍ، وجابرٍ، وأَنَسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وقد ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغيرِهم إلى هٰذَا الحديثِ، وَلَمْ يَرَوْا بِالْحِجَامَةِ لِلصَّائِمِ بَأْسًا، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيانَ الثَّوْرِيِّ، ومالكِ بنِ أنسٍ، والشافعيِّ.

بابُ ماجاءَ فى كراهيةِ الوِصَالِ فى الصِّيَامِ

صوم وصال یعنی کئی دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہے

صوم وصال: یہ ہے کہ دو یا زیادہ دنوں کا مسلسل روزہ رکھا جائے، رات میں بھی افطار نہ کیا جائے، نبی ﷺ ایسا روزہ رکھتے تھے، آپؐ کا عمل دیکھ کر بعض صحابہ نے بھی صوم وصال رکھا تو آپؐ نے منع فرمایا، صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ تو صوم وصال رکھتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''مجھے میرا رب کھلاتا پلاتا ہے''

تشریح: فقہاء کا عام طور پر خیال یہ ہے کہ صوم وصال فی نفسہ جائز ہے اور جواز کی دو دلیلیں ہیں، نقلی دلیل یہ ہے کہ بعض اکابر صحابہ نے صوم وصال رکھا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ صوم وصال رکھتے تھے، عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ بھی صوم وصال رکھتے تھے۔ اور عقلی دلیل یہ ہے کہ جب دو یا زیادہ روزے الگ الگ رکھنا جائز ہیں تو ان کو ملا کر رکھنا بھی جائز ہے جیسے دو دو رکعتیں الگ الگ پڑھنا جائز ہیں تو بیس رکعتیں ایک سلام سے پڑھنا بھی جائز ہے، ناجائز ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔

غرض دلیل عقلی اور نقلی سے یہ بات ثابت ہے کہ صوم وصال فی نفسہ جائز ہے، مگر عموماً امت کے لئے مکروہ ہے اور ممانعت ارشادی ہے، یعنی نبی ﷺ نے امت کو شفقۃً صوم وصال سے روکا ہے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نهى رسول الله صلى الله لعيه وسلم عن الوصال رحمةً لهم (بخاری حدیث ۱۹۶۴) پس اگر کوئی شخص طاقت رکھتا ہو تو اس کے لئے صوم وصال جائز ہے۔ مگر عام لوگوں کے لئے دشواری ہے اس لئے ان کو صوم وصال نہیں رکھنا چاہئے۔

فائدہ: ''میرا پروردگار مجھے کھلاتا پلاتا ہے'' اس سے روحانی کھلانا پلانا مراد ہے روحانی کھلانے پلانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، بلکہ مادی کھلانا پلانا بھی اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہو تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔ پہلے حدیث گذری ہے کہ جو شخص بھول کر کھا پی لے وہ روزہ نہ توڑے کیونکہ اس کو اللہ تعالیٰ نے کھلایا پلایا ہے۔

سوال: روحانی کھلانا پلانا کیسا ہوتا ہے؟

جواب: یہ بات سمجھائی نہیں جاسکتی، جب روحانیت کے اس مقام پر پہنچو گے تو خود بخود سمجھ میں آجائے گی۔ امت میں ایسے افراد گذرے ہیں جو اس مقام تک پہنچے تھے ان کو اللہ تعالیٰ کھلاتے پلاتے تھے، حضرت عمر اور عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما سات دن کا روزہ رکھتے تھے، ظاہر ہے ان کو اللہ کھلاتا پلاتا تھا۔

ایک واقعہ: میں نے اپنے اساتذہ سے ایک واقعہ سنا ہے، اس سے اس مضمون کو سمجھنے میں مدد ملے گی، پنڈت دیانند سرسوتی (بانی آریہ سماج) نے رڑکی میں اپنی تقریروں میں اسلام پر اعتراض شروع کئے اور چیلنج دیا کہ اپنے مولویوں کو لاؤ جواب دیں۔ رڑکی کے لوگ دیوبند آئے اور حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ سے صورت حال عرض کی۔ آپ مع تلامذہ رڑکی تشریف لے گئے۔ اور مسلمانوں کے محلّہ میں قیام فرمایا۔ پنڈت جی کا قیام چھاؤنی میں تھا۔ حضرت کے تلامذہ شرائط مناظرہ طے کرنے کے لئے پنڈت جی کی جائے قیام پر گئے۔ ان سے کہا گیا: تشریف رکھیں، پنڈت جی ابھی کھانا کھائیں گے، پھر بات کریں گے، وہ لوگ بیٹھ گئے۔ وہیں دسترخوان بچھا اور کھانا چنا گیا۔ تقریباً پانچ چھ آدمیوں کا کھانا دسترخوان پر رکھا گیا، پنڈت جی آئے اور اکیلے سب کھا گئے، یہ لوگ دیکھتے رہ گئے، جب گفتگو کر کے لوٹے اور حضرت نانوتویؒ کو خبر دے چکے تو ایک شاگرد نے عرض کیا: حضرت آج بڑا خطرہ لاحق ہو گیا تھا۔ حضرت نے پوچھا: کیا خطرہ لاحق ہوا تھا؟ اس نے بتایا کہ پنڈت جی نے ہمارے سامنے اتنا کھانا کھایا، ہمیں خطرہ ہوا کہ اگر پنڈت جی نے کہا کہ اپنے مولانا کو لاؤ کھانے میں مناظرہ کریں گے تو آپ تو ہار جائیں گے، کیونکہ آپ ایک چپاتی کھاتے ہیں۔ حضرت نے فرمایا: ہم کیوں ہاریں گے، ہم جواب دیں گے، شاگرد نے پوچھا: حضرت کیا جواب ہو سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم پنڈت جی سے پوچھیں گے کہ انسان کا کمال کھانا ہے یا نہ کھانا، جبکہ کھانا بہیمیت کی شان ہے اور نہ کھانا ملکیت کا حال ہے؟ اگر وہ جواب دیں کہ کھانا کمال ہے تو ہم کہیں گے کہ آپ ہاتھی سے اور گینڈے سے مناظرہ کریں، یہ بڑے جانور ہیں۔ اور اگر وہ کہیں: انسان کا کمال فرشتہ بننا اور نہ کھانا ہے تو ہم کہیں گے: آؤ اس پر مناظرہ کرو، اور اس کی صورت یہ ہے کہ ایک کمرے میں پنڈت جی کو بند کر دیں اور چابی ہمارے آدمیوں کو دیدیں اور ایک میں مجھے بند کر دیں اور چابی ان کے آدمیوں کو دیدیں۔ اور ایک ماہ کے بعد کھولیں جو حق ہے وہ زندہ ہوگا اور جو باطل ہے وہ مر چکا ہوگا۔ شاگردوں نے کہا: حضرت! کھائے پیئے بغیر ایک ماہ تو آپ بھی زندہ نہیں رہ سکتے! آپ نے فرمایا: الحمد للہ میں چھ ماہ تک کھائے پیئے بغیر زندہ رہ سکتا ہوں، یہ ہے اللہ کا کھلانا پلانا۔

دوسرا واقعہ: حضرت شیخ الحدیث سہارن پوری رحمہ اللہ نے اکابر کے رمضان میں لکھا ہے کہ بڑے حضرت رائپوری شاہ عبدالرحیم صاحب قدس سرہ پورے رمضان میں افطار میں صرف ایک انڈا اور ایک فنجان چائے لیتے تھے اور فرماتے تھے: کہ مجھے اس کی بھی ضرورت نہیں، مگر چونکہ حدیث میں صوم وصال کی ممانعت آئی ہے اس لئے یہ لیتا ہوں۔ غرض

ان واقعات سے روحانی غذا کا آپ تصور کر سکتے ہیں اس سے زیادہ وضاحت میرے لئے ممکن نہیں۔

[۶۱] باب ماجاء فی کراهية الوصال فی الصيام

[۷۶۹-] حدثنا نَصْرُ بنُ عليِّ الْجَهْضَمِيُّ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ وخالِدُ بنُ الحارثِ، عن سَعيدِ بنِ أبی عَرُوْبَةَ،عن قَتَادَةَ، عن أنسٍ قال: قال رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: ''لَاتُوَاصِلُوْا'' قالوا: فإنَّكَ تُوَاصِلُ يارسولَ اللّٰهِ! قال: '' إِنِّیْ لَسْتُ كَأَحَدِكُمْ، إِنَّ رَبِّیْ يُطْعِمُنِیْ وَيَسْقِيْنِیْ''

وفی الباب: عن عليٍّ وأبی هريرةَ وعائشةَ وابنِ عُمَرَ وجَابِرٍ وأبی سَعيدٍ وبَشِيْرِ بنِ الخَصاصية.

قال أبوعيسى: حديث أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ كَرِهُوْا الوِصَالَ فی الصِّيَامِ، وَرُوِیَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ كانَ يُوَاصِلُ الْأَيَّامَ وَلاَ يُفْطِرُ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''صوم وصال مت رکھو'' صحابہ نے عرض کیا: آپ تو رکھتے ہیں اے اللہ کے رسول! (معلوم ہوا کہ نبی ﷺ کے اقوال وافعال کی پیروی ضروری ہے ورنہ صحابہ یہ بات نہ کہتے) آپؐ نے فرمایا: ''میں تمہاری طرح نہیں ہوں'' (یہاں سے ثابت ہوا کہ کچھ احکام حضور ﷺ کے ساتھ خاص ہیں مگر ہر وہ حکم جو خصائص النبی ﷺ میں سے ہے اس کی کوئی وجہ ہوتی ہے۔ یہاں حضور ﷺ نے یہ وجہ بیان کی) ''اس لئے کہ مجھے میرا رب کھلاتا پلاتا ہے'' ـــــ اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے وہ صوم وصال کو مکروہ کہتے ہیں اور عبداللہ بن الزبیر کے بارے میں مروی ہے کہ وہ متعدد ایام ملاتے تھے اور (درمیان میں) افطار نہیں کرتے تھے، یعنی صوم وصال رکھتے تھے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ الْجُنبِ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ يُرِيْدُ الصَّوْمَ

جنابت کی حالت میں صبح کی ہو تو بھی روزہ رکھ سکتا ہے

جو شخص جنبی ہو خواہ بیوی سے صحبت کی وجہ سے، یا احتلام کی وجہ سے اور وہ رمضان کا یا غیر رمضان کا روزہ رکھنا چاہے اور صبح صادق کے بعد غسل کرے تو درست ہے، اس لئے کہ جنابت روزہ کے منافی نہیں، روزہ کی حالت میں اگر احتلام ہو جائے تو بالا جماع روزہ نہیں ٹوٹتا، اور سورۂ بقرۃ آیت ۱۸۷ میں صبح صادق تک کھانے، پینے اور صحبت کرنے کی اجازت دی گئی ہے، پس جو آخری وقت میں صحبت کرے گا وہ صبح صادق کے بعد ہی غسل کرے گا، نیز یہ بات صحیح حدیث سے بھی ثابت ہے۔ حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں: نبی ﷺ بیویوں سے صحبت کرنے کی وجہ سے جنبی ہوتے تھے (علماء نے یہ بات لکھی ہے کہ کبھی کسی نبی کو احتلام نہیں ہوا اور نہ کسی نبی کو جماہی آئی) اور صبح صادق ہو جاتی تھی تو آپؐ روزہ رکھ لیا کرتے تھے اور صبح صادق کے بعد غسل کیا کرتے تھے۔ غرض یہ مسئلہ کہ صائم صبح صادق کے

وقت جنبی ہوتو اس کا روزہ صحیح ہے اجماعی ہے، پہلے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا اختلاف تھا، وہ اس صورت میں روزہ صحیح نہیں کہتے تھے، مگر جب ان کو مذکورہ حدیث پہنچی تو اپنے قول سے رجوع کرلیا، پس اب مسئلہ اجماعی ہے۔

[٦٢] باب ماجاء فی الجنب یُدرکه الفجر وهو یرید الصوم

[۷۷۰-] حدثنا قُتَیبَةُ، نا اللَّیْثُ، عن ابنِ شهابٍ، عن أبی بَکْرِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ الحَارِثِ بنِ هِشَامٍ، قال: أَخْبَرَتْنِیْ عائشةُ وَأُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَا النبیِّ صلی الله علیه وسلم: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم کان یُدْرِکُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ أَهْلِهِ، ثُمَّ یَغْتَسِلُ فَیَصُوْمُ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ وَأُمِّ سَلَمَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علی هذا عندَ أکثرِ أهلِ العلمِ مِنْ أصحابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ وهوُ قولُ سُفیانَ، والشافعیِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، وقَدْ قَالَ قَوْمٌ مِنَ التَّابِعِیْنَ: إِذَا أَصْبَحَ جُنُبًا یَقْضِی ذلكَ الیَوْمَ، والقولُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اور بعض تابعین کہتے ہیں: (یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے وہ تلامذہ ہیں جنھوں نے رجوع سے پہلے پڑھا تھا) جب جنابت کی حالت میں صبح صادق کرے تو اس دن کے روزے کی قضا کرے، یعنی روزہ صحیح نہیں ہوا۔ اور پہلا قول اصح ہے۔

بابُ ماجاءَ فی إِجَابَةِ الصَّائِمِ الدَّعْوَةَ

روزہ دار کو دعوت قبول کرنی چاہئے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اگر کسی شخص کو کھانے پر بلایا جائے تو اُسے دعوت قبول کرنی چاہئے، پھر اگر وہ روزے سے ہوتو میزبان سے معذرت کرے کہ اس کا روزہ ہے، اگر میزبان کھانے پر اصرار کرے اور عذر قبول نہ کرے تو روزہ توڑ دے اور دعوت کھالے، اور اگر میزبان عذر قبول کرلے تو دعائیں دے کر واپس آجائے۔

تشریح: اس حدیث کو ہمارے ماحول میں سمجھنا دشوار ہے، ہمارے یہاں کسی بھی تقریب کی دعوت کئی دن پہلے دی جاتی ہے، پس اگر کسی کو کسی وجہ سے دعوت قبول نہیں کرنی تو بروقت عذر کردے اور جب دعوت قبول کرلی تو پھر جس دن دعوت ہے اس دن روزہ رکھنا غلط ہے۔ اور عربوں کے یہاں بڑی دعوت بھی بروقت دی جاتی تھی، پہلے سے دعوت دینے کا ان کے یہاں رواج نہیں تھا نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں ایک بکری ذبح کی تھی اور یہ آپؐ کا سب سے بڑا ولیمہ تھا، آپؐ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''فلاں جگہ کھڑے ہوجاؤ اور جو وہاں سے گذرے اُسے کھانے کے لئے کہو (بخاری حدیث ۵۱۶۳ و۵۱۷۰) عربوں کا یہی مزاج اور یہی طریقہ تھا،

مذکورہ حدیث اُس ماحول کو پیش نظر رکھ کر سمجھنی چاہئے کہ اگر کسی کو کھانے پر بلایا جائے اور وہ روزے سے ہو تو بھی دعوت قبول کرلے، پھر تقریب میں پہنچے اور صاحبِ خانہ سے معذرت کرے اگر عذر قبول ہوجائے تو دعائیں دے کر واپس آجائے اور اگر میزبان کھانے پر اصرار کرے تو روزہ توڑ کر دعوت کھالے اور میزبان کی خاطر مہمان کا نفل روزہ توڑنا یا مہمان کی خاطر میزبان کا نفل روزہ توڑنا جائز ہے۔

اسی طرح عربوں کا یہ طریقہ بھی تھا کہ کسی کے گھر کوئی معزز مہمان آتا اور وہ تنہا مہمان کو کھلانا مناسب نہ سمجھتا تو آس پاس سے یا رشتہ داروں میں سے پانچ دس آدمیوں کو بلالیتا، اور وہ لوگ اگر کھاپی رہے ہوں تو بھی کھانا چھوڑ کر آجاتے، اور مہمان کے ساتھ کھاتے، ایسے ماحول کے لئے یہ ارشاد گرامی ہے کہ اگر کھانے پر بلایا جائے تو ضرور جاؤ اور روزہ ہو تو میزبان سے عذر کرو، عذر قبول ہوجائے تو ٹھیک ہے ورنہ دعوت کھاؤ۔ غرض بعض روایتیں ایسی ہوتی ہیں جو اس ماحول ہی میں سمجھی جاسکتی ہیں جس ماحول میں وہ فرمائی گئی ہیں۔ بدلے ہوئے ماحول میں ان کو سمجھنا دشوار ہوتا ہے، مگر اب عربوں کا ماحول بھی بدل گیا ہے وہ بھی پہلے سے دعوت دینے لگے ہیں، شادی کارڈ چھپواتے ہیں، انھوں نے بھی عجمیوں کے اثرات قبول کرلئے ہیں، اس لئے عربوں کے آج کے ماحول میں بھی حدیث کو سمجھنا دشوار ہے۔

[٦٣] باب ماجاء فی إجابةِ الصائمِ الدعوةَ

[٧٧١-] حدثنا أَزْهَرُ بنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِیُّ، نا محمدُ بنُ سَوَاءٍ، نا سَعِیدُ بنُ أَبِی عَرُوْبَةَ، عن أَیُّوْبَ، عن محمدِ بنِ سِیْرِیْنَ، عن أبی هریرةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قال: "إِذَا دُعِیَ أَحَدُکُمْ إِلٰی طَعَامٍ فَلْیُجِبْ، فإن کانَ صَائِمًا فَلْیُصَلِّ" یعنی الدُّعاء.

[٧٧٢-] حدثنا نَصْرُ بنُ علیٍّ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أبی الزِّنَادِ، عن الأَعْرَجِ، عن أبی هریرةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قال: "إِذَا دُعِیَ أَحَدُکُمْ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْیَقُلْ: إِنِّی صَائِمٌ"

قال أبو عیسی: فَکِلاَ الحَدِیْثَیْنِ فی هذا البابِ عن أبی هریرةَ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ صَوْمِ الْمَرْأَةِ إِلاَّ بِإِذْنِ زَوْجِهَا

عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنا مکروہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "عورت روزہ نہ رکھے جبکہ اس کا شوہر گھر پر موجود ہو، رمضان کے روزوں کے علاوہ کسی بھی دن کا روزہ مگر شوہر کی اجازت سے"

تشریح: عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر نفل روزہ رکھنا مکروہ ہے اور رمضان کے قضا روزے کا بھی یہی

حکم ہے، کیونکہ قضا کا وقت متعین نہیں، پس جب شوہر گھر پر نہ ہو یا اجازت دے اس دن قضا کرے۔

اور اجازت صراحتاً بھی ہوتی ہے اور دلالۃً بھی، صراحتاً اجازت تو ظاہر ہے اور دلالۃً اجازت یہ ہے کہ عورت سحری کے لئے اٹھی، شوہر نے دیکھا مگر منع نہیں کیا، یا عورت نے آئندہ دن روزہ رکھنے کا ارادہ ظاہر کیا اور شوہر خاموش رہا تو یہ دلالۃً اجازت ہے۔

اور اجازت کے بغیر عورت کے لئے روزہ رکھنا مکروہ اس لئے ہے کہ بیوی سے انتفاع کا شوہر کو ہر وقت حق ہے، اگر عورت روزہ رکھ لے گی تو شوہر کی حق تلفی ہوگی، اور اس سے زیادہ گہری وجہ یہ ہے کہ بعض عورتوں کو نفل روزوں سے دلچسپی ہوتی ہے، وہ بہت روزے رکھتی ہیں، اور جب عورت بکثرت روزے رکھے گی تو اس کا شوہر کی طرف میلان کم ہوجائے گا، اور شوہر بیوی سے پورا فائدہ اسی وقت اٹھا سکتا ہے جب بیوی کا اس کی طرف میلان ہو، اگر بیوی کا میلان نہیں ہوگا تو مرد کو کچھ لطف نہیں آئے گا، اس لئے عورت کے لئے صراحتاً یا دلالۃً اجازت ضروری ہے۔

فائدہ: یہاں حدیث میں لاتصوم فعل مضارع منفی ہے اور مسلم میں اسی حدیث میں لاتَصُمْ فعل نہی ہے (مسلم کتاب الزکاۃ حدیث ۸۴) اور نہی میں ممانعت صریح ہوتی ہے اور قوی ہوتی ہے اور نفی میں اصل خبر ہوتی ہے اور انشاء (نہی) مضمر ہوتی ہے، یعنی اس میں بھی نہی ہوتی ہے مگر ہلکی ہوتی ہے، پس حدیث میں جو دو تعبیریں ہیں ان میں سے ایک بالیقین روایت بالمعنی ہے، مگر وہ کونسی ہے یہ بات معلوم نہیں۔ اگر عورت کے لئے شوہر کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنے کی ممانعت سخت ہے تو فعل نہی اصل ہے اور یہاں روایت بالمعنی ہے، اور اگر ممانعت ہلکی ہے تو مضارع منفی اصل ہے اور مسلم کی روایت بالمعنی ہے، میرا رجحان یہ ہے کہ یہاں جو روایت ہے وہ اصل ہے اور مسلم میں جو روایت ہے وہ بالمعنی ہے۔ واللہ اعلم

[٦٤] باب ماجاء فی کراهيةِ صومِ المرأةِ إلا بإذن زوجها

[٧٧٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ونَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، قالاَ: نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن أبی الزِّنَادِ، عن الأَعْرَجِ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم قال: "لاَتَصُوْمُ الْمَرْأَةُ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ، يَوْمًا مِنْ غَيْرِ شَهْرِ رَمَضَانَ، إِلاَّ بِإِذْنِهِ"

وفی الباب: عن ابنِ عباسٍ، وأبی سعيدٍ. قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِیَ هذا الحديثُ عن أبی الزِّنَادِ، عن موسى بنِ أبی عثمانَ، عن أبيهِ، عن أبی هريرةَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

وضاحت: اس حدیث کو ابوالزناد: اعرج سے، وہ ابو ہریرہؓ سے، وہ نبی ﷺ سے بھی روایت کرتے ہیں، اور موسیٰ بن ابی عثمان سے، وہ اپنے والد ابو عثمان سے، وہ ابو ہریرہ سے، وہ نبی ﷺ سے بھی روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی تَأْخِیرِ قضاءِ رمضان

رمضان کے روزوں کی قضا میں تاخیر جائز ہے

اگر کسی کے رمضان کے روزے قضا ہو گئے ہوں خواہ سفر کی وجہ سے یا بیماری کی وجہ سے یا حیض ونفاس کی وجہ سے تو ان کی قضاء علی الفور واجب نہیں، تاخیر سے قضا کرنا بھی درست ہے، پھر اگر وہ روزے اگلے رمضان سے پہلے قضا کر لئے تو کوئی مسئلہ نہیں، اور اگر اگلے رمضان کے بعد قضا کئے تو صرف قضا ہے یا فدیہ بھی واجب ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ صرف قضا واجب ہے۔ اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ قضا اور فدیہ دونوں واجب ہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی حیات تک میرے رمضان کے جو روزے رہ جاتے تھے میں ان کو آئندہ رمضان کے قریب شعبان میں قضا کرتی تھی، پھر جب آپؐ دنیا سے رخصت ہو گئے تو رمضان کے بعد فوراً اگلے مہینے ہی میں قضا کر لیتی ہوں۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے سب ائمہ متفق ہیں کہ رمضان کے روزوں کی قضا میں تاخیر جائز ہے اور اگلے رمضان تک قضا کر لینے میں فدیہ واجب نہیں، البتہ اگر اگلا رمضان گذر جائے تو قضا کے ساتھ فدیہ کے وجوب اور عدم وجوب میں اختلاف ہے، اور یہ مسئلہ منصوص نہیں اجتہادی ہے۔

[٦٥] باب ماجاء فی تأخیر قضاءِ رمضانَ

[٧٧٤-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا أبو عَوَانَةَ، عن إسماعیلَ السُّدِّیِّ، عن عبدِ اللّٰهِ البَهِیِّ، عن عائشةَ، قالتْ: مَا کُنْتُ أَقْضِیْ مَایَکُوْنُ عَلَیَّ مِنْ رَمَضَانَ إِلاَّ فِیْ شَعْبَانَ، حَتّٰی تُوُفِّیَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقد رَوَاهُ یَحییَ بنُ سعیدِ الأَنْصَارِیُّ عن أبی سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ نَحْوَ هٰذَا.

بابُ ماجاء فی فضل الصَّائِمِ إِذَا أُکِلَ عِنْدَهُ

روزے دار کے پاس کھایا جائے تو روزے دار کو ثواب ملتا ہے

اگر روزہ دار کے پاس کچھ کھایا پیا جائے تو روزے دار کا جی للچاتا ہے اس لئے اس پر بھی اس کو ثواب ملتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ”روزہ دار کے پاس جب بے روزہ کھاتے ہیں تو فرشتے برابر روزہ دار کے

لئے رحمت کی دعائیں کرتے ہیں"

تشریح: یہ شریک کی حدیث ہے، وہ حبیب بن زید سے اور وہ لیلیٰ سے روایت کرتے ہیں۔ لیلیٰ: حبیب بن زید کے خاندان کی آزاد کردہ ہیں، وہ ام عمارہؓ سے روایت کرتی ہیں، یہ حبیب کی نانی ہیں، لیلیٰ کو انھوں نے ہی آزاد کیا تھا، اس حدیث کو حبیب بن زید سے شریک کے علاوہ شعبہؒ نے بھی روایت کیا ہے اور دونوں کی سندیں متحد ہیں، البتہ شعبہ کی حدیث میں مضمون زائد ہے جو درج ذیل ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ ام عمارۃ کے گھر تشریف لے گئے انھوں نے آپؐ کے لئے کھانا رکھا، آپ نے فرمایا: تم بھی آجاؤ۔ انھوں نے عرض کیا: میرا روزہ ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بیشک روزہ دار پر فرشتے رحمت بھیجتے رہتے ہیں جب اس کے پاس کھانا کھایا جاتا ہے یہاں تک کہ کھانے والا فارغ ہوجاتا ہے" یا فرمایا: شکم سیر ہوجاتا ہے (اس حدیث میں حتی یفرُغوا یا حتی یشبعوا کا اضافہ ہے اور امام ترمذی نے اسی حدیث کو جس میں اضافہ ہے اصح کہا ہے)

تشریح: ہمارا معاشرہ اور عربوں کا معاشرہ مختلف ہے، ہمارے یہاں عورتیں اگر دسترخوان پر مہمان ہوں، خواہ محرم ہی ہوں مردوں کے ساتھ کھانا نہیں کھاتیں، اور عربوں میں اور یورپ، امریکہ اور لندن وغیرہ میں عورت مرد سب ایک ساتھ کھاتے ہیں۔ نبی ﷺ نے ام عمارۃ کو ساتھ کھانے کے لئے اس لئے بلایا تھا کہ وہاں کا معاشرہ یہی تھا۔ رہا یہ سوال کہ ام عمارۃ تو غیر محرم ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ نزولِ حجاب سے پہلے کا واقعہ ہے۔

[٦٦] باب ماجاء فی فضل الصائم إذا أُكِلَ عنده

[٧٧٥-] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عن حَبيبِ بنِ زَيْدٍ، عن لَيْلَى، عَنْ مَوْلَاتِهَا، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: "الصَّائِمُ إِذَا أَكَلَ عِنْدَهُ الْمَفَاطِيْرُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ"

قال أبو عيسى: ورَوَى شُعْبَةُ هذا الحديثَ عَنْ حَبِيْبِ بنِ زَيْدٍ، عَنْ لَيْلٰى، عن جَدَّتِهِ أُمِّ عُمَارَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[٧٧٦-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو دَاوُد، نا شُعْبَةُ، عن حَبِيْبِ بنِ زَيْدٍ، قالَ: سَمِعْتُ مَوْلَاةً لَنا يُقَالُ لَهَا لَيْلٰى، تُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ عُمَارَةَ ابْنَةِ كَعْبِ الأَنْصَارِيَّةِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا فَقَدَّمَتْ إِلَيْهِ طَعَامًا، فقالَ: "كُلِيْ" فقالتْ: إِنِّي صَائِمَةٌ، فقالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الصَّائِمَ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ إِذَا أُكِلَ عِنْدَهُ حَتّٰى يَفْرُغُوْا" ورُبَّمَا قال: "حَتَّى يَشْبَعُوْا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهو أَصَحُّ مِنْ حديثِ شَرِيْكٍ.

[٧٧٧-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن حَبِيْبِ بنِ زَيْدٍ، عن مَوْلَاةٍ لَهُم

يُقَالُ لَهَا لَيْلٰى، عَنْ أُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: "حتّٰى يَفْرُغُوْا أَوْ يَشْبَعُوْا"

قال أبو عيسى: وأُمُّ عُمَارَةَ: هِيَ جَدَّةُ حَبِيْبِ بنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے شعبہ رحمہ اللہ کی روایت کو جو اصح کہا ہے وہ متن کے اعتبار سے اصح کہا ہے ورنہ دونوں کی سندیں متحد ہیں اور اس حدیث کو شعبہ سے محمد بن جعفر نے بھی روایت کیا ہے مگر وہ اضافہ کے بغیر روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِيْ قَضَاءِ الْحَائِضِ الصِّيَامَ دُوْنَ الصَّلاَةِ

حائضہ پر روزوں کی قضا واجب ہے، نمازوں کی قضا واجب نہیں

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں ہمیں ماہواری آتی تھی، پھر ہم پاک ہوتی تھیں پس آپ ہمیں روزے قضا کرنے کا حکم دیتے تھے اور نماز قضا کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔

تشریح: یہ مسئلہ کتاب الطہارۃ باب ۹۶ میں گذر چکا ہے وہاں معاذۃ کی حدیث تھی جو اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اور یہاں جو حدیث ہے وہ عبیدۃ کی وجہ سے کمزور ہے (تقریب)

[٦٧] باب ماجاء فی قضاء الحائض الصيامَ دونَ الصلاةِ

[-۷۷۸] حدثنا عليُّ بنُ حُجْرٍ، نا عليُّ بنُ مُسْهِرٍ، عن عُبَيْدَةَ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: كُنَّا نَحِيْضُ عِنْدَ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم ثُمَّ نَطْهُرُ، فَيَأْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصِّيَامِ وَلاَ يَأْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصَّلاَةِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وقد رُوِىَ عن مُعَاذَةَ عن عائشةَ أَيْضًا، والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ لاَ نَعْلَمُ اخْتِلاَفًا فى أَنَّ الحَائِضَ تَقْضِيْ الصِّيَامَ وَلاَ تَقْضِي الصَّلاَةَ.

قال أبو عيسى: وعُبَيْدَةُ: هُوَ ابنُ مُعَتِّبٍ الضَّبِّيُّ الكُوْفِيُّ، ويُكْنَى أَبَا عبدِ الكريمِ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے، ہم ان کے درمیان اس مسئلہ میں کہ حائضہ روزے قضا کرے گی اور نماز قضا نہیں کرے گی کوئی اختلاف نہیں جانتے (یعنی یہ مسئلہ اجماعی ہے اور خوارج جو اختلاف کرتے ہیں (ان کے نزدیک نمازوں کی بھی قضا واجب ہے) وہ گمراہ فرقہ ہے اور گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا جیسے بیس رکعت تراویح پر اجماع ہے اور غیر مقلدین جو اختلاف کرتے ہیں تو اس کا اعتبار نہیں کیونکہ وہ گمراہ فرقہ ہے)

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ مُبَالَغَةِ الاِسْتِنْشَاقِ لِلصَّائِمِ

روزہ کی حالت میں ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ نہیں کرنا چاہئے

روزہ کی حالت میں وضو اور غسل کرتے وقت ناک میں پانی احتیاط سے چڑھانا چاہئے، اگر پانی دماغ میں چڑھ گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا، اور احتیاط کا طریقہ یہ ہے کہ سانس روک کر استنشاق کرے، دماغ میں پانی نہیں چڑھے گا، اور پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ روزہ اس وقت ٹوٹتا ہے جب منفذِ اصلی سے پیٹ میں کوئی چیز پہنچے اور دماغ میں کسی چیز کے چڑھ جانے سے روزہ اس لئے ٹوٹتا ہے کہ جو چیز دماغ میں پہنچتی ہے وہ وہاں نہیں ٹھہرتی، پیٹ میں اترتی ہے۔ البحر الرائق (۲۷۹:۲) میں ہے کہ دماغ اور پیٹ کے درمیان اصلی سوراخ ہے اور دماغ میں چڑھنے والی ہر چیز پیٹ میں اتر جاتی ہے۔ اس لئے روزہ کی حالت میں احتیاط سے استنشاق کرنے کا حکم ہے۔

اور دھویں کے دماغ میں چڑھنے سے روزہ اس لئے نہیں ٹوٹتا کہ وہ بے اختیار چڑھ جاتا ہے، چنانچہ دھواں پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، جیسے بیڑی، سگریٹ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، پھر اگر رمضان کا روزہ ہے تو قضا اور کفارہ دونوں واجب ہونگے اور غیر رمضان میں صرف قضا واجب ہوگی، اسی طرح پیسی ہوئی تمبا کو جس کو ناک میں کھینچتے ہیں اس سے بھی روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور رمضان کے روزے میں کفارہ بھی واجب ہوتا ہے اور اگر تمبا کو منہ میں رکھا جائے یا پسا ہوا تمبا کو دانتوں پر ملا جائے اور کوئی حصہ پیٹ میں نہ پہنچے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا مگر ایسا کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

حدیث: عاصم بن لقیط کہتے ہیں: میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے وضو سکھلایئے (یہ سوال واضح بھی ہے اور گول مول بھی ہے، واضح اس لئے ہے کہ سائل نے وضو کے احکام دریافت کئے ہیں اور گول مول اس لئے ہے کہ اُسے وضو کے تعلق سے کیا پوچھنا ہے یہ بات واضح نہیں، ایسے موقعہ پر بروقت جو بات ذہن میں آئے وہ بتادینا کافی ہوتا ہے) آپؐ نے فرمایا: وضو کامل کرو (جن علاقوں میں پانی کم ہے وہاں لوگ وضو میں پانی کم خرچ کرتے ہیں، اس لئے ایسی جگہوں میں کامل وضو کرنے کی ہدایت دینا ضروری ہے) اور انگلیوں کے درمیان خلال کرو (تاکہ وہاں جگہ خشک نہ رہ جائے) اور ناک میں اچھی طرح پانی چڑھاؤ اور ناک صاف کرو مگر یہ کہ آپ کا روزہ ہو (تو پانی چڑھانے میں مبالغہ نہ کرو، اور یہ دونوں حکم وضو کامل کرنے کے قبیل سے ہیں)

تشریح: اس حدیث سے علماء نے یہ مسئلہ اخذ کیا ہے کہ روزہ کی حالت میں ناک میں دوا ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے، کیونکہ ناک سے آگے منہ کی طرف بھی سوراخ ہے اور دماغ کی طرف بھی، پھر دماغ سے پیٹ کی طرف الگ سوراخ ہے۔ اور آنکھ میں دوا ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، وہاں نہ منہ کی طرف سوراخ ہے اور نہ دماغ کی طرف۔ اور کان میں سیال دوا ڈالنے سے بعض حضرات کے نزدیک روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور بعض کے نزدیک نہیں ٹوٹتا۔ اور اختلاف کی وجہ یہ

ہے کہ کان سے آگے منہ کی طرف تو بالاجماع سوراخ نہیں، مگر دماغ کی طرف سوراخ ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، جن حضرات کے نزدیک سوراخ ہے ان کے نزدیک کان میں دوا ڈالنا ناقض صوم ہے اور جن کے نزدیک سوراخ نہیں وہ عدم نقض کے قائل ہیں، اور میرے نزدیک کان میں دوا ڈالنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا، البتہ بہتر یہ ہے کہ روزہ کی حالت میں کان میں دوا نہ ڈالے، لیکن اگر کوئی ڈال دے تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ واللہ اعلم

[۶۸] باب ماجاء فی کراهية مبالغةِ الاستنشاق للصائم

[۷۷۹-] حدثنا عبدُ الوَهَّابِ الوَرَّاقُ، وأبو عَمَّارٍ، قالاَ: نا يحيىَ بنُ سُلَيْمٍ، قال: حَدَّثَنِیْ إسماعيلُ بنُ كثيرٍ، قال: سَمِعْتُ عَاصِمَ بنَ لَقِيْطِ بنِ صَبِرَةَ، عن أَبِيْهِ، قال: قُلْتُ: يارسولَ الله! أَخْبِرْنِیْ عنِ الوُضُوْءِ؟ قال: ''أَسْبِغِ الْوُضُوْءَ، وخَلِّلْ بَيْنَ الأَصَابِعِ، وبَالِغْ فی الاِسْتِنْشَاقِ إِلاَّ أَنْ تَكُوْنَ صَائِمًا''

قال أبوعيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد كَرِهَ أهلُ العلمِ السُّعُوْطَ لِلصَّائِمِ، وَرأَوْا أَنَّ ذٰلِكَ يُفَطِّرُهُ، وفی الحديثِ ما يُقَوِّیْ قَوْلَهُمْ.

ترجمہ: بعض علماء روزہ دار کے لئے ناک میں دوا ڈالنے کو مکروہ کہتے ہیں وہ کہتے ہیں: سُعوط (ناک میں دوا ڈالنا) روزے کو توڑ دے گا۔ اور مذکورہ حدیث سے ان کے قول کی تائید ہوتی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ نَزَلَ بِقَوْمٍ فَلاَ يَصُوْمُ إِلاَّ بِإِذْنِهِمْ

میزبان کی اجازت کے بغیر مہمان روزہ نہ رکھے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص کسی کے یہاں مہمان بنا، وہ ہرگز نفل روزہ نہ رکھے (رمضان کے روزے سے احتراز مقصود ہے) مگر میزبان کی اجازت سے''

تشریح: مہمان کے لئے میزبان کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنا ممنوع اس لئے ہے کہ معاملہ دو حال سے خالی نہیں: یا تو مہمان سحری کے بغیر روزہ رکھے گا پس میزبان پر بوجھ ہوگا کہ اس کے مہمان نے سحری کے بغیر روزہ رکھا، اور اگر مہمان گھر والوں کو سحری تیار کرنے کا حکم دے گا تو کیا وہ اس کے نوکر ہیں؟ وہ دن میں کھانا کھلاتے ہیں یہ کافی نہیں کہ رات میں بھی اٹھ کر کھانا تیار کریں، یہ بات مروّت کے خلاف ہے۔ نیز یہ بھی احتمال ہے کہ مہمان کے احترام میں میزبان نے دو چار آدمیوں کو کھانے پر بلا رکھا ہو، پس اگر وہ چپکے سے روزہ رکھ لے گا تو میزبان کے لئے پریشانی کھڑی ہوگی، اس لئے نبی ﷺ نے میزبان کی اجازت کے بغیر روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔

فائدہ: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، ایوب بن واقد الکوفی کو امام بخاری رحمہ اللہ نے منکر الحدیث کہا ہے، اور امام

ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو منکر قرار دیا ہے۔ جاننا چاہئے کہ فن کا منکر اور ہے اور امام ترمذی کا منکر اور ہے، فن میں منکر کے معنی ہیں: غیر ثقہ کا ثقہ کے خلاف روایت کرنا، پس غیر ثقہ کی روایت منکر ہے اور ثقہ کی روایت معروف ہے۔ اور سنن ترمذی وغیرہ میں منکر وہ حدیث ہے جس کو روایت کرنے والا صرف ضعیف راوی ہو اور وہ نہایت ضعیف ہو۔ غرض ترمذی وغیرہ میں منکر: ضعیفٌ جداً کے معنی میں آتا ہے، مذکورہ حدیث منکر اس لئے ہے کہ اس کو صرف ایوب بن واقد الکوفی روایت کرتا ہے اور یہ نہایت ضعیف راوی ہے، اور ابوبکر المدینی اس کا متابع ہے مگر وہ بھی ضعیف ہے۔

[٦٩] باب ماجاء فی من نزل بقوم فلایصوم إلا بإذنهم

[٧٨٠-] حدثنا بِشْرُ بنُ مُعَاذٍ العَقَدِیُّ البَصْرِیُّ، نا أَیُّوْبُ بنُ وَاقِدِ الکُوْفِیُّ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أبیه، عن عائشةَ قالتْ: قالَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: "مَنْ نَزَلَ علی قَوْمٍ فَلَا یَصُوْمَنَّ تَطَوُّعًا إِلَّا بِإِذْنِهِمْ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ مُنْکَرٌ، لَانَعْرِفُ أَحَدًا مِنَ الثِّقَاتِ رَوَی هَذَا الحدیثَ عن هِشَامِ بن عُرْوَةَ، وقَدْ رَوَی مُوسی بنُ دَاوُدَ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ المَدِیْنِیِّ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوًا مِنْ هٰذَا. وهذا حدیثٌ ضعیفٌ أَیْضًا، أَبُوْ بَکْرٍ ضعیفٌ عندَ أهلِ الحدیثِ، وأَبُوْ بَکْرٍ المَدِیْنِیُّ الذی رَوَی عَنْ جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ: اسْمُهُ الفَضْلُ بنُ مُبَشِّرٍ، وَهُوَ أَوْثَقُ مِنْ هٰذا وَأَقْدَمُ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث منکر ہے ہم ثقہ راویوں میں سے کسی کو نہیں جانتے، جس نے یہ حدیث ہشام بن عروۃ سے روایت کی ہو، البتہ ابوبکر المدینی نے ہشام سے اس کے مانند روایت کی ہے اور یہ حدیث بھی ضعیف ہے، ابوبکر محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔ اور ایک دوسرے ابوبکر المدینی ہیں جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، ان کا نام فضل بن مبشر ہے، وہ اس راوی سے اوثق اور مقدم ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الِاعْتِکَافِ

اعتکاف کا بیان

اعتکاف کے لغوی معنی ہیں: ٹھہرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: عبادت کی نیت سے مسجد میں ٹھہرنا۔ اعتکاف کی تین قسمیں ہیں: واجب، سنت مؤکدہ علی الکفایہ اور مستحب۔

واجب اعتکاف: منت کا اعتکاف ہے اور نذریں دو ہیں: نذر معلق اور نذر منجز۔ نذر معلق یہ ہے کہ آدمی اعتکاف

کوکسی کام پر معلق کرے کہ اگر اس کا فلاں کام ہوگیا تو وہ اعتکاف کرے گا، پھر وہ کام ہوگیا تو اعتکاف کرنا واجب ہے۔ اور نذر منجز یہ ہے کہ کسی چیز پر معلق کئے بغیر اللہ کے لئے اعتکاف کی نذر مانے، اس صورت میں بھی اعتکاف واجب ہے، اور نذر میں زبان سے لِلّٰہِ عَلَیَّ (مجھ پر اللہ کے لئے واجب ہے) یا ہر زبان میں جو کلمہ اس کے مترادف ہو وہ بولنا ضروری ہے، محض نیت کرنے سے اعتکاف واجب نہیں ہوتا۔ اور واجب اعتکاف میں روزہ شرط ہے، خواہ روزے کی منت مانی ہو یا نہ مانی ہو، روزے کے بغیر واجب اعتکاف نہیں ہوتا، اور اگر کوئی شخص رمضان میں نذر کا اعتکاف کرے تو رمضان کا روزہ کافی ہو جائے گا۔

اور سنت مؤکدہ علی الکفایہ: رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف ہے اور علی الکفایہ کا مطلب یہ ہے کہ اگر ایک دو آدمی بھی اعتکاف کرلیں تو سارے محلّہ کی طرف سے سنت ادا ہو جائے گی اور اگر کوئی بھی اعتکاف نہ کرے تو سب پر ترکِ سنت کا وبال آئے گا۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ سنت کے ترک پر بھی عذاب ہے، درمختار میں ہے: اگر کوئی شخص دائمی طور پر سنن مؤکدہ کا تارک ہو جائے تو وہ عنداللہ ماخوذ ہوگا یعنی تارک سنت کے لئے بھی سزا ہے۔

مستحب اعتکاف: ان دو اعتکافوں کے علاوہ جو بھی اعتکاف ہے وہ مستحب ہے، اور اس اعتکاف کے لئے وقت کی تحدید ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم، امام مالک اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ کے نزدیک تحدید ہے، پھر امام اعظم اور امام مالک کے نزدیک نفل اعتکاف کا زمانہ کم از کم ایک دن ہے، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک دن کا اکثر حصہ ہے، اور امام محمد اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک تحدید نہیں ہے، ایک گھڑی کا بھی اعتکاف صحیح ہے اور فتوی امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔

اور پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کے نزدیک فجر کے بعد اشراق تک مسجد میں ٹھہرنے کا جو حکم ہے وہ روزہ مرہ کا اعتکاف ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مستحب اعتکاف کے لئے نہ وقت کی تحدید ہے نہ روزہ شرط ہے، اور ابن الہمام کے نزدیک خواہ کوئی سا اعتکاف ہو روزہ شرط ہے، البتہ ان کے نزدیک بھی نفل اعتکاف کے لئے وقت کی تحدید نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔

تشریح: نبی ﷺ نے مدینہ میں ہوتے ہوئے ہمیشہ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا ہے، مگر آپؐ نے نہ تو اعتکاف کرنے کی صحابہ کو تاکید کی اور نہ اعتکاف نہ کرنے پر ناراضگی ظاہر کی، اس لئے مواظبت سے اعتکاف کا سنت ہونا یا زیادہ سے زیادہ سنت مؤکدہ ہونا ثابت ہوگا، اگر آپؐ نے مواظبت کے ساتھ صحابہ کو اعتکاف کرنے کی تاکید بھی کی ہوتی یا اعتکاف نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار کیا ہوتا تو اعتکاف واجب ہو جاتا۔

نوٹ: اس حدیث کی سند میں ابن شہاب زہری سے تحویل ہے، ایک سند ابو ہریرہؓ پر پہنچتی ہے اور دوسری حضرت

عائشہؓ پر، اور جہاں مصنف کتاب کی جانب سے تحویل ہوتی ہے وہاں تحویل کی علامت ح لکھتے ہیں، اور اگر اوپر کسی راوی سے تحویل ہوتی ہے تو ح نہیں لکھتے، چنانچہ یہاں بھی نہیں لکھی۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ جب اعتکاف کا ارادہ فرماتے تو فجر کی نماز پڑھاتے پھر معتکف (اعتکاف کرنے کی جگہ) میں داخل ہوتے۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ اعتکاف مسنون کی ابتداء اکیس تاریخ کی فجر سے ہوتی ہے اور ان کا مفتی بہ قول اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ اعتکاف کی ابتداء اکیسویں شب سے ہوتی ہے، لہٰذا معتکف کو بیسویں تاریخ کے غروب شمس سے پہلے مسجد میں پہنچ جانا چاہئے۔

اور جمہور نے اس حدیث کی یہ تاویل کی ہے کہ یہاں معتکف سے مسجد مراد نہیں، بلکہ چٹائیوں کا وہ کمرہ مراد ہے جو آپؐ کے لئے مسجد نبوی میں بنایا جاتا تھا تاکہ آپ اس میں آرام فرمائیں، صحابہ وہ کمرہ اکیسویں شب میں بناتے تھے اس لئے آپ یہ رات مسجد میں گذارتے تھے اور فجر پڑھا کر اس کمرہ میں تشریف لے جاتے تھے تاکہ آرام کریں۔

نوٹ: اس حدیث کو ابومعاویہ مسند روایت کرتے ہیں اور اوزاعی اور سفیان ثوری ان کے متابع ہیں اور امام مالک مرسل روایت کرتے ہیں اور مسند روایت اصح ہے۔

[۷۰] باب ماجاء فی الاعتکاف

[۷۸۱-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، ناعبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عنِ الزُّهْرِیِّ، عن سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عن أبی هریرةَ، وَعُرْوَةَ، عن عائشةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کانَ یَعْتَکِفُ الْعَشْرَ الْأَوَاخِرَ مِنْ رَمَضَانَ حَتّٰی قَبَضَهُ اللّٰهُ.

قالَ: وفی الباب: عن أُبَیِّ بنِ کَعْبٍ، وأَبِیْ لَیْلَی، وأَبِیْ سَعِیدٍ، وأَنَسٍ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ وعائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۷۸۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِیَةَ، عن یَحییَ بنِ سَعِیدٍ، عن عَمْرَةَ، عن عائشةَ، قالَتْ: کانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ یَعْتَکِفَ صَلَّی الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ فِیْ مُعْتَکَفِهِ.

قال أبو عیسی: وقد رُوِیَ هذا الحدیثُ عن یَحییَ بنِ سَعِیدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْسلٌ، وَرَوَاهُ مَالِكٌ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ یَحییَ بنِ سَعِیْدٍ مُرْسَلًا، وَرَوَاهُ الْأَوْزَاعِیُّ وَسُفْیانُ الثَّوْرِیُّ، عن یَحیی بنِ سعیدٍ، عن عَمْرَةَ، عن عائشةَ.

والعَمَلُ علی هذا الحدیثِ عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، یَقُوْلُوْنَ: إِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ أَنْ یَعْتَکِفَ صَلَّی

الْفَجْرَ ثُمَّ دَخَلَ فِيْ مُعْتَكَفِهِ، وهو قَوْلُ أحمدَ بنِ حَنْبَلٍ، وإسحاقَ بنِ إبراهيمَ. وقالَ بَعْضُهُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَعْتَكِفَ فَلْتَغِبْ لَهُ الشَّمْسُ مِنَ اللَّيْلَةِ التي يُرِيْدُ أَنْ يَعْتَكِفَ فِيْهَا مِنَ الغَدِ وقَدْ قَعَدَ فِيْ مُعْتَكَفِهِ، وهو قولُ سفيانَ الثَّوْرِيِّ، ومالكِ بنِ أنسٍ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث یحیٰ بن سعید سے مرسل بھی روایت کی گئی ہے یعنی اس کو امام مالکؒ وغیرہ نے مرسل روایت کیا ہے اور اوزاعی اور سفیان ثوری نے اس کو مسند روایت کیا ہے —— اور اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب آدمی اعتکاف کا ارادہ کرے تو فجر کی نماز پڑھے پھر معتکف میں داخل ہو، اور یہ احمد و اسحاق کا قول ہے (امام احمد کی یہ ایک روایت ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: جب کوئی اعتکاف کرنے کا ارادہ کرے تو چاہئے کہ ڈوبے اس کے لئے اس رات کا سورج جس کی صبح کو وہ اعتکاف کرنے کا ارادہ رکھتا ہے درانحالیکہ وہ مسجد میں آچکا ہو (یعنی بیسویں تاریخ کو غروب شمس سے پہلے مسجد میں آجائے) اور یہ ثوری، مالک (امام اعظم اور امام احمد کا مفتی بہ) قول ہے۔

بابُ ماجاء فی لیلة القدر

شب قدر کا بیان

لیلۃ القدر کے بارے میں روایات میں شدید اختلاف ہے۔ اگر اس کا تذکرہ قرآن میں نہ ہوتا تو شاید اس کے ماننے میں بھی تذبذب ہوتا، مگر چونکہ قرآن میں اس کے بارے میں پوری ایک سورت (سورۃ القدر) موجود ہے اس لئے اس کا وجود یقینی ہے، اس میں شک وشبہ کی قطعاً گنجائش نہیں۔

اور شب قدر پورے سال میں دائر ہے یا صرف رمضان میں ہوتی ہے؟ مسلم شریف (۱:۳۷۰) میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ شب قدر پورے سال میں دائر ہے جو شخص سال کی تمام راتوں میں عبادت کرے گا وہ شب قدر پائے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ شب قدر دو ہیں: ایک رمضان میں دائر ہے، دوسری سال بھر میں دائر ہے اور یہ دوسری شب قدر کبھی رمضان میں بھی آتی ہے اور کبھی دونوں ایک ہی رات میں مجتمع بھی ہوجاتی ہیں۔

ان کے علاوہ پوری امت متفق ہے کہ شب قدر ایک ہے اور صرف رمضان کی راتوں میں دائر ہے اور یہی قول صحیح ہے اس لئے کہ اگر شب قدر پورے سال میں دائر ہوتی تو امت میں سال بھر شب قدر تلاش کرنے کا معمول ہوتا جبکہ اس کا معمول نہیں ہے، نہ نبی ﷺ کی سیرت میں یہ بات ملتی ہے اس لئے دیگر صحابہ کی اور پوری امت کی جو رائے ہے وہی صحیح ہے اور حضرت ابن مسعودؓ کے قول کا مطلب حضرت ابی بن کعبؓ نے یہ بیان کیا ہے کہ ابن مسعود چاہتے تھے کہ لوگ ہر رات اللہ کی عبادت کریں، اس لئے انھوں نے وہ بات کہی، ورنہ ابن مسعودؓ بھی یقین سے جانتے تھے

کہ شب قدر صرف رمضان میں ہے، یعنی جب رمضان سال کا جزء ہے تو جو رات رمضان میں ہوگی وہ سال میں بھی ہوگی، اس لئے مجازاً یہ کہنا درست ہے کہ شب قدر سال میں ہے۔

شب قدر کونسی رات ہے؟ اس سلسلہ میں حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری (۴: ۲۲۷-۲۳۱ باب تحری لیلۃ القدر إلخ) میں اڑتالیس قول لکھے ہیں اقوال کا یہ اختلاف روایات کے اختلاف سے پیدا ہوا ہے، خود نبی ﷺ کو بھی اس رات کا علم نہیں تھا، آپؐ نے ایک سال پورے رمضان کا اعتکاف کیا جب پہلا عشرہ پورا ہوا تو آپؐ نے فرمایا: میں نے شب قدر کی تلاش میں اعتکاف کیا تھا مگر اس عشرہ میں شب قدر نہیں آئی، اس لئے میں آئندہ عشرہ کا اعتکاف کروں گا جسے ٹھہرنا ہو ٹھہرے اور جسے جانا ہو جائے۔ چنانچہ کچھ لوگ چلے گئے اور کچھ نئے آ گئے، پھر دوسرے عشرہ کے ختم پر بھی یہی فرمایا کہ اس عشرہ میں بھی شب قدر نہیں آئی، اور میں آئندہ عشرہ کا اعتکاف کروں گا اور فرمایا: مجھے شب قدر کی یہ علامت بتائی گئی ہے کہ شب قدر کی صبح میں میں گارے میں سجدہ کروں گا اور یہ علامت ابھی تک نہیں پائی گئی، پھر اکیسویں شب میں بارش ہوئی، مسجد چھپر کی تھی اور اس میں اندھیرا رہتا تھا آپؐ کے زمانہ میں مسجد نبوی میں چراغ نہیں جلا تھا، محراب میں پانی چویا اور وہاں کیچ ہوگئی آپؐ نے فجر کی نماز اندھیرے میں پڑھائی جب سجدہ کیا تو ماتھا گارے میں پڑا اور پیشانی کیچ سے سن گئی، پس معلوم ہوا کہ شب قدر گئی۔

یہ علامت صرف اس خاص رمضان کے لئے تھی جس رمضان میں آپؐ نے پورے مہینے کا اعتکاف کیا تھا۔ اور علامت بھی ایسی بتائی جس کا ظہور شب قدر گذر جانے کے بعد ہوا (مسلم ۱: ۳۷۰)

اور بخاری میں یہ واقعہ ہے کہ ایک بار آپؐ گھر سے باہر تشریف لائے، آپؐ نے دو شخصوں کو جھگڑتے دیکھا آپؐ صلح صفائی میں لگ گئے اور شب قدر کا علم ذہن سے نکل گیا، آپؐ نے فرمایا: میں تمہیں شب قدر کے بارے میں بتانے آیا تھا مگر فلاں فلاں میں نزاع ہو رہا تھا جس کی وجہ سے میں اس کو بھول گیا اور شاید تمہارے لئے اسی میں بھلائی ہو (مشکوٰۃ حدیث ۲۰۹۵) یہاں بھی خاص اسی رمضان کے لئے جس میں نزاع پیش آیا تھا شب قدر کی نشاندہی کی گئی تھی آئندہ کے رمضانوں کے بارے میں تعیین نہیں کی گئی تھی، اور پہلی حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ رمضان کی ہر رات میں شب قدر کا احتمال ہے، اس لئے نبی ﷺ نے اس کی تلاش میں پورے مہینے کا اعتکاف کیا تھا، پس جو لوگ ستائیسویں شب پر تکیہ کر کے بیٹھ گئے ہیں وہ ٹھیک نہیں۔

روایات میں اختلاف کی وجہ: اور شب قدر کی روایات میں جو اختلاف ہے اس کی وجہ امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ بیان کی ہے کہ نبی ﷺ کے پاس جب کوئی شب قدر کے بارے میں پوچھنے آتا تو آپؐ اس کا ذہن پڑھتے اور اندازہ کرتے کہ اس کا رجحان کس طرف ہے؟ جس رات کی طرف سائل کا رجحان ہوتا اسی رات میں شب قدر تلاش کرنے کا امر فرماتے، اس طرح روایات مختلف ہو گئیں۔

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: جب دارالعلوم کا قضیہ پیش آیا تو کچھ لوگ حکیم الاسلام قدس سرہ کی طرف چلے گئے اور کچھ لوگ کیمپ میں شامل ہو گئے، دونوں جانب کے لوگ حضرت شیخ زکریا صاحب قدس سرہ کے مرید تھے اور ایسے موقعہ پر مرید پیر سے مشورہ کیا کرتا ہے، چنانچہ جب کوئی ان سے مشورہ طلب کرتا اور پوچھتا: کیا میں حکیم الاسلام کا ساتھ دوں؟ تو آپ فرماتے: جی ہاں ان کا ساتھ دو، دوسرا پوچھتا: میں کیمپ میں رہوں تو آپ فرماتے: ہاں کیمپ میں رہو، ظاہر ہے دارالعلوم کا قضیہ الجھا ہوا تھا حق کس جانب ہے وہ معلوم نہیں تھا اور اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا یہ بھی معلوم نہیں تھا، پس سوائے اس کے کہ ہر شخص کو جس طرف اس کا رجحان ہو عمل کرنے کا مشورہ دیا جائے اور کیا راستہ ہے؟ اسی طرح نبی ﷺ بھی ہر سائل کو جس طرف اس کا رجحان ہوتا شب قدر تلاش کرنے کا امر فرماتے، پس امام شافعی رحمہ اللہ نے جو توجیہ کی ہے اس سے بہتر کوئی توجیہ میرے علم میں نہیں۔

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری عشرہ میں اعتکاف کیا کرتے تھے (یُجَاوِر مدینہ کے محاورے میں یَعْتکف کے معنی میں ہے) اور فرماتے: ''شب قدر کو رمضان کے آخری عشرہ میں تلاش کرو''

تشریح: علماء فرماتے ہیں: رمضان کی کوئی بھی رات شب قدر ہو سکتی ہے کوئی خاص رات یا عشرہ شب قدر کے لئے متعین نہیں، البتہ زیادہ احتمال آخری عشرہ میں شب قدر ہونے کا ہے، پھر اس میں بھی طاق راتوں میں زیادہ احتمال ہے اور طاق راتوں میں بھی ستائیسویں رات میں زیادہ احتمال ہے، لہٰذا بہترین شخص وہ ہے جو رمضان کی ہر رات میں حسب توفیق عبادت کرے، اور جو لوگ ستائیسویں شب پر تکیہ کر کے بیٹھ جاتے ہیں وہ دھوکے میں ہیں، بلکہ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: زیادہ امید اکیسویں شب میں ہے، مگر عام طور پر علماء نے امام شافعیؒ کی اس رائے کو زیادہ اہمیت نہیں دی، کیونکہ اس کا مدار مسلم کی اس روایت پر ہے جو اوپر مذکور ہوئی، اور اس رمضان میں جو علامت بتائی گئی تھی وہ علامت صرف اسی رمضان کے لئے تھی سب رمضانوں کے لئے نہیں تھی، اور اس معین رمضان میں اکیسویں شب میں شب قدر ہونے سے ہر رمضان کی ۲۱ ویں شب میں شب قدر ہونا لازم نہیں آتا۔

فائدہ: نبی ﷺ نے رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں شب قدر تلاش کرنے کے لئے فرمایا ہے، پس اگر شروع رمضان سے گنیں گے تو ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷ اور ۲۹ طاق راتیں ہونگی اور اگر آخر سے گنیں گے تو اگر رمضان تیس کا پورا ہوگا تو طاق راتیں یہی ہونگی، اور اگر انتیس کا پورا ہوگا تو طاق راتیں ۲۲، ۲۴، ۲۶ اور ۲۸ ہونگی۔ اور علماء نے دونوں طرح گنا ہے، پس عشرۂ اخیرہ کی ساری راتیں حدیث کا مصداق ہونگی۔

حدیث (۲): زر بن حُبیش کہتے ہیں: میں نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوالمنذر! آپ کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی کہ شب قدر ستائیسویں رات ہے؟ (لفظ أنّی میں صرف سوال نہیں ہے بلکہ اعتراض بھی ہے،

چونکہ زر: ابن مسعودؓ کے شاگرد تھے اور ابی بن کعبؓ کی رائے ابن مسعودؓ کے خلاف تھی، اس لئے انھوں نے اس طرح سوال کیا ہے کہ پوشیدہ طور پر اعتراض بھی ہو جائے) حضرت ابی نے فرمایا: کیوں نہیں، ہمیں نبی ﷺ نے بتلایا ہے کہ شب قدر ایسی رات ہے جس کی صبح میں سورج اس حال میں طلوع ہوتا ہے کہ اس میں شعاعیں نہیں ہوتیں، پس ہم نے راتیں گنی ہیں اور ان کی حفاظت کی ہے (یعنی مہینہ کے شروع سے میں راتیں گنتا ہوں اور ہر رات کی صبح میں سورج کی کیفیت دیکھتا ہوں، ہر ستائیسویں شب کے بعد سورج کو دیکھتا ہوں تو یہ علامت پائی جاتی ہے) قسم بخدا! ابن مسعودؓ جانتے ہیں کہ شب قدر رمضان میں ہے اور وہ ستائیسویں شب ہے لیکن انھوں نے ناپسند کیا کہ تمہیں یہ بات بتائیں پس تم اس پر بھروسہ کر کے بیٹھ جاؤ۔

تشریح: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قسم کھا کر کہا کرتے تھے کہ شب قدر رمضان میں ہے اور وہ ستائیسویں رات ہے اور فرماتے تھے کہ نبی ﷺ نے ہمیں شب قدر کی یہ علامت بتائی ہے کہ اس کی صبح میں جب سورج طلوع ہوگا تو اس میں شعاعیں نہیں ہونگی، فرماتے ہیں: میں ہمیشہ ستائیسویں شب کے بعد سورج کو طلوع ہوتے ہوئے دیکھتا ہوں، اس میں شعاعیں نہیں ہوتیں، مگر علماء نے حضرت ابی بن کعبؓ کی اس رائے سے اتفاق نہیں کیا کیونکہ اس کا مدار جس علامت پر ہے وہ غیر واضح ہے، ظاہر ہے نبی ﷺ نے جو علامت بتائی ہے اس کا یہ مطلب تو ہے نہیں کہ پورے دن شعاعیں نہیں ہونگی بلکہ مطلب یہ ہے کہ ایک وقت تک شعاعیں نہیں ہونگی اور ایسا ہر صبح کو ہوتا ہے جب سورج طلوع ہوتا ہے تو اس میں شعاعیں نہیں ہوتیں، پھر رفتہ رفتہ شعاعیں بھرتی ہیں، اور اگر امتیاز کرنے کے لئے وقت کی تعیین کریں مثلاً یہ کہیں کہ شب قدر کی صبح میں بیس منٹ تک شعاعیں نہیں ہونگی تو یہ بات بھی ممکن نہیں اس لئے کہ گرمیوں اور سردیوں کے اعتبار سے اس میں اختلاف ہوتا ہے، ہلکے بادل اور بارش کا ترشح ہو رہا ہو تو بھی فرق پڑتا ہے، اس لئے یہ علامت غیر واضح ہے، چنانچہ علماء نے اس رائے کو زیادہ اہمیت نہیں دی، مگر عوام نے حضرت ابیؓ کی اس رائے پر تکیہ کر لیا، جو ٹھیک نہیں۔ شب قدر پورے مہینے میں دائر ہے پس رمضان کی ہر رات میں حسب توفیق عبادت کرنی چاہئے۔

حدیث (۳): عبدالرحمٰن کہتے ہیں: ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی مجلس میں لیلۃ القدر کا تذکرہ آیا، آپ نے فرمایا: میں اس رات کو کسی رات میں تلاش نہیں کرتا، جب سے میں نے اس کے بارے میں نبی ﷺ سے سنا ہے، مگر آخری عشرہ میں اس لئے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: اس رات کو تلاش کرو جب نو راتیں باقی رہ جائیں، یا سات راتیں باقی رہ جائیں یا پانچ راتیں باقی رہ جائیں یا تین راتیں باقی رہ جائیں یا آخری رات میں تلاش کرو۔ عبدالرحمٰن کہتے ہیں: حضرت ابوبکرۃؓ رمضان کی بیس راتوں تک سال بھر کی طرح نمازیں پڑھتے تھے (یعنی رمضان کی وجہ سے تہجد میں کوئی خاص اضافہ نہیں کرتے تھے) پھر جب عشرۂ اخیرہ شروع ہوتا تو خوب کوشش کرتے تھے (یعنی بہت عبادت کرتے تھے)

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے علماء نے عشرۂ اخیرہ کو آخر سے بھی گنا ہے، پس اگر تیس کا چاند ہوا تو ۲۱، ۲۳، ۲۵،

۲۷ اور ۲۹ طاق راتیں ہونگی اور انتیس کا چاند ہوا تو ۲۲، ۲۴، ۲۶ اور ۲۸ طاق راتیں ہونگی، پس غرض عشرۂ اخیرہ کی ہر رات حدیث کا مصداق ہوسکتی ہے۔

فائدہ (۱): شب قدر ساری دنیا میں ایک ہوتی ہے اگرچہ تاریخوں میں اختلاف ہو، مثلاً ہندوستان میں وہ ۲۶ کی رات ہو اور انگلینڈ اور امریکہ میں ۲۷ کی ہو ایسا ہوسکتا ہے، باقی ایک معین رات ہی ساری دنیا میں شب قدر ہوگی۔

فائدہ (۲): آخری عشرہ میں اعتکاف کرنے کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ شب قدر ان شاء اللہ خود بخود بدست آجائے گی، اگر معتکف سو رہا ہے تو بھی عبادت کا ثواب ملے گا، اس کو کہتے ہیں: ہم خرما ہم ثواب!

[۷۱] باب ماجاء فی لیلة القدر

[۷۸۳-] حدثنا هارونُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قالتْ: كانَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم يُجَاوِرُ فِيْ العَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَيَقُوْلُ: "تَحَرَّوْا لَيْلَةَ القَدْرِ فِيْ العَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ"

وفى الباب: عن عُمَرَ، وأُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، وجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وجَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، وابنِ عُمَرَ، والفَلَتَانِ بنِ عَاصِمٍ، وأَنَسٍ، وأبى سَعِيدٍ، وعبدِ الله بنِ أُنَيْسٍ، وأبى بَكْرَةَ، وابنِ عبّاسٍ، وبِلَالٍ، وعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَوْلُهَا: "يُجَاوِرُ" تَعْنِى يَعْتَكِفُ؛ وأَكْثَرُ الرِّوَايَاتِ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "الْتَمِسُوْهَا فى العَشْرِ الْأَوَاخِرِ فِيْ كُلِّ وِتْرٍ"، ورُوِىَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى لَيْلَةِ الْقَدْرِ: أَنَّهَا لَيْلَةُ إِحْدى وَعِشْرِيْنَ، وَلَيْلَةُ ثلاثٍ وعشرينَ، وخَمْسٍ وعِشْرِيْنَ، وسَبْعٍ وعِشْرِيْنَ، وتِسْعٍ وعشرينَ، وآخِرِ لَيْلَةٍ مِنْ رَمَضَانَ.

قال الشافعيُّ: كانَ هذا عِنْدِيْ — وَاللّٰهُ أَعْلَمُ — أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كان يَجِيْبُ على نَحْوِ مَا يُسْأَلُ عَنْهُ، يُقَالُ لَهُ: نَلْتَمِسُهَا فِيْ لَيْلَةِ كَذَا؟ فيقُوْلُ: "الْتَمِسُوْهَا فِيْ لَيْلَةِ كَذَا"، قالَ الشافعيُّ: وَأَقْوَى الرِّوَايَاتِ عِنْدِيْ فِيْهَا لَيْلَةُ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ.

قال أبو عيسى: وقَدْ رُوِىَ عَنْ أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ أَنَّهُ كانَ يَحْلِفُ أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وعِشْرِيْنَ، ويقولُ: أَخْبَرَنَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم بِعَلَامَتِهَا، فَعَدَدْنَا وَحَفِظْنَا.

ورُوِىَ عن أبى قِلَابَةَ أَنَّهُ قال: لَيْلَةُ الْقَدْرِ تَنْتَقِلُ فى العَشْرِ الْأَوَاخِرِ، أَخْبَرَنَا بِذَلِكَ عَبْدُ بنُ حُمِيْدٍ نَا عبدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عن أَيُّوْبَ، عن أبى قِلَابَةَ بهذا.

[۷۸۴-] حدثنا واصِلُ بنُ عبدِ الْأَعْلٰى الكُوْفِيُّ، نا أبو بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عن عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قال:

قُلْتُ لِأُبَيِّ بنِ كَعْبٍ: أَنّٰى عَلِمْتَ أَبَا الْمُنْذِرِ أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ؟ قال: بَلٰى أَخْبَرَنَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَنَّهَا لَيلَةٌ صَبِيْحَتَهَا تَطْلُعُ الشَّمْسُ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ، فَعَدَدْنَا وَحَفِظْنَا، وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمَ ابنُ مَسْعُوْدٍ أَنَّهَا فِيْ رَمَضَانَ، وأَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وعِشْرِيْنَ، ولٰكِنْ كَرِهَ أَنْ يُخْبِرَكُمْ فَتَتَّكِلُوْا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۸۵-] حدثنا حُميدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا عُيَيْنَةُ بنُ عبدِ الرحمنِ، قال حَدَّثَنِيْ أبي، قالَ: ذُكِرَتْ لَيْلَةُ القَدْرِ عِنْدَ أبي بَكْرَةَ، فقالَ: مَا أَنَا بِمُلْتَمِسِهَا لِشَيْئٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم إِلَّا فِيْ العَشْرِ الْأَوَاخِرِ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُهُ يقولُ:" الْتَمِسُوْهَا فِيْ تِسْعٍ يَبْقَيْنَ، أَوْ سَبْعٍ يَبْقَيْنَ، أَوْخَمْسٍ يَبْقَيْنَ، أَوْ ثَلَاثٍ أَوْ آخِرِ لَيْلَةٍ" قال: وكانَ أبو بَكْرَةَ يُصَلِّيْ فى العِشْرِيْنَ مَنْ رَمَضَانَ كَصَلَاتِهِ فى سَائِرِ السَّنَةِ، فإِذَا دَخَلَ العَشْرُ اجْتَهَدَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت عائشہؓ کے قول یُجاوِرُ کے معنی ہیں: یعتکف۔ اور نبی ﷺ سے اکثر روایتوں میں یہ آیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''شب قدر کو رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو'' اور نبی ﷺ سے لیلۃ القدر کے بارے میں مروی ہے کہ وہ ۲۱ ویں رات، ۲۳ ویں رات، ۲۵ ویں رات، ۲۷ ویں رات، ۲۹ ویں رات اور رمضان کی آخری رات ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: یہ اختلاف میرے نزدیک — اور اللہ بہتر جانتے ہیں — (متقدمین واللہ أعلم وہاں بڑھاتے ہیں جہاں وہ اپنی طرف سے کوئی بات کہتے ہیں یعنی وہ بات سلف سے منقول نہیں ہوتی) بایں وجہ ہے کہ نبی ﷺ جواب دیا کرتے تھے اس طور پر جس طور پر آپؐ سے پوچھا جاتا تھا (مثلاً) آپؐ سے پوچھا گیا کہ ہم اس کو فلاں رات میں تلاش کریں تو آپؐ فرماتے: ''اس کو فلاں رات میں تلاش کرو'' امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اور میرے نزدیک شب قدر میں سب سے قوی ۲۱ ویں رات کی روایت ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور ابی بن کعبؓ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ قسم کھایا کرتے تھے کہ شب قدس ۲۷ ویں شب ہے، اور فرماتے تھے: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اس کی علامت بتلائی ہے، پس ہم نے راتیں گنی ہیں اور ان کو یاد رکھا ہے۔ اور ابو قلابہ رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ لیلۃ القدر آخری عشرہ میں منتقل ہوتی رہتی ہے پھر ابو قلابہ کے قول کی سند ہے۔

بابٌ مِنْهُ

عشرۂ اخیرہ میں متعلقین کو بھی بیدار کرے

آنحضور ﷺ جب تہجد کے لئے اٹھتے تھے تو گھر والوں کو بیدار نہیں کرتے تھے وہ از خود اٹھ جائیں تو ان کی

مرضی، لیکن رمضان کے آخری عشرہ میں آپؐ خود بھی عبادت میں بہت کوشش کرتے تھے اور گھر والوں کو بھی جگا دیتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ رمضان کے آخری عشرہ میں عبادت میں جتنی محنت کرتے تھے دوسرے دنوں میں اتنی محنت نہیں کرتے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ رمضان کے آخری عشرہ میں گھر والوں کو بھی بیدار فرما دیتے تھے تا کہ وہ بھی شب قدر سے بے بہرہ نہ رہیں۔

[۷۲] بابٌ مِنْهُ

[۷۸۶-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وكيعٌ، نا سفيانُ، عن أبي إسحاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بنِ يَرِيْمَ، عن عليٍّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يُوْقِظُ أَهْلَهُ فِي العَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۷۸۷-] حدثنا قُتيبةُ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ زِيَادٍ، عن الحسنِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن إبراهيمَ، عن الْأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَجْتَهِدُ فى الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مَالاَ يَجْتَهِدُ فِيْ غَيْرِهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فى الصَّوْمِ فى الشِّتَاءِ

سردی کا روزہ ٹھنڈی غنیمت ہے

آنحضور ﷺ نے سردیوں کے روزے کو ٹھنڈی غنیمت فرمایا ہے، جو مال دشمن سے لڑ بھڑ کر حاصل ہوتا ہے وہ گرم غنیمت ہے اور جو مصالحت سے حاصل ہوتا ہے یا دشمن چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے اور لڑے بھڑے بغیر حاصل ہو جاتا ہے وہ ٹھنڈی غنیمت ہے، یعنی نہایت آسانی سے حاصل ہونے والا مال۔ حضور ﷺ نے سردی کے روزوں کو ٹھنڈی غنیمت سے تشبیہ دی ہے، سردیوں میں دن چھوٹا ہوتا ہے جس کی وجہ سے نہ بھوک لگتی ہے نہ پیاس اور ثواب پورا ملتا ہے یعنی نہ لگے مہندی نہ لگے پھٹکری اور رنگ آئے چوکھا! پس سردیوں میں نفل روزوں کا اہتمام کرنا چاہئے۔ مگر پان بیڑی کا برا ہو، یہ لت ایسی ہے جو روزہ رکھنے نہیں دیتی، آدمی کھائے پیئے بغیر رہ سکتا ہے مگر پان بیڑی کے بغیر نہیں رہ سکتا۔

[۷۳] باب ماجاء فى الصوم فى الشتاء

[۷۸۸-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحيىَ بنُ سَعِيدٍ، نا سفيانُ، عن أبي إسحاقَ، عَنْ نُمَيْرِ بنِ عَرِيْبٍ، عن عَامِرِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: ”الغَنِيْمَةُ الْبَارِدَةُ الصَّوْمُ فِيْ الشِّتَاءِ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ مُرْسَلٌ، عَامِرُ بنُ مَسْعُوْدٍ لَمْ يُدْرِكِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ وَالِدُ إبراهيمَ بنِ عَامِرٍ القُرَشِيِّ الَّذِیْ رَوَی عَنْهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِیُّ.

وضاحت: عامر بن مسعود کے بارے میں اختلاف ہے، ابن عبدالبر کا خیال ہے کہ یہ صحابی ہیں، پس حدیث مرفوع ہوگی اور امام ترمذیؒ کا رجحان یہ ہے کہ یہ تابعی ہیں، اور حدیث مرسل ہے اور وہ اس ابراہیم بن عامر القرشی کے والد ہیں جو شعبہ اور سفیان ثوری کے استاذ ہیں۔

بابُ ماجاءَ ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ﴾

آیت: ﴿وعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ﴾ کی تفسیر

سورۂ بقرۃ آیت ۱۸۴ میں ہے: ﴿وعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ اس آیت کے سلسلہ میں آپ نے تفسیر میں اور الفوز الکبیر میں بہت کچھ پڑھا ہے، وہ سب ٹھیک ہے، مگر یہاں سب سے پہلی بات یہ جاننی چاہئے کہ أَطاق إطاقةً (افعال) کے معنی ہیں: کسی کام کو بہ مشقت تمام کرنا۔ مثلاً ایک بھاری پتھر ہے کوئی اس کو اٹھانے کی ہمت نہیں کرتا ایک شخص کہتا ہے إِنِّیْ أُطِيقُ رَفْعَ هذا الحجر: میں اس پتھر کو اٹھا سکتا ہوں، یہاں أطاق فعل کا استعمال صحیح ہے، کیونکہ جب وہ پتھر اٹھائے گا تو اس کی ٹانگیں ہل جائیں گی، اور إنی أُطيق رفعَ هذا القلم کہنا صحیح نہیں، کیونکہ قلم کے اٹھانے میں کچھ مشقت نہیں غرض جو کام نہایت مشکل ہو وہاں یہ مادہ استعمال کرتے ہیں اور جو کام آسانی سے کیا جاسکتا ہو وہاں اس فعل کا استعمال درست نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جب اللہ تعالیٰ نے روزے فرض کئے تو اولاً سات طرح سے ذہن سازی کی فرمایا: ﴿يٰأَ يُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو، اس خطاب میں ذہن سازی ہے، خطاب کا طبیعتوں پر اثر پڑتا ہے، اگر طالب علم سے کہا جائے: پیارے! پانی لا تو وہ خوش خوش لائے گا، اور اگر کہا جائے: او نالائق پانی لا! تو لائے گا مگر شوق سے نہیں لائے گا، اسی طرح جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو'' تو اب مؤمنین کو جو بھی حکم دیا جائے گا خوشی خوشی قبول کریں گے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں ایمان دار فرمایا ہے، پھر فرمایا ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ﴾ تم پر روزے لکھ دیئے گئے، یہ دوسری بار ذہن سازی ہے، اس طرح کہ حدیث میں ہے: جَفَّ القلم بما أنت لاقٍ: قیامت تک جو کچھ پیش آنا ہے وہ لکھا جاچکا ہے اور قلم خشک ہوگیا ہے، یعنی اب اس میں تبدیلی ممکن نہیں، پس جب روزے لکھ دیئے گئے اور کوئی تبدیلی ممکن نہیں تو اب روزے رکھنے ہی پڑیں گے، اس طرح روزوں کے لئے ذہن تیار کیا گیا۔ پھر فرمایا: ﴿كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ﴾ یہ تیسری مرتبہ ذہن سازی ہے کہ روزے صرف

تم پر فرض نہیں کئے گئے، پچھلی امتوں پر بھی فرض کئے گئے تھے، مرگ انبوہ جشنے دارد! دس بیس جنازے ایک ساتھ اٹھیں تو وہ جنازے معلوم نہیں ہونگے بلکہ جشن معلوم ہونگے۔ اس طرح روزوں کا بوجھ ہلکا کیا۔ پھر فرمایا: ﴿لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ تاکہ تم پرہیزگار بنو، یہ چوتھی بار ذہن سازی ہے، کیونکہ پرہیزگار بننا ہر مؤمن کی آخری آرزو ہے، اور یہ مقصد روزوں سے حاصل ہوتا ہے، پس ہر شخص روزہ رکھنے کے لئے تیار ہوجائے گا، پھر فرمایا: ﴿أَیَّامًا مَعْدُوْدَات﴾ گنتی کے چند دن۔ یہ پانچویں مرتبہ ذہن سازی ہے، روزے اگر بہت زیادہ ہوتے تو مشکل ہوتے، گنتی کے چند روزے رکھنے میں کیا دشواری ہے؟ اور یاد رکھنا چاہئے کہ کتنے بھی دن ہوں چند ہی دن ہیں۔

پھر دو خلجان ہیں: ایک واقعی ہے اور ایک ہوّا۔ جو واقعی ہے وہ یہ ہے کہ عرب گرم ملک ہے اور لوگوں کی معیشت سفر سے وابستہ ہے، جزیرۃ العرب میں کوئی معیشت نہیں تھی، لوگ شام وغیرہ جاتے تھے اور وہاں سے اشیاء خرید کر لاتے تھے اور بیچتے تھے، یہی ان کی معیشت تھی، اس لئے ذہن پر بوجھ پڑسکتا تھا کہ اس گرم ملک میں سفر میں روزے کیسے رکھیں گے، پس فرمایا: ﴿فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَرِیْضًا أَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّۃٌ مِّنْ أَیَّامٍ أُخَر﴾ یعنی سفر میں اور بیماری میں روزے نہ رکھنے کی اجازت ہے، یہ روزے بعد میں رکھ لئے جائیں اور جتنے رہ گئے ہیں اتنے ہی رکھنے ہونگے زائد نہیں پس یہ چھٹی مرتبہ ذہن سازی ہے۔

اور ہوّا یہ ہے کہ چونکہ روزے کبھی نہیں رکھے، پس کیسے رکھیں گے، نہ کھانا نہ پینا دن کیسے گذرے گا! یہ صرف ہوّا ہے واقعی بات نہیں ہے، پس فرمایا: ﴿وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَہُ فِدْیَۃٌ طَعَامُ مِسْکِیْن﴾ یعنی جس کو روزے نہایت بھاری معلوم ہوں وہ بجائے روزہ کے فدیہ دے سکتا ہے، یہ ساتویں اور آخری مرتبہ ذہن سازی کی گئی ہے، اور ساتھ ہی یہ بھی واضح کردیا کہ روزے کا فدیہ (بدلہ) صرف ایک غریب کا کھانا ہے، البتہ اگر کوئی رضا کارانہ خیر کا کام کرے اور ایک سے زیادہ مساکین کو کھلائے تو وہ اس کے لئے بہتر ہے اور اس سے بھی بہتر ہمت کرکے روزہ رکھنا ہے، اگر تم صدقہ اور روزہ: دونوں کے عواقب کو جان سکو تو یہ بات بوجھ سکتے ہو کہ فدیہ سے (جس سے بخل کا ازالہ ہوتا ہے) روزہ (جس سے تقوی پیدا ہوتا ہے) بہتر ہے۔ تقوی کی مزیّت ہر کوئی سمجھ سکتا ہے۔

مذکورہ سات طریقوں سے ذہن سازی کرنے کے بعد اُس مہینے کی اہمیت بیان کی جس کا روزہ فرض کرنا ہے کہ وہ ایسا مہینہ ہے جس میں قرآن اترا ہے اور قرآن وہ کتاب ہے جو تمام لوگوں کے لئے راہنما ہے اور اس میں ہدایت کی واضح دلیلیں ہیں، اور وہ حق وباطل کے درمیان امتیاز کرنے والی کتاب ہے۔ ماہ رمضان کی اس طرح اہمیت بیان کرکے فرمایا: ﴿فَمَنْ شَھِدَ مِنْکُمُ الشَّھْرَ فَلْیَصُمْہُ﴾ یعنی جو تم میں سے اس مہینے کو دیکھے اسے چاہئے کہ اس مہینے کے روزے رکھے، شھد کے معنی ہیں دیکھنا۔ اور گواہ کو ''شاہد'' اسی لئے کہتے ہیں کہ اس نے واقعہ بچشم خود دیکھا ہے، اور حدیث: صوموا لرؤیتہ وأفطروا لرؤیتہ یہاں سے مستنبط کی گئی ہے۔ غرض اس آیت پاک کے ذریعہ ان دو باتوں میں سے

اس بات کو منسوخ کر دیا جو محض ہوا تھی، حضرت سلمۃ بن الاکوع نے یہی بات بیان کی ہے جیسا کہ آگے آ رہا ہے۔

اور جو واقعی عذر تھا اس کو باقی رکھا، چنانچہ مکرر فرمایا: ﴿وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا أَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَر﴾ تا کہ ایک کے نسخ سے دوسرے کے نسخ کا وہم پیدا نہ ہو، یعنی مریض اور مسافر کے لئے رخصت بدستور قائم ہے، یہ سہولت منسوخ نہیں کی گئی۔

جاننا چاہئے کہ قرآن کریم میں احکام کی آیات میں تکرار نہیں ہوتا، تذکیر کی، ترغیب وترہیب کی اور مخاصمہ کی آیات میں تکرار ہوتا ہے، کیونکہ ان کا مقصد رنگ چڑھانا ہے اور احکام کی آیات کا مقصد مسائل بتلانا ہے۔ اس لئے صرف دوجگہ احکام کی آیات میں تکرار ہے اور اس کی مصلحت ہے جیسے یہاں کی مصلحت بیان کی گئی۔

غرض آیت: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ﴾ منسوخ ہے مگر بعض افراد میں منسوخ ہے، تمام افراد میں منسوخ نہیں، صرف وہ لوگ جن کے لئے روزہ ہوا تھا کہ ہائے! ہائے! روزہ کیسے رکھیں گے ان کے حق میں آیت منسوخ ہے، اور شیخ فانی جس کے لئے روزہ رکھنا واقعی دشوار ہے اس کے حق میں حکم باقی ہے، اس لئے آیت تلاوت میں باقی رکھی گئی ہے کہ حکم بعض افراد میں باقی ہے۔

حدیث: سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیت: ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ نازل ہوئی تو اختیار تھا کہ جو روزہ رکھنا چاہے روزہ رکھے اور جو فدیہ دینا چاہے فدیہ دے۔ یہاں تک کہ وہ آیت نازل ہوئی جو اس کے بعد ہے یعنی ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾ پس اس نے سابقہ آیت کو منسوخ کر دیا (ناسخ آیت ایک وقت کے بعد نازل ہوئی تھی)

[۷٤] باب ماجاء ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهُ﴾

[۷۸۹-] حدثنا قُتيبةُ، نا بَكْرُ بنُ مُضَرَ، عن عَمْرِو بنِ الحَارِثِ، عن بُكَيْرٍ، عن يَزِيْدَ مَوْلَى سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، قال: لَمَّا نَزَلَتْ ﴿وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَه فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ﴾ كانَ مَنْ أَرَادَ مِنَّا أَنْ يُفْطِرَ وَيَفْتَدِیَ، حَتَّى نَزَلَتِ الآيَةُ التی بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا،

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، ويَزِيدُ: هُوَ ابنُ أبی عُبَيْدٍ، مَوْلَى سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ.

بابُ ماجاء فی مَنْ أَكَلَ ثُمَّ خَرَجَ يَرِيْدُ سَفَرًا

کیا رمضان میں سفر شروع کرنے سے پہلے رخصت حاصل ہوتی ہے؟

پہلے یہ مسئلہ آیا ہے کہ جس شخص کا رمضان میں سفر کا ارادہ ہو اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ اس دن صبح ہی سے روزہ

نہ رکھے اور اگر روزہ رکھ لیا تو سفر شروع کرنے سے پہلے اس کو توڑنا جائز نہیں، ورنہ قضا اور کفارہ دونوں واجب ہونگے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ سفر شروع کرنے کے بعد رمضان کا روزہ توڑ سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ جواز کے قائل ہیں، باقی فقہاء کے نزدیک سفر شروع کرنے کے بعد بھی رکھا ہوا روزہ توڑنا جائز نہیں، البتہ اگر کوئی توڑ دے تو بالاتفاق صرف قضا واجب ہوگی کفارہ واجب نہیں ہوگا۔

حدیث: محمد بن کعب کہتے ہیں: میں رمضان میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آیا جبکہ آپ سفر میں چلنے کا ارادہ کر رہے تھے، ان کے لئے اونٹ (کجاوہ وغیرہ باندھ کر) تیار کر دیا گیا تھا اور انھوں نے سفر کے کپڑے بھی پہن لئے تھے (اب لوگ سفر نہا دھو کر اچھے کپڑے پہن کر کرتے ہیں پہلے معاملہ الٹا تھا، لوگ سفر میل خورے کپڑے پہن کر کرتے تھے تاکہ بار بار کپڑے دھونے کی ضرورت پیش نہ آئے) پس آپ نے کھانا منگوایا اور کھایا۔ میں نے پوچھا: یہ سنت ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں سنت ہے، پھر اونٹ پر سوار ہو کر سفر شروع کر دیا۔

تشریح: یہ حدیث عبداللہ بن جعفر کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر چونکہ محمد بن جعفر ان کے متابع ہیں اور وہ ثقہ ہیں، اس لئے عبداللہ کے ضعف سے حدیث پر اثر نہیں پڑے گا، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اگر اس دن روزہ نہیں رکھا تھا تو بھی اعتراض وارد ہوگا، اور اگر روزہ رکھا تھا اور سفر شروع کرنے سے پہلے توڑ دیا تو بھی اعتراض وارد ہوگا، پس جواب یہ ہے کہ حدیث کی دلالت محکم نہیں، اس لئے کہ احتمال ہے: حضرت انسؓ نے گھر سے سفر شروع نہ کیا ہو، بلکہ سفر میں کہیں قیام کیا ہو اور وہاں سے سفر شروع کیا ہو، جیسے ایک شخص بمبئی جانے کے لئے دیوبند سے نکلا اور دلی میں رک گیا، دلّی سے صبح گاڑی ہے، پس وہ کھا کر سفر شروع کر سکتا ہے، کیونکہ اس نے روزہ نہیں رکھا ہے، اسی طرح ممکن ہے حضرت انسؓ مسافر ہوں، اور انھوں نے کسی جگہ قیام کیا ہو، جب وہاں سے روانہ ہوئے تو چونکہ ان کا روزہ نہیں تھا اس لئے کھانا کھا کر سفر شروع کیا۔ نیز حدیث میں سنت کے معروف معنی بھی مراد ہو سکتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ایسا کیا ہے، اور سنت بمعنی جائز بھی ہو سکتا ہے محاورات میں سنت بمعنی جائز بھی استعمال ہوتا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ کے احوال کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ صحابہ کبھی اپنے مجتہدات کے لئے بھی سنت کا لفظ استعمال کرتے تھے، جیسے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک بار نماز جنازہ میں جہراً فاتحہ پڑھی اور فرمایا: میں نے یہ عمل اس لئے کیا ہے تاکہ تم جانو کہ یہ سنت ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۵۴) یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اپنی رائے تھی جس کو انھوں نے سنت سے تعبیر کیا ہے۔ نبی ﷺ سے جنازہ کی نماز میں فاتحہ پڑھنا ثابت نہیں، غرض حدیث محکم الدلالۃ نہیں اور اس پر امت کا اجماع ہے کہ سفر میں جو نمازوں میں قصر کی رخصت ملتی ہے وہ سفر شروع کرنے کے بعد ملتی ہے، پس جو افطار کی سہولت ملتی ہے وہ بھی سفر شروع کرنے کے بعد ملے گی، جب تک سفر شروع نہیں کرے گا رخصت حاصل نہیں ہوگی۔

[۷۵] باب ماجاء فی من أكل ثم خرج يريد سفراً

[۷۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، قالَ: نَا عبدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن محمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عن محمدِ بنِ كَعْبٍ، أَنَّهُ قالَ: أَتَيْتُ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ فِیْ رَمَضَانَ، وَهُوَ يُرِيْدُ سَفَرًا، وقَدْ رُحِّلَتْ لَهُ رَاحِلَتُهُ، وَلَبِسَ ثِيَابَ السَّفَرِ، فَدَعَا بِطَعَامٍ فَأَكَلَ، فَقُلْتُ لَهُ: سُنَّةٌ؟ فقالَ: سُنَّةٌ، ثُمَّ رَكِبَ.

[۷۹۱-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعيلَ، ناسَعيدُ بنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، قالَ حَدَّثَنِیْ زَيْدُ بنُ أَسْلَمَ، قالَ حَدَّثَنِیْ محمدُ بنُ الْمُنْكَدِرِ، عن محمدِ بنِ كَعْبٍ، قال: أَتَيْتُ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ فِیْ رَمَضَانَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، ومحمدُ بنُ جَعْفَرٍ: هُوَ ابنُ أبی كَثِيْرٍ، مَدِيْنِیٌّ ثِقَةٌ، وَهُوَ أَخُوْ إِسْمَاعِيلَ بنِ جَعْفَرٍ، وعبدُ الله بنُ جَعْفَرٍ: هُوَ ابنُ نَجِيْحٍ والِدُ علیِّ بنِ الْمَدِيْنِیِّ، وكان يَحيی بنُ مَعِيْنٍ يُضَعِّفُهُ.

وقد ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إلی هذا الحديثِ، وقال: لِلْمُسَافِرِ أَنْ يُفْطِرَ فِیْ بَيْتِهِ قَبْلَ أَنْ يَخْرُجَ، وَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَقْصُرَ الصَّلَاةَ حَتّٰی يَخْرُجَ مِنْ جِدَارِ الْمَدِيْنَةِ أَوِ الْقَرْيَةِ، وهُوَ قَوْلُ إسحاقَ بنِ إبراهيمَ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: محمد بن جعفر: کے دادا کا نام ابوکثیر ہے۔ یہ مدنی ہیں اور ثقہ ہیں، اور اسماعیل بن جعفر کے بھائی ہیں اور عبداللہ بن جعفر کے دادا کا نام نجیح ہے اور وہ علی بن المدینی کے والد ہیں، یحییٰ بن معین نے ان کی تضعیف کی ہے ——— اور بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ کہتے ہیں: مسافر کے لئے جائز ہے کہ وہ سفر میں نکلنے سے پہلے اپنے گھر میں روزہ نہ رکھے اور اس کے لئے نماز میں قصر جائز نہیں، جب تک شہر یا گاؤں کی حدود سے نہ نکلے اور یہ اسحاق کا قول ہے (اور ائمہ اربعہ کے نزدیک دونوں کا حکم یکساں ہے جس طرح سفر شروع کرنے سے پہلے قصر کی اجازت نہیں افطار کی بھی اجازت نہیں)

بابُ ماجاءَ فی تُحْفَةِ الصَّائِمِ

روزہ دار کو کیا تحفہ پیش کیا جائے؟

جب مہمان آتا ہے تو اس کے سامنے کچھ نہ کچھ پیش کرنے کا رواج ہے، پس اگر مہمان روزے سے ہو تو تقریب بہر ملاقات کیا ہونی چاہئے؟ ظاہر ہے اس کے سامنے کھان پان پیش نہیں کیا جاسکتا، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: ''روزہ دار کا تحفہ عطر اور دھونی ہے''، یعنی مہمان کو ہدیۃً یا لگانے کے لئے عطر پیش کیا جائے یا دھونی کی انگیٹھی لائی

جائے، ہمارے یہاں دھونی کا رواج نہیں ہے، عربوں کے یہاں آج بھی اس کا رواج ہے، جب مہمان آتا ہے تو دھونی لاتے ہیں، مگر روزے دار کے سامنے انگیٹھی اس طرح پیش نہیں کرنی چاہئے کہ دھواں منہ میں چلا جائے، اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا ——— اور جاننا چاہئے کہ باب میں جو حدیث ہے وہ نہایت ضعیف ہے، سعد بن طریف پرلے درجہ کا ضعیف راوی ہے، بلکہ واضع حدیث قرار دیا گیا ہے مگر مسئلہ عقلی ہے۔

[۷٦] باب ماجاء فی تحفة الصائم

[۷۹۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عن سَعْدِ بنِ طَرِیْفٍ، عَنْ عُمَیْرِ بنِ مَأْمُوْنٍ، عنِ الحَسَنِ بنِ عَلِیٍّ، قالَ: قال رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "تُحْفَةُ الصَّائِمِ الدُّهْنُ وَالمِجْمَرُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، لیسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حدیثِ سَعْدِ بنِ طَرِیْفٍ، وسَعْدٌ یُضَعَّفُ، ویُقالُ عُمَیْرُ بنُ مَأْمُوْمٍ أَیْضًا.

ترجمہ: عمیر کے باپ کا نام بعض مأمون لیتے ہیں اور بعض مأموم۔

بابُ ماجاءَ فی الفِطْرِ والأَضْحٰی مَتَی یَکُوْنُ؟

عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کب ہوتی ہیں؟

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ اگر کسی حکم شرعی میں مسلمانوں سے اجتماعی غلطی ہوجائے اور اس غلطی کا وقت گذر جانے کے بعد پتہ چلے اور اصلاح کی کوئی صورت نہ ہو تو وہ غلطی معاف ہے، اس باب میں بھی یہی مسئلہ ہے۔

فائدہ: یہ ابواب الاعتکاف چل رہے ہیں، درمیان میں کچھ غیر متعلق ابواب آگئے ہیں، آگے پھر ابواب الاعتکاف آئیں گے، پہلے کتاب الصلوٰۃ ابواب السجود میں بھی ایسا ہوا ہے، وہاں اس کی وجہ بیان کی تھی، یہاں بھی اسی قسم کی کوئی وجہ سوچنی چاہئے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عیدالفطر وہ دن ہے جس دن لوگ عید منائیں اور عیدالاضحیٰ وہ دن ہے جس دن لوگ قربانی کریں"

[۷۷] باب ماجاء فی الفطر والأضحی متی یکون؟

[۷۹۳-] حدثنا یَحییَ بنُ موسیٰ، نا یحییَ بنُ الیَمَانِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عن محمدِ بنِ المُنْکَدِرِ، عن عائشةَ، قالتْ: قالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: " الفِطْرُ یَوْمَ یُفْطِرُ النَّاسُ، وَالأَضْحٰی یَوْمَ

يُضَحِّى النَّاسُ“

قال أبو عيسى: سَأَلْتُ محمداً، قُلْتُ لَهُ: محمدُ بنُ المُنْكَدِرِ سَمِعَ مِنْ عائشةَ؟ قال: نَعَمْ، يقولُ فى حديثِهِ: سَمعتُ عائشةَ. قال أبو عيسى: وهذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

وضاحت: محمد بن المنکدر کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سماع ہے اور دلیل یہ ہے کہ وہ ایک حدیث میں سمعتُ عائشةَ کہتے ہیں، یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کی ہے۔اور جب ایک جگہ سماع کی صراحت آگئی تو ہر جگہ سماع ثابت ہوگیا۔

بابُ ماجاء فى الاِعْتِكَافِ إِذَا خَرَجَ مِنْهُ

معتکف اگر اعتکاف توڑ دے تو کیا حکم ہے؟

مذاہبِ فقہاء: اگر کوئی شخص اعتکاف شروع کر کے توڑ دے خواہ وہ اعتکاف سنت مؤکدہ ہو یا ایسا نفل اعتکاف ہو جس میں وقت کی تعیین کر کے مثلاً چوبیس گھنٹے کی نیت کر کے اعتکاف شروع کیا ہو، اور اسے پورا کرنے سے پہلے توڑ دے تو کیا حکم ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک قضا واجب ہے، اور امام شافعی اور احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قضا واجب نہیں، اور اختلاف کی بنیاد نقطۂ نظر کا اختلاف ہے، پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نفل عمل جس طرح شروع کرنے سے پہلے نفل ہوتا ہے، شروع کرنے کے بعد بھی نفل رہتا ہے، پس اگر کوئی نفل عبادت پوری نہ کرے تو ان کے نزدیک قضا واجب نہیں، البتہ وہ حضرات حج اور عمرہ کو اس قاعدہ سے مستثنیٰ کرتے ہیں، اور احناف کے نزدیک نفل عبادت شروع کرنے نہ کرنے کا تو بندے کو اختیار ہے مگر شروع کرنے کے بعد اُسے پورا کرنا ضروری ہے، اگر توڑ دے گا تو قضا واجب ہوگی، احناف نے سورۂ محمد آیت ۳۳ ﴿وَلاَ تُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ﴾ سے استدلال کیا ہے۔نقطۂ نظر کا یہی اختلاف یہاں اثر انداز ہوا ہے۔امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک اعتکاف توڑنے کی صورت میں قضا واجب نہیں مگر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک قضا واجب ہے، انھوں نے حج اور عمرہ کی طرح اس مسئلہ کو بھی مستثنیٰ کیا ہے اور بخاری کی حدیث (۲۰۴۱) بڑے دو اماموں کی مؤید ہے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ سے رمضان کے آخری عشرہ کے اعتکاف کی اجازت چاہی آپؐ نے اجازت دیدی، انھوں نے مسجد نبوی میں اپنا خیمہ لگایا ان کے دیکھا دیکھی تین اور ازواج نے بھی خیمے لگائے، نبی ﷺ نے سب کے خیمے اکھڑوا دیئے اور خود بھی اعتکاف سے نکل گئے، پھر شوال کے آخری عشرہ میں دس دن کا اعتکاف کیا۔

مسائل:

(۱) دو یا زیادہ دنوں کا اعتکاف کیا جائے تو ہر دن کا اعتکاف مستقل عبادت ہے، پس جو شخص اعتکاف توڑ دے گا

اس پر صرف چوبیس گھنٹے کی قضا واجب ہوگی، مثلاً ایک شخص نے تین دن کا نفل اعتکاف کیا اور دوسرے دن اعتکاف توڑ دیا یا رمضان کے عشرۂ اخیرہ کا اعتکاف کیا اور پچیسویں دن اعتکاف توڑ دیا تو صرف چوبیس گھنٹے کی قضا واجب ہوگی، اس لئے کہ گذشتہ ایام کے اعتکاف صحیح ہوگئے اور آئندہ کا اعتکاف شروع نہیں ہوا، پس جس دن کا اعتکاف توڑا ہے اسی کی قضا واجب ہوگی، جیسے نفل نماز دو دو رکعتیں ہیں، پس اگر کوئی چار، چھ، یا آٹھ رکعت کی نیت کرے، پھر تیسری رکعت میں نماز توڑ دے تو صرف اسی شفعہ کی قضا واجب ہوگی، کیونکہ جو شفعہ پڑھ چکا ہے وہ صحیح ہوگیا، اور اگلا شفعہ شروع نہیں ہوا، پس جو شفعہ توڑا ہے اسی کی قضا واجب ہے۔ اسی طرح یہاں بھی ہر دن کا اعتکاف مستقل ہے۔

(۲) اور اگر کوئی ٹھیک غروب کے وقت اعتکاف سے اٹھ جائے تو پھر کوئی قضا واجب نہیں۔ جیسے مذکورہ مثال میں کسی بھی شفعہ پر سلام پھیر دے تو کوئی قضا واجب نہیں۔

(۳) اور قضا اعتکاف میں روزہ شرط ہے اور اگر کوئی رمضان میں قضا کرے تو رمضان کا روزہ کافی ہے۔

(۴) اور اگر نفل اعتکاف میں وقت کی تعیین نہ کی ہو تو مسجد سے نکلتے ہی اعتکاف منتہی ہو جائے گا، اس کی کوئی قضا واجب نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ رمضان کے آخری عشرہ کا اعتکاف کیا کرتے تھے، آپؐ نے ایک سال اعتکاف نہیں کیا تو اگلے سال بیس دن کا اعتکاف کیا۔

تشریح: یہ حدیث باب سے غیر متعلق ہے اس لئے کہ آپؐ نے یہ اعتکاف توڑا نہیں تھا، بلکہ آپؐ مدینہ منورہ میں موجود نہیں تھے، اس لئے اعتکاف نہیں کیا تھا، پھر آپؐ نے اگلے سال بیس دن کا اعتکاف کیا اس میں دس دن گذشتہ اعتکاف کا بدل تھا، قضا نہیں تھی، جیسا کہ آپؐ جب تہجد نہیں پڑھتے تھے تو طلوع شمس کے بعد بارہ رکعت نفل پڑھتے تھے اور یہ تہجد کا بدل ہوتا تھا، قضا نہیں ہوتی تھی۔

[۷۸] باب ماجاء فی الاعتکاف إذا خرجَ منهُ

[۷۹٤-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا ابنُ أبی عَدِیٍّ، أَنْبَأَنَا حُمَیْدُ الطَّوِیْلُ، عن أَنَسِ بنِ مَالكٍ، قال: کانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَعْتَکِفُ فی العَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَلَمْ یَعْتَکِفْ عامًا، فَلَمَّا کانَ فِیْ العَامِ الْمُقْبِلِ اعْتَکَفَ عِشْرِیْنَ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ مِنْ حدیثِ أَنَسٍ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ الْمُعْتَکِفِ إِذَا قَطَعَ اعتِکَافَهُ قَبْلَ أَنْ یُتِمَّهُ عَلٰی مَانَوٰی: فقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: إِذَا نَقَضَ اعْتِکَافَهُ وَجَبَ علیهِ القَضَاءُ، واحْتَجُّوْا بِالحَدیثِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم

خَرَجَ مِنِ اعْتِكَافِهِ فَاعْتَكَفَ عَشْرًا مِنْ شَوَّالٍ، وهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ.

وقالَ بَعْضُهُمْ: إنْ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ نَذْرُ اعْتِكَافٍ، أَوْ شَيئٌ أَوْجَبَهُ على نَفْسِهِ، وكانَ مُتَطَوِّعًا، فَخَرَجَ فَلَيْسَ عليهِ شَيئٌ أَنْ يَقْضِيَ، إلَّا أَنْ يُحِبَّ ذلكَ اخْتِيَارًا مِنْهُ، وَلَا يَجِبُ ذلكَ عليه؛ وهُوَ قَوْلُ الشافعيِّ.

قالَ الشافعيُّ: وكُلُّ عَمَلٍ لَكَ أَنْ لَا تَدْخُلَ فيهِ، فَإِذَا دَخَلْتَ فِيْهِ فَخَرَجْتَ مِنْهُ، فَلَيْسَ عَلَيْكَ أَنْ تَقْضِيَ إلَّا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ.

وفي الباب: عن أبي هريرةَ.

ترجمہ: علماء کا معتکف کے بارے میں اختلاف ہے جبکہ وہ اعتکاف کو جتنے دن کی اس نے نیت کی ہے اسے پورا کرنے سے پہلے توڑ دے، بعض علماء کہتے ہیں: جب اعتکاف توڑ دے گا تو اس پر قضا واجب ہے اور انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ اعتکاف سے نکل گئے، پس آپؐ نے شوال میں دس دن کا اعتکاف کیا (یہ حدیث بخاری میں ہے) اور یہ امام مالکؒ (اور امام اعظمؒ) کا قول ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں: اگر اس کے ذمے نذر کا اعتکاف نہ ہو یا ایسا اعتکاف جسے اس نے اپنے اوپر واجب کیا ہو (عطف تفسیری ہے) اور وہ نفل اعتکاف کرنے والا ہو، پس وہ اعتکاف سے نکل جائے تو اس پر قضا واجب نہیں، مگر یہ کہ وہ اپنی مرضی سے قضا کرے، اور اس پر قضا واجب نہیں، اور یہ شافعیؒ (اور احمدؒ) کا قول ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہر وہ عمل جس کو شروع کرنے نہ کرنے کا تجھے اختیار ہے پس جب تو اُسے شروع کرے پھر اس سے نکل جائے تو تیرے ذمے قضا نہیں، سوائے حج اور عمرہ کے ان دونوں کو شروع کرنے کے بعد توڑ دے گا تو قضا واجب ہوگی، کیونکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾ [البقرة ١٩٦] اور پورا کرو حج اور عمرہ کو اللہ کے لئے، پس اگر پورا نہیں کیا تو قضا واجب ہے، حالانکہ ایسا ہی ارشاد سورۂ محمد میں ہے: ﴿وَلَا تُبْطِلُوْا أَعْمَالَكُمْ﴾ پس ہر نفل عمل کو پورا کرنا ضروری ہے، اگر اس کو توڑ دے گا تو قضا واجب ہوگی۔

بابُ الْمُعْتَكِفِ يَخْرُجُ لِحَاجَتِهِ أَمْ لَا؟

معتکف ضروریات کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے

چھوٹے بڑے استنجے کے لئے معتکف کا مسجد سے نکلنا جائز ہے۔ نبی ﷺ انسانی ضرورت کے لئے مسجد سے نکلا کرتے تھے اور معتکف جمعہ پڑھنے کے لئے جا سکتا ہے یا نہیں؟ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ عدم جواز کے قائل ہیں، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: جامع مسجد میں اعتکاف کرنا ضروری ہے جس مسجد میں جمعہ نہیں ہوتا وہاں اعتکاف کرنا جائز نہیں، اور احناف کے نزدیک جمعہ پڑھنے کے لئے نکلنا جائز ہے، البتہ معتکف کو چاہئے کہ وہ مسجد سے کم سے کم غیر حاضر رہے، جمعہ کے بالکل قریب مسجد سے نکلے اور جمعہ پڑھ کر فوراً واپس آجائے اور سنتیں اپنی مسجد میں پڑھے، اور

دیگر حاجات شرعیہ مثلاً مریض کی عیادت کے لئے، جنازہ پڑھنے کے لئے یا سبق میں حاضر ہونے کے لئے مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں؟ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک اس کی اجازت نہیں، جب جمعہ پڑھنے کے لئے نکلنا جائز نہیں تو ان کاموں کے لئے بدرجۂ اولیٰ نکلنا جائز نہیں۔اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک اگر معتکف نے اعتکاف کرتے وقت ان کاموں کا استثناء کیا ہے تو نکل سکتا ہے ورنہ نہیں۔مگر احناف عام طور پر اس پر فتوی نہیں دیتے تاکہ لوگ اعتکاف کو تماشا نہ بنالیں۔

فائدہ: اگر معتکف عذر کے بغیر مسجد سے نکل گیا تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فوراً اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک: اگر اکثر دن مسجد سے باہر رہا تو اعتکاف ٹوٹ جائے گا اور آدھے دن سے پہلے لوٹ آیا تو اعتکاف باقی رہے گا، اور امام محمد رحمہ اللہ نے امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کو قیاس کے مطابق اور امام ابو یوسف کے قول کو گنجائش والا قول قرار دیا ہے، لہٰذا لوگوں کو امام اعظمؒ کے قول کے مطابق مسئلہ بتانا چاہئے، لیکن اگر کوئی مسجد سے نکل گیا اور نصف یوم سے پہلے واپس آگیا تو امام ابو یوسفؒ کے قول کے مطابق فتوی دینا چاہئے اور آئندہ کے لئے مسجد سے نہ نکلنے کی تاکید کرنی چاہئے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب اعتکاف کرتے تھے تو اپنا سر مجھ سے قریب کردیتے تھے، میں سر میں تیل کنگھا کردیا کرتی تھی، اور آپؐ گھر میں داخل نہیں ہوتے تھے مگر انسانی ضرورت کے لئے۔

تشریح: نبی ﷺ کے سر مبارک پر بڑے بال تھے اور جس کے بال بڑے ہوتے ہیں اسے وقفہ وقفہ سے نہا کر یا سر کو اچھی طرح دھوکر ان میں تیل لگانا ضروری ہوتا ہے ورنہ سر میں کھجلی ہوجاتی ہے، اور معتکف کے لئے نہانے یا سر دھونے کے لئے مسجد سے نکلنا جائز نہیں، اس لئے نبی ﷺ مسجد سے سر مبارک باہر نکال دیتے تھے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جن کا حجرہ مسجد سے متصل تھا کوئی بڑا برتن رکھ کر اس میں سر مبارک دھودیتی تھیں اور تیل لگا کر کنگھا کردیا کرتی تھیں، اس مقصد کے لئے آپؐ مسجد سے نہیں نکلتے تھے، یہاں سے یہ مسئلہ نکلا کہ معتکف جمعہ کا غسل کرنے کے لئے یا گرمی میں غسل کرنے کے لئے مسجد سے نہیں نکل سکتا، البتہ جب معتکف استنجے جائے اور استنجے جانا واقعی ہو حیلہ نہ ہو اور واپسی میں نہا کر آئے تو گنجائش ہے، اور دوسرا مسئلہ یہ نکلا کہ اگر معتکف مسجد میں رہتے ہوئے تیل کنگھا کرے یا نہائے تو جائز ہے، بشرطے کہ مسجد آلودہ نہ ہو مثلاً متعلقین بڑا ٹب مسجد میں کسی کنارے پر رکھ دیں اور معتکف اس میں بیٹھ کر نہالے پھر لوگ پانی باہر پھینک دیں تو یہ جائز ہے۔

فائدہ: ترجُّل کا مفہوم ہے: تیل کنگھا کرنا، یعنی پہلے سر کو صابن وغیرہ سے اچھی طرح دھویا جائے پھر تیل ڈالا جائے، پھر کنگھا کیا جائے، یہ سب ترجّل کے مفہوم میں شامل ہے اور شمائل ترمذی میں جو حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے روزانہ تیل کنگھا کرنے سے منع فرمایا ہے اس سے یہی مراد ہے، روزانہ صرف کنگھی کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں، اس

میں وقت خرچ نہیں ہوتا، نہ وہ بے ضرورت ٹیپ ٹاپ ہے۔

فائدہ: اس حدیث کو ابن شہاب زہری سے امام مالک اور امام لیث بن سعد مصری دونوں روایت کرتے ہیں۔ پھر امام مالکؒ کی روایت میں ابن شہاب زہری حضرت عروہ سے اور وہ حضرت عمرۃ بنت عبدالرحمٰن سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں، یہ سند موطا مالک کتاب الاعتکاف میں اور مسلم شریف کتاب الحیض باب سوم میں ہے، اور امام لیث کی سند میں ابن شہاب زہری عروۃ اور عمرہ دونوں سے روایت کرتے ہیں وہ دونوں حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ امام لیث کی سند بخاری شریف (حدیث ۲۰۲۹) کتاب الاعتکاف میں ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس دوسری سند کو یعنی امام لیث کی سند کو اصح کہا ہے، مگر ہمارے خیال میں اس کی ضرورت نہیں، دونوں ہی سندیں صحیح ہیں، راوی کبھی استاذ بھائی سے بھی روایت کرتا ہے، حضرت عروہ نے کبھی عمرہ سے بھی روایت کی ہوگی۔

ملحوظہ: ترمذی شریف میں امام مالکؒ کی سند میں عن عروۃ وعمرۃ تھا یہ تصحیف ہے، میں نے عن عروۃ عن عمرۃ کردیا ہے، یہ تصحیح موطا مالک اور مسلم شریف سے کی ہے، کیونکہ اسی صورت میں امام لیث کی سند سے امتیاز ہوتا ہے۔

[۷۹] باب المعتکفِ یخرج لحاجته أم لا؟

[۷۹۵-] حدثنا أبو مُصْعَبٍ المَدِیْنِیُّ قَرَاءَ ةً عن مَالكِ بنِ أنسٍ، عن ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: کانَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا اعْتکَفَ أَدْنٰی إِلَیَّ رَأْسَهُ فَأُرَجِّلُهُ، وکانَ لاَیَدْخُلُ البَیْتَ إِلاَّ لِحَاجَةِ الإِنْسَانِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، هٰکَذَا رَوَاهُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ مَالِكِ بنِ أنسٍ، عن ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَمْرَةَ، عن عائشةَ. وَالصَّحِیْحُ عَنْ عُرْوَةَ، وعَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، هٰکَذَا رَوَی اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن عُرْوَةَ، وعَمْرَةَ، عن عائشةَ، حدثنا بِذٰلِكَ قُتَیْبَةُ، عن اللَّیْثِ.

والعملُ علی هٰذا عِنْدَ أهلِ العلمِ: إِذَا اعْتَکَفَ الرَّجُلُ أَنْ لاَ یَخْرُجَ مِنْ اعْتِکَافِهِ إِلاَّ لِحَاجَةِ الإِنْسَانِ، وأَجْمَعُوا علی هذا: أَنَّهُ یَخْرُجُ لِقَضَاءِ حَاجَتِهِ لِلْغَائِطِ وَالبَوْلِ.

ثُمَّ اخْتَلَفَ أَهْلُ العلمِ فِیْ عِیَادَةِ الْمَرِیْضِ، وشُهُوْدِ الْجُمُعَةِ وَالْجَنَازَةِ لِلْمُعْتَکِفِ: فَرَأَی بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وغَیْرِهِمْ أَنْ یَعُوْدَ الْمَرِیْضَ وَیُشَیِّعَ الْجَنَازَةَ وَیَشْهَدَ الْجُمُعَةَ إِذَا اشْتَرَطَ ذٰلِكَ، وهُوَ قَوْلُ سُفیانَ الثَّوْرِیُّ وابنِ المبارکِ.

وقال بَعْضُهُمْ: لَیْسَ لَهُ أَنْ یَفْعَلَ شَیْئًا مِنْ هٰذَا، وَرَأَوْا لِلْمُعْتَکِفِ إِذَا کانَ فِیْ مَصْرٍ یُجَمَّعُ فِیْهِ، أَنْ لاَ یَعْتَکِفَ إِلاَّ فِیْ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ، لِأَنَّهُمْ کَرِهُوْا لَهُ الْخُرُوْجَ مِنْ مُعْتَکَفِهِ إِلَی الْجُمُعَةِ، وَلَمْ یَرَوْا لَهُ أَنْ یَتْرُكَ الْجُمُعَةَ، فقالوا: لاَیَعْتَکِفُ إلاّ فی الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ، حَتّٰی لاَیَحْتَاجَ إلی أَنْ یَخْرُجَ مِنْ

مُعْتَكَفِهِ لِغَيْرِ قَضَاءِ حَاجَةِ الإِنْسَانِ، لِأَنَّ خُرُوْجَهُ لِغَيْرِ قَضَاءِ حَاجَةِ الإِنْسَانِ قَطْعٌ عِنْدَهُمْ للاعْتِكَافِ، وهُوَ قَوْلُ مالكٍ والشافِعِيِّ.

وقالَ أحمدُ: لَايَعُوْدُ المَرِيضَ وَلَا يَتَّبِعُ الْجَنَازَةَ على حديثِ عائشةَ. وقال إسحاقُ: إن اشْتَرَطَ ذلكَ فَلَهُ أَنْ يَتَّبِعَ الْجَنَازَةَ وَيَعُوْدَ الْمَرِيْضَ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسی طرح یعنی ابومصعب مدینی کی طرح اس حدیث کو متعدد حضرات نے امام مالکؒ سے روایت کیا ہے، وہ ابن شہاب سے، وہ عروۃ سے، وہ عمرہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں (یہاں سے معلوم ہوا کہ ہندوستانی نسخہ میں تصحیف ہے، امام مالک رحمہ اللہ کی سند میں عن عروۃ وعمرۃ صحیح نہیں، صحیح عن عروۃ عن عمرۃ ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحیح سند عن عروۃ وعمرۃ عن عائشۃ ہے، امام لیث بن سعد اسی طرح روایت کرتے ہیں امام لیث کی سند قتیبہ کی روایت سے بخاری شریف (حدیث ۲۰۲۹ کتاب الاعتکاف) میں ہے۔

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث پر اہل علم کا عمل ہے جب کوئی شخص اعتکاف میں بیٹھے تو ضروریات انسانی ہی کے لئے اعتکاف سے نکل سکتا ہے اور تمام علماء کا اتفاق ہے کہ وہ پیشاب پاخانہ کی ضرورت کے لئے نکل سکتا ہے۔

پھر اہل علم میں اختلاف ہے کہ بیمار پرسی کے لئے، نماز جمعہ اور نماز جنازہ میں شرکت کے لئے معتکف نکل سکتا ہے یا نہیں؟ صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر اس نے بوقت اعتکاف ان باتوں کی شرط کی ہے، یعنی استثناء کیا ہے تو وہ بیمار پرسی کے لئے نکل سکتا ہے اور جنازہ کے ساتھ جا سکتا ہے اور جمعہ کی نماز میں بھی حاضر ہو سکتا ہے، سفیان ثوری اور ابن المبارک کی یہی رائے ہے ——— دیگر حضرات کہتے ہیں: معتکف کے لئے ان کاموں میں سے کوئی کام جائز نہیں اور ان کا خیال یہ ہے کہ اگر معتکف ایسے شہر میں ہو جہاں جمعہ ہوتا ہے تو وہ جامع مسجد ہی میں اعتکاف کرے، ان حضرات کے نزدیک معتکف کا اپنی مسجد سے جمعہ کے لئے نکلنا مکروہ ہے اور اس کے لئے جمعہ چھوڑنا بھی جائز نہیں پس وہ جامع مسجد ہی میں اعتکاف کرے تا کہ اپنی مسجد سے حاجت انسانی کے علاوہ کے لئے نکلنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ اس لئے کہ اگر معتکف حاجت انسانی کے علاوہ کے لئے اپنی مسجد سے نکلے گا تو ان علماء کے نزدیک اس کا اعتکاف ٹوٹ جائے گا۔ یہ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کی رائے ہے ——— اور امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: معتکف بیمار پرسی کے لئے نہ جائے اور جنازہ کے ساتھ بھی نہ جائے جیسا کہ حضرت عائشہ کی حدیث میں آیا ہے (کہ نبی ﷺ انسانی حاجت ہی کے لئے گھر میں تشریف لاتے تھے) اور امام اسحاق فرماتے ہیں: اگر معتکف نے اس کی شرط کی ہے تو جنازہ کے ساتھ جا سکتا ہے اور بیمار پرسی بھی کر سکتا ہے (یعنی جو رائے سفیان ثوری اور ابن المبارک کی تھی وہی امام اسحاق کی بھی ہے)

بابُ ماجاءَ فِیْ قِیَامِ شَھْرِ رَمَضَانَ

تراویح کا بیان

اس باب میں تراویح کا بیان ہے۔تراویح دور مابعد کی اصطلاح ہےاس کا پرانا نام''قیام رمضان'' ہے۔حدیثوں میں یہی لفظ آیا ہے، قیام رمضان کا لفظی ترجمہ ہے: رمضان میں کھڑا ہونا، اور اصطلاحی معنی ہیں: رمضان میں عشاء کے بعد سونے سے پہلے نفلیں پڑھنا۔تمام امت متفق ہے کہ رمضان میں عشاء کے بعد سونے سے پہلے جماعت کے ساتھ نفلیں پڑھنا سنتِ مؤکدہ ہے، اگرچہ رکعتوں کی تعداد میں اختلاف ہے،مگر چاروں فقہوں میں مفتی بہ قول یہ ہے کہ تراویح کی بیس رکعتیں ہیں، مالکیہ کا ایک قول وتروں سمیت اکتالیس رکعتوں کا بھی ہےاور دوسرا قول وتروں کے علاوہ چھتیس رکعتوں کا ہے۔ اگر اس میں وتر کی تین رکعتیں اور بعد کی دو سنتیں شامل کرلی جائیں تو مجموعہ اکتالیس رکعتیں ہوجائے گا۔لیکن مالکیہ کے یہاں بھی فتوی اور عمل بیس رکعت پر ہے، دوسرے اقوال کی بنیاد رشک تھی، مکہ والے ترویحہ میں طواف کرتے تھے، مدینہ والوں نے ترویحہ میں انفراداً چار نفلیں پڑھنا شروع کردیں، تاکہ ثواب میں وہ پیچھے نہ رہیں، اس طرح چھتیس رکعتیں ہوگئیں۔

اس کے بعد چند باتیں ذہن نشین کرنی چاہئیں:

پہلی بات: نبی ﷺ قیام رمضان کی صرف ترغیب دیتے تھے،آپؐ کے زمانہ میں باجماعت تراویح کا نظام نہیں بنا تھا۔ملت کی تنظیم کے لئے یہ کام حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا ہے۔ مسلم شریف میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ تراویح کی ترغیب دیتے تھے تاکید (وجوب) کے ساتھ حکم دیئے بغیر، چنانچہ آپؐ فرماتے تھے: ''جو شخص یقین اور ثواب کی امید کے ساتھ رمضان کی راتوں میں نوافل پڑھے گا اس کے تمام گذشتہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے'' (مشکوٰۃ حدیث ۱۲۹۶) اس لئے لوگ اپنے گھروں میں اور مسجد نبوی میں نوافل میں مشغول رہتے تھے، ایک رات اچانک آپؐ معتکف سے یعنی بوریے کے اس حجرہ سے جو آپؐ کے لئے مسجد نبوی میں تیار کیا جاتا تھا اور جس میں آپؐ دورانِ اعتکاف قیام فرماتے تھے باہر تشریف لائے اور مسجد میں موجود لوگوں سے فرمایا: ''آؤ میں تمہیں نماز پڑھاؤں'' صبح جب اس بات کا چرچا ہوا تو اگلی رات بہت لوگ جمع ہوگئے، بایں امید کہ شاید آج بھی آپؐ نوافل پڑھائیں، چنانچہ آپ حسب امید نکلے اور نوافل پڑھائیں، اب تو لوگوں کا غالب گمان ہوگیا کہ آپؐ اسی طرح ہر رات نوافل پڑھائیں گے، چنانچہ تیسری یا چوتھی رات مسجد میں تل دَھرنے کی جگہ نہ رہی، مگر آپ تشریف نہ لائے، لوگوں نے خیال کیا کہ شاید آنکھ لگ گئی ہے، اس لئے کسی نے کھنکارا، کسی نے حجرے کی چٹائی پر کنکری ڈالی کہ آواز سے آپؐ کی آنکھ کھل جائے، مگر آپؐ تشریف نہ لائے۔لوگ مایوس ہوکر منتشر ہوگئے، صبح آپؐ نے فرمایا: ''میں رات برابر تمہارا عمل دیکھتا رہا، یہاں تک کہ

مجھے اندیشہ ہوا کہ یہ نماز تم پر فرض کردی جائے اور اگر یہ نماز تم پر فرض کردی گئی تو تم اس کو نباہ نہ سکو گے'' (بخاری حدیث ۲۰۱۲) اس کے بعد آپ ﷺ نے وفات تک تراویح نہیں پڑھائی، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی ایسا ہی حال رہا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ابتدائی چھ سالوں میں بھی یہی طریقہ رہا، کیونکہ وہ سال سخت آزمائش کے ساتھ، مسلمان بیک وقت دو سپر پاوروں سے یعنی روم اور ایران سے جنگوں میں مصروف تھے، جب یہ دونوں طاقتیں ٹوٹیں اور گونہ سکون نصیب ہوا تو حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت کے آخری چھ سالوں میں ملک وملت کی تنظیم سے متعلق بہت سے کام کئے ہیں ان میں سے ایک کام باقاعدہ تراویح کا نظام بنانا ہے، الدر المنثور سورۃ القدر کی تفسیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ نے میرے مشورے سے باجماعت تراویح کا نظام بنایا ہے۔

دوسری بات: جب تراویح کا باقاعدہ نظام بنایا گیا تو شروع میں امام آٹھ رکعت پڑھاتا تھا اور سحری کے وقت تک پڑھاتا تھا، موطا میں روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے گیارہ رکعت پڑھانے کا حکم دیا، جن سے لوگ فجر سے کچھ ہی دیر پہلے فارغ ہوتے تھے (موطا مالک ص:۴۰) اس وقت یہ خیال تھا کہ یہ تہجد کی نماز ہے۔ پھر آپ نے رکعتوں کی تعداد بڑھا کر بیس کردی اور قراءت ہلکی کرنے کا حکم دیا، کیونکہ بعد میں یہ بات سامنے آئی کہ نبی ﷺ نے جو دو یا تین دن نماز پڑھائی تھی وہ بیس رکعتیں پڑھائی تھیں اور وہ تہجد کی نماز نہیں تھی، بلکہ مستقل نماز تھی۔ پھر جب سے حضرت عمرؓ نے نظام بدلا آج تک شرقاً غرباً یہی نظام چل رہا ہے، صرف غیر مقلدین اس مسئلہ میں اختلاف کرتے ہیں مگر گمراہ فرقوں کا اختلاف اجماع پر اثر انداز نہیں ہوتا، فتح الباری شرح صحیح البخاری (۲:۴۲۰) میں ہے امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے دریافت کیا کہ حضرت عمرؓ کے پاس تراویح کی بیس رکعتوں کے لئے آنحضرت ﷺ کی جانب سے کوئی عہد تھا؟ امام ابوحنیفہؒ نے جواب دیا: حضرت عمرؓ اپنی طرف سے ایجاد کرنے والے نہیں تھے، یعنی یقیناً ان کے پاس اس کا ثبوت تھا۔

اور بیہقی، طبرانی اور ابن ابی شیبہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ نبی ﷺ ماہ رمضان میں جماعت کے بغیر بیس رکعتیں اور وتر پڑھتے تھے۔ غرض حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے جو گیارہ رکعت پڑھانے کا حکم دیا تھا اور جس کو تہجد کے وقت تک جاری رکھا جاتا تھا اس کا مدار تہجد کی روایت پر تھا مگر بعد میں یہ بات واضح ہوئی کہ رمضان میں بھی تہجد اپنی جگہ پر ہے اور قیام رمضان (تراویح) اس کے علاوہ نماز ہے، چنانچہ آپ نے اس روایت کی بناء پر جس کو ابن عباس نے روایت کیا ہے: رکعتوں کی تعداد بڑھادی اور قراءت میں تخفیف کردی تاکہ لوگ تراویح سے فارغ ہوکر سوجائیں اور آخر شب میں اٹھ کر حسب معمول تہجد ادا کریں، رہا ابن عباسؓ کی روایت کا ضعف تو اس کی تلافی تعامل سے ہوجاتی ہے، بلکہ تعامل کی موجودگی میں روایت کی سرے سے ضرورت باقی نہیں رہتی، مثلاً کلمۂ اسلام: لا إله إلا الله محمدٌ رسول الله کسی روایت سے ثابت نہیں اگرچہ اس کے دونوں اجزاء قرآن کریم میں آئے ہیں مگر دونوں کا مجموعہ

کلمۂ اسلام ہے یہ بات کسی ضعیف روایت سے بھی ثابت نہیں۔ مگر چونکہ پوری امت مسلمہ کا اس پر تعامل ہے اور اجماع قوی دلیل ہے اس لئے سند کی مطلق حاجت نہیں۔

تیسری بات: بخاری شریف (حدیث ۲۰۱۰) میں ہے کہ اس نئے نظام کے شروع ہونے کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں تشریف لائے، لوگوں کو ایک امام کے پیچھے نماز پڑھتے دیکھا تو فرمایا: نِعْمَتِ البدعةُ هذه، والتی تَنامون عنها أفضلُ من التی تقومون۔ یعنی یہ نہایت عمدہ نئی بات ہے اور جس نماز سے تم سوتے رہتے ہو، وہ اس سے جس کو تم ادا کرتے ہو افضل ہے۔

اس ارشاد کا پس منظر دو باتیں معلوم ہوتی ہیں:

ایک: یہ کہ جب تراویح کا باقاعدہ نظام بنایا گیا تو لوگوں میں چہ مگوئیاں ہوئیں کہ یہ کیا نئی بات شروع ہوئی، جیسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی پختہ بنائی تو بعض لوگوں نے کہا کہ یہ تو کسری کا محل تعمیر ہو گیا۔

دوسری: یہ کہ تہجد کی نماز کو آخر شب کے بجائے شروع رات میں کیوں کر دیا گیا؟ آخر شب تو افضل وقت ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے مذکورہ ارشاد میں دونوں باتوں کا جواب دیا ہے:

پہلی بات کا جواب یہ دیا ہے کہ اگر یہ نئی چیز ہے تو نہایت شاندار نئی چیز ہے، کیونکہ اس کی اصل موجود ہے اور وہ آپ کا دو دن یا تین دن باجماعت نوافل پڑھانا ہے ——— آپ نے لفظ بدعت اس کے لغوی معنی میں استعمال کیا ہے اور بالفرض کلام کیا ہے، لغوی معنی کے اعتبار سے بدعت: بدعت حسنہ بھی ہوتی ہے اور سیۂ بھی، اور بدعت اصطلاحی صرف بدعت سیۂ ہوتی ہے وہ حسنہ نہیں ہوتی۔ اور دوسری بات کا جواب: آپ نے یہ دیا ہے کہ یہ تہجد کی نماز نہیں ہے، تہجد اپنی جگہ برقرار ہے جس سے لوگ غفلت برتتے ہیں، سحری کے لئے اٹھتے ہیں مگر تہجد نہیں پڑھتے حالانکہ وہ تراویح سے افضل ہے۔

پس آپ کے اس ارشاد سے صاف معلوم ہوا کہ تراویح: تہجد کی تقدیم نہیں ہے بلکہ یہ مستقل نماز ہے اور اس کی باجماعت ادائیگی بھی بدعت نہیں ہے، کیونکہ اس کی اصل موجود ہے۔ علامہ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے التلخیص الحبیر فی تخریج أحادیث الرافعی الکبیر (۱۱۹:۱) میں یہ روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دو دن جماعت سے جو نماز پڑھائی تھی وہ بیس رکعتیں پڑھائی تھیں۔ حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے اور حضرت ابن عباسؓ کی حدیث بیہقی (۴۹۶:۲) میں ہے کہ نبی ﷺ ماہ رمضان میں بلا جماعت بیس رکعتیں اور وتر پڑھتے تھے۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ روایت جو کتاب الصلوٰۃ باب ۲۱۱ میں گذری ہے جس میں وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے وہ روایت قیام رمضان (تراویح) سے متعلق نہیں ہے، بلکہ صلاۃ اللیل (تہجد) سے متعلق ہے، پس غیر مقلدین کا اس حدیث کی بناء پر تراویح کی

آٹھ رکعت کی بات کہنا صحیح نہیں، اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ یہ آٹھ رکعتیں سال بھر پڑھتے تھے اور تراویح صرف رمضان میں پڑھی جاتی ہے، پس جن اکابر علماء نے حضرت عائشہ اور حضرت عباس رضی اللہ عنہم کی روایتوں میں موازنہ کیا ہے اور حضرت عائشہؓ کی روایت کو اصح قرار دیا ہے یہ موازنہ درست نہیں، موازنہ ایک باب کی روایتوں میں کیا جاتا ہے دو الگ الگ بابوں کی روایتوں میں نہیں کیا جاتا۔

علاوہ ازیں بیس رکعت تراویح پر چاروں ائمہ، تمام صحابہ وتابعین اور تمام علماء کا اجماع ہے اور اگر بالفرض حضرت عائشہ کی اس حدیث کو تراویح سے متعلق کیا جائے تو غیر مقلدین سے عرض ہے کہ آنحضور ﷺ اس نماز کو سال بھر پڑھتے تھے، آپ بھی سال بھر پڑھیں تو ہم جانیں کہ آپ ''اہل حدیث'' ہیں، یہ کیا کہ میٹھا میٹھا ہپ ہپ، کڑوا کڑوا تھو تھو! اور اگر وہ کہیں کہ نبی ﷺ نے صرف تین دن یا دو دن رمضان میں باجماعت پڑھی ہے اس لئے ہم اس پر عمل کرتے ہیں تو سنیں: اس حدیث پر عمل کرنا ہے تو تراویح جماعت کے ساتھ صرف دو دن یا تین دن پڑھو، پھر مسجدوں سے دفع ہو جاؤ تاکہ فتنہ ختم ہو اور وہ بھی مہینے کی آخری تاریخوں میں تاکہ پورا رمضان مسجدوں میں سکون رہے (اس سلسلہ میں کچھ کلام کتاب الصلوۃ باب ۲۱۱ میں بھی گذر چکا ہے)

حدیث: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (رمضان کے) روزے رکھے، پس آپؐ نے ہمیں (رمضان کی راتوں میں) نوافل (تراویح) نہیں پڑھائے، یہاں تک کہ سات راتیں باقی رہ گئیں (یعنی پہلی بار ۲۳ ویں شب میں تراویح پڑھائی) پس آپؐ نے ہمیں نوافل پڑھائے یہاں تک کہ رات کا ایک تہائی حصہ گذر گیا، پھر (آخر سے) چھٹی رات میں (۲۴ ویں شب میں) نوافل نہیں پڑھائے، اور پانچویں (۲۵ ویں) شب میں آدھی رات تک نماز پڑھائی۔ ہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! کاش آپؐ ہمیں رات کا جو حصہ باقی رہ گیا ہے اس میں بھی نوافل پڑھاتے، آپؐ نے فرمایا: جس نے امام کے ساتھ عشاء پڑھی یہاں تک کہ وہ نماز سے فارغ ہو کر پلٹا تو اس کے لئے پوری رات نفلیں پڑھنے کا ثواب لکھا جائے گا (یعنی وہ حکماً پوری رات نفلیں پڑھنے والا شمار ہوگا) پھر آپؐ نے ہمیں نوافل نہیں پڑھائے یہاں تک کہ مہینے میں تین راتیں باقی رہ گئیں (یعنی ۲۶ ویں شب میں نوافل نہیں پڑھائے) اور آپؐ نے ہمیں (آخر سے) تیسری رات میں (یعنی ۲۷ ویں شب میں) نوافل پڑھائے اور اپنے گھر والوں کو اور اپنی عورتوں کو (یہ عطف تفسیری ہے) نماز میں حاضر رہنے کے لئے فرمایا۔ پس آپؐ نے ہمیں نوافل پڑھائے یہاں تک کہ سحری کا وقت تنگ ہو گیا۔ جبیر بن نفیر کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوذرؓ سے پوچھا: فلاح سے کیا مراد ہے؟ انھوں نے فرمایا: سحری!

تشریح: سحری کا وقت تنگ ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ صبح صادق سے دس پندرہ منٹ پہلے تک تراویح پڑھائی بلکہ سحری کے لئے عورتیں کھانا پکاتی ہیں، سونے والوں کو اٹھاتی ہیں اور لوگ سحری کھاتے ہیں، یہ سب سحری کا وقت ہے، پس

حدیث میں جو ہے کہ سحری کا وقت تنگ ہوگیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جو مردوزن مسجد نبوی میں جماعت میں شریک ہیں نماز ختم ہونے کے بعد وہ گھر جائیں گے، کھانا پکائیں گے، اور سحری کھائیں گے اس سب کے لئے وقت تنگ ہوگیا۔

[۸۰] باب ماجاء فی قیام شهر رمضان

[۷۹٦-] حدثنا هَنَّادٌ، نا محمدُ بنُ الفُضَيْلِ، عن دَاوُدَ بنِ أبی هِنْدٍ، عن الوَلِيْدِ بنِ عبدِ الرحمنِ الجُرَشِيِّ، عن جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عن أبی ذَرٍّ، قال: صُمْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتَّى بَقِيَ سَبْعٌ مِنَ الشَّهْرِ، فَقَامَ بِنَا حَتَّى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ، ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بنا فِي السَّادِسَةِ، وقَامَ بنا فِي الْخَامِسَةِ حَتَّى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ، فَقُلْنَا: يارسولَ الله! لَوْ نَفَّلْتَنا بَقِيَّةَ لَيْلَتِنا هٰذِهِ؟ فقالَ: "إِنَّهُ مَنْ قَامَ مَعَ الإِمَامِ حَتَّى يَنْصَرِفَ كُتِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَةٍ" ثُمَّ لَمْ يُصَلِّ بِنَا حَتَّى بَقِيَ ثَلاثٌ مِنَ الشَّهْرِ، وَصَلَّى بِنَا فى الثَّالِثَةِ، وَدَعَا أَهْلَهُ وَنِسَاءَهُ، فَقَامَ بِنَا حَتَّى تَخَوَّفْنَا الْفَلاحَ، قُلْتُ لَهُ: ومَا الْفَلاحُ؟ قالَ السُّحُوْرُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ، فَرأَى بَعْضُهُمْ أَنْ يُصَلِّيَ إِحْدَى وَأَرْبَعِيْنَ رَكْعَةً مَعَ الْوِتْرِ، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْمَدِيْنَةِ، وَالْعَمَلُ على هٰذَا عِنْدَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ، وَأَكْثَرُ أهلِ العلمِ على مَارُوِىَ عَنْ عَلِيٍّ وَعُمَرَ وَغَيْرِهِمَا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم عِشْرِيْنَ رَكْعَةً، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وابنِ المباركِ وَالشافِعِيِّ.

وقال الشافِعيُّ: وهَكَذَا أَدْرَكْتُ بِبَلَدِنَا بِمَكَّةَ، يُصَلُّوْنَ عِشْرِيْنَ رَكْعَةً، وَقَالَ أَحْمَدُ: رُوِىَ فى هَذَا أَلْوَانٌ لَمْ يَقْضِ فِيْهِ بِشيءٍ، وقال إسحاقُ: بَلْ نَخْتَارُ إِحْدَى وَأَرْبَعِيْنَ رَكْعَةً، عَلَى مَا رُوِىَ عن أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، واخْتَارَ ابنُ المباركِ وأحمدُ وإسحاقُ الصَّلاَةَ مَعَ الإِمَامِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ، واخْتَارَ الشَّافِعِيُّ أَنْ يُصَلِّيَ الرَّجُلُ وَحْدَهُ إِذَا كَانَ قَارِئًا.

ترجمہ: علماء کا قیام رمضان میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: آدمی وتر کے ساتھ اکتالیس رکعت پڑھے۔ اور یہ مدینہ والوں کا قول ہے، اور اس قول پر اہل مدینہ کا عمل ہے، اور اکثر علماء کا عمل اس روایت پر ہے جو حضرت علی، حضرت عمر اور ان کے علاوہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے بیس رکعت کے سلسلہ میں مروی ہے (مالکیہ کے نزدیک بھی یہی مفتی بہ ہے) اور یہ ثوری، ابن المبارک اور شافعی کا قول ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے اپنے شہر مکہ میں اسی طرح پایا ہے (یعنی اہل مکہ کا معمول بیس رکعت پڑھنے کا تھا) اور امام احمد رحمہ اللہ کہتے ہیں: تراویح کے سلسلہ میں مختلف روایتیں مروی ہیں، انھوں نے ان میں کوئی فیصلہ نہیں کیا (امام احمد کے نزدیک بھی بیس رکعت کی روایت راجح ہے اور اسی پر فتوی ہے،

معارف) اور اسحاق بن راہویہ کہتے ہیں: بلکہ ہمیں اکتالیس رکعتوں والا قول پسند ہے، اس وجہ سے کہ یہ بات ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (کہ وہ اکتالیس رکعتیں پڑھاتے تھے) اور ابن المبارک، احمد اور اسحاق نے ماہ رمضان میں امام کے ساتھ نوافل پڑھنے کو پسند کیا ہے اور امام شافعی نے اس کو پسند کیا ہے کہ اگر آدمی حافظ ہو تو علحدہ نماز پڑھے۔

تشریح:

۱-مولانا انور شاہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: میرے علم میں کوئی ایسی حدیث نہیں، نہ قوی اور نہ ضعیف جس میں ابی بن کعبؓ سے تراویح کی اکتالیس رکعتیں پڑھانا مروی ہو، اور نہ میں حفاظ حدیث میں سے کسی کو جانتا ہوں جس نے یہ بات کہی ہو (معارف)

۲-مسجد میں جماعت کے ساتھ تراویح پڑھنا سنت مؤکدہ ہے، البتہ حافظ ایک سامع کو ساتھ لے کر الگ تراویح پڑھے تو جائز ہے تاکہ اس کا حفظ باقی رہے، مگر ان کے لئے بھی عشاء باجماعت مسجد میں پڑھنی ضروری ہے، کیونکہ ایسے حفاظ سیکڑوں ہوسکتے ہیں، پس اگر سب اپنی اپنی جگہ عشاء پڑھیں گے تو مسجد کی جماعت کی شان باقی نہیں رہے گی، اسی طرح ہر حافظ کئی کئی آدمی ساتھ لے جائے گا تو بھی تراویح کی جماعت متأثر ہوگی اس لئے صرف ایک سامع لے جاسکتا ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا

روزہ افطار کرانے کا ثواب

فَطَّر: کے معنی ہیں: روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھلانا، عربوں کا طریقہ ہم سے مختلف تھا، ہمارے یہاں طریقہ یہ ہے کہ غروب کے بعد تھوڑا سا کھالیتے ہیں، پھر نماز سے فارغ ہوکر پیٹ بھر کر کھاتے ہیں، اور عربوں میں یہ طریقہ تھا کہ جب وہ روزہ کھولتے تھے تو پیٹ بھر کر کھالیتے تھے، پھر مغرب کے بعد نہیں کھاتے تھے، اس لئے فَطَّر کا مفہوم پیٹ بھر کر کھانا کھلانا ہے، اس باب میں یہ بیان ہے کہ اگر روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھلایا جائے تو اس کا کیا ثواب ہے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے روزہ دار کو افطار کرایا تو اس کو روزہ دار کے مانند ثواب ملے گا۔ اور روزہ دار کے ثواب میں سے کچھ کم نہیں ہوگا، یعنی یہ ثواب اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عنایت فرمائیں گے، روزہ دار کے ثواب میں سے کٹوتی کرکے نہیں دیں گے۔

تشریح: اس حدیث میں یہ مضمون بھی آیا ہے کہ جب نبی ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تو صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے ہر شخص روزہ دار کو افطار کرانے کی طاقت نہیں رکھتا۔ آپؐ نے فرمایا: ایک گھونٹ دودھ، ایک گھونٹ پانی

اور ایک کھجور پر بھی اللہ تعالیٰ یہ ثواب عنایت فرماتے ہیں۔ صحابہ کا یہ سوال دلیل ہے کہ فطّر کے اصل معنی ہیں: پیٹ بھر کر کھلانا اگر فطّر کا یہ مفہوم نہ ہوتا تو صحابہ کو سوال کرنے کی ضرورت نہیں تھی، اس کی نظیر پہلے گذر چکی ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو صلوٰۃ التسبیح سکھلائی اور اس کے فوائد بتائے تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ نماز روز کون پڑھ سکتا ہے؟ حالانکہ آپؐ نے روز پڑھنے کے لئے نہیں فرمایا تھا، معلوم ہوا کہ فضائل کی حدیثوں میں دَاوَمَ، ثَابَرَ اور وَاظَبَ کی قید ملحوظ ہوتی ہے، خواہ وہ قید مذکور ہو یا نہ ہو، اسی طرح یہاں صحابہ کا سوال دلیل ہے کہ فطّر کا مفہوم پیٹ بھر کر کھلانا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر پیٹ بھر کر کھلانے کی استطاعت نہ ہو تو بقدر استطاعت افطار کرانے پر بھی اللہ تعالیٰ یہ ثواب عنایت فرماتے ہیں۔

[۸۱] باب ماجاء فی فضل من فَطَّرَ صائما

[۷۹۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عبدُ الرَّحيم بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أبی سُلِيْمَانَ، عن عَطَاءٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قال: قالَ رسولُ الله صلی الله عليه وسلم: "مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ، غَيْرَ أَنَّهُ لاَ يَنْقُصُ مِنْ أَجْرِ الصَّائِمِ شَيْئًا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ التَّرْغِيْبِ فِیْ قِيَامِ شَهْرِ رَمَضَانَ وَمَاجَاءَ فِيْهِ مِنَ الْفَضْلِ

رمضان کی راتوں میں سونے سے پہلے نفلوں کی ترغیب اور اس کا ثواب

پہلے یہ بات آچکی ہے کہ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں تراویح جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی جاتی تھی، البتہ آپؐ تاکید (وجوب) کے ساتھ حکم دیئے بغیر اس کی ترغیب دیتے تھے اور اس کا ثواب بیان کرتے تھے اور صحابہ فرداً فرداً یہ نماز پڑھتے تھے۔ تراویح کا باقاعدہ نظام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں بنا ہے اور اس وقت سے آج تک شرقاً غرباً جماعت کے ساتھ بیس رکعت تراویح پڑھنے کا تعامل چلا آرہا ہے۔

[۸۲] باب الترغيب فی قيامِ شهرِ رمضانَ، وماجاء فيه مِن الفضل

[۷۹۸-] حدثنا عبدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن أبی سَلَمَةَ، عن أبی هريرةَ، قال: كانَ رسولُ الله صلی الله عليه وسلم يُرَغِّبُ فِیْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَأْمُرَهُمْ بعَزِيْمَةٍ، ويقولُ: "مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيْمَانًا واحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" فَتُوُفِّیَ رسولُ الله صلی الله عليه وسلم والأَمْرُ عَلَی ذلكَ، ثُمَّ كانَ الأَمْرُ كَذَلِكَ فِیْ خِلاَفَةِ أَبِیْ بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلاَفَةِ عُمَرَ

بنِ الخطَّابِ على ذَلكَ.

وفي الباب: عن عائشةَ، هذا حديثٌ صحيحٌ، وقَدْ رُوِىَ هذا الحديثُ أَيْضًا عن الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عن عائشةَ عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

﴿آخِرُ أبوابِ الصَّوْمِ﴾

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ قیام رمضان کی ترغیب دیا کرتے تھے لوگوں کو تاکید کے ساتھ حکم دیئے بغیر اور فرماتے تھے: ''جو شخص رمضان میں ایمان واحتساب کے ساتھ سونے سے پہلے نوافل پڑھے گا اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے'' پس رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوگیا اور یہی طریقہ رہا (یعنی جماعت کے ساتھ تراویح کا نظام شروع نہیں ہوا) پھر حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں بھی یہی طریقہ رہا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے ابتدائی سالوں میں یہی طریقہ رہا ــــــ اس حدیث کی ابن شہاب سے اوپر دو سندیں ہیں: ایک: عن أبي سلمة، عن أبي هريرة اور دوسری: عن عروة، عن عائشة۔

تشریح: ایمان ویقین کے معنی تو سب جانتے ہیں، اور احتساب کے معنی ہیں ثواب کی امید رکھنا، جو کام کسی وجہ سے دشوار ہوتا ہے حدیثوں میں جب اس کا حکم دیا جاتا ہے تو ایمان واحتساب کی قید لگائی جاتی ہے، اور عطف تفسیری ہوتا ہے اور ایمان سے مراد بھی ثواب کا یقین ہے، پس ایمان واحتساب کے معنی ایک ہیں، یہ ایک فارمولہ ہے عمل کو آسان بنانے کا، جب عمل کا ثواب پیش نظر ہوتا ہے تو شوق سے عمل وجود میں آتا ہے، ورنہ بیکار معلوم ہوتا ہے۔ رمضان میں طویل نفلیں پڑھنا، اور شبِ قدر میں نفلیں پڑھنا چونکہ دشوار عمل تھا اس لئے یہ قید لگائی، تراویح کا ثواب سابقہ گناہوں کی بخشش ہے، جب مؤمن یہ ثواب پیش نظر رکھے گا تو اس کے لئے نفلیں پڑھنا آسان ہوگا۔

نوٹ: اردو میں احتساب کے معنی ہیں: جانچ پڑتال کرنا۔ بعض حضرات نے حدیث میں یہ معنی لئے ہیں کہ آدمی عمل کرتے وقت اپنے نفس کا جائزہ لے کہ نیت میں کھوٹ تو نہیں، یہ بات اگرچہ درست ہے مگر اس حدیث کی شرح میں یہ معنی لینا ٹھیک نہیں۔

الحمد للہ! کتاب الصوم کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبو ابُ الحَجِّ

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

حج کا بیان

بابُ ماجاءَ فی حُرْمَةِ مَکَّةَ

حرم محترم کا بیان

حَجَّ (ن) حَجًّا کے لغوی معنی ہیں: قصد کرنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: کعبہ شریف کی زیارت کا قصد کرنا۔ اور اعْتَمَرَ الْمَکَانَ: کے معنی بھی قصد کرنا اور زیارت کرنا ہیں، اور اسی سے ''عمرۃ'' ہے۔ اور ان عبادتوں کے نام حج اور عمرہ اس لئے ہیں کہ دونوں میں بیت اللہ کی زیارت کا قصد کیا جاتا ہے۔ پس عمرۃ چھوٹا حج ہے اور حج بڑا حج ہے، مگر جب چھوٹے حج کے لئے عمرۃ کی اصطلاح بن گئی تو اب حج کے لئے ''اکبر'' کی قید ضروری نہیں رہی، البتہ اگر دونوں کے لئے حج ہی کا لفظ استعمال کریں گے تو پھر حج کے ساتھ ''اکبر'' اور عمرہ کے ساتھ ''اصغر'' کی قید لگائیں گے۔ سورۂ توبہ آیت ۳ میں الحج الأکبر سے حج اصغر یعنی عمرہ سے احتراز مقصود ہے کہ براءت کا اعلان حج کے موقعہ پر منی میں کیا جائے۔ اور لوگوں میں جو مشہور ہے کہ اگر نو ذی الحجہ جمعہ کا دن ہو تو وہ حج اکبری ہے، یہ نئی اصطلاح ہے، نصوص میں اس کی کچھ اصل نہیں۔

اور عمرہ علحدہ کرنا بھی درست ہے اور حج کے ساتھ ملا کر کرنا بھی جائز ہے، حج کے ساتھ ملا کر کریں گے تو اس کا نام ''قران'' ہے اور حج سے علحدہ کریں گے اور حج کے سفر میں کریں گے تو اس کا نام ''تمتع'' ہے، اور عمرہ پورے سال ہوسکتا ہے صرف پانچ دنوں میں یعنی نو ذی الحجہ سے تیرہ ذی الحجہ تک ممنوع ہے۔

عمرہ کرنے کا طریقہ: عمرہ کرنے والا اگر آفاقی ہے تو میقات سے عمرہ کی نیت سے احرام باندھے ـــــ حج اور عمرہ کا احرام ایک ہی طرح کا ہے صرف نیت کا فرق ہے ـــــ اور اگر حِلّی ہے تو اپنے گھر سے یا حرم میں داخل ہونے سے پہلے احرام باندھے ـــــ اور اگر حرمی ہے تو حرم سے باہر نکلے اور حل سے احرام باندھے تاکہ یک گونہ

سفر متحقق ہوجائے ـــــ پھر طواف اور سعی کرے اور احرام کھول دے یعنی سر منڈادے یا زلفیں بنوالے عمرہ مکمل ہوگیا(۱)

فائدہ: حرم: بیت اللہ کے اردگرد مخصوص جگہ کا نام ہے جس کی نشان لگا کر نشاندہی کردی گئی ہے جو مدینہ کی جانب تین میل، عراق کی جانب سات میل، جعرانہ کی جانب نو میل، اور جدہ کی جانب دس میل ہے (حاشیہ بخاری ۱:۲۱۶ بحوالہ قسطلانی) اور حرم سے باہر اور میقات کے اندر کی جگہ حل کہلاتی ہے، میقات پانچ ہیں: ذوالحُلیفہ، جُحْفَة، قرن المنازل، یلملم اور ذات عرق۔

ذوالحلیفہ: اہل مدینہ کا میقات ہے، مدینہ طیبہ سے مکہ معظّمہ جاتے ہوئے صرف پانچ چھ میل پر پڑتا ہے، یہاں سے مکہ مکرمہ تقریباً دو سو میل ہے بلکہ آج کل کے راستہ سے تو تقریباً ڈھائی سو میل ہے۔

جُحْفَه: یہ شام اور مغربی علاقوں سے آنے والوں کی میقات ہے اور مکہ معظّمہ سے تقریباً سو میل کے فاصلہ پر بجانب مغرب ساحل کے قریب ہے۔

قرن المنازل: یہ نجد کی طرف سے آنے والوں کی میقات ہے، مکہ معظّمہ سے تقریباً ۳۵ میل مشرق میں نجد کے راستہ پر ایک پہاڑی ہے۔

ذاتِ عرق: یہ عراق کی طرف سے آنے والوں کے لئے میقات ہے، مکہ معظّمہ سے شمال مشرق میں عراق کے راستہ پر واقع ہے، یہ مکہ معظّمہ سے پچاس میل کی دوری پر واقع ہے۔

یلملم: یہ یمن کی طرف سے آنے والوں کے لئے میقات ہے، یہ تہامہ کی ایک معروف پہاڑی ہے جو مکہ معظّمہ سے تقریباً چالیس میل جنوب مشرق میں واقع ہے۔

اور حج کی تین قسمیں ہیں: افراد، تمتع اور قران، جو مکہ کا باشندہ ہے وہ تمتع اور قران نہیں کرسکتا، وہ صرف حج افراد کرے گا اور اس پر قربانی اور طواف وداع واجب نہیں اور آفاقی اور حلّی تینوں قسم کا حج کرسکتے ہیں۔

حج کرنے کا طریقہ: حج کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک: مکہ کے باشندوں کے لئے، خواہ وہ مکہ کے اصلی باشندے ہوں یا حج تمتع کی نیت سے باہر سے آئے ہوں اور عمرہ کا احرام کھول کر مکہ میں مقیم ہوگئے ہوں، دوسرا: آفاقی کے لئے یعنی میقات سے باہر رہنے والوں کے لئے۔

مکہ سے حج کرنے کا طریقہ: حاجی مکہ ہی سے احرام باندھے، خواہ گھر میں باندھے یا مسجد حرام میں باندھے، اور احرام میں ان امور سے اجتناب کرے: (۱) جماع اور اس کے اسباب (بوس وکنار) سے (۲) سر منڈانے سے اور

(۱) آفاقی: مواقیت سے باہر کا رہنے والا ـــــ حلّی: حرم شریف اور مواقیت کے درمیان میں رہنے والا ـــــ حرمی: حرم شریف کے اندر کا باشندہ ۱۲

بدن کے کسی بھی حصہ کے بال کٹوانے سے (۳) ناخن ترشوانے سے (۴) سلا ہوا کپڑا پہننے سے (۵) سر ڈھانکنے سے (۶) خوشبو لگانے سے (۷) شکار کرنے سے (۸) اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح کرنے سے، یہ آٹھ باتیں ممنوعات احرام کہلاتی ہیں، پھر آٹھ ذی الحجہ کو منی جائے وہاں ظہر سے نو ذی الحجہ کی صبح تک پانچ نمازیں پڑھے، پھر نو ذی الحجہ کی صبح کو وہاں سے عرفہ کے لئے روانہ ہو، منی کا یہ قیام ضروری نہیں، صرف سنت ہے، پس اگر کوئی مکہ سے نو ذی الحجہ کو سیدھا عرفہ چلا جائے تو بھی درست ہے۔ اور میدانِ عرفہ میں ۹ ذی الحجہ کی شام تک رکا رہے، یہاں مسجد نمرۃ میں ظہر وعصر: ظہر کے وقت میں ایک ساتھ پڑھے، اور نماز سے فارغ ہو کر عرفہ کے کاموں میں یعنی ذکر واذکار اور دعا میں لگ جائے۔ اسی کا نام وقوفِ عرفہ ہے اور یہ حج کا سب سے اہم رکن ہے۔ اور عرفہ کے کاموں میں سب سے اہم دعا میں مشغول ہونا ہے، پھر وہاں سے غروب آفتاب کے بعد لوٹے اور ابھی مغرب نہ پڑھے، مزدلفہ پہنچ کر عشاء کے وقت میں مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا کرے اور مزدلفہ میں رات گذارے، فجر کی نماز کے بعد وقوفِ مزدلفہ کرے یعنی ذکر واذکار اور دعا میں مشغول ہو، پھر وہاں سے طلوع آفتاب سے کچھ پہلے منی کے لئے روانہ ہو جائے اور منی میں پہنچ کر جمرۂ عقبہ کی رمی کرے، پھر قربانی اگر ساتھ ہو تو اس کو ذبح کرے یہ قربانی (مفرد کے لئے) سنت ہے پھر احرام کھول دے خواہ سر منڈوائے یا بال ترشوائے۔ اب بیوی کے علاوہ سب چیزیں حلال ہو گئیں (البتہ خوشبو لگانے میں اختلاف ہے تفصیل آگے آرہی ہے) پھر طواف زیارت کرے (یہ حج کا دوسرا رکن ہے اور فرض ہے) اس کے بعد بیوی اور خوشبو بھی حلال ہو جاتی ہے، اور طواف زیارت کا وقت: دس ذی الحجہ کی صبح صادق سے بارہ ذی الحجہ کے سورج غروب ہونے تک ہے، البتہ حائضہ جب بھی پاک ہو طواف زیارت کرے، اس کے بعد صفا مروہ کے درمیان سعی کرے (اور اگر حج کا احرام باندھ کر نفل طواف کیا ہے اور اس کے بعد سعی بھی کر لی ہے تو اب طواف زیارت کے بعد سعی نہ کرے) پھر منی میں قیام کرے اور روزانہ تینوں جمرات کو کنکریاں مارے، بارہ کی رمی کے بعد حج مکمل ہو گیا پھر اگر مکی ہے تو اس پر طواف وداع نہیں اور آفاقی ہے تو روانگی کے وقت طواف وداع کرے، یہ طواف واجب ہے مگر جو عورت واپسی کے وقت ماہواری میں ہو اس پر واجب نہیں وہ طواف وداع کئے بغیر بھی وطن لوٹ سکتی ہے۔

آفاق سے حج کرنے کا طریقہ: میقات سے حج کا احرام باندھے پھر اگر سیدھا عرفہ چلا جائے تو اس پر طواف قدوم نہیں اور اگر وقوفِ عرفہ سے پہلے مکہ میں داخل ہو تو طواف قدوم کرے۔ یہ طواف سنت ہے اور اس میں رمل کرے اور اس کے بعد صفا مروہ کے درمیان سعی کرے مگر سعی اسی وقت واجب نہیں، اس کو مؤخر بھی کر سکتا ہے، یعنی طواف زیارت کے بعد بھی سعی کر سکتا ہے پھر حالت احرام میں رہے یہاں تک کہ وقوف عرفہ کرے اور دس ذی الحجہ کو رمی کرے اور سر منڈا کر یا بال ترشوا کر احرام کھول دے اس کے بعد طواف زیارت کرے اور اس میں رمل اور اس کے بعد سعی نہ کرے (لیکن اگر طواف قدوم کے بعد سعی نہیں کی تو طوافِ زیارت میں رمل اور طواف کے بعد سعی بھی کرے)

حج تمتع کا طریقہ: آفاقی حج کے مہینوں میں یعنی شوال کا چاند نظر آنے کے بعد عمرہ کا احرام باندھے پھر مکہ پہنچے اور اپنا عمرہ پورا کرے اور احرام کھول دے، پھر حلال ہونے کی حالت میں مکہ میں رکا رہے یعنی وطن نہ لوٹے پھر آٹھ ذی الحجہ کو مکہ ہی سے حج کا احرام باندھے اور حج ادا کرے، متمتع پر قربانی واجب ہے۔

حج قران کا طریقہ: آفاقی میقات سے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھے پھر احناف کے نزدیک: مکہ پہنچ کر پہلے طواف قدوم کرے یہ سنت ہے پھر عمرہ کا طواف کرے اور اس کے بعد عمرہ کی سعی کرے یہ افعال عمرہ ہیں، پھر احرام کی حالت میں مکہ میں ٹھہرا رہے اور نفل طواف وغیرہ عبادتیں کرتا رہے، پھر حج کرے اور وقوف عرفہ کے بعد طواف زیارت کرے اور اس کے بعد حج کی سعی کرے یہ حج کا طواف اور سعی ہیں، پس قارن پر احناف کے نزدیک دو طواف اور دو سعی لازم ہیں، ایک عمرہ کا طواف اور سعی دوسرا حج کا طواف اور سعی۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قارن مکہ میں پہنچ کر صرف طوافِ قدوم کرے یہ سنت طواف ہے پھر احرام کی حالت میں ٹھہرا رہے، یہاں تک کہ حج کرے اور دس ذی الحجہ کو طواف کرے اور اس کے بعد سعی کرے، یہ طواف وسعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہیں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دونوں کے افعال میں تداخل ہو جاتا ہے اور قارن پر بھی قربانی واجب ہے۔

نوٹ: آگے چونکہ پوری کتاب الحج میں حج وعمرہ کے ارکان وافعال متفرق بیان ہوئے ہیں اس لئے یہاں حج وعمرہ کا مکمل طریقہ ایک ساتھ بیان کر دیا تا کہ ان کو سمجھنے میں آسانی ہو۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حرم کے احکام دیگر جگہوں سے مختلف ہیں، وہاں شکار کرنا جائز نہیں جو پالتو جانور ہیں جیسے بکری، گائے، مرغی وغیرہ ان کو ذبح کر کے کھا سکتے ہیں، مگر جو شکار ہیں جیسے کبوتر اس کو حرم میں مارنا جائز نہیں، اگر کوئی ان کو ذبح کرے گا تو وہ مردار ہو جائے گا، چاہے اللہ کا نام لے کر ذبح کیا ہو اس کا کھانا جائز نہیں اور جزاء (بدلہ) واجب ہے، البتہ اس حکم سے پانچ جانور مستثنیٰ ہیں (تفصیل آگے آرہی ہے) اور یہ حکم محرم غیر محرم سب کے لئے ہے، اسی طرح حرم کی خودرو گھاس اور جنگلی درخت کاٹنا جائز نہیں، البتہ جو درخت ایسا ہے جس کو انسان اگاتا ہے جیسے: آم، سیب، کیلا، گیہوں وغیرہ ان کو کاٹنا جائز ہے، خواہ خود اگا ہو یا کسی نے اگایا ہو، اسی طرح خودرو گھاس یا درخت یا اس کی کوئی ٹہنی جب سوکھ جائے تو اس کو کاٹ سکتے ہیں اور تر گھاس اور تر درخت کو کاٹنے میں جزاء واجب ہوتی ہے۔ اور حرم کی گھاس اور درخت اگر جانور خود چریں تو مضائقہ نہیں، مگر گھاس کو کاٹ کر یا پتے توڑ کر جانور کو کھلانا جائز نہیں، ورنہ جزاء واجب ہوگی۔

اور جاننا چاہئے کہ حرم میں خودرو گھاس یا درخت شاذونادر ہی پیدا ہوتے ہیں، وہاں پتھر ہی پتھر ہیں، گھاس کا نام ونشان نہیں، البتہ اب حکومت اس کی طرف متوجہ ہے اس نے درخت لگائے ہیں مگر وہ انسان کے اگائے ہوئے ہیں، اس لئے ان کو کاٹنا جائز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر کوئی شخص جنایت کر کے حرم میں گھس جائے تو اُسے وہاں سزا دی جائے گی یا نہیں؟ جواب یہ ہے کہ اگر اس نے کوئی مالی جرم کیا ہے، جیسے کسی کا مال غصب کیا ہے یا بالقصد تلف کیا ہے یا کوئی مادون النفس جرم کیا ہے مثلاً کسی کا ہاتھ کاٹ کر حرم میں پناہ لی ہے تو اُسے بالاجماع وہیں سزا دی جائے گی اور غصب کیا ہوا مال واپس لیا جائے گا، اور اگر فی النفس جرم کیا ہے یعنی عمداً کسی کو قتل کیا ہے تو اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس سے بھی وہیں قصاص لیا جائے گا، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حرم میں قصاص نہیں لیا جائے گا۔ البتہ اس کا کھانا پانی بند کر دیا جائے گا تا آنکہ وہ مجبور ہو کر باہر نکلے یا بھوک سے مرجائے۔ احناف کی دلیل سورۂ آل عمران آیت ۹۷ ہے، ارشاد ہے: ﴿وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾ جو حرم میں داخل ہو گیا وہ مامون ہو گیا۔ اس آیت کے عموم سے بالاجماع دو شخص خاص ہیں: مالی جرم کرنے والا اور مادون النفس جنایت کرنے والا، اب اگر عمداً قتل کرنے والے کی بھی تخصیص کی جائے گی تو آیت کا کچھ مصداق باقی نہیں رہے گا، جیسے: متروک التسمیہ ناسیاً بالاجماع حلال ہے اور امام شافعیؒ کے نزدیک عامداً بھی حلال ہے۔ احناف کہتے ہیں: اگر متروک التسمیہ متعمداً بھی حلال ہوگا تو آیت: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾ (سورۃ الانعام آیت ۱۲۱) کا کچھ مصداق باقی نہیں رہے گا۔ آیت ایسی مونگ پھلی ہو جائے گی جس میں دانہ نہیں، اس لئے احناف کہتے ہیں کہ جب نص کا ایک فرد باقی رہ جائے تو اب تخصیص جائز نہیں، اسی طرح ﴿وَمَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾ میں مالی جرم کی اور مادون النفس جنایت کی سب نے تخصیص کی ہے، اب اگر قتل عمد کی بھی تخصیص کی جائے گی تو آیت کا کچھ مصداق نہیں رہے گا، اس لئے احناف کے نزدیک فی النفس جنایت کرنے والا آیت کا مصداق ہے اسے حرم میں قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا۔

جب یزید بادشاہ بنا تو عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے اس کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی، وہ مکہ چلے گئے اور وہاں اپنے لئے بیعت لی، یزید نے مدینہ کے گورنر عمرو بن سعید کو لکھا کہ وہ بزور عبداللہ کو بیعت پر مجبور کرے، چنانچہ اس نے مکہ لشکر روانہ کیا جب وہ لشکر روانہ کر رہا تھا تو ابو شریح عدوی رضی اللہ عنہ اس کے پاس گئے اور اسے یہ حدیث سنائی:

حدیث: ابو شریح عدویؓ سے مروی ہے: انھوں نے عمرو بن سعید سے کہا جبکہ وہ مکہ مکرمہ لشکر روانہ کر رہا تھا: اے امیر! آپ مجھے اجازت دیجئے میں آپ سے وہ بات بیان کروں جو رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے اگلے دن اپنی تقریر میں بیان کی تھی جس کو میرے کانوں نے سنا ہے اور جس کو میرے دل نے محفوظ کیا ہے اور آپؐ کو میری آنکھیں دیکھ رہی تھیں جب آپؐ تقریر فرما رہے تھے، آپؐ نے اللہ کی تعریف اور اس کی ثنا بیان کی پھر فرمایا: بیشک مکہ مکرمہ کو اللہ تعالیٰ نے محترم قرار دیا ہے اس کو کسی آدمی نے محترم قرار نہیں دیا، پس کسی ایسے شخص کے لئے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر یقین رکھتا ہے: جائز نہیں کہ وہ حرم میں خون بہائے یا حرم کے کسی درخت کو کاٹے، پس اگر کوئی نبی ﷺ کے حرم میں قتال کرنے سے جواز پر استدلال کرے (فتح مکہ کے دن نبی ﷺ مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے

تھے، وہاں جنگ کی نوبت نہیں آئی تھی اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ زیریں حصہ سے داخل ہوئے تھے وہاں کچھ لوگوں نے مزاحمت کی تھی ان میں سے کچھ لوگ مارے گئے تھے) پس تم اس سے کہو: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس کی اجازت دی تھی اور تجھے اجازت نہیں دی۔ اور میرے لئے بھی حرم میں قتال کی اجازت دن کے ایک خاص حصہ میں تھی (نبی ﷺ کے لئے طلوع شمس سے عصر تک قتال کی اجازت تھی، سَاعَةٌ سے یہی وقت مراد ہے) اور آج اس کی حرمت لوٹ آئی ہے، گذشتہ کل کی حرمت کی طرح (یعنی اب میرے لئے بھی حرم میں قتال جائز نہیں) اور چاہئے کہ حاضرین غائبین تک یہ بات پہنچادیں۔

ابوشریح رضی اللہ عنہ سے طالب علموں نے پوچھا: عمرو بن سعید نے کیا جواب دیا؟ آپ نے فرمایا: اس نے کہا: اے ابوشریح! میں یہ مسائل آپ سے زیادہ جانتا ہوں، حرم کسی نافرمان کو پناہ نہیں دیتا اور نہ خون کر کے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے اور نہ جنایت کر کے بھاگے ہوئے کو پناہ دیتا ہے (ایک روایت میں خِزْیَةٌ ہے یعنی جو رسوائی کا کام کر کے حرم میں پناہ لے اس کو حرم پناہ نہیں دیتا) ——— اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ طالب علموں نے پوچھا: جب عمرو بن سعید نے یہ بات کہی تو آپ نے کیا جواب دیا؟ آپ نے فرمایا: میں نے اس سے کہا: جب حضور ﷺ نے یہ تقریر فرمائی تھی میں وہاں موجود تھا اور تو نہیں تھا۔ اور نبی ﷺ نے یہ حکم دیا ہے کہ حاضرین غائبین تک بات پہنچائیں سو میں نے پہنچادی اور یہ کہہ کر میں وہاں سے چلا آیا۔

تشریح: عمرو بن سعید کے نزدیک عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ حکومت کے باغی تھے، اس وجہ سے وہ ان کے خلاف لشکر کشی کو جائز قرار دے رہا تھا حالانکہ ابن الزبیرؓ نے یزید کے ہاتھ پر بیعت ہی نہیں کی تھی، پس اس سے بغاوت کیسی؟ اگر وہ یزید کے ہاتھ پر بیعت کر لیتے پھر اپنے لئے بیعت لیتے تو نافرمان ہوتے، اور نہ انھوں نے کوئی جنایت کی تھی اور نہ کسی کو قتل کیا تھا پس ان کے خلاف لشکر کشی کا کوئی جواز نہیں تھا۔

جاننا چاہئے کہ امام اعظم رحمہ اللہ نے حضور ﷺ کے ارشاد: **ولا یحل لامرئ یؤمن باللہ والیوم الآخر أن یسفك بھادما** سے استدلال کیا ہے اور فرمایا ہے: جو کسی کو عمداً قتل کر کے حرم میں چلا جائے اُسے وہاں قتل نہیں کیا جائے گا، ورنہ حرم میں خون بہانا لازم آئے گا۔ اور ائمہ ثلاثہ نے عمرو بن سعید کے قول: **ولا فارًّا بدم** سے استدلال کیا ہے اس کی نظیر: حدیث ۲۹۹ ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تعدیل ارکان فرض ہے اور احناف کے نزدیک واجب یا سنت مؤکدہ اشد تاکید۔ وہاں یہ بات بتائی گئی ہے کہ شیخ الہند قدس سرہ نے فرمایا: ائمہ ثلاثہ نے رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد سے استدلال کیا ہے جس کو سن کر صحابہ ڈر گئے تھے اور حنفیہ کا استدلال اس ارشاد سے ہے جس کی وجہ سے صحابہ کو اطمینان نصیب ہوا تھا۔ یہاں بھی حنفیہ نے حضور ﷺ کے ارشاد سے استدلال کیا ہے اور ائمہ ثلاثہ نے عمرو بن سعید کے قول سے استدلال کیا ہے، ببیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا!

فائدہ: عمرو بن سعید کے دو لقب تھے، ایک: اشدق (منہ پھٹ) دوسرا: لطیم الشیطان (شیطان کا تھپڑ مارا ہوا) ان لقبوں سے اس کی حیثیت کا اندازہ ہوتا ہے بعد میں اسی حکومت نے جس کے لئے وہ اوندھا سیدھا کر رہا تھا، عبدالملک بن مروان نے اس کو قتل کر دیا تھا۔

أبواب الحَجِّ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١] باب ماجاء في حرمة مكة

[٧٩٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عن سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عن أبي شُرَيْحِ العَدَوِيِّ، أَنَّهُ قالَ لِعَمْرِو بنِ سَعِيْدٍ وهو يَبْعَثُ البُعُوْثَ إلى مَكَّةَ: إِيْذَنْ لِيْ أَيُّهَا الْأَمِيْرُ أُحَدِّثْك قَوْلاً قَامَ بِهِ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم الغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ، سَمِعَتْهُ أُذُنَايَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ وَأَبْصَرَتْهُ عَيْنَايَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهِ، إِنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ مَكَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ تعالى، وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، وَلاَ يَحِلُّ لِاِمْرِئٍ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ والْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ يَسْفِكَ بِهَا دَمًا، أو يَعْضِدَ بِهَا شَجَرَةً، فَإِنْ أَحَدٌ تَرَخَّصَ لِقِتَالِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فِيْهَا فَقُوْلُوْا لَهُ: إِنَّ اللّٰهَ أذِنَ لِرَسولِه صلى الله عليه وسلم ولَمْ يَأْذَنْ لَكَ، وإِنَّمَا أُذِنَ لِيْ فِيْهَا سَاعَةً مِنْ نَّهَارٍ، وقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْيَوْمَ كَحُرْمَتِهَا بِالْأَمْسِ، وَلْيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ" فقيلَ لِأَبِيْ شُرَيْحٍ: ماقالَ لكَ عَمْرُو بنُ سَعيدٍ؟[قال:] قال: أَنَا أَعْلَمُ مِنْكَ بِذَلِكَ يَا أَبَا شُرَيْحٍ، إِنَّ الْحَرَمَ لاَيُعِيْذُ عَاصِيًا وَلاَ فَارًّا بِدَمٍ وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ، قال أبو عيسى: ويُرْوَى بِخِزْيَةٍ.

وفي الباب: عن أبي هريرةَ، وابنِ عباسٍ،قال أبو عيسى: حديثُ أبي شُرَيحٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبو شُرَيْحِ الخُزَاعِيُّ: اسمُهُ خُوَيْلِدُ بنُ عَمْرٍو العَدَوِيُّ الْكَعْبِيُّ.

ومَعْنَى قَوْلِهِ: وَلاَ فَارًّا بِخَرْبَةٍ يَعْنِي جِنَايَةً، يقولُ مَنْ جَنَى جِنَايَةً أَوْ أَصَابَ دَمًا ثُمَّ جَاءَ إِلَى الْحَرَمِ فَإِنَّهُ يُقَامُ عَلَيْهِ الحَدُّ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: عمرو بن سعید کے قول ولا فارًّا بخربة میں خربہ کے معنی جنایت کے ہیں اور اس کے قول کا مطلب یہ ہے کہ جو جنایت کرے یا خون بہائے پھر حرم میں داخل ہو جائے تو اس پر وہیں حد لگائی جائے گی۔

لغات: البَعْثُ: فوج، ہر وہ جماعت جو کہیں بھیجی جائے، جمع بُعُوْث......سَفَكَ(ض)سَفْكاً الدمَ أو المالَ:

خون یا پانی بہانا......عَضَدَ(ض)عَضْدًا الشجرةَ: درخت کو ہنسیا سے کاٹنا......تَرَخَّصَ في الأمر: کسی معاملہ میں رخصت پر عمل کرنا......لِقتال: میں لام اجلیہ ہے أي لأجل قتال: لڑنے کی وجہ سے......خَرْبَة: کے یہاں معنی ہیں: عیب، لغزش، جنایت اور خِزْيَة: کے معنی ہیں: رسوا کن کام، مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ ثَوَابِ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حج اور عمرہ کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''حج اور عمرہ پے در پے کرو (یعنی سال میں ایک حج اور ایک عمرہ الگ الگ سفروں میں کرو) کیونکہ وہ دونوں محتاجگی اور گناہوں کو دور کرتے ہیں، جیسے بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کو ختم کرتی ہے۔ اور حج مبرور کا ثواب سوائے جنت کے کچھ نہیں!''

تشریح: ایک سفر میں حج اور عمرہ دونوں کرنا یعنی حج تمتع یا حج قران کرنا جائز ہے مگر جو استطاعت رکھتا ہو اُسے حج کے لئے الگ سفر کرنا چاہئے اور عمرہ کے لئے الگ۔ نبی ﷺ نے اس کے دو فائدے بیان کئے ہیں: ایک: یہ کہ اس سے غریبی دور ہوتی ہے یہ بات تقریر سے نہیں سمجھائی جاسکتی اس کا تعلق تجربہ سے ہے، سفر حج اور سفر عمرہ میں اگرچہ بڑی رقم خرچ ہوتی ہے مگر تجربہ یہ ہے کہ اس سے غریبی دور ہوتی ہے جو چاہے تجربہ کر کے دیکھے، میں نے تو تجربہ کرلیا ہے اور سچ پایا ہے۔ اور دوسرا فائدہ: اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں یہ مؤمن کے لئے بدیہی بات ہے، جیسے میلا لوہا، میلا سونا اور میلی چاندی آگ میں تپائی جاتی ہے تو آگ اس کے میل کو کھا جاتی ہے اور خالص لوہا، سونا اور چاندی نکل آتی ہے۔ اسی طرح حج اور عمرہ کے سفر کی مشقت گناہوں کو بھسم کر دیتی ہے اور آدمی صاف ستھرا ہو جاتا ہے اس کے ذمہ کوئی گناہ باقی نہیں رہتا۔

اور حدیث میں حج مقبول کا ثواب یہ بیان کیا ہے کہ جس خوش نصیب کا حج مقبول ہو گیا اس کے لئے جنت ہے، حج مقبول کی ایک ظاہری علامت ہے اور ایک باطنی۔ ظاہری علامت یہ ہے کہ حج کے جو فرائض و واجبات، سنن و مستحبات ہیں ان پر پوری طرح عمل پیرا ہو، اور جو ممنوعات ہیں ان سے پوری طرح اجتناب کرے، اور اس کی باطنی علامت: علماء نے یہ لکھی ہے کہ حج کے بعد حاجی کی زندگی بدل جائے، اگر وہ حج سے پہلے ڈاڑھی منڈاتا تھا، کاروبار میں الٹا سیدھا کرتا تھا، گالی گلوچ کرتا تھا تو حج کے بعد اس کی زندگی بدل جائے اور وہ نیک صالح بن جائے اور اپنی بری زندگی کا ورق پلٹ دے۔ اور اگر وہ پہلے سے نیک تھا تو حج کے بعد اس کے صلاح وتقوی میں اضافہ ہو جائے، اگر یہ علامت پائی جائے تو سمجھنا چاہئے کہ اسے حج مقبول حاصل ہوا، اور اگر حاجی کی زندگی میں کوئی تبدیلی نہ آئے، پہلے ہی کی طرح شتر بے مہار ہے اب بھی گالی گلوچ کرتا ہے، نمازوں سے غافل ہے، کاروبار میں غیر محتاط ہے تو یہ

علامت ہے کہ اس کا حج مقبول نہیں ہوا اسے چاہئے کہ دوبارہ حج کرے اور زندگی کو درست کرے۔

اور جاننا چاہئے کہ بظاہر حج صحیح ہونے سے ذمہ فارغ ہوجاتا ہے، جیسے شرائط کا لحاظ کرکے نماز پڑھی جائے تو ذمہ فارغ ہوجاتا ہے مگر قبولیت کا درجہ اوپر ہے، اسی طرح یہاں بھی دو درجے ہیں: اگر حج تمام ارکان وشرائط کے ساتھ کیا ہے اور ممنوعات سے بچا رہا ہے تو ذمہ فارغ ہوگیا، لیکن حج کے اثرات جب زندگی پر مرتب ہونگے تب حج مقبول ہوگا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے حج کیا پس نہ رفث کیا نہ فسوق تو اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے''

تشریح: حاجی کے لئے رفث، فسوق اور جدال سے بچنا لازم ہے، سورۂ بقرہ آیت ۱۹۷ میں ہے: ﴿فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ رَفَثَ وَلاَفُسُوْقَ وَلاَ جِدَالَ فِيْ الْحَجِّ﴾ ترجمہ: پس جو شخص حج کے مہینوں میں حج مقرر کرے یعنی حج کا احرام باندھے تو نہ فحش بات جائز ہے نہ بے حکمی اور نہ جھگڑا۔

رَفَث: میاں بیوی کے درمیان زن وشوئی سے تعلق رکھنے والی باتیں رفث کہلاتی ہیں۔ حالت احرام میں جماع اور دواعیٔ جماع کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، زن وشوئی کی باتیں یعنی میاں بیوی کے درمیان جو مذاق کی باتیں ہوتی ہیں ان کی بھی گنجائش نہیں، البتہ اگر بیوی ساتھ نہیں ہے اور احرام میں کوئی عشقیہ بات بولی یا عشقیہ شعر پڑھا تو وہ حنفیہ کے نزدیک رفث نہیں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک وہ بھی رفث ہے۔ احناف کی دلیل یہ ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حالت احرام میں یہ شعر پڑھا ہے:

وهُنَّ يَمْشِيْنَ بِنَا هَمِيْسًا ❁ إن يَصْدُقِ الطيرُ نَنِكْ لَمِيْسًا

آپ سے کہا گیا: آپ احرام کی حالت میں رفث کررہے ہیں؟ آپ نے فرمایا: رفث اس وقت ہوتا ہے جب عورت ساتھ ہو۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم احرام کی حالت میں عشقیہ اشعار پڑھتے تھے (فتح القدیر ۲: ۳۴۵) مگر جب ائمہ ثلاثہ اس کو بھی رفث کہتے ہیں تو اس سے بھی بچنا چاہئے۔

فسق اور فسوق: دونوں مصدر ہیں اور ان کے معنی ہیں: حق وصلاح کے راستہ سے ہٹ جانا اور مادے کے اصل معنی ہیں: کسی چیز سے نکل جانا، کہتے ہیں: فَسَقَتِ الرُّطَبُ عن قِشره: کھجور اپنے گابھے سے نکل آئی۔ اسلام کا بھی ایک سرکل (دائرہ) ہے ارشاد ہے: ﴿تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ﴾: یہ اللہ کی مقرر کی ہوئی حدیں ہیں، اور گناہ چار ہیں، دو گناہ: ذنب اور خطیئہ سرکل کے اندر ہیں اور دو گناہ: سیئہ اور معصیۃ سرکل سے باہر ہیں، پس جو بندہ سیئہ یا معصیت کا ارتکاب کرتا ہے وہ فاسق ہے یعنی دینداری کے دائرہ سے باہر ہوگیا اس لئے حج میں فسق یعنی سیئہ اور معصیت سے بچنا ضروری ہے، ورنہ حج مقبول نہ ہوگا۔

فائدہ: تقریر مرتب کرتے وقت میں نے حضرت الاستاذ سے سرکل (دائرہ) کی تفصیل دریافت کی تو فرمایا: دین

دو چیزوں کا مجموعہ ہے، اصول اور فروع کا، اور دونوں کے دو دو دائرے ہیں، مگر دونوں کا آخری دائرہ ایک ہے، فروع کا چھوٹا دائرہ جس سے نکلنے والے کو فاسق کہتے ہیں وہ فرائض وواجبات پر عمل کا اور کبیرہ گناہوں سے احتراز کا دائرہ ہے جو شخص فرائض وواجبات پر عمل پیرا ہے اور کبائر سے بچتا ہے وہ نیک مؤمن ہے، اور جو فرائض یا واجبات کا تارک ہے یا کبائر کا مرتکب ہے، وہ چھوٹے دائرہ سے باہر ہے اور فاسق ہے۔

پھر فروعات کے ضمن میں اصول بھی آتے ہیں جیسے ایک نماز پڑھنا ہے، یہ عملی چیز ہے اور دوسرا نماز کو فرض ماننا ہے، یہ اصولی بات ہے۔ اسی طرح زنا نہ کرنا فرعی چیز ہے اور زنا کو حرام ماننا اصولی بات ہے، یہ بڑا دائرہ ہے جو اس سے بھی باہر ہو جائے گا یعنی فرض کو فرض نہیں مانے گا اور قطعی حرام کو حرام نہیں مانے گا: اس کا حکم اصولی دائرے کی طرف منتقل ہو جائے گا۔

اور اصول یعنی دین اسلام کی بنیادی باتوں کے بھی دو دائرے ہیں، چھوٹا دائرہ اور بڑا دائرہ۔ کیونکہ اصول دو طرح کے ہیں: بدیہی اور نظری، جو نظری اصول کا انکار کرے گا وہ چھوٹے دائرہ سے باہر ہو جائے گا اور اس کا نام ضلال (گمراہی) ہے کبھی اس پر کفر کا بھی اطلاق کر دیتے ہیں مگر یہ کفرٌ دون کفرٍ ہے حقیقی کفر نہیں جس سے آدمی مسلمان باقی نہیں رہتا، اور بڑا دائرہ ضروریات دین کا ہے یعنی دین کی وہ باتیں جن کو عام مسلمان بھی جانتے ہیں جیسے توحید، رسالت، قیامت، ختم نبوت، ارکان اربعہ کی فرضیت اور قرآن کریم کا کتاب اللہ ہونا وغیرہ، یہ وہ موٹی باتیں ہیں جن کو ہر مسلمان جانتا ہے کہ یہ دین اسلام سے ہیں، پس جو شخص ان کا انکار کرے گا وہ دائرہ اسلام سے خارج ہو جائے گا اور وہ قطعاً مرتد ہوگا۔

اور نظری اصول وہ ہیں جن پر دلیل قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، جیسے صحابہ کا معیار حق ہونا، اجماع کا حجت ہونا، خواہ وہ قطعی ہو یا ظنی اور تقلید وقیاس کا حجت ہونا نظری مسائل ہیں، اور استدلال کے محتاج ہیں۔ جو شخص ان نظری اصول کا انکار کرے یا ضروریات دین کا انکار قابل لحاظ تاویل کے ساتھ کرے یا انکار کا اقرار نہ کرے تو وہ اصول کے چھوٹے دائرہ سے تو باہر قرار دیا جائے گا مگر اس کو مرتد نہیں کہیں گے، اسی اصول سے غیر مقلدین، مودودیوں اور بریلویوں کو گمراہ قرار دیا جاتا ہے، اسلام سے خارج قرار نہیں دیا جاتا، بلکہ بعض حضرات تو شیعوں کو بھی گمراہ کہتے ہیں، کافر نہیں کہتے، کیونکہ وہ ضروریات دین کا اگرچہ انکار کرتے ہیں، مگر اس انکار کا اقرار نہیں کرتے، اور التزام کفر: کفر ہے، لزوم کفر: کفر نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ لفظ فسق کا استعمال فروعات میں ہوتا ہے اور لفظ ضلال کا استعمال اصول میں ہوتا ہے اور دونوں کا آخری دائرہ ایک ہے یعنی ضروریاتِ دین کا قابل لحاظ تاویل کے بغیر صاف انکار کرنا آدمی کو اسلام کے دائرہ سے باہر کر دیتا ہے۔ اللّٰھم احفظنا منه (آمین)

جدال: ساتھیوں سے لڑنا، جھگڑنا، حج کے دوران اس سے بچنا بھی ضروری ہے، حج کے سفر میں معمولی باتوں پر جھگڑا ہو جاتا ہے، پس اس سے بچنے کا خوب اہتمام کرنا چاہئے جو ان تین چیزوں سے بچے گا اس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور وہ گناہوں سے ایسا صاف ہو کر لوٹے گا جیسے ابھی اس کی ماں نے جنا ہے۔

[۲] باب ماجاء فی ثواب الحج والعمرة

[۸۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، وأبو سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، قالاَ: نا أبو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ عَمْرِو بنِ قَيْسٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عن شَقِيْقٍ، عن عبدِ الله، قال: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "تَابِعُوْا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَإِنَّهُمَا يَنْفِيَانِ الْفَقْرَ والذُّنُوْبَ كَمَا يَنْفِي الكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ وَالذَّهَبِ والفِضَّةِ، وَلَيْسَ لِلْحَجَّةِ الْمَبْرُوْرَةِ ثَوَابٌ إِلَّا الْجَنَّةَ"

وفی الباب: عن عُمَرَ، وعَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، وأبی هريرةَ، وعبدِ اللهِ بنِ حُبْشِيٍّ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وَجَابِرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مسعودٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حديث عبدِ الله بنِ مَسْعُوْدٍ.

[۸۰۱-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عن أبی حَازِمٍ، عن أبی هريرةَ، قال: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَجَّ فَلَمْ يَرْفُثْ وَلَمْ يَفْسُقْ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأبو حَازِمٍ كُوْفِيٌّ، وهُوَ الأَشْجَعِيُّ، واسْمُهُ: سَلْمَانُ مَوْلَى عَزَّةَ الأَشْجَعِيَّةِ.

وضاحت: غریب من حدیث عبد اللہ بن مسعود کا مطلب یہ ہے کہ باب میں جن صحابہ کا تذکرہ ہے ان کی روایت سے تو یہ حدیث معروف ہے مگر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی احادیث میں یہ حدیث انجانی ہے اسی کو کتاب العلل میں غریب لحال الإسناد کہا ہے۔

بابُ ماجاءَ مِن التَّغْلِيْظِ فِيْ تَرْكِ الْحَجِّ

استطاعت کے باوجود حج نہ کرنا بڑا گناہ ہے

تغلیظ: بمعنی تشدید ہے، یعنی وعید۔ مگر تغلیظ بھاری لفظ ہے، جہاں سخت وعید ہوتی ہے تشدید کے بجائے تغلیظ استعمال کرتے ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص زاد (توشہ) اور ایسے راحلہ (سواری) کا مالک ہو جو اس کو بیت اللہ تک پہنچا سکتے ہوں پھر بھی حج نہ کرے تو اس پر کوئی حرج نہیں کہ وہ یہودی یا نصرانی ہو کر مرے (لا کے بعد حَرَج

اور أَنْ سے پہلے فی پوشیدہ ہے، تقدیر عبارت ہے: فلا حَرَجَ علیه فی أن یموت) اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے: ''اور لوگوں کے ذمے اللہ کے واسطے بیت اللہ کا قصد کرنا لازم ہے جو وہاں تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، اور جو حکم نہ مانے تو اللہ تعالیٰ سارے جہانوں سے بے نیاز ہیں (استدلال آیت کے اس آخری ٹکڑے سے ہے جو کتاب میں رہ گیا ہے)

تشریح: اس حدیث کی سند میں ہلال بن عبداللہ متروک اور حارث اعور ضعیف راوی ہیں۔ اس لئے ابن جوزی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو موضوعات میں لیا ہے، مگر ان کی رائے صحیح نہیں، یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، موضوع نہیں، اور یہ حدیث زاد وراحلہ کے شرط ہونے سے بھی متعلق ہے، یہ مسئلہ اگلے باب میں آرہا ہے۔

فائدہ (۱): اس حدیث میں یہودی یا عیسائی ہو کر مرنے کی اجازت نہیں ہے بلکہ حج نہ کرنے پر وعید ہے، جیسے سورۃ الکہف آیت ۲۹ میں ہے: ﴿قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكُمْ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ﴾ یعنی کہہ دو یہ دین حق تمہارے رب کی طرف سے آیا ہے، پس جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے انکار کردے، یہ کفر کی اباحت نہیں ہے بلکہ دھمکی ہے اور قرینہ اگلا ٹکڑا ہے، فرمایا: ﴿إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِيْنَ نَارًا﴾ یعنی بیشک ہم نے ایسے ظالموں کے لئے یعنی اس دین کا انکار کرنے والوں کے لئے جہنم کی آگ تیار کر رکھی ہے۔

فائدہ (۲): اس حدیث سے میں نے یہ بات مستنبط کی ہے کہ حج کرنے سے ایمان پر مہر لگ جاتی ہے، اب اس کے ارتداد کا خطرہ ٹل جاتا ہے اور جو شخص استطاعت کے باوجود حج نہیں کرتا وہ معرضِ فتن میں رہتا ہے وہ کسی بھی وقت فتنہ کا شکار ہوسکتا ہے، بلکہ اسلام ہی سے ہاتھ دھو بیٹھے ایسا بھی ممکن ہے، پس جس میں استطاعت ہو اسے پہلی فرصت میں حج کر لینا چاہئے تاکہ اس کے ایمان پر مہر لگ جائے۔ واللہ الموفق۔

[۳] باب ماجاء مِن التغليظ فی ترك الحج

[۸۰۲-] حدثنا محمدُ بنُ يَحيىَ القُطَعِيُّ الْبَصْرِيُّ، نا مُسْلِمُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، نا هِلاَلُ بنُ عبدِ اللّٰهِ: مَوْلَى رَبِيْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ مُسْلِمٍ البَاهِلِيِّ، نا أبو إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، عن الحَارِثِ، عن عَلِيٍّ، قال: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ مَلَكَ زَادًا وَرَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ إلى بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ، فَلاَ عَلَيْهِ أَنْ يَمُوْتَ يَهُوْدِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًا، وذٰلِكَ أَنَّ اللّٰهَ يقولُ فی كِتَابِهِ: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَفِيْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، وهِلاَلُ بنُ عبدِ اللّٰهِ مَجْهُوْلٌ، والحَارِثُ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ.

بابُ ماجاءَ فی إیجَابِ الحَجِّ بِالزَّادِ وَالرَّاحِلَةِ

حج کی فرضیت کے لئے زادوراحلہ شرط ہیں

تمام ائمہ متفق ہیں کہ حج کی فرضیت کے لئے استطاعت بدنی شرط ہے اور یہ بات قرآن کریم میں ہے: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ یعنی اللہ کے لئے لوگوں کے ذمے بیت اللہ کا حج کرنا لازم ہے جو اس تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو (آل عمران ۹۷) اس آیت کی وجہ سے استطاعتِ بدنی میں کوئی اختلاف نہیں، تندرستی: بدن کا درست ہونا، استطاعتِ بدنی ہے، اور استطاعتِ مالی میں اختلاف ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو شخص پیدل مکہ مکرمہ تک پہنچ سکتا ہے اور راستہ میں کما کر کھا سکتا ہے، چاہے مانگ کر کھانا پڑے: اس پر حج فرض ہے، دوسرے ائمہ کے نزدیک فرضیت حج کے لئے زادوراحلہ شرط ہیں، یعنی ایسی سواری ہو جو اُسے مکہ تک پہنچائے، خواہ کوئی بھی سواری ہو اور زاد یعنی مکہ جا کر واپس آنے تک کا خرچہ اس کے پاس ہو اور جن لوگوں کا خرچ اس کے ذمہ ہے ان کا بھی خرچ دے کر جائے، جب یہ دونوں باتیں میسر ہونگی تب استطاعت مالی متحقق ہوگی، اور حج فرض ہوگا اور اگر ان میں سے کوئی ایک بات مفقود ہو تو حج فرض نہیں ہوگا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں کوئی صحیح روایت نہیں اوپر جو روایت گذری ہے وہ بھی نہایت ضعیف ہے اور یہ روایت بھی ابراہیم بن یزید کی وجہ سے ضعیف ہے، اس لئے امام مالک زادوراحلہ کو شرط نہیں کہتے، کیونکہ باب کی کوئی روایت استدلال کے قابل نہیں اور شرط کا درجہ فرض کا درجہ ہے، اس کے ثبوت کے لئے نہایت مضبوط دلیل درکار ہے۔ مگر دیگر ائمہ کہتے ہیں: ان روایات سے استطاعت کی فرضیت ثابت نہیں کرنی، وہ تو قرآن سے ثابت ہے، مگر قرآن میں جو من استطاع ہے وہ مجمل ہے ان روایات نے اس کی وضاحت اور تفسیر کی ہے اور اشتراط ثابت کرنے کے لئے تو روایت کا اعلی درجہ کا ہونا ضروری ہے، مگر مجمل کی تفسیر کے لئے یہ بات ضروری نہیں، ضعیف روایتوں سے بھی تفسیر ہو سکتی ہے۔

فائدہ: ابراہیم بن یزید نہایت درجہ ضعیف راوی ہے مگر امام ترمذیؒ کا اس کے بارے میں گمان اچھا ہے، ان کے خیال میں اس کا صرف حافظہ خراب تھا چنانچہ آپ نے اس کی حدیث کو حسن کہا ہے، کیونکہ اگر راوی متہم بالکذب نہیں ہوتا تو امام ترمذیؒ اس کی حدیث کو حسن کہتے ہیں، مگر دیگر محدثین کے نزدیک یہ راوی نہایت درجہ ضعیف ہے۔ امام احمد اور امام نسائی نے اس کو متروک قرار دیا ہے، اور ابوزرعہ، ابوحاتم اور دار قطنی نے منکر الحدیث کہا ہے (تہذیب ۱:۱۸۰)

[٤] باب ماجاء فی إیجاب الحج بالزاد والراحلة

[۸۰۳-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عیسی: نا وکیعٌ، نا إبراهیمُ بنُ یَزِیْدَ، عن مُحمدِ بنِ عَبَّادِ بنِ جَعْفَرٍ،

عن ابنِ عُمَرَ قال: جاءَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فقالَ: يارسولَ الله: مَايُوْجِبُ الْحَجَّ؟ قال: ” الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، والعملُ عليهِ عندَ أهلِ العلمِ: أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا مَلَكَ زَادًا وَرَاحِلَةً وَجَبَ عليه الحَجُّ، وإبراهيمُ بنُ يَزِيْدَ: هُوَ الخُوْزِيُّ الْمَكيُّ، وقَدْ تكَلَّمَ فيهِ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

ترجمہ: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! حج کو کیا چیز واجب کرتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''زادوراحلہ'' اس حدیث پر علماء کا عمل ہے: آدمی جب زادوراحلہ کا مالک ہوتو اس پر حج فرض ہے، اور ابراہیم بن یزید الخوزی المکی کے بارے میں بعض علماء نے حافظہ کی جانب سے کلام کیا ہے۔

بابُ ماجاءَ كَمْ فُرِضَ الْحَجُّ؟

حج زندگی میں کتنی مرتبہ فرض ہے؟

حج زندگی میں ایک مرتبہ فرض ہے اس سے زائد کوئی کرے تو وہ نفل ہے اور جو شخص حج فرض ہونے کے بعد اداء کرے اس کا فرض ادا ہوگیا اور جو فرض ہوئے بغیر حج کرے اس کا بھی فرض ادا ہوگیا، مثلاً ایک غریب آدمی ہے اس کا آقا اس کو ساتھ لے گیا اور اس نے حج کرلیا تو اس کا فرض حج ادا ہوگیا، کیونکہ ایام حج میں جو بھی مکہ میں ہوگا اس پر حج فرض ہوجائے گا، البتہ نابالغ یا غلام حج کریں تو ان کا حج فرض ادا نہیں ہوگا، بالغ ہونے اور آزاد ہونے کے بعد دوبارہ حج کرنا ہوگا، اور یہ مسائل اجماعی ہیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب آیت: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ہر سال حج کرنا ضروری ہے؟ آپؐ خاموش رہے، پھر (اسی وقت یا دوسری مجلس میں) صحابہ نے دوبارہ پوچھا: کیا ہر سال حج کرنا ضروری ہے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں (اور مسلم میں ہے کہ تیسری مرتبہ میں یہ جواب دیا اور فرمایا) اگر میں ''ہاں'' کہہ دیتا تو ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا۔ راوی کہتا ہے: اسی طرح کے سوالات کے بارے میں سورۃ المائدہ کی آیت ۱۰۱ نازل ہوئی ہے جس کا ترجمہ ہے: اے مسلمانو! ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر وہ تم پر کھولی جائیں تو تم کو بری لگیں اور اگر تم ان باتوں کو پوچھوگے ایسے وقت میں جبکہ قرآن نازل ہورہا ہے تو وہ تم پر ظاہر کردی جائیں گی۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی جاچکی ہے کہ احکام کی تشریع کی ایک صورت یہ ہے کہ پیغمبر اور امت دونوں کسی حکم کو چاہیں تو وہ حکم لازم کردیا جاتا ہے اور اگر کوئی ایک بھی پیچھے ہٹ جائے تو وہ حکم لازم نہیں کیا جاتا، جیسے روایات سے

آنحضور ﷺ کی شدید خواہش معلوم ہوتی ہے کہ ہر نماز سے پہلے مسواک کی جائے، آپؐ نے اپنی اس خواہش کا لوگوں کے سامنے اظہار بھی کیا، مگر لوگوں نے سرد مہری دکھائی، ان کی طرف سے کوئی مثبت جواب نہیں ملا تو مسواک لازم نہیں ہوئی، اور تراویح کے معاملہ میں لوگوں کی طرف سے انتہائی رغبت دیکھنے میں آئی مگر نبی ﷺ پیچھے ہٹ گئے، اس لئے یہ نماز بھی لازم نہیں ہوئی۔ یہاں بھی بار بار سوال امت کے اشتیاق کی دلیل ہے، مگر نبی ﷺ نے ہاں نہیں کی اس لئے ہر سال حج فرض نہیں ہوا، اگر آپؐ کی طرف سے صاد ہو جاتا تو ہر سال حج فرض ہو جاتا، چنانچہ حدیث کے آخر میں آپؐ نے ہدایت دی کہ جب تک میں خود کسی معاملہ میں حکم نہ دوں لوگ سوال نہ کریں، اور وجہ یہ بتائی کہ گذشتہ امتیں اس لئے تباہ ہوئیں کہ وہ اپنے نبیوں سے سوالات کرتی تھیں پھر ان کے احکامات کی خلاف ورزی کرتی تھیں اس لئے فرمایا: جب میں کوئی حکم دوں تو جہاں تک تمہارے بس میں ہو اس کی تعمیل کرو اور جب میں تم کو کسی چیز سے روک دوں تو اس کو چھوڑ دو (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۲۵۰۵)

[۵] باب ماجاء کم فُرِضَ الحجُّ؟

[۸۰۴-] حدثنا أبو سَعيدٍ الأَشَجُّ، نَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ: كُوْفِيٌّ، عن عَلِيِّ بنِ عبدِ الأَعْلٰى، عن أبيهِ، عن أَبِي البَخْتَرِيِّ، عن عليِّ بنِ أبي طَالِبٍ، قال: لَمَّا نزلَتْ: ﴿ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ قالُوا: يارسولَ الله! أَفِيْ كُلِّ عَامٍ؟ فَسَكَتَ، فقالوا: يارسولَ الله! أَفِيْ كُلِّ عَامٍ؟ قالَ: "لاَ: وَلَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَ تَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾

وفي الباب: عنِ ابنِ عباسٍ، وأبي هريرةَ، قال أبو عيسى: حديثُ عليٍّ حديثٌ حسنٌ غريبٌ من هذا الوَجْه، واسْمُ أَبِي البَخْتَرِيِّ سَعيدُ بنُ أَبِيْ عِمْرَانَ، وَهُوَ سَعيدُ بنُ فَيْرُوْزَ.

وضاحت: عبدالاعلی بن عامر الثعلبی کی امام احمد اور امام نسائی نے تضعیف کی ہے۔ حافظؒ فرماتے ہیں: صدوقٌ يَهِمُ (تقریب) اور ابوالبختری کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں، اور منصور بن وردان سے اوپر حدیث کی یہی ایک سند ہے۔

بابُ ماجاءَ كَمْ حَجَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ نے کتنے حج کئے ہیں؟

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے تین حج کئے ہیں، دو حج ہجرت سے پہلے اور ایک حج ہجرت کے بعد (سن ۱۰ ہجری میں) اس حج کے ساتھ عمرہ بھی تھا۔ اور آپ (مدینہ سے) ۶۳ اونٹ ساتھ

لے گئے تھے، باقی اونٹ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے لائے تھے (آپؐ نے حجۃ الوداع میں سو اونٹ ذبح کئے ہیں) ان میں ابوجہل کا اونٹ بھی تھا (جو بدر کی غنیمت میں آپ کے حصہ میں آیا تھا) اس کی ناک میں چاندی کا حلقہ تھا، آپؐ نے ان کو ذبح کیا، پھر رسول اللہ ﷺ نے ہر اونٹ میں سے گوشت کا ایک ٹکڑا کاٹنے کا حکم دیا، پس وہ پکایا گیا اور آپؐ نے ان کا شوربہ نوش فرمایا۔

تشریح:

۱- آنحضور ﷺ نے ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا ہے اور ہجرت سے پہلے کتنے حج کئے ہیں؟ یہ بات صحیح روایات میں مروی نہیں، ظاہر یہ ہے کہ آپؐ ہر سال حج کرتے ہونگے کیونکہ مکہ میں رہتے ہوئے حج نہ کرنے کا کوئی سوال نہیں۔ علاوہ ازیں حج کے اجتماع میں آپؐ دعوتی کام بھی کیا کرتے تھے ـــــ اور مذکورہ حدیث حضرت محمد باقر: حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں یہ ایک طویل حدیث ہے جس کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے متفرق ابواب میں روایت کیا ہے۔ اس میں جو مضمون ہے کہ حضور ﷺ نے ہجرت سے پہلے دو حج کئے ہیں یہ صرف زید بن حباب بیان کرتے ہیں، دوسرا کوئی راوی یہ مضمون بیان نہیں کرتا، اور زید فی نفسہ ٹھیک ہیں، مگر ثوری کی حدیثوں میں غیر معتبر اور کثیر الخطاء ہیں (تہذیب ۳:۴۰۴) اسی طرح یہ مضمون کہ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع میں ابوجہل کا اونٹ قربان کیا تھا یہ بھی زید بن حباب کا وہم ہے، صحیح یہ ہے کہ یہ اونٹ آپؐ عمرۂ قضا میں لے گئے تھے تاکہ کفار کو غصہ آئے، حجۃ الوداع کے موقعہ پر تو مکہ میں کفار نہیں تھے، اس وقت کفار کو غصہ دلانے کے لئے ابوجہل کا اونٹ لے جانے کا کیا موقعہ تھا!

۲- حضور اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع میں سو اونٹ اس لئے ذبح کئے تھے کہ سب حاجیوں کو گوشت پہنچے، اس سفر میں ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ ساتھ تھے اور اکثر غریب تھے، ان کو گوشت پہنچے اس مقصد سے آپؐ نے یہ قربانیاں کی تھیں اور آپؐ تریسٹھ اونٹ مدینہ منورہ سے لے گئے تھے، باقی اونٹ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے خرید کر لائے تھے، آپؐ نے اپنے دست مبارک سے تریسٹھ اونٹ ذبح کئے، پھر آپ تھک گئے تو باقی اونٹ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ذبح کئے اور آپؐ نے ہدایت فرمائی کہ ہر اونٹ میں سے ایک بوٹی کاٹی جائے، پھر ان کو پکایا گیا اور آپؐ نے شوربہ نوش فرمایا۔ اس طرح سب قربانیوں میں سے کھایا، کیونکہ اپنی قربانی کا گوشت کھانا مستحب ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ کو مدینہ منورہ میں صرف تریسٹھ اونٹ کا ملنا اور تریسٹھ اونٹ ذبح کرکے آپؐ کا تھک جانا اس میں اشارہ تھا کہ آپؐ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوگی اور اس سے زیادہ عجیب اشارہ یہ ہے کہ قرآن کریم کی ۶۳ ویں سورت سورۃ المنافقین کی آخری آیت ہے: ﴿وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا﴾ ہرگز نہ ڈھیل دے گا اللہ کسی کو جب اس کا وقت آپہنچے گا۔ اس میں بھی اشارہ ہے کہ آپ کی عمر مبارک تریسٹھ سال ہوگی مگر یہ اشارہ امت کی سمجھ میں

بعد میں آیا۔

حدیث (۲): قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: نبی ﷺ نے کتنے حج کئے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ایک حج کیا اور چار عمرے کئے: ایک عمرہ ذوالقعدہ میں کیا اور عمرۂ حدیبیہ، اور ایک عمرہ حج کے ساتھ کیا اور ایک عمرہ جعرانہ سے کیا جہاں (إذْ بمعنی حیث ہے) آپؐ نے حُنین کی غنیمت تقسیم فرمائی ہے۔

تشریح: آنحضرت ﷺ نے حقیقۃً اور حکماً چار عمرے کئے ہیں اور چاروں ذوالقعدہ میں کئے ہیں، پہلا عمرہ سن ۶ ہجری میں کیا یہ عمرہ ناتمام رہا، کیونکہ مکہ والوں نے آپؐ کو حدیبیہ سے آگے جانے نہیں دیا، پھر آپؐ نے آئندہ سال اس عمرہ کی قضا کی، یہ قضا بھی ذوالقعدہ میں کی، تیسرا عمرہ حج کے ساتھ کیا، آپؐ نے حجۃ الوداع میں قران کیا تھا اور پچیس ذوالقعدہ میں ذوالحلیفہ سے احرام باندھا تھا، اس عمرہ کے ارکان اگرچہ ذوالحجہ میں کئے تھے مگر احرام ذوالقعدہ میں باندھا تھا اس لئے یہ عمرہ بھی ذوالقعدہ میں شمار کیا گیا، اور چوتھا اور آخری عمرہ جعرانہ سے کیا تھا، فتح مکہ کے بعد آپؐ نے مکہ میں انیس دن قیام فرمایا تھا، پھر حنین تشریف لے گئے تھے، وہاں سے طائف گئے اس کا ایک ماہ تک محاصرہ کیا، پھر لوٹ کر جعرانہ میں آئے وہاں حنین کی غنیمت تقسیم کی اور وہاں سے عمرہ کیا یہ عمرہ بھی ذوالقعدہ میں کیا تھا۔

[٦] باب ماجاء كم حج النبیُّ صلى الله عليه وسلم؟

[٨٠٥-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ أَبِیْ زِيَادٍ، نا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عن سُفيانَ، عن جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبِيْهِ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم حَجَّ ثَلَاثَ حِجَجٍ: حَجَّتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يُهَاجِرَ، وَحَجَّةً بَعْدَ مَاهَاجَرَ، مَعَهَا عُمْرَةٌ، فَسَاقَ ثَلَاثًا وسِتِّيْنَ بَدَنَةً، وجَاءَ علیٌّ مِنَ اليَمَنِ بِبَقِيَّتِهَا، فِيْهَا جَمَلٌ لِأَبِیْ جَهْلٍ فِیْ أَنْفِهِ بُرَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، فَنَحَرَهَا، فَأَمَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ، فَطُبِخَتْ فَشَرِبَ مِنْ مَرَقِهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ مِنْ حديثِ سفيانَ، لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ زَيْدِ بنِ حُبَابٍ، وَرأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عبدِ الرحمنِ رَوَى هٰذَا الحديثَ فِیْ كُتُبِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أبی زِيَادٍ، وسَأَلْتُ مُحمداً عن هٰذَا فَلَمْ يَعْرِفْهُ مِنْ حَدِيثِ الثَّوْرِیِّ، عن جَعْفَرٍ، عن أبيهِ، عن جَابِرٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَأَيْتُهُ لَايَعُدُّ هذا الحديثَ مَحْفُوْظًا، وقال، إِنَّمَا يُرْوَى عنِ الثَّوْرِیِّ، عن أبی إسحاقَ، عن مُجَاهِدٍ مُرْسَلٌ.

[٨٠٦-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا حَبَّانُ بنُ هِلَالٍ، نا هَمَّامٌ، نا قَتَادَةُ، قال: قُلْتَ لِأَنَسِ بنِ مَالِكٍ: كَمْ حَجَّ النبیُّ صلى الله عليه وسلم؟ قالَ حَجَّةً وَاحِدَةً، واعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ: عُمْرَةً فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ، وعُمْرَةَ الْحُدَيْبِيَّةِ، وعُمْرَةً مَعَ حَجَّتِهِ، وعُمْرَةَ الْجِعْرَانَةِ، إِذْ قَسَمَ غَنِيْمَةَ حُنَيْنٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وحِبَّانُ بنُ هِلاَلٍ: أبو حَبِيْبِ الْبَصْرِيُّ، هو جَلِيلٌ ثِقَةٌ، وثَّقَهُ يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث سفیان ثوری کی حدیث سے غریب ہے، ہم اس کو نہیں جانتے مگر زید بن حباب کی سند سے (یعنی ثوری کے شاگردوں میں سے زید کے علاوہ کوئی اس حدیث کو روایت نہیں کرتا) اور میں نے عبد اللہ بن عبدالرحمٰن (امام دارمی) کو دیکھا انھوں نے عبداللہ بن ابی زیاد کی سند سے یہ حدیث اپنی کتاب میں لکھی (یعنی امام دارمی کے پاس بھی اس حدیث کی اور کوئی سند نہیں تھی) اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے یہ حدیث ثوری عن جعفر، عن أبيه، عن جابر، عن النبی صلی اللہ علیه وسلم کی سند سے نہیں پہچانی، اور میں نے ان کو دیکھا انھوں نے اس سند کو محفوظ شمار نہیں کیا۔ اور فرمایا: یہ حدیث ثوری، عن ابی اسحاق، عن مجاہد کی سند سے مرسل مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ كَمِ اعْتَمَرَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ نے کتنے عمرے کئے ہیں؟

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے چار عمرے کئے: عمرۂ حدیبیہ اور دوسرا عمرہ: آئندہ سال ذوالقعدہ میں عمرۂ قصاص یعنی عمرۂ قضا کیا اور تیسرا عمرہ جعرانہ سے کیا اور چوتھا عمرہ وہ ہے جو حج کے ساتھ تھا۔

تشریح: نبی ﷺ نے ۷ ہجری میں جو عمرہ کیا تھا اس کے تین نام ہیں: عمرۂ قصاص، عمرۂ قضیہ اور عمرۂ قضا۔ عمرۂ قصاص نام اس لئے ہے کہ اس سفر میں آیت قِصاص ﴿الشَّهْرَ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ﴾ (سورۂ بقرہ آیت ۱۹۶) نازل ہوئی تھی، آیت قصاص سے سورۂ بقرہ آیت ۷۸ امراد نہیں، اور عمرۂ قضیہ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ قضیّہ کے معنی ہیں: معاملہ، فیصلہ، گذشتہ سال کفار مکہ نے آپؐ کو عمرہ سے روک دیا تھا اور یہ فیصلہ ہوا تھا کہ امسال واپس جائیں، آئندہ سال عمرہ کرنے کی اجازت ہے، اور عمرۃ القضاء کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ گذشتہ سال جو عمرہ توڑا تھا یہ عمرہ اس کی قضا تھا۔

جاننا چاہئے کہ اگر احصار کی وجہ سے حج یا عمرہ توڑنا پڑے تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کی قضا نہیں اور احناف کے نزدیک قضا ہے، اس کا عمرۂ قضا نام احناف کی دلیل ہے کہ احصار کی وجہ سے توڑے ہوئے عمرہ کی قضا ہے، تفصیل آگے آئے گی۔

[۷] باب ماجاء كم اعتمر النبی صلی الله علیه وسلم؟

[۸۰۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا دَاوُدُ بنُ عَبدِ الرحمنِ العَطَّارُ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عنِ ابنِ

عباسٍ: أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ: عُمْرَةَ الْحُدَیْبِیَّةِ، وعُمْرَةَ الثَّانِیَةِ مِنْ قَابِلٍ عُمْرَةَ الْقِصَاصِ فِیْ ذِیْ القَعْدَةِ، وعُمْرَةَ الثَّالِثَةِ مِنَ الْجِعْرَانَةِ، وَالرَّابِعَةَ التی مَعَ حَجَّتِهِ.

وفی الباب:عن أنسٍ، وعبدِ الله بنِ عَمْرٍو، وابنِ عُمَرَ، قالَ أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عباسٍ حدیثٌ غریبٌ، وَرَوَی ابنُ عُیَیْنَةَ هذا الحدیثَ عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن عِکْرِمَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ، وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ عنِ ابنِ عَبَّاسٍ، حدثنا بِذٰلِكَ سَعِیدُ بنُ عبدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِیُّ، نا سفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن عِکْرِمَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم فَذَکَرَ نَحْوَهُ.

وضاحت: مذکورہ حدیث کو داؤد بن عبدالرحمٰن العطار اور سفیان بن عیینہ دونوں عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں اور داؤد کی حدیث میں ابن عباسؓ کا تذکرہ ہے اور ابن عیینہ کی حدیث میں ان کا تذکرہ نہیں۔عکرمہ: نبی ﷺ کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے چار عمرے کئے۔اور کتاب میں عن عکرمة عن النبی تصحیف ہے صحیح أَنَّ النبیَّ ہے

بابُ ماجاءَ فی أَیِّ مَوْضِعٍ أَحْرَمَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم؟

نبی ﷺ نے احرام کہاں سے باندھا ہے؟

آنحضور ﷺ نے جب ۱۰ ہجری میں حج کا ارادہ فرمایا تو جزیرۃ العرب میں اعلان کیا گیا کہ آپؐ امسال حج فرمائیں گے، پس جو حج میں مکہ پہنچ سکتا ہے ضرور پہنچے، چنانچہ ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ حج میں شریک ہوئے، ان میں سے بہت سے اپنے وطنوں سے براہ راست مکہ پہنچے تھے اور بیشتر مدینہ منورہ پہنچ گئے تھے تاکہ شروع سے آپؐ کے ساتھ رہیں اور حج کے مسائل سیکھیں۔نبی ﷺ ۲۵ ذی القعدہ کو ظہر کی نماز کے بعد مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور ذوالحلیفہ میں رک گئے، یہ اہل مدینہ کی میقات ہے اور مدینہ منورہ سے تقریباً پانچ چھ میل کے فاصلہ پر ہے، وہاں آپؐ نے عصر تا فجر چار نمازیں ادا کیں۔اس قیام کا مقصد یہ تھا کہ سب رفقاء جمع ہو جائیں۔اور آگے سفر ساتھ ہو، اگلے دن طلوعِ شمس کے بعد آپؐ نے ذوالحلیفہ میں ایک درخت کے قریب احرام کا دوگانہ ادا کیا اور تلبیہ پڑھ کر احرام شروع فرمایا۔مگر اس کا علم صرف ان لوگوں کو ہوا جو وہاں موجود تھے، پھر جب اونٹنی آپؐ کو لے کر کھڑی ہوئی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا (احرام باندھنے کے بعد وقفہ وقفہ سے تلبیہ پڑھا جاتا ہے اور بحالت احرام تلبیہ افضل ذکر ہے) پس کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی انھوں نے خیال کیا کہ آپؐ نے اب احرام شروع کیا، پس انھوں نے یہی روایت کیا، پھر جب اونٹنی آپؐ کو لے کر بیداء نامی ٹیلے پر چڑھی تو آپؐ نے تلبیہ پڑھا، پس جن لوگوں نے یہی تلبیہ سنا انھوں نے اسی کو پہلا تلبیہ سمجھا

اور یہ بیان کرنا شروع کر دیا کہ آپؐ نے بیداء سے احرام باندھا مگر صحیح بات یہ ہے کہ آپؐ نے درخت کے قریب مسجد کے پاس احرام شروع کیا ہے (ابوداؤد حدیث ۱۷۷۰)

[۸] باب ماجاء فی أیِّ موضعٍ أحرم النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم؟

[۸۰۸-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمَّدٍ، عن أَبِیْهِ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، قال: لَمَّا أَرَادَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم الحَجَّ أَذَّنَ فِیْ النَّاسِ فَاجْتَمَعُوْا، فَلَمَّا أَتَی الْبَیْدَاءَ أَحْرَمَ.

وفی الباب: عنِ ابنِ عُمَرَ، وأنَسٍ، والمِسْوَرِ بنِ مَخْرَمَةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ جَابِرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۸۰۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ بنُ سَعِیدٍ، نا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِیْلَ، عن مُوسَی بنِ عُقْبَةَ، عن سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: البَیْدَاءُ التی تَكْذِبُوْنَ فِیْهَا علی رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، واللّٰهِ مَا أَهَلَّ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم إِلاَّ مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ، مِنْ عِنْدِ الشَّجَرَةِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: جب نبی ﷺ نے حج کا ارادہ کیا تو لوگوں میں اس کا اعلان کیا گیا، پس لوگ جمع ہوئے، پس آپؐ بیداء پر آئے تو آپؐ نے احرام باندھا اور حضرت ابن عمرؓ جب حج یا عمرہ کے لئے چلے اور بیداء ٹیلے پر چڑھے تو فرمایا: یہی بیداء ہے جس کے بارے میں تم رسول اللہ ﷺ کی طرف غلط بات منسوب کرتے ہو، بخدا! آپؐ نے احرام نہیں باندھا مگر مسجد کے پاس سے، درخت کے پاس سے۔

بابُ ماجاءَ مَتَی أَحْرَمَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم؟

نبی ﷺ نے احرام کب باندھا ہے؟

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے نماز کے بعد تلبیہ پڑھا، یعنی احرام شروع کیا۔

تشریح: احرام شروع کرنے سے پہلے دوگانہ احرام سنت ہے، اور دوگانہ ادا کرنے کے بعد فوراً احرام شروع کرنا (تلبیہ پڑھنا) ضروری نہیں، اگر تلبیہ پڑھنے میں کسی وجہ سے تاخیر ہو جائے تو بھی کوئی حرج نہیں، میرا معمول یہ ہے کہ جہاز میں سوار ہونے سے پہلے دوگانہ پڑھ لیتا ہوں اور جہاز روانہ ہونے کے بعد تلبیہ پڑھتا ہوں۔ اور دوگانہ احرام مشروع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ نیت ایک پوشیدہ امر ہے اس لئے اس کو ایک ایسے عمل کے ذریعہ جو اللہ کے لئے خاص ہے اور جو اللہ کی عبادت کے اہتمام پر دلالت کرنے والا ہے: متعین و منضبط کیا گیا ہے تاکہ نفس کے لئے یہ بات

خوب واضح ہو جائے کہ وہ ایک اہم عمل شروع کر رہا ہے۔

[۹] باب ماجاء متی أحرم النبی صلی اللہ علیہ وسلم؟

[۸۱۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ بنُ سَعیدٍ، نا عبدُ السَّلاَمِ بنُ حَرْبٍ، عن خُصَیْفٍ، عن سَعیدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَهَلَّ فِیْ دُبُرِ الصَّلاَةِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُ أَحَدًا رَوَاهُ غَیْرُ عبدِ السَّلاَمِ بنِ حَرْبٍ، وَهُوَ الَّذِیْ یَسْتَحِبُّهُ أَهْلُ العِلْمِ أَنْ یُحْرِمَ الرَّجُلُ فِیْ دُبُرِ الصَّلاَةِ.

وضاحت: اس حدیث کی عبدالسلام بن حرب سے اوپر ایک ہی سند ہے اور اس کا استاذ خُصیف بن عبدالرحمٰن الجزری صدوق سیئی الحفظ اور مرجئہ تھا (تقریب)

بابُ ماجاءَ فِیْ إِفْرَادِ الْحَجِّ

حج افراد کا بیان

پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ حج کے تین طریقے ہیں: افراد: یعنی میقات سے صرف حج کا احرام باندھ کر مکہ جانا اور حج کرنا، تمتع: یعنی میقات سے صرف عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ جانا اور افعال عمرہ کر کے احرام کھول دینا، پھر مکہ ہی میں رک کے رہنا اور آٹھ ذی الحجہ کو مکہ سے حج کا احرام باندھنا اور حج کرنا۔ اور قران: یعنی حج اور عمرۃ کا ایک ساتھ احرام باندھنا اور عمرہ ادا کر کے احرام کی حالت میں مکہ میں رک کے رہنا اور حج کے دنوں میں حج کرنا۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد صرف ایک حج کیا ہے مگر روایات میں اختلاف ہے، سترہ صحابہ سے عمدہ سندوں کے ساتھ مروی ہے کہ آپ نے قران کیا تھا اور پانچ صحابہ سے تمتع کرنا مروی ہے اور چار صحابہ سے افراد کرنا مروی ہے، اور سب روایتیں ٹھیک ہیں (معارف السنن ۶: ۲۷)

اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا اس لئے کہ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بہت بڑا گناہ ہے اور شریعت کا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا، اس لئے آپؐ نے صرف حج کا احرام باندھا تھا[۱] افراد کی روایات کا محمل یہی ہے یعنی ان روایت نے

(۱) جاننا چاہئے کہ حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر کیا جاتا تھا مگر اس میں فساد درآیا تھا اور جب تک وحی کے ذریعہ اس کی اصلاح نہ ہو اسی طریقہ پر حج کرنا تھا اور چونکہ پہلے سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ ہے اور نیا حکم ابھی نازل نہیں ہوا تھا اس لئے آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا، یہاں طلبہ ایک غلطی ←

آپؐ کی ابتدائی حالت کا تذکرہ کیا ہے ——— پھر مکہ پہنچتے ہی نیا حکم یہ آیا کہ لوگ حج کا احرام عمرہ سے بدل دیں یعنی نیت بدل دیں اور افعال عمرہ کر کے احرام کھول دیں۔ جب آپؐ نے لوگوں کو یہ حکم سنایا اور جن کے پاس ہدی نہیں تھی ان کو احرام کھولنے کا حکم دیا اور یہ حکم دیا کہ وہ آٹھ ذوالحجہ کو مکہ ہی سے حج کا احرام باندھیں تو لوگوں پر یہ حکم شاق گذرا کیونکہ حج میں گنتی کے چند دن باقی رہ گئے تھے، نبی ﷺ چار ذوالحجہ کو مکہ پہنچے تھے اور احرام کھولنے کا مطلب تھا بیویوں سے فائدہ اٹھانا اور پہلے سے جو تصور چلا آرہا تھا وہ ذہنوں پر مسلط تھا۔ اس لئے صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم اس حال میں حج کریں گے کہ ہماری شرمگاہوں سے منی ٹپک رہی ہوگی! نبی ﷺ نے تقریر فرمائی اور ارشاد فرمایا: تم جانتے ہو کہ میں تم میں زیادہ اللہ سے ڈرنے والا، تم سے زیادہ اللہ کی اطاعت کرنے والا اور تم سے زیادہ خیر کا طالب ہوں، اگر میرے ساتھ قربانی کے جانور نہ ہوتے تو میں بھی عمرہ کر کے احرام کھول دیتا (مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۲۵۵۹) اس تقریر کے بعد صحابہ کے ذہنوں سے بوجھ ہٹ گیا اور جو لوگ ہدی ساتھ نہیں لائے تھے انھوں نے ارکانِ عمرہ ادا کر کے احرام کھول دیا۔ اور آپؐ کے لئے مجبوری یہ تھی کہ آپ قربانیاں ساتھ لائے تھے جب تک وہ ذبح نہ ہوں آپؐ احرام نہیں کھول سکتے تھے اس لئے آپؐ نے حج کے ساتھ عمرہ کی نیت کرلی۔ اب آپ قارن ہوگئے، قران کی روایات اس آخری حالت کے اعتبار سے ہیں ——— اور تمتع سے لغوی معنی: فائدہ اٹھانا مراد ہیں۔ چونکہ آپؐ نے بھی ایک سفر میں حج وعمرہ بصورت قران ادا فرمایا تھا اس لئے رواۃ نے اس کو تمتع سے تعبیر کردیا۔

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ کے نزدیک تینوں طریقوں پر حج کرنا جائز ہے، البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قران افضل ہے، پھر تمتع، پھر افراد۔ اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اس کے برعکس ہے یعنی سب سے افضل حج افراد ہے پھر تمتع، پھر قران۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سب سے افضل وہ تمتع ہے جس میں ہدی ساتھ نہ لایا ہو، پھر افراد، پھر قران۔ اور وہ تمتع جس میں ہدی ساتھ لایا ہو وہ بحکم قران ہے، کیونکہ قران کی طرح اس تمتع میں بھی احرام نہیں کھلتا۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ دو اماموں نے حضور ﷺ کی ابتدائی حالت کا اعتبار کیا، آپؐ نے ذوالحلیفہ سے صرف حج کا احرام باندھا تھا، اور انھوں نے تمتع کو دوسرے نمبر پر رکھا کہ وہ افراد کے مشابہ ہے اس میں عمرہ الگ ادا کیا

← کرتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ زمانۂ جاہلیت کے تصور میں مطلقاً اشہر حج میں عمرہ کرنا بڑا گناہ تھا، یہ بات صحیح نہیں بلکہ ان کا گمان یہ تھا کہ جس سال حج کرنا ہو اس سال اشہر حج میں عمرہ کرنا گناہ ہے، لیکن اگر کسی کو حج نہیں کرنا تو وہ اشہر حج میں عمرہ کرسکتا ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے چاروں عمرے اشہر حج یعنی ذوالقعدہ میں کئے ہیں۔ اور اشہر حج ڈھائی مہینے ہیں: شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کا پہلا عشرہ، اور نو تا تیرہ ذوالحجہ پانچ دن ایام حج ہیں۔ اور اشہر حج کا مطلب یہ ہے کہ شوال کا چاند نظر آنے سے پہلے حج کا احرام باندھنا ممنوع ہے، شوال کا چاند نظر آنے کے بعد کسی بھی وقت حج کا احرام باندھ سکتے ہیں ۱۲

جاتا ہے اور حج الگ، اور امام اعظمؒ نے آخری حالت کا اعتبار کیا، کیونکہ قاعدہ ہے: العِبرۃُ بالخَواتِیم اور ان کے نزدیک تمتع دوسرے نمبر پر اس وجہ سے ہے کہ وہ قران کے مشابہ ہے، کیونکہ دونوں میں ایک سفر میں حج اور عمرہ کئے جاتے ہیں، اور امام احمدؒ کا نظریہ یہ ہے کہ نہ ابتدائی حالت کی رعایت کی جائے نہ آخری حالت کی، بلکہ آپؐ نے جو تمنا اور خواہش کی تھی اس کا لحاظ کیا جائے آپ نے تمنا کی تھی: لو استَقبَلتُ مِن أمری ما استَدبَرتُ لَمْ أسُقِ الهدیَ وَ لَأحْلَلْتُ یعنی اگر مجھے پہلے سے معلوم ہوتا کہ آگے یہ حکم آئے گا تو میں ہدی ساتھ نہ لاتا اور احرام کھول دیتا، پس وہ تمتع جس میں ہدی ساتھ نہ لایا ہو افضل ہے، پھر اس کے مشابہ افراد ہے، کیونکہ تمتع میں حج علحدہ کیا جاتا ہے اس کو عمرہ کے ساتھ ملایا نہیں جاتا، پس اس کی افراد کے ساتھ مشابہت قوی ہے، لہٰذا افراد دوسرے نمبر پر ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ نے قران کو جو افضل نہیں کہا اس کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قران میں حج اور عمرہ کے افعال میں تداخل ہوجاتا ہے، ان کے نزدیک طواف زیارت اور اس کے بعد کی سعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہے، اور احناف کے نزدیک عمرہ کا طواف اور سعی الگ ہیں اور حج کا طواف اور سعی الگ ہیں، چونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قران میں افعال کم ہوجاتے ہیں اس لئے وہ اس کو افضل نہیں کہہ سکتے، اور اسی وجہ سے وہ قارن اور متمتع پر جو قربانی واجب ہے اس کو دم جبر کہتے ہیں، دم شکر نہیں کہتے، دم شکر میں سے مالدار اور غریب سب کھا سکتے ہیں اور دم جبر کا گوشت صرف غریبوں کے لئے ہے، قربانی کرنے والا اور مالدار اس میں سے نہیں کھا سکتے۔ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک یہ دم: دم جبر ہے، ان کے نزدیک جو افعال اور سفر میں کمی ہوگئی ہے اس کی تلافی کے لئے یہ دم ہے، اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دم شکر ہے، اللہ تعالیٰ نے ایک سفر میں دو کام کرنے کی جو توفیق مرحمت فرمائی اس کے شکریہ میں یہ قربانی ہے اور دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں سو اونٹ ذبح کئے تھے اور ہر اونٹ میں سے ایک بوٹی کاٹی تھی، پھر اس کو پکا کر آپؐ نے شوربہ نوش فرمایا تھا۔ اُن ۱۰۰ اونٹوں میں آپؐ کی حج کی قربانی بھی تھی، آپؐ نے اس کو علحدہ کرنے کا حکم نہیں دیا تھا، پس معلوم ہوا کہ متمتع اور قارن کی قربانی دم شکر ہے دم جبر نہیں۔

فائدہ: امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ کے نزدیک جو حج افراد افضل ہے تو وہ حج افراد افضل ہے جس کے بعد حاجی وطن واپس لوٹنے سے پہلے مکہ (حل) سے ایک عمرہ بھی کرے، اگر وہ صرف حج کر کے لوٹے گا تو وہ افراد افضل نہیں۔ اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ حج وعمرہ جو دو الگ الگ سفروں میں کئے گئے ہوں ـــــ خواہ پہلے حج کیا ہو یا عمرہ ـــــ وہ سب سے افضل ہے حج قران سے بھی وہ افضل ہے۔

[۱۰] باب ماجاء فی إفراد الحج

[۸۱۱-] حدثنا أبو مُصْعَبٍ قِرَاءَ ةً عن مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ، عن أَبِیْهِ، عن

عائشةَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم أَفْرَدَ الْحَجَّ.

وفي الباب: عن جَابرٍ، وابنِ عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ وَالعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ.

[۸۱۲-] وَرُوِىَ عن ابنِ عُمَرَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَفْرَدَ الْحَجَّ، وأَفْرَدَ أَبُوْ بَكْرٍ، وعُمَرُ، وعُثْمَانُ، حدثنا بذلِكَ قُتَيْبَةُ، نا عبدُ الله بنُ نَافِعِ الصَّائِغُ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ بِهٰذَا.

قال أبو عيسى: وقالَ الثَّوْرِيُّ: إِنْ أَفْرَدْتَ الْحجَّ فَحَسَنٌ، وإِنْ قَرَنْتَ فَحَسَنٌ، وإِنْ تَمَتَّعْتَ فَحَسَنٌ، وقال الشَّافعيُّ: مِثْلَهُ، وقالَ: أَحَبُّ إِلَيْنَا الإِفْرَادُ، ثُمَّ التَّمَتُّعُ، ثُمَّ القِرَانُ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حج افراد کیا (یہ بات ابتدائی حالت کے اعتبار سے فرمائی ہے) ـــــ اس پر بعض علماء کا عمل ہے اور ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے افراد کیا اور ابوبکر اور عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم نے بھی افراد کیا، اس کے بعد ابن عمر کی حدیث کی سند ہے۔ سفیان ثوری فرماتے ہیں: اگر آپ حج افراد کریں تو ٹھیک ہے اور حج قران کریں تو بھی ٹھیک ہے اور حج تمتع کریں تو بھی ٹھیک ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے بھی یہی بات فرمائی ہے، اور فرمایا: مجھے زیادہ پسند افراد ہے پھر تمتع پھر قران۔

بابُ ماجاءَ فی الْجَمْعِ بَیْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حج اور عمرہ کو ایک ساتھ کرنے کا یعنی قران کا بیان

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا: لبيك بعمرة وحجة۔

تشریح: حج اور عمرہ کا تلبیہ ایک ہے اور تلبیہ میں حج یا عمرہ کا ذکر ضروری نہیں، نیت کرنا کافی ہے اور آپؐ نے اپنے تلبیہ میں حج وعمرہ دونوں کا ذکر اس لئے کیا تا کہ صحابہ کو صورتِ حال کا پتا چل جائے کہ آپؐ نے حج قران کیا ہے۔

[۱۱] باب ماجاء فی الجمع بین الحج والعمرة

[۸۱۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن حُمَيْدٍ، عن أَنَسٍ، قال سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يقولُ: "لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ"

وفي الباب: عن عُمَرَ، وعمرانَ بنِ حُصَيْنٍ، قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰى هٰذَا، واخْتَارَهُ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ.

بابُ ماجاء فی التَّمَتُّعِ

حج تمتع کا بیان

حدیث (۱): محمد بن عبداللہ کہتے ہیں: انھوں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (یہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں) اور ضحاک بن قیس (یہ تابعی ہیں اور اسلامی تاریخ کی اہم شخصیت ہیں جنگوں میں ان کے بڑے کارنامے ہیں) دونوں کو سنا درانحالیکہ وہ حج کے ساتھ عمرہ سے فائدہ اٹھانے کے سلسلہ میں گفتگو کررہے تھے (یعنی دونوں کے درمیان یہ مسئلہ زیر بحث تھا کہ ایک سفر میں حج اور عمرہ دونوں کر سکتے ہیں یا نہیں؟) ضحاک نے کہا: یہ کام وہی کرتا ہے جو اللہ کے دین سے ناواقف ہے۔ حضرت سعدؓ نے فرمایا: بھتیجے! آپ نے نہایت بری بات کہی، ضحاک نے کہا: حضرت عمرؓ نے اس سے منع کیا ہے۔ حضرت سعدؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے اس کو کیا ہے اور آپؐ کے ساتھ ہم نے بھی اس کو کیا ہے (آپؐ نے ایک ہی سفر میں حج اور عمرہ دونوں کئے ہیں اور آپ کے ساتھ صحابہ نے بھی کئے ہیں) پس آپ کا کیا خیال ہے: حضور ﷺ بھی اللہ کا دین نہیں جانتے تھے اور ہم بھی اللہ کے دین سے ناواقف تھے! ضحاک لاجواب ہوگئے، مگر حضرت عمرؓ نے منع کیوں کیا تھا یہ بات حضرت سعدؓ نے نہیں کھولی، کیونکہ وہ ایک راز تھا اس کو کھول دیا جاتا تو مصلحت فوت ہوجاتی۔

حدیث (۲): حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے دور خلافت میں ایک ہی سفر میں حج اور عمرہ کرنے سے منع کیا، مگر ان کی مخالفت ہوئی، ایک شخص شام سے ابن عمرؓ کے پاس آیا اس کا خیال تھا کہ چونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سے منع کرتے تھے اس لئے ابن عمرؓ بھی یہی بات کہیں گے اور اس کو حضرت معاویہؓ کے قول کی دلیل مل جائے گی کہ ابن عمرؓ کا بھی یہی فتوی ہے، لیکن ابن عمرؓ نے اس کی خواہش کے مطابق جواب نہیں دیا۔ سالم بن عبداللہ کہتے ہیں: شام کے ایک آدمی نے ابن عمرؓ سے حج کے ساتھ عمرہ سے فائدہ اٹھانے کے بارے میں پوچھا۔ ابن عمرؓ نے جواب دیا: جائز ہے، شامی نے کہا: آپ کے ابا منع کرتے تھے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: بتا! اگر میرے ابا منع کریں اور رسول اللہ ﷺ نے اس کو کیا ہو تو تو میرے ابا کی پیروی کرے گا یا رسول اللہ ﷺ کی؟ شامی نے کہا: نبی ﷺ کی پیروی کی جائے گی، ابن عمرؓ نے فرمایا: پس سن! اس کو رسول اللہ ﷺ نے کیا ہے ——— حضرت ابن عمرؓ نے بھی یہ بات نہیں کھولی کہ حضرت عمرؓ نے کیوں منع کیا تھا۔

حدیث (۳): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تمتع کیا اور ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم نے بھی تمتع کیا اور وہ پہلا شخص جس نے تمتع سے منع کیا حضرت معاویہؓ ہیں۔

تشریح:

۱- جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حج کے ساتھ عمرہ کرنے سے منع کیا تھا تو کسی نے ان کی مخالفت نہیں کی تھی اور

جب یہی بات امیر معاویہؓ نے کہی تو لوگوں نے ان کی مخالفت کی، اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے اس سے مصلحتاً منع کیا تھا اور حضرت معاویہؓ نے مسئلہ کے طور پر منع کیا تھا، اور ظاہر ہے جو کام نبی ﷺ نے کیا ہو وہ ممنوع کیسے ہوسکتا ہے؟ اس لئے لوگوں نے ان کی مخالفت کی۔

۲- حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں یہ حکم نافذ کیا تھا کہ کوئی شخص حج کے ساتھ عمرہ نہ کرے، عمرہ کے لئے مستقل سفر کرے اور اس میں جو مصلحت تھی وہ حضرت عمرؓ نے اکابر صحابہ کو بتادی تھی، عوام کو نہیں بتائی تھی، ورنہ ممانعت بے فائدہ ہوجاتی، اور وہ مصلحت یہ تھی کہ حج کے علاوہ دنوں میں بیت اللہ غیر آباد رہتا تھا۔ حضرت عمرؓ نے چاہا کہ اللہ کا گھر پورے سال آباد ہوجائے، پورے سال وہاں لوگوں کا تانتا بندھا رہے اور ہر وقت طواف جاری رہے اس لئے حضرت عمرؓ نے یہ حکم دیا تھا، چنانچہ کعبہ شریف سال بھر آباد ہوگیا، دن بہ دن عمرہ کرنے والوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے، آج صورتِ حال یہ ہے کہ روزانہ دس ہزار آدمی عمرہ کرنے آتے ہیں اور اتنے ہی عمرہ کرکے واپس جاتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے جب یہ حکم نافذ کیا تو اندیشہ تھا کہ لوگوں میں چہ میگوئیاں ہونگی، اہتمام سے اگر کوئی حکم جاری ہو اور وہ طلبہ کے لئے بھاری ہو تو چہ مگوئیاں ہوتی ہیں مگر اس صورت میں طلبہ براہ راست مہتمم صاحب کے پاس نہیں جاتے اساتذہ سے رجوع کرتے ہیں، پس اگر مہتمم صاحب نے پہلے سے اساتذہ کو مصلحت بتا رکھی ہے تو اساتذہ طلبہ کو مطمئن کردیتے ہیں۔ اسی طرح حضرت عمرؓ نے اکابر صحابہ کو مصلحت بتادی تھی، چنانچہ انھوں نے لوگوں کو مطمئن کردیا اور لوگ حج اور عمرہ کے لئے الگ الگ سفر کرنے لگے اور کعبہ شریف آباد ہوگیا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد رفتہ رفتہ وہ بات ختم ہوگئی اور لوگ حج کے ساتھ بھی عمرہ کرنے لگے، پھر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں یہی بات مسئلہ کے طور پر کہی تو لوگوں نے اس کو قبول نہیں کیا، کیونکہ جب حضور ﷺ نے اور خلفائے ثلاثہ نے حج اور عمرہ ایک ساتھ کئے ہیں تو وہ ناجائز کیسے ہوسکتا ہے!

[۱۲] باب ماجاء فی التمتع

[۸۱۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعيدٍ، عن مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عنِ ابنِ شِهَابٍ، عن مُحمدِ بنِ عبدِ الله بنِ الحَارِثِ بنِ نَوْفَلٍ: أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بنَ أَبِیْ وَقَّاصٍ، وَالضَّحَّاكَ بنَ قَيْسٍ: وَهُمَا يَذْكُرَانِ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ إلى الحجِّ، فقالَ الضَّحَّاكُ بنُ قَيْسٍ: لاَ يَصْنَعُ ذَلِكَ إِلَّا مَنْ جَهِلَ أَمْرَ اللّٰهِ تَعَالىٰ، فقالَ سَعْدٌ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابنَ أَخِیْ! فقال الضَّحَّاكُ: فَإِنَّ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ قَدْ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ، فقالَ سَعْدٌ: قَدْ صَنَعَهَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وَصَنَعْنَاهَا مَعَهُ؛ وهذا حديثٌ صحيحٌ.

[۸۱۵-] حدثنا عبدُ بنِ حُمَيْدٍ، أَخْبَرَنِیْ يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ، نا أَبِیْ، عن صَالِحِ بنِ كَيْسَانَ، عن ابنِ شِهَابٍ، أَنَّ سَالِمَ بنَ عبدِ الله حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، وَهُوَ يَسْأَلُ عَبْدَ

اللّٰهِ بنَ عُمَرَ عَنْ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ، فقالَ عبدُ الله بنُ عُمَرَ:هِيَ حَلَالٌ، فَقَالَ الشَّامِيُّ: إِنَّ أَبَاكَ قَدْ نَهٰى عَنْهَا، فَقَالَ عبدُ اللهِ بنُ عُمَرَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَبِيْ نَهَى عَنْهَا وَصَنَعَها رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: أَمْرُ أَبِيْ يُتَّبَعَ أَمْ أَمْرُ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم؟ فقالَ الرَّجُلُ: بَلْ أَمْرُ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، فقالَ لَقَدْ صَنَعَهَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۸۱٦-] حدثنا أبو مُوسىَ مُحَمَّدُ بنُ الْمُثَنَّى، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عن ابنِ عبَّاسٍ، قالَ: تَمَتَّعَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وأبو بَكْرٍ وَعُمَرُ وعُثْمَانُ، وأَوَّلُ مَنْ نَهَى عنهُ مُعَاوِيَةُ.

وفي الباب: عن عَلِيٍّ، وعُثمانَ، وجَابرٍ، وسَعْدٍ، وأَسْمَاءَ ابْنَةِ أبي بَكْرٍ، وابنِ عُمَرَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ، واخْتَارَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ.

والتَّمَتُّعُ: أَنْ يَدْخُلَ الرَّجُلُ بعُمْرَةٍ فِيْ أَشْهُرِ الحَجِّ، ثُمَّ يُقِيْمُ حَتَّى يَحُجَّ ، فَهُوَ مُتَمَتِّعٌ، وَعَلَيهِ دَمُ مَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ، فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ فِيْ الحَجِّ وَسَبْعَةٍ إِذَا رَجَعَ إِلٰى أَهْلِهِ. وَيُسْتَحَبُّ لِلْمُتَمَتِّعِ إِذَا صَامَ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ فِيْ الْحَجِّ أَنْ يَصُوْمَ فِيْ الْعَشْرِ، ويَكُوْنُ آخِرُهَا يَوْمَ عَرَفَةَ، فَإِنْ لَمْ يَصُمْ فِيْ الْعَشْرِ: صَامَ أَيَّامَ التَّشْرِيْقِ، فِيْ قَوْلِ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ ابنُ عُمَرَ، وعائشةُ، وبِهِ يقولُ مَالِكٌ، والشَّافِعِيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

وقالَ بَعْضُهُمْ: لَايَصُوْمُ أَيَّامَ التَّشْرِيْقِ، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْكُوْفَةِ.

قال أبو عيسى: وأهلُ الحَدِيْثِ يَخْتَارُوْنَ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ فِيْ الْحَجِّ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيُّ، وأحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ اور وضاحت: صحابہ اوران کے علاوہ علماء میں سے بعض حضرات نے عمرہ کے ساتھ فائدہ اٹھانے کو پسند کیا ہے اور تمتع یہ ہے کہ آدمی اشہرِ حج میں عمرہ کرے پھر مکہ میں ٹھہرا رہے، یہاں تک کہ حج کرے تو وہ تمتع کرنے والا ہے (یعنی تمتع میں شوال کا چاند نظر آنے کے بعد عمرہ کرنا ضروری ہے، اگر کوئی رمضان میں عمرہ کرلے پھر مکہ میں ٹھہرا رہے اور حج کرے تو وہ متمتع نہیں، اسی طرح جو شخص اشہرِ حج میں عمرہ کرکے وطن واپس آجائے پھر اسی سال حج کرے تو وہ بھی متمتع نہیں۔ تمتع میں اشہرِ حج میں عمرہ کرکے حج تک مکہ میں ٹھہرنا ضروری ہے، البتہ مدینہ جانا جائز ہے، پھر جب مدینہ سے لوٹے تو خواہ عمرہ کا احرام باندھ کر لوٹے یا حج کا بہرصورت تمتع ہوگا) اور متمتع پر وہ قربانی ہے جو اُسے بآسانی میسر آئے (کم از کم ایک بکری ذبح کرنا ضروری ہے اس سے چھوٹے جانور کی قربانی درست نہیں، ہاں

بڑا جانور پورا کرے تو سبحان اللہ) اور جس کے پاس قربانی کا جانور نہ ہو تو وہ حج سے پہلے تین روزے رکھے اور سات روزے گھر لوٹنے کے بعد رکھے، اور متمتع کے لئے مستحب یہ ہے کہ جب وہ حج کے ایام میں تین روزے رکھے تو عشرۂ ذی الحجہ میں روزے رکھے اور ان میں سے آخری روزہ عرفہ کے دن ہو (اگر متمتع کے پاس قربانی کا جانور نہ ہو، نہ جانور خریدنے کے لئے پیسے ہوں تو اس کو دس روزے رکھنے ہونگے، تین حج سے پہلے اور سات گھر واپس لوٹ کر اور جو تین روزے حج سے پہلے رکھنے ہیں وہ اشہر حج میں رکھنے ہیں، مگر مستحب یہ ہے کہ سات تا نو ذی الحجہ کے روزے رکھے) پس اگر وہ عشرۂ ذی الحجہ میں روزے نہ رکھ سکے تو بعض صحابہ کے قول میں ایام تشریق میں بھی روزے رکھ سکتا ہے، ان میں سے ابن عمر اور حضرت عائشہ ہیں، اور مالک، شافعی، احمد اور اسحاق اسی کے قائل ہیں، اور بعض کہتے ہیں: ایام تشریق میں روزے نہیں رکھے گا اور یہ کوفہ والوں کا قول ہے (یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ اگر کسی نے یوم عرفہ تک وہ روزے نہیں رکھے، خواہ تینوں نہیں رکھے یا ایک دو روزے نہیں رکھے تو امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب اور امام شافعی رحمہ اللہ کا قول جدید یہ ہے کہ اس کے لئے ایام تشریق میں روزے رکھنا جائز نہیں، اب اسے بہرحال قربانی کرنی ہوگی۔ اور امام مالک اور امام احمد کا مذہب اور امام شافعی کا قول قدیم یہ ہے کہ وہ ایام تشریق میں روزے رکھ سکتا ہے) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور محدثین (حجازی مکتب فکر کے علماء) اشہر حج میں عمرہ کے ذریعہ فائدہ اٹھانے کو پسند کرتے ہیں اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے (یہ اجماعی مسئلہ ہے)

بابُ ماجاءَ فی التَّلْبِیَۃِ

تلبیہ کا بیان

احرام تلبیہ سے شروع ہوتا ہے اور حنفیہ کے نزدیک کوئی بھی ذکر تلبیہ کے قائم مقام ہوجاتا ہے یعنی حج یا عمرہ کی نیت کرنے کے بعد کوئی بھی اللہ کا ذکر کیا جائے مثلاً الحمد للہ کہا یا سبحان اللہ کہا تو احرام شروع ہوگیا، یہ ذکر تلبیہ کے قائم مقام ہوجائے گا یعنی گویا اس نے تلبیہ پڑھ لیا۔

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا تلبیہ یہ تھا: ''میں بار بار حاضر ہوں خداوندا تیرے حضور میں، بار بار حاضر ہوں، آپ کا کوئی شریک نہیں، میں آپ کے حضور میں بار بار حاضر ہوں، تمام حمد وثنا آپ ہی کے لئے سزاوار ہے، اور ساری نعمتیں آپ ہی کے لئے ہیں اور فرماں روائی بھی آپ ہی کے لئے ہے، آپ کا کوئی شریک نہیں''

تشریح: آنحضرت ﷺ حج اور عمرہ میں یہی تلبیہ پڑھتے تھے اس تلبیہ میں چار جگہ وقف مستحب ہے، عبارت میں علامتِ وقف کے ذریعہ اس کی نشاندہی کردی گئی ہے، اور تلبیہ میں یہ الفاظ اس لئے پسند کئے گئے ہیں کہ وہ اپنے مولیٰ کی بندگی پر برقرار رہنے کی ترجمانی کرتے ہیں اور اس کو یہ بات بھی یاد دلاتے ہیں کہ اب وہ بندگی کے لئے کمر

بستہ ہے، پس اس کو عبادت کا پورا پورا حق ادا کرنا چاہئے، اور تلبیہ میں دو مرتبہ لاشریك لك شامل کیا گیا ہے، کیونکہ زمانۂ جاہلیت کے لوگ اپنے بتوں کی تعظیم کرتے تھے اور تلبیہ میں ان کا بھی تذکرہ کرتے تھے، وہ کہتے تھے: لاشریك لك إلا شریکاً هو لك تَمْلِکُه وَمَا مَلَكَ یعنی آپ کا کوئی شریک نہیں، مگر وہ شریک جو آپ کا ہے جس کے آپ مالک ہیں اور وہ مالک نہیں، چنانچہ مشرکین کی تردید کے لئے اور مسلمانوں کے تلبیہ کو مشرکوں کے تلبیہ سے جدا کرنے کے لئے رسول اللہ ﷺ نے تلبیہ میں یہ جملہ بڑھایا ہے۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ کے بارے میں مروی ہے کہ انھوں نے احرام باندھا اور تلبیہ پڑھنا شروع کیا، وہ کہہ رہے تھے: لبیك اللّٰهم لبیك — إلی — لاشریك لك، نافع کہتے ہیں: ابن عمرؓ فرماتے تھے: یہ نبی ﷺ کا تلبیہ ہے، اور ابن عمرؓ اپنی طرف سے نبی ﷺ کے تلبیہ کے بعد بڑھاتے تھے: لبیك لبیك وسَعْدَیْك، والخَیْرُ فِیْ یَدَیْك، لبیك وَالرُّغْبٰی إِلَیْكَ والعملُ (الرُّغْبٰی اور الرَّغْبَةُ دونوں مترادف لفظ ہیں ترجمہ: میں بار بار آپ کی خدمت میں حاضر ہوں اور آپ کی عبادت کو نیک بختی تصور کرتا ہوں، اور بھلائی آپ کے اختیار میں ہے، میں بار بار آپ کی خدمت میں حاضر ہوں اور پوری رغبت آپ کی طرف ہے اور عمل بھی آپ کے لئے ہے)

تشریح: حضور ﷺ کا جو تلبیہ تھا اس کو پڑھنا بہتر ہے اور اگر کوئی ابن عمرؓ نے جو جملے بڑھائے ہیں وہ یا اپنی طرف سے کوئی اور جملہ بڑھائے جس میں اللہ کی تعظیم ہو تو جائز ہے۔

[۱۳] باب ماجاء فی التلبیة

[۸۱۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا إسماعیلُ بنُ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قال: کانَ تَلْبِیَةُ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكْ، لَبَّیْكَ لاَشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكْ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكْ، لاَشَرِیْكَ لَكْ.

[۸۱۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّهُ أَهَلَّ فَانْطَلَقَ یُهِلُّ، یقولُ: لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكْ، لَبَّیْكَ لاَشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكْ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكْ، لاَشَرِیْكَ لَكْ، قالَ: وکانَ عبدُ اللهِ بنُ عُمَرَ یقولُ: هَذِهِ تَلْبِیَةُ رسولِ الله صلی الله علیه وسلم، وکانَ یَزِیْدُ مِنْ عِنْدِهِ فِیْ إِثْرِ تَلْبِیَةِ رسولِ الله صلی الله علیه وسلم: لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ وسَعْدَیْكَ، والخَیْرُ فِیْ یَدَیْكَ، لَبَّیْكَ وَالرُّغْبٰی إِلَیْكَ وَالعَمَلْ؛ هَذَا حدیثٌ صحیحٌ.

قال أبو عیسی: وفی الباب: عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وجَابِرٍ، وعائشةَ، وابنِ عبَّاسٍ، وأبی هریرةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، والشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

وقالَ الشَّافِعِيُّ: فَإِنْ زَادَ زَائِدٌ فِيْ التَّلْبِيَةِ شَيْئًا مَنْ تَعْظِيْمِ اللّٰهِ فَلاَ بَأْسَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وأَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ يَقْتَصِرَ عَلَى تَلْبِيَةِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم.

قالَ الشَّافِعِيُّ: وإِنَّمَا قُلْنَا: لاَبأْسَ بِزِيَادَةِ تَعْظِيْمِ اللّٰهِ فِيْهَا: لِمَا جَاءَ عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَهُوَ حَفِظَ التَّلْبِيَةَ عَنْ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ زَادَ ابنُ عُمَرَ فِيْ تَلْبِيَتِهِ مِنْ قِبَلِهِ: "لَبَّيْكَ وَالرُّغْبٰى إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ"

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اگر کوئی تلبیہ میں کچھ بڑھائے جو اللہ کی تعظیم کے قبیل سے ہو تو ان شاء اللہ کچھ مضائقہ نہیں۔ اور مجھے زیادہ پسند یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے تلبیہ پر اکتفا کرے، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اور ہم نے تلبیہ میں اللہ کی تعظیم کے قبیل سے الفاظ بڑھانے کی اجازت اس لئے دی کہ ابن عمرؓ آپؐ کے تلبیہ کے بعد اضافہ کرتے تھے درانحالیکہ ان کو رسول اللہ ﷺ کا تلبیہ یاد تھا، پھر ابن عمرؓ نے آپؐ کے تلبیہ میں اپنی جانب سے یہ اضافہ کیا ہے: لبيك والرغبٰى إليه والعمل۔

لغت: لبيك میں لَبّی: مصدر منصوب ہے (لَبٌّ کے معنی ہیں: إقامة، وحضور، ولزوم) اس کو تاکید کے لئے تثنیہ بنا کر کاف ضمیر خطاب کی طرف مضاف کیا ہے یعنی اے اللہ! میں آپ کے سامنے ایک مرتبہ نہیں دو مرتبہ نہیں بار بار حاضر ہوں۔

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ التَّلْبِيَةِ والنَّحْرِ

تلبیہ اور قربانی کی فضیلت

احرام کی حالت میں زیادہ سے زیادہ تلبیہ پڑھنا چاہئے، محرم کے اعمال میں اللہ کو سب سے زیادہ پسند تلبیہ اور قربانی ہیں، چونکہ اس حدیث میں قربانی کا بھی ذکر ہے اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں کو ساتھ بیان کردیا ورنہ قربانی کا ذکر آگے آئے گا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا حج بہتر ہے؟ اس سوال کا ایک مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ افراد، تمتع اور قران میں سے کونسا حج زیادہ فضیلت والا ہے، مگر یہاں یہ مطلب نہیں، بلکہ پوچھنا یہ ہے کہ اعمالِ حج میں کونسا عمل سب سے بہتر ہے (اور قرینہ جواب ہے) آپؐ نے فرمایا: "جہراً تلبیہ پڑھنا اور خون بہانا"

تشریح: العَجُّ: کے معنی ہیں: کوئی بھی بات بآواز بلند بولنا، شور مچانا، چیخنا چلانا، عَجَّ إلى الله بالدعاء: اللہ سے بآواز بلند دعا کی۔ یہاں زور سے تلبیہ پڑھنا مراد ہے، آئندہ باب میں حدیث آرہی ہے کہ حجۃ الوداع میں صحابہ سراً

تلبیہ پڑھ رہے تھے، حضرت جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور آنحضرت ﷺ سے کہا: آپ صحابہ کو حکم دیں کہ وہ تلبیہ زور سے پڑھیں، مگر زور سے پڑھنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کان پڑی سنائی نہ دے بلکہ ہلکا جہر مراد ہے، ایک سفر میں صحابہ بہت بلند آواز سے ذکر کررہے تھے، نبی ﷺ نے فرمایا: **یا أیها الناس اربَعوا علی أنفسکم إنکم لاتدعون أصَمَّ وَلاَ غائباً إنکم تَدعون سمیعا بصیراً**: لوگو! اپنے اوپر رحم کرو تم بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے، تم اس کو پکار رہے ہو جو سمیع وبصیر ہے (مشکوٰۃ حدیث ۲۳۰۳) غرض تلبیہ باآواز بلند پڑھنا چاہئے مگر ہلکا جہر کرنا چاہئے۔

اور الثَجُّ: کے معنی ہیں: بہنا، بہانا **ثَجَّ الماءُ/ الماءَ**: پانی کا بہنا/ بہانا۔ حج میں یہ دو عمل اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں، پس متمتع اور قارن تو قربانی کرتے ہی ہیں، مفرد کو بھی قربانی کرنی چاہئے، اگرچہ اس پر قربانی ضروری نہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث کی سند میں انقطاع ہے، محمد بن المنکدر کا عبدالرحمٰن بن یربوع سے سماع نہیں، وہ ایک دوسری حدیث عبدالرحمٰن سے ان کے لڑکے سعید کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں، اور ابونُعیم ضرار بن صُرد اس حدیث کی سند میں ابن المنکدر اور ابن یربوع کے درمیان جو سعید کا واسطہ بڑھاتے ہیں وہ صحیح نہیں، چنانچہ امام احمد اور امام بخاری رحمہما اللہ نے اس سند کو رد کردیا ہے۔ تفصیل عبارت کے بعد آئے گی۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی مسلمان (مِنْ زائدہ ہے نفی کی تاکید کے لئے آیا ہے) تلبیہ پڑھتا ہے تو اس کے ساتھ وہ چیزیں تلبیہ پڑھتی ہیں جو اس کے دائیں بائیں ہیں، یعنی پتھر یا درخت یا ڈھیلے، یہاں تک کہ یہاں سے اور یہاں سے زمین کی آخری حد آجاتی ہے (اور آپؐ نے دائیں بائیں اشارہ کیا)

تشریح: اس حدیث میں تلبیہ کی فضیلت کا بیان ہے۔ تلبیہ ہر مخلوق کو اتنا پسند ہے کہ وہ تلبیہ پڑھنے والے کی موافقت کرتی ہے، جیسے داؤد علیہ السلام کی ذکر میں پہاڑ اور پرندے ہمنوائی کرتے تھے (سورۂ سبا آیت ۱۰) یہاں یہ اعتراض نہیں ہونا چاہئے کہ جب زمین گول ہے تو وہ کہیں ختم نہ ہوگی، پس آپؐ کے قول: ''تا آنکہ زمین ختم ہوجاتی ہے'' کا کیا مطلب ہے؟ جواب یہ ہے کہ نبی ﷺ نے دائیں بائیں اشارہ کیا ہے پس جہاں دونوں اشارے ملیں گے وہاں زمین منقطع ہوجائے گی۔

ملحوظہ: اس حدیث میں اسماعیل بن عیاش ہیں اور پہلے یہ بتایا جاچکا ہے ہے کہ اگر اسماعیل کا استاذ شامی ہو تو روایت معتبر ہے اور اگر استاذ حجازی یا عراقی ہو تو روایت غیر معتبر ہے، یہاں استاذ عمارۃ مدنی حجازی ہے، پس یہ روایت ٹھیک نہیں، مگر اس کا متابع موجود ہے۔ عبیدۃ بن حمید بھی یہ حدیث عمارۃ سے روایت کرتے ہیں، پس ضعف رفع ہوگیا۔

[۱٤] باب ماجاء فی فضل التلبیة والنحر

[۸۱۹-] حدثنا محمدُ بنُ رَافِعٍ، نا ابنُ أبی فُدَیْكٍ ح: وحدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا ابنُ أبی فُدَیْكٍ، عن الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمدِ بنِ المُنکَدِرِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ یَرْبُوْعَ، عن أبی بَکْرٍ

الصِّدِّیْقِ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سُئِلَ: أَیُّ الْحَجِّ أَفْضَلُ؟ قال: " العَجُّ وَالثَّجُّ "

[۸۲۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا إسماعیلُ بنُ عَیَّاشٍ، عن عُمَارَةَ بنِ غَزِیَّةَ، عن أبی حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قالَ: قالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ یُلَبِّی إِلاَّ لَبّٰی مَنْ عَنْ یَمِیْنِهِ وَشِمَالِهِ: مِنْ حَجَرٍ أَوْ شَجَرٍ أَوْ مَدَرٍ، حَتّٰی یَنْقَطِعَ الْأَرْضُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا "

حدثنا الحسنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِیُّ، وعبدُ الرحمنِ بنُ الأَسْوَدِ أبوعَمْرٍو البَصْرِیُّ، قالا: نَا عُبَیْدَةُ بنُ حُمَیْدٍ، عن عُمَارَةَ بنِ غَزِیَّةَ، عن أبی حَازِمٍ، عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَ حدیثِ إِسْمَاعیلَ بنِ عَیَّاشٍ.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ.

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی بَکْرٍ حدیثٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ ابنِ أبی فُدَیْكٍ، عن الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ، ومُحمدُ بنُ الْمُنْکَدِرِ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ یَرْبُوْعَ، وقَدْ رَوَی مُحَمَّدُ بنُ الْمُنْکَدِرِ عَنْ سَعِیْدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ یَرْبُوْعَ، عن أَبِیْهِ غَیْرَ هٰذا الحدیثِ، وَرَوَی أبو نُعَیْمٍ الطَّحَّانُ ضِرَارُ بنُ صُرَدٍ هذا الحدیثَ عن ابنِ أَبِیْ فُدَیْكٍ، عن الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ، عن مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عن سَعیدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ یَرْبُوْعَ، عن أبیهِ، عن أبی بَکْرٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وأَخْطَأَ فِیْهِ ضِرَارٌ.

قال أبو عیسی: سَمِعْتُ أحمدَ بنَ الحَسَنِ یقولُ: قالَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: مَنْ قَالَ فِیْ هٰذَا الحدیثِ عَنْ مُحَمَّدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عن ابنِ عبدِ الرحمنِ بنِ یَرْبُوْعَ، عن أَبِیْهِ، فَقَدْ أَخْطَأَ، قالَ: وَسَمِعْتُ محمداً یقولُ: وذَکَرْتُ لَهُ حَدیثَ ضِرَارِ بنِ صُرَدٍ، عن ابنِ أبی فُدَیْكٍ، فقالَ: هُوَ خَطَأٌ، فَقُلْتُ: قَدْ رَوَی غَیْرُهُ عن ابنِ أَبِیْ فُدَیْكٍ أَیْضًا مَثْلَ رِوَایَتِهِ، فقالَ: لاَشَیْئَ، إِنَّمَا رَوَوْهُ عن ابنِ أَبِیْ فُدَیْكٍ، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عن سَعیدِ بنِ عبدِ الرحمنِ، وَرَأَیْتُهُ یُضَعِّفُ ضِرَارَ بنَ صُرَدٍ.

والعَجُّ: هُوَ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِیَةِ، والثَّجُّ: هُوَ نَحْرُ البُدْنِ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب ہے ہم اس کو نہیں جانتے مگر ابن ابی فدیک عن الضحاک بن عثمان کی سند سے (یعنی ابن ابی فدیک سے اوپر یہی ایک سند ہے) اور محمد بن المنکدر کا عبدالرحمٰن سے سماع نہیں، محمد بن المنکدر نے اس کے علاوہ ایک حدیث سعید بن عبدالرحمٰن سے، انھوں نے اپنے والد سے روایت کی ہے (یعنی ابن المنکدر نے ایک اور حدیث سعید بن عبدالرحمٰن کے واسطہ سے روایت کی ہے، یہ دلیل ہے کہ ان کا عبدالرحمٰن سے سماع نہیں) اور ابونعیم طحان ضرار بن صرد نے (یہ ضعیف راوی ہے) اس حدیث کو ابن ابی فدیک سے، انھوں نے ضحاک بن عثمان سے، انھوں نے محمد بن المنکدر سے، انھوں نے سعید بن عبدالرحمٰن سے، انھوں نے

اپنے والد عبدالرحمٰن سے، انھوں نے ابوبکر صدیق سے، انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے (یعنی سند میں سعید کا واسطہ بڑھایا ہے) مگر اس میں ضرار نے غلطی کی ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے احمد بن الحسن سے سنا کہ امام احمدؒ نے فرمایا: جس نے اس حدیث میں عن أبیه بڑھایا ہے (یعنی سعید کا واسطہ بڑھایا ہے) اس نے غلطی کی ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے سنا (مقولہ فاصلہ سے آرہا ہے) اور میں نے ان کے سامنے ضرار بن صرد کی حدیث ذکر کی جو وہ ابن ابی فدیک سے روایت کرتے ہیں تو امام بخاریؒ نے فرمایا: اس نے غلطی کی ہے (سعید کا واسطہ صحیح نہیں) میں نے کہا: ابونعیم کے علاوہ بھی ابن ابی فدیک سے ابونعیم کی حدیث کے مانند روایت کرتے ہیں (یعنی بعض دیگر راوی بھی سعید کا واسطہ بڑھاتے ہیں) امام بخاریؒ نے فرمایا: وہ کچھ نہیں (اکثر) روات جو اس حدیث کو ابن ابی فدیک سے روایت کرتے ہیں وہ اس میں سعید بن عبدالرحمٰن کا ذکر نہیں کرتے، اور میں نے امام بخاریؒ کو دیکھا وہ ضرار بن صرد کو ضعیف قرار دیتے تھے (اور ثقہ کی زیادتی تو معتبر ہوتی ہے مگر غیر ثقہ کی زیادتی معتبر نہیں، پس ابونعیم نے جو واسطہ بڑھایا ہے اس کا اعتبار نہیں) اور العجّ کے معنی ہیں: بلند آواز سے تلبیہ پڑھنا اور الثجّ کے معنی ہیں: اونٹ ذبح کرنا (چھوٹا جانور ذبح کیا جائے تو وہ بھی ثج ہے مگر چونکہ بڑے جانور میں خون زیادہ نکلتا ہے اس لئے یہ لفظ اس کے لئے خاص ہے)

بابُ ماجاءَ فی رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ

تلبیہ بلند آواز سے پڑھنے کا بیان

عورتیں تلبیہ سراً پڑھیں اور سر سے دل میں پڑھنا مراد نہیں، بلکہ حروف کی ادائیگی کے ساتھ اس طرح تلبیہ پڑھیں کہ ان کا پڑھنا ان کے کان سنیں، اور مرد بلند آواز سے تلبیہ پڑھیں، مگر چلائیں نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور مجھے حکم دیا کہ میں اپنے اصحاب کو حکم دوں کہ وہ تلبیہ کے ساتھ اپنی آواز کو بلند کریں یعنی زور سے تلبیہ پڑھیں۔

وضاحت: یہ سائب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے بعض روات اس کی سند زید بن خالدؓ پر پہنچاتے ہیں وہ سند صحیح نہیں، اور باب میں حضرت زید کی حدیث ہے مگر اس کی سند دوسری ہے۔

[۱۵] باب ماجاء فی رفع الصوت بالتلبية

[۸۲۱-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عبدِ الله بنِ أبی بَكْرٍ، عَنْ عَبدِ الْمَلِكِ بنِ أبی بَكْرِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن خَلَّادِ بنِ السَّائِبِ، عن أَبِيْهِ، قالَ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ''أَتَانِی جِبْرَئِيْلُ فَأَمَرَنِی أَنْ آمُرَ أَصْحَابِی أَنْ يَرْفَعُوْا أَصْوَاتَهُمْ بِالإِهْلَالِ أَوْ: بِالتَّلْبِيَةِ''

قال أبو عيسى: حديثُ خلاَّدٍ عن أبيهِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هذا الحديثَ عن خَلاَّدِ بنِ السَّائِبِ، عن زَيْدِ بنِ خَالِدٍ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ يَصِحُّ، والصَّحِيْحُ هُوَ خَلاَّدُ بنُ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْهِ، وَهُوَ خَلاَّدُ بنُ السَّائِبِ بنِ خَلاَّدِ بنِ سُوَيْدِ الْأَنْصَارِيُّ.

وفی الباب: عن زَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وأبی هريرةَ، وابنِ عباسٍ.

بابُ ماجاءَ فی الاِغْتِسَالِ عِنْدَ الإِحْرَامِ

احرام سے پہلے غسل کرنے کا بیان

احرام باندھنے سے پہلے نہانا سنت ہے اس لئے کہ احرام شعائر اللہ میں سے ہے، اس کے ذریعہ توحید کا شہرہ پھیلتا ہے، پس نہا کر احرام باندھنے میں اس کی تعظیم ہے، جیسے قرآن شعائر اللہ میں سے ہے پس باوضو قرآن کو ہاتھ لگانے میں اس کی تعظیم ہے اور اگر نہانے کا موقع نہ ہو تو بغیر نہائے بھی احرام باندھنے میں کچھ حرج نہیں، جیسے آج کل ہوائی جہاز سے سفر ہوتا ہے اور ایرپورٹ پر نہانے کا انتظام نہیں ہوتا، پس گھر سے روانہ ہوتے وقت نہا لینا کافی ہے۔

حدیث: زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے (جب احرام باندھنے کا ارادہ فرمایا تو) سلے ہوئے کپڑے اتار دیئے اور غسل فرمایا (پھر احرام کی دو چادریں پہن لیں)

[١٦] باب ماجاء فی الاغتسال عند الإحرام

[٨٢٢-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ أَبِیْ زِيَادٍ، نا عبدُ الله بنُ يَعْقُوْبَ الْمَدَنِیُّ، عن ابنِ أبی الزِّنَادِ، عن أَبِيْهِ، عَنْ خَارِجَةَ بنِ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، عن أَبِيْهِ: أَنَّهُ رَأَی النبیَّ صلى الله عليه وسلم تَجَرَّدَ لِإِهْلاَلِهِ وَاغْتَسَلَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وقَدْ اسْتَحَبَّ بَعْضُ أهلِ العلمِ الاِغْتِسَالَ عِنْدَ الإِحْرَامِ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ.

بابُ ماجاءَ فی مَوَاقِيْتِ الإِحْرَامِ لِأَهْلِ الآفَاقِ

دور سے آنے والے احرام کہاں سے باندھیں؟

پہلے یہ بات بتائی گئی ہے کہ ایک ''حرم'' ہے، اس کے بعد ''حل'' ہے اس کے بعد ''میقات'' ہیں ان سے باہر ساری دنیا ہے، میقات سے باہر کی دنیا کو ''آفاق'' اور اس کے باشندوں کو ''آفاقی'' کہتے ہیں، اور میقات پانچ ہیں، تفصیل کتاب الحج کے شروع میں گذر چکی ہے۔

آفاقی اگر حل میں جائے تو احرام ضروری نہیں اور حرم میں جانے کے لئے احرام شرط ہے اور اگر آفاقی کی نیت حل میں جانے کی تھی، چنانچہ وہ بغیر احرام کے میقات سے بڑھ گیا پھر اس کی نیت بدل گئی اور وہ حرم میں جانا چاہتا تو حرم شروع ہونے سے پہلے احرام باندھنا ضروری ہے۔

اس مسئلہ میں صرف امام شافعی رحمہ اللہ اختلاف کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: اگر حج یا عمرہ کی نیت ہو تو میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے اور اگر کسی اور مقصد سے حرم میں جائے تو احرام باندھنا مستحب ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے، خواہ کسی مقصد سے حرم میں جائے اگر احرام باندھے بغیر حرم شریف میں پہنچ گیا تو دم واجب ہوگا۔

اور اگر کوئی بغیر احرام کے میقات سے بڑھ گیا تو حرم شروع ہونے سے پہلے واپس لوٹ کر میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے اور حرم میں داخل ہوگیا تو دم واجب ہے، آج کل کاروباری لوگ اور ٹیکسی والے مدینہ اور مکہ کے درمیان اور جدہ اور مکہ کے درمیان آتے جاتے ہیں اور بعض علماء کے نزدیک جدہ میقات سے باہر ہے، اور ہر بار عمرہ کا احرام باندھ کر لوٹنا بڑا دشوار ہے اس لئے سب لوگ امام شافعی رحمہ اللہ کے مسلک پر عمل کرتے ہیں اس کے بغیر چارہ نہیں، ائمہ کے اختلاف سے بھی امت کے لئے گنجائش نکلتی ہے۔

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہم احرام کہاں سے باندھیں؟ آپؐ نے فرمایا: مدینہ والے ذوالحلیفہ سے احرام باندھیں اور شام والے جُحْفة سے اور نجد (ریاض کی طرف سے آنے) والے قرن المنازل سے اور یمن والے یلملم سے (اور مشرق یعنی عراق کی طرف سے آنے والے ذات عرق اور عقیق سے احرام باندھیں، یہ دو جگہوں کے نام ہیں اور دونوں قریب قریب ہیں)

تشریح: آنحضور ﷺ کے عہد میں عراق کی طرف سے حج وعمرہ کے لئے آنے والا کوئی نہیں تھا کیونکہ وہاں مسلمان آباد نہیں تھے، اس لئے اہل مشرق کی میقات ذات عرق جو رسول اللہ ﷺ نے مقرر فرمائی تھی لوگوں سے مخفی رہی۔ لوگ چار ہی میقاتوں کو جانتے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں جب عراق فتح ہوا اور وہاں سے لوگ حج وعمرہ کے لئے آنے لگے تو آپؓ سے پوچھا گیا کہ وہ لوگ احرام کہاں سے باندھیں؟ آپؓ نے ذاتِ عرق سے ان کو احرام باندھنے کا حکم دیا، کیونکہ نبی ﷺ نے خود اہل مشرق کے لئے یہ میقات متعین فرمائی تھی اور یہ بات حضرت عمرؓ جانتے تھے، بعد میں جن لوگوں کے پاس اس سلسلہ کی حدیثیں تھیں وہ انھوں نے بیان کیں۔

مسائل:

۱- اگر کوئی شخص ایسے راستہ سے مکہ آئے جس راستہ میں یکے بعد دیگرے دو میقات پڑتے ہوں تو پہلی میقات سے احرام باندھنا بہتر ہے اور دوسری میقات سے احرام باندھے تو یہ بھی جائز ہے۔

۲-اگر کوئی ایسے راستے سے مکہ آئے جس میں کوئی میقات نہیں تو دو میقاتوں کی محاذات کا اعتبار ہوگا، دائیں بائیں جو دو میقات ہیں ان کے درمیان خط کھینچا جائے جب آدمی اس خط پر پہنچے تو وہاں سے احرام باندھے، یہ نئی رائے ہے، پہلے مسئلہ یہ تھا کہ جب آدمی کے دائیں بائیں کندھے پر کوئی میقات آجائے تو محاذات متحقق ہوگئی، وہیں سے احرام باندھے، چنانچہ پہلے ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش کے لوگ پانی کے جہاز سے سفر کرتے تھے جب وہ یلملم کی محاذات سے گذرتے تھے تو احرام باندھ لیتے تھے، یلملم ان کے دائیں کندھے پر آتا تھا اس کے دو دن کے بعد جہاز جدہ پہنچتا تھا مگر اب مولانا شیر محمد صاحب سندھی نے محاذات کا مطلب وہ لکھا ہے جو پہلے گذرا، پس جدہ میقات سے باہر ہوگیا، کیونکہ اس کی ایک طرف یلملم ہے اور دوسری طرف جُحْفة ہے، ان کے درمیان خط کھینچا جائے تو وہ بُحرہ سے گذرتا ہے، جو جدہ سے قریباً سات آٹھ کلو میٹر کے بعد ہے، پس اس تحقیق کے مطابق جدہ سے احرام باندھ سکتے ہیں، اور مولانا سندھی کی یہ بات یوں قوی ہے کہ حدودِ حرم پر جو چار نشانات (پلّر) لگائے گئے ہیں ان کے درمیان بھی خط کھینچا جاتا ہے، پس یہاں بھی خط کھینچا جائے گا اور وہی محاذات ہوگی۔ مگر میں پرانی رائے پر عمل کرتا ہوں، ہوائی جہاز میں ایک وقت گذرنے کے بعد تلبیہ پڑھ کر احرام شروع کر دیتا ہوں، لیکن اگر کوئی جدہ سے احرام باندھے تو بھی کوئی حرج نہیں۔

۳-کاروباری لوگوں کے لئے اور ٹیکسی والوں کے لئے امام شافعی رحمہ اللہ کے مسلک پر عمل کرنے کی گنجائش ہے مگر عام لوگوں کے لئے جن کے ساتھ ایسی کوئی مجبوری نہیں جب مدینہ یا جدہ جائیں تو احرام باندھ کر لوٹیں۔

[۱۷] باب ماجاء فی مواقیت الإحرام لأهل الآفاق

[٨٢٣-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، عن أَيُّوْبَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلاً قالَ: مِنْ أَيْنَ نُهِلُّ يارسولَ اللهِ؟ فَقالَ:" يُهِلُّ أهلُ المَدِيْنَةِ مِنْ ذِی الحُلَيْفَةِ، وأهلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وأَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ" قال:" وأهلُ اليَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ"

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، وجَابرِ بنِ عبدِ اللهِ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هٰذَا عندَ أهلِ العلمِ.

[٨٢٤-] حدثنا أَبُو كُرَيْبٍ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِیْ زِيَادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَلِیٍّ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَشْرِقِ العَقِيْقَ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اہل مشرق (عراق والوں) کے لئے عقیق (ذات عرق) متعین فرمایا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی مَالاَ یَجُوْزُ لِلْمُحْرِمِ لُبْسُهُ

محرم کے لئے کونسے کپڑے پہننے جائز نہیں

ایک شخص نے نبی ﷺ سے دریافت کیا: ہم احرام میں کیا کپڑے پہن سکتے ہیں؟ سائل نے مثبت پہلو سے سوال کیا تھا، مگر آپؐ نے منفی پہلو سے جواب دیا کہ یہ یہ کپڑے نہیں پہن سکتے، اور آپؐ نے جواب کا طریقہ اس لئے بدلا کہ جو کپڑے احرام میں پہن سکتے ہیں وہ بے شمار ہیں اور جو ممنوع ہیں وہ محدود ہیں اس لئے ان کو بیان فرمایا۔

وہ کپڑے جو محرم کے لئے ممنوع ہیں:

۱و۲-کرتا اور پائجامہ: محرم ان کو نہیں پہن سکتا اور یہ حکم صرف مردوں کے لئے ہے عورتوں کے لئے نہیں، وہ احرام کی حالت میں قمیص اور شلوار پہن سکتی ہیں، اور علماء نے تنقیح مناط کرکے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ ''جو کپڑا بدن کی وضع (ساخت) پر سیا گیا ہو یا بُنا گیا ہو وہ محرم کے لئے جائز نہیں'' مثلاً کرتا، جبہ، پائجامہ، پتلون، بنیان، چڈی، نیکر، جانگیہ وغیرہ محرم نہیں پہن سکتا، اور وہ کپڑا جو بدن کی ساخت پر نہیں سیا گیا جیسے لنگی بدن کی ساخت پر نہیں سی جاتی بلکہ اس کے دو کنارے ملا کر سی دیتے ہیں اس لئے محرم اس کو پہن سکتا ہے۔

۳و۴-بُرنُس اور پگڑی: ان کو بھی محرم نہیں پہن سکتا، بُرنُس وہ ٹوپی ہے جو جبہ کے ساتھ سلی ہوئی ہوتی ہے جب ضرورت پڑتی ہے سر پر چڑھا لیتے ہیں اور جب ضرورت نہیں رہتی تو پیچھے ڈال دیتے ہیں۔ کرتے سے علحدہ ٹوپی کا بھی یہی حکم ہے۔ اور تنقیح مناط کرکے علماء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ احرام میں مرد کے لئے سر ڈھانکنا منع ہے اسی طرح چہرہ ڈھانکنا بھی منع ہے، جب احرام کی حالت میں عورت کے لئے چہرہ ڈھانکنا منع ہے تو مرد کے لئے تو بدرجۂ اولیٰ منع ہوگا، مرد کا احرام سر اور چہرہ میں ہے، اور عورت کا احرام صرف چہرے میں ہے، عورت کے لئے سر چھپانا جائز ہے، البتہ اگر سونے کی حالت میں بے خبری میں کوئی چادر کھینچ لے اور سر ڈھانپ لے تو مضائقہ نہیں۔ حدیث میں ہے: **رُفع القلم عن النائم حتی یستیقظ**۔ اور چھتری سے سایہ کرنا سر ڈھانپنا نہیں، کیونکہ اس کے اور سر کے درمیان فاصلہ رہتا ہے اور یہ ایسا ہی ہے جیسے چھت کے نیچے رہنا بالاتفاق جائز ہے۔

۵-چمڑے کے موزے پہننا: بھی جائز نہیں یعنی پیروں میں بھی احرام ہے اور چونکہ چپل کے بغیر چلنا دشوار ہے اس لئے تلوے اور کعبین (ٹخنوں) سے نیچے ڈھانک سکتے ہیں البتہ ٹخنے کھلے رکھنے ضروری ہیں اور ٹخنے دو ہیں، ایک: وہ جہاں تک وضو میں پاؤں دھونا ضروری ہے، یعنی پیر کی دونوں جانبوں میں ابھری ہوئی ہڈی دوسرے: پاؤں کا اوپری حصہ جہاں بال اگتے ہیں وہ بھی ٹخنے ہیں، دونوں ٹخنے کھلے رکھنے ضروری ہیں۔ نبی ﷺ سے پوچھا گیا: اگر کسی کے پاس چپل نہ ہوں تو کیا وہ خفین پہن سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: خفین کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے پھر پہنے، معلوم ہوا کہ

پاؤں کے تلوے اور کعبین سے نیچے کا حصہ احرام میں داخل نہیں، اس کو ڈھانک سکتے ہیں، پس محرم جوتی پہن سکتا ہے وہ کاٹے ہوئے خف کی طرح ہوتی ہے اور بہتر یہ ہے کہ ایسے چپل پہنے جس کے تسمے چوڑے نہ ہوں۔

۶-وہ کپڑا جو زعفران یا ورس میں رنگا ہوا ہو: محرم نہیں پہن سکتا اور یہ مسئلہ مرد وزن سب کے لئے ہے اور علماء نے تنقیح مناط کر کے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ ہر وہ کپڑا جو خوشبودار رنگ میں رنگا گیا ہو یا خوشبو میں بسایا گیا ہو محرم نہیں پہن سکتا، نہ مرد پہن سکتا ہے نہ عورت، اور ممانعت کی وجہ خوشبو ہے رنگ نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے احرام کی حالت میں معصفر (زرد رنگ میں رنگا ہوا) کپڑا پہنا ہے اور حضرت جابر کا بھی یہی فتوی ہے کہ محرم معصفر کپڑا پہن سکتا ہے (بخاری باب مایلبس المحرم من الثیاب إلخ) اس معصفر کپڑے کی خوشبو ختم ہوگئی تھی، صرف رنگ رہ گیا تھا۔

حدیث میں دو مسئلے اور بھی ہیں مگر وہ مرفوع نہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے فتوے ہیں، بخاری میں یہ حدیث دس جگہ آئی ہے مگر امام بخاریؒ نے کسی جگہ یہ مسئلے ذکر نہیں کئے، صرف حدیث نمبر ۱۸۳۸ میں ان کو ذکر کیا ہے اور اشارہ کیا ہے کہ یہ مدرج ہیں۔

پہلا مسئلہ: عورت احرام کی حالت میں چہرے پر نقاب نہ ڈالے، کیونکہ عورت کے چہرے میں احرام ہے پس جتنا حصہ وضو میں دھویا جاتا ہے عورت کے لئے احرام میں اتنا حصہ کھلا رکھنا ضروری ہے۔ ایسا نقاب جو چہرے سے لگے ڈالنا جائز نہیں مگر پردہ کرنا ضروری ہے اور پردہ کرنے کی مختلف شکلیں ہوسکتی ہیں، مثلاً پنکھا ہاتھ میں رکھ لے اور بس وغیرہ میں چہرے کے سامنے پنکھا کر کے بیٹھی رہے یا ایسا نقاب ڈالے جو چہرے سے دور رہے۔

دوسرا مسئلہ: احرام میں عورت ہاتھوں میں دستانے نہ پہنے: مرد وزن دونوں کے لئے حالت احرام میں دستانے پہننا مکروہ ہے۔

حدیث: ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ ہمیں احرام میں کیا کپڑے پہننے کا حکم دیتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: قمیص، شلوار، بُرنس، پگڑی اور موزے نہ پہنو، مگر یہ کہ کسی کے پاس چپل نہ ہوں تو چاہئے کہ وہ خفین پہنے اور ان کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے (یہ بخاری کی حدیث ہے وہاں و **لیقطعهما أسفل من الكعبين** ہے، ہم نے وہاں سے کتاب کی تصحیح کی ہے) اور آپ کوئی ایسا کپڑا نہ پہنیں جس کو زعفران اور وَرس نے چھویا ہو (یعنی جو کپڑا ان میں رنگا گیا ہو) اور عورت احرام میں نقاب نہ ڈالے اور دستانے نہ پہنے (یہ دونوں مسئلے مدرج ہیں)

تشریح: اس حدیث کا شان ورود کیا ہے؟ یہ بات معلوم نہیں، لیکن خیال یہ ہے کہ جعرانہ پر ایک واقعہ پیش آیا تھا جو آئندہ آرہا ہے کہ ایک اعرابی نے عمرہ کا احرام باندھا تھا اور جبہ بھی پہن رکھا تھا اور خوشبو بھی لگا رکھی تھی اس سلسلہ میں آپؐ سے پوچھا گیا تو وحی نازل ہوئی اور اس کو جواب دیا کہ جبہ نکال دے اور خوشبو ڈھو ڈال میرا خیال ہے کہ اس موقع پر کسی نے یہ مسئلہ بھی پوچھا ہوگا کہ احرام میں کیا کپڑے پہن سکتے ہیں واللہ اعلم۔

[۱۸] باب ماجاء فی مالایجوز للمحرم لُبْسُه

[۸۲۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ناالَّلَیْثُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّهُ قَالَ: قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: یارسولَ اللهِ! مَاذَا تَأْمُرُنَا أَنْ نَلْبَسَ مِنَ الثِّیَابِ فِیْ الْحُرُمِ؟ فقالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم:"لَا تَلْبَسِ الْقَمِیْصَ، وَلَا السَّرَاوِیْلَاتِ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَا العَمَائِمَ، وَلَا الخِفَافَ، إِلَّا أَنْ یَكُوْنَ أَحَدٌ لَیْسَتْ لَهُ نَعْلَانِ فَلْیَلْبَسِ الخُفَّیْنِ، وَلْیَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَیْنِ، وَلَا تَلْبَسُوْا شَیْئًا مِنَ الثِّیَابِ مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ، وَلَا الوَرْسُ، وَلَا تَتَنَقَّبِ الْمَرْأَةُ الحَرَامُ، وَلَا تَلْبَسِ الْقُفَّازَیْنِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علیهِ عندَ أهلِ العلمِ.

بابُ ماجاءَ فِیْ لُبْسِ السَّرَاوِیْلِ وَالْخُفَّیْنِ لِلْمُحْرِمِ إِذَا لَمْ یَجِدِ الإِزَارَ وَالنَّعْلَیْنِ

محرم کے پاس لنگی اور چپل نہ ہوں تو وہ شلوار اور خفین پہن سکتا ہے

اگر کسی شخص کے پاس لنگی اور چپل نہ ہوں تو کیا وہ احرام میں پائجامہ اور خفین (چمڑے کے موزے) پہن سکتا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ایسے شخص کے لئے پائجامہ اور خفین پہننا جائز ہے، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک ایسا شخص خفین ٹخنوں سے نیچے کاٹ کر پہنے اور پائجامہ پھاڑ کر اس کی لنگی بنا کر پہنے، اگر بغیر کاٹے خفین یا پائجامہ پہنے گا تو جنایت ہوگی (جس کا حکم فقہ کی کتابوں میں جنایات کے باب میں ہے)

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''محرم جب لنگی نہ پائے تو چاہئے کہ وہ پائجامہ پہنے، اور جب چپل نہ پائے تو چاہئے کہ وہ خفین پہنے''

تشریح: اس حدیث سے چھوٹے دو اماموں نے استدلال کیا ہے کہ حدیث مطلق ہے اس میں خفین کو کاٹنے کا ذکر نہیں، نہ شلوار کو پھاڑنے کا ذکر ہے، پس خفین اور شلوار کو دونوں طرح پہن سکتا ہے اور بڑے دو امام کہتے ہیں: اس حدیث میں اگرچہ قید نہیں مگر ابن عمرؓ کی اس حدیث میں جو اوپر گذری خفین کو کاٹنے کا ذکر ہے اور ایسا ہوتا ہے کہ ایک حدیث میں قید ہوتی ہے اور دوسری حدیث میں نہیں ہوتی پس وہاں قید بڑھائی جاتی ہے، کیونکہ حادثہ واحدہ میں مطلق کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے۔ اور شلوار کو بڑے دو اماموں نے خفین پر قیاس کیا ہے، اس کو پھاڑ کر لنگی بنانے کی کوئی روایت نہیں ہے۔

[۱۹] باب ماجاء فی لُبس السراویل والخفین للمحرم، إذا لم یجد الإزار والنعلین

[۸۲۶-] حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ الْبَصْرِیُّ، نا یَزِیْدُ بنُ زُرَیْعٍ، نا أَیُّوْبُ، نا عَمْرُو بنُ دِیْنَارٍ، عن جَابِرِ بنِ زَیْدٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قال: سمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم یقولُ:" الْمُحْرِمُ إِذَا

لَمْ يَجِدِ الإِزَارَ فَلْيَلْبَسِ السَّرَاوِيْلَ، وَإِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ"

حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن عَمْرٍو نَحْوَهُ. وفي الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قَالُوْا: إِذَا لَمْ يَجِدِ الْمُحْرِمُ الإِزَارَ لَبِسَ السَّرَاوِيْلَ، وَإِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ لَبِسَ الْخُفَّيْنِ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ، وقالَ بَعْضُهُمْ عَلَى حَدِيثِ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: إِذَا لَمْ يَجِدِ النَّعْلَيْنِ فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ، وَلْيَقْطَعْهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وهو قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ والشافعيِّ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: اگر محرم کے پاس لنگی نہ ہوتو وہ پائجامہ پہنے، اور اگر چپل نہ ہوتو وہ خفین پہنے، اور یہ امام احمد کا قول ہے، اور بعض علماء ابن عمرؓ کی جو حدیث رسول اللہ ﷺ سے ہے اس کے مطابق کہتے ہیں کہ اگر محرم کے پاس چپل نہ ہوتو چاہئے کہ وہ خفین پہنے، اوران کو ٹخنوں سے نیچے کاٹ لے اور یہ سفیان ثوری اور شافعی کا قول ہے (یہ امام شافعیؒ کی کوئی روایت ہوگی ورنہ عام طور پر کتابوں میں ان کا وہی مذہب لکھا ہے جو امام احمدؒ کا ہے)

بابُ ماجاءَ فِي الَّذِيْ يُحْرِمُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ أو جُبَّةٌ

اگر محرم قمیص یا جبہ پہن لے تو کیا حکم ہے؟

جو کپڑے احرام میں پہننے ممنوع ہیں اگر محرم ان کو پہنے تو جنایت ہوگی اور جنایات کے احکام فقہ کی کتابوں میں باب الجنایات میں ہیں، بوقت ضرورت اس کی طرف رجوع کیا جائے، یہاں بالاجمال یہ بات جان لینی چاہئے کہ احرام میں جو کپڑے ممنوع ہیں ان کو پہننے سے جنایت ہوتی ہے، حدیث میں یہ واقعہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک اعرابی کو دیکھا جس نے عمرہ کا احرام باندھ رکھا تھا اور جبہ بھی پہن رکھا تھا اور خوشبو بھی لگا رکھی تھی، آپؐ سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا، آپؐ پر وحی کے آثار شروع ہوئے، جب آپؐ پر وحی کے آثار شروع ہوتے تھے تو جو بھی موقعہ پر موجود ہوتا وہ آپؐ کو کوئی کپڑا اوڑھا دیتا تھا۔ جب وحی پوری ہوئی تو آپؐ نے اعرابی سے فرمایا: ''جبہ نکال دو اور خوشبو دھوڈالو'' اوراس کو جنایت قرار نہیں دیا یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، چونکہ آج پہلی بار اس سلسلہ میں حکم آیا ہے اس لئے اس جنایت سے صرف نظر کیا گیا، لیکن اگر اب کوئی ایسی حرکت کرے تو جنایت ہوگی۔

اوراس حدیث میں یہ واقعہ بھی ہے کہ یعلی بن امیہؓ نے حضرت عمرؓ سے کہہ رکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ پر وحی کس

طرح آتی ہے: مجھے دیکھنا ہے اگر کوئی موقعہ ملے تو مجھے دکھانا، چنانچہ حضرت عمرؓ تلاش کر کے یعلی بن امیہ کو لائے اور ان کو چادر کے نیچے گھسایا اور کہا: دیکھو وحی آرہی ہے، یہ واقعہ متفق علیہ حدیث میں آیا ہے۔

[۲۰] باب ماجاء فی الذی یُحْرِمُ وعلیه قمیص أو جبة

[۸۲۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ بنُ سَعیدٍ، نا عبدُ الله بنُ إِدْرِیْسَ، عن عبدِ المَلِكِ بنِ أبی سُلَیْمَانَ، عن عَطَاءٍ، عن یَعْلَی بنِ أُمَیَّةَ، قالَ: رَأَی رسولُ الله صلی الله علیه وسلم أَعْرَابِیًّا قَدْ أَحْرَمَ وَعَلَیْهِ جُبَّةٌ فَأَمَرَهُ أَنْ یَنْزِعَهَا.

حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن عَطَاءٍ، عن صَفْوَانَ بنِ یَعْلَی، عَنْ أَبِیْهِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

قال أبو عیسی: وهذا أَصَحُّ، وفی الحدیثِ قِصَّةٌ، وهٰکَذَا رَوَی قَتَادَةُ وَالْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ یَعْلَی بنِ أُمَیَّةَ، والصَّحِیْحُ مَا رَوَی عَمْرُو بنُ دِیْنَارٍ، وابنُ جُرَیْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ یَعْلَی، عَنْ أَبِیْهِ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

وضاحت: اس حدیث کو عبدالملک بن ابی سلیمان اور عمرو بن دینار دونوں روایت کرتے ہیں، پھر عبدالملک: عطاء بن یسار کا براہ راست یعلی بن امیہ سے روایت کرنا بیان کرتے ہیں، اور قتادہ اور حجاج بن ارطاۃ ان کے متابع ہیں اور عمرو بن دینار: یعلی کے صاحب زادے حضرت صفوان کا واسطہ بڑھاتے ہیں اور ان کے متابع ابن جریج ہیں، اور صحیحین میں واسطہ والی روایت ہی لی گئی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے عمرو بن دینار کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے، مگر عبدالملک کی حدیث کو غیر اصح کہنے کی بھی کوئی وجہ نہیں، کیونکہ عطاء بن یسار کی بہت سے صحابہ سے ملاقات ہوئی ہے، پس ممکن ہے کہ انھوں نے یہ حدیث حضرت صفوان سے بھی سنی ہو اور ان کے ابا یعلی سے بھی براہ راست سنی ہو، پس واسطہ والی روایت کو مزید فی متصل الاسناد کہیں گے اور دونوں سندیں صحیح ہونگی، ترجیح قائم کرنے کی ضرورت نہیں۔

بابُ ماجاءَ مَا یَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ؟

محرم کن کن جانوروں کو مار سکتا ہے؟

کتاب الحج کے شروع میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ حرم کا شکار کرنا جائز نہیں، نہ محرم کے لئے نہ غیر محرم کے لئے، البتہ پانچ جانور مستثنیٰ ہیں: محرم اور غیر محرم ان کو مار سکتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''پانچ شریر جانور حرم میں مارے جائیں (یعنی ان کو مارنے سے جزاء واجب

نہ ہوگی) چوہا، بچھو، کوا، چیل اور کٹ کھنا کتا''

تشریح: امام شافعی رحمہ اللہ نے حدیث کی تنقیح مناط کی ہے: ان کے نزدیک: ہر وہ جانور جس کا گوشت حرام ہے اس کو حرم میں مار سکتے ہیں، یہ پانچوں غیر ماکول اللحم جانور ہیں، اور جب حرم میں مارنا جائز ہے تو احرام کی حالت میں بھی مار سکتے ہیں، اور امام مالکؒ نے ضابطہ بنایا ہے: موذی کو مارنا جائز ہے یعنی جو بھی جانور ستاتا ہے اسے حرم میں اور احرام میں مار سکتے ہیں، مذکورہ پانچوں جانور کیا ستاتے ہیں؟ چوہا اناج کھا جاتا ہے، دودھ پی جاتا ہے اور کپڑے کتر دیتا ہے، اور بچھو اور کٹ کھنے کتے کا پریشان کرنا ظاہر ہے، اور کوّا: جب اونٹ کی کوہان زخمی ہوتی ہے تب اس کا تماشہ دیکھنا چاہئے، زخم میں چونچیں مارتا ہے اس کو مندمل ہی نہیں ہونے دیتا، اور چیل مرغی کے چوزے جھپٹ لیتی ہے۔ غرض یہ پانچوں موذی جانور ہیں اس لئے امام مالکؒ نے یہ ضابطہ بنایا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ نے موذی اور حشرات الارض (زمین کے کیڑوں) کا ضابطہ بنایا ہے، پس جو جانور ستاتا ہے اسی طرح زمین کے کیڑے مثلاً سانپ، بچھو، چھپکلی وغیرہ کو حرم میں اور احرام میں مار سکتے ہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: محرم حملہ آور درندے کو، کٹ کھنے کتے کو، چوہے کو، بچھو کو، چیل کو اور کوے کو مار سکتا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں لفظ محرم ہے پس محرم حرم میں بھی مذکورہ جانوروں کو مار سکتا ہے اور حل میں بھی۔ اور اس حدیث سے فقہاء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ جو جانور ایذاء پہنچاتا ہے یا انسان پر یا اس کے مال پر حملہ کرتا ہے اس کو قتل کرنا جائز ہے اور جو جانور انسان پر یا اس کے مال پر حملہ نہیں کرتا اور نہ ستاتا ہے اس کو قتل کرنا درست نہیں اگر قتل کرے گا تو جزاء واجب ہوگی۔

[۲۱] باب ماجاء فی ما يَقْتُلُ المحرمُ من الدواب

[۸۲۸-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ المَلِكِ بنِ أَبِی الشَّوَارِبِ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " خَمْسُ فَوَاسِقَ يُقْتَلْنَ فِی الْحَرَمِ: الْفَأْرَةُ، وَالعَقْرَبُ، وَالْغُرَابُ، والحُدَيَّا، والْكَلْبُ العَقُوْرُ"

وفی الباب: عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عُمَرَ، وأبی هريرةَ، وأبی سَعِيدٍ، وابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۸۲۹-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا يَزِيْدُ بنُ أبی زِيَادٍ، عن ابنِ أَبِی نُعْمٍ، عن أبی سَعِيدٍ، عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: " يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ السَّبُعَ العَادِیَ، وَالْكَلْبَ الْعَقُوْرَ، وَالْفَأْرَةَ، والعَقْرَبَ، وَالْحَدَأَةَ، والغُرَابَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ، قَالُوْا: المُحْرِمُ يَقْتُلُ السَّبُعَ الْعَادِیَ، وَالْكَلْبَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، والشَّافِعِيِّ، وقالَ الشَّافِعِيُّ: كُلُّ سَبُعٍ عَدَا عَلَى النَّاسِ أَوْ عَلَى دَوَابِّهِمْ فَلِلْمُحْرِمِ قَتْلُهُ.

ترجمہ: اس پر علماء کا عمل ہے وہ کہتے ہیں: محرم حملہ آور درندے کو اور کٹ کھنے کتے کو مار سکتا ہے، اور یہ ثوری اور شافعی کا قول ہے۔ امام شافعی فرماتے ہیں: ہر وہ درندہ جو لوگوں پر یا ان کے چوپایوں پر حملہ کرے محرم اس کو قتل کر سکتا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ

احرام میں پچھنے لگوانے کا حکم

احرام کی حالت میں پچھنے لگوا سکتے ہیں، البتہ سر میں یا کسی ایسی جگہ جہاں بال ہوں نہیں لگوا سکتے، کیونکہ پچھنے لگوانے سے پہلے بال مونڈنے پڑیں گے اور احرام میں بدن کے کسی بھی حصہ کے بال مونڈنا جائز نہیں، اور اگر سخت مجبوری ہو مثلاً سر میں پھوڑا ہے یا شدید درد ہے اور پچھنے لگوانا ناگزیر ہے تو جائز ہے، اور جو بال مونڈے گا اس کا فدیہ دینا ہوگا، اور فدیہ یہ ہے: تین روزے یا چھ محتاجوں کو کھانا کھلانا یا ایک قربانی۔ سورۂ بقرہ آیت ۱۹۶ میں اس کا ذکر ہے۔ نبی ﷺ نے احرام اور روزہ کی حالت میں پچھنے لگوائے ہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، صرف امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بے ضرورت پچھنے نہ لگوائے مگر بے ضرورت کون لگواتا ہے، اس لئے یہ اختلاف بس اختلاف ہے۔

[۲۲] باب ماجاء فی الحجامة للمحرم

[۸۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن طَاوُسٍ، وعَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

وفی الباب: عن أنسٍ، وعبدِ الله بنِ بُحَيْنَةَ، وجَابِرٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ فِی الحِجَامَةِ لِلْمُحْرِمِ، وَقَالُوْا: لَا يَحْلِقُ شَعْرًا، وقَالَ مَالِكٌ: لَايَحْتَجِمُ الْمُحْرِمُ إِلَّا مِنْ ضَرُوْرَةٍ، وقالَ سُفيانُ الثَّوْرِیُّ، والشَّافِعِیُّ: لَابَأْسَ أَنْ يَحْتَجِمَ الْمُحْرِمُ، وَلَايَنْزِعُ شَعْرًا.

ترجمہ: بعض علماء نے محرم کو پچھنے لگوانے کی اجازت دی ہے اور وہ کہتے ہیں: محرم بالوں کو نہ مونڈے، اور امام

مالکؒ کہتے ہیں: محرم پچھنے نہ لگوائے مگر ضرورت سے، اور ثوریؒ اور شافعیؒ کہتے ہیں: پچھنے لگوانے میں کوئی حرج نہیں اور وہ بالوں کو نہ اکھاڑے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ تَزْوِيجِ الْمُحْرِمِ

حالت احرام میں نکاح پڑھنا پڑھانا ممنوع ہے

یہ دو باب ہیں، ان میں یہ مسئلہ ہے کہ احرام کی حالت میں اپنا نکاح پڑھنا یا قاضی بن کر دوسرے کا نکاح پڑھانا یا اپنی منگنی بھیجنا جبکہ منگنی بھیجنے والا احرام میں ہو یا جس کی منگنی بھیجی جارہی ہے وہ احرام میں ہو یا دونوں احرام میں ہوں تو یہ جائز ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں حجازی اور عراقی مکاتب فکر میں اختلاف ہے۔ پس یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے مگر عملی اعتبار سے بے نتیجہ ہے، کیونکہ احرام کی حالت میں کوئی نکاح نہیں کرتا مگر چونکہ حدیثوں میں اختلاف ہے اس لئے یہ مسئلہ اہم ہوگیا ہے۔

عراقی مکتب فکر یعنی حنفیہ وغیرہ کے نزدیک احرام میں یہ چاروں کام مکروہ ہیں البتہ اگر کوئی احرام کی حالت میں نکاح پڑھ لے یا دوسرے کا نکاح پڑھادے تو نکاح صحیح ہوجائے گا، مگر جماع یا دواعیٔ جماع کی مطلق گنجائش نہیں، وہ حرام ہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک احرام کی حالت میں اپنی منگنی بھیجنا یا جو لڑکی یا لڑکا احرام میں ہے اس کی منگنی بھیجنا مکروہ ہے اور محرم کا خود اپنا نکاح پڑھنا یا قاضی بن کر دوسرے کا نکاح پڑھانا حرام ہے اور نکاح باطل اور کالعدم ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں دو روایتیں ہیں، ایک قولی روایت ہے اور وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ الْمُحْرِمَ لاَ يَنْكِحُ وَلاَ يُنْكِحُ: محرم نہ اپنا نکاح پڑھے اور نہ دوسرے کا نکاح پڑھائے۔ اور مسلم میں اسی حدیث میں یہ اضافہ ہے: وَلاَ يَخْطُبُ: اور منگنی نہ بھیجے (مسلم ۱:۴۵۳) اور صحیح ابن حبان میں یہ اضافہ ہے: وَلاَ يُخْطَبُ عليه (حدیث ۴۱۱۲) یعنی محرم کی منگنی نہ بھیجی جائے۔ اور دوسری روایت فعلی ہے، اور وہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب نبی ﷺ نے حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نکاح کیا تو آپ حالتِ احرام میں تھے ــــــ ان دونوں حدیثوں میں تعارض ہے۔

اور اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ جب نبی ﷺ نے عمرۂ قضا کا ارادہ فرمایا تو ایک مقصد کے تحت مکہ میں شادی کرنے کا ارادہ کیا، آپ نے حضرت ابو رافع اور حضرت اوس بن خولی رضی اللہ عنہما کو نکاح کا پیغام دیکر حضرت میمونہؓ کے پاس (جو حضرت ابن عباسؓ کی خالہ ہیں) مکہ بھیجا، حضرت میمونہؓ بیوہ ہوگئی تھیں اور وہ مکہ میں مقیم تھیں، جب حضرت میمونہ کے پاس پیغام پہنچا تو انھوں نے حضرت عباس کو نکاح کا وکیل بنایا، جو ان کے بہنوئی تھے اس وقت حضرت میمونہؓ کے اولیاء سفر میں تھے (یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب حضرت میمونہؓ کا نکاح ہوا اس وقت ان کا

کوئی ولی موجود نہیں تھا اور حضرت عباس ولی نہیں تھے، وہ حضرت میمونہ کے بہنوئی تھے، معلوم ہوا کہ حدیث: لانکاح إلا بولی کا ائمہ ثلاثہ نے جو مطلب سمجھا ہے وہ صحیح نہیں۔ تفصیل کتاب النکاح میں آئے گی) غرض جب نبی ﷺ مکہ کے قریب پہنچے تو خاندان کے لوگ آپؐ کا استقبال کرنے کے لئے مکہ سے باہر مقام سرف تک آئے، جو مکہ سے قریباً دس میل کے فاصلہ پر ہے۔ حضرت عباسؓ نے یہیں حضرت میمونہ کا آپؐ سے نکاح پڑھا، مگر اس بات کا علم چند ہی حضرات کو ہوا، آپؐ ذوالحلیفہ سے احرام باندھ کر آئے تھے، بخاری (حدیث ۱۶۹۴) میں اس کی صراحت ہے، مکہ پہنچ کر آپؐ نے عمرہ ادا کیا اور احرام کھول دیا، پھر کفار کے پاس (جو معاہدہ کے مطابق تین دن کے لئے مکہ سے باہر چلے گئے تھے) پیغام بھیجا کہ میں نے مکہ میں شادی کی ہے اور میں سب کو ولیمہ کھلانا چاہتا ہوں اور آپ لوگ معاہدہ کی رو سے تین دن تک مکہ میں نہیں آسکتے، پس مجھے ایک دن زائد مکہ میں رہنے کی اجازت دو اور سب آکر میرے ولیمہ کی دعوت کھاؤ، پھر میں چلا جاؤں گا، مگر انھوں نے دعوت قبول نہ کی اور جواب دیا کہ ہمیں دعوت نہیں کھانی، آپ معاہدہ کے مطابق تین دن میں مکہ خالی کردیں۔ اس وقت سب کو پتا چلا کہ آپؐ نے یہاں نکاح فرمایا ہے۔

اور آپؐ کے ذہن میں پلان یہ تھا کہ جب کفار آئیں گے تو چونکہ صحابہ اور وہ سب رشتہ دار ہیں اس لئے ایک دوسرے سے ملیں گے اور ان کو دین کی دعوت دیں گے، ممکن ہے اللہ تعالیٰ ان میں سے بہت سوں کو ہدایت دیدیں، پس آپؐ نے ملّی مصلحت سے یہ نکاح فرمایا تھا(۱) مگر جب کفار نے دعوت قبول کرنے سے انکار کردیا تو آپؐ کا جو پلان تھا وہ فیل ہوگیا، چنانچہ آپؐ مکہ میں تین دن گذار کر مدینہ کے لئے روانہ ہوگئے اور حضرت میمونہ کو ساتھ لے لیا۔ پہلا پڑاؤ مقام سرف میں ہوا، وہیں زفاف عمل میں آیا، پھر آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد ایک مرتبہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا عمرہ کی غرض سے مکہ آئیں، واپسی میں سرف میں پڑاؤ کیا اور وہیں آپ کا انتقال ہوگیا، اور جس جگہ نبی ﷺ کا خیمہ تھا اور آپؐ نے فاف فرمایا تھا اسی جگہ دفن ہوئیں۔ یہ واقعہ کی صحیح نوعیت ہے۔

مگر ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: جب آپؐ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا تو آپؐ حلال تھے، مگر لوگوں کو اس کا علم اس وقت ہوا جب آپؐ احرام میں تھے حالانکہ تاریخی طور پر اس کی کوئی صورت نہیں بنتی اس لئے کہ یہ طے ہے کہ آپؐ نے

---

(۱) آنحضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ پھر حضرت سودہؓ کے علاوہ تمام نکاح ملّی، ملکی اور شخصی مصلحت سے کئے ہیں، مثلاً حضرت زینبؓ سے نکاح لے پالک کی رسم توڑنے کے لئے کیا ہے، یہ ملّی مصلحت ہے، اور حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان سے نکاح ملکی مصلحت سے کیا ہے، تاریخ کا ہر طالب عالم جانتا ہے کہ بدر کے بعد اسلام کے خلاف تمام جنگوں میں کمان ابوسفیانؓ کے ہاتھ میں رہی ہے، مگر ام حبیبہ سے نکاح کے بعد انھوں نے کوئی اہم فوج کشی نہیں کی، یہ اس نکاح کا فائدہ تھا، اور حضرت حفصہؓ سے نکاح حضرت عمرؓ کی دلجوئی کے لئے کیا ہے، یہ شخصی مصلحت ہے، غرض سبھی نکاح آپؐ نے انہی مقاصدِ ثلاثہ سے کئے ہیں، کوئی نکاح آپؐ نے اپنی ضرورت سے نہیں کیا، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۹۹ میں ہے۔

عمرہ ادا کرنے سے پہلے مقام سرف میں نکاح پڑھا ہے اور بخاری میں صراحت ہے کہ آپؐ نے ذوالحلیفہ سے احرام باندھا تھا، پس یہ بات کیونکر ممکن ہے کہ آپؐ نے حلال ہونے کی حالت میں نکاح پڑھا ہو؟ یہ بات کسی صورت میں درست نہیں ہوسکتی۔ اس لئے صحیح بات وہ ہے جو احناف کہتے ہیں کہ آپؐ نے بحالت احرام نکاح پڑھا ہے جیسا کہ ابن عباسؓ کی روایت میں ہے۔ اور جب آپؐ نے عمرہ ادا کر کے احرام کھول دیا اور کفار کو ولیمہ کی دعوت دی تب لوگوں کو اس نکاح کا علم ہوا۔

غرض ائمہ ثلاثہ نے حضرت عثمان کی قولی روایت کو لیا ہے اور اس کے ساتھ ابو رافعؓ اور یزید بن الاصم (یہ بھی حضرت میمونہ کے بھانجے ہیں) اور خود حضرت میمونہ کی حدیثوں کو ملایا ہے، ان تینوں کی حدیثوں کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ کا نکاح حلال ہونے کی حالت میں ہوا تھا، اور ائمہ ثلاثہ نے حضرت ابن عباسؓ کی حدیث سے صرف نظر کیا ہے حالانکہ وہ باب کی صحیح ترین روایت ہے، اور بخاری اور مسلم میں ہے، اور پندرہ اکابر تابعین ان سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، اور ابو رافع، یزید بن الاصم اور حضرت میمونہ کی حدیثوں میں کلام ہے۔

اور حنفیہ نے ابن عباس کی حدیث پر مسئلہ کا مدار رکھا ہے، اور حدیث: لَایَنکح وَلَایُنْکِحُ: میں لانفی کمال کا لیا ہے، یعنی نکاح تو ہو جائے گا مگر یہ فعل زیبا نہیں اور ممانعت سد ذرائع کے لئے ہے، جیسے روزہ کی حالت میں بیوی کو ساتھ لٹانے سے اس لئے منع کیا ہے کہ یہ سلسلہ کہیں آگے نہ بڑھ جائے۔ اسی طرح یہاں بھی ممانعت سد ذرائع کے لئے ہے، کیونکہ احرام کی حالت میں اگر نکاح کیا گیا تو ممکن ہے یہ سلسلہ آگے بڑھ جائے اور بات جماع یا دواعیٔ جماع تک پہنچ جائے جو احرام میں قطعاً ممنوع اور حرام ہیں، اور قرینہ یہ ہے کہ لایَخْطُبُ اور لَایُخْطَب علیہ میں بالاتفاق کمال کی نفی ہے، کیونکہ اگر احرام میں منگنی بھیجی گئی پھر حلال ہونے کے بعد نکاح ہوا تو یہ نکاح بالاتفاق درست ہے مگر احرام کی حالت میں منگنی بھیجنا بالاتفاق مکروہ ہے، پس یہ ایک قرینہ ہے کہ حدیث کے پہلے دو جملوں میں بھی کمال کی نفی ہے۔

ائمہ ثلاثہ کے مستدلات پر نظر: حضرت ابو رافع کی حدیث مرسل ہے یا مسند؟ صرف حماد بن زید اس کو مسند کرتے ہیں، مگر اس کا مرسل (منقطع) ہونا اصح ہے اس لئے کہ سلیمان بن یسار کا حضرت ابو رافع سے سماع ممکن ہی نہیں، ابو رافع کا انتقال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے چند دن بعد ہوا ہے اور شہادتِ عثمان کا واقعہ سن ۳۵ ہجری میں پیش آیا ہے، اور سلیمان کی پیدائش میں دو قول ہیں: ۳۴ ہجری اور ۲۹ ہجری، پس پہلے قول کے مطابق سلیمان کی حضرت ابو رافع کے انتقال کے وقت عمر ایک ڈیڑھ سال کی رہی ہوگی، اور دوسرے قول کے مطابق پانچ چھ سال کی ہوگی، اور اس عمر کا سماع معتبر نہیں، چنانچہ امام مالک اور سلیمان بن بلال نے اس کو مرسل روایت کیا ہے۔

اور یزید بن الاصم کی اور حضرت میمونہؓ کی روایت ایک ہے، بعض روات یزید پر سند روک دیتے ہیں، یعنی مرسل بیان کرتے ہیں اور بعض مسند بیان کرتے ہیں یعنی حضرت میمونہؓ کا ذکر کرتے ہیں، اور یزید بن الاصم حضرت میمونہؓ

کے بھانجے ہیں اور وہ صحابی نہیں ہیں تابعی ہیں، اور ثقہ ہیں مگر ابن عباسؓ کے مقابلہ میں پیش کئے جانے کے لائق نہیں معارف السنن (۶: ۳۵۶) میں یہ واقعہ ہے کہ عمرو بن دینار اور ابن شہاب کے درمیان تزوّج محرم کا مسئلہ چھڑا تو عمرو بن دینار نے ابن عباس کی حدیث پیش کی اور ابن شہاب نے یزید بن الاصم کی، پس عمرو بن دینار نے کہا: أتجعلُ أعرابيّا بوّالا على عقبيه إلى ابن عباس؟: آپ ابن عباس کے مقابلہ میں یزید کی روایت پیش کرتے ہیں جو بدّو ہے اور جسے پیشاب کرنے کا بھی سلیقہ نہیں؟ ابن شہاب خاموش ہوگئے، علاوہ ازیں طبقات ابن سعد (۸: ۹۵) میں ہے کہ عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے میمون بن مہران کو لکھا کہ یزید سے پوچھو: نبی ﷺ نے جب حضرت میمونہ سے نکاح کیا تو آپؐ احرام میں تھے یا حلال تھے؟ یزید بن الاصم نے جواب دیا: خَطَبَهَا وهو حلالٌ، وبَنَى بها وهو حلال: جب منگنی بھیجی اس وقت حلال تھے اور جب زفاف فرمایا، اس وقت حلال تھے، حالانکہ تزوّج کے وقت کی حالت پوچھی گئی تھی، مگر انھوں نے منگنی کے وقت کی اور زفاف کے وقت کی حالت بیان کی، معلوم ہوا کہ اگر تزوّج کے وقت آپؐ حلال ہوتے تو یزید اس کو ضرور بیان کرتے (معارف ۶: ۳۵۷)

[۲۳] باب ماجاء فی کراهیة تَزْوِیْجِ الْمُحْرِم

[۸۳۱-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا إسماعيلُ بنُ عُلَيَّةَ، نا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بنِ وَهْبٍ، قال: أَرَادَ ابنُ مَعْمَرٍ أَنْ يُنْكِحَ ابْنَهُ، فَبَعَثَنِيْ إِلَى أَبَانَ بنِ عُثْمَانَ، وهُوَ أَمِيْرُ الْمَوْسِمِ، فَأَتَيْتُهُ فقلتُ: إِنَّ أَخَاكَ يُرِيْدُ أَنْ يُنْكِحَ ابْنَهُ، فَأَحَبَّ أَنْ يُشْهِدَكَ ذَلِكَ، فَقَالَ: لاَ أُرَاهُ إِلاَّ أَعْرَابِيًا جَافِيًا، إِنَّ الْمُحْرِمَ لاَيَنْكِحُ وَلاَيُنْكِحُ أَوْ كَمَا قَالَ، ثُمَّ حَدَّثَ عَنْ عُثْمَانَ مِثْلَهُ يَرْفَعُهُ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ رَافِعٍ، ومَيْمُوْنَةَ.

قال أبو عيسى: حديثُ عثمانَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعَملُ على هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، وعَلِيُّ بنُ أبى طَالِبٍ، وابنُ عُمَرَ، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، وبِهِ يَقولُ مَالكٌ، والشَّافعيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ: لاَيَرَوْنَ أَنْ يَتزَوَّجَ الْمُحْرِمُ، وَقَالُوْا: إِنْ نَكَحَ فَنِكَاحُهُ بَاطِلٌ.

[۸۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن مَطَرٍ الوَرَّاقِ، عن رَبِيْعَةَ بنِ أَبِیْ عبدِ الرحمنِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عن أَبِیْ رَافِعٍ، قال: تَزَوَّجَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلاَلٌ، وبَنَى بِهَا وَهُوَ حَلاَلٌ، وكُنْتُ أَنَا الرَّسُوْلَ فِيْمَا بَيْنَهُمَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، ولاَ نَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيرَ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، عَنْ مَطَرٍ الوَرَّاقِ،

عَنْ رَبِيْعَةَ، وَرَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلاَلٌ، وَرَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلاً، وَرَوَاهُ أَيْضًا سُلَيْمَانُ بنُ بِلاَلٍ عَنْ رَبِيْعَةَ مُرْسَلاً.

قال أبو عيسى: ورُوِيَ عَنْ يَزِيْدَ بنِ الأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ، قالتْ: تَزَوَّجَنِيْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم وَهُوَ حَلاَلٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ يَزِيْدَ بنِ الأَصَمِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلاَلٌ.

قال أبو عيسى: وَيَزِيْدُ بنُ الأَصَمِّ: هُوَ ابنُ أُخْتِ مَيْمُوْنَةَ.

ترجمہ: نُبیہ بن وہب کہتے ہیں: ابن معمر نے (دورانِ حج) اپنے بیٹے کا نکاح کرنے کا ارادہ کیا تو انھوں نے مجھے ابان بن عثمان کے پاس بھیجا اور وہ امیر موسم تھے (یعنی امیر المؤمنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے نائب بن کر حج کرانے آئے تھے) میں ان کے پاس گیا اور کہا: آپ کے بھائی (ابن معمر) اپنے لڑکے کا نکاح کرنا چاہتے ہیں اور وہ مجلس نکاح میں آپ کی شرکت کے متمنی ہیں، ابان نے فرمایا: نہیں گمان کرتا میں اس کو مگر اجڈ دیہاتی، بیشک محرم نہ نکاح کرتا ہے اور نہ نکاح کراتا ہے، یا جیسا فرمایا، پھر حضرت عثمان کی روایت سے اس کے مانند بیان کیا وہ اس کو مرفوع کررہے تھے یعنی پہلے مسئلہ بتلایا، پھر حضرت عثمان کی مرفوع حدیث سنائی جس میں یہی مضمون تھا۔

اور اس پر بعض صحابہ کا عمل ہے، ان میں سے عمر، علی اور ابن عمر رضی اللہ عنہم ہیں اور تابعین میں سے بعض فقہاء کا یہی قول ہے اور مالک، شافعی، احمد اور اسحاق رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں، وہ محرم کے لئے نکاح کرنے کو جائز نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں: اگر محرم نکاح کرے گا تو اس کا نکاح باطل ہے ——— ابورافع کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حضرت میمونہ سے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ حلال تھے اور ان کے ساتھ زفاف عمل میں آیا درانحالیکہ آپ حلال تھے، اور میں اس معاملہ میں دونوں کے درمیان سفیر تھا۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے اس حدیث کو مسند کیا ہو سوائے حماد بن یزید کے، وہ مطر الوراق سے، وہ ربیعہ سے (وہ سلیمان بن یسار سے وہ ابورافع سے مسند روایت کرتے ہیں) اور امام مالکؒ نے ربیعہ سے، انھوں نے سلیمان بن یسار سے روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت میمونہؓ سے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ حلال تھے، اور اس حدیث کو امام مالکؒ نے مرسل بیان کیا ہے۔ اور سلیمان بن بلال نے بھی ربیعہ سے مرسل روایت کیا ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور یزید بن الاصم میمونہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا: مجھ سے نبی ﷺ نے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ حلال تھے (یہ روایت مسند ہے) اور بعض نے یزید بن الاصم سے روایت کیا کہ نبی ﷺ نے حضرت میمونہ سے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ حلال تھے (یہ روایت مرسل ہے، اس میں حضرت میمونہ کا ذکر نہیں اور یہ روایت اگلے باب کے آخر میں سند کے ساتھ آرہی ہے) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یزید بن الاصم حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے ہیں۔

بابُ ماجاءَ مِنَ الرُّخْصَةِ فِیْ ذٰلِكَ

حالتِ احرام میں نکاح کے جواز کا بیان

یہ باب عراقیوں کے لئے ہے اور اس باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت میمونہ سے نکاح کیا درانحالیکہ آپؐ احرام میں تھے، امام ترمذیؒ نے حدیث ابن عباس کی تین سندیں پیش کی ہیں، دو حضرت عکرمہ کی ہیں اور تیسری ابوالشعثاء کی ہے، پھر باب کے آخر میں حضرت میمونہ کی روایت لائے ہیں، جس کا گذشتہ باب کے آخر میں تذکرہ کیا تھا۔

[۲٤] باب ماجاءَ مِنَ الرخصة فی ذلك

[۸۳۳-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا سُفْيَانُ بنُ حَبِيْبٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

وفی البابِ: عن عائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هٰذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، وبه يقولُ سُفيانُ الثَّوْرِیُّ، وأهلُ الْكُوْفَةِ.

[۸۳٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

[۸۳۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا دَاوُدُ بنُ عبدِ الرحمنِ العَطَّارُ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، قالَ سَمِعْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ، يُحَدِّثُ عن ابنِ عَبّاسٍ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ.

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وأبُو الشَّعْثَاءِ: اسْمُهُ جَابِرُ بنُ زَيْدٍ:

واخْتَلَفُوْا فِیْ تَزْوِيْجِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مَيْمُوْنَةَ، لِأَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَزَوَّجَهَا فِیْ طَرِيْقِ مَكَّةَ، فقالَ بَعْضُهُمْ: تَزَوَّجَهَا حَلاَلاً، وَظَهَرَ أَمْرُ تَزْوِيْجِهَا وَهُوَ مُحْرِمٌ، ثُمَّ بَنَى بها وهُوَ حَلالٌ بِسَرِفَ فِیْ طريقِ مَكَّةَ، ومَاتَتْ مَيْمُوْنَةُ بِسَرِفَ حَيْثُ بَنى بِهَا رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم، ودُفِنَتْ بِسَرِفَ.

[۸۳٦-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، نا أبی، قال: سمعتُ أَبَا فَزَارَةَ يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم تَزَوَّجَها وَهُوَ حَلاَلٌ وَبَنَى بِهَا حَلاَلاً، وماتَتْ بِسَرِفَ، ودَفَنَّاهَا فی الظُّلَّةِ التی بَنَی بِهَا فِيْهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، ورَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هذا الحديثَ عَنْ يَزِيْدَ بنِ الأصمِّ مُرْسَلاً: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم تَزَوَّجَ مَيْمُوْنَةَ وَهُوَ حَلاَلٌ.

ترجمہ: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کے نکاح کے بارے میں علماء نے اختلاف کیا ہے، کیونکہ آپؐ نے ان سے مکہ کے راستہ میں نکاح کیا ہے، پس بعض علماء کہتے ہیں: ان سے نکاح ہوا حلال ہونے کی حالت میں اور نکاح کی بات ظاہر ہوئی درانحالیکہ آپؐ محرم تھے (لیکن اس کی صورت تجویز کرنا بہت مشکل ہے) پھر ان سے مکہ کے راستہ میں مقام سرف میں زفاف عمل میں آیا درانحالیکہ آپ حلال تھے، اور حضرت میمونہ کا سرف میں انتقال ہوا جہاں ان کے ساتھ زفاف عمل میں آیا تھا، اور وہ سرف میں مدفون ہوئیں —— اور حضرت میمونہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے نکاح کیا درانحالیکہ آپ حلال تھے، اور ان سے حلال ہونے کی حالت میں زفاف ہوا، اور سرف میں ان کا انتقال ہوا اور ان کو اسی سائبان میں دفن کیا گیا جس میں ان کے ساتھ زفاف عمل میں آیا تھا۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: متعدد حضرات نے اس حدیث کو یزید بن الاصم سے مرسل روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت میمونہ سے نکاح کیا درانحالیکہ آپ حلال تھے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ أَكْلِ الصَّيْدِ

محرم شکار کا گوشت کھا سکتا ہے

یہ دو باب ہیں ان میں یہ مسئلہ ہے کہ محرم شکار کا گوشت کھا سکتا ہے یا نہیں؟ تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر محرم نے بذاتِ خود شکار کیا ہے تو وہ مردار ہے، اسے کوئی نہیں کھا سکتا، نہ محرم اور نہ غیر محرم۔ اسی طرح اگر محرم کے اشارہ سے، محرم کے تعاون سے، محرم کی دلالت (راہ نمائی) سے اور محرم کے حکم سے کسی حلال نے شکار کیا ہے تو بھی مردار ہے، اسے کوئی نہیں کھا سکتا، اور اگر کسی حلال نے شکار کیا اور محرم کو کھلانے کا کوئی تصور نہیں تھا تو محرم اس شکار کے گوشت کو کھا سکتا ہے۔ اور ایک مسئلہ میں اختلاف ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی حلال آدمی شکار کرے اور اس کے دل میں محرم کو کھلانے کی نیت ہو تو محرم اس شکار کو کھا سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نہیں کھا سکتا، کیونکہ یہ صِیْدَ لِأَجْلِهِ ہے یعنی محرم کی خاطر شکار کیا گیا ہے اور حنفیہ کے نزدیک یہ صِیْدَ لِأَجْلِهِ نہیں ہے، پس اس کو کھا سکتا ہے۔

اس مسئلہ میں تین حدیثیں ہیں، ایک قولی اور دو فعلی:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے لئے خشکی کا شکار حلال ہے درانحالیکہ تم احرام میں ہو، جب تک تم نے خود اس کو شکار نہ کیا ہو یا جب تک وہ تمہارے لئے شکار نہ کیا گیا ہو''

تشریح: ائمہ ثلاثہ نے یُصَدْ لکم کے عموم میں اس شکار کو بھی لیا ہے جو حلال نے محرم کو کھلانے کی نیت سے کیا ہے، اوراحناف کہتے ہیں: یہ شکار یُصدلکم کا مصداق نہیں، نہ صِیْدَ لِأَجْلِه کا مصداق ہے۔ یُصَدْ لکم اور صِیْدَ لأجله کی صورت یہ ہے کہ سیٹھ (جو محرم ہے) حکم دے اور نوکر شکار کریں ـــــ اور جو شکار حلال نے خود کیا ہے، اس میں محرم کا نہ اشارہ ہے نہ تعاون، نہ دلالت نہ امر، بس اتنی بات ہے کہ حلال نے محرم کو کھلانے کی نیت کی ہے تو وہ شکار صید لأجله کا مصداق نہیں، کیونکہ دوسرے کی نیت پر آدمی کا اختیار نہیں وہ جو چاہے نیت کرے ـــــ اور اگر اس صورت کو بھی صید لأجله کا مصداق بنائیں گے تو اس کا ابوقتادہؓ کی حدیث سے (جو آگے آرہی ہے) تعارض ہوجائے گا ـــــ نیز یہ حدیث منقطع ہے، مطّلب کا حضرت جابر سے لقاء وسماع نہیں، اور ابوقتادہ کی حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، پس تعارض کی صورت میں اصح مافی الباب کو لیا جائے گا۔

دوسری حدیث: حجۃ الوداع میں روانہ ہونے سے پہلے آنحضور ﷺ نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو حل کے کسی گاؤں میں زکوتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، انھوں نے زکوتیں وصول کیں اور غریبوں میں تقسیم کردیں، پھر اس راستہ پر آگئے جہاں سے آپؐ کا قافلہ گذرنے والا تھا، اور وہ غیر محرم تھے، کیونکہ مدینہ سے چلتے وقت ان کی نیت حل میں جانے کی تھی اور پہلے یہ بتایا جاچکا ہے کہ جس کی نیت حل میں جانے کی ہو اس کے لئے میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں، پھر جب وہ حرم میں جانے کا ارادہ کرے گا تو حرم شروع ہونے سے پہلے احرام باندھ لے گا، اور یہ بات کہ آپؐ نے ان کو زکوتیں وصول کرنے کے لئے حل میں بھیجا تھا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان کی ہے جو بخاری کی شرح عمدۃ القاری میں ہے۔ غرض وہ حضور ﷺ کے قافلہ کے ساتھ مل گئے، پھر وہ ایک موقعہ پر چند اصحاب کے ساتھ قافلہ سے پیچھے رہ گئے، اچانک انھوں نے ایک گورخر دیکھا چونکہ وہ حلال تھے اس لئے تیزی سے اٹھے اور گھوڑے پر سوار ہوگئے تاکہ شکار کریں، مگر ان کا بھالا نیچے رہ گیا، انھوں نے ساتھیوں سے بھالا اٹھا کر دینے کے لئے کہا، مگر ساتھی سب محرم تھے انھوں نے انکار کردیا۔ چنانچہ وہ خود گھوڑے سے اترے اور بھالا لیا، پھر ان کا کوڑا رہ گیا، وہ بھی ساتھیوں نے نہیں دیا، انھوں نے خود اتر کر لیا، اور شکار کے پیچھے گھوڑا ڈالا اور گورخر کو مار کر اور ذبح کر کے لائے، اور ساتھیوں سے کہا: ''کھاؤ''، بعض نے کھایا اور بعض نے کھانے سے انکار کیا اور کہا: ہم پہلے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھیں گے، جب آپؐ سے مسئلہ پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ ایک لقمہ (کھانا) ہے جو اللہ نے تمہیں کھلایا ہے'' اور ایک حدیث میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''اگر گوشت بچا ہو تو ہمیں بھی دو''

تشریح: ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے اپنے لئے شکار کیا تھا، ساتھیوں کو کھلانے کی ان کی نیت نہیں تھی، پس وہ کھا سکتے تھے، چنانچہ سب نے بشمول نبی ﷺ اس کو کھایا۔ اور احناف کہتے ہیں: بظاہر حضرت ابوقتادہؓ نے ساتھیوں کو کھلانے کی نیت کی تھی، کیونکہ سفر میں کوئی شخص گائے جتنا بڑا جانور تنہا اپنے لئے شکار نہیں کرتا،

ساتھیوں کوکھلانے کی نیت ضرور ہوتی ہے، چنانچہ انھوں نے آتے ہی ساتھیوں سے کھانے کو کہا تھا، یہ قرینہ ہے کہ شکار کرتے وقت حضرت ابوقتادہؓ نے ساتھیوں کوکھلانے کی نیت کی تھی ——— تیسری حدیث آئندہ باب میں آرہی ہے۔

[٢٥] باب ماجاء فی أكل الصيد لِلمُحْرم

[٨٣٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا يَعْقُوْبُ بنُ عبدِ الرحمنِ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِیْ عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ جَابِرٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم قال: "صَيْدُ البَرِّ لَكُمْ حَلاَلٌ وَأَنْتُمْ حُرُمٌ، مَالَمْ تَصِيْدُوْهُ أَوْ يُصَدْلَكُمْ"

وفی الباب: عن أبی قتادةَ، وطَلْحَةَ، قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ مُفَسَّرٌ، والمُطَّلِبُ لاَنَعْرِفُ لَهُ سَمَاعًا مِنْ جَابِرٍ.

والعَمَلُ علىٰ هٰذَا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ لاَيَرَوْنَ بِأَكْلِ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ بَأْسًا إِذَا لَمْ يَصْطَدْهُ أوْ يُصَدْ مِنْ أَجْلِهِ، قال الشَّافِعِیُّ: هذا أَحْسَنُ حَديثٍ رُوِیَ فی هذا البابِ وأَقْيَسُ، والعملُ على هذا، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ.

[٨٣٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عن مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عن أبی النَّضْرِ، عن نَافِعٍ مَوْلَى أَبِیْ قَتَادَةَ، عن أبی قَتَادَةَ: أَنَّهُ كانَ مَعَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى إِذَا كانَ بِبَعْضِ طَرِيْقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِيْنَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ، فَرَأَىٰ حِمارًا وَحْشِيًّا فَاسْتَوى على فَرَسِهِ، فَسَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ يُنَاوِلُوْهُ سَوْطَهُ فَأَبَوْا، فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ فَأَبَوْا عَلَيهِ، فَأَخَذَ فَشَدَّ على الْحِمَارِ، فَقَتَلَهُ فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبَىٰ بَعْضُهُمْ فَأَدْرَكُوْا النبیَّ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلُوْهُ عَنْ ذٰلِكَ، فقالَ: "إِنَّمَا هِیَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوْهَا اللّٰهُ"

[٨٣٩-] حدثنا قُتيبةُ، عن مالكٍ، عن زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن عطاءِ بنِ يَسَارٍ، عن أبی قَتَادَةَ: فِیْ حِمَارِ الْوَحْشِ مِثْلَ حَديثِ أبی النَّضْرِ، غَيْرَ أَنَّ فِیْ حديثِ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: "هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهِ شَيْئٌ؟"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث واضح ہے (حالانکہ يُصَدْ لكم کے مفہوم میں اختلاف ہے) اور ہم مطلب کا حضرت جابرؓ سے سماع نہیں جانتے، اور اس پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ محرم کے لئے شکار کھانے میں کچھ حرج نہیں سمجھتے، جبکہ محرم نے بذات خود جانور کو شکار نہ کیا ہو، اور نہ اس کے لئے شکار کیا گیا ہو۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ سب سے اچھی حدیث ہے جو اس باب میں روایت کی گئی ہے اور قواعد شرعیہ کے

بالکل مطابق ہے (یہ دونوں دعوے محل نظر ہیں، یہ حدیث تو منقطع ہے اور ابوقتادہ کی حدیث متفق علیہ ہے اور شریعت کا قاعدہ ہے: لاتزر وازرۃ وزرۃ أخری پس شکار کرنے والے نے جو محرم کو کھلانے کی نیت کی ہے اگر وہ گناہ ہے تو وہ اس کا فعل ہے، محرم کا اس میں کیا قصور ہے؟ اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے ذہن میں کیا قاعدہ ہے وہ ہمیں معلوم نہیں) اور اس پر عمل ہے اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے ——— حضرت ابوقتادہؓ سے مروی ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، یہاں تک کہ جب وہ مکہ کے راستہ کے کسی حصہ میں تھے تو وہ نبی ﷺ کے چند صحابہ کے ساتھ جو حالتِ احرام میں تھے پیچھے رہ گئے، اور ابوقتادہ حلال تھے، انھوں نے ایک گورخر دیکھا، پس وہ اپنے گھوڑے پر بیٹھے اور اپنے ساتھیوں سے درخواست کی کہ وہ ان کو ان کا کوڑا دیں، ساتھیوں نے کوڑا اٹھا کر دینے سے انکار کیا۔ پس ان سے اپنا نیزہ مانگا تو انھوں نے اس کا بھی انکار کیا تو انھوں نے خود لیا اور گورخر کے پیچھے گھوڑا ڈالا اور اس کو قتل کیا، پس اس میں سے بعض اصحاب نے کھایا اور بعض نے کھانے سے انکار کیا، پس انھوں نے نبی ﷺ سے ملاقات کی اور مسئلہ دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ ایک لقمہ ہے جو اللہ نے تمہیں کھلایا'' اور زید بن اسلم نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے کہ نبی ﷺ نے پوچھا: ''کیا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کچھ بچا ہے؟''

بابُ ماجاءَ فِیْ کَرَاهِیَةِ لَحْمِ الصَّیْدِ لِلْمُحْرِمِ

محرم کے لئے شکار کا گوشت ممنوع ہے

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے اس میں یہ حدیث ہے کہ نبی ﷺ (عمرۂ قضا یا حج کے لئے) مکہ معظّمہ تشریف لے جارہے تھے اور احرام میں تھے، جب آپؐ ابواء یا ودّان نامی جگہ سے گذرے تو صَعب بن جثّامہؓ بغرض ملاقات حاضر ہوئے، وہ اپنے قبیلہ کے سردار تھے[1] وہ ایک زندہ گورخر لے کر آئے تا کہ آپؐ کو بطور ہدیہ پیش کریں، آپؐ نے وہ ہدیہ واپس کردیا، حضرت صعبؓ کو ناگوار ہوا، آپؐ کو ان کی ناگواری کا احساس ہوا تو آپؐ نے ہدیہ قبول نہ کرنے کی وجہ بتائی کہ ہم احرام میں ہیں، اس لئے ہدیہ قبول نہیں کرسکتے۔ لفظی ترجمہ: بیشک شان یہ ہے کہ نہیں ہے ہمارے ساتھ تم پر پھیرنا یعنی ہم کسی ناراضگی کی وجہ سے ہدیہ رد نہیں کررہے، بلکہ اس وجہ سے رد کررہے ہیں کہ ہم احرام میں ہیں، یعنی یہ ہدیہ ہمارے کسی کام کا نہیں اس لئے لوٹا رہے ہیں۔

(۱) قبیلہ کا سردار جب کسی سردار سے ملتا ہے تو خالی ہاتھ نہیں ملتا، اور شکار کا گوشت عربوں کے نزدیک پسندیدہ چیز ہے اور نبی ﷺ کس دن یہاں سے گزریں گے یہ بات معلوم نہیں تھی، اور شکار ذبح کردیا جائے تو گوشت سڑ جائے گا، اس لئے حضرت صعبؓ نے قبیلہ کے جوانوں کو حکم دیا کہ وہ ایک گورخر زندہ پکڑیں، گورخر بڑا جانور ہے اس میں کافی گوشت ہوتا ہے جو پورے قافلہ کے لئے کافی ہوسکتا ہے، چنانچہ جوانوں نے ایک زندہ گورخر پکڑ لیا اور اسے باندھ رکھا۔ جب آپؐ یہاں سے گذرے تو وہ زندہ لے کر حاضر ہوئے ۱۲

تشریح: حضرت صعب بن جثّامہؓ نے وہ گورخر آنحضور ﷺ کے لئے ہی پکڑا تھا اور زندہ پکڑا تھا تاکہ جب آپؐ کا وہاں سے گذر ہو تو بطور ہدیہ پیش کریں، مگر چونکہ وہ زندہ تھا اس لئے شکار تھا، اور محرم شکار مار نہیں سکتا اس لئے آپؐ نے ہدیہ قبول نہیں کیا، اگر آپ قبول کر لیتے تو اس کو چھوڑ دینا واجب ہو جاتا، اور قبول نہیں کریں گے تو حضرت صعب واپس لے جائیں گے اور کھائیں گے۔

اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلا کہ اگر محرم کو زندہ شکار ملے تو وہ اس کے لئے جائز نہیں، اس کو آزاد کر دینا واجب ہے، اور ایک روایت میں یہ ہے کہ صعب بن جثّامہ رضی اللہ عنہ نے گورخر کا گوشت پیش کیا۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: وہ حدیث محفوظ نہیں، یعنی واقعہ ذبح کئے ہوئے گورخر کا نہیں ہے بلکہ زندہ پیش کرنے کا ہے۔

[۲۶] باب ماجاء في كراهية لحم الصيد للمحرم

[۸۴۰-] حدثنا قُتيبةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن عُبيدِ اللّٰهِ بنِ عبدِ اللهِ، أَنَّ ابنَ عبَّاسٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ أَخْبَرَهُ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِهِ بِالْأَبْوَاءِ أَوْ بِوَدَّانَ، فَأَهْدَى لَهُ حِمَارًا وَحْشِيًّا، فَرَدَّهُ عليه، فَلَمَّا رَأَى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم فِيْ وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ قَالَ: "إِنَّهُ لَيْسَ بِنَارَدٌ عليكَ، وَلٰكِنَّا حُرُمٌ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ إِلٰى هٰذَا الحديثِ، وكَرِهُوْا أَكْلَ الصَّيْدِ لِلْمُحْرِمِ.

وقال الشَّافعيُّ: إِنَّمَا وَجْهُ هذا الحديثِ عِنْدَنَا: إِنَّمَا رَدَّهُ عَلَيْهِ لِمَا ظَنَّ أَنَّهُ صِيدَ مِنْ أَجْلِهِ، وتَرَكَهُ على التَّنَزُّهِ.

وقَدْ رَوَى بَعْضُ أَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ، عن الزُّهْرِيِّ هذا الحديثَ، وقال: أُهْدِيَ لَهُ لَحْمُ حِمَارٍ وَحْشٍ، وَهُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ.

وفي الباب: على عليٍّ، وزيدِ بنِ أَرْقَمَ.

ترجمہ: صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور وہ محرم کے لئے شکار کھانے کو مکروہ کہتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک اس حدیث کی توجیہ یہ ہے کہ اس گورخر کو نبی ﷺ نے اس لئے لوٹایا تھا کہ آپؐ نے گمان کیا کہ وہ آپ کی خاطر شکار کیا گیا ہے، اور آپؐ نے اس سے احتراز فرمایا اس سے بچتے ہوئے (یعنی چونکہ وہ صِیْدَ لأجل المحرم تھا اس لئے وہ آپؐ کے لئے حرام تھا اس لئے آپؐ نے قبول نہیں کیا، مگر حنفیہ کے نزدیک قبول نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ زندہ تھا، آپؐ کے کسی کام کا نہیں تھا، اگر آپ قبول

کرلیتے تو آزاد کردینا واجب ہوجاتا، اس لئے آپؐ نے اسے واپس کردیا) اور زہری کے بعض تلامذہ امام زہری رحمہ اللہ سے اس حدیث کو روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: حضور ﷺ کو گورخر کا گوشت پیش کیا گیا اور یہ روایت محفوظ نہیں۔

بابُ ماجاء فی صَیْدِ الْبَحْرِ لِلْمُحْرِمِ

محرم کے لئے سمندر کا شکار حلال ہے

سورۂ مائدۃ آیت ۹۶ میں صراحتاً یہ مسئلہ ہے کہ محرم کے لئے سمندر کا شکار کرنا اور اس کو کھانا جائز ہے، اور جب مسئلہ قرآن میں آگیا تو اب حدیثوں میں نہیں آئے گا، کیونکہ اس کی ضرورت نہیں رہی، اور یہاں جو حدیث ہے وہ یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حج یا عمرہ کے سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، لوگوں کے سامنے ایک ٹڈی دَل آگیا، لوگ کوڑوں اور لاٹھیوں سے مارنے لگے، آپؐ نے فرمایا: ''اس کو کھاؤ وہ سمندری جانوروں میں سے ہے''

تشریح: ٹڈی حقیقت میں سمندر کا جانور نہیں ہے اور ابن ماجہ میں جو حدیث ہے کہ ٹڈی سمندر کی ایک خاص قسم کی مچھلی کی چھینک سے پیدا ہوتی ہے، یہ حدیث بس ویسی ہی ہے۔ ابن ماجہ ہی نے اس کی تخریج کی ہے (ابن ماجہ حدیث ۳۲۲۱ ابواب الصید) سیوطی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو موضوعات میں لیا ہے اور فرمایا ہے کہ اس کا ایک راوی موسیٰ متروک۔

اور ارشاد پاک: فإنه مَن صید البحر کے تین مطلب ہوسکتے ہیں: (۱) جس طرح محرم کے لئے سمندر کا جانور شکار کرنا اور اس کو کھانا جائز ہے، محرم کے لئے ٹڈی کا شکار کرنا اور اس کو کھانا جائز ہے (۲) جس طرح سمندر کا مردار یعنی مری ہوئی مچھلی حلال ہے اسی طرح مری ہوئی ٹڈی بھی حلال ہے، کیونکہ اس میں بھی ذبح شرط نہیں (۳) جس طرح محرم پر سمندر کا شکار کرنے کی وجہ سے جزا واجب نہیں، اسی طرح ٹڈی مارنے سے بھی جزا واجب نہیں۔

مگر ائمہ اربعہ کے نزدیک حدیث کا صرف دوسرا مطلب صحیح ہے، پہلا اور تیسرا مطلب صحیح نہیں، چنانچہ ان کے نزدیک اگر محرم ٹڈی مارے گا تو جزاء واجب ہوگی، اور ایک ٹڈی کی جزا ایک کھجور بہت ہے، مشہور مقولہ ہے: تَمْرَۃٌ خَیْرٌ مِنْ جرادَۃٍ ایک کھجور ایک ٹڈی سے بہتر ہے، یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مقولہ ہے، اس میں مسئلہ کا بیان ہے کہ ایک ٹڈی کی جزاء ایک کھجور ہے اور وہ بہت ہے، یعنی ایک کھجور کافی سے زیادہ جزاء ہے، اور حدیث کا جواب یہ ہے کہ وہ ابوالمہزّم کی وجہ سے ضعیف ہے۔ اور دوسرا جواب یہ ہے کہ حدیث میں صراحت نہیں کہ مکہ جاتے ہوئے ٹڈی دَل ملا تھا یا مکہ سے لوٹتے ہوئے۔ دونوں احتمال ہیں، جاتے ہوئے لوگ احرام میں ہوتے ہیں، واپسی میں احرام نہیں ہوتا، پس ممکن ہے یہ واپسی کا واقعہ ہو، اور قرینہ کُلُوْہ ہے، اس میں صاف اشارہ ہے کہ آپؐ نے تشبیہ مردار ہونے میں دی ہے کہ جس طرح سمندر کا مردار حلال ہے ٹڈی کا مردار بھی حلال ہے، جزاء نہ ہونے میں تشبیہ نہیں ہے۔

[۲۷] باب ماجاء فی صید البحر للمحرم

[۸٤۱-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا وكِيْعٌ، عن حَمَادِ بنِ سَلَمَةَ، عن أبی المُهَزِّمِ، عن أبی هريرةَ، قال: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ حَجٍّ أَوْ عُمْرَةٍ، فَاسْتَقْبَلَنَا رِجْلٌ مِنْ جَرَادٍ، فَجَعَلْنَا نَضْرِبُهُ بأَسْيَاطِنَا وَعِصِيِّنَا، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: ''كُلُوْهُ فَإِنَّهُ مِنْ صَيْدِ الْبَحْرِ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَديثِ أبی المُهَزِّمِ، عن أبی هريرةَ، وأَبُوْ المُهَزِّمِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ سُفيانَ، وقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ.

وقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ لِلْمُحْرِمِ أَنْ يَصِيْدَ الْجَرَادَ فَيَأْكُلَ، وَرَأَى بَعْضُهُمْ أَنَّ عليه صَدَقَةً إِذَا اصْطَادَهُ أَوْ أَكَلَهُ.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، کیونکہ تنہا ابوالمہز م اس کو روایت کرتا ہے اور اس کا نام یزید بن سفیان ہے اور وہ ضعیف ہے۔ شعبہؒ نے اس میں کلام کیا ہے، اور بعض علماء محرم کو ٹڈی شکار کرنے کی پھر اس کو کھانے کی اجازت دیتے ہیں (یعنی جزاء واجب نہیں کرتے اور یہ امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: اس پر صدقہ واجب ہے جب وہ اس کو شکار کرے یا اس کو کھائے (ائمہ ثلاثہ کا مذہب اور امام احمد کا راجح قول یہی ہے)

بابُ ماجاءَ فِی الضَّبُعِ يُصِيْبُهَا المُحْرِمُ

محرم اگر بجو مارے تو کیا حکم ہے؟

حدیث: ابن ابی عمّار کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا بجو شکار ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں! میں نے پوچھا: کیا میں اس کو کھاؤں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں۔ میں نے پوچھا: کیا یہ بات رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں (بجو: ایک گوشت خور درندہ ہے، جو دن بھر بل میں گھسا رہتا ہے اور رات میں باہر نکلتا ہے)

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث جلد ثانی کے صفحہ اول پر بھی اسی سند سے اور انہی الفاظ سے تحریر فرمائی ہے، اور یہ استدلال کیا ہے کہ بجو کھانا جائز ہے، چنانچہ ائمہ ثلاثہ اسی کے قائل ہیں، اور یہاں یہ استدلال کیا ہے کہ بجو درندہ ہونے کے ساتھ شکار بھی ہے، پس اگر وہ انسان پر یا انسان کے مال پر حملہ کرے تو وہ السَّبُعُ العادی (حملہ کرنے والا درندہ) ہے، اس کو مارنا جائز ہے، کوئی جزاء واجب نہیں، اور اگر حملہ آور نہ ہو تو شکار ہے اس کو قتل کرنے سے جزاء واجب ہوگی، دو دیندار معتبر آدمی جو قیمت طے کریں وہ غرباء کو دینی ہوگی۔ البتہ بجو کی قیمت بکری کی قیمت

سے زیادہ نہیں لگائی جائے گی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ بجو شکار ہے اور اس کی جزاء واجب ہے: یہ مسئلہ تو اجماعی ہے، البتہ اس کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک اس کا کھانا حرام ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حلال ہے۔ ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے، اور حنفیہ نے ایک دوسری حدیث سے استدلال کیا ہے۔ ترمذی میں روایت ہے کہ نبی ﷺ نے جنگ خیبر کے موقع پر ہر کچلی دار درندے کے کھانے سے منع فرمایا ہے: نَهى یومَ خَیبَر عن کل ذی نابٍ من السِّباع (مشکوٰۃ حدیث ۴۰۸۹) اور بجو کی بھی کتے کی طرح کچلیاں ہوتی ہیں، پس وہ بھی اس حدیث کی رو سے حرام ہے۔

اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث کا جواب یہ ہے کہ اس میں دو مضمون ہیں: پہلا مرفوع ہے اور دوسرا موقوف یعنی حضرت جابر کا اجتہاد ہے، بجو شکار ہے یہ ٹکڑا مرفوع ہے اور نعم کا تعلق اسی سے ہے اور اس کے کھانے کا جواز یہ حضرت جابر کا اجتہاد ہے اور دلیل یہ ہے کہ یہ حدیث ابوداؤد میں بھی ہے اس میں صرف پہلا مضمون ہے، دوسرا مضمون نہیں ہے، اور حضرت جابرؓ کا یہ قول حضرت علیؓ کے قول سے معارض ہے، موطا محمد میں روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے گوہ اور بجو کھانے سے منع فرمایا، چونکہ حضرت علی کا یہ قول حدیثِ مرفوع نهی عن کل ذی نابٍ من السِّباع کے موافق ہے اس لئے حنفیہ نے اس کو ترجیح دی ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں اعلاء السنن ۱۷: ۱۶۴ باب ماجاء فی الضبع کتاب الذبائح)

[۲۸] باب ماجاء فی الضَّبُعِ یُصِیْبُهَا المحرمُ

[۸۴۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا إسماعیلُ بنُ إبراهیمَ، نا ابنُ جُرَیْجٍ، عن عبدِ الله بنِ عُبَیْدِ بنِ عُمَیْرٍ، عن ابنِ أَبِیْ عَمَّارٍ، قال: قُلْتُ لِجَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ: الضَّبُعُ أَصِیْدٌ هِیَ؟ قالَ: نَعَمْ. قَالَ: قُلْتُ: آکُلُهَا؟ قالَ: نَعَمْ. قَالَ: قُلْتُ: أَقَالَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟ قالَ: نَعَمْ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقالَ عليٌّ: قالَ یَحییَ بنُ سَعِیْدٍ: رَوَی جَرِیْرُ بنُ حَازِمٍ هذا الحدیثَ، فقالَ: عَنْ جَابِرٍ، عن عُمَرَ، وحدیثُ ابنِ جُرَیْجٍ أَصَحُّ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ. والعملُ علی هذا الحدیثِ عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ فِیْ المُحْرِمِ إِذَا أَصَابَ ضَبُعًا أَنَّ علیهِ الجَزَاءَ.

وضاحت: مذکورہ حدیث کی سند میں جریر بن حازم نے جابر بن عبداللہ کے بعد حضرت عمرؓ کا تذکرہ کیا ہے، مگر وہ صحیح نہیں، صحیح: ابن جریج کی حدیث ہے یعنی یہ حضرت جابر کی حدیث ہے، حضرت عمر کی حدیث نہیں اور وهو قولُ

أحمدَ و إسحاقَ بے موقعہ آیا ہے، معلوم نہیں کھانے کا مسئلہ مراد ہے یا جزاء کا؟ اوراس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے جب محرم بجو کو قتل کرے تو اس پر جزاء واجب ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الاِغْتِسَالِ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ

مکہ میں داخل ہونے کے لئے غسل کرنا مسنون ہے

آنحضور ﷺ کے زمانہ میں مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ دس دن میں پہنچتے تھے، اور سارا علاقہ ریتیلا تھا، ہوائیں چلتی تھیں گرد وغبار اڑتا تھا اور آدمی کا برا حال ہوجاتا تھا، اس لئے سنت یہ ہے کہ جب مکہ قریب آئے تو نہائے دھوئے اوراحرام کی صاف ستھری چادریں پہنے پھر مکہ میں داخل ہو اور طواف کرے، اس میں کعبہ شریف کی تعظیم ہے، لیکن اب صورتِ حال مختلف ہے، لوگ بسوں میں سفر کرتے ہیں اور بے بس ہوتے ہیں، اس لئے موقعہ ہو تو جدہ میں نہالے ورنہ مکہ پہنچ کر نہائے، وہاں نہانے کا معقول انتظام ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ مکہ میں داخل ہونے سے پہلے فَخّ نامی جگہ میں غسل فرماتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث غیر محفوظ ہے، واقعہ کی صحیح صورت یہ ہے کہ ابن عمرؓ جب حج یا عمرہ کے لئے مکہ تشریف لے جاتے تھے تو پہلے ذوطوی نامی جگہ میں ٹھہرتے تھے اور نماز فجر ادا کر کے غسل کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ نبی ﷺ بھی ایسا کرتے تھے (بخاری حدیث ۱۵۵۳) یعنی یہ حدیث موقوف ہے، ابن عمر کا عمل ہے کہ وہ مکہ معظّمہ میں داخل ہونے سے پہلے غسل کرتے تھے، اس حدیث میں عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم نے گڑ بڑ کی ہے اور وہی اس حدیث کو مرفوع کرتا ہے، اور یہ راوی ضعیف ہے، امام احمد اور ابن المدینی رحمہما اللہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔

[۲۹] باب ماجاء فی الاغتسال لدخول مكة

[۸۴۳-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوسى، أَخْبَرَنِیْ هَارُوْنُ بنُ صَالِحٍ، نَا عبدُ الرحمنِ بنُ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عن أَبِيْهِ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: اغْتَسَلَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم لِدُخُوْلِ مَكَّةَ بِفَخٍّ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غيرُ مَحْفُوْظٍ، والصَّحِيْحُ مَارَوَى نَافِعٌ عن ابنِ عُمَرَ أَنَّهُ كانَ يَغْتَسِلُ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ. وبه يقولُ الشَّافعیُّ، يَسْتَحِبُّ الاغْتِسَالُ لِدُخُوْلِ مَكَّةَ، وعبدُ الرحمنِ بنُ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ ضَعِيْفٌ فِیْ الحديثِ، ضَعَّفَهُ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ وعلیُّ بنُ المَدِيْنِیِّ وَغَيْرُهُمَا، وَلاَ نَعْرِفُ هٰذَا مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِهِ.

بابُ ماجاء فی دُخولِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مَکَّةَ مِنْ أَعْلَاهَا وَخُرُوْجِهِ مِنْ أَسْفَلِهَا

نبی ﷺ مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے اورزیریں حصہ سے نکلے

مکہ معظّمہ کی مشرقی اورمغربی جانبوں میں پہاڑی سلسلہ ہے جو بہت دور تک چلا گیا ہے اوران کے بیچ میں وادی مکہ ہے، آنحضور ﷺ جب حجۃ الوداع کے لئے تشریف لے گئے تو آپؐ نے مکہ سے قریب ذی طُوی میں قیام فرمایا اوراگلے دن ۴ ذی الحجہ کی صبح میں غسل کیا، پھرمکہ شریف کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے، بیت اللہ سے منی کی جانب بالائی حصہ ہے اور مکہ کا مشہور قبرستان حَجون اسی طرف ہے۔اور جب حج سے فارغ ہوئے اور مدینہ منورہ کی طرف مراجعت فرمائی تو مکہ کے زیریں حصہ (مسفلہ) سے نکلے اورراستہ بدلنے کی وجہ یہ تھی کہ منی سے لوگ مکہ آرہے تھے، اگرآپؐ جس راستہ سے آئے تھے اسی راستہ سے مراجعت فرماتے تو منی سے آنے والوں کے ساتھ مزاحمت ہوتی،اور دوسری وجہ وہی ہے جوعیدین میں راستہ بدلنے کی ہے،یعنی دونوں ہی راستوں میں مسلمانوں کی شان وشوکت کا اظہار مقصود تھا،اورامراء کے لئے حفاظت کا سامان بھی کرنا تھا۔

حدیث: حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ مکہ آئے تو اس کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے،اوراس کے زیریں حصہ سے واپس لوٹے۔

[۳۰] باب ماجاء فی دخول النبی صلی اللہ علیہ وسلم مکة من أعلاها وخروجه من أسفلها

[۸۴۴-] حدثنا أبو موسیَ محمدُ بنُ المُثَنَّی، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قالتْ: لَمَّا جَاءَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم إِلیٰ مَکَّةَ دَخَلَهَا مِنْ أَعْلَاهَا، وَخَرَجَ مِنْ أَسْفَلِهَا.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فِیْ دُخُوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مَکَّةَ نَهَاراً

نبی ﷺ مکہ میں دن میں داخل ہوئے ہیں

آنحضور ﷺ دن میں مکہ میں داخل ہوئے تھے اوراس کی متعدد وجوہ تھیں: (۱) آپؐ کے ساتھ ساٹھ ستر ہزار کا قافلہ تھا،اگرآپؐ رات میں مکہ شریف میں داخل ہوتے تو سارے مکہ کی نیند حرام ہوجاتی (۲) سکون قلبی سے مکہ شریف میں داخل ہونا پیش نظر تھا، ماندگی کی حالت میں داخل ہوتے تو اللہ کے جلال وعظمت کا خوب دھیان نہ کیا جاسکتا

(۳) آپؐ بیت اللہ کا پہلا طواف لوگوں کے روبرو کرنا چاہتے تھے تاکہ لوگ مناسک سیکھیں اس لئے آپؐ مکہ سے باہر رک گئے، تاکہ جو لوگ پیچھے ہیں وہ اکٹھا ہو جائیں اور وہاں سے اعمال حج کا ذہن بنا کر چلیں اور مکہ میں پہنچ کر آپؐ کے ساتھ طواف وغیرہ اعمال میں شریک ہوں تاکہ مناسک سیکھیں۔

[۳۱] باب ماجاء فی دخول النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مکۃ نھاراً

[۸۴۵-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عیسی، نَاوَکِیْعٌ، نا العُمَرِیُّ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ مَکَّۃَ نَھَارًا.

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فِیْ کَرَاھِیَۃِ رَفْعِ الیَدَیْنِ عِنْدَ رُؤْیَۃِ الْبَیْتِ

بیت اللہ نظر پڑنے پر رفع یدین مکروہ ہے

جب مسجد حرام میں داخل ہو اور کعبہ شریف پر نظر پڑے تو تین مرتبہ اللہ اکبر اور تین مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے اور اس وقت رفع یدین کرے یا نہ کرے؟ رفع یدین کی دو شکلیں ہیں: ایک: جب کعبہ شریف پر نظر پڑے تو اللہ اکبر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھانا جس طرح تکبیر تحریمہ کے وقت اٹھائے جاتے ہیں، دوسری: ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا، یہ بھی رفع یدین ہے۔ احناف کے نزدیک: نہ تکبیر تحریمہ میں رفع کی طرح ہاتھ اٹھائے، نہ دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے، البتہ اس موقعہ پر بغیر ہاتھ اٹھائے دعا ضرور کرے وہ قبولیتِ دعا کا موقعہ ہے، یہی مذہب امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس وقت ہاتھ اٹھا کر دعا کرنی چاہئے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا: کیا جب آدمی کی نظر (پہلی بار) بیت اللہ پر پڑے تو رفع یدین کرے؟ (یہ سوال رفع یدین کی دونوں صورتوں کو شامل ہے) انھوں نے فرمایا: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا تو ہم نے اس کو کیا تھا یعنی ہم نے حج میں رفع یدین کیا تھا۔

[۳۲] باب ماجاء فی کراھیۃ رفع الیدین عند رؤیۃ البیت

[۸۴۶-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عیسیٰ، نا وَکِیعٌ، نا شُعْبَۃُ، عن أبی قَزَعَۃَ البَاھِلِیِّ، عن المُھَاجِرِ الْمَکِّیِّ، قال: سُئِلَ جَابِرُ بنُ عبدِ اللّٰہِ: أَیَرْفَعُ الرَّجُلُ یَدَیْہِ إِذَا رَأَی البَیْتَ؟ فقالَ: حَجَجْنَا مَعَ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فَکُنَّا نَفْعَلُہُ.

قال أبو عيسى: رَفْعُ اليَدِيْنِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ شُعْبَةَ عن أبي قَزَعَةَ، واسْمُ أَبِيْ قَزَعَةَ سُوَيْدُ بنُ حُجْرٍ.

ترجمہ اور وضاحت: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: بیت اللہ پر نظر پڑنے کے وقت ہاتھوں کو اٹھانے کی روایت ہم صرف شعبہ کی سند سے جانتے ہیں جو ابوقزعۃ سے مروی ہے، اس عبارت سے معلوم ہوا کہ حدیث کی صحیح عبارت: فَكنا نفعله ہے، مگر مصری نسخہ میں أفكنا نفعله؟ ہے اور ہمزہ استفہام انکاری ہے یعنی کیا پس ہم نے اس کو کیا تھا؟ یعنی اس موقعہ پر ہم نے رفع یدین نہیں کیا تھا۔ اور ابوداؤد (حدیث ۱۸۷۰) سے اس نسخہ کی تائید ہوتی ہے، ابوداؤد میں حدیث کے الفاظ ہیں: ما کُنتُ أُرى أحداً يفعلُ هذا إلا اليهودَ، وقَدْ حَجَجْنَا مع رسولِ الله صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يَكُنْ يَفْعَلُهُ یعنی میرے خیال میں تو یہ کام یہودی کرتے ہیں، اور ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا، پس آپؐ نے اس کو نہیں کیا، اس عبارت سے معلوم ہوا کہ ترمذی کی عبارت میں تصحیف ہے کیونکہ باب رفع کی کراہیت کا باندھا ہے جو أَفَكُنَّا نَفْعَلُهُ؟ ہی سے ثابت ہوسکتا ہے۔

بابُ ماجاءَ كَيْفَ الطَّوَافُ

طواف کا طریقہ

طواف کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کعبہ شریف کے پاس پہنچ کر سب سے پہلے حجر اسود کا استلام کرے یعنی اس کو چھوئے پھر دائیں جانب چلے اور سات چکر لگائے، یہ ایک طواف ہوا اور ہر چکر میں حجر اسود کا استلام کرے، اور اژدحام ہو تو حجر اسود کے مقابل کھڑا ہو کر ہاتھ سے یا لکڑی وغیرہ سے چھوئے اور اس کو چومے، اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو صرف اشارہ کرے اور تکبیر کہے، اور شروع کے تین چکروں میں رَمَل کرے یعنی چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر کندھے ہلاتا ہوا ذرا تیز چلے جس طرح پہلوان اکھاڑے میں چلتا ہے اور رمل صرف اس طواف میں کرے جس کے بعد سعی کرنی ہے، پھر طواف کے بعد مقام ابراہیم پر آئے اور طواف کا دوگانہ پڑھے یہ دوگانہ واجب ہے۔ اور اس طرح کھڑا ہو کہ مقام ابراہیم اور کعبہ دونوں سامنے آجائیں مگر قبلہ کعبہ شریف ہے مقام ابراہیم قبلہ نہیں ہے۔ اور اژدحام کی صورت میں جہاں بھی آسانی ہو دوگانہ ادا کرے، طواف کے دوگانہ سے فارغ ہو کر پھر حجر اسود کا استلام کرے پھر صفا ومروہ کی سعی کے لئے نکلے اور سعی صفا سے شروع کرے، صفا سے مروہ تک ایک چکر ہوگا اور مروہ سے صفا تک دوسرا چکر ہوگا، اس طرح صفا اور مروہ کے درمیان سات چکر لگائے، سعی صفا سے شروع کرے اور مروہ پر ختم کرے، اور سعی میں دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑے، یہ سنت ہے۔

حدیث: نبی ﷺ جب مکہ پہنچے تو مسجد میں داخل ہوئے، پس حجر اسود کو ہاتھ لگایا اور اس کو چوما پھر دائیں جانب چلے اور تین چکّروں میں رمل کیا، اور چار چکروں میں عادت کے مطابق چلے، پھر مقام ابراہیم پر تشریف لائے اور آیت کریمہ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ پڑھی یعنی تم مقام ابراہیم کو نماز کی جگہ بنالو۔ پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں درانحالیکہ مقام ابراہیم آپؐ کے اور کعبہ شریف کے درمیان تھا، پھر طواف کا دوگانہ ادا کرکے حجر اسود پر تشریف لائے اور اس کو ہاتھ لگایا اور چوما پھر صفا پہاڑی پر تشریف لے گئے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) میرا خیال ہے کہ آپؐ نے وہاں یہ آیت تلاوت کی: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ یعنی صفا و مروہ اللہ کے دین کی امتیازی نشانیاں ہیں۔

تشریح:

۱- کعبہ شریف جس کا طواف کرتے ہیں درحقیقت مسجد ہے اور آیت کریمہ: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ میں مسجد حرام سے کعبہ شریف مراد ہے، اس کے اردگرد جو جگہ ہے وہ مطاف کہلاتی ہے، پہلے کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھی جاتی تھی، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ کے دو دروازے بنائے تھے اور دونوں زمین سے لگے ہوئے تھے، بعد میں قریش نے اپنی اجارہ داری قائم کرنے کے لئے ایک دروازہ کردیا اور اس کو قد آدم اونچا کردیا تاکہ جسے چاہیں داخل ہونے دیں، پھر باہر نماز ہونے لگی، اور مطاف کو بلکہ اس کے بعد جو مسجد بنی ہے اس کو مسجد حرام کہنے لگے، ورنہ اصل مسجد کعبہ شریف ہے۔

۲- نبی ﷺ نے عمرۃ القضاء میں رمل اس لئے کیا تھا کہ مشرکین مرعوب ہوں ان کا خیال تھا کہ مسلمانوں کو مدینہ کے بخار نے لاغر ونحیف کردیا ہے وہ ایک جگہ سے طواف کا منظر دیکھ رہے تھے۔ نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ اکڑ کر چلیں، چنانچہ مشرکین طواف کا منظر دیکھ کر دنگ رہ گئے اور کہنے لگے: کون کہتا ہے کہ مسلمان کمزور ہوگئے ہیں، یہ تو ہرنوں کی طرح چوکڑیاں بھر رہے ہیں، اور کود کود کر طواف کررہے ہیں۔ نبی ﷺ نے اس وقت کعبہ کے صرف اس حصہ میں رمل کیا تھا جہاں سے طواف کا منظر مشرکین کو نظر آرہا تھا اور اوٹ میں آپؐ حسب معمول چلتے تھے، جب مشرکین ہٹ گئے تو باقی چکر حسب معمول چل کر پورے کئے، ان میں رمل نہیں کیا۔ مگر حجۃ الوداع میں آپؐ نے پورے تین چکروں میں رمل کیا تھا جبکہ وہاں کوئی مشرک نہیں تھا، پس شروع میں رمل کا مقصد چاہے کچھ رہا ہو مگر اب وہ مناسک میں داخل ہے، جیسے آپؐ نے جب سعی کی تھی تو صفا اور مروہ کے درمیان ایک مخصوص حصہ میں دوڑے تھے، اس کا مقصد بھی جلادت (قوت) کا مظاہرہ تھا، مگر جب آپؐ وہاں دوڑے تو وہ عمل مناسک میں شامل ہوگیا، اب اس مخصوص حصہ میں جس کی دوہرے نشانوں سے نشاندہی کردی گئی ہے دوڑنا سنت ہے (وہاں حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کا دوڑنا بھی ایک وجہ ہے)

۳- آپؐ نے مقام ابراہیم پر پہنچ کر آیت کریمہ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلّٰى﴾ تلاوت کی تھی اور طواف کا دوگانہ ادا فرمایا تھا۔ یہاں آیت تلاوت کرنے کا مقصد یہ تھا کہ آپؐ اس کی عملی تفسیر کرنا چاہتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے جو مقام ابراہیم کو مصلیٰ (نماز پڑھنے کی جگہ) بنانے کا حکم دیا ہے وہ حکم سب نمازوں کے لئے نہیں ہے صرف طواف کا دوگانہ یہاں پڑھنے کا حکم ہے اور اپنی نماز میں مقام ابراہیم اور کعبہ شریف دونوں کو سامنے لے کر اشارہ کیا کہ قبلہ صرف کعبہ شریف ہے، مقام ابراہیم قبلہ نہیں ہے، اور مقام ابراہیم پر دوگانہ پڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ مقامِ ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہوکر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خانہ کعبہ تعمیر کیا تھا، اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پیروں کے نشانات ہیں اور اسی پتھر پر کھڑے ہوکر آپؑ نے لوگوں کو حج کی دعوت دی تھی اور وہ پتھر جنت سے اتارا گیا تھا، جیسے حجر اسود جنت سے اتارا گیا ہے۔ اس لئے مقام ابراہیم مسجد حرام کی بزرگ ترین جگہ ہے اور اللہ کی قدرت کی وہ نشانی ہے جو حضرت خلیل اللہ پر ظاہر ہوئی ہے اور حج میں انہی امور کو یاد کرنا مقصود ہے، اس لئے کہ اس یادگار مقام پر دوگانہ طواف پڑھنا مستحب ہے۔

دوگانۂ طواف کی وجہ: ہر طواف کے بعد دو رکعتیں بیت اللہ کی تعظیم کی تکمیل کے لئے پڑھی جاتی ہیں، بیت اللہ کا طواف بھی اس کی تعظیم ہے، مگر کمال تعظیم یہ ہے کہ اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جائے، اور یہاں سے یہ بات بھی واضح ہوئی کہ کعبہ شریف معبود نہیں ہے، وہ صرف معظم ومحترم جگہ ہے، اس لئے اس کا طواف کیا جاتا ہے اور نمازوں میں اس کی طرف رخ کیا جاتا ہے، جیسے مقام ابراہیم محترم پتھر ہے اس لئے اس کی طرف رخ کیا جاتا ہے وہ بھی معبود نہیں ہے اور اس کی دلیل یہ ہے کہ کعبہ کو بیت اللہ (اللہ کا گھر) کہتے ہیں، معلوم ہوا کہ وہ خود معبود نہیں ہے اور جب کوئی شخص کسی کے گھر کا ارادہ کرتا ہے تو مقصود صاحب مکان ہوتا ہے مگر انتساب کی وجہ سے مکان کو بھی عظمت کا ایک درجہ حاصل ہو جاتا ہے، اور چونکہ اللہ کی ذات غیر مرئی ہے اس لئے ملت کی شیرازہ بندی کے لئے نمازوں میں اس کے گھر کا رخ کیا جاتا ہے اور جذبۂ احترام وعقیدت کے اظہار کے لئے اس کے گھر کے چکر لگائے جاتے ہیں۔

۴- اس کے بعد آپؐ صفا پہاڑی کی طرف نکلے جب آپؐ اس کے بالکل قریب پہنچ گئے تو آیت کریمہ: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ تلاوت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ ہم صفا سے اس لئے سعی شروع کر رہے ہیں کہ اللہ پاک نے آیت میں صفا کا ذکر پہلے کیا ہے اور واو اگرچہ مطلق جمع کے لئے ہے اس میں تعقیب کا مفہوم نہیں ہوتا مگر یہاں آیت تلاوت فرما کر آپؐ نے اشارہ کیا کہ آیت میں صفا کی تقدیم محض اتفاقی نہیں ہے بلکہ مذکور کو مشروع کے ساتھ موافق کرنے کے لئے ہے یعنی اس پر عمل کرنے کے لئے ہے، چنانچہ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ صفا سے سعی شروع کرنا واجب ہے، اگر کوئی مروہ سے سعی شروع کرے گا تو مروہ اور صفا کے درمیان کا ایک چکر بےکار جائے گا۔

[۳۳] باب ماجاء کیف الطواف؟

[۸٤۷-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا یَحییَ بنُ آدَمَ، نا سُفیانُ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحَمَّدٍ، عن أبیهِ، عَنْ جَابِرٍ، قالَ: لَمَّا قَدِمَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم مَکَّةَ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَاسْتَلَمَ الحَجَرَ، ثُمَّ مَضٰی عَلٰی یَمِیْنِهِ، فَرَمَلَ ثَلَاثًا وَمَشٰی أَرْبَعًا ثُمَّ أَتَی الْمَقَامَ فَقَالَ:﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِیْمَ مُصَلّٰی﴾ فَصَلّٰی رَکْعَتَیْنِ،وَالْمَقَامُ بَیْنَهُ وَبَیْنَ الْبَیْتِ، ثُمَّ أَتَی الْحَجَرَ بَعْدَ الرَّکْعَتَیْنِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ خَرَجَ إِلٰی الصَّفَا، أَظُنُّهُ قَالَ:﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، قالَ أبو عیسی: حدیثُ جابرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ.

بابُ ماجاءَ فِیْ الرَّمَلِ مِنَ الْحَجْرِ إِلٰی الْحَجَرِ

طواف کے پورے چکر میں رمل کرنا مسنون ہے

گذشتہ باب میں یہ بتایا ہے کہ آنحضور ﷺ نے عمرۃ القضا میں طواف کے ابتدائی تین چکروں میں رمل کیا تھا،مگر پورے چکر میں رمل نہیں کیا تھا بلکہ جہاں سے مشرکین کو طواف نظر آرہا تھا صرف اسی حصہ میں رمل کیا تھا لیکن حجۃ الوداع میں آپؐ نے ابتدائی تین چکروں میں پورے چکروں میں رمل کیا تھا،اس لئے اب پورے چکر میں رمل کرنا مسنون ہے، اور رمل یہ ہے کہ سینہ تان کر کندھے ہلاتے ہوئے ذرا تیز قدموں سے چلے جیسے پہلوان جب وہ اکھاڑے میں اترتا ہے تو چلتا ہے،اور رمل صرف مرد کریں گے عورتیں رمل نہیں کریں گی،اور اگر کوئی شخص بالقصد رمل نہ کرے یا بھیڑ کی وجہ سے رمل نہ کرے تو اس پر کچھ واجب نہیں،اس لئے کہ رمل سنت ہے،اور بعض علماء کے نزدیک مکی پر رمل نہیں،خواہ وہ مکہ کے اصل باشندے ہوں یا تمتع کی نیت سے باہر سے آئے ہوں اور عمرہ کا احرام کھول کر مکہ میں مقیم ہوگئے ہوں۔ پھر مکہ سے حج کا احرام باندھا ہو تو وہ رمل نہیں کرے گا،مگر احناف کے یہاں ضابطہ یہ ہے کہ جس طواف کے بعد سعی ہے اس میں رمل ہے اور جس طواف کے بعد سعی نہیں اس میں رمل نہیں،عمرہ کے طواف کے بعد چونکہ سعی ہے اس لئے عمرہ کے طواف میں رمل کریں گے،اور حج میں اگر طواف قدوم کے بعد سعی کرنے کا ارادہ ہے تو رمل کریں گے، پھر طوافِ زیارت میں رمل نہیں کریں گے، کیونکہ حج کی سعی طوافِ قدوم کے بعد کی جاچکی ہے پس طوافِ زیارت کے بعد سعی نہیں کرے گا اس لئے رمل بھی نہیں کرے گا۔ اور اگر طوافِ قدوم کے بعد سعی کرنے کا ارادہ نہیں ہے تو اس طواف میں رمل نہیں کرے گا، بلکہ طوافِ زیارت میں رمل کرے گا،اور یہ قاعدہ کلیہ مکی اور آفاقی سب کے لئے ہے۔

[۳٤] باب ماجاء فى الرمل من الحجر إلى الحجر

[۸٤۸-] حدثنا عليُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عن مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبِيْهِ، عن جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَمَلَ مِنَ الْحَجْرِ إِلَى الْحَجْرِ ثَلاثًا، ومَشَى أَرْبَعًا.

وفى الباب: عن ابنِ عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ.

قال الشافِعِيُّ: إِذَا تَرَكَ الرَّمَلَ عَمْدًا فَقَدْ أَسَاءَ وَلاَ شَيْئَ عَلَيْهِ، وإِذَا لَمْ يَرْمُلْ فِيْ الأَشْوَاطِ الثَّلاَثَةِ لَمْ يَرْمُلْ فِيْمَا بَقِيَ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لَيْسَ على أَهْلِ مَكَّةَ رَمَلٌ وَلاَ عَلَى مَنْ أَحْرَمَ مِنْهَا.

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص بالقصد رمل ترک کردے تو اس نے برا کیا اور اس پر کچھ واجب نہیں، اور جب اس نے ابتدائی تین چکروں میں رمل نہ کیا تو باقی چکروں میں رمل نہیں ہے یعنی بعد کے چکروں میں تلافی مافات نہیں ہوسکتی۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اہل مکہ پر رمل نہیں اور نہ اس شخص پر رمل ہے جس نے مکہ سے احرام باندھا ہے (ائمہ اربعہ کا یہ مذہب نہیں)

بابُ ماجاءَ فِيْ اسْتِلاَمِ الْحَجَرِ وَالرُّكْنِ الْيَمَانِيِّ دُوْنَ مَاسِوَاهُمَا

صرف حجر اسود اور رکن یمانی کا استلام مسنون ہے کعبہ کے دوسرے کونوں کا استلام مسنون نہیں

کعبہ شریف کے چار کونے ہیں، ایک کونے میں حجر اسود لگا ہوا ہے اس کا استلام بھی ہے اور تقبیل بھی، یعنی اس کو چھونا بھی ہے اور چومنا بھی، اور کعبہ شریف کے جو دو کونے حطیم کی طرف ہیں جو رکن شامی کہلاتے ہیں ان کو نہ چھونا ہے نہ چومنا ہے اور رکن یمانی کا صرف استلام ہے اس کو چومنا نہیں ہے، اور شامی کونوں کا استلام اس لئے نہیں ہے کہ وہاں سے مڑنا نہیں ہوتا بلکہ آگے حطیم سے گزر کر مڑنا ہوتا ہے کیونکہ حطیم کعبہ کا حصہ ہے، پس اگر ہر شخص وہاں استلام کرنے کے لئے رکے گا تو طواف رک جائے گا۔ دوسری وجہ: یہ ہے کہ یہ دونوں کونے اپنی اصلی جگہ پر نہیں ہیں، جب نبی ﷺ کی عمر مبارک ۳۵ برس کی تھی، اس وقت قریش نے کعبہ شریف تعمیر کیا تھا، کعبہ شریف بوسیدہ ہوگیا تھا۔ آپؐ خود بنائے کعبہ میں شریک تھے اس وقت تعمیر کعبہ کے لئے چندہ کیا گیا تھا اور شرط یہ رکھی گئی تھی کہ صرف حلال وطیب مال ہی چندہ میں دیا جائے، چنانچہ چندہ تھوڑا ہوا اس لئے قریش نے کعبہ چھوٹا بنایا اور حطیم کی طرف کا حصہ کعبہ سے باہر نکال دیا۔ غرض حطیم کعبہ کا جزء ہے اور شامی کنارے اپنی اصلی جگہ پر نہیں ہیں اس لئے ان کا استلام نہیں کیا جاتا۔

حدیث: ابوالطفیل کہتے ہیں: ہم ابن عباسؓ کے ساتھ تھے (یہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کا واقعہ

ہے)اورحضرت معاویہؓ کعبہ کے ہر کونے کا استلام کرتے تھے ان سے ابن عباسؓ نے کہا: نبی ﷺ نے صرف حجر اسود اور رکن یمانی کا استلام کیا ہے۔ حضرت معاویہؓ نے فرمایا: بیت اللہ کا کوئی حصہ متروک نہیں، یعنی کعبہ کا ہر جز برکت والا ہے، پس چاروں کونوں کا استلام کرنا چاہئے۔

تشریح: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے جو بات کہی ہے وہ نص کے خلاف ہے، اور نص کے خلاف صحابہ کا قول وفعل حجت نہیں، چہ جائے کہ ائمہ مجتہدین کا، اور دلیل عقلی یہ ہے کہ بیشک کعبہ کا ہر جز بابرکت ہے مگر استلام اسی جزء کا کیا جائے گا جس کا استلام ثابت ہے، ورنہ تو کعبہ کی دیوار پر ہاتھ گھسیٹتے ہوئے طواف کرنا چاہئے، کونوں ہی کی کیا تخصیص ہے؟

[۳۵] باب ماجاء في استلام الحجر والركن اليماني، دون ماسواهما

[۸۴۹-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا سُفيانُ، ومَعْمَرٌ، عن ابنِ خُثَيْمٍ، عن أبي الطُّفَيْلِ، قال: كُنَّا مَعَ ابنِ عَبَّاسٍ، ومُعَاوِيَةُ لَايَمُرُّ بِرُكْنٍ إِلَّا اسْتَلَمَهُ، فَقَالَ لَهُ ابنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ يَسْتَلِمُ إِلَّا الْحَجَرَ الْأَسْوَدَ وَالرُّكْنَ الْيَمَانِيَّ، فقالَ مُعَاوِيَةُ: لَيْسَ شَيْئٌ مِنَ الْبَيْتِ مَهْجُوْرًا.

وفي الباب: عن عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ أَنْ لَا يُسْتَلَمَ إِلَّا الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ وَالرُّكْنُ الْيَمَانِيُّ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم طَافَ مُضْطَبِعًا

نبی ﷺ نے طواف میں اضطباع کیا تھا

جب آنحضور ﷺ نے طواف کیا تو اضطباع بھی کیا اور اضطباع کے معنی ہیں: دائیں بغل کے نیچے سے چادر نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔ یہ حالت رمل میں سہولت کے لئے ہے، اور رمل آپؐ نے طواف کے شروع کے تین چکروں میں کیا تھا مگر اضطباع آخر تک باقی رکھا تھا اور اضطباع اس طواف میں مسنون ہے جس میں رمل ہے اور رمل اس طواف میں ہے جس کے بعد سعی ہے۔

[۳۶] باب ماجاء أن النبيَّ صلى الله عليه وسلم طَافَ مُضْطَبِعًا

[۸۵۰-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا قَبِيْصَةُ، عن سُفيانَ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن عبدِ الحَمِيْدِ، عن ابنِ يَعْلَى، عن أَبِيْهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: طافَ بِالْبَيْتِ مُضْطَبِعًا وَعَلَيْهِ بُرْدٌ.

قال أبو عيسى: هذا حديثُ الثَّوْرِیِّ عن ابنِ جُرَيْجٍ، لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ حَدِيْثِهِ، وَهُوَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وعبدُ الحَميدِ: هُوَ ابنُ جُبَيْرِ بنِ شَيْبَةَ، عن ابنِ يَعْلَى، عن أَبِيْهِ: وَهُوَ يَعْلَى بنُ أُمَيَّةَ.

بابُ ماجاءَ فی تَقْبِيْلِ الْحَجَرِ

حجراسود کو چومنے کا بیان

مسئلہ یہ ہے کہ جب بھی طواف کرنے والا حجراسود کے پاس سے گذرے اس کو چھوئے اور چومے اور اژدحام ہو اور چومنا مشکل ہو تو اسے ہاتھ لگا کر ہاتھ کو چومے اور یہ بھی دشوار ہو تو اس کی طرف ہاتھ سے یا کسی چیز سے اشارہ کرے اور تکبیر کہے۔ نبی ﷺ نے اونٹ پر بیٹھ کر طواف کیا تھا، پس جب آپ حجراسود کے سامنے سے گزرتے تو چھڑی سے اشارہ کرتے اور تکبیر کہتے تھے، خیال رہے کہ ہاتھ وغیرہ سے اشارہ کرنے کی صورت میں ہاتھ کو نہیں چومے گا، اسی طرح حجراسود کی طرف گھومنا بھی ضروری نہیں، صرف استقبال (منہ کرنا) کافی ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ اپنی خلافت کے زمانہ میں حج یا عمرہ کے لئے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے، بڑا مجمع آپ کے ساتھ تھا، جب طواف کے لئے کعبہ کے پاس پہنچے تو حجراسود کو چوما اور (لوگوں کے سامنے حجراسود سے) فرمایا: میں تجھے چوم رہا ہوں مگر میں جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے یعنی تو معبود نہیں ہے اور اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے چومتے نہ دیکھا ہوتا تو میں تجھے نہ چومتا۔

تشریح:

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح یہ کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے تقبیل حجر سے لوگوں کو روکنے کا ارادہ فرمایا، پھر ان پر یہ بات ظاہر ہوئی کہ جب نبی ﷺ نے حجراسود کو چوما ہے تو ضرور اس کی کوئی وجہ ہوگی اس لئے آپ نے ارادہ بدل دیا۔ لوگوں کو منع نہیں کیا بلکہ خود بھی بوسہ دیا۔ مگر اس سے اچھی تشریح وہ ہے جو حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں کی ہے کہ حضرت عمرؓ کے اس ارشاد اور عمل سے یہ بات واضح ہوئی کہ جو حکم قرآن وحدیث سے ثابت ہو اس کو چون چرا کے بغیر مان لینا چاہئے، خواہ اس کی مصلحت سمجھ میں آئے یا نہ آئے، حجراسود بالیقین ایک پتھر ہے اس میں معبودیت کی شان نہیں ہے مگر جب نبی ﷺ نے اس کو چوما ہے تو ہم بھی چومیں گے اگرچہ اس کی وجہ ہماری سمجھ میں نہ آئے۔

دین کا مدار ثبوت پر ہے حکم شرعی عقل کی سمائی میں آئے یا نہ آئے، اس پر دین کا مدار نہیں۔ ابوداؤد میں روایت ہے: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ”اگر دین میں رائے کا دخل ہوتا تو موزوں کے نیچے مسح اوپر کی بہ نسبت اولیٰ تھا“

کیونکہ گرد وغبار نیچے لگتا ہے مگر چونکہ اوپر مسح منصوص ہے اس لئے عقل کو بالائے طاق رکھ دیا جائے گا اور موزوں کے اوپر مسح کیا جائے گا۔ اس سے بھی یہ اصل ثابت ہوئی کہ احکام شرع پر عمل کرنا حکمت (وجہ) جاننے پر موقوف نہیں، احکام شرعیہ کی سب سے بڑی حکمت یہ ہے کہ وہ اللہ اور رسول اللہ ﷺ کا حکم ہے۔ اس سے بڑی کوئی وجہ نہیں ہوسکتی، دیگر تمام وجوہ ثانوی درجہ کی چیزیں ہیں مثلاً یہ وجہ کہ حجر اسود ایک متبرک پتھر ہے، حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ جنت سے اتارا گیا ہے، پس وہ پروردگار سے قریب العہد یعنی نیا آیا ہوا ہے اس لئے اس کو تبرکاً چوما جاتا ہے تعظیم وعبادت کے طور پر نہیں چوما جاتا وغیرہ حکمتیں ہیں، اور علت معلوم نہیں۔

فائدہ: محبت اور تبرک کے طور پر کسی چیز کو چومنے میں کوئی حرج نہیں، جیسے قرآن کریم کو چومنا، حتی کہ دو روایتوں میں دست بوسی اور قدم بوسی کا بھی تذکرہ آیا ہے، دو واقعات میں نومسلم حضرات خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے اور انھوں نے دست بوسی اور قدم بوسی کی تھی۔ ان میں سے ایک روایت ابوداؤد میں ہے جو مشکوٰۃ میں بھی آئی ہے، یہ دونوں روایتیں اعلی درجہ کی صحیح نہیں مگر وہ چومنا چونکہ تبرک کے طور پر تھا اس لئے گنجائش تھی، پھر جب بات آگے بڑھی اور لوگ بڑوں کو تعظیم کے طور پر چومنے لگے تو علماء نے دست بوسی کو تو ناپسند کیا اور قدم بوسی کو ناجائز قرار دیا، کیونکہ وہ زمین بوسی کے مشابہ تھی اور زمین بوسی سجدہ کے مشابہ ہے، اور علماء نے یہ بات قیام تعظیمی کی جو ممانعت آئی ہے کہ تم اپنے بڑوں کے لئے ایسا قیام نہ کرو جیسا عجمی اپنے بڑوں کے لئے کرتے ہیں اس سے مطلقاً وتعظیماً دست بوسی اور قدم بوسی کو بھی ممنوع قرار دیا ہے، کیونکہ تعظیم جب حد سے بڑھ جاتی ہے تو وہ عبادت اور پوجا تک پہنچ جاتی ہے اس لئے سد باب کے طور پر قدم بوسی کو تو مطلقاً ناجائز کہا اور دست بوسی کو نامناسب قرار دیا، اگر محبت میں چومنا ہے تو پیشانی چومے، یہی سنت ہے۔ اور تجربات سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ غلو محترم شخصیات میں پیدا ہوتا ہے دیگر چیزوں میں لوگ غلو نہیں کرتے جیسے قرآن کو جب بھی کوئی چومتا ہے تو برکت ہی کے لئے چومتا ہے یہی حال حجر اسود کا ہے اس لئے اس کا چومنا مشروع ہوا۔ یہی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول کا مطلب ہے کہ میں سنت کی پیروی میں تجھے چوم رہا ہوں۔

[۳۷] باب ماجاء فی تقبیل الحجر

[۸۵۱-] حدثنا هَنَّادٌ، حدثنا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن عَابِسِ بنِ رَبِيْعَةَ، قال: رَأَيْتُ عُمَرَ بنَ الخطَّابِ يُقَبِّلُ الْحجرَ ويَقُوْلُ: إِنِّيْ أُقَبِّلُكَ وَأَعْلَمُ أَنَّكَ حَجَرٌ، وَلَوْلاَ أَنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يُقَبِّلُكَ لَمْ أُقَبِّلْكَ.

وفى الباب: عن أَبِيْ بَكْرٍ، وابنِ عُمَرَ، قالَ أبو عيسى: حديثُ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ تَقْبِيْلَ الْحَجَرِ، فَإِنْ لَمْ يُمْكِنْهُ أَنْ يَصِلَ إِلَيْهِ اسْتَلَمَهُ بِيَدِهِ وَقَبَّلَ يَدَهُ، وإِنْ لَمْ يَصِلْ إِلَيْهِ اسْتَقْبَلَهُ إِذَا حَاذَى بِهِ، وَكَبَّرَ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ حجر اسود کے چومنے کو پسند کرتے ہیں، پس اگر اس تک پہنچنا ممکن نہ ہو تو اس کو اپنے ہاتھ سے چھوئے اور اپنے ہاتھ کو چومے، اور اگر اس تک نہ پہنچ سکے (یعنی ہاتھ نہ لگا سکے) تو اس کی طرف منہ کرے جب اس کے مقابل ہو اور تکبیر کہے، اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّهُ يَبْدَأُ بِالصَّفَا قَبْلَ الْمَرْوَةِ

سعی صفا سے شروع کرنی چاہئے

حدیث: نبی ﷺ جب مکہ آئے تو آپؐ نے بیت اللہ کے سات چکر لگائے، پھر مقام ابراہیم پر آئے اور آیت کریمہ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ پڑھی پھر مقام ابراہیم کے پیچھے طواف کا دوگانہ ادا فرمایا، پھر حجر اسود پر آئے اور اس کا استلام کیا، پھر فرمایا: ہم سعی وہاں سے شروع کریں گے جہاں سے اللہ نے شروع کیا ہے، پس آپؐ نے سعی صفا سے شروع کی اور یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾

تشریح: یہ حدیث باب ۳۳ میں گذر چکی ہے تفصیل وہاں بیان کی گئی ہے، یہاں دو باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: زمانہ جاہلیت میں صفا اور مروہ پر اساف اور نائلہ نامی دو بت رکھے ہوئے تھے، لوگ جب سعی کرتے تھے تو ان بتوں کو ہاتھ لگاتے تھے اور ان سے تبرک حاصل کرتے تھے، جب اسلام آیا تو وہاں سے وہ بت ہٹا دیئے گئے اور آپؐ نے آیت تلاوت کر کے اشارہ کیا کہ سعی ان بتوں کی وجہ سے نہیں کی جاتی بلکہ صفا و مروہ شعائر اللہ میں سے ہیں، یعنی سعی اس انعام کی یادگار کے طور پر مناسک میں شامل کی گئی ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا پر کیا تھا، مگر یہ عمل بھی درحقیقت اللہ ہی کو یاد کرنے کے لئے ہے۔ حدیث میں ہے کہ جمرات کی رمی اور صفا و مروہ کی سعی اللہ کے ذکر کو برپا کرنے کے لئے ہے اور یہ چیز دیدنی ہے شنیدنی نہیں، صفا و مروہ کے درمیان رات دن ذکر کا وہ زمزمہ بلند ہوتا ہے اور وہ انوار نازل ہوتے ہیں جو بس چشم بصیرت سے دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ الفاظ ان کا نقشہ نہیں کھینچ سکتے!

دوسری بات: شَعَائِرْ: شَعِيْرَةٌ کی جمع ہے اس کے لغوی معنی ہیں: علامت، خاص نشانی، اور قرآن و حدیث کی اصطلاح میں شعائر وہ چیزیں ہیں جو کسی مذہب کی مخصوص علامت ہوتی ہیں، جن کو دیکھتے ہی سمجھ لیا جاتا ہے کہ اس کا تعلق فلاں مذہب سے ہے، مثلاً جہاں بھی مندر نظر پڑتا ہے تو لوگ سمجھ جاتے ہیں کہ یہ ہنود کی عبادت گاہ ہے اور صلیب عیسائیوں کا شعار ہے، جب کسی کے گلے میں صلیب پڑی ہوئی دیکھتے ہیں تو ہر شخص سمجھ جاتا ہے کہ یہ عیسائی ہے اور ٹائی صلیب کی نقل ہے، مہذب عیسائی گلے میں صلیب لٹکانا پسند نہیں کرتے اور ان کے مذہب میں صلیب پہننا ضروری ہے، اس لئے انھوں نے صلیب کی جگہ ٹائی باندھنی شروع کی، اور ناواقف مسلمانوں نے اس کو فیشن کے طور پر باندھنا شروع کیا، حالانکہ وہ صلیب کی نقل ہے اس لئے ٹائی باندھنا ٹھیک نہیں، وہ عیسائیوں کا شعار ہے، جیسے مسجد،

مسجد کے منارے، اذان اور قرآن اسلام کے شعائر ہیں، اسلام کے بڑے شعائر چار ہیں: قرآن، نبی، کعبہ اور نماز۔ ان کے علاوہ بھی اسلام کے بہت سے شعائر ہیں ان میں سے صفا و مروہ ہیں۔ کیونکہ یہاں خاص مناسک ادا کئے جاتے ہیں، اور حج اسلام کا شعار ہے پس حج کے ارکان کی ادائیگی کی جگہیں بھی شعائر ہیں۔

فائدہ: احناف کے نزدیک حج میں سعی واجب ہے، پس اگر کوئی شخص سعی کئے بغیر وطن لوٹ جائے تو جب تک مکہ قریب ہے اس پر مکہ واپس لوٹنا اور سعی کرنا ضروری ہے، اور اگر دور آ گیا تو دم واجب ہے، دم دینے سے سعی کی تلافی ہو جائے گی۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سعی فرض ہے، پس جس کی سعی رہ گئی اس کو بہرحال مکہ واپس لوٹنا اور سعی کرنا ضروری ہے، دم سے کام نہیں چلے گا۔

[۳۸] باب ماجاء أنه يَبْدَأُ بالصفا قبل المروة

[۸۵۲-] حدثنا ابنُ أَبِی عُمَرَ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أبيهِ، عن جابرٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، وأَتَى الْمَقَامَ فَقَرَأَ ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ فَصَلَّى خَلْفَ المَقَامِ، ثُمَّ أَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ قَالَ: "نَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ" فَبَدَأَ بِالصَّفَا وَقَرَأَ ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ أَنَّهُ يَبْدَأُ بِالصَّفَا قَبْلَ الْمَرْوَةِ، فَإِنْ بَدَأَ بِالْمَرْوَةِ قَبْلَ الصَّفَا لَمْ يُجْزِهِ، وَيَبْدَأُ بِالصَّفَا.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ، وَلَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى رَجَعَ، فقالَ بَعضُ أهلِ العلمِ: إِنْ لَمْ يَطُفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ، فَإِنْ ذَكَرَ وَهُوَ قَرِيْبٌ مِنْهَا رَجَعَ، فَطَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَإِنْ لَمْ يَذْكُرْ حَتَّى أَتَى بِلَادَهُ أَجْزَأَهُ، وعليهِ دَمٌ، وهُوَ قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِیِّ.

وقالَ بَعْضُهُمْ: إِنْ تَرَكَ الطَّوَافَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ حَتَّى رَجَعَ إِلَى بِلَادِهِ فَإِنَّهُ لَايُجْزِئُهُ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ، قال: الطَّوَافُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَاجِبٌ لَايَجُوْزُ الْحَجُّ إِلَّا بِهِ.

ترجمہ: اس پر علماء کا عمل ہے کہ آدمی سعی کو صفا سے شروع کرے، مروہ سے پہلے، پس اگر اس نے مروہ سے سعی شروع کی صفا سے پہلے تو یہ درست نہیں (مروہ سے صفا تک کا ایک چکر محسوب نہ ہوگا) اور شروع کرے وہ صفا سے۔

اور علماء کا اس شخص کے بارے میں اختلاف ہے جس نے بیت اللہ کا طواف کیا مگر صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کی اور لوٹ گیا، پس بعض علماء کہتے ہیں: اگر اس نے صفا و مروہ کی سعی نہیں کی یہاں تک کہ مکہ سے نکل گیا پھر اگر اسے سعی نہ کرنا یاد آیا درانحالیکہ وہ مکہ کے قریب ہے تو واپس آئے اور صفا و مروہ کی سعی کرے، اور اگر یاد نہ آیا یہاں تک کہ

وہ اپنے گھر آ گیا تو اس کا حج درست ہو گیا اور اس پر دم واجب ہے۔ اور یہ سفیان ثوری کا قول ہے ـــــ اور بعض علماء کہتے ہیں: اگر صفا ومروہ کی سعی کو چھوڑ دیا، یہاں تک کہ اپنے وطن لوٹ آیا تو اس کا حج درست نہیں ہوا (اسے واپس لوٹ کر سعی کرنی ہوگی) اور یہ شافعیؒ کا قول ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صفا ومروہ کی سعی واجب ہے یعنی فرض ہے اس کے بغیر حج درست نہیں ہوگا۔

بابُ ماجاءَ فِیْ السَّعْیِ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑنے کا بیان

صفا ومروہ کے درمیان دوہرے نشان ہیں ان کے درمیان دوڑنا سنت ہے اور عورتوں، بوڑھوں اور بیماروں کے لئے دوڑنا نہیں ہے اور یہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہ کی ایک یادگار ہے جسے مناسک میں شامل کیا گیا ہے، وہ جگہ جو دوہرے نشانوں کے درمیان ہے پہلے وہاں نالہ تھا یہ کعبہ شریف تعمیر ہونے سے پہلے کی بات ہے اور مکہ کی ایک جانب اونچی ہے، جب بارش ہوتی ہے تو بالائی حصہ کا پانی اسی نالے سے زیریں حصہ میں آتا ہے۔ حضرت ہاجرہؓ نے جب پانی کی تلاش میں صفا سے مروہ اور مروہ سے صفا کے چکر لگائے تھے تو وہ اس ڈھلان میں دوڑ کر اترتی تھیں اور دوڑ کر سامنے چڑھ جاتی تھیں، ان کا یہ دوڑنا اللہ تعالیٰ کو پسند آیا، چنانچہ اس کو مناسک میں لے لیا گیا، اس کے علاوہ وہاں دوڑنے کی ایک وجہ اور بھی ہے جو درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ بیت اللہ کا طواف کرتے وقت اور صفا ومروہ کے درمیان سعی کرتے کے وقت اس لئے دوڑے تھے کہ مشرکین کو اپنی قوت دکھلائیں۔

تشریح: جب نبی ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے مکہ تشریف لائے تو مشرکین مسلمانوں کا طواف اور سعی دیکھنے کے لئے جبل قیقعان پر جمع ہو گئے تھے کیونکہ ان کو خبر پہنچی تھی کہ مدینہ کے بخار نے مسلمانوں کو کمزور کر دیا ہے۔ آنحضرت ﷺ کو جب اس کا علم ہوا تو آپؐ نے صحابہ کو طواف میں رمل کرنے کا حکم دیا۔ جب مشرکین نے مسلمانوں کو اکڑ کر طواف کرتے دیکھا تو وہ دنگ رہ گئے اور یہ کہہ کر وہاں سے ہٹ گئے کہ کون کہتا ہے: مسلمان کمزور ہو گئے ہیں؟! پھر جب آپؐ سعی کے لئے صفا پر تشریف لے گئے تو کچھ اور مشرکین جنھوں نے طواف کا منظر نہیں دیکھا تھا اس پہاڑ پر آ بیٹھے، وہاں سے دوہرے نشانوں کے درمیان کا حصہ نظر آتا تھا، چنانچہ آپؐ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ اس حصہ میں دوڑیں، جب کفار نے مسلمانوں کو اس حصہ میں دوڑتے دیکھا تو وہ یہ سمجھے کہ مسلمان صفا ومروہ کے درمیان پورا چکر دوڑتے ہوئے سعی کرتے ہیں پس وہ حیران رہ گئے، کیونکہ صفا ومروہ کے درمیان کا فاصلہ کچھ کم نہیں ہے، یہ تھی دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑنے کی وجہ۔ پھر جب آنحضور ﷺ حجۃ الوداع کے لئے تشریف لائے تو آپؐ نے طواف میں رمل بھی کیا

اور آپؐ دوہرے نشانوں کے درمیان دوڑے بھی، جبکہ مکہ میں کوئی مشرک نہیں تھا، پس معلوم ہوا کہ میلین اخضرین کے درمیان جو دوڑا جاتا ہے وہ اب مناسک کا حصہ ہے۔ اور ایک چیز کی ''علت'' تو ایک ہوتی ہے مگر ''حکمتیں'' متعدد ہوسکتی ہیں، میلین اخضرین کے درمیان دوڑنے کی یہ دوسری حکمت ہے، پہلی حکمت: حضرت ہاجرہؓ کی یادگار تھی۔

حدیث (۲): کثیر بن جُمہان کہتے ہیں: میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو مَسعیٰ (دوہرے نشانوں کے درمیان) میں چلتے ہوئے دیکھا تو میں نے عرض کیا: آپ صفا ومروہ کے درمیان مَسعیٰ میں چل رہے ہیں؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: اگر میں دوڑوں تو (دوڑنا بھی جائز ہے کیونکہ) میں نے رسول اللہ ﷺ کو مسعیٰ میں دوڑتے ہوئے دیکھا ہے اور اگر میں چلوں تو (یہ بھی جائز ہے کیونکہ) میں نے رسول اللہ ﷺ کو مسعیٰ میں چلتے ہوئے دیکھا ہے، اس جملہ کا مطلب واضح نہیں، اس لئے کہ آنحضور ﷺ سے دوہرے نشانوں کے درمیان چلنا ثابت نہیں، اس لئے شاید یہ مطلب ہو کہ جب نبی ﷺ ہرے نشانوں کی دونوں جانب میں چلے ہیں تو ان کے درمیان چلنا بھی جائز ہے، پس یہ ابن عمرؓ کا قیاس (اجتہاد) ہے ــــــ (اس کے بعد ابن عمرؓ نے اپنا عذر بیان کیا) اور میں بوڑھا ہوں (دوڑنا میرے بس کی بات نہیں، اس لئے چل رہا ہوں، معلوم ہوا کہ بوڑھے، مریض اور عورت کے لئے ہرے نشانوں کے درمیان چلنے کا حکم ہے)

فائدہ: حضرت ابن عمرؓ آخر عمر میں نابینا ہوگئے تھے، بدن موٹا ہوگیا تھا اور گھٹنوں میں تکلیف ہوگئی تھی اس لئے قعدہ میں بھی چار زانو بیٹھتے تھے، بڑھاپے کے اسی عذر کی وجہ سے آپ مسعیٰ میں چلے ہیں۔

[۳۹] باب ماجاء فی السعی بین الصفا والمروة

[۸۵۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا ابنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن طَاوُسٍ، عن ابنِ عباسٍ، قال: إِنَّمَا سَعَی رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم بِالْبَیْتِ وبَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِیُرِیَ الْمُشْرِکِیْنَ قُوَّتَهُ.

قال: وفی الباب: عن عائشةَ، وابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وَهُوَ الَّذِیْ یَسْتَحِبُّهُ أهلُ العِلْمِ أَنْ یَسْعٰی بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَإِنْ لَمْ یَسْعَ وَمَشَی بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ رَأَوْهُ جَائِزًا.

[۸۵٤-] حدثنا یُوسُفُ بنُ عیسیٰ، نا ابنُ فُضَیْلٍ، عن عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ کَثِیْرِ بنِ جُمْهَانَ، قال: رَأَیْتُ ابنَ عُمَرَ یَمْشِیْ فِیْ الْمَسْعٰی، فَقُلْتُ لَهُ: أَتَمْشِیْ فِیْ الْمَسْعٰی بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فقال: لَئِنْ سَعَیْتُ فَقَدْ رَأَیْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَسْعٰی، ولَئِنْ مَشَیْتُ فَقَدْ رَأَیْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَمْشِیْ، وأَنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وقَدْ رَوَی سَعِیدُ بنُ جُبَیْرٍ، عَن ابنِ عُمَرَ نَحْوَ هٰذَا.

ترجمہ: اور علماء اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ آدمی صفا ومروہ کے درمیان دوڑے (مراد دو ہرے نشانوں کے درمیان دوڑنا ہے) پس اگر نہ دوڑے اور وہ صفا ومروہ کے درمیان چلے تو وہ اس کو جائز سمجھتے ہیں (مَسعی میں دوڑنا سنت ہے واجب نہیں)

بابُ ماجاءَ فی الطَّوَافِ رَاکِبًا

سوار ہوکر طواف کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک طواف زیارت پیدل کرنا ضروری ہے، اگر عذر کے بغیر سوار ہوکر طوافِ زیارت کرے گا تو دم واجب ہوگا، اور سوار ہوکر طواف کرنے کی آج کل تین شکلیں ہیں: اول: حرم شریف کے باہر کچھ لوگ رہتے ہیں جو چار پائی پر بٹھا کر طواف کراتے ہیں اور وہ اجرت پر یہ کام کرتے ہیں۔ دوم: ویل چیر پر طواف کرنا۔ سوم: کوئی چڈی کرے یعنی پیٹھ پر لاد کر طواف کرائے۔ یہ تینوں صورتیں سوار ہوکر طواف کرنے کی ہیں، اور بلا عذر ایسا کرنے سے بڑے دواماموں کے نزدیک دم واجب ہوتا ہے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک پیدل طواف زیارت کرنا سنت ہے، پس اگر کوئی عذر کے بغیر بھی سوار ہوکر طواف کرے تو جائز ہے۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹنی پر سوار ہوکر طواف کیا، جب آپ حجر اسود کے قریب آتے تو اس کی طرف (چھڑی سے) اشارہ کرتے تھے۔

تشریح: چھوٹے دو امام کہتے ہیں: آنحضور ﷺ کو کوئی عذر نہیں تھا پھر بھی آپؐ نے سوار ہوکر طواف کیا، معلوم ہوا کہ پیدل طواف زیارت کرنا ضروری نہیں، سوار ہوکر بھی کر سکتے ہیں۔ اور بڑے دو امام کہتے ہیں: یہاں عذر ہے اور وہ یہ ہے کہ مجمع بہت بڑا تھا اور سب آپؐ کو طواف کرتے ہوئے دیکھنا چاہتے تھے، اس لئے اگر آپؐ پیدل طواف کرتے تو سب نہ دیکھ سکتے اس عذر کی وجہ سے سوار ہوکر طواف کرنا جائز ہوا ہے۔ اور بڑے دو اماموں کی دلیل مشہور حدیث ہے کہ بیت اللہ کا طواف نماز ہے، البتہ طواف میں بات چیت جائز ہے اور نماز زمین پر کھڑے ہوکر پڑھنا واجب ہے، پس طواف بھی پیدل کرنا ضروری ہے۔

[۴۰] باب ماجاء فی الطواف راکبا

[۸۵۵-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، نا عبدُ الوَارِثِ، وعبدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، عن خَالِدٍ الحَذَّاءِ، عن عِکْرِمَةَ، عن ابنِ عباسٍ قالَ: طافَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم علی رَاحِلَتِهِ، فَإِذَا انْتَهَی إِلَی الرُّکْنِ أَشَارَ إِلَیْهِ.

وفی الباب: عن جَابِرٍ، وأبی الطُّفَيْلِ، وأُمِّ سَلَمَةَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ أَنْ يَطُوْفَ الرَّجُلُ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ رَاكِبًا إِلَّا مِنْ عُذْرٍ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں کہ آدمی بیت اللہ کا طواف اور سعی سوار ہوکر کرے مگر عذر کی وجہ سے اور یہ شافعیؒ کا قول ہے (یہ بڑے دواماموں کا مذہب ہے۔ امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک بلا عذر بھی سوار ہوکر طواف وسعی کرنا جائز ہے، پس ممکن ہے یہ حضرت امام شافعیؒ کی کوئی روایت ہو)

بابُ ماجاءَ فِیْ فَضْلِ الطَّوَافِ

طواف کے ثواب کا بیان

حرم شریف میں سب سے افضل عبادت طواف ہے، نوافل، ذکرواذکار اور قرآن کی تلاوت وغیرہ دوسرے نمبر پر ہیں، پس جو شخص بتوفیق الٰہی حرم شریف میں پہنچے اسے وہاں زیادہ سے زیادہ طواف کرنے چاہئیں، حدیث میں پچاس طوافوں کی بڑی فضیلت آئی ہے اور اس تعداد میں نفل، فرض، واجب سب طواف شامل ہیں۔ نیز یہ پچاس طواف ایک سفر میں کرنے ضروری نہیں، پوری زندگی کے طوافوں کا مجموعہ اگر پچاس ہوجائے تو بھی اس فضیلت کا مستحق ہوگا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بیت اللہ کے پچاس طواف کئے تو وہ اپنے گناہوں سے اس دن کی طرح نکل جائے گا جس دن اس کی ماں نے اس کو جنا تھا، یعنی جس طرح آدمی جب پیدا ہوتا ہے تو چھوٹے بڑے سب گناہوں سے پاک ہوتا ہے اسی طرح پچاس طوافوں کی برکت سے سب گناہوں سے پاک ہوجائے گا۔

تشریح: یہ حدیث مرفوع اور موقوف دونوں طرح مروی ہے یعنی ایک سند سے یہ ابن عباسؓ کا قول ہے، مگر ظاہر ہے کہ ثواب مدرک بالقیاس نہیں، پس حدیث حکماً مرفوع ہوگی، اور اس کی سند میں شریک ہیں جو کثیر الخطاء ہیں مگر یہ کوئی بڑی خرابی نہیں اور مجموعی اعتبار سے حدیث ٹھیک ہے۔

اس حدیث پر ایک اشکال یہ ہے کہ قرآن وحدیث کی دیگر نصوص سے ثابت ہے کہ کبائر کے لئے توبہ شرط ہے اور یہاں یہ ہے کہ پچاس طوافوں کی برکت سے آدمی گناہوں سے بالکل پاک صاف ہوجاتا ہے، یعنی چھوٹے بڑے سب گناہ معاف ہوجاتے ہیں، پس یہ تعارض ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ توبہ کی دو قسمیں ہیں: قولی اور فعلی۔ قولی توبہ تو ظاہر ہے اور فعلی توبہ یہ ہے کہ آدمی زندگی کا ورق پلٹ دے، گناہوں سے بالکل بیزار ہوجائے اور غلط کاموں کی طرف سے اس کا دھیان ہٹ جائے، یہ فعلی توبہ

جب پچاس طوافوں کے ساتھ مل جائے گی تو مذکورہ فضیلت حاصل ہوگی۔ واللہ اعلم

[٤١] باب ماجاء فی فضل الطواف

[٨٥٦-] حدثنا سُفيانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا يَحييَ بنُ اليَمَانِ، عن شَرِيْكٍ، عن أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن عبدِ الله بنِ سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن أَبِيْهِ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " مَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ خَمْسِيْنَ مَرَّةً خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ"

قال: وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وابنِ عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ غريبٌ، سَأَلْتُ محمداً عن هذا الحديثِ، فقالَ: إِنَّمَا يُرْوَى هذا عَنِ ابنِ عَبّاسٍ.

حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن أَيُّوْبَ، قالَ: كَانُوْا يَعُدُّوْنَ عبدَ اللهِ بنَ سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ أَفْضَلَ مِنْ أَبِيْهِ، وَلَهُ أَخٌ يُقَالُ لَهُ: عبدُ المَلِكِ بنُ سَعيدِ بنِ جُبَيْرٍ، وقَدْ رَوَى عَنْهُ أَيْضًا.

وضاحت: حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ جلیل القدر تابعی ہیں اور وہ آخری آدمی ہیں جن کو حجاج بن یوسف ثقفی نے ظلماً قتل کیا ہے۔ قتل ہونے سے پہلے انھوں نے یہ دعا کی تھی کہ اے اللہ! اس کتے کو میرے بعد کسی اور پر مسلط نہ فرما! چنانچہ اس کے بعد حجاج بیمار پڑا اور مرگیا۔ اور ان کے صاحب زادے عبداللہ والد سے بھی بڑے بزرگ سمجھے جاتے تھے، ایوب سختیانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ہم عبداللہ بن سعید کو ان کے والد سے افضل سمجھتے تھے، اور ان کے ایک بھائی عبدالملک ہیں وہ بھی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِی الصَّلوٰةِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَبَعْدَ الصُّبْحِ فِیْ الطَّوَافِ لِمَنْ يَّطُوْفُ

عصر اور فجر کے بعد دوگانۂ طواف پڑھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: عصر اور فجر کے بعد طواف کا دوگانہ پڑھنا جائز ہے یا نہیں، اس سے قطع نظر کہ طواف کب کیا ہے؟ امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ عدم جواز کے قائل ہیں، وہ کہتے ہیں: اوقاتِ ثلاثہ میں ہر نماز کی اور عصر اور فجر کے بعد نوافل کی احادیث میں ممانعت آئی ہے، اور طواف کا دوگانہ اگرچہ واجب ہے مگر وہ واجب لغیرہ ہے یعنی طواف کی وجہ سے واجب ہوا ہے، ورنہ فی نفسہ نفل ہے، پس بعد العصر اور بعد الفجر طواف کا دوگانہ پڑھنا مکروہ ہے، طلوعِ شمس کے بعد جب مکروہ وقت گزر جائے اور غروبِ شمس کے بعد پڑھے۔ اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک صرف طواف کا دوگانہ ہی نہیں بلکہ حرم شریف میں ہر وقت ہر نماز پڑھ سکتے ہیں، یعنی ان اماموں کے نزدیک دو استثناء ہیں: ایک حرم شریف کا: اس میں اوقات ممنوعہ نہیں ہیں، وہاں ہر نماز ہر وقت پڑھ سکتے ہیں، دوسرا: طواف کے دوگانہ کا:

اس کو ہر جگہ ہر وقت پڑھ سکتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو روایتیں ہیں، ایک: مرفوع حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اے بنو عبد مناف! یہ بیت اللہ کے متولی تھے اور عبد مناف: نبی ﷺ کے چوتھے والد ہیں، ان کا خاندان شیبی خاندان کہلاتا تھا۔ نبی ﷺ نے جب فتح مکہ کے موقعہ پر کعبہ شریف کے اندر سے اور باہر سے ساری مورتیاں ہٹادیں اور جو تصویریں تھیں وہ مٹادیں اور کعبہ شریف کو دھوکر پاک صاف کردیا اور اس کے چاروں کونوں میں تکبیر کہی اور دو نفل پڑھے، اور باہر تشریف لائے تو جس سے چابی لی تھی اسی کو چابی واپس کی، اور ارشاد فرمایا: ''رات اور دن کی جس گھڑی میں کوئی بیت اللہ کا طواف کرنا چاہے یا وہاں نماز پڑھنا چاہے تو تم اس کو روکو گے نہیں'' یہ حدیث چھوٹے دو اماموں کا مستدل ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے حرم شریف میں ہر وقت نماز پڑھنے کی اجازت دی ہے اور بنو عبد مناف کو ہدایت دی ہے کہ رات دن کی کسی گھڑی میں بھی لوگوں کو نماز پڑھنے سے نہ روکیں، معلوم ہوا کہ حرم شریف میں اوقاتِ ممنوعہ نہیں ہیں (یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے البتہ حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث جس میں إلا بمكة کا استثناء آیا ہے وہ ضعیف ہے دیکھیں: دار قطنی ص: ۲۶۳ اور مسند احمد ۵: ۱۶۵)

دوسرا واقعہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ہے، وہ ایک مرتبہ اپنی خلافت کے زمانہ میں مکہ معظّمہ آئے واپسی کے وقت حرم شریف میں فجر کی نماز پڑھائی اور بیت اللہ کا طواف کیا اور طواف کا دوگانہ نہیں پڑھا، جب ذُو طُوی پہنچے تو سورج نکل کر بلند ہو چکا تھا، وہاں طواف کا دوگانہ پڑھا۔ اگر فجر کے بعد طواف کا دوگانہ پڑھنا جائز ہوتا تو آپؓ مقام ابراہیم پر پڑھتے، مقام ابراہیم کی فضیلت ہاتھ سے جانے نہ دیتے۔ معلوم ہوا کہ جن حدیثوں میں عصر اور فجر کے بعد نوافل کی ممانعت آئی ہے اس میں طواف کا دوگانہ بھی شامل ہے۔ یہ بڑے دو اماموں کی دلیل ہے۔

اور حدیث مرفوع کا جواب یہ ہے کہ اس میں اوقات ممنوعہ میں نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہے بلکہ اس میں کعبہ شریف کے متولیوں کو ان کی ڈیوٹی بتائی گئی ہے اور یہ شریعت کی گفتگو کا ایک انداز ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی ۱: ۴۹۲ کتاب الصلوٰۃ باب ۲۲ میں گذر چکی ہے۔

[۴۲] باب ماجاء فی الصلوٰة بعد العصر وبعد الصبح فی الطواف لمن يطوف

[۸۵۷-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، وعَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، قالا: نَا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أبى الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ بَابَاهَ، عن جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قالَ: '' يَا بَنِىْ عَبْدِ مَنَافٍ! لَاتَمْنَعُوْا أَحداً طَافَ بِهٰذَا البيتِ، وصَلَّى أَيَّةَ سَاعَةٍ شَاءَ مِنْ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ''

وفى الباب: عنِ ابنِ عبّاسٍ، وأبى ذَرٍّ، قال أبوعيسى: حديثُ جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ

وقَدْ رَوَاهُ عبدُ اللهِ بنُ أَبی نَجِیْحٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ بَابَاهَ أَیْضًا.

وَقَدْ اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْعَصْرِ وَبَعْدَ الصُّبْحِ بِمَکَّةَ، فقالَ بَعْضُهُمْ: لَابَأْسَ بِالصَّلَاةِ وَالطَّوَافِ بَعْدَ العَصْرِ وَبَعْدَ الصُّبْحِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَاحْتَجُّوْا بِحَدِیْثِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وقالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا طافَ بَعْدَ الْعَصْرِ لَمْ یُصَلِّ حتی تَغْرُبَ الشَّمْسُ، وکَذٰلِكَ إِنْ طَافَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ أَیْضًا لَمْ یُصَلِّ حَتَّی تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَاحْتَجُّوْا بِحَدِیْثِ عُمَرَ أَنَّهُ طَافَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ فَلَمْ یُصَلِّ، وخَرَجَ مِنْ مَکَّةَ حَتَّی نَزَلَ بِذِیْ طُوَی، فَصَلَّی بَعْدَ مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَمَالِكُ بنِ أَنَسٍ.

ترجمہ: اور علماء کا عصر اور فجر کے بعد مکہ میں نوافل پڑھنے کے بارے میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: عصر اور فجر کے بعد طواف کا دوگانہ اور دیگر نوافل پڑھنے میں کوئی حرج نہیں اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور انھوں نے نبی ﷺ کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے —— اور بعض کہتے ہیں: جب عصر کے بعد طواف کرے تو دوگانہ نہ پڑھے تا آنکہ سورج غروب ہوجائے اور اسی طرح اگر فجر کے بعد طواف کرے تو دوگانہ نہ پڑھے تا آنکہ سورج طلوع ہوجائے اور انھوں نے حضرت عمرؓ کی حدیث سے استدلال کیا ہے، حضرت عمرؓ نے فجر کے بعد طواف کیا اور دوگانہ نہیں پڑھا اور مکہ سے نکل گئے، یہاں تک کہ ذُوطوی میں اترے، پس سورج طلوع ہونے کے بعد دوگانہ پڑھا اور یہ ثوری اور مالک کا قول ہے۔

نوٹ: باب میں مصری نسخہ میں فی الطواف نہیں ہے۔

بابُ ماجاء مَا یُقْرَأُ فِیْ رَکْعَتِیْ الطَّوَافِ؟

دوگانۂ طواف میں کونسی سورتیں پڑھے؟

ہر طواف کے بعد دو رکعتیں پڑھنا واجب ہے، مگر وہ رکعتیں طواف سے متصل پڑھنا ضروری نہیں دو چار طواف کرکے سب کے دوگانے ایک ساتھ بھی پڑھ سکتا ہے، البتہ ہر طواف کے بعد متصلاً اس کا دوگانہ پڑھ لینا بہتر ہے اور دوگانۂ طواف کی وجہ اور اس کی حکمت باب ۳۳ میں گذر چکی ہے اور یہ دوگانہ مختصر پڑھنا مسنون ہے۔ نبی ﷺ ان میں اخلاص کی دو سورتیں یعنی سورۂ کافرون اور سورۂ اخلاص پڑھتے تھے، سورۂ کافرون میں اخلاص فی العبادت کا بیان ہے اور قل ھو اللہ أحد میں اخلاص فی الاعتقاد کا بیان ہے، اس لئے دونوں سورتیں اخلاص کی سورتیں کہلاتی ہیں، اور دوگانۂ طواف مختصر پڑھنا مسنون اس لئے ہے کہ مقام ابراہیم پر لوگ انتظار میں کھڑے رہتے ہیں ان کا نمبر آئے اس

لئے دوگانہ مختصر پڑھنا چاہئے۔

[٤٣] باب ماجاء ما يَقرأ فی رکعتی الطواف؟

[۸۵۸-] حدثنا أبو مُصْعَبٍ قِرَاءَ ةً عن عبدِ العزيزِ بنِ عِمْرَانَ، عن جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبِيهِ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ الله: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَرَأَ فِیْ رَكْعَتَیِ الطَّوَافِ بِسُوْرَتَیِ الإِخْلَاصِ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ.

[۸۵۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبِيْهِ: أَنَّهُ كانَ يَسْتَحِبُّ أَنْ يَقْرَأَ فِیْ رَكْعَتَیِ الطَّوَافِ بِقُلْ يَاأَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ.

قال أبو عيسى: وهذا أَصَحُّ مِنْ حديثِ عبدِ العزيزِ بنِ عِمْرَانَ، وحَديثُ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عن أَبِيْهِ فی هذَا أَصَحُّ مِنْ حَديثِ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ عن أَبِيْهِ عن جَابِرٍ عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وعبدُ العزيزِ بنُ عِمْرَانَ ضَعِيْفٌ فی الحديثِ.

وضاحت: عبدالعزیز بن عمران نے جعفر بن محمد سے اس حدیث کو مسند روایت کیا ہے، اور سفیان: جعفر سے مرسل روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے مرسل حدیث کو اصح قرار دیا ہے، کیونکہ عبدالعزیز ضعیف راوی ہے۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ الطَّوَافِ عُرْيَانًا

ننگے طواف کرنا ممنوع ہے

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک طواف میں ستر عورت شرط ہے، اور حنفیہ کے نزدیک واجب ہے۔ اور نماز میں بالاجماع ستر عورت شرط ہے۔ ناف سے گھٹنے تک عورت ہے، اگر کسی عضو کا ایک چوتھائی کھل جائے اور اس حالت میں نماز پڑھی جائے تو نماز نہیں ہوتی، وہی حکم طواف کا ہے، اگر کسی عضو کا چوتھائی حصہ کھلا ہوا اور اس حالت میں طواف زیارت کیا جائے تو طواف نہیں ہوگا، البتہ حنفیہ کے نزدیک دم دینے سے تلافی ہوجائے گی، کیونکہ ان کے نزدیک ستر عورت واجب ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک شرط ہے اس لئے ان کے نزدیک دم دینے سے تلافی نہیں ہوگی۔ دوبارہ طواف زیارت کرنا ہوگا ورنہ اس کا حج نہیں ہوگا۔

حدیث: زید کہتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کن باتوں کے ساتھ آپ بھیجے گئے تھے؟ (یعنی سن ۹ ہجری میں حج کے موقعہ پر کیا اعلان کرنے کے لئے آنحضور ﷺ نے آپ کو بھیجا تھا؟) حضرت علیؓ نے فرمایا: چار اعلان کرنے کے لئے بھیجا تھا: (۱) جنت میں صرف مؤمن جائے گا (کفار جو حج کرتے تھے وہ جنت میں

جانے کے لئے کرتے تھے اس اعلان سے ان کی غلط فہمی دور کی گئی کہ ایمان لائے بغیر جنت میں داخلہ ممکن نہیں) (۲) کوئی ننگے بیت اللہ کا طواف نہیں کرے گا (زمانۂ جاہلیت سے یہ تصور چلا آرہا تھا کہ مادرزاد ننگا ہوکر طواف کرنا بڑا ثواب کا کام ہے، چنانچہ کفار ننگے کعبہ شریف کا طواف کرتے تھے اس احمقانہ تصور پر بندش لگائی گئی ہے) (۳) اس سال کے بعد مسلمان اور مشرکین ایک ساتھ حج نہیں کریں گے (یعنی آئندہ سال سے صرف مسلمان حج کے لئے آئیں گے، کسی کافر کو حج کے لئے آنے کی اجازت نہیں ہوگی) (۴) جن قبائل کے ساتھ نبی ﷺ کا کوئی میعادی معاہدہ ہے وہ معاہدہ مقررہ وقت پر پورا ہوگا اور جن قبائل کے ساتھ معاہدے کی مدت متعین نہیں ان کی مدت چار ماہ ہے (اس کے بعد معاہدہ کالعدم ہے)

تشریح:

۱- حج سن ۸ ہجری میں فرض ہوا ہے اور ۹ ہجری میں مسلمانوں نے پہلا حج کیا ہے، نبی ﷺ اس سال حج کے لئے تشریف نہیں لے گئے تھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے یہ حج کرایا تھا ان کے مکہ روانہ ہونے کے بعد سورۂ براءت کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں تھیں جن میں حج کے موقعہ پر اعلان براءت کرنے کا حکم دیا گیا ہے، چنانچہ آنحضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پیچھے سے مکہ بھیجا اور ہدایت کی کہ منی کے دنوں میں یہ اعلان کیا جائے اور حضرت ابو ہریرہ اور کچھ دوسرے صحابہ کو ان کے ساتھ روانہ کیا۔ اس موقعہ پر جو چار اعلانات کئے گئے تھے ان میں سے ایک اعلان معاہدوں کے بارے میں تھا کہ جن قبائل کے ساتھ آنحضور ﷺ کا میعادی معاہدہ ہے وہ معاہدہ اس کی مدت تک باقی رہے گا اور جن قبائل کے ساتھ معاہدہ تو ہے مگر اس کی کوئی مدت مقرر نہیں ان کو چار مہینے تک مہلت دی جاتی ہے اس کے بعد کسی بھی وقت ان پر حملہ ہوسکتا ہے اور اس زمانہ کا دستور یہ تھا کہ معاہدوں کا اعلان یا تو خود بادشاہ کرتا تھا یا اس کے خاندان کا کوئی فرد کرتا تھا اس لئے دستور کے مطابق اعلان کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا گیا۔

۲- یہ اعلان کہ ''کوئی بیت اللہ کا ننگے طواف نہیں کرے گا'' زمانۂ جاہلیت کی رسم پر پابندی لگانے کے لئے تھا، طواف میں ستر عورت شرط ہے یا واجب؟ اس مسئلہ سے اس کا براہ راست کوئی تعلق نہیں اور حدیث میں ہے: الطواف بالبیت صلوۃٌ فَأَقِلُّوْا مِنَ الکلام (نسائی ۵:۲۲۲ مصری) یعنی بیت اللہ کا طواف نماز ہے، پس طواف میں بات چیت کم کرو، اس حدیث میں نبی ﷺ نے طواف کو نماز کہا ہے اور زیادہ کلام کی ممانعت کی ہے، مگر نماز میں تو کلام کی مطلقاً گنجائش نہیں اور طواف میں اس کی گنجائش ہے مگر زیادہ گفتگو کرنے سے احتراز کرنے کا حکم ہے۔ اب ائمہ میں اختلاف ہوا: ائمہ ثلاثہ نے جس طرح نماز میں ستر عورت شرط ہے یہاں بھی اس کو شرط قرار دیا۔ اور احناف نے اس کو ایک درجہ نیچے اتارا اور واجب قرار دیا، کیونکہ جب حدیث میں استثناء کیا گیا اور کچھ کلام کی گنجائش رکھی گئی تو معلوم ہوا کہ نماز اور طواف کے احکام ایک نہیں ہیں، ان میں درجاتی فرق ہے۔

[٤٤] باب ماجاء فی کراهیة الطواف عُریاناً

[٨٦٠-] حدثنا عَلِیُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا سفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أبی إسحاقَ، عن زَیْدِ بنِ أُثَیْعٍ، قال: سَأَلْتُ عَلِیًّا بِأَیِّ شَیْئٍ بُعِثْتَ؟ قالَ: بِأَرْبَعٍ: لاَیَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلاَّ نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، وَلاَ یَطُوْفُ بِالْبَیْتِ عُرْیَانٌ، وَلاَ یَجْتَمِعُ الْمُسْلِمُوْنَ وَالْمُشْرِکُوْنَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا، وَمَنْ کَانَ بَیْنَهُ وَبَیْنَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَهْدٌ فَعَهْدُهُ إلی مُدَّتِهِ، وَمَنْ لاَ مُدَّةَ لَهُ فَأَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ.

وفی الباب: عن أبی هریرة، قال أبو عیسی: حدیثُ علیٍّ حدیثٌ حسنٌ.

حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، ونَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، قالاَ: نا سفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أَبِیْ إسحاقَ نَحْوَهُ، وقالاَ: زَیْدُ بنُ یُثَیْعٍ، وهذا أَصَحُّ. قال أبو عیسی: وشُعْبَةُ وَهِمَ فِیْهِ فقالَ: زیدُ بنُ أُثَیْلٍ.

وضاحت: زید کے والد کے نام میں اختلاف ہے، صحیح نام یُثَیْع ہے۔ اور شعبہ رحمہ اللہ نے جو اُثَیْل کہا ہے وہ ان کا وہم ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ دُخُوْلِ الْکَعْبَةِ

کعبہ شریف میں داخل ہونے کا بیان

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ میرے پاس سے اس حال میں نکلے کہ آپ ٹھنڈی آنکھ اور خوش دل (ہشاش بشاش) تھے، مگر جب میرے پاس واپس آئے تو غمگین تھے، میں نے آپؐ سے اس کی وجہ پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: میں کعبہ شریف کے اندر گیا اور مجھے بعد میں خیال آیا کہ (حج کے موقع پر) مجھے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا، مجھے ڈر ہے کہ میں نے اپنے بعد اپنی امت کو مشقت میں ڈال دیا یعنی ہر شخص حج کے موقعہ پر بیت اللہ میں داخل ہونا چاہے گا اور وہ مشقت میں پڑے گا (اس حدیث کی بناء پر تمام ائمہ متفق ہیں کہ کعبہ شریف کے اندر جانا مناسک حج میں شامل نہیں)

[٤٥] باب ماجاء فی دخول الکعبة

[٨٦١-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا وَکِیْعٌ، عن إسماعیلَ بنِ عبدِ المَلِكَ، عن ابنِ أبی مُلَیْکَةَ، عن عائشةَ، قالتْ: خرج النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ عِنْدِیْ، وَهُوَ قَرِیْرُ العَیْنِ طَیِّبُ النَّفْسِ، فَرَجَعَ إِلَیَّ وَهُوَ حَزِیْنٌ، فَقُلْتُ لَهُ، فقالَ:" إِنِّیْ دَخَلْتُ الْکَعْبَةَ، وَوَدِدْتُ أَنِّیْ لَمْ أَکُنْ فَعَلْتُ، إِنِّیْ أَخَافُ أَنْ

أَكُوْنَ أَتْعَبْتُ أُمَّتِي مِنْ بَعْدِيْ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الصَّلٰوۃ فی الْكَعْبَةِ

کعبہ شریف میں نماز پڑھنے کا بیان

نبی ﷺ فتح مکہ کے موقعہ پر کعبہ شریف میں ایک مرتبہ اور بعض روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ دو مرتبہ تشریف لے گئے ہیں، اور حجۃ الوداع میں صرف ایک مرتبہ تشریف لے گئے ہیں، جب آپؐ کعبہ میں تشریف لے گئے تو آپؐ نے وہاں نماز پڑھی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: آپؐ نے کعبہ شریف کے چاروں کونوں میں تکبیر کہی تھی، وہاں نماز نہیں پڑھی تھی۔ حضرت ابن عباسؓ اس موقع پر آنحضور ﷺ کے ساتھ نہیں تھے، ان سے جیسا کسی نے بیان کیا انھوں نے بیان کر دیا۔ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ ساتھ تھے ان کا بیان ہے کہ آپؐ نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی تھی، وہ باقاعدہ جگہ متعین کر کے بتاتے تھے کہ آپؐ نے فلاں فلاں ستونوں کے درمیان کھڑے ہو کر دو رکعتیں پڑھی تھیں۔ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ بھی آنحضور ﷺ کے ساتھ تھے اور وہ انکار کرتے ہیں، مگر اس کی توجیہ علماء نے یہ کی ہے کہ آنحضور ﷺ نے کعبہ شریف کو غسل دیا تھا اور حضرت اسامہ کی ڈیوٹی زمزم لانے کی اور غسالہ باہر لے جانے کی تھی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی ڈیوٹی اندر تھی، اس لئے ممکن ہے جب حضرت اسامہ پانی پھینکنے یا لینے کے لئے باہر گئے ہوں اس وقت آپؐ نے نماز پڑھی ہو۔ غرض تمام محدثین نے حضرت بلالؓ کی حدیث کو ترجیح دی ہے، وہ آنحضور ﷺ کا کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنا ثابت مانتے ہیں۔

مذاہبِ فقہاء: امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک کعبہ شریف کے اندر صرف نفل نماز پڑھنا جائز ہے، فرض، واجب، دوگانۂ طواف اور فجر کی سنتیں کعبہ کے اندر پڑھنا جائز نہیں، دیگر تینوں ائمہ فرض و نفل کے درمیان فرق نہیں کرتے ان کے نزدیک کعبہ شریف کے اندر سب نمازیں پڑھنا جائز ہے اس لئے کہ جب نبی ﷺ سے کعبہ کے اندر نفل نماز پڑھنا ثابت ہے اور طہارت اور استقبال قبلہ میں نفل و فرض کا حکم ایک ہے تو کعبہ شریف کے اندر فرض بھی پڑھ سکتے ہیں۔

[٤٦] باب ماجاء فی الصلوٰۃ فی الکعبة

[٨٦٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن بِلَالٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْ جَوْفِ الْكَعْبَةِ، قال ابنُ عبَّاسٍ: لَمْ يُصَلِّ وَلٰكِنَّهُ كَبَّرَ.

وفی الباب: عن أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، وَالْفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ، وعُثْمَانَ بنِ طَلْحَةَ، وَشَيْبَةَ بنِ عُثْمَانَ، قال

أبو عيسى: حديثُ بِلَالٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
والعَمَلُ عليهِ عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ: لَايَرَوْنَ بِالصَّلَاةِ فِيْ الْكَعْبَةِ بَأْسًا، وقَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: لَابَأْسَ بِالصَّلَاةِ النَّافِلَةِ فِيْ الْكَعْبَةِ، وكَرِهَ أَنْ يُصَلِّيَ الْمَكْتُوْبَةَ فِيْ الْكَعْبَةِ.
وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: لَابَأْسَ أَنْ يُصَلِّيَ الْمَكْتُوْبَةَ وَالتَّطَوُّعَ فِيْ الْكَعْبَةِ، لِأَنَّ حُكْمَ النَّافِلَةِ وَالْمَكْتُوْبَةِ فِيْ الطَّهَارَةِ وَالْقِبْلَةِ سِوَاءٌ.

ترجمہ: حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کعبہ میں نماز پڑھی، ابن عباسؓ کہتے ہیں: آپؐ نے نماز نہیں پڑھی، بلکہ تکبیر کہی ـــــ اور اس پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اور امام مالکؒ فرماتے ہیں: کعبہ کے اندر نفل نماز پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں اور کعبہ کے اندر فرض نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کعبہ میں فرض اور نفل نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اس لئے کہ نفل اور فرض کا حکم طہارت اور استقبال قبلہ میں یکساں ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَسْرِ الْکَعْبَةِ

کعبہ کی تعمیر نو کا بیان

کعبہ شریف کے لئے لفظ کَسْر (توڑنا) استعمال کیا ہے اور حدیث میں هَدَمْتُ (ڈھانا) آیا ہے، معلوم ہوا کہ یہ لفظ استعمال کرنا درست ہے، ہم لوگ مسجد شہید کرنا کہتے ہیں یہ آداب میں مبالغہ ہے اور آداب کی اصل سورۃ الحج کی آیت ۳۰ ہے، فرمایا: ﴿وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ عِنْدَ رَبِّهٖ﴾ حرمات اللہ یعنی قابل احترام چیزیں اور ان کی تعظیم یعنی ان کا پاس ولحاظ رکھنا خود آدمی کے مفاد میں ہے مگر کبھی لوگ آداب بڑھا کر اتنے کر دیتے ہیں کہ ان کو یاد رکھنا بھی دشوار ہو جاتا ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن الزبیر نے اپنے دور خلافت میں اسود بن یزید سے پوچھا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تم سے چپکے سے کیا حدیث بیان کرتی تھیں؟ اسود نے کہا: مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! اگر تیرے باپ کی قوم کے کفر کا زمانہ قریب نہ ہوتا تو میں کعبہ کو ڈھا دیتا، اور اس کو بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرتا، اور میں اس کے دو دروازے رکھتا یعنی مکہ کے لوگ نئے مسلمان ہوئے ہیں اگر اس وقت میں کعبہ کی تعمیر نو کروں گا تو ممکن ہے وہ لوگوں کی تنفیر کا سبب بن جائے، پھر ابن الزبیر نے کعبہ کی تعمیر نو کی اور منشأ نبوی کے مطابق اس کے دو دروازے رکھے (مگر حجاج نے پھر اس کو حسب سابق کر دیا)

تشریح: کعبہ کی اصل شکل دائیں قدم کی تھی، انگوٹھے کی جگہ حجر اسود لگایا گیا ہے اور چھوٹی انگلی کی جگہ رکن یمانی ہے اور حطیم کی طرف کعبہ ایڑی کی طرح گول تھا اور اس کے دو دروازے تھے، ایک سے لوگ داخل ہوتے تھے، دوسرے سے نکلتے تھے اس وقت لوگ نماز کعبہ کے اندر پڑھتے تھے، نبوت سے پہلے جب آپ کی عمر شریف ۳۵ سال کی تھی قریش نے کعبہ دوبارہ تعمیر کیا تھا اور حطیم کی طرف کا کچھ حصہ کعبہ سے باہر نکال دیا تھا اور کعبہ چھوٹا تعمیر کیا تھا اور ایک دروازہ بند کر دیا تھا اور دوسرے دروازے کو قد آدم اونچا کر دیا تھا تا کہ اپنی اجارہ داری قائم رکھ سکیں، فتح مکہ کے موقع پر نبی ﷺ نے اپنا یہ ارادہ ظاہر فرمایا مگر اس کی تعمیل نہیں کی۔ عبداللہ بن الزبیر نے اس کی تعمیل کی، جب حجاج نے ان کو شکست دی تو ان کا نام باقی نہ رہے اس لئے کعبہ کو بحالہ کر دیا۔

فائدہ: اس حدیث سے یہ ضابطہ نکلا کہ جو کام استحباب کے درجہ کا ہو اگر وہ فتنہ کا باعث بن سکتا ہو تو وہ کام نہیں کرنا چاہئے، پہلے ماحول سازگار کرنا چاہئے پھر وہ کام کرنا چاہئے۔ کعبہ شریف کو بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرنا استحباب کے درجہ کا کام تھا اس لئے کہ کعبہ بہر حال کعبہ ہے خواہ وہاں سرے سے کوئی عمارت نہ ہو، اور اسے منہدم کر کے بنائے ابراہیمی پر تعمیر کرنے میں جو لوگ نئے مسلمان ہوئے تھے ان کے بدکنے کا اندیشہ تھا اس لئے آنحضور ﷺ نے یہ کام نہیں کیا مگر صدیقہ کے سامنے خواہش کا اظہار کیا تا کہ جب یہ اندیشہ باقی نہ رہے یہ کام کیا جائے۔ ابن الزبیر کے زمانہ میں وہ اندیشہ باقی نہ رہا تو انھوں نے منشأ نبوی کے مطابق کعبہ شریف تعمیر کر دیا، مگر برا ہو حجاج کا اس نے پھر حسب سابق کر دیا، مگر حجاج نے صرف حطیم کی طرف کی دیوار نئی بنائی ہے اور ایک دروازہ کر دیا ہے اور اونچا کر دیا ہے، باقی تعمیر ابن الزبیر ہی کی ہے۔

[٤٧] باب ماجاء فی کسر الکعبة

[٨٦٣-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داوُدَ، عن شُعْبَةَ، عن أبی إسحاقَ، عن الْأَسْوَدِ بنِ يَزِيْدَ، أَنَّ ابنَ الزُّبَيْرِ قالَ لَهُ: حَدِّثْنِی بِمَا كَانَتْ تُفْضِیْ إِلَيْكَ أُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَعْنِیْ عَائِشَةَ، فقالَ: حَدَّثَتْنِیْ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قالَ لَهَا:" لَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِالْجَاهِلِيَّةِ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ وَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ" فَلَمَّا مَلَكَ ابنُ الزُّبَيْرِ هَدَمَهَا، وَجَعَلَ لَهَا بَابَيْنِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الصَّلَاةِ فِیْ الحِجْرِ

حطیم میں نماز پڑھنے کا بیان

حِجْر کے معنی ہیں: گھیرا ہوا، اسی سے حجرۃ ہے۔ بیت اللہ کا جو حصہ خارج کر دیا گیا ہے اس کا ایک نام حجر ہے

دوسرا نام حطیم ہے۔ حطیم کے معنی ہیں: توڑا ہوا اور جتنا حصہ چار دیواری سے گھرا ہوا ہے وہ سب بیت اللہ کا جزء نہیں ہے، بلکہ دیوار سے چھ ہاتھ تک کعبہ کا جز ہے۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ پورا حصہ بیت اللہ کا جز ہے، اور یہی بات صحیح معلوم ہوتی ہے اس لئے کہ کعبہ کی وضع دائیں پیر کی وضع پر ہے، پس پیچھے سے ایڑی کی طرح گول ہونا چاہئے۔

اور حطیم کا کعبہ کا جز ہونا اخبار آحاد سے ثابت ہے، قرآن میں یہ بات نہیں ہے، پس صرف حطیم کا استقبال کرنے سے نماز نہ ہوگی ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ میں بیت اللہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنے کا حکم ہے اور حطیم کا بیت اللہ کا جز ہونا صرف اخبار آحاد سے ثابت ہے جو مفید ظن ہیں۔ لیکن حطیم میں نماز پڑھنے سے وہ فضیلت حاصل ہوگی جو کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنے کی ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ اگرچہ خبر واحد سے جبکہ وہ اعلی درجہ کی ہو کتاب اللہ پر زیادتی جائز کہتے ہیں، مگر یہاں انھوں نے اپنا اصول ترک کردیا ہے۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میری خواہش تھی کہ میں کعبہ کے اندر جاؤں اور وہاں نماز پڑھوں (جب میں نے اپنی خواہش کا آنحضرت ﷺ سے تذکرہ کیا تو) رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے حجر میں لے گئے اور فرمایا: ”حجر میں نماز پڑھ لیا کرو جب بھی تمہارا ارادہ بیت اللہ کے اندر جا کر نماز پڑھنے کا ہو، پس وہ بیت اللہ ہی کا جز ہے، لیکن تیری قوم نے چندے کو کم سمجھا جس وقت انھوں نے کعبہ تعمیر کیا پس انھوں نے حطیم کو کعبہ سے باہر نکال دیا“

وضاحت: مذکورہ حدیث میں یہاں بھی اور نسائی میں بھی یہ ہے کہ علقمۃ بن ابی علقمۃ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، مگر صحیح یہ ہے کہ یہ ان کے والد کی نہیں بلکہ ان کی والدہ کی روایت ہے، علقمہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں اور ان کا نام مرجانہ ہے۔ واللہ اعلم

[٤٨] باب ماجاء فی الصلاة فی الحِجر

[٨٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ أَبِيْ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قالتْ: كُنْتُ أُحِبُّ أَنْ أَدْخُلَ الْبَيْتَ فَأُصَلِّيَ فِيْهِ، فَأَخَذَ رسولُ اللهِ صلى الله لعيه وسلم بِيَدِى فَأَدْخَلَنِى الْحِجْرَ وَقَالَ: ” صَلِّى فِي الْحِجْرِ إِنْ أَرَدْتِ دُخُوْلَ الْبَيْتِ، فَإِنَّمَا هُوَ قِطْعَةٌ مِنَ الْبَيْتِ، ولكِنَّ قَوْمَكِ اسْتَقْصَرُوْهُ حِيْنَ بَنَوُ الْكَعْبَةَ فَأَخْرَجُوْهُ مِنَ الْبَيْتِ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وعَلْقَمَةُ بنُ أَبِيْ عَلْقَمَةَ: هُوَ عَلْقَمَةُ بنُ بِلَالٍ.

بابُ ماجاءَ فِيْ فَضْلِ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ وَالرُّكْنِ وَالْمَقَامِ

حجر اسود اور مقام ابراہیم کی فضیلت

حجر اسود اور رکن ایک ہیں، واو عطف تفسیری ہے اور حجر اسود کا نام رکن اس وجہ سے ہے کہ وہ کعبہ شریف کے ایک

کونہ میں لگا ہوا ہے۔ اور اسود کی وجہ تسمیہ حدیث میں آرہی ہے۔ اور مقام سے مقام ابراہیم مراد ہے اور مقام ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیت اللہ تعمیر کیا تھا۔

باب میں دو حدیثیں ہیں، اور دونوں امام ترمذی رحمہ اللہ کے افراد میں سے ہیں، یعنی یہ حدیثیں صرف ترمذی میں ہیں دیگر کتب خمسہ میں یہ حدیثیں نہیں ہیں، اور پہلی حدیث صحیح ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو حسن صحیح کہا ہے جبکہ وہ جریر کی عطاء بن السائب سے روایت ہے، اور جریر نے عطاء سے ان کا حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے، مگر صحیح ابن خزیمہ میں اس کا شاہد موجود ہے اور اس کی سند قوی ہے (معارف) اور نسائی (۵:۲۲۶ مصری) میں یہ حدیث حماد کے طریق سے اختصار کے ساتھ ہے: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قال: ''الحجر الأسود من الجنۃ'' اور حماد نے عطاء سے ان کا حافظہ بگڑنے سے پہلے پڑھا ہے اور دوسری حدیث ضعیف ہے اس کے مرفوع وموقوف ہونے میں اختلاف ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: حجر اسود جنت سے اترا ہے اور اس وقت وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا، پس اس کو انسانوں کی خطاؤں نے میلا کر دیا۔

تشریح: حجر اسود کب جنت سے اتارا گیا ہے؟ اور کیوں اتارا گیا ہے؟ یہ بات قطعیت سے معلوم نہیں، تاریخی روایات میں ہے کہ جب حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا گیا تو جنت کی نشانی کے طور پر ان کو وہ پتھر دیا گیا تھا، پھر وہ کعبہ کے ایک کونہ میں لگا دیا گیا۔ البتہ اتنی بات صحیح روایت سے ثابت ہے کہ یہ پتھر جنت سے اترا ہے اور اس وقت وہ دودھ سے زیادہ سفید تھا پھر جب انسانوں نے اس کا استلام کیا تو چونکہ سب انسان فرشتے نہیں ہوتے، بعض بندے گناہ گار بھی ہوتے ہیں اس لئے ان کے گناہوں کا اس پر اثر پڑا اور وہ میلا ہو گیا، کالا بمعنی میلا ہے، اسود: محاورہ میں بمعنی میلا استعمال ہوتا ہے۔

سوال: نیک لوگوں کی نیکیوں نے پتھر کو اور سفید کیوں نہیں کیا؟ گنہ گاروں کے گناہوں نے اس کو کالا کیوں کیا؟ یعنی نیکیوں کا اس پر اثر کیوں نہیں پڑا؟

جواب: نتیجہ ہمیشہ ارذل کے تابع ہوتا ہے، اگر دودھ میں پیشاب کا قطرہ گر جائے تو وہ دودھ نہیں بن جاتا بلکہ دودھ پیشاب بن کر ناپاک ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں: کسی چیز کو لوگ مسلسل ہاتھ لگاتے رہیں تو بھی جگہ میلی ہو جاتی ہے، کوہ نور کو لوگ دس ہزار سال تک مسلسل چھوتے رہیں تو وہ بھی میلا ہو جائے گا، یہ ایک فطری بات ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حجر اسود اور مقام ابراہیم جنت کے پتھروں میں سے دو پتھر ہیں۔ اللہ نے ان کی روشنی ماند کر دی ہے، اگر اللہ تعالیٰ ان کی روشنی ماند نہ کرتے تو وہ دونوں مغرب ومشرق کے درمیان کی ہر چیز کو روشن کر دیتے (جس طرح سورج کی روشنی سے ہر چیز چمک جاتی ہے)

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں محمد بن الحنفیہ کا قول تحریر فرمایا ہے کہ یہ

دونوں پتھر اسی دنیا کے پتھر ہیں، محمد بن الحنفیہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے والا تبار ذی علم صاحب زادے ہیں، مگر جب میں نے حجۃ اللہ البالغہ کی شرح رحمۃ اللہ الواسعہ لکھی تو محمد بن الحنفیہ کا یہ قول بہت تلاش کیا مگر مجھے یہ قول کسی کتاب میں نہیں ملا، مگر چونکہ شاہ صاحب رحمہ اللہ نے لکھا ہے اس لئے اس سے صرفِ نظر بھی نہیں کی جاسکتی، البتہ چونکہ یہ محمد بن الحنفیہ کا قول ہے اس لئے حدیث مرفوع کے مقابلہ میں اس کو نہیں رکھا جاسکتا، صحیح حدیث سے حجر اسود کا جنت کا پتھر ہونا ثابت ہے۔

[٤٩] باب ماجاء فی فضل الحجر الأسود والركن والمقام

[٨٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ناجَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قال: قال رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" نَزَلَ الْحَجَرُ الْأَسْوَدُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَهُوَ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، فَسَوَّدَتْهُ خَطَايَا بَنِيْ آدَمَ"

وفی الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأبی هريرةَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٨٦٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، عَنْ رَجَاءٍ أَبِیْ يَحْيىَ، قالَ: سَمِعْتُ مُسَافِعًا الْحَاجِبَ يقولُ: سَمِعْتُ عَبدَ اللهِ بنَ عَمْرٍو يقولُ: سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ الرُّكْنَ والمَقَامَ يَاقُوْتَتَانِ مِن يَاقُوْتِ الْجَنَّةِ، طَمَسَ اللّٰهُ نُوْرَهُمَا، وَلَوْ لَمْ يَطْمِسْ نُوْرَهُمَا لَأَضَاءَ تَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ"

قال أبو عيسى: هٰذَا يُرْوَى عن عبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو مَوْقُوْفًا قَوْلُهُ، وَفِيْهِ عن أَنَسٍ أَيْضًا وَهُوَ حَدِيثٌ غريبٌ.

وضاحت: عبداللہ بن عمرو کی حدیث کا موقوف ہونا اصح ہے اور اس کو رجاء بن صبیح الحرشی نے مرفوع کیا ہے یہ اس کی غلطی ہے اور وہ ضعیف راوی ہے (تقریب)

بابُ ماجاءَ فی الْخُرُوْجِ إلی مِنَی وَالْمُقَامِ بِهَا

منی کو جانا اور وہاں قیام کرنا

مِنی (بکسر المیم) اور مُنی (بضم المیم) دونوں طرح درست ہے۔ آنحضرت ﷺ آٹھ ذی الحجہ کو منی تشریف لے گئے اور ظہر تا فجر پانچ نمازیں وہاں پڑھیں، پھر نو ذی الحجہ کی صبح کو عرفات تشریف لے گئے، منی کے اس قیام کا

مناسک میں بہت زیادہ دخل نہیں، اگر کوئی مکہ سے یا میقات سے سیدھا عرفات چلا جائے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ آپؐ نے منی میں قیام اس لئے فرمایا تھا کہ سب لوگ مکہ سے یہاں آکر جمع ہوجائیں اور ۹ ذی الحجہ کو سب ایک ساتھ عرفہ جائیں، اگر آپ مکہ سے سیدھے عرفات جاتے تو شام تک لوگ آتے رہتے اور بہت سے لوگ شام تک بھی نہ پہنچ سکتے، اس لئے آپؐ آٹھ تاریخ کو منی تشریف لے گئے تاکہ سب وہاں جمع ہوجائیں، اور یہ ایسی ہی مصلحت ہے جس کے تحت آپؐ نے ذوالحلیفہ میں رات گذاری ہے، پس اگر کوئی منی نہ جائے اور نو ذی الحجہ کو سیدھا عرفات چلا جائے تو بھی کوئی مضائقہ نہیں۔

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے منی میں ظہر، عصر، مغرب، عشاء اور فجر پڑھائیں، پھر ۹ کی صبح عرفات تشریف لے گئے۔

وضاحت: یہ حدیث اسماعیل بن مسلم کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر یہ مضمون کہ آٹھ ذی الحجہ میں پورے دن آپؐ نے منی میں قیام فرمایا صحیح حدیثوں سے ثابت ہے۔

حدیث (۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ظہر تا فجر پانچ نمازیں منی میں پڑھیں پھر نو کی صبح عرفات تشریف لے گئے۔

وضاحت: اس حدیث میں انقطاع ہے اس لئے کہ حکم بن عتیبہ نے مقسم سے صرف پانچ حدیثیں سنی ہیں اور یہ حدیث ان میں نہیں ہے، اور وہ پانچ حدیثیں جو حکم نے مقسم سے سنی ہیں: وتر، قنوت، حرم میں شکار کرنے کی جزا، طلاق کا ارادہ کرنے اور حائضہ سے صحبت کرنے کا گناہ اور اس کے کفارہ کے سلسلہ میں ہیں (تہذیب ۲: ۴۳۴)

[۵۰] باب ماجاء فی الخروج إلی مِنی والمقام بها

[۸٦٧-] حدثنا أَبُوْ سعيدٍ الأَشَجُّ، نا عبدُاللهِ بنُ الأَجْلَحِ، عن إسماعيلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ قال: صَلَّى بِنَا رسولُ الله صلى الله عليه وسلم بِمنى الظُّهْرَ، والعَصْرَ، وَالْمَغْرِبَ، والْعِشَاءَ، وَالْفَجْرَ، ثُمَّ غَدَا إِلَى عَرَفَاتٍ.

قال أبو عيسى: وإسماعيلُ بنُ مُسْلِمٍ قَدْ تُكُلِّمَ فِيْهِ.

[۸٦٨-] حدثنا أبو سعيدٍ الأَشَجُّ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ الأَجْلَحِ، عنِ الأَعْمَشِ، عنِ الْحَكَمِ، عن مِقْسَمٍ، عنِ ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى بِمَنَى الظُّهْرَ وَالْفجْرَ ثُمَّ غَدَا إِلَى عَرَفَاتٍ.

وفي الباب: عن عبدِ الله بنِ الزُّبَيْرِ، وأنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ مِقْسَمٍ عن ابنِ عبّاسٍ: قال عليُّ بنُ المَدِيْنِيِّ، قال: يَحْيىَ: قال شُعْبَةُ: لَمْ يَسْمَعِ الحَكَمُ مِنْ مِقْسَمٍ إلاَّ خَمْسَةَ أَشْيَاءَ، وَعَدَّهَا، وَلَيْسَ هذا الحديثُ فِيْمَا عَدَّ شُعْبَةُ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ مِنى مُناخُ مَنْ سَبَقَ

منی میں جو پہلے پہنچے وہ اس کی جگہ ہے

حجۃ الوداع میں صحابہ کرام نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ منی میں تین چار دن قیام فرمائیں گے۔ پس کیوں نہ ہم آپ کے لئے منی میں کوئی پختہ عمارت بنادیں جہاں آپ ٹھہریں؟ آپؐ نے اجازت نہیں دی اور فرمایا: ''منی اس شخص کے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے جو وہاں پہلے پہنچے'' چنانچہ آپؐ کے لئے منی میں پہلے سے کوئی انتظام نہیں کیا گیا جہاں جگہ مل گئی وہاں آپؐ کا خیمہ کھڑا کردیا گیا۔ اس حدیث کی وجہ سے آج بھی منی میں عمارت بنانے کا رواج نہیں۔ معلم وقتی طور پر خیمے کھڑے کردیتے ہیں اور حجاج ان میں قیام کرتے ہیں، اور بے شمار مخلوق اِدھر اُدھر اور راستوں میں پڑھی رہتی ہے اور پولیس والے ان کو نہیں ہٹاتے، کیونکہ حدیث ہے: مِنى مُناخ من سبق اور جو لوگ راستوں میں پڑے رہتے ہیں ان کی وجہ سے نظام خراب ہوجاتا ہے اور ہر سال منی میں جو حاجی مرتے ہیں اس کا سبب وہی بنتے ہیں، حالانکہ مِنى مُناخ من سبق کا یہ مطلب نہیں ہے کہ انتظام درست کرنے کے لئے بھی ان کو نہ ہٹایا جائے، نظام کو صحیح اور درست رکھنے کے لئے اور جانوں کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے راستوں سے لوگوں کو ہٹانا جائز ہے، بلکہ ضروری ہے۔

[۵۱] باب ماجاء أَن منى مُناخُ مَنْ سَبَقَ

[۸۶۹-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عيسىٰ، ومُحمدُ بنُ أَبَانٍ، قالاَ: نَا وَكِيْعٌ، عن إِسْرَائِيْلَ، عن إبراهيمَ بنِ مُهَاجِرٍ، عن يُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عن أُمِّهِ مُسَيْكَةَ، عن عائشةَ قالتْ: قُلْنَا يَارسولَ اللهِ! أَلاَ نَبْنِيْ لَكَ بِنَاءً يُّظِلُّكَ بِمَنىً؟ قال: '' لا : مِنَى مُنَاخُ مَنْ سَبَقَ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: مُسیکۃ مجہولہ ہیں اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے مگر مصری نسخہ میں صحیح بھی ہے اور وہی نسخہ صحیح ہے اس لئے کہ صحابہ سے روایت کرنے والے تابعین کے پہلے طبقہ کے احوال اگر پردۂ خفا میں رہ جائیں تو اس سے صرف نظر کی جاتی ہے، چنانچہ خود امام ترمذیؒ نے سورِ ہرۃ کے باب میں جو حدیث ہے اس کو حسن صحیح کہا ہے حالانکہ اس میں حمیدہ اور کبشہ مجہولہ ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِيْ تَقْصِيْرِ الصَّلاَةِ بِمِنَى

منی میں نمازیں قصر پڑھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: ایام حج میں منی، عرفات اور مزدلفہ میں رباعی نمازیں قصر پڑھی جائیں گی یا پوری؟ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے بھی حج کا احرام باندھا ہے وہ رباعی نمازیں قصر پڑھے گا۔ خواہ مسافر ہو یا مقیم، امام مالکؒ کے نزدیک حج کے دنوں میں قصر: مناسک میں شامل ہے، باقی فقہاء کے نزدیک قصر: مناسک میں شامل نہیں، پس قصر کا جو اصول ہے اسی کے مطابق عمل کیا جائے گا، جو شخص مسافر ہے وہ قصر کرے گا اور جو مقیم ہے وہ پوری نماز پڑھے گا۔

امام مالک رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ آنحضور ﷺ نے منی وغیرہ میں رباعی نمازیں قصر پڑھائی تھیں، اور کسی نماز میں اعلان نہیں کیا تھا کہ ''امام مسافر ہے، مقیم اپنی نماز پوری کرلیں'' حالانکہ ایسا اعلان کرنے کا معمول تھا، پس یہ قرینہ ہے کہ قصر: حج کی وجہ سے تھا، ائمہ ثلاثہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے مکہ میں تین دن نمازیں قصر پڑھائی تھیں اور وہاں اعلان ہوا تھا، اس لئے لوگ مسئلہ جان گئے تھے اور امام کا حال بھی جان گئے تھے اس لئے بار بار اعلان کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔

اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت میں منی وغیرہ میں نماز پوری پڑھانی شروع کی اور لوگوں میں بے چینی پیدا ہوئی تو انھوں نے یہ عذر بیان کیا کہ ''میں نے مکہ کے قریب نکاح کرلیا ہے، میں مدینہ سے سیدھا سسرال آتا ہوں، پھر وہاں سے ایک ماہ کے بعد مکہ آتا ہوں اس لئے میں مسافر نہیں ہوتا'' یہ معذرت دلیل ہے کہ منی وغیرہ میں قصر: سفر کی وجہ سے ہے، مناسک میں داخل نہیں۔

فائدہ (۱): حرمین شریفین کی حکومت مالکیہ کی رعایت میں امیر الحج مسافر کو بناتی ہے، وہ عرفات اور مزدلفہ میں نمازیں قصر پڑھاتا ہے پیچھے مقتدیوں کو جو سمجھنا ہے سمجھیں، یہ بہت اچھی بات ہے، مگر رمضان میں وتر میں احناف کی رعایت نہیں کرتے، احناف کے نزدیک وتر کی تینوں رکعتیں ایک سلام سے پڑھنی ضروری ہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کے نزدیک ایک رکعت علحدہ پڑھنا صرف افضل ہے، تینوں رکعتیں ایک سلام بھی جائز ہیں، پس حرمین کے ائمہ کو چاہئے کہ احناف کی رعایت میں ایک سلام سے وتر پڑھیں تاکہ احناف کو کوئی پریشانی لاحق نہ ہو، اب تو احناف کو یہ پریشانی ہے کہ حرم شریف کی جماعت میں شامل ہوتے ہیں تو ان کے وتر صحیح نہیں ہوتے اور بیٹھے رہتے ہیں تو مسلمانوں کا کلمہ متفرق ہوتا ہے، اور اعادہ کرنا ہر کسی کے لئے دشوار ہے، پس کیا اچھا ہو کہ حرم کے ائمہ اپنے مذہب کے افضل کو چھوڑ کر ایک سلام سے وتر کی تینوں رکعتیں پڑھیں تاکہ سب کو سہولت ہوجائے جیسا کہ وہ حج میں کرتے ہیں۔

فائدہ (۲): آج کل ایک مسئلہ یہ بھی زیر بحث ہے کہ منی: مکہ میں داخل ہے یا خارج؟ چند سال پہلے مکہ مکرمہ میں

مدرسہ صولتیہ میں ہندو پاک کے چند اکابرین کا اجتماع ہوا اور اس میں طے کیا گیا کہ اب منی: مکہ میں داخل ہو چکا ہے، پس مقیم و مسافر ہونے میں نزولِ منی سے پہلے مکہ کی مدت اقامت ہی کا اعتبار نہ ہوگا، بلکہ منی، عرفات اور منی کا قیام اور اس کے بعد مکہ کے قیام کا مجموعہ دیکھا جائے گا، اگر ۱۵ دن ہو جائے تو حاجی مقیم ہو گیا، ورنہ نہیں۔ اور اس فیصلہ کا مدار دو باتوں پر تھا: ایک ابنیۂ مکہ کا منی کے ساتھ اتصال، دوسری: منی کا مکہ کی فناء ہونا۔ مگر دوسری رائے یہ ہے کہ ابنیہ کا اتصال ابنیہ کے ساتھ ہونا چاہئے، جبکہ منی صحراء ہے اور منی: مکہ کی فناء نہیں ہوسکتا، کیونکہ فناء وہ جگہ ہے جو شہر کی مصالح کے لئے ہو، اور منی، مزدلفہ اور عرفات: مناسک کی جگہیں ہیں، وہ مکہ کے مصالح کے لئے نہیں ہیں، اس لئے چاہے ابنیہ کا اتصال ہو گیا ہو، سفر و اقامت میں ان کا قیام محسوب نہیں ہوگا، میری ناقص رائے یہی ہے۔

[۵۲] باب ماجاء فی تقصیر الصلاة بمنی

[۸۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو الأَحْوَصِ، عن أبی إسحاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بنِ وَهْبٍ، قالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم بِمِنَی آمَنَ مَاكَانَ النَّاسُ وَأَكْثَرَهُ رَكْعَتَيْنِ.

وفی الباب: عنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عُمَرَ، وأنَسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ حَارِثَةَ بنِ وَهْبٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۸۷۱-] وَرُوِیَ عن ابنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم بِمنیٰ رَكْعَتَيْنِ، ومَعَ أَبِی بَكْرٍ، وَمَعَ عُمَرَ، ومَعَ عُثْمَانَ رَكْعَتَيْنِ صَدْرًا مِنْ إِمَارَتِهِ.

وقَدْ اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ تَقْصِيْرِ الصَّلَاةِ بِمنی لِأَهْلِ مَكَّةَ: فقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لَيْسَ لِأَهْلِ مَكَّةَ أَنْ يَقْصُرُوا الصَّلَاةَ بِمَنَی إِلَّا مَنْ كَانَ بِمنیً مُسَافِرًا، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ جُرَيْجٍ، وَسُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، ويَحيیَ بنِ سَعِيدٍ القَطَّانِ، والشافعیِّ وأحمدَ، وإسحاقَ، وقالَ بَعْضُهُمْ: لَابَأْسَ لِأَهْلِ مَكَّةَ أَنْ يَقْصُرُوا الصَّلَاةَ بمنیً، وَهُوَ قَوْلُ الأَوْزَاعِیِّ، ومَالِكٍ، وسُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ مَهْدِیٍّ.

ترجمہ: حضرت حارثہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ منی میں (رباعی نمازیں) دو دو رکعتیں پڑھیں جبکہ لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اطمینان حاصل تھا اور لوگ زیادہ سے زیادہ تعداد میں تھے (یعنی کسی کافر کی طرف سے کوئی اندیشہ نہیں تھا، لوگ نہایت اطمینان سے تھے اور ایک لاکھ سے زائد جمع تھے جن کو کوئی اندیشہ نہیں ہوسکتا)

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ منی میں دو رکعتیں پڑھیں، اور ابوبکرؓ کے ساتھ اور عمرؓ کے ساتھ اور عثمانؓ کے ساتھ ان کی خلافت کے شروع کے سالوں میں دو رکعتیں پڑھیں ——— اور مکہ کے باشندے منی میں قصر کر سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں: اہل مکہ کے لئے منی

میں قصر کرنا جائز نہیں، ہاں جو شخص منی میں مسافر ہو (وہ نماز قصر کرے) اور یہ ابن جریج، ثوری، یحییٰ قطان، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں: اہل مکہ کے لئے بھی منی میں قصر کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور یہ اوزاعی، مالک، ابن عیینہ اور ابن مہدی کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الوُقُوْفِ بِعَرَفَاتٍ وَالدُّعَاءِ فِیْهَا

وقوفِ عرفہ اور اس میں دعا کا بیان

۹ ذی الحجہ کو عرفات میں جانا ہوتا ہے، وہاں زوال تک کوئی کام نہیں۔ زوال کے بعد امام ظہر وعصر ایک ساتھ پڑھاتا ہے اس کے بعد وقوف شروع ہوتا ہے لوگ عرفہ کے کاموں میں یعنی ذکر واذکار، نوافل وتلاوت وغیرہ میں مشغول ہوجاتے ہیں، اور عرفہ کے کاموں میں سب سے اہم دعا ہے۔

وقوفِ عرفہ کا وقت ذی الحجہ کی نو تاریخ کے زوال سے اگلے دن کی صبح صادق تک ہے، پھر امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ پورا وقت یکساں ہے جو شخص نو کے زوال سے اگلے دن کی صبح صادق تک کسی بھی وقت حج کا احرام باندھ کر عرفات میں آگیا اس کا حج ہوگیا، اور دیگر ائمہ کے نزدیک دن کے ساتھ رات کا ایک حصہ ملانا بھی ضروری ہے اور رات کی دن سے زیادہ اہمیت ہے، پھر احناف اور شوافع کے نزدیک اگر کسی نے صرف دن کا وقوف کیا اور رات کا کوئی حصہ اس کے ساتھ نہیں ملایا یعنی سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نکل آیا تو اس پر دم واجب ہے، اور اگر رات میں وقوف کیا اور دن کا کوئی حصہ اس کے ساتھ نہیں ملایا تو کچھ واجب نہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر صرف دن میں وقوف کیا، اور غروب سے پہلے عرفات سے نکل آیا تو اس کا حج نہیں ہوا، اور اگر صرف رات میں وقوف کیا اور دن میں وقوف نہیں کیا تو حج صحیح ہوگیا مگر دم واجب ہے۔

حدیث (۱): یزید بن شیبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے پاس ابن مربع الانصاری آئے، ہم عرفات میں ایک جگہ ٹھہرے ہوئے تھے، عمرو بن عبداللہ نے اس جگہ کو دور بتایا یعنی جہاں حضرت شیبان ٹھہرے ہوئے تھے وہ جگہ آنحضور ﷺ کی جائے قیام سے دور تھی، ابن مربع الانصاری نے آکر کہا: میں آپ لوگوں کے پاس اللہ کے رسول ﷺ کا بھیجا ہوا ہوں، آپؐ فرمارہے ہیں کہ آپ لوگ مشاعر کے قریب آئیں (مشاعر اور مناسك مترادف لفظ ہیں، یعنی حج کی جو جگہیں ہیں وہاں آکر ٹھہریں) اس لئے کہ تم ابراہیم علیہ السلام کے طریقوں میں سے ایک طریقہ پر ہو۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے عرفات میں ظہر وعصر ایک ساتھ پڑھائی تھیں، جہاں آپؐ نے نماز پڑھائی تھی وہاں اب مسجد بنی ہوئی ہے جس کا نام مسجد نمرۃ ہے، نماز سے فارغ ہوکر آپؐ اونٹ پر سوار ہوکر جبل رحمت کے پاس تشریف لے گئے، اور اس کے دامن میں وقوف فرمایا اور غروب تک اونٹ ہی پر تشریف فرمارہے، لوگوں کو مختلف ہدایتیں دینا، غریبوں کی

ضرورتیں پوری کرنا، لوگوں کو مسائل بتانا سب کام اونٹ پر ہی کر رہے تھے اور ساتھ ہی ذکر و دعا میں بھی مشغول تھے، یزید بن شیبان اور ان کے ساتھی کہیں دور ٹھہرے ہوئے تھے، عرفات کا میدان بہت وسیع ہے اور پورا میدان موقف (ٹھہرنے کی جگہ) ہے مگر جبلِ رحمت کے قریب وقوف کرنا ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب حج کیا تھا تو وہ جبل رحمت کے دامن میں ٹھہرے تھے اور حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقہ پر ہوتا ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے بھی وہیں وقوف کیا تھا، آپؐ نے ابن مربع انصاری کو یزید بن شیبان وغیرہ کے پاس بھیجا اور حکم دیا کہ وہ جبل رحمت کے قریب آئیں، اس لئے کہ حج موروثی عبادت ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہی طریقہ تھا۔

حدیث (۲): قریش اور وہ لوگ جو قریش کے دھرم پر تھے ''حمس'' کہلاتے تھے، وہ مزدلفہ ہی میں ٹھہر جاتے تھے، عرفہ میں نہیں جاتے تھے اور کہا کرتے تھے: ''ہم اللہ کے گھر کے باسی ہیں'' اور دوسرے لوگ عرفہ میں جاتے تھے۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''پھر تم لوٹو جہاں سے لوگ لوٹتے ہیں''

تشریح: زمانہ جاہلیت میں حج میں جو خرابیاں پیدا ہوگئی تھیں ان میں سے ایک خرابی یہ تھی کہ قریش اور جو لوگ قریش کے دین پر تھے وہ منی سے چل کر مزدلفہ میں رک جاتے تھے، وہ عرفات میں نہیں جاتے تھے، باقی سب لوگ عرفات میں جاکر واپس لوٹتے تھے، قریش کہتے تھے: ہم حُمس (دین میں ٹھوس مضبوط) ہیں اور ہم قطین اللہ (اللہ کے گھر کے باسی) ہیں پس ہم حرم سے نہیں نکلیں گے (حالانکہ وہ تجارت کے لئے شام اور یمن کے سفر کرتے تھے) چنانچہ یہ رسم ختم کرنے کے لئے سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۹ نازل ہوئی اور حکم دیا گیا: ''پھر تم وہاں سے لوٹو جہاں سے سب لوگ لوٹتے ہیں'' چنانچہ آپ ﷺ منی سے عرفات گئے، وہاں سے مزدلفہ پھر منی واپس آئے۔

[۵۳] باب ماجاء فی الوقوف بعرفاتٍ والدعاءِ فیها

[۸۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ عبدِ الله بنِ صَفْوَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ شَيْبَانَ، قالَ: أَتَانَا ابنُ مِرْبَعِ الأَنْصَارِيُّ، وَنَحْنُ وُقُوْفٌ بِالْمَوْقِفِ، مكاناً يُّبَاعِدُهُ عَمْرٌو، فقالَ: إِنِّیْ رسولُ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم إِلَيْكُمْ، يقولُ: ''كُوْنُوْا على مَشَاعِرِكُمْ فَإِنَّكُمْ علٰى إِرْثٍ مِنْ إِرْثِ إِبْرَاهِيْمَ''

وفی الباب: عن عليٍّ، وعائشةَ، وجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، والشَّرِيْدِ بنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَرْبَعٍ حديثٌ حسنٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ ابنِ عُيَيْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، وابنُ مِرْبَعٍ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ مِرْبَعٍ الأَنْصَارِيُّ، وَإِنَّمَا يُعْرَفُ لَهُ هٰذَا الحَدِيثُ الوَاحِدُ.

[۸۷۳-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلٰى الصَّنْعَانِیُّ البَصْرِيُّ، نا محمدُ بنُ عبدِ الرحمنِ الطُّفَاوِيُّ، نا هِشَامُ بنُ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قَالَتْ: كانتْ قُرَيْشٌ ومَنْ كَانَ على دِيْنِهَا، وَهُمُ الْحُمْسُ،

يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ، يَقُوْلُوْنَ: نَحْنُ قَطِيْنُ اللّٰهِ، وكانَ مَنْ سِوَاهُمْ يَقِفُوْنَ بِعَرَفَةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ﴾

قالَ أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، ومَعْنَى هٰذَا الحديثِ أَنَّ أَهْلَ مَكَّةَ كَانُوْا لاَيَخْرُجُوْنَ مِنَ الْحَرَمِ، وعَرَفَاتٌ خَارِجٌ مِنَ الْحَرَمِ، فَأَهْلُ مَكَّةَ كَانُوْا يَقِفُوْنَ بِالْمُزْدَلِفَةِ وَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ قَطِيْنُ اللّٰهِ يَعْنِي سُكَّانَ اللهِ، وَمَنْ سِوَى أَهْلِ مَكَّةَ كَانُوْا يَقِفُوْنَ بِعَرَفَاتٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالىٰ: ﴿ثُمَّ أَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ﴾ والحُمْسُ: هُمْ أَهْلُ الْحَرَمِ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن مربع کی حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر ابن عیینہ کی سند سے، یعنی عمرو بن دینار سے روایت کرنے والے تنہا ابن عیینہ ہیں اور ابن مربع کا نام یزید بن مربع انصاری ہے اور ان سے یہی ایک حدیث مروی ہے ـــــ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اہل مکہ حرم سے نہیں نکلتے تھے اور عرفات حرم سے باہر ہے، اور اہل مکہ مزدلفہ میں ٹھہر جاتے تھے اور کہا کرتے تھے: ہم اللہ کے گھر کے رہنے والے ہیں اور اہل مکہ کے سواء سب لوگ عرفات میں جاتے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: پھر تم لوٹو جہاں سے سب لوگ لوٹتے ہیں۔ اور حُمس حرم والے ہیں (یہ مصداق بیان کیا ہے حُمس کے لغوی معنی بیان نہیں کئے اس کے معنی ہیں: دین میں ٹھوس اور مضبوط)

بابُ ماجاءَ أَنَّ عَرَفَةَ كُلَّهَا مَوْقِفٌ

عرفہ کا پورا میدان وقوف کی جگہ ہے

عرفہ بہت وسیع میدان ہے اور پہاڑوں سے گھرا ہوا ہے اس پورے میدان میں کہیں بھی وقوف کیا جا سکتا ہے، مگر اصل موقف جبل رحمت ہے اس لئے کہ حج موروثی عبادت ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جبل رحمت کے دامن میں وقوف کیا تھا اور ان کی اتباع میں آنحضور ﷺ نے بھی وہیں وقوف کیا تھا اور یزید بن شیبانؓ وغیرہ وہاں سے کچھ دور ٹھہرے تھے تو آپؐ نے آدمی بھیج کر ان کو قریب بلا لیا تھا، مگر اب چونکہ ہر سال لاکھوں آدمی حج کرتے ہیں اور وہ سب جبل رحمت کے قریب نہیں ٹھہر سکتے اس لئے پریشانی سے بچنے کے لئے اور عبادت میں یکسوئی حاصل کرنے کے لئے میں تو جبل رحمت کے قریب جانے کی کوشش نہیں کرتا، خیمہ ہی میں وقوف کرتا ہوں تا کہ دلجمعی کے ساتھ عرفہ کے کاموں میں مشغول رہ سکوں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عرفہ میں (جبل رحمت کے دامن میں) وقوف کیا اور فرمایا: ''یہ عرفہ ہے اور یہ وقوف کرنے کی جگہ ہے اور پورا عرفہ وقوف کرنے کی جگہ ہے'' پھر آپ عرفہ سے واپس لوٹے جبکہ سورج غروب ہو گیا (أَفَاضَ کے لغوی معنی ہیں: لوٹنا، مگر یہ لفظ عرفہ سے لوٹنے کے لئے خاص ہو گیا

ہے) اور حضرت اسامہؓ کو (اونٹ پر) اپنے پیچھے بٹھالیا، اور آپؐ دستِ مبارک سے اشارہ کرتے تھے کہ باطمینان چلو (ھِیْنَتِہ کا تلفظ مختلف طریقوں سے کیا گیا ہے، بہتر ھِیْنَتِہٖ ہے) اور لوگ دائیں بائیں اونٹوں کو مار رہے تھے (تاکہ جلدی مزدلفہ پہنچیں) آپؐ ان کی طرف متوجہ ہوتے تھے اور زبان مبارک سے فرماتے تھے: لوگو! سکینت کو لازم پکڑو، پھر آپؐ مزدلفہ میں آئے (لفظ جَمْعٌ مزدلفہ کے لئے خاص ہے) اور وہاں لوگوں کو مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھائیں (نماز پڑھ کر آپؐ سو گئے اور اس رات آپؐ نے بالقصد تہجد نہیں پڑھا) پھر جب صبح ہوئی تو (اول وقت میں فجر کی نماز پڑھائی اور) جبل قزح کے پاس آئے اور اس کے دامن میں وقوف کیا یعنی وہاں دعائیں وغیرہ کیں اور فرمایا: ''یہ جبل قُزح ہے اور یہ موقف ہے اور مزدلفہ کا پورا میدان موقف ہے'' پھر (جب طلوع شمس میں پانچ دس منٹ باقی رہ گئے تو) آپؐ (منی کی طرف) واپس لوٹے، یہاں تک کہ وادی محسّر میں پہنچ گئے، پس آپؐ نے اونٹنی کو تیز کردیا، پس اونٹنی ہلکی ہلکی دوڑنے لگی یہاں تک کہ آپ وادی سے نکل گئے (جب آپؐ وادی سے نکلے تو دیکھا کہ فضل بن عباسؓ پیدل جارہے ہیں) آپؐ نے اونٹنی بٹھائی اور فضل کو پیچھے بٹھالیا، پھر جمرۂ عقبہ پر پہنچے اور اس کو کنکریاں ماریں، پھر قربان گاہ میں آئے اور فرمایا: ''یہ قربان گاہ ہے اور منی پورا قربان گاہ ہے'' (بلکہ پورا حرم قربان گاہ ہے کہیں بھی قربانی کی جاسکتی ہے) اور آپؐ سے قبیلۂ خثعم کی ایک نوجوان عورت نے مسئلہ پوچھا، اس نے کہا: میرے ابا بوڑھے ہوگئے ہیں اور ان کو اللہ کے فریضہ نے پالیا ہے (یعنی ان پر حج فرض ہوگیا ہے مگر اب ان میں حج کرنے کی استطاعت نہیں رہی تو) کیا میں ان کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنے باپ کی طرح سے حج کرو'' حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور آپؐ نے فضل بن عباس کی گردن کو پھیر دیا (جب وہ عورت مسئلہ پوچھ رہی تھی تو فضل بھی اس کو دیکھ رہے تھے اس کا چہرہ کھلا ہوا تھا اس لئے آپؐ نے ہاتھ سے فضل کا چہرہ دوسری جانب گھمادیا تاکہ اس کو نہ دیکھیں) حضرت عباس رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، کسی موقعہ پر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے اپنے بھتیجے کی گردن کیوں پھیر دی تھی؟ آپؐ نے فرمایا: ''میں نے دیکھا لڑکا بھی جوان ہے اور لڑکی بھی، پس مجھے دونوں پر شیطان کا اندیشہ ہوا (اس لئے میں نے گردن پھیر دی تاکہ شیطان ان کا حج خراب نہ کرے) پھر آپؐ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: یارسول اللہ! میں نے حلق کروانے سے پہلے طواف زیارت کرلیا، آپؐ نے فرمایا: ''کوئی حرج نہیں اب حلق کرلو'' یا فرمایا: ''کوئی بات نہیں اب بال کتروالو'' راوی کہتا ہے: اور ایک دوسرا شخص آیا اس نے کہا: یارسول اللہ! میں نے جمرۂ عقبہ کی رمی سے پہلے قربانی کرلی آپؐ نے فرمایا: ''کوئی بات نہیں اب رمی کرلو'' راوی کہتا ہے: پھر آپؐ کعبہ شریف کے پاس آئے اور اس کا طواف کیا (یہ طوافِ زیارت تھا) پھر زمزم کے کنویں پر آئے، اور فرمایا: ''اے بنو عبدالمطلب! (سقایہ کی خدمت آپؐ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو سپرد کی تھی وہ خود اور ان کی اولاد اور ان کے غلام حاجیوں کو کنویں سے کھینچ کھینچ کر زمزم پلاتے تھے) اگر یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ تم پر غالب آجائیں گے تو میں خود کنویں سے زمزم کھینچ کر پیتا'' (یعنی اگر میں ایسا کروں گا تو

میری اتباع میں سب لوگ خود کھینچ کر پانی پینے کی کوشش کریں گے اور تمہیں جو خدمت سپرد کی گئی ہے وہ تمہارے ہاتھ سے چلی جائے گی، اس لئے میں خود کھینچ کر زمزم نہیں پی رہا تمہیں مجھے پلاؤ)

تشریح

۱- مزدلفہ کی طرف سے جب عرفات کے میدان میں داخل ہوتے ہیں تو پہلے ایک برساتی نالہ آتا ہے یہ بطن عُرنہ کہلاتا ہے اس کے بعد عرفہ کا میدان ہے بطن عُرنہ میں وقوف کرنا جائز نہیں، اگر کوئی وہاں وقوف کرے گا تو حج نہیں ہوگا، اور مزدلفہ سے منی کی طرف آتے ہوئے درمیان میں ایک میدان ہے اس کا نام وادی محسر ہے اس میں بھی وقوف کرنا جائز نہیں اور وادی محسر سے آنحضور ﷺ تیزی کے ساتھ کیوں گذرے تھے؟ اس کی وجہ معلوم نہیں اور جو مشہور ہے کہ اصحاب فیل یہاں ہلاک ہوئے ہیں: یہ بات غلط ہے، اس لئے کہ اصحاب فیل حرم میں داخل نہیں ہوئے تھے اس سے پہلے ہی ہلاک کر دیئے گئے تھے اور منی، مزدلفہ اور وادی محسر سب حرم میں ہیں۔

۲- اس حدیث سے چند مسئلے نکلتے ہیں:

(الف) عورت احرام میں چہرہ نہیں چھپائے گی اس کا احرام چہرے میں ہے۔ تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

(ب) عورت کے لئے اگر مجبوری ہو اور وہ پردہ نہ کرسکتی ہو تو مرد پر پردہ کرنا یعنی نظریں پھیر لینا واجب ہے، آنحضور ﷺ نے اسی وجہ سے حضرت فضل کی گردن پھیری تھی۔

(ج) وہ مرد جس سے معاملہ متعلق ہے عورت کو دیکھ سکتا ہے مثلاً عورت بیمار ہے اور وہ ڈاکٹر کو اپنے بدن کا وہ حصہ جسے چھپانا ضروری ہے دکھا رہی ہے تو اس کے لئے ایسا کرنا جائز ہے اور ڈاکٹر بھی دیکھ سکتا ہے اس کے لئے بھی مجبوری ہے، مگر وہاں جو دوسرے لوگ بیٹھے ہیں ان کے لئے کوئی مجبوری نہیں، پس ان پر نظریں پھیر لینا واجب ہے۔

(د) احرام میں اگر بیوی ساتھ ہے تو زن وشوئی کے معاملات کا تصور بھی دل میں نہیں لانا چاہئے یہ بھی ایک درجہ میں رفث ہے اس سے بھی حج میں نقصان آتا ہے اور غیر عورت کے بارے میں دل میں کوئی خیال لانا تو نہایت سخت بات ہے۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے حضرت فضلؓ کا چہرہ پھیر دیا کیونکہ دونوں جوان تھے، شیطان کسی کے بھی دل میں کوئی وسوسہ ڈال سکتا تھا۔

(ہ) آپؐ نے جو حضرت فضل کا چہرہ گھما دیا تھا تو حضرت عباسؓ نے اس کی وجہ پوچھی تھی، کیونکہ احکام کو سمجھ کر اخذ کرنا ضروری ہے، قرآن میں ہے: ﴿يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾ حکمت سے مراد احکام کی یہی مصلحتیں ہیں۔

۳- دس ذی الحجہ کو حاجی کو چار کام کرنے ہوتے ہیں، اول: جمرۂ عقبہ کی رمی، دوم: اگر حاجی قارن یا متمتع ہے تو قربانی کرنا (مفرد پر قربانی واجب نہیں، مستحب ہے) سوم: حلق یا قصر کرانا، چہارم: طوافِ زیارت کرنا۔ طوافِ زیارت میں اور باقی تین کاموں میں ترتیب بالاجماع سنت ہے واجب نہیں، اور باقی تین کاموں میں ترتیب واجب

ہے یا سنت؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہے، پس اگر کوئی ان میں تقدیم وتاخیر کردے تو کوئی حرج نہیں، اور احناف کے نزدیک ترتیب واجب ہے اگر آگے پیچھے کردے گا تو دم واجب ہوگا، اور حدیثِ باب میں جو دو مسئلے ہیں ان میں سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ طوافِ زیارت پہلے کرلیا، حلق بعد میں کیا تو بالاجماع اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ طواف زیارت میں اور باقی تین کاموں میں بالاجماع ترتیب سنت ہے اور دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ پہلے قربانی کرلی، پھر رمی کی تو یہ بھی اختلافی مسئلہ نہیں ہے جبکہ سائل مفرد ہو، البتہ اگر سائل قارن یا متمتع ہو تو اس پر قربانی واجب ہے، مگر اب یہ بات معلوم نہیں ہوسکتی کہ سائل مفرد تھا یا متمتع یا قارن اس لئے اس حدیث سے بھی وجوب ترتیب کے قائلین پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا، مزید تفصیل آئے گی۔

۴- قصر کا مفہوم سر کے تھوڑے تھوڑے بال کتروانا نہیں ہے، اگرچہ اس سے بھی احرام کھلتا ہے بلکہ قصر کا مطلب ہے: پٹھے کٹوانا، زلفیں بنوانا یعنی پیچھے سے بال کٹوانا، قصر میں لمبائی میں کم از کم ایک انملہ اور مقدار میں چوتھائی سر کے برابر بال کٹنے ضروری ہیں، اس سے کم بال کٹوانے سے احرام نہیں کھلے گا، اور عورت کے لئے حلق کرانا حرام ہے وہ قصر کرائے گی اور اس کے لئے بھی لمبائی میں ایک انملہ اور مقدار میں ربع رأس کے بال کٹنے ضروری ہیں، بعض عورتوں کی چوٹی آخر میں پتلی ہوجاتی ہے ان کو تھوڑے اوپر سے بال کاٹنے چاہئیں کیونکہ کٹے ہوئے بال اگر چوتھائی سر کے برابر نہیں ہیں تو احرام نہیں کھلے گا۔

۵- مذکورہ حدیث میں عبدالرحمٰن بن الحارث مدارِ حدیث ہیں ان سے اوپر ایک ہی سند ہے اور ان سے سفیان ثوری روایت کرتے ہیں اور ثوری سے روایت کرنے والے بہت ہیں۔

فائدہ: رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ کی رات میں تہجد نہیں پڑھا تھا کیونکہ آپؐ بہت سے مستحب امور مجمع عام میں چھوڑ دیتے تھے تاکہ لوگ ان کو لازم نہ سمجھ لیں، جیسے آپؐ کا ہر فرض نماز کے لئے نئی وضو کرنے کا معمول تھا مگر فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے پانچ نمازیں: فجر تا عشاء ایک ہی وضو سے ادا فرمائیں، اور جب حضرت عمرؓ نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ! آج آپؐ نے وہ کام کیا جو آپؐ کبھی نہیں کرتے تھے تو آپؐ نے فرمایا: ''عمر! قصداً میں نے ایسا کیا ہے'' (یہ حدیث کتاب الطہارۃ میں گذر چکی ہے) اور اس ترک مستحب میں بھی حکمت ہے اور وہ یہ ہے کہ نو اور دس دونوں دن اعمال سے پُر ہیں اور جسم کا بھی ایک حق ہے جو مزدلفہ کی رات میں پورا کرنا چاہئے۔

[۵۴] باب ماجاء أن عرفة كُلَّها مَوْقِفٌ

[۸۷٤-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو أحمدَ الزُّبَيْرِيُّ، نا سُفيانُ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الحَارِثِ بنِ عَيَّاشِ بنِ أبي رَبِيْعَةَ، عن زَيْدِ بنِ عليٍّ، عن أَبِيْهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ رَافِعٍ، عن عليِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قالَ: وَقَفَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَةَ، فقالَ: '' هٰذِهِ عَرَفَةُ وَهُوَ الْمَوْقِفُ، وَعَرَفَةُ

كُلُّهَا مَوْقِفٌ'' ثُمَّ أَفَاضَ حِيْنَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وأَرْدَفَ أُسَامَةَ بن زَيْدٍ، وَجَعَلَ يُشِيْرُ بيدِهِ على هِيْنَتِهِ، وَالنَّاسُ يَضْرِبُوْنَ يَمِيْنًا وَشِمَالاً، يَلْتَفِتُ إِلَيْهِمْ وَيقولُ:'' يَاأَيُّهَا النَّاسُ! عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةُ'' ثُمَّ أَتَى جَمْعًا فَصَلَّى بِهِمُ الصَّلاَتَيْنِ جَمِيْعًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَى قُزَحَ وَوَقَفَ عليهِ، وقال:'' هٰذا قُزَحُ وَهُوَ المَوْقِفُ وَجَمْعٌ كُلُّهَا مَوْقِفٌ'' ثُمَّ أَفَاضَ حتى انْتَهَى إلى وَادِى مُحَسِّرٍ فَقَرَعَ نَاقَتَهُ، فَخَبَّتْ حتى جَاوَزَ الْوَادِىَ، فَوَقَفَ وأَرْدَفَ الفَضْلَ، ثُمَّ أَتَى الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا، ثُمَّ أَتَى الْمَنْحَرَ، فقالَ:'' هٰذا المَنْحَرُ وَمِنىً كُلُّهَا مَنْحَرٌ'' واسْتَفْتَتْهُ جارِيَةٌ شَابَّةٌ مِنْ خَثْعَمٍ فقالتْ: إِنَّ أبى شَيْخٌ كَبِيْرٌ قَدْ أَدْرَكَتْهُ فَرِيْضَةُ اللّٰهِ فِى الْحجِّ،أَفَيُجْزِئُ أَنْ أَحُجَّ عَنْهُ؟ قالَ:''حُجِّىْ عَنْ أَبِيْكِ'' قال:وَلَوَّى عُنُقَ الْفَضْلِ، فقالَ العَبَّاسُ يارسولَ اللهِ! لِمَ لَوَّيْتَ عُنُقَ ابنِ عَمِّكَ؟ قالَ رَأَيْتُ شَابًّا وَشَابَّةً، فَلَمْ آمَنِ الشَّيْطَانَ عَلَيْهِمَا، فَأَتَاهُ رَجُلٌ فقالَ: يارسولَ اللهِ! إِنِّىْ أَفَضْتُ قَبْلَ أَنْ أَحْلِقَ، قالَ:'' احْلِقْ وَلاَ حَرَجَ أَوْ: قَصِّرْ وَلاَ حَرَجَ'' قال: وجاءَ آخَرُ فقالَ: يارسولَ اللّٰهِ إِنِّىْ ذَبَحْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِىَ؟ قالَ:'' ارْمِ وَلاَ حَرَجَ'' قال: ثُمَّ أَتَى البَيْتَ فطَافَ بِهِ، ثُمَّ أَتَى زَمْزَمَ فقالَ:'' يَا بَنِى عبدِ الْمُطَّلِبِ! لَوْلاَ أَنْ يَغْلِبَكُمْ عليهِ النَّاسُ لَنَزَعْتُ''

وفى الباب: عن جابرٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عَلِيٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ عليٍّ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ مِنْ حديثِ عبدِ الرحمٰنِ بنِ الحَارِثِ بنِ عَيَّاشٍ، وقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الثَّوْرِيِّ مِثْلَ هٰذَا.

والعملُ على هذا عندَ أهلِ العلمِ قَدْ رَأَوْا أَنْ يُجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ والعَصْرِ بعَرَفَةَ فِىْ وَقْتِ الظُّهْرِ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا صَلَّى الرَّجُلُ فِىْ رَحْلِهِ، وَلَمْ يَشْهَدِ الصَّلاَةَ مَعَ الإِمَامِ: إِنْ شَاءَ جَمَعَ هُوَ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ مِثْلَ مَا صَنَعَ الإِمَامُ.

وَزَيْدُ بنُ عَلِيٍّ: هُوَ ابنُ حُسَيْنِ بنِ عَلِيِّ بنِ أبى طَالِبٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ کہتے ہیں کہ عرفات میں ظہر اور عصر کے درمیان جمع کیا جائے اور بعض علماء کہتے ہیں: جب آدمی اپنے خیمہ میں نماز پڑھے اور وہ امام کے ساتھ نماز پڑھنے کے لئے حاضر نہ ہو تو اگر وہ چاہے تو ظہرین کے درمیان جمع کرے امام کے کرنے کی طرح، اور زید بن علی حضرت حسینؓ کے پوتے اور حضرت علیؓ کے پرپوتے ہیں ـــــ اور یہی وہ زید ہیں جن کی طرف شیعوں کا زیدی فرقہ منسوب ہے، شیعوں میں بہت فرقے ہیں اور یہ فرقہ اہل السنہ والجماعۃ سے اقرب ہے۔ نیل الاوطار کے مصنف علامہ شوکانی رحمہ اللہ کا تعلق اس زیدی فرقہ سے تھا۔

تشریح: عرفات میں ظہرین کو جمع کرنے کے لئے بالاجماع احرام شرط ہے اور امیر الموسم کی اقتداء میں نماز ادا کرنا شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک یہ بھی شرط ہے، لہٰذا جو شخص مسجد نمرۃ میں امام کے

پیچھے نماز ادا کرے گا وہی جمع بین الصلوٰتین کرسکتا ہے اور جو مرد وزن اپنے خیموں میں نماز پڑھیں گے خواہ جماعت کے ساتھ پڑھیں یا تنہا پڑھیں ان کے لئے جمع کرنا جائز نہیں، کیونکہ ان کے لئے ہر نماز اس کے وقت میں پڑھنے میں، کوئی دشواری نہیں اور مسجد نمرۃ میں جمع بین الصلوٰتین کا حکم اس وجہ سے ہے کہ وہاں مجبوری ہے، اگر لوگ پہلے ظہر کی نماز مسجد میں اداء کریں گے پھر جبل رحمت پر وقوف کرنے کے لئے جائیں گے، پھر عصر کے وقت میں دوبارہ مسجد میں آکر عصر ادا کریں گے پھر جبل رحمت پر جا کر وقوف کریں گے تو سارا وقت آنے جانے میں خرچ ہو جائے گا، اس لئے شریعت نے مسجد نمرۃ میں جمع بین الصلوٰتین کی اجازت دی، اور جو اپنے خیمے میں نماز پڑھ رہا ہے اس کے لئے کیا مجبوری ہے؟ پس اس کے لئے جمع کرنے کی اجازت نہیں، دیگر فقہاء کے نزدیک ہر صورت میں جمع بین الصلوٰتین کرنا جائز ہے، خواہ امیر الموسم کی اقتداء میں نماز ادا کرے یا اپنے خیمے میں جماعت کے ساتھ پڑھے یا تنہا پڑھے ہر صورت میں جمع کرسکتا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الإفَاضَةِ مِنْ عَرَفَاتٍ

عرفات سے لوٹنے کا بیان

گذشتہ باب میں جو طویل حدیث آئی ہے اس میں عرفات سے لوٹنے کا ذکر ہے، اور اس باب کی حدیث میں اگرچہ عرفات سے لوٹنے کا ذکر نہیں، مگر یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی طویل حدیث ہے، اور اس کے دیگر طرق میں یہ بات مذکور ہے، اس وجہ سے امام ترمذیؒ نے یہ حدیث اس باب میں ذکر کی ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے وادی محسّر میں سواری تیز کردی (أَوْضَعَ إیضاعًا کے معنی ہیں: الإسراع فی السیر تیز چلنا۔ سورۂ توبہ آیت ۴۷ میں ہے: ﴿وَلَأَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ﴾ (وہ گھوڑے دوڑاتے ہیں تم میں، چاہتے ہیں تمہارے درمیان فتنہ ڈالنا) اور حدیث میں بشر نے اضافہ کیا ہے (امام ترمذیؒ کے استاذ الاستاذ تین ہیں، ان میں سے بشر حدیث میں یہ اضافہ کرتے ہیں) ''اور مزدلفہ سے لوٹے درانحالیکہ آپؐ پُرسکون تھے اور آپؐ لوگوں کو پرسکون رہنے کی تلقین کررہے تھے'' اور اس حدیث میں ابونعیم (تیسرے استاذ) نے یہ اضافہ کیا ہے: ''اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ رمی کریں۔ غلیل کے غلہ جیسی کنکری سے'' (الخذف کے اصل معنی ہیں: انگلیوں کے درمیان کنکری پکڑ کر پھینکنا، پھر گوپھن میں اور غلیل میں رکھ کر جو کنکری پھینکتے ہیں اس کو بھی مجازاً خذف کہنے لگے، ایسی کنکری جو غلیل کے غلہ جیسی ہو یعنی نہ بہت چھوٹی ہو اور نہ بڑا پتھر ہو ایسی کنکری سے رمی جمار کرنا مسنون ہے) اور آپؐ نے فرمایا: ''شاید میں تمہیں اس سال کے بعد نہ دیکھ سکوں'' (پس مناسک اچھی طرح سیکھ لو، اس جملہ میں اشارہ ہے کہ آپؐ کی وفات قریب ہے)

[۵۵] باب ماجاء فی الإفاضة مِنْ عَرفاتٍ

[۸۷۵-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا وَكِيْعٌ، وبِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، قالوا: نا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَوْضَعَ فِيْ وَادِى مُحَسِّرٍ، وَزَادَ فِيْهِ بِشْرٌ: وَأَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ وَعَلَيْهِ السَّكِيْنَةُ وَأَمَرَهُمْ بِالسَّكِيْنَةِ، وَزَادَ فِيْهِ أَبُوْ نُعَيْمٍ: وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرْمُوْا بِمِثْلِ حَصَا الخَذْفِ، وَقَالَ: "لَعَلِّىْ لَا أَرَاكُمْ بَعْدَ عَامِىْ هٰذَا"

وفى الباب: عن أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، قالَ أبو عيسى: حديثُ جَابِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الجَمْعِ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

مزدلفہ میں مغرب اور عشاء ایک ساتھ پڑھنا

جس نے بھی حج کا احرام باندھ رکھا ہے وہ مغرب اور عشاء کو مزدلفہ میں عشاء کے وقت میں ایک ساتھ پڑھے گا۔ عشاء کا وقت داخل ہونے سے پہلے مغرب کی نماز پڑھنا جائز نہیں، اور جس کا حج کا احرام نہیں وہ مغرب کو مغرب کے وقت میں پڑھے گا اور عشاء کو عشاء کے وقت میں، اس کے لئے جمع بین الصلوٰتین کرنا جائز نہیں۔ اور مزدلفہ میں عشائین کو جمع کرنے کے لئے امام المسلمین کی اقتداء میں پڑھنا بالاجماع شرط نہیں۔ ہر حاجی کے لئے عشائین کو جمع کرنا جائز ہے خواہ وہ امام المسلمین کی اقتداء میں نماز ادا کرے یا اپنے ڈیرے میں باجماعت پڑھے یا تنہا پڑھے۔

اور عرفات اور مزدلفہ میں امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک کوئی اذان نہیں، البتہ دونوں جگہ دونوں نمازوں کے لئے تکبیریں کہی جائیں گی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عرفات میں بھی اور مزدلفہ میں بھی ایک اذان اور دو تکبیریں ہیں —— اور احناف میں سے امام طحاوی اور ابن الہمام رحمہما اللہ نے امام شافعیؒ کے قول کو اختیار کیا ہے —— اور امام اعظمؒ کے نزدیک عرفات میں ایک اذان اور دو تکبیریں ہیں اور مزدلفہ میں صرف ایک اذان اور ایک تکبیر ہے۔

حدیث: عبداللہ بن مالک سے مروی ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مزدلفہ میں نماز پڑھی اور دو نمازوں کو تکبیر کے ذریعہ جمع کیا، اور فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو اس جگہ ایسا کرتے دیکھا ہے —— اس جملہ سے حدیث مرفوع ہوگئی۔

تشریح: جو حضرات مزدلفہ میں صرف ایک تکبیر کے قائل ہیں انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ ابن عمر نے ایک اقامت سے دو نمازیں جمع کیں مگر حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے، بلکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ابن عمرؓ نے الگ جماعت کی اور اذان نہیں کہی، کیونکہ مزدلفہ کی مسجد میں اذان ہوگئی تھی، وہ سب کے لئے کافی تھی، صرف اقامت سے دو نمازیں پڑھیں۔ غرض بِإِقَامَةٍ کا مطلب: بِإقامة واحدة نہیں ہے بلکہ مطلب ہے: بإقامةٍ فقط اور

ابن عمرؓ نے اپنے عمل کو نبی ﷺ کے عمل کے ساتھ جو تشبیہ دی ہے وہ تشبیہ صرف دونمازیں ایک ساتھ جمع کرنے میں ہے ہر چیز میں تشبیہ نہیں ہے۔

نوٹ: حضرت ابن عمرؓ کی مذکورہ حدیث کی دوسندیں ہیں۔ پہلی سند: سفیان ثوری روایت کرتے ہیں ابواسحاق سے، وہ عبداللہ بن مالک سے، اور وہ ابن عمرؓ سے۔ دوسری سند: اسماعیل بن ابی خالد روایت کرتے ہیں ابواسحاق سے، وہ سعید بن جبیر سے، اور وہ ابن عمرؓ سے۔ یحییٰ قطان نے اور امام ترمذیؒ نے سفیان کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے کیونکہ اسرائیل ان کے متابع ہیں اور فرمایا ہے کہ اس حدیث کو سعید بن جبیر نے بھی ابن عمر سے روایت کیا ہے اور وہ سند بھی صحیح ہے مگر وہ سند دوسری ہے، اور ابواسحاق صرف عبداللہ اور ان کے بھائی خالد سے روایت کرتے ہیں، سعید بن جبیر سے روایت نہیں کرتے، سعید بن جبیر سے روایت کرنے والے سلمۃ بن کہیل ہیں۔

[٥٦] باب ماجاء فی الجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفة

[٨٧٦-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، أَخْبَرَنَا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ القَطَّانُ، أَخْبَرَنَا سُفيانُ الثَّوْرِيُّ، عن أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ صَلَّى بَجَمْعٍ، فَجَمَعَ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِإِقَامَةٍ، وقَالَ: رَأَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم فَعَلَ مِثْلَ هٰذَا فِی هذا المكانِ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن إسماعيلَ بنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن سَعيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی الله عليه وسلم مِثْلَهُ: قالَ محمدُ بنُ بَشَّارٍ، قالَ يَحيىَ: والصَّوَابُ حَديثُ سُفيانَ.

وفی الباب: عن عَلِیٍّ، وأبی أَيُّوْبَ، وعبدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وجَابِرٍ، وأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ بِرِوَايَةِ سُفْيَانَ أَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِیْ خَالِدٍ، وَحَدِيْثُ سُفيانَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قالَ: وَرَوَى إسرائيلُ هذا الحديثَ عن أبی إسحاقَ، عن عبدِ اللّٰهِ وَخَالِدٍ ابْنَیْ مَالِكٍ، عن ابنِ عُمَرَ. وَحَديثُ سَعيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عُمَرَ: هُوَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، رَوَاهُ سَلَمَةُ بنُ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعيدِ بنُ جُبَيْرٍ. وَأَمَّا أبو إسحاقَ فَإِنَّمَا رَوَى عن عبدِ اللّٰهِ وَخَالِدِ ابْنَیْ مَالِكٍ، عن ابنِ عُمَرَ.

والعملُ عليهِ عندَ أهلِ العلمِ أَنَّهُ لاَيُصَلِّیْ صَلاَةَ الْمَغْرِبِ دُوْنَ جَمْعٍ، فَإِذَا أَتَى جَمْعًا وَهُوَ الْمُزْدَلِفَةُ جَمَعَ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ، وَلَمْ يَتَطَوَّعْ فِيْمَا بَيْنَهُمَا، وَهُوَ الَّذِیْ اخْتَارَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ وَذَهَبُوْا إِلَيْهِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ.

قال سفيانُ: وإِنْ شَاءَ صَلَّى المَغْرِبَ ثُمَّ تَعَشَّیْ وَوَضَعَ ثِيَابَهُ ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى العِشَاءَ.

وقالَ بَعضُ أهلِ العلمِ: يَجْمَعُ بَيْنَ المَغْرِبِ والعِشَاءِ بِالْمُزْدَلِفَةِ بِأَذَانٍ وَإِقَامَتَيْنِ، يُؤَذِّنُ لِصَلَاةِ الْمَغْرِبِ وَيُقِيمُ وَيُصَلِّى المَغْرِبَ، ثُمَّ يُقِيمُ وَيُصَلِّى العِشَاءَ، وهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن عمرؓ کی جو حدیث سفیان ثوری کی روایت سے ہے وہ اصح ہے، اسماعیل بن ابی خالد کی روایت سے۔ اور سفیان کی حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے۔ اور فرماتے ہیں: اسرائیل نے یہ حدیث ابو اسحاق سے، انھوں نے عبداللہ اور خالد سے جو مالک کے لڑکے ہیں روایت کی ہے، وہ دونوں ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں اور سعید بن جبیر کی حدیث جو ابن عمرؓ سے مروی ہے وہ بھی حسنٌ صحیحٌ ہے اس کو سلمۃ بن کہیل نے سعید بن جبیر سے روایت کیا ہے، رہے ابو اسحاق تو انھوں نے مالک کے دونوں بیٹوں عبداللہ اور خالد سے، اور انھوں نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے ـــــــ اور اس پر علماء کا عمل ہے کہ حاجی مزدلفہ کے علاوہ کسی جگہ مغرب کی نماز نہیں پڑھے گا۔ پس جب وہ مزدلفہ میں پہنچے تو دو نمازوں کو جمع کرے، ایک اقامت کے ساتھ، اور ان کے درمیان نفلیں نہ پڑھے، اور یہ سفیان ثوری کا قول ہے ـــــــ سفیان کہتے ہیں: اور اگر چاہے تو مغرب پڑھے پھر شام کا کھانا کھائے اور اپنے کپڑے رکھے یعنی اونٹ پر سے سامان اتارے، پھر اقامت کہے اور عشاء کی نماز پڑھے (یعنی مغرب کے بعد فوراً عشاء پڑھنا ضروری نہیں، درمیان میں ضروری کام انجام دے سکتا ہے اور کھانا وغیرہ کھا سکتا ہے، البتہ اگر مغرب وعشاء کے درمیان فاصلہ ہو جائے تو عشاء سے پہلے بھی تکبیر کہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: مزدلفہ میں عشائین کو ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ جمع کرے، وہ (پہلے) مغرب کے لئے اذان کہے اور اقامت کہے، پھر مغرب پڑھے، پھر اقامت کہے اور عشاء پڑھے۔ اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے (امام طحاویؒ اور ابن الہمامؒ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے)

بابُ ماجاءَ مَنْ أَدْرَكَ الإِمَامَ بِجَمْعٍ فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ

جس نے امام کو مزدلفہ میں پالیا اس نے حج پالیا

حدیث (۱): عبدالرحمٰن بن یَعْمُر سے مروی ہے کہ نجد کے کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے درانحالیکہ آپؐ عرفہ میں وقوف فرما تھے، انھوں نے آپؐ سے بیان کیا: (وہ نجد سے سیدھے عرفہ آئے ہیں، وقت تنگ تھا اس لئے مکہ نہیں گئے ان کا حج ہوا یا نہیں؟ آپؐ نے ان کو مسئلہ بتایا پھر منادی کروائی تاکہ کسی اور کو یہی صورت پیش آئی ہو تو وہ بھی مسئلہ جان لے) پس منادی کرنے والے نے پکارا: ''عرفہ ہی حج ہے'' (یعنی حج کا اہم ترین رکن وقوف عرفہ ہے، حج میں دو رکن ہیں: طوافِ زیارت اور وقوفِ عرفہ، اور طوافِ زیارت ایسا رکن ہے جس میں تقدیم وتاخیر بھی ہوسکتی ہے

اور دم سے تاخیر کی تلافی بھی ہوسکتی ہے مگر وقوفِ عرفہ میں نہ تقدیم وتاخیر ہوسکتی ہے اور نہ دم سے اس کی تلافی ہوسکتی ہے اس لئے فرمایا کہ عرفہ ہی حج ہے) ''جو شخص مزدلفہ کی رات میں صبح صادق سے پہلے (عرفہ میں) داخل ہوگیا: اس نے حج پالیا'' وقوفِ عرفہ کا وقت نو تاریخ کے زوال سے دس کی صبح صادق تک ہے اور یہی رات مزدلفہ کی رات بھی ہے منی کے دن تین ہیں: (گیارہ تا تیرہ) پس جو شخص دو دن رمی کرکے چل دے اس پر کوئی گناہ نہیں، اور جو شخص تاخیر کرے (یعنی تیرہ کی بھی رمی کرے) اس پر بھی کوئی گناہ نہیں'' اور یحییٰ نے اپنی حدیث میں یہ بڑھایا ہے: اور آپؐ نے ایک آدمی کو (حضرت اسامہ کو) اونٹ پر پیچھے بٹھالیا، تاکہ وہ یہ اعلان کرتا رہے۔

تشریح: یہ حدیث مختصر اور نہایت جامع ہے، پورے حج کا اس میں نچوڑ اور خلاصہ آگیا ہے۔ وکیع رحمہ اللہ نے اس کو ''ام المناسک'' کہا ہے اور ابن عیینہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سفیان ثوریؒ نے یہ بہت شاندار حدیث بیان کی ہے، ابواب المناسک میں اتنی جامع کوئی دوسری حدیث نہیں۔

جاننا چاہئے کہ امام ترمذیؒ نے جو باب قائم کیا ہے اس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ جو شخص مزدلفہ کی رات میں امام المسلمین کو مزدلفہ میں پالے خواہ اس نے وقوف عرفہ کیا ہو یا نہ کیا ہو اس کو حج مل گیا۔ یہ بات صحیح نہیں، بلکہ مسئلہ یہ ہے کہ جس نے مزدلفہ کی رات میں صبح صادق سے پہلے وقوف عرفہ کرلیا پھر خواہ اس نے مزدلفہ میں امام المسلمین کو پایا یا نہیں پایا یعنی وہ مزدلفہ گیا یا نہیں گیا اس کو حج مل گیا، اور جس نے مزدلفہ میں امام المسلمین کو تو پالیا مگر اس نے وقوف عرفہ نہیں کیا تو اس کا حج نہیں ہوا۔

حدیث (۲): حضرت عروہ بن مضرسؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس مزدلفہ میں آیا جس وقت آپؐ فجر کی نماز پڑھانے کے لئے خیمہ سے نکل رہے تھے، میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں قبیلۂ طی کے دو پہاڑوں (جبل سلمی اور جبل آجا) کے پاس سے آرہا ہوں، میں نے اپنی سواری کو تھکا دیا اور میں خود بھی تھک گیا ہوں، قسم بخدا! میں نے کوئی پہاڑ (اور ایک نسخہ میں حَبَلَ ہے یعنی کوئی تودہ) نہیں چھوڑا جس پر میں نے وقوف نہ کیا ہو (یعنی راستے میں جتنے پہاڑ اور مٹی کے تودے ملے سب پر ٹھہرتا ہوا آرہا ہوں) پس کیا میرا حج ہوا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو ہمارے ساتھ اس نماز میں شریک ہوا اور ہمارے ساتھ وقوف کیا تاآنکہ (مزدلفہ سے) نکلنے کا وقت ہوگیا اور اس نے اس سے پہلے رات میں یا دن میں وقوف عرفہ کرلیا تو اس کا حج ہوگیا اور اس کا احرام کھولنا درست ہوگیا (اس حدیث کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ کہتے ہیں: وقوفِ عرفہ کے سلسلہ میں رات اور دن یکساں ہیں)

وضاحت: عروۃ بن مضرّسؓ کا تعلق قبیلہ طی سے ہے یہ یمن کا قبیلہ ہے، حاتم طائی اسی قبیلہ کا تھا اور تَفَث کے اصل معنی ہیں: میل کچیل، اور یہاں وہ کام مراد ہیں جو محرم احرام کھولتے وقت کرتا ہے یعنی سر منڈانا، نہانا، بدن سے میل صاف کرنا وغیرہ۔ اور اس جملہ کا مفہوم ہے: اس کا احرام کھولنا درست ہوگیا۔

[٥٧] باب ماجاء من أدرك الإمامَ بجمع فَقَدْ أدرك الحج

[٨٧٧-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، قالَ: نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، قالاَ: نا سُفيانُ، عن بُكَيْرِ بنِ عَطَاءٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَعْمُرَ: أَنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ نَجْدٍ أَتَوْا رسولَ الله صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِعَرَفَةَ، فَسَأَلُوْهُ، فَأَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى:" اَلْحَجُّ عَرَفَةُ، مَنْ جَاءَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ، أَيَّامُ مِنَى ثَلاَثَةٌ: فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ" قالَ محمدٌ: وَزَادَ يَحيىَ: وَأَرْدَفَ رَجُلاً فَنَادَىٰ بِهِ.

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن سُفيانَ الثَّوْرِيِّ، عن بُكَيْرِ بنِ عَطَاءٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَعْمُرَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، قالَ: وقَالَ ابنُ أَبِيْ عُمَرَ: قالَ سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ: وَهٰذَا أَجْوَدُ حَدِيثٍ رَوَاهُ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ.

قال أبو عيسى: والعملُ على حَديثِ عبدِ الرحمنِ بنِ يَعْمُرَ عندَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّهُ مَنْ لَمْ يَقِفْ بِعَرَفَاتٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ، وَلاَ يُجْزِئُ عَنْهُ إِنْ جَاءَ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ، وَيَجْعَلُهَا عُمْرَةً، وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ والشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وقَدْ رَوَى شُعْبَةُ عَنْ بُكَيْرِ بنِ عَطَاءٍ نَحْوَ حديثِ الثوريِّ، قال: وسَمِعْتُ الجَارُوْدَ يقولُ: سَمِعْتُ وَكِيْعًا يقولُ: وَرَوَى هذا الحديثَ، فقالَ: هذا الحديثُ أُمُّ المَنَاسِكِ.

[٨٧٨-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سفيانُ، عن دَاوُدَ بنِ أبى هِنْدٍ، وإِسْمَاعيلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، وَزَكَرِيَّا بنِ أبى زَائِدَةَ، عن الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ مُضَرِّسِ بنِ أَوْسِ بنِ حَارِثَةَ بنِ لاَمَ الطَّائِيِّ، قال: أَتَيْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم بِالْمُزْدَلِفَةِ حِيْنَ خَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ، فَقُلْتُ: يارسولَ الله! إِنِّيْ جِئْتُ مِنْ جَبَلَيْ طَيْءٍ، أَكْلَلْتُ رَاحِلَتِيْ وَأَتْعَبْتُ نَفْسِيْ، واللهِ مَا تَرَكْتُ مِنْ جَبَلٍ إِلاَّ وَقَفْتُ عَلَيْهِ، فَهَلْ لِيْ مِنْ حَجٍّ؟ فقالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:" مَنْ شَهِدَ صَلاَتَنَا هٰذِهِ، وَوَقَفَ مَعَنَا حَتّٰى نَدْفَعَ، وَقَدْ وَقَفَ بِعَرَفَةَ قَبْلَ ذٰلِكَ لَيْلاً أَوْ نَهَارًا، فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وقَضَى تَفَثَهُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: عبدالرحمٰن بن یَعْمُر (یہ قلیل الروایہ صحابی ہیں) کی حدیث پر صحابہ اوران کے علاوہ علماء کا عمل ہے کہ جس نے صبح صادق سے پہلے عرفات میں وقوف نہیں کیا اس کا حج فوت ہوگیا۔ اگر وہ عرفات میں صبح صادق کے بعد داخل

ہوا تو اس کا حج صحیح نہیں ہوا، وہ اپنے حج کو عمرہ کردے (یعنی ارکان عمرہ ادا کرکے احرام کھول دے) اور اس پر آئندہ سال حج واجب ہے، یعنی قضا واجب ہے، اور یہ ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور شعبہؒ نے بکیر بن عطاء سے سفیان ثوری کی حدیث کے مانند روایت کیا ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے جارود سے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے وکیع سے سنا، وہ کہتے ہیں (انھوں نے پہلے یہ حدیث بیان کی پھر فرمایا) یہ حدیث ام المناسک ہے، کیونکہ اس میں پورے حج کا نچوڑ اور خلاصہ آ گیا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی تَقْدِیْمِ الضَّعَفَةِ مِنْ جَمْعٍ بِلَیْلٍ

کمزوروں کو عرفہ سے سیدھا منی بھیج دینا جائز ہے

مزدلفہ میں رات گذارنا سنت ہے اور صبح صادق کے بعد وقوفِ مزدلفہ واجب ہے، مگر ایسا واجب ہے جو عذر سے ساقط ہوجاتا ہے، حج میں چھ واجبات ایسے ہیں جو عذر سے ساقط ہوجاتے ہیں، ایک کا ذکر پہلے آیا ہے (سوار ہوکر طوافِ زیارت کرنا) اور دوسرا واجب یہ ہے۔ پس عورتوں، بچوں، بوڑھوں اور بیماروں کو عرفہ سے سیدھا منی بھیج دینا جائز ہے، ان پر منی میں رات گذارنا اور وقوف مزدلفہ کرنا واجب نہیں۔ نبی ﷺ نے حجۃ الوداع میں اپنی تمام ازواج کو اور خاندان کے بچوں کو سامان کے ساتھ عرفہ سے سیدھا منی بھیج دیا تھا۔ ابن عباسؓ بھی اس وقت بچے تھے اس لئے وہ بھی منی بھیج دیئے گئے تھے۔ دوسری حدیث میں یہ بھی ہے کہ سورج نکلنے سے پہلے رمی نہ کی جائے، دس ذی الحجہ کو رمی کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے اور گیارہ ذی الحجہ کی صبح صادق تک رہتا ہے۔ اس درمیان میں کسی بھی وقت رمی کی جاسکتی ہے اور نبی ﷺ نے جو ہدایت دی ہے کہ سورج نکلنے کے بعد رمی کی جائے اس کی وجہ یہ ہے کہ اندھیرے میں رمی کرنے میں دشواری ہے، جیسے رات میں قربانی کرنے کو علماء نے مکروہ کہا ہے، کیونکہ اندھیرے میں قربانی کرنے میں دشواری بھی ہے اور غلطی کا بھی احتمال ہے، مگر اب بجلی کا زمانہ ہے، پوری روشنی ہو تو رات میں قربانی کرنا بلا کراہیت جائز ہے، اسی طرح اب جمرات پر دن جیسا ماحول ہوتا ہے پس صبح صادق کے بعد رمی کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا ایک قول یہ ہے کہ مزدلفہ کی رات آدھی گذر جانے کے بعد رمی جائز ہے۔

فائدہ: حج میں چھ واجبات ایسے ہیں جن کا وجوب عذر کی وجہ سے ساقط ہوجاتا ہے (۱) طوافِ زیارت پیدل کرنا واجب ہے مگر بیماری کی صورت میں سوار ہوکر بھی جائز ہے (۲) وقوفِ مزدلفہ واجب ہے مگر عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کے لئے واجب نہیں، وہ وقوفِ مزدلفہ چھوڑ سکتے ہیں (۳) حج کی سعی پیدل کرنا واجب ہے، مگر بیماری کے عذر سے سوار ہوکر بھی کرسکتے ہیں (۴) طوافِ زیارت کا وقت بارہ ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے تک ہے، مگر حیض ونفاس کے عذر کی وجہ سے تاخیر بھی جائز ہے (۵) حاجی پر طوافِ وَداع واجب ہے مگر روانگی کے وقت اگر کوئی عورت حیض یا نفاس

میں ہوتو اس پر واجب نہیں (٦) احرام کھولنے کے لئے سر کے بال منڈوانا یا کتروانا واجب ہے، لیکن اگر بال نہ ہوں یا سر میں زخم ہوتو واجب نہیں۔

[۵۸] باب ماجاء فی تقديم الضعفة من جمع بليل

[۸۷۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ: بَعَثَنِي رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ثَقَلٍ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ.

وفی الباب: عن عائشةَ، وأُمِّ حَبِيْبَةَ، وأَسْمَاءَ، والفَضْلِ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباسٍ:" بَعَثَنِي رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ ثَقَلٍ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ" حديثٌ صحيحٌ، رُوِيَ عنهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، ورَوَى شُعْبَةُ هذا الحديثَ عَنْ مُشَاشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، عن الفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَدَّمَ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ، وَهٰذَا حَدِيثٌ خَطَأٌ أَخْطَأَ فِيْهِ مُشَاشٌ، وَزَادَ فِيْهِ عن الفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ، ورَوَى ابنُ جُرَيْجٍ وغَيْرُهُ هٰذَا الحديثَ عن عَطَاءٍ، عَنِ ابنِ عبّاسٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عن الفَضْلِ بنِ عَبّاسٍ.

[۸۸۰-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا وكيعٌ، عن المَسْعُوْدِيِّ، عنِ الحَكَمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَدَّمَ ضَعَفَةَ أَهْلِهِ، وقالَ:" لاتَرْمُوْا الجَمْرَةَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ"

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عباس حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا الحديثِ عِنْدَ أهلِ العلمِ، لَمْ يَرَوْا بَأْسًا أَنْ يَتَقَدَّمَ الضَّعَفَةُ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ بِلَيْلٍ، يَصِيْرُوْنَ إِلٰى مِنٰى.

وقال أكثر أهل العلمِ بحديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُمْ لاَيَرْمُوْنَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَرَخَّصَ بَعْضُ أهلِ العلمِ فِيْ أَنْ يَرْمُوْا بِلَيْلٍ، وَالعمَلُ على حديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشافِعِيِّ.

ترجمہ: ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے مجھے بوجھ کے ساتھ (یعنی سامان اور عورتوں کے ساتھ) مزدلفہ کی رات میں (منی) بھیج دیا تھا۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن عباسؓ کی یہ حدیث کہ "مجھے نبی ﷺ نے بوجھ کے ساتھ مزدلفہ کی رات میں منی بھیج دیا تھا" صحیح حدیث ہے، ان سے متعدد سندوں سے مروی ہے اور شعبہ نے اس حدیث کو مشاش سے، انھوں نے عطاء سے، انھوں نے ابن عباس سے اور انھوں نے فضل بن عباس سے روایت کیا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے خاندان کے کمزوروں کو مزدلفہ کی رات میں پہلے ہی منی بھیج دیا تھا، مگر یہ سند غلط ہے (یعنی

فضل بن عباس کا واسطہ غلط ہے، ابن عباس خود صاحب واقعہ ہیں وہ اس حدیث کو اپنے بھائی سے کیوں روایت کریں گے؟) اس میں مُشاش نے غلطی کی ہے اور اس میں فضل بن عباس کا واسطہ بڑھایا ہے، اور ابن جریج وغیرہ نے اس حدیث کو عطاء سے، انھوں نے ابن عباس سے روایت کیا ہے اور انھوں نے اس حدیث میں فضل بن عباس کا واسطہ ذکر نہیں کیا ——— حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے خاندان کے کمزوروں کو منی میں پہلے بھیج دیا تھا اور فرمایا تھا: ''رمی نہ کرنا یہاں تک کہ سورج نکل آئے'' ——— اور اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ اس میں کوئی تنگی نہیں پاتے کہ کمزور مزدلفہ سے رات ہی میں منی چلے جائیں ——— اور اکثر علماء اس حدیث کی وجہ سے کہتے ہیں کہ لوگ رمی نہ کریں یہاں تک کہ سورج نکل آئے۔ اور بعض علماء نے اجازت دی ہے کہ مزدلفہ کی رات میں رمی کر سکتے ہیں اور عمل حدیث پر ہونا چاہئے اور یہ ثوری اور شافعی کا قول ہے۔

بابٌ

دس ذی الحجہ کو نبی ﷺ نے رمی کس وقت کی تھی؟

دس ذی الحجہ کو رمی کا وقت صبح صادق سے شروع ہوتا ہے مگر نبی ﷺ نے چاشت کے وقت رمی کی تھی، کیونکہ آپؐ مزدلفہ سے طلوعِ شمس کے وقت چلے تھے اور چاشت کے وقت جمرات پر پہنچے تھے، باقی تین دنوں میں آپؐ نے زوال کے بعد رمی کی ہے۔ ان دنوں میں رمی کا وقت زوال سے شروع ہو کر اگلی تاریخ کی صبح صادق تک رہتا ہے، البتہ تیرہ تاریخ کی رمی امام اعظم کے ایک قول میں زوال سے پہلے بھی جائز ہے۔

نوٹ: مصری نسخہ میں یہاں یہ باب ہے: باب ماجاء في رمي يوم النحر ضُحًى۔

[٥٩] بابٌ

[٨٨١-] حدثنا عليُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عيسى بنُ يُوْنُسَ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن أبي الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ، قال: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَرْمِيْ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى، وأَمَّا بَعْدَ ذٰلِكَ فَبَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عَلَى هذا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ العلمِ أَنَّهُ لايَرْمِيْ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ إِلَّا بَعْدَ الزَّوَالِ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ دس ذی الحجہ کو چاشت کے وقت رمی کیا کرتے تھے اور رہے بعد کے دن تو آپؐ نے زوال کے بعد رمی کی ہے ——— اور اس پر اکثر علماء کا عمل ہے کہ حاجی یوم النحر کے بعد رمی نہ کرے مگر زوال کے بعد۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الإِفاضَةَ مِن جَمْعٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ

مزدلفہ سے سورج نکلنے سے پہلے روانہ ہونا چاہئے

مشرکین مزدلفہ سے اس وقت لوٹتے تھے جب سورج نکل آتا تھا، مزدلفہ میں وقوف جبل قزح کے دامن میں کیا جاتا ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہیں وقوف کیا تھا، یہ پہاڑ مشرقی جانب میں ہے، سورج اس کی اوٹ میں نکلتا ہے اس لئے نظر نہیں آتا پشت پر ثبیر نامی پہاڑ ہے جب اس کی چوٹی پر دھوپ ظاہر ہوتی تھی تو مشرکین مزدلفہ سے منی کی طرف روانہ ہوتے تھے اور کہتے تھے: أَشْرِقْ ثَبِيْرُ لِكَيْ نَفِيْرُ: ثبیر چمک تاکہ ہم روانہ ہوں۔ جب نبی ﷺ نے حج فرمایا تو آپؐ سورج نکلنے سے پہلے ہی مزدلفہ سے روانہ ہوگئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے اپنے عمل سے مشرکین کی مخالفت کی یعنی مشرکین نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے طریقے میں تبدیلی کردی تھی، نبی ﷺ نے اس کو اس کی اصل کی طرف لوٹا دیا۔

[٦٠] باب ماجاء أن الإفاضةَ من جَمْعٍ قبل طلوع الشمس

[٨٨٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أبو خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عن الأَعْمَشِ، عن الحَكَمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَفَاضَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ.

وفي الباب: عن عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وإِنَّمَا كانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَنْتَظِرُوْنَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ ثُمَّ يُفِيْضُوْنَ.

[٨٨٣-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داوُد، قالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عن أَبِيْ إسحاقَ، قالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بنَ مَيْمُوْنٍ، يقولُ: كُنَّا وُقُوْفًا بِجَمْعٍ فقالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: إِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ كَانُوْا لَايُفِيْضُوْنَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ: أَشْرِقْ ثَبِيْرُ، وإِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم خَالَفَهُمْ، فَأَفَاضَ عُمَرُ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: زمانۂ جاہلیت کے لوگ انتظار کرتے تھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہوجاتا تھا پھر وہ لوٹتے تھے —— عمرو بن میمون کہتے ہیں: ہم مزدلفہ میں وقوف کئے ہوئے تھے (یہ حضرت عمرؓ کے دور خلافت کا واقعہ ہے) پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بیشک مشرکین نہیں لوٹتے تھے تا آنکہ سورج نکل آتا تھا وہ کہا کرتے تھے: ثبیر چمک جا، اور بیشک نبی ﷺ نے ان کی مخالفت کی، پس حضرت عمرؓ سورج طلوع ہونے سے پہلے لوٹ گئے۔

بابُ ماجاء أَنَّ الجِمَارَ الَّتِیْ تُرْمیٰ مِثْلَ حَصَی الخَذْفِ

غُلّہ جیسی کنکری سے رمی کرنی چاہئے

انگلیوں میں پکڑ کر جو کنکری مارتے ہیں اس کا نام خذف ہے، پھر غلیل میں جو کنکری رکھ کر مارتے ہیں اس کو بھی خذف کہتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے مزدلفہ میں لوگوں کو ہدایت دی تھی کہ کل جو رمی کرنی ہے اس کے لئے یہاں سے کنکریاں لے لو اور وہ غلیل کے غلّہ (مٹی کی گولی) جیسی ہوں یعنی نہ بہت چھوٹی ہوں اور نہ بہت بڑی، دو چنے کے دانوں کے بقدر ہوں۔

[٦١] باب ماجاء أن الجمار التی تُرْمیٰ مثلَ حَصَی الخَذف

[٨٨٤-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا یحییَ بنُ سَعیدٍ القَطَّانُ، نا ابنُ جُرَیْجٍ، عن أَبِی الزُّبَیْرِ، عن جَابرٍ، قالَ: رَأَیْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَرْمِی الجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَی الخَذْفِ.

وفی الباب: عن سُلَیْمَانَ بنِ عَمْرِو بنِ الأَحْوَصِ عن أُمِّه، وهِیَ أُمُّ جُنْدُبٍ الأَزْدِیَّةُ، وابنِ عبّاسٍ، والفَضْلِ بنِ عَبّاسٍ، وعبدِ الرحمنِ بنِ عُثْمَانَ التَّیْمِیِّ، وعبدِ الرحمنِ بنِ مُعَاذٍ، قال أبوعیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وهُوَ الَّذِیْ اخْتَارَهُ أهلُ العِلْمِ أَنْ تَکُوْنَ الجِمَارُ التی تُرْمَی بها مِثْلَ حَصَی الخَذْفِ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپ غلیل کے غلّہ جیسی کنکری سے رمی کرتے تھے ——— اور اسی کو علماء نے پسند کیا ہے جس کنکری کے ذریعہ رمی کی جائے وہ غلیل کی کنکری کے برابر ہو۔

بابُ ماجاءَ فی الرَّمْیِ بَعْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ

رمی کا وقت زوال کے بعد شروع ہوتا ہے

نبی ﷺ نے یوم النحر کو تو چاشت کے وقت رمی کی تھی مگر منی کے باقی دنوں میں زوال کے بعد رمی کی تھی اس حدیث کی بناء پر سب ائمہ متفق ہیں کہ ایام منی میں رمی کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے اور صبح صادق تک باقی رہتا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ تیرہ کی رمی زوال سے پہلے بھی کر سکتے ہیں۔

[٦٢] باب ماجاء فی الرمی بعد زوال الشمس

[٨٨٥-] حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ الْبَصْرِیُّ، نا زِیَادُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، عن الحجّاجِ، عن الحَکَمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عبّاسٍ قالَ: کانَ رسولُ الله صلی الله لعیه وسلم یَرْمِیْ الجِمَارَ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فی رَمْیِ الجِمَارِ رَاکِبًا

سوار ہوکر رمی کرنے کا بیان

مصری نسخہ میں راکبا وماشیا ہے اور وہ نسخہ زیادہ بہتر ہے۔ آنحضور ﷺ مزدلفہ سے اونٹ پر سیدھے جمرۂ عقبہ پر تشریف لائے تھے اور اونٹ پر سے ہی آپؐ نے رمی کی تھی تاکہ سب لوگ آپؐ کی رمی دیکھیں اور رمی کرنے کا طریقہ سیکھیں۔ باقی دنوں میں چونکہ آپؐ کا قیام جمرات کے قریب تھا اس لئے آپؐ ظہر پڑھ کر پیدل رمی کرنے کے لئے تشریف لے جاتے تھے اور پیدل ہی واپس لوٹتے تھے، پس آپؐ نے راکباً بھی رمی کی ہے اور ماشیا بھی، اس لئے دونوں طرح رمی جائز ہے۔ اور حنفیہ نے یہ اصول بنایا ہے کہ جس رمی کے بعد رمی ہے وہ پیدل کرنا افضل ہے اور جس کے بعد رمی نہیں ہے وہ سوار ہوکر کرنا افضل ہے، مگر اب سب پیدل ہی رمی کرتے ہیں، جانور پر سوار ہوکر رمی کرنے کی اب کوئی صورت نہیں۔

[٦٣] باب ماجاء فی رَمْیِ الجِمَارِ رَاکِبًا

[٨٨٦-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا یَحییَ بنُ زَکَرِیَّا بنِ أبی زَائِدَةَ، نا الحَجَّاجُ، عن الحَکَمِ، عن مِقْسَمٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم رَمَی الجَمْرَةَ یَوْمَ النَّحْرِ رَاکِبًا.

وفی الباب: عن جابرٍ، وَقُدَامَةَ بنِ عبدِ اللہ، وأُمِّ سُلَیْمَانَ بنِ عَمْرِو بنِ الأَحْوَصِ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ حسنٌ.

والعَمَلُ عَلَیْهِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العلمِ، واخْتَارَ بَعْضُهُمْ أَنْ یَمْشِیَ إلی الجِمَارِ، وَوَجْهُ الحدیثِ عِنْدَنَا: أَنَّهُ رَکِبَ فِیْ بَعْضِ الأَیَّامِ لِیُقْتَدَی بِهِ فی فِعْلِهِ، وکِلاَ الحَدِیْثَیْنِ مُسْتَعْمَلٌ عِنْدَ أهلِ العلمِ.

[٨٨٧-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عیسیٰ، نا ابنُ نُمَیْرٍ، عن عُبیدِ اللہ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کانَ إذَا رَمَی الجِمَارَ مَشَی إِلَیْهِ ذَاهِبًا وَرَاجِعًا.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عن عُبَیْدِ اللّٰهِ وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

والعَمَلُ علی هٰذَا عِنْدَ أَکْثَرِ أَهْلِ العِلْمِ، وقَالَ بَعْضُهُمْ: یَرْکَبُ یَوْمَ النَّحْرِ، وَیَمْشِیْ فِیْ الأَیَّامِ الَّتِیْ بَعْدَ یَوْمِ النَّحْرِ.

قال أبو عیسی: وکَأَنَّ مَنْ قَالَ هذا إِنَّمَا أَرَادَ اتِّبَاعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ فِعْلِهِ، لِأَنَّهُ إِنَّمَا رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ رَکِبَ یَوْمَ النَّحْرِ، حَیْثُ ذَهَبَ یَرْمِیْ الجِمَارَ، وَلاَ یُرْمَی یَوْمَ النَّحْرِ إِلاَّ جَمْرَةُ الْعَقَبَةِ.

ترجمہ: بعض علماء نے اس کو پسند کیا ہے کہ جمرات کی طرف پیدل جائے اور اس حدیث کی وجہ (جس میں آپ ﷺ کا سوار ہوکر رمی کرنا مروی ہے) ہمارے نزدیک یہ ہے کہ بعض ایام میں آپ ﷺ نے سوار ہوکر اس لئے رمی کی تھی کہ آپ ﷺ کے فعل کی پیروی کی جائے، اور دونوں حدیثیں علماء کے نزدیک معمول بہ ہیں (یعنی دونوں طرح رمی کرنا جائز ہے) ——— ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب جمرات کی رمی کے لئے تشریف لے جاتے تھے تو پیدل جاتے تھے اور پیدل واپس آتے تھے ——— اور بعض رواۃ اس حدیث کو عبید اللہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ اس کو مرفوع نہیں کرتے (یعنی اس کو ابن عمرؓ کا فعل بتاتے ہیں کہ وہ جمرات کی رمی کے لئے پیدل جاتے تھے اور پیدل لوٹتے تھے) اور اس پر اکثر علماء کا عمل ہے اور بعض علماء کہتے ہیں: دس ذی الحجہ میں سوار ہوکر رمی کرے اور یوم النحر کے بعد باقی دنوں میں پیدل رمی کرے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور گویا جس نے یہ بات کہی ہے اس نے نبی ﷺ کے فعل کی پیروی کرنے ہی کا ارادہ کیا ہے اس لئے کہ نبی ﷺ کے بارے میں یہی روایت کیا گیا ہے کہ آپ ﷺ نے یوم النحر میں سوار ہوکر رمی کی تھی جب آپ ﷺ رمی کرنے کے لئے تشریف لے گئے تھے اور یوم النحر میں صرف جمرۂ عقبہ کی رمی کی جاتی ہے (پس وہی سوار ہوکر مسنون ہے)

بابُ کَیْفَ تُرْمَی الجِمَارُ

رمی کرنے کا طریقہ

جمرات کی رمی چاروں طرف سے درست ہے مگر نبی ﷺ نے میدان کے بیچ میں سے رمی کی تھی اور رمی کرنے کے لئے آپ ﷺ اس طرح کھڑے ہوئے تھے کہ کعبہ شریف آپ ﷺ کی بائیں جانب تھا اور منی دائیں جانب، مگر اب وہاں نہ وادی ہے نہ اس کا بیچ، البتہ رمی کا راستہ سنت کا لحاظ کرکے بنایا گیا ہے، خیال رہے کہ ترمذی کی حدیث میں غلطی ہے صحیح تعبیر بخاری میں ہے۔

حدیث (۱): عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب (رمی کرنے کے لئے) جمرۂ عقبہ کے پاس پہنچے تو آپ وادی کے پیٹ میں کھڑے ہوئے اور کعبہ شریف کو سامنے کرلیا (یہ غلطی ہے اس لئے کہ بطن وادی سے رمی کرنے کی صورت میں کعبہ شریف کی طرف منہ نہیں ہوسکتا، صحیح تعبیر بخاری (حدیث ۱۷۴۸) میں ہے کہ جب ابن مسعودؓ نے جمرۂ کبری کی رمی کی تو آپ وادی میں کھڑے ہوئے اور کعبہ کو اپنی بائیں طرف اور منی کو اپنی دائیں جانب کرلیا) اور کنکری مارنے کے لئے دائیں بھنوؤں سے نشانہ باندھا (اس لئے کہ دایاں بہتر ہے) پھر سات کنکریاں ماریں، ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہہ رہے تھے (تکبیر کہنا سنت ہے اور اگر کوئی بھیڑ میں حواس باختہ ہوجائے اور تکبیر بھول جائے تو کوئی حرج نہیں) پھر فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں! اس ہستی نے جس پر سورۂ بقرہ نازل ہوئی ہے یہیں

سے رمی کی ہے —— سورۂ بقرہ کی تخصیص اس لئے کی ہے کہ حج کے اکثر احکام اسی سورت میں ہیں، یعنی آنحضرت ﷺ نے اس جگہ سے رمی کی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جمرات کو کنکریاں مارنا اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا اللہ کا ذکر برپا کرنے کے لئے ہی مقرر کیا گیا ہے۔

تشریح: جمرہ کے معنی ہیں: پتھر، اسی سے استجمار ہے جس کے معنی ہیں: استنجاء کے لئے پتھر تلاش کرنا، منی میں تھوڑے تھوڑے فاصلے سے تین جگہوں میں پتھر کے تین ستون بنے ہوئے ہیں ان کو جمرات کہتے ہیں، ان ستونوں پر کنکریاں مارنا بھی اعمال حج میں شامل ہے اور اس کی دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: یہ عمل ذکر اللہ کی گرم بازاری کے لئے ہے، منی کے ایام میں ان جمرات پر دوپہر سے لے کر رات تک ذکر اللہ کا وہ غلغلہ بلند ہوتا ہے جو بس دیکھنے ہی سے تعلق رکھتا ہے، ہزاروں آدمی جب ایک ساتھ اللہ کی بڑائی کا نعرہ بلند کرتے ہیں اور جمروں پر کنکریاں مارتے ہیں تو وہ منظر اہل بصیرت کے لئے ایک ایمان افروز عمل ہوتا ہے۔

فائدہ: اللہ کا ذکر کنکریاں مارے بغیر بھی ہوسکتا ہے مگر ذکر کے اہتمام کے لئے کوئی تعیین ضروری ہے اور تعیین کی سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ ذکر کا وقت اور جگہ متعین کردی جائے اور ساتھ ہی کوئی ایسی چیز بھی لگا دی جائے جو ذکر کی تعداد کی نگہبانی کرے اسی مصلحت سے ہر تکبیر کے ساتھ ایک کنکری پھینکنے کا عمل تجویز کیا گیا ہے۔

سوال: جب رمی کا عمل اللہ کا ذکر برپا کرنے کے لئے ہے تو پھر سات کنکریوں پر بس کیوں کیا جاتا ہے؟ مناسب یہ تھا کہ لوگ وہاں دیر تک کنکریاں مارتے رہیں اور ذکر کرتے رہیں۔

جواب: ذکر اللہ کی دو قسمیں ہیں:

ایک: وہ ذکر ہے جس کا مقصد یہ اعلان کرنا ہے کہ ذاکر اللہ کے دین کا تابعدار ہے اس نوع کے ذکر کے لئے مجمعوں کا انتخاب کیا جاتا ہے وہ ذکر تنہائی میں نہیں کیا جاتا، اور اس نوع کے ذکر میں تکثیر مطلوب نہیں ہوتی، چند بار نعرہ لگانے پر اکتفا کیا جاتا ہے، چنانچہ منی میں بھی تنہائی میں ذکر کرنا کافی نہیں بلکہ جمرات کے پاس مجمع میں ذکر کرنا ضروری ہے، اور اس موقعہ پر ذکر کی تکثیر کا حکم نہیں دیا گیا، بلکہ سات مرتبہ تکبیر کے ساتھ کنکریاں مارنے کو کافی قرار دیا گیا۔

دوسری نوع: وہ ذکر ہے جس سے مقصود نفس کی تربیت ہوتی ہے یعنی اس کے ذریعہ نفس کی توجہ خدائے قدوس کی طرف موڑنا مقصود ہوتا ہے اس نوع کے ذکر میں تکثیر مطلوب ہوتی ہے اور تنہائی میں کیا جاتا ہے۔

فائدہ: رمی اور سعی میں سات کی تعداد کی وجہ یہ ہے کہ طاق عدد ایک مبارک عدد ہے اور ایک: امام الاوتار ہے اور تین اور سات اس کے خلیفہ وصی اور قائم مقام ہیں۔ اور یہاں یہ تعداد کافی تھی پس اس سے تجاوز مناسب نہیں، تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ (۲: ۱۹۴-۱۹۸)

دوسری حکمت: بعض تاریخی اور تفسیری روایات میں یہ بات آئی ہے کہ شیطان نے تین مرتبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم الٰہی کی تعمیل سے روکنے کی کوشش کی تھی اور ہر بار آپ نے اسے سات کنکریاں مار کر دفع کیا تھا، منی میں آج تک انہی مقامات میں یہ محبوب عمل دوہرایا جاتا ہے کیونکہ اکابر کے ایسے بابرکت عمل کی نقل کرنے سے نفس کو نہایت قوی تنبیہ ہوتی ہے کہ اسے بھی اپنے اوپر شیطان کا داؤ نہیں چلنے دینا چاہئے۔

اور سعی میں بھی دو حکمتیں ہیں: ایک: یہ یادگاری عمل ہے۔ دوسری: یہ ذکر اللہ کی گرم بازاری کے لئے ہے اور اس سلسلہ میں کچھ کلام کتاب الحج باب ۳۸ میں گذر چکا ہے، تفصیل کے لئے رحمۃ اللہ (۲۱۲:۴) دیکھیں۔

[٦٤] باب كَيْفَ تُرْمَى الجمارُ

[٨٨٨-] حدثنا يُوسُفُ بنُ عيسى، نا وَكِيْعٌ، نا المَسْعُوْدِيُّ، عن جَامِعِ بنِ شَدَّادٍ أَبِيْ صَخْرَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ، قالَ: لَمَّا أَتَى عبدُ اللهِ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ اسْتَبْطَنَ الْوَادِيَ، وَاسْتَقْبَلَ الْكَعْبَةَ، وَجَعَلَ يَرْمِيْ الْجَمْرَةَ على حَاجِبِهِ الأَيْمَنِ، ثُمَّ رَمَى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ قَالَ: واللهِ الَّذِيْ لَا إِلَهَ غَيْرُهُ! مِنْ هٰهُنَا رَمَى الَّذِيْ أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ.

حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيعٌ، عن المَسْعُوْدِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

قال: وفي الباب: عن الفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ، وابنِ عبّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ يَخْتَارُوْنَ أَنْ يَرْمِيَ الرَّجُلُ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ ويُكَبِّرَ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِنْ لَمْ يُمْكِنْهُ أَنْ يَرْمِيَ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ: رَمَى مِنْ حَيْثُ قَدَرَ عَلَيْهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْ بَطْنِ الْوَادِيْ.

[٨٨٩-] حدثنا نَصْرُ بنُ عليِّ الجَهْضَمِيُّ، وعليُّ بنُ خَشْرَمٍ، قالا: نا عيسى بنُ يُوْنُسَ، عن عُبيدِ اللهِ بنِ أبي زِيادٍ، عن القَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، عن عائشةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قال: ”إِنَّمَا جُعِلَ رَمْيُ الْجِمَارِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِإِقَامَةِ ذِكْرِ اللهِ“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: اس پر علماء کا عمل ہے وہ اس کو پسند کرتے ہیں کہ آدمی وادی کے اندر سے سات کنکریاں مارے اور ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہے اور بعض علماء اجازت دیتے ہیں کہ اگر اس کے لئے وادی کے اندر سے رمی کرنا ممکن نہ ہوتو جہاں سے اس کو آسانی ہو وہاں سے رمی کرے اگرچہ وہ جگہ وادی کے اندر نہ ہو۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ طَرْدِ النَّاسِ عِنْدَ رَمْیِ الْجِمَارِ

جمرات کی رمی کے وقت لوگوں کو ہٹانا مکروہ ہے

حدیث: قدامۃ بن عبداللہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ان کی اونٹنی پر سوار ہوکر جمرات پر کنکریاں مارتے دیکھا، اس وقت نہ کسی کو مارا گیا نہ کسی کو دھکا دیا گیا اور نہ ہٹو بچو کی آواز لگائی گئی۔

تشریح: آنحضور ﷺ نے پہلے دن اونٹ پر سوار ہوکر رمی کی تھی اور باقی دنوں میں پروانوں کے جھرمٹ میں رمی کی تھی، آپؐ کے لئے رمی کرنے کا الگ سے کوئی انتظام نہیں کیا گیا تھا، چنانچہ آج تک یہی طریقہ ہے، سعودی حکومت کے ارباب طواف میں تو بادشاہوں اور وزراء کے لئے کچھ اہتمام کرتے ہیں اور وہ اہتمام بھی ایسا ہوتا ہے کہ طواف کرنے والوں کو کوئی دشواری پیش نہیں آتی، طواف برابر جاری رہتا ہے مگر جمرات پر کوئی انتظام نہیں کیا جاتا حتی کہ اپنے بادشاہ کے لئے بھی کوئی انتظام نہیں کیا جاتا، اس لئے کہ نبی ﷺ نے مجمع میں رمی کی تھی، آپؐ کے لئے حفاظتی انتظام نہیں کیا گیا تھا۔

[٦٥] باب ماجاء فی کراهیة طَرْدِ الناسِ عند رمی الجمار

[٨٩٠-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، نا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِیَةَ، عن أَیْمَنَ بنِ نَابِلٍ، عن قُدَامَةَ بنِ عبدِ اللهِ، قالَ: رَأَیْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم یَرْمِی الجِمَارَ عَلٰی نَاقَتِهِ، لَیْسَ ضَرْبٌ وَلاَ طَرْدٌ، وَلاَ إِلَیْكَ إِلَیْكَ.

وفی الباب: عن عبدِ اللهِ بنِ حَنْظَلَةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ قُدَامَةَ بنِ عبدِ اللهِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وإِنَّمَا یُعْرَفُ هذا الحدیثُ مِنْ هذا الوَجْهِ، وَهُوَ حدیثُ أَیْمَنَ بنِ نَابِلٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أهلِ الحدیثِ.

بابُ ماجاءَ فی الِاشْتِرَاكِ فی البَدَنَةِ وَالْبَقَرَةِ

اونٹ اور گائے بھینس میں کتنے آدمی شریک ہوسکتے ہیں؟

اونٹ اور گائے بھینس کی قربانی میں زیادہ سے زیادہ سات آدمی شریک ہوسکتے ہیں، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ البتہ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص تنہا بڑے جانور کا مالک ہو، اور وہ اپنی فیملی کی طرف سے قربانی کرے تو سب کی طرف سے قربانی صحیح ہے اگرچہ اس کی فیملی میں سات سے زیادہ افراد ہوں۔ اور اسحاق بن راہویہؒ کے نزدیک اونٹ میں دس آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔

اس باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث صحیح بھی ہے اور صریح بھی۔ اور دوسری حدیث صحیح تو ہے مگر صریح نہیں،

یعنی اس کی دلالت محکم نہیں۔

پہلی حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے حدیبیہ کے سال گائے کی سات آدمیوں کی طرف سے اور اونٹ کی سات آدمیوں کی طرف سے قربانی کی۔

تشریح: حدیبیہ میں جب احصار واقع ہوا تو سب نے قربانی کی اور احرام کھول دیا، کیونکہ احصار کی صورت میں احرام کھولنے کے لئے قربانی شرط ہے اور احصار کی قربانی کا جو مسئلہ ہے وہی عید کی قربانی کا ہے، پس یہ حدیث دوٹوک ہے کہ اونٹ میں زیادہ سے زیادہ سات آدمی شریک ہوسکتے ہیں۔

دوسری حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہم ایک سفر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے، پس عید الاضحیٰ کا دن آیا تو ہم گائے میں سات آدمی شریک ہوئے، اور اونٹ میں دس آدمی شریک ہوئے۔

تشریح: اس حدیث سے امام اسحاق رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ اونٹ کی قربانی میں دس آدمی شریک ہوسکتے ہیں، مگر ان کا استدلال تام نہیں، کیونکہ اس موقع پر جو جانور ذبح کئے گئے تھے وہ عید الاضحیٰ کی قربانی بھی ہوسکتے ہیں اور یہ بھی احتمال ہے کہ خوشی کے موقع پر کھانے کے لئے ذبح کئے گئے ہوں، کیونکہ مسافر پر قربانی واجب نہیں، پس یہ حدیث صریح نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ لشکر میں جانور امیر کی نگرانی میں ذبح ہوتے ہیں پھر فوجیوں میں گوشت تقسیم ہوتا ہے لیکن عید کے دن آپؐ نے گوشت کے بجائے جانور تقسیم کئے تاکہ لوگ خود ذبح کر کے کھائیں، پکنک (Picnic) منائیں، کیونکہ وہ خوشی کا دن تھا، پس گائے سات آدمیوں کو دی اور اونٹ دس کو، کیونکہ اس میں گوشت زیادہ ہوتا ہے۔ اور قربانی کرنے کے لئے تقسیم کئے ہوں یہ بھی احتمال ہے۔ پس حدیث کی دلالت قطعی نہیں، اس لئے استدلال درست نہ ہوگا۔ اور پہلی حدیث صحیح بھی ہے اور صریح بھی اس لئے اس کو لینا ضروری ہے۔

[٦٦] باب ماجاء فی الاشتراك فی البدنة والبقرة

[٨٩١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا مالكُ بنُ أَنَسٍ، عن أَبِي الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ، قالَ: نَحَرْنَا مَعَ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم عامَ الْحُدَيْبِيَّةِ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ.

وفي الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وأَبِي هُرَيْرَةَ، وعائشةَ، وابنِ عبَّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، يَرَوْنَ الجَزُوْرَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وأحمدَ.

وَرُوِیَ عنِ ابنِ عبّاسٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّ الْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْجَزُوْرَ عَنْ عَشْرَةٍ، وَهُوَ قَوْلُ إسحاقَ، واحْتَجَّ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ، وحدیثُ ابنِ عبَّاسٍ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ وَجْهٍ وَاحِدٍ.

[۸۹۲-] حدثنا الحُسَیْنُ بنُ حُرَیْثٍ، وغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نا الفَضْلُ بنُ مُوسَی، عَنْ حُسَیْنِ بنِ وَاقِدٍ، عن عِلْبَاءَ بنِ أَحْمَرَ، عن عِکْرِمَةَ، عنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قالَ: کُنَّا مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سَفَرٍ فَحَضَرَ الْأَضْحٰی فَاشْتَرَکْنَا فِیْ الْبَقَرَةِ سَبْعَةً وفی الجَزُوْرِ عَشْرَةً.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وهُوَ حدیثُ حُسَیْنِ بنِ وَاقِدٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ اوران کے علاوہ علماء کا عمل ہے وہ اونٹ کو سات آدمیوں کی طرف سے اور گائے کو سات آدمیوں کی طرف سے دیکھتے ہیں (جَزور: قصائی کے اونٹ کو کہتے ہیں، وہ مال برداری اور سواری کے کام نہیں آتا صرف کھانے کے کام آتا ہے) اور یہ سفیان ثوری، شافعی اور احمد کا قول ہے اور ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ گائے سات کی طرف سے ہے اور اونٹ دس کی طرف سے، اور یہ اسحاق کا قول ہے، اور انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے اور ابن عباس کی حدیث کو ہم صرف ایک سند سے جانتے ہیں، اس کے بعد ابن عباس کی حدیث سند کے ساتھ لائے ہیں، اور حسین بن واقد مدار حدیث ہیں ان سے اوپر ایک سند ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ إِشْعَارِ الْبُدْنِ

اونٹ کا اشعار کرنا نبی ﷺ سے ثابت ہے

آنحضور ﷺ حجۃ الوداع میں مدینہ منورہ سے تریسٹھ اونٹ ساتھ لے گئے تھے۔ ذوالحلیفہ میں اپنے دستِ مبارک سے ان کا اشعار فرمایا تھا، لفظ اشعار کے معنی ہیں: علامت لگانا۔ اور آپؐ نے اشعار اس طرح کیا تھا کہ اونٹ کی کوہان کی دائیں جانب میں ذرا سی کھال کاٹی اور جو خون نکلا اس کو پونچھ ڈالا۔ اور ان کے گلوں میں چپلوں کا ہار ڈالا، اور حضرت ناجیہ خُزاعی رضی اللہ عنہ اور دیگر چند حضرات کے ساتھ ان کو مکہ روانہ کیا۔

اور آپؐ نے اشعار اس لئے فرمایا تھا کہ یہ علامت لگانا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ سے متوارث چلا آرہا تھا اور اس میں حکمت یہ تھی کہ زمانۂ جاہلیت میں غارت گری اور لوٹ کھسوٹ بہت ہوتی تھی مگر وہ لوگ ہدیوں کا احترام کرتے تھے، نہ صرف یہ کہ لوٹتے نہیں تھے بلکہ ان کی خدمت کرتے تھے اور ملک میں ابھی تک پوری طرح امن قائم نہیں ہوا تھا اور ہدی کے یہ اونٹ ساتھ نہیں تھے، حضرت ناجیہؓ کے ساتھ الگ سے مکہ بھیجے گئے تھے، اس لئے یہ علامت قائم کی گئی تھی تاکہ راستہ میں کوئی ان کو نہ لوٹے۔

مذاہبِ فقہاء: صاحبین اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اشعار سنت ہے اور حضرت ابراہیم نخعی اور امام اعظم رحمہما اللہ

فرماتے ہیں: اشعار بدعت اور مثلہ ہے۔ مثلہ: حضرت ابراہیم نخعیؒ کی تعبیر ہے اور بدعت: امام اعظمؒ کی۔ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا زمانہ تو مقدم ہے مگر جب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اشعار کو بدعت کہا تو سب نے ان پر اعتراضات کی بوچھار کردی کہ جو چیز نبی ﷺ سے ثابت ہے امام ابوحنیفہ اس کو بدعت کہتے ہیں! لیکن صحیح بات یہ ہے کہ جس طرح صلوٰۃ الاستسقاء میں اور خرص کے مسئلہ میں امام اعظمؒ کے قول کو صحیح نہیں سمجھا گیا، یہاں بھی غلط فہمی ہوئی ہے۔ امام اعظمؒ نے مطلق اشعار کو بدعت نہیں کہا بلکہ ان کے زمانہ میں جس طرح لوگ بے دردی سے اشعار کرتے تھے اس کو بدعت کہا ہے۔ آنحضور ﷺ نے تو اپنے دستِ مبارک سے اشعار فرمایا تھا اور ذرا سی کھال کاٹی تھی اور خون پونچھ ڈالا تھا اور عرب کا ملک گرم خشک ہے دو چار دن میں زخم خشک ہوجائے گا اور اشعار کی علامت کوہان پر باقی رہ جائے گی، بعد میں لوگ شیخ (سیٹھ) بن گئے، نوکروں کو اشعار کرنے کا حکم دیتے تھے، ان کو کیا پڑی تھی وہ بے دردی سے اشعار کرتے تھے، جس میں کھال کے ساتھ گوشت بھی کاٹ دیتے تھے اور عراق کا علاقہ مرطوب تھا، چنانچہ زخم میں کیڑے پڑ جاتے تھے۔ امام اعظمؒ نے اس اشعار کو بدعت کہا ہے، مطلق اشعار کو بدعت نہیں کہا۔ اور امام اعظمؒ کے قول کا یہ مطلب امام طحاوی رحمہ اللہ نے بیان فرمایا ہے جو مذہبِ حنفی کے سب سے زیادہ واقف کار ہیں۔

[٦٧] باب ماجاء فی إشعار البُدْنِ

[٨٩٣-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا وكيعٌ، عن هِشَامٍ الدَّسْتَوائِيِّ، عن قَتَادَةَ، عن أبی حَسَّانٍ الْأَعْرَجِ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلی اللہ علیه وسلم قَلَّدَ نَعْلَيْنِ، وأَشْعَرَ الْهَدْىَ فِی الشِّقِّ الْأَيْمَنِ بِذِی الْحُلَيْفَةِ، وَأَمَاطَ عَنْهُ الدَّمَ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَأَبُوْ حَسَّانٍ الْأَعْرَجُ: اسْمُهُ مُسْلِمٌ.

والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: يَرَوْنَ الإِشْعَارَ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ، والشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

قالَ: سَمِعْتُ يُوْسُفَ بنَ عيسى، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ وَكِيْعًا يقُولُ: حِيْنَ رَوَى هذا الحديثَ، فقالَ: لاتَنْظُرُوْا إِلٰى قَوْلِ أهلِ الرَّأْيِ فی هٰذَا، فَإِنَّ الإِشْعَارَ سُنَّةٌ، وقَوْلَهُم بِدْعَةٌ.

قال: وسَمِعْتُ أَبَا السَّائِبِ يَقُوْلُ: كُنَّا عِنْدَ وَكِيْعٍ فَقَالَ لِرَجُلٍ مِمَّنْ يَنْظُرُ فِی الرَّأْيِ: أَشْعَرَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم، ويقولُ أَبُوْحَنِيْفَةَ: هُوَ مُثْلَةٌ؟! قالَ الرَّجُلُ: فَإِنَّهُ قَدْ رَوَى عن إبراهيمَ النَّخَعِيِّ أَنَّهُ قالَ: الإِشْعَارُ مُثْلَةٌ، قالَ: فَرَأَيْتُ وَكِيْعًا غَضِبَ غَضَبًا شَدِيْدًا، وقالَ: أقولُ لَكَ قَالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم، وتَقُوْلُ: قالَ إبراهيمُ! ما أَحَقَّكَ بِأَنْ تُحْبَسَ ثُمَّ لا تُخْرَجَ حَتّٰى تَنْزِعَ عَنْ قَوْلِكَ هٰذَا.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دو جوتوں کا ہار پہنایا اور ہدی کی دائیں جانب میں

اشعار کیا ذوالحلیفہ میں اور اس پر سے خون صاف کیا ـــــــ اس پر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے، وہ اشعار کو سنت کہتے ہیں اور یہ ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے یوسف بن عیسیٰ سے سنا، وہ کہتے ہیں: میں نے وکیعؒ سے سنا، جب انھوں نے یہ حدیث بیان کی تو فرمایا: ''آپ لوگ اس مسئلہ میں اہل الرائے کے قول کی طرف دھیان نہ دیں بیشک اشعار سنت ہے اور اہل الرائے کا قول بدعت ہے'' امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے ابو السائب سے سنا وہ کہتے ہیں: ہم وکیعؒ کے پاس تھے پس انھوں نے ایک ایسے شخص سے جو رائے (فقہ) میں دیکھتا تھا یعنی فقہ کا طالب علم تھا فرمایا: ''نبی ﷺ نے اشعار کیا ہے اور ابوحنیفہ کہتے ہیں: یہ مثلہ ہے (پس بتا کس کا قول لیا جائے گا؟ وہ طالب علم ہوشیار تھا اس نے بات الا ر دی، اس نے کہا: ابوحنیفہ نے یہ بات ابراہیم نخعی سے روایت کی ہے کہ اشعار مثلہ ہے۔ وکیعؒ لا جواب ہوگئے اور کھسیانی بلی کھمبا نوچے، انھوں نے اس آدمی کو بہت ڈانٹا) ابو السائب کہتے ہیں: میں نے وکیعؒ کو دیکھا وہ سخت غصہ ہوئے اور فرمایا: میں تجھ سے رسول اللہ ﷺ کا قول بیان کرتا ہوں اور تو کہتا ہے: ابراہیم نے یہ کہا تو اس کا زیادہ حقدار ہے کہ قید کر دیا جائے، پھر تجھے قید سے اس وقت تک نہ نکالا جائے جب تک تو اپنے قول سے رجوع نہ کرے۔

تشریح: حضرت وکیع رحمہ اللہ بڑے پایہ کے محدث، بزرگ اور اللہ والے تھے، کوفہ کے رہنے والے تھے، جب انھوں نے طلبہ سے ابن عباسؓ کی مذکورہ حدیث بیان کی تو فرمایا: اس حدیث سے نبی ﷺ کا اشعار کرنا ثابت ہوتا ہے، اور اہل الرائے جو کہتے ہیں کہ اشعار بدعت ہے ان کا قول غلط ہے، یہاں تک تو بات ٹھیک تھی، ہر محدث حدیث پڑھاتے وقت جو اس کی رائے ہو اس کو بیان کرتا ہے، مگر ان کا امام اعظم رحمہ اللہ کے قول کو نبی ﷺ کے فعل کے مقابلہ میں پیش کرنا اور وہ بھی اس طالب علم کو چڑانے کے لئے جو امام اعظمؒ کے قول سے متفق تھا: ایک نازیبا اور زائد بات تھی، اس لئے کہ مجتہدین کے بارے میں یہ وسوسہ دل میں لانا کہ انھوں نے بالقصد نبی ﷺ کی سنت کے مخالفت کی ہے: نہایت سخت بات ہے، بہر حال طالب علم سمجھ دار تھا اس نے کہا: اشعار مثلہ ہے یہ بات صرف امام اعظمؒ نے نہیں کہی، ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے بھی کہی ہے، پس جسے برسنا ہو ابراہیم نخعی پر برسے، بیچارے ابوحنیفہ ہی پر یہ عنایت کیوں؟ ابراہیم نخعیؒ کا کوفہ میں بڑا مقام تھا، ان کے خلاف اگر کوئی بات زبان سے نکالی جاتی تو شامت آجاتی۔ اس لئے وکیعؒ اس طالب علم پر برس پڑے اور کہا: میں نبی ﷺ کا قول پیش کررہا ہوں اور تو کہہ رہا ہے کہ ابراہیم نخعیؒ نے یہ بات کہی ہے، تجھے قید خانہ میں بھیج دینا چاہئے، اور جب تک تو توبہ نہ کرے رہائی نہیں دینی چاہئے! مگر ان کی ہمت نہ ہوئی کہ ابراہیم نخعیؒ کے بارے میں کچھ کہتے، باقی امام اعظم کے قول کی حقیقت وہ ہے جو ہم پہلے بیان کرچکے ہیں۔ اور وکیعؒ کی ''سنت سے محبت'' کی حقیقت اس واقعہ سے عیاں ہے جو ذہبیؒ نے سیر اعلام النبلاء (۹:۱۶۰) میں بیان کیا ہے۔ وکیع رحمہ اللہ نے مکہ مکرمہ میں عبداللہ بہی کا منقطع قول بیان کیا تھا کہ وفات کے بعد نبی ﷺ کا پیٹ پھول گیا تھا اور چھوٹی انگلی مڑ گئی تھی۔ یہ بے سروپا روایت بیان کرنے پر حاکم مکہ

نے وکیع کوسولی دینے کا فیصلہ کردیا، اور سولی حرم سے باہر کھڑی بھی کردی گئی، مگر سفیان بن عیینہ نے سفارش کی اور بڑی مشکل سے ان کو بچایا۔ یہ واقعہ متعدد تاریخوں میں مذکور ہے۔

بابٌ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدی کے اونٹ کہاں سے خریدے تھے؟

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہدیاں قُدید سے خریدی تھیں۔

تشریح: یہ حدیث ترمذی کے افراد میں سے ہے باقی کتب خمسہ میں نہیں ہے اور یہ بات کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قُدید (جو مدینہ اور مکہ کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے) سے ہدیاں خریدی تھیں غلط ہے۔ آپ مدینہ منورہ سے ہدیاں ساتھ لائے تھے اور ذوالحلیفہ میں ان کا اشعار فرمایا تھا جیسا کہ گذشتہ باب میں ابن عباسؓ کی حدیث گذری ہے، اور یہ حدیث درحقیقت موقوف ہے یعنی یہ ابن عمرؓ کا عمل ہے انھوں نے مقام قُدید سے ہدی خریدی تھی۔ بخاری (حدیث ۱۶۹۳) میں اس کی صراحت ہے، اور اس حدیث کو مرفوع کرنے میں یحیٰ بن الیمان نے غلطی کی ہے وہ اس حدیث کو تنہا ثوری سے روایت کرتا ہے اور وہ صدوق ہے مگر کثیر الخطاء ہے (تقریب) امام احمد رحمہ اللہ نے اس کی تضعیف کی ہے (تہذیب ۱۱:۳۰۶)

[٦٨] بابٌ

[٨٩٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وأَبُوْ سَعيدٍ الأَشَجُّ، قالاَ: حدثنا ابنُ اليَمانِ، عن سُفيانَ، عن عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم اشْتَرَى هَدْيَهُ مِنْ قُدَيْدٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَديثِ الثَّوْرِيِّ إِلَّا مِنْ حَديثِ يَحيىَ بنِ الْيَمَانِ، وَرُوِىَ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابنَ عُمَرَ اشْتَرَى مِنْ قُدَيْدٍ، قال أبو عيسى: وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابُ ماجاءَ فِيْ تَقْلِيْدِ الهَدْيِ لِلْمُقِيْمِ

کوئی ہدی بھیجے اور حج یا عمرہ کے لئے نہ جائے تو وہ محرم نہیں ہوتا

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدی کے جانوروں کے ہار خود بٹے ہیں، پھر آپؐ نہ محرم ہوئے اور نہ آپؐ نے کوئی کپڑا ترک کیا۔

تشریح: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سن ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سو بکریاں برائے قربانی مکہ بھیجی تھیں اور آپؐ مدینہ منورہ میں حلال رہے، یعنی حالت احرام میں جو چیزیں حرام ہوتی ہیں، مثلاً سلا ہوا کپڑا، پگڑی، خوشبو

وغیرہ آپؐ نے ترک نہیں کی۔ معلوم ہوا کہ صرف ہدی بھیجنے سے آدمی محرم نہیں ہوتا جب تک وہ احرام نہ باندھے، اور اس میں ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے۔ بخاری (حدیث ۱۷۰۰) میں ہے زیاد بن ابی سفیان نے حضرت عائشہ کو لکھا کہ ابن عباسؓ کا فتوی یہ ہے کہ جو شخص ہدی بھیجے اس پر احرام سے متعلق تمام چیزیں حرام ہوجاتی ہیں۔ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: ایسا نہیں ہے، میں نے خود آنحضور ﷺ کی ہدی کے ہار اپنے ہاتھ سے بٹے ہیں، پھر آپؐ نے خود ہار پہنائے ہیں اور ان کو میرے والد کے ساتھ بھیجا ہے، اس کے باوجود کوئی چیز آپ پر حرام نہیں ہوئی تھی۔

[۶۹] باب ماجاء فی تقلید الهدی للمقیم

[۸۹۵-] حدثنا قُتيبةُ، نا اللَّيْثُ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ القَاسِمِ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، أَنَّهَا قالتْ: فَتَلْتُ قَلائِدَ هَدْيِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ لَمْ يُحْرِمْ وَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا مِنَ الثِّيَابِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قال: إِذَا قَلَّدَ الرَّجُلُ الهَدْیَ وَهُوَ يَرِيْدُ الْحَجَّ لَمْ يَحْرُمْ عليهِ شِيْئٌ مِنَ الثِّيَابِ وَالطِّيْبِ حَتَّى يُحْرِمَ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا قَلَّدَ الرَّجُلُ الْهَدْیَ فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِ مَاوَجَبَ على الْمُحْرِمِ.

ترجمہ: اس پر بعض علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب آدمی نے ہدی کو قلادہ پہنایا درانحالیکہ اس کا حج کا ارادہ ہے تو اس پر کپڑوں اور خوشبو میں سے کچھ حرام نہیں ہوتا تا آنکہ وہ احرام باندھے، اور بعض علماء کہتے ہیں: جب آدمی نے ہدی کو قلادہ پہنایا تو اس پر وہ چیزیں واجب ہوگئیں جو محرم پر واجب ہوتی ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِيْ تَقْلِيْدِ الغَنَمِ

بکریوں کو ہار پہنانے کا بیان

مذاہب فقہاء: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک اونٹوں کی طرح بکریوں کو بھی ہار پہنانا سنت ہے، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک ہار پہنانا اونٹ اور گائے کے ساتھ خاص ہے بکریوں کو ہار پہنانا مشروع نہیں۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نبی ﷺ کی تمام بکریوں کے لئے ہار بٹا کرتی تھی پھر آپ محرم نہیں ہوتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث چھوٹے دواماموں کی دلیل ہے اور بڑے دواماموں کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں بکریوں کا تذکرہ اسود بن یزید کا تفرد ہے، اور نبی ﷺ سے بکریاں لے جانا ثابت نہیں، چنانچہ متعدد تابعین: عروۃ بن الزبیر، عمرۃ بنت عبدالرحمٰن، قاسم، ابوقلابہ، مسروق اور اسود بن یزید رحمہم اللہ حضرت عائشہؓ سے اس

حدیث کو روایت کرتے ہیں، اور سوائے اسود بن یزید کے کوئی اس حدیث میں بکریوں کا تذکرہ نہیں کرتا (دیکھئے مسلم ۱:۴۲۵باب استحباب بعث الهدى إلى الحرم) مگر صحیح بات یہ ہے کہ اسود ثقہ ہیں اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، اور نبی ﷺ اگرچہ حجۃ الوداع میں اپنے ساتھ اونٹ لے کر گئے تھے مگر سن ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ جو ہدیاں بھیجی تھیں وہ سب بکریاں تھیں، مذکورہ حدیث میں اسی کا بیان ہے اور آپؐ نے ان کو ہار پہنایا تھا، البتہ ان کا ہار جوتوں کا نہیں تھا، بلکہ وہ اون کے ہار تھے، بکری کمزور جانور ہے وہ جوتوں کے ہار کا تحمل نہیں کرسکتی، اور امام اعظمؒ وغیرہ سے جو تقلید غنم کا انکار مروی ہے وہ چپلوں کے ہار کا انکار ہے، مطلق ہار کا انکار نہیں۔

[٧٠] باب ماجاء في تقليد الغنم

[٨٩٦-] حدثنا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن سُفيانَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: كُنْتُ أَفْتِلُ قَلاَ ئِدَ هَدْيِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم كُلِّهَا غَنَمًا، ثُمَّ لاَيُحْرِمُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعملُ على هذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ يَرَوْنَ تَقْلِيْدَ الْغَنَمِ.

بابُ ماجاء إِذَا عَطِبَ الهديُ مَا يُصْنَعُ بِه؟

اگر ہدی راستہ میں ہلاک ہونے لگے تو کیا کرے؟

اگر واجب ہدی یعنی نذر کی ہدی راستہ میں ہلاک ہونے لگے تو اس کے بدلہ میں دوسرا جانور قائم مقام کردے، اور قریب المرگ ہدی کو ذبح کردے، پھر جو چاہے کرے، خواہ خود کھائے یا غنی وفقیر کو کھلائے یا فروخت کردے، کیونکہ وہ جانور ہدی سے نکل گیا۔ اور اگر ہدی نفلی ہے تو وہ صرف غرباء کا حق ہے اس کو ذبح کردے اور گوشت غرباء کو بانٹ دے، خود مالک اور اغنیاء اس میں سے نہ کھائیں اور اگر وہاں آدمی نہ ہوں تو ہدی کے گلے کا چپل خون میں تر کرکے کوہان پر چھاپ ماردے اور اس کو لوگوں کے لئے چھوڑ دے، غرباء اس کو کھالیں گے۔

اور نفل ہدی میں سے کھانا اس لئے ممنوع ہے کہ احناف کے نزدیک نفل ہدی ذبح کے لئے متعین ہوجاتی ہے، اب اس کو قربت ہی میں خرچ کرنا ضروری ہے، اور قربت حرم میں اہراقِ دم ہے اور حرم کے علاوہ میں فقراء کو کھلانا ہے، اغنیاء کو کھلانے سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ پس اگر مالک نے یا غنی نے اس میں سے کھالیا تو گوشت کی قیمت کا ضمان واجب ہوگا۔ اور واجب ہدی متعین نہیں ہوتی اس لئے اس کی جگہ دوسرا جانور قائم مقام کرنا ضروری ہے، پس اس کا

تصدق بھی ضروری نہیں، حنفیہ کے علاوہ امام احمد کا اور مالکیہ میں سے ابن القاسم کا یہی مسلک ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر ہدی نفل ہے تو مالک کو اس میں ہر قسم کے تصرف کا حق ہے اور اگر وہ نذر کی ہے تو ذبح کرتے ہی اس کی ملکیت سے نکل گئی، اب وہ صرف مسکینوں کا حق ہے۔

حدیث: ناجیہ خزاعی رضی اللہ عنہ (جن کے ہمراہ آپؐ نے ہدیاں مکہ بھیجی تھیں) کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر (راستہ میں) کوئی ہدی ہلاک ہونے لگے تو میں کیا کروں؟ آپؐ نے فرمایا: اس کو ذبح کردینا، پھر اس کے نعل کو اس کے خون میں بھگو کر (جگہ جگہ) ٹھپا لگا دینا، پھر لوگوں کے درمیان اور اس کے درمیان چھوڑ دینا، لوگ اس کو کھالیں گے۔

تشریح: یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے کہ نفل ہدی ذبح کر کے غریبوں کے لئے چھوڑ دی جائے، خود مالک اس میں سے نہیں کھا سکتا، نہ کوئی مالدار اس کو کھا سکتا ہے، کیونکہ نبی ﷺ کی ہدیاں بظاہر نفلی تھیں اتنی ساری ہدیاں واجب نہیں ہو سکتیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ نے جو بات فرمائی ہے وہ ان کے اصول پر مبنی ہے کہ نفل عبادت شروع کرنے کے بعد بھی نفل رہتی ہے اور احناف کے نزدیک شروع کرنے سے پہلے تو نفل ہوتی ہے مگر شروع کرنے کے بعد واجب ہو جاتی ہے۔

[۷۱] باب ماجاء إذا عَطِبَ الهدیُ ما یصنع به؟

[۸۹۷-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إسحاقَ الهَمْدَانِيُّ، نا عَبْدَةُ بنُ سَلَيْمَانَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن نَاجِيَةَ الْخُزَاعِيِّ، قال: قُلْتُ: یارسولَ اللهِ! کَيْفَ أَصْنَعُ بِمَا عَطِبَ مِنَ الْهَدْيِ؟ قالَ: "انْحَرْهَا ثُمَّ اغْمِسْ نَعْلَهَا فِيْ دَمِهَا ثُمَّ خَلِّ بَيْنَ النَّاسِ وَبَيْنَهَا فَيَأْكُلُوْهَا"

وفی الباب: عن ذُؤَيْبٍ، وأبی قَبِيْصَةَ الخُزَاعِيِّ، قال أبو عیسی: حدیثُ ناجِيَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعَمَلُ علی هذا عندَ أهلِ العلمِ، قَالُوْا فِيْ هَدْيِ التَّطَوُّعِ: إِذَا عَطِبَ لَايَأْكُلُ هُوَ وَلَا أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ رُفْقَتِهِ، ويُخَلِّی بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ يَأْكُلُوْنَهُ، وَقَدْ أَجْزَأَ عَنْهُ. وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، وقَالوا: إِنْ أَكَلَ مِنْهُ شَيْئًا غَرِمَ مِقْدَارَ مَا أَكَلَ مِنْهُ، وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ: إِذَا أَكَلَ مِنْ هَدْيِ التَّطَوُّعِ شَيْئًا فَقَدْ ضَمِنَ.

ترجمہ: اور اس پر علماء کا عمل ہے وہ نفل ہدی کے بارے میں کہتے ہیں: جب وہ ہلاک ہونے کے قریب ہو جائے تو نہ وہ خود اسے کھائے اور نہ اس کے ساتھیوں میں سے کوئی کھائے اور اس کو اپنے اور لوگوں کے درمیان چھوڑ دے تاکہ وہ اس کو کھائیں، اور وہ اس کی طرف سے کافی ہے (یعنی بدلہ میں دوسری قربانی کرنی ضروری نہیں) اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے (امام شافعی کی یہ کوئی روایت ہوگی ورنہ ان کا مذہب علامہ نووی نے یہ بیان کیا ہے کہ نفل ہدی میں

مالک کوتصرف کا کامل اختیار ہے) اور وہ کہتے ہیں: اگر اس میں سے کچھ کھالیا تو اس میں سے جتنا کھایا ہے اس کے بقدر ضمان دے، اور بعض اہل علم کہتے ہیں: اگر نفل ہدی میں سے کچھ کھائے گا تو ضمان واجب ہوگا۔

بابُ ماجاءَ فی رُکُوْبِ الْبَدَنَةِ

ہدی کے اونٹ پرسواری کرنا

تمام ائمہ متفق ہیں کہ ہدی کے جانور پر سواری کرنا یا اس کا دودھ استعمال کرنا جائز نہیں، اس لئے کہ ہدایا قابل احترام ہیں، اوران سے انتفاع میں ان کی ہتک ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ البتہ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک ضرورت (حاجت) کے وقت انتفاع جائز ہے اور حنفیہ کے نزدیک اضطرار (مجبوری) کی حالت میں انتفاع جائز ہے، مثلاً سواری کا جانور مر گیا اور وہ چلنے سے قطعاً معذور ہے اور دوسری کوئی سواری میسر نہیں تو ہدی کے اونٹ پر سواری کرسکتا ہے یا سخت بھوک لگی ہے اور کچھ کھانے کو موجود نہیں تو ہدی کے جانور کا دودھ پی سکتا ہے۔ حنفیہ کا استدلال حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ہے، فرمایا: ارکبها بالمعروف إذا ألجئت إليها حتى تجد ظهراً یعنی بدنہ پر اچھی طرح سے سواری کرو جب تم اس کی طرف مجبور ہو جاؤ یعنی اس پر سوار ہوئے بغیر چارہ نہ رہے تا آنکہ سواری کے لئے دوسرا جانور پاؤ (مسلم ۱:۴۲۶ باب جواز رکوب البدنة إلخ)

[۷۲] باب ماجاء في ركوب البدنة

[۸۹۸-] حدثنا قُتيبةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عن قَتَادَةَ، عن أنسِ بنِ مالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلاً يَسُوْقُ بَدَنَةً، فقالَ لَهُ: ارْكَبْهَا، فقال: يارسولَ الله! إِنَّهَا بَدَنَةٌ، فقالَ لَهُ في الثَّالِثَةِ أَوْ فِيْ الرَّابِعَةِ: ارْكَبْهَا وَيْحَكَ أَوْ: وَيْلَكَ:

وفي الباب: عن عليٍّ، وأبي هريرةَ، وجابرٍ، قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ صحيحٌ حسنٌ.

وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيرِهِمْ فِيْ رُكُوْبِ البَدَنَةِ إِذَا احْتَاجَ إِلٰى ظَهْرِهَا، وهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأَحْمدَ، وإسحاقَ. وقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَيَرْكَبُ مَالَمْ يُضْطَرَّ إِلَيْهِ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جو اونٹ کو ہانک رہا تھا، آپؐ نے فرمایا: اس پر سوار ہوجا، وہ کہنے لگا: یارسول اللہ! یہ ہدی ہے، آپؐ نے اس سے تیسری مرتبہ میں یا چوتھی مرتبہ میں فرمایا: تیرا ناس ہو! سوار ہوجا (وَيْلَكَ فرمایا یاوَيْحَكَ فرمایا۔ دونوں مترادف لفظ ہیں اور بطور تکیہ کلام کے استعمال ہوتے ہیں ان کے ذریعہ ڈانٹنا یا برا کہنا مقصود نہیں ہوتا) ـــــــ اور صحابہ اور ان کے علاوہ علماء میں سے بعض نے اونٹ پر سوار ہونے کی اجازت دی ہے جبکہ اس پر سوار

ہونے کی ضرورت ہو، اور یہ شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاقؒ کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اس وقت تک سوار ہونا جائز نہیں جب تک کہ وہ اس پر مجبور نہ ہو جائے۔

بابُ ماجاء بِأَيِّ جَانِبِ الرَّأْسِ يَبْدَأُ فِي الْحَلْقِ

کونسی جانب سے سر منڈانا شروع کرے

پہلے دائیں طرف کے سر کا حلق کرائے پھر بائیں طرف کا، اور یہ افضل ہے۔ اور جائز یہ ہے کہ کسی بھی جانب سے حلق کرائے۔ اور حالق کا دایاں مراد نہیں بلکہ محلوق کا دایاں مراد ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ نے جمرۂ عقبہ کی رمی کر لی تو اپنی قربانی ذبح کی، پھر حالق کو اپنے سر کی دائیں جانب دی اس نے اس کو مونڈا، آپؐ نے وہ بال حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو دیئے، پھر حالق کو سر مبارک کی بائیں جانب دی، اس نے وہ بال کاٹے، آپؐ نے وہ بال بھی ابوطلحہؓ کو دیئے اور فرمایا: ان کو لوگوں میں تقسیم کر دو۔

تشریح: یہ حدیث اور اس جیسی دوسری حدیثیں تبرکات کی اصل ہیں، بخاری (کتاب الوضوء باب الماء الذی يغسل به شعر الإنسان) میں ابن سیرین سے مروی ہے: قال: قلتُ لِعَبِيْدَةَ: عندنا من شعر النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أصبناه مِنْ قِبَلِ أنسٍ، أو: مِنْ قِبَلِ أهلِ أنسٍ، فقال: لأن تكون عندي شعرة منه أحبّ إلى من الدنيا ومافيها ابن سیرین کہتے ہیں: میں نے عبیدۃ (بروزن کریمۃ) بن قیس سے کہا: ہمارے پاس موئے مبارک ہیں جو ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے، یا کہا: حضرت انسؓ کے خاندان کی جانب سے پہنچے ہیں، عبیدۃ نے کہا: اگر میرے پاس ان میں سے ایک بال بھی ہوتا تو وہ مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ پسند تھا۔ ایسی ہی روایات تبرک کی اصل ہیں۔

اور حدیث باب سے متبادر یہ ہے کہ آپؐ نے دائیں جانب کے بال حضرت ابوطلحہؓ کو دیدیئے تھے اور بائیں جانب کے بال تقسیم کرنے کے لئے دیئے تھے، اور مسلم (۴۲۱:۱) میں ہے کہ دائیں جانب کے بال آپؐ نے خود لوگوں میں تقسیم فرمائے اور بائیں طرف کے بال ابوطلحہ کو دیئے، اور مسلم ہی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ ام سُلیم کو دیئے، علامہ عینی رحمہ اللہ نے اس تعارض کو اس طرح حل کیا ہے کہ دراصل دونوں جانبوں کے بال نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ کو دیئے تھے، پھر دائیں جانب کے بال حضرت ابوطلحہ نے نبی ﷺ کے حکم سے لوگوں میں تقسیم کر دیئے تھے اور بائیں جانب کے بال آپؐ کے حکم سے اپنی اہلیہ حضرت ام سُلیم کو دیدیئے تھے (عمدۃ القاری ۳۸:۳)

[۷۳] باب ماجاء بِأَيِّ جانب الرأس يَبْدَأُ في الحلق

[۸۹۹-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، نا سفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عن أَنَسِ بنِ

مَالكٍ، قالَ: لَمَّا رَمَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْجَمْرَةَ نَحرَ نُسُكَهُ، ثُمَّ نَاوَلَ الحَالِقَ شِقَّهُ الْأَيْمَنَ، فَحلقَهُ فَأَعْطاهُ أَبَا طَلْحَةَ، ثُمَّ نَاوَلَهُ شِقَّهُ الأَيْسَرَ فَحلقَهُ، فقال: "اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ"

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن هِشَامٍ نَحْوَهُ، هذا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فی الحَلْقِ وَالتَّقْصِيْرِ

سر منڈوانے اور بال کتروانے کا بیان

حج اور عمرہ کے ارکان ادا کرنے کے بعد احرام کھولنے کے لئے سر منڈانا یا بال ترشوانا ضروری ہے، قصر میں بال لمبائی میں ایک انملہ کے بقدر اور مقدار میں چوتھائی سر کے بقدر کٹوانا ضروری ہے، اور عورتوں کے لئے حلق کرانا حرام ہے وہ صرف بال ترشوائیں گی۔ اور بعض عورتوں کی چوٹی آخر سے پتلی ہوجاتی ہے ان پر ذرا اوپر سے بال کاٹنا ضروری ہے، تاکہ چوتھائی سر کے برابر بال کٹ جائیں ورنہ احرام نہیں کھلے گا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک پورے سر کا حلق یا قصر ضروری ہے، ایک بال بھی رہ گیا تو احرام نہیں کھلے گا، اور صاحبین کے نزدیک آدھے سر کا حلق یا قصر ضروری ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تین بال کاٹنے سے بھی احرام کھل جائے گا۔ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک چوتھائی سر کا حلق یا قصر ضروری ہے غرض مسح رأس میں جو اختلاف ہے وہی اختلاف یہاں بھی ہے۔

حدیث: (حجۃ الوداع میں) نبی کریم ﷺ نے سر منڈایا اور آپؐ کے اصحاب میں سے بڑی جماعت نے سر منڈایا اور بعض نے بال ترشوائے۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سر منڈانے والوں پر رحم فرمائیں، ایک مرتبہ یا دو مرتبہ یہ دعا دی، پھر فرمایا: اور بال ترشوانے والوں کی بھی (جب آپؐ نے سر منڈانے والوں کو دعا دی تو لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بال ترشوانے والوں کو بھی دعا میں شامل فرمائیں، آپؐ نے تیسری مرتبہ قصر کرانے والوں کو بھی دعا میں شامل کیا)

تشریح: سر منڈانے والوں کے لئے تین بار اور قصر کرانے والوں کے لئے ایک بار دعا کرنے سے حلق کی فضیلت ثابت ہوئی، اور سر منڈا کر احرام کھولنا دو وجہ سے افضل ہے۔

پہلی وجہ: جب لوگ بادشاہوں کے دربار میں جاتے ہیں تو صفائی کا خوب اہتمام کرتے ہیں، حجاج بھی احرام کھول کر طواف زیارت کے لئے دربارِ خداوندی میں جائیں گے، پس ان کو بھی خوب صاف ہو کر حاضر ہونا چاہئے۔ اور سر منڈانے سے سر کا میل کچیل اچھی طرح صاف ہوجاتا ہے اس لئے یہ افضل ہے۔

دوسری وجہ: سر منڈا کر احرام کھولنے کا اثر کئی روز تک باقی رہتا ہے، جب تک بال بڑھ نہیں جائیں گے ہر دیکھنے والا محسوس کرے گا کہ اس نے حج کیا ہے، پس اس سے حج کی شان بلند ہوگی اس لئے حلق افضل ہے۔

فائدہ: احرام کھولنے کا افضل طریقہ حلق ہے اور قصر کرانا بھی جائز ہے اور احرام کھولنے کے لئے یہ طریقہ دو وجہ سے تجویز کیا گیا ہے۔

اول: احرام سے نکلنے کا یہ ایک مناسب طریقہ ہے جو متانت کے منافی نہیں، اگر لوگوں کو آزاد چھوڑ دیا جائے گا تو وہ احرام سے نکلنے کے لئے معلوم نہیں کیا کیا طریقے اختیار کریں گے، کوئی جماع سے احرام کھولے گا کوئی کچھ اور کرے گا۔

دوم: حلق کرانے سے سر کا میل کچیل خوب صاف ہو جاتا ہے اس لئے یہ طریقہ افضل ہے (مزید تفصیل رحمۃ اللہ ۴: ۲۰۷ میں ہے)

فائدہ: جب آدمی حج یا عمرہ کے تمام ارکان سے فارغ ہو جائے تو خود اپنا سر بھی مونڈ سکتا ہے اور دوسرے ایسے شخص کا بھی سر مونڈ سکتا ہے جو ارکان سے فارغ ہو گیا ہے، اس میں کوئی جنایت نہیں، جیسے میاں بیوی دونوں تمام ارکان سے فارغ ہو گئے، پس مرد: عورت کی چوٹی کاٹ سکتا ہے، اور عورت خود بھی اپنی چوٹی کاٹ سکتی ہے۔ بخاری شریف کی حدیث (نمبر ۲۷۳۱ و ۲۷۳۲ کتاب الشروط) میں یہ مسئلہ صراحۃً مذکور ہے، اور اگر حالق یا محلوق یا دونوں کے ارکان پورے نہیں ہوئے تو حالق پر صدقہ واجب ہے اور محلوق پر دم (زبدۃ المناسک ص ۱۷۶ مولانا شیر محمد صاحبؒ)

[۷۴] باب ماجاء فی الحلق والتقصیر

[۹۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: حَلَقَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَحَلَقَ طَائِفَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، وَقَصَّرَ بَعْضُهُمْ، قالَ ابنُ عُمَرَ: إِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: "رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِيْنَ" مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: "وَالْمُقَصِّرِيْنَ"

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، وابنِ أُمِّ الْحُصَيْنِ، ومَارِبَ، وأبی سَعِيدٍ، وأبی مَرْيَمَ، وحُبْشِيِّ بنِ جُنَادَةَ، وأَبِیْ هُرَيْرَةَ، قالَ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ يَخْتَارُوْنَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَحْلِقَ رأْسَهُ، وَإِنْ قَصَّرَ يَرَوْنَ أَنَّ ذٰلِكَ يُجْزِئُ عَنْهُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، والشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

ترجمہ: اس پر علماء کا عمل ہے وہ آدمی کیلئے حلق کرانے کو پسند کرتے ہیں، اور اگر قصر کرائے تو وہ اس کو بھی جائز کہتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ الْحَلْقِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے سر منڈانا حرام ہے

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے عورت کو اپنا سر منڈانے سے منع فرمایا۔

تشریح: عورتوں کے لئے احرام کھولتے وقت سر منڈانا دو وجہ سے ممنوع ہے: ایک: اس سے عورت کی شکل بگڑ جاتی ہے اور مثلہ یعنی صورت بگاڑنا مطلقاً ممنوع ہے۔ اور دوسری وجہ: یہ ہے کہ اس سے عورت: مرد کی ہم شکل بن جاتی ہے اور عورتوں کے لئے مردوں کی شکل اختیار کرنا بھی مطلقاً ممنوع ہے۔

نوٹ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ترمذی کے افراد میں سے ہے اور اس میں اضطراب بھی ہے کہ یہ حضرت علی کی حدیث ہے یا حضرت عائشہ کی؟ ہمام نے حضرت علی تک اس کی سند پہنچائی ہے اور حماد نے حضرت عائشہ تک، اور دوسرا اختلاف یہ ہے کہ حدیث مسند ہے یا منقطع؟ یعنی خلاس بن عمرو کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے ـــــــ جاننا چاہئے کہ خلاس بن عمرو ثقہ ہیں، صحاح ستہ میں ان کی روایتیں ہیں، اور حضرت عائشہؓ، حضرت عمار اور ابن عباسؓ سے ان کا سماع ثابت ہے، لیکن حضرت علیؓ سے سماع ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے (تہذیب) مگر حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا، کیونکہ باب میں صحیح احادیث موجود ہیں، ابن عباس سے یہ حدیث مروی ہے کہ: ''عورتوں پر حلق نہیں، صرف بال ترشوانا ہے'' (مشکوۃ حدیث ۲۶۵۴)

[۷۵] باب ماجاء فی کراهية الْحَلْقِ للنِّسَاءِ

[۹۰۱-] حدثنا محمدُ بنُ مُوسَى الْجُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ، نا أبو داودَ الطَّيَالِسِيُّ، نا هَمَّامٌ، عن قَتَادَةَ، عن خِلَاسِ بنِ عَمْرٍو، عن عَلِيٍّ، قالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ تَحْلِقَ الْمَرْأَةُ رَأْسَهَا.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أبو دَاوُدَ، عن هَمَّامٍ، عن خِلَاسٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عن عَلِيٍّ، قال أبو عيسى: حديثُ عَلِيٍّ فِيْهِ اضْطِرَابٌ.

[۹۰۲-] وَرُوِيَ هذا الحديثُ عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عن عَائِشَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ تَحْلِقَ الْمَرْأَةُ رَأْسَهَا.

والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ لايَرَوْنَ على الْمَرْأَةِ حَلْقًا، ويَرَوْنَ أَنَّ عَلَيْهَا التَّقْصِيْرَ.

باب ماجاء فِيْ مَنْ حَلَقَ قَبْلَ أَنْ يَّذْبَحَ أَوْ نَحرَ قَبْلَ أَنْ يَّرْمِيَ

قربانی سے پہلے حلق کرانا یا رمی سے پہلے قربانی کرنا

۱۰ ذی الحجہ کو منی میں چار کام کرنے ہوتے ہیں: پہلے رمی، پھر قربانی، پھر سر منڈا کر یا زلفیں بنوا کر احرام کھولنا، پھر طوافِ زیارت کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ مناسک اسی ترتیب سے ادا فرمائے ہیں اور یہی ترتیب صحابہ کرام کو بتائی گئی تھی، اب اختلاف ہے کہ ان میں ترتیب واجب ہے یا سنت؟

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک قارن اور متمتع پر رمی، ذبح اور حلق میں ترتیب واجب ہے، تقدیم وتاخیر کی صورت میں دم واجب ہوگا، اور طوافِ زیارت میں ترتیب واجب نہیں، البتہ مسنون یہ ہے کہ مناسک ثلاثہ کے بعد طواف زیارت کرے اور مفرد پر چونکہ قربانی واجب نہیں اس لئے اس پر صرف رمی اور حلق میں ترتیب واجب ہے۔ احناف کے یہاں فتوی اسی پر ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک مذکورہ چاروں مناسک میں ترتیب سنت ہے، پس تقدیم وتاخیر سے کوئی دم واجب نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ منی میں رسول اللہ ﷺ سے مناسک کی تقدیم وتاخیر کے سلسلہ میں متعدد سوالات ہوئے ہیں مثلاً: (۱) کسی نے قربانی سے پہلے سر منڈالیا (۲) کسی نے رمی سے پہلے قربانی کرڈالی (۳) کسی نے رمی سے پہلے سر منڈالیا (۴) کسی نے شام کو رمی کی (۵) کسی نے سر منڈانے سے پہلے طوافِ زیارت کرلیا۔ آپؐ نے سب کو یہی جواب دیا ہے کہ أفعل و لاحرج کوئی بات نہیں، آگے کا کام کرو (یہ سب روایات مشکوٰۃ باب التحلل إلخ میں ہیں) آپؐ نے کسی کو دم دینے کا حکم نہیں دیا اور حاجت کے موقع پر خاموشی بیان ہوتی ہے، یعنی اگر کفارہ واجب ہوتا تو آپؐ اس کی وضاحت فرماتے۔ خاموشی کا صاف مطلب یہ ہے کہ دم واجب نہیں، پس ثابت ہوا کہ مناسک اربعہ میں ترتیب سنت ہے، یہ جمہور کا استدلال ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل یہ ہے کہ لاَحَرَج والی روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے (رواہ البخاری، مشکوٰۃ حدیث ۲۶۵۶) پھر ابن عباسؓ کا فتوی ہے: مَن قَدَّم شَيئًا من حجه أو أخّره فَلْيُهرِق لذلك دَمًا یعنی جو مناسک میں تقدیم وتاخیر کردے اس کو چاہئے کہ دم دے، اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے قربانی کرنے سے پہلے سر منڈالیا تو دم واجب ہے، پھر آپؒ نے دلیل میں سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ پڑھی: ﴿وَلاَ تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهُ﴾ یعنی اپنے سروں کو اس وقت تک مت منڈاؤ جب تک کہ قربانی اپنی جگہ نہ پہنچ جائے (یہ دونوں روایتیں ابن ابی شیبہ نے سند صحیح سے روایت کی ہیں اعلاء السنن ۱۰:۱۵۹) اور سورۃ الحج کی آیات ۲۶-۲۹ سے بھی حلق پر قربانی کی تقدیم صاف مفہوم ہوتی ہے اور طواف کی ترتیب پر دلالت کرنے والا کوئی حرف نہیں اور رمی کی تقدیم سب مناسک پر فعل نبوی اور ارشاد: خُذُوْا مناسلکم سے ثابت ہے۔

اور لاَحرَجَ والی روایات میں تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جب کوئی نیا مسئلہ بتایا جاتا ہے تو جو فوری الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے اور دلیل حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو آگے بابٌ في الذبح بعد الصلوٰۃ میں آرہی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کے ماموں کو ایک سال سے کم عمر کی بکری کی قربانی کی اجازت دی تھی، اور فرمایا تھا: لاَتُجْزِئُ جَذَعَةٌ بعدك۔ یعنی یہ سہولت صرف تمہارے لئے ہے، اوروں کے لئے نہیں یہی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، چونکہ یہ حج کا پہلا موقع تھا اور لوگوں کو اگرچہ مناسک کی ترتیب سمجھادی گئی تھی مگر

عدم مزاولت کی وجہ سے خلاف ورزی ہوگئی، اس لئے آپ نے درگذر کیا اور کفارہ کا حکم نہیں دیا۔

اور دلیل یہ ہے کہ ان سوالات میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ ایک صاحب نے طواف زیارت سے پہلے سعی کرلی تو آپؐ نے فرمایا: لَا حَرَجَ کوئی بات نہیں (رواہ ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۲۶۵۸) حالانکہ اس صورت میں بالاجماع دم واجب ہے۔

اور ترتیب کے وجوب کا ایک قرینہ یہ بھی ہے کہ منی میں سوال کرنے والوں کا ہجوم ہوگیا تھا، لوگ گھبرائے ہوئے مسائل دریافت کررہے تھے، وہ اسی وجہ سے تھا کہ مناسک میں ترتیب واجب تھی۔ اور یہ بات صحابہ کو بتا بھی دی گئی تھی اگر ترتیب محض سنت ہوتی تو صحابہ کے لئے پریشانی کی کیا بات تھی؟ پس بیان کے موقع پر سکوت کی بات یہاں برمحل نہیں، کیونکہ صحابہ کو یہ بات پہلے سے بتائی جاچکی تھی۔ واللہ اعلم بالصواب

[۷٦] باب ماجاء في من حَلَقَ قبلَ أن يذبح، أو نَحَرَ قبل أن يرمى

[۹۰۳-] حدثنا سَعيدُ بنُ عبدِ الرحمنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، وابنُ أَبِيْ عُمَرَ، قالاَ: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن عيسى بنِ طَلْحَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم، قالَ: حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ، فقالَ:" اذْبَحْ وَلاَ حَرَجَ" وَسَأَلَهُ آخرُ، فقالَ: نَحَرْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قالَ:" ارْمِ وَلاَ حَرَجَ"

وفي الباب: عن عَلِيٍّ، وجَابِرٍ، وابنِ عبّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، وأُسَامَةَ بنِ شَرِيْكٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عبدِ الله بنِ عَمْرٍو حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العِلْمِ: إِذَا قَدَّمَ نُسُكًا قَبْلَ نُسُكٍ فَعَلَيْهِ دَمٌ.

ترجمہ: ایک شخص نے نبی ﷺ سے دریافت کیا: میں نے قربانی سے پہلے سر منڈالیا، آپؐ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں، اب قربانی کرلو، اور آپؐ سے دوسرے شخص نے پوچھا: میں نے رمی کرنے سے پہلے قربانی کرلی آپؐ نے فرمایا: کوئی بات نہیں، اب رمی کرلو ——— اس پر اکثر علماء کا عمل ہے، اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب ایک کام کو دوسرے کام پر مقدم کرے تو اس پر دم واجب ہے۔

بابُ ماجاءَ في الطِّيْبِ عِنْدَ الإِحْلاَلِ قَبْلَ الزِّيَارَةِ

حلال ہونے کے بعد طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانے کا حکم

مذاہبِ فقہاء: جب محرم سر منڈا کر احرام کھول دے تو اس کے لئے بیوی کے علاوہ تمام ممنوعات حلال ہوجاتے

ہیں اور بیوی طوافِ زیارت کے بعد حلال ہوتی ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، البتہ طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگانا بلا کراہیت جائز ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ عدم جواز کے قائل ہیں، اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت بھی یہی ہے۔ اور بعض حضرات نے امام محمد رحمہ اللہ کا بھی یہی مذہب بیان کیا ہے، مگر ان کی طرف اس قول کی نسبت صحیح نہیں۔ امام محمدؒ نے موطا محمد باب مایحرم علی الحاج بعد رمی جمرة العقبة یوم النحر میں پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا اثر تحریر کیا ہے کہ ''جس نے جمرۂ عقبہ کی رمی کر لی اس کے لئے تمام ممنوعات احرام حلال ہو جاتے ہیں، علاوہ عورت اور خوشبو کے'' پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث لکھی ہے: ''میں نے خود اپنے ہاتھوں سے نبی ﷺ کو طواف زیارت سے پہلے خوشبو لگائی ہے'' پھر امام محمد فرماتے ہیں: وبھٰذا نأخذ فی الطیب قبل زیارة البیت، وندع ماروی عمر وابن عمر، وھو قول أبی حنیفة والعامة من فقھائنا یعنی ہم اس کو یعنی حضرت عائشہؓ کی روایت کو لیتے ہیں طوافِ زیارت سے پہلے خوشبو لگانے کے مسئلہ میں اور حضرت عمرؓ اور حضرت ابن عمرؓ سے جو مروی ہے اس کو نہیں لیتے، یہی امام ابوحنیفہ اور ہمارے سبھی علماء کا قول ہے، اس سے معلوم ہوا کہ امام محمدؒ جمہور کے ساتھ ہیں (موطا محمد ص: ۲۳۱)

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو احرام باندھنے سے پہلے اور طوافِ زیارت سے پہلے ایسی خوشبو لگائی جس میں مشک شامل تھی۔

تشریح: یہ حدیث جمہور کا مستدل ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کا استدلال حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اثر سے ہے جو اوپر مذکور ہوا، اور ابن الزبیر کی حدیث سے ہے جو مستدرک حاکم میں ہے: فإذا رمی الجمرةَ الکبری حل له کلُّ شیئ حَرُمَ علیه إلا النساء والطیب حتی یزور البیت: جب جمرۂ عقبہ کی رمی کر لی تو تمام ممنوعات احرام حلال ہو گئے، علاوہ عورت اور خوشبو کے، یہاں تک کہ وہ طوافِ زیارت کرے۔ امام حاکم نے اس حدیث کو علی شرط الشیخین بتایا ہے (مستدرک حاکم ۱: ۴۶۱ فضیلة الحج ماشیا) ان روایات کا جواب یہ ہے کہ اقوال صحابہ: فعل نبوی کی موجودگی میں حجت نہیں، پس ان کو اس پر محمول کریں گے کہ ان کے علم میں یہ فعل نبوی نہیں ہوگا، پس انھوں نے خوشبو کو دواعیٔ جماع میں شمار کر کے ممنوع کہا ہوگا یا یہ کہیں گے کہ انھوں نے سدّ ذرائع کے طور پر اس کی ممانعت کی ہوگی۔

فائدہ: حدیث شریف میں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ احرام سے پہلے خوشبو لگانا جائز ہے، جمہور اسی کے قائل ہیں وہ فرماتے ہیں: احرام سے پہلے ہر قسم کی خوشبو لگانا بلا کراہیت جائز ہے، خواہ وہ دیر تک باقی رہنے والی خوشبو ہو یا جلدی اڑ جانے والی خوشبو ہو، اس لئے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کو احرام سے پہلے مُشک ملی ہوئی خوشبو لگائی تھی جو دیرپا ہوتی ہے۔ اور امام مالکؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک احرام سے پہلے ایسی خوشبو لگانا مکروہ ہے جس کا اثر

احرام کے بعد بھی باقی رہے۔ جاننا چاہئے کہ جمہور احرام کے کپڑوں پر خوشبو لگانے کے جواز کے قائل نہیں، اسی طرح کانوں میں عطر کا پھاہا رکھنا بھی جائز نہیں، صرف بدن پر خوشبو لگانا جائز ہے۔

[۷۷] باب ماجاء في الطيب عند الإحلال قبل الزيارة

[۹۰۴-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا مَنْصُوْرُ بنُ زَاذَانَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قالتْ: طَيَّبْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَبْلَ أَنْ يُحْرِمَ، وَيَوْمَ النَّحْرِ قَبْلَ أَنْ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ، بِطِيْبٍ فِيْهِ مِسْكٌ.

وفي الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عَندَ أكثرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ يَرَوْنَ أَنَّ الْمُحْرِمَ إِذَا رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ وَذَبَحَ وَحَلَقَ أَوْ قَصَّرَ فَقَدْ حَلَّ لَهُ كُلُّ شَيْئٍ حَرُمَ عَلَيْهِ إِلَّا النِّسَاءَ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ وَإسحاقَ.

[۹۰۵-] وقَدْ رُوِىَ عن عُمَرَ بنِ الخطَّابِ أَنَّهُ قالَ: حَلَّ لَهُ كُلُّ شَيْئٍ إِلَّا النِّسَاءَ وَالطِّيْبَ، وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰى هٰذَا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: اس پر صحابہ اور ان کے علاوہ اکثر علماء کا عمل ہے وہ کہتے ہیں: محرم جب یوم النحر میں جمرۂ عقبہ کی رمی کرلے اور قربانی ذبح کردے اور سر منڈادے یا بال ترشوادے تو اس کے لئے ہر وہ چیز حلال ہوجاتی ہے جو اس پر حرام تھی، علاوہ عورت کے۔ اور یہ شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاق کا قول ہے۔ اور حضرت عمرؓ سے روایت کیا گیا ہے کہ اس کے لئے ہر چیز حلال ہے، علاوہ عورت اور خوشبو کے۔ اور صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء اس اثر کی طرف گئے ہیں، اور یہ اہل کوفہ کا قول ہے (مگر یہ احناف کا قول نہیں، کوفہ کے دیگر مجتہدین کا قول ہوگا)

بابُ ماجاءَ مَتَى يَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ فِي الْحَجِّ؟

حج میں تلبیہ کب بند کرے؟

حج وعمرۃ کا احرام باندھنے کے بعد تلبیہ افضل ذکر ہے پس احرام کی حالت میں خوب تلبیہ پڑھنا چاہئے، پھر جب دس ذی الحجہ کو جمرہ کی رمی کرے اس وقت تلبیہ بند کردے اور عمرہ میں جب طواف کے لئے کعبہ کے پاس پہنچے اور حجر اسود کو بوسہ دے اس وقت تلبیہ بند کردے، یہ جمہور کا مذہب ہے، اور اس میں امام مالک رحمہ اللہ وغیرہ کا اختلاف۔

[۷۸] باب ماجاء متى يقطع التلبية فى الحج؟

[۹۰۶-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يحيىَ بنُ سَعيدٍ الْقَطَّانُ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن عَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، عن الفَضْلِ بنِ عبّاسٍ، قالَ: أَرْدَفَنِيْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم مِنْ جَمْعٍ إِلٰى مِنَى، فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ.

وفي الباب: عن عليٍّ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ الفَضْلِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ أَنَّ الحَاجَّ لاَيَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ حَتَّى يَرْمِيَ الْجَمْرَةَ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: فضل بن عباس کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے مزدلفہ سے منی تک اپنی اونٹنی کے پیچھے بٹھالیا، آپؐ برابر تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ جمرۂ عقبہ کی رمی کی —— اوراس پر صحابہ اوران کے علاوہ کا عمل ہے کہ حاجی تلبیہ بند نہ کرے، یہاں تک کہ جمرۂ عقبہ کی رمی کرے اور یہ شافعی، احمد، اسحاق (اور امام اعظم) کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ مَتَى يَقْطَعُ التَّلْبِيَةَ فِيْ العُمْرَةِ؟

عمرہ میں تلبیہ کب بند کرے؟

عمرہ کرنے والا تلبیہ کب ختم کرے؟ امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب حجر اسود کا استلام کرے اس وقت تلبیہ ختم کردے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک افتتاح طواف پر تلبیہ ختم کرے۔ یہ دونوں قول ایک ہی ہیں، اس لئے کہ استلام کے بعد فوراً طواف شروع ہوتا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر احرام میقات سے باندھا ہے تو حدود حرم میں داخل ہوتے ہی تلبیہ بند کردے، اور اگر حل سے یعنی جعرانہ یا تنعیم سے احرام باندھا ہے تو جب مکہ کی آبادی میں داخل ہو یا مسجد حرام میں داخل ہو اس وقت تلبیہ بند کردے۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے اور وہ حدیث کو مرفوع کرتے ہیں کہ نبی ﷺ عمرہ میں تلبیہ ختم کردیا کرتے تھے جب آپؐ حجر اسود کو چھوتے تھے اور چومتے تھے۔

تشریح: یہ فعلی حدیث ہے اور ابوداؤد میں اسی سند سے قولی حدیث مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: معتمر تلبیہ کہتا رہے تا آنکہ حجر اسود کا استلام کرے (حدیث ۱۸۱۷) اور فعلی حدیث کی سند میں ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں جو ضعیف راوی ہیں، مگر امام ترمذیؒ نے حدیث کو صحیح کہا ہے۔ اور امام ابوداؤد فرماتے ہیں: عبدالملک بن ابی سفیان اور ہمام نے بواسطہ

عطاء: ابن عباس سے اس حدیث کو موقوف روایت کیا ہے اور اس باب میں عبداللہ بن عمروؓ کی حدیث بھی ہے اور وہ مسند احمد میں ہے کہ نبی ﷺ نے تین عمرے کئے اور سب ذی قعدہ میں کئے، آپؐ برابر تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ حجر اسود کا استلام کیا۔

[۷۹] باب ماجاء متى يقطع التلبية فى العمرة؟

[۹۰۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا هُشَيْمٌ، عن ابنِ أَبى لَيْلٰى، عن عَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قال — يَرْفَعُ الحديثَ —: كانَ يُمْسِكُ عن التَّلْبِيَةِ فِىْ العُمْرَةِ إِذَا اسْتَلَمَ الحَجَرَ.

وفى الباب: عن عبدِ الله بنِ عَمْرٍو، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ ، حديثٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عليهِ عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ، قَالُوْا: لَايَقْطَعُ الْمُعْتَمِرُ التَّلْبِيَةَ حَتّٰى يَسْتَلِمَ الْحَجَرَ، وقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا انْتَهى إِلٰى بُيُوْتِ مَكَّةَ قَطَعَ التَّلْبِيَةَ، والعملُ على حديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وبِهِ يقولُ سُفيانُ، وَالشَّافِعِيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

ترجمہ: اس پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: عمرہ کرنے والا تلبیہ ختم نہ کرے، یہاں تک کہ حجر اسود کا استلام کرے اور بعض علماء کہتے ہیں: جب مکہ کے گھروں تک پہنچے تلبیہ ختم کردے اور عمل نبی ﷺ کی حدیث کے مطابق ہونا چاہئے اور اسی کے سفیان ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِىْ طَوَافِ الزِّيَارَةِ بِاللَّيْلِ

رات میں طوافِ زیارت کرنے کا بیان

حج کا دوسرا رکن طوافِ زیارت ہے اور اس کا وقت ۱۰-۱۲ ذی الحجہ ہے، اس درمیان میں ہر وقت، رات میں بھی اور دن میں بھی طواف زیارت کرنا جائز ہے اور اگر بارہ کے غروب تک کوئی شخص طواف زیارت نہ کرسکا تو اس پر دم واجب ہوگا اور اسے طواف بھی کرنا ہوگا، اور اس میں تمام ائمہ کا اتفاق ہے۔

اور نبی ﷺ نے طوافِ زیارت دن میں کیا تھا یا رات میں؟ اس میں روایات میں اختلاف ہے، اور تمام محدثین وفقہاء متفق ہیں کہ آپؐ نے طوافِ زیارت دن میں کیا تھا اور اکثر روایتوں میں بھی یہی بات مروی ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ طوافِ زیارت کے لئے آپ ظہر سے پہلے تشریف لے گئے تھے یا ظہر کے بعد؟ اور آپؐ نے ظہر کہاں پڑھی تھی، منی میں یا مکہ میں؟ اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپؐ نے رات تک طوافِ زیارت مؤخر کیا تھا۔ علماء نے اس کی متعدد توجیہیں کی ہیں، سب سے شاندار بات وہ ہے جو ابن حبانؒ نے فرمائی ہے کہ آپؐ

یوم النحر میں منی میں ظہر پڑھا کر مکہ تشریف لے گئے تھے اور اونٹ پر سوار ہوکر طواف زیارت کیا تھا اور عصر سے پہلے منی میں لوٹ آئے تھے، پھر عشاء پڑھا کر دوبارہ مکہ تشریف لے گئے تھے اور نفل طواف کیا تھا جس کو غلط فہمی سے طوافِ زیارت سمجھ لیا گیا (عمدۃ القاری ۱۰: ۶۸ باب الزيارة يوم النحر) اور علامہ بیہقی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: آپ نے منی کی ہر رات میں نفل طواف کیا ہے (عمدۃ)

[۸۰] باب ماجاء فی طواف الزیارة باللیل

[۹۰۸-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفيانُ، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن ابنِ عبّاسٍ، وعائشةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم أَخَّرَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ إِلَى اللَّيْلِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أهلِ العلمِ فِیْ أَنْ يُؤَخِّرَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ إِلَى اللَّيْلِ، واسْتَحَبَّ بَعْضُهُمْ أَنْ يَزُوْرَ يَوْمَ النَّحْرِ، وَوَسَّعَ بَعْضُهُمْ أَنْ يُؤَخِّرَ وَلَوْ إِلٰى آخِرِ أَيَّامِ مِنًى.

ترجمہ: بعض علماء طوافِ زیارت کو رات تک مؤخر کرنے کی اجازت دیتے ہیں، اور بعض نے یوم النحر میں طوافِ زیارت کرنے کو پسند کیا ہے اور بعض نے اس کو منی کے آخری دن تک (بارہ ذی الحجہ تک) مؤخر کرنے کی گنجائش رکھی ہے (اگر بارہ کا سورج غروب ہوگیا اور کسی نے طوافِ زیارت نہیں کیا تو بالاجماع دم واجب ہوگا اور طواف بھی کرنا ہوگا، اور حائضہ پاک ہوکر طواف کرے گی اور اس پر کوئی دم نہیں ہوگا)

بابُ ماجاءَ فِیْ نُزُوْلِ الأَبْطَحِ

ابطح میں اترنے کا بیان

آنحضور ﷺ جب تیرہ کی رمی کر کے منی سے لوٹے تو مکہ سے باہر ابطح (۱) نامی میدان میں پڑاؤ کیا تھا، ظہر تو منی میں ادا فرمائی تھی، عصر تا عشاء چار نمازیں یہاں ابطح میں ادا فرمائیں اور عشاء کے بعد طواف وَداع کر کے آدھی رات کے قریب مدینہ کے لئے روانہ ہوگئے (بخاری حدیث ۱۷۶۳) آپ کا پڑاؤ ابطح میں عادت کے طور پر تھا یا عبادت کے

(۱) ابطح، بطحاء، مُحصَّب اور خیفِ بنی کنانہ ایک ہی جگہ کے نام ہیں اور یہ وہی میدان ہے جہاں قریش نے قسمیں کھائی تھیں اور آپ کا، ابوطالب کا، بنو ہاشم کا اور بنوعبدالمطلب کا بائیکاٹ کیا تھا کہ جب تک وہ نبی کریم ﷺ کو ہمیں نہ سونپ دیں گے ان کے ساتھ کوئی راہ ورسم نہیں رکھی جائے گی، نہ شادی بیاہ کے معاملات ہونگے، نہ خرید وفروخت ہوگی، چنانچہ تین سال آپ نے اور آپ کے خاندان نے مشقت کے ساتھ گذارے تھے، پھر آپ نے اطلاع دی کہ قریش نے جس عہد نامہ کو خانہ کعبہ میں لٹکایا ہے اس کو دیمک نے چاٹ لیا ہے، تب جا کر قید سے چھٹکارا ملا اور بائیکات ختم ہوا۔

طور پر؟ یعنی یہ نزول مناسک میں داخل ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ابن عمرؓ اس کو سنت کہتے ہیں، اور ابن عباسؓ اور حضرت عائشہؓ اس کو محض راستہ کی ایک منزل قرار دیتے ہیں، مناسک میں شمار نہیں کرتے۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: آپؐ نے وہاں پڑاؤ اس لئے کیا تھا کہ سب ساتھی وہاں جمع ہو جائیں اور وہاں سے ایک ساتھ واپسی عمل میں آئے (یہ حدیث اگلے باب میں آرہی ہے)

اور بخاری شریف میں ایک روایت (حدیث ۱۵۹۰) ہے کہ آپؐ نے منی کے ایام میں فرمایا تھا: ہم کل خیفِ بنی کنانہ میں پڑاؤ کریں گے جہاں قریش اور کنانہ نے باہم قسمیں کھائی تھیں یعنی رسول اللہ ﷺ کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تھا۔ اس روایت سے بعض حضرات نے یہ بات سمجھی ہے کہ آپؐ کا ابطح میں نزول ارادی تھا، دین کی رفعت شان کے لئے آپؐ وہاں اترے تھے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ یہ نزول مناسک میں شامل نہیں، جیسے آپؐ حج کے موقع پر بیت اللہ میں داخل ہوئے تھے مگر اس میں اتفاق ہے کہ وہ مناسک میں شامل نہیں۔ غرض ائمہ اربعہ کے نزدیک تحصیب (ابطح میں اترنا) مناسک میں داخل نہیں مگر چونکہ آپؐ اور حضرات شیخین وہاں اترتے تھے اس لئے بیشتر علماء کے نزدیک تحصیب مستحب ہے (مگر اب وہاں مکانات بن گئے ہیں، وہاں نزول کی اب کوئی صورت نہیں)

[۸۱] باب ماجاء في نزولِ الأَبْطَحِ

[۹۰۹-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قالَ: حدثنا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ وعُمَرُ وعُثْمَانُ يَنْزِلُوْنَ الأَبْطَحَ.

وفي الباب: عن عائشةَ، وأبي رَافِعٍ، وابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ عبدِ الرزاقِ، عن عُبَيْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ.

وقَدِ اسْتَحَبَّ بَعْضُ أهلِ العلمِ نُزُوْلَ الأَبْطَحِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَرَوْا ذٰلِكَ واجبًا، إِلَّا مَنْ أَحَبَّ ذٰلِكَ: قال الشَّافِعِيُّ: ونُزُوْلُ الأَبْطَحِ لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْئٍ، إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

[۹۱۰-] حدثنا ابنُ أَبي عُمَرَ، نا سفيانُ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن عَطَاءٍ، عن ابنِ عباسٍ، قالَ: لَيْسَ التَّحْصِيْبُ بِشَيئٍ، إِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: التَّحْصِيْبُ نُزُوْلُ الأَبْطَحِ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: ابن عمرؓ کی حدیث کو ہم صرف عبدالرزاق کی سند سے جانتے ہیں۔ اور بعض علماء ابطح میں اترنے کو مستحب کہتے ہیں اس کو واجب جانے بغیر، ہاں جو شخص اس کو پسند کرے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اور ابطح میں اترنا مناسک میں

داخل نہیں، وہ صرف ایک منزل تھی جہاں رسول اللہ ﷺ اترے تھے۔ التحصیبُ کے معنی ہیں: ابطح میں اترنا۔

[۸۲] بابٌ

[۹۱۱-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلٰی، نا یَزِیْدُ بنُ زُرَیْعٍ، نا حَبِیْبُ الْمُعَلِّمُ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِیْهِ، عن عائشةَ، قالتْ: إِنَّمَا نَزَلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم الأَبْطَحَ لِأَنَّهُ کانَ أَسْمَحَ لِخُرُوْجِهِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدثنا ابن أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ نَحْوَهُ

ترجمہ: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ابطح میں صرف اس لئے اترے تھے کہ واپسی میں سہولت ہو، یعنی سب لوگ وہاں اکٹھے ہوجائیں پھر ایک ساتھ مدینہ کے لئے چلیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ حَجِّ الصَّبِیِّ

بچے کے حج کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ نابالغ بچے پر حج فرض نہیں، لیکن اگر وہ حج کرے تو اس کا حج صحیح ہے، البتہ وہ فرض حج کے قائم مقام نہیں ہوگا، بالغ ہونے کے بعد بشرط استطاعت دوبارہ حج کرنا ہوگا۔ پھر اگر بچہ سمجھ دار ہے تو وہ ارکانِ حج خود ادا کرے گا اور اگر ناسمجھ ہے تو ولی یا سرپرست اس کی طرف سے ارکان ادا کرے گا، اور اس بچہ کو بھی احرام پہنانا اور عرفات لے جانا ضروری ہے۔ اور ولی اور سرپرست جس نے بچہ کی طرف سے ارکان ادا کئے ہیں وہ ثواب کا مستحق ہوگا، یہی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا بھی مذہب ہے، اور امام نووی رحمہ اللہ نے شرح مسلم (۱:۴۳۲) میں جو لکھا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بچہ کا حج صحیح نہیں: یہ انتساب صحیح نہیں۔

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک عورت نے اپنا بچہ اٹھا کر نبی ﷺ کو دکھایا اور دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا اس بچہ کا حج ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں اور تجھے ثواب ملے گا (کیونکہ تو بچہ کی طرف سے ارکان ادا کرے گی)

حدیث (۲): سائب بن یزید کہتے ہیں: حجۃ الوداع میں میرے ابا نے مجھے ساتھ لے کر نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا (معلوم ہوا کہ سمجھ دار بچہ کا حج صحیح ہے اور وہ ارکان خود ادا کرے گا)

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا تو ہم عورتوں کی طرف سے تلبیہ پڑھتے تھے اور بچوں کی طرف سے رمی کرتے تھے۔

تشریح: حضرت جابرؓ کی یہ حدیث غریب بھی ہے اور ضعیف بھی ہے، اشعث ضعیف راوی ہے اور ابوالزبیر مدلس ہیں، اور مدلس کا عنعنہ معتبر نہیں اور ابن ماجہ، مسند احمد، مصنف ابن ابی شیبہ میں اس حدیث کے الفاظ یہ ہیں: حَجَجْنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم ومعنا النِّسَاءُ والصِّبْیَانُ فَلَبَّیْنَا عن الصبیان ورَمَیْنَا عنهم یعنی ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ حج کیا اور ہمارے ساتھ عورتیں اور بچے تھے پس ہم نے بچوں کی طرف سے تلبیہ پڑھا اور ان کی طرف سے رمی کی۔ حدیث کے یہ الفاظ اشبہ بالصواب ہیں، کیونکہ تمام ائمہ متفق ہیں کہ عورت خود تلبیہ پڑھے گی، تلبیہ میں نیابت جائز نہیں، اور یہاں جو حدیث ہے اس کی یہ تاویل کی گئی ہے کہ عورتوں کی طرف سے رفع صوت میں نیابت مراد ہے یعنی عورتیں آہستہ تلبیہ پڑھتی تھیں اور ہم ان کی طرف سے زور سے تلبیہ پڑھتے تھے —— اور بچے کی طرف سے تلبیہ اور رمی میں نیابت اس وقت جائز ہے جبکہ بچہ ناسمجھ ہو اگر بچہ سمجھ دار ہو تو وہ خود تلبیہ پڑھے گا اور خود ہی رمی کرے گا۔

[۸۳] باب ماجاء فی حج الصبی

[۹۱۲-] حدثنا محمدُ بنُ طَرِیْفٍ الکُوْفِیُّ، نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عن مُحمدِ بنِ سُوْقَةَ، عن محمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عن جابرِ بنِ عبدِ اللهِ، قال: رَفَعَتِ امْرَأَةٌ صَبِیًّا لَهَا إِلٰی رَسُوْلِ اللهِ صلی الله علیه وسلم، فقالَتْ: یارسولَ اللهِ! أَلِهٰذَا حَجٌّ؟ قال: "نَعَمْ وَلَكِ أَجْرٌ"

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، حدیثُ جَابِرٍ حدیثٌ غریبٌ.

حدثنا قُتَیبةُ، نا قَزَعَةُ بنُ سُوَیْدٍ الْبَاهِلِیُّ، عن محمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عن جَابرِ بنِ عبدِ اللهِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ، وقَدْ رُوِیَ عن محمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم مُرْسَلاً.

[۹۱۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ بنُ سَعِیدٍ، نا حَاتِمُ بنُ إسماعیلَ، عن محمدِ بنِ یُوْسُفَ، عن السَّائِبِ بنِ یَزِیْدَ، قالَ: حَجَّ بِیْ أَبِیْ مَعَ رسولِ اللهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَأَنَا ابنُ سَبْعِ سِنِیْنَ، قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَدْ أَجْمَعَ أَهْلُ العِلْمِ أَنَّ الصَّبِیَّ إِذَا حَجَّ قَبْلَ أَنْ یُدْرِكَ فَعَلَیْهِ الحَجُّ إِذَا أَدْرَكَ، لَاتُجْزِئُ عَنْهُ تِلْكَ الْحَجَّةُ عَنْ حَجَّةِ الإِسْلَامِ، وکَذَلِكَ الْمَمْلُوْكُ إِذَا حَجَّ فِیْ رِقِّهِ، ثُمَّ أُعْتِقَ فَعَلَیْهِ الحَجُّ إِذَا وَجَدَ إِلٰی ذٰلِكَ سَبِیْلاً، وَلَا یُجْزِئُ عَنْهُ مَا حَجَّ فی حالِ رِقِّهِ. وهُوَ قولُ الثَّوْرِیِّ، والشَّافِعِیِّ، وأَحْمَدَ وإسحاقَ.

[۹۱۴-] حدثنا محمدُ بنُ إسماعیلَ الوَاسِطِیُّ، قالَ: سَمِعْتُ ابنَ نُمَیْرٍ، عن أَشْعَثَ بنِ سَوَّارٍ، عن أَبِی الزُّبَیْرِ، عن جَابِرٍ، قال: کُنَّا إِذَا حَجَجْنَا مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فَکُنَّا نُلَبِّیْ عَنِ النِّسَاءِ وَنَرْمِیْ عَنِ الصِّبْیَانِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ لانَعرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وقَدْ أَجْمَعَ أهلُ العِلْمِ أَنَّ الْمَرْأَةَ لَایُلَبِّیْ عَنْهَا غَیْرُهَا، بَلْ هِیَ تُلَبِّیْ ویُکْرَهُ لَهَا رَفْعُ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِیَةِ.

وضاحت: پہلی حدیث جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے غریب ہے، محمد بن المنکدر رسے اوپر ایک سند ہے، مگر تمام راوی ثقہ ہیں اور محمد بن سوقہ جو صحاح ستہ کے راوی ہیں حدیث کو مسند روایت کرتے ہیں، اور قزعۃ بن سوید باہلی ان کے متابع ہیں مگر وہ ضعیف راوی ہے اور بعض رواۃ محمد بن المنکدر رسے اس کو مرسل روایت کرتے ہیں یعنی آخر میں حضرت جابر کا تذکرہ نہیں کرتے۔

ترجمہ: اور علماء کا اتفاق ہے کہ اگر بچہ بالغ ہونے سے پہلے حج کرے تو بالغ ہونے کے بعد اس پر حج فرض ہوگا، بچپن میں کیا ہوا حج فرض شمار نہیں ہوگا، ایسے ہی غلام، غلامی کے زمانہ میں حج کرے پھر آزاد ہو جائے تو اس پر حج فرض ہوگا جبکہ وہ بیت اللہ تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہو، یعنی اس کے پاس زادوراحلہ ہو اور جو حج اس نے غلامی کے زمانہ میں کیا ہے وہ کافی نہیں۔

اور تیسری حدیث بھی غریب ہے ہم اس کو نہیں جانتے مگر اس سند سے، اور علماء کا اجماع ہے کہ عورت کی طرف سے کوئی تلبیہ نہیں پڑھے گا بلکہ وہ خود تلبیہ پڑھے گی، البتہ عورت کے لئے زور سے تلبیہ پڑھنا مکروہ ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الحجِّ عن الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ والْمَیِّتِ

شیخ فانی اور میت کی طرف سے حج بدل کا بیان

تمام ائمہ متفق ہیں کہ عبادت بدنی میں نیابت جائز نہیں، اور عبادتِ مالی میں مطلقاً نیابت جائز ہے۔ اور جو عبادت بدن اور مال سے مرکب ہے اور ایسی عبادت صرف حج ہے، اس میں حالتِ اضطرار میں نیابت جائز ہے اور حالتِ اختیار میں جائز نہیں، البتہ اضطرار کی حالت کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف موت اضطرار کی حالت ہے، پس زندہ شخص خواہ وہ بوڑھا ہو یا کوئی اور عذر ہو، حج بدل نہیں کرا سکتا بلکہ اس پر حج بدل کی وصیت کرنا ضروری ہے اور وصیت تہائی ترکہ میں نافذ ہوگی۔ باقی تینوں فقہاء کے نزدیک موت کے علاوہ بڑھاپا وغیرہ بھی عذر ہیں، پس جو شخص بڑھاپے کی وجہ سے، یا لنگڑا لولا، اندھا اور اپاہج ہونے کی وجہ سے خود حج نہیں کر سکتا تو اس کا حج بدل کرنا جائز ہے۔

چند مسائل:

(۱) اگر میت پر حج فرض تھا اور اس نے حج بدل کی وصیت کی، اور تہائی ترکہ سے حج بدل کیا جا سکتا ہے، یا سب

ورثاء عاقل بالغ ہیں اور وہ سب تہائی ترکہ سے زیادہ سے حج بدل کرانے کی اجازت دیتے ہیں یا جو عاقل بالغ ہیں وہ اپنے حصہ میں سے حج کرنے کی اجازت دیتے ہیں تو زیادہ سے بھی حج کیا جاسکتا ہے، اور یہ حج بدل میت کے حق میں محسوب ہوگا، گویا اس نے خود حج کیا۔

(۲) اور اگر میت نے وصیت نہیں کی اور کوئی اس کی طرف سے اپنے پیسے سے حج بدل کرے تو اللہ کے فضل سے امید باندھنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اس کو میت کے حساب میں لے لیں، یقین سے یہ بات نہیں کہی جاسکتی کہ وہ حج میت کے حساب میں محسوب ہوگا۔

(۳) اور اگر میت نے وصیت کی ہے، مگر تہائی ترکہ ناکافی ہے اور ورثاء زیادہ سے حج کی اجازت نہیں دیتے تو استحساناً میت کو فریضہ سے سبکدوش کرنے کے لئے اس جگہ سے حج کرایا جائے گا جہاں سے ثلث مال سے حج ہوسکتا ہے (بدائع الصنائع ۲:۲۰۷ و أما بیان حکم فوات الحج)

اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر میت کے ذمہ حج فرض تھا یا نذر کی وجہ سے اس کے ذمہ حج لازم ہوا ہے تو اس کی حیثیت قرضہ کی ہے جس کی ادائیگی ضروری ہے، پس خواہ وہ وصیت کرے یا نہ کرے، اس کی طرف سے حج بدل کرانا ورثاء کی ذمہ داری ہے، اور وہ حج جمیع ترکہ سے ہوگا۔

حدیث: قبیلہ خثعم کی ایک عورت نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! میرے باپ کو اللہ کے فریضۂ حج نے پالیا ہے اور وہ بہت بوڑھے ہیں، اونٹ کی پیٹھ پر بیٹھنے کی سکت نہیں رکھتے (تو کیا میں ان کی طرف سے حج کرسکتی ہوں؟) آپؐ نے فرمایا: ''تم ان کی طرف سے حج کرو''

تشریح: استطاعتِ بدنی: نفسِ وجوبِ حج کے لئے شرط ہے یا وجوبِ اداء کے لئے؟ اس میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک نفس وجوب کے لئے شرط ہے، پس اگر کوئی شخص بہت بوڑھا ہے، سواری پر نہیں بیٹھ سکتا، نہ ارکانِ حج ادا کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور ایسی حالت میں زاد و راحلہ کا مالک ہوا تو اس پر حج کرنا یا حج بدل کرانا یا حج کی وصیت کرنا فرض نہیں، کیونکہ جب اس میں حج ادا کرنے کی طاقت ہی نہیں تو اس پر حج فرض کرنا تکلیف مالا یطاق ہے، ہاں اگر اُسے استطاعت مالی کے ساتھ استطاعت بدنی بھی حاصل تھی، مگر حج میں تاخیر کی یہاں تک کہ قدرت اور قوت ختم ہوگئی تو بالاتفاق اس پر حج فرض ہے، اگر خود نہ کرسکے تو حج بدل کرائے یا وصیت کرے۔ اور صاحبین کے نزدیک: استطاعتِ بدنی وجوب ادا کے لئے شرط ہے، نفس وجوب کے لئے شرط نہیں۔ پس جسے استطاعت مالی کے ساتھ استطاعت بدنی بھی حاصل ہو اس پر تو خود حج کرنا فرض ہے وہ حج بدل نہیں کراسکتا، اور جسے استطاعت بدنی حاصل نہیں اور وہ زاد و راحلہ کا مالک ہوا تو اس پر حج بدل کرانا یا وصیت کرنا ضروری ہے، اور حدیث باب سے بظاہر یہی مفہوم ہوتا ہے کہ سائلہ کے باپ پر شیخ کبیر ہونے کی حالت میں حج فرض ہوا ہے، پس اس سے صاحبین کے قول کی تائید

ہوتی ہے، مگر یہ بھی احتمال ہے کہ وہ حج فرض ہونے کے بعد شیخ فانی ہوگیا ہو پس وہ جمہور کے موافق ہوگی۔

ملحوظہ: مذکورہ حدیث ابن عباسؓ سے چار طرح سے مروی ہے (۱) فضل بن عباس کے واسطہ سے (۲) حصین بن عوف کے واسطہ سے (اس سند کا ذکر مصری نسخہ میں ہے) (۳) سنان بن عبداللہ اور ان کی پھوپھی کے واسطہ سے (۴) براہ راست ابن عباسؓ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے امام بخاریؒ سے اس سلسلہ میں دریافت کیا تو انھوں نے فضل بن عباس کے واسطہ والی حدیث کو اصح قرار دیا، کیونکہ آپؐ سے یہ سوال مزدلفہ اور منی کے راستہ میں کیا گیا تھا، اس وقت آنحضور ﷺ کے ردیف حضرت فضلؓ تھے اور ابن عباسؓ سامان کے ساتھ عرفہ سے سیدھے منی بھیج دیئے گئے تھے، مگر امام بخاریؒ نے دیگر اسانید کو بھی صحیح کہا ہے کیونکہ ممکن ہے ابن عباسؓ نے حُصین بن عوف سے اور ابن عبداللہ اور ان کی پھوپھی سے بھی یہ حدیث سنی ہو، پھر کبھی مرسل بھی روایت کی ہو یعنی درمیان کے واسطوں کو حذف کر کے براہ راست نبی ﷺ کی طرف نسبت کی ہو۔

فائدہ: امام ترمذیؒ نے ترجمۃ الباب میں میت کا ذکر بطریق دلالۃ النص کیا ہے، جب شیخ فانی جو ابھی حیات ہے حج بدل کرا سکتا ہے تو میت کا عذر تو اس سے قوی ہے پس اس کی طرف سے بھی بدرجۂ اولیٰ حج بدل کرانا جائز ہے۔

[۸٤] باب ماجاء فی الحج عن الشیخ الکبیر والمیِّت

[۹۱۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیعٍ، قالَ: حدثنا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، نا ابنُ جُرَیْجٍ، قالَ: أَخْبَرَنِی ابنُ شِهَابٍ، قال: حدَّثَنِیْ سُلَیْمَانُ بنُ یَسَارٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ عبَّاسٍ، عن الفَضْلِ بنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ خَثْعَمٍ قَالَتْ: یارسولَ اللهِ! إِنَّ أَبِیْ أَدْرَکَتْهُ فَرِیْضَةُ اللّٰهِ فِیْ الْحَجِّ وَهُوَ شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَا یَسْتَطِیْعُ أَنْ یَسْتَوِیَ علی ظَهْرِ البَعِیْرِ؟ قالَ: "حُجِّیْ عَنْهُ"

وفی الباب: عن علیٍّ، وبُرِیْدَةَ، وحُصَیْنِ بنِ عَوْفٍ، وأبی رَزِیْنٍ العُقَیْلِیِّ، وسَوْدَةَ، وابنِ عبّاسٍ،
قال أبو عیسی: حدیثُ الفضلِ بنِ عبّاسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَرُوِیَ عن ابنِ عبّاسٍ [عن حُصَیْنِ بنِ عَوْفٍ المُزَنِیِّ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَرُوِیَ عن ابنِ عبّاسٍ] عن سِنَانِ بنِ عبدِ اللهِ الجُهَنِیِّ، عَنْ عَمَّتِهِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، ورُوِیَ عن ابنِ عبّاسٍ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَسَأَلْتُ محمداً عن هذهِ الرِّوَایَاتِ، فقالَ: أَصَحُّ شیئٍ فی هذا مَارَوَی ابنُ عبّاسٍ، عنِ الفَضْلِ بنِ عبّاسٍ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قالَ محمدٌ: وَیَحْتَمِلُ أَنْ یَکُوْنَ ابنُ عَبَّاسٍ سَمِعَهُ مِنَ الْفَضْلِ وَغَیْرِهِ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، ثُمَّ رَوَی هذا [عن النبی صلی الله علیه وسلم] فَأَرْسَلَهُ، وَلَمْ یَذْکُرِ الَّذِیْ سَمِعَهُ مِنْهُ.

قال أبو عيسى: وقَدْ صَحَّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم فى هذا البابِ غَيْرُ حديثٍ، والعَمَلُ عَلَى هذا عندَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ، وبِهِ يقولُ الثَّوْرِيُّ، وابنُ المباركِ، والشافِعِيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ: يَرَوْنَ أَنْ يُحَجَّ عنِ الْمَيِّتِ، وقالَ مَالِكٌ: إِذَا أَوْصَى أَنْ يَحُجَّ عَنْهُ حُجَّ عَنْهُ، وقَدْ رَخَّصَ بَعْضُهُمْ أَنْ يَحُجَّ عن الحَيِّ إِذَا كانَ كَبِيْرًا، وبِحَالٍ لايَقْدِرُ أَنْ يَحُجَّ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ المُبَارَكِ، والشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن عباس یہ حدیث فضل سے روایت کرتے ہیں اور [حصین کے واسطہ سے] اور سِنان بن عبد اللہ سے بھی روایت کرتے ہیں، وہ اپنی پھوپھی سے روایت کرتے ہیں، وہ نبی ﷺ سے۔ اور ابن عباسؓ براہ راست بھی نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، پس میں نے امام بخاریؒ سے ان اسانید کے بارے میں پوچھا: انھوں نے فرمایا: ان میں سب سے زیادہ صحیح وہ حدیث ہے جو ابن عباس نے فضل بن عباس سے اور انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے۔ اور امام بخاری نے فرمایا: اور اس کا بھی احتمال ہے کہ ابن عباسؓ نے اس حدیث کو فضل بن عباس سے اور ان کے علاوہ سے مرسل (منقطع) روایت کیا ہو، یعنی جن سے یہ حدیث سنی ہے ان کا تذکرہ نہ کیا ہو، امام ترمذیؒ کہتے ہیں: نبی ﷺ سے اس باب میں متعدد صحیح حدیثیں مروی ہیں اور اس پر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے، اور ثوریؒ، ابن المبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاق اسی کے قائل ہیں۔ وہ سب میت کی طرف سے حج کرنے کو جائز کہتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب میت نے اپنی طرف سے حج کرانے کی وصیت کی ہو تو اس کی طرف سے حج کیا جائے گا، اور بعض علماء زندہ کی طرف سے بھی حج کرنے کی اجازت دیتے ہیں، جبکہ وہ بوڑھا ہو اور اس حال میں ہو کہ حج کرنے پر قادر نہ ہو، اور یہ ابن المبارک اور شافعی کا قول ہے۔

بابٌ مِنْهُ

دوسرے کی طرف سے عمرہ کرنے کا بیان

حدیث (۱): ابو رزین عقیلی سے مروی ہے کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! بیشک میرے والد بہت بوڑھے ہیں، نہ حج کی طاقت رکھتے ہیں نہ عمرہ کی، اور نہ وہ جانور پر سواری کرنے کی طاقت رکھتے ہیں (الظَّعْن (عین کے فتح اور سکون کے ساتھ) کے لغوی معنی ہیں: اونٹ پر سواری کرنا، پھر مطلقاً سواری کرنے کے لئے اس کا استعمال ہونے لگا) آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنے باپ کی طرف سے حج کرو اور عمرہ کرو''

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غیر کی طرف سے عمرہ بھی کیا جا سکتا ہے اور اس میں معذور ہونے کی بھی شرط نہیں ہے، کیونکہ عمرہ فرض نہیں اور جب زندہ کی طرف سے عمرہ کیا جا سکتا ہے تو میت کی طرف سے بھی بدرجہ اولیٰ

کیا جا سکتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت بُریدہؓ سے مروی ہے کہ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی اور اس نے کہا: بیشک میری ماں کا انتقال ہو گیا ہے اور اس نے حج نہیں کیا تو کیا میں اس کی طرف سے حج کر سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں تم اس کی طرف سے حج کرو'' (غالباً یہ کوئی اور عورت ہے، قبیلۂ خثعم کی عورت نہیں ہے جس کا سوال گذشتہ باب میں آیا ہے)

[۸۵] بابٌ مِنْهُ

[۹۱۶-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عيسى، نا وَكِيْعٌ، عن شُعْبَةَ، عنِ النُّعْمَانِ بنِ سَالِمٍ، عن عَمْرِو بنِ أَوْسٍ، عن أَبِىْ رَزِيْنٍ العُقَيْلِىِّ: أَنَّهُ أَتَى النبىَّ صلى الله عليه وسلم، فقالَ: يارسولَ الله! إِنَّ أَبِىْ شَيْخٌ كَبِيْرٌ لايَسْتَطِيْعُ الْحجَّ وَلا العُمْرَةَ وَلا الظَّعْنَ، قالَ: '' حُجَّ عن أَبِيْكَ وَاعْتَمِرْ''

قالَ أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وإِنَّمَا ذُكِرَتِ الْعُمْرَةُ عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم فى هذا الحديثِ: أَنْ يَعْتَمِرَ الرَّجُلُ عَنْ غَيْرِهِ، وأَبُوْ رَزِيْنٍ العُقَيْلِىُّ: اسْمُهُ لَقِيْطُ بنُ عَامِرٍ.

[۹۱۷-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلىٰ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، عن سُفيانَ الثَّوْرِىِّ، عن عبدِ اللهِ بنِ عَطَاءٍ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عن أَبِيْهِ، قالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلى النبىِّ صلى الله عليه وسلم، فقَالَتْ: إِنَّ أُمِّى مَاتَتْ وَلَمْ تَحُجَّ، أَفَأَحُجُّ عَنْهَا؟ قال: '' نَعَمْ حُجِّىْ عَنْهَا''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دوسرے کی طرف سے عمرہ کرنے کے سلسلہ میں مرفوع روایت بس یہی ایک ہے (البتہ حج بدل کی روایات متعدد ہیں)

بابُ ماجاءَ فى العُمْرَةِ أَوَاجِبَةٌ هِىَ أَمْ لاَ؟

کیا عمرہ واجب ہے؟

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک حج کی طرح زندگی میں ایک مرتبہ عمرہ بھی واجب (بمعنی فرض) ہے اور حج کے ساتھ عمرہ کرنے سے بھی یہ واجب ادا ہو جاتا ہے اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک عمرہ سنت ہے واجب نہیں، اور باب میں جو حدیث ہے وہ بڑے دو اماموں کی دلیل ہے، مگر وہ حجاج بن ارطاۃ کی وجہ سے ضعیف ہے اس کے باوجود امام ترمذیؒ نے اس کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے اور ان کی اصل دلیل عدم دلیل ہے، عمرہ کا وجوب ثابت کرنے والی کوئی نص موجود نہیں، اور آیت پاک: ﴿وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ﴾ سے نہ تو حج کی فرضیت

ثابت ہوتی ہے اور نہ عمرہ کی، حج کی فرضیت:﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ سے ثابت ہوتی ہے اور عمرہ کے بارے میں نہ کوئی دوسری آیت ہے اور نہ حدیث، مگر چونکہ آپؐ نے عمرے کئے ہیں اس لئے عمرہ کا زیادہ سے زیادہ سنت ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور چھوٹے دو اماموں کی دلیل ابن عمر اور ابن عباس کے اقوال ہیں وہ عمرہ کو واجب کہتے تھے (بخاری اوائل کتاب العمرۃ)

[۸۶] باب ماجاء فی العمرةِ: أواجبة هی أم لا؟

[۹۱۸-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الأَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا عُمَرُ بنُ علِيٍّ، عن الحَجَّاجِ، عن محمدِ بنِ المُنْكَدِرِ، عن جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنِ العُمْرَةِ: أَوَاجِبَةٌ هِيَ؟ قالَ:"لا، وأَنْ يَعْتَمِرُوْا هُوَ أَفْضَلُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أهلِ العلمِ قَالُوْا: العُمْرَةُ لَيْسَتْ بِوَاجِبَةٍ، وكَانَ يُقَالُ: هُمَا حَجَّانِ: الْحَجُّ الأَكْبَرُ يَوْمَ النَّحْرِ، وَالْحَجُّ الأَصْغَرُ العُمْرَةُ.

وقالَ الشَّافِعِيُّ: العُمْرَةُ سُنَّةٌ، لانَعْلَمُ أَحدًا رَخَّصَ فِيْ تَرْكِهَا، وَلَيْسَ فِيْهَا شَيْئٌ ثَابِتٌ بِأَنَّهَا تَطَوُّعٌ، قال: وقَدْ رُوِیَ عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَهُوَ ضَعِيْفٌ، لاتَقُوْمُ بِمِثْلِهِ الْحُجَّةُ، وقَدْ بَلَغَنَا عَنِ ابنِ عبّاسٍ أَنَّهُ كانَ يُوْجِبُهَا.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے عمرہ کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ واجب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "نہیں، اور لوگ عمرہ کریں یہ اچھی بات ہے" —— اور یہ بعض علماء کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: عمرہ واجب نہیں اور کہا جاتا تھا کہ یہ دو حج ہیں: حج اکبر یوم النحر کو ہوتا ہے اور حج اصغر عمرہ ہے، یعنی شریعت کی اصطلاح میں حج و عمرہ دونوں حج ہیں اور فرق کرنے کے لئے اصغر و اکبر کی قید بڑھاتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عمرہ سنت ہے (أي ثابتٌ بالسنة) ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے عمرہ ترک کرنے کی اجازت دی ہو، اور ایسی کوئی دلیل نہیں ہے جس سے عمرہ کا نفل ہونا ثابت ہوتا ہو۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور یہ (یعنی عمرہ کا نفل ہونا) نبی ﷺ سے مروی ہے مگر وہ حدیث ضعیف ہے اس جیسے مسئلہ میں اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا، اور ہمیں ابن عباس سے یہ بات پہنچی ہے کہ وہ عمرہ کو واجب کہا کرتے تھے۔

تشریح: امام شافعیؒ کا استدلال عجیب ہے، عمرہ کے سنت و نفل ہونے کو ثابت کرنے کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہیں، اس کے لئے بس اتنی بات کافی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے عمرے کئے ہیں، ہاں وجوب ثابت کرنے کے لئے دلیل کی ضرورت ہے اور وجوب پر دلالت کرنے والی کوئی نص نہیں، پس عدم دلیل ہی عمرہ کے عدم وجوب کی دلیل ہے۔

بابٌ مِنْهُ

کیا اشہر حج میں عمرہ کرنا جائز ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عمرہ حج میں قیامت کے دن تک داخل ہوگیا!''

تشریح: زمانۂ جاہلیت کا یہ تصور تھا کہ جس شخص کو جس سال حج کرنا ہو اس سال وہ اشہر حج میں عمرہ نہیں کرسکتا اس حدیث سے یہ تصور ختم کیا گیا ہے۔ اب عمرہ حج میں داخل ہوگیا، پس اشہر حج میں بھی عمرہ کیا جاسکتا ہے اور حج کے سفر میں بھی عمرہ ہوسکتا ہے اور حج کے ساتھ ملا کر قران بھی کیا جاسکتا ہے۔ حدیث کا یہی مطلب ہے اور بعض حضرات نے حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ قارن پر عمرہ کے افعال الگ سے واجب نہیں، حج کے طواف وسعی سے عمرہ کے طواف وسعی بھی ہوجاتے ہیں مگر حدیث کا یہ مطلب نہیں، پہلا مطلب ہی صحیح ہے، اور قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے یا دو طواف اور دو سعی: یہ مسئلہ آگے آرہا ہے۔

فائدہ: میقات دو ہیں: میقاتِ مکانی اور وہ پانچ ہیں: تفصیل پہلے گذر چکی ہے اور میقاتِ زمانی اور وہ ڈھائی مہینے ہیں، شوال، ذی قعدہ اور ذی الحجہ کا عشرۂ اولیٰ۔ اور حج وعمرہ کا احرام میقات مکانی سے پہلے باندھنا مستحب ہے اور میقاتِ زمانی یعنی شوال کا چاند نظر آنے سے پہلے حج کا احرام باندھنا مکروہ ہے۔

[۸۷] بابٌ مِنْهُ

[۹۱۹-] حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، ثنا زِیَادُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، عن یَزِیْدَ بنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عن مُجَاهِدٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قالَ:'' دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِیْ الحَجِّ إلی یَوْمِ الْقِیَامَةِ''

وفی الباب: عن سُرَاقَةَ بنِ مَالِكِ بنِ جُعْشَمٍ، وجَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، قال أبوعیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ حسنٌ.

ومَعْنی هذا الحدیثِ: أَنْ لاَ بَأْسَ بِالْعُمْرَةِ فِیْ أَشْهُرِ الْحَجِّ، وهٰکَذَا قالَ الشَّافِعِیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

ومَعنی هذا الحدیثِ: أَنَّ أهلَ الْجَاهِلِیَّةِ کَانُوْا لاَیَعْتَمِرُوْنَ فِیْ أَشْهُرِ الْحَجِّ، فَلَمَّا جَاءَ الإِسْلاَمُ رَخَّصَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم فِیْ ذٰلِكَ، قالَ:'' دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِیْ الحَجِّ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ'' یعنی لاَبَأْسَ بِالْعُمْرَةِ فِیْ أَشْهُرِ الْحَجِّ.

وأَشْهُرُ الْحَجِّ: شَوَّالُ وذُو القَعْدَةِ وعَشْرٌ مِنْ ذِی الْحِجَّةِ: لاَیَنْبَغِیْ لِلرَّجُلِ أَنْ یُهِلَّ بِالْحَجِّ إِلاَّ فِیْ أَشْهُرِ الْحَجِّ.

وأَشْهُرُ الحُرُمِ: رَجَبٌ وَذو القَعْدَةِ وَذو الحِجَّةِ والمُحَرَّمُ، هکذا رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ العلمِ

مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اوراس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اشہرِ حج میں عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور شافعی، احمداوراسحاق یہی بات کہتے ہیں، اوراس حدیث کا پس منظر یہ ہے کہ زمانۂ جاہلیت کے لوگ اشہرِ حج میں عمرہ نہیں کیا کرتے تھے، پس جب اسلام آیا تو نبی ﷺ نے اس کی اجازت دیدی اور فرمایا: ''عمرہ حج میں داخل ہوگیا قیامت کے دن تک'' یعنی اب اشہرِ حج میں عمرہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، اوراشہرِ حج: شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کا پہلا عشرہ ہیں، کسی آدمی کے لئے حج کا احرام باندھنا مناسب نہیں، مگراشہرِ حج میں ——— اوراشہرحرم (محترم مہینے) رجب ، ذوالقعدہ، ذوالحجہ اورمحرم ہیں۔ صحابہ اوران کے علاوہ متعدد علماء سے یہی مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ ذِكْرِ فَضْلِ الْعُمْرَةِ

عمرہ کے ثواب کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک کفارہ ہے ان گناہوں کا جو درمیان میں ہوئے ہیں۔ اورحج مبرور کا بدلہ جنت ہی ہے''

تشریح: شعائر اللہ (بیت اللہ) کی تعظیم اوررحمت الٰہی کے سمندر میں غوطہ زن ہونا گناہوں کو مٹاتا ہے اور جنت میں پہنچاتا ہے اورحج مبرور کی فضیلت سے بہرہ ور ہونے کے لئے حج کے سفر میں رفث فسوق اور جدال سے احتراز ضروری ہے، تفصیل پہلے گذرچکی ہے۔

[٨٨] باب ماجاء فی ذکر فضل العمرة

[٩٢٠-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن سُمَيٍّ، عن أَبِيْ صَالِحٍ، عن أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قالَ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "العُمْرَةُ إِلَى الْعُمْرَةِ تُكَفِّرُ مَا بَيْنَهُمَا، وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةَ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی العُمْرَةِ مِنَ التَّنْعِيْمِ

تنعیم سے عمرہ کرنے کا بیان

حجۃ الوداع میں جب مکہ میں پہنچنے کے بعد وحی آئی کہ جن کے پاس ہدی نہیں ہے وہ حج کے احرام کو عمرہ کا احرام

کردیں اور ارکانِ عمرہ ادا کرکے احرام کھول دے، پھر آٹھ ذی الحجہ کو مکہ ہی سے دوبارہ حج کا احرام باندھیں تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی حج کے احرام کو عمرے کا احرام کر دیا مگر وہ حالت حیض میں تھیں اس لئے عمرہ کے ارکان ادا نہیں کرسکیں، ابھی انھوں نے ارکانِ عمرہ ادا نہیں کئے تھے کہ یوم الترویہ آگیا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم دیا کہ عمرہ کا احرام توڑ دیں اور فرمایا: نہا کر اور سر میں کنگھی کرکے حج کا احرام باندھ لو، چنانچہ انھوں نے عمرہ کا احرام توڑ دیا اور حج کا احرام باندھ لیا اور منی، عرفات وغیرہ گئیں، پھر مزدلفہ کی رات میں وہ پاک ہوئیں، تیرہ ذی الحجہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بھائی عبدالرحمٰن کو حکم دیا کہ وہ اپنی بہن کو تنعیم لے جائیں اور وہاں سے عمرہ کرائیں، پھر فلاں مقام میں آکر قافلہ میں مل جائیں وہاں میں انتظار کروں گا۔ غرض حضرت عائشہؓ نے مقام تنعیم سے عمرہ کیا ہے اور یہ جگہ کعبہ شریف سے قریب ترین حل ہے، تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے اور اب وہاں مسجد عائشہ بنی ہوئی ہے، اور مسئلہ بھی یہی ہے کہ اگر عورت نے عمرہ کا احرام باندھا ہے اور حیض کی وجہ سے ارکانِ عمرہ ادا نہ کرسکے اور آٹھ ذی الحجہ آجائے تو وہ عمرے کا احرام توڑ دے اور حج کا احرام باندھ لے، پھر حج کے بعد عمرہ کی قضا کرے۔

[۸۹] باب ماجاء فی العمرة من التنعيم

[۹۲۱-] حدثنا يَحيى بنُ مُوسى، وابنُ أَبِیْ عُمَرَ، قالا: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن عَمْرِو بنِ أَوْسٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی بَكْرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم أَمَرَ عبدَ الرحمنِ بنَ أَبِیْ بَكْرٍ أَنْ يُعْمِرَ عَائِشةَ مِنَ التَّنْعِيْمِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی العُمْرَةِ مِنَ الْجِعْرَانَةِ

جعرانہ سے عمرہ کرنے کا بیان

فتح مکہ کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ معظّمہ میں انیس دن قیام فرمایا ہے، پھر حنین تشریف لے گئے، وہاں سے طائف گئے اور ایک مہینے تک اس کا محاصرہ کیا، پھر جعرانہ میں آکر حنین کی غنیمت تقسیم کی، اس لئے یہاں کئی دن قیام رہا، پھر جب مدینہ لوٹنے کا وقت آیا تو آپ نے ایک رات جعرانہ سے عمرہ کا احرام باندھا، اور عمرہ ادا کرکے صبح سے پہلے جعرانہ لوٹ آئے، اس لئے اکثر لوگوں سے یہ عمرہ مخفی رہا، پھر اگلے دن زوال کے بعد مدینہ منورہ کی طرف مراجعت فرمائی، میدانِ سرف کے بیچ میں سے جو راستہ گذرتا ہے آپؐ اس پر چلے اور جہاں مکہ کے بالائی اور زیریں حصوں کے راستے ملتے ہیں اس پر آکر مدینہ کے روڈ پر چلے۔

ملحوظہ: آج کل تنعیم سے جو عمرہ کیا جاتا ہے اس کو چھوٹا عمرہ کہتے ہیں، کیونکہ وہ جگہ کعبہ سے نزدیک ہے اس میں خرچ کم ہوتا ہے اور جعرانہ سے جو عمرہ کیا جاتا ہے اس کو بڑا عمرہ کہتے ہیں اس میں خرچ زیادہ ہوتا ہے وہ مکہ سے بعید ترین حل کی جگہ ہے (اور یہ لفظ جِعْرَانَة اور جِعِرَّانة: دونوں طرح درست ہے)

[۹۰] باب ماجاء فی العمرة من الجِعْرَانَةِ

[۹۲۲-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُزَاحِمِ بنِ أَبِيْ مُزَاحِمٍ، عن عبدِ العزيزِ بنِ عبدِ الله، عن مُحَرِّشٍ الكَعْبِيِّ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم خَرَجَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ لَيْلاً مُعْتَمِرًا، فَدَخَلَ مَكَّةَ لَيْلاً، فقَضَى عُمْرَتَهُ، ثُمَّ خَرَجَ مِنْ لَيْلَتِهِ، فَأَصْبَحَ بِالْجِعْرَانَةِ كَبَائِتٍ، فَلَمَّا زَالَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْغَدِ خَرَجَ فِيْ بَطْنِ سَرِف حَتَّى جَاءَ مَعَ الطَّرِيْقِ، طَرِيْقِ جَمْعٍ بِبَطْنِ سَرِفَ، فَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ خَفِيَتْ عُمْرَتُهُ على النَّاسِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْرِفُ لِمُحَرِّشٍ الكَعْبِيِّ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هذا الحديثِ.

ترجمہ: محرش کعبی سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جعرانہ سے رات میں عمرہ کا احرام باندھ کر نکلے اور مکہ میں رات میں داخل ہوئے اور عمرہ کے ارکان ادا کئے، پھر مکہ سے رات ہی میں نکلے اور جعرانہ میں اس طرح صبح کی کہ گویا آپؐ نے یہیں رات گذاری ہے، پھر جب اگلے دن سورج ڈھلا تو آپؐ سرف کے بیچ میں سے جو راستہ جاتا ہے اس پر چلے یہاں تک کہ روڈ پر آ گئے یعنی ہائے وے پر آ گئے جو مقام سرف کے بیچ سے گذرتا ہے۔ پس اسی وجہ سے آپؐ کا یہ عمرہ لوگوں پر مخفی رہ گیا —— محرش الکعبی قلیل الروایہ صحابی ہیں، ان سے صرف یہی ایک حدیث مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی عُمْرَةِ رَجَبٍ

رجب میں آپؐ نے عمرہ نہیں کیا

نبی ﷺ نے چار عمرے کئے ہیں اور چاروں حقیقتاً یا حکماً ذوالقعدہ میں کئے ہیں، رجب میں کوئی عمرہ نہیں کیا، مگر ابن عمر رضی اللہ عنہما کو ایسا یاد رہ گیا کہ آپؐ نے ایک عمرہ رجب میں بھی کیا ہے اس لئے انھوں نے طلبہ کے سامنے یہی بات بیان کی، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات پہنچی تو انھوں نے فرمایا: اللہ ابو عبدالرحمٰن (یہ ابن عمر کی کنیت ہے) کو معاف فرمائیں! رسول اللہ ﷺ نے جتنے عمرے کئے ہیں سب میں ابن عمرؓ آپؐ کے ساتھ تھے، مگر آپؐ نے کوئی عمرہ رجب میں نہیں کیا (ابن عمرؓ یہ سن کر خاموش رہے، ان کو اپنے تسامح کا احساس ہو گیا)

[۹۱] باب ماجاء فی عمرةِ رجبٍ

[۹۲۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا يَحيىَ بنُ آدَمَ، عن أبی بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عن الْأَعْمَشِ،عن حَبِيْبِ بنِ أَبِیْ ثَابِتٍ، عن عُرْوَةَ، قالَ:سُئِلَ ابنُ عُمَرَ فِیْ أَیِّ شَهْرٍ اعْتَمَرَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم؟ فقالَ فِیْ رَجَبٍ، قالَ: فَقَالَتْ عائشةُ: مااعْتَمَرَ رسولُ الله صلی الله علیه وسلم إِلَّا وَهُوَ مَعَهُ، تَعْنِیْ ابنَ عُمَرَ، وَمَا اعْتَمَرَ فِیْ شَهْرِ رَجَبٍ قَطُّ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، سَمِعْتُ محمداً يقولُ: حَبِيْبُ بنُ أَبِیْ ثَابِتٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ.

[۹۲٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا الحَسَنُ بنُ مُوْسَی، نا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عن مُجَاهِدٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم اعْتَمَرَ أَرْبَعًا إِحْدَاهُنَّ فِیْ رَجَبٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: ابن عمرؓ سے پوچھا گیا: رسول اللہ ﷺ نے کس مہینے میں عمرہ کیا؟ آپ نے فرمایا: رجب میں، عروہ کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے کوئی عمرہ نہیں کیا مگر ابن عمر آپؐ کے ساتھ تھے اور آپؐ نے ماہ رجب میں کبھی عمرہ نہیں کیا ——— اس حدیث میں انقطاع ہے کیونکہ حبیب بن ابی ثابت کا حضرت عروہ سے سماع نہیں ——— ابن عمر سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے چار عمرے کئے ان میں سے ایک عمرہ رجب میں کیا ہے (یہی وہ روایت ہے جس پر حضرت عائشہؓ نے نقد کیا ہے)

بابُ ماجاءَ فِیْ عُمْرَةِ ذِی الْقَعْدَةِ

ذی قعدہ میں عمرہ کرنے کا بیان

نبی ﷺ نے چاروں عمرے ذی قعدہ میں کئے ہیں، حدیبیہ کے سال بھی ذی قعدہ میں عمرہ کے لئے تشریف لے جارہے تھے، مگر مشرکین نے جانے نہیں دیا، پس یہ ایک عمرہ ہوا۔ پھر آئندہ سال ذی قعدہ میں اس کی قضا کی، اور جعرانہ سے جو عمرہ کیا تھا وہ بھی ذی قعدہ میں کیا تھا اور حج کے ساتھ جو عمرہ کیا تھا اس کا احرام بھی ذی قعدہ میں باندھا تھا۔

[۹۲] باب ماجاء فی عمرة ذی القعدة

[۹۲۵-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ محمدٍ الدُّوْرِیُّ، ثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِیُّ الْكُوْفِیُّ، عن إسرائيلَ،

عن أَبِیْ إسحاقَ، عن البَرَاءِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم اعْتَمَرَ فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ.
قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فِیْ عُمْرَةِ رَمَضَانَ

رمضان میں عمرہ کرنے کی فضیلت

آنحضرت ﷺ نے رمضان میں کوئی عمرہ نہیں کیا، البتہ رمضان میں عمرہ کی فضیلت بیان کی ہے کہ وہ حج کے برابر ہے، یہاں اگر کوئی سوال کرے کہ جب رمضان کے عمرہ کی یہ فضیلت ہے تو آپؐ نے رمضان میں عمرہ کیوں نہیں کیا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے حجۃ الوداع کے بعد ایک خاص موقع پر یہ بات فرمائی تھی مگر اس کے بعد آپؐ کو رمضان نہیں ملا، ربیع الاول میں انتقال ہوگیا، اس لئے آپؐ نے رمضان میں عمرہ نہیں کیا۔

اور اس حدیث کا پس منظر یہ ہے کہ ایک خاتون ام معقل رضی اللہ عنہا ہیں۔ آنحضرت ﷺ کے ساتھ ان کا خصوصی تعلق تھا اور آپؐ کے ساتھ حج کرنے کی ان کی بڑی آرزو تھی، چنانچہ انھوں نے اونٹ وغیرہ خرید کر تیاری کر لی تھی مگر وہ حضور ﷺ کے ساتھ حج میں نہیں جاسکیں، جب آپؐ حج سے فارغ ہوکر مدینہ منورہ مراجعت فرما ہوئے تو وہ ملاقات کے لئے آئیں، آپؐ نے پوچھا: ام معقل! تم نے تو حج کی پوری تیاری کر رکھی تھی، پھر حج میں کیوں نہیں آئیں؟ انھوں نے شکستہ دل سے جواب دیا: یارسول اللہ! آرزو تو بہت تھی مگر کیا کرتی ابومعقل کو چیچک نکل آئی اس لئے دل مسوس کر رہ گئی! آپؐ نے فرمایا: ''رمضان میں عمرہ کر لینا میرے ساتھ حج کرنے کا ثواب مل جائے گا''

اس حدیث میں سب سے پہلی بات غور طلب یہ ہے کہ یہ فضیلت اس رمضان کے ساتھ خاص تھی یا قیامت تک کے رمضانوں کے لئے ہے؟ اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ فضیلت صرف ام معقلؓ کے لئے ہے یا ہر شخص کے لئے ہے؟ حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ یہ فضیلت ام معقل ہی کے لئے تھی اور اس مخصوص رمضان کے لئے تھی، لیکن پوری امت متفق ہے کہ یہ فضیلت عام ہے، ام معقلؓ کے ساتھ خاص نہیں، اور اس مخصوص رمضان کے لئے بھی نہیں، ہر رمضان میں عمرہ کرنے کی یہ فضیلت ہے۔ پس جب پوری امت کی رائے یہ ہے تو ہماری بھی رائے یہی ہے، البتہ ایک حدیث میں لفظ مَعی آیا ہے یعنی رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب نبی ﷺ کے ساتھ حج کرنے کے ثواب کے برابر ہے، اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ لفظ مَعی میں اول تو راوی کو شک ہے پھر لفظ مَعی کو علماء نے عام نہیں کیا، ام معقل کے ساتھ خاص رکھا ہے، کیونکہ انھوں نے آپؐ کے ساتھ حج کی پوری تیاری کر لی تھی، مگر شوہر کی خدمت کے لئے رک گئیں، اس لئے ان کو یہ صلہ ملا۔ چنانچہ علماء بس اتنی بات کہتے ہیں کہ رمضان میں عمرہ کرنے سے حج کا ثواب ملتا ہے۔ حضور ﷺ کے ساتھ حج کرنے کا ثواب ملتا ہے یہ بات کوئی نہیں کہتا۔

فائدہ: عمرہ چھوٹا حج ہے کیونکہ حج میں دو باتیں جمع ہوتی ہیں: ایک: شعائر اللہ کی تعظیم، دوسری: لوگوں کا اجتماعی طور پر اللہ کی رحمت کو طلب کرنا، اور عمرہ میں صرف پہلی بات پائی جاتی ہے اس لئے اس کا درجہ حج سے کم ہے، مگر رمضان کے عمرہ میں دونوں باتیں پائی جاتی ہیں، رمضان میں نیکوکاروں کے انوار ایک دوسرے پر پلٹتے ہیں اور روحانیت کا نزول ہوتا ہے اور اب تو رمضان کے عمرہ میں حج جیسا منظر ہوتا ہے، لوگوں کا بڑا اجتماع ہوتا ہے اس لئے رمضان کے عمرہ کو جو حج کے برابر گردانا گیا ہے وہ خوب سمجھ میں آجاتا ہے۔

[۹۳] باب ماجاء في عمرة رمضان

[۹۲٦-]حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا أبوأحمدَ الزُّبَيْرِيُّ، حدثنا إسْرَائِيْلُ، عن أَبِيْ إِسْحَاقَ، عنِ الْأَسْوَدِ بنِ يَزِيْدَ، عن ابنِ أُمِّ مَعْقِلٍ، عن أُمِّ مَعْقِلٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "عُمْرَةٌ فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً"

وفي الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، وجَابِرٍ، وأبي هريرةَ، وأنسٍ، وَوَهْبِ بنِ خَنْبَشٍ، قالَ أبو عيسى: وَيُقَالُ هَرَمُ بنُ خَنْبَشٍ: قَالَ بَيَانٌ وَجَابِرٌ عن الشَّعْبِيِّ: عن وَهْبِ بنِ خَنْبَشٍ، وَقَالَ دَاوُدُ الْأَوْدِيُّ، عن الشَّعْبِيِّ: عن هَرَمِ بنِ خَنْبَشٍ، وَوَهْبٌ أَصَحُّ، وَحَدِيْثُ أُمِّ مَعْقِلٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: قَدْ ثَبَتَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ عُمْرَةً فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً، قالَ إسحاقُ: مَعْنَى هذا الحديثِ مِثْلَ مَارُوِيَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ قَرَأَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ فَقَدْ قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرآنِ"

ترجمہ: باب میں جن صحابہ کی حدیثوں کا حوالہ ہے ان میں ایک صحابی وہب بن خنبش ہیں، ان کے نام میں اختلاف ہے، بیان بن بشر اور جابر جعفی: وہب بن خنبش کہتے ہیں اور داؤد اودی: ہرم بن خنبش کہتے ہیں۔ صحیح نام وہب ہے (ہرم نہیں) —— امام احمد اور اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ سے یہ حدیث ثابت ہے کہ رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے، اسحاق کہتے ہیں: اس حدیث کا مطلب ایسا ہی ہے جیسا سورۂ اخلاص کی فضیلت میں مروی حدیث کا ہے، آپؐ نے فرمایا: جس نے سورۂ اخلاص پڑھی اس نے تہائی قرآن پڑھا (یعنی سورۂ اخلاص پڑھنے سے تہائی قرآن پڑھنے کا ثواب ملتا ہے، مذکورہ حدیث بھی اسی انداز پر ہے، یعنی رمضان میں عمرہ کرنے کا فضلی (انعامی) ثواب حج کے اصلی ثواب کے برابر ہے اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حج کی ضرورت نہیں، اس کی اہمیت اپنی جگہ پر ہے اس لئے کہ حج کا اصلی اور فضلی ثواب بے حساب ہے۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۵۲ میں ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الَّذِیْ یُھِلُّ بِالْحَجِّ فَیُکْسَرُ أَوْ یَعْرَجُ

جوشخص حج کا احرام باندھے پھراس کی ہدی ٹوٹ جائے یالنگڑا ہو جائے تو کیا کرے؟

کسی شخص نے حج یا عمرہ کا احرام باندھا، پھر کوئی حادثہ پیش آیا اور لنگڑا ہوگیا یا ایکسیڈنٹ ہوا اور ہڈیاں ٹوٹ گئیں، یا کسی شدید مرض میں مبتلا ہوگیا یا کسی جرم کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے جیل میں چلا گیا یا سب مال واسباب چوری ہوگیا اور سفر کے اسباب نہ رہے یا دشمن نے روک دیا تو ان سب صورتوں میں احناف کے نزدیک احصار متحقق ہوگا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک احصار صرف دشمن کی وجہ سے ہوتا ہے دیگر اعذار کی وجہ سے احصار متحقق نہیں ہوتا۔

اور احصار میں ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: جہاں احصار ہوا ہے محصر وہیں قربانی کر کے اور سر منڈا کر احرام کھول دے گا، اور اس پر اس حج یا عمرہ کی قضا واجب نہیں، اور چونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دشمن کے علاوہ اعذار کی صورت میں احصار متحقق نہیں ہوتا اس لئے ان اعذار کی صورت میں اُسے بہر حال مکہ پہنچنا ہوگا، پھر عمرے کا احرام تو ارکانِ عمرہ ادا کرنے سے کھلتا ہے اور حج کا احرام ارکانِ حج ادا کرنے سے بھی کھلتا ہے اور حج کے دن گذر چکے ہوں تو عمرہ کے افعال کرنے سے بھی کھل جائے گا۔ اور اس حج کی قضا واجب ہوگی، اس کے علاوہ ان کے نزدیک احرام سے نکلنے کی دوسری کوئی صورت نہیں۔

اور احناف کے نزدیک: ہر عذر سے احصار متحقق ہوتا ہے اور احرام ختم کرنے کے لئے ہدی (قربانی) حرم میں بھیجنی ضروری ہے، جب وہاں ہدی ذبح ہوگئی تو احرام کھل گیا، اور اس حج یا عمرہ کی قضا واجب ہوگی، اور احرام کھولنے کے لئے سر منڈانا ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ائمہ ثلاثہ کی طرح با قاعدہ سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری ہے، اور طرفین کے نزدیک جب حرم میں ہدی ذبح ہوگئی تو خود بخود احرام کھل گیا، سر منڈانے کی ضرورت نہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں تین دلائل ہیں جن پر مسائل کا مدار ہے: ایک قرآن کریم کی آیت ہے، دوسرا نبی ﷺ کا واقعہ ہے اور تیسری حدیثِ باب ہے، جو اعلی درجہ کی صحیح ہے، اگرچہ ہمارے نسخوں میں صرف حسنٌ ہے مگر مصری نسخہ میں صحیحٌ بھی ہے۔

واقعہ اور آیت: سن ۶ ہجری میں نبی ﷺ نے ایک خواب دیکھا جس کا تذکرہ سورۃ الفتح (آیت ۲۷) میں ہے کہ آپؐ مع اصحاب مکہ مکرمہ عمرہ کے لئے تشریف لے گئے اور سب نے باطمینان عمرہ ادا کیا، اس خواب کی وجہ سے (نبی کا خواب وحی ہوتا ہے) آپؐ کا اور صحابہ کا اشتیاق بڑھ گیا، چنانچہ آپؐ ۱۵۰۰ صحابہ کے ساتھ عمرہ کے لئے روانہ ہوئے، خیال رہے کہ کعبہ شریف سب کی مشترک عبادت گاہ تھی، وہاں حج یا عمرے کے لئے آنے والوں کو روکنے کا کسی کو حق نہیں

تھا، مگر جب یہ قافلہ حدیبیہ پہنچا تو اطلاع ملی کہ مکہ والوں کا ارادہ ٹھیک نہیں، وہ آپؐ کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے، چنانچہ آپؐ حدیبیہ میں رک گئے، اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو یہ پیغام دے کر مکہ بھیجا کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں، پھر مکہ سے یکے بعد دیگرے کئی وفد آئے بالآخر صلح ہوگئی کہ آپؐ اور صحابہ امسال واپس جائیں، اس موقعہ پر سورۃ البقرہ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی: ﴿وَأَتِمُّوْا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ، فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ، وَلَا تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ﴾ ترجمہ: اور پورا کرو حج اور عمرہ اللہ کے لئے، پس اگر تم روک دیئے جاؤ تو تم پر قربانی ہے جو تمہیں بسہولت میسر آئے، اور اپنے سروں کو نہ منڈاؤ یہاں تک کہ قربانی اس کی جگہ پہنچ جائے۔ اس آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ قربانیاں کر کے احرام کھول دو، مگر صحابہ پر غم کا پہاڑ ٹوٹا ہوا تھا، انہیں اب بھی امید تھی کہ عمرہ کریں گے آپؐ کا خواب جھوٹا نہیں ہوسکتا، اس لئے انھوں نے قربانیاں نہیں کیں، آپ خیمہ میں تشریف لے گئے اس سفر میں ام سلمہؓ ساتھ تھیں، آپؐ نے ان سے ناراضگی کے لہجہ میں فرمایا: ''تیرے باپ کی قوم میری بات نہیں مانتی!'' حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ایسا نہیں ہے لوگ غمگین ہیں، پس آپؐ کسی سے کچھ نہ کہیں، اپنی قربانی ذبح کر کے سر منڈا کر احرام کھول دیں۔ چنانچہ آپؐ نے ایسا ہی کیا، جب آپؐ کا احرام کھل گیا تو صحابہ کی امید پر پانی پھر گیا، انھوں نے بھی قربانیاں کر کے احرام کھول دیئے۔

حدیثِ باب: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کی ہڈی توڑ دی گئی یا وہ لنگڑا ہوگیا(۱) تو اس کا احرام کھل گیا، اور اس کے ذمہ دوسرا حج ہے۔

ائمہ ثلاثہ: نے شان نزول والے واقعہ کو اصل قرار دیا اور فرمایا کہ اس واقعہ میں احصار دشمن کی طرف سے تھا اور نبی ﷺ نے اور سب صحابہ نے حدیبیہ ہی میں قربانیاں کی تھیں، حرم میں قربانیاں روانہ نہیں کی تھیں اور سر منڈا کر احرام کھولا تھا، اس لئے احصار صرف دشمن کی وجہ سے ہوتا ہے اور جہاں احصار ہو وہیں قربانی کر کے احرام کھولا جائے گا اور باقاعدہ سر منڈانا ضروری ہے، اور دیگر اعذار شانِ نزول والے واقعہ کے درجہ کے نہیں ہیں، اس لئے ان سے احصار نہیں ہوگا، جیسے ایک صحابی نے رمضان میں بیوی سے صحبت کر کے روزہ توڑ دیا تھا اور آپؐ نے قضا اور کفارہ کا حکم دیا تھا، پس جو صحبت کر کے روزہ توڑے اس پر تو بالاجماع قضا اور کفارہ واجب ہونگے اور جو کھا پی کر روزہ توڑے اس پر کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ چھوٹے دواماموں کے نزدیک اس میں کفارہ واجب نہیں، وہ

(۱) جاننا چاہئے کہ فعل لازم کا بھی کبھی مجہول آتا ہے اور یہ قاعدہ کہ فعل لازم کا مجہول اور مفعول نہیں آتے یہ اکثری قاعدہ ہے، بلکہ مفعول تو ہر فعل کا ہوتا ہے خواہ فعل لازم ہو یا متعدی، بس اتنا فرق ہے کہ فعل متعدی کے فاعل و مفعول الگ الگ ہوتے ہیں اور فعل لازم کا جو فاعل ہوتا ہے وہی مفعول بھی ہوتا ہے جیسے: جلس زیدٌ: اس میں فعل جلوس خود زید پر واقع ہوا ہے اور أجلس عمراً میں جلوس عمرو پر واقع ہوا ہے ۱۲

فرماتے ہیں کہ اکل وشرب: جماع کے معنی میں نہیں، جماع میں بہت زیادہ مزہ ہے، اکل وشرب میں وہ مزہ نہیں، پس یہ دونوں جماع کے درجہ میں نہیں، اسی طرح دشمن کی طرف سے جو احصار ہوتا ہے اس کی نوعیت الگ ہے اور دیگر اعذار کی وجہ سے جو احصار ہوتا ہے اس کی نوعیت الگ ہے پس ان کا حکم بھی الگ ہے۔ اور باب کی حدیث سے انھوں نے صرف نظر کیا ہے اور ائمہ ثلاثہ کی دوسری دلیل: حدیث اشتراط ہے جو اگلے باب میں آرہی ہے، وہ کہتے ہیں: اگر احصار ہر عذر سے ہوتا ہے تو اشتراط کی کیا ضرورت ہے؟

اور حنفیہ کہتے ہیں: جو احصار دشمن کی وجہ سے ہوتا ہے اس کے لئے لفظ حَصَر (مجرد) آتا ہے اور جو احصار دیگر موانع سے ہوتا ہے اس کے لئے باب افعال سے إحصار آتا ہے، اکثر اہل لغت نے یہی فرق لکھا ہے اور آیت میں أُحْصِرْتُمْ (باب افعال) سے ہے جبکہ حدیبیہ میں دشمن کی طرف سے احصار ہوا تھا، یعنی آیت میں دیگر موانع سے احصار کا ذکر ہے۔ اور آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے احرام کھول دیا تھا، کیونکہ آیت کا حکم احصار کی اقوی صورت کو بھی شامل ہے جیسے: ﴿وَلاَ تَقُلْ لَّهُمَا أُفٍّ﴾ سے ضرب وشتم اور ہر طرح کی ایذا رسانی کی حرمت دلالۃ النص سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرح دلالت النص سے دشمن کے احصار کا حکم بھی آیت سے معلوم ہو گیا پس آیت اور واقعہ کے مجموعہ سے ثابت ہوا کہ احصار ہر صورت میں ہوتا ہے۔ اور دوسری دلیل باب کی حدیث ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دشمن کے علاوہ دیگر اعذار کی وجہ سے بھی احصار ہوتا ہے۔

اور حنفیہ جو کہتے ہیں کہ قربانی حرم میں ذبح کرنی ضروری ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ آیت پاک میں دو مرتبہ لفظ ھدی آیا ہے اور ہدی کی تعریف ہے: ما یُهْدیٰ إلی الحرم: وہ جانور جو حرم میں ذبح کیا جائے، اور ارشادِ پاک ہے: ﴿وَلاَ تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهُ﴾ یعنی جب تک ہدی اس کی جگہ میں نہ پہنچ جائے ممنوعاتِ احرام سے بچو، محلہ سے حرم مراد ہے، پس ثابت ہوا کہ قربانی حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے، جہاں احصار پیش آیا ہے وہاں جانور ذبح کرنا جائز نہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ حدیبیہ کا ایک حصہ حل میں ہے اور ایک حصہ حرم میں، آپؐ کا قافلہ تو حل میں رکا تھا مگر قربانیاں حرم میں کی گئی تھیں۔

اور ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک احصار کی صورت میں سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری ہے اور طرفین کے نزدیک قربانی ذبح ہوتے ہی خود بخود احرام کھل جائے گا سر منڈا کر احرام کھولنا ضروری نہیں، اس مسئلہ میں جمہور کی دو دلیلیں ہیں: اول: حدیبیہ میں نبی ﷺ نے اور صحابہ نے با قاعدہ سر منڈا کر احرام کھولا تھا۔ دوم: آیت پاک: ﴿وَلاَ تَحْلِقُوْا رُؤُسَكُمْ حَتَّى يَبْلُغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهُ﴾ کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ ہدی ذبح ہونے کے بعد سر منڈاؤ، اور طرفین فرماتے ہیں: اول تو مفہوم مخالف معتبر نہیں، ثانیاً آیت میں احرام کھولنے کا بیان نہیں ہے بلکہ آیت کا یہ مطلب ہے کہ جب تک حرم میں قربانی ذبح نہ ہو جائے ممنوعات احرام کا ارتکاب نہ کرو، کیونکہ آیت منفی ہے، اگر احرام کھولنے کا

طریقہ بیان کرنا مقصود ہوتا تو آیت مثبت ہوتی: واحلقوا رؤسکم إذا بلغ الهدی محله فرمایا جاتا یعنی جب قربانی اس کی جگہ پہنچ جائے تو سر منڈاؤ مگر آیت نہی ہے یعنی اس میں احرام کھولنے کا طریقہ بیان نہیں کیا گیا بلکہ قربانی ذبح ہونے تک ممنوعات احرام سے بچنے کا حکم ہے، اور دوسری دلیل کا جواب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت ام سلمہ کے مشورہ پر سر منڈایا تھا تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ آپؐ کا احرام کھل گیا، تاکہ آپؐ کی اتباع میں سب احرام کھول دیں، غرض آپؐ نے علامت کے طور پر سر منڈایا تھا اور صحابہ نے آپؐ کی اتباع میں سر منڈایا تھا، احرام کھولنے کے لئے سر نہیں منڈایا تھا، وہ تو خود بخود کھل گیا تھا۔

اور محصر پر حج یا عمرہ کی قضا واجب ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قضا واجب نہیں، اور حنفیہ کے نزدیک قضا واجب ہے۔ اور دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے عمرۂ حدیبیہ کی قضا کی تھی، چنانچہ آپؐ نے اگلے سال جو عمرہ کیا تھا اس کا ایک نام عمرة القضاء بھی ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس کا نام صرف عمرة القضیہ ہے یعنی باہمی معاہدہ کے مطابق آپؐ نے اگلے سال عمرہ کیا تھا وہ گذشتہ عمرہ کی قضا نہیں تھی، اور احناف کے نزدیک وہ عمرة القضیہ بھی تھا اور عمرة القضا بھی۔ اور دوسری دلیل باب کی حدیث ہے، آپؐ نے فرمایا: ”جس شخص کی ہڈی توڑ دی گئی یا وہ لنگڑا ہو گیا تو اس کا احرام کھل گیا اور اس کے ذمہ دوسرا حج ہے“

فائدہ: دورِ اول میں جب تابعین کسی سے کوئی حدیث سنتے تھے تو اکابر صحابہ کو وہ حدیث سناتے تھے، حضرت عکرمہ نے باب کی حدیث جب حجاج بن عمرو سے سنی تو چونکہ وہ قلیل الروایہ صحابی ہیں اس لئے حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کو وہ حدیث سنائی، دونوں نے فرمایا: یہ حدیث صحیح ہے، اور عکرمہ اور حجاج بن عمروؓ کے درمیان واسطہ ہے یا نہیں؟ اس میں یحییٰ بن ابی کثیر کے تلامذہ میں اختلاف ہے، حجاج الصوّاف کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے اور معمر اور معاویہ بن سلاّم: عبد اللہ بن رافع کا واسطہ ذکر کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے حجاج بن الصواف کی توثیق کی ہے مگر امام بخاری رحمہ اللہ کے حوالہ سے معمر اور معاویہ کی حدیث کو جس میں واسطہ ہے اصح قرار دیا ہے، ہمارے نزدیک دونوں سندیں صحیح ہیں اور امام بخاریؒ کے قول کا مطلب یہ ہے کہ واسطہ والی سند مزید فی متصل الاسناد ہے۔

[۹۴] باب ماجاء فی الذی یُهِلُّ بالحج فَیُكْسَرُ أَوْ یَعْرَجُ

[۹۲۷-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا رَوْحُ بنُ عُبادَةَ، نا حَجَّاجُ الصَّوَافُ، نا یَحییَ بنُ أَبِیْ كَثِیْرٍ، عن عِكْرِمَةَ، قالَ: حدثنی الحَجَّاجُ بنُ عَمْرٍو، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: ”مَنْ كُسِرَ أَوْ عُرِجَ فَقَدْ حَلَّ، وَعَلَیْهِ حَجَّةٌ أُخْری“ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِأَبِیْ هُرَیْرَةَ وابنِ عبّاسٍ، فَقَالاَ: صَدَقَ.

حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا محمدُ بنُ عبدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِیُّ، عن الْحَجَّاجِ مِثْلَهُ، قالَ: وَسَمِعْتُ

رسولَ الله صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُهُ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ، وهٰکَذَا رَوَاهُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَافِ نَحْوَ هذا الحدیثِ، وَرَوَی مَعْمَرٌ ومُعَاوِیَةُ بنُ سَلَّامٍ هذا الحدیثَ عن یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عن عِکْرِمَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ رَافِعٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بنِ عَمْرٍو، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَحَجَّاجُ الصَّوَّافُ لَمْ یَذْکُرْ فِیْ حَدِیْثِهِ عبدَ اللهِ بنَ رَافِعٍ، وَحَجَّاجٌ ثِقَةٌ حَافِظٌ عندَ أهلِ الحدیثِ، وسَمِعْتُ محمداً یقولُ: رِوَایَةُ مَعْمَرٍ وَمُعَاوِیَةَ بنِ سَلَّامٍ أَصَحُّ.

حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَیْدٍ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عن یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عن عِکْرِمَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ رَافِعٍ، عن الحَجَّاجِ بنِ عَمْرٍو، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسی طرح متعدد حضرات نے حجاج الصواف سے (واسطہ کے بغیر) روایت کیا ہے۔ اور معمر اور معاویہ بن سلام نے اس حدیث کو یحییٰ بن ابی کثیر سے، انھوں نے عکرمہ سے، انھوں نے عبداللہ بن رافع سے، انھوں نے حجاج بن عمرو سے اور انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا ہے اور حجاج الصواف نے اپنی حدیث میں عبداللہ بن رافع کا ذکر نہیں کیا اور حجاج الصواف محدثین کے نزدیک ثقہ اور حافظ حدیث ہیں۔ اور میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے سنا کہ معمر اور معاویہ بن سلام کی حدیث اصح ہے، اس کے بعد واسطہ والی حدیث ذکر کی ہے۔

بابُ ماجاء فی الاِشْتِرَاطِ فی الحَجِّ

حج میں شرط لگانے کا بیان

حدیث: حضرت ضُباعہؓ نبی ﷺ کے پاس آئیں۔ یہ حضرت زبیر بن العوام کی صاحبزادی اور آپؐ کی پھوپھی زاد بہن ہیں، یہ کمزور دل کی تھیں، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری خواہش آپؐ کے ساتھ حج کرنے کی ہے لیکن میرا دل دھڑکتا ہے پس کیا میں شرط بدلوں؟ یعنی شرط لگالوں؟ آپؐ نے فرمایا: بدلو! کہنے لگیں: یارسول اللہ! جب میں شرط بدوں تو کیا کہوں؟ آپؐ نے فرمایا: اس طرح کہو: لبیك اللّٰهم لبیك مَحِلِّیْ من الأرض حیث تَحْبِسُنِیْ یعنی تلبیہ میں یہ جملہ بڑھادو کہ ''میرے احرام کھولنے کی جگہ وہ ہے جہاں آپؐ مجھے روک دیں'' پھر وہ آپ کے ساتھ حج میں شریک ہوئیں اور حج کرکے بعافیت لوٹ آئیں، یعنی کوئی مانع پیش نہیں آیا۔

اس حدیث کی وجہ سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: حج اور عمرہ کے احرام میں شرط لگانا جائز ہے، اور اس صورت میں دشمن کے علاوہ دیگر موانع سے بھی احصار ہوگا، خواہ کوئی عذر پیش آئے وہ قربانی کرکے احرام کھول سکتا ہے۔ اب ارکانِ عمرہ یا ارکانِ حج ادا کرکے ہی احرام کھولنا ضروری نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ نے احصار کے مسئلہ میں جو

دیگر موانع کو عذر قرار نہیں دیا تو ان کی ایک دلیل یہ حدیث بھی ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر دشمن کے علاوہ موانع سے احصار ہوتا ہے تو اشتراط کی کیا ضرورت ہے؟ حضرت ضُباعہ کو جہاں بھی عذر پیش آتا جانور ذبح کر کے احرام کھول دیتیں۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک: اشتراط باطل ہے، امام مالک اصل مسئلہ میں تو دو چھوٹے اماموں کے ساتھ ہیں مگر یہاں علحدہ ہوگئے، وہ فرماتے ہیں: اشتراط کی وجہ سے احرام کھولنا جائز نہیں اور ان کی دلیل ابن عمر رضی اللہ عنہما کی وہ حدیث ہے جو آئندہ باب میں آرہی ہے، ابن عمرؓ نے شرط بدنے پر نکیر کی ہے اور فرمایا ہے: کیا تمہارے لئے نبی ﷺ کی سنت کافی نہیں؟! یعنی حدیبیہ کے سال آپؐ کو اور صحابہ کو یقین نہیں تھا کہ وہ ضرور عمرہ کریں گے، یہ احتمال تھا کہ کفار: مکہ میں داخل نہ ہونے دیں، پھر بھی آپؐ نے اور صحابہ نے احرام میں کوئی شرط نہیں لگائی، اگر اشتراط جائز ہوتا تو حدیبیہ کے سال آپؐ کوئی شرط ضرور لگاتے۔

اور حدیثِ باب کا جواب یہ ہے کہ حضرت ضُباعہ کو شرط بدنے کے لئے نبی ﷺ نے نہیں فرمایا بلکہ یہ بات انھوں نے خود کہی ہے اور لیلۃ القدر کی روایات میں امام شافعیؒ کا یہ قول گذرا ہے کہ نبی ﷺ کبھی صحابہ کو ان کے رجحان کے مطابق جواب دیتے تھے، امام شافعیؒ نے فرمایا: جب کوئی نبی ﷺ سے لیلۃ القدر کے بارے میں پوچھتا تو آپؐ اس کا ذہن پڑھتے اور جس طرف اس کا رجحان ہوتا اس رات میں شب قدر تلاش کرنے کا حکم دیتے، یہاں بھی جب حضرت ضُباعہ نے شرط بدنے کی بات کہی تو آپؐ نے فرمایا: بدلو! آپؐ نے منع نہیں کیا۔

سوال: جب اشتراط لاحاصل ہے تو حضور ﷺ نے فعل عبث کی اجازت کیوں دی؟ اور نہ صرف اجازت دی بلکہ طریقہ بھی سکھلایا ایسا کیوں کیا؟

جواب: اشتراط میں فی الجملہ (کچھ نہ کچھ) فائدہ ہے دل کی دھڑکن رک جائے گی اور ایک گونہ اطمینان حاصل ہوجائے گا، اس لئے آپؐ نے اشتراط کی اجازت دی، یعنی اس میں حضرت ضُباعہ کا ذاتی فائدہ تھا اگرچہ مسئلہ کی رو سے کوئی فائدہ نہیں تھا۔

[۹۵] باب ماجاء فی الاشتراط فی الحج

[۹۲۸-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ البَغْدَادِيُّ، نا عَبَّادُ بنُ العَوَّامِ، عن هِلَالِ بنِ خَبَّابٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ ضُبَاعَةَ بِنْتَ الزُّبَيْرِ أَتَتِ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَتْ: يارسولَ الله! إِنِّی أُرِيْدُ الْحجَّ أَفَأَشْتَرِطُ؟ قالَ نَعَمْ، قَالَتْ: كَيْفَ أَقُوْلُ؟ قالَ: قُوْلِی: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، مَحِلِّی مِنَ الْأَرْضِ حَيْثُ تَحْبِسُنِی.

وفی الباب: عن جَابِرٍ، وأَسْمَاءَ، وعائشةَ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ على هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ يَرَوْنَ الاِشْتِرَاطَ فِيْ الحَجِّ، وَيَقُوْلُوْنَ: إِنِ اشْتَرَطَ فَعَرَضَ لَهُ مَرَضٌ أَوْ عُذْرٌ فَلَهُ أَنْ يَحِلَّ وَيَخْرُجَ مِنْ إِحْرَامِهِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، وَلَمْ يَرَ بَعْضُ أهلِ العلمِ الاشْتِرَاطَ فِيْ الْحَجِّ، وقالوا: إِنِ اشْتَرَطَ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ إِحْرَامِهِ، وَيَرَوْنَهُ كَمَنْ لَمْ يَشْتَرِطَ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے وہ حج میں شرط لگانے کو جائز کہتے ہیں، اور کہتے ہیں: اگر شرط لگائی پھر اس کو بیماری یا کوئی اور عذر پیش آیا تو اس کے لئے حلال ہونا جائز ہے، اور وہ اپنے احرام سے نکل سکتا ہے۔ اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء حج میں شرط لگانے کو جائز نہیں کہتے، وہ کہتے ہیں: اگر شرط لگائی تو بھی اس کے لئے احرام سے نکلنا جائز نہیں۔ وہ اس کو اس شخص کی طرح قرار دیتے ہیں جس نے شرط نہیں لگائی یعنی ان کے نزدیک اشتراط باطل ہے۔

[۹۶] بابٌ منه

[۹۲۹-] حدثنا أَحْمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ المباركِ، أَخْبَرَنِيْ مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أَبِيْهِ: أَنَّهُ كَانَ يُنْكِرُ الاِشْتِرَاطَ فِى الْحَجِّ، ويَقُوْلُ: أَلَيْسَ حَسْبُكُمْ سُنَّةَ نَبِيِّكُمْ؟!

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما حج میں شرط لگانے پر نکیر کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے: کیا تمہارے لئے تمہارے نبی ﷺ کی سنت کافی نہیں؟! یعنی نبی ﷺ نے حدیبیہ کے سال احرام باندھتے وقت کوئی شرط نہیں لگائی تھی۔

بابُ ماجاءَ فى الْمَرْأَةِ تَحِيْضُ بَعْدَ الإِفَاضَةِ

طوافِ زیارت کے بعد عورت کو حیض آجائے تو کیا حکم ہے؟

حاجی پر طواف وَداع واجب ہے، مگر حائضہ پر بالاجماع طواف وَداع واجب نہیں، یعنی روانگی کے وقت اگر عورت حالتِ حیض میں ہو تو طواف کئے بغیر لوٹ سکتی ہے۔

مسئلہ: اگر حاجی نے طواف زیارت کے بعد کوئی بھی نفل طواف کیا ہے پھر وہ طواف وَداع کئے بغیر لوٹ گیا تو وہ نفل طواف طواف وَداع کے قائم مقام بن جائے گا، پس اس پر دم واجب نہیں ہوگا، مگر افضل یہ ہے کہ رخصت ہوتے

وقت طواف وداع کی نیت سے طواف کرکے لوٹے۔

حدیث: منی کے ایام میں نبی ﷺ خیمہ میں تشریف لے گئے۔ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا رورہی تھیں، آپؐ نے خیال فرمایا کہ شاید انھوں نے طوافِ زیارت نہیں کیا اس لئے رورہی ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''کیا صفیہؓ ہمیں روک دیں گی؟'' یعنی ان کی وجہ سے پورے قافلہ کو رک جانا پڑے گا؟ دیگر ازواج نے عرض کیا: یارسول اللہ! انھوں نے طوافِ زیارت کرلیا ہے (اس کے بعد ایام شروع ہوئے ہیں، اور وہ طوافِ وداع نہ کرسکنے پر رو رہی ہیں) آپؐ نے فرمایا: فلا إذًا: پس تب تو نہیں، یعنی اگر وہ طوافِ زیارت کرچکی ہیں تو قافلہ کو نہیں رکنا پڑے گا، کیونکہ حائضہ کے ذمہ طوافِ وداع نہیں۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر عورت کو وقوفِ عرفہ کے بعد ماہواری شروع ہوجائے اور وہ طوافِ زیارت نہ کرسکی ہو تو اسے رکنا پڑے گا، طوافِ زیارت کئے بغیر وطن نہیں لوٹ سکتی، اور بالفرض ساتھی نہ رک سکتے ہوں تو وہ اچھی طرح کپڑے باندھ کر اسی حالت میں طواف کرلے اور بدَنہ (بڑے جانور) کا دم دے۔ اور یہ گنجائش صرف فقہ حنفی میں ہے۔

[۹۷] باب ماجاء فی المرأة تحیض بعد الإفاضة

[۹۳۰-] حدثنا قُتیبةُ، نا اللَّیْثُ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ، عن أَبیه، عن عائشةَ، قالتْ: ذُکِرَ لِرَسُولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّ صَفِیَّةَ بِنْتَ حُیَیٍّ حَاضَتْ فِیْ أَیَّامِ منیٰ، فقالَ: '' أَحَابِسَتُنَا هِیَ؟'' قالوا: إِنَّهَا قَدْ أَفَاضَتْ، فقالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' فَلاَ إِذًا''

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وابنِ عبَّاسٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعمل علی هذا عندَ أهلِ العلمِ: أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا طَافَتْ طَوَافَ الإِفَاضَةِ ثُمَّ حَاضَتْ فَإِنَّهَا تَنْفِرُ، وَلَیْسَ عَلَیْهَا شَیْئٌ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ والشَّافِعِیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

[۹۳۱-] حدثنا أبو عَمَّارٍ، نا عِیْسَی بنُ یُوْنُسَ، عن عُبَیْدِ اللّٰهِ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ فَلْیَکُنْ آخِرُ عَهْدِهِ بِالْبَیْتِ، إِلَّا الْحُیَّضَ، وَرَخَّصَ لَهُنَّ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم.

قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علی هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے کہ عورت جب طوافِ زیارت کرلے پھر اسے حیض آجائے تو وہ منی سے سیدھی وطن لوٹ سکتی ہے (النَّفر: منی سے لوٹنے کے لئے خاص ہے، پھر بارہ تاریخ کو لوٹیں تو النفر الأول ہے اور تیرہ میں لوٹیں تو النفر الثانی ہے) اور اس پر کچھ (دم یا فدیہ) واجب نہیں، اور یہ ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول

ہے ـــــ ابن عمرؓ فرماتے ہیں: جو شخص بیت اللہ کا حج کرے، پس چاہئے کہ اس کی سب سے آخری ملاقات بیت اللہ سے ہو، یعنی طواف وَداع کرکے لوٹے مگر حائضہ مستثنیٰ ہے اس کو رسول اللہ ﷺ نے اجازت دی ہے۔

بابُ ماجاءَ ما تَقْضِی الحَائِضُ مِنَ الْمَناسِكِ

حائضہ کیا کیا ارکان ادا کرسکتی ہے؟

حائضہ حج کا ہر رکن اداء کرسکتی ہے صرف طوافِ زیارت نہیں کرسکتی اور چونکہ سعی طوافِ زیارت کے بعد ہوتی ہے اس لئے سعی بھی نہیں کرسکتی۔ خیال رہے کہ مسعیٰ آج بھی مسجد سے خارج ہے، پس اگر کسی عورت نے طوافِ زیارت کرلیا اور سعی نہ کی تو وہ سعی کرسکتی ہے، اور حیض کی حالت میں طوافِ زیارت جائز نہ ہونے کی وجہ شرح وقایہ میں یہ لکھی ہے کہ طواف کے لئے مسجد میں جانا ہوگا اور حائضہ مسجد میں داخل نہیں ہوسکتی، مگر صحیح وجہ یہ ہے کہ طوافِ زیارت کے لئے طہارت شرط ہے جو حائضہ کو حاصل نہیں۔

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میرے ایام چل رہے تھے، پس آپؐ نے مجھے حکم دیا کہ میں حج کے تمام ارکان ادا کروں، سوائے بیت اللہ کے طواف کے۔

تشریح: حضرت عائشہؓ مکہ پہنچنے سے پہلے حائضہ ہوگئی تھیں اور یوم الترویہ تک وہ پاک نہیں ہوئی تھیں۔ نبی ﷺ نے ان کو عمرہ توڑ کر حج کا احرام باندھنے کا حکم دیا تھا اور فرمایا تھا کہ وہ حج کے تمام ارکان ادا کریں، البتہ طوافِ زیارت پاک ہونے کے بعد کریں۔ معلوم ہوا کہ حائضہ تمام ارکان حیض کی حالت میں ادا کرے گی، صرف طوافِ زیارت کو پاک ہونے تک مؤخر کرے گی ـــــ اس حدیث کی سند میں جابر بن یزید جُعفی مشہور کذاب راوی ہے، مگر اس کی صحیح سند بخاری (حدیث ۱۶۵۰) میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: نفاس والی عورت اور حائضہ غسل کریں اور احرام باندھیں اور حج کے تمام ارکان ادا کریں مگر وہ بیت اللہ کا طواف نہ کریں تا آنکہ وہ پاک ہوجائیں ـــــ یہ حدیث خُصیف کی وجہ سے ضعیف ہے۔

[۹۸] باب ماجاء ما تقضی الحائض من المناسك؟

[۹۳۲-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عن جَابِرٍ، وَهُوَ ابنُ يَزِيْدَ الْجُعْفِیُّ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ الْأَسْوَدِ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قَالَتْ: حِضْتُ فَأَمَرَنِیْ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ أَقْضِیَ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا إِلَّا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ.

قال أبو عيسى: والعَمَلُ على هذا الحديثِ عِنْدَ أهلِ العلمِ أَنَّ الْحائِضَ تَقْضِى الْمَناسِكَ كُلَّهَا مَاخَلَا الطَّوَافَ بِالْبَيْتِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَديثُ عن عائشةَ مِنْ غَيْرِ هذا الوَجْهِ أَيْضًا.

[۹۳۳-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوبَ، نا مَرْوَانُ بنُ شُجَاعٍ الجَزَرِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، وَمُجَاهِدٍ، وَعَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، رَفَعَ الحديثَ إلى النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" أَنَّ النُّفَسَاءَ وَالْحَائِضَ، تَغْتَسِلُ وَتُحْرِمُ وَتَقْضِيْ الْمَنَاسِكَ كُلَّهَا غَيْرَ أَنْ لَاتَطُوْفَ بِالْبَيْتِ حَتَّى تَطْهُرَ"

هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ من هذا الوَجْهِ.

بابُ ماجاءَ مَنْ حَجَّ أَوِ اعْتَمَرَ فَلْيَكُنْ آخِرُ عَهْدِهِ بِالْبَيْتِ

جوشخص حج یا عمرہ کرے اس کی آخری ملاقات کعبہ شریف سے ہونی چاہئے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ طوافِ وداع صرف حاجی پر واجب ہے، معتمر پر طواف وداع واجب نہیں، اگرچہ اس کے لئے بھی افضل یہ ہے کہ جب وطن لوٹے تو سب سے آخر میں طوافِ وداع کرے۔ اور باب میں حارث بن عبداللہ کی جو حدیث ہے اس میں أو اعتمر بھی ہے، اس وجہ سے امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں أو اعتمر بڑھایا ہے یعنی معتمر پر بھی طوافِ وداع واجب ہے، حالانکہ اس کا کوئی قائل نہیں، اور یہ حدیث حجاج بن ارطاۃ اور عبدالرحمٰن بن البیلمانی کی وجہ سے ضعیف ہے اور ابوداؤد (حدیث ۲۰۰۴) میں یہی حدیث دوسری سند سے ہے، اس میں عمرہ کا ذکر نہیں ہے۔ اور یہاں حدیث مختصر ہے اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ حارث بن عبداللہؓ نے حضرت عمرؓ سے پوچھا: اگر عورت کو طوافِ زیارت کے بعد حیض آجائے تو کیا حکم ہے؟ آپؓ نے فرمایا: اس کی سب سے آخری ملاقات کعبہ شریف سے ہونی چاہئے، یعنی وہ مکہ میں ٹھہری رہے اور پاک ہونے کے بعد طوافِ وداع کرکے لوٹے، حضرت حارثؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے یہ بات پوچھی تھی آپؐ نے بھی یہی جواب دیا تھا، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو غصہ آگیا اور فرمایا: تو اپنے ہاتھوں کے بل گرے (یہ محاورہ ہے) جب تو نے نبی ﷺ سے یہ مسئلہ پوچھا تھا تو مجھ سے کیوں پوچھا؟ کیا تیرا ارادہ ہے کہ میں نبی ﷺ کے خلاف جواب دوں! —— غرض اس واقعہ میں عمرہ کا ذکر نہیں ہے، یہاں اختصار کرنے کی وجہ سے مضمون بدل گیا ہے، اور حائضہ عورت طوافِ وداع کئے بغیر لوٹ سکتی ہے یہ بات صحیح حدیثوں سے ثابت ہے جیسا کہ گذشتہ باب میں گذرا۔

[۹۹] باب ماجاء من حج أو اعتمر فليكن آخرُ عهده بالبيت

[۹۳٤-] حدثنا نَصْرُ بنُ عبدِ الرحمنِ الكُوْفِيُّ، نا الْمُحَارِبِيُّ، عن الحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عن عبدِ

الْمَلِكِ بنِ مُغِيْرَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ البَيْلَمَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَوْسٍ، عن الْحَارِثِ بنِ عبدِ اللهِ بنِ أَوْسٍ، قالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يقولُ:'' مَنْ حَجَّ هٰذَا الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ، فَلْيَكُنْ آخِرُ عَهْدِهِ بِالْبَيْتِ'' فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: خَرَرْتَ مِنْ يَدَيْكَ! سَمِعْتَ هذا مِنْ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ تُخْبِرْنَا بِهِ؟

وفى البابِ: عن ابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ الحَارِثِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَوْسٍ حديثٌ غريبٌ، وهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ مِثْلَ هٰذَا، وَقَدْ خُوْلِفَ الْحَجَّاجُ فِيْ بَعْضِ الإِسْنَادِ.

ترجمہ: حارث بن عبداللہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے سنا کہ جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے اس کی آخری ملاقات بیت اللہ سے ہونی چاہئے، پس حضرت عمرؓ نے ان سے فرمایا: تو ہاتھوں کے بل گرے! تو نے یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی پھر ہمیں نہیں بتلائی؟ —— امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اسی طرح متعدد حضرات نے حجاج بن ارطاۃ سے ایسا ہی روایت کیا ہے اور حجاج کی بعض اسناد میں مخالفت کی گئی ہے (یعنی حجاج کے استاذ عبدالملک کے دیگر تلامذہ کی سند اس سے مختلف ہے اور آخر: اگر کان کا اسم ہے تو بالبیت خبر ہے اور اس کے برعکس بھی ہوسکتا ہے)

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْقَارِنَ يَطُوْفُ طَوَافًا وَاحِدًا

قارن حج اور عمرہ دونوں کے لئے ایک طواف اور ایک سعی کرے

قارن پر ایک طواف اور ایک سعی ہے، یا دو طواف اور دو سعی؟ یعنی قران میں افعالِ حج اور افعالِ عمرہ میں تداخل ہوتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ اور یہ معرکۃ الآراء مسئلہ ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تداخل ہوتا ہے، پس قارن صرف ایک طواف اور ایک سعی کرے گا۔ یعنی دس ذی الحجہ کو طوافِ زیارت اور اس کے بعد سعی کرے گا، یہ طواف اور سعی حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہیں، عمرہ کے لئے الگ سے طواف وسعی کرنے کی حاجت نہیں۔ اور حنفیہ کے نزدیک تداخل نہیں ہوتا، پس قارن عمرہ کے لئے طواف وسعی الگ کرے گا اور حج کے لئے الگ، یعنی قارن کے ذمہ دو طواف اور دو سعی ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قارن جب مکہ پہنچے گا تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف طواف قدوم کرے گا، جو سنت ہے اور اس کے بعد سعی نہیں کرے گا، پھر وقوفِ عرفہ کے بعد طواف اور سعی کرے گا، یہی حج کا طوافِ زیارت ہے اور یہی عمرہ کا طواف ہے اور سعی حج کی بھی سعی ہے اور عمرہ کی بھی۔ اور احناف کے نزدیک: قارن مکہ پہنچ کر پہلے عمرہ کا طواف

وسعی کرے گا، پھر احرام نہیں کھولے گا، پھر طوافِ قدوم کرے گا اس کے بعد اگر چاہے تو حج کی سعی کرسکتا ہے، اور اگر چاہے تو سعی مؤخر بھی کرسکتا ہے، پھر وقوف عرفہ کے بعد طوافِ زیارت کرے گا اور اس کے بعد حج کی سعی کرے گا اگر طواف قدوم کے بعد سعی نہیں کی، اور اگر پہلے طوافِ قدوم کے بعد حج کی سعی کرلی ہے تو اب طوابِ زیارت کے بعد سعی نہیں کرے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ائمہ ثلاثہ کے پاس متعدد دلائل ہیں ان میں سے دو حدیثیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے پیش کی ہیں اور احناف کے پاس بھی متعدد دلائل ہیں مگر وہ امام ترمذی نے پیش نہیں کئے اور دونوں کی حدیثوں میں تھوڑا تھوڑا کلام ہے۔ اور اختلاف کی بنیاد نص فہمی کا اختلاف ہے۔ تمام ائمہ متفق ہیں کہ نبی ﷺ نے حج کے موقعہ پر تین طواف کئے تھے، ایک طواف آپؐ نے مکہ میں داخل ہوتے ہی کیا تھا، دوسرا: طوافِ زیارت کیا تھا اور تیسرا: طوافِ وداع کیا تھا، اب اختلاف اس میں ہے کہ پہلا طواف جو آپؐ نے مکہ میں داخل ہوتے ہی کیا تھا وہ طوافِ قدوم تھا یا طوافِ عمرہ؟ ائمہ ثلاثہ کا خیال ہے کہ وہ طوافِ قدوم تھا، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: آپؐ نے دس ذی الحجہ کو جو طواف کیا تھا وہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے تھا اور اس کے بعد جو سعی کی تھی وہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے تھی۔ اور احناف کا خیال ہے کہ پہلا طواف طواف عمرہ تھا، اور ان کی دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے اس کے بعد سعی بھی کی تھی، جبکہ طوافِ قدوم کے بعد سعی نہیں ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی قدس سرہ فرماتے ہیں: بعض صحیح حدیثوں میں آپؐ کا راکباً سعی کرنا مروی ہے اور بعض حدیثوں میں ماشیا اور وہ بھی صحیح ہیں۔ اور رفع تعارض کی اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں کہ کہا جائے: آپؐ نے دو سعیاں کی ہیں۔ ایک راکباً اور ایک ماشیا (تفسیر مظہری ۱: ۲۳۰)

غرض حدیثوں میں ایک طواف اور ایک سعی بھی مروی ہے اور ان میں کلام بھی ہے اور وہ مؤل بھی ہیں۔ اور دو طواف اور دو سعی بھی مروی ہیں اور ان میں بھی کلام ہے مگر ان کی کوئی تاویل ممکن نہیں (تفصیل کے لئے اعلاء السنن دیکھیں)

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حج اور عمرہ کو ملایا یعنی قران کیا اور دونوں کے لئے ایک طواف کیا۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں حجاج بن ارطاۃ مشہور ضعیف راوی ہے۔ اور طاف لهما کا جو مطلب ائمہ ثلاثہ لیتے ہیں وہ بھی ہوسکتا ہے، اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ آپؐ نے طواف عمرہ میں طواف قدوم کا تداخل کیا یعنی الگ سے طواف قدوم نہیں کیا، بلکہ طواف عمرہ میں طواف قدوم کی بھی نیت کرلی، جس طرح مسجد میں داخل ہونے والا سنتوں یا فرضوں میں تحیۃ المسجد کی بھی نیت کرسکتا ہے، اور یہ مطلب اس لئے راجح ہے کہ اس صورت میں روایتوں میں تعارض ختم ہوجائے گا۔ غرض حدیث ضعیف ہونے کے ساتھ محکم الدلالۃ نہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے حج اور عمرہ کا ایک ساتھ احرام باندھا اس کے لئے دونوں کی

طرف سے ایک طواف اور ایک سعی کافی ہے، یہاں تک کہ وہ ان دونوں سے ایک ساتھ حلال ہو۔یعنی قارن دس ذی الحجہ میں جو طواف وسعی کرے گا وہ حج اور عمرہ دونوں کے لئے ہونگے، اوراس طواف وسعی کے بعد دونوں کا ایک ساتھ احرام کھل جائے گا۔

تشریح: یہ حدیث عبدالعزیز بن محمد دراوردی کی عبیداللہ بن عمر عمری سے روایت ہے۔اور وہ صدوق ہیں، مگر عبید اللہ عمری کی روایتوں میں بالاتفاق ضعیف ہیں۔ امام نسائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حديثه عن عُبيد الله العمری مُنكرٌ: اس کی عبیداللہ عمری سے روایتیں نہایت ضعیف ہوتی ہیں۔اور حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ دوسروں کی کاپیوں سے حدیثیں نقل کرتے تھے اور غت ربود بھی کرتے تھے (تقریب ص:۳۵۸) اور ابو حاتم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لاَیُحتج به۔ اور ابو زرعہؒ فرماتے ہیں: هو سَيِّئ الحفظ (میزان ۲:۶۳۳) اور امام طحاوی رحمہ اللہ کہتے ہیں: الدراوردی عن عبيد الله لاَيُحتج به (طحاوی ۱:۱۹۷) علاوہ ازیں اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں بھی اختلاف ہے، عبید اللہ کے دوسرے سب شاگرد اس حدیث کو موقوف بیان کرتے ہیں، یعنی یہ ابن عمرؓ کا فتوی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نہیں ہے۔صرف دراوردی اس کو مرفوع کرتے ہیں۔اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث موقوف کو اصح قرار دیا ہے اور مرفوع حدیث کو بھی حسنٌ صحیحٌ کہا ہے، حالانکہ جب موقوف حدیث اصح ہے تو مرفوع حدیث خود بخود گر گئی، وہ حسن صحیح کیسے ہوسکتی ہے؟ مگر چونکہ یہ حدیث امام ترمذیؒ کے ائمہ کی دلیل ہے اس لئے ہزار خرابیوں کے باوجود حسنٌ صحیحٌ ہے!

[۱۰۰] باب ماجاء أنَّ القارن يطوف طوافاً واحداً

[۹۳۵-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عن الحَجَّاجِ، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَرَنَ الحجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَطَافَ لَهُمَا طَوافًا وَاحِدًا.

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وابنِ عبّاسٍ، قالَ أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ.

والعملُ عَلَى هٰذا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ قَالُوْا: القَارِنُ يَطُوْفُ طَوَافًا وَاحِدًا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وَأحمدَ وإسحاقَ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: يَطُوْفُ طَوَافَيْنِ، وَيَسْعَى سَعْيَيْنِ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

[۹۳۶-] حدثنا خَلاَّدُ بنُ أَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ، نا عبدُ العزيزِ بنُ محمدٍ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَحْرَمَ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ أَجْزَأَهُ

طَوَافٌ وَاحِدٌ وَسَعْيٌ وَاحِدٌ مِنْهُمَا، حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا"
قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الدَّرَاوَرْدِيُّ على ذٰلِكَ اللَّفْظِ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ، وَهُوَ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ اوران کے علاوہ بعض علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: قارن ایک طواف کرے گا اور یہ شافعی، احمد اوراسحاق کا قول ہے۔ اور صحابہ اوران کے علاوہ بعض علماء کہتے ہیں: قارن دوطواف اور دوسعی کرے گا، اور یہ ثوری اوراہل کوفہ کا قول ہے —— امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن عمر کی حدیث حسن غریب اور صحیح ہے اوراس کو مذکورہ الفاظ کے ساتھ روایت کرنے میں دراوردی متفرد ہیں۔ اوراس حدیث کو عبیداللہ بن عمر سے متعدد حضرات نے روایت کیا ہے اور وہ اس کو مرفوع نہیں کرتے اور وہی اصح ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ مَكْثَ المُهَاجِرِ بِمَكَّةَ بَعْدَ الصَّدْرِ ثَلاَثًا

مہاجر: منی سے لوٹ کر صرف تین دن مکہ میں قیام کرے

طواف وداع کا دوسرا نام طواف صدر بھی ہے، صدر کے معنی ہیں: حج سے فارغ ہوکر منی سے لوٹنا، منی سے لوٹنے کے لئے دو لفظ ہیں: النفر اور الصدر —— نبی ﷺ نے مہاجرین کو یہ حکم دیا کہ وہ ایام منی کے بعد مکہ میں زیادہ سے زیادہ تین دن ٹھہریں اس سے زیادہ نہ ٹھہریں، اور یہ حکم خاص ان مہاجرین کے لئے تھا جنھوں نے مکہ سے ہجرت کی تھی اور وجہ یہ تھی کہ وطن کی محبت فطری چیز ہے کسی نے حدیث گڑھی ہے حبُّ الوطن من الإیمان اس لئے اندیشہ تھا کہ کوئی مکہ میں رک جائے اوراس کی ہجرت باطل ہوجائے۔ اس لئے آپؐ نے تین دن سے زیادہ مکہ میں ٹھہرنے کی ممانعت کردی، اب ایسا کچھ نہیں، حج کے بعد جتنا چاہے مکہ میں رہ سکتا ہے۔

[۱۰۱] باب ماجاء أن مَكْثَ المهاجر بمكة بعد الصدر ثلاثا

[۹۳۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ حُمَيْدٍ، سَمِعْتُ السَّائِبَ بنَ يَزِيْدَ، عن العَلاَءِ بنِ الحَضْرَمِيِّ، يَعْنِي مَرْفُوْعًا، قالَ: "يَمْكُثُ المُهَاجِرُ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ بِمَكَّةَ ثَلاَثًا"
قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هذا الوَجْهِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مَرْفُوْعًا.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: مہاجر ارکانِ حج ادا کرنے کے بعد مکہ میں تین دن ٹھہرے (زیادہ نہ ٹھہرے) یعنی مرفوعاً یعنی یہ حدیث مرفوع ہے اگرچہ حضرت علاء نے قالَ رسول اللہ نہیں کہا اور دیگر اسانید سے تو یہ صراحةً مرفوع

آئی ہے۔

بابُ ماجاءَ مایَقُوْلُ عند القُفُوْلِ مِنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ؟

حج اور عمرہ سے واپسی میں کیا ذکر کرے؟

جب آدمی حج یا عمرہ کرنے کے لئے جاتا ہے تو تلبیہ پڑھتا ہوا جاتا ہے اور دیگر اذکار بھی کرتا ہے، مگر واپسی میں گھر کی محبت اور بیوی بچوں سے ملاقات کا شوق غالب آجاتا ہے اور ذکر سے غافل کردیتا ہے، حالانکہ اللہ کے ذکر سے غفلت محرومی ہے۔ نبی ﷺ جب سفر میں جاتے تھے تو بھی ذکر کرتے تھے اور جب واپس لوٹتے تھے تب بھی ذکر کرتے تھے۔ ابن عمرؓ فرماتے ہیں: جب آپؐ غزوہ سے یا حج سے یا عمرہ سے واپس لوٹتے اور زمین کے کسی تودے پر چڑھتے یا کسی بھی بلند جگہ پر چڑھتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے، پھر فرماتے: ترجمہ: کوئی بھی پرستش کے لائق نہیں، سوائے اللہ کے، جو یگانہ ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے فرمانروائی ہے اور وہی تعریفوں کا مستحق ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اب ہم واپس لوٹ رہے ہیں اپنے قصوروں اور لغزشوں سے توبہ کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کے لئے سیر وسیاحت کرنے والے ہیں، اور اپنے پروردگار کی حمد وثنا کرنے والے ہیں۔ اللہ نے اپنا وعدہ پورا کیا اور اپنے بندے کی (نبی ﷺ مراد ہیں) مدد فرمائی، اور جتھوں کو (غزوۂ خندق کے جتھے مراد ہیں) تنہا شکست دی۔

[۱۰۲] باب مایقول عند القفول مِن الحج والعمرة؟

[۹۳۸-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعیلُ بنُ إبراهیمَ، عن أَیُّوْبَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: کان النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا قَفَلَ مِنْ غَزْوَةٍ أَوْ حَجٍّ أَوْعُمْرَةٍ فَعَلَا فَدْفَداً مِنَ الْأَرْضِ أَوْشَرَفًا: کَبَّرَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ: " لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِیْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ، آیِبُوْنَ تائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَائِحُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ"

وفی الباب: عن البَرَاءِ، وأنسٍ، وَجَابِرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الْمُحْرِمِ یَمُوْتُ فِیْ إِحْرَامِهِ

جس کا حالتِ احرام میں انتقال ہو اس کی تجہیز وتکفین کا طریقہ

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جس کا حالتِ احرام میں انتقال ہو اس کا مرنے کے بعد بھی احرام باقی

رہتا ہے، پس اس کی تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی جائے گی، یعنی اس کا سر اور چہرہ کھلا رکھیں گے اور اسے خوشبو نہیں لگائیں گے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک موت کے بعد احرام ختم ہو جاتا ہے۔ حدیث میں ہے: **إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله** یعنی موت پر اعمال ختم ہو جاتے ہیں پس محرم کی تجہیز وتکفین عام اموات کی طرح کی جائے گی۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، آپؐ نے ایک شخص کو دیکھا جو اپنے اونٹ سے گر گیا تھا اور اس کی گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی تھی اور اس کا انتقال ہو گیا تھا، درانحالیکہ وہ محرم تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کو بیری کے پتّوں کے پانی سے نہلاؤ اور اس کو اسی کے دونوں کپڑوں میں کفن دو اور اس کے سر کو (ابوداؤد میں ہے: اور چہرے کو) مت ڈھانکو، پس بیشک یہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتا ہوا اٹھے گا۔

تشریح: یہ حدیث چھوٹے دو اماموں کا مستدل ہے، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اس میت کا سر اور چہرہ ڈھانکنے سے منع فرمایا۔ معلوم ہوا اس کا احرام باقی ہے، پس اس کی تجہیز وتکفین میں احرام کی رعایت کی جائے گی۔ اور بڑے دو اماموں کی دلیل ابن عمرؓ کا واقعہ ہے ان کے صاحبزادے واقد کا بحالت احرام انتقال ہوا، ابن عمرؓ نے عام اموات کی طرح ان کو کفن پہنایا، یعنی ان کے سر اور چہرہ کو چھپایا اور فرمایا: ہم تجھے خوشبو بھی لگاتے مگر ہماری مجبوری یہ ہے کہ ہم احرام میں ہیں، خوشبو کو ہاتھ نہیں لگا سکتے (موطا مالک ص:۱۲۶)

اور باب کی حدیث میں بھی اشارہ ہے کہ موت کے بعد احرام ختم ہو گیا تھا، چنانچہ آپؐ نے بیری کے پتوں سے نہلانے کا حکم دیا جو بمنزلہ صابن ہے اور احرام میں صابن اور اس کے مانند چیزیں استعمال نہیں کر سکتے، اور آپؐ نے اس میت کا سر اور چہرہ ڈھانکنے سے اس لئے منع فرمایا تھا کہ اسے اس کی احرام کی چادروں میں کفن دیا گیا تھا اس کے پاس زائد کپڑے نہیں تھے۔ اور احرام کی چادریں عام طور پر اتنی بڑی نہیں ہوتیں کہ سارا جسم ڈھک جائے، اس لئے آپؐ نے چہرہ اور سر کھلا رکھنے کے لئے فرمایا، کیونکہ ان کی موت بے سروسامانی، غریب الوطنی اور لاچاری کی حالت میں ہوئی تھی، جس کا ان کو صلہ ملا کہ وہ قیامت کے دن تلبیہ پڑھتے ہوئے اٹھیں گے۔ جیسے احادیث میں پچاس سے زائد لوگوں کو شہید کہا گیا ہے، ان کو یہ فضیلت ان کی لاچاری اور حادثاتی موت کی وجہ سے حاصل ہوئی ہے۔

فائدہ: اصل ضابطہ ایسی صورت میں یہ ہے کہ سر ڈھانکا جائے گا اور پیروں کو کسی چیز سے چھپایا جائے گا، جیسے حضرت حمزہؓ کے ساتھ کیا گیا تھا، مگر خلافِ ضابطہ اس میت کا سر کھلا رکھا گیا، یہ اس کے احرام کی برکت تھی، جیسے اصل ضابطہ یہ ہے کہ شہداء کو دفن کیا جائے، مگر آپؐ نے حضرت حمزہؓ کو ویسے ہی چھوڑ دینے کا ارادہ فرمایا تھا، یہ خلافِ ضابطہ بات تھی، اور اگر آپؐ ایسا کرتے تو وہ حضرت حمزہؓ کی شہادت کی اہمیت کی بناء پر ہوتا۔

[۱۰۳] باب ماجاء فی المحرم یموت فی إحرامه

[۹۳۹-] حدثنا ابنُ أبی عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ: کُنَّا مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَرَأَیْ رَجُلًا سَقَطَ عَنْ بَعِیْرِہٖ، فَوُقِصَ فَمَاتَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فقالَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وکَفِّنُوْهُ فِیْ ثَوْبَیْهِ، وَلَا تُخَمِّرُوْا رَأْسَهُ، فَإِنَّهُ یُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ یُهِلُّ أَوْ: یُلَبِّیْ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ. وهو قَوْلُ سُفیانَ الثَّوْرِیِّ والشَّافِعِیِّ وأحمدَ وإسحاقَ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا مَاتَ الْمُحْرِمُ انْقَطَعَ إِحْرَامُهُ، ویُصْنَعُ بِهِ مَا یُصْنَعُ بِغَیْرِ الْمُحْرِمِ.

ترجمہ: بعض علماء کہتے ہیں: جب محرم کا انتقال ہو جائے تو اس کا احرام ختم ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ کیا جائے گا جیسا غیر محرم کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْمُحْرِمَ یَشْتَکِیْ عَیْنُهُ فَیَضْمِدُهَا بَالصَّبرِ

اگر محرم کی آنکھیں دکھیں تو وہ ایلوے کا لیپ کرے

صَبِر کے معنی ہیں: ایلوا: ایک کڑوا پودا اور اس کا عرق، جب آنکھیں دکھتی ہیں تو ایلوے کا لیپ کرتے ہیں، محرم کے لئے یہ لیپ کرنا بالاتفاق جائز ہے، کیونکہ اس میں خوشبو نہیں ہوتی، اور لیپ کرنے سے جو چہرہ چھپتا ہے اس کو عرف میں چہرہ چھپانا نہیں کہتے جیسے حائضہ اگر باہر کھڑی ہو کر مسجد میں سے کوئی چیز لیلے تو جائز ہے، کیونکہ عرف میں اس کو مسجد میں داخل ہونا نہیں کہتے۔ اسی طرح آنکھوں کے اردگرد ایلوے کا لیپ کرنا چہرے کو چھپانا نہیں ہے اس لئے جائز ہے، اور یہی حکم دوسری دواؤں کا ہے۔ البتہ اگر دوا میں خوشبو ہو تو اس کو نہیں لگا سکتے، کیونکہ محرم کے لئے خوشبو ممنوع ہے اور وِکس میں میرے نزدیک بدبو ہے محرم اسے لگا سکتا ہے۔

[۱۰۴] باب ماجاء أن المحرم یَشْتَکِیْ عینه فَیَضْمِدُهَا بالصَّبِرِ

[۹۴۰-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أَیُّوْبَ بنِ مُوْسَی، عَنْ نُبَیْهِ بنِ وَهْبٍ: أَنَّ عُمَرَ بنَ عُبَیدِ اللہ بنِ مَعْمَرٍ اشْتَکَی عَیْنَیْهِ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَسَأَلَ أَبَانَ بنَ عُثْمَانَ، فقالَ: اضْمِدْهُمَا بِالصَّبِرِ، فَإِنِّیْ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بنَ عَفَّانَ یَذْکُرُهُ عن رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم، یقولُ: "اضْمِدْهَا بِالصَّبِرِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ لَايَرَوْنَ بَأْسًا أَنْ يَتَدَاوَى الْمُحْرِمُ بِدَوَاءٍ مَالَمْ يَكُنْ فِيْهِ طِيْبٌ.

ترجمہ: نُبیہ کہتے ہیں: عمر بن عبید اللہ کی آنکھیں دکھنے آئیں، جبکہ وہ محرم تھے، انھوں نے ابان بن عثمان سے مسئلہ پوچھا: (وہ امیر الموسم تھے) انھوں نے فرمایا: ''آنکھوں پر ایلوے کا لیپ کرو'' بیشک میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے سنا ہے، وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں: ''محرم آنکھوں پر ایلوے کا لیپ کرے'' ـــــ اس پر علماء کا عمل ہے وہ اس بات میں کچھ حرج نہیں سمجھتے کہ آدمی ایسی دوا کے ذریعہ علاج کرے جس میں خوشبو نہ ہو۔

بابُ ماجاء فی الْمُحْرِمِ يَحْلِقُ رَأْسَهُ فِيْ إِحْرَامِهِ مَا عَلَيْهِ؟

محرم اگر عذر کی وجہ سے سر منڈائے تو کیا حکم ہے؟

حدیبیہ کے میدان میں نبی ﷺ حضرت کعب بن عجرۃ کے پاس سے گذرے، وہ ہانڈی پکا رہے تھے، آپؐ نے دیکھا: ان کے سر سے جوئیں جھڑ رہی ہیں، آپؐ نے پوچھا: ''کیا تمھیں یہ کیڑے پریشان کرتے ہیں؟'' انھوں نے کہا: یارسول اللہ! بہت پریشان کرتے ہیں! پس آیت نازل ہوئی: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِن رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ (سورۂ بقرہ آیت ۱۹۶) ترجمہ: پس جو شخص تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں کچھ تکلیف ہو تو وہ سر منڈا کر اس کا فدیہ دیدے: روزوں سے یا خیرات سے یا قربانی سے۔ اس آیت کے نزول کے بعد آپؐ نے ان سے فرمایا: سر منڈادو اور فدیہ دیدو، کیونکہ جب تک سر نہیں منڈائے گا بالوں کی جڑوں میں سے میل ختم نہیں ہوگا اور جوؤں کی پیدائش بند نہیں ہوگی ـــــ اور فدیہ تین چیزیں ہیں: تین روزے رکھے، یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے یا جانور ذبح کرے، تینوں میں سے جو چاہے کرے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص عذر کی وجہ سے کسی ممنوع چیز کا ارتکاب کرے تو اس پر فدیہ واجب ہے اور فدیہ یہی ہے: تین روزے، یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلانا، یا قربانی کرنا۔ آدمی کو تینوں میں اختیار ہے جو چاہے کرے، اور بغیر عذر کے ممنوعات احرام کا ارتکاب کرے تو دم واجب ہوگا۔ اب روزے رکھنے اور مسکینوں کو کھانا کھلانے سے کام نہیں چلے گا، قربانی ہی کرنی ہوگی۔

[۱۰۵] باب ماجاء فی المحرم يَحْلِقُ رأسَه فی إحرامه: ما عليه؟

[۹٤۱-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن أَيُّوْبَ، وابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، وَحُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ، وعبدِ الْكَرِيْمِ، عن مُجَاهِدٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أبی لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ: أَنَّ النبیَّ صلى الله

عليه وسلم مَرَّ بِهِ وَهُوَ بِالْحُدَيْبِيَّةِ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ مَكَّةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ، وَهُوَ يُوْقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ، والقَمْلُ يَتهَافَتُ على وَجْهِهِ، فَقَالَ: " أَتُؤْذِيْكَ هوَامُّكَ هٰذِهِ؟" فقالَ: نَعَمْ، فقالَ " احْلِقْ، وأَطْعِمْ فَرَقًا بَيْنَ سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ" والفَرَقُ: ثَلاثَةُ آصُعٍ "أَوْ صُمْ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ أَوِ انْسُكْ نَسِيْكَةً" قالَ ابنُ أَبِی نَجِيْحٍ:" أَوِ اذْبَحْ شَاةً"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عندَ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ أَنَّ الْمُحْرِمَ إِذَا حَلَقَ أَوْ لَبِسَ مِنَ الثِّيَابِ مَالاَ يَنْبَغِیْ لَهُ أَنْ يَلْبَسَ فِی إِحْرَامِهِ أَوْ تَطَيَّبَ فَعَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ بِمِثْلِ مَا رُوِیَ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے درانحالیکہ وہ حدیبیہ میں تھے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے اور وہ محرم تھے اور وہ ہانڈی کے نیچے آگ جلا رہے تھے اور جوئیں ان کے چہرے پر گر رہی تھیں، آپؐ نے پوچھا: کیا آپ کو یہ کیڑے ستاتے ہیں، انھوں نے کہا: ہاں، پس آپؐ نے فرمایا: سر منڈادو اور ایک فرق چھ مسکینوں کو کھلاؤ اور ایک فرق: تین صاع کا ہوتا ہے، یا تین دن کے روزے رکھو یا کوئی قربانی کرو، ابن جریج کے الفاظ ہیں: اذبح شاۃ یعنی بکری ذبح کرو ـــــ اس پر صحابہ اور ان کے علاوہ علماء کا عمل ہے کہ محرم جب سر منڈائے یا ایسے کپڑے پہنے جن کو احرام کی حالت میں پہننا جائز نہیں یا خوشبو لگائے تو اس پر کفارہ (فدیہ) واجب ہے اس کے مانند جو نبی ﷺ سے مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ لِلرُّعَاةِ أَنْ يَّرْمُوْا يَوْمًا وَيَدَعُوْا يَوْمًا

چرواہوں کے لئے رخصت ہے کہ وہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن نہ کریں

پہلا مسئلہ: منی کی راتیں منی میں گذارنا امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک سنت ہے، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک واجب ہے، پھر امام مالکؒ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص ایک رات بھی منی میں نہیں گذارے گا تو اس پر دم واجب ہوگا۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک منی میں ایک رات نہ گذارنے سے ایک درہم، دو راتیں نہ گذارنے سے دو درہم، اور تینوں راتیں نہ گذارنے سے دم واجب ہوتا ہے۔

دوسرا مسئلہ: ایام منی میں ہر دن کی رمی اسی دن کرنی ضروری ہے، بصورت دیگر دم واجب ہوگا اور اس پر اجماع ہے، البتہ اونٹوں کے چرواہوں کو یہ اجازت ہے کہ وہ منی میں راتیں نہ گذاریں۔ اسی طرح یہ بھی اجازت ہے کہ وہ دو دنوں کی رمی ایک ساتھ کریں، البتہ وہ جمع تاخیر کریں، جمع تقدیم جائز نہیں۔

عرب کی صورت حال یہ ہے کہ ہر طرف پہاڑ ہی پہاڑ اور ریت ہی ریت ہے نہ ہریالی ہے نہ گھاس پتے، کہیں کہیں درخت ہیں، چرواہے جب اونٹوں کو چرانے جاتے ہیں تو دور تک نکل جاتے ہیں۔ کبھی دس میل تک دور جانا پڑتا ہے اس لئے منی میں راتیں گذارنے میں اور روزانہ کی رمی روزانہ کرنے میں ان کے لئے دشواری ہے، چنانچہ ان کو یہ سہولت دی گئی کہ وہ دس تاریخ کی رمی کریں اور ارکانِ حج ادا کرکے اونٹ لے کر چرانے نکل جائیں اور گیارہ کو نہ لوٹیں، گیارہ اور بارہ دونوں دنوں کی رمی ایک ساتھ بارہ میں کرلیں یا دس اور گیارہ کو گیارہ کی رمی کرکے چلے جائیں اور بارہ کو نہ لوٹیں تیرہ میں آکر بارہ اور تیرہ دونوں دنوں کی رمی کرلیں، غرض شریعت نے اونٹوں کے چرواہوں کو یہ سہولتیں دی ہیں اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[١٠٦] باب ماجاء في الرخصة للرُّعَاةِ أن يرموا يوما ويدعوا يوما

[٩٤٢-]حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفيانُ، عن عبدِ اللهِ بنِ أَبِيْ بَكْرِ بنِ محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عن أَبِيْهِ، عن أَبِيْ البَدَّاحِ بنِ عَدِيٍّ، عن أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ أَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَيَدَعُوْا يَوْمًا.

قال أبو عيسى: هٰكَذَا رَوَى ابنُ عُيَيْنَةَ، وَرَوَى مَالِكُ بنُ أنسٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عن أَبِيْهِ، عن أَبِي البَدَّاحِ بنِ عَاصِمِ بنِ عَدِيٍّ، عن أَبِيْهِ، وَرِوَايَةُ مَالِكٍ أَصَحُّ، وقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ للرُّعَاةِ أَنْ يَرْمُوْا يَوْمًا وَيَدَعُوْا يَوْمًا وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

[٩٤٣-]حدثنا الحسنُ بنُ عليٍّ الخَلَّالُ، نا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، قالَ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللهِ بنُ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عن أبي البَدَّاحِ بنِ عَاصِمِ بنِ عَدِيٍّ، عن أَبِيْهِ، قالَ: رَخَّصَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم لِرِعَاءِ الإِبِلِ فِيْ البَيْتُوْتَةِ: أَنْ يَرْمُوْا يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَجْمَعُوْا رَمْيَ يَوْمَيْنِ بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ، فَيَرْمُوْنَهُ فِيْ أَحَدِهِمَا، قالَ مَالِكٌ: ظَنَنْتُ أَنَّهُ قالَ: في الْأَوَّلِ مِنْهُمَا، ثُمَّ يَرْمُوْنَ يَوْمَ النَّفَرِ.

وهذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وهُوَ أَصَحُّ مِنْ حديثِ ابنِ عُيَيْنَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ.

ترجمہ اور وضاحت: نبی ﷺ نے چرواہوں کو اجازت دی کہ وہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن رمی نہ کریں۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن عیینہ نے حدیث اسی طرح روایت کی ہے یعنی سند کے ایک راوی کا نام ابوالبداح بن عدی لیا ہے اور امام مالکؒ نے اس کا نام ابوالبداح بن عاصم بن عدی لیا ہے۔ اور امام مالکؒ کی روایت اصح ہے، یعنی صحیح نام: ابوالبداح بن عاصم بن عدی ہے۔ اور بعض علماء نے چرواہوں کو اس کی اجازت دی ہے کہ وہ ایک دن رمی کریں اور ایک دن رمی نہ کریں، اور یہ شافعیؒ کا قول ہے۔

(حدیث۹۴۳) رسول اللہ ﷺ نے اونٹوں کے چرواہوں کو منی میں راتیں گذارنے کے سلسلہ میں سہولت دی بایں طور کہ وہ یوم النحر (دس ذی الحجہ) میں رمی کریں پھر یوم النحر کے بعد دو دن کی رمی جمع کریں (یعنی یوم النحر کی رمی تو اس کے وقت میں کریں، پھر گیارہ بارہ کی یا بارہ تیرہ کی رمی ایک ساتھ کریں) پس رمی کریں وہ ان دو دنوں میں سے ایک میں (یعنی بارہ میں گیارہ بارہ دونوں کی رمی کریں یا تیرہ میں بارہ اور تیرہ دونوں کی رمی کریں جمع تقدیم کا کوئی قائل نہیں) امام مالکؒ کہتے ہیں: میرا گمان یہ ہے کہ استاذ نے یہ لفظ بولا تھا: فی الأول منهما یعنی دو دنوں میں سے پہلے دن میں پھر یوم النفر کو (یعنی منی سے لوٹنے کے دن) رمی کریں (اس عبارت سے ایسا سمجھ میں آتا ہے کہ امام مالکؒ کے نزدیک بارہ کی رمی گیارہ میں کی جاسکتی ہے یعنی جمع تقدیم کر سکتے ہیں مگر یہ امام مالکؒ کا مذہب نہیں۔ موطا مالک (ص:۱۵۹) میں اس حدیث کی وضاحت خود امام مالکؒ نے یہ فرمائی ہے کہ بارہ میں گیارہ اور بارہ دونوں دنوں کی رمی کریں۔ بارہ کی رمی گیارہ میں کرنا جائز نہیں اور یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے اور یہ ابن عیینہ کی روایت سے اصح ہے (یعنی راوی کا صحیح نام ابوالبداح بن عاصم بن عدی ہے اور یہ معمولی بات نہیں ہے، عن أبیه کے مصداق کی تعیین میں یہ بڑی اہم بات ہے کہ صحابی کا کیا نام ہے جن کی یہ حدیث ہے)

باب [ماجاء فی الإحرام المُبْهَمِ]

گول مول احرام باندھنے کا بیان

حجۃ الوداع میں حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے آئے تھے اور نبی ﷺ کے لئے ۳۳ اونٹ لے کر آئے تھے، آپؐ نے ان سے پوچھا: احرام شروع کرتے وقت تم نے کیا نیت کی تھی، میرے ساتھ تمہاری اہلیہ ہیں؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے یہ نیت کی تھی کہ جیسا نبی ﷺ کا احرام ہے ویسا میرا ہے، آپؐ نے فرمایا: میرے ساتھ قربانیاں ہیں اس لئے میرا احرام نہیں کھل سکتا، پس تمہارا بھی نہیں کھل سکتا۔ چنانچہ آپؐ نے ان کو اپنی قربانیوں میں شریک کرلیا اور انھوں نے بھی قران کیا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص گول مول احرام باندھے تو درست ہے مگر اس کو طواف شروع کرنے سے پہلے حج یا عمرہ کی تعیین کرنی ہوگی، اگر تعیین کئے بغیر طواف شروع کردے گا تو وہ خود بخود عمرہ کا احرام ہو جائے گا۔

[۱۰۷] باب [ماجاء فی الإحرام المُبْهَمِ]

[۹۴۴-] حدثنا عبدُ الْوَارِثِ بنُ عبدِ الصَّمَدِ بنِ عبدِ الْوَارِثِ، قالَ حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، نَاسَلِیْمُ بنُ حَیَّانَ، قالَ: سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْأَصْفَرَ، عن أنسِ بنِ مَالكٍ: أَنَّ عَلِیًّا قَدِمَ علی رسولِ اللهِ صلی الله علیه وسلم مِنَ الْیَمَنِ، فقالَ: "بِمَا أَهْلَلْتَ؟" قالَ: أَهْلَلْتُ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم، قالَ:

"لَوْلَا أَنَّ مَعِیَ هَدْیًا لَأَحْلَلْتُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ من هذا الوَجْهِ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس یمن سے آئے، آپؐ نے پوچھا: تم نے کیسا احرام باندھا ہے؟ انھوں نے کہا: میں نے ویسا ہی احرام باندھا ہے جیسا نبی ﷺ نے باندھا ہے، آپؐ نے فرمایا: اگر میرے ساتھ قربانیاں نہ ہوتیں تو میں (عمرہ کرکے) احرام کھول دیتا۔

نوٹ: یہ باب میں نے باندھا ہے، مصری نسخہ میں بھی باب خالی ہے۔

بابُ [ماجاء فی یوم الحج الأکبر]

حج اکبر کا دن: کونسا ہے؟

شریعت کی اصطلاح میں حج اکبر حج کا نام ہے جو یوم النحر کو ہوتا ہے اور عمرہ: حج اصغر ہے، اس باب میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ سن ۹ ہجری میں جب آنحضرت ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حج اکبر کے دن چار اعلان کرنے کے لئے بھیجا تھا تو انھوں نے دریافت کیا تھا: یا رسول اللہ! حج اکبر کا دن کونسا ہے؟ یعنی حج کے پانچ دن ہیں مجھے اعلان کس دن کرنا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: قربانی کے دن یعنی دس ذی الحجہ حج اکبر کا دن ہے اس دن یہ اعلانات کرنا۔

[۱۰۸] باب [ماجاء فی یوم الحج الأکبر]

[۹۴۵-] حدثنا عبدُ الوَارِثِ بنُ عبدِ الصَّمَدِ بنِ عبدِ الْوَارِثِ، نا أَبِیْ، عن أَبِیْهِ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، عن أبی إسحاقَ، عن الحَارِثِ، عن عَلِیٍّ قالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ یَوْمِ الْحَجِّ الْأَکْبَرِ؟ فقالَ: "یَوْمُ النَّحْرِ"

[۹۴۶-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن أَبِیْ إسحاقَ، عن الحَارِثِ، عن عَلِیٍّ، قالَ: یَوْمُ الحَجِّ الْأَکْبَرِ: یَوْمُ النَّحْرِ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِیْثِ الْأَوَّلِ، وَرِوَایَةُ ابنِ عُیَیْنَةَ مَوْقُوْفًا أَصَحُّ مِنْ رِوَایَةِ محمدِ بنِ إسحاقَ مَرْفُوْعًا.

قال أبو عیسی: هکذا رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عن أَبِیْ إسحاقَ عن الْحَارِثِ عن عَلِیٍّ مَوْقُوْفًا.

وضاحت: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث موقوف ہے یا مرفوع؟ ابو اسحاق ہمدانی کے تلامذہ میں اختلاف ہے، محمد بن اسحاق مرفوع بیان کرتے ہیں اور ابن عیینہ موقوف۔ امام ترمذیؒ نے حدیث موقوف کو اصح قرار دیا ہے، فرماتے ہیں: ابو اسحاق سے متعدد حفاظ ابن عیینہ کی طرح اس کو موقوف روایت کرتے ہیں۔

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

باب [ماجاء فی استلام الرکنین]

حجر اسود اور رکن یمانی کو ہاتھ لگانے کی فضیلت

حدیث: عبید بن عُمیر کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کعبہ کے دو کونوں (حجر اسود اور رکن یمانی) پر بھیڑ میں پڑتے تھے یعنی ان کو ہاتھ لگا کر ہی آگے بڑھتے تھے، میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! آپ ان دو کونوں پر بھیڑ میں پڑتے ہیں، ایسا بھیڑ میں پڑنا کہ میں نے صحابہ میں سے کسی کو اس طرح بھیڑ میں پڑتے نہیں دیکھا، یعنی دیگر صحابہ اگر موقع ہوتا ہے تو استلام کرتے ہیں اور اگر موقع نہیں ہوتا تو اشارہ کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ استلام کرنے کے لئے بھیڑ میں نہیں پڑتے اس کی کیا وجہ ہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: میں ایسا اس لئے کرتا ہوں کہ میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: ''ان دونوں کونوں کو ہاتھ لگانے سے یقیناً گناہ معاف ہو جاتے ہیں'' —— پھر انھوں نے ایک اور حدیث سنائی کہ جو شخص کعبہ کے سات چکر لگائے اور ان کو شمار کرے، یعنی اچھی طرح یاد رکھے تو وہ ایک غلام آزاد کرنے والے کی طرح ہوگا، یعنی ایک طواف کا ثواب ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ہے —— پھر تیسری حدیث سنائی کہ ''طواف کرنے والا جو بھی قدم رکھتا ہے اور جو بھی قدم اٹھاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں ایک غلطی معاف فرماتے ہیں اور اس کے نامۂ اعمال میں ایک نیکی لکھتے ہیں، یعنی ہر قدم پر ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔

فائدہ: جریر اور حماد بن زید دونوں اس حدیث کو عطاء بن السائب سے روایت کرتے ہیں اور دونوں کی حدیثوں میں یہ فرق ہے کہ جریر سند کے آخر میں عن أبیه کا اضافہ کرتے ہیں اور حماد بن زید یہ واسطہ نہیں بڑھاتے، اور پہلے یہ بات بتائی ہے کہ جریر نے عطاء بن السائب سے حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے اور حماد نے پہلے پڑھا ہے اس لئے حماد کی حدیث اصح ہے۔

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

[۱۰۹] بابُ [ماجاء فی استلام الرکنین]

[۹۴۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا جَرِيْرٌ، عن عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن ابنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عن أَبِيْهِ: أَنَّ ابنَ عُمَرَ كانَ يُزَاحِمُ على الرُّكْنَيْنِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عبدِ الرحمنِ! إِنَّكَ تُزَاحِمُ على الرُّكْنَيْنِ زِحَامًا مَّا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم يُزَاحِمُ عَلَيْهِ، فقالَ: إِنْ أَفْعَلْ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّ مَسْحَهُمَا كَفَّارَةُ الْخَطَايَا'' وسَمِعْتُهُ يقولُ: '' مَنْ طَافَ بِهٰذَا الْبَيْتِ سُبُوْعًا فَأَحْصَاهُ كانَ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ'' وسَمِعْتُهُ يقولُ: '' لَايَضَعُ قَدَمًا وَلَا يَرْفَعُ أُخْرَى إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عنهُ بِهَا

خَطِيْئَةً، وَكُتِبَتْ لَهُ بِهَا حَسَنَةٌ.

قال أبو عيسى: وَرَوَى حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن ابنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عن ابنِ عُمَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ أَبِيْهِ، وهٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ [ماجاء فی الكلام فی الطواف]

طواف میں بات چیت کرنا جائز ہے

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''کعبہ شریف کا طواف نماز کی طرح ہے'' پس جو چیزیں نماز کے لئے شرط ہیں مثلاً طہارت، سترِ عورت: طواف میں بھی شرط ہیں مگر بعض چیزوں میں فرق ہے۔ مثلاً طواف میں استقبالِ قبلہ نہیں ہے بلکہ حول کعبہ گھومنا ہے اسی طرح نماز میں بات چیت کی گنجائش نہیں، مگر طواف میں بات چیت کر سکتے ہیں، مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ فضول باتیں کرے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی خیر کی بات کہنی پڑے تو کہہ سکتے ہیں، اسی طرح طواف کرتے ہوئے کوئی جان پہنچان کا مل جائے تو دعا سلام اور مصافحہ کر سکتے ہیں، کسی کو مسئلہ بتا سکتے ہیں، کسی سے مسئلہ پوچھ سکتے ہیں طواف کے دوران یہ خیر کے کام کرنے کی گنجائش ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیت اللہ کے ارد گرد گھومنا نماز کی طرح ہے مگر تم طواف میں بات چیت کر سکتے ہو، پس جو شخص دورانِ طواف بات چیت کرے وہ خیر کے علاوہ کوئی دوسری بات نہ کرے''

فائدہ: یہ حدیث درحقیقت ابن عباسؓ کا فتوی ہے، عطاء بن السائب نے غلطی سے اس کو مرفوع کر دیا ہے، ان کا حافظہ آخری عمر میں بگڑ گیا تھا اور جریر نے حافظہ بگڑنے کے بعد ان سے پڑھا ہے، چنانچہ دوسرے روات طاؤس کے صاحبزادے سے اس حدیث کو موقوف روایت کرتے ہیں۔

[١١٠] بابُ [ماجاء فی الكلام فی الطواف]

[٩٤٨-] حدثنا قُتيبةُ، نا جَرِيْرٌ، عن عطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن طَاوُسٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم قالَ: '' الطَّوَّافُ حَوْلَ البَيْتِ مِثْلُ الصَّلاَةِ، إِلاَّ أَنَّكُمْ تتكَلَّمُوْنَ فِيْهِ، فَمَنْ تكَلَّمَ فِيْهِ فَلاَ يَتكَلَّمْ إِلاَّ بَخَيْرٍ''

قال أبو عيسى: وقَدْ رُوِیَ عن ابنِ طاوُسٍ وغَيْرِهِ عن طَاوُسٍ، عن ابنِ عبّاسٍ مَوْقُوْفًا، وَلاَ نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حديثِ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ.

والعملُ علی هٰذا عِنْدَ أهلِ العلمِ يَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ لاَيَتكَلَّمَ الرَّجُلُ فِیْ الطَّوَافِ إِلاَّ لِحاجَةٍ أَوْ يَذْكُرَ اللّٰهَ تَعالٰی، أَوْ مِنَ العِلْمِ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اور ابن طاؤس سے اور ان کے علاوہ سے روایت کیا گیا ہے، وہ طاؤس سے اور وہ ابن عباسؓ سے موقوف روایت کرتے ہیں، اور ہم اس حدیث کو مرفوع نہیں جانتے مگر عطاء بن السائب کی حدیث سے، اور اس پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ آدمی دورانِ طواف بات چیت نہ کرے، مگر کسی ضرورت سے یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے یا کوئی علمی بات کرے یعنی کسی کو کوئی دینی بات بتائے یا پوچھے۔

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

بابُ [ماجاء فی الحجر الأسود]

حجر اسود کی خصوصیت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حجر اسود کے بارے میں فرمایا: قسم بخدا! اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حجر اسود کو اس شان سے نئی زندگی دیں گے کہ اس کی دو آنکھیں ہونگی، جن سے وہ دیکھے گا اور زبان ہوگی جس سے وہ بولے گا، اور اس شخص کے حق میں گواہی دے گا جس نے برحق طور پر اس کو چھویا ہے، یعنی حجر اسود دیکھنے میں اگرچہ پتھر ہے مگر اس کی ایک خصوصیت ہے، وہ اس شخص کو پہچانتا ہے جو بہ نیتِ تعظیم اس کا استلام کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کے حق میں گواہی دے گا۔ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: ہم نے آنکھوں سے اس بات کا مشاہدہ کیا ہے کہ بیت اللہ شریف گویا روحانیت سے بھرا ہوا ہے اور حجر اسود اس کا ایک جزء ہے۔ پس ضروری ہے کہ اس کو آخرت میں وہ چیز دی جائے جو زندوں کی خاصیت ہے یعنی آنکھیں اور زبان دی جائے کیونکہ جو پتھر مدتِ مدید تک الطاف الٰہی کا مورد رہا ہو، اگر وہ آخرت میں ذی عقل مخلوق بن جائے تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے! مولانا روم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

سگ اصحاب کہف روزے چند ❁ پئے نیکاں گرفت: مردُم شُد

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

[١١١] بابُ [ماجاء فی الحجر الأسود]

[٩٤٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا جَرِيْرٌ، عن ابنِ خُثَيْمٍ، عن سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الحَجَرِ: "وَاللّٰهِ لَيَبْعَثَنَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا، ولِسَانٌ يَنْطِقُ بِهِ، يَشْهَدُ على مَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

بابُ [ماجاء فی الدُّهْنِ غیر المُقتَّتِ]

احرام میں بغیر خوشبو کا تیل لگا سکتے ہیں؟

حدیث: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حالتِ احرام میں بغیر خوشبو کا زیتون کا تیل لگایا۔

تشریح: حالتِ احرام میں سر یا بدن پر کسی بھی قسم کا تیل لگانا جائز نہیں، نہ خوشبودار اور نہ بے خوشبو، اور اس پر اتفاق ہے، کیونکہ تیل لگانا زینت ہے اور محرم کو زینت سے بچنا ہے۔ اور حدیثِ باب تنہا فرقد سَبَخی روایت کرتا ہے اور وہ ضعیف ہے —— مُقَتَّتْ کے معنی ہیں: مُطَیَّب: خوشبودار کیا ہوا، اور تیل کو خوشبودار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بے خوشبو کے تیل میں گلاب کے پتے مثلاً ڈال کر پکائیں یہاں تک کہ وہ پتے جل جائیں پھر چھان کر تیل نکال لیں تو وہ خوشبودار ہو جائیگا۔

نوٹ: باب کا عنوان میں نے بڑھایا ہے، مصری نسخہ میں بھی باب خالی ہے۔

[١١٢] باب[ماجاء فی الدُّهْنِ غیر المُقتَّتِ]

[٩٥٠-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عن سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يَدَّهِنُ بالزَّيْتِ وَهُوَ مُحْرِمٌ غَيْرِ الْمُقَتَّتِ.

قال أبو عيسى: مُقَتَّتٌ: مُطَيَّبٌ، هذا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عن سَعِيدِ بنِ جُبَيْرٍ، وقَدْ تَكَلَّمَ يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ فِيْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، وَرَوَى عنهُ النَّاسُ.

بابُ [ماجاء فی ماءِ زمزم]

مائے زمزم کی فضیلت

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مروی ہے کہ وہ جب مدینہ لوٹتی تھیں تو زمزم ساتھ لے جاتی تھیں اور فرماتی تھیں کہ نبی ﷺ بھی زمزم ساتھ لے جاتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے تمام حجاج اپنے ساتھ زم زم لاتے ہیں۔ زم زم کی فضیلت میں بہت روایات ہیں۔ ابن الہمام رحمہ اللہ نے فتح القدیر میں زم زم کی فضیلت کا باب قائم کر کے سب روایات جمع کی ہیں۔

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

[١١٣]بابُ [ماجاء فی ماء زمزم]

[٩٥١-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا خَلَّادُ بنُ يَزِيْدَ الجُعْفِيُّ، نا زُهَيْرُ بنُ مُعَاوِيَةَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن

أَبِيْهِ، عن عائشةَ: أَنَّهَا كانَتْ تَحْمِلُ مِنْ مَاءِ زَمْزَمٍ، وتُخْبِرُ أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم كانَ يَحْمِلُهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

بابُ [ماجاء فى نزول الأبطَح]

ابطح میں اترنا مناسک میں شامل نہیں

حدیث: عبدالعزیز بن رُفیع کہتے ہیں: میں نے حضرت انسؓ سے کہا: آپ مجھے رسول اللہ ﷺ کے بارے میں بتلائیں اگر آپ کو صحیح یاد ہو کہ آپؐ نے یوم الترویہ کو ظہر کی نماز کہاں پڑھی؟ حضرت انس نے کہا: منی میں، عبد العزیز نے پوچھا: اور یوم النفر (تیرہ ذی الحجہ) میں عصر کی نماز کہاں پڑھی؟ انھوں نے فرمایا: ابطح میں، پھر حضرت انسؓ نے فرمایا: تمہارے امراء جو کرتے ہیں وہ کرو۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بعد میں امراء کا طریقہ بدل گیا تھا اس لئے حضرت انسؓ نے فرمایا کہ امراء جو کرتے ہیں وہ کرو، کیونکہ ابطح میں اترنا مناسک میں شامل نہیں۔

نوٹ: باب کا عنوان میں نے بڑھایا ہے، مصری نسخہ میں بھی باب خالی ہے۔

[١١٤] بابُ [ماجاء فى نزول الأبطَح]

[٩٥٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ومحمدُ بنُ الوَزِيْرِ الوَاسِطِيُّ، المَعْنَى وَاحِدٌ، قالاَ: نا إسحاقُ بنُ يُوْسُفَ الأَزْرَقُ، عن سُفيانَ، عن عبدِ العزيزِ بنِ رُفَيْعٍ، قالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: حَدِّثْنِى بِشيءٍ عَقَلْتَهُ عن رسولِ الله صلى الله عليه وسلم: أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ؟ قالَ: بِمنى، قالَ: قُلْتُ: وأَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفرِ؟ قالَ: بالأَبْطَحِ، ثُمَّ قَالَ: افْعَلْ كَمَا يَفْعَلُ أُمَرَاؤُكَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ حديثِ إسحاقَ الأَزْرَقِ عن الثَّوْرِيِّ.

﴿آخر أبواب الحج﴾

الحمدللہ کتاب الحج کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی

أَبْوَابُ الْجَنَائِزِ

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

بابُ ماجاءَ فی ثَوَابِ الْمَرَضِ

بیماری کا ثواب

حدیث (۱): آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جب بھی کسی مؤمن کو کوئی کانٹا چبھتا ہے یا اس سے معمولی تکلیف پہنچتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس تکلیف کی وجہ سے اس کا ایک درجہ بڑھاتے ہیں اور اس کی وجہ سے اس کا ایک گناہ مٹاتے ہیں۔

تشریح

۱- جب آدمی بیمار پڑتا ہے تو بہیمیت کمزور ہوتی ہے اس لئے برائیوں کا ازالہ ہوتا ہے اور دنیا کی طرف سے کچھ دل اکھڑتا ہے اور آخرت کی طرف مائل ہوتا ہے، اس لئے بیماری سے گناہ جھڑتے ہیں، اور اس حدیث کے عموم میں مرض موت بھی داخل ہے، اس کی وجہ سے بھی سیئات معاف ہوتے ہیں اور درجات بڑھتے ہیں، آئندہ حدیث میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جب اللہ تعالیٰ کو کسی بندے کے ساتھ خیر منظور ہوتی ہے تو اسے دنیا ہی میں سزا دیدیتے ہیں'' اور مسند احمد میں حدیث ہے کہ جب کسی بندے کے گناہ زیادہ ہوتے ہیں اور اعمال خیر سے اس کا دامن خالی ہوتا ہے جو گناہوں کے لئے کفارہ بن سکیں تو اللہ تعالیٰ اس کو موت سے پہلے مصائب میں مبتلا کرتے ہیں اور وہ بتوفیق الٰہی اس پر صبر کرتا ہے اور اللہ کی تعریف کرتا ہے تو وہ گناہوں سے پاک صاف ہوجاتا ہے اور وہ اس دن کی طرح ہوجاتا ہے جس دن اس کو اس کی ماں نے جنا تھا (مشکوۃ حدیث ۱۵۷۹ و ۱۵۸۰)

اور بدکردار کی اچانک موت کو اللہ کے غصہ کی پکڑ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ برائی کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کے گناہ باقی رکھتے ہیں تاکہ قیامت کے دن اس کا حساب چکائیں (مشکوۃ حدیث ۱۵۶۵)

غرض موت سے پہلے کی تکالیف میں بندوں کا فائدہ ہے اور کونسا مرض کفارۂ سیئات بنتا ہے اور کس مرض میں درجات بلند ہوتے ہیں؟ اس کی علامت علماء نے یہ لکھی ہے کہ اگر بندہ مرض پر شاکی ہو، ہر کسی کے سامنے بیماری کا

رونا روئے تو مرض کفارۂ سیئات ہوتا ہے، اور اگر بندہ مرض پر صابر ہو اور ہر حال میں اللہ کی تعریف کرے تو اس مرض سے درجات بلند ہوتے ہیں۔

۲- جب تک آدمی کے نامۂ اعمال میں سیئات ہیں بیماری سے گناہ بھی معاف ہوتے ہیں اور درجات بھی بڑھتے ہیں اور جب گناہ باقی نہیں رہتے تو صرف درجات بلند ہوتے ہیں۔

۳- قوله: فما فوقها: فوقیت کبھی بڑا ہونے میں ہوتی ہے اور کبھی چھوٹا ہونے میں، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِیْ أَنْ يَّضْرِبَ مَثَلاً مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا﴾ یعنی اللہ تعالیٰ مچھر یا اس سے بھی چھوٹی مخلوق کی مثال بیان کرنے سے شرماتے نہیں، اس آیت میں اور اس حدیث میں فوقیت فی الصغر مراد ہے، پس جب کانٹے کی تکلیف اور اس سے معمولی تکلیف کفارۂ سیئات بنتی ہے تو مرض کی تکلیف تو اس سے کہیں زیادہ ہے اس لئے وہ ضرور کفارہ بنے گی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جو بھی چیز مؤمن کو پہنچتی ہے خواہ تھکن ہو یا غم ہو یا بیماری ہو (الوَصَب کے معنی ہیں: بیماری، دائمی مرض، جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے) حتی کہ سوچ وچار (ٹینشن) جو آدمی کو پریشانی میں مبتلا کرتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بھی اس کی سئیات کو مٹاتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث کے راوی امام وکیع رحمہ اللہ ہیں، انھوں نے تلامذہ سے یہ حدیث بیان کرکے فرمایا: یہ بات کہ پریشان کن سوچ وچار بھی کفارہ بنتے ہیں، اسی حدیث میں آئی ہے، دوسری کسی حدیث میں یہ مضمون نہیں آیا۔

أبواب الجنائز

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱] باب ماجاء فی ثواب المرض

[۹۵۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عن الأَسْوَدِ، عن عائشةَ، قالتْ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "لَايُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ شَوْكَةٌ فَمَا فَوْقَهَا إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً"

وفی الباب: عن سَعْدِ بنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ، وأَبِیْ عُبَيْدَةَ بنَ الجَرَّاحِ، وأَبِیْ هُرَيْرَةَ، وأَبِیْ أُمَامَةَ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وأَنَسٍ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأَسَدِ بنِ كُرْزٍ، وَجَابِرٍ، وعبدِ الرحمنِ بنِ أَزْهَرَ، وأَبِیْ مُوْسَى.

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۹۵۴-] حدثنا سُفيانُ بنُ وَكِيْعٌ، نا أَبِیْ، عن أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عن محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ عَطَاءٍ، عَنْ

عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قالَ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " مَا مِنْ شَيْئٍ يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَصَبٍ وَلاَ حَزَنٍ وَلاَوَصَبٍ، حَتَّى الْهَمُّ يَهُمُّهُ، إِلَّا يُكَفِّرُ اللّٰهُ بِهِ عَنْهُ سَيِّآتِهِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ في هذا البابِ. قالَ: وسَمِعْتُ الجَارُوْدَ، يَقولُ سَمِعْتُ وَكِيْعًا، يَقُوْلُ: إِنَّهُ لَمْ يُسْمَعْ فِيْ الهَمِّ أَنَّهُ يَكُوْنُ كَفَّارَةً إِلَّا في هذا الحَدِيْثِ، وقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عن عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عن أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے جارود سے سنا کہ وکیعؒ فرماتے ہیں: بیشک هَمّ (سوچ وچار، ٹینشن) کے بارے میں یہ بات کہ وہ کفارۂ سیئات ہوتی ہے صرف اس حدیث میں آئی ہے، اور بعض روات نے اس حدیث کی سند حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچائی ہے (بخاری حدیث ۵۶۴۱ و۵۶۴۲)

بابُ ماجاءَ في عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ

بیمار پرسی کا ثواب

بیمار پرسی حقوقِ اسلام میں سے ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں: ان میں سے ایک حق مریض کی عیادت کرنا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۱۵۲۵)

اور عیادت کا فائدہ یہ ہے کہ مریض کو سکون ملتا ہے وہ خود کو بے سہارا محسوس نہیں کرتا، نیز اس سے رشتۂ الفت استوار ہوتا ہے اس لئے اس میں اجر وثواب رکھا گیا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی بیمار پرسی کرتا ہے تو وہ برابر جنت کے چنیدہ میووں میں رہتا ہے۔

تشریح: اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ عیادت کرنا دخولِ جنت کا سبب ہے، کیونکہ جنت کے میووے جنت میں داخل ہونے کے بعد ہی ملیں گے، پس عیادت کرنے والے کا جنت میں داخل ہونا یقینی ہے۔

فائدہ: ابوقلابہ نے ابواسماء رَحَبی سے ان کی تمام روایات براہ راست سنی ہیں، مگر یہ حدیث ابوالاشعث کے واسطہ سے سنی ہے اور جو لوگ ابوالاشعث کا واسطہ ذکر نہیں کرتے ان کی سند صحیح نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی واسطہ والی حدیث کو اصح قرار دیا ہے۔

حدیث (۲): ابوفاختہ سعید بن علاقہ کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: آؤ حسینؓ کی عیادت کر آئیں، پس ہم نے ان کے پاس ابوموسیٰ اشعری کو پایا۔ حضرت علیؓ نے پوچھا: اے ابوموسیٰ! آپ عیادت

کے لئے آئے ہیں یا ملاقات کے لئے؟ انھوں نے کہا: نہیں، بلکہ عیادت کے لئے آیا ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جو بھی مسلمان دوسرے مسلمان کی صبح میں عیادت کرتا ہے تو اس کے لئے ستر ہزار فرشتے دعائیں کرتے ہیں یہاں تک کہ شام ہوجاتی ہے اور اگر شام کو عیادت کرتا ہے تو ستر ہزار فرشتے اس کے لئے صبح تک دعائیں کرتے ہیں۔ اور اس کے لئے جنت میں ایک باغ ہوگا۔

تشریح: اس حدیث میں جو دوسرا مضمون ہے کہ عیادت کرنے والے کو جنت میں باغ ملتا ہے یہ مضمون تو اوپر والی حدیث میں آگیا (لم یزل فی خُرفة الجنة) اور چونکہ دونوں حدیثوں کے راوی الگ الگ ہیں، اس لئے ایک دوسرے کے لئے شاہد ہے مگر پہلا مضمون صرف اسی روایت میں آیا ہے اور یہ حدیث ضعیف ہے، ثُوَیر پرلے درجہ کا ضعیف راوی ہے۔

[۲] باب ماجاء فی عیادة المریض

[۹۵۵-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نا خَالِدٌ الحَذَّاءُ، عن أبی قِلَابَةَ، عن أَبِیْ أَسْمَاءَ الرَّحَبِیِّ، عن ثَوْبَانَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قال:" إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا عَادَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِیْ خُرْفَةِ الْجَنَّةِ"

وفی الباب: عن عَلِیٍّ، وأبی مُوسَی، والبَرَاءِ، وأبی هريرةَ، وأنسٍ، وجَابِرٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ثُوْبَانَ حديثٌ حسنٌ، وَرَوَی أَبُوْ غفارٍ، وعَاصِمٌ الْأَحْوَلُ هذا الحديثَ عن أبی قِلَابَةَ، عن أَبِی الْأَشْعَثِ، عن أَبِیْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، قال: وَسَمِعْتُ محمداً يَقُوْلُ: مَنْ رَوَی هذا الحديثَ عن أَبِی الْأَشْعَثِ عن أَبِیْ أَسْمَاءَ فَهُوَ أَصَحُّ، قالَ محمدٌ: وَأَحَادِيْثُ أَبِیْ قِلَابَةَ إِنَّمَا هِیَ عن أَبِیْ أَسْمَاءَ إِلَّا هذا الحديثَ، وَهُوَ عِنْدِیْ عن أبی الْأَشْعَثِ عن أبی أَسْمَاءَ.

[۹۵۶-] حدثنا محمدُ بنُ الوَزِيْرِ الْوَاسِطِیُّ، نا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عن عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عن أَبِیْ قِلَابَةَ، عن أَبِی الْأَشْعَثِ، عن أَبِیْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ وَزَادَ فِيْهِ: قِيْلَ: ما خُرْفَةُ الْجَنَّةِ؟ قالَ:" جَنَاهَا"

حدثنا أحمدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن أَيُّوْبَ، عن أَبِیْ قِلَابَةَ، عن أَبِیْ أَسْمَاءَ، عَن ثَوْبَانَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ حَدِيثِ خَالِدٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عن أَبِی الْأَشْعَثِ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ هذا الحديثَ عن حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۹۵۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا الحَسَنُ بنُ محمدٍ، نا إِسْرَائِيْلُ، عن ثُوَيْرٍ، عن أَبِيْهِ قال: أَخَذَ

عَلِیٌّ بِیَدِیْ فقالَ: انْطَلِقْ بِنَا إلی الْحُسَیْنِ نَعُوْدُہُ، فَوَجَدْنَا عِنْدَہُ أَبَا مُوْسٰی، فقالَ عَلِیٌّ: أَعَایِدًا جِئْتَ یَاأَبَا مُوْسَی أَمْ زَائِرًا؟ فقالَ: لاَ، بَلْ عَایِدًا، فقالَ عَلِیٌّ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: ''مامِنْ مُسْلِمٍ یَعُوْدُ مُسْلِمًا غُدْوَۃً إِلاَّ صَلَّی علیہِ سبعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰی یُمْسِیَ، وإِنْ عادَہُ عَشِیَّۃً إِلاَّ صَلی عَلیہِ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ حَتّٰی یُصْبِحَ، وکانَ لَہُ خَرِیفٌ فِی الْجَنَّۃِ''

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ غریبٌ حسنٌ، وقد رُوِیَ عن عَلِیٍّ ھذا الحدیثُ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ، ومِنْھُمْ مَنْ وَقَفَہُ وَلَمْ یرْفَعْہُ، واسْمُ أَبِیْ فَاخِتَۃَ: سَعیدُ بنُ عِلاَقَۃَ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابوغفار اور عاصم الاحول نے اس حدیث کو ابوقلابہ سے، انھوں نے ابو الاشعث سے، انھوں نے ابواسماء سے، انھوں نے ثوبان سے، اور انھوں نے نبی ﷺ سے روایت کیا ہے (یعنی ابو الاشعث کا واسطہ ذکر کیا ہے) امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے سنا کہ جس نے اس حدیث کو ابو الاشعث کے واسطہ سے روایت کیا ہے وہ اصح ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور ابوقلابہ کی حدیثیں ابواسماء ہی سے ہیں، یعنی ابوقلابہ نے تمام حدیثیں براہ راست ابواسماء سے سنی ہیں علاوہ اس حدیث کے، پس وہ میرے نزدیک ابوالاشعث کے واسطہ سے ہے ـــــــ اس کے بعد عاصم الاحول کی سند ہے جس میں واسطہ ہے، اور اس میں یہ مضمون زائد ہے کہ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! خرفۃ الجنہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جنت کے پکے ہوئے میوے (خُرفہ: غیر معروف لفظ تھا اس لئے صحابہ نے وضاحت چاہی، آپؐ نے معروف لفظ جَنَا سے وضاحت فرمائی۔ یہ لفظ سورۂ رحمٰن آیت ۵۴ میں آیا ہے ﴿وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ﴾ یعنی دونوں باغوں کے پکے ہوئے میوے جھکنے والے ہیں) اس کے بعد ایوب سختیانی کی سند ہے وہ بھی خالد الحذاء کی طرح واسطہ کے بغیر روایت کرتے ہیں۔ اور بعض حضرات نے اس حدیث کو حماد بن زید سے روایت کیا ہے مگر مرفوع نہیں کیا ـــــــ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے اور بعض روات نے اس کو موقوف بیان کیا ہے اور ثویر کے والد کا نام سعید بن علاقہ ہے اور کنیت ابوفاختہ ہے۔

بابُ ماجاءَ فی النَّھْیِ عَنِ التَّمَنِّیْ لِلْمَوْتِ

موت کی تمنا کرنے کی ممانعت

کبھی زندگی میں آخر وقت میں اتنی شدید پریشانی لاحق ہوتی ہے کہ آدمی موت کی تمنا کرنے لگتا ہے۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے اس لئے کہ موت کی تمنا ہی خودکشی کا سبب بنتی ہے، پس یہ ممانعت سداًللذرائع ہے، البتہ دل کی بھڑاس نکالنے کی اجازت ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ یہ دعا کرے: ''اے اللہ! جب تک میرے لئے خیر مقدر ہے

مجھے زندہ رکھ اور جب دنیا میں میرے لئے خیر نہ رہے تو مجھے موت دیدے" اس سے دل کی بھڑاس نکل جائے گی اور عقلاً بھی موت کی تمنا نہیں کرنی چاہئے کیونکہ جو شخص یقین سے جانتا ہے کہ اس کی آئندہ زندگی خوشگوار ہے تو وہ موت کی تمنا کرے، مگر یہ بات کسے معلوم ہے؟ ممکن ہے آگے اس سے بھی زیادہ پریشانی پیش آئے، پس یہیں رہنا بہتر ہے۔

[۳] باب ماجاء فی النهی عن التمنی للموت

[۹۵۸-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عن أَبِیْ إسحاقَ، عن حَارِثَةَ بنِ مُضَرِّبٍ، قال: دَخَلْتُ علی خَبَّابٍ وقَدِ اکْتَوَی فی بَطْنِهِ فقالَ: مَا أَعْلَمُ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم لَقِیَ مِنَ الْبَلَاءِ مَالَقِیْتُ، لَقَدْ کُنْتُ وَمَا أَجِدُ دِرْهَمًا علی عَهْدِ رسولِ اللہِ صلی اللہ علیه وسلم، وفی نَاحِیَةِ بَیْتِیْ أَرْبَعُوْنَ أَلْفًا، وَلَوْلاَ أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم نَهَانَا أَوْ: نَهَی أَنْ یَتَمَنَّی الْمَوْتَ: لَتَمَنَّیْتُ.

وفی الباب: عن أَبی هریرةَ، وأَنَسٍ، وجَابِرٍ، قال أبوعیسی: حدیثُ خَبَّابٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۹۵۹-] وقَدْ رُوِیَ عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " لَایَتَمَنَّیَنَّ أَحَدُکُمْ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، وَلْیَقُلْ: اللّٰهُمَّ أَحْیِنِیْ ما کَانَتِ الْحَیَاةُ خَیْرًا لِیْ، وَتَوَفَّنِیْ إِذَا کَانَتِ الوَفَاةُ خَیْراً لِیْ" حدثنا بذلِكَ عِلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا إسماعیلُ بنُ إبراهیمَ، نا عبدُ العزیزِ بنُ صُهَیْبٍ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِذَلِكَ، قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: حارثہ کہتے ہیں: میں حضرت خبابؓ کے پاس گیا جبکہ انھوں نے پیٹ کی بیماری کی وجہ سے لوہا گرم کر کے دغوایا تھا، انھوں نے فرمایا: میں نبی ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو نہیں جانتا جس کو اتنی آزمائشیں پہنچی ہوں جتنی مجھے پہنچی ہیں، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں اپنے پاس ایک درہم بھی نہیں پاتا تھا اور آج میرے گھر کے کونے میں چالیس ہزار درہم پڑے ہیں (مگر زندگی سے اتنا بیزار ہوں کہ) اگر نبی ﷺ نے ہمیں موت کی تمنا کرنے سے نہ روکا ہوتا یا فرمایا: موت کی تمنا کرنے سے نہ روکا ہوتا تو میں موت کی تمنا کرتا (نَھانا اور نھی کا فرق واضح کیا ہے ایک میں ضمیر نَا ہے دوسرے میں نہیں ہے) —— حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ہرگز موت کی تمنا نہ کرے اس مصیبت کی وجہ سے جو اس پر نازل ہوئی ہے، اور چاہئے کہ یہ دعا کرے: اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک میرے لئے زندہ رہنے میں خیر ہے، اور مجھے موت دیدے جب میرے لئے مرنے میں خیر ہے۔

تشریح: عربوں میں علاج کا ایک طریقہ کَیْ تھا یعنی لوہا گرم کر کے پھوڑوں اور دیگر زخموں کو داغتے تھے، نبی

ﷺ نے اس کو پسند بھی کیا ہے اور اس سے منع بھی کیا ہے۔ بخاری میں حدیث ہے کہ تین چیزوں میں شفا ہے: حجامت، شہد اور کَیْ میں۔ مگر میں نے اپنی امت کو دغوانے سے منع کیا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۵۱۶) معلوم ہوا کہ بدرجۂ مجبوری کَیْ کے ذریعہ علاج کرایا جاسکتا ہے۔ غزوۂ خندق میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کی رگ کٹ گئی تھی، آپؐ نے اس جگہ خود داغ لگایا تھا تاکہ خون بند ہو جائے۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے بھی بدرجۂ مجبوری پیٹ پر داغ لگوایا تھا اور کئی مرتبہ دغوایا تھا، جس کی وجہ سے نہایت تکلیف تھی اور زندگی سے طبیعت اچاٹ ہوگئی تھی، مگر چونکہ نبی ﷺ نے موت کی تمنا کرنے سے منع فرمایا ہے اس لئے انھوں نے موت کی آرزو نہیں کی۔

مسئلہ: دنیوی مصائب کی وجہ سے موت کی تمنا کرنا حرام ہے لیکن اگر دین پر کوئی آفت آئے تو موت کی تمنا کرسکتا ہے اور میجر آپریشن کا معاملہ کَیْ جیسا ہے، ضرورتِ شدیدہ کے بغیر اس پر اقدام نہیں کرنا چاہئے۔

بابُ ماجاءَ فی التَّعَوُّذِ لِلْمَرِیْضِ

مریض پر دم کرنے کی دعائیں

نبی ﷺ نے چند کامل اور تام جھاڑیں اور دعائیں بتلائی ہیں جو اللہ کے ذکر پر مشتمل ہیں اور جن میں اللہ تعالیٰ سے استعانت کی گئی ہے، اس لئے کہ زمانۂ جاہلیت میں ایسی جھاڑوں اور منتروں کا رواج تھا، جن میں شیطانی طاقتوں سے استعانت کی جاتی تھی۔ پس لوگوں کو اس سے روکنا ضروری تھا، اس لئے علاج بالمثل کے طور پر ان ناجائز منتروں کی جگہ بہترین اور مفید دعائیں سکھلائیں ہیں، تاکہ لوگ ان مشرکانہ طریقوں سے بچ جائیں۔

حدیث (۱): حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس آئے اور پوچھا: کیا آپؐ کی طبیعت ناساز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت جبرئیل نے آپؐ کو اس دعا سے جھاڑا: ''میں اللہ کے نام سے آپؐ کو جھاڑتا ہوں، ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچارہی ہے، ہر نفس کی برائی سے اور ہر جلنے والی آنکھ سے، اللہ تعالیٰ آپؐ کو شفا بخشیں، اللہ کے نام سے میں آپؐ کو جھاڑتا ہوں، اللہ آپ کو شفا بخشیں (پھر دم کرے)

حدیث (۲): عبدالعزیز بن صہیب کہتے ہیں: میں اور ثابت بُنانی حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، ثابت نے عرض کیا: اے ابوحمزہ! میری طبیعت ناساز ہے۔ حضرت انسؓ نے فرمایا: کیا میں تجھے نبی ﷺ کی جھاڑ سے نہ جھاڑوں؟ انھوں نے کہا: کیوں نہیں! یعنی ضرور جھاڑیئے۔ پس حضرت انسؓ نے اس دعا سے جھاڑا: ''اے اللہ! اے انسانوں کے پروردگار! تکلیف کو دور فرما اور شفا عطا فرما، آپ ہی شفا دینے والے ہیں اور آپ ہی کی شفا شفا ہے، ایسی کامل شفا جو بالکل بیماری نہ چھوڑے''

فائدہ: احادیث شریفہ میں اور بھی دعائیں آئی ہیں جو ترجمہ اور وضاحت کے ساتھ رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۲۲:۳)

میں درج کی گئی ہیں ان دعاؤں کو تین، پانچ یا سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے، اور دم کرنے کا طریقہ یہ ہے اس طرح پھونکے کہ ہوا کے ساتھ تھوک کے ہلکے ذرات بھی جائیں، اس کا نام نفث ہے ﴿وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِيْ الْعُقَدِ﴾ اور اگر کسی خاص حصہ میں درد ہو تو دعا پڑھتے وقت اپنا دایاں ہاتھ مریض کے جسم پر پھیرے اور دم کرے۔ ان جھاڑوں سے خود اپنے اوپر بھی دم کرسکتا ہے اس صورت میں ضمیریں بدلیں گی مثلاً حضرت جبرئیل کا رقیہ اس طرح پڑھے گا: بسم الله أَرْقِيْنِی من كل شيئ يُؤْذِيْنِیْ، من شر كل نفس وعين حاسدة، بسم الله أرقينی والله يشفينی۔

[٤] باب ماجاء فی التعوذ للمريض

[٩٦٠-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ، نا عبدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيدٍ، عن عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أَبِیْ نَضْرَةَ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ: أَنَّ جِبْرَئِيْلَ أَتَى النبیَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يا محمدُ أَشْتَكَيْتَ؟ قالَ: نَعَمْ، قَالَ: " بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْكَ، مِنْ كُلِّ شَيْئٍ يُؤْذِيْكَ، مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ وَعَيْنٍ حَاسِدَةٍ، بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ"

[٩٦١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عبدُ الوَارِثِ بنُ سَعِيدٍ، عن عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، قالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَثَابِتٌ الْبُنَانِیُّ على أنسِ بنِ مَالِكٍ، فقالَ ثَابِتٌ: يَا أَبَا حَمْزَةَ اشْتَكَيْتُ، فقالَ أَنَسٌ: أَفَلَا أَرْقِيْكَ بِرُقْيَةِ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم؟ قالَ: بَلَى، قالَ: " اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ، مُذْهِبَ الْبَأْسِ، اِشْفِ أَنْتَ الشَّافِیْ، لَاشَافِیَ إِلَّا أَنْتَ، شِفَاءً لَايُغَادِرُ سَقَمًا"

وفی الباب: عن أَنَسٍ، وعائشةَ، قالَ أبو عيسى: حديثُ أبی سعيدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قالَ: وَسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ عن هذا الحديثِ، فَقُلْتُ لَهُ: رِوَايَةُ عبدِ العزيزِ، عن أَبِیْ نَضْرَةَ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ أَصَحُّ أَوْ حَدِيْثُ عَبْدِ العزيزِ عن أنسٍ؟ قالَ: كِلَاهُمَا صَحِيْحٌ، أَخْبرنا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عبدِ الْوَارِثِ، عن أَبيهِ، عن عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أبی نَضْرَةَ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ، وعن عبدِ العزيزِ بنِ صُهَيْبٍ، عن أنسٍ.

وضاحت: حدیث انس کی سند بعض حضرات حضرت ابوسعید خدریؓ تک پہنچاتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ابوزرعہؒ سے پوچھا: دونوں میں سے کونسی سند اصح ہے، حضرت انسؓ کی یا ابوسعید خدریؓ کی؟ انھوں نے فرمایا: دونوں سندیں صحیح ہیں، عبدالعزیز بن صہیب نے اس دعا کو براہ راست حضرت انسؓ سے بھی روایت کیا ہے اور ابونضرہ کے واسطہ سے ابوسعیدؓ سے بھی روایت کیا ہے۔ آخر میں ابوزرعہ نے اپنی سند بیان کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الحَثِّ عَلَی الْوَصِیَّةِ

وصیت کرنے کی ترغیب

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''کسی مسلمان کے لئے لائق نہیں کہ وہ دوراتیں گذارے درانحالیکہ اس کے پاس کوئی ایسی چیز ہوجس میں وصیت کرنی چاہئے مگراس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہئے''

تشریح: زندگی ایک بلبلا ہے، کب ٹوٹ جائے پتہ نہیں، اس لئے آدمی کو ہمیشہ یادداشت لکھ رکھنی چاہئے یا ضروری باتیں دوسرے کو بتادینی چاہئیں، تاکہ اگراچانک موت آجائے تو متعلقین معاملات سلجھا سکیں، ورنہ حقوق ذمہ پر باقی رہ جائیں گے۔ اور داؤد ظاہری کے نزدیک وصیت کرنا واجب ہے، مگر دیگر فقہاء فرماتے ہیں: اگر ذمہ پر کوئی واجب حق ہے مثلاً کسی سے قرض لیا ہے یا نماز روزے باقی ہیں تو وصیت واجب ہے اور اگر کوئی واجب حق نہیں ہے تو وصیت کرنا مستحب ہے۔

حدیث کی ترکیب: ما: اور إلا: نفی اور اثبات: کلماتِ حصر ہیں جو جملہ اسمیہ خبریہ پر داخل ہوتے ہیں اور مضمون کو محصور کرتے ہیں، جیسے: زیدٌ قائمٌ میں کہیں گے: ما زیدٌ إلا قائمٌ: نہیں ہے زید مگر کھڑا، یعنی زید کھڑا ہی ہے، إلا: نفی کو باطل کرتا ہے —— اور حَقّ: کے معنی ہیں: امر ثابت، اور امر لازم۔ کہا جاتا ہے: حَقَّ الأَمْرُ: ثابت اور واجب ہونا ما: نے حق کی نفی کی ہے إلا: اس کو ثابت کرے گا، یعنی مسلمان آدمی پر لازم ہے —— إمرِیءٍ: مضاف الیہ ہے مسلمٍ: اس کی صفت ہے، یعنی مسلمان آدمی پر لازم ہے، مسلمان کے معنی ہیں حکم شرعی کا فرمانبردار۔ ظاہر ہے جو حکم مانے گا اسی پر وصیت کرنا لازم ہوگا، دوسرا تو شتر بے مہار ہوگا وہ اس حکم شرعی کی کیا پرواہ کرے گا؟ پس گویا اس پر لازم نہیں —— یَبِیتُ لیلتین: جملہ فعلیہ امرأٌ: کی صفت ہے اور صفت قید ہوتی ہے دوراتیں گذارے یعنی تھوڑا وقت گذرے کیونکہ فوراً ہر بات لکھ لینا دشوار ہوتا ہے، لیکن لمبے وقت تک یوم وفردا کرنا بھی مناسب نہیں، کچھ وقت مثلاً دو راتیں گذرتے گذرتے یادداشت لکھ لینی چاہئے —— له شیئ یُوصی فیه: جملہ حالیہ ہے یبیتُ: کے فاعل سے حال ہے اور یُوصی فیه: جملہ فعلیہ شیئٌ: کی صفت ہے، یعنی اس کے پاس کوئی قابل وصیت چیز ہو تو اسے لکھ لینا چاہئے، ہر ہر بات لکھنا ضروری نہیں، کیونکہ اس میں دشواری ہے وصیتُه: مبتدا، مکتوبة: خبر، عنده: ظرف: خود بھی جملہ اسمیہ خبریہ ہے جو محصور ہوا ہے۔

[۵] باب ماجاء فی الحث علی الوصیة

[۹۶۲-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ نُمَیْرٍ، نا عُبَیْدِ اللهِ بنُ عُمَرَ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ

عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قالَ: ''مَاحَقُّ امْرِیءٍ مُسْلِمٍ، یَبِیْتُ لَیْلَتَیْنِ، وَلَهُ شَیْئٌ یُوْصِی فِیْهِ، إِلَّا وَصِیَّتُهُ مَکْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ''

وفی الباب: عن ابنِ أَبِیْ أَوْفَی، قالَ أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الوَصِیَّةِ بالثُّلُثِ والرُّبُعِ

تہائی یا چوتھائی کی وصیت کرنا

آدمی کو اپنے مال میں ہر طرح کے تصرف کا اختیار رہے، لیکن زندگی کے آخری لمحات میں یعنی مرض موت میں مال کے ساتھ ورثاء کا حق متعلق ہو جاتا ہے اس لئے مرض موت میں زیادہ سے زیادہ تہائی ترکہ میں تبرع (نفلی خیرات، ہبہ وغیرہ) کرسکتا ہے اس سے زیادہ تبرع کرنے کا حق نہیں، اگر زیادہ کی وصیت کرے گا تو وصیت صرف تہائی مال میں نافذ ہوگی، اسی طرح مریض خود بھی زیادہ سے زیادہ تہائی مال خیرات کرسکتا ہے، البتہ مرض موت میں کوئی چیز خریدنا یا بیچنا جائز ہے، کیونکہ اس صورت میں مال باقی رہے گا گو جنس بدل جائے گی۔

اور کیا کسی صورت میں تہائی سے زیادہ کی وصیت نہیں ہوسکتی؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بہر صورت زائد کی وصیت باطل اور کالعدم ہے، اور احناف کے نزدیک دو صورتوں میں زیادہ کی وصیت معتبر ہے، ایک: میت کا کوئی وارث نہ ہو، دوسری: ورثاء عاقل بالغ ہوں اور زائد وصیت نافذ کرنے پر راضی ہوں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ میت کا کوئی وارث ہو یا نہ ہو اور خواہ تمام ورثاء راضی ہوں تو بھی صرف تہائی ترکہ میں وصیت نافذ ہوگی، باقی دو تہائی ترکہ بیت المال میں جائے گا یا ورثاء کو ملے گا۔ اور احناف کہتے ہیں: تہائی ترکہ سے زائد کی وصیت ورثاء کے حق کی وجہ سے ممنوع تھی پس اگر ورثاء نہ ہوں یا راضی ہوں تو زائد کی وصیت بھی درست ہے، ہاں بچے اور ناسمجھ کی اجازت اس کے حصہ میں معتبر نہیں، بالغ ورثاء اپنے حصوں میں زائد کی اجازت دے سکتے ہیں۔

فائدہ: جس طرح عام طور پر لوگ دور کی جگہوں میں خرچ کرنے کو ثواب سمجھتے ہیں اور قریب کی جگہوں میں خرچ نہیں کرتے اسی طرح لوگ تبرع یعنی خیرات وغیرہ کرنے کو ثواب سمجھتے ہیں اور ورثاء کے لئے مال چھوڑنے کو ثواب کا کام نہیں سمجھتے حالانکہ اس میں زیادہ ثواب ہے، پس جب یہ بات ہے تو اگرچہ آدمی کو تہائی میں وصیت کرنے کا حق ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ پورے تہائی کی وصیت نہ کرے، بلکہ چوتھائی کی یا اس سے بھی کم کی وصیت کرے تاکہ ورثاء کے لئے زیادہ سے زیادہ بچے، اگر میت پورے تہائی کی وصیت کردے گا تو اس نے ورثاء کے لئے کچھ نہیں چھوڑا۔ باقی دو تہائی تو شریعت نے ان کے لئے متعین کردیئے ہیں اس میں میت کا کیا احسان ہے؟!

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (فتح مکہ کے موقع پر یا حجۃ الوداع میں) مکہ میں بیمار ہوگئے، ان

کا خیال تھا کہ وہ جانبر نہ ہوسکیں گے اس لئے انھوں نے اپنے کل ترکہ کی فی سبیل اللہ وصیت کردی۔ نبی ﷺ عیادت کے لئے تشریف لائے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے وصیت کی ہے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں! آپؐ نے پوچھا: کتنے مال کی وصیت کی ہے؟ انھوں نے عرض کیا: کل مال کی راہِ خدا میں (جہاد میں) خرچ کرنے کی وصیت کی ہے، آپؐ نے فرمایا: اپنی اولاد کے لئے کیا چھوڑا؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری ایک بیٹی ہے جو شادی شدہ ہے اور اچھے حال میں ہے، یعنی کھاتے پیتے گھر میں اس کی شادی ہوئی ہے اس لئے اس کو مال کی حاجت نہیں (جواب معقول تھا، مگر) آپؐ نے فرمایا: ترکہ میں سے دسویں حصہ کی وصیت کرو۔ حضرت سعدؓ کہتے ہیں: میں برابر آپؐ سے کھینچا تانی کرتا رہا یعنی آپؐ گھٹاتے رہے اور میں زیادہ کی اجازت مانگتا رہا[1] یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا: تہائی ترکہ کی وصیت کرو اور تہائی بھی بہت زیادہ ہے (اور ایک روایت میں بجائے کبیرٌ کے کثیرٌ ہے) اور بخاری (حدیث ۲۷۴۲) میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑو یہ بہتر ہے، اس سے کہ ان کو اس حال میں چھوڑو کہ وہ دوسروں کے سامنے ہاتھ پساریں'' اور دوسری بات یہ فرمائی کہ تم میرے بعد تک زندہ رہوگے اور ایک قوم تم سے فائدہ اٹھائے گی اور ایک قوم نقصان اٹھائے گی، ہاں قابل رحم سعد بن خولہ ہیں (انھوں نے مکہ سے ہجرت کی تھی پھر مکہ میں بیمار پڑے اور مکہ میں ان کا انتقال ہوگیا آپؐ نے ان کے لئے دعاء مغفرت کی۔ اور سعد بن ابی وقاص تندرست ہوگئے اور آپؐ کے بعد طویل عرصہ تک زندہ رہے، عراق کے فاتح آپ ہی ہیں) ابوعبدالرحمٰن کہتے ہیں: پس ہم پسند کرتے ہیں کہ آدمی تہائی سے کم کی وصیت کرے نبی ﷺ کے ارشاد: والثلث کبیرٌ کی وجہ سے۔

نوٹ: مذکورہ حدیث جریر کی عطاء سے ہے اور جریر نے عطاء سے حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے مگر اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا کیونکہ حدیث کی اور سندیں بھی ہیں۔

[٦] باب ماجاء فی الوصية بالثُّلُثِ والرُّبُع

[٩٦٣-] حدثنا قُتيبةُ، نا جَريرٌ، عن عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عن أَبِيْ عَبدِ الرحمنِ السُّلَمِيِّ، عن سَعْدِ بنِ مَالِكٍ، قالَ: عَادَنِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا مَرِيْضٌ، فَقَالَ: "أَوْصَيْتَ؟" قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "بِكَمْ؟" قُلْتُ: بِمَالِيْ كُلِّهِ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ، قالَ: "فَمَا تَرَكْتَ لِوَلَدِكَ؟" قالَ: هُمْ أَغْنِيَاءُ بِخَيْرٍ، فقالَ: "أَوْصِ بِالعُشْرِ" قالَ: فما زِلْتُ أُنَاقِصُهُ حَتّٰى قالَ: "أَوْصِ بِالثُّلُثِ، والثُّلُثُ كَبِيْرٌ" قالَ أبو عبدِ

(۱) قوله أُنَا قِصُه: بغیر نقطہ کی ص کے ساتھ بھی مروی ہے اور نقطہ والی ض کے ساتھ بھی مروی ہے، پہلی صورت میں طیبی رحمہ اللہ نے حدیث کے معنی کئے ہیں: لم أَزل أُراجِعُه فی النُّقْصَان أی أَعَدُّ ما ذَکَرَ ناقصاً اور دوسری صورت میں ابن الملک نے یہ معنی کئے ہیں: مازِلْتُ أُنَاقِضُ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، مِن المُناقَضَةِ أَیْ یَنْقُضُ علیه الصلاة والسلام قولی، وأَنْقُضُ قولَه، أَراد به المراجَعَةَ، حِرْصًا علی الزیادة (مرقات شرح مشکوۃ ۶: ۱۸۳ باب الوصایا)

الرحمنِ: فَنَحْنُ نَسْتَحِبُّ أَنْ يُنْقَصَ مِنَ الثُّلُثِ لِقَوْلِ رسولِ اللہ صلی اللہ علیه وسلم: "والثُّلُثُ كَبِيْرٌ"

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ سَعْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، وقَدْ رُوِیَ عَنْهُ "كَبِيْرٌ" ويُرْوَی "كثيرٌ".

والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ لاَيَرَوْنَ أَنْ يُوْصِیَ الرَّجُلُ بأَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ، ويَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ يُنْقَصَ مِنَ الثُّلُثِ، وقالَ سُفيانُ الثَّوْرِیُّ: كانوا يَسْتَحِبُّوْنَ فی الْوَصِيَّةِ الْخُمْسَ دُوْنَ الرُّبُعِ، والرُّبُعَ دُوْنَ الثُّلُثِ، ومَنْ أَوْصَی بالثُّلُثِ فَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا، وَلاَ يَجُوْزُ لَهُ إِلاَّ الثُّلُثَ.

ترجمہ: امام ترمذی کہتے ہیں: یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے اوراس حدیث میں کبیرٌ بھی روایت کیا گیا ہے اور کثیرٌ بھی، اوراس پر علماء کا عمل ہے، وہ اس کو جائز نہیں سمجھتے کہ آدمی تہائی سے زیادہ کی وصیت کرے اور وہ ثلث سے کم کی وصیت کرنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور ثوریؒ فرماتے ہیں: چوتھائی سے پانچویں کی وصیت بہتر ہے اور تہائی سے چوتھائی کی، اور جس نے تہائی کی وصیت کردی تو اس نے (اپنے حق میں سے) کچھ نہیں چھوڑا، اور آدمی کے لئے صرف تہائی مال کی وصیت جائز ہے اس سے زیادہ کی جائز نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی تَلْقِيْنِ الْمَرِيْضِ عِنْدَ المَوْتِ، والدُّعَاءِ لَهُ

سکرات میں کلمہ کی تلقین اور مریض کو دعا دینا

اس باب میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: جو شخص سکرات میں ہو اُسے کلمہ کی تلقین کرنی چاہئے، اور تلقین کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کوئی شخص مریض کے پاس بیٹھ کر اتنے جہر سے کہ مریض سنے: کلمہ پڑھے، جب مریض کلمہ سنے گا تو وہ خود پڑھے گا۔ مریض کو کلمہ پڑھنے کے لئے کہا نہ جائے، کبھی سکرات میں سخت تکلیف ہوتی ہے پس ممکن ہے مریض جھلا کر کلمہ پڑھنے سے انکار کردے، اور جب مریض ایک مرتبہ کلمہ پڑھ لے تو تلقین بند کردے، پھر اگر وہ کوئی دینی بات بولے یا ذکر کرے تو کوئی حرج نہیں، اور اگر دنیوی بات بولے مثلاً استنجاء کرنے کے لئے کہے یا کسی سے ملنے کے لئے یا کچھ کھانے پینے کے لئے کہے تو دوبارہ تلقین کی جائے۔ ابن المبارک رحمہ اللہ کو بوقت نزع کسی نے کلمہ کی تلقین کی، آپؒ نے روز سے کلمہ پڑھا پھر بھی تلقین کرنے والا تلقین کرتا رہا تو آپؒ نے فرمایا: "جب تیرے کلمہ پڑھنے پر میں نے کلمہ پڑھ لیا تو یہ میرا آخری کلام ہے" امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن المبارکؒ نے ایک حدیث کی شرح کی ہے: مَن كان آخرُ كلامه لا إله إلا الله دخل الجنة کا مطلب بیان کیا ہے، اللہ والوں کے بھی عجیب حالات ہیں، نزع میں بھی ہوش کا

یہ عالم ہے کہ لوگوں کو حدیث کا مطلب سمجھا رہے ہیں اور مسئلہ کی وضاحت کر رہے ہیں۔ اور اس سے بھی زیادہ عجیب واقعہ حضرت ابوزرعہ رحمہ اللہ کا ہے، بوقت نزع ان کے پاس بڑے بڑے محدثین (ان کے شاگرد) حاضر تھے، کوئی کلمہ کی تلقین کرنے کی ہمت نہیں کر رہا تھا، ہر ایک سوچ رہا تھا کہ اتنے بڑے محدث کو کلمہ کی تلقین کیسے کریں؟ ایک صاحب کو ایک ترکیب سوجھی، انھوں نے حدیث سنائی: حدثني هذا الشيخُ (اور ابوزرعہ کی طرف اشارہ کیا) قال: نا فلان، نا فلان: أن النبيَّ صلى الله عليه وسلم قال: من كان آخر كلامه...... یہ کہہ کر رک گئے، حضرت ابوزرعہؒ نے فرمایا: لا إله إلا الله، اور اسی کے ساتھ روح پرواز کر گئی۔

دوسری بات: جب کسی کا انتقال ہو جائے تو جو لوگ تعزیت یا جنازہ میں شرکت کے لئے آئیں وہ میت کے حق میں کلمہ خیر کہیں اور اپنے لئے بھی اور میت کے لئے بھی مغفرت طلب کریں، اس لئے کہ اس وقت کی دعا پر فرشتے آمین کہتے ہیں۔ لوگ اس موقعہ پر یہ غلطی کرتے ہیں کہ میت کے لئے تو دعا کرتے ہیں مگر خود کو بھول جاتے ہیں، حالانکہ اس وقت کی دعا پر فرشتے آمین کہتے ہیں، پس پہلے اپنے لئے مغفرت طلب کرنی چاہئے، پھر میت کے لئے۔ آنحضور ﷺ نے حضرت ام سلمہؓ کو ان کے شوہر ابوسلمہ کی وفات پر جو دعا سکھلائی تھی اس میں پہلے اپنے لئے پھر میت کے لئے دعائے مغفرت تھی۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اپنے مردوں کو لا إله إلا الله کی تلقین کرو''

تشریح

۱- بریلویوں کے نزدیک اس حدیث میں موتی سے حقیقی مردے مراد ہیں، چنانچہ ان کے یہاں تلقین کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ میت کی تدفین سے فارغ ہو کر ایک شخص سرہانے یا پائینتی کھڑا ہوتا ہے اور اس کا نام لے کر کہتا ہے: اے فلاں! یاد کر تو مسلمان تھا اور لا إله إلا الله کا قائل تھا۔ باقی امت متفق ہے کہ حدیث میں مجاز مایؤل ہے، یعنی جس شخص کا نزع شروع ہو چکا ہو، جو تھوڑی دیر کے بعد مرنے والا ہے: اس کو کلمہ کی تلقین کی جائے، یعنی مردے سے قریب المرگ مراد ہے۔

۲- کیا محمد رسول اللہ کی بھی تلقین کی جائے؟ پہلے میری رائے تھی کہ لا إله إلا الله عنوان تعبیری ہے، مراد پورا کلمہ یعنی شہادتین ہیں درمختار میں بھی یہی لکھا ہے، مگر اب میری رائے بدل گئی ہے، صرف لا إله إلا الله کی تلقین بھی کافی ہے، ہدایہ، نُقایہ، وقایہ اور کنز کی تعبیرات اسی طرف مشیر ہیں، مگر لا إله إلا الله میں محمد رسول اللہ شامل ہونا چاہئے، پس عیسائیوں اور یہودیوں کا لا إله إلا الله کافی نہیں، کیونکہ ان کے لا إله إلا الله میں محمد رسول اللہ شامل نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ عقائد کو پھیلائیں تو بہت ہیں، بہشتی زیور میں چھیالیس عقیدے مذکور ہیں، مگر ان کا نچوڑ سات عقیدے ہیں جو ایمان مفصل میں آئے ہیں، ان سات کا بھی خلاصہ دو عقیدے ہیں: اللہ کی وحدانیت اور نبی ﷺ کی

رسالت، کلمہ طیبہ میں یہی دو عقیدے لئے گئے ہیں، پھران کا مرجع پہلا عقیدہ لا إله إلا الله ہے، باقی سب عقیدے اس میں شامل ہیں، اس لئے صرف لا إله إلا الله پڑھنا بھی کافی ہے، مگر وہ لا إله إلا الله پڑھنا ضروری ہے جس میں محمد رسول اللہ بھی ہو، اگر عیسائی لا إله إلا الله پڑھے تو کافی نہیں کیونکہ اس کے کلمہ کے پہلے جزء میں عیسیٰ کلمۃ اللہ ہے، محمد رسول اللہ نہیں ہے، اسی طرح یہودیوں کے کلمہ میں موسیٰ کلیم اللہ ہے، عیسی کلمة الله اور محمد رسول اللہ نہیں ہے اور مسلمانوں کے کلمہ میں موسیٰ کلیم اللہ بھی ہے، عیسی کلمۃ اللہ بھی ہے اور محمد رسول اللہ بھی، اور اسی کلمہ پر نجات موقوف ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم مریض یا فرمایا: میت کے پاس جاؤ تو بھلی بات کہو، اس لئے کہ ملائکہ اس بات پر جو تم بولو گے آمین کہیں گے۔ ام سلمہؓ کہتی ہیں: جب ابوسلمہ کا انتقال ہوا تو میں نبی ﷺ کے پاس گئی اور عرض کیا: یارسول اللہ! ابوسلمہ کا انتقال ہو گیا ہے (میں کیا کہوں؟) آپؐ نے فرمایا: یہ کہو: ''اے اللہ! میری اور ابوسلمہ کی مغفرت فرما اور مجھے ان کا اچھا عوض عطا فرما'' ام سلمہ کہتی ہیں: میں نے یہ کلمات کہے تو اللہ تعالیٰ نے ابوسلمہ کے عوض میں وہ ہستی عطا فرمائی جو ابوسلمہ سے بہتر ہے، مراد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

تشریح: ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دل میں اپنے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی نہایت محبت و عظمت تھی وہ خود فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ نے مجھے یہ دعا سکھلائی تو میں سوچتی تھی کہ ابوسلمہ سے بہتر کون ہوسکتا ہے؟ مگر میں نے یہ دعا کی۔ جب عدت کے بعد نبی ﷺ کا نکاح کا پیغام آیا تو سمجھ میں آیا کہ ابوسلمہ سے بھی بہتر کوئی شوہر ہوسکتا ہے۔

[۷] باب ماجاء فی تلقین المریض عند الموت، و الدعاءِ له

[۹۶۴-] حدثنا أبو سَلَمَةَ يَحْيَى بنُ خَلَفٍ البَصْرِيُّ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن عُمَارَةَ بنِ غَزِيَّةَ، عن يَحْيَى بنِ عُمَارَةَ، عن أَبی سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قالَ: '' لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَاإِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ''

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وعائشةَ، وجابرٍ، وسُعْدَى المُرِّيَّةِ، وهیَ امْرَأَةُ طَلْحَةَ بنِ عُبيدِ اللّٰهِ، قال أبو عيسى: حديثُ أبی سعيدٍ حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۹۶۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أبو مُعَاوِيَةَ، عن الأَعْمَشِ، عن شَقِيْقٍ، عن أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رسولُ الله صلی الله علیه وسلم: '' إِذَا حَضَرْتُمُ الْمَرِيْضَ أَوْ: المَيِّتَ فَقُوْلُوْا خَيْرًا، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ يُؤَمِّنُوْنَ على مَاتَقُوْلُوْنَ'' قالتْ: فَلَمَّا مَاتَ أَبُوْ سَلَمَةَ أَتَيْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم فَقُلْتُ: يارسولَ اللهِ إِنَّ أَبَا سَلَمَةَ مَاتَ، قالَ: فَقُوْلِیْ: '' اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلَهُ، وأَعْقِبْنِیْ مِنْهُ عُقْبَى حَسَنَةً'' قالتْ: فَقُلْتُ، فَأَعْقَبَنِی اللّٰهُ مِنْهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْهُ: رسولُ الله صلی الله علیه وسلم.

قال أبو عیسی: شَقِیْقٌ: هُوَ ابنُ سَلَمَةَ، أَبُوْ وَائِلٍ الأَسَدِیُّ، قال أبو عیسی: حدیثُ أُمِّ سَلَمَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقد كانَ یُسْتَحَبُّ أَنْ یُلَقَّنَ المَرِیْضُ عِنْدَ الْمَوْتِ قَوْلَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا قَالَ ذٰلِكَ مَرَّةً فَمَالَمْ یَتَكَلَّمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلاَ یَنْبَغِیْ أَنْ یُلَقَّنَ، وَلاَ یُكْثَرَ عَلَیْهِ فِی هذا، وَرُوِیَ عن ابنِ المبارِكِ: أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَتْهُ الوَفَاةُ جَعَلَ رَجُلٌ یَلَقِّنُهُ لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وأَكْثَرَ عَلَیْهِ، فقالَ لَهُ عبدُ اللّٰهِ: إِذَا قُلْتُ مَرَّةً، فَأَنَا علی ذٰلِكَ، مَالَمْ أَتَكَلَّمْ بِكَلَامٍ، وإِنَّمَا مَعْنَی قَوْلِ عبدِ اللّٰهِ: إِنَّمَا أَرَادَ مَا رُوِیَ عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: مَنْ كَانَ آخِرُ قَوْلِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ.

ترجمہ: اور پسند کیا جاتا ہے کہ مریض کو مرتے وقت کلمۂ طیبہ کی تلقین کی جائے، اور بعض علماء کہتے ہیں: جب مریض نے یہ کلمہ ایک مرتبہ کہہ لیا تو اس کے بعد جب تک وہ کوئی (دنیوی) بات نہ کرے (دوبارہ) تلقین کیا جانا مناسب نہیں اور اس سلسلہ میں اس پر زیادتی نہ کی جائے یعنی بار بار کلمہ نہ کہلوایا جائے، اور ابن المبارک کے بارے میں مروی ہے کہ جب ان کی وفات کا وقت آیا تو ایک شخص ان کو لا إله إلا الله کی تلقین کرنے لگا اور وہ بار بار تلقین کرتا رہا تو ابن المبارکؒ نے کہا: جب میں نے ایک مرتبہ کلمہ پڑھ لیا تو میں اسی پر ہوں (یعنی وہ میرا آخری کلام ہے) اور عبداللہ بن المبارکؒ کے قول کا مطلب یہ ہے کہ انھوں نے اس حدیث کی شرح کی ہے جو نبی ﷺ سے مروی ہے کہ: ''جس شخص کا آخری کلام لا إله إلا الله ہو وہ جنت میں داخل ہوگا''

بابُ ماجاءَ فِی التَّشْدِیْدِ عِنْدَ المَوْتِ

موت کے وقت سختی کا پیش آنا

حدیث (۱): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جبکہ جاں کنی کا وقت تھا، آپؐ کے پاس ایک پیالہ رکھا تھا جس میں پانی تھا، آپؐ اپنا ہاتھ پیالے میں ڈالتے تھے اور بھیگا ہوا ہاتھ چہرہ پر پھیرتے تھے اور فرماتے تھے: ''اے اللہ! موت کی سختیوں میں میری مدد فرما! (مصری نسخہ میں أو ہے راوی کو شک ہے کہ آپؐ نے لفظ غَمَرات فرمایا یا سَکَرات، دونوں کے معنی ایک ہیں یعنی سختیاں)

تشریح: آنحضور ﷺ کی بے چینی اور دعا دلیل ہے کہ آپؐ کو جاں کنی کے وقت سخت تکلیف تھی جبکہ کائنات میں آپؐ سے افضل کوئی نہیں، پس موت کے وقت کی تکلیف خواہ کتنی ہی سخت ہو، آدمی کے گنہ گار ہونے کی دلیل نہیں شدائد الموت کی اور بھی مصلحتیں ہوتی ہیں اس کا محبوبیت و مبغوضیت سے کچھ تعلق نہیں۔

نوٹ: اس حدیث کا ایک راوی موسیٰ بن سرجس مجہول ہے اس سے روایت کرنے والا ایک ہی راوی ہے، اس

لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو غریب بمعنی ضعیف کہا ہے۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں کسی پر موت کی آسانی کی وجہ سے رشک نہیں کرتی جب سے میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت کی سختی دیکھی ہے، یعنی اگر کسی کی موت آسانی سے چٹ پٹ ہوجاتی ہے تو یہ کوئی قابل رشک بات نہیں، کیونکہ موت کی آسانی محبوبیت کی دلیل اور سختی مبغوضیت کی دلیل نہیں ہے، پس موت خواہ آسانی سے آئے یا سختی سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔ موت کی سختی کبھی رفع درجات کے لئے ہوتی ہے، اور نرمی اس لئے ہوتی ہے کہ اس کی حسنات کا بدلہ اسی دنیا میں دیدیا جائے، کیونکہ آگے اس کا کوئی حصہ نہیں۔

[٨] باب ماجاء فی التشدید عند الموت

[٩٦٦-] حدثنا قُتيبةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ الهَادِ، عن مُوسَى بنِ سَرْجِسٍ، عن القَاسِمِ بنِ محمدٍ، عن عائشةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: رَأَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِالْمَوْتِ، وعِنْدَهُ قَدَحٌ فِيْهِ مَاءٌ، وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهُ فِيْ القَدَحِ، ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهُ بِالْمَاءِ، ثُمَّ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ أَوْ: سَكَرَاتِ الْمَوْتِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ.

[٩٦٧-] حدثنا الحَسَنُ بنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، نا مُبَشِّرُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ الحَلَبِيُّ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ العَلاَءِ، عن أَبِيْهِ، عن ابنِ عُمَرَ، عن عائشةَ قالتْ: ما أَغْبِطُ أَحَدًا بِهَوْنِ مَوْتٍ بَعْدَ الَّذِىْ رَأَيْتُ مِنْ شِدَّةِ مَوْتِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

قالَ: وَسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ عن هذا الحديثِ، قُلْتُ لَهُ: مَنْ عَبْدُ الرحمنِ بنُ العَلاَءِ؟ قالَ هُوَ ابنُ العَلاَءِ بنِ اللَّجْلاجِ، وإِنَّمَا أَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے ابوزرعہؒ سے اس حدیث کے (ایک راوی کے) بارے میں پوچھا کہ: عبدالرحمٰن بن العلاء کون ہے؟ انھوں نے فرمایا: جس کے دادا کا نام لَجلاَج ہے اور یہ بھی فرمایا کہ میں اس کو صرف اسی سند سے جانتا ہوں۔

باب [ماجاء أن المؤمن یموت بِعَرَقِ الجبین]

مؤمن ماتھے کے پسینہ سے مرتا ہے

تشریح: یہ حدیث ہی کے الفاظ ہیں، اوراس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں۔

ایک: مؤمن کو بوقتِ موت سخت تکلیف ہوتی ہے، ماتھے کا پسینہ موت کی شدت سے کنایہ ہے، کیونکہ انسان کے جسم میں بعض حصے وہ ہیں جہاں پسینہ جلد آتا ہے جیسے بغل، اور بعض حصوں میں دیر سے پسینہ آتا ہے جیسے ہتھیلی اور ماتھا، جب سخت مشقت پیش آتی ہے تب ماتھے پر پسینہ آتا ہے، پس مؤمن کے ماتھے پر بوقت موت پسینہ آنے کا مطلب یہ ہے کہ اسے مرتے وقت سخت تکلیف ہوتی ہے۔

اور دوسرا مطلب: یہ ہے کہ جب روح پرواز کرتی ہے تو مؤمن کے ماتھے پر پسینہ پھوٹ آتا ہے، اور یہ اس کے ایماندار ہونے کی علامت ہے، اور میرے خیال میں دونوں ہی مطلب مراد ہیں۔ واللہ اعلم

نوٹ: باب کا عنوان مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

[۹] باب [ماجاء أن المؤمن يموت بِعَرَقِ الجبين]

[۹۶۸-] حدثنا ابنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن المُثَنَّى بنِ سَعيدٍ، عن قَتَادَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عن أَبيهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: " المُؤْمِنُ يَمُوْتُ بِعَرَقِ الْجَبِيْنِ"

وفى الباب: عن ابنِ مسعودٍ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وقالَ بعضُ أهلِ الحديثِ: لاَنَعْرِفُ لِقَتَادَةَ سَمَاعًا مِنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ.

ترجمہ: بعض محدثین کہتے ہیں: ہم قتادہ کا عبداللہ بن بریدہ سے سماع نہیں جانتے، پس حدیث میں انقطاع ہوسکتا ہے۔

باب [ماجاء فى الخوف والرجاء عند الموت]

بوقتِ موت امید وبیم کا اجتماع پسندیدہ ہے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ایک نوجوان کے پاس تشریف لے گئے، اس کا تقریباً نزع شروع ہو چکا تھا، آپؐ نے پوچھا: تو اپنے آپ کو کیسا پاتا ہے؟ یعنی تیری طبیعت کیسی ہے؟ اس نوجوان نے لفظوں کی گنجائش سے فائدہ اٹھا کر جواب دیا: مجھے اللہ کی رحمت کی بھی امید ہے اور میں اپنے گناہوں سے بھی ڈرتا ہوں۔ آپؐ نے یہ جواب پسند کیا اور فرمایا: نہیں جمع ہوتیں یہ دونوں باتیں کسی مؤمن کے دل میں اس جیسے وقت میں (یعنی جان کنی کے وقت میں) مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عطا فرماتے ہیں جس کی وہ امید باندھتا ہے اور اس چیز سے بچاتے ہیں جس سے وہ ڈرتا ہے۔

تشریح: ایمان: خوف ورجاء کی ملی جلی کیفیت کا نام ہے، محض خوف مایوسی پیدا کرتا ہے اور اللہ کی رحمت سے مایوسی

کفر ہے﴿ إِنَّهُ لَايَيْئَسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُوْنَ ﴾ (سورۂ یوسف آیت ۸۷) اورصرف امید گناہوں پر بے باک کرتی ہے، دنیا میں ایسے مسلمان بھی ہیں جن کو اگر گناہوں پر ڈرایا جائے تو وہ جواب دیتے ہیں: اللہ غفور ورحیم ہیں! بیشک اللہ غفور رحیم ہیں مگران کی پکڑ بھی تو سخت ہے، سورۂ حجر میں ہے: ﴿نَبِّئْ عِبَادِیْ أَنِّیْ أَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ، وَأَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِیْمُ﴾ (آیت ۴۹-۵۰) اور سورۃ المائدہ میں ہے: ﴿اِعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ وَأَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ﴾ [الآیۃ ۹۸] پس ایک صفت پر تکیہ کرلینا اور دوسری صفت کو بھول جانا کونسی عقلمندی کی بات ہے؟ غرض بیم ورجاء کی مرکب کیفیت کا نام ایمان ہے۔ اور علماء فرماتے ہیں: تندرستی کے زمانہ میں خوف کی کیفیت غالب رہنی چاہئے تاکہ بندہ زیادہ سے زیادہ اعمالِ صالحہ کرے اور برائیوں سے بچے، اور سکرات میں امید کا پہلو غالب ہوجانا چاہئے، کیونکہ اب عمل کا وقت ختم ہوگیا، اب امید ہی کا آسرا ہے۔

[۱۰] باب [ماجاء فی الخوف والرجاء عند الموت]

[۹۶۹-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ أَبِیْ زِیَادٍ، وهَارُوْنُ بنُ عبدِ اللهِ البَزَّازُ البَغْدَادِیُّ، قالاَ: نا سَیَّارُ بنُ حَاتِمٍ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَیْمَانَ، عن ثَابِتٍ، عن أَنَسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ علی شَابٍّ، وَهُوَ بِالْمَوْتِ، فقالَ: "کَیْفَ تَجِدُكَ؟" قالَ: واللّٰهِ یارسولَ اللهِ! إِنِّیْ أَرْجُوْ اللّٰهَ، وَإِنِّیْ أَخَافُ ذُنُوْبِیْ، فقالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "لَایَجْتَمِعَانِ فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ فِیْ مِثْلِ هٰذَا الْمَوْطِنِ، إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ مَایَرْجُوْ، وآمَنَهُ مِمَّا یَخَافُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، وَقَدْ رَوَی بَعْضُهُمْ هذا الحدیثَ عن ثَابِتٍ عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْسَلاً.

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ النَّعْیِ

موت کی تشہیر کرنے کی ممانعت

موت کی تشہیر کے لئے اقوام عالم مختلف طریقے اختیار کرتی ہیں، زمانۂ جاہلیت میں موت کی تشہیر کا ایک طریقہ یہ تھا کہ قبر پر اونٹنی باندھ دیتے تھے، وہ وہیں بھوکی پیاسی مرجاتی تھی۔ اور یہ طریقہ بھی تھا کہ رونے والیوں کو بلاتے تھے، وہ معاہدہ کے مطابق روزانہ میت کے گھر آکر روتی تھیں اور میت کے فضائل بیان کرتی تھیں وہ یہ کام اجرت پر کرتی تھیں۔ ہندوستان میں ہندوؤں میں موت کی تشہیر کا طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی مرد یا عورت پیرانہ سالی میں مرتی ہے تو برادری کی دعوت کی جاتی ہے، مرگھٹ پر ایک طرف میت جلتی ہے اور دوسری طرف کھانا پکتا ہے۔ اسی طرح ماتم

کرنا یعنی سینہ پیٹنا، کپڑے پھاڑنا، سر اور بھنوؤں منڈا دینا وغیرہ بھی موت کی تشہیر کے طریقے ہیں، اور آج کل کے نئے طریقوں میں سے یہ ہے کہ اخباروں میں دیا جاتا ہے، ریڈیو اور ٹیلی ویژن پر نشر کیا جاتا ہے جبکہ مرنے والے کو کوئی جانتا بھی نہیں۔ یہ سب طریقے ممنوع ہیں، البتہ رشتہ داروں کو، اصحاب کو یعنی میت سے تعلق رکھنے والوں کو، شاگردوں اور مریدوں کو اور نیک لوگوں کو کسی کی موت کی خبر دینا تاکہ وہ جنازہ میں شرکت کریں یا میت کے لئے دعائے خیر کریں جائز ہے، البتہ اقارب کے انتظار میں تدفین میں تاخیر کرنا جائز نہیں۔

حدیث (۱): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جب ان کے انتقال کا وقت قریب آیا تو وصیت کی: جب میں مر جاؤں تو کسی کو میری موت کی خبر نہ کرنا، مجھے اندیشہ ہے کہ کہیں وہ موت کی تشہیر نہ ہو جائے۔ اور میں نے نبی ﷺ کو سنا ہے: آپؐ موت کی تشہیر کرنے سے روکتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کا یہ حصہ تو مرفوع ہے کہ آپؐ نے موت کی تشہیر سے منع فرمایا ہے، اور دوسرا حصہ صحابی کا فہم ہے جیسے سور ہرہ کے مسئلہ میں: إنها من الطوافين عليكم أو الطوافات مرفوع ہے، اور حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا برتن جھکا کر بلی کو پانی پلانا پھر اس کے سور سے وضو کرنا: صحابی کا فہم ہے، اول حجت ہے اور ثانی میں اختلاف ہے، اس حدیث کا بھی یہی حال ہے، چنانچہ تمام علماء کی رائے یہ ہے کہ اقارب کو، اصحاب کو، اہل خیر کو اور عام لوگوں کو کسی کی موت کی خبر دینا تاکہ وہ جنازہ میں شرکت کریں یا دعائے خیر کریں جائز ہے، ممنوع تشہیر میں یہ بات داخل نہیں، اور حضرت حذیفہؓ نے غایتِ احتیاط سے اس کو بھی موت کی تشہیر میں لیا ہے اور دلیل إنی أخاف ہے یعنی یہ بات یقینی نہیں۔

نوٹ: مذکورہ حدیث مصری نسخہ میں بعد میں ہے اور وہی نسخہ صحیح ہے اس لئے کہ امام ترمذیؒ نے وفی الباب میں اس کا حوالہ دیا ہے۔ اور یہ بات امام ترمذیؒ کی عادت کے خلاف ہے، وہ جس حدیث کو بیان کر چکے ہوں وفی الباب میں اس کا حوالہ نہیں دیتے اور پوری کتاب میں جہاں بھی ایسا ہوا ہے وہاں نسخوں کا اختلاف ہے، البتہ امام ترمذیؒ وفی الباب میں حدیث کا حوالہ دینے کے بعد پھر اسی باب میں اس حدیث کی تخریج کرتے ہیں۔ یہاں بھی حضرت حذیفہ کی حدیث بعد میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: موت کی تشہیر کرنے سے بچو، اس لئے کہ موت کی تشہیر ہندوانہ طریقہ ہے، ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: النعی کے معنی ہیں: موت کی بانگ دینا۔

تشریح: ایک ہے اعلام یعنی خبر دینا، اطلاع کرنا۔ اور اذان کے معنی ہیں: بانگ دینا۔ یہ اعلام سے اوپر کا درجہ ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے نَعْیٌ کے ترجمہ میں اعلام لفظ استعمال نہیں کیا بلکہ لفظ اذان استعمال کیا ہے، پس دونوں میں فرق کرنا چاہئے۔ اور یہ حدیث ضعیف ہے ابوحمزہ میمون الاعور کی محدثین نے تضعیف کی ہے، نیز اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں بھی اختلاف ہے، عنبسہ: ابوحمزہ سے مرفوع روایت کرتے ہیں، اور سفیان ثوری موقوف

بیان کرتے ہیں اور امام ترمذیؒ نے حدیث موقوف کو اصح قرار دیا ہے یعنی یہ حضرت ابن مسعود کا قول ہے۔

[۱۱] باب ماجاء فی کراھیة النعی

[۹۷۰-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا عبدُ القُدُّوْسِ بنُ بَکْرِ بنِ خُنَیْسٍ، نا حَبِیْبُ بنُ سُلَیْمٍ العَبْسِیُّ، عن بِلاَلِ بنِ یَحییَ العَبْسِیِّ، عن حُذیفةَ، قالَ: إِذَا مِتُّ فَلاَ تُؤْذِنُوْا بِیْ أَحَدًا، فَإِنِّیْ أَخَافُ أَنْ یَکُوْنَ نَعْیًا، وإِنِّیْ سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَنْهَی عن النَّعْیِ، هذا حدیثٌ حسنٌ.

[۹۷۱-] حدثنا محمدُ بنُ حُمَیْدٍ الرَّازِیُّ، نا حَکَّامُ بنُ سَلْمٍ، وَهَارُوْنُ بنُ المُغِیْرَةِ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عن أَبِیْ حَمْزَةَ، عن إبراهیمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عَبْدِ اللّٰهِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم قالَ: "إِیَّاکُمْ وَالنَّعْیَ! فَإِنَّ النَّعْیَ مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِیَّةِ" قالَ عبدُ اللّٰهِ: والنَّعْیُ: أَذَانٌ بِالْمَیِّتِ.

وفی الباب: عَنْ حُذَیْفَةَ.

حدثنا سَعیدُ بنُ عبدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِیُّ، نا عبدُ الله بنُ الوَلِیْدِ العَدَنِیُّ، عن سُفیانَ الثَّوْرِیِّ، عن أَبِیْ حَمْزَةَ، عن إبراهیمَ، عن عَلْقَمَةَ، عن عبدِ اللهِ نَحْوَهُ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ، وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ: "وَالنَّعْیُ أَذَانٌ بِالْمَیِّتِ" وهذا أَصَحُّ مِنْ حدیثِ عَنْبَسَةَ عن أَبِیْ حَمْزَةَ، وأَبُوْ حَمْزَةَ: هُوَ مَیْمُوْنُ الأَعْوَرُ، وَلَیْسَ هُوَ بِالْقَوِیِّ عِنْدَ أهلِ الحدیثِ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عبدِ اللهِ حدیثٌ غریبٌ، وقَدْ کَرِهَ بَعْضُ أهلِ العلمِ النَّعْیَ، وَالنَّعْیُ: عِنْدَهُمْ أَنْ یُنَادَی فِیْ النَّاسِ بِأَنَّ فُلاَنًا مَاتَ، لِیَشْهَدُوْا جَنَازَتَهُ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لاَبَأْسَ بِأَنْ یُعْلِمَ الرَّجُلُ قَرَابَتَهُ وَإِخْوَانَهُ، وَرُوِیَ عن إبراهیمَ أَنَّهُ قَالَ: لاَبَأْسَ بِأَنْ یُعْلِمَ الرَّجُلُ قَرَابَتَهُ.

ترجمہ: بعض علماء نے موت کی تشہیر کو ناپسند کیا ہے اور ان کے نزدیک تشہیر یہ ہے کہ لوگوں میں اعلان کیا جائے کہ فلاں شخص کا انتقال ہوگیا تاکہ وہ اس کے جنازہ میں شرکت کریں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں کہ آدمی میت کے رشتہ داروں کو اور اس کے اصحاب کو خبر کرے۔ اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ آدمی میت کے رشتہ داروں کو خبر کرے۔

بابُ ماجاء أَنَّ الصَّبْرَ فی الصَّدْمَةِ الأُوْلٰی

کامل صبر وہ ہے جو صدمہ کی ابتداء میں ہو

صدمہ: کے معنی ہیں: ٹکرانا۔ احادیث شریفہ میں مصائب پر صبر کرنے کے بڑے فضائل آئے ہیں، مگر وہ ثواب

اس وقت صبر کرنے میں ہے جب پہلی بار مصیبت دل کے ساتھ ٹکرائے، کیونکہ ایک وقت کے بعد تو ہر ایک کو صبر آہی جاتا ہے اور علماء نے فرمایا ہے کہ جب بھی مصیبت یاد آئے اور اس پر صبر کرے تو اس میں بھی ثواب ہے، بعض حادثے ایسے ہوتے ہیں کہ جب بھی یاد آتے ہیں دل میں ایک کسک اٹھتی ہے اور دل بھر آتا ہے اس وقت بھی صبر کرنے پر ثواب ملتا ہے، جیسے سیرت نبوی کا مطالعہ کر رہے ہوں اور آپؐ کی وفات کا ذکر آئے تو دل بھر آتا ہے اور آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں اس صبر پر بھی ثواب ملے گا۔ لیکن صبر پر جو وعدے ہیں وہ جب ہیں کہ حادثہ پیش آنے پر صبر کیا جائے۔ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''صبر صدمہ کی ابتداء میں ہے'' اور اس حدیث کا شان ورود یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ قبرستان کے قریب سے گزر رہے تھے آپؐ نے ایک عورت کو قبر پر روتے ہوئے دیکھا اس کا نوجوان بیٹا وفات پا گیا تھا، وہ اس کی قبر پر رو رہی تھی آپؐ نے اس کو صبر کی تلقین کی۔ اس نے پہچانے بغیر کہا: جاؤ! جو مصیبت مجھ پر آئی ہے اگر تم پر آتی تو میں دیکھتی تم کیسا صبر کرتے ہو! آپؐ برا مانے بغیر وہاں سے چلے گئے، بعد میں جب اس عورت کو بتایا گیا کہ جو صاحب صبر کی تلقین کر رہے تھے وہ آنحضرت ﷺ تھے تو وہ اپنے بچہ کا غم بھول گئی اور آپؐ کی بے حرمتی کا فکر سوار ہو گیا، چنانچہ بھاگی ہوئی آپؐ کے گھر پہنچی آپؐ گھر میں موجود نہیں تھے، وہ بیٹھ کر رونے لگی، اس سے وجہ پوچھی گئی تو بتاتی نہیں، جب آپؐ گھر لوٹے تو بتایا گیا کہ ایک عورت بیٹھی رو رہی ہے اور وجہ نہیں بتاتی، آپؐ نے اس کو دیکھا تو پہچان لیا، اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے آپؐ کو پہچانا نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: **الصبر عند الصدمة الأولى** یعنی جس وقت صدمہ پہنچے اس وقت صبر کرنے کا بڑا ثواب ہے، دیر سویر تو سب کو صبر آہی جاتا ہے (بخاری حدیث ١٢٨٣)

[١٢] باب ماجاء أن الصبر فى الصدمة الأولى

[٩٧٢-] حدثنا قُتيبةُ، نا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِي حَبِيْبٍ، عن سَعْدِ بنِ سِنَانٍ، عن أنسٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الصَّبْرُ فِيْ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذا الوجْه.

[٩٧٣-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عن شُعْبَةَ، عن ثَابِتِ البُنَانِيِّ، عن أنسِ بنِ مَالكٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قالَ: "الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى"

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی دو سندیں پیش کی ہیں، پہلی سند غریب ہے، اس میں سعید بن سنان ضعیف راوی ہے اور دوسری سند صحیح ہے۔

بابُ ماجاءَ فی تَقْبِیْلِ الْمَیِّتِ

میت کو چومنے کا بیان

جس طرح زندے کی تقبیل جائز ہے، مردے کی تقبیل بھی جائز ہے۔ مرنے کے بعد اگرچہ میت کا جسم ناپاک ہوجاتا ہے اس لئے غسل فرض ہے، اس کے بغیر نماز جنازہ جائز نہیں، مگر یہ نجاست حکمی ہے حقیقی نجاست نہیں۔ پس ظاہر بدن پاک ہے اس لئے میت کو چوم سکتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کو ان کی وفات کے بعد چوما ہے۔ حضرت عثمانؓ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے، انھوں نے دوہجرتیں کی تھیں، زہّاد صحابہ میں ان کا شمار تھا اور مہاجرین میں سب سے پہلے ان کا انتقال ہوا تھا، جب ان کی وفات ہوئی اور آپؐ کو اس کی اطلاع ملی تو آپؐ تشریف لے گئے اور ان کی پیشانی کو بوسہ دیا اس وقت آپؐ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، اور خود نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے چوما ہے اور فرمایا: طِبْتَ حَیًّا و مَیِّتًا: آپؐ جب زندہ تھے تب بھی ستھرے تھے اور وفات کے بعد بھی ستھرے ہیں۔ غرض میت کی تقبیل جائز ہے اور اس میں اتفاق ہے۔

[۱۳] باب ماجاء فی تقبیل المیت

[۹۷۴-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نَا سُفیانُ، عن عَاصِمِ بنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ، عن القَاسِمِ بنِ محمدٍ، عن عائشةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَبَّلَ عُثمانَ بنَ مَظْعُوْنٍ وَهُوَ مَیِّتٌ وَهُوَ یَبْکی أَوْ قَالَ: عَیْنَاهُ تَذْرِفَانِ.

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ وجَابِرٍ، وعائشةَ، قالوا: إِنَّ أَبَا بَکْرٍ قَبَّلَ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ مَیِّتٌ.

قال أبو عیسی: حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کو چوما درانحالیکہ وہ وفات پاچکے تھے اور آپ رورہے تھے یا فرمایا: آپؐ کی آنکھیں بہہ رہی تھیں۔

باب میں ابن عباس، جابر اور عائشہ کی روایتیں ہیں ان کا مشترک مضمون یہ ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو چوما درانحالیکہ آپ وفات پاچکے تھے۔

امام ترمذیؒ نے حضرت عائشہ کی حدیث کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے جبکہ اس کی سند میں عاصم بن عبیداللہ ہیں، یہ حضرت عمرؓ کے صاحب زادے عاصم کے پوتے ہیں اور ضعیف ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی غُسْلِ الْمَيِّتِ

میت کونہلانے کا بیان

میت کونہلانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، جس طرح زندگی میں جنابت کا غسل کرتے ہیں اسی طرح میت کونہلایا جائے۔ بعض لوگوں کے ذہنوں میں ایسا بیٹھا ہوا ہے کہ میت کونہلانے کا کوئی خاص طریقہ ہے، جو شخص طریقہ جانتا ہے وہی نہلا سکتا ہے، مگر دیہات کے لوگ اور عورتیں خود ہی نہلاتی ہیں۔ اس لئے یہ بات اچھی طرح سمجھ لی جائے کہ میت کونہلانے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، زندگی میں آدمی جس طرح غسلِ جنابت کرتا ہے اسی طرح میت کو بھی نہلانا ہے، البتہ عام طور پر میت کا منہ بند ہو جاتا ہے اس لئے کلی کی جگہ بھیگی ہوئی روئی وغیرہ مضمضہ کی نیت سے تین مرتبہ میت کے ہونٹوں پر پھیرنے سے مضمضہ ہو جاتا ہے اور منہ کھلا ہو تو اندر کا حصہ بھیگی ہوئی روئی سے صاف کیا جائے، اور بھیگی ہوئی روئی سے میت کی ناک اچھی طرح صاف کرنے سے استنشاق ہو جاتا ہے، بہر حال میت کے منہ اور ناک میں پانی نہیں ڈالا جائے گا، کیونکہ اس کو نکالنا مشکل ہوگا باقی جو احکام غسلِ جنابت کے ہیں وہی میت کے غسل کے بھی ہیں یعنی غسل جنابت میں جو فرائض، سنن اور مستحبات ہیں وہی فرائض، سنن اور مستحبات غسل میت میں بھی ہیں، اور جس طرح سنن و مستحبات کا لحاظ کئے بغیر غسل کرنے سے غسل صحیح ہو جاتا ہے اسی طرح میت کونہلانے میں بھی سنن و مستحبات کی رعایت نہ کی جائے تو بھی غسل صحیح ہو جاتا ہے۔ غسل میت میں اصل یہ ہے کہ میت کو اچھی طرح دھو ڈالا جائے اور اس کو صاف ستھرا کر دیا جائے۔

اور میت کونہلانے میں حکمت یہ ہے کہ اللہ کا جو بندہ دنیا سے رخصت ہو کر آخرت کی راہ لیتا ہے، شریعت نے حکم دیا ہے کہ اس کو اعزاز و اکرام کے ساتھ رخصت کیا جائے، اور میت کی تکریم کا اس سے بہتر کوئی طریقہ نہیں کہ اس کو نہایت پاکیزہ حالت میں نہلا کر اور اچھے کپڑے پہنا کر رخصت کیا جائے۔

حدیث: ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ کی ایک صاحبزادی کا انتقال ہوا وہ صاحبزادی یا تو حضرت ام کلثوم تھیں (کما ورد فی ابن ماجہ) یا حضرت زینب تھیں، اور اصح یہ ہے کہ یہ واقعہ حضرت زینبؓ کا ہے (کما ورد فی المسلم) جب خواتین ان کو نہلانے کے لئے جمع ہوئیں تو آپؐ نے ان کو یہ ہدایات دیں: میت کو طاق مرتبہ دھوؤ! تین دفعہ یا پانچ دفعہ یا اس سے زیادہ اگر تم ضرورت محسوس کرو (یعنی اگر پانچ مرتبہ میں بھی میت صاف نہ ہو تو زیادہ دھوؤ مگر طاق عدد کا خیال رکھو) اور تم اس کو بیری کے جوش دیئے ہوئے پتوں کے پانی سے نہلاؤ، اور آخر میں کافور کو، یا فرمایا: کچھ کافور کو گردانو (یعنی آخری بار کافور ملے ہوئے پانی سے دھوؤ) پس جب تم فارغ ہو جاؤ تو مجھے خبر کرو (ام عطیہؓ کہتی ہیں) جب ہم غسل دے چکے تو ہم نے آنحضرت ﷺ کو خبر کی۔ آپؐ نے (باہر سے) ہماری

طرف اپنی لنگی پھینکی (جو آپؐ ساتھ لائے تھے) اور فرمایا: اس کو میت کے جسم سے متصل رکھو (یعنی اس کو کفن میں اس طرح رکھو کہ وہ میت کے بدن سے لگی رہے) ام عطیہ کہتی ہیں: اور ہم نے صاحبزادی کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائیں اور ہم نے ان کو پیچھے ڈال دیا۔ نیز ام عطیہ کہتی ہیں: اور ہم سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میت کی داہنی جانب سے اور وضو کے اعضاء سے شروع کرو۔

تشریح

۱- بیری کے پتے ابالے ہوئے پانی سے غسل دینے کی، اور تین سے زیادہ مرتبہ دھونے کی وجہ یہ ہے کہ بیماری کی وجہ سے احتمال ہے کہ میت کا بدن چرکیں ہوگیا ہو اور بدبو پیدا ہوگئی ہو اس لئے تین بار دھونے پر اکتفا نہ کی جائے، بلکہ ضرورت ہو تو زیادہ بھی دھویا جائے۔ اور بیری کے پتے ابالا ہوا پانی جسم سے میل خوب صاف کرتا ہے جس طرح لوگ صابن سے نہاتے ہیں اسی طرح یہ پانی استعمال کیا جاتا تھا، پس اگر بیری کے پتے میسر نہ ہوں تو صابن بھی کافی ہے۔

۲- آخری مرتبہ کافور ملا ہوا پانی استعمال کرنے میں چار فائدے ہیں:

پہلا فائدہ: اس سے جسم جلدی خراب نہیں ہوتا، کافور میں یہ خاصیت ہے کہ جس چیز میں وہ استعمال کیا جاتا ہے اس میں جلدی تغیر نہیں آتا۔

دوسرا فائدہ: کافور لگانے سے موذی جانور، کیڑے وغیرہ پاس نہیں آتے اسی لئے لوگ کتابوں اور کپڑوں میں کافور کی گولیاں رکھتے ہیں۔

تیسرا فائدہ: کافور ایک سستی خوشبو ہے جس سے جسم معطر ہو جاتا ہے۔

چوتھا فائدہ: کافور تیز خوشبو ہے پس اگر اچھی طرح نہلانے کے باوجود جسم میں کچھ بدبو رہ گئی ہوگی تو وہ کافور کی خوشبو سے دب جائے گی۔

۳- آنحضرت ﷺ نے کفن میں شامل کرنے کے لئے اپنی لنگی اس لئے عنایت فرمائی تھی کہ برکت ہو، اور یہ برکت کی اصل ہے، اور برکت کی دوسری اصل یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے دودھ نوش فرمایا، دائیں ام ہانی تھیں، آپؐ نے بچا ہوا ان کو دیا، انھوں نے روزہ ہونے کے باوجود اس کو پی لیا اور روزہ توڑ دیا، کیونکہ روزہ کی تو قضا بھی ہو سکتی ہے اور تبرک ہاتھ سے چلا جائے گا تو اگلی پی جائے گی اور وہ محروم رہ جائیں گی، نیز حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس ایک جبہ تھا جس کی انھوں نے زندگی بھر حفاظت کی تھی اور وفات کے وقت وصیت کی تھی کہ مجھے اس جبہ میں کفن دیا جائے کیونکہ میں نے یہ جبہ پہن کر بدر کی جنگ لڑی ہے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے وصیت کی تھی کہ مجھے میری ان مستعمل چادروں میں کفن دیا جائے، گھر والوں نے عرض کیا: ہم آپ کو نئے کپڑوں میں کفن دیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: میں نے ان چادروں میں نمازیں پڑھی ہیں۔

غرض تبرک کا ثبوت ہے مگر تبرک اپنے محل میں کام کرتا ہے غیر محل میں کام نہیں کرتا۔ نبی ﷺ نے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ابن سلول کو کفن میں پہنانے کے لئے اپنا کرتا عنایت فرمایا تھا مگر وہ اس کے لئے بے کار تھا۔

۴-حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو جن عورتوں نے نہلایا تھا انھوں نے ان کے بالوں کی تین چوٹیاں بنائی تھیں اور ان کو پیچھے ڈالا تھا، اس سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ نے کوئی ہدایت نہیں دی تھی اس لئے عورت کے بال کس طرح اور کہاں رکھے جائیں؟ اس میں اختلاف ہوا ہے۔ حنفیہ کے نزدیک بالوں کے دو حصے کئے جائیں اور دائیں بائیں کندھے سے نکال کر سینہ پر رکھے جائیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بالوں کی تین چوٹیاں بنا کر پیچھے رکھی جائیں۔

۵-مردے کو نہلاتے وقت سب سے پہلے وضو کرائیں گے اور مردے کا منہ بند ہو تو بھیگی ہوئی روئی اس کے ہونٹوں پر پھیر دیں اور منہ کھلا ہو تو بھی روئی وغیرہ بھگو کر اس کے منہ کے اندر پھیر دیں، منہ میں پانی نہ ڈالیں کیونکہ اس کا نکالنا دشوار ہوگا۔ اسی طرح ناک کے اندر بھی روئی پھیریں، اس سے مضمضہ اور استنشاق ہو جائے گا، پھر پورے بدن پر پانی ڈال کر دھوئیں اور جہاں دایاں، بایاں ہے وہاں دائیں کو مقدم کریں جیسے پہلے دائیں کروٹ پر پانی ڈال کر دھوئیں اور جسم کی داہنی جانب سے غسل شروع کرنے کا حکم اس لئے ہے کہ مردہ کا غسل زندہ کے غسل کی طرح ہے، زندگی میں نہانے کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ دائیں جانب سے شروع کیا جائے، اسی طرح مردے کے غسل میں بھی یہ بات ملحوظ رکھی جائے، کیونکہ اس میں دائیں جانب کے اعضاء کا احترام ہے۔

[۱٤] باب ماجاء فی غُسل المیت

[۹۷۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، نَاخَالِدٌ، وَمَنْصُوْرٌ، وَهِشَامٌ، فَأَمَّا خَالِدٌ وَهِشَامٌ فَقَالَا: عَنْ محمدٍ وَحَفْصَةَ، وقالَ مَنْصُوْرٌ: عن محمدٍ، عَن أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَتْ إِحْدَى بَنَاتِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فقَالَ:" اغْسِلْنَهَا وِتْرًا: ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ إِنْ رَأَيْتُنَّ، واغْسِلْنَهَا بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، واجْعَلْنَ فِي الآخِرَةِ كَافُوْرًا أَوْ: شَيْئًا مِنْ كَافُوْرٍ، فَإِذَا فَرَغْتُنَّ فَآذِنَّنِیْ" فَلَمَّا فَرَغْنَا آذَنَّاهُ، فَأَلْقَى إِلَيْنَا حِقْوَهُ، فَقَالَ:" أَشْعِرْنَهَا بِهِ" قالَ هُشَيْمٌ: وفی حديثِ غَيْرِ هٰؤُلَاءِ، وَلَا أَدْرِیْ لَعَلَّ هِشَامًا مِنْهُمْ، قَالَتْ: وَضَفَرْنَا شَعْرَهَا ثَلَاثَةَ قُرُوْنٍ، قالَ هُشَيْمٌ: أَظُنُّهُ قالَ: فَأَلْقَيْنَاهُ خَلْفَهَا، قالَ هُشَيْمٌ: فَحَدَّثَنَا خَالِدٌ مِنْ بَيْنِ الْقَوْمِ، عَنْ حَفْصَةَ، ومحمدٍ، عن أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: وقالَ لَنَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" ابْدَأْنَ بِمَيَامِنِهَا وَمَوَاضِعِ الْوُضُوْءِ"

وفی الباب: عن أُمِّ سُلَيْمٍ، قال أبو عيسى: حديثُ أُمِّ عَطِيَّةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ، وقَدْ رُوِیَ عن إبراهيمَ النَّخَعِيِّ أَنَّهُ قالَ: غُسْلُ الْمَيِّتِ كالغُسْلِ

مِنَ الجَنَابَةِ، وقالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: لَيْسَ لِغُسْلِ الْمَيِّتِ عِنْدَنَا حَدٌّ مُوَقَّتٌ، وَلَيْسَ لِذٰلِكَ صِفَةٌ مَعْلُوْمَةٌ، ولٰكِنْ يُّطَهَّرُ.

قالَ الشَّافِعِيُّ: إِنَّمَا قالَ مَالِكٌ قَوْلاً مُجْمَلاً: يُغَسَّلُ وَيُنَقَّى، وإِذَا أُنْقِيَ المَيِّتُ بِمَاءِ القُرَاحِ أَوْ مَاءٍ غَيْرِهِ أَجْزَأَ ذٰلِكَ مِنْ غُسْلِهِ، ولٰكِنْ أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ يُغْسَلَ ثَلاَثًا فَصَاعِدًا، لاَيُنْقَصُ عن ثَلاَثٍ، لِمَا قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "اغْسِلْنَهَا ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا" وإِنْ أَنْقَوْا فِي أَقَلَّ مِنْ ثَلاَثِ مَرَّاتٍ أَجْزَأَ.

وَلاَ يَرى أَنَّ قَوْلَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِنَّمَا هُوَ على مَعْنَى الإِنْقَاءِ ثَلاَثًا أَوْ خَمْسًا وَلَمْ يُوَقِّتْ، وكَذٰلِكَ قالَ الفُقَهَاءُ، وَهُمْ أَعْلَمُ بمعانِي الحديثِ.

وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: وتَكُوْنُ الغَسَلاَتُ بِمَاءٍ وِسِدْرٍ، وَيَكُوْنُ فی الآخِرَةِ شَيْئٌ مِنَ الْكَافُوْرِ.

وضاحت: حضرت ام عطیہ کی حدیث ان سے صرف محمد بن سیرین اور حفصہ بنت سیرین (بھائی بہن) روایت کرتے ہیں، پھر ان سے متعدد روات روایت کرتے ہیں، جیسے: خالد حذاء، منصور بن زاذان، ہشام بن حسان، ایوب سختیانی اور ام الھذیل وغیرہ۔ امام ترمذی نے ہشیم بن بشیر (بروزعظیم) کی روایت لکھی ہے وہ تین اسانید سے یعنی خالد، منصور اور ہشام سے روایت کرتے ہیں، پھر خالد اور ہشام تو محمد بن سیرین اور حفصہ بنت سیرین دونوں سے روایت کرتے ہیں اور منصور صرف محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہیں۔

ہشیم کہتے ہیں: اور ان تین اساتذہ کے علاوہ کی روایت میں ـــــ اور میں نہیں جانتا شاید ہشام ان میں سے ہوں (یعنی شاید ہشام کی روایت میں بھی اگلا مضمون ہے) ـــــ ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: اور ہم نے صاحبزادی کے بالوں کی تین چوٹیاں بٹیں، ہشیم کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ اس غیر (علاوہ) راوی نے یہ بھی کہا کہ ہم نے بالوں کو میت کے پیچھے ڈال دیا (یہ سارا مضمون صراحتاً مرفوع نہیں، یعنی نبی ﷺ نے ان کو ایسا کرنے کا حکم دیا تھا یا نہلانے والیوں نے خود ایسا کیا تھا، یہ بات صاف نہیں) ہشیم کہتے ہیں: میرے تین اساتذہ میں سے خالد حذاء نے حفصہ اور محمد بن سیرین سے روایت کرتے ہوئے یہ بھی بیان کیا کہ ام عطیہؓ نے کہا: اور ہم سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "صاحب زادی کی دائیں جانب سے اور وضو کے اعضاء سے نہلانا شروع کرو (یہ مضمون صراحۃً مرفوع ہے)

غسل میت کے سلسلہ میں یہی بنیادی حدیث ہے، تمام مسائل کا اسی پر مدار ہے اور اس حدیث میں جو کچھ آیا ہے اس پر اتفاق ہے، بس ایک مسئلہ میں اختلاف ہے کہ عورت کے بال کس طرح رکھے جائیں؟ اس حدیث میں یہ ہے کہ نہلانے والیوں نے صاحبزادی کے بالوں میں کنگھی کر کے تین چوٹیاں بٹی تھیں اور ان کو پیٹھ کے پیچھے ڈالا تھا مگر کنگھی کرنا اور چوٹیاں بٹنا زینت کے لئے ہوتا ہے اور میت اس سے مستغنی ہے اور فقہاء بھی کنگھی کرنے کے قائل نہیں، اور کنگھی نہ کرنے کی صورت میں چوٹیاں بٹنا مشکل ہے اس لئے احناف کہتے ہیں کہ بالوں کے دو حصے کر کے سینہ پر ڈال دیئے

جائیں۔اوراعلاء السنن (۸: ۱۸۲) میں الأمر واسعٌ ہےیعنی خواہ یوں کرو یا ووں کروسب درست ہے۔

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہےاورابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ میت کا غسل جنابت کے غسل کی طرح ہے،اورامام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک میت کو نہلانے کی کوئی حد متعین نہیں، نہ اس کے لئے کوئی مخصوص طریقہ ہے،بس مردہ کو دھوکر صاف ستھرا کردیا جائے۔امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: امام مالکؒ نے مجمل بات کہی ہے کہ مردے کو دھودیا جائے اور صاف ستھرا کردیا جائے، پس جب میت سادہ پانی سے یا اس کے علاوہ پانی سے (یعنی بیری کے پتوں کے ساتھ جوش دیئے ہوئے پانی سے) صاف کردی جائے تو اس کا غسل ہوگیا (اب امام شافعیؒ اپنی رائے بیان فرماتے ہیں) اور مجھے زیادہ پسند یہ ہے کہ مردہ کو تین یا اس سے زیادہ مرتبہ دھویا جائے، تین مرتبہ سے کم نہ کیا جائے اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''اس کو دھوؤ تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ'' اوراگر میت تین مرتبہ سے کم میں صاف ہوجائے تو کافی ہے (یعنی تین یا پانچ مرتبہ دھونا ضروری نہیں، امام شافعیؒ کی بات پوری ہوئی، اب امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) اورامام شافعی رحمہ اللہ کا خیال یہ ہے کہ ثلاثاً أو خمساً سے مقصود انقاء ہی ہے، اورانھوں نے کسی عدد کی تعیین نہیں کی۔اورفقہاء یہی بات کہتے ہیں اوروہ حدیث کی مراد کو بہتر جانتے ہیں (مگر استنجاء بالاحجار کے مسئلہ میں حضرت امام شافعی رحمہ اللہ یہ بات کیوں بھول گئے!) اوراحمد واسحاق فرماتے ہیں: اورمیت کو بیری کے پتوں کے ساتھ جوش دیئے ہوئے پانی سے نہلائیں اورآخری مرتبہ میں پانی میں کچھ کافور بھی ملائیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ الْمِسْكِ لِلْمَیِّتِ

مردے کو مشک لگانا جائز ہے

مشک ایک خوشبو ہے،اورنہایت قیمتی خوشبو ہے۔خُتن (چین) میں ایک خاص قسم کا ہرن ہوتا ہےاس کے نافہ میں پورے بدن سے خون جمع ہوتا ہےاوروہ خشک ہوکر جم جاتا ہےتو مشک تیار ہوجاتا ہے، پھروہ نافہ خودبخود گرجاتا ہےاس میں سے مشک نکلتا ہے۔مشک بالاتفاق پاک ہے، احادیث میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے مشک ملی ہوئی خوشبو استعمال فرمائی ہےاور جب زندہ آدمی مشک استعمال کرسکتا ہےتو میت کو بھی وہ خوشبو لگاسکتے ہیں، رہی یہ بات کہ وہ خون ہےاورخون ناپاک ہےتو اس کا جواب یہ ہے کہ جب ماہیت بدل گئی تو احکام بھی بدل گئے،اورمشک سب سے اعلی درجہ کی خوشبو ہے، نبی ﷺ سے مشک کے بارے میں دریافت کیا گیا (کہ وہ پاک ہے یا ناپاک اوراس کو استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں؟) تو آپؐ نے فرمایا: وہ تمہاری خوشبوؤں میں سب سے اعلی قسم کی خوشبو ہے'' یعنی آپؐ نے اس کو استعمال کرنے کی اجازت دی۔حضرت علی رضی اللہ عنہ نے وفات سے قبل لوگوں کو مشک دیا اورفرمایا: مجھے بعداز مرگ یہ خوشبو لگانا اورفرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو جو خوشبو لگائی گئی تھی یہ اس کا باقی ماندہ ہے (مستدرک حاکم) غرض

جمہور کے نزدیک مشک لگانا جائز ہے، زندہ شخص بھی مشک استعمال کرسکتا ہے اور میت کو بھی لگا سکتے ہیں۔ اور بعض علماء کے نزدیک میت کو مشک لگانا مکروہ ہے کیونکہ مشک سیاہی مائل ہوتا ہے اس لئے تفاؤلاً نہیں لگانا چاہئے، مگر احادیث کی موجودگی میں ان کا یہ قول حجت نہیں۔

[۱۵] باب ماجاء في المِسْكِ للميت

[۹۷۶-] حدثنا سُفيانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا أَبِيْ، عن شُعْبَةَ، عن خُلَيْدِ بنِ جَعْفَرٍ، عن أَبِيْ نَضْرَةَ، عن أَبِيْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عن المِسْكِ؟ فقالَ: ”هُوَ أَطْيَبُ طِيْبِكُمْ!“

حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أبو داودَ، وشَبَابَةُ، قالاَ: نَا شُعْبَةُ، عن خُلَيْدِ بنِ جَعْفَرٍ نَحْوَهُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. والعملُ على هذا عندَ بعضِ أهلِ العلمِ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ، وإسحاقَ، وقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أهلِ العلمِ المِسْكَ لِلْمَيِّتِ، وقَدْ رَوَاهُ المُسْتَمِرُّ بنُ الرَّيَّانِ أَيْضًا عن أَبِيْ نَضْرَةَ، عن أَبِيْ سَعِيْدٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ عَلِيٌّ: قالَ يَحيىَ بنُ سَعِيْدٍ: المُسْتَمِرُّ بنُ الرَّيَّانِ ثِقَةٌ، وخُلَيْدُ بنُ جَعْفَرٍ ثِقَةٌ.

وضاحت: مستمر بن الریان: خلید بن جعفر کے متابع ہیں اور مستمر اور خلید دونوں ثقہ ہیں، یحییٰ قطان نے ان کی توثیق کی ہے۔

بابُ ماجاء في الغُسْلِ مِنْ غُسْلِ الْمَيِّتِ

میت کو نہلانے والے خود بھی نہالیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”میت کو نہلانے سے غسل ہے اور اس کو (میت کو) اٹھانے سے وضو ہے“

تشریح: جو لوگ میت کو نہلائیں ان کو فارغ ہو کر خود بھی نہالینا چاہئے، اور جو لوگ میت کو نہلاتے وقت اٹھائیں ان کو وضو کر لینا چاہئے۔ اصحاب ظواہر کے نزدیک میت کو غسل دینے والے پر غسل کرنا اور اٹھانے والوں پر وضو کرنا فرض ہے، اور جمہور فقہاء کے نزدیک مستحب ہے۔ اور میت کو نہلانے کے بعد نہانے کی دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: میت کو نہلاتے وقت بدن پر چھینٹیں پڑتی ہیں اور وہ ناپاک ہوسکتی ہیں اور کہاں کہاں پڑی ہیں اس کا اندازہ نہیں ہوتا، اس لئے نہلانے والا نہالے تو جسم پاک ہو جائے گا۔

دوسری حکمت: جو لوگ میت کو نہلانے کے عادی نہیں جب وہ کسی میت کو نہلاتے ہیں تو ان پر خوف اور گھبراہٹ طاری ہوتی ہے، نہالینے سے یہ حالت بدل جائے گی، نیز وساوس بھی منقطع ہو جائیں گے جیسے جانور کو ذبح کرتے وقت

دوسرے جانور جو اس کے قریب ہوتے ہیں ان پر خوف طاری ہوتا ہے، اسی طرح موت کا اثر مردہ کو نہلانے والے پر بھی پڑتا ہے اس لئے اس کو غسل کا حکم دیا گیا۔ اور اٹھانے والوں پر اس کا اثر کم پڑتا ہے اس لئے ان کو صرف وضو کرنے کا حکم دیا۔

[۱۶] باب ماجاء فی الغُسل من غُسل المیت

[۹۷۷-] حدثنا محمدُ بنُ عبدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِیْ الشَّوَارِبِ، نا عبدُ العزیزِ بنُ الْمُخْتَارِ، عن سُهَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عن أَبِیْهِ، عن أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قال:" مِنْ غُسْلِهِ الْغُسْلُ، ومِنْ حَمْلِهِ الْوُضُوْءُ" یَعْنِیْ الْمَیِّتَ.

وفی الباب: عن عَلِیٍّ، وعائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ، وقَدْ رُوِیَ عن أَبِیْ هُرَیْرَةَ مَوْقُوفًا.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فی الَّذِیْ یُغَسِّلُ الْمَیِّتَ، فقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ: إِذَا غَسَّلَ مَیِّتًا فَعَلَیْهِ الْغُسْلُ، وقالَ بَعْضُهُمْ: عَلَیْهِ الوُضُوْءُ، وقالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: أَسْتَحِبُّ الغُسْلَ مِنْ غُسْلِ الْمَیِّتِ، وَلاَ أَرَی ذٰلِكَ وَاجِبًا، وهٰكَذَا قالَ الشَّافِعِیُّ. وقالَ أحمدُ: مَنْ غَسَّلَ مَیِّتًا أَرْجُوْ أَنْ لاَیَجِبَ علیهِ الغُسْلُ، وأَمَا الوُضُوْءُ فَأَقَلُّ مَاقِیْلَ فِیْهِ، وقالَ إسحاقُ: لاَبُدَّ مِنَ الْوُضُوْءِ، وقد رُوِیَ عن عبدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ أَنَّهُ قالَ: لاَیَغْتَسِلُ وَلاَ یَتَوَضَّأُ مِنْ غُسْلِ الْمَیِّتِ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں انقطاع ہے، ابو صالح نے یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے نہیں سنی ہے (فتح الباری ۳: ۱۲۷) اور اس حدیث کے مرفوع اور موقوف ہونے میں بھی اختلاف ہے ——— اور علماء کا اس شخص کے بارے میں اختلاف ہے جو میت کو نہلائے، صحابہ اور ان کے علاوہ بعض علماء کہتے ہیں کہ جب کسی نے میت کو نہلایا تو نہلانے والے پر غسل کرنا ضروری ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں: اس پر وضو ضروری ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں میت کو نہلانے کی وجہ سے غسل کرنے کو پسند کرتا ہوں اور میں اس کو واجب نہیں کہتا۔ اور یہی بات امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمائی ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس نے میت کو نہلایا میں امید کرتا ہوں کہ اس پر غسل واجب نہیں، اور رہا وضو تو وہ کم سے کم وہ بات ہے جو اس مسئلہ میں کہی گئی ہے، اور اسحاق بن راہو یہ کہتے ہیں: وضو ضروری ہے، اور عبداللہ بن المبارک سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: میت کو نہلانے کی وجہ سے نہ غسل ضروری ہے اور نہ وضو ضروری ہے۔

فائدہ: جمہور جو حدیث باب کو استحباب پر محمول کرتے ہیں ان کا مستدل درج ذیل احادیث ہیں:

پہلی حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: لیس علیکم فی غسل میتکم غسلٌ

إذا اغتسلتموه، إنه مسلم مؤمن طاهر، وإن المسلم ليس بنجس فحسبكم أن تغسلوا أيديكم: مردے کونہلانے کی وجہ سے تم پر غسل فرض نہیں۔ وہ مسلمان مؤمن اور پاک ہے اور مسلمان ناپاک نہیں ہوتا، پس ہاتھوں کو دھولینا کافی ہے۔ یہ حدیث بیہقی میں ہے اور حافظ رحمہ اللہ نے التلخیص الحبیر (۱:۱۳۸) میں اس کی تحسین کی ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ''ہم میت کونہلایا کرتے تھے اور ہم میں سے بعض اس کے بعد غسل کرتے تھے اور بعض غسل نہیں کرتے تھے'' حافظ نے **التلخیص الحبیر** میں اس کی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔

تیسری حدیث: موطا مالک میں ہے کہ اسماء بنت عُمیس (جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی زوجہ تھیں) نے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو ان کو نہلایا پھر وہاں جو مہاجرین وانصار موجود تھے ان سے پوچھا کہ سردی شدید ہے اور میں روزے سے ہوں، کیا مجھ پر غسل ضروری ہے۔ سب نے کہا: نہیں (موطا مالک ص: ۲۴۰ غسل المیت)

غرض یہ احادیث صریح ہیں کہ میت کونہلانے والے پر غسل فرض نہیں، پس باب کی حدیث اور اس جیسی دوسری احادیث جن میں غاسل کو غسل کرنے کا امر ہے وہ سب استحباب پر محمول ہیں۔

بابُ ماجاءَ مایُسْتَحَبُّ مِنَ الأَکْفَانِ

مستحب کفن کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم اپنے کپڑوں میں سے سفید کپڑے پہنو، کیونکہ سفید کپڑا تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر ہے اور اس میں اپنے مردوں کو کفن دو''

تشریح: کفن میں سفید کپڑا یا نیا کپڑا دینا ضروری نہیں، کوئی بھی کپڑا جو پاک صاف ہو اس میں کفن دینا جائز ہے، اور اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جو کپڑا زندگی میں پہننا جائز ہے اس میں کفن دینا بھی جائز ہے اور جس کپڑے کو پہننا مکروہ ہے اس میں کفن دینا بھی مکروہ ہے اور جس کپڑے کو پہننا حرام ہے اس میں کفن دینا بھی حرام ہے، جیسے عورت کو ریشمی کپڑے میں کفن دینا جائز ہے، مرد کو حرام ہے۔ اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جس کپڑے کو پہن کر آدمی نے نمازیں پڑھی ہیں اور عبادتیں کی ہیں ان میں کفن دینا مستحب ہے۔

[۱۷] باب ماجاء مایُسْتَحَبُّ من الأکفان

[۹۷۸-] حدثنا قُتیبةُ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عن عبدِ اللهِ بنِ عُثْمَانَ بنِ خُثَیْمٍ، عَنْ سَعِیْدِ بنُ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: '' الْبَسُوْا مِنْ ثِیَابِکُمُ البَیَاضَ، فَإِنَّهَا مِنْ خَیْرِ ثِیَابِکُمْ، وَکَفِّنُوْا فِیْهَا مَوْتَاکُمْ''

وفی الباب: عن سَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ، وعائشةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وهُوَ الَّذِیْ یَسْتَحِبُّهُ أهلُ العلمِ، وقالَ ابنُ الْمُبَارَكِ: أَحَبُّ إِلَیَّ أَنْ یُكَفَّنَ فِیْ ثِیَابِهِ الَّذِیْ كَانَ یُصَلِّیْ فِیْهَا، وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: أَحَبُّ الثِّیَابِ إِلَیْنَا أَنْ یُكَفَّنَ فِیْهَا: البَیَاضُ، ویُسْتَحَبُّ حُسْنُ الْكَفَنِ.

ترجمہ: اور سفید کپڑے کو علماء نے پسند کیا ہے اور ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: مجھے زیادہ پسند یہ ہے کہ ان کپڑوں میں کفن دیا جائے جن میں وہ نماز پڑھا کرتا تھا اور احمد واسحاق فرماتے ہیں: ہمیں کفن کے کپڑوں میں زیادہ پسند سفید کپڑا ہے اور اچھا کفن دینا مستحب ہے۔

باب [منه]

کفن کے سلسلہ میں دوسرا باب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا ذمہ دار بنے تو چاہئے کہ وہ اس کے کفن کو اچھا کرے''، یعنی صاف ستھرے اور پاکیزہ کپڑے میں کفن دے قیمتی کفن دینا مراد نہیں۔

تشریح: کفن میں اعتدال کی راہ اپنانی چاہئے اور افراط وتفریط سے بچنا چاہئے۔ افراط: یہ ہے کہ مسنون تعداد سے زیادہ کپڑوں میں کفن دیا جائے یا کفن میں بیش قیمت کپڑا استعمال کیا جائے، اور تفریط: یہ ہے کہ استطاعت کے باوجود مسنون تعداد سے کم کپڑوں میں کفن دیا جائے یا پھٹے پرانے ردّی کپڑوں میں کفن دیا جائے، اور اعتدال کی راہ یہ ہے کہ مسنون تعداد میں اور درمیانی قیمت کے کپڑے میں کفن دیا جائے۔

[۱۸] باب [منه]

[۹۷۹-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عُمرُ بنُ یُوْنُسَ، نا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عن محمدِ بنِ سِیْرِیْنَ، عن أَبِیْ قَتَادَةَ، قالَ قالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' إِذَا وَلِیَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْیُحْسِنْ كَفَنَهُ''

وفیه: عن جَابِرٍ، قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

وقال ابنُ المبارکَ: قالَ سَلَّامُ بنُ مُطِیْعٍ فِیْ قَوْلِهِ: '' وَلْیُحْسِنْ أَحَدُكُمْ كَفَنَ أَخِیْهِ'' قال: هُوَ الصَّفَا، ولَیْسَ بِالْمُرْتَفِعِ.

ترجمہ: ابن المبارکؒ کہتے ہیں: سلاّم بن مطیع نے حدیث: ولیحسن أحدکم کفن أخیه کی شرح میں فرمایا: ''کفن صاف ستھرا ہونا چاہئے بیش قیمت ہونا مراد نہیں (سلام بن مطیع: بخاری ومسلم کے راوی ہیں، ثقہ اور صاحبِ سنت ہیں)

بابُ ماجاءَ فی کَمْ کُفِّنَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا گیا؟

مرد کا سنت کفن تین کپڑے ہیں: تہبند، کرتا اور لفافہ (بڑی چادر) اور کفنِ کفایت حُلّہ (دو کپڑوں کا جوڑا) ہے یعنی تہبند اور لفافہ۔ اور عورت کے لئے سنت کفن پانچ کپڑے ہیں: تہبند، کرتا، اوڑھنی، سینہ بند اور لفافہ۔ اور کفن کفایت تین کپڑے ہیں۔ اور مرد وعورت دونوں کے لئے کفن ضرورت ایسا ایک کپڑا ہے جس میں ساری میت چھپ جائے، یا پھر جس قدر بھی یا جو چیز بھی میسر ہو، اسی میں کفن دیا جائے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک: تین کپڑے تین لفافے ہیں یعنی میت کے کفن میں قمیص نہیں ہے اور ان کی دلیل باب کی حدیث ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کو تین یمنی سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا، ان میں نہ قمیص تھی نہ پگڑی۔

اور حنفیہ کا استدلال ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث سے ہے جو ابوداؤد (۴۴۹:۱) میں ہے: کُفِّنَ رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثلاثۃ أثواب نجرانیۃ، الحلۃ ثوبان، وقیمصہ الذی مات فیہ: آپؐ کی قمیص غسل کے وقت اتاری نہیں گئی تھی اسی کو کفن میں شمار کیا گیا ہے، اور حضرت عائشہؓ کی حدیث میں قمیص معتاد کی نفی ہے، قمیصِ میت کی نفی نہیں ہے، اور قمیص میت میں نہ آستینیں ہوتی ہیں نہ کلیاں، نہ وہ سلی ہوئی ہوتی ہے بلکہ وہ گردن سے پاؤں تک ایک کپڑا ہوتا ہے جس کا ایک حصہ میت کے اوپر ہوتا ہے اور دوسرا نیچے اور کندھے پر سے اس کو سی لیا جاتا ہے اور اوپر کے حصہ میں گریبان چیر دیا جاتا ہے تاکہ اس کو گردن میں پہنایا جاسکے، یا کہا جائے گا کہ قمیص کا انکار حضرت عائشہ کے علم کے اعتبار سے ہے، چونکہ وہ تجہیز وتکفین کے موقع پر موجود نہیں تھیں اس لئے ابن عباس کی روایت کو ترجیح دی جائے گی جس میں قمیص کا اثبات ہے۔

فائدہ: آنحضرت ﷺ کے کفن کے لئے مختلف حضرات نے مختلف کپڑے پیش کئے تھے، اس طرح سات کپڑے اکٹھا ہوگئے تھے، لیکن صحابہ نے ان میں سے تین کپڑوں میں کفن دیا تھا، باقی واپس کردیئے تھے، اور آپؐ کو جن تین کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا وہ تینوں سفید تھے۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کے کفن کے لئے حِبَری (منقش) چادر لائی گئی تھی مگر صحابہ نے اس کو واپس کردیا تھا۔ اس میں آپؐ کو کفن نہیں دیا تھا۔

[۱۹] باب ماجاء فی کم کفن النبی صلی اللہ علیہ وسلم؟

[۹۸۰-] حدثنا قُتیبۃُ، نا حَفْصُ بنُ غِیَاثٍ، عن ہِشَامِ بنِ عُرْوَۃَ، عن أَبِیْہِ، عن عائشۃَ، قالتْ: کُفِّنَ

النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ ثَلاَثَةِ أَثْوَابٍ بِيْضٍ يَمَانِيَّةٍ، لَيْسَ فِيْهَا قَمِيْصٌ وَلاَ عِمَامَةٌ، قال: فَذَكَرُوْا لِعَائِشَةَ قَوْلَهُمْ: فِيْ ثَوْبَيْنِ وَبُرْدٍ حِبَرَةٍ، فَقَالَتْ: قَدْ أُتِيَ بِالْبُرْدِ، وَلٰكِنَّهُمْ رَدُّوْهُ، وَلَمْ يُكَفِّنُوْهُ فِيْهِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۹۸۱-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا بِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، عن زَائِدَةَ، عن عبدِ اللهِ بن محمدِ بنِ عَقِيْلٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم كَفَّنَ حَمْزَةَ بْنَ عبدِ الْمُطَّلِبِ فِيْ نَمِرَةٍ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ.

وفي الباب: عن عَلِيٍّ، وابنِ عبّاسٍ، وعبدِ اللهِ بنُ مُغَفَّلٍ، وابنِ عُمَرَ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشة حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدْ رُوِيَ في كَفَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم رِوَايَاتٌ مُخْتَلِفَةٌ، وحديثُ عائشة أَصَحُّ الْأَحَادِيْثِ الَّتِيْ رُوِيَتْ فِيْ كَفَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

والعملُ على هذا عِندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وقَالَ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ: يُكَفَّنُ الرَّجُلُ فِيْ ثَلَاثَةِ أَثْوَابٍ، إِنْ شِئْتَ فِيْ قَمِيْصٍ وَلِفَافَتَيْنِ، وإِنْ شِئْتَ فِيْ ثَلَاثِ لَفَائِفَ، وَيُجْزِئُ ثَوْبٌ وَاحِدٌ إِنْ لَمْ يَجِدُوْا ثَوْبَيْنِ، وَالثَّوْبَانِ يُجْزِيَانِ، والثَّلَاثَةُ لِمَنْ وَجَدُوْا أَحَبُّ إِلَيْهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ، وَقَالُوْا تُكَفَّنُ الْمَرْأَةُ فِيْ خَمْسَةِ أَثْوَابٍ.

ترجمہ اور وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کو کفن دیا گیا تین یمنی سفید چادروں میں جن میں نہ قمیص تھی اور نہ پگڑی۔ راوی کہتا ہے لوگوں نے حضرت عائشہ سے ان صحابہ کا قول ذکر کیا جو دو کپڑوں میں اور ایک منقش چادر میں کفن دیا جانا بیان کرتے ہیں (ابوداؤد میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ کو دو کپڑوں میں اور حبری چادر میں کفن دیا گیا، جب یہ حدیث حضرت عائشہ کو سنائی گئی تو آپ نے فرمایا: چادر بیشک لائی گئی تھی لیکن صحابہ نے وہ چادر واپس کردی تھی اور اس میں آپؐ کو کفن نہیں دیا تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہیں ہوا اس لئے انھوں نے حبری چادر میں کفن دیئے جانے کی بات کہی)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو ایک دھاری دار اونی چادر میں کفن دیا (نَمِرَةٌ: وہ اونی چادر جس میں سیاہ وسفید دھاریاں ہوں، معلوم ہوا کہ ضرورت کے وقت ایک کپڑے میں کفن دینا بھی جائز ہے)

اور نبی ﷺ کے کفن کے سلسلہ میں مختلف روایات مروی ہیں۔ ان میں سب سے اچھی روایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، اور اس پر صحابہ اور ان کے علاوہ اکثر علماء کا عمل ہے، اور سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں: آدمی کو تین

کپڑوں میں کفن دیا جائے اور اگر آپ چاہیں تو (کفن دیں) ایک قمیص اور دو چادروں میں اور اگر آپ چاہیں تو تین کپڑوں میں (کفن دیں) اور ایک کپڑا بھی کافی ہے اگر لوگ دو کپڑے نہ پائیں۔ اور دو کپڑے کافی ہیں (یعنی دو کپڑے کفن کفایت ہیں) اور تین کپڑوں میں کفن دینا اس شخص کے لئے جسے کپڑے میسر ہوں علماء کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے۔ اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے اور وہ فرماتے ہیں: عورت کو پانچ کپڑوں میں کفن دیا جائے۔

بابُ ماجاء فی الطَّعَامِ یُصْنَعُ لِأَهْلِ الْمَيِّتِ

میت کے گھر والوں کے لئے کھانا تیار کرنا

حدیث: عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی موت کی خبر آئی تو نبی ﷺ نے (ازواج مطہرات سے) فرمایا: ''جعفرؓ کے گھر والوں کے لئے کھانا تیار کرو اس لئے کہ ان کے یہاں ایسی خبر آئی ہے جس نے ان کو مشغول کر دیا ہے''

تشریح: حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے تھے اس وقت وہ بالکل نوجوان تھے، آنحضرت ﷺ کو ان کی شہادت کی خبر وحی کے ذریعہ معلوم ہوئی تھی، آپؐ ان کے مکان پر تشریف لے گئے، بچوں کو بلایا اور ان کے سروں پر ہاتھ پھیرا اور آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ حضرت جعفرؓ کی بیوی اسماء بنت عمیسؓ سمجھ گئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، آپؐ کیوں روئے؟ کیا جعفر اور ان کے رفقاء کے متعلق آپؐ کو کوئی اطلاع ملی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں۔ وہ آج شہید ہو گئے۔ اسماء بنت عمیسؓ فرماتی ہیں: یہ بات سنتے ہی میری چیخ نکل گئی اور عورتیں میرے پاس جمع ہو گئیں، اور آنحضرت ﷺ اپنے گھر تشریف لے گئے، اور ازواج مطہرات کو یہ ہدایت دی کہ جعفرؓ کے گھر کھانا پکا کر بھیجو، آج وہ اپنے صدمہ سے نڈھال ہیں، خود آنحضرت ﷺ پر اس صدمہ کا بہت اثر تھا، آپ اس غم میں تین دن تک مسجد میں تشریف فرما رہے (زرقانی بحوالہ سیرۃ المصطفی ۲:۴۷) اس حدیث کی بنا پر مستحب یہ ہے کہ جس گھر میں موت واقع ہو اس کے اقارب یا پڑوسی وہاں اتنا کھانا پکا کر بھیجیں جو ایک رات دن کے لئے کافی ہو تا کہ وہ اپنی مصیبت کے وقت کھانے کی فکر میں مبتلا نہ ہوں۔ اس سلسلہ میں لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ کئی کئی گھروں سے کھانا بھیج دیتے ہیں جو زائد از ضرورت ہونے کی وجہ سے اہل میت کے لئے دردسر بن جاتا ہے اس لئے پہلے یہ بات اہل میت کو بتا دینی چاہئے کہ وہ کھانا بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے تا کہ اگر کوئی دوسرا کھانا بھیجنا چاہے تو اس کو منع کر دیں، اسی طرح بعض جگہ ہفتہ عشرہ تک کھانا بھیجنے کا رواج ہے یہ بھی صحیح نہیں، حدیث سے شبانہ روز ہی کھانا بھیجنے کا ثبوت ہے۔

اور لوگوں میں جو رواج ہے کہ میت کے گھر والے اس موقع پر رشتہ داروں اور تعزیت کے لئے آنے والوں کے لئے کھانے کا انتظام کرتے ہیں یہ طعام المیت ہے جو ممنوع ہے۔ اسی طرح چالیسویں اور بیسویں دن کا کھانا بھی طعام

المیت ہے جس کی شریعت میں کوئی گنجائش نہیں۔ اس لئے کہ دعوت خوشی کے موقع پر ہوتی ہے غم کے موقع پر کوئی دعوت نہیں ہوتی۔ اور جو اقارب دور دراز سے آئے ہوں ان کو خود اپنے کھانے کا انتظام کرنا چاہئے، لیکن اگر مجبوری ہو اور اہل میت کے یہاں جو کھانا آیا ہے اس میں گنجائش ہو تو اس کو کھانے میں کوئی حرج نہیں۔ مزید تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۱۸۷ کتاب الطہارۃ باب ۱) میں دیکھیں۔

[۲۰] باب ماجاء فی الطعام یُصْنَعُ لأهل المیت

[۹۸۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، وعَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، قالاَ: نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ خَالِدٍ، عن أَبِیْهِ، عن عبدِ اللهِ بنِ جَعْفَرٍ، قالَ: لَمَّا جاءَ نَعْیُ جَعْفَرٍ قالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: "اصْنَعُوْا لِأَهْلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا، فَإِنَّهُ قَدْ جاءَ هُمْ مَا یَشْغَلُهُمْ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ. وقَدْ کَانَ بَعْضُ أهلِ العلمِ یَسْتَحِبُّ أَنْ یُوَجَّهَ إِلَی أهلِ المَیِّتِ بِشَیْءٍ لِشُغْلِهِمْ بِالْمُصِیْبَةِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ، وَجَعْفَرُ بنُ خَالِدٍ: هُوَ ابنُ سَارَةَ، وَهُوَ ثِقَةٌ، رَوَی عَنْهُ ابنُ جُرِیْجٍ.

ترجمہ: مذکورہ حدیث کے تمام راوی ثقہ ہیں اور وہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے، مصری نسخہ میں صحیحٌ بھی ہے۔ اور بعض علماء اس کو پسند کرتے ہیں کہ میت کے گھر کوئی چیز (کھانا وغیرہ) بھیجی جائے ان کے مصیبت میں مشغول ہونے کی وجہ سے اور یہ شافعی کا قول ہے (یہ اجماعی مسئلہ ہے) اور جعفر بن خالد کے دادا کا نام سارَہ ہے اور وہ ثقہ ہیں ان سے ابن جریج نے روایت کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی النَّهْیِ عَنْ ضَرْبِ الخُدُوْدِ وَشَقِّ الجُیُوْبِ عِنْدَ الْمُصِیْبَةِ

مصیبت کے وقت رخسار پیٹنا اور گریبان پھاڑنا ممنوع ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص (غم یا موت کے موقع پر) گریبان پھاڑے، اور رخسار پیٹے، اور جاہلی انداز پر پکاریں پکارے وہ ہم میں سے نہیں (یعنی وہ اسلامی تہذیب کے خلاف ہندوانہ تہذیب پر عمل پیرا ہے)

تشریح: غم اور موت کے موقع پر نوحہ ماتم کرنا جائز نہیں، یہ ہندوانہ طریقہ ہے۔ اور حدیث میں جو تین باتیں ذکر کی ہیں وہ عربوں کی عادت کے مطابق ہیں، پس سینہ پیٹنا، دیوار سے سر پھوڑنا، چوڑیاں توڑنا اور سر منڈوانا سب ماتم میں داخل ہیں اور ممنوع ہیں۔

فائدہ: میت پر نوحہ ماتم کرنا تین وجوہ سے ممنوع ہے:

پہلی وجہ: یہ چیزیں غم میں ہیجان پیدا کرتی ہیں۔اور جس کا کوئی آدمی مرجاتا ہے وہ بمنزلۂ مریض کے ہوتا ہے۔ مریض کا علاج ضروری ہے تاکہ مرض میں تخفیف ہو اس کے مرض میں اضافہ کرنا کسی طرح مناسب نہیں، اسی طرح مصیبت زدہ کا ذہن کچھ وقت کے بعد حادثہ سے ہٹ جاتا ہے پس بالقصد اس صدمہ میں گھسنا کسی طرح مناسب نہیں، جب لوگ تعزیت کے لئے آئیں گے اور نوحہ ماتم کریں گے تو پسماندگان کو بھی خواہی نخواہی اس میں شریک ہونا پڑے گا اور ان کا صدمہ تازہ ہوگا، پس یہ تعزیت نہ ہوئی تعزیر ہوگئی۔

دوسری وجہ: کبھی بے چینی میں ہیجان قضاء الٰہی پر عدم رضا کا سبب بن جاتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر راضی رہنا ضروری ہے، پس جو چیز اس میں خلل انداز ہو وہ ممنوع ہونی ہی چاہئے۔

تیسری وجہ: زمانۂ جاہلیت میں لوگ بہ تکلف (بناوٹی) دردوغم کا اظہار کیا کرتے تھے اور یہ بری اور نقصان رساں عادت ہے اس لئے شریعت نے نوحہ ماتم کو ممنوع قرار دیا۔

[۲۱] باب ماجاء في النهي عن ضرب الخدود، وشق الجيوب عند المصيبة

[۹۸۳-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن سُفيانَ، قالَ: حَدَّثَنِيْ زُبَيْدٌ الْأَيَامِيُّ، عن إبراهيمَ، عن مَسْرُوْقٍ، عن عبدِ اللهِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ:" لَيْسَ مِنَّا مَنْ شَقَّ الْجُيُوْبَ وضَرَبَ الْخُدُوْدَ ودَعَا بِدَعْوَةِ الْجَاهِلِيَّةِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ في كَرَاهِيَةِ النَّوْحِ

نوحہ ماتم کرنا ممنوع ہے

میت پر رونا یعنی آنسو بہانا اور اس پر حزن وملال ہونا ایک فطری امر ہے اس سے بچنا انسان کی استطاعت سے باہر ہے۔اس لئے اس سے بالکلیہ نہیں روکا گیا اور کیسے روکا جاتا یہ چیز تو رقّت قلبی کا نتیجہ ہے اور رحم دلی امر محمود ہے، عمرانی زندگی میں باہمی الفت ومحبت اس پر موقوف ہے، اور انسان کی سلامتی مزاج کا بھی تقاضا ہے اس لئے میت پر آنسو بہانا جائز ہے مگر اس طرح رونا جو نوحہ کی حد تک پہنچ جائے یعنی زور زور سے رونا اور چیخ وپکار کرنا یا میت کے مبالغہ آمیز فضائل بیان کرنا: ان امور کی بالکل اجازت نہیں۔آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن عبادہ کی بیمار پرسی کے لئے تشریف لے گئے اور آپؐ ان کا حال دیکھ کر رو پڑے، دوسرے لوگ بھی رونے لگے، آپؐ نے فرمایا: سنو اللہ تعالیٰ آنسو بہانے پر اور دل کے حزن وملال پر سزا نہیں دیتے، بلکہ اس کی وجہ سے سزا دیتے ہیں، اور آپؐ نے اپنی زبان مبارک

کی طرف اشارہ کیا، یا مہربانی فرماتے ہیں، یعنی اگر زبان سے ناشکری، بے صبری اور بے ادبی کے کلمات نکالے تو مستحق عذاب ہوگا اور حمد وترجیع کی تو مستحق ثواب ہوگا (رواہ البخاری، مشکوٰۃ حدیث ۱۷۲۴) پس معمولی رونا جائز ہے اور سخت واویلا کرنا جونوحہ کی حد تک پہنچ جائے جائز نہیں (نوحہ کے معنی ہیں: میت پر چلاّ چلاّ کر رونا)

حدیث (۱): علی بن ربیعہ کہتے ہیں: ایک انصاری کا انتقال ہوا، ان کا نام قرظۃ بن کعب تھا ان کو رویا گیا، حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ (جو کوفہ کے گورنر تھے) تشریف لائے اور (تقریر کے لئے) ممبر پر چڑھے، اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: اسلام میں نوحہ کی کیا گنجائش ہے؟! سنو! میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ جس پر رویا گیا اس کو آہ وبکا کرنے کی وجہ سے سزا دی جاتی ہے۔

تشریح: اگر میت نے رونے کی اور نوحہ ماتم کرنے کی وصیت کی ہے جیسا کہ عربوں میں رواج تھا یا وہ خود زندگی میں نوحہ ماتم کیا کرتا تھا یا اپنے گھر والوں کو رونے پیٹنے سے منع نہیں کیا کرتا تھا تو پسماندگان کے آہ وبکا کرنے سے میت کو عذاب ہوگا، اور اگر یہ باتیں نہ ہوں، نہ اس نے نوحہ ماتم کرنے کی وصیت کی ہے، اور نہ وہ زندگی میں اس کو اچھا سمجھتا تھا، بلکہ منع کرتا تھا، پھر بھی اس پر نوحہ کیا گیا تو میت کو عذاب نہیں ہوگا کیونکہ اب اس کا کوئی قصور نہیں، نوحہ کرنے والے خود ذمہ دار ہیں، تفصیل آئندہ باب میں آرہی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جاہلیت کی چار باتیں میری امت میں ہمیشہ رہیں گی، لوگ ان کو بالکلیہ ترک نہیں کریں گے: ایک: نوحہ کرنا، یعنی میت پر چلاّ چلاّ کر رونا۔ دوم: نسب میں طعن کرنا یعنی دوسروں کے نسب میں کیڑے نکالنا (اور مشکوٰۃ میں ہے حَسب (خاندانی خوبیوں) پر فخر کرنا یعنی اپنی بڑائی جتانا) سوم: عدوی: یعنی مرض کے متعدی ہونے کا عقیدہ رکھنا: ایک اونٹ خارش زدہ ہوجاتا ہے تو سو اونٹوں کو خارش زدہ کردیتا ہے، مگر پہلے اونٹ کو خارش زدہ کس نے کیا؟ چہارم: پچھتروں کا عقیدہ یعنی یہ کہنا کہ فلاں پچھتر لگا اس لئے بارش ہوئی۔

تشریح: نبی ﷺ نے فراستِ نبوت سے یہ بات سمجھی کہ لوگ مذکورہ باتوں سے بالکلیہ کنارہ کش نہیں ہونگے، کیونکہ وہ باتیں بشری طبیعت کے حدِ اعتدال سے نکل جانے کا نتیجہ ہیں۔ اور یہ ایسا ہی تقاضا ہے جیسا شدت شہوت کا تقاضا جس سے شہوت پرست جدا نہیں ہوسکتا، اسی طرح بعض لوگ ڈینگیں مارنے اور لاف زنی کے عادی ہوتے ہیں، وہ اپنی خاندانی خوبیوں پر اتراتے ہیں، اور دوسروں کی خوبیاں ان کو ایک آنکھ نہیں بھاتیں، وہ لوگوں کے حسب ونسب میں کیڑے نکالتے ہیں، اسی طرح لوگوں میں مُردوں کی الفت ومحبت پائی جاتی ہے جو ان کو نوحہ کرنے پر ابھارتی ہے، اسی طرح رصد بندی یعنی سیاروں کا مشاہدہ کرنے کا سلسلہ بھی ہمیشہ سے جاری ہے، چنانچہ آج بھی دنیا کے سبھی لوگوں میں خواہ عرب ہوں یا عجم یہ سلسلہ جاری ہے، اور عدوی یعنی تعدیۂ مرض کا عقیدہ بھی غلط ہے، مگر لوگ یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہمارا مشاہدہ ہے کہ سو اونٹوں کے ریوڑ میں کوئی خارش زدہ اونٹ آجاتا ہے تو سب اونٹ خارش زدہ

ہوجاتے ہیں، معلوم ہوا کہ مرض متعدی ہوتا ہے، آپؐ نے فرمایا: اس سے پوچھو: پہلے اونٹ کوکس نے خارش لگائی؟ لامحالہ وہ یہی کہے گا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو خارش لگائی، پس یہی بات ہر اونٹ کے بارے میں کیوں نہیں کہتے؟!

جاننا چاہئے کہ عرب بعض بیماریوں کو بذاتہ متعدی سمجھتے تھے۔ نبی ﷺ نے اس فاسد عقیدے کو رد کیا ہے، البتہ بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملۂ اسباب مرض ہے، اور اسباب اختیار کرنے کی شریعت نے تعلیم دی ہے، پس ایسی بیماریوں میں احتیاطاً مریض سے دور رہنا خود شریعت کا حکم ہے۔ بخاری کی روایت ہے: ''کوڑھی کے پاس سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو'' (مشکوٰۃ حدیث ۴۵۷۷) مگر یہ عقیدہ رکھنا کہ ایسے مریض کے پاس جائیں گے تو ضرور بیماری لگ جائے گی: صحیح نہیں، اور تجربہ کے خلاف ہے۔

فائدہ: مذکورہ حدیث کا منشا یہ ہے کہ ان چار برائیوں کا ازالہ چونکہ مشکل سے ہوتا ہے اس لئے لوگ ان سے پیچھا چھڑانے کی ہر ممکن کوشش کریں، جیسے کپڑے پر ایسا داغ لگ جائے جس کا ازالہ مشکل ہو تو لوگ مختلف تدبیروں سے وہ داغ چھڑانے کی کوشش کرتے ہیں۔ اور داغ نکال کر ہی چین لیتے ہیں، اسی طرح مصلحین امت کو بھی ان خرابیوں کے ازالہ کے لئے پوری کوشش کرنی چاہئے۔

[۲۲] باب ماجاء فی کراهية النَّوْح

[۹۸۴-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا قُرَّانُ بنُ تَمَّامٍ، ومَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ، ويزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عن سَعِيْدِ بنِ عُبَيْدٍ الطَّائِيِّ، عن عَلِيِّ بنِ رَبِيْعَةَ الأَسَدِيِّ، قالَ: مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ قَرَظَةُ بنُ كَعْبٍ، فَنِيْحَ عليهِ، فَجَاءَ الْمُغِيْرَةُ بنُ شُعْبَةَ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عليهِ، وقالَ: مَابَالُ النَّوْحِ فِيْ الإِسْلَامِ! أَمَا إِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' مَنْ نِيْحَ عَلَيْهِ عُذِّبَ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ''

وفی الباب: عن عُمَرَ، وعَلِيٍّ، وأَبِيْ مُوسَى، وقَيْسِ بنِ عَاصِمٍ، وأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وجُنَادَةَ بنِ مَالِكٍ، وأَنَسٍ، وأُمِّ عَطِيَّةَ، وسَمُرَةَ، وأَبِيْ مَالِكٍ الأَشْعَرِيِّ، قال أبو عيسى: حديثُ المُغِيْرَةِ حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۹۸۵-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ داودَ، نا شعبةُ، والمَسْعُوْدِيُّ، عن عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عن أَبِی الرَّبِيْعِ، عن أَبِيْ هريرةَ، قالَ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم:'' أَرْبَعٌ فِيْ أُمَّتِيْ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، لَنْ يَدَعَهُنَّ النَّاسُ: النِّيَاحَةُ، والطَّعْنُ فِيْ الأَحْسَابِ، وَالْعَدْوَى: أَجْرَبَ بَعِيْرٌ فَأَجْرَبَ مِائَةَ بَعِيْرٍ، مَنْ أَجْرَبَ البَعِيْرَ الأَوَّلَ؟ والأَنْوَاءُ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: أَجْرَبَ بَعِيْرٌ سے پہلے یقولون مقدر ہے، اور مَنْ أَجْرَبَ سے پہلے قُلْ مقدر ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ الْبُکَاءِ علی المَیِّتِ

میت پر رونے کی ممانعت

یہ دو باب ہیں ان میں یہ مسئلہ ہے کہ میت پر رونا جائز ہے یا نہیں؟ گذشتہ باب میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ کسی کی موت پر رنجیدہ اور غمگین ہونا، آنکھوں سے آنسو نکلنا فطری بات ہے اور اس بات کی علامت ہے کہ آدمی کے دل میں محبت اور دردمندی کا جذبہ موجود ہے جو امر محمود ہے، اس لئے شریعت نے اس پر پابندی نہیں لگائی، البتہ نوحہ اور ماتم کی ممانعت فرمائی ہے اور وجہ گذشتہ باب میں تفصیل سے گذر چکی ہے۔

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میت کے گھر والوں کے رونے سے میت عذاب میں مبتلا کی جاتی ہے''

تشریح: یہ بات رسول اللہ ﷺ سے حضرت عمرؓ کے علاوہ ان کے صاحب زادے حضرت ابن عمر، حضرت مغیرہ اور بعض دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی روایت کرتے ہیں، لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کا انکار کرتی ہیں۔ آئندہ باب میں حدیث آرہی ہے: حضرت عائشہؓ کے سامنے جب ابن عمرؓ کی یہ حدیث نقل کی گئی تو انھوں نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابو عبد الرحمٰن کی مغفرت فرمائیں! انھوں نے بالقصد جھوٹ نہیں بولا، بلکہ وہ بھول گئے یا چوک گئے یعنی جس موقع پر وہ حدیث ارشاد فرمائی گئی تھی اس کو بھول گئے یا حدیث سمجھنے میں ان سے غلطی ہوگئی۔ واقعہ یہ پیش آیا تھا کہ ایک یہودی بڑھیا کا انتقال ہوا، اس پر ماتم کیا جا رہا تھا۔ نبی ﷺ وہاں سے گذرے تو فرمایا: ''یہ بڑھیا کو رو رہے ہیں اور بڑھیا قبر میں سزا پا رہی ہے'' یعنی اگر رونا ہی تھا تو کسی اچھے آدمی کو روتے، ایسے کو رو رہے ہیں جو قبر میں عذاب میں مبتلا ہے، حضرت عائشہ کے اس نقد کا حاصل یہ ہے کہ حدیث کا محمل خاص ہے، مسلمانوں کے تعلق سے یہ حدیث نہیں ہے، اور بڑھیا کو قبر میں جو عذاب ہو رہا تھا وہ اس کے اعمال کی وجہ سے ہو رہا تھا، پسماندگان کے ماتم کرنے کی وجہ سے نہیں ہو رہا تھا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بارے میں قرآن کریم کی آیت: ﴿وَلَاتَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَی﴾ سے بھی استدلال کیا ہے، اس آیت میں یہ قاعدہ اور یہ اصول بیان کیا گیا ہے کہ ایک آدمی کے گناہ کی سزا دوسرے آدمی کو نہیں دی جاتی، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ روئیں گھر والے اور سزا پائے مرنے والا؟! لیکن حضرت عائشہ کا نقد صحیح نہیں، کتاب الطہارۃ باب ۸ میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے متعدد صحابہ پر نقد کیا ہے۔ علامہ بدرالدین زرکشی رحمہ اللہ نے ایک کتاب میں ان کو جمع کیا ہے جس کا نام الإصابة فی ما اسْتَدْرَکَتْہُ السیِّدَةُ عائشةُ علی الصحابة ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ کے بیشتر اعتراضات صحیح نہیں، بلکہ روایتیں صحیح ہیں، البتہ کچھ

اعتراضات صحیح ہیں۔ یہاں بھی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ابن عمرؓ کی طرف جو وہم کی نسبت کی ہے وہ محل نظر ہے، کیونکہ اس مضمون کی روایات متعدد صحابہ سے مروی ہیں اور سب سے بھول ہوگئی ہو یہ بات بعید از قیاس ہے اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے جو واقعہ بیان کیا ہے وہ اپنی جگہ صحیح ہے مگر وہ الگ واقعہ ہے، اور یہ حدیث مسلمانوں کے تعلق سے ہے۔ اور حضرت عائشہؓ نے درایۃً جو اعتراض کیا ہے اس کا جواب ابن المبارکؒ نے دیا ہے کہ جس شخص نے اپنے گھر والوں کی اسلامی تربیت کی ہے اور وہ ان کو نوحہ کرنے سے منع کیا کرتا تھا پھر بھی پسماندگان نے نوحہ کیا تو وہ اس کے ذمہ دار ہونگے، ان کے گناہ کی سزا میت کو نہیں دی جائے گی، اور جس نے نوحہ اور ماتم کرنے کی وصیت کی ہے، جیسا کہ عربوں میں اس کا رواج تھا یا اس کے خاندان اور قبیلہ میں نوحہ کرنے کا رواج تھا اور اس نے گھر والوں کی اسلامی تربیت نہیں کی اور نہ ان کو زندگی میں کبھی اس کام سے روکا، پھر جب وہ مرا تو اس پر نوحہ کیا گیا تو اس میں میت کا قصور ہے وہ اس نوحہ اور ماتم کا سبب ہے، اس لئے میت کو بھی سزا دی جائے گی۔ اور یہ دوسرے کے گناہوں کی گٹھری نہیں ہے بلکہ اپنی ہی گٹھری ہے، کیونکہ وہ نوحہ کرنے کا سبب بنا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی شخص مرتا ہے، پھر اس پر رونے والا کھڑا ہوتا ہے، اور کہتا ہے: واجَبَلَاهْ (ہائے پہاڑ!) وَاسَيِّدَاهْ (ہائے آقا!) یا اس کے مانند کوئی بات کہتا ہے تو اس پر دو فرشتے مسلط کئے جاتے ہیں جو اس کو مکّے مارتے ہیں اور کہتے ہیں: اچھا جناب! آپ ایسے تھے؟

تشریح: اوپر کی حدیث میں یہ مضمون آیا ہے کہ پسماندگان کے رونے سے میت کو عذاب دیا جاتا ہے، یہی حدیث بخاری میں اس اضافہ کے ساتھ ہے: **الميت لَيُعَذَّبُ ببعض بكاءِ أهله عليه:** یعنی میت کو پسماندگان کے کچھ رونے سے عذاب دیا جاتا ہے (بخاری حدیث ۱۲۸۷) وہ کچھ رونا یہی ہے جس کا اس حدیث میں ذکر ہے، جو رونا جائز ہے اس کی وجہ سے عذاب نہیں ہوتا، البتہ وہ رونا جس میں چیخ وپکار کی جائے، میت کے جھوٹے سچے فضائل بیان کئے جائیں اور اس کو آسمان پر چڑھایا جائے تو اس کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے۔ جب نوحہ کرنے والا میت کی کوئی ایسی جھوٹی خوبی بیان کرتا ہے تو فرشتے اس کے سینہ پر مُکّہ مارتے ہیں اور کہتے ہیں: وا بھینساہ! وا پہاڑ اہ! واالّو کا پٹھاہ! اور یہ مکّے ہی وہ عذاب ہیں جو پسماندگان کے رونے سے کھانے پڑتے ہیں، حدیث میں عذاب سے یہی مراد ہیں۔

[۲۳] باب ماجاء في كراهية البكاء على الميت

[۹۸۶-] حدثنا عبدُ اللهِ بنُ أَبى زِيَادٍ، نا يَعقوبُ بنُ إبراهيمَ بنِ سَعْدٍ، نا أَبى، عن صَالِحِ بنِ كَيْسَانَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ، عن أَبِيْهِ، قالَ: قالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: قالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: '' المَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ''

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وعِمْرانَ بنِ حُصَیْنٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.
وقَدْ کَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ الْبُکَاءَ عَلَی الْمَیِّتِ، وَقَالُوْا: المَیِّتُ یُعَذَّبُ بِبُکَاءِ أَهْلِهِ عَلَیْهِ، وَذَهَبُوْا إِلٰی هذا الحدیثِ، وقالَ ابنُ المبارکِ: أَرْجُوْ إِنْ کَانَ یَنْهَاهُمْ فِیْ حَیَاتِهِ: أَنْ لَایَکُوْنَ عَلَیْهِ مِنْ ذٰلِكَ شَیْئٌ.
[۹۸۷-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا محمدُ بنُ عَمَّارٍ، قالَ: حَدّثَنِیْ أُسَیْدُ بنُ أَبِیْ أُسَیْدٍ، عن مُوْسَی بنِ أَبِیْ مُوسَی الْأَشْعَرِیِّ: أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِیْهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قال: " مَامِنْ مَیِّتٍ یَّمُوْتُ، فَیَقُوْمُ بَاکِیْهِمْ فَیَقُوْلُ: وَاجَبلَاهْ! واسَیِّدَاهْ! أو نَحْوَ ذٰلِكَ: إِلَّا وُکِّلَ بِهِ مَلَکَانِ یَلْهَزَانِهِ: أَهٰکَذَا کُنْتَ؟!"
قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

ترجمہ: بعض اہل علم نے میت پر آہ وبکا کرنے کو مکروہ کہا ہے، وہ کہتے ہیں: میت پر اس کے گھر والوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے۔ اور وہ اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور ابن المبارک فرماتے ہیں: میں امید کرتا ہوں اگر وہ پسماندگان کو اپنی زندگی میں نوحہ کرنے سے روکا کرتا تھا تو اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِیْ الْبُکَاءِ عَلَی المَیِّتِ

میت پر رونے کی اجازت

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے۔ اس باب میں دو حدیثیں ہیں: ایک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جس میں انھوں نے حضرت ابن عمرؓ کی حدیث پر نقد کیا ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس کو دو سندوں سے ذکر کیا ہے۔ دوسری حدیث اس وقت کی ہے جب آپؐ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی وفات ہوئی تھی۔

حدیث (۱): عمرة کہتی ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے سامنے ابن عمرؓ کا تذکرہ کیا گیا کہ وہ یہ حدیث بیان کرتے ہیں کہ میت پر زندوں کے رونے سے عذاب ہوتا ہے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اللہ ابو عبدالرحمٰن کی مغفرت فرمائیں! بیشک انھوں نے (بالقصد) جھوٹ نہیں بولا، البتہ وہ بھول گئے یا چوک گئے یعنی یا تو وہ حدیث کا محل ورود بھول گئے یا اس کے سمجھنے میں ان سے غلطی ہوگئی۔ رسول اللہ ﷺ ایک یہودی عورت کے گھر کے پاس سے گذرے جس پر لوگ رو رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: "یہ اس پر رو رہے ہیں اور وہ اپنی قبر میں عذاب دی جارہی ہے" یعنی ان لوگوں کا معذب پر رونا بے عقلی کی بات ہے کسی اچھے شخص کو روتے تو ایک بات بھی تھی (اس حدیث کی وضاحت اور اس کا جواب اوپر آچکا)

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: "میت پسماندگان کے رونے

سے عذاب میں مبتلا کی جاتی ہے'' راوی کہتا ہے: حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اللہ ابن عمر پر رحم فرمائیں! انھوں نے جھوٹ نہیں بولا، لیکن ان سے غلطی ہوگئی، بیشک رسول اللہ ﷺ نے یہ بات ایک ایسے شخص کے بارے میں فرمائی تھی جو یہودیت کی حالت میں مرا تھا کہ میت یقیناً عذاب دی جارہی ہے اور پسماندگان اس پر رو رہے ہیں!

فائدہ: جس طرح شک راوی میں دو باتوں میں سے کوئی ایک بات صحیح ہوتی ہے یہاں بھی ایک حدیث میں یہودیہ کا واقعہ ہے اور دوسری میں یہودی کا یہ شک راوی کی طرح ہے، کوئی ایک بات صحیح ہے اور اس سے مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا اور ان کو لے کر اپنے صاحبزادے ابراہیم کے پاس گئے (یہ صاحب زادے حضرت ماریہ رضی اللہ عنہا کے بطن سے تھے، وہ آپؐ کی سُرِّیَّہ تھیں۔ سُریہ وہ باندی کہلاتی ہے جس سے اس کا آقا صحبت کرتا ہے۔ جاننا چاہئے کہ جب غلام باندیوں کا دور تھا تو آقا تمام باندیوں سے صحبت نہیں کرتا تھا جس سے صحبت کرنا چاہتا تھا اسی کو صحبت کے لئے خاص کرتا تھا، اور حضرت ماریہ قبا میں رہتی تھیں آپؐ گاہے ماہے وہاں تشریف لے جاتے تھے) آپؐ نے بچہ کو اس حال میں پایا کہ وہ اپنی جان کی سخاوت کر رہا تھا یعنی جان کنی کا وقت تھا، آپؐ نے بچہ کو گود میں لیا (اور آپؐ کی گود ہی میں بچہ نے دم توڑ دیا) پس آپؐ روئے اور فرمایا: آنکھیں اشکبار ہیں، دل غمگین ہے، مگر ہم زبان سے وہی کہتے ہیں جس سے ہمارا پروردگار راضی ہے، اور ہم اے ابراہیم! تیری جدائیگی سے مغموم ہیں! پھر آپؐ نے إِنَّا لِلّٰهِ إلخ پڑھا (پھر کسی دوسرے موقع پر عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے اس مسئلہ کو سمجھنا چاہا انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! فلاں موقع پر آپ روئے تھے، حالانکہ آپؐ نے اس سے منع کیا تھا) آپؐ نے فرمایا: نہیں (یعنی میں نے مطلقاً رونے سے منع نہیں کیا ہے) بلکہ میں نے دو احمقانہ آوازوں سے منع کیا ہے جو گناہ میں مبتلا کرنے والی ہیں، ایک: مصیبت کے وقت چلانا، چہرے کو نوچنا، گریبان پھاڑنا اور شیطان کی طرح آہ و بکا کرنا۔ دوسری: بانسری یعنی گانے کی آواز (امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسری احمقانہ آواز کو جس سے آدمی گنہ گار ہوتا ہے حذف کر دیا ہے۔ حضرت کو حذف کرنے کا اور روایت کو مختصر کرنے کا بڑا شوق ہے حالانکہ جو ٹکڑا حذف کیا ہے اس کو لکھتے تو اتنی جگہ نہ گھیرتا جتنی جگہ وفی الحدیث إلخ نے گھیری ہے، وہ جملہ وصوت المزامیر (بانسری اور گانے کی آواز) ہے۔

[۲۴] باب ماجاء فی الرخصة فی البكاء علی المیت

[۹۸۸-] حدثنا قُتیبةُ، نا مَالِكٌ ح: وثَنَا إسحاقُ بنُ مُوسَى الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مَالِكٌ، عن عبدِ اللهِ بنِ أَبِی بَكْرٍ، وهُوَ ابنُ محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عن أَبِیْهِ، عن عَمْرَةَ: أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ، وذُكِرَ لَهَا أَنَّ ابنَ عُمَرَ یَقُولُ: إِنَّ الْمَیِّتَ لَیُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَیِّ، فَقَالَتْ عائشةُ: غَفَرَ اللّٰهُ لِأَبِی

عَبدِ الرحمنِ! أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَكْذِبْ، ولكِنَّهُ نَسِيَ أَوْ أَخْطَأَ، إِنَّمَا مَرَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى يَهُوْدِيَّةٍ يُبْكَى عَلَيْهَا، فقالَ: ”إِنَّهُمْ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهَا، وإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهَا“

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۹۸۹-]حدثنا قُتيبةُ، نا عَبَّادُ بنُ عَبَّادٍ المُهَلَّبِيُّ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، عن يَحيىَ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن ابنِ عُمَرَ: عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ:” المَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ“ قالَ: فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ! لَمْ يَكْذِبْ، ولكِنَّهُ وَهِمَ، إِنَّمَا قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِرَجُلٍ مَاتَ يَهُوْدِيًّا:” إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ، وَإِنَّ أَهْلَهُ لَيَبْكُوْنَ عَلَيْهِ“

وفى الباب: عن ابنِ عَبَّاسٍ، وقَرَظَةَ بنِ كَعْبٍ، وأبي هريرةَ، وابنِ مَسعُودٍ، وأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عن عائشةَ. وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إلى هٰذا، وَتَأَوَّلُوْا هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَلاَتَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَى﴾ وهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

[۹۹۰-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عيسى بنُ يُوْنُسَ، عن ابنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عن عَطَاءٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، قالَ: أَخَذَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بيَدِ عبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، فَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى ابْنِهِ إِبْرَاهِيْمَ، فَوَجَدَهُ يَجُوْدُ بِنَفْسِهِ، فَأَخَذَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَوَضَعَهُ فِيْ حِجْرِهِ فَبَكَى، فقالَ لَهُ عبدُ الرحمنِ: أَتَبْكِيْ، أَوَ لَمْ تَكُنْ نَهَيْتَ عن البُكَاءِ؟ قالَ:”لاَ. وَلكِنْ نَهَيْتُ عَنْ صَوْتَيْنِ أَحْمَقَيْنِ فَاجِرَيْنِ: صَوْتٍ عِنْدَ مُصِيْبَةٍ: خَمْشِ وُجُوْهٍ، وَشَقِّ جُيُوْبٍ، وَرَنَّةِ شَيْطَانٍ، وفى الحديثِ كَلاَمٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں (یعنی وہ کہتے ہیں کہ پسماندگان کے آہ وبکا کرنے کی وجہ سے میت کوعذاب نہیں ہوتا) اور انھوں نے اس آیت سے استدلال کیا ہے ﴿وَلاَتَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَى﴾ (یہ درایۃ اعتراض ہے، ابن المبارکؒ نے اسی اعتراض کا جواب دیا ہے، تفصیل اوپر گذر چکی ہے) اور یہ شافعیؒ کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فى المَشْيِ أَمَامَ الْجَنازَةِ

جنازہ کے آگے چلنے کا بیان

یہ دو باب ہیں، ان میں یہ مسئلہ ہے کہ جنازہ کے آگے چلنا چاہئے یا پیچھے؟ جاننا چاہئے کہ جنازہ کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف چلنے کی اجازت ہے اور اس پر اجماع ہے، البتہ افضلیت میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پیچھے چلنا افضل ہے۔

پہلا باب امام ترمذی رحمہ اللہ نے بہت طویل لکھا ہے، مگر اس میں صرف ایک حدیث ہے اور اس میں سے بھی آدھی امام زہری کی مرسل روایت ہے، اور امام زہری کی مرسل روایت بالاجماع ضعیف ہوتی ہے۔

حدیث: ابن شہاب زہری کہتے ہیں: نبی ﷺ اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما جنازہ کے آگے چلا کرتے تھے (یہ جز مرسل ہے) پھر انھوں نے فرمایا: مجھ سے سالم نے بیان کیا کہ ان کے والد ابن عمر بھی جنازہ کے آگے چلتے تھے یہ جزء مسند ہے، مگر حدیث مرفوع نہیں، صحابی کا فعل ہے غرض حدیث کے دو حصے ہیں جو حصہ مرفوع ہے وہ مرسل ہے اور جو حصہ مسند ہے وہ موقوف ہے۔ اور جن ائمہ کے نزدیک جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے ان کی یہی ایک دلیل ہے۔

یہ حدیث پوری مسند بھی مروی ہے مگر اس کی سند صحیح نہیں اور اس پورے باب کا حاصل یہ ہے کہ اس حدیث کی وہ سند جس سے پوری حدیث مسند مروی ہے صحیح نہیں، بلکہ اس کا ایک جز مرسل ہے اور ایک جز مسند، اور محدثین کا اتفاق ہے کہ یہ ابن عیینہ کی غلطی ہے۔

اور اگلا باب جنازہ کے پیچھے چلنے کے سلسلہ میں ہے، اس باب میں بھی امام ترمذیؒ ایک ایسی روایت لائے ہیں جو صحیح نہیں، اس طرح امام ترمذیؒ نے دونوں بابوں میں توازن قائم کیا ہے کہ دونوں فریقوں کی روایتیں ضعیف ہیں اور باب کے آخر میں فرمایا ہے کہ اس مسئلہ میں کوئی روایت صحیح نہیں۔ یہ دونوں بابوں کا خلاصہ ہے۔

اس کے بعد تین باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: اس مسئلہ میں نقطۂ نظر کا اختلاف ہے، جو لوگ جنازہ کے ساتھ جاتے ہیں وہ کس غرض سے جاتے ہیں؟ احناف کے نزدیک رخصت کرنے کے لئے جاتے ہیں اور رخصت کرنے والا مہمان کے پیچھے چلتا ہے، اس لئے احناف نے دوسرے باب کی حدیث کو ترجیح دی ہے۔ اور شوافع کے نزدیک سفارش کرنے کے لئے جاتے ہیں اور سفارش کرنے والا آگے چلتا ہے اس لئے انھوں نے پہلے باب کی حدیث کو ترجیح دی ہے۔

دوسری بات: امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ بات کہ دونوں بابوں میں کوئی روایت صحیح نہیں، محل نظر ہے، آگے دو تین روایتیں آرہی ہیں جو صحیح ہیں، خود امام ترمذیؒ نے ان کو صحیح کہا ہے، وہ امام اعظم کی دلیلیں ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کو وہ روایات اس باب میں لانی چاہئے تھیں مگر نہیں لائے پس ہم کیا کریں؟!

تیسری بات: پہلے باب کی حدیث جس کو امام ترمذیؒ نے لمبی بحث کر کے غیر صحیح قرار دیا ہے ہم اس کو صحیح مان لیتے ہیں۔ نبی ﷺ اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما جنازہ کے آگے چلتے تھے، کیونکہ وہ تینوں حضرات امیر المؤمنین تھے، وہ اپنے اپنے زمانۂ خلافت میں آگے چلتے تھے، کیونکہ وہ اگر مجمع میں لوگوں کے ساتھ چلیں گے تو مجمع کو چلنے میں تکلف ہوگا، بڑے لوگوں کو یا تو آگے چلنا چاہئے یا پیچھے، تاکہ لوگ بے تکلف جنازہ لے کر چلیں، جیسے کسی جنازہ میں طلبہ اور اساتذہ ہوتے ہیں تو اساتذہ پیچھے چلتے ہیں، کیونکہ وہ اگر طلبہ کے ساتھ چلیں گے تو ان کو تکلف ہوگا اور دلیل حضرات

ثلاثہ کی تخصیص ہے، اگر سبھی لوگ جنازے کے آگے چلتے ہوتے تو راوی ان حضرات کی تخصیص نہ کرتا، معلوم ہوا کہ عام لوگ جنازہ کے پیچھے چلتے تھے اور یہ حضرات مذکورہ مصلحت سے آگے چلتے تھے۔

سوال: ابن عمرؓ جنازہ کے آگے چلتے تھے جبکہ وہ امیر نہیں تھے اور نہ ان کی وجہ سے لوگوں کو تکلف ہوتا تھا؟

جواب: ابن عمرؓ کی شان نرالی تھی وہ ایسی سنتوں کی بھی پیروی کرتے تھے جن کی پیروی مطلوب نہیں۔ حج اور عمرہ کے سفر میں نبی ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان جہاں جہاں پیشاب فرمایا ہے ابن عمرؓ نے وہ جگہیں یاد رکھی تھیں اور وہ وہاں پیشاب کرنے کی ہیئت بنا کر بیٹھتے تھے، مگر پیشاب نہیں کرتے تھے۔ وہ اسی جذبہ سے جنازہ کے آگے چلتے تھے، پھر یہاں بھی وہی بات ہے کہ اگر سارے مسلمان جنازہ کے آگے چلتے تھے تو راوی نے ابن عمرؓ کی تخصیص کیوں کی، یہ تخصیص دلیل ہے کہ دوسرے مسلمان جنازہ کے پیچھے چلتے تھے۔ علاوہ ازیں آگے چلنا مصلحت کے بھی خلاف ہے، اگر لوگ جنازہ کے آگے چلیں گے تو جن چار کندھوں پر جنازہ ہوگا وہی قبرستان تک جنازہ لے جائیں گے کوئی ان کا تعاون کرنے والا نہ ہوگا، کیونکہ آگے چلنے والا پیچھے مڑ کر نہیں دیکھتا، اور لوگ پیچھے چلیں گے تو ایک دوسرے کا تعاون کریں گے۔

[۲۵] باب ماجاء فی المشی أمام الجنازة

[۹۹۱-] حدثنا قُتيبةُ بنُ سَعيدٍ، وأحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، وإسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ومحمودُ بنُ غَيْلَانَ، قَالُوْا: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أَبِيْهِ، قالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُوْنَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ.

[۹۹۲-] حدثنا الحَسَنُ بنُ على الخَلَّالُ، نَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وبَكْرٍ الكُوْفِيِّ، وَزِيَادٍ، وَسُفيانَ: كُلُّهُمْ يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمِ بنِ عبدِ اللهِ، عن أَبِيْهِ قالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَمْشُوْنَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ.

[۹۹۳-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَامَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، قالَ: كانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ يَمْشُوْنَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ، قالَ الزُّهْرِيُّ: وأَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يَمْشِيْ أَمَامَ الْجَنَازَةِ.

وفى الباب: عن أنسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عُمَرَ هٰكَذَا رَوَى ابنُ جُرَيْجٍ، وَزِيَادُ بنُ سَعْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ نَحْوَ حَديثِ ابنِ عُيَيْنَةَ، وَرَوَى مَعْمَرٌ، ويُوْنُسُ بنُ يَزِيْدَ، ومَالِكٌ وغَيْرُهُمْ مِنَ الحُفَّاظِ عن الزُّهْرِيِّ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمْشِيْ أَمَامَ الْجَنَازَةِ، وأهلُ الحديثِ كُلُّهُمْ يَرَوْنَ أَنَّ الحديثَ المُرْسَلَ فِيْ ذٰلِكَ أَصَحُّ.

قال أبو عيسى: وسَمِعْتُ يَحيىَ بنَ مُوْسَى، يقولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّزَّاقِ يَقُوْلُ: قالَ ابنُ الْمُبارَكِ: حديثُ الزُّهْرِيِّ فِيْ هٰذَا مُرْسَلٌ أَصَحُّ مِنْ حَدِيثِ ابنِ عُيَيْنَةَ، قالَ ابنُ المُبارَكِ: وأُرَى ابنَ جُرَيْجٍ أَخَذَهُ عن ابنِ عُيَيْنَةَ.

قال أبو عيسى: وَروَى هَمامُ بنُ يَحيىَ هذا الحديثَ عن زِيادٍ، هُوَ ابنُ سَعْدٍ، ومَنْصُوْرٍ، وبكْرٍ، وسُفْيَانَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وإِنَّمَا هُوَ سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، رَوَى عنهُ هَمَّامٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِيْ المَشْيِ أَمَامَ الْجَنَازَةِ فَرَأَى بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ أَنَّ المَشْيَ أَمَامَ الْجنازَةِ أَفْضَلُ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ.

[٩٩٤-] حدثنا محمدُ بنُ المُثَنَّى، نا محمدُ بنُ بَكْرٍ، نا يُوْنُسُ بنُ يَزِيْدَ، عن الزُّهْرِيِّ، عن أنسِ بنِ مالكٍ قالَ: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ أَمَامَ الْجَنازَةِ وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ.

وسَأَلْتُ مُحمداً عن هذا الحديثِ فقالَ: هذا حديثٌ أَخْطَأَ فِيْهِ محمدُ بنُ بَكْرٍ، وإِنَّمَا يُرْوَى هذا الحديثُ عن يُوْنُسَ، عن الزُّهْرِيِّ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوْا يَمْشُوْنَ أَمَامَ الْجَنَازَةِ، قالَ الزُّهْرِيُّ: وأَخْبَرَنِيْ سَالِمٌ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يَمْشِيْ أَمَامَ الْجنازَةِ، قالَ محمدٌ: وهذا أَصَحُّ.

وضاحت: باب کی پہلی حدیث (نمبر۹۹۱) سفیان بن عیینہ کی حدیث ہے جو ان سے چار حضرات روایت کرتے ہیں ان کی سند مرفوع متصل ہے یعنی سفیان: زہریؒ سے، وہ سالم سے، وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کو اور شیخین کو ابن عمرؓ نے جنازہ سے آگے چلتے ہوئے دیکھا ہے۔

باب کی دوسری حدیث (نمبر۹۹۲) ہمام کی حدیث ہے، وہ چار اساتذہ سے روایت کرتے ہیں، ان میں سفیان بن عیینہ بھی ہیں۔ یہ سب حضرات بھی حدیث نمبر ایک کی طرح سند مرفوع متصل بیان کرتے ہیں اور مضمون واحد ہے (مگر درحقیقت اس حدیث کے راوی ابن عیینہ ہی ہیں، باقی تین کے جو نام بڑھائے ہیں وہ صحیح نہیں جیسا کہ آگے آرہا ہے)

باب کی تیسری حدیث (نمبر۹۹۳) معمر کی حدیث ہے جس کو وہ امام زہری سے روایت کرتے ہیں جس کا پہلا جزء مرسل اور دوسرا جزء مسند ہے (یہی حدیث صحیح ہے)

امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ابن عمر کی حدیث کو ابن جریج اور زیاد بن سعد وغیرہ بھی ابن عیینہ کی طرح روایت کرتے ہیں، یعنی یہ سب ابن عیینہ کے متابع ہیں، لیکن معمر، یونس اور امام مالک وغیرہ حفاظ امام زہری سے پہلا جزء مرسل روایت کرتے ہیں۔ اور تمام محدثین متفق ہیں کہ یہ مرسل روایت ہی اصح ہے۔ اور ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: میرا گمان یہ ہے کہ ابن جریج نے یہ حدیث ابن عیینہ سے لی ہے یعنی زہری سے نہیں سنی (ابن المبارک نے مرفوع متصل

حدیث کا ایک راوی کم کردیا)

اس کے بعد امام ترمذیؒ نے مکرر بیان کیا ہے کہ باب کی دوسری حدیث میں ہمام نے سفیان کے علاوہ جو تین نام بڑھائے ہیں وہ صحیح نہیں، یہ حدیث صرف ابن عیینہ کی ہے۔

اور علماء کا جنازہ کے آگے چلنے کے سلسلہ میں اختلاف ہے، صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جنازہ کے آگے چلنا افضل ہے، اور یہ امام شافعی اور امام احمد کا قول ہے۔

اور باب کی چوتھی حدیث (نمبر ۹۹۴) یونس کی اسناد ہے، وہ زہری سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے اس سند کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا تو انھوں نے فرمایا: یہ سند غلط ہے، یونس کے شاگرد محمد بن بکر سے اس کی سند میں چوک ہوگئی ہے درحقیقت یہ یونس کی زہری سے مرسل روایت ہے، البتہ اس کا دوسرا جز مسند ہے (جیسا کہ باب کی تیسری حدیث میں گذرا) اور یہی اصح ہے۔

بابُ ماجاءَ فی المَشْیِ خَلْفَ الْجَنَازَۃِ

جنازہ کے پیچھے چلنے کا بیان

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ سے جنازہ کے پیچھے چلنے کے بارے میں پوچھا (یعنی جنازہ کے پیچھے چلنا تو طے ہے لیکن آہستہ چلنا چاہئے یا تیز؟ اس سلسلہ میں پوچھا) آپؐ نے فرمایا: خَبَب (ہلکے دوڑنے) سے کم (تیز) چلنا چاہئے چلنے کا پہلا درجہ مَشْیٌ (چلنا) ہے، پھر ھَرْوَلَۃٌ (تیز چلنا) ہے پھر إسراعٌ (اور تیز چلنا) ہے، پھر خَبَبٌ (ہلکا دوڑنا) ہے، پھر عَدْوٌ (تیز دوڑنا) ہے پس جنازہ کے پیچھے تیز چلنا چاہئے، اور جب لوگ تیز چلیں گے تو جنازہ بھی تیز چلے گا۔ اور جنازہ کو تیز لے چلنے میں مصلحت یہ ہے کہ میت اگر نیک ہے تو وہ جلدی نعمتوں سے ہمکنار ہوجائے گی، اور اگر بد ہے تو جلدی خس کم جہاں پاک! یعنی بری چیز سے جلدی پیچھا چھوٹ جائے گا۔ آگے فرمایا: جنازہ متبوع ہے (جس طرح خادم اور مخدوم مقابل ہیں اسی طرح تابع اور متبوع مقابل ہیں، لوگ تابع ہیں اور جنازہ متبوع) اور جنازہ پیروی نہ کرے یعنی جنازہ پیچھے نہ رہے (یہ الجنازۃ متبوعۃ کی وضاحت ہے) جو شخص جنازہ سے آگے چلا اس کا جنازہ کے ساتھ جانے والوں میں شمار نہیں۔

یہ حدیث ابو ماجد کی وجہ سے ضعیف ہے، یہ راوی مجہول ہے، مگر پہلے یہ قاعدہ بیان کیا جاچکا ہے کہ صحابہ سے روایت کرنے والا تابعین کا پہلا طبقہ: اگر اس کے احوال پردۂ خفا میں رہ جائیں تو اس سے چشم پوشی کی جانی چاہئے، کیونکہ اس وقت راویوں کے احوال کا ریکارڈ تیار کرنے کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا، لہٰذا ابو ماجد کی جہالت مضر نہیں، کیونکہ وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں اور ابن مسعود کا انتقال بہت جلدی دورِ عثمانی میں ہوا ہے، پس یہ قدیم راوی

ہےاس لئے اس کی جہالت سے صرف نظر کرنا چاہئے۔

[٢٦] باب ماجاء فی المشی خلف الجنازة

[٩٩٥-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَاوَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عن يَحيىَ إِمَامِ بَنِىْ تَيْمِ اللهِ، عن أَبِىْ مَاجِدٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ مِسْعُوْدٍ، قالَ سَأَلْنَا رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمَشْيِ خَلْفَ الْجَنَازَةِ، فقالَ:" مَادُوْنَ الخبَبِ، فَإِنَّ كَانَ خَيْرًا عَجَّلْتُمُوْهُ، وإِنْ كَانَ شَرًّ فَلاَ يُبَعَّدُ إِلَّا أهلُ النَّارِ، الجَنَازَةُ مَتبُوْعَةٌ، وَلاَ تَتْبَعُ، لَيْسَ مِنْهَا مَنْ تَقَدَّمَهَا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ ابنِ مَسْعُوْدٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَسَمِعْتُ محمدَ بنَ إسماعيلَ يُضَعِّفُ حديثَ أَبِىْ مَاجِدٍ هذا، وقالَ محمدٌ: قالَ الحُمَيْدِىُّ: قالَ ابنُ عُيَيْنَةَ: قِيْلَ لِيَحْيىَ: مَنْ أَبُوْ مَاجِدٍ هٰذَا؟ فقالَ: طَائِرٌ طَارَ، فَحَدَّثَنَا.

وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ إِلٰى هٰذَا، ورَأَوْا أَنَّ المَشْىَ خَلْفَهَا أَفْضَلُ، وبهِ يقولُ الثَّوْرِىُّ وإسحاقُ.

وأَبُوْ مَاجِدٍ: رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ، ولَهُ حَدِيْثَانِ عَن ابنِ مَسْعودٍ، ويَحيىَ إِمَامُ بَنِىْ تَيْمِ اللّٰهِ: ثِقَةٌ، يُكْنَى أَبَا الحَارِثِ، ويُقَالُ لَهُ: يَحيىَ الجَابِرُ، ويُقَالَ لَهُ: يَحيىَ المُجْبِرُ أَيْضًا، وَهُوَ كُوْفِىٌّ، رَوَى لَهُ شُعْبَةُ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ، وأبو الأَحْوَصِ وَسُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ.

ترجمہ: وہ چال جوخَبب سے وَرے ہے، پس اگر میت اچھی ہےتو تم اس کوجلدی پہنچادو گے، اور اگر بری ہےتو دوزخی ہی دور کیا جائے گا۔

امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اس حدیث کوابن مسعود کی حدیث سے ہم نہیں جانتے مگر اسی سند سے، اور میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ ابو ماجد کی اس حدیث کوضعیف قرار دیتے تھے، امام بخاری کہتے ہیں: یحییٰ قطان سے پوچھا گیا: ''یہ ابو ماجد کون ہیں؟'' انھوں نے فرمایا: ایک پرندہ تھا جوہمیں حدیث سنا کر اڑ گیا (اس جملہ میں تقدیم وتاخیر ہے، اصل طائرٌ حدَّثنا فطَارَ ہےاوراس کا مفہوم یہ ہے کہ یہ راوی مجہول ہے) اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ جنازہ کے پیچھے چلنا افضل ہے، اور اس کے قائل ثوری اور اسحاق ہیں، اور ابو ماجد مجہول آدمی ہیں، ان کی ابن مسعودؓ سے صرف دو حدیثیں ہیں اور قبیلہ بنی تیم اللہ کے امام یحییٰ: ثقہ ہیں، ان کی کنیت ابوالحارث ہے ان کو یحییٰ الجابر اور یحییٰ المجبر بھی کہتے ہیں اور وہ کوفہ کے باشندے تھے، ان سے شعبہ، سفیان ثوری، ابوالاحوص اور سفیان بن عیینہ نے روایت کی ہے۔

بابُ ماجاء فی کراهیة الرکوب خلف الجنازة

جنازہ کے پیچھے سوار ہوکر چلنے کی ممانعت

جنازہ کے ساتھ سوار ہوکر جانا جائز ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں آمنے سامنے دو باب ہیں، کیونکہ روایات میں گونہ اختلاف ہے۔

حدیث: حضرت ثوبان کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک جنازہ میں گئے، آپؐ نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو گھوڑوں پر سوار تھے (حدیث میں اگرچہ لفظ فرس نہیں ہے مگر وہ مراد ہے) آپؐ نے ان سے فرمایا: ''آپ لوگوں کو شرم نہیں آتی، اللہ کے فرشتے پیروں پر چل رہے ہیں اور تم جانوروں کی پیٹھوں پر سوار ہو!''

تشریح: حدیث کا مطلب واضح ہے اور ملائکۃ اللہ سے اگر حقیقی معنی مراد لیں تو حدیث سے ثابت ہوگا کہ جنازہ میں فرشتے بھی شرکت کرتے ہیں اور مجازی معنی مراد لیں تو صحابہ مراد ہونگے، جو جنازہ کے ساتھ چل رہے تھے، کیونکہ جو انسان فرشتہ صفت ہوتا ہے اسے فرشتہ کہہ دیا جاتا ہے مگر یہ احتمال ضعیف ہے، حقیقی معنی مراد لینا ہی بہتر ہے اور اس میں کوئی استبعاد نہیں، فرشتے بہت سی جگہوں میں حاضر ہوتے ہیں، نمازوں میں حاضر ہوتے ہیں، ذکر کی مجلسوں میں حاضر ہوتے ہیں اسی طرح جنازہ میں بھی حاضر ہوتے ہیں۔

[۲۷] باب ماجاء فی کراهیة الرکوب خلف الجنازة

[۹۹۶-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا عیسیٰ بنُ یُوْنُسَ، عن بَکْرِ بنِ أَبِیْ مَرْیَمَ، عن رَاشِدِ بنِ سَعْدٍ، عن ثَوْبَانَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ جَنَازَةٍ فَرَأَی نَاسًا رُکْبَانًا، فقالَ: '' أَلاَ تَسْتَحْیُوْنَ! إِنَّ مَلاَئِکَةَ اللّٰہِ عَلیٰ أَقْدَامِهِمْ، وأَنْتُمْ علی ظُهُوْرِ الدَّوَابِّ!''

وفی الباب: عن المُغِیْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قالَ أبوعیسیٰ: حدیثُ ثُوْبَانَ قَدْ رُوِیَ عَنْهُ مَوْقُوْفًا.

وضاحت: مذکورہ سند میں بکر بن ابی مریم اور راشد بن سعد دو ضعیف راوی ہیں، اور یہ حدیث موقوف بھی مروی ہے یعنی حضرت ثوبان کا قول مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ فی ذٰلِکَ

جنازے کے ساتھ سوار ہوکر جانے کی اجازت

حدیث (۱): جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ابن الدحداح کے جنازے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ

تھے اور آپؐ اپنے گھوڑے پر سوار تھے، وہ دوڑ رہا تھا اور ہم آپؐ کے ارد گرد تھے، وہ آپؐ کے ساتھ اٹکھیلیاں کر رہا تھا یعنی گھوڑا اچھل کود کر رہا تھا کیونکہ اس کی لگام کھینچ رکھی تھی۔

حدیث (۲): جابر بن سمرۃ کہتے ہیں: نبی ﷺ ابن الدحداح کے جنازے میں پیدل گئے اور گھوڑے پر سوار ہو کر لوٹے۔

تشریح: بعض روایات میں ابوالدحداح آیا ہے وہ صحیح نہیں، ابوالدحداح نبی ﷺ کے بعد تک حیات رہے ہیں اور پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ جاتے ہوئے سوار ہو کر تشریف لے گئے تھے، مگر یہ صحیح نہیں، دوسری حدیث میں صراحت ہے کہ واپسی میں کسی نے گھوڑا پیش کیا تھا تو آپ سوار ہو گئے تھے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبرستان سے واپسی کے وقت سوار ہونے میں کوئی حرج نہیں، البتہ قبرستان پیدل جانا چاہئے اگر کوئی عذر ہو مثلاً بوڑھا ہو، یا بیمار ہو تو رکشے وغیرہ میں بیٹھ کر جا سکتا ہے مگر رکشا لوگوں سے پیچھے چلنا چاہئے تا کہ لوگوں کو چلنے میں دشواری نہ ہو۔ اور یورپ میں دس بیس کلومیٹر جنازہ دفن کرنے کے لئے لے جایا جاتا ہے، وہاں جنازہ بھی گاڑی میں جاتا ہے اور لوگ بھی گاڑی میں جاتے ہیں، یہ بھی عذر ہے، وہاں اس کے علاوہ کوئی شکل نہیں۔

[۲۸] باب ماجاء فی الرخصة فی ذلك

[۹۹۷-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أَبو داودَ، نا شُعْبَةُ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، قالَ سَمِعْتُ جَابرَ بنَ سَمُرَةَ يَقولُ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ جَنَازَةِ ابنِ الدَّحْدَاحِ، وَهُوَ على فَرَسٍ لَهُ، يَسْعٰی، ونَحْنُ حَوْلَهُ، وَهُوَ يَتوَقَّصُ بِهِ.

[۹۹۸-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بن الصَّبَّاحِ الهَاشِمِيُّ، نا أبو قتيبةَ، عن الجَرَّاحِ، عن سِمَاكٍ، عن جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم اتَّبَعَ جَنَازَةَ ابنِ الدَّحْدَاحِ مَاشِيًا، وَرَجَعَ عَلٰى فَرَسٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الإِسْرَاعِ بِالْجَنَازَةِ

جنازہ جلدی لے چلنے کا بیان

جنازہ لے کر تیز چلنا چاہئے خراماں خراماں نہیں چلنا چاہئے، دوڑنا بھی نہیں چاہئے اس سے جنازہ کی بے وقعتی ہوتی ہے اور آہستہ لے کر چلنا بھی صحیح نہیں۔ اور جنازہ تیز لے چلنے میں حکمت یہ ہے کہ اگر جنازہ نیک آدمی کا ہے تو جلدی اس کو خیر سے ہمکنار کر دیا جائے گا، اور اگر بد ہے تو جلدی بدی سے پیچھا چھوٹ جائے گا۔

[۲۹] باب ماجاء في الإسراع بالجنازة

[۹۹۹-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا ابنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِيِّ، سَمِعَ سَعِيدَ بنَ المُسَيَّبِ، عن أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قالَ:" أَسْرِعُوْا بِالْجِنَازَةِ، فَإِنْ تَكُ خَيْرًا تُقَدِّمُوْها إِلَيْهِ، وإِنْ تَكُ شَرًّا تَضَعُوْهُ عَنْ رِقَابِكُمْ"

وفي الباب: عن أبي بَكْرَةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ پہنچتے ہیں حدیث کے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک، آپؐ نے فرمایا: جنازہ کو لے کر تیز چلو اس لئے کہ اگر جنازہ اچھا ہے تو تم جنازہ کو خیر کی طرف آگے بڑھا رہے ہو اور اگر بد ہے تو تم اس بدی کو اپنے کندھوں سے رکھ رہے ہو۔

بابُ ماجاء في قَتْلٰى أُحُدٍ، وَذِكْرِ حَمْزَةَ

شہدائے احد کا اور حضرت حمزہؓ کا تذکرہ

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنگ احد کے موقعہ پر حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نعش پر آئے اور اس کے پاس کھڑے ہوئے، آپؐ نے دیکھا: ان کی نعش بگاڑ دی گئی ہے (یعنی دشمنوں نے ان کے ناک، کان کاٹ دیئے ہیں اور پیٹ پھاڑ کر کلیجہ لے گئے ہیں، آپؐ کو یہ دیکھ کر بہت صدمہ ہوا) آپؐ نے فرمایا: اگر صفیہؓ (حضرت حمزہؓ کی بہن، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپی اور حضرت زبیر کی زوجہ) کے غمگین ہونے کا اندیشہ نہ ہوتا (وجد فی نفسه: غمگین ہونا، صدمہ پہنچنا) تو میں حمزہ کی نعش کو ایسے ہی چھوڑ دیتا (دفن نہ کرتا) تاکہ طالب رزق چرندو پرند آ کر اس کو کھالیں، تاکہ قیامت کے دن ان کا حشر جانوروں کے پیٹوں سے ہو (اور ان کی مظلومیت خوب ظاہر ہو، لیکن اس سے صفیہؓ کو صدمہ پہنچے گا کہ سب لاشوں کو تو دفن کیا مگر میرے بھائی کو یونہی پڑا رہنے دیا، اس لئے میں اسے بھی دفن کر رہا ہوں) راوی کہتا ہے: پھر آپؐ نے اونی چادر منگوائی اور اس میں ان کو کفن دیا (شہدا کے سامان میں جو چادریں تھیں انہی میں ان کو کفن دیا گیا تھا۔ حضرت حمزہؓ کے سامان میں ایک اونی دھاری دار چادر تھی ان کو اسی میں کفن دیا گیا، اور بعض شہداء کے پاس کچھ بھی نہیں تھا اس لئے ایک ایک چادر میں دو دو، تین تین شہیدوں کو دفن کیا گیا اور حضرت حمزہ کو جس چادر میں کفن دیا گیا تھا وہ چادر اتنی چھوٹی تھی کہ) جب اس کو سر کی طرف کھینچا جاتا تو پاؤں کھل جاتے تھے اور جب پاؤں کی طرف کھینچا جاتا تو سر کھل جاتا تھا، راوی کہتا ہے: شہداء زیادہ تھے اور کپڑے کم تھے اس لئے ایک دو اور تین آدمیوں کو ایک کپڑے میں کفن دیا گیا۔ پھر وہ ایک قبر میں دفن کئے گئے (غزوۂ احد میں ستر شہداء تھے اور عرب کی

زمین پتھریلی ہے، سب کے لئے قبریں کھودنا مشکل تھا، پھر سب صحابہ بشمول نبی ﷺ زخمی تھے اس لئے ایک ایک قبر میں دو دو اور تین تین شہداء کو دفن کیا گیا) راوی کہتا ہے: پس رسول اللہ ﷺ ان کے بارے میں پوچھتے تھے کہ ان میں سے قرآن کس کو زیادہ یاد تھا؟ آپ اس کو قبلہ کی طرف آگے رکھتے تھے۔ راوی کہتا ہے: رسول اللہ ﷺ نے ان کو دفن کیا اور ان کے جنازہ کی نماز نہیں پڑھی۔

تشریح:

۱- اگر کسی مجبوری میں ایک کپڑے میں ایک سے زیادہ لاشوں کو دفن کرنا پڑے تو دو لاشوں کے درمیان فصل کرنا چاہئے، خواہ کپڑے کے ذریعہ فصل کیا جائے یا گھاس پتے یا کاغذ وغیرہ کے ذریعہ۔

۲- جس قبر میں متعدد اموات دفن کرنی ہوں اس کو کھودنے کے دو طریقے ہیں: ایک: شمال جنوب لمبی قبر کھودی جائے اس کو پاٹنا آسان ہوتا ہے، ہندوستان میں جگہ جگہ جو نو گزہ پیر ہیں یعنی لمبی قبریں ہیں ان کی حقیقت یہ ہے کہ وہاں جنگ ہوئی ہے یا کوئی وبا آئی ہے اس لئے ایک قبر میں کئی کئی اموات دفن کی گئی ہیں۔ دیوبند میں بھی ایک لمبی قبر ہے، یہ اس وقت کی ہے جب دیوبند میں طاعون پھیلا تھا، جس سے روزانہ سیکڑوں آدمی مرتے تھے دارالعلوم دیوبند کے پہلے صدر المدرسین حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی قدس سرہ بھی اسی وبا میں شہید ہوئے ہیں (مگر آپ کی قبر نانوتہ میں لب سڑک ہے) اس موقع پر شمال جنوب لمبی قبریں کھود کر ایک ایک قبر میں کئی کئی میتیں دفن کی گئی تھیں، یہ ہے نو گزہ پیر کی حقیقت۔ نو گز لمبا کوئی آدمی نہیں ہوتا یہ تصور مہمل ہے۔

اور قبر کھودنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مشرق و مغرب چوڑی قبر کھودی جائے اس کو پاٹنے میں دشواری ہوگی، غزوۂ احد میں چوڑی قبریں کھودی گئی تھیں اس حدیث سے یہی مفہوم ہوتا ہے۔

۳- امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ نہیں ہے۔ اسے غسل اور نماز کے بغیر دفن کیا جائے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شہید کی نماز جنازہ واجب ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک مستحب ہے، علماء کہتے ہیں: روایات سے اوفق امام احمد کا مذہب ہے (یہاں یہ مسئلہ ضمناً آیا ہے آگے اس سلسلہ میں مستقل باب آرہا ہے)

فائدہ: شہید کی نماز جنازہ کے بارے میں جو اختلاف ہوا ہے اس پر مجھے بڑی حیرت ہے کیونکہ نبی ﷺ نے انیس جنگیں لڑی ہیں ہر جنگ میں کچھ نہ کچھ شہید ہوتے تھے، آپؐ ان کی نماز جنازہ پڑھتے تھے یا نہیں؟ یہ بات پردۂ خفا میں کیسے رہ گئی؟ پھر آنحضرت ﷺ کے بعد سو سال تک صحابہ نے جنگیں لڑی ہیں اور ان میں بے شمار مسلمان شہید ہوئے ہیں، پس صحابہ کا طریقہ کیا تھا؟ وہ شہداء کی نماز جنازہ پڑھتے تھے یا نہیں؟ یہ بات تواتر سے منقول ہونی چاہئے تھی۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ اس سلسلہ میں کچھ مروی نہیں نہ حضور ﷺ کا طریقہ مروی ہے اور نہ صحابہ کا طرز عمل منقول

ہے، صرف غزوۂ احد کے بارے میں روایات ہیں اور وہ بھی مختلف ہیں، بعض روایات میں ہے کہ آپؐ نے شہدائے احد کی نماز جنازہ پڑھی اور حضرت حمزہ کی تو ستر مرتبہ پڑھی، اور اس روایت میں یہ ہے کہ آپؐ نے ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، ایسی صورت میں حنفیہ احتیاط کا پہلو لیتے ہیں اور احتیاط نماز پڑھنے میں ہے، اگرچہ واجب نہ ہو پھر بھی پڑھی جائے تو اس میں شہداء کا مزید اکرام ہے۔ واللہ اعلم

[۳۰] باب ماجاء فی قتلىٰ أُحُدٍ، وذكرِ حمزة

[۱۰۰۰-] حدثنا قُتيبةُ، نا أَبُوْ صَفْوَانَ، عن أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن أَنَسِ بنِ مَالكٍ، قالَ: أَتَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى حَمْزَةَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَوَقَفَ عَلَيْهِ، فَرَآهُ قَدْ مُثِّلَ بِهِ، فقالَ: "لَوْلَا أَنْ تَجِدَ صَفِيَّةُ فِيْ نَفْسِهَا لَتَرَكْتُهُ حَتَّى تَأْكُلَهُ العَافِيَةُ، حتى يُحْشَرَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ بُطُوْنِهَا" قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِنَمِرَةٍ فَكَفَّنَهُ فِيْهَا، فَكَانَتْ إِذَا مُدَّتْ على رَأْسِهِ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وإِذَا مُدَّتْ على رِجْلَيْهِ بَدَا رَأْسُهُ، قالَ: فَكَثُرَ الْقَتْلَى وقَلَّتِ الثِّيَابُ، قالَ: فَكُفِّنَ الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ وَالثَّلَاثَةُ فِيْ الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، ثُمَّ يُدْفَنُوْنَ فِيْ قَبْرٍ وَاحِدٍ، قَالَ: فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْأَلُ عَنْهُمْ: أَيُّهُمْ أَكْثَرُ قُرْآنًا؟ فَيُقَدِّمُهُ إلى القِبْلَةِ، قالَ: فَدَفَنَهُمْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ.

قال أبو عيسى: حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ أَنَسٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

بابٌ آخَرُ

جنازہ میں شرکت کرنا سنت ہے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ بیمار پرسی کیا کرتے تھے اور جنازہ میں شرکت کیا کرتے تھے (اسی ٹکڑے کی وجہ سے یہ حدیث ابواب الجنائز میں لائے ہیں اور اس طرف اشارہ کیا ہے کہ ہر شخص کو خواہ وہ کتنا ہی بڑا آدمی ہو جنازہ میں شریک ہونا چاہئے) اور گدھے پر سواری کیا کرتے تھے اور غلام کی دعوت قبول کیا کرتے تھے (غلام بے چارہ کیا کھلائے گا؟ مگر آپؐ اس کی بھی دعوت قبول فرماتے تھے) اور بنوقریظہ کی جنگ کے موقعہ پر آپؐ ایک ایسے گدھے پر سوار تھے، جو کھجور کی چھال کی رسی سے لگام دیا ہوا تھا اور اس پر کھجور کی چھال کا پالان بندھا ہوا تھا ـــــــ لِیْف: کھجور کے درخت کی چھال یعنی وہ جھلّی جو پتوں کی جڑوں سے علحدہ ہو کر سوکھ کر نیچے گرتی ہے اس کو لمبی کاٹ کر اس سے رسی بٹتے ہیں، یہ حبلِ لیف ہے، اور اسی کو کوٹ کر تکیوں، گدوں اور پالانوں میں بھرتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ غزوۂ بنوقریظہ میں کمانڈر انچیف تھے مگر گدھے پر سوار تھے اس کی لگام بھی معمولی تھی اور اس پر

جو پالان تھا وہ بھی معمولی تھا، پالان: زین کی طرح گدھے کی پیٹھ پر باندھا جاتا ہے تاکہ بیٹھنے میں آسانی ہو، اس میں کھجور کی چھال کا برادہ بھرا ہوا تھا، یہ غایت درجہ تواضع ہے۔

تشریح: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں حضور اکرم ﷺ کی زندگی کی پانچ باتیں اکٹھا کر کے اپنے زمانے کے امراء پر نکیر کی ہے، ان امراء کا طریقہ بدل گیا تھا، وہ ٹھاٹھ کی زندگی گذارنے لگے تھے، معمولی زندگی میں اپنی کسر شان سمجھتے تھے، حالانکہ نبی ﷺ بھی امیر المؤمنین اور سربراہِ مملکت تھے، تاہم آپ کو بیمار کی عیادت، جنازہ میں شرکت، عام آدمی کی دعوت قبول کرنے میں عار اور ہر قسم کی سواری پر سوار ہونے میں تکلف نہیں تھا پس امراء کو بھی یہ کام کرنے چاہئیں۔ ان کا رتبہ آنحضور ﷺ سے بڑھا ہوا نہیں ہے، پھر ان کو یہ کام کرنے میں عار کیوں آتا ہے؟

[۳۱] بابٌ آخَرُ

[۱۰۰۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عن مُسْلِمٍ الأَعْوَرِ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قالَ: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُ المَرِيْضَ، ويَشْهَدُ الجَنَازَةَ، ويَرْكَبُ الحِمَارَ، وَيُجِيْبُ دَعْوَةَ العَبْدِ، وكَانَ يَوْمَ بَنِي قُرَيْظَةَ على حِمَارٍ مَخْطُوْمٍ بِحَبَلٍ مِنْ لِيْفٍ، عَلَيْهِ إِكَافُ لِيْفٍ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ مُسْلِمٍ، عن أَنَسٍ. ومُسْلِمٌ الأَعْوَرُ يُضَعَّفُ، وهُوَ مُسْلِمُ بنُ كَيْسَانَ المُلَائِيُّ.

وضاحت: اس حدیث کو حضرت انسؓ سے تنہا مسلم الاعور روایت کرتا ہے، یہ راوی ضعیف ہے اور اس کے باپ کا نام کیسان ہے اور نسبت مُلائی ہے، مُلاءَ ةٌ کے معنی ہیں: سوتی چادر، یہ اس کی تجارت کرتا ہوگا اس لئے ملائی کہلاتا تھا۔

بابٌ

نبی ﷺ کی گھر میں تدفین آپ کی خصوصیت ہے

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوگئی تو صحابہ میں آپ کی تدفین کے مسئلہ کو لے کر اختلاف ہوا، پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے، جس کو میں بھولا نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کسی نبی کی روح قبض نہیں کرتے مگر اس جگہ جہاں وہ دفن ہونا پسند کرتا ہے'' پس صحابہ نے رسول اللہ ﷺ کو آپ کے بستر کی جگہ میں دفن کیا۔

تشریح: آنحضرت ﷺ کے انتقال کے بعد کئی مسئلوں میں اختلاف ہوا تھا اور وہ مختلف طریقوں سے حل کئے گئے تھے، ایک یہ اختلاف ہوا تھا کہ آپ کو کہاں دفن کیا جائے؟ بعض نے رائے دی کہ آپ کا اصل وطن مکہ ہے، پس

مکہ میں دفن کیا جائے۔ بعض کا خیال تھا کہ نبیوں کی سرزمین بیت المقدس ہے، پس وہاں آپ کو دفن کیا جائے، اسی طرح کسی کی رائے کچھ تھی کسی کی کچھ، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں یہ مسئلہ پیش کیا گیا، وہ امیر المؤمنین تھے، انھوں نے فرمایا: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث سنی ہے، اور وہ حدیث مجھے خوب یاد ہے بھولا نہیں ہوں، پھر مذکورہ حدیث سنائی۔ حدیث سامنے آنے کے بعد اختلاف ختم ہوگیا اور آپ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں دفن کیا گیا اور جس چارپائی پر آپ کی روح قبض ہوئی تھی، ٹھیک اس کے نیچے قبر تیار کی گئی۔

مسئلہ: گھر میں کسی نیک آدمی کی یا عام آدمی کی قبر بنانا جائز نہیں، سب کی تدفین گورغریباں میں ہونی چاہئے، آپ کا ارشاد ہے: صلُّوْا في بیوتکم ولا تتخذوھا قبوراً: اپنے گھروں میں نماز پڑھو، اور ان کو قبریں مت بناؤ۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین جو مکان میں ہوئی ہے وہ آپ کی خصوصیت ہے (دیکھئے کتاب الصلوٰۃ باب ۲۱۶)

اسی طرح اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہوا تھا کہ آپ کے کپڑے اتار کر نہلایا جائے یا کپڑوں سمیت نہلایا جائے؟ مشورہ کرتے ہوئے اچانک سب اونگھنے لگے، پھر کسی نے کونے میں سے آواز دی کہ آپ کو کپڑوں سمیت نہلاؤ، یہ سنتے ہی سب کی آنکھ کھل گئی اور اس آواز کو اللہ کی طرف سے رہنمائی سمجھا گیا اور آپ کو کپڑوں سمیت غسل دیا گیا۔

اسی طرح اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہوا تھا کہ آپ کی نماز جنازہ کہاں پڑھی جائے؟ (مصلی الجنائز میں یا کسی اور جگہ؟ مسجد نبوی سے متصل جنازے پڑھنے کی جگہ تھی جس کا نام مصلی الجنائز تھا) یہ مسئلہ بھی صدیق اکبر کے سامنے رکھا گیا، آپؓ نے فرمایا: ھو إمامکم حیاً ومیتاً: آپ ہی امام ہیں حیات میں بھی اور وفات کے بعد بھی، لہٰذا لوگ فرادی فرادی حجرہ میں جائیں اور نماز پڑھیں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین میں جو غیر معمولی تاخیر ہوئی ہے اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ لوگوں نے فرادی فرادی نماز پڑھی تھی، سب نے حجرۂ عائشہ میں جاکر نماز پڑھی تھی آپ کا جنازہ باہر نہیں نکالا گیا تھا اور حجرہ چھوٹا تھا اس لئے نماز میں دیر لگی، پس تدفین میں تاخیر ہوئی۔

فائدہ: منطقی قاعدے کلّیے ہوتے ہیں اور خطابی قاعدے عمومی ہوتے ہیں، اگر منطقی قاعدے سے ایک جزئیہ بھی خارج ہوجاتا ہے تو اعتراض کھڑا ہوجاتا ہے کہ اس جزئیہ میں قاعدہ کلیہ کیوں جاری نہیں ہوا؟ اور خطابات (باہمی گفتگو) میں جو قاعدے بیان کئے جاتے ہیں وہ اکثری ہوتے ہیں پس اگر کوئی ایسی مثال ملے کہ ایک جگہ نبی کو دفن ہونا پسند تھا مگر وہاں ان کی وفات نہیں ہوئی، دوسری جگہ ہوئی جیسے یوسف علیہ السلام کو کنعان میں دفن ہونا پسند تھا مگر ان کا انتقال مصر میں ہوا ہے تو اس سے مذکورہ حدیث پر اعتراض نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ خطابی ضابطے عمومی ہوتے ہیں کلیے نہیں ہوتے۔

[۳۲] بابٌ

[۱۰۰۲-] حدثنا أبو کُرَیْبٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أَبِیْ بَکْرٍ، عن ابنِ أَبی مُلَیْکَةَ، عن عائشةَ، قَالَتْ: لَمَّا قُبِضَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم اخْتَلَفُوْا فِیْ دَفْنِہِ، فقالَ أَبُوْ بَکْرٍ:

سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم شَیْئًا مَا نَسِیْتُهُ، قالَ: " مَا قَبَضَ اللّٰهُ نَبِیًّا إِلَّا فی المَوْضِعِ الذی یُحِبُّ أَنْ یُدْفَنَ فِیْهِ" فَدَفَنُوْهُ فِیْ مَوْضِعِ فِرَاشِهِ.

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، وعبدُ الرحمنِ بنُ أَبی بَکْرٍ المُلَیکِیُّ یُضَعَّفُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وقَدْ رُوِیَ هذا الحدیثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ، رَوَاهُ ابنُ عَبّاسٍ، عن أَبِیْ بَکْرٍ الصَّدِّیْقِ، عن النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: یہ حدیث غریب (بمعنی ضعیف) ہے، عبدالرحمٰن بن ابی بکر کی حافظہ کی جانب سے تضعیف کی گئی ہے۔ اور یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے، اس حدیث کو ابن عباسؓ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کرتے ہیں۔

بابٌ آخَرُ

مُردوں کی خوبیاں بیان کرنا اور برائیوں سے کفِّ لسان کرنا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اپنے مردوں کی خوبیاں بیان کرو اور ان کی برائیوں سے زبان روکے رہو"

تشریح: یہ حدیث شانِ ورود کے اعتبار سے خاص ہے، مگر علماء نے اس کو عام کیا ہے۔ شانِ ورود یہ ہے کہ میت کی نہلانے والوں کے سامنے کبھی خوبیاں آتی ہیں اور کبھی برائیاں، نہلاتے وقت کبھی جسم سے خوشبو آتی ہے، چہرہ روشن ہوجاتا ہے، تو ان خوبیوں کا تذکرہ کرنا چاہئے، زُرارۃ بن اوفی ایک تابعی ہیں، انھوں نے قسم کھائی تھی کہ جب تک ان کو ان کا آخری انجام معلوم نہیں ہوگا ہنسیں گے نہیں، چنانچہ زندگی بھر وہ نہیں ہنسے، انتقال کے بعد جب جنازہ نہلانے کے لئے لیا گیا تو کھل کھلا کر ہنس پڑے، اور جب تک جنازہ نہلایا جاتا رہا ہنستے رہے، جب میت کو کفن پہنایا تب ہنسا موقوف کیا، پس اگر میت کی ایسی کوئی خوبی سامنے آئے تو اس کا خوب تذکرہ کرنا چاہئے تاکہ لوگوں میں نیک بننے کا جذبہ پیدا ہو، اور کبھی معاملہ برعکس ہوتا ہے، میت کے جسم سے بدبو آتی ہے، چہرہ کالا پڑ جاتا ہے، چہرہ قبلہ سے پھر جاتا ہے یا کوئی اور عیب سامنے آتا ہے تو خاموش رہنا چاہئے، اس کا تذکرہ نہیں کرنا چاہئے کیونکہ گندگی میں ڈھیلا پھینکنے سے کیا فائدہ؟! ——— غرض شانِ ورود کے اعتبار سے حدیث کا مطلب یہی ہے مگر علماء نے اس کو عام کیا ہے وہ کہتے ہیں: جس شخص کا انتقال ہوگیا اس کی صرف خوبیاں بیان کی جائیں اور اس کی برائیوں سے باز رہا جائے اور یہ بات صحیح ہے، کیونکہ اگر وہ بدکار تھا تو اس نے اپنی برائی کا بدلہ پالیا، اب اس کی برائی کرنے سے کیا فائدہ؟! مگر اس صورت میں حدیث میں ایک استثناء ہے اور وہ یہ ہے کہ گمراہوں کی غلطیاں جن سے ملک وملت کو نقصان پہنچ سکتا ہے ان کا تذکرہ کرنا ضروری ہے، جیسے مودودی صاحب کی افکار کی غلطیاں بیان کرنا ضروری ہے، اگر نہیں بیان کریں گے تو لوگ گمراہ

ہونگے، البتہ ان کی ذاتی زندگی میں کوئی خرابی ہوتو اس کو نہ چھیڑا جائے مگر ان کی افکار کی غلطیاں بیان کرنا ضروری ہے۔خود نبی ﷺ نے بعض گذرے ہوئے لوگوں کی برائیوں کا تذکرہ کیا ہے، وہ شخص جس نے عربوں میں بت پرستی کا رواج ڈالا تھا، آپؐ نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ میں نے اس کو جہنم میں دیکھا ہے، اسی طرح اور بھی لوگوں کی برائیاں حضور ﷺ نے بیان کی ہیں، ابوجہل کو اس امت کا فرعون کہا ہے اور گذشتہ امتوں کے بعض بدکردار لوگوں کا تذکرہ کیا ہے۔

[۳۳] بابٌ آخَرُ

[۱۰۰۳-] حدثنا أبو كُرَيْبٍ، نا مُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، عن عِمرانَ بنِ أَنَسٍ المَكِّيِّ، عن عَطَاءٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قالَ: "اذْكُرُوْا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ، وَكُفُّوْا عَنْ مَسَاوِيْهِمْ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، قالَ: سَمِعتُ محمداً يَقولُ: عِمرانُ بنُ أَنَسٍ المَكِّيُّ مُنْكَرُ الحديثِ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عن عطاءٍ، عن عائشةَ، وعِمرانُ بنُ أَبِيْ أَنَسٍ مِصْرِيٌّ أَثْبَتُ وَأَقْدَمُ مِنْ عِمْرَانَ بنِ أَنَسٍ المَكِّيِّ.

وضاحت: عمران بن انس جو مکی ہے اور اس حدیث کا راوی ہے وہ پرلے درجہ کا ضعیف راوی ہے، دوسرے عمران بن ابی انس (کنیت کے ساتھ) مصری ہیں، وہ ثقہ ہیں اور زمانہ کے اعتبار سے مقدم ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الجُلُوْسِ قَبْلَ أَنْ تُوْضَعَ

جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا

تُوضع: کے دو مطلب ہیں، ایک: جنازہ کندھوں سے نیچے رکھنا، دوسرا: جنازہ قبر میں اتارنا۔

مسئلہ: اگر جنازہ کے ساتھ لوگ تھوڑے ہوں تو جب تک جنازہ زمین پر نہ رکھ دیا جائے لوگوں کے لئے بیٹھنا مکروہ ہے، کیونکہ جنازہ اگرچہ چار آدمی اٹھاتے ہیں، مگر اتارتے وقت اور آدمیوں کی مدد کی ضرورت ہوگی، پس اگر لوگ بیٹھ جائیں گے تو کھڑے ہوتے ہوتے جنازہ گر پڑے گا اس لئے سب لوگوں کو کھڑے رہنا چاہئے اور ضرورت پڑے تو مدد کرنی چاہئے، پھر جب جنازہ زمین پر رکھ دیا جائے تو اب بیٹھنے اور کھڑے رہنے میں اختیار ہے۔اور اگر جنازہ کے ساتھ بہت آدمی ہوں تو جو جنازہ کے اردگرد ہیں ان کے لئے بیٹھنا مکروہ ہے باقی لوگ بیٹھ سکتے ہیں۔

اور جنازہ قبر میں اتارنے سے پہلے بیٹھنا جائز ہے۔ نبی ﷺ اور صحابہ کا پہلے طریقہ یہ تھا کہ جب تک جنازہ قبر میں نہیں اتار دیا جاتا تھا کوئی نہیں بیٹھتا تھا، سب کھڑے رہتے تھے، ایک مرتبہ وہاں سے ایک یہودی عالم گذرا، اس

نے یہ منظر دیکھ کر کہا: ہمارے یہاں بھی یہی طریقہ ہے جب تک میت کو قبر میں نہیں رکھ دیا جاتا کوئی نہیں بیٹھتا، اس دن آپؐ نے لوگوں کو ہدایت دی کہ ان کی مخالفت کرو۔ پس آپؐ کا پہلا طریقہ منسوخ ہوگیا، اب جنازہ قبر میں اتارنے سے پہلے بیٹھنا جائز ہے۔

حدیث: حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب جنازہ کے پیچھے جاتے (لفظ اتَّبَعَ میں اشارہ ہے کہ جنازہ کے پیچھے چلنا مستحب ہے) تو بیٹھتے نہیں تھے، یہاں تک کہ جنازہ قبر میں رکھ دیا جاتا تھا، پس آپؐ کے سامنے ایک بڑا یہودی عالم آیا اور اس نے کہا: اے محمد! ہم بھی اسی طرح کرتے ہیں، پس نبی ﷺ بیٹھنے لگے اور فرمایا: ''یہود کی مخالفت کرو''

تشریح: اس حدیث میں تین راوی مسلسل ضعیف ہیں، بشر بن رافع، عبداللہ بن سلیمان اور اس کا باپ سلیمان، بلکہ سلیمان تو نہایت نکما راوی ہے، البتہ عبداللہ کے دادا جنادہ تابعی ہیں اور ثقہ ہیں۔

[۳۴] باب ماجاء فی الجلوس قبل أن تُوضع

[۱۰۰۴-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا صَفْوَانُ بنُ عیسیٰ، عَنْ بِشْرِ بنِ رَافِعٍ، عن عبدِ اللّٰهِ بنِ سُلَیْمَانَ بنِ جُنَادَةَ بنِ أَبِیْ أُمَیَّةَ، عن أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عن عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، قالَ: کانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم إِذَا اتَّبَعَ الْجَنَازَةَ لَمْ یَقْعُدْ حَتّٰی تُوْضَعَ فِیْ اللَّحْدِ، فَعَرَضَ لَهُ حِبْرٌ فقالَ: هٰكَذَا نَصْنَعُ یامحمدُ، فَجَلَسَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم، وقَالَ ''خَالِفُوْهُمْ''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، وبِشْرُ بنُ رَافِعٍ لَیْسَ بِالْقَوِیِّ فِیْ الحَدیثِ.

بابُ فَضْلِ الْمُصِیْبَةِ إِذَا احْتُسِبَ

مصیبت پر ثواب کی امید رکھنے کی فضیلت

جب کوئی مصیبت آئے، موت کی تخصیص نہیں، اگر اس پر ثواب کی امید سے صبر کیا جائے تو اس کی کیا فضیلت ہے؟

حدیث: ابوسنان کہتے ہیں: میں نے اپنے بیٹے سنان کو دفن کیا (یعنی اس کو قبر میں اتارنے کے لئے خود قبر میں اترا) اور ابوطلحہ خولانی (تابعی) قبر کے کنارہ پر بیٹھے ہوئے تھے، جب (میت قبر میں رکھ چکا اور) نکلنے کا ارادہ کیا تو ابوطلحہ خولانی نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا: اے ابوسنان! کیا میں آپ کو خوشخبری نہ سناؤں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں (ضرور سنایئے) پس ابوطلحہ نے (سند کے ساتھ) یہ حدیث سنائی: مجھ سے ضحاک بن عبدالرحمٰن بن عرزب نے بیان کیا، وہ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب کسی بندے کا بچہ مرتا ہے اور فرشتے اس

کی روح لے کر بارگاہ ایزدی میں پہنچتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے پوچھتے ہیں: ''تم نے میرے بندے کے بچہ کو وصول کرلیا؟'' وہ کہتے ہیں: ہاں وصول کرلیا، پس اللہ پوچھتے ہیں: ''تم نے اس کے دل کے پھل کو لے لیا؟'' وہ کہتے ہیں: ہاں لے لیا، اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: (جب تم نے بچہ کو وصول کیا تو اس وقت) میرے بندہ نے کیا کہا؟ فرشتے کہتے ہیں: اس نے آپ کی تعریف کی اور إِنَّا لِلّٰهِ إلخ پڑھا، پس اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے بندے کے لئے جنت میں ایک مکان بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد رکھو''

تشریح: اس حدیث میں خاص یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ جب کوئی مصیبت آئے تو پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنی چاہئے پھر ترجیع یعنی إِنَّا للّٰهِ إلخ پڑھنا چاہئے، عام طور پر لوگ مصیبت کے وقت إِنَّا للّٰهِ إلخ تو پڑھتے ہیں مگر حمد وثنا کرنا بھول جاتے ہیں۔

مصیبت کے وقت ترجیع کی حکمت تو واضح ہے، مگر حمد وثنا کی حکمت سمجھنے کے لئے پیرانِ پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا ایک واقعہ سنیں (شیخ جیلانی کو ہندوستان کے بدعتی غوثِ اعظم کہتے ہیں، پس یاد رکھنا چاہئے کہ غوث (فریادرس) صرف اللہ تعالیٰ ہیں ان کے علاوہ کوئی غوث نہیں، نہ بڑا نہ چھوٹا) پیرانِ پیر بڑے مالدار تھے، تجارت کرتے تھے، مال ایکسپورٹ امپورٹ ہوتا تھا، ایک مرتبہ تجارتی مال پانی کے راستہ سے کہیں جارہا تھا کہ جہاز ڈوب گیا اور سب مال ہلاک ہوگیا، آپ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ نے سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا: الحمد للہ (اللہ کا شکر ہے) لوگوں کو حیرت ہوئی مگر سب خاموش رہے، پھر ایک عرصہ کے بعد حضرت کو تجارت میں بڑے نفع کی اطلاع دی گئی تو آپ نے سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھایا اور کہا: الحمد للہ! (اللہ کا شکر ہے!) لوگوں نے عرض کیا: حضرت اس موقع پر تو حمد کرنا سمجھ میں آتا ہے مگر فلاں موقع پر جب آپ کو نقصان کی خبر دی گئی تھی اس وقت بھی آپ نے حمد کی تھی اس کی مناسبت سمجھ میں نہیں آئی۔ آپ نے فرمایا: میں نے نہ نقصان پر حمد کی ہے نہ نفع پر۔ بلکہ میں نے دونوں حالتوں میں دل کا جائزہ لیا کہ میرے دل نے اس کا اثر قبول کیا یا نہیں، معلوم ہوا کہ کوئی اثر نہیں پڑا، دل نے نقصان کو بھی اللہ کی طرف سے سمجھا اور نفع کو بھی، اس کیفیت پر میں نے اللہ کی حمد کی۔ پس جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی نعمت پہنچتی ہے تو سبھی لوگ حمد کرتے ہیں مگر مصیبت کے وقت حمد کرنا بڑا کمال ہے۔

[۳۵] باب فضل المصيبة إذا احْتُسِبَ

[۱۰۰۵-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عن حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ سِنَانٍ، قَالَ: دَفَنْتُ ابْنِیْ سِنَانًا، وأبو طلحةَ الخَوْلَانِیُّ جَالِسٌ على شَفِيْرِ الْقَبْرِ، فَلَمَّا أَرَدْتُ الْخُرُوْجَ أَخَذَ بِيَدِیْ فقالَ: أَلَا أُبَشِّرُكَ يَا أَبَا سِنَانٍ؟ قُلْتُ: بَلَى، قالَ: حَدَّثَنی الضَّحَّاكُ بنُ عبدِ الرحمنِ بنِ عَرْزَبَ، عن أبی

مُوسَى الأَشْعَرِيِّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قالَ:" إِذَا مَاتَ وَلَدُ العَبْدِ قالَ اللّٰهُ لِمَلاَئِكَتِهِ: قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِيْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيَقُوْلُ: قَبَضْتُمْ ثَمَرَةَ فُؤَادِهِ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ، فَيَقُوْلُ: مَاذَا قَالَ عَبْدِيْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: حَمِدَكَ واسْتَرْجَعَ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: ابْنُوا لِعَبْدِيْ بَيْتًا فِيْ الْجَنَّةِ وَسَمُّوْهُ بَيْتَ الْحَمْدِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فى التَّكْبِيْرِ عَلَى الْجَنَازَةِ

جنازہ میں کتنی تکبیریں کہی جائیں؟

آنحضرت ﷺ نے جنازہ کی نماز میں پانچ تکبیریں بھی کہی ہیں اور چار بھی، اور صحابہ نے اس سے زیادہ بھی کہی ہیں، مگر آپؐ کا پہلا عمل پانچ تکبیریں کہنے کا تھا اور آخری عمل چار کا، اس لئے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں تمام صحابہ کا اتفاق ہوگیا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی جائیں۔ اور چاروں ائمہ بھی اس پر متفق ہیں کہ جنازہ میں چار تکبیریں کہی جائیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے نجاشیؒ کی نماز جنازہ پڑھائی اور چار تکبیریں کہیں۔

تشریح: نجاشی رحمہ اللہ کا انتقال حبشہ میں ہوا تھا وہ ایمان قبول کر چکے تھے مگر مدینہ میں نہیں آسکے تھے، ان کی خواہش اور تمنا تھی مگر حکومت کی مشغولیت مانع بنی، جیسے مغل بادشاہوں نے بشمول عالمگیر رحمہ اللہ کسی نے حج نہیں کیا کیونکہ اس زمانہ میں سفر حج میں چھ ماہ لگتے تھے۔ اب اگر بادشاہ حکومت کا کام چھوڑ کر اتنے دنوں تک ملک سے غائب رہے گا تو حکومت کا کیا بنے گا؟ اس لئے کسی مغل بادشاہ نے حج نہیں کیا، اس وقت کے علماء نے فتوی دیا تھا کہ حکومت کے عذر کی وجہ سے بادشاہ حج بدل کرا سکتا ہے، چنانچہ مغل بادشاہ حج بدل کرایا کرتے تھے۔

اسی طرح نجاشی رحمہ اللہ کی تمنا اور آرزو تھی کہ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر شرف باریابی حاصل کریں مگر حکومت کی مشغولیت مانع بنی، جب ان کا انتقال ہوا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کو خبر دی، آپؐ صحابہ کو لے کر اس میدان میں جہاں عید پڑھی جاتی تھی تشریف لے گئے، مسجد نبوی کے قریب اگرچہ مصلی الجنائز (جنازہ پڑھنے کی جگہ) تھی مگر آپؐ شہر سے باہر عیدگاہ تشریف لے گئے، وہاں صحابہ کی صفیں درست کیں اور غائبانہ نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی۔

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ جائز ہے، ان کی دلیل یہی حدیث ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک غائبانہ نماز جنازہ جائز نہیں، ان کے نزدیک نماز جنازہ کے لئے میت کا سامنے ہونا ضروری ہے اور ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں بہت سے لوگوں کا مدینہ سے باہر انتقال ہوا مگر آپؐ نے کسی کی غائبانہ نماز جنازہ نہیں پڑھی، جنگ موتہ میں جو حضرات شہید ہوئے ان کی شہادت کا

آپؐ پر بہت اثر تھا مگران کی بھی آپؐ نے نماز جنازہ نہیں پڑھی، اگر غائبانہ نماز جنازہ مشروع ہوتی تو نبی ﷺ ان کی نماز جنازہ ضرور پڑھتے، اور نجاشی رحمہ اللہ کی جو نماز پڑھی ہے وہ یا تو نجاشی رحمہ اللہ کی خصوصیت ہے یا آنحضور ﷺ کی یا دونوں کی، پس اس سے استدلال درست نہیں۔

حدیث (۲): ابن ابی لیلیٰ کہتے ہیں: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں کہا کرتے تھے، ایک مرتبہ انھوں نے پانچ تکبیریں کہیں، ہم نے ان سے پوچھا تو فرمایا: نبی ﷺ نے پانچ تکبیریں بھی کہی ہیں۔

تشریح: جہراً یا سراً بسم اللہ کے مسئلہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ صغار صحابہ نے بعض وہ حدیثیں جو منسوخ تھیں اور مرور زمانہ کی وجہ سے لوگ ان کو بھولتے جارہے تھے ان پر حفاظت حدیث کی غرض سے عمل شروع کیا، کیونکہ جو چیز کر کے دکھائی جاتی ہے وہ اوقع فی النفس ہوتی ہے۔ حضرت زید نے بھی جنازہ پر پانچ تکبیریں اسی مقصد سے کہی تھیں (مزید تفصیل کے لئے دیکھیں کتاب الصلوٰۃ باب ٦٧)

[٣٦] باب ماجاء في التكبير على الجنازة

[١٠٠٦-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، حدَّثَنَا إسماعيلُ بنُ إبراهيمَ، نا مَعْمَرٌ، عن الزُّهْرِيِّ، عن سَعيدِ بنِ المُسَيَّبِ، عن أَبي هريرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ، فَكَبَّرَ أَرْبَعًا.

وفي الباب: عن ابنِ عباسٍ، وابنِ أَبِي أَوْفَى، وجَابِرٍ، وأنسٍ، ويَزِيْدَ بنِ ثَابِتٍ.

قال أبوعيسى: ويَزِيْدُ بنُ ثَابِتٍ: هُوَ أَخُوْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ، شَهِدَ بَدْرًا، وَزَيْدٌ لَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا.

قال أبو عيسى: حديثُ أبي هريرةَ هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعَمَلُ على هذا عِندَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ يَرَوْنَ التَّكْبِيْرَ عَلَى الْجَنَازَةِ أَرْبَعَ تَكْبِيْرَاتٍ، وَهُوَ قَوْلُ سُفيانَ الثَّوْرِيِّ ومَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وابنِ المُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

[١٠٠٧-] حدثنا محمدُ بنُ المُثَنَّى، نا محمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عَن عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ أَبِي لَيْلَى، قالَ: كانَ زَيْدُ بنُ أَرْقَمَ يُكَبِّرُ عَلٰى جَنَائِزِنَا أَرْبعًا، وإِنَّهُ كَبَّرَ على جَنَازَةٍ خَمْسًا، فَسَأَلْنَاهُ عن ذٰلِكَ، فقالَ: كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُكَبِّرُهَا.

قال أبو عيسى: حديثُ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰى هٰذَا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغيرِهِم: رَأَوُا التَّكْبِيْرَ على الْجَنَازَةِ خَمْسًا، وقَالَ أحمدُ وإسحاقُ: إِذَا كَبَّرَ الإِمَامُ على الْجَنَازَةِ خَمْسًا فَإِنَّهُ يُتَّبَعُ الإِمَامُ.

ترجمہ: باب میں یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ہے وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بڑے

بھائی ہیں اور بدری صحابی ہیں، اور حضرت زیدؓ جنگ بدر میں شریک نہیں ہوئے تھے ——— اس حدیث پر صحابہ اور ان کے علاوہ اکثر علماء کا عمل ہے، وہ نماز جنازہ میں چار تکبیریں مانتے ہیں ——— صحابہ اور ان کے علاوہ بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ جنازہ میں پانچ تکبیروں کے قائل ہیں (پہلے صحابہ کے درمیان اس مسئلہ میں اختلاف تھا پھر جب دورِ فاروقی میں اس سلسلہ میں مشورہ ہوا تو سب صحابہ چار تکبیروں پر متفق ہوگئے) اور امام احمد اور امام اسحاق فرماتے ہیں: اگر امام جنازہ پر پانچ تکبیریں کہے تو امام کی پیروی کی جائے ——— باقی ائمہ کے نزدیک لوگ پانچویں تکبیر میں امام کی پیروی نہیں کریں گے، خاموش کھڑے رہیں گے، جیسے کوئی حنفی، شافعی امام کی اقتداء میں فجر کی نماز ادا کرے تو جب امام دوسری رکعت میں رکوع کے بعد قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی خاموش کھڑا رہے۔ قنوت میں امام کی پیروی نہ کرے، اور شافعی مقتدی کو حنفی امام کے پیچھے قنوت پڑھنا چاہئے، اگرچہ چھوٹے سے چھوٹا قنوت ہو، جیسے اللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ صرف اتنا پڑھ لینا بھی کافی ہے، اسی طرح امام اگر پانچویں تکبیر کہے تو لوگ خاموش کھڑے رہیں امام کی پیروی نہ کریں۔

بابُ مَایَقولُ فی الصَّلاَۃِ عَلَی الْمَیِّتِ

نمازِ جنازہ کی دعا

نماز جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد حمد وثنا ہے (امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک) یا سورۂ فاتحہ ہے (امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک) اور دوسری تکبیر کے بعد درود شریف ہے۔ یہ دونوں چیزیں دعا کی تمہید ہیں اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا ہے، پھر چوتھی تکبیر کے بعد سلام ہے، اور چونکہ نماز جنازہ خود دعا ہے اس لئے سلام کے بعد دعا نہیں ہے۔

حدیث (۱): ابوابراہیم الاشہلی کے والد سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کوئی جنازہ پڑھتے تو اس طرح دعا کرتے: اے اللہ! ہمارے زندوں کی اور مردوں کی، موجودین کی اور غائبین کی، چھوٹوں کی اور بڑوں کی، مردوں کی اور عورتوں کی مغفرت فرما۔ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ اضافہ ہے: ''اے اللہ! آپ جس کو ہم میں سے زندہ رکھیں اس کو اسلام پر زندہ رکھیں اور جس کو آپ ہم میں سے وفات دیں اس کو ایمان پر وفات دیں''

تشریح: اس حدیث کی صحیح سند صرف وہی ہے جو باب کے شروع میں ہے یعنی اوزاعی روایت کرتے ہیں یحییٰ بن ابی کثیر سے، وہ ابوابراہیم الاشہلی سے اور وہ اپنے والد سے، دیگر سندیں صحیح نہیں، اور وہ یہ ہیں:

(۱) ہشام دستوائی اور علی بن المبارک روایت کرتے ہیں یحییٰ بن ابی کثیر سے، وہ ابوسلمہ سے، وہ نبی ﷺ سے (یہ سند مرسل ہے)

(۲) عکرمہ بن عمار روایت کرتے ہیں یحیٰ بن ابی کثیر سے، وہ ابوسلمہ سے، وہ حضرت عائشہ سے اور وہ نبی ﷺ سے (یہ سند صحیح نہیں، عکرمہ کبھی یحیٰ کی سندوں میں غلطی کرتے ہیں)

(۳) یحیٰ بن ابی کثیر روایت کرتے ہیں عبداللہ بن ابی قتادۃ سے، وہ اپنے والد سے، وہ نبی ﷺ سے۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے پہلی سند کو یعنی ابوابراہیم الاشہلی کے والد کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے، پس دیگر سندیں صحیح نہیں، اور ابوابراہیم کے والد کا نام امام بخاری کو معلوم نہیں تھا۔

حدیث (۲): عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک جنازہ پڑھایا میں نے کان لگا کر سنا تو آپؐ نے یہ دعا پڑھی: ''اے اللہ! اس میت کی مغفرت فرما، اس پر رحم فرما اور اس کو اولوں سے دھوڈال جس طرح کپڑا دھویا جاتا ہے''

تشریح: نماز جنازہ میں تیسری تکبیر کے بعد کوئی بھی دعا پڑھ سکتے ہیں، صرف اس بات کا خیال رکھا جائے کہ اس میں میت کے لئے دعائے مغفرت ہونی چاہئے۔ اور اولوں کی تخصیص اس لئے کی ہے کہ برف خواہ قدرتی ہو یا کارخانہ کا بنا ہوا میل کچیل اور چکناہٹ کو دور کرتا ہے، اور مذکورہ دعا یہاں مختصر ہے پوری دعا مشکوٰۃ (حدیث ۱۶۵۵) میں ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اُس حدیث کو باب کی صحیح ترین روایت قرار دیا ہے۔

[۳۷] باب مایقول فی الصلاۃ علی المیت؟

[۱۰۰۸-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، حَدثنا هِقْلُ بنُ زِيَادٍ، نا الْأَوْزَاعِیُّ، عن يَحيى بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، قال: حدثنی أبو إبراهيمَ الْأَشْهَلِیُّ، عن أَبِيْهِ، قالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى عَلَى الْجَنَازَةِ، قَالَ: '' اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا، وشَاهِدِنَا وَغَائِبِنا، وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا، وذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا'' قالَ يَحيىَ: وحدَّثَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بنُ عبدِ الرحمنِ، عن أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ ذٰلِكَ، وَزَادَ فِيْهِ: '' اللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الإِسْلَامِ، وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الإِيْمَانِ''

وفی الباب: عن عبدِ الرحمنِ بنِ عوفٍ، وعائشةَ، وأبی قَتَادَةَ، وجابرٍ، وعَوْفِ بنِ مَالِكٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ وَالِدِ أَبِیْ إبراهيمَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ، وعَلِیُّ بنُ الْمُبَارَكِ هذا الحديثَ عن يَحيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عن أَبِیْ سَلَمَةَ بنِ عبدِ الرحمنِ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَرَوَى عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عن يَحيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عن أَبی سَلَمَةَ، عن عائشةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وحديثُ عِكْرِمَةَ بنِ عَمَّارٍ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وعِكْرِمَةُ رُبَّمَا يَهِمُ فی حديثِ يحيىَ، ورُوِیَ عن يَحيىَ بنِ أبی كَثِيْرٍ، عن عبدِ اللهِ بنِ أَبِیْ قَتَادَةَ، عن أَبِيْهِ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عیسی: وسَمِعْتُ محمداً یقولُ: أَصَحُّ الرِّوَایَاتِ فی هذا حدیثُ یَحییَ بنِ أَبی کَثِیْرٍ، عن أبی إبراهیمَ الأَشْهَلِیِّ، عن أَبِیْهِ، قالَ: وَسَأَلْتُهُ عن اسمِ أَبِیْ إِبْراهیمَ الأَشْهَلِیِّ، فَلَمْ یَعْرِفْهُ.

[۱۰۰۹-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نا مُعَاوِیَةُ بنُ صَالِحٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ جُبَیْرِ بنِ نُفَیْرٍ، عن أَبِیْهِ، عن عَوْفِ بنِ مالكٍ، قالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیه وسلم یُصَلِّی علی مَیِّتٍ فَفَهِمْتُ مِنْ صَلاَ تِهِ عَلَیْهِ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وارْحَمْهُ، واغْسِلْهُ بِالْبَرَدِ کَمَا یُغْسَلُ الثَّوْبُ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقالَ محمدُ بنُ إسماعیلَ: أَصَحُّ شَیْئٍ فی هذا الباب هذا الحدیثُ.

بابُ ماجاء فی القِرَاءَ ةِ عَلَی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ

نماز جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک نماز جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھنا سنت ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سنت نہیں، البتہ ان کے نزدیک ثنا کی نیت سے فاتحہ پڑھنا جائز ہے۔ اور اس سلسلہ میں صرف ایک روایت ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ایک مرتبہ نماز جنازہ پڑھائی اور اس میں سورۂ فاتحہ پڑھی، نماز کے بعد لوگوں نے سوال کیا تو آپؓ نے فرمایا: یہ سنت ہے۔ مگر غور طلب بات یہ ہے کہ اگر یہ سنت ہے تو سب مسلمان اس سنت پر عمل پیرا کیوں نہیں؟ ابن عباسؓ سے اس سلسلہ میں سوال کرنا دلیل ہے کہ اس وقت مسلمان نماز جنازہ میں فاتحہ نہیں پڑھتے تھے، اس لئے جب ایک صحابی کا نیا عمل سامنے آیا تو لوگوں نے سوال کیا، اور ابن عباسؓ نے جو اس کو سنت کہا ہے تو وہ آپؓ کا اجتہاد تھا اور سنت بمعنی جائز ہے۔ صحابہ کبھی اپنے مجتہدات کے لئے بھی لفظ سنت استعمال کرتے تھے، خود امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحابہ کے احوال کا جائزہ لینے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ کبھی صحابہ اپنے مجتہدات کے لئے بھی لفظ سنت استعمال کرتے تھے۔ امام شافعیؒ کا یہ قول علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے العرف الشذی میں اسی باب میں ذکر کیا ہے، پس لفظ سنت سے ایسا سمجھنا کہ نبی ﷺ نے نماز جنازہ میں فاتحہ پڑھی ہے: صحیح نہیں، ہاں صحابہ نے بیان جواز کے لئے پڑھی ہے۔

فائدہ: یہ حدیث مرفوع بھی مروی ہے یعنی ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے جنازہ کی نماز میں سورۂ فاتحہ پڑھی، مگر وہ صحیح نہیں، حقیقت میں یہ ابن عباسؓ کا عمل ہے، انھوں نے نماز جنازہ میں فاتحہ پڑھی تھی، اور مرفوع حدیث کی سند میں ابوشیبہ ابراہیم بن عثمان ضعیف راوی ہے، یہ راوی مصنف ابن ابی شیبہ کے مصنف کا دادا ہے اور تراویح کے

مسئلہ میں ابن عباسؓ سے جوروایت ہے کہ نبی ﷺ نے بیس رکعت تراویح پڑھی تھی وہ روایت اسی راوی کی ہے۔

[۳۸] باب ماجاء فی القراء ة علی الجنازة بفاتحة الکتاب

[۱۰۱۰-]حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا زَیْدُ بنُ حُبَابٍ، نا إبراھیمُ بنُ عُثْمَانَ، عنِ الْحَکَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عن ابنِ عبّاسٍ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَرَأَ علی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ.

وفی الباب: عن أُمِّ شَرِیْكٍ، قالَ أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ لَیْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ القَوِیِّ، إبراھیمُ بنُ عُثْمَانَ: ھُوَ أَبُوْ شَیْبَةَ الوَاسِطِیُّ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ، وَالصَّحِیْحُ عن ابنِ عبّاسٍ قَوْلُهُ: مِنَ السُّنَّةِ القِرَاءَ ةُ عَلَی الْجَنَازَةِ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ.

[۱۰۱۱-]حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بن مَهْدِیٍّ، نا سُفیانُ، عن سَعْدِ بنِ إبراھیمَ، عن طَلْحَةَ بنِ عبدِ اللہِ بنِ عَوْفٍ، أَنَّ ابنَ عَبّاسٍ صَلَّی علی الجَنَازَةِ فَقَرَأَ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ، فَقُلْتُ لَهُ؟ فَقَالَ: إِنَّهُ مِنَ السُّنَّةِ أَوْ: مِنْ تَمَامِ السُّنَّةِ.

قال أبو عیسی: ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ علی ھذا عندَ بَعْضِ أھلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَیْرِھِمْ یَخْتَارُوْنَ أَنْ یَقْرَأَ بِفَاتِحَةِ الْکِتَابِ بَعْدَ التَّکْبِیْرَةِ الْأُوْلٰی، وَھُوَ قَوْلُ الشَّافعیِّ، وأحمدَ وإسحاقَ.

وقالَ بَعْضُ أھلِ العلمِ: لاَیَقْرَأُ فی الصَّلاَةِ علی الْجَنَازَةِ، إِنَّمَا ھُوَ الثَّنَاءُ علی اللہِ، والصَّلاَةُ علی نَبِیِّهِ صلی اللہ علیہ وسلم، والدُّعَاءُ لِلْمَیِّتِ، وَھُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَغَیْرِهِ مِنْ أَھْلِ الْکُوْفَةِ.

ترجمہ: اس پر صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جنازہ کی نماز میں قرآن نہ پڑھے، وہ صرف اللہ کی حمد، نبی ﷺ پر درود اور میت کے لئے دعا ہے۔

بابٌ کَیْفُ الصَّلاَةُ عَلَی الْمَیِّتِ، وَالشَّفَاعَةُ لَهُ؟

نمازِ جنازہ کس طرح پڑھی جائے اور میت کے لئے شفاعت کس طرح کی جائے؟

حدیث: مرثد بن عبداللہ کہتے ہیں: حضرت مالک بن ہبیرة رضی اللہ عنہ جب کسی جنازہ کی نماز پڑھاتے اور جنازہ پر لوگوں کو کم دیکھتے تو لوگوں کو تین صفوں میں بانٹ دیتے اور فرماتے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس میت کی نماز جنازہ تین صفیں پڑھیں اس کے لئے جنت واجب (ثابت) ہوگئی''

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس میت کی نماز جنازہ بڑی جماعت پڑھے اس کی مغفرت ہوجائے گی،

اور بڑی جماعت سے مراد مصلی الجنائز کی تین صفیں ہیں، جن میں تقریباً سو آدمی آتے تھے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس مسلمان کا انتقال ہو جائے اور اس کی نماز جنازہ مسلمانوں کی بڑی جماعت پڑھے جن کی تعداد سو تک پہنچ جائے اور وہ سب اس کے لئے سفارش کریں تو اللہ تعالیٰ ان کی سفارش قبول فرماتے ہیں'' اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بڑی جماعت سے مراد سو آدمی ہیں۔ مگر مالک بن ہُبیرہؓ لوگوں کی کمی کی صورت میں حیلہ کرتے تھے اور لوگوں کو تین صفوں میں کھڑا کرتے تھے، کیونکہ رحمتِ حق بہانہ می جوید، بہا نمی جوید!

اور تین صفیں بنانے کے لئے امام کے ساتھ سات آدمی ضروری ہیں، دو آدمیوں سے کم کی صف نہیں ہوسکتی، اور مالک بن ہبیرۃ جو حیلہ کرتے تھے وہ حدیث کی تاویل بعید ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ نصوص کی تاویل بعید غیر معتبر ہے، البتہ اگر وہ تاویل بعید کسی فقیہ صحابی سے مروی ہو تو وہ معتبر ہے، مالک بن ہبیرہ صحابی ہیں، پس یہ تاویل معتبر ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ تین صفوں کا نماز جنازہ پڑھنا فعلی شفاعت ہے۔ شفاعتیں دو ہیں: قولی اور فعلی: قولی شفاعت یہ ہے کہ آدمی زبان سے میت کے لئے مغفرت کی دعا کرے اور تین صفیں بنا کر نماز جنازہ پڑھنا فعلی شفاعت ہے، پس امام ترمذیؒ کے باب کا مطلب یہ ہے کہ میت کی نماز جنازہ پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟ اور اس کے لئے شفاعت کس طرح کرنی چاہئے؟ پھر یہ روایت لاکر بتایا کہ یہ فعلی شفاعت بھی اختیار کرنی چاہئے، اور نمازی کم ہوں تو بھی تین صفیں بنانی چاہئیں۔

فائدہ: بعض علماء نے یہ مسئلہ نکالا ہے کہ نماز جنازہ میں صفیں طاق ہونی چاہئیں اور وہ اس کا بڑا اہتمام کرتے ہیں(۱) حالانکہ تین صفوں کے بعد طاق اور جفت سے کوئی فرق نہیں پڑتا، دیوبند میں اس کا کوئی اہتمام نہیں کرتا اور لفظ ثلاثةُ کا یہ مطلب سمجھنا کہ جنازہ میں صفیں طاق ہوں یہ بات صحیح نہیں، خواہ صفوں کی جو بھی تعداد ہو نماز درست ہے۔

[۳۹] باب كيف الصلاةُ على الميت، والشفاعةُ له؟

[۱۰۱۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عبدُ اللهِ بنُ الْمُبارَكِ، ويُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ، عن يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عن مَرْثَدِ بنِ عبدِ اللهِ اليَزَنِيِّ، قالَ: كانَ مَالِكُ بنُ هُبَيْرَةَ إِذَا صَلَّى عَلَى جَنَازَةٍ فَتقَالَّ النَّاسَ عَلَيْهَا، جَزَّأَهُمْ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءَ، ثُمَّ قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ صَلَّى عَلَيْهِ ثَلَاثَةُ صُفُوْفٍ فَقَدْ أَوْجَبَ''

(۱) تعلیم الاسلام (۶۲:۴) میں حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب رحمہ اللہ نے لکھا ہے: ''اگر آدمی زیادہ ہوں تو تین یا پانچ یا سات صفیں بنانا بہتر ہے'' کیونکہ حدیث ہے: إن الله وتر، يحب الوتر: اللہ تعالیٰ یگانہ ہیں، وہ طاق کو پسند کرتے ہیں، یہ ایک عام ادب ہے، جنازہ کی صفوف میں بھی اس کا لحاظ رہنا چاہئے، مگر اس کا واجب کی طرح اہتمام درست نہیں ۱۲

وفی الباب: عن عائشةَ، وأُمِّ حَبِيبَةَ، وأَبِی هُريرةَ، ومَيْمُوْنَةَ زَوْجِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قال أبو عيسى: حديثُ مَالِكِ بنِ هُبَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ، هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عن محمدِ بنِ إسحاقَ، وَرَوَى إبراهيمُ بنُ سَعْدٍ، عن محمدِ بنِ إسحاقَ هٰذا الحديثَ، وأَدْخَلَ بَيْنَ مَرْثَدٍ وَمَالِكِ بنِ هُبَيْرَةَ رَجُلاً، وَرِوَايَةُ هٰؤُلاَءِ أَصَحُّ عِنْدَنَا.

[۱۰۱۳-] حدثنا ابنُ أَبِی عُمَرَ، نا عبدُ الوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، عن أَيُّوْبَ ح: وثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، وعَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، قالاَ: نا إِسْمَاعيلُ بنُ إبراهيمَ، عَنْ أَ يُّوْبَ، عن أَبِی قِلاَبَةَ، عن عبدِ اللهِ بنِ يَزِيْدَ – رَضِيْعٍ كَانَ لِعَائِشَةَ – عن عَائِشَةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم قالَ:" لاَيَمُوْتُ أَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَيُصَلِّیْ عَلَيْهِ أُمَّةٌ مِنَ الْمسْلِمِيْنَ، يَبْلُغُوْا أَنْ يَكُوْنُوْا مِائَةً، فَيَشْفَعُوْا لَهُ إِلَّا شُفِّعُوْا فِيْهِ" وقَالَ عَلِیٌّ فِی حِدِيْثِهِ:" مِائَةً فَمَا فَوْقَهَا"

قال أبو عيسى: حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ أَوْقَفَهُ بَعْضُهُمْ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وضاحت: مالک بن ہبیرۃ کی حدیث کو ابراہیم بن سعد نے محمد بن اسحاق سے روایت کیا ہے، اور وہ مرثد اور حضرت مالک کے درمیان واسطہ بڑھاتے ہیں، مگر یہ صحیح نہیں۔ مرثد براہ راست حضرت مالکؓ سے روایت کرتے ہیں —— حضرت عائشہؓ سے ان کی حدیث کو عبداللہ بن یزید روایت کرتے ہیں، یہ حضرت عائشہؓ کے رضاعی بھائی ہیں اور بعض حضرات نے اس حدیث کو موقوف روایت کیا ہے اور وہ حدیث سنن سعید بن منصور میں ہے، مگر حدیث کو مرفوع کرنا زیادتی ہے اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔

بابُ ماجاءَ فِی كَرَاهِيَةِ الصَّلاَةِ عَلَى الْجنَازَةِ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَعِنْدَ غُرُوْبِهَا

طلوع وغروب کے وقت نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے

تین اوقات میں یعنی طلوع، استواء اور غروب کے وقت ہر نماز مکروہ ہے حتی کہ سجدۂ تلاوت اور نمازِ جنازہ بھی مکروہ ہے، البتہ اگر ان اوقات ہی میں جنازہ آجائے یا آیت سجدہ تلاوت کرے تو ان اوقات میں نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں اور سجدۂ تلاوت بھی کر سکتے ہیں، لیکن اگر پہلے سے جنازہ آیا ہوا ہو یا دوسرے وقت میں آیت سجدہ تلاوت کی ہو تو اوقات ثلاثہ میں نمازِ جنازہ پڑھنا مکروہ تحریمی ہے اور سجدۂ تلاوت بھی۔

حدیث: عقبۃ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے تین اوقات میں نماز پڑھنے سے منع کیا (نمازِ جنازہ کے علاوہ نمازیں بھی مراد ہیں) اور ان تین اوقات میں ہمیں ہمارے مردے دفن کرنے سے بھی حضور ﷺ نے منع کیا: جس وقت سورج طلوع ہونا شروع ہوتا آنکہ وہ بلند ہوجائے (بازغۃ: صفت کاشفہ ہے اور سورج

پورے چار منٹ میں نکلتا ہے مگر جب تک سورج لال تھالی ہو: وہ وقت طلوع کے ساتھ ملحق ہے، پس مکروہ وقت تقریباً دس منٹ ہے) اور جس وقت سورج ٹھہرے ٹھہرنے والی دوپہر میں تا آنکہ وہ (مغرب کی طرف) مائل ہو یعنی زوال ہوجائے (قائمُ الظهيرة: درحقیقت مرکب توصیفی ہے، عبارت کو سبک کرنے کے لئے مرکب اضافی بنایا گیا ہے، پس تقدیر عبارت ہے: ظهيرةٌ قائمةٌ (ٹھہرنے والی دوپہر) ہے، اور یہ بات عرب میں ہوتی ہے وہاں جب دوپہر ہوتی ہے تو لوگ گھروں میں بند ہوجاتے ہیں، سڑکیں سنسان ہوجاتی ہیں، حتی کہ ہوائیں بھی بند ہوجاتی ہیں اور ایسا لگتا ہے جیسے ہر چیز ٹھہر گئی ہے) اور جس وقت سورج غروب ہونے کے لئے مائل ہو تا آنکہ وہ غروب ہوجائے (غروب شروع ہونے سے پہلے جب سورج لال تھالی ہوجائے وہ وقت غروب کے ساتھ ملحق ہے مائل ہونے کا یہی مطلب ہے)

تشریح: نَهى أن نقبر فيهن موتانا کا کیا مطلب ہے؟ احناف کے نزدیک اس سے نمازِ جنازہ پڑھنا مراد ہے یعنی ان تین اوقات میں نمازِ جنازہ نہیں پڑھنی چاہئے، میت کو ان اوقات میں دفن کرنا جائز ہے۔ امام احمد کی بھی یہی رائے ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مطلب یہ ہے کہ ان اوقات میں میت کو دفن کرنا مکروہ ہے، نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے۔

فائدہ: فجر کی نماز کے بعد طلوع سے پہلے اور عصر کی نماز کے بعد سورج پیلا پڑنے سے پہلے نمازِ جنازہ بلا کراہیت جائز ہے، اس میں لوگوں کو غلط فہمی ہے۔ تعلیم الاسلام (حصہ چہارم ص: ۳۸) میں ہے: (۱) صبح صادق ہونے کے بعد- فجر کی دو رکعت سنتوں کے علاوہ- فرضوں سے پہلے نفل نماز مکروہ ہے (۲) فرضوں کے بعد آفتاب نکلنے سے پہلے نفل نماز مکروہ ہے (۳) عصر کے فرضوں کے بعد آفتاب متغیر ہونے سے پہلے نفل نماز مکروہ ہے۔ لیکن ان تینوں وقتوں میں فرض نماز کی قضا اور واجب نماز کی قضا اور نمازِ جنازہ اور سجدۂ تلاوت بلا کراہیت جائز ہے۔ بڑے بڑے لوگ بھی یہ مسئلہ نہیں جانتے، وہ ان اوقات میں بھی جنازہ نہیں پڑھتے، یہ غلط فہمی ہے۔

[۴۰] باب ماجاء في كراهية الصلاة على الجنازة عند طلوع الشمس وعند غروبها

[۱۰۱۴-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن مُوسَى بنِ عُلَيِّ بنِ رَبَاحٍ، عن أَبِيْهِ، عن عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ الجُهَنِيِّ، قالَ: ثَلاَثُ سَاعَاتٍ كانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَانَا أَنْ نُصَلِّيَ فِيْهِنَّ أَوْ: نَقْبُرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا: حِيْنَ تَطْلُعُ الشَّمْسُ بَازِغَةً حَتَّى تَرْتَفِعَ، وحِيْنَ يَقُوْمُ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ حَتَّى تَمِيْلَ، وَحِيْنَ تَضَيَّفُ لِلْغُرُوْبِ حَتَّى تَغْرُبَ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ يَكْرَهُوْنَ الصَّلاَةَ عَلَى الْجَنَازَةِ فِي هٰذِهِ السَّاعَاتِ.

وقالَ ابنُ المبارَكِ: مَعْنَى هذا الحديثِ:" أَوْ أَنْ نَقْبُرَ فِيْهِنَّ مَوْتَانَا" يَعْنِي الصَّلاَةَ على الْجَنَازَةِ، وكَرِهَ الصَّلاَةَ عِنْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وعِنْدَ غُرُوْبِهَا وإِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ.

وقالَ الشَّافِعِيُّ: لاَبَأْسَ أَنْ يُصَلَّى على الْجَنَازَةِ فِيْ السَّاعَاتِ التي يُكْرَهُ فِيْهِنَّ الصَّلاَةُ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے، وہ ان اوقات میں جنازہ پڑھنے کو مکروہ کہتے ہیں، اور ابن المبارکؒ نے فرمایا: حدیث: ''ہم ان اوقات ثلاثہ میں اپنے مردوں کو دفن نہ کریں'' کا مطلب یہ ہے کہ ہم جنازہ کی نماز نہ پڑھیں، اور طلوع اور غروب کے وقت اور جب نصف النہار ہو یہاں تک کہ سورج ڈھل جائے جنازہ کی نماز پڑھنا مکروہ ہے، اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور امام شافعی فرماتے ہیں: ان اوقات میں جن میں نمازیں مکروہ ہیں جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں (ان کے نزدیک ان اوقات میں تدفین مکروہ ہے)

بابُ فی الصَّلاَةِ عَلَى الأَطْفَالِ

بچے کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے اگر تخلیق مکمل ہوگئی ہو

امام احمدؒ کے نزدیک ہر اس بچہ کی نمازِ جنازہ ہے جس کی تخلیق مکمل ہوچکی ہے، خواہ وہ بچہ زندہ پیدا ہوا ہو یا مرا ہوا پیدا ہوا ہو، اور تخلیق مکمل ہونے کی علامت یہ ہے کہ جنین کے سر پر بال نکل آئے ہوں۔ اور اگر بچہ ادھورا پیدا ہوا ہو، اس کی تخلیق مکمل نہیں ہوئی تو اس کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے، اور دیگر فقہاء کے نزدیک اگر بچہ زندہ پیدا ہوا ہو، پھر مر گیا ہو تو اس کی نمازِ جنازہ ہے، اور اگر بچہ مرا ہوا پیدا ہوا ہو تو اس کو دھو کر کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے، اس کی نمازِ جنازہ نہیں ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سوار جنازہ کے پیچھے چلے اور جنازہ کے ساتھ پیدل جانے والا جہاں چاہے چلے (جنازہ کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں ہر طرف چل سکتا ہے، یہ جواز کا بیان ہے) اور بچہ کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر بچہ کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی خواہ زندہ پیدا ہوا ہو یا مردہ، اس لئے کہ حدیث عام ہے اس میں نمازِ جنازہ پڑھنے کے لئے بچہ کے زندہ پیدا ہونے کی قید نہیں ہے، مگر حدیث میں تخلیق مکمل ہونے کا تذکرہ بھی نہیں ہے، پس یہ قید کہاں سے بڑھائیں گے؟

سوال: بچہ گناہوں سے پاک ہوتا ہے اس کی نمازِ جنازہ کی کیا ضرورت ہے؟

جواب: نمازِ جنازہ کا مقصد صرف استغفار نہیں ہے، یہ تو ضمنی مقصد ہے، اصل مقصد میت کی تعظیم ہے، چنانچہ انبیاء کی بھی نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے حالانکہ وہ معصوم ہوتے ہیں۔

[٤١] بابٌ فی الصلاة علی الأطفال

[١٠١٥-] حدثنا بِشْرُ بنُ آدمَ بنِ بِنْتِ أَزْهَرَ السَّمَّانِ، نا إسماعيلُ بنُ سَعيدِ بنِ عُبيدِ الله، نا أَبِیْ، عن زِيَادِ بنِ جُبَيْرِ بنِ حَيَّةَ، عن أبيه، عن المُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قالَ: ''الرَّاكِبُ خَلْفَ الْجَنَازَةِ، والمَاشِی حَيْثُ شاءَ مِنْهَا، والطِّفْلُ يُصَلَّی عَلَيْهِ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، ورَوَى إسرائيلُ وغَيْرُ وَاحِدٍ عن سَعيدِ بنِ عُبَيْدِ الله.

والعملُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَيْرِهِمْ قَالُوْا: يُصَلَّی عَلَى الطِّفْلِ وإِنْ لَمْ يَسْتَهِلَّ، بَعْدَ أَنْ يُعْلَمَ أَنَّهُ خُلِقَ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: بچہ کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے اگرچہ وہ نہ چلائے (یعنی اس کی حیات متحقق نہ ہو) اس کے بعد کہ اس کی تخلیق کا مکمل ہونا معلوم ہوجائے اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ تَرْكِ الصَّلاَةِ عَلَى الطِّفْلِ حَتَّى يَسْتَهِلَّ

بچے کی نمازِ جنازہ اس وقت پڑھی جائے گی جب وہ زندہ پیدا ہو

اگر نومولود بچہ چلائے یعنی اس کی حیات متحقق ہوجائے، پھر مرجائے تو اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، اور اگر زندگی کے آثار ظاہر نہ ہوں، بلکہ مرا ہوا پیدا ہوا ہو تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، یہ جمہور کی رائے ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کی رائے گذشتہ باب میں آگئی۔

جاننا چاہئے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اور اوپر جو حدیث گذری ہے وہ اعلی درجہ کی صحیح ہے، مگر وہ صریح نہیں، اس لئے جمہور نے اس ضعیف روایت کے ذریعہ اس صحیح روایت کی تفسیر کی ہے، جیسے حج کی فرضیت کے لئے استطاعت کا شرط ہونا قرآن سے ثابت ہے: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ اور زاد وراحلہ شرط ہونے کی سب روایات ضعیف ہیں، ان سے زاد وراحلہ کا شرط ہونا ثابت نہیں ہوسکتا، مگر ان ضعیف روایتوں سے آیت کی تفسیر ہوسکتی ہے، چنانچہ جمہور نے ان روایتوں سے آیت کی تفسیر کی ہے اور زاد وراحلہ کو شرط قرار دیا ہے، اسی طرح یہ حدیث بھی ضعیف ہے، دلیل نہیں بن سکتی، مگر اس کے ذریعہ صحیح حدیث کی تفسیر کی جاسکتی ہے، چنانچہ جمہور نے تفسیر کی اور فرمایا: گذشتہ حدیث میں جو الطفل آیا ہے اس سے مراد وہ بچہ ہے جو زندہ پیدا ہوا ہو، اگر زندگی کے آثار محسوس نہ

ہوں تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بچہ کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، نہ وہ دوسرے کا وارث ہوگا نہ دوسرا اس کا وارث ہوگا، یہاں تک کہ چلائے۔

تشریح: اس حدیث میں جو دو مسئلے اور ہیں، ان میں امام احمد رحمہ اللہ جمہور کے ساتھ ہیں، وہ بھی کہتے ہیں کہ جب نومولود میں حیات کے آثار ظاہر ہوں تب وہ دوسرے کا وارث ہوگا، اور اس کی میراث اس کے ورثاء کو ملے گی۔ اور اگر حیات کے آثار محسوس نہ ہوں تو وہ وارث ہوگا نہ مورث۔ اور امام احمدؒ ان دونوں مسئلوں میں حتی یستھل کی قید کا لحاظ اس لئے کرتے ہیں کہ کوئی معارض روایت نہیں ہے اور پہلے مسئلہ میں معارض روایت موجود ہے اور وہ حسنٌ صحیحٌ ہے اور یہ روایت ضعیف ہے، اس لئے انھوں نے پہلے مسئلہ میں اوپر والی حدیث کو لیا اس میں حتی یستھل کی قید نہیں ہے اور باقی دو مسئلوں میں اس روایت کو لیا معلوم ہوا کہ اگر باب میں صحیح روایت موجود نہ ہو تو فقہاء ضعیف روایات سے بھی استدلال کرتے ہیں۔

نوٹ: یہ حدیث اسماعیل بن مسلم کی وجہ سے ضعیف ہے اور یہ مرفوع ہے یا موقوف؟ اس میں بھی اختلاف ہے۔

[٤٢] باب ماجاء في ترك الصلاة على الطفل حتى يَسْتَهِلَّ

[١٠١٦-] حدثنا أبو عَمَّارٍ الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نا محمدُ بنُ يَزِيْدَ، عن إسماعيلَ بنِ مُسْلِمٍ، عن أَبِي الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "الطِّفْلُ لَايُصَلَّى عَلَيْهِ، وَلَايَرِثُ، وَلَايُوْرَثُ حَتَّى يَسْتَهِلَّ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ قد اضْطَرَبَ النَّاسُ فِيْهِ، فَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عن أَبِي الزُّبَيْرِ عن جَابِرٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَرْفُوْعًا، وَرَوَى أَشْعَثُ بنُ سَوَّارٍ وغَيْرُ وَاحِدٍ عن أَبِيْ الزُّبَيْرِ عن جَابِرٍ مَوْقُوفًا، وكَأَنَّ هٰذا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ.

وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إلى هٰذَا، وَقَالُوْا: لَايُصَلَّى على الطِّفْلِ حَتَّى يَسْتَهِلَّ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اس حدیث میں رواۃ نے اختلاف کیا ہے، بعض اس کو ابو الزبیر سے مرفوع روایت کرتے ہیں، اور اشعث بن سوار وغیرہ نے ابو الزبیر سے موقوف روایت کیا ہے اور گویا یہ (موقوف حدیث) مرفوع حدیث سے اصح ہے، اور بعض علماء اس کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں: بچہ کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی یہاں تک کہ وہ چلائے (یعنی اس پر حیات کے آثار ظاہر ہوں) اور یہ ثوری اور شافعی کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاَةِ عَلَی الْمَیِّتِ فِیْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک مسجد الجماعۃ میں جنازہ کی نماز پڑھنا جائز ہے، اگر چہ ان کے نزدیک بھی اولیٰ یہ ہے کہ جنازہ مسجد سے الگ کسی جگہ پڑھا جائے لیکن اگر مسجد میں پڑھا گیا تو بلا کراہیت درست ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مسجد الجماعۃ میں نمازِ جنازہ پڑھنا مکروہ ہے، پھر ایک قول کراہیت تنزیہی کا ہے اور دوسرا قول کراہیت تحریمی کا اور صحیح یہ ہے کہ یہ اساءۃ کا درجہ ہے، یعنی مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنا برا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر جنازہ مسجد سے باہر ہو اور نمازی مسجد میں ہوں یا جنازہ اور نمازی سب مسجد میں ہوں یا جنازہ اور بعض نمازی باہر ہوں اور بعض نمازی مسجد میں ہوں: سب صورتوں کا ایک ہی حکم ہے اور اعذار کی صورت میں مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے، مثلاً بارش ہو رہی ہو یا کرفیو لگا ہوا ہو اور باہر جمع ہونے کی اجازت نہ ہو تو مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ اسی طرح حرمین شریفین میں بھی عذر ہے وہاں لاکھوں نمازی ہوتے ہیں اگر دوسری جگہ جنازہ پڑھا جائے گا تو لوگوں کے لئے حرم میں فرض پڑھ کر جنازہ پڑھنے کے لئے دوسری جگہ جانا مشکل ہوگا، اس لئے حرمین میں جنازہ پڑھ سکتے ہیں۔

مستدلاتِ فقہاء:

۱- مسلم شریف میں روایت ہے: جب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (جو عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں اور فاتح عراق ہیں) کا انتقال ہوا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں سے درخواست کی کہ ان کا جنازہ مسجد نبوی میں پڑھا جائے، وہ بھی جنازہ پڑھنا چاہتی ہیں، مگر صحابہ حضرت سعدؓ کا جنازہ مسجد میں نہیں لائے اور حضرت عائشہؓ جنازہ نہیں پڑھ سکیں، اس موقع پر حضرت عائشہ نے فرمایا: لوگ کتنی جلدی بھول گئے نبی ﷺ نے بیضاء کے لڑکے سہیلؓ کا جنازہ مسجد میں پڑھا ہے (مسلم مصری ۷: ۳۸) صحابہ کا جنازہ کو مسجد میں نہ لانا دلیل ہے کہ مسجد میں نماز جنازہ جائز نہیں، اور سہیل کا جنازہ کسی عذر یا خصوصیت کی بناء پر مسجد میں پڑھا گیا ہوگا۔

۲- نبی ﷺ کے زمانہ میں مسجد نبوی سے متصل مصلی الجنائز بنا ہوا تھا، جنازے وہاں پڑھے جاتے تھے، مسجد میں جنازے نہیں پڑھے جاتے تھے، یہ بات حاشیہ میں قاضی عیاض مالکی اور امام احمد کے حوالہ سے لکھی ہے، نیز حضرت عائشہؓ کی درخواست کا صاف مطلب یہ ہے کہ جنازے مسجد میں نہیں پڑھے جاتے تھے کسی اور جگہ پڑھے جاتے تھے۔

۳- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: **من صَلَّی علی جنازة فی المسجد**

فلا شيئ له: جس نے مسجد میں جنازہ پڑھا اس کے لئے کوئی ثواب نہیں (ابوداؤد ۲:۴۵۴) اور ایک روایت میں ہے: فلاشیئ علیہ یعنی مسجد میں جنازہ پڑھنے میں کوئی گناہ نہیں۔

چھوٹے دواماموں نے مسلم شریف کی روایت کو یعنی سہیل کے جنازہ کے واقعہ کو اور فلا شیئ علیہ کے اضافہ کو لے کر یہ طے کیا کہ مسجد الجماعۃ میں جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور بڑے دوامام پہلی بات تو یہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ اور صحابہ کے زمانہ میں مسجد نبوی کے اندر جنازے نہیں پڑھے جاتے تھے، جنازے پڑھنے کے لئے الگ سے جگہ تھی اگر مسجد کے اندر جنازہ پڑھنا جائز ہوتا تو مصلی الجنائز الگ سے بنانے کی کیا ضرورت تھی؟ اور ابوداؤد کی حدیث میں اصل الفاظ فلا شیئ لہ ہیں، بڑے دواماموں نے انہی الفاظ کو اصل قرار دیا ہے اور حضرت سہیل والے واقعہ کا یہ جواب دیا ہے کہ آنحضور ﷺ نے کسی عذر سے مسجد میں جنازہ پڑھا ہوگا، مثلاً یہ عذر کہ آپؐ اعتکاف میں ہوں گے اور معتکف جنازہ پڑھنے کے لئے مسجد سے نہیں نکل سکتا، اور نبی ﷺ کے جنازہ پڑھنے سے قبر میں روشنی ہوتی ہے، اس لئے آپؐ نے مسجد میں جنازہ منگوا کر پڑھا ہوگا، جیسے آپؐ نے ایک مرتبہ کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا: یہ بر بنائے عذر تھا۔ عذر کیا تھا؟ یہ معلوم نہیں، اور اگر بیانِ جواز کے لئے آپؐ نے ایسا کیا تھا تو بیان جواز خود مستقل عذر ہے، اسی طرح یہاں بھی بر بنائے عذر مسجد کے اندر جنازہ پڑھا گیا ہے اور عذر کیا تھا؟ یہ معلوم نہیں، اور اگر آپؐ نے بیان جواز کے لئے ایسا عمل کیا ہے تو بیانِ جواز خود عذر ہے، علاوہ ازیں جنازہ مسجد میں لانے میں مسجد کی تلویث کا اندیشہ ہے، اس لئے بھی جنازے مسجد سے باہر پڑھنے چاہئیں۔

[۴۳] باب ماجاء فی الصلاۃ علی المیت فی المسجد

[۱۰۱۷-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا عبدُ العَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عن عَبْدِ الْوَاحِدِ بنِ حَمْزَةَ، عن عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عائشةَ، قَالَتْ: صَلَّى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى سُهَيْلِ بنِ الْبَيْضَاءِ فِيْ الْمَسْجِدِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، والعملُ على هذا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قالَ الشَّافِعِيُّ: قالَ مَالِكٌ: لاَيُصَلَّى عَلَى الْمَيِّتِ فِيْ الْمَسْجِدِ، وقَالَ الشَّافِعِيُّ: يُصَلَّى عَلَى الْمَيِّتِ فِيْ الْمَسْجِدِ، واحْتَجَّ بِهٰذَا الحديثِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے بیضاء کے لڑکے سہیل کا جنازہ مسجد میں پڑھا —— اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: امام مالکؒ نے فرمایا: مسجد میں میت کی نماز نہیں پڑھی جائے گی اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں: مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور انھوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔

بابُ ماجاءَ أَيْنَ يَقُوْمُ الإِمَامُ مِنَ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ؟

مردوزن کا جنازہ پڑھاتے وقت امام کہاں کھڑا ہو؟

مذاہبِ فقہاء: مالکیہ کے نزدیک نمازِ جنازہ پڑھانے کے لئے امام میت کے سر کے مقابل کھڑا ہو، خواہ جنازہ مرد کا ہو یا عورت کا، اور حنفیہ کے نزدیک سینہ کے مقابل کھڑا ہو، اور شوافع اور حنابلہ کے نزدیک اگر مرد کا جنازہ ہے تو سر کے مقابل اور عورت کا جنازہ ہے تو نصف بدن کے مقابل کھڑا ہو، جاننا چاہئے کہ احناف کے نزدیک عورت کے جنازہ میں سینہ کے مقابل کھڑا ہونا اس وقت مستحب ہے جب جنازہ اچھی طرح ڈھکا ہوا ہو، ورنہ امام کو نصف بدن کے مقابل کھڑا ہونا چاہئے تاکہ پردہ ہوجائے۔

حدیث: ابوغالب کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک شخص کا جنازہ پڑھا (یہ ابن عمرؓ کا جنازہ تھا) آپ میت کے سر کے مقابل کھڑے ہوئے، پھر لوگ ایک قریشی عورت کا جنازہ لائے اور عرض کیا: اے ابوحمزہ! اس کی بھی نمازِ جنازہ پڑھائیے۔ حضرت انسؓ اس کی چارپائی کے بیچ (یعنی میت کے نصف بدن کے مقابل) کھڑے ہوئے، علاء بن زیاد نے ان سے پوچھا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو عورت کے جنازے پر جہاں آپ کھڑے ہوئے، وہاں اور مرد کے جنازے پر جہاں آپ کھڑے ہوئے وہاں کھڑے ہوکر نماز جنازہ پڑھاتے دیکھا ہے؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: ہاں، پھر جب لوگ تدفین سے فارغ ہوئے اور لوٹنے کا وقت آیا تو آپؓ نے لوگوں سے کہا: میرے اس عمل کو یاد رکھنا۔

تشریح: یہ حدیث امام شافعی رحمہ اللہ کا مستدل ہے مگر اس میں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ مرد کے سر اور عورت کے کمر کے مقابل کھڑا ہونا سنت ہے تو سبھی مسلمانوں کو اس کا علم ہونا چاہئے تھا، یہ کوئی نئی بات نہیں تھی، پھر علاء نے سوال کیوں کیا؟ اور حضرت انسؓ نے لوگوں کو ان کا عمل یاد رکھنے کی ہدایت کیوں دی؟ معلوم ہوا کہ یہ معمول نہیں تھا اور آنحضور ﷺ جو عورت کی کمر کے مقابل کھڑے ہوتے تھے، وہ پردہ کے مقصد سے کھڑے ہوتے تھے، پس اگر عورت کا جنازہ کھلا ہوا ہو تو امام کو کمر کے مقابل کھڑا ہونا چاہئے تاکہ پردہ ہوجائے۔ اور اگر عورت کے جنازہ پر نعش ہے اور میت چھپی ہوئی ہے تو عورت اور مرد دونوں کے جنازوں میں امام سینہ کے مقابل کھڑا ہو، کیونکہ دل محلِ ایمان ہے اور نمازِ جنازہ ایمان کی وجہ سے شفاعت ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے یہ مسئلہ بھی نکلا کہ اگر متعدد جنازے جمع ہوں تو افضل یہ ہے کہ ہر جنازہ علحدہ پڑھا جائے۔ حضرت انسؓ نے دونوں جنازے الگ الگ پڑھائے تھے، فقہاء نے بھی اس کی صراحت کی ہے، درمختار میں ہے: وإذا اجتمعت الجنائز فإفراد الصلاة على كل واحدة أولى من الجمع (شامی ۱: ۶۴۸) لوگوں میں اس

مسئلہ میں بھی غلط فہمی پائی جاتی ہے، لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ سب جنازے ایک ساتھ پڑھنا اولیٰ ہے، حالانکہ یہ صرف جائز ہے، بہتر الگ الگ نماز پڑھنا ہے۔

[٤٤] باب ماجاء أين يقوم الإمام من الرجل والمرأة؟

[١٠١٨-] حدثنا عبدُ اللّٰهِ بنُ مُنِيْرٍ، عن سَعيدِ بن عَامِرٍ، عن هَمَّامٍ، عن أَبِيْ غَالِبٍ، قالَ: صَلَّيْتُ مَعَ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ عَلَى جَنَازَةِ رَجُلٍ، فَقَامَ حِيَالَ رَأْسِهِ، ثُمَّ جاءُوْا بِجَنَازَةِ امْرَأَةٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَقَالُوْا: يَاأَبَا حَمْزَةَ! صَلِّ عَلَيْهَا، فَقَامَ حِيَالَ وَسْطِ السَّرِيْرِ، فقالَ لَهُ العَلاَءُ بنُ زِيَادٍ: هٰكَذَا رَأَيْتَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم: قَامَ على الْجَنَازَةِ مَقَامَكَ مِنْهَا، ومِنَ الرَّجُلِ مَقَامَكَ مِنْهُ؟ قالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ: احْفَظُوْا.

وفي الباب: عن سَمُرَةَ، قال أبو عيسى: حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ. وقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَن هَمَّامٍ مِثْلَ هٰذَا، وَرَوَى وَكِيْعٌ هذا الحديثَ عَنْ هَمَّامٍ فَوَهِمَ فِيْهِ، فقالَ: عن غَالِبٍ عن أَنَسٍ، والصَّحِيْحُ عن أَبِيْ غَالِبٍ، وقَدْ رَوَى هذا الحديثَ عبدُ الْوَارِثِ بنُ سَعيدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عن أَبِيْ غَالِبٍ مِثْلَ رِوَايَةِ هَمَّامٍ، واخْتَلَفُوْا فِيْ اسْمِ أَبِيْ غَالِبٍ هٰذَا: فقالَ بَعْضُهُمْ: اسْمُهُ نَافِعٌ، ويُقَالُ رَافِعٌ.

وقد ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إلىٰ هذا، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ.

[١٠١٩-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا ابنُ الْمُبَارَكِ، والفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عن الحُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ، عن عبدِ اللهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى على امْرَأَةٍ فَقَامَ وَسْطَهَا.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رَوَى شُعْبَةُ عن الحُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ نَحْوَهُ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: متعدد حضرات نے ہمام سے یہ حدیث اسی طرح روایت کی ہے یعنی ہمام کے استاذ کا نام ابو غالب (کنیت) بیان کیا ہے، اور وکیع رحمہ اللہ نے بھی یہ حدیث ہمام سے روایت کی ہے اور اس میں غلطی کی ہے، انھوں نے عن غالب کہا ہے اور صحیح عن أبی غالب ہے۔ اور اس حدیث کو عبدالوارث وغیرہ نے ابو غالب سے ہمام کی روایت کی طرح روایت کیا ہے (یعنی ان حضرات نے بھی ابو غالب نام لیا ہے) اور ابو غالب کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں: ان کا نام نافع ہے اور رافع بھی کہا گیا ہے ——— اور بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔

حدیث: سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے عورت کا جنازہ پڑھایا اور آپؐ اس کے بیچ

میں کھڑے ہوئے (یہ قیام عارض کی وجہ سے تھا جس عورت کی نعش ڈھکی ہوئی نہ ہو، امام کو اس کے بیچ میں کھڑا ہونا چاہئے تا کہ پردہ ہو جائے)

بابُ ماجاءَ فی تَرْكِ الصَّلاَةِ عَلَى الشَّهِيْدِ

شہید کی نمازِ جنازہ نہیں

شہداء کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے یا نہیں؟ یہ مسئلہ پہلے ضمناً گذر چکا ہے اور یہ حدیث بھی گذر چکی ہے کہ نبی ﷺ نے شہدائے احد کا جنازہ نہیں پڑھا تھا، مگر ایسی حدیثیں بھی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ نے شہدائے احد کی نمازِ جنازہ پڑھی تھی، ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے سب سے پہلے حضرت حمزہؓ کی نمازِ جنازہ پڑھی، پھر یکے بعد دیگرے جنازے لائے گئے اور آپؐ نمازیں پڑھاتے رہے اور حضرت حمزہ کا جنازہ آخر تک وہیں رکھا رہا۔ یہ حدیث مسند احمد میں ہے (نصب الرایہ ۲: ۳۰۹ باب الشهيد) مگر یہ حدیث ابن مسعودؓ سے شعبی رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں اور شعبیؒ کا ابن مسعودؓ سے لقاء وسماع نہیں، مگر چونکہ وہ ثقہ ہی سے روایت کرتے ہیں اس لئے ان کے مراسیل معتبر ہیں۔ حافظ ذہبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں: مرسل الشعبی صحيح، لايكادُ يُرسل إلا صحيحاً (تذکرۃ الحفاظ ۱: ۷۹)

اور بخاری (حدیث ۴۰۸۵) میں ہے کہ ایک مرتبہ آپ صحابہ کو لے کر شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لے گئے اور جس طرح میت کی نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے اسی طرح نماز پڑھی، اور ان کے علاوہ بھی روایات ہیں جن سے شہدائے احد پر نمازِ جنازہ پڑھنا ثابت ہے اور نماز کی نفی کرنے والی روایات بھی ہیں اور وہ بھی صحیح ہیں، پھر جب مجتہدین کا دور آیا تو امام احمد رحمہ اللہ نے ہر دو روایات کو جمع کیا اور شہید کی نمازِ جنازہ کو مستحب قرار دیا یعنی پڑھو تو سبحان اللہ اور نہ پڑھو تو کوئی بات نہیں اور دوسرے اماموں نے ترجیح سے کام لیا، پھر دو اماموں نے لم یصل کی روایت کو اصح قرار دیا اور نمازِ جنازہ کی نفی کی، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے احتیاط والا پہلو لیا احتیاط بہر حال نماز پڑھنے میں ہے۔

اور جو امام عدم صلوٰۃ کے قائل ہیں ان کی دلیل عقلی یہ ہے کہ شہید مغفورلہ ہے، پس نمازِ جنازہ کی کیا ضرورت ہے؟ لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ استغفار نمازِ جنازہ کا ضمنی فائدہ ہے اصل مقصد میت کی تعظیم ہے، چنانچہ انبیاء کی بھی نمازِ جنازہ پڑھی جاتی ہے جبکہ وہ معصوم ہوتے ہیں اور شہداء احترام کے زیادہ مستحق ہیں، پس ان کی بھی نمازِ جنازہ پڑھنی چاہئے ـــــــ اور مجھے اس اختلاف میں امام احمد رحمہ اللہ کا مذہب زیادہ پسند ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں انیس جنگیں لڑی ہیں مگر روایات صرف غزوۂ احد کے بارے میں ہیں اور وہ بھی متضاد ہیں، حالانکہ اور جنگوں میں بھی صحابہ شہید ہوئے ہیں آپؐ نے ان کی نماز جنازہ پڑھی ہے یا نہیں؟

اس سلسلہ میں روایات خاموش ہیں۔ اسی طرح صحابہ کرام کا سو سالہ دور ہے اور انھوں نے بہت سی جنگیں لڑی ہیں، مگر ان کے بارے میں بھی کوئی روایت نہیں کہ وہ شہداء کی نمازِ جنازہ پڑھتے تھے یا نہیں؟ مجھے اس پر بڑی حیرت ہے کہ اتنی عام بات پردۂ خفا میں کیسے رہ گئی؟ یہ بات تو تواتر سے منقول ہونی چاہئے تھی، پس تعامل امت سب سے بڑی دلیل ہوتی اور روایت کی ضرورت ہی باقی نہ رہتی، مگر ایسا نہیں ہوا اس پر مجھے بڑی حیرت ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ احد کے شہداء میں سے دو دو کو ایک کپڑے میں جمع کرتے تھے، پھر پوچھتے: ان میں سے زیادہ قرآن کس کو یاد تھا؟ جب ان میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا (کہ فلاں کو قرآن زیادہ یاد تھا) تو آپؐ اس کو قبر میں پہلے رکھتے، اور آپؐ نے فرمایا: ''میں قیامت کے دن ان کے حق میں گواہی دوں گا'' اور آپؐ نے ان کو ان کے خونوں میں دفن کرنے کا حکم دیا اور آپؐ نے ان کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی، نہ وہ نہلائے گئے (شہید کو غسل نہ دینے کے بارے میں اتفاق ہے)

تشریح: آنحضرت ﷺ قیامت کے دن جن لوگوں نے آپؐ کی دعوت قبول کی ہے ان کے حق میں اور جنھوں نے انکار کیا ہے ان کے خلاف گواہی دیں گے، یہ مضمون سورۃ الحج آیت ۷۸ میں ہے —— یاد رکھنا چاہئے کہ تین مضمون ملتے جلتے ہیں اس لئے ان کو الگ الگ کر لینا چاہئے، عام طور پر ان میں اشتباہ واقع ہوا ہے۔

پہلا مضمون: قیامت کے دن تمام انبیاء اپنی امتوں کے خلاف گواہیاں دیں گے اور حضور اقدس ﷺ بھی اپنی امت دعوت کے خلاف گواہی دیں گے، یہ مضمون صرف دو جگہ آیا ہے سورۃ النساء آیت ۴۰ میں اور سورۃ النحل آیت ۸۹ میں، سورۃ النساء میں مقصود منظر کشی ہے اور سورۃ النحل میں مقصود مضمون کو مدلل کرنا ہے۔

دوسرا مضمون: قیامت کے دن امت محمدیہ، پچھلی امتوں کے خلاف، انبیاء کرام کی حمایت میں گواہی دے گی اور جب ان امتوں کی طرف سے جرح ہوگی کہ یہ امت سب سے آخری امت ہے انھوں نے ہمارا زمانہ کہاں پایا ہے؟ پھر یہ گواہی کیسے دے رہی ہے؟ تو آنحضور ﷺ تشریف لائیں گے اور اپنی امت کے حق میں گواہی دیں گے کہ میری امت سچ کہہ رہی ہے ان کو مجھ سے اور قرآن سے ایسا ہی معلوم ہوا ہے —— یہ مضمون سورۃ البقرہ آیت ۱۴۳ میں ہے۔

تیسرا مضمون: آنحضرت ﷺ اپنے زمانہ کے لوگوں (امت دعوت) کے خلاف گواہی دیں گے اور آپؐ کی امت اپنے اپنے زمانہ کے لوگوں کے خلاف گواہی دے گی، کیونکہ جس طرح رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کی طرف مبعوث ہیں آپؐ کی امت بھی آپؐ کی طرف سے لوگوں کی طرف مبعوث ہے، پس جو ذمہ داری اللہ کے رسول کی ہے وہی ذمہ داری رسول اللہ ﷺ کے رسولوں کی بھی ہے اور رسول اللہ ﷺ کی ذمہ داری دعوت وارشاد ہے پس وہی ذمہ داری امت کی بھی ہے، یہ مضمون صرف سورۃ الحج آیت ۷۸ میں آیا ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ جلد دوم ص: ۵۰ تا ۵۵ میں اور تفسیر ہدایت القرآن پارہ ۱۴ ص: ۱۵۸ میں ہے)

[٤٥] باب ماجاء في ترك الصلاة على الشهيد

[١٠٢٠-] حدثنا قُتيبةُ بنُ سَعيدٍ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن عَبدِ الرحمنِ بنِ كَعْبِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّ جَابِرَ بنَ عبدِ اللهِ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلَى أُحُدٍ فِيْ الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، ثُمَّ يَقُوْلُ:" أَيُّهُمَا أَكْثَرُ حِفْظًا لِلْقُرْآنِ؟" فَإِذَا أُشِيْرَ لَهُ إِلٰى أَحَدِهِمَا قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ، فقالَ:" أَنَا شَهِيْدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" وَأَمَرَ بِدَفْنِهِم فِيْ دِمَائِهِمْ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُغَسَّلُوْا.

وفي الباب: عن أنسِ بنِ مالكٍ، قالَ أبو عيسى: حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رُوِيَ هذا الحديثُ عن الزُّهْرِيِّ عن أنسٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرُوِيَ عن الزُّهْرِيِّ عن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ ثَعْلَبَةَ بنِ أَبِيْ صُعَيْرٍ عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ومَنْهُمْ مَنْ ذَكَرَهُ عَنْ جَابِرٍ.

وقد اخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِي الصَّلَاةِ على الشَّهِيْدِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَايُصَلَّى عَلَى الشَّهِيْدِ، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْمَدِيْنَةِ، وبِهِ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ، وأحمدُ، وقالَ بَعْضُهُمْ: يُصَلَّى على الشَّهِيْدِ، واحْتَجُّوْا بِحَديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ صَلَّى عَلٰى حَمْزَةَ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وأهلِ الْكُوْفَةِ، وبِهِ يَقُوْلُ إسحاقُ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث زہری عن انس عن النبی ﷺ کے طریق سے بھی مروی ہے (یہ حدیث ابوداؤد میں اسامۃ بن زید اللیثی کی سند سے ہے اور وہ راوی سیئ الحفظ ہے) اور زہری عن عبداللہ بن ثعلبۃ عن النبی ﷺ کے طریق سے بھی مروی ہے (یہ حدیث مسند احمد میں محمد بن اسحاق کی سند سے اور طبرانی میں عبدالرحمٰن بن اسحاق اور عمرو بن الحارث کی سندوں سے ہے) اور بعض نے اس کو حضرت جابرؓ سے ذکر کیا ہے اور علماء کا شہید کی نمازِ جنازہ کے بارے میں اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں: شہید کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی اور یہ اہل مدینہ کا قول ہے اور اسی کے قائل ہیں: امام شافعی اور امام احمد (امام احمدؒ کے نزدیک شہید کی نمازِ جنازہ پڑھنا مستحب ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: شہید کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور انھوں نے نبی ﷺ کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ آپؐ نے حضرت حمزہؓ کی نمازِ جنازہ پڑھی (یہ حضرت جابر کی حدیث ہے جو مستدرک حاکم میں ہے اور اس پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اس کا مدار ابوحماد الحنفی پر ہے جو متروک ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ وہ ایک مختلف فیہ راوی ہے، بعض ائمہ نے اس کی توثیق بھی کی ہے۔ میزان ۴: ۱۶۸) اور یہ ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے اور اسحاق اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الصَّلاۃِ عَلَی الْقَبْرِ

قبر پرنمازِ جنازہ پڑھنے کا بیان

امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قبر پر نمازِ جنازہ پڑھنا جائز ہے، خواہ میت جنازہ پڑھ کر دفن کی گئی ہو یا جنازہ پڑھے بغیر دفن کی گئی ہو، پھر امام احمدؒ کے نزدیک قبر پر ایک ماہ تک نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں، اس کے بعد نہیں پڑھ سکتے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کوئی قید نہیں، ہمیشہ پڑھ سکتے ہیں۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر میت کو جنازہ پڑھ کر دفن کیا گیا ہے تو قبر پر نمازِ جنازہ پڑھنا جائز نہیں، اور اگر جنازہ پڑھے بغیر دفن کی گئی ہے تو جب تک خیال ہو کہ میت پھولی پھٹی نہیں ہوگی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں، اور جب یہ خیال ہو کہ مردہ پھول پھوٹ گیا ہوگا تو نماز نہیں پڑھ سکتے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں دو حدیثیں ہیں، ایک حدیث یہ ہے کہ جب حضور اقدس ﷺ تبوک میں تشریف لے گئے تو پیچھے حضرت سعد بن عبادۃ کی والدہ کا انتقال ہوا لوگوں نے جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا، ایک ماہ کے بعد جب آپؐ واپس تشریف لائے تو آپؐ نے ان کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی۔ دوسرا واقعہ یہ ہے کہ ایک حبشی عورت مسجد نبوی میں جھاڑو دیا کرتی تھی اس کا انتقال ہو گیا لوگوں نے جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا، آنحضرت ﷺ کو اس کی اطلاع نہ کی، آپؐ نے جب مسجد نبوی میں تنکے پڑے ہوئے دیکھے تو لوگوں سے پوچھا: وہ بوڑھیا کہاں ہے جو جھاڑو دیا کرتی تھی؟ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا انتقال ہو گیا، آپؐ نے فرمایا: مجھے خبر کیوں نہ کی؟ صحابہ نے عرض کیا: رات کا وقت تھا ہم نے آپ کو تکلیف دینا مناسب نہیں سمجھا، ہم نے خود جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا۔ اور ترمذی میں یہ واقعہ اس طرح ہے کہ نبی ﷺ نے ایک قبر دیکھی جو بالکل علحدہ تھی، آپؐ نے دریافت کیا یہ نئی قبر کس کی ہے؟ عرض کیا گیا: یہ قبر اس حبشی عورت کی ہے جو مسجد نبوی میں جھاڑو دیا کرتی تھی، آپؐ نے صحابہ کی صفیں بنائیں اور اس عورت کی قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی اور فرمایا: یہ قبریں مردوں پر تاریکی سے پر ہوتی ہیں، میرے ان پر نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان قبروں کو روشن کرتے ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۵۹)

چھوٹے دو اماموں نے ان حدیثوں کی بنیاد پر قبر پر نمازِ جنازہ پڑھنے کو جائز قرار دیا ہے، پھر امام احمدؒ فرماتے ہیں: چونکہ نبی ﷺ نے حضرت سعد بن عبادہؓ کی والدہ کی قبر پر ایک مہینہ کے بعد نمازِ جنازہ پڑھی ہے اس لئے ایک مہینہ تک قبر پر نمازِ جنازہ پڑھ سکتے ہیں اس کے بعد نہیں پڑھ سکتے۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ کا ایک ماہ کے بعد نماز پڑھنا محض اتفاق تھا اگر آپؐ دو ماہ کے بعد لوٹتے تو بھی نمازِ جنازہ پڑھتے، جیسے آپؐ نے فتح مکہ کے موقع پر مکہ معظّمہ میں انیس دن قیام فرمایا اور نمازیں قصر پڑھیں، مگر انیس دن کو مدت اقامت قرار دینا صحیح نہیں، کیونکہ اگر

آپؐ ۲۰ ویں دن ٹھہرتے تو بھی نماز قصر پڑھتے، اسی طرح یہاں بھی اگر آپ ڈیڑھ دو ماہ کے بعد بھی لوٹتے تو نمازِ جنازہ پڑھتے، اس لئے مدت کی تحدید صحیح نہیں۔

اور بڑے دو امام اس کو حضور ﷺ کی خصوصیت قرار دیتے ہیں، آپؐ نے خود اس کا اظہار فرمایا ہے کہ یہ قبریں مردوں پر تاریکی سے بھری ہوئی ہوتی ہیں میرے ان پر نماز پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ان کو روشن کرتے ہیں۔ ظاہر ہے یہ بات امت کو حاصل نہیں، امت میں ایسا کون ہے جس کی نماز سے قبریں روشن ہوں؟

اور دوسرا جواب یہ ہے کہ مسئلہ یہ ہے کہ اگر ولی نے جنازہ نہ پڑھا ہو اور نہ اس نے نماز کی اجازت دی ہو تو اگرچہ میت جنازہ پڑھ کر دفن کی گئی ہو: ولی قبر پر نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے اور امت کے ولی حضور اقدس ﷺ ہیں، پس آپؐ کا قبر پر نماز پڑھنا ولی ہونے کی حیثیت سے تھا، اور ولی کے ساتھ دوسرے لوگ بھی نمازِ جنازہ میں شریک ہو سکتے ہیں۔

[٤٦] باب ماجاء في الصلاة على القبر

[١٠٢١-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا الشَّيْبَانِيُّ، نا الشَّعْبِيُّ، قالَ: أَخْبَرَنِي مَنْ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَرَأَى قَبْرًا مُنْتَبِذًا، فَصَفَّ أَصْحَابَهُ فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَقِيْلَ لَهُ: مَنْ أَخْبَرَكَ؟ فَقالَ ابنُ عَبَّاسٍ.

وفي الباب: عن أنسٍ، وبُرَيْدَةَ، ويَزِيْدَ بنِ ثَابِتٍ، وأَبِي هُرَيْرَةَ، وعَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، وأَبِي قَتَادَةَ، وسَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وإسحاقَ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لاَيُصَلَّى عَلَى الْقَبْرِ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أنسٍ، وقالَ ابنُ الْمُبَارَكِ: إِذَا دُفِنَ المَيِّتُ وَلَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ: صُلِّيَ على الْقَبْرِ، وَرَأَى ابنُ المباركِ الصَّلاَةَ على الْقَبْرِ، وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: يُصَلَّى على القَبْرِ إِلَى شَهْرٍ، وَقَالاَ: أَكْثَرُ مَا سَمِعْنَا عن ابنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَلَّى على قَبْرِ أُمِّ سَعْدِ بنِ عُبَادَةَ بَعْدَ شَهْرٍ.

[١٠٢٢-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيَى بنُ سَعِيدٍ، عن سَعِيدِ بنِ أَبِي عَرُوْبَةَ، عن قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ المُسَيَّبِ: أَنَّ أُمَّ سَعْدٍ مَاتَتْ وَالنبيُّ صلى الله عليه وسلم غَائِبٌ، فَلَمَّا قَدِمَ صَلَّى عَلَيْهَا وَقَدْ مَضَى لِذٰلِكَ شَهْرٌ.

ترجمہ: شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے اس شخص نے جس نے نبی ﷺ کو دیکھا ہے یہ واقعہ بتلایا کہ آپؐ نے ایک قبر علحدہ بنی ہوئی دیکھی، پس آپؐ نے اپنے اصحاب کی صف بنائی اور اس قبر پر نماز جنازہ پڑھی، شعبیؒ سے پوچھا

گیا: آپؐ کو یہ واقعہ کس نے بتایا؟ شعبیؒ نے کہا: ابن عباسؓ نے (یہاں سے معلوم ہوا کہ رواۃ کبھی مروی عنہ کا نام یاد ہوتے ہوئے بھی کسی مصلحت سے ظاہر نہیں کرتے تھے) اور اس پر صحابہ وغیرہ میں سے اکثر علماء کا عمل ہے اور یہی امام شافعیؒ اور امام اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: قبر پر نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، اور یہ امام مالکؒ کا قول ہے، اور ابن المبارکؒ فرماتے ہیں: جب مردہ دفن کیا گیا ہو اور اس کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی گئی ہو تو قبر پر نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی، اور ابن المبارکؒ نے قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کو جائز کہا (مگر وہ علی الاطلاق جائز نہیں کہتے، خاص صورت میں جائز کہتے ہیں اور انھوں نے جو بات کہی ہے وہی امام اعظم کا مسلک ہے) اور احمد واسحاق کہتے ہیں: قبر پر ایک ماہ تک نماز پڑھی جائے گی، وہ فرماتے ہیں: زیادہ سے زیادہ مدت جو ہم نے ابن المسیبؒ سے سنی ہے وہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے سعد بن عبادہ کی والدہ کی قبر پر ایک ماہ کے بعد نماز جنازہ پڑھی ہے۔ سعید بن المسیبؒ سے مروی ہے کہ حضرت سعدؓ کی والدہ کا انتقال ہوا درانحالیکہ نبی ﷺ (مدینہ منورہ میں) موجود نہیں تھے پس جب آپؐ واپس تشریف لائے تو ان کی قبر پر نماز جنازہ پڑھی اور اس واقعہ کو ایک مہینہ گذر چکا تھا۔

بابُ ماجاءَ فی صلاَةِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَی النَّجَاشِیِّ

نبی ﷺ نے نجاشی رحمہ اللہ کی نمازِ جنازہ پڑھی ہے

یہ مسئلہ پہلے آچکا ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک غائبانہ نمازِ جنازہ جائز ہے اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک جائز نہیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل نجاشی رحمہ اللہ کا واقعہ ہے، ان کا انتقال حبشہ میں ہوا تھا، نبی ﷺ نے ان کی نمازِ جنازہ مدینہ منورہ میں پڑھی تھی، پس غائبانہ نمازِ جنازہ جائز ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ نبی ﷺ کی یا نجاشی رحمہ اللہ کی یا دونوں کی مشترکہ خصوصیت تھی، اور دلیل یہ ہے کہ آپؐ کی حیات میں بہت سے مسلمانوں کا مدینہ سے باہر انتقال ہوا مگر آپؐ نے کسی کی نمازِ جنازہ غائبانہ نہیں پڑھی، اگر غائبانہ نمازِ جنازہ جائز ہوتی تو آپؐ ان کا جنازہ ضرور پڑھتے، کیونکہ آپؐ کی نماز سے قبر میں روشنی ہوتی ہے۔ اور دوسرا جواب یہ ہے کہ روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ آپؐ کے اور نجاشیؒ کے جنازہ کے درمیان سے تمام حجابات اٹھا دیئے گئے تھے اور ان کا جنازہ آپؐ کے سامنے تھا، ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: کُشف للنبی صلی اللہ علیہ وسلم عن سریر النجاشی حتی رآہ وصلی علیہ پس یہ نماز غائبانہ نہیں تھی، اس لئے اس سے استدلال درست نہیں۔

[۴۷] باب ماجاء فی صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی النجاشی

[۱۰۲۳-] حدثنا أبو سَلَمَةَ بنُ یَحییَ بنِ خَلَفٍ، وحُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، قالا: نابِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، نا

يُوْنُسُ بنُ عُبَيْدٍ، عن محمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عن أبی الْمُهَلَّبِ، عن عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قالَ: قالَ لَنَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَخَاكُمُ النَّجَاشِيَّ قَدْمَاتَ، فَقُوْمُوْا فَصَلُّوْا عَلَيْهِ" قالَ: فَقُمْنَا فَصَفَفْنَا كَمَا يُصَفُّ على المَيِّتِ، وصَلَّيْنا عَلَيْهِ كَمَا يُصَلَّى عَلَى الْمَيِّتِ.

وفی الباب: عن أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وجَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، وأبی سَعيدٍ، وحُذَيْفَةَ بنِ أَسِيْدٍ، وجَرِيْرِ بنِ عبدِ اللهِ، قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وقَدْ رَوَاهُ أَبُوْ قِلَابَةَ عن عَمِّهِ أَبِی الْمُهَلَّبِ عن عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وأَبُوْ المُهَلَّبِ: اسْمُهُ عبدُ الرحمنِ بنُ عَمْرٍو، ويُقَالُ لَهُ: مُعَاوِيَةُ بنُ عَمْرٍو.

ترجمہ: عمران بن حصینؓ کہتے ہیں: ہم سے نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے بھائی نجاشیؒ کا انتقال ہوگیا پس تم کھڑے ہوؤ اوران کی نماز جنازہ پڑھو، حضرت عمرانؓ فرماتے ہیں: پس ہم کھڑے ہوئے اور ہم نے صفیں بنائیں، جس طرح میت پر صفیں بنائی جاتی ہیں، اورہم نے نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی جس طرح میت کی نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے ـــــــ یہ حدیث صحیح ہے مگر غریب ہے ابوالمہلب سے اوپر اس کی ایک ہی سند ہے اور ابوقلابہ نے بھی اس حدیث کو اپنے چچا ابو المہلب سے روایت کیا ہے اور ابوالمہلب کا نام عبدالرحمٰن بن عمرو ہے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ معاویۃ بن عمرو ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ فَضْلِ الصَّلَاةِ عَلَی الْجَنَازَةِ

نمازِ جنازہ پڑھنے کا ثواب

حدیث: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے جنازہ کی نماز پڑھی اس کو ایک قیراط ثواب ملے گا اور جو جنازہ کے ساتھ رہا تا آنکہ اس کی تدفین مکمل ہوگئی تو اس کے لئے دو قیراط ثواب ہے، ان میں سے ایک یا فرمایا: ان میں سے چھوٹا احد پہاڑ کے برابر ہے'' (أو شک راوی کا ہے مگر أصغرهما کی تاویل مشکل ہے اس لئے کہ قیراط قیراط برابر ہوتے ہیں، پس صحیح أحدهما ہے) ابوسلمہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابن عمرؓ کے سامنے ذکر کی تو انھوں نے ایک شخص کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اوران سے حدیث کے بارے میں دریافت کیا، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ابوہریرہ نے صحیح بیان کیا، پس ابن عمرؓ نے کہا: ''ہم نے تو بہت سے قیراط ضائع کردیئے!'' یعنی ہم تو یہ سمجھتے تھے کہ جنازہ پڑھنے سے میت کا حق ادا ہوگیا، اس لئے ہم جنازہ پڑھ کر لوٹ جاتے تھے، اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ تدفین میں شریک ہونے سے مزید ایک قیراط ملتا ہے تو ہم ضرور تدفین تک شریک رہتے اور مزید ایک قیراط پاتے۔

تشریح: قیراط: درہم کے چھٹے حصہ کو کہتے ہیں، اور یہاں دنیا کا قیراط مرادنہیں بلکہ آخرت کا قیراط مراد ہے اور آخرت کا قیراط احد پہاڑ کے برابر ہوتا ہے اور تدفین میں شریک لوگوں کو دوسرا قیراط اس وقت ملتا ہے جب وہ آخر تک

شریک رہیں، اور تدفین میں حصہ لیں، بعض جگہ لوگ تین مٹھیاں مٹی ڈال کر چل دیتے ہیں، پھر جہاں گورکن ہوتا ہے تو وہ قبر بھرتا ہے مگر جہاں لوگ خود کھودتے بھرتے ہیں اگر وہاں لوگ ایسا کریں گے تو پیچھے صرف میت کے ورثاء رہ جائیں گے اور ان کو قبر بھرنے میں دشواری ہوگی، اس لئے آخر تک رہنا اور قبر بھرنے میں تعاون کرنا دوسرا قیراط ملنے کی وجہ ہے۔

فائدہ: اس حدیث پر یہ اشکال ہے کہ صحابی نے صحابی کی حدیث پر بے اطمینانی ظاہر کی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے تصدیق چاہی ہے، یہ بات **الصحابة كلهم عدول** کے قاعدہ کے خلاف ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ ابن عمر کو بے اطمینانی اس وجہ سے نہیں تھی کہ وہ ابوہریرہ کی حدیث ہے، بلکہ یہ بات پہلی مرتبہ ان کے سامنے آئی تھی، اور ایسی صورت میں ایسا ہوتا ہی ہے، ہمارے ساتھ بھی کبھی ایسا ہوتا ہے۔ ایک فتوی سامنے آتا ہے اول وہلہ میں تذبذب ہوتا ہے، پھر جب کتابوں کی مراجعت کی جاتی ہے اور جزئیہ مل جاتا ہے تو اطمنان ہوجاتا ہے، پس یہ مفتی پر بے اطمینانی نہیں ہے بلکہ بے اطمینانی کی وجہ ہمارا عدم علم ہے، اسی طرح ابن عمرؓ کو اس وجہ سے بے اطمنانی نہیں ہوئی تھی کہ وہ ابوہریرہ کی حدیث ہے بلکہ مضمون سے ناواقفیت بے اطمینانی کی وجہ تھی، اس مضمون کو بغور سمجھ لیا جائے، ذرا دقیق ہے۔

[٤٨] باب ماجاء فی فضل الصلاة علی الجنازة

[١٠٢٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن محمدِ بنِ عَمْرٍو، نا أَبُوْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ صَلّٰی عَلٰی جَنَازَةٍ فَلَهُ قِيْرَاطٌ، وَمَنْ تَبِعَهَا حَتّٰی يُقْضٰی دَفْنُهَا فَلَهُ قِيْرَاطَانِ، أَحَدُهُمَا أو: أَصْغَرُهُمَا مِثْلُ أُحُدٍ" فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لابنِ عُمَرَ فَأَرْسَلَ إِلٰی عَائِشَةَ فَسَأَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ، فقالتْ: صَدَقَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، فقالَ ابنُ عُمَرَ: لَقَدْ فَرَّطْنَا فِیْ قَرَارِيْطَ كَثِيْرَةٍ.

قال: وفی الباب: عن البَرَاءِ، وعبدِ اللهِ بنِ مُغَفَّلٍ، وعبدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِیْ سَعِيْدٍ، وأُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، وابنِ عُمَرَ، وثَوْبَانَ، قالَ أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

بابٌ آخَرُ

جنازے کو کندھا دینے کا بیان

حدیث: ابوالمہزِّم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دس سال رہے ہیں، مگر ضعیف راوی ہیں، انھوں نے حضرت ابوہریرہؓ سے یہ حدیث سنی ہے کہ جو شخص جنازے کے پیچھے گیا اور اس کو تین مرتبہ کندھا دیا تو اس نے جنازہ کا وہ حق ادا کردیا جو اس پر تھا۔

تشریح: جس شخص نے تین مرتبہ جنازہ کو کندھا دیا اس نے جنازہ کا حق ادا کر دیا: کندھا دینے کا کوئی خاص طریقہ نہیں، اور موطا محمد میں جو لکھا ہے کہ پہلے دائیں طرف کے اگلے پایہ کو پکڑ کر دس قدم چلے پھر پچھلے پایہ کو پکڑ کر دس قدم چلے، پھر بائیں طرف کے اگلے پایہ کو، پھر پچھلے پایہ کو پکڑ کر دس دس قدم چلے۔ یہ طریقہ لوگوں کی سہولت کے لئے تجویز کیا گیا ہے۔ حدیث میں نہ پایوں کی تعیین ہے نہ قدموں کی۔ حسب سہولت جس طرح موقع ہو کندھا دے سکتا ہے اور یہ بات حضرت گنگوہی قدس سرہ نے الکوکب الدری میں بیان فرمائی ہے۔

[۴۹] بابٌ آخَرُ

[۱۰۲۵-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، نا عَبَّادُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْمُهَزِّمِ يقولُ: صَحِبْتُ أَبَاهُرَيْرَةَ عَشْرَ سِنِيْنَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً، وحَمَلَهَا ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، فَقَدْ قَضَى مَا عَلَيْهِ مِنْ حَقِّهَا"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ بِهٰذا الإِسْنَادِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَأَبُوْ الْمُهَزِّمِ اسْمُهُ: يَزِيْدُ بنُ سُفيانَ، وَضَعَّفَهُ شُعْبَةُ.

وضاحت: مذکورہ حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے ابوالمہزم متروک راوی ہے، اور بعض حضرات اس حدیث کو اسی سند سے موقوف روایت کرتے ہیں، یعنی یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور ابوالمہزم کا نام یزید بن سفیان ہے، شعبہؒ نے اس کی تضعیف کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ القِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کا بیان

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلے طریقہ تھا کہ آپؐ جنازہ دیکھ کر کھڑے ہو جاتے تھے، پھر جب جنازہ رکھ دیا جاتا یا آگے بڑھ جاتا تو آپؐ بیٹھ جاتے تھے، اور آپؐ نے صحابہ کو بھی اس کا حکم دیا تھا، بعد میں آپؐ کا عمل بدل گیا، جنازہ دیکھ کر آپ کھڑے نہیں ہوتے تھے اور صحابہ کو بھی اس سے منع کر دیا، پس پہلا حکم منسوخ ہو گیا۔ مسند احمد میں روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جنازہ کے لئے کھڑے ہونے کا حکم دیا تھا پھر بعد میں آپؐ بیٹھے اور ہمیں بھی بیٹھنے کا حکم دیا (مشکوٰۃ حدیث ۱۶۸۲) شاہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں دونوں عملوں کی درج ذیل حکمتیں بیان کی ہیں:

جب جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا مشروع تھا تو اس کی وجہ یہ تھی کہ موت کو یاد کرنا جو زندگی مٹانے والی ہے اور بھائیوں کی موت سے عبرت پکڑنا امر مطلوب ہے، مگر چونکہ یہ امر مخفی تھا یعنی کس نے عبرت پکڑی اور کس نے نہیں پکڑی اس کا پتا

چلانا مشکل تھا اس لئے نبی ﷺ نے جنازہ کے لئے کھڑا ہونا متعین کیا تاکہ موت سے لوگوں کی عبرت پذیری کا اندازہ ہوجائے۔

پھر جب یہ حکم منسوخ کردیا گیا تو نسخ کی وجہ یہ تھی کہ زمانۂ جاہلیت میں قیام تعظیمی کا رواج تھا شریعت میں ایسا قیام ممنوع ہے، ابوداؤد کی روایت ہے: **لاتقوموا كما يقوم الأعاجم: يُعظِّمُ بعضُها بعضًا** یعنی نہ کھڑے ہوؤ جس طرح عجمی کھڑے ہوتے ہیں وہ اس طرح کھڑے ہوکر ایک دوسرے کی تعظیم کرتے ہیں اور جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا عبرت پذیری کے لئے تھا تعظیم کے لئے نہیں تھا، مگر آنحضرت ﷺ کو اندیشہ ہوا کہ کہیں لوگ جنازہ کے لئے کھڑے ہونے کو غیر محل میں استعمال نہ کرنے لگیں، یعنی ممکن ہے وہ یہ خیال کرنے لگیں کہ جب مردے کے لئے کھڑے ہونے کا حکم ہے تو زندے تو اس کے بدرجۂ اولیٰ مستحق ہیں اور اس طرح ایک ناجائز کام کا رواج چل پڑے، اس لئے فساد کا دروازہ بند کرنے کے لئے جنازہ کے لئے قیام ختم کردیا گیا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہوجاؤ، یہاں تک کہ جنازہ تم کو پیچھے کردے یا جنازہ نیچے رکھ دیا جائے''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہوجاؤ پس جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے وہ ہرگز نہ بیٹھے یہاں تک کہ جنازہ زمین پر رکھ دیا جائے''

تشریح: یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ جب جنازہ نماز پڑھنے کی جگہ یا قبرستان پہنچ جائے تو جب تک جنازہ نیچے نہ رکھ دیا جائے لوگوں کو بیٹھنا نہیں چاہئے، کیونکہ بعض مرتبہ جنازہ اتارنے میں اچانک مدد کی ضرورت پیش آتی ہے، پس اگر لوگ بیٹھے ہوئے ہونگے تو ان کے کھڑے ہونے تک جنازہ گر پڑے گا، البتہ اگر لوگ جنازہ میں زیادہ ہوں تو جو لوگ جنازہ کے اردگرد ہیں ان کو نہیں بیٹھنا چاہئے، باقی لوگ بیٹھ سکتے ہیں۔ اسی طرح جب لوگ زیادہ ہوتے ہیں تو کچھ لوگ جنازہ سے پہلے قبرستان پہنچ جاتے ہیں اور ادھر اُدھر بیٹھ جاتے ہیں یہ بھی جائز ہے۔

[۵۰] باب ماجاء في القيام للجنازة

[۱۰۲۶-] حدثنا قُتيبةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن سَالِمِ بنِ عبدِ اللهِ، عن أَبِيْهِ، عن عَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ح: ونا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، عن عَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، عن رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم قال: ''إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا لَهَا حَتَّى تُخَلِّفَكُمْ أَوْ تُوْضَعَ''

وفي الباب: عن أَبِيْ سَعِيدٍ، وجَابِرٍ، وسَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، وقَيْسِ بنِ سَعْدٍ، وأبي هريرةَ، قال أبو عيسى: حديثُ عَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۰۲۷-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ الجَهْضَمِیُّ، والحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الحُلْوَانِیُّ، قالاَ: نا وَهْبُ بنُ جَرِیْرٍ، نا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ، عن یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ سَعِیدٍ الخُدْرِیِّ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "إِذَا رَأَیْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا، فَمَنْ تَبِعَهَا فَلاَ یَقْعُدَنَّ حَتَّی تُوْضَعَ"

قال أبو عیسی: حدیثُ أبی سعیدٍ فی هذا البابِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ، قالاَ: مَنْ تبِعَ جَنَازَةً فَلاَ یَقْعُدْ حَتَّی تُوْضَعَ عن أَعْنَاقِ الرِّجَالِ، وقَدْ رُوِیَ عن بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَیْرِهِمْ أَنَّهُمْ کَانُوْا یَتَقَدَّمُوْنَ الْجَنَازَةَ، وَیَقْعُدُوْنَ قَبْلَ أَنْ تَنْتَهِیَ إِلَیْهِمُ الْجَنَازَةُ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ.

ترجمہ: امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے وہ نہ بیٹھے یہاں تک کہ جنازہ لوگوں کے کندھوں سے نیچے رکھ دیا جائے اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم سے مروی ہے کہ وہ جنازہ سے پہلے پہنچ جاتے تھے اور جنازہ کے قبرستان پہنچنے سے پہلے بیٹھ جاتے تھے اور یہ شافعیؒ کا قول ہے (امام ترمذیؒ نے یہ مسئلہ غیر محل میں بیان کیا ہے، یہ باب جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کے بیان میں ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔ اگر کچھ لوگ جنازہ سے پہلے قبرستان پہنچ جائیں اور ادھر ادھر بیٹھ جائیں تو کوئی حرج نہیں)

بابٌ فی الرُّخْصَةِ فِیْ تَرْكِ القِیَامِ لَهَا

جنازہ دیکھ کر کھڑے نہ ہونے کا بیان

حدیث: مسعود بن الحکم نے جنازہ دیکھ کر کھڑے ہونے کا تذکرہ کیا، یہاں تک کہ جنازہ نیچے رکھ دیا جائے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے پھر بیٹھے" یعنی دور اول میں جنازہ دیکھ کر کھڑے ہوتے تھے پھر بعد میں کھڑا ہونا چھوڑ دیا۔

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: "اگر چاہے تو کھڑا ہو اور اگر چاہے تو کھڑا نہ ہو" یعنی قیام واجب نہیں، کھڑے ہونے نہ ہونے کا اختیار ہے۔ اور یہ تطبیق مجھے زیادہ پسند ہے اس لئے کہ میت کو دیکھ کر گھبراہٹ ہوتی ہے اور بے اختیار آدمی کھڑا ہو جاتا ہے اور ناسخ ومنسوخ قرار دیں گے تو جنازہ دیکھ کر کھڑا ہونا جائز نہیں ہوگا، پس آدمی گنہ گار ہوگا۔

[۵۱] بابٌ فی الرخصة فی ترك القیام لها

[۱۰۲۸-] حدثنا قُتَیبةُ، نا اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عن یَحییَ بنِ سَعِیْدٍ، عن وَاقِدٍ ــ وَهُوَ ابنُ عَمْرِو بنِ سَعْدِ

بنِ مُعَاذٍ ــ عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَيْرٍ، عن مَسْعُوْدِ بنِ الحَكَمِ، عن عَلِيِّ بنِ أَبِي طَالِبٍ، أَنَّهُ ذَكَرَ القِيَامَ فِيْ الْجَنَائِزِ حَتّٰى تُوْضَعَ، فقالَ عَلِيٌّ: قَامَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ قَعَدَ.

وفي الباب: عن الحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ، وابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ عليٍّ حسنٌ صحيحٌ، وفِيْهِ رِوَايَةُ أَرْبَعَةٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ بَعْضُهُمْ عَنْ بَعْضٍ.

والعملُ على هذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قالَ الشَّافِعِيُّ: وهٰذَا أَصَحُّ شَيْئٍ فِيْ هٰذَا البَابِ، وَهٰذَا الحديثُ نَاسِخٌ لِلْحَدِيْثِ الأَوَّلِ: ”إِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا“

وقال أحمدُ: إِنْ شَاءَ قَامَ، وإِنْ شَاءَ لَمْ يَقُمْ، واحْتَجَّ بِأَن النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَدْ رُوِيَ عَنْهُ أَنَّهُ قَامَ ثُمَّ قَعَدَ، وهٰكَذَا قَالَ إسحاقُ بنُ إبراهيمَ.

ومَعْنَى قولِ عليٍّ: قامَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِي الْجَنَازَةِ ثُمَّ قَعَدَ، يَقُوْلُ: كان النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْمُ إِذَا رَأَى الْجَنَازَةَ، ثُمَّ تَرَكَ ذٰلِكَ بَعْدُ، فَكَانَ لَايَقُوْمُ إِذَا رَأَى الْجَنَازَةَ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: اس حدیث میں چار تابعین ہیں، بعض بعض سے روایت کرتے ہیں (پہلے تابعی یحییٰ بن سعید انصاری ہیں) اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: یہ اس باب کی سب سے اچھی روایت ہے اور یہ حدیث پہلی حدیث ”جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہوؤ“ کے لئے ناسخ ہے، اور امام احمدؒ فرماتے ہیں: ”اگر چاہو تو کھڑے ہوؤ اور اگر چاہو تو کھڑے نہ ہوؤ“ اور انھوں نے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ کھڑے ہوئے پھر بیٹھے (پس دونوں باتیں ثابت ہوئیں، پس دونوں باتیں جائز ہیں) اور یہی بات اسحاق فرماتے ہیں، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول: ”نبی ﷺ کھڑے ہوئے پھر بیٹھے“ کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ (دور اول میں) کھڑے ہوتے تھے جب جنازہ دیکھتے تھے پھر بعد میں کھڑا ہونا چھوڑ دیا، پس جب جنازہ دیکھتے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے (پس یہ ناسخ و منسوخ ہونگے اور دونوں عمل جائز نہیں ہونگے)

بابُ ماجاء في قول النبيِّ صلى الله عليه وسلم ”اللَّحْدُ لَنَا وَالشَّقُّ لِغَيْرِنَا“

”بغلی قبر ہمارے لئے ہے اور صندوقچی دوسروں کے لئے“: کا مطلب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”بغلی قبر ہمارے لئے ہے اور صندوقچی قبر ہمارے علاوہ کے لئے ہے“

تشریح: اس حدیث میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ یہ ایک پیشین گوئی ہے، آنحضور ﷺ نے اپنے تعلق سے فرمایا ہے کہ دوسروں کی قبر چاہے بغلی بناؤ چاہے صندوقچی، مگر میری قبر بغلی بنانا، پس اس سے لحد کی فضیلت ثابت

ہوئی۔ چنانچہ آپؐ کے انتقال کے بعد جب اس مسئلہ میں اختلاف ہوا کہ قبر اطہر بغلی بنائی جائے یا صندوقچی ؟ اور یہ حدیث سامنے نہیں تھی تو فیصلہ اس طرح کیا گیا کہ مدینہ منورہ میں دو صحابی تھے جو قبر کھودتے تھے، ایک لحد بناتے تھے دوسرے شق۔ دونوں کے پاس آدمی بھیجے گئے اور طے کیا گیا کہ جو پہلے آئے وہ اپنا کام کرے، پھر ہوا یہ کہ جو صحابی شق بناتے تھے وہ گھر پر نہیں ملے اور جو لحد بناتے تھے وہ آئے اور انھوں نے اپنا کام کیا، اس طرح تکوینی طور پر آنحضور ﷺ کی پیشین گوئی پوری ہوئی۔

اس کی نظیر حدیث: الأئمة من قريش: ہے اس میں بھی مسئلہ کا بیان نہیں ہے، بلکہ یہ بھی ایک پیشین گوئی ہے، خلافت کے مسئلہ میں اختلاف رونما ہونے والا تھا، انصار کہیں گے: منا أميرٌ ومنكم أمير یعنی دو امیر المؤمنین منتخب کئے جائیں، ایک انصار میں سے اور ایک مہاجرین میں سے، اس سلسلہ میں یہ ارشاد ہے کہ امیر صرف ایک ہوگا اور وہ مہاجرین میں سے اور قریش میں سے ہوگا، اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ دنیا میں جہاں بھی مسلمان بستے ہیں ان پر لازم ہے کہ قریشی ہی کو امیر بنائیں، اس لئے کہ وہاں قریشی امیر کہاں سے لائیں گے؟ دوسرے ملک سے قریشی امیر طلب کریں گے تو وہ اس ملک کی تہذیب سے واقف نہیں ہوگا پھر وہ حکومت کیسے چلائے گا؟

اور لحد کی فضیلت دو وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: بغلی قبر میں میت کا زیادہ اکرام ہے، کیونکہ بے ضرورت میت کے چہرے پر مٹی ڈالنا بے ادبی ہے۔

دوسری وجہ: بغلی قبر میں میت مردار خور جانوروں سے محفوظ رہتی ہے، جانور نرم مٹی کھودتا رہتا ہے اور میت ایک طرف رہ جاتی ہے، اس کے ہاتھ نہیں آتی۔

فائدہ: مردہ کو قبر میں دائیں کروٹ لٹانا چاہئے یا چت لٹا کر قبلہ کی طرف منہ کرنا چاہئے؟ فقہ کی کتابوں میں عام طور پر یہ لکھا ہے کہ میت کو دائیں کروٹ پر لٹانا چاہئے، مفتی رشید احمد صاحب لدھیانوی قدس سرہ (صاحب احسن الفتاوی) نے وصیت کی تھی کہ ان کو قبر میں کروٹ پر لٹایا جائے، اور فقہ کی بعض عبارتوں سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ مردہ کو چت لٹا کر اس کا منہ قبلہ کی طرف کرنا چاہئے، دیوبند اور سہارن پور میں اسی پر عمل ہے۔ میرے نزدیک دونوں طریقے جائز ہیں اور کروٹ پر لٹانا افضل ہے، اور لحد کی فضیلت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں کروٹ دینے میں آسانی ہوتی ہے اور شق میں کروٹ پر لٹانے میں دشواری ہے، دیوبند، سہارن پور کی زمین نرم ہے، اس لئے یہاں صندوقچی قبر بنائی جاتی ہے اور میت کو چت لٹا کر قبلہ رخ کر دیا جاتا ہے، اور کروٹ دینے کے لئے میت کے پیچھے مٹی بھرنی ہوگی، ورنہ وہ کھڑی نہیں رہے گی۔

نوٹ: لحد: قبر کے گڑھے میں جدار قبلی میں کھود کر جگہ بناتے ہیں پھر اس میں میت کو رکھ کر پیچھے پتھر یا اینٹوں سے چن دیتے ہیں۔ اور شق میں قبر کے گڑھے کے بیچ میں دوسرا گڑھا کھودتے ہیں اور اس میں میت کو لٹاتے ہیں، اور

اوپر تختے رکھ کر پاٹ دیتے ہیں۔

[۵۲] باب ماجاء فی قول البنی صلی اللہ علیه وسلم:'' اللحد لَنَا والشَّقُّ لغیرنا''

[۱۰۲۹-] حدثنا أبُو کُریبٍ، ونَصْرُ بنُ عبدِ الرحمنِ الکُوْفِیُّ، ویُوْسُفُ بنُ مُوسَی القَطّانُ البَغْدَادِیُّ، قَالُوْا: نا حَکّامُ بنُ سَلْمٍ، عن عَلِیِّ بنِ عبدِ الأَعْلَی، عن أَبِیْهِ، عن سَعیدِ بنِ جُبَیْرٍ، عن ابنِ عبّاسٍ، قالَ: قالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:'' اللَّحْدُ لَنَا والشَّقُّ لِغَیْرِنَا''

وفی الباب: عن جَرِیْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وعائشةَ، وابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ، قال أبو عیسی: حدیثُ ابنِ عبّاسٍ حدیثٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، حکام بن سلم سے اوپر اس کی یہی سند ہے اور علی بن عبدالاعلی کی ابوحاتم اور دار قطنی نے تضعیف کی ہے، اور امام بخاری اور امام ترمذی نے اس کو ثقہ قرار دیا ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صدوق یَھِمُ (تقریب) اور اس کا باپ عبدالاعلی بھی ضعیف ہے، امام احمد ابوزرعہ اور ابن معین نے اس کی تضعیف کی ہے۔ حافظؒ نے صدوق یَھِمُ فرمایا ہے (تقریب)

بابُ ماجاءَ مَایَقُوْلُ إِذَا أَدْخَلَ الْمیِّتَ قَبْرَهُ؟

جب میت کو قبر میں اتارے تو کیا کہے؟

جب میت قبر میں اتاری جائے تو یہ دعا پڑھی جائے: بسم اللہ وباللہ وعلی ملة رسول اللہ۔ اور دوسری روایت میں ہے: وعلی سنة رسول اللہ دونوں کا حاصل ایک ہے، پس دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ ہر چیز کا تسمیہ جدا ہے، وضو کا تسمیہ: بسم اللہ والحمدللہ ہے، کھانے کا تسمیہ: بسم اللہ وعلی بَرَکَةِ اللہ ہے، تفصیل مع احادیث (کتاب الطہارۃ باب ۲۰ میں گذر چکی ہے)

[۵۳] باب ماجاء مایقول إذا أَدخل المیت قبره؟

[۱۰۳۰-] حدثنا أَبُوْ سَعِیْدٍ الأَشَجُّ، نا أَبُوْ خَالِدٍ الأَحْمَرُ، نا الحَجَّاجُ، عن نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم إِذَا أَدْخَلَ الْمَیِّتَ الْقبرَ قَالَ: وَقَالَ أَبُوْ خَالِدٍ: إِذَا وَضَعَ الْمَیِّتَ فِیْ لَحْدِهِ، قالَ مَرَّةً:'' بِسْمِ اللّٰهِ وَباللہ وعَلَی مِلَّةِ رسولِ اللہ'' وقالَ مَرَّةً:'' بِسْمِ اللہ وباللّٰهِ وعَلَی سُنَّةِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنُ غریبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وقَدْ رُوِیَ هذا الحدیثُ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الوَجْهِ أَیْضًا عَنِ ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، رَوَاهُ أَبُوْ الصِّدِّیْقِ النَّاجِیُّ، عنِ ابنِ عُمَرَ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبی الصِّدِّیْقِ، عن ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا أَیْضًا.

ترجمہ اور وضاحت: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب میت قبر میں اتارتے تھے تو کہتے تھے، اور ابو خالد نے کہا: جب میت اس کی بغلی میں رکھتے تھے تو ایک مرتبہ کہا: بسم الله وبالله وعلی ملة رسول الله اور دوسری مرتبہ کہا: بسم الله وبالله وعلی سنة رسول الله صلی الله علیه وسلم۔

تشریح: امام ترمذیؒ کہتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے مگر اس سند سے غریب ہے، اس لئے کہ اس کو حجاج بن ارطاۃ سے صرف ابو خالد احمر روایت کرتے ہیں اور حجاج صدوق، کثیر الخطاء اور مدلس ہیں (تقریب) اور ابو خالد کے بارے میں حافظ رحمہ اللہ کہتے ہیں: صدوق یُخْطِئُ. اور یہ حدیث اس کے علاوہ دیگر اسانید سے بھی ابن عمرؓ سے مروی ہے اس کو ابو الصدیق الناجی نے ابن عمرؓ سے مرفوع روایت کیا ہے (یہ روایت ابوداؤد میں ہے) اور ابو الصدیق کے واسطہ سے ابن عمرؓ سے موقوف بھی مروی ہے (یہ حدیث نسائی میں ہے)

بابُ ماجاءَ فی الثَّوْبِ الْوَاحِدِ یُلْقَی تَحْتَ المَیِّتِ فِی الْقَبْرِ

قبر میں میت کے نیچے کپڑا اچھانے کی روایت

تمام ائمہ متفق ہیں کہ بے ضرورت قبر کے اندر میت کے نیچے کوئی چیز نہیں بچھائی جائے گی، البتہ بوقت ضرورت بچھا سکتے ہیں، مثلاً: بارش کی وجہ سے قبر کے اندر کی مٹی گیلی ہے یا نیچے سے پانی نکل رہا ہے تو کپڑا یا چٹائی وغیرہ بچھا کر اس پر میت کو رکھ سکتے ہیں، اور اس باب میں جو حدیث ہے کہ شُقران (نبی ﷺ کے آزاد کردہ) نے آپؐ کی قبر میں سرخ قالین بچھایا تھا یہ بات صحیح نہیں، بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ جو حضرات قبر میں اترے تھے انھوں نے وہ قالین نکال کر باہر ڈال دیا تھا اور آپؐ کے نیچے قبر میں کوئی چیز نہیں رہنے دی تھی (العرف الشذی) جیسے حضور اکرم ﷺ کے کفن کے لئے سات کپڑے لائے گئے تھے مگر صحابہ نے ان میں سے تین استعمال کئے تھے باقی واپس کر دیئے تھے، اسی طرح قالین بھی باہر کر دیا تھا۔

[٥٤] باب ماجاء فی الثوب الواحد یُلْقٰی تحتَ المیت فی القبر

[١٠٣١-] حدثنا زَیْدُ بنُ أَخْزَمَ الطَّائِیُّ، نا عُثْمَانُ بنُ فَرْقَدٍ، قالَ: سَمِعْتُ جَعْفَرَ بنَ مُحَمَّدٍ، عن أَبِیْهِ قَالَ: الَّذِیْ أَلْحَدَ قَبْرَ رسولِ اللهِ صلی الله علیه وسلم أَبُوْ طَلْحَةَ، وَالَّذِیْ أَلْقَی الْقَطِیْفَةَ تَحْتَهُ

شُقْرَانُ، مَوْلًى لِرسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

قالَ جَعْفَرٌ: وَأَخْبَرَنِی ابنُ رَافِعٍ، قالَ: سَمِعْتُ شُقْرَانَ يَقُوْلُ: أَنَا وَاللّٰهِ! طَرَحْتُ القَطِيْفَةَ تَحْتَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ الْقَبْرِ.

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، قال أبو عيسى: حديثُ شُقْرَانَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى عَلِیُّ بنُ الْمَدِيْنِیُّ، عن عُثْمَانَ بنِ فَرْقَدٍ هٰذَا الحديثَ.

[١٠٣٢-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، عن شُعْبَةَ، عن أَبِیْ جَمْرَةَ، عنِ ابنِ عبّاسٍ قالَ: جُعِلَ فِیْ قَبْرِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَطِيْفَةٌ حَمْرَاءُ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رَوَى شُعْبَةُ عن أَبِی حَمْزَةَ القَصَّابِ، واسْمُهُ: عِمْرَانُ بنُ أَبِیْ عَطَاءٍ، وَرُوِیَ عن أَبِیْ جَمْرَةَ الضُّبَعِیِّ، واسْمُهُ: نَصْرُ بنُ عِمْرَانَ، وكِلَاهُمَا مِن أَصْحَابِ ابنِ عَبَّاسٍ.

وقَدْ رُوِیَ عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يُلْقَى تَحْتَ الْمَيِّتِ فِیْ الْقَبرِ شَیْئٌ، وإِلٰى هذا ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ.

وقالَ محمدُ بنُ بَشَّارٍ فِیْ مَوْضِعٍ آخَرَ: حَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ويَحيىَ، عن شُعْبَةَ، عن أَبِیْ جَمْرَةَ، عن ابنِ عَبّاسٍ، وهذا أَصَحُّ.

ترجمہ اور وضاحت: محمد باقر رحمہ اللہ کہتے ہیں: جس نے نبی ﷺ کی قبر کو بغلی بنایا وہ ابوطلحہؓ تھے (اور حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح شق بناتے تھے) اور جس نے آپؐ کے نیچے قالین بچھایا وہ شُقران تھے جو نبی ﷺ کے ایک آزاد کردہ ہیں (یہ حدیث مرسل ہے، کیونکہ محمد باقر تابعی ہیں، اس کے بعد سند بدل رہی ہے) جعفر صادق کہتے ہیں: مجھے ابن رافع (جن کا نام عبید اللہ ہے اور جو حضرت علیؓ کے سکریٹری تھے) نے بتایا کہ انھوں نے شقران سے سنا: (اب حدیث موصول ہوگئی) قسم بخدا! میں نے نبی ﷺ کے نیچے قبر میں قالین بچھایا تھا۔

امام ترمذیؒ کہتے ہیں: شقران کی حدیث حسن غریب ہے (کیونکہ عثمان بن فرقد سے اوپر ایک سند ہے) اور علی بن المدینی نے بھی اس حدیث کو عثمان بن فرقد سے روایت کیا ہے (معلوم ہوا کہ اس کی اور کوئی سند نہیں)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی قبر میں سرخ قالین بچھایا گیا تھا ——— اس حدیث کو شعبہؒ نے ابوحمزۃ القصاب سے جن کا نام عمران بن ابی عطاء ہے روایت کیا ہے اور ابوجمرۃ الضُّبَعی سے بھی یہ حدیث روایت کی گئی ہے اور ان کا نام نصر بن عمران ہے اور یہ دونوں ابن عباسؓ کے شاگرد ہیں اور ابن عباس سے مروی ہے کہ میت کے نیچے قبر میں کوئی چیز بچھانا مکروہ ہے، اور بعض اہل علم اس کی طرف گئے ہیں (یہ اجماعی مسئلہ ہے) اور محمد

بن بشار نے (اپنی کتاب میں) دوسری جگہ مذکورہ حدیث کی یہ سند لکھی ہے: ہم سے حدیث بیان کی محمد بن جعفر اور یحیٰ قطان نے، دونوں روایت کرتے ہیں شعبہ سے، وہ ابوجمرۃ سے، وہ ابن عباس سے اور یہ اصح ہے (یہ ابوجمرۃ کی سند لکھی ہے اور یہ حدیث اصح اس لئے ہے کہ ابوجمرۃ اعلی درجہ کا راوی ہے اور ابوحمزۃ قصاب معمولی درجہ کا راوی ہے)

بابُ ماجاء فی تَسْوِیَۃِ الْقَبْرِ

قبروں کو ہموار کرنے کا بیان

قبریں بہت اونچی نہیں بنانی چاہئیں اس سے شرک کا دروازہ کھلتا ہے۔ ہندوستان میں جہاں پختہ اور اونچی قبریں ہیں وہاں جاکر دیکھیں کیا کیا خرافات ہوتے ہیں، اور جو قبر جتنی شاندار اور اونچی ہوتی ہے وہاں اسی قدر خرافات زیادہ ہوتے ہیں چاہے اندر گدھا دفن ہو اس لئے قبر زمین سے صرف اتنی اونچی ہونی چاہئے کہ اس کا قبر ہونا معلوم ہوتا کہ لوگ اس پر چلنے، پھرنے، بیٹھنے، اٹھنے، استنجاء کرنے اور گندگی ڈالنے سے بچیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوالہیاج اسدی (تابعی) سے فرمایا: (یہ حضرت علیؓ کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے) میں آپ کو ایک ایسے کام کے لئے روانہ کررہا ہوں جس کام کے لئے نبی ﷺ نے مجھے بھیجا تھا: ''جاؤ! جو بھی قبر اونچی دیکھو اسے پھاڑ کر زمین کے برابر کردو اور جو بھی تصویر دیکھو اسے مٹادو''

تشریح: اسلامی حکومت میں ایک شعبہ ہوتا ہے جس کا نام محکمۂ احتساب (داروگیر کا شعبہ) ہے، اس شعبہ کے ذمہ داروں کا کام یہ ہے کہ جہاں بھی کوئی امر منکر دیکھیں اس پر نکیر کریں اور ضرورت پڑے تو طاقت سے اس کی اصلاح کریں۔ نبی ﷺ اپنے زمانہ میں بذاتِ خود یہ کام کرتے تھے، حدیث شریف میں ہے کہ آپؐ ایک مرتبہ بازار تشریف لے گئے، ایک دکان پر شاندار گندم دیکھا، آپؐ نے اندر ہاتھ ڈالا تو اندر سے بھیگا ہوا نکلا، آپؐ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ دکان والے نے عرض کیا: یارسول اللہ! بارش سے یہ گیہوں بھیگا ہے آپؐ نے فرمایا: اس کو اندر کیوں چھپایا ہے؟ اوپر کیوں نہیں رکھا؟ یہی احتساب ہے۔

اور یاد رکھنا چاہئے کہ منکرات پر داروگیر حکومت کے کارندے ہی کرسکتے ہیں اگر عام لوگ یہ کام کرنے لگیں گے تو فتنہ ہوگا، اور قبرستان پر نظر رکھنا اور وہاں ایسی ویسی کوئی بات نہ ہونے دینا حکومت کی ذمہ داری ہے، اس وجہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابوالہیاج رحمہ اللہ کو بھیجا کہ جو بھی اونچی قبر نظر آئے اس کو زمین کے برابر کردیں اور جو بھی تصویر ملے اس کو مٹادیں۔ اور فرمایا: حضور اقدس ﷺ نے مجھ سے یہ کام لیا ہے (محکمۂ احتساب کے تحت کیا کیا کام آتے ہیں، اس سلسلہ میں عمر سنامی رحمہ اللہ کی کتاب نصاب الاحتساب (جو مطبوعہ ہے اور مفتی بہ کتابوں میں ہے) کا مطالعہ مفید ہوگا)

[٥٥] باب ماجاء فی تسویة القبر

[١٠٣٣-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نا سُفیانُ، عن حَبِیْبِ بنِ أَبِیْ ثَابِتٍ، عن أَبِیْ وَائِلٍ، أَنَّ عَلِیًّا قالَ لِأَبِیْ الهَیَّاجِ الأَسَدِیِّ: أَبْعَثُكَ عَلَی مَا بَعَثَنِیْ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنْ لاَ تَدَعَ قَبْرًا مُشْرِفًا إِلاَّ سَوَّیْتَهُ، وَلاَ تِمْثَالاً إِلاَّ طَمَسْتَهُ.

وفی الباب: عن جابرٍ، قالَ أبو عیسی: حدیثُ عَلِیٍّ حدیثٌ حسنٌ.

والعملُ علی هذا عندَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، یَکْرَهُوْنَ أَنْ یُرْفَعَ الْقَبْرُ فَوْقَ الْأَرْضِ، قالَ الشَّافِعِیُّ: أَکْرَهُ أَنْ یُرْفَعَ الْقَبْرُ إِلاَّ بِقَدْرِ مَا یُعْرَفُ أَنَّهُ قَبْرٌ لِکَیْلاَ یُوطَأَ وَلاَ یُجْلَسَ عَلَیْهِ.

ترجمہ: اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے وہ قبر کو زمین سے اونچی بنانے کو مکروہ کہتے ہیں، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: میں ناپسند کرتا ہوں قبر اونچی بنانے کو مگر اتنی اونچی (بنانا جائز ہے) جس سے یہ بات معلوم ہوجائے کہ یہ قبر ہے تاکہ وہ روندی نہ جائے اور اس پر بیٹھا نہ جائے۔

بابُ ماجاء فِیْ کَرَاهِیَةِ الوَطْءِ عَلَی الْقُبُوْرِ والْجُلُوْسِ عَلَیْهَا

قبروں پر چلنے اور بیٹھنے کی ممانعت

وَطْیٌ اور وَطْءٌ کے معنی ہیں: روندنا، چلنا، اسی سے موطا مالک ہے، اور اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ قبروں کی توہین بھی نہیں کرنی چاہئے اور غایت درجہ تعظیم بھی نہیں کرنی چاہئے۔ آگے باب آرہا ہے کہ قبریں پختہ بنانا اور ان پر کتبے لگانا ممنوع ہے، پس دونوں بابوں کا خلاصہ یہ ہے کہ قبور کے ساتھ معاملہ میں افراط وتفریط سے بچا جائے، نہ ان کی توہین کی جائے اور نہ تعظیم، بلکہ ان کے ساتھ اعتدال برتا جائے۔ افراط: یہ ہے کہ قبریں اونچی بنائی جائیں، پختہ بنائی جائیں، قبروں پر گنبد بنایا جائے، ان کی طرف منہ کرکے نماز پڑھی جائے، ان پر کتبہ لگایا جائے، ان پر پھول ڈالے جائیں، ان پر چادریں چڑھائی جائیں، اور ان پر چراغاں کیا جائے، یہ سب افعال شرکیہ ہیں یعنی ان کا مآل شرک ہے۔ اور تفریط: یہ ہے کہ ان کو روندا جائے، ان پر چلا جائے، ان پر بیٹھا جائے، اور ان پر قضاء حاجت کی جائے اور اعتدال: یہ ہے کہ دل میں قبور کی قدر ومنزلت ہو اور ان کے ساتھ وہ معاملہ کیا جائے جو سنت سے ثابت ہے، یعنی قبروں کی زیارت کے لئے جانا اور ان کے پاس کھڑے ہوکر ایصال ثواب کرنا اور دعائے مغفرت کرنا فقط۔ اور قبر پر بیٹھنا، مراقبہ کرنا اور ذکر وغیرہ کرنا ثابت نہیں۔ علامہ ابن الہمام فتح القدیر (١٠٢:٢) میں تحریر فرماتے ہیں: والمعهودُ من السنة لیس إلا زیارتها والدعاء عندها قائما کما کان یفعل النبی صلی اللہ علیه وسلم فی الخروج

إلى البقيع (سنتِ نبوی سے جانی ہوئی بات نہیں ہے مگر قبور کی زیارت کرنا اور ان کے پاس کھڑے ہوکر دعا کرنا، جس طرح نبی ﷺ کیا کرتے تھے جب آپ بقیع میں تشریف لے جاتے تھے)

واقعہ: حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (صدر المدرسین دارالعلوم دیوبند) کے ساتھ میں کئی مرتبہ قبرستان قاسمی گیا ہوں، جہاں سے قبرستان شروع ہوتا ہے حضرت بجلی کے کھمبے کے پاس رک جاتے تھے اور تقریباً دس منٹ کھڑے ہوکر کچھ پڑھتے تھے پھر واپس لوٹ جاتے تھے، بس یہی سنت ہے۔

فائدہ: بعض لوگ قبروں پر مراقبہ کرتے ہیں، گھنٹوں سر جھکائے بیٹھے رہتے ہیں اور بعض لوگ ذکر جہری کرتے ہیں، یہ سب باتیں غیر ثابت اور بدعت ہیں ان سے احتراز چاہئے، اور اس سلسلہ میں کسی بھی بزرگ کا عمل حجت نہیں، حجت قرآن وحدیث اور قرونِ ثلاثہ کا تعامل ہے، جب حضرت حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہٗ کا رسالہ ''فیصلہ ہفت مسئلہ'' چھپا اور وہ حضرت گنگوہی قدس سرہ کی خدمت میں پہنچایا گیا تو آپ نے اس کو ہاتھ نہیں لگایا بلکہ طالب علم سے فرمایا: اس کو حمام میں جھونک دو، اور فرمایا: ''ہم نے حاجی صاحب کے ہاتھ پر بیعت طریقت میں کی ہے شریعت میں نہیں کی'' اور یہ واقعہ ہے کہ بعض حضرات انتہائی کبر سنی میں کچھ بدعات کی طرف مائل ہوجاتے ہیں اس لئے اگر بزرگوں کا عمل کتاب وسنت کے مطابق ہے تو سر آنکھوں پر، ورنہ کالائے بد بہ ریش خاوند!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قبروں پر مت بیٹھو (یہ حکم اہانت سے بچنے کے لئے ہے یا یہ حکم بھی تعظیم کے قبیل سے ہے اور بیٹھنے سے مراد مراقبہ کرنا ہے) اور ان کی طرف منہ کرکے نماز مت پڑھو (یہ حکم غایت تعظیم سے بچنے کے لئے ہے)

تشریح: قبروں پر بیٹھنے کی جو ممانعت کی گئی ہے اس کے دو مطلب ہوسکتے ہیں، ایک: مجاور بن کر بیٹھنا یا مراقبہ کرنا اس صورت میں یہ حکم باب افراط سے ہے، دوسرا: قبروں پر آرام کرنے کے لئے یا استنجاء کرنے کے لئے بیٹھنا اس صورت میں یہ حکم باب تفریط سے ہے یعنی اکرام میت کے خلاف ہے۔

فائدہ: اس حدیث میں ابن المبارکؒ نے بسر بن عبید اللہ اور واثلۃ بن الاسقع کے درمیان ابو ادریس خولانی کا واسطہ بڑھایا ہے اور ولید بن مسلم نے بھی یہ حدیث عبد الرحمٰن بن یزید بن جابر سے روایت کی ہے، مگر وہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے اور یہی صحیح ہے اس لئے کہ بسر بن عبید اللہ کا حضرت واثلہ سے لقاء وسماع ہے وہ براہ راست ان سے روایت کرتے ہیں۔

[۵۶] باب ماجاء فی کراهية الوَطْءِ على القبور، والجلوسِ عليها

[۱۰۳۴-] حدثنا هَنَّادٌ، نا ابنُ المباركَ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، عن بُسْرِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عن وَاثِلَةَ بنِ الْأَسْقَعِ، عن أَبِيْ مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ قَالَ: قالَ النبيُّ صلى

الله عليه وسلم:" لَاتَجْلِسُوْا عَلَى الْقُبُوْرِ، وَلاَ تُصَلُّوْا إِلَيْهَا"

وفي الباب: عن أَبِي هريرةَ، وعَمْرِو بنِ حَزْمٍ، وبَشِيْرِ بنِ الْخَصَاصِيَّةِ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عن عبدِ اللهِ بنِ المُبَارَكِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، وأَبُوْ عَمَّارٍ، قالاَ: نا الوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عن عَبْدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عن بُسْرِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عن وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، عن أَبِيْ مَرْثَدٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَيْسَ فِيْهِ:" عن أَبِيْ إِدْرِيْسَ" وهذا الصَّحِيْحُ.

قال أبو عيسى: قَالَ محمدٌ: حديثُ ابنِ المُبَارَكِ خَطَأٌ، أَخْطَأَ فِيْهِ ابنُ الْمُبَارَكِ، وَزَادَ فِيْهِ: عن أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، وإِنَّمَا هُوَ بُسْرُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰه، عن وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عِنْ عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، ولَيْسَ فِيْهِ:" عن أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ" وبُسْرُ بنُ عُبيدِ اللّٰهِ قَدْ سَمِعَ مِنْ وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: ابن المبارک کی حدیث میں چوک ہے اس میں ابن المبارکؒ نے غلطی کی ہے، انھوں نے اس میں ابوادریس خولانی کا واسطہ بڑھایا ہے، صحیح سند: بسر بن عبیداللہ عن واثلۃ الاسقع ہے، متعدد حضرات نے عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر سے اسی طرح روایت کیا ہے، ان کی حدیثوں میں عن أبی إدریس الخولانی نہیں ہے اور بسر بن عبیداللہ نے واثلۃ بن الاسقع سے سنا ہے۔

بابُ ماجاءَ في كَرَاهِيَةِ تَجْصِيْصِ الْقُبُوْرِ والْكِتَابَةِ عَلَيْهَا

قبریں پختہ بنانا اور ان پر کتبے لگانا ممنوع ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قبریں پختہ بنانے سے، اور ان پر کتبے لگانے سے، اور ان پر عمارت بنانے سے اور ان کو روندنے سے منع فرمایا۔

تشریح: شراح حدیث لکھتے ہیں کہ قبریں پختہ بنانا، ان پر کتبہ لگانا اور ان پر گنبد بنانا تعظیم کی وجہ سے ممنوع ہے اور ان کو روندنے کی ممانعت ان کی اہانت کی وجہ سے ہے، قبور کی نہ غایت درجہ تعظیم کرنی چاہئے نہ توہین، ان کے ساتھ معتدل معاملہ کرنا ضروری ہے۔ اور میرے نزدیک پختہ قبریں بنانے کی، ان پر کتبے لگانے کی اور ان پر گنبد بنانے کی ممانعت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ قبرستان بار بار استعمال ہوتا ہے یا ہونا چاہئے، پس اگر قبریں پکی بنائی جائیں گی اور ان پر کتبے لگائے جائیں گے تو وہ جگہ ریزرو ہو جائے گی، اس کو دوبارہ استعمال کرنا جائز نہ ہوگا۔ اور اگر قبریں پختہ نہیں ہوں گی، نہ ان پر کتبے

ہوں گے تو ایک وقت کے بعد قبر کا نشان مٹ جائے گا اور وہ جگہ دوبارہ تدفین میں استعمال ہو سکے گی، مکہ معظّمہ کا قبرستان حَجون اور مدینہ منورہ کا قبرستان بقیع اسلام سے پہلے کے ہیں ان میں اربوں کھربوں انسان دفن ہو گئے اور آج بھی دفن ہورہے ہیں وہاں طریقہ یہ ہے کہ ایک طرف سے قبریں بناتے چلے جاتے ہیں جب آخر تک پہنچ جاتے ہیں تو پھر شروع سے قبریں بنانے لگتے ہیں، اس طرح وہ قبرستان بار بار استعمال ہوتے ہیں۔ اور ہندوستان میں مسلمانوں کے جو پرانے شہر ہیں ان کے چاروں طرف قبرستان ہی قبرستان ہیں، کیونکہ جب قبریں پکی بن گئیں اور ان پر کتبہ لگ گیا تو اب وہ جگہ دوبارہ استعمال نہیں ہو سکتی، چنانچہ قبرستان کے لئے دوسری جگہ خریدی جاتی ہے، اور پرانے قبرستان کا کوئی پرسان حال نہیں ہوتا ان میں جانور گھومتے ہیں، لوگ پاخانہ کرتے ہیں کیا یہ بہتر ہے یا ان کو دوبارہ تدفین کے لئے استعمال کرنا؟ پھر آبادی بہرحال بڑھے گی، کدھر بڑھے گی؟ چاروں طرف بڑھے گی، اس وقت قبرستان میں سڑکیں بنیں گی، لوگ ناجائز قبضے کر کے مکانات بنائیں گے اور مردوں کی جو توہین ممکن ہے وہ ہوگی، پس کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ ایک قبرستان بار بار استعمال ہوتا کہ وہاں آمد و رفت رہے اور اس کی حفاظت ممکن ہو، مگر ہندوستان کا مسلمان تو سمجھتا ہی نہیں، اس کو سب کچھ گوارہ ہے مگر دوبارہ قبرستان کا استعمال اس کے گلے نہیں اترتا، اللہ تعالیٰ سمجھ بوجھ عطا فرمائیں (آمین)

فائدہ: لوگ قبروں پر کتبہ کے تعلق سے کہتے ہیں کہ اس کا امت میں تعامل ہے اور فقہ کی کتابوں میں اس کو جائز لکھا ہے کہ بڑے آدمی کی قبر پر کتبہ لگا سکتے ہیں، اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ ''العرف الشذی'' میں حضرت شاہ صاحب قدس سرہ کا قول ہے کہ لوگ قبروں پر کتبے لگاتے ہیں اور حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے، پس جو نیا طریقہ شروع ہوا ہے اس میں جواز کی کوئی دلیل نہیں، یعنی تعامل اس وقت حجت ہوتا ہے جب وہ نص کے خلاف نہ ہو، جیسے سود اور شراب کا بھی تعامل ہو گیا ہے مگر وہ نص کے خلاف ہے اس لئے وہ حجت نہیں، اسی طرح جب کتبے لگانے کی ممانعت کے سلسلہ میں اعلی درجہ کی صحیح حدیث موجود ہے تو تعامل کیسے حجت ہو سکتا ہے؟ اور بڑا آدمی کون ہے یہ کیسے طے کیا جائے گا؟ یعنی اس کا معیار کیا ہوگا؟ ہر شخص کے نزدیک اس کا مورث بڑا آدمی ہے، چنانچہ ہر شخص کتبہ لگاتا ہے بلکہ بعض تو صرف اس لئے کتبہ لگاتے ہیں کہ جگہ ریزرو ہو جائے، وہ دوسری مرتبہ استعمال نہ ہو۔

رہا فقہی جزئیہ تو ہماری کتب فقہ میں بہت سی ایسی جزئیات ہیں جن پر ہم اس لئے فتوی نہیں دیتے کہ یا تو ان کا کچھ ثبوت نہیں یا وہ نص کے خلاف ہیں جیسے: تثویب کا تذکرہ کتب فقہ میں ہے اور نمک سے کھانا شروع کرنے کا تذکرہ بھی شامی میں ہے مگر اس پر ہم اس لئے فتوی نہیں دیتے کہ ان کا کچھ ثبوت نہیں، اسی طرح قبر پر پھول رکھنے کا تذکرہ بھی شامی میں ہے مگر اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں، اس لئے اس کو بدعت کہتے ہیں، اسی طرح کتبہ کا جزئیہ اگرچہ موجود ہے مگر وہ نص صحیح صریح کے خلاف ہے اس لئے اس پر نہ فتوی دینا چاہئے اور نہ اس پر عمل کرنا چاہئے، آج مسلمانوں کے قبرستان میں جا کر دیکھیں، عیسائیوں کے قبرستان اور مسلمانوں کے قبرستان میں کچھ فرق نہیں رہا، یہ اس حدیث پر

عمل نہ کرنے کا نتیجہ ہے، اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو سمجھ عطا فرمائیں اور حدیث پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۵۷] باب ماجاء فی کراهية تَجْصِيْصِ القبور والكتابة عليها

[۱۰۳۵-] حدثنا عبدُ الرحمنِ بنُ الأَسْوَدِ أَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ، نا مُحَمَّدُ بنُ رَبِيْعَةَ، عن ابنِ جُرَيْجٍ، عن أبی الزُّبَيْرِ، عن جَابِرٍ، قالَ: نَهَى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم أَنْ تُجَصَّصَ الْقُبُوْرُ، وأَنْ يُكْتَبَ عَلَيْهَا، وأَنْ يُبْنَى عَلَيْهَا، وأَنْ تُوطَأَ.

قالَ أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أهلِ العلمِ - مِنْهُمْ الحَسَنُ الْبَصْرِيُّ - فِیْ تَطْيِيْنِ الْقُبُوْرِ، وقَالَ الشَّافِعِيُّ: لاَبَأْسَ أَنْ يُطَيَّنَ الْقَبْرُ.

وضاحت: تطیین القبور یعنی قبر تیار ہونے کے بعد پانی ڈال کر مٹی کو جمانا تاکہ ہوا سے مٹی اڑ نہ جائے: یہ تجصیص القبور نہیں ہے، یہ جائز ہے، حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تطیین القبور جائز ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تطیین القبور میں کوئی مضائقہ نہیں۔

فائدہ: امام شافعیؒ کے نزدیک قبر چوگوشہ اور مسطّح بنانا افضل ہے اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک کوہان نما قبر بنانا افضل ہے، بخاری (کتاب الجنائز: باب ماجاء فی قبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم) میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی قبر مبارک مسنّم یعنی اونٹ کی کوہان کی طرح ہے۔

بابُ مایقولُ الرَّجُلُ إِذَا دَخَلَ الْمَقَابِرَ؟

جب قبرستان میں جائے تو کیا کہے؟

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ کے قبرستان کے پاس سے گذرے اور قبروں کی طرف چہرے کے ساتھ متوجہ ہوئے اور فرمایا: ''اے اہل قبور! تم پر سلامتی ہو، اللہ تعالیٰ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائیں، تم ہمارے پیش رو ہو اور ہم تمہارے نشانِ قدم پر آرہے ہیں'' (بالأثَر اور بالإثْر دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں)

تشریح: زیارتِ قبور کے وقت پہلے قبور کی طرف رخ کرے پھر سلام کرے اس کے بعد اپنے لئے اور مردوں کے لئے دعائے مغفرت کرے، لوگ غلطی کرتے ہیں: مردوں کے لئے تو دعائے مغفرت کرتے ہیں مگر خود کو بھول جاتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں اور زیارتِ قبور کا مقصد موت کو یاد کرنا ہے، حدیث کے تیسرے جزء میں یہی مضمون ہے۔

[۵۸] باب مايقول الرجل إذا دخل المقابر؟

[۱۰۳۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا محمدُ بنُ الصَّلْتِ، عن أَبِيْ كُدَيْنَةَ، عَنْ قَابُوْسَ بنِ أَبِيْ ظَبْيَانَ، عن أَبِيْهِ، عنِ ابنِ عَبّاسٍ قالَ: مَرَّ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِقُبُوْرِ الْمَدِيْنَةِ، فَأَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهِ، فَقالَ: "السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يا أَهْلَ الْقُبُوْرِ! يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ، أَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْأَثَرِ"

وفي الباب: عن بُرَيْدَةَ، وعائشةَ، حديثُ ابنِ عباسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وأَبُوْ كُدَيْنَةَ: اسْمُهُ يَحيىَ بنُ المُهَلَّبِ، وأَبُوْ ظَبْيَانَ: اسْمُهُ حُصَيْنُ بنُ جُنْدُبٍ.

وضاحت: اس حدیث کی سند کے ساتھ ابو کُدینہ متفرد ہے، اس لئے حدیث غریب ہے اور ابو کدینہ کا نام یحییٰ بن المہلب ہے اور قابوس کے ابا ابوظبیان کا نام حصین بن جندب ہے۔

بابُ ماجاء في الرُّخْصَةِ فِيْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ

زیارت قبور کے لئے قبرستان جانے کی اجازت

اس باب میں مَردوں کے تعلق سے مسئلہ بیان کیا ہے کہ ان کے لئے زیارتِ قبور کے لئے قبرستان جانا جائز ہے اور عورتوں کے تعلق سے مسئلہ آئندہ باب میں آرہا ہے ——— شروع میں زیارت قبور کے لئے قبرستان جانا مطلقاً ممنوع تھا اور یہ ممانعت حضور اقدس ﷺ کے لئے بھی تھی، آپؐ کی اپنی والدہ کی قبر پر حاضری کی بڑی خواہش تھی مگر اجازت نہیں تھی، کچھ عرصہ کے بعد آپؐ کو والدہ ماجدہ کی قبر پر حاضری کی اجازت مل گئی اس سے آپؐ نے یہ مسئلہ مستنبط کیا کہ جب ایک قبر پر جانے کی اجازت مل گئی تو ممانعت مرتفع ہوگئی، اب ہر شخص ہر قبر پر جاسکتا ہے۔ چنانچہ آپؐ نے فرمایا: ''میں نے آپ لوگوں کو زیارتِ قبور سے روکا تھا، اب محمد ﷺ کو ان کی والدہ کی قبر پر جانے کی اجازت مل گئی ہے، لہٰذا آپ لوگ قبرستان جایا کریں'' اور شروع میں زیارتِ قبور سے اس لئے روکا گیا تھا کہ عام مسلمانوں کے دلوں میں ابھی توحید کا بیج پوری طرح جما نہیں تھا اس لئے اندیشہ تھا کہ قبرستان جانے سے قبور پرستی کا سلسلہ شروع ہوجائے گا چنانچہ قبروں پر جانے سے منع کیا گیا، پھر جب امت کا توحیدی مزاج پختہ ہوگیا اور اسلام کی بنیادی تعلیمات دلوں میں جڑ پکڑ گئیں اور دلوں میں شرک کی نفرت بیٹھ گئی اور قبور پر جانے میں شرک کا اندیشہ نہ رہا تو آپؐ نے قبور پر جانے کی اجازت دیدی اور جواز کی وجہ یہ بیان کی کہ زیارتِ قبور میں بڑا فائدہ ہے، اس سے آدمی کو اپنی موت یاد آتی ہے اور وہ انقلاباتِ دہر سے عبرت حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔

فائدہ: اب لوگوں میں زیارتِ قبور کا سلسلہ تقریباً ختم ہوگیا ہے، سال کا سال گذر جاتا ہے اور گورِ غریباں میں

کوئی نہیں جاتا، یہ بریلویوں کے ساتھ اختلاف کا ردعمل ہے، لوگوں نے ایسا سمجھ لیا ہے کہ ہم دیوبندیوں کو قبرستان بالکل نہیں جانا چاہئے یہ صالح ذہنیت نہیں ہے، زیارتِ قبور مامور بہ ہے، اس میں اموات کا بڑا فائدہ ہے اور زندوں کا بھی فائدہ ہے، اپنی موت یاد آتی ہے اور دنیا سے دل اکھڑتا ہے، پس گاہ بہ گاہ عام قبرستان میں جانا چاہئے اس کی طرف سے غفلت ٹھیک نہیں۔

اور یہ جو بزرگوں کی قبروں پر جانے کا سلسلہ ہے یہ بیشک جاری ہے بلکہ دن بدن بڑھتا جا رہا ہے مگر یہ دیوبندیت نہیں ہے، بریلویت ہے، یہی سلسلہ بڑھ کر قبر پرستی کی شکل اختیار کرے گا، پھر اس زیارت میں زندوں کا کوئی فائدہ نہیں، اولیاء کی قبور پر جا کر اپنی موت کو کوئی یاد نہیں کرتا، یہ مقصد تو گورغریباں میں جا کر پورا ہوتا ہے پس ہر مہینہ کم از کم ایک مرتبہ زیارت قبور کے لئے جانا چاہئے۔ واللہ الموفق۔

[۵۹] باب ماجاء فی الرخصة فی زیارة القبور

[۱۰۳۷-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ومَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، والحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الخَلَّالُ، قَالُوْا: نا أَبُوْعَاصِمٍ النَّبِيْلُ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عن أَبِيْهِ، قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " قَدْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ، فَقَدْ أُذِنَ لِمُحَمَّدٍ فِيْ زِيَارَةِ قَبْرِ أُمِّهِ، فَزُوْرُوْهَا، فَإِنَّهَا تُذَكِّرُ الآخِرَةَ"

وفى الباب: عن أَبِيْ سَعِيدٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وأنسٍ، وأبى هريرةَ، وأُمِّ سَلَمَةَ، قال أبو عيسى: حَدِيْثُ بُرَيْدَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعملُ على هذا عِنْدَ أهلِ العلمِ، لايَرَوْنَ بِزِيَارَةِ الْقُبُوْرِ بَأْسًا، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ وَالشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ زِيَارَةِ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے قبرستان جانے کی ممانعت

عورتیں قبرستان جاسکتی ہیں یا نہیں؟ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں دو باب قائم کئے ہیں، پہلے باب میں کراہیت کا لفظ استعمال کیا ہے، یعنی عورتوں کے لئے قبرستان جانا جائز نہیں، اور دوسرا باب گول مول ہے، لفظ رخصت استعمال نہیں کیا، کیونکہ مسئلہ طے نہیں ہے، علماء میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ سے بھی دو روایتیں مروی ہیں جواز کی بھی اور عدم جواز کی بھی۔ اور حضرت نانوتوی قدس سرہ کی رائے یہ ہے کہ عورتوں کے لئے قبرستان

جانے سے احتراز ضروری ہے، حضرت کی یہ رائے فیوض قاسمیہ میں ہے[1] اور بہشتی گوہر (بہشتی زیور حصہ گیارہ ص:۱۰۲) میں زیارتِ قبور کا استحباب مردوں کے تعلق سے بیان کیا ہے، عورتوں کا تذکرہ نہیں کیا۔ اور فتاوی دار العلوم (۶:۴۱۸) میں ہے: راجح یہی ہے کہ عورت زیارتِ قبور کو نہ جاوے۔

پہلے باب میں یہ روایت ہے کہ حضور ﷺ نے زوّرات القبور پر لعنت فرمائی ہے، یہ حدیث معمول بہا ہے یا منسوخ یعنی جب قبرستان جانے کی عام ممانعت تھی مردوں کے لئے بھی اور عورتوں کے لئے بھی، اس زمانہ کی یہ حدیث ہے یا بعد کی ہے؟ اگر دور اول کی ہے تو منسوخ ہے اور بعد کی ہے تو معمول بہ ہے اور ممانعت صرف مردوں کے تعلق سے ختم ہوئی ہے عورتوں کے تعلق سے باقی ہے، مگر کوئی قرینہ نہیں ہے جس سے یہ بات طے کی جائے۔ اور اگر یہ فرض کریں کہ یہ روایت بعد کی ہے یعنی عورتوں کے تعلق سے ممانعت باقی ہے تو پھر دو احتمال ہیں: زوّرات سے مبالغہ مراد ہے یا وہ بمعنی زائرات ہے، اگر مبالغہ مراد ہے تو حدیث کا حاصل یہ ہے کہ عورتوں کے لئے بکثرت قبرستان جانا ممنوع ہے، گاہے ماہے جاسکتی ہیں، اور اگر بمعنی زائرات ہے تو مطلب یہ ہے کہ عورتوں کے لئے قبرستان جانا مطلقاً ممنوع ہے، غرض حدیث بھی فیصلہ کن نہیں۔

اور دوسرے باب میں یہ حدیث ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی عبد الرحمٰن کی قبر پر گئی تھیں، عبد الرحمٰن کا انتقال حُبشی گاؤں میں ہوا تھا جو مکہ سے بیس میل ہے، وہاں سے ان کا جنازہ مکہ لاکر دفن کیا گیا تھا، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حج یا عمرہ کے لئے مکہ آئیں تو اپنے بھائی کی قبر پر گئیں اور فرمایا: اگر میں آپ کے انتقال کے وقت موجود ہوتی تو قبر پر نہ آتی، حضرت عائشہؓ قبر پر آئی بھی ہیں اور نہ آنے کی بات بھی کہہ رہی ہیں، اس لئے یہ روایت بھی فیصلہ کن نہیں، مگر اس حدیث سے اتنی بات ضرور نکلتی ہے کہ زوّرات سے مبالغہ مراد ہے یعنی بکثرت قبرستان آنا جانا ممنوع ہے، کبھی کبھار کوئی عورت قبرستان جائے تو ممنوع نہیں، کیونکہ زوّرات اگر مطلق زیارت کے معنی میں ہوتا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ایک بار بھی بھائی کی قبر پر نہ جاتیں، اور بکثرت قبرستان جانے کی ممانعت کی علت ہے: قِلَّةُ صبرِهن و کثرةُ جزعهن یعنی عورتیں قبرستان جاکر روئیں گی دھوئیں گی اس وجہ سے ممانعت ہے، اور عورتوں کے لئے بزرگوں کی قبروں پر جانے کی ممانعت کی علت فساد اعتقاد ہے وہ وہاں جائیں گی تو مرادیں مانگیں گی، اور کردنی ناکردنی کریں گی۔ اور رشتہ داروں کی قبروں پر جانے کی ممانعت کی وجہ جزع فزع ہے وہ وہاں بے صبری کا مظاہرہ کریں گی، اس لئے ان کا بکثرت قبور پر جانا ممنوع ہے، البتہ کبھی کبھار رشتہ دار کی قبر پر چلی جائے تو اس کی گنجائش ہے۔

---

(۱) فیوضِ قاسمیہ (مکتوب اول) میں ہے: آرے دربارۂ زناں کہ بہر زیارتِ قبور روند لعنتِ خدا در احادیث مروی است، بناءً علیہ زناں را احتراز ضروری است ۱۲

[۶۰] باب ماجاء فی کراهیة زیارة القبور للنساء

[۱۰۳۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْهِ، عن أَبِیْ هُرَیْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم لَعَنَ زَوَّارَاتِ الْقُبُوْرِ.

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، وحَسَّانَ بنِ ثَابِتٍ، قالَ أبو عیسی: هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَدْ رَأَی بَعْضُ أهلِ العلمِ: أَنَّ هٰذا کانَ قَبْلَ أَنْ یُرَخِّصَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم فِیْ زِیَارَةِ الْقُبُوْرِ، فَلَمَّا رَخَّصَ دَخَلَ فِیْ رُخْصَتِهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ. وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّمَا کُرِهَ زِیَارَةُ الْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ، لِقِلَّةِ صَبْرِهِنَّ وَکَثْرَةِ جَزَعِهِنَّ.

ترجمہ: بعض اہل علم کہتے ہیں: لعنت والی حدیث زیارتِ قبور کی اجازت سے پہلے کی ہے، پس جب آپ ﷺ نے اجازت دیدی تو اجازت میں مردوزن سب شامل ہوگئے یعنی ممانعت سب کے لئے ختم ہوگئی، کیونکہ عورتیں احکام میں مردوں کے تابع ہیں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: عورتوں کے لئے زیارتِ قبور مکروہ ہے ان میں صبر کے کم ہونے کی وجہ سے اور رونا دھونا زیادہ ہونے کی وجہ سے یعنی علت باقی ہے تو حکم بھی باقی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الزِّیَارَةِ لِلْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ

عورتوں کے لئے زیارتِ قبور کا حکم

حدیث: عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کا حبشی میں انتقال ہوا، یہ مکہ کے قریب ایک گاؤں ہے، ان کا جنازہ مکہ لاکر دفن کیا گیا۔ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حج یا عمرہ کے لئے آئیں تو اپنے بھائی کی قبر پر گئیں اور دو شعر پڑھے جو تمیم بن نُویرہ یربوعی کے ہیں جو اس نے اپنے بھائی مالک کے مرثیہ میں کہے ہیں، اس کے اور مالک کے درمیان گہری دوستی تھی، وصال نبوی کے بعد جب ارتداد کا فتنہ پھیلا تو حضرت خالد بن الولیدؓ کے ایک فوجی حضرت ضرار بن ازور کے ہاتھ سے مالک قتل ہوا[۱] اشعار کا ترجمہ یہ ہے:

ہم جذیمہ[۲] کے دو مصاحبوں کی طرح تھے، ایک لمبے عرصہ تک: یہاں تک کہ کہا گیا: یہ دونوں کبھی جدا نہیں ہونگے۔

پھر جب ہم جدا ہوگئے (یعنی بھائی مارا گیا اور میں زندہ رہا) تو گویا میں اور مالک: لمبے عرصہ تک ساتھ رہنے کے

(۱) مالک بن نویرہ کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کسی غلط فہمی کی وجہ سے مسلمان ہونے کی حالت میں قتل کئے گئے تھے (اسد الغابہ ۲:۹۵ ترجمة خالد بن الولید)

(۲) جذیمة: عراق کا ایک بادشاہ گذرا ہے اس کے دو مصاحب تھے مالک اور عقیل دونوں ایک طویل عرصہ تک اس کے ساتھ رہے دونوں میں گہری دوستی تھی، دونوں ہمیشہ اکٹھے رہتے تھے، یہاں تک کہ سچی دوستی اور طول صحبت میں ضرب المثل بن گئے تھے۔

باوجود ہم نے ایک رات بھی ساتھ نہیں گذاری۔

اس کے بعد حضرت عائشہؓ نے دو باتیں کہیں: ایک یہ کہ اگر آپ کے انتقال کے وقت میں موجود ہوتی تو آپ کو وہیں دفن کراتی جہاں آپ کا انتقال ہوا تھا۔ اور دوسری بات یہ کہی کہ اگر میں انتقال کے وقت موجود ہوتی تو قبر پر نہ آتی۔

مسئلہ: جنازہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہیں کرنا چاہئے جس کا جہاں انتقال ہو وہیں دفن کرنا چاہئے اور اس کے خلاف کسی کا بھی عمل حجت نہیں، حجت قرآن وحدیث ہیں اور حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ جس کا جہاں انتقال ہو وہیں اسے دفن کرنا چاہئے دوسری جگہ منتقل نہیں کرنا چاہئے، البتہ اس میں ایک استثناء ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص علاج کے لئے کہیں لے جایا گیا اور وہاں اس کا انتقال ہوگیا اور جنازہ وطن واپس لانے میں دوسری جگہ دفن کرنے کی بہ نسبت مشقت کم ہے تو جنازہ واپس لا سکتے ہیں، مثلاً دیوبند سے علاج کے لئے میرٹھ یا دہلی لے گئے، وہاں انتقال ہوگیا تو اس کو دہلی یا میرٹھ میں دفن کرنے میں مشقت زیادہ ہے، وہاں نہ جان نہ پہچان کون تعاون کرے گا؟ اور دیوبند لاکر دفن کرنے میں مشقت کم ہے پس جنازہ واپس لا سکتے ہیں اور اگر بمبئی، مدراس، لندن یا امریکہ لے گئے اور وہاں انتقال ہوگیا تو جنازہ واپس لانے میں مشقت زیادہ ہے پس وہیں دفن کرنا چاہئے، واپس نہیں لانا چاہئے اور یہ استثناء اس لئے ہے کہ یہ میت کو منتقل کرنا نہیں ہے، بلکہ اس کے ٹھکانے پر واپس لانا ہے۔

[٦١] باب ماجاء فی الزِّیَارَةِ لِلْقُبُوْرِ لِلنِّسَاءِ

[١٠٣٩-] حدثنا الحُسَیْنُ بنُ حُرَیْثٍ، نا عیسیَ بنُ یُوْنُسَ، عَنْ ابنِ جُرَیْجٍ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، قالَ: تُوُفِّیَ عبدُ الرحمنِ بنُ أَبِیْ بَکْرٍ بِالْحُبْشِیِّ، قالَ: فَحُمِلَ إِلٰی مَکَّةَ فَدُفِنَ فِیْهَا، فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ، أَتَتْ قَبْرَ عبدِ الرحمنِ بنِ أَبِیْ بَکْرٍ فَقَالَتْ:

وَکُنَّا کَنَدَمَانَیْ جَزِیْمَةَ حِقْبَةً ۞ مِنَ الدَّهْرِ حَتّٰی قِیْلَ: لَنْ یَتَصَدَّعَا
فَلَمَّا تفَرَّقْنَا کَأَنِّیْ وَمَالِکًا ۞ لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ، لَمْ نَبِتْ لَیْلَةً مَعًا

ثُمَّ قَالَتْ: واللّٰهِ لَوْ حَضَرْتُكَ مَا دُفِنْتَ إِلاَّ حَیْثُ مُتَّ، وَلَوْ شَهِدْتُكَ مَازُرْتُكَ.

بابُ ماجاءَ فی الدَّفْنِ بِاللَّیْلِ

رات میں دفن کرنے کا بیان

میت کو رات میں دفن کرنا بلا کراہیت جائز ہے اور جب رات میں دفن کریں گے تو روشنی کے لئے بتیاں بھی ساتھ لے جائیں گے اس میں بھی کوئی حرج نہیں، حدیث میں جو میت کے ساتھ آگ لے جانے کی ممانعت آئی ہے یہ اس کا مصداق نہیں اس سے مراد وہ آگ ہے جو ہندو میت کو جلانے کے لئے ساتھ لے جاتے ہیں، جیسے قبر پر چراغاں

کرنا ممنوع ہے مگر زائرین کی سہولت کے لئے بتّی جلا سکتے ہیں، یہ حدیث کا مصداق نہیں۔

حدیث: غزوۂ تبوک میں ایک صاحب کا انتقال ہوا ان کی تدفین رات میں کی گئی اور ان کو قبر میں اتارنے کے لئے آنحضرت ﷺ بذاتِ خود قبر میں اترے، معلوم ہوا کہ رات میں تدفین جائز ہے اور آپؐ کے لئے چراغ جلایا گیا تاکہ میت کو قبر میں اتارنے میں آسانی ہو، معلوم ہوا کہ روشنی کے لئے بتیاں ساتھ لے جانا جائز ہے اور آپؐ نے میت کو قبلہ کی جانب سے لیا اور فرمایا: ''اللہ آپ پر مہربانی فرمائے آپ اللہ کے خوف سے بہت زیادہ رونے والے تھے، بہت زیادہ قرآن پڑھنے والے تھے'' اور آپؐ نے ان کی نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہیں۔

تشریح: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک میت کو قبلہ کی جانب سے قبر میں لینا افضل ہے جس کی صورت یہ ہے کہ جنازہ قبر سے قبلہ کی جانب میں رکھیں اور وہاں سے عرضاً قبر میں لیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک سَل افضل ہے یعنی جنازہ کو پائینتی کی جانب رکھیں اور وہاں سے کھینچ کر قبر میں لیں۔ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ کا جنازہ اسی طرح قبر میں لیا گیا تھا (مشکوٰۃ حدیث ۱۷۰۵) اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی دلیل باب کی حدیث ہے اور امام شافعیؒ کی دلیل کا جواب یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی قبر دیوار سے متصل تھی قبلہ کی جانب جگہ نہیں تھی، اس مجبوری میں آپؐ کا جنازہ قبر کی پائینتی سے لیا گیا تھا، مجبوری میں جنازہ ہر طرف سے قبر میں اتار سکتے ہیں۔

[۶۲] باب ماجاء فی الدفن باللیل

[۱۰۴۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ومُحَمَّدُ بنُ عَمْرِو السَّوَّاقُ، قالاَ: نا يَحيىَ بنُ اليَمَانِ، عن الْمِنْهَالِ بنِ خَلِيْفَةَ، عن الحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ قَبْرًا لَيْلاً، فَأُسْرِجَ لَهُ سِرَاجٌ، فَأَخَذَهُ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ، وقَالَ:'' رَحِمَكَ اللّٰهُ! إِنْ كُنْتَ لَأَوَّاهًا تَلاَّءً لِلْقُرْآنِ'' وكَبَّرَ عَلَيْهِ أَرْبَعًا.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، ويَزِيْدَ بنِ ثَابِتٍ، وَهُوَ أَخُوْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، أَكْبَرُ مِنْهُ، قال أبو عيسى: حديثُ ابنِ عبّاسٍ حديثٌ حسنٌ .

وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰى هٰذَا. وقَالَ: يُدْخَلُ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ مِنْ قِبَلِ الْقِبْلَةِ، وقال بَعْضُهُمْ: يُسَلُّ سَلاًّ، ورَخصَ أَكْثَرُ أهلِ العلمِ فی الدَّفْنِ بِاللَّيْلِ.

ترجمہ: بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ کہتے ہیں: میت قبر میں قبلہ کی جانب سے لی جائے اور بعض کہتے ہیں: کھینچی جائے کھینچنا (یعنی پائینتی کی جانب سے قبر میں کھینچ کر لی جائے) اور اکثر اہل علم رات میں دفن کرنے کو جائز کہتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الثَّنَاءِ الحَسَنِ عَلَی الْمَیِّتِ

میت کے حق میں اچھی بری گواہی

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ لے کر گذرے، صحابہ نے اس کا ذکر تعریف کے ساتھ کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''واجب ہوگئی'' پھر فرمایا: ''تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو''

حدیث (۲): ابوالاسود دیلی کہتے ہیں: میں مدینہ منورہ آیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مجلس میں بیٹھا یعنی شاگرد بنا، لوگ وہاں سے ایک جنازہ لے کر گذرے، مجلس میں حاضر لوگوں نے اس کا ذکر تعریف کے ساتھ کیا تو حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''واجب ہوگئی!'' میں نے حضرت عمرؓ سے پوچھا: کیا واجب ہوگئی؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے وہی بات کہی ہے جو رسول اللہ ﷺ نے کہی ہے، آپؐ نے فرمایا ہے: ''نہیں ہے کوئی مسلمان جس کے ایمان کی تین آدمی گواہی دیں مگر اس کے لئے جنت واجب ہوجاتی ہے'' حضرت عمرؓ کہتے ہیں: ہم نے دریافت کیا: اگر دو آدمی گواہی دیں؟ آپؐ نے فرمایا: اور دو بھی یعنی ان کی گواہی سے بھی جنت واجب ہوجاتی ہے۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں: ہم نے ایک کے بارے میں نہیں پوچھا۔

تشریح: جس مسلمان کے لئے صالحین کی ایک جماعت اچھا ہونے کی گواہی دے ـــــ بشرطیکہ وہ گواہی دل کی تھاہ سے ہو، اوپری دل سے نہ ہو اور بغیر ریاء کے ہو، نمائش کے لئے نہ ہو، اور ریت رواج کے موافقت میں نہ ہو، کیونکہ رواجی طور پر تو ہر مرنے والے کو پسماندگان کی دلداری کے لئے اچھا کہا جاتا ہے ـــــ تو یہ شہادت اس میت کے ناجی ہونے کی علامت ہے، یعنی قطعی بات تو نہیں کہہ سکتے، البتہ یہ علامت ضرور ہے کہ یہ شخص جنتی ہے، اسی طرح جب صالحین کی ایک جماعت میت کی برائی کرے تو وہ اس کے تباہ ہونے کی علامت ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ صالحین کے دلوں میں یہ باتیں غیب سے ڈالی جاتی ہیں: ''تم زمین پر اللہ کے گواہ ہو'' کا یہی مطلب ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ باتیں مؤمنین صالحین کو الہام کی جاتی ہیں اور ان کی زبانیں غیب کی ترجمانی کرتی ہیں، پس ان کا کہا: اللہ کا کہا ہے!

[۶۳] باب ماجاء فی الثناء الحسن علی المیت

[۱۰۴۱-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا حُمَیْدٌ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قال: مُرَّ عَلَی رسولِ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَیْهَا خَیْرًا، فقالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: ''وجَبَتْ'' ثُمَّ قَالَ: ''أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللهِ فِیْ الْأَرْضِ''

قال: وفی الباب عن عُمَرَ، وکَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، وأَبِیْ هریرةَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أنسٍ حدیثٌ

حسنٌ صحيحٌ.

[١٠٤٢-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوْسَى، وهَارُوْنُ بنُ عبدِ اللهِ البَزَّازُ، قَالَا: نا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نا دَاوُدُ بنُ أَبِي الْفُرَاتِ، نا عبدُ اللهِ بنُ بُرَيْدَةَ، عن أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ المَدِيْنَةَ فَجَلَسْتُ إِلىٰ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، فَمَرُّوْا بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَوْا عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ عُمَرُ: وَجَبَتْ، فَقُلْتُ لِعُمَرَ: وَمَا وَجَبَتْ؟ قَالَ: أَقُوْلُ كَمَا قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ لَهُ ثَلَاثَةٌ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ"، قَالَ قُلْنَا: وَاثْنَانِ؟ قالَ: "واثْنَانِ" وَلَمْ نَسْأَلْ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْوَاحِدِ.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيُّ: اسْمُهُ ظَالِمُ بنُ عَمْرٍو بنِ سُفْيَانَ.

وضاحت: ابوالاسودالدیلی (دال کے جراوری کےسکون کےساتھ) اورالدُؤلی (دال کے پیش اورہمزۂ مفتوحہ کےساتھ) دونوں طرح اس کا تلفظ ہے، یہ تابعی ہیں اورعلم نحو کے مدون سمجھے جاتے ہیں۔حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حکم سے انھوں نے علم نحو مدون کیا تھا، ان کا نام ظالم بن عمرو بن سفیان ہے۔

بابُ ماجاءَ فی ثَوَابِ مَنْ قَدَّمَ وَلَدًا

بچہ فوت ہونے پر صبر کا ثواب

جس شخص کی نابالغ اولاد مرجائے اور وہ اس پر بامید ثواب صبر کرے تو اس کے لئے کیا ثواب ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی مسلمان کے تین بچے نہیں مرتے، پھر وہ جہنم میں داخل ہو (یعنی ایسا نہیں ہوسکتا) مگر قسم کھولنے کے طور پر'' یہ سورۂ مریم کی آیت ۷۱ کی طرف اشارہ ہے: ﴿وَإِنْ مِنكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا، كَانَ عَلىٰ رَبِّكَ حَتْمًا مَقْضِيًّا﴾ یعنی تم میں سے کوئی نہیں مگر وہ جہنم میں پہنچنے والا ہے، یہ بات آپ کے پروردگار پر لازم ومقرر ہے۔یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ بات طے کردی ہے کہ ہر شخص کو جہنم میں ضرور پہنچنا ہے کیونکہ جنت میں جانے کا راستہ دوزخ کے اوپر سے ہے، پل صراط جہنم کی پشت پر بچھایا جائے گا جس سے سب کو گذرنا ہے، پس جس کے تین بچے فوت ہوگئے وہ بھی اس پر سے گذرے گا، اس کے علاوہ جہنم کی آگ اس کو چھو نہیں سکتی، اور جس کے دو بچے یا ایک بچہ فوت ہوا اس کے لئے بھی یہی ثواب ہے۔ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے تین بچے آگے بھیجے (یعنی تین بچے مرگئے) جو حد بلوغ کو نہیں پہنچے تو وہ بچے اس کے لئے جہنم سے مضبوط آڑ ہونگے'' حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے دو بچے آگے بھیجے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''جس کے دو بچے فوت ہوئے اس کے لئے بھی یہ فضیلت ہے'' سید القراء حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میرا ایک بچہ فوت ہوا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''جس کا ایک بچہ فوت ہوا ہو اس کے لئے بھی یہ فضیلت ہے'' البتہ شرط یہ ہے کہ جب حادثہ پیش آئے اس وقت بامید ثواب صبر کرے

ورنہ دیر سویر تو صبر سبھی کو آجاتا ہے۔

[٦٤] باب ماجاء فی ثواب من قَدَّمَ ولداً

[١٠٤٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عن مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، ح:وَنَا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عن أَبِيْ هُرِيرةَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قالَ:" لاَيَمُوْتُ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثَلاَثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ، إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسْمِ"

وفی الباب: عن عُمَرَ، ومُعَاذٍ، وكَعْبِ بنِ مَالِكٍ، وعُتْبَةَ بنِ عبدٍ، وأُمِّ سُلَيْمٍ، وجَابِرٍ، وأنسٍ، وأبی ذَرٍّ، وابنِ مَسعودٍ، وأبی ثَعْلَبَةَ الأَشْجَعِيِّ، وابنِ عَبّاسٍ، وعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وأَبِيْ سَعِيدٍ، وقُرَّةَ بنِ إِيَاسٍ الْمُزَنِيِّ، وأَبُوْ ثَعْلَبَةَ، لَهُ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم حَدِيثٌ وَاحِدٌ هٰذَا الحديثُ، ولَيْسَ هُوَ بِالْخُشَنِيِّ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٠٤٤-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نا إسحاقُ بنُ يُوْسُفَ، نا العَوَّامُ بنُ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِيْ مُحمّدٍ مَوْلَى عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، عن أَبِيْ عُبَيْدَةَ بنِ عبدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَدَّمَ ثَلاَثَةً لَمْ يَبْلُغُوْا الحِنْثَ كَانُوْا لَهُ حِصْنًا حَصِيْنًا" قالَ أَبُوْذَرٍّ: قَدَّمْتُ اثْنَيْنِ، قالَ:" واثْنَيْنِ" فقالَ أُبَيُّ بنُ كَعْبٍ سَيِّدُ القُرَّاءِ: قَدَّمْتُ وَاحِدًا قالَ:" وَوَاحِدًا ولكِنْ إِنَّمَا ذَاكَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى"

قال أبو عيسى: هٰذا حديثٌ غريبٌ، وأَبُوْ عُبَيْدَةَ لَمْ يَسْمَعْ مَنْ أَبِيْهِ.

[١٠٤٥-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلَيٍّ الجَهْضَمِيُّ، وأَبُوْ الخَطَّابِ زِيَادُ بنُ يَحيىَ الْبَصْرِيُّ، قَالاَ: نا عَبْدُ رَبِّهِ بنُ بَارِقٍ الحَنَفِيُّ، قالَ: سَمِعْتُ جَدِّيْ أَبَا أُمِّيْ سِمَاكَ بنَ الْوَلِيْدِ الْحَنَفِيَّ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ سَمِعَ ابنَ عبّاسٍ يُحَدِّثُ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ كَانَ لَهُ فَرَطَانِ مِنْ أُمَّتِيْ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِمَا الْجَنَّةَ" فَقَالَتْ لَهُ عائشةُ: فَمَنْ كانَ لَهُ فَرَطٌ مِنْ أُمَّتِكَ؟ قَالَ:" وَمَنْ كَانَ لَهُ فَرَطٌ، يَامُوَفَّقَةُ!" قالتْ: فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ فَرَطٌ مِنْ أُمَّتِكَ؟ قالَ:" فَأَنَا فَرَطُ أُمَّتِيْ، لَنْ يُصَابُوْا بِمِثْلِيْ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عبدِ رَبِّهِ بنِ بَارِقٍ، وقَدْ رَوَى عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ.

حدثنا أحمدُ بنُ سَعِيدٍ الْمُرَابِطِيُّ، نا حَبَّانُ بنُ هِلاَلٍ، نا عبدُ رَبِّهِ بنُ بَارِقٍ، فَذَكَرَ بِنَحْوِهِ، وَسِمَاكُ بنُ الْوَلِيْدِ الْحَنَفِيُّ: هُوَ أَبُوْ زُمَيْلٍ الْحَنَفِيُّ.

وضاحت: باب میں ابوثعلبہ اشجعیؓ کی بھی روایت ہے، ان کی حدیث مسند احمد اور طبرانی کی معجم کبیر میں ہے اور وہ اسی ایک حدیث کے راوی ہیں، اور ابوثعلبہ نام کے ایک دوسرے صحابی بھی ہیں ان کی نسبت خُشَنی ہے، ان کی بہت روایتیں ہیں۔

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری امت میں سے جس کے دو فرط (پیش رَو) ہوں اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے اس کو جنت میں داخل کریں گے'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: یارسول اللہ! جس کا ایک فرط ہو؟ آپ نے فرمایا: ''اور جس کا ایک فرط ہو (یعنی اس کے لئے بھی یہی ثواب ہے) اے خیر کی باتیں معلوم کرنے کی توفیق دی ہوئی عورت! حضرت عائشہؓ نے پوچھا: اور اگر آپؐ کی امت میں سے کسی کا کوئی فرط نہ ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''میں اپنی امت کا فرط ہوں، میرے مانند وہ ہرگز مصیبت نہیں پہنچائے گئے!'' یعنی میری امت کے لئے سب سے بڑا صدمہ میری وفات کا ہوگا اور میری امت اس پر صبر کرے گی، پس میں ان کے لئے فرط بنوں گا۔ اس حدیث کی عبد ربہ بن بارق سے اوپر ایک ہی سند ہے اور ان سے متعدد ائمہ حدیث نے روایت کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الشُّهَدَاءِ مَنْ هُمَّ؟

شہداء کون کون ہیں؟

شہداء تین قسم کے ہیں: اول: دنیا اور آخرت دونوں میں شہید یعنی حقیقی شہداء، یہ وہ حضرات ہیں جو اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے کفار سے جہاد کرتے ہیں اور شہید ہوتے ہیں، ان کو نہلائے بغیر دفن کیا جاتا ہے اور نمازِ جنازہ پڑھیں گے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔ دوم: حکماً شہید: یعنی جن پر دنیا میں شہادت کے احکام جاری نہیں ہوتے مگر آخرت میں ان کو شہداء کے زمرہ میں شامل کیا جائے گا، ایسے شہداء بہت ہیں، مختلف روایات میں تقریباً ساٹھ آدمیوں کا تذکرہ آیا ہے، یہ سب روایات اوجز المسالک میں جمع کی گئی ہیں۔ یہاں حدیث میں بطور مثال چار کا تذکرہ ہے۔ سوم: وہ لوگ ہیں جن پر دنیا میں شہادت کے احکام جاری ہوتے ہیں مگر آخرت میں ان کا شمار شہیدوں میں نہیں ہوگا اور یہ وہ لوگ ہیں جو ناموری کے لئے یا مال غنیمت حاصل کرنے کے لئے یا خاندانی حمیت کی وجہ سے یا کسی اور دنیوی غرض سے لڑتے ہیں اور مرتے ہیں، چونکہ دلوں کے بھید اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی نہیں جانتا اس لئے ان کو دنیوی احکام میں شہید مانا گیا ہے، ان کے ساتھ حقیقی شہداء جیسا معاملہ کیا جائے گا۔

[٦٥] باب ماجاء فی الشهداء من هم؟

[١٠٤٦-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، نا معنٌ، نا مَالِكٌ، ح: ونا قُتيبةُ، عن مَالِكٍ، عن سُمَیٍّ، عن أَبِی صَالِحٍ،

عن أَبِیْ هریرةَ: أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قَالَ: " الشُّهَدَاءُ خَمسَةٌ: المَطْعُوْنُ، وَالْمَبْطُوْنُ، وَالْغَرِیْقُ، وَصَاحِبُ الهَدْمِ، والشَّهِیْدُ فِیْ سَبِیْلِ اللهِ"

وفی الباب: عن أَنسٍ، وصَفْوَانَ بنِ أُمَیَّةَ، وجَابِرِ بنِ عَتِیْكٍ، وَخَالِدِ بنِ عُرْفُطَةَ، وسُلَیْمَانَ بنِ صُرَدٍ، وأَبِیْ مُوْسَی، وعائشةَ. قالَ أبو عیسیٰ: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۰۴۷-] حدثنا عُبَیْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ محمّدٍ الْقُرَشِیُّ الْکُوْفِیُّ، نا أَبِیْ، نا أَبُوْ سِنَانٍ الشَّیْبَانِیُّ، عن أَبی إسحاقَ السَّبِیْعِیِّ، قالَ: قالَ سُلَیْمَانُ بنُ صُرَدٍ لِخَالِدِ بنِ عُرْفُطَةَ، أَوْ خَالِدٌ لِسُلَیْمَانَ: أَمَّا سَمِعْتَ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: " مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ یُعَذَّبْ فِیْ قَبْرِهِ"؟ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: نَعَمْ.

قال أبو عیسی: هٰذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ فِی هذا البابِ، وقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہید پانچ ہیں: طاعون میں مرنے والا، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا، ڈوب کر مرنے والا، دیوار وغیرہ کے نیچے دب کر مرنے والا (یہ چاروں حکماً شہید ہیں) اور اللہ کے راستہ میں مارا جانے والا (یہ حقیقی شہید ہے)

ابواسحاق سبیعی کہتے ہیں: سلیمان بن صردؓ نے خالد بن عرفطہؓ سے یا خالد بن عرفطہؓ نے سلیمان بن صردؓ سے پوچھا: (یہ دونوں صحابی ہیں، اور راوی کو شک ہے کہ سائل کون تھا اور مسئول عنہ کون تھا) کیا آپ نے نبی ﷺ سے یہ نہیں سنا کہ جس کو اس کے پیٹ نے قتل کیا (یعنی وہ پیٹ کی کسی بیماری میں مرا) تو وہ قبر میں عذاب نہیں دیا جائے گا؟ پس ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا: ہاں (یعنی میں نے نبی ﷺ سے یہ بات سنی ہے)

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ الْفِرَارِ مِنَ الطَّاعُوْنِ

طاعون سے بھاگنے کی کراہیت

طاعون کیا ہے؟ اس کے بارے میں دو قول ہیں: ایک یہ ہے کہ یہ ایک خاص قسم کی بیماری ہے جو پھنسیوں اور زخموں کی شکل میں نمودار ہوتی ہے، خاص طور پر بغل میں، انگلیوں کے بیچ میں اور جوڑوں میں پھنسیاں پیدا ہوتی ہیں اور ان کا اردگرد کالا پڑ جاتا ہے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ ہر بیماری جو وبا کی شکل اختیار کرلے طاعون ہے، مثلاً: حیضہ پھیل گیا، ملیریا پھیل گیا، ایڈز پھیل گیا: یہ سب طاعون ہیں، مگر یہ قول مرجوح ہے۔

حدیث: آنحضرت ﷺ نے طاعون کا ذکر کیا پس فرمایا: "یہ اس رسوا کن عذاب کا بقیہ ہے جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر بھیجا گیا تھا، پس جب طاعون کسی جگہ پھیلے اور تم وہاں ہوؤ تو وہاں سے مت نکلو اور جب کسی جگہ میں طاعون پھیلے اور تم وہاں نہ ہوؤ تو اس جگہ مت جاؤ"

تشریح: آنحضرت ﷺ نے اس حدیث میں طاعون کی تاریخ بیان کی ہے کہ یہ وبا سب سے پہلے بنی اسرائیل پر آئی تھی، جب بنی اسرائیل شہر میں داخل ہونے لگے تو ان سے کہا گیا: عاجزی کے ساتھ اور گناہوں کی معافی مانگتے ہوئے شہر میں داخل ہوؤ، مگر وہ اکڑتے ہوئے سرینوں پر گھسٹتے ہوئے اور حِطَّةٌ (ہماری لغزش معاف فرما) کی جگہ حِنْطَةٌ (ہمیں گندم عطا فرما) کہتے ہوئے داخل ہوئے تو ان پر عذاب مسلط کیا گیا، طاعون اسی عذاب کا باقی ماندہ ہے جو کبھی کبھی نمودار ہوتا ہے۔

اور نبی ﷺ نے فرمایا: طاعون زدہ علاقہ سے بھاگنا نہیں چاہئے اور وہاں جانا بھی نہیں چاہئے، کیونکہ اسباب مرض سے بچنا شریعت کی تعلیم ہے اور بھاگنے کی ممانعت تین وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: اسلام کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ کوئی بیماری بالذات دوسرے کو نہیں لگتی، اللہ چاہیں گے تو لگے گی ورنہ نہیں، پس طاعون زدہ علاقہ سے بھاگنا اس عقیدہ کے منافی ہے۔

دوسری وجہ: یہ تقدیر پر یقین نہ ہونے کی علامت ہے جبکہ تقدیر پر راضی رہنا ایمان کا جزء ہے، بھاگنے والے کا گمان یہ ہوتا ہے کہ یہاں مرجائے گا اور یہاں سے نکل جائے گا تو بچ جائے گا، حالانکہ تقدیر میں موت لکھی ہے تو ہر جگہ آئے گی اور نہیں لکھی تو کہیں بھی نہیں آئے گی۔

تیسری وجہ: اگر سب تندرست بھاگ کھڑے ہونگے تو بیماروں کا کیا ہوگا؟ اور بیمار بھی بھاگ نکلیں گے تو سارا ملک وبا کی لپیٹ میں آجائے گا، علاوہ ازیں جو خود کو تندرست سمجھ رہا ہے کیا ضروری ہے کہ وہ تندرست ہو، ممکن ہے وہ بھی طاعون سے متأثر ہو چکا ہو۔ پس جب ان جراثیم کے ساتھ دوسری جگہ جائے گا تو وہاں بھی طاعون شروع ہوجائے گا، پس وباء کا ایک جگہ رہنا ہی مناسب ہے، البتہ طاعون کے علاقہ سے بھاگنا تو ممنوع ہے مگر کسی ضرورت سے وہاں سے نکلنا جائز ہے۔

فائدہ: حفظانِ صحت کے لئے اگر حکومت طاعون زدہ علاقہ خالی کرائے اور آبادی دوسری جگہ منتقل کرے تو ایسا کرسکتی ہے اور یہ بھاگنا نہیں۔ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اسلامی لشکر میں طاعون پھیل گیا تھا، بہت سے فوجی اور سپہ سالار شہید ہوگئے تھے، جب فوج کی کمان حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے سنبھالی تو انھوں نے فوج کو حکم دیا کہ میدانی علاقے خالی کر کے پہاڑوں پر چڑھ جاؤ، جب آب وہوا بدلی تو اللہ کے فضل سے طاعون رفع ہوگیا۔

[۶۶] باب ماجاء فی کراهية الفرار من الطاعون

[۱۰۴۸-] حدثنا قتيبةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَامِرِ بنِ سَعدٍ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ الطَّاعُوْنَ، فقالَ: " بَقِيَّةُ رِجْزٍ أَوْ: عَذَابٍ أُرْسِلَ عَلَى طَائِفَةٍ

مِنْ بَنِی إِسْرَائِیلَ، فَإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَأَنْتُمْ بِهَا فَلاَ تَخْرُجُوْا مِنْهَا، وإِذَا وَقَعَ بِأَرْضٍ وَلَسْتُمْ بِهَا فَلاَ تَهْبِطُوْا عَلَیْهَا"

وفی الباب: عن سَعْدٍ، وخُزَیْمَةَ بنِ ثَابتٍ، وعبدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وجَابرٍ، وعائشةَ، قالَ أبو عیسی: حدیثُ أُسَامَةَ بنِ زَیْدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فی مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ

جواللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جواللہ سے ملنا پسند کرتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں، اور جو اللہ سے ملنا ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا ناپسند کرتے ہیں''

تشریح: اللہ سے ملنے کی آرزو اور خواہش وہی بندہ کرتا ہے جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی مرضیات پر چلتا ہے اور جس کا اللہ پر ایمان نہیں یا اللہ کی مرضی کے مطابق زندگی نہیں گذارتا وہ مرنے کو کبھی پسند نہیں کرتا۔ قرآن پاک میں یہودیوں کا حال بیان کیا گیا ہے: ﴿وَقَالَتِ الْیَهُوْدُ: نَحْنُ أَبْنَاءُ اللّٰهِ وَأَحِبَّاءُ هُ﴾ یہود کہتے ہیں: ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں۔ اللہ فرماتے ہیں: ﴿فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ کُنْتُمْ صَادِقِیْنَ﴾ پس اگر تم اس دعوی میں سچے ہو تو موت کی تمنا کرو ﴿وَلَنْ یَّتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَیْدِیْهِمْ﴾ مگر وہ کبھی موت کی تمنا نہیں کریں گے، ان کرتوتوں کی وجہ سے جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجے ہیں۔ پس اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ ایمان والے بنو اور اللہ کی مرضیات پر چلو تاکہ تم اللہ سے ملنے کی امید باندھو، اور اللہ تمہیں پسند کریں، دوسرے گروہ میں شامل مت ہو، جن کو اللہ پسند نہیں کرتے۔

جب آنحضور ﷺ نے یہ بات بیان کی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! بندوں اور اللہ کے درمیان ایک پل ہے، اللہ سے ملنے کے لئے اس پل سے گذرنا ضروری ہے اور وہ پل موت ہے اور موت ہر شخص کو ناگوار ہے، ہر آدمی موت سے ڈرتا ہے، پس اللہ سے ملنا تو کوئی بھی پسند نہیں کرتا۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا: ایسی بات نہیں، موت بیشک ایک ہوّا ہے، ہر آدمی مرنے سے ڈرتا ہے مگر جب موت کے آثار ظاہر ہوتے ہیں اور فرشتے سامنے آتے ہیں اور وہ جنت کی خوش خبری سناتے ہیں تو مؤمن مرنے کے لئے بے تاب ہوجاتا ہے اور وہ اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے، پس اللہ بھی اس سے ملنے کو پسند کرتے ہیں۔ اور کافر کو جب جہنم کی خوش خبری سنائی جاتی ہے، تو اس کی روح جسم کے اندر گھسنے لگتی ہے، فرشتے اس کو زبردستی کھینچ کر نکالتے ہیں جس سے وہ تارتار ہوجاتی ہے، اسے اللہ سے ملنا پسند نہیں، اس لئے اللہ بھی اس سے ملنے کو پسند نہیں کرتے۔

وضاحت: مذکورہ حدیث میں جو فرمایا ہے کہ جو اللہ سے ملنا پسند کرتے ہیں: اس سے عقلی شوق لقاء مراد ہے، جو

ہر مؤمن میں ہمیشہ موجود رہتا ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ وہ سنبھل کر زندگی گذارتا ہے، ایسے کام نہیں کرتا جو اللہ کو ناراض کرنے والے ہیں، یہی آخرت کی زندگی کا استحسانِ عقلی ہے اور یہی اللہ سے ملنے کی محبت ہے۔ رہی موت کی طبعی ناگواری تو وہ ایک فطری امر ہے، اور عام حالات میں فطری باتیں غالب نظر آتی ہیں، مگر جب موت کے آثار ظاہر ہوتے ہیں اور فرشتے نمودار ہوتے ہیں اور وہ اچھے انجام کی خوش خبری سناتے ہیں تو وہ فطری خوف مغلوب ہوجاتا ہے اور شوق غالب آجاتا ہے۔ حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ موت کے وقت وہ فطری ناگواری ختم ہوجاتی ہے، آنحضرت ﷺ جانکنی کے وقت مسلسل یہ دعا فرماتے تھے: ''الٰہی! سکرات میں اور موت کی سختیوں میں میری مدد فرما!'' اسی طرح صحت کی حالت میں جو موت کی کراہیت غالب نظر آتی ہے: اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مؤمن میں اللہ سے ملنے کا شوق نہیں، اگر ایسا ہوتا تو وہ محتاط زندگی نہ گذارتا غرض طبعی خوف اور عقلی محبت ایک ساتھ جمع ہوسکتے ہیں۔

اور محسوسات میں اس کی مثالیں بہت ہیں: ایک طالب علم جو امتحان سے ہفتوں، مہینوں پہلے آموختہ یاد کرنا شروع کرتا ہے: وہ امتحان کے خوف ہی سے ایسا کرتا ہے، مگر ساتھ ہی کامیابی کی آرزو بھی ہوتی ہے، اسی طرح آدمی جو کسی خطرناک مرض سے پیچھا چھڑانے کے لئے ہزاروں روپے خرچ کرکے آپریشن کراتا ہے تو وہ آپریشن کی تکلیف سے بے خوف نہیں ہوجاتا بلکہ شفا کی آروز غالب آجاتی ہے، اس لئے وہ اقدام کرتا ہے۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کو جو اشکال پیش آیا تھا ویسا ہی اشکال ایک اور حدیث میں بھی پیش آتا ہے، متفق علیہ روایت ہے: لایؤمن أحدکم حتی أکون أحبَّ إلیه من والده وولده والناس أجمعین یعنی جب تک رسول اللہ ﷺ کی محبت ہر محبت سے زیادہ نہ ہوجائے آدمی مؤمن نہیں ہوسکتا، جبکہ اپنی ذات کی، آل واولاد کی، عزیز واقارب کی اور دنیا کے مال ومنال کی محبت آدمی پر چھائی رہتی ہے، مگر یہ طبعی محبت ہے، عقلی طور پر مؤمن میں اللہ ورسول کی اور دین کی محبت پہاڑ جیسی موجود ہوتی ہے، چنانچہ موقعہ آنے پر وہ جان کی بازی لگادیتا ہے۔ اس حدیث میں بھی طالب علم سوال کرتے ہیں کہ بظاہر ماں باپ کی اور اولاد کی محبت زیادہ معلوم ہوتی ہے، تو اساتذہ جواب میں ایک ایسی حالت کا تذکرہ کرتے ہیں جس میں دین کی محبت غالب آجاتی ہے، وہ کہتے ہیں: بات ایسی نہیں، سوچو: جب دین پر آنچ آتی ہے اور رسول اللہ ﷺ کی ذات پر حرف آتا ہے تو مؤمن کیا کرتا ہے؟ اس وقت اس کو جان کی پرواہ نہیں ہوتی، یہی عقلی محبت ہے جو وقت پر ظاہر ہوتی ہے، مگر وہ پہلے سے موجود ہوتی ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳: ۳۵۵-۳۵۹)

فائدہ: اور اللہ کا پسند کرنا اور ناپسند کرنا مشاکلۃً (ہم شکل ہونے کی وجہ سے) ہے اور مراد یہ ہے کہ اللہ نے مؤمن کامل کے لئے آخرت میں نعمتیں تیار کر رکھی ہیں، موت کا گھونٹ پیتے ہی وہ ان سے لطف اندوز ہونے لگتا ہے اور کافر کے لئے تکلیف دہ عذاب تیار کر رکھا ہے اور جہنم اس کی گھات میں لگی ہوئی ہے کہ کب آئے اور سزا پائے!

[٦٧] باب ماجاء فی من أحب لقاء الله أحب الله لقاء ہ

[١٠٤٩-] حدثنا أحمدُ بنُ مِقْدَامٍ، نَا أَبُوْ الْأَشْعَثِ العِجْلِيُّ، نَا المُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ، عن أَنَسٍ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:''مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ، ومَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ''

وفی الباب: عن أَبِی مُوسَىَ، وأبی هريرةَ، وعائشةَ، قالَ أبو عيسى: حديثُ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٠٥٠-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، ح: وَنَا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، نا محمدُ بنُ بَكْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عن قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بنِ أَبِیْ أَوْفَی، عَنْ سَعْدِ بنِ هِشَامٍ، عن عائشةَ: أَنَّهَا ذَكَرَتْ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قالَ:'' مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ، ومَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ'' قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! كُلُّنَا يَكْرَهُ الْمَوْتَ. قالَ:'' لَيْسَ كَذٰلِكَ، ولكِنَّ الْمُؤْمِنَ إِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهِ وَجَنَّتِهِ: أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، وأَحَبَّ اللّٰهُ لَقَاءَ هُ، وإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَسَخَطِهِ: كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ''

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ اس سے ملنا پسند کرتے ہیں اور جو اللہ سے ملنا ناپسند کرتا ہے اللہ اس سے ملنا ناپسند کرتے ہیں'' حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم سب موت کو ناپسند کرتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''ایسی بات نہیں، بلکہ مؤمن کو جب اللہ کی رحمت کی، اس کی خوشنودی کی اور جنت کی خوش خبری دی جاتی ہے تو وہ اللہ سے ملنے کو پسند کرتا ہے۔ اور اللہ اس سے ملنے کو پسند کرتے ہیں، اور کافر کو جب اللہ کے عذاب کی اور اس کی ناراضگی کی خوش خبری سنائی جاتی ہے تو وہ اللہ سے ملنے کو ناپسند کرتا ہے اور اللہ بھی اس سے ملنے کو ناپسند کرتے ہیں''

بابُ ماجاءَ فِیْ مَنْ يَقْتُلُ نَفْسَهُ لَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ

خودکُشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی جائے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ خودکشی کرنے والے کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: صَلُّوْا علی کل برٍّ وَفَاجِرٍ: ہر شخص کی خواہ وہ نیک ہو یا بد نمازِ جنازہ پڑھو، یہ حدیث دارقطنی میں ہے اور اس میں انقطاع ہے، مکحول کا حضرت ابو

ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں، اور باب میں یہ حدیث ہے کہ ایک شخص نے خودکشی کی، آنحضرت ﷺ نے اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی، دوسروں نے پڑھی، جیسا کہ نسائی (۲۷۹:۱) میں اسی حدیث میں ہے: أما أنا فلا أصلّي عليه یعنی میں تو اس کا جنازہ نہیں پڑھتا یعنی آپ لوگ پڑھیں۔ اور آپؐ کا نمازِ جنازہ نہ پڑھنا زجراً تھا تاکہ اس فعل کی شناعت واضح ہو، اور اسی غرض سے آپ مقروض کا جنازہ بھی نہیں پڑھتے تھے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ اس حدیث کی وجہ سے فرماتے ہیں کہ قاتل نفس کے جنازہ میں کسی مقتدائی شخصیت کو شریک نہیں ہونا چاہئے تاکہ کسی درجہ میں اس قبیح فعل پر زجر ہو۔

[٦٨] باب ماجاء في من يقتل نفسه لَم يُصَلَّ عليه

[١٠٥١-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عيسىَ، نا وَكِيْعٌ، نا إسرائيلُ، وشَرِيْكٌ، عن سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ: أَنَّ رَجُلاً قَتَلَ نَفْسَهُ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وقد اخْتَلَفَ أهلُ العِلْمِ فِيْ هٰذَا: فقالَ بَعْضُهُمْ: يُصَلَّى عَلَى كُلِّ مَنْ صَلَّى إِلَى الْقِبْلَةِ، وعَلَى قَاتِلِ النَّفْسِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيانَ الثَّوْرِيِّ، وإسحاقَ، وقالَ أحمدُ: لاَيُصَلِّي الإمَامُ عَلَى قَاتِلِ النَّفْسِ، وَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ غَيْرُ الإِمَامِ.

ترجمہ: علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: ہر اس شخص کی نماز جنازہ پڑھی جائے جو کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتا ہے (یعنی مسلمان ہے) اور خودکشی کرنے والے کی بھی نماز پڑھی جائے اور یہ سفیان ثوری اور اسحاق کا قول ہے۔ اور امام احمدؒ فرماتے ہیں: امام وقت خودکشی کرنے والے کی نماز جنازہ نہ پڑھے اور دوسرے لوگ پڑھیں۔

بابُ ماجاءَ في المَدْيُوْنِ

مقروض کی نمازِ جنازہ

جس کا انتقال ہو جائے اور اس پر قرضہ ہو اور اس نے اتنا ترکہ نہ چھوڑا ہو جس سے قرض کی ادائیگی ہو سکے، نہ پسماندگان قرض ادا کرنے کے لئے تیار ہوں تو یہ بری موت ہے، ابتدائے اسلام میں آنحضور ﷺ ایسے شخص کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھاتے تھے۔ باب میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ کے عہد میں جب کسی کا انتقال ہوتا اور اس پر قرض ہوتا تو آپؐ صحابہ سے فرماتے: آپ لوگ اس کی نمازِ جنازہ پڑھ لیں، آپؐ خود اس کی نماز نہیں پڑھتے تھے تاکہ لوگ قرض کرنے سے احتراز کریں، اور آپؐ کا یہ ارشاد بھی ہے کہ مؤمن کا نفس قرض میں پھنسا رہتا ہے تا آنکہ اس کا قرضہ ادا کر دیا جائے (یہ حدیث کتاب الجنائز کے آخری باب میں آرہی ہے)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ جس نے اپنے پیچھے اتنا ترکہ چھوڑا ہو جس سے اس کا قرض ادا ہو سکتا ہو یا ایسے ورثاء

چھوڑے ہوں جو قرض ادا کرنے پر راضی ہوں، تو وہ حکماً مقروض مرنے والا نہیں، خود نبی ﷺ پر بوقت وفات کچھ قرضہ تھا، آپؐ نے گھر کی ضروریات کے لئے بیس صاع جَو خریدے تھے اور زِرہ رہن رکھی تھی، جس کو وفات کے بعد ورثاء نے قرضہ ادا کرکے چھڑایا ہے، اسی طرح حضرت فاروق اعظم اور حضرت زبیر بن العوام بھی بڑا قرضہ چھوڑ گئے تھے جو ورثاء نے ادا کیا تھا۔ بری موت یہ ہے کہ مقروض مرے اور نہ ترکہ میں بھرپائی ہو، نہ ورثاء بار اٹھانے والے ہوں تو اس کی روح قرضہ میں پھنسی رہتی ہے (العیاذ باللہ!)

حدیث (۱): حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک جنازہ لایا گیا تاکہ اس کی نماز پڑھی جائے، آنحضور ﷺ نے حسب عادت دریافت کیا کہ میت پر کوئی قرضہ تو نہیں؟ لوگوں نے بتایا کہ مقروض ہے، آپؐ نے پوچھا: کیا اس نے اتنا ترکہ چھوڑا ہے جس سے قرضے کی بھرپائی ہوجائے؟ لوگوں نے نفی میں جواب دیا، آپؐ نے فرمایا: آپ لوگ نماز پڑھ لیں میں نماز نہیں پڑھوں گا، کیونکہ یہ مقروض مرا ہے۔ حضرت ابوقتادہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا قرضہ میرے ذمہ ہے، آپؐ نے فرمایا: بالوفاء: واقعی بھروگے؟ انھوں نے کہا: بالوفاء: میں ضرور اس کا قرضہ بھروں گا چنانچہ آپؐ نے اس کی نمازِ جنازہ پڑھائی۔

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کے پاس کوئی ایسا جنازہ لایا جاتا جس پر قرضہ ہوتا تو آپؐ پوچھتے: کیا اس نے قرضہ کی بھرپائی چھوڑی ہے؟ یعنی اتنا مال چھوڑا ہے جس سے قرض ادا ہوسکے؟ اگر بتایا جاتا کہ اس نے بھرپائی چھوڑی ہے تو آپؐ اس کی نمازِ جنازہ پڑھاتے، ورنہ مسلمانوں سے فرماتے: آپ لوگ اپنے آدمی کی نماز پڑھ لیں۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے رزق کے دروازے کھول دیئے تو آپؐ نے تقریر فرمائی کہ ''میں مسلمانوں سے ان کے نفوس سے بھی زیادہ قریب ہوں یعنی جتنی ان کو اپنی فکر ہے، مجھے ان کی اس سے زیادہ فکر ہے، پس جو مقروض فوت ہوا اس کا قرضہ میرے ذمے ہے اور جس نے مال چھوڑا وہ اس کے ورثاء کے لئے ہے''

تشریح: نبی ﷺ شروع میں مقروض کا جنازہ نہیں پڑھتے تھے، لیکن جب فتوحات کے نتیجہ میں مال کی فراوانی ہوئی اور بیت المال میں مال جمع ہوا تو آپؐ ہر شخص کی نمازِ جنازہ پڑھانے لگے، اور کسی میت پر قرض ہوتا اور اس کے ترکہ میں بھرپائی نہ ہوتی تو آپ بیت المال سے اس کا قرض ادا فرماتے، آپؐ کے اس ارشاد کا کہ نبی مسلمانوں سے ان کے نفوس سے بھی زیادہ قریب ہے یہی مطلب ہے، یہاں قرب مکانی مراد نہیں بلکہ نفع رسانی کے اعتبار سے قریب ہونا مراد ہے، جس طرح ہر شخص اپنے نفع ونقصان کو سوچتا ہے نبی اپنی امت کے نفع ونقصان کو اس سے زیادہ سوچتا ہے، اس طرح نبی ہر مسلمان سے اس کی ذات سے بھی زیادہ قریب ہے۔

[۶۹] باب ماجاء فی المدیون

[۱۰۵۲-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا أَبُوْ داودَ، نا شُعْبَةُ، عن عُثْمَانَ بنِ عبدِ اللهِ بنِ مَوْهَبٍ،

قالَ: سَمِعْتُ عبدَ اللهِ بنَ أَبِیْ قَتَادَةَ، یُحَدِّثُ عَنْ أَبِیْهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم أُتِیَ بِرَجُلٍ لِیُصَلِّی عَلَیْهِ، فقالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" صَلُّوْا عَلَی صَاحِبِکُمْ، فَإِنَّ عَلَیْهِ دَیْنًا"، قال أبوقَتَادَةَ: هُوَ عَلَیَّ، فقالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم:" بِالْوَفَاءِ؟" فقال: بِالْوَفَاءِ، فَصَلَّی عَلَیْهِ.

وفی الباب: عن جَابِرٍ، وسَلَمَةَ بنِ الأَکْوَعِ، وأَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ، قال أبو عیسی: حدیثُ أَبِی قَتَادَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۰۵۳-] حدثنا أَبُو الْفَضْلِ مَکْتُوْمُ بنُ الْعَبَّاسِ، قالَ ثَنِیْ عبدُ اللهِ بنُ صَالِحٍ، ثَنِی اللَّیْثُ، ثَنِی عُقَیْلٌ، عن ابنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ سَلَمَةَ بنُ عبدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِیْ هُریرةَ؛ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم کانَ یُؤْتَی بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفَّی عَلَیْهِ الدَّیْنُ، فیقولُ:" هَلْ تَرَکَ لِدَیْنِهِ مِنْ قَضَاءٍ؟" فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّهُ تَرَکَ وَفَاءً صَلَّی عَلَیْهِ، وَإِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِیْنَ:" صَلُّوْا عَلَی صَاحِبِکُمْ"، فَلَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلیهِ الفُتُوْحَ قَامَ، فقالَ:" أَنَا أَوْلَی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّیَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَتَرَکَ دَیْنًا فَعَلَیَّ قَضَاءُ هُ، وَمَنْ تَرَکَ مَالاً فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقَدْ رَوَاهُ یَحیی بنُ بُکَیْرٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ اللَّیْثِ بنِ سَعْدٍ.

بابُ ماجاءَ فی عَذَابِ الْقَبْرِ

عذابِ قبر کا بیان

عذابِ قبر کا تذکرہ قرآن مجید میں بھی ہے اوراحادیث متواترہ سے بھی ثابت ہے۔تواتر کی چار قسمیں ہیں، چوتھی قسم تواتر قدر مشترک ہے، یعنی کوئی حقیقت اتنی مختلف سندوں سے مروی ہو جو موجب طمانینت ہو جیسے معجزات کی روایات چار سو صحابہ سے مروی ہیں جو الگ الگ واقعات ہیں مگر ان کا قدر مشترک یہ ہے کہ نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے علاوہ دیگر معجزات بھی عنایت فرمائے تھے، یہ بات تواتر قدر مشترک سے ثابت ہے، اسی طرح بیشمار روایات میں عذابِ قبر کا ذکر آیا ہے، وہ روایات اگرچہ الگ الگ ہیں مگر ان کا قدر مشترک یہ ہے کہ قبر کا عذاب برحق ہے (تواتر کی چاروں قسموں کی وضاحت کتاب الطہارۃ باب ۱۸ میں گذر چکی ہے) پس جو شخص عذابِ قبر کا انکار کرتا ہے وہ بددین گمراہ ہے۔سورۃ المؤمن آیت ۴۶ ہے: ﴿النَّارُ یُعْرَضُوْنَ عَلَیْهَا غُدُوًّا وَّعَشِیًّا، وَیَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ، أَدْخِلُوْا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ﴾ یعنی فی الحال فرعونیوں کو صبح وشام جہنم پر پیش کیا جاتا ہے (یہی عذابِ قبر ہے) پھر جب قیامت کا دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیں گے کہ ان کو جہنم میں جھونکو! (یہ اخروی عذاب ہے)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عذاب القبر حقٌّ آدھا مضمون ہے کیونکہ قبر میں عذاب ہی نہیں ہوتا، عذاب تو نافرمانوں

کے لئے ہے اور اطاعت شعاروں کے لئے قبر میں راحتیں ہیں، یہ آدھا مضمون چھوڑ دیا گیا ہے۔ قرآن وحدیث میں کبھی آدھا مضمون بیان کیا جاتا ہے اور دوسرا آدھا فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اس کی پہلے کئی مثالیں گذر چکی ہیں جو جزء اہم اور مقصود ہوتا ہے اس کو ذکر کیا جاتا ہے اور دوسرا جزء قرینہ پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا جاتا ہے، قبر کے معاملات میں چونکہ عذاب کا جزء اہم ہے تاکہ لوگ محتاط زندگی گذاریں اس لئے اس جز کو بیان کیا جاتا ہے اور راحتوں والا جزء چھوڑ دیا جاتا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ عالم بہت ہیں ان میں سے ایک عالم ارواح بھی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ذریت عالم ارواح میں نکالی گئی تھی پھر ان روحوں کو عالم ارواح میں ایک خاص ترتیب کے رکھ دیا گیا ہے۔ بخاری شریف (حدیث ۳۳۳۶) میں ہے: الأرواح جنودٌ مُجَنَّدة یعنی جس طرح فوج کی بٹالین ہوتی ہیں اسی طرح روحوں کو ٹکڑیوں میں بانٹ کر عالم ارواح میں رکھا گیا ہے پھر جب اس عالم میں آنے کا وقت ہوتا ہے تو ماں باپ کے نطفوں سے بچہ دانی میں جسم تیار ہوتا ہے، پھر فرشتہ عالم ارواح سے وہ روح جس کے لئے یہ جسم تیار کیا گیا ہے لاکر اس جسم میں پھونک دیتا ہے اب روح ایک دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل ہوجاتی ہے، لیکن روح پڑنے کے بعد بھی چار مہینے تک ماں کے پیٹ میں رہتا ہے وہاں اس کی پرورش کی جاتی ہے اس کو تیار کیا جاتا ہے کہ وہ اس دنیا کی آب وہوا برداشت کر سکے، پھر جب بچہ اس دنیا کی آب وہوا برداشت کرنے کے قابل ہوجاتا ہے تو وہ پیدا (نمودار) ہوتا ہے یعنی مکمل اس دنیا میں آجاتا ہے اور یہ نیا عالم عالم اجساد ہے۔ اب روحیں جسموں کے اندر آگئیں، اور ان دونوں دنیاؤں کا درمیان یعنی ماں کے پیٹ کی زندگی عالم برزخ ہے، برزخ کے معنی ہیں: دو چیزوں کے درمیان کی آڑ، دو روڈوں کے درمیان کا باریر۔ ایک دنیا سے کود کر دوسری دنیا میں نہیں جاسکتے، پہلے برزخ میں منتقل ہونا پڑتا ہے، پھر دوسری دنیا میں آتا ہے۔ پھر ایک وقت کے بعد روح جسم سے نکل کر آگے بڑھ جاتی ہے اور جسم مٹی کے حوالے کر دیا جاتا ہے، کیونکہ وہ مٹی سے بنا ہے اس طرح کہ ماں باپ کا نطفہ خون سے بنا ہے اور خون غذا سے بنا ہے اور غذا مٹی سے پیدا ہوتی ہے، اس طرح ہر انسان کا جسم مٹی سے بنا ہے۔

غرض موت سے روح نہیں مرتی بدن مرتا ہے، روح بدن میں سے نکل کر عالم قبر (عالم برزخ) میں پہنچ جاتی ہے اسی لئے کہتے ہیں: انتقال ہوگیا یعنی دوسری جگہ منتقل ہوگیا، مرگیا (مَرَّ: گیا) گذر گیا یعنی آگے بڑھ گیا، دنیا کی ہر زبان میں موت کے لئے جو الفاظ ہیں وہ اسی حقیقت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ غرض ہر انسان مرنے کے بعد عالم قبر میں پہنچ جاتا ہے خواہ وہ دفنایا جائے، جلایا جائے یا اس کو کوئی درندہ کھا جائے، قبر مٹی کے گھڑے کا نام نہیں ہے، وہ ایک مستقل دنیا ہے اور ہماری اس دنیا کا ضمیمہ ہے، آخرت کا حصہ نہیں، جیسے ماں کے پیٹ کی زندگی ہماری اس دنیا کی ابتداء ہے اسی طرح عالم قبر ہماری اس دنیا کا تتمہ ہے، آخرت کا حصہ نہیں، یعنی مرنے کے بعد بھی لوگ اسی دنیا میں رہتے ہیں،

آخرت میں نہیں پہنچ جاتے، پھر جب عالم ارواح خالی ہوجائے گا، سب لوگ اس عالم اجساد میں منتقل ہوجائیں گے تو صور پھونکا جائے گا اور سب مرجائیں گے اور تمام روحیں برزخ میں پہنچ جائیں گی تو اللہ تعالیٰ ایک بارش برسائیں گے اس بارش کی وجہ سے تمام مخلوقات: انسان اور غیر انسان جو مرکر مٹی ہوگئے ہیں از سرِنو ان کے اجسام زمین سے اگیں گے، جب اجسام تیار ہوجائیں گے تو دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا اور تمام روحیں عالم برزخ سے واپس آکر اپنے جسموں میں داخل ہوجائیں گی، اسی کا نام نشأۃ ثانیہ (مرنے کے بعد کی زندگی) ہے، یہ سب کچھ اس دنیا کے الیوم الآخر میں ہوگا۔ سورۃ المعارج آیت ۴ میں ہے کہ وہ آخری دن پچاس ہزار سال کا ہے، اس میں جزاوسزا کے فیصلے ہونگے، پھر لوگوں کو آخرت میں منتقل کیا جائے گا، جہنم کی پشت پر پل بچھایا جائے گا، لوگ اس پر سے گذر کر آخرت میں پہنچیں گے، جہنمی جہنم میں گر جائیں گے اور جنتی آگے بڑھ جائیں گے اور آخرت کی یہ دونوں زندگیاں ابدی ہیں، وہاں موت نہیں۔

غرض اس دنیا سے دوسری دنیا میں کود کر نہیں جایا جاسکتا اور جس طرح عالم ارواح اور عالم اجساد کے درمیان برزخ ہے دنیا اور آخرت کے درمیان میں بھی برزخ ہے، اور عالم ارواح اور اس دنیا کے درمیان جو برزخ ہے وہ اسی دنیا کا حصہ ہے اس لئے یہاں کے اثرات جنین پر پڑتے ہیں، ماں جو کھاتی ہے، پیتی ہے، پہنتی ہے یا سوچتی ہے بچہ پر اس کے اچھے برے اثرات پڑتے ہیں، اسی طرح عالم قبر میں بھی اس دنیا کے اثرات پہنچتے ہیں، کیونکہ عالم برزخ اس دنیا کا ضمیمہ ہے اور وہاں آخرت کے احوال بھی جھلکتے ہیں۔ شاہ صاحب قدس سرہ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں: آخرت اور قبر کے درمیان ایک باریک پردہ ہے چنانچہ آخرت کے احوال قبر میں جھلکتے ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ نیک بندے کی قبر میں جنت کی طرف ایک کھڑکی کھولی جاتی ہے اور برے آدمی کی قبر میں جہنم کی طرف، یہی آخرت کے احکام کا جھلکنا ہے اور یہی قبر کا عذاب اور قبر کی راحتیں ہیں (اور دنیا وآخرت کے درمیان دبیز پردہ ہے، اس لئے عالم آخرت کے احوال یہاں محسوس نہیں ہوتے، البتہ پہنچتے ضرور ہیں۔ حدیث میں ہے کہ گرمی کی شدت جہنم کے اثرات کے پھیلنے کا نتیجہ ہے)

غرض جو روحیں عالم برزخ میں پہنچ جاتی ہیں وہاں ان کو آخرت کے لئے تیار کیا جاتا ہے، آخرت میں ہر انسان کا جسم ساٹھ ہاتھ کا ہوگا پس اسی اعتبار سے چوڑا بھی ہوگا اور اس وقت ہماری روح اتنی نحیف ہے کہ اگر آدمی ڈیڑھ سو کلو کا ہوجائے تو روح اس کو ڈیل نہیں کرسکتی، بس آدمی پڑا ہی رہے گا، پھر آخرت میں اتنے لمبے چوڑے اور موٹے بدن کو کس طرح ڈیل کرے گی؟ اسی کے لئے اس کو برزخ میں تیار کیا جاتا ہے تاکہ وہ آخرت کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاسکے اور وہاں کے عذاب کو سہار سکے۔ اور قیامت کے دن جو نیا بدن بنے گا وہ اسی جسم کے اجزاء سے بنے گا، کوئی نیا جز اس میں شامل نہیں ہوگا، غرض برزخ کی زندگی ایک خاص مقصد سے تجویز کی گئی ہے۔

اور اہل السنہ والجماعۃ اس پر متفق ہیں کہ عذابِ قبر روح اور جسم کے مجموعہ کو ہوتا ہے، حدیث شریف میں اس کی یہ

تعبیر آئی ہے کہ نیک بندے کی قبر چوڑی اور منور کر دی جاتی ہے اور برے شخص کی قبر تنگ کی جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں، معلوم ہوا کہ جسم کے اجزاء بھی عذاب ونعمت میں شریک ہوتے ہیں اور یہ اہل السنہ والجماعۃ کا متفقہ عقیدہ ہے، پس جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ عذاب صرف روح کو ہوتا ہے وہ گمراہ ہیں۔

اور اس بات کو اس طرح سمجھ سکتے ہیں کہ مرنے کے بعد بھی روح کا جسم کے ساتھ تعلق باقی رہتا ہے، البتہ وہ وہمی (حکمی) تعلق ہوتا ہے، اس وہمی تعلق کو ٹیلیفون کی مثال سے سمجھا جا سکتا ہے۔ فون اگر P.C.O ہے تو اس کا تعلق بستی کے ہر فون سے ہوتا ہے۔ S.T.D ہے تو اس کا تعلق ملک کے ہر فون سے ہوتا ہے، اور I.S.D ہے تو اس کا تعلق پوری دنیا کے فونوں سے ہوتا ہے، یہ تعلق وہمی ہے اور شہر کے مرکز مواصلات سے فون کا تعلق تحقیقی ہے، پھر اس کے توسط سے دیگر فونوں کے ساتھ تحقیقی تعلق قائم ہوتا ہے، جب آپ کوئی نمبر ڈائل کرتے ہیں تو اگر آپ کے فون کا سامنے والے فون سے حکمی تعلق ہے تو تحقیقی تعلق قائم ہو جاتا ہے اور گھنٹی بجنے لگتی ہے، ورنہ جواب ملتا ہے: ''آپ کے فون پر یہ سہولت مہیا نہیں'' اب آپ اس مثال سے یہ مضمون سمجھئے کہ کل قیامت کو جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا اور تمام روحیں اس دنیا میں واپس آئیں گی تو ہر روح اپنے جسم میں داخل ہوگی، کوئی روح دوسرے جسم میں داخل نہیں ہوگی، یہ ارواح کا اجسام سے تحقیقی تعلق ہوا اور تحقیقی تعلق فرع ہے حکمی تعلق کی، پس ماننا پڑے گا کہ برزخ کی زندگی میں روح کا جسم کے اجزاء کے ساتھ حکمی تعلق باقی تھا، اگر حکمی (وہمی) تعلق نہیں مانیں گے تو سوال پیدا ہوگا کہ اوراح اپنے اجسام کو کس طرح پہنچانیں گی؟ اور وہ اپنے ہی اجسام میں کس بنیاد پر داخل ہونگی؟ اس طرح جسم کے اجزاء بھی جزاؤ سزا میں روح کے ساتھ کسی درجہ میں شریک ہوتے ہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب میت قبر میں اتاری جاتی ہے — یا فرمایا — جب تم میں سے کوئی قبر میں اتارا جاتا ہے تو دو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں جو کالے، کبود چشم (نیلگوں آنکھوں والے) ہوتے ہیں ان میں سے ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر کہتے ہیں۔ وہ پوچھتے ہیں: تو اس شخص کے بارے میں کیا کہتا ہے (نبی ﷺ کی زیارت کراتے ہیں اور پوچھتے ہیں) پس میت وہی بات کہتی ہے جو دنیا میں کہتی تھی۔ کہتی ہے: وہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، پس فرشتے کہتے ہیں: ہم جانتے تھے کہ آپ ٹھیک جواب دیں گے (مگر ضابطہ کی کاروائی ضروری تھی) پھر اس کی قبر ستر در ستر ہاتھ چوڑی کر دی جاتی ہے اور اس کی قبر میں روشنی کر دی جاتی ہے، اور اس سے کہا جاتا ہے: سو جا! وہ کہتا ہے: میں اپنے گھر والوں کے پاس جانا چاہتا ہوں اور ان کو (اچھے انجام کی) خوش خبری سنانا چاہتا ہوں، فرشتے کہتے ہیں: اب جانے کا موقع نہیں، اب سو جا اس دلہن کی طرح جس کو نہیں بیدار کرتا مگر اس کے خاندان کا محبوب ترین شخص یعنی دولہا۔ اسی طرح قیامت کے انتظار میں مؤمن سوئے گا یہاں تک کہ قیامت کے دن اس کو اللہ تعالیٰ ہی اس

خوابگاہ سے جگائیں گے۔ پھر اس کو اس کے ٹھکانے (جنت) میں پہنچائیں گے۔ اور اگر میت منافق ہوتی ہے تو وہ (فرشتوں کے جواب میں) کہتی ہے: میں نے لوگوں سے کچھ سنا تھا وہ میں بھی کہتا تھا مگر مجھے کچھ پتہ نہیں (کہ یہ صاحب کون ہیں؟) فرشتے کہتے ہیں: ہم جانتے تھے کہ تو یہی جواب دے گا، پس زمین سے کہا جائے گا کہ اس پر مل جا، پس وہ تنگ ہو جائے گی اور اس کی پسلیاں ادھر ادھر ہو جائیں گی، پس وہ برابر قبر میں عذاب میں مبتلا رہے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس کے اس ٹھکانہ سے اٹھائیں گے۔

تشریح

۱-قبر میں کافر سے سوال ہوگا یا نہیں؟ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ قبر میں کافر سے سوال نہیں ہوگا، مرتے ہی اس پر عذاب شروع ہو جائے گا، کیونکہ حدیثوں میں لفظ منافق آیا ہے، مگر صحیح بات یہ ہے کہ کافر سے بھی سوال ہوگا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: اللہ نے انبیاء کے ذریعہ جو دین بھیجا ہے اگلی دنیا میں پہنچنے پر داخلہ امتحان ہوگا کہ آدمی اس دین کو لے کر آیا ہے یا تہی دست آیا ہے، پس ہر شخص سے سوال ہوگا۔

۲-قبر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرا کر پوچھا جائے گا کہ ان کے بارے میں تیرا کیا عقیدہ ہے؟ یہاں یہ سوال نہیں ہونا چاہئے کہ بیک وقت ہزاروں آدمی مرتے ہیں، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہاں کہاں لے جائیں گے؟ اس لئے کہ اگلی دنیا میں آڑ اور پہاڑ نہیں ہیں اور فاصلے بھی نہیں ہیں، پس ہر شخص اپنی جگہ سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے گا۔

۳-مَنْکَر: کے معنی ہیں: انجانا، اور نکیر: فعیل کا وزن ہے وہ بھی منکر اسم مفعول کے معنی میں ہے اور منکر: وہ چیز ہے جسے دیکھ کر آدمی پریشان ہو جائے کہ کیا آفت آئی؟! اور یہ بھی آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا فہم سامع پر اعتماد کر کے چھوڑ دیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ نیک بندے کے پاس مُبَشِّرْ اور بَشِیْر (خوش خبری دینے والے) آئیں گے اور وہ نہایت خوبصورت ہونگے، ان کی ہیئت نہایت شاندار ہوگی۔ کالے، نیلگوں آنکھوں والے فرشتے صرف برے آدمی کے پاس آئیں گے۔

۴-حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے: رُومی کبود چشم تھے اور وہ عربوں کے دشمن تھے اس لئے عربوں کو یہ رنگ نہایت ناپسند تھا اس لئے کہ یہ ان کے دشمنوں کی آنکھوں کا رنگ تھا اس اعتبار سے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی کا انتقال ہوتا ہے تو اس کے سامنے اس کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے، اگر وہ جنتیوں میں سے ہے تو جنت میں جو اس کا ٹھکانہ ہے وہ پیش کیا جاتا ہے اور اگر جہنمیوں میں سے ہے تو جہنم میں جو اس کا ٹھکانہ ہے وہ پیش کیا جاتا ہے، پھر کہا جاتا ہے: یہ تیرا ٹھکانہ ہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے قیامت کے دن اٹھائیں۔

تشریح: قبر میں راحت اور عذاب کی بے شمار شکلیں ہیں، ان میں سے ایک شکل یہ بھی ہے کہ ہر شخص کو جنت یا جہنم میں جو اس کا ٹھکانہ ہے وہ دکھا دیا جاتا ہے۔

[۷۰] باب ماجاء فی عذاب القبر

[۱۰۵۴-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ يَحيىَ بنُ خَلَفٍ الْبَصْرِيُّ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ إسحاقَ، عن سَعِيْدِ بنِ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عن أَبِىْ هريرةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا قُبِرَ الْمَيِّتُ أَوْ قَالَ: أَحَدُكُمْ، أَتَاهُ مَلَكَانِ أَسْوَدَانِ أَزْرَقَانِ، يُقَالُ لِأَحِدِهِمَا: الْمُنْكَرُ وَالآخَرِ: النَّكِيْرُ، فَيَقُوْلاَنِ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ مَاكَانَ يَقُوْلُ: هُوَ عبدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وأَنَّ مُحمّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلاَنِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُوْلُ هٰذَا، ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِيْ قَبْرِهِ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِيْ سَبْعِيْنَ، ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيْهِ، ثُمَّ يُقَالُ لَهُ: نَمْ، فَيَقُوْلُ: أَرْجِعُ إِلٰى أَهْلِيْ فَأُخْبِرُهُمْ، فَيَقُوْلاَنِ: نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِىْ لاَ يُوْقِظُهُ إِلاَّ أَحَبُّ أَهْلِهِ إِلَيْهِ، حَتَّى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجِعِهِ ذٰلِكَ، وإِنْ كَانَ مُنَافِقًا قالَ: سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ فَقُلْتُ مِثْلَهُ، لاَ أَدْرِىْ! فَيَقُوْلاَنِ: قَدْ كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَيُقَالُ لِلْأَرْضِ: اِلْتَئِمِىْ عَلَيْهِ، فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ، فَتَخْتَلِفُ أَضْلاَعُهُ، فَلاَ يَزَالُ فِيْهَا مُعَذَّبًا حَتَّى يَبْعَثُهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجِعِهِ ذٰلِكَ.

وفى الباب: عن عَلِيٍّ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، والْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، وأَبِىْ أَيُّوْبَ، وأنسٍ، وجَابِرٍ، وعائشةَ، وأَبِىْ سَعِيدٍ: كُلُّهُمْ رَوَوْا عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

قال أبو عيسى: حديثُ أبى هريرة حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۰۵۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَبْدَةُ، عن عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ، قالَ: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا مَاتَ المَيِّتُ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ؛ فَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ: فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ : فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، ثُمَّ يُقَالُ: هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتَّى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى أَجْرِ مَنْ عَزَّى مُصَابًا

مصیبت زدہ کو تسلی دینے کا ثواب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" جو شخص کسی مصیبت زدہ کو تسلی دے اس کے لئے اس مصیبت زدہ کے

ثواب کے مانند ہے"

تشریح: مصیبت عام ہے خواہ کسی کے مرنے کی مصیبت ہو یا کوئی مالی یا غیر مالی آفت ٹوٹ پڑی ہو، اسی طرح تسلی دینا بھی عام ہے خواہ مصیبت زدہ کے پاس جا کر تسلی دے یا خط وغیرہ کے ذریعہ تسلی دے ہر صورت میں تسلی دینے والے کو بھی ایسا ہی ثواب ملتا ہے جیسا مصیبت زدہ کو صبر کرنے پر ملتا ہے (مگر دونوں کے اجر میں برابری ضروری نہیں) اور اس کی تین وجوہ ہیں:

اول: تسلی دینے والا مصیبت زدہ کے صبر کا باعث بنتا ہے یعنی اس کے تسلی دینے سے مصیبت زدہ کو صبر آجاتا ہے، اور حدیث میں ہے: الدال علی الخیر کفاعله یعنی جو خیر کا راستہ بتائے اس کو بھی خیر پر عمل کرنے والے کی طرح ثواب ملتا ہے (مجمع الزوائد ۱:۱۶۶)

دوم: جو مصیبت زدہ کے پاس حاضر ہوتا ہے وہ بھی مصیبت زدہ کی طرح بے قرار ہوتا ہے اور وہ بھی صبر کرتا ہے، پس ہر ایک کو اس کے صبر کا اجر ملتا ہے۔

سوم: جس کا کوئی آدمی فوت ہو جاتا ہے، اس کی صورت، اور اس کو تسلی دینے کی صورت ایک جیسی ہوتی ہے کیونکہ تسلی دینے والا اس صدمہ کو اپنا صدمہ تصور کرتا ہے اور عالم مثال (آخرت) کا مدار مماثلت پر ہے یعنی عمل کی جزا عمل کے مشابہ ہوتی ہے اس لئے جو ثواب میت کے پسماندگان کو ملتا ہے وہی ثواب تسلی دینے والے کو بھی ملتا ہے دونوں کا عمل ایک جیسا ہے اس لئے دونوں کی جزاء بھی ایک جیسی ہے۔

[۷۱] باب ماجاء فی أجر من عَزَّی مُصَابًا

[۱۰۵۶-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عيسى، نَاعَلِيُّ بنُ عَاصِمٍ، نَا واللّٰهِ! محمدُ بنُ سُوْقَةَ، عَنْ إبراهيمَ، عنِ الأَسْوَدِ، عن عبدِ اللهِ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ: " مَنْ عَزَّى مُصَابًا فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مُرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حديثِ عَلِيِّ بنِ عَاصِمٍ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ مُحَمَّدِ بنِ سُوْقَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مِثْلَهُ مَوْقُوْفًا، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَيُقَالُ: أَكْثَرُ مَا ابْتُلِيَ بِهِ عَلِيُّ بنُ عَاصِمٍ بِهٰذَا الحديثِ، نَقَمُوْا عَلَيْهِ.

وضاحت: مذکورہ حدیث کو تنہا علی بن عاصم نے مرفوع کیا ہے اور محمد بن سوقہ کے دوسرے تلامذہ حدیث کو موقوف روایت کرتے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ علی کی غلطی ہے، اسی وجہ سے ائمہ جرح وتعدیل نے اس راوی کی تضعیف کی ہے، ائمہ: رواۃ پر جرح وتعدیل ان کی مرویات کو دیکھ کر کرتے ہیں۔

ترجمہ: زیادہ تر وہ اعتراضات جس کے ساتھ علی مبتلا کئے گئے ہیں اس حدیث کی وجہ سے ہیں، اعتراضات کئے

ہیں انھوں نے (یعنی ائمہ جرح وتعدیل نے) اس راوی پر۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ یَمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن موت کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی مسلمان جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات میں مرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو قبر کی آزمائش سے محفوظ رکھتے ہیں''

تشریح: العرف الشذی میں ہے کہ جمعہ کے دن مرنے کی فضیلت کے سلسلہ میں جتنی روایات ہیں سب ضعیف ہیں اور قبر کے فتنہ سے مراد: سوال وجواب کے وقت پیش آنے والی خوفناک صورت حال ہے۔

[۷۲] باب ماجاء فی من یموت یوم الجمعة

[۱۰۵۷-] حدثنا مُحمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، وَأَبُوْ عَامرٍ الْعَقَدِیُّ، قالاَ: نَا هِشَامُ بنُ سَعْدٍ، عن سَعِیْدِ بنِ أَبِیْ هِلاَلٍ، عَنْ رَبِیْعَةَ بنِ سَیْفٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: " مَامِنْ مُسْلِمٍ یَمُوْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ أَوْ لَیْلَةَ الْجُمُعَةِ إِلَّا وَقَاهُ اللّٰهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ "

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، وَلَیْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، رَبِیْعَةُ بنُ سَیْفٍ: إِنَّمَا یَرْوِیْ عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الحُبُلِّیِّ، عن عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وَلاَ نَعْرِفُ لِرَبِیْعَةَ بنِ سَیْفٍ سَمَاعًا مِنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو.

وضاحت: اس سند میں انقطاع ہے اس لئے کہ ربیعۃ کا عبداللہ بن عمرو سے سماع نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی تَعْجِیْلِ الْجَنَازَةِ

جلدی دفن کرنے کا بیان

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: اے علی! تین کاموں میں تاخیر نہ کرو، ایک: جب نماز کا وقت ہوجائے، پس اسے پڑھ لو (آنت کو حانت اور أَتَتْ بھی پڑھا گیا ہے اور سب کا مطلب ایک ہے) دوسرا: جب جنازہ حاضر ہوجائے یعنی کسی کا انتقال ہوجائے تو جلد اس کی تجہیز وتکفین کردی جائے، تیسرا: جس لڑکی کا شوہر نہ ہو خواہ کنواری ہو یا بیوہ (اور وہ شادی کے لائق ہو) اور اس کا جوڑا یعنی مناسب رشتہ مل جائے تو اس کا جلد نکاح کردو۔

وضاحت: یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۱۴ میں گذر چکی ہے، وہاں امام ترمذیؒ نے حدیث پر کوئی جرح نہیں کی اور یہاں جرح کی ہے، فرماتے ہیں: میرے گمان میں اس کی سند متصل نہیں ہے کیونکہ عمر کا اپنے والد حضرت علیؓ سے سماع نہیں، ان کے بچپن میں حضرت علی شہید کر دیئے گئے تھے۔

[۷۳] باب ماجاء فی تعجیل الجنازة

[۱۰۵۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا عبدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عن سَعِیْدِ بنِ عبدِ اللّٰهِ الْجُهَنِیِّ، عن مُحَمَّدِ بنِ عُمَرَ بنِ عَلِیِّ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ، عن أَبِیْهِ، عن عَلِیِّ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم قَالَ لَهُ: ''یاعَلِیُّ! ثَلاَثٌ لاَتُؤَخِّرْهَا: الصَّلاَةُ إِذَا آنَتْ، والْجَنَازَةُ إِذَا حَضَرَتْ، والأَیِّمُ إِذَا وَجَدْتَ لَهَا کُفُوًا''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، ومَا أُرَی إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ.

بابُ آخَرُ فِیْ فَضْلِ التَّعْزِیَةِ

تسلی دینے کے ثواب کی ایک اور روایت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے بچہ گم کرنے والی عورت (یعنی وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہے) کی تعزیت کی اس کو جنت میں ایک چادر اڑھائی جائے گی''

تشریح: باب ۷۱ میں لفظ مُصاباً عام تھا، یہاں لفظ ثَکلیٰ خاص ہے، دونوں بابوں میں یہی فرق ہے۔ اور چادر اوڑھانے کا رواج پہلے تھا جب کوئی بڑا آدمی آتا تھا تو اس کو چادر اوڑاتے تھے یہ بڑا اعزاز سمجھا جاتا تھا، اسی طرح شادیوں میں بھی قریبی رشتہ داروں کو چادر اوڑھاتے تھے۔ پس جس عورت کا بچہ مر گیا، اور اس کو کسی نے تسلی دی تو آخرت میں اس کا اعزاز کیا جائے گا اور جنت میں اس کو چادر اوڑھائی جائے گی۔

نوٹ: اس حدیث کی سند میں ام الاسود اور مُنیہ دونوں مجہول ہیں اور مؤدّب کے معنی ہیں: مکتب کا استاذ یا کسی بڑے آدمی کے لڑکے کو پڑھانے والا۔

[۷۴] باب آخر فی فضل التعزیة

[۱۰۵۹-] حدثنا محمدُ بنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نا یُوْنُسُ بنُ محمدٍ، حَدَّثَتْنَا أُمُّ الأَسْوَدِ، عَنْ مُنْیَةَ ابْنَةِ عُبیدِ بنِ أَبِیْ بَرْزَةَ، عن جَدِّهَا أَبِیْ بَرْزَةَ قالَ: قالَ رسولُ اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم:'' مَنْ عَزَّی ثَکْلَی کُسِیَ بُرْدًا فِی الْجَنَّةِ''

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ غریبٌ، ولَیْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ

بابُ ماجاءَ فی رَفْعِ الیَدَیْنِ عَلَی الْجَنَازَۃِ

نمازِ جنازہ میں رفع یدین کا بیان

مذاہبِ فقہاء: جو دو امام (امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ) نماز میں رفع یدین کے قائل نہیں، وہ نمازِ جنازہ میں بھی رفع کے قائل نہیں، ان کے نزدیک صرف تکبیر تحریمہ میں رفع ہے، باقی تکبیروں کے ساتھ رفع نہیں ہے۔ اور جو دو امام (امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ) نماز میں رفع یدین کو سنت کہتے ہیں ان کے نزدیک نمازِ جنازہ کی چاروں تکبیروں میں رفع یدین سنت ہے۔

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنازہ پر چار تکبیریں کہیں، اور پہلی تکبیر میں اپنے ہاتھوں کو اٹھایا، اور دائیں ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر رکھا یعنی ہاتھ باندھ لئے۔

تشریح: یہ حدیث فی نفسہ صحیح ہے، اگرچہ غریب ہے اور مسئلہ باب میں تنہا یہی حدیث ہے اور یہ بڑے دو اماموں کی دلیل ہے، چھوٹے دو اماموں کی کوئی دلیل نہیں وہ نماز جنازہ کے رفع کو عام نمازوں کے رفع پر قیاس کرتے ہیں۔ یہاں سے نماز میں رفع یدین کے مشروع نہ ہونے پر بھی استدلال کیا جاسکتا ہے، کیونکہ اگر نماز میں رفع یدین مشروع ہوتا تو نمازِ جنازہ میں بھی ہر تکبیر کے ساتھ رفع ہوتا، جبکہ اس حدیث میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے نمازِ جنازہ میں صرف پہلی تکبیر میں ہاتھ اٹھائے، باقی تکبیروں میں ہاتھ نہیں اٹھائے۔ معلوم ہوا کہ نماز میں بھی تحریمہ کے علاوہ دوسری جگہوں میں رفع یدین نہیں ہے اور جو رفع کی روایات ہیں وہ منسوخ ہیں، اور یہ استدلال إِنّی ہے یعنی معلول سے علت پر استدلال ہے۔

فائدہ: نماز جنازہ میں ہاتھوں کو کب کھولنا ہے؟ اس سلسلہ میں کوئی نص موجود نہیں، اور ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ قیام جس میں ذکر مسنون ہے اس میں ہاتھ باندھنا اولیٰ ہے اور جس قیام میں ذکر مسنون نہیں اس میں ہاتھ کھول دینا اولیٰ ہے، جیسے نماز میں حالتِ قیام میں ہاتھ باندھنا اولی ہے کیونکہ قیام میں قراءت ہے اور قومہ میں ہاتھ نہ باندھنا اولیٰ ہے کیونکہ قومہ میں کوئی ذکر مسنون نہیں، اور تسمیع رکوع سے کھڑے ہونے کا ذکر ہے اور تکبیر سجدہ میں جانے کا ذکر ہے، قومہ کا کوئی ذکر نہیں۔ چنانچہ امداد الفتاوی میں ہے کہ چوتھی تکبیر کے بعد ہاتھ کھول دینے چاہئیں کیونکہ اب قیام کا کوئی ذکر نہیں، اور سلام نماز سے نکلنے کا ذکر ہے۔ قیام کا ذکر نہیں ہے۔ لیکن لوگوں میں عام رواج یہ ہے کہ سلام پھیرنے تک ہاتھ باندھے رہتے ہیں اس میں بھی کوئی حرج نہیں، یہ سابقہ حالت کو باقی رکھنا ہے۔

[۷۵] باب ماجاء فی رفع الیدین علی الجنازہ

[۱۰۶۰-] حدثنا الْقَاسِمُ بنُ دِیْنَارٍ الْکُوْفِیُّ، نا إِسْمَاعِیْلُ بنُ أَبَانَ الْوَرَّاقُ، عن یَحییَ بنِ یَعْلَی

الْأَسْلَمِيِّ، عن أَبِيْ فَرْوَةَ يَزِيْدَ بنِ سَنَانٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عن أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَبَّرَ عَلَى جَنَازَةٍ، فَرَفَعَ يَدَيْهِ فِيْ أَوَّلِ تَكْبِيْرَةٍ، وَوَضَعُ الْيُمْنى عَلَى الْيُسْرَى.

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ غَريبٌ لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذا الوَجْهِ.

واخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ فِيْ هٰذَا: فَرَأَى أَكْثَرُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ أَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ يَدَيْهِ فِيْ كُلِّ تَكْبِيْرَةٍ عَلَى الْجَنَازَةِ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ والشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لايَرْفَعُ يَدَيْهِ إِلَّا فِيْ أَوَّلِ مَرَّةٍ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

وذُكِرَ عَنِ ابنِ الْمُبَارَكِ أَنَّهُ قَالَ فِيْ الصَّلاَةِ عَلَى الْجَنَازَةِ: لايَقْبِضُ بِيَمِيْنِهِ عَلَى شِمَالِهِ، ورَأى بَعْضُ أَهْلِ العلمِ أَنْ يَقْبِضَ بِيَمِيْنِهِ عَلَى شِمَالِهِ، كَمَا يَفْعَلُ فِيْ الصَّلاَةِ، قالَ أبو عيسى: يَقْبِضُ أَحَبُّ إِلَيَّ.

ترجمہ: علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے، صحابہ وغیرہ میں سے اکثر علماء کہتے ہیں کہ آدمی جنازہ میں ہر تکبیر کے ساتھ ہاتھوں کو اٹھائے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: ہاتھوں کو نہ اٹھائے مگر پہلی تکبیر میں، اور ابن المبارکؒ سے مروی ہے: انھوں نے فرمایا: نماز جنازہ میں دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو نہ پکڑے (یعنی ہاتھ نہ باندھے) اور بعض اہل علم کہتے ہیں: دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کو پکڑے جیسا کہ نماز میں کرتا ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: ہاتھ باندھنا مجھے زیادہ پسند ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ نَفْسَ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ

مؤمن کی روح قرضے میں پھنسی رہتی ہے تا آنکہ قرضہ ادا کر دیا جائے

مؤمن کی روح جب تک قرض ادا نہ کر دیا جائے قرض میں پھنسی رہتی ہے، کیسے پھنسی رہتی ہے؟ ایک واقعہ سنو! دہلی میں ایک لالہ جی تھے، میں ان سے کاغذ خریدتا تھا، ایک مرتبہ میں کاغذ خریدنے گیا تو لالہ جی نے مجھ سے کہا: مجھے ایک سَپنا (خواب) آیا ہے میں جاننا چاہتا ہوں کہ اس کا مطلب کیا ہے؟ میں جامع مسجد کی طرف گیا، دیکھا کہ سامنے ایک بہت بڑا فنکشن ہو رہا ہے اور بہت شاندار پنڈال بنا ہوا ہے جب میں اس کے قریب گیا تو دیوبند کے ایک حافظ صاحب ــــ جن کا انتقال ہو چکا ہے ــــ دروازہ پر کھڑے ہوئے تھے، وہ مجھے دیکھ کر کہنے لگے: لالہ جی! لالہ جی! میں بہت دیر سے آپ کا انتظار کر رہا ہوں، پھر میری آنکھ کھل گئی۔ لالہ جی یہ سمجھے تھے کہ ان کا وقت قریب آ گیا ہے کیونکہ مردہ ان کا انتظار کر رہا تھا۔ میں نے ان سے پوچھا: حافظ صاحب کے ساتھ آپ کا کچھ لین دین تھا؟ انھوں نے کہا: وہ قرآن چھاپتے تھے اور میرے یہاں سے کاغذ خریدتے تھے، میں نے پوچھا: کیا ان پر آپ کا کچھ بقایا ہے؟

انھوں نے کہا: ہاں میرے ۱۲۸روپے باقی ہیں ان کے انتقال کے بعد میں دیوبند گیا اور ورثاء سے مطالبہ کیا مگر کسی نے وہ قرضہ نہیں دیا۔ میں نے کہا: لالہ جی! کیا آپ ایسا کر سکتے ہیں کہ وہ قرضہ مجھ سے لے لیں؟ کہنے لگے: کیوں؟ میں نے کہا: وہ آپ کے قرضہ میں پھنسے ہوئے ہیں، اور فنکشن میں شریک نہیں ہو رہے، آپ کی راہ دیکھ رہے ہیں، وہ کہنے لگا: میں بھگوان کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے وہ قرضہ معاف کیا، آپ اس واقعہ سے یہ بات سمجھ سکتے ہیں کہ مؤمن کی روح قرضے میں کیسے پھنسی رہتی ہے؟

[۷٦] باب ماجاء أن نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يُقْضٰى عنه

[۱۰٦۱-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بن أَبِيْ زَائِدَةَ، عن سَعْدِ بنِ إبراهيمَ، عن أَبِيْ سَلَمَةَ، عن أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بِدَيْنِهِ حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ"

[۱۰٦۲-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا إبراهيمُ بنُ سَعْدٍ، عن أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عن أَبِيْهِ، عن أَبِيْ هُرِيرةَ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ:" نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ بَدَيْنِهِ حَتَّى يُقْضَى عَنْهُ"

قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ، وَهُوَ أَصَحُّ مِنَ الأَوَّلِ.

[آخر كتاب الجنائز]

وضاحت: پہلی سند میں سعد بن ابراہیم براہ راست ابوسلمہ سے روایت کرتے ہیں، یہ صحیح نہیں اور دوسری سند میں سعد بن ابراہیم بواسطہ عمر روایت کرتے ہیں جو حضرت ابوسلمہ کے بیٹے ہیں، یہ واسطہ والی سند اصح ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ فیصلہ اپنے مزاج کے مطابق کیا ہے ورنہ اس کو اصح کہنے کی کوئی وجہ نہیں، اور یہ عمر صدوق ہیں مگر ان سے چوک ہو جاتی ہے اس لئے یہ حدیث صرف حسن ہے۔

الحمد للہ! کتاب الجنائز کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی



أَبْوَابُ النِّكَاحِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

بابُ ماجاءَ فى فَضْلِ التَّزْوِيْجِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ

نکاح کی فضیلت اوراس کی ترغیب

ہمارے نسخوں میں عام عنوان کے بعد کوئی خاص باب نہیں ہے اور مصری نسخہ میں مذکورہ باب بھی ہے اور وہی نسخہ صحیح ہے، یہاں باب ہونا چاہئے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کی عادت یہ ہے کہ وہ عام عنوان کے بعد خاص باب قائم کرتے ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''چار باتیں بڑے نبیوں کی سنتیں ہیں: شرم یعنی لحاظ کرنا، خوشبو لگانا، مسواک کرنا اور نکاح کرنا''

تشریح: جب یہ چار چیزیں بڑے نبیوں کی سنتیں ہیں تو چھوٹے انبیاء بدرجۂ اولیٰ ان پر عمل پیرا ہونگے، پس یہ چار چیزیں تمام نبیوں کی سنتیں ہیں:

۱- شرم: یعنی لحاظ کرنا، اس کا مقابل بے شرمی یعنی بدلحاظی ہے۔ اور حیاء محمود بھی ہوتی ہے اور مذموم بھی، جہاں شرم نہ کرنے کا حکم ہے وہاں شرم کرنا مذموم ہے، مثلاً کوئی شرم کا مسئلہ درپیش ہواس کو پوچھنا ضروری ہے تاکہ اس پر عمل کرسکے اگر پوچھنے میں شرم کی تو یہ حیاء مذموم ہے، قرآن مجید میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَحْيِيْ أَنْ يَضْرِبَ مَثَلاً مَّابَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا﴾ یعنی اللہ تعالیٰ نہیں شرماتے اس سے کہ بیان کریں کوئی بھی مثال خواہ مچھر کی ہو یا اس سے بھی بڑھی ہوئی ہو۔ حضرت ام سلیمؓ نے آنحضور ﷺ سے ایک شرم کا مسئلہ پوچھا تو یہی تمہید قائم کی تھی، اور جہاں شرم کرنے کا حکم ہے یا منع نہیں کیا گیا وہاں شرم کرنا محمود ہے۔

۲- خوشبو لگانا: بھی انبیاء کی سنت ہے چنانچہ مسلمانوں میں خوشبو لگانے کا خوب رواج ہے، دیگر اقوام میں اس کا رواج نہیں، اور یہود ونصاری جو پرفیوم استعمال کرتے ہیں وہ پتلون کی بدبو دبانے کے لئے استعمال کرتے ہیں، وہ لوگ بڑا استنجاء ٹوئلٹ پیپر سے کرتے ہیں پانی مطلق استعمال نہیں کرتے اس لئے ان کی پتلونوں میں بدبو رہتی ہے، چنانچہ وہ پرفیوم استعمال کرتے ہیں اور ہنود پانی سے استنجاء کرتے ہیں اس لئے وہ پرفیوم استعمال نہیں کرتے، البتہ بعض ہنود نے جو ماڈرن ہیں پرفیوم استعمال کرنا شروع کردیا ہے مگر عطر مطلق استعمال نہیں کرتے۔

۳-مسواک: بھی امورفطرت میں سے ہے اس لئے سبھی لوگ منہ صاف کرتے ہیں اور جو بعض مسلمان اس میں کوتاہی کرتے ہیں وہ ٹھیک نہیں کرتے۔ مسواک صرف امورفطرت میں سے نہیں ہے بلکہ بڑے نبیوں کی سنت بھی ہے۔ پس مسلمانوں کو تو خوب اہتمام سے مسواک کرنی چاہئے۔

۴-نکاح: سے انسانی ضرورت پوری ہوتی ہے اس لئے سبھی انسان نکاح کرتے ہیں، اور مسلمانوں میں نکاح کا زیادہ اہتمام ہونا چاہئے کیونکہ نکاح صرف انسانی ضرورت کی تکمیل نہیں ہے بلکہ بڑے نبیوں کی سنت بھی ہے۔

حدیث (۲): ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہجرت کی جبکہ ہم نوجوان تھے اور کسی چیز پر قادر نہیں تھے، یعنی خالی ہاتھ ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تھے، پس نبی ﷺ نے نوجوانوں سے خطاب فرمایا کہ اے جوانو! گھر بسانے کو لازم پکڑو۔ یعنی جو گھر بسانے کی طاقت رکھتا ہے وہ نکاح کرلے (البَاءَ ة و البِیْئَة و المَبْوَأُ و المَباءَ ةَ کے معنی ہیں منزل، پس علیکم بِالْبَاءَ ةِ کے معنی ہیں: گھر بساؤ، اور ایک دوسرا لفظ ہے: البَاہ و الباھَة اس کے معنی ہیں: نکاح اور جماع کی قدرت، یہی لفظ قوت باہ کے لئے مستعمل ہے، حدیث میں یہ لفظ نہیں ہے، کیونکہ نامرد کو روزوں کی کچھ حاجت نہیں) اس لئے کہ نکاح نگاہ کو بہت زیادہ پست کرنے والا اور شرم گاہ کی بہت زیادہ حفاظت کرنے والا ہے، اور جو گھر بسانے کی یعنی نکاح کرنے کی طاقت نہیں رکھتا وہ روزوں کو لازم پکڑے اس لئے کہ روزہ اس کے لئے آختگی ہے (وَجَأَ (ف) وِجَاءً الفَحْلَ: آختہ کرنا یعنی نر کے خصیوں کو چھیتنا جس سے وہ خصی جیسا ہوجائے، اور خَصَاہُ (ض) خَصَاءً کے معنی ہیں: فوطے نکال دینا، روزوں سے شہوت ٹوٹتی ہے قوت مردمی ختم نہیں ہوتی اس لئے اس کے لئے وِجَاء استعمال کیا گیا ہے)

تشریح: جب جسم میں منی کی تولید زیادہ ہوتی ہے تو اس کے اَبخرے دماغ کی طرف صعود کرتے ہیں، پس وہ خوبصورت عورت کو دیکھنے کی رغبت پیدا کرتے ہیں اور دل اس کی محبت میں گرفتار رہتا ہے اور مادّہ کا ایک حصہ شرم گاہ کی طرف اترتا ہے تو نفس میں شہوت پیدا ہوتی ہے اور جنسی خواہش بھڑکتی ہے اور اکثر ایسا عالم جوانی میں ہوتا ہے اور یہ نفس کا ایک بڑا احجاب ہے جو اس کو نیکوکاری میں انہماک سے روکتا ہے اور اس کو بدکاری پر ابھارتا ہے اور اس کے اخلاق کو بگاڑ دیتا ہے اور باہمی معاملات کی خرابی کے بھنور میں پہنچا دیتا ہے، پس اس حجاب کو دور کرنا ضروری ہے، پس جو شخص ہم بستری کی طاقت رکھتا ہے اور وہ اس پر قادر بھی ہے بایں طور کہ اس کو —— مثال کے طور پر —— ایسی عورت میسر ہے جس سے نکاح کرنا حکمت کے تقاضے کے مطابق ہے اور وہ اس کے نان ونفقہ پر قادر ہے تو اس کے لئے اس سے بہتر کوئی بات نہیں کہ وہ نکاح کرلے، اس سے نگاہ بہت زیادہ پست ہوجاتی ہے اور شرم گاہ کی خوب حفاظت ہوجاتی ہے کیونکہ نکاح سے استفراغ مادّہ خوب ہوجاتا ہے۔

اور جو نکاح کی استطاعت نہیں رکھتا وہ مسلسل روزے رکھے متواتر روزوں میں یہ خاصیت ہے کہ اس سے نفس کی

تیزی ٹوٹتی ہے اور جوانی کا جوش ٹھنڈا پڑتا ہے کیونکہ روزوں سے مادہ کی فروانی کم ہوتی ہے، پس وہ برے اخلاق جو خون کی زیادتی سے پیدا ہوتے ہیں بدل جاتے ہیں۔

ملحوظہ: روزے کم سحری اور کم افطاری کے ساتھ رکھے جائیں اور مسلسل رکھے جائیں، چندروزوں سے فائدہ نہیں ہوگا، البتہ روزے زہریلی دواء کی طرح ہیں پس بے حد نہ رکھے جائیں، زیادہ سے زیادہ دو ماہ تک رکھے جائیں، پھر بند کردیئے جائیں، ضرورت ہوتو کچھ وقفہ کے بعد پھر شروع کردیئے جائیں۔

أبواب النكاح

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱] [باب ماجاء فی فضل التزويج والحَثِّ عليه]

[۱۰۶۳-] حدثنا سُفيانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عن أَبِىْ الشِّمَالِ، عن أَبِىْ أَيُّوْبَ قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" أَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ: الحَيَاءُ والتَّعَطُّرُ وَالسِّوَاكُ وَالنِّكَاحُ"

وفى الباب: عَنْ عُثْمَانَ، وثَوْبَانَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وعائشةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وجَابرٍ، وعَكَّافٍ، حديثُ أبى أَيُّوْبَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

حدثنا مَحمودُ بنُ خِدَاشٍ، نا عَبَّادُ بنُ الْعَوَّامِ، عن الْحَجَّاجِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عن أَبِىْ الشِّمَالِ، عن أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حديثِ حَفْصٍ.

وَرَوَى هذا الحديثَ هُشَيْمٌ، ومُحمَّدُ بنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِىُّ، وأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عن أَبِىْ أَيُّوْبَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنْ أَبِىْ الشِّمَالِ؛ وحديثُ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ وعَبَّادِ بنِ الْعَوَّامِ أَصَحُّ.

[۱۰۶٤-] حدثنا محمودُ بنُ غَيلَانَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ، نا سُفيانُ، عن الأَعْمَشِ، عن عُمَارَةَ بنِ عُمَيْرٍ، عن عبدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم ونَحْنُ شَبَابٌ، لانَقْدِرُ عَلَى شَيْئٍ، فَقَالَ:" يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! عَلَيْكُمْ بِالْبَاءَةِ، فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصْرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، فَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ مِنكُمْ الْبَاءَةَ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ"

هَذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نا عبدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، نا الْأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ نَحْوَهُ. وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مِثْلَ هٰذَا، وَرَوَى أَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَالْمُحَارِبِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، نَحْوَهُ.

وضاحت: پہلی حدیث مکحول براہ راست حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں یا درمیان میں واسطہ ہے؟ حجاج بن ارطاۃ کے تلامذہ میں اختلاف ہے، حفص بن غیاث: ابوالشمال کا واسطہ ذکر کرتے ہیں اور عباد بن العوام ان کے متابع ہیں اور ہشیم، محمد بن یزید واسطی اور ابومعاویہ وغیرہ کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے۔ امام ترمذیؒ نے حفص بن غیاث اور عباد بن العوام کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے، اور ابوالشمال مجہول راوی ہے، حافظ عسقلانی اور حافظ ذہبی رحمہما اللہ نے اس کو مجہول کہا ہے اور اس حدیث کی روایت کے ساتھ حجاج بن ارطاۃ جو صدوق کثیر الخطاء اور مدلس ہے متفرد ہے، پس یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح نہیں۔

دوسری حدیث کی اعمش سے اوپر دو سندیں ہیں: ایک: أعمش عن عمارة بن عمير، عن عبد الرحمن بن يزيد، عن ابن مسعود۔ یہ سفیان ثوری اور عبداللہ بن نُمیر کی سند ہے۔ دوسری سند: أعمش، عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود، عن النبی صلی اللہ علیه وسلم. یہ ابومعاویہ اور محاربی کی سند ہے۔ امام ترمذی نے پہلی سند کو حسنٌ صحیحٌ قرار دیا ہے اور اس دوسری سند کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا۔

بابُ ماجاء في النَّهْيِ عَنِ التَّبَتُّلِ

عورتوں سے بے تعلقی کی ممانعت

تَبَتُّلْ: کے معنی ہیں: عورتوں سے بے تعلق رہنا۔ اور اس کی دو صورتیں ہیں: ایک: نکاح ہی نہ کرنا۔ دوسرے: بیوی سے بے تعلق رہنا، اس سے ازدواجی تعلق قائم نہ کرنا، یہ پہلی صورت سے بدتر صورت ہے۔ ایران کے مانی فرقہ کے لوگ عیسائی راہب اور سادھوسنت: اللہ کا تقرب حاصل کرنے کے لئے نکاح ہی نہیں کرتے جو غلط طریقہ ہے، انبیاء علیہم السلام کا طریقہ جس کو اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لئے پسند کیا ہے: وہ طبیعت کی اصلاح کرنا ہے اور اس کی کجی کو دور کرنا ہے، نفس کے تقاضوں کو پامال کرنا ان کا طریقہ نہیں تھا، بخاری (حدیث ۵۰۶۳) میں حدیث ہے کہ ایک مرتبہ تین صحابی ازواج مطہرات کے پاس آئے، اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادتوں کے بارے میں دریافت کیا، ازواج مطہرات نے آپؐ کی عبادتیں بتلائیں تو ان کو کم سمجھا، کہنے لگے: آپؐ تو مغفورلہ ہیں، آپؐ کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف کردیئے گئے ہیں۔ قرآن کریم میں اس کا اعلان کردیا گیا ہے، پس آپؐ کے لئے تھوڑی عبادت بھی بہت ہے، مگر ہم گنہ گار ہیں،

ہمارے لئے تھوڑی عبادت کافی نہیں اور انھوں نے باہم عہد و پیمان کیا: ایک نے کہا: میں ہمیشہ رات میں نفلیں پڑھوں گا۔ دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ روزے رکھوں گا! حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے جو رسول اللہ ﷺ کے رضاعی بھائی تھے کہا: میں بیوی سے تعلق نہیں رکھوں گا۔ جب حضور اکرم ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ ان کے پاس تشریف لے گئے اور پوچھا: کیا تم نے یہ عہد کیا ہے؟ پھر آپؐ نے فرمایا: سنو! میں تم سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں، اور تم سے زیادہ اللہ کا خوف کھاتا ہوں اس کے باوجود روزہ رکھتا ہوں اور نہیں بھی رکھتا، اور رات میں نماز پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں، اور ازواج سے تعلق بھی رکھتا ہوں، پس یہ میرا طریقہ ہے اور جو میرے طریقہ پر نہیں اس کا مجھ سے کچھ تعلق نہیں۔ سورۃ الرعد آیت ۳۸ میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً﴾ یعنی آپؐ سے پہلے جتنے رسول گذرے ہیں سب کی بیویاں اور اولاد تھی، نبیوں میں تو ایک آدھ مثال ملے گی کہ فلاں نبی نے شادی نہیں کی، مثلاً حضرت یحییٰ علیہ السلام نے شادی نہیں کی، مگر رسولوں میں کوئی مثال نہیں، تمام رسولوں نے شادی کی ہے اور ان کی اولاد بھی ہوئی ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی آئندہ شادی کریں گے اور ان کی اولاد بھی ہوگی، معلوم ہوا کہ نفس کُشی کے ذریعہ سعادت حاصل کرنے سے بہتر نفس کی اصلاح کر کے سعادت حاصل کرنا ہے، انبیاء علیہم السلام کا یہی طریقہ ہے۔

حدیث (۱): سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے عثمان بن مظعونؓ کے تبتل کے ارادے کو رد کر دیا اگر آپؐ ان کو تبتل کی اجازت دیدیتے تو ہم خصّی ہوجاتے۔

تشریح: اس حدیث سے فقہاء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ: إجازة الشيئ إجازةٌ لِمَا يُحصِّله یعنی کسی چیز کی اجازت دینے سے اس چیز کی اجازت خود بخود ہوجاتی ہے جس پر وہ چیز موقوف ہوتی ہے۔ ظاہر ہے جب آنحضور ﷺ تبتل کی اجازت دیدیتے تو خصی (فوطے نکال دینے) کی اجازت خود بخود ہوجاتی اس لئے کہ مردانگی ختم کئے بغیر حقیقی تبتل نہیں ہوسکتا۔

حدیث (۲): حضرت سمرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تبتل سے منع فرمایا۔ اس حدیث کو امام ترمذیؒ تین اساتذہ سے روایت کرتے ہیں، ان میں سے زید بن اخزم کی حدیث میں یہ اضافہ ہے کہ حضرت قتادہ نے حدیث بیان کر کے بطور استشہاد سورۂ رعد کی آیت ۳۸ ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلاً مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً﴾ پڑھی۔

[۲] باب ماجاء في النهي عن التبتل

[۱۰۶۵-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، وغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عبدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ سَعْدَ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ: رَدَّ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم

عَلَى عُثْمَانَ بنِ مَظْعُوْنٍ التَّبَتُّلَ، وَلَوْ أَذِنَ لَهُ لاَخْتَصَيْنَا.

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٠٦٦-] حدثنا أبو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، وَزَيْدُ بنُ أَخْزَمَ، وإسحاقُ بنُ إبراهيمَ البَصْرِيُّ، قَالُوْا: نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عن سَمُرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهى عَنِ التَّبَتُّلِ. وَزَادَ زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ فِيْ حَدِيْثِهِ: وقَرَأَ قَتَادَةُ: ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنا رُسَلاً مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَّذُرِّيَةً﴾

وفي الباب: عَن سَعْدٍ، وأنسِ بنِ مَالِكٍ، وعائشةَ، وابنِ عبّاسٍ.

حديثُ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى الأَشْعَثُ بنُ عبدِ الْمَلِكِ هٰذَا الْحَديثَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بنِ هِشَامٍ، عن عائشةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، ويُقَالُ: كِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ صَحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث مرسل ہے، حضرت سعید: حضرت سعد سے روایت نہیں کرتے اس لئے أَنَّ حرفِ مشبہ بالفعل لایا گیا ہے اور دوسری حدیث کی دو سندیں ہیں: ایک سند حضرت سمرۃ پر اور دوسری حضرت عائشہؓ پر پہنچتی ہے۔ امام ترمذیؒ نے دونوں کو صحیح قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ تَرْضَوْنَ دِیْنَهُ فَزَوِّجُوْهُ

دیندار لڑکے کا رشتہ آئے تو نکاح کردو

جب کسی لڑکی کا رشتہ وہ شخص بھیجے جو دیندار اور بااخلاق ہے تو اس سے لڑکی کا نکاح کردینا چاہئے، لڑکا غریب، خستہ حال، بے روزگار یا بدصورت ہو یا اس قسم کی کوئی اور بات ہو تو اس کا خیال نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ نظام خانہ داری میں مطلوب دو باتیں ہیں: ایک: اچھے اخلاق میں معیت وصحبت، یعنی بااخلاق رفیق حیات، دوم: وہ معیت وصحبت دین کی اصلاح کا ذریعہ بنے، پس جب لڑکا بااخلاق اور دیندار ہے تو وہ بہترین رفیق ہے، وہ لڑکی کے دین کو سنوارے گا۔

جاننا چاہئے کہ چاروں فقہاء نکاح میں کفاءت (مماثلت) کے قائل ہیں پھر امام مالک رحمہ اللہ صرف دینداری میں کفاءت کا لحاظ کرتے ہیں اور دیگر ائمہ حسب ونسب، ذات برادری، اور حرفت وصنعت میں بھی کفاءت کا اعتبار کرتے ہیں۔ باب کی حدیث امام مالک رحمہ اللہ کا مستدل ہے، دیگر ائمہ کہتے ہیں کہ حدیث کا مقصود صرف اس بات کی ترغیب دینا ہے کہ دیندار رشتہ مل جائے تو تاخیر نہیں کرنی چاہئے، لڑکی کا اس سے جلد نکاح کردینا چاہئے، حدیث کا مسئلہ کفاءت سے کچھ تعلق نہیں۔

[۳] باب ماجاء في مَنْ ترضون دينه فزوجوه

[۱۰۶۷-] حدثنا قُتيبةُ، نا عبدُ الْحَمِيْدِ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنِ ابنِ وَثِيْمَةَ النَّصْرِيِّ، عن أَبِيْ هريرةَ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا خَطَبَ إِلَيْكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَزَوِّجُوْهُ، إِلَّا تفْعَلُوْا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِيْ الْأَرْضِ وَفَسَادٌ عَرِيْضٌ"

وفي الباب: عن أبي حَاتِمٍ الْمُزَنِيِّ، وعائشةَ.

حديثُ أبي هريرةَ قَدْ خُوْلِفَ عَبدُ الْحَمِيْدِ بنُ سُلَيْمَانَ فِيْ هٰذَا الحديثِ، فَرَوَاهُ اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ عَنِ ابنِ عَجْلاَنَ، عن أبي هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، قالَ مُحمَّدٌ: وحديثُ اللَّيْثِ أَشْبَهُ، وَلَمْ يَعُدَّ حديثَ عَبدِ الحَميدِ مَحْفُوْظًا.

[۱۰۶۸-] حدثنا محمدُ بنُ عَمْرٍو، نا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عبدِ اللهِ بنِ مُسْلِمِ بنِ هُرْمُزَ، عَنْ مُحَمَّدٍ وَسَعِيْدٍ ابْنَيْ عُبَيْدٍ، عن أبي حَاتِمٍ الْمُزَنِيِّ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا جَاءَ كُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وخُلُقَهُ فَأَنْكِحُوْهُ، إِلَّا تفْعَلُوْا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِيْ الْأَرْضِ وَفَسَادٌ! إِلَّا تفْعَلُوْا تَكُنْ فِتْنَةٌ فِيْ الْأَرْضِ وَفَسَادٌ! قَالُوْا: يارسولَ اللهِ! وَإِنْ كانَ فِيْهِ؟ قالَ:" إِذَا جَاءَ كُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ دِيْنَهُ وَخُلُقَهُ فَأَنْكِحُوْهُ" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وأَبُوْ حَاتِمٍ الْمُزَنِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ. وَلَا نَعْرِفُ لَهُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هذا الحديثَ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے پاس وہ شخص رشتہ بھیجے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو تم اس کے ساتھ لڑکی کا نکاح کردو۔ اگر تم ایسا نہیں کروگے (بلکہ مال و جمال کا لالچ کروگے) تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد پھیلے گا (لڑکیاں بیٹھی رہ جائیں گی، کوئی ان کا پرسانِ حال نہ ہوگا) اس حدیث میں عبدالحمید بن سلیمان نے (جو ضعیف ہے) ابن عجلان کے بعد ابن وثیمہ النصری کا واسطہ بڑھایا ہے جو صحیح نہیں، ابن عجلان اس حدیث کو براہِ راست حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، چنانچہ لیث بن سعد نے ابن عجلان سے اسی طرح روایت کیا ہے، پس یہ حدیث مرسل (منقطع) ہے کیونکہ ابن عجلان کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لیث بن سعد کی حدیث درستگی سے زیادہ قریب ہے اور عبدالحمید کی سند کو امام بخاری نے محفوظ نہیں قرار دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے پاس وہ شخص رشتہ لے کر آئے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو تم لڑکی کا اس کے ساتھ نکاح کردو، اگر تم ایسا نہیں کروگے (اخلاق اور دینداری کے بجائے

دوسری باتیں پیشِ نظر رکھو گے) تو زمین میں فتنہ اور فساد ہوگا، اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ اور فساد ہوگا، صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر اس میں ہو؟ أی إن کان فیه شیئ مِن قلة المال والدَّمامة یعنی اگر وہ غریب اور بدصورت ہو تو؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب تمہارے پاس وہ شخص رشتہ بھیجے جس کے دین اور اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس کے ساتھ لڑکی کا نکاح کردو۔ یہ بات آپؐ نے تین مرتبہ فرمائی، یعنی سائل کے سوال کو قابل اعتبار نہیں گردانا، اپنی سابقہ بات ہی بار بار فرمائی —— ابو حاتم مزنیؓ صحابی ہیں اور ان کی رسول اللہ ﷺ سے صرف یہی ایک حدیث ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ مَنْ یَنْکِحُ عَلٰی ثَلاَثِ خِصَالٍ

لوگ نکاح میں تین باتیں پیشِ نظر رکھتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عورت سے نکاح کیا جاتا ہے اس کے دین کی وجہ سے، اور اس کے مال کی وجہ سے، اور اس کے جمال (خوبصورتی) کی وجہ سے، پس تم دیندار لڑکی کو لازم پکڑو، تمہارے ہاتھ خاک آلود ہوں!

تشریح: لوگ عموماً چار مقاصد سے نکاح کرتے ہیں: (۱) بعض لوگ جو عورت پارسا، باعفت، عبادت گذار اور خدا کی نیک بندی ہوتی ہے اس سے نکاح کو ترجیح دیتے ہیں (۲) اور بعض لوگ مال کو ترجیح دیتے ہیں تاکہ اس کے مال سے تعاون ملے یا ماں کی طرف سے ملنے والے ترکہ کی وجہ سے بچے خوشحال ہوں (۳) اور اکثر لوگ نکاح کرتے وقت خوبصورتی کو پیشِ نظر رکھتے ہیں، کیونکہ فطرت انسانی خوبصورتی کی طرف مائل ہے اور اکثر لوگوں پر فطرت کا غلبہ ہوتا ہے (۴) اور بعض لوگ عورت کے حسب ونسب کو دیکھتے ہیں یعنی عورت کے خاندان کی خوبیوں کا لحاظ کرتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''تم دینداری کو لازم پکڑو'' یعنی پارسا، باعفت اور عبادت گذار کو ترجیح دو، البتہ اگر دینداری کے ساتھ مذکورہ اوصاف ثلاثہ یا ان میں سے بعض جمع ہوجائیں تو نورٌ علی نور!

فائدہ: تَرِبَتْ یَدَاكَ (تیرے ہاتھ خاک آلود ہوں) ایک محاورہ ہے اور محاوروں کو یا تو اس کے مترادف محاوروں کے ذریعہ سمجھا جاسکتا ہے یا جس زبان کا محاورہ ہے مخاطب اس زبان کو کما حقہ جانتا ہو تو وہ اس محاورہ کو سمجھ سکتا ہے، اس کے بغیر محاوروں کو کما حقہ سمجھنا مشکل ہے اور محاوروں کے لفظی ترجمہ سے جو مفہوم ہوتا ہے وہ مراد نہیں ہوتا، جیسے اردو میں پیار میں بولتے ہیں: ''ارے باؤلے! میری بات سن'' ''باؤلے'' کا لفظی مفہوم اچھا نہیں، مگر اس کا محل استعمال ٹھیک ہے، اسی طرح تربت یداہ کا محل استعمال ٹھیک ہے اگرچہ اس کا لفظی مفہوم ٹھیک نہیں۔

ملحوظہ: مقاصدِ نکاح میں حسب ونسب کا تذکرہ مشکوٰۃ (حدیث ۳۰۸۲) میں آیا ہے اور ان چار مقاصد میں حصر بطور مثال ہے، حصر حقیقی نہیں، نکاح کے اور بھی مقاصد ہوتے ہیں۔

[٤] باب ماجاء فی من يُنكح على ثلاث خصال

[١٠٦٩-] حدثنا أحمدُ بنُ محمدِ بنِ مُوْسَى، نا إسحاقُ بنُ يُوْسُفَ الأَزْرَقُ، نا عَبْدُ الْمَلِكِ، عَنْ عَطَاءٍ، عن جَابِرٍ: عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "إِنَّ الْمَرْأَةَ تُنْكَحُ عَلَى دِيْنِهَا وَمَالِهَا وَجَمَالِهَا، فَعَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّيْنِ، تَرِبَتْ يَدَاكَ"

وفی الباب: عَنْ عَوْفِ بنِ مَالِكٍ، وعائشةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأبی سَعيدٍ، حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی النَّظْرِ إِلَى الْمَخْطُوْبَةِ

مخطوبہ کو ایک نظر دیکھنے کا بیان

جمہور کے نزدیک نکاح کا پیغام بھیجنے سے پہلے لڑکی کو ایک نظر دیکھنا جائز ہے اور صرف چہرہ اور ہتھیلیاں دیکھ سکتے ہیں، باقی بدن دیکھنا جائز نہیں، البتہ داؤد ظاہری کے نزدیک عورت کا سارا جسم دیکھ سکتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لڑکی سے اجازت لینا ضروری ہے تاکہ وہ خود کو سنوار کر سامنے آئے، لڑکی کو بے خبر رکھ کر نہ دیکھے، ہوسکتا ہے وہ اس حال میں ہو کہ وہ حالت لڑکے کو ناپسند آئے اور شہوت یعنی میلان کا اندیشہ ہو تو دیکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس صورت میں دیکھنا جائز نہیں اور حنفیہ کے نزدیک جائز ہے، کیونکہ یہی دیکھنے کا مقصد ہے، پس یہ بات معین ہوگی۔

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے ایک لڑکی کو پیام دینے کا ارادہ کیا، نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: "اس کو دیکھ لو، اس سے امید ہے کہ تم دونوں میں خوب موافقت ہو" اور حضرت مغیرہؓ ہی سے یہ بھی فرمایا کہ اس کو ایک نظر دیکھ لو، کیونکہ انصار کی لڑکیوں کی آنکھوں میں کچھ (عیب) ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۰۹۸)

تشریح: جب کسی لڑکی کو نکاح کا پیغام بھیجنے کا ارادہ ہو تو پہلے اس کو دیکھ لینا چاہئے، دیکھنے سے ناک نقشہ اور رنگ روغن کا پتہ چل جاتا ہے اور یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ لڑکی میں کوئی عیب تو نہیں، اس لئے کہ اگر نکاح کے بعد عیب سامنے آئے گا تو افسوس ہوگا، اور اگر پہلے دیکھ لے گا اور پسند خاطر نہ ہونے کے باوجود کسی مصلحت سے نکاح کرے گا تو اتنا افسوس نہ ہوگا، پھر اگر ناپسند ہونے کی صورت میں چھوڑ دے گا تو یہ بہت ہی برا ہے اس سے بہتر پہلے دیکھ لینا ہے تاکہ تلافی آسان ہو۔

اور جاننا چاہئے کہ دیکھنا اس وقت سودمند ہوتا ہے جب لڑکا باشعور ہو، پھر دیکھنے سے صرف ناک نقشہ اور رنگ روغن

کا پتہ چلتا ہے، سیرت واخلاق کا پتہ نہیں چلتا، یہ باتیں قابل اعتماد بابصیرت عورتوں کے ذریعہ ہی معلوم ہوسکتی ہیں، پس ان کا دیکھنا بھی اپنے دیکھنے کے قائم مقام ہوسکتا ہے، لیکن اگر خود دیکھنا ضروری ہو تو اس کا لحاظ رکھا جائے کہ لڑکی کو یا اس کے گھر والوں کو ناگوار نہ ہو، بلکہ بہتر یہ ہے کہ چھپ کر دیکھے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ایک لڑکی کو پیام بھیجنے کا ارادہ کیا، پس میں اس کو چھپ کر دیکھنے کی کوشش کرتا تھا تا آنکہ میں نے وہ خوبی دیکھ لی جو میرے لئے اس سے نکاح کا باعث تھی، پھر میں نے اس سے نکاح کیا (مشکوٰۃ حدیث ۳۱۰۶)

[۵] باب ماجاء فی النظر إلی المخطوبة

[۱۰۷۰-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، نا ابنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، حَدَّثَنِیْ عَاصِمُ بنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ بَکْرِ بنِ عبدِ اللهِ الْمُزَنِیِّ، عَنِ الْمُغِیْرَةِ بنِ شُعْبَةَ؛ أَنَّهُ خَطَبَ امْرَأَةً، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "انْظُرْ إِلَیْهَا فَإِنَّهُ أَحْرَی أَنْ یُؤْدَمَ بَیْنَکُمَا"

وفی الباب: عن محمدِ بنِ مَسْلَمَةَ، وجَابِرٍ، وأَنَسٍ، وأَبِیْ حُمیدٍ، وأَبِیْ هُریرةَ.

هٰذا حدیثٌ حسنٌ، وقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰی هٰذَا الحدیثِ، وَقَالُوْا: لَابَأْسَ أَنْ یَنْظُرَ إِلَیْهَا مَالَمْ یَرَ مِنْهَا مُحَرَّمًا، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وإِسحاقَ، وَمعنی قوله: "أَحْرَی أَنْ یُؤْدَمَ بَیْنَکُمَا" قالَ: أَحْرَی أَنْ تَدُوْمَ الْمَوَدَّةُ بَیْنَکُمَا.

ترجمہ: بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں: لڑکی کو دیکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں جب تک کہ وہ لڑکی کے بدن میں سے وہ حصہ نہ دیکھے جس کو دیکھنا جائز نہیں اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے، اور نبی ﷺ کے ارشاد: أحری أن یؤدم بینکما کا مطلب یہ ہے کہ یہ بات اس کے زیادہ لائق ہے کہ تم دونوں کے درمیان محبت دیر پا ہو (الأَحْرٰی: زیادہ لائق، آدم بینهما إیداماً: صلح کرانا، موافقت کرنا یعنی دیکھنا زیادہ لائق ہے کہ تم دونوں کے درمیان موافقت کرائی جائے)

بابُ ماجاءَ فِیْ إِعْلَانِ النِّکَاحِ

نکاح کی تشہیر کرنے کا بیان

زمانۂ جاہلیت میں عربوں میں نکاح کے چار طریقے رائج تھے، آنحضرت ﷺ نے ایک طریقہ (رائج طریقہ) کے علاوہ سب کو یکسر ختم فرمادیا، کیونکہ وہ طریقے نہایت گندے اور شرم ناک تھے اور نکاح کی تشہیر کرنے کا حکم دیا تاکہ ان نکاحوں سے جو خفیہ کئے جاتے تھے امتیاز ہوجائے۔

اور تشہیر کے طریقے بہت ہیں مثلاً زمانۂ جاہلیت میں لوگ نکاح کے موقع پر شور اور ڈفلی بجایا کرتے تھے[1] آپ ﷺ نے نہ صرف اس کی اجازت دی بلکہ ایک گونہ ترغیب دی تا کہ تشہیر کے ساتھ کچھ تفریح کا سامان بھی ہو جائے۔ اور اگر مسجد میں نماز کے بعد نکاح پڑھا جائے تو مسجد کی حرمت کی برکت بھی حاصل ہوگی اور تشہیر بھی ہو جائے گی، چنانچہ ایک حدیث میں اس کا حکم دیا گیا ہے، اور ولیمہ کرنے سے بھی تشہیر ہوتی ہے اس لئے ولیمہ مسنون کیا گیا ہے۔

فائدہ: زمانۂ جاہلیت میں نکاح کے جو چار طریقے رائج تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے (بخاری حدیث ۱۵۲۷ میں) ان کو تفصیل سے بیان کیا ہے، وہ چار طریقے یہ تھے: (۱) ایک آدمی کی طرف سے دوسرے آدمی کو اس کی بیٹی یا زیر ولایت کسی لڑکی کے نکاح کا پیام دیا جاتا پھر وہ مناسب مہر مقرر کر کے اس لڑکی کا اس آدمی سے نکاح کر دیتا، یہی نکاح کا صحیح طریقہ تھا، اور اسی کو اسلام نے باقی رکھا ہے (۲) جب کسی آدمی کی بیوی حیض سے پاک ہوتی جبکہ رحم میں حمل قبول کرنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے تو شوہر اپنی بیوی سے کہتا کہ فلاں شخص سے جنسی تعلق قائم کر، پھر حمل ظاہر ہونے تک شوہر اپنی بیوی سے الگ رہتا، جب حمل کے آثار ظاہر ہوتے تو شوہر اپنی بیوی سے صحبت کرتا، اور ایسا اس لئے کیا جاتا تھا کہ لڑکا نجیب (بڑی شان والا) پیدا ہو، عرب کے بعض پست قبیلوں میں یہ طریقہ رائج تھا (۳) چند آدمی (دس سے کم) ایک عورت کے پاس جاتے اور اس کی رضامندی سے سب اس سے صحبت کرتے پھر اگر عورت حاملہ ہو جاتی اور بچہ جنتی تو وہ ان سب آدمیوں کو بلاتی اور کسی کو نامزد کرتی کہ یہ تیرا بچہ ہے اور وہ آدمی انکار نہیں کر سکتا تھا (۴) پیشہ ور قحبہ سے بہت سے لوگ جنسی تعلق قائم کرتے پھر اگر اس کو حمل رہ جاتا اور وہ بچہ جنتی تو قیافہ شناس بلایا جاتا، اور وہ علامات دیکھ کر فیصلہ کرتا کہ یہ بچہ فلاں کا ہے، اور اس کو ماننا پڑتا ——— اسلام نے یہ تمام شرمناک طریقے ختم کر دیئے، صرف ایک پاکیزہ طریقہ باقی رکھا جو اب لوگوں میں رائج ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''حلال وحرام کے درمیان امتیاز دَف اور آواز ہے'' یعنی جائز نکاح وہی ہے جو علی الاعلان کیا جائے، باقی تین نکاح جو چوری چھپے کئے جاتے ہیں: حرام ہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس نکاح کی تشہیر کیا کرو، اور اس کو مسجد میں پڑھایا کرو (یہ تشہیر کی بہترین صورت ہے) اور اس پر دف بجایا کرو۔

حدیث (۳): ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے پاس اس رات کی صبح میں تشریف لائے جس رات میرے ساتھ زفاف عمل میں آیا۔ پس میرے بستر پر بیٹھے تیرے میرے سامنے بیٹھنے کی طرح (یعنی خالد بن ذکوان سے کہا کہ جس طرح تو پردہ کے اُس طرف اور میں پردہ کے اِس طرف بیٹھی ہوں آنحضور ﷺ اسی

(۱) دف بجانا ایک طرح کا شور تھا اس پر ڈھول باجے کو قیاس کرنا درست نہیں، اور اب جبکہ مسلمان نکاح کے غلط طریقوں سے دور ہو گئے تو دف بجانے کی اہمیت بھی ختم ہو گئی۔ اب کچھ روشنی کرنا، جھنڈیاں لگانا بھی دَف کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔

طرح بیٹھے) اور لڑکیاں ڈفلیاں بجارہی تھیں اور میرے آباء میں سے جو بدر میں شہید ہوئے تھے ان کا ندبہ پڑھ رہی تھیں (ندبہ کے معنی ہیں: میت کی خوبیاں یاد کر کے رونا اور وہ گانے والیاں باشعور تھیں وہ اشعار خود بنارہی تھیں) یہاں تک کہ ان میں سے ایک نے کہا: ''ہمارے درمیان ایسے نبی ہیں جو آئندہ کل کے احوال جانتے ہیں'' آپؐ نے فرمایا: اس کو رہنے دو اور جو کہتی تھیں وہ کہو۔

تشریح: حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کے والد اور دو چچا جنگ بدر میں شہید ہو گئے تھے اور وہ آنحضور ﷺ کی زیر تربیت بڑی ہوئی تھیں، آپؐ نے ہی ان کی شادی کی تھی، گویا آپؐ باپ تھے، اور آپؐ نے مذکورہ اشعار سے اس لئے منع فرمایا کہ وہ نعت کا شعر تھا اور دنیوی اشعار میں حمد و نعت کے اشعار ملانا ٹھیک نہیں، یا اس وجہ سے منع فرمایا کہ اس کا مضمون صحیح نہیں تھا، آئندہ پیش آنے والے احوال بجز اللہ عزوجل کے کوئی نہیں جانتا، سورۂ لقمان آیت ۳۴ میں ہے: ﴿وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا﴾ یعنی کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ آئندہ کل کیا کام کرے گا۔ اور آپؐ جو غیب کی باتیں بتاتے تھے وہ اللہ کے بتانے سے بتاتے تھے، آپؐ کو غیب کا علم نہیں تھا اس لئے آپؐ نے وہ شعر پڑھنے سے منع فرمایا، اور دوسرے اشعار ٹھیک تھے ان میں قابل اعتراض کوئی بات نہیں تھی، اس لئے آپؐ نے ان کو پڑھنے کی اجازت دی۔

[٦] باب ماجاء فی إعلان النكاح

[١٠٧١-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا أَبُو بَلْجٍ، عن مُحمّدِ بنِ حَاطِبٍ الجُمَحِيِّ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " فَصْلُ مَا بَيْنَ الْحَرَامِ وَالْحَلاَلِ الدُّفُّ والصَّوْتُ"

وفی الباب: عن عائشةَ، وجَابرٍ، والرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، حديثُ محمّدِ بنِ حَاطِبٍ حديثٌ حسنٌ، وأَبُو بَلْجٍ: اسْمُهُ يَحيىَ بنُ أَبِیْ سُلَيْمٍ، ويُقَالُ ابنُ سُلَيْمٍ أَيْضًا، ومُحمّدُ بنُ حَاطِبٍ قَدْ رَأَى النبیَّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ غُلاَمٌ صَغِيْرٌ.

[١٠٧٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا عيسى بنُ مَيْمُوْنٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحَمَّدٍ، عن عائشةَ قَالَتْ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " أَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ، واجْعَلُوْهُ فِیْ الْمَسَاجِدَ، واضْرِبُوْا عَلَيْهِ بِالدُّفُوْفِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ فِیْ هٰذَا الْبَابِ، وعيسىٰ بنُ مَيْمُوْنٍ الأَنْصَارِیُّ يُضَعَّفُ فِیْ الْحَدِيْثِ، وعيسَى بنُ مَيْمُوْنٍ الَّذِیْ يَرْوِیْ عنِ ابنِ نَجِيْحٍ التَّفْسِيرَ هُوَ ثِقَةٌ.

[١٠٧٣-] حدثنا حُميدُ بنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِیُّ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، نَاخَالِدُ بنُ ذَكْوَانَ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، قَالَتْ: جَاءَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ عَلَیَّ غَدَاةَ بُنِیَ بِیْ، فَجَلَسَ عَلَى فِرَاشِیْ كَمَجْلِسِكَ مِنِّیْ، وَجُوَيْرِيَاتٌ لَنَا يَضْرِبْنَ بِدُفُوْفِهِنَّ وَيَنْدُبْنَ مَنْ قُتِلَ مِنْ آبَائِیْ يَوْمَ بَدْرٍ، إِلَى أَنْ

قَالَتْ إِحْدَاهُنَّ: وَفِيْنَا نَبِيٌّ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ، فَقَالَ لَهَا:" اسْكُتِيْ عَنْ هٰذِهِ، وقُوْلِيْ الَّذِيْ كُنْتِ تَقُوْلِيْنَ قَبْلَهَا" وهذا حديثُ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: ابوبلج کا نام: یحییٰ بن ابی سُلیم ہے اوران کو ابن سلیم بھی کہا جاتا ہے یعنی بعض لوگ ان کے باپ کا نام سُلیم لیتے ہیں نہ کہ کنیت ابوسُلیم۔ اور محمد بن حاطب صحابی صغیر ہیں، انھوں نے بچپن میں آنحضور ﷺ کی زیارت کی ہے ـــــ اور عیسیٰ بن میمون نام کے دوراوی ہیں، ایک کی نسبت واسطی ہے اور وہ قاسم بن محمد کے آزاد کردہ ہیں اور ضعیف ہیں۔ دوسرے جُرشی مکی ہیں اور وہ ابن دایہ سے معروف ہیں، وہ مجاہد اور ابن نجیح سے تفسیر روایت کرتے ہیں اور سفیان ثوری اور سفیان بن عیینہ وغیرہ نے ان سے روایت کی ہے وہ ثقہ ہیں (تہذیب)

بابُ ماجاءَ فی مَایُقَالُ لِلْمُتزَوِّجِ

شادی شدہ کو کیا دعا دی جائے؟

حدیث: نبی ﷺ جب کسی شادی شدہ کو مبارک باد دیتے تو فرماتے: بارکَ الله لك وبارك عليك وَجَمَع بينكما في خير: اللہ مبارک کرے، تم پر برکت نازل فرمائے اور خیر و بھلائی میں تم دونوں کو جمع کرے۔

تشریح: رَفَّأَ تَرْفِئَةً (باب تفعیل) کے معنی ہیں: شادی کی مبارک باد دینا۔ اور اصل معنی ہیں: شادی شدہ سے بِالرَّفَاءِ والْبَنِيْن کہنا، زمانۂ جاہلیت میں لوگ یہ جملہ کہہ کر شادی شدہ کو مبارک باد دیتے تھے، اور اس سے بھی اصلی معنی ہیں: رفو کرنا، کپڑے کی پھٹن کو تاگوں سے بھرنا، اور آخری معنی ہیں: دو چیزوں کو ایک دوسرے کے موافق بنانا، یعنی اس طرح ملا دینا کہ ایک معلوم ہوں پس بِالرَّفَاءِ وَالْبَنِيْن کے معنی ہیں: تم دونوں کے درمیان موافقت رہے اور تمہارے یہاں بیٹے پیدا ہوں، یہ جملہ جاہلیت کی ذہنیت کی ترجمانی کرتا ہے، جاہلیت کے لوگ لڑکوں کو مرغوب رکھتے تھے اور لڑکیوں سے متنفر تھے، آنحضور ﷺ نے اس جملہ کو بدل دیا اور فرمایا: بارك الله لك وبارك عليك وجمع بينكما في خير۔

[٧] باب ماجاء فی مایقال للمتزوج

[١٠٧٤-] حدثنا قُتيبةُ، نا عبدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمّدٍ، عن سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عن أَبِيْهِ، عن أَبِيْ هُرِيرةَ؛ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ إِذَا رَفَّأَ الإِنْسَانَ، إِذَا تَزَوَّجَ، قَالَ:" بَارَكَ اللّٰهُ لكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ"

وفی البابِ: عن عَقِيْلِ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، حديثُ أَبِيْ هُرِيرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی مَایَقُوْلُ إِذَا دَخَلَ عَلَی أَهْلِهِ

جب بیوی سے ملے تو کیا دعا پڑھے؟

جماع کا تسمیہ: بِسْمِ اللهِ، اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا ہے یعنی اللہ کے نام سے، بچایئے آپ ہمیں شیطان سے اور بچایئے شیطان کو اس اولاد سے جو آپ ہمیں عنایت فرمائیں، یعنی اس صحبت سے اگر حمل ٹھہرے تو وہ بچہ شیطان سے محفوظ رہے، اور یہ دعا ہر صحبت سے پہلے ہے، پہلی رات کے لئے کوئی مخصوص دعا نہیں۔

جاننا چاہئے کہ صرف بسم اللہ بھی کافی ہے اور پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے تو اس میں بھی کچھ حرج نہیں۔ مگر معمول نبوی یہ تھا کہ بسم اللہ کے ساتھ موقع کے مناسب واؤ عطف کے ساتھ یا بغیر عطف کے دوسرا جملہ لاتے تھے، جیسے جانور ذبح کرنے کے تسمیہ میں بسم الله الله أكبر: اور کھانے کے تسمیہ میں: بسم الله وعلى بَرَكَةِ الله اور وضو کے تسمیہ میں: نبسم الله والحمدلله فرماتے تھے۔

[۸] باب ماجاء فی مایقول إذا دخل علی أهله

[۱۰۷۵-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن مَنْصُوْرٍ، عن سَالِمِ بنِ أَبِی الجَعْدِ، عَنْ کُرَیْبٍ، عن ابنِ عبّاسٍ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: " لَوْ أَنَّ أَحَدَکُمْ إِذَا أَتَی أَهْلَهُ، قالَ: بِسْمِ اللهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَارَزَقْتَنَا: فَإِنْ قَضَی اللهُ بَیْنَهُمَا وَلَدًا لَمْ یَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ'' هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آئے یعنی صحبت کرنے کا ارادہ کرے تو کہے: بسم الله إلخ پس اگر اللہ نے ان کے درمیان اولاد مقدر کی تو اس کو شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

بابُ ماجاءَ فی الأَوْقَاتِ الَّتِیْ یُسْتَحَبُّ فِیْهَا النِّکَاحُ

نکاح کرنے کا مستحب وقت

نکاح کے تعلق سے تمام دن یکساں ہیں، جب چاہیں نکاح کریں، کسی خاص مہینے، دن یا وقت کی کوئی فضیلت نہیں، کیونکہ جو چیزیں ضروری ہوتی ہیں وہ عام ہوتی ہیں اور شریعت بھی ان میں کوئی خاص تحدید وتعیین نہیں کرتی تاکہ تنگی نہ ہو، جیسے: ہوا اور پانی انسان کی زندگی کے لئے لازم ہیں، ان کے بغیر گذارہ نہیں، اس لئے وہ عام ہیں، اسی طرح نکاح بھی انسانی ضرورت ہے اس لئے شریعت نے اوقات کی کوئی تعیین نہیں کی جب چاہیں نکاح کر سکتے ہیں

اور زمانۂ جاہلیت میں شوال کے مہینے کو نکاح کے تعلق سے منحوس سمجھا جاتا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: یہ تصور غلط ہے، اس لئے کہ میرا نکاح آنحضور ﷺ کے ساتھ شوال میں ہوا ہے اور رخصتی بھی شوال میں ہوئی ہے اور کونسی بیوی ہے جو مجھ سے زیادہ آنحضور ﷺ کی چہیتی تھی؟ اور حضرت عائشہؓ اپنے خاندان کی لڑکیوں کی رخصتی شوال میں کیا کرتی تھیں تاکہ جاہلیت کے تصور کی عملی طور پر تردید ہو۔

[۹] باب ماجاء فی الأوقات التی یُسْتَحَبُّ فیھا النکاح

[۱۰۷۶-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا یحییَ بنُ سَعیدٍ، حَدَّثَنَا سُفیانُ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بنِ أُمَیَّةَ، عن عَبْدِ اللّٰہِ بنِ عُرْوَۃَ، عَنْ عُرْوَۃَ، عن عائشۃَ قَالَتْ: تَزَوَّجَنِیْ رسولُ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فِیْ شَوَّالٍ، وَبَنَی بِیْ فِیْ شَوَّالٍ، وکانتْ عائشۃُ تَسْتَحِبُّ أَنْ یُبْنَی بِنِسَائِھَا فِیْ شَوَّالٍ.

ھذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، لَانَعْرِفُہُ إِلَّا مِنْ حدیثِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے شوال میں نکاح کیا، اور میری رخصتی شوال میں ہوئی، اور صدیقہ اپنے خاندان کی لڑکیوں کی رخصتی شوال میں کرنے کو پسند کیا کرتی تھیں۔

بابُ ماجاءَ فی الْوَلِیْمَۃِ

ولیمہ کا بیان

ولیمہ ہر تقریب اور ہر دعوت کو کہتے ہیں، بعد میں یہ لفظ شادی کے بعد کی تقریب کے لئے خاص ہوگیا۔ شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگ میاں بیوی کے ملاپ سے پہلے ولیمہ کیا کرتے تھے۔ اسلام نے اس طریقہ کو بدلا اور زفاف کے بعد ولیمہ کو مسنون کیا، پس جو بعض مسلمان نکاح سے پہلے یا زفاف سے پہلے ولیمہ کرتے ہیں وہ غلط طریقہ ہے، اسی طرح لڑکی والوں کا برات کو اور برادری کو کھلانا بھی ولیمہ ہے مگر اس کی کوئی اصل نہیں۔ اور ولیمہ مسنون کرنے میں مصلحت یہ ہے کہ اس کے ذریعہ لطیف پیرایہ میں نکاح کی تشہیر ہوتی ہے اور زفاف کی تشہیر ضروری ہے تاکہ جو اولاد ہو اس کے نسب میں کوئی شبہ نہ کرے۔

اور چونکہ خانگی زندگی کے نظم وانتظام کے لئے بیوی کی ضرورت ہے، پس حسب خواہش کسی عورت سے نکاح ہوجانا بلاشبہ اللہ کی بڑی نعمت ہے جس کا شکر بجالانا ضروری ہے، ولیمہ اس کی عملی شکل ہے اور اس میں بیوی اور اس کے خاندان کے ساتھ حسن سلوک بھی ہے، اس لئے کہ بیوی کی خاطر مال خرچ کرنا اور دلہن آنے کی تقریب سے لوگوں کو جمع کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ بیوی شوہر کی نظر میں باعزت اور باوقعت ہے، ظاہر ہے یہ چیز منکوحہ اور اس کے

گھر والوں کے لئے بڑی خوشی اور اطمینان کا باعث ہوگی اور اس سے باہمی تعلق ومودت میں اضافہ ہوگا۔

اور ولیمہ کی کوئی حد متعین نہیں، اسراف سے بچتے ہوئے ہر مقدار جائز ہے اور اوسط درجہ کا ولیمہ ایک بکری ہے، اسی کا آپؐ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا کہ ولیمہ کرو چاہے ایک بکری کا ہو۔ اور حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں آپؐ نے ایک بکری ذبح کی تھی۔ اور حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں کھجور اور ستو کھلایا تھا، اور بعض ازواج کے ولیمہ میں آپؐ نے دومُد (چار رطل) آٹا خرچ کیا تھا (مشکوۃ حدیث ۳۲۱۵) یہ چھوٹا ولیمہ ہے۔

اور کتنے دن ولیمہ کیا جاسکتا ہے؟ اس کا تعلق عرف سے ہے، ہمارے عرف میں ایک دن ولیمہ ہوتا ہے، پس دو دن ولیمہ کرنا ریاء (دکھاوا) ہے۔ اور حدیث میں ہے کہ دو دن تک ولیمہ کر سکتے ہیں، تین دن ولیمہ کرنا دکھاوا ہے۔ اور بخاری شریف میں باب ہے: **باب حق إجابة الوليمة والدعوة ومَنْ أولم سبعة أيام** یعنی سات دن تک ولیمہ ہوسکتا ہے۔ علامہ عینی اور حافظ عسقلانی رحمہما اللہ نے اس باب کے تحت سات دن تک ولیمہ کرنے کے متعدد آثار بیان کئے ہیں۔ غرض علماء فرماتے ہیں کہ اس کا تعلق عرف سے ہے، عرف سے زیادہ دن ولیمہ کرنا دکھاوا ہے اور ممنوع ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ پر (یعنی ان کے کپڑوں پر) زردی کا کچھ اثر دیکھا (جو بیوی والے کے کپڑوں پر بلاقصد لگ جاتا ہے) آپؐ نے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ انھوں نے فرمایا: میں نے ایک لڑکی سے کھجور کی ایک گٹھلی کے وزن کے برابر سونے کے عوض نکاح کیا ہے (یعنی اس کا اتنا مہر مقرر کیا ہے) آپؐ نے فرمایا: اللہ تمہارے لئے اس شادی کو مبارک کرے ولیمہ کرو چاہے ایک بکری کا ہو۔

تشریح: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان کو خوب برکتوں سے نوازا تھا، وہ ہجرت کرکے مدینہ منورہ خالی ہاتھ آئے تھے، آپؐ نے ایک انصاری صحابی سے ان کی مؤاخات (بھائی چارہ) کرائی مگر انھوں نے اپنے بھائی کے مال ومتاع میں سے کچھ قبول نہ کیا بلکہ تجارت کی، مال جمع کیا اور بہت جلد شادی کرلی۔ آنحضور ﷺ نے ان سے فرمایا: ''ولیمہ کرو چاہے ایک بکری کا کرو'' —— یہاں لَوْ برائے تقلیل ہے یا تکثیر؟ حضرت گنگوہی قدس سرہ نے اس کو تکثیر کے معنی پر محمول کیا ہے، یعنی ایک بکری کا ولیمہ بڑا ولیمہ ہے (الکواکب ۲۱۶:۲) اور اکثر علماء کے نزدیک لَوْ برائے تقلیل ہے، پس متمول شخص کے لئے ایک بکری کا ولیمہ کم سے کم ہے اور زیادہ کی کوئی مقدار نہیں، اسراف سے بچتے ہوئے ہر مقدار جائز ہے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی پاک ﷺ نے حضرت صفیہؓ کا ولیمہ ستو اور کھجور کے ذریعہ کیا (یعنی اس میں گوشت نہیں تھا)

تشریح: ام المؤمنین حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا: حُيي بن اخطب سردار بنی نضیر کی بیٹی تھیں، جنگ خیبر کے بعد ۷ھ میں آپؐ نے ان سے نکاح فرمایا اور مقام صہبا میں جو خیبر سے ایک منزل پر ہے عروسی فرمائی اور یہیں ولیمہ فرمایا، متفق علیہ

حدیث میں ہے کہ حضرت صفیہؓ کا ولیمہ اس شان سے ہوا تھا کہ چمڑے کا ایک دسترخواہ بچھا دیا گیا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اعلان کردو: جس کے پاس جو کچھ سامان ہو لے آئے، کوئی کھجور لایا، کوئی پنیر لایا، کوئی ستو لایا اور کوئی گھی لایا، جب اس طرح کچھ سامان جمع ہوگیا تو سب نے ایک جگہ بیٹھ کر کھالیا، اس ولیمہ میں گوشت اور روٹی نہیں تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ولیمہ میں باقاعدہ کھانے کی دعوت بھی ضروری نہیں، کھانے پینے کی جو بھی چیز میسر ہو رکھ دی جائے تو بھی کافی ہے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پہلے دن کا کھانا برحق ہے اور دوسرے دن کا کھانا دینی راہ ہے (یہاں سنت سے نبی ﷺ کی سنت نہیں بلکہ سنت اسلام مراد ہے اور سنت اسلام کی تعریف ہے: **الطریقة المسلوکة فی الدین**) اور تیسرے دن کا کھانا شہرت طلبی ہے، اور جو شخص سنائے گا (یعنی دکھاوا کرے گا) اللہ اس کے بارے میں سنائیں گے یعنی چوراہے پر اس کا بھانڈا پھوڑیں گے۔

[۱۰] باب ماجاء فی الولیمة

[۱۰۷۷-] حدثنا قُتیبةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عَنْ ثَابتٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم رَأَی عَلَی عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ أَثَرَ صُفْرَةٍ، فقالَ: "مَاهٰذَا؟" فَقَالَ: إِنِّیْ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلَی وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: "بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"

وفی الباب: عنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وعائشةَ، وجَابِرٍ، وزُهَیْرِ بْنِ عُثْمَانَ، حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وقَالَ أحمدُ بنُ حَنْبَلٍ: وَزْنُ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ: وَزْنُ ثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ وَثُلُثٍ، وقالَ إسحاقُ: هُوَ وَزْنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ.

[۱۰۷۸-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ: نَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ وَائِلِ بنِ دَاوُدَ، عن ابنِهِ نَوْفٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم أَوْلَمَ عَلَی صَفِیَّةَ بِنْتِ حُیَیٍّ بِسَوِیْقٍ وَتَمْرٍ. هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

حدثنا محمّدُ بْنُ یَحییَ، نا الْحُمَیْدِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ نَحْوَ هٰذَا، وقَدْ رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنِ ابنِ عُیَیْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ أَنَسٍ، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عَنْ وَائِلٍ، عن ابنِهِ نَوْفٍ، وَکَانَ سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ یُدَلِّسُ فِیْ هذا الحدیثِ، فَرُبَّمَا لَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ: عَنْ وَائِلٍ، عن ابْنِهِ، وَرُبَّمَا ذَکَرَهُ.

[۱۰۷۹-] حدثنا مُحمّدُ بنُ مُوْسَی الْبَصْرِیُّ، نا زِیَادُ بنُ عَبْدِ اللهِ، نا عَطَاءُ بنُ السَّائِبِ، عن أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ، عنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: "طَعَامُ أَوَّلِ یَوْمٍ حَقٌّ، وطَعَامُ یَوْمِ الثَّانِیْ سُنَّةٌ، وَطَعَامُ یَوْمِ الثَّالِثِ سُمْعَةٌ، ومَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ"

حديثُ ابنِ مسعودٍ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إلّا مِنْ حديثِ زِيَادِ بنِ عبدِ اللهِ، وزِيَادُ بنُ عَبْدِ اللهِ كَثِيْرُ الْغَرَائِبِ وَالْمَنَاكِيْرِ، سَمِعْتُ محمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَذْكُرُ عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عُقْبَةَ قالَ: قالَ وَكِيْعٌ: زِيَادُ بنُ عبدِ اللهِ، مَعَ شَرَفِهِ، يَكْذِبُ فِيْ الحَدِيثِ.

وضاحت: وزن نواۃ: کھجور کی گٹھلی کے برابر سونے کا وزن: امام اسحاق رحمہ اللہ کے نزدیک پانچ درہم (چودہ گرام سونا) اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تین درہم اور تہائی درہم ہے۔

(حدیث نمبر ۱۰۷۸) کو سفیان بن عیینہ نے وائل بن داؤد سے اور انھوں نے اپنے بیٹے نوف سے روایت کیا ہے، وائل کے بیٹے کا نام کیا ہے؟ یہاں نوف آیا ہے اور ابو داؤد (۵۲۵:۲ بابٌ فی استحباب الولیمة) میں بکر بن وائل آیا ہے، اور تقریب، تہذیب اور خلاصہ میں نوف بن وائل کا کوئی تذکرہ نہیں، اور بکر بن وائل کو حافظ رحمہ اللہ نے صدوق قرار دیا ہے اور فرماتے ہیں: بکر بن وائل زہری وغیرہ سے روایت کرتا ہے اور ان سے ان کے والد وائل بن داؤد وغیرہ روایت کرتے ہیں (تحفۃ الاحوذی) اور اس حدیث میں سفیان بن عیینہ تدلیس کیا کرتے تھے یعنی استاذ الاستاذ: ابن وائل کا کبھی تذکرہ کرتے تھے اور کبھی حذف کر دیتے تھے۔

(حدیث ۱۰۷۹) کو تنہا زیاد بن عبد اللہ مرفوع کرتا ہے اور زیاد مختلف فیہ راوی ہے، اس کی توثیق بھی کی گئی ہے اور تضعیف بھی کی گئی ہے، اور اس نے عطاء بن السائب سے ان کا حافظہ بگڑنے کے بعد پڑھا ہے، یہ حدیث میں دوسری خرابی ہے، اور زیاد بن عبد اللہ غریب (جس کی سند واحد ہو) اور منکر یعنی نہایت ضعیف روایتیں بکثرت بیان کرتا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ کے حوالہ سے یہ بات کہی ہے کہ وکیعؒ اس کے بارے میں فرمایا کرتے تھے کہ: زیاد بن عبد اللہ بڑا آدمی تھا مگر حدیث میں جھوٹ بولتا تھا —— مگر اس قول کی صحت میں تردد ہے، کیونکہ خود امام بخاری رحمہ اللہ نے التاریخ الکبیر میں وکیع کا قول اس طرح لکھا ہے: زيادٌ أشرف مِن أن يكذب في الحديث یعنی زیاد اس سے بہت بلند ہے کہ وہ حدیث میں جھوٹ بولے۔ ظاہر ہے امام بخاری رحمہ اللہ نے بقلم خود جو لکھا ہے اسی کا اعتبار کیا جائے گا اس لئے علماء جرح وتعدیل کی رائے یہ ہے کہ وکیع سے زیاد بن عبد اللہ کی جرح ثابت نہیں۔

بابُ ماجاءَ في إِجَابَةِ الدَّاعِي

ولیمہ کی دعوت قبول کرنے کا بیان

ولیمہ کی دعوت قبول کرنے کے سلسلہ میں کوئی روایت نہیں ہے۔ عام روایت ہے کہ دعوت قبول کرنی چاہئے، ولیمہ کی دعوت بھی اس کے عموم میں شامل ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دعوت میں جاؤ جب تمہیں بلایا جائے''

تشریح: اگر کوئی مجبوری ہو جس کی وجہ سے دعوت قبول کرنے میں دشواری ہو تو جس وقت دعوت دی جائے اسی وقت عذر کر دینا چاہئے۔ یہاں لوگ یہ غلطی کرتے ہیں کہ عذر نہیں کرتے اور جاتے بھی نہیں، یہ غلط ہے، اس لئے کہ اس کے حصہ کا کھانا پک چکا ہے جو بے کار جائے گا۔ اور بعض رشتہ دار بروقت روٹھ جاتے ہیں یہ بھی غلط ہے اس سے میزبان کی رسوائی ہوتی ہے، پھر خوشی کے موقع پر گڑے مردے اکھاڑنے کا کیا موقع ہے، اس کے لئے ساری زندگی پڑی ہے۔ اور بالقصد کسی کی رسوائی کے درپے ہونا قبیح ہے۔ اس لئے دعوت قبول کرنی چاہئے۔ اور واقعی کوئی عذر ہو تو جس وقت دعوت دی جائے اسی وقت عذر کر دینا چاہئے تاکہ اس کے حصہ کا کھانا نہ پکے۔

[۱۱] باب ماجاء فی إجابة الداعی

[۱۰۸۰-] حدثنا أبو سَلَمَةَ يَحيىَ بنُ خَلَفٍ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عن إِسْمَاعِيْلَ بنِ أُمَيَّةَ، عن نَافِعٍ، عنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "اِئْتُوْا الدَّعْوَةَ إِذَا دُعِيْتُمْ"

وفي الباب: عن عَلِيٍّ، وأبي هريرةَ، والبَرَاءِ، وأنسٍ، وأبي أَيُّوْبَ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی مَنْ يَجِيْئُ إِلَى الْوَلِيْمَةِ بِغَيْرِ دَعْوَةٍ

دعوت کے بغیر ولیمہ میں جانا

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے کہ بلائے بغیر ولیمہ میں نہیں جانا چاہئے، اس سلسلہ میں بھی کوئی خاص حدیث نہیں ہے، صرف عام روایت ہے۔

حدیث: ابوشُعیب رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں حاضر تھے، انھوں نے آپؐ پر فاقہ کا اثر محسوس کیا، وہ خاموشی سے اٹھے اور اپنے غلام کے پاس گئے، ان کا غلام گوشت فروش تھا اس سے کہا: پانچ آدمیوں کے بقدر کھانا پکا اس لئے کہ میں نے آنحضور ﷺ کے چہرۂ انور پر بھوک کے آثار دیکھے ہیں۔ جب کھانا تیار ہو گیا تو انھوں نے آپؐ کو اور ان صحابہ کو جو آپؐ کی مجلس میں بیٹھے تھے بلانے کے لئے کسی کو بھیجا، جب آپؐ تشریف لا رہے تھے تو راستہ میں سے ایک صاحب اور ساتھ ہو گئے، آپ دعوت میں تشریف لے جا رہے ہیں یہ بات ان کو معلوم نہیں تھی، جب آپ دروازہ پر پہنچے تو میزبان سے فرمایا: جس وقت تمہاری دعوت پہنچی تھی یہ صاحب موجود نہیں تھے، راستہ سے ساتھ ہو گئے ہیں، پس اگر تمہارے پاس گنجائش ہو تو ان کو بھی دعوت دیدو، حضرت ابوشعیبؓ نے ان کو بھی کھانے پر مدعو کر لیا، چنانچہ وہ بھی کھانے میں شریک ہوئے۔

فائدہ: بعض مرتبہ تقریب کے موقع پر کوئی خاص دوست یا قریبی رشتہ دار ذہن سے نکل جاتا ہے اس کو دعوت دینا یاد نہیں رہتا، اگر اس کو بروقت دعوت دی جائے تو اسے آجانا چاہئے، نخرہ نہیں کرنا چاہئے۔ یہ حدیث دلیل ہے کہ ولیمہ کی دعوت بروقت بھی دی جاسکتی ہے۔

[۱۲] باب ماجاء في من يَجِيْئُ إلى الوليمة بغير دعوة

[۱۰۸۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عن شَقِيْقٍ، عن أَبى مَسْعُوْدٍ، قالَ: جاءَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ أَبُوْ شُعيبٍ إِلَى غُلامٍ لَهُ لَحَّامٍ، فقالَ: اصْنَعْ لِيْ طَعَامًا يَكْفِي خَمْسَةً، فَإِنِّيْ رَأَيْتُ فِيْ وَجْهِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم الجُوْعَ، فَصَنَعَ طَعَامًا، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَدَعَاهُ وَجُلَسَاءَ هُ الَّذِيْنَ مَعَهُ، فَلَمَّا قَامَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم اتَّبَعَهُمْ رَجُلٌ لَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ حِيْنَ دُعُوْا، فَلَمَّا انْتَهَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْبَابِ قالَ لِصَاحِبِ الْمَنْزِلِ: "إِنَّهُ اتَّبَعَنَا رَجُلٌ لَمْ يَكُنْ مَعَنَا حِيْنَ دَعَوْتَنَا، فَإِنْ أَذِنْتَ لَهُ دَخَلَ" قالَ: فَقَدْ أَذِنَّا لَهُ، فَلْيَدْخُلْ.

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى البابِ عنِ ابنِ عُمرَ.

بابُ ماجاءَ فى تَزْوِيْجِ الأَبْكَارِ

کنواری سے نکاح کرنے کا بیان

نکاح کے تعلق سے کنواری اور بیوہ یکساں ہیں، کسی کے ساتھ نکاح کی کوئی فضیلت وارد نہیں ہوئی، پس مصلحت کا جو تقاضہ ہو اس کے موافق کنواری سے یا بیوہ سے شادی کرسکتا ہے، لیکن طبعاً رغبت کنواری کی طرف زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ اس کو سلیقہ سکھانا، حکمت کے تقاضوں پر چلانا اور ذمہ داریاں اوڑھانا آسان ہوتا ہے کیونکہ وہ کوری تختی کے مانند ہوتی ہے اور اس میں بچے جننے کی صلاحت بھی زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ وہ نوجوان ہوتی ہے۔ اور ثیبہ شوہر دیدہ، چالاک (عیار) اور درشت خو ہوتی ہے اور قوت تولید بھی اس کی کمزور پڑ جاتی ہے اور لکھی ہوئی تختی کے مانند ہوتی ہے جس کے سابقہ نقوش مٹانا اور سلیقہ سکھانا آسان نہیں ہوتا۔ البتہ اگر نظام خانہ داری کے تقاضے سے تجربہ کار عورت کی ضرورت ہو تو پھر بیوہ سے نکاح کرنا بہتر ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ایک عورت سے نکاح کیا، پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے شادی کرلی اے جابر! میں نے کہا: ہاں۔ آپؐ نے پوچھا: کنواری سے کی یا بیوہ سے؟ میں نے کہا: بیوہ سے۔ آپؐ نے فرمایا: کنواری سے کیوں نہیں کی، تم اس سے اٹھکھیلیاں کرتے اور وہ تم سے اٹھ

کھلیاں کرتی، حضرت جابرؓ نے عرض کیا: ابا جان (حضرت عبداللہ) جنگ احد میں شہید ہوگئے ہیں اور انھوں نے سات ــــ یا فرمایا ــــ نو بہنیں چھوڑی ہیں، پس میں ایک ایسی عورت کو لایا جوان بہنوں کو سنبھالے، یعنی اگر کنواری سے شادی کرتا تو گھر میں ایک لڑکی اور آجاتی، اس لئے میں ایک ذمہ دار عورت گھر میں لایا ہوں تا کہ وہ ان کو سنبھالے، پس آنحضور ﷺ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دعائیں دیں۔

تشریح: یہاں حدیث مختصر ہے، پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک غزوہ سے واپسی پر جب مدینہ منورہ قریب آیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی کو بھگا رہے تھے، اونٹنی دُبلی اور مریل تھی، آنحضور ﷺ پیچھے سے آئے اور اونٹنی کو چھڑی ماری تو وہ برق رفتار ہوگئی، پھر آپؐ نے دریافت کیا کہ جلدی کیوں ہے؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے شادی کی ہے، میں چاہتا ہوں کہ رات سے پہلے مدینہ پہنچ جاؤں، پھر وہ مضمون ہے جو اوپر آیا، پھر آپؐ نے فرمایا: یہ اونٹنی مجھے بیچ دو، حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یہ تو نکمی اونٹنی تھی، آپؐ کی چھڑی کی برکت سے اس میں جان پڑی ہے، یہ آپؐ کی نذر ہے۔ آپؐ نے قبول نہ کی اور بیچنے پر اصرار کیا، چنانچہ وہ اونٹنی چند اوقیہ چاندی کے بدل خرید لی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مدینہ تک اس پر جانے کی شرط کی تو آپؐ نے منظور کر لی، پھر مدینہ پہنچ کر جب حضرت جابرؓ اونٹنی لے کر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو مقررہ چاندی دینے کا حکم دیا، جب حضرت جابرؓ واپس جانے لگے تو آپؐ نے ان کو واپس بلایا اور بچی ہوئی چاندی بھی عنایت فرمائی، پھر جب وہ واپس جانے لگے تو پھر بلایا اور وہ اونٹنی بھی لوٹا دی۔ یہ پورا واقعہ بخاری (حدیث ۲۰۹۷) میں ہے۔

[۱۳] باب ماجاء فی تزویج الأبکار

[۱۰۸۲-] حدثنا قُتیبةُ، نا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عن عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، قالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَأَتَیْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم فَقَالَ: "أَتَزَوَّجْتَ یَاجَابِرُ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: "بِکْراً أَمْ ثَیِّبًا؟" فَقُلْتُ: لاَ، بَلْ ثَیِّبًا، فقالَ: "هَلاَّ جَارِیَةً تُلاَعِبُهَا وَتُلاَعِبُكَ؟" فقلتُ: یارسولَ اللهِ! إِنَّ عَبْدَاللهِ مَاتَ وَتَرَكَ سَبْعَ بَنَاتٍ أَوْ: تِسْعًا، فَجِئْتُ بِمَنْ یَقُوْمُ عَلَیْهِنَّ، فَدَعَا لِیْ.

وفی الباب: عن أُبَیِّ بنِ کَعْبٍ، وکَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، حدیثُ جَابِرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ لاَنِکَاحَ إِلاَّ بِوَلِیٍّ

نکاح کے لئے ولی کی اجازت ضروری ہے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ جب تک لڑکا اور لڑکی نابالغ ہیں ان کو اپنے نکاح کا کوئی اختیار نہیں۔ ولی ہی ان کا نکاح

کرسکتا ہے اور وہی ایجاب وقبول کرے گا، نابالغوں کا ایجاب وقبول معتبر نہیں، اور غیر ولی کا ایجاب وقبول بھی معتبر نہیں۔ پس باپ کی موجودگی میں بھائی یا چچا کا ایجاب وقبول غیر معتبر ہے۔

البتہ اس میں اختلاف ہے کہ اگر لڑکی قریب البلوغ ہو اور بیوہ ہو تو ولی کو ولایت اجبار حاصل ہے یا نہیں؟[1] حنفیہ کے نزدیک ولایت اجبار حاصل ہے، پس ولی لڑکی کی رضا مندی کے بغیر نکاح کرسکتا ہے۔ اور شوافع کے نزدیک ولایت اجبار حاصل نہیں اگرچہ وہ نابالغہ ہے شوافع کے نزدیک ہر باکرہ پر خواہ وہ بالغہ ہو یا نابالغہ ولایت اجبار حاصل ہے بیوہ پر اگرچہ وہ نابالغہ ہو ولایتِ اجبار حاصل نہیں یعنی احناف کے نزدیک ولایت اجبار کا تعلق نابالغی سے ہے جب تک لڑکی نابالغ ہے خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ ولی کو ولایت اجبار حاصل ہے اور بالغ ہونے کے بعد ولایت اجبار حاصل نہیں ہوتی خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ، اور شوافع کے نزدیک ولایت کا تعلق بکارت سے ہے جب تک لڑکی باکرہ ہے خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ ولایت اجبار حاصل ہے اور ثیبہ پر ولایت اجبار حاصل نہیں خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ۔

اور لڑکے پر بالغ ہونے کے بعد ولایت اجبار حاصل نہیں رہتی، یہ اجماعی مسئلہ ہے۔ اب لڑکا خود ایجاب وقبول کرے گا، اور لڑکی: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خود ایجاب وقبول نہیں کرسکتی، خواہ بالغہ ہو یا نابالغہ، باکرہ ہو یا ثیبہ، ولی یا وکیل ہی اس کی طرف سے ایجاب وقبول کریں گے، عورت کے الفاظ سے ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نکاح منعقد نہیں ہوتا، اس مسئلہ کی تعبیر ہے: **هل النكاحُ ينعقد بعبارة النساء أم لا؟** اسی طرح ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ولی کی اجازت بھی ضروری ہے۔ ولی کی اجازت کے بغیر اگر عورت خود اپنا نکاح کرے تو وہ نکاح منعقد نہیں ہوتا، چاہے ایجاب وقبول کسی مرد نے (وکیل نے) کیا ہو، اس مسئلہ کی تعبیر ہے: **لانكاح إلا بولي**۔ اور اس دوسرے مسئلہ میں صاحبین ائمہ ثلاثہ کے ساتھ ہیں۔ ان کے نزدیک بھی نکاح کی صحت کے لئے ولی کی اجازت ضروری ہے، البتہ پہلے مسئلہ میں صاحبین: ائمہ ثلاثہ کے ساتھ نہیں ہیں، ان کے نزدیک عبارۃ النساء سے نکاح منعقد ہوجاتا ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عورت کے الفاظ سے بھی نکاح منعقد ہوجاتا ہے یعنی عورت خود ایجاب وقبول کرسکتی ہے اگر وہ عاقلہ بالغہ ہو، اور اس مسئلہ میں صاحبین بھی امام اعظم رحمہ اللہ کے ساتھ ہیں، نیز امام اعظمؒ فرماتے ہیں: اگر عورت عاقلہ بالغہ ہو تو وہ اپنا نکاح خود کرسکتی ہے، ولی کی اجازت نکاح کی صحت کے لئے شرط نہیں، البتہ اگر عورت نے غیر کفو میں نکاح کیا ہے تو ولی کو اعتراض کا حق ہے، قاضی اگر دیکھے کہ یہ نکاح ولی اور اس کے خاندان کے لئے شرم وعار کا باعث ہے تو وہ نکاح فسخ کردے گا، اور اگر عورت نے کفو میں شادی کی ہے تو پھر ولی کو اعتراض کا حق نہیں ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں اصل دلیل صرف ایک حدیث ہے جو باب میں آرہی ہے، دوسرے تمام

(۱) ولایت اجبار کا مطلب یہ ہے کہ لڑکے یا لڑکی کی رضامندی کے بغیر ولی کا کیا ہوا نکاح نافذ ہوجائے تو ولایت اجبار حاصل ہے اور اگر نکاح نافذ نہ ہو تو ولایت اجبار حاصل نہیں، لفظ اجبار کا جو لفظی مفہوم ہے یعنی مجبور کرنا وہ مراد نہیں۔

دلائل جو جانبین سے پیش کئے جاتے ہیں ان کا مسئلہ باب سے واضح تعلق نہیں، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، دلائل کا اختلاف نہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ میں تین حدیثیں پیش کی ہیں، پہلی حدیث ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی ہے، حضرت نے اس کی سند پر طویل بحث کی ہے، ہمارے نزدیک یہ بحث لاطائل ہے اس لئے کہ ہمارے اکابر نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث کو قابل استدلال تسلیم کرلیا ہے، پس صرف کتاب فہمی کے لئے اس بحث کو سمجھنا ہے، اور دوسری حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے وہ سند کے ساتھ ہے، اور تیسری حدیث ادھوری سند کے ساتھ ہے اور اس پر بھی طویل کلام ہے۔

حدیث (۱): ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ولی کے بغیر نکاح نہیں''

تشریح: اس حدیث میں ائمہ ثلاثہ اور صاحبین نے لا کو نفی شئ کا لیا ہے، چنانچہ وہ عورت کے نکاح میں ولی کی اجازت کو شرط قرار دیتے ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک لا نفی کمال کا ہے اور حدیث کا مطلب ہے ''ولی کے بغیر نکاح زیبا نہیں'' ——— اسلامی معاشرہ میں عورتوں کے تمام کام مردوں کے توسط سے ہونے چاہئیں، مرد عورتوں پر حاکم ہیں، بست وکشاد ان کے ہاتھ میں ہے، وہی عورتوں کے مصارف کے ذمہ دار ہیں، عورتیں ان کی پابند ہیں، سورۃ النساء آیت ۳۴ میں ہے: مرد عورتوں پر حاکم ہیں، لہٰذا عورتوں کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ اپنا نکاح خود کریں اور اولیاء کو خبر بھی نہ ہو، یہ اولیاء کی حق تلفی اور ان کی بے قدری ہے۔

حدیث (۲): صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بھی عورت نکاح کی گئی ولی کی اجازت کے بغیر تو اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے۔ پس اگر کوئی عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اور شوہر اس سے جماع کرلے تو اس عورت کے لئے مہر ہے شوہر کے عورت کی شرمگاہ کو حلال طور پر استعمال کرنے کی وجہ سے (پھر آپؐ نے دوسرا مسئلہ بتایا) پس اگر اولیاء جھگڑیں (یا کسی عورت کا ولی نہ ہو) تو بادشاہ اس کا ولی ہے جس کا کوئی ولی نہیں، یعنی اختلاف کی صورت میں اور ولی نہ ہونے کی صورت میں قاضی ولی ہوگا۔

تشریح

۱- نُکِحَتْ: مجہول ہے، اگر معروف پڑھیں گے تو عبارۃ النساء کا مسئلہ ہوجائے گا، اور تمام شارحین متفق ہیں کہ اس حدیث میں عبارۃ النساء کا مسئلہ نہیں ہے، پس اس کو معروف پڑھنا صحیح نہیں، مجہول پڑھنا ہی ضروری ہے۔

۲- مذکورہ بالا ارشاد آپؐ نے خطاب عام کے دوران فرمایا ہے، آپؐ تقریر میں جس بات پر زور دینا چاہتے تھے اس کو سامنے، دائیں اور بائیں تین مرتبہ ارشاد فرماتے تھے۔

۳- ائمہ ثلاثہ اور صاحبین نے اس حدیث سے اس طرح استدلال کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس نکاح کو جو ولی کی اجازت کے بغیر کیا گیا ہے باطل اور کالعدم قرار دیا ہے، پس معلوم ہوا کہ ولی کی اجازت نکاح کی صحت کے لئے شرط

ہے۔اورامام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ وعید کی حدیث ہےاور وعید کی حدیثوں میں ناقص کو کالعدم فرض کر کے گفتگو کی جاتی ہے جیسے کتاب الطہارۃ باب ۱۰۱ میں حدیث گذری ہے کہ جس نے حائضہ سے صحبت کی یا بیوی کی پچھلی راہ میں اپنی ضرورت پوری کی یا کاہن کے پاس گیا اوراس سے غیب کی باتیں پوچھیں تو اس نے اس دین کا انکار کردیا جو محمد (ﷺ) پر اتارا گیا ہے، یہ وعید کی حدیث ہے اس میں ناقص ایمان کو کالعدم فرض کر کے گفتگو کی گئی ہے، چنانچہ ایسے شخص کی تکفیر کا کوئی قائل نہیں،اسی طرح یہاں بھی ناقص نکاح کو کالعدم فرض کیا گیا ہےاور دلیل یہ ہے کہ آپؐ نے اس عورت کو جو ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کی گئی ہے مہر دلوایا ہے۔لفظ مہر کا مفاد یہ ہے کہ یہ نکاح صحیح ہے کیونکہ وطی بالشبہ کے بدلہ میں اگر رقم ملے تو اس کے لئے لفظ عُقْر آتا ہےاور آپؐ نے صاف فرمایا ہے کہ یہ مہر شوہر کے عورت کی شرم گاہ کو حلال طور پر استعمال کرنے کی وجہ سے ہے پس غور کیا جائے عورت کی شرم گاہ نکاح کے بغیر حلال طور پر کیسے استعمال ہوسکتی ہے؟ معلوم ہوا کہ باطلٌ ناقص نکاح کو کالعدم فرض کر کے کہا گیا ہے۔زجر وتوبیخ کے وقت ایسا کیا جاتا ہےاور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی عورت اپنا نکاح خود کرےاور ولی کے اعتراض کرنے کی وجہ سے قاضی نکاح فسخ کردے تو شوہر پر مہر واجب ہے، کیونکہ نکاح صحیح تھا اور شوہر نے نکاح صحیح کے ساتھ فائدہ اٹھایا ہے پس مہر واجب ہے۔

نوٹ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی حدیث: لانکاح إلا بولی مروی ہےاور اس کی سند میں بھی ابن جریج ہیں۔امام ترمذیؒ نے آگے اس پر کلام کیا ہے، البتہ ابن جریج کی مذکورہ بالا حدیث پر کلام نہیں ہے۔

[۱٤] باب ماجاء لانکاح إلا بولی

[۱۰۸۳-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نَاشَرِیْكُ بنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ ح: وحدثنا قُتیبةُ، نا أَبُوعَوَانَةَ، عن أَبِی إِسْحَاقَ ح: وَثَنَا بُنْدَارٌ، ثَنَا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، عن إِسْرَائِیْلَ، عن أَبِی إِسْحَاقَ، ح: وَثَنَا عبدُ اللهِ بنُ أَبِی زِیَادٍ، نَا زَیْدُ بنُ حُبَابٍ، عَنْ یُوْنُسَ بنِ أَبِی إِسْحَاقَ، عن أَبِی إِسْحَاقَ، عن أَبِی بُرْدَةَ، عن أَبِی مُوْسَی قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: " لاَنِكَاحَ إِلاَّ بَوَلِیٍّ"

وفی الباب: عن عائشةَ، وابنِ عبّاسٍ، وأبی هریرةَ، وعِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وأنسٍ.

[۱۰۸٤-] حدثنا ابنُ أَبِی عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عن ابنِ جُرَیْجٍ، عن سُلَیْمَانَ، عنِ الزُّهْرِیِّ، عن عُرْوَةَ، عن عائشةَ؛ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قالَ: " أَیُّمَا امْرَأَةٍ نُكِحَتْ بِغَیْرِ إِذْنِ وَلِیِّهَا، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ، فَإِنْ دَخَلَ بِهَا فَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا، فَإِنْ اشْتَجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِیُّ مَنْ لاَوَلِیَّ لَهُ"

هٰذا حدیثٌ حسنٌ، وقَدْ رَوَی یَحیَی بنُ سَعیدٍ الأَنْصارِیُّ، ویَحیَی بنُ أَیُّوبَ، وسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وغَیْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عنِ ابنِ جُرَیْجٍ، نَحْوَ هٰذا.

وحديثُ أَبِیْ مُوْسَى حديثٌ فِيْهِ اخْتِلَافٌ: رَوَاهُ إِسْرَائِيْلُ، وَشَرِيْكُ بنُ عبدِ اللهِ، وَأَبُوْ عَوَانَةَ، وَزُهَيْرُ بنُ مُعَاوِيَةَ، وقَيْسُ بنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبِی بُرْدَةَ، عن أَبِیْ مُوسَى، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ أَسْبَاطُ بنُ محمّدٍ، وزَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عُنْ يُوْنُسَ بنِ أَبِی إِسْحَاقَ، عن أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبِی بُرْدَةَ، عن أَبِی مُوْسَى، عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَى أَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عن يُوْنُسَ بنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَن أَبِیْ بُرْدَةَ، عن أَبِیْ مُوْسَى، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عن أَبِیْ إِسْحَاقَ.

وقَدْ رُوِیَ عن يُوْنُسَ بنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبِیْ بُرْدَةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَى شُعْبَةُ والثَّوْرِیُّ عن أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبِیْ بُرْدَةَ، عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: "لَانِكَاحَ إِلَّا بِوَلِیٍّ"

وَقَدْ ذَكَرَ بَعْضُ أَصْحَابِ سُفْيَانَ، عَنْ سُفْيَانَ، عن أَبِیْ إسحاقَ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عن أَبِیْ مُوْسَى، وَلَايَصِحُّ.

وَرِوَايَةُ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: " لَانِكَاحَ إِلَّا بِوَلِیٍّ" عِنْدِیْ أَصَحُّ، لِأَنَّ سَمَاعَهُمْ مِنْ أَبِیْ إسحاقَ فِیْ أَوْقَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ، وإِنْ كانَ شُعْبَةُ والثَّوْرِیُّ أَحْفَظَ وأَثْبَتَ مِنْ جَمِيْعِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ رَوَوْا عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ هٰذا الحديثَ، فَإِنَّ رِوَايَةَ هٰؤُلَاءِ عِنْدِی أَشْبَهُ وَأَصَحُّ، لِأَنَّ شُعْبَةَ والثَّوْرِیَّ سَمِعَا هٰذَا الحديثَ مِنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ فِیْ مَجْلِسٍ وَاحِدٍ.

وَمِمَّا يَدُلُّ عَلٰى ذٰلِكَ: مَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، قالَ: سَمِعْتُ سُفيانَ الثَّوْرِیَّ يَسْأَلُ أَبَا إِسْحَاقَ: أَسَمِعْتَ أَبَا بُرْدَةَ يَقُوْلُ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:"لَانِكَاحَ إِلَّا بِوَلِیٍّ؟" فَقَالَ نَعَمْ.

فَدَلَّ هٰذَا الحديثُ عَلَى أَنَّ سَمَاعَ شُعْبَةَ والثَّوْرِیِّ هٰذا الحديثَ فِیْ وَقْتٍ وَاحِدٍ.

وإسرائيلُ هُوَ ثَبْتٌ فی أَبِیْ إِسْحَاقَ، سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بنَ الْمُثَنَّى يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عبدَ الرحمٰنِ بنَ مَهْدِیٍّ يَقُوْلُ: مَا فَاتَنِی الَّذِیْ فَاتَنِی مِنْ حديثِ الثَّوْرِیِّ عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، إِلَّا لَمَا اتَّكَلْتُ بِهِ عَلَى إِسْرَائِيْلَ، لِأَنَّهُ كانَ يَأْتِي بِهِ أَتَمَّ.

وضاحت: حدیث (نمبر۱۰۸۴) کو ابن جریج سے سفیان بن عیینہ نے روایت کیا ہے اور یحییٰ بن سعید انصاری، یحییٰ بن ایوب اور سفیان ثوری وغیرہ حفاظ ان کے متابع ہیں وہ بھی اس کو ابن جریج سے اسی طرح روایت کرتے ہیں

(بس اس حدیث پر اتنا ہی کلام ہے)

حدیث (نمبر۱۰۸۳) کی متعدد سندیں ہیں اور ابواسحاق مدار حدیث ہیں، ان سے اوپر ایک ہی سند ہے اور اس کی مختلف سندیں اس طرح ہیں:

۱- اسرائیل، شریک بن عبداللہ، ابوعوانہ، زہیر بن معاویہ اور قیس بن الربیع: سند میں ابواسحاق اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ دونوں کا تذکرہ کرتے ہیں۔

۲- اور یونس بن ابی اسحاق کے تلامذہ میں اختلاف ہے:

(الف) اسباط بن محمد اور زید بن حباب: یونس سے روایت کرتے ہیں اور سند میں ابواسحاق اور ابوموسیٰ دونوں کا تذکرہ کرتے ہیں یعنی ان کی سند اسرائیل وغیرہ کی سند کی طرح ہے (جاننا چاہئے کہ ہندوستانی نسخوں میں یونس بن ابی اسحاق کے بعد عن أبی إسحاق نہیں ہے، مصری نسخہ میں ہے۔ میں نے مصری نسخہ کے مطابق عبارت کردی ہے اس لئے کہ اوپر زید بن حباب کی حدیث آئی ہے وہاں عن أبی إسحاق ہے)

(ب) ابوعبیدۃ الحداد کی سند میں عن أبی إسحاق نہیں ہے، یعنی یونس بن ابی اسحاق براہ راست ابو بردہ سے روایت کرتے ہیں (ظاہر ہے یہ وہم ہے البتہ آخر میں حضرت ابوموسیٰ کا ذکر ہے)

(ج) اور یونس کے بعض تلامذہ سند میں ابواسحاق اور حضرت ابوموسیٰ دونوں کا ذکر نہیں کرتے۔

۳- اور شعبہ اور ثوری دونوں بھی ابواسحاق سے مرسل روایت کرتے ہیں، یعنی آخر میں حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا ذکر نہیں کرتے —— البتہ سفیان ثوری کے بعض تلامذہ سند میں ابوموسیٰ کا ذکر کرتے ہیں، یعنی حدیث کو موصول کرتے ہیں مگر وہ سند غلط ہے، محدثین کا اتفاق ہے کہ سفیان اور شعبہ کی سند میں حضرت ابوموسیٰ کا ذکر نہیں ہے۔

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میرے نزدیک اصح وہ سند ہے جس کو روات کی کثیر تعداد بیان کرتی ہے جو ابواسحاق اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ دونوں کا تذکرہ کرتے ہیں، یہی سند امام ترمذیؒ نے باب کے شروع میں لکھی ہے اور سفیان اور شعبہ اگرچہ حافظ حدیث اور امیر المؤمنین فی الحدیث ہیں مگر ان دونوں نے ایک ہی مجلس میں یہ حدیث سنی ہے، پس یہ ایک حدیث ہے وہ دونوں ایک دوسرے کے متابع نہیں ہیں اور جو حضرات حدیث کو موصول کرتے ہیں یعنی ابوموسیٰ کا ذکر کرتے ہیں وہ روات بہت ہیں۔ اور انھوں نے مختلف سالوں میں ابواسحاق سے یہ حدیث سنی ہے، پس وہ ایک دوسرے کے متابع ہیں، اس لئے ان کی حدیث اصح ہے (امام ترمذیؒ کی بات پوری ہوئی)

میں کہتا ہوں: سفیان ثوری کے سوال کا منشا صرف سماع کی تحقیق ہے، پوری سند دریافت کرنا مقصود نہیں، حدیث کی سند تو معروف تھی، پوچھنے کا جو انداز ہے وہ اس کی دلیل ہے، شعبہ کہتے ہیں: ثوریؒ نے ابواسحاقؒ سے پوچھا: کیا آپؐ نے ابو بردہ سے حدیث: لانکاح إلا بولی سنی ہے؟ انھوں نے جواب دیا: ہاں۔ معلوم ہوا کہ ثوری کا منشاء صرف سماع کی تحقیق

تھا، پس ان دونوں حضرات کی روایت اکثر روات کی سند سے مختلف نہیں ہے، ان کی روایت بھی موصول ہے۔ واللہ اعلم

اور جمہور کی حدیث کے اصح ہونے کی دوسری دلیل یہ ہے کہ اسرائیل کو اپنے دادا ابواسحاق کی سندیں سب سے زیادہ یاد تھیں، عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں: میں سفیان ثوری کے سبق میں پابندی سے جاتا تھا، لیکن جس زمانہ میں وہ ابواسحاق کی حدیثیں بیان کرتے تھے میں سبق میں جانے کا اہتمام نہیں کرتا تھا، کیونکہ میں وہ سب روایتیں اسرائیل سے لکھ چکا تھا اور اسرائیل کو اپنے دادا کی حدیثیں سفیان ثوری سے زیادہ یاد تھیں، اور وہ ان کو زیادہ کامل بیان کرتے تھے (ابن مہدی کا یہ قول پہلے بھی کتاب الطہارۃ باب ۱۳ میں گذر چکا ہے)

ترجمہ: میں نے محمد بن المثنی سے سنا، وہ کہتے ہیں: میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے سنا، وہ کہتے ہیں: میرے ہاتھ سے نہیں نکل گئیں وہ حدیثیں جو میرے ہاتھ سے نکل گئیں، سفیان ثوری کی حدیثوں میں سے جو وہ ابواسحاق سے روایت کرتے تھے مگر میرے تکیہ کرنے کی وجہ سے ان کے سلسلہ میں اسرائیل پر اس لئے کہ اسرائیل ان حدیثوں کو کامل تر بیان کیا کرتے تھے۔

وحديثُ عائشةَ فِی هذا البابِ عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: "لَانِكَاحَ إلَّا بِوَلِیٍّ" حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى ابنُ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ مُوْسَى، عنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عَائِشَةَ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

وَرَوَاهُ الْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ، وجَعْفَرُ بنُ رَبِيْعَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عائشةَ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَرُوِیَ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عن عائشةَ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلُهُ.

وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أهلِ الْحَدِيْثِ فِیْ حَدِيْثِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عَائشةَ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قالَ ابنُ جُرَيْجٍ: ثُمَّ لَقِيْتُ الزُّهْرِیَّ فَسَأَلْتُهُ فَأَنْكَرَهُ، فَضَعَّفُوْهُ هٰذَا الحديثَ مِنْ أَجْلِ هٰذَا.

وَذُكِرَ عَنْ يَحيیَ بنِ مَعِيْنٍ أَنَّهُ قَالَ: لَمْ يَذْكُرْ هٰذَا الْحَرْفَ عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ إِلَّا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، قالَ يَحيیَ بنُ مَعِيْنٍ: وَسَمَاعُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ لَيْسَ بِذَاكَ، إِنَّمَا صَحَّحَ كُتُبَهُ عَلَى كُتُبِ عَبْدِ الْمَجِيْدِ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ أَبِیْ رَوَّادٍ مَاسَمِعَ مِنِ ابنِ جُرَيْجٍ، وضَعَّفَ يَحيیَ رِوَايَةَ إِسْمَاعِيْلَ بنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ.

وَالْعَمَلُ فی هذا البابِ علی حديثِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: "لَانِكَاحَ إِلَّا بَوَلِیٍّ" عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، وعَلِیُّ بنُ أَبِیْ طَالِبٍ، وعبدُ اللهِ بنُ عُبّاسٍ، وأَبُوْ هُرَيْرَةَ، وغَيْرُهُمْ.

وهٰكَذَا رُوِیَ عَنْ بَعْضِ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، أَنَّهُمْ قَالُوْا: لَانِكَاحَ إِلَّا بَوَلِیٍّ: مِنْهُمْ سعيدُ بنُ الْمُسَيَّبِ،

والحسنُ الْبَصْرِيُّ، وشُرَيْحٌ، وإبراهيمُ النَّخَعِيُّ، وعُمَرُ بنُ عبدِ العزيزِ، وغَيْرُهُمْ.
وبِهٰذَا يَقُوْلُ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ، والأَوْزَاعِيُّ، ومَالِكٌ، وعبدُ الله بنُ الْمُبَارَكِ، والشَّافِعِيُّ، وأحمدُ وإسحاقُ.

یہاں سے امام ترمذیؒ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث پر گفتگو کر رہے ہیں جس کا متن ہے: لانكاح إلا بولی۔ اور اس حدیث کی سند بھی بعینہ وہی ہے جو حدیث نمبر ۱۰۸۴ کی ہے، یعنی ابن جریج روایت کرتے ہیں سلیمان بن موسیٰ سے، وہ زہری سے، وہ عروۃ سے، وہ حضرت عائشہ سے اور وہ نبی ﷺ سے۔

چونکہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو سند کے بغیر پیش کیا ہے اور ابن جریج سے اوپر جو حدیث (نمبر ۱۰۸۴) آئی ہے، اُس کی اور اِس کی سند ایک ہے اس لئے دھوکا ہوتا ہے کہ امام صاحب کی یہ گفتگو حضرت عائشہ کی اس حدیث کے بارے میں ہے جو اوپر گذری ہے۔

اور حجاج بن ارطاۃ اور جعفر بن ربیعہ نے اس حدیث کو زہری سے روایت کیا ہے یعنی وہ سلیمان بن موسیٰ کے متابع ہیں، اور ہشام نے عروہ سے روایت کیا ہے یعنی وہ زہری کے متابع ہیں، بعض محدثین نے امام زہری کی اس سند میں کلام کیا ہے: ابن جریج کہتے ہیں: میری ابن شہاب زہری سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا کہ کیا آپ اس کو روایت کرتے ہیں؟ انھوں نے انکار کیا۔ ابن جریج کے اس قول کی وجہ سے بعض حضرات نے اس حدیث کی صحت پر اعتراض کیا، مگر صحیح یہ ہے کہ یہ قول ہی ثابت نہیں، کیونکہ اس قول کو اسماعیل بن ابراہیم المعروف بابن علیہ کے علاوہ کوئی روایت نہیں کرتا اور اسماعیل نے ابن جریج سے ڈھنگ سے نہیں پڑھا، اس نے عبدالمجید نامی طالب علم کی کاپی سے اپنی کاپی درست کی ہے، اس لئے اسماعیل کا ابن جریج سے سماع معتبر نہیں، یہ بات یحییٰ بن معین نے بیان کی ہے اور انھوں نے اسماعیل کی جو روایتیں ابن جریج سے ہیں ان کو ضعیف قرار دیا ہے۔ (غرض ابوموسیٰ اشعریؓ کی حدیث بھی حسنٌ (قابل استدلال) ہے اور حضرت عائشہؓ کی حدیث بھی حسنٌ ہے، مگر لانکاح میں لا کیسا ہے، نفی شئ کا یا نفی کمال کا؟ اس میں اختلاف ہے، پس اختلاف نص فہمی کا ہے دلائل کا اختلاف نہیں)

ترجمہ: اور یحییٰ بن معین سے مروی ہے: انھوں نے فرمایا: اس مقولہ کو ابن جریج سے صرف اسماعیل بن ابراہیم نے روایت کیا ہے، یحییٰ کہتے ہیں: اور اسماعیل کا ابن جریج سے سماع معتبر نہیں، اس لئے کہ انھوں نے عبدالمجید کی کاپیوں سے اپنی کاپیوں کی تصحیح کی ہے، ابن جریج سے ٹھیک طرح سے نہیں سنا (یہ تکرار ہے) اور یحییٰ نے اسماعیل کی جو ابن جریج سے روایتیں ہیں ان کو ضعیف قرار دیا ہے۔

اور اس باب میں نبی ﷺ کی جو حدیث ہے یعنی لانكاح إلا بولی اس پر اہل علم صحابہ کا عمل ہے، ان میں سے حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن عباس، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم وغیرہ ہیں۔ اور تابعین میں سے بعض

فقہاء سے یہی روایت کیا گیا ہے، وہ کہتے ہیں: ولی کے بغیر نکاح نہیں۔ ان میں سے سعید بن المسیبؒ وغیرہ ہیں، اور اسی کے قائل ہیں سفیان ثوریؒ وغیرہ۔

فائدہ: آج دنیا کے بیشتر ممالک کی صورت حال یہ ہے کہ لڑکیاں نئی روشنی کی نحوست سے آزاد خیال ہوگئی ہیں، وہ اپنا نکاح خود کر لیتی ہیں، اور ماں باپ کو خبر بھی نہیں ہوتی، پس اگر عاقلہ بالغہ کے نکاح کو ناجائز کہا جائے گا تو بڑی مشکل پیش آئے گی۔ اس لئے لوگ امام اعظم رحمہ اللہ کے قول پر مجبوراً عمل کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ لاَنِكَاحَ إِلاَّ بِبَيِّنَةٍ

گواہوں کے بغیر نکاح نہیں

نکاح میں دو گواہ بالاجماع شرط ہیں، اگر گواہوں کے بغیر نکاح کیا گیا تو وہ نکاح السر (چپکے سے کیا ہوا نکاح) ہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے نکاح السر سے منع فرمایا ہے (مجمع الزوائد ۴: ۲۸۵)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس باب میں تین اختلافی مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: کیا دونوں گواہوں کا بیک وقت ایجاب وقبول سننا ضروری ہے؟ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گواہوں کا ایک ساتھ ایجاب وقبول سننا ضروری نہیں، اگر دونوں گواہ الگ الگ مجلسوں میں ایجاب وقبول سنیں اور نکاح کی تشہیر ہوجائے تو نکاح ہوجائے گا، اعلان کی شرط کے ساتھ نکاح درست ہے۔ اور دیگر فقہاء کے نزدیک دونوں گواہوں کا ایک ساتھ ایجاب وقبول سننا ضروری ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر دو مجلسوں میں ایجاب وقبول کیا گیا اور پہلے ایجاب وقبول سے نکاح ہوگیا تو دوسرا ایجاب وقبول فضول ہے، اور اگر پہلے ایجاب وقبول سے نکاح نہیں ہوا اس وجہ سے کہ گواہ ایک تھا تو دوسرے ایجاب وقبول سے بھی نکاح نہیں ہوگا کیونکہ اب بھی گواہ ایک ہے غرض جمہور کے نزدیک دونوں گواہوں کا بیک وقت ایجاب وقبول سننا ضروری ہے۔

دوسرا مسئلہ: فاسق آدمی گواہ بن سکتا ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک گواہ کا عادل اور دیندار ہونا شرط ہے۔ جمہور کے نزدیک ہر شخص گواہ بن سکتا ہے خواہ دیندار ہو یا فاسق۔

تیسرا مسئلہ: عورتیں نکاح کی گواہ بن سکتی ہیں یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک گواہوں کا مرد ہونا ضروری ہے، عورتیں گواہ نہیں بن سکتیں، دیگر فقہاء کے نزدیک ایک مرد اور دو عورتیں گواہ ہوں تو نکاح درست ہوجائے گا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو عورتیں اپنا نکاح گواہوں کے بغیر یعنی چوری چھپے کر لیتی ہیں وہ حرام کار ہیں، کیونکہ جب نکاح ہوا ہی نہیں تو ان کا شوہروں سے ملنا زنا ہے۔

تشریح: یہ حدیث درحقیقت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے، مرفوع حدیث نہیں ہے، اور یہ حدیث لانکاح

إلا ببینة کے الفاظ سے بھی مروی ہے، جو ابن عباسؓ کا قول ہے، اس کو تنہا عبدالاعلی نے مرفوع کیا ہے اور وہ موقوف بھی بیان کرتے تھے، چنانچہ انھوں نے اپنی حدیث کی کتاب میں جو غیر مطبوعہ ہے کتاب التفسیر میں اس کو مرفوع اور کتاب الطلاق میں اس کو موقوف بیان کیا ہے، اور غندر وغیرہ نے سعید بن ابی عروبہ سے اس کو موقوف روایت کیا ہے اور امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔

فائدہ: اس حدیث میں بغیر بینہ نکاح کا مسئلہ ہے، عبارۃ النساء سے نکاح کا مسئلہ نہیں ہے، نہ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کا مسئلہ ہے، کیونکہ حکم کا مدار بغیر بینة پر ہے۔ اور نکاح میں گواہوں کے اشتراط پر اجماع ہے، یہاں سے معلوم ہوا کہ اجماع ہونے کے بعد مسئلہ قطعی ہوجاتا ہے اگرچہ روایت ضعیف ہو اگر اس مسئلہ میں اجماع نہ ہوتا تو اس حدیث سے گواہوں کا اشتراط ثابت نہیں ہوسکتا تھا، کیونکہ شرطیت وفرضیت ثابت کرنے کے لئے پکی دلیل ضروری ہے اور یہ اعلی درجہ کی روایت نہیں ہے، اور اجماع دلیل قطعی ہے اس سے اشتراط ثابت ہوسکتا ہے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ جس مسئلہ میں بھی اجماع ہوگا کسی اثر کے پیش نظر ہوگا اگرچہ وہ اثر ضعیف ہو، اثر کے بغیر اجماع نہیں ہوسکتا، جیسے بیس رکعت تراویح کے سلسلہ میں اثر موجود ہے، اگرچہ ضعیف ہے مگر جب بیس رکعت تراویح پر اجماع ہوگیا تو مسئلہ قطعی ہوگیا چنانچہ پوری امت علاوہ گمراہ جماعتوں کے تراویح کی بیس رکعت کی قائل ہے۔ اسی طرح یہاں بھی روایت کے ضعف کے باوجود جمہور نکاح میں گواہوں کو شرط قرار دیتے ہیں کیونکہ مسئلہ اجماعی ہے۔

[۱۵] باب ماجاء لانکاح إلا ببینة

[۱۰۸۵-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِیُّ الْبَصْرِیُّ، نا عَبْدُ الأَعْلَی، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عن جَابِرِ بنِ زَیْدٍ، عن ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قالَ: "الْبَغَایَا اللَّاتِی یُنْکِحْنَ أَنْفُسَهُنَّ بِغَیْرِ بَیِّنَةٍ"

قال یُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ: رَفَعَ عبدُ الأَعْلَی هٰذا الحدیثَ فِیْ التَّفْسِیْرِ، وأَوْقَفَهُ فِیْ کِتَابِ الطَّلَاقِ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ.

حدثنا قُتَیْبَةُ، نا غُنْدَرٌ، عَنْ سَعیدٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

هٰذَا حدیثٌ غَیْرُ مَحْفُوْظٍ، لاَنَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ إِلَّا مَا رُوِیَ عَنْ عبدِ الأَعْلٰی، عن سَعیدٍ، عن قَتَادَةَ مَرْفُوْعًا، وَرُوِیَ عَنْ عبدِ الأَعْلٰی، عن سَعیدٍ هٰذَا الحدیثُ مَوْقُوْفًا، والصَّحِیْحُ مَارُوِیَ عنِ ابنِ عبّاسٍ قَوْلُهُ: "لاَنِکَاحَ إِلَّا بِبَیِّنَةٍ"، وهٰکَذَا رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِیدِ بنِ أبی عَرُوْبَةَ نَحْوَ هٰذَا مَوْقُوْفًا.

وفی الباب: عن عِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وأنسٍ، وأبی هریرةَ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَمَنْ بَعْدَهُمْ مِنَ التَّابِعِیْنَ وَغَیْرِهِمْ، قَالُوْا: لاَنِکَاحَ إِلَّا بِشُهُوْدٍ، لَمْ یَخْتَلِفُوْا فِیْ ذٰلِكَ عِنْدَنَا مَنْ مَضَی مِنْهُمْ، إِلَّا قَوْمًا

مِنَ الْمُتَأَخِّرِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وإِنَّمَا اخْتَلَفَ أَهْلُ العلمِ فِي هٰذَا إِذَا أُشْهِدَ وَاحِدٌ بَعْدَ وَاحِدٍ، فقالَ أَكْثَرُ أهلِ العلمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ: لَايَجُوْزُ النِّكَاحُ حَتَّى يَشْهَدَ الشَّاهِدَانِ مَعًا عِنْدَ عُقْدَةِ النِّكَاحِ، وقَدْ رَأَى بَعْضُ أهلِ الْمَدِيْنَةِ إِذَا أُشْهِدَ وَاحِدٌ بَعْدَ وَاحِدٍ: أَنَّهُ جَائِزٌ، إِذَا أَعْلَنُوْا ذٰلِكَ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وهكَذَا قالَ إسحاقُ بنُ إبراهيمَ فِيْمَا حَكَى عَنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: شَهَادَةُ رَجُلٍ وَامْرَأَتَيْنِ تَجُوْزُ فِيْ النِّكَاحِ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) یہ سند محفوظ نہیں (یعنی عبدالاعلی نے جو اس سند کو مرفوع کیا ہے وہ ان کا وہم ہے) ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے اس سند کو مرفوع کیا ہو، مگر اسی سند سے جو عبدالاعلی سے روایت کی گئی ہے، وہ سعید بن ابی عروبہ سے، وہ قتادہ سے مرفوع کرتے ہیں۔ اور صحیح وہ ہے جو ابن عباسؓ سے ان کا قول لانکاح إلا ببینة روایت کیا گیا ہے، بہت سے حضرات نے سعید بن ابی عروبہ سے اس کے مانند موقوف روایت کیا ہے —— اور اس پر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: گواہوں کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہوتا، ہمارے علم میں اس مسئلہ میں گذشتہ لوگوں میں سے کسی کا اختلاف نہیں، مگر متاخرین میں سے بعض اہل علم نے اختلاف کیا ہے (ان کے نزدیک انعقاد نکاح کے لئے گواہ شرط نہیں، تشہیر کافی ہے تاکہ نکاح السر سے امتیاز ہوجائے۔ علامہ کاسانی رحمہ اللہ نے بدائع الصنائع (۵۲۲:۲) میں امام مالکؒ کا یہی مذہب بیان کیا ہے) اور علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے جب گواہ ایک کے بعد ایک حاضر کئے جائیں تو اہل کوفہ اور ان کے علاوہ اکثر علماء فرماتے ہیں کہ یہ نکاح صحیح نہیں، یہاں تک کہ دونوں گواہ ایک ساتھ انعقاد نکاح کے وقت حاضر ہوں اور بعض اہل مدینہ کہتے ہیں: جب گواہ ایک کے بعد ایک حاضر کئے گئے تو نکاح منعقد ہوگیا جبکہ اس کا اعلان کردیا جائے، اور یہ امام مالکؒ کا قول ہے، امام اسحاق نے اہل مدینہ کا یہی قول نقل کیا ہے، اور بعض اہل علم کہتے ہیں: ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے نکاح منعقد ہوجاتا ہے اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے (اس مسئلہ میں تنہا امام شافعی کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک نکاح میں دو مردوں کی گواہی ضروری ہے، عورتوں کی گواہی ان کے نزدیک معتبر نہیں)

نوٹ: یوسف: معن بن زائدہ کی نسل سے ہیں اس لئے المَعْنِیّ: نسبت ہے۔

بابُ ماجاءَ فی خُطْبَةِ النِّکَاحِ

خطبہ نکاح کا بیان

کسی بھی اہم موقعہ پر مثلاً کوئی بڑا معاملہ کرنا ہو، کسی نزاعی مسئلہ میں مصالحت کی گفتگو کرنی ہو، تقریر یا عقد نکاح کرنا ہو تو مسنون یہ ہے کہ پہلے خطبہ پڑھا جائے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے نماز میں پڑھنے کے لئے تشہد تعلیم فرمایا اور حاجت کے لئے یعنی نکاح وغیرہ اہم ضرورت کے موقعہ پر پڑھنے کے لئے بھی تشہد (خطبہ) تعلیم فرمایا۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: نماز کا تشہد یہ ہے: التحیات للہ إلخ (تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۱۰۲ میں گذر چکی ہے) اور خطبہ حاجت یہ ہے:

ترجمہ: بیشک تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، ہم ان سے مدد طلب کرتے ہیں اور ہم ان سے مغفرت طلب کرتے ہیں، اور ہم اللہ کی پناہ چاہتے ہیں اپنے نفس کی شرارتوں سے اور اپنے اعمال کی برائیوں سے، جس کو اللہ تعالیٰ راہِ راست دکھائیں اس کو کوئی گمراہ نہیں کرسکتا اور جس کو اللہ تعالیٰ بچلادیں اس کو کوئی راہِ راست پر نہیں لاسکتا، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

اس کے بعد ایسی تین (یا کم وبیش) آیتیں پڑھے جو اس معاملہ سے متعلق ہوں یا جس پر تقریر کرنی ہو، پھر گفتگو یا بیان شروع کرے، مثلاً: نکاح میں ایجاب وقبول کرے یا کرائے، حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے نکاح کے تعلق سے درج ذیل تین آیتیں منتخب فرمائی ہیں:

پہلی آیت: سورۂ آل عمران کی آیت ۱۰۲ ہے: ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ (کے احکام کی خلاف ورزی) سے ڈرو، جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے یعنی کامل درجہ کا تقوی اختیار کرو، اور ہرگز نہ مرو تم مگر اس حال میں کہ تم اطاعت شعار ہو، یعنی تمہارا جینا اور مرنا مسلمان ہونے کی حالت میں ہونا چاہئے۔

تفسیر: اس آیت کے ذریعہ یہ بات سمجھانا مقصود ہے کہ ایک مسلمان کو ہر حال میں احکام شرعیہ کا مطیع ہونا چاہئے، کسی بھی معاملہ میں اللہ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرنی چاہئے، اور یہ حالت اس کی پوری زندگی کو محیط ہونی چاہئے، پس یہ آیت ہر معاملہ کے شروع میں پڑھی جاسکتی ہے۔

دوسری آیت: سورۃ النساء کی پہلی آیت ہے: ترجمہ: اے لوگو! اس اللہ (کے احکام کی خلاف ورزی) سے ڈرو جس نے تم کو ایک نفس سے پیدا کیا ہے اور اسی نفس سے اس کا جوڑا پیدا کیا ہے اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلائی ہیں، اور تم اس اللہ سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر باہم سوال کرتے ہو، اور قرابتوں (کی حق تلفی) سے ڈرو، بیشک اللہ تعالیٰ تم پر نگہبان ہیں، یعنی تمہارے سب اعمال کو دیکھ رہے ہیں۔

تفسیر: نکاح کے موقع پر جبکہ ایک نیا رشتہ وجود میں آتا ہے، اس آیت پاک کے ذریعہ یہ بات ذہن نشین کرنی مقصود ہے کہ سب انسان خواہ مرد ہوں یا عورتیں ایک ماں باپ کی اولاد ہیں، اور وہی سب کے خالق ہیں، پس ان کے احکام کی اطاعت واجب ہے۔ اور وجوب کا ایک قرینہ یہ ہے کہ تم آپس میں اس کی قسمیں دیتے ہو اور اس کے نام سے اپنے حقوق وفوائد طلب کرتے ہو۔ اسی اللہ پاک کا ایک خاص حکم یہ ہے کہ اہل قرابت کے حقوق ادا کرتے رہو اور قطع

رحمی اور بدسلوکی سے بچو، پس نکاح کے بعد جو مصاہرت کا رشتہ وجود میں آئے: مرد وزن اس رشتہ کا خیال رکھیں۔

تیسری آیت: سورۃ الاحزاب کی آیات ۷۰ والے ہیں: ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی بات کہو، وہ تمہارے اعمال درست کردیں گے، اور تمہارے قصور معاف کردیں گے، اور جو بندہ اللہ اور اس کے رسول کے حکموں پر چلا اس نے یقیناً بڑی کامیابی حاصل کی۔

تفسیر: نکاح کے بعد خانگی زندگی میں: کبھی زوجین کے درمیان اور کبھی دو خاندانوں کے درمیان مناقشات پیش آتے ہیں، اس سلسلہ میں اس آیت پاک کے ذریعہ یہ بات سمجھائی گئی ہے کہ اگر تم نے احکام الٰہی کی اطاعت کی اور سیدھی بات کہی تو ان شاءاللہ سب معاملات درست ہوجائیں گے، اور صرف دنیا ہی نہیں آخرت بھی سنور جائے گی، کیونکہ نادرست بات ہی سے جھگڑا کھڑا ہوتا ہے یا بڑھتا ہے جس کا علاج سیدھی سچی بات کہنا ہے، پس مرد وزن دونوں کو اپنی گھریلو زندگی میں یہ بات پیش نظر رکھنی چاہئے کہ وہ ہمیشہ رورعایت کے بغیر سیدھی اور سچی بات کہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر وہ خطبہ (تقریر) جس میں تشہد (توحید ورسالت کی گواہی) نہ ہو وہ خطبہ کٹے ہوئے ہاتھ کی طرح ہے، یعنی ناقص اور بے برکت ہے۔

تشریح: توحید ورسالت کی گواہی کا اعلان بار بار اور ہر جگہ کرنا چاہئے تاکہ ان دونوں باتوں کی شان بلند ہو، حق کا پرچم لہرائے اور وہ خوب ظاہر ہوں، اس لئے ہر خطبہ میں شہادتین کو شامل کیا گیا ہے۔

[۱۶] باب ماجاء فی خطبة النکاح

[۱۰۸۶-] حدثنا قُتَیبةُ، نا عَبْثَرُ بنُ الْقَاسِمِ، عنِ الأَعْمَشِ، عن أَبِیْ إِسْحَاقَ، عن أَبی الأَحْوَصِ، عن عَبْدِ اللهِ قَالَ: عَلَّمَنَا رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم التَّشَهُّدُ فِیْ الصَّلاَةِ وَالتَّشَهُّدَ فی الْحَاجَةِ، قالَ: التَّشَهُّدُ فِیْ الصَّلاَةِ: اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطِّیِّبَاتُ، اَلسَّلاَمُ عَلَیْكَ أَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلاَمُ عَلَیْنَا وَعَلَی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ، أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ.

والتَّشَهُّدُ فِیْ الْحَاجَةِ: إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِیْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ أَنْفُسِنَا وَسَیِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ یَهْدِهِ اللّٰهُ فَلاَ مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ یُضْلِلْهُ فَلاَ هَادِیَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لاَّ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وأَشْهَدُ أَنَّ مُحمّداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، قَالَ: وَیَقْرَأُ ثَلاَثَ آیَاتٍ.

قالَ عَبْثَرُ: فَفَسَّرَهَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ: ﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ، وَلاَتَمُوْتُنَّ إِلاَّ وأَنْتُم مُسْلِمُوْنَ﴾ و﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَاءَ لُوْنَ بِهِ وَالأَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَیْكُمْ رَقِیْبًا﴾ ﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلاً سَدِیْدًا﴾

وفی الباب: عن عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ.

حدیثُ عبدِ اللّٰهِ حدیثٌ حسنٌ، وَرَوَاهُ الأَعْمَشُ، عن أَبِیْ إسحاقَ، عن أَبِی الأَحْوَصِ، عن عَبْدِ اللّٰهِ،

عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ أَبِيْ إسحاقَ، عن أَبِي عُبَيْدَةَ، عن عبدِ الله، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَكِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيحٌ، لِأَنَّ إِسْرائِيْلَ جَمَعَهُمَا فَقَالَ: عن أَبِيْ إسحاقَ، عن أَبِي الأَحْوَصِ وأَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وقَدْ قَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِنَّ النِّكَاحَ جَائِزٌ بِغَيْرِ خُطْبَةٍ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وغَيْرِهِ مِنْ أَهْلِ العلمِ.

[۱۰۸۷-] حدثنا أبو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نا ابنُ فُضَيْلٍ، عن عَاصِمِ بنِ كُلَيْبٍ، عن أَبِيْهِ؛ عن أَبِيْ هُريرةَ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''كُلُّ خُطْبَةٍ لَيْسَ فِيْهَا تَشَهُّدٌ فَهِيَ كَالْيَدِ الْجَذْمَاءِ''

هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: ابن مسعود کی حدیث کو ابواسحاق سے اعمش اور شعبہ روایت کرتے ہیں، پھر اعمش استاذ الاستاذ کا نام ابوالاحوص لیتے ہیں اور شعبہ: ابوعبیدۃ کا نام لیتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: دونوں سندیں صحیح ہیں۔ ابواسحاق نے یہ حدیث ابوالاحوص اور ابوعبیدہ دونوں سے روایت کی ہے، چنانچہ اسرائیل نے دونوں سندوں کو جمع کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: ابواسحاق روایت کرتے ہیں ابوالاحوص اور ابوعبیدہ سے، وہ دونوں ابن مسعود سے اور وہ نبی ﷺ سے، اسرائیل کی حدیث ابوداؤد (حدیث نمبر ۲۱۱۸) میں ہے —— بعض اہل علم کہتے ہیں: خطبہ کے بغیر بھی نکاح جائز ہے یعنی خطبہ سنت ہے ضروری نہیں، اس کے بغیر بھی نکاح منعقد ہو جاتا ہے، اور یہ سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ اسْتِيْمَارِ الْبِكْرِ والثَّيِّبِ

کنواری اور بیوہ دونوں سے اجازت طلبی کا بیان

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ثیبہ (شوہر دیدہ) کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے حکم لے لیا جائے یعنی صراحۃً اجازت لی جائے۔ اور باکرہ (شوہر نا آشنا) کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ اس سے اجازت لی جائے، اور اس کی اجازت (کا ادنی درجہ) خاموشی ہے (اس حدیث سے نابالغہ مستثنیٰ ہے، نابالغہ سے اجازت لینی ضروری نہیں، کیونکہ اس کی کوئی رائے نہیں ہوتی)

تشریح: اس حدیث کا مدعی یہ ہے کہ نکاح کے لئے عورت سے بہر حال اجازت لینی چاہئے، پھر اگر عورت شوہر دیدہ ہے تو اس کی صراحتاً اجازت ضروری ہے اور اگر وہ شوہر نا آشنا ہے تو صراحتاً اجازت ضروری نہیں، اس کی خاموشی بھی اجازت ہے، بشرطیکہ قرائن سے معلوم ہو کہ یہ خاموشی رضامندی ہے۔ اور اگر لڑکی جہاں منگنی کی گئی ہے وہاں شادی کرنے سے برابر منع کرتی رہی ہو تو اب اس کی خاموشی رضامندی نہیں ہوگی، اب صراحتاً اجازت ضروری ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شادی شدہ عورت اپنے نفس کی اس کے ولی سے زیادہ حق دار ہے (الأیم: کے اصل معنی ہیں: وہ لڑکی جس کا شوہر نہ ہو، خواہ وہ کنواری ہو یا بیوہ۔ مگر یہاں بیوہ مراد ہے، کیونکہ اس کا البکر سے مقابلہ ہے) اور باکرہ سے (بھی) اس کی ذات کے بارے میں اجازت لی جائے اور اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ شوہر دیدہ عورت اپنا نکاح خود کرے گی اور ولی اس کی مدد کرے گا اور باکرہ کے نکاح کا انتظام ولی کرے گا، البتہ اس کی اجازت سے کرے گا، کیونکہ عاقلہ بالغہ کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر صحیح نہیں، خواہ کنواری ہو یا بیوہ۔

فائدہ: حدیث: لانکاح إلا بولی کا مفاد یہ تھا کہ عورت کے نکاح کے سلسلہ میں سارا حق ولی کا ہے اس کی رضامندی کے بغیر نکاح نہیں ہوسکتا۔ اور اس باب میں مذکور دونوں حدیثوں کا مفاد یہ ہے کہ نکاح کے سلسلہ میں پورا حق عورت کا ہے، وہ اجازت دے تو نکاح ہوگا ورنہ نہیں، اور ایک معاملہ میں دو شخصوں کا پورا پورا حق نہیں ہوسکتا، اس لئے تطبیق کی راہ تلاش کرنی ضروری ہے، اور کتاب الصلوٰۃ باب ۲۲ میں یہ بات بتائی جاچکی ہے کہ جب کوئی معاملہ دو فریقوں سے متعلق ہوتا ہے تو شریعت ہر فریق سے اس طرح مخاطب ہوتی ہے کہ گویا ساری ذمہ داری اس پر ہے، دوسرا فریق بالکل آزاد ہے۔ چنانچہ یہاں بھی جب شریعت نے عورتوں سے خطاب کیا تو کہا: لانکاح إلا بولی یعنی تمہیں اپنا نکاح کرنے کا کوئی حق نہیں، نکاح ولی کرے گا اور جب اولیاء سے خطاب کیا تو کہا: عورت کی اجازت ضروری ہے، وہ اجازت دے تو نکاح منعقد ہوگا ورنہ نہیں، نیز کہا: شادی شدہ عورت اپنے نفس کی اس کے ولی سے زیادہ حقدار ہے، یعنی وہ جہاں نکاح کرنا چاہے ولی کو منع کرنے کا حق نہیں۔ غرض جب عورتوں سے خطاب کیا تو سارا حق ولیوں کو سونپ دیا اور جب اولیاء سے خطاب کیا تو عورتوں کو مختار بنادیا، اور اس طرح معاملہ میں اعتدال پیدا کردیا، پس ایسی صورت میں قرائن سے متعین کرنا ہوگا کہ زیادہ حق کس کا ہے؟ چنانچہ بخاری (حدیث ۵۱۳۸) میں حدیث ہے کہ خنساء بنت خدام کا نکاح ان کے والد نے ان سے پوچھے بغیر کردیا اور وہ بیوہ تھیں، جنگ احد میں ان کے شوہر شہید ہوگئے تھے، جب ان کو پتہ چلا تو انھوں نے اس نکاح کو ناپسند کیا اور نبی پاک ﷺ کے سامنے اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا تو آپؐ نے اس نکاح کو ختم کردیا۔ معلوم ہوا کہ عورت کا حق زیادہ ہے اور پورے ذخیرۂ حدیث میں ایک واقعہ بھی ایسا نہیں ہے کہ عورت نے ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کیا ہو اور آنحضور ﷺ نے اس کو رد کردیا ہو، بلکہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا سے جب آپؐ نے نکاح فرمایا تو ان کا کوئی ولی موجود نہیں تھا، چنانچہ انھوں نے اپنے بہنوئی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو وکیل بنایا اور انھوں نے آنحضور ﷺ سے ان کا نکاح کیا جبکہ بہنوئی ولی نہیں ہوتا، پس یہ نکاح ولی کی اجازت کے بغیر ہوا تھا۔ اور عورت سے پوچھے بغیر ولی کے نکاح کرنے کی صورت میں نکاح فسخ کرنا مروی ہے، پس یہ دلیل ہے کہ عورت کے

نکاح میں خودعورت کا حق زیادہ ہے، البتہ اگر ولی عورت سے اجازت لئے بغیر نکاح کردے اور عورت بعد میں اجازت دیدے تو نکاح بالاتفاق منعقد ہوجائے گا، اسی طرح اگر عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرلے اور بعد میں ولی راضی ہوجائے تو بھی نکاح منعقد ہوجانا چاہئے، بلکہ بدرجہ اولیٰ منعقد ہوجانا چاہئے، کیونکہ عورت کا حق زیادہ ہے، ہاں اگر ولی عورت کے کئے ہوئے نکاح پر راضی نہ ہو اور نکاح غیر کفو میں ہوا ہو تو ولی کو اعتراض کا حق ہے۔

غرض امام اعظم رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ جب ولی کا کیا ہوا نکاح عورت کی اجازتِ لاحقہ سے منعقد ہوجاتا ہے تو خودعورت کا کیا ہوا نکاح ولی کی اجازتِ لاحقہ سے کیوں منعقد نہیں ہوگا، جبکہ عورت کا حق نکاح کے معاملہ میں ولی سے زیادہ ہے، ہاں اگر ولی کی طرف سے اجازت نہ ہو، نہ لاحقہ اور نہ سابقہ تو اسے اعتراض کا حق ہے۔

نوٹ: امام ترمذیؒ نے امام اعظم رحمہ اللہ کا استدلال سمجھا ہی نہیں، بغیر سمجھے اعتراض کیا ہے اس لئے وہ اعتراض بے وزن ہے، تفصیل آگے آرہی ہے۔

[۱۷] باب ماجاء فی اسْتِیْمَارِ البکر والثیب

[۱۰۸۸-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا مُحمَّدُ بنُ یُوْسُفَ، نا الْأَوْزَاعِیُّ، عَنْ یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبی هُریرةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: " لاَتُنْکَحُ الثَّیِّبُ حَتَّی تُسْتَأْمَرَ، وَلاَ تُنْکَحُ الْبِکْرُ حَتَّی تُسْتَأْذَنَ، وإِذْنُهَا الصُّمُوْتُ"

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ عبّاسٍ، وعائشةَ، والعُرْسِ بنِ عَمِیْرَةَ.

حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ أَنَّ الثَّیِّبَ لاَتُزَوَّجُ حَتَّی تُسْتَأْمَرَ، وإِنْ زَوَّجَهَا الْأَبُ مِنْ غَیْرِ أَنْ یَسْتَأْمِرَهَا، فَکَرِهَتْ ذٰلِکَ، فَالنِّکَاحُ مَفْسُوْخٌ عِنْدَ عَامَّةِ أهلِ العلمِ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ تَزْوِیْجِ الْأَبْکَارِ إِذَا زَوَّجَهُنَّ الآبَاءُ، فَرَأَی أَکْثَرُ أهلِ العلمِ مِنْ أَهْلِ الْکُوْفَةِ وَغَیْرِهِمْ: أَنَّ الْأَبَ إِذَا زَوَّجَ الْبِکْرَ وَهِیَ بَالِغَةٌ، بِغَیْرِ أَمْرِهَا، فَلَمْ تَرْضَ بتَزْوِیْجِ الْأَبِ، فَالنِّکَاحُ مَفْسُوْخٌ.

وقَالَ بَعْضُ أهلِ الْمَدِیْنَةِ: تَزْوِیْجُ الْأَبِ عَلَی الْبِکْرِ جَائِزٌ، وإِنْ کَرِهَتْ ذٰلِکَ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِکِ بنِ أَنَسٍ وَالشَّافِعِیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

[۱۰۸۹-] حدثنا قُتیبةُ، نا مَالِکُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْفَضْلِ، عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ؛ عنِ ابنِ عبّاسٍ؛ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " الْأَیِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا، وَالْبِکْرُ تُسْتَأْذَنُ فِیْ نَفْسِهَا، وإِذْنُهَا صُمَاتُهَا"

هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقَدْ رَوَی شُعْبَةُ وَسفیانُ الثَّوْرِیُّ هٰذَا الحدیثَ عن مالکِ بنِ أَنَسٍ.

واحْتَجَّ بَعْضُ النَّاسِ فِیْ إِجَازَةِ النِّکَاحِ بِغَیْرِ وَلِیٍّ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ، ولَیْسَ فِیْ هٰذَا الحدیثِ مَااحْتَجُّوْا

بِهِ، لِأَنَّهُ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عنِ ابنِ عبّاسٍ عنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قالَ:''لَانِکَاحَ إِلَّا بِوَلِیٍّ'' وهٰکَذَا أَفْتَی بِهِ ابنُ عَبّاسٍ بَعْدَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فقالَ: لَانِکَاحَ إِلَّا بِوَلِیٍّ.

وإِنَّمَا مَعْنَی قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم:'' الْأَیِّمُ أَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَلِیِّهَا'' عندَ أَکْثَرِ أهلِ العلمِ: أَنَّ الْوَلِیَّ لَایُزَوِّجُهَا إِلَّا بِرِضَاهَا وَأَمْرِهَا، فَإِنْ زَوَّجَهَا فَالنِّکَاحُ مَفْسُوْخٌ: عَلَی حَدیثِ خَنْسَاءَ بِنْتِ خِدَامٍ، حَیْثُ زَوَّجَهَا أَبُوْهَا وَهِیَ ثَیِّبٌ، فَکَرِهَتْ ذٰلِكَ، فَرَدَّ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم نِکَاحَهُ.

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث پر علماء کا عمل ہے کہ ثیبہ کا نکاح نہ کیا جائے یہاں تک کہ حکم لیا جائے یعنی صراحۃً اجازت لی جائے، اور اگر صراحۃً اجازت لئے بغیر باپ نے اس کا نکاح کر دیا پس اس نے اس کو ناپسند کیا تو اکثر علماء کے نزدیک نکاح نہیں ہوا۔

اور علماء کا کنواری لڑکیوں کے نکاح کے سلسلہ میں اختلاف ہے، جب ان کا نکاح آباء کر دیں، پس کوفہ وغیرہ کے اکثر علماء کہتے ہیں کہ باپ نے جب باکرہ کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر کر دیا درانحالیکہ وہ بالغہ ہے پس وہ باپ کے نکاح پر راضی نہیں تو نکاح کالعدم ہے (کیونکہ باکرہ بالغہ پر ولایتِ اجبار حاصل نہیں) اور بعض اہل مدینہ کہتے ہیں: باپ کا باکرہ لڑکی کا نکاح کرنا (اس کی اجازت کے بغیر) نافذ ہے، اگرچہ وہ اس نکاح کو ناپسند کرے، اور یہ ائمہ ثلاثہ کا قول ہے[1] —— اس کے بعد ابن عباس کی حدیث ہے اس کو شعبہ اور سفیان ثوری نے بھی امام مالک سے روایت کیا ہے۔

(امام اعظم پر اعتراض) اور بعض لوگ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کے نافذ ہونے پر اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں، جبکہ اس حدیث میں وہ بات نہیں ہے جس سے وہ استدلال کرتے ہیں، اس لئے کہ ابن عباس سے متعدد طرق سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں ہے نکاح مگر ولی کی اجازت سے''[2] اور ابن عباس نے رسول اللہ ﷺ کے بعد اس کے مطابق فتوی دیا ہے کہ ولی کے بغیر نکاح نہیں[3] (پس ابن عباسؓ کی مذکورہ حدیث سے استدلال کرنا کہ ولی کی اجازت ضروری نہیں: صحیح نہیں۔ کیونکہ ابن عباسؓ کے نزدیک ولی کی اجازت ضروری تھی، پھر ان کی مذکورہ حدیث کا کیا مطلب ہے؟ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) اور رسول اللہ ﷺ کے ارشاد: الأیم أحق کا مطلب اکثر علماء کے نزدیک یہ ہے کہ ولی عورت کا نکاح نہ کرے مگر اس کی رضامندی اور اس کے حکم سے، پس اگر اس نے عورت سے اجازت لئے بغیر نکاح کر دیا تو وہ نکاح نہیں ہوا جیسا کہ خنساء بنت خدام کی حدیث میں آیا ہے۔ ان کا نکاح ان کے والد نے کیا

(۱) ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ولی کو باکرہ پر ولایت اجبار حاصل ہے، خواہ وہ بالغہ ہو یا نابالغہ، پس ولی اس کی رضامندی کے بغیر نکاح کر سکتا ہے۔ اور احناف کے نزدیک بالغہ پر ولایت اجبار حاصل نہیں، اگرچہ وہ کنواری ہو، پس عاقلہ بالغہ کی اجازت نکاح کے لئے شرط ہے، تفصیل کتاب النکاح باب ۱۴ میں گذر چکی ہے۔ (۲) ابن عباس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت سنن بیہقی (۷:۱۰۷ و ۱۱۰) میں ہے (۳) ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ فتوی بھی سنن بیہقی (۷:۱۱۲) میں ہے۔

تھا جبکہ وہ بیوہ تھیں پس انھوں نے اس نکاح کو ناپسند کیا تو رسول اللہ ﷺ نے باپ کے نکاح کو ختم کر دیا[1]

تشریح: امام ترمذیؒ نے حدیث الأیم أحق کا جو مطلب بیان کیا ہے کہ ثیبہ کے نکاح کے لئے اجازت ضروری ہے، اگر اس کی اجازت کے بغیر نکاح کیا گیا اور اس نے اس نکاح کو ناپسند کیا تو وہ نکاح کالعدم ہے، حدیث کا یہ مطلب بلاشبہ صحیح ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ بھی حدیث کا یہی مطلب لیتے ہیں۔ مگر امام اعظم رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ جب ولی کا کیا ہوا نکاح عورت کی اجازتِ لاحقہ سے بالاتفاق منعقد ہو جاتا ہے تو خود عورت کا کیا ہوا نکاح ولی کی اجازتِ لاحقہ سے کیوں منعقد نہیں ہوگا؟ وہ بدرجہ اولیٰ منعقد ہو جائے گا کیونکہ عورت کا حق اپنے نکاح کے سلسلہ میں ولی سے زیادہ ہے۔ امام اعظمؒ کا استدلال یہ ہے اور اس کو توڑنا ناممکن ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ إِکْرَاہِ الْیَتِیْمَۃِ عَلَی التَّزْوِیْجِ

یتیم لڑکی کو نکاح پر مجبور کرنا جائز نہیں

نابالغ لڑکے اور لڑکی کا نکاح ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اور ان کو خیار بلوغ حاصل ہے یا نہیں؟ چاروں ائمہ متفق ہیں کہ نابالغ لڑکے اور لڑکی کا نکاح ہو سکتا ہے، پھر حنفیہ کے نزدیک اگر باپ یا دادا نے نکاح کیا ہے تو خیار بلوغ حاصل نہیں اور اگر کسی اور ولی نے نکاح کیا ہے تو خیارِ بلوغ حاصل ہے۔ لڑکے کو بھی اور لڑکی کو بھی۔ اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر لڑکی نو سال کی تھی پھر نکاح کیا گیا تو خیارِ بلوغ حاصل نہیں، اور اس سے پہلے کیا گیا ہے تو خیارِ بلوغ حاصل ہے۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک لڑکی نو سال میں بالغ ہو جاتی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک نابالغ یتیم بچی کا نکاح ہو ہی نہیں سکتا اور وہ خیارِ بلوغ کے بھی قائل نہیں وہ فرماتے ہیں: نابالغ ہونے کی بنا پر یتیم بچی کی اجازت معتبر نہیں اور باپ دادا کی غیر موجودگی میں کسی اور کو اس پر ولایتِ اجبار بھی حاصل نہیں (فتح القدیر ۳: ۱۷۲)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یتیم لڑکی سے اس کی ذات کے بارے میں حکم لیا جائے، یعنی اس سے صراحۃً اجازت لی جائے (یہ قرینہ ہے کہ یہاں الیتیمۃ مجاز ہے کیونکہ نابالغہ سے اجازت لینے کا کوئی مطلب نہیں) پس اگر وہ خاموش رہے تو اس کی خاموشی اجازت ہے اور اگر وہ انکار کر دے تو اس جگہ نکاح کرنے کا کوئی جواز نہیں جہاں وہ انکار کرتی ہے۔

تشریح: یتیمہ کے معنی ہیں: وہ بچی جس کا باپ مر چکا ہے اور اس کا اطلاق صغیرہ اور کبیرہ دونوں پر ہوتا ہے، خود نبی

(۴) خنساء: پہلے انیس بن قتادہ کے نکاح میں تھیں، جب وہ جنگ احد میں شہید ہو گئے تو ان کے والد نے ان کا نکاح قبیلۂ مزینہ کے ایک شخص سے کر دیا، ان کو یہ نکاح پسند نہ آیا تو وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں تو آپؐ نے ان کا نکاح ختم کر دیا (بخاری ص: ۱۷۷) پھر ان کا نکاح ابولبابہ بن المنذر سے ہوا، ان سے سائب پیدا ہوئے۔ اور خذام: ذال اور دال دونوں کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے۔

ﷺ کے ناموں میں ایک نام یتیم عبدالمطلب بھی ہے اوراس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر بچی کے باپ کا انتقال ہوگیا ہو اور کوئی دوست یا رشتہ دار اس کی پرورش کرے تو اس کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ جہاں چاہے اس کا نکاح کردے، جب کوئی شخص یتیم کی پرورش کرتا ہے تو عام طور پر ذہن یہ بن جاتا ہے کہ میں نے پرورش کی ہے، پس میں جہاں چاہوں نکاح کروں۔ آپؐ نے اس سے منع فرمایا۔ اس میں یتیم بچی کی حق تلفی ہے اس کی خواہش کا احترام کرنا اوراس کی مرضی معلوم کرنا ضروری ہے، جہاں سرپرست نکاح کرنا چاہتا ہے اگر لڑکی انکار کرے تو سرپرست کو وہاں نکاح کرنے کا کوئی حق نہیں۔ غرض امام ترمذیؒ نے اس باب میں جو خیارِ بلوغ کا مسئلہ چھیڑا ہے اس کا اس حدث سے کوئی خاص تعلق نہیں، یہ حدیث: یتیم بچوں کی لوگ جو حق تلفی کرتے ہیں اس سلسلہ کی ہے۔

سوال: لڑکی کو خیارِ بلوغ دینا تو معقول ہے مگر لڑکے کو یہ خیار دینا بے فائدہ ہے کیونکہ اس کو طلاق دینے کا اختیار ہے، وہ جب چاہے نکاح ختم کرسکتا ہے۔

جواب: اگر لڑکا خیارِ بلوغ کی وجہ سے نکاح ختم کرے گا تو مہر نہیں دینا پڑے گا اور طلاق دے کر نکاح ختم کرے گا تو آدھا مہر دینا ہوگا، کیونکہ قبل الدخول طلاق دینے سے نصف مہر واجب ہوتا ہے پس خیارِ بلوغ کی ضرورت لڑکے کو بھی ہے۔

[۱۸] باب ماجاء فی إکراه الیتیمةِ علی التزویج

[۱۰۹۰-] حدثنا قُتیبةُ، نا عبدُ العَزِیْزِ بنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَمْرٍو، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هریرةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم:" الیَتِیْمَةُ تُسْتَأْمَرُ فِیْ نَفْسِهَا، فَإِنْ صَمَتَتْ فَهُوَ إِذْنُهَا، وَإِنْ أَبَتْ فَلاَ جَوَازَ عَلَیْهَا"

وفی الباب: عن أبی مُوسَی، وابنِ عُمَرَ. قالَ أَبو عیسیٰ: حدیثُ أبی هریرةَ حدیثٌ حسنٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فِیْ تَزْوِیْجِ الیَتِیْمَةِ: فَرَأَی بَعْضُ أهلِ العلمِ: أَنَّ الیَتِیْمَةَ إِذَا زُوِّجَتْ فَالنِّکَاحُ مَوْقُوْفٌ حَتَّی تَبْلُغَ، فَإِذَا بَلَغَتْ فَلَهَا الْخِیَارُ فِیْ إِجَازَةِ النِّکَاحِ أَوْ فَسْخِهِ، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ التَّابِعِیْنَ وَغَیْرِهِمْ.

وقالَ بَعْضُهُمْ: لاَیَجُوْزُ نِکَاحُ الیَتِیْمَةِ حَتَّی تَبْلُغَ، وَلاَیَجُوْزُ الْخِیَارُ فِیْ النِّکَاحِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفیانَ الثَّوْرِیِّ والشَّافِعِیِّ وغَیْرِهِمَا مِنْ أَهْلِ العلمِ.

وقالَ أحمدُ وإسحاقُ: إِذَا بَلَغَتِ الْیَتِیْمَةُ تِسْعَ سِنِیْنَ فَزُوِّجَتْ فَرَضِیَتْ، فالنِّکَاحُ جَائِزٌ، وَلاَ خِیَارَ لَهَا إِذَا أَدْرَکَتْ، واحْتَجَّا بِحَدِیْثِ عائشةَ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم بَنَی بِهَا وَهِیَ بِنْتُ تِسْعِ سِنِیْنَ، وقَدْ قَالَتْ عائشةُ: إِذَا بَلَغَتِ الْجَارِیَةُ تِسْعَ سِنِیْنَ فَهِیَ امْرَأَةٌ.

ترجمہ: علماء کا یتیم بچی کے نکاح کے سلسلہ میں اختلاف ہے، بعض اہل علم کہتے ہیں: یتیمہ کا اگر نکاح کیا جائے تو

نکاح موقوف رہے گا تا آنکہ وہ بالغ ہوجائے، پس جب وہ بالغ ہوتو اسے نکاح باقی رکھنے کا یا ختم کرنے کا اختیار رہے، اور یہ بعض تابعین وغیرہ کا قول ہے ـــــ اور بعض علماء کہتے ہیں: یتیمہ کا نکاح جائز ہی نہیں تا آنکہ وہ بالغ ہوجائے اور نکاح میں اختیار (خیار بلوغ) نہیں اور یہ سفیان ثوری اور امام شافعی وغیرہ اہل علم کا قول ہے ـــــ اور امام احمدؒ اور امام اسحاقؒ فرماتے ہیں: جب یتیمہ نو سال کی ہوگئی پس اس کا نکاح کیا گیا، پس وہ راضی ہوگئی تو نکاح درست ہے اور اس کے لئے بلوغ کے بعد خیار نہیں، اور دونوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے ان کے ساتھ عروسی فرمائی درانحالیکہ وہ نو سال کی تھیں (معلوم ہوا کہ نو سال میں لڑکی بالغ ہوجاتی ہے، نو سال سے پہلے لڑکی کے نکاح کے عدم جواز پر اس حدیث سے استدلال نہیں کیا کیونکہ حضرت عائشہؓ کا نکاح چھ سال کی عمر میں ہوا تھا) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جب لڑکی نو سال کی ہوگئی تو وہ عورت ہوگئی یعنی بالغ ہوگئی۔

فائدہ: علماء فرماتے ہیں: لڑکی اور لڑکا بالترتیب نو اور بارہ سال سے پہلے بالغ نہیں ہوسکتے اس کے بعد کسی بھی وقت بالغ ہوسکتے ہیں، اور آب وہوا صحت اور غذا کے اختلاف سے زمانۂ بلوغ مختلف ہوتا ہے اس لئے بلوغ کی کوئی ایک حد متعین کرنا مشکل ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الْوَلِیَّیْنِ یُزَوِّجَانِ

دو ولی ایک ساتھ نکاح کردیں تو کیا حکم ہے؟

اگر کسی نابالغ لڑکے یا لڑکی کے دو ولی ہوں اور وہ برابر درجہ کے ہوں مثلاً باپ نہ ہو اور دو بھائی ولی ہوں اور وہ الگ الگ جگہ عقد کردیں تو پہلا کیا ہوا نکاح نافذ ہوگا اور دوسرا کالعدم ہوگا۔ اور اگر دونوں ایک ساتھ (مقارنت حقیقیہ سے) نکاح کریں تو دونوں عقد باطل ہونگے إِذَا تعارَضَا تَسَاقَطَا، اور اگر ولیوں میں تفاوتِ درجہ ہو تو اقرب کا کیا ہوا نکاح نافذ ہوگا، اور ابعد کا کالعدم ہوگا۔

[۱۹] باب ماجاء فی الولیین یزوِّجان

[۱۰۹۱-] حدثنا قُتیبةُ، نا غُنْدَرٌ، نا سَعیدُ بنُ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الحَسَنِ، عن سَمُرَةَ بنِ جُنْدَبٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " أَيُّمَا امْرَأَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ فَهِيَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا، وَمَنْ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَّجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْأَوَّلِ مِنْهُمَا"

هذَا حديثٌ حسنٌ، والعملُ علی هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ، لانَعْلَمُ بَيْنَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ اخْتِلَافًا: إِذَا زَوَّجَ أَحَدُ الْوَلِيَّيْنِ قَبْلَ الآخَرِ، فَنِكَاحُ الْأَوَّلِ جَائِزٌ، ونِكَاحُ الآخَرِ مَفْسُوْخٌ، وإِذَا زَوَّجَا جَمِيْعًا فَنِكَاحُهُمَا جَمِيْعًا مَفْسُوْخٌ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس عورت کا نکاح دو ولی کریں تو وہ عورت ان میں سے پہلے کے لئے ہے، اور جس نے کوئی چیز دو آدمیوں کو بیچی تو وہ ان میں سے پہلے کے لئے ہے ——— اس حدیث پر علماء کا عمل ہے، ہم ان کے درمیان اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں جانتے: جب دو ولیوں میں سے ایک دوسرے سے پہلے نکاح کر دے تو پہلے کا نکاح نافذ ہوگا، اور دوسرے کا نکاح کالعدم ہوگا، اور جب دونوں ایک ساتھ نکاح کریں تو دونوں کا نکاح کالعدم ہوگا۔

بابُ ماجاء فی نِکَاحِ الْعَبْدِ بِغَیْرِ إِذْنِ سَیِّدِهِ

مولی کی اجازت کے بغیر غلام کا نکاح کرنا

اگر غلام آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرلے تو احناف کے نزدیک نکاح آقا کی اجازت پر موقوف رہے گا، اگر آقا اجازت دیدے تو نکاح نافذ ہوجائے گا، دوبارہ ایجاب وقبول کی ضرورت نہیں اور اگر آقا اجازت نہ دے تو نکاح ختم ہوجائے گا، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک آقا کی اجازت کے بغیر کیا ہوا نکاح منعقد ہی نہیں ہوتا، پس آقا کی اجازت کے بعد دوبارہ ایجاب وقبول کرنا ہوگا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو بھی غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرے وہ زانی ہے ——— غلام زانی اس وقت ہے جب آقا کی اجازت سے پہلے بیوی سے صحبت کرلے۔

تشریح: چونکہ غلام اپنے آقا کی چاکری میں مشغول ہوتا ہے اور نکاح اور اس کے متعلقات مولی کی خدمت میں خلل انداز ہوتے ہیں اس لئے ضروری ہے کہ اس کا نکاح مالک کی اجازت پر موقوف رہے اور باندی کا بھی بدرجۂ اولیٰ یہی حکم ہے اس کا نکاح بھی اس کے آقا کی اجازت پر موقوف رہے گا۔

[۲۰] باب ماجاء فی نکاح العبد بغیر إذن سیده

[۱۰۹۲-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ناالْوَلِیْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَیْرِ بنِ مُحَمَّدٍ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ مُحَمَّدٍ بنِ عَقِیْلٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم [قال:] ”أَیُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَیْرِ إِذْنِ سَیِّدِہ فَهُوَ عَاهِرٌ“

وفی الباب: عن ابنِ عُمَرَ، حدیثُ جَابِرٍ حدیثٌ حسنٌ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذا الحدیثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ محمّدِ بنِ عَقِیْلٍ، عن ابنِ عُمَرَ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَلاَ یَصِحُّ، والصَّحِیْحُ: عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مُحمّدِ بنِ عَقِیْلٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَیْرِهِمْ: أَنَّ نِکَاحَ

العَبْدِ بِغَيْرِ إِذْنِ سَيِّدِهِ لاَيَجُوْزُ، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ وإسحاقَ وغَيْرِهِمَا.

[۱۰۹۳-] حدثنا سَعيدُ بنُ يَحيىَ بنِ سَعيدٍ الأُمَوِيُّ، نا أَبِيْ، نَا ابنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ محمّدِ بنِ عَقِيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ: "أَيُّمَا عَبْدٍ تزَوَّجَ بِغَيْرِ إِذْنِ سَيِّدِهِ فَهُوَ عَاهِرٌ" هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: مذکورہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے، بعض روات جو اس کی سند ابن عمر تک پہنچاتے ہیں وہ صحیح نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی مُهُوْرِ النِّسَاءِ

عورتوں کی مہروں کا بیان

رسول اللہ ﷺ سے پہلے زمانۂ جاہلیت میں نکاح کا جو شریفانہ طریقہ عربوں میں رائج تھا اس میں مہر مقرر کیا جاتا تھا، اسلام نے اس طریقہ کو برقرار رکھا ہے۔ مہر اس بات کی علامت ہے کہ نکاح کرنے والا عورت کا طالب اور خواستگار ہے اس لئے وہ اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق اس کو مہر کا نذرانہ پیش کرتا ہے یا اس کی ادائیگی اپنے ذمہ لیتا ہے۔

اور مہر کی زیادہ سے زیادہ مقدار بالاتفاق متعین نہیں سورۃ النساء کی آیت ۲۰ اس کی دلیل ہے اور کم سے کم مقدار متعین ہے یا نہیں؟ اور غیر مال مہر ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر چیز خواہ مال ہو یا غیر مال جیسے تعلیم قرآن اور خدمت وغیرہ مہر بن سکتی ہے۔ باقی ائمہ کے نزدیک غیر مال مہر نہیں ہوسکتا، صرف ایسا مال جو بیع میں ثمن بن سکتا ہے مہر مقرر ہوسکتا ہے۔ سورۃ النساء آیت ۲۴ میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَأُحِلَّ لَكُمْ مَاوَرَاءَ ذٰلِكُمْ أَنْ تَبْتَغُوْا بِأَمْوَالِكُمْ﴾ یعنی محرمات کے علاوہ سب عورتیں تمہارے لئے حلال ہیں بشرطیکہ تم ان کو اپنے مالوں کے ذریعہ طلب کرو، اس آیت سے ثابت ہوا کہ مہر مال ہی ہوسکتا ہے اور تعلیم قرآن اور خدمت وغیرہ مال نہیں ہیں اس لئے وہ مہر نہیں بن سکتے۔

اور مہر کی کم سے کم مقدار متعین ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا مذہب یہ ہے کہ کم سے کم مہر متعین نہیں جس مال پر بھی زوجین راضی ہوجائیں وہ مہر ہوسکتا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک چوتھائی دینار یعنی تین درہم، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک دس درہم کم سے کم مہر ہونا ضروری ہے۔

امام اعظم رحمہ اللہ کا استدلال یہ ہے کہ سورۃ النساء کی مذکورہ آیت میں أموال: مال کی جمع ہے، جو جمع قلت کا وزن ہے جس کا تین سے دس تک اطلاق ہوتا ہے۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بہ سند حسن روایت مروی ہے کہ لامهر أقل من عشرة دراهم یعنی دس درہم سے کم مہر نہیں ہوسکتا، یہ حدیث آیت پاک کے لئے بیان کی حیثیت

رکھتی ہے، پس مہر کم سے کم دس درہم ہونے ضروری ہیں ——— حضرت جابرؓ کی یہ حدیث سنن کبری بیہقی اور دار قطنی میں ہے اور اس کو مبشر بن عبید اور حجاج بن ارطاۃ کی وجہ سے ضعیف قرار دیا گیا ہے، مگر علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابن ابی حاتم نے بھی روایت کیا ہے اور اس کے بارے میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **إنه بهذا الإسناد حسن، لاأقل منه** (فتح القدیر ۳:۱۸۶)

اور امام مالک رحمہ اللہ نے اس حدیث کو نہیں لیا، بلکہ اس مسئلہ کو نصابِ سرقہ پر قیاس کیا ہے، چونکہ چوتھائی دینار چرانے کی صورت میں ان کے نزدیک ہاتھ کاٹا جاتا ہے، پس معلوم ہوا کہ ایک عضو کی قیمت چوتھائی دینار ہے اور نکاح میں بھی عورت اپنا ایک عضو مرد کو سونپتی ہے، اس لئے اس کا بدل کم سے کم چوتھائی دینار ہونا چاہئے۔

اور امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کا استدلال عامر بن ربیعہؓ کی حدیث سے ہے جس میں دو چپلوں کو مہر مقرر کیا گیا ہے، اور سہل بن سعد ساعدیؓ کی حدیث سے ہے جس میں تعلیم قرآن کو مہر تجویز کیا گیا ہے، یہ دونوں حدیثیں باب میں آرہی ہیں اور مشکوٰۃ (حدیث ۳۲۰۵) میں حدیث ہے کہ ''جس نے اپنی بیوی کو مہر میں مٹھی بھر ستو یا کھجوریں دیں اس نے یقیناً حلال کرلیا'' یعنی نکاح درست ہوگیا۔ ان روایات کی اس پر دلالت صریح ہے کہ مہر کی کم سے کم مقدار متعین نہیں اور ہر چیز حتی کہ تعلیم قرآن بھی مہر بن سکتی ہے۔

اور احناف ان روایات کو مہر معجّل (نقد مہر) پر محمول کرتے ہیں اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ عرف میں مہر دو ہیں: ایک نقد، دوسرا ادھار۔ نقد مہر وہ ہے جو پہلی ملاقات میں پیش کیا جاتا ہے، حدیث میں ہے: **تَهَادَوْا تَحَابُّوْا**: باہم ہدیہ دو ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو گے۔ ہدیہ محبت ومودت کا بیج بوتا ہے، عورت اس موقع پر اپنی گرانقدر چیز پیش کرتی ہے پس مرد کو بھی کچھ پیش کرنا چاہئے، اور وہ چیز نکاح کا اصل مہر بھی ہوسکتی ہے، یہی نبی ﷺ کا طریقہ تھا لیکن اگر اس کی گنجائش نہ ہو تو کچھ نہ کچھ پیش کرنا چاہئے، مثلاً: انگوٹھی، تھوڑا ستو، کھجوریں اور آج کے عرف میں مٹھائی کچھ تو تقریب بہر ملاقات چاہئے۔ علاوہ ازیں یہ روایات نزول آیت (سورۃ النساء آیت ۲۴) سے پہلے کی ہیں یا بعد کی؟ یہ بات معلوم نہیں، پس محکم کتاب کو لینا اور اس کے موافق جو روایت ہے ان پر عمل کرنا اولیٰ ہے۔

حدیث (۱): عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلۂ بنو فزارہ کی ایک خاتون نے دو چپلوں پر نکاح کیا، پس رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تو اپنی ذات اور اپنے مال سے دو چپلوں پر راضی ہوگئی؟ اس نے کہا: جی ہاں، پس آپ ﷺ نے اس کا نکاح نافذ کردیا۔

تشریح: اس حدیث سے چھوٹے دو اماموں نے استدلال کیا ہے کہ مہر کی کم سے کم کوئی مقدار متعین نہیں، زوجین جس چیز پر راضی ہوجائیں وہ مہر بن سکتی ہے۔ اور احناف کہتے ہیں کہ اولاً تو یہ حدیث قابل استدلال نہیں، کیونکہ عاصم بن عبید اللہ کی اکثر ائمہ نے: یحییٰ بن معین، امام احمد، شعبہ، ابن عیینہ، ابو زرعہ، امام بخاری، ابوحاتم، ابن خزیمہ، امام

دار قطنی ، امام نسائی اور ابن حبان رحمہم اللہ نے تضعیف کی ہے (تہذیب ۵:۴۶) پس امام ترمذیؒ کا اس حدیث کی تصحیح کرنا محل نظر ہے۔ پھر چپل گھٹیا بڑھیا ہر قسم کے ہوتے ہیں، ممکن ہے وہ چپل دس درہم یا اس سے بھی زیادہ قیمت کے ہوں۔ علاوہ ازیں یہاں مہر معجّل بھی مراد ہوسکتا ہے جو پہلی ملاقات میں پیش کیا جاتا ہے جیسا کہ عربوں میں اور تمام قوموں میں اس کا رواج ہے کہ دولہا کچھ نہ کچھ لے کر بیوی کے پاس جاتا ہے۔

حدیث (۲): سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے پاس ایک خاتون آئی اور اس نے کہا: میں نے اپنی ذات آپ کو ہبہ کی اور وہ (جواب کے انتظار میں) دیر تک ٹھہری رہی (جب آپؐ دیر تک خاموش رہے اور کوئی جواب نہ دیا تو) ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر آپ کو اس کی حاجت نہیں تو میرا اس سے نکاح کر دیجئے۔ آپؐ نے اس سے پوچھا: تیرے پاس مہر میں دینے کے لئے کیا ہے؟ اس نے عرض کیا: میرے پاس میری یہ لنگی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر تو اس کو اپنی لنگی دیدے گا تو تو بغیر لنگی کے رہ جائے گا، جا کچھ اور تلاش کر، وہ گیا اور تلاش کر کے آیا اور عرض کیا: مجھے کچھ نہیں ملا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جا اچھی طرح تلاش کر اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو۔ راوی کہتے ہیں: اس نے پھر تلاش کیا مگر کچھ نہ پایا تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: کیا تجھے کچھ قرآن یاد ہے؟ اس نے کہا: ہاں، فلاں فلاں سورتیں یاد ہیں اور اس نے چند سورتیں گنائیں تو آپؐ نے فرمایا: ''میں نے تیرے ساتھ اس کا نکاح کر دیا اس قرآن کے عوض میں جو تجھے یاد ہے''

تشریح: اس حدیث سے امام شافعی رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ غیر مال بھی مہر ہوسکتا ہے، اس واقعہ میں نبی ﷺ نے تعلیم قرآن کو مہر مقرر کیا ہے جو مال نہیں ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں کہ سورۃ النساء آیت ۲۴ میں مال کے ذریعہ عورتوں کو تلاش کرنے کا حکم ہے، پس اس حدیث کا وہ مطلب لیا جائے گا جو آیت کے موافق ہو، اور وہ یہ ہے کہ باء سبب کے معنی میں لی جائے، عوض کے معنی میں نہ لی جائے، یعنی تم پر قرآن کا علم رکھنے کی وجہ سے مہر معجّل ضروری قرار نہیں دیا جاتا تم جو سورتیں جانتے ہو اس عورت کو سکھا دو، یہی تمہارا مہر معجّل ہے اور مہر مؤجل قواعد کے مطابق ادا کرنا۔

فائدہ: جن منافع کا عوض لینا جائز ہے ان کو مہر مقرر کرنا بھی جائز ہے، فقہی ضابطہ ہے: ماجاز أخذُ الأجرة فی مقابلته من المنافع جاز تسميتُه صَدَاقًا (شامی ۲:۳۶۲) اور تعلیم قرآن پر اب اجارہ درست ہے پس اس کو مہر بنانا بھی درست ہے (یہ حدیث کی ایک اور توجیہ ہے)

[۲۱] باب ماجاء فی مُهُوْرِ النِّسَاءِ

[۱۰۹۴-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، وعبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ومُحَمّدُ بنُ جَعْفَرٍ، قَالُوْا: نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بنِ عُبَيْدِ اللهِ، قالَ: سَمِعْتُ عبدَ اللهِ بنَ عَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، عن أَبِيْهِ: أَنَّ

امْرَأَةً مِنْ بَنِى فَزَارَةَ تَزَوَّجَتْ على نَعْلَيْنِ، فقالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " أَرَضِيْتِ مِنْ نَفْسِكِ وَمَالِكِ بِنَعْلَيْنِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: فَأَجَازَهُ.

وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وأَبِى هريرةَ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وأَبِى سَعيدٍ، وأنسٍ، وعائشةَ، وجَابِرٍ، وأَبِى حَدْرَدٍ الأَسْلَمِىِّ؛ حديثُ عامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

واخْتَلَفَ أهلُ العلمِ فى الْمَهْرِ: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: المَهْرُ عَلَى مَا تَرَاضَوْا عَلَيْهِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ والشَّافِعِىِّ وأحمدَ وإسحاقَ، وقَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: لاَيَكُوْنُ الْمَهْرُ أَقَلَّ مِنْ رُبعِ دِيْنَارٍ، وقالَ بَعْضُ أهلِ الْكُوْفَةِ: لاَيَكُوْنُ الْمَهْرُ أَقَلَّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ.

[١٠٩٥-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلاَّلُ، نا إسحاقُ بنُ عيسىَ، وعبدُ اللهِ بنُ نَافِعٍ، قالاَ: نَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِىْ حَازِمِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدِ السَّاعِدِىِّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالتْ: إِنِّىْ وَهَبْتُ نَفْسِىْ لَكَ، فَقَامَتْ طَوِيْلاً، فقالَ رَجُلٌ: يارسولَ اللهِ، زَوِّجْنِيْهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ، فَقَالَ: " هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْئٍ تُصْدِقُهَا؟" فقالَ: مَا عِنْدِىْ إِلاَّ إِزَارِىْ هٰذَا. فقالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِزَارَكَ إِنْ أَعْطَيْتَهَا جَلَسْتَ وَلاَ إِزَارَ لَكَ، فَالْتَمِسْ شَيْئًا" فقالَ: مَا أَجِدُ، قالَ: " الْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ"، قالَ: فالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا، فقالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرآنِ شَيْئٌ؟" قالَ: نَعَمْ سُوْرَةُ كَذَا، وسُوْرَةُ كَذَا، بِسُوْرٍ سَمَّاهَا، فقالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " زَوَّجْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ ذَهَبَ الشَّافِعِىُّ إِلٰى هٰذَا الحديثِ، فقالَ: إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْئٌ يُصْدِقُهَا، فَتَزَوَّجَهَا عَلَى سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ، فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ، وَيُعَلِّمُهَا سُوْرَةً مِنَ الْقُرْآنِ، وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: النِّكَاحُ جَائِزٌ، ويَجْعَلُ لَهَا صَدَاقَ مِثْلِهَا، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْكُوْفَةِ، وأحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: علماء کا مہر کے سلسلہ میں اختلاف ہے، بعض علماء کہتے ہیں: مہر وہ ہے جس پر میاں بیوی راضی ہو جائیں، اور یہ سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔ اور امام مالکؒ فرماتے ہیں: مہر چوتھائی دینار سے کم نہیں ہوسکتا اور بعض اہل کوفہ کہتے ہیں: دس درہم سے کم نہیں ہوسکتا —— امام شافعی رحمہ اللہ اس حدیث (نمبر ۱۰۹۵) کی طرف گئے ہیں وہ فرماتے ہیں: اگر مرد کے پاس کچھ نہ ہو جس کو مہر میں دے، پس اس نے عورت سے قرآن کی کسی سورت کی تعلیم پر نکاح کر لیا تو نکاح درست ہے اور مرد عورت کو قرآن کی کوئی سورت سکھلائے، اور بعض اہل علم کہتے ہیں: نکاح (تو) درست ہے اور گردانے عورت کے لئے اس کی مانند عورتوں کا مہر، اور یہ اہل کوفہ اور احمد واسحاق کا قول ہے۔

تشریح: اگر بوقت نکاح مہر مقرر نہ ہوا ہو یا ایسی چیز مقرر کی گئی ہو جو مہر نہیں بن سکتی اور خلوت صحیحہ ہو جائے تو مہر مثل واجب ہوگا، یعنی منکوحہ عورت: حسن و جمال، تعلیم اور سلیقہ مندی وغیرہ میں خاندان کی جس عورت کے مشابہ ہو اس کا جو مہر ہے وہ ادا کیا جائے گا اور اگر اس کے خاندان کی عورتوں کا مہر مقرر ہے تو وہی مہر مثل ہوگا۔

[۱۰۹۶-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ أَیُّوْبَ، عنِ ابنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَبِی الْعَجْفَاءِ، قالَ: قالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: أَلَا لَا تُغَالُوْا صَدُقَةَ النِّسَاءِ، فَإِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِی الدُّنْیَا أَوْ تَقْوَى عِنْدَ اللهِ: لَكَانَ أَوْلَاكُمْ بِهَا نَبِیُّ اللهِ صلى الله علیه وسلم، مَا عَلِمْتُ رسولَ اللهِ صلى الله علیه وسلم: نَكَحَ شَیْئًا مِنْ نِسَائِهِ، وَلَا أَنْكَحَ شَیْئًا مِنْ بَنَاتِهِ، على أَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَیْ عَشْرَةَ أُوْقِیَّةً"

هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وأَبُو العَجْفَاءِ السُّلَمِیُّ: اسْمُهُ هَرَمٌ. والوُقِیَّةُ عندَ أهلِ العلمِ: أَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا، وَثِنْتَا عَشْرَةَ وُقِیَّةً: هُو اَرْبَعُمِائَةٍ وَثَمَانُوْنَ دِرْهَمًا.

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقریر میں فرمایا: سنو! عورتوں کے بھاری مہر مقرر مت کرو اس لئے کہ بھاری مہر اگر دنیا میں عزت کی بات اور اللہ کے نزدیک تقوی کی بات ہوتی تو تمہاری بہ نسبت اس کے زیادہ حق دار نبی ﷺ تھے، میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ ﷺ نے بارہ اوقیہ سے زیادہ پر کسی بیوی سے نکاح کیا ہو اور نہ اپنی کسی صاحبزادی کا نکاح کرایا —— حضرت عمرؓ نے عربوں کی عادت کے مطابق آدھے اوقیہ کو چھوڑ دیا ہے، آپؐ نے اپنی بیویوں اور صاحبزادیوں کا مہر ساڑھے بارہ اوقیہ مقرر فرمایا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں اس کا تذکرہ ہے (مشکوۃ حدیث ۳۲۰۳) اور ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے پس کل پانچ سو درہم ہوئے جن کی موجودہ وزن سے پندرہ سو تیس گرام چاندی ہوتی ہے۔

تشریح: ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا مہر دوسری ازواج مطہرات سے زیادہ تھا، ابوداؤد کی روایت میں چار ہزار درہم ہے۔ اور دوسری روایات میں چار سو دینار ہے، اور دور نبوی میں دینار کی قیمت دس درہم تھی، پس ان میں کوئی تعارض نہیں۔ اور یہ مہر حضور اکرم ﷺ نے نہیں بلکہ شاہ حبشہ نجاشی رحمہ اللہ نے مقرر کیا تھا اور خود انھوں نے ہی یہ مہر ادا کیا تھا، آنحضور ﷺ نے تو اپنی ازواج اور صاحبزادیوں کا مہر پانچ سو درہم ہی مقرر کیا ہے اور یہ مقدار لوگوں کے احوال کے اعتبار سے معتد بہ مقدار ہے اور مہر کے سلسلہ میں مناسب بات یہ ہے کہ وہ نہ تو اتنا کم ہونا چاہئے کہ اس کی کچھ وقعت ہی نہ ہو اور نہ اتنا بھاری ہونا چاہئے کہ شوہر پر اس کی ادائیگی سخت دشوار ہو، پس معتدل مہر: مہر نبوی (مہر فاطمی) ہے، یعنی ۱۵۳۰ گرام چاندی یا بوقت ادائیگی اس کی جو بھی قیمت ہو وہ ادا کی جائے۔

بابُ ماجاءَ فی الرَّجُلِ یُعْتِقُ الْأَمَۃَ ثُمَّ یتزَوَّجُھَا

باندی کو آزاد کرے پھر اس سے نکاح کرے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا اور ان کی آزادی کو ان کا مہر مقرر کیا۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اعتاق (آزاد کرنا) مہر بن سکتا ہے۔ اور امام اعظم، امام مالک اور امام شافعی رحمہم اللہ کے نزدیک اعتاق مہر نہیں بن سکتا، وہ اس حدیث کا جواب دیتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے حضرت صفیہؓ کو دحیہ کلبیؓ سے واپس لے کر آزاد کیا تھا اور بدلہ میں ان کو سات غلام دیئے تھے (ابوداؤد ۲:۴۲۱ باب ماجاء فی سھم الصفی) یعنی ان غلاموں کو ان کا مہر بنایا تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ فتح خیبر کے بعد جب قیدی جمع کئے گئے تو حضرت دحیہ کلبیؓ نے آنحضرت ﷺ سے ایک باندی کی درخواست کی۔ آپؐ نے ان کو اختیار دیا کہ جا کر ایک لونڈی لے لو، انھوں نے حضرت صفیہ کا انتخاب کیا، لوگوں نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا: صفیہ بنو قریظہ اور بنو نضیر کے سردار کی لڑکی اور دوسرے سردار کی بیوی ہے، وہ آپؐ کے سوا کسی اور کے لائق نہیں[1] چنانچہ آپؐ نے حضرت صفیہ کو عوض دے کر حضرت دحیہؓ سے لے لیا اور ان کو آزاد کر کے ان سے نکاح کر لیا، اور جو عوض حضرت دحیہ کلبیؓ کو دیا تھا اس کو مہر مقرر کیا۔ ثابت بنانی کہتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اے ابوحمزہ! حضرت صفیہ کا مہر کیا تھا؟ انھوں نے فرمایا: نَفْسُھَا اعتقھا وتزوجھا (بخاری حدیث ۵۱۶۹) یعنی ان کی ذات ان کا مہر تھا، ان کو آزاد کر دیا اور ان سے نکاح کر لیا۔ ان کی ذات ان کا مہر تھا، یعنی پہلے ان کی ذات کو عوض دے کر حاصل کیا، پھر باندی بن جانے کے بعد ان کو آزاد کر دیا اور ان سے نکاح کر لیا، پس مہر ان کی آزادی نہیں تھی، بلکہ وہ عوض تھا جو ادا کیا گیا[2]

اور دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ بلا عوض ان کو آزاد کیا گیا، پھر انھوں نے اپنی ذات آنحضور ﷺ کو ہبہ کر دی، اس صورت میں آپؐ پر مہر کی ادائیگی ضروری نہیں، سورۃ الاحزاب آیت ۵۰ میں آپؐ کی چند خصوصیات بیان کی گئی ہیں ان میں سے ایک خصوصیت یہ ہے: ﴿وَامْرَأَۃً مُّؤْمِنَۃً إِنْ وَّھَبَتْ نَفْسَھَا لِلنَّبِیِّ﴾ یعنی اگر کوئی مؤمن عورت اپنی ذات نبی ﷺ کو ہبہ کر دے اور آپؐ اس کو قبول فرما لیں تو وہ عورت آپؐ کے لئے حلال ہے یعنی اس سے بھی نکاح

---

(۱) حضرت صفیہ: حُیَیّ بن اخطب سردار بنی نضیر کی بیٹی تھیں اور ان کا شوہر کنانۃ بن ابی الحُقیق بھی سردار تھا دونوں غزوۂ خیبر میں مقتول ہوئے تھے (۲) حضرت صفیہؓ کا واقعہ استبدال کا واقعہ تھا، اور حضرت جویریہؓ نے اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کیا تھا اور انھوں نے نبی ﷺ سے تعاون چاہا تھا، آپؐ نے ان کی مرضی سے بدل کتابت ادا فرمایا تھا اور اس کے عوض ان سے نکاح کیا تھا۔

ہوجاتا ہےاور آپؐ پر کوئی مہر واجب نہیں ہوتا۔

ملحوظہ: اس مسئلہ میں کہ اعتاق مہر نہیں بن سکتا: امام شافعی بڑے دواماموں کے ساتھ ہیں اور امام ترمذیؒ نے جو ان کا تذکرہ امام احمد رحمہ اللہ کے ساتھ کیا ہے: حافظ رحمہ اللہ نے اس کی تردید کی ہے (فتح الباری ۹:۱۲۹)

[۲۲] باب ماجاء فی الرجل يُعتِقُ الأمةَ ثم يتزوجها

[۱۰۹۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُو عَوَانَةَ، عن قَتَادَةَ، وعَبدِ العَزِيْزِ بن صُهَيْبٍ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَعْتَقَ صَفِيَّةَ، وجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا.

وفى الباب: عن صَفِيَّةَ، حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عَلَى هَذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأَحْمَدَ وإسحاقَ، وكَرِهَ بَعْضُ أهلِ العلمِ أَنْ يَجْعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا، حَتَّى يَجْعَلَ لَهَا مَهْرًا سِوَى العِتْقِ، والْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ میں سے اہل علم کا عمل ہے اور یہی شافعی احمد اور اسحاق کا قول ہے (امام شافعیؒ کی یہ رائے نہیں ہے) اور بعض اہل علم عتق کے مہر بنانے کو نادرست قرار دیتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ عورت کے لئے عتق کے علاوہ مہر مقرر کرنا ضروری ہے۔ اور پہلا قول اصح ہے (اس لئے کہ قلم آپ کے ہاتھ میں ہے جو چاہیں لکھ دیں!)

بابُ ماجاءَ فى الْفَضْلِ فِىْ ذٰلِكَ

باندی کو آزاد کر کے اس سے شادی کرنے کا ثواب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کو دوہرا اجر ملتا ہے، ایک: اس غلام کو جو اللہ کا اور اپنے مالک کا حق ادا کرتا ہے اس کو دوہرا اجر دیا جاتا ہے۔ دوسرا: اس شخص کو جس کے پاس خوبصورت باندی ہے، وہ اس کی تربیت کرتا ہے اور شاندار طریقہ پر تربیت کرتا ہے یعنی اس کو دین کی ضروری باتیں سکھلاتا ہے اور باسلیقہ بناتا ہے، پھر اس کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرتا ہے اور اس نے یہ کام اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے کیا ہے تو اس کو بھی دوہرا اجر ملتا ہے۔ اور تیسرا: اس شخص کو جو پہلی کتاب پر ایمان لایا، یعنی وہ اہل کتاب ہے، یہودی یا عیسائی ہے، پھر اس کے پاس آخری کتاب یعنی قرآن کریم آیا، پس وہ اس پر بھی ایمان لایا، یعنی اسلام قبول کیا تو اس کو بھی دوہرا اجر دیا جاتا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں تین طرح کے لوگوں کو بشارت دی گئی ہے کہ ان کو اوروں کی بہ نسبت نیک عمل کا دوہرا اجر ملتا ہے:

ایک: وہ غلام، باندی جو اپنے آقا کا بھی حق ادا کریں اور اللہ تعالیٰ کے احکام بھی بجالائیں ان کو دوہرا اجر اس وجہ سے ملتا ہے کہ غلاموں پر دینی اور دنیوی حیثیت سے آقا کی فرمانبرداری لازم ہے اور مالک حقیقی کے احکام کی اطاعت بھی ضروری ہے، پس جب انھوں نے دونوں فریضے انجام دیئے تو ان کو دوہرا اجر ملنا ہی چاہئے۔

دوسرا: وہ شخص ہے جو اپنی باندی کی اچھے ڈھنگ سے تربیت کرے پھر اس کو آزاد کر کے اس سے نکاح کرلے، وہ دوہرے اجر کا مستحق اس لئے ہے کہ وہ باندی کو آزاد کر کے نہ صرف انسانیت اور فطرت کے تقاضے کو پورا کرتا ہے بلکہ اسلامی اخلاق کے اعلی اصول واقدار پر بھی عمل کرتا ہے، پھر انسانی ہمدردی، اسلامی مساوات او بلند اخلاقی کا اس طرح ثبوت دیتا ہے کہ ایک ایسی عورت کو جو سماجی حیثیت سے کمتر، بے وقعت اور ذلیل تھی، اچھی تربیت، اعلی تعلیم اور آزادی اور شادی کر کے گرانقدر دولت سے نواز کر معزز عورتوں کے برابر لا کھڑا کرتا ہے اس طرح وہ ایک طرف انسانیت اور اخلاق کے تقاضے پورے کرتا ہے اور دوسری طرف اسلامی تعلیم کی روح کو بھی اجاگر کرتا ہے، اس لئے اس ایثار کی بناء پر شریعت نے اس کو بھی دوہرے اجر کا مستحق قرار دیا۔

تیسرا: وہ یہودی یا عیسائی ہے جو حلقہ بگوش اسلام ہو گیا ہے، اس کو دوہرے اجر کی بشارت اس لئے دی گئی ہے کہ اس کا پہلے اپنی نبی کو پختہ دل سے ماننا اس نبی کی لائی ہوئی کتاب وشریعت پر عمل کرنا اور اس نبی سے اعتقادی وابستگی، پھر خاتم النّبیین ﷺ کی رسالت ونبوت پر ایمان لانا اور اللہ کے آخری دین اسلام کی دعوت کو صدق دل سے قبول کرنا اس کے کمال انقیاد واطاعت اور فکری وذہنی سلامتی کی علامت ہے، اس لئے خصوصی انعام کے طور پر اس کو بھی دوہرا اجر ملے گا۔

فائدہ: شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ فرماتے ہیں: مذکورہ لوگوں کو ہر نیک عمل پر دوگنا ثواب ملتا ہے مثلاً کوئی دوسرا شخص کوئی بھی نیک عمل کرے تو اس کو عمومی بشارت کے تحت دس گنا ثواب ملے گا، لیکن ان تینوں کو اسی عمل پر بیس گنا ثواب ملے گا (مظاہر حق)

سوال: جب اہل کتاب صحابہ کو ہر عمل پر دوہرا ثواب ملے گا اور غیر اہل کتاب صحابہ کو اکہرا ثواب ملے گا تو اہل کتاب صحابہ مثلاً حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بڑھ جائیں گے، پس وہ افضل قرار پائیں گے حالانکہ صدیق اکبر کا مقام ومرتبہ سبھی صحابہ سے بلند ہے۔

جواب: یہ تفاضل یعنی مذکورہ تین شخصوں کو دوہرا اجر ملنا اصلی ثواب کے اعتبار سے ہے، فضلی (انعامی) ثواب کے اعتبار سے نہیں ہے یعنی ایک نماز پڑھنے پر ابوبکر صدیق کو جو اصلی ثواب ملے گا عبداللہ بن سلام کو اس کا دوگنا ملے گا، مگر اسی نماز کا جو فضلی ثواب ابوبکر کو ملے گا وہ عبداللہ بن سلام کے فضلی ثواب سے کہیں زیادہ ہوگا، اس لئے اصلی اور فضلی ثوابوں کے مجموعہ کے اعتبار سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آگے رہیں گے اور وہی افضل ہوں گے۔

[۲۳] باب ماجاء فی الفضل فی ذلك

[۱۰۹۸–] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَلِيُّ بنُ مُسهِرٍ، عن الفَضْلِ بنِ يَزِيْدَ، عن الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ بنِ أَبِی مُوْسَی، عَنْ أَبِیْهِ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم:'' ثَلاَثَةٌ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ: عَبْدٌ أَدَّی حَقَّ اللّٰهُ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ، فَذَلِكَ يُؤْتی أَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ، وَرَجُلٌ كَانَتْ عِنْدَهُ جَارِيَةٌ وَضِيْئَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ أَدَبَهَا، ثُمَّ أَعْتَقَهَا، ثُمَّ تزوَّجها، يَبْتَغِیْ بِذَلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ، فَذٰلِكَ يُؤتی أَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ، وَرَجُلٌ آمَنَ بِالْكِتَابِ الأَوَّلِ، ثُمَّ جَاءَهُ الْكِتَابُ الآخِرُ، فَآمَنَ بِهِ، فَذَلِكَ يُؤْتَی أَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ''

حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفيانُ، عَنْ صَالِحِ بنِ صَالِحٍ – وَهُوَ ابْنُ حَيٍّ – عَنْ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ، عن أَبِیْ مُوْسَی، عن النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

حديثُ أبی مُوسیَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ بُرْدَةَ بنُ أَبِیْ مُوْسَی: اسْمُهُ عَامِرُ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ قَيْسٍ، وقَدْ رَوَی شُعْبَةُ والثَّوْرِيُّ عَنْ صَالِحِ بنِ صَالِحِ بنِ حَيٍّ هٰذَا الحديثَ.

باب ماجاء فی مَنْ يتزوَّجُ الْمَرْأَةَ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا؛ هَلْ يَتزوَّجُ ابْنَتَهَا أَمْ لاَ؟

ربیبہ سے نکاح کب جائز ہے اور کب ناجائز؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بھی شخص کسی عورت سے نکاح کرے، پھر اس سے صحبت کرے تو اس پر اس منکوحہ کی بیٹی حرام ہے، اور اگر بیوی سے صحبت نہیں کی (بلکہ صحبت کے بغیر ہی طلاق دیدی) تو اس کے لئے اس منکوحہ کی بیٹی حلال ہے۔ اور جو بھی شخص کسی عورت سے نکاح کرے پھر خواہ اس سے صحبت کرے یا نہ کرے (اور طلاق دیدے یا مرجائے) تو منکوحہ کی ماں اس کے لئے حرام ہے۔

تشریح: اس حدیث میں دو مسئلے ہیں: ایک ربیبہ کا۔ ربیبہ سوتیلی بیٹی کو کہتے ہیں، یعنی منکوحہ کی وہ لڑکی جو پہلے شوہر سے ہے، بیوی سے صحبت کرنے سے ربیبہ حرام ہوتی ہے اگر آدمی صحبت کئے بغیر بیوی کو طلاق دیدے تو ربیبہ سے نکاح حلال ہے۔ اور دوسرا مسئلہ ساس کا ہے۔ نکاح ہوتے ہی ساس حرام ہوجاتی ہے، خواہ اپنی بیوی سے صحبت کرے یا نہ کرے اور خواہ بیوی کو نکاح میں رکھے یا طلاق دیدے ہر صورت میں ساس حرام ہوجاتی ہے۔

جاننا چاہئے کہ مذکورہ حدیث ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے اور اس کو مثنی بن الصباح بھی عمرو بن شعیب سے روایت کرتا ہے مگر وہ بھی ضعیف ہے، مگر چونکہ یہ دونوں مسئلے قرآن میں صراحةً مذکور ہیں اس لئے اتفاقی ہیں۔ سورۃ النساء آیت ۲۳ میں ہے: ﴿وَأُمَّهٰتُ نِسَائِكُمْ وَرَبَائِبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ لَمْ

تَکُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْکُمْ﴾ یعنی تم پر حرام کی گئیں تمہاری بیویوں کی مائیں اور تمہاری بیویوں کی پہلے شوہر سے لڑکیاں جو تمہاری پرورش میں ہیں، تمہاری ان عورتوں سے جن سے تم نے صحبت کی ہے اور اگر تم نے صحبت نہیں کی تو تم پر ان سے نکاح کرنے میں کوئی گناہ نہیں۔ اس آیت میں ساس کی حرمت بغیر قید کے بیان ہوئی ہے پس ساس سے تو نکاح مطلقاً حرام ہے خواہ مرد نے بیوی سے صحبت یا خلوت کی ہو یا نہ کی ہو، اور ربیبہ کی حرمت دخول کی قید کے ساتھ مقید ہے، پس صحبت کرنے کے بعد یا خلوتِ صحیحہ کے بعد ربیبہ حرام ہوگی، اگر کوئی صحبت یا خلوت صحیحہ سے پہلے بیوی کو طلاق دیدے یا وہ وفات پا جائے تو منکوحہ کی اس لڑکی سے جو دوسرے شوہر سے ہے نکاح جائز ہے۔

[۲٤] باب ماجاء فی من یتزوج المرأة ثم یطلقها قبل أن یدخل بها هل یتزوج ابنتها أم لا؟

[۱۰۹۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا ابنُ لَهِیْعَةَ، عن عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، عن أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قالَ: " أَیُّمَا رَجُلٍ نَکَحَ امْرَأَةً فَدَخَلَ بِهَا، فَلاَ یَحِلُّ لَهُ نِکَاحُ ابْنَتِهَا، فَإِنْ لَمْ یَکُنْ دَخَلَ بِهَا فَلْیَنْکِح ابْنَتَهَا، وأَیُّمَا رَجُلٍ نَکَحَ امْرَأَةً فَدَخَلَ بِهَا أَوْ لَمْ یَدْخُلْ بِهَا فَلاَ یَحِلُّ لَهُ نِکَاحُ أُمِّهَا"

قال أبو عیسی: هذا حدیثٌ لاَیَصِحُّ مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ، وَإِنَّمَا رَوَاهُ ابنُ لَهِیْعَةَ وَالْمُثَنَّی بنُ الصَّبَّاحِ عن عَمْرِو بن شُعیبٍ، والمُثَنَّی بنُ الصَّبَّاحِ وابنُ لَهِیْعَةَ یُضَعَّفَانِ فِیْ الحدیثِ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أَکْثَرِ أهلِ العلمِ قَالُوْا: إِذَا تزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَأَةً ثُمَّ طَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِهَا حَلَّ لَهُ أَنْ یَنْکِحَ ابْنَتَهَا، وإِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الاِبْنَةَ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِهَا لَمْ یَحِلَّ لَهُ نِکَاحُ أُمِّهَا، لِقَوْلِ اللهِ تعالیٰ﴿ وأُمَّهَاتُ نِسَائِکُمْ﴾ وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب آدمی نے کسی عورت سے نکاح کیا پھر اس کو صحبت کرنے سے پہلے طلاق دیدی تو اس کے لئے اس منکوحہ کی بیٹی سے نکاح کرنا جائز ہے، اور جب آدمی نے بیٹی سے شادی کی پھر اس کو اس کے شوہر نے صحبت سے پہلے طلاق دیدی تو اس کے لئے اس منکوحہ کی ماں سے نکاح کرنا حرام ہے، اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی وجہ سے الی آخرہ۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ یُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلاَثًا فَیَتزَوَّجُهَا آخَرُ فَیُطَلِّقُهَا قَبْلَ أَنْ یَدْخُلَ بِهَا

مطلقہ ثلاثہ سے دوسرا شوہر وطی کرے جبھی وہ پہلے شوہر کے لئے حلال ہے

اگر کسی عورت کو اس کا شوہر تین طلاقیں دیدے تو قرآن کریم میں صراحت ہے کہ تیسری طلاق کے بعد وہ عورت

جب تک دوسرے شوہر سے نکاح نہ کرے، پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلاَتَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ اس آیت میں جو لفظ نکاح ہے وہ شرعی معنی میں ہے یا لغوی معنی میں؟ لغت میں نکاح کے معنی ہیں وطی، لیکن زنا میں جو وطی ہوتی ہے اس کو نکاح نہیں کہیں گے بلکہ نکاح صحیح کے بعد جو وطی ہوتی ہے اس کو نکاح کہیں گے، اور شریعت میں نکاح بمعنی ایجاب وقبول ہے، اور حضرت رفاعۃ قرظی رضی اللہ عنہ کے واقعہ میں نبی ﷺ نے اس آیت کی وضاحت فرمائی ہے کہ آیت میں نکاح شرعی اور نکاح لغوی دونوں مراد ہیں، صرف نکاح شرعی سے مطلقہ مغلظہ پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگی، اس لئے کہ نکاح ثانی کی شرط لگانے کا مقصد پہلے شوہر کو عار دلانا ہے تاکہ لوگ تیسری طلاق دینے سے رکیں، اور مرد کو عار اسی صورت میں لاحق ہوگا جب اس کی عورت سے دوسرا شوہر وطی کرے، صرف ایجاب وقبول سے مرد کو کوئی خاص عار لاحق نہیں ہوگا، کیونکہ وہ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔

حدیث: رفاعہ قرظی نامی صحابی نے اپنی عورت کو طلاق مغلظہ (تین طلاقیں) دیں، بیوی نے دوسری جگہ نکاح کرلیا مگر وہاں معاملہ ٹھیک نہیں تھا، چنانچہ اس نے آکر نبی ﷺ سے عرض کیا کہ میں پہلے رفاعہؓ کے پاس تھی، پس اس نے میری طلاق کو قطعی کردیا یعنی مجھے تین طلاقیں دیدیں پھر میں نے عبدالرحمٰن بن الزَّبیرؓ سے نکاح کیا مگر اس کے پاس کپڑے کے پُھندنے کے مانند ہے۔ یہ کہہ کر وہ خاموش ہوگئی، آنحضور ﷺ اس کا ارادہ سمجھ گئے، آپؐ نے فرمایا: کیا تم رفاعہ کی طرف لوٹنا چاہتی ہو؟ جب تک دوسرا شوہر تمہارا کچھ شہد نہ چکھے اور تم اس کا کچھ شہد نہ چکھو پہلے شوہر کی طرف نہیں لوٹ سکتیں"

اس واقعہ میں نبی ﷺ نے آیت کریمہ کی تفسیر کی ہے کہ آیت میں صرف نکاح شرعی مراد نہیں بلکہ نکاح لغوی کا مفہوم بھی اس میں شامل ہے، پس شوہر ثانی سے کچھ نہ کچھ صحبت ضروری ہے، اگرچہ وہ غیبوبت حشفہ کی حد تک ہو اور چاہے ادخال کے بعد انزال نہ ہو، اس کے بغیر عورت شوہر اول کے لئے حلال نہ ہوگی۔

[۲۵] بابُ ماجاءَ فى مَنْ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلاَثًا فَيتزَوَّجُها آخَرُ فَيُطَلِّقُها قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِها

[۱۱۰۰-] حدثنا ابنُ أَبِى عُمَرَ، وإسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قالاَ: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عن الزُّهْرِىِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عن عائشةَ، قَالَتْ: جاءَ تِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِىِّ إِلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنِّى كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ، فَطَلَّقَنِى، فَبَتَّ طَلاَقِى، فتزَوَّجْتُ عبدَ الرحمنِ بنِ الزَّبِيْرِ، وَمَا مَعَهُ إِلاَّ مِثْلَ هُدْبَةِ الثَّوْبِ، فقال: "أَتُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِىْ إِلى رِفَاعَةَ؟ لاَ! حَتَّى تَذُوْقِىْ عُسَيْلَتَهُ وَيَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ"

وفى الباب: عن ابنِ عُمَرَ، وأنسٍ، والرُّمَيْصَا أَوِ الغُمَيْصَا، وأبى هريرةَ، حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ أَنَّ

الرَّجُلَ إِذَا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا: أَنَّهَا لَاتَحِلُّ لِلزَّوْجِ الْأَوَّلِ، إِذَا لَمْ يَكُنْ جَامَعَهَا الزَّوْجُ الآخَرُ.

ترجمہ: اس حدیث پر تمام صحابہ وغیرہ کا عمل ہے (یعنی یہ مسئلہ اجماعی ہے) کہ آدمی جب اپنی بیوی کو تین طلاقیں دیدے پس اس عورت نے دوسرے شوہر سے نکاح کیا اور اس دوسرے شوہر نے اس کو صحبت کرنے سے پہلے طلاق دیدی تو وہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں، اگر اس کے ساتھ پہلے شوہر نے وطی نہیں کی۔

نوٹ: رمیصا یا غُمیصا: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام ہے اور کنیت ام سلیم ہے۔

بابُ ماجاء في المُحِلِّ والمُحَلَّلِ لَهُ

حلالہ کرنے کرانے والوں پر لعنت!

مُحِلّ: (اسم فاعل) کے معنی ہیں: حلال کرنے والا، یعنی دوسرا شوہر۔ اور مُحلَّل (اسم مفعول) لَهُ کے معنی ہیں: جس کے لئے حلال کی گئی، یعنی پہلا شوہر ——— حلالہ کی چار صورتیں ہیں اور ان کے احکام مختلف ہیں، جو درج ذیل ہیں:

پہلی صورت: کوئی شخص مطلقہ مغلظہ کو یا اس کے شوہر کو یا دونوں کو پریشان دیکھ کر ذہن میں پلان بنائے جس سے نہ پہلا شوہر واقف ہو نہ عورت، اور وہ اس عورت سے نکاح کرے اور وطی کرنے کے بعد طلاق دیدے تاکہ وہ عدت کے بعد پہلے شوہر کے لئے حلال ہوجائے، یہ صورت نہ صرف جائز ہے بلکہ بعض اکابر سے ایسا کرنا ثابت ہے۔

دوسری صورت: کسی مرد نے خالی الذہن ہوکر مطلقہ ثلاثہ سے نکاح کیا پھر اتفاق سے زوجین میں موافقت نہ ہوئی اور مرد نے صحبت کرنے کے بعد طلاق دیدی یا اس کا انتقال ہوگیا تو عورت عدت کے بعد پہلے شوہر کے لئے حلال ہے۔ اور اس صورت میں بھی کوئی قباحت نہیں، کیونکہ اس صورت میں تحلیل کا کوئی تصور ہی نہیں تھا، دوسرے شوہر نے ہمیشہ کے لئے نکاح کیا تھا۔

تیسری صورت: زیر زمین اسکیم تیار کی گئی جس کے مطابق صحبت کر کے طلاق دیدی تاکہ وہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہوجائے، اس صورت کا حدیث میں ذکر ہے، نبی ﷺ نے دونوں شوہروں پر لعنت بھیجی ہے اور دوسری حدیث میں دوسرے شوہر کو "مستعار بکرا" کہا ہے، پس یہ نہایت مکروہ عمل ہے اور گناہ کبیرہ ہے۔

رہی یہ بات کہ اس صورت میں عورت حلال ہوگی یا نہیں؟ غیر مقلدین کہتے ہیں: عورت پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگی، کیونکہ یہ لعنت کا کام ہے پس اس سے عورت کیسے حلال ہوسکتی ہے؟ اور ائمہ اربعہ کے نزدیک اگرچہ یہ لعنت کا کام ہے مگر عورت حلال ہوجائے گی کیونکہ نبی ﷺ نے دونوں شوہروں کو مُحِلّ اور مَحَلَّلْ لهُ کہا ہے۔ ان لفظوں میں اشارہ ہے کہ اس لعنت والے کام سے بھی عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہوجائے گی۔

چوتھی صورت: تحلیل کی شرط کے ساتھ ایجاب وقبول کیا جائے مثلاً: یہ کہا جائے کہ یہ عورت تحلیل کے لئے تمہارے نکاح میں دی جاتی ہے، یا یہ عورت تمہارے نکاح میں اس شرط کے ساتھ دی جاتی ہے کہ ایک مرتبہ صحبت کر کے تم اس کو طلاق دیدو، مرد نے قبول کیا۔ اس صورت میں اختلاف ہے: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک نکاح درست ہوگیا اور ہمیشہ کے لئے ہوگیا اور شرط باطل ہے، جی چاہے تو طلاق دے اور نہ چاہے تو نہ دے، پھر اگر صحبت کرنے کے بعد طلاق دیدی تو عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہوگئی، اور یہ صورت حدیث کا اعلی مصداق ہے اس لئے مکروہ تحریمی اور گناہ کبیرہ ہے۔ پس اس صورت میں بھی دونوں شوہروں پر، عورت پر اور شرکائے مجلس پر بدرجۂ اولیٰ لعنت ہوگی۔ دیگر ائمہ کے نزدیک یہ نکاح صحیح نہیں، پس حلالہ نہیں ہوگا۔

اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ افعال شرعیہ کی نہی میں احناف کے نزدیک مشروعیت کا پہلو باقی رہتا ہے کیونکہ نہی کی دو قسمیں ہیں: ایک: افعال حسیّہ کی نہی، دوسری: افعال شرعیہ کی نہی۔ پہلی صورت میں اجماع ہے کہ اس میں مشروعیت باقی نہیں رہتی، اور دوسری صورت میں اختلاف ہے: احناف کے نزدیک اس میں مشروعیت کا پہلو باقی رہتا ہے، جیسے جمعہ کی اذان کے بعد خرید وفروخت کرنا ممنوع ہے یہ افعال شرعیہ کی نہی ہے، پس اگر جمعہ کی اذان کے بعد کوئی شخص خرید وفروخت کرے تو کراہت تحریمی کے ساتھ بیع صحیح ہو جائے گی، یا جیسے حدیث میں ارض مغصوبہ میں نماز کی ممانعت آئی ہے یہ بھی افعال شرعیہ کی نہی ہے، پس اگر کوئی ارض مغصوبہ میں نماز پڑھے تو فریضہ ذمہ سے ساقط ہو جائے گا اور نماز پڑھنے والا گناہ گار ہوگا۔ اسی طرح نکاح بھی افعال شرعیہ میں سے ہے اور جب نبی ﷺ نے تحلیل کی شرط کے ساتھ نکاح کرنے والے پر لعنت بھیجی تو اس میں جواز کا پہلو باقی رہے گا، جیسے نکاح شغار سے نبی ﷺ نے منع کیا تو حنفیہ وہاں بھی یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ایسا نکاح کرے تو نکاح ہو جائے گا، اسی طرح یہاں بھی تحلیل کی شرط کے ساتھ کیا ہوا نکاح ہوگیا اور شرط باطل ٹھہری، پس صحبت کے بعد طلاق دینے سے حلالہ ہو جائے گا۔ دیگر ائمہ کے نزدیک افعال شرعیہ کی نہی میں بھی افعالِ حسیہ کی نہی کی طرح مشروعیت کا پہلو باقی نہیں رہتا اس لئے مذکورہ صورت میں نکاح نہیں ہوگا، پس حلالہ بھی نہیں ہوگا۔

ملحوظہ: یہ صورتِ چہارم تو عام طور پر پیش نہیں آتی، صورت سوم ہی پیش آتی ہے اور اس میں ائمہ اربعہ کا اتفاق ہے کہ نکاح ہو جاتا ہے اور تحلیل بھی ہو جاتی ہے۔

فائدہ: غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں کہ حدیث میں جس کام پر لعنت آئی ہے احناف اس کی تبلیغ عام کرتے ہیں ہر مفتی حلالہ کی بات ضرور لکھتا ہے، چاہے سائل نے اس کے بارے میں پوچھا ہو یا نہ پوچھا ہو، اس سلسلہ میں عرض ہے کہ حلالہ کا تذکرہ تو قرآن کریم میں ہے: ﴿فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلاَتَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ﴾ (سورۃ البقرہ آیت ۲۳۰) یعنی پھر اگر شوہر اس عورت کو (دو طلاقوں کے بعد) تیسری طلاق دیدے تو وہ عورت اس شوہر کے لئے اس

تیسری طلاق کے بعد حلال نہیں تا آنکہ وہ اس کے علاوہ شوہر سے نکاح کرے۔ یہی تو حلالہ ہے! پس جو چیز قرآن میں ہے اگر وہ بات لوگوں کو بتائی جائے تو کیوں غلط ہے؟ البتہ بلا وجہ ہر فتوی میں لکھنا کہ اب حلالہ کے بعد ہی عورت حلال ہوگی: مناسب نہیں، یہ لوگوں کو لعنت والے کام کا راستہ دکھانا ہے، مگر غیر مقلدین نے اس کا جو حل تجویز کیا ہے وہ اس سے بھی برا ہے، وہ تین طلاقوں کو ایک طلاق قرار دیتے ہیں یہ مسئلہ کا حل نہیں ہے، بلکہ گمراہی ہے، ان کی یہ بات قرآن وحدیث اور اجماع امت کے خلاف ہے۔ اس سے بہتر تو حلالہ والی بات ہے۔

ملحوظہ: باب کی حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور امام ترمذیؒ نے جو سند پر بحث کی ہے وہ خاص سند کے اعتبار سے ہے۔

[۲۶] بابُ ماجاء فی المُحِلِّ والمُحَلَّلِ لَهُ

[۱۱۰۱-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، نا أَشْعَثُ بنُ عبدِ الرحمنِ بنِ زُبَيْدٍ الأَيَامِيُّ، نا مُجَالِدٌ، عن الشَّعْبِيِّ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ؛ وَعَنِ الْحَارِثِ، عن عَلِيٍّ، قالاَ: إِنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَعَنَ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ.

وفى الباب: عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِىْ هُريرةَ، وعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وابنِ عبّاسٍ.

قال أبو عيسى: حديثُ عَلِيٍّ وَجَابِرٍ حديثٌ مَعْلُوْلٌ، وهٰكَذَا رَوَى أَشْعَثُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عن الْحَارِثِ، عن عَلِيٍّ، وعَامِرٍ، عِنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللهِ، عن النبىِّ صلى الله عليه وسلم.

وهٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَائِمِ، لِأَنَّ مُجَالِدَ بنَ سَعيدٍ قَدْ ضَعَّفَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ، مِنْهُمْ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ.

وَرَوَى عبدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ هٰذا الحديثَ عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، عَن عَلِيٍّ، وهٰذَا قَدْ وَهِمَ فِيْهِ ابنُ نُمَيْرٍ، والحديثُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

وقَدْ رَوَاهُ مُغِيْرَةُ وابنُ أَبِىْ خَالِدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِىِّ عن الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ.

[۱۱۰۲-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُو أحمدَ، نا سُفيانُ، عن أَبِىْ قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قالَ: لَعَنَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْمُحِلَّ والمُحَلَّلَ لَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ قَيْسٍ الأَوْدِىُّ: اسْمُهُ عبدُ الرحمنِ بنُ ثَرْوَانَ، وقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أهلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ: عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، وَعُثْمَانُ بنُ عَفَّانَ، وعَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وغَيْرُهُمْ، وَهُوَ قَوْلُ الْفُقَهَاءِ مِنَ التَّابِعِيْنَ، وَبِهِ يَقُوْلُ سُفيانُ الثَّوْرِىُّ، وابنُ الْمُبَارَكِ، والشَّافِعِىُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

وَسَمِعْتُ الْجَارُوْدَ يَذْكُرُ عَنْ وَكِيعٍ أَنَّهُ قَالَ بِهٰذَا، وقَالَ: يَنْبَغِي أَنْ يُرْمَى بِهٰذَا الْبَابِ مِنْ قَوْلِ أَصْحَابِ الرَّأْيِ.

قَالَ وَكِيْعٌ: وقَالَ سُفيانُ: إِذَا تَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ لِيُحَلِّلَهَا ثُمَّ بَدَا لَهُ أَنْ يُمْسِكَهَا، فَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يُمْسِكَهَا حَتَّى يَتَزَوَّجَهَا بِنِكَاحٍ جَدِيْدٍ.

وضاحت: یہ حدیث کہ رسول اللہ ﷺ نے حلالہ کرنے والے پر اور جس کے لئے حلالہ کیا گیا ہے اس پر لعنت فرمائی ہے، یہ حدیث حضرت علی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، پھر امام عامر شعبی رحمہ اللہ حدیث کو براہ راست حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں اور حضرت علیؓ سے بواسطہ حارث اعور روایت کرتے ہیں جو ضعیف راوی ہے۔ اور امام شعبیؒ سے مجالد اور اس سے اشعث بن عبد الرحمٰن روایت کرتا ہے اور مجالد ضعیف راوی ہے اور مجالد سے عبید اللہ بن نُمیر بھی اس حدیث کو روایت کرتا ہے مگر اس کی سند غلط ہے وہ عن جابر عن علی کہہ کر سند ایک کر دیتا ہے، حالانکہ مغیرہ اور ابن ابی خالد وغیرہ دونوں سندیں الگ الگ کرتے ہیں، عامر شعبیؒ حضرت جابرؓ سے بلا واسطہ اور حضرت علیؓ سے بواسطہ حارث روایت کرتے ہیں۔

ترجمہ: وکیع رحمہ اللہ نے فرمایا: مناسب ہے کہ اس باب کی حدیث سے اصحاب الرائے کے قول کو مارا جائے (یعنی امام اعظم رحمہ اللہ جو فرماتے ہیں کہ تحلیل کی شرط سے کیا ہوا نکاح صحیح ہے اور شرط باطل ہے، اس حدیث سے ان پر اعتراض کیا جائے) وکیع کہتے ہیں: سفیان ثوریؒ نے فرمایا: جب آدمی نے کسی عورت سے نکاح کیا تاکہ اس کو شوہر اول کے لئے حلال کرے پھر اس کا ارادہ بدل گیا، وہ اس عورت کو نکاح میں باقی رکھنا چاہتا ہے تو اس کے لئے اس عورت کو روکنا جائز نہیں تا آنکہ اس سے نیا نکاح کرے (ثوریؒ کا یہ قول دلیل ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کی رائے غلط ہے، وہ نکاح ہوا ہی نہیں)

تشریح: معاملات میں بعض معاملے ایسے ہیں جو ہونے کے بعد ختم ہو سکتے ہیں، یعنی ان کا اقالہ ہو سکتا ہے، مثلاً کوئی چیز خریدی یا بیچی پھر متعاقدین اقالہ کرنا چاہیں یعنی باہمی رضامندی سے بیع ختم کرنا چاہیں تو ختم کر سکتے ہیں۔ مضاربت اور اجارہ وغیرہ کا بھی یہی حال ہے، یہ معاملات جو ہونے کے بعد ختم ہو سکتے ہیں ''بیوع'' کہلاتے ہیں ان میں اگر شرط فاسد لگے گی تو معاملہ فاسد ہو جائے گا اور دیگر معاملات وہ ہیں جن میں اقالہ نہیں ہو سکتا، بات منہ سے نکل گئی: نکل گئی، اب ختم نہیں ہو سکتی، جیسے طلاق، عتاق اور قسم وغیرہ۔ اس قسم کے معاملات ''یمین'' کہلاتے ہیں، ان میں اگر شرط فاسد لگے گی تو وہ شرط خود فاسد ہو جائے گی، اور معاملہ صحیح رہے گا۔ اور نکاح از قبیل ایمان ہے از قبیل بیوع نہیں ہے، پس اگر تحلیل کی شرط کے ساتھ نکاح کیا گیا تو چونکہ یہ شرط فاسد ہے اس لئے شرط خود باطل ہو جائے گی اور نکاح نافذ ہو جائے گا۔ اب اگر سفیان ثوریؒ نے اس کے خلاف کوئی بات کہی ہے تو وہ امام اعظم رحمہ اللہ پر حجت نہیں

ہوسکتی، امام اعظم کا مقام سفیان ثوری سے بہت بلند ہے، وہ اکثر مسائل میں امام اعظمؒ کے قول پر فتوی دیتے تھے، البتہ بعض مسائل میں ان کی رائے الگ تھی جیسا کہ ابن المبارک کی بھی بعض مسائل میں رائے الگ تھی۔ اگر امام اعظمؒ پر حجت قائم کرنی ہے تو صحابہ یا اکابر تابعین میں سے کسی کا قول پیش کرنا چاہئے تھا، پس وکیعؒ کی بات بے وزن ہے یہ تو اجتہادی مسئلہ ہے اور اجتہادی مسائل میں آراء کا اختلاف ناگزیر ہے۔

بابُ ماجاءَ فی نِکَاحِ الْمُتْعَةِ

نکاح متعہ کا بیان

نکاح متعہ کے معنی ہیں: کچھ مدت کے لئے نکاح کرنا، اور نکاح موقّت نکاح متعہ ہی ہوتا ہے، صرف نام کا فرق ہے۔ اگر ایجاب وقبول میں لفظ متعہ استعمال کیا گیا تو وہ نکاح متعہ ہے اور اگر وقت کی تحدید کی گئی کہ اتنے دن، اتنے مہینے یا اتنے سالوں کے لئے نکاح کرتا ہے تو وہ نکاح موقت ہے۔ نکاح متعہ اور نکاح موقت بالا جماع حرام ہیں، اس میں کسی کا اختلاف نہیں۔ صرف اثنا عشری شیعہ اختلاف کرتے ہیں، ان کے یہاں متعہ نہ صرف جائز ہے بلکہ بعض راتوں میں متعہ بڑا کارِثواب ہے۔ ان کے علاوہ پوری امت متفق ہے کہ متعہ حرام ہے۔ دور اول میں ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک زمانہ تک متعہ کو جائز کہتے تھے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان سے حدث بیان کی کہ جنگ خیبر کے موقعہ پر نبی ﷺ نے ان کے ذریعہ متعہ کی حرمت کا اعلان کرایا ہے تو ابن عباسؓ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا، پس دور اول سے یہ مسئلہ اجماعی چلا آرہا ہے۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے غزوۂ خیبر کے موقع پر عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے (متعة النساء کی قید متعة الحج کو نکالنے کے لئے ہے، متعة الحج یعنی حج تمتع جائز ہے) اور پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا (الحمر الأهلية: کی قید سے گورخر نکل گیا وہ جنگلی گدھا ہے، اس کا گوشت حلال ہے)

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: شروع اسلام میں متعہ جائز تھا (متعہ کا رواج زمانۂ جاہلیت سے چلا آرہا تھا، اسلام نے دورِاول میں اس کو باقی رکھا تھا) جب کوئی شخص کسی اجنبی شہر میں وارد ہوتا جہاں اس کی کوئی جان پہچان نہیں ہوتی تھی تو اس کا وہاں جتنے دن ٹھہرنے کا ارادہ ہوتا اتنے دن کے لئے کسی عورت سے نکاح کرلیتا تاکہ وہ اس کے گھر میں قیام کرے، پس وہ عورت اس کے سامان کی حفاظت کرتی اور اس کی چیزوں کو سنوارتی، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: ﴿إِلَّا عَلٰى أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾ یعنی فلاح پانے والے مسلمان وہ ہیں جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں، مگر اپنی بیویوں سے یا اپنی باندیوں سے، پس ان پر کچھ الزام نہیں (سورۃ المؤمنون آیت ۶، سورۃ المعارج آیت ۳۰) اس آیت کے نزول کے بعد نبی ﷺ نے متعہ کی حرمت کا اعلان

کرایا، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: ''اب ہر شرم گاہ جوان کے علاوہ سے حرام ہے''

تشریح: حضرت ابن عباسؓ کی اس حدیث میں اشارہ ہے کہ متعہ خانگی مصالح کے پیش نظر کیا جاتا تھا، شرمگاہ کو کرائے پر لینا نہیں تھا کیونکہ یہ بات انسانی اقدار کے خلاف ہے اور ایسی بے شرمی کی بات ہے جسے فطرت سلیمہ ٹھکراتی ہے۔ پھر بعد میں تین وجوہ سے متعہ کی ممانعت کی گئی:

پہلی وجہ: پہلے متعہ حسب سابق چلتا رہا، پھر بعد میں عام طور پر متعہ کی ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے ممانعت کردی گئی، کیونکہ نکاح سے باحسن وجوہ انسان کی ضرورت پوری ہوجاتی ہے۔

دوسری وجہ: متعہ میں دو خرابیاں ہیں:

پہلی خرابی: اس سے نسب میں اختلاط واقع ہوتا تھا، کیونکہ متعہ کی مدت گذرنے کے بعد عورت مرد کے قابو سے نکل جاتی ہے، اب وہ خود مختار ہے، پس وہ کیا کرے گی اس کی کچھ خبر نہیں، اور اس کو عدت گذارنے کا حکم نہیں دیا جاسکتا، کیونکہ نکاح صحیح میں جو ہمیشہ کے لئے کیا جاتا ہے عدت کا انضباط دشوار ہے، پس متعہ میں عدت کی تعیین کیسے کی جائے گی!

دوسری خرابی: اگر متعہ کا رواج چل پڑے گا تو نکاح صحیح کا سلسلہ ختم ہوجائے گا، کیونکہ عام طور پر لوگ نکاح قضائے شہوت کے لئے کرتے ہیں، پس جب لوگوں کی ضرورت متعہ سے پوری ہوجائے گی تو نکاح کیوں کریں گے ان دو وجوہ سے متعہ کی ممانعت کی گئی۔

تیسری وجہ: نکاح اور زنا میں مابہ الامتیاز دو باتیں ہیں، ایک: زنا عارضی معاملہ ہوتا ہے اور نکاح دائمی رفاقت ومعاونت ہوتی ہے، دوم: زنا میں عورت کا کسی مرد کے ساتھ اختصاص نہیں ہوتا اور نکاح میں تمام لوگوں کے روبرو عورت میں منازعت ختم کردی جاتی ہے اور متعہ میں زنا والی دونوں باتیں پائی جاتی ہیں وہ بھی ایک عارضی معاملہ ہوتا ہے اور اس میں بھی عورت کسی کے لئے خاص نہیں ہوتی اس لئے اس کی ممانعت کردی گئی۔

سوال: حنفیہ نے اپنے اصول پر متعہ کو جائز کیوں نہیں کہا؟ ان کا اصول یہ ہے کہ اَیمان میں شرط باطل ہوجاتی ہے اور عقد صحیح ہوجاتا ہے، پس مدت کی تعیین باطل ہوجانی چاہئے اور اصل نکاح صحیح ہوجانا چاہئے!

جواب: متعہ: عقد میں شرط فاسد کا معاملہ نہیں ہے، بلکہ یہ انقلابِ ماہیت ہے۔ نکاح کی ماہیت اور ہے اور متعہ کی ماہیت اور ہے، آگے نکاح شغار کا مسئلہ آرہا ہے وہ نکاح میں شرط فاسد کا معاملہ ہے، اس میں ایک عورت کی فرج کو دوسری کا مہر مقرر کیا جاتا ہے، اور مہر: ماہیتِ نکاح سے خارج ہے، وہ شرط زائد ہے۔ اس لئے وہ شرط لغو ہوجاتی ہے اور نکاح صحیح ہوجاتا ہے اور یہاں دائمی نکاح اور ہے اور وہی اسلامی نکاح ہے اور وقتی نکاح اور ہے، وہ جاہلیت کے نکاحوں میں سے ایک نکاح ہے جو اسلام میں حرام ہے، غرض متعہ کی ماہیت: اسلامی نکاح سے بالکل مختلف ہے، پس یہ اسلامی نکاح مع شرط باطل کا مسئلہ نہیں ہے۔

[۲۷] باب ماجاء فی نکاح المتعة

[۱۱۰۳-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفیانُ ، عن الزُّهْرِیِّ، عن عبدِ اللهِ، والحَسَنِ ابْنَیْ مُحمّدِ بنِ عَلِیٍّ، عن أَبِیْهِمَا، عن عَلِیِّ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ، وعَنْ لُحُوْمِ الحُمُرِ الْأَهْلِیَّةِ زَمَنَ خَیْبَرَ.

وفی الباب: عن سَبْرَةَ الْجُهَنِیِّ، وأبی هریرةَ، حدیثُ عَلِیٍّ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعَمَلُ علی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وغَیْرِهِمْ، وإِنَّمَا رُوِیَ عَنِ ابنِ عبَّاسٍ شَیْئٌ مِنَ الرُّخْصَةِ فِیْ الْمُتْعَةِ، ثُمَّ رَجَعَ عَنْ قَوْلِهِ، حَیْثُ أُخْبِرَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وأَمْرُ أَکْثَرِ أَهْلِ العلمِ عَلَی تَحْرِیْمِ الْمُتْعَةِ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وابنِ الْمُبَارَکِ والشَّافِعِیِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

[۱۱۰۴-] حدثنا محمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا سُفیانُ بنُ عُقْبَةَ - أَخُوْ قَبِیْصَةَ بنِ عُقْبَةَ- نَا سُفیانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ مُوْسَی بنِ عُبَیْدَةَ، عن مُحمّدِ بنِ کَعْبٍ، عن ابنِ عبّاسٍ قالَ: إِنَّمَا کَانَتِ الْمُتْعَةُ فِیْ أَوَّلِ الإِسْلَامِ: کَانَ الرَّجُلُ یَقْدَمُ الْبَلْدَةَ، لَیْسَ لَهُ بِهَا مَعْرِفَةٌ، فَیَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ بِقَدْرِ مَا یَرَی أَنَّهُ یُقِیْمُ، فَتَحْفَظُ لَهُ مَتَاعَهُ، وتُصْلِحُ لَهُ شَیْأَهُ، حَتَّی إِذَا نَزَلَتِ الآیَةُ ﴿إِلَّا عَلٰی أَزْوَاجِهِمْ أَوْ مَامَلَکَتْ أَیْمَانُهُمْ﴾ قالَ ابنُ عبّاسٍ: فَکُلُّ فَرْجٍ سِوَاهُمَا فَهُوَ حَرَامٌ.

ترجمہ: ابن عباسؓ سے متعہ کے جواز کے سلسلہ میں کچھ مروی ہے، پھر انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا جب ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی حدیث سنائی، اور اکثر علماء کا مذہب متعہ کی حرمت ہے۔

بابُ ماجاءَ مِنَ النَّهْیِ عن نِکَاحِ الشِّغَارِ

نکاح شغار کی ممانعت

نکاح شغار: یہ ہے کہ دوشخص ایک دوسرے سے اپنی بیٹی یا بہن یا زیرتحویل عورت کا نکاح کریں اوران کی شرم گاہوں کوایک دوسرے کا مہر مقرر کریں، دوسرا کچھ مہر نہ ہو، اوراس طرح ایجاب وقبول کریں کہ میں نے اپنی فلاں بیٹی یا بہن کوتمہارے نکاح میں دیااس شرط سے کہ تم اپنی فلاں بیٹی یا بہن کو میرے نکاح میں دو، دوسرا قبول کرے تو یہ نکاح شغار ہے اورممنوع ہے، اسلام نے اس کی ممانعت کی ہے ——— لیکن اگر کوئی ایسا نکاح کرے تو کیا حکم ہے؟ حنفیہ کے نزدیک نکاح صحیح ہوگا اور شرط باطل ہوگی اور دونوں کا مہر مثل واجب ہوگا کیونکہ نکاح اَیمان (قسموں) میں سے ہے اور ایمان میں شرط فاسد خود فاسد ہوجاتی ہے اور معاملہ صحیح ہوجاتا ہے، تفصیل گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذرچکی ہے۔اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ نکاح صحیح نہیں، مہر مقرر کرکے ازسرنو نکاح کرنا ضروری ہے۔

اور حدیث شریف میں تین مسائل ہیں:

پہلا مسئلہ: جَلَب اور جَنَب جائز نہیں۔ جلب (مصدر) کے لغوی معنی ہیں: کھینچنا، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا (بابُہ نصر) اور جَنَب (مصدر) کے لغوی معنی ہیں: دور ہونا، الگ ہونا (بابُہ سمع) اور کتاب الزکوٰۃ میں جَنَب یہ ہے کہ لوگ زکوٰۃ کی وصولی کرنے والے کو پریشان کرنے کے لئے اموالِ زکات (مویشی) لے کر دور چلے جائیں۔ اور جَلَب یہ ہے کہ ساعی لوگوں کو حکم دے کہ وہ قابل زکوٰۃ اموال اس کے پاس لائیں۔ یہ دونوں باتیں جائز نہیں۔ مصدّق کی ذمہ داری ہے کہ وہ جنگل میں جا کر زکوٰۃ وصول کرے، اور لوگ اپنی جگہ ٹھہریں، دور نہ چلے جائیں۔

اور رِہان (دوڑ کی بازی) میں جلب کے معنی ہیں: گھوڑے کو ہنٹر لگوانا تاکہ گھوڑا تیز ہو جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے ایسا کرنے سے منع کیا کیونکہ یہ چار سو بیسی ہے۔ اور جنب کے معنی ہیں: دوڑ میں گھوڑ سوار کا اپنے گھوڑے کے پہلو میں دوسرا گھوڑا رکھنا تاکہ جب پہلا گھوڑا تھک جائے تو وہ دوسرے پر آ جائے، نبی ﷺ نے اس سے بھی منع فرمایا جیسے آج کل کھیل ہوتے ہیں ان کا اصول یہ ہے کہ کوئی کھلاڑی نشیلی دواء کھا کر میدان میں نہیں اتر سکتا، اسی طرح یہاں بھی اگر گھوڑے کو کوڑا مروا کر یا گھوڑا بدل کر جیتے گا تو یہ دوسرے کے حق پر ڈاکا ڈالنا ہے اس لئے اس کی اجازت نہیں۔

دوسرا مسئلہ: اسلام میں نکاح شغار نہیں کیونکہ اس میں جو عورتوں کی شرم گاہوں کو ایک دوسرے کا مہر مقرر کیا جاتا ہے تو یہ ان عورتوں کا حق مارنا ہے، کوئی باپ یا بھائی اپنی بیٹی یا بہن کی شرم گاہ کا مالک نہیں، پس اس کو مہر کیسے بنا سکتا ہے یہ ان کے حق میں ڈاکا ڈالنا ہے۔

تیسرا مسئلہ: جو شخص کسی بھی طرح کی کوئی لوٹ مچائے جیسے مالِ غنیمت لوٹے وہ اچھا مسلمان نہیں اور پہلے دونوں حکم بھی اسی قبیل سے ہیں، اس لئے ممنوع ہیں، لیس منا کا یہی مطلب ہے کہ اس شخص کا ہم سے کچھ لینا دینا نہیں، وہ ہمارا ہم مزاج نہیں، وہ بہتر مسلمان نہیں۔

ملحوظہ: نکاح میں چھوہارے لٹانے کا تذکرہ ایک ضعیف حدیث میں آیا ہے، لیکن چونکہ وہ لوگوں کی اذیت کا باعث ہوتا ہے اس لئے مسجد میں تو ہرگز مناسب نہیں۔

[۲۸] باب ماجاء من النهي عن نكاح الشغار

[۱۱۰۵-] حدثنا محمدُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِيْ الشَّوَارِبِ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، نا حُمَيْدٌ ـ وَهُوَ الطَّوِيْلُ ـ قَالَ: حَدَّثَ الْحَسَنُ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''لَاجَلَبَ وَلَاجَنَبَ، وَلَا شِغَارَ فِيْ الإِسْلَامِ، وَمَنْ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِي البابِ عَنْ أَنَسٍ، وأَبِيْ رَيْحَانَةَ، وابنِ عُمَرَ، وجَابِرٍ، وَمُعَاوِيَةَ، وأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَوَائِلِ بنِ حُجْرٍ.

[۱۱۰۶-] حدثنا إسحاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عن ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عن الشِّغَارِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ لاَيَرَوْنَ نِكَاحَ الشِّغَارِ، والشِّغَارُ: أَنْ يُزَوِّجَ الرَّجُلُ ابْنَتَهُ عَلَى أَنْ يُزَوِّجَهُ الآخَرُ ابْنَتَهُ أَوْ أُخْتَهُ، وَلاَ صَدَاقَ بَيْنَهُمَا.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: نِكَاحُ الشِّغَارِ مَفْسُوْخٌ، وَلاَيَحِلُّ، وَإِنْ جَعَلَ لَهُمَا صَدَاقًا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ، وَرُوِيَ عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، قالَ: يُقَرَّانِ عَلَى نِكَاحِهِمَا، وَيُجْعَلُ لَهُمَا صَدَاقُ الْمِثْلِ، وَهُوَ قَوْلُ أهلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: اس حدیث پر تمام علماء کا عمل ہے، وہ نکاح شغار کو نا جائز کہتے ہیں، اور شغار یہ ہے کہ آدمی اپنی بیٹی کا نکاح کرے اس شرط پر کہ دوسرا شخص اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس کے ساتھ کرے اور ان عورتوں کے لئے کچھ بھی مہر نہ ہو، اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ نکاح شغار باطل ہے اور وہ حلال نہیں ہوتا، اگر چہ ان دونوں کے لئے مہر مثل مقرر کرے، پس از سر نو نکاح پڑھنا ضروری ہوگا اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور عطاء بن ابی رباح سے مروی ہے کہ دونوں نکاحوں کو برقرار رکھا جائے گا اور دونوں کے لئے مہر مثل گردانا جائے گا اور یہ کوفہ والوں کا مذہب ہے۔

لغات: شَغَرَ المکانُ: کے معنی ہیں: خالی ہونا، چونکہ یہ نکاح مہر سے خالی ہوتے ہیں اس لئے نکاح شغار کہلاتے ہیں...... اِنْتَهَبَ الشيئَ: لے لینا، لوٹ لینا...... النُهْبَةُ: لوٹ، لوٹی ہوئی چیز۔

بابُ ماجاءَ لاَتُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَلاَ عَلَى خَالَتِهَا

پھوپھی بھتیجی اور خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں

حدیث (۱): نبی ﷺ نے کسی عورت سے اس کی پھوپھی پر یا اس کی خالہ پر نکاح کرنے سے منع فرمایا۔

تشریح: سورۃ النساء آیت ۲۳ میں ہے کہ دو بہنوں کو نکاح میں جمع مت کرو ﴿وَأَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ﴾ اور مذکورہ حدیث میں اس کے ساتھ دو اور جزئیوں کو لاحق کیا ہے یعنی پھوپھی بھتیجی کو اور خالہ بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں، یہ دو بہنوں کو جمع کرنے کے حکم میں ہے۔ پھر فقہاء نے آیت اور حدیث کی تنقیح کر کے ضابطہ بنایا کہ ایسی دو عورتیں جن میں سے کسی کو بھی مرد فرض کیا جائے تو اس کا دوسری سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو ان کو بھی نکاح میں جمع کرنا جائز نہیں، یہ بھی دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنے کے حکم میں ہے، مثلاً: پھوپھی بھتیجی میں سے اگر پھوپھی کو مرد فرض کریں گے تو چچا بھتیجی ہونگے اور بھتیجی کو مرد فرض کریں گے تو بھتیجا پھوپی ہونگے اور چچا کا بھتیجی سے اور بھتیجے کا پھوپھی سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے، اسی طرح خالہ بھانجی میں سے اگر خالہ کو مرد فرض کریں گے تو ماموں بھانجی

ہونگے اور بھانجی کومرد فرض کریں گے تو بھانجا خالہ ہونگے۔ اور ماموں کا بھانجی سے اور بھانجے کا خالہ سے نکاح ہمیشہ کے لئے حرام ہے، پس ان کو نکاح میں جمع کرنا حرام ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے اس سے منع کیا ہے کہ عورت (بھتیجی) سے اس کی پھوپھی پر یا پھوپھی سے اس کی بھتیجی پر یا عورت (بھانجی) سے اس کی خالہ پر یا خالہ سے اس کی بھانجی پر نکاح کیا جائے، اور فرمایا: نہ نکاح کیا جائے چھوٹی سے بڑی پر اور نہ بڑی سے چھوٹی پر، یعنی پہلے سے پھوپی خالہ نکاح میں ہوں پھر بھتیجی بھانجی سے نکاح کیا جائے یا پہلے سے بھتیجی بھانجی نکاح میں ہوں پھر پھوپھی خالہ سے نکاح کیا جائے یہ دونوں صورتیں ممنوع ہیں۔

[۲۹] باب ماجاء لاتنكح المرأة على عمتها ولا على خالتها

[۱۱۰۷-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نَا عبدُ الأَعْلٰى، نا سَعيدُ بنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عن أَبِيْ حَرِيْزٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ تَزَوُّجِ الْمَرْأَةِ عَلَى عَمَّتِهَا أَوْ خَالَتِهَا.

حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، حدّثنا عبدُ الأَعْلَى، عن هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عن ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ.

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عُمَرَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وأَبِيْ سَعيدٍ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وجَابِرٍ، وعائشةَ، وأَبِيْ مُوْسَى، وَسَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ.

[۱۱۰۸-] حدثنا الحسنُ بنُ عَلِيٍّ، نا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا دَاوُدُ بنُ أَبِيْ هِنْدٍ، نَا عَامِرٌ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ تُنْكَحَ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا، أَوِ الْعَمَّةُ عَلَى ابْنَةِ أَخِيْهَا، أَوِ الْمَرْأَةُ عَلَى خَالَتِهَا، أَوِ الْخَالَةُ عَلَى بِنْتِ أُخْتِهَا، وَلاَ تُنْكَحُ الصُّغْرَى عَلَى الْكُبْرَى، وَلاَ الْكُبْرَى عَلَى الصُّغْرَى.

حديثُ ابنِ عبّاسٍ وَأَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ على هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ العلمِ، لاَنَعْلَمُ بَيْنَهُمْ اخْتِلاَفًا: أَنَّهُ لاَيَحِلُّ لِلرَّجُلِ أَنْ يَجْمعَ بَيْنَ الْمَرْأَةِ وَعَمَّتِهَا أَوْ خَالَتِهَا، فَإِنْ نَكَحَ امْرَأَةً عَلَى عَمَّتِهَا أَوْ خَالَتِهَا، أَوِ الْعَمَّةَ عَلَى بِنْتِ أَخِيْهَا: فَنِكَاحُ الْأُخْرَى مِنْهُمَا مَفْسُوْخٌ، وَبِهِ يَقُوْلُ عَامَّةُ أهلِ العلمِ.

قال أبو عيسى: أَدْرَكَ الشَّعْبِيُّ أَبَا هُريرةَ، وَرَوَى عَنْهُ، وَسَأَلْتُ مُحمَّداً عَنْ هٰذَا، فقالَ: صحيحٌ، قالَ أبو عيسى: وَرَوَى الشَّعْبِيُّ عَنْ رَجُلٍ عن أَبِيْ هُريرةَ.

ترجمہ: اس حدیث پر تمام علماء کا عمل ہے، ہم ان کے درمیان کوئی اختلاف نہیں جانتے کہ آدمی کے لئے عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کے درمیان جمع کرنا جائز نہیں، پس اگر کسی شخص نے کسی عورت سے اس کی پھوپھی یا خالہ پر نکاح کیا یا پھوپھی سے بھتیجی کی (یا خالہ سے بھانجی کی) موجودگی میں نکاح کیا تو ان دونوں میں سے جو نکاح

دوسرے نمبر پر ہوگا وہ باطل ہے، تمام علماء اسی کے قائل ہیں۔ امام ترمذیؒ نے فرمایا: عامر شعبیؒ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا زمانہ پایا ہے اور ان سے روایت بھی کی ہے۔ میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس سلسلہ میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا کہ عامر کی حضرت ابو ہریرہؓ سے ملاقات ثابت ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: عامر شعبیؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے واسطہ سے بھی روایت کی ہے یعنی کچھ حدیثیں براہ راست حضرت ابو ہریرہؓ سے نہیں سنیں۔

بابُ ماجاءَ فی الشَّرْطِ عِنْدَ عُقْدَةِ النِّکَاحِ

نکاح کے وقت جو شرط لگائی جائے اس کا حکم

لفظ عقدۃ زینت کلام کے لئے ہے۔ اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ ایجاب وقبول کے وقت یا اس سے پہلے یا بعد میں باہمی رضامندی سے جو شرط لگائی جائے اس کا کیا حکم ہے؟ شرطیں تین قسم کی ہیں:

پہلی: وہ شرطیں ہیں جو عقد (نکاح) کا مقتضی ہیں جیسے مہر، نان ونفقہ وغیرہ۔ یہ شرطیں بہرحال ثابت ہونگی، خواہ وہ لگائی جائیں یا نہ لگائی جائیں اس لئے کہ جو عقد کا مقتضی ہیں وہ شرطیں بھی اگر ثابت نہیں ہونگی تو نکاح کا فائدہ کیا؟

دوم: وہ شرطیں ہیں جو عقد کے مقتضی کے خلاف ہیں، مثلاً: عورت نے شرط لگائی کہ وہ صحبت نہیں کرنے دے گی یا مرد نے شرط لگائی کہ وہ نان ونفقہ نہیں دے گا۔ یہ شرطیں عقد کے مقتضی کے خلاف ہیں، پس وہ کالعدم ہیں، عقد کا مقتضی بہرحال ثابت ہوگا، بعد میں عورت نان ونفقہ وغیرہ معاف کرسکتی ہے، یہ الگ بات ہے۔ اگر ایسی عقد کے مقتضی کے خلاف شرطیں نکاح میں لگائی گئیں تو وہ شرطیں خود باطل ہونگی اور نکاح صحیح ہوگا۔

سوم: وہ شرطیں ہیں جو نہ عقد کا مقتضی ہیں اور نہ اس کے خلاف ہیں مثلاً: یہ شرط لگانا کہ لڑکی رخصت ہوکر شوہر کے گھر نہیں جائے گی، شوہر گھر داماد ہوکر رہے گا یا جب موقع ملے شوہر آئے، یا یہ شرط کرنا کہ شوہر دوسرا نکاح نہیں کرے گا اور ان شرطوں کو قبول کرنے کی وجہ سے نکاح ہوا یعنی اگر یہ شرطیں قبول نہ کی جاتیں تو نکاح نہ ہوتا: ایسی شرطیں دیانۃً لازم ہیں قضاءً لازم نہیں۔ دیانۃً یعنی دینداری کے پیش نظر اور قضاءً یعنی کورٹ کے حکم کے طور پر، جس کو کرنا ضروری ہوتا ہے ورنہ پولیس مرغا بنائے گی، غرض یہ شرطیں جو نہ عقد کا مقتضی ہیں اور نہ اس کے خلاف ہیں ان کو دینداری کے نقطۂ نظر سے پورا کرنا چاہئے، مگر قضاءً لازم نہیں یعنی قاضی اس کا حکم نہیں دے گا، وہ شرط کے باوجود بیوی کو رخصت کرکے میکے سے سسرال لے جاسکتا ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں ایک حدیث ہے اور دو: حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے اقوال ہیں، حدیث یہ ہے کہ شرطوں میں سے وفا کی سب سے زیادہ حقدار (یہ مبتدا ہے جو إِنَّ کا اسم ہے) وہ شرطیں ہیں جن کے ذریعہ تم نے شرم گاہوں کو حلال کیا ہے (یہ خبر ہے) یعنی تمہارا نکاح ان شرطوں کو منظور کرنے کی وجہ ہی سے ہوا ہے

اگر تم ان شرطوں کو منظور نہ کرتے تو تمہارا نکاح نہ ہوتا، پس یہ شرطیں وفا کی سب سے زیادہ حقدار ہیں یعنی ان شرطوں کو دیانۃً ضرور پورا کرنا چاہئے۔

اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر کسی نے اس شرط پر نکاح کیا کہ وہ لڑکی کو اس کے میکے سے رخصت کر کے نہیں لے جائے گا تو شوہر کو (دیانۃً) یہ شرط پوری کرنی چاہئے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی شرطیں عورت کی شرطوں سے مقدم ہیں یعنی گھر داماد بن کر رہنا نکاح کا مقتضی نہیں اس لئے یہ شرط باطل ہے، مرد بیوی کو جہاں چاہے لے جاسکتا ہے ——— حضرت عمرؓ کا قول دیانت پر محمول ہے اور حدیث میں بھی دیانت کا بیان ہے۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول قضا پر محمول ہے۔ یعنی اگر یہ معاملہ قاضی کے روبرو پیش ہوگا تو قاضی اس شرط کو کالعدم کر دے گا اور مرد کو اجازت دے گا کہ وہ بیوی کو جہاں چاہے لے جائے۔

[۳۰] باب ماجاء فی الشرط عند عُقْدَةِ النکاح

[۱۱۰۹-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عیسی، نَا وَکِیْعٌ، نا عبدُ الْحَمِیْدِ بنُ جَعْفَرٍ، عن یَزِیْدَ بنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بنِ عبدِ اللهِ الْیَزَنِیِّ أَبِی الخَیْرِ، عن عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ الجُهَنِیِّ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ أَحَقَّ الشُّرُوْطِ أَنْ یُوَفَّی بِهَا: مَا اسْتَحْلَلْتُم بِهِ الْفُرُوْجَ"

حدثنا أبو مُوسَی مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّی، نا یَحییَ بنُ سَعِیدٍ، عن عَبْدِ الْحَمِیْدِ بنِ جَعْفَرٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، قالَ: إِذَا تزَوَّجَ رَجُلٌ امْرَأَةً، وَشَرَطَ لَهَا أَنْ لاَیُخْرِجَهَا مِنْ مِصْرِهَا، فَلَیْسَ لَهُ أَنْ یُخْرِجَهَا، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ العلمِ، وَبِهِ یَقُوْلُ الشَّافِعِیُّ وأحمدُ وإسحاقُ.

وَرُوِیَ عَنْ عَلِیِّ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ أَنَّهُ قَالَ: شَرْطُ اللّٰهِ قَبْلَ شَرْطِهَا، کَأَنَّهُ رَأَی لِلزَّوْجِ أَنْ یُخْرِجَهَا، وإِنْ کَانَتِ اشْتَرَطَتْ عَلَی زَوْجِهَا أَنْ لاَیُخْرِجَهَا، وَذَهَبَ بَعْضُ أهلِ العلمِ إِلٰی هٰذَا، وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وبَعْضِ أهلِ الْکُوْفَةِ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم صحابہ کا عمل ہے، ان میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کسی شخص نے کسی عورت سے شادی کی اور یہ شرط لگائی کہ وہ عورت کو اس کے شہر سے نہیں نکالے گا تو اس کو نکالنے کا حق نہیں۔ اور یہ بعض اہل علم کا قول ہے، اور اسی کے قائل ہیں شافعی، احمد اور اسحاق۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کی شرط عورت کی شرط سے مقدم ہے گویا انھوں نے جائز قرار دیا شوہر کے لئے کہ وہ عورت کو اس کے

شہر سے نکالے اگرچہ عورت نے شوہر سے شہر سے نہ نکالنے کی شرط لگائی ہو، اور بعض اہل علم اس کی طرف گئے ہیں اور یہ سفیان ثوری اور بعض اہل کوفہ کا قول ہے (مگر تطبیق کی صورت بہتر ہے)

بابُ ماجاءَ فی الرَّجُلِ یُسْلِمُ وَعِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ

اگر کسی نو مسلم کے نکاح میں چار سے زیادہ بیویاں ہوں تو کیا کرے؟

یہ دو باب ہیں، پہلے باب میں یہ واقعہ ہے کہ غیلان بن سلمۃ ثقفی رضی اللہ عنہ جب مسلمان ہوئے تو ان کے نکاح میں دس بیویاں تھیں، وہ سب بھی مسلمان ہوگئیں۔ آنحضور ﷺ نے ان کو چار منتخب کر کے رکھنے کا اور باقی کو علحدہ کرنے کا حکم دیا۔ ایسا ہی ایک دوسرا واقعہ مصنف ابن ابی شیبہ (حدیث ۱۷۰۶۹ ج:۹:۳۵۱) میں مروی ہے قیس بن الحارثؓ مسلمان ہوئے ان کے نکاح میں آٹھ بیویاں تھیں، نبی ﷺ نے چار کو روکنے کا اور باقی کو علحدہ کرنے کا حکم دیا۔ اور دوسرے باب میں یہ واقعہ ہے کہ فیروز دیلمیؓ کے نکاح میں دو بہنیں تھیں، جب وہ مسلمان ہوئے تو آپؐ نے ان کو بھی کسی ایک کے انتخاب کا اور دوسری کو علحدہ کرنے کا حکم دیا۔ ان حدیثوں کی وجہ سے ائمہ ثلاثہ تخییر کے قائل ہیں، وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص مسلمان ہوا اور اس کے نکاح میں چار سے زیادہ بیویاں ہوں یا دو بہنیں ہوں تو اس کو اختیار ہے، وہ اپنی پسندیدہ چار بیویوں کو روک لے اور جو بہن اسے پسند ہو اسے روک لے اور باقی کو علحدہ کردے۔ اور امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جو چار پہلے نکاح میں آئی ہیں اور جس بہن سے پہلے نکاح ہوا ہے وہ نکاح میں رہیں گی باقی خود بخود نکاح سے علحدہ ہو جائیں گی۔ یعنی شیخین رحمہما اللہ تخییر کے قائل نہیں، میری رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ اگر یہ واقعہ مسلمان کا ہے یعنی کسی بد دین مسلمان نے دو بہنوں سے نکاح کیا یا چار سے زیادہ بیویاں کیں تو اس کے لئے تخییر کا حکم نہیں ہے بلکہ پہلے جن سے نکاح ہوا ہے ان کا نکاح صحیح ہیں اور بعد کے نکاح باطل ہیں اور اگر یہ واقعہ کسی نو مسلم کا ہے تو اس کو اختیار ہوگا کہ جن کو چاہے رکھے اور باقی کو علحدہ کردے۔ اور وجہ ظاہر ہے کہ مسلمان کے بعد والے نکاح ہوئے ہی نہیں اور غیر مسلم کے اس کے مذہب کے مطابق سب نکاح درست ہیں، پس اس کو اختیار ہوگا کہ جن کو چاہے رکھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

[۳۱] باب ماجاء فی الرجل یُسلم وعنده عشر نسوة

[۱۱۱۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن سَعيدِ بنِ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عن الزُّهْرِیِّ، عن سَالِمِ بنِ عبدِ اللهِ، عن ابنِ عُمَرَ؛ أَنَّ غَيْلَانَ بنَ سَلَمَةَ الثَّقَفِیَّ أَسْلَمَ، وَلَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ فِیْ الْجاهِلِيَّةِ، فَأَسْلَمْنَ مَعَهُ، فَأَمَرَهُ النبیُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَتخَيَّرَ مِنْهُنَّ أَرْبَعًا.

هٰكَذَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أَبِيْهِ، وسَمِعْتُ مُحَمَّدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: هٰذَا حديثٌ غَيرُ مَحْفُوْظٍ، والصَّحِيْحُ مَارَوَى شُعَيْبُ بنُ أَبِي حَمْزَةَ وَغَيْرُهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، قالَ: حُدِّثْتُ عَنْ مُحمّدِ بنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ: أَنَّ غَيْلَانَ بنَ سَلَمَةَ أَسْلَمَ وَعِنْدَهُ عَشْرُ نِسْوَةٍ، قالَ مُحمَّدٌ: وَإِنَّمَا حديثُ الزُّهْرِيِّ، عن سَالِمٍ، عن أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ ثَقِيْفٍ طَلَّقَ نِسَاءَ هُ، فقالَ لَهُ عُمَرُ: لَتُرَاجِعَنَّ نِسَاءَ كَ، أَوْ لَأَرْجُمَنَّ قَبْرَكَ كَمَا رُجِمَ قَبْرُ أَبِي رِغَالٍ!

والعملُ على حديثِ غَيْلَانَ بنِ سَلَمَةَ عِنْدَ أَصْحَابِنَا، مِنْهُمُ الشَّافِعِيُّ، وأحمدُ، وإسحاقُ.

وضاحت: غیلان بن سلمہ کی حدیث جو معمر نے زہری، عن سالم، عن ابیہ کی سند سے ذکر کی ہے: امام بخاریؒ فرماتے ہیں: یہ سند محفوظ نہیں، صحیح سند وہ ہے جو شعیب بن ابی حمزۃ وغیرہ نے زہری سے نقل کی ہے۔ زہری کہتے ہیں: میں محمد بن سوید ثقفی سے حدیث بیان کیا گیا (بیچ میں مجھول واسطہ ہے) کہ غیلان ثقفی مسلمان ہوئے درانحالیکہ ان کے پاس دس بیویاں تھیں۔ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: معمر کی مذکورہ سند سے درحقیقت حضرت غیلان کا دوسرا واقعہ مروی ہے کہ حضرت غیلان نے تبتل (بیویوں سے علحدہ رہنے) کا ارادہ کیا تاکہ سارا وقت اللہ کی عبادت میں گذاریں، چنانچہ انھوں نے اپنی سب بیویوں کو طلاق دیدی۔ یہ واقعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے۔ حضرت عمرؓ نے ان کو حکم دیا کہ سب بیویوں کو نکاح میں واپس لیں اور فرمایا: اگر تم ایسا نہیں کروگے تو میں مسلمانوں کو حکم دوں گا کہ جس طرح ابو رغال کی قبر پر پتھر مارے جاتے ہیں تمہاری قبر پر بھی پتھر ماریں، چنانچہ انھوں نے بیویوں کو نکاح میں واپس لیا۔

فائدہ: ابو رغال کے معاملہ میں مختلف اقوال ہیں، ایک قول یہ ہے کہ ابو رغال قوم ثمود کا عذاب سے بچ جانے والا ایک فرد تھا، دوسرا قول یہ ہے کہ یہ ہاتھی والوں کا گائیڈ (راہ نما) تھا، اس لئے اس سے عرب شدید نفرت کرتے تھے، چنانچہ وہ لوگ اس کی قبر پر پتھر مارتے تھے۔ یہ بات ابوداؤد کی حدیث (۲:۴۴ كتاب الخراج باب نبش القبور العادية) میں آئی ہے، فتح مکہ کے بعد جب نبی ﷺ طائف کا محاصرہ کرنے کے لئے تشریف لے گئے تو آپؐ نے صحابہ کو اس کی قبر دکھائی اور یہ علامت بتائی کہ اس کے ساتھ سونے کی ایک چھڑی دفن کی گئی تھی چنانچہ صحابہ نے قبر کھودی اور وہ چھڑی نکال لی۔

ترجمہ: ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ غیلان بن سلمہ ثقفی اسلام لائے درانحالیکہ ان کے نکاح میں دس بیویاں تھیں، پس وہ بھی حضرت غیلان کے ساتھ اسلام لائیں، پس نبی ﷺ نے ان کو ان میں سے چار کا انتخاب کرنے کا حکم دیا، اس حدیث کو معمر نے زہری سے، انھوں نے سالم سے، انھوں نے اپنے ابا سے اسی طرح روایت کیا ہے (امام ترمذیؒ کہتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ یہ حدیث (یعنی سند) محفوظ نہیں۔ اور صحیح یہ ہے کہ اس کو شعیب بن ابی حمزہ وغیرہ نے زہری سے روایت کیا ہے، زہری کہتے ہیں: میں محمد بن سوید ثقفی سے حدیث بیان کیا گیا کہ غیلان بن سلمہ اسلام لائے اس وقت ان کے نکاح میں دس بیویاں تھیں۔ امام بخاریؒ کہتے ہیں: امام زہری کی حدیث جو سالم سے ہے

جس کو وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اس کا متن یہ ہے کہ قبیلۂ ثقیف کے ایک شخص نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی، پس ان سے حضرت عمرؓ نے فرمایا: البتہ ضرور آپ یا تو اپنی بیویوں کو نکاح میں واپس لیں یا میں ضرور آپ کی قبر پر پتھر ماروں گا جس طرح ابورغال کی قبر پر پتھر مارے جاتے ہیں یعنی مرنے کے بعد بھی میں تمہیں رسوا کروں گا۔ اور غیلان کی حدیث پر ہمارے اصحاب یعنی حجازی مکتب فکر کے اکابر کا عمل ہے ان میں سے شافعی، احمد اور اسحاق ہیں (یہ مسئلہ اجماعی ہے)

فائدہ (۱): امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت غیلان کی حدیث کے ضعف کی جو وجہ بیان کی ہے وہ کچھ زیادہ اہم نہیں ہے، ان کی بیان کردہ وجہ کا حاصل یہ ہے کہ زہری عن سالم کی سند سے یہ حدیث مروی نہیں، بلکہ اس کی دوسری سند ہے، زہریؒ کو یہ حدیث محمد بن سوید ثقفی سے بالواسطہ پہنچی ہے اور زہریؒ کے مراسیل ضعیف ہوتے ہیں، مگر امام بخاریؒ نے اس کی کوئی دلیل پیش نہیں کی اور یہ بات ممکن ہے کہ دو مختلف سندوں سے ایک ہی واقعہ مروی ہو اور امام بخاری کا یہ فرمانا کہ زہری عن سالم کی سند سے حضرت غیلان کے طلاق دینے کا واقعہ مروی ہے یہ وجہ بھی کچھ زیادہ اہم نہیں کیونکہ ایک ہی سند سے دو واقعے مروی ہو سکتے ہیں۔

اصل اعتراض اس سند پر یہ ہے کہ معمر بن راشد بصری تھے پھر انھوں نے یمن میں بود و باش اختیار کی تھی پھر جب وہ یمن میں حدیث بیان کرتے تو اپنی کتابیں سامنے رکھ کر بیان کرتے اور جب سفر میں نکلتے تھے تو حافظہ سے حدیثیں بیان کرتے تھے، اس وجہ سے وہم ہو جاتا تھا، پس جن طالب علموں نے ان سے یمن میں پڑھا ہے جیسے عبدالرزاق صنعانی (صاحب مصنف) ان کی روایتیں تو بے غبار ہیں اور جن طالب علموں نے یمن کے علاوہ کسی اور جگہ ان سے پڑھا ہے ان کی روایتیں محل نظر ہیں، کتاب میں سعید بن ابی عروبہ کی روایت ہے اور وہ بصری ہیں، پس ان کی روایت محل نظر ہے۔ یہ ایک معمولی خرابی ہے، مگر قیس بن الحارث اسدی کی روایت اس کی شاہد ہے ان کے نکاح میں آٹھ بیویاں تھیں، نبی ﷺ نے چار کے علاوہ باقی کو علحدہ کرنے کا حکم دیا، اس کی سند میں اگرچہ ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں مگر ان کا ضعف حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے تھا ان میں اور کوئی خرابی نہیں تھی، اس وجہ سے ان کی حدیث شاہد بن سکتی ہے (یہ حاشیہ شیخ محمد عوامہ حلبی کے مصنف ابن ابی شیبہ کے حاشیہ سے مستفاد ہے)

فائدہ (۲): یہ اجماعی مسئلہ ہے یعنی چاروں ائمہ متفق ہیں کہ چار سے زیادہ عورتوں سے بیک وقت نکاح نہیں ہو سکتا اس میں غیر مقلدین کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک نکاح کے لئے کوئی عدد متعین نہیں جتنی چاہیں بیویاں نکاح میں جمع کر سکتے ہیں۔ نواب صدیق حسن خان صاحب کے لڑکے میر نور الحسن خان صاحب نے عرف الجادی (ص:۱۱۱) میں یہ مسئلہ تفصیل سے لکھا ہے، کہتے ہیں:

''حالانکہ ظاہر یہ وابن صبّاغ وعمران وشلّہ از محققین متاخرین برخلاف ایں اجماع رفتہ اندوہم قرآن کریم وفعلِ رسول رحیم کہ نُہ زن یا زیادہ در بعض اوقات فراہم آوردہ خلاف اجماع مذکور است و دعوی خصوصیت مفتقر بدلیل است''

اور باب کی روایات کو وہ ضعیف قرار دیتے ہیں، حالانکہ ضعیف روایت پر جب اجماع ہوجاتا ہے تو مسئلہ قطعی ہوجاتا ہے، جیسے بیس رکعت تراویح کی ضعیف روایت پر جب امت کا اجماع ہوگیا، اور چاردانگ عالم تعامل شروع ہوگیا تو اب وہ تعداد قطعی ہوگئی حدیث کے ضعف کا اس پر اثر نہیں پڑے گا، یہی حال اس مسئلہ کا بھی ہے اور گمراہ لوگوں کا اختلاف اجماع کو متأثر نہیں کرتا۔

بابُ ماجاءَ فی الرَّجُلِ یُسْلِمُ وَعِنْدَهُ أُخْتَانِ

جس کے نکاح میں دو بہنیں ہوں وہ کیا کرے؟

حدیث: فیروز دیلمی کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں مسلمان ہوگیا ہوں اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ان میں سے جس کو آپ چاہیں اختیار کرلیں (اور دوسری کو چھوڑ دیں)

[۳۲] باب ماجاء فی الرجل یسلم وعنده أختان

[۱۱۱۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا ابنُ لَهِیْعَةَ، عن أَبِیْ وَهْبٍ الجَیْشَانِیِّ، أَنَّهُ سَمِعَ ابنَ فَیْرُوْزَ الدَّیْلَمِیَّ، یُحَدِّثُ عن أَبِیْهِ، قالَ: أَتَیْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم فَقُلْتُ: یارسولَ اللهِ! إِنِّیْ أَسْلَمْتُ وَتَحْتِیْ أُخْتَانِ، فقالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "اخْتَرْ أَیَّتَهُمَا شِئْتَ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وأبو وَهْبٍ الجَیْشَانِیُّ: اسْمُهُ الدَّیْلَمُ بنُ هُوْشَعٍ.

باب الرَّجُلِ یَشْتَرِیْ الْجَارِیَةَ وَهِیَ حَامِلٌ

خریدی ہوئی حاملہ باندی سے وضع حمل سے پہلے صحبت جائز نہیں

کسی شخص نے باندی خریدی وہ حاملہ ہے پس جب تک اس کا وضع حمل نہ ہوجائے مشتری کے لئے اس سے وطی کرنا جائز نہیں، اور یہی حکم اس عورت کا ہے جو زنا سے حاملہ، اگر اس کا کسی سے نکاح ہوجائے تو نکاح صحیح ہوگا، مگر شوہر کے لئے اس سے وطی کرنا جائز نہیں تا آنکہ وہ بچہ جن دے، البتہ اگر زانی ہی سے نکاح ہوا ہے تو وہ وطی کرسکتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ باندی میں جب بھی ملکیت بدلے گی استبراء رحم ضروری ہوگا یعنی ملکیت بدلنے کے بعد جب تک باندی کو ایک حیض نہ آجائے نئے آقا کے لئے اس سے وطی کرنا جائز نہیں، اور یہ حکم اس لئے ہے کہ نسبوں میں اختلاط نہ ہوجائے، کسی کا بچہ کسی طرف منسوب نہ ہوجائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جوشخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنا پانی غیر کے بچے کو نہ پلائے'' یہ استعارہ ہے یعنی غیر سے حاملہ باندی یا بیوی سے صحبت نہ کرے اور اس حدیث میں اشارہ ہے کہ حاملہ سے صحبت بچہ کے نشو ونما پر اثر انداز ہوتی ہے۔ تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۱۷۸:۵) میں ہے۔

[۳۳] باب الرجل یشتری الجاریة وهی حامل

[۱۱۱۲-] حدثنا عُمَرُ بنُ حَفْصٍ الشَّیْبَانِیُّ الْبَصْرِیُّ، نا عبدُ اللہِ بنُ وَهْبٍ، نا یَحییَ بنُ أَیُّوْبَ، عن رَبِیْعَةَ بنِ سُلَیْمٍ، عن بُسْرِ بنِ عُبَیْدِ اللہِ، عن رُوَیْفِعِ بنِ ثَابِتٍ، عن النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قالَ: ''مَنْ کانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الآخِرِ فَلاَ یَسْقِ مَاءَہُ وَلَدَ غَیْرِہِ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ رُوَیْفِعِ بنِ ثابتٍ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أهلِ العلمِ لاَیَرَوْنَ لِلرَّجُلِ إِذَا اشْتَرَی جَارِیَةً وَهِیَ حَامِلٌ: أَنْ یَطَأُهَا حَتَّی تَضَعَ.

وفی الباب: عن ابنِ عبّاسٍ، وأَبِی الدَّرْدَاءِ، والعِرْبَاضِ بنِ سَارِیَةَ، وأَبِی سَعِیْدٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ آدمی کے لئے جب وہ باندی خریدے درانحالیکہ وہ حاملہ ہو تو اس سے وطی کرنے کو ناجائز کہتے ہیں یہاں تک کہ وہ حمل کو جن دے۔

بابُ ماجاء فی الرجل یَسْبِی الْأَمَةَ وَلَهَا زَوْجٌ هَلْ یَحِلُّ لَهُ وَطْیُهَا؟

باندی کا شوہر زندہ ہو تو اس سے صحبت جائز ہے

اگر جنگ میں شادی شدہ عورت قید ہو اور اس کا شوہر قتل ہوگیا ہو تب تو کوئی مسئلہ نہیں، لیکن اگر شوہر زندہ ہو تو جب وہ عورت کسی فوجی کو دیدی گئی اور باندی بنالی گئی تو نکاح ختم ہوگیا۔ اب استبرائے رحم کے بعد آقا کے لئے اس سے صحبت کرنا جائز ہے۔

حدیث: جنگ اوطاس میں کچھ عورتیں قید ہوئیں، وہ شادی شدہ تھیں، ان کے قبیلوں میں ان کے شوہر زندہ تھے، وہ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے تھے، جب وہ عورتیں باندیاں بنالی گئیں تو کچھ لوگوں کو ان سے وطی کرنے میں حرج محسوس ہوا، کیونکہ قرآن میں ہے: ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ﴾ یعنی تم پر حرام کی گئی ہیں وہ عورتیں جو شوہر والی ہیں، لوگوں نے اپنا یہ اشکال آنحضور ﷺ کے سامنے رکھا تو ﴿إِلَّا مَامَلَکَتْ أَیْمَانُکُمْ﴾ کا استثناء نازل ہوا یعنی جو عورتیں شوہر والی ہیں مگر وہ باندی بنالی گئیں تو وہ اس حکم سے مستثنیٰ ہیں ان سے صحبت جائز ہے۔

[٣٤] باب ماجاء فی الرجل يَسْبِی الأمةَ ولها زوج هل يحل له وطيها؟

[١١١٣-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا عُثْمَانُ البَتِّیُّ، عن أَبِی الْخَلِيْلِ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: أَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ أَوْطَاسٍ، وَلَهُنَّ أَزْوَاجٌ فِیْ قَوْمِهِنَّ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ: ﴿وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ الثَّوْرِیُّ عَنْ عُثْمَانَ البَتِّیِّ، عن أَبِی الْخَلِيْلِ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ، وأَبُوْ الْخَلِيْلِ: اسْمُهُ صَالِحُ بنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، وَرَوَى هَمَّامٌ هٰذَا الحديثَ عَنْ قَتَادَةَ، عن صَالِحٍ أَبِی الْخَلِيْلِ، عَنْ أَبِیْ عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِیِّ، عن أَبِیْ سَعِيدٍ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، حدثنا بِذٰلِكَ عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا حَبَّانُ بنُ هِلَالٍ، نا هَمَّامٌ.

وضاحت: اس حدیث کو صالح ابوالخلیل نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے براہ راست بھی روایت کیا ہے اور ابوعلقمہ کے واسطہ سے بھی، پہلی سند عثمان البتی کی ہے، ان سے ہشیم روایت کرتے ہیں اور سفیان ثوری ان کے متابع ہیں، اور دوسری سند قتادہ کی ہے ان سے ہمّام روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِیْ كَرَاهِيَةِ مَهْرِ الْبَغِیِّ

رنڈی کی فیس حرام مال ہے

بَغِیٌّ: کے لغوی معنی ہیں: چاہی ہوئی، چونکہ رنڈی کے پاس ہر کوئی آتا ہے اس لئے اس کے لئے یہ لفظ مستعمل ہے۔

رنڈی کو جو زنا کی اجرت دی جاتی ہے وہ حرام ہے، مگر قدماء جس چیز کی حرمت حدیث سے ثابت ہوتی ہے اس کے لئے لفظ کراہیت استعمال کرتے ہیں اور جس کی حرمت قرآن سے ثابت ہوتی ہے اس کے لفظ حرام استعمال کرتے ہیں، چنانچہ یہاں بھی کراہیت کا لفظ استعمال کیا ہے، مگر مراد حرمت ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے تین چیزوں سے منع فرمایا: کتے کی قیمت سے، رنڈی کی اجرت سے اور کاہن کے نذرانے سے۔

تشریح: کتے کی بیع مطلقاً حرام ہے یا اس میں کچھ تفصیل ہے: اس کی وضاحت ابواب البیوع میں آئے گی، اور رنڈی کی اجرت سے آقا کو منع کیا ہے۔ زمانۂ جاہلیت میں یہ رواج تھا کہ آقا اپنی باندی کو زنا کرنے پر مجبور کرتا تھا اور اس کی آمدنی کھاتا تھا۔ اس حدیث میں اس سے کہا گیا ہے کہ یہ رقم تیرے لئے حرام ہے اور جب آقا کے لئے حرام ہے تو خود رنڈی کے لئے بھی حرام ہے، اور یہ بات سورۃ النساء آیت ۳۳ میں صراحۃً آئی ہے: ﴿وَلَاتُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ

عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا﴾ یعنی تم اپنی باندیوں کو بدکاری پر مجبور مت کرو اگر وہ پاک دامن رہنا چاہتی ہیں تا کہ تم دنیا کی زندگی کا اسباب چاہو یعنی اس ذریعہ سے پیسے کماؤ۔ اور کاہن کا نذرانہ بھی حرام ہے، جب اسلام نے کہانت کو جڑ بنیاد سے ختم کر دیا، اور کاہن کے پاس جانے کو اور اس سے غیب کی باتیں پوچھنے کو حرام قرار دیا تو اب نذرانے کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے!

[۳۵] باب ماجاء فی کراهية مهر البغیّ

[۱۱۱٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عن ابنِ شِهَابٍ، عن أَبِیْ بَكْرِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَن أَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِیِّ، قالَ: نَهٰى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِیِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ.

وفی الباب: عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وأَبِیْ جُحَيْفَةَ، وأَبِیْ هُريرةَ، وابنِ عبّاسٍ، وحديثُ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ أَنْ لَايَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيْهِ

منگنی پر منگنی ڈالنا ممنوع ہے

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کی بیع پر بیع نہ کرے اور اپنے مسلمان بھائی کے نکاح کے پیغام پر پیغام نہ ڈالے“

تشریح: یہ حدیث حسن معاشرت کے باب سے ہے جب کسی شخص کے ساتھ سودا چل رہا ہو یا کسی نے منگنی بھیج رکھی ہو اور اس کی طرف التفات ہو گیا ہو تو دوسرے کو بیچ میں نہیں پڑنا چاہئے، اس سے پہلے شخص کو ایذاء پہنچے گی اور اس کو ناگواری ہوگی اور فتنوں کا دروازہ کھلے گا۔

جاننا چاہئے کہ بیع اور منگنی کے تین مرحلے ہیں:

پہلا مرحلہ: جب تک مکان معرضِ بیع میں ہو یعنی اس پر ”برائے فروخت“ کا بورڈ لگا ہوا ہو اس مرحلہ میں ہر شخص آفر دے سکتا ہے یعنی خریدنے کی پیشکش کر سکتا ہے کوئی ممانعت نہیں۔ اسی طرح لڑکا یا لڑکی جب تک معرض خطبہ میں ہیں، ان کی منگنیاں آرہی ہیں، اس مرحلہ میں کوئی بھی پیغامِ نکاح دے سکتا ہے کوئی ممانعت نہیں۔

دوسرا مرحلہ: جب کسی کے ساتھ سودا طے ہو جائے اور چیز بک جائے یا کسی کا پیغام قبول کر لیا جائے اور منگنی ہو جائے تو اب بیچ میں کودنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

تیسرا مرحلہ: درمیانی ہے یعنی جب کسی ایک کے ساتھ سودا چل رہا ہے تو دوسرے کو بیچ میں کودنے کی اجازت

نہیں، یا کسی منگنی دینے والے کی طرف رکون اور جھکاؤ ہو گیا ہے، ایک دوسرے کے گھر آنا جانا لڑکے لڑکی کو دیکھنا اور باہم ہدیہ دینا لینا شروع ہو گیا ہے تو اب دوسرے کو بیچ میں نہیں کودنا چاہئے۔ یہ اس شخص کو اس چیز سے مایوس کرنا ہے جس کے وہ درپے ہے اور اس کو اس چیز سے نامراد کرنا ہے جس کا وہ امیدوار ہے اور اس کے ساتھ بدمعاملگی، ظلم اور اس پر تنگی کرنا ہے جس سے اس کو ایذاء پہنچے گی اور ناگواری ہوگی اور فتنوں کا دروازہ کھلے گا اس لئے اس کی ممانعت کی گئی۔

حدیث (۲): حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کو ان کے شوہر نے تین طلاقیں دیدی تھیں اس کا تفصیلی واقعہ یہ ہے کہ پہلے ایک طلاق دی تھی، لوگوں نے بیچ میں پڑ کر رجوع کرادیا تھا، لیکن بیل منڈھے نہ چڑھی تو کچھ عرصہ کے بعد شوہر نے دوسری طلاق دی لوگوں نے پھر رجوع کرادیا، کیونکہ حضرت فاطمہؓ اونچے خاندان کی تھیں، لیکن پھر بھی گاڑی نہ چلی تو شوہر نے سوچا کہ اگر اب طلاق دوں گا تو چونکہ رجوع نہیں ہو سکتا اس لئے لوگ بجائیں گے، خوب دھلائی کریں گے، چنانچہ انھوں نے ایک پلان کے مطابق اپنے چچازاد بھائی کے پاس دس قفیز غلہ رکھا (ایک قفیز انتالیس کلو کا ہوتا ہے) پانچ قفیز جو کے اور پانچ قفیز گیہوں کے، اس زمانہ میں گیہوں ہر ایک کو میسر نہ تھا، مگر چونکہ بیوی بڑی ناک والی تھی اس لئے انھوں نے پانچ قفیز جو کے ساتھ پانچ قفیز گیہوں بھی رکھے۔ اور بھائی کو پلان سمجھا کر سفر میں نکل گئے اور وہاں سے چچازاد بھائی کے نام خط لکھا، جس میں تیسری طلاق لکھی، چچازاد بھائی نے وہ خط اور غلہ ان کو پہنچایا، وہ آگ بگولہ ہو گئیں، مگر کس سے بھڑتیں! آنحضور ﷺ کے پاس پہنچیں اور سارا ماجرا کہہ سنایا۔ آپؐ نے فرمایا: صَدَقَ یعنی تمہارے شوہر نے جتنا نفقہ تمہارے لئے رکھا ہے وہی تمہارا حق ہے، انھوں نے وہ نفقہ قبول نہیں کیا اور حضور ﷺ نے بھی زیادہ نہیں دلوایا، اور چونکہ شوہر گھر پر موجود نہیں تھا اس لئے اندیشہ تھا کہ وہ ساس اور نندوں سے الجھیں گی، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: تم اپنی عدت ام شریکؓ کے گھر میں گذارو، یہ ایک انصاری خاتون تھیں اور بوڑھی تھیں، اور بہت سخی تھیں، مہاجرین کی بکثرت دعوت کرتی تھیں۔ جب حضرت فاطمہؓ جانے لگیں تو آنحضور ﷺ نے ان کو بلایا اور فرمایا: ام شریک مہاجرین کی بکثرت دعوت کرتی ہیں، ان کے گھر پر مہاجرین کا ہجوم رہتا ہے اس لئے تم ابن ام مکتوم کے گھر میں عدت گذارو کیونکہ کسی دن اگر تم نے کپڑے کم پہنے ہونگے تو وہ تمہیں نہیں دیکھیں گے، وہ نابینا ہیں (یہ پردہ کے احکام نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہے) اور یہ بھی فرمایا کہ عدت کے بعد اگر کوئی نکاح کا پیغام آئے تو مجھ سے مشورہ کئے بغیر جواب نہ دینا[1]

---

(۱) یہی وہ روایت ہے جس کو حضرت فاطمہؓ بعد میں یوں بیان کیا کرتی تھیں کہ میرے شوہر نے مجھے طلاق مغلظہ دی اور نبی ﷺ نے مجھے نہ نفقہ دلوایا، نہ سکنی یعنی عدت گذارنے کے لئے مکان نہیں دلوایا۔ اور اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تنقید کیا کرتی تھیں کہ اس خاتون نے اپنا واقعہ غلط بیان کر کے لوگوں کو فتنہ میں ڈال دیا اور اسی روایت کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ ہم اللہ کی کتاب کو اور اللہ کے رسول کی سنت کو کیسے چھوڑ دیں، ایک عورت کی بات کی وجہ سے جس کے بارے میں ہمیں معلوم نہیں کہ اُسے صحیح یاد ہے یا وہ بھول گئی ہے، میں نے خود آنحضور ﷺ سے سنا ہے کہ ایسی عورت کے لئے نفقہ اور سکنی ہے (یہ روایت طحاوی میں ہے)

غرض جب حضرت فاطمہؓ کی عدت پوری ہوئی تو دو شخصوں کی منگنیاں آئیں، ایک حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی، دوسری حضرت ابوالجہم رضی اللہ عنہ کی، انھوں نے کسی کو جواب نہ دیا، اور خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں۔ آپؐ نے فرمایا: معاویہ تو قلاش (تہی دست) ہیں وہ تمہارا خرچہ برداشت نہیں کر سکتے، اور ابوالجہم عورتوں سے لکڑی نہیں ہٹاتے، اور تم اونچے خاندان کی ہو، مار نہیں کھا سکو گی اس لئے میرا مشورہ یہ ہے کہ تم اسامہؓ سے شادی کر لو۔ اُسامہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کے متبنیٰ حضرت زید بن حارثہ کے لڑکے تھے اور سانولے (سیاہی مائل) تھے اور حضرت فاطمہؓ گوری تھیں اس لئے اولاً ان کو یہ رشتہ نامنظور ہوا، مگر نبی ﷺ نے اصرار فرمایا تو وہ راضی ہوگئیں اور حضرت اسامہ سے نکاح ہو گیا، پھر میاں بیوی میں گاڑھی چھنی، مدینہ منورہ کی عورتیں ان دونوں کے تعلقات پر رشک کیا کرتی تھیں۔

یہ واقعہ اس بات کی دلیل ہے کہ جب تک لڑکی معرضِ خطبہ میں ہو ہر کوئی پیغام بھیج سکتا ہے۔ حضرت فاطمہؓ کی دو منگنیاں آچکی تھیں مگر کسی کی طرف میلان نہیں ہوا تھا، کیونکہ نبی ﷺ نے ان کو منع کیا تھا کہ میرے مشورہ کے بغیر کوئی فیصلہ نہ کرنا، اس لئے نبی ﷺ نے تیسرا پیغام دیا، امام شافعی رحمہ اللہ نے اس واقعہ سے اسی طرح استدلال کیا ہے۔

[٣٦] باب ماجاء أن لايخطُب الرجل على خِطْبَةِ أَخيه

[١١١٥-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، وقُتَيْبَةُ، قالاَ: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عنِ الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عن أَبِيْ هريرةَ، قالَ قُتَيْبَةُ: يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وقالَ أحمدُ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيَبِيْعُ الرَّجُلُ عَلَى بَيْعِ أَخِيْهِ، وَلاَ يَخْطُبُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيْهِ"

وفى الباب: عن سَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ، قالَ أبو عيسىٰ: حديثُ أَبِيْ هُرَيرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: إِنَّمَا مَعْنَى كَرَاهِيَةِ أَنْ يَخْطُبَ الرَّجُلُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيْهِ: إِذَا خَطَبَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ فَرَضِيَتْ بِهِ، فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَخْطُبَ عَلَى خِطْبَتِهِ.

وقالَ الشَّافِعِيُّ: مَعْنَى هٰذَا الحديثِ: لاَيَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيْهِ: هٰذَا عِنْدَنَا إِذَا خَطَبَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ، فَرَضِيَتْ بِهِ ورَكَنَتْ إِلَيْهِ: فَلَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يَخْطُبَ عَلَى خِطْبَتِهِ، فَأَمَّا قَبْلَ أَنْ يَعْلَمَ رِضَاهَا أَوْ رُكُوْنَهَا إِلَيْهِ: فَلاَ بَأْسَ أَنْ يَخْطُبَهَا.

والحُجَّةُ فِيْ ذٰلِكَ: حديثُ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، حَيْثُ جَاءَ تِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَتْ لَهُ: أَنَّ أَبَا جَهْمٍ بنَ حُذَيْفَةَ، وَمُعَاوِيَةَ بنَ أَبِيْ سُفيانَ خَطَبَاهَا، فقالَ: "أَمَّا أَبُوْ جَهْمٍ، فَرَجُلٌ لاَيَرْفَعُ عَصَاهُ عَنِ النِّسَاءِ، وأَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصَعْلُوْكٌ لاَمَالَ لَهُ، ولٰكِنِ انْكِحِيْ أُسَامَةَ" فَمَعْنَى هذا الحديثِ عِنْدَنَا: — والله أَعْلَمُ — أَنَّ فاطِمَةَ لَمْ تُخْبِرْهُ بِرِضَاهَا بِوَاحِدٍ مِنْهُمَا، فَلَوْ أَخْبَرَتْهُ لَمْ يُشِرْ عَلَيْهَا بِغَيْرِ الَّذِيْ ذَكَرَتْهُ.

[١١١٦-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أبو داوُدَ، قالَ: أَنبأَنَا شُعْبَةُ، قالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِي

الجَهْمِ، قال: دَخَلْتُ أَنَا وَأَبُوْ سَلَمَةَ بنُ عبدِ الرحمنِ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، فحدَّثَتْنا: أَنَّ زَوْجَها طَلَّقَهَا ثَلاَثًا، وَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا سُكْنَى وَلاَ نَفَقَةَ، قالتْ: وَوَضَعَ لِيْ عَشْرَةَ أَقْفِزَةٍ عِنْدَ ابنِ عَمٍّ لَهُ: خَمْسَةَ شَعِيْرٍ، وَخَمْسَةَ بُرٍّ قالتْ: فَأَتَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، قَالَتْ: فقالَ: "صَدَقَ" فَأَمَرَنِي أَنْ أَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ أُمِّ شَرِيْكٍ، ثُمَّ قَالَ لِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ بَيْتَ أُمِّ شَرِيْكٍ بَيْتٌ يَغْشَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ، ولكِنِ اعْتَدِّيْ فِيْ بَيْتِ ابنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، فَعَسَى أَنْ تُلْقِيَ ثِيَابَكِ فَلاَ يَرَاكِ، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُكِ فَجَاءَ أَحَدٌ يَخْطُبُكِ فَآتِيْنِيْ" فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتِيْ، خَطَبَنِيْ أَبُوْ جَهْمٍ وَمُعَاوِيَةُ، قالتْ: فَأَتَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فقالَ: "أَمَّا مُعَاوِيَةُ فَرَجُلٌ لاَمَالَ لَهُ، وأَمَّا أَبو جَهْمٍ فَرَجُلٌ شَدِيْدٌ عَلَى النِّسَاءِ" قَالَتْ: فَخَطَبَنِيْ أُسَامَةُ بنُ زَيْدٍ، فَتَزَوَّجَنِيْ، فَبَارَكَ اللّٰهُ لِيْ فِيْ أُسَامَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رَوَاهُ سُفيانُ الثَّوْرِيُّ عن أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَبِي الجَهْمِ نَحْوَ هٰذا الحديثِ، وزادَ فِيْهِ: فقالَ لِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "انْكِحِي أُسَامَةَ" حدثنا بِذٰلِكَ محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وَكِيْعٌ، عن سُفيانَ، عن أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَبِي الْجَهْمِ بِهٰذَا.

ترجمہ: امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی شخص کے لئے اپنے بھائی کے پیام پر پیام دینے کی ممانعت کا مصداق یہ صورت ہے کہ جب آدمی کسی عورت کی منگنی بھیجے اور وہ اس سے راضی ہوجائے، یعنی عورت کا اس کی طرف میلان ہوجائے تو دوسرے شخص کے لئے اس پر منگنی ڈالنا ممنوع ہے —— اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیث: لایخطب کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی شخص کسی عورت کو نکاح کا پیغام دے پس وہ اس سے راضی ہوجائے اور اس کی طرف مائل ہوجائے تو کسی بھی دوسرے شخص کے لئے اس کے پیام پر پیام ڈالنا مناسب نہیں (امام شافعی رحمہ اللہ نے ٹھیک وہی بات کہی ہے جو امام مالک رحمہ اللہ نے کہی ہے، انھوں نے لفظ رَکَنَتْ بڑھا کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ رَضِیَتْ کے معنی منگنی طے ہوجانے کے نہیں ہیں، بلکہ اس کے معنی ہیں: عورت کا کسی ایک کی طرف مائل ہونا، یعنی منگنی آخری شکل تک پہنچنے والی ہے اب کسی دوسرے شخص کے لئے نکاح کا پیغام دینا مناسب نہیں۔ اور اگر رکون نہ ہوا ہو اور عورت معرض خطبہ میں ہو تو ہر کوئی نکاح کا پیغام دے سکتا ہے) پس عورت کی رضامندی اور اس کی طرف میلان کو جاننے سے پہلے اس کو نکاح کا پیغام دینے میں کوئی حرج نہیں، اور اس کی دلیل فاطمہ بنت قیس کی حدیث ہے جب وہ نبی ﷺ کے پاس آئیں اور یہ بات بتائی کہ ابوالجہم اور معاویہ نے منگنی بھیجی ہے تو آپؐ نے فرمایا: "رہے ابوالجہم! تو وہ ایسے آدمی ہیں جو عورتوں سے لکڑی نہیں اٹھاتے یعنی عورتوں پر سختی کرتے ہیں۔ اور رہے معاویہ! تو وہ قلاش ہیں ان کے پاس مال نہیں، لیکن تم اسامہؓ سے نکاح کرلو" پس اس حدیث کا مطلب ہمارے نزدیک —— اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں —— یہ ہے کہ فاطمہؓ نے آپؐ کو ان میں سے کسی ایک کے ساتھ اپنی

رضامندی نہیں بتائی تھی یعنی ان کا کسی کی طرف میلان نہیں ہوا تھا اگر وہ آپؐ کو ان میں سے کسی ایک کی طرف جھکاؤ بتاتیں تو رسول اللہ ﷺ ان کے علاوہ جن کا حضرت فاطمہ نے تذکرہ کیا تھا کسی اور کا مشورہ نہ دیتے۔

اس کے بعد حضرت حضرت فاطمہ بنت قیس کی یہی حدیث سند کے ساتھ لائے ہیں اور وہ شعبہؒ کی سند ہے جس کو وہ ابوبکر بن ابی الجہم سے روایت کرتے ہیں اور اس میں یہ ہے کہ جب نبی ﷺ نے حضرت ابوالجہم اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے حق میں فیصلہ نہیں دیا تو حضرت اسامہؓ نے ان کو نکاح کا پیغام دیا۔ یہ مجازی تعبیر ہے درحقیقت حضرت اسامہ کی طرف سے پیغام آنحضرت ﷺ نے دیا تھا، چنانچہ سفیان ثوریؒ نے بھی اس حدیث کو ابوبکر بن ابی الجہم سے روایت کیا ہے اور ان کی حدیث میں یہ ہے کہ منگنی آنحضرت ﷺ نے ڈالی تھی خود حضرت اسامہؓ نے پیغام نہیں دیا تھا۔

بابُ مَاجاءَ فی العَزْلِ

عزل کا بیان

عزل کے لغوی معنی ہیں: جدا کرنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: جماع کے وقت فرج کے بجائے باہر منی نکالنا تاکہ حمل نہ ٹھہرے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے عزل کے بارے میں دو باب قائم کئے ہیں۔ پہلا باب: مبہم یا مطلق ہے اور دوسرے میں کراہیت کا لفظ بڑھایا ہے، اس سے امام ترمذیؒ کا ذہن پڑھا جا سکتا ہے کہ آپ کے نزدیک عزل ناپسندیدہ ہے۔

منع حمل کی تین تدبیریں:

پہلا طریقہ: مرد یا عورت میں کوئی ایسا عمل جرّاحی (آپریشن) کرنا جس سے ہمیشہ کے لئے قوت تولید ختم ہو جائے۔ عورت کی آپریشن کر کے بچہ دانی نکال دیتے ہیں اور مرد کی نسبندی کر دیتے ہیں، فوطوں کے نیچے ایک رگ ہے جس سے جُرثومے آتے ہیں اس کو کاٹ کر سی دیتے ہیں، جس سے شہوت بحالہ رہتی ہے اور جرثومے آنے بند ہو جاتے ہیں، اس لئے حمل قرار نہیں پاتا۔

دوسرا طریقہ: مرد یا عورت میں کوئی ایسا طریقہ اختیار کرنا کہ لمبے عرصہ تک تولید رک جائے، مگر آئندہ تولید شروع ہو سکتی ہے، ایسا طریقہ مرد میں کوئی نہیں اور عورت میں کئی طریقے ہیں، مثلاً: ایک آلہ ہے، انگریزی کے T کی شکل کا اس کو بچہ دانی کے منہ پر لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے بچہ دانی کا منہ بند نہیں ہوتا اور حمل نہیں ٹھہرتا۔ پھر جب بچہ کی خواہش ہوتی ہے تو اس آلہ کو نکال دیتے ہیں، پس تولید شروع ہو جاتی ہے۔

تیسرا طریقہ: مرد و زن کوئی ایسا عارضی طریقہ اختیار کریں جس کا اثر ایک صحبت تک یا ایک رات تک رہے، ایسا طریقہ مرد میں نرودھ (ربڑ کی کیپ) کا استعمال ہے، اور عورت میں اندام نہانی میں کوئی گولی رکھی جاتی ہے جس سے جرثومے بھسم ہو جاتے ہیں اور حمل قرار نہیں پاتا۔

منع حمل کی تین نیتیں:

پہلی نیت: روزی کا مسئلہ: آدمی سوچتا ہے: اگر بچے ہوتے رہے تو ان کا پیٹ کیسے بھرونگا! گویا وہ رزّاق ہے!

دوسری نیت: خوش عیشی: آدمی یہ خیال کرتا ہے کہ اگر ایں قدر آں قدر بچے ہو گئے تو رات بھر پریشان کریں گے اور سارا مزہ کرکرا کر دیں گے، اس لئے یہ آفت رک جائے تو بہتر ہے۔

تیسری نیت: عورت یا پیدا ہونے والے بچے یا پیدا شدہ بچوں کی مصلحت: مثلاً عورت نحیف ہے یا آپریشن سے بچہ لیا گیا ہے اور اب ولادت سے اس کی جان کو خطرہ ہے یا یہ اندیشہ ہے کہ اگر حمل جلدی ٹھہر جائے گا تو دودھ پینے والے بچے کی صحت متأثر ہوگی یا اس کی صحیح تربیت نہیں ہوسکے گی یا عورت کسی ایسے مرض میں مبتلا ہے کہ بظاہر اسباب تعدیہ کا اندیشہ ہے اور دیندار حکیم ڈاکٹر کی رائے میں حمل ٹھہرنا مناسب نہیں وغیرہ۔

احکام

(۱) مرد میں عمل جراحی کر کے قوت تولید ختم کر لینے کی شرعاً قطعاً گنجائش نہیں، یہ خصی ہونا ہے جس کی سخت ممانعت آئی ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ﴾ (سورۂ نساء آیت ۱۱۹) یعنی شیطان نے کہا: میں ضرور لوگوں کو تعلیم دونگا جس سے وہ اللہ کی بناوٹ کو بگاڑیں گے۔ اور احادیث میں خصّی ہونے کی ممانعت آئی ہے۔ اور عورت میں بعض مخصوص حالات میں یعنی اضطرار کی صورت میں مفتیانِ کرام بچہ دانی نکالنے کی اجازت دیتے ہیں۔ پس خاص حالات میں مفتیانِ کرام کی طرف رجوع کیا جائے۔

اور منع حمل کا دوسرا طریقہ یعنی ٹی لگوانا بحکم عزل ہے، اگرچہ یہ لمبے وقت کے لئے عزل ہے اور منع حمل کا تیسرا طریقہ تو اصل عزل ہے پس جو حکم عزل کا ہے وہی حکم ان دونوں صورتوں کا ہے، عزل کا حکم آگے آرہا ہے۔

(۲) اور روزی کے ڈر سے کوئی بھی طریقہ اختیار کرنا ایمان کی کمزوری ہے، کیا مؤمن یہ سمجھتا ہے کہ وہ رزق رساں ہے! اللہ تعالیٰ آنے والے بچہ کو ایک منہ کھانے کے لئے دیتے ہیں تو دو ہاتھ کمانے کے لئے بھی دیتے ہیں۔

(۳) اور خوش عیشی کے لئے منع حمل کا کوئی طریقہ اپنانا اسلام میں مقصد نکاح کے خلاف ہے۔ اسلام میں نکاح کا اہم مقصد عفت اور پاکدامنی ہے، اور دوسرا بنیادی مقصد افزائش نسل ہے، سورۃ البقرہ آیت ۱۸۷ میں ہے: ﴿فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَاكَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ﴾ ترجمہ: پس اب (رمضان کی راتوں میں) بیویوں سے ملو ملاؤ اور وہ (اولاد) چاہو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے مقدر کی ہے۔ اور حدیث میں ہے: ”زیادہ بچے جننے والی اور زیادہ پیار کرنے والی عورتوں سے نکاح کرو کیونکہ میں تمہاری زیادتی سے دوسری امتوں پر (قیامت کے دن) فخر کروں گا“ (مشکوۃ حدیث ۳۰۹۱) معلوم ہوا کہ اسلام میں نکاح کا مقصد افزائش نسل بھی ہے اور خوش عیشی کی نیت اس مقصد کے منافی ہے، البتہ عورت کی مصلحت سے یا اولاد کی مصلحت سے عزل کی گنجائش ہے اور اس کی دلیل غَیل (زمانۂ حمل

میں بچے کو پلایا جانے والا ماں کا دودھ) کی ممانعت کا ارادہ فرمانا ہے، یہ ارادہ بچے کی مصلحت کے پیش نظر تھا۔

خلاصہ یہ ہے کہ منع حمل کے رائج تین طریقے ہیں اور ان کے پیچھے کارگر تین نیتیں ہیں، پس جب تین کو تین میں ضرب دیں گے تو نو قسمیں ہونگی اور ان کے احکام مذکورہ تفصیل سے بآسانی نکالے جاسکیں گے (۱)

اسکے بعد جاننا چاہئے کہ عزل کے سلسلہ میں چار روایتیں ہیں، دو حکم سے متعلق ہیں اور دو میں عزل کا مآل بیان کیا گیا ہے۔

پہلی حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جس زمانہ میں قرآن نازل ہو رہا تھا ہم عزل کرتے تھے مگر نہ وحی جلی نے ہمیں روکا نہ وحی خفی نے، یعنی اللہ تعالیٰ نے اس کا جواز برقرار رکھا ——— گھروں میں پرائیویٹ زندگی میں جو عمل ہوتا ہے ضروری نہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے علم میں آئے، آپ عالم الغیب نہیں تھے، لیکن اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں، اگر صحابہ کا یہ عمل ناجائز ہوتا تو قرآن میں کوئی آیت نازل ہوتی یا کم از کم رسول اللہ ﷺ کو خبر دی جاتی اور آپؐ لوگوں کو منع کرتے، مگر کوئی ممانعت نازل نہیں ہوئی، اس سے معلوم ہوا کہ اللہ نے اس کے جواز کو برقرار رکھا ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے سامنے عزل کا تذکرہ آیا، آپؐ نے فرمایا: لِمَ یَفعلُ ذٰلِكَ أَحَدُکُمْ؟ یعنی تم میں سے کوئی یہ کام کیوں کرتا ہے؟ اس جملہ میں ناپسندیدگی کا اظہار ہے، مگر آپؐ نے لایفعلْ (کوئی ایسا نہ کرے) نہیں فرمایا، بلکہ فرمایا: ''جو بھی نفس پیدا ہونے والا ہے وہ ہونے والا ہے'' یعنی جب اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو عزل کے باوجود حمل قرار پائے گا، مثلاً: اگر بچہ پیدا ہونا مقدر ہے تو جب آدمی انزال کے قریب عضو باہر نکالے تو چند قطرے اندر ٹپک جائیں گے اور حمل ٹھہر جائے گا یا دل میں داعیہ پیدا ہوگا کہ آج تو اندر

---

(۱) عزل کی قسمیں مع احکام

	طریقے	نیتیں	احکام
(۱)	قوت تولید ختم کرلینا	مسئلہ رزق کی وجہ سے	حرام اور ایمان کی کمزوری
(۲)	قوت تولید ختم کرلینا	خوش عیشی کے مقصد سے	حرام اور مقصد نکاح کی خلاف ورزی
(۳)	قوت تولید ختم کرلینا	عورت یا بچہ کی مصلحت سے	حرام مگر بحالت اضطرار عورت میں گنجائش
(۴)	لمبی مدت کے لئے تولید روک دینا	مسئلہ رزق کی وجہ سے	حرام اور ایمان کی کمزوری
(۵)	لمبی مدت کے لئے تولید روک دینا	خوش عیشی کے مقصد سے	مکروہ تحریمی اور مقصد نکاح کی خلاف ورزی
(۶)	لمبی مدت کے لئے تولید روک دینا	عورت یا بچے کی مصلحت سے	برا مگر مجبوری میں گنجائش
(۷)	وقتی طور پر حمل روکنا	مسئلہ رزق کی وجہ سے	مکروہ اور ایمان کی کمزوری
(۸)	وقتی طور پر حمل روکنا	خوش عیشی کے مقصد سے	برا اور مقصد نکاح کی خلاف ورزی
(۹)	وقتی طور پر حمل روکنا	عورت یا بچے کی مصلحت سے	گنجائش

ہی فارغ ہو جاتے ہیں اور اس طرح حمل قرار پا جائے گا۔

ان دونوں حدیثوں کے مجموعہ سے یہ حکم نکلتا ہے کہ عزل مطلقاً جائز نہیں بلکہ لا بأس به (گنجائش) کے درجہ میں ہے اور جواز اس لئے ہے کہ عزل سے نظام تولید اور تولید پر کوئی اثر نہیں پڑتا جب اللہ تعالیٰ چاہیں گے عزل کے باوجود حمل قرار پائے گا۔

سوال: جب عزل سے نظام تولید اور تولید پر اثر نہیں پڑتا تو عزل مطلقاً جائز ہونا چاہئے لا بأس به کے درجہ میں کیوں ہے؟

جواب: اس کو سمجھنے کے لئے دوسری دو حدیثیں سمجھنی چاہئیں:

تیسری حدیث: صحابہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم عزل کرتے ہیں اور یہود کہتے ہیں: یہ المَوْءُ وْدَةُ الصُغْرى ہے یعنی بچہ کو کسی درجہ میں زندہ درگور کرنا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہود جھوٹے ہیں جب اللہ تعالیٰ چاہیں گے عزل بچے کو نہیں روکے گا''

چوتھی حدیث: مسلم شریف میں روایت ہے کہ نبی ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا گیا، آپؐ نے فرمایا: ذلك الْوَأْدُ الْخَفِيُّ: یہ چپکے سے بچے کو زندہ درگور کرنا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۱۸۹)

تشریح: الوَأْد: مصدر ہے اور مصدر معنی حدثی کا نام ہے جس کا کوئی خارجی وجود نہیں ہوتا بس نفس الامری وجود ہوتا ہے اور المَوْءُ وْدَة: اسم مفعول ہے اور اسم مفعول میں فاعل کا فعل: مفعول پر واقع ہو چکا ہوتا ہے پس یہ وجود خارجی کا درجہ ہے، پس یہود کا عزل کو الموء ودة قرار دینا تو غلط ہے اس لئے کہ بچہ کا ابھی خارج میں وجود نہیں ہوا، پس عزل نہ الموء ودة الصّغری ہے اور نہ الموء ودة الکبری۔ البتہ معنی حدثی کے درجہ میں یہ ضرور بچے کو زندہ درگور کرنا ہے، یعنی عزل بچے کو زندہ درگور کرنے کی سعی ہے، اس لئے عزل ناپسندیدہ ہے، صرف لا بأس به (گنجائش) کے درجہ میں جائز ہے۔

[۳۷] باب ماجاء فی کراهية العزل

[۱۱۱۷-] حدثنا محمدُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِى الشَّوَارِبِ، نا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحيى بنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ مُحَمَدِ بنِ عبدِ الرحمنِ بنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قالَ: قُلْنَا: يَارسولَ اللهِ! إِنَّا كُنَّا نَعْزِلُ، فَزَعَمَتِ اليَهُوْدُ: أَنَّهُ الْمَوْءُ وْدَةُ الصُّغْرَى، فقالَ: " كَذَبَتِ اليَهُوْدُ! إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْلُقَهُ لَمْ يَمْنَعْهُ"

وفى الباب: عن عُمَرَ، وأَبِىْ هريرةَ، وأبى سعيدٍ.

[۱۱۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وابنُ أَبِىْ عُمَرَ، قالاَ: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عن عَطَاءٍ، عن جَابِرِ بنِ عبدِ اللهِ، قالَ: كُنَّا نَعْزِلُ والْقُرْآنُ يَنْزِلُ.

حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ العَزْلِ، وَقَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: تُسْتَأْمَرُ الْحُرَّةُ فِي الْعَزْلِ، وَلاَ تُسْتَأْمَرُ الْأَمَةُ.

وضاحت: جس طرح مرد چاہتا ہے کہ صحبت آخر تک پہنچے، عورت بھی چاہتی ہے کہ اس کا مقصد پورا ہو، اس لئے اگر بیوی آزاد ہے تو اس کی اجازت کے بغیر عزل کرنا درست نہیں، کیونکہ وہ تشنہ رہ جائے گی، پس عزل کرنا اس کا حق مارنا ہے، ہاں اگر وہ اجازت دے تو عزل کر سکتے ہیں۔ اور باندی میں اجازت ضروری نہیں، کیونکہ اس کا کوئی حق نہیں، امام مالک رحمہ اللہ نے یہی بات بیان کی ہے اور یہ بات ابن ماجہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مروی ہے، نبی ﷺ نے آزاد عورت سے اس کی اجازت کے بغیر عزل کرنے سے منع فرمایا ہے (مشکوۃ حدیث ۳۱۹۷) علاوہ ازیں: اولاد ہونا عورت کی فطری خواہش ہے، جن عورتوں کی اولاد نہیں ہوتی وہ بے حد پریشان رہتی ہیں، اور کردنی ناکردنی کرتی ہیں، اس لئے بھی آزاد عورت کی اجازت ضروری ہے۔

ملحوظہ: امام ترمذیؒ نے حضرت جابرؓ کی دوسری حدیث پر حکم لگایا ہے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے، پہلی حدیث پر حکم نہیں لگایا۔ یہ حدیث نسائی کی سنن کبری باب عشرۃ النساء وغیرہ میں ہے اور حسن کے درجہ کی ہے کیونکہ یحیٰ بہت اچھے راوی ہیں، مگر تدلیس و ارسال ان کی کمزوری ہے۔ بعض حضرات کو جیسے سیوطیؒ کو درمنثور (۱: ۲۶۷) میں دھوکہ لگا ہے، انھوں نے امام ترمذیؒ کی تصحیح کو پہلی حدیث سے متعلق کیا ہے۔

[۳۸] باب ماجاء في كراهية العزل

[۱۱۱۹-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، وَقُتَيْبَةُ، قالاَ: نا سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ قالَ: ذُكِرَ العَزْلُ عِنْدَ رسولِ اللهِ صلى الله لعيه وسلم، فقالَ: "لِمَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ أَحَدُكُمْ؟" زَادَ ابنُ أَبِيْ عُمَرَ فِيْ حَدِيْثِهِ: وَلَمْ يَقُلْ: "لاَ يَفْعَلْ ذَاكَ أَحَدُكُمْ" قالاَ فِيْ حَدِيْثِهِمَا: "فَإِنَّهَا لَيْسَتْ نَفْسٌ مَخْلُوْقَةٌ إِلاَّ اللّٰهُ خَالِقُهَا"

وفي الباب: عن جَابِرٍ، حديثُ أَبِيْ سَعِيدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ سَعِيدٍ. وقَدْ كَرِهَ الْعَزْلَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ.

ترجمہ: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی مجلس میں عزل کا تذکرہ آیا آپؐ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسا کیوں کرتا ہے؟ امام ترمذیؒ کے پہلے استاذ ابن ابی عمر کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: رسول اللہ ﷺ نے لایفعل ذاك أحدكم (تم میں سے کوئی ایسا نہ کرے) نہیں فرمایا، پھر دونوں اساتذہ کی حدیث متفق ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بیشک نہیں ہے کوئی پیدا ہونے والی جان مگر اللہ اس کو پیدا کرنے والے ہیں"، یعنی جس کا پیدا ہونا

مقدر ہے وہ ضرور پیدا ہوگا ——— صحابہ وغیرہ بعض اہل علم نے عزل کو ناپسند کیا ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الْقِسْمَةِ لِلْبِكْرِ والثَّيِّبِ

کنواری اور بیوہ کے لئے باری مقرر کرنے کا بیان

یہ عنوان غیر واضح ہے۔تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کسی شخص کے نکاح میں پہلے سے ایک یا زیادہ بیویاں ہوں، پھر وہ نئی شادی کرے تو اگر نئی دلہن بیوہ ہے تو تین دن اور کنواری ہے تو سات دن اس کا حق ہے،شوہر نئی دلہن کے پاس تین دن یا سات دن گذار کر پرانی بیویوں کے پاس جائے گا، رہی یہ بات کہ یہ محض حق ہے یا مخصوص حق ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ نئی دلہن کا مخصوص حق ہے، پس یہ دن باری سے خارج ہونگے اور حنفیہ کے نزدیک وہ محض حق ہیں، پس یہ دن دوسری بیویوں کو مجرا دیئے جائیں گے یعنی جتنے دن وہ نئی دلہن کے پاس رہا ہے اتنے دن پرانیوں کے پاس بھی رہے گا۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مسنون طریقہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص کنواری سے نکاح کرے جبکہ اس کے نکاح میں پہلے سے کوئی عورت ہو تو وہ نئی دلہن کے پاس سات دن ٹھہرے،اور جب بیوہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے۔

تشریح: اس حدیث سے بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ تین دن یا سات دن نئی دلہن کا مخصوص حق ہیں،اور ائمہ ثلاثہ کا یہی مذہب ہے،اور حنفیہ کی دلیل حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے جب نبی ﷺ کا ان سے نکاح ہوا تو وہ بیوہ تھیں، آپؐ ان کے پاس تین دن ٹھہرے پھر فرمایا: **ليس بكِ على أهلِكِ هَوان**: تم اپنے شوہر کو کچھ ناپسند نہیں ہو، اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن ٹھہروں ، **فإنْ سَبَّعْتُ لكِ سَبَّعْتُ لنسائی**: یعنی اگر میں آپ کے پاس سات دن ٹھہرا تو دوسری بیویوں کے پاس بھی سات دن ٹھہروں گا (ابوداؤد: ۲۸۹ **باب فی المقام عند البکر**) اس سے معلوم ہوا کہ وہ تین دن حضرت ام سلمہ کا مخصوص حق نہیں تھے اگر مخصوص حق ہوتے تو آپؐ **رَبَّعْتُ لِنِسَائِی** فرماتے، یعنی تمہارے پاس سات دن ٹھہرنے کی صورت میں دیگر ازواج کے پاس چار دن ٹھہروں گا۔

اور میری ناقص رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ اگر نئی کے پاس صرف سات دن یا تین دن ٹھہرے تو یہ اس کا مخصوص حق ہے،اور اگر زائد ٹھہرے تو پھر تمام ایام پرانی کو مجرا دینے ہونگے۔ واللہ اعلم

[۳۹] باب ماجاء فی القسمة للبكر والثيب

[۱۱۲۰-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ يَحيىَ بنُ خَلَفٍ، نا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عن أَبِیْ قِلَابَةَ، عن أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قال: لَوْ شِئْتُ أَنْ أَقُوْلَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم، ولٰكِنَّهُ قالَ: السُّنَّةُ إِذَا

تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْبِكْرَعَلَى امْرَأَتِهِ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا، وإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى امْرَأَتِهِ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلاثًا.

وفی الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، حديثُ أنسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رَفَعَهُ مُحمَّدُ بنُ إسحاقَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عن أَبِیْ قِلَابَةَ، عن أَنَسٍ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ بَعْضُهُمْ.

والعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قَالُوْا: إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَأَةً بِكْرًا عَلَى امْرَأَتِهِ: أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا، ثُمَّ قَسَمَ بَيْنَهُمَا بَعْدُ بِالْعَدْلِ، وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى امْرَأَتِهِ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلاثًا.

وضاحت: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی مذکورہ حدیث کو ابوقلابہ نے من السنۃ کہہ کر بیان کیا ہے اور فرماتے ہیں: اگر میں قال رسول اللہ کہنا چاہوں تو کہہ سکتا ہوں، یعنی صراحۃً حدیث کو مرفوع کرسکتا ہوں، کیونکہ روایت بالمعنی جائز ہے مگر چونکہ بلفظہ روایت کرنا اولیٰ ہے اس لئے میں صراحۃً حدیث کو مرفوع نہیں کرتا بلکہ جو الفاظ حضرت انسؓ نے کہے تھے انہی لفظوں سے حدیث بیان کرتا ہے، انھوں نے کہا تھا السنۃ الی آخرہ —— اس حدیث کو جس طرح خالد حذّاء نے حکماً مرفوع کیا ہے ایوب سختیانی نے بھی مرفوع کیا ہے، ان سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں اور کچھ اور روات اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، بلکہ حضرت انسؓ کا قول قرار دیتے ہیں —— بعض علماء کہتے ہیں: جب آدمی بیوی ہوتے ہوئے کسی باکرہ عورت سے نکاح کرے تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے پھر ان کے درمیان انصاف سے باری مقرر کرے۔ اور جب بیوی ہوتے ہوئے ثیبہ سے نکاح کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے (پھر انصاف سے باری مقرر کرے)

بابُ ماجاء فی التَّسْوِيَةِ بَيْنَ الضَّرَائِرِ

بیویوں کے درمیان برابری کرنے کا بیان

ضَرائر: ضَرَّۃٌ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: سوکن۔ ایک خاوند کی دو یا زیادہ بیویاں آپس میں ''سوکنیں'' کہلاتی ہیں۔ سوکنوں کے درمیان اختیاری معاملات میں انصاف کرنا واجب ہے اور جو معاملات غیر اختیاری ہیں، جیسے محبت ومودت اس میں برابری ضروری نہیں، کیونکہ دل پر کسی کا اختیار نہیں، خود نبی ﷺ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے زیادہ محبت تھی اور آپؐ یہ دعا فرمایا کرتے تھے کہ اے اللہ! جو باتیں میرے اختیار میں ہیں ان میں تو میں برابری کرتا ہوں مگر جو بات میرے بس میں نہیں، آپ کے بس میں ہے اس پر میرا مؤاخذہ نہ فرمائیں!'' معلوم ہوا کہ محبت میں برابری ضروری نہیں، اسی طرح اگر بیویوں کے متعلقات کم وبیش ہوں مثلاً ایک بیوی کی ایک اولاد ہے اور دوسری کی سات اولاد تو ان کو کم وبیش خرچہ دینا نابرابری نہیں ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ اپنی بیویوں کے درمیان باری مقرر کرتے تھے، پس انصاف سے باری مقرر کرتے تھے اور یہ دعا کرتے تھے: اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے ان چیزوں میں جو میرے اختیار

میں ہیں، پس آپ میرا مؤاخذہ نہ فرمائیں اس چیز میں جو آپ کے اختیار میں ہے اور میرے اختیار میں نہیں ہے۔

تشریح: راجح قول کے مطابق آنحضور ﷺ پر باری مقرر کرنا فرض نہیں تھا، بلکہ محض تبرع اور احسان تھا تاکہ کسی بیوی صاحبہ کا دل کھٹا نہ ہو، سورۃ الاحزاب آیت ۵۱ میں ارشاد پاک ہے: ''آپ ان میں سے جس کو چاہیں پیچھے کریں اور ان میں سے جس کو چاہیں اپنی طرف ٹھکانہ دیں'' اس اختیار دینے سے وجوب کی نفی ہو جاتی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اگر کسی شخص کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان انصاف نہ کرے تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کی ایک جانب مفلوج ہوگی۔

تشریح: یہ جزاء جنس عمل سے ہے اس نے ایک بیوی کو مفلوج کر رکھا تھا اس لئے اس کی ایک جانب مفلوج ہوگی۔

[٤٠] باب ماجاء في التسوية بين الضرائر

[١١٢١-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا بِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عن أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يَقْسِمُ بَيْنَ نِسَائِهِ فَيَعْدِلُ، وَيَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ! هٰذِهِ قِسْمَتِيْ فِيْمَا أَمْلِكُ، فَلَا تَلُمْنِيْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا أَمْلِكُ"

حديثُ عائشةَ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عن أَيُّوْبَ؛ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ يَزِيْدَ، عن عَائِشَةَ، أَنَّ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كانَ يَقْسِمُ، وَرَوَاهُ حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، وغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عن أَبِيْ قِلَابَةَ مُرْسَلًا: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كانَ يَقْسِمُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ.

ومَعْنَى قَوْلِهِ: " لَاتَلُمْنِيْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا أَمْلِكُ" إِنَّمَا يَعْنِيْ بِهِ الحُبَّ والْمَوَدَّةَ، كَذَا فَسَّرَهُ بَعْضُ أهلِ العلمِ.

[١١٢٢-] حدثنا محمّدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عن النَّضْرِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عن أَبِي هُرِيرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: " إِذَا كانَتْ عِنْدَ الرَّجُلِ امْرَأَتَانِ، فَلَمْ يَعْدِلْ بَيْنَهُمَا، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشِقُّهُ سَاقِطٌ"

وإِنَّمَا أَسْنَدَ هٰذَا الحديثَ هَمَّامُ بنُ يحيىَ، عن قَتَادَةَ، وَرَوَاهُ هِشَامُ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ قالَ: كانَ يُقَالُ، وَلَانَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حديثِ هَمَّامٍ.

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کو حماد بن سلمہ نے مسند اور حماد بن زید نے مرسل روایت کیا ہے اور امام ترمذیؒ نے مرسل حدیث کو اصح قرار دیا ہے ـــــــ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کو صرف

ہمام نے مرفوع کیا ہے یعنی ان کی روایت میں عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور ہشام دستوائی کی حدیث میں کان یُقال ہے یعنی حضرت ابو ہریرہؓ اس حدیث کو نبی ﷺ کی طرف منسوب نہیں کرتے تھے۔

بابُ ماجاءَ فی الزَّوْجَیْنِ الْمُشْرِکَیْنِ یُسْلِمُ أَحَدُھُمَا

زوجین میں سے ایک مسلمان ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

اگر میاں بیوی میں سے کوئی ایک مسلمان ہو جائے تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ دارالاسلام میں اسلام قبول کیا ہو یا دارالحرب میں: تین حیض تک نکاح باقی رہے گا، اگر تین حیض آنے سے پہلے دوسرا مسلمان ہو جائے تو نکاح باقی ہے اور تین حیض کے بعد مسلمان ہوا تو نکاح ختم ہو جائے گا۔ اب نئے مہر سے نیا نکاح کرنا ہوگا۔ یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مدار عدت پر ہے اور حنفیہ کے نزدیک تباین دارین، اباء عن الاسلام اور عدت تینوں سے نکاح ختم ہو جاتا ہے اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ زوجین میں سے اگر کوئی ایک دارالحرب میں مسلمان ہوا، پھر وہ ہجرت کر کے دارالاسلام میں آ گیا تو تباین دارین سے نکاح ختم ہو جائے گا۔ اور اگر مسلمان ہونے والا فرد دارالحرب ہی میں رہا ہجرت کر کے دارالاسلام میں نہیں آیا تو تین حیض تک نکاح باقی رہے گا اس کے بعد ختم ہو جائے گا، اور اگر دارالاسلام میں احد الزوجین مسلمان ہوا تو وہ قاضی کے پاس جائے گا، قاضی دوسرے کو بلا کر اس کے سامنے اسلام پیش کرے گا اگر وہ مسلمان ہو جائے تو فبہا اور انکار کر دے تو اباء عن السلام کی وجہ سے نکاح ختم ہو جائے گا۔

جاننا چاہئے کہ آج کل پوری دنیا میں مسلمانوں کی حکومتوں میں بھی سعودیہ کے علاوہ وضعی قانون ہے، یعنی جو قانون لوگوں نے بنایا ہے وہ نافذ ہے، اسلامی قانون نافذ نہیں اور ان ملکوں میں کوئی قاضی نہیں، پس اگر وہاں غیر مسلم جوڑے میں سے کوئی ایک اسلام قبول کرے تو تین حیض تک نکاح باقی رہے گا اس کے بعد ختم ہو جائے گا۔

فائدہ: یہودی یا عیسائی جوڑے میں سے اگر عورت مسلمان ہو جائے تو اس کے لئے بھی مذکورہ حکم ہے، کیونکہ مسلمان عورت یہودی اور عیسائی مرد کے نکاح میں نہیں رہ سکتی اور اگر مرد مسلمان ہو جائے تو نکاح باقی رہے گا، کیونکہ مسلمان کے نکاح میں یہودی یا عیسائی عورت رہ سکتی ہے۔ باب میں جو الزوجین کے بعد المشرکین بڑھایا گیا ہے وہ اس مسئلہ سے احتراز ہے (فائدہ ختم ہوا)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو واقعے ہیں: ایک حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے جو مسلمان تھیں اور ان کے شوہر ابوالعاص کافر تھے، وہ مکہ میں اپنے شوہر کے ساتھ رہتی تھیں، جنگ بدر کے قیدیوں میں ابوالعاص بھی گرفتار ہوئے تھے۔ آنحضور ﷺ نے صحابہ کے مشورے اور اجازت سے ابوالعاص کا فدیہ واپس کر دیا تھا اور یہ وعدہ لیا تھا کہ وہ حضرت زینبؓ کو مدینہ بھیج دیں گے، چنانچہ انھوں نے وعدہ کے مطابق حضرت زینبؓ کو مدینہ بھیج دیا۔ پھر

چھ سال کے بعد جب وہ مسلمان ہوکر مدینہ آئے تو آنحضور ﷺ نے حضرت زینب کو ان کے نکاح میں دیدیا، اب روایات مختلف ہیں، جو روایت سند کے اعتبار سے اعلی درجہ کی ہے اس میں یہ ہے کہ نہ نیا نکاح پڑھا گیا نہ نیا مہر مقرر ہوا، سابقہ نکاح ہی پر آنحضرت ﷺ نے حضرت زینب کو ان کے حوالے کر دیا۔ اس روایت پر کسی نے عمل نہیں کیا، نہ ائمہ ثلاثہ نے اور نہ احناف نے۔ اور دوسری روایت میں جس کی اسنادی حالت کمزور ہے کیونکہ اس میں حجاج بن ارطاۃ مشہور ضعیف راوی ہے: یہ ہے کہ نیا نکاح پڑھا گیا اور نیا مہر بھی مقرر ہوا، چاروں ائمہ نے اسی حدیث کو لیا ہے۔

اور دوسرا واقعہ یہ ہے کہ ایک جوڑا ایک ساتھ مسلمان ہوا پھر مرد کو پہلے موقعہ ملا وہ پہلے مدینہ آگیا اور عورت کچھ دنوں کے بعد آئی۔ مرد نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا کہ یارسول اللہ! یہ میری بیوی ہے اور ہم ایک ساتھ مسلمان ہوئے ہیں، چنانچہ آپؐ نے اس عورت کو نکاح جدید اور مہر جدید کے بغیر اس مرد کے حوالے کیا، یعنی سابقہ نکاح باقی رکھا، اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، اگر میاں بیوی ایک ساتھ مسلمان ہوئے ہوں تو نکاح برقرار رہے گا۔

[٤١] باب ماجاء في الزوجين المشركين يُسلم أحدهما

[١١٢٣-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، وهَنَّادٌ، قالاَ: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَدَّ ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلَى أَبِيْ العَاصِ بنِ الرَّبِيْعِ بِمَهْرٍ جَدِيْدٍ وَنِكَاحٍ جَدِيْدٍ.

هٰذَا حديثٌ فِيْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، والعملُ عَلَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ العلمِ: أَنَّ الْمَرْأَةَ إِذَا أَسْلَمَتْ قَبْلَ زَوْجِهَا، ثُمَّ أَسْلَمَ زَوْجُهَا وَهِيَ فِيْ العِدَّةِ: أَنَّ زَوْجَهَا أَحَقُّ بِهَا مَا كَانَتْ فِيْ الْعِدَّةِ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، والْأَوْزَاعِيِّ، والشَّافِعِيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

[١١٢٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمّدِ بنِ إسحاقَ، قالَ: حدَّثَنِيْ دَاوُدُ بنُ حُصَيْنٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبّاسٍ قالَ: رَدَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم ابْنَتَهُ زَيْنَبَ عَلَى أَبِيْ الْعَاصِ بنِ الرَّبِيْعِ، بَعْدَ سِتِّ سِنِيْنَ بالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ، وَلَمْ يُحْدِثْ نِكَاحًا.

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ بِإِسْنَادِهِ بَأْسٌ، ولكِنْ لاَنَعْرِفُ وَجْهَ الْحَدِيْثِ، وَلَعَلَّهُ قَدْ جَاءَ هٰذَا مِنْ قِبَلِ دَاوُدَ بنِ حُصَيْنٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

[١١٢٥-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عِيسٰى، نا وَكِيْعٌ، نا إِسْرائيلُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ رَجُلاً جَاءَ مُسْلِمًا عَلَى عَهْدِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ جَاءَ تِ امْرَأَتُهُ مُسْلِمَةً، فقالَ: يارسولَ اللهِ! إِنَّهَا كَانَتْ أَسْلَمَتْ مَعِيْ، فَرَدَّهَا عَلَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، سَمِعْتُ عَبْدَ بنَ حُمَيْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ يَزِيْدَ بنَ هَارُوْنَ يَذْكُرُ عَنْ مُحمّدِ

بنِ إسحاقَ هٰذَا الحديثَ.
وحديثُ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عن أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَدَّ ابْنَتَهُ عَلَى أَبِيْ الْعَاصِ بنِ الرَّبِيْعِ بِمَهْرٍ جَدِيْدٍ وَنِكَاحٍ جَدِيْدٍ: فقالَ يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ: حديثُ ابنِ عَبّاسٍ أَجْوَدُ إِسْنَادًا، والعملُ عَلَى حديثِ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے عورت جب اپنے شوہر سے پہلے مسلمان ہو پھر اس کا شوہر مسلمان ہو اور عورت عدت میں ہو تو شوہر اس کا زیادہ حقدار ہے جب تک کہ وہ عدت میں ہے، اور یہ ائمہ ثلاثہ اور امام اوزاعی اور امام اسحاق کا مذہب ہے۔

ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت زینبؓ کو چھ سال کے بعد ابوالعاص پر سابقہ نکاح سے پھیرا اور نیا نکاح نہیں کیا۔ اس حدیث کی سند میں کوئی خرابی نہیں مگر حدیث کا کیا مطلب ہے ہم نہیں جانتے شاید داؤد بن حصین کے حافظہ کی جانب سے یہ بات آئی ہے یعنی ہو نہ ہو یہ داؤد کی گڑبڑ ہے (یہ عجیب تبصرہ ہے! اصل بات یہ ہے کہ سند کی صحت کے لئے مضمون کی صحت لازم نہیں، اور سند کے ضعف کو مضمون کا عدم ثبوت لازم نہیں، اسی لئے مضمون فہمی کے لئے اور واقعہ کی صحیح صورت جاننے کے لئے فقہاء کی ضرورت ہوتی ہے، یہ کام محدثین کرام کا نہیں ہے) —— یزید بن ہارون بڑے محدث ہیں وہ فرماتے ہیں: سند کے اعتبار سے ابن عباس کی حدیث عمدہ ہے مگر علماء کا عمل عمرو بن شعیب کی حدیث پر ہے۔

بابُ ماجاءَ فِی الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ فَیَمُوْتُ عَنْهَا قَبْلَ أَنْ یَفْرِضَ لَهَا

زوجین میں سے کسی کا صحبت یا خلوت صحیحہ سے پہلے انتقال ہو جائے تو نکاح پختہ ہو جائے گا

تمام ائمہ متفق ہیں کہ جس طرح جماع سے نکاح مؤکد (پختہ) ہو جاتا ہے اسی طرح احد الزوجین کے مرنے سے بھی نکاح مؤکد ہو جاتا ہے، پس اگر رخصتی سے پہلے عورت کا انتقال ہو جائے تو مرد کو اس کی میراث ملے گی یا مرد کا انتقال ہو جائے تو عورت کو اس کی میراث ملے گی، اور اس پر عدت بھی واجب ہوگی، اور عورت کو پورا مہر ملے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف تھا، حضرت علی، زید بن ثابت اور ابن عمر رضی اللہ عنہم وغیرہ کی رائے یہ تھی کہ عورت کو مہر نہیں ملے گا، کیونکہ مرد نے بیوی کے بُضع (شرمگاہ) سے فائدہ نہیں اٹھایا، امام شافعی رحمہ اللہ کی بھی پہلے یہی رائے تھی، اور جمہور کی رائے یہ ہے کہ عورت کو پورا مہر ملے گا، نہ کم نہ زیادہ۔ اور اگر مہر مقرر نہیں ہوا تو مہر مثل ملے گا۔ جمہور کا استدلال بروع بنت واشق کی حدیث سے ہے، ان کے شوہر کا رخصتی سے پہلے انتقال ہو گیا تھا، رسول اللہ ﷺ نے ان کے لئے پورے مہر کا فیصلہ کیا اور ان کو پورا مہر دلوایا امام شافعی رحمہ اللہ کے سامنے پہلے اس حدیث کی کوئی قابل قبول سند نہیں تھی

اس لئے وہ اس حدیث کو نہیں لیتے تھے، پھر جب آپ مصر تشریف لے گئے تو وہاں اس حدیث کی اچھی سندیں آپ کے سامنے آئیں، پس آپ نے اپنے سابقہ قول سے رجوع کرلیا، اور مسئلہ اجماعی ہوگیا کہ اگر شوہر کا انتقال ہو جائے اور صحبت اور خلوت صحیحہ نہ ہوئی ہو تو بھی عورت کو پورا مہر ملے گا، میراث بھی ملے گی اور عورت پر عدت بھی واجب ہوگی۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہی مسئلہ پوچھا گیا کہ ایک عورت کا نکاح ہوا اس کا کوئی مہر مقرر نہیں ہوا تھا کہ رخصتی سے پہلے شوہر کا انتقال ہوگیا۔ حضرت ابن مسعودؓ نے غور کر کے جواب دینے کا وعدہ کیا اور آج کل آج کل کرتے کرتے ایک مہینہ گذر گیا، پھر جب ان کو شرح صدر ہوا تو فرمایا: فلاں وقت جواب دونگا، اس وقت کافی لوگ جمع ہو گئے، آپؓ نے مسئلہ بتایا کہ اس عورت کو مہر مثل ملے گا نہ کچھ کم ہوگا نہ زیادہ، اور عورت پر عدت واجب ہوگی اور اس کو میراث ملے گی، یہ جواب سن کر حضرت معقل بن سنان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمارے قبیلہ کی خاتون بروع بنت واشق کے بارے میں نبی ﷺ نے یہی فیصلہ کیا ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ حدیث سن کر بے حد خوشی ہوئی وہ فرماتے تھے: اسلام لانے کی خوشی تو اس سے زیادہ تھی اس کے علاوہ سب سے زیادہ خوشی آج ہوئی ہے!

[۴۲] باب ماجاء فی الرجل یتزوج المرأةَ فیموت عنها قبل أن یَفْرِضَ لها

[۱۱۲۶-] حدثنا مَحْمودُ بنُ غَیْلاَنَ، نایَزِیْدُ بنُ الْحُبابِ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عن إِبْراهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عن ابنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَمْ یَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا، وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا حَتَّى مَاتَ، فَقَالَ ابنُ مَسْعُوْدٍ: لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا، لاَوَكْسَ وَلاَ شَطَطَ، وعَلَیْهَا الْعِدَّةُ، وَلَهَا الْمِیْرَاثُ، فَقَامَ مَعْقِلُ بنُ سِنَانٍ الْأَشْجَعِیُّ، فقالَ: قَضَى رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ بِرْوَعِ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَأَةٍ مِنَّا مِثْلَ مَا قَضَیْتَ، فَفَرِحَ بِهَا ابنُ مَسْعُوْدٍ.

وفی الباب: عن الجَرَّاحِ.

حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ، نا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، وعبدُ الرَّزَّاقِ كِلاَهُمَا: عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ.

حدیثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وقَدْ رُوِیَ عَنْهُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ، والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ، وَبِهِ یَقُوْلُ الثَّوْرِی، وأحمدُ وإسحاقُ.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، مِنْهُمْ: عَلِیُّ بنُ أَبِیْ طَالِبٍ، وَزَیْدُ بنُ ثَابِتٍ، وابنُ عَبّاسٍ، وابنُ عُمَرَ: إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ امْرَأَةً، وَلَمْ یَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا حَتَّى مَاتَ، قَالُوْا: لَهَا الْمِیْرَاثُ، وَلاَ صَدَاقَ لَهَا، وعَلَیْهَا الْعِدَّةُ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ، وقال: وَلَوْ ثَبَتَ حدیثُ بِرْوَعَ

بِنْتِ وَاشِقٍ لَكَانَتِ الْحُجَّةُ فِيمَا رُوِىَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرُوِىَ عَنِ الشَّافعيِّ أَنَّهُ رَجَعَ بِمِصْرَ عَنْ هٰذَا الْقَوْلِ، وقالَ بِحَدِيْثِ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ.

ترجمہ: صحابہ میں سے بعض اہل علم مثلاً: حضرت علی، زید بن ثابت، ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہم کہتے ہیں کہ کسی نے کسی عورت سے شادی کی اور اس کے لئے کوئی مہر مقرر نہ کیا، یہاں تک کہ اس کا انتقال ہوگیا تو وہ کہتے ہیں: اس عورت کے لئے میراث ہے اور اس کے لئے مہر نہیں ہے، اور اس پر عدت واجب ہے، اور یہی امام شافعی کا قول ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اور اگر بروع بنت واشق کی حدیث (صحیح سند سے) ثابت ہوجائے تو جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے وہی مسئلہ ہوگا۔ اور امام شافعیؒ سے مروی ہے کہ انھوں نے مصر میں اپنے سابقہ قول سے رجوع کرلیا تھا اور بروع بنت واشق کی حدیث کو مذہب بنایا تھا۔

أَبْوَابُ الرَّضَاعِ

شیر خواری کا بیان

بابُ ماجاءَ يُحَرَّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يُحَرَّمُ مِنَ النَّسَبِ

ناتے سے جو رشتے حرام ہوتے ہیں: دودھ پینے سے بھی وہ رشتے حرام ہوتے ہیں

ابھی ابواب النکاح چل رہے ہیں، ختم نہیں ہوئے، ان کے درمیان میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابواب الرضاع داخل کئے ہیں، ابواب الرضاع ڈیڑھ صفحہ تک (۶ باب) ہیں، ان کے دونوں طرف ابواب النکاح ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ایسا ابواب البیوع میں بھی کیا ہے، وہاں درمیان میں ابواب الاحکام لے آئے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ایسا ان ہی دوجگہوں میں کیا ہے۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ نے دودھ پینے کی وجہ سے حرام کئے ہیں وہ رشتے جو نسب کی وجہ سے حرام کئے ہیں''

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ نے دودھ پینے کی وجہ سے حرام کئے ہیں وہ رشتے جو جننے کی وجہ سے حرام کئے ہیں''

تشریح: سورۃ النساء آیت ۲۳ میں نسب کی بنا پر سات رشتوں کو حرام قرار دیا ہے: (۱) مائیں یعنی اصول (۲) بیٹیاں یعنی فروع (۳) بہنیں یعنی اصل قریب (ماں باپ) کی فروع (۴) پھوپھیاں یعنی اصل بعید (دادا دادی) کی صلبی

فروع (۵) خالائیں یعنی نانا نانی کی صلبی فروع (۶) بھتیجیاں (۷) بھانجیاں۔ان کا خلاصہ چار اصول ہیں:

۱- مذکر ومؤنث اصول یعنی باپ دادا، نانا اوپر تک، اور ماں، دادی، نانی اوپر تک (أُمّھات سے یہ سب اصول مراد ہیں)

۲- مذکر ومؤنث فروع یعنی بیٹا، پوتا، نواسا نیچے تک اور بیٹی، پوتی، نواسی نیچے تک (بنات سے یہ سب فروع مراد ہیں)

۳- اصل قریب (ماں باپ) کی تمام مذکر ومؤنث فروع یعنی بھائی، بھتیجے نیچے تک، اور بہنیں، بھتیجیاں، بھانجیاں نیچے تک (أخوات، بنات الأخ اور بنات الأخت سے یہ رشتے مراد ہیں)

۴- اصل بعید (دادا، دادی، نانا، نانی اوپر تک) کی تمام صلبی (بلا واسطہ) مذکر ومؤنث اولاد یعنی چچا، ماموں، پھوپھی اور خالہ چاہے وہ پردادا اور پرنانا کی صلبی اولاد ہو (عمّات اور خالات سے یہ سب مراد ہیں)

نوٹ: اصل بعید کی بالواسطہ فروع یعنی چچازاد، ماموں زاد، پھوپھی زاد اور خالہ زاد حلال ہیں۔

اس کے بعد رضاعی رشتوں کا ذکر ہے: ﴿وَأُمَّھٰتُکُمُ الّٰتِیْ أَرْضَعْنَکُمْ وَأَخَوٰتُکُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ﴾ یعنی تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا ہے اور تمہاری رضاعی بہنیں۔اس کے بعد سسرالی رشتوں کا ذکر ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ دو رضاعی رشتے بطور مثال بیان کئے ہیں، ان میں حصر نہیں بلکہ وہ ساتوں رشتے جو نسب کی وجہ سے حرام ہوتے ہیں، دودھ پینے کی وجہ سے بھی حرام ہوتے ہیں۔مثلاً: ایک لڑکے یا لڑکی نے خالدہ کا دودھ پیا تو اس پر خالدہ کے اصول وفروع اور اس کی اصل قریب کی تمام فروع اور اصل بعید کی صلبی فروع سب حرام ہیں۔

ملحوظہ: آپ ﷺ نے یہ جو تفسیر فرمائی ہے کہ قرآن کریم میں دو رضاعی رشتوں کا تذکرہ بطور مثال ہے، ان میں حصر نہیں، اور رضاعت سے نسب والے ساتوں رشتے حرام ہوتے ہیں، یہ ایسی تفسیر ہے جسے اللہ کا رسول ہی کرسکتا ہے، امت کے مجتہدین یہ تفسیر نہیں کرسکتے۔

أبواب الرضاع

[۱] باب ماجاء يُحَرَّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يُحَرَّمُ مِنَ النَّسَبِ

[۱۱۲۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَاعَلِيُّ بنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عن عَلِيٍّ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعِ مَاحَرَّمَ مِنَ النَّسَبِ"

وفى الباب: عن عائشةَ، وابنِ عباسٍ، وأُمِّ حَبِيْبَةَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۱۱۲۸-] حدثنا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، نَامَالِكُ بنُ أَنَسٍ، ح: وَنَا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، قالَ: نَا مَعْنٌ، قالَ: نَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عائشةَ قَالَتْ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَاحَرَّمَ

مِنَ الْوِلاَدَةِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَيْرِهِمْ، لاَنَعْلَمُ بَيْنَهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اخْتِلاَفًا.

بابُ ماجاء فی لَبَنِ الفَحْلِ (۱)

دودھ پینے سے رضاعی باپ کی طرف بھی حرمت ثابت ہوتی ہے

جس طرح نسب میں حرمت صرف ماں سے متعلق نہیں ہوتی بلکہ باپ سے بھی متعلق ہوتی ہے، کیونکہ بچہ اس کے نطفہ سے پیدا ہوتا ہے، اسی طرح رضاعت میں بھی اگرچہ دودھ پلانے والی عورت ہوتی ہے مگر حرمت رضاعت صرف رضاعی ماں سے متعلق نہیں ہوتی، اس کے شوہر سے بھی متعلق ہوتی ہے، کیونکہ شوہر کی صحبت سے دودھ اترتا ہے اس لئے دودھ میں شوہر کا اثر ہے، پس حرمت اس سے بھی متعلق ہوتی ہے وہ دودھ پینے والے بچہ کا رضاعی باپ ہوجاتا ہے۔ لبن الفحل کا یہی مطلب ہے، پس جس طرح دودھ پینے والے لڑکے یا لڑکی پر رضاعی ماں اور اس کے اصول وفروع، اور اصل قریب کی جملہ فروع اور اصل بعید کی صلبی فروع حرام ہوتی ہیں اسی طرح ان پر رضاعی باپ، اس کے اصول وفروع اس کی اصل قریب کی جملہ فروع اور اصل بعید کی صلبی فروع بھی حرام ہوتی ہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ملنے ان کی رضاعی چچا آئے ان کا نام افلح تھا انھوں نے گھر میں آنے کی اجازت چاہی، حضرت عائشہ نے اجازت دینے سے انکار کیا اور فرمایا: آپ میرے لئے اجنبی ہیں، میرے گھر میں کیسے آسکتے ہیں؟ انھوں نے کہا: میں تمہارا رضاعی چچا ہوں، اس طرح کہ تم نے فلاں عورت کا دودھ پیا ہے اور اس عورت کے شوہر کا میں بھائی ہوں، پس میں تمہارا رضاعی چچا ہوں۔ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: میں نے عورت کا دودھ پیا ہے کسی مرد کا دودھ نہیں پیا۔ غرض انھوں نے اجازت نہ دی، بعد میں جب یہ واقعہ انھوں نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ تمہارے رضاعی چچا ہیں وہ تمہارے پاس آسکتے ہیں'' حضرت عائشہؓ نے اپنا وہی اشکال پیش کیا مگر آپؐ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا، مکرر یہی فرمایا کہ وہ تمہارے چچا ہیں تمہارے پاس آسکتے ہیں۔

فائدہ: آنحضور ﷺ نے حضرت عائشہ کو ان کے اشکال کا جواب اس لئے نہیں دیا کہ بعض مرتبہ اعتراض ذہن پر مسلط ہوجاتا ہے اور وہ دماغ کی ساری کھڑکیاں بند کردیتا ہے، ایسی صورت میں اگر اس وقت جواب دیا جائے گا تو وہ سمجھ میں نہیں آئے گا۔ ایسی صورت میں مصلحت یہ ہے کہ وقت کو ٹال دیا جائے اور دوسرے کسی مناسب موقعہ پر جواب دیا جائے یا اعتراض کو مہمل چھوڑ دیا جائے، کیونکہ بعض اعتراضات کے جوابات وقت کے ساتھ خود بخود سمجھ میں

(۱) فحل: کے معنی ہیں: سانڈ، ہر حیوان کا نر، لبن الفحل: سانڈ کا دودھ، مراد: رضاعی باپ ہے۔ تعبیر موحش ہے ۱۲

آجاتے ہیں، پس ہوسکتا ہے کہ نبی ﷺ نے بعد میں اس کا جواب دیا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ آپؐ نے جواب دیا ہی نہ ہو، یہ خیال کرکے کہ وقت گذرنے کے ساتھ جواب خود بخود سمجھ میں آجائے گا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کی دو باندیاں ہیں ـــــ اور آقا دونوں سے صحبت کرتا ہے اور دونوں سے بچے بھی ہیں ـــــ ان میں سے ایک باندی نے کسی بچی کو دودھ پلایا اور دوسری نے کسی بچے کو دودھ پلایا تو کیا ان بچوں کا باہم نکاح ہوسکتا ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: نہیں، کیونکہ دونوں کا باپ ایک ہے، یعنی دونوں باندیوں کا آقا کے صحبت کرنے کی وجہ سے دودھ اترا ہے، پس دونوں کے دودھ میں اس آقا کا اثر ہے اور وہ دونوں بچوں کا رضاعی باپ ہے، پس وہ دونوں بچے رضاعی بھائی بہن ہوئے، اس لئے ان کا آپس میں نکاح نہیں ہوسکتا، یہ لبن الفحل کی ایک صورت ہے۔

[۲] باب ماجاء فی لبن الفحل

[۱۱۲۹-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلیٍّ، نا ابنُ نُمَیْرٍ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِیْهِ، عن عائشةَ قالَتْ: جاءَ عَمِّیْ مِنَ الرَّضَاعَةِ یَسْتَأْذِنُ عَلَیَّ، فَأَبَیْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰی أَسْتَأْمِرَ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم، فقالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "فَلْیَلِجْ عَلَیْكِ فَإِنَّهُ عَمُّكِ" قالَتْ: إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِی الْمَرْأَةُ، وَلَمْ یُرْضِعْنِی الرَّجُلُ، قال: "فَإِنَّهُ عَمُّكِ فَلْیَلِجْ عَلَیْكِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعملُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ: کَرِهُوْا لَبَنَ الْفَحْلِ، وَالأَصْلُ فِیْ هٰذَا حدیثُ عائشةَ، وقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أهلِ العلمِ فِیْ لَبَنِ الفَحْلِ، والقولُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

[۱۱۳۰-] حدثنا قُتیبةُ، نا مَالِكُ بنُ أنسٍ، ح: وثنا الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، قالَ: نا مالكُ بنُ أَنَسٍ، عنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الشَّرِیْدِ، عن ابنِ عبّاسٍ: أَنَّهُ سُئِلَ عن رَجُلٍ لَهُ جَارِیَتَانِ، أَرْضَعَتْ إِحْدَاهُمَا جَارِیَةً، والأُخْرَی غُلاَمًا: أَیَحِلُّ لِلْغُلاَمِ أَنْ یَتَزَوَّجَ الْجَارِیَةَ؟ فقالَ: لاَ، اللِّقَاحُ وَاحِدٌ.

وهٰذَا تفسیرُ لَبَنِ الفَحْلِ، وهٰذَا الأَصْلُ فِیْ هٰذَا الباب، وَهُوَ قَوْلُ أحمدَ، وإسحاقَ

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ لبن الفحل کو مکروہ کہتے ہیں (اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ علماء رضاعی ماں کے شوہر کے ساتھ بھی حرمت متعلق کرتے ہیں یعنی وہ دودھ پینے والے بچہ کا رضاعی باپ ہوجاتا ہے) اور اس باب میں اصل حضرت عائشہ کی حدیث ہے اور بعض علماء نے لبن الفحل کی اجازت دی ہے، یعنی وہ رضاعی باپ کے ساتھ حرمت متعلق نہیں کرتے (معلوم نہیں یہ کس کا قول ہے، ائمہ اربعہ کا یہ قول نہیں) اور پہلا قول اصح ہے۔

بابُ ماجاء لَاتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلا الْمَصَّتَانِ

ایک مرتبہ پستان چوسنا اور دو مرتبہ چوسنا حرام نہیں کرتا

مذاہبِ فقہاء: کتنا دودھ پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے؟ امام شافعی رحمہ اللہ خمسُ رَضاعاتٍ جائعاتٍ مشبِعات فی أوقاتٍ مختلفةٍ کے قائل ہیں یعنی بچہ الگ الگ اوقات میں پانچ مرتبہ پیٹ بھر کر دودھ پیئے جبکہ وہ بھوکا بھی ہو، تب حرمت ثابت ہوتی ہے، اس سے کم میں حرمت ثابت نہیں ہوتی۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ایسا ہی تین مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے، اس سے کم میں حرمت ثابت نہیں ہوتی، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک مطلق دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے، اگر ایک قطرہ بھی بالیقین بچے کے پیٹ میں پہنچ گیا تو حرمت ثابت ہوجائے گی۔

اس مسئلہ میں ایک تو قرآن کریم کی آیت ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَأُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِیْٓ أَرْضَعْنَكُمْ﴾ اور حرام کی گئیں تم پر تمہاری وہ مائیں جنھوں نے تم کو دودھ پلایا ہے۔ اس آیت میں مطلق رضاعت کو سبب تحریم قرار دیا گیا ہے، قلیل وکثیر کی کوئی تفریق نہیں کی گئی۔

اور دو حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، وہ فرماتی ہیں: قرآن کریم میں دس معلوم رضاعتیں نازل کی گئی تھیں یعنی پہلے آیت اس طرح تھی: وأمهتكم التی أرضعنكم عشر رَضَعَاتٍ معلومات یعنی اگر بچہ دس مرتبہ شکم سیر ہوکر دودھ پیئے تو حرمت ثابت ہوگی، پھر یہ حکم منسوخ ہوا اور اس کی جگہ خمس رضاعات معلومات کا حکم آیا، صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات تک قرآن میں خمس رضاعات معلومات کی آیت موجود تھی اور مسئلہ بھی یہی تھا کہ اگر بچہ پانچ مرتبہ دودھ پیئے تو حرمت ثابت ہوگی ورنہ نہیں۔

یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر اس کا کیا مطلب ہے ہم نہیں جانتے، جیسے اوپر ابن عباسؓ کی حدیث آئی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو ابو العاصؓ کی طرف سابقہ نکاح ہی سے پھیر دیا۔ امام ترمذیؒ نے کہا تھا کہ اس حدیث کی اسنادی حالت ٹھیک ہے مگر حدیث کا کیا مطلب ہے ہم نہیں جانتے، یہی حال حضرت عائشہؓ کی اس حدیث کا ہے، سنداً اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر اس کا مطلب ہمیں معلوم نہیں۔ کیونکہ جب حضور اکرم ﷺ کی وفات تک خمس رضاعات معلومات کی آیت قرآن میں تھی تو بعد میں وہ آیت کہاں چلی گئی۔ اس حدیث کو صحیح مانتے ہیں تو حفاظتِ قرآن پر حرف آتا ہے، پس لامحالہ حدیث کی یہی توجیہ کی جائے گی کہ جس طرح دس معلوم رضاعتوں میں سے پانچ منسوخ ہوگئیں، اسی طرح باقی پانچ بھی منسوخ ہوگئیں، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو نسخ کا علم نہ ہوا،

چنانچہ انھوں نے یہ بات فرمائی، اس کے علاوہ کوئی دوسری توجیہ نہیں ہوسکتی۔ غرض اس حدیث کو صرف امام شافعی رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے، باقی تینوں ائمہ نے اس حدیث کو نہیں لیا۔

اور دوسری حدیث: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک مرتبہ اور دو مرتبہ پستان چوسنا حرام نہیں کرتا'' اور ایک روایت میں ہے: ایک مرتبہ یا دو مرتبہ پستان بچے کے منہ میں داخل کرنا حرام نہیں کرتا۔ امام احمد رحمہ اللہ نے اس حدیث کو لیا ہے اور مفہوم مخالف سے استدلال کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: بچہ کا ایک مرتبہ یا دو مرتبہ پستان چوسنا یا بچہ کے منہ میں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ پستان دینا تحریم کا سبب نہیں ہے، بلکہ بچہ کا تین مرتبہ یا زیادہ پستان چوسنا یا بچہ کے منہ میں پستان دینا تحریم کا سبب ہے پس تین معلوم رضاعتوں ہی سے حرمت ثابت ہوگی۔

حنفیہ کے نزدیک اولاً مفہوم مخالف حجت نہیں، ثانیاً اس حدیث کا جو مطلب امام احمد رحمہ اللہ نے سمجھا ہے وہ مطلب نہیں ہے بلکہ ہوتا یہ ہے کہ جب بچہ منہ میں پستان لیتا ہے تو فوراً دودھ نہیں اترتا اور جب دودھ نہیں اترتا تو بچہ پستان منہ میں سے نکال دیتا ہے، پس ماں دوبارہ اس کے منہ میں پستان دیتی ہے، پھر بھی دودھ نہیں اترتا تو بچہ پستان نکال دیتا ہے، بلکہ اگر دانت نکل آئے ہیں تو بچہ کاٹتا ہے، پس ماں تھپڑ مارتی ہے، یہ تماشہ ہوتا رہتا ہے، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ایک یا دو مرتبہ چوسنے سے یا ایک یا دو مرتبہ بچہ کے منہ میں پستان دینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی، جب تک دودھ بالیقین بچہ کے پیٹ میں نہ پہنچے حرمت ثابت نہ ہوگی، پس یہ حدیث بھی محتمل ہے اور قرآن کریم کی آیت محکم ہے اور اس میں مطلق رضاعت کو سبب تحریم قرار دیا گیا ہے اس لئے بڑے دو اماموں نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

[۳] باب ماجاء لاَتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلاَ المصتان

[۱۱۳۱-] حدثنا محمدُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، نا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قالَ: سَمِعْتُ أَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عن عَبْدِ اللهِ بنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن عائشةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: '' لاَتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلاَ الْمَصَّتَانِ''

وفی الباب: عن أُمِّ الْفَضْلِ، وأَبِيْ هريرةَ، والزُّبَيْرِ، وابنِ الزُّبَيْرِ.

وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هذا الحديثَ عن هشام بنِ عروة، عَنْ أَبِيْهِ، عن عبدِ اللهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ: '' لاَتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلا الْمَصَّتَانِ''

وَرَوَى محمدُ بنُ دِيْنَارٍ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن عبدِ اللهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عن الزُّبَيْرِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَزَادَ فِيْهِ مُحمدُ بنُ دِيْنَارٍ: عَنِ الزُّبَيْرِ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، والصَّحِيْحُ عِنْدَ أَهْلِ الحديث حديثُ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ ، عن عبدِ اللهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ.

[۱۱۳۲-] قَالَتْ عائشةُ: أُنْزِلَ فِیْ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ، فَنُسِخَ مِنْ ذٰلِكَ خَمْسٌ، وَصَارَ إِلَی خَمْسِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ، فَتُوُفِّیَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم وَالأَمْرُ عَلَی ذٰلِكَ، حدثنا بِذٰلِكَ إسحاقُ بنُ مُوْسَی الأَنْصَارِیُّ، نا مَعْنٌ، نا مَالِكٌ، عن عَبْدِ الله بنِ أَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عن عائشةَ بِهٰذَا.

وبِهٰذَا کَانَتْ عائشةُ تُفْتِیْ وَبَعْضُ أَزْوَاجِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ وإسحاقَ.

وقالَ أحمدُ: بِحَدِیْثِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم:" لَاتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَلا الْمَصَّتَانِ" وقالَ: إِنْ ذَهَبَ ذَاهِبٌ إِلَی قَوْلِ عائشةَ فِیْ خَمْسِ رَضَعَاتٍ فَهُوَ مَذْهَبٌ قَوِیٌّ، وجَبُنَ عَنْهُ أَنْ یُقُوْلَ فِیْه شَیْئًا.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وغَیْرِهِمْ: یُحَرِّمُ قَلِیْلُ الرَّضا عِ وَکَثِیْرُهُ، إِذَا وَصَلَ إِلَی الجَوْفِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ، ومَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالْأَوْزَاعِیِّ، وعبدِ اللهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَوَکِیْعٍ، وَأَهْلِ الْکُوْفَةِ.

ترجمہ اور وضاحت: حدیث: **لاتحرم المصة ولا المصتان** کی تین سندیں ہیں: (۱) ابن ابی ملیکہ: حضرت عبداللہ بن الزبیر سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سند باب کے شروع میں ہے اور یہی صحیح ہے (۲) ہشام کے بہت سے تلامذہ ہشام سے، وہ اپنے ابا حضرت عروۃ سے، وہ اپنے بھائی عبداللہ بن الزبیر سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (اس سند کے آخر میں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں) (۳) اور محمد بن دینار نے یہ حدیث ہشام بن عروۃ سے، انھوں نے اپنے ابا سے، انھوں نے عبداللہ بن الزبیر سے اور انھوں نے اپنے والد حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے (مگر یہ آخری دونوں سندیں صحیح نہیں، صحیح سند ابن ابی ملیکہ کی ہے جس کے آخر میں حضرت عائشہؓ کا ذکر ہے) اور حضرت عائشہؓ کی یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے اور اس پر صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کا عمل ہے (یہ امام احمد کا قول ہے)

حدیث (۱۱۳۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: پہلے قرآن میں **عشر رضعات معلومات** نازل ہوا تھا (معلومات کے معنی ہیں: مُشبِعات یعنی پیٹ بھر کر) پھر پانچ رضاعتیں منسوخ کی گئیں اور حکم پانچ رضعات کی طرف چلا گیا، پس رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ معاملہ اسی پر تھا (پھر حضرت عائشہؓ کی اس حدیث کی سند پیش کی ہے) اور حضرت عائشہ اور بعض ازواج مطہرات اسی کا فتوی دیتی تھیں، اور یہی امام شافعی اور امام اسحاق کا قول ہے، اور امام احمد نے حدیث: **لاتحرم المصة** کو مذہب بنایا ہے اور فرمایا: اگر کوئی حضرت عائشہ کی پانچ رضعات والی حدیث لے تو وہ بھی قوی مذہب ہے، مگر امام احمدؒ نے اس حدیث کو لینے کی اور اس کے مطابق مسئلہ طے کرنے کی ہمت نہ کی، وہ اس سلسلہ میں کچھ کہنے سے بزدل ہوگئے، اور صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم کہتے ہیں: تھوڑا اور زیادہ دودھ حرام کرتا

ہے جب وہ پیٹ میں پہنچ جائے، یعنی رضاعت کی ہر مقدار محرّم ہے قلیل ہو یا کثیر اور یہ سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔

فائدہ: امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا مذہب قیاس کے مطابق ہے اس لئے کہ رضاعت سے حرمت کی وجہ علاقۂ جزئیت وبعضیت ہے، یعنی عورت کے دودھ سے بچہ کی نشو ونما ہوتی ہے اور دودھ بچہ کا جز بنتا ہے، پس عورت بچہ کا جز بن گئی، اس لئے رضاعی ماں سے نکاح حرام ہوا، کیونکہ اپنے جز سے انتفاع حرام ہے، صرف ضرورت اور مجبوری ہی میں جزء سے انتفاع جائز ہے۔ اور جب جزئیت وبعضیت سبب تحریم ہے تو اس کے لئے کچھ شرائط ہونی چاہئیں، جیسے بچہ کا مدت رضاعت میں دودھ پینا شرط ہے۔ مدت رضاعت کے بعد دودھ پیئے گا تو بالا جماع حرمت ثابت نہ ہوگی، کیونکہ اب اس دودھ سے بچہ کی نشو ونما نہ ہوگی، کیونکہ اب وہ باہر کی غذا لینے لگا ہے پس اس سے نشو ونما ہوگی۔ اسی طرح جب دودھ کی اچھی مقدار بچہ کے پیٹ میں پہنچے گی تبھی بچہ کا نشو ونما ہوگا، قطرہ دو قطرہ سے کیا ہوتا ہے؟ اس لئے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے اقوال قیاس کے مطابق ہیں، مگر شریعت کا ایک اصول یہ بھی ہے کہ امر ظاہر کو امر خفی کے قائم مقام کیا جاتا ہے اور احکام امر ظاہر پر دائر ہوتے ہیں اور اصل سبب کو نسیاً منسیاً کر دیا جاتا ہے، جیسے سفر میں افطار اور قصر کی رخصت کا سبب مشقت ہے، مگر وہ امر خفی ہے اس کا ادراک بہت مشکل ہے، اس لئے امر ظاہر یعنی اڑتالیس میل کے سفر کو مشقت کے قائم مقام کر دیا، اور اصل علت مشقت کو بھلا دیا، اسی طرح یہاں بھی عورت کے دودھ سے بچہ کی بالیدگی ہوئی یا نہیں؟ اور دودھ بچہ کا جزء بنا یا نہیں؟ یہ امر خفی ہے اس کا پتا لگانا مشکل ہے اس لئے امر ظاہر یعنی دودھ پینے کو اس کے قائم مقام کر دیا۔ اب بچہ کے پیٹ میں دودھ پہنچتے ہی حرمت ثابت ہو جائے گی، خواہ قلیل ہو یا کثیر اور اصل علت کو ایک طرف کر دیا جائے گا، اب اس کا اعتبار نہ ہوگا۔

ملحوظہ: ترمذی کے ہندوستانی نسخوں میں ترکہ بھی ہے اور تصحیف بھی، میں نے مصری نسخہ سے عبارت صحیح کی ہے، اس کے بغیر سند کی بحث سمجھی نہیں جاسکتی، وفی الباب کی فہرست کے بعد عن عائشة سے ولا المصتان تک عبارت حذف کی ہے اور اس کی جگہ روی غیر واحد سے ولا المصتان تک عبارت لکھی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی شَهَادَةِ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ فِیْ الرَّضَا عِ

ثبوت رضاعت میں ایک عورت کی گواہی

مذاہبِ فقہاء: ثبوتِ رضاعت میں ایک عورت کی شہادت کافی ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں ہر امام کی رائے الگ ہے، کیونکہ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے —— امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک: رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے، بشرطیکہ وہ خود مرضعہ (دودھ پلانے والی) ہو اور دوسرے گواہ کی جگہ اس سے قسم لی جائے گی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: دو مردوں کی یا ایک مرد اور دو عورتوں کی، یا چار عورتوں کی گواہی ضروری ہے، اس سے کم شہادت کافی

نہیں۔اورامام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دوعورتوں کی گواہی بھی کافی ہے۔غرض ائمہ ثلاثہ نے رضاعت میں صرف عورتوں کی گواہی کا اعتبار کیا ہے۔اورحنفیہ کا اصول یہاں بھی وہی ہے جومعاملات میں ہے یعنی ثبوتِ رضاعت کے لئے دومرد یاایک مرداوردوعورتوں کی گواہی ضروری ہےاورتنہاعورتوں کی گواہی سے حرمت رضاعت ثابت نہیں ہوگی۔

حدیث: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک عورت سے نکاح کیا، جب شادی کی شہرت ہوئی تو ایک حبشن ہمارے پاس آئی اوراس نے کہا: میں نے تم دونوں کودودھ پلایا ہےاس لئے تم دونوں بھائی بہن ہو، میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوااورعرض کیا: یارسول اللہ! میں نے فلاں عورت سے نکاح کیا ہے،اب ایک حبشن کہتی ہے کہ میں نے تم دونوں کودودھ پلایا ہےاوروہ جھوٹی ہے! جب حضرت عقبہؓ نے وھی کاذبۃ کہا تو نبی ﷺ نے رخ پھیرلیا،تھوڑی دیربعدانھوں نے دوسری جانب سے آکریہی بات عرض کی،آپؐ نے پھررخ پھیرلیاان کواحساس نہیں ہوا کہ آپؐ بار بار اعراض کیوں کررہے ہیں؟ جب انھوں نے تیسری باریہی بات عرض کی تو آپؐ نے رخ نہیں پھیرا بلکہ فرمایا:''جب وہ کہتی ہے کہ اس نے تم دونوں کودودھ پلایا ہےتواب تم اس کوکیسے رکھوگے!اسے چھوڑو''

تشریح: اس واقعہ سے امام احمد رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ رضاعت میں ایک عورت کی گواہی معتبر ہے،مگر آپ کا یہ استدلال صحیح نہیں، کیونکہ یہاں نہ تومرضعہ قاضی کے سامنے آئی ہےاورنہ گواہی دی ہے، بلکہ حضرت عقبہ نے اس کی اطلاع دی ہے، پس یہ حدیث کسی بھی امام کا مستدل نہیں بن سکتی، اس لئے میں نے کہا تھا کہ یہ مسئلہ محض اجہادی ہے منصوص نہیں۔

سوال: جب عورت نے آکر گواہی نہیں دی اور رضاعت ثابت نہیں ہوئی تو آپؐ نے حضرت عقبہ کو بیوی چھوڑ دینے کا حکم کیوں دیا؟

جواب: آنحضور ﷺ نے یہ حکم دیانۃً دیا تھا قضاءً نہیں دیا تھا، جب ایک عورت کہہ رہی ہے کہ اس نے دونوں کودودھ پلایا ہےتواب شک پیدا ہوگیااورحدیث ہے: دَعْ مَایُرِیْبُكَ إلی مَالاَیُرِیْبُكَ یعنی جو بات بےکھٹک ہواسے اختیارکرواورکھٹک والی بات چھوڑ دو، پس دینداری کا تقاضا یہ ہے کہ اس عورت کوالگ کردیا جائے، دنیا میں عورتیں بہت ہیں، کسی اور سے نکاح کیا جائے، دینداری کے نقطۂ نظر سے یہ بات ضروری ہے، اگرچہ قضاءضروری نہیں، یہ بات امام وکیع رحمہ اللہ نے کہی ہے۔

[٤] باب ماجاء فی شهادة المرأة الواحدة فی الرضاع

[١١٣٣-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عن أَيُّوْبَ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ قالَ: حَدَّثَنِیْ عُبَيْدُ بنُ أَبِیْ مَرْيَمَ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ الْحَارِثِ ــ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ مِنْ عُقْبَةَ، ولكِنِّی لِحَدِيْثِ عُبَيْدٍ أَحْفَظُ ــ قالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَجاءَ تْنا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ، فَقَالَتْ: إِنِّیْ قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا، فَأَتَيْتُ النبیَّ

صلی اللہ علیه وسلم، فَقُلْتُ: تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ، فَجَاءَ تْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ، فقالتْ: إِنِّیْ قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا، وَهِیَ كَاذِبَةٌ، قالَ: فَأَعْرَضَ عَنِّیْ، قالَ: فَأَتَيْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ، فَقُلْتُ: إِنَّهَا كَاذِبَةٌ، قالَ: ''وَكَيْفَ بِهَا، وقَدْ زَعَمَتْ أَنَّهَا قَدْ أَرْضَعَتْكُمَا؟ دَعْهَا عَنْكَ''

حديثُ عُقْبَةَ بنِ الْحَارِثِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحَدِيْثَ عن ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عن عُقْبَةَ بنِ الْحَارِثِ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ عُبَيدِ بنِ أَبِیْ مَرْيَمَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ:'' دَعْهَا عَنْكَ''

والعملُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَجَازُوْا شَهَادَةَ الْمَرْأَةِ الْوَاحِدَةِ فِیْ الرَّضَاعِ، وقالَ ابنُ عبّاسٍ: تجوزُ شَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِیْ الرَّضَاعِ، وَيُؤْخَذُ يَمِيْنُهَا، وَبِهِ يَقُوْلُ أحمدُ وإسحاقُ.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: لاتَجُوْزُ شَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِیْ الرَّضَاعِ، حَتَّى يَكُوْنَ أَكْثَرَ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ.

وعبدُ اللہِ بنُ أَبِیْ مُلَيْكَةَ: هُوَ عَبْدُ اللہِ بنُ عُبَيدِ اللہِ بنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، ويُكْنَى أَبَا مُحمدٍ، وكانَ عبدُ اللہِ بنُ الزُّبَيْرِ قَدْ اسْتَقْضَاهُ عَلَى الطَّائِفِ، وقالَ ابنُ جُرَيْجٍ عَن ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ: أَدْرَكْتُ ثَلَاثِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

سَمِعْتُ الْجَارُوْدَ بنَ مُعَاذٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ: لاتَجُوْزُ شَهَادَةُ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ فِیْ الرَّضَاعِ فِیْ الْحُكْمِ، وَيُفَارِقُهَا فِیْ الْوَرَعِ.

وضاحت: مذکورہ حدیث ابن ابی ملیکہ نے عبید بن ابی مریم کے واسطہ سے روایت کی ہے اور حضرت عقبہ سے براہ راست بھی سنی ہے، مگر عبید سے سنی ہوئی حدیث ان کو زیادہ یاد ہے۔ اس لئے امام ترمذیؒ نے واسطہ والی حدیث لکھی ہے، اور بہت سے روات واسطہ کے بغیر بھی روایت کرتے ہیں اور ان کی حدیث میں دعها عنك نہیں ہے۔

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم صحابہ وغیرہ کا عمل ہے وہ رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کو کافی قرار دیتے ہیں، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی ہے اور اس سے قسم لی جائے گی اور اسی کے قائل ہیں احمد واسحاق ـــــــ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: رضاعت میں ایک عورت کی گواہی کافی نہیں، یہاں تک کہ وہ زیادہ ہوں اور یہ امام شافعی کا قول ہے، ان کے یہاں کم سے کم چار عورتوں کی گواہی ضروری ہے ـــــــ ابن ابی ملیکہ کا نام عبداللہ، ان کے والد کا نام عبیداللہ اور دادا کا نام ابوملیکہ ہے، اور ان کی کنیت ابومحمد ہے، حضرت عبداللہ بن الزبیر نے ان کو اپنی خلافت کے زمانہ میں طائف کا قاضی بنایا تھا، اور ابن ابی ملیکہ کہتے ہیں: میں نے تیس صحابہ سے ملاقات کی ہے۔ وکیع رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رضاعت میں قضاءً ایک گواہی کافی نہیں، البتہ دیانۃً بیوی کو جدا کردینا چاہئے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الرَّضَاعَةَ لَاتُحَرِّمُ إِلَّا فِی الصِّغَرِ دُوْنَ الْحَوْلَیْنِ

مدت رضاعت میں دودھ پینے ہی سے حرمت ثابت ہوگی

تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر مدتِ رضاعت میں کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پیئے تو حرمت ثابت ہوگی، مدت رضاعت کے بعد دودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوگی، اور مدت رضاعت امام زفر رحمہ اللہ کے نزدیک تین سال، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ڈھائی سال، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک دوسال ہے، اور احناف کے یہاں فتوی رضاعت کے مسئلہ میں دوسال پر ہے یعنی دوسال کے بعد بچہ کو دودھ پلانا حرام ہے، مگر حرمت رضاعت میں فتوی ڈھائی سال پر ہے، اگر ڈھائی سال سے پہلے کسی بچہ نے کسی عورت کا دودھ پی لیا تو حرمتِ رضاعت ثابت ہوجائے گی اور ڈھائی سال کی عمر کے بعد پیا ہے تو حرمت ثابت نہیں ہوگی، یہ فتوی بر بنائے احتیاط ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''وہی دودھ پینا حرام کرتا ہے جو انتڑیوں کو چیرے اور چھاتی کا دودھ پیا ہو اور دودھ چھڑانے کی مدت سے پہلے پیا ہو'' (یہ فتق الأمعاء کی تفسیر ہے)

تشریح: آج ایکسرے کا زمانہ ہے اگر کوئی مشاہدہ کرنا چاہے تو بچے کو ایکسرے کے سامنے کھڑا کر کے دودھ پلائے جب دودھ آنتوں میں اترے گا تو آنتیں پھولیں گی، یہ فتق الأمعاء ہے۔ اور جب بڑی عمر کا آدمی ایکسرے کے سامنے کھڑا ہوکر دودھ پیئے گا تو آنتیں نہیں پھولیں گی، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس مدت میں دودھ بمنزلۂ غذا واقع ہوتا ہے اس مدت میں اگر کوئی بچہ کسی عورت کا دودھ پیئے تو حرمتِ رضاعت ثابت ہوگی۔ جانور کا دودھ پینے سے حرمت ثابت نہ ہوگی۔ لفظ ثَدی عورت کی پستان کے لئے خاص ہے اور فطام سے مطلق دودھ چھڑانا مراد نہیں بلکہ مدت رضاعت مراد ہے، پس اگر کوئی بچہ ایک سال میں دودھ چھوڑ دے اور باہر کا دودھ یا غذا لینے لگے پھر بھی مدت رضاعت میں کسی عورت کا دودھ پیئے گا تو حرمت ثابت ہوجائے گی۔

[۵] باب ماجاء أن الرَّضاعة لاتحرِّمُ إلا فی الصِّغَرِ دون الحولین

[۱۱۳۴-] حدثنا قُتیبةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عن أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: '' لَایُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ إِلَّا مَافَتَقَ الْأَمْعَاءَ، فِی الثَّدْیِ، وكَانَ قَبْلَ الْفِطَامِ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، والعَمَلُ عَلَی هذا عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ: أَنَّ الرَّضَاعَةَ لَاتُحَرِّمُ إِلَّا مَا كَانَ دُوْنَ الْحَوْلَیْنِ، وَمَا كَانَ بَعْدَ الْحَوْلَیْنِ

الْكَامِلَيْنِ فَإِنَّهُ لَايُحَرِّمُ شَيْئًا.

وفَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ بنِ الزُّبَيْرِ بنِ الْعَوَّامِ: وَهِيَ امْرَأَةُ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ میں سے اکثر علماء کا عمل ہے کہ دودھ پینا حرام نہیں کرتا مگر جو دوسال کے اندر ہو، اور جو دوسال کے بعد ہو اس سے کوئی حرمت پیدا نہیں ہوتی۔ فاطمہ بنت المنذر حضرت ہشام کی بیوی اور ان کی چچازاد بہن ہیں۔

بابُ مَا يُذْهِبُ مَذِمَّةَ الرَّضَاعِ

حقِ رضاعت کیسے اداء ہوگا

مَذَمَّةٌ (بکسر الذال وفتحها) کے معنی ہیں: حق وحرمت ——— دودھ پلانی والی ماں: حقیقی ماں کے بعد ماں ہے، اس کے ساتھ بھی حسن سلوک ضروری ہے۔ نبی ﷺ نے اپنی انّا کے احترام میں اپنی چادر بچھائی ہے۔ اور حقیقی ماں کا حق تو کسی بھی طرح ادا نہیں ہوسکتا، البتہ انّا کا حق بردہ دینے سے ادا ہوجاتا ہے یعنی اگر شیرخوار بڑا ہوکر ایک بُردہ (غلام یا باندی) اپنی انّا کو دیدے تو اس کا حق ادا ہوجائے گا، حجاج اسلمی رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: رضاعی ماں کا حق کس طرح اداء ہوسکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: بردہ سے، یعنی غلام باندی دینے سے، اور بردہ دینا ماں کا پورا حق اس لئے ہے کہ رضاعی ماں نے شیرخوار کو دودھ پلانے میں اور اس کی پرورش کرنے میں پاپڑ بیلے ہیں پس غلام یا باندی اس کے قائم مقام ہوکر انّا کے کاموں کی کلفت برداشت کرے گا، اور بردہ دینا مستحب ہے واجب نہیں، واجب وہ اجرت تھی جو شیرخوار کے ولی نے ادا کردی ہے۔

[٦] باب ما يُذهب مَذَمَّةَ الرّضاع

[١١٣٥-] حدثنا قُتيبةُ، نا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيلَ، عن هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عَنْ حَجَّاجِ بنِ حَجَّاجٍ الأَسْلَمِيِّ، عن أَبِيْهِ، أَنَّهُ سَأَلَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ يَارسولَ اللهِ! مَا يُذْهِبُ عَنِّيْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ؟ فقالَ: "غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَاهُ يَحيىَ بنُ سَعيدِ الْقَطَّانُ، وحَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عَنْ حَجَّاجِ بنِ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حَجَّاجِ بنِ أَبِيْ حَجَّاجٍ، عَنْ أَبِيْهِ عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وحَدِيْثُ ابنِ عُيَيْنَةَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، والصَّحِيْحُ مَارَوَى هٰؤُلاءِ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ.

وهِشَامُ بنُ عُرْوَةَ يُكْنَى أَبَا الْمُنْذِرِ، وقَدْ أَدْرَكَ جَابِرَ بنَ عبدِ اللهِ.

وقالَ مَعْنَى قَوْلِهِ:" مَا يُذْهِبُ عَنِّىْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ" يقولُ: إِنَّمَا يَعْنِىْ ذِمَامَ الرَّضَاعَةِ وَحَقَّهَا، يقولُ: إِذَا أَعْطَيْتَ الْمُرْضِعَةَ عَبْدًا أَوْ أَمَةً فَقَدْ قَضَيْتَ ذِمَامَهَا.

[۱۱۳٦-] ويُرْوَى عَنْ أَبِى الطُّفَيْلِ، قالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِذَ أَقْبَلَتِ امْرَأَةٌ فَبَسَطَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم رِدَاءَ هُ، فَقَعَدَتْ عَلَيْهِ، فَلَمَّا ذَهَبَتْ قِيْلَ: هٰذِهِ كَانَتْ أَرْضَعَتِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث کے راوی کا نام حجاج ہے یا ابوالحجاج؟ یحییٰ قطان اور حاتم بن اسماعیل وغیرہ حجاج کہتے ہیں، یعنی باپ اور بیٹے کا نام ایک ہے۔ اور سفیان بن عیینہ ابوالحجاج نام لیتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے سفیان بن عیینہ کی حدیث کو غیر محفوظ بتایا ہے یعنی صحیح نام حجاج ہے ـــــ اور ہشام کی کنیت ابوالمنذر ہے اور ان کی حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہے پس وہ تابعی ہیں۔ اور حدیث: ما یُذْهِبُ عنی مَذَمَّةَ الرضاع کے معنی ہیں: دودھ پلانے والی ماں کا حق کس طرح ادا ہوگا؟ مذمة بمعنی حق ہے، آپؐ نے فرمایا: جب آپ انّا کو ایک غلام یا ایک باندی دیدیں تو آپ نے اس کا حق ادا کردیا۔

اور ابوالطفیلؓ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک ایک عورت آئی، نبی ﷺ نے اس کے لئے اپنی چادر بچھادی وہ عورت اس پر بیٹھ گئی، جب وہ واپس گئی تو جاننے والوں نے کہا: اُس عورت نے نبی ﷺ کو دودھ پلایا ہے، وہ آپؐ کی انّا حضرت حلیمہ سعدیہ تھیں، یہ غزوۂ حنین کا واقعہ ہے جب آپؐ حنین کی غنیمت تقسیم فرمارہے تھے تو حضرت حلیمہ سعدیہ آئی تھیں، آپؐ نے ان کی غیر معمولی تعظیم کی تھی، یہ حدیث طبقات ابن سعد (۱۱۴:۱) میں ہے اور نہایت ضعیف ہے، بلکہ مجھے اندیشہ ہے کہ موضوع ہو اس لئے یُرْوٰی: مجہول فعل لائے ہیں۔

بابُ ماجاء فى الْأَمَةِ تُعْتَقُ وَلَهَا زَوْجٌ

باندی کو خیار عتق کب حاصل ہوگا

ابواب الرضاع پورے ہوگئے، اب پھر ابواب النکاح شروع ہوتے ہیں، اس باب میں خیار عتق کا مسئلہ ہے۔ یہ مسئلہ اب پرانا ہوگیا ہے اس کی اب چنداں ضرورت نہیں، مگر حدیثوں کو سمجھنے کے لئے اس کو سمجھنا ضروری ہے۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ باندی کو آزاد ہونے کے بعد خیار عتق حاصل ہوتا ہے یعنی اب اگر وہ چاہے تو اپنے شوہر کے نکاح میں رہے اور علحدگی اختیار کرنا چاہے تو علحدہ ہوسکتی ہے، البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ خیار کس صورت میں حاصل ہوتا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر باندی کی آزادی کے وقت شوہر غلام ہے تو باندی کو خیار عتق حاصل ہوگا اور

اگر شوہر آزاد ہے خواہ حرالاصل ہو یعنی ہمیشہ سے آزاد ہو یا وہ بیوی سے پہلے آزاد ہو چکا ہو تو باندی کو خیار عتق حاصل نہیں ہوگا۔ اور احناف کے نزدیک دونوں صورتوں میں خیار عتق حاصل ہوگا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں صرف ایک روایت ہے، اور اس میں بھی اختلاف ہے۔ جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کیا تو حضور ﷺ نے ان سے فرمایا: ''اب تمھیں اختیار ہے چاہو تو اپنے شوہر کے نکاح میں رہو اور علحدہ ہونا چاہو تو علحدہ ہوسکتی ہو'' چنانچہ انھوں نے علحدہ ہونے کا فیصلہ کیا۔ ان کے شوہر حضرت مغیث رضی اللہ عنہ کو ان سے بے حد محبت تھی، وہ اس فیصلہ سے بہت پریشان ہوئے، وہ مدینہ کی گلیوں میں روتے پھرتے تھے تاکہ حضرت بریرہؓ کا دل پسیجے، مگر انھوں نے شوہر کو قبول نہیں کیا۔ حضرت مغیث کی بدحالی دیکھ کر آنحضور ﷺ نے سفارش کی، مگر وہ بہت سمجھ دار تھیں، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپؐ کا حکم ہے یا مشورہ؟ آپؐ نے فرمایا: ''مشورہ ہے'' انھوں نے عرض کیا: میں اپنے معاملہ کو بہتر سمجھتی ہوں یعنی آپؐ کا مشورہ قبول نہ کیا۔

جس وقت حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا آزاد ہوئیں اس وقت ان کے شوہر آزاد تھے یا غلام؟ یہ تو طے ہے کہ حضرت مغیث حرالاصل نہیں تھے، اور یہ بھی طے ہے کہ وہ بھی آزاد ہوگئے تھے، مگر حضرت بریرہؓ جب آزاد ہوئیں اس وقت وہ آزاد تھے یا غلام؟ دونوں طرح کی روایات ہیں اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں، ائمہ ثلاثہ نے اس روایت کو لیا ہے جس میں حضرت مغیثؓ کے آزاد ہونے کی بات ہے اور کان عبداً کو انھوں نے نہیں لیا۔ اور احناف نے دونوں روایتوں کو لیا ہے، چنانچہ ان کے نزدیک ہر صورت میں خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام: باندی کو خیار عتق حاصل ہوگا۔

اور اس مسئلہ میں جو اختلاف ہے وہ ایک دوسرے مسئلہ میں اختلاف پر متفرع ہے، کتاب الطلاق میں یہ مسئلہ آئے گا کہ طلاق میں عورت کا اعتبار ہے یا مرد کا؟ احناف کے نزدیک: عورت کا اعتبار ہے، چنانچہ ان کے نزدیک اگر بیوی آزاد ہو تو شوہر اس کو تین طلاقیں دے سکتا ہے، خواہ وہ آزاد ہو یا غلام، اور اگر بیوی باندی ہو تو شوہر اس کو دو طلاقیں دے گا، خواہ وہ آزاد ہو یا غلام، تین نہیں دے سکتا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک طلاق میں اعتبار مرد کا ہے اگر شوہر آزاد ہے تو وہ تین طلاقیں دے سکتا ہے، خواہ بیوی آزاد ہو یا باندی۔ اور اگر شوہر غلام ہے تو دو طلاقیں ہی دے سکتا ہے خواہ بیوی آزاد ہو یا باندی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باندی کو آزاد ہونے کے بعد جو خیار عتق ملتا ہے اس کی علت کیا ہے؟ حنفیہ کے نزدیک علت: ازدیاد ملک ہے یعنی بیوی جب تک باندی تھی شوہر اس کو دو ہی طلاقیں دے سکتا تھا، اب بیوی کی آزادی کے بعد شوہر کو مزید ایک طلاق دینے کا حق حاصل ہوگا، پس بیوی کو اختیار ہے کہ وہ یہ مزید حق حاصل ہونے دے یا نہ ہونے دے، کیونکہ پہلے جو شہر کو دو طلاقیں دینے کا حق حاصل ہوا تھا وہ عورت کی رضامندی سے حاصل ہوا

تھا، اس نے نکاح قبول کیا تھا اس کی وجہ سے شوہر کو طلاق کا حق ملا تھا، پس اب جبکہ وہ تیسری طلاق کا مالک ہونے جا رہا ہے تو بھی عورت کی رضامندی ضروری ہے۔ اگر عورت راضی ہوگی تو ملکیت بڑھے گی، ورنہ نہیں، اور ملکیت میں تجزّی نہیں، پس یا تو تیسری طلاق کا حق ملے گا یا پہلی دو بھی ختم ہوجائیں گی اور عورت نکاح سے نکل جائے گی۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خیار کی یہ علت نہیں ہوسکتی کیونکہ ان کے نزدیک طلاق کا مدار مرد پر ہے، اس لئے انھوں نے خیار کی اور علت نکالی ہے اور وہ ہے: عار کا لاحق ہونا۔ آزاد بیوی کا شوہر اگر غلام ہوگا تو اس کو اس کے ساتھ رہنے میں عار لاحق ہوگا، اس لئے اس کو نکاح میں رہنے کا یا علحدہ ہونے کا اختیار دیا جاتا ہے اور شوہر اگر آزاد ہو خواہ حر الاصل ہو یا پہلے آزاد ہوچکا ہو تو اس کے ساتھ رہنے میں عورت کو کوئی عار لاحق نہیں ہوگا، اس لئے ائمہ ثلاثہ شوہر کے آزاد ہونے کی صورت میں خیار عتق کے قائل نہیں اس لئے انھوں نے صرف کان عبداً والی روایت لی اور احناف نے دونوں روایتوں کو جمع کیا، کیونکہ ان کی سمجھی ہوئی علت پر دونوں روایتیں جمع ہوسکتی ہیں۔

[٤٣] باب ماجاء فی الأمة تُعْتَقُ وَلَهَا زوج

[١١٣٧-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَاجَرِيْرُ بنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عن أَبِيْهِ، عن عائشةَ، قالَتْ: كانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ عَبْدًا، فَخَيَّرَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا، وَلَوْ كانَ حُرًّا لَمْ يُخَيِّرْهَا.

[١١٣٨-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إبراهيمَ، عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قالَتْ: كانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ حُرًّا، فَخَيَّرَهَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَى هِشَامٌ، عن أَبِيْهِ، عَنْ عَائشةَ قَالَتْ: كانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ عَبْدًا، وَرَوَى عِكْرِمَةُ، عنِ ابنِ عبّاسٍ قالَ: رَأَيْتُ زَوْجَ بَرِيْرَةَ، وكانَ عَبْدًا يُقَالُ لَهُ مُغِيْثٌ، وَهٰكَذَا رُوِیَ عَنِ ابنِ عُمَرَ.

والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ، قَالُوْا: إِذَا كَانَتِ الأَمَةُ تَحْتَ الْحُرِّ فَأُعْتِقَتْ، فَلاَ خِيَارَ لَهَا، وإِنَّمَا يَكُوْنُ لَهَا الْخِيَارُ إِذَا أُعْتِقَتْ وَكَانَتْ تَحْتَ عَبْدٍ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عنِ الأَسْوَدِ، عن عائشةَ قَالَتْ: كانَ زَوْجُ بَرِيْرَةَ حُرًّا، فَخَيَّرَهَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى أَبُوْ عَوَانَةَ هٰذَا الحديثَ عَنِ الأَعْمَشِ، عن إبراهيمَ، عنِ الأَسْوَدِ، عن عائشةَ فِيْ قِصَّةِ بَرِيْرَةَ، قالَ الأَسْوَدُ: وكَانَ زَوْجُها حُرًّا.

والعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أهلِ العلمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ

وأهلِ الْكُوْفَةِ.

[۱۱۳۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عن سَعيدٍ، عن أَيُّوْبَ، وقَتَادَةَ، عن عِكْرِمَةَ، عن ابنِ عبّاسٍ؛ أَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ عَبْدًا أَسْوَدَ لِبَنِى الْمُغِيْرَةِ يَوْمَ أُعْتِقَتْ بَرِيْرَةُ، وَاللّٰهِ لَكَأَنِّىْ بِهِ فِىْ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ وَنَوَاحِيْهَا، وإِنَّ دُمُوْعَهُ لَتَسِيْلُ عَلَى لِحْيَتِهِ، يَتَرَضَّاهَا لِتَخْتَارَهُ، فَلَمْ تَفْعَلْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وسَعِيْدُ بنُ أَبِىْ عَرُوْبَةَ: هُوَ سَعيدُ بنُ مَهْرَانَ، ويُكْنَى أَبَا النَّضْرِ.

ترجمہ: (پہلی روایت) صدیقہ بیان کرتی ہیں کہ بریرہؓ کے شوہر غلام تھے اس لئے نبی ﷺ نے ان کو اختیار دیا، اورانھوں نے اپنی ذات کو اختیار کیا اور اگر ان کے شوہر آزاد ہوتے تو آپؐ ان کو اختیار نہ دیتے (یہ جملہ حضرت عائشہ کا بھی ہوسکتا ہے اور حضرت عروہ کا بھی)

(دوسری روایت) صدیقہ بیان کرتی ہیں کہ بریرہ کے شوہر آزاد تھے، پس رسول اللہ ﷺ نے ان کو اختیار دیا (یہ اسود کی حدیث ہے اور اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر امام ترمذیؒ نے اس پر کوئی حکم نہیں لگایا)

اور ہشام کی حدیث کی طرح عکرمہ بھی ابن عباس سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں: میں نے بریرہ کے شوہر کو دیکھا اور وہ غلام تھے، ان کو مغیث کہا جاتا تھا، اور حضرت ابن عمرؓ سے بھی اسی طرح مروی ہے کہ مغیث غلام تھے (یہ سب حضرت عائشہؓ کی پہلی حدیث کی جس کے راوی ہشام ہیں: تائیدات ہیں) اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب باندی آزاد کی بیوی ہو پھر وہ آزاد کی گئی تو اس کے لئے خیار عتق نہیں، باندی کے لئے خیار اسی صورت میں ہے جبکہ وہ آزاد کی جائے درانحالیکہ وہ غلام کی بیوی ہو، اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

اسود کی حدیث پر اعتراض جس کو حنفیہ کا مستدل خیال کیا گیا ہے، حالانکہ حنفیہ دونوں حدیثوں کو جمع کرتے ہیں، فرماتے ہیں: ابوعوانہ نے اعمش سے مذکورہ سند ہی سے روایت کی ہے کہ اسود نے کہا: بریرہ کے شوہر آزاد تھے، یعنی یہ اسود کا قول ہے، حضرت عائشہؓ کا قول نہیں، اور اس پر بعض تابعین اور ان کے بعد کے اہل علم کا عمل ہے اور یہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔

(حدیث ۱۱۳۹) حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ بریرہ کے شوہر حبشی غلام تھے اور بنوالمغیرہ کی ملک تھے، جس دن بریرہ آزاد کی گئیں، بخدا! گویا میں ان کے ساتھ ہوں مدینہ کی راہوں میں اور اس کے کناروں میں یعنی وہ منظر میری نگاہوں کے سامنے ہے جب وہ مدینہ کی راہوں اور گلیوں میں روتے پھرتے تھے اور ان کے آنسوان کی ڈاڑھی پر بہہ رہے تھے، وہ بریرہ کو پٹا رہے تھے تاکہ وہ ان کو اختیار کریں مگر انھوں نے ایسا نہیں کیا (یہ اوپر جو حوالہ دیا تھا کہ ہشام کی حدیث کی طرح حضرت ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے، یہ اس حدیث کی سند کے ساتھ تخریج کی ہے۔ اور حضرت ابن عمرؓ کی روایت سنن بیہقی اور سنن دارقطنی میں ہے)

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْوَلَدَ لِلْفِرَاشِ

بچہ کا نسب شوہر سے ثابت ہوتا ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بچہ بستر والے یعنی شوہر کے لئے ہے (اس میں مجاز بالحذف ہے۔ تقدیر عبارت: **الولد لصاحب الفراش** ہے۔ اور فراش کے معنی ہیں بچھونا، بستر، اور یہاں مراد بیوی ہے) اور زانی کے لئے سنگ ہے''

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی عورت بچہ جنے اور اس کا شوہر ہو اور وہ بچہ کا انکار نہ کرے تو بچہ کا نسب اس سے ثابت ہوگا، اگر کوئی غیر اس بچہ کا دعوی کرے یا نسب پر اعتراض کرے تو وہ دعوی یا اعتراض ثبوت نسب میں خلل انداز نہ ہوگا۔

جاننا چاہئے کہ بعض قاعدے اندھے ہوتے ہیں مگر ان کو اختیار کرنا ناگزیر ہوتا ہے ان کو قبول کئے بغیر چارہ نہیں مثلاً کورٹ کا قاعدہ ہے: **البينة على المدعي واليمين على من أنكر** یعنی مدعی کے ذمہ گواہ پیش کرنا ہے اور منکر پر قسم لاگو ہوگی۔ جب کوئی شخص عدالت میں کوئی دعوی کرے تو پہلے قاضی اس سے گواہ طلب کرے گا اگر اس نے گواہ پیش کردیئے تو قاضی ان کا تزکیہ کرے گا، اگر گواہ ٹھیک ثابت ہوئے تو ان کے مطابق فیصلہ کرے گا اور اگر مدعی گواہ پیش نہ کرسکے تو منکر سے قسم لی جائے گی اور اس کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا، جبکہ گواہ جھوٹے بھی ہوسکتے ہیں، اور منکر جھوٹی قسم بھی کھاسکتا ہے، مگر ان احتمالوں کے باوجود فیصلہ کا یہی طریقہ ہے دوسرا کوئی راستہ نہیں۔ تمام وضعی قوانین میں بھی فیصلہ کا یہی طریقہ اختیار کیا گیا ہے اسی طرح بچہ شوہر کا ہے، اس میں بھی احتمالات ہیں کہ بچہ شوہر کا نہ ہو زنا کا ہو مگر ان احتمالات کا اعتبار نہیں، جب بچہ جننے والی عورت کا شوہر موجود ہے اور وہ بچہ کا انکار نہیں کرتا تو نسب اسی سے ثابت ہوگا، اور اگر بچہ شوہر کا نہیں ہے تو اس کے لئے راستہ کھلا ہے وہ انکار کردے اور لعان کرے۔

قولہ: وللعاهر الحجر: یہ بات آنحضور ﷺ نے ایک خاص واقعہ میں فرمائی ہے۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا ایک بڑا بھائی تھا جس کا کفر کی حالت میں انتقال ہوا ہے اس نے مرتے وقت حضرت سعدؓ کو وصیت کی تھی کہ زمعہ کی باندی کا فلاں لڑکا میرا ہے، تمہیں جب بھی موقع ملے اس کو اپنے خاندان میں لے لینا —— زمعہ: آنحضور ﷺ کی زوجۂ مطہرہ حضرت سوداء کے والد ہیں —— فتح مکہ کے موقعہ پر حضرت سعدؓ کو وہ لڑکا مل گیا۔ وہ جوان ہوچکا تھا حضرت سعدؓ نے اس کو لے لیا اور مدینہ ساتھ لے جانے کا ارادہ کیا تو زمعہ کے ایک دوسرے لڑکے عبد نے مزاحمت کی، اور یہ مقدمہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں آیا، آپؐ نے دونوں کی بات سن کر عبد کے حق میں فیصلہ دیا اور ارشاد فرمایا: ''بچہ فراش کے لئے ہے اور زانی کے لئے سنگ ہے''

علماء نے اس جملہ کے دو مطلب بیان کئے ہیں، پہلا مطلب: زانی کے لئے سنگ ہے یعنی وہ رجم کیا جائے گا۔ دوسرا مطلب: زانی کے لئے سنگ ہے یعنی محرومی ہے، بچہ اس کو نہیں ملے گا۔ یہ دوسرا مطلب راجح ہے کیونکہ حدیث کا جو شانِ ورود ہے اس میں زانی مر چکا تھا، پس رجم کی کوئی صورت نہیں تھی۔ علاوہ ازیں ہر زانی کے لئے رجم کی سزا نہیں، بعض زانیوں کے لئے کوڑے کی سزا ہے، اس لئے علماء نے دوسرے مطلب کو راجح قرار دیا ہے۔

پھر آنحضور ﷺ نے دیکھا کہ اس میں پوری مشابہت سعدؓ کے بھائی کی ہے اس لئے آپؐ نے حضرت سوداءؓ کو اس سے پردہ کرنے کا حکم دیا، چنانچہ حضرت سوداء نے تاوفات اس بھائی کو نہیں دیکھا۔ یہاں سے یہ مسئلہ نکلا کہ بعض صورتوں میں محرم سے بھی پردہ لازم ہے، مثلاً خسر جوان ہے اور بد اطوار ہے تو بہو کے لئے اس سے پردہ کرنا ضروری ہے، اسی طرح ہر وہ جگہ جہاں فتنہ کا اندیشہ ہے محرم سے بھی پردہ کرنا ضروری ہے۔

[٤٤] باب ماجاء أن الولد للفراش

[١١٤٠-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا سُفيانُ، عنِ الزُّهْرِيِّ، عن سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، عن أَبى هريرة، قالَ: قال رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وِلِلعَاهِرِ الْحَجَرُ"

وفى الباب: عن عُمَرَ، وعُثْمَانَ، وعائشةَ، وأبى أُمَامَةَ، وعَمْرِو بنِ خَارِجَةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، والبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، وَزَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، حديثُ أَبِىْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وقَدْ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعيدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، وأَبِىْ سَلَمَةَ، عن أَبِىْ هُريرةَ، والعملُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ.

بابُ ماجاء فى الرَّجُلِ يَرَى الْمرأَةَ فَتُعْجِبُهُ

اجنبی عورت پر نظر پڑے اور وہ پسند آجائے تو اس کا علاج

اگر کسی اجنبی عورت پر نظر پڑے اور وہ دل میں کُھب جائے تو یہ غیر اختیاری بات ہے، اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں، مگر اس کا علاج ضروری ہے، ورنہ پینگیں بڑھنے کا اندیشہ ہے۔ اور اس کا علاج یہ ہے کہ فوراً گھر جا کر بیوی سے صحبت کرلے، کیونکہ جب منی کے برتن بھر جاتے ہیں تو اس کے اَبخرے دماغ کی طرف صعود کرتے ہیں اور جنسی خواہش پیدا ہوتی ہے، پس استفراغ مادہ ہی اس کا اعلاج ہے۔

حدیث: نبی ﷺ کی نظر ایک عورت پر پڑی آپؐ حضرت زینبؓ کے پاس تشریف لے گئے اور اپنی ضرورت پوری کی، یعنی صحبت فرمائی، پھر باہر تشریف لائے اور فرمایا: "عورت جب سامنے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں

سامنے آتی ہے یعنی ورغلانے والا انداز ہوتا ہے، پس جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے اور وہ اس کو پسند آجائے تو چاہئے کہ اپنی بیوی کے پاس آئے یعنی اس سے صحبت کرلے اس لئے کہ بیوی کے پاس وہی ہے جو اس عورت کے پاس ہے، یعنی جس محل کی وجہ سے کسی عورت کی طرف میلان ہوتا ہے وہی محل بیوی کے پاس بھی ہے، پس جب بیوی سے صحبت کرے گا اور منی کا برتن خالی ہوجائے گا تو ذہن اس عورت کی طرف سے ہٹ جائے گا۔

سوال: نبی ﷺ معصوم تھے پھر نظر پڑنے سے یہ کیفیت کیوں پیدا ہوئی؟

جواب: ایسا تشریع (قانون سازی) کے پیش نظر ہوا تھا، انبیاء جو قانون بناتے ہیں وہ ذوقی ہوتے ہیں، وہ فکری قانون نہیں بناتے اور اسی وجہ سے فرشتوں کو رسول نہیں بنایا گیا، کیونکہ فرشتے اگر رسول بن کر آتے تو وہ لوگوں کے لئے غور وفکر کی بنیاد پر قانون بناتے، وہ ذوق کی بنیاد پر قانون نہیں بنا سکتے تھے، کیونکہ ان میں وہ جذبات نہیں جو انسان میں ہیں، اور جب نبی انسان ہوتا ہے تو اس پر تمام احوال گذرتے ہیں، کیونکہ وہ بشر ہوتا ہے، چنانچہ ایک بار آپؐ کو بھی یہ کیفیت پیش آئی تا کہ اس کی اہمیت کا اندازہ ہو اور آپؐ اس کا علاج تجویز فرما سکیں۔ اس کی نظیر یہ ہے کہ انبیاء کبھی بیانِ جواز کے لئے خلاف اولیٰ کام بھی کرتے ہیں اور وہ نبی کے حق میں خلافِ اولیٰ نہیں ہوتے، کیونکہ وہ تشریع کے لئے ہوتے ہیں، اسی طرح اس کیفیت کا آپؐ پر گذرنا آپؐ کے حق میں برا نہیں تھا، بلکہ ضروری تھا کیونکہ تشریع اس پر موقوف تھی۔

[۴۵] باب ماجاء فی الرجل یری المرأةَ فتُعْجِبُهُ

[۱۱۴۱-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عَبْدُ الأَعْلَی بنُ عبدِ الأَعْلَی، نا هِشَامُ بنُ أَبِیْ عَبْدِ اللهِ وَهُوَ الدَّسْتَوَائِیُّ، عن أَبِی الزُّبَیْرِ، عنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم رَأَی امْرَأَةً فَدَخلَ عَلٰی زَیْنَبَ فَقَضٰی حَاجَتَهُ وَخرجَ، وَقَالَ: "إنَّ الْمَرْأَةَ إذَا أَقْبلَتْ أَقْبلَتْ فِیْ صُوْرَةِ شَیْطَانٍ، فَإِذَا رَأَی أَحَدُکُم امْرَأَةً فَأَعْجَبَتْهُ فَلْیَأْتِ أَهْلَهُ، فَإِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِیْ مَعَهَا"

وفی الباب: عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، حدیثُ جابرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وهِشَامُ بنُ أَبِیْ عَبْدِ اللهِ هُوَ صَاحِبُ الدَّسْتَوَائِیِّ: هُوَ هِشَامُ بنُ سَنْبَرَ.

بابُ ماجاء فی حَقِّ الزَّوْجِ عَلَی الْمَرْأَةِ

شوہر کا بیوی پر کیا حق ہے؟

اسلام میں جہاں بھی حقوق ہیں دو طرفہ ہیں، ایک طرفہ حقوق کہیں نہیں، ماں باپ کے اولاد پر حقوق ہیں تو اولاد کے بھی ماں باپ پر حقوق ہیں، بادشاہ کا رعایا پر حق ہے تو رعایا کا بھی بادشاہ پر حق ہے، استاذ اور پیر کے شاگردوں اور

مریدوں پرحقوق ہیں تو ان کے بھی حقوق استاذ اور پیر پر ہیں، شوہر کے حقوق بیوی پر ہیں تو بیوی کے بھی حقوق شوہر پر ہیں۔غرض ہر جگہ حقوق دوطرفہ ہیں، مگر لوگ اپنے حقوق تو یاد رکھتے ہیں دوسرے کے حقوق یاد نہیں رکھتے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو باب قائم کئے ہیں، پہلے باب میں مرد کے حقوق کا بیان ہے اور دوسرے باب میں عورت کے حقوق کا تذکرہ ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر میں کسی کو کسی کے سامنے سجدہ کرنے کا حکم دیتا یعنی غیر اللہ کو سجدہ کرنے کی ذرا بھی گنجائش ہوتی تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے''

تشریح: اس حدیث کا شانِ ورود یہ ہے کہ کچھ صحابہ ملک شام گئے وہاں انھوں نے شاہوں کے دربار کا منظر دیکھا جب بڑا دربار میں آتا ہے تو سب لوگ دست بستہ کھڑے ہوجاتے ہیں، اور جب وہ بیٹھتا ہے تو سب اس کو سجدہ کرتے ہیں اور جب تک وہ بیٹھا رہتا ہے سب لوگ اس کے سامنے کھڑے رہتے ہیں۔ صحابہ نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! حقیقی تعظیم کے لائق تو آپ ہیں، ہمارا جی چاہتا ہے کہ جب آپؐ مجلس میں جلوہ افروز ہوں تو ہم آپؐ کو سجدہ کیا کریں اور آپ کے سامنے کھڑے رہا کریں، آپؐ نے ایسا کرنے سے منع فرمایا اور سجدہ کے تعلق سے وہ بات فرمائی جو اوپر گذری، اور قیام کے تعلق سے فرمایا: **لاتقوموا کمایقوم الأعاجم** (مشکوٰۃ ۴۷۰۰) یعنی جس طرح عجمی دربار میں کھڑے رہتے ہیں تم کھڑے نہ رہو، ہمارے اکابر نے اس حدیث کو آگے بڑھایا اور فرمایا: کسی کے استقبال کے لئے کھڑا ہونا پھر بیٹھ جانا بھی اس حدیث کا مصداق ہے، کیونکہ ممانعت کی علت تعظیم ہے، عجمی اپنے بڑوں کے سامنے کھڑے ہوکر ان کی تعظیم کیا کرتے تھے، اور ان کے سامنے بیٹھنے کو توہین سمجھتے تھے، پس اگر استقبال کے لئے کھڑے ہونے کی اجازت دی جائے گی تو یہ قیام بڑھتا بڑھتا عجمیوں کے قیام تک پہنچ جائے گا۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ جب مجلس میں تشریف لاتے تھے تو آپؐ کے احترام میں کوئی کھڑا نہیں ہوتا تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: صحابہ کے نزدیک رسول اللہ ﷺ سے زیادہ کوئی بھی قابل احترام نہیں تھا، پھر بھی جب صحابہ آپ کو آتا ہوا دیکھتے تھے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ نبی ﷺ کو یہ بات پسند نہیں (مشکوٰۃ حدیث ۴۶۹۸)

اور حضرت سعد کے واقعہ سے استقبال کے لئے کھڑے ہونے پر استدلال کرنا صحیح نہیں، کیونکہ وہ کھڑا ہونا تعاون کے لئے تھا، غزوۂ بنوقریظہ کے موقع پر جب وہ گدھے پر سوار ہوکر لشکر کے قریب پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **قوموا إلی سیدکم**: تم اپنے سردار کی طرف کھڑے ہوؤ، اس کا مطلب یہ تھا کہ جاکر ان کو سواری سے اتارو اس لئے کہ وہ بیمار تھے، مسند احمد کی حدیث میں فَأَنْزِلُوْہُ کی صراحت ہے (یہ حدیث متفق علیہ ہے، مشکوٰۃ حدیث ۳۶۹۵)

اور سجدہ کے تعلق سے فرمایا کہ غیر اللہ کو سجدہ کرنا جائز نہیں اگر غیر اللہ کو سجدہ کرنے کی ذرا بھی گنجائش ہوتی تو عورتوں کو حکم دیا جاتا کہ جب ان کے شوہر باہر سے آئیں تو عورتیں سجدہ کرکے ان کی تعظیم بجالایا کریں۔اس حدیث

سے یہ بات نکلتی ہے کہ عورت پر شوہر کا پہلا حق یہ ہے کہ وہ جائز حدود میں رہ کر شوہر کی ہر طرح تعظیم بجالائے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنی حاجت کے لئے بیوی کو بلائے یعنی صحبت کرنے کے لئے بلائے تو چاہئے کہ بیوی شوہر کے پاس آئے اگرچہ وہ چولہے پر ہو"

تشریح: اس حدیث سے شوہر کا دوسرا حق یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب بھی شوہر بیوی سے حاجت برآری چاہے تو بیوی انکار نہ کرے، فوراً تیار ہوجائے، چاہے وہ کیسے ہی ضروری کام میں مشغول ہو، اگر بیوی بلانے پر نہیں آئے گی تو شوہر کے گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، پس بیوی کا کیا فائدہ؟

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو بھی عورت اس حال میں رات گذارے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہے تو وہ جنت میں جائے گی"

تشریح: اس حدیث سے شوہر کا تیسرا حق یہ ثابت ہوتا ہے کہ عورت پر ضروری ہے کہ اگر کسی وجہ سے شوہر ناراض ہوجائے تو پہلی فرصت میں اسے منالے، غلطی کس کی ہے یہ نہ دیکھے اگر مرد کی غلطی ہے اور عورت معافی مانگ لے تو نہ صرف شوہر راضی ہوجائے گا بلکہ محبت میں اضافہ ہوجائے گا، اور اگر غلطی عورت کی ہے تب تو اسے معافی مانگنی ہی چاہئے، اور رات کی تخصیص اس لئے کی کہ ممکن ہے دن میں عورت کو صفائی کا موقعہ نہ ملے، پس جب رات میں دونوں جمع ہوں تو عورت پر لازم ہے کہ وہ شوہر کو کسی بھی طرح راضی کرلے۔

نوٹ: شوہر کے عورت پر دو حق اور بھی ہیں ان کا بیان اگلے باب کی حدیث میں آرہا ہے۔

[٤٦] باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأة

[١١٤٢-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، نا مُحمدُ بنُ عَمْرٍو، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هُريرةَ، عن النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قالَ:" لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا"

وفی الباب: عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، وسُرَاقَةَ بنِ مَالِكِ بنِ جُعْشُمٍ، وعائشةَ، وابنِ عبّاسٍ، وعبدِ اللهِ بنِ أَبِیْ أَوْفٰی، وَطَلْقِ بنِ عَلِیٍّ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وأنسٍ، وابنِ عُمَرَ.

حديثُ أبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ محمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هُريرةَ.

[١١٤٣-] حدثنا هَنَّادٌ، نا مُلاَزِمُ بنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِی عَبْدُ اللهِ بنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ طَلْقٍ، عَنْ أَبِيْهِ طَلْقِ بنِ عَلِیٍّ، قالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا الرَّجُلُ دَعَا زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ فَلْتَأْتِهِ، وَإِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّوْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۱۴۴-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عبدِ الْأَعْلَى الْكُوْفِيُّ، نا محمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عن عَبْدِ اللهِ بنِ عبدِ الرحمنِ أَبِیْ نَصْرٍ، عَنْ مُسَاوِرٍ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَيُّمَا امْرَأَةٍ بَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ، دَخَلَتِ الْجَنَّةَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فی حَقِّ الْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا

بیوی کا شوہر پر کیا حق ہے؟

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مؤمنین میں ایمان کے اعتبار سے کامل وہ ہے جو ان میں بہتر ہے اخلاق کے اعتبار سے، اور تم میں بہتر وہ ہے جو تم میں بہتر ہے اپنی بیویوں کے حق میں"

تشریح: اس کا حدیث کا مدعی یہ ہے کہ بیویوں کے ساتھ اچھا اخلاقی برتاؤ ان کا مردوں پر ایک حق ہے، آدمی ازواج کے ساتھ اچھے اخلاقی برتاؤ کے بغیر ایمان میں باکمال نہیں ہوسکتا۔ اور اس حدیث میں ایک معاشرتی کمزوری کی اصلاح بھی کی گئی ہے۔ لوگ عام طور پر اجانب کے ساتھ تو اچھے اخلاق برتتے ہیں، مگر نوکروں، بچوں اور بیویوں کے ساتھ اخلاق کا برتاؤ کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں۔ غیروں سے تو بڑی مہذب گفتگو کریں گے اور متعلقین سے تو تڑاق کے ساتھ باتیں کریں گے۔ یہ بات ٹھیک نہیں۔ معاملہ اس کے برعکس ہونا چاہئے۔ حدیث میں یہی بات سمجھائی گئی ہے کہ جو بیویوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتا ہے وہی کامل اخلاق والا ہے، کیونکہ وہ دوسروں کے ساتھ ضرور اچھے اخلاق کا برتاؤ کرے گا۔

حدیث (۲): عمرو بن الاحوص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، آپؐ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے، پس حمد و ثنا کے بعد لوگوں کو نصیحت فرمائی (ذکّر اور وعظ دونوں کے ایک معنی ہیں) پس عمرو بن الاحوص نے لمبی حدیث بیان کی، اس میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "سنو! عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری وصیت (تاکید) قبول کرو اس لئے کہ عورتیں تمہارے پاس قیدی ہی ہیں (یہ حق احتباس کا بیان ہے اور یہ شوہر کا بیوی پر چوتھا حق ہے) تم مالک نہیں ہو، عورتوں سے کسی چیز کے اس کے علاوہ (یعنی تمہارا ان کو قیدی رکھنے ہی کا حق ہے اور کسی چیز کے مالک نہیں ہو، اور قیدی رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ تمہیں حق احتباس حاصل ہے یعنی ان کو گھروں میں روک کر رکھنے کا حق ہے، اس سے زیادہ تمہارا کوئی حق نہیں) مگر یہ کہ وہ نافرمانی کریں (یعنی اس حق کو قبول نہ کریں اور بھٹکتی پھریں) پس اگر وہ نافرمانی کریں تو ان کو خواب گاہوں میں چھوڑ دو یعنی ان کو ساتھ نہ لٹاؤ، صحبت سے ان کو محروم کرو، پھر بھی باز نہ آئیں تو ان کو ایسی مار مارو جو سخت نہ ہو، پس اگر وہ تمہارا کہنا ماننے لگیں تو تم ان پر کوئی راہ نہ چاہو یعنی اب خواہ مخواہ پریشان مت کرو۔ سنو! بیشک تمہارا تمہاری عورتوں پر حق ہے اور تمہاری عورتوں کا بھی تم پر حق ہے، تمہارا حق تمہاری عورتوں

پر یہ ہے کہ تمہارے بستر کو نہ روندے وہ شخص جس کو تم ناپسند کرتے ہو، اوران لوگوں کو گھر میں آنے کی اجازت نہ دے جن کو تم ناپسند کرتے ہو (عطف تفسیری ہے اور دونوں جملوں کا مطلب ایک ہے، اور یہ شوہر کا بیوی پر پانچواں حق ہے کہ وہ جس کو ناپسند کرے: بیوی اس کو گھر میں آنے کی اجازت نہ دے اگرچہ وہ عورت کے ماں باپ یا بھائی بہن ہی کیوں نہ ہوں) سنو! اورعورتوں کا تم پر یہ حق ہے کہ تم ان کے پہننے اور کھانے پینے کو اچھا کرو' یہ عورتوں کا شوہروں پر دوسرا حق ہے کہ ان پر معروف طریقہ پر خرچ کیا جائے اور استطاعت کے مطابق اچھا کھانا، کپڑا اور مکان دیا جائے۔

تشریح

۱- احتباس یعنی عورتوں کو گھروں میں روک رکھنا مردوں کا حق ہے اور یہ حق اس لئے ہے کہ نسب محفوظ رہے، اگر عورت یہاں وہاں بھٹکتی پھرے گی اور آنکھ مٹکاتی رہے گی تو احتمال ہے کہ وہ شوہر کے علاوہ کا بچہ جنے اور وہ شوہر کا کہلائے، پس اگر عورت مرد کے اس حق کو قبول کرلے تو آگے مرد کا کوئی حق نہیں اور اگر وہ مرد کے اس حق کو قبول نہ کرے اور علانیہ نافرمانی کرے تو شوہر معاملہ قابو میں لانے کے لئے بتدریج تین سزائیں دے سکتا ہے:

اول: اس کا سونا الگ کردے، اسے اپنے ساتھ نہ لٹائے۔ علماء فرماتے ہیں: صرف خواب گاہ علحدہ کرے مگر شوہر اسی کمرے میں سوئے تاکہ اگر عورت کو غلطی کا احساس ہو تو وہ معافی مانگ کر اپنی اصلاح کرسکے، اور اگر شوہر دوسرے کمرے میں یا کہیں اور سوئے گا تو عورت کس طرح معافی مانگے گی اور کیسے غلطی کی اصلاح کرے گی؟

دوم: اگر اس سے عورت کی اصلاح نہ ہو اور وہ اپنا رویہ نہ بدلے تو مار کے ذریعہ تنبیہ کرے، بشرطیکہ مار سخت نہ ہو، علماء نے فرمایا ہے کہ ایسا مارنا جس سے بدن پر نشان پڑجائیں یا اعضاء رئیسہ پر مارنا: سخت پٹائی ہے، اس کی اجازت نہیں۔

سوم: اور اس سے بھی کام نہ چلے تو سورۃ النساء آیت ۳۵ میں یہ طریقہ بیان کیا گیا ہے کہ پنچایت بٹھائے یعنی اپنے خاندان کے اور بیوی کے خاندان کے دو چار آدمیوں کو جمع کرے اور ان کے سامنے مسئلہ رکھے، اگر وہ اخلاص سے کوشش کریں گے تو معاملہ سلجھ جائے گا، ورنہ آخری راستہ طلاق ہے۔

غرض عورت کی طرف سے نشوز پایا جائے تو اس پر کنٹرول کرنے کے لئے یہ تین طریقے اختیار کئے جاسکتے ہیں اور جب کسی بھی مرحلہ میں عورت نافرمانی سے باز آجائے تو اب خواہ مخواہ پریشان کرنا جائز نہیں۔

فائدہ: فاحشہ مبینہ: قرآن کریم کی ایک اصطلاح ہے، اس کے معنی ہیں: نشوز اور نافرمانی کرنا۔ لفظوں سے اس کا جو مفہوم سمجھ میں آتا ہے وہ مراد نہیں۔

۲- عورت پر مرد کا ایک حق یہ بھی ہے کہ وہ جن لوگوں کو ناپسند کرتا ہے بیوی ان کو گھر میں نہ آنے دے، حتی کہ اگر ساس سسر کے آنے کو بھی شوہر ناپسند کرے تو ان کو بھی گھر میں آنے کی اجازت نہ دے، البتہ بیوی ماں باپ سے ملنے کے لئے جاسکتی ہے، شوہر کو اس سے روکنے کا حق نہیں، ورنہ قطع رحمی لازم آئے گی جو حرام ہے۔ اور ماں باپ کے علاوہ

عورت کن رشتہ داروں سے مل سکتی ہے اور کن سے نہیں مل سکتی اور رات میں ملنے کے لئے جا سکتی ہے یا نہیں؟ اس کی تفصیل ہے، اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جن کو شوہر ناپسند کرتا ہے خواہ وہ ماں باپ یا بھائی بہن ہی کیوں نہ ہوں عورت ان کو گھر میں آنے کی اجازت تو نہ دے یہ تو مرد کا عورت پر حق ہے باقی رشتہ داروں سے معروف طریقہ پر ملنا جائز ہے اور اس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے، اور عورت کا مرد پر یہ حق ہے کہ وہ اس کے کھانے پینے، پہننے اوڑھنے اور رہنے سہنے کو حسب استطاعت اچھا کرے۔

[۴۷] باب ماجاء فی حق المرأة علی زوجها

[۱۱۴۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمدُ بنُ الْعَلَاءِ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عن مُحَمدِ بنِ عَمْرٍو، نا أَبُوْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هُريرةَ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " أَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وخِيَارُكُمْ خِيَارُكُمْ لِنِسَائِهِمْ "

وفی الباب: عن عائشةَ، وابنِ عبّاسٍ، حديثُ أَبِیْ هُريرةَ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۱۴۶-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، نا الحُسَيْنُ بنُ عَلِيِّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ غَرْقَدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ عَمْرِو بنِ الأَحْوَصِ، قالَ: حدَّثنی أَبِیْ؛ أَنَّهُ شَهِدَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ مَعَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، وَذَكَّرَ وَوَعَظَ، فَذَكَرَ فِی الْحَدِيْثِ قِصَّةً، فقالَ: "أَلَا وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا! فَإِنَّمَا هُنَّ عَوَانٌ عِنْدَكُمْ، لَيْسَ تَمْلِكُوْنَ مِنْهُنَّ شَيْئًا غَيْرَ ذٰلِكَ، إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ، فَإِنْ فَعَلْنَ فَاهْجُرُوْهُنَّ فِیْ الْمَضَاجِعِ، واضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ، فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا، أَلَا إِنَّ لَكُمْ عَلَى نِسَائِكُمْ حَقًّا، وَلِنِسَائِكُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا، فَأَمَّا حَقُّكُمْ عَلَى نِسَائِكُمْ: فَلَا يُوَطِّئَنَّ فُرُشَكُمْ مَنْ تَكْرَهُوْنَ، وَلَا يَأْذَنَّ فِیْ بُيُوْتِكُمْ لِمَنْ تَكْرَهُوْنَ، أَلَا وَحَقُّهُنَّ عَلَيْكُمْ: أَنْ تُحْسِنُوْا إِلَيْهِنَّ فِیْ كِسْوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، ومَعْنَى قَوْلِهِ: " عَوَانٌ عِنْدَكُمْ " يَعْنِیْ أَسْرَى فِیْ أَيْدِيْكُمْ.

وضاحتیں: قصة کے معنی ہیں: مضمون یعنی اس حدیث میں اور بھی مضمون ہے......اسْتَوْصٰی اسْتِیْصَاءً بفلان: وصیت کو قبول کرنا......عوان: کا ترجمہ شارحین نے قیدی کیا ہے، لیکن لفظ کے اصلی معنی ہیں معاون، مددگار، چونکہ قیدی جو غلام باندی بنالئے جاتے ہیں معین ومددگار ہوتے ہیں اور ان پر مولیٰ کو حق احتباس حاصل ہوتا ہے اس مناسبت سے یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے......مُبَرِّح (اسم مفعول) بَرَّحَ به الضرب: کسی کو سخت چوٹ لگنا...... جملہ فلایوطِّئَنَّ اور جملہ ولایَأْذَنَّ: یا تو مترادف ہیں یعنی دونوں جملوں میں ایک ہی بات بیان کرنا مقصود ہے یا پہلے جملہ

سے قرب خاص مراد ہے اور دوسرے جملہ سے اذن عام مراد ہے۔

بَابُ ماجاءَ فِیْ کَرَاھِیَةِ إِتْیَانِ النِّسَاءِ فِیْ أَدْبَارِھِنَّ

بیوی سے غیر فطری طریقہ پر صحبت کرنا حرام ہے

حدیث (۱): ایک بدو رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے ایک شخص بیابان میں ہوتا ہے یعنی اونٹ، بکریاں چرانے گیا ہے، پس اگر ذرا سا پاد نکل جائے اور پانی کم ہو تو وضو ٹوٹ جاتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی گوز مارے تو چاہئے کہ وضو کرے'' گوز میں تھوڑی سی بے آواز ہوا نکلتی ہے، پھر آپؐ نے دوسرا مسئلہ بتایا: ''اور اپنی بیویوں سے پچھلی راہ میں صحبت نہ کرو، بیشک اللہ تعالیٰ حق بات سے نہیں شرماتے'' یعنی یہ بات اگرچہ شرم کی ہے مگر بیان کرنی ضروری ہے۔

فائدہ: اس حدیث کے راوی علی بن طلق ہیں اور ایک دوسرے راوی طلق بن علی ہیں، جن کی روایت مسّ ذکر کے باب میں آتی ہے، یہ دونوں راوی ایک ہیں یا الگ الگ؟ امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ دونوں الگ الگ آدمی ہیں اور علی بن طلق کی یہی ایک روایت ہے مگر اکثر محدثین کے نزدیک یہ طلق بن علی ہی ہیں نام میں الٹ پلٹ ہوگئی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف رحمت کی نظر نہیں فرماتے جو کسی مرد یا عورت کی پچھلی راہ میں حاجت پوری کرتا ہے یعنی اغلام مطلقاً حرام ہے، خواہ مرد کے ساتھ ہو یا عورت کے ساتھ، پھر خواہ اجنبی عورت کے ساتھ ہو یا اپنی بیوی کے ساتھ، بہر صورت حرام ہے۔

[۴۸] باب ماجاء فی کراھیة إتیان النساء فی أدبارھن

[۱۱۴۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، وھَنَّادٌ، قالاَ: نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عَنْ عِیْسَی بنِ حِطَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بنِ سَلَّامٍ، عَنْ عَلِیِّ بنِ طَلْقٍ، قالَ: أَتَی أَعْرَابِیٌّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم، فقالَ: یارسولَ اللهِ! الرَّجُلُ مِنَّا یَکُوْنُ فِیْ الفَلاَةِ، فَتَکُوْنُ مِنْهُ الرُّوَیْحَةُ، وَیَکُوْنُ فِیْ الْمَاءِ قِلَّةٌ؟ فَقَالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم:" إِذَا فَسَا أَحَدُکُمْ فَلْیَتَوَضَّأْ، وَلاَ تَأْتُوْا النِّسَاءَ فِیْ أَعْجَازِھِنَّ، فَإِنَّ اللهَ لاَیَسْتَحْیِیْ مِنَ الْحَقِّ"

وفی الباب: عن عُمَرَ، وخُزَیْمَةَ بنِ ثَابِتٍ، وابنِ عبّاسٍ، وأَبِی ھریرةَ.

حدیثُ عَلِیِّ بنِ طَلْقٍ حدیثٌ حسنٌ، وسَمِعْتُ مُحمّداً یَقُوْلُ: لاَأَعْرِفُ لِعَلِیِّ بنِ طَلْقٍ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم غَیْرَ ھٰذَا الحدیثِ الْوَاحِدِ، وَلاَ أَعْرِفُ ھٰذَا الحدیثَ مِنْ حَدِیثِ طَلْقِ بنِ عَلِیٍّ السُّحَیْمِیِّ، وَکَأَنَّهُ رَأَی أَنَّ ھٰذَا رَجُلٌ آخرُ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

وَرَوَی وَكِيْعٌ هٰذَا الحديثَ:

[١١٤٨-] حدثنا قُتيبةُ، وغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نا وَكِيْعٌ، عن عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ مُسْلِمٍ ــ وَهُوَ ابنُ سَلَّامٍ ــ عن أَبِيْهِ، عن عَلِيٍّ، قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا فَسَا أَحَدُكُمْ فَلْيَتَوَضَّأْ، وَلاَ تَأْتُوْا النِّسَاءَ فِيْ أَعْجَازِهِنَّ" وَعَلِيٌّ هٰذَا: هُوَ عَلِيُّ بنُ طَلْقٍ.

[١١٤٩-] حدثنا أَبُوْ سَعيدٍ الْأَشَجُّ، نا أَبُوْ خَالِدِ الْأَحْمَرُ، عنِ الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عن ابنِ عبّاسٍ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَيَنْظُرُ اللّٰهُ إِلٰى رَجُلٍ أَتَى رَجُلاً أَوِ امْرَأَةً فِيْ الدُّبُرِ"، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: وکیع رحمہ اللہ نے عن علی کہہ کر یہی روایت بیان کی ہے جو اوپر نمبر ۱۱۴۷ پر گذری ہے، علی سے حضرت علیؓ مراد نہیں ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِی كَرَاهِيَةِ خُرُوْجِ النِّسَاءِ فِيْ الزِّيْنَةِ

عورت کا بن سنور کر باہر نکلنا حرام ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شوہر کے علاوہ کے سامنے ناز وانداز اور نخرے کرنے والی عورت کا حال اس تاریکی جیسا ہے جو قیامت کے دن ہوگی جس میں ذرا نور نہ ہوگا ـــــ رَفَلَ(ن) رَفلا ورُفولا کے معنی ہیں: دامن گھسیٹتے ہوئے ناز سے چلنا، ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا۔

تشریح: عورت صرف اپنے شوہر کے لئے بناؤ سنگھار کرے اور اُسے ناز وانداز اور نخرے دکھائے کسی اور کے لئے عورت کا سجنا دھجنا اور اس کے سامنے مٹک کر ہاتھ ہلاتے ہوئے چلنا حرام ہے اور اس حدیث کی راویہ میمونہ بنت سعد ہیں وہ نبی ﷺ کی خادمہ تھیں یعنی آپؐ کے گھر کے کاموں میں بیویوں کا ہاتھ بٹاتی تھیں۔

[٤٩] باب ماجاء فی كراهية خروج النساء فی الزينة

[١١٥٠-] حدثنا عليُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عيسىَ بنُ يُوْنُسَ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُبَيْدَةَ، عن أَيُّوْبَ بنِ خَالِدٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ ابْنَةِ سَعْدٍ – وَكَانَتْ خَادِمَةً للنبيِّ صلى الله عليه وسلم– قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَثَلُ الرَّافِلَةِ فِيْ الزِّيْنَةِ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهَا، كَمَثَلِ ظُلْمَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لاَنُوْرَ لَهَا"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ مُوْسَى بنِ عُبَيْدَةَ، وَمُوْسَى بنُ عُبَيْدَةَ يُضَعَّفُ فِيْ الحَديثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وَهُوَ صَدُوْقٌ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ شَعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ، وقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ مُوْسَى بنِ عُبَيْدَةَ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وضاحت: اس حدیث کے راوی تنہا موسیٰ بن عبیدہ ہیں اور ان کی حافظہ کی خرابی کی وجہ سے تضعیف کی گئی ہے، مگر وہ صدوق (اچھے راوی) ہیں، سفیان ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ نے ان سے روایت کی ہے، اور بعض روات یہ حدیث ان سے موقوف روایت کرتے ہیں، یعنی یہ میمونہ بنت سعد کا قول ہے، مگر ظاہر ہے یہ مضمون مدرک بالقیاس نہیں، پس حدیث حکماً مرفوع ہوگی۔

بابُ ماجاء فی الغَیْرَۃِ

غیرت کھانے کا بیان

غیرت: یہ ہے کہ آدمی اپنی فیملی میں کوئی بے شرمی کی بات دیکھے تو اسے غصہ آئے یہ اچھی صفت ہے اس لئے کہ یہ صفت اللہ کی ہے اور اللہ کی تمام صفات اچھی ہیں۔ حدیث میں ہے کہ جب کوئی بندہ حرام کام کرتا ہے تو اللہ کو غصہ آتا ہے یہ اللہ کا غیرت کھانا ہے، اور اللہ نے بعض چیزوں کو حرام اسی لئے کیا ہے کہ اللہ غیور ہیں، غرض یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے اور صفات محمودہ میں سے ہے پس یہ صفت مؤمنین میں بھی ہونی چاہئے اور اس کی ضد دیوث پنا ہے یعنی فیملی کی بدکاری سے دیدہ ودانستہ چشم پوشی کرنا، ایسا شخص بھڑوا اور بھاڑو کہلاتا ہے، یہ صفت مزمومہ ہے۔

[۵۰] باب ماجاء فی الغیرة

[۱۱۵۱-] حدثنا حُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، حدثنا سُفیانُ بنُ حَبِیْبٍ، عنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ، عَنْ یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عن أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ یَغَارُ، وَالْمُؤْمِنُ یَغَارُ، وَغَیْرَةُ اللهِ أَنْ یَأْتِیَ الْمُؤْمِنُ ما حَرَّمَ عَلَیْهِ"

وفی الباب: عن عائشةَ، وعبدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، حدیثُ أَبِیْ هُریرةَ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

وقَدْ رُوِیَ عَنْ یَحییَ بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عن أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عن أَسْمَاءَ ابْنَةِ أَبِیْ بَکْرٍ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم هٰذَا الحدیثُ، وَکِلاَ الحَدِیْثَیْنِ صَحِیْحٌ.

وَحَجَّاجُ الصَّوَّافُ: هُوَ الْحَجَّاجُ بنُ أَبِیْ عُثْمَانَ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ: اسْمُهُ مَیْسَرَةُ، وَحَجَّاجٌ یُکْنَی أَبَا الصَّلْتِ، وَثَّقَهُ یَحییَ بنُ سَعِیْدٍ القَطَّانُ.

قال أَبُوْعیسی: نا أَبُوْ بَکْرٍ الْعَطَّارُ، عن عَلِیِّ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِیْنِیِّ، قالَ: سَأَلْتُ یَحییَ بنَ سَعِیدٍ الْقَطَّانَ عَنْ حَجَّاجِ الصَّوَّافِ؟ فَقَالَ: هُوَ فَطِنٌ کَیِّسٌ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ غیرت کھاتے ہیں اور مؤمن بھی غیرت کھاتا ہے یعنی مؤمن

اللہ کی اس صفت کو اپناتا ہے، کیونکہ حدیث میں ہے: تَخَلَّقُوْا بِأَخْلَاقِ اللّٰهِ یعنی اللہ کی صفات (خوبیاں) اپناؤ یعنی اپنے اندر پیدا کرو، اس لئے مؤمن بھی غیرت کھاتا ہے۔ اور اللہ کا غیرت کھانا یہ ہے کہ مؤمن وہ کام کرے جو اللہ نے اس پر حرام کیا ہے ——— یہ حدیث دو سندوں سے مروی ہے (۱) ابوسلمہ اس کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (۲) اور اسماء بنت ابی بکر سے حضرت عروہ کے واسطہ سے بھی روایت کرتے ہیں، اور دونوں سندیں صحیح ہیں۔ اور حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث کی سند میں حجاج الصواف آئے ہیں ان کے والد کی کنیت ابوعثمان اور نام میسرہ ہے اور حجاج کی کنیت ابوالصلت ہے، یہ ثقہ راوی ہے، یحییٰ قطان نے اس کی توثیق کی ہے اور یحییٰ قطان نے اس کے بارے میں فرمایا ہے کہ وہ زیرک ہوشیار تھا۔ فَطِن اور کَیِّس مترادف الفاظ ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ أَنْ تُسَافِرَ الْمَرْأَةُ وَحْدَهَا

عورت کے لئے تنہا سفر کرنا جائز نہیں

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی عورت کے لئے جائز نہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتی ہو کہ وہ کوئی سفر کرے، درانحالیکہ وہ سفر تین دن یا اس سے زیادہ کا ہو، مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کا باپ، بھائی، شوہر، بیٹا یا کوئی اور ذی رحم محرم رشتہ دار ہو''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورت ایک رات دن کا سفر نہ کرے مگر یہ کہ اس کے ساتھ اس کا کوئی ذی رحم محرم رشتہ دار ہو''

تشریح: عورت کے لئے تنہا سفر کرنے کی ممانعت خوفِ فتنہ کی وجہ سے ہے، پس اگر ایک رات دن سے کم سفر میں فتنہ کا اندیشہ ہو تو عورت کے لئے وہ سفر بھی محرم کے بغیر جائز نہیں، بلکہ اگر مسجد میں جانے میں فتنہ ہو تو اس کی بھی اجازت نہیں۔ علماء نے عورتوں کو محلّہ کی مسجد میں جا کر نماز پڑھنے سے اسی سبب سے روکا ہے۔

اور جب فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تو تین دن (اڑتالیس میل) سے زیادہ کا سفر بھی عورت محرم کے بغیر کر سکتی ہے، جیسے کسی عورت کو امریکہ جانا ہے، وہاں اس کا شوہر یا محرم رہتا ہے تو وہ قابل اعتماد عورتوں کے ساتھ سفر کر سکتی ہے، سامنے ایرپورٹ پر اس کا شوہر یا محرم وصول کر لے گا۔ امام مالک رحمہ اللہ نے جو قابل اعتماد عورتوں کے ساتھ سفر حج کی اجازت دی ہے وہ جزیزۃ العرب کے حالات کو پیش نظر رکھ کر اور فتنہ کا اندیشہ نہ ہونے کی بنیاد پر دی ہے۔

مگر عورت حج کا سفر شوہر یا محرم کے بغیر نہیں کر سکتی، کیونکہ حج کا سفر لمبا سفر ہے، کم وبیش چالیس دن اس میں لگتے ہیں، اور بیماری، تندرستی آدمی کے ساتھ لگی ہوئی ہے، اور بہت سی جگہوں میں عورت مرد کے سہارے کی محتاج ہوتی ہے، پس اگر شوہر یا محرم ساتھ نہیں ہوگا تو عورت کا کیا بنے گا! اور یہ بات حضرت شاہ صاحب علامہ کشمیری قدس سرہ

نے بیان فرمائی ہے، انھوں نے ایک رات دن اور تین رات دن کی روایتوں کا اختلاف اسی بنیاد پر حل کیا ہے کہ اگر فتنہ کا اندیشہ ہوتو ایک رات دن کا سفر بھی نہ کرے اور اگر اندیشہ نہ ہوتو تین رات دن سے کم سفر کرسکتی ہے، پس ایک رات دن سے کم سفر کا حکم اور تین رات دن اور اس سے زائد کا حکم بھی خوف فتنہ پر مبنی ہوگا۔ واللہ اعلم

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں یہ مسئلہ چھیڑا ہے کہ عورت پر حج کب فرض ہوتا ہے؟ حج فرض ہونے کے لئے استطاعت بدنی اور مالی کے ساتھ محرم شرط ہے یا نہیں؟ جن علماء کے نزدیک محرم شرط ہے ان کے نزدیک عورت پر حج اس وقت فرض ہوگا جب کوئی محرم لے جانے والا ہو، اگر عورت کو پوری زندگی کوئی ایسا محرم نہ ملے جو ساتھ لے جائے تو عورت پر حج فرض نہیں ہوگا اگرچہ وہ مالدار ہو۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ قول احناف کی طرف منسوب کیا ہے، مگر یہ انتساب صحیح نہیں، احناف کا مذہب یہ ہے کہ استطاعت بدنی و مالی سے نفس وجوب آتا ہے اور حج ادا کرنا اس وقت واجب ہوتا ہے جب کوئی محرم لے جانے والا ملے یا عورت کے پاس دو آدمیوں کا نفقہ ہو تا کہ محرم کو خرچ دے کر ساتھ لے جائے، اور اگر عورت کے پاس اتنا مال نہیں اور مفت ساتھ لے جانے والا کوئی محرم میسر نہیں تو اس پر بوقت موت حج بدل کی وصیت کرنا فرض ہے، کیونکہ نفس وجوب اس پر آچکا ہے، پس تہائی ترکہ سے جہاں سے بھی حج ہوسکتا ہو ورثاء حج بدل کرائیں گے، وطن سے آدمی بھیجنا ضروری نہیں۔ غرض احناف کے نزدیک محرم ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ میں داخل نہیں۔ اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک اگر راستہ پر امن ہے کوئی خطرہ نہیں ہے تو عورت محرم کے بغیر بھی قابل اعتماد عورتوں کے قافلہ میں سفر حج کرسکتی ہے۔

[۵۱] باب ماجاء فی کراهیة أن تسافر المرأة وحدها

[۱۱۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عن أَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَايَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُسَافِرَ سَفَرًا، فَيَكُوْنُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَصَاعِدًا، إِلَّا وَمَعَهَا أَبُوْهَا أَوْ أَخُوْهَا أَوْ زَوْجُهَا أَوِ ابْنُهَا أَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ مِنْهَا"

وفی الباب: عن أبی هريرةَ، وابنِ عبّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ورُوِیَ عنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " لَاتُسَافِرُ امْرَأَةٌ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، إِلَّا مَعَ ذِیْ مَحْرَمٍ"، وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ: يَكْرَهُوْنَ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُسَافِرَ إِلَّا مَعَ ذِی مَحْرَمٍ.

واخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ فِی الْمَرْأَةِ إِذَا كَانَتْ مُوْسِرَةً، وَلَمْ يَكُنْ لَهَا مَحْرَمٌ، هَلْ تَحُجُّ؟ فقالَ بَعْضُ أَهْلِ العلمِ: لَايَجِبُ عَلَيْهَا الحجُّ، لِأَنَّ الْمَحْرَمَ مِنَ السَّبِيْلِ، لِقَوْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ فَقَالُوْا: إِذَا لَمْ يَكُنْ لَهَا مَحْرَمٌ فَلَمْ تَسْتَطِعْ إِلَيْهِ سَبِيْلاً، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، وأهلِ الْكُوْفَةِ.

وقالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: إِذَا كَانَ الطَّرِيْقُ آمِنًا، فَإِنَّهَا تَخْرُجُ مَعَ النَّاسِ فِی الحَجِّ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ

بنِ أَنَسٍ، والشَّافِعِيِّ.

[١١٥٣-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، نا بِشْرُ بنُ عُمَرَ، نا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عن سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عن أَبِيْ هُريرةَ قالَ: قالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتُسَافِرُ الْمَرْأَةُ مَسِيْرَةَ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ إِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: علماء کا عورت کے بارے میں اختلاف ہے جبکہ وہ مالدار ہو اور اس کے لئے کوئی محرم نہ ہو تو کیا وہ حج کرے گی؟ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اس پر حج نہیں، اس لئے کہ اللہ کے ارشاد: ﴿مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ میں محرم شامل ہے، پس وہ کہتے ہیں: جب عورت کو محرم نہ ملے تو بیت اللہ تک جانے کی استطاعت متحقق نہیں (اس لئے اس پر حج فرض نہیں) اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے (احناف کا صحیح مذہب وہ ہے جو اوپر بیان کیا گیا) اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب راستہ پر امن ہو تو عورت قافلہ کے ساتھ حج کا سفر کر سکتی ہے، یہ امام شافعی اور امام مالک کا قول ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الدُّخُوْلِ عَلَى الْمُغِيْبَاتِ

جس عورت کا شوہر سفر میں گیا ہو اس کے پاس تنہائی میں جانا جائز نہیں

مُغیبات: مغیبة کی جمع ہے: غائب کرنے والی عورت یعنی جس کا شوہر عرصہ سے سفر میں گیا ہوا ہے ایسی عورت کے پاس تنہائی میں ہرگز نہیں جانا چاہئے، کیونکہ جب شوہر گھر پر موجود نہیں تو عورت کی طبیعت پُر جوش ہوگی، اور جب کوئی مرد کسی عورت کے پاس تنہائی میں ہوتا ہے تو وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ہرگز کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں اکٹھا نہ ہو، ورنہ وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے، پس گناہ وجود میں آنے میں دیر نہیں لگے گی۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورتوں کے پاس تنہائی میں جانے سے بچو'' ایک انصاری نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! جیٹھ دیور کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جیٹھ دیور موت ہیں''

تشریح: حَمْوٌ کے معنی ہیں: شوہر کی طرف سے عورت کے رشتہ داران کو اردو میں جیٹھ دیور کہتے ہیں، شوہر کا بڑا بھائی جیٹھ کہلاتا ہے اور چھوٹا بھائی دیور۔ اور عورت کی طرف سے شوہر کے رشتہ دار خَتَن کہلاتے ہیں جس کی جمع أختان آتی ہے اردو میں ان کو سالے سالیاں کہتے ہیں، آپؐ نے جیٹھ دیور کو موت یعنی بڑا فتنہ قرار دیا ہے، کیونکہ جیٹھ دیور کی بھاوج کے ساتھ بے تکلفی ہوتی ہے اس لئے فتنہ پیش آنے میں دیر نہیں لگتی، اور یہی حکم سالیوں کا ہے، ان کے ساتھ بھی بہنوئی کی بے تکلفی ہوتی ہے، اس لئے بے تکلف فتنہ پیش آتا ہے۔

[۵۲] باب ماجاء فی کراھیة الدخول علی المغیبات

[۱۱۵۴-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عن یَزِیْدَ بنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عن أَبِیْ الْخَیْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ:" إِیَّاکُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَی النِّسَاءِ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: یارسولَ اللهِ! أَفَرَأَیْتَ الْحَمْوَ؟ قالَ:" الْحَمْوُ الْمَوْتُ!"

وفی الباب: عن عُمَرَ، وجابرٍ، وعَمْرِو بنِ العَاصِ، حدیثُ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وإِنَّمَا مَعْنَی کَرَاھِیَةِ الدُّخُوْلِ عَلَی النِّسَاءِ: عَلَی نَحْوِ مَارُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قالَ:" لَایَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ، إِلَّا کَانَ ثَالِثَھُمَا الشَّیْطَانُ"

ومَعْنَی قَوْلِهِ:" اَلْحَمْوُ" یُقَالُ: الْحَمْوُ: أَخُو الزَّوْجِ، کَأَنَّهُ کَرِهَ لَهُ أَنْ یَخْلُوَ بِھَا.

ترجمہ: اورعورتوں کے پاس تنہائی میں جانے کے ناجائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کیا گیا ہے کہ ہرگز کوئی مرد کسی عورت کے ساتھ تنہائی میں جمع نہ ہو، مگر وہاں تیسرا شیطان ہوتا ہے، دونوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی مرد کسی عورت کے پاس تنہائی میں ہوتا ہے وہاں شیطان موجود ہوتا ہے اور گناہ وجود میں آنے میں دیر نہیں لگتی، اور الحمو: شوہر کے بھائی کو کہتے ہیں، گویا رسول اللہ ﷺ نے جیٹھ، دیور کے بھاوج کے ساتھ تنہائی میں اکٹھا ہونے کو ناجائز قرار دیا۔

بابٌ

شیطان چٹکی بجا کر انسان کو فتنہ میں مبتلا کر دیتا ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:" ان عورتوں کے پاس جن کے شوہر عرصہ سے سفر میں گئے ہوئے ہیں: داخل مت ہوؤ، پس بیشک شیطان چلتا ہے تم میں سے ہر ایک کی خون کی رگوں میں" صحابہ نے پوچھا: اور آپؐ کی بھی؟ آپؐ نے فرمایا:" میری بھی، مگر اللہ تعالیٰ میری شیطان کے مقابلہ میں حفاظت کرتے ہیں پس میں محفوظ رہتا ہوں"

تشریح

۱-اس حدیث میں سرعتِ تاثیر کی تمثیل ہے حقیقت کا بیان نہیں ہے، اس لئے کہ شیطان کوئی سیال مادہ نہیں ہے جو انجکشن کی دواء کی طرح خون کی رگوں میں چلے، العرف الشذی میں حضرت علامہ کشمیری قدس سرہ کا قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے شیطان کو یہ طاقت نہیں دی کہ وہ انسان کے بدن میں داخل ہو، اور دلیل ارشادِ پاک: ﴿یَتَخَبَّطُهُ الشَّیْطَانُ مِنَ الْمَسِّ﴾ ہے، شیطان انسان کو چھوکر خبطی بناتا ہے یعنی باہر سے اثر انداز ہوتا ہے، چنانچہ محاورات میں آسیب

چڑھنا اور آسیب لگنا کہتے ہیں، آسیب گھسنا نہیں کہتے۔ غرض حدیث میں سرعتِ تاثیر کی تمثیل ہے کہ شیطان چٹکی بجا کر انسان کو فتنہ میں مبتلا کر دیتا ہے، جس طرح رگ میں دیا ہوا انجکشن فوراً اثر کرتا ہے شیطان بھی انسان کو بڑی سرعت کے ساتھ متاثر کرتا ہے۔

۲- اس حدیث سے عصمتِ انبیاء کی حقیقت بھی واضح ہوتی ہے، انبیاء میں گناہوں کی تمام صلاحتیں ہوتی ہیں، مگر بشری کمزوریوں سے وہ محفوظ ہوتے ہیں اس لئے کہ وہ اللہ کی حفاظت میں ہوتے ہیں۔ منطق کی اصطلاح میں اس طرح کہیں گے کہ انبیاء بالذات بشر ہیں اس لئے ان پر شیطان اثر انداز ہوسکتا ہے مگر وہ رسول بھی ہیں اس لئے وہ بالغیر بشری کمزوریوں سے پاک رہتے ہیں، ان پر شیطان کا داؤ نہیں چل سکتا، اور یہ بات اللہ کی حفاظت کی وجہ سے ہوتی ہے۔

[٥٣] باب

[١١٥٥-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا عِيسَى بنُ يُوْنُسَ، عن مُجَالِدٍ، عن الشَّعْبِيِّ، عن جَابِرٍ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ:" لاتَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِيْ مِنْ أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ" قُلْنَا: ومِنْكَ؟ قالَ:" وَمِنِّيْ، ولٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِيْ عَلَيْهِ، فَأَسْلَمُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَقَدْ تكَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِيْ مُجَالِدِ بنِ سَعِيْدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وَسَمِعْتُ عَلِيَّ بنَ خَشْرَمٍ يَقُوْلُ: قالَ سُفيانُ بنُ عُيَيْنَةَ فِيْ تَفْسِيْرِ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: وَلٰكِنَّ اللّٰه أَعَانَنِيْ عَلَيْهِ فَأَسْلَمُ" يَعْنِيْ فَأَسْلَمُ أَنَا مِنْهُ، قالَ سفيانُ: فَالشَّيْطَانُ لايُسْلِمُ.

لاتَلِجُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ: وَالْمُغِيْبَةُ: الْمَرْأَةُ الَّتِيْ يَكُوْنُ زَوْجُها غَائِبًا، وَالْمِغِيْبَاتُ جَمَاعَةُ الْمُغِيْبَةِ.

وضاحت: مذکورہ حدیث میں بعض لوگوں نے فَأَسْلَمَ (فعل ماضی) پڑھا ہے یہ صحیح نہیں، اس لئے کہ شیطان مسلمان نہیں ہوتا، اگر وہ مسلمان ہو جائے تو وہ شیطان کہاں رہا؟ وہ تو مسلمان جنّ ہوگیا، اور ایسی صورت میں شیاطین کی اتھارٹی اس کو ہٹا کر دوسرا شیطان مقرر کرے گی۔ پس صحیح فعل مضارع صیغہ واحد متکلم فَأَسْلَمُ ہے، یعنی میں شیطان سے محفوظ رہتا ہوں، یہ تفسیر سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے کی ہے۔ اور المغیبات جمع ہے، اس کا مفرد المغیبة ہے یعنی وہ عورت جس کا شوہر عرصہ سے سفر میں نکلا ہوا ہے۔

بابٌ

عورت کو بے ضرورت گھر سے نہیں نکلنا چاہئے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عورت ستر (ننگاپا) ہے جب وہ گھر سے نکلتی ہے تو شیطان اس کو گھورتا

ہے(استشراف کے معنی ہیں: ہاتھ کا چھجا بنا کر نظر لمبی کر کے کسی چیز کو دیکھنا، کسی کو گھورنا)

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ عورت کو بے ضرورت گھر سے نہیں نکلنا چاہئے، مجبوری میں نکل سکتی ہے، بلاضرورت گھر سے نکل کر شیطان کو تاکنے جھانکنے کا موقع کیوں دے! اور شیطان سے مراد شیاطین الانس والجن دونوں ہیں، بلکہ اصل گھورنے والے تو شیاطین الانس ہیں، شیاطین الجن تو گھر میں بھی گھور سکتے ہیں۔

[٥٤] بابٌ

[١١٥٦-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا هَمَّامٌ، عن قَتَادَةَ، عَنْ مُوَرِّقٍ، عن أَبِي الأَحْوَصِ، عن عَبْدِ اللهِ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "المَرْأَةُ عَوْرَةٌ، فَإِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

جو عورتیں شوہروں کو ستاتی ہیں: حوریں ان کو کوستی ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "نہیں ستاتی کوئی عورت اپنے شوہر کو دنیا میں مگر اس کی وہ بیوی جو گوری، بڑی آنکھوں والی عورتوں میں سے ہے (یعنی حور) کہتی ہے: تیرا ناس ہو اس کو مت ستا یہ تیرے پاس چند دن کا مہمان ہے، عنقریب وہ تجھے چھوڑ کر ہمارے پاس آجائے گا"

تشریح

۱- **الحور**: جمع ہے، اس کا مفرد **الحَوراءُ**: ہے یعنی گوری عورت، اور **العِینُ**: جمع ہے اس کا مفرد **العَیْناءُ**: ہے یعنی بڑی آنکھوں والی عورت، یہ جنت کی مخصوص عورتوں کی صفت ہے، دنیا میں کوئی عورت گوری، بڑی آنکھوں والی ہو تو اس کے لئے یہ الفاظ استعمال نہیں کریں گے۔

۲- دنیا اور آخرت کے درمیان ایک پردہ ہے، جس سے ایک طرف سے نظر آتا ہے، جیسے کاروں میں کالا شیشہ ہوتا ہے، اندر سے باہر نظر آتا ہے مگر باہر سے اندر نظر نہیں آتا، اسی طرح اِدھر سے نظر نہیں آتا اور اُدھر سے نظر آتا ہے، چنانچہ جنت کی حوروں کو دنیا کی بیوی کے معاملات نظر آتے ہیں اور وہ اس کو کوستی ہیں، پس دنیا کی بیوی کو حوروں کی بددعا سے بچنا چاہئے۔

سوال: دنیا کی عورت جب حور کی بات سنتی نہیں تو اس کا کیا فائدہ؟

جواب: یہ غیب کی باتیں ہیں جو مخبر صادق رسول اللہ ﷺ نے بتائی ہیں، پس جس طرح امور غیبیہ پر ایمان لانا

ضروری ہے اور وہ ایمان مفید ہے، اسی طرح اس پر بھی ایمان لانا ضروری ہے، جیسے وزیر اعظم کی تقریر اخبار میں چھپی اور ہم نے پڑھی، یہ کافی ہے، براہ راست وزیر اعظم کے منہ سے سننا ضروری نہیں، اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے حوروں کی وہ بات ہمیں بتادی، بس یہ کافی ہے براہ راست ان کی بات سننا ضروری نہیں۔

فائدہ: میں نے اس حدیث سے یہ بات سمجھی ہے کہ اگر بیوی بلاوجہ شوہر کو پریشان کرے گی تو مرد کا پہلے انتقال ہوجائے گا اور بیوی پیچھے ٹھوکریں کھائے گی، اور اس کے برعکس بھی ہوگا یعنی اگر شوہر بلاوجہ بیوی کو پریشان کرے گا تو وہ پیچھے رہ جائے گا اور دھکے کھائے گا مگر یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے۔

[۵۵] بابٌ

[۱۱۵۷-]حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، نا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عن بَحِيْرِ بنِ سَعْدٍ، عن خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عن كَثِيْرِ بنِ مُرَّةَ الحَضْرَمِيِّ، عن مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "لَاتُؤْذِی امْرَأَةٌ زَوْجَهَا فِی الدُّنْيَا، إِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهُ مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ: لَاتُؤْذِيْهِ، قَاتَلَكِ اللّٰهُ! فَإِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِيْلٌ، يُوْشِكُ أَنْ يُفَارِقَكِ إِلَيْنَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرِوَايَةُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ عَيَّاشٍ عنِ الشَّامِيِّيْنَ أَصْلَحُ، وَلَهُ عن أَهْلِ الْحِجَازِ وَأَهْلِ الْعِرَاقِ مَنَاكِيْرُ.

وضاحت: اسماعیل بن عیاش کا استاذ اگر شامی ہو تو روایت معتبر ہے، اور حجازی یا عراقی ہو تو روایت محل نظر ہے، یہاں استاذ بَحیر بن سعد ہیں جو شامی ہیں، وہ حمص کے رہنے والے تھے، اسماعیل بھی اسی گاؤں کے ہیں، پس یہ روایت معتبر ہے۔

الحمدللہ! ابواب النکاح کی اور درمیان میں ابواب الرضاع کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الطَّلاَقِ واللِّعَانِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

طلاق ولعان کا بیان

بابُ ماجاءَ فی طلاقِ السُّنَّةِ

طلاق دینے کا مسنون طریقہ

طلاق کی تین قسمیں ہیں: طلاق احسن، طلاقِ حسن اور طلاق بدعی۔

طلاقِ احسن: (طلاق دینے کا سب سے اچھا طریقہ) یہ ہے کہ ایسے طہر میں ایک صریح طلاق دے جس میں صحبت نہ کی ہو، پھر مزید طلاق نہ دے بلکہ عدت گذر جانے دے، چونکہ اس صورت میں عدت کے اندر رجوع کرنے کا حق حاصل رہتا ہے اور عدت کے بعد بھی تدارک ممکن ہوتا ہے اس لئے طلاق دینے کا یہ سب سے افضل طریقہ ہے۔

طلاقِ حسن: یہ ہے کہ جس طہر میں صحبت نہ کی ہو اس میں ایک صریح (رجعی) طلاق دے پھر دوسرے طہر میں دوسری صریح طلاق دے، پھر تیسرے طہر میں تیسری طلاق دے، چونکہ اس صورت میں صرف دو طلاقوں تک غور وفکر کرنے کا موقع رہتا ہے پھر معاملہ تنگ ہو جاتا ہے اس لئے اس کا نمبر دوسرا ہے۔

جاننا چاہئے کہ اس پر سنت کا اطلاق اس حیثیت سے نہیں ہے کہ اس طریقہ سے طلاق دینا پسندیدہ ہے بلکہ اس اعتبار سے ہے کہ یہ طریقہ بھی شریعت میں جائز ہے اور ایسا کرنا موجب مؤاخذہ نہیں۔

طلاقِ بدعی: مذکورہ دونوں طریقوں کے علاوہ طلاق دینے کی ہر صورت بدعی (بری) ہے مثلاً: ایسے طہر میں طلاق دینا جس میں صحبت کی ہو، یا حیض کی حالت میں طلاق دینا یا ایک سے زیادہ طلاقیں ایک ساتھ دینا بدعی ہے اس لئے کہ جب طہر میں صحبت کی گئی تو احتمال ہے کہ حمل ٹھہر گیا ہو، پس عورت اگلا حیض آنے تک شش وپنج میں رہے گی کہ اسے عدت حیض سے گذارنی ہے یا وضع حمل سے؟ عورت کو اس الجھن سے بچانے کے لئے ایسے طہر میں

صحبت کی ممانعت کردی گئی جس میں طلاق دینی ہے اور حیض میں طلاق دینا اس لئے ممنوع ہے کہ حیض میں عام طور پر عورت میلی کچیلی اور بوسیدہ کپڑوں میں رہتی ہے پس احتمال ہے کہ شوہر نے فطری نفرت کی بناء پر طلاق دی ہو اور پاکی کی حالت میں جب عورت کی طرف میلان ہوتا ہے مرد عورت سے فائدہ اٹھانے کے بجائے طلاق پر اقدام کرے تو یہ حقیقی اور واقعی ضرورت کی علامت ہے اس لئے طلاق دینے کے لئے طہر کا زمانہ متعین کیا گیا ہے اور حیض کی حالت میں طلاق دینے کی ممانعت کردی ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر حیض میں طلاق دی جائے گی تو عورت کی عدت لمبی ہوجائے گی کیونکہ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ کے نزدیک عدت طہر سے گذرتی ہے اور جس طہر میں طلاق دی گئی ہے وہ طہر عدت میں شمار کیا جاتا ہے، پس یہ حیض جس میں طلاق دی گئی ہے خواہ مخواہ گذارنا پڑے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حیض سے عدت گذرتی ہے مگر یہ حیض جس میں طلاق دی گئی ہے شمار نہیں کیا جاتا اس لئے عدت لمبی ہوجائے گی۔

اور ایک طہر میں تین طلاقیں دینا، یا ایک مجلس میں یا ایک لفظ میں تین طلاقیں دینا بھی طلاق بدعی ہے، چونکہ اس صورت میں معاملہ تنگ ہوجاتا ہے اور عدت کے اندر اور عدت کے بعد تدارک کی کوئی راہ باقی نہیں رہتی اور کبھی کف افسوس ملنے کی نوبت آتی ہے اس لئے اس طرح سے طلاق دینا ناپسندیدہ ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک من حیث الوقت طلاق بدعی ہوتی ہے، من حیث العدد نہیں ہوتی، ان کے نزدیک ایک سے زیادہ طلاقیں ایک ساتھ دینا جائز ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں۔

حدیث: یونس بن جبیر کہتے ہیں: میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو اپنی بیوی کو طلاق دے درانحالیکہ وہ حائضہ ہو، آپؓ نے فرمایا: کیا تو عبداللہ بن عمرؓ کو جانتا ہے؟ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی درانحالیکہ وہ حائضہ تھی، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے مسئلہ پوچھا تو آپؐ نے ابن عمرؓ کو رجوع کرنے کا حکم دیا، یونس کہتے ہیں: میں نے پوچھا: کیا وہ طلاق (جو حیض میں دی گئی) شمار ہوگی؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: تو کیا؟ اگر شوہر عاجز ہوگیا اور اس نے حماقت بھرا کام کیا!

تشریح:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی جوانی میں شادی ہوئی اور بیوی سے بے حد تعلق ہوگیا (جیسا کہ حدیث ۱۱۷۴ میں آرہا ہے) نماز کے لئے جدا ہونا بھی شاق گذرتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب بیٹے کی یہ حالت دیکھی تو خیال کیا کہ بیٹا تباہ ہوگیا، بیوی بے شک محبت کرنے کی چیز ہے، بیوی سے محبت نہیں کرے گا تو کس سے کرے گا؟ مگر بیوی کے پیچھے پاگل ہوجانا عقلمندی کی بات نہیں، اس لئے حضرت عمرؓ نے بیوی کو طلاق دینے کا حکم دیا، ابن عمرؓ نبی ﷺ کے پاس پہنچے اور آپؐ سے اس کا تذکرہ کیا، کیونکہ صحابہ کے پاس آخری چارہ آپؐ کی ذات تھی، مگر آپؐ نے بھی فرمادیا: أَطِعْ أَبَاكَ:

اپنے والد کا کہنا مانو! اب آخری سہارا بھی جاتا رہا، چنانچہ جب دوسری مرتبہ حضرت عمرؓ نے حکم دیا تو فوراً طلاق دیدی، پھر عرض کیا کہ بیوی اس وقت حالتِ حیض میں ہے، یہ بات پہلے اس لئے نہیں کہی کہ کہیں ابا اس کو حیلہ خیال نہ کریں، اب حضرت عمرؓ کو فکر دامن گیر ہوئی، وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور ماجرا عرض کیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: عبداللہ سے کہو: بیوی کو نکاح میں واپس لیلے، پھر اس کو روکے رہے تا آنکہ وہ پاک ہوجائے، پھر اسے دوسرا حیض آئے پھر پاک ہو، پھر اگر اس کی رائے ہو تو پاک ہونے کی حالت میں صحبت کرنے سے پہلے طلاق دے، یہی وہ عدت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے (بخاری حدیث ۵۲۵۱ کتاب الطلاق)

اور نبی ﷺ نے بیچ میں ایک طہر چھوڑنے کا حکم ایک مصلحت سے دیا تھا، مسئلہ کی رو سے ایسا کرنا ضروری نہیں، کسی نے حیض میں طلاق دی ہو پھر رجوع کرلیا ہو تو پاک ہونے کے بعد طلاق دے سکتا ہے ایک طہر درمیان میں خالی چھوڑنا ضروری نہیں، اور آپؐ نے یہ حکم تعلقات کی نوعیت کا اندازہ کرنے کے لئے دیا تھا، چنانچہ اس طہر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندازہ ہوگیا کہ اب تعلق میں اعتدال پیدا ہوگیا ہے اس لئے آپ نے خود ہی طلاق دینے سے منع کردیا اور وہ بیوی ابن عمرؓ کے نکاح میں باقی رہی، اور اس کی وجہ یہ ہوئی کہ انتہائی محبت کے باوجود طلاق دی تو اس کا ردعمل ہوا، جیسے انتہائی ٹھنڈے پانی پر گرم پانی پڑتا ہے تو اعتدال پیدا ہوجاتا ہے، وہی صورت یہاں بھی پیش آئی۔

۲- عدتیں دو ہیں: ایک: عدت الطلاق ہے، جس کا نام عدت النساء بھی ہے، دوسری: عدت التطلیق ہے یعنی طلاق دینے کا مقررہ وقت۔ عدت التطلیق کا تعلق مرد سے ہے اور عدت الطلاق کا تعلق عورت سے ﴿وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ﴾ (سورۃ البقرہ آیت ۲۲۸) میں عدت الطلاق کا ذکر ہے۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک قروء سے مراد حیض ہے، اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک طہر مراد ہے۔ اور عدت التطلیق کا ذکر سورۃ الطلاق کی پہلی آیت میں ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ﴾ اے پیغمبر! جب آپ لوگ عورتوں کو طلاق دیں تو ان کو ان کی عدت میں طلاق دیں یعنی پاکی کی حالت میں طلاق دیں، یہ عدت التطلیق ہے، اور آپ لوگ عدت کو شمار کریں، یہ عدت النساء ہے۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ طلاق طہر میں دی جائے گی، حیض میں طلاق دینا گناہ ہے، اور قروء کے معنی کی تعیین میں اختلاف ہوا ہے، امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک قروء کے معنی طہر کے ہیں، عورت عدت طہر سے گذارے گی، اور جس طہر میں طلاق دی ہے وہ طہر عدت میں شمار ہوگا، خواہ طہر کے بالکل آخر میں طلاق دی ہو۔ اور امام اعظمؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک قروء کے معنی حیض کے ہیں، اور ثمرۂ اختلاف اس طرح ظاہر ہوگا کہ تیسرا حیض عدت میں داخل ہے یا خارج؟ شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک عدت سے خارج ہے اور حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک داخل ہے۔

اور جو ائمہ قروء کے معنی طہر کے لیتے ہیں ان کا استدلال یہ ہے کہ ﴿فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾ میں بالاجماع عدت

سے طہر مراد ہے پس ﴿وَأَحْصُوْا الْعِدَّةَ﴾ میں بھی وہی مراد ہوگا۔اور جب یہاں دونوں جگہ طہر مراد ہے تو قروء کے معنی طہر کے متعین ہو گئے۔اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: عدتیں دو ہیں: عدت الطلاق اور عدت التطلیق، اول کا تعلق عورت سے ہے اور ثانی کا تعلق مرد سے۔اور ﴿ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ﴾ اور ﴿وَأَحْصُوْا الْعِدَّةَ﴾ میں عدت النساء (عدت الطلاق) مراد ہے،اور ﴿فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾ میں عدت التطلیق مراد ہے،اور دلیل یہ حدیث ہے۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فتلك العدةُ التی أَمَرَ اللّٰهُ أَن تُطلَّقَ لها النساء: یہ وہ عدت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو طلاق دینے کا حکم دیا ہے (بخاری حدیث ۵۲۵۱) اس ارشاد میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عدت التطلیق کا ذکر کیا ہے،معلوم ہوا کہ دونوں جگہ عدت کے ایک معنی نہیں،اور آپؐ نے جو قید بڑھائی ہے کہ اس پاکی میں عورت سے صحبت نہ کی ہو یہ قید بھی ﴿فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ﴾ میں داخل ہے،یعنی ایسا ہی طہر طلاق دینے کا وقت ہے۔غرض دو اماموں کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ عدت الطلاق اور عدت التطلیق ایک ہیں اور دو اماموں کا نقطۂ نظر یہ ہے کہ دونوں الگ الگ ہیں۔یہ قروء کے معنی میں اختلاف کی بنیاد ہے۔

۳- چاروں ائمہ متفق ہیں کہ طلاق بدعی خواہ وہ من حیث الوقت بدعی ہو یا من حیث العدد: واقع ہو جاتی ہے اور ابن تیمیہؒ اور ابن حزم ظاہری کے نزدیک طلاق بدعی واقع نہیں ہوتی،وہ کہتے ہیں کہ طلاق بدعی ناجائز ہے،پس وہ کیسے واقع ہو سکتی ہے؟ لہٰذا اگر کوئی شخص حیض کے زمانہ میں طلاق دے تو وہ واقع نہیں ہوگی،یا ایک ساتھ ایک سے زیادہ طلاقیں دے تو صرف ایک طلاق واقع ہوگی۔غیر مقلدین نے اسی کو اختیار کیا ہے،باب کی حدیث ائمہ اربعہ کا مستدل ہے اس لئے کہ اس میں حیض میں دی گئی طلاق میں رجوع کرنے کا حکم دیا ہے،ظاہر ہے رجوع طلاق کے وقوع کے بعد ہی ہوتا ہے۔ائمہ اربعہ کے نزدیک حیض میں طلاق واقع ہوگی اور محسوب ہوگی اور شوہر آئندہ صرف دو طلاق کا مالک رہے گا۔اور ابن تیمیہ وغیرہ کے نزدیک حیض کی طلاق باطل ہے پس شوہر بدستور تین طلاق کا مالک رہے گا۔

۴- فمه؟ کی اصل فما؟ ہے اس میں ما استفہامیہ ہے اور ہ سکتہ کی ہے جو الف کے عوض میں ہے أی فما یکون إن لم یُحْتَسَبْ؟ حیض میں دی ہوئی طلاق کیا ہوگی اگر شمار نہیں ہوگی؟ اگر شوہر صحیح طریقہ پر طلاق دینے سے عاجز ہو گیا اور اس نے بحالت حیض طلاق دے کر حماقت کا کام کیا تو یہ بات طلاق کے وقوع سے مانع نہیں بن سکتی، طلاق یقیناً واقع ہو جائے گی،اور جب طلاق واقع ہوگئی تو وہ محسوب بھی ہوگی۔

اور ابن تیمیہ فرماتے ہیں: مَهْ اسم فعل ہے اس کے معنی ہیں: کُفَّ، دور ہو! اگر شوہر درماندہ ہو گیا اور اس نے حماقت بھرا کام کیا تو کیا شریعت بھی اس کی موافقت کرے گی؟ اور اس نے جو گناہ کا کام کیا ہے اس کو نافذ کرے گی؟ مگر مسلم شریف کی روایت سے جمہور کی تائید ہوتی ہے،خود ابن عمرؓ فرماتے ہیں: قال ابن عمر: فراجعتُها وحَسِبْتُ لها التطلیقةَ التی طلقتُها (مسلم ۱: ۴۷۵ باب تحریم طلاق الحائض إلخ) یعنی میں نے بیوی کو نکاح

میں واپس لے لیا اور میں نے اس طلاق کو شمار کیا جو میں نے اس کو دی تھی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الطلاق واللعان

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱-] باب ماجاء فی طلاقِ السُّنَّةِ

[۱۱۵۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نا حَمَّادُ بنَ زَيْدٍ، عن أَيُّوْبَ، عن مُحَمَّدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عن يُوْنُسَ بنِ جُبَيْرٍ، قالَ: سَأَلْتُ ابنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: هَلْ تَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ؟ فَإِنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَسَأَلَ عُمَرُ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا، قالَ: قُلْتُ: فَيُعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيْقَةِ؟ قالَ: فَمَهْ، أَرَأَيْتَ إِنْ عَجزَ وَاسْتَحْمَقَ؟!

[۱۱۵۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عن سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ مَوْلٰى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ؛ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ فِي الْحَيْضِ، فَسَأَلَ عُمَرُ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم، فقالَ: "مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا، ثُمَّ لْيُطَلِّقْهَا طَاهِرًا أَوْ حَامِلاً"

حَدِيْثُ يُوْنُسَ بنِ جُبَيْرٍ، عنِ ابنِ عُمَرَ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وكَذٰلِكَ حديثُ سَالِمٍ عن ابنِ عُمَرَ. وقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم. وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ طَلاَقَ السُّنَّةِ: أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ.

وقالَ بَعْضُهُمْ: إِنْ طَلَّقَهَا ثَلاَثًا وَهِيَ طَاهِرٌ، فَإِنَّهُ يَكُوْنُ لِلسُّنَّةِ أَيْضًا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَيَكُوْنُ ثَلاَثًا لِلسُّنَّةِ، إِلَّا أَنْ يُطَلِّقَهَا وَاحِدَةً، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وإسحاقَ.

وَقَالُوْا فِيْ طَلاَقِ الْحَامِلِ: يُطَلِّقُهَا مَتى شَاءَ، وَهُوَ قَوْلُ الشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يُطَلِّقُهَا عِنْدَ كُلِّ شَهْرٍ تَطْلِيْقَةً.

ترجمہ: یونس کی حدیث (نمبر ۱۱۵۸) اور اسی طرح سالم کی حدیث (نمبر ۱۱۵۹) دونوں اعلیٰ درجہ کی صحیح ہیں اور اس حدیث کی دیگر سندیں بھی ہیں، اور اس پر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے کہ طلاق سنت یہ ہے کہ آدمی عورت کو پاک

ہونے کی حالت میں طلاق دے، صحبت کئے بغیر یعنی حالت حیض میں یا پا کی میں صحبت کر کے طلاق دینا شرعی طریقہ نہیں۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اگر کسی شخص نے تین طلاقیں دیں درانحالیکہ عورت پاک ہے تو یہ بھی طلاق سنت ہے یعنی طلاق من حیث العدد بدعی نہیں ہوتی، اور یہ شافعی اور احمد کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: تین طلاقیں دینا سنت نہیں، صرف ایک ہی طلاق دینا اسلامی طریقہ ہے (یعنی طلاق سنت یہ ہے کہ ایک طہر میں صرف ایک طلاق دے پھر دوسری دوسرے طہر میں اور تیسری تیسرے طہر میں، اور یہ احناف کا مذہب ہے اور ایک طہر میں تینوں طلاقیں دینا خواہ متفرق دے یا مجتمع: طلاق بدعی ہے، اور امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک یہ بھی طلاق سنت ہے) اور یہ سفیان ثوریؒ اور اسحاقؒ کا قول ہے۔ اور حاملہ کو طلاق دینے کے بارے میں علماء نے کہا: اس کو طلاق دے: جب چاہے اور بعض علماء کہتے ہیں: ہر مہینے ایک طلاق دے (یہ احناف کا قول ہے)

فائدہ: حاملہ کو صحبت کرنے کے بعد بھی طلاق دے سکتے ہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے اس لئے کہ حاملہ کی عدت وضع حمل متعین ہے اور حاملہ کو طلاق احسن دینے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک طلاق دے کر چھوڑ دے پھر کوئی طلاق نہ دے بلکہ عدت گذر جانے دے، اور طلاق حسن کا طریقہ یہ ہے کہ تین ماہ میں تین طلاقیں دے، ہر ماہ ایک طلاق دے، حاملہ کو بھی ایک ساتھ تینوں طلاقیں دینا خواہ متفرق دے یا مجتمع حنفیہ کے نزدیک بدعی ہے، اور امام شافعی وغیرہ کے نزدیک یہ بھی طلاق سنت ہے ـــــــ اور غیر مدخول بہا کو حالت حیض میں طلاق دینا بھی جائز ہے کیونکہ اس پر عدت واجب نہیں۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ طَلَّقَ امْرَأتَهُ الْبَتَّةَ

اگر کوئی بیوی کو لفظ اَلْبَتَّةَ سے طلاق دے تو کیا حکم ہے؟

بَتَّ (ن،ض) بَتًّا کے معنی ہیں: کاٹنا، اسی سے البتۃ ہے۔ بَتٌّ (مصدر) کے آخر میں ۃ وصفی بڑھائی ہے اور شروع میں ال تعریف کا بڑھایا ہے۔ یہ لفظ اردو میں بھی مستعمل ہے، مگر اردو میں اس کے معنی ہیں: بیشک، ضرور، بالیقین۔ اور عربی میں اس کے معنی ہیں: کاٹا ہوا یعنی ایسی طلاق جو بیوی کو شوہر سے کاٹ دے، جدا کر دے۔

مذاہبِ فقہاء: اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے: أَنْتِ الْبَتَّـۃُ تو اس کا کیا حکم ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر طلاق کی نیت ہے یا حالت غضب یا مذاکرۂ طلاق میں کہا ہے تو طلاق بائن واقع ہوگی، کیونکہ یہ کنائی لفظ ہے، پھر اگر ایک کی نیت ہے تو ایک، اور تین کی نیت ہے تو تین واقع ہونگی اور دو کی نیت ہے تو ایک ہی واقع ہوگی، اس لئے کہ کنائی الفاظ میں فرد حقیقی (ایک) یا فرد حکمی (تین) کی نیت کی جا سکتی ہے اور دو عدد محض ہے، اس لئے اس کی نیت صحیح نہیں، البتہ اگر بیوی باندی ہو تو دو کی نیت صحیح ہے، کیونکہ دو اس کے حق میں فرد حکمی ہیں اور طلاق بائن میں رجوع نہیں ہوسکتا، نئے مہر کے ساتھ نیا نکاح کرنا ضروری ہے۔ اور تین کی نیت ہے تو حلالہ بھی ضروری ہے۔ اور امام

شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک لفظ البتة سے رجعی طلاق واقع ہوتی ہے اور دو کی نیت بھی صحیح ہے، یعنی اگر شوہر دو طلاق کی نیت کرے تو دو طلاق رجعی واقع ہونگی اور عدت کے اندر رجوع صحیح ہوگا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک اگر یہ لفظ مدخول بہا سے کہا ہے تو تین طلاقیں واقع ہونگی اگرچہ نیت نہ کی ہو۔

حدیث: حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ (جو عرب کے مشہور پہلوان تھے اور جن کی آنحضرت ﷺ سے مکی دور میں کشتی ہوئی تھی) فرماتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنی بیوی کو طلاق البتة دی ہے، نبی ﷺ نے پوچھا: تمہاری کیا نیت تھی؟ میں نے عرض کیا: ایک طلاق دینے کی نیت تھی؟ آپؐ نے فرمایا: واللہ! یعنی اللہ کی قسم کھاتے ہو؟ میں نے کہا: واللہ! یعنی میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں! آپؐ نے فرمایا: جو تم نے نیت کی اسی کا اعتبار ہے، یعنی نبی ﷺ نے اس کو ایک طلاق قرار دیا۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے جو ابو داؤد (حدیث ۲۱۹۶) اور مسند احمد (۱:۲۶۵ مسند ابن عباس) میں ہے اس میں یہ ہے کہ حضرت رکانہؓ نے تین طلاقیں دی تھیں اور آنحضور ﷺ نے ان کو ایک قرار دیا تھا۔ غیر مقلدین اس حدیث کی وجہ سے کہتے ہیں کہ ایک مجلس کی تین طلاقیں ایک واقع ہوتی ہیں، مگر تمام محدثین نے ترمذی کی روایت کو اصل قرار دیا ہے اور ابن عباسؓ کی روایت کو روایت بالمعنی قرار دیا ہے یعنی حضرت رکانہؓ نے تین طلاقیں نہیں دی تھیں بلکہ ایسا لفظ استعمال کیا تھا جس میں تین طلاق کا احتمال تھا، اس لئے راوی نے روایت بالمعنی کرتے ہوئے إن رکانةَ طَلَّقَ امرأتَه ثلاثا کہہ دیا، چنانچہ امام ابو داؤد فرماتے ہیں: البتة والی روایت اصح ہے، کیونکہ وہ حضرت رکانہ کے اہل خاندان سے مروی ہے اور گھر والے گھر میں پیش آنے والے معاملات کو بہتر جانتے ہیں (ابو داؤد باب نسخ المراجعة بعد التطليقات الثلاث) حافظ رحمہ اللہ نے التلخيص الحبير میں طَلَّقَ ثَلاثا والی حدیث کو ذکر کر کے فرمایا ہے: هو معلول أيضاً (ص:۳۱۹) یعنی اس میں پوشیدہ خرابی ہے۔ اور حافظ ذہبی رحمہ اللہ نے اس کو داؤد بن الحصین کے مناکیر میں شمار کیا ہے اور امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: رہی وہ روایت جس کو مخالفین روایت کرتے ہیں کہ حضرت رکانہ نے تین طلاقیں دی تھیں اور حضور ﷺ نے ان کو ایک قرار دیا تھا یہ روایت ضعیف ہے، مجہول راویوں سے مروی ہے اور حضرت رکانہ کی طلاق کے سلسلہ میں صحیح روایت وہی ہے جس کو ہم نے پہلے بیان کیا ہے کہ انھوں نے لفظ البتة سے طلاق دی تھی اور لفظ البتة ایک اور تین دونوں کا احتمال رکھتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس ضعیف روایت کے راوی نے یہ سمجھا ہو کہ لفظ البتة کا مقتضی تین طلاقیں ہیں، پس اس نے روایت بالمعنی کر دی کہ حضرت رکانہ نے تین طلاقیں دیں، اور راوی نے اس کو سمجھنے میں اور روایت بالمعنی کرنے میں غلطی کی (نووی شرح مسلم ۱:۴۷۸) علاوہ ازیں طلق ثلاثا والی روایات میں اضطراب ہے، کیونکہ مسند احمد کی روایت میں طلاق دینے والا کا نام رکانہ آیا ہے اور ابو داؤد کی روایت میں ابو رکانہ ہے جب کہ البتة والی روایت اس

اضطراب سے خالی ہے اوراس میں صاحب واقعہ متعین طور پرحضرت رکانہ کوقرار دیا گیا ہے۔غرض غیر مقلدین اپنے دعوی کے ثبوت میں جو حدیث پیش کرتے ہیں: کسی محدث نے اس کی تصحیح و تحسین نہیں کی، بلکہ اس کی تضعیف کی ہے اوراس کوحددرجہ کمزورقرار دیا ہے۔

غیرمقلدین کی دوسری دلیل: ابن عباسؓ ہی کی ایک موقوف حدیث ہے جومسلم (۱:۴۷۷ باب طلاق الثلاث) میں ہے: ابوالصہباء نے حضرت ابن عباسؓ سے پوچھا: کیا آپ کومعلوم نہیں کہ عہدِ نبوی اور عہدِ صدیقی اور عہدِ فاروقی کی ابتداء میں تین طلاقیں ایک ہوتی تھیں؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہاں معلوم ہے، لیکن جب لوگوں نے بکثرت طلاق دینا شروع کردیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تینوں کونافذ کر دیا۔

اس روایت کے دو جواب دیئے گئے ہیں:

پہلا جواب: یہ حدیث غیر مدخولہ کے بارے میں ہے عام نہیں ہے، چنانچہ ابوداؤد (حدیث ۲۱۹۹) میں اس کی صراحت ہے اوراس کی تفصیل یہ ہے کہ شروع میں لوگ غیر مدخولہ کو الگ الگ لفظوں میں اس طرح طلاق دیتے تھے: أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق، اوراس طرح طلاق دینے کی صورت میں غیر مدخولہ پہلی ہی طلاق سے بائنہ ہوکر نکاح سے نکل جاتی ہے، اوراس پرعدت لازم نہیں ہوتی، اس لئے دوسری اور تیسری طلاق لغو ہوجاتی ہے، کیونکہ بیوی طلاق کامحل ہی نہیں رہتی، چنانچہ کہا گیا کہ عہدِ نبوی اورعہدِ صدیقی میں تین طلاقیں ایک شمار ہوتی تھیں، بعد میں لوگوں نے جلد بازی شروع کی اور غیر مدخولہ کو بھی ایک ساتھ ایک لفظ میں تین طلاقیں دینے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس صورت میں تین طلاقیں واقع ہونگی، اور مسئلہ بھی یہی ہے، اگر غیر مدخولہ کو ایک لفظ میں تین طلاقیں دی جائیں تو تینوں واقع ہونگی اور وہ مغلظہ ہوجائے گی۔

دوسرا جواب: حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ابتدائی زمانہ میں عموماً لوگوں کی نیت أنت طالق، أنت طالق، أنت طالق سے تاکید کی ہوتی تھی، تأسیس کی نیت نہیں ہوتی تھی، اوراس زمانہ میں لوگوں میں خوف آخرت اور خوفِ خدا کا غلبہ تھا، دنیا کی خاطر دروغ بیانی کا خطرہ نہیں تھا، اس بناء پران کی بات پر اعتماد کرکے ایک طلاق کا حکم دیا جاتا تھا، چنانچہ حدیث میں کہا گیا کہ اس زمانہ میں تین طلاقیں ایک شمار کی جاتی تھیں، مگر جیسے جیسے عہدِ نبوی سے بُعد ہوتا گیا اور تقوی اور خوفِ آخرت کا معیار کم ہونے لگا اور پہلی جیسی سچائی، امانت داری اور دیانت داری باقی نہ رہی اور بیوی کی خاطر دروغ بیانی ہونے لگی تو قضاءً حکم بدل گیا۔ موطا مالک (ص:۲۰۰ باب ماجاء في الخلية والبرية إلخ) میں واقعہ ہے کہ ایک عراقی اپنی بیوی کی خاطر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے جھوٹی قسم کھانے کے لئے تیار ہوگیا، مگرحرم شریف کی عظمت وتقدس کا لحاظ کرکے اس نے کذب بیانی سے احتراز کیا، فاروق اعظمؓ نے جب یہ حالت دیکھی اور یہ محسوس فرمایا کہ دیانت کا معیار روز بروز گھٹ رہا ہے اس لئے

اگر لوگوں کے بیانات کو قضاءً قبول کرنے کا سلسلہ جاری رہا تو لوگ جھوٹ بول کر حرام کا ارتکاب کریں گے، پس آپؓ نے صحابہ سے مشورہ کیا اور اعلان کیا کہ اب جو شخص تین مرتبہ طلاق کے الفاظ بولے گا: ہم اسے تین ہی قرار دیں گے، تمام صحابہ نے اس فیصلہ سے اتفاق کیا، کسی ایک نے بھی حضرت عمرؓ کی مخالفت نہیں کی، علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی ایک صحابی سے بھی یہ منقول نہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صحابہ کی موجودگی میں تین طلاق کا فیصلہ کیا تو ان میں سے کسی ایک نے بھی حضرت عمرؓ سے اختلاف کیا ہو، اور اس قدر بات اجماع کے لئے کافی ہے (حاشیہ ابوداؤد ا:۳۰۶، نووی شرح مسلم ا:۴۷۸) اور صحابہ کرام اس کے بعد بالاتفاق اسی کے مطابق فیصلے کرنے لگے، یہاں تک کہ خود ابن عباسؓ جن کی مذکورہ روایت پر غیر مقلدین کو ناز ہے، امام ابوداؤد نے ان کا یہ واقعہ اپنی سنن میں نقل کیا ہے: مجاہد فرماتے ہیں: میں ابن عباسؓ کے پاس تھا کہ ایک شخص آیا اور عرض کیا کہ وہ اپنی بیوی کو یکبارگی تین طلاقیں دے کر آیا ہے، ابن عباسؓ چپ رہے، یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ آپ رجعت کا حکم دیں گے، پھر فرمایا کہ لوگ پہلے حماقت کے گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں اور پھر کہتے ہیں: ابن عباس! ابن عباس! بیشک خدا نے فرمایا ہے: جو خدا سے ڈرتا ہے اس کے لئے چھٹکارے کی راہ ہے اور تو نے خدا کا خوف نہیں کیا اس لئے تیرے واسطے کوئی مَخلص (چھٹکارے کی راہ) نہیں، تو نے اپنے رب کی نافرمانی کی اور تیری عورت تجھ سے جدا ہوگئی، اس واقعہ کو نقل کر کے امام ابوداؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ''جن حضرات نے ابن عباس سے یہ حدیث روایت کی ہے وہ سب اس بات پر متفق ہیں کہ ابن عباسؓ نے تین طلاقوں کو نافذ فرمادیا'' (ابوداؤد حدیث ۲۱۹۷) غرض عہد رسالت اور عہدِ صدیقی میں نیت تاکید کو قضاءً بھی قبول کرلیا جاتا تھا لیکن فساد زمانہ کی وجہ سے اس کو قضاء قبول کرنے کا سلسلہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ختم فرمادیا، ہاں دیانۃً یہ نیت آج بھی معتبر ہے، درمختار میں اس کی صراحت ہے، غرض ابن عباسؓ کی حدیث کا یہی مطلب ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ ابن عباسؓ نے خود تین طلاقوں کے نفاذ کا فتوی دیا ہے اور یہ دوسرا جواب میرے نزدیک اصح ہے۔

ملحوظہ: لفظ البتۃ سے طلاق بائن پڑے گی یا رجعی؟ اسی طرح اس لفظ سے دو طلاقوں کی نیت ہوسکتی ہے یا نہیں؟ یہ دونوں مسئلے اجتہادی ہیں اور مختلف فیہ ہیں، حدیث میں منصوص (مصرح) نہیں ہیں۔

[٢-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ طَلَّقَ امرَأَتَهُ الْبَتَّةَ

[١١٦٠-] حدثنا هَنَّادٌ، نا قَبِيْصَةُ، عَنْ جَرِيْرِ بنِ حَازِمٍ، عنِ الزُّبَيْرِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ يَزِيْدَ بنِ رُكَانَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللهِ! إِنِّى طَلَّقْتُ امْرَأَتِى الْبَتَّةَ، فَقَالَ: '' مَا أَرَدْتَ بِهَا؟'' قُلْتُ: وَاحِدَةً، قَالَ: '' وَاللّٰهِ؟'' قُلْتُ: وَاللّٰهِ! قَالَ:

"فَهُوَ مَا أَرَدْتَّ"، هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وقَدْ اخْتَلَفَ أَهْلُ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ طَلَاقِ الْبَتَّةَ: فَرُوِیَ عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ جَعلَ الْبَتَّةَ وَاحِدَةً، وَرُوِیَ عَنْ عَلِیٍّ أَنَّهُ جَعَلَهَا ثَلَاثًا.

وَقَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ: فِيْهِ نِيَّةُ الرَّجُلِ: إِنْ نَوَی وَاحِدَةً فَوَاحِدَةٌ، وَإِنْ نَوَی ثَلَاثًا فَثَلَاثٌ، وإِنْ نَوَی ثِنْتَيْنِ لَمْ تَكُنْ إِلَّا وَاحِدَةً، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

وَقَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ فِی الْبَتَّةِ: إِنْ كَانَ قَدْ دَخَلَ بِهَا فَهِیَ ثَلَاثُ تَطْلِيْقَاتٍ.

وقَالَ الشَّافِعِیُّ: إِنْ نَوَی وَاحِدَةً فَوَاحِدَةٌ، يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ، وَإِنْ نَوَی ثِنْتَيْنِ فَثِنْتَيْنِ، وَإِنْ نَوَی ثَلَاثًا فَثَلَاثٌ.

ترجمہ: صحابہ وغیرہ اہل علم کا طلاق البتۃ کے بارے میں اختلاف ہے، حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے البتۃ کو ایک قرار دیا، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے اس کو تین قرار دیا (ان دونوں قولوں میں درحقیقت کوئی اختلاف نہیں۔ حضرت عمرؓ کے سامنے جو واقعہ آیا ہوگا اس میں شوہر نے یہ بیان دیا ہوگا کہ اس کی ایک طلاق دینے کی نیت تھی، پس حضرت عمرؓ نے ایک طلاق کا فیصلہ کیا اور حضرت علیؓ سے شوہر نے تین طلاق کی نیت کی بات کہی ہوگی پس انھوں نے تین طلاق کا فیصلہ کیا) اور بعض اہل علم کہتے ہیں: اس میں آدمی کی نیت کا اعتبار ہے اگر ایک کی نیت ہے تو ایک طلاق واقع ہوگی اور تین کی نیت ہے تو تین ہونگی، اور اگر دو کی نیت ہے تو ایک ہی ہوگی اور یہ سفیان ثوری اور کوفہ والوں کا قول ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ طلاق البتۃ کے بارے میں فرماتے ہیں: اگر وہ عورت جس کو لفظ البتۃ سے طلاق دی گئی ہے مدخول بہا ہے تو تین طلاقیں واقع ہونگی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر ایک کی نیت ہے تو ایک رجعی طلاق واقع ہوگی اور شوہر کو رجوع کرنے کا حق ہوگا، اور دو کی نیت ہے تو دو اور تین کی نیت ہے تو تین طلاقیں پڑیں گی۔

بابُ ماجاءَ فی أَمْرُكِ بِيَدِكِ

تفویضِ طلاق یعنی تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں کہنے کا حکم

یہ دو باب ہیں، ان میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے: أَمْرُكِ بيدكِ (تیرا معاملہ تیرے ہاتھ میں) یا کہے: اخْتَارِیْ نَفْسَكِ (اختیار کر تو تیری ذات کو) یا کہے: أنتِ طالق إن شِئْتِ (اگر تو چاہے تو تجھے طلاق) اور عورت شوہر کو اختیار کرے اور اپنے اوپر کوئی طلاق واقع نہ کرے تو جمہور کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوتی، کیونکہ یہ الفاظِ

تفویض ہیں، الفاظِ تطلیق نہیں، اور اگر عورت اپنے نفس کو اختیار کرے یعنی علحدہ ہونے کا فیصلہ کرے تو حضرت عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے نزدیک ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی۔ امام اعظم رحمہ اللہ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے۔
اور حضرت عثمان اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: القضاءُ ما قَضَتْ: عورت جو فیصلہ کرے وہی معتبر ہے یعنی وہ جتنی اور جیسی طلاق واقع کرے وہی واقع ہوگی۔ امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ اسی کے قائل ہیں، اور ابن عمرؓ فرماتے ہیں: اگر تفویضِ طلاق کی وجہ سے عورت نے اپنے اوپر تین طلاقیں واقع کیں پھر مرد یہ دعوی کرے کہ اس کی نیت ایک طلاق کی تھی تو اس سے قسم لی جائے گی، اگر وہ قسم کھالے تو ایک ہی طلاق واقع ہوگی، یعنی شوہر کی نیت کا اعتبار ہوگا، اسحاق بن راہویہ اس کی طرف گئے ہیں۔

حدیث: حماد بن زیدؒ کہتے ہیں: میں نے ایوب سختیانی رحمہ اللہ سے پوچھا: کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو أمرُكِ بيدكِ میں تین طلاق کا قائل ہو، سوائے حسن بصری کے؟ یعنی حسن بصری تو اس کے قائل ہیں کہ اگر کوئی شخص أمرك بيدك کے ذریعہ تفویض طلاق کرے اور بیوی اپنے نفس کو اختیار کرے یعنی شوہر سے علحدہ ہونے کا فیصلہ کرے تو تین طلاقیں واقع ہونگی، مگر ان کے علاوہ کوئی اور یہ بات کہتا ہے؟ ایوب سختیانی نے فرمایا: نہیں! مگر حسن، یعنی حسن بصری کے علاوہ کسی اور نے یہ بات کہی ہو یہ بات میرے علم میں نہیں ہے، پھر ان کو ایک حدیث یاد آئی، پس انھوں نے فرمایا: اللہ معاف کرے! اس مسئلہ میں حدیث ہے، پھر انھوں نے قتادہ، عن كثير، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم کی سند سے یہ حدیث سنائی کہ مذکورہ صورت میں تین طلاقیں واقع ہونگی۔

ایوب سختیانی کہتے ہیں: پھر میری ملاقات کثیر سے ہوئی، میں نے ان سے یہ حدیث پوچھی تو انھوں نے انکار کیا اور اس حدیث کو نہیں جانا۔ پھر میں نے یہ بات اپنے استاذ قتادہ سے ذکر کی تو انھوں نے فرمایا: مجھ سے یہ حدیث کثیر نے بیان کی ہے مگر وہ اسے بھول گئے (۱)

---

(۱) راوی کا کسی حدیث کے متعلق انکار کرنا کہ میں نے یہ حدیث بیان نہیں کی: دوطرح کا ہوتا ہے، جزم ویقین کے ساتھ اور شک واحتمال کے ساتھ:

جزماً انکار: یہ ہے کہ حدیث جس شیخ سے روایت کی جارہی ہے وہ شیخ اس سے قطعی طور پر منکر ہو، مثلاً کہتا ہے: ''یہ مجھ پر جھوٹ ہے'' یا کہتا ہے کہ: ''میں نے یہ روایت بیان نہیں کی'' ایسی صورت میں وہ حدیث قابل عمل نہیں، کیونکہ استاذ اور شاگرد میں سے کوئی ایک لاعلی التعیین بالیقین جھوٹا ہے اور جھوٹے کی روایت قبول نہیں کی جاتی۔

اور احتمالی انکار: یہ ہے کہ شیخ کہے: ''مجھے یہ حدیث یاد نہیں'' یا کہے کہ: ''میں یہ حدیث نہیں جانتا'' ایسی صورت میں اصح مذہب یہ ہے کہ حدیث مقبول ہے بشرطیکہ راوی ثقہ ہو، کیونکہ جب راوی ثقہ ہے تو قوی احتمال یہی ہے کہ شیخ نے بالیقین روایت بیان کی ہوگی مگر وہ بھول گئے۔

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، سلیمان بن حرب سے اوپر اس کی یہی ایک سند ہے اور یہ حدیث موقوف ہے یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا فتوی ہے، نبی ﷺ کا ارشاد نہیں ہے یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان فرمائی ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میرے استاذ علی بن نصر ثقہ اور حافظ حدیث تھے اور انھوں نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔

[٣-] باب ماجاء فی أمرُكِ بيدِكِ

[١١٦١-] حدثنا عَلِيُّ بنُ نَصْرِ بنِ عَلِيٍّ، نَا سُلَيْمَانُ بنُ حَرْبٍ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَيُّوْبَ: هَلْ عَلِمْتَ أَنَّ أَحَدًا قَالَ فِيْ أَمْرُكِ بِيَدِكِ: أَنَّهَا ثَلَاثٌ إِلَّا الْحَسَنَ؟ قَالَ: لَا، إِلَّا الْحَسَنَ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ غَفْرًا! إِلَّا مَاحَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ، عَنْ كَثِيْرٍ مَوْلَى بَنِي سَمُرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عن أَبِيْ هريرةَ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: "ثَلَاثٌ" قالَ أَيُّوْبُ: فَلَقِيْتُ كَثِيْرًا مَوْلَى بَنِيْ سَمُرَةَ، فَسَأَلْتُهُ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، فَرَجَعْتُ إِلَى قَتَادَةَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: نَسِيَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بنِ حَرْبٍ، عَنْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، وَسَأَلْتُ مُحَمَّدًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، فَقَالَ: أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بنُ حَرْبٍ، عَنْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ بِهٰذَا، وَإِنَّمَا هُوَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفٌ، وَلَمْ يَعْرِفْ حديثَ أَبِيْ هُريرةَ مَرْفُوْعًا، وَكَانَ عَلِيُّ بنُ نَصْرٍ حَافِظًا صَاحِبَ حَدِيْثٍ.

وَقَد اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ أَمْرُكِ بِيَدِكِ، فَقَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَسْعُوْدٍ: هِيَ وَاحِدَةٌ، وَهُوَ قَوْلُ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ.

وَقَالَ عُثْمَانُ بنُ عَفَّانَ وَزَيْدُ بنُ ثَابِتٍ: الْقَضَاءُ مَا قَضَتْ.

وقالَ ابنُ عُمَرَ: إِذَا جعلَ أَمْرَهَا بِيَدِهَا، وَطَلَّقَتْ نَفْسَهَا ثَلَاثًا، وَأَنْكَرَ الزَّوْجُ، وَقَالَ: لَمْ أَجْعَلْ أَمْرَهَا بِيَدِهَا إِلَّا فِيْ وَاحِدَةٍ: اسْتُحْلِفَ الزَّوْجُ، وَكَانَ القَوْلُ قَوْلَهُ مَعَ يَمِيْنِهِ.

وَذَهَبَ سُفْيَانُ وَأَهْلُ الْكُوْفَةِ إِلَى قَوْلِ عُمَرَ وعَبْدِ اللّٰهِ، وَأَمَّا مَالِكُ ابنُ أَنَسٍ فَقَالَ: الْقَضَاءُ مَاقَضَتْ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَأَمَّا إِسْحَاقُ فَذَهَبَ إِلَى قَوْلِ ابنِ عُمَرَ.

ترجمہ: علماء کا أمرك بيدك میں اختلاف ہے، بعض اہل علم کہتے ہیں صحابہ میں سے، جن میں حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما ہیں کہ اس صورت میں ایک طلاق واقع ہوگی اور یہ تابعین اور ان کے بعد کے متعدد اہل علم کا قول ہے۔ اور حضرت عثمان اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: فیصلہ وہ ہے جو عورت کرے، یعنی عورت جتنی

طلاقیں واقع کرے واقع ہونگی (یہ حضرت زید کی ایک روایت ہے اوران کا مذہب یہ ہے کہ اس صورت میں ایک طلاق رجعی واقع ہوگی، موطا محمد ص: ۲۵۸) اور ابن عمرؓ فرماتے ہیں: جب شوہر نے طلاق کا معاملہ عورت کے ہاتھ میں دیدیا اور عورت نے اپنے اوپر تین طلاقیں واقع کیں اور شوہر انکار کرے اور کہے: میں نے اس کو صرف ایک طلاق کا اختیار دیا ہے تو شوہر سے قسم لی جائے گی، اور شوہر کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا، اور سفیان ثوری اور اہل کوفہ حضرت عمرؓ اور حضرت ابن مسعودؓ کے قول کی طرف گئے ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عورت جو فیصلہ کرے وہی معتبر ہے اور یہی امام احمدؒ کا قول ہے اور اسحاق بن راہویہ ابن عمر کے قول کی طرف گئے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الخِیَارِ

طلاق کا اختیار دینے کا حکم

اگر شوہر: عورت کو جدائی (طلاق) کا اختیار دے اور عورت شوہر کو اختیار کرے تو جمہور کے نزدیک کوئی طلاق واقع نہیں ہوتی، نبی ﷺ نے اپنی تمام بیویوں سے ایک مہینے کے لئے ایلاء کیا تھا، یعنی ایک مہینہ کے لئے سب بیویوں سے علحدہ رہنے کی قسم کھائی تھی، جبکہ انھوں نے خرچہ میں اضافہ کا مطالبہ کیا تھا، جب مہینہ پورا ہوا تو سورۂ احزاب کا چوتھا رکوع جس میں سات آیتیں ہیں نازل ہوا، اور نبی ﷺ کو حکم دیا گیا کہ آپ اپنی بیویوں کو اختیار دیں کہ وہ یا تو جس حال میں آپؐ ان کو رکھیں راضی رہیں اور اگر خوش عیشی چاہیں تو طلاق لے لیں اور جہاں چاہیں جائیں، چنانچہ آپؐ نے تمام ازواج کو اختیار دیا اور سب نے حضور اقدس ﷺ کو اختیار کیا اور سب نے معافی مانگی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا پس ہم نے آپؐ کو اختیار کیا تو کیا وہ طلاق ہوئی؟'' اس میں ہمزۂ استفہام انکاری ہے یعنی آپؐ کو اختیار کرنے کی وجہ سے کوئی طلاق نہیں ہوئی، اور اگر عورت اپنے نفس کو اختیار کرے تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، حضرت عمرؓ اور حضرت ابن مسعودؓ اسی کے قائل ہیں، اور ان کی دوسری روایت یہ ہے کہ ایک طلاق رجعی ہوگی، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر عورت اپنے نفس کو اختیار کرے تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی اور شوہر کو اختیار کرے تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ امام احمد رحمہ اللہ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے، اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نزدیک اگر عورت شوہر کو اختیار کرے تو ایک طلاق واقع ہوگی اور اپنے نفس کو اختیار کرے تو تین طلاقیں واقع ہونگی۔

فائدہ: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک أمرِكِ بيدكِ میں شوہر کا تین کی نیت کرنا صحیح ہے اور اختاری نفسك میں ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی اور تین کی نیت غیر معتبر ہے اور احد الزوجین کے کلام میں لفظ نفس کا ہونا ضروری ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں صورتوں میں طلاق رجعی ہوگی اور شوہر کی نیت کا اعتبار کیا جائے گا، اور دو کی

نیت بھی صحیح ہوگی (اوجز المسالک ۱۰: ۶۵ بدائع الصنائع ۳: ۱۸۷)

[٤-] باب ماجاء فی الخیار

[١١٦٢-] حدثنا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عن إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاخْتَرْنَاهُ، أَفَكَانَ طَلَاقًا؟

حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عن أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِمِثْلِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

واختَلَفَ أهلُ الْعِلْمِ فِيْ الخِيَارِ: فَرُوِىَ عَنْ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّهُمَا قَالاَ: إِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ، وَرُوِىَ عَنْهُمَا أَنَّهُمَا قَالاَ أَيْضًا: وَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ، وَإِنِ اخْتَارَ زَوْجَهَا فَلاَشَيْئَ.

وَرُوِىَ عن عَلِيٍّ أَنَّهُ قَالَ: إِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَوَاحِدَةٌ بَائِنَةٌ، وإِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَوَاحِدَةٌ يَمْلِكُ الرَّجْعَةَ.

وَقَالَ زَيْدُ بنُ ثَابِتٍ: إِنِ اخْتَارَتْ زَوْجَهَا فَوَاحِدَةٌ، وإِنِ اخْتَارَتْ نَفْسَهَا فَثَلاَثٌ.

وَذَهَبَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَمَنْ بَعْدَهُمْ فِيْ هٰذَا الْبَابِ إِلَى قَوْلِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَأَمَّا أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ فَذَهَبَ إِلَى قَوْلِ عَلِيٍّ.

ترجمہ: علماء کا خیار میں اختلاف ہے حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: ان دونوں نے فرمایا: اگر عورت نے اپنے نفس کو اختیار کیا تو ایک طلاق بائنہ پڑے گی اور ان دونوں سے یہ بھی مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: ایک طلاق واقع ہوگی اور شوہر رجعت کا مالک ہوگا، یعنی ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اور اگر عورت اپنے شوہر کو اختیار کرے تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: انھوں نے فرمایا: اگر عورت نے اپنے نفس کو اختیار کیا تو ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی اور اگر اپنے شوہر کو اختیار کیا تو ایک طلاق رجعی واقع ہوگی، اور زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر اپنے شوہر کو اختیار کیا تو ایک طلاق اور اپنے نفس کو اختیار کیا تو تین طلاقیں واقع ہونگی، اور صحابہ اور بعد کے اکثر علماء اور فقہاء اس باب میں حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما کے قول کی طرف گئے ہیں، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ اور اہل کوفہ اسی کے قائل ہیں، رہے امام احمد رحمہ اللہ تو وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کی طرف گئے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی المُطَلَّقَةِ ثَلاثًا: لاَسُكْنٰى لَهَا وَلاَنَفَقَةَ

مطلقہ ثلاثہ کے لئے نہ سکنی ہے نہ نفقہ

مذاہبِ فقہاء: مبتوتہ حائلہ کے لئے نفقہ اور سکنی ہے یا نہیں؟ —— مبتوتہ: کے معنی ہیں: کاٹی ہوئی، یعنی وہ عورت جس کو ایک یا دو طلاق بائنہ دی گئی ہوں اور جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں وہ تو مبتوتہ ہے ہی! اور **الحائلة**: کے معنی ہیں: غیر حاملہ، تمام ائمہ متفق ہیں کہ مطلقہ رجعیہ کو نفقہ بھی ملے گا اور سکنی بھی، نیز مبتوتہ حاملہ کو بھی دونوں چیزیں ملیں گی، البتہ مبتوتہ حائلہ کے بارے میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک اسے بھی نفقہ اور سکنی دونوں ملیں گے اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک اسے نہ نفقہ ملے گا نہ سکنی، اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک صرف سکنی ملے گا نفقہ نہیں ملے گا۔

اس مسئلہ میں حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کی روایت ہے جو تفصیل سے ابواب النکاح باب ۳۶ میں گذر چکی ہے۔ ان کو ان کے شوہر نے تین طلاقیں دی تھیں، وہ فرماتی ہیں: مجھے نبی ﷺ نے نہ نفقہ دلوایا نہ سکنی۔ امام احمدؒ نے اسی حدیث کو لیا ہے، وہ عدم نفقہ اور عدم سکنی کے قائل ہیں، اور حنفیہ نے اس حدیث کو نہیں لیا اور امام شافعیؒ اور امام مالکؒ نے سکنی والے جزء کو نہیں لیا اور نفقہ والے جز کو لیا، سکنی والا جز اس لئے نہیں لیا کہ قرآنِ مجید کی آیت اس کے معارض ہے، سورۃ الطلاق آیت ۶ میں ہے: ﴿اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ﴾: رہنے دو تم ان کو جہاں تم رہتے ہو اپنی حیثیت کے موافق، یعنی مرد کے ذمہ ضروری ہے کہ مطلقہ کو عدت تک رہنے کے لئے مکان دے (اس کو سکنی کہتے ہیں) یہ آیت عام ہے، رجعیہ، مبتوتہ حائلہ اور حاملہ سب کو شامل ہے، پس ہر عورت کو سکنی ملے گا، اور نفقہ کے سلسلہ میں کوئی آیت معارض نہیں، اس لئے اس جزء کو لیا اور نفقہ واجب نہ ہونے کی بات کہی، حنفیہ کہتے ہیں کہ اسی آیت سے نفقہ کا وجوب بھی ثابت ہوتا ہے اس لئے کہ نفقہ جزائے احتباس ہے، جب قرآن سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ عورت شوہر کے گھر میں عدت گذارے گی تو احتباس کے تقاضہ سے نفقہ خود بخود ثابت ہوجائے گا اس لئے کہ نفقہ جزاء احتباس ہے۔ اور رہی حدیث تو حضرت عائشہؓ، حضرت فاروق اعظمؓ اور دوسرے صحابہ وتابعین نے اس کا انکار کیا ہے، حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: اگر فاطمہ یہ حدیث بیان نہ کرتیں تو بہتر ہوتا یعنی انھوں نے یہ حدیث قبول نہیں کی (مسلم ۱: ۴۸۵) اور فاروق اعظمؓ نے فرمایا: ہم ایک عورت کے کہنے سے اللہ کی کتاب کو اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کو نہیں چھوڑ سکتے، ہم نہیں جانتے کہ وہ عورت بھول گئی یا اس نے یاد رکھا، یہاں تک روایت مسلم (۱: ۴۸۵) میں ہے۔ اور طحاوی میں ہے: حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں نے خود نبی ﷺ سے سنا ہے کہ ایسی عورت کے لئے نفقہ بھی ہے اور سکنی بھی (طحاوی ۲: ۴۰ باب المطلقة طلاقا بائنا إلخ) یہ حدیث ٹھیک ہے

اوراس پر جواعتراض کیا گیا ہے کہ ابراہیم نخعیؒ کا حضرت عمرؓ سے سماع نہیں تو جاننا چاہئے کہ محدثین کے نزدیک ابراہیم نخعی کے مراسیل حجت ہیں، پس حدیث کا یہ آخری جزء بھی حجت ہے۔ علاوہ ازیں فاطمہ بنت قیس کو نفقہ دیا گیا تھا، پیچھے حدیث گذری ہے کہ ان کا شوہر دس قفیز غلّہ رکھ کر سفر میں گیا تھا مگر حضرت فاطمہؓ نے اس مقدار سے زائد کا مطالبہ کیا جو منظور نہ ہوا، یعنی حضور اقدس ﷺ نے اس سے زائد نفقہ نہیں دلوایا اور سکنی اس لئے نہیں دلوایا کہ وہ سسرال والوں سے سخت کلامی کرتی تھیں، پس آپؐ نے عدت گذارنے کے لئے دوسری جگہ تجویز فرمائی۔ غرض اس واقعہ میں درحقیقت سکنی اور نفقہ دونوں دلوائے گئے ہیں، پس اس سے استدلال درست نہیں۔

حدیث (۱): فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں مجھے میرے شوہر نے تین طلاقیں دیں، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تیرے لئے نہ سکنی ہے نہ نفقہ'' مغیرہ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے بیان کی تو انھوں نے فرمایا: حضرت عمرؓ نے اس پر یہ فرمایا ہے کہ ہم ایک عورت کے کہنے سے اللہ کی کتاب اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کو نہیں چھوڑ سکتے، ہم کو نہیں معلوم کہ اس نے یاد رکھا یا بھول گئی اور حضرت عمرؓ مطلقہ ثلاثہ کے لئے سکنی اور نفقہ مقرر کرتے تھے۔

حدیث (۲): شعبیؒ کہتے ہیں: میں فاطمہ بنت قیسؓ کے پاس گیا اور ان سے نبی ﷺ کے اس فیصلہ کے بارے میں پوچھا جو آپؐ نے ان کے واقعہ میں کیا تھا، انھوں نے فرمایا: ان کے شوہر نے ان کو طلاق البتۃ دی تھی، پس انھوں نے شوہر پر سکنی اور نفقہ کے سلسلہ میں مقدمہ کیا (یہ مجاز ہے مدعی علیہ (شوہر) حاضر نہیں تھا سفر میں تھا، مقدمہ درحقیقت شوہر کے چچا زاد بھائی پر تھا) پس نبی ﷺ نے ان کے لئے نہ سکنی کا فیصلہ کیا نہ نفقہ کا۔ اور داؤد کی حدیث میں یہ اضافہ ہے: اور مجھے حکم دیا کہ میں ابن ام مکتوم کے گھر میں عدت گذاروں۔

تشریح: فاطمہ بنت قیسؓ کو ان کے شوہر نے دو طلاقیں یکے بعد دیگرے دی تھیں اور دونوں دفعہ رجوع کر لیا تھا پھر تیسری طلاق دی تھی اس اعتبار سے تین طلاقیں ہوئیں اور لفظ البتۃ میں تین کا احتمال ہے یعنی اس سے تین طلاقیں مراد لی جاسکتی ہیں اس اعتبار سے حضرت فاطمہؓ نے یہ لفظ استعمال کیا ہے۔

[۵-] باب ماجاء فی المطلقةِ ثلاثاً: لاسکنی لَهَا وَلاَ نَفقَةَ

[۱۱۶۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نَاجَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عنِ الشَّعْبِيِّ، قالَ: قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ: طَلَّقَنِيْ زَوْجِيْ ثَلاَثًا عَلَى عَهْدِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَسُكْنى لَكِ وَلاَنفقَةَ" قالَ مُغِيْرَةُ: فَذَكَرْتُهُ لِإِبْرَاهِيْمَ، فَقَالَ: قَالَ عُمَرُ: لاَنَدَعُ كِتَابَ اللهِ وَسُنَّةَ نَبِيِّنَا صلى الله عليه وسلم لِقَوْلِ امْرَأَةٍ، لاَ نَدْرِيْ أَحَفِظَتْ أَمْ نَسِيَتْ، وكَانَ عُمَرُ يَجْعَلُ لَهَا السُّكْنى وَالنَّفَقَةَ.

[١١٦٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، نا هُشَيْمٌ، أَنْبَأَنَا حُصَيْنٌ، وَإِسْمَاعِيلُ، وَمُجَالِدٌ، قَالَ هُشَيْمٌ: وَأَخْبَرَنَا دَاوُدُ أَيْضًا عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى فَاطِمَةَ ابْنَةِ قَيْسٍ فَسَأَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهَا، فَقَالَتْ: طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ، فَخَاصَمَتْهُ فِي السُّكْنَى وَالنَّفَقَةِ، فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم سُكْنَى وَلاَ نَفَقَةَ. وَفِي حديثِ دَاوُدَ: قَالَتْ: وَأَمَرَنِي أَنْ أَعْتَدَّ فِي بَيْتِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ، وَعَطَاءُ بنُ أَبِي رَبَاحٍ، وَالشَّعْبِيُّ، وبِهِ يَقُوْلُ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ، وَقَالُوْا: لَيْسَ لِلْمُطَلَّقَةِ سُكْنَى وَلاَنفقةَ، إِذَا لَمْ يَمْلِكْ زَوْجُهَا الرَّجْعَةَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عُمَرُ وَعَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الْمُطَلَّقَةَ ثَلاثًا: لَهَا السُّكْنَى وَالنَّفَقَةُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ: لَهَا السُّكْنَى وَلاَنَفَقَةَ لَهَا، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَاللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ، وَالشَّافِعِيِّ.

وَقَالَ الشَّافعيُّ: إِنَّمَا جَعَلْنَا لَهَا السُّكْنَى بِكِتَابِ اللّٰهِ، قالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿لاَتُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلاَ يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ﴾ قَالُوْا: هُوَ الْبَذَاءُ: أَنْ تَبْذُوَ عَلَى أَهْلِهَا، وَاعْتَلَّ بِأَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَةَ قَيْسٍ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم السُّكْنَى: لِمَا كَانَتْ تَبْذُو عَلَى أَهْلِهَا.

قَالَ الشَّافِعِيُّ: وَلاَ نَفَقَةَ لَهَا، لِحَدِيثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ قِصَّةِ حَدِيثِ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ.

ترجمہ: امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ فرماتے ہیں: مطلقہ کے لئے نہ سکنی ہے اور نہ نفقہ جب کہ اس کا شوہر رجوع کا مالک نہ ہو، یعنی مطلقہ رجعیہ کے لئے تو نفقہ اور سکنی ہے، مگر مطلقہ مبتوتہ کے لئے نہیں ہے، اور صحابہ میں سے بعض اہل علم جن میں حضرت عمر اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما ہیں فرماتے ہیں: مطلقہ ثلاثہ کے لئے سکنی اور نفقہ ہے، اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: مطلقہ ثلاثہ کے لئے سکنی ہے اور نفقہ نہیں، یہ امام مالک، امام لیث بن سعد اور امام شافعی رحمہم اللہ کا قول ہے۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: ہم نے مطلقہ ثلاثہ کے لئے سکنی قرآن کریم کی وجہ سے گردانا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''نہ نکالو تم ان کو ان کے گھروں سے اور نہ وہ خود نکلیں مگر یہ کہ لائیں وہ صریح بے حیائی'' وہ کہتے ہیں: صریح بے حیائی: بدزبانی ہے کہ وہ شوہر کے گھر والوں سے بلا وجہ لڑے جھگڑے، اور انھوں نے بہانہ بنایا (یعنی تاویل کی۔ یہ امام ترمذیؒ نے امام شافعیؒ اور امام مالکؒ پر چھینٹا ڈالا) بایں طور

کہ کہا: فاطمہ بنت قیسؓ کے لئے نبی ﷺ نے سکنی اس لئے نہیں گردانا کہ وہ شوہر کے گھر والوں کے ساتھ بدزبانی کرتی تھیں، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: مطلقہ ثلاثہ کے لئے فاطمہ بنت قیس کی حدیث کی وجہ سے نفقہ نہیں ہے یعنی چونکہ آنحضور ﷺ نے فاطمہ کو نفقہ نہیں دلوایا اور کوئی معارض آیت نہیں اس لئے مطلقہ ثلاثہ کو نفقہ نہیں ملے گا۔

تشریح: فاحشة مبينة: قرآنِ کریم کی اصطلاح ہے، اس کے معنی ہیں: نشوز، البذاء (بدزبانی) سے اس کی تفسیر ٹھیک نہیں، اور سکنی کا اصل ثبوت آیت کریمہ: ﴿اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ﴾ سے ہے۔ اور امام شافعیؒ وغیرہ فرماتے ہیں کہ فاطمہ بنت قیس کے لئے عدم سکنی کا فیصلہ بایں وجہ کیا گیا تھا کہ وہ اپنی سسرال والوں سے سخت کلامی کرتی تھیں۔ جاننا چاہئے کہ مطلقہ شوہر کے گھر عدت گذارے گی، اور اس کا بے وجہ میکے میں عدت گذارنا بے حیائی ہے اس کی وجہ سے سکنی اور نفقہ کا وجوب مرد کے ذمہ سے ساقط ہوجاتا ہے۔

بابُ ماجاءَ لَاطَلَاقَ قَبْلَ النِّكَاحِ

نکاح سے پہلے طلاق نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس چیز کا آدمی مالک نہیں اس کی منت نہیں، اور جس غلام کا آدمی مالک نہیں اس کی آزادی نہیں، اور جس عورت کا آدمی مالک نہیں اس کی طلاق نہیں''

تشریح: اگر کوئی شخص کسی چیز کی منت مانے درانحالیکہ وہ اس کا مالک نہیں، یا غیر کے غلام کو آزاد کرے، یا اجنبیہ کو طلاق دے تو یہ منت، عتاق اور طلاق لغو ہیں۔ اسی طرح ان کی تعلیق بھی امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک لغو ہے، یعنی ان کے نزدیک یہ حدیث تنجیز (فی الفور) اور تعلیق (آویزاں کرنا) دونوں کو عام ہے، پس اگر کسی نے کہا کہ اگر وہ فلاں عورت سے نکاح کرے تو اسے طلاق، یا فلاں غلام کا مالک ہو یا خریدے تو وہ آزاد: یہ تعلیق لغو ہے۔ اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک یہ حدیث تنجیز کے ساتھ خاص ہے، تعلیق اس حدیث کا مصداق نہیں، وہ فرماتے ہیں: اگر شرط وجزاء کے درمیان مناسبت ہو یعنی طلاق وعتاق وغیرہ کی ملک یا سببِ ملک کی طرف نسبت کی گئی ہو تو تعلیق معتبر ہے ورنہ نہیں، مثلاً: کہا: إن ملكتُ العبد فهو حرٌ (ملک پر تعلیق کی مثال) إن اشتريت العبد فهو حر (سببِ ملک پر تعلیق کی مثال) إن ملكت الحلوى/ إن اشتريت الحلوى فللّٰه عليَّ أَنْ أَتَصَدَّقَ به یا کہا: إن تزوجتُ فلانةً فهي طالق. ان سب صورتوں میں تعلیق صحیح ہے۔ اور اگر اجنبیہ سے کہا: إن دخلتِ الدار فأنت طالق تو یہ تعلیق لغو ہے، کیونکہ شرط وجزاء کے درمیان مناسبت نہیں۔

پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عورت اور غلام وغیرہ کا پوری طرح یا فی الجملہ متعین ہونا ضروری ہے، مثلاً کہا کہ وہ فاطمہ سے/ فلاں علاقہ کی لڑکی سے/ فلاں قبیلہ کی لڑکی سے نکاح کرے تو اسے طلاق: یہ تعلیق صحیح ہے اور اگر کہا: اگر وہ

نکاح کرے تو طلاق: یہ تعلیق لغو ہے، کیونکہ عورت متعین نہیں، نہ پوری طرح، نہ فی الجملہ (کسی درجہ میں) اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شرط وجزاء میں مناسبت کافی ہے تعیین ضروری نہیں، پس مذکورہ مثال میں بھی تعلیق صحیح ہے۔

امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کی پہلی دلیل موطا مالک (ص:۲۰۳ ظهار الحر كتاب الطلاق) کی روایت ہے: قاسم بن محمدؒ سے دریافت کیا گیا: ایک شخص نے کسی عورت کی طلاق کو اس سے نکاح پر معلق کیا تو کیا حکم ہے؟ انھوں نے فرمایا: ایک شخص نے ایک عورت سے ظہار کو اس سے نکاح پر معلق کیا تھا پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو حکم دیا کہ اگر وہ اس سے نکاح کرے تو پہلے ظہار کا کفارہ دے پھر صحبت کرے، پس جب ظہار کی تعلیق صحیح ہے تو طلاق کی بھی صحیح ہے۔

دوسری دلیل: امام طحاوی رحمہ اللہ کی مشکل الآثار (۱:۲۸۱) میں یہ روایت ہے کہ ابن شہاب زہریؒ سے کہا گیا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے: ''نکاح سے پہلے طلاق نہیں'' امام زہریؒ نے کہا: کیوں نہیں! معلوم ہے۔ مگر تم نے اس کا وہ مطلب لیا ہے جو رسول اللہ ﷺ کی مراد نہیں، صورت یہ تھی کہ ایک شخص پر اصرار کیا جاتا کہ فلاں عورت سے نکاح کر، وہ جان بچانے کے لئے کہتا: میں نے اسے طلاق دی! تو یہ کہنا لغو ہے، مگر جو کہے: إن تزوجتُ فهي طالق تو وہ اس کو فی الحال طلاق نہیں دے رہا، بلکہ نکاح کے بعد دے رہا ہے، پس وہ معتبر ہے۔ غرض امام زہریؒ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ مذکورہ بالا روایت عام نہیں، اس سے صرف تنجیز مراد ہے۔

فائدہ: تعلیق کے لئے فی الفور مصداق چاہئے یا نہیں؟ یہ اصول فقہ کا معرکۃ الآراء مسئلہ ہے، چھوٹے دو اماموں کے نزدیک ہر کلام کے لئے فی الفور مصداق چاہئے جس پر وہ تعلیق واقع ہو اور چونکہ تعلیقات میں فی الحال کوئی مصداق نہیں ہوتا اس لئے تعلیقات لغو ہیں، کیونکہ کرسی کے بغیر تعلیق کہاں بیٹھے گی؟ اور بڑے دو اماموں کے نزدیک فی الحال مصداق ضروری نہیں، تعلیق اَدّھر (معلّق) رہتی ہے، جب مصداق وجود میں آتا ہے تب وہ اترتی ہے، جیسے کمپیوٹر سے دوسرے کمپیوٹر کو پیغام بھیجا جائے اور کمپیوٹر بند ہو تو پیغام معلق رہتا ہے، جب کمپیوٹر کھلتا ہے فوراً پیغام اس میں داخل ہو جاتا ہے، اسی طرح تعلیق بھی لٹکی رہتی ہے، جب مصداق پایا جاتا ہے تب اترتی ہے، اس سے پہلے اس کو کرسی کی ضرورت نہیں، اسی طرح موبائل سے پیغام بھیجنے کا معاملہ ہے، اگر سامنے والا موبائل بند ہو تو پیغام منڈلاتا رہتا ہے، جب بھی وہ موبائل اُون کرے گا پیغام داخل ہو جائے گا، اس طرح یہ تعلیق بھی منڈلاتی رہے گی جب محل پایا جائے گا اتر پڑے گی۔

[٦-] باب ماجاء لاطلاق قبل النكاح

[١١٦٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا عَامِرٌ الأَحْوَلُ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''لاَنَذْرَ لِابْنِ آدَمَ فِيْمَا لاَيَمْلِكُ، وَلاَ عِتْقَ لَهُ

فِيمَا لايَمْلِكُ، وَلاَ طَلَاقَ لَهُ فِيمَا لايَمْلِكُ"

وَفِيْ الْبَابِ: عَنْ عَلِيٍّ، وَمُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، وَجَابِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ.

حديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ أَحْسَنُ شَيْئٍ رُوِىَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ، وَهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، رُوِىَ ذٰلِكَ عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، وَالْحَسَنِ، وَسَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، وَعَلِيِّ بنِ الْحُسَيْنِ، وَشُرَيْحٍ، وَجَابِرِ بنِ زَيْدٍ، وَغَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، وَبِهِ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ.

وَرُوِىَ عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ قَالَ فِي الْمَنْصُوْبَةِ: أَنَّهَا تُطَلَّقُ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ، وَالشَّعْبِيِّ، وَغَيْرِهِمَا مِنْ أَهْلِ العِلْمِ، أَنَّهُمْ قَالُوْا: إِذَا وَقَّتَ نُزِّلَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكِ بنِ أَنَسٍ: أَنَّهُ إِذَا سَمَّى امْرَأَةً بِعَيْنِهَا، أَوْ وَقَّتَ وَقْتًا، أَوْ قَالَ: إِنْ تَزَوَّجْتُ مِنْ كُوْرَةِ كَذَا، فَإِنَّهُ إِنْ تَزَوَّجَ فَإِنَّهَا تُطَلَّقُ.

وَأَمَّا ابنُ الْمُبَارَكِ فَشَدَّدَ فِيْ هٰذَا الْبَابِ، وَقَالَ: إِنْ فَعَلَ لاَ أَقُوْلُ: هِىَ حَرَامٌ، وَذُكِرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ؛ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ حَلَفَ بِالطَّلَاقِ أَنْ لَّايَتزَوَّجَ ثُمَّ بَدَالَهُ أَنْ يَتزَوَّجَ: هَلْ لَهُ رُخْصَةٌ أَنْ يَأْخُذَ بِقَوْلِ الْفُقَهَاءِ الَّذِيْنَ رَخَّصُوْا فِيْ هٰذَا؟ فَقَالَ ابنُ الْمُبَارَكِ: إِنْ كَانَ يَرَى هٰذَا الْقَوْلَ حَقًّا مِنْ قَبْلِ أَنْ يُبْتَلَى بِهٰذِهِ الْمَسْأَلَةِ، فَلَهُ أَنْ يَأْخُذَ بِقَوْلِهِمْ، فَأَمَّا مَنْ لَمْ يَرْضَ بِهٰذَا، فَلَمَّا ابْتُلِىَ أَحَبُّ أَنْ يَأْخُذَ بِقَوْلِهِمْ، فَلاَ أَرَى لَهُ ذٰلِكَ.

وَقَالَ أَحْمَدُ: إِنْ تَزَوَّجَ لاَآمُرُهُ أَنْ يُفَارِقَ امْرَأَتَهُ، وَقَالَ إِسْحَاقُ: أَنَا أُجِيْزُ فِيْ الْمَنْصُوْبَةِ لِحَدِيْثِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَإِنْ تَزَوَّجَهَا لاَأَقُوْلُ تَحْرُمُ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ، وَوَسَّعَ إِسْحَاقُ فِيْ غَيْرِ الْمَنْصُوْبَةِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے نو صحابہ وتابعین کے نام لئے ہیں کہ ان کے نزدیک مذکورہ حدیث عام ہے یعنی تنجیز وتعلیق دونوں کو شامل ہے، یہ بات اگرچہ امام ترمذیؒ نے صراحۃً نہیں کہی، مگر ان کی یہی مراد ہے۔ اور اسی کے امام شافعی رحمہ اللہ قائل ہیں۔ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے منصوبہ (وہ عورت جو متعین کردی گئی ہو، اس کو منسوبہ (سین سے) بھی کہہ سکتے ہیں) کے بارے میں فرمایا: اس پر طلاق واقع ہوگی یعنی معین عورت میں تعلیق صحیح ہے (حضرت ابن مسعودؓ کا یہ فتوی حنفیہ کے خلاف نہیں، کیونکہ سائل نے معین عورت کا حکم دریافت کیا ہوگا تو ابن مسعودؓ نے اسی کا جواب دیا، اگر کوئی غیر معین عورت کا حکم پوچھتا تو اس کا جواب بھی شاید آپؓ یہی دیتے، مگر اس زمانہ میں نہ فرضی باتیں پوچھی جاتی تھیں، نہ بیان کی جاتی تھیں۔ ہاں اگر کوئی شخص غیر معین عورت کے بارے میں پوچھتا اور ابن مسعودؓ اس کو غیر صحیح قرار دیتے تو فتوی حنفیہ کے خلاف ہوتا مگر ایسا نہیں ہوا) اور ابراہیم

نخعیؒ اور شعبیؒ وغیرہ اہل علم سے مروی ہے کہ اگر زمانہ متعین کرے (یہی فی الجملہ تعیین ہے) تو تعلیق معتبر ہے (ابراہیم نخعی اور شعبی کے فتاوی امام اعظم کے نزدیک حجت نہیں، کیونکہ وہ بھی امت کے مجتہد ہیں اور امام اعظم بھی مجتہد ہیں، اور ایک مجتہد پر دوسرے مجتہد کی پیروی لازم نہیں، البتہ حضرت ابن مسعودؓ صحابی ہیں اور صحابہ کے اقوال وافعال احناف کے نزدیک حجت ہیں، یعنی مجتہد کی رائے سے مقدم ہیں) اور یہ سفیان ثوریؒ اور امام مالکؒ کا قول ہے کہ جب کسی عورت کو پوری طرح متعین کردے یا شادی کا وقت متعین کرے (مثلاً کہے کہ ایک مہینہ کے اندر شادی کروں تو اسے طلاق) یا کہے: اگر میں فلاں علاقہ کی عورت سے نکاح کروں (یہ دونوں مثالیں فی الجملہ تعیین کی ہیں) پھر اس نے نکاح کیا تو وہ عورت مطلقہ ہوگی۔

رہے ابن المبارک تو انھوں نے مسئلہ میں سختی برتی ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر کوئی ایسا کرے یعنی تعلیق کے بعد نکاح کرے تو میں حرام نہیں کہتا یعنی طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ تعلیق غیر معتبر ہے (یہی رائے چھوٹے دواماموں کی ہے اور یہ مسئلہ کا بیان ہے، ابھی ابن المبارک کی سختی کا تذکرہ نہیں آیا) اور ابن المبارک سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس نے طلاق کی قسم کھائی کہ وہ نکاح نہیں کرے گا، پھر اس کے لئے ظاہر ہوا کہ نکاح کرے تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ ان فقہاء کا قول لے جنھوں نے اس مسئلہ میں آسانی کی ہے؟ ابن المبارک نے فرمایا: اگر وہ اس رائے کو برحق سمجھتا تھا اس سے پہلے کہ وہ اس مسئلہ میں مبتلا ہو تو اس کے لئے ان کے قول پر عمل کرنا جائز ہے، لیکن وہ شخص جو اس قول سے راضی نہیں تھا پھر جب وہ پھنسا تو اب چاہتا ہے کہ وہ ان فقہاء کا قول لے تو میں اس کے لئے اس بات کو جائز نہیں سمجھتا (یہ ابن المبارک کی سختی کا بیان ہے) اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر وہ نکاح کرے تو میں اس کو بیوی علحدہ کرنے کا حکم نہیں دوں گا (یعنی امام احمدؒ کے نزدیک تعلیق غیر معتبر ہے یہی رائے امام شافعیؒ کی بھی ہے) اور امام اسحاقؒ فرماتے ہیں: میں تعلیق کو معتبر قرار دیتا ہوں متعین عورت میں ابن مسعودؓ کی حدیث کی وجہ سے (یعنی منصوبہ میں تعلیق معتبر ہے) اور اگر اس نے تعلیق کے بعد نکاح کیا تو میں نہیں کہوں گا کہ اس پر اس کی بیوی حرام ہے، اور امام اسحاق نے غیر منصوبہ میں گنجائش دی، یعنی اگر عورت پوری طرح یا فی الجملہ متعین نہ ہو تو تعلیق معتبر نہیں، ایسی صورت میں نکاح کرنا درست ہے (امام مالکؒ کی بھی یہی رائے ہے)

تشریح: ابن المبارک کے قول کا مطلب یہ ہے کہ جن ائمہ کے نزدیک تعلیق معتبر ہے ان کے متبعین میں سے اگر کوئی قسم کھائے کہ اگر وہ نکاح کرے تو عورت کو طلاق، پھر وہ نکاح کرنے کا ارادہ کرے تو اس کے لئے اس دوسرے امام کا قول لینا جس کے نزدیک تعلیق غیر معتبر ہے: جائز نہیں، کیونکہ ہر شخص پر اپنے ہی امام کی پیروی واجب ہے۔ ہاں جو شخص اس امام کا مقلد ہے جس کے نزدیک تعلیق درست نہیں: وہ نکاح کرسکتا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابن المبارک نے مسئلہ میں بہت سختی کردی! مگر آج چاروں فقہاء کے متبعین یہی بات کہتے ہیں کہ تقلید شخصی یعنی

کسی معین امام کی تقلید واجب ہے کیونکہ اگر یہ بات واجب نہیں قرار دی جائے گی تو تشہّی (خواہش کی پیروی) کا دروازہ کھل جائے گا، لوگ مجتہدین کی فقہوں میں سے رخصتیں تلاش کریں گے، پس یہ دین پر عمل کہاں رہا یہ تو خواہش کی پیروی ہوگئی جو حرام ہے۔ اس لئے تقلید شخصی واجب ہے مگر واجب لعینہ نہیں بلکہ واجب لغیرہ ہے اور واجب لغیرہ پر دلیل کا مطالبہ درست نہیں (تفصیل کے لئے تحفۃ الالمعی ۱: ۸۰ اور ۲: ۲۱۴ باب ۲۷۳ دیکھیں)

اس حکم سے ایک صورت مستثنیٰ ہے اور وہ یہ ہے کہ کسی مسلک کے اکابر ضرورت کے وقت دوسرے امام کی کوئی رائے اپنے مذہب میں لیں تو اس میں کوئی حرج نہیں، جیسے زوجۂ مفقود کے احکام حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے الحیلۃ الناجزۃ میں فقہ مالکی سے لئے، اور اب تمام احناف کا اس پر عمل ہے۔

سوال: جب چاروں مذاہب برحق ہیں تو دوسرے امام کے مسلک پر علم کرنے کی گنجائش کیوں نہیں؟

جواب: چاروں مذاہب فی نفسہ برحق ہیں، مع غیرہ برحق نہیں مثلاً: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فاتحہ خلف الامام مکروہ تحریمی ہے یہ فی نفسہ برحق ہے، مگر امام شافعیؒ کے مذہب کے اعتبار سے برحق نہیں، اور امام شافعیؒ کے نزدیک فاتحہ خلف الامام فرض ہے، یہ بات ان کے مذہب کے اعتبار سے برحق ہے، مگر امام اعظمؒ کے مذہب کے اعتبار سے برحق نہیں۔ یعنی اگر حنفی فاتحہ پڑھے گا تو اس کی نماز مکروہ تحریمی ہوگی اور شافعی فاتحہ نہیں پڑھے گا تو اس کی نماز نہیں ہوگی، بالفاظ دیگر: ہر مذہب فی نفسہ برحق ہے یعنی عمل کے اعتبار سے برحق ہے، لیکن چاروں مذاہب بالنسبۃ الی الآخر برحق نہیں، ان میں سے کوئی ایک برحق ہے، نفس الامر کے اعتبار سے یا تو مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا برحق ہے یا نہ پڑھنا اور اس سے پردہ آخرت میں کھلے گا۔ آگے ابواب الاحکام میں یہ مسئلہ آئے گا کہ اختلافی مسائل میں عمل کے اعتبار سے حق متعدد ہے اور نفس الامر کے اعتبار سے حق واحد ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو مجتہد حق کو پالے اس کے لئے دوہرا اجر ہے اور جو حق کو چوک جائے اس کے لئے ایک اجر ہے، دونوں کو ثواب ملنا دلیل ہے کہ عمل کے اعتبار سے دونوں حق ہیں لیکن نفس الامر میں حق واحد ہے جو مجتہد اس کو پائے گا اسی کو ڈبل ثواب ملے گا، پس جب کسی حنفی یا مالکی نے تعلیق کی تو اس کے مذہب میں نکاح کی گنجائش نہیں، اب اگر وہ فقہ شافعی پر عمل کرنا چاہے تو جائز نہیں۔

اور امام ترمذی رحمہ اللہ کی بات بھی صحیح ہے کہ ابن المبارک نے مسئلہ بہت سخت کر دیا اس کی تفصیل یہ ہے کہ ترمذی شریف جس زمانہ میں لکھی گئی ہے اس زمانہ میں مذاہبِ فقہیہ دو ہی تھے: حجازی اور عراقی۔ اور تعلیق کی صحت وعدم صحت کا مسئلہ حجازی مکتب فکر میں مختلف فیہ تھا، امام مالک اور امام اسحاق کے نزدیک عورت متعین ہونے کی صورت میں تعلیق درست تھی۔ اور امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک تعلیق درست نہیں تھی، اور ابھی حجازی مکتب فکر تین مذاہب فقہیہ میں منقسم نہیں ہوا تھا اور ایک مکتبِ فکر میں اگر مسئلہ میں اختلاف ہو تو دوسری رائے لی جاسکتی ہے، جیسے ایک حنفی دیوبند کے بجائے سہارن پور کی رائے لے یا اس کے برعکس تو یہ درست ہے، پس امام ترمذیؒ کی بات بھی صحیح ہے اور ابن المبارکؒ

کی بات دو مختلف مکاتبِ فکر سے متعلق ہے، یعنی عراقی مکتبِ فکر کا معتقد تعلیق کرے پھر حجازی مکتبِ فکر کے مجتہدین میں سے امام شافعیؒ اور امام احمدؒ کے قول پر عمل کرنا چاہے تو یہ بات درست نہیں، کیونکہ یہ تقلید میں تلفیق ہے یعنی کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا ملانا ہے جو حرام ہے، معین راہ اپنانا ضروری ہے، پھر جب حجازی مکتبِ فکر تین مختلف مذاہب میں منقسم ہوگیا تو ان کے تعلق سے بھی ابن المبارک کی بات صحیح ہوگئی۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاءَ أَنَّ طَلاَقَ الأَمَةِ تَطْلِيْقَتانِ

باندی کی طلاقیں دو ہیں

حنفیہ کے نزدیک طلاق میں عورت کا اعتبار ہے، عورت اگر آزاد ہے تو شوہر تین طلاقیں دے سکتا ہے، خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام، اور عورت اگر باندی ہے تو دو طلاقیں دے سکتا ہے، خواہ شوہر آزاد ہو یا غلام۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مرد کا اعتبار ہے، اگر شوہر آزاد ہے تو تین طلاقیں دے سکتا ہے، خواہ بیوی آزاد ہو یا باندی، اور اگر شوہر غلام ہے تو دو طلاقیں دے سکتا ہے، بیوی خواہ آزاد ہو یا باندی، یہ مسئلہ پہلے ابواب النکاح باب ۴۳ میں بھی ضمناً گذر چکا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''باندی کی طلاقیں دو ہیں اور اس کی عدت دو حیض ہیں''

تشریح: باندی کی عدت آدھی ہے، حیض یا طہر سے قطع نظر اور یہ اجماعی مسئلہ ہے یعنی عدت میں عورت کا اعتبار ہے، عورت اگر باندی ہے تو اس کی عدت دو حیض (حنفیہ اور حنابلہ کے نزدیک) یا دو طہر (امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک) ہیں اور اگر عورت آزاد ہے تو عدت تین حیض یا تین طہر ہیں۔ اور اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوئیں۔

اول: طلاق میں اعتبار عورت کا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: باندی کی طلاقیں دو ہیں، معلوم ہوا: طلاق میں اعتبار عورت کا ہے۔

دوم: قروء کے معنی حیض کے ہیں، کیونکہ جب باندی کے حق میں قروء کے معنی حیض کے ہیں تو آزاد عورت کے حق میں بھی اس کے معنی حیض ہی کے ہونگے۔

ملحوظہ: یہ حدیث مظاہر بن اسلم کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر اس مسئلہ میں کہ طلاق میں اعتبار عورت کا ہے: احناف کے پاس دلیل ہے، اگرچہ ضعیف ہے اور ائمہ ثلاثہ کے پاس تو کوئی ضعیف حدیث بھی نہیں۔ انھوں نے قروء کے معنی طہر اس دلیل سے سمجھے ہیں جس کا تذکرہ کتاب الطلاق کے پہلے باب میں گذر چکا ہے۔

[۷-] باب ماجاء أَنَّ طلاق الأمة تَطْلِيْقَتَان

[۱۱۶۶-] حدثنا مُحَمَّدُ بنُ يَحْيىَ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عنِ ابنِ جُرَيْجٍ، قالَ: نَا مُظَاهِرُ بنُ أَسْلَمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' طَلاَقُ الأَمَةِ

تَطْلِيْقَتَانِ، وَعِدَّتُهَا حَيْضَتَانِ"

قَالَ مُحَمَّدُ بنُ يَحْيىَ: نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا مُظَاهِرٌ بِهٰذَا، قَالَ: وَفِيْ الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ.

حديثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُظَاهِرِ بنِ أَسْلَمَ، وَمُظَاهِرٌ: لَايُعْرَفُ لَهُ فِيْ العِلْمِ غَيْرُ هٰذَا الحَدِيْثِ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَالشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وضاحت: هٰذَا کا مشارٌ الیہ باندی کی عدت ہے اس میں اجماع ہے۔ باندی کی طلاق مشار الیہ نہیں کیونکہ اس میں اختلاف ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي مَنْ يُحَدِّثُ نَفْسَهُ بِطَلاَقِ امْرَأَتِهِ

طلاق کا خیال (وسوسہ) آنے سے طلاق نہیں ہوتی

دل ودماغ میں طلاق کا وسوسہ اور خیال آئے اور آدمی اپنے دل سے باتیں کرے کہ اس نے بیوی کو طلاق دی تو طلاق واقع نہ ہوگی جب تک منہ سے طلاق کا تلفظ نہ کرے۔ اور تلفظ کرنے کی دوصورتیں ہیں: جہری اور سری، جہری تلفظ تو ظاہر ہے اور سری کی ادنی مقدار تصحیح حروف ہے یعنی زبان حرکت کرے۔ مخارج پر جا کر لگے اور حروف کی ادائیگی ہو اور سر کا اعلیٰ درجہ إسماعُ النفس ہے یعنی خود کو سنانا، جب سر کا کم سے کم درجہ پایا جائے گا تو طلاق واقع ہوگی۔ دل ودماغ میں خیال پکانے سے طلاق واقع نہیں ہوتی۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری امت کے فائدہ کے لئے ان باتوں سے (مَا سے پہلے عَنْ پوشیدہ ہے) درگذر کیا ہے جن کے ساتھ امت کے نفوس باتیں کرتے ہیں، یعنی جن باتوں کو آدمی سوچتا ہے ان سے اللہ تعالیٰ نے درگذر فرمایا ہے جب تک اس بات کو منہ سے نہ بولے (تکلَّم کی تقدیر: تَتَکلَّم ہے) یا اس پر عمل نہ کرے (تَعْمَل سے پہلے لَمْ پوشیدہ ہے)

تشریح: اس حدیث کا سورۃ البقرہ کی آیت ۲۸۴ ﴿وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾ سے تعارض ہے، آیتِ پاک میں ارشاد یہ ہے کہ جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں، خواہ تم ان کو ظاہر کرو یا پوشیدہ رکھو، اللہ تعالیٰ تمہاری ان کی وجہ سے داروگیر فرمائیں گے، معلوم ہوا کہ دل کی باتوں پر بھی محاسبہ ہوگا پس طلاق بھی واقع ہونی چاہئے؟ اس تعارض کے دو جواب ہیں:

پہلا جواب: یہ ہے کہ یہ حدیث احکام دنیا سے متعلق ہے اور آیتِ پاک احکام آخرت سے متعلق ہے، پس کوئی

تعارض نہیں۔اورحدیث کا مطلب یہ ہے کہ نکاح، طلاق، عتاق، بیع اور ہبہ وغیرہ محض دل میں ارادہ کر لینے سے منعقد نہیں ہوجاتے ان کا تلفظ ضروری ہے، اور آیتِ پاک کا مطلب یہ ہے کہ عقائد فاسدہ، اخلاق مذمومہ، اور گناہوں کا پختہ ارادہ کرنے کی صورت میں بھی آخرت میں مؤاخذہ ہوگا۔

دوسرا جواب: یہ ہے کہ حدیث میں مراد وساوس اور غیر اختیاری خیالات ہیں جو انسان کے دل میں بغیر قصد وارادہ کے آتے ہیں بلکہ ان کے خلاف کا ارادہ کرنے پر بھی آتے رہتے ہیں، ایسی غیر اختیاری باتوں کو اس امت پر مہربانی کرتے ہوئے معاف کردیا گیا ہے۔ اور آیتِ پاک میں مراد وہ ارادے اور نیتیں ہیں جو انسان اپنے کسب واختیار سے اپنے دل میں جماتا ہے اور اس کو عمل میں لانے کی کوشش کرتا ہے، مگر اتفاق سے کچھ موانع پیش آجاتے ہیں، جن کی بناء پر ان پر عمل نہیں کرپاتا، قیامت کے دن ان پر محاسبہ ہوگا، جیسے دو مسلمان تلواریں لے کر بھڑیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جائیں گے، کیونکہ مقتول مرنے نہیں آیا تھا مارنے آیا تھا، مگر اتفاق سے مار نہ سکا مر گیا پس وہ بھی حقیقت میں قاتل ہے۔ یہ مضمون صحیح حدیث میں آیا ہے۔

[۸-] باب ماجاء فیمن یحدث نفسهُ بطلاقِ امْرَأَتِهِ

[۱۱۶۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بنِ أَوْفی، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: ”تَجَاوَزَ اللّٰهُ لِأُمَّتِیْ مَا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسُهَا، مَالَمْ تَكَلَّمْ بِهِ، أَوْ تَعْمَلْ بِهِ“

هٰذَا حَدِیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الرَّجُلَ إِذَا حَدَّثَ نَفْسَهُ بِالطَّلَاقِ، لَمْ یَكُنْ شَیْئًا حَتَّی یَتَكَلَّمَ بِهِ.

ترجمہ: اگر کوئی شخص اپنے نفس سے طلاق کے بارے میں بات کرے یعنی دل میں طلاق کا خیال آئے تو وہ کچھ نہیں، تا آنکہ وہ اس کو زبان سے بولے۔

باب ماجاءَ فِی الْجِدِّ والهَزْلِ فِیْ الطَّلَاقِ

طلاق میں سنجیدگی اور دل لگی برابر ہیں

جِدٌّ کے معنی ہیں: سنجیدگی یعنی کوئی کلام بول کر اس کے معنی مراد لینا۔ اور هَزْلٌ کے معنی ہیں: دل لگی، یعنی کوئی کلام بول کر اس کے معنی مراد نہ لینا، بس یونہی کوئی بات بول دینا۔ ابواب الرضاع باب ۳ میں یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ وہ معاملات جن میں اقالہ نہیں ہوسکتا یعنی جو ہونے کے بعد ختم نہیں ہوسکتے، فقہاء کی اصطلاح میں وہ ”یمین“ کہلاتے ہیں، اور جن معاملات میں اقالہ ہوسکتا ہے، فقہاء کی اصطلاح میں وہ ”بیوع“ کہلاتے ہیں۔ اب یہ قاعدہ جان لیں

کہ جو باتیں ایمان کے قبیل سے ہیں ان میں سنجیدگی اور دل لگی یکساں ہیں، سنجیدگی تو سنجیدگی ہے ہی، دل لگی کے طور پر کہی ہوئی بات بھی سنجیدگی ہے۔ اور جو امور از قبیلِ بیوع ہیں ان میں سنجیدگی: سنجیدگی ہے اور دل لگی: دل لگی ہے۔ اس حدیث میں پہلی قسم کے معاملات کی تین مثالیں دی ہیں: نکاح، طلاق اور رجعت۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ان میں سنجیدگی تو سنجیدگی ہے، دل لگی بھی سنجیدگی ہے، اگر واقعی طلاق دینا مقصود ہے تو بھی طلاق ہوگی اور مذاق میں طلاق دی تو بھی طلاق ہوجائے گی، فقہاء نے اس حدیث سے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ ایمان میں ہزل اثر انداز نہیں ہوتا، مذاق کے طور پر نکاح کیا یا قسم کھائی یا رجعت کی تو بھی یہ معاملات ہوگئے۔

[٩-] باب ماجاء فی الجِدِّ والهَزْلِ فی الطَّلاَقِ

[١١٦٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَرْدَكَ مَدِيْنِيٌّ، عَنْ عَطَاءٍ، عنِ ابنِ مَاهَكَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " ثَلاَثٌ جِدُّهُنَّ جِدٌّ، وَهَزْلُهُنَّ جِدٌّ: النِّكَاحُ وَالطَّلاَقُ وَالرَّجْعَةُ"

هٰذَا حَدِيْثٌ حسنٌ غريبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ.

وَعَبْدُ الرحمنِ: هُوَ ابنُ حَبِيْبِ بنِ أَرْدَكَ، وابنُ مَاهَكَ: هُوَ عِنْدِيْ يُوْسُفُ بنُ مَاهَكَ.

بابُ ماجاءَ فی الخُلْعِ

خلع کا بیان

خلع کا مسئلہ قرآنِ مجید میں صراحۃً آیا ہے: ﴿فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ، فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ﴾ یعنی اگر تم لوگ ڈرو کہ زوجین اللہ کے حکم کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں کہ عورت فدیہ دیدے اور نکاح سے نکل جائے (سورۃ البقرہ آیت ۲۲۹) اور جب یہ مسئلہ قرآن میں آگیا تو اب حدیثوں میں نہیں آئے گا اور اگر آئے گا تو اس کا شانِ نزول آئے گا کہ کس موقع پر یہ آیت نازل ہوئی ہے۔

جاننا چاہئے کہ دو چیزیں ہیں: خلع اور طلاق علی المال۔ دونوں حقیقت میں ایک ہیں، صرف لفظوں کا فرق ہے۔ اگر زوجین کی گفتگو میں لفظ خلع آیا ہے تو خلع ہے اور لفظ طلاق آیا ہے تو طلاق علی المال ہے، مثلاً: عورت نے شوہر سے کہا: آپ مجھے ایک ہزار روپے کے عوض میں طلاق دیں اور شوہر نے کہا: میں نے دی تو یہ طلاق علی المال ہے اور ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، اور اگر عورت کہے: ہزار روپے میں میرا خلع کردیں اور شوہر نے کہا: میں نے کردیا تو یہ خلع

ہے اوراس سے بھی ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، یا شوہر بیوی سے کہے: میں تجھے ہزار روپے کے عوض میں طلاق دیتا ہوں تو یہ طلاق علی المال ہے، اور اگر کہے: میں ہزار روپے کے عوض تیرا خلع کرتا ہوں تو یہ خلع ہے، اور دونوں صورتوں میں ایک طلاق بائنہ واقع ہوگی، اور عورت پر ایک ہزار روپے واجب ہوجائیں گے۔

غرض خلع میں ایک طلاق بائنہ واقع ہوتی ہے مگر یہ کہ باہمی گفتگو میں دو یا تین طلاقوں کا ذکر آئے پس اتنی طلاقیں واقع ہونگی جتنی ذکر کی گئی ہیں اور مختلِعہ (خلع کرنے والی عورت) کی عدت تین حیض یا تین طہر ہیں، اور اگر حیض نہ آتا ہو تو تین مہینے ہیں، البتہ بعض شوافع اور ابن تیمیہ کے نزدیک خلع: فسخ نکاح ہے، پس مختلعہ کی عدت ایک حیض یا ایک طہر ہے، ان کا استدلال باب کی حدیث سے ہے۔

حدیث (۱): حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا نے نبی ﷺ کے زمانہ میں اپنے شوہر سے خلع کیا، پس نبی ﷺ نے یا کسی نے ان کو حیض سے عدت گذارنے کا حکم دیا۔

تشریح: حضرت ربیع کے شوہر کون تھے؟ اور یہ واقعہ کس زمانہ کا ہے؟ شوہر کا نام تو کسی روایت میں نہیں آیا، البتہ یہ واقعہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے آخری زمانہ کا ہے، جبکہ حضرت عثمان محصور (نظر بند) تھے، نسائی (حدیث ۳۴۹۷) اور ابن ماجہ (حدیث ۲۰۵۸) میں اس کی صراحت ہے، مگر چونکہ آئندہ واقعہ بھی حضرت ربیع بیان کرتی ہیں (نسائی حدیث ۳۴۹۷) اس لئے بعض رواۃ کو غلط فہمی ہوئی اور انھوں نے حضرت ربیع کے واقعہ کو بھی عصر نبوی کا قرار دیدیا، پس اس روایت میں جو شک راوی ہے: أَمَرَهَا النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم أَوْ: أُمِرَتْ: اس میں صحیح أُمِرَتْ ہے کیونکہ یہ واقعہ نبی ﷺ کے زمانہ کا نہیں ہے، اور نسائی (۶: ۱۸۶ مصری) میں صراحت ہے کہ ان کے بھائی عثمان نے یہ حکم دیا تھا، امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہی بات فرمائی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ نے اپنی بیوی کی پٹائی کی اور ان کا ہاتھ توڑ دیا، یہ مقدمہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا، شوہر نے کہا: میں نے مہر میں کھجور کا ایک باغ دیا ہے، ان کی بیوی نے وہ باغ ان کو واپس کردیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: باغ واپس لے لو اور بیوی کو طلاق دیدو۔ بخاری (حدیث ۵۲۷۳) میں ہے: أقبل الحدیقةَ وطلِّقها تطلیقة اس حدیث میں آپ ؐ نے خلع کو طلاق کے لفظ سے تعبیر کیا ہے، یہی ائمہ اربعہ کی رائے ہے کہ خلع سے طلاق بائنہ واقع ہوتی ہے۔ خلع فسخ نکاح نہیں، پھر نبی ﷺ نے جو ان کو حیض سے عدت گذارنے کا حکم دیا تھا، اس سے جنسِ حیض مراد ہے یعنی خلع کرنے والی عورت حیض سے عدت گذارے گی، مہینوں سے عدت نہیں گذارے گی، اور نسائی کی روایت میں جو واحدة کی قید ہے اس سے ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہے کہ خلع فسخ نکاح ہے، کیونکہ ایک حیض عدت فسخ نکاح میں گذاری جاتی ہے، مگر ائمہ اربعہ فرماتے ہیں کہ یہ راوی کا تصرف ہے اس نے حیضةُ کی ۃ کو تاء وحدت سمجھ لیا، اور واحدةُ بڑھادیا۔

[۱۰-] باب ماجاء في الخُلْعِ

[۱۱۶۹-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ سُفْيَانَ، نَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَهُوَ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ،عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بنِ عَفْرَاءَ: أَنَّهَا اخْتَعَلَتْ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ: أُمِرَتْ أَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ.

وَفِي الْبَابِ: عنِ ابنِ عبَّاسٍ، قالَ أبو عيسىٰ: حديثُ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ: الصَّحِيْحُ: أَنَّهَا أُمِرَتْ أَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ.

[۱۱۷۰-] حدثنا محمدُ بنُ عَبدِ الرحيمِ الْبَغْدَادِيُّ، حدثنا عَلِيُّ بنُ بَحْرٍ، حدثنا هِشَامُ بنُ يُوْسُفَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ امْرَأَةَ ثَابِتِ بنِ قَيْسٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا عَلَى عَهْدِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ تَعْتَدَّ بِحَيْضَةٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ،واخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ عِدَّةِ الْمُخْتَلِعَةِ:فَقَالَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: إِنَّ عِدَّةَ الْمُخْتَلِعَةِ عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ حَيْضَةٌ، قَالَ إِسْحَاقُ: وَإِنْ ذَهَبَ ذَاهِبٌ إِلَى هٰذَا فَهُوَ مَذْهَبٌ قَوِيٌّ.

وضاحت: پہلی حدیث میں لفظ أُمِرَتْ صحیح ہے، أَمَرَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم صحیح نہیں، کیونکہ حضرت ربیع کا واقعہ دورِ نبوی کا نہیں ہے۔

ترجمہ: مختلعہ کی عدت میں علماء کا اختلاف ہے، صحابہ وغیرہ میں سے اکثر اہل علم کہتے ہیں کہ مختلعہ کی عدت وہی ہے جو مطلقہ کی ہے...... اور بعض کہتے ہیں: مختلعہ کی عدت ایک حیض ہے (کیونکہ خلع: فسخ نکاح ہے) حضرت اسحاق رحمہ اللہ کہتے ہیں: اگر کوئی اس مذہب کو اختیار کرے تو یہ بھی قوی مذہب ہے (مگر حضرت نے خود اس کو اختیار نہیں کیا، معلوم ہوا کہ اقوی مذہب جمہور کا ہے)

بابُ ماجاءَ في الْمُخْتَلِعَاتِ

خلع کرنے والی عورتوں کے لئے وعید

بعض مرد ایسے ہوتے ہیں جو بیوی کو اس لئے طلاق دیتے ہیں کہ اس کی جگہ دوسری لاکر نیا مزہ چکھیں، اور بعض عورتیں بھی اسی غرض سے شوہروں سے طلاق لیتی ہیں۔ یہ مرد وزن اللہ کو پسند نہیں۔ طبرانی کی معجم کبیر میں روایت

ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ذَوّاقین (چکھنے والے مردوں) اور ذوّاقات (چکھنے والی عورتوں) کو پسند نہیں فرماتے۔ اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''خلع لینے والی عورتیں ہی منافق ہیں۔ جس طرح منافق کا ظاہر کچھ اور باطن کچھ ہوتا ہے اسی طرح جو عورتیں بلا وجہ خلع لیتی ہیں وہ بہ ظاہر ہمیشہ کے لئے نکاح کرتی ہیں، مگر ان کی نیت کچھ اور ہوتی ہے، اس اعتبار سے ان کو منافق کہا گیا ہے۔ اور حضرت ثوبانؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو عورت اپنے شوہر سے کسی سختی کے بغیر طلاق کا مطالبہ کرے اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے، ہاں اگر کسی عورت کو کسی مرد کے ساتھ رہنے میں واقعی بہت تکلیف ہے اور وہ طلاق طلب کرے تو اس کے لئے یہ وعید نہیں۔ اور جاننا چاہئے کہ یہ آدھا مضمون ہے، یہی حکم مردوں کا بھی ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی المختلِعَاتِ

[۱۱۷۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا مُزَاحِمُ بنُ ذَوَّادِ بنِ عُلْبَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِی الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِی زُرعَةَ، عن أَبِی إِدْرِيْسَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' الْمُخْتَلِعَاتُ هُنَّ الْمُنَافِقَاتُ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ.

[۱۱۷۲-] وَرُوِیَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: '' أَيُّمَا امرأَةٍ اخْتَلَعَتْ مِنْ زَوْجِهَا مِنْ غَيْرِ بَأْسٍ، لَمْ تَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ'' حدثنا بِذَلِكَ مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، حدثنا عبدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، حدثنا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِی قِلَابَةَ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ ثَوْبَانَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' أَيُّمَا امْرَأَةٍ سَأَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا مِنْ غَيْرِ بَأْسٍ، فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ''

وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ، ويُرْوَى هٰذَا الحديثُ عَنْ أَيُّوْبَ، عن أَبِی قِلَابَةَ، عَنْ أَبِی أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ: عَنْ أَيُّوْبَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وضاحت: حدیث نمبر ۱۱۷۱ میں ذوّاد بن عُلبہ ضعیف راوی ہے، اور ابو الخطاب مجہول ہے، اور حدیث نمبر ۱۱۷۲ ایوب سختیانی سے مرفوع بھی مروی ہے اور موقوف بھی۔ اور عَمَّنْ حَدَّثَهُ سے ابو اسماء مراد ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی مُدَارَاةِ النِّسَاءِ

عورتوں کے ساتھ رکھ رکھاؤ (خاطر داری) کا معاملہ کرنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک عورت پسلی کی طرح ہے ——— اور متفق علیہ حدیث میں ہے کہ عورتیں پسلی سے پیدا کی گئی ہیں اور پسلیوں میں سب سے ٹیڑھی پسلی اوپر کی ہے، یعنی اس نہایت کج پسلی سے عورتیں پیدا کی

گئی ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۳۲۳۸) ——— اگر تم اس کو سیدھا کرنے کی کوشش کروگے تو اس کو توڑ بیٹھوگے اور اگر اس کو چھوڑ دوگے تو اس سے کجی کے باوجود فائدہ اٹھاتے رہوگے۔

تشریح:

۱– اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ عورتوں کی جبلّت اور سرشت میں کجی ہے جس طرح پسلی کی فطرت میں کجی ہے، لہٰذا مرد کو عورت کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہئے، اس کے درپے نہیں ہونا چاہئے کہ اس کو سیدھا کرکے چھوڑے، یہ بات ناممکن ہے، اگر ایسا چاہے گا تو وہ پسلی کو توڑ بیٹھے گا، اور اس کا توڑنا یہ ہے کہ طلاق کی نوبت آجائے گی۔ مسلم شریف میں ہے: وکسرُھا طلاقُھا: اور عورت کو توڑ دینا اس کو طلاق دینا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۲۳۹) اس لئے مردوں کو چاہئے کہ ان کی معمولی غلطیوں کو نظر انداز کریں اور ان کے ساتھ بہتر سلوک کریں، اس طرح وہ عورت سے فائدہ حاصل کرتے رہیں گے۔

جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں مدارت کا بیان ہے، مداہنت کا نہیں۔ اگر عورت کی چال چلن صحیح نہ ہو یا عورت نافرمان ہو اور اس کے نشوز کا علاج مقصود ہو یا اس قسم کی کوئی اور بات پیش نظر ہو تو سخت معاملہ بھی کیا جاسکتا ہے، قرآنِ کریم میں اور احادیث میں اس کی صراحت ہے۔

۲– اس حدیث میں عورت کی تخلیق کا بیان نہیں ہے بلکہ نسوانی فطرت میں نہایت کجی کی تمثیل ہے، عام طور پر ایسا سمجھا جاتا ہے کہ اس حدیث میں عورت کی تخلیق کا بیان ہے یعنی عورت شوہر کی پسلی سے پیدا کی گئی ہے، یہ بات مشاہدہ کے خلاف ہے، بہت سی عورتیں زندگی بھر شادی نہیں کرتیں، اور بعض عورتیں شوہر سے پہلے پیدا ہوتی ہیں وہ کس کی پسلی سے پیدا ہوتی ہیں؟ غرض یہ بات بدیہی البطلان ہے اور قرآن وحدیث میں اس سلسلہ میں کوئی واضح بات نہیں، اور سورۃ النساء کی پہلی آیت میں جو ﴿خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ﴾ آیا ہے اس سے نفسِ انسانی مراد ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام کا وہاں صراحۃً ذکر نہیں، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ کی اصطلاح میں یہ روحِ اعظم (انسانِ اکبر) ہے، عالم مثال میں اس کا وجود ہے، اور تمام انسان مذکر بھی اور مؤنث بھی اسی کے افراد ہیں، اور بعد از مرگ سب اسی میں جاکر مل جاتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہر صنف کا جوڑا اسی صنف سے پیدا کیا گیا ہے، اسی صورت میں باہمی مودت ورحمت کا تحقق ہوسکتا ہے، اگر انسان کا جوڑا بھینس یا بکری ہوتی تو باہم کیا موافقت ہوتی؟ آیتِ کریمہ میں یہی مضمون ہے کہ اللہ نے مردوں اور عورتوں کو ایک ہی نفس انسانی سے پیدا کیا ہے، پھر ان دونوں سے نسل پھیلائی ہے۔

اور لوگوں میں جو مشہور ہے کہ حضرت حواء رضی اللہ عنہا حضرت آدم علیہ السلام کی بائیں جانب کی سب سے اوپر کی پسلی سے پیدا کی گئیں ہیں، یہ تصور بائبل (کتاب پیدائش باب ۲ آیات ۲۲-۲۴) کا ہے، پھر وہاں سے اسلامی روایات

میں آیا ہے جبکہ روح المعانی میں سورۃ النساء کی اسی آیت کی تفسیر میں حاشیہ میں خود مفسر نے امام باقر رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ جس مٹی سے حضرت آدم علیہ السلام پیدا کئے گئے تھے اس کے باقی ماندہ سے حضرت حواء رضی اللہ عنہا پیدا کی گئی تھیں، اور یہی بات قرینِ عقل ہے، تمام حیوانات جن میں توالد وتناسل کا سلسلہ قائم ہے ان کے پہلے افراد (مذکرومؤنث) مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں، کوئی مادہ: نر کی پسلی سے نہیں پیدا کی گئی۔ واللہ اعلم

[١٢-] باب ماجاء فی مُدَارَاةِ النِّسَاءِ

[١١٧٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِیْ زِیَادٍ، ثَنَا یَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِیْمَ بنِ سَعْدٍ، ثَنَا ابنُ أَخِیْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "إِنَّ الْمَرْأَةَ کَالضِّلَعِ، إِنْ ذَهَبْتَ تُقِیْمُهَا کَسَرْتَهَا، وَإِنْ تَرَکْتَهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا عَلَی عِوَجٍ"

وَفِی الْبَابِ: عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، وَسَمُرَةَ، وَعَائِشَةَ، حدیثُ أَبِیْ هُرَیْرَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: مدارات کے معنی ہیں: رکھ رکھاؤ، طرح دینا، خاطر کرنا، اس طرح معاملہ کرنا کہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے۔ حافظ شیرازی کے ایک شعر سے یہ بات خوب سمجھ میں آجائے گی، فرماتے ہیں:

آسائشِ دوگیتی تفسیر ایں دوحرف است ❁ بادوستان تلطف، بادشمناں مدارا

یعنی دونوں جہاں کا آرام ان دو باتوں میں مضمر ہے÷ دوستوں کے ساتھ نرمی اور دشمنوں کے ساتھ وضع داری۔ اسی طرح بیویوں کے ساتھ بڑا پن برتا جائے اور اچھا معاملہ نہ کیا جائے تو گاڑی پٹڑی سے اترنے نہیں پائے گی۔

بابُ ماجاءَ فی الرَّجُلِ یَسْأَلُهُ أَبُوْهُ أَنْ یُّطَلِّقَ امْرَأَتَهُ

باپ: بیوی کو طلاق دینے کے لئے کہے تو بیٹا کیا کرے؟

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میرے نکاح میں ایک عورت تھی، وہ مجھے بہت پسند تھی اور میرے ابا اس کو (میرے لئے) ناپسند کرتے تھے، پس میرے ابا نے مجھے حکم دیا کہ اس کو طلاق دیدو، میں نے انکار کیا (یعنی فوراً طلاق نہیں دی) اور میں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: اے ابن عمرؓ! اپنی بیوی کو طلاق دیدو یعنی اپنے باپ کا کہنا مانو۔

تشریح:

١- یہ حدیث تفصیل سے ابواب الطلاق کے شروع میں گذر چکی ہے، وہاں بتلایا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

ایک مصلحت سے طلاق دینے کا حکم دیا تھا، اور حضرت گنگوہی قدس سرہ نے الکوکب الدری میں فرمایا ہے کہ اگر والدین کا حکم شریعت کے خلاف نہ ہو تو ان کی اطاعت واجب ہے، البتہ ناجائز اور گناہ کے کاموں میں والدین کی کیا کسی کی بھی اطاعت جائز نہیں۔ حدیث شریف میں ہے: خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں (مشکوٰۃ حدیث ۳۶۹۶) اور والدین کا بھی ہر حکم واجب الاطاعہ نہیں۔ تفصیل کے لئے تفسیر ہدایت القرآن ۵:۶۰ پارہ ۱۵ رکوع ۳ دیکھیں۔

۲- حضرت ابن عمرؓ نے طلاق دینے سے زبانی انکار نہیں کیا تھا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ بات ممکن نہیں تھی، پھر ابن عمرؓ جیسے اطاعت شعار بیٹے سے اس کی امید بھی کیسے کی جاسکتی ہے؟! بلکہ انھوں نے یہ خیال کر کے کہ نبی ﷺ سے سفارش کرائیں گے: فوراً طلاق نہیں دی، پس یہ فعلی انکار تھا، قولی نہیں۔

[۱۳-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ یَسْأَلُهُ أَبُوْهُ أَنْ یُطَلِّقَ امْرَأَتَهُ

[۱۱۷٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمّدٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَمْزَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عنِ ابنِ عُمَرَ: قَالَ: كَانَتْ تَحْتِیْ امْرَأَةٌ أُحِبُّهَا، وَكَانَ أَبِیْ یَكْرَهُهَا، فَأَمَرَنِیْ أَبِیْ أَنْ أُطَلِّقَهَا، فَأَبَیْتُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: "یا عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ! طَلِّقِ امْرَأَتَكَ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدیثِ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ.

بابُ ماجاءَ لاَتَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلاَقَ أُخْتِهَا

سوکن کی طلاق کا مطالبہ

معاشرتی خرابیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر کسی کی دو یا زیادہ بیویاں ہوتی ہیں تو ہر بیوی اپنی سوکن کے خلاف شوہر کے کان بھرتی رہتی ہے، یہاں تک کہ ایک غالب آجاتی ہے پس شوہر دوسری کو طلاق دے دیتا ہے۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "کوئی عورت اپنی بہن کی طلاق کا مطالبہ نہ کرے" ——— سوکن کو "بہن" جذبۂ ترحم ابھارنے کے لئے کہا گیا ہے ——— تاکہ وہ (اپنے برتن میں) انڈیل لے اس چیز کو جو اس (دوسری) کے برتن میں ہے، یعنی وہ اپنے شوہر کے لئے خالص ہوجائے، سوکن کا کانٹا درمیان سے نکل جائے۔ آپ ﷺ نے یہ مضمون بہترین انداز سے تمثیلی پیرایہ میں بیان فرمایا ہے۔

[۱٤-] باب ماجاء لاَتسألِ المرأةُ طَلاَقَ أُخْتِهَا

[۱۱۷۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ،

يُبْلُغُ بِهِ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" لَاتَسْأَلِ الْمَرْأَةُ طَلَاقَ أُخْتِهَا، لِتَكْفِيءَ مَا فِی إِنَائِهَا"وفی الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، حديثُ أَبی هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی طَلَاقِ الْمَعْتُوْهِ

مجنون کی طلاق کا حکم

معتوہ: کے لغوی معنی ہیں: آفت زدہ، کم عقل، مگر مراد مکمل پاگل ہے۔ اگر پاگل اپنی بیوی کو طلاق دے تو وہ لغو ہے، کیونکہ وقوعِ طلاق ایک حکم شرعی ہے اور تکلیف کا مدار عقل پر ہے جو پاگل میں مفقود ہے، اس لئے اس کی طلاق واقع نہیں ہوتی، نیز پاگل کی طرف سے ولی یا وکیل بھی طلاق نہیں دے سکتا، پس اگر کسی عورت کا شوہر پاگل ہو، اور وہ اس سے چھٹکارا چاہتی ہو تو اس کو قاضی، امارتِ شرعیہ یا شرعی پنچایت میں جانا چاہئے، وہ اس کا مسئلہ حل کریں گے۔

مسئلہ: اگر کوئی پاگل ایسا ہو جو کبھی ٹھیک ہوتا ہو، جیسے گرمیوں میں پاگل ہوگیا اور سردیوں میں ٹھیک ہوگیا، وہ اگر افاقہ کی حالت میں طلاق دے تو طلاق واقع ہوگی۔

[۱۵-] باب ماجاء فی طلاقِ المَعْتُوْهِ

[۱۱۷۶-] حدثنا محمدُ بنُ عَبدِ الأَعْلَی، ثَنَا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِیُّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ عَجْلَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ خَالِدِ الْمَخْزُوْمِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرِيرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللہِ صلی اللہ علیه وسلم:" كُلُّ طَلَاقٍ جَائِزٌ، إِلَّا طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلَی عَقْلِهِ"

هٰذَا حديثٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءِ بنِ عَجْلَانَ، وَعَطَاءُ بنُ عَجْلَانَ ضَعِيْفٌ، ذَاهِبُ الْحَدِيْثِ.

وَالعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ؛ أَنَّ طَلَاقَ الْمَعْتُوْهِ الْمَغْلُوْبِ عَلَی عَقْلِهِ لَايَجُوْزُ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ مَعْتُوْهًا يُفِيْقُ الْأَحْيَانَ، فَيُطَلِّقُ فِی حَالِ إِفَاقَتِهِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر طلاق نافذ ہے سوائے معتوہ کی طلاق کے جس کی عقل ماری گئی ہو (چونکہ معتوہ کم عقل کو کہتے ہیں اس لئے عطف بیان لائے کہ یہاں معتوہ سے کامل پاگل مراد ہے) اس حدیث کو صرف عطاء بن عجلان نے مرفوع کیا ہے اور عطاء بن عجلان ضعیف ہے، اس کو اپنی حدیثیں یاد نہیں تھیں، اور اس پر صحابہ وغیرہ اہلِ علم کا عمل ہے کہ معتوہ کی طلاق جس کی ساری عقل ماری گئی ہو نافذ نہیں ہوگی، مگر یہ کہ وہ معتوہ ایسا ہو جس کو بعض اوقات میں افاقہ ہوتا ہو، پس وہ اپنے افاقہ کی حالت میں طلاق دے تو درست ہے۔

بابٌ

طلاقوں کی تحدید کب عمل میں آئی؟

زمانۂ جاہلیت میں طلاق کی کوئی تحدید نہیں تھی، لوگ جتنی چاہتے تھے طلاقیں دیتے تھے، بس شرط یہ تھی کہ عدت میں رجوع کرلے تو بیوی بچ جائے گی، اور اگر عدت گذر گئی تو بیوی نکاح سے نکل گئی۔ اس سلسلہ میں ایک واقعہ پیش آیا: ایک شوہر نے اپنی بیوی سے کہا: ادّھر لٹکا دوں گا! بیوی نے پوچھا کیسے؟ شوہر نے کہا: طلاق دوں گا، پھر جب عدت پوری ہونے کو آئے گی تو رجوع کرلوں گا، پھر فوراً طلاق دوں گا اور عدت ختم ہونے سے پہلے رجوع کرلوں گا، اسی طرح کرتا رہوں گا نہ بیوی بنا کر رکھونگا نہ چھوڑونگا۔ وہ عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی اور واقعہ بیان کیا، حضرت عائشہؓ خاموش رہیں، جب نبی ﷺ آئے تو حضرت عائشہؓ نے آپؐ کو یہ واقعہ بتلایا، اس پر یہ آیتِ کریمہ نازل ہوئی: ﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾ یعنی طلاقیں یکے بعد دیگرے دو ہیں اور دو طلاقوں تک شوہر رجوع کرسکتا ہے، اگر چاہے تو بھلے طریقہ پر روک لے اور چاہے تو اچھی طرح چھوڑ دے یعنی عدت گذر جانے دے، عدت کے بعد عورت نکاح سے نکل جائے گی، لیکن اگر شوہر تیسری طلاق دے تو عورت مغلظہ ہوجائے گی، اب جب تک وہ کسی اور مرد سے نکاح نہ کرے پہلے شوہر کے لئے حلال نہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: اس آیت کے نزول کے بعد لوگوں نے ازسرِنو عمل شروع کیا اور جو لوگ اس سے پہلے طلاقیں دے چکے تھے انھوں نے بھی اس حکم شرعی کے مطابق عمل شروع کیا۔

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے تحدید طلاق کی دو وجہیں بیان فرمائی ہیں:

پہلی وجہ: تین سے کثرت کا آغاز ہوتا ہے، کیونکہ اقل جمع تین ہیں، پس تین طلاقیں بہت ہوگئیں، اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں۔

دوسری وجہ: قیاس کا مقتضی یہ تھا کہ طلاق ایک ہی ہوتی مگر چونکہ طلاق کے بعد غور وفکر اور سوچنے کی ضرورت پیش آتی ہے اور بعض لوگوں کو بیوی کی قدر وقیمت جدائی کے بعد معلوم ہوتی ہے، مشہور ہے: قدر نعمت بعد زوال نعمت! اس لئے ایک سے زیادہ طلاقیں مشروع کی گئیں تاکہ شوہر کے لئے سوچنے کا موقع رہے، اور اصل تجربہ ایک طلاق سے ہوجاتا ہے اور دوسے اس کی تکمیل ہوتی ہے، اس لئے تین کے بعد زمامِ اختیار ہاتھ سے نکل جاتی ہے۔

[۱۶-] بابٌ

[۱۱۷۷-] حدثنا قتيبةُ، ثَنَا يَعْلَى بنُ شَبِيْبٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كانَ النَّاسُ: وَالرَّجُلُ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ مَاشَاءَ أَنْ يُطَلِّقَهَا، وَهِيَ امْرَأَتُهُ إِذَا ارْتَجَعَهَا وَهِيَ فِي

الْعِدَّةِ، وإِنْ طَلَّقَهَا مِائَةَ مَرَّةٍ أَوْ أَكْثَر، حَتَّى قَالَ رَجُلٌ لِامْرَأَتِهِ: وَاللّٰهِ! لاَ أُطَلِّقُكِ فَتَبِيْنِيْنَ مِنِّيْ، وَلاَ أُوِيْكِ أَبَدًا، قَالَتْ: وَكَيْفَ ذَاكَ؟ قَالَ: أُطَلِّقُكِ، فَكُلَّمَا هَمَّتْ عِدَّتُكِ أَنْ تَنْقَضِيَ رَاجَعْتُكِ، فَذَهَبَتِ الْمَرْأَةُ حَتَّى دَخَلَتْ عَلَى عَائشةَ فَأَخْبَرَتْهَا، فَسَكَتَتْ عَائشةُ حَتَّى جَاءَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَتْهُ فَسَكَتَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى نَزَلَ الْقُرآنُ: ﴿اَلطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ أَوْ تَسْرِيْحٌ بِإِحْسَانٍ﴾ قَالَتْ عائشةُ: فَاسْتَأْنَفَ النَّاسُ الطَّلاَقَ مُسْتَقْبَلاً: مَنْ كَانَ طَلَّقَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ طَلَّقَ.

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمَّدُ بنُ الْعَلاَءِ، قَالَ: ثَنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عن عائشةَ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ يَعْلَى بنِ شَبِيْبٍ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: لوگ تھے، اور آدمی اپنی بیوی کو جس قدر چاہتا طلاق دیتا تھا اور وہ اس کی بیوی رہتی تھی جب اس کو عدت میں نکاح میں واپس لیلے اگرچہ سو یا اس سے بھی زیادہ طلاقیں دی ہوں یعنی طلاقوں کی کوئی حد نہیں تھی، یہاں تک کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: قسم بخدا! نہ میں تجھے طلاق دوں گا کہ تو مجھ سے جدا ہو جائے اور نہ میں تجھے کبھی بھی ٹھکانہ دوں گا، عورت نے کہا: ایسا کس طرح کرے گا؟ اس نے کہا: میں تجھے طلاق دوں گا، پھر جب تیری عدت پوری ہونے کو آئے گی تو رجوع کرلوں گا، پس عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی اور ان کو یہ واقعہ بتلایا، صدیقہ خاموش رہیں، یہاں تک کہ نبی ﷺ تشریف لائے۔ صدیقہ نے آپؐ کو یہ بات بتلائی تو آپؐ بھی خاموش رہے یہاں تک کہ قرآنِ مجید نازل ہوا کہ طلاقیں دوبار ہیں اس کے بعد یا تو بیوی کو رجوع کر کے بھلے طریقہ سے روک لینا ہے یا اچھے طریقہ سے چھوڑ دینا ہے۔ صدیقہ فرماتی ہیں: پس لوگوں نے طلاق دینے کو از سرِ نو شروع کیا، ان لوگوں نے بھی جو طلاق دے چکے تھے اور انھوں نے بھی جنھوں نے طلاق نہیں دی تھی۔

اس حدیث کو یعلی بن شبیب نے مسند کیا ہے یعنی آخر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کیا ہے، اور عبداللہ بن ادریس نے مرسل کیا ہے یعنی آخر میں حضرت عائشہ کا تذکرہ نہیں کیا، سند عروہ پر روک دی ہے۔ اور امام ترمذیؒ نے اسی کو یعنی مرسل حدیث کو اصح قرار دیا ہے (کیونکہ آپ اسی سند کو ترجیح دیتے ہیں جس میں کوئی کمزوری ہو، یہ آپ کا مزاج ہے)

بابُ ماجاءَ فی الْحَامِلِ الْمُتوَفَّی عَنْهَا زَوْجُهَا تَضَعُ

حاملہ کی عدت وضعِ حمل ہے

وہ عورت جس کے شوہر کا اس حال میں انتقال ہو جائے کہ وہ حاملہ ہے تو اس کی عدت وضعِ حمل ہے اور یہ اجماعی

مسئلہ ہے۔ دوراول میں اس مسئلہ میں تھوڑا اختلاف تھا، حضرت ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما وغیرہ کی رائے یہ تھی کہ ایسی عورت کی عدت ابعد الاجلین ہے یعنی وضع حمل اور چار مہینے دس دنوں میں سے جو مدت لمبی ہے: عورت وہ عدت گذارے گی، لیکن جب سُبیعہؓ کا واقعہ لوگوں کے سامنے آیا تو اختلاف ختم ہوگیا، سبیعہ کے شوہر سعد بن خَولی کا فتح مکہ میں یا حجۃ الوداع میں مکہ مکرمہ میں انتقال ہوا، اس وقت سبیعہ حاملہ تھیں، ۲۳ یا ۲۵ دن کے بعد بچہ پیدا ہوا، جب ان کا نفاس بند ہوا تو انھوں نے نکاح کی تیاری شروع کی، یعنی سوگ ختم کردیا اور بن سنور کر اور اچھے کپڑوں میں رہنے لگیں تاکہ لوگ متوجہ ہوں۔ ابوالسنابل نے جو انہی کے خاندان کے تھے اعتراض کیا تو سبیعہؓ ازواج مطہرات کے پاس گئیں اور مسئلہ پوچھا آپؐ نے فرمایا: وہ نکاح کرسکتی ہیں ان کی عدت پوری ہوگئی، جب یہ حدیث لوگوں کے سامنے آئی تو اختلاف ختم ہوگیا، اب اتفاق ہے کہ حاملہ متوفی عنہا زوجہا کی عدت وضع حمل ہے۔

حدیث (۱): ابوالسنابل کہتے ہیں: سُبیعہؓ نے ان کے شوہر کی وفات کے ۲۳ یا ۲۵ دن کے بعد بچہ جنا، پس جب وہ اونچی ہوگئیں یعنی نفاس بند ہوگیا تو وہ نکاح کے لئے جھانکنے لگیں یعنی بن سنور کر رہنے لگیں، ان پر اس سلسلہ میں انکار کیا گیا (یہ اعتراض کیا گیا کہ ابھی عدت پوری نہیں ہوئی، چار ماہ دس دن پر عدت پوری ہوگی، یہ اعتراض ابوالسنابل ہی نے کیا تھا، بعد میں انھوں نے ہی سبیعہ سے نکاح کیا) پس یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی گئی تو آپؐ نے فرمایا: وہ نکاح کرسکتی ہیں کیونکہ ان کی عدت پوری ہوچکی۔

وضاحت: اس حدیث کو ابوالسنابلؓ سے اسود نے روایت کیا ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابوالسنابلؓ کا نبی ﷺ کے زمانہ ہی میں انتقال ہوگیا تھا، پس اسود کا ابوالسنابلؓ سے روایت کرنا ممکن نہیں، حدیث میں انقطاع ہے، مگر دیگر محدثین کی رائے یہ ہے کہ امام بخاریؒ کا اعتراض صحیح نہیں، ابوالسنابل رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ کے بعد عرصہ تک حیات رہے ہیں۔

حدیث (۲): سلیمان بن یسار کہتے ہیں: ابوہریرہؓ، ابن عباسؓ اور ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن (جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں اور تابعی ہیں) کے درمیان یہ مسئلہ چھڑا کہ متوفی عنہا زوجہا جو حاملہ ہو اور شوہر کی وفات کے بعد بچہ جن دے تو اس کی عدت کیا ہے؟ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: آخر الاجلین اس کی عدت ہے، ابوسلمہ نے کہا: وہ وضع حمل پر حلال ہوجائے گی یعنی وضع حمل اس کی عدت ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں اپنے بھتیجے یعنی ابوسلمہ کے ساتھ ہوں، پھر انھوں نے کسی کو یہ مسئلہ دریافت کرنے کے لئے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا تو ام سلمہؓ نے یہی حدیث سنائی کہ سبیعہؓ نے شوہر کے انتقال کے چند دن کے بعد بچہ جنا تھا، پس انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے نکاح کی بابت پوچھا، تو آپؐ نے ان کو نکاح کی اجازت دی، یعنی وضع حمل کو عدت قرار دیا۔

[١٧-] باب ماجاء فی الحاملِ الْمُتوَفَّی عَنْهَا زَوْجُهَا تَضَعُ

[١١٧٨-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِی السَّنَابِلِ بنِ بَعْكَكٍ قَالَ: وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِثَلَاثَةٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا، أَوْ خَمْسَةٍ وَعِشْرِيْنَ يَوْمًا، فَلَمَّا تَعَلَّتْ تَشَوَّفَتْ لِلنِّكَاحِ، فَأُنْكِرَ عَلَيْهَا ذٰلِكَ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: ''إِنْ تَفْعَلْ فَقَدْ حَلَّ أَجَلُهَا''

حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ.

وَفِی الْبَابِ: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، حَدِيْثُ أَبِی السَّنَابِلِ حَدِيْثٌ مَشْهُوْرٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَا نَعْرِفُ لِلْأَسْوَدِ شَيْئًا عَنْ أَبِی السَّنَابِلِ، وَسَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ: لَا أَعْرِفُ أَنَّ أَبَا السَّنَابِلِ عَاشَ بَعْدَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْحَامِلَ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا إِذَا وَضَعَتْ فَقَدْ حَلَّ التَّزْوِيْجُ لَهَا، وَإِنْ لَمْ تَكُنِ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، وَالشَّافِعِیِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أهلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: تَعْتَدُّ آخِرَ الْأَجَلَيْنِ، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

[١١٧٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، وابنَ عبَّاسٍ، وَأَبَا سَلَمَةَ بنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَذَاكَرُوْا الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا الْحَامِلُ تَضَعُ عِنْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا، فَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ: تَعْتَدُّ آخِرَ الْأَجَلَيْنِ، وَقَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: بَلْ تَحِلُّ حِيْنَ تَضَعُ، وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَنَا مَعَ ابنِ أَخِیْ، يَعْنِی أَبَا سَلَمَةَ، فَأَرْسَلُوْا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فَقَالَتْ: قَدْ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ الْأَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِيَسِيْرٍ، فَاسْتَفْتَتْ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم فَأَمَرَهَا أَنْ تَتَزَوَّجَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے کہ وہ حاملہ جس کا شوہر اس سے وصول کرلیا گیا، جب بچہ جن دے تو اس کے لئے نکاح جائز ہے اگرچہ اس کی عدت یعنی چار مہینے دس دن پورے نہ ہوئے ہوں، اور یہ سفیان ثوری، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم صحابہ وغیرہ کہتے ہیں: وہ دونوں مدتوں میں سے جو لمبی مدت ہو اس کے اعتبار سے عدت گذارے اور پہلا قول اصح ہے۔

بابُ ماجاءَ فِيْ عِدَّةِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا

جس کے شوہر کا انتقال ہوجائے اس پر عدت میں سوگ لازم ہے

اگر کسی شخص کا انتقال ہوجائے اوراس کی بیوی حمل سے نہ ہوتو اس کی عدت بالا جماع چار مہینے دس دن ہے، اور یہ مسئلہ سورۃ البقرۃ (آیت ۲۳۴) میں صراحۃً مذکور ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ أَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا﴾ یہ آیت مطلق ہے حاملہ یا غیر حاملہ کی اس میں کوئی قید نہیں، مگر حاملہ کی عدت کا بیان سورۃ الطلاق (آیت ۴) میں ہے: ﴿وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ﴾ یہ آیت بھی مطلق ہے مطلقہ یا متوفی عنہا زوجہا کی اس میں کوئی قید نہیں، پس حضرت سُبیعہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ بالا حدیث کی وجہ سے اول الذکر آیت میں غیر حاملہ کی قید بڑھائیں گے یعنی چار ماہ دس دن غیر حاملہ کی عدت ہے، اور سورۃ الطلاق کی آیت عام ہوگی، ہر حاملہ کی عدت وضع حمل ہوگی خواہ وہ مطلقہ ہو یا متوفی عنہا زوجہا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب کی حدیث میں عدت کا مسئلہ نہیں ہے اوراس کی ضرورت بھی نہیں ہے جب یہ مسئلہ قرآن میں صراحۃً آگیا تو اب حدیثوں میں کیوں آئے گا؟ بلکہ اس حدیث میں احداد یعنی سوگ کرنے کا مسئلہ ہے۔ پس ممکن ہے باب میں إِحْدَاد کاعِدَّة ہوگیا ہو۔

جاننا چاہئے کہ مرد کے لئے تو سوگ کرنا قطعاً حرام ہے اس لئے کہ یہ بات مرد کے موضوع کے خلاف ہے، مرد کاروبار کرنے والا، رزق کی تلاش میں دوڑ دھوپ کرنے والا ہے، اگر وہ سوگ کرے گا یعنی عدت میں بیٹھے گا تو زندگی کی گاڑی رک جائے گی۔ البتہ عورتوں کے لئے سوگ کرنا جائز ہے، پھر شوہر کی وفات پر چار ماہ دس دن تک سوگ کرنا واجب ہے اور شوہر کے علاوہ کوئی اور رشتہ دار وفات پاجائے تو تین دن تک سوگ کرنا جائز ہے، اس سے زیادہ سوگ کرنا جائز نہیں۔

حدیث: حضرت ام سلمہؓ کی صاحبزادی اور آنحضور ﷺ کی ربیبہ حضرت زینت نے حمید بن نافع کو تین حدیثیں سنائیں۔ امام ترمذیؒ ان کو بیان کررہے ہیں (جاننا چاہئے کہ زینب آنحضور ﷺ کے زمانہ میں بچی تھیں ان کا آپؐ سے سماع نہیں)

پہلی حدیث: زینب کہتی ہیں: جب ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے والد ابوسفیان کا انتقال ہوا تو میں ام حبیبہ کے پاس گئی، یہ ان کے انتقال کا تیسرا دن تھا، انھوں نے خوشبو منگوائی جس میں صفرہ تھا یعنی اس خوشبو میں زعفران پڑی ہوئی تھی، انھوں نے وہ خوشبو ہاتھوں میں لی پھر پہلے وہ خوشبو ایک بچی کے لگائی پھر ہاتھوں کو اپنے گالوں پر پھیرا یعنی باقی ماندہ خوشبو خود لگائی، پھر فرمایا: مجھے خوشبو کی ضرورت نہیں (کیونکہ میرے شوہر کا انتقال ہوچکا) مگر آج میرے والد کے

انتقال کو تین دن پورے ہو رہے ہیں، اس لئے میں نے خوشبو لگا کر عملی طور پر سوگ ختم کیا، کیونکہ نبی ﷺ سے میں نے یہ ارشاد سنا ہے کہ کسی بھی عورت کے لئے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتی ہو جائز نہیں کہ کسی کے انتقال پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے، علاوہ شوہر کے، اس کی وفات پر عورت چار مہینے دس دن تک سوگ کرے گی۔

دوسری حدیث: زینب کہتی ہیں: جب ام المؤمنین حضرت زینب بنت جحش کے بھائی کا انتقال ہوا تو میں ان کے پاس گئی انھوں نے بھی خوشبو منگوائی اور کچھ خوشبو گالوں پر اور بدن پر لگائی پھر فرمایا: قسم بخدا! مجھے خوشبو کی ضرورت نہیں مگر میں نے خوشبو اس لئے لگائی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ کسی بھی عورت کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت پر یقین رکھتی ہو جائز نہیں کہ کسی کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے علاوہ شوہر کے، اس کے انتقال پر عورت چار مہینے دس دن تک عدت میں بیٹھے گی۔

تیسری حدیث: زینب رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے اپنی امی حضرت ام سلمہؓ سے سنا کہ ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے داماد کا انتقال ہو گیا ہے اور میری بیٹی کی آنکھیں دکھتی ہیں تو کیا ہم اس کے سرمہ لگا سکتے ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں، اس نے دو یا تین مرتبہ آ کر یہی مسئلہ پوچھا آپؐ ہر مرتبہ یہی فرماتے تھے کہ نہیں۔ پھر آخری مرتبہ ارشاد فرمایا: عدت کے چار ماہ دس دن ہی تو ہیں (اتنے دن بھی تم صبر نہیں کر سکتیں) اور زمانۂ جاہلیت میں تم میں سے ایک سال پورا ہونے پر مینگنیاں پھینکتی تھی (وہ دن بھول گئیں!)

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں عدت کا دستور یہ تھا کہ بیوہ کسی تنگ و تاریک کمرے میں بدترین کپڑے پہن کر سال بھر مقید رہتی تھی اور ہر طرح کی زینت سے احتراز کرتی تھی، نہاتی تک نہیں تھی۔ پھر سال پورا ہونے پر اس کو کبوتر کے مانند کوئی پرندہ دیا جاتا تھا جس کو وہ اپنی شرم گاہ پر ملتی تھی تا آنکہ وہ پرندہ مر جاتا تھا، پھر ٹوکری بھر کر مینگنیاں دی جاتیں تھیں جس کو وہ محلّہ محلّہ اور گلی گلی پھینکتی تھی، تب اس کی عدت پوری ہوتی تھی۔

مسئلہ: عذر کی صورت میں معتدہ رات میں سرمہ لگا سکتی ہے، اور تکلیف زیادہ ہو تو دن میں بھی لگا سکتی ہے اور آپؐ نے اس عورت کو اجازت اس لئے نہیں دی تھی کہ آپؐ کے خیال میں اس عورت کا مرض اس درجہ کا نہیں تھا کہ سرمہ لگانا ضروری ہو۔

[۱۸-] بابُ ماجاء فی عِدَّةِ المتوفی عنها زوجها

حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنُ بنُ عِيْسَى، ثنا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِی بَكْرِ بنِ مُحَمَّدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ نَافِعٍ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِی سَلَمَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ بِهٰذِهِ الأَحَادِيْثِ الثَّلاَثَةِ، قَالَ:

[١١٨٠-] قَالَتْ زَيْنَبُ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ تُوُفِّيَ أَبُوْهَا أَبُوْسُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فَدَعَتْ بِطِيْبٍ فِيْهِ صُفْرَةُ خَلُوْقٍ أَوْ غَيْرِه، فَدَهَنَتْ بِهِ جَارِيَةً، ثُمَّ مَسَّتْ بِعَارِضَيْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ! مَالِيْ بِالطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''لاَيَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ، أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ، إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا''

[١١٨١-] قَالَتْ زَيْنَبُ: فَدَخَلْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِيْنَ تُوُفِّيَ أَخُوْهَا، فَدَعَتْ بِطِيْبٍ فَمَسَّتْ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَتْ: وَاللّٰهِ! مَالِيْ فِيْ الطِّيْبِ مِنْ حَاجَةٍ، غَيْرَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' لاَيَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلاثِ لَيَالٍ، إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا''

[١١٨٢-] قَالَتْ زَيْنَبُ: وَسَمِعْتُ أُمِّي أُمَّ سَلَمَةَ، تَقُوْلُ: جَاءَ تِ امْرَأَةٌ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَتِيْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا، وَقَدِ اشْتَكَتْ عَيْنَيْهَا، أَفَنَكْحَلُهَا؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:''لاَ'' مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ:'' لاَ'' ثُمَّ قَالَ: ''إِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا! وَقَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ!''

وفي الباب: عَنْ فُرَيْعَةَ ابْنَةِ مَالِكِ بنِ سِنَانٍ، أُخْتِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَحَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، حديثُ زَيْنَبَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا تَتَّقِيْ فِيْ عِدَّتِهَا الطِّيْبَ وَالزِّيْنَةَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، ومالكٍ، والشافعيِّ وأحمدَ وإسحاقَ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ کا عمل ہے کہ وہ عورت جس کا شوہر وصول کرلیا گیا ہو وہ عدت میں خوشبو اور زینت سے بچے اور یہ سفیان ثوری، مالک، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

تشریح: عدت میں عورت خوشبو، زینت اور نکاح سے احتراز کرے اور سخت ضرورت کے بغیر گھر سے نہ نکلے اس کے علاوہ جتنی چیزیں لوگوں نے بڑھائی ہیں مثلاً: گھر کے سب سے تاریک کمرہ میں رہنا، سورج سے پردہ کرنا، کوئی رنگین کپڑا نہ پہننا، ضرورت کے باوجود پردہ کے پیچھے سے بھی غیر محرم سے بات نہ کرنا، شوہر کی وفات پر چوڑیاں توڑ دینا اور عدت کے پورے زمانہ میں نہ نہانا یہ سب لغو باتیں ہیں، شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں۔ اور احداد (سوگ) صرف ترکِ زینت کا نام ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الْمُظَاهِرِ یُوَاقِعُ قَبْلَ أَنْ یُکَفِّرَ

ظہار کرنے والا کفارہ ادا کرنے سے پہلے صحبت کرے تو کیا حکم ہے؟

ظہار: بیوی کو محرمات ابدیہ کے ساتھ یا ان کے کسی ایسے عضو کے ساتھ تشبیہ دینا جس کا دیکھنا حرام ہے، جیسے بیوی سے کہا: تو میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے یعنی اب میں تجھ سے کبھی صحبت نہ کرونگا، تجھ سے صحبت کرنے کو اپنے اوپر حرام کرتا ہوں تو ظہار ہوگیا۔ اور ظہار کا حکم اٹھائیسویں پارہ کے شروع میں تفصیل سے آیا ہے۔ ظہار کرنے سے عورت موقت طور پر حرام ہوجاتی ہے، مگر اسی کے نکاح میں رہتی ہے، اور جب تک کفارہ ادا نہ کرے صحبت اور دواعی صحبت حرام ہیں۔ اور کفارہ ترتیب وار غلام آزاد کرنا، یا دو مہینے مسلسل روزے رکھنا یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ اور اگر ظہار کرنے والا کفارہ ادا کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرلے تو یہ گناہ کبیرہ ہے۔ توبہ ضروری ہے مگر اس کی وجہ سے ڈبل کفارہ واجب نہیں ہوتا اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، البتہ متقدمین میں سے بعض اس صورت میں دو کفاروں کے قائل تھے، مگر وہ رائے ان کے ساتھ ختم ہوگئی، اب اس کا قائل کوئی نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ سے اس ظہار کرنے والے کے بارے میں جو کفارہ ادا کرنے سے پہلے بیوی سے صحبت کرلے مروی ہے کہ اس پر ایک کفارہ ہے یعنی ڈبل کفارہ واجب نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ایک شخص (سلمۃ بن صخر البیاضی) نبی ﷺ کے پاس آئے، انھوں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا تھا، پھر اس سے صحبت کرلی تھی، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے اپنی بیوی سے ظہار کیا، پھر میں نے کفارہ ادا کرنے سے پہلے اس سے صحبت کرلی، آپؐ نے پوچھا: آپ کو اس کام پر کس چیز نے آمادہ کیا؟ اللہ آپ پر رحم فرمائیں! انھوں نے عرض کیا: میں نے چاندی رات میں اس کے پازیب دیکھ لئے (جس کی وجہ سے بے قابو ہوگیا) آپؐ نے فرمایا: اب اس کے قریب نہ جانا یہاں تک کہ آپ وہ کفارہ ادا کریں جس کا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے۔

تشریح: حضرت سلمۃ بن صخر بیاضیؓ (ان کا نام سلمان بھی ہے) بیوی سے بہت زیادہ فائدہ اٹھاتے تھے جب رمضان قریب آیا تو ان کو اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں روزہ کی حالت میں گناہ نہ ہوجائے، چنانچہ انھوں نے رمضان بھر کے لئے ظہار کرلیا، بیوی سے یہ کہہ دیا کہ تو رمضان بھر میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے، چونکہ حرمت سے رغبت کم ہوجاتی ہے اس لئے انھوں نے ظہار کیا تھا اور یہ غایت درجہ کا تقوی تھا، مگر نصف رمضان میں رات میں چاندنی روشنی میں بیوی کے پازیب پر نظر پڑگئی تو بے قابو ہوگئے اور صحبت کرلی، پھر جب غلطی کا احساس ہوا تو نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور واقعہ بیان کیا۔ آپؐ نے پوچھا: ایسا کیوں کیا؟ اس درجہ کا متقی شخص غلطی کرے یہ عجیب بات ہے!

انھوں نے وجہ بیان کی تو آپؐ نے فرمایا: اب جب تک کفارہ ادا نہ کرو بیوی کے پاس نہ جانا۔

مسئلہ: اگر ہمیشہ کے لئے ظہار نہیں کیا کچھ مدت مقرر کر دی، جیسے یوں کہا: سال بھر کے لئے یا چار مہینے کے لئے تو میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے تو جتنی مدت مقرر کی ہے اتنی مدت تک ظہار رہے گا، اگر اس مدت کے اندر صحبت کرنا چاہے تو کفارہ دیوے، اور اگر اس مدت کے بعد صحبت کرے تو کچھ نہ دینا پڑے گا، عورت حلال ہو جائے گی۔ (بہشتی زیور۴: ۵۹)

[۱۹-] باب ماجاء فی المُظاهر يُواقِعُ قبل أن يكفِّر

[۱۱۸۳-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ مُحَمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ محمدِ بنِ عَمْرِو بنِ عَطَاءٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ صَخْرٍ الْبَيَاضِيِّ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْمُظَاهِرِ يُوَاقِعُ قَبْلَ أَنْ يُكَفِّرَ، قَالَ: "كَفَّارَةٌ وَاحِدَةٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكٍ، وَالشافعيِّ، وأحمدَ وإسحاقَ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا وَاقَعَهَا قَبْلَ أَنْ يُكَفِّرَ فَعَلَيْهِ كَفَّارَتَانِ، وَهُوَ قَوْلُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ مَهْدِيٍّ.

[۱۱۸٤-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْحَكَمِ بنِ أَبَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عنِ ابنِ عباسٍ؛ أَنَّ رَجُلاً أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَدْ ظَاهَرَ مِنِ امْرَأَتِهِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ ظَاهَرْتُ مِنْ امْرَأَتِيْ فَوَقَعْتُ عَلَيْهَا قَبْلَ أَنْ أُكَفِّرَ، فَقَالَ: "مَاحَمَلَكَ عَلَى ذٰلِكَ؟ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ؟!" قال: رَأَيْتُ خَلْخَالَهَا فِيْ ضَوْءِ الْقَمَرِ، قَالَ: "فَلاَ تَقْرُبْهَا حَتَّى تَفْعَلَ مَا أَمَرَكَ اللّٰهُ بِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فی كَفَّارَةِ الظِّهَارِ

ظہار کے کفارہ کا بیان

حدیث: قبیلۂ بنو بیاضہ کے ایک شخص سلمان بن صخر الانصاری نے اپنی بیوی کو اپنے اوپر اپنی ماں کی پیٹھ کی طرح قرار دیا یہاں تک کہ رمضان گذر جائے یعنی رمضان بھر کے لئے ظہار کیا۔ پس جب نصف رمضان گذر گیا تو رات میں انھوں نے بیوی سے صحبت کر لی، پس وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ سے اس کا تذکرہ کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ایک غلام آزاد کرو، انھوں نے کہا: میرے پاس غلام نہیں، آپؐ نے فرمایا: دو ماہ

کے مسلسل روزے رکھو، انھوں نے کہا: میں اس کی طاقت نہیں رکھتا، یعنی شبق (شدتِ شہوت) کا عذر پیش کیا، آپؐ نے فرمایا: ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ، انھوں نے کہا: میرے پاس اتنا مال نہیں۔ آپؐ نے فروۃ بن عمرو سے (جو عشر وزکوٰۃ کی مد کے ذمہ دار تھے) فرمایا: ان کو ایک عرق دیدو ——— عرق: اس بورے کو کہتے ہیں جس میں پندرہ یا سولہ صاع غلہ آتا ہے ——— ساٹھ مسکینوں کو کھلانے کے لئے۔

تشریح: ظہار کے کفارہ میں ساٹھ مسکینوں کو ایک ایک صاع کھجور یا جو یا نصف صاع گندم دینا ضروری ہے اور پندرہ یا سولہ صاع سے کفارہ ادا ہو جانا سلمان بن صخر کی خصوصیت تھی، یعنی یہ تشریع کے وقت کی ترخیص تھی۔ تفصیل کتاب الصوم باب ۲۸ تحفہ ۳: ۹۶ میں گذر چکی ہے۔

[٢٠-] باب ماجاء في كفارة الظهار

[١١٨٥-] حدثنا إسحاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا هَارُوْنُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ الخزَّازُ، ثَنَا عَلِيُّ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، ثنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، وَمُحمدُ بنُ عَبدِ الرحمنِ: أَنَّ سَلْمَانَ بنَ صَخْرٍ الْأَنْصَارِيَّ، أَحَدُ بَنِيْ بَيَاضَةَ، جعَلَ امْرَأَتَهُ عَلَيْهِ كَظَهْرِ أُمِّهِ حَتَّى يَمْضِيَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا مَضَى نَصْفٌ مِنْ رَمَضَانَ وَقَعَ عَلَيْهَا لَيْلاً، فَأَتَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "أَعْتِقْ رَقَبَةً" قَالَ: لاَ أَجِدُهَا، قَالَ: "فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ" قَالَ: لاَ أَسْتَطِيْعُ، قَالَ: "أَطْعِمْ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا" قالَ: لاَأَجِدُ، فقالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم لِفَرْوَةَ بنِ عَمْرٍو: "أَعْطِهِ ذٰلِكَ الْعَرَقَ ——— وَهُوَ مِكْتَلٌ يَأْخُذُ خَمْسَةَ عَشَرَ صَاعًا أَوْ سِتَّةَ عَشَرَ صَاعًا ——— إِطْعَامَ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، يُقَالُ: سَلْمَانُ بنُ صَخْرٍ، ويقالُ: سَلْمَةُ بنُ صَخْرٍ الْبَيَاضِيُّ، والعملُ علىٰ هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ العلمِ فِيْ كَفَّارَةِ الظِّهَارِ.

بابُ ماجاءَ في الإِيْلاءِ

ایلاء (بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانے) کا بیان

إیلاء: باب افعال کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: قسم کھانا۔ اور ایلاء کی دو قسمیں ہیں: ایلاء لغوی اور ایلاء شرعی۔ چار مہینے یا اس سے زیادہ بیوی سے صحبت نہ کرنے کی قسم کھانا ایلاء شرعی ہے اور چار مہینے سے کم کسی بھی مدت تک بیوی سے علحدہ رہنے کی قسم کھانا ایلاء لغوی ہے۔

اور ایلاء لغوی کا حکم یہ ہے کہ بیوی سے علحدہ رہنے کی جتنی مدت مقرر کی ہے وہ مدت پوری ہونے سے پہلے اگر

بیوی سے صحبت کرلی تو قسم کا کفارہ واجب ہوگا، اور اگر وہ مدت پوری کرلی پھر صحبت کی تو کچھ واجب نہیں۔ اور ایلاء شرعی میں چار مہینے سے پہلے قسم توڑنا اور بیوی سے صحبت کرنا ضروری ہے اور اس صورت میں قسم کا کفارہ واجب ہوگا۔ اور اگر چار مہینے تک بیوی سے علحدہ رہا تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ایک طلاق بائنہ خود بخود واقع ہوجائے گی۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک عورت قاضی کے پاس جائے گی، قاضی شوہر کو بلائے گا اور حکم دے گا کہ یا تو قسم توڑ دو یعنی بیوی سے صحبت کرو اور کفارہ ادا کرو، ورنہ اپنی بیوی کو طلاق دو، یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک طلاق خود بخود واقع نہیں ہوگی بلکہ قاضی طلاق دلوائے گا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ کی زندگی میں دو واقعے پیش آئے ہیں: ایک واقعہ میں آپؐ نے اپنی تمام بیویوں سے ایک مہینے تک علحدہ رہنے کی قسم کھائی تھی یعنی ایلاء لغوی کیا تھا اور آپؐ نے یہ مدت پوری کی تھی۔ دوسرے واقعہ میں آپؐ نے اپنی سُرِّیہ حضرت ماریہ قبطیہؓ کو حرام کیا تھا اور بعض روایات میں ہے کہ شہد کو حرام کیا تھا اس سلسلہ میں سورۂ تحریم کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئی تھیں، پس آپؐ نے شہد استعمال کیا اور حضرت ماریہؓ سے تعلق قائم کیا، اور قسم کا کفارہ دیا اس لئے کہ حلال کو حرام کرنا قسم ہے۔ اسی طرح حرام کو حلال کرنا بھی قسم ہے اور اس آخری صورت میں فوراً کفارہ واجب ہوگا۔

[۲۱-] باب ماجاء فی الإِيْلاَءِ

[۱۱۸۶-] حدثنا الحَسَنُ بنُ قَزَعَةَ البَصْرِيُّ، ثَنَا مَسْلَمَةُ بنُ عَلْقَمَةَ، ثَنَا دَاوُدُ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: آلٰى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم مِنْ نِسَائِهِ، وَحَرَّمَ، فَجَعَلَ الْحَرَامَ حَلاَلاً، وَجَعَلَ فِيْ اليَمِيْنِ كَفَّارَةً.

وَفِي البابِ: عن أَبِيْ مُوْسَى، وأَنَسٍ: حديثُ مَسْلَمَةَ بنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ: رَوَاهُ عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ وَغَيْرُهُ عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: أَنَّ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَيْسَ فِيْهِ: عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مَسْلَمَةَ بنِ عَلْقَمَةَ.

وَالإِيْلاَءُ: أَنْ يَحْلِفَ الرَّجُلُ أَنْ لاَ يَقْرُبَ امْرَأَتَهُ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ فَأَكْثَرَ، وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْهِ إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ: فَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ يُوقَفُ، فَإِمَّا أَنْ يَفِيءَ وَإِمَّا أَنْ يُطَلِّقَ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشافعيِّ، وأحمدَ، وَإِسحاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: إِذَا مَضَتْ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ فَهِيَ تَطْلِيْقَةٌ بَائِنَةٌ، وَهُوَ قَوْلُ سفيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنی تمام بیویوں سے ایلاء کیا (یہ پہلا واقعہ ہے) اور حرام کیا (یہ دوسرا واقعہ ہے) پس بنایا حرام کو حلال (یعنی شہد استعمال کیا اور حضرت ماریہؓ سے تعلق قائم کیا) اور قسم کا کفارہ ادا کیا —— اس حدیث کو مسلمۃ نے مسند بیان کیا ہے اور علی بن مُسہر وغیرہ نے مرسل بیان کیا ہے یعنی انھوں نے سند میں مسروق اور حضرت عائشہ کا تذکرہ نہیں کیا، بلکہ عامر شعبی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایلاء کیا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے مرسل روایت کو اصح قرار دیا ہے۔

اور ایلاء یہ ہے کہ آدمی قسم کھائے کہ وہ اپنی بیوی سے چار مہینے یا اس سے زیادہ صحبت نہیں کرے گا۔ اور علماء کا اس میں اختلاف ہے جب چار مہینے گذر جائیں، صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جب چار مہینے گذر جائیں تو شوہر کھڑا کیا جائے گا یعنی قاضی اس کو اپنے سامنے کھڑا کرے گا، پس وہ یا تو عورت کی طرف لوٹے یا طلاق دے۔ اور یہ مالک، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں: جب چار مہینے گذر جائیں تو وہ ایک طلاق بائنہ ہے اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء في اللِّعَانِ

لعان کا بیان

یہ مسئلہ سورۃ النور آیات ۶-۹ میں تفصیل سے آیا ہے۔ اگر کوئی مرد اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے تو گواہوں سے اس کو ثابت کرے، اور نہ کر سکے تو حکم یہ ہے کہ زوجین باہم لعان کریں یعنی چند مؤکد قسمیں کھائیں بایں طور کہ پہلے مرد چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ یقیناً سچا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اگر وہ جھوٹا ہو تو اس پر اللہ کی پھٹکار! پھر عورت چار مرتبہ قسم کھا کر یہ گواہی دے کہ شوہر جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اگر وہ سچا ہو تو اس (عورت) پر اللہ کا غضب نازل ہو، جب لعان ہو جائے تو قاضی زوجین کے درمیان تفریق کر دے۔ یہ امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہو جائے گی یعنی لعان کا مسئلہ ایلاء کے مسئلے کے برعکس ہے، ایلاء میں چار ماہ گذرنے پر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہوتی ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قاضی طلاق دلواتا ہے۔ اور یہاں امام اعظمؒ کے نزدیک قاضی کی تفریق ضروری ہے جبھی نکاح ختم ہوگا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خود بخود طلاق واقع ہوگی، قاضی کی تفریق کی حاجت نہیں۔

حدیث: سعید بن جبیر کہتے ہیں: مجھ سے لعان کرنے والوں کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا ان کے درمیان قاضی تفریق کرے گا؟ یہ اس زمانہ کا قصہ ہے جب مدینہ کا گورنر مصعب بن الزبیر تھا، میری سمجھ میں نہ آیا کہ میں کیا جواب دوں، چنانچہ میں فوراً کھڑا ہوا اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس پہنچا، میں نے اجازت طلب کی تو مجھ سے

کہا گیا کہ وہ قیلولہ کررہے ہیں، ابن عمرؓ نے میری آواز سن لی اور پہچان لیا، فرمایا: ابن جبیر؟ آجاؤتم کسی ضرورت ہی سے آئے ہوگے (خواہ مخواہ وقت ضائع کرنے کے لئے نہیں آئے ہوگے) سعید کہتے ہیں: میں گھر میں داخل ہوا، میں نے دیکھا کہ آپؓ اونٹ پر بچھانے کے بورے پر لیٹے ہیں، میں نے پوچھا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا لعان کرنے والوں کے درمیان قاضی تفریق کرے گا؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: سبحان اللہ! کرے گا۔ یعنی عجیب بات ہے اتنی موٹی بات بھی نہیں جانتے۔ پھر انھوں نے لعان کی آیات جس واقعہ میں نازل ہوئی ہیں وہ واقعہ سنایا، فرمایا: پہلا شخص جس نے اس سلسلہ میں نبی ﷺ سے دریافت کیا فلاں تھا وہ نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ کیا فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو زنا کرتے دیکھے تو کیا کرے؟ اگر وہ منہ سے بولے تو بڑی بات بولے گا (یعنی زنا ثابت کرنا مشکل ہوگا اور حدقذف لگے گی) اور اگر خاموش رہے تو اس بڑی بات پر کیسے خاموش رہے؟ ابن عمرؓ فرماتے ہیں: پس نبی ﷺ خاموش رہے اور اس کو کوئی جواب نہ دیا، پھر جب آئندہ دن ہوا تو وہ شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور عرض کیا: بیشک وہ بات جو میں نے آپ سے پوچھی تھی اس میں میں پھنس گیا (یعنی کل تک تو شک تھا اور احتمال کے درجہ میں میں نے بات پوچھی تھی مگر اب میں نے بیوی کو زنا کرتے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے) پس وہ آیات جو سورۂ نور میں ہیں: ﴿وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ﴾ رکوع کے ختم تک نازل ہوئیں، آپؐ نے اس شخص کو بلایا اور اس کے سامنے یہ آیات تلاوت کیں اور اس کو نصیحت وموعظت کی اور بتلایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے ہلکا ہے، یعنی اگر تو نے جھوٹا الزام لگایا ہے تو اقرار کرلے، حدقذف جاری ہوگی اور یہ ہلکا عذاب ہے، اس شخص نے کہا: نہیں، اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے اس پر جھوٹی تہمت نہیں لگائی، پھر دوسرے نمبر پر عورت کو بلایا اور اس کو بھی نصیحت وموعظت کی اور بتلایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب سے ہلکا ہے یعنی اگر تو نے زنا کیا ہے تو اقرار کرلے، زنا کی سزا جاری ہوگی اور یہ ہلکا عذاب ہے، اس نے کہا: نہیں! اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! وہ سچا نہیں۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے مرد سے ابتدا کی، اس نے چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دی کہ وہ سچا ہے اور پانچویں بار کہا: اس پر اللہ کی لعنت ہے اگر وہ جھوٹا ہو! پھر دوسرے نمبر پر عورت کو بلایا اس نے بھی چار مرتبہ قسم کھا کر گواہی دی کہ اس کا شوہر جھوٹا ہے اور پانچویں مرتبہ کہا: اس (عورت) پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر شوہر سچا ہے، پھر رسول اللہ ﷺ نے دونوں کے درمیان تفریق کردی یعنی نکاح ختم کردیا۔

تشریح: یہ حدیث امام اعظم رحمہ اللہ کا متدل ہے اور ان کا استدلال واضح ہے، نبی ﷺ نے تفریق کی تھی، معلوم ہوا کہ قاضی جب لعان سے فارغ ہونگے تو تفریق کرے گا اور اسی سے نکاح ختم ہوگا، اور بچہ کے نسب کا انکار کرنا بھی زنا کی تہمت ہے، پس اس صورت میں بھی لعان ہوگا اور لعان کے بعد بچہ ماں کے ساتھ لاحق کیا جائے گا، باپ سے اس کا نسب منقطع ہوجائے گا، ایک لعان کے واقعہ میں آنحضرت ﷺ نے بچہ کو ماں کی طرف منسوب کیا

تھا اور اب اس بچہ کو اور اس کی ماں کو طعنہ دینا جائز نہیں، کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿وَيَدْرَأُ عَنْهَا الْعَذَابَ﴾ یعنی لعان کرنے سے عورت سے عذاب ٹل جاتا ہے اور بچہ کو یا ماں کو طعنہ دینا بھی عذاب ہے پس یہ حرام ہے۔

[٢٢-] باب ماجاء فی اللعان

[١١٨٧-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِیْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ قَالَ: سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلاَعِنَيْنِ فِیْ إِمَارَةِ مُصْعَبِ بنِ الزُّبَيْرِ، أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَمَا دَرَيْتُ مَا أَقُوْلُ. فَقُمْتُ مَكَانِیْ إِلَى مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ لِیْ: إِنَّهُ قَائِلٌ، فَسَمِعَ كَلاَمِیْ، فَقَالَ: ابنُ جُبَيْرٍ! ادْخُلْ، مَا جَاءَ بِكَ إِلاَّ حَاجَةٌ.

قَالَ: فَدَخَلْتُ فَإِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْدَعَةَ رَحْلٍ لَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عبدِ الرحمنِ! الْمُتَلاَعِنَانِ: أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! نَعَمْ، إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلاَنُ بنُ فُلاَنٍ، أَتَى النبیَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ! أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ أَحَدَنَا رَأَى امْرَأَتَهُ عَلَى فَاحِشَةٍ، كَيْفَ يَصْنَعُ؟ إِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِأَمْرٍ عَظِيْمٍ، وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى أَمْرٍ عَظِيْمٍ، قَالَ: فَسَكَتَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُجِبْهُ.

فَلَمَّا كَانَ بَعدَ ذٰلِكَ، أَتَى النبیَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ الَّذِیْ سَأَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ بِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الآيَاتِ الَّتِیْ فِیْ سُوْرَةِ النُّوْرِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلاَّ أَنْفُسُهُمْ﴾ حَتَّى خَتَمَ الآيَاتِ، فَدَعَا الرَّجُلَ فَتَلاَهُنَّ عَلَيْهِ، وَوَعَظَهُ وَذَكَّرَهُ، وَأَخْبَرَهُ أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الآخِرَةِ، فقالَ: لاَ، وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ ثَنَّى بِالْمَرْأَةِ فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا، وَأَخْبَرَهَا أَن عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الآخِرَةِ، فَقَالَتْ: لاَ، وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَاصَدَقَ، قَالَ، فَبَدَأَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ، وَالْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، ثُمَّ ثَنَّى بِالْمَرْأَةِ فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ، وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ، ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا.

وفی البابِ عن سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَحُذَيْفَةَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، حديثُ ابنِ عمرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، والعملُ عَلَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ العلمِ.

[١١٨٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: لاَعَنَ رَجُلٌ امْرَأَتَهُ، وَفَرَّقَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُمَا، وَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالأُمِّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالعملُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العلمِ.

بابُ ماجاءَ أَیْنَ تَعْتَدُّ الْمُتُوَفَّی عَنْهَا زَوْجُهَا

جس عورت کے شوہر کا انتقال ہوجائے وہ عدت کہاں گذارے؟

تمام ائمہ متفق ہیں کہ متوفی عنہا زوجہا شوہر کے ساتھ اس کی زندگی میں جہاں رہتی تھی وہیں عدت گذارے گی اوراس کے لئے سکنی اور نان ونفقہ نہیں، وہ اپنا خرچ خود برداشت کرے گی، اور کھانے پینے کے لئے کچھ نہ ہوتو دن میں جا کر کما سکتی ہے اور مجبوری ہو مثلاً: مکان کرائے کا ہو یا عاریت پر ہو اور مالک: مکان خالی کرنے پر اصرار کرے یا کرایہ ادا کرنے کی طاقت نہ ہو یا اس جیسی کوئی مجبوری ہو تو پھر عورت میکے میں جا کر عدت گذار سکتی ہے یا جہاں ممکن ہو عدت گذارے۔ دورِاول میں اس مسئلہ میں اختلاف تھا، بعض حضرات کی رائے یہ تھی کہ عورت کو اختیار ہے جہاں چاہے عدت گذارے، مگر بعد میں یہ اختلاف ختم ہوگیا۔ اب اتفاق ہے کہ شوہر کے ساتھ اس کی زندگی میں عورت جہاں رہتی تھی وہیں عدت گذارے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی بہن فریعہ بنت مالک کے شوہر کے چند غلام بھاگ گئے تھے وہ ان کو ڈھونڈھنے کے لئے تنہا نکلے طرف القدوم نامی جگہ میں وہ سب اکٹھا ہوکر آگئے اوراپنے آقا کو قتل کردیا پس حضرت فریعہ نبی ﷺ کے پاس آئیں اور پورا واقعہ بیان کیا اور مسئلہ پوچھا کہ وہ میکے میں عدت گذار سکتی ہیں؟ کیونکہ جس مکان میں وہ اپنے شوہر کے ساتھ رہتی تھیں وہ مکان عاریت کا تھا، شوہر کی ملکیت نہیں تھا؟ آپؐ نے اجازت دی، جب وہ جانے لگیں تو آدھے کمرے سے یا آدھی مسجد سے واپس بلایا اور فرمایا: تم نے کیا مسئلہ پوچھا تھا دوبارہ پوچھو انھوں نے وہی بات دوہرائی، تو آپؐ نے فرمایا: جہاں تم شوہر کے ساتھ رہتی تھیں وہیں عدت گذارو۔ پہلے آپؐ نے خیال کیا ہوگا کہ مکان شوہر کی ملکیت نہیں اس لئے آپؐ نے میکے جانے کی اجازت دی، پھر خیال آیا کہ عاریت پر دینے والا شخص مکان خالی کرنے کا مطالبہ نہیں کررہا، پس میکے جانے کا جواز نہیں، اس لئے آپؐ نے واپس بلا کر منع کردیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اسی قسم کا واقعہ پیش آیا تو انھوں نے فریعہ کو بلا کر یہ حدیث سنی پھر اسی کے مطابق فیصلہ کیا۔

[۲۳-] باب ماجاء أَیْنَ تَعْتَدُّ المتوفی عنها زوجها؟

[۱۱۸۹-] حدثنا الأَنْصَارِیُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعْدِ بنِ إِسْحَاقَ بنِ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ: أَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بنِ سِنَانٍ، وَهِیَ أُخْتُ أَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ، أَخْبَرَتْهَا أَنَّهَا جَاءَ تْ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم تَسْأَلُهُ أَنْ تَرْجِعَ إِلَى أَهْلِهَا فِیْ بَنِیْ خُدْرَةَ، وَأَنَّ

زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ أَعْبُدٍ لَهُ أَبَقُوْا، حَتّٰى إِذَا كَانَ بِطَرَفِ الْقَدُّوْمِ لِحَقَهُمْ فَقَتَلُوْهُ، قَالَتْ: فَسَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَرْجِعَ إِلَى أَهْلِيْ، فَإِنَّ زَوْجِي لَمْ يَتْرُكْ لِيْ مَسْكَنًا يَمْلِكُهُ، وَلاَ نَفَقَةَ، قَالَتْ: فقالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" نعَمْ" قَالَتْ: فَانْصَرَفْتُ، حَتّٰى إِذَا كُنْتُ فِيْ الْحُجْرَةِ أَوْ: فِيْ الْمَسْجِدِ نَادَانِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَوْ: أَمَرَ بِيْ فَنُوْدِيْتُ لَهُ فَقَالَ: كَيْفَ قُلْتِ؟ قَالَتْ: فَرَدَدْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ الَّتِيْ ذَكَرْتُ لَهُ مِنْ شَأْنِ زَوْجِيْ، قالَ:" امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ" قَالَتْ: فَاعْتَدَدْتُ فِيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا، قَالَتْ: فَلَمَّا كانَ عُثْمَانُ أَرْسَلَ إِلَيَّ فَسَأَلَنِيْ عَنْ ذٰلِكَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَاتَّبَعَهُ، وقَضَى بِهِ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحيىَ بنُ سَعيدٍ، ثَنَا سَعدُ بنُ إِسْحَاقَ بنِ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

والعَمَلُ عَلَى هذَا الحديثِ عِنْدَ أَكْثَرِ أهلِ العلمِ مِنْ أَصْحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لَمْ يَرَوْا لِلْمُعْتَدَّةِ أَنْ تَنْتَقِلَ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا، وَهوَ قَوْلُ سفيانَ الثَّوْرِيِّ، والشافعيِّ، وأحمدَ، وإسحاقَ.

وقالَ بعضُ أهلِ العلمِ مِنْ أَصحابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وغَيْرِهِمْ: لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَعْتَدَّ حَيْثُ شَاءَتْ، وإِنْ لَمْ تَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ زَوْجِهَا، وَالْقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے وہ معتدہ کے لئے شوہر کے گھر سے منتقل ہونے کو جائز نہیں کہتے تا آنکہ اس کی عدت پوری ہوجائے۔ اور بعض اہل علم صحابہ وغیرہ میں سے کہتے ہیں کہ عورت کے لئے جائز ہے کہ جہاں چاہے عدت گذارے، اگرچہ شوہر کے گھر میں عدت نہ گذارے اور پہلا قول اصح ہے۔

﴿الحمدللہ! ابواب الطلاق کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ الْبُيُوْعِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

بیوع: بیع کی جمع ہے، اس کے مشہور معنی ہیں: بیچنا، خریدنا۔ مگر یہاں عام معاملات مراد ہیں، خواہ خرید وفروخت سے ان کا تعلق ہو یا دیگر معاملات ہوں سبھی ابواب البیوع ہیں، اور ان ابواب کا سلسلہ دور تک چلا گیا ہے، اور درمیان میں ابواب الاحکام یعنی ابواب القضاء آئے ہیں۔

معاملات کی درستگی نہایت ضروری ہے اس پر عبادتوں کی قبولیت کا مدار ہے، امام محمد رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: آپ کی فقہ میں بہت تصنیفات ہیں پس کیا آپ نے تصوف میں بھی کوئی کتاب لکھی ہے؟ امام محمد رحمہ اللہ نے فرمایا: ''مبسوط کی کتاب البیوع میں نے تصوف میں لکھی ہے'' اس لئے کہ تمام عبادتوں کی قبولیت کا مدار اکل حلال پر ہے اور اکل حلال کا مدار احکام معاملات کے جاننے پر ہے، اس قول سے بیوع (معاملات) کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

جاننا چاہئے کہ معاملات کے سلسلہ میں احادیث تھوڑی ہیں اور عبادات: طہارت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج وغیرہ کے سلسلہ میں احادیث بہت ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ عبادات کو شریعت نے مشروع کیا ہے، جاہلیت کے لوگ ان سے نابلد تھے، طہارت کا تو ان میں تصور ہی نہیں تھا اور نماز ان کی سیٹیاں اور تالیاں تھیں، ارشاد پاک ہے: ﴿وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ إِلَّا مُكَاءً وَّتَصْدِيَةً﴾ (سورۃ الانفال آیت ۳۵) یعنی ان کی نماز کعبہ شریف کے پاس سیٹیاں بجانا اور تالیاں بجانا ہے۔ یہی حال دیگر عبادتوں: زکوٰۃ، روزے اور حج کا تھا، پس گویا ان عبادتوں کو شریعت ہی نے مشروع کیا ہے اس لئے ان کی تفصیلات ناگزیر تھیں، اور معاملات دنیا میں لوگ پہلے سے کرتے چلے آرہے تھے اس لئے ان کی تفصیلات کی ضرورت نہیں تھی، البتہ کچھ ضابطے بیان کرنے ضروری تھے اور جو معاملات بالکلیہ حرام تھے، جیسے: سود، جوا، شراب وغیرہ ان کی ممانعت ضروری تھی اور جن معاملات میں دھوکا تھا ان کی وضاحت ضروری تھی، چنانچہ شریعت نے ان معاملات کو حرام کیا اور باقی معاملات کو برقرار رکھا اور ان میں جو ناجائز پہلو تھے ان سے منع فرمایا۔ اس وجہ سے معاملات کی روایتیں کم ہیں، اور وہ اصولی رنگ لئے ہوئے ہیں، اس لئے ان کو غور سے پڑھنا ضروری ہے۔ یہاں

ابواب البیوع کے شروع میں تمہیدی روایات ہیں، پھر تفصیلی روایات آئیں گی۔

بابُ ماجاءَ فی تَرْكِ الشُّبُهاتِ

مشتبہ چیزوں سے بچنے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حلال واضح ہے، اور حرام واضح ہے، اور ان دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، جن کے بارے میں بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ وہ حلال میں سے ہیں یا حرام میں سے؟ پس جس نے مشتبہ امور کو چھوڑ دیا تاکہ اس کا دین اور اس کی آبرو محفوظ رہے تو وہ یقیناً بچ گیا، اور جو شخص ان میں سے کسی چیز میں گھسا تو قریب ہے کہ وہ حرام میں جا گھسے، جس طرح یہ بات ہے کہ جو شخص سرکاری چراگاہ کے آس پاس جانور چراتا ہے وہ قریب ہے کہ چراگاہ میں جا پڑے، سنو! ہر بادشاہ کے لئے محفوظ چراگاہ ہے، سنو! اور اللہ تعالیٰ کی محفوظ چراگاہ محرمات (حرام کئے ہوئے کام) ہیں۔

تشریح: یہ حدیث نہایت اہم ہے اور ایک اصولی ہدایت اپنے جلو میں لئے ہوئے ہے، امام ابوداؤد رحمہ اللہ صاحب سنن نے پانچ لاکھ حدیثوں میں سے چار ایسی حدیثوں کا انتخاب کیا ہے جو حفاظت دین کے لئے کافی وافی ہیں:

پہلی حدیث: إنما الأعمال بالنیات یعنی اعمال کی قبولیت وعدم قبولیت کا مدار صحیح اور فاسد نیت پر ہے اور ہر ایک کو اس کے عمل کا وہی صلہ ملتا ہے جس کی اس نے نیت کی ہے، مثلاً ہجرت ایک عمل ہے اگر ہجرت کرنے والے کی نیت صحیح ہے تو اس کی ہجرت مقبول ہے ورنہ اس کی ہجرت پر کوئی ثواب مترتب نہیں ہوگا۔

دوسری حدیث: من حُسْنِ إسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ: یعنی آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی باتوں سے کنارہ کش ہو جائے، بے کار باتوں میں اپنا وقت ضائع نہ کرے یہی بہترین مسلمان ہے۔

تیسری حدیث: لایکون المؤمنُ مؤمنا حتی یَرضٰی لِأَخیه ما یَرضاه لنفسه: یعنی آدمی صحیح معنی میں مؤمن اسی وقت ہوتا ہے جب وہ اپنے بھائی (مسلمان) کے لئے وہی باتیں پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

چوتھی حدیث: الحلالُ بَيِّنٌ: اس حدیث میں مؤمن کا ایک خاص مزاج بنایا گیا ہے، مؤمن کا مزاج یہ ہونا چاہئے کہ وہ محتاط زندگی گذارے، فرمایا: حلال واضح ہے، پس اسے بے تکلف اختیار کرو اور حرام بھی واضح ہے پس اس کے قریب بھی مت جاؤ، اور دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، مشتبہ چیزیں کیا ہیں؟ اس کی تفصیل ادھر ادھر تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، اسی حدیث کے اگلے جملہ میں اس کی وضاحت ہے، فرمایا: جن کے بارے میں بہت سے لوگ نہیں جانتے کہ وہ حلال میں سے ہیں یا حرام میں سے؟ یہی مشتبہ امور ہیں، بڑے علماء تو ان کے احکام جانتے ہیں کہ وہ جائز ہیں یا ناجائز، مگر عام مسلمان جب وہ چیزیں پہلی مرتبہ ان کے سامنے آتی ہیں تو وہ ان کا حکم شرعی

نہیں جانتے، وہ ان کے حق میں مشتبہ چیزیں ہیں ایسی چیزوں کے بارے میں کچھ لوگوں کا ذہن اور مزاج یہ ہوتا ہے کہ ابھی کرلو، جب عدم جواز کا فتوی آئے گا چھوڑ دیں گے، یہ مزاج اور ذہن غلط ہے، اس حدیث میں یہ اصولی ہدایت دی گئی ہے کہ ایسی مشتبہ چیزوں کے بارے میں مؤمن کا مزاج اور ذہن یہ ہونا چاہئے کہ ابھی بچو جب جواز کا فتوی آئے گا تب ان کو اختیار کریں گے، اس صورت میں آدمی کا دین اور آدمی کی عزت محفوظ رہے گی، اگر حکم شرعی معلوم ہونے سے پہلے بے احتیاطی سے اس امر کا ارتکاب کرلیا پھر عدم جواز کا فتوی آیا تو اب کیا ہوت ہے جب چڑیا چگ گئی کھیت! وہ تو ناجائز امر کا ارتکاب کر چکا، چنانچہ اس حدیث میں فرمایا کہ جس نے مشتبہ امور کو چھوڑ دیا تا کہ اس کا دین اور اس کی آبرو محفوظ رہے تو وہ یقیناً بچ گیا، کیونکہ ہر جائز کام کرنا ضروری نہیں، البتہ ہر ناجائز کام سے بچنا ضروری ہے، اور جو شخص ان امور میں سے کسی امر میں گھسا تو قریب ہے کہ وہ حرام میں جا گھسے یعنی تحقیق سے پہلے وہ کام کرلیا، اس کے مزاج میں احتیاط نہیں ہے تو حرام کے ارتکاب میں بھی اس کو کیا باک ہوگا؟ شترِ بے مُہار جہاں چاہے منہ مارلے، اس کو روکنے والا کون ہے؟

اس مضمون کو حدیث کے آخر میں ایک مثال سے سمجھایا ہے کہ جو شخص سرکاری چراگاہ کے آس پاس جانور چراتا ہے وہ قریب ہے کہ چراگاہ میں جا پڑے، چرواہا ذرا غافل ہوا کہ جانور ریزروایریے میں جا گھسیں گے اور پولیس مار مار کر بھرتا بنادے گی اور جو چرواہا محتاط ہے، سرکاری چراگاہ سے ایک میل دور جانور رکھتا ہے وہ اگر غافل بھی ہوگیا اور جانور آگے بھی بڑھ گئے تو وہ چراگاہ تک نہیں پہنچیں گے۔

پس سنو! جس طرح حکومتیں سرکاری جانوروں کے لئے چراگاہ مخصوص کرتی ہیں جن میں پبلک کو جانور چرانے کی اجازت نہیں ہوتی، اسی طرح اللہ نے جو کام حرام کئے ہیں وہ ان کا محفوظ ایریا ہیں، مؤمنین کو اس کی حدود میں داخل ہونے کی اجازت نہیں، نادانستہ بھی اس علاقہ میں قدم رکھنا روا نہیں۔ پس احتیاط کی بات یہی ہے کہ حرام امور سے اتنا دور رہے کہ کسی حرام کے ارتکاب کا امکان ہی باقی نہ رہے اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب تحقیق کے بعد اقدام کرے، جب تک کسی چیز کا حلال ہونا معلوم نہ ہوجائے اس سے کنارہ کش رہے۔ یہی مزاج اور یہی ذہن بنانا اس حدیث کا مقصود ہے، ایک دوسری حدیث میں اسی مضمون کو اس طرح سمجھایا ہے: **دَعْ مَایُرِیْبُکَ إلی مالایُریبك، فإن الصدق طُمَأْنِیۃٌ والکذب رِیْبَۃٌ**: یعنی جو بات کھٹک پیدا کرے اسے چھوڑ دو اور بے کھٹک بات اختیار کرو، مثلاً: سچ بولو اور جھوٹ سے بچو، کیونکہ سچ بولنے سے قلب کو اطمینان نصیب ہوتا ہے اور جھوٹ بولنا دل کی بے چینی کا سبب ہوتا ہے۔

غرض حدیث پر دوبارہ نظر ڈالیں، حلال واضح ہے یعنی دین اسلام میں کیا چیزیں جائز ہیں ان کو تقریباً ہر مسلمان جانتا ہے، اسی طرح حرام بھی واضح ہے، ہر مسلمان جانتا ہے کہ دین اسلام نے کن باتوں سے منع کیا ہے ان موٹی موٹی باتوں کی واقفیت تو عام ہے، البتہ دونوں کے درمیان کچھ الجھے ہوئے امور ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ

نہیں جانتے کہ وہ حلال ہیں یا حرام؟ مشتبہ اور الجھے ہوئے ہونے کا یہی مطلب ہے، پس جو شخص ان نامعلوم الاحکام امور کو چھوڑ دے تاکہ اس کا دین اور اس کی آبرو محفوظ رہے (استبراءً مفعول لہ ہے) پس وہ یقیناً ارتکاب حرام سے محفوظ رہے گا، اور جو شخص بے باکی سے مشتبہ امور کا ارتکاب کرے گا وہ بعید نہیں کہ حرام کا بھی ارتکاب کر بیٹھے، پھر یہی بات ایک محسوس مثال کے ذریعہ سمجھائی ہے۔

فائدہ: یہ حدیث عام ہے، سارے ہی دین سے اور تمام ابواب فقہیہ سے اس کا تعلق ہے، لیکن ابواب البیوع کے شروع میں خصوصی طور پر یہ حدیث اس لئے لائی گئی ہے کہ معاملات کی اہمیت واضح ہو، لوگ عام طور پر مال کے حریص ہوتے ہیں، ہر طرح سے ہاتھ مارتے ہیں، اس لئے معاملات میں احتیاط کرنا ان کے لئے سخت دشوار ہوتا ہے، پس اس حدیث کے ذریعہ تنبیہ کی کہ معاملات میں خاص طور پر آدمی کو احتیاط برتنی چاہئے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب البيوع

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء فی تَرْكِ الشُّبُهَاتِ

[۱۱۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الْحَلاَلُ بَيِّنٌ، وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَ ذٰلِكَ أُمُوْرٌ مُشْتَبِهَاتٌ: لاَيَدْرِیْ كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ: أَمِنَ الْحَلاَلِ هِیَ أَمْ مِنَ الْحَرَامِ؟ فَمَنْ تَرَكَهَا اسْتِبْرَاءً لِدِيْنِهِ وَعِرْضِهِ فَقَدْ سَلِمَ، وَمَنْ وَاقَعَ شَيْئًا مِنْهَا يُوْشِكُ أَنْ يُوَاقِعَ الْحَرَامَ، كَمَا أَنَّهُ مَنْ يَرْعَى حَوْلَ الْحِمَى يُوْشِكُ أَنْ يُوَاقِعَهُ، أَلَا! وَإِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، أَلَا! وَإِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ"

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِیْ زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند میں مجالد بن سعید ہیں، جو ضعیف راوی ہیں، مگر اس سے حدیث کی صحت متاثر نہیں ہوتی، کیونکہ اس حدیث کو شعبی سے زکریا وغیرہ بہت سے روات نقل کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی أَكْلِ الرِّبَا

سود کھانے پر وعید

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے سود لینے والے، سود دینے والے، سودی معاملے کے دو گواہوں اور سودی دستاویز لکھنے والے پر لعنت فرمائی۔

تشریح: نبی ﷺ نے سود خوری کو کبیرہ گناہوں میں شمار فرمایا ہے، اور سود خور کے ساتھ سود دینے، سودی دستاویز لکھنے اور سودی معاملے میں گواہ بننے والوں کو بھی مستحق لعنت قرار دیا ہے، کیونکہ یہ گناہ کے کام میں تعاون ہے جوازروئے قرآن مجید حرام ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَلَاتَعَاوَنُوْا عَلَى الإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ (سورۂ مائدہ آیت ۲)

جاننا چاہئے کہ سود لینے سے تمام مال حرام ہوجاتا ہے جب سود دوسرے مال کے ساتھ ملا دیا جائے گا تو سب مال حرام ہوجائے گا۔ اور سود دینے سے باقی مال حرام نہیں ہوتا، اس ایک فرق کے علاوہ سود لینا اور دینا دونوں یکساں ہیں، یعنی دونوں کا گناہ برابر ہے، بلکہ سودی معاملے کا گواہ بننے والا اور سودی دستاویز لکھنے والا بھی گناہ میں برابر کا شریک ہے، مگر یہ برابری نفس لعنت کے اعتبار سے ہے یعنی یہ سبھی ملعون ہیں، مگر مراتب جنایت کے تفاوت سے لعنت میں بھی تفاوت ہوگا، الکوکب الدری میں اس کی صراحت ہے۔

فائدہ: چونکہ معاملات میں سود کا چلن بہت زیادہ ہوتا ہے، اس سے بچنا بہت مشکل ہوتا ہے، اصل سود سے بچ بھی جائے تو اس کے دھویں اور گردوغبار سے نہیں بچ سکتا، معاملات فاسدہ بھی بحکم سود ہیں، وہی سود کا دھواں ہیں اس لئے بطور تحذیر یہ باب لائے ہیں تاکہ مؤمن چوکنا ہوکر معاملات کرے اور سود میں نہ پھنسے۔

[٢-] باب ماجاء فی أكل الربا

[١١٩١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم آكِلَ الرِّبَا، وَمُوْكِلَهُ، وَشَاهِدَيْهِ، وَكَاتِبَهُ.

وَفِيْ الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَجَابِرٍ، حديثُ عبدِ اللهِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّغْلِيْظِ فِي الْكِذْبِ وَالزُّوْرِ وَنَحْوِهِ

سادہ جھوٹ، مزین جھوٹ اور اس قسم کی دوسری باتوں پر سخت وعید

كِذْب (مصدر) کے معنی ہیں: جھوٹ بولنا۔ اور الكَذِب (اسم) کے معنی ہیں: جھوٹ۔ یہاں مصدر اور اسم

دونوں ہو سکتے ہیں، بہتر مصدر پڑھنا ہے۔ اور زور کے معنی ہیں: خلافِ واقعہ بات کو مزین کر کے پیش کرنا، یعنی اگر بات سو فیصد خلافِ واقعہ ہو تو وہ کذب ہے اور اس سے زیادہ ہو تو وہ زور ہے، مثلاً: جھوٹی بات قسم کھا کر بیان کی یا جھوٹ بولنے کے ساتھ جھوٹا بل بھی پیش کر دیا یا کسی اور طرح سے جھوٹ کو مؤکد کیا تو یہ زور ہے اور ان کے مانند چیزوں میں: صحیح اور غلط کو خلط ملط کرنا، مبیع یا ثمن کا عیب چھپانا اور معاملات میں جھوٹا وعدہ کرنا وغیرہ امور شامل ہیں۔

نبی ﷺ نے سات گناہوں کو مُوبِقات: تباہ کن قرار دیا ہے، وہ آدمی کو اور اس کی ایمانی روح کو ہلاک کر دیتے ہیں ان میں ایک قول زور بھی ہے پس اس سے بھی اور کذب سے بھی احتراز چاہئے، عام طور پر لوگوں کا خیال یہ ہے کہ تجارت میں جھوٹ بولے بغیر کام نہیں چلتا، پس جھوٹ بولنا حلال ہے ان کا یہ خیال غلط ہے اسی کی تردید کے لئے یہ حدیث لائی گئی ہے، بلکہ جھوٹ وغیرہ سے تو تجارت کو نقصان پہنچتا ہے، ایک مرتبہ تو گاہک پھنس جاتا ہے، مگر ہمیشہ کے لئے ہاتھ سے نکل جاتا ہے، اور سچ، دیانتداری، امانت داری اور حقوق شناسی وہ خوبیاں ہیں جن سے تجارت کو فروغ ملتا ہے اس لئے معاملات میں جھوٹ اور زور سے بچنا چاہئے اور سچائی کا اہتمام کرنا چاہئے۔

[۳-] باب ماجاء فی التغليظ فی الكذب والزُّور ونحوه

[۱۱۹۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلىٰ الصَّنْعَانِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْكَبَائِرِ، قَالَ: " الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَقَوْلُ الزُّوْرِ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، وأَيْمَنَ بنِ خُرَيْمٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے کبائر کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا: کبائر یہ ہیں: اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، والدین کی نافرمانی کرنا، کسی کو ناحق قتل کرنا اور آراستہ جھوٹ بولنا۔

بابُ ماجاء فی التُّجَّارِ، وَتَسْمِيَةِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم إِيَّاهُمْ

تاجروں کا تذکرہ اور یہ نام ان کو نبی ﷺ نے دیا ہے

کاروباری لوگوں کے لئے پہلے لفظ سماسرة مستعمل تھا، یہ سمسار کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: آڑتی اور دلال، پھر لفظ تجّار استعمال ہونے لگا، یہ تاجر کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: نفع کمانے والا، اور یہ لفظ سب سے پہلے نبی ﷺ نے کاروباری لوگوں کے لئے استعمال فرمایا ہے، لوگوں کو یہ لفظ اتنا پسند آیا کہ بس یہی لفظ چل پڑا اور پرانا نام متروک ہو گیا، البتہ دلال کے لئے یعنی اس شخص کے لئے جو بائع اور مشتری کے درمیان واسطہ ہوتا ہے یہ لفظ آج

بھی مستعمل ہے۔

حدیث(۱): قیس بن ابی غرزہ (جو صرف اسی ایک حدیث کے راوی ہیں) فرماتے ہیں: ہمارے پاس (مارکیٹ میں) نبی ﷺ تشریف لائے اس وقت ہمیں سماسرہ کہا جاتا تھا، آپؐ نے خطاب فرمایا: اے تاجرو! (لفظ تجار سب سے پہلے آپؐ نے استعمال فرمایا) بیع (کاروبار) میں شیطان اور گناہ دونوں موجود رہتے ہیں، یعنی شیطان معاملات میں دخل دے کر گناہ میں مبتلا کرتا رہتا ہے، پس تم اپنے کاروبار کو صدقہ کے ساتھ ملاؤ۔

تشریح: اس حدیث میں تاجروں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ کاروبار کے ساتھ خیرات بھی کرتے رہیں، اس سے ان کے گناہ معاف ہونگے۔ شَابَ(ن) الشیئَ بالشیئِ کے معنی ہیں: ملانا یعنی کاروبار کے ساتھ صدقہ کو ملایا جائے، کیونکہ لوگ عام طور پر خرید وفروخت میں کچھ نہ کچھ جھوٹ بول جاتے ہیں، قسمیں بھی کھاتے ہیں، مبیع کا عیب بھی چھپاتے ہیں اور کردنی ناکردنی کرتے ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں، اور صدقہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کو کم کرتا ہے، اس لئے کاروبار کے ساتھ خیرات کا حکم دیا تاکہ نادانستہ جو بات ہوگئی ہو وہ بھی دھل جائے۔ حدیث کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ خیرات دیدیا کرو اور جو چاہو کرو، ایسا خیال کرنا حماقت ہے۔ کاروبار میں احتیاط تو غایت درجہ کرنی ہے، پھر بھی انسان مال کی محبت میں غلطی کر بیٹھتا ہے اور اس کا احساس تک نہیں ہوتا، صدقہ اس کا علاج ہے۔

حدیث (۲): نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو تاجر نہایت سچا اور نہایت امانت دار ہے، وہ (قیامت کے دن) انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا (اور صالحین کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ وہ خود صالح ہے)

تشریح:

۱- جس تاجر میں دو خوبیاں ہوتی ہیں: سچائی اور امانت داری اس کو مرتبہ میں انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے، ان کے ساتھ حشر ہونے کا یہی مطلب ہے جیسے وہ شخص جو اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے جنگ کرتے ہوئے مارا گیا ہو وہ حقیقی شہید ہے، اور بہت سے لوگ اس کے ساتھ ملحق ہیں جن کی تعداد پچاس سے زائد ہے، اور یہ الحاق ہی ان کی فضیلت ہے، شہید فی سبیل اللہ کے تمام فضائل ان کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے اسی طرح انبیاء، صدیقین اور شہداء کے تمام فضائل اس تاجر کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے، یہ الحاق ہی اس کے لئے فضیلت ہے۔

اس کی نظیر: ایک مرتبہ صحابہ میں سپہ گری میں مقابلہ ہوا، آنحضرت ﷺ بھی موجود تھے، دونوں پارٹیوں کے لیڈروں نے اپنے لئے آدمیوں کا انتخاب کیا، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بچ گئے، نبی ﷺ نے ان کو اپنے پاس بٹھالیا اور فرمایا: سلمانُ مِنَّا أهلَ البيت: سلمانؓ ہمارے گھرانے میں سے ہیں، یہ الحاق ہی حضرت سلمانؓ کے لئے فضیلت ہے، اہل بیت کے جو فضائل ہیں وہ سب حضرت سلمان فارسیؓ کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے۔

دوسری نظیر: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: من خرج يطلب العلم فهو في سبيل الله حتى يرجع: جو شخص

علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلا وہ جب تک گھر لوٹ نہ آئے اللہ کے راستہ میں ہے، یعنی طالب علم: مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق ہے اور یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہے، مجاہد فی سبیل اللہ کے دیگر فضائل اس طالب علم کے لئے ثابت نہیں کئے جائیں گے۔

مگر اب تبلیغی جماعت کے احباب مسلسل یہ غلطی کررہے ہیں اور ان کو اس بات پر اصرار بھی ہے کہ ہمارا کام فی سبیل اللہ ہے (یہاں تک بات ٹھیک ہے) پھر مجاہد فی سبیل اللہ کے سلسلہ میں جو آیات واحادیث ہیں ان کا مصداق اپنے کام کو قرار دیتے ہیں یہ ان کی غلطی ہے، پس یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہئے کہ جو آیات واحادیث مجاہدین کے ساتھ خاص ہیں، تبلیغی کام ان کا مصداق نہیں، حدیث شریف میں طلب علم کو فی سبیل اللہ قرار دیا گیا ہے، مگر کوئی بھی شخص طالب علم کے لئے ان آیات واحادیث کو ثابت نہیں کرتا اور اہل بیت کے تمام فضائل حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے لئے ثابت نہیں کرتا، اسی طرح تبلیغی کام بلاشبہ دین کا کام ہے مگر اس کام کو ان آیات واحادیث کا مصداق قرار دینا جو مجاہدین کے لئے ہیں: سخت غلطی ہے۔

۲- صدوق وامین تاجر کو انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ لاحق کرنے میں اس طرح اشارہ ہے کہ تجارت میں جھوٹ اور خیانت سے بالکلیہ احتراز کرنا اور ہمیشہ سچائی اور امانت داری برتنا نہایت دشوار کام ہے، مگر ناممکن نہیں پس ہر تاجر کو یہ دو خوبیاں اپنے اندر پیدا کرنے کی حتی الامکان کوشش کرنی چاہئے، تاکہ کائنات کی عظیم المرتبت ہستیوں کے ساتھ اس کا حشر ہو۔

حدیث (۳): حضرت رفاعہؓ سے مروی ہے: وہ نبی ﷺ کے ساتھ عیدگاہ کی طرف نکلے (اس میدان میں بازار لگتا تھا) وہاں آپؐ نے لوگوں کو کاروبار میں مشغول پایا، پس فرمایا: اے تاجرو! لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو جواب دیا اور اپنی گردنیں اور نگاہیں آپؐ کی طرف اٹھادیں، یعنی سب تاجر آپؐ کی طرف متوجہ ہوگئے، آپؐ نے فرمایا: ''تاجر قیامت کے دن فاجر اٹھائے جائیں گے'' یعنی جو لوگ خوف خدا، احکام شریعت اور سچائی ونیکوکاری سے آزاد ہوکر تجارت کرتے ہیں وہ قیامت کے دن بدکار مجرموں کی طرح بارگاہ خداوندی میں حاضر کئے جائیں گے، ''مگر وہ تاجر جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے (اور جائز طریقے پر تجارت کرتا ہے) اور نیکوکاری وسچائی اختیار کرتا ہے'' (اس کا حشر انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا)

[٤-] باب ماجاء فی التُّجَّارِ، وتسمیةِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم إیاهُمْ

[۱۱۹۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِیْ غَرَزَةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ نُسَمَّى السَّمَاسِرَةَ، فَقَالَ: ''يَامَعْشَرَ التُّجَّارِ!

إِنَّ الشَّيْطَانَ وَالإِثْمَ يَحْضُرَانِ الْبَيْعَ، فَشُوْبُوْا بَيْعَكُمْ بِالصَّدَقَةِ"

وفی الباب: عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، وَرِفَاعَةَ، حديثُ قَيْسِ بنِ أَبِیْ غَرَزَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، رَوَاهُ مَنْصُوْرٌ، وَالأَعْمَشُ، وَحَبِيْبُ بنُ أَبِیْ ثَابِتٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِیْ غَرَزَةَ، وَلاَ نَعْرِفُ لِقَيْسٍ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هٰذَا.

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِیْ غَرَزَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَهٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[١١٩٤-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " التَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الأَمِيْنُ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ"

حدثنا سُوَيْدٌ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مَنْ حديثِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ، وأَبُوْ حَمْزَةَ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ جَابِرٍ، وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِیٌّ.

[١١٩٥-] حدثنا يَحْيىَ بنُ خَلَفٍ، ثَنَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُثْمَانَ بنِ خُثَيْمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ عُبَيْدِ بنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّهُ خَرَجَ مَعَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمُصَلَّى، فَرَأَى النَّاسَ يَتَبَايَعُوْنَ، فَقَالَ: "يَامَعْشَرَ التُّجَّارِ!" فَاسْتَجَابُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَفَعُوْا أَعْنَاقَهُمْ وَأَبْصَارَهُمْ إِلَيْهِ، فَقَالَ: " إِنَّ التُّجَّارَ يُبْعَثُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا، إِلاَّ مَنِ اتَّقَى اللّٰهَ وَبَرَّ وَصَدَقَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُقَالُ: إِسْمَاعِيْلُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ رِفَاعَةَ أَيْضًا.

وضاحت: حضرت قیس کی حدیث (نمبر ۱۱۹۳) دوسندوں سے روایت کی ہے، پہلی سند عاصم کی ہے، وہ ابووائل شقیق بن سلمہ سے روایت کرتے ہیں، پھر فرمایا کہ منصور، اعمش اور حبیب وغیرہ بھی اس حدیث کو ابووائل سے روایت کرتے ہیں یعنی ان سے اوپر یہی ایک سند ہے، اور حضرت قیس سے یہی ایک حدیث مروی ہے، پھر امام اعمش کی سند بیان کی ہے —— اور دوسری حدیث (نمبر ۱۱۹۴) قبیصہ کی سند سے روایت کی ہے، وہ سفیان ثوری سے روایت کرتے ہیں، پھر ان کے متابع عبداللہ بن المبارک کی سند ذکر کی ہے، سفیان سے اوپر اس حدیث کی یہی ایک سند ہے۔

بابُ ماجاء فی مَنْ حَلَفَ علی سِلْعَةٍ كَاذِبًا

کسی سامان کے بارے میں جھوٹی قسم کھانا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخص ایسے ہیں جن کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نظر نہیں فرمائیں

گے اور نہ انہیں گناہوں سے پاک کریں گے یعنی ان کے گناہ بغیر سزا کے معاف نہیں کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا۔ حضرت ابوذرؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! وہ کون لوگ ہیں؟ وہ تو بڑے ناکام اور نامراد ہونگے! آپؐ نے فرمایا: ''احسان جتلانے والا، لنگی ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا، اور اپنا سامان جھوٹی قسم کے ذریعہ چلانے والا''

تشریح: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ بہت سے گنہ گاروں کو محض اپنے فضل وکرم سے معاف فرمادیں گے مگر تین شخصوں کو معافی نہیں ملے گی، ان کو ان کے گناہوں کی سزا ضرور ملے گی، مہربانی کی نظر نہ کرنے اور گناہوں سے پاک نہ کرنے کا یہی مطلب ہے، وہ تین شخص یہ ہیں:

۱- مَنَّان: مِنَّةٌ (احسان) سے ماخوذ ہے، اس کے معنی ہیں: بہت زیادہ احسان جتلانے والا، وہ شخص جو صدقہ، زکوٰۃ، امداد یا کسی اور طریقہ سے کسی کے ساتھ مدد کرے، پھر دوسرے وقت اس کو اس کے منہ پر مارے کہ میں نے تم پر یہ احسان کیا ہے تو وہ شخص ناکام ونامراد ہوگا، اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف نہیں کریں گے، کیونکہ احسان کرنے والے کو ثواب کی شکل میں احسان کا بدلہ فوراً مل جاتا ہے، پس یہ بلاوجہ احسان جتلانا ہے اور اس کی قباحت ظاہر ہے۔

۲- لنگی اور پاجامہ ٹخنوں سے نیچے لٹکانے والا بھی اللہ کی رحمت سے محروم رہتا ہے، کیونکہ یہ تکبر کی علامت ہے اور تکبر اللہ کو سخت ناپسند ہے، شوافع کی کتابوں میں یہ مسئلہ تکبر کی قید کے ساتھ مذکور ہے اور احناف کی کتابوں میں مطلق ہے۔ تکبر کے طور پر نہ ہو تو بھی حرام ہے، کیونکہ ہر شخص بہانہ بنا سکتا ہے کہ میری نیت تکبر کی نہیں ہے، پھر تکبر ایک مخفی چیز ہے بہت سوں کو اس کا احساس نہیں ہوتا اور امور خفیہ میں شریعت کسی امر ظاہر کو امر خفی کے قائم مقام کر کے اس پر احکام دائر کرتی ہے، یہاں بھی ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانے کو تکبر کی علامت قرار دے کر اس کو حرام کیا گیا ہے، اور حدیث میں خُیلاء (تکبر) کی قید اتفاقی ہے اور إزار کی قید بھی اتفاقی ہے، اسبال ہر کپڑے میں ہوتا ہے، ہر کپڑا پہننے کا جو معروف طریقہ ہے اس کے خلاف پہننا اسبال ہے، مثلاً: ٹوپی بہت زیادہ اونچی پہننا، کرتا نصف پنڈلی سے بھی نیچے لٹکانا اسبال ہے۔ آنحضور ﷺ کی قمیص نصف پنڈلی تک ہوتی تھی، اور اب عرب جو توب (ثوب) پہنتے ہیں جو زمین کے قریب تک ہوتا ہے وہ عورتوں کا کرتہ ہے، اسی طرح بہت بڑی پگڑی باندھنا بھی اسبال ہے اور ممنوع ہے۔

۳- جھوٹی قسم کے ذریعہ سامان فروخت کرنے والا بھی حق جل مجدہ کی عنایات سے محروم رہے گا، حَلْف (مصدر) کے معنی ہیں: قسم کھانا اور حَلِف (اسم) کے معنی ہیں: قسم، جھوٹی قسم کھا کر سامان چلانا: گاہک کو دھوکہ دینا ہے، اور اسلام میں دھوکہ دہی کی کوئی گنجائش نہیں، اس لئے اس کا گناہ بھی بغیر سزا کے معاف نہیں ہوگا۔

[۵-] باب ماجاء فيمن حلف على سِلعةٍ كاذباً

[۱۱۹۶-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلِيُّ بنُ مُدْرِكٍ،

قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ بنَ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ خَرَشَةَ بنِ الْحُرِّ، عَنْ أَبِىْ ذَرٍّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " ثَلاَثَةٌ لاَيَنْظُرُ اللّٰهُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ، قُلْتُ: مَنْ هُمْ؟ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا! قَالَ: " الْمَنَّانُ، وَالْمُسْبِلُ إِزَارَهُ، وَالْمُنْفِقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ"

وَفِىْ الْبَابِ عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَأَبِىْ أُمَامَةَ بنِ ثَعْلَبَةَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَمَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ، حديثُ أَبِىْ ذَرٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّبْكِيرِ بِالتِّجَارَةِ

صبح سویرے کاروبار شروع کرنا

حدیث: حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! میری امت کے سویرے کے کاموں میں برکت فرما'' حضرت صخرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب کوئی چھوٹا یا بڑا لشکر روانہ فرماتے تو دن کے اول حصے میں (فجر کے فوراً بعد) روانہ کرتے، اور حدیث کے راوی حضرت صخر غامدیؓ تاجر تھے اور کوفہ میں رہتے تھے وہ اپنے نوکروں کو صبح ہی مارکیٹ روانہ کرتے تھے، چنانچہ وہ دولت مند ہوگئے اور ان کا مال بہت بڑھ گیا (عطف تفسیری ہے)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دن کا شروع حصہ برکت والا ہے، اس وقت کاروبار کرنا، تجارت یا جہاد کے لئے سفر کرنا، مطالعہ کرنا یا کوئی اور کام کرنا برکت کا باعث ہوتا ہے، لیکن اب ساری دنیا میں غیروں کا نظام الاوقات چل رہا ہے، اسی کے مطابق کاروبار ہوتا ہے، اسی کے مطابق آفسیں کھلتی ہیں اس لئے سویرے کام شروع کرنے میں دشواری ہے، اور یہ دشواری نیک بندوں کے لئے زیادہ ہے، وہ فجر سے پہلے بیدار ہوتے ہیں، بلکہ بعض بندے تو تہجد کے وقت اٹھ جاتے ہیں، پھر فجر کے بعد سونا رزق سے محرومی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: نَوْمُ الصُّبْحَةِ يَمْنَعُ الرِزْقَ: فجر کے بعد سونے سے روزی کم ہوجاتی ہے (رواہ احمد ترغیب ۲: ۵۳۰) پس دس بجے تک قوتِ عمل ختم ہوجاتی ہے۔ سعودیہ میں اسلامی نظام الاوقات ہے، وہاں فجر کے بعد فوراً کاروبار شروع ہوتا ہے اور دوپہر میں دوکانیں اور آفسیں بند ہوجاتی ہیں، لوگ کھانے اور نماز سے فارغ ہوکر قیلولہ کرتے ہیں، وہاں کسی کے لئے کوئی دشواری نہیں، غرض کچھ اسلامی احکام ایسے ہیں جن پر بسہولت عمل اسلامی نظام ہی میں ممکن ہے، کافرانہ نظام میں اگر کوئی صبح سے دوکان کھول کر بیٹھ جائے گا تو کیا فائدہ ہوگا؟ گاہک تو دس بجے کے بعد آئیں گے۔

[٦-] باب ماجاء في التبكير بالتجارة

[١١٩٧-] حدثنا يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثنا يَعْلَى بنُ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ حَدِيْدٍ، عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا" قَالَ: وَكَانَ إِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً أَوْ جَيْشًا بَعَثَهُمْ أَوَّلَ النَّهَارِ، وَكَانَ صَخْرٌ رَجُلًا تَاجِرًا، وَكَانَ إِذَا بَعَثَ تُجَّارَهُ: بَعَثَهُمْ أَوَّلَ النَّهَارِ، فَأَثْرَى، وَكَثُرَ مَالُهُ.

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَبُرَيْدَةَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَنَسٍ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، حديثُ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ حديثٌ حسنٌ ،وَلاَنَعْرِفُ لِصَخْرٍ الْغَامِدِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ.

ملحوظہ: ذہبی نے اس حدیث کوضعیف قرار دیا ہے کیونکہ صخر غامدی: صحابہ میں معروف نہیں، اوران سے روایت کرنے والا عمارۃ مجہول راوی ہے اوران سے صرف یعلی روایت کرتا ہے، ثوری بھی شعبہ کے واسطہ سے یعلی ہی سے روایت کرتے ہیں (مگر یہ حدیث دسیوں صحابہ سے مروی ہے)

بابُ ماجاء في الرُّخْصَةِ فِي الشِّرَاءَ إِلى أَجَلٍ

ادھار خریدنا جائز ہے

ادھار خریدنا بالاتفاق جائز ہے اورادھار کی وجہ سے قیمت بڑھانا بھی بالاجماع جائز ہے، مثلاً: ایک کتاب نقد دس روپے کی ہے اورکوئی ادھار خریدے اور بائع بارہ روپے کی دے تو یہ جائز ہے، اگرچہ یہ سود کے مشابہ ہے، البتہ ادھار میں ثمن کی ادائیگی کا وقت مقرر کرنا ضروری ہے اوراس مقررہ وقت سے پہلے بائع ثمن طلب نہیں کرسکتا، اسی طرح جو چیز قسطوں پرخریدی جاتی ہے وہ بھی شراء الی الاجل (ادھار) ہے اس میں بھی مقرروقت پر مقررہ قسط ہی کا بائع مطالبہ کرسکتا ہے، اس سے پہلے اوراس سے زیادہ کا مطالبہ نہیں کرسکتا۔ اوراس طرح خریدنا کہ مشتری کہے: ابھی میرے پاس پیسے نہیں، جب آئیں گے دیدونگا، یا کہے: بعد میں دیدوں گا، یہ نقد خریدنا ہے، اس صورت میں بائع کو ہروقت قیمت طلب کرنے کا حق ہے، وہ جب تک چشم پوشی کرے اس کا احسان ہے۔ اسی طرح کسی نے دو ماہ کے وعدہ پرقرض لیا تو قرض دینے والا ہر وقت قرض کی واپسی کا مطالبہ کرسکتا ہے کیونکہ قرض میں ادھار نہیں ہوتا، اور جو دو ماہ کی مدت مقرر کی گئی ہے وہ محض وعدہ اوراحسان ہے، اس کی وجہ سے قرض ادھار نہیں ہوجاتا، البتہ دو ماہ یااس سے بھی زیادہ مدت تک قرض دینے والا چشم پوشی کرے اورقرض طلب نہ کرے تو یہ اس کا

احسان ہے، اسی طرح نقد بیع میں جب تک بائع چشم پوشی کرے اس کا احسان ہے، لیکن اس کو ہر وقت ثمن طلب کرنے کا حق ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ایک یہودی سے سوتی کپڑا خریدنے کا ارادہ فرمایا، اور قیمت آسانی ہونے پر یعنی انتظام ہونے پر ادا کرنے کا وعدہ کیا، یہ نقد بیع ہے، ادھار خریدنا نہیں، پس یہ حدیث باب سے غیر متعلق ہے۔ اور دوسری حدیث یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے گھر کی ضرورت کے لئے ایک یہودی کی دوکان سے بیس صاع جو خریدے اور اپنی زرہ اس کے پاس رہن رکھی، اس حدیث میں یہ بھی احتمال ہے کہ آپؐ نے وہ جو ادھار خریدے ہوں اور بائع کے اطمینان کے لئے زرہ گروی رکھی ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ نقد خریدے ہوں اور ثمن کا انتظام ہونے پر قیمت ادا کرنے کا وعدہ کیا ہو، اور بائع کے اطمینان کے لئے زرہ گروی رکھی ہو۔ غرض یہ حدیث مجمل ہے، ادھار خریدنے کے بارے میں صریح نہیں۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ کے پاس دو قطری موٹی چادریں تھیں (ایک چادر لنگی کی جگہ اور دوسری چادر کرتے کی جگہ استعمال فرماتے تھے) جب آپؐ (کسی مجلس میں) دیر تک بیٹھتے اور آپؐ کو پسینہ آتا تو وہ کپڑے آپؐ پر بھاری ہو جاتے یعنی ایک تو کپڑا موٹا پھر جب وہ پسینہ میں تر ہو جاتا تو بوجھ بن جاتا تھا۔ پس شام سے فلاں یہودی کے پاس سوتی کپڑا آیا، میں نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا: کیا اچھا ہو کہ آپؐ اس یہودی کے پاس آدمی بھیجیں اور اس سے آسانی ہونے تک کے وعدہ پر دو کپڑے خرید لیں، آپؐ نے کسی کو اس کے پاس بھیجا، اس نے کہا: میں بالیقین جانتا ہوں محمد (ﷺ) کا کیا ارادہ ہے، وہ میرا مال یا کہا: میرے دراہم ہضم کر جانا چاہتے ہیں، آدمی واپس آیا اور ماجرا عرض کیا تو آپؐ نے فرمایا: اس نے جھوٹ کہا: وہ بالیقین جانتا ہے کہ میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا اور سب سے زیادہ دوسرے کا حق ادا کرنے والا ہوں (مگر مذہبی تعصب میں اور مجھے تکلیف پہنچانے کے لئے اس نے وہ بات کہی ہے)

تشریح: اس حدیث میں وسعت ہونے پر قیمت ادا کرنے کی جو بات کہی گئی ہے وہ نقد خریدنا ہے، پس یہ حدیث بھی باب سے غیر متعلق ہے، اور اگر یہ توجیہ کریں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے تو مشورہ دیتے وقت لفظ میسرۃ استعمال کیا تھا، مگر جب آپؐ نے یہودی سے معاملہ کیا تو ادائے ثمن کے لئے کوئی وقت متعین کیا ہوگا، پس یہ ادھار خریدنا ہے: تو اس صورت میں حدیث کا باب سے تعلق قائم ہو جائے گا۔

جاننا چاہئے کہ اس حدیث کی عمارۃ بن ابی حفصہ سے اوپر یہی ایک سند ہے اور عمارۃ سے اس حدیث کو یزید کے علاوہ امام شعبہؒ بھی روایت کرتے ہیں، اور امام ترمذیؒ: محمد بن فراس بصریؒ کی سند سے ابوداؤد طیالسیؒ کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ ایک مجلس میں تلامذہ نے شعبہؒ سے یہ حدیث سنانے کی فرمائش کی، اتفاق سے عمارۃ کے لڑکے حرمی بھی

مجلس میں موجود تھے۔ امام شعبہؒ نے کہا: جب تک سب حرمی کے سر کو بوسہ نہیں دوگے: حدیث نہیں سناؤں گا، چنانچہ سب نے حرمی کو چوما، تب امام شعبہؒ نے یہ حدیث سنائی، مصری نسخہ میں یہ بھی ہے کہ شعبہؒ کو یہ حدیث بہت پسند تھی، اور عمارة کا انتقال ہو چکا تھا اس لئے صاحبزادے کی تقبیل کرا کر استاذ کی تعظیم کی۔

حدیث (۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ کی وفات اس حال میں ہوئی کہ آپؐ کی زرہ بیس صاع غلے کے بدلے میں گروی تھی جو آپؐ نے گھر والوں کی ضرورت کے لئے خریدا تھا۔

حدیث (۳): (پہلا واقعہ) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس جو کی روٹی اور پگھلی ہوئی باسی چربی لے کر گیا (یہ حدیث مختصر ہے اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک یہودی نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ کھانا آپؐ کے گھر بھجوایا)

(دوسرا واقعہ) اور آپؐ کی زرہ بیس صاع غلہ کے بدلہ میں ایک یہودی کے پاس گروی رکھی ہوئی تھی جو آپؐ نے اپنے گھر والوں کی ضرورت کے لئے لیا تھا (یہ واقعہ اوپر والی روایت میں آ گیا)

(تیسرا واقعہ) اور ایک دن نبی ﷺ نے صحابہ کے سامنے اپنا یہ حال بیان کیا کہ آج شام میرے کسی گھر میں نہ ایک صاع کھجور ہے اور نہ ایک صاع اناج۔ اور اس وقت آپؐ کی نو بیویاں تھیں یعنی نو گھر تھے، مگر کسی گھر میں کھانے کے لئے کچھ نہیں تھا۔

تشریح: آنحضور ﷺ کی زندگی بہت سادہ تھی اور بعض اوقات معیشت تنگ ہو جاتی تھی مگر آپؐ کبھی اپنی تنگی صحابہ کے سامنے بیان نہیں فرماتے تھے بلکہ قریب ترین لوگوں کو بھی اس کا علم نہیں ہوتا تھا، مگر جب لوگوں کو صبر وشکر کی تلقین کرنا مقصود ہوتا یا کوئی اور مصلحت ہوتی تو آپؐ اپنے احوال کا تذکرہ فرماتے تھے، جیسے غزوۂ خندق کی کھدائی کے موقع پر صحابہ نے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ دکھائے جن پر پتھر بندھے ہوئے تھے، تو آپؐ نے اپنی چادر ہٹائی، آپؐ کے پیٹ پر دو پتھر بندھے ہوئے تھے، یعنی آپ کا فاقہ صحابہ سے دوگنا تھا، چنانچہ سب کو تسلی ہوگئی اور سب کام میں لگ گئے، یہاں بھی ایسی ہی کوئی مصلحت رہی ہوگی جس کی وجہ سے آپؐ نے اپنی حالت کھولی ہے کہ آج میرے کسی گھر میں کھانے کے لئے کچھ بھی نہیں!

[۷-] باب ماجاء فی الرخصة فی الشِّراء إلی أجلٍ

[۱۱۹۸-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ، ثَنَا یَزِیْدُ بنُ زُرَیْعٍ، ثَنَا عُمَارَةُ بنُ أَبِیْ حَفْصَةَ، ثَنا عِکْرِمَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: کَانَ عَلَیَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم ثَوْبَیْنِ قَطَرِیَّیْنِ غَلِیْظَیْنِ، فَکَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلَا عَلَیْهِ، فَقَدِمَ بَزٌّ مِنَ الشَّامِ لِفُلَانِ الْیَهُوْدِیِّ، فَقُلْتُ: لَوْ بَعَثْتَ إِلَیْهِ

فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ! فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمْتُ مَايُرِيْدُ؟ إِنَّمَا يُرِيْدُ أَنْ يَذْهَبَ بِمَالِيْ أَوْ: بِدَرَاهِمِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَذَبَ! قَدْ عَلِمَ أَنِّيْ مِنْ أَتْقَاهُمْ لِلّٰهِ، وَأَدَّاهُمْ لِلْأَمَانَةِ"

وفي الباب: عَنِ ابنِ عبَّاسٍ، وَأَنَسٍ، وأَسْمَاءَ ابْنَةِ يَزِيْدَ، حديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ أَيْضًا عَنْ عُمَارَةَ بنِ أَبِيْ حَفْصَةَ.

قَالَ: سَمِعْتُ محمدَ بنَ فِراسٍ الْبَصْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا دَاوُدَ الطَّيَالِسِيَّ يَقُوْلُ: سُئِلَ شُعْبَةُ يَوْمًا عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، فَقَالَ: لَسْتُ أُحَدِّثُكُمْ حَتّٰى تَقُوْمُوْا إِلَى حَرَمِيِّ بنِ عُمَارَةَ، فَتُقَبِّلُوْا رَأْسَهُ، قَالَ: وَحَرَمِيٌّ فِيْ الْقَوْمِ.

[۱۱۹۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، وَعُثْمَانُ بنُ أَبِيْ عُمَرَ، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: تُوُفِّيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَدِرْعُهُ مَرْهُوْنَةٌ بِعِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ؛ أَخَذَهُ لِأَهْلِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۲۰۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ ح: قَالَ مُحمدٌ: وَأَخْبَرَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَشَيْتُ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ؛ وَلَقَدْ رُهِنَ لَهُ دِرْعٌ مَعَ يُهُوْدِيٍّ بِعِشْرِيْنَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، أَخَذَهُ لِأَهْلِهِ؛ وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ يَقُوْلُ: "مَا أَمْسٰى عِنْدَ آلِ مُحمدٍ صَاعُ تَمْرٍ وَلَا صَاعُ حَبٍّ!" وَإِنَّ عِنْدَهُ يَوْمَئِذٍ لَتِسْعُ نِسْوَةٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: قوله: ثَوْبَيْنِ قَطَرِيَّيْنِ غليظين: دوسرے نسخہ میں ثوبانِ قَطَرِيَّانِ غليظان حالت رفعی میں ہے، اور کان کا اسم مؤخر ہے.......... قوله: فَعَرِقَ: مستقل جملہ ہے اور ثَقُلَا: إذا کی جزاء ہے..... بَزّ کے معنی ہیں: سوتی کپڑا...... لو: للتمنی...... المَيْسَرَة : مصدر میمی: سہولت، آسانی...... أَتْقٰى: اسم تفضیل: خدا کا خوف دل میں ہونے کی وجہ سے اس کی منع کی ہوئی چیزوں سے بہت زیادہ بچنے والا...... أَدّٰى یا آدیٰ: اسم تفضیل: دوسرے کا حق پورا پورا چکانے والا...... امانت: سپرد کی ہوئی چیز، دوسرے کا واجب حق...... قال: سمعتُ کا فاعل امام ترمذی ہیں...... قال: وحرمی: اس قال کا فاعل ابو داؤد طیالسی بھی ہو سکتے ہیں اور امام ترمذی بھی...... اور آخری حدیث میں تحویل کے بعد جو قال محمد ہے اس سے امام ترمذی کے استاذ محمد بن بشار مراد ہیں۔

بابُ ماجاء فی کِتَابَةِ الشُّرُوْطِ

دستاویز لکھنے کا بیان

شروط: شرطٌ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: وثیقہ، دستاویز، کسی امر کا تحریری ثبوت، وہ سند جس سے اپنا حق ثابت کرسکیں۔اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ اگر کوئی اہم معاملہ کیا جائے تو اس کو لکھ لینا چاہئے، اور دھار کا معاملہ ہوتو ضرور لکھنا چاہئے، ارشاد پاک ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا إِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ إِلٰی أَجَلٍ مُسَمًّی فَاکْتُبُوْهُ﴾ (سورۃ البقرہ آیت ۲۸۲) یعنی جب تم آپس میں متعین وقت تک ادھار کا معاملہ کرو تو اس کو لکھ لو، اور معاملات کس طرح لکھے جاتے ہیں اس کے لئے عالمگیری کتاب المحاضر والسجلات دیکھیں، اس میں ہر معاملہ کے لئے دستاویز دیئے گئے ہیں، ان کی مدد سے وثیقے لکھے جاسکتے ہیں، جیسے ایک کتاب ہے: سپاس نامے، اس میں بڑی راہنمائی ہے، مہمان: ملک کا صدر یا وزیر اعظم ہوتو سپاس نامہ کیسے لکھا جائے، ڈاکٹر، انجینئر، شیخ الحدیث یا کوئی اور قابل احترام شخصیت ہوتو سپاس نامہ کس طرح لکھنا چاہئے اس کے نمونے ہیں، اس کی مدد سے مہمان کی حیثیت، عہدہ اور قابلیت کے مطابق سپاس نامہ تیار کیا جاسکتا ہے، اسی طرح کوئی چیز وقف کرنی ہو، بیچنی یا خریدنی ہو، ہبہ کرنی ہو، دو قبیلوں، خاندانوں یا ملکوں کے درمیان معاہدہ لکھنا ہو یا کوئی اور اہم معاملہ تحریر کرنا ہوتو عالمگیری میں اس کے نمونے ہیں، ضرورت کے وقت اس کی طرف رجوع کیا جائے۔

حدیث: نبی کریم ﷺ نے اپنا ایک غلام عدّاء کے ہاتھ بیچا اور ایک تحریر لکھ کر دی، یہی دستاویز ہے، حضرت عداءؓ نے وہ تحریر محفوظ رکھی تھی، ایک مرتبہ انھوں نے عبدالمجید سے کہا: کیا میں تمہیں وہ تحریر نہ دکھلاؤں جو نبی ﷺ نے مجھے لکھ کر دی ہے؟ عبدالمجید نے کہا: کیوں نہیں! ضرور دکھلایئے، پس عداء (گھر میں سے) میرے پاس ایک تحریر لائے، اس میں لکھا ہوا تھا: یہ وہ غلام یا باندی (راوی کو شک ہے) ہے جو عداء نے محمد ﷺ سے خریدی ہے اس میں نہ تو کوئی بیماری ہے (جس کی وجہ سے خیار عیب حاصل ہوتا ہے) اور نہ یہ چوری کا مال ہے اور نہ حرام مال ہے، ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان کے ساتھ (کھری) بیع ہے۔

مسئلہ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر مشتری کو معلوم ہو یا ظن غالب ہو کہ مبیع حرام مال ہے یا چوری کا مال ہے تو اس کو خریدنا جائز نہیں۔

فائدہ: یہاں ایک بحث یہ اٹھائی گئی ہے کہ ہجرت کے بعد نبی ﷺ نے کوئی چیز بیچی ہے یا نہیں؟ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیچی ہے، مگر اسی حدیث میں بخاری میں تعلیقاً (کتاب البیوع، باب ۱۹) یہ ہے کہ غلام: نبی ﷺ نے خریدا تھا، مگر تحریر کا حضرت خالد کے پاس ہونا قرینہ ہے کہ خریدار وہی تھے اور بائع نبی ﷺ تھے۔

[۸-] باب ماجاء فی کتابة الشروطِ

[۱۲۰۱-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبَّادُ بنُ لَيْثٍ: صَاحِبُ الْكَرابِيْسِ، ثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بنُ وَهْبٍ، قَالَ: قَالَ لِي الْعَدَّاءُ بنُ خَالِدِ بنِ هَوْذَةَ: أَلَا أُقْرِئُكَ كِتَابًا كَتَبَهُ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ قُلْتُ: بَلٰى! فَأَخْرَجَ لِيْ كِتَابًا: " هٰذَا مَا اشْتَرَى الْعَدَّاءُ بْنُ خَالِدِ بنِ هَوْذَةَ مِنْ مُحَمَّدٍ رسولِ الله صلى الله عليه وسلم: اشْتَرَى مَنْهُ عَبْدًا أَوْ: أَمَةً، لَا دَاءَ وَلَا غَائِلَةَ وَلَا خِبْثَةَ، بَيْعُ الْمُسْلِمِ الْمُسْلِمَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبَّادِ بنِ لَيْثٍ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْحَدِيْثِ.

لغت: کرابیس: کرباس کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: سوتی کپڑا، سوتی کپڑے کو بَزٌّ بھی کہتے ہیں اور اس کے تاجر کو بَزّاز کہتے ہیں، صاحب الکرابیس یعنی سوتی کپڑے کا تاجر...... الغائلة: چوری کا مال، غَالَ فلان كذا: چرانا...... الخِبْثة: الحرام یعنی کسی اور طرح سے حاصل کیا ہوا ناجائز مال...... بیعُ المسلم میں مبتدا محذوف ہے أی هذا۔

بابُ ماجاء فی الْمِكْيَالِ وَالْمِيْزَانِ

پیمانوں اور ترازو کا بیان

بازار میں عام طور پر چیزیں یا تو ناپ کر بیچی خریدی جاتی ہیں یا تول کر، آج کل اکثر چیزیں تول کر بیچی جاتی ہیں۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں زیادہ تر چیزیں ناپ کر بیچی جاتی تھیں، تاجروں پر فرض ہے کہ پورا تولیں اور ناپیں، ڈنڈی مارنا اور کم ناپنا سخت گناہ ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم اسی گناہ کی وجہ سے ہلاک ہوئی تھی، اس لئے اس فعل شنیع سے مکمل احتراز چاہئے، ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بازار تشریف لے گئے، آپؐ نے ان لوگوں سے جو ناپ کر اور تول کر چیزیں بیچ رہے تھے یعنی کاروبار کررہے تھے: فرمایا: "تم لوگ ایسی دو چیزوں (کیل ووزن) کے ذمے دار بنائے گئے ہو جس میں کوتاہی کی وجہ سے گذشتہ امتوں میں سے بعض امتیں ہلاک کی جاچکی ہیں" اور جو چیزیں گز سے ناپ کر یا گن کر بیچی خریدی جاتی ہیں ان کا بھی یہی حکم ہے، ان میں بھی دھوکہ بازی کرنا حرام اور سخت گناہ ہے۔

[۹-] باب ماجاء فی المکیال والمیزان

[۱۲۰۲-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ يَعْقُوْبَ الطَّالِقَانِيُّ، ثَنَا خَالِدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ حُسَيْنِ بنِ قَيْسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِ الْكَيْلِ

وَالْمِيْزَانِ: " إِنَّكُمْ قَدْ وُلِّيتُمْ أَمْرَيْنِ هَلَكَتْ فِيْهِ الْأُمَمُ السَّالِفَةُ قَبْلَكُمْ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بنِ قَيْسٍ، وَحُسَيْنُ بْنُ قَيْسٍ يُضَعَّفُ فِيْ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا بِإِسْنَادٍ صحيحٍ مَوْقُوْفًا عنِ ابنِ عَبَّاسٍ.

وضاحت: اس حدیث کوصرف حسین بن قیس نے مرفوع کیا ہےاور وہ ضعیف راوی ہے، یہ حدیث درحقیقت موقوف ہے یعنی ابن عباسؓ نے تاجروں کو مذکورہ نصیحت کی ہے۔

بابُ ماجاء فی بَيْعِ: مَنْ يَزِيْدُ؟

نیلام کرنے کا بیان

من یزیدُ؟ کون زیادہ قیمت دیتا ہے؟ یعنی نیلام کرنا جائز ہےاور دلیل باب کی حدیث ہے۔امام ترمذیؒ نے یہ حدیث مختصر لکھی ہے، پورا واقعہ ابوداؤد میں ہے: ایک انصاری صحابی نے آنحضور ﷺ سے سوال کیا، اتفاق سے آپؐ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا، آپؐ نے پوچھا: کیا تیرے پاس کچھ نہیں؟ اس نے عرض کیا: ایک ٹاٹ اور ایک پیالہ ہے، آپؐ نے فرمایا: وہ دونوں چیزیں لے آ، پھر آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: یہ دونوں چیزیں کون خریدتا ہے؟ ایک صحابی نے کہا: میں ان کو ایک درہم میں خریدتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: کون زائد دیتا ہے؟ (یہی نیلامی ہے) ایک دوسرے صحابی نے (غریب کی مدد کی نیت سے) دو درہم لگائے، آپؐ نے وہ پیالہ اور ٹاٹ دو درہم میں ان کے ہاتھ فروخت کردیا اور مالک سے فرمایا: ایک درہم کا اناج خرید کر گھر ڈالو، اور دوسرے درہم کی کلہاڑی خرید کر میرے پاس لاؤ، جب وہ کلہاڑی لائے تو آپؐ نے خود اس میں دستہ لگایا اور فرمایا: جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر بازار میں فروخت کرو، اور پندرہ دن تک مجھے نظر نہ پڑنا، انھوں نے جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر بازار میں فروخت کرنی شروع کیں، پندرہ دن کے بعد جب وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہیں تو انھوں نے دس درہم پس انداز کر لئے تھے، آپ نے فرمایا: بتاؤ، یہ بہتر ہے یا یہ کہ تم لوگوں سے سوال کرو اور قیامت کے دن وہ مانگنا تمہارے چہرے پر زخم کی صورت میں نمودار ہو؟ (ابوداؤد ا:۲۳۲ کتاب الزکوٰۃ باب ماتجوز فیه المسألة)

یہ حدیث دلیل ہے کہ نیلام کرنا جائز ہے، ائمہ اربعہ اور جمہور فقہاء ومحدثین اسی کے قائل ہیں، البتہ بعض متقدمین مثلاً حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے نزدیک نیلامی مطلقاً جائز نہیں تھی، اوران کی دلیل یہ تھی کہ نبی ﷺ نے بیع پر بیع کرنے سے منع فرمایا ہے، اور نیلامی میں یہی ہوتا ہے، دو شخصوں کے درمیان بھاؤ تاؤ چل رہا ہوتا ہے کہ تیسرا شخص بیچ میں کودتا ہے اور دام زیادہ لگا دیتا ہے جو حدیث کی رُو سے ممنوع ہے، مگر حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے

اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ جب تک بائع کا کسی کی طرف میلان اور رجحان نہ ہو دوسرا شخص بول سکتا ہے اور نیلامی میں نہ صرف یہ کہ بائع کا کسی کی طرف رجحان نہیں ہوتا بلکہ وہ دوسروں کو خریدنے کی دعوت دیتا ہے، پس اس مرحلہ میں ہر شخص کو خریدنے کا حق ہے (مزید تفصیل ابواب النکاح باب ۳۶ میں ہے)

اور امام اوزاعی رحمہ اللہ کے نزدیک صرف مواریث اور غنائم میں نیلامی جائز ہے، دیگر اموال میں نیلامی جائز نہیں، وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مواریث وغنائم کے علاوہ میں نیلامی سے منع فرمایا ہے: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع من يزيد إلا في الغنائم والمواريث (دارقطنی ۳:۱۱۰) اور رسول اللہ ﷺ سے بھی صرف مواریث وغنائم میں نیلامی ثابت ہے دیگر اموال میں نیلام کرنا منقول نہیں، لیکن باب کی حدیث اس کے معارض ہے، اس میں جو چیزیں نیلام کی گئی ہیں وہ نہ مواریث میں سے ہیں اور نہ غنائم میں سے، علاوہ ازیں جب آنحضرت ﷺ سے مواریث وغنائم میں نیلام کرنا ثابت ہے تو اس پر قیاس کر کے دیگر اموال کا بھی یہی حکم ہوگا کیونکہ خصوصیت کی کوئی دلیل نہیں اور دارقطنی کی روایت ضعیف ہے، صحیح روایات کے مقابلہ میں اس کو نہیں لیا جاسکتا۔

فائدہ: اسلامی نیلامی اور دنیاوی نیلامی میں یہ فرق ہے کہ دنیاوی نیلامی میں آخری بولی پر بیع تام ہوجاتی ہے خواہ اس پر بائع راضی ہو یا نہ ہو، اور مشتری کو خیار رؤیت اور خیار عیب حاصل نہیں ہوتا، اور اسلامی نیلامی میں بیع تام اس وقت ہوتی ہے جب اس آخری بولی پر دینے کے لئے بائع راضی ہو، کیونکہ بیع میں تراضی طرفین شرط ہے اور مشتری کو خیار رویت اور خیار عیب حاصل ہوتا ہے، وہ ان خیاروں کی وجہ سے بیع فسخ کرسکتا ہے۔

[۱۰-] باب ماجاء في بيع من يزيد؟

[۱۲۰۳-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بنُ شُمَيْطِ بنِ عَجْلَانَ، ثَنَا الْأَخْضَرُ بنُ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ الْحَنَفِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم بَاعَ حِلْسًا وَقَدَحًا، وَقَالَ: "مَنْ يَشْتَرِيْ هٰذَا الْحِلْسَ وَالْقَدَحَ؟" فَقَالَ رَجُلٌ: أَخَذْتُهُمَا بِدِرْهَمٍ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَزِيْدُ عَلَى دِرْهَمٍ؟ مَنْ يَزِيْدُ عَلَى دِرْهَمٍ؟" فَأَعْطَاهُ رَجُلٌ دِرْهَمَيْنِ، فَبَاعَهُمَا مِنْهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْأَخْضَرِ بنِ عَجْلَانَ، وَعَبْدُ اللهِ الْحَنَفِيُّ الَّذِيْ رَوَى عَنْ أَنَسٍ: هُوَ أَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ: لَمْ يَرَوْا بَأْسًا بِبَيْعِ مَنْ يَزِيْدُ فِيْ الْغَنَائِمِ وَالْمَوَارِيْثِ.

وَقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْحَدِيْثِ عَنِ الْأَخْضَرِبنِ عَجْلَانَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض علماء کے نزدیک غنائم ومواریث میں نیلام جائز ہے، یہ جمہور کا مذہب بیان کیا ہے اور غنائم ومواریث کی قید اتفاقی ہے کیونکہ عام طور پر مواریث وغنائم ہی میں نیلامی کی نوبت آتی ہے، مثلاً: میراث میں ایک بھینس ہے یا مالِ غنیمت میں ایک گھوڑا ہے، یہاں نیلامی کے بغیر چارہ نہیں، کیونکہ اس کی تقسیم کی کوئی صورت نہیں، یا یہ قید اس لئے لگائی ہے کہ آپ کو امام اوزاعی کے مذہب سے اشتباہ ہوگیا ہے۔

اور اس حدیث کی اخضر سے اوپر یہی ایک سند ہے، پھر ان سے روایت کرنے والے متعدد حضرات ہیں، عبید اللہ بھی روایت کرتے ہیں اور معتمر وغیرہ بھی اور اخضر کے استاذ عبد اللہ حنفی: ابوبکر حنفی سے معروف ہیں۔

بابُ ماجاء في بَيْعِ الْمُدَبَّرِ

مدبر کی بیع کا بیان

دَبَّرَ العَبْدَ کے معنی ہیں: غلام کی آزادی کو موت پر معلق کرنا۔ مدبر: اسم مفعول ہے، اور مدبر کی دو قسمیں ہیں: مدبر مطلق اور مدبر مقید۔ مدبر مطلق: اس غلام یا باندی کو کہتے ہیں جس کو آقا کہہ دے: أَنْت حر عن دُبُرٍ مِّنِّیْ: تو میرے مرے پیچھے آزاد ہے۔ اور مدبر مقید: وہ غلام یا باندی ہے جس کی آزادی کو آقا کسی خاص حادثہ یا خاص مدت تک مرنے کے ساتھ مقید کرے، مثلاً یہ کہے: اگر میں اس بیماری میں مرگیا/ اس مہینے میں مرگیا/ اس سفر میں مرگیا تو تو آزاد ہے۔

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ متفق ہیں کہ مدبر مقید کو شرط کے تحقق سے پہلے فروخت کرنا جائز ہے، کیونکہ اس کو فی الحال آزادی یا آزادی کا استحقاق حاصل نہیں ہوا، اور تحقق شرط کے بعد فروخت کرنے کا سوال ہی نہیں، کیونکہ اس وقت وہ آزاد ہوجائے گا۔ اور مدبر مطلق کو آقا کے مرنے کے بعد بالاتفاق فروخت کرنا جائز نہیں کیونکہ وہ موت کے ساتھ ہی آزاد ہوجائے گا۔ البتہ آقا کی حیات میں فروخت کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک فروخت کرسکتے ہیں، کیونکہ اس کو فی الحال نہ آزادی حاصل ہے، نہ آزادی کا استحقاق، پس اس کو فروخت کرنا جائز ہے۔ اور امام مالک اور امام اعظم رحمہما اللہ کے نزدیک مدبر مطلق کو فروخت کرنا جائز نہیں، کیونکہ وہ اگرچہ فی الحال آزاد نہیں مگر آزادی کا اس کو استحقاق حاصل ہوگیا ہے، پس اس کی بیع جائز نہیں، البتہ امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر مدبر بنانے سے پہلے آقا مدیون ہو اور غلام دین میں مشغول ہو یعنی اس غلام کو بیچ کر ہی قرض ادا کیا جاسکتا ہو، قرض کو ادا کرنے کی کوئی اور صورت نہ ہو تو آقا اس مدبر غلام کو بیچ سکتا ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک آقا کو یہ حق حاصل نہیں، البتہ قاضی تدبیر فسخ کرکے غلام کو بیچ سکتا ہے۔

حدیث: ایک انصاری صحابی نے جن کا نام ابو مذکور تھا اپنے غلام یعقوب کو مدبر بنایا چونکہ ان کے پاس اس

غلام کے علاوہ دوسرا کوئی مال نہیں تھا اس لئے آنحضور ﷺ نے اس کو نعیم بن نحام کے ہاتھ فروخت کردیا وہ قبطی غلام (مصر کا باشندہ) تھا اور وہ ہمیشہ غلام ہی رہا، حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کی خلافت کے پہلے سال میں اس کا انتقال ہوا۔

جاننا چاہئے کہ یہاں حدیث میں یہ ہے کہ مولیٰ کے مرنے کے بعد نبی کریم ﷺ نے اس غلام کو فروخت کیا، مگر یہ راوی کا وہم ہے، آپؐ نے مولیٰ کی حیات میں اس غلام کو فروخت کیا تھا، امام شافعی، ابن حجر عسقلانی اور بیہقی وغیرہ نے اس حدیث میں یہ علتِ خفیہ نکالی ہے، پس یہ حدیث معلول ہے اور مات کو ابن عیینہؒ کا وہم قرار دیا ہے۔

تشریح: اس حدیث سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ نے استدلال کیا ہے کہ وہ غلام مدبر مطلق تھا اور آنحضور ﷺ نے اس کو فروخت کیا، معلوم ہوا کہ مدبر مطلق کو بھی فروخت کر سکتے ہیں۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کا جواب یہ ہے کہ وہ غلام دین میں مشغول تھا اس لئے فروخت کیا گیا اس سے ہر مدبر مطلق کی بیع کا جواز ثابت نہیں ہوتا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کو آنحضور ﷺ نے یعنی قاضی نے فروخت کیا ہے، مولیٰ نے فروخت نہیں کیا اور وہ مدبر جو دین میں مشغول ہو قاضی تدبیر فسخ کر کے اس کو فروخت کرسکتا ہے، البتہ مولیٰ کو یہ حق نہیں۔ غرض یہ حدیث کسی کے بھی معارض نہیں اور اختلاف نص فہمی کا ہے۔

[١١-] باب ماجاء فى بيع المُدَبَّرِ

[١٢٠٤-] حدثنا ابن أَبِىْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ دَبَّرَ غُلاَمًا لَهُ، فَمَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ مَالاً غَيْرَهُ، فَبَاعَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بنُ النَّحَّامِ، قَالَ جابِرٌ: عَبْدًا قِبْطِيًّا مَاتَ عَامَ الْأَوَّلَ فِىْ إِمَارَةِ ابنِ الزُّبَيْرِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لَمْ يَرَوْا بَأْسًا بِبَيْعِ الْمُدَبَّرِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَكَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ بَيْعَ الْمُدَبَّرِ، وَهُوَ قَوْلُ سَفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكٍ، وَالْأَوْزَاعِيِّ.

ترجمہ: یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے متعدد اسانید سے مروی ہے (مگر مات صرف ابن عیینہ کی حدیث میں ہے) اور اس حدیث پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے، وہ مدبر کی بیع میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم مدبر (مطلق) کی بیع کو ناجائز کہتے ہیں اور یہ ثوری، مالک اور اوزاعی کا مذہب ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ تَلَقِّی الْبُيُوْعِ

برائے فروخت آنے والی چیزوں کا استقبال کرنا مکروہ ہے

تلَقِّی کے معنی ہیں: استقبال کرنا، ملاقات کرنا اور بیوع بمعنی مبیعات ہے یعنی برائے فروخت لائی جانے والی چیزیں۔ صبح کے وقت دیہات سے لوگ بوگیوں میں بھر کر سبزیاں وغیرہ شہر میں فروخت کرنے کے لئے لاتے ہیں، یہ مبیعات ہیں، اور پرانے زمانہ میں بڑے تاجر عام لوگوں کی ضروریات جانوروں پر لاد کر شہر شہر، قصبہ قصبہ اور گاؤں گاؤں لے جا کر بیچتے تھے، اس کو لادی اور کھیپ کہتے تھے، یہ بھی بیوع بمعنی مبیعات (اسم مفعول) ہیں یعنی بیچنے کی چیزیں۔

شہر کے باہر سے کوئی شخص (لادی یا دیہاتی) تجارتی مال لے کر شہر آرہا ہو تو اس کو شہر میں آ کر فروخت کرنے کا موقع دینا چاہئے، تاجروں یا لوگوں کو آگے جا کر خریدنا نہیں چاہئے، اور اگر تاجر اس سے باہر نکل کر ملاقات کرے اور اس سے سودا کرے تو یہ تلقی البیوع ہے، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے کیونکہ اس میں عام لوگوں کا بھی نقصان ہے اور بائع کا بھی نقصان ہے، بائع کا نقصان یہ ہے کہ عام طور پر لادی والے کو اور دیہاتی کو یہ بات معلوم نہیں ہوتی کہ شہر میں اس چیز کا بھاؤ کیا ہے؟ تاجر کم دام بتا کر سامان خرید لیتا ہے اگر وہ اپنا مال لے کر بازار میں آئے گا تو اس کو زیادہ قیمت ملے گی، اور عوام کا نقصان یہ ہے کہ جب مال ایک یا چند تاجروں نے مل کر خرید لیا اور اس مال کی شہر میں قلت ہے تو وہ من مانی قیمت پر بیچیں گے اور لوگ خریدنے پر مجبور ہونگے کیونکہ وہ مال دوسروں کے پاس نہیں ہے اس طرح ان کا نقصان ہوگا، اس لئے نبی ﷺ نے ملکی مصلحت سے یہ ممانعت کی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ نے حجۃ اللہ البالغہ میں تحریر فرمایا ہے کہ نو بیوع ایسی ہیں جن میں جوے کے معنی پائے جاتے ہیں یعنی ان میں غرر (دھوکہ) اور مخاطرہ (جوکھوں) ہے، یعنی مال مل بھی سکتا ہے اور نہیں بھی مل سکتا، نفع ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی ہوسکتا، اسی کو قمار، میسر، سٹہ اور لاٹری کہتے ہیں، آج دنیا میں اس کی بے شمار شکلیں رائج ہیں، اسلام نے ان تمام شکلوں کو حرام کر دیا ہے، اسی طرح نو اسباب کی وجہ سے بیع میں کراہیت آتی ہے ان میں سے ایک ملکی مصلحت بھی ہے، وہی یہاں پیش نظر ہے۔ نبی ﷺ نے بائع اور عوام کو نقصان سے بچانے کے لئے کھیپ سے ملاقات کرنے کی ممانعت کر دی، یہی ملکی مصلحت ہے (تفصیل کے لئے رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۵۵۷-۵۸۴ دیکھیں)

مسئلہ: اگر شہری تاجر دیہاتی کو دھوکا دے کر کم داموں میں مال خرید لے تو یہ بیع بالاجماع درست ہے، البتہ جب دیہاتی کو دھوکے کا علم ہو تو وہ بیع فسخ کر سکتا ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اگر شہری تاجر نے غرر قولی کیا ہے یعنی غلط بھاؤ بتایا ہے تو دیہاتی قاضی کے واسطہ سے بیع فسخ کر سکتا ہے اور اگر غرر فعلی کیا ہے یعنی زبان سے تو کچھ نہیں کہا مگر طرز عمل ایسا اختیار کیا ہے جس سے دیہاتی یہ سمجھا کہ آج مارکیٹ ڈاؤن ہے اور

اس نے کم داموں میں اپنا مال اس تاجر کو بیچ دیا، بعد میں اس کو دھوکے کا علم ہوا تو وہ قضاءً بیع فسخ نہیں کرسکتا ہاں دیانۃً اس بیع کو فسخ کر دینا چاہئے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خواہ غرر قولی ہو یا فعلی دونوں صورتوں میں دیہاتی کو بیع فسخ کرنے کا حق ہے، ان کا استدلال حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث سے ہے کہ نبی ﷺ نے تلقی جلب سے منع فرمایا ہے —— جلَب: جالبٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: کھینچ کر لانے والا، چونکہ دیہاتی اور لادی والا باہر سے مال شہر میں لاکر فروخت کرتا ہے اس لئے اس کو جالب کہا جاتا ہے، پس تلقی بیوع تلقی رُکبان اور تلقی جلب ایک ہی ہیں —— اگر جلب سے کوئی ملاقات کرے اور وہ اس کو اپنا سامان بیچ دے تو مال لانے والے کو اختیار ہے جب وہ بازار میں آئے، یعنی جب اس کو یہ بات معلوم ہو کہ اس کو دھوکا دیا گیا ہے تو وہ بیع فسخ کرسکتا ہے، اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ استدلال کرتے ہیں کہ تلقی جلب میں خواہ غرر قولی ہو یا فعلی، بائع بیع فسخ کرسکتا ہے، یعنی ان کے نزدیک خیار مغبون (دھوکہ خوردہ کو خیار) حاصل ہے، حنفیہ کے نزدیک خیار مغبون حاصل نہیں یعنی اگر کوئی شخص دھوکہ کھا کر کوئی چیز بیچ دے یا خرید لے تو اس کو بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار حاصل نہیں، وہ بیع ہوگئی۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جس خیار کا ذکر ہے وہ دیانۃً ہے، قضاءً اختیار حاصل نہیں۔

[۱۲-] باب ماجاء فی کراھیة تلقی البیوع

[۱۲۰۵-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، ثنا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّهُ نَهَى عَنْ تَلَقِّي الْبُيُوْعِ.

وَفِي الْبَابِ: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[۱۲۰۶-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَى أَنْ يُتَلَقَّى الْجَلَبُ، فَإِنْ تَلَقَّاهُ إِنْسَانٌ فَابْتَاعَهُ: فَصَاحِبُ السِّلْعَةِ فِيْهَا بِالْخِيَارِ إِذَا وَرَدَ السُّوْقَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَيُّوْبَ، وَحِدِيْثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ تَلَقِّيَ الْبُيُوْعِ، وَهُوَ ضَرْبٌ مِنَ الْخَدِيْعَةِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَغَيْرِهِ مِنْ أَصْحَابِنَا.

ترجمہ: اہل علم میں سے بعض نے تلقی بیوع کو مکروہ کہا ہے، اس لئے کہ اس میں ایک طرح کا دھوکہ ہے اور یہ ہمارے اکابر میں سے امام شافعیؒ وغیرہ کا قول ہے (جاننا چاہئے کہ امام ترمذیؒ نے کراہیت کی جو وجہ بیان کی ہے وہ ٹھیک نہیں، جس بیع میں غرر (دھوکہ) ہوتا ہے وہ بیع فاسد ہوتی ہے جبکہ تلقی جلب کی صورت میں بیع بالاتفاق درست

ہے، پس کراہیت کی صحیح وجہ وہ ہے جو شاہ صاحب نے بیان کی ہے کہ یہ ممانعت ملکی مصلحت کی وجہ سے ہے)

بابُ ماجاءَ لَا يَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ

شہری دیہاتی کے لئے نہ بیچے

حاضرٌ: کے معنی ہیں: شہری، اور بَادِیٌ اور بَادٍ: کے معنی ہیں بدّو، خانہ بدوش، دیہاتی —— کوئی دیہاتی تجارتی مال لے کر شہر آئے اور مارکیٹ ڈاؤن (گری ہوئی) پائے، پس کوئی شہری اس سے کہے: آج بھاؤ کم ہے مال مت بیچ، میرے پاس رکھ چھوڑ، جب بھاؤ بڑھے گا میں فروخت کروں گا۔ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، ارشاد ہے: ''کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے نہ بیچے، لوگوں کو چھوڑ و اللہ تعالیٰ بعض کو بعض کے ذریعہ رزق پہنچاتے ہیں'' یعنی دیہاتی اگر اپنا مال فی الحال بیچے گا تو کم نفع پر بیچے گا، کیونکہ اس کو گھر لوٹنے کی جلدی ہوگی اور شہر میں ذخیرہ کرنے کی کوئی صورت نہ ہوگی، پس اس میں لوگوں کا فائدہ ہے ان کو چیز سستی مل جائے گی، اور دیہاتی کا فائدہ یہ ہے کہ وہ رقم لے کر گھر لوٹے گا، اور نقد ادھار سے بہتر ہے، اور اگر شہری اس کا مال بیچے گا تو اس میں لوگوں کا بھی نقصان ہے اور دیہاتی کا بھی نقصان ہے، لوگوں کا نقصان یہ ہے کہ شہری وہ مال زیادہ داموں پر فروخت کرے گا، اور دیہاتی کا نقصان یہ ہے کہ کبھی مارکیٹ ہفتوں ڈاؤن رہتی ہے پس دیہاتی کو انتظار کی کلفت برداشت کرنی پڑے گی۔ غرض یہ ممانعت بھی ملکی مصلحت سے ہے۔

اور برعکس صورت یعنی شہری کا دیہاتی کے لئے خریدنا جائز ہے مثلاً کسی دیہاتی کو اپنی لڑکی کی شادی کے لئے جہیز خریدنا ہے، کوئی شہری اس کو مناسب قیمت پر اشیاء دلوا دے تو یہ جائز ہے، اس میں شہری دوکاندار کا کوئی نقصان نہیں، کیونکہ تاجر دھوکہ نہیں کھاتا وہ چالاک ہوتا ہے اور دیہاتی کا فائدہ ہے وہ لٹنے سے یعنی زیادہ داموں پر خریدنے سے بچ جاتا ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شہری کسی دیہاتی کا مال اپنے پاس رکھ لے اور قیمت بڑھنے کے بعد بیچے تو یہ بیع بالاجماع جائز ہے اگر چہ ایسا کرنا مکروہ (تنزیہی) ہے۔

[۱۳-] باب ماجاء لايبيع حاضر لباد

[۱۲۰۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ قُتَيْبَةُ: يَبْلُغُ بِهِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' لاَيَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ.

وفي الباب: عَنْ طَلْحَةَ، وأَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وابنِ عبَّاسٍ، وحَكِيْمِ بنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْهِ، وَعَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ جَدِّ كَثِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[١٢٠٨-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، قَالاَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيَبِيْعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، دَعُوا النَّاسَ يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ"

حَدِيْثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حَدِيْثٌ حَسنٌ صحيحٌ، وحديثُ جَابِرٍ فِيْ هٰذَا هُوَ حَدِيْثٌ حسنٌ صحيحٌ أَيْضًا.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا الحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: كَرِهُوْا أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِيْ أَنْ يَشْتَرِيَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَقَالَ الشَّافعيُّ: يُكْرَهُ أَنْ يَبِيْعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وإِنْ بَاعَ فَالْبَيْعُ جَائِزٌ.

ترجمہ: پہلی سند کے آخر میں امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ احمد بن منیع کے الفاظ ہیں، قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ——— اور قتیبہ کے الفاظ ہیں: یبلغ به النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حدیث کے ساتھ نبی ﷺ تک پہنچتے ہیں یعنی حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، مطلب دونوں کا ایک ہے، عباراتُنا شَتّٰی وحسنُك واحد ——— اس حدیث پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے وہ شہری کے بیچنے کو دیہاتی کے لئے مکروہ کہتے ہیں، اور بعض علماء اس بات کی اجازت دیتے ہیں کہ شہری دیہاتی کے لئے خریدے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شہری کا دیہاتی کے لئے بیچنا مکروہ ہے اور اگر بیچے تو بیع جائز ہے۔

بابُ ماجاء في النَّهْيِ عنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ

بیع محاقلہ اور مزابنہ کی ممانعت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ سے منع فرمایا۔

تشریح: محاقلہ کہتے ہیں کھڑی کھیتی کو مثلاً گیہوں کو ہم جنس غلہ کے عوض بیچنا، اور مزابنہ کہتے ہیں درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو مثلاً کھجوروں کو ہم جنس پھلوں کے عوض بیچنا۔ یہ دونوں بیوع ممنوع ہیں اور ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ غلہ اور پھل ربوی (سودی) چیزیں ہیں، ان کی ہم جنس سے بیع میں مساوات ضروری ہے، کمی بیشی حرام ہے، اور کھڑی کھیتی کا اور درخت پر لگے ہوئے پھلوں کا صحیح اندازہ ممکن نہیں، پس کمی بیشی کے احتمال کی وجہ سے یہ بیوع ممنوع ہیں۔

البتہ کھڑی کھیتی کو اور درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو پیسوں کے بدل یا غیر جنس کے پھلوں اور غلے کے بدل بیچنا

جائز ہے کیونکہ غیر جنس سے بیع کی صورت میں تفاضل جائز ہے۔

فائدہ: لوگ بیع محاقلہ اور مزابنہ کبھی تعاون باہمی کے جذبہ سے کرتے ہیں مثلاً ایک شخص کی کھیتی پکنے میں ابھی دیر ہے اور اس کے یہاں کوئی تقریب ہے اُسے گندم کی ضرورت ہے اور اس کے کسی رشتہ دار، پڑوسی یا دوست کی کھیتی پک کر کٹ چکی ہے وہ اس سے کہتا ہے کہ میرے کھیت کا اندازہ کر کے اس کے بقدر گندم مجھے دیدو اور جب میری کھیتی پک جائے تو اسے آپ لے لینا۔

مگر تعاون باہمی کا جذبہ تو کم کارفرما ہوتا ہے، نفع کا لالچ زیادہ ہوتا ہے اس لئے کہ کھڑی کھیتی میں سے جو گھاس نکلے گی وہ نفع میں رہے گی اور یہ سود ہے، علاوہ ازیں یہ احتمال ہے کہ جو اندازہ ٹھہرایا گیا ہے وہ غلط ہو اور غلہ اندازہ سے زیادہ ہو، پس یہ زیادہ غلہ بھی سود ہے، غرض ربا یا احتمال ربا کی وجہ سے یہ دونوں بیوع ممنوع ہیں۔

وجہ تسمیہ: مُحَاقلة: حَقْل (ہری بھری کھیتی) سے باب مفاعلہ ہے، حَاقَلَهُ کے معنی ہیں: کسی کو پکنے سے پہلے کھڑی کھیتی ہم جنس غلہ کے عوض فروخت کرنا ——— اور مُزَابَنَة: زَبْن سے باب مفاعلہ ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: دھکا دینا، ہٹانا اور زَابَنَة کے معنی ہیں: درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو ہم جنس ٹوٹے ہوئے پھلوں کے عوض اندازے سے برابری کر کے بیچنا ——— گویا مشتری نے درخت والے کو کٹے ہوئے پھل دے کر دھکا دیا اور پھل والے نے کٹے ہوئے پھل لے کر مشتری کو دھکا دیا۔ یوں ہر ایک نے دوسرے کو دھکا دیا اس لئے باب مفاعلہ استعمال کیا گیا۔

حدیث (۲): عبداللہ بن یزید کہتے ہیں: زید ابو عیاش نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے گندم کو سُلت یعنی بغیر چھلکوں کے جو کے عوض خریدنے کے بارے میں پوچھا، آپؓ نے دریافت کیا: ان دونوں میں افضل (عمدہ) کون ہے؟ زید ابو عیاش نے کہا: گندم! پس حضرت سعدؓ نے اس بیع سے منع فرمایا (یہاں تک حضرت سعد کا فتوی ہے) اور حضرت سعدؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے سنا: آپؐ سے چھوہاروں کو تر کھجور کے عوض (جو درخت پر ہوں) خریدنے کے بارے میں پوچھا گیا، آپؐ نے ان صحابہ سے جو آپؐ کے پاس موجود تھے پوچھا: کیا تر کھجور کا وزن سوکھنے کے بعد کم ہو جائے گا؟ صحابہ نے عرض کیا: جی ہاں! پس آپؐ نے اس بیع سے منع فرمایا۔

تشریح:

اس حدیث میں دو مسئلے زیر بحث آتے ہیں:

پہلا مسئلہ: سُلْت کے معنی ہیں: بغیر چھلکوں کے جَو، اور بیضاء کے معنی ہیں: گندم۔ سلت اور گیہوں کو باہم کمی بیشی کے ساتھ بیچنا جائز ہے یا نہیں؟ یعنی یہ دو جنسیں ہیں یا ایک جنس؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں ایک جنس ہیں، اس لئے کمی بیشی جائز نہیں، مساوات ضروری ہے، حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا فتوی ان کی دلیل ہے۔ اور جمہور کے نزدیک تفاضل جائز ہے، کیونکہ یہ الگ الگ جنسیں ہیں، جمہور نے حدیث کے راوی

زید ابو عیاش کی جہالت کی وجہ سے اس حدیث کو نہیں لیا، نیز حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جس حدیث مرفوع سے استدلال کیا ہے وہ استدلال بھی محل نظر ہے۔ اس کی نظیر: بلی کے جھوٹے کا مسئلہ ہے، حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے اس کے سور کو پاک قرار دیا تھا، پھر جس حدیث مرفوع سے انھوں نے استدلال کیا ہے وہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک غور طلب ہے، کیونکہ إنها لیست بنجس کی ضمیر بلی کی طرف لوٹتی ہے، سور کی طرف نہیں لوٹتی، یہاں بھی حدیث مرفوع میں بیع مزابنہ کا ذکر ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے، پس اس کا سلت اور گیہوں کی بیع سے کوئی تعلق نہیں۔

دوسرا مسئلہ: خشک چھوہاروں اور تازہ کھجوروں کی بیع فی الحال مساوات کے ساتھ جائز ہے یا نہیں؟ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین رحمہم اللہ کے نزدیک جائز نہیں، کیونکہ فی الحال اگرچہ مساوات ہے، مگر فی المآل وہ مساوات باقی نہیں رہے گی اور امام اعظمؒ کے نزدیک یہ بیع جائز ہے، ان کے نزدیک فی الحال برابری کافی ہے، فی المآل برابری ضروری نہیں۔

اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ ربوی چیزوں میں مساوات صرف فی الحال ضروری ہے یا فی المآل بھی؟ جمہور کے نزدیک فی الحال بھی ضروری ہے اور فی المآل بھی، پس چھوہاروں اور تازہ کھجوروں کو باہم بیچنے کی کوئی صورت نہیں، کیونکہ اگر فی الحال مساوات ہوگی بھی تو فی المآل باقی نہیں رہے گی، تازہ کھجوریں: چھوہارے بننے کے بعد ناپ تول میں کم ہوجائیں گی اور اگر ''سوکھ'' کا اندازہ کرکے کم وبیش بیچیں گے تو فی الحال مساوات نہیں رہے گی، حالانکہ فی الحال بھی مساوات ضروری ہے۔

اور باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے، یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک اعلی درجہ کی صحیح ہے، کیونکہ زید ابوعیاش: مجہول العین نہیں ہیں، ان سے دو ثقہ راوی عبداللہ بن یزید اور عمران بن ابی انس روایت کرتے ہیں اور یہ دونوں مسلم کے راوی ہیں (اعلاء السنن ۱۴: ۳۲۰) ہاں البتہ مجہول الحال ہیں، مگر یہ صحابہ سے روایت کرنے والا تابعین کا پہلا طبقہ ہے جس کی جہالت سے صرف نظر کی جاتی ہے جیسا کہ یہ بات پہلے بار بار گذر چکی ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف فی الحال برابری ضروری ہے، فی المآل مساوات ضروری نہیں، لہٰذا چھوہاروں اور تازہ کھجوروں کی باہم بیع جائز ہے، بشرطے کہ بوقت عقد مساوات ہو، دونوں ہم وزن یا ہم کیل ہوں، خواہ بعد میں مساوات باقی رہے یا نہ رہے۔ کیونکہ یہ اجماعی مسئلہ ہے کہ ربوی چیزیں اگر ہم جنس بیچی جائیں تو بوقت بیع مساوات ضروری ہے بعد میں برابری باقی رہنا ضروری نہیں۔ چنانچہ نئے چھوہارے قدیم چھوہاروں کے عوض ہم کیل بیچنے جائز ہیں، حالانکہ وہ نئے چھوہارے پرانے ہوکر گھٹ جائیں گے اور اس اجماعی ضابطہ سے رطب وتمر کی بیع کے استثناء کی کوئی حاجت نہیں، کیونکہ:

اولاً: یہ حدیث سخت مضطرب ہے۔ ابن الترکمانی الجوهر النقی میں فرماتے ہیں: إنه مضطرب سنداً ومتناً اضطراباً شديداً (تفصیل اعلاء السنن ۱۴: ۳۲۱-۳۲۵ میں ہے)

ثانیاً: اس حدیث کا اس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائیں، انھوں نے باب المزابنۃ میں یہ حدیث لاکر سارا مسئلہ حل کر دیا۔ اس حدیث میں رطب سے مراد وہ تازہ کھجوریں ہیں جو ابھی درخت پر ہیں، کیونکہ اگر ٹوٹی ہوئی تازہ کھجوریں مراد لیں گے تو رطب کی رطب کے ساتھ بیع بھی ناجائز ٹھہرے گی، اس صورت میں بھی خشک ہونے کے بعد مساوات باقی رہنی ضروری نہیں، جبکہ اس بیع کو امام شافعی رحمہ اللہ کے علاوہ تمام فقہاء جائز کہتے ہیں۔

البتہ یہاں دو سوال لاینحل باقی رہ جاتے ہیں:

پہلا سوال: اگر یہ حدیث بیع مزابنہ سے متعلق ہے اور رطب سے درخت پر کی تازہ کھجوریں مراد ہیں تو پھر نبی ﷺ نے حاضرین سے جو سوال کیا ہے کہ کیا رطب سوکھنے کے بعد کم ہونگی؟ یہ بے معنی سوال ہے، کیونکہ مزابنہ کے عدم جواز کا مدار فی الحال تحقیقی عدم مساوات پر ہے۔ درخت پر کے پھلوں کا تقریبی اندازہ ہی ممکن ہے، تحقیقی اندازہ ممکن نہیں، اس کے عدم جواز کا مدار فی المآل عدم مساوات پر نہیں ہے۔

دوسرا سوال: حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے فتوے اور حدیث مرفوع میں کوئی جوڑ نہیں، فتوے میں عدم جواز کا مدار افضلیت (عمدہ ہونے) پر ہے اور حدیث میں کم ہو جانے پر یعنی فی المآل عدم مساوات پر، نیز ربوی اشیاء میں جَیِّدُها وَرَدِیُّهَا سواءٌ کا ضابطہ طے شدہ ہے، پس امام مالک رحمہ اللہ کا اس سے سلت اور گندم میں کمی بیشی کے عدم جواز پر استدلال کرنا بھی محل نظر ہو جاتا ہے۔

ان دو سوالوں کا تشفی بخش جواب کتابوں میں نہیں ہے اور میرے پاس بھی نہیں ہے اور میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ اس میں راویوں سے کوئی چوک ہوئی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

[۱٤-] باب ماجاء فی النهی عن المحاقلة والمزابنة

[۱۲۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رسولُ الله صلى الله عليه وسلم عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ.

وَفِی البَابِ عَنِ ابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَسَعْدٍ، وَجَابِرٍ، وَرَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ.

حَدِيثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْمُحَاقَلَةُ: بَيْعُ الزَّرْعِ بِالْحِنْطَةِ، وَالْمُزَابَنَةُ: بَيْعُ التَّمْرِ عَلَى رُءُوْسِ النَّخْلِ بِالتَّمْرِ.

وَالْعَمَلُ علٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: كَرِهُوْا بَيْعَ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ.

[۱۲۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ، أَنَّ زَيْدًا أَبَا عَيَّاشٍ سَأَلَ سَعْدًا عَنِ

الْبَيْضَاءِ بِالسُّلْتِ؟ فَقَالَ: أَيُّهُمَا أَفْضَلُ؟ قَالَ: الْبَيْضَاءُ، فَنَهَى عَنْ ذٰلِكَ، وَقَالَ سَعْدٌ: سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يُسْأَلُ عَنِ اشْتِرَاءِ التَّمْرِ بِالرُّطَبِ؟ فَقَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ:" أَيَنْقُصُ الرُّطَبُ إِذَا يَبِسَ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، فَنَهَى عَنْ ذٰلِكَ.

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَاوَكِيْعٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ زَيْدٍ أَبِيْ عَيَّاشٍ قَالَ: سَأَلْنَا سَعْدًا، فَذَكَرَ نَحْوَهُ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وأَصْحَابِنَا.

وضاحت: اس باب میں دومرتبہ والعمل علی ھذا آیا ہے، پہلا تو واضح ہے کہ بیع محاقلہ اور مزابنہ کو تمام فقہاء ناجائز کہتے ہیں، مگر دوسرا والعمل علی ھذا غیر واضح ہے۔ اگر سلت اور گیہوں کی کمی بیشی کے ساتھ بیع کا عدم جواز مراد ہے تو یہ امام شافعی اور امام ترمذی رحمہما اللہ کے اکابر یعنی محدثین فقہاء کا مذہب نہیں ہے، یہ مذہب صرف امام مالکؒ کا ہے، اور اگر رطب (ٹوٹی ہوئی تازہ کھجوروں) اور تمر (چھوہاروں) کی فی الحال مساوات کے ساتھ بیع کا عدم جواز مراد ہے تو اس حدیث اور اس مسئلہ کا باب سے کیا تعلق ہے؟ اور اس حدیث پر مصری نسخہ میں بھی کوئی نیا باب نہیں ہے، ہاں اگر رطب سے درخت پر کی کھجوریں مراد لی جائیں تو مزابنہ کا عدم جواز متفق علیہ ہے اس لئے کوئی اشکال باقی نہیں رہتا۔

بابُ ماجاء فی کراهیةِ بَیْعِ الثَّمْرَةِ قَبْلَ أَنْ یَبْدُوَ صَلَاحُهَا

کارآمد ہونے سے پہلے پھلوں کی بیع ممنوع ہے

اس باب میں تین حدیثیں ہیں:

پہلی حدیث: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے کھجور کے درخت کو بیچنے سے منع کیا یہاں تک کہ کھجوریں سرخ یا پیلی پڑ جائیں، زَهَا یَزْهو زَهْوًا کے لفظی معنی ہیں: حُسنُ المنظر ہونا۔ جب کھجوریں پکنے کے قریب آتی ہیں تو بڑا خوشنما منظر ہوتا ہے، اور مراد ہے کھجوریں پیلی یا سرخ پڑ جائیں۔ کھجوریں شروع میں ہری ہوتی ہیں اور پکنے کے قریب بعض سرخ ہوجاتی ہیں اور بعض پیلی پڑ جاتی ہیں، پھر پک جاتی ہیں، اور کھجور کے درخت سے مراد اس کے پھل ہیں، خود درخت بیچنا مراد نہیں۔

دوسری حدیث: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے گیہوں کا کھیت بیچنے سے منع کیا، یہاں تک کہ بالیاں سفید ہوجائیں اور بیماری سے محفوظ ہوجائیں (گیہوں کی بالیاں بھی شروع میں ہری ہوتی ہیں، پھر پیلی پڑ جاتی ہیں پھر جب پکنے کا وقت قریب آتا ہے تو سفید ہوجاتی ہیں) آپؐ نے بائع اور مشتری کو منع کیا (یعنی دونوں کو ان کے لئے مفید بات بتلائی)

تیسری حدیث: یہ ہے کہ نبی ﷺ نے انگور کے بیچنے سے منع کیا یہاں تک کہ وہ کالے پڑ جائیں (انگور بھی

شروع میں ہرے ہوتے ہیں اور پکنے کے قریب جو کالے انگور ہیں وہ کالے پڑجاتے ہیں اور دوسری قسم کے انگور سفید ہوجاتے ہیں، یہ ارشاد کالے انگوروں کے بارے میں ہے) اور کوئی بھی غلہ جب تک اس کا دانہ سخت نہ ہوجائے بیچنے سے منع فرمایا (اور دانہ کا سخت ہونا یہ ہے کہ انگلیوں کے بیچ میں لے کر دبانے سے نہ دبے، اگر دبانے سے دانہ پچک جائے اور اس میں سے دودھ نکلے تو دانہ ابھی سخت نہیں ہوا اس مرحلہ میں اس کو بیچنا ممنوع ہے)

اور ایک متفق علیہ حدیث میں قاعدہ کلیہ بیان کیا گیا ہے کہ کوئی بھی پھل جب تک اس کا کارآمد ہونا ظاہر نہ ہو بیچا نہ جائے، بائع اور مشتری کو منع فرمایا (مشکوٰۃ حدیث ۲۸۳۹)

مذاہبِ فقہاء: یہ باب کی روایات کا خلاصہ ہے ان روایات کی بنیاد پر فقہاء میں سب سے پہلا اختلاف یہ ہوا کہ اس ممانعت کی بنیاد کیا ہے؟ اور دوسرا اختلاف یہ ہوا کہ یہ ممانعت ارشادی ہے یا تَشْرِیْعِیْ۔

پہلا اختلاف: اگر کھڑا کھیت یا درخت کے پھل بیچے جائیں تو بیع کے جواز وعدم جواز کی بنیاد کیا ہے؟ حنفیہ کے نزدیک اس پر مدار ہے کہ مبیع مال بنی ہے یا نہیں؟ اگر مبیع مال بن گئی ہے تو بیع درست ہے اور اگر مبیع مال نہیں بنی تو بیع باطل ہے، جیسے لوگ "بہار" بیچتے ہیں یعنی باغ کو سال دو سال کے لئے یا زیادہ مدت کے لئے بیچ دیتے ہیں یہ بیع بالاجماع باطل ہے کیونکہ بائع نے درخت نہیں بیچے پھل بیچے ہیں، جب کہ پھل کا ابھی وجود نہیں۔ اسی طرح درخت پر پھل نکل آئے مگر ابھی وہ چوہے کی مینگنی کے بقدر ہیں، اس مرحلہ میں بھی بیع باطل ہے کیونکہ مبیع مال نہیں، البتہ جب پھل بڑے ہوجائیں اور مال بن جائیں تو بیع درست ہے۔ مال کے معنی ہیں: مَایَمِیلُ إلیہ النفس: جس چیز کی طرف طبیعت مائل ہو اس کا بیچنا حنفیہ کے نزدیک درست ہے۔

پھر اس بیع کی تین صورتیں ہیں: (۱) بیع بشرط القطع یعنی عقد کے وقت بائع نے یہ شرط لگائی کہ پھل یا کھیتی جس حال میں ہے مشتری اسی حال میں ان کو توڑ لیگا یا کھیت کاٹ لیگا، یہ صورت جائز ہے (۲) بیع بشرط الترک یعنی مشتری نے یہ شرط لگائی کہ وہ پھل یا کھیتی پکنے کے بعد کاٹے گا یہ بیع فاسد ہے کیونکہ اس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہے اور ایسی شرط مفسد عقد ہے۔ (۳) مطلق بیع یعنی عقد کے وقت نہ بائع نے قطع کی شرط لگائی اور نہ مشتری نے ترک کی، پھر بائع نے ازخود پھل پکنے تک درخت پر رہنے دیا تو یہ صورت بھی جائز ہے۔ البتہ اگر کسی جگہ ترک معروف ہو یعنی وہاں کا عرف یہ ہو کہ بائع پھل پکنے تک درخت پر رہنے دیتا ہو تو یہ مطلق بیع بھی فاسد ہے اس لئے کہ معروف مانند مشروط کے ہے اور ترک کی قید کے ساتھ بیع فاسد ہے، پس یہ مطلق بیع بھی فاسد ہے۔

اس کی نظیر: رمضان المبارک میں مسجد کمیٹی جو امام تراویح کو نذرانہ پیش کرتی ہے، یہ نذرانہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ اگر اس علاقہ میں تراویح پر اجرت دینے کا عرف (رواج) ہو تو نذرانہ لینا جائز نہیں کیونکہ یہ کالمشروط ہے، اور اگر اجرت دینے کا عرف نہیں تو لے سکتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی مصلّی نذرانہ پیش کرے تو اسے بھی لے سکتا ہے، اسی طرح

اگر مطلق بیع کی اور بائع نے اخلاقاً پھل پکنے تک درخت پر رہنے دیا اور اس کا عرف نہیں تو یہ بیع جائز ہے۔

الغرض حنفیہ کے نزدیک بیع کے جواز وعدم جواز کا مدار اس پر ہے کہ پھل اور کھیتی مال بنی ہے یا نہیں؟ اگر گیہوں اتنے چھوٹے ہیں کہ درانتی سے کاٹیں تو ہاتھ میں کچھ نہیں آتا، جانور چریں تو وہ ان کے ہونٹوں کی پکڑ میں نہیں آتے تو یہ مال نہیں، پس اس کی بیع جائز نہیں اور اگر گیہوں کو درانتی سے کاٹنا ممکن ہے، جانور اسے چر سکتے ہیں تو وہ مال بن گئے، اب اس کھیت کو بشرط القطع بیچنا جائز ہے اور بشرط الترک فاسد ہے اور مطلق میں مذکورہ تفصیل ہے کہ اگر مالک پھل اور کھیتی کو پکنے تک باقی رہنے دے اور ترک معروف نہ ہو تو بیع جائز ہے ورنہ نہیں۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بیع کے جواز وعدم جواز کا مدار بُدُوّ صلاح اور عدم بُدُوّ پر ہے، یعنی جب پھل اور غلہ کار آمد ہو جائے تب بیع جائز ہے بشرط القطع بھی، بشرط الترک بھی، اور مطلقاً بھی، اور جب تک پھل اور غلہ کار آمد نہ ہو بیع جائز نہیں۔

اور بدوّ صلاح کی تفسیر ائمہ ثلاثہ نے وہی کی ہے جو حدیثوں میں آئی ہے، کھجور کے بارے میں حتی يَزْهُوَ آیا ہے، پس جب کھجور سرخ یا پیلی پڑے گی: بدو صلاح ہوگا، گیہوں کے بارے میں حتی يَبيضَّ آیا ہے لہٰذا بالیوں کا بدو صلاح ان کا سفید ہو جانا ہے اور انگور کے بارے میں حتی يَسْوَدَّ آیا ہے، پس انگور کا کالا پڑ جانا اس کا بدو صلاح ہے۔

اور احناف کے نزدیک بدو صلاح کی تعریف ہے: الأمنُ من العاهات والآفات لا الحادثات غلہ اور پھل کا بیماریوں اور آفتوں سے محفوظ ہو جانا، نہ کہ حادثوں سے محفوظ ہونا، پھلوں اور غلے میں ایک وقت تک بیماریاں اور آفتیں آتی ہیں جب وہ مرحلہ گذر جاتا ہے تو پھل اور غلہ محفوظ ہو جاتے ہیں، اب ان پر کوئی بیماری اور آفت نہیں آتی، البتہ کوئی حادثہ آسکتا ہے، جیسے اولے گرے جس سے پھل جڑھ گئے، یہ بات بدو صلاح میں شامل نہیں۔ حنفیہ کی یہ تفسیر بھی مسلم شریف کی حدیث میں آئی ہے اور مذکورہ الفاظ کے بعد آئی ہے، پس معلوم ہوا کہ يَزْهو اور يَبْيَضّ سے مراد آفات سے محفوظ ہو جانا ہے۔

دوسرا اختلاف: باب کی حدیثوں میں نہی ارشادی ہے یا تشریعی؟ ائمہ ثلاثہ کی رائے یہ ہے کہ نہی تشریعی ہے یعنی یہی مسئلہ ہے اور بیع کے جواز وعدم جواز کا اسی پر مدار ہے اور احناف کی رائے یہ ہے کہ یہ نہی ارشادی ہے یعنی لوگوں کو ان کی بھلائی کی بات بتائی گئی ہے اور دلیل حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو بخاری (حدیث ۲۱۹۳) میں ہے، حضرت زیدؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ پھلوں کی خرید وفروخت کیا کرتے تھے، جب پھل توڑنے کا وقت آتا تو مشتری کہتا: پھلوں کو فلاں فلاں بیماری لگ گئی، اور میرا نقصان ہو گیا اور بائع مشتری آپس میں جھگڑا کرتے، جب حضور اقدس ﷺ کے پاس اس قسم کے بہت جھگڑے آئے تو آپؐ نے فرمایا: اگر بیع کرنی ہی ہے تو بُدوّ صلاح کے بعد کرو۔ حضرت زیدؓ فرماتے ہیں: كَالْمَشُوْرَةِ يُشِيْرُبِهَا لكثرةِ خُصومهم! یہ بات آپؐ نے بطور

مشورہ فرمائی تھی ان کے جھگڑوں کے زیادہ ہونے کی وجہ سے، اس حدیث سے صاف یہ بات معلوم ہوئی کہ یہ نہی ارشادی ہے، لوگوں کو ان کی بھلائی کی ایک بات بتائی گئی ہے اس میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے۔

اور ترمذی کی روایت میں بھی ہے: نهى البائع والمشتری یعنی بائع اور مشتری کو منع فرمایا۔ اگر نہی تشریعی ہوتی تو عام ہوتی سب مسلمانوں کے لئے ہوتی، بائع اور مشتری کی تخصیص نہ کی جاتی، معلوم ہوا کہ یہ نہی تشریعی نہیں بلکہ ارشادی ہے، یعنی بائع اور مشتری کو ان کی بھلائی کی بات بتائی گئی ہے کہ اگر غلہ اور پھل بیچنے ہی ہوں تو بدو صلاح کے بعد بیچو، اس میں دونوں کا فائدہ ہے۔ اگر باغ بدو صلاح سے پہلے بیچا گیا اور باغ شاندار پھلا تو بائع کو افسوس ہوگا کہ اس کا باغ سستا بک گیا، اور اگر پھل کم آئے یا پھلوں کو بیماری لگ گئی تو مشتری کو افسوس ہوگا۔ اس لئے پھل اور غلہ بدو صلاح کے بعد بیچنے چاہئیں تاکہ بائع کو پوری قیمت ملے اور مشتری کا بھی نقصان نہ ہو، غرض یہ اختلاف نص فہمی کا اختلاف ہے، احناف کے نزدیک باب کی حدیثوں میں نہی ارشادی ہے یعنی مستحب یہ ہے کہ غلہ اور پھل بدو صلاح کے بعد فروخت کئے جائیں، بیع کے جواز وعدم جواز کا اس پر مدار نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک نہی تشریعی ہے یعنی یہی مسئلہ ہے کہ بدو صلاح سے پہلے بیع ہی درست نہیں، بدو صلاح کے بعد ہی بیع درست ہے۔

فائدہ: جو اوامر ونواہی ارشادی ہوتے ہیں وہ اخلاقی احکام ہوتے ہیں یعنی درجۂ استحباب میں ہوتے ہیں۔ کتب فقہ میں ان کو نہیں لیا گیا حالانکہ فقہ کی کتابوں میں ان کو لینا ضروری تھا، اسی لئے احناف پر اعتراض ہوتا ہے کہ احناف حدیثوں پر عمل نہیں کرتے۔ حضرت علامہ انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ حدیثوں میں بعض احکام اخلاقی ہوتے ہیں یعنی استحبابی ہوتے ہیں اور وہ کتب فقہ میں نہیں لئے گئے، پس ہر مفتی پر لازم ہے کہ وہ فقہ کے ساتھ احادیث سے بھی مزاولت رکھے، تاکہ ایسے احکام سے واقف رہے اور لوگوں کو وہ احکام بتا سکے۔

[۱۵-] باب ماجاء في كَراهية بيعِ الثَّمَرَةِ قبل أن يبدوَ صَلاحُها

[۱۲۱۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتَّى يَزْهُوَ.

[۱۲۱۲-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَأْمَنَ الْعَاهَةَ، نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ.

وَفِي الْبَابِ: عَنْ أَنَسٍ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ. حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالعملُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: كَرِهُوْا بَيْعَ

الثِّمَارِ قَبْلَ أَنْ يَبْدُوَ صَلاَحُهَا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

[۱۲۱۳-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا أَبُوْ الوَلِيْدِ، وَعَفَّانُ، وَسُلَيْمَانُ بنُ حَرْبٍ، قَالُوْا: ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ العِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ، وَعَنْ بَيْعِ الحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حديثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ.

وضاحت: نهى البائع والمشتري: پہلے نہی سے بدل ہے ـــــ الثمرة: عام ہے، مگر عرف میں کھجور پر اس کا اطلاق ہوتا ہے ـــــ اور النخل کے معنی ہیں: کھجور کا درخت، مگر مراد پھل ہے ـــــ ويأمن العاهة: عطف تفسیری ہے ـــــ كرهوا بيع الثمار یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بدوصلاح سے پہلے پھلوں اور کھیتی کی بیع جائز نہیں ـــــ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کی سند صحیح ہے، یہ حدیث ابوداؤد اور ابن ماجہ میں بھی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی النَّهْیِ عن بَیْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ

حمل کے حمل کو بیچنا ممنوع ہے

حدیث: نبی اکرم ﷺ نے حمل کے حمل کو بیچنے سے منع فرمایا۔

تشریح: اس حدیث کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں، ایک مطلب تو یہی ہے کہ حمل کے حمل کو بیچنا جائز نہیں، کیونکہ مبیع کا ابھی وجود نہیں ہوا۔ اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ حمل کے حمل کو کسی بیع میں ثمن کی ادائیگی کی مدت مقرر کرنا درست نہیں کہ اس میں جہالت ہے۔

پہلی صورت اس لئے بھی ممنوع ہے کہ یہ ایک طرح کا سٹہ تھا، بائع مشتری سے کہتا: میں اس گابھن بکری کے حمل کے حمل کو تیرے ہاتھ دس روپے میں بیچتا ہوں، مشتری قبول کرتا اور دس روپے دیدیتا یہ بیع ناجائز ہے، کیونکہ اس میں احتمال ہے کہ بکری گابھن نہ ہو، کسی بیماری کی وجہ سے اس کا پیٹ پھولا ہوا ہو، یا بکری گابھن تو ہو مگر حمل گر جائے یا مرا ہوا بچہ پیدا ہو، یا مذکر بچہ پیدا ہو یا بچہ مؤنث پیدا ہو مگر وہ بچہ جننے تک زندہ نہ رہے، یا اس کو حمل قرار نہ پائے، پس یہ پُر خطر معاملہ ہے اس لئے جُوا ہے، آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا، اسی طرح گابھن کے حمل کو فروخت کرنا بھی جائز نہیں، اسی لئے حنفیہ نصوص میں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں کرتے، اگر یہاں مفہوم مخالف کا اعتبار کریں گے تو مسئلہ یہ ہوگا کہ حمل کے حمل کی بیع تو ناجائز ہے مگر خود اس حمل کی بیع درست ہے، حالانکہ اس حمل کی بیع بھی بالاتفاق ناجائز ہے، اور حمل کے حمل کی تخصیص اس لئے کی ہے کہ عربوں میں ایسے سٹوں کا رواج تھا۔

اوردوسری صورت یہ ہے کہ دوشخصوں کے درمیان لین دین ہوااور حمل کے حمل کوثمن کی ادائیگی کی مدت قرار دیا، یہ بھی ناجائز ہے کیونکہ مدت مجہول ہے، ہوسکتا ہے وہ جانور بچہ ہی نہ جنے، یا مرا ہوا بچہ جنے، یا مذکر بچہ جنے، یا حمل کو حمل قرار نہ پائے۔ غرض یہ اجل مجہول ہے اس لئے اس کوثمن کی ادائیگی کی مدت مقرر کرنا بھی صحیح نہیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اسی حدیث میں صحیحین میں ہے: كان الرجلُ يبتاع الْجَزُوْرَ إلى أن تُنْتَجَ الناقةُ، ثم تُنْتَجُ التى فى بطنها یعنی ایک شخص قصائی کا اونٹ (کاٹنے کا اونٹ) خریدتا یہاں تک کہ یہ اونٹنی بچہ جنے، پھر اس کے پیٹ کا بچہ بھی بچہ جنے (اس وقت ثمن کی ادائیگی کی جائے گی)

[١٦-] باب ماجاء فى النهى عن بيع حبل الحبلة

[١٢١٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ حَبَلِ الْحَبَلَةِ.

وفى البابِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ، وَحَبَلُ الْحَبَلَةِ: نِتَاجُ النِّتَاجِ، وَهُوَ بَيْعٌ مَفْسُوْخٌ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ مِنْ بُيُوْعِ الْغَرَرِ.

وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عنِ ابنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَى عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ وَغَيْرُهُ: عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ وَنَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ.

وضاحت: نِتَاجُ النِّتَاجِ اور حَبَلُ الْحَبَلَةِ کے ایک معنی ہیں اور اس بیع کی ممانعت کی علت امام ترمذیؒ نے یہ بیان کی ہے کہ اس بیع میں دھوکہ ہے یعنی یہ ایک طرح کا سٹہ تھا، پس امام ترمذیؒ کے نزدیک حدیث کی پہلی شرح ہے، اور یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ کی ہے، حضرت ابن عباسؓ کی نہیں ہے، امام شعبہؒ نے جو اس کی سند ابن عباسؓ تک پہنچائی ہے وہ صحیح نہیں، سعید بن جبیر بھی اس کو ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں جیسا کہ عبدالوہاب وغیرہ نے سند بیان کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فى كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الْغَرَرِ

دھوکہ کی بیوع ممنوع ہیں

ہر وہ بیع جس میں کسی بھی قسم کا دھوکہ ہو ممنوع ہے اور یہ قاعدہ کلیہ ہے اور حاشیہ میں اس کی بہت سی مثالیں ہیں، مثلاً معدوم کو فروخت کرنا، مجہول کو فروخت کرنا، ہر وہ چیز جس کو سپرد کرنے پر بائع قادر نہیں اس کو بیچنا، جس چیز پر

بائع کی ملک تام نہیں اس کو بیچنا، اسی طرح آگے بیع المنابذة ، بیع الحصاة اور بیع الملامسة آ رہی ہیں وہ سب شکلیں بیع الغرر کی ہیں اور ممنوع ہیں، الغرض بیع کا صاف ستھرا، بے غل وغش ہونا ضروری ہے، جس بیع میں کسی بھی قسم کا دھوکہ ہو شرعاً ممنوع ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے دھوکہ کی بیع سے اور بیع الحصاۃ (کنکری کی بیع) سے منع فرمایا۔

تشریح: بیع الحصاة: بیع الغرر کی ایک جزئی ہے یعنی بطور مثال نبی ﷺ نے اس کو بیان فرمایا ہے۔ اور بیع الحصاة یہ ہے کہ ایک شخص نے ریوڑ میں سے لم سم دس بکریاں خریدیں، بائع نے مشتری کو دس کنکریاں دیں کہ ایک ایک کنکری اچھالو جس بکری پر کنکری گرے گی وہ آپ کی ہوگی، یہ بیع جائز نہیں اس میں دھوکہ ہے، ہوسکتا ہے وہ دسوں کنکریاں اعلیٰ قسم کی بکریوں پر گریں، اس صورت میں بائع کا نقصان ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ کنکریاں مریل بکریوں پر یا بچوں پر گریں تو مشتری کا نقصان ہوگا —— بیع الحصاة کی ایک اور بھی تفسیر کی گئی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بائع اور مشتری کے درمیان کسی معاملہ میں بھاؤ تاؤ چل رہا ہو جب ان میں سے کوئی ایک کنکری اٹھا کر پھینک دے تو بیع لازم ہو جائے، اب دوسرے کو بولنے کا اختیار نہ رہے، اس کو بیع منابذہ بھی کہتے ہیں اور یہ بھی ناجائز ہے کیونکہ معاملات میں آخر تک ہر ایک کو بولنے کا اختیار رہے، زبان بندی بیع میں جائز نہیں۔

[۱۷-] باب ماجاء فی کراهية بيع الغرر

[۱۲۱۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ وَبَيْعِ الْحَصَاةِ.

وَفِىْ الْبَابِ: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وابنِ عبَّاسٍ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، وأَنَسٍ، حديثُ أَبِىْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، كَرِهُوْا بَيْعَ الْغَرَرِ، قَالَ الشَّافِعِيُّ: وَمِنْ بُيُوْعِ الْغَرَرِ: بَيْعُ السَّمَكِ فِى الْمَاءِ، وَبَيْعُ الْعَبْدِ الآبِقِ، وَبَيْعُ الطَّيْرِ فِىْ السَّمَاءِ، وَنَحْوُ ذٰلِكَ مِنَ الْبُيُوْعِ.

وَمَعْنَى بَيْعِ الْحَصَاةِ: أَنْ يَقُوْلَ الْبَائِعُ لِلْمُشْتَرِىْ: إِذَا نَبَذْتُ إِلَيْكَ بِالْحَصَاةِ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ فِيْمَا بَيْنِىْ وَبَيْنَكَ، وَهُوَ يُشْبِهُ بَيْعَ الْمُنَابَذَةِ، وَكَانَ هٰذَا مِنْ بُيُوْعِ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ.

وضاحت: امام شافعی رحمہ اللہ نے بیع الغرر کی وضاحت کے لئے تین مثالیں بیان فرمائی ہیں:

۱- مچھلی کو پانی میں بیچنا: یعنی مچھلی تالاب میں ہو ابھی پکڑی نہ گئی ہو اور پانی اتنا ہو کہ تدبیر کے بغیر اس کو پکڑنا ممکن نہ ہو: ایسے پانی کی کوئی معین مچھلی بیچنا جائز نہیں، کیونکہ مبیع مقدور التسلیم نہیں، ہوسکتا ہے: وہ مچھلی ہاتھ نہ آئے، البتہ اگر پانی تھوڑا ہو اور حیلہ کے بغیر پکڑنا ممکن ہو تو پانی کے اندر بھی معین مچھلی کو بیچ سکتے ہیں، یہ صورت بیع السمك فى الماء کا

مصداق نہیں۔اسی طرح پانچ کلو مچھلی کا سودا ہوا،اور مچھلی کی تعیین نہیں کی، پھر بائع نے جال ڈال کر پانچ کلو مچھلی پکڑ کر دیدی، یہ صورت بھی جائز ہے، کیونکہ مبیع غیر مقدور التسلیم نہیں ہے،تالاب میں مچھلی بالیقین ہے،اور جال ڈالیں گے تو بالیقین مچھلی پھنسے گی اور معین مچھلی کا سودا نہیں ہوا اس لئے یہ بیع بھی درست ہے اور یہ صورت بھی بیع السمك فی الماء کا مصداق نہیں۔

۲-بھاگے ہوئے غلام کی بیع بھی جائز نہیں کیونکہ وہ غیر مقدور التسلیم ہے،ہوسکتا ہے وہ غلام کبھی بھی ہاتھ نہ آئے۔

۳-فضا میں پرندہ کو بیچنا: کوئی کبوتر اڑ کر جا رہا ہو اس کو بیچنا بھی جائز نہیں، ہوسکتا ہے وہ کبوتر ہاتھ نہ آئے۔

ترجمہ: اور بیع الحصاۃ کا مطلب یہ ہے کہ بائع مشتری سے کہے جب میں تیری طرف کنکری پھینک دوں تو میرے اور تیرے درمیان بیع لازم ہوگئی، اور یہ بیع المنابذۃ کے مانند ہے،اور یہ زمانۂ جاہلیت کی بیوع میں سے تھی یعنی زمانہ جاہلیت میں اس طرح کی زبان بندی کا دستور تھا جس سے شریعت نے روک دیا۔

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنْ بَیْعَتَیْنِ فِیْ بَیْعَةٍ

سودا در سودا ممنوع ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع فرمایا۔

تشریح: ایک بیع میں دو بیع کرنے کی دو تفسیریں کی گئی ہیں۔اور یہ تفسیریں بطور مثال ہیں ان میں حصر نہیں،ان کے علاوہ بھی تفسیریں ہوسکتی ہیں۔

پہلی تفسیر: یہ ہے کہ ایک شخص نے بھینس فروخت کی اور کہا: اس کی قیمت نقد دس ہزار روپے ہے اور ادھار بارہ ہزار، مشتری نے کہا ٹھیک ہے اور وہ بھینس لیکر چلا گیا، کوئی ایک بات طے نہیں ہوئی یہ سودا در سودا ہے اور ناجائز ہے، البتہ اگر تفرق ابدان سے پہلے کوئی ایک بات طے ہوجائے کہ وہ نقد خرید رہا ہے یا ادھار تو یہ ایک بیع ہے اور جائز ہے۔

اور دوسری تفسیر: امام شافعی رحمہ اللہ نے یہ کی ہے کہ دو شخصوں کے درمیان گول مول معاملہ ہوا کہ میں یہ بھینس آپ کو اس کی قیمت کے عوض فروخت کرتا ہوں اس شرط پر کہ آپ اپنا گھوڑا اس کی قیمت کے عوض مجھے بیچیں، اور جب آپ کا گھوڑا میرا ہوجائے گا تو میری بھینس آپ کی ہوجائے گی، یعنی نہ بھینس کی قیمت متعین کی اور نہ گھوڑے کی اور دونوں جدا ہوگئے یہ بھی سودا در سودا ہے اور ناجائز ہے، کیونکہ دونوں کی قیمتیں مجہول ہیں، لہٰذا یہ سودا فاسد ہے۔امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے بھی کتاب الآثار میں یہی تفسیر مروی ہے۔

غرض اس حدیث سے یہ قاعدہ کلیہ نکلا کہ سودا در سودا جائز نہیں، ہر معاملہ علحدہ علحدہ ہونا چاہئے، دو معاملے گڈمڈ نہیں ہونے چاہئیں۔

[۱۸-] باب ماجاء فی النهی عن بیعتین فی بیعةٍ

[۱۲۱۶-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِىْ بَيْعَةٍ.

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عُمَرَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، حديثُ أَبِىْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَدْ فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: قَالُوْا: بَيْعَتَيْنِ فِىْ بَيْعَةٍ: أَنْ يَقُوْلَ: أَبِيْعُكَ هٰذَا الثَّوْبَ بِنَقْدٍ بِعَشْرَةٍ، وَبِنَسِيْئَةٍ بِعِشْرِيْنَ، وَلاَ يُفَارِقُهُ عَلٰى أَحَدِ الْبَيْعَيْنِ، فَإِذَا فَارَقَهُ عَلٰى أَحَدِهِمَا، فَلاَ بَأْسَ إِذَا كَانَتِ الْعُقْدَةُ عَلٰى وَاحِدٍ مِنْهُمَا.

قَالَ الشَّافِعِيُّ: وَمِنْ مَعْنَى مَا نَهَى النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِىْ بَيْعَةٍ: أَنْ يَقُوْلَ: أَبِيْعُكَ دَارِىْ هٰذِهِ بِكَذَا، عَلٰى أَنْ تَبِيْعَنِىْ غُلاَمَكَ بِكَذَا، فَإِذَا وَجَبَ لِىْ غُلاَمُكَ وَجَبَتْ لَكَ دَارِىْ، وَهٰذَا تَفَارُقٌ عَنْ بَيْعٍ بِغَيْرِ ثَمَنٍ مَعْلُوْمٍ، وَلاَ يَدْرِىْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى مَا وَقَعَتْ عَلَيْهِ صَفْقَتُهُ.

ترجمہ: بعض اہل علم کہتے ہیں: ایک بیع میں دو بیع یہ ہے کہ بائع کہے: میں آپ کو یہ کپڑا نقد دس درہم میں اور ادھار بیس درہم میں بیچتا ہوں اور وہ کسی ایک بیع پر جدا نہ ہوں، یعنی کوئی ایک بات طے کئے بغیر تفرق ابدان ہوجائے، پس جب کسی ایک معاملہ پر جدا ہوں تو اس بیع میں کوئی مضائقہ نہیں، جبکہ نقد ادھار میں سے ایک بات طے ہوجائے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع فرمایا: اس کے مصداق میں سے یہ صورت ہے کہ کہے: میں آپ کو اپنا یہ مکان اتنے میں بیچتا ہوں اس شرط پر کہ آپ مجھے اپنا غلام اتنے میں بیچیں، یعنی ثمن طے نہیں کیا، بس یہ کہا کہ ہم قیمت بعد میں طے کرلیں گے، کذا کا یہی مفہوم ہے، پس جب تیرا غلام میرا ہوجائے گا تو میرا گھر تیرا ہوجائے گا اور یہ بیع سے جدا ہونا ہے ثمن متعین کئے بغیر، اور ان دونوں میں سے ہر ایک نہیں جانتا کہ کس قیمت پر اس کا عقد ہوا ہے، یعنی ثمن مجہول ہونے کی وجہ سے یہ بیع فاسد ہے، اور من معنی میں من تبعیضیہ ہے، اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ حدیث کی اور بھی تفسیریں ہوسکتی ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ بَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدَهُ

جو چیز آدمی کے پاس نہ ہو اس کو بیچنا جائز نہیں

بیع کی صحت کے لئے شرط یہ ہے کہ بائع جو چیز بیچ رہا ہے وہ اس کی ملکیت میں ہو اور اس پر اس کا قبضہ بھی ہو۔

اگر مبیع بائع کی ملکیت میں نہیں یا اس پر اس کا قبضہ نہیں تو بیع جائز نہیں۔

اور آڈر لینا اس سے مستثنیٰ ہے، مثلاً میرا کتب خانہ ہے، میرے پاس آڈر آتے ہیں، آڈر میں جو کتابیں ہوتی ہیں میں ان کو بازار میں تلاش کرتا ہوں اور جتنی کتابیں مہیا ہوجاتی ہیں ان کو بھیج دیتا ہوں، باقی کے بارے میں لکھ دیتا ہوں کہ دستیاب نہیں ہوئیں، یہ آڈر لینا اس حدیث کے ذیل میں نہیں آتا، کیونکہ آڈر بیع نہیں ہے بلکہ وعدۂ بیع ہے۔ یعنی آڈر بھیجنے والا اس کا پابند ہے کہ جو کتابیں بھیجی جائیں ان کو ضرور لے گا۔

حدیث میں جو مسئلہ زیر بحث ہے وہ حقیقتاً بیع کرنے کا ہے، اس کے لئے دو شرطیں ہیں: ایک: مبیع کا بائع کی ملکیت میں ہونا، دوسری: مبیع کا بائع کے ضمان (قبضہ) میں ہونا۔ اگر ان دونوں میں سے ایک بھی شرط مفقود ہوگی تو بیع جائز نہیں ہوگی۔

اور یہ شرطیں اس لئے ہیں کہ جو چیز ملکیت اور قبضہ میں نہیں ہوتی وہ ہلاک بھی ہوسکتی ہے یا نہ ملے یہ بھی ممکن ہے، پس بائع وہ چیز کہاں سے لاکر دے گا؟ مثلاً ایک کتب خانہ میں ایک کتاب دیکھی ہے جس کا ایک ہی نسخہ ہے، اب گاہک آتا ہے اور اس کتاب کا سودا کرتا ہے، بائع کچھ نفع رکھ کر وہ کتاب اس کو بیچ دیتا ہے اور یہ خیال کرتا ہے کہ اس کتب خانہ سے لاکر دیدوں گا، مگر جب لینے گیا تو معلوم ہوا کہ وہ کتاب بک چکی ہے، اب وہ کتاب کہاں سے لاکر دے گا! اس ہلاکت کے اندیشہ سے شریعت نے یہ ضابطہ بنادیا کہ جو چیز ملکیت اور ضمان میں نہیں اس کو بیچنا جائز نہیں۔ اور آڈر لینے کی حقیقت الگ ہے، وہ وعدۂ بیع ہے چیز ملے گی تو بھیجے گا ورنہ معذرت کردے گا، اس لئے آڈر لینا اس حدیث کے تحت نہیں آتا۔

حدیث (۱): حکیم بن حزام کہتے ہیں: میں نے نبی پاک ﷺ سے دریافت کیا کہ میرے پاس ایک شخص آتا ہے اور ایسی چیز مانگتا ہے جو میرے پاس نہیں ہے یعنی میری ملکیت میں نہیں ہے، میں اس کے لئے وہ چیز بازار سے خریدوں گا پھر اس کو سپرد کروں گا (یہاں أَبِیْعُه کے مجازی معنی: سپرد کرنا مراد ہیں، یعنی فی الحال سودا کرلیتا ہوں، پھر بعد میں مبیع خرید کردوں گا۔ اگر أبیعه کے حقیقی معنی مراد لیں گے تو آڈر والی شکل ہوجائے گی کہ بازار سے وہ چیز حاصل کروں گا ملے گی تو بیچوں گا ورنہ نہیں۔ اس لئے یہاں مجازی معنی مراد لینا ضروری ہیں کیونکہ آڈر لینے کے لئے مبیع کا ملکیت اور ضمان میں ہونا ضروری نہیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جو چیز تیری ملکیت میں نہیں اسے مت بیچ‘‘

حدیث (۲): حکیم بن حزامؓ ہی سے مروی ہے کہ مجھے نبی پاک ﷺ نے اس چیز کے بیچنے سے منع فرمایا جو میری ملکیت میں نہیں ہے (أن سے پہلے مِنْ محذوف ہے)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قرض اور بیع جائز نہیں اور نہ کسی بیع میں دو شرطیں جائز ہیں، اور نہ اس چیز کا نفع جائز ہے جو ضمان (قبضہ) میں نہیں، اور نہ اس چیز کا بیچنا جائز ہے جو تیرے پاس نہیں۔

تشریح: اس حدیث میں چار مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: یہ ہے کہ قرض اور بیع جائز نہیں یعنی قرض دے کر مقروض کو کوئی چیز زیادہ قیمت پر بیچنا جائز نہیں، مثلاً ایک شخص کو پچاس ہزار روپے قرض چاہئیں، قرض دینے والے نے شرط لگائی کہ آپ کو میری یہ بھینس پندرہ ہزار میں خریدنی ہوگی، جبکہ اس بھینس کی قیمت بارہ ہزار ہے، مگر چونکہ وہ مجبور ہے اسے قرض چاہئے اس لئے اس نے بارہ ہزار کی بھینس پندرہ ہزار میں خرید لی، یہ جائز نہیں، کیونکہ بائع نے تین ہزار کا جو نفع کمایا ہے وہ قرض کی بنیاد پر کمایا ہے، اور حدیث میں ہے: کلُّ قرضٍ جَرَّ نفعاً فهو رِبًا یعنی جو بھی قرض: نفع گھسیٹے وہ سود ہے (یہ تفسیر کتاب میں امام احمد رحمہ اللہ سے منقول ہے)

اور اس کی دوسری تفسیر یہ کی گئی ہے کہ ایک شخص نے کسی سے مثلاً دو من گیہوں ادھار لئے، اور کہا کہ جب میرے کھیت میں گیہوں پیدا ہونگے: اتنے ہی گیہوں واپس کردوں گا، قرض دینے والے نے کہا: یا گیہوں واپس کردینا یا پھر آٹھ سو روپے من کے حساب سے پیسے دیدینا، یہ چونکہ سودا در سودا ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا (یہ تفسیر بھی کتاب میں امام احمد رحمہ اللہ سے منقول ہے)

دوسرا مسئلہ: ایک بیع میں دو شرطیں جائز نہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایک شرط لگا سکتے ہیں دو یا زیادہ شرطیں نہیں لگا سکتے۔ دیگر ائمہ کے نزدیک بیع میں ایک شرط لگانا بھی جائز نہیں۔ امام احمدؒ کا استدلال ولا شرطانِ فی بیع کے ظاہر سے ہے کہ دو شرطیں لگانا جائز نہیں، ایک شرط لگا سکتے ہیں، یہ مفہوم مخالف سے استدلال ہے اور احناف مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں کرتے۔ اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ گو مفہوم مخالف کا اعتبار کرتے ہیں مگر اس مسئلہ میں انھوں نے بھی اس کا اعتبار نہیں کیا کیونکہ دوسری ضعیف حدیث میں ہے: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيعٍ وشرطٍ۔ اس ارشاد میں ایک شرط لگانے سے بھی نبی ﷺ نے منع کیا ہے۔ غرض احناف نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے، شوافع اور مالکیہ نے بھی یہی کیا ہے اور امام احمدؒ نے اصح مافی الباب کو لیا ہے اور ضعیف روایت کو چھوڑ دیا ہے۔

جمہور کہتے ہیں: بیع میں ایسی شرط لگانا جس میں احد المتعاقدین کا فائدہ ہو یا مبیع کا فائدہ ہو درانحالیکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہو تو بیع فاسد ہو جاتی ہے، کیونکہ شرط کی وجہ سے نزاع ہوگا اور اگر مبیع اہل استحقاق میں سے نہ ہو تو بیع جائز ہے، مثلاً گھوڑا بیچا اور شرط لگائی کہ مشتری اس کو روزانہ ایک کلو چنا کھلائے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس میں اگرچہ مبیع یعنی گھوڑے کا فائدہ ہے مگر گھوڑا اہل استحاق میں سے نہیں ہے، اس کو چنا نہیں کھلایا جائے گا تو وہ کوئی جھگڑا نہیں کرے گا، لیکن اگر غلام اس شرط پر بیچا کہ وہ اس کو روزانہ پراٹھا کھلائے گا تو بیع فاسد ہوگی، کیونکہ یہ مبیع اہل اسحاق میں سے ہے، اس کو اگر روزانہ پراٹھا نہیں کھلائے گا تو وہ لڑے گا۔ غرض بیع میں ایسی شرط لگانا جس میں بائع کا یا

مشتری کا یا مبیع کا فائدہ ہو درانحالیکہ مبیع اہل استحقاق میں سے ہو تو بیع فاسد ہوجاتی ہے، خواہ ایک شرط ہو یا زیادہ۔ اور امام احمدؒ کے نزدیک دو شرطیں لگانے سے بیع فاسد ہوتی ہے، ایک شرط لگانے کی گنجائش ہے۔

تیسرا مسئلہ: یہ ہے کہ جو چیز ضمان (ذمہ داری) میں نہیں آئی اس کا نفع جائز نہیں، اور چیز ذمہ داری میں آتی ہے قبضہ کے بعد مثلاً ایک شخص نے بکری خریدی، ابھی مشتری نے قبضہ نہیں کیا تھا کہ بکری مرگئی تو بائع کا نقصان ہوا، اور مشتری کے قبضہ کر لینے کے بعد بکری مری تو مشتری کا نقصان ہوا۔ غرض جس چیز پر ابھی قبضہ نہیں ہوا اس کے نفع سے یعنی اس کو بیچنے سے آنحضور ﷺ نے منع فرمایا۔

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حدیث مطعومات (کھانے پینے کی چیزوں) کے ساتھ خاص ہے، یعنی کھانے پینے کی وہ چیزیں جو ناپ کر یا تول کر بیچی جاتی ہیں ان کو اس وقت تک بیچنا جائز نہیں جب تک مشتری کا ان پر قبضہ نہ ہوجائے، اور مطعومات کے علاوہ اشیاء قبضہ سے پہلے بیچنا جائز ہے، اور احناف کے نزدیک یہ حدیث منقولات کے لئے ہے یعنی ہر وہ چیز جو جگہ بدلتی ہے، ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاتی ہے اس کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز نہیں، اور غیر منقولات یعنی جائداد، مکان وغیرہ کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں اس لئے کہ منقولات میں ہلاکت کا اندیشہ ہے، پس وہاں قبضہ شرط ہے اور غیر منقولات میں ہلاکت کا کوئی اندیشہ نہیں اس لئے جائداد وغیرہ کو قبضہ سے پہلے بیچنا جائز ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے نزدیک یہ حدیث مطعومات، منقولات اور غیر منقولات سب کو عام ہے، ضمان میں آنے سے پہلے کوئی بھی چیز بیچنا جائز نہیں۔

چوتھا مسئلہ: وہی ہے جس کے لئے باب قائم کیا ہے کہ آدمی جس چیز کا مالک نہیں اس کو بیچنا جائز نہیں، تفصیل گذر چکی۔

[۱۹-] باب ماجاء فی کراهية بَيْعِ ماليس عنده

[۱۲۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ يُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَأْتِيْنِيْ الرَّجُلُ فَيَسْأَلُنِيْ مِنَ الْبَيْعِ مَالَيْسَ عِنْدِيْ، أَبْتَاعُ لَهُ مِنَ السُّوْقِ ثُمَّ أَبِيْعُهُ؟ قَالَ: "لَاتَبِعْ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ"

[۱۲۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ يُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ قَالَ: نَهَانِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَبِيْعَ مَا لَيْسَ عِنْدِيْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ. وَفِی البابِ عَنْ عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو.

[۱۲۱۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَيُّوْبُ، ثَنَا عَمْرُو بنُ شُعَيْبٍ قَالَ:

حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ أَبِیْهِ، حَتَّی ذَكَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَمْرٍو، أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لَایَحِلُّ سَلَفٌ وَبَیْعٌ،وَلَاشَرْطَانِ فِیْ بَیْعٍ، وَلَا رِبْحُ مَالَمْ یَضْمَنْ، وَلَا بَیْعُ مَالَیْسَ عِنْدَكَ" وَهٰذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قَالَ إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ: قُلْتُ لِأَحْمَدَ: مَا مَعْنَی نَهَی عَنْ سَلَفٍ وَبَیْعٍ؟ قَالَ: أَنْ یَكُوْنَ یُقْرِضُهُ قَرْضًا، ثُمَّ یُبَایِعُهُ بَیْعًا، یَزْدَادُ عَلَیْهِ؛ وَیَحْتَمِلُ أَنْ یَكُوْنَ یُسْلِفُ إِلَیْهِ فِیْ شَیْئٍ، فَیَقُوْلُ: إِنْ لَمْ یتهیَّأْ: عِنْدَكَ فَهُوَ بَیْعٌ عَلَیْكَ. قَالَ إِسْحَاقُ: كَمَا قَالَ.

قُلْتُ لِأَحْمَدَ: وَعَنْ بَیْعِ مَالَمْ تَضْمَنْ؟ قَالَ: لَایَكُوْنُ عِنْدِیْ إِلَّا فِیْ الطَّعَامِ، یَعْنِیْ مَالَمْ تُقْبَضْ. قَالَ إِسْحَاقُ: كَمَا قَالَ، فِیْ كُلِّ مَا یُكَالُ أَوْ یُوْزَنُ.

قَالَ أَحْمَدُ: وَإِذَا قَالَ أَبِیعُكَ هٰذَا الثَّوْبَ وَعَلَیَّ خِیَاطَتُهُ وَقَصَارَتُهُ، فَهٰذَا مِنْ نَحْوِ شَرْطَیْنِ فِیْ بَیْعٍ، وإِذَا قَالَ: أَبِیْعُكَهُ وَعَلَیَّ خِیَاطَتُهُ، فَلَا بَأْسَ بِهِ؛ أَوْ قَالَ: أَبِیْعُكَهُ وَعَلَیَّ قَصَارَتُهُ فَلَا بَأْسَ بِهِ، إِنَّمَا هٰذَا شَرْطٌ وَاحِدٌ، قَالَ إسحاقُ: كَمَا قَالَ.

حدیثُ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ حدیثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ: وَرَوَی أَیُّوْبُ السَّخْتِیَانِیُّ، وأَبُوْبِشْرٍ، عَنْ یُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ، وَرَوَی هٰذَا الحدیثَ عَوْفٌ، وَهِشَامُ بنُ حَسَّانٍ، عَنِ ابنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَهٰذَا حدیثٌ مُرْسَلٌ، إِنَّمَا رَوَاهُ ابنُ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ، عَنْ یُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ. هٰكَذَا حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الخَلَّالُ، وعَبْدَةُ بنُ عبدِ اللّٰهِ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: حدَّثَنَا عبدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ یَزِیْدَ بنِ إبراهیمَ، عنِ ابنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ یُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ حَكِیْمٍ، قَالَ: نَهَانِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَنْ أَبِیْعَ مَا لَیْسَ عِنْدِیْ.

وَرَوَی وَكِیْعٌ هٰذَا الحدیثَ عَنْ یَزِیْدَ بنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنِ ابنِ سِیْرِیْنَ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ، وَلَمْ یَذْكُرْ فِیْهِ، عَنْ یُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، وَرِوَایَةُ عبدِ الصَّمَدِ أَصَحُّ.

وَقَدْ رَوَی یَحْیَی بنُ أَبِیْ كَثِیْرٍ هٰذَا الحدیثَ عَنْ یَعْلَی بنِ حَكِیْمٍ، عَنْ یُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ، عَنْ عبدِ اللّٰهِ بنِ عِصْمَةَ، عَنْ حَكِیْمِ بنِ حِزَامٍ، عنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

وَالعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ العِلْمِ: كَرِهُوْا أَنْ یَبِیْعَ الرَّجُلُ مَا لَیْسَ عِنْدَهُ.

ترجمہ اور وضاحت: باب کی پہلی حدیث: حضرت حکیم بن حزام کی روایت ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو صرف حسن کہا ہے، کیونکہ اس کی سند میں بڑی بحث ہے، پہلی روایت ابو بشر کی ہے اور دوسری سند حضرت ایوب سختیانی کی

ہے، دونوں یہ حدیث یوسف سے، وہ حضرت حکیمؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ سند بالکل صحیح ہے اور اس میں کوئی کلام نہیں، پس اس سند کے اعتبار سے یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے، باقی سندیں آگے آرہی ہیں ——— دوسری حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو کی ہے۔ اس سند میں ایک مجاز ہے، عمرو بن شعیب کہتے ہیں: مجھ سے میرے ابا نے حدیث بیان کی یعنی شعیب نے حدیث بیان کی، وہ اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، شعیب کے ابا کا نام محمد ہے مگر وہ حدیث کے راوی نہیں، اس لئے عن أبیه بمعنی عن جده ہے، شعیب اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کرتے ہیں، اسی مجاز کی وجہ سے حتی ذکر عبدَ الله بن عمرٍو بڑھایا ہے کہ عن أبیه سے حضرت عبداللہ مراد ہیں ——— اس حدیث کی شرح امام احمد رحمہ اللہ سے مروی ہے، اسحاق بن منصور جو امام احمدؒ کے خاص شاگرد ہیں کہتے ہیں: میں نے امام احمد سے نهی عن سَلَفٍ وبیع کا مطلب پوچھا تو آپ نے فرمایا: کوئی شخص کسی کو قرض دے، پھر اس کے ہاتھ کوئی چیز بیچے، اور اس سے قیمت زیادہ لے ——— اور یہ معنی بھی ہوسکتے ہیں کہ آدمی کسی کو کوئی چیز قرض دے، پس اس سے کہے: اگر تجھے یہ چیز میسر نہ آئے تو میں یہ چیز تجھے بیچتا ہوں۔ اسحاق بن منصور کہتے ہیں: حدیث کا یہی مطلب ہے جو امام احمد نے بیان کیا (کما قال کا یہی مفہوم ہے) ——— اسحاق نے امام احمد سے حدیث کے تیسرے جملے کے بارے میں دریافت کیا کہ نبی ﷺ نے جو چیز قبضہ میں نہیں اس کے بیچنے سے منع کیا ہے: اس کی تفسیر کیا ہے؟ امام احمد نے فرمایا: میرے نزدیک یہ حدیث صرف کھانے پینے کی چیزوں کے بارے میں ہے یعنی جب تک ان پر قبضہ نہ ہوجائے ان کو بیچنا جائز نہیں۔ اسحاق بن منصور نے اس تفسیر کی بھی تائید کی اور اپنی طرف سے یہ اضافہ کیا کہ مطعومات سے مراد عام ہے خواہ مکیلی ہو یا موزونی ——— اور امام احمدؒ نے حدیث کے دوسرے جملے کی شرح میں فرمایا: جب بائع نے کہا: میں آپ کو یہ کپڑا بیچتا ہوں اور میرے ذمے اس کا سینا اور اس کا دھونا ہے (پہلے زمانہ میں کورا کپڑا پہلے دھوبی سے ایک دومرتبہ دھلوایا جاتا تھا، پھر اس کے کپڑے کاٹ کر سیئے جاتے تھے) تو یہ ایک بیع میں دو شرطوں کی مثال ہے (لہٰذا یہ بیع ناجائز ہے) اور جب کہا: میں آپ کو یہ کپڑا بیچتا ہوں اور میرے ذمے اس کا سینا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، یا کہا: میں اس کو بیچتا ہوں اور میرے ذمے اس کا دھلانا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ ایک شرط ہے پس جائز ہے، اسحاق بن منصور نے اس کی بھی تائید کی کہ دریں چہ شک!

سند کی بحث: حضرت حکیمؓ کی مذکورہ حدیث متعدد اسانید سے مروی ہے، پہلی سند: ابو بشر اور ایوب سختیانی کی ہے، وہ دونوں یوسف سے، اور وہ حضرت حکیم سے روایت کرتے ہیں (یہ سندیں باب کے شروع میں گذر چکی ہیں) دوسری سند: عوف شیبانی اور ہشام بن حسان کی ہے، یہ دونوں ابن سیرین سے اور وہ حضرت حکیم سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ سند مرسل یعنی منقطع ہے۔ ابن سیرین براہ راست اس کو حضرت حکیم سے روایت نہیں کرتے بلکہ درمیان میں دو واسطے ہیں، ابن سیرین: ایوب سختیانی سے، وہ یوسف بن ماہک سے، وہ حضرت حکیم

سے روایت کرتے ہیں، یزید بن ابراہیم اسی طرح روایت کرتے ہیں، پھر ان کے تلامذہ میں اختلاف ہے، عبدالصمد اسی طرح دو واسطے ذکر کرتے ہیں اور وکیعؒ صرف ایوب کا واسطہ ذکر کرتے ہیں، یوسف بن ماہک کا تذکرہ نہیں کرتے اور اصح روایت عبدالصمد کی ہے، یعنی ابن سیرین کے بعد دو واسطے ہیں ــــــ علاوہ ازیں اس حدیث کی ایک تیسری سند بھی ہے اور وہ یحیٰ بن ابی کثیر کی ہے، وہ یوسف بن ماہک اور حضرت حکیم کے درمیان عبداللہ بن عصمہ کا واسطہ بڑھاتے ہیں، امام ترمذی نے اس سند کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ بَیْعِ الْوَلَاءِ وَهِبَتِهِ

ولاء بیچنا اور ہبہ کرنا ممنوع ہے

حدیث: نبی ﷺ نے ولاء کو بیچنے سے اور اس کو ہبہ کرنے سے منع فرمایا۔

تشریح: غلام باندی کو آزاد کرنے سے معتِق (آزاد کرنے والے) اور معتَق (آزاد شدہ) کے درمیان جو رشتہ (تعلق) قائم ہوتا ہے اس کا نام ولاء ہے، اس ولاء کو بیچنا یا ہبہ کرنا جائز نہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: **الوَلاء لُحْمَةٌ کَلُحْمَةِ النسب:** ولاء ایک رشتہ ہے نسبی رشتہ کی طرح (سنن بیہقی ۶: ۲۴۰) پس جس طرح نسب بدل نہیں سکتا ولاء بھی بدل نہیں سکتا، اور جس طرح نسب کی بنیاد پر میراث ملتی ہے ولاء کی بنیاد پر بھی میراث ملتی ہے، سراجی میں آپ نے پڑھا ہے کہ اگر کسی میت کے ذوی الفروض اور عصبہ نسبی نہ ہوں تو عصبہ سببی وارث ہوتا ہے، عصبہ سببی یہی آزاد کرنے والا ہے۔ غرض ولاء کو بیچنا یا ہبہ کرنا جائز نہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے فقہاء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ حق محض کو بیچنا جائز نہیں، ولاء حق محض ہے اس کی وجہ سے میراث کا استحقاق پیدا ہوتا ہے، پس اس کی بیع جائز نہیں، اور اسی پر گڈول یعنی پگڑی لینے کا مسئلہ متفرع ہوتا ہے یعنی کسی فرم کا نام بیچنا، مثلاً میرا کتب خانہ مکتبہ حجاز ہے، یہ نام بیچنا جائز نہیں، یہ حق محض ہے، البتہ کسی عین کے تابع کر کے حق محض کو بیچ سکتے ہیں، جیسے میں اپنی کسی تصنیف کے مسودہ کو فروخت کروں اور ساتھ میں حق تصنیف کے بھی پیسے لوں تو یہ جائز ہے، مگر حق محض کو مستقلاً بیچنا جائز نہیں، کیونکہ وہ حق محض ہے، اسی طرح دوکان کے ساتھ فرم کا نام بیچ دے تو یہ جائز ہے، یا دوکان کرایہ پر دی اور پگڑی لی تو یہ جائز ہے، کیونکہ وہ پگڑی اجرت معجّلہ ہے۔ غرض حق محض کا مستقلاً بیچنا جائز نہیں، یہ فقہ کا طے شدہ ضابطہ ہے اور اسی حدیث سے ماخوذ ہے۔

[۲۰-] باب ماجاء فی کراهیة بیع الولاء وهبته

[۱۲۲۰-] حدثنا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِیٍّ، ثَنَا سُفْیَانُ، وَشُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

بنِ دِیْنَارٍ، عنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم نَھَی عَنْ بَیْعِ الْوَلاَءِ، وَعَنْ ھِبَتِہِ.

ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، لاَنَعْرِفُہُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰہِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا الْحدِیْثِ عِنْدَ أَھْلِ الْعِلْمِ.

وَقَدْ رَوَی یَحْیَی بنُ سُلَیْمٍ ھٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: أَنَّہُ نَھَی عَنْ بَیْعِ الْوَلاَءِ وَھِبَتِہِ، وَھُوَ وَھْمٌ: وَھِمَ فِیْہِ یَحْیَی بنُ سُلَیْمٍ، وَقَدْ رَوَی عَبْدُ الْوَھَّابِ الثَّقَفِیُّ وَعَبْدُ اللّٰہِ بنُ نُمَیْرٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَھٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ یَحْیَی بنِ سُلَیْمٍ.

وضاحت: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی مذکورہ حدیث ان سے صرف عبداللہ بن دینار روایت کرتے ہیں، اس کی دوسری کوئی سند نہیں، اور یحییٰ بن سلیم کی سند وہم ہے، وہ عبیداللہ بن عمر سے، وہ نافع سے، وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں: یہ سند صحیح نہیں۔ صحیح یہ ہے کہ عبیداللہ بن عمر اس حدیث کو عبداللہ بن دینار سے اور وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں، چنانچہ عبدالوہاب ثقفی اور عبداللہ بن نمیر وغیرہ نے اسی طرح روایت کیا ہے (اس کی تفصیل کتاب العلل کی شرح میں گذر چکی ہے۔ دیکھیں تحفۃ الالمعی ۱:۱۶۵)

بابُ ماجاء فی کَرَاھِیَۃِ بَیْعِ الْحَیَوَانِ بِالْحَیَوَانِ نَسِیْئَۃً

حیوان کو حیوان کے بدل ادھار بیچنا جائز نہیں

حیوان کو حیوان کے بدل خواہ ہم جنس ہوں یا خلاف جنس کمی بیشی کے ساتھ بیچنا بالاجماع جائز ہے، البتہ ادھار بیچنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، اور تفاضل کے ساتھ بیع اس لئے جائز ہے کہ حیوان اموال ربویہ میں سے نہیں اموال ربویہ صرف وہ چیزیں ہیں جو تول کر یا ناپ کر بیچی جاتی ہیں، مثلاً گندم، تیل وغیرہ۔ اور جو چیزیں گن کر فروخت کی جاتی ہیں جیسے کیلے، انڈے وغیرہ وہ ربوی نہیں، ان میں کمی بیشی جائز ہے۔ البتہ جہاں کیلے تول کر فروخت ہوتے ہیں وہاں وہ ربوی اجناس میں شمار ہونگے، اور ہم جنس کے ساتھ بیع کی صورت میں کمی بیشی جائز نہ ہوگی اور جانور چونکہ گن کر بیچے جاتے ہیں اس لئے ان میں کمی بیشی جائز ہے۔ ایک بکرا دو بکروں کے عوض بیچنا جائز ہے۔

یہاں اگر کوئی اعتراض کرے کہ بعض جانور تول کر بیچے جاتے ہیں، جیسے مرغیاں تول کر فروخت ہوتی ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ تولنا محض تقدیر ثمن کے لئے ہوتا ہے، حقیقتاً تولنا مقصود نہیں ہوتا، ایک ساتھ سیکڑوں مرغیوں کا سودا ہوتا ہے، پس ہر ہر مرغی کا الگ الگ ثمن طے کرنا مشکل امر ہے، اس لئے تول کر مالیت کا اندازہ کرتے ہیں، لیکن اگر

کسی جگہ حقیقتاً تولنا ہی مقصود ہو، تقدیرِ ثمن مقصود نہ ہو تو پھر ان کا شمار بھی ربوی اجناس میں ہوگا اور ہم جنس کے ساتھ بیع کی صورت میں تفاضل جائز نہ ہوگا، بلکہ وہ حیوانات جن کو پتا چل جائے کہ وہ تُل رہے ہیں اور وہ اپنے کو ہلکا بھاری کر سکتے ہوں: ان کو تول کر بیچنا ہی جائز نہیں، البتہ اگر جانوروں کو پتہ ہی نہ چلے کہ وہ تُل رہے ہیں یا وہ اپنے کو ہلکا بھاری نہ کر سکتے ہوں تو ان کو تول کر فروخت کر سکتے ہیں۔

غرض عام طور پر حیوانات گن کر بیچے جاتے ہیں اس لئے وہ اموال ربویہ نہیں ہیں اور ان میں تفاضل جائز ہے اور ادھار بیچنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک دونوں عوض دست بدست ہونے ضروری ہیں، ایک عوض بھی اگر ادھار ہوگا تو بیع فاسد ہوگی۔ اور امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک ایک عوض ادھار ہوسکتا ہے، اگر دونوں عوض ادھار ہوں تو بیع جائز نہیں۔ غرض یہاں تین مسئلے ہیں دو اتفاقی اور ایک اختلافی (۱) دونوں عوض نقد ہوں تو بالاجماع بیع درست ہے (۲) دونوں عوض ادھار ہوں تو بالاجماع بیع فاسد ہے (۳) اگر ایک عوض نقد اور ایک ادھار ہو تو امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے نزدیک بیع صحیح ہے اور امام اعظمؒ اور امام احمدؒ کے نزدیک بیع فاسد ہے۔

دلائل: اس مسئلہ میں درج ذیل روایتیں ہیں:

پہلی روایت: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بيع الْكَالِئِ بِالْكَالِئِ: نبی ﷺ نے ایسا سودا کرنے سے جس میں دونوں عوض ادھار ہوں منع فرمایا (مشکوۃ حدیث ۲۸۶۳) كَلَأَ الدَّيْنُ (ف) كَلْئًا کے معنی ہیں: قرض کی ادائیگی میں دیر ہونا۔ اس سے اسم فاعل کَالِئٌ اور کَالٍ آتے ہیں، جس کے معنی ہیں: ادھار۔

دوسری روایت: لَارِبَا إِلَّا فِی النَّسِیْئَةِ: سود صرف ادھار میں ہے۔ یہ حدیث بخاری (حدیث ۲۱۷۸) میں ہے اور اسی حدیث کی بنا پر ابن عباسؓ دست بدست بیع کی صورت میں اتحاد جنس کی حالت میں بھی کمی بیشی کو جائز کہتے تھے بعد میں جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ان کو ربا والی حدیث سنائی جو آگے آرہی ہے تو انھوں نے اپنے قول سے رجوع کیا۔

تیسری روایت: باب کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے حیوان کو حیوان کے عوض ادھار بیچنے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور یہ اعتراض کہ حضرت حسن بصری کا حضرت سمرۃ سے سماع نہیں یا صرف عقیقہ کی حدیث سنی ہے: صحیح نہیں، چنانچہ امام ترمذیؒ نے حدیث کی تصحیح کی ہے۔

چوتھی روایت: بھی باب کی حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو جانور ایک کے عوض ادھار بیچنا صحیح نہیں اور ایسا معاملہ دست بدست کرنے میں کوئی حرج نہیں، اس حدیث کی سند میں اگرچہ حجاج بن ارطاۃ ہیں، مگر چونکہ وہ اس حدیث کے ساتھ متفرد نہیں اس لئے اس سے استدلال درست ہے، امام ترمذیؒ نے بھی حدیث کی تحسین کی ہے۔

پانچویں روایت: آگے باب نمبر۳۷ میں آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹ قرض لیا، اور قرض اور بیع کے احکام ایک ہیں، ان میں فرق بہت کم ہے، اور قرض میں ادھار ہوتا ہی ہے۔

استدلال: بخاری کی حدیث اور حضرت سمرۃ کی حدیث جو باب میں ہے احناف اور حنابلہ کا مستدل ہے، وہ فرماتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں عام ہیں، ایک عوض ادھار ہو یا دونوں عوض ادھار ہوں ہر صورت کو شامل ہیں۔ اور دوسری دلیل حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے اس میں یہ بات صاف ہے کہ حیوان کی حیوان کے ساتھ بیع کمی بیشی کے ساتھ صرف دست بدست جائز ہے، ادھار جائز نہیں۔

اور امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کا استدلال یہ ہے کہ حدیث میں بیع الکالی بالکالی کی ممانعت آئی ہے، اگر ایک عوض ادھار ہونے کی صورت میں بھی بیع ناجائز ہوتی تو الکالی بالکالی کی تخصیص کی ضرورت نہیں تھی، یہ تخصیص دلیل ہے کہ ترمذی کی حدیث میں اور بخاری کی حدیث میں دونوں عوض کا ادھار ہونا مراد ہے، ایک عوض کا ادھار ہونا مراد نہیں، یعنی امام شافعی رحمہ اللہ نے بیع الکالی بالکالی والی حدیث کے مفہوم مخالف سے ایک عوض کے ادھار ہونے کا جواز ثابت کیا ہے۔ اسی طرح آپ ﷺ نے اونٹ قرض لیا ہے جس میں ادھار لازمی ہے، پس بیع میں بھی ایک عوض ادھار ہو تو بیع درست ہے۔

غرض یہ اختلاف نصوص فہمی کا ہے، احناف کے نزدیک دونوں حدیثیں عام ہیں اور شوافع کے نزدیک خاص ہیں، یعنی دونوں عوضوں کا ادھار ہونا ان حدیثوں کا مصداق ہے، مگر باب کی دوسری حدیث احناف کی تائید کرتی ہے اس میں اگرچہ حجاج بن ارطاۃ ہیں جو کثیر التدلیس ہیں مگر ان کے بارے میں قول فیصل یہ ہے کہ اگر وہ متفرد نہ ہوں تو ان کی روایت مقبول ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے ان کی حدیث کو حسن قرار دیا ہے، پس اس حدیث کو پہلی حدیث کی تائید کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے (باقی بحث باب نمبر۳۷ میں آئے گی)

[۲۱-] باب ماجاء فی کراھیة بیع الحیوان بالحیوان نِسْئَةً

[۱۲۲۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنّٰی أَبُوْ مُوْسٰی، ثَنَا عبدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهٰی عَنْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نِسْئَةً.

وفی البابِ: عنِ ابنِ عباسٍ، وَجَابِرٍ، وابنِ عُمَرَ، حدیثُ سَمُرَةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَسَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ سَمُرَةَ صَحِيْحٌ، هٰكَذَا قَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُهُ.

والعملُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ، فِيْ

بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نِسْئَةً، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ أَحْمَدُ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ بَيْعِ الْحَيَوَانِ بِالْحَيَوَانِ نِسْئَةً، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وإِسْحَاقَ.

[۱۲۲۲-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بنُ الْحُرَيْثِ، ثَنَا عبدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عنِ الْحَجَّاجِ وَهُوَ ابنُ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الْحَيَوَانُ: اثْنَيْنِ بِوَاحِدٍ، لَايَصْلُحُ نِسْئًا، وَلَا بَأْسَ بِهِ يَدًا بِيَدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ سے سماع ہے یا نہیں؟ اس میں بڑا اختلاف ہے، اصح قول یہ ہے کہ سماع ولقاء ہے، چنانچہ امام بخاری، ابن المدینی اور امام ترمذی: اکابر محدثین کی یہی رائے ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱: ۴۸۵ کتاب الصلاۃ باب ۲۰) میں دیکھیں —— نِسْئَۃ اور نَسِیْئَۃ ہم معنی ہیں۔ **ترجمہ:** صحابہ وغیرہ میں سے اکثر اہل علم کا اس حدیث پر عمل ہے جانور کے بدل ادھار بیچنے میں یعنی اگر ایک عوض بھی ادھار ہو تو بیع درست نہیں اور صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم نے اس کی اجازت دی ہے کہ اگر ایک عوض ادھار ہو تو بیع درست ہے، عدم جواز اس وقت ہے جب دونوں عوض ادھار ہوں —— اثنین: مصری نسخہ میں اثنان ہے ہمارے نسخہ میں اس سے پہلے بیع محذوف ہے۔

بابُ ماجاء فی شِرَاءِ العَبْدِ بِالْعَبْدَیْنِ

ایک غلام کو دو غلاموں کے عوض خریدنا جائز ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک غلام نبی پاک ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ کے دست مبارک پر ہجرت پر بیعت کی اور رسول اللہ ﷺ کو معلوم نہیں تھا کہ وہ غلام ہے، بعد میں اس کا آقا آیا اور اس نے آپؐ سے غلام کی واپسی کا مطالبہ کیا، آپؐ نے اس مسلمان غلام کو اس کافر آقا کی طرف لوٹانا مناسب نہیں سمجھا اس لئے آپؐ نے اس سے فرمایا: آپ یہ غلام مجھے بیچ دیں چنانچہ آپؐ نے وہ غلام خرید لیا اور بدلے میں دو کالے (حبشی) غلام دیئے۔ اس واقعہ کے بعد آپؐ کسی کو اس وقت تک بیعت نہیں کرتے تھے جب تک یہ نہ پوچھ لیں کہ وہ غلام تو نہیں؟ اگر غلام ہوتا تو واپس کر دیتے، ورنہ بیعت فرما لیتے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غلام کی بیع غلام کے عوض کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے کیونکہ غلام حیوان ہے ربوی مال نہیں، پس حیوان کی ہم جنس حیوان کے ساتھ بھی کمی بیشی کے ساتھ بیع جائز ہے۔

[۲۲-] باب ماجاء فی شراء العبد بالعبدين

[۱۲۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم عَلَى الهِجْرَةِ، وَلاَ يَشْعُرُ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ عَبْدٌ، فَجَاءَ سَيِّدُهُ يُرِيْدُهُ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "بِعْنِيْهِ" فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ أَسْوَدَيْنِ، ثُمَّ لَمْ يُبَايِعْ أَحَدًا بَعْدُ حَتّٰى يَسْأَلَهُ: "أَعَبْدٌ هُوَ؟"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُ لاَ بَأْسَ بِعَبْدٍ بِعَبْدَيْنِ يَدًا بِيَدٍ، وَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ إِذَا كَانَ نَسْئًا.

وضاحت: اگرایک عوض ادھار ہوتو جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے جیسا کہ گذشتہ باب میں گذرا۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْحِنْطَةَ بِالْحِنْطَةِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَكَرَاهِيَةِ التَّفَاضُلِ فِيْهِ

گیہوں سے گیہوں کا تبادلہ برابر سرابر ہونا ضروری ہے، کمی بیشی حرام ہے

ربا کی دو قسمیں ہیں: ربا القرض اور ربا الفضل۔ اور ربا الفضل کا بچہ ربا النسیئہ ہے، قرآن کریم نے صرف ربا القرض کو بیان کیا ہے، اور ربا الفضل اور ربا النسیئہ کا تذکرہ حدیثوں میں آیا ہے، قرآن میں ان کا تذکرہ نہیں۔

ربا القرض کی تعریف: قرض پر زیادتی مشروط کرنے کا نام ربا القرض ہے، مثلاً ہزار روپے قرض دیئے اور دس فیصد زیادتی شرط کی۔ سورۂ آل عمران آیت ۱۳۰ میں ربا القرض کا بیان ہے، ارشاد پاک ہے: ''اے ایمان والو! مت کھاؤ سود دونے پر دونا!'' أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً کی صورت یہ ہے کہ ایک ہزار روپے قرض دیئے اور دس فیصد زیادتی شرط کی تو مقروض پہلے مہینے میں گیارہ سو واپس کرے گا، اور دوسرے مہینہ میں بارہ سو دس لازم ہونگے، کیونکہ اب گیارہ سو کا دس فیصد واجب ہوگا، اور تیسرے مہینہ میں بارہ سو دس کا دس فیصد واجب ہوگا، یوں ہر مہینہ کا سود اصل کے ساتھ شامل ہوتا رہے گا اور مجموعہ پر سود بڑھتا رہے گا یہ أضعافا مضاعفة ہے۔ اور یہ بات صرف ربا القرض میں متحقق ہوتی ہے ربا الفضل میں أضعافا مضاعفة کا تحقق نہیں ہوتا، غرض قرض پر زیادتی شرط کرنے کا نام ربا القرض ہے۔

البتہ اگر قرض پر کوئی زیادتی شرط نہیں کی مگر مقروض نے اپنی خوشی سے زیادہ واپس کیا تو یہ سود نہیں، مثلاً ایک شخص نے بیس ہزار روپے قرض لئے اور دس سال کے بعد واپس کئے اور یہ خیال کیا کہ کرنسی مسلسل گرتی رہتی ہے، اور رقم سے دس سال تک اس نے فائدہ اٹھایا ہے اور اس کی زکوٰۃ قرض دینے والے نے ادا کی ہے اس لئے اس نے اپنی خوشی سے بیس کی جگہ تیس ہزار روپے واپس کئے تو یہ زائد دس ہزار سود نہیں، اور قرض دینے والے کے لئے اس رقم کا لینا جائز ہے، بلکہ لوگوں کو اس کا خیال رکھنا چاہئے، اور قرض کو اچھے طریقہ سے یعنی وقت پر خندہ پیشانی سے اور کچھ

اضافہ کر کے ادا کرنا چاہئے، ہاں اگر قرض دینے والا زیادتی کی شرط لگائے تو یہ سود ہے اور ناجائز ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے چھ چیزیں: سونا، چاندی، کھجور، گندم، نمک اور جو کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اگر ان کا تبادلہ ہم جنس کے ساتھ کیا جائے تو برابر سرابر اور دست بدست ہونا ضروری ہے، نہ کمی بیشی جائز ہے اور نہ ادھار، اگر کمی بیشی کے ساتھ فروخت کرے گا تو یہ ربا الفضل ہے اور ادھار معاملہ کرے گا تو یہ ربا النسیئہ ہے، مثلاً گندم کا گندم سے تبادلہ کیا جائے تو دو چیزیں ضروری ہیں: مساوات اور دونوں عوضوں کا نقد ہونا، اگر برابر سرابر نہیں ہے، کمی بیشی کے ساتھ فروخت کیا ہے تو یہ ربا الفضل ہے اور یہ بیع ناجائز ہے۔ اور اگر کوئی ایک عوض ادھار ہے تو یہ ربا النسیئہ ہے اور یہ بھی ناجائز ہے اور اگر دونوں عوض ادھار ہیں تو یہ بیع الکالی بالکالی ہے اور یہ بھی قطعاً ناجائز ہے۔

اور اگر غیر جنس کے ساتھ تبادلہ کیا جائے یعنی ایک طرف گندم ہوں اور دوسری طرف جو تو کمی بیشی جائز ہے، یہ کمی بیشی ربا الفضل نہیں، البتہ ادھار اب بھی جائز نہیں، اگر کوئی عوض ادھار ہوگا تو یہ ربا النسیئہ ہے اور بیع ناجائز ہے۔ غرض ہم جنس کے ساتھ تبادلہ میں ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں متحقق ہوتے ہیں اور غیر جنس کے ساتھ تبادلہ میں صرف ربا النسیئہ متحقق ہوتا ہے، ربا الفضل متحقق نہیں ہوتا۔

اشیائے ستہ میں ربا کی علت: تمام ائمہ متفق ہیں کہ حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ کی حدیث باب جس میں چھ چیزوں کا ذکر ہے: معلّل بالعلت ہے، ربا کا حکم ان تمام چیزوں میں جاری ہوتا ہے جن میں وہ علت پائی جائے، صرف غیر مقلدین اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک ربا مذکورہ چھ چیزوں میں منحصر ہے ساتویں کسی چیز میں ربا نہیں حتی کہ جب سونے چاندی کے سکے یعنی دنانیر ودراہیم کا چلن بند ہوا اور ان کی جگہ کرنسی نوٹ آئے تو ہندوستان کے غیر مقلدین نے فتوی دیا کہ ان کاغذ کے پرزوں میں ربا نہیں، کیونکہ یہ مذکورہ چھ چیزوں کے علاوہ ہیں، پھر جب لوگوں نے ان پر پھٹکار بھیجی تو انھوں نے فتوی بدلا کہ کرنسی نوٹ سونے چاندی کے حکم میں ہیں اس لئے ان میں بھی ربا متحقق ہوگا، غرض اصحاب ظواہر تعلیل کے قائل نہیں، ان کے علاوہ تمام مجتہدین کے نزدیک حدیث معلل بالعلت ہے، پھر اس میں تو اتفاق ہے کہ سونے اور چاندی کی علت الگ ہے اور باقی چار چیزوں کی الگ، مگر علت نکالنے میں اختلاف ہوا ہے۔

سونے اور چاندی کی علت: شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک سونے اور چاندی میں علت: ثمنیت ہے یعنی ایسی چیز ہونا جس کو اللہ تعالیٰ نے معاملات میں ثمن (وسیلہ) بننے کے لئے پیدا کیا ہے، ایسی چیزیں دو ہی ہیں: سونا اور چاندی۔ پس یہ علت ان دو کے ساتھ خاص ہوگی، اور احناف اور حنابلہ کے نزدیک علت: وزن یعنی موزونی چیز ہونا ہے، پس جو بھی چیز تولی جاتی ہے وہ سونے چاندی کے حکم میں ہے، مثلاً زعفران، لوہا، تانبا، پیتل وغیرہ، بلکہ اب تو ہزاروں چیزیں موزونی ہیں، پس یہ سب ربوی اشیاء ہیں۔

باقی چار چیزوں میں علت: احناف اور حنابلہ کے نزدیک کیل یعنی مکیلی ہونا علت ہے پس جو بھی چیز پیمانے سے ناپی جاتی ہے وہ ربوی ہے، خواہ وہ مطعوم ہو یا غیر مطعوم، جیسے چاول، چنا، مکئی، برسین کے بیج وغیرہ اور معدودات (جو گن کر فروخت کی جاتی ہیں) اور مزروعات (جو گز وغیرہ سے ناپ کر فروخت کی جاتی ہیں) ربوی چیزیں نہیں۔

پس احناف اور حنابلہ کے نزدیک مذکورہ چھ چیزوں میں ربا کی علت وزن وکیل ہیں، اور ان دونوں کے لئے مشترک لفظ ''قدر'' ہے، پس قدر مع الجنس میں یعنی جب دونوں عوض ایک جنس کے ہوں اور دونوں قدری یعنی مکیلی یا موزونی ہوں تو ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں کا تحقق ہوگا اور نہ تفاضل جائز ہوگا نہ ادھار بلکہ برابر سرابر اور دست بدست فروخت کرنا ضروری ہوگا۔ اور قدر مع غیر الجنس میں یعنی جب دونوں عوض الگ الگ جنس کے ہوں مگر دونوں مکیلی یا موزونی ہوں تو صرف ربا النسیئہ کا تحقق ہوگا ربا الفضل متحقق نہیں ہوگا، یعنی اس صورت میں کمی بیشی جائز ہوگی اور ادھار نا جائز، جیسے گیہوں کو چنے کے عوض بیچا جائے تو تفاضل جائز ہے اور ادھار حرام۔

اور شافعیہ کے نزدیک باقی چیزوں میں علت: طُعم (کھانے کی چیز) ہونا ہے، اور طعم میں ان کے نزدیک تین چیزیں شامل ہیں: اول: مطعومات یعنی وہ چیزیں جو غذا بننے کے لئے پیدا کی گئی ہیں، گیہوں اور جو اس کی مثالیں ہیں اور چاول، چنا اور مکئی وغیرہ اس کے ساتھ ملحق ہیں۔ دوم: فواکہ (پھل) کھجور اس کی مثال ہے اور کشمش انجیر وغیرہ اس کے ساتھ ملحق ہیں۔ سوم: مصلحات یعنی وہ چیزیں جو طعام یا جسم کی اصلاح کرتی ہیں، نمک اس کی مثال ہے اور تمام ادویہ اور مسالے اس کے ساتھ ملحق ہیں۔

اور مالکیہ کے نزدیک:

(۱) صرف ربا النسیئہ کے لئے طعام میں علت: مطعوم ہونا ہے بشرطیکہ وہ چیز دوا کے طور پر نہ کھائی جاتی ہو، خواہ وہ مطعوم اقتیات وادخار کے قابل ہو یا نہ ہو، جیسے ککڑی، خربوزہ، لیموں اور گاجر وغیرہ کو دست بدست بیچنا ضروری ہے ـــــ اور فواکہ کی جملہ انواع جیسے سیب اور کیلے وغیرہ کو بھی دست بدست فروخت کرنا ضروری ہے، ادھار بیچنا سود ہے، البتہ ان میں ربا الفضل متحقق نہیں ہوگا، پس کمی بیشی جائز ہے۔

(۲) اور ربا الفضل اور ربا النسیئہ دونوں کے تحقق کے لئے دو چیزیں ضروری ہیں: ایک: طعام کا مُقْتَات ہونا یعنی عموماً انسان ان کو کھاتے ہوں اور صرف ان پر گذر بسر کرتے ہوں، دوم: طعام کا ادخار کے قابل ہونا یعنی عرصہ تک رکھنے سے وہ چیز خراب نہ ہو، جہاں یہ دونوں چیزیں (اقتیات وادخار) پائی جائیں گی وہاں دونوں ربا متحقق ہونگے، پس نہ کم وبیش فروخت کرنا درست ہوگا نہ ادھار۔

فائدہ (۱): شافعیہ اور مالکیہ نے سونے اور چاندی میں جو علت: ثمنیت تجویز کی ہے اس میں غور طلب بات یہ ہے کہ جب ثمنیت سونے اور چاندی کے ساتھ خاص ہے تو اس تعلیل کا کیا فائدہ؟ تعلیل تو حکم کے تعدیہ کے لئے

ہوتی ہے، اس لئے اس سے بہتر ''وزن'' کو علت بنانا ہے کیونکہ لوہے، تانبے وغیرہ کی طرف اس کا تعدیہ ہوتا ہے۔
علاوہ ازیں ایک متفق علیہ حدیث میں وزن وکیل کے علت ہونے کی طرف اشارہ ہے: حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک صاحب کو عامل بنا کر خیبر بھیجا، وہاں سے وہ عمدہ کھجوریں لائے، آپ نے دریافت کیا: کیا خیبر میں سب ایسی ہی عمدہ کھجوریں ہوتی ہیں؟ ان صاحب نے کہا: نہیں! بلکہ ہم عمدہ کھجوروں کا ایک صاع: معمولی کھجوروں کے دوصاع سے اور دوصاع: تین صاع سے بدل لیتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: لاتفعلْ بِعِ الْجَمْعَ بالدراهم ثم ابْتَعْ بالدراهم جنيبًا: ایسا نہ کرو، مخلوط کھجوریں دراہم کے عوض بیچ دو، پھر دراہم سے عمدہ کھجوریں خریدلو، وقال: في الميزان مثلُ ذلك اور وزن میں بھی ایسا ہی فرمایا (مشکوٰۃ حدیث ۲۸۱۳) یعنی کھجوروں میں جید وردی کا تفاوت ظاہر کرنا مقصود ہو تو دو بیعیں کی جائیں، اسی طرح سونے چاندی میں عمدہ اور گھٹیا کا تفاوت ظاہر کرنا ہو تو بھی دو بیعیں کی جائیں اور لفظ میزان سے دونوں میں علت موزونی ہونا صاف مفہوم ہوا اور تقابل سے واضح ہوا کہ کھجوریں مکیلی ہیں، پس اس حدیث سے ربا کی دونوں علتیں: کیل ووزن ثابت ہوگئیں۔
اور یہی بات جو اس حدیث سے اشارۃً مفہوم ہوتی ہے مستدرک حاکم (۲:۴۳) کی ایک روایت میں صراحۃً آئی ہے گو وہ روایت ضعیف ہے مگر تائید کے لئے کافی ہے وہ روایت یہ ہے:
حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد سنایا:
التمر بالتمر والحنطة بالحنطة، والشعير بالشعير، والذهب بالذهب، والفضة بالفضة، يدا بيد، عينا بعين، مِثْلاً بمِثْلٍ، فمن زاد فهو ربا ثم قال: كذلك ما يُكال ويُوزن أيضا یعنی مذکورہ پانچ چیزوں کا جو حکم ہے وہی تمام مکیلات وموزونات کا ہے ــــــ غرض شافعیہ اور مالکیہ نے حرمت ربا کی جو علت بیان فرمائی ہے اس کی تائید کسی نص سے نہیں ہوتی، انھوں نے یہ علت اپنے اجتہاد سے نکالی ہے اور احناف نے جو علت بیان کی ہے اس کی تائید مذکورہ دونوں حدیثوں سے ہوتی ہے۔
فائدہ (۲): ربا القرض کی شناعت وقباحت تو واضح ہے اس میں غریب پر ظلم ہوتا ہے اس لئے سود کی یہ قسم حرام کی گئی ہے مگر ربا الفضل کی حرمت کی وجہ ذرا دقیق ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کو رفاہیت بالغہ یعنی بہت زیادہ بلند معیاری زندگی پسند نہیں کیونکہ جو شخص بہت اونچے معیار کی زندگی گذارے گا وہ طلب دنیا میں زیادہ منہمک ہوگا اور اسی کے بقدر آخرت سے غافل ہوگا۔
اور اعلی معیار زندگی کا تقاضہ یہ ہے کہ ہر چیز بڑھیا سے بڑھیا اور اعلی معیار کی استعمال کی جائے، گیہوں اعلی قسم ہی کا کھایا جائے، کھجوریں اعلی قسم ہی کی کھائی جائیں، سونا اور چاندی اعلی معیار ہی کی استعمال کی جائے جس کی عملی صورت یہی ہوسکتی ہے کہ اگر اپنے پاس اعلی درجہ کی چیز نہ ہو بلکہ معمولی درجہ کی ہو تو وہ زیادہ مقدار میں دے کر اس

کے بدلے میں اعلی درجہ کی چیز تھوڑی مقدار میں لی جائے اور اس طرح زندگی کا اعلی معیار برقرار رکھا جائے، اس لئے رفاہیت بالغہ کی یہ صورت امت مرحومہ کے لئے نبی رحمت ﷺ کے ذریعہ یعنی وحی غیر متلو کے ذریعہ ممنوع قرار دی گئی، اور جنس واحد میں جید وردی کا تفاوت لغو کر دیا، تاکہ ہر شخص جو کچھ اس کو میسر ہو اس پر قناعت کرے، اور رئیسانہ ٹھاٹ سے بچے، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵۴۶:۴) میں ہے۔

فائدہ (۳): اگر کسی واقعی ضرورت سے ہم جنس سے تبادلہ کرنا پڑے مثلاً ایک کسان کے پاس معمولی گیہوں ہیں اور اس کو بیج کے لئے عمدہ گیہوں درکار ہیں اور فریقین جید وردی کا تفاوت بھی ملحوظ رکھنا چاہتے ہیں تو اس کی راہ یہ ہے کہ دو بیعیں کی جائیں، اپنے معمولی گیہوں کسی کو نقد بیچ دے پھر اس رقم سے عمدہ گیہوں خرید لے، عمدہ گیہوں والے کے ہاتھ ہی ان معمولی گیہوں کو بیچنا ضروری نہیں، پس یہ حیلہ نہیں۔

فائدہ (۴): حدیث جَیِّدها وَرَدِیُّهَا سواء ثابت نہیں، مگر اس کا مضمون صحیح احادیث سے ثابت ہے۔

(نصب الرایہ ۴: ۳۷)

[۲۳-] باب ماجاء فی أن الحنطة بالحنطة مِثلاً بمثلٍ و کراهية التفاضلِ فيه

[۱۲۲٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِی الْأَشْعَثِ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " الذَّهَبُ بالذَّهَبِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ مِثْلاً بِمِثْلٍ، فَمَنْ زَادَ أَوِ ازْدَادَ فَقَدْ أَرْبَی؛ بِيْعُوْا الذَّهَبَ بِالْفِضَّةِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَداً بِيَدٍ، وَبِيْعُوْا الْبُرَّ بِالتَّمْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَدًا بِيَدٍ، وَبِيْعُوْا الشَّعِيْرَ بِالتَّمْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَدًا بِيَدٍ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَبِلَالٍ، حديثُ عُبَادَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَالِدٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، قَالَ: " بِيْعُوْا الْبُرُّ بِالشَّعِيْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ يَدًا بِيَدٍ" وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِی الْأَشْعَثِ، عَنْ عُبَادَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْحَدِيْثَ، وَزَادَ فِيْهِ: قَالَ خَالِدٌ: قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: بِيْعُوْا الْبُرَّ بِالشَّعِيْرِ كَيْفَ شِئْتُمْ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ لَايَرَوْنَ أَنْ يُبَاعَ الْبُرُّ بِالْبُرِّ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، فَإِذَا اخْتَلَفَ الْأَصْنَافُ فَلَا بَأْسَ أَنْ يُبَاعَ مُتَفَاضِلاً إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ، وَهٰذَا قَوْلُ أَكْثَرِ

أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَیْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ وَالشَّافِعِیِّ، وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ الشَّافِعِیُّ: وَالْحُجَّةُ فِیْ ذٰلِكَ قَوْلُ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: "بِیْعُوْا الشَّعِیْرَ بِالْبُرِّ کَیْفَ شِئْتُمْ یَدًا بِیَدٍ"

وَقَدْ کَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ العِلْمِ أَنْ تُبَاعَ الْحِنْطَةُ بِالشَّعِیْرِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

وضاحت: الذھبُ وغیرہ کومنصوب اورمرفوع دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، پہلی صورت میں عامل بِیْعُوا محذوف ہوگا اور دوسری صورت میں یُبَاعُ ——— مِثْل: میم کے زیر کے ساتھ ہے، بعض طلبہ مَثَلاً بِمَثَلٍ پڑھتے ہیں جو غلط ہے اور مِثْلاً بمثلٍ اوریداً بیدحال ہیں ——— زَادَ الشيءَ: بڑھانا، زیادہ کرنا، اضافہ کرنا ——— ازْدَادَ شیئًا لنفسہ: کوئی چیز اپنے لئے زیادہ لینا یا چاہنا ——— أَرْبٰی: سود کا لین دین کرنا۔ ترجمہ: پس جس نے زیادہ دیا یا زیادہ لیا اس نے بالیقین سودی لین دین کیا، سونا چاندی کے بدل جس طرح چاہو دست بدست بیچو الی آخرہ۔ اس حدیث میں گیہوں اور جَو کے تبادلہ کا ذکر نہیں، البتہ خالد کے بعض تلامذہ یہ جملہ بڑھاتے ہیں کہ گیہوں جو کے بدل جس طرح چاہو دست بدست بیچو، اور دوسرے بعض تلامذہ اسی سند سے یہ حدیث بیان کرتے ہیں، اورانھوں نے یہ اضافہ کیا ہے: خالد حذّاء نے کہا کہ ابوقلابہ نے کہا کہ گیہوں جو کے بدل جس طرح چاہو دست بدست بیچو یعنی یہ ٹکڑا مرفوع نہیں، بلکہ ابوقلابہ کا قول ہے، اسی وجہ سے امام مالک رحمہ اللہ نے اس جز میں اختلاف کیا ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

ترجمہ: اہل علم کا عمل اس حدیث پر ہے، ان کے نزدیک گیہوں گیہوں کے بدل برابر سرابر بیچنا ضروری ہے، اور جو جو کے بدل بھی برابر سرابر بیچنا ضروری ہے، پس جب اجناس مختلف ہوں تو کم وبیش بیچنا جائز ہے بشرطے کہ دونوں عوض دست بدست ہوں، اور یہ صحابہ وغیرہ میں سے اکثر حضرات کا قول ہے اور یہی سفیان ثوری، شافعی، احمد اوراسحاق رحمہم اللہ کا قول ہے ——— اورامام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ گیہوں اور جو میں تفاضل جائز ہے اس کی دلیل حدیث کا مذکورہ بالا جملہ ہے جس کو خالد حذاء کے بعض تلامذہ حدیث میں بڑھاتے ہیں کہ جو کو گیہوں کے بدل جس طرح چاہو دست بدست بیچو ——— اوراہل علم کی ایک جماعت اس کی قائل ہے کہ گیہوں جو کے بدل برابر بیچنا ضروری ہے اور یہی امام مالک کی رائے ہے مگر صحیح تر رائے پہلی ہے (یہ مسئلہ پہلے باب ۱۴ میں گذر چکا ہے) امام مالکؒ جو میں اختلاف نہیں کرتے، بلکہ سلت میں اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک سلت یعنی بغیر چھلکے کے جو اور گندم ایک جنس ہیں، اس لئے ان میں ان کے نزدیک برابری ضروری ہے اور جمہور کے نزدیک سلت الگ جنس ہے اس لئے ان کے نزدیک تفاضل جائز ہے)

بابُ ماجاءَ فی الصَّرْفِ

سونے چاندی کی بیع کا بیان

ثمن یعنی سونے چاندی (دینار و درہم) کے باہم تبادلہ کا نام بیع صرف ہے، اور اس کا حکم یہ ہے کہ اگر ہم جنس کے ساتھ تبادلہ ہو یعنی سونے کا سونے سے یا چاندی کا چاندی سے تبادلہ ہو تو برابری بھی ضروری ہے اور دست بدست ہونا بھی ضروری ہے، اور اگر خلافِ جنس سے تبادلہ ہو یعنی سونے کا چاندی سے یا چاندی کا سونے سے تبادلہ ہو تو کمی بیشی جائز ہے، مگر دست بدست ہونا ضروری ہے ـــــــ حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہی ایک خوش نصیب باب ہے جس میں کوئی اختلاف نہیں!

فائدہ: اب دینار و درہم کی جگہ کرنسی نوٹ آگئے ہیں ان کا حکم کیا ہے؟ اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ کرنسی نوٹ در اصل سونے چاندی کا حوالہ ہیں، ہر نوٹ پر گورنر کی طرف سے یہ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ میں حامل کو اتنی رقم ادا کرنے کا ذمہ دار ہوں یعنی اگر کوئی زر کا مطالبہ کرے تو گورنر اس کو اتنا سونا یا چاندی دینے کا ذمہ دار ہے، مگر یہ ہاتھی کے دکھانے کے دانت ہیں کھانے کے نہیں، اگر کوئی سو کا نوٹ لیکر بینک جائے اور زر کا مطالبہ کرے تو منیجر اس کو دھتکار دے گا بلکہ پولس کو فون کر دے گا، اور پولس یہ کہہ کر گرفتار کرلے گی کہ اس کو حکومت کے نوٹوں پر اعتماد نہیں اور جیل میں ڈال دے گی، اس لئے یہ صرف دکھانے کے دانت ہیں ان کے پیچھے کوئی سونا چاندی نہیں، اور اس لکھنے کی وجہ سے کرنسی کی ساکھ بنتی ہے اور اعتباریت پیدا ہوتی ہے اور اسی کی بنیاد پر نوٹ چل رہے ہیں، اگر آج حکومت اعلان کر دے کہ ہزار کے نوٹ بند، تو کوئی ان کو دھیلے میں نہیں لے گا، پس یہ نوٹ ہی ثمن عرفی ہیں اور ان کے احکام ذو وجہین ہیں، یہ من وجہ ثمن ہیں اور من وجہٍ سامان۔ اس لئے دونوں مشابہتوں کا لحاظ کر کے احکام مرتب کئے جائیں گے۔

مسئلہ: کرنسی نوٹ میں زکوۃ واجب ہے کیونکہ باب زکوۃ میں ان کی ثمنیت کا اعتبار ہے، اگر سامان ہونے کا اعتبار کریں گے تو زکوۃ واجب نہ ہوگی کیونکہ جو سامان تجارت کے لئے نہ ہو اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوتی اور نوٹ تجارت کے لئے نہیں ہوتے۔

مسئلہ: اسی طرح ایک ملک کی کرنسی باہم کمی بیشی کے ساتھ بیچنا جائز نہیں، یہاں بھی ثمنیت کا اعتبار ہے۔

مسئلہ: ایک شخص سو کا نوٹ بھنانے کے لئے دوکاندار کے پاس لے گیا اس نے پچاس روپے دیئے اور کہا: باقی تھوڑی دیر میں لے جانا یہ جائز ہے کیونکہ یہاں سامان ہونے کا اعتبار ہے، اگر ثمنیت کا لحاظ کریں گے تو مذکورہ صورت ناجائز ہوگی، کیونکہ بیع صرف میں مجلس عقد میں دست بدست قبضہ ضروری ہے۔

مسئلہ: اسی طرح دو ملکوں کی کرنسیوں کا باہم تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے، یہاں بھی سامان ہونے کا لحاظ

ہے اور حوالہ میں ایک عوض نقد ہونا ضروری ہے، دوسرا ادھار ہوسکتا ہے، ورنہ بیع کالی بالکالی لازم آئے گی۔

غرض سونا چاندی تو ثمن خلقی ہیں مگر کرنسی نوٹ ثمن عرفی ہیں، حکومت کی اعتباریت پر ثمن ہیں، لہٰذا ان میں ثمنیت کا بھی اعتبار ہوگا اور چونکہ خِلْقَۃً ثمن نہیں ہیں اس لئے سامان ہونے کا بھی اعتبار ہوگا، دونوں پہلوؤں کا لحاظ کر کے احکام مرتب کئے جائیں گے۔

حدیث (۱): نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں اور حضرت ابن عمرؓ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے پاس گئے (ابن عمرؓ آخر میں نابینا ہوگئے تھے، اس زمانہ میں نافع اندھے کی لاٹھی تھے) انھوں نے ہمیں حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پھر درمیان میں تاکید کے لئے فرمایا: آنحضور ﷺ سے یہ حدیث میرے ان دونوں کانوں نے سنی ہے یعنی اس ارشاد کی سماعت میں مجھے ادنی شبہ نہیں کہ سونے کو سونے کے عوض مت بیچو مگر برابر سرابر، اور چاندی کو چاندی کے عوض مت بیچو مگر برابر سرابر، ایک عوض کو دوسرے سے بڑھایا نہ جائے، اور غائب (جو مجلس عقد میں موجود نہ ہو) کو ناجز (جو مجلس عقد میں موجود ہو) کے عوض مت بیچو یعنی دونوں عوض دست بدست ہوں۔

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرح حضرت ابن عمرؓ کا مذہب بھی یہی تھا کہ اگر سونا اور چاندی ہم جنس دست بدست بیچے جائیں تو کمی بیشی جائز ہے، بعد میں جب ان کو پتا چلا کہ حضرت ابو سعید خدریؓ حدیث بیان کرتے ہیں کہ یہ ناجائز ہے تو وہ نافع رحمہ اللہ کو لے کر ان کے پاس گئے، حضرت ابو سعید خدریؓ نے ان کو مذکورہ حدیث سنائی اور چونکہ ابن عمرؓ کے ذہن میں مسئلہ کی نوعیت دوسری تھی اس لئے تاکید کے لئے فرمایا کہ اس حدیث کو میرے ان کانوں نے سنا ہے، یعنی اس ارشاد کی نقل میں مجھے ادنی شبہ نہیں۔

جاننا چاہئے کہ حضرت ابن عمرؓ کو غلط فہمی ایک حدیث سے ہوئی تھی جو آگے آرہی ہے اور حضرت ابن عباسؓ کو حدیث إنما الربا في النسيئة سے غلط فہمی ہوئی تھی حالانکہ اس حدیث میں حصر ادعائی ہے حقیقی حصر نہیں، ربا النسیئہ کی شناعت وقباحت ذہنوں میں بٹھانے کے لئے یہ حصر کیا گیا ہے مگر ابن عباسؓ نے اس کو حقیقی حصر سمجھ لیا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حقیقی ربا تو ربا القرض ہے اسی لئے صرف اسی کو قرآن نے بیان کیا ہے، اور ربا الفضل حکمی ربا ہے یعنی دوسرے درجہ کا ربا ہے، اور ربا النسیئہ اس کا بھی بچہ ہے پس وہ تیسرے درجہ کا ربا ہوا، یہ جو درجہ بندی کی گئی ہے اس سے کسی کو غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ حقیقی ربا یعنی ربا القرض سے تو بچنا ضروری ہے مگر ربا الفضل سے بچنے کی اتنی تاکید نہیں، کیونکہ وہ دوسرے درجہ کا ربا ہے، مگر امت میں ایسا خیال نہیں پایا جاتا، سب لوگ یہی جانتے ہیں کہ ربا کی دونوں قسمیں یکساں ہیں، البتہ ربا النسیئہ کے بارے میں غلط فہمی ہوسکتی تھی، بلکہ پائی جارہی ہے کہ یہ ان دونوں سے فروتر ہے، اس لئے اس کی شناعت وقباحت بڑھانے کے لئے حصر کر کے فرمایا: سود ادھار ہی میں ہے، یعنی اس کو ہلکا مت سمجھو وہی حقیقی سود ہے۔

غرض یہ حصر ادعائی ہے مگر ابن عباسؓ نے اس کو حقیقی حصر سمجھ لیا کہ ادھار میں سود ہے دست بدست معاملہ ہو تو سود نہیں، خواہ برابر سرابر بیچے یا کمی بیشی کے ساتھ فروخت کرے سب درست ہے۔ مگر جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے ان کو یہ حدیث سنائی تو انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا (اور حضرت ابن عمرؓ کو غلط فہمی آئندہ حدیث سے ہوئی ہے جو بعد میں دور ہوگئی)

مسئلہ: بیع صرف میں دونوں عوضوں کا مجلس عقد میں ہونا ضروری ہے اگر ایک عوض مجلس میں موجود ہو اور دوسرا عوض موجود نہ ہو تو یہ بیع جائز نہیں، کیونکہ اثمان (سونا چاندی) متعین کرنے سے بھی متعین نہیں ہوتے، تقابض سے متعین ہوتے ہیں، پس اگر اثمان کا آپس میں تبادلہ ہو اور احد العوضین پر مجلس میں قبضہ ہو جائے اور دوسرا عوض مجلس میں موجود نہ ہو تو اس صورت میں ثانی عوض متعین نہ ہوگا، پس یہ بیع العین بالدین ہوئی، اور بیع العین بالدین ادھار بیع ہے اور اثمان کے تبادلہ میں نسیئہ حرام ہے، اس لئے سونے چاندی کے تبادلہ میں بیع الغائب بالناجز جائز نہیں۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ فرماتے ہیں: میں بقیع قبرستان کے پاس (جانوروں کی مارکیٹ میں) اونٹ فروخت کیا کرتا تھا کبھی اونٹ دیناروں میں بیچتا مگر خریدار کے پاس دینار نہیں ہوتے تھے تو ان کی جگہ درہم لے لیتا اور کبھی دراہم میں بیچتا اور ان کی جگہ دینار لے لیتا (کسی نے ان سے کہا: یہ ناجائز ہے چنانچہ) میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اس وقت آپ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے نکل رہے تھے، میں نے آپؐ سے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے فرمایا: ''اس دن کے بھاؤ سے ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں'' مثلاً دس دینار میں اونٹ فروخت کیا اور مشتری دینار کے بدلے درہم دینا چاہے تو دیکھا جائے اس دن دینار کی کیا قیمت ہے؟ جو قیمت ہو اس کے اعتبار سے دراہم لینا جائز ہے۔

تشریح: یہ وہ حدیث ہے جس کی وجہ سے ابن عمر رضی اللہ عنہما کو غلط فہمی ہوئی تھی کہ اثمان کا باہم تبادلہ اگر دست بدست ہو تو کمی بیشی جائز ہے اور غلط فہمی کی بنیاد یہ تھی کہ سونا اور چاندی کیرٹ کے اعتبار سے یکساں نہیں ہوتے (کیرٹ انگریزی لفظ ہے، یہ قیراط سے بنا ہے یعنی سونے چاندی کی معدنی حالت، عربی میں اس کو عِیَار کہتے ہیں) ابن عمرؓ نے یہ خیال کیا کہ اس دن کے بھاؤ کا لحاظ کر کے دینار کی جگہ دینار اور دراہم کی جگہ دراہم کم وبیش لے سکتے ہیں کیونکہ سونا اور چاندی یکساں نہیں ہوتے، ان میں کیرٹ کے اعتبار سے تفاوت ہوتا ہے، پس قیمت کا اعتبار کر کے سونے چاندی کا باہم تبادلہ بھی کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے، حالانکہ یہ قیاس صحیح نہیں تھا اس لئے کہ دراہم ودینار الگ الگ جنسیں ہیں پس اس دن کے بھاؤ کا لحاظ کر کے دینار کی جگہ دراہم اور دراہم کی جگہ دینار کم وبیش لے سکتے ہیں، مگر اس سے یہ سمجھ لینا کہ سونے اور چاندی میں بھی چونکہ کیرٹ کے اعتبار سے تفاوت ہوتا ہے اس لئے ان میں بھی کمی بیشی جائز ہے: صحیح نہیں، کیونکہ سونا چاندی ربوی اشیاء ہیں اور ربوی اشیاء میں جید اور ردی کا تفاوت ظاہر نہیں ہوتا، اگر تفاوت ظاہر کرنا ہو تو سونے کا چاندی سے یا چاندی کا سونے سے تبادلہ کیا جائے، اور اس طرح معدنی حالت کا تفاوت ظاہر کیا جائے۔

حدیث (۳): مالک بن اَوس بن الحدثانؒ کہتے ہیں: میں ایک مرتبہ گھر سے سونا لے کر چلا تاکہ میں اس کو بھناؤں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ صحابہ بیٹھے تھے میں سونا لے کر ان کے پاس گیا اور کہا: کون اس کو دراہم سے بدلے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس طلحہ بن عبید اللہ (جو عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں) بیٹھے تھے، انھوں نے کہا: اپنا سونا مجھے دکھاؤ انھوں نے سونا جانچ پرکھ کر فرمایا: ابھی ہمارا خادم موجود نہیں، جب وہ آجائے تو آپ اپنی چاندی لے جائیں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: بخدا نہیں! یا تو آپ اس کو ابھی چاندی دیں یا اس کا سونا واپس کریں۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: چاندی کا سونے سے تبادلہ سود ہے مگر دست بدست (هَاءَ وَهَاءَ: اسم فعل ہیں ان کے معنی ہیں: لے اور لا، اور مراد ہے دست بدست) اور گندم کا گندم سے تبادلہ ربا ہے مگر دست بدست، اور جو کا جو سے تبادلہ ربا ہے مگر دست بدست، اور کھجور کا کھجور سے تبادلہ ربا ہے مگر دست بدست، یعنی ربوی اشیاء کا خلافِ جنس سے تبادلہ ہو یا ہم جنس سے تبادلہ ہو ہر صورت میں عوضین کا نقد ہونا ضروری ہے اور ادھار حرام ہے۔

[۲۴-] باب ماجاء فی الصَّرْفِ

[۱۲۲۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، أَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بنُ محمدٍ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: انْطَلَقْتُ أَنَا وابنُ عُمَرَ إِلٰى أَبِیْ سَعِيْدٍ، فَحَدَّثَنَا: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: — سَمِعَتْهُ أُذُنَایَ هَاتَانِ — يَقُوْلُ: "لاَ تَبِيْعُوْا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، وَالْفِضَّةَ بِالْفِضَّةِ إِلَّا مِثْلاً بِمِثْلٍ، لاَيُشَفُّ بَعْضُهُ عَلَى بَعْضٍ، وَلاَ تَبِيْعُوْا مِنْهُ غَائِبًا بِنَاجِزٍ"

وَفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَهِشَامِ بنِ عَامِرٍ، وَالْبَرَاءِ، وَزَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، وَفَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ، وَأَبِیْ بَكْرَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَأَبِی الدَّرْدَاءِ، وَبِلاَلٍ.

حديثُ أَبِیْ سَعِيْدٍ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، إِلَّا مَا رُوِیَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ لاَيَرَى بَأْسًا أَنْ يُبَاعَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مُتَفَاضِلاً، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مُتَفَاضِلاً، إِذَا كَانَ يَدًا بِيَدٍ، وَقَالَ: إِنَّمَا الرِّبَا فِی النَّسِيئَةِ، وَكَذٰلِكَ رُوِیَ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ شَیْئٌ مِنْ هٰذَا، وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ رَجَعَ عَنْ قَوْلِهِ حِيْنَ حَدَّثَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیُّ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، وابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِیِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَرُوِیَ عَنِ ابنِ الْمُبَارَكِ أَنَّهُ قَالَ: لَيْسَ فِی الصَّرْفِ اخْتِلاَفٌ.

[۱۲۲۶-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بنِ

حَرْبٍ،عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ: كُنْتُ أَبِيْعُ الإِبِلَ بِالْبَقِيْعِ، فَأَبِيْعُ بالدَّنَانِيْرِ، فَآخُذُ مَكَانَهَا الْوَرِقَ، وأَبِيْعُ بِالْوَرِقِ، فَآخُذُ مَكَانَهَا الدَّنَانِيْرَ، فَأَتَيتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَوَجَدْتُهُ خَارِجًا مِنْ بَيْتِ حَفْصَةَ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ:" لاَبَأْسَ بِهِ بِالْقِيْمَةِ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعاً إِلاَّ مِنْ حَديثِ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَرَوَى دَاوُدُ بنُ أَبِي هِنْدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوفًا.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ؛ أَنْ لَّا بأْسَ أَنْ يَقْتَضِيَ الذَّهَبَ مِنَ الْوَرِقِ، وَالْوَرِقَ مِنَ الذَّهَبِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ ذٰلِكَ.

[۱۲۲۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَوْسِ بنِ الْحَدَثَانِ، أَنَّهُ قَالَ: أَقْبَلْتُ أَقُوْلُ: مَنْ يَصْطَرِفُ الدَّرَاهِمَ؟ فَقَالَ طَلْحَةُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ عِنْدَ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ: أَرِنَا ذَهَبَكَ ثُمَّ ائْتِنَا إِذَا جَاءَ خَادِمُنَا نُعْطِكَ وَرِقَكَ، فَقَالَ عُمَرُ: كَلاَّ، وَاللّٰهِ! لَتُعْطِيَنَّهُ وَرِقَهُ أَوْ لَتَرُدَّنَّ إِلَيْهِ ذَهَبَهُ، فَإِنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْوَرِقُ بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَالشَّعِيْرُ بِالشَّعِيْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ، وَ التَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالعملُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:"إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ" يَقُوْلُ: يَداً بِيَدٍ.

وضاحتیں: پہلی حدیث (نمبر ۱۲۲۵) کی سند میں ہندوستانی نسخہ میں حسین بن محمد بن بہرام کا ذکر چھوٹ گیا ہے، مصری نسخہ سے اور تحفۃ الاحوذی سے بڑھایا ہے، احمد بن منیع: شیبان نحوی سے براہ راست روایت نہیں کرتے، بلکہ حسین کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں ــــ سَمِعَتْهُ أُذُنَایَ هَاتَانِ: هَاتَان:صرف ترمذی میں ہے، مسلم شریف میں نہیں ہے اور ہندی نسخہ میں هَاتَیْنِ ہے، تصحیح مصری نسخہ (شرح ابن العربی کے نسخہ) سے کی ہے ــــ لاَیُشَفُّ: فعل مضارع مجہول منفی از باب افعال، أَشَفَّ الدرهَمَ: درہم میں کمی یا بیشی کرنا (من الاضداد) ــــ غائب: غیر موجود ــــ الناجز: حاضر وموجود، کہا جاتا ہے: وعدٌ نَاجِزٌ: پورا کیا ہوا وعدہ، مجرد نَجَزَ (ن) الشیئُ نَجزًا: مکمل اور پورا ہونا۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث پر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے مگر جو ابن عباسؓ سے روایت کیا گیا کہ وہ سونے کو سونے کے بدل اور چاندی کو چاندی کے بدل کمی بیشی کے ساتھ فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے، جبکہ معاملہ دست بدست ہو، اور انھوں نے فرمایا: سود ادھار ہی میں ہے۔ اور اسی طرح ابن عباسؓ کے بعض تلامذہ سے بھی یہ بات مروی ہے، اور ابن عباسؓ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے اپنے قول سے

رجوع کرلیا تھا جب ان سے ابوسعید خدریؓ نے مذکورہ حدیث بیان کی، اور پہلا قول یعنی جمہور کا قول اصح ہے ـــــ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث (نمبر ۱۲۲۶) مرفوع ہے یا موقوف؟ اس سلسلہ میں سعید بن جبیر کے تلامذہ میں اختلاف ہے، سماک بن حرب نے اس کو مرفوع کیا ہے اور داؤد بن ابی ہند نے موقوف بیان کیا ہے ـــــ اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ سونے کو چاندی کی جگہ اور چاندی کو سونے کی جگہ وصول کرے اور یہ امام احمدؒ کا قول ہے (یہ مسئلہ اجماعی ہے) اصْطَرَفَ الْمالَ بمثله: تبدیل کرنا، سکہ بدلنا، ریز گاری لینا یا دینا۔

بابُ ماجاء فی ابْتِیَاعِ النَّخْلِ بَعْدَ التَّأْبِیْرِ، وَالعَبْدِ وَلَهُ مَالٌ

تابیر کے بعد کھجور کا درخت خریدنا اور ایسا غلام خریدنا جس کے پاس مال ہے

اِبْتَاعَ اِبْتِیَاعًا کے معنی ہیں خریدنا، اور أَبَّرَ تَأْبِیْرًا کے معنی ہیں: کھجوروں کی تلقیح کرنا، گابھا دینا، نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا، جب کھجور کے درخت پر پھول آتے ہیں تو مادہ درخت کے پھول میں کسی جگہ سوراخ کر کے نر درخت کے پھول کی ایک پنکھڑی داخل کرتے ہیں اس کو اردو میں گابھا دینا اور عربی میں تأبیر کرنا کہتے ہیں، اس عمل سے فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مادہ درخت پر پھل خوب آتا ہے اور اگر ایسا نہ کیا جائے تو پھل کم آتا ہے اور چھوٹا رہتا ہے اور تابیر ایسے مرحلہ میں کی جاتی ہے کہ اس کے بعد جلد پھل نکل آتا ہے۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی نے کھجور کا باغ فروخت کیا یعنی درخت ہی بیچ دیئے تو درختوں پر جو پھل ہے یا جو آئندہ پھل نمودار ہوگا وہ کس کا ہوگا؟ بائع کا یا مشتری کا؟ اس سلسلہ میں مسئلہ یہ ہے کہ چونکہ پھل مبیع کے ساتھ برائے انفصال متصل ہوتا ہے، یعنی ان کو بہر حال درختوں سے جدا ہونا ہے اس لئے اگر پھل نمودار ہو چکے ہیں تو وہ بائع کے ہیں، الا یہ کہ سودے میں صراحت ہو کہ مشتری پھلوں کے ساتھ باغ خرید رہا ہے، اور اگر خریدنے کے بعد پھل نمودار ہوا تو وہ بہر حال مشتری کا ہوگا کیونکہ وہ اس کی ملک کا ثمرہ ہے۔

اور حدیث شریف میں ایک جزئیہ آیا ہے جس میں فقہاء میں اختلاف ہوا ہے، حدیث میں ہے کہ اگر کھجور کے درختوں کی تابیر کرنے سے پہلے باغ فروخت کیا گیا تو پھل مشتری کا ہے اور تأبیر کے بعد فروخت کیا گیا تو پھل بائع کا ہے، البتہ اگر سودے میں صراحت ہو کہ مشتری پھلوں کے ساتھ درخت خرید رہا ہے تو پھر پھل مشتری کے ہونگے۔

اس جزئیہ میں تأبیر نخل سے کیا مراد ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ظاہری معنی مراد ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تأبیر نخل ظہور ثمرہ سے کنایہ ہے، تابیر پر مدار نہیں پھل نمودار ہونے پر مسئلہ کا مدار ہے، اگر پھل نمودار ہونے کے بعد باغ فروخت کیا گیا تو پھل بائع کے ہیں مگر یہ کہ سودے میں صراحت ہو کہ مشتری پھلوں کے ساتھ باغ خرید رہا ہے اور اگر پھل نمودار ہونے سے پہلے باغ فروخت کیا گیا تو چاہے درختوں کو گابھا دیدیا گیا ہو پھل مشتری کے ہیں، اور

ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسئلہ کا مدار تابیر پر ہے، تابیر کے بعد پھل بائع کا ہے اور اس سے پہلے پھل مشتری کا ہے۔

دوسرا مسئلہ: کوئی غلام یا باندی فروخت کی گئی اور غلام کے پاس مال ہے، مثلاً اس کے ہاتھ میں گھڑی ہے یا وہ عبد مأذون ہے اور بازار میں اس کی دوکان ہے، یا باندی نے زیور پہن رکھا ہے تو اس مال کا مالک بائع ہے، البتہ اگر سودے میں صراحت ہو کہ مشتری غلام کو دوکان کے ساتھ یا باندی کو زیور کے ساتھ خریدتا ہے تو مال مشتری کا ہوگا اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۲۵-] باب ماجاء فی ابتیاع النخل بعد التأبیر، والعبدِ وله مالٌ

[۱۲۲۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلَّذِیْ بَاعَهَا، إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"

وَفِیْ البابِ: عَنْ جَابِرٍ، حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، هٰکَذَا رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً بَعْدَ أَنْ تُؤَبَّرَ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ، وَمَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ، إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"

وَرُوِیَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "مَنِ ابْتَاعَ نَخْلاً قَدْ أُبِّرَتْ فَثَمَرَتُهَا لِلْبَائِعِ، إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"

وَرُوِیَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ بَاعَ عَبْدًا وَلَهُ مَالٌ، فَمَالُهُ لِلْبَائِعِ إِلَّا أَنْ یَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ"، هٰکَذَا رَوَی عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وَغَیْرُهُ، عَنْ نَافِعٍ الْحَدِیْثَیْنِ.

وَقَدْ رَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحدیثَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَیْضًا.

وَرَوَی عِکْرِمَةُ بنُ خَالِدٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ حَدِیْثِ سَالِمٍ.

وَالعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الحدیثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ، وأَحْمَدَ، وإِسْحَاقَ.

قَالَ مُحمدٌ: وحدیثُ الزُّهْرِیِّ عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم أَصَحُّ.

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کھجور کا باغ تابیر کے بعد خریدا تو اس کا پھل بائع کے لئے ہے، مگر یہ کہ مشتری پھلوں کو خریدنے کی بھی شرط لگادے، اور جس نے غلام خریدا درانحالیکہ غلام کے پاس مال ہے تو وہ مال بائع کا ہے مگر یہ کہ مشتری اس کی شرط لگادے ——— اس حدیث کو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سالم اور نافع دونوں روایت کرتے ہیں، مگر سالم کی حدیث میں دو مسئلے ہیں اور دونوں مرفوع ہیں، اور نافع کی حدیث میں صرف تابیر نخل والا

مسئلہ مرفوع ہے، اور غلام والا مسئلہ نافع: ابن عمر سے اور وہ حضرت عمر سے ان کا قول روایت کرتے ہیں، عبید اللہ عمری اسی طرح نافع سے دونوں حدیثیں روایت کرتے ہیں مگر عبید اللہ کے علاوہ نافع کے اور تلامذہ اس دوسرے مسئلہ کو بھی ابن عمر سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں اور عکرمہ: سالم کے متابع ہیں اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ نے ان کی حدیث کو صحیح قرار دیا ہے، امام ترمذی فرماتے ہیں: اس حدیث پر بعض فقہاء کا عمل ہے، یعنی پہلے مسئلہ میں، کیونکہ دوسرا مسئلہ اجماعی ہے اور یہ فقہاء تابیر کے ظاہری معنی مراد لیتے ہیں (اور امام اعظم اس کو ظہور ثمرہ سے کنایہ قرار دیتے ہیں)

بابُ ماجاء فی الْبَیِّعَانِ بِالْخِیَارِ مَالَمْ یَتفرَّقَا

متعاقدین جب تک جدا نہ ہوں: ہر ایک کو بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے (خیارِ مجلس کا مسئلہ)

بیع میں دو چیزیں ہیں: تمامیت بیع اور لزوم بیع، اس میں اختلاف ہے کہ یہ دونوں چیزیں ساتھ ساتھ ہوتی ہیں یا جدا بھی ہوتی ہیں؟ احناف، مالکیہ اور ظاہریہ کے نزدیک ساتھ ساتھ رہتی ہیں، اور شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک جدا ہوتی ہیں، پھر ظاہریہ کے نزدیک تفرق ابدان پر دونوں کا تحقق ہوتا ہے یعنی جب بائع اور مشتری ایک دوسرے سے جدا ہونگے تب بیع تام بھی ہوگی اور لازم بھی ہوگی۔ اور حنفیہ اور مالکیہ کے نزدیک تفرق اقوال پر دونوں کا تحقق ہوتا ہے یعنی ایجاب وقبول ہوتے ہی بیع تام بھی ہوجاتی ہے اور لازم بھی اور شافعیہ اور حنابلہ کے نزدیک تفرق اقوال پر بیع تام ہوتی ہے اور تفرق ابدان پر بیع لازم ہوتی ہے، اسی کا نام خیار مجلس ہے۔

اور ثمرۂ اختلاف دو صورتوں میں ظاہر ہوگا:

اول: کوئی چیز بیچی پھر تفرق ابدان سے پہلے مجلس عقد میں متعاقدین میں سے کوئی ایک فوت ہوگیا تو ظاہریہ کے نزدیک سودا نہیں ہوا: مبیع بائع کی اور ثمن مشتری کا ہے، اور ائمہ اربعہ کے نزدیک سودا ہوگیا کیونکہ ایجاب وقبول پایا گیا، اس لئے بیع تام ہوگئی، پس ثمن بائع کا یا اس کے ورثاء کا اور مبیع مشتری کی یا اس کے ورثاء کی ہے۔

دوم: چھوٹے دو اماموں کے نزدیک تفرق ابدان سے پہلے ہر فریق بیع توڑ سکتا ہے، وہ ڈکٹیٹر ہے، اسے دوسرے فریق کی رضامندی حاصل کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ ابھی بیع لازم نہیں ہوئی، اور بڑے دو اماموں کے نزدیک دوسرے کی رضامندی کے بغیر سودا ختم نہیں کرسکتا، کیونکہ بیع لازم ہوچکی ہے۔

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے چار حدیثیں ذکر کی ہیں:

پہلی حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہ کی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، یا اِخْتَرْ اِخْتَرْ نہ کہہ لیں، راوی بیان کرتا ہے کہ ابن عمرؓ جب کوئی سودا کرتے اور وہ اس وقت بیٹھے ہوئے ہوتے تو کھڑے ہوکر مجلس بدل لیا کرتے تھے تاکہ بیع لازم ہوجائے۔

تشریح:

۱-بَيِّعَان: بَيِّعٌ کا تثنیہ ہے اور بَيِّعٌ اور بائعٌ مترادف الفاظ ہیں، اور مشتری کو بائع تغلیباً کہا جاتا ہے۔

۲-مالم يَتَفَرَّقَا سے بہ ظاہر تفرق ابدان مراد ہے اور یہ حدیث چھوٹے دواماموں کی دلیل ہے، اور تفرق اقوال والا قول اگرچہ امام محمدؒ کی طرف منسوب ہے مگر وہ خلاف ظاہر ہے، اور اختر اختر کہنے کا مطلب یہ ہے کہ سودا مکمل ہونے کے بعد متعاقدین میں سے ہر ایک دوسرے سے کہے: آپ غور کرلیں اگر سودا پسند نہ ہو تو معاملہ ختم کردیں، پھر دوسرا غور کر کے یا تو سودا ختم کردے یا یہ کہے کہ مجھے سودا منظور ہے، پھر یہ شخص جس کو سودا پسند ہے یہی بات دوسرے سے کہے اور وہ بھی غور کر کے سودا ختم کردے یا منظور کرلے ——— چھوٹے دواماموں کے نزدیک تفرق ابدان سے بھی بیع لازم ہوتی ہے اور اختر اختر کہنے سے بھی، اس کے بعد خیارِ مجلس باقی نہیں رہتا۔

۳-حضرت ابن عمرؓ نے حضرت عثمان غنیؓ سے ایک زمین کا سودا کیا، سودا مکمل ہوتے ہی ابن عمرؓ الٹے پاؤں لوٹے اور گھر سے باہر نکل گئے، پھر واپس آکر بیٹھ گئے، آپ نے مجلس کی یہ تبدیلی اس لئے کی تھی کہ حضرت عثمانؓ کہیں سودا ختم نہ کردیں کیونکہ ان کو سودے میں فائدہ نظر آیا تھا، یہ حدیث بخاری (حدیث ۲۱۱۶) میں ہے اور یہ صرف ایک مرتبہ کا واقعہ ہے مگر راوی نے اس کو اس طرح روایت کیا ہے کہ گویا یہ ابن عمرؓ کا معمول تھا جب بھی وہ کوئی سودا کرتے اور چاہتے کہ بیع لازم ہوجائے تو فوراً مجلس بدل لیا کرتے تھے، مگر یہ بات صحیح نہیں، یہ صرف ایک مرتبہ کا واقعہ ہے۔

دوسری حدیث: حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کی ہے وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، پس اگر وہ دونوں سچ بولیں اور (مبیع یا ثمن کا کوئی عیب ہو تو اسے) واضح کریں تو ان کی بیع میں برکت کی جاتی ہے، اور اگر دونوں جھوٹ بولیں اور مبیع اور ثمن کے عیب کو چھپائیں تو ان کی بیع میں سے برکت مٹادی جاتی ہے ——— اس حدیث میں بھی تفرق سے تفرقِ ابدان مراد ہے اور یہ بھی چھوٹے دواماموں کی دلیل ہے۔

تیسری حدیث: ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی ہے، ایک سفر میں ایک کشتی میں دو شخصوں نے شام کے وقت ایک گھوڑے کا سودا کیا، صبح گھوڑے کا مالک پشیمان ہوا اس نے سودا ختم کرنا چاہا، دوسرا تیار نہ ہوا، حضرت ابو برزہ اسلمیؓ بھی کشتی میں تھے، دونوں اپنا جھگڑا لے کر ان کے پاس گئے، آپؓ نے فرمایا: میرے خیال میں تم دونوں جدا نہیں ہوئے، اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، لہٰذا ایک فریق معاملہ ختم کرسکتا ہے۔

تشریح: مذکورہ دونوں شخص جن کے درمیان گھوڑے کا سودا ہوا تھا شام سے صبح تک ساتھ ساتھ رہے ہوں یہ بات عقل باور نہیں کرتی اس لئے لامحالہ حضرت ابو برزہ اسلمیؓ کے قول کا مطلب یہ لینا ہوگا کہ ابھی فریقین نے اپنے عوضوں

سے فائدہ نہیں اٹھایا اور وقت بھی زیادہ نہیں گذرا، پس اگر ایک فریق معاملہ ختم کرنا چاہے تو دوسرے فریق کو تیار ہوجانا چاہئے، پس یہ حدیث چھوٹے دواماموں کی صریح دلیل نہیں، بڑے دواماموں کی دلیل بھی بن سکتی ہے۔

چوتھی حدیث: عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری کو بیع ختم کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، مگر یہ کہ بیع میں خیار شرط ہو، یعنی اگر سودے میں خیار شرط کی قید ہو تو پھر تین دن تک خیار فسخ باقی رہتا ہے، اور اگر یہ قید نہ ہو تو فسخ کا اختیار تفرق ابدان تک رہتا ہے، فریقین کے جدا ہوتے ہی یہ اختیار ختم ہوجاتا ہے اور فریقین میں سے کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے اس خوف سے جدا ہوجائے کہ وہ اس سے اقالہ کی یعنی بیع ختم کرنے کی درخواست کرے گا۔

تشریح: یہ حدیث بڑے دواماموں کی دلیل ہے اور وہ اس طرح کہ اسْتَقَالَه البیعَ کے معنی ہیں: بیع فسخ کرنے کی درخواست کرنا، باب استفعال طلب کے لئے ہے، اور درخواست اس صورت میں کی جاتی ہے جب معاملہ میں دوسرے فریق کا بھی کچھ دخل ہو، پس اس جملہ میں صاف اشارہ ہے کہ تفرق ابدان سے پہلے بھی ایک فریق دوسرے کو راضی کئے بغیر سودا ختم نہیں کرسکتا، معلوم ہوا کہ ایجاب وقبول پر بیع تام بھی ہوجاتی ہے اور لازم بھی ہوجاتی ہے۔

خلاصۂ بحث: اس باب میں اختلاف نص فہمی کا ہے یعنی مذکورہ روایات میں تفرق ابدان سے پہلے جس اختیار کا ذکر ہے وہ اختیار تام ہے یا ناقص؟ بہ الفاظ دیگر: یہ حکم بابِ قضا سے ہے یا بابِ دیانت سے؟ چھوٹے دواماموں کے نزدیک یہ اختیار تام ہے یعنی ہر فریق بیع ختم کرنے میں ڈکٹیٹر ہے دوسرا خواہ راضی ہو یا نہ ہو، پہلا بیع ختم کرسکتا ہے اور یہ شرعی حکم ہے، قاضی بھی اس کے موافق حکم دے گا۔ اور بڑے دواماموں کے نزدیک یہ اختیار ناقص ہے یعنی ہر فریق اپنے ساتھی کو راضی کرکے معاملہ ختم کرسکتا ہے، تنہا نہیں کرسکتا(۱) اور یہ حکم اخلاق ومروت کے باب سے ہے یعنی ایک فریق بیع ختم کرنا چاہے تو انسانیت کا تقاضہ یہ ہے کہ دوسرا فریق راضی ہوجائے، کیونکہ فریقین نے ابھی اپنے عوضوں سے فائدہ نہیں اٹھایا۔

اور بڑے دواماموں نے درج ذیل قرائن کی بنا پر یہ سمجھا ہے کہ یہ حکم باب اخلاق سے ہے اور یہ خیار ناقص ہے:

۱- ابو برزہ اسلمیؓ نے جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں اس حکم کو باب اخلاق سے سمجھا ہے چنانچہ جب کشتی میں دو شخص اپنا جھگڑا لے کر ان کے پاس گئے تو یہ فرمایا کہ میں ایسا سمجھتا ہوں کہ تم ابھی جدا نہیں ہوئے اور رسول اللہ

(۱) ایسا ہی اختلاف دو اور حدیثوں میں بھی ہوا ہے: ۱- حدیث مُصَرَّات میں، تفصیل آگے باب ۲۹ و ۴۱ میں آرہی ہے، ۲- اگر کوئی شخص کسی کو عمداً قتل کرے تو مقتول کے ورثاء کو دو باتوں کا اختیار ہے: چاہیں تو قصاص لیں اور چاہیں تو دیت لیں۔ احناف کے نزدیک دیت لینے کا اختیار بھی ناقص ہے یعنی قاتل کی رضامندی سے دیت لے سکتے ہیں، اس کی تفصیل بھی آگے ابواب الدیات باب ۱۳ میں آرہی ہے۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فریقین جب تک جدا نہ ہوں ان کو بیع فسخ کرنے کا اختیار ہے، یعنی تم دونوں ایک ساتھ سفر کر رہے ہو اور تم نے ابھی اپنے عوضوں سے فائدہ نہیں اٹھایا، اور وقت بھی زیادہ نہیں گذرا، لہٰذا جب ایک فریق سودا ختم کرنا چاہتا ہے تو دوسرے کو راضی ہو جانا چاہئے، حسن اخلاق کا یہی تقاضہ ہے، اس حدیث میں تفرق ابدان مراد لینا ممکن نہیں، کیونکہ وہ دونوں شام سے صبح تک ساتھ رہے ہوں، یہ بات عقل باور نہیں کرتی۔

۲- بخاری شریف میں حکیم بن حزام کی مذکورہ روایت میں ایک راوی ہمام کی روایت میں: یختار ثلاث مرار آیا ہے یعنی تین مرتبہ اختر اختر کہنے تک خیار فسخ باقی رہتا ہے، فتح الباری (۴: ۳۳۴) میں حافظ رحمہ اللہ نے اس کو استحبابی حکم قرار دیا ہے، پس تین مرتبہ کی طرح ایک مرتبہ کا حکم بھی استحبابی ہے، ایک مرتبہ کے وجوبی حکم ہونے کی کوئی دلیل نہیں۔

۳- اس خوف سے کہ ساتھی بیع فسخ کرنے کا مطالبہ کرے گا: مجلس بدلنے سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے، جبکہ حضرت ابن عمرؓ نے جب حضرت عثمان غنیؓ کے ساتھ سودا کیا تھا تو ایسا کیا تھا، اور یہ بات جائز نہیں کہ راوی خود اپنی روایت کے خلاف عمل کرے، اس لئے اس خیار کو باب اخلاق سے قرار دینا زیادہ مناسب ہے، اس صورت میں ابن عمرؓ کا عمل مروت اور حسن اخلاق کے خلاف ہوگا اور اس میں کوئی گناہ نہیں، بوقت ضرورت ایسا کیا جا سکتا ہے۔

[٢٦-] باب ماجاء البَيِّعَان بالخيارِ مالم يتفرقا

[١٢٢٩-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلىٰ الْكُوفِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفرَّقَا، أَوْ يَخْتَارَا" قَالَ: فَكَانَ ابنُ عُمرَ إِذَا ابْتَاعَ بَيْعًا وَهُوَ قَاعِدٌ، قَامَ لِيَجِبَ لَهُ.

[١٢٣٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، ثَنِى قَتَادَةُ، عَنْ صَالِحٍ أَبِى الْخَلِيْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ قَالَ: قَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: " الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفرَّقَا، فَإِنْ صَدَقَا وَبَيَّنَا بُوْرِكَ لَهُمَا فِىْ بَيْعِهِمَا، وَإِنْ كَذَبَا وَكَتَما مُحِقَتْ بَرَكَةُ بَيْعِهِمَا"

وَهٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وفى البابِ: عَنْ أَبِىْ بَرْزَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَسَمُرَةَ، وَأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَابنِ عَبَّاسٍ. حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَالُوْا: الفُرْقَةُ بِالأَبْدَانِ، لاَ بِالْكَلاَمِ.

وَقَدْ قَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: مَعْنَى قَوْلِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم: " مَالَمْ يَتفرَّقَا" يَعْنِى الْفُرْقَةَ بِالْكَلاَمِ، وَالْقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ، لِأَنَّ ابنَ عُمَرَ هُوَ رَوَى عَنْ رَسولِ الله صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ

أَعْلَمُ بِمَعْنَى مَا رَوَى، وَرُوِىَ عَنْهُ أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُوْجِبَ الْبَيْعَ مَشىٰ لِيَجِبَ لَهُ.

[١٢٣١-] وَهٰكَذَا رُوِىَ عَنْ أَبِى بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ: أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلَيْهِ فِىْ فَرَسٍ بَعْدَ مَا تَبَايَعَا، وَكَانُوْا فِىْ سَفِيْنَةٍ، فَقَالَ: لَا أُرَاكُمَا افْتَرَقْتُمَا، وَقَدْ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفرَّقَا"

وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ إِلٰى أَنَّ الْفُرْقَةَ بِالْكَلَامِ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ، وَهٰكَذَا رُوِىَ عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ.

وَرُوِىَ عَنِ ابنِ الْمُبَارَكِ أَنَّهُ قَالَ: كَيْفَ أَرُدُّ هٰذَا، وَالْحَدِيْثُ فِيْهِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم صَحِيحٌ؟! فَقَوَّى هٰذَا الْمَذْهَبَ.

وَمَعْنَى قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "إِلَّا بَيْعَ الْخِيَارِ" مَعْنَاهُ: أَنْ يُخَيِّرَ الْبَائِعُ الْمُشْتَرِىَ بَعْدَ إِيْجَابِ الْبَيْعِ، فَإِذَا خَيَّرَهُ فَاخْتَارَ الْبَيْعَ، فَلَيْسَ لَهُ خِيَارٌ بَعْدَ ذٰلِكَ فِىْ فَسْخِ الْبَيْعِ، وَإِنْ لَمْ يَتفرَّقَا، هٰكَذَا فَسَّرَهُ الشَّافِعِيُّ وَغَيْرُهُ.

وَمِمَّا يُقَوِّى قَوْلَ مَنْ يَقُوْلُ: الْفُرْقَةُ بِالْأَبْدَانِ لَا بِالْكَلَامِ: حديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:

[١٢٣٢-] حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنِ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ مَالَمْ يَتفرَّقَا، إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ صَفْقَةَ خِيَارٍ، وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يُفَارِقَ صَاحِبَهُ خَشْيَةَ أَنْ يَسْتَقِيْلَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَمَعْنَى هٰذَا: أَنْ يُفَارِقَهُ بَعْدَ الْبَيْعِ خَشْيَةَ أَنْ يَسْتَقِيْلَهُ، وَلَوْ كَانَتِ الْفُرْقَةُ بِالْكَلَامِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ خِيَارٌ بَعْدَ الْبَيْعِ، لَمْ يَكُنْ لِهٰذَا الْحَدِيْثِ مَعْنًى، حَيْثُ قَالَ: "وَلَايَحِلُّ لَهُ أَنْ يُفَارِقَهُ خَشْيَةَ أَنْ يَسْتَقِيْلَهُ"

ترجمہ اور وضاحت: ابن عمرؓ کی حدیث پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے اور یہی شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، یہ حضرات فرماتے ہیں: حدیث میں تفرق سے تفرق ابدان مراد ہے، تفرق اقوال مراد نہیں ــــــ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: نبی ﷺ کے ارشاد: مالم یتفرقا سے مراد تفرق اقوال ہے یعنی جب تک ایجاب وقبول مکمل نہ ہو: ہر فریق کو اختیار رہتا ہے، ایجاب کرنے والے کو اپنے ایجاب پر برقرار رہنے کا، اور دوسرے کو قبول کرنے نہ کرنے کا۔ اور پہلا قول اصح ہے (دلیل اول) اس لئے کہ ابن عمرؓ نے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور راوی اپنی حدیث کو بہتر سمجھتا ہے، اور ان کے بارے میں مروی ہے کہ جب وہ سودا پکا کرنا چاہتے تھے تو اپنی جگہ سے چل کر مجلس بدل لیا

کرتے تھے تاکہ سودا پکا ہوجائے، معلوم ہوا کہ تفرق سے تفرق ابدان مراد ہے، اگر تفرق اقوال مراد ہوتا تو ابن عمر کو یہ تکلیف اٹھانے کی ضرورت نہیں تھی (دوسری دلیل) اور ابو برزہ اسلمیؓ سے بھی یہی مروی ہے: دو شخص گھوڑے کا سودا کرنے کے بعد ان کے پاس جھگڑا لے کر آئے، اور وہ سب کشتی میں تھے، پس ابو برزہ نے کہا: میرا خیال ہے کہ تم دونوں جدا نہیں ہوئے، اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: بائع اور مشتری کو بیع فسخ کرنے کا اختیار ہے جب تک وہ جدا نہ ہوں، اس واقعہ میں سودا تو ہوچکا تھا، تفرق اقوال کے بعد ہی جھگڑا ہوا تھا اور حضرت ابو برزہؓ فرما رہے ہیں کہ تم دونوں جدا نہیں ہوئے، پس معلوم ہوا کہ تفرق سے تفرق ابدان مراد ہے (تیسری دلیل آگے آرہی ہے)

اور کوفہ وغیرہ کے بعض اہل علم اس طرف گئے ہیں کہ حدیث میں تفرق سے تفرق اقوال مراد ہے (یعنی فریقین میں سے ایک کے ایجاب کے بعد دوسرے کو قبول کرنے نہ کرنے کا اختیار رہے، اسی طرح ایجاب کرنے والا بھی دوسرے کے قبول کرنے سے پہلے سودا ختم کرسکتا ہے لیکن تفرق اقوال کے بعد یعنی ایجاب وقبول مکمل ہوجانے کے بعد بیع تام بھی ہوجاتی ہے اور لازم بھی، پس اب کوئی بھی فریق دوسرے کی رضامندی کے بغیر سودا ختم نہیں کرسکتا) اور یہ سفیان ثوری کا قول ہے اور امام مالکؒ سے بھی ایسا ہی مروی ہے ـــــــ اور ابن المبارکؒ سے مروی ہے: انھوں نے فرمایا: میں اس خیار مجلس کا کیسے انکار کروں جبکہ نبی ﷺ سے صحیح حدیث مروی ہے، پس ابن المبارکؒ نے اس مذہب کو قوی کیا۔

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ حدیث کے جز **إلا بيعَ الخيار** کی شرح کرتے ہیں، یہ جملہ حضرت ابن عمرؓ کی حدیث میں بخاری شریف حدیث (۲۱۱۱) میں ہے: **المُتَبَائِعَانِ كلُّ واحدٍ منهما بالخيار على صاحبه مالم يَتفرَّقَا إلا بَيْعَ الخِيار**۔ اور بخاری شریف حدیث (۲۱۰۹) کے الفاظ ہیں: **أو يقولَ أحدُهما لصاحبه: اخْتَرْ، وربّما قال: أو يكون بَيْعَ خِيارٍ**۔ اور بخاری شریف حدیث (۲۱۰۷) میں ہے: **أو يكونُ البيع خِياراً**۔ اور ترمذی کی روایت میں ہے: **أو يَخْتَارَا**، امام ترمذیؒ کے نزدیک ان سب جملوں کا مطلب یہ ہے کہ ایجاب وقبول مکمل ہونے کے بعد بائع مشتری کو بیع باقی رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دے، اسی طرح مشتری بائع کو اختیار دے جب دونوں غور وفکر کے بعد سودے کو پسند کرلیں تو اب خیار مجلس باقی نہیں رہے گا، اگرچہ دونوں جدا نہ ہوئے ہوں، امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ نے اس جملہ کی یہی شرح کی ہے (مگر یہ شرح **أو يقول أحدُهما لصاحبه: اخْتَرْ** کی تو ہوسکتی ہے مگر یہ الفاظ روایت بالمعنی ہوسکتے ہیں باقی جتنے الفاظ ہیں ان کی یہ شرح بعید ہے، خاص طور پر **إلا أن تكون صَفْقَةَ خيارٍ** کی یہ شرح ممکن ہی نہیں بلکہ ان کے معنی خیار شرط کے ہیں یعنی اگر بیع میں خیار شرط رکھا گیا ہے تو تفرق ابدان کے بعد بھی تین دن تک بیع فسخ کرنے کا اختیار باقی رہتا ہے)

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں تفرق سے تفرق ابدان مراد ہے، تفرق اقوال مراد نہیں، اس کی تیسری دلیل حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بائع اور مشتری

کواختیار ہے جب تک دونوں جدانہ ہوں مگر یہ کہ عقد خیار ہو (امام ترمذی کے نزدیک اس کے معنی ہیں جب تک دونوں اختر اختر نہ کہہ لیں) اور فریقین میں سے کسی کے لئے بھی جائز نہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے اس اندیشہ سے جدا ہو جائے کہ وہ اس سے سودا ختم کرنے کی درخواست کرے گا، امام ترمذی فرماتے ہیں: اگر تفرق سے تفرق اقوال مراد لیا جائے اور بیع مکمل ہونے کے بعد کسی کے لئے اختیار باقی نہ رہے تو اس حدیث کے کوئی معنی نہیں، کیونکہ حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے ساتھی سے اس اندیشہ سے جدا ہو جائے کہ وہ اس سے سودا ختم کرنے کی درخواست کرے گا (یہ درخواست بیع مکمل ہونے کے بعد ہی ہوگی، پس تفرق سے تفرق ابدان ہی مراد لینا ہوگا، تفرق اقوال مراد نہیں لیا جاسکتا)

ملحوظہ: امام ترمذیؒ کی بات باون تولہ پاؤ رتی ہے، مگر حضرت نے اس پر غور نہیں فرمایا کہ ساتھی سے اقالہ کی درخواست لزوم بیع کے بعد ہی ہوسکتی ہے، پس اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مجلس ختم ہونے سے پہلے بھی کوئی فریق تنہا بیع نہیں توڑ سکتا، یہی دو بڑے اماموں کا مذہب ہے۔

باب [منه]

خیار مجلس کے سلسلہ کا ایک اور باب

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں ذکر کی ہیں: دونوں کا تعلق خیار مجلس سے ہے:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز جدا نہ ہوں (متعاقدین) کسی بیع سے مگر باہمی رضامندی سے'' یعنی مجلس ختم ہونے تک دونوں فریق بیع پر راضی رہنے چاہئیں، بعد میں خواہ راضی رہیں یا نہ رہیں۔

تشریح: بیع تراضی طرفین سے ہوتی ہے، یہ رضامندی کہاں تک باقی رہنی چاہئے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ختم مجلس تک رضامندی باقی رہنی چاہئے، اگر مجلس ختم ہونے سے پہلے کوئی فریق سودا ختم کرنا چاہے تو دوسرے کو فوراً تیار ہو جانا چاہئے، اس لئے کہ فریقین نے ابھی اپنے عوضوں سے فائدہ نہیں اٹھایا اور وقت بھی زیادہ نہیں گذرا، پس سودا ختم کرنے میں کسی کا نقصان نہیں، ہاں مجلس ختم ہونے کے بعد یہ تراضی ضروری نہیں، کیونکہ اگر مجلس کے بعد بھی تراضی ضروری ہوگی تو اس کی کوئی نہایت نہیں ہوگی، قیامت تک تراضی ضروری ہوگی اور یہ کیسے ممکن ہے!

مگر اس حدیث سے یہ سمجھنا کہ ختم مجلس تک ہر فریق بیع فسخ کرنے میں ڈکٹیٹر ہے غالباً صحیح نہیں، یہ حدیث تو مروت و احسان اور حسن اخلاق کے باب سے ہے کہ اگر ختم مجلس سے پہلے کسی فریق کی رائے بدل جائے اور وہ سودا ختم کرنا چاہے تو دوسرے کو فوراً تیار ہو جانا چاہئے، حدیث کا یہ مطلب بڑے دو اماموں نے سمجھا ہے، اور چھوٹے دو امام اس کا یہ مطلب لیتے ہیں کہ ختم مجلس سے پہلے اگر کسی فریق کی رائے بدل جائے تو وہ تنہا بیع توڑ سکتا ہے، یہی خیار

مجلس ہے۔

اس حدیث میں ابوداؤد (حدیث ۳۴۵۸) میں یہ بھی ہے کہ حدیث کے راوی ابوزرعہ جو جلیل القدر تابعی ہیں جب کسی کے ساتھ سودا کرتے تھے تو اس کو بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دیتے تھے، پھر اس سے کہتے تھے کہ آپ مجھے بھی اختیار دیں یعنی خود بھی اختر کہتے تھے اور دوسرے فریق سے بھی یہی کہلواتے تھے، اس سے بھی معلوم ہوا کہ حدیث کا تعلق خیارِ مجلس سے ہے، اور یہ اختیار تفرق ابدان تک رہتا ہے یا اختر اختر کہنے تک۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے ایک بدو کو بیع کے بعد اختیار دیا یعنی وہ چاہے تو بیع توڑ سکتا ہے، مگر چھوٹے دو امام اس کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ آپؐ نے اس سے اختر کہا۔

تشریح: یہ حدیث مختصر ہے۔ پورا واقعہ یہ ہے کہ آپؐ نے ایک اعرابی کو اونٹ بیچا، وہ اونٹ لے کر چلا گیا، عرصہ بعد واپس آیا، اور کہنے لگا: یارسول اللہ! آپ نے مجھے پہچانا، آپؐ نے فرمایا: ہاں تم وہی تو ہو جو مجھ سے اونٹ خرید کر لے گئے تھے! اس نے کہا: ہاں میں وہی ہوں، اور مجھے سودا منظور نہیں، آپؐ نے اونٹ واپس لے لیا اور رقم لوٹا دی، یہ مکارم اخلاق کا اعلیٰ درجہ ہے اس واقعہ کا نہ خیارِ مجلس سے کچھ تعلق ہے نہ اختر کہنے سے۔ واللہ اعلم

[۲۷-] بابٌ

[۱۲۳۳-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ أَيُّوْبَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ بنَ عَمْرٍو، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَايَتفرَّقَنَّ عَنْ بَيْعٍ إِلَّا عَنْ تَرَاضٍ"؛ هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۱۲۳٤-] حدثنا عَمْرُو بنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ، ثَنَا ابنُ وَهْبٍ، عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَيَّرَ أَعْرَابِيًّا بَعْدَ الْبَيْعِ، وَهَذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: پہلی حدیث غریب بمعنی تفرد اسناد ہے، یحییٰ بن ایوب سے آخر تک ایک سند ہے، مگر سند فی نفسہ اچھی ہے، امام ابوداؤد نے اس پر سکوت اختیار کیا ہے —— اور دوسری حدیث مشکوٰۃ (حدیث ۲۸۰۶ باب الخیار) میں بحوالہ ترمذی ہے اور اس میں حسن کے ساتھ صحیح بھی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ يُخْدَعُ فِيْ الْبَيْعِ

جو شخص تجارت میں دھوکہ کھاتا ہو اس کا حکم

حدیث: ایک صحابی حضرت حبان بن مُنْقِذ تھے، ان کی گرہ میں کمزوری تھی، یعنی عقل کا ایک اسکرو ڈھیلا تھا،

اس لئے کاروبار کرتے تھے اور گھاٹا پاتے تھے، سامان کتنے میں خریدا: یہ بات بھول جاتے تھے، اور اپنے خیال میں نفع رکھ کر بیچ دیتے تھے، اس طرح نقصان اٹھاتے تھے، مثلاً گھر سے ہزار روپے لے کر چلے، دن بھر بیچا خریدا اور شام کو نوسو روپے لے کر لوٹے، سو روپے کا گھاٹا ہو گیا، ان کے گھر والے ان کو کاروبار سے منع کرتے تھے مگر وہ مانتے نہیں تھے، چنانچہ وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور ان پر حَجْر (شرعاً کسی کو جنون یا کم عقلی یا کم عمری کی بنا پر تصرف کرنے سے روکنے) کا مطالبہ کیا، نبی ﷺ نے ان کو بلا کر کاروبار سے منع کیا، مگر انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں کاروبار کرنے سے صبر نہیں کرسکتا! چنانچہ آپؐ نے ان کو ایک ایسی تدبیر بتائی کہ نہ لگے مہندی نہ لگے پھٹکڑی اور رنگ آئے چوکھا! فرمایا: جب کوئی چیز بیچو تو کہہ دیا کرو: هَاءَ وَهَاءَ وَلاَخِلاَبة! لو اور لاؤ سودے میں کوئی دھوکہ نہیں! بے غل وغش معاملہ ہے وَلِیَ الْخِیَارُ ثلاثۃَ أیام: اور مجھے تین دن تک بیع رکھنے نہ رکھنے کا اختیار ہے (یہ الفاظ مستدرک حاکم میں ہیں) اس تدبیر کا فائدہ یہ ہوگا کہ جب بھول یاد آئے گی تو معاملہ ختم کر دیں گے اور نقصان سے بچ جائیں گے، چنانچہ انھوں نے ہر ایک سے یہ کہنا شروع کر دیا پس رفتہ رفتہ ان کا کاروبار ٹھپ پڑ گیا، کیونکہ تین دن تک کون انتظار کرے گا؟

تشریح: اس حدیث میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا ہے کہ سفیہ (کم عقل) کے اقوال پر پابندی لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ یعنی سفیہ کا قول: بعتُ اشْتَرَیْتُ وغیرہ معتبر ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک حَجْر جائز ہے، پس جب پابندی لگا دی گئی پھر اس نے کوئی چیز خریدی یا بیچی تو وہ بیع کالعدم ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک کسی عاقل بالغ آزاد پر پابندی لگانا جائز نہیں اور سفیہ چونکہ عاقل ہے گو کم عقل ہے اس لئے گورنمنٹ اس پر پابندی نہیں لگا سکتی، اس کا خریدنا اور بیچنا صحیح ہے، بیع نافذ ہوگی۔

دونوں فریقوں کی دلیل یہی حدیث ہے، جمہور کا استدلال یہ ہے کہ حضرت حبان رضی اللہ عنہ کے گھر والوں نے پابندی لگانے کا مطالبہ کیا اور حضور ﷺ نے ان کو بلا کر خرید وفروخت سے منع بھی کیا، یہی حَجْر ہے، معلوم ہوا کہ بندش لگا سکتے ہیں۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حجر نہیں ہے، پابندی لگانے کی صورت میں پبلک میں اعلان کرنا ضروری ہوتا ہے کہ فلاں شخص محجور قرار دیا گیا ہے، کوئی اس کے ساتھ معاملہ نہ کرے، نبی ﷺ نے حضرت حبانؓ کو کاروبار سے منع تو کیا مگر پبلک میں اعلان نہیں کیا اس لئے یہ حجر نہیں اور گھر والوں کا مطالبہ کرنا کوئی دلیل نہیں، کیونکہ ان کا فعل حجت نہیں، غرض یہ بھی نص فہمی کا اختلاف ہے، دلائل کا اختلاف نہیں۔

فائدہ: امام اعظمؒ کے نزدیک اسباب حجر کل تین ہیں: جنون، بچپن اور غلامی، سفہ: کم عقلی سببِ حجر نہیں اور جمہور کے نزدیک اور بھی اسباب ہیں، جیسے: سفہ (کم عقلی) فضول خرچی، استطاعت کے باوجود قرض چکانے میں ٹال مٹول کرنا، کاروبار میں مال ضائع ہونے کا اندیشہ وغیرہ تفصیل بدائع الصنائع میں ہے۔

[۲۸-] باب ماجاء فیمن یُخْدَعُ فی البیع

[۱۲۳۵-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَی بنُ عَبْدِ الْأَعْلٰی، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلاً کَانَ فِیْ عُقْدَتِهِ ضَعْفٌ، وَکَانَ یُبَایِعُ، وَأَنَّ أَهْلَهُ اَتَوُا النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالُوْا: یَارسولَ اللّٰهِ! احْجُرْ عَلَیْهِ فَدَعَاهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فَنَهَاهُ، فَقَالَ: یَارسولَ اللہ! إِنِّیْ لاَ أَصْبِرُ عَنِ الْبَیْعِ، فَقَالَ: "إِذَا بَایَعْتَ فَقُلْ: هَاءَ وَهَاءَ، وَلاَ خِلاَبَةَ"

وفی الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ، حدیثُ أَنَسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَالُوْا: یُحْجَرُ عَلَی الرَّجُلِ الْحُرِّ فِی الْبَیْعِ وَالشِّرَاءِ، إِذَا کَانَ ضَعِیْفَ الْعَقْلِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَلَمْ یَرَ بَعْضُهُمْ أَنْ یُحْجَرَ عَلَی الْحُرِّ الْبَالِغِ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض علماء کا عمل ہے وہ فرماتے ہیں: آزاد آدمی پر خرید وفروخت کے معاملہ میں پابندی لگائی جائے گی۔ اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء آزاد، بالغ پر پابندی لگانے کو جائز نہیں کہتے۔

نوٹ: ہندی نسخہ میں الحجر علی الرجل ہے، اس سے پہلے یجوز محذوف ہوگا اور مصری نسخہ میں یُحْجَر ہے، اس میں کچھ حذف نہیں، کتاب میں تبدیلی مصری نسخہ سے کی ہے۔

بابُ ماجاء فی المُصَرَّاةِ

مصرات (دودھ روکے ہوئے جانور) کی بیع

مُصَرَّاةٌ: اسم مفعول ہے، مادہ ص، ر، ر ہے، جس کے معنی ہیں: باندھنا، روکنا۔ بٹوے کو صُرَّۃ اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ پیسے روکتا ہے، اور یہ ایسی صفت ہے جو موصوف کے قائم مقام ہے، جیسے: الآخرۃ اور الدنیا موصوف کے قائم مقام ہیں، أی الدار الآخرۃ اور الدار الدنیا پس تقدیر عبارت ہے: شاۃ مصرّاۃ اور ناقۃ مُصرّاۃ، موصوف کو ہٹا کر صفت کو اس کے قائم مقام کیا گیا ہے۔

اس حدیث میں تین مسئلے زیر بحث ہیں:

پہلا مسئلہ: اگر کوئی دودھ والی اونٹنی یا بکری فروخت کرے اور غرر قولی کرے یعنی دودھ زیادہ بتائے، پھر جب مشتری نے گھر لے جا کر دوہا تو دودھ کم پایا، اس صورت میں تمام ائمہ متفق ہیں کہ خیار وصف کی بنا پر مشتری سودا ختم کرسکتا ہے اور بائع انکار کرے تو قاضی سودا ختم کردے گا۔

اور اگر بائع نے زبان سے تو کچھ نہیں کہا مگر غرر فعلی کیا جب مشتری نے دودھ کے بارے میں پوچھا تو کہا: صبح

آجانا، تمہارے سامنے دودھ نکالوں گا، جتنا دودھ ہے وہ تمہارے سامنے ہوگا، پھر اس نے شام کو سارا دودھ نہیں نکالا، کچھ دودھ چھوڑ دیا، چنانچہ جب صبح اونٹنی یا بکری دوہی گئی تو دودھ زیادہ نکلا، پھر جب مشتری نے گھر لے جاکر دودھ نکالا تو دودھ کم نکلا پتا چلا کہ بائع نے دھوکا کیا ہے، یہ غرر فعلی ہے کیونکہ بائع نے اپنے عمل سے دھوکا دیا ہے۔

اس صورت میں مشتری کو بیع فسخ کرنے کا حق ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ فرماتے ہیں: مشتری کو اختیار تام حاصل ہے، وہ ڈکٹیٹر ہے بیع فسخ کرسکتا ہے، اور طرفین کے نزدیک مشتری کو خیار ناقص حاصل ہے وہ بائع کو راضی کر کے سودا ختم کرسکتا ہے، تنہا ختم نہیں کرسکتا۔

دوسرا مسئلہ: متفق علیہ ہے کہ مشتری کو یہ اختیار تام یا ناقص صرف تین دن تک حاصل ہے، تین دن کے بعد یہ حق ساقط ہوجاتا ہے، پھر بیع فسخ کرنے کے لئے فریقین کی رضامندی بالاتفاق ضروری ہے کیونکہ جانور کو دوچار مرتبہ دوہنے سے دودھ کا پتا چل جاتا ہے، پس زیادہ دنوں تک اختیار دینے میں بائع کا نقصان ہے، نیز عرصہ گذرنے کے بعد دودھ خود بخود کم ہوجاتا ہے اور دیگر عوارض سے بھی کم ہوتا ہے۔

تیسرا مسئلہ: یہ ہے کہ اگر مشتری سودا ختم کرے تو اس کو چاہئے کہ مبیع کے ساتھ ایک صاع (تین کلو ڈیڑھ سو گرام) چھوہارے یا کوئی اور غلہ دے، گیہوں دینا ضروری نہیں (گیہوں اس زمانہ میں گراں تھا، اب جبکہ وہ سستا ہوگیا ہے: گیہوں بھی دے سکتا ہے) اور یہ دینا اس لئے ہے کہ بائع کا دل نہ دکھے، کیونکہ اس زمانہ کا دودھ مشتری نے استعمال کیا ہے، پس بائع خیال کرے گا کہ میرا خواہ مخواہ نقصان ہوا۔

پھر اس میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ ایک صاع چھوہارے دینے کا حکم وجوبی ہے یا استحبابی؟ اور یہ دودھ کی قیمت ہے یا ویسے ہی دیا گیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حکم وجوبی ہے، اور دودھ کا لم سم بدلہ ہے۔ اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک ایک صاع غلہ یا دودھ کی قیمت: دونوں میں سے ایک واجب ہے، اور طرفین کے نزدیک یہ دینا مستحب ہے، اور بائع کا دل خوش کرنے کے لئے ہے، دودھ کا ضمان نہیں ہے، کیونکہ ضابطہ ہے: الخراج بالضَّمَان یعنی آمدنی نقصان کے عوض ہے (ابن ماجہ حدیث ۲۲۴۳ یہ حدیث ترمذی میں باب ۵۳ میں آرہی ہے) اگر جانور لوٹانے سے پہلے مرجاتا تو مشتری کا نقصان ہوتا، پس اس زمانہ کا دودھ بھی مشتری کا ہے، اس کا کوئی ضمان واجب نہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تھن میں دودھ روکی ہوئی بکری یا اونٹنی خریدی تو اسے اختیار ہے جب وہ اسے دوہے، اگر چاہے تو اس کو بائع کو پھیر دے اور اس کے ساتھ ایک صاع کھجور بھی دے (اور مشتری اس بکری یا اونٹنی کو روک بھی سکتا ہے اس صورت میں قیمت میں سے کچھ کم نہیں ہوگا، کیونکہ دودھ کا کم زیادہ ہونا مبیع کا وصف ہے اور وصف کے مقابل ثمن نہیں آتا، ثمن صرف عین کے مقابل آتا ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے دودھ روکی ہوئی بکری یا اونٹنی خریدی اسے تین دن تک اختیار ہے

اگر وہ جانور بائع کو پھیر دے تو اس کے ساتھ کسی بھی غلہ کا ایک صاع دے، گیہوں دینا ضروری نہیں۔

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح سند سے مروی ہے اور ابن عمرؓ سے بھی مروی ہے اور وہ ابو داؤد (حدیث ۳۴۴۶) میں ہے مگر اس میں صدقہ اور جمیع: دو ضعیف راوی ہیں، اور یہی فتوی ابن مسعودؓ سے بھی مروی ہے جو بخاری (حدیث ۲۱۴۹ و ۲۱۶۴) میں ہے اور احناف کی اصول فقہ کی کتابوں میں جو ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ جو حدیث غیر فقیہ صحابی سے مروی ہو اور وہ کسی بھی طرح قیاس کے دائرے میں نہ آتی ہو تو اس کو چھوڑ دیا جاتا ہے (کشف الاسرار براصول بزدوی ۲:۵۵۶) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا شمار مجتہدین صحابہ میں نہیں ہے بلکہ حفاظ حدیث میں ہے، مگر یہ قاعدہ یہاں جاری نہیں ہوسکتا، کیونکہ اول تو یہ حدیث صحیح ہے پھر ابن عمرؓ سے بھی مروی ہے گو وہ ضعیف ہے، مگر تائید کے لئے کافی ہے اور ابن عمرؓ کا شمار مجتہدین صحابہ میں ہے، علاوہ ازیں ابن مسعودؓ کا بھی یہی فتوی ہے اور وہ بلند پایہ مجتہد ہیں۔

بات دراصل یہ ہے کہ یہ اختلاف نص فہمی کا اختلاف ہے اور حدیث کے ظاہر سے جو اختیار کامل سمجھ میں آتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص ایسا فریب کرتا ہے اور راز کھل جاتا ہے اور مشتری بیع ختم کرنا چاہتا ہے تو شریف بائع تو فوراً تیار ہو جاتا ہے، مگر اڑیل نہیں مانتا، ایسی صورت میں مسلمانوں کا صالح معاشرہ مشتری کا ساتھ دیتا ہے، ہر شخص بائع سے کہتا ہے: فریب کرتا ہے اور پُٹھے پر ہاتھ بھی نہیں رکھنے دیتا! ایسے وقت میں اس حدیث کا طرز بیان بھی مشتری کا معاون ہوگا —— البتہ ایسے موقع پر مشتری دودھ کے معاوضے کے نام سے کچھ نہیں دیتا، یہ ایک معاشرتی خرابی ہے، حدیث کا اصل زور اسی پر ہے کہ بائع کا دل خوش کیا جائے۔

بہ الفاظ دیگر: حدیث میں تین مسئلے ہیں، ایک: دودھ روکے ہوئے جانور کو واپس کرنے کا اختیار، دوسرا: اختیار کا تین دن تک ہونا، تیسرا: دودھ کا عوض دینا —— اس حدیث میں ماسیق لاجلہ الکلام کونسے مسئلے ہیں؟ احناف کے نزدیک دوسرا اور تیسرا مسئلہ زیر بحث ہیں۔ اور پہلا مسئلہ ضمناً زیر بحث آیا ہے معاشرہ میں خرابی پچھلے دو مسئلوں میں پائی جاتی ہے، کئی دنوں کے بعد مشتری جانور واپس کرنا چاہتا ہے اور اس عرصہ کے دودھ کا کچھ عوض نہیں دینا چاہتا، اس حدیث میں ان دونوں باتوں کی اصلاح کی گئی ہے کہ یہ اختیار صرف تین دن تک ہے اور دودھ کا واجبی بدل دینا چاہئے تاکہ بائع کا دل نہ دکھے اور وہ خوشی سے جانور واپس لے لے، رہا پہلا مسئلہ تو وہ تمہید کلام کے طور پر زیر بحث آیا ہے کیونکہ ایسے جانور کو واپس لینے میں بائع لیت ولعل نہیں کرتا اور کرتا ہے تو معاشرہ اس پر دباؤ ڈالتا ہے پس اختیار کامل یا ناقص کی بحث زیادہ اہمیت کی حامل نہیں۔

فائدہ: یہ حدیث بکری اور اونٹنی کے سلسلہ میں ہے، اونٹنی کا دودھ اگرچہ زیادہ ہوتا ہے مگر کم قیمت ہوتا ہے، گائے بھینس کا یہ حکم نہیں، ان کا دودھ زیادہ ہوتا ہے اور قیمتی ہوتا ہے اس لئے جتنے وقت کا دودھ استعمال کیا ہے اس کی

قیمت لوٹانی چاہئے، تاکہ بائع خوش دلی سے جانور واپس لیلے۔

[٢٩-] باب ماجاء فی الْمُصَرَّاةِ

[١٢٣٦-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ مُحمَّدِ بنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ اشْتَرَى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِذَا حَلَبَهَا، إِنْ شَاءَ رَدَّهَا، وَرَدَّ مَعَهَا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

[١٢٣٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا قُرَّةُ بنُ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ اشْتَرَى مُصَرَّاةً فَهُوَ بِالْخِيَارِ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنْ رَدَّهَا رَدَّمَعَهَا صَاعًا مِنْ طَعَامٍ، لاَسَمْرَاءَ" مَعْنَى لاَسَمْرَاءَ: لاَبُرَّ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالعملُ عَلَى هٰذَا الْحديثِ عِنْدَ أَصْحَابِنَا، مِنْهُمُ الشَّافِعِيُّ، وأحمدُ وإسحاقُ.

وضاحت: اس حدیث پر ہمارے اکابر کا عمل ہے یعنی ان کے نزدیک اختیار کامل ہے (مگر اس کو حدیث پر عمل نہیں کہہ سکتے، بلکہ حدیث کا ان اکابر نے جو مطلب سمجھا ہے اس پر عمل ہے، کیونکہ دوسرے فقہاء بھی اپنے فہم کے مطابق اس حدیث پر عمل کرتے ہیں)

بابُ ماجاء فی اشْتِرَاطِ ظَهْرِ الدَّابَّةِ عِنْدَ الْبَيْعِ

بیع میں سواری کی شرط لگانے کا بیان

پہلے یہ مسئلہ آچکا ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک بیع میں ایک شرط لگانا جائز ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک ایک شرط بھی جائز نہیں، امام احمدؒ کا ایک استدلال حدیث و لاشرطان فی بیع کے مفہوم مخالف سے تھا اور ان کی دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو اونٹ بیچا اور مدینہ منورہ تک اس پر سوار ہوکر جانے کی شرط لگائی جس کو آپؐ نے منظور کیا، معلوم ہوا کہ بیع میں ایک شرط لگا سکتے ہیں۔

اور جمہور فرماتے ہیں: یہ حدیث مختصر ہے اصل واقعہ میں اشتراط نہیں ہے، پورا واقعہ اس طرح ہے: ایک غزوہ سے واپسی پر جب مدینہ منورہ قریب آیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ اپنی اونٹنی کو بھگاتے جارہے تھے، اونٹنی دُبلی مریل تھی، آنحضور ﷺ پیچھے سے آئے اور اونٹنی کو چھڑی ماری جس سے وہ برق رفتار ہوگئی، پھر آپؐ نے فرمایا: یہ اونٹنی

مجھے بیچ دو، حضرت جابرؓ نے عرض کیا: یہ تو نکمی تھی آپؐ کی برکت سے اس میں جان پڑی ہے یہ آپؐ کی نذر ہے، آپؐ نے قبول نہ کی اور بیچنے پر اصرار کیا چنانچہ حضرت جابرؓ نے وہ اونٹنی آپؐ کو بیچ دی (یہ حدیث تفصیل سے کتاب النکاح باب ۱۳۲ میں گذر چکی ہے) جب سودا ہو گیا تو حضرت جابرؓ کو خیال آیا کہ میں مدینہ تک کیسے جاؤں گا؟ اونٹنی تو میں نے بیچ دی، چنانچہ انھوں نے یہ بات آپؐ سے عرض کی، آپؐ نے فرمایا: اسی پر سوار ہو کر چلے جاؤ اور مدینہ پہنچ کر اونٹنی مجھے دیدینا، غرض یہ اشتراط نہیں تھا بلکہ سودا مکمل ہونے کے بعد آنحضور ﷺ کی طرف سے اذن اور تعاون تھا اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص نے میرے کتب خانہ سے کتابیں خریدیں، پھر وہ کہتا ہے: براہ کرم آپ بنڈل بنا کر اور ٹرانسپورٹ پر پہنچا کر بلٹی بنا کر مجھے لادیں، ہم نے ملازم سے یہ کام کرادیا اور جو خرچہ آیا وہ اس سے لے لیا تو یہ بیع میں اشتراط نہیں ہے بلکہ تعاون ہے۔

فائدہ: اشتراط فی البیع کی دو صورتیں ہیں، ایک: اشتراط وہ ہے جو مقصود ہوتا ہے۔ دوم: وہ اشتراط ہے جو محض وعدہ ہوتا ہے۔ اشتراط مقصود کی علامت یہ ہے کہ شرط قبول کرنے نہ کرنے پر بیع موقوف ہو، اگر شرط قبول کی جائے تو بیع ہو ورنہ نہ ہو، ایسے اشتراط سے بیع فاسد ہو جاتی ہے، مثلاً مکان کا سودا کیا، بائع نے چھ مہینے اس میں رہنے کی شرط لگائی یہ شرط ناجائز ہے۔ اور اشتراط غیر مقصود جو وعدہ کے قبیل سے ہوتا ہے اس میں شرط کے منظور کرنے نہ کرنے پر بیع کا مدار نہیں ہوتا، بس اتنی بات ہوتی ہے کہ اگر شرط منظور کی جائے تو بیع خوش دلی سے ہوتی ہے اور شرط منظور نہ کی جائے تو بھی بیع ہوتی ہے، مگر خوش دلی سے نہیں ہوتی، جیسے اوپر مثال گذری کہ ایک شخص نے کتابیں خریدیں اور یہ شرط لگائی کہ کتابیں ٹرانسپورٹ پر پہنچا کر شام تک مجھے بلٹی لا کر دیدیں، مجھے آج ہی سفر کرنا ہے، ہم نے معذرت کر دی کہ ہمارے پاس ملازم نہیں ہے تو بھی بیع ہوگی اور وہ کتابوں کی روانگی کا کوئی اور انتظام کرے گا، غرض یہ شرط وعدہ کے قبیل سے ہے اس سے بیع فاسد نہیں ہوتی، کیونکہ وہ صُلبِ عقد میں داخل نہیں ہوتی اور معاوضات (لین دین) میں جو وعدے ہوتے ہیں وہ دیانۃً واجب ہوتے ہیں، ان کا پورا کرنا ضروری ہے۔

[۳۰-] باب ماجاء فی اشتراط ظَهْرِ الدَّابَّة عند البیع

[۱۲۳۸-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا وَکِیْعٌ، عَنْ زَکَرِیَّا، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّهُ بَاعَ مِنَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بَعِیْرًا، وَاشْتَرَطَ ظَهْرَهُ إِلٰی أَهْلِهِ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ جابرٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَیْرِهِمْ: یَرَوْنَ الشَّرْطَ جَائِزًا فِی الْبَیْعِ، إِذَا کَانَ شَرْطًا وَاحِدًا، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ: لَایَجُوْزُ الشَّرْطُ فِی الْبَیْعِ، وَلَا یَتِمُّ الْبَیْعُ إِذَا کَانَ فِیْهِ شَرْطٌ.

بابُ ماجاءَ فی الاِنْتِفَاعِ بِالرَّهْنِ

گروی کی چیز سے فائدہ اٹھانے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک گروی کی چیز سے فائدہ اٹھانا جائز ہے اور گروی کے مصارف مرتہن کے ذمہ ہونگے، مثلاً مکان گروی رکھا تو مرتہن اس میں رہ سکتا ہے اور مصارف: ہاؤس ٹیکس، واٹر ٹیکس وغیرہ مرتہن ادا کرے گا، یا گھوڑا گروی رکھا تو مرتہن اس پر سواری کرسکتا ہے، بکری گروی رکھی تو اس کا دودھ استعمال کرسکتا ہے اور ان کا چارہ پانی مرتہن کے ذمے ہے۔

دیگر ائمہ کے نزدیک شی مرہون سے انتفاع جائز نہیں، یہ انتفاع بحکم سود ہے، کیونکہ گروی قرضہ کی وجہ سے رکھی جاتی ہے اور حدیث ہے: کلُّ قرضٍ جرَّ نفعاً فهو ربا یعنی جس قرض سے فائدہ اٹھایا جائے وہ سود ہے۔

البتہ اگر راہن شیٔ مرہون سے انتفاع کی اجازت دے تو مرتہن فائدہ اٹھاسکتا ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ شیٔ مرہون سے فائدہ اٹھانا معروف نہ ہو، کیونکہ معروف مشروط کی طرح ہوتا ہے، پس جس علاقہ میں شیٔ مرہون سے انتفاع کا رواج ہے، وہاں راہن کی اجازت سے بھی انتفاع جائز نہیں، ہاں اگر شیٔ مرہون سے انتفاع معروف نہ ہو تو جائز ہے مثلاً کسی نے گھڑی گروی رکھی اب مرتہن کو کسی تقریب میں جانا ہے اس نے راہن سے گھڑی پہن کر تقریب میں جانے کی اجازت مانگی، راہن نے اجازت دیدی تو یہ جائز ہے کیونکہ یہ معروف نہیں، مگر اب اس گھڑی پر رہن کا حکم جاری نہ ہوگا بلکہ اب وہ امانت ہوگی، اگر مرتہن کی تعدی کے بغیر گھڑی ضائع ہوجائے تو ضمان واجب نہیں ہوگا، پھر جب تقریب سے واپس آکر اس نے گھڑی اتار کر رکھ دی تو دوبارہ رہن کا حکم لوٹ آئے گا۔

دوسرا حیلہ: یہ ہے کہ عقد اجارہ کرلیا جائے، مثلاً مکان گروی رکھا پس اس کا کچھ کرایہ طے کرلیا جائے تو مرتہن اس میں رہ سکتا ہے مگر اب یہ مکان گروی نہیں رہے گا اس پر اجارہ کے احکام جاری ہونگے، اور راہن کو ہر وقت مکان خالی کرانے کا حق ہوگا، مرتہن یہ نہیں کہہ سکتا کہ پہلے قرض لوٹاؤ تب مکان خالی کروں گا کیونکہ اب مکان کا قرض سے کوئی تعلق نہیں رہا اور گھڑی کی طرح یہاں رہن کا حکم واپس نہیں لوٹے گا۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ جتنے حیلے ہیں سب میں کہیں نہ کہیں پانی مرتا ہے، مثلاً رمضان میں حفاظ یہ حیلہ کرتے ہیں کہ ایک یا دو نمازیں اپنے ذمے لے لیتے ہیں تا کہ ختم قرآن پر جو نذرانہ ملے وہ نماز پڑھانے کی اجرت بن جائے، یہ حیلہ درست ہے مگر اس صورت میں پہلے تنخواہ طے کرنی ضروری ہے، ورنہ اجارہ فاسدہ ہوگا اور حیلہ کرنے والے تنخواہ مقرر نہیں کرتے وہ بارش سے بھاگ کر پرنالے کے نیچے کھڑے ہوجاتے ہیں، اسی طرح اس باب کے حیلوں

میں بھی جھول ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سواری کا جانور: اس پر سواری کی جائے جب وہ گروی رکھا گیا ہو اور دودھ والے جانور کا دودھ پیا جائے جب وہ گروی رکھا گیا ہو اور جو سواری کرے اور دودھ پیئے اس پر ان کا چارہ پانی ہے۔

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ نے شیٔ مرہون سے انتفاع کی اجازت دی ہے اور یہ امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل ہے، دیگر ائمہ فرماتے ہیں: یہ حدیث مسئلہ باب سے متعلق نہیں بلکہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ شیٔ مرہون کے بقاء کے خرچے راہن کے ذمے ہوتے ہیں کیونکہ وہی اس کا مالک ہے اور حفاظت مرتہن کے ذمے ہوتی ہے، اور اگر گھوڑا سواری کا ہے تو اس کو کرایہ پر اٹھانا اور مرہون جانور کا دودھ بیچنا مرتہن کے ذمے ہے، اور جو آمدنی ہو وہ رہن میں شامل ہوتی ہے مگر سادہ معاشرہ میں توسع ہوتا ہے، پائی پائی کا حساب نہیں ہوتا، نیز دیہات میں جانور کرایہ پر اٹھانا اور دودھ بیچنا دشوار ہے اور راہن کے لئے صبح وشام جانور کا چارہ مرتہن کے گھر پہنچانا اور اس کی دیکھ بھال کرنا بھی دشوار ہے اس لئے آنحضرت ﷺ نے فرمایا: مرتہن ہی جانور کا خرچہ اٹھائے اور بدلے میں اس پر سواری کرے اور اس کا دودھ پیئے، پس یہ گروی سے فائدہ اٹھانا نہیں بلکہ خرچ کرنے کا لم سم بدلا ہے، اور دلیل اسی حدیث کے وہ الفاظ ہیں جو بخاری (حدیث ۲۵۱۲) میں ہیں: الظَّهْرُ يُرْكَبُ بِنَفَقَتِهِ إذا كان مرهونا، ولبنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ بنفقته إذا كان مرهونا، وعلى الذى يَرْكب ويَشْرَب النفقة: اس حدیث میں بِنَفَقَتِهِ کا مطلب وہی ہے جو جمہور نے بیان کیا ہے کہ یہ انتفاع بعوض مصارف ہے، مرہون سے فائدہ اٹھانا نہیں ہے۔

[۳۱-] باب ماجاء فی الانتفاع بالرَّهْنِ

[۱۲۳۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَيُوْسُفُ بنُ عِيْسٰى، قَالاَ: ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الظَّهْرُ يُرْكَبُ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا، وَلَبَنُ الدَّرِّ يُشْرَبُ إِذَا كَانَ مَرْهُوْنًا، وَعَلٰى الَّذِىْ يَرْكَبُ وَيَشْرَبُ نَفَقَتُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ مَوْقُوْفًا.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ العِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ: لَيْسَ لَهُ أَنْ يَنْتَفِعَ مِنَ الرَّهْنِ بِشَيْئٍ.

لغات: الظَّهْر: پیٹھ، مراد سواری کا جانور ——— الدَّر: بہت دودھ، مراد دودھ والا جانور۔

بابُ ماجاءَ فی شِرَاءِ الْقِلاَدَةِ، وَفِیْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ

سونے اور نگینے والے ہار کو خریدنا

حدیث: حضرت فضالہ بن عبیدؓ کہتے ہیں: میں نے جنگ خیبر کے موقع پر بارہ دینار میں ایک ہار خریدا جس میں سونا اور نگینے تھے، جب میں نے ان کو جدا کیا تو اس میں بارہ دینار سے زیادہ سونا تھا، میں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: جب تک سونا جدا نہ کیا جائے ہار نہ بیچا جائے۔

تشریح: اگر سونے کا ہار جس میں نگینے ہوں سونے کے بدل بیچا جائے تو سونا جدا کر کے اس کی تعیین کرنا اور ثمن میں زیادہ سونا ہونا ضروری ہے، تاکہ سونا سونا برابر ہو جائے اور زائد سونا نگینوں کے مقابل ہو جائے، اور اگر سونے کا ہار: چاندی یا کرنسی کے عوض بیچے تو سونا الگ کرنا ضروری نہیں، یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

البتہ اگر ہار میں سونا کتنا ہے یہ بات بالیقین معلوم ہو تو اس صورت میں سونا الگ کرنا ضروری ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس صورت میں بھی سونا جدا کرنا ضروری ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ضروری نہیں، کیونکہ جب سونے کی مقدار بالیقین معلوم ہے تو اب جدا کرنے کی کچھ ضرورت نہیں، جدا کرنے کا حکم اسی تعیین کے لئے تھا۔

[۳۲-] باب ماجاء فی شراء القلادة، وفیها ذهبٌ وخرزٌ

[۱۲۴۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِیْ شُجَاعٍ سَعِيْدِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ أَبِیْ عِمْرَانَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ قَالَ: اشْتَرَيْتُ يَوْمَ خَيْبَرَ قِلاَدَةً بِاثْنَی عَشَرَ دِيْنَاراً، فِيْهَا ذَهَبٌ وَخَرَزٌ، فَفَصَّلْتُهَا، فَوَجَدْتُ فِيْهَا أَكْثَرَ مِنْ اثْنَیْ عَشَرَ دِيْنَاراً، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: "لاَ تُبَاعُ حَتّٰی تُفَصَّلَ"

حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَبِیْ شُجَاعٍ سَعِيْدِ بنِ يَزِيْدَ، بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلَی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لَمْ يَرَوْا أَنْ يُبَاعَ السَّيْفُ مُحَلًّی، أَوْ مِنْطَقَةٌ مُفَضَّضَةٌ، أَوْ مِثْلُ هٰذَا، بِدَرَاهِمَ حَتّٰی يُمَيَّزَ وَيُفَصَّلَ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِیِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ ذٰلِكَ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ.

لغات: الخَرَزَة: ڈورے میں پرویا ہوا گھونگا، مہرہ، شیشہ وغیرہ کا ہیرا، جمع خَرَز وَخَرَزَات...... مُحَلًّى: زیور پہنائی ہوئی ــــ مِنْطَقَة: کمر بند ــــ مُفَضَّضَة: نقرئی، رو پہلا۔

ترجمہ: اس پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے وہ ایسی تلوار جس پر چاندی کا زیور چڑھایا گیا ہو یا چاندی کا کمر بند یا اس کے مانند کو دراہم کے عوض فروخت کرنے کو ناجائز کہتے ہیں تا آنکہ چاندی جدا کرلی جائے اور الگ کرلی جائے، اور یہ ابن المبارکؒ، شافعیؒ، احمدؒ اور اسحاق کا قول ہے، اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم اس کی اجازت دیتے ہیں (یہ امام اعظمؒ کا قول ہے اور یہ جب ہے کہ چاندی سونے کی مقدار بالیقین معلوم ہو اور ثمن میں چاندی سونا اس سے زیادہ ہو)

بَابُ ماجاء فی اشْتِرَاطِ الْوَلَاءِ، وَ الزَّجْرِ عِنْ ذٰلِکَ

بیع میں وَلاء کی شرط لگانے کا بیان اور اس پر وعید

ولاء: ایک حق ہے جو آزاد کرنے والے کو اپنے آزاد کئے ہوئے غلام یا باندی پر حاصل ہوتا ہے یعنی جب وہ مرے گا تو آزاد کرنے والا بھی اپنے درجہ میں اس کا وارث ہوگا، عرب اس حق کو بیچ ڈالتے تھے، نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا، جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے، اس باب میں بیع میں اس کے اشتراط کا بیان ہے، یہ بھی ناجائز ہے، کیونکہ یہ حق آزاد کرنے والے ہی کے لئے ثابت ہوتا ہے، دوسرے کے لئے ثابت نہیں ہوسکتا۔

حدیث: حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا ایک یہودی کی باندی تھیں اور مسلمان ہوگئی تھیں، اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس ان کا آنا جانا تھا، جب سے وہ مسلمان ہوئیں ان کا آقا ان پر سختی کرتا تھا، چنانچہ انھوں نے اپنے آقا سے نو اوقیہ پر کتابت کا معاملہ کرلیا، ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے، ان کو ہر سال ایک اوقیہ ادا کرنا تھا، وہ اس سلسلہ میں تعاون کے لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں، حضرت عائشہؓ نے ان کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ ختم کرلیں اور ان کا آقا ان کو بیچ دے، اس طرح اس کو ایک ساتھ رقم مل جائے گی، اور حضرت عائشہؓ ان کو خرید کر آزاد کردیں گی تو بریرہؓ کا بھی فائدہ ہوگا کہ فوراً آزادی مل جائے گی، حضرت بریرہؓ نے اپنے آقا سے بات کی تو وہ تیار ہوگیا مگر اس نے شرط لگائی کہ ولاء میرے لئے ہوگا (حضرت بریرہؓ فتح الرقاب کا وظیفہ جانتی تھیں یعنی ان کے پاس ہدایا بہت آتے تھے، ان کے آقا کا خیال تھا کہ وہ وفات تک بہت مالدار ہوجائیں گی اور ان کا سارا مال آزاد کرنے والے کو ملے گا اس لالچ میں اس نے یہ شرط لگائی تھی) جب حضرت بریرہؓ نے یہ بات حضرت عائشہؓ کو بتائی تو انھوں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا، آپؐ نے فرمایا: ''تم بریرہ کو خرید کر آزاد کردو، ولاء اسی کے لئے ہے جس نے آزاد کیا ہے'' پھر آپؐ نے لوگوں سے خطاب کیا کہ ''لوگوں کو کیا ہوگیا؟! وہ معاملات میں ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں، جو بھی شرط کتاب اللہ میں نہیں وہ باطل ہے چاہے سو شرطیں ہوں، کیونکہ اللہ کا فیصلہ احق اور

اللہ کی شرط اوثق ہے، ولاء اسی کے لئے ہے جس نے آزاد کیا''

[۳۳-] باب ماجاء فی اشْتراط الْولاءِ، والزَّجْرِ عن ذلك

[۱۲۴۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيْرَةَ، فَاشْتَرَطُوْا الْوَلَاءَ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " اشْتَرِيْهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْطَى الثَّمَنَ، أَوْ: لِمَنْ وَلِيَ النِّعْمَةَ"

وَفِي الباب: عَنِ ابْنِ عُمَرَ، حديثُ عَائِشَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ.

وَقَالَ: مَنْصُوْرُ بنُ الْمُعْتَمِرِ: يُكْنَى أَبَا عَتَّابٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْمَدِيْنِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بنَ سَعِيْدٍ، يَقُوْلُ: إِذَا حُدِّثْتَ عَنْ مَنْصُوْرٍ فَقَدْ مَلَأْتَ يَدَكَ مِنَ الْخَيْرِ، لَاتُرِدْ غَيْرَهُ، ثُمَّ قَالَ يَحْيَى: مَا أَجِدُ فِيْ إِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ وَمُجَاهِدٍ أَثْبَتَ مِنْ مَنْصُوْرٍ؛ وَأَخْبَرَنِيْ مُحمدٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِي الْأَسْوَدِ قَالَ: قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ: مَنْصُوْرٌ أَثْبَتُ أَهْلِ الْكُوْفَةِ.

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کے ایک راوی منصور بن المعتمر ہیں، ان کی کنیت ابوعتّاب ہے وہ اکابر محدثین میں سے ہیں، یحیٰ قطان نے ان کے بارے میں فرمایا ہے کہ جب آپ سے منصور کی کوئی حدیث بیان کی جائے یعنی منصور کا کوئی شاگرد ان کی سند سے حدیث بیان کرے تو آپ کی پانچوں انگلیاں گھی میں! اب آپ کو کسی اور سے وہ حدیث سننے کی ضرورت نہیں، اور یحیٰ قطان نے یہ بھی فرمایا کہ منصور: ابراہیم نخعی اور مجاہد کے سب سے مضبوط راوی ہیں، اور ابن مہدیؒ نے ان کو کوفہ کا سب سے مضبوط محدث قرار دیا ہے اور اس قول کی سند میں جو محمد ہیں وہ امام بخاری ہیں اور آخری پیرے کے شروع میں جو قال ہے، اس کے فاعل امام ترمذیؒ ہیں۔

بابٌ

قربانی کے لئے رقم خاص کی پھر کچھ بچ گئی تو اس کا حکم

اس باب میں دو واقعے ہیں:

پہلا واقعہ: نبی ﷺ نے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کو ایک دینار دیا اور فرمایا: بازار سے قربانی کے لئے بکرا خرید لاؤ، وہ بازار گئے اور ایک دینار میں بکرا خریدا، واپسی میں راستہ میں ان کو ایک شخص ملا، اس نے پوچھا: بکرا بیچتے ہو؟ حضرت حکیمؓ نے فرمایا: ہاں! اس نے پوچھا: کیا قیمت ہے؟ حضرت حکیم نے کہا: دو دینار، اس نے دو دینار میں وہ بکرا خرید لیا (بکرا درحقیقت دو ہی دینار کا تھا، حضرت حکیم نے اپنی کاروباری مہارت سے اس کو ایک دینار

میں خریدا تھا) حضرت حکیم دوبارہ بازار گئے اور ایک دینار میں دوسرا بکرا خریدا اور نبی ﷺ کے پاس بکرا اور دینار لے کر آئے، آپؐ نے فرمایا: ''بکرے کی قربانی کردو اور دینار صدقہ کردو''

دوسرا واقعہ: حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے بکرا خریدنے کے لئے ایک دینار دیا، انھوں نے اپنی مہارت سے ایک دینار میں دو بکرے خریدے پھر ایک بکرا ایک دینار میں بیچ دیا، اور نبی ﷺ کے پاس بکرا اور دینار لے کر حاضر ہوئے اور آپؐ کو پورا واقعہ بتایا، آپؐ نے دعا دی کہ اللہ تعالیٰ تمہارے ہاتھ کے سودے میں برکت فرمائے (صَفْقَة کے اصل معنی ہیں: تالی بجانا، کسی زمانہ میں سودا مکمل ہونے پر تالی بجایا کرتے تھے، اس لئے یہ لفظ چل پڑا) اس دعا کی برکت سے وہ کوفہ کے بازار کُناسہ نامی میں کاروبار کرتے تھے، غلام باندی خریدتے بیچتے تھے، صبح خالی ہاتھ جاتے تھے اور شام کو بہت سارا مال لے کر لوٹتے تھے، اور کوفہ کے بڑے مالداروں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ یہ روایت بخاری (حدیث ۳۶۴۲ کتاب المناقب) میں ہے، اس میں سفیان بن عیینہ کا قول ہے: يشترى له شاةً، كأنها أُضحيةٌ (حدیث ۳۶۴۳) مگر اس حدیث میں یہ مضمون کسی روایت میں نظر سے نہیں گذرا کہ نبی ﷺ نے بچا ہوا دینار صدقہ کرنے کا حکم دیا، واللہ اعلم

ان دونوں حدیثوں میں دو مسئلے زیر بحث آئے ہیں:

پہلا مسئلہ: بیع فضولی کا ہے: اگر فضولی کوئی چیز فروخت کرے اور مالک اس بیع کی اجازت دے، اس کو رد نہ کرے تو بیع نافذ ہوگی، حضرت حکیمؓ اور حضرت عروہؓ نے جو بکرے بیچے تھے ان کے مالک آنحضور ﷺ تھے پس وہ بیع فضولی تھی اور نبی ﷺ نے اس پر نکیر نہیں کی پس وہ بیع نافذ ہوگئی، یہ مسئلہ متفق علیہ ہے، صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، مگر ان سے بھی جواز کا قول مروی ہے (فتح الباری ۶: ۶۳۴)

دوسرا مسئلہ: نبی ﷺ نے جو ایک دینار صدقہ کیا وہ استحبابی حکم ہے، واجب صرف قربانی ہے، بچا ہوا پیسہ صدقہ کرنا ضروری نہیں، مگر افضل یہ ہے کہ جب قربانی کے لئے کوئی رقم خاص کی پھر اس میں سے کچھ بچ گئی تو اس کو صدقہ کر دینا چاہئے مثلاً ایک شخص نے تین ہزار روپے قربانی کے لئے خاص کئے اس کو بکرا ستائیس سو میں مل گیا تو تین سو روپیوں کو صدقہ کرنا مستحب ہے یہ جمہور کا مذہب ہے اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ بچی ہوئی رقم صدقہ کرنا واجب ہے۔

[۳۴-] بابٌ

[۱۲۴۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِىْ حُصَيْنٍ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِىْ ثَابِتٍ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ حَكِيْمَ بنَ حِزَامٍ يَشْتَرِىْ لَهُ أُضْحِيَّةً بِدِيْنَارٍ، فَاشْتَرَى أُضْحِيَّةً فَأُرْبِحَ فِيْهَا دِيْنَاراً، فَاشْتَرَى أُخْرَى مَكَانَهَا، فَجَاءَ بِالْأُضْحِيَّةِ وَالدِّيْنَارِ إِلٰى

رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" ضَحِّ بِالشَّاةِ، وَتَصَدَّقْ بِالدِّيْنَارِ"

حديثُ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ لَمْ يَسْمَعْ عِنْدِيْ مِنْ حَكِيْمِ بنِ حِزَامٍ.

[١٢٤٣-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، ثَنَا حَبَّانُ، ثَنَا هَارُوْنُ بنُ مُوْسٰى، ثنا الزُّبَيْرُ بنُ الخِرِّيْتِ، عَنْ أَبِيْ لَبِيْدٍ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ قَالَ: دَفَعَ إِلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دِيْنَاراً لِأَشْتَرِيَ لَهُ شَاةً، فَاشْتَرَيْتُ لَهُ شَاتَيْنِ، فَبِعْتُ إِحْدَاهُمَا بِدِيْنَارٍ، وَجِئْتُ بِالشَّاةِ وَالدِّيْنَارِ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ لَهُ مَاكَانَ مِنْ أَمْرِهِ، فَقَالَ:" بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ صَفْقَةِ يَمِيْنِكَ" فَكَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَخْرُجُ إِلٰى كُنَاسَةِ الْكُوْفَةِ، فَيَرْبَحُ الرِّبْحَ الْعَظِيْمَ، فَكَانَ مِنْ أَكْثَرِ أَهْلِ الْكُوْفَةِ مَالاً.

حدَّثَنَا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَبَّانُ، ثَنَا سَعِيْدُ بنُ زَيْدٍ، ثَنَا الزُّبَيْرُ بنُ الخِرِّيْتِ عَنْ أَبِيْ لَبِيْدٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ إِلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَالُوْا بِهِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَلَمْ يَأْخُذْ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، مِنْهُمْ الشَّافِعِيُّ.

وَسَعِيْدُ بنُ زَيْدٍ: أَخُوْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ؛ وَأَبُوْ لَبِيْدٍ اسْمُهُ لِمَازَةُ.

وضاحت: حکیم بن حزام کی حدیث ابوداؤد (حدیث ۳۳۸۴) میں بھی سفیان ثوری کی سند سے ہے، مگر اس میں بھی ایک مجہول راوی ہے ـــــــ دوسری حدیث زبیر سے ہارون اور سعید دونوں روایت کرتے ہیں، پھر دونوں سے حبان روایت کرتے ہیں۔

ترجمہ: بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں، اور وہ اس کے قائل ہیں یعنی بچی ہوئی رقم صدقہ کرنا واجب ہے اور وہ امام احمد اور امام اسحاق کی رائے ہے، اور بعض اہل علم نے اس حدیث کو نہیں لیا یعنی ان کے نزدیک بچی ہوئی رقم کا تصدق واجب نہیں۔

بابُ ماجاء في الْمُكَاتَبِ إِذَا كَانَ عِنْدَهُ مَا يُؤَدِّيْ

جو مکاتب بدل کتابت ادا کرنے پر قادر ہو اس سے پردہ

مکاتب: وہ غلام باندی ہے جس نے اپنے آقا سے آزادی کا معاملہ کرلیا ہو، اگر آقا نے کہا: تو اتنی رقم ادا کردے تو تو آزاد ہے، غلام نے قبول کیا تو یہ عتق علی المال ہے اور اگر کہا: میں تجھے اتنی رقم پر مکاتب بناتا ہوں اور غلام نے قبول کیا تو یہ کتابت ہے، احکام دونوں کے ایک ہیں، صرف لفظوں کا فرق ہے۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ جب تک مکاتب کے ذمہ ایک پیسہ بھی باقی ہے وہ غلام ہے، حدیث میں ہے: المکاتَبُ

عبدٌ ما بَقِي عليه من مكاتبته درهم (رواہ ابوداؤد، مشکوۃ حدیث ۳۳۹۹) اور مکاتب تصرف کے اعتبار سے آزاد ہوتا ہے جو چاہے کام کرسکتا ہے، اور جب طے شدہ رقم مولی کو بھر دے گا: گردن کے اعتبار سے بھی آزاد ہوجائے گا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب مکاتب کو کوئی حد پہنچے یعنی وہ کسی جرم کا ارتکاب کرے یا میراث پہنچے یعنی اس کا کوئی مورث مرجائے تو مکاتب آزاد شدہ حصے کے حساب سے وارث ہوگا (اور اسی حساب سے سزا پائے گا، یہاں حُدَّ پوشیدہ ہے) اور نبی ﷺ نے فرمایا: مکاتب اپنی آزادی کے حساب سے آزاد کی دیت دیا جائے گا اور باقی غلام کی دیت دیا جائے گا۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مکاتب جتنا جتنا بدل کتابت ادا کرتا جائے گا اتنا اتنا آزاد ہوتا جائے گا، مثلاً دس ہزار پر کتابت کا معاملہ ہوا ہے، اس نے پانچ ہزار ادا کردیئے تو آدھا آزاد ہوگیا، اب اگر مکاتب کوئی جنایت کرے یعنی وہ جانی ہو تو اس پر نصف حد غلام کی اور نصف حد آزاد کی جاری ہوگی، مثلاً اس نے شراب پی، شراب کی حد اسی کوڑے ہے اور غلام کی سزا آدھی ہے، پس اس مکاتب کو ساٹھ کوڑے مارے جائیں گے۔ چالیس کے آدھے بیس اور اسّی کے آدھے چالیس۔ اسی طرح غلام وارث نہیں ہوتا، رقیت مانع ارث ہے مگر یہ مکاتب آدھا آزاد ہوچکا ہے پس آدھی میراث کا مستحق ہوگا، مثلاً اس کے باپ کا انتقال ہوا تو اس مکاتب کو بیٹے کا آدھا حصہ ملے گا۔

اور اگر وہ غلام مجنی علیہ ہو یعنی اس پر جنایت کی گئی ہو مثلاً کسی نے غلطی سے اس کا ہاتھ کاٹ دیا تو اس نے جتنا بدل کتابت ادا کیا ہے اس کے حساب سے آزاد کی دیت اور باقی غلام کی دیت ملے گی۔

پس یہ حدیث چاروں ائمہ کے خلاف ہے، ان کے نزدیک مکاتب پوری رقم ادا کرنے تک غلام ہی رہتا ہے ان کی دلیل مذکورہ حدیث ہے کہ مکاتب اس وقت تک غلام رہتا ہے جب تک اس کی کتابت میں سے ایک روپیہ بھی باقی ہے، یہ حدیث اگرچہ معمولی ضعیف ہے مگر چاروں ائمہ نے اسی کو لیا ہے۔

اس کی نظیر پہلے گذر چکی ہے: جس حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ پر سابقہ نکاح اور سابقہ مہر پر پھیرا وہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور جس حدیث میں آیا ہے کہ حضرت زینبؓ کو جدید نکاح اور جدید مہر پر پھیرا وہ حدیث ضعیف ہے، مگر تمام فقہاء نے اسی ضعیف روایت کو معمول بہ بنایا ہے، اسی طرح یہاں بھی سب نے ضعیف حدیث کو لیا ہے اور ابن عباسؓ کی اس حدیث کو جو باب میں ہے اور صحیح ہے نہیں لیا، بلکہ اس کو منسوخ قرار دیا ہے، کیونکہ باب کی دوسری حدیث ائمہ اربعہ کے مستدل کی تائید کرتی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس آقا نے اپنے غلام کو سو اوقیہ پر مکاتب بنایا پس غلام نے دس اوقیہ کے علاوہ سارا بدل کتابت ادا کردیا یا فرمایا: دس درہم کے علاوہ سارا بدل کتابت ادا کردیا (ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے یعنی ننانوے اوقیے اور سوویں اوقیے کے بھی تین تہائی ادا کردیئے) پھر وہ عاجز ہوگیا یعنی سپر ڈال دی

کہ باقی رقم میں ادانہیں کرسکتا تو وہ غلام ہے۔

تشریح: اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مکاتب جب تک پورا بدل کتابت ادا نہ کردے غلام ہی رہتا ہے، یہ حدیث بھی معمولی ضعیف ہے، اس کا راوی یحیٰی سیئ الحفظ ہے، اس حدیث سے ائمہ اربعہ کے مستدل کی تائید ہوتی ہے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے (عورتوں سے) فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کے مکاتب کے پاس وہ مال ہو جسے وہ بدل کتابت میں ادا کرے گا تو وہ عورت اس سے پردہ کرے''یعنی کسی عورت نے اپنے غلام کو مکاتب بنایا اور قسطیں مقرر کردیں اس نے قسطیں ادا کرنی شروع کردیں، اور مکاتب نے اتنا مال کمالیا یا کسی نے اس کو اتنا مال دیدیا کہ وہ ساری قسطیں بروقت ادا کرکے آزاد ہوجائے گا تو مالکہ اس سے ابھی سے پردہ شروع کردے، یہ حکم تقوی اور پرہیزگاری کے طور پر ہے، کیونکہ وہ عنقریب رقم ادا کرکے آزاد ہوجائے گا۔

تشریح: امام شافعی رحمہ اللہ اس حدیث کی بنا پر فرماتے ہیں: غلام سے مالکہ کا پردہ نہیں، وہ محارم کے حکم میں ہے اور حنفیہ کے نزدیک غلام سے پردہ ہے اور وہ اجنبی کے حکم میں ہے، اور یہ مسئلہ درحقیقت سورۃ النور کی آیت ۳۱ میں جو ﴿أَوْ مَامَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ﴾ آیا ہے اس سے متعلق ہے کہ اس سے کیا مراد ہے؟ آیت باندی کے ساتھ خاص ہے یا غلام کو بھی عام ہے؟ حنفیہ کے نزدیک باندی کے ساتھ خاص ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عام ہے، غلام باندی سب کو شامل ہے، اس لئے ان کے نزدیک مالکہ کا نہ غلام سے پردہ ہے اور نہ باندی سے۔

سوال: اگر کوئی کہے: عورتوں سے پردہ نہیں پھر آیت کے باندیوں کے ساتھ خاص ہونے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: غیر مسلم عورتوں سے پردہ واجب ہے ﴿أَوْ نِسَائِهِنَّ﴾ میں اسی کا بیان ہے، لوگ اس مسئلہ کو نہیں جانتے، مگر تمام ائمہ کے نزدیک مسئلہ یہی ہے کہ غیر مسلم عورتوں سے پردہ واجب ہے، البتہ غیر مسلم باندی سے پردہ واجب نہیں ﴿أَوْ مَامَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ﴾ میں اسی کا تذکرہ ہے۔

غرض امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک آیت عام ہے اور مالکہ کا اپنے غلام سے پردہ نہیں، اور آیت کے عام ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے کہ اس میں نبی ﷺ نے مالکہ کو اپنے مکاتب غلام سے پردہ کرنے کا حکم دیا ہے، یہ حکم اگرچہ بربنائے تقوی ہے مگر اس سے معلوم ہوا کہ مالکہ پر اپنے غلام سے پردہ نہیں۔

شافعیہ اور حنفیہ کے درمیان دوسرا مسئلہ یہ اختلافی ہے کہ چہرہ کا پردہ ہے یا نہیں؟ شوافع کے نزدیک چہرہ کا پردہ نہیں، وہ آیت ﴿وَلَايُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ إِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا﴾ (نور آیت ۳۱) سے استدلال کرتے ہیں۔ ترجمہ: اور نہ دکھلائیں وہ اپنا سنگار (یعنی جسم کے اعضاء) مگر جو کھلا رہتا ہے اس سنگار میں سے یعنی جو اعضاء ہر وقت کھلے رہتے ہیں، شوافع کے نزدیک ﴿إِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا﴾ میں دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں اور چہرہ شامل ہیں، اور احناف کے

نزدیک چہرہ شامل نہیں، ان کی دلیل سورۂ احزاب کی آیت ۵۹ ہے فرمایا: ''اے نبی! آپ اپنی بیویوں سے، اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی چادریں چہرے پر لٹکا لیا کریں'' اس آیت میں صراحت ہے کہ اجنبیوں کے حجاب میں چہرہ بھی داخل ہے۔

غرض یہ دونوں مسئلے قرآن کریم میں ہیں اور اختلافی ہیں، اور یہاں جو حدیث ہے اس کے تعلق سے یہ بات جاننی چاہئے کہ اجنبیوں سے حجاب کے مختلف درجات ہیں جیسے ہمارے معاشرہ میں سارا خاندان ایک ساتھ رہتا ہے، عورت کے جیٹھ، دیور سب ایک ہی گھر میں رہتے ہیں، پس ان کے حجاب میں اور عام اجنبیوں کے حجاب میں کچھ فرق کرنا ہوگا۔ اگر عام لوگوں جیسا پردہ ان سے بھی ضروری ہوگا تو بڑی مشکل پیش آئے گی، عورتیں اس پر عمل نہیں کرسکیں گی، پس ایسے لوگوں کے سامنے عورت کھلے چہرے آسکتی ہے، ضروری بات کرسکتی ہے، البتہ ان کے ساتھ تنہائی میں رہنا، ان سے بے تکلف باتیں کرنا، ان کے ساتھ سفر کرنا، ان کے پاس بے اجازت گھر میں آنا جائز نہیں، جب بھی گھر میں آنا ہو اجازت لے کر آئے، یہی معاملہ مرد کا سالیوں وغیرہ کے ساتھ ہو، اجنبیت کے احساس کے ساتھ ضروری گفتگو ہوسکتی ہے، بے تکلفی ٹھٹھا مخول، اور تنہائی جائز نہیں۔

اسی طرح مالکہ پر غلام سے جو پردہ ہے وہ عام لوگوں کے پردے سے مختلف ہے، مالکہ اپنے غلام سے بات کرسکتی ہے، اس کے سامنے کھلے چہرے آسکتی ہے، اگر یہ گنجائش نہیں دی جائے گی تو مالکہ کے لئے غلام کے ساتھ معاملہ کرنا دشوار ہوجائے گا، وہ غلام سے کیسے کام لے گی؟ پس حضور اکرم ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ مالکہ کا اپنے غلام سے جو گنجائش والا پردہ ہے وہ اب احتیاطاً ختم کردیا جائے، کیونکہ مکاتب بن جانے کے بعد غلام تصرف کے اعتبار سے آزاد ہوچکا ہے اور جب وہ بدل کتابت ادا کرنے کی پوزیشن میں ہے تو اب اس سے سخت پردہ شروع کردیا جائے، کیونکہ وہ دیر سویر بالکل اجنبی بن جائے گا هذا ما عندی، والله أعلم بالصواب۔

[۳۵-] باب ماجاء فی المکاتب إذا کان عنده ما یؤدِّی

[۱۲۴۴-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ، ثَنَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: '' إِذَا أَصَابَ الْمُکَاتَبُ حَدًّا أَوْ مِیْرَاثًا: وَرِثَ بِحِسَابِ مَاعَتَقَ مِنْهُ'' وَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: '' یُوْدَی الْمَکَاتَبُ بِحِصَّةِ مَا أَدّٰی دِیَةَ حُرٍّ، وَمَا بَقِیَ دِیَةَ عَبْدٍ''

وَفِی البابِ: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، حدیثُ ابنِ عَبَّاسٍ حدیثٌ حسنٌ، وَهٰکَذَا رَوَی یَحْیَی بنُ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَرَوَی خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِکْرِمَةَ،

عَنْ عَلِيٍّ قَوْلَهُ.

وَالعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَقَالَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: الْمُكَاتَبُ عَبْدٌ مَابَقِيَ عَلَيْهِ دِرْهَمٌ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

[۱۲٤٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ يَحيىَ بنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ، يَقُوْلُ: ’’مَنْ كَاتَبَ عَبْدَهُ عَلَى مِائَةِ أُوْقِيَّةٍ، فَأَدَّاهَا إِلاَّ عَشْرَةَ أَوَاقٍ أَوْ قَالَ: عَشْرَةَ دَرَاهِمَ، ثُمَّ عَجِزَ، فَهُوَ رَقِيْقٌ‘‘

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْمُكَاتَبَ عَبْدٌ مَابَقِيَ عَلَيْهِ شَيْئٌ مِنْ كِتَابَتِهِ، وَقَدْ رَوَاهُ الْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ نَحْوَهُ.

[۱۲٤٦-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ نَبْهَانَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:’’ إِذَا كَانَ عِنْدَ مُكَاتَبِ إِحْدَاكُنَّ مَا يُؤَدِّيْ فَلْتَحْتَجِبْ مِنْهُ‘‘

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ عَلَى التَّوَرُّعِ، وَقَالُوْا: لاَيُعْتَقُ الْمُكَاتَبُ، وَإِنْ كَانَ عِنْدَهُ مَا يُؤَدِّيْ، حَتَّى يُؤَدِّيَ.

وضاحتیں: پہلی حدیث میں أصاب المکاتبُ حداً: کا جو مطلب حاشیہ میں لکھا ہے وہ صحیح نہیں، مکاتب کا حد کو پہنچنا یہ ہے کہ وہ جنایت کرے ـــــ یُوْدیٰ: وَدیٰ یَدِیْ دِیَةً سے مضارع مجہول ہے ـــــ پہلی حدیث خالد حذاء: عکرمہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فتوی کے طور پر نقل کرتے ہیں، مگر یحییٰ بن ابی کثیر: ایوب سختیانی کے متابع ہیں، اس لئے صحیح یہی ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے ـــــ پہلی حدیث کے مطابق حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کا قول ہے کہ مکاتب جتنی قسطیں ادا کرتا رہے گا اتنا آزاد ہوجائے گا، مگر جمہور کی یہ رائے نہیں، ان کے نزدیک یہ حدیث منسوخ ہے، ناسخ عمرو بن شعیب کی روایت ہے جو بعد میں آرہی ہے، اور وہ غریب بمعنی ضعیف ہے کیونکہ یحییٰ بن ابی أُنیسۃ: سیئ الحفظ راوی ہے، اور حجاج بن ارطاۃ جو اس کے متابع ہیں وہ بھی ضعیف ہیں، آخری عبارت کا ترجمہ: اور اہل علم کے نزدیک اس حدیث کے معنی یعنی مصداق تورع (احتیاط و پرہیزگاری) پر ہے یعنی یہ پردہ کرنا احتیاطاً ہے اور یہ اہل علم کہتے ہیں کہ مکاتب کے پاس بدل کتابت ہونے سے آزاد نہیں ہوتا جب تک وہ پورا بدل کتابت ادا نہ کردے۔

بابُ ماجاءَ إِذَا أَفْلَسَ لِلرَّجُلِ غَرِيْمٌ فَيَجِدُ عِنْدَهُ مَتَاعَهُ

مقروض دیوالیہ ہوجائے اور قرض خواہ اپنا سامان اس کے پاس پائے تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہے

اگر کوئی شخص دیوالیہ ہوجائے یعنی اس پر اتنا قرض ہوجائے کہ اس کا سارا مال سامان بیچ کر بھی قرض ادا نہیں ہوسکتا تو قرض خواہ قاضی کے پاس جائیں گے، قاضی اس کو دیوالیہ قرار دے کر اس کی حاجاتِ اصلیہ سے زائد جو مال سامان ہوگا وہ بیچ دے گا اور ماحصل حصہ رسد قرض خواہوں میں تقسیم کردے گا اور باقی قرضہ ان لوگوں کو اس وقت ملے گا جب دیوالیہ کے پاس مال آئے گا، اس سے پہلے ان کو مطالبہ کا حق نہیں ہوگا، یہ ہر دیوالیہ کا حکم ہے، أَفْلَسَ فلانٌ کے معنی ہیں: مفلس ہوجانا، دیوالیہ ہوجانا، فراخی کے بعد تنگی آجانا، اسم فاعل مُفْلِسْ ہے، اور فَلَّسَ القاضی فلاناً کے معنی ہیں: قاضی کا کسی کو مفلس قرار دینا، کسی کے دیوالیہ ہونے کا اعلان کرنا اور غَرِیْمٌ کے معنی یہاں قرض دار یعنی مقروض کے ہیں اس لفظ کے معنی قرض خواہ کے بھی آتے ہیں۔

اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کسی کے دیوالیہ ہونے کا قاضی اعلان کردے اور کوئی شخص اپنا فروخت کیا ہوا سامان دیوالیہ کے پاس بحالہ پائے تو اس کا کیا حکم ہے؟ مثلاً ایک شخص نے زید کو بکری فروخت کی، ابھی قیمت وصول نہیں ہوئی تھی کہ زید دیوالیہ قرار دیدیا گیا، اور وہ بکری اس کے پاس بحالہ موجود ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بائع وہ بکری لے لیگا، اس کو فروخت نہیں کیا جائے گا اور حنفیہ کے نزدیک اس بکری کو بھی فروخت کیا جائے گا اور بائع قرض خواہوں کی صف میں کھڑا ہوگا اور حصہ رسد پائے گا۔

ائمہ ثلاثہ کا استدلال باب کی حدیث سے ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو آدمی دیوالیہ قرار دیدیا جائے اور کوئی شخص اپنا سامان اس کے پاس بحالہ پائے تو وہ اس سامان کا دوسروں کے مقابلہ میں زیادہ حق دار ہے'' اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فروخت کیا ہوا مال اس حدیث میں مراد نہیں، کیونکہ وہ بائع کا مال نہیں رہا، وہ مشتری کا مال ہے بلکہ اس حدیث میں مراد امانتیں اور عاریتیں ہیں یعنی اگر کسی نے دیوالیہ کے پاس کوئی چیز امانت رکھی یا عاریت دی اور وہ اس نے خرد برد نہیں کی بلکہ بحالہ موجود ہے تو وہ چیز فروخت نہیں کی جائے گی بلکہ مالک کو لوٹادی جائے گی اور احناف کے نزدیک سلعتہ میں اضافت: حقیقی مراد ہے، غرض یہ اختلاف نص فہمی کا اختلاف ہے، اور اگر دیوالیہ نے وہ چیزیں خرد برد کردی ہوں تو مودِع اور معیر کو ضمان ملے گا اور وہ قرض خواہوں کی صف میں کھڑے ہونگے۔

[٣٦-] باب ماجاء إذا أفلس للرجل غريم، فيجد عنده متاعه

[١٢٤٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ حَزْمٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ الْحَارِثِ بنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله

عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: "أَيُّمَا امْرِیءٍ أَفْلَسَ، وَوَجَدَ رَجُلٌ سِلْعَتَهُ عِنْدَهُ بِعَيْنِهَا، فَهُوَ أَوْلٰى بِهَا مِنْ غَيْرِهِ"
وفى الباب: عَنْ سَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: هُوَ أُسْوَةُ الْغُرَمَاءِ، وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: جب دیوالیہ ہوگیا کسی شخص کے لئے مقروض، پس پائے وہ شخص دیوالیہ کے پاس اپنا سامان (یہ باب کا ترجمہ ہے) اور اُسوۃ: بمعنی مُسَاوٍ ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ لِلْمُسْلِمِ أَنْ يَّدْفَعَ إِلَی الذِّمِّيِّ الْخَمْرَ يَبِيْعُهَا لَهُ

مسلمان اپنی شراب کافر کو بیچنے کے لئے دے: یہ جائز نہیں

مسلمان نہ خود اپنی شراب بیچ سکتا ہے، نہ کسی غیر مسلم سے بکواسکتا ہے، اس کو ضائع کر دینا ضروری ہے یا سرکہ بنالے کیونکہ مسلمان کے حق میں شراب مال نہیں، اس لئے وہ خود نہیں بیچ سکتا اور کافر سے اس لئے نہیں بکواسکتا کہ وکیل کا فعل مؤکل کا فعل ہوتا ہے اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمارے پاس ایک یتیم لڑکے کی شراب تھی، جب سورۂ مائدہ (آیت ۹۰) نازل ہوئی (اور شراب حرام قرار دیدی گئی) تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے بارے میں دریافت کیا (کہ میں وہ شراب کیا کروں؟ اگر نالی میں بہاتا ہوں تو یہ یتیم کے مال کو ضائع کرنا ہے جس کی قرآن نے سخت ممانعت کی ہے) اور میں نے آپؐ کو یہ بات بتائی، پھر بھی آپؐ نے فرمایا: ''اس کو بہادو!''

تشریح: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ شراب مسلمان کے حق میں مال نہیں، پس یتیم کی شراب کو نالی میں بہادینا یتیم کے مال کو ضائع کرنا نہیں۔ اور باب سے حدیث کی مناسبت یہ ہے کہ اگر مسلمان کا غیر مسلم کے ذریعہ شراب فروخت کرانا جائز ہوتا تو نبی ﷺ یتیم کا مال ضائع نہ کراتے بلکہ فرماتے: وہ شراب کسی غیر مسلم کے ذریعہ فروخت کرادو اور مال محفوظ کرلو، آپؐ نے ایسی کوئی بات نہیں فرمائی جس سے معلوم ہوا کہ مسلمان غیر مسلم کے ذریعہ شراب فروخت نہیں کراسکتا۔

[۳۷-] باب ماجاء فی النهی للمسلم أن يدفع إلى الذمی الخَمْر يبيعُها له

[۱۲۴۸-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ أَبِی الْوَدَّاكِ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ قَالَ: كَانَ عِنْدَنَا خَمْرٌ لِيَتِيْمٍ، فَلَمَّا نَزَلَتِ الْمَائِدَةُ سَأَلْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْهُ،

وَقُلْتُ: إِنَّهُ لِيَتِيْمٍ، فَقَالَ: "أَهْرِيقُوْهُ"

وفي الباب: عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، حديثُ أَبِيْ سَعِيْدٍ حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

وَقَالَ بِهٰذَا بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ، وَكَرِهُوْا أَنْ يُتَّخَذَ الْخَمْرُ خَلًّا، وإِنَّمَا كُرِهَ مِنْ ذٰلِكَ — وَاللّٰهُ أَعْلَمُ — أَنْ يَكُوْنَ الْمُسْلِمُ فِيْ بَيْتِهِ خَمْرٌ حَتّٰى يَصِيْرَ خَلًّا، وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِيْ خَلِّ الْخَمْرِ، إِذَا وُجِدَ قَدْ صَارَ خَلًّا.

وضاحت: یہ حدیث مجالد بن سعید کی وجہ سے صرف حسن ہے، یہ راوی کمزور ہے، آخر میں اس کے حافظہ میں فرق آ گیا تھا۔ اور مصری نسخہ میں صحیحٌ بھی ہے مگر وہ صحیح نہیں معلوم ہوتا ——— اس باب کے آخر میں امام ترمذیؒ نے یہ مسئلہ چھیڑا ہے کہ شراب کو سرکہ بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک حرام ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر شراب میں کوئی چیز ڈالی گئی مثلاً نمک یا سرکہ وغیرہ ڈال کر شراب کو سرکہ بنایا تو وہ ناپاک ہے اور اگر شراب میں کوئی چیز ڈالی نہیں گئی بلکہ دھوپ سے سایہ میں کر دی یا سایہ سے دھوپ میں رکھ دی اور وہ سرکہ بن گئی تو پاک اور حلال ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے تین قول ہیں، راجح قول یہ ہے کہ شراب کا سرکہ بنانا تو جائز نہیں، لیکن اگر خود بخود سرکہ بن جائے یا کوئی بنالے تو گو کہ یہ گناہ ہے مگر اب اس کا استعمال جائز ہے۔ غرض مسئلہ میں چاروں ائمہ کی الگ الگ رائیں ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ مسئلہ منصوص نہیں، اجتہادی ہے ——— اور یہ مسئلہ اس حدیث میں اس طرح زیر بحث آیا ہے کہ یتیم کی شراب بچانے کی دو صورتیں ہیں: ایک: کسی غیر مسلم کے ذریعہ وہ شراب فروخت کرا دی جائے، اس کا تذکرہ باب میں ہے۔ دوسری: شراب کو سرکہ بنالیا جائے، حضور اکرم ﷺ نے یہ ترکیب بھی نہیں بتائی بلکہ شراب کو بہا دینے کا حکم دیا، معلوم ہوا کہ شراب کا سرکہ بنانا بھی جائز نہیں، ورنہ آپ اس طرح یتیم کا مال محفوظ کرا دیتے، پس یہ حدیث امام احمد رحمہ اللہ کی دلیل ہے۔ یہ مسئلہ آگے مستقل باب میں آ رہا ہے اور امام احمدؒ کی دلیل کا جواب بھی وہاں آئے گا کہ شراب کی محبت عربوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی اور ابھی شراب نئی نئی حرام ہوئی تھی، اس لئے اگر کسی گھر میں کسی بھی بہانے شراب موجود رہے گی تو جب بھی اس پر نظر پڑے گی مے نوشی یاد آئے گی، اس لئے نبی ﷺ نے شراب کا سرکہ بنانے کی بھی اجازت نہیں دی تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری!

ترجمہ: اس حدیث کے مطابق بعض اہل علم کا قول ہے، وہ ناجائز قرار دیتے ہیں کہ شراب کو سرکہ بنایا جائے اور یہ بات صرف اسی وجہ سے ناپسند کی گئی ہے — اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں — کہ کسی مسلمان کے گھر میں شراب موجود رہے یہاں تک کہ وہ سرکہ بن جائے یعنی فی نفسہ ممانعت نہیں ہے، بلکہ لغیرہ ممانعت ہے (یہ امام احمد رحمہ اللہ کے مذہب کا بیان ہے) اور بعض اہل علم نے شراب کے سرکہ کو جائز کہا ہے جبکہ وہ خود بخود سرکہ بن گئی ہو (یہ امام

مالک رحمہ اللہ کے مذہب کا بیان ہے)

بابٌ

مقروض کا کوئی مال ہاتھ لگے تو اس سے اپنا حق وصول کرسکتا ہے؟

(مسئلۃ الظَفَر)

مسئلۃ الظفر یہ ہے کہ کسی شخص پر کسی کا قرض ہے، وہ قرض کی ادائیگی میں ٹال مٹول کرتا ہے، پس اگر اس کی کوئی چیز قرض خواہ کے ہاتھ لگے تو کیا وہ اس میں سے اپنا قرض وصول کرسکتا ہے؟ حنفیہ کے نزدیک اگر وہ چیز قرض کی جنس سے ہے تو وصول کرسکتا ہے، ورنہ نہیں، مثلاً تین سو روپے قرض تھا، مقروض کی گھڑی ہاتھ لگ گئی تو قرض خواہ اسے بیچ کر اپنا قرض وصول نہیں کرسکتا اور بٹوہ ہاتھ لگ گیا اور اس میں ہزار روپے تھے تو وہ اس میں سے تین سو روپے لے کر باقی پیسے لوٹا دے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک سونا، چاندی اور کرنسی ایک جنس ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ہر صورت میں قرض وصول کرسکتا ہے، خواہ وہ چیز قرض کی جنس سے ہو یا غیر جنس سے، بلکہ وہ تو یہ بھی فرماتے ہیں کہ قرض خواہ مقروض کے گھر میں چوری کرکے بھی اپنا قرض وصول کرسکتا ہے، اور ایک رائے یہ ہے کہ اس چیز سے قرض وصول کرنا جائز نہیں، اگرچہ وہ چیز قرض کی جنس سے ہو۔ ان حضرات نے حدیث باب سے استدلال کیا ہے، دیگر ائمہ کا استدلال آیت: ﴿جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا﴾ سے اور ﴿وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ﴾ سے ہے، اور حدیث استحباب پر محمول ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''امانت اس شخص کو ادا کر جو تجھ پر اعتماد کرتا ہے، اور اس شخص کے ساتھ خیانت مت کر جو تیرے ساتھ خیانت کرتا ہے''

تشریح: یہ حدیث درحقیقت اخلاقیات کے باب کی ہے، حسنِ اخلاق یہ ہے کہ دوسرا خواہ حسن سلوک کرے یا بدسلوکی، مسلمان کا رویہ اس کے ساتھ حسنِ سلوک کا ہونا چاہئے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''تم اِمَّعہ مت بنو (یہ أنا مع الناس کا مخفف ہے) کہ کہو: اگر لوگ ہمارے ساتھ حسن سلوک کریں گے تو ہم بھی حسنِ سلوک کریں گے، اور اگر لوگ ظلم کریں گے تو ہم بھی ظلم کریں گے، بلکہ اپنے آپ کو خوگر بناؤ کہ لوگ حسنِ سلوک کریں تب بھی حسنِ سلوک کرو اور لوگ بدسلوکی کریں تب بھی تم ظلم نہ کرو'' باب کی حدیث میں بھی اسی اخلاق کی تعلیم دی گئی ہے کہ جو شخص تم پر اعتماد کرکے اور امانت دار سمجھ کر تمہارے پاس کوئی چیز امانت رکھے تو تم اس کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچاؤ، اس کی امانت بے کم وکاست واپس کرو، اور جس کا رویہ تمہارے ساتھ خیانت کا ہو، اگر اس کی کوئی چیز تمہارے ہاتھ لگ جائے تو بھی اس کو امانت سمجھو اور مالک کو پہنچادو، اس میں خیانت نہ کرو، خائن کے ساتھ بھی خیانت کرنا اسلامی تعلیمات کے منافی ہے۔

[۳۸-] بابٌ

[۱۲۴۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا طَلْقُ بنُ غَنَّامٍ، عَنْ شَرِيْكٍ، وَقَيْسٍ، عَنْ أَبِیْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلٰی مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلاَ تَخُنْ مَنْ خَانَكَ"

هٰذَا حديثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ إِلٰی هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَقَالُوْا: إِذَا كَانَ لِلرَّجُلِ عَلٰی آخَرَ شَيْئٌ فَذَهَبَ بِهِ، فَوَقَعَ لَهُ عِنْدَهُ شَيْئٌ، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَحْبِسَ عَنْهُ بِقَدْرِ مَاذَهَبَ لَهُ عَلَيْهِ.

وَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِیِّ، وَقَالَ: إِنْ كَانَ لَهُ عَلَيْهِ دَرَاهِمُ، فَوَقَعَ لَهُ عِنْدَهُ دَنَانِيْرُ، فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَحْبِسَ بِمَكَانِ دَرَاهِمِهِ، إِلَّا أَنْ يَقَعَ عِنْدَهُ لَهُ دَرَاهِمُ، فَلَهُ حِيْنَئِذٍ أَنْ يَحْبِسَ مِنْ دَرَاهِمِهِ بَقَدْرِ مَالَهُ عَلَيْهِ.

ترجمہ: بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور وہ کہتے ہیں: جب کسی کی دوسرے کے پاس کوئی چیز ہو پس وہ اس کو ہڑپ کر جائے، پس اس کے ہاتھ اس کی کوئی چیز لگ جائے تو اس کے لئے اس میں سے اس چیز کے بقدر جو اس نے ہڑپ کی ہے لینا جائز نہیں (یہ قول معلوم نہیں کس کا ہے) اور تابعین میں سے بعض اہل علم اس کی اجازت دیتے ہیں اور وہ سفیان ثوریؒ کا قول ہے۔ اور انھوں نے فرمایا: اگر اس پر اس کے دراہم ہوں پس قرض خواہ کے ہاتھ دینار لگیں تو اس کے لئے دراہم کی جگہ دینار روکنا جائز نہیں، ہاں اگر اس کے ہاتھ دراہم لگیں تو وہ اپنے دراہم کے بقدر جو اس پر ہیں وصول کر سکتا ہے (یہی امام اعظم رحمہ اللہ کا مذہب ہے، مگر ان کے نزدیک دینار، دراہم اور کرنسی ایک جنس ہیں) **لغت**: اِئْتَمَنَ فلاناً: اعتماد کرنا، بھروسہ کرنا۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْعَارِيَةَ مُؤَدَّاةٌ

عاریت پر لی ہوئی چیز مضمون ہے

حدیث (۱): حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "میں نے نبی ﷺ کو حجۃ الوداع کے سال تقریر میں یہ باتیں فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عاریت ادا کی ہوئی ہے، اور ضامن ادائیگی کا ذمہ دار ہے، اور قرض چکایا ہوا ہے"

تشریح: یہ حدیث درحقیقت بابِ معاشرت سے ہے، اس میں نبی ﷺ نے معاشرے میں پائی جانے والی تین خرابیوں کی اصلاح فرمائی ہے:

اول: فرمایا: "عاریت ادا کی ہوئی ہے!" معاشرہ میں یہ خرابی پائی جاتی ہے کہ پڑوس سے کوئی چیز مانگ لاتے ہیں پھر واپس نہیں کرتے، اگر مالک بھول گیا تو اس کی چیز گئی، ورنہ جب مانگنے آئے گا منہ بنا کر دیں گے، یہ طریقہ

غلط ہے، رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث میں فرمایا کہ جب ضرورت پوری ہو جائے تو فوراً وہ چیز شکریہ کے ساتھ واپس کر دو۔

اور شکریہ دو طرح کا ہوتا ہے: ایک: سوکھا شکریہ جو ظاہر ہے، دوسرا تر شکریہ اور وہ یہ ہے کہ کچھ ہدیہ بھی دیا جائے، مثلاً ہمارے یہاں مہمان آئے ہم نے پڑوس سے بڑا برتن منگوایا اور اس میں کھانا پکایا، پس جب کھانا تیار ہو جائے تو اس میں سے ایک پلیٹ پڑوس میں بھی بھیجی جائے یہ تر شکریہ ہے اور اس کا فائدہ یہ ہے کہ آئندہ جب بھی ضرورت پڑے گی پڑوسی فوراً برتن دے گا، مگر لوگ اس سلسلہ میں کوتاہی کرتے ہیں، چنانچہ جب وہ دوبارہ مانگنے جاتے ہیں تو لوگ جھوٹ بولتے ہیں، کہہ دیتے ہیں: نہیں ہے یا کوئی لے گیا ہے یا معلوم نہیں کہاں رکھا ہے یہ اس معاشرتی خرابی کا نتیجہ ہے۔

دوم: فرمایا: ''ضامن ادائیگی کا ذمہ دار ہے!'' ایک خرابی معاشرہ میں یہ بھی پائی جاتی ہے کہ لوگ ذمہ داری اوڑھ لیتے ہیں پھر اس کو نباہتے نہیں، مثلاً ایک شخص زید سے قرض کا مطالبہ کر رہا ہے، خالد آتا ہے اور کہتا ہے: میں ذمہ دار ہوں آپ اس کو چھوڑ دیں، چنانچہ خالد کی ذمہ داری پر وہ شخص زید کو چھوڑ دیتا ہے، اب خالد کی ذمہ داری ہے کہ زید سے قرض دلوائے یا خود بھرے، مگر لوگ اس ذمہ داری کو وقتی بات سمجھتے ہیں اور اپنی ذمہ داری بھول جاتے ہیں، یہ بھی غلط طریقہ ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ضامن ادائیگی کا ذمہ دار ہے اگر مقروض قرض نہ دے تو ضامن کو دینا پڑے گا پھر وہ مقروض سے لے گا۔

سوم: فرمایا: ''قرض چکایا ہوا ہے'' یہ بھی ایک معاشرتی خرابی ہے۔ جب قرض مانگنے آتے ہیں تو ہزار مجبوریاں ظاہر کرتے ہیں اور بڑی منت سماجت کرتے ہیں، مگر قرض وقت پر واپس نہیں کرتے، اور مانگا جائے تو بڑی بے شرمی سے کہتے ہیں: ''بھاگ تھوڑے رہا ہوں!'' یا ''ابھی پیسے نہیں ہیں جب آئیں گے دیدیں گے!'' اور کوئی تو ہنس دیتا ہے، کیونکہ قرض ہنسنا (حسنہ) لیا ہے یہ بھی نہایت بری بات ہے، قرض وقت پر چکانا چاہئے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قرض چکایا ہوا ہے'' یعنی ہر وقت فکر سوار رہنی چاہئے کہ پہلی فرصت میں قرض چکانا ہے اور اگر کسی وجہ سے وقت پر نہ دے سکے تو نظریں نہ چرائے، بلکہ قرض خواہ سے مجبوری بیان کر کے مزید مہلت مانگے اگر وہ مہلت دیدے تو سبحان اللہ! ورنہ کچھ بھی کر کے قرض وقت پر ادا کرے، دوسری مرتبہ فوراً قرض ملے گا، ورنہ ٹال جائے گا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہاتھ پر واجب ہے جو چیز اس نے لی ہے تا آنکہ ہاتھ اسے ادا کردے!''

تشریح: اس حدیث کا بھی مطلب وہی ہے جو العارية مؤداة کا ہے، ان دونوں حدیثوں کی وجہ سے ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: عاریت پر لی ہوئی چیز اگر ضائع ہو جائے تو اس کا ضمان واجب ہے، خواہ وہ چیز عاریت پر لینے والے کی تعدی سے ہلاک ہوئی ہو یا تعدی کے بغیر اور حنفیہ کے نزدیک: اگر وہ چیز عاریت پر لینے والے کی تعدی سے ہلاک

ہوئی ہے تو ضمان واجب ہے، اور اگر اس کی تعدی کے بغیر ہلاک ہوئی ہے تو کوئی ضمان نہیں، کیونکہ وہ امانت تھی اور امانت کا یہی حکم ہے۔ حضرت حسن بصریؒ سے یہ مسئلہ پوچھا گیا تو آپ نے یہی جواب دیا، مگر قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو سہو ہوا، انھوں نے خود یہ حدیث بیان کی ہے کہ علی الید ما أخذتْ حتی تؤدِّیَ پھر مسئلہ اس کے خلاف بتایا، حالانکہ حضرت حسن بصریؒ سے سہو نہیں ہوا بلکہ حضرت قتادہ حدیث کا جو مطلب سمجھ رہے ہیں وہ صحیح نہیں۔ ان دونوں حدیثوں میں ضمان کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ معاشرتی خرابی کی اصلاح ہے جیسا کہ تفصیل سے عرض کیا جا چکا۔

[۳۹-] باب ماجاء أن العارية مؤدَّاةٌ

[۱۲۵۰-] حدثنا هَنَّادٌ، وَعَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، قَالاَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلاَنِيِّ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهِ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: "العَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ، وَالزَّعِيْمُ غَارِمٌ، وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ"

وفي الباب: عَنْ سَمُرَةَ، وَصَفْوَانَ بنِ أُمَيَّةَ، وَأَنَسٍ، حديثُ أَبِيْ أُمَامَةَ حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۱۲۵۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "عَلَى الْيَدِ مَا أَخَذَتْ حَتَّى تُؤَدِّيَ" قَالَ قَتَادَةُ: ثُمَّ نَسِيَ الْحَسَنُ، فَقَالَ: هُوَ أَمِيْنُكَ لاَضَمَانَ عَلَيْهِ، يَعْنِيْ الْعَارِيَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ إِلٰى هٰذَا، وَقَالُوْا: يَضْمَنُ صَاحِبُ الْعَارِيَةِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لَيْسَ عَلَى صَاحِبِ الْعَارِيَةِ ضَمَانٌ إِلاَّ أَنْ يُخَالِفَ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ إِسْحَاقُ.

ترجمہ: بعض صحابہ وغیرہ اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ عاریت پر لینے والا ضامن ہوگا اور یہ شافعی اور احمد کا قول ہے، اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ عاریت پر لینے والے پر ضمان نہیں مگر یہ کہ وہ معروف طریقہ پر استعمال نہ کرے (مثلاً ایک شخص پڑوس سے چھری لایا اور اس سے پتر اکاٹا جس سے چھری ٹوٹ گئی تو ضمان واجب ہوگا اور اگر کپڑا کاٹتے ہوئے چھری ٹوٹ جائے تو کوئی ضمان نہیں) اور یہ ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے اور اسحاق بھی اسی کے قائل ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الِاحْتِکَارِ

ذخیرہ اندوزی کا بیان

حدیث: حضرت سعید بن المسیبؒ نے جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ذخیرہ اندوزی خطا کار ہی کرتا ہے'' محمد بن ابراہیم نے عرض کیا: آپ تو ذخیرہ اندوزی کرتے ہیں؟! حضرت سعید نے فرمایا: میرے استاذ معمر بن عبداللہ بھی ذخیرہ اندوزی کرتے تھے۔

تشریح: حضرت سعید کا عمل تو حجت نہیں کیونکہ وہ تابعی ہیں مگر حضرت معمر صحابی ہیں اور ان کا عمل حجت ہے، پس اگر ذخیرہ اندوزی مطلقاً حرام ہوتی تو حضرت معمرؓ ہرگز ذخیرہ اندوزی نہ کرتے، اس لئے ذخیرہ اندوزی کی تفصیل ضروری ہے، چنانچہ ایک رائے یہ ہے کہ اقوات یعنی کھانے پینے کی وہ چیزیں جن پر لوگوں کا گذارہ ہے جیسے گندم، جو وغیرہ ان کا احتکار ممنوع ہے اور غیر اقوات کا ذخیرہ کرنا جائز ہے، حضرت معمرؓ کیا ذخیرہ کرتے تھے؟ یہ بات تو معلوم نہیں مگر حضرت سعید زیتون کے تیل کا اور خَبَط یعنی درخت کے جھاڑے ہوئے پتوں کا ذخیرہ کرتے تھے، اور یہ دونوں چیزیں غیر اقوات میں سے ہیں اس لئے ان کا احتکار جائز ہے۔

دوسری رائے یہ ہے کہ اسٹاک کرنا جائز ہے، ذخیرہ اندوزی ممنوع ہے۔ اور ذخیرہ اندوزی یہ ہے کہ کوئی چیز بڑی مقدار میں خرید کر رکھ لی جائے اور گرانی کا انتظار کیا جائے اور جب تک بھاؤ نہ بڑھے بیچی نہ جائے اور اسٹاک کرنا یہ ہے کہ دوکان کی ضرورت کے بقدر چیز خرید لی جائے اور اس کی فروختگی جاری رکھی جائے، اول ممنوع ہے کیونکہ اس سے چیزوں کی قلت ہو جاتی ہے بلکہ تجار اس طرح مصنوعی قحط پیدا کر دیتے ہیں، اور ثانی جائز ہے، کیونکہ اس سے نہ داموں پر اثر پڑتا ہے نہ قحط سالی پیدا ہوتی ہے، اور حضرت معمرؓ اور حضرت سعیدؒ اسٹاک کرتے تھے ذخیرہ اندوزی نہیں کرتے تھے۔

[٤٠-] باب ماجاء فی الاحتکار

[١٢٥٢-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ مَعْمَرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ فَضْلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَا يَحْتَكِرُ إِلَّا خَاطِئٌ" فَقُلْتُ لِسَعِيْدٍ: يَا أَبَا مُحَمَّدٍ! إِنَّكَ تَحْتَكِرُ؟ قَالَ: وَمَعْمَرٌ قَدْ كَانَ يَحْتَكِرُ، وَإِنَّمَا رُوِىَ عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ أَنَّهُ كَانَ يَحْتَكِرُ الزَّيْتَ وَالْخَبَطَ وَنَحْوَ هٰذَا.

وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَأَبِىْ أُمَامَةَ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ مَعْمَرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: كَرِهُوْا احْتِكَارَ الطَّعَامِ، وَرَخَّصَ بَعْضُهُمْ فِى الِاحْتِكَارِ فِىْ غَيْرِ الطَّعَامِ، وَقَالَ ابنُ الْمُبَارَكِ: لَابَأْسَ بِالِاحْتِكَارِ فِى الْقُطْنِ وَالسَّخْتِيَانِ وَنَحْوِهِ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے: وہ کھانے کی چیزیں ذخیرہ کرنے کو مکروہ سمجھتے ہیں اور بعض علماء غیر طعام کے ذخیرہ کرنے کی اجازت دیتے ہیں، اور ابن المبارک نے فرمایا: روئی اور چھوٹے جانوروں کی کھالیں وغیرہ اسٹاک کرنے میں کوئی حرج نہیں (سختیان: عربی لفظ نہیں ہے، معلوم نہیں کس زبان کا لفظ ہے، چھوٹے جانور یعنی بکرے وغیرہ کی کھالوں کو سختیان کہتے ہیں)

بابُ ماجاء فی بَیْعِ الْمُحَفَّلاَتِ

تھن میں دودھ روک کر جانور بیچنا

مُحَفَّلَۃٌ: اسم مفعول ہے، اس کا مادہ ح، ف، ل ہے اس مادہ کے معنی ہیں: جمع کرنا، چنانچہ بس کو حافِلة اور جلسہ کو حَفلة کہتے ہیں، کیونکہ ان میں لوگ جمع ہوتے ہیں، اور بیع محفلات اور بیع مصرات ایک چیز ہیں یعنی جانور کے تھن میں دودھ روک کر مشتری کو دھوکہ دینا جائز نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بازار کا استقبال مت کرو یعنی دیہات سے جو سامان برائے فروخت آرہا ہے اس کو بازار میں آنے دو، راستہ میں مت خریدو یا جولا دی تجارتی مال لے کر شہر میں آرہی ہے اس کو آنے دو، آگے جا کر اس سے سامان مت خریدو۔ تفصیل باب ۱۲ میں گذر چکی ہے۔ اور جانور کے تھن میں دودھ روک کر مشتری کو دھوکہ مت دو، اور تم میں سے بعض بعض کا سامان نہ بکوائے جس کا نام ''نجش'' ہے، اس کی تفصیل آگے باب ۶۳ میں آرہی ہے۔

[۴۱-] باب ماجاء فی بیع المُحَفَّلاَتِ

[۱۲۵۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' لاَتَسْتَقْبِلُوْا السُّوْقَ، وَلاَ تُحَفِّلُوْا، وَلاَ يُنَفِّقْ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ''

وفی الباب: عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ، حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ العِلْمِ: كَرِهُوْا بَيْعَ الْمُحَفَّلَةِ، وَهِیَ الْمُصَرَّاةُ، لاَيَحْلُبُهَا صَاحِبُهَا أَيَّامًا أَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ، لِيَجْتَمِعَ اللَّبَنُ فِیْ ضَرْعِهَا، فَيَغْتَرُّ بِهَا الْمُشْتَرِیْ، وَهٰذَا ضَرْبٌ مِنَ الْخَدِيْعَةِ وَالْغَرَرِ.

ترجمہ: اس حدیث پر علماء کا عمل ہے وہ محفلہ جانور کی بیع کو ناپسند کرتے ہیں، اور محفلہ: مصرات ہی ہے، جانور کا مالک اس کو چند دن تک یا اس کے مانند نہ دوہے تا کہ اس کے تھن میں دودھ اکٹھا ہو جائے، پس اس سے مشتری دھوکہ کھائے اور یہ بیع فریب اور دھوکہ کی ایک قسم ہے، اس لئے ممنوع ہے ——— حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے کراہیت بیوع کی جو نو بنیادیں بیان کی ہیں، ان میں سے ایک بنیاد فریب ہے، محفلات کی بیع کی ممانعت کی وجہ

فریب ہے۔اورامام ترمذیؒ کا یہ فرمانا کہ کئی دن تک دودھ نہ دوہے: صحیح نہیں، ایسی صورت میں دودھ سوکھ جائے گا پھر جانور تھن کو ہاتھ بھی نہیں لگانے دے گا، معلوم ہوتا ہے: امام ترمذیؒ نے گائے بھینس اور بکریاں نہیں پالیں۔

بابُ ماجاءَ فی الیَمِیْنِ الْفَاجِرَةِ یُقْتَطَعُ بِهَا مَالُ الْمُسْلِمِ

جھوٹی قسم کھا کرکسی مسلمان کا مال ہڑپ کر جانا بڑا بھاری گناہ ہے

جب عدالت میں مقدمہ پیش ہوتا ہے تو قاضی مدعی سے گواہ طلب کرتا ہے، اگر وہ گواہ پیش نہ کرسکے تو مدعی علیہ سے قسم لی جاتی ہے اور اس پر فیصلہ کیا جاتا ہے، دنیا کی تمام عدالتوں میں بھی جہاں وضعی قوانین ہیں: یہی ضابطہ ہے۔

اس باب میں یہ حدیث ہے کہ عدالت میں جھوٹی قسم کھانا تباہی لاتا ہے، ایک سچا واقعہ ہے کہ ایک مسلمان کا ایک بنیے کے ساتھ ایک زمین کے سلسلہ میں جھگڑا تھا، میرٹھ کی عدالت میں مقدمہ تھا اور جج انگریز تھا، جس دن فیصلہ ہونا تھا بنیا رومال میں کوئی چیز لپیٹ کر لے گیا اور جج کے سامنے اس کو کھول کر کہا: یہ مسلمانوں کی مقدس کتاب قرآن ہے اگر یہ شخص اس کتاب کو ہاتھ میں لے کر قسم کھا کر کہہ دے کہ یہ زمین میری ہے تو میں اس سے دستبردار ہو جاؤں گا، اس بندۂ خدا نے جھوٹی قسم کھالی اور جج نے اس کے حق میں فیصلہ کر دیا، مجھ سے یہ واقعہ اسی بستی کے آدمی نے بیان کیا ہے کہ ایک سال کے اندر اندر اس مسلمان کے گھر کے سب افراد مر گئے، کوئی نہیں بچا۔ یہ اس جھوٹی قسم کا وبال ہے۔ غرض عام معاملات میں بھی جھوٹی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہے، مگر عدالت میں جھوٹی قسم کھانا تو وبال ڈھا دیتا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے کوئی قسم کھائی درانحالیکہ وہ اس میں بدکار ہے یعنی جھوٹی قسم کھائی تاکہ اس کے ذریعہ کسی مسلمان آدمی کا مال ہڑپ کر جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہونگے''

تشریح: اس حدیث میں مسلم کی قید اتفاقی ہے، جیسے پہلے حدیث گذری ہے کہ مسجد باوضو جائے تو ہر قدم پر ایک درجہ بڑھتا ہے اور ایک گناہ معاف ہوتا ہے، وہاں میں نے بتایا تھا کہ حدیث میں باوضو کی قید اتفاقی ہے، عربوں کے عرف کے اعتبار سے ہے چونکہ عربوں کی مسجدوں میں وضو کا انتظام نہیں ہوتا، لوگ گھر سے وضو کر کے آتے ہیں اس لئے حدیث میں یہ قید آئی ہے، یہاں بھی حدیث کا شان ورود ایک مسلمان کا واقعہ ہے اس لئے مسلمٌ کی قید آئی ہے، پس غیر مسلم کا مال ہڑپ کرنے کے لئے جھوٹی قسم کھانے کا بھی یہی وبال ہے۔

اور حدیث کا شان ورود یہ ہے کہ حضرت اشعث بن قیسؓ کا جو حضرموت کے باشندے تھے: ایک یہودی سے زمین کا جھگڑا تھا، وہ زمین اشعثؓ کے دادا سے اس یہودی کے دادا نے غصب کی تھی، اشعثؓ اس کا مقدمہ لے کر نبی ﷺ کے پاس مدینہ آئے، آپؐ نے اشعث سے گواہ طلب کئے کیونکہ وہ مدعی تھے، وہ گواہ پیش نہ کرسکے، کیونکہ اس

معاملہ کا دیکھنے والا کوئی شخص زندہ نہیں تھا، پس آپؐ نے یہودی کو قسم کھلانی چاہی تو حضرت اشعث نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ یہودی ہے، جھوٹی قسم کھا کر میرا مال ہڑپ کر جائے گا! اس سلسلہ میں آل عمران کی یہ آیت (نمبر ۷۷) نازل ہوئی: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ یعنی جو لوگ حقیر بدلہ لے لیتے ہیں اس عہد کے عوض میں جو اللہ تعالیٰ سے انھوں نے کیا ہے اور اپنی قسموں کے عوض میں، ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور اللہ تعالیٰ ان سے (پر لطف) کلام نہیں کریں گے اور ان کی طرف قیامت کے دن (محبت سے) نہیں دیکھیں گے اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک سزا ہوگی۔ اس آیت کے نزول کے بعد آپؐ نے اس یہودی کو اللہ کے عذاب سے ڈرایا اور فرمایا: ''اگر وہ جھوٹی قسم کھائے گا تو جب اس کی اللہ سے ملاقات ہوگی اللہ تعالیٰ اس سے سخت ناراض ہونگے'' پھر کیا ہوا؟ اس یہودی نے قسم کھائی یا نہیں؟ اس سے حدیث ساکت ہے۔

[٤٢-] باب ماجاء فی الیمین الفاجرة یُقْتَطَعُ بها مالُ المسلم

[١٢٥٤-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ: لَقِيَ اللهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ" فَقَالَ الأَشْعَثُ: فِيَّ وَاللهِ! لَقَدْ كَانَ ذٰلِكَ، كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ أَرْضٌ فَجَحَدَنِيْ، فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِيْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: "أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟" فَقُلْتُ: لاَ، فَقَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ: "احْلِفْ" فَقُلْتُ: يَارسولَ الله! إِذًا يَحْلِفُ فَيَذْهَبُ بِمَالِيْ! فَأَنْزَلَ اللهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً﴾ الآيَةَ إِلٰى آخِرِهَا.

وفى الباب: عَنْ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَأَبِيْ أُمَامَةَ بنِ ثَعْلَبَةَ الأَنْصَارِيِّ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ؛ حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: اللہ کے عہد سے مراد: حکم شرع کی پابندی کرنا ہے، یہ عہد ہر بندے نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے پس وأیمانهم تخصیص بعد التعمیم ہے...... اور الآیةَ سے پہلے اِقْرَأْ محذوف ہے۔

بابُ ماجاء إذا اخْتَلَفَ البَيِّعَانِ

متعاقدین میں اختلاف کی صورت میں شرعی حکم

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب متعاقدین میں اختلاف ہو (مثلاً دونوں مبیع یا ثمن کی مقدار میں اختلاف کریں) تو بائع کا قول معتبر ہوگا (یعنی اگر بائع یا مشتری کے پاس اپنے

دعوی کے ثبوت کے لئے گواہ نہ ہوں تو بائع سے قسم لی جائے گی، وہ قسم کھالے تو اس کا قول معتبر ہوگا) اور مشتری کو اختیار ہوگا (چاہے تو بائع کے قول پر راضی ہوجائے اور چاہے تو بیع فسخ کردے) جاننا چاہئے کہ حدیث وفقہ میں جہاں بھی القول قول فلان آتا ہے وہاں قسم کے ساتھ قول معتبر ہوتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث منقطع ہے، عون کا حضرت ابن مسعودؓ سے لقاء وسماع نہیں، اور متن بھی مختلف طرح سے مروی ہے اور اسی حدیث کی وجہ سے امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ فرماتے ہیں: متعاقدین میں خواہ مبیع کی مقدار میں اختلاف ہو یا ثمن کی مقدار میں یا کسی اور بات میں ہر صورت میں بائع کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک قاضی دونوں سے گواہ طلب کرے گا، کیونکہ دونوں من وجہٍ مدعی اور من وجہ منکر ہیں، پس دونوں میں سے جو بھی گواہ پیش کرے اس کا قول معتبر ہوگا اور اگر دونوں گواہ پیش کریں تو جو گواہ زیادتی ثابت کریں ان کو ترجیح دی جائے گی۔ اور اگر دونوں کے پاس گواہ نہ ہوں تو بیع فسخ کردی جائے گی، اور متعاقدین اپنے اپنے عوض پھیر لیں گے، مسئلہ کی مزید تفصیل ہدایہ کتاب الدعوی باب التحالف میں ہے، خواہش مند حضرات اس کی طرف رجوع کریں۔

ملحوظہ: یہ حدیث بہت ہی مختلف الفاظ سے مروی ہے اور بقول شوکانی: متعاقدین میں اختلاف کی تمام صورتوں میں کسی فقیہ نے اس حدیث پر عمل نہیں کیا، بلکہ ان میں سخت اختلاف ہے جو کتب فقہ میں مذکور ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ حدیث البینة علی المدعی و الیمین علی من أنکر سے قدرے متعارض ہے، اس لئے طریق جمع میں اختلاف ہوگیا ہے (نیل الاوطار)

[٤٣-] باب ماجاء إذا اختلف البيعان

[١٢٥٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَوْنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ”إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ، فَالْقَوْلُ قَوْلُ الْبَائِعِ، وَالْمُبْتَاعُ بِالْخِيَارِ“

هٰذَا حديثٌ مُرْسَلٌ، عَوْنُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَمْ يُدْرِكِ ابنَ مَسْعُوْدٍ، وَقَدْ رُوِىَ عَنِ الْقَاسِمِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الْحَدِيْثُ أَيْضًا، وَهُوَ مُرْسَلٌ أَيْضًا.

قَالَ ابنُ مَنْصُوْرٍ: قُلْتُ لِأَحْمَدَ: إِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ، وَلَمْ تَكُنْ بَيِّنَةٌ؟ قَالَ: الْقَوْلُ مَا قَالَ رَبُّ السِّلْعَةِ، أَوْ يَتَرَادَّانِ، قَالَ إِسْحَاقُ: كَمَا قَالَ!

وَكُلُّ مَنْ كَانَ الْقَوْلُ قَوْلَهُ، فَعَلَيْهِ الْيَمِيْنُ، وَقَدْ رُوِىَ نَحْوُ هٰذَا عَنْ بَعْضِ التَّابِعِيْنَ، مِنْهُمْ شُرَيْحٌ.

وضاحت: عون: حضرت ابن مسعودؓ کے بھتیجے کے لڑکے ہیں، پورا نام یہ ہے: عون بن عبد الله بن عتبة بن مسعود —— اور اس حدیث کو ابن مسعودؓ کے پوتے قاسم بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود بھی براہ راست

اپنے دادا ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں اور یہ بھی منقطع ہے، یہ روایت بیہقی کی کتاب المعرفہ میں ہے (نصب الرایہ ۴:۱۰۶) اور ابن ابی لیلیٰ جوضعیف اور صاحب اوہام ہیں: قاسم سے وہ اپنے ابا عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود سے اور وہ اپنے ابا حضرت ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ روایت ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے، اور یہ بھی منقطع ہے کیونکہ عبدالرحمٰن کا بھی لقاء وسماع اپنے ابا حضرت ابن مسعود سے نہیں۔

ترجمہ: اسحاق بن منصورؒ کہتے ہیں: میں نے امام احمدؒ سے پوچھا: جب متعاقدین اختلاف کریں اور گواہ نہ ہوں (تو فیصلہ کس طرح ہوگا؟) انھوں نے فرمایا: مبیع کے مالک کا یعنی بائع کا قول معتبر ہوگا (اور یہ فیصلہ مشتری کو منظور نہ ہو تو) دونوں فریق اپنے اپنے عوض پھیر لیں (اور بیع فسخ کردیں) اسحاق کہتے ہیں: دریں چہ شک! یعنی مسئلہ یہی ہے جو امام احمدؒ نے بیان فرمایا ـــــ اس کے بعد امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: جہاں بھی القولُ قولُ فلان آئے تو اس پر قسم ہوگی یعنی اس کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہوگا، بعض تابعین سے جن میں قاضی شریح شامل ہیں اسی طرح کی بات (یہی قاعدہ) مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فِیْ بَیْعِ فَضْلِ الْمَاءِ

ضرورت سے زائد پانی بیچنے کا حکم

حدیث (۱): ایاس بن عبداللہ مُزنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے پانی بیچنے سے منع فرمایا۔

تشریح: تمام ائمہ متفق ہیں کہ دریاؤں، نہروں اور سمندروں کا پانی مباح الاصل ہے، ہر شخص کو اس سے استفادے کا حق حاصل ہے، پس اس کی بیع جائز نہیں۔ اور اس پر بھی سب کا اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص مذکورہ بالا مباح پانی کو اپنے برتن میں یا اپنی ٹنکی میں سمیٹ لے تو وہ اس پانی کا مالک ہوجاتا ہے، اب اس پانی کو فروخت کرنا جائز ہے، اور حدیث باب میں جو پانی کو بیچنے کی ممانعت ہے وہ اس قسم کے پانی کے بارے میں نہیں ہے، اور اپنے ذاتی کنویں کا پانی فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اکثر علماء اس پانی کو بھی مباح الاصل قرار دیتے ہیں، مگر میری رائے یہ ہے کہ اپنے کنویں کا پانی مملوکہ ہے اور اس کو فروخت کرنے کی گنجائش ہے اور مذکورہ حدیث میں ممانعت مکارم اخلاق کے قبیل سے ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے جن لوگوں کے پاس زیادہ جانور ہوتے تھے وہ اپنے جانوروں کو پلانے کے لئے چراگاہ میں کنواں کھود لیتے تھے، نبی ﷺ نے ان لوگوں سے فرمایا: اگر کوئی شخص تمہارے کنویں سے اپنے جانوروں کو پانی پلانا چاہے اور پانی تمہاری ضرورت سے زائد ہو تو اس کو منع نہ کرو، کسی کو پانی سے روکنا یا اس سے پانی کی قیمت وصول کرنا مروّت وانسانیت کے خلاف ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بچا ہوا پانی نہ روکا جائے تاکہ اس کے ذریعے گھاس روک لی جائے''

تشریح: سرکاری چراگاہ کی خودرو گھاس مباح الاصل ہے، ہر شخص کو اس سے فائدہ اٹھانے کا حق ہے، پس سرکاری

چراگاہ میں جس نے اپنے جانوروں کی سیرابی کے لئے کنواں کھودا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کو اس گھاس سے روکے، اور نہ کوئی حیلہ کرنا جائز ہے، مثلاً ایک شخص کنویں کے اردگرد کی گھاس اپنے جانوروں کے لئے خاص کرنا چاہتا ہے اس لئے وہ لوگوں کو کنویں کے پانی سے منع کرتا ہے، جب جانور پانی پینے کے لئے نہیں آئیں گے تو گھاس خود بخود محفوظ ہوجائے گی۔ نبی ﷺ نے ایسا حیلہ کرنے سے منع کیا، معلوم ہوا کہ پانی فروخت کرنا تو فی نفسہ جائز ہے مگر گھاس کی وجہ سے منع کرنا جائز نہیں۔ اگر کنویں کا پانی مباح الاصل ہوتا اور اس کو بیچنا ممنوع ہوتا تو حدیث میں فضل (زائد) کی قید نہ ہوتی، کیونکہ جو چیز مباح الاصل ہے وہ ضرورت کے بقدر ہو یا ضرورت سے زائد ہر صورت میں اس کی بیع ممنوع ہے۔

غرض دونوں حدیثیں سرکاری چراہ گاہ میں جو کنویں کھودے جاتے ہیں ان کے بارے میں ہیں اور پہلی حدیث میں ممانعت مکارم اخلاق کے قبیل سے ہے اور دوسری حدیث میں گھاس بچانے کے لئے حیلہ کرنے کی ممانعت ہے۔

فائدہ: ابوداؤد میں حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تین چیزوں میں مسلمان شریک ہیں: گھاس، پانی اور آگ میں'' اس حدیث کی وجہ سے علماء فرماتے ہیں: یہ تینوں چیزیں مباح الاصل ہیں، ان کو بیچنا یا ان سے کسی کو روکنا جائز نہیں، اگرچہ وہ چیزیں مملوکہ زمین میں اور مملوکہ کنویں میں ہوں۔ مگر میری رائے یہ ہے کہ مملوکہ زمین کی گھاس اور پانی: زمین اور کنویں کے مالک کی ملک ہے، اس کو فروخت کرنے کی گنجائش ہے۔ اس لئے کہ نبی ﷺ کا مذکورہ ارشاد ایک غزوہ (جنگ) کے موقع کا ہے، ابوداؤد میں اس کی صراحت ہے (حدیث ۳۴۷۷) پس اس حدیث کا محمل سرکاری جنگل کی گھاس اور چشموں اور نہروں کا پانی ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب فوج کسی جگہ پڑاؤ کرتی ہے، اور پڑاؤ ایسی جگہ کرتی ہے جہاں گھاس پانی کی سہولت ہو تو فوج کے سربراہ کی طرف سے آگ کا لاوا روشن کیا جاتا تھا، کیونکہ اس زمانہ میں ہر شخص بسہولت آگ نہیں جلاسکتا تھا، چق ماق پتھر سے آگ روشن کی جاتی تھی، پھر فوجی اس میں سے آگ لے کر اپنے چولھے جلاتے تھے مگر کبھی ہوتا یہ تھا کہ بعض لوگ پانی پر اور گھاس پر قبضہ جمالیتے تھے اور دوسروں کو ان سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں دیتے تھے، اور بعض لوگ اس لاوے پر ہی کھانا پکانے لگتے تھے، اس لئے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ان تینوں چیزوں میں سب لوگ شریک ہیں، ہر شخص کو ان سے استفادہ کا حق ہے، کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسرے کو ان سے منع کرے، پس یہ حدیث خاص آگ، پانی اور گھاس کے بارے میں ہے، عام نہیں ہے۔

سوال: اگر کوئی اعتراض کرے کہ قاعدہ ہے: **العبرة لعموم اللفظ لالخصوص الموردِ:** یعنی اگر نص کے الفاظ عام ہوں تو حکم عام ہوتا ہے، موردِ کے ساتھ خاص نہیں رہتا، پس مذکورہ ارشاد اگرچہ کسی غزوہ کے موقع کا ہے مگر چونکہ الفاظ عام ہیں اس لئے حکم عام ہوگا اور دنیا کی ہر گھاس، آگ اور پانی کا یہی حکم ہوگا۔

تو جواب: یہ ہے کہ یہ قاعدہ بیشک صحیح ہے مگر اس کا مطلب یہ ہے کہ حکم موردِ کی حد تک عام ہوتا ہے، حاجی

بہلول کے پجامے جتنا عام نہیں ہوتا اور اس حدیث کا مورد خاص جنگل کی گھاس اور خاص آبشاروں اور نہروں کا پانی ہے، کیونکہ جب نبی ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تھا تو فوج کسی خاص جنگل میں قیام پذیر تھی، مگر یہ حکم اس بیابان کے ساتھ خاص نہیں دنیا کے تمام جنگلوں کی گھاس اور پانی کا یہی حکم ہے، مگر ذاتی زمین کی گھاس اور ذاتی کنویں کے پانی کا یہ حکم نہیں، کیونکہ وہ حدیث کے مورد کے عموم میں شامل نہیں۔

اور میں نے جو رائے قائم کی ہے اس کی دلیل یہ ہے کہ فقہ کا طے شدہ ضابطہ ہے کہ مملوکہ شی کے زوائد مملوک ہوتے ہیں جیسے آم کے درخت پر بارش کے پانی سے پھل آئے تو وہ درخت کے مالک کے مملوکہ ہیں، پس مملوکہ زمین میں جو گھاس خود بخود اگتی ہے وہ مملوکہ زمین کے زوائد ہیں، پس زمین کا مالک اس کا بھی مالک ہوگا اور جب وہ اس گھاس کا مالک ہے تو وہ اس کو بیچ سکتا ہے، یہی حکم کنویں کے پانی کا ہے، البتہ سرکاری زمین میں جو خودرو گھاس ہوتی ہے اس کا کوئی مالک نہیں، کیونکہ زمین کا کوئی مالک نہیں، پس نہ صرف یہ کہ اس کو فروخت کرنا یا کسی کو اس سے روکنا جائز نہیں بلکہ اس گھاس کو اپنے لئے ریزرو کرنے کے لئے کوئی حیلہ کرنا بھی جائز نہیں۔

غرض باب کی پہلی حدیث مکارم اخلاق (مروّت وحسن سلوک) کے باب سے ہے اور دوسری حدیث میں گھاس روکنے کے لئے حیلہ کرنے کی ممانعت ہے۔ ان حدیثوں سے ہر پانی اور ہر گھاس کے مباح الاصل ہونے پر استدلال کرنا شاید درست نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

ملحوظہ: کوئی بھی شخص اس کا روادار نہیں ہوتا کہ اپنی مملوکہ زمین کی خودرو گھاس دوسرے کو لینے دے، مفتی بھی اس کی اجازت نہیں دے سکتا، پس صرف قبرستان کی گھاس فتوے کا مصداق باقی رہتی ہے، کیونکہ مردے کسی کی ٹانگ نہیں پکڑ سکتے، اور کوئی بھی مسئلہ ایسا کیسے ہوسکتا ہے کہ اس پر کوئی بھی عمل نہ کر سکے!؟

لطیفہ: حاجی بہلول: ایک مجذوب تھے، صرف پجامہ پہنتے تھے، اور پائینچے باندھ لیتے تھے، اور جو بھی کوئی چیز دیتا: نیفے سے اس میں ڈال لیتے تھے، خواہ روٹی ہو، دال ہو، کیلا ہو یا پیسہ ہو۔

[۴۴-] باب ماجاء فی بیع فضل الماء

[۱۲۵۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا دَاوُدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِى الْمِنْهَالِ، عَنْ إِيَاسِ بنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِىِّ قَالَ: نَهَى النبىُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ.

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَبُهَيْسَةَ، عَنْ أَبِيْهَا، وَأَبِى هُرَيْرَةَ، وَعَائِشَةَ، وَأَنَسٍ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو.

حديثُ إِيَاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُمْ كَرِهُوْا بَيْعَ الْمَاءِ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِىِّ، وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ بَيْعِ

الْمَاءِ، مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ.

[۱۲۵۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''لَايُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ جو پانی کی بیع کو جائز کہتے تھے تو اس کی تفصیل مروی نہیں کہ برتنوں کے پانی کی بیع کو جائز کہتے تھے یا کنویں کے پانی کی بیع کو بھی جائز کہتے تھے، مگر جمہور کے قول سے مقابلہ اس بات کی طرف مشیر ہے کہ وہ کنویں کے پانی کی بیع کو بھی جائز کہتے ہونگے۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاءَ في كَرَاهِيَةِ عَسْبِ الْفَحْلِ

بجار (سانڈ) کی اجرت جائز نہیں

فَحْل: کے معنی ہیں: سانڈ، بجار، وہ نر جو نسل کشی کے لئے ہوتا ہے، اور عَسْب کے معنی ہیں: اجرت، مگر یہ لفظ بجار کی اجرت کے لئے خاص ہے —— بجار کی اجرت ناجائز ہے کیونکہ مادہ پر جست کرنے سے حمل ٹھہرا یا نہیں یہ بات معلوم نہیں، پس منفعت مجہول ہے اس لئے اجارہ فاسد ہے، البتہ نذرانہ جائز ہے، یعنی اگر کوئی شخص بجار کے گھاس دانہ وغیرہ کے لئے پیسے دے یا بجار کے مالک کو ہدیہ دے یا اس کی عزت افزائی کرے تو یہ جائز ہے، جیسے تراویح کی اجرت جائز نہیں مگر نذرانہ جائز ہے یعنی کمیٹی کے حضرات مسجد کے فنڈ سے یا چندہ کرکے کچھ دیں یہ تو جائز نہیں لیکن اگر کوئی مصلّی اپنی طرف سے امام صاحب کی خدمت کرے اور ہدیہ دے تو جائز ہے۔

[٤٥-] باب ماجاء في كَرَاهية عَسْبِ الْفَحْلِ

[۱۲۵۸-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وَأَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَا: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عُلَيَّةَ، ثنا عَلِيُّ بنُ الْحَكَمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ.

وفي الباب: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَنَسٍ، وَأَبِي سَعِيْدٍ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ فِيْ قَبُوْلِ الْكَرَامَةِ عَلَى ذٰلِكَ.

[۱۲۵۹-] حدثنا عَبْدَةُ بنُ عَبْدِ اللهِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بنُ آدَمَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ حُمَيْدٍ الرُّؤَاسِيِّ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ كِلَابٍ سَأَلَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ، فَنَهَاهُ، فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ! إِنَّا نُطْرِقُ الْفَحْلَ فَنُكْرَمُ، فَرَخَّصَ لَهُ فِي الْكَرَامَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ حُمَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ.

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے بجار کی اجرت سے منع فرمایا ــــــ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ قبیلۂ کلاب کے ایک شخص نے نبی ﷺ سے بجار کی اجرت کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے اس کو منع کیا، پس اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہم نرکو (مادہ پر) جست کراتے ہیں، پس ہم نذرانہ دیئے جاتے ہیں پس آپؐ نے ان کو نذرانہ قبول کرنے کی اجازت دی (أَكْرَمَ فلانًا: عزت کرنا، تعظیم کرنا۔ الکَرَامَة: عزت، لفلان عليَّ كرامة: فلاں کی میرے دل میں عزت ہے، نذرانہ بھی معزز شخص کو دیا جاتا ہے اس لئے یہ ترجمہ کیا گیا ہے)

بابُ ماجاء فی ثَمَنِ الْكَلْبِ

کتے کی قیمت کا حکم

صاحب ہدایہ کے نزدیک ہر کتے کی بیع جائز ہے اور جب کتے کی بیع جائز ہے تو ثمن حلال ہے، اور علامہ سرخسیؒ کے نزدیک جو صاحب ہدایہ کے استاذ الاستاذ ہیں: صرف معلّم کتے کی بیع جائز ہے یعنی وہ کتا جس کو کوئی فن سکھایا گیا ہو اس کی بیع جائز ہے، اور غیر معلّم کتے کی بیع ناجائز ہے۔ علامہ کشمیری قدس سرہ نے اس رائے کو پسند کیا ہے۔

دوسری بات: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کتا نجس العین ہے، پس اس کی بیع اور ثمن کے جواز کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، مگر کتے کے نجس العین ہونے کی کوئی دلیل میرے علم میں نہیں، بلکہ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تو کتے کا جھوٹا پاک ہے اور ایک غیر صحیح روایت اس کی حلت کی بھی ہے، پس اس کی بیع اور ثمن دونوں حلال ہونگے۔

حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے کتے کی بیع کے عدم جواز پر یہ دلیل دی ہے کہ نبی ﷺ نے کتے کی قیمت سے منع فرمایا، مگر جب ان سے سوال کیا گیا کہ نبی ﷺ نے تو بلی کی قیمت سے بھی منع فرمایا ہے حالانکہ وہ آپ کے نزدیک جائز ہے؟ پس انھوں نے جواب دیا کہ یہ ممانعت اس لئے ہے کہ شریعت چاہتی ہے کہ بلی مباح الاصل رہے، لیکن اگر کسی کو بلّی کی ضرورت ہو اور مفت نہ ملے تو خرید سکتا ہے، پس یہی جواب کتے کی قیمت کی ممانعت کا بھی دیا جاسکتا ہے یعنی شریعت کتے کو بھی مباح الاصل رکھنا چاہتی ہے لیکن اگر مجبوری ہو تو کتے کی خرید وفروخت جائز ہے اور اس کا ثمن حلال ہے، مگر کتوں کا کاروبار کوئی پسندیدہ کاروبار نہیں۔

بہ الفاظ دیگر: کچھ پیشے اور خرید وفروخت اگرچہ فی نفسہ جائز ہوتی ہے مگر شریعت اس کو پسند نہیں کرتی، مثلاً کمانے کا پیشہ یعنی بیت الخلاء صاف کرنے کا پیشہ، اسی طرح پچھنے لگانے کا پیشہ اور بدن کی چمپی کرنے کا پیشہ جائز ہے مگر پسندیدہ نہیں، کیونکہ اس میں نجاست سے قرب ہے، گندہ خون بار بار منہ میں لینا پڑتا ہے اور ننگا پے پر نظر پڑتی ہے، مگر جائز پیشہ ہے۔ ابوطیبہؓ نے نبی ﷺ کے پچھنے لگائے ہیں اور آپؐ نے ان کو اجرت میں دو صاع غلہ دیا ہے، پس معلوم ہوا کہ یہ پیشہ جائز ہے، پھر بھی آپؐ نے اس پیشہ سے منع فرمایا ہے۔ ایک صحابی نے آنحضور ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ!

میرا غلام پچھنے لگانا جانتا ہے پس کیا میں اس سے یہ دھندا کراسکتا ہوں؟ آپؐ نے منع فرمایا۔ اس نے دوسری مرتبہ پوچھا: آپؐ نے پھر منع کیا، اس نے تیسری مرتبہ پوچھا تو آپؐ نے اجازت دی اور فرمایا: وہ جو اجرت لائے اسے خود نہ کھانا بلکہ اپنی اونٹنی کو اور اپنے غلام کو کھلا دینا، حالانکہ جانوروں کو اور غلاموں کو وہی چیز کھلا سکتے ہیں جو اپنے لئے حلال ہے اور جو اپنے لئے حلال نہیں وہ جانور کو کھلانا بھی جائز نہیں، نہ غلاموں کو کھلانا جائز ہے، پس معلوم ہوا کہ پچھنے لگانے کی اجرت جائز ہے مگر یہ کام پسندیدہ نہیں، اسی طرح کچھ بیوع ہیں مثلاً کتے اور بلی کی خرید وفروخت اگرچہ فی نفسہ جائز ہے مگر چونکہ یہ کاروبار پسندیدہ نہیں اس لئے آنحضور ﷺ نے اس سے منع فرمایا۔

[٤٦-] باب ماجاء فی ثمن الكلب

[١٢٦٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، ح: وحَدَّثَنَا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِى بَكْرِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِى مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، ومَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٢٦١-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِى كَثِيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ قَارِظٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ؛ أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: "كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ، وَمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ، وَثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ"

وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِى هُرَيْرَةَ وابنِ عَبَّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ.

حديثُ رَافِعٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ: كَرِهُوْا ثَمَنَ الْكَلْبِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ ثَمَنِ كَلْبِ الصَّيْدِ.

وضاحت: باب میں جو حدیث ہے وہ کتاب النکاح باب ۳۵ میں گذر چکی ہے، تفصیل وہاں دیکھ لی جائے، باقی تفصیل اگلے ابواب میں آرہی ہے ——— اس حدیث پر اکثر علماء کا عمل ہے وہ کتے کے ثمن کو ناجائز کہتے ہیں اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء نے شکاری کتے کے ثمن کی اجازت دی ہے۔

بابُ ماجاء فی کَسْبِ الْحَجَّامِ

پچھنے لگانے والے کی آمدنی کا حکم

حدیث: حضرت مُحَیِّصَة رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پچھنے لگانے والے کے اجارہ کی اجازت طلب کی،

آپؐ نے ان کو منع فرمایا۔ پس وہ برابر پوچھتے رہے اور اجازت طلب کرتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے فرمایا: ''وہ اجرت اپنی پانی بردار اونٹنی اور اپنے غلام کو کھلا دینا'' ــــــ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حجام کی اجرت اگرچہ جائز ہے مگر یہ پیشہ اچھا نہیں اس لئے کہ پچھنے لگانے والا اپنے منہ سے انسان کا گندہ اور ناپاک خون چوس کر پھینکتا ہے جس کی وجہ سے آپؐ نے اس پیشے کو پسند نہیں فرمایا۔

[۴۷-] باب ماجاء فی کسب الحجام

[۱۲۶۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنِ ابنِ مُحَيِّصَةَ أَخِيْ بَنِيْ حَارِثَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ إِجَارَةِ الْحَجَّامِ، فَنَهَاهُ عَنْهَا، فَلَمْ يَزَلْ يَسْأَلُهُ، وَيَسْتَأْذِنُهُ، حَتَّى قَالَ: '' اعْلِفْهُ نَاضِحَكَ، وَأَطْعِمْهُ رَقِيْقَكَ''

وفی الباب: عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وَأَبِيْ جُحَيْفَةَ، وَجَابِرٍ، وَالسَّائِبِ، حديثُ مُحَيِّصَةَ حديثٌ حسنٌ. وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَالَ أَحْمَدُ: إِنْ سَأَلَنِيْ حَجَّامٌ نَهَيْتُهُ، وَآخُذُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

لغات: النَّاضِح: آب پاشی کے لئے پانی لے جانے والا اونٹ وغیرہ ــــــ الحَجَّام: پچھنے لگانے والا، سینگی لگانے والا، سینگی کے ذریعہ خراب خون چوسنے والا (یہ ایک طریقہ علاج تھا)

ترجمہ: امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی مجھ سے پوچھے: میں یہ پیشہ کروں؟ تو میں اس کو منع کروں گا اور میں اس حدیث کو لونگا (اس حدیث کو تمام علماء لیتے ہیں بایں معنی کہ یہ گندہ پیشہ ہے)

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

پچھنے لگانے والے کی آمدنی کا جواز

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے پچھنے لگوائے اور آپؐ کے پچھنے ابوطیبہ نے لگائے، پس آپؐ نے اس کو دو صاع غلہ دینے کا حکم فرمایا اور (اس کی درخواست پر) آپؐ نے اس کے آقاؤں سے بات کی اور اس کا خراج کم کرادیا یعنی اس کے آقاؤں نے اس پر جو آمدنی لازم کی تھی اس کو کم کرادیا اور فرمایا: ''پچھنے لگوانا بہترین طریقۂ علاج ہے'' ــــ أفضل اور أمثل کے ایک معنی ہیں۔ نبی ﷺ نے کونسا لفظ بولا تھا یہ راوی کو یاد نہیں رہا۔

تشریح: یہ حدیث پچھنے لگانے کی آمدنی کی جواز کی دلیل ہے، اس لئے کہ قاعدہ ہے: إجازةُ الشيئِ إجازةٌ لِما يُحَصِّلُه یعنی اگر کسی چیز کی اجازت دی جائے تو جو اس کا موقوف علیہ ہوتا ہے اس کی خود بخود اجازت ہوجاتی ہے۔ جب نبی ﷺ نے پچھنے لگانے کو بہترین علاج قرار دیا تو پچھنے لگوانا جائز ہوا، پس اس کی اجرت بھی جائز ہوئی چنانچہ

آپؐ نے ابوطیبہ کو بہ طور اجرت دو صاع غلہ دیا۔

[٤٨-] باب ماجاء فی الرخصة فی كسب الحجام

[١٢٦٣-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ؟ فَقَالَ أَنَسٌ: احْتَجَمَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَحَجَمَهُ أَبُوْ طَيْبَةَ، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ، وَكَلَّمَ أَهْلَهُ فَوَضَعُوْا عَنْهُ مِنْ خَرَاجِهِ، وَقَالَ: "إِنَّ أَفْضَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ" أَوْ: "إِنَّ مِنْ أَمْثَلِ دَوَائِكُمُ الْحِجَامَةَ"

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عَبَّاسٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ

بلی اور کتے کی قیمت کی کراہیت

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کتے اور بلی کے ثمن سے منع فرمایا پس ان کی خرید وفروخت ممنوع قرار پائی۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بلی اور اس کی اجرت کھانے سے منع فرمایا —— کتاب کے شروع میں یہ قاعدہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک سلسلۂ بیان میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، یہ اس کی ایک مثال ہے۔ بلی کا کھانا حرام ہے اور اجرت کھانے کی حرمت اس سے ہلکی ہے یعنی اختیار اولیٰ کے طور پر ممانعت ہے۔

ملحوظہ: اس باب میں کتے کا ذکر اللہ جانے محفوظ ہے یا نہیں، کیونکہ پہلے باب ۴۶ میں اس کا تذکرہ آچکا ہے۔

[٤٩-] باب ماجاء فی كَرَاهِيَةِ ثَمَنِ الكلبِ والسنور

[١٢٦٤-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، وَعَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، قَالَا: ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهٰى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ.

هٰذَا حديثٌ فِيْ إِسْنَادِهِ اضْطِرَابٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ، عَنْ جَابِرٍ، وَاضْطَرَبُوْا عَلَى الْأَعْمَشِ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ.

وَقَدْ كَرِهَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ ثَمَنَ الْهِرِّ، وَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُهُمْ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَرَوَى ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۱۲۶۵-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثنا عُمَرُ بْنُ زَيْدٍ الصَّنْعَانِيُّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ نَهٰى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ الْهِرِّ وَثَمَنِهِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعُمَرُ بْنُ زَيْدٍ: لَانَعْرِفُ كَبِيْرَ أَحَدٍ رَوَى عَنْهُ، غَيْرَ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.

وضاحت: پہلی حدیث میں اعمش کے بعد اختلاف ہے کہ انھوں نے یہ حدیث ابوسفیان سے سنی ہے یا نہیں؟ نیز ابن فضیل اس حدیث کی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، مگر بیہقی کی رائے یہ ہے کہ یہ حدیث علی شرط مسلم ہے —— اور دوسری حدیث میں عمر راوی ٹھیک نہیں وہ مشاہیر سے مناکیر روایت کرتا ہے اور عبد الرزاق صنعانی کے علاوہ اس سے کوئی بڑا آدمی روایت نہیں کرتا، اس لئے یہ دونوں روایات تو صحیح نہیں، مگر مسلم شریف میں روایت ہے کہ ابوالزبیر نے حضرت جابرؓ سے کتے اور بلی کے ثمن کے بارے میں پوچھا تو آپ نے اس سے جھر کا یعنی ممانعت کی، یہ روایت صحیح ہے۔

بابٌ

معلّم کتے کی بیع جائز ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کتے کے ثمن سے منع فرمایا مگر شکاری کتے کو مستثنیٰ کیا (پس جس کتے کو کوئی فن سکھایا گیا ہو اس کی خرید وفروخت جائز ہے) جاننا چاہئے کہ یہ حدیث ضعیف ہے أبو الْمُهَزَّم جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دس سال رہے ہیں: ضعیف ہیں، علماء نے ان کی تضعیف کی ہے۔

[۵۰-] باب

[۱۲۶۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَزَّمِ، عن أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَى عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، إِلَّا كَلْبَ الصَّيْدِ.

هٰذَا حديثٌ لَايَصِحُّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ الْمُهَزَّمِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ، وَتَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَرُوِيَ عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا، وَلَايَصِحُّ إِسْنَادُهُ أَيْضًا.

وضاحت: حضرت جابرؓ کی حدیث نسائی (حدیث ۴۶۶۸) میں ہے، اس کے تمام راوی ثقہ ہیں مگر معلوم نہیں کیوں امام نسائی نے اس کو منکر کہا ہے اور امام ترمذیؒ بھی یہی فرمارہے ہیں کہ اس کی سند صحیح نہیں۔ فاللہ اعلم

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ بَیْعِ الْمُغَنِّیَاتِ

گانے بجانے والی باندیوں کی خرید وفروخت ممنوع ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گانے والی باندیوں کو نہ تو بیچو اور نہ خریدو (قَیْنات: قَیْنَۃٌ کی جمع ہے اور یہ لفظ گانے والی باندی کے لئے خاص ہے) اور نہ ان کو گانا سکھاؤ اور ان کی تجارت میں کوئی خیر نہیں، اور ان کی قیمت حرام ہے، اور اسی طرح کے معاملات میں یہ آیت نازل ہوئی ہے: ''بعض لوگ وہ ہیں جو کھیل کی باتوں کو خریدتے ہیں تاکہ اللہ کی راہ سے لوگوں کو گمراہ کریں (لقمان آیت ۶)

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں کچھ لوگ اپنی باندیوں کو گانا بجانا سکھاتے تھے پھر وہ باندیاں بھاری داموں پر فروخت ہوتی تھیں، شریعت مطہرہ نے نہ صرف یہ کہ باندیوں کو گانے بجانے کی تعلیم دینے سے منع کیا بلکہ اس کی خرید وفروخت اور اس کے ثمن کو بھی حرام قرار دیا کیونکہ وہ باندیاں لہوالحدیث یعنی اللہ کی یاد سے غافل کرنے والی ہیں، لہٰذا ہر وہ کھیل جو اللہ کی یاد سے غافل کرنے والا ہو اس کا یہی حکم ہے، مثلاً: ٹی وی دیکھنا، ناول اور افسانہ پڑھنا، کرکٹ دیکھنا، کومنٹری سننا وغیرہ سب لہوالحدیث ہیں اور حرام ہیں۔ طلبہ کو اس سے غایت درجہ اجتناب کرنا چاہئے، خاص طور پر کرکٹ کا کھیل تو ایسا منحوس کھیل ہے کہ جس کو اس کے کھیلنے کی یا دیکھنے سننے کی عادت پڑگئی وہ کبھی پڑھنے میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔ اللّٰھم احفظنا منه!

فائدہ: یہاں سے صاحبین رحمہما اللہ نے یہ سمجھا ہے کہ جو چیز معصیت کا ذریعہ ہو اس کی خرید وفروخت اور اجارہ وغیرہ حرام ہے، اگرچہ فاعلِ مختار کا فعل متخلل ہو یعنی درمیان میں آئے، مگر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بیع جائز ہے، کیونکہ اس کو معصیت میں استعمال کرنے والا فاعلِ مختار ہے، پس بائع سے اس کی نسبت منقطع ہوجائے گی اور علماء نے کہا ہے کہ فتوی امام صاحب کے قول پر ہے، اور تقوی صاحبین کے قول پر عمل کرنے میں ہے۔

[۵۱-] باب ماجاء فی کراهیة بیعِ الْمُغَنِّیَاتِ

[۱۲۶۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا بَکْرُ بنُ مُضَرَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِیِّ بنِ یَزِیْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " لاتَبِیْعُوْا الْقَیْنَاتِ، وَلاَ تَشْتَرُوْهُنَّ، وَلاَ تُعَلِّمُوْهُنَّ، وَلاَ خَیْرَ فِیْ تِجَارَةٍ فِیْهِنَّ، وَثَمَنُهُنَّ حَرَامٌ، فِیْ مِثْلِ هٰذَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآیَةُ: ﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

يَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ.
وَفِی الْبَابِ: عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، حديثُ أَبِیْ أُمَامَةَ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا مَنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ عَلِیِّ بنِ يَزِيْدَ، وَضَعَّفَهُ، وَهُوَ شَامِیٌّ.

وضاحت: یہ حدیث اولاً تو صحیح نہیں، علی بن یزید کو امام بخاریؒ نے منکر الحدیث قرار دیا ہے، پھر اس کی تاویل ممکن ہے کہ آپؐ نے اعانت علی المعصیت کی وجہ سے اختیار اولیٰ کے طور پر ممانعت فرمائی ہو، پس یہ حدث امام اعظم رحمہ اللہ کے خلاف نہیں۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ أَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ الْأَخَوَيْنِ أَوْ بَيْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِهَا فِی الْبَيْعِ

دو بھائیوں اور ماں اور بچے کو الگ الگ بیچنا ممنوع ہے

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے ماں اور اس کے بچے کے درمیان (بیع میں یا ہبہ میں) جدائی کی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے اور اس کے محبوبوں کے درمیان جدائی کریں گے“

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے دو لڑکے بخشے جو بھائی تھے، میں نے ایک کو بیچ دیا، آپؐ نے پوچھا: علی! دوسرا لڑکا کیا ہوا؟ میں نے آپؐ کو بتایا تو آپؐ نے فرمایا: اس کو واپس لاؤ! اس کو واپس لاؤ!!“

تشریح: ماں اور اس کے چھوٹے بچے میں، اسی طرح دو بھائیوں یا دو بہنوں میں یا بھائی بہن میں جبکہ دونوں یا ایک چھوٹا ہو: بیع یا ہبہ میں جدائی کرنا وحشت کا سبب ہے اس لئے اس سے احتراز ضروری ہے، البتہ اگر بچہ سمجھدار اور خود کفیل ہو اور ماں راضی ہو تو تفریق جائز ہے، حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے باندی اور اس کے بچہ کے درمیان بیع میں جدائی کی، تو لوگوں نے اعتراض کیا پس آپ نے فرمایا: ”میں نے اس کی ماں سے اجازت لے لی تھی“

[۵۲-] باب ماجاء فی كراهية أن يُفَرَّقَ بين الْأَخَوَيْنِ أو بين الوالدة وولدها فی البيع

[۱۲۶۸-] حدثنا عُمَرُ بنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِیُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ حُيَیُّ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ أَيُّوْبَ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰه صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ” مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا: فَرَّقَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ أَحِبَّتِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ!“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۲۶۹-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ مَيْمُوْنَ بنِ أَبِیْ شَبِيْبٍ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: وَهَبَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

غُلاَمَيْنِ أَخَوَيْنِ، فَبِعْتُ أَحَدَهُمَا، فَقَالَ لِيْ رسولُ الله صلى الله عليه وسلم: ”يَا عَلِيُّ! مَافَعَلَ غُلاَمُكَ؟“ فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: ”رُدَّهُ! رُدَّهُ!“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ التَّفْرِيْقَ بَيْنَ السَّبْيِ فِيْ الْبَيْعِ.

وَرَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِي التَّفْرِيقِ بَيْنَ الْمُوَلَّدَاتِ الَّذِيْنَ وُلِدُوْا فِيْ أَرْضِ الإِسْلاَمِ، وَالْقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

وَرُوِىَ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ: أَنَّهُ فَرَّقَ بَيْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا فِيْ الْبَيْعِ، فَقِيْلَ لَهُ فِيْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: إِنِّيْ قَدِ اسْتَأْذَنْتُهَا فِيْ ذٰلِكَ، فَرَضِيَتْ.

ترجمہ: صحابہ وغیرہ بعض اہل علم قیدیوں کے درمیان بیع میں جدائی کرنے کو مکروہ کہتے ہیں یعنی جنگ میں جب کسی عورت کو باندی بنایا جائے اور کسی فوجی کو دیا جائے تو اس کا بچہ بھی اسی کو دیا جائے، ماں اور بچے کے درمیان جدائی نہ کی جائے۔ اور بعض اہل علم نے ان بچوں کے درمیان جو دارالاسلام میں پیدا ہوئے ہیں جدائی کی اجازت دی (وہ کہتے ہیں: جو بچے دارالاسلام میں پیدا ہوئے ہیں وہ محلّہ کے بچوں کے ساتھ مانوس ہوجاتے ہیں، پس جدائی کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں مگر یہ رائے صحیح نہیں، کیونکہ بچہ کو ماں کے ساتھ جو انسیت ہوتی ہے وہ دوسرے کے ساتھ نہیں ہوتی) اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ اور ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ انھوں نے ماں اور اس کے بچہ کے درمیان جدائی کی تو ان پر اس سلسلہ میں اعتراض ہوا تو انھوں نے فرمایا: میں نے بچہ کی ماں سے اجازت لی تھی پس وہ جدائی پر راضی ہوگئی تھی۔

بابُ ماجاء فی مَنْ يَشْتَرِی الْعَبْدَ وَيَسْتَغِلُّهُ ثُمَّ يَجِدُ بِهِ عَيْبًا

غلام خریدا اور اس سے آمدنی کی پھر عیب کی وجہ سے اس کو لوٹا دیا تو آمدنی کس کی؟

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (ایک نزاع میں) یہ فیصلہ فرمایا کہ آمدنی ذمہ داری کے عوض میں ہے، یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ بھی مروی ہے: الغُنْمُ بِالْغُرْمِ یعنی فائدہ تاوان کے بدلے میں ہے۔ دونوں حدیثوں کا ایک مفہوم ہے کہ جو مبیع کا ذمہ دار ہے وہی آمدنی کا مالک ہے، مثلاً ایک شخص نے غلام یا گھوڑا خریدا پھر اس غلام کو مزدوری پر لگایا اور آمدنی کی یا گھوڑے کو کرایہ پر دیا پھر چھ ماہ کے بعد مشتری نے گھوڑے میں یا غلام میں کوئی ایسا عیب پایا جس کی وجہ سے مشتری کو خیار عیب حاصل ہوتا ہے، چنانچہ اس نے سودا ختم کردیا پس چھ ماہ کی آمدنی مشتری کی ہوگی، کیونکہ نفع نقصان برداشت کرنے کے عوض میں ملتا ہے، اگر چھ مہینے کے درمیان غلام

یا گھوڑا مرجاتا تو مشتری کا نقصان ہوتا پس نفع بھی اسی کا ہوگا۔ یہ حدیث فقہ کا ایک بنیادی ضابطہ ہے اس پر بے شمار مسائل متفرع ہوتے ہیں۔

[۵۳-] باب ماجاء فیمن یشتری العبد وَیَسْتَغِلُّهُ ثم یجد به عیباً

[۱۲۷۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنّٰی، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ، عَنِ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ مَخْلَدِ بنِ خُفَافٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ؛ أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قَضٰی: "أَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِیْثُ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

[۱۲۷۱-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ یَحْیَی بْنُ خَلَفٍ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِیٍّ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قَضٰی: "أَنَّ الْخَرَاجَ بِالضَّمَانِ"

وَهٰذَا حدیثٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، واسْتَغْرَبَ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ هٰذَا الْحَدِیْثَ مِنْ حَدِیْثِ عُمَرَ بنِ عَلِیٍّ.

وَقَدْ رَوٰی مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ الزَّنْجِیُّ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، وَرَوَاهُ جَرِیْرٌ عَنْ هِشَامٍ أَیْضًا، وَحَدِیْثُ جَرِیْرٍ یُقَالُ: تَدْلِیْسٌ دَلَّسَ فِیْهِ جَرِیْرٌ، لَمْ یَسْمَعْهُ مِنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ.

وَتَفْسِیْرُ الْخَرَاجِ بِالضَّمَانِ: هُوَ الرَّجُلُ الَّذِیْ یَشْتَرِی الْعَبْدَ فَیَسْتَغِلُّهُ، ثُمَّ یَجِدُ بِهِ عَیْبًا، فَیَرُدُّهُ عَلَی الْبَائِعِ، فَالْغَلَّةُ لِلْمُشْتَرِیْ، لِأَنَّ الْعَبْدَ لَوْ هَلَكَ: هَلَكَ مِنْ مَالِ الْمُشْتَرِیْ، وَنَحْوُ هٰذَا مِنَ الْمَسَائِلِ: یَكُوْنُ فِیْهِ الْخَرَاجُ بِالضَّمانِ.

وضاحت: یہ حدیث پہلی سند سے صحیح ہے، مصری نسخہ میں حسن کے بعد صحیح بھی ہے اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے بلوغ المرام میں فرمایا ہے: صَحَّحه الترمذی ـــــ پہلی سند میں مخلد: حضرت عروہ سے روایت کرتے ہیں اور دوسری سند میں ہشام: حضرت عروہ سے روایت کرتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اس سند کی بھی تصحیح کی ہے مگر ساتھ ہی ہشام کی سند سے اس حدیث کو غریب قرار دیا ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ہشام سے صرف عمر بن علی روایت کرتے ہیں، مگر امام ترمذیؒ نے عمر بن علی کے دو متابع پیش کئے ہیں: ایک مسلم بن خالد، دوسرے جریر، یہ دونوں بھی ہشام سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں مگر جریر کی سند پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ انھوں نے سند میں تدلیس کی ہے یعنی استاذ کا نام چھپایا ہے، انھوں نے براہِ راست یہ حدیث ہشام سے نہیں سنی، تاہم مسلم بن خالد کی متابعت سالم رہتی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

ترجمہ: الخراجُ بالضمان کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص نے غلام خریدا پھر اس کو کسی کام میں لگایا پھر اس میں کوئی عیب پایا تو آمدنی مشتری کی ہے اس لئے کہ اگر غلام ہلاک ہوتا تو مشتری کا نقصان ہوتا اور اس قسم کے بہت سے مسائل میں آمدنی نقصان کے ذمہ دار کی ہوتی ہے۔

لغات: الخَرَاج (بفتح الخاء) زمین کی پیداوار، یہاں مراد مطلق آمدنی ہے ـــــ الضَّمَان (بفتح الضاد) ذمہ داری، گارنٹی، تاوان ـــــ اسْتَغَلَّ: آمدنی طلب کرنا غَلَّةٌ: آمدنی س، ت، طلب کے لئے ہیں ـــــ اسْتَغْرَبَ: بہت ہی غریب سمجھا س، ت مبالغہ کے لئے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِیْ أَکْلِ الثَّمَرَةِ لِلْمَارِّبِهَا

پھلوں کے پاس سے گذرنے والا پھل کھاسکتا ہے

کوئی شخص کسی پھل دار درخت کے پاس سے گذرے تو کیا وہ نیچے گرے ہوئے یا درخت پر لگے ہوئے پھل کھاسکتا ہے؟ یا بکریوں کے ریوڑ کے پاس سے گذرے تو ان کا دودھ پی سکتا ہے؟ اس کا مدار عرف پر ہے۔ عرف میں جو چیزیں بے حیثیت ہیں اور جن میں توسع برتا جاتا ہے ان کو مالک کی اجازت کے بغیر کھاپی سکتا ہے اور جو چیزیں عزیز (پیاری) ہیں ان کو بے اجازت نہیں کھاسکتا۔ میری طالب علمی کے زمانہ تک آم کے پھلوں میں توسُّع برتا جاتا تھا جب کوئی طالب علم کسی باغ میں جاتا تو باغبان خود شوق سے اس کو پھل کھلاتا اور معاوضہ کی بات کی جاتی تو ناراض ہوجاتا، ایسی جگہوں میں جو پھل گرے ہوئے ہیں ان کو بغیر اجازت کے کھانا جائز ہے۔ مگر اب صورتِ حال بالکل بدل گئی ہے، اب کوئی باغ کے قریب بھی پھٹکنے نہیں دیتا، اس لئے اب بغیر اجازت گرے ہوئے پھل کھانا بھی جائز نہیں۔ غرض مسئلہ کا مدار عرف پر ہے، جہاں کا عرف یہ ہو کہ باغ کا مالک پھل کھانے سے منع نہ کرتا ہو وہاں پھل توڑ کر کھانا بھی جائز ہے اور جس علاقہ میں گرے ہوئے پھل کھانے کی اجازت ہو، درخت سے توڑنے کی اجازت نہ ہو وہاں گرا ہوا پھل کھاسکتے ہیں، درخت پر سے توڑ کر کھانا جائز نہیں۔ اور جس علاقہ میں کسی بھی قسم کے پھل کھانے کی اجازت نہ ہو، نہ گرے ہوئے اور نہ درخت پر لگے ہوئے، وہاں کوئی بھی پھل کھانا جائز نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص کھجوروں کے باغ میں آئے (حائط: کے اصل معنی ہیں: دیوار، عرب کھجوروں کے باغ کے اردگرد پتھروں کی چہار دیواری بناتے تھے، اس لئے اس کے مجازی معنی باغ کے ہوگئے) پس چاہئے کہ وہ کھائے اور پلّہ نہ بھرے'' یعنی پلّے میں بھر کر پھل گھر نہ لے جائے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ سے لٹکائی ہوئی کھجوروں کے بارے میں پوچھا گیا (جب کھجور پکنے کے قریب آتی ہے تو خوشہ کاٹ کر باغ میں دھوپ میں کسی جگہ لٹکا دیتے ہیں وہ وہاں لٹکی لٹکی پک جاتی ہے اور سوکھ کر چھوہارے بن

جاتی ہے، یہ الثمر المعلّق ہے اس میں سے کھا سکتے ہیں یا نہیں؟) آپؐ نے فرمایا: ''اگر مجبور اور فاقہ مست کھائے اور پلہ بھر کر نہ لے جائے تو اس پر کچھ نہیں'' نہ ضمان، نہ چوری کی سزا، کیونکہ اس نے جو پھل کھایا ہے وہ غیر محفوظ ہے پس ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اور ضمان اس لئے واجب نہیں ہوگا کہ وہ شخص مجبور اور فاقہ مست ہے، پس مرتا کیا نہ کرتا! البتہ اگر پھل چرا کر گھر لے گیا تو اگرچہ ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا مگر دوہرا ضمان واجب ہوگا، اور دوہرے ضمان کی روایت ابوداؤد میں ہے (حدیث نمبر ۴۳۹۰ کتاب الحدود، باب مالاقطع فیه)

حدیث (۳): رافع بن عمروؓ کہتے ہیں: میں انصار کے کھجور کے درختوں پر پتھر مارا کرتا تھا، انھوں نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے نبی ﷺ کے پاس لے گئے، آپؐ نے فرمایا: اے رافع! لوگوں کے درختوں پر پتھر کیوں مارتا ہے؟ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بھوک سے مجبور ہو کر ایسا کرتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: پتھر مت مار اور جو کھجوریں نیچے گری ہوں وہ کھا (پھر آپؐ نے مجھے دعا دی) اللہ تجھے شکم سیر کرے اور تجھے سیراب کرے۔

[٥٤-] باب ماجاء فی الرخصة فی أَکْلِ الثَّمَرَةِ لِلْمَارِّبِها

[١٢٧٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِی الشَّوَارِبِ، ثَنا یَحْیَی بنُ سُلَیْمٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ:'' مَنْ دَخَلَ حَائِطًا فَلْیَأْکُلْ، وَلاَیَتَّخِذْ خُبْنَةً''

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَبَّادِ بنِ شُرَحْبِیْلَ: وَرَافِعِ بنِ عَمْرٍو، وَعُمَیْرٍ مَوْلَی آبِی اللَّحْمِ، وَأَبِیْ هُرَیْرَةَ، حدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ یَحْیَی بنِ سُلَیْمٍ.

وَقَدْ رَخَّصَ فِیْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ لِابْنِ السَّبِیْلِ فِیْ أَکْلِ الثِّمَارِ، وَکَرِهَهُ بَعْضُهُمْ إِلاَّ بَالثَّمَنِ.

[١٢٧٣-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنِ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ؛ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم سُئِلَ عَنِ الثَّمَرِ الْمُعَلَّقِ؟ فَقَالَ:'' مَنْ أَصَابَ مِنْهُ مِنْ ذِی حَاجَةٍ، غَیْرَ مُتَّخِذٍ خُبْنَةً، فَلاَ شَیْئَ عَلَیْهِ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

[١٢٧٤-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَی، عَنْ صَالِحِ بنِ أَبِیْ جُبَیْرٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ رَافِعِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: کُنْتُ أَرْمِیْ نَخْلَ الأَنْصَارِ، فَأَخَذُوْنِیْ، فَذَهَبُوْا بِیْ إِلَی النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ:'' یَارَافِعُ! لِمَ تَرْمِیْ نَخْلَهُمْ؟'' قَالَ قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! الْجُوْعُ، قَالَ:'' لاَتَرْمِ، وَکُلْ مَاوَقَعَ، أَشْبَعَكَ اللّٰهُ وَأَرْوَاكَ!'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ.

لغت: خُبْنَة: دامن یا تہبند موڑ کر پلّہ بنانا، بغل یا آستین میں چھپانے کے لئے بھی یہی لفظ ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنِ الثُّنْیَا

بیع میں استثناء کی ممانعت

ثُنیا: دنیا کے وزن پر بمعنی استثناء ہے، اگر بیع میں کوئی استثناء کیا جائے تو کیا حکم ہے؟ اس سلسلہ میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ ہر وہ چیز جس پر عقد وارد ہوسکتا ہے اس کا استثناء بھی ہوسکتا ہے، اور ہر وہ چیز جس پر عقد وارد نہیں ہوسکتا اس کا استثناء بھی نہیں ہوسکتا، مثلاً: بکریوں کے ریوڑ میں سے تعیین کے بغیر دس بکریاں بیچنا جائز نہیں کیونکہ بکریوں کے افراد میں بہت زیادہ تفاوت ہوتا ہے اس لئے مبیع کی تعیین کے وقت جھگڑا ہوگا، پس ریوڑ میں سے دس بکریوں کا استثناء کرنا بھی جائز نہیں، یہاں بھی جھگڑے کا احتمال ہے، مشتری دبلی اور مریل بکریاں علحدہ کرے گا اور بائع اچھی بکریاں چھانٹے گا، اور ریوڑ میں سے دس بکریاں متعین کرکے فروخت کرنا جائز ہے، پس متعین دس بکریوں کا استثناء بھی جائز ہے، اور گیہوں کے ڈھیر میں سے بغیر تعیین کئے پانچ کلو گیہوں بیچنا جائز ہے، کیونکہ گیہوں کے دانوں میں کوئی تفاوت نہیں ہوتا، پس ڈھیر میں سے پانچ کلو کا استثناء بھی جائز ہے۔

[۵۵-] باب ماجاء فی النهی عن الثُّنْیَا

[۱۲۷۵-] حدثنا زِیَادُ بنُ أَیُّوْبَ الْبَغْدَادِیُّ، ثنَا عَبَّادُ بنُ الْعَوَّامِ، أَخْبَرَنِیْ سُفْیَانُ بنُ حُسَیْنٍ، عَنْ یُوْنُسَ بنِ عُبَیْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رسولَ الله صلی الله لعیه وسلم نَهی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَالثُّنْیَا، إِلاَّ أَنْ تُعْلَمَ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدیثِ یُوْنُسَ بنِ عُبَیْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ.

نوٹ: بیع محاقلہ اور مزابنہ کا بیان گذر چکا اور مخابرہ کا بیان آگے آئے گا۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ بَیْعِ الطَّعَامِ حَتّٰی یَسْتَوْفِیَهُ

طعام کی بیع قبضہ سے پہلے جائز نہیں

یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ مبیع پر قبضہ سے پہلے اس کو بیچنا جائز نہیں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حکم طعام کے ساتھ خاص ہے۔ اور امام اعظم اور امام ابو یوسف رحمہما اللہ کے نزدیک تمام منقولات کا یہی حکم ہے اور غیر منقولات یعنی جائداد اس حکم سے مستثنیٰ ہے، اس کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتے ہیں اور حضرت ابن عباسؓ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہر چیز کا یہی حکم ہے۔

[٥٦-] باب ماجاء فی کراهیة بیع الطعام حتی یستوفیه

[١٢٧٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ؛ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَايَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ" قَالَ ابنُ عباسٍ: وَأَحْسَبُ كُلَّ شَيْئٍ مِثْلَهُ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ: كَرِهُوْا بَيْعَ الطَّعَامِ حَتَّى يَقْبِضَهُ الْمُشْتَرِىْ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْمَنِ ابْتَاعَ شَيْئًا مِمَّا لَايُكَالُ وَلَا يُوْزَنُ، مِمَّالَا يُؤْكَلُ وَلَا يُشْرَبُ: أَنْ يَبِيْعَهُ قَبْلَ أَنْ يَسْتَوْفِيَهُ، وَإِنَّمَا التَّشْدِيْدُ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ فِى الطَّعَامِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی کھانے کی چیز (یہ قید اتفاقی ہے) خریدی تو اس کو نہ بیچے جب تک اس پر قبضہ نہ کرلے، ابن عباسؓ فرماتے ہیں: میرے خیال میں تمام چیزوں کا یہی حکم ہے، یعنی طعاماً کی قید اتفاقی ہے ـــــ اس پر اکثر علماء کا عمل ہے وہ طعام کی بیع کو ناجائز کہتے ہیں تا آنکہ اس پر مشتری قبضہ کرلے، اور بعض اہل علم نے اس شخص کو اجازت دی جس نے کوئی ایسی چیز خریدی جو نہ ناپی جاتی ہے اور نہ تولی جاتی ہے، ان چیزوں میں سے جو نہ کھائی جاتی ہیں اور نہ پی جاتی ہیں یعنی غیر طعام خریدا تو وہ اس کو قبضہ سے پہلے بیچ سکتا ہے اور ممانعت علماء کے نزدیک طعام ہی میں ہے اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے (اس پوری عبارت میں صرف ائمہ ثلاثہ کا مذہب بیان کیا ہے کہ ان کے نزدیک ممانعت طعام کے ساتھ خاص ہے، دیگر چیزیں، خواہ منقولات ہوں یا جائدادیں جو نہ مکیلی ہیں نہ موزونی، نہ وہ کھائی جاتی ہیں نہ پی جاتی ہیں ان کی بیع قبضہ سے پہلے جائز ہے)

بابُ ماجاءَ فی النَّهْیِ عَنِ الْبَيْعِ عَلَى بَيْعِ أَخِيْهِ

دوسرے کے سودے پر سودا کرنے کی ممانعت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی کسی کے سودے پر سودا نہ کرے، اور تم میں سے کوئی کسی کے پیغام نکاح پر پیغام نہ دے''

تشریح: مبیع جب تک معرض بیع میں ہو ہر شخص خریدنے کی پیش کش کرسکتا ہے مگر جب کسی ایک کے ساتھ سودا چل پڑا اور بائع کا مشتری کی طرف میلان ہوگیا تو اب دوسرے کو بیچ میں کودنے کی اجازت نہیں، مزید تفصیل کتاب النکاح باب ٣٦ میں گذر چکی ہے۔

[۵۷-] باب ماجاء فی النهی عن البيع علی بيع أخيه

[۱۲۷۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم قَالَ: ''لَايَبِيْعُ بَعْضُكُمْ عَلَی بَيْعِ بَعْضٍ، وَلَا يَخْطُبُ أَحَدُكُمْ عَلٰی خِطْبَةِ بَعْضٍ''

قَالَ: وَفِی الْبَابِ عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَسَمُرَةَ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۲۷۸-] وَرُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: '' لَايَسُوْمُ الرَّجُلُ عَلٰی سَوْمِ أَخِيْهِ''

وَمَعْنَی الْبَيْعِ فِیْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، عَنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، هُوَ السَّوْمُ.

وضاحت: پہلی حدیث میں جو لایبیع آیا ہے اس سے مراد لایَسُوْمُ ہے، جس کے معنی ہیں: بھاؤ تاؤ کرنا کیونکہ جب ایک کے ساتھ بیع ہوچکی تو اب دوسرے کے ساتھ بیع کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس لئے مجازی معنی لینے ضروری ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی بَيْعِ الْخَمْرِ وَالنَّهْیِ عَنْ ذٰلِكَ

شراب کی خرید وفروخت ممنوع ہے

شراب بالاجماع حرام ہے اور اس کی بیع باطل ہے، کیونکہ شراب مسلمان کے حق میں مال نہیں، اور اگر شراب ثمن بن سکتی ہو تو بیع فاسد ہے، اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر بیع میں ایک طرف سامان ہو اور دوسری طرف ثمن تو سامان کا مبیع ہونا متعین ہے، ثمن مبیع نہیں بن سکتا، کیونکہ وہ مقصود نہیں ہوتا بلکہ بیع میں واسطہ ہوتا ہے، اور اگر دونوں طرف سامان ہو تو ہر ایک مبیع اور ثمن بن سکتا ہے، اور اس کا نام بیع مقایضہ ہے، پس اگر شراب کی بیع ثمن (زر، رقم) کے بدلے میں ہو تو چونکہ شراب کا مبیع ہونا متعین ہے اور شراب مسلمان کے حق میں مال نہیں، اس لئے یہ بیع باطل ہے اور اگر شراب سے بکری خریدی تو یہاں چونکہ ہر ایک ثمن بھی بن سکتا ہے اور مبیع بھی اس لئے یہ بیع فاسد ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میں نے یتیم بچوں کے لئے جو میری پرورش میں ہیں، شراب خریدی تھی (اور اب شراب کی حرمت کا اعلان ہوگیا ہے، پس میں وہ شراب کیا کروں؟ اگر پھینکتا ہوں تو یتیم بچوں کا مال ضائع ہوتا ہے اور اس کی قرآن میں ممانعت آئی ہے) آپؐ نے فرمایا: ''شراب پھینک دو اور مٹکے توڑ دو'' یعنی شراب مسلمان کے حق میں مال نہیں پس یہ یتیم کے مال کو ضائع کرنا نہیں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: کیا شراب کا سرکہ بنا سکتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''نہیں''

تشریح: یہ حدیث باب سے غیر متعلق ہے کیونکہ باب شراب کی بیع کے عدم جواز میں ہے مگر مصری نسخہ میں اس حدیث سے پہلے باب ہے، ہمارے نسخہ میں چونکہ یہاں باب نہیں اس لئے بے ربطی محسوس ہوتی ہے، اور اگر مصری نسخہ کا اعتبار نہ کیا جائے تو پھر حدیث کا باب سے تعلق یہ ہے کہ شراب کو نہ فروخت کرنا جائز ہے اور نہ کسی اور طرح سے کارآمد بنانا جائز ہے، اس دوسری بات کی وضاحت کے لئے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

اور شراب کو سرکہ بنانے کا حکم پہلے تفصیل سے گذر چکا ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک شراب کو سرکہ بنانا جائز ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک حرام ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک شراب میں کوئی چیز ڈال کر سرکہ بنانا تو ناجائز ہے اور سرکہ ناپاک ہے لیکن اگر کوئی چیز ڈالے بغیر جگہ تبدیل کر کے سرکہ بنایا تو جائز ہے اور پاک ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے تین قول ہیں: راجح قول یہ ہے کہ شراب کو سرکہ بنانا تو جائز نہیں لیکن اگر خود بخود شراب سرکہ بن جائے تو اسے کھا سکتے ہیں، یعنی امام احمدؒ کے علاوہ تینوں ائمہ فی الجملہ شراب کو سرکہ بنانے کے جواز کے قائل ہیں۔

اور مذکورہ حدیث میں جو ممانعت آئی ہے وہ امام احمدؒ کی دلیل ہے، مگر ہم نے پہلے یہ بات عرض کی ہے کہ یہ دورِ اول کی بات ہے، جب شراب حرام کی گئی تھی، اس وقت چونکہ شراب کی محبت عربوں کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی اس لئے اس وقت اگر کسی بھی عنوان سے گھر میں شراب رکھنے کی اجازت دی جاتی تو لوگ اس کو بہانہ بنا کر شراب پیتے، اس لئے نبی ﷺ نے نہ صرف سرکہ بنانے سے منع کیا بلکہ شراب کے مٹکے بھی تڑوا دیئے، کیونکہ جو شخص بیڑی چھوڑنا چاہتا ہے اس کے لئے ماچس رکھنا بھی جائز نہیں، اگر جیب میں ماچس ہوگی تو جب بھی ماچس بجے گی بیڑی یاد آئے گی۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے شراب کے تعلق سے دس آدمیوں پر لعنت بھیجی ہے: (۱) شراب نچوڑنے والے پر (یہ مجاز ہے مراد انگور نچوڑنے والا ہے) (۲) شراب (انگور) نچڑوانے والے پر یعنی سیٹھ پر جس کے لئے نوکر انگور نچوڑتے ہیں (۳) شراب پینے والے پر (۴) شراب اٹھانے والے پر (علماء فرماتے ہیں: اس سے مراد وہ شخص ہے جو دوکان سے شراب خرید کر گھر لے جاتا ہے، رکشہ اور ریڑھے والا مراد نہیں مگر اس میں یہ اضافہ ضروری ہے کہ اگر رکشہ یا ریڑھے والا صرف شراب لاد کر لے جا رہا ہے تو وہ بھی ملعون ہے اور اگر کوئی آدمی رکشہ میں بیٹھا ہے اور اس کے تھیلے میں شراب ہے تو یہ حاملها کا مصداق نہیں) (۵) جس کے لئے شراب اٹھا کر لائی جا رہی ہے یعنی سیٹھ (۶) شراب پلانے والے ساقی پر (۷) شراب بیچنے والے دوکاندار پر (۸) شراب کا ثمن کھانے والے پر (جس کی کل یا اکثر آمدنی شراب سے ہو اس کے یہاں دعوت کھانا بھی شراب کا ثمن کھانا ہے) (۹) شراب خریدنے والے پر (۱۰) جس کے لئے شراب خریدی جا رہی ہے ——— علماء نے فرمایا کہ ان دس میں حصر نہیں، جو بھی شراب بنانے میں یا نقل وحمل میں حصہ دار ہے وہ سب لوگ ملعون ہیں۔

[٥٨-] باب ماجاء فی بيع الخمر، والنهی عن ذلك

[١٢٧٩-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ لَيْثًا يُّحَدِّثُ عَنْ يَحْيَی بنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِیْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ قَالَ: يَانَبِیَّ اللّٰهِ! إِنِّی اشْتَرَيْتُ خَمْرًا لِأَيْتَامٍ فِیْ حِجْرِیْ؟ قَالَ: ’’أَهْرِقِ الْخَمْرَ، وَاكْسِرِ الدِّنَانَ‘‘

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ.

حديثُ أَبِیْ طَلْحَةَ: رَوَی الثَّوْرِیُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنِ السُّدِّیِّ، عَنْ يَحْيَی بنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَنَسٍ؛ أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ كَانَ عِنْدَهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ.

[١٢٨٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيَی بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّیِّ، عَنْ يَحْيَی بنِ عَبَّادٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: أَيُتَّخَذُ الْخَمْرُ خَلًّا؟ قَالَ: ’’لَا‘‘ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٢٨١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُنِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَاصِمٍ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم فِی الْخَمْرِ عَشْرَةً: عَاصِرَهَا، وَمُعْتَصِرَهَا، وَشَارِبَهَا، وَحَامِلَهَا، وَالْمَحْمُوْلَةَ إِلَيْهِ، وَسَاقِيَهَا، وَبَائِعَهَا، وآكِلَ ثَمَنِهَا، وَالْمُشْتَرِیَ لَهَا، وَالْمُشْتَرَاةَ لَهُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حديثِ أنسٍ، وَقَدْ رُوِیَ نَحْوُ هٰذَا عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عُمَرَ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث کی پہلی سند میں حضرت انس رضی اللہ عنہ اپنے سوتیلے والد حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: یہ صحیح نہیں، صحیح سند ثوریؒ کی ہے، وہ سدّی سے، وہ یحییٰ سے، وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور حضرت انسؓ: حضرت ابوطلحہؓ کا واقعہ بیان کرتے ہیں (خیال رہے: دوسری حدیث (نمبر ١٢٨٠) جو سفیان ثوریؒ: سدّی سے روایت کرتے ہیں: وہ مراد نہیں، وہ مستقل علحدہ حدیث ہے) ——— حدیث نمبر ١٢٨٠ سے پہلے مصری نسخہ میں یہ باب ہے: باب النهی أن يُّتَّخَذَ الخمرُ خلًّا۔

بابُ ماجاء فی احْتِلَابِ الْمَوَاشِیْ بِغَيْرِ إِذْنِ الْأَرْبَابِ

مالکان کی اجازت کے بغیر مویشیوں کو دوہنے کا حکم

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جب تم میں سے کوئی مویشیوں کے پاس سے گذرے (اور دودھ پینا

چاہے) تو اگر مالک ساتھ ہو تو اس سے اجازت لے، اگر وہ اجازت دے تو دودھ نکال کر پیئے اور اگر مالک موجود نہ ہو تو تین مرتبہ آواز دے، اگر کوئی جواب دے تو اس سے اجازت لے اور اگر کوئی جواب نہ دے تو دودھ نکال کر پیئے اور ساتھ نہ لے جائے''

تشریح: یہ مسئلہ ابھی باب ۵۴ میں گذرا ہے۔ اس مسئلہ کا مدار عرف پر ہے جس علاقہ میں مویشیوں کے مالک کی طرف سے اس بات کی اجازت ہوتی ہے کہ اگر کوئی مسافر بھوکا ہو اور اس کو دودھ کی ضرورت ہو تو وہ دودھ دوہ سکتا ہے، ان علاقوں میں اجازت کے بغیر بھی دودھ دوہنا جائز ہے اور جہاں ایسا عرف نہ ہو وہاں اجازت کے بغیر دوہنا جائز نہیں۔

[۵۹-] باب ماجاء فی احْتلَابِ الْمَواشی بغیرِ إذن الأَرْباب

[۱۲۸۲-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيىَ بنُ خَلَفٍ، ثَنَا عَبْدُ الأَعْلٰى، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَتَى أَحَدُكُمْ عَلٰى مَاشِيَةٍ، فَإِنْ كَانَ فِيْهَا صَاحِبُهَا فَلْيَسْتَأْذِنْهُ، فَإِنْ أَذِنَ لَهُ فَلْيَحْتَلِبْ وَلْيَشْرَبْ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهَا أَحَدٌ فَلْيُصَوِّتْ ثَلَاثًا، فَإِنْ أَجَابَهُ أَحَدٌ فَلْيَسْتَأْذِنْهُ، فَإِنْ لَمْ يُجِبْهُ أَحَدٌ فَلْيَحْتَلِبْ، وَلْيَشْرَبْ وَلَا يَحْمِلْ"

وَفِىْ الْبابِ: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ، حديثُ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَبِهِ يَقُوْلُ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ.

وَقَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ: سَمَاعُ الْحَسَنِ مِنْ سَمُرَةَ صَحِيْحٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْحديثِ فِىْ رِوَايَةِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، وَقَالُوْا: إِنَّمَا يُحَدِّثُ عَنْ صَحِيْفَةِ سَمُرَةَ.

وضاحت: حضرت سمرہؓ کی حدیثیں ان کے کسی شاگرد نے ایک کاپی میں جمع کی تھیں اور وہ سو حدیثیں تھیں، بعض محدثین نے اس صحیفہ سے روایتیں کی ہیں، اور حضرت حسن بصریؒ کے تعلق سے بھی یہی بات بعض لوگ کہتے ہیں مگر یہ بات صحیح نہیں۔ حسن بصریؒ نے حضرت سمرہؓ سے براہ راست حدیثیں سنی ہیں، ان کے صحیفہ سے روایتیں نہیں کی، اکابر محدثین: امام بخاریؒ، ابن المدینیؒ اور امام ترمذیؒ وغیرہ کی یہی رائے ہے۔ تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۲۰ میں دیکھیں۔

بابُ ماجاء فی بَيْعِ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ وَالأَصْنَامِ

مردار کی کھال اور مورتیوں کی خرید وفروخت کا حکم

شریعت میں مردار، مورتی، خنزیر اور شراب قطعاً حرام ہیں ان سے کسی بھی طرح انتفاع جائز نہیں، شراب اور خنزیر تو نجس العین ہیں اور مسلمان کے حق میں مال ہی نہیں اور مورتی کی بیع اس لئے ممنوع ہے کہ اس کی عبادت کی

جاتی ہے، اور مردار ناپاک ہے، البتہ اس کی کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے، مگر دباغت سے پہلے فروخت کرسکتے ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک مردار کی کھال کی بیع مطلقاً جائز ہے اور باقی تمام ائمہ کے نزدیک دباغت سے پہلے اس کی بیع جائز نہیں۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی دلیل یہ حدیث ہے۔ نبی ﷺ ایک مردہ بکری پر سے گذرے، آپؐ نے اس کے مالکوں سے کہا: هَلاَّ اسْتَمْتَعْتُمْ بِإهابها؟ آپ لوگ اس کی کھال سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ مردار ہے، آپؐ نے فرمایا: ''اس کا کھانا ہی تو حرام ہے'' (بخاری حدیث ۲۲۲۱) إهاب: کچی کھال کو کہتے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھانے کی نبی ﷺ نے اجازت دی ہے اور انتفاع کی دو ہی صورتیں ہیں: رنگ کر یا رنگوا کر استعمال کی جائے یا فروخت کردی جائے، کیونکہ بیچ کر ثمن حاصل کرنا بھی اس سے فائدہ اٹھانا ہے۔

اور اب اس زمانہ میں یہ مسئلہ بہت اہم ہوگیا ہے، چمڑے سے لاکھوں چیزیں تیار ہوتی ہیں اور ان کو رنگنے کے بڑے بڑے کارخانے ہیں، عام لوگ اول تو رنگنا نہیں جانتے پھر ہاتھ سے رنگنے میں اور مشین سے رنگنے میں بڑا فرق پڑتا ہے، اور چمڑا رنگنے کے کارخانے پچاس فیصد مسلمانوں کے ہیں اور کارخانہ تک چمڑا پہنچتے پہنچتے دسیوں مرتبہ بکتا ہے پس اگر آج بھی یہی فتوی دیا جائے کہ دباغت سے پہلے چمڑا بیچنا جائز نہیں تو بہت دشواری پیش آئے گی، اس لئے آج کے حالات کی رعایت کرکے مفتیان کرام امام بخاری رحمہ اللہ کے قول پر فتوی دیں تو اس کی گنجائش معلوم ہوتی ہے۔

البتہ جو مسلمان مردار کا ٹھیکہ لیتے ہیں وہ جائز نہیں، وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر ہم ٹھیکہ نہیں لیں گے تو غیر مسلم لیں گے اور وہ آگے بڑھ جائیں گے، یہ بات قابل التفات نہیں، اس لئے کہ غیر مسلم تو شراب اور خنزیر بھی بیچتے ہیں پس کیا اس کی وجہ سے مسلمان کے لئے بھی شراب اور خنزیر کا بیچنا جائز ہوجائے گا؟

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی ﷺ کو فتح مکہ کے دن مکہ میں (دورانِ تقریر) یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بیشک اللہ اور اس کے رسول نے شراب، مردار، خنزیر اور مورتیوں کی خرید وفروخت کو حرام کیا ہے، سوال کیا گیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ ہمیں مردار کی چربی کے بارے میں بتائیں، کیونکہ اس سے کشتی لیپی جاتی ہے، اور وہ چمڑوں پر لگائی جاتی ہے اور اس سے لوگ چراغ جلاتے ہیں؟ (سائل یہ کہنا چاہتا ہے کہ چونکہ مردار کی چربی کا استعمال بہت زیادہ ہے، اس لئے آپ اس کا استثناء فرمادیں) نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں، مردار کی چربی حرام ہے'' پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ یہود کا ناس کریں! اللہ تعالیٰ نے ان پر چربی حرام کی تو انھوں نے چربی پگھالی پھر اس کو بیچا اور اس کا ثمن کھایا''

تشریح: جانور کے پیٹ میں سے چربی کا جو پردہ نکلتا ہے جو گوشت سے علحدہ ہوتا ہے یہود پر وہ چربی حرام کی گئی تھی اور جو چربی گوشت سے لگی ہوئی ہوتی ہے وہ حرام نہیں کی گئی تھی، مگر یہود اس حرام چربی کو پگھال کر فروخت کیا

کرتے تھے اور کہتے تھے: ہم چربی نہیں کھاتے وہ ہمارے لئے حرام ہے بلکہ ہم اس کی قیمت کھاتے ہیں اور وہ ہم پر حرام نہیں، جیسے یہود پر سنیچر کے دن شکار کرنا حرام تھا وہ جمعہ کے دن نہر کے قریب گھڑا کھود لیتے، پھر جب سنیچر میں اس میں مچھلی آجاتی تو راستہ روک دیتے، پھر اتوار کے دن ان کو پکڑ لیتے اور کہتے: ہم نے سنیچر میں شکار نہیں کیا، اتوار میں کیا ہے۔ یہ حرام کو حلال کرنے کا حیلہ تھا، اسی طرح مردار کی چربی بھی مردار ہے اور اس کی کھال بھی اس کا جزء ہے اس لئے حرام ہے، مگر اول میں کوئی اختلاف نہیں اور ثانی میں امام بخاری رحمہ اللہ کا اختلاف ہے اور ان کی دلیل بھی حدیث ہے، پس اگر مفتی اس قول پر فتوی دے تو یہ حیلہ نہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر حرام کو حلال کرنے کے لئے کوئی حیلہ کیا جائے تو وہ حرام حلال نہیں ہوتا، بدستور حرام ہی رہتا ہے۔

فائدہ: حرام کو حلال کرنے کے لئے کوئی حیلہ کرنا تو جائز نہیں، البتہ حرام سے بچنے کے لئے حیلہ کرنے کی گنجائش ہے، اور کچھ چیزیں ایسی ہیں کہ ان میں جو حیلہ کیا جاتا ہے وہ حرام کو حلال کرنے کے لئے ہے یا حرام سے بچنے کے لئے؟ اس میں اختلاف بھی ہو جاتا ہے، مثلاً ہندوستان میں جو مسلم فنڈ ہیں ان میں قرض پر سود لینے کے لئے یہ حیلہ کیا جاتا ہے کہ قرض خواہ کو ایک فارم خرید کر بھرنا ہوتا ہے اور قرض کی مقدار کے لحاظ سے اس فارم کی قیمت مختلف ہوتی ہے، مسلم فنڈ والے کہتے ہیں: ہم نے سود نہیں لیا بلکہ فارم کی قیمت لی ہے اور ان کو بعض علماء نے یہ فتوی دیا ہے کہ حرام سے بچنے کے لئے یہ حیلہ کیا جا سکتا ہے، مگر چند سال پہلے دیوبند میں محمود ہال میں ایک سمینار رہا تھا اس میں تمام مفتیانِ کرام نے بالاتفاق طے کیا تھا کہ یہ حیلہ حرام کو حلال کرنے کے لئے ہے اور جائز نہیں، جو شخص قرض لے رہا ہے اس کے حق میں چاہے حرام سے بچنے کے لئے حیلہ ہو مگر مسلم فنڈ کے حق میں بالیقین حرام کو حلال کرنے کے لئے حیلہ ہے اور اس کی قطعاً گنجائش نہیں، البتہ مفتیانِ کرام نے سروس چارج لینے کی اجازت دی تھی، مگر مسلم فنڈوں نے اس پر اب تک عمل شروع نہیں کیا، معلوم نہیں کیا وجہ ہے۔

[٦٠-] باب ماجاء في بيع جُلود الميتةِ والأَصْنَامِ

[١٢٨٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰه صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، وَهُوَ بِمَكَّةَ، يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ حَرَّمَ بَيْعَ الْخَمْرِ، وَالْمَيْتَةِ، وَالْخِنْزِيْرِ، وَالْأَصْنَامِ" فَقِيْلَ: يارسولَ الله! أَرَأَيْتَ شُحُوْمَ الْمَيْتَةِ، فَإِنَّهُ يُطْلَى بِهَا السُّفُنُ، وَيُدَّهَنُ بِهَا الْجُلُوْدُ، وَيَسْتَصْبِحُ بِهَا النَّاسُ؟ قَالَ: " لاَ، هُوَ حَرَامٌ" ثُمَّ قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: " قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ! إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمَ

فَأَجْمَلُوْهُ، ثُمَّ بَاعُوْهُ، فَأَكَلُوْا ثَمَنَهُ“

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، حديثُ جَابِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

لغت: أَجْمَلَ الشَّحْمَ: چربی کو پگھلانا...... والعمل علی هذا: یعنی جمہور کے نزدیک مردار کی کھال اور مورتی بیچنا جائز نہیں۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الرُّجُوْعِ مِنَ الْهِبَةِ

ہبہ کر کے واپس لینا مکروہ ہے

اگر کوئی شخص کسی کو کوئی چیز ہبہ کرے اور قبضہ بھی دیدے تو وہ چیز واہب کی ملک سے نکل کر موہوب لۂ کی ملک ہو جاتی ہے، اب واہب اس ہبہ کردہ چیز کو واپس لے سکتا ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک سات موانع ہیں اگر ان میں سے کوئی مانع موجود ہو تو رجوع نہیں کر سکتا اور اگر ساتوں موانع موجود نہ ہوں تو تراضی طرفین سے یا قضائے قاضی سے رجوع ہو سکتا ہے، مگر مکروہ ہے، پھر کراہت تنزیہی کا بھی قول ہے اور کراہت تحریمی کا بھی، اور تحریمی والا قول راجح ہے، اس لئے کہ نبی ﷺ نے ہبہ کر کے واپس لینے والے کو اس کتے کے مانند قرار دیا ہے جو اپنی قی چاٹ لیتا ہے۔

اور وہ سات موانع یہ ہیں: زیادتِ متصلہ، موت، عوض، خروج، زوجیت، قرابت محرّمہ اور ہلاکت۔ ان کا مجموعہ: دَمْعٌ خزَقَهْ ہے۔ د: سے مراد زیادتِ متصلہ ہے مثلاً کتاب ہبہ کی، موہوب لہ نے اس کی جلد بنوالی تو اب رجوع نہیں ہو سکتا کیونکہ موہوب بہ چیز میں زیادتی ہوگئی، اور وہ زیادتی موہوب بہ چیز کے ساتھ متصل ہے، پس نہ تو اس کے ساتھ رجوع کر سکتا ہے کہ وہ زیادتی واہب کی نہیں ہے، اور نہ اس کے بغیر رجوع کر سکتا ہے کہ زیادتی متصل ہے —— اور م: سے مراد موت ہے یعنی اگر مرہوب لہ مر جائے تو رجوع نہیں ہو سکتا —— اور ع سے مراد عوض ہے یعنی کسی کو کوئی چیز ہبہ کی موہوب لہ نے اس کو ہبہ کا عوض دیدیا یعنی اس نے بھی جواباً کوئی چیز ہبہ کردی تو اب رجوع نہیں ہو سکتا —— اور خ: سے مراد خروج ہے یعنی موہوب بہ چیز موہوب لہ کی ملک سے نکل گئی تو اب رجوع نہیں ہو سکتا —— اور ز: سے مراد زوجیت ہے یعنی میاں بیوی ایک دوسرے کو ہبہ کریں تو علاقۂ زوجیت کی وجہ سے رجوع نہیں ہو سکتا —— اور ق: سے مراد قرابت محرّمہ ہے یعنی اگر واہب اور موہوب لہ میں ایسا رشتہ ہو کہ ان کا باہم نکاح کبھی نہ ہو سکتا ہو جیسے بھائی بہن تو بھی رجوع نہیں ہو سکتا —— اور ہ: سے مراد ہلاک ہے یعنی اگر موہوب بہ چیز ہلاک ہو جائے تو اب رجوع نہیں ہو سکتا —— اگر ان سات موانع میں سے کوئی مانع موجود نہ ہو تو کراہت تحریمی کے ساتھ رجوع ہو سکتا ہے مگر تراضی طرفین یا قضائے قاضی شرط ہے۔

حنفیہ کی دلیل ابن ماجہ کی حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: الواھبُ أحقُّ بِھِبَتِہ مَالَمْ یُثَبْ: یعنی ہبہ کرنے والا اپنی موہوبہ چیز کا زیادہ حق دار ہے جب تک اس کو ہبہ کا عوض نہ دیدیا جائے، معلوم ہوا کہ اگر موہوبہ چیز کا عوض دیدیا جائے تو رجوع نہیں ہوسکتا، دیگر موانع کے بارے میں احادیث اعلاء السنن میں ہیں، خواہش مند حضرات وہاں دیکھیں۔

اور باب میں جو دو حدیثیں ہیں وہ حنفیہ کے خلاف ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مستدل ہیں، یہاں صرف ان کو سمجھنا ہے، امام شافعیؒ کے نزدیک اگر باپ نے بیٹے کو کوئی چیز ہبہ کی تو وہ واپس لے سکتا ہے، باپ کے علاوہ کسی بھی شخص کے لئے موہوبہ چیز واپس لینا جائز نہیں، نہ قضاءً نہ دیانۃً۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہمیں اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے: ہبہ واپس لینے والا ایسا ہے جیسے کتا قَے کرتا ہے پھر اس کو چاٹ لیتا ہے ——— کتے کو جب کوئی مردار ملتا ہے تو بے تحاشا کھاتا ہے یہاں تک کہ چلنا دشوار ہوجاتا ہے پس وہ قَے کر کے خود کو ہلکا کر لیتا ہے پھر جب اس کو کھانا نہیں ملتا اور خوب بھوکا ہوتا ہے اور اپنی قَے پر گذرتا ہے تو اسی کو کھا کر پیٹ بھر لیتا ہے ——— امام شافعیؒ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ہبہ واپس لینے والے کو اس کتے کی مثال قرار دیا ہے اور اس بری مثال کا مصداق بننے سے منع فرمایا ہے، پس معلوم ہوا کہ موہوبہ چیز واپس لینا جائز نہیں، اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اسی حدیث میں کراہت کے ساتھ رجوع کے جواز کی طرف اشارہ ہے اس لئے کہ کتا اپنی قَے کھا کر شکم سیر ہوجاتا ہے، پس معلوم ہوا کہ رجوع ہوسکتا ہے مگر یہ غایت درجہ بری بات (مکروہ تحریمی) ہے پس ہم میں سے کسی کو بھی اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے اور ہبہ کی ہوئی چیز واپس نہیں لینی چاہئے، لیکن اگر باہمی رضامندی سے یا قاضی کے فیصلہ سے واپس لے تو رجوع صحیح ہے، وہ اس چیز کا مالک ہوجائے گا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ کوئی چیز ہبہ کرے پھر اسے واپس لے مگر باپ نے بیٹے کو جو ہبہ کیا ہے وہ اس کو واپس لے سکتا ہے'' ——— امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں صراحت ہے کہ باپ کے علاوہ کسی کے لئے بھی ہبہ واپس لینا جائز نہیں۔ حنفیہ کہتے ہیں: اس حدیث میں لاتَحِلُّ کا استثناء کرنا مقصود ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ باپ اپنی اولاد کو کچھ دے کر واپس لے تو یہ رجوع جائز ہے، کیونکہ باپ بیٹوں میں ایسا ہوتا ہے۔ میرے ساتھ بھی ایسا ہوتا ہے، مثلاً کہیں سے چند لنگیاں آئیں میں نے بچوں میں تقسیم کر دیں، پھر اتفاق سے مجھے لنگی کی ضرورت ہوئی تو میں کہتا ہوں: اگر کسی کے پاس لنگی زائد ہو تو مجھے دیدو میری لنگی پھٹ گئی ہے، چنانچہ جس کے پاس لنگی زائد ہوتی ہے وہ لا کر دیدیتا ہے، وہ میری ہی دی ہوئی ہوتی ہے، پس یہ رجوع نہیں یہ تو سرپرست ہونے کی حیثیت سے لینا ہے اس میں ادنی کراہیت نہیں کیونکہ جب بچے کو ضرورت ہوگی، میں ہی لا کر دوں گا، اس طرح شوہر نے ایک چادر لا کر بیوی کو دی پھر ضرورت پیش آئی تو واپس لے لی یہ رجوع نہیں، بے تکلفی میں ایسا ہوتا ہے۔ غرض مذکورہ حدیث میں ہبہ کے جواز وعدم جواز کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ لاتَحِلُّ

سے استثناء ہے کہ باپ کا اپنے بیٹے کو کچھ دے کر واپس لینا رجوع نہیں، اس لئے ایسا کرنا جائز ہے، علاوہ ازیں لاتحلُّ کے معنی لاتجوزُ کے ہیں اور احناف کے یہاں بھی ہبہ واپس لینا جائز نہیں مکروہ تحریمی ہے۔

[٦١-] باب ماجاء فی کراهية الرجوع من الهبة

[١٢٨٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رسولَ الله صلی الله علیه وسلم قَالَ:" لَيْسَ لَنَا مَثَلُ السَّوْءِ: الْعَائِدُ فِيْ هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَعُوْدُ فِيْ قَيْئِهِ!"

[١٢٨٥-] وفی الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلی الله علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:" لَايَحِلُّ لِأَحدٍ أَنْ يُعْطِيَ عَطِيَّةً، فَيَرْجِعَ فِيْهَا، إِلَّا الْوَالِدَ فِيْمَا يُعْطِي وَلَدَهُ" حَدَّثَنَا بذٰلِكَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، أَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا يُحَدِّثُ عَنِ ابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ: يَرْفَعَانِ الْحَدِيْثَ إِلَی النبيِّ صلی الله علیه وسلم، بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ، قَالُوْا: مَنْ وَهَبَ هِبَةً لِذِيْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ فِيْ هِبَتِهِ، وَمَنْ وَهَبَ هِبَةً لِغَيْرِ ذِيْ رَحِمٍ مَحْرَمٍ، فَلَهُ أَنْ يَرْجِعَ فِيْهَا، مَالَمْ يُثَبْ مِنْهَا، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ.

وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: لَايَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يُعْطِيَ عَطِيَّةً فَيَرْجِعَ فِيْهَا إِلَّا الْوَالِدَ فِيْمَا يُعْطِيْ وَلَدَهُ، وَاحْتَجَّ الشَّافِعِيُّ بحديثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" لَايَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يُعْطِيَ عَطِيَّةً فَيَرْجِعَ فِيْهَا، إِلَّا الْوَالِدَ فِيْمَا يُعْطِيْ وَلَدَهُ"

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے وہ فرماتے ہیں: جس نے کسی ذی رحم محرم کو کوئی چیز ہبہ کی تو اس کے لئے ہبہ واپس لینا جائز نہیں۔ اور جس نے غیر ذی رحم محرم کو کوئی چیز ہبہ کی تو وہ اس کو واپس لے سکتا ہے جب تک کہ وہ اس کا عوض نہ دیا جائے اور یہ سفیان ثوری کا قول ہے۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں: کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کو کوئی ہدیہ دے پھر اس کو واپس لے لے مگر والد اس چیز کو جو اس نے اپنی اولاد کو دی ہے واپس لے سکتا ہے، اور امام شافعیؒ نے عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث سے استدلال کیا ہے وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: "کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ کسی کو کچھ ہدیہ دے پھر رجوع کر لے مگر باپ نے اپنی اولاد کو جو دیا ہے وہ اس کو واپس لے سکتا ہے"

بابُ ماجاءَ فی العَرَایَا والرُّخْصَۃِ فِیْ ذٰلِکَ

بیع عرِ یّہ کی روایات اوراس کا جواز

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں تین حدیثیں پیش کی ہیں اور تینوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں۔

پہلی حدیث: محمد بن اسحاق: نافع سے، وہ حضرت ابن عمرؓ سے، اور وہ حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ کی ممانعت فرمائی مگر آپؐ نے عرایا (عطایا) والوں کے لئے اجازت دی کہ وہ درخت کے پھلوں کو بیچیں ان کے اندازے کے مانند (چھوہاروں) کے عوض یعنی درخت کے پھلوں کا اندازہ کریں اور ان کے برابر چھوہارے لے لیں۔

تشریح: یہ روایت محمد بن اسحاق کا وہم ہے، نافع کے دوسرے مضبوط شاگرد: ایوب سختیانی، عبید اللہ عمری اور امام مالک: نافع سے اس طرح روایت نہیں کرتے بلکہ وہ حدیث کے دونوں مضمون علحدہ علحدہ کرتے ہیں، وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے بیع محاقلہ اور بیع مزابنہ کی ممانعت فرمائی (ابن عمر یہ مضمون براہ راست نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں) پھر ابن عمرؓ: زید بن ثابتؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے پانچ وسق سے کم میں عرایا کی اجازت دی۔ یعنی یہ مضمون ابن عمرؓ براہ راست نبی ﷺ سے روایت نہیں کرتے بلکہ حضرت زید کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں اور یہی صحیح ہے، سالم سے امام زہری بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں (بخاری حدیث ۲۱۸۳ و ۲۱۸۴)

دوسری حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے پانچ وسق سے کم میں (یا اس کے مانند فرمایا) بیع عریہ کی اجازت دی (ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع احناف کے نزدیک: تین کلو ایک سو اڑتالیس گرام کا ہوتا ہے پس پانچ وسق نو ہزار چوالیس کلو چار سو گرام ہونگے، یعنی تقریباً دس کوئنٹل۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک صاع: دو کلو ایک سو بہتر گرام کا ہوتا ہے پس پانچ وسق چھ ہزار اکیاون کلو چھ سو گرام ہونگے یعنی تقریباً ساڑھے چھ کوئنٹل)

تشریح: یہ امام مالک رحمہ اللہ کی داؤد بن الحصین سے روایت ہے اس کے آخر میں أو: کذا آیا ہے یعنی أو قال کذا یعنی نبی ﷺ نے فی مادون خمسۃِ أوسُقٍ فرمایا یا اس کے مانند فرمایا۔ یہ ایسا ہی جملہ ہے جیسا حدیث پڑھنے کے بعد بعض علماء کہا کرتے ہیں: أو کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حدیث کے الفاظ بعینہٖ یہی ہیں یا اس سے ملتے جلتے ہیں —— یہ درحقیقت داؤد بن الحصین کا شک ہے کہ نبی ﷺ نے فی خمسۃ أوسقٍ فرمایا یا فی مادون خمسۃ أوسق فرمایا۔ چنانچہ شوافع نے احتیاطاً پانچ وسق سے کم میں عرایا کی اجازت دی، پانچ وسق میں اجازت نہیں دی، اور مالکیہ کے نزدیک دونوں صورتوں میں عریہ جائز ہے پانچ وسق میں بھی اور اس سے کم

میں بھی۔ حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ حدیث بخاری میں ہے (حدیث ۲۱۹۰)

تیسری حدیث: حضرت رافع بن خدیج اور حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیع مزابنہ کی ممانعت فرمائی، یعنی درخت پر کی کھجوروں کو چھوہاروں کے عوض میں بیچنے کی ممانعت فرمائی۔ مگر عرایا والوں کے لئے: پس بیشک آپؐ نے ان کے لئے اجازت دی، اسی طرح انگور کو کشمش کے عوض بیچنے سے منع فرمایا (یہ بھی بیع مزابنہ ہے) اور درخت کے ہر پھل کو اس کے اندازے سے بیچنے سے منع فرمایا (یہ بھی بیع مزابنہ ہے) (یہ روایت حضرت سہل کی سند سے بخاری میں ہے، حدیث نمبر ۲۱۹۱) اور حضرت رافع اور حضرت سہل دونوں کی سند سے مسلم میں ہے)

بیع عریہ کی تفسیریں:

بیع عریہ کی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں، فتح الباری اور تحفۃ الاحوذی میں دیکھی جاسکتی ہیں، میں ان میں سے تین تفسیریں بیان کرتا ہوں، مگر پہلے یہ جان لیں کہ اگر زمین میں کھڑی ہوئی کھیتی مثلاً گیہوں کا کھیت ہم جنس غلہ کے عوض اندازے سے برابری کرکے بیچا جائے تو یہ بیع محاقلہ ہے، اور اگر درخت پر لگے ہوئے پھل مثلاً کھجوریں اور انگور ہم جنس پھلوں کے عوض اندازے سے برابری کرکے بیچے جائیں تو یہ بیع مزابنہ ہے، اور دونوں بیوع ممنوع ہیں جیسا کہ پہلے بھی گذرا ہے۔

البتہ بیع عریہ مستثنیٰ ہے اور یہ استثناء متصل ہے یا منقطع؟ یعنی بیع عریہ: بیع مزابنہ میں داخل ہے یا خارج؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک داخل ہے یعنی استثناء متصل ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک داخل نہیں اور استثناء منقطع ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک دونوں صورتیں جائز ہیں یعنی داخل بھی ہے اور خارج بھی اور استثناء متصل بھی ہے اور منقطع بھی، اس لئے عریہ کی تین تفسیریں ہیں۔

پہلی تفسیر: کسی کے پاس چھوہارے ہیں مگر نقد پیسے نہیں ہیں، جب موسم آیا تو اس کے بچوں نے تازہ کھجوروں کے لئے اصرار کیا اس نے کسی باغ والے سے اندازہ سے برابری کرکے چھوہاروں کے عوض درخت پر لگی ہوئی تازہ کھجوریں خرید لیں تو یہ بیع عریہ ہے اور پانچ وسق میں یا اس سے کم میں جائز ہے۔ نبی ﷺ نے حاجت مندوں کے لئے اس کو مشروع کیا ہے اور پانچ وسق یا اس سے کم کی شرط اس لئے لگائی ہے کہ اتنی مقدار ایک گھرانے کی ضرورت کے لئے کافی ہے، یہ حضرت امام شافعیؒ کی تفسیر ہے، اس صورت میں حقیقتاً بیع مزابنہ سے استثناء ہوگا اور استثناء متصل ہوگا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے عریہ کی یہی تفسیر بیان کی ہے، اور امام شافعیؒ نے بھی کتاب الام میں یہی تفسیر کی ہے۔

دوسری تفسیر: کسی باغ والے نے اپنے باغ میں سے کسی حبیب، قریب یا غریب کو کھجوروں کے چند درخت دیئے، پھر جب کھجوروں کے پکنے کا وقت آیا تو باغ والا اپنی فیملی کے ساتھ باغ میں چلا گیا تا کہ پھلوں کی دیکھ بھال

کرسکے۔اب وہ شخص جس کو چند درخت دیئے گئے ہیں: روز باغ میں آتا ہے تاکہ درختوں پر چڑھ کر پکی ہوئی کھجوریں چن کر لے جائے،اس کے اس طرح بار بار آنے سے مستورات کو پریشانی ہوئی،انھوں نے شوہر سے کہا: یہ کیا مصیبت پال رکھی ہے! روز بجلی والے کھمبے پر چڑھتے ہیں(۱) اور ہمیں گھنٹوں پردہ میں رہنا پڑتا ہے۔ باغ والے نے عورتوں کی پریشانی دیکھ کر اس حبیب،قریب یا غریب سے اندازہ کرکے چھوہاروں کے عوض درختوں کے پھل خرید لئے تو یہ بیع عریہ ہے اور جائز ہے، یہ حقیقتاً بیع نہیں، صرف صورۃً بیع ہے کیونکہ درخت کے پھلوں پر ابھی حبیب،قریب یا غریب کا قبضہ نہیں ہوا اس لئے ہبہ تام نہیں ہوا، وہ پھل بدستور مالک کے ہیں،اس صورت میں بیع عریہ: بیع مزابنہ میں داخل نہیں اور استثناء منقطع ہے اور پانچ وسق سے کم کی شرط اس لئے لگائی کہ عشر کی اتنی ہی مقدار باغ کا مالک غرباء کو دے سکتا ہے، اگر عشر کی مقدار اس سے زیادہ ہو تو اس کو حکومت وصول کرتی ہے (عریہ کی یہ تفسیر امام مالکؒ نے کی ہے، بخاری شریف کتاب البیوع باب تفسیر العرایا میں یہ تفسیر منقول ہے۔اور امام اعظمؒ نے اسی کو اختیار کیا ہے)

تیسری تفسیر: امام مالک رحمہ اللہ سے یہ منقول ہے کہ کسی باغ میں دو آدمی شریک ہیں،ایک کے نوے درخت ہیں، دوسرے کے دس، پس زیادہ درخت والا اپنی فیملی لے کر باغ میں چلا جائے گا اور کم درخت والا روز آئے گا۔اس سے زیادہ درخت والے کی عورتوں کو پریشانی ہوگی پس اگر وہ اندازے سے چھوہاروں کے عوض اپنے شریک کے درختوں کے پھل خرید لے تو یہ جائز ہے اور یہ بیع عریہ ہے اور حقیقتاً بیع مزابنہ ہے،اس صورت میں بھی استثناء متصل ہوگا۔

تشریح: عرایا: عریّۃٌ کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: عطیہ، باغ والے نے حبیب،قریب یا غریب کو جو چند درخت دیئے ہیں وہ عطیہ ہیں، ابھی موہوب لہ ان پھلوں کا مالک نہیں ہوا کیونکہ اس کا ان پر قبضہ نہیں ہوا، پس اگر وہ پھل خرید لئے جائیں تو یہ ایک عطیہ کے بدلے میں دوسرا عطیہ ہے، یہ حقیقتاً بیع نہیں، صرف بیع کی صورت ہے۔یہی امام اعظم رحمہ اللہ کی رائے ہے۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ نے عریہ کی جو تفسیر کی ہے اس کی کوئی معقول وجہ تسمیہ بیان نہیں کی جاسکتی ان کی تفسیر پر بیع عریہ پر عطیہ کا اطلاق نہیں ہوسکتا، پھر ان کی تفسیر پر دو اعتراض وارد ہوتے ہیں،ایک: پانچ وسق ان کے نزدیک تقریباً ساڑھے چھ کوئنٹل کھجوریں ہوتی ہیں اور حنفیہ کے نزدیک تقریباً دس کوئنٹل۔ جو ایک فیملی کی ضرورت سے بہت زیادہ ہیں، پھر اتنی بڑی مقدار کا استثناء آخر کیوں کیا گیا؟ دوسرا اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ اگر کوئی حیلہ کرے اور پانچ وسق سے کم کی چند بیعیں کرکے پورا باغ خرید لے تو یہ جائز ہوگا، پس بیع مزابنہ کی ممانعت بے فائدہ ہوکر رہ جائے گی۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ نے جو تفسیر اختیار کی ہے وہ عریہ کے لغوی معنی عطیہ سے ہم آہنگ ہے اور پانچ وسق سے کم

(۱) دیوبند میں بجلی ٹھیک کرنے والے جب بھی کھمبے پر چڑھتے ہیں تو زور سے آواز دیتے ہیں: ''پردے میں ہوجاؤ بجلی والے کھمبے پے چڑھ رہے ہیں'' حضرت الاستاذ کے کلام میں اس کی طرف تلمیح ہے ۱۲

کی تخصیص کی وجہ ابھی بیان کی گئی کہ عشر کی اتنی ہی مقدار مالک از خود غریبوں کو دے سکتا ہے اس سے زیادہ عشر حکومت وصول کرتی ہے، تفصیل کتاب الزکاۃ میں گذر چکی ہے۔

[۶۲-] باب ماجاء فی العَرَایَا، والرخصة فی ذلك

[۱۲۸۶-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، إِلَّا أَنَّهُ قَدْ أَذِنَ لِأَهْلِ الْعَرَايَا أَنْ يَبِيْعُوْهَا بِمِثْلِ خَرْصِهَا.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَجَابِرٍ.

حديثُ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ هٰكَذَا رَوَى مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ، وَرَوَى أَيُّوْبُ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، وَمَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَنَّهُ رَخَّصَ فِی الْعَرَايَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بنِ إِسْحَاقَ.

[۱۲۸۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ دَاوُدَ بنِ الحُصَيْنِ، عَنْ أَبِیْ سُفْيَانَ مَوْلَی ابنِ أَبِیْ أَحْمَدَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم أَرْخَصَ فِیْ بَيْعِ الْعَرَايَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، أَوْ: كَذَا.

حَدَّثَنَا قتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ دَاوُدَ بنِ حُصَيْنٍ نَحْوَهُ.

وَرُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ مَالِكٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم أَرْخَصَ فِیْ بَيْعِ الْعَرَايَا فِیْ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ، أَوْ: فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ.

[۱۲۸۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ: أَنَّ رسولَ اللہ صلی اللہ علیه وسلم أَرْخَصَ فِیْ بَيْعِ الْعَرَايَا بِخَرْصِهَا، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَحَدِيْثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمُ الشَّافِعِیُّ، وأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ، وَقَالُوْا: إِنَّ الْعَرَايَا مُسْتَثْنًی مِنْ جُمْلَةِ نَهیِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، إِذْ نَهی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ، وَاحْتَجُّوْا بِحديثِ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَحديثِ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَقَالُوْا: لَهُ أَنْ يَشْتَرِیَ مَادُوْنَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ.

وَمَعْنَی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم أَرَادَ التَّوْسِعَةَ عَلَيْهِمْ فِیْ هٰذَا، لِأَنَّهُمْ شَكَوْا إِلَيْهِ، وَقَالُوْا: لَانَجِدُ مَا نَشْتَرِی مِنَ الثَّمرِ إِلَّا بِالتَّمْرِ، فَرَخَّصَ لَهُمْ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ

أَوْسُقٍ أَنْ يَشْتَرُوْهَا، فَيَأْكُلُوْهَا رُطَبًا.

[۱۲۸۹-] حدثنا الْحسُنُ بنُ عَلِيٍّ الْخلَّالُ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ كَثِيْرٍ، ثَنَا بُشَيْرُ بنُ يَسَارٍ مَوْلَى بَنِيْ حَارِثَةَ: أَنَّ رَافِعَ بنَ خَدِيْجٍ وَسَهْلَ بنَ أَبِيْ حَثْمَةَ حَدَّثَاهُ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ الْمُزَابَنَةِ: الثَّمرِ بِالتَّمْرِ، إِلَّا لِأَصْحَابِ الْعَرَايَا، فَإِنَّهُ قَدْ أَذِنَ لَهُمْ، وَعَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ بِالزَّبِيْبِ، وَعَنْ كُلِّ ثَمرٍ بِخَرْصِهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مَنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: سب سے پہلے امام ترمذیؒ نے محمد بن اسحاق کی روایت لکھی ہے جس میں وہم ہے، پھر یہ بیان کیا ہے کہ نافع کے مضبوط تلامذہ حدیث کے دونوں مضمون علحدہ علحدہ کرتے ہیں اور یہی صحیح ہے —— پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت لکھی ہے اس میں أَرْخصَ (از باب افعال) آیا ہے یہ رَخَّصَ (از باب تفعیل) کے معنی میں ہے —— یہ حدیث امام ترمذیؒ نے امام مالک کے دوشاگردوں سے روایت کی ہے، زید بن حباب کی سند سے اور قتیبہ کی سند سے، پھر یہ بیان کیا ہے کہ یہ حدیث امام مالک سے شک کے ساتھ بھی مروی ہے اور اس کے لئے رُوِیَ (فعل مجہول) استعمال کیا ہے مگر یہ روایت ضعیف نہیں، یہ شک والی روایت بھی بخاری (حدیث ۲۱۹۰) میں ہے —— پھر نافع کے مضبوط شاگرد ایوب سختیانی کی سند سے پہلی حدیث کا دوسرا مضمون بروایت ابن عمر عن زید بن ثابت لکھا ہے —— اس کے بعد بیع عریہ کا حکم بیان کیا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے: بعض اہل علم کے نزدیک اس حدیث پر عمل ہے ان میں سے شافعی، احمد اور اسحاق ہیں، یہ حضرات کہتے ہیں کہ بیع عریہ ممنوع بیع مزابنہ سے مستثنیٰ ہے کیونکہ نبی ﷺ نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع فرمایا ہے (پس یہ استثناء متصل ہے) اور یہ حضرات: حضرت زید اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی حدیثوں سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں: آدمی کے لئے جائز ہے کہ پانچ وسق سے کم خریدے، اور بعض اہل علم کے نزدیک اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اس معاملہ میں لوگوں پر گنجائش کا ارادہ کیا، اس لئے کہ انھوں نے آپؐ کے سامنے اپنی پریشانی کا اظہار کیا اور کہا کہ ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں کہ ہم تازہ پھل خرید سکیں۔ صرف چھوہاروں کے بدل ہی خرید سکتے ہیں، پس آپؐ نے ان کو اجازت دی کہ وہ پانچ وسق سے کم پھل خرید سکتے ہیں، پس وہ ان پھلوں کو تازہ ہونے کی حالت میں کھائیں (اس وجہ کی طرف حضرت سہل کی حدیث (بخاری حدیث ۲۱۹۱) میں اشارہ ہے، اس میں یہ جملہ ہے: یأکلُها أهلُها رُطَبًا)

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ کی عبارت لانَجِدُ ما نشتری من الثمر إلا بالتَّمْر میں پہلا لفظ ثائے مثلثہ کے ساتھ ہے جس کے معنی ہیں تازہ پھل، یعنی درخت کی کھجوریں۔ اور دوسرا لفظ ت مثنات کے ساتھ ہے یعنی چھوہارے —— اسی طرح آخری حدیث میں بھی الثَّمرُ بالتَّمْر ہے اور یہ بیع مزابنہ کی تفسیر ہے، یعنی درخت کی

کھجوروں کو چھوہاروں کے عوض میں خریدنا بیع مزابنہ ہے۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاھِیَۃِ النَّجَشِ

دھوکہ دہی کے لئے خریدنے کی پیشکش جائز نہیں

نجش: ج کے سکون کے ساتھ مصدر ہے اور فتح کے ساتھ اسم ہے: نَجَشَ الشیئَ الخَبِیْئَۃَ کے معنی ہیں: چھپی ہوئی چیز کو کرید کر نکالنا، اور اصطلاحی معنی ہیں: مشتری کو دھوکہ دینے کے لئے خریدنے کی پیش کش کرنا، مثلاً میرے پاس پاکستان کی مطبوعہ ایک کتاب ہے اور صرف میرے پاس ہے اور ایک نسخہ ہے، ایک شخص اس کو خریدنا چاہتا ہے مگر اس کو قیمت زیادہ محسوس ہو رہی ہے، ایک دوست آتا ہے اور پوچھتا ہے: فلاں کتاب ہے؟ میں نے کہا: ہاں ہے! مگر یہ خریدار ہے، اس سے سودا چل رہا ہے، اس نے کہا: اگر یہ نہ خریدیں تو مجھے ضرورت ہے، وہ یہ کہہ کر چلا گیا حالانکہ اس کا مقصد خریدنا نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ مشتری اس کو خریدلے، اس کو نجش کہتے ہیں، ظاہر ہے یہ دھوکہ بازی ہے اور کراہیت بیوع کی نو وجوہ میں سے ایک وجہ فریب بھی ہے، پس یہ حرکت ممنوع ہے۔

[۶۳-] باب ماجاء فی کراھیۃ النَّجَشِ

[۱۲۹۰-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، وأَحْمَدُ بنُ مَنِیعٍ، قَالاَ: ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم ،وَقَالَ قُتَیْبَۃُ: یُبْلُغُ بِہِ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" لاَتَنَاجَشُوْا"

وَفِیْ الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ؛ حدیثُ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰی ھٰذَا عِنْدَ أَھْلِ الْعِلْمِ: کَرِھُوْا النَّجَشَ، والنَّجَشُ: أَنْ یَأْتِیَ الرَّجُلُ الَّذِیْ یُبْصِرُ السِّلْعَۃَ إِلَی صَاحِبِ السِّلْعَۃِ،فَیَسْتَامُ بِأَکْثَرَ مِمَّا تُسْوَی، وَذٰلِکَ عِنْدَ مَا یَحْضُرُہُ الْمُشْتَرِیْ، یُرِیْدُ أَنْ یَغْتَرَّ الْمُشْتَرِیْ بِہِ، وَلَیْسَ مِنْ رَأْیِہِ الشِّرَاءُ، إِنَّمَا یُرِیْدُ أَنْ یَنْخَدِعَ الْمُشْتَرِیْ بِمَا یَسْتَامُ، وَھٰذَا ضَرْبٌ مِنَ الْخَدِیْعَۃِ.

قَالَ الشَّافِعِیُّ: وَإِنْ نَجَشَ رَجُلٌ، فَالنَّاجِشُ آثِمٌ فِیْمَا یَصْنَعُ، وَالْبَیْعُ جَائِزٌ، لِأَنَّ الْبَائِعَ غَیْرُ النَّاجِشِ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایک دوسرے کے ساتھ نجش نہ کرو'' (باب مفاعلہ اس لئے ہے کہ تاجر اس طرح ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں) ـــــــ اس حدیث پر اہل علم کا عمل ہے، وہ نجش کو ناپسند کرتے ہیں اور نجش یہ ہے کہ وہ شخص جو سامان کو پہچانتا ہے سامان کے مالک کے پاس آئے پس بھاؤ تاؤ کرے اس سے زیادہ جس سے وہ بھاؤ

تاؤ کی جاتی ہے، اور یہ جب کرے جب مالک کے پاس گاہک آئے، چاہتا ہے وہ کہ اس سے مشتری دھوکہ کھائے درانحالیکہ اس کا ارادہ خریدنے کا نہیں، وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ مشتری دھوکہ کھا جائے بھاؤ کرنے کی وجہ سے اور یہ فریب کی ایک نوع ہے (اس لئے ممنوع ہے) امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اگر کسی شخص نے دھوکہ دہی کے لئے خریدنے کا آفر دیا تو نجش کرنے والا اس کام کی وجہ سے گنہ گار ہوگا، مگر بیع درست ہوگی کیونکہ بائع آفر دینے والے کے علاوہ ہے۔

بابُ ماجاء فی الرُّجْحَانِ فِی الْوَزْنِ

جھکتا تولنے کا بیان

حدیث: سوید بن قیس اور مخرفہ عبدی رضی اللہ عنہما ہجر مقام سے سوتی کپڑا لا کر مکہ میں فروخت کیا کرتے تھے، یہ واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے اور ہوسکتا ہے نبوت سے بھی پہلے کا ہو۔ نبی ﷺ ان کی دوکان پر تشریف لے گئے اور آپؐ نے بھاؤ تاؤ کر کے پاجامہ خریدا، معلوم ہوا کہ اس زمانہ میں بھی ریڈی میٹ (تیار) کپڑوں کا رواج تھا، وہیں دوکان میں وزّان (ثمن تولنے والا) بھی تھا جو اجرت پر چاندی تولتا تھا۔ نبی ﷺ نے اس کو چاندی دی اور جتنا ثمن ادا کرنا تھا اتنی چاندی کاٹ کر تولنے کے لئے فرمایا اور یہ ہدایت دی کہ جھکتا تولنا۔

تشریح: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر مبیع یا ثمن تول کر دیا جائے تو جھکتا ہوا تولنا چاہئے۔ یہ مکارم اخلاق کی بات ہے۔

[٦٤-] باب ماجاء فی الرُّجْحَان فی الوَزْنِ

[١٢٩١-] حدثنا هَنَّادٌ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قالاَ: ثَنا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ سُوَيْدِ بنِ قَيْسٍ قَالَ: جَلَبْتُ أَنَا وَمَخْرَفَةُ الْعَبْدِيُّ بَزًّا مِنْ هَجَرٍ، فَجَاءَ نَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَسَاوَمَنَا بِسَرَاوِيْلَ، وَعِنْدِىْ وَزَّانٌ يَزِنُ بِالأَجْرِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِلْوَزَّانِ: "زِنْ وَأَرْجِحْ"

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَبِىْ هُرَيْرَةَ، حديثُ سُوَيْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَهْلُ الْعِلْمِ يَسْتَحِبُّوْنَ الرُّجْحَانَ فِي الْوَزْنِ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الْحديثَ عَنْ سِمَاكٍ، فَقَالَ: عَنْ أَبِىْ صَفْوَانَ، وَذَكَرَ الْحَدِيْثَ.

وضاحت: مَخْرَفَة (بالفاء) کا نام ابوداؤد میں مَخْرَمَة (بالمیم) آیا ہے ـــــ أَرْجَحَ له وَرَجَّحَ: أَعْطَاه راجحاً: جھکتا تول کر دینا ـــــ سفیان ثوری یہ حدیث بواسطہ سماک: سوید بن قیس سے روایت کرتے تھے، اور امام شعبہ: بواسطہ سماک: ابوصفوان بن عمیرۃ سے روایت کرتے تھے یعنی کپڑے کے تاجر ابوصفوان تھے، مگر یہ امام شعبہ کی بھول ہے، صحیح روایت سفیان کی ہے تفصیل ابوداؤد (حدیث ۳۳۳۶-۳۳۳۹) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی إِنْظَارِ الْمُعْسِرِ وَالرِّفْقِ بِهِ

تنگ دست کومہلت دینا اوراس کے ساتھ نرمی کرنا

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے تنگ دست کومہلت دی یا قرضہ معاف کردیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اپنے عرش کے سایہ میں رکھیں گے جس دن اللہ کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا''

تشریح: یہ حدیث بھی مکارم اخلاق کے باب سے ہے یعنی اگر مقروض تنگ دست اور غریب آدمی ہوتو اس کو قرض کی ادائیگی میں مہلت دینی چاہئے اور اس کے ساتھ نرم برتاؤ کرنا چاہئے۔ اور اگر قرضہ بالکل معاف کردے تو نورٌ علیٰ نور، اور یہ بات بیوع کے ساتھ خاص نہیں، مگر بیوع میں عام طور پر یہ بات پیش آتی ہے اس لئے یہ حدیث یہاں لائے ہیں ـــــــ اور مشہور حدیث ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سات قسم کے لوگوں کو اپنے سایہ میں رکھیں گے، یہ بات سات میں منحصر نہیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اور لوگوں کے لئے بھی یہ فضیلت ہے، اور ایسے اور بھی لوگ ہیں، جن کا تذکرہ مختلف روایات میں آیا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے گذشتہ کسی امت کے ایک شخص کا واقعہ بیان کیا کہ جب اس کا انتقال ہوا اور اس کا حساب جانچا گیا تو اس کے نامۂ اعمال میں کوئی نیکی نہیں تھی صرف ایک نیکی تھی کہ وہ مالدار آدمی تھا اور اس کے لوگوں سے معاملات رہتے تھے اور اس نے اپنے غلاموں کو یہ حکم دے رکھا تھا کہ اگر کوئی گاہک تنگ دست ہوتو اس سے درگذر کرنا، اللہ تعالیٰ نے فرشتوں سے فرمایا: اس خوبی کے ہم زیادہ سزاوار ہیں: اس سے درگذر کرو! (معلوم ہوا کہ کسی تنگ دست کو معاف کرنا بڑا فضیلت کا کام ہے)

[۶۵-] باب ماجاء فی إِنْظَار الْمُعْسِرِ، والرِّفْقِ به

[۱۲۹۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بنِ قَيْسٍ، عَنْ زَيدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَنْظَرَ مُعْسِرًا أَوْ وَضَعَ لَهُ: أَظَلَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحتَ ظِلِّ عَرْشِهِ، يَوْمَ لَاظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِيْ الْيَسَرِ، وَأَبِيْ قَتَادَةَ، وَحُذَيْفَةَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعُبَادَةَ، حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۱۲۹۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " حُوْسِبَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَلَمْ يُوْجَدْ لَهُ مِنَ الْخَيْرِ شَيْئٌ

إِلَّا أَنَّهُ كَانَ رَجُلًا مُوْسِرًا، فَكَانَ يُخَالِطُ النَّاسَ، وَكَانَ يَأْمُرُ غِلْمَانَهُ أَنْ يَتَجَاوَزُوْا عَنِ الْمُعْسِرِ، فَقَالَ اللّٰهُ تعالى: نَحْنُ أَحَقُّ بِذٰلِكَ مِنْهُ، تَجَاوَزُوْا عَنْهُ''، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی مَطْلِ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ

مالدار کا ٹال مٹول کرنا ظلم ہے

یہ اوپر والے باب کا مقابل باب ہے، مقروض اگر واقعی تنگ دست ہو تو اس کے ساتھ نرم برتاؤ کرنا چاہئے، لیکن اگر وہ مالدار ہو یعنی قرضہ دے سکتا ہو مگر نادہند ہو تو اس کے ساتھ نرمی کرنے کا شریعت نے حکم نہیں دیا، اس کا مرغا بنانا چاہئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مالدار کا ٹال مٹول کرنا ایسا ظلم ہے جو اس کی سزا دہی کو حلال کر دیتا ہے یعنی اس کو پکڑ کر قاضی کے پاس لے جانا چاہئے اور سزا دلوانی چاہئے تاکہ دوسروں کو عبرت ہو۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مالدار کا ٹال مٹول کرنا زیادتی ہے اور جب تم میں سے کوئی شخص کسی مالدار کے پیچھے لگایا جائے تو چاہئے کہ وہ اس کے پیچھے لگے'' یعنی اگر مقروض کہے کہ فلاں آدمی آپ کا قرض دیدے گا اور وہ مالدار بھی ہو اور قرض ادا کرنے پر راضی بھی ہو تو پھر اصل کو تنگ نہیں کرنا چاہئے، اس فرع سے اپنا قرض مانگنا چاہئے، اسی کا نام حوالہ ہے۔

مذاہبِ فقہاء: اگر کوئی شخص اپنا قرض دوسرے پر اتار دے اور محتال علیہ مالدار ہو اور قرض خواہ اور محتال علیہ اس پر راضی ہوں تو حوالہ درست ہے، اور محیل (قرض اتارنے والا) قرض سے بری ہو جائے گا، پھر اگر محتال علیہ غریب نکلے یا قرض نہ دے تو کیا حکم ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک جب حوالہ درست ہو گیا تو اصل بری ہو گیا، اب دوبارہ اس پر قرض نہیں لوٹے گا خواہ محتال علیہ قرضہ دے یا نہ دے، اور حقیقت میں وہ مالدار ہو یا غریب۔ اور دوسری رائے یہ ہے کہ اگر محتال علیہ مالدار ہو تو قرض نہیں لوٹے گا اور اگر غریب نکلے تو قرض اصل پر لوٹ آئے گا یا یوں کہیں کہ اس صورت میں اصل بری نہیں ہو گا، اس لئے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے: مسلمان کا مال ہلاک نہیں ہوتا'' پس قرض یا تو محتال علیہ دے گا اور اگر وہ غریب ہو تو اصل دے گا، غرض ان حضرات کے نزدیک مسئلہ کا مدار محتال علیہ کے مالدار یا غریب ہونے پر ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک: براءت اصل کی شرط کے ساتھ قرضہ محتال علیہ پر اترتا ہے پس اگر محتال علیہ قرض نہ دے تو وہ خواہ مالدار ہو یا غریب قرضہ اصل پر رہے گا۔

بہ الفاظ دیگر: حوالہ میں اگرچہ اصل بری ہو جاتا ہے مگر نفس الامر میں قرض اسی پر رہتا ہے، پس اگر محتال علیہ قرضہ دیدے تو محیل بری ہو جائے گا اور اگر محتال علیہ قرضہ نہ دے یا نہ دے سکے تو اصل کو دینا ہو گا۔ حضرت عثمانؓ

کے قول کا یہی مطلب ہے۔اور حدیث میں مَلِیّ (مالدار) کی قید اتفاقی ہے۔

[٦٦-] باب ماجاء في مَطْلِ الْغَنِيِّ ظلمٌ

[١٢٩٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَطْلُ الْغَنِيِّ ظُلْمٌ، وَإِذَا أُتْبِعَ أَحَدُكُمْ عَلَى مَلِيٍّ فَلْيَتْبَعْ"

وفي الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَالشَّرِيْدِ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَمَعْنَاهُ: أَنَّهُ إِذَا أُحِيْلَ أَحَدُكُمْ عَلَى مَلِيٍّ فَلْيَتْبَعْ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا أُحِيْلَ الرَّجُلُ عَلَى مَلِيٍّ، فَاحْتَالَهُ، فَقَدْ بَرِیءَ الْمُحِيْلُ، وَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ عَلَى الْمُحِيْلِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا تَوِىَ مَالُ هٰذَا بِإِفْلَاسِ الْمُحَالِ عَلَيْهِ، فَلَهُ أَنْ يَرْجِعَ عَلَى الْأَوَّلِ، وَاحْتَجُّوْا بِقَوْلِ عُثْمَانَ وَغَيْرِهِ، حِيْنَ قَالُوْا: لَيْسَ عَلَى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى.

وَقَالَ إِسْحَاقُ: مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ: لَيْسَ عَلَى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى: هٰذَا إِذَا أُحِيْلَ الرَّجُلُ عَلَى آخَرَ، وَهُوَ يَرَى أَنَّهُ مَلِيٌّ، فَإِذَا هُوَ مُعْدِمٌ، فَلَيْسَ عَلٰى مَالِ مُسْلِمٍ تَوًى.

لغات: احْتَالَ عليه بالدَّيْن: قرض کسی کے ذمہ کر دینا کہ وہ ادا کرے گا۔ یہی معنی أَحَالَ الرجلُ على آخر کے ہیں، مُحِيْل اور مُحْتَال: اصیل جو اپنا قرضہ دوسرے پر اتارتا ہے —— محتال له: قرض خواہ —— مُحْتَال عليه: وہ دوسرا شخص جس پر قرضہ اتارا گیا —— محتال به: قرضہ جو دوسرے پر اتارا گیا —— اور حوالة: اس عقد (معاملہ) کا نام ہے۔

ترجمہ: حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب تم میں سے کوئی کسی مالدار پر قرض اتار دے تو قرض خواہ کو اس کے پیچھے لگنا چاہئے (یعنی حدیث میں اُتْبِعَ بمعنی اُحِيْلَ ہے) اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب آدمی نے کسی مالدار پر قرض اتارا اور اس نے اس قرض کو قبول کر لیا تو محیل بری ہو گیا، اب وہ قرض محیل سے نہیں مانگ سکتا اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب قرض خواہ کا مال محتال علیہ کے غریب ہونے کی وجہ سے ہلاک ہو جائے یعنی وہ نہ دے سکے تو وہ اصیل سے مانگ سکتا ہے، اور انھوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ وغیرہ کے قول سے استدلال کیا ہے، انھوں نے فرمایا ہے: ''مسلمان کا مال کبھی ہلاک نہیں ہوتا'' یعنی یا تو محتال علیہ دے ورنہ اصیل کو دینا ہوگا۔ اور حضرت اسحاق رحمہ اللہ کہتے ہیں: حدیث: ليس على مال مسلم توىً کا مطلب یہ ہے کہ جب آدمی نے دوسرے پر قرض اتارا اور قرض خواہ کا گمان یہ تھا کہ وہ مالدار ہے پس اچانک وہ غریب نکلا تو مسلمان کا مال ہلاک

نہیں ہوگا یعنی اب قرض اصیل ادا کرے گا۔

بابُ ماجاء فی الْمُنابَذَةِ و الْمُلامَسَةِ

بیع منابذہ اور بیع ملامسہ کا بیان

مُنابَذَة: نَبْذٌ (پھینکنا، ڈالنا) سے باب مفاعلہ ہے، جس کے معنی ہیں: ایک دوسرے کی طرف ڈالنا، پھینکنا۔ اور مُلامَسَة: لَمْسٌ (چھونا، ہاتھ لگانا) سے باب مفاعلہ ہے، جس کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو چھونا ——— زمانۂ جاہلیت کا یہ دستور تھا کہ اگر سودا کرتے ہوئے بائع: مبیع کو مشتری کی طرف پھینک دے یا مشتری: ثمن کو بائع کی طرف پھینک دے تو سودا پکا ہوجاتا تھا، اب دوسرے فریق کو بولنے کا اختیار نہیں رہتا تھا، یہ دستور زباں بندی تھا، اسلام نے اس کو ختم کردیا، بیع میں آخر تک ہر فریق کو اپنی بات کہنے کا اختیار ہے، پھر اختلاف ہوا کہ یہ اختیار کب تک ہے؟ احناف کے نزدیک: تفرق اقوال تک اختیار ہے، جب ایجاب وقبول مکمل ہوگئے تو اب کسی فریق کو بیع ختم کرنے کا اختیار تام حاصل نہیں۔ اور شوافع کے نزدیک تفرقِ ابدان تک یا اختر اختر کہنے تک ہے، اور اسی کا نام خیارِ مجلس ہے، جس کی تفصیل گذر چکی۔

اور ملامسہ کی صورت یہ ہوتی تھی کہ بائع ثمن کو ہاتھ لگادے یا مشتری مبیع کو ہاتھ لگادے تو سودا پکا ہوجاتا تھا، اب دوسرے فریق کو بولنے کا اختیار نہیں رہتا تھا یہ بھی دستور زباں بندی تھا جس کو اسلام نے ختم کردیا۔

علاوہ ازیں: ان بیوع میں مخاطرہ (سٹہ) کا پہلو بھی ہے، اور شریعت میں معاملات میں کامل رضامندی ضروری ہے اور دیکھنے بھالنے کا اختیار باقی رہتا ہے، خیار رویت اور خیار عیب اسی وجہ سے مشروع کئے گئے ہیں۔

[٦٧-] باب ماجاء فی المنابذة و الملامسة

[١٢٩٥-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَمَحْمُودُ بنُ غَيْلاَنَ قَالاَ: ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَيْعِ الْمُنَابَذَةِ وَالْمُلاَمَسَةِ.

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَمَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ: أَنْ يَقُوْلَ: إِذَا نَبَذْتُ إِلَيْكَ بِالشَّيئِ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ، وَالْمُلاَمَسَةُ: أَنْ يَقُوْلَ: إِذَا لَمَسْتَ الشَّيئَ فَقَدْ وَجَبَ الْبَيْعُ، وَإِنْ كَانَ لاَيَرى مِنْهُ شَيْئًا، مِثْلَ مَايَكُوْنَ فِيْ الْجِرَابِ أَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ، وَإِنَّمَا كَانَ هٰذَا مِنْ بُيُوْعِ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَنَهَى عَنْ ذٰلِكَ.

ترجمہ: اور اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ (بائع) کہے: جب میں آپ کی طرف چیز (مبیع) پھینک دوں تو

میرے اور آپ کے درمیان بیع لازم ہوگئی، اور ملامسہ: یہ ہے کہ کہے: جب آپ چیز (مبیع) کو چھولیں تو بیع لازم ہوگئی اگرچہ اس نے مبیع میں سے کچھ نہ دیکھا ہو مثلاً مبیع بورے میں ہو یا اس کے علاوہ کسی چیز میں ہو، اور یہ جاہلیت کے سودوں کا طریقہ تھا پس آپؐ نے اس سے منع فرمایا۔

بابُ ماجاء في السَّلَفِ فِي الطَّعَامِ والثَّمَرِ

کھجور اور غلہ پر قرض دینا یعنی بیع سلم کرنا

سلم اور سلف ہم معنی ہیں سلم کے لغوی معنی ہیں: سپرد کرنا۔ اور سلف کے معنی ہیں: قرض دینا، بیع سلم میں مبیع موجود نہیں ہوتی، نہ مجلس عقد میں، نہ بائع کی ملک میں، اور ثمن اسی مجلس میں سپرد کرنا ضروری ہوتا ہے، اس وجہ سے اس کا نام سلم (سپرد کرنا) رکھا گیا، اور چونکہ مبیع موجود نہیں اس لئے جو ثمن سپرد کیا گیا وہ گویا قرضہ ہے اس لئے اس کا دوسرا نام سلف ہوا۔

بیع سلم میں مبیع کی ہمہ جہتی تعیین ضروری ہے پس جس چیز کی پوری تعیین نہ ہوسکتی ہو اس کا سلم جائز نہیں۔ اور جس چیز کی پوری طرح تعیین ممکن ہو اس کا سلم جائز ہے، مثلاً: غلوں کی ہمہ جہتی تعیین ممکن ہے پس ان کی بیع سلم جائز ہے۔ بلکہ اب تو مشینری دور ہے، ہزاروں چیزیں ایک ہی سائز کی بنتی ہیں پس ان سب کی بیع سلم جائز ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ صحتِ بیع کے لئے شرط ہے کہ مبیع بائع کی ملک میں ہو بلکہ منقولات قبضہ میں بھی ہوں اور بیع سلم میں مبیع مارکیٹ میں تو ہوتی ہے مگر بائع کی ملک میں نہیں ہوتی اس لئے قاعدے سے بیع سلم جائز نہیں ہونی چاہئے مگر یہ ایک استثنائی صورت ہے، اور اس کو اس لئے جائز رکھا گیا ہے کہ اس کے ذریعہ آدمی بغیر پیسوں کے زمین میں غلہ اگا سکتا ہے اور بڑے سے بڑا کارخانہ قائم کرسکتا ہے، مثلاً ایک شخص کے پاس زمین تو ہے مگر بونے کے لئے بیج نہیں، زمین جوتنے کے لئے ہل بیل نہیں، سینچائی کے لئے مصارف نہیں، کھاد نہیں تو وہ کیا کرے؟ زمین کو کیسے کارآمد بنائے؟ اس کا طریقہ بیع سلم ہے: کسی تاجر کے پاس جائے اور اس سے سودا کرے اور کہے کہ مجھے رقم کی ضرورت ہے، گیہوں بونا ہے، بتاؤ گیہوں کتنا خریدوگے؟ چار مہینے کے بعد پانچ سو روپے فی کونٹل کے حساب سے دوں گا، تاجر کے لئے یہ سستا سودا ہے اس نے سو کونٹل خرید لیا اور فوراً پیسے دیدیئے وہ فوراً گیہوں بوئے گا اور چار مہینے کے بعد مبیع سپرد کردے گا، اس طرح اس نے سلم کی مدد سے کھیتی کرڈالی اور تین مہینوں کے بعد جب گیہوں پیدا ہوا تو اس نے سو کونٹل مشتری کو دیدیا باقی نفع میں رہا۔ یا مثلاً ایک شخص کو بنیان بُننے کا کارخانہ قائم کرنا ہے، وہ چند تاجروں کے پاس جاتا ہے اور سوت کا نمبر، سائز اور وزن وغیرہ تفصیل بتا کر طے کرلیتا ہے کہ چھ مہینے کے بعد سے تین سال تک ہر مہینے دو سو بنیان دوں گا اور پیشگی رقم لے لیتا ہے، اور مشینیں خرید کر کارخانہ شروع کردیتا ہے اور چھ مہینے کے بعد بنیان کی سپلائی شروع کردیتا ہے اور تین سال کے بعد کارخانہ فری ہوجاتا ہے یہ ہے سلم کا فائدہ!

غرض بیع سلم کی مدد سے آدمی بغیر پیسوں کے بڑے سے بڑا کام کرسکتا ہے، مگر اس میں شرط یہ ہے کہ مبیع یعنی جس چیز کا سودا ہوا ہے وہ ہر وقت مارکیٹ میں رہے تاکہ اگر کھیت میں گیہوں پیدا نہ ہو یا کارخانہ میں بنیان تیار نہ ہوں تو بائع بازار سے خرید کر مبیع سپرد کرسکے، اسی لئے کسی معین کھیت کی پیداوار کی شرط پر سلم جائز نہیں کیونکہ ہوسکتا ہے: اس کھیت میں غلہ پیدا نہ ہو یا کم پیدا ہو، پس کہاں سے لاکر دے گا؟ گیہوں، چاول وغیرہ کی نوع تو متعین کرسکتے ہیں، بلکہ ضروری ہے مگر کسی معین کھیت کی پیداوار کی شرط لگانا جائز نہیں۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ میں وارد ہوئے تو مدینہ والے پھلوں میں بیع سلم کیا کرتے تھے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بیع سلم کرے: وہ پیمانہ، وزن اور (مسلم فیہ سپرد کرنے کی) مدت متعین کرلے'' (یہ درحقیقت دو ہی شرطیں ہیں کیونکہ کیل ووزن ایک ہیں، پھر فقہاء نے ان شرطوں کو پھیلایا تو پانچ شرطیں بنیں، اور بعض نے اور پھیلایا تو سات شرطیں بنیں)

حیوان کی بیع سلم کا حکم: حنفیہ کے نزدیک حیوان کی بیع سلم جائز نہیں کیونکہ اس کے افراد بہت زیادہ متفاوت ہوتے ہیں، اس لئے ہمہ جہتی تعیین نہیں ہوسکتی۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حیوان کی بیع سلم بھی جائز ہے کیونکہ ان کے نزدیک حیوان کی حیوان کے ساتھ بیع میں ایک عوض ادھار ہوسکتا ہے اور بیع سلم میں بھی ایک عوض ادھار ہوتا ہے، پس یہ بیع جائز ہے، مگر حضرت نے یہ بات پیش نظر نہیں رکھی کہ حیوان کی (جو ادھار ہے) پوری طرح تعیین ممکن نہیں پس بوقت تسلیم نزاع ہوسکتا ہے، مثلاً: ایک شخص کو لڑکے کی شادی کرنی ہے اور بڑا ولیمہ کرنا ہے اس نے کسی قصائی سے دس بکریوں کا سلم کیا کہ فلاں تاریخ میں بکرے مہیا کردینا اور پیسے ابھی دیدیئے، اب وہ قصائی مریل بکرے لایا تو سر پیٹنے کے علاوہ چارہ کیا ہوگا!

[۶۸-] باب ماجاء في السَّلَفِ في الطّعام والثَّمَرِ

[۱۲۹۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ الْمِنْهَالِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يُسْلِفُوْنَ فِيْ الثَّمَرِ فَقَالَ: '' مَنْ أَسْلَفَ فَلْيُسْلِفْ فِيْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ، وَوَزْنٍ مَعْلُوْمٍ إِلٰى أَجَلٍ مَعْلُوْمٍ''

قَالَ: وَفِيْ الْبَابِ: عَنِ ابنِ أَبِيْ أَوْفٰى، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبْزَى؛ حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَجَازُوْا السَّلَفَ فِي الطَّعَامِ، وَالثِّيَابِ، وَغَيْرِ ذٰلِكَ، مِمَّا يُعْرَفُ حَدُّهُ وَصِفَتُهُ.

وَاخْتَلَفُوْا فِي السَّلَمِ فِي الْحِيَوَانِ: فَرَأَى بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه

وسلم وَغَيْرِهِمُ السَّلَمَ فِي الْحيَوانِ جَائِزًا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَكَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغيْرِهِمُ السَّلَمَ فِي الْحَيَوَانِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوفَةِ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے، وہ غلوں اور کپڑوں وغیرہ میں بیع سلم کی اجازت دیتے ہیں، بشرطیکہ مبیع ان چیزوں میں سے ہو جس کی حد اور صفت جانی جاتی ہو، یعنی اس کی پوری طرح تعیین ممکن ہو، اور حیوان کی بیع سلم (کے جواز وعدم جواز) میں علماء نے اختلاف کیا ہے، بعض صحابہ وغیرہ اہل علم حیوان میں بیع سلم کو جائز کہتے ہیں اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور صحابہ وغیرہ میں سے بعض اہل علم حیوان کی بیع سلم کو ناجائز کہتے ہیں اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء في أَرْضِ الْمُشْتَرَكِ يَرِيْدُ بَعْضُهُمْ بَيْعَ نَصِيْبِهِ

مشترک زمین میں سے اپنا حصہ بیچنا

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص کا کسی باغ میں کوئی شریک ہو تو وہ اس میں سے اپنا حصہ نہ بیچے جب تک کہ اسے اپنے شریک کے سامنے پیش نہ کرے''

تشریح: اگر کوئی مکان یا زمین دو یا زیادہ لوگوں کے درمیان مشترک ہو اور ایک شریک اپنا حصہ فروخت کرنا چاہے تو بیچنے سے پہلے اسے اپنا حصہ شریک کے سامنے پیش کرنا چاہئے، اگر شریک خریدنے سے انکار کرے یا صحیح قیمت نہ دے تو دوسرے کو بیچ سکتا ہے، یہ اخلاقی بات ہے اس سے شرکاء کے درمیان یگانگت، موافقت اور تعلقات میں استواری پیدا ہوتی ہے، اور اگر وہ چپکے سے کسی کو بیچ دے گا تو بھی شریک حق شفعہ کی بنیاد پر لے لیگا، اور دلوں میں ہمیشہ کے لئے نفرت وعداوت اور کدورت پیدا ہو جائے گی۔

مسئلہ: شریک نے خریدنے سے انکار کر دیا پس مالک نے اپنا حصہ کسی کو فروخت کر دیا تو اب شریک کو حق شفعہ ملے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے:

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حق شفعہ ساقط ہو جائے گا کیونکہ اس کے سامنے پیش کش کی جا چکی ہے، اسے خریدنے کا موقع دیا گیا تھا، مگر اس نے نہیں خریدا تو اس نے اپنا حق شفعہ ساقط کر دیا۔

اور امام اعظمؒ کے نزدیک حق شفعہ ساقط نہیں ہوگا، کیونکہ حق شفعہ بیع کے بعد ثابت ہوتا ہے اور جب اس کو خریدنے کی پیش کش کی گئی تھی اس وقت بیع نہیں ہوئی تھی اور حق شفعہ بھی ثابت نہیں ہوا تھا اس لئے اس انکار کا اعتبار نہیں۔

اس کی نظیر: لڑکیوں نے باپ کی حیات میں میراث لینے سے انکار کر دیا اور بھائیوں کے حق میں دستبردار ہو گئیں

یہ انکار یا دست برداری غیر معتبر ہے اس سے حق میراث ساقط نہیں ہوتا، کیونکہ ابھی میراث کا حق ثابت نہیں ہوا، ہاں باپ کے انتقال کے بعد انکار کریں یا معاف کردیں تو حق میراث ساقط ہوجائے گا۔

یہی مسئلہ یہاں ہے: بیع کے بعد اگر شریک انکار کرے تو حق شفعہ ساقط ہوجائے گا، بیع سے پہلے اس نے جو انکار کیا ہے اس سے حق شفعہ ساقط نہیں ہوگا۔

فائدہ(۱): أَرْضُ المشترك: مرکب اضافی درحقیقت مرکب توصیفی ہے، تقدیر عبارت: أرض مشتركة ہے جب مرکب توصیفی کو مرکب اضافی بناتے ہیں تو ترکیب مقلوبی کردیتے ہیں یعنی صفت کی موصوف کی طرف اضافت کرتے ہیں، جیسے جسم حَسَنٌ سے حَسَنُ الْجِسْمِ۔ مگر کبھی اصل ترکیب باقی رکھ کر اضافت کردیتے ہیں یعنی موصوف کی صفت کی طرف اضافت کردیتے ہیں یہ اس کی مثال ہے، مگر یہ ترکیب غیر معروف ہے۔

فائدہ(۲): حدیث باب کو قتادہؒ نے سلیمان یشکریؒ سے روایت کیا ہے مگر ان کا سلیمان سے لقاء وسماع نہیں، سلیمان کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حیات میں عنفوانِ شباب میں انتقال ہوگیا تھا اس لئے جب قتادہ کا حضرت جابرؓ سے سماع نہیں تو سلیمان سے کیسے ہوسکتا ہے؟ بات درحقیقت یہ ہے کہ سلیمان یشکری نے حضرت جابرؓ کی مرویات ایک کاپی میں لکھ رکھی تھیں، اس کاپی سے کئی محدثین نے روایت کی ہے۔ حضرت قتادہؒ نے بھی اسی سے روایت کی ہے، البتہ عمرو بن دینار کا سلیمان یشکری سے سماع ہے اور وہ اس طرح ہے کہ انھوں نے حضرت جابرؓ کی حیات میں سلیمان یشکری سے حدیث پڑھی ہے، جیسے دارالعلوم کا ایک استاذ ہے اور اس کا شاگرد بھی دارالعلوم کا استاذ ہے، پس جو طالب عالم نیچے پڑھ رہا ہے وہ پہلے اس چھوٹے استاذ سے پڑھتا ہے پھر استاذ الاستاذ سے پڑھتا ہے، اسی طرح عمرو بن دینار نے حضرت جابرؓ کی حیات میں سلیمان یشکری سے پڑھا ہے، پھر حضرت جابرؓ سے پڑھنے کا موقعہ نہیں ملا، غرض ان کا سلیمان یشکری سے تو سماع ہے مگر حضرت جابرؓ سے سماع نہیں، ان کے علاوہ جتنے محدثین سلیمان یشکری سے روایت کرتے: سب اس کاپی سے روایت کرتے ہیں اور یہ بات سلیمان تیمیؒ نے بتائی ہے، اور اس طرح روایت کرنے کا نام وجادۃ ہے، اور اس کا حکم تحفۃ الالمعی (۱:۱۴۷) میں گذر چکا ہے۔ جاننا چاہئے کہ مسلم شریف میں اس حدیث کی دوسری سند موجود ہے (حدیث ۱۶۰۸ باب الشفعة) پس اس کے متصل نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا یہ حدیث صحیح ہے۔

[۶۹-] باب ماجاء في أَرْضِ الْمُشْتَرَكِ: يريدُ بعضهم بيعَ نصيبه

[۱۲۹۷-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيسَى بنُ يُونُسَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللهِ؛ أَنَّ نبيَّ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ كَانَ لَهُ شَرِيْكٌ فِيْ حَائِطٍ، فَلَا يَبِيْعُ نَصِيْبَهُ مِنْ ذٰلِكَ حَتّٰى يَعْرِضَهُ عَلَى شَرِيْكِهِ"

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، سَمِعْتُ مُحمدًا يَقُوْلُ: سُلَيْمَانُ الْيَشْكُرِيُّ: يُقَالُ: إِنَّهُ مَاتَ

فِیْ حَیَاةِ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: وَلَمْ یَسْمَعْ مِنْهُ قَتَادَةُ وَلاَ أَبُوْ بِشْرٍ.

قَالَ مُحمدٌ: وَلاَنَعْرِفُ لِأَحِدٍ مِنْهُمْ سَمَاعًا مِنْ سُلَیْمَانَ الْیَشْکُرِیِّ، إِلَّا أَنْ یَکُوْنَ عَمْرُو بنُ دِیْنَارٍ، فَلَعَلَّهُ سَمِعَ مِنْهُ فِیْ حَیَاةِ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

قَالَ: وَإِنَّمَا یُحدِّثُ قَتَادَةُ عَنْ صَحِیْفَةِ سُلَیْمَانَ الْیَشْکُرِیِّ، وَکَانَ لَهُ کِتَابٌ عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ عَلِیُّ بنُ الْمَدِیْنِیِّ: قَالَ یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ: قَالَ سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ: ذَهَبُوْا بِصَحِیْفَةِ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَی الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ فَأَخَذَهَا، أَوْ قَالَ: فَرَوَاهَا، فَذَهَبُوْا بِهَا إِلٰی قَتَادَةَ، فَرَوَاهَا، فَأَتَوْنِیْ بِهَا فَلَمْ أَرْوِهَا، حَدَّثَنَا بِذَلِكَ أَبُوْ بَکْرٍ العَطَّارُ، عَنْ عَلِیِّ بنِ الْمَدِیْنِیِّ.

ترجمہ: اس حدیث کی سند متصل نہیں (امام ترمذیؒ فرماتے ہیں) میں نے امام بخاریؒ کو فرماتے سنا: سلیمان یشکری کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کا حضرت جابرؓ کی حیات میں انتقال ہوگیا تھا، امام بخاریؒ نے فرمایا: ان سے نہ قتادہ نے کوئی حدیث سنی ہے، اور نہ ابوبشر نے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: میں محدثین میں سے کسی کا بھی سلیمان یشکری سے سماع نہیں جانتا، سوائے عمرو بن دینار کے، انھوں نے سلیمان سے حضرت جابرؓ کی حیات میں پڑھا ہے، امام بخاریؒ کہتے ہیں: قتادہ: سلیمان کی کاپی ہی سے روایت کرتے تھے اور سلیمان کے پاس حضرت جابرؓ کی مرویات کی ایک کاپی تھی، علی بن المدینی فرماتے ہیں: یحیٰ قطان نے فرمایا: سلیمان تیمی نے کہا: لوگ حضرت جابر کی کاپی حضرت حسن بصریؒ کے پاس لے گئے تو انھوں نے اس کاپی کو لیا یا یہ کہا کہ اس کو روایت کیا، پھر وہ لوگ اس کاپی کو قتادہ کے پاس لے گئے تو انھوں نے بھی اس کو روایت کیا پھر لوگ وہ کاپی میرے پاس لائے تو میں نے اس سے روایت نہیں کیا۔

بابُ ماجاء فی الْمُخَابَرَةِ وَالْمُعَاوَمَةِ

زمین بٹائی پر دینا اور باغ کی بہار بیچنا

مخابرہ اور مزارعۃ مترادف الفاظ ہیں، مزارعہ: زَرْعٌ (کھیتی) سے ہے اور اس کی وجہ تسمیہ ظاہر ہے۔ اور مخابرہ: خیبر سے ہے اور اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اور صحابہ نے خیبر کی زمین یہود کو بٹائی پر دی تھی اس لئے خیبر سے مخابرہ بنا۔

زمین کرایہ پر دینا بالاجماع جائز ہے اور جزء معین پر دینا بالاجماع جائز نہیں، مثلاً: زمین گیہوں بونے کے لئے دی اور دس من گیہوں کی شرط لگائی کہ اتنا گیہوں مجھے دینا، باقی تمہارا، یا کسی معین جگہ کی پیداوار کی شرط لگائی تو یہ بالاجماع جائز نہیں، کیونکہ ممکن ہے: اس معین جگہ میں کچھ پیدا نہ ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ دس من ہی یا اس سے بھی کم پیدا ہو۔

اور جزء مشترک پر یعنی بٹائی پر زمین دینے کے جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے، اور جزء مشترک پر بٹائی پر دینا یہ ہے

کہ کل پیداوار میں سے مثلاً: نصف یا تہائی یا تین تہائی پیداوار ایک کی اور باقی دوسرے کی، یہ جائز ہے یا نہیں؟ امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ کے نزدیک جائز نہیں، اور باقی ائمہ کے نزدیک بشمول صاحبین جائز ہے، پھر امام شافعیؒ کے نزدیک مساقات کے ضمن میں مزارعت جائز ہے اور امام اعظمؒ کے نزدیک مساقات کے ضمن میں بھی مزارعت جائز نہیں۔

مساقات: سَقْیٌ سے باب مفاعلہ ہے اس کے معنی ہیں درختوں کو پانی پلانا، سینچائی کرنا، کسی نے اپنا باغ کسی کو پرداخت پر دیا اور کل پیداوار میں سے نصف یا تہائی یا تین تہائی پر معاملہ کیا تو یہ مساقات ہے، اب وہ شخص درختوں کی ہر طرح کی خدمت کرے گا اور جو پھل پیدا ہوگا اس میں سے حسب معاملہ لے گا۔

امام شافعی اور دیگر ائمہ اس کو جائز کہتے ہیں، اور امام اعظمؒ کے نزدیک مزارعت اور مساقات دونوں ناجائز ہیں، غرض امام شافعیؒ کے نزدیک مساقات کے ضمن میں مزارعت جائز ہے مثلاً ایک باغ جزء مشترک پر پرداخت کے لئے دیا، اس میں خالی زمین بھی ہے، باغ کے مالک نے اس میں مزارعت کا معاملہ بھی کر لیا تو یہ امام شافعیؒ کے نزدیک جائز ہے۔

جاننا چاہئے کہ اس مسئلہ میں احناف کے یہاں فتوی صاحبین کے قول پر ہے، اور شوافع کے یہاں بھی جواز کا فتوی ہے، امام شافعیؒ کے قول پر فتوی نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے محاقلہ، مزابنہ، مخابرہ اور معاومہ سے منع فرمایا، اور عریّہ کی اجازت دی۔

تشریح: اس حدیث کی بناء پر امام شافعی اور امام اعظم رحمہما اللہ نے مزارعت کو ناجائز کہا ہے، پھر امام اعظمؒ نے مزارعت پر قیاس کر کے مساقات کو بھی ناجائز کہا، اور امام شافعیؒ نے قیاس نہیں کیا، اباحتِ اصلیہ پر باقی رکھا، کیونکہ اس کے عدم جواز کی کوئی دلیل نہیں۔

اور جمہور کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اور صحابہ نے خیبر کی زمین میں یہود کے ساتھ نصف پیداوار پر معاملہ کیا تھا یہی مزارعت ہے، پس ثابت ہوا کہ مخابرہ جائز ہے، اب دو حدیثوں میں تعارض ہو گیا اور دونوں حدیثیں صحیح قابل استدلال ہیں اور تطبیق ممکن نہیں اس لئے تاویل ناگزیر ہے۔

امام اعظم اور امام شافعی رحمہما اللہ نے قولی روایت کو لیا اور فعلی روایت کی یہ تاویل کی کہ آنحضور ﷺ نے خیبر کے یہود کے ساتھ جو معاملہ کیا تھا وہ خَراجِ مُقاسمہ کا معاملہ تھا، مزارعت کا معاملہ نہیں تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ خیبر کے یہود پر ذمی ہونے کی وجہ سے خراج واجب تھا، مگر ان سے مقررہ رقم کے بجائے کھیتوں اور باغوں کی پیداوار کا نصف لیا گیا، یہ تاویل صاحبِ ہدایہ نے کی ہے، مگر یہ تاویل صحیح نہیں، کیونکہ خراج گورنمنٹ لیتی ہے جبکہ خیبر میں مجاہدین کی بھی زمینیں تھیں اور ان کی پیداوار کا نصف مالکان لیتے تھے۔

اور جمہور نے فعلی روایت کو لیا اور قولی روایت کی تاویل کی کہ وہ ممانعت لغیرہ تھی۔ بہ الفاظ دیگر: وہ ممانعت مبنی بر مصلحت تھی۔ اس کی نظیر: آگے آئے گی: ایک سال قربانی کے دنوں میں مدینہ میں باہر سے بہت لوگ آگئے تو آپؐ

نے اعلان کرایا: کوئی شخص قربانی کا گوشت تین دن سے زیادہ نہ رکھے، یہ اعلان اس لئے کرایا تھا کہ باہر سے آنے والوں کو گوشت پہنچے، مگر لوگوں نے اس کو حکم شرعی سمجھ لیا اور آئندہ سال بھی تین دن کے بقدر گوشت رکھ کر باقی گوشت تقسیم کرنا شروع کر دیا تو آپؐ نے سابق اعلان کی مصلحت سمجھائی اور تین دن سے زائد گوشت رکھنے کی اجازت دی۔

اسی طرح مخابرہ کی ممانعت بھی بر بنائے مصلحت تھی، اور وہ مصلحت یہ تھی کہ لوگ ہر طرف سے ہجرت کر کے مدینہ چلے آرہے تھے، اور وہ تہی دست تھے، جبکہ مدینہ کے اصل باشندوں کے پاس زمینیں تھیں، چنانچہ آپؐ نے توازن قائم کرنے کے لئے وقتی طور پر مزارعت سے منع کیا تاکہ جس کے پاس ضرورت سے زائد زمین ہو اور وہ خود اسے نہ بو سکتا ہو تو وہ اپنی زمین کسی مہاجری کو دیدے تاکہ وہ اس میں کھیتی کر کے اپنی ضرورت پوری کرے، یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا یہاں تک کہ بنو نضیر کا علاقہ فتح ہوا، پس آپؐ نے انصار سے مشورہ کیا اور فرمایا: اگر تم اجازت دو تو میں یہ ساری زمین مہاجرین میں تقسیم کر دوں، اور ان کے پاس تمہاری جو زمینیں ہیں وہ تمہیں واپس کر دیں، انصار نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! آپ بنو نضیر کی زمینیں بھی ان کو دیں اور ہماری زمینیں بھی ان کے پاس رہنے دیں، مگر آپؐ نے اس کو قبول نہ کیا اور انصار کی زمینیں واپس کرا دیں۔ اس طرح توازن قائم کر دیا، پس بعد میں مزارعت کی ممانعت کا حکم ختم ہو گیا کیونکہ مصلحت باقی نہیں رہی، چنانچہ اس کے بعد آپؐ نے بھی مزارعت کا معاملہ کیا اور صحابہ نے بھی کیا، یہ ایک معقول تاویل ہے، چنانچہ حنفیہ نے بھی اور شوافع نے بھی مزارعت کے جواز کا فتوی دیا۔

اور **معاومۃ**: عَامٌ سے ہے جس کے معنی ہیں: سال، اور اصطلاحی معنی ہیں: ایک سال کی یا زیادہ سالوں کی بہار بیچنا، یہ بالاتفاق ناجائز ہے اور بیع باطل ہے کیونکہ ابھی مبیع کا وجود نہیں۔

[۷۰-] باب ماجاء فی المخابرة والمعاومة

[۱۲۹۸-] حدثنا ابنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَالْمُعَاوَمَةِ، وَرَخَّصَ فِی الْعَرَايَا؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

قیمتوں پر کنٹرول کا مسئلہ

مصری نسخہ میں یہاں باب ہے: باب ماجاء فی التَّسْعِيْرِ: تسعیر کے معنی ہیں: قیمتوں پر کنٹرول کرنا، چیزوں کے بھاؤ مقرر کرنا۔ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں اشیائے خوردنی کی قیمتیں بہت بڑھ

گئیں، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمارے لئے قیمتیں مقرر فرمادیں، یعنی کنٹرول ریٹ قائم کردیں، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ہی بھاؤ مقرر کرنے والے، نیچے لانے والے، اوپر لے جانے والے، روزی دینے والے ہیں'' یعنی چیزوں کا بھاؤ اور اس کا اتار چڑھاؤ اللہ کی حکمت کے تابع ہے، اللہ تعالیٰ لوگوں کی ضرورت کے لحاظ سے پیداوار گھٹاتے بڑھاتے ہیں جس کی وجہ سے نرخ میں اتار چڑھاؤ ہوتا ہے اور اس طرح اللہ تعالیٰ سب کو روزی پہنچاتے ہیں ——— آگے فرمایا: ''اور میں آرزو کرتا ہوں کہ اپنے پروردگار سے اس حال میں ملوں کہ مجھ سے کوئی حق تلفی کا مطالبہ کرنے والا نہ ہو، نہ جان میں اور نہ مال میں'' یعنی ایسی مناسب قیمتیں مقرر کرنا کہ جس سے صارفین اور مال کے مالکان میں سے کسی کا بھی نقصان نہ ہو ممکن نہیں، اس لئے کہ بھاؤ جہاں تک پہنچا ہوا ہے اگر اس کو بہت زیادہ نیچے لایا جائے گا تو تاجروں کا نقصان ہوگا اور اگر بھاؤ برائے نام گھٹایا جائے گا تو صارفین کی پریشانی دور نہ ہوگی اس لئے آپؐ نے قیمتوں پر کنٹرول کرنے سے اجتناب فرمایا۔

فائدہ: حکومت کے لئے کنٹرول ریٹ قائم کرنے کی گنجائش ہے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے کتاب الخراج میں اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے السیاسة الشرعیة فی طرق الحکمیة میں بحث کی ہے کہ اگر بھاؤ بہت چڑھ جائیں اور ضرر عام لازم آئے تو حکومت قیمتوں پر کنٹرول کرسکتی ہے، اور بوقت اضطرار تسعیر کا جواز: حدیث: لاضَرَرَ ولاضِرَارَ فی الإسلام سے اور فقہی ضابطہ: الضَّرر یُزال سے ثابت ہے، کیونکہ ضرر عام کے ازالہ کے لئے ضرر خاص برداشت کیا جاسکتا ہے، وہ اہون ہے۔

[۷۱-] بابٌ

[۱۲۹۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا الْحَجَّاجُ بنُ مِنْهَالٍ، ثَنا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: غَلاَ السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! سَعِّرْ لَنا فَقَالَ:'' إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمُسَعِّرُ، الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الرَّزَّاقُ، وإِنِّیْ لَأَرْجُوْ أَنْ أَلْقَى رَبِّیْ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِّنْكُمْ يُطْلُبُنِیْ بِمَظْلَمَةٍ: فِیْ دَمٍ وَلاَ مَالٍ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ الغَشِّ فِیْ الْبُيُوْعِ

چیزوں میں ملاوٹ کرنا جائز نہیں

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ غلّے کے ایک ڈھیر پر سے گذرے، آپؐ نے اپنا ہاتھ اس کے اندر ڈالا تو آپؐ کے ہاتھ کو تری لگی، آپؐ نے مٹھی بھر کر غلہ اندر سے باہر نکالا تو وہ بھیگا ہوا تھا،

آپؐ نے پوچھا: یہ کیا؟ دوکان والے نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے اس کو نہیں بھگایا، بارش میں بھیگا ہے، آپؐ نے فرمایا: بھیگا ہوا غلہ تو نے اوپر کیوں نہیں رکھا کہ لوگ اس کو دیکھتے؟! پھر آپؐ نے فرمایا: ''جو شخص دھوکہ کرتا ہے اس کا ہم سے کچھ لینا دینا نہیں'' (اور چیزوں میں ملاوٹ کرنا بھی فریب ہے، پس اس کے لئے بھی یہی وعید ہے)

تشریح: اسلامی حکومت میں ایک محکمۂ احتساب (داروگیر کا محکمہ) ہوتا ہے اس کی ذمہ داری ہے کہ ہر چیز پر نظر رکھے، کسی بھی چیز میں ملاوٹ نہ ہونے دے، دور نبوی میں آپؐ خود یہ فریضہ انجام دیتے تھے، کبھی اچانک پہنچ کر چیزیں چیک کرتے تھے، اس حدیث میں اسی کا بیان ہے۔

[۷۲-] باب ماجاء فی کراهية الْغَشِّ فی البیوع

[۱۳۰۰-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم مَرَّ عَلَى صُبْرَةٍ مِنْ طَعَامٍ، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيْهَا، فَنَالَتْ أَصَابِعُهُ بَلَلًا، فَقَالَ: ''يَاصَاحِبَ الطَّعَامِ! مَاهٰذَا؟'' قَالَ: أَصَابَتْهُ السَّمَاءُ، يَارسولَ اللهِ! قَالَ: ''أَفَلَا جَعَلْتَهُ فَوْقَ الطَّعَامِ، حَتَّى يَرَاهُ النَّاسُ؟'' ثُمَّ قَالَ: ''مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا''

وفی الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَأَبِيْ الْحَمْرَاءِ، وابنِ عبَّاسٍ، وَبُرَيْدَةَ، وَأَبِيْ بُرْدَةَ بنِ نِيَارٍ، وَحُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: كَرِهُوْا الْغِشَّ، وَقَالُوْا: الغِشُّ حَرَامٌ.

لغت: غَشَّ (ن) غَشًّا: دھوکہ دینا، دل میں چھپی بات کے برعکس ظاہر کرنا، غیر مفید چیزوں کو مفید بنا کر پیش کرنا، فهو غَاشٌّ۔

بابُ ماجاء فی اسْتِقْرَاضِ الْبَعِيْرِ وَالشَّيْءِ مِنَ الْحَيَوَانِ

اونٹ یا اور کوئی جانور قرض لینا

قرض اور بیع کے احکام ایک ہیں، ان میں بہت کم فرق ہے اور بیع ہر چیز کی ہوسکتی ہے اور قرض صرف مثلیات یعنی ایسی چیزیں لی جاسکتی ہیں جن کی ہر طرح سے تعیین ہوسکتی ہو، اور مثلیات چار چیزیں ہیں: مکیلات، موزونات، مزروعات (گز سے ناپنے کی چیزیں) اور معدودات متقاربہ یعنی ایسی گننے کی چیزیں جن کے افراد میں بہت کم تفاوت ہو، جیسے انڈے، اخروٹ وغیرہ ان کے علاوہ سب چیزیں ذوات القیم ہیں ان کا قرض جائز نہیں، یہ اتفاقی مسلّمہ اصول ہے۔ البتہ حیوان کو قرض لینا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک حیوان کا استقراض جائز نہیں

کیونکہ وہ ذوات القیم میں سے ہے، ایک ہی نوع کے حیوان میں واضح تفاوت ہوتا ہے اور ان کی قیمتیں بھی مختلف ہوتی ہیں، پھر نبی ﷺ نے حیوان کی حیوان کے ساتھ ادھار بیع سے منع فرمایا ہے، یہ حدیث پہلے آچکی ہے۔ اور قرض میں ایک عوض ادھار ہوتا ہے، پس حیوان کا استقراض بھی جائز نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حیوان کا استقراض جائز ہے۔

جاننا چاہئے کہ پہلے گذرے ہوئے مسئلہ میں امام شافعی رحمہ اللہ کے علاوہ دوسرے دونوں ائمہ حنفیہ کے ساتھ تھے ان کے نزدیک بھی حیوان کی حیوان کے ساتھ ادھار بیع جائز نہیں تھی، مگر حیوان کے استقراض کے جواز میں تینوں ائمہ متفق ہوگئے ہیں اور ان کی دلیل باب کی حدیثیں ہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے ایک یہودی سے بطور قرض ایک خاص عمر کا اونٹ لیا، قرض ادا کرنے کا جو وعدہ تھا اس میں ابھی وقت باقی تھا کہ یہودی آدھمکا اور اس نے قرض کا مطالبہ کیا اور سخت کلامی شروع کی، صحابہ نے اس کو تنبیہ کرنے کا ارادہ کیا مگر آپؐ نے فرمایا: ''اس کو چھوڑو، اس کا حق ہمارے ذمہ ہے، اور صاحبِ حق کو (سخت بات) کہنے کا حق ہے'' یعنی اگر قرض خواہ سخت الفاظ استعمال کرے تو مقروض کو برداشت کرنا چاہئے، پھر آپؐ نے لوگوں سے فرمایا: ''اس کو اتنی عمر کا اونٹ جو ہم نے اس سے بطور قرض لیا ہے خرید کر لا دو'' لوگوں نے اس عمر کا اونٹ تلاش کیا مگر نہ ملا، اس سے بہتر اونٹ مل رہا تھا، آپؐ کو صورتِ حال بتلائی گئی تو آپؐ نے فرمایا: ''وہی بہتر اونٹ خرید کر دیدو، تم میں اخلاق کے اعتبار سے بہتر وہ لوگ ہیں جو دوسروں کا حق ادا کرنے میں بہتر ہیں''

حدیث (۲): حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک جوان اونٹ قرض لیا (آپؐ نے یہ قرض کسی مجاہد کے لئے لیا تھا) جب آپؐ کے پاس صدقہ کے اونٹ آئے تو آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''اس آدمی کو جوان اونٹ دے کر قرض ادا کردو'' میں نے صدقہ کے اونٹوں میں ویسا اونٹ نہ پایا تو عرض کیا: یارسول اللہ! میں ان میں نہیں پاتا مگر اچھا اور رَباعی (چار دانتوں والا) اونٹ'' یعنی جیسا اونٹ آپ نے بطور قرض لیا تھا صدقہ کے اونٹوں میں ویسا اونٹ تو نہیں ہے، البتہ اس سے بہتر اور چار دانتوں والا اونٹ موجود ہے، آپ نے فرمایا: ''وہی بہتر اونٹ دیدو، اس لئے کہ لوگوں میں بہتر آدمی وہ ہے جو قرض ادا کرنے میں بہتر ہے''

تشریح: یہ دونوں حدیثیں ائمہ ثلاثہ کی دلیلیں ہیں، ان میں یہ بات صاف ہے کہ نبی ﷺ نے اونٹ قرض لیا، معلوم ہوا کہ حیوان کا استقراض جائز ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اِسْتَسْلَفَ کے معنی: قرض لینے کی متعین نہیں وہ بیع کے معنی میں بھی آتا ہے، پہلے بیع سلم کے بیان میں حدیث گذری ہے: مَنْ أَسْلَفَ منکم فَلْیُسْلِفْ فِیْ کَیْلٍ وہاں أَسْلَفَ بیع کے معنی میں ہے، اور یہی حقیقت استقرض کی بھی ہے، یعنی مذکورہ بالا دونوں واقعوں میں آنحضور ﷺ نے اونٹ قرض نہیں لیا تھا بلکہ خریدا تھا، مگر چونکہ اس زمانہ میں نہ تو ثمن وافر مقدار میں موجود تھا اور نہ لوگوں کو اس کی زیادہ ضرورت تھی، اس زمانہ میں لوگ چیزیں رقم کے بدلہ میں خریدتے تھے، پھر ویسی ہی چیز واپس کردیا

کرتے تھے، آپؐ نے بھی اونٹ ثمن کے بدلہ میں خریدا تھا مگر ثمن نہ دے کر اونٹ دیدیا، اور بہتر اونٹ دیا۔

اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ نبی ﷺ نے حیوان کی حیوان کے ساتھ ادھار بیع کرنے سے منع فرمایا ہے اور قرض میں ایک عوض ادھار ہوتا ہے، پس اُس حدیث کی وجہ سے اِس حدیث میں تاویل ضروری ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کے برعکس کیا ہے، انھوں نے اِن حدیثوں کی وجہ سے گذشتہ حدیث میں تاویل کی ہے، ان کے نزدیک اگر حیوان کا حیوان کے ساتھ تبادلہ ہو اور ایک عوض ادھار ہو تو بیع جائز ہے کیونکہ نبی ﷺ نے اونٹ قرض لیا ہے اور قرض میں ایک عوض ادھار ہوتا ہی ہے، پس جس حدیث میں حیوان کو حیوان کے بدل ادھار بیچنے کی ممانعت آئی ہے: اس سے مراد دونوں عوضوں کا ادھار ہونا ہے۔

غرض کسی ایک حدیث میں تاویل ناگزیر ہے، امام اعظمؒ پہلی حدیث کی وجہ سے یہاں تاویل کرتے ہیں، اور امام شافعیؒ ان حدیثوں کی وجہ سے گذشتہ حدیث میں تاویل کرتے ہیں۔ تاویل کے بغیر چارہ نہیں۔

[۷۳-] باب ماجاء في استقراض البعيرِ أوِ الشيئِ مِنَ الْحيوانِ

[۱۳۰۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ عَلِيِّ بنِ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: اسْتَقْرَضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سِنًّا، فَأَعْطَى سِنًّا خَيْرًا مِنْ سِنِّهِ، وَقَالَ: "خِيَارُكُمْ أَحَاسِنُكُمْ قَضَاءً"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَسُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَمْ يَرَوْا بِاسْتِقْرَاضِ السِّنِّ بَأْسًا مِنَ الإِبِلِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَكَرِهَ بَعْضُهُمْ ذٰلِكَ.

[۱۳۰۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثنا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ؛ أَنَّ رَجُلاً تَقَاضَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَغْلَظَ لَهُ، فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "دَعُوْهُ، فَإِنَّ لِصَاحِبِ الْحَقِّ مَقَالاً" وَقَالَ: "اشْتَرُوْا لَهُ بَعِيْرًا، فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ" فَطَلَبُوْهُ فَلَمْ يَجِدُوْا إِلاَّ سِنًّا أَفْضَلَ مِنْ سِنِّهِ، فَقَالَ: "اشْتَرُوْهُ، فَأَعْطُوْهُ إِيَّاهُ، فَإِنَّ خَيْرَكُمْ أَحْسَنُكُمْ قَضَاءً"

حَدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۳۰۳-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ

عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ مَوْلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: اسْتَسْلَفَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَكْرًا، فَجَاءَ تْهُ إِبِلٌ مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ أَبُوْ رَافِعٍ: فَأَمَرَنِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَقْضِيَ الرَّجُلَ بَكْرَهُ، فَقُلْتُ: لاَأَجِدُ فِيْ الإِبِلِ إِلاَّ جَمَلاً خِيَارًا رَبَاعِيًا، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''أَعْطِهِ إِيَّاهُ، فَإِنَّ خِيَارَ النَّاسِ أَحْسَنُهُمْ قَضَاءً'' هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی اور دوسری حدیثیں ایک ہی واقعہ سے متعلق ہیں۔ پہلی حدیث علی بن صالح کی سند سے ہے اور دوسری امام شعبہؒ کی سند سے، اس لئے تقریر میں ان کو ایک ہی حدیث کے طور پر بیان کیا ہے۔ شعبہ رحمہ اللہ کی سند بخاری (حدیث ۲۳۹۰) میں ہے اور سفیان ثوری رحمہ اللہ کی حدیث بھی بخاری (حدیث ۲۳۰۵) میں ہے۔

لغات: السِّن کے معنی ہیں: دانت، مراد خاص عمر کا جانور ہے ـــــ فَهَمَّ بِهِ أَصْحَابُهُ یعنی اس کی تادیب کا ارادہ کیا ـــــ بَکْر کے معنی ہیں: جوان اونٹ۔

بابٌ

خرید وفروخت اور قرض کی ادائیگی میں نرمی برتنے کی فضیلت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں بیچنے میں آسانی کو، خریدنے میں آسانی کو، اور قرض ادا کرنے میں آسانی کو''

تشریح: سَمْح اور سَمَاحة کے معنی ہیں: عالی ظرفی، سیر چشمی، اس سے القاب میں سماحة الشیخ استعمال ہوتا ہے اور بیچنے میں نرمی یہ ہے کہ بائع کسی قیمت پر اڑ نہ جائے، اگر مشتری دام کم کرنے کی درخواست کرے اور اس کا نقصان نہ ہوتا ہو تو دام کچھ کم کردے یا مبیع کچھ زیادہ دیدے۔ اور خریدنے میں نرمی یہ ہے کہ پیسے اگر کچھ زیادہ دینے پڑیں تو دیدے۔ اور قرض کی ادائیگی میں نرمی یہ ہے کہ وقت پر قرض ادا کرے اور کچھ زیادہ دے، اس کے علاوہ بھی نرمی کی صورتیں ہوسکتی ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ مؤمن کو ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ پیسہ پیسہ کے لئے مرے، بلکہ فریق ثانی سے نرمی کا معاملہ کرے، چاہے بیچ رہا ہو یا خرید رہا ہو یا قرضہ چکا رہا ہو، اللہ تعالیٰ ایسے ہی شخص کو پسند کرتے ہیں، اور باب کی آخری حدیث میں ہے کہ گذشتہ کسی امت کے ایک شخص کی انہی تین خوبیوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے مغفرت فرمادی تھی۔

[۷٤-] بابٌ

[١٣٠٤-] أَخْبَرَنَا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُغِيْرَةَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ

الْحَسَنِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ سَمْحَ الْبَیْعِ، سَمْحَ الشِّرَاءِ، سَمْحَ الْقَضَاءِ"

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، وَقَدْ رَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ یُوْنُسَ، عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ.

[۱۳۰۵-] حدثنی عَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، ثَنَا إِسْرَائِیْلُ، عَنْ زَیْدِ بْنِ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم:"غَفَرَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ کَانَ قَبْلَکُمْ، کَانَ سَهْلاً إِذَا بَاعَ، سَهْلاً إِذَا اشْتَرَی، سَهْلاً إِذَا اقْتَضَی" هٰذَا حدیثٌ غریبٌ صَحِیحٌ حسنٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ النَّهْیِ عن الْبَیْعِ فِیْ الْمَسْجِدِ

مسجد میں خرید وفروخت کی ممانعت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ مسجد میں کوئی چیز بیچ رہا ہے یا خرید رہا ہے تو اسے بددعا دو کہ اللہ تیری تجارت میں نفع نہ کریں، اور جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ مسجد میں گم شدہ چیز تلاش کررہا ہے تو اس کو بددعا دو کہ اللہ تعالیٰ تیری چیز واپس نہ کریں'' یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۱۲۶ میں گذر چکی ہے۔

[۷۵-] باب النَّهْیِ عن البیع فی المسجد

[۱۳۰۶-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَارِمٌ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحمدٍ، قَالَ أَخْبَرَنِیْ یَزِیْدُ بْنُ خُصَیْفَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" إِذَا رَأَیْتُمْ مَنْ یَبِیْعُ أَوْ یَبْتَاعُ فِیْ الْمَسْجِدِ، فَقُوْلُوْا: لَا أَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَکَ! وَإِذَا رَأَیْتُمْ مَنْ یَنْشُدُ فِیْهِ ضَالَّةً فَقُوْلُوْا: لَارَدَّ اللّٰهُ عَلَیْکَ!"

حدیثُ أَبِیْ هُرَیْرَةَ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: کَرِهُوْا الْبَیْعَ وَالشِّرَاءَ فِیْ الْمَسْجِدِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ؛ وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، فِیْ الْبَیْعِ وَالشِّرَاءِ فِیْ الْمَسْجِدِ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے وہ مسجد میں خرید وفروخت کو مکروہ کہتے ہیں اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم مسجد میں خرید وفروخت کی اجازت دیتے ہیں (اور دونوں قولوں میں تطبیق یہ ہے کہ سامان مسجد میں لاکر خرید وفروخت کرنا مکروہ ہے اور اس کے بغیر معتکف کے لئے جائز ہے)

﴿ابھی ابواب البیوع یعنی ابواب المعاملات باقی ہیں، درمیان میں ابواب الاحکام شروع ہورہے ہیں﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ الأحْكَامِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

عدالتی احکام

بابُ ماجاءَ عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فِيْ الْقَاضِيْ

عہدہ قبول کرنا بھاری ذمہ داری اوڑھنا ہے

احکام: حکم کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: فیصلہ۔ أبواب الأحکام یعنی أبواب القضاء۔ اور پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابواب البیوع یعنی ابواب المعاملات کے درمیان میں ابواب الاحکام داخل کئے ہیں، یہ ابواب الاحکام دو صفحوں (۱۳ باب) تک ہیں، ان کے بعد پھر ابواب البیوع شروع ہونگے۔

حدیث (۱): حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو مدینہ منورہ کے عہدۂ قضا کی پیش کش کی، حضرت ابن عمرؓ نے عرض کیا: ''کیا آپ مجھے معافی دیں گے اے امیر المؤمنین!'' یعنی معاف فرمائیں، میں قاضی بننا نہیں چاہتا۔ حضرت عثمانؓ نے فرمایا: اس میں ڈرنے کی کیا بات ہے، آپ کے ابا تو لوگوں کے درمیان فیصلے کرتے تھے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے زمانے میں مدینہ منورہ کے قاضی تھے، حضرت ابن عمرؓ نے عرض کیا: میں اس لئے معذرت چاہتا ہوں کہ میں نے نبی ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے کہ ''جو شخص قاضی بنا پس اس نے انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا تو وہ اس بات کے لائق ہے کہ برابر سرابر چھوٹ جائے!'' یعنی نہ ثواب ملے نہ عذاب، آخرت میں برابر سرابر چھوٹ جائے یہی کافی ہے، ظاہر ہے آدمی تنخواہ کے لئے قاضی بنتا ہے یا ثواب کے لئے، اور اس زمانہ میں تنخواہ کا تو سوال ہی نہیں تھا اور ثواب ندارد! پھر کس امید پر قاضی بنے! (یہ حدیث منقطع ہے عبداللہ بن مَوہب کا حضرت عثمانؓ سے لقاء وسماع نہیں)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے قاضی بننا چاہا وہ اس کے نفس کے حوالہ کردیا جاتا ہے اور جو شخص قاضی بننے پر مجبور کیا گیا: آسمان سے اس کی مدد کے لئے فرشتہ اترتا ہے پس وہ اس کو سیدھا رکھتا ہے''

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے قضا کا عہدہ چاہا، اور اس کے لئے سفارشی لگائے: وہ اس کے نفس کے حوالہ کردیا جاتا ہے اور جو قاضی بننے پر مجبور کیا گیا: اللہ تعالیٰ اس کی مدد کے لئے آسمان سے فرشتہ اتارتے ہیں جو اس کو سیدھا رکھتا ہے''

تشریح: یہ حدیثیں عہدۂ قضا کے ساتھ خاص نہیں، ہر عہدہ کا یہی حکم ہے، جو شخص اپنی خواہش سے کوئی عہدہ حاصل کرتا ہے، اس کے لئے سفارشی لگاتا ہے، لوگوں کی ذہن سازی کرتا ہے، ووٹ مانگتا ہے تو جب اس کو عہدہ مل جاتا ہے تو لوگ اس کو چھوڑ دیتے ہیں، اس کی کوئی مدد نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ بھی اس کو اس کے نفس کے حوالے کردیتے ہیں کہ لے تو نے ذمہ داری لی ہے پس اسے نبیڑ! اور جس کو زبردستی کوئی ذمہ داری سونپی جاتی ہے: ہر شخص اس کی مدد کرتا ہے، وہ جس کام کے لئے کہتا ہے ہر شخص فوراً کرتا ہے کیونکہ انہی لوگوں نے اس کو مجبور کیا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی آسمان سے ایک فرشتہ اتارتے ہیں جو اس کی راہنمائی کرتا ہے اور اس کو سیدھا رکھتا ہے۔

رہی یہ بات کہ کون عہدہ کا طالب ہے اور کس کو زبردستی ذمہ داری سونپی گئی؟ اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، دنیا میں کوئی شخص اس کا اقراری نہیں کہ وہ عہدہ چاہتا ہے، الیکشن میں بھی یہ قانون ہے کہ کوئی امیدوار خود امیدوار نہیں بن سکتا، لوگ اس کی سفارش کرتے ہیں، مگر ہر شخص حقیقتِ حال سے واقف ہے کہ وہ سفارشی اسی کے ایجنٹ ہوتے ہیں اور امیدواران کے ذریعہ اپنے لئے زمین ہموار کرتا ہے، لیکن اگر واقعی کوئی شخص ایسا ہو جس کو زبردستی عہدہ سونپا گیا ہو اور وہ عہدہ کا قطعاً طالب نہ ہو تو لوگ ضرور اس کا تعاون کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ بھی مدد کرتے ہیں، اور عہدہ کے طالب کی کوئی مدد نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ بھی اس کو چھوڑ دیتے ہیں۔

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کو عہدۂ قضا سونپا گیا یا فرمایا: جو لوگوں کے درمیان قاضی بنایا گیا وہ بغیر چھری کے ذبح کردیا گیا'' (یہ عربی محاورہ ہے اردو محاورہ: وہ الٹی چھری سے ذبح کردیا گیا! ہے یعنی نہایت مشقت میں پڑ گیا)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الأَحْكَامِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فی القاضی

[۱۳۰۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلٰى، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ،

يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَوْهَبٍ: أَنَّ عُثْمَانَ قَالَ لِابْنِ عُمَرَ: اذْهَبْ فَاقْضِ بَيْنَ النَّاسِ، قَالَ: أَوَ تُعَافِيْنِي يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! قَالَ: فَمَا تَكْرَهُ مَنْ ذٰلِكَ، وَقَدْ كَانَ أَبُوْكَ يَقْضِيْ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ كَانَ قَاضِيًا، فَقَضَى بَالْعَدْلِ، فَبِا لْحَرِيِّ أَنْ يَنْقَلِبَ مَنْهُ كَفَافًا" فَمَا أَرْجُوْ بَعْدَ ذٰلِكَ؟ وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ عِنْدِيْ بُمُتَّصِلٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ الْمُعْتَمِرُ هٰذَا: هُوَ عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ أَبِيْ جَمِيْلَةَ.

[۱۳۰۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلٰى، عَنْ بِلَالِ بنِ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ سَأَلَ الْقَضَاءَ وُكِلَ إِلٰى نَفْسِهِ، وَمَنْ أُجْبِرَ عَلَيْهِ يَنْزِلُ عَلَيْهِ مَلَكٌ فَيُسَدِّدُهُ"

[۱۳۰۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، ثَنَا يَحْيَى بنُ حَمَّادٍ، عَنْ أَبِيْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى الثَّعْلَبِيِّ، عَنْ بِلَالِ بنِ مِرْدَاسٍ الْفَزَارِيِّ، عَنْ خَيْثَمَةَ، وَهُوَ الْبَصْرِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنِ ابْتَغَى الْقَضَاءَ، وَسَأَلَ فِيْهِ شُفَعَاءَ، وُكِلَ إِلٰى نَفْسِهِ، وَمَنْ أُكْرِهَ عَلَيْهِ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلَكًا يُسَدِّدُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهُوَ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ إِسْرَائِيْلَ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلٰى.

[۱۳۱۰-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا الْفُضَيْلُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيَّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ وُلِّيَ الْقَضَاءَ، أَوْ: جُعِلَ قَاضِيًا بَيْنَ النَّاسِ: فَقَدْ ذُبِحَ بِغَيْرِ سِكِّيْنٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ أَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث میں قصہ سے مراد: زائد مضمون ہے، یہ زائد مضمون ابن حبان اور ابویعلی کی روایت میں ہے اور وہاں سے منذری نے ترغیب وترہیب میں نقل کیا ہے ——— اور پہلی حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے، اس میں دوخرابیاں ہیں: ایک: عبداللہ بن موہب کا حضرت عثمانؓ سے لقاء وسماع نہیں، پس سند منقطع ہے۔ دوسری: عبد الملک مجہول راوی ہے، ترمذی میں اس کی یہی ایک روایت ہے ——— دوسری اور تیسری حدیثیں ایک ہیں، اور اسرائل کی سند میں خَیْثَمَة کا ذکر نہیں، ابوعوانہ کی سند میں ہے، اس لئے یہ سند نازل ہوگئی چنانچہ امام ترمذیؒ نے اپنے مزاج کے مطابق اسی کو اصح قرار دیا۔

بابُ ماجاء فی الْقَاضِیْ یُصِیْبُ وَیُخْطِئُ

قاضی کبھی صحیح فیصلہ کرتا ہے کبھی چوکتا ہے پھر بھی اجر پاتا ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب فیصلہ کرنے والا کوئی فیصلہ کرے (خواہ بادشاہ کرے، قاضی کرے یا امت کا مجتہد کرے) پس وہ (حق کو پانے کی) انتہائی کوشش کرے (یعنی معاملہ سمجھنے میں اپنی پوری طاقت صرف کرے) پس وہ نفس الامری حق کو پالے تو اس کے لئے دو ثواب ہیں اور جب قاضی کوئی فیصلہ کرے اور وہ اس میں چوک جائے یعنی نفس الامری حق کو نہ پاسکے تو اس کے لئے ایک ثواب ہے'' (یہی حکم مجتہدین امت کا ہے)

تشریح: ایک زبان زد جملہ ہے: المجتهدُ یُصیب ویُخطِئ یعنی مجتہد حق کو پاتا بھی ہے اور چوکتا بھی ہے یہ کوئی حدیث نہیں ہے بلکہ اصولِ فقہ کی عبارت ہے اور یہ بات اسی حدیث سے ماخوذ ہے۔

اور اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ قاضی کو معاملہ فہمی میں اور مجتہد کو مسائل شرعیہ کے فہم واستنباط میں حتی المقدور پوری کوشش کرنی چاہئے، پھر اللہ پر بھروسہ کرنا چاہئے وہ اس کی محنت ضائع نہیں کریں گے۔

اس حدیث کے ضمن میں تین باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: پہلے باب میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث آئی ہے کہ قاضی اگر آخرت میں برابر سرابر چھوٹ جائے تو بھی غنیمت ہے، اور اس حدیث میں یہ ہے کہ قاضی کو ایک ثواب تو ہر حال میں ملتا ہے اور صحیح فیصلہ کرے تو ڈبل ثواب ملتا ہے، یہ ایک طرح کا تعارض ہے، اس کا حل یہ ہے کہ دونوں حدیثوں کا معاملہ وہ ہے جو ہم کتاب الصلوٰۃ باب ۲۲ میں اور دیگر کئی جگہوں میں بیان کر آئے ہیں کہ جو معاملہ دو فریقوں کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے اس میں جب شریعت کسی بھی فریق سے مخاطب ہوتی ہے تو اس طرح خطاب کرتی ہے کہ گویا ساری ذمہ داری اس کی ہے، چنانچہ جب قاضی سے خطاب کیا تو یہ فرمایا کہ قاضی آخرت میں اگر برابر سرابر چھوٹ جائے تو بھی غنیمت ہے، اور جب عوام سے خطاب کیا تو چونکہ عوام کا خیال یہ ہے کہ قاضی بہت سے فیصلے غلط کرتے ہیں اس لئے ان سے یہ کہا کہ اگر قاضی غلطی بھی کرے تو بھی ثواب کا مستحق ہے اور صحیح فیصلہ کرے تو ڈبل ثواب کا حقدار ہے، غرض قاضیوں سے منصب قضاء کی اہمیت ونزاکت کے لحاظ سے خطاب کیا اور عوام سے ان کے احوال کے اعتبار سے خطاب کیا، اس طرح ٹھنڈا گرم مل کر اعتدال پیدا ہوگیا کہ کام بے شک بڑا نازک ہے مگر قاضی کا مرتبہ بھی سوا ہے۔ پس ہر شخص کو بے دھڑک قضا پر اقدام نہیں کرنا چاہئے اور عوام کو قضات کے فیصلوں پر انگشت نمائی نہیں کرنی چاہئے۔

دوسری بات: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسائل اجتہادیہ میں حق ایک ہے، امام اعظم رحمہ اللہ سے بھی یہی بات مروی ہے، مثلاً: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مقتدی پر فاتحہ واجب ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک

مکروہ تحریمی ہے، ظاہر ہے دونوں باتیں برحق نہیں ہوسکتیں، ان میں سے کوئی ایک حق ہے، اور جس مجتہد نے نفس الامری حق کو پالیا ہے اس کو ڈبل ثواب ملے گا اور جو اس کو چوک گیا ہے وہ بھی ثواب کا مستحق ہوگا، کیونکہ اس نے بھی اپنی پوری طاقت صرف کر دی ہے مگر اس کو ایک ثواب ملے گا، اور کس نے نفس الامری حق پایا ہے اور کون اس کو چوک گیا ہے؟ اس کا پتا آخرت میں چلے گا۔

تیسری بات: جو مجتہد نفس الامری حق کو چوک جاتا ہے وہ بھی ثواب کا مستحق ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مسائل اجتہادیہ میں سب مجتہدین حق پر ہیں، البتہ آخرت میں ثواب پانے کے اعتبار سے تفاوت ہوگا۔ حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے اس کی ایک مثال دی تھی کہ ایک شخص نے ریت میں سوئی رَلا دی اور لوگوں سے کہا: سوئی ڈھونڈھو، جس کو ملے گی اسے دو روپے دوں گا، اور باقیوں کو بھی ایک ایک روپیہ دوں گا، اب ظاہر ہے کہ سوئی کسی ایک ہی کو ملے گی، کیونکہ سوئی ایک ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی کو نہ ملے، اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے مسائل اجتہادیہ میں حق کو پوشیدہ کر دیا ہے اور مجتہدین کو تلاش کرنے کا حکم دیا ہے، پس جب مجتہدین حکم الٰہی کی تعمیل میں مصروف ہونگے تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ کسی کی نماز تو صحیح ہو اور کسی کی باطل؟ کسی کا عمل قبول ہو اور کسی کا رد؟ چنانچہ چاروں مکاتب فکر کے علماء متفق ہیں کہ اہل السنہ والجماعۃ کے تمام مجتہدین عمل کے اعتبار سے برحق ہیں۔

سوال: یہاں اگر کوئی سوال کرے کہ امام نسفی کی مصفّٰی سے اشباہ میں، پھر وہاں سے درمختار کے مقدمہ میں جو نقل کیا گیا ہے کہ إذا سُئِلَنا عن مذهبنا ومذهب مخالِفنا: قلنا وجوبا: مذهبُنا صَوابٌ يَحتملُ الخطأ ومذهبُ مخالِفِنَا خَطَأٌ يَحتملُ الصَّوَابَ، وَإِذَا سُئِلَنا عَنْ مُعْتَقَدِنَا وَمُعْتقدِ خصومنا: قلنا وجوبا: الحقُّ ما نحن عليه، والباطلُ ما عليه خُصومُنا یعنی جب ہم سے پوچھا جائے ہمارے فقہی مذہب کے بارے میں اور ہمارے مخالف کے فقہی مذہب کے بارے میں تو ہم قطعی طور پر جواب دیں گے کہ ہمارا مذہب برحق ہے، مگر اس میں چوک کا احتمال ہے، اور ہمارے مخالف کا مذہب غلط ہے اور اس میں درستگی کا احتمال ہے، اور جب ہم سے پوچھا جائے ہمارے یعنی اہل السنہ والجماعہ کے عقیدوں کے بارے میں اور ہمارے مخالف یعنی گمراہ فرقوں کے عقیدوں کے بارے میں تو ہم قطعی طور پر کہیں گے کہ برحق وہ عقیدے ہیں جن پر ہم ہیں اور غلط وہ عقیدے ہیں جن پر ہمارے مخالف ہیں: اس عبارت کا کیا مطلب ہے؟ آپ تو فرما رہے ہیں کہ فقہی اختلافات میں عمل کے اعتبار سے سب برحق ہیں؟

جواب: شامی میں ابن حجر مکیؒ کے فقہی فتاوی سے نقل کیا ہے کہ إن ذلك مَبْنِيٌّ على الضَّعيف یعنی یہ قول جس بنیاد پر متفرع ہے وہ ضعیف ہے، پس یہ بات جو اس پر متفرع ہے کیسے درست ہوسکتی ہے؟ تفصیل شامی (۱:۳۶) میں ہے۔ اور حضرت الاستاذ علامہ بلیاوی قدس سرہ نے ایک موقع پر جبکہ حضرت حکیم الاسلام مولانا محمد طیب صاحب قدس سرہ کی کتاب ''مسلک اعتدال'' اساتذۂ دارالعلوم دیوبند کی ایک دس نفری مجلس میں پڑھی جارہی تھی اور

اس میں درمختار سے یہ بات نقل کی گئی تھی تو فرمایا تھا کہ یہ بات کلامی مسائل کے بارے میں صحیح ہے، فروعی مسائل کے بارے میں صحیح نہیں، ورنہ حنفی کی شافعی کے پیچھے یا اس کے برعکس نماز کیسے درست ہوگی؟ جب مقتدی اپنے امام کو غلطی پر سمجھ رہا ہے تو اس کے پیچھے نماز درست نہیں۔

فائدہ: مجتہدین بہت گذرے ہیں، چار ائمہ میں انحصار نہیں، اور آج بلکہ آئندہ بھی نئے مسائل میں اجتہاد جاری ہے، یہ سب مجتہدین اگر اہل السنہ والجماعہ کے عقائد پر ہیں تو وہ سب برحق ہیں اور ان سب کا یہی حکم ہے، البتہ جو لوگ اہل السنہ والجماعہ کے عقائد سے خارج ہیں، جیسے: غیر مقلدین، مودودی اور شیعہ وغیرہ ان کے لئے یہ حکم نہیں اور اہل السنہ والجماعہ میں شامل چار مکاتب فکر کی پیروی کرنے والے ہی ہیں، حضرت تھانوی قدس سرہٗ نے ''مأۃ دروس'' میں اور علامہ احمد طحطاویؒ نے درمختار کے حاشیہ میں اس کی صراحت کی ہے، کیونکہ حقانیت کا مدار اصول وعقائد پر ہے، فروعات پر نہیں۔ فروعات میں اختلاف تو دورِ صحابہ سے چلا آرہا ہے جبکہ تمام صحابہ برحق تھے۔ تفصیل میری کتاب ''دین کی بنیادیں اور تقلید کی ضرورت'' میں ہے۔

ملحوظہ: اور یہ جو کہا گیا ہے کہ حق پانے والے کو دو اجر اور حق چوکنے والے کو ایک اجر ملتا ہے یہ بات صرف مجتہدین کے تعلق سے ہے، ان کے مقلدین کے تعلق سے نہیں ہے۔ مقلدین تو سب عمل کے اعتبار سے برحق ہیں، پس سب کو یکساں ثواب ملے گا۔ البتہ ان کے ائمہ میں سے جس نے حق کو پالیا ہے اس کو دوہرا ثواب ملے گا اور جو حق کو چوک گیا ہے اس کو اکہرا ثواب ملے گا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

[۲-] باب ماجاء في القاضي يُصيبُ ويُخْطِئُ

[۱۳۱۱-] حدثنا حُسَيْنُ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ مُحمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ فَأَصَابَ فَلَهُ أَجْرَانِ، وَإِذَا حَكَمَ فَأَخْطَأَ فَلَهُ أَجْرٌ وَاحِدٌ"

وفي الباب: عَنْ عَمْرِو بنِ الْعَاصِ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، إِلاَّ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ.

نوٹ: اس حدیث کی اگرچہ ایک ہی سند ہے مگر حدیث متفق علیہ ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے علاوہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے بھی مروی ہے (مشکوٰۃ حدیث ۳۷۳۲)

بابُ ماجاء فی الْقَاضِیْ کَیْفَ یَقْضِیْ؟

قاضی کس طرح فیصلہ کرے؟

حدیث: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے ان کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا تو پوچھا: ''فیصلے کس طرح کروگے؟'' انھوں نے عرض کیا: کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کروں گا، آپؐ نے پوچھا: ''اگر کتاب اللہ میں حکم نہ پاؤ تو؟'' انھوں نے عرض کیا: رسول اللہ کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ آپؐ نے پوچھا: اگر رسول اللہ کی سنت میں بھی حکم نہ پاؤ تو؟ انھوں نے عرض کیا: اپنی رائے کو تھکا دوں گا یعنی پوری قوت صرف کر کے قرآن وسنت سے حکم نکالوں گا، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کا شکر ہے! اس نے اپنے رسول کے رسول کو صحیح بات سُجھا دی!''

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں اس جیسی حدیثوں کی بنیاد پر فرمایا ہے کہ نبی ﷺ کی بعثت دوہری ہے، آپؐ بلاواسطہ صحابہ کی طرف مبعوث ہیں اور صحابہ کے واسطے سے پوری دنیا کی طرف مبعوث ہیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۴۳۵ کتاب الطہارۃ باب ۱۱۱) میں گذر چکی ہے۔

اور قرآن وسنت میں کسی حکم کے نہ ملنے کا مطلب یہ ہے کہ ان میں صراحۃً حکم نہ ہو، پس ایسی صورت میں منصوص احکام کی علتوں میں غور کیا جائے گا، اور علتِ مستخرجہ پر حکم متفرع کیا جائے گا۔

فائدہ (۱): اس حدیث میں خاص بات توجہ طلب یہ ہے کہ حدیث حجت نہیں، بلکہ سنت حجت ہے، چنانچہ تمام احادیث میں سنت کو مضبوط پکڑنے کا حکم ہے، کسی ایک حدیث میں بھی حدیث کو مضبوط پکڑنے کا حکم نہیں، اور حدیث کے معنی ہیں: ما أُضِیْفَ إِلَی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ قول أو فعلٍ أو تقریرٍ یعنی نبی ﷺ کے اقوال وافعال وتائیدات حدیث ہیں۔ اور سنت کے معنی ہیں: الطریقة المسلوکة فی الدین یعنی دینی راہ اور دونوں میں عام خاص من وجہ کی نسبت ہے، جو احادیث منسوخ یا مخصوص یا ماوّل ہیں وہ صرف حدیث ہیں، سنت نہیں اور ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والی خلفائے راشدین کی باتیں سنت ہیں، حدیث نہیں اور معمول بہا اقوال وافعالِ نبوی حدیث بھی ہیں اور سنت بھی، پس فرقہ ''اہل حدیث'' گمراہ فرقہ ہے، کیونکہ حدیث حجت نہیں، اہل حق صرف اہل السنہ والجماعہ ہیں کہ حجت سنت ہے، تفصیل میری کتاب: ''دین کی بنیادیں اور تقلید کی ضرورت'' میں ہے۔

فائدہ (۲): اس حدیث سے قیاس کی حجیت (اعتباریت) ثابت ہوتی ہے، جب کسی معاملہ کا صریح حکم کتاب وسنت میں نہ ملے تو اجتہاد ناگزیر ہے، اس کے بغیر چارہ نہیں، مگر قیاس مثبت حکم نہیں بلکہ مظہر ہے، وہ ایک آلہ ہے جس کے ذریعہ قرآن وسنت اور اجماع سے حکم نکالا جاتا ہے، پس اگر قیاس حجت نہیں تو یہ مصادر ثلاثہ بھی حجت نہیں،

وھو کما تری (اس کی تفصیل بھی میری کتاب: ''دین کی بنیادیں اور تقلید کی ضرورت'' میں ہے)

[۳-] باب ماجاء فی القاضی کیف یقضی؟

[۱۳۱۲-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ عَوْنٍ، عَنِ الْحَارِثِ بن عَمْرٍو، عَنْ رِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِ مُعَاذٍ، عَنْ مُعَاذٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَى الْيَمَنِ، فَقَالَ: ''كَيْفَ تَقْضِیْ؟'' فَقَالَ: أَقْضِیْ بِمَا فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ، قَالَ: ''فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ؟'' قَالَ: فَبِسُنَّةِ رسولِ اللهِ، قَالَ: ''فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِیْ سُنَّةِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟'' قَالَ: أَجْتَهِدُ رَأْيِیْ، قَالَ: ''الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَفَّقَ رسولَ رسولِ اللّٰهِ!''

حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، قَالاَ: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ عَوْنٍ، عَنِ الْحَارِثِ بنِ عَمْرِو ابْنِ أَخٍ لِلْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنْ أُنَاسٍ مِنْ أَهْلِ حِمْصٍ، عَنْ مُعَاذٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِهِ، هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ عِنْدِیْ بِمُتَّصِلٍ، وَأَبُوْ عَوْنٍ الثَّقَفِیُّ: اسْمُهُ مُحمدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ.

ملحوظہ: اس حدیث میں اگرچہ مجہول واسطہ ہے، مگر حدیث صحیح ہے، کیونکہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے تمام شاگرد ثقہ تھے، پس یہ مرسل روایت حجت ہے، یہ بات ابن القیم رحمہ اللہ نے اعلام الموقعین میں کہی ہے، مگر غیر مقلدین مرغ کی ایک ٹانگ رٹے جاتے ہیں، کہتے ہیں: حدیث ضعیف ہے یعنی موضوع ہے، کیونکہ ان کے مذہب کی بنیاد ہی اس حدیث سے ڈھ جاتی ہے۔

بابُ ماجاء فی الإِمَامِ الْعَادِلِ

انصاف پرور حاکم کی فضیلت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب اور اللہ تعالیٰ سے مجلس (مرتبہ) کے اعتبار سے سب سے زیادہ قریب: انصاف پرور حاکم ہوگا۔ اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض اور اللہ تعالیٰ سے سب سے زیادہ مجلس (مرتبہ) کے اعتبار سے دور: ظالم بادشاہ ہوگا''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قاضی کے ساتھ ہوتا ہے جب تک وہ ظلم نہیں کرتا، پس جب وہ ظلم کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے علحدہ ہو جاتے ہیں اور شیطان اس کے ساتھ لگ جاتا ہے (پس دن بدن اس کا ظلم بڑھتا چلا جاتا ہے) ——— اس حدیث میں لفظ ''امام'' عام ہے، ہر سرکاری عہدہ دار کو شامل ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی الإمام العادل

[١٣١٣-] حدثنا عَلِيُّ بنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّ أَحَبَّ النَّاسِ إِلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَدْنَاهُمْ مِنهُ مَجْلِسًا: إِمَامٌ عَادِلٌ؛ وَأَبْغَضَ النَّاسِ إِلَى اللّٰهِ، وَأَبْعَدَهُمْ مِنْهُ مَجْلِسًا: إِمَامٌ جَائِرٌ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ أَبِيْ أَوْفَى، حديث أَبِيْ سَعِيْدٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[١٣١٤-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بنُ مُحَمَّدٍ أَبُوْ بَكْرٍ الْعَطَّارُ، ثَنَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، ثَنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ أَوْفٰى، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " اللّٰهُ مَعَ الْقَاضِيْ مَالَمْ يَجُرْ، فَإِذَا جَارَ تَخَلَّى عَنْهُ، وَلَزِمَهُ الشَّيْطَانُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں عطیہ عوفی ہیں، وہ متکلم فیہ راوی ہیں، اس لئے حدیث کو صرف حسن کہا ہے اور سند یہی ایک ہے اس لئے غریب ہے ـــــ اور دوسری حدیث کی سند میں عمران القطان بہت اعلی درجہ کے راوی نہیں ہیں، اس لئے سند صرف حسن ہے، اور سند یہی ایک ہے اس لئے غریب ہے۔

بابُ ماجاء فی الْقَاضِیْ لایَقْضِیْ بَیْنَ الْخَصْمَیْنِ حَتّٰی یَسْمَعَ کَلاَمَهُمَا

قاضی جب تک فریقین کی بات نہ سن لے فیصلہ نہ کرے

حدیث: حضور اقدس ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عنفوانِ شباب میں جب قاضی بنا کر یمن بھیجا تو انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں ناتجربہ کار ہوں، میں کس طرح فیصلے کروں گا؟ آنحضور ﷺ نے ان کو ایک گُر کی بات بتائی، فرمایا: "جب تمہارے سامنے دو شخص اپنا جھگڑا لے کر آئیں تو آپ پہلے کے لئے کوئی فیصلہ نہ کریں جب تک دوسرے کی بات نہ سن لیں" یعنی جب تک دوسرے کی بات سن نہ لیں پہلے کے حق میں کوئی ذہن نہ بنائیں، پس جب آپ دونوں کی باتیں سن لیں گے تو سمجھ میں آجائے گا کہ فیصلہ کیا کرنا ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس میں برابر اس وقت سے اب تک فیصلے کر رہا ہوں یعنی مجھے کوئی الجھن پیش نہیں آئی۔

تشریح: اسلامی عدالت میں ہر شخص براہ راست قاضی سے ملتا ہے، درمیان میں کوئی وکیل (ایڈوکیٹ) نہیں ہوتا اور غیر مسلم عدالتوں میں فریقین خاموش کھڑے رہتے ہیں اور ایڈوکیٹ بحثیں کرتے ہیں اور چونکہ وہ قانون داں ہوتے ہیں اس لئے ایسے ایسے نکتے نکالتے ہیں کہ جج پریشان ہوجاتا ہے اور کوئی فیصلہ نہیں کرپاتا اور مقدمہ چلتا رہتا ہے اور

سالوں تک مقدمے لٹکے رہتے ہیں، اسلامی عدالت کا یہ دستور نہیں ہے بلکہ ہر شخص اپنے مقدمہ کی پیروی خود کرتا ہے اور قاضی سے براہ راست گفتگو کرتا ہے، چنانچہ فریقین کی بات ختم ہوتے ہی قاضی نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے اس لئے کوئی مقدمہ التواء میں نہیں رہتا۔

[٥-] باب ماجاء فی القاضی لایقضی بین الخَصْمَیْنِ حتی یسمَعَ کلامَهُمَا

[١٣١٥-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا تَقَاضَى إِلَيْكَ رَجُلَانِ، فَلَا تَقْضِ لِلْأَوَّلِ حَتَّى تَسْمَعَ كَلَامَ الآخَرِ، فَسَوْفَ تَدْرِيْ كَيْفَ تَقْضِيْ؟" قَالَ عَلِيٌّ: فَمَا زِلْتُ قَاضِيًا بَعْدُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فی إِمَامِ الرَّعِيَّةِ

سربراہِ مملکت کی ذمہ داری

رَعِيَّةٌ: کے معنی ہیں: ریوڑ، اور چرواہے کے لئے لفظ راعی ہے۔ امام (سربراہِ مملکت) راعی (چرواہا) ہے اور پبلک رعیت (ریوڑ) ہے۔ ان لفظوں میں اشارہ ہے کہ چرواہا اپنے ریوڑ کے ساتھ جیسا معاملہ کرتا ہے حاکم کو بھی پبلک کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرنا چاہئے۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے: تم میں سے ہر شخص چرواہا ہے اور ہر شخص اپنے ریوڑ کے بارے میں مسئول ہے، پھر آپ ؐ نے بطور مثال فرمایا: امام (سربراہِ مملکت) چرواہا ہے اور وہ پبلک کے بارے میں مسئول ہے یعنی امام سے پبلک کے بارے میں باز پرس ہوگی، شوہر چرواہا ہے اور اس کا ریوڑ اس کی فیملی ہے، اسی طرح استاذ چرواہا ہے اور اس کا ریوڑ طلبہ ہیں، پس سب سے ان کے ریوڑوں کے بارے میں باز پرس ہوگی، غرض ان لفظوں میں اشارہ ہے کہ حاکم کو پبلک کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہئے؟

حدیث: دشمنانِ اسلام نے حضرت علی، حضرت عمرو بن العاص اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم پر فجر کی نماز میں قاتلانہ حملہ کا پروگرام بنایا، حضرت علیؓ تو شہید ہوگئے اور عمرو بن العاصؓ اس دن اتفاق سے فجر کی نماز میں نہیں آئے، ان کی جگہ جو آیا وہ شہید ہوگیا، اور حضرت امیر معاویہؓ پر بھی قاتلانہ حملہ ہوا مگر اندھیرے میں وار اوچھا پڑا، خنجر پیٹ کے بجائے سرین کے گوشت میں لگا اور وہ بچ گئے، اس واقعہ کے بعد انھوں نے سیکورٹی قائم کی، اب ہر شخص ان سے نہیں مل سکتا تھا، اس وقت حضرت عمرو بن مرہؓ نے ان کو حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: "جو بھی امام اپنا دروازہ حاجت مندوں، غریبوں اور محتاجوں کے ورے بھیڑ لیتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت، حاجت اور مسکنت کے ورے آسمانوں کے دروازے بھیڑ لیتے ہیں یعنی اس کی ضرورتیں پوری نہیں کرتے، یہ حدیث سن کر امیر

معاویہؓ نے ایک آدمی مقرر کیا جو لوگوں کی ضرورتیں ان تک پہنچاتا تھا (اس طرح لوگوں کی حاجتیں بھی امیر المؤمنین تک پہنچ گئیں اور زمانہ کے احوال کی بھی رعایت ہوگئی)

[٦-] باب ماجاء فی إمام الرَّعِيَّةِ

[١٣١٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بنُ الْحَكَمِ، حدَّثَنِیْ أَبُوْ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ عَمْرُو بنُ مُرَّةَ لِمُعَاوِيَةَ: إِنِّیْ سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ:" مَامِنْ إِمَامٍ يُغْلِقُ بَابَهُ دُوْنَ ذَوِی الْحَاجَةِ وَالْخَلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ، إِلَّا أَغْلَقَ اللّٰهُ أَبْوَابَ السَّمَاءِ دُوْنَ خَلَّتِهِ وَحَاجَتِهِ وَمَسْكَنَتِهِ" فَجَعَلَ مُعَاوِيَةُ رَجُلاً عَلَى حَوَائِجِ النَّاسِ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، حديثُ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَمْرُو بنُ مُرَّةَ الْجُهَنِیُّ: يُكْنَى أَبَا مَرْيَمَ.

حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا يَحْيَى بنُ حَمْزَةَ، عَنْ يَزِيْدَ أَبِیْ مَرْيَمَ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُخَيْمَرَةَ، عَنْ أَبِیْ مَرْيَمَ صَاحِبِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ.

وضاحت: حاجت، مسکنت اور خلّت: متقارب المعنی الفاظ ہیں، تاکید ومبالغہ کے طور پر چند الفاظ لائے گئے ہیں اور دوسری سند میں ابومریم: حضرت عمرو بن مرۃ کی کنیت ہے، حافظ نے فتح میں فرمایا ہے کہ حدیث کی یہ دوسری سند جید (عمدہ) ہے۔

بابُ ماجاء لَایَقْضِی الْقَاضِی وَهُوَ غَضْبَانُ

غصہ کی حالت میں قاضی کو فیصلہ نہیں کرنا چاہئے

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مدعی یا مدعی علیہ کی کسی بات پر قاضی کو غصہ آجاتا ہے یا اور کسی شخص پر قاضی غضبناک ہوتا ہے پس اس حالت میں قاضی کو فیصلہ نہیں کرنا چاہئے، غصہ میں دماغ کا ٹمپریچر ڈاؤن ہوجاتا ہے، ایک شاعر کہتا ہے:

رفتہ رفتہ آدمی را کم تر سازد غضب ❁ آب را چنداں کہ جوشانند کمتر شود

غصہ کرنے سے آدمی رفتہ رفتہ اوچھا ہوجاتا ہے ÷ پانی کو جتنا جوش دیں گے کم ہوتا رہے گا۔

اور یہ عجیب بات ہے کہ قوتِ عاقلہ کی کمزوری سے غصہ آتا ہے اور غصہ سے قوت عاقلہ کمزور ہوتی ہے جیسے بیڑی پینے سے قبض ہوتا ہے اور بیڑی پینے ہی سے اجابت ہوتی ہے، اس لئے آنحضور ﷺ نے غصہ کی حالت میں فیصلہ کرنے سے منع فرمایا۔

حدیث: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں۔ بَکْرۃ کے معنی ہیں: چرخی۔ جب آنحضور ﷺ نے طائف کے قلعہ کا محاصرہ کیا تو وہاں جو غلام مسلمان تھے وہ نکلنا چاہتے تھے، مگر چارہ نہیں تھا، اس وقت حضرت ابوبکرہ نے قلعے سے بھاگنے کے لئے چرخی کا آئیڈیا پیش کیا تھا، اس لئے وہ ابوبکرہ (چرخی والے) مشہور ہوگئے، ان کے صاحبزادے عبید اللہ کرمان کے قاضی تھے، آپؓ نے صاحبزادے کو نصیحت لکھ کر بھیجی کہ غصہ کی حالت میں کوئی فیصلہ نہ کرنا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''حاکم دو شخصوں کے درمیان غصہ کی حالت میں فیصلہ نہ کرے''

[٧-] باب ماجاء لايقضى القاضى وهُوَ غضبانُ

[١٣١٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، قَالَ: كَتَبَ أَبِىْ إِلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، وَهُوَ قَاضٍ: أَنْ لاَ تَحْكُمْ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَأَنْتَ غَضْبَانُ، فَإِنِّىْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' لاَيَحْكُمُ الْحَاكِمُ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَهُوَ غَضْبَانُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ بَكْرَةَ: اسْمُهُ نُفَيْعٌ.

بابُ ماجاءَ فى هَدَايَا الْأُمَرَاءِ

امراء کے ہدایا کا حکم

امراء کے پاس جو ہدیے آتے ہیں وہ ہدیے کم رشوت زیادہ ہوتے ہیں اور ضروری نہیں کہ آج ہی ہدیہ دینے والے کو حاکم سے کوئی کام لینا ہو، دو چار سال کے بعد بھی وہ کسی کام کے لئے کہہ سکتا ہے، اس لئے امراء کو ہدایا نہیں لینے چاہئیں، البتہ وہ لوگ جو اس کو امیر بننے سے پہلے ہدیے دیتے لیتے رہے ہیں وہ مستثنیٰ ہیں، اسی طرح وہ اقارب جن کے ساتھ ہدیہ دینے لینے کا رواج ہے وہ بھی مستثنیٰ ہیں۔ اور جو حکم ہدیہ کا ہے وہی حکم دعوت کا ہے اور اس سلسلہ میں آگے باب آرہا ہے۔

حدیث: آنحضور ﷺ نے جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کے ایک پرگنہ کا گورنر بنا کر بھیجا تو آپؐ ان کو رخصت کرنے کے لئے ثَنِيَّةُ الوداع تک تشریف لے گئے، جب وہ رخصت ہوگئے تو آپؐ نے آدمی بھیج کر ان کو واپس بلایا اور فرمایا: ''جانتے ہو میں نے آپ کو واپس کیوں بلایا ہے؟'' یعنی ایک بات رہ گئی تھی وہ بتانے کے لئے واپس بلایا ہے: ''ہرگز میری اجازت کے بغیر کوئی چیز نہ لینا کیونکہ وہ سرکاری مال میں خیانت ہوگی، اور جو شخص پبلک کے مال میں خیانت کرے گا وہ قیامت کے دن اس کو لے کر آئے گا! اسی لئے میں نے آپ کو بلایا ہے، اب آپ اپنے کام پر جائیں''

فائدہ: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ وزراء اور سربراہوں کو دوسرے ملک جانے پر جو ہدایا ملتے ہیں وہ بھی

سرکاری مال ہیں، کیونکہ ان کو وہ ہدیہ ملک کا صدر یا وزیر ہونے کی حیثیت سے ملا ہے، مگر کوئی اپنا ہدیہ سرکاری خزانہ میں داخل نہیں کرتا، خود رکھ لیتا ہے یہ خیانت ہے۔ پھر جب دوسرے ملک کا کوئی وزیر یا صدر آتا ہے تو سرکاری خزانہ سے ہدیہ پیش کیا جاتا ہے۔ فیا للعجب!

[۸-] باب ماجاء فی هَدَايَا الْأُمَرَاء

[۱۳۱۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ يَزِيْدَ الْأَوْدِيِّ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُبَيْلٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ قَالَ: بَعَثَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْيَمَنِ، فَلَمَّا سِرْتُ أَرْسَلَ فِيْ أَثَرِيْ، فَرُدِدْتُ، فَقَالَ: "أَتَدْرِيْ لِمَ بَعَثْتُ إِلَيْكَ؟" قَالَ: "لَاتُصِيْبَنَّ شَيْئًا بِغَيْرِ إِذْنِيْ فَإِنَّهُ غُلُوْلٌ، وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لِهٰذَا دَعَوْتُكَ فَامْضِ لِعَمَلِكَ"

وفی الباب: عَنْ عَدِيِّ بنِ عَمِيْرَةَ، وَبُرَيْدَةَ، وَالْمُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ، وَأَبِيْ حُمَيْدٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ مُعَاذٍ، حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ دَاوُدَ الْأَوْدِيِّ.

بابُ ماجاء فی الرَّاشِیْ وَالْمُرْتَشِیْ فِی الْحُكْمِ

عدالت میں رشوت لینے دینے کا بیان

عربی میں رشوت دینے والے کو راشی اور رشوت لینے والے کو مرتشی کہتے ہیں، اور اردو میں لفظ مرتشی کا تو استعمال نہیں اور راشی رشوت لینے والے کو کہتے ہیں، پس غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ اور حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عدالت میں رشوت لینے والے پر اور رشوت دینے والے پر لعنت فرمائی۔

تشریح: اس حدیث میں فی الحکم کی قید یا تو اتفاقی ہے یا تشنیع کے لئے ہے، پس عدالت میں رشوت دینے لینے کا جو حکم ہے وہی اور جگہوں کا بھی ہے، البتہ عدالت میں رشوت دینا لینا بہت بڑا گناہ ہے، کیونکہ جب عدالت میں رشوت کا چلن ہو جائے گا تو پھر انصاف کہاں سے ملے گا؟

الغرض رشوت نہ لینا جائز ہے نہ دینا، البتہ اگر رشوت دیئے بغیر حق نہ مل سکتا ہو تو رشوت دینے کی گنجائش ہے مگر لینے کی کسی صورت میں گنجائش نہیں، مثلاً ایک شخص ٹکٹ ریز رو کرانے گیا، کلرک کہتا ہے: جگہ نہیں! لیکن اگر پچاس کا نوٹ تھما دیا جائے تو فوراً جگہ نکل آتی ہے! معلوم ہوا کہ جگہ ہے پس اس پر مسافر کا حق ہے مگر وہ رشوت دیئے بغیر نہیں مل سکتا تو اپنا حق وصول کرنے کے لئے رشوت دے سکتے ہیں، لیکن اگر وہ کسی کا ریزرویشن کینسل کر کے آپ کو دے

تو رشوت دینا جائز نہیں، یہ دوسرے کے حق کو مارنے کے لئے رشوت دینا ہے۔

فائدہ: باب میں حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ہے، جو مسند احمد میں ہے، اس میں رائش کا بھی ذکر ہے۔ رائش: بیچ کا آدمی ہے، اس پر بھی لعنت فرمائی گئی ہے۔

[٩-] باب ماجاء في الراشي والمرتشي في الحكم

[١٣١٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ فِيْ الْحُكْمِ.

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَائِشَةَ، وابنِ حَدِيْدَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ.

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وَرُوِيَ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَايَصِحُّ.

وَسَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ: حديثُ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَحْسَنُ شَيْئٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ وَأَصَحُّ.

[١٣٢٠-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ خَالِهِ الْحَارِثِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم الرَّاشِيَ وَالْمُرْتَشِيَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: ابوسلمہ کے والد حضرت عبدالرحمٰن بن عوف ؓ ہیں، یہ حدیث ان سے منقول نہیں ہے اسی لئے امام دارمی رحمہ اللہ نے آئندہ حدیث کو باب کی صحیح ترین حدیث قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاء في قُبُوْلِ الهَدِيَّةِ وَإِجَابَةِ الدَّعْوَةِ

قضات وامراء کا ہدیہ لینا اور دعوت قبول کرنا

امراء کو جو تحفے عوام دیتے ہیں وہ درحقیقت رشوت ہوتے ہیں اس لئے جائز نہیں، یہی حکم دعوت قبول کرنے کا ہے۔ جن لوگوں کے ساتھ سابقہ معرفت ہے یا عام دعوت ہے اس کو امیر قبول کرسکتا ہے اور عام دعوت وہ ہے کہ امیر شریک ہو یا نہ ہو دعوت وقت پر ہوگی، اور جو دعوت امیر کی شرکت پر موقوف ہو وہ خاص دعوت ہے، اس کو قبول نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر مجھے ہدیہ میں بکری کے پایے دیئے جائیں تو میں ان کو قبول کروں

گا، اور اگر پایوں کی دعوت کی جائے تو میں اس کو قبول کروں گا''

تشریح: نبی ﷺ کی ایک حیثیت امیر المؤمنین ہونے کی تھی اور دوسری اصل حیثیت رسول اللہ ہونے کی تھی، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ میں ہر ہدیہ اگرچہ معمولی ہو قبول کروں گا اور ہر دعوت اگرچہ چٹنی روٹی کی ہو قبول کروں گا، اس میں امت کو اور امراء کو سادگی کی تعلیم دی گئی ہے اور اس سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ جس ہدیہ اور دعوت کے قبول کرنے میں رشوت کا پہلو نہ ہو وہ بے تکلف قبول کی جاسکتی ہے۔

لطیفہ: ایک مولانا صاحب نے میزبان سے پوچھا: کیا پکاؤ گے؟ میزبان نے از راہ تواضع کہا: دال روٹی پیش کروں گا! مولانا صاحب نے کہا: ''دال بڑا مال! یہ چیز تو حضور کو بھی نصیب نہیں ہوئی تھی، اپنے لئے تو مرغی چرغی چلے گی!'' اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ سیرت نبوی نہیں تھی، آپ دال روٹی کی دعوت بھی قبول فرمالیتے تھے۔

[۱۰-] باب ماجاء فی قبول الهَدِيَّة وإجابة الدعوة

[۱۳۲۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللهِ بنِ بَزِيْعٍ، ثَنَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' لَوْ أُهْدِیَ إِلَیَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ، وَلَوْ دُعِيْتُ عَلَيْهِ لَأَجَبْتُ''

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَعَائِشَةَ، وَالْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وَسَلْمَانَ، وَمُعَاوِيَةَ بنِ حَيْدَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَلْقَمَةَ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّشْدِيْدِ عَلَی مَنْ يُقْضَی لَهُ بِشَيءٍ لَيْسَ لَهُ أَنْ يَأْخُذَهُ

قاضی نے جس چیز کا فیصلہ کیا اگر وہ چیز اس کی نہیں تو اس کے لینے پر وعید

عدالت میں ایک مقدمہ چلا، قاضی نے اس کے سامنے جو شواہد و دلائل آئے ان کے پیش نظر فیصلہ کردیا، مگر نفس الامر میں چیز جس کو دلائی ہے اس کی نہیں ہے تو قاضی کے فیصلے کے باوجود وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں، اگر وہ اس کو لے گا تو اس حدیث میں اس کے لئے سخت وعید آئی ہے، کیونکہ قاضی اگرچہ حقیقت حال سے واقف نہیں، مگر صاحب معاملہ تو جانتا ہے کہ چیز اس کی نہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آپ لوگ اپنے مقدمات لے کر میرے پاس آتے ہو اور میں ایک انسان ہی ہوں (عالم الغیب نہیں ہوں) اور ہوسکتا ہے کہ تم میں سے ایک دوسرے سے اپنی بات پیش کرنے میں چرب زبان ہو، پس اگر میں تم میں سے کسی کے لئے اس کے بھائی کے حق میں سے کسی چیز کا فیصلہ کروں تو وہ سمجھ لے

کہ میں نے اس کو دوزخ کا ایک حصہ ہی کاٹ کر دیا ہے، پس وہ اس میں سے کچھ نہ لے''

فائدہ: اس حدیث میں ایک بہت ہی اہم مسئلہ زیر بحث آیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ قاضی اگر جھوٹے گواہوں کی بنا پر عقود دفسوخ میں کوئی فیصلہ کرے تو وہ فیصلہ صرف ظاہراً نافذ ہوگا یا باطناً بھی؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک صرف ظاہراً نافذ ہوگا، اور ظاہراً نافذ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پولیس اس فیصلے کے مطابق کاروائی کرے گی، مگر نفس الامر میں نہ تو وہ اس چیز کا مالک ہوگا نہ وہ چیز اس کے لئے حلال ہوگی۔ مثلاً زید اور بکر میں ایک مکان کے بارے میں جھگڑا ہے، زید دعوی کرتا ہے کہ بکر نے یہ مکان مجھے بیچ دیا ہے، حالانکہ حقیقت میں نہیں بیچا، مگر زید نے جھوٹے گواہ پیش کر دیئے اور وہ گواہ قاضی کی تحقیق میں معتبر ثابت ہوئے، پس قاضی نے زید کے حق میں فیصلہ کر دیا تو اس مکان کو خالی کرا کر زید کو سونپنا پولیس کی ذمہ داری ہے، مگر زید اس کا مالک نہیں ہوگا، ظاہراً نافذ ہونے کا یہی مطلب ہے۔

اور حنفیہ کے نزدیک قاضی کا فیصلہ ظاہراً بھی نافذ ہوگا اور باطناً بھی، اور باطناً نافذ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ قاضی کے فیصلے کے بعد اس مکان کا مالک زید ہو جائے گا اب اس کا بیچنا صحیح ہوگا، اسی طرح ہبہ بھی صحیح ہوگا اور بعد وفات وہ مکان زید کے ورثاء کو ملے گا، اور جو ثمن قاضی نے بکر کو دلوایا ہے وہ اس کا مالک ہوگا، یا ایک شخص نے غیر منکوحہ عورت پر دعوی کیا کہ وہ اس کی بیوی ہے اور ثبوت میں نکاح کے جھوٹے گواہ پیش کئے، قاضی نے ان کا تزکیہ کیا تو وہ ٹھیک ثابت ہوئے، پس قاضی نے مدعی کے حق میں فیصلہ کر دیا، حالانکہ نکاح نہیں ہوا تو عورت کو مدعی کے سپرد کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے اور مرد کا اس سے صحبت کرنا جائز ہے اور اولاد ثابت النسب ہوگی، باطناً نافذ ہونے کا یہی مطلب ہے، باطناً نافذ ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آخرت میں کوئی مؤاخذہ نہیں ہوگا۔

اور حنفیہ کی دلیل یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عدالت میں ایک شخص نے ایک عورت پر جھوٹا دعوی کیا کہ وہ اس کی بیوی ہے اور جھوٹے گواہ پیش کئے، حضرت علیؓ نے اس کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ جب فیصلہ ہو گیا تو اس عورت نے عرض کیا: حضرت! جب آپ نے فیصلہ کر دیا تو ہمارا نکاح بھی پڑھ دیں حقیقت میں نکاح نہیں ہوا اور اب میں راضی ہوں، حضرت علیؓ نے فرمایا: شَاهِدَاكِ زَوَّجَاكِ: تیرے دونوں گواہوں نے تیرا نکاح پڑھ دیا، چنانچہ آپؓ نے نکاح نہیں پڑھا اور عورت اس آدمی کے حوالے کر دی گئی، اس حدیث کا حوالہ ایضاح الادلہ میں ہے۔ اس مسئلہ کو شرح وبسط کے ساتھ حضرت شیخ الہند قدس سرہٗ نے ایضاح الادلہ میں اور ادلۂ کاملہ میں لکھا ہے، خواہش مند حضرات وہاں دیکھیں۔

اور ائمہ ثلاثہ کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہے: فإنما أقطع له من النار: میں اس کو جہنم کا ایک حصہ ہی کاٹ کر دے رہا ہوں، معلوم ہوا کہ قاضی کا فیصلہ باطناً نافذ نہیں ہوگا، کیونکہ وہ چیز اس کے لئے حلال نہیں ہوئی۔

حنفیہ کہتے ہیں: باطناً نافذ ہونے کا یہ مطلب ہی نہیں، یہ تو آخرت کا مطالبہ ہے، جس کو احناف بھی تسلیم کرتے ہیں اس شخص کو آخرت میں ضرور سزا ملے گی، مگر دنیوی احکام میں عورت اس کے لئے حلال ہو جائے گی، اور وہ اس

چیز کا مالک ہو جائے گا جس کا قاضی نے فیصلہ کیا ہے۔

[١١-] باب ماجاء في التشديد على من يُقضى له بشيئ ليس له أن يأخذه

[١٣٢٢-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ، وَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ، وَلَعَلَّ بَعْضَكُمْ أَنْ يَكُوْنَ أَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَإِنْ قَضَيْتُ لِأَحَدٍ مِّنْكُمْ بَشَيْئٍ مِنْ حَقِّ أَخِيْهِ، فَإِنَّمَا أَقْطَعُ لَهُ مِنَ النَّارِ، فَلاَ يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَائِشَةَ؛ حديثُ أُمِّ سَلَمَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: أَلْحَنُ: اسم تفضیل ہے از لَحِنَ (س) فلان بُحَجَّتِه: اپنی دلیل کے ہر پہلو سے واقف ہونا اور اس کو سمجھ داری سے پیش کرنا...... اور باب میں لیس له: شیئ کی صفت بھی ہوسکتا ہے اور مابعد سے بھی اس کا تعلق ہوسکتا ہے۔

بابُ ماجاء في أَنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعىٰ عَلَيْهِ

گواہ مدعی کے ذمے اور قسم مدعی علیہ کے ذمے

اس باب میں اور آئندہ باب میں یہ مسئلہ ہے کہ قاضی کس طرح فیصلہ کرے گا؟ احناف کے نزدیک فیصلہ کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ ہے کہ پہلے قاضی مدعی سے گواہ طلب کرے، اگر وہ گواہ پیش کردے تو قاضی ان کا تزکیہ کرے، اگر وہ قابل اعتماد ہوں تو قاضی مدعی کے حق میں فیصلہ کردے، اور اگر مدعی گواہ پیش نہ کرسکے یا ناتمام پیش کرے یا وہ قابل اعتماد نہ ہوں تو وہ گواہ کالعدم قرار دیئے جائیں اور قاضی مدعی علیہ کو قسم کھلائے، اگر وہ قسم کھانے سے انکار کرے تو مدعی کے حق میں فیصلہ کرے اور اگر وہ قسم کھالے تو اس کے حق میں فیصلہ کرے۔ حنفیہ کے نزدیک فیصلہ کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایک دوسرا طریقہ بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر مدعی کے پاس صرف ایک گواہ ہو اور وہ قابل اعتماد ہو تو قاضی مدعی سے دوسرے گواہ کی جگہ قسم لے، پھر اس کے حق میں فیصلہ کرے، اس کا نام: قضاءُ القاضی بشاهدٍ واحدٍ ویَمینٍ ہے، ائمہ ثلاثہ کی دلیل دوسرے باب میں آرہی ہے اس باب میں حنفیہ کی دلیل ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "گواہ مدعی کے ذمے ہیں اور قسم مدعی علیہ کے ذمے ہے" (یہ حدیث باب میں ہے) اس حدیث میں نبی ﷺ نے تقسیم فرمائی ہے، پس گواہ اور قسم جمع نہیں ہونگے، یہ تقسیم کے منافی ہے۔

حدیث: حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ اور ایک یہودی کا ایک واقعہ ہے جو پہلے باب ۴۲ میں گذر چکا ہے،

یہودی کے دادا نے حضرت اشعثؓ کے دادا سے ایک زمین غصب کی تھی، اس کا فیصلہ کرانے کے لئے اشعث اس یہود کو لے کر حضور اقدس ﷺ کے پاس مدینہ آئے تھے، اس واقعہ کو حضرت وائلؓ نے بیان کیا ہے وہ فرماتے ہیں: حضر موت کا ایک آدمی اور کندہ کا ایک آدمی آنحضور ﷺ کے پاس آئے۔ حضرمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! اس نے میری زمین پر زبردستی قبضہ کرلیا ہے، کندی نے کہا: وہ میری زمین ہے اور میرے قبضہ میں ہے اس کا اس زمین میں کوئی حق نہیں۔ نبی ﷺ نے حضرمی سے کہا: کیا تیرے پاس گواہ ہیں؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس تم اس سے قسم لو، حضرمی نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ تو بدکار آدمی ہے وہ کس بات پر قسم کھارہا ہے، اس کی اس کو کوئی پرواہ نہیں اور یہ کسی چیز سے نہیں بچتا، آپؐ نے فرمایا: تمہیں بس یہی حق حاصل ہے! راوی کہتا ہے: پس وہ شخص قسم کھانے کے لئے (منبر کی طرف) چلا، جب اس نے پیٹھ پھیری تو حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اگر اس نے اس کے مال پر قسم کھائی تاکہ وہ اس کو ظلماً (ناحق) کھالے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ وہ اس سے اعراض کرنے والے ہونگے!''

[۱۲-] باب ماجاء فی أن البَيِّنَةَ على المدعی واليمينَ على المدعی عليه

[۱۳۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ حَضْرَ مَوْتَ وَرَجُلٌ مِنْ كِنْدَةَ إِلَى النبیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ الْحَضْرَمِیُّ: يارسولَ اللهِ! إِنَّ هٰذَا غَلَبَنِیْ عَلَى أَرْضٍ لِیْ، فَقَالَ الْكِنْدِیُّ: هِیَ أَرْضِیْ وَفِیْ يَدِیْ، لَيْسَ لَهُ فِيْهَا حَقٌّ، فَقَالَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم لِلْحَضْرَمِیِّ:'' أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟'' قَالَ: لَا، قَالَ: ''فَلَكَ يَمِيْنُهُ؟'' قَالَ: يارسولَ اللهِ! إِنَّ الرَّجُلَ فَاجِرٌ لَايُبَالِیْ عَلَى مَا حَلَفَ عَلَيْهِ، وَلَيْسَ يَتَوَرَّعُ مِنْ شَيْءٍ، قَالَ:'' لَيْسَ لَكَ مِنْهُ إِلَّا ذٰلِكَ''، قَالَ: فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ لِيَحْلِفَ لَهُ، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله لعيه وسلم لَمَّا أَدْبَرَ:'' لَئِنْ حَلَفَ عَلَى مَالِهِ لِيَأْكُلَهُ ظُلْمًا، لَيَلْقَيَنَّ اللّٰهَ وَهُوَ عَنْهُ مُعْرِضٌ''

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو والْأَشْعَثِ بنِ قَيْسٍ، حديثُ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۳۲۴-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَلِیُّ بنُ مُسْهِرٍ وَغَيْرُهُ، عَنْ مُحمدِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ؛ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِیْ خُطْبَتِهِ:'' الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِیْ، وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعَى عَلَيْهِ''

هٰذَا حديثٌ فِیْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، وَمُحمدُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِیُّ يُضَعَّفُ فِی الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، ضَعَّفَهُ ابنُ الْمُبَارَكِ وَغَيْرُهُ.

[۱۳۲۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ سَهْلِ بنِ عَسْكَرٍ الْبَغْدَادِیُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، ثَنا نَافِعُ بنُ عُمَرَ

الْجُمَحِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابنِ عبّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَضٰی أَنَّ الْيَمِيْنَ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَی الْمُدَّعِیْ وَالْيَمِيْنَ عَلَی الْمُدَّعٰی عَلَيْهِ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے حدیث: البينة علی المدعی واليمين علی من أنكر کی جو سند پیش کی ہے وہ اگرچہ متکلم فیہ ہے مگر یہ حدیث دیگر کتب میں اچھی سند سے مروی ہے، تفصیل کے لئے دیکھیں نصب الرایہ (۹۵:۴) اوراس کا آخری جزء حضرت ابن عباسؓ سے بخاری (حدیث ۴۵۵۲) میں مروی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ

ایک گواہ کے ساتھ قسم لینے کا بیان

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک گواہ کے ساتھ قسم کا فیصلہ کیا۔

تشریح: اس حدیث کے سمجھنے میں اختلاف ہوا ہے، ائمہ ثلاثہ نے اس کا یہ مطلب سمجھا ہے کہ مدعی کے پاس ایک گواہ تھا، آنحضور ﷺ نے دوسرے گواہ کی جگہ اس سے قسم لی، اس لئے ان کے نزدیک اگر مدعی کے پاس ایک گواہ ہو تو قاضی دوسرے گواہ کی جگہ قسم لے کر اس کے حق میں فیصلہ کرے گا۔ اور حنفیہ کے نزدیک حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ایک گواہ کے ساتھ یعنی اس کی موجودگی میں نبی ﷺ نے مدعی علیہ پر قسم کا فیصلہ کیا یعنی مدعی کے ایک گواہ کو کالعدم قرار دیا، اس لئے کہ ایک گواہ نصاب شہادت سے کم ہے، غرض اس حدیث کا محمل متعین کرنے میں اختلاف ہوا ہے۔

فائدہ: ابوداؤد (۵۰۸:۲ باب القضاء باليمين والشاهد) میں ایک لمبی حدیث ہے اس سے ائمہ ثلاثہ کے فہم کی تائید ہوتی ہے، اس واقعہ میں نبی ﷺ نے مدعی سے دوسرے گواہ کی جگہ قسم لی ہے، مگر ائمہ ثلاثہ کا اس حدیث سے استدلال درست نہیں، کیونکہ آپؐ نے اس واقعہ میں فیصلہ یہ کیا تھا کہ جاؤ، چیز آدھی آدھی بانٹ لو (اذهبوا، فقاسموهم أنصاف الأموال) پس یہ مصالحت ہوئی، دوٹوک فیصلہ نہیں ہوا۔

[۱۳-] باب ماجاء فی اليمين مع الشاهد

[۱۳۲٦-] حدثنا يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِی، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ رَبِيْعَةُ بنُ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ قَضٰی رسولُ اللهِ

صلى الله عليه وسلم بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ، قَالَ رِبِيْعَةُ: وَأَخْبَرَنِى ابْنٌ لِسَعْدِ بنِ عُبَادَةَ، قَالَ: وَجَدْنَا فِيْ كِتَابِ سَعْدٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ.

وَفِي الْبَابِ: عَنْ عَلِيٍّ، وَجَابِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَسُرَّقٍ، حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ: حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[١٣٢٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بنُ أَبَانٍ، قَالاَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمَّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ.

[١٣٢٨-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا جَعْفَرُ بنُ مُحمّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ؛ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ، قَالَ: وَقَضَى بِهَا عَلِيٌّ فِيْكُمْ.

وَهٰذَا أَصَحُّ، وَهٰكَذَا رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَرَوَى عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَيَحْيَى بنِ سُلَيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمّدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: رَأَوْا أَنَّ الْيَمِيْنَ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ جَائِزَةٌ فِي الْحُقُوْقِ وَالْأَمْوَالِ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَقَالُوْا: لاَيُقْضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ إِلَّا فِى الْحُقُوْقِ وَالْأَمْوَالِ، وَلَمْ يَرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ أَنْ يُقْضَى بِالْيَمِيْنِ مَعَ الشَّاهِدِ الْوَاحِدِ.

ترجمہ: اس حدیث پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے، انھوں نے حقوق واموال میں ایک گواہ کے ساتھ قسم کا اعتبار کیا ہے (یعنی حدود میں شہادت کا نصاب مکمل ہونا ضروری ہے، صرف حقوق واموال میں اگر شہادت نا تمام ہوتو دوسرے گواہ کی جگہ قسم لی جائے گی) اور یہ مالک، شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: ایک گواہ کے ساتھ قسم کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا مگر حقوق واموال میں، اور اہل کوفہ اور ان کے علاوہ بعض اہل علم ایک گواہ کے ساتھ قسم سے فیصلہ کئے جانے کو جائز نہیں کہتے، یعنی انھوں نے حقوق واموال میں بھی اس حدیث کو نہیں لیا۔

فائدہ: یہ حدیث عام ہے پس حدود وقصاص میں بھی اس کے مطابق فیصلہ ہونا چاہئے، کیونکہ تخصیص کی کوئی وجہ نہیں، مگر ائمہ ثلاثہ اس اعتراض کا یہ جواب دیتے ہیں کہ ہم حدود میں اس حدیث کا اس لئے اعتبار نہیں کرتے کہ حدود وقصاص شبہات سے رفع ہوجاتے ہیں، یعنی ائمہ ثلاثہ نے ایک گواہ کے ساتھ قسم لینے میں فی الجملہ شبہ تسلیم کرلیا، پس حقوق واموال میں بھی اس کا اعتبار نہیں ہونا چاہئے کیونکہ گواہی مشتبہ ہے، علاوہ ازیں اس حدیث کا مفہوم مختلف فیہ ہے اور اوپر والے باب میں جو حدیث گذری ہے وہ دوٹوک اور واضح ہے، اس میں نبی ﷺ نے گواہی

اور قسم کو مدعی اور مدعی علیہ کے درمیان تقسیم فرمایا ہے، پس اسی حدیث پر مسئلہ کی بنیاد رکھنا اولیٰ ہے۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاء فی العَبْدِ یَکُوْنُ بَیْنَ الرَّجُلَیْنِ فَیُعْتِقُ أَحَدُهُمَا نَصِیْبَهُ

غلام میں سے ایک شریک اپنا حصہ آزاد کردے تو اس کا حکم

ابواب الاحکام پورے ہوگئے، اب پھر ابواب البیوع یعنی ابواب المعاملات شروع ہوتے ہیں، اس باب میں مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی غلام دو یا زیادہ آدمیوں کے درمیان مشترک ہو اور ان میں سے کوئی ایک شریک اپنا حصہ آزاد کردے تو کیا صرف اسی کا حصہ آزاد ہوگا یا سارا غلام آزاد ہوجائے گا؟ اس سلسلہ میں پہلے دو مسئلے جان لیں:

پہلا مسئلہ: عتق متجزّی ہوتا ہے یا نہیں؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عتق ہر حال میں متجزی ہوتا ہے اور صاحبین کے نزدیک کسی حال میں متجزی نہیں ہوتا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک کبھی متجزی ہوتا ہے اور کبھی نہیں ہوتا۔

وضاحت: یہ تعبیر مجازی ہے کہ عتق متجزی ہوتا ہے یا نہیں؟ اور مراد یہ ہے کہ ازالۂ ملک متجزی ہوتا ہے یا نہیں؟ مثلاً ایک غلام میں دو آدمی شریک ہیں، ایک نے اپنا حصہ آزاد کیا تو کیا صرف اسی کے حصے کی ملک زائل ہوئی یا پورے غلام میں ملک زائل ہوگئی؟ عتق متجزی ہونے نہ ہونے کا یہ مطلب ہے، اور ہر حال کا مطلب یہ ہے کہ جس نے اپنا حصہ آزاد کیا ہے وہ مالدار ہو یا غریب۔

غرض: امام اعظمؒ کے نزدیک عتق ہر حال میں متجزی ہوتا ہے اور صاحبین کے نزدیک کسی حال میں متجزی نہیں ہوتا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو عتق متجزی نہیں ہوتا، یعنی اس صورت میں سارا غلام آزاد ہوجاتا ہے، اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو صرف اسی کا حصہ آزاد ہوتا ہے، اس صورت میں عتق متجزی ہوتا ہے۔

دوسرا مسئلہ: جن ائمہ کے نزدیک عتق متجزی ہوتا ہے ان میں اختلاف ہے کہ دوسرے شریک کا حصہ غلامی میں برقرار رہے گا یا وہ بھی ثانی حال (بعد) میں آزاد ہوجائے گا؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اب وہ غلام غلامی میں باقی نہیں رہ سکتا اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک دوسرے شریک کا حصہ بدستور غلامی میں باقی رہے گا —— اور یہیں سے اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہوگیا کہ غلام پر سِعایہ (کمانا) ہے یا نہیں؟ احناف کے تینوں ائمہ سعایہ کے قائل ہیں، اور ائمہ ثلاثہ سعایہ کے قائل نہیں۔

اب سنیے: ایک غلام دو شخصوں کے درمیان مشترک تھا، ایک شریک نے اپنا حصہ آزاد کردیا تو دیکھیں گے: آزاد کرنے والا مالدار ہے یا غریب؟ یعنی وہ اپنے شریک کے حصہ کا ضمان دے سکتا ہے یا نہیں؟ اگر وہ مالدار ہے تو امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک اس کے شریک کو تین اختیار ہونگے یا تو وہ بھی اپنا حصہ آزاد کرے (اس صورت میں غلام کی میراث (ولاء) دونوں کو ملے گی، کیونکہ آزاد کرنے والے دو ہیں) یا وہ اپنے ساتھی سے ضمان لے، کیونکہ پہلے آزاد

کرنے والے نے اس کا حصہ بگاڑ دیا ہے، اب وہ غلام نہیں رہ سکتا (اور اس صورت میں دوسرے شریک کا حصہ پہلے شریک کی طرف منتقل ہوکر فوراً آزاد ہوجائے گا، پس میراث تنہا اسی کو ملے گی) یا دوسرا شریک غلام سے اپنے حصہ کی قیمت کموائے (جب غلام اس کو اس کے حصہ کی قیمت کما کر دیدے گا تو وہ حصہ بھی آزاد ہوجائے گا اور اس صورت میں میراث دونوں کو ملے گی) اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو اس کے ساتھی کو دو اختیار ہیں یا تو وہ بھی اپنا حصہ آزاد کرے یا قیمت کموائے۔

اور صاحبین کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو صرف ضمان لینے کا اختیار ہے، وہ اپنا حصہ آزاد نہیں کرسکتا، اور نہ قیمت کمواسکتا ہے، کیونکہ ان کے نزدیک عتق متجزی نہیں ہوتا، پس ایک شریک کے آزاد کرنے سے پورا غلام آزاد ہوگیا ہے۔ اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو دوسرا شریک اپنے حصہ کے بقدر قیمت کموائے اس صورت میں بھی آزاد نہیں کرسکتا کیونکہ وہ پورا آزاد ہوچکا ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اگر آزاد کرنے والا مالدار ہے تو اس کا شریک اس سے ضمان لے گا کیونکہ اس صورت میں عتق متجزی نہیں ہوتا پس پہلے پر ضمان واجب ہے کیونکہ اس نے اپنے شریک کا حصہ بگاڑا ہے، اور اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو غلام بدستور غلام رہے گا، کیونکہ وہ حضرات سعایہ (کموانے) کے قائل نہیں اور ساتھی غریب ہے اس لئے ضمان نہیں لے سکتے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے کسی غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کیا (نَصِيبًا، شَقِيصًا اور شِرْكًا مترادف الفاظ ہیں اور أَوْ شک راوی کا ہے) اور معتبر آدمی غلام کی جو قیمت لگائے اتنا مال آزاد کرنے والے کے پاس موجود ہو یعنی وہ مالدار ہو تو غلام (سارا ہی) آزاد ہے، ورنہ (یعنی اگر آزاد کرنے والا غریب ہے تو) غلام میں سے اتنا حصہ آزاد ہوگا جتنا اس نے آزاد کیا ہے یعنی صرف آزاد کرنے والے کا حصہ آزاد ہوگا اس کے ساتھی کا حصہ آزاد نہیں ہوگا۔

تشریح: ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث کو ان کے دونوں راوی: سالم اور نافع روایت کرتے ہیں، مگر: **وإلا فقد عَتَقَ منه مَاعَتَقَ**: صرف نافع کی روایت میں ہے، سالم کی روایت میں یہ ٹکڑا نہیں ہے، اور نافع بھی اس کو کبھی بڑھاتے تھے کبھی نہیں بڑھاتے تھے، یہ بات حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ نے بیان کی ہے۔

استدلال: اس حدیث کے آخری ٹکڑے کو جس کو تنہا نافع روایت کرتے ہیں: احناف نہیں لیتے، کیونکہ اس کا مرفوع ہونا یقینی نہیں، پھر صاحبین فرماتے ہیں کہ جب معتق کے مالدار ہونے کی صورت میں عتق متجزی نہیں ہوتا تو غریب ہونے کی صورت میں بھی متجزی نہیں ہوگا۔

اور جمہور کے نزدیک عتق متجزی ہوتا ہے کیونکہ حدیث میں مالدار کی قید ہے جس سے معلوم ہوا کہ اگر معتق

غریب ہوتو عتق متجزی ہوگا، پھر ائمہ ثلاثہ نے پوری حدیث لی ہے، اس لئے معتق آزاد ہے یا غریب؟ دونوں صورتوں کا حکم علحدہ علحدہ کردیا ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جب معتق غریب ہوتو عتق متجزی ہوتا ہے پس جب معتق مالدار ہوتب بھی عتق متجزی ہوگا۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے مملوکہ غلام میں سے اپنا حصہ آزاد کیا تو معتق کو وہ غلام اپنے مال کے ذریعہ چھڑانا ہوگا، اگر اس کے پاس مال ہو یعنی اگر معتق مالدار ہوتو اس پر ضمان واجب ہے، اور اگر اس کے پاس مال نہ ہوتو غلام کی انصاف کے ساتھ قیمت لگائی جائے گی، پھر وہ شخص جس نے اس کو آزاد نہیں کیا اس سے اپنے حصے کے بقدر قیمت کموائے گا، غلام پر مشقت ڈالے بغیر، یعنی مالک غلام سے جلدی جلدی رقم کی ادائیگی کا مطالبہ نہیں کرے گا، بلکہ غلام اپنی وسعت کے مطابق کما کر دے گا (اس حدیث سے سعایہ ثابت ہوا، پس یہ احناف کی دلیل ہے)

[۷۶-] باب ماجاء في العبد يكون بين الرَّجُلَيْنِ فَيُعْتِقُ أحدُهما نصيبَه

[۱۳۲۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا، أَوْ قَالَ شَقِيْصًا، أَوْ قَالَ شِرْكًا لَهُ فِيْ عَبْدٍ، فَكَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ بِقِيْمَةِ الْعَدْلِ، فَهُوَ عَتِيْقٌ، وَإِلَّا فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ" قَالَ أَيُّوْبُ: وَرُبَّمَا قَالَ نَافِعٌ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، يَعْنِي:" فَقَدْ عَتَقَ مِنْهُ مَا عَتَقَ"، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۳۳۰-] وَقَدْ رَوَاهُ سَالِمٌ عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا لَهُ فِيْ عَبْدٍ، فَكَانَ لَهُ مِنَ الْمَالِ مَا يَبْلُغُ ثَمَنَهُ، فَهُوَ عَتِيْقٌ مِنْ مَالِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۳۳۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَعْتَقَ نَصِيْبًا، أَوْ قَالَ: شَقِيْصًا فِيْ مَمْلُوْكٍ، فَخَلَاصُهُ فِيْ مَالِهِ إِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ، قُوِّمَ قِيْمَةَ عَدْلٍ، ثُمَّ يَسْتَسْعَى فِيْ نَصِيْبِ الَّذِيْ لَمْ يُعْتِقْ، غَيْرَ مَشْقُوْقٍ عَلَيْهِ"

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا يَحْيى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ نَحْوَهُ، وَقَالَ: شَقِيْصًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَهٰكَذَا رَوَى أَبَّانُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ قَتَادَةَ مِثْلَ رِوَايَةِ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ قَتَادَةَ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ أَمْرَ السِّعَايَةِ.

وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ السِّعَايَةِ فَرَأَى بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ السِّعَايَةَ فِيْ هٰذَا، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ إِسْحَاقُ.

وَقَدْ قَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا كَانَ الْعَبْدُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ، فَأَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيْبَهُ، فَإِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ: غَرِمَ نَصِيْبَ صَاحِبِهِ، وَعَتَقَ الْعَبْدُ مِنْ مَالِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ: عَتَقَ مِنَ الْعَبْدِ مَاعَتَقَ، وَلَا يُسْتَسْعَى، وَقَالُوْا بِمَا رُوِيَ عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا قَوْلُ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيُّ، وَأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث کو نافع کی سند سے روایت کیا ہے، پھر اسی حدیث کو سالم کی سند سے بیان کیا ہے، اس کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، عیسیٰ بن یونس کی سند سے اس میں نصیباً اور شقیصاً میں شک ہے، پھر یحییٰ قطان کی سند ہے اس میں شک نہیں پھر سعید بن ابی عروبہ کا متابع ابان بن یزید کو پیش کیا ہے، کیونکہ شعبہ کی روایت میں کموانے کا تذکرہ نہیں (یہ روایت صحیح نہیں کیونکہ شعبہ کا کوئی متابع نہیں)

ترجمہ: علماء کا سعایہ کے سلسلہ میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم اس صورت میں یعنی جب کہ معتق غریب ہو سعایہ کے قائل ہیں، اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے، اور اسی کے اسحاق قائل ہیں۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب غلام دو آدمیوں کے درمیان مشترک ہو پس ان میں سے ایک اپنا حصہ آزاد کر دے پس اگر اس کے پاس مال ہو تو وہ اپنے ساتھی کے حصے کا ضامن ہوگا، اور غلام اس کے مال سے یعنی معتق کی ملکیت میں داخل ہو کر آزاد ہوگا، اور اگر اس کے پاس مال نہ ہو تو اتنا حصہ آزاد ہوگا جتنا اس نے آزاد کیا ہے۔ اور اس سے قیمت نہیں کموائی جائے گی، اور انھوں نے یہ بات اُس حدیث کی وجہ سے کہی ہے جو ابن عمرؓ سے مروی ہے یعنی نافع کی حدیث میں جو اضافہ ہے اس کی بنیاد پر ان حضرات نے یہ بات کہی ہے، اور یہ اہل مدینہ کا قول ہے اور اسی کے مالک، شافعی، احمد اور اسحاق قائل ہیں (حضرت اسحاق کا تذکرہ یہاں وہم ہے، وہ سعایہ کے قائل ہیں، یہاں ان کا تذکرہ صحیح نہیں، یہ بات بین السطور میں لکھی ہے)

بابُ ماجاءَ فی العُمْرَی

لفظ عُمری سے جائداد دینے کا بیان

یہ دو باب آپ کے کام کے نہیں ہیں، یہ دونوں باب عربی معاشرہ کے لئے ہیں، جہاں عربی بولی جاتی ہے۔ دو لفظ ہیں: عُمریٰ اور رُقبی، جب کوئی شخص کسی کو کوئی جائداد دے اور یہ الفاظ استعمال کرے مثلاً کہے: هذه الدارُ لك عُمری۔ یا کہے: هذه الدارُ لك رُقبى۔ یا کہے: أَعْمَرْتُكَ هذه الدارَ۔ یا کہے أَرْقَبْتُكَ هذه الدار تو یہ ہبہ ہے یا عاریت؟ جواب: اس کا مدار عرف پر ہے، اگر عرف میں ان لفظوں کا مفہوم ہبہ ہے تو جائداد ہبہ ہے، اور مُعْمر له (جس کو ہبہ کیا گیا ہے) اس جائداد کا مالک ہوگا اور اس کے مرنے کے بعد اس کے ورثاء مالک ہونگے۔ اور اگر ان لفظوں کا مفہوم عاریت ہے تو معمر لہ زندگی بھر اس جائداد سے فائدہ اٹھائے گا اس کی وفات کے بعد وہ جائداد مُعمِر (جائداد دینے والے) یا اس کے ورثاء کی طرف لوٹ آئے گی، اور اس مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف عرف پر مبنی ہے، کیونکہ عرف بدلتا رہتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: عمری نافذ ہے عمری والوں کے لئے (ابھی مفہوم واضح نہیں ہوا) یا فرمایا: عمری مُعمر لہ کے ورثاء کے لئے ہے (اب مفہوم واضح ہوگیا)

تشریح: اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ لفظ عُمری سے جو جائداد دی گئی وہ ہبہ ہے، چنانچہ احناف اور حنابلہ اسی کے قائل ہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص عمری دیا گیا اس کے لئے اور اس کے ورثاء کے لئے یعنی مُعِمر نے لفظ عمری بول کر کوئی چیز دی اور اپنے کلام میں لَكَ وَلِعَقِبِكَ کی صراحت کردی تو وہ عمری جس کو دیا گیا ہے اس کے لئے ہے، جس نے دیا ہے اس کی طرف نہیں لوٹے گا اس لئے کہ اس نے ایسا دیا ہے جس میں میراث جاری ہوتی ہے'' یعنی یہ عمری ہبہ ہے۔

تشریح: اگر مُعِمر نے لفظ عمری سے کوئی جائداد دی اور لَكَ وَلِعَقِبِكَ کی صراحت کردی یعنی یہ جائداد ہمیشہ کے لئے تیری ہے اور تیرے بعد تیرے ورثاء کی ہے، تو بالاتفاق وہ چیز ہبہ ہوگئی اور اگر اس کی صراحت نہیں کی تو شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک جائداد عاریت ہے، مُعمر لہ زندگی بھر اس سے فائدہ اٹھائے گا اور اس کی وفات کے بعد جائداد مُعِمر کی طرف لوٹ آئے گی اور احناف وحنابلہ کے نزدیک خواہ مُعِمر نے لك ولعقبك کی صراحت کی ہو یا نہ کی ہو: جائداد ہبہ ہوگی۔

[۷۷-] باب ماجاء فی العُمْرَی

[۱۳۳۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا ابنُ أَبِىْ عَدِىٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا، أَوْ: مِيْرَاثٌ لِأَهْلِهَا''

وفي الباب: عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعَائِشَةَ، وابنِ الزُّبَيْرِ، وَمُعَاوِيَةَ.

[۱۳۳۳-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَيُّمَا رَجُلٍ أُعْمِرَ عُمْرَى، لَهُ وَلِعَقِبِهِ، فَإِنَّهَا لِلَّذِيْ يُعْطَاهَا، لاتَرْجِعُ إِلَى الَّذِيْ أَعْطَاهَا، لِأَنَّهُ أَعْطَى عَطَاءً وَقَعَتْ فِيْهِ الْمَوَارِيْثُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى مَعْمَرٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ مِثْلَ رِوَايَةِ مَالِكٍ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: "وَلِعَقِبِهِ"

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالُوْا: إِذَا قَالَ: هِيَ لَكَ: حَيَاتَكَ وَلِعَقِبِكَ، فَإِنَّهَا لِمَنْ أُعْمِرَهَا، لَاتَرْجِعُ إِلَى الْأَوَّلِ، وَإِذَا لَمْ يَقُلْ: "لِعَقِبِكَ" فَهِيَ رَاجِعَةٌ إِلَى الْأَوَّلِ إِذَا مَاتَ الْمُعْمَرُ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ.

وَرُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا" وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا: إِذَا مَاتَ الْمُعْمَرُ فَهُوَ لِوَرَثَتِهِ، وَإِنْ لَمْ يَجْعَلْ لِعَقِبِهِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے وہ فرماتے ہیں: جب مُعمِر نے کہا: هي لك حياتك ولعقبك (یہ جائداد زندگی بھر تیری ہے اور تیرے بعد تیرے ورثاء کی ہے) تو وہ چیز جس کو عمری دیا گیا ہے اس کی ہوگئی، وہ چیز پہلے کی طرف نہیں لوٹے گی۔ اور اگر مُعمِر نے لعقبك کی صراحت نہیں کی تو پہلے کی طرف لوٹ جائے گی، جب مُعمر لہ کا انتقال ہوجائے، اور یہ مالک اور شافعی کا قول ہے۔ اور نبی ﷺ سے متعدد طرق سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "عمری نافذ ہے عمری والوں کے لئے" اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب مُعمر لہ کا انتقال ہوجائے تو وہ چیز اس کے ورثاء کی ہے اگرچہ مُعمِر نے لعقبك کی صراحت نہ کی ہو اور یہ سفیان ثوری، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

بابُ ماجاء في الرُّقْبَى

لفظ رُقبی سے جائداد دینے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "عمری نافذ ہے عمری والوں کے لئے اور رُقبی نافذ ہے رقبی والوں کے لئے"

تشریح: اگر کوئی شخص لفظ رُقبی سے کسی کو کوئی جائداد دے تو وہ ہبہ ہے یا عاریت؟ احناف کے نزدیک اگر اس نے لعقبك کی صراحت نہیں کی تو عاریت ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک عمری اور رُقبی دونوں کا ایک حکم ہے، یعنی

خواہ لعقبك کی صراحت کی ہو یا نہ کی ہو، وہ جائداد ہبہ ہے۔

[٧٨-] باب ماجاء فی الرقبی

[١٣٣٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِىْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِىْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا، وَالرُّقْبَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ أَبِىْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ مَوْقُوْفًا.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الرُّقْبٰى جَائِزَةٌ مِثْلَ الْعُمْرَى، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَفَرَّقَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ بَيْنَ الْعُمْرَى وَالرُّقْبٰى: فَأَجَازُوْا الْعُمْرَى وَلَمْ يُجِيْزُوا الرُّقْبَى.

وَتَفْسِيْرُ الرُّقْبَى: أَنْ يَقُوْلَ: هٰذَا الشيئُ لَكَ مَا عِشْتَ، فَإِنْ مُتَّ قَبْلِىْ فَهِىَ رَاجِعَةٌ إِلَىَّ.

وَقَالَ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ: الرُّقْبَى مِثْلُ الْعُمْرَى، وَهِىَ لِمَنْ أُعْطِيَهَا، وَلاَ تَرْجِعُ إِلٰى الْأَوَّلِ.

ترجمہ: اس پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے کہ رقبی: عمری کی طرح نافذ ہے اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔ اور کوفہ وغیرہ کے بعض اہل علم نے عمری اور رقبی کے درمیان فرق کیا ہے، اور انھوں نے عمری کو نافذ کیا ہے اور رقبی کو نافذ نہیں کیا یعنی عمری کو ہبہ قرار دیا ہے اور رقبی کو عاریت قرار دیا ہے۔ اور رقبی کی تفسیر یہ ہے کہ کہا جائے: یہ چیز تیری ہے جب تک تو زندہ ہے اگر تو مجھ سے پہلے مرگیا تو وہ چیز میری طرف لوٹ آئے گی (رقبی کی یہ تفسیر صحیح نہیں کیونکہ اگر کلام میں صراحت ہو تو کوئی اختلاف نہیں ہوگا شرط کے مطابق عمل ہوگا) اور احمد واسحاق فرماتے ہیں: رقبی عمری کی طرح ہے اور وہ جس کو دیا گیا اس کے لئے ہے پہلے کی طرف نہیں لوٹے گا (یہ تکرار ہے)

بابُ ماذُكِرَ عَنْ رسول الله صلى الله عليه وسلم فِىْ الصُّلْحِ بَيْنَ النَّاسِ

لوگوں میں مصالحت کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمانوں کے درمیان ہر صلح جائز ہے، البتہ وہ صلح جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے (جائز نہیں) اور مسلمان اپنی شرطوں پر ہیں، مگر وہ شرط جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے" (جائز نہیں)

تشریح: اس حدیث میں یہ بیان ہے کہ جب مسلمان کسی جھگڑے میں باہمی مصالحت کریں تو وہ جن شرطوں پر

بھی مصالحت کریں جائز ہے، البتہ حکم شریعت کے خلاف کوئی مصالحت جائز نہیں، بس اس ایک بات کا خیال رکھ کر ہر شرط پر مصالحت جائز ہے۔ اور ہر فریق پر ان شرطوں کو پورا کرنا لازم ہے جو شریعت کے خلاف نہیں، اسی طرح کسی ادارے کا یا انجمن کا یا ملک کا دستورِ اساسی بنائیں تو اس میں جو دفعات رکھنا چاہیں رکھ سکتے ہیں، البتہ کوئی دفعہ خلافِ شرع نہیں ہونی چاہئے۔ پھر جب دستور پاس ہوگیا تو ہر ملازم پر اس کی پابندی ضروری ہے۔

ایک اختلافی مسئلہ: اگر کسی مکان میں زید اور بکر کا جھگڑا ہو، اور مکان پر قبضہ بکر کا ہو، اور مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہو یا نہ ہو اور وہ باہم مصالحت کرنا چاہیں تو تین صورتیں ہیں: عن إقرار، أو إنكار، أو سكوت یعنی قابض اقرار کرتا ہے کہ مکان اس کا نہیں ہے زید کا ہے، یا قابض منکر ہے کہ مکان زید کا ہے مگر وہ کورٹ کچہری کے دھکوں سے بچنے کے لئے صلح کرنا چاہتا ہے، یا قابض نہ اقرار کرتا ہے اور نہ انکار کہ مکان زید کا ہے یا نہیں، پس احناف کے نزدیک تینوں صورتوں میں مصالحت جائز ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک: صرف اقرار کی صورت میں مصالحت جائز ہے، باقی دو صورتوں میں جائز نہیں۔

[٧٩-] باب ماذُكر عن رسول الله صلى الله عليه وسلم فِي الصُّلْحِ بين الناس

[١٣٣٥-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، ثنا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الصُّلْحُ جائِزٌ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ، إِلَّا صُلْحًا حَرَّمَ حَلاَلاً، أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا، وَالْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى شُرُوْطِهِمْ، إِلَّا شَرْطًا حَرَّمَ حَلاَلاً أَوْ أَحَلَّ حَرَامًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے حالانکہ اس میں عبداللہ بن عمرو مزنی ضعیف راوی ہے، اور کتاب الصلوٰۃ باب تکبیرات العیدین میں اسی راوی کی حدیث کی تحسین کی ہے، فتذکر۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ يَضَعُ عَلٰى حَائِطِ جَارِهِ خَشَبًا

پڑوسی کی دیوار پر کڑی رکھنا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی اپنے پڑوسی سے اس کی دیوار پر کڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو وہ اس کو منع نہ کرے"

تشریح: امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حقِ واجب ہے اگر کوئی شخص پڑوسی سے اس کی دیوار پر کڑی رکھنے کی اجازت مانگے تو پڑوسی پر واجب ہے کہ اپنی دیوار پر اس کو کڑی رکھنے دے، ورنہ گنہ گار ہوگا۔ دیگر ائمہ کے نزدیک یہ

حکم اخلاق ومروت کے باب سے ہے، یعنی دیوار پر لکڑی رکھنے دینا مستحب ہے واجب نہیں۔

جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی تو طلبہ نے سر جھکالیا، آپؓ سمجھ گئے کہ ان کو یہ حدیث پسند نہیں آئی، پس آپؓ نے فرمایا: کیا بات ہے، سب نے سگنل کیوں ڈاؤن کرلیا؟! بخدا! میں یہ حدیث تمہارے شانوں کے درمیان ماروں گا!(جاننا چاہئے کہ صحابہ حدیث برائے حدیث بیان نہیں کرتے تھے بلکہ مجلس میں موجود لوگ سوال کرتے تھے وہ اس کے جواب میں مسئلے کے طور پر حدیث سناتے تھے، یہ حدیث بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کسی سائل کے جواب میں سنائی ہے اور حقِ واجب کے طور پر سنائی ہے جس کا طلبہ نے سر جھکا کر انکار کیا ہے، پس یہ حدیث کا انکار نہیں، بلکہ اس کے محمل کا انکار ہے کہ راوی اس کا جو مطلب سمجھ رہا ہے وہ صحیح نہیں)

[۸۰-] باب ماجاء فی الرجل یضع علی حائط جارہ خشبًا

[۱۳۳۶-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدَكُمْ جَارُهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهِ: فَلَا يَمْنَعْهُ" فَلَمَّا حَدَّثَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، طَأْطَأُوْا رُؤُوْسَهُمْ، فَقَالَ: مَالِيْ أَرَاكُمْ عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ؟ وَاللّٰهِ! لَأَرْمِيَنَّ بِهَا بَيْنَ أَكْتَافِكُمْ!

وفي الباب: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، وَمُجَمِّعِ بنِ جَارِيَةَ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَبِهِ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ، وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمْ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، قَالُوْا: لَهُ أَنْ يَمْنَعَ جَارَهُ أَنْ يَضَعَ خَشَبَةً فِيْ جِدَارِهِ، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

وضاحت: قال: سمعتُه يقول: اعرج نے کہا: میں نے حضرت ابو ہریرہؓ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ــــــ امام ترمذیؒ نے امام شافعیؒ کا وہی مذہب بیان کیا ہے جو امام احمدؒ کا ہے مگر یہ حضرت کا قول قدیم ہے اور قولِ جدید میں وہ جمہور کے ساتھ ہیں (تحفۃ الاحوذی ۲:۲۸۵) ــــــ اور ایک تطبیق یہ ہے کہ وجوب کا قول دیانت پر محمول ہے اور عدم وجوب کا قول قضاء پر محمول ہے پس و القول الأول أصح کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

بابُ ماجاء أَنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى مَا يُصَدِّقُهُ صَاحِبُهُ

قسم اسی بات پر محمول ہوگی جس میں اس کا ساتھی تصدیق کرے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قسم اس بات پر محمول ہوگی جس میں تیرا ساتھی تیری تصدیق کرے''

تشریح: اس باب میں لوگ جو قسمیں آپس میں کھاتے ہیں وہ زیر بحث نہیں، بلکہ عدالت میں جو قسم کھائی جاتی

ہے اس کا بیان ہے۔ اگر مدعی علیہ قسم میں توریہ کرے تو اس کا اعتبار نہیں، مدعی جس بات پر قسم کھلا رہا ہے اسی پر قسم محمول ہوگی، مثلاً ایک شخص پر کسی کا پیسوں کا مطالبہ ہے، مدعی علیہ کہتا ہے: وہ قلاش ہے، اور مدعی کہتا ہے: اس کے پاس پیسے ہیں، قاضی نے مدعی سے ثبوت مانگا مگر وہ گواہوں سے ثابت نہ کرسکا تو مدعی علیہ سے قسم لی جائے گی، اس نے قسم کھائی: ''میرے پاس پیسے نہیں!'' اور مراد لی: میری جیب میں پیسے نہیں، یہ توریہ غیر معتبر ہے اور مدعی جو قسم کھلا رہا ہے کہ اس کی ملک میں پیسے ہیں یا نہیں؟ وہی قسم ہوجائے گی اور وہ اپنی قسم میں جھوٹا ہوگا، البتہ اگر قسم کھانے والا مظلوم ہو تو احناف کے نزدیک توریہ کی گنجائش ہے، ظالم ہو تو گنجائش نہیں۔

ایک واقعہ: حاجیوں کا جہاز جدہ پہنچا، گودی پر ایک حاجی کا قلی سے جھگڑا ہوگیا، حاجی نے قلی کی ڈاڑھی پکڑ کر کھینچی تو نکل آئی، قلی عدالت میں گیا، حاجی بہت پریشان ہوا کہ قصاص لیا جائے گا۔ ایک وکیل (ایڈوکیٹ) حاجیوں میں تھا، اس نے کہا: گھبرا نہیں، میں ترکیب نکالتا ہوں۔ جب قاضی تجھ سے پوچھے کہ تو نے ڈاڑھی نکالی ہے؟ تو مکھی اڑانا اور سر نفی میں ہلا دینا اور منہ سے کچھ نہ بولنا! اس طرح جھوٹ بولنے سے بچ جائے گا پھر قاضی قلی سے گواہ مانگے گا، وہ پیش نہیں کرسکے گا، کیونکہ اس بھیڑ میں سے کس کو گواہ لائے گا؟! پس قاضی تجھے قسم کھلائے گا تو تو کہنا: بلّی آئی، میں نے نہیں نکالی! قاضی نے پوچھا: یہ کیا کہہ رہا ہے؟ وکیل نے کہا: حضور! یہ کہہ رہا ہے: باللہ! میں نے ڈاڑھی نہیں نکالی، یہ ہندی ہے، اس لئے صاف نہیں بول سکتا، چنانچہ قاضی نے مقدمہ خارج کردیا ـــــــ یہ سب جھوٹ ہے، شرعاً اس نے جھوٹی قسم کھائی، اس کی قسم اسی پر محمول ہوگی جو قلی کھلا رہا ہے، کیونکہ وہ مظلوم ہے اور قسم کھانے والا ظالم ہے، پس اس کے توریہ کا اعتبار نہیں۔

[۸۱-] باب ماجاء أن الیمین علی ما یُصَدِّقُهُ صاحِبُهُ

[۱۳۳۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ - الْمَعْنَی وَاحِدٌ - قَالَا: ثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''اَلْیَمِیْنُ عَلَی مَایُصَدِّقُكَ بِهِ صَاحِبُكَ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مَنْ حَدِیْثِ هُشَیْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ: هُوَ أَخُوْ سُهَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَبِهِ یَقُوْلُ أَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ، وَرُوِیَ عَنْ إِبْرَاهِیْمَ النَّخعِیِّ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا كَانَ الْمُسْتَحْلِفُ ظَالِمًا، فَالنِّیَّةُ نِیَّةُ الْحَالِفِ، وَإِذَا كَانَ الْمُسْتَحْلِفُ مَظْلُوْمًا، فَالنِّیَّةُ نِیَّةُ الَّذِیْ اسْتَحْلَفَ.

ترجمہ: ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے: انھوں نے فرمایا: جب قسم کھلانے والا ظالم ہوتو قسم کھانے والے کی نیت کا اعتبار ہوگا یعنی توریہ معتبر ہوگا۔ اور اگر قسم کھلانے والا مظلوم ہوتو پھر وہی نیت ہوگی جو قسم کھلانے والے کی ہے یعنی اب توریہ معتبر نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الطَّرِيْقِ إِذَا اخْتُلِفَ فِيْهِ: كَمْ يُجْعَلُ؟

راستہ کاٹنے میں اختلاف ہوجائے تو کتنا راستہ کاٹا جائے؟

اگر کسی مشترک زمین کا بٹوارہ ہو رہا ہو اور شرکاء میں راستہ کاٹنے میں اختلاف ہو تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم راستہ کے بارے میں جھگڑو تو سات ہاتھ کا راستہ کاٹو'' اسی طرح نئی آبادی بس رہی ہو اور لوگوں میں راستہ کاٹنے میں جھگڑا ہو تو بھی سات ہاتھ چوڑا راستہ کاٹا جائے، یہ اتنا چوڑا راستہ ہے کہ دو بوگیاں اور دو ٹرک کراس کرسکتے ہیں، اس سے زیادہ چوڑے راستہ کی ضرورت نہیں۔

ملحوظ رہے کہ یہ حکم نزاع کی صورت میں ہے، اگر لوگ رضامندی سے اس سے کم یا زیادہ راستہ کاٹنا چاہیں تو جائز ہے، البتہ نزاع کی صورت میں حدیث پر عمل ہوگا۔

[۸۲-] باب ماجاء فی الطَّريق إذا اختُلِفَ فيه: كم يُجْعَلُ؟

[۱۳۳۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْمُثَنَّى بنِ سَعِيْدٍ الضُّبَعِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' اجْعَلُوْا الطَّرِيْقَ سَبْعَةَ أَذْرُعٍ''

[۱۳۳۹-] حدثنا مُحمدُّ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا الْمُثَنَّى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ بُشَيْرِ بنِ كَعْبٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا تَشَاجَرْتُمْ فِی الطَّرِيْقِ فَاجْعَلُوْهُ سَبْعَةَ أَذْرُعٍ'' وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ وَكِيْعٍ.

وفی الباب: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، حديثُ بُشَيْرِ بنِ كَعْبٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ: حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ بَشِيْرِ بنِ نَهِيْكٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَهُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ.

وضاحت: بَشير بن نَهِيْك: طبقہ ثالثہ کے ثقہ راوی ہیں اور بُشير بن كعب: مخضرم تابعی ہیں ان کی روایت میں تشاجرتم کی قید ہے اور یہی روایت اصح ہے، معلوم ہوا کہ یہ حکم اختلاف کی صورت میں ہے۔

بابُ ماجاءَ فی تَخْيِيْرِ الْغُلَامِ بَيْنَ أَبَوَيْهِ إِذَا افْتَرَقَا

زوجین میں جدائی ہوجائے تو بچے کو اختیار دیا جائے

اگر زوجین میں کسی وجہ سے جدائی ہوجائے اور ان کا کوئی بچہ ہو تو احناف کے نزدیک سات یا آٹھ سال تک بچہ کی پرورش کا حق ماں کا ہے، اس کے بعد بچہ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی باپ کو ملے گا اور باپ نہ ہو تو اس کے ورثاء کو ملے گا۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک سات سال تک پرورش کا حق ماں کا ہے اس کے بعد بچے کو اختیار ہوگا، ماں کے ساتھ رہنا چاہے تو ماں کے ساتھ رہے اور باپ کے ساتھ رہنا چاہے تو باپ کے ساتھ رہے —— اور اس باب میں جو روایت ہے اس میں نبی ﷺ نے ایک ایسے بچے کو جو ابھی گھٹنوں چلتا تھا یعنی ابھی وہ دو سال کا بھی نہیں ہوا تھا اختیار دیا ہے، پس یہ حدیث کسی کی دلیل نہیں، کیونکہ اس کا پورا واقعہ یہ ہے کہ ایک شخص مسلمان ہوا اور اس کی بیوی اسلام قبول کرنے کے لئے تیار نہ ہوئی، ان کا بچے کے سلسلہ میں جھگڑا ہوا تو دونوں فیصلہ کرانے کے لئے حضور اقدس ﷺ کے پاس آئے، قاعدے سے وہ بچہ باپ کو ملنا چاہئے، کیونکہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے، مگر آپؐ کے لئے یہ فیصلہ کرنے میں دشواری تھی آپ پر الزام آتا کہ بچہ کو ماں سے جدا کردیا، اس لئے آپؐ نے بچے کو لے لیا اور ماں باپ کو مسجد کے دو کونوں میں بیٹھنے کا حکم دیا، پھر دونوں سے کہا: بچے کو بلاؤ چنانچہ دونوں نے بلانا شروع کیا، بچے کو ماں سے زیادہ انسیت ہوتی ہے پھر ماں بلانا بھی جانتی ہے، اس لئے بچہ ماں کی طرف چلا۔ نبی ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! اس کو راہ راست دکھا'' چنانچہ بچہ مڑا اور باپ کے پاس چلا گیا، باپ اس کو لے کر چل دیا۔ امام احمدؒ نے اس حدیث کی بنا پر یہ بات کہی ہے کہ بچے کو سات سال کے بعد اختیار دیا جائے گا، مگر ان کا یہ استدلال ناتمام ہے اس لئے کہ اس حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے ایسے بچے کو اختیار دیا ہے جو ابھی ناسمجھ ہے اور یہ معجزہ کی روایت ہے اس کا مسئلہ باب سے کوئی تعلق نہیں، اور مسئلہ باب میں کوئی اور روایت نہیں پس یہ مسئلہ اجتہادی ہے۔

[۸۳-] باب ماجاء فی تخییر الغلام بین أبویه إذا افترقا

[۱۳۴۰-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زِيَادِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ هِلَالِ بنِ أَبِی مَيْمُوْنَةَ الثَّعْلَبِيِّ، عَنْ أَبِی مَيْمُوْنَةَ، عَنْ أَبِی هُرَيْرَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ أَبِيْهِ وَأُمِّهِ.

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَجَدِّ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بنِ جَعْفَرٍ؛ حديثُ أَبِی هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وَأَبُوْ مَيْمُوْنَةَ: اسْمُهُ سُلَيْمٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ،

قَالُوْا: يُخَيَّرُ الْغُلَامُ بَيْنَ أَبَوَيْهِ إِذَا وَقَعَتْ بَيْنَهُمَا الْمُنَازَعَةُ فِي الْوَلَدِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَالَا: مَاكَانَ الْوَلَدُ صَغِيْرًا فَالْأُمُّ أَحَقُّ، فَإِذَا بَلَغَ الْغُلَامُ سَبْعَ سِنِيْنَ خُيِّرَ بَيْنَ أَبَوَيْهِ.

وِهَلَالُ بْنُ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ: هُوَ هِلَالُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أُسَامَةَ، وَهُوَ مَدَنِيٌّ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، وَفُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ.

وضاحت: ہلال کے استاذ ابو میمونہ: ان کے ابا نہیں ہیں، بلکہ یہ دوسرے ابو میمونہ ہیں اور ہلال ثقہ راوی ہیں، ان سے اکابر روایت کرتے ہیں۔

ترجمہ: اس حدیث پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: بچہ کو ماں باپ کے درمیان اختیار دیا جائے گا جب ان کے درمیان بچہ کے سلسلہ میں جھگڑا ہو اور یہی احمد واسحاق کا قول ہے، وہ فرماتے ہیں: جب تک بچہ چھوٹا ہے پرورش کا حق ماں کا زیادہ ہے، پس جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو اس کو ماں باپ کے درمیان اختیار دیا جائے گا۔

بابُ ماجاء أَنَّ الْوَالِدَ يَأْخُذُ مِنْ مَالِ وَلَدِهِ

باپ اولاد کے مال میں سے لے سکتا ہے

اولاد کا مال اولاد کا ہے، والدین کا نہیں۔ البتہ بوقت ضرورت ماں باپ کا ہاتھ اولاد کے مال میں دراز ہے یعنی بوقت ضرورت والدین اولاد کے مال میں سے لے سکتے ہیں۔ اور اس بات کی دلیل کہ اولاد کا مال اولاد کا ہے، وہ حدیث ہے جو آئندہ چند ابواب کے بعد آرہی ہے۔ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کو ان کے والد بشیر رضی اللہ عنہ نے ایک غلام ہبہ کیا تھا اور انھوں نے اس ہبہ پر حضور اقدس ﷺ کو گواہ بنانا چاہا تھا تو آپؐ نے پوچھا تھا: ''کیا تم نے اپنی سب اولاد کو اسی طرح غلام دیا ہے؟'' انھوں نے نفی میں جواب دیا تو آپؐ نے فرمایا: ''میں اس ظلم پر گواہ نہیں بنتا'' یہ ظلم اسی وقت ہوگا جب باپ بعض اولاد کو بعض پر ترجیح دے، اور ترجیح کا تحقق اس وقت ہوگا جب اولاد کو بخشا ہوا مال اس کا ہو جائے، باپ کا نہ رہے، معلوم ہوا کہ اولاد کا مال اولاد کا ہے باپ کا نہیں، البتہ بوقت ضرورت والدین اولاد کے مال میں سے لے سکتے ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بہترین لقمہ جو تم کھاتے ہو تمہاری کمائی کا ہے اور تمہاری اولاد تمہاری کمائی ہے''

تشریح: بعض لوگ جب بچے کمانے لگتے ہیں تو ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھ جاتے ہیں، کمانا چھوڑ دیتے ہیں، حالانکہ ابھی ہاتھ پیر چل رہے ہیں، یہ لوگ غلط ہیں، جب تک طاقت رہے خود کما کر کھانا چاہئے، یہی بہترین لقمہ ہے۔ اور بعض لوگ ضرورت سے زیادہ خوددار ہوتے ہیں، آنکھوں سے دکھتا نہیں، پیروں میں طاقت نہیں، کمزوری انتہا کو پہنچ

گئی ہے اور اولاد برسبیل روزگار ہے، پھر بھی لاٹھی کے سہارے چلتے ہیں اور کماتے ہیں تاکہ اولاد سے خرچہ نہ لینا پڑے وہ اس کو پرائے ٹکڑوں پر پلنا سمجھتے ہیں یہ بھی غلط ذہن ہے۔ اس حدیث میں اس دوسری قسم کے لوگوں کو سمجھایا گیا ہے کہ اولاد سے خرچہ لینا پرائے ٹکڑوں پر پلنا نہیں ہے اس لئے کہ اولاد اپنی کمائی ہے، پس اپنی کمائی کی کمائی بھی اپنی کمائی ہے، پس بڑھاپے میں ان سے خرچہ لینا پرائے ٹکڑوں پر پلنا نہیں۔

[۸۴-] باب ماجاء أن الوالد يأخذ من مالِ ولدِه

[۱۳۴۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ زَكَرِيَّا بنِ أَبِیْ زَائِدَةَ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمَّتِهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَطْيَبَ مَا أَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ، وَإِنْ أَوْلاَدَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ"

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ ، وَقَدْ رَوٰى بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ عُمَارَةَ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَأَكْثَرُهُمْ قَالُوْا عَنْ عَمَّتِهِ، عَنْ عَائِشَةَ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: قَالُوْا: إِنَّ يَدَ الْوَالِدِ مَبْسُوْطَةٌ فِیْ مَالِ وَلَدِهِ يَأْخُذُ مَاشَاءَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَيَأْخُذُ مِنْ مَالِهِ إِلاَّ عِنْدَ الْحَاجَةِ إِلَيْهِ.

وضاحت: باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی صحیح حدیث ہے کہ أنت ومالك لأبيك: آپ اور آپ کا مال اپنے باپ کے لئے ہیں اس میں لام اباحت کا ہے، تملیک کا نہیں ہے، ورنہ اولاد پر زکوۃ واجب نہ ہوگی، نہ ان کا مال ان کے ورثاء کو ملے گا، اور جب اولاد کا مال اولاد کا ہوا تو بوقت ضرورت ہی والدین لے سکتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ يُكْسَرُ لَهُ الشَّيْئُ: مَايُحْكَمُ لَهُ مِنْ مَالِ الْكَاسِرِ؟

کسی کی کوئی چیز توڑ دے تو ضمان کس طرح دیا جائے؟

اگر کوئی شخص دوسرے کی کوئی چیز توڑ دے تو اس پر ضمان واجب ہوگا، اور وہ چیز جو توڑی گئی ہے اگر مثلی ہے تو ضمان بالمثل واجب ہوگا اور ذوات القیم میں سے ہے تو ضمان بالقیمہ واجب ہوگا۔ ذوات الامثال وہ چیزیں ہیں جن کے افراد یکساں ہوتے ہیں، پہلے زمانہ میں مکیلات اور موزونات ذوات الامثال تھیں، مگر اب مشینری دور میں بے شمار چیزیں ذوا الامثال ہیں، پس اگر ضائع کردہ چیز ذات المثلیہ تو ضمان میں ویسی ہی چیز واجب ہوگی۔ اور اگر وہ ذوات القیم میں سے ہے جیسے مرغی ماردی تو اس کی قیمت واجب ہوگی۔

حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں لکڑی کے کٹورے ہوتے تھے، اور وہ ہاتھ سے بنائے جاتے تھے اس لئے ہر

کٹورہ دوسرے سے مختلف ہوتا تھا پس اس زمانہ میں کٹورہ ذوات القیم میں سے تھا اور حدیث میں ہے کہ کٹورے کے بدلے میں کٹورہ دیا گیا، حالانکہ قیمت واجب ہونی چاہئے تھی، اس لئے اشکال ہوتا ہے، مگر پورا واقعہ پیش نظر رکھا جائے تو اشکال حل ہوجائے گا۔

واقعہ: یہ پیش آیا تھا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے یہاں آپؐ کی باری تھی، اور جس دن جہاں باری ہوتی تھی آپؐ وہیں کھانا نوش فرماتے تھے، اس دن حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے آنحضور ﷺ کے لئے حلوہ بھیجا، جب باندی حلوہ لے کر آئی تو حضرت عائشہؓ نے کچھ اس طرح ہاتھ چلایا کہ پیالہ گر گیا اور کھانا بکھر گیا اور برتن بھی ٹوٹ گیا۔ آنحضور ﷺ نے دوسرے برتن میں اچھا اچھا کھانا چن لیا اور فرمایا: **طعامٌ بطعامٍ وإناءٌ بإناء**: کھانے کے بدل کھانا اور برتن کے بدل برتن! چنانچہ حضرت عائشہؓ کے یہاں جو کھانا پکا تھا وہ ان کے پیالے میں حضرت زینبؓ کے پاس بھیج دیا گیا، اور اس ٹوٹے ہوئے پیالے کی مرمت کرالی گئی اور وہ حضرت عائشہؓ کے یہاں رہا، جب حضور اقدس ﷺ کی وفات ہوئی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تبرکات تقسیم کئے تو وہ کٹورہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کو ملا۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ کٹورہ آنحضرت ﷺ کی ملک تھا، حضرت زینبؓ یا حضرت عائشہؓ کی ملک نہیں تھا۔

غرض اس حدیث میں ضمان کا مسئلہ نہیں ہے، پس اس حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ کٹورے کے ضمان میں کٹورہ واجب ہوگا شاید صحیح نہ ہو۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کی کسی اہلیہ صاحبہ نے پیالے میں آپؐ کے لئے کھانا بھیجا، حضرت عائشہؓ نے پیالے پر ہاتھ مارا جس سے کھانا بکھر گیا (اور پیالہ ٹوٹ گیا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''کھانے کے بدلے میں کھانا اور کٹورے کے بدلے میں کٹورہ!'' ——— عربوں کا معاشرہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو کھانا یا کوئی اور چیز ہدیہ بھیجے تو وہ بھی جواباً ضرور ہدیہ دے گا، خالی برتن واپس نہیں کرے گا، میرے استاذ شیخ مصری قدس سرہ کے یہاں حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب نور اللہ مرقدہ کے گھر سے کھانا آیا اتفاق سے حضرت کے پاس کچھ نہیں تھا، پس برتن میں چورن بھر کر بھیج دیا۔ یہ عربوں کا طریقہ ہے اس لئے آنحضور ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا: ہدیے کے بدلے میں آپ بھی ہدیہ بھیجیں اور برتن توڑ دیا ہے تو اس کی جگہ دوسرا برتن بھیجیں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک پیالہ عاریت (برتنے کے لئے) لیا پس وہ ٹوٹ گیا تو آپؐ نے اس کا ضمان دیا۔ یہ پہلا ہی واقعہ ہے اور روایت بالمعنی کی وجہ سے مضمون بدل گیا ہے۔

[۸۵-] باب ماجاء فيمن يُكْسَرُ له الشيئ: ما يُحْكَمُ له من مالِ الْكَاسِرِ؟

[۱۳۴۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ:

أَهْدَتْ بَعْضُ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم طَعَامًا فِيْ قَصْعَةٍ، فَضَرَبَتْ عَائِشَةُ الْقَصْعَةَ بِيَدِهَا، فَأَلْقَتْ مَا فِيْهَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "طَعَامٌ بِطَعَامٍ، وَإِنَاءٌ بِإِنَاءٍ"، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۱۳۴۳-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا سُوَيْدُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ؛ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَعَارَ قَصْعَةً فَضَاعَتْ فَضَمِنَها لَهُمْ.

وَهٰذَا حديثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَإِنَّمَا أَرَادَ عِنْدِيْ سُوَيْدٌ الْحَدِيْثَ الَّذِيْ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، وَحَدِيْثُ الثَّوْرِيِّ أَصَحُّ.

وضاحت: سوید: لین الحدیث ہیں، اور ثوری رحمہ اللہ مضبوط راوی ہیں، اس لئے ان کی حدیث کی تصحیح کی ہے۔

بابُ ماجاء فی حَدِّ بُلُوْغِ الرَّجُلِ وَالْمَرْأَةِ

لڑکے اور لڑکی کی بلوغت کا زمانہ

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب غزوہ احد کے موقع پر فوج میں بھرتی کی جا رہی تھی تو مجھے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا اس وقت میری عمر چودہ سال کی تھی۔ آپؐ نے مجھے قبول نہیں کیا، پھر اگلے سال جب غزوۂ احزاب کے لئے بھرتی کی جا رہی تھی تو مجھے آپؐ کے سامنے پیش کیا گیا، آپؐ نے مجھے قبول کر لیا، نافع کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ سے بیان کی تو انھوں نے فرمایا: یہ عمر (پندرہ سال) صغیر وکبیر کے درمیان حد فاصل ہے، پھر حکم جاری کیا کہ پندرہ سال کی عمر میں فوج میں بھرتی کر لی جائے (اور اس کی تنخواہ جاری کر دی جائے) اور سفیان بن عیینہؒ کی حدیث میں یہ الفاظ ہیں: "یہ عمر بچوں اور فوجیوں کے درمیان حد فاصل ہے"

جمہور ائمہ نے بشمول صاحبین اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ بلوغت کی عمر پندرہ سال ہے، یعنی اگر بلوغت کی علامتیں نہ پائی جائیں تو چاند کے حساب سے جب پندرہ سال مکمل ہو جائیں تو لڑکا اور لڑکی بالغ سمجھے جائیں گے، فقہاء نے یہ بھی فرمایا ہے کہ لڑکی اور لڑکا بالترتیب نو اور بارہ سال سے پہلے بالغ نہیں ہو سکتے، اس کے بعد کسی بھی وقت بالغ ہو سکتے ہیں۔ اور جب کوئی علامت ظاہر نہ ہو تو پندرہ سال مکمل ہونے پر دونوں بالغ سمجھے جائیں گے، البتہ اس مسئلہ میں امام اعظم رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک لڑکی کے لئے سترہ سال اور لڑکے کے لئے اٹھارہ سال بلوغت کی آخری حد ہے، مگر فتوی صاحبین کے قول پر ہے، کیونکہ یہی امام اعظم رحمہ اللہ سے بھی ایک روایت ہے (شامی ۵: ۱۰۷ فی آخر کتاب الحجر)

فائدہ: بلوغت کی اصل علامت احتلام ہے، باقی لڑکے میں حاملہ کرنا اور انزال ہونا بھی علامتیں ہیں اور لڑکی میں احتلام کے علاوہ حیض آنا اور حاملہ ہونا بھی علامتیں ہیں۔

[۸۶-] باب ماجاء فی حدِّ بلوغ الرَّجُلِ والمَرْأَةِ

[۱۳۴۴-] حدثنا مُحمدُ بن وَزِيْرِ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ يُوْسُفَ الأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: عُرِضْتُ عَلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ جَيْشٍ وَأَنَا ابنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ، فَلَمْ يَقْبَلْنِيْ، فَعُرِضْتُ عَلَيْهِ مِنْ قَابِلٍ فِيْ جَيْشٍ وَأَنَا ابنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، فَقَبِلَنِيْ، قَالَ نَافِعٌ: وَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، فَقَالَ: هٰذَا حَدُّ مَا بَيْنَ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ، ثُمَّ كَتَبَ أَنْ يُفْرَضَ لِمَنْ يَبْلُغُ الْخَمْسَ عَشْرَةَ.

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: "أَنَّ عُمَرَ بن عَبْدِ الْعَزِيْزِ كَتَبَ أَنَّ هٰذَا حَدُّ مَا بَيْنَ الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ" وَذَكَرَ ابنُ عُيَيْنَةَ فِيْ حَدِيْثِهِ: قَالَ: حَدَّثْتُ بِهِ عُمَرَ بنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، فَقَالَ: هٰذَا حَدُّ مَا بَيْنَ الذُّرِّيَّةِ وَالْمُقَاتِلَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَبِهِ يَقُوْلُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وابنُ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيُّ، وَأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ: يَرَوْنَ أَنَّ الْغُلَامَ إِذَا اسْتَكْمَلَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَحُكْمُهُ حُكْمُ الرِّجَالِ، وَإِنْ احْتَلَمَ قَبْلَ خَمْسَ عَشْرَةَ فَحُكْمُهُ حُكْمُ الرِّجَالِ.

وَقَالَ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ: لِلْبُلُوْغِ ثَلَاثَةُ مَنَازِلَ: بُلُوْغُ خَمْسَ عَشْرَةَ، أَوْ الاِحْتِلَامُ، فَإِنْ لَمْ يُعْرَفْ سِنُّهُ وَلَا احْتِلَامُهُ، فَالإِنْبَاتُ يَعْنِي الْعَانَةَ.

وضاحت: سب سے پہلے سفیان ثوری رحمہ اللہ کی سند سے حدیث لائے ہیں، پھر سفیان بن عیینہ کی سند سے (دونوں سفیان ایک ہی طبقہ کے ہیں) اور دونوں کی روایتوں میں دو فرق ہیں: ایک: ثوری کی روایت میں: هذا حدُّ مابين الصغير والكبير ہے اور ابن عیینہ کی روایت میں: هذا حدُّ ما بين الذُّرِّيَّةِ والمقاتلة ہے۔ دوسرا: ثوری کی روایت میں یہ بھی ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فرمان جاری کیا، ابن عیینہ کی روایت میں یہ مضمون نہیں ہے —— پھر امام ترمذیؒ نے حدیث کی تصحیح کی ہے، مگر یہ صراحت نہیں کی کہ کونسی روایت کی تصحیح کی ہے، مگر آگے کتاب الجہاد میں پھر یہ باب آرہا ہے، وہاں صراحت ہے کہ اسحاق بن یوسف کی روایت صحیح ہے یعنی ثوری رحمہ اللہ کی روایت کی تصحیح کی ہے۔

ترجمہ: اس حدیث پر اہل علم کا عمل ہے اور اسی کے قائل ہیں: سفیان ثوری الخ، وہ کہتے ہیں: جب لڑکے کی عمر پندرہ سال ہوجائے تو اس کا حکم بالغ آدمیوں کا حکم ہے۔ اور اگر پندرہ سال سے پہلے احتلام ہوجائے تو بھی اس کا

حکم بالغ آدمیوں کا حکم ہے۔ اور احمد واسحاق فرماتے ہیں: بلوغ کے تین درجے (علامتیں) ہیں: پندرہ سال پورے ہونا یا احتلام ہونا اور اگر اس کی عمر یاد نہ رہے اور احتلام بھی نہ ہو تو زیر ناف اگ آنا بلوغ کی علامت ہے۔

بابُ ماجاء فی مَنْ تزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيْهِ

سوتیلی ماں سے نکاح کرنے کی سزا

اگر کسی نے اپنی سوتیلی ماں سے نکاح کیا تو ظاہر ہے: نکاح نہیں ہوا کیونکہ سوتیلی ماں محرمات میں سے ہے، پس اگر وہ شخص اس عورت سے صحبت کرے تو وہ زنا ہے، مگر کیا اس پر زنا کی سزا جاری ہوگی یا کوئی اور سزا دی جائے گی؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس پر زنا کی سزا جاری ہوگی یعنی اگر کنوارا ہے تو سو کوڑے مارے جائیں گے اور شادی شدہ ہے تو رجم کیا جائے گا۔ اور احناف کے نزدیک یہ زنا سے بھاری گناہ ہے، ایسے آدمی کو ہر حال میں قتل کردیا جائے گا، کوڑے مار کر چھوڑ نہیں دیا جائے گا، اور باب کی حدیث سے دونوں فریقوں نے استدلال کیا ہے۔

حدیث: براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میرے ماموں ابو بردۃ بن نیار رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گذرے درانحالیکہ ان کے ہاتھ میں جھنڈا تھا، میں نے پوچھا: ماموں جان! کہاں کا ارادہ ہے؟ انھوں نے فرمایا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے فلاں آدمی کے پاس بھیجا ہے اس نے اپنی سوتیلی ماں سے نکاح کیا ہے، آپؐ نے مجھے یہ حکم دے کر بھیجا ہے کہ میں اس کو قتل کر کے اس کا سر لے آؤں۔

استدلال: ائمہ ثلاثہؒ نے اس کو زنا کی سزا قرار دیا ہے، حنفیہ نے کہا یہ زنا کی سزا کہاں ہوئی؟ زنا میں تو کوڑے مارے جاتے ہیں یا سنگسار کیا جاتا ہے، آپؐ نے تو اس کو قتل کروایا ہے، پھر آپؐ نے اس کا سر منگوایا ہے اور زنا کی سزا میں یہ بھی نہیں ہوتا۔ اس حدیث سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ سوتیلی ماں سے نکاح کر کے صحبت کرنا زنا کے علاوہ گناہ ہے اور وہ زنا سے بھاری ہے، اس کے مرتکب کو ہر حال میں قتل کردیا جائے گا، اس کی نظیر: لواطت ہے۔ یہ زنا سے الگ اور اس سے بھاری گناہ ہے، پس لوطی کو سخت سے سخت سزا دی جائے گی اور اس کو ہر حال میں قتل کردیا جائے گا۔

فائدہ: حنفیہ کے نزدیک محارم سے نکاح کرنے سے شبہ فی العقد پیدا ہوتا ہے اور شبہ سے حد اٹھ جاتی ہے کیونکہ حدیث میں ہے: الحدودُ تَنْدَرِءُ بالشُّبُهَاتِ۔ پس محارم سے نکاح کر کے صحبت کرنے سے حد اٹھ جائے گی، مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مجرم کو کوئی سزا نہیں دی جائے گی، بلکہ وہ جس درجہ کا گناہ ہے اس کے بقدر سزا دی جائے گی، اگر جہالت کی وجہ سے یہ حرکت کی ہے اور جہالت کا موقعہ ہے تو ہلکی سزا دی جائے گی اور اگر خباثت کی وجہ سے یہ حرکت کی ہے یا جہالت کا کوئی موقع نہیں تو سخت سزا دی جائے گی اور وہ قتل کی سزا ہے۔

[۸۷-] باب ماجاء فيمن تزوَّج امرأةَ أَبِيْهِ

[۱۳٤٥-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ عدِيِّ بنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: مَرَّبِیْ خَالِیْ أَبُوْ بُرْدَةَ بنُ نِيَارٍ، وَمَعَهُ لِوَاءٌ، فَقُلْتُ: أَيْنَ تُرِيْدُ؟ قَالَ: بَعَثَنِیْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِلٰى رَجُلٍ تَزوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيْهِ: أَنْ آتِيَهُ بِرأْسِهِ.

وفی الباب: عَنْ قُرَّةَ، حديثُ الْبَرَاءِ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ هٰذَا الْحديثَ عَنْ عَدِيِّ بنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْبَرَاءِ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ الْبَرَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، وَرُوِیَ عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ الْبَرَاءِ، عَنْ خَالِهِ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: اس حدیث کی اسانید میں بہت زیادہ اختلاف ہے، منذری نے ترغیب میں اور شوکانی نے نیل میں ان کو ذکر کیا ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس کی دوسندیں ذکر کی ہیں: ایک: اشعث کی، دوسری: محمد بن اسحاق کی، ان کی سند میں عدی اور حضرت براء کے درمیان عبداللہ بن یزید کا واسطہ ہے، پھر اشعث کی سند تین طرح مروی ہے: (۱) حفص: عدی اور براء کے درمیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے (۲) اور اشعث کے بعد تلامذہ درمیان میں حضرت براء کے لڑکے یزید کا واسطہ لاتے ہیں (۳) اور بعض تلامذہ یزید سے اور وہ اپنے ماموں (یعنی ان کے والد کے ماموں) حضرت ابو بردہ سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلَيْنِ يَكُوْنُ أَحَدُهُمَا أَسْفَلَ مِنَ الآخَرِ فِی الْمَاءِ

سینچائی میں جس کا کھیت بعد میں ہو اس کا حکم

نہر کے پانی سے باغ یا کھیت کی سینچائی کا پہلا حق کس کا ہے؟ مثلاً ایک بول پر پندرہ کھیت ہیں تو سیراب کرنے کا پہلا حق کس کا ہے؟ اس کا مدار عرف پر ہے۔ اگر عرف یہ ہو کہ سینچائی دہانے سے شروع کی جائے تو ایسا کیا جائے، اور اگر آخر سے سینچائی کرنے کا معمول ہو تو ایسا کیا جائے، ہمارے دیار میں معمول یہ ہے کہ ایک مرتبہ دہانے سے سینچائی شروع کرتے ہیں اور دوسری مرتبہ آخر سے، کیونکہ کھیتوں کے دہانے کھولنے باندھنے کی سہولت اس میں ہے۔ غرض عرف کے مطابق عمل کیا جائے گا، پھر ہر شخص اپنی کھیتی کا تقاضا پورا کر کے اگلے کو نمبر دے گا۔

حدیث: ایک انصاری نے آنحضور ﷺ کے سامنے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے جو آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی تھے، حرۃ کی ان نالیوں کے بارے میں جھگڑا کیا جو ان کے باغوں کو سیراب کرتی تھیں، حرۃ مدینہ منورہ کے

قریب ایک جگہ ہے، وہاں حضرت زبیرؓ کا باغ تھا، پھر اس انصاری کا باغ تھا، اس انصاری نے حضرت زبیرؓ سے کہا: پانی میرے باغ میں آنے دو، حضرت زبیرؓ نے انکار کیا، یہ جھگڑا نبی ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپؐ نے فرمایا: ''زبیر! جب اپنا باغ سیراب کرلو تو پڑوسی کی طرف پانی جانے دو'' ——— اس فیصلہ سے وہ انصاری ناراض ہوا اور کہا: آپؐ نے یہ فیصلہ اس لئے کیا کہ زبیرؓ آپ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں! یہ سن کر آپؐ کا چہرہ غصہ سے بدل گیا، اور فرمایا: زبیر! اپنے باغ کو سیراب کرو پھر پانی روکے رہو تا آنکہ منڈیر تک پانی آجائے، یعنی باغ لبالب بھر جائے، کیونکہ باغ کی سینچائی کا یہی تقاضا ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے پہلے انصاری کی رعایت کی تھی مگر وہ سمجھے نہیں اور نامناسب بات کہہ دی تو آپؐ نے شریعت کا جو اصل حکم تھا وہ بتلایا۔ حضرت زبیرؓ فرماتے ہیں: قسم بخدا! میرا خیال ہے کہ سورۂ نساء کی آیت ۶۵ ﴿فَلَا وَرَبِّكَ﴾ إلخ اسی واقعہ میں نازل ہوئی ہے۔ آیت کا ترجمہ: پس قسم ہے آپ کے پروردگار کی! یہ لوگ ایمان دار نہیں ہوسکتے جب تک ان کے آپس میں جو جھگڑے ہوں ان میں وہ آپؐ کو حکم نہ مان لیں، پھر آپؐ کے حکم سے اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں، بلکہ وہ پوری طرح سر تسلیم خم کرلیں۔

فائدہ: مدینہ میں نہروں کا نظام نہیں ہے وہ خشک پہاڑی علاقہ ہے، وہاں جب بارش ہوتی تھی اور پہاڑوں پر سے پانی اتر کر چلتا تھا تو اسے باندھ کر جمع کر لیتے تھے، پھر اس سے کھیتوں اور باغوں کی سینچائی کرتے تھے، ایسے ہی کسی باندھ کا پانی ختم ہونے جارہا تھا، انصاری چاہتا تھا کہ اس کے کھیت میں پانی آئے، مگر اس کا کھیت بعد میں تھا، پہلے حضرت زبیرؓ کا تھا اس سلسلہ کا یہ واقعہ ہے۔

[۸۸-] باب ماجاء فی الرجلین یکون أحدُهما أسفلَ منَ الآخر فی الماء

[۱۳۴۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ خَاصَمَ الزُّبَيْرَ عَنْدَ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ شِرَاجِ الْحَرَّةِ الَّتِيْ يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخلَ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ، سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرُّ، فَأَبَىٰ عَلَيْهِ، فَاخْتَصَمُوْا عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، للزُّبَيْرِ: ''اسْقِ يَازُبَيْرُ! ثُمَّ أَرْسِلِ الْمَاءَ إِلىٰ جَارِكَ'' فَغضِبَ الْأَنْصَارِيُّ: فَقَالَ: أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ؟ فَتلَوَّنَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: '' يَازُبَيْرُ! اسْقِ، ثُمَّ احْبِسِ الْمَاءَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى الْجَدْرِ'' فَقالَ الزُّبَيْرُ: وَاللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَحْسَبُ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْ ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَيُؤْمِنُوْنَ حَتَّى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ لاَيَجِدُوْا فِيْ أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ الآيَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى شُعَيْبُ بنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ

الزُّبَيْرِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عَنِ اللَّيْثِ، وَيُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ نَحْوَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ.

وضاحت:أنه حَدَّثَه: کہ عروہ نے زہری سے حدیث بیان کی کہ عبداللہ بن الزبیر نے ان سے بیان کیا —— شِرَاج: شَرْج کی جمع ہے، جیسے بحار: بحر کی جمع ہے: پانی کی بول —— الحَرَّة: جگہ کا نام —— سَرِّح: تسریح سے فعل امر: چھوڑ، آنے دے —— أن کان: أی لأن کان أو بأن کان،جیسے أن کان ذا مال وبنین —— الجَدْر: کھیت کی مینڈ اور کھجور کی جڑ میں بنایا ہوا گھیرا —— حدیث متفق علیہ ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب الصلح میں شعیب کی حدیث بھی ذکر کی ہے جس میں عبداللہ کا ذکر نہیں ہے۔

بابُ ماجاء فِيْ مَنْ يُعْتِقُ مِمَالِيْكَهُ عَنْدَ مَوْتِهِ، وَلَيْسَ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ

کوئی مرض موت میں تمام غلام آزاد کردے اور اس کے پاس اور کوئی مال نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

حدیث: ایک انصاری صحابی نے مرض موت میں اپنے چھ غلام آزاد کردیئے اور اس کے پاس ان غلاموں کے علاوہ کچھ نہیں تھا، جب یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے اس کے حق میں سخت بات کہی پھر ان غلاموں کو بلایا، اور ان کی دو دو کی جوڑیاں بنائیں، پھر ان کے درمیان قرعہ ڈالا، پس جس جوڑی کے نام قرعہ نکلا ان دو کو آزاد کردیا اور باقی چار کو غلامی میں لوٹا دیا (اس لئے کہ مرض موت کا تبرع بحکم وصیت ہوتا ہے اور تہائی مال سے نافذ ہوتا ہے)

تشریح: ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: آج اگر ایسا واقعہ پیش آئے تو ایسا ہی کیا جائے گا، اور احناف کے نزدیک ہر غلام کا تہائی آزاد ہوگا اور وہ دو تہائی قیمت ورثاء کو کما کر دے گا۔ اس طرح ہر غلام کو آزادی مل جائے گی اور ورثاء کا نقصان بھی نہیں ہوگا۔

اور اس اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ قرعہ کی کیا حیثیت ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قرعہ مُلزِم (لازم کرنے والا) ہے اور احناف کے نزدیک قرعہ کی یہ حیثیت ابتدائے اسلام میں تھی، بعد میں اس کی یہ حیثیت باقی نہیں رہی، اب قرعہ صرف تطییب قلوب یعنی دل خوش کرنے کے لئے ہے، اور دلیل یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں قرعہ سے فیصلہ کیا تھا، پھر جب آپؐ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے حضرت علیؓ کی ستائش کی مگر جب حضرت علیؓ کی خلافت کے زمانہ میں ایسا ہی قصہ پیش آیا تو آپؓ نے قرعہ اندازی سے فیصلہ نہیں کیا (ذکرہ الطحاوی بحوالہ اعلاء السنن ۱۱: ۳۰۹) معلوم ہوا کہ قرعہ اندازی کی جو پہلے حیثیت تھی وہ بعد میں باقی نہیں رہی۔ اور بذل مجہود میں یہ ہے کہ قرعہ کی یہ حیثیت شروع اسلام میں تھی، پھر جب قمار حرام ہوا تو قرعہ کی یہ حیثیت بھی منسوخ ہوگئی، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے باب القرعة فی المشکلات (کتاب الشهادة) میں جو روایات ذکر کی ہیں وہ سب

باب دیانات سے ہیں، باب حکم (قضاء) سے کوئی بھی روایت نہیں ہے (فیض الباری)

غرض احناف کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے جب مذکورہ بالا فیصلہ کیا تھا اس وقت قرعہ کی ایک خاص حیثیت تھی جو بعد میں باقی نہیں رہی، اس لئے آج اگر ایسا واقعہ پیش آئے تو قرعہ اندازی سے فیصلہ نہیں کیا جائے گا بلکہ ہر غلام کا ایک تہائی آزاد ہوگا اور اس پر دو تہائی قیمت کمانا لازم ہوگا۔

[۸۹-] باب ماجاء فيمن يُعْتِقُ مماليكَهُ عند موتِه، ولَيْسَ لهُ مالٌ غيرُهُمْ

[۱۳۴۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِى الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأنْصَارِ أَعْتَقَ سِتَّةَ أَعْبُدٍ لَهُ عِنْدَ مَوْتِهِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُمْ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ قَوْلاً شَدِيْدًا، قَالَ: ثُمَّ دَعَاهُمْ فَجزَّأَهُمْ، ثُمَّ أَقْرَعَ بَيْنَهُمْ، فَأَعْتَقَ اثْنَيْنِ وَأَرَقَّ أَرْبَعَةً.

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، حديثُ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ: يَرَوْنَ الْقُرْعَةَ فِىْ هٰذَا وَفِىْ غَيْرِهِ.

وَأَمَّا بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ فَلَمْ يَرَوُا الْقُرْعَةَ، وَقَالُوْا: يُعْتَقُ مِنْ كُلِّ عَبْدٍ الثُّلُثُ، وَيُسْتَسْعَى فِىْ ثُلُثَىْ قِيْمَتِهِ.

وَأَبُو الْمُهَلَّبِ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عَمْرٍو، وَيُقَالُ مُعَاوِيَةُ بنُ عَمْرٍو.

ملحوظہ: حضرت عمران کی یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۱۶۶۸ کتاب الأیمان) اور ابوداؤد (حدیث ۳۹۵۸ کتاب العتق) میں بھی ہے۔

بابُ ماجاء فى مَنْ مَلَكَ ذَارَحِمٍ مَحْرَمٍ

ذی رحم محرم کا مالک ہونے سے وہ آزاد ہوجاتا ہے

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ایسے دو شخص جن میں ولادت کا تعلق ہے اگر ان میں سے ایک دوسرے کا مالک ہو تو مملوک فوراً آزاد ہوجائے گا۔ اور ولادت کا تعلق اصول وفروع کے درمیان ہوتا ہے، پس ماں باپ، دادا دادی، نانا نانی اوپر تک اور بیٹا بیٹی، پوتا پوتی، نواسہ نواسی نیچے تک: اگر کوئی ان کا مالک ہو تو وہ فوراً آزاد

ہو جائیں گے۔اور بھائی بہن آزاد نہیں ہونگے، کیونکہ ان کے ساتھ ولادت کا تعلق نہیں۔

دیگر ائمہ کے نزدیک ہر ذی رحم محرم کا مالک ہونے سے مملوک آزاد ہوجاتا ہے۔رحم: سے مراد: ناتا ہے،یعنی ددھیالی یا ننھیالی رشتہ دار، پس سسرالی اور رضاعی رشتہ دار نکل گئے،اور محرم: وہ رشتے دار ہیں جن سے ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہے،پس اگر کوئی ماں باپ، بیٹا، بیٹی بھائی بہن چچا، پھوپھی اور ماموں خالہ کا مالک ہو تو مملوک فوراً آزاد ہوجائے گا،البتہ ماموں زاد،خالہ زاد، چچازاد اور پھوپھی زاد آزاد نہیں ہونگے کیونکہ وہ اگرچہ ذو رحم ہیں مگر محرم نہیں۔

[۹۰-] باب ماجاء فی مَنْ مَلَكَ ذارَحِمٍ مَحْرَمٍ

[۱۳٤۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مُسْنَدًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عُمَرَ: شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

[۱۳٤۹-] حدثنا عُقْبَةُ بنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ الْبَصْرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا محمدُ بنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَعَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ"

وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا ذَكَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَاصِمًا الْأَحْوَلَ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، غَيْرَ مُحَمَّدِ بنِ بَكْرٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ.

[۱۳۵۰-] وَقَدْ رُوِیَ عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" مَنْ مَلَكَ ذَا رَحِمٍ مَحْرَمٍ فَهُوَ حُرٌّ" رَوَاهُ ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَلاَ يُتَابَعُ ضَمْرَةُ بنُ رَبِيْعَةَ عَلَى هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَهُوَ حديثٌ خَطَأٌ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وضاحت: پہلی حدیث کے بارے میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے صرف اتنی بات کہی ہے کہ حماد بن سلمہ سے آخر تک اس کی بس یہی ایک سند ہے،مگر یہ سند فی نفسہ کیسی ہے؟ یہ بات بیان نہیں کی،البتہ ابن حزم،عبدالحق اور ابن القطان نے اس کی تصحیح کی ہے، دوسرے حضرات تضعیف کرتے ہیں، کیونکہ سعید بن ابی عروبہ: عن قتادہ،عن الحسن مقطوع روایت کرتے ہیں،سعید کی روایت ابو داؤد (حدیث ۳۹۵۱) میں ہے ـــــــ اور بعض روات یہ حدیث قتادہ سے روایت کرتے ہیں، وہ حسن بصری سے اور وہ حضرت عمرؓ سے ان کا قول روایت کرتے ہیں (یہ روایت ابو داؤد (حدیث ۳۹۵۰) میں ہے مگر اس میں حسن بصری کا ذکر نہیں،قتادہ حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، پس یہ

روایت منقطع ہے) ——— اس کے بعد حماد بن سلمہ کے تلمیذ برسانی کی سند ہے، وہ قتادہ کے ساتھ عاصم احول کا بھی اضافہ کرتے ہیں، مگر یہ بھی بُرسانی کا تفرد ہے، قتادہ کا اور کوئی شاگرد اس سند میں عاصم کا تذکرہ نہیں کرتا ——— پھر امام ترمذیؒ نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ سے بھی مروی ہے، مگر اس کے راوی صرف ضَمْرۃ ہیں، ان کا کوئی متابع نہیں، اس لئے محدثین کے نزدیک یہ سند صحیح نہیں، محدثین کے نزدیک اس سند سے حدیث: نھی عن بیع الولاء وعن ھبتہ مروی ہے (مگر حاکم نے مستدرک میں اس سند سے دونوں حدیثیں روایت کی ہیں، اور یہ حدیث نسائی اور ابن ماجہ میں بھی ہے اور ابن حزم، عبدالحق اور ابن القطان نے اس کی تصحیح کی ہے)

بابُ ماجاءَ فِیْ مَنْ زَرَعَ فِیْ أَرْضِ قَوْمٍ بِغَیْرِ إِذْنِھِمْ

اجازت کے بغیر کسی کی زمین میں کھیتی کرنے کا حکم

کسی نے کسی کی زمین غصب کر کے اس میں کھیتی کی پھر قاضی نے وہ زمین مالک کو دلوادی تو پیداوار غاصب کی ہے یا مالک کی؟ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک پیداوار زمین کا نُما ہے پس وہ زمین کے مالک کی ہے، اور غاصب نے جو محنت کی ہے اور بیج کھاد ڈالا ہے وہ صرفہ غاصب کو ملے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک پیداوار بیج کا نما ہے، اور بیج غاصب کا ہے اس لئے پیداوار غاصب کو ملے گی، مگر وہ ساری پیداوار اس کے لئے طیب نہیں، صرف محنت اور صرفہ کے بقدر پیداوار طیّب ہے، باقی مالِ خبیث ہے، اس کو ثواب کی نیت کے بغیر غریبوں کو دینا ضروری ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی قوم کی زمین میں ان کی اجازت کے بغیر کھیتی کی تو اس کے لئے کھیتی میں سے کچھ نہیں اور اس کے لئے اس کا خرچہ ہے''

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ نے یہ قول کیا ہے کہ زمین کی پیداوار مالک کو ملے گی اور غاصب کو صرف محنت اور خرچہ ملے گا، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ بلا اجازت دوسرے کی زمین میں کھیتی کرنے والے کو نفقہ کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مگر آپؐ نے یہ نہیں فرمایا کہ باقی پیداوار زمین والے کو ملے گی، یہ اپنی طرف سے اضافہ ہے، بلکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ غاصب کے لئے اس پیداوار میں سے صرف نفقہ اور محنت کے بقدر حلال ہے باقی پیدوار اس کے لئے نہیں یعنی حلال نہیں وہ واجب التصدق ہے، اور احناف کی دلیل حضرت مجاہدؒ کی مرسل روایت ہے جو طحاوی میں ہے اور حضرت مجاہد کے مراسیل حجت ہیں، واقعہ یہ تھا کہ چار آدمیوں نے مل کر ایک زمین میں کھیتی کی، ایک نے اپنے ذمے بیج لیا، دوسرے نے ہل بیل، تیسرے نے زمین اور چوتھے نے محنت۔ جب کھیتی تیار ہوئی تو ان میں جھگڑا ہوا، چنانچہ مقدمہ آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا، آپؐ نے مزارعت کو فاسد قرار دیا، اور پیداوار کا فیصلہ بیج والے کے لئے کیا۔ اور دوسروں کو محنت اور خرچہ

دلوایا (طحاوی ۲:۱۹اکتاب المزارعة) معلوم ہوا کہ پیداوار بیج کا نُما ہے پس مذکورہ صورت میں بھی پیداوار غاصب کو ملے گی، البتہ اس کے لئے اس میں سے محنت اور صرفہ کے بقدر حلال ہے، باقی پیداوار واجب التصدق ہے۔

[۹۱-] باب ماجاء فیمن زَرَعَ فی أرضِ قومٍ بغیرِ إذْنِهِمْ

[۱۳۵۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا شَرِیْكُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ النَّخَعِیُّ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ رَافِعٍ بنِ خَدِیْجٍ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: ''مَنْ زَرَعَ فِیْ أَرْضِ قَوْمٍ بِغَیْرِ إِذْنِهِمْ، فَلَیْسَ لَهُ مِنَ الزَّرْعِ شَیْئٌ، وَلَهُ نفقَتُهُ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ إِسْحَاقَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْكِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا الْحَدِیْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَسَأَلْتُ مَحَمَّدَ بنَ إِسْمَاعِیْلَ عَنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ فَقَالَ: هُوَ حدیثٌ حسنٌ، وَقَالَ: لَا أَعْرِفُ مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ إِسْحَاقَ إِلَّا مِنْ رِوَایَةِ شَرِیْكٍ.

قَالَ مُحمدٌ: حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بنُ مَالِكٍ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا عُقْبَةُ بنُ الأَصَمِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِیْجٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

وضاحت: یہ حدیث کس درجہ کی ہے؟ امام ترمذیؒ نے اس کو حسن کہا ہے اور امام بخاریؒ سے بھی حسن کا قول نقل کیا ہے، مگر امام بخاری کا حسن دوسروں کے صحیح کے مترادف ہوتا ہے، پس امام ترمذیؒ کو چاہئے تھا کہ اس کو حسن صحیح کہتے، مگر ایسا نہیں کیا، معلوم ہوا کہ دال میں کچھ کالا ہے، چنانچہ خطابی نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کی تضعیف نقل کی ہے اور بیہقی نے بھی اس کی تضعیف کی ہے اور ابوزرعہ کہتے ہیں: حضرت عطاء بن ابی رباح کا حضرت رافع سے سماع نہیں، نیز اس کو ابواسحاق سے شریک ہی روایت کرتے ہیں اور وہ کثیر الخطا ہیں —— اور امام بخاریؒ نے اس کی جو دوسری سند پیش کی ہے اس میں عقبۃ بن الاصم ضعیف راوی ہے، پس صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث حسن بھی نہیں، ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّحْلِ وَالتَّسْوِیَةِ بَیْنَ الْوَلَدِ

اولاد کو عطیہ دینا اور اس میں برابری کرنا

جب باپ اپنی اولاد کو کوئی عطیہ دے تو ان میں برابری کرے، یہ نہ ہو کہ کسی کو بہت نواز دیا اور کسی کو محروم کردیا، تفاضل (کمی بیشی) امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک حرام ہے، اور دوسرے فقہاء کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے۔ اور برابری کا

مطلب کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے، امام محمد اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک برابری یہ ہے کہ میراث کی طرح لڑکے کو دوہرا اور لڑکی کو اکہرا دے، اور دیگر ائمہ فرماتے ہیں: یہ میراث کا مخصوص حکم ہے، عطیہ میں سب کو برابر دے۔

اس مسئلہ میں صرف ایک حدیث ہے: حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت نعمان کو ایک غلام بخشا، اور گواہ بنانے کے لئے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپؐ نے پوچھا: کیا تم نے اپنی ساری اولاد کو اس طرح عطیہ دیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: پس میں اس ظلم پر گواہ نہیں بنتا، جاؤ کسی اور کو گواہ بناؤ (یہ حدیث ابو داؤد ۲:۴۹۹ میں ہے) اور حکم دیا کہ ہبہ واپس لو۔ امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: نبی ﷺ نے اس عطیہ کو ظلم قرار دیا ہے اور ظلم حرام ہے، پس اولاد کو کم زیادہ دینا حرام ہے اور ہبہ صحیح نہیں۔ اور جمہور فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ خود تو گواہ نہیں بنے مگر دوسرے کو گواہ بنانے کے لئے فرمایا۔ اگر ہبہ صحیح نہ ہوتا تو کسی اور کو گواہ بنانا بھی کیسے درست ہوتا؟ معلوم ہوا کہ تفاضل حرام نہیں، مکروہ تحریمی ہے کیونکہ جواز کراہت تحریمی کے ساتھ جمع ہو سکتا ہے، حرام کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا۔

غرض امام احمدؒ کا استدلال پہلے جملہ سے ہے اور جمہور کا دوسرے جملہ سے۔ علاوہ ازیں نبی ﷺ نے حضرت بشیرؓ کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنا عطیہ واپس لیں، یہ بھی دلیل ہے کہ عطیہ درست تھا، جبھی واپس لینے کے لئے فرمایا، اس کی نظیر: وہ حدیث ہے جو پہلے گذری ہے کہ ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دی تو نبی ﷺ نے ان کو رجوع کا حکم دیا، اگر طلاق نافذ نہ ہوتی تو رجوع کرنے کی کیا ضرورت تھی؟ اسی طرح اگر حضرت بشیرؓ کا دیا ہوا عطیہ صحیح نہیں تھا تو پھر واپس لینے کے لئے کیوں فرمایا؟ معلوم ہوا کہ اولاد کے درمیان تفاضل اگرچہ ظلم ہے، مگر ہبہ صحیح ہے۔

سوال: احناف کے نزدیک اگر سات موانع میں سے کوئی مانع موجود ہو تو ہبہ واپس نہیں لے سکتے، یہاں واہب اور موہوب لہ کے درمیان قرابت محرمہ ہے، پھر ہبہ واپس لینا کیسے جائز ہوا؟

جواب: یہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، امت کے سامنے یہ مسئلہ آج پہلی مرتبہ آیا ہے اس لئے رجوع کرنے کی گنجائش دی گئی۔

[۹۲-] باب ماجاء في النَّحْلِ والتَّسْوِيَةِ بَيْنَ الْوَلَدِ

[۱۳۵۲-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ — الْمَعْنَى وَاحِدٌ— قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَنْ مُحمدِ بنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، يُحَدِّثَانِ عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ: أَنَّ أَبَاهُ نَحلَ ابْنًا لَهُ غُلاَمًا، فَأَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم يُشْهِدُهُ، فَقَالَ: ''أَكُلَّ وَلَدِكَ قَدْ نَحَلْتَهُ مِثْلَ مَا نَحلْتَ هٰذَا؟'' قَالَ: لاَ، قَالَ: '' فَارْدُدْهُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: يَسْتَحِبُّوْنَ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ الْوَلَدِ، حَتَّى قَالَ بَعْضُهُمْ: يُسَوِّيْ بَيْنَ وَلَدِهِ حَتَّى فِي الْقُبْلَةِ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يُسَوِّي بَيْنَ وَلَدِهِ فِي النَّحْلِ وَالْعَطِيَّةِ، الذَّكَرُ وَالْأُنْثَى سَوَاءٌ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: التَّسْوِيَةُ بَيْنَ الْوَلَدِ: أَنْ يُعْطَى الذَّكَرُ مِثْلَ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ، مِثْلَ قِسْمَةِ الْمِيرَاثِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے، وہ اولاد کے درمیان برابری کرنے کو مستحب کہتے ہیں، یہاں تک کہ بعض علماء فرماتے ہیں: اولاد کے درمیان برابری کرے یہاں تک کہ ان کو چومنے میں بھی برابری کرے، اور بعض علماء کہتے ہیں: اپنی اولاد کے درمیان خواہ وہ لڑکے ہوں یا لڑکیاں ہدیہ اور عطیہ دینے میں برابری کرے، اور یہ سفیان ثوریؒ کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: اولاد کے درمیان برابری کرنا یہ ہے کہ لڑکے کو میراث کی طرح دوہرا دیا جائے، اور یہ احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

فائدہ: امام احمد اور جمہور کے قول کے درمیان میں نے تطبیق یہ دی ہے کہ باپ اپنی اولاد کو جو دیتا ہے وہ دینا دو طرح کا ہوتا ہے، ایک محض عطیہ، دوسرا: جب باپ بوڑھا ہو جاتا ہے اور زندگی ختم ہوئی نظر آتی ہے، اور سب اولاد باشعور اور گھر ہستی والی ہو جاتی ہے تو باپ اپنی ساری جائداد ان کو دیدیتا ہے تاکہ بعد میں جھگڑے نہ ہوں، یہ دینا اگرچہ میراث نہیں ہے مگر بحکم میراث ہے کیونکہ باپ اسی نیت سے دیتا ہے، اس صورت میں قاعدہ: للذكر مثل حظ الأنثيين جاری ہونا چاہئے اور پہلی صورت میں سب اولاد کو برابر دینا چاہئے، مثلاً عید کے کپڑے بنائے یا عیدی دے تو سب کو برابر دے کہ یہ محض عطیہ ہے۔

بابُ ماجاءَ فی الشُّفْعَةِ

شفعہ (حقِ ہمسایگی) کا بیان

مادہ: ش، ف، ع کے معنی ہیں: ملانا۔ دو رکعتوں کو "شفعہ" کہتے ہیں اور کسی کی عرضی کے ساتھ سفارش ملائی جائے تو اس کو "شفاعت" کہتے ہیں اور اصطلاح میں: کسی کی جائداد کو اپنی جائداد کے ساتھ ملانے کا نام شفعہ ہے۔

شفیع تین قسم کے ہیں: شریک فی نفس المبیع، شریک فی حقوق المبیع (جار فی الحقوق) اور جار محض۔ کسی جائداد میں چند لوگ شریک ہیں، ان میں سے ایک نے اپنا حصہ فروخت کیا تو باقی شرکاء: شریک فی نفس المبیع ہیں۔ اور اگر جائداد میں تو شرکت نہیں مگر اس کے حقوق میں شرکت ہے مثلاً کنواں ایک ہے جس سے کھیت سیراب ہوتے ہیں یا راستہ مشترک ہے تو ہر ایک جار فی الحقوق ہے، اس کو شریک فی الحقوق بھی کہتے ہیں۔ اور جو شخص مبیع میں بھی شریک نہیں اور حقوق میں بھی شریک نہیں صرف پڑوسی ہے تو یہ جار محض ہے۔

پھر شریک فی نفس المبیع کی دو صورتیں ہیں: مبیع بٹوارے کے قابل ہے یا نہیں؟ اگر بٹوارے کے بعد بھی سابق نفع

باقی رہے تو مبیع قابلِ قسمت ہے، مثلاً ایک بڑا مکان مشترک ہے، یہ مبیع قابل قسمت ہے کیونکہ بٹوارے کے بعد بھی مبیع قابل انتفاع رہے گی اور اگر بٹوارے سے جائداد کا پہلا نفع جاتا رہے مثلاً مشترک غسل خانہ تو مبیع قابل قسمت نہیں۔

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حقِ شفعہ صرف شریک فی نفس المبیع کے لئے ہے جبکہ مبیع قابل قسمت ہو، اور اگر مبیع قابل قسمت نہ ہو یا صرف حقوق میں شراکت ہو یا جارِ محض ہو تو ان کے لئے شفعہ نہیں۔ اور احناف کے نزدیک بالترتیب سب کے لئے شفعہ ہے سب سے پہلے شریک فی نفس المبیع کا حق ہے پھر شریک فی الحقوق کا پھر جارِ محض کا۔

اختلاف کی بنیاد: اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ شفعہ کی علت کیا ہے؟ احناف کے نزدیک شفعہ کی علت: دفعِ ضرر جوار (پڑوسی کی تکلیف سے بچنا) ہے، یہ علت چاروں صورتوں کو عام ہے، اس لئے ان کے نزدیک چاروں کو بالترتیب حقِ شفعہ حاصل ہے۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک علت: دفع ضرر قسمت ہے یعنی بٹوارے کے خرچے سے بچنا، کیونکہ اگر اجنبی خریدار آ گیا تو اس کے ساتھ جائداد تقسیم کرنی پڑے گی اور اس کا جو خرچہ ہوگا اس میں شریک کو بھی حصہ لینا پڑے گا۔ اس لئے اگر وہ خرچ سے بچنا چاہے تو خریدار کو نہ آنے دے، فروخت شدہ حصہ اسی قیمت پر لیلے۔ یہ علت اس مبیع میں نہیں پائی جاتی جو قابل تقسیم نہیں ہے کیونکہ وہ مشترک ہی استعمال کی جائے گی، اور حقوق اور جار محض کے ساتھ تو تقسیم کا کوئی سوال نہیں، اس لئے ان ائمہ نے صرف ایک صورت میں شفعہ ثابت کیا ہے۔

اور اختلاف کی دوسری بنیاد: نص فہمی کا اختلاف ہے، آگے باب ۹۴ میں حدیث نمبر ۱۳۵۵ آرہی ہے، وہ حدیث اصح مافی الباب ہے: اس کے سمجھنے میں اختلاف ہوا ہے کہ اس میں مسئلہ ہے یا غلط فہمی کا ازالہ؟ تفصیل آگے آئے گی۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ شفعہ کے سلسلے میں تین روایتیں ہیں: ایک: روایت میں شریک فی نفس المبیع کے لئے شفعہ ثابت کیا گیا ہے۔ دوسری: میں شریک فی الحقوق کے لئے اور تیسری: میں جار محض کے لئے۔ امام ترمذیؒ نے تینوں روایتوں کو بیان کیا ہے، اور احناف نے تینوں کو لیا ہے اور ائمہ ثلاثہ نے صرف پہلی روایت کو لیا ہے، باقی روایات کو نہیں لیا پس یہ نص فہمی کا اختلاف بھی ہے، جیسا کہ تیسرے باب میں آرہا ہے۔

حدیث: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''گھر کا پڑوسی گھر کا زیادہ حقدار ہے''، یعنی اگر پڑوسی فروخت شدہ گھر لینا چاہے تو وہ اجنبی خریدار سے زیادہ حق دار ہے، اجنبی نے جتنی قیمت پر خریدا ہے اتنی قیمت پر پڑوسی لے سکتا ہے۔ اس حدیث میں جارِ محض کے لئے شفعہ ثابت کیا گیا ہے۔

تشریح: اس حدیث کی سند عیسیٰ بن یونس نے عن سعید بن أبی عروبة، عن قتادة، عن أنس بیان کی ہے مگر یہ سند صحیح نہیں، صحیح سند سعید بن ابی عروبہ کے دیگر تلامذہ کی ہے، وہ عن قتادہ، عن الحسن، عن سمرة سند بیان کرتے ہیں یعنی اس کو حضرت سمرہ کی حدیث قرار دیتے ہیں اور یہی سند صحیح ہے، اور یہ حدیث عمرو بن الشرید عن أبیه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم کی سند سے بھی مروی ہے اور عن عمرو بن الشرید عن أبی رافع عن النبی

صلی اللہ علیہ وسلم کی سند سے بھی۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں سندوں کو صحیح قرار دیا ہے۔

[۹۳-] باب ماجاء فی الشُّفْعَةِ

[۱۳۵۳-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عُلَيَّةَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "جَارُ الدَّارِ أَحَقُّ بِالدَّارِ"

قَالَ أَبُوْ عِيْسىٰ: وَفِي الْبَابِ عَنِ الشَّرِيْدِ، وَأَبِيْ رَافِعٍ، وَأَنَسٍ، حَدِيْثُ سَمُرَةَ حَسَنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ؛ وَرُوِيَ عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَالصَّحِيْحُ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ حَدِيْثُ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، وَلاَ نَعْرِفُ حَدِيْثَ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ، إِلَّا مِنْ حديثِ عِيْسَى بنِ يُوْنُسَ.

وَحِدِيْثُ عَبْدِ اللهِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ عَمْرِو بنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ هٰذَا الْبَابِ: هُوَ حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى إِبْرَاهِيْمُ بنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: سَمِعْتُ مُحَمَّدًا يَقُوْلُ: كِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ عِنْدِيْ صَحِيْحٌ.

وضاحت: ائمہ ثلاثہ اس حدیث میں بھی جار سے شریک مراد لیتے ہیں، مگر باب میں شرید بن سوید کی جو حدیث ہے اس سے یہ تاویل باطل ہوجاتی ہے، وہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری ایک زمین ہے، اس میں نہ کوئی شریک ہے نہ کسی کا حصہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: **الجار أحقُّ بِسَقَبِهِ: ما کان:** پڑوسی اپنے نزدیک کا زیادہ حقدار ہے: جائداد جیسی بھی ہو (رواہ احمد، والنسائی، وابن ماجہ)

اور سند پر بحث کا حاصل یہ ہے کہ یہ حدیث قتادہ: حسن بصری سے، وہ حضرت سمرۃ سے روایت کرتے ہیں، یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی نہیں ہے، پس قتادہ عن انس کی سند غلط ہے ——— نیز یہ حدیث عمرو بن الشرید اپنے ابا سے بھی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابورافع سے بھی اور دونوں روایتیں صحیح ہیں، یہ بات امام بخاریؒ نے فرمائی ہے، اور پہلی روایت نسائی میں ہے اور دوسری بخاری میں۔

بابُ ماجاء فی الشُّفْعَةِ لِلْغَائِبِ

شفیع غیر حاضر ہو تو بھی اس کے لئے شفعہ ہے

اگر شفیع کی عدم موجودگی میں کوئی جائداد فروخت ہوئی ہو تو اس کے واپس آنے تک انتظار کیا جائے گا اگر وہ

واپس آ کر جائداد کا مطالبہ کرے تو اس کا حق زیادہ ہے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''پڑوسی اپنے شفعہ کا زیادہ حقدار ہے، شفعہ کے لئے اس کا انتظار کیا جائے گا، اگر وہ غیر موجود ہو، جبکہ دونوں کا راستہ ایک ہو''

تشریح: اس حدیث میں شریک فی الحقوق کے لئے حق شفعہ ثابت کیا گیا ہے، اور یہ حدیث بھی قابل استدلال ہے اور شعبہؒ نے اسی حدیث کی وجہ سے عبدالملک بن ابی سلیمان پر جرح کی ہے مگر وہ جرح صحیح نہیں، کتاب الزکوٰۃ باب ۲۲ میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ محدثین جس طرح راویوں کے احوال سے حدیث پر حکم لگاتے ہیں: متن کی وجہ سے بھی راویوں پر کلام کرتے ہیں، کیونکہ ائمہ جرح وتعدیل پر روات کے بارے میں کوئی وحی نازل نہیں ہوتی، بلکہ وہ استدلال لمّی اور إنّی سے حکم لگاتے ہیں، حدیث کے متابعات وشواہد کی تائید یا عدم تائید سے ثقہ یا ضعیف قرار دیتے ہیں، کبھی حدیث کے مضمون کا شریعت کے قواعد معلومہ سے موازنہ کرتے ہیں، اور حکم لگاتے ہیں۔ شعبہؒ نے اس حدیث کی وجہ سے عبدالملک پر جرح کی ہے، مگر وہ محدثین کے نزدیک ثقہ قابل اعتماد ہیں۔ کیونکہ اس حدیث کی وجہ سے شعبہ کے علاوہ کسی امام نے عبدالملک پر جرح نہیں کی، بلکہ ان کے ساتھی سفیان ثوریؒ تو فرماتے ہیں: عبدالملک کسوٹی ہیں، یعنی ان کے ذریعہ صحیح اور سقیم حدیثوں میں امتیاز کیا جائے گا۔

[۹٤-] باب ماجاء فی الشُّفْعَةِ لِلْغَائِبِ

[۱۳۵٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِیْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' الْجَارُ أَحَقُّ بِشُفْعَتِهِ، يُنْتَظَرُ بِهِ، وإِنْ كَانَ غَائِبًا، إِذَا كَانَ طَرِيْقُهُمَا وَاحِدًا''

هٰذَا حديثٌ حَسَنٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى هٰذَا الحديثَ غَيْرَ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِیْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، وَقَدْ تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فِیْ عَبْدِ الْمَلِكِ بن أَبِیْ سُلَيْمَانَ مِنْ أَجْلِ هٰذَا الْحَدِيثِ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ: هُوَ ثِقَةٌ مَأْمُوْنٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، لاَ نَعْلَمُ أَحَداً تَكَلَّمَ فِيْهِ غَيْرَ شُعْبَةَ، مِنْ أَجْلِ هٰذَا الْحديث، وَقَدْ رَوَى وَكِيْعٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ هٰذَا الحديثَ، وَرُوِیَ عَنِ ابنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، قَالَ: عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ أَبِیْ سُلَيْمَانَ مِيْزَانٌ: يَعْنِیْ فِی الْعِلْمِ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الرَّجُلَ أَحَقُّ بِشُفْعَتِهِ: وَإِنْ كَانَ غَائِبًا، فَإِذَا قَدِمَ فَلَهُ الشُّفْعَةُ، وَإِنْ تَطَاوَلَ ذٰلِكَ.

وضاحت: یہ حدیث حضرت عطاء سے صرف عبدالملک روایت کرتے ہیں اور اس کی تخریج امام احمد، ابوداؤد، ابن

ماجہ اور دامی نے کی ہے، پس حدیث صحیح ہے مگر امام ترمذیؒ نے صرف حسن کا حکم لگایا ہے وہ شعبہ رحمہ اللہ کی جرح سے متاثر ہوئے ہیں۔

ترجمہ: اس حدیث پر اہل علم کا عمل ہے کہ آدمی شفعہ کا زیادہ حقدار ہے اگرچہ وہ غیر حاضر ہو، پس جب وہ آئے تو اس کے لئے شفعہ ہوگا اگرچہ مدت دراز کے بعد آئے (یہ مسئلہ تو اجماعی ہے، مگر حدیث میں جو دوسرا مسئلہ ہے کہ شریک فی الحقوق کے لئے بھی شفعہ ہے اس کو امام ترمذی نے چھوڑ دیا ہے)

بابُ ماجاء إِذَا حُدَّتِ الْحُدُوْدُ وَوَقَعَتِ السِّهَامُ فَلاَ شُفْعَةَ

جب حدیں قائم ہوجائیں اور راہیں الگ ہوجائیں تو شفعہ نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب حدیں قائم کردی جائیں اور راہیں جدا کردی جائیں تو شفعہ نہیں''

تشریح: یہ حدیث اصح مافی الباب ہے اور ائمہ ثلاثہ نے صرف اسی حدیث کو لیا ہے۔ اور اس حدیث کا مطلب انھوں نے یہ لیا ہے کہ صرف ایسی جائداد میں جو بانٹی جاسکتی ہے، حق شفعہ ہے، اور جو جائداد قابلِ قسمت نہیں ہے: اس میں شریک کے لئے، اسی طرح شریک فی الحقوق کے لئے اور جار محض کے لئے شفعہ نہیں، کیونکہ پہلی صورت میں جائداد مشترک استعمال کی جائے گی، پس مصارف تقسیم کا کوئی سوال نہیں اور باقی دو صورتوں میں راستے پھیرنے کا اور حدود قائم کرنے کا کوئی سوال نہیں، غرض ائمہ ثلاثہ نے حدیث کا منطوق بھی لیا ہے اور مفہوم مخالف بھی، منطوق یہ ہے کہ مذکورہ تین شخصوں کے لئے شفعہ نہیں، اور مفہوم یہ ہے کہ صرف شریک کے لئے شفعہ ہے جبکہ جائداد بٹوارے کے قابل ہو۔

اور حنفیہ کہتے ہیں: یہ روایت ایک غلط فہمی کے ازالے کے لئے ہے، اس میں مسئلہ کا بیان نہیں ہے، اور یہ بات ایک مثال سے واضح ہوگی۔

مثال: ایک شخص کا انتقال ہوا اس کی جائداد کے وارث، مثال کے طور پر، تین لڑکے ہیں، پس جب تک باپ کی جائداد ان میں مشترک ہے اگر کوئی لڑکا اپنا حصہ فروخت کرے تو دوسرے بھائی شفیع ہیں لیکن جب زمین کا بٹوارا ہوجائے، حدیں قائم ہوجائیں، اور کھیتوں میں جانے کے راستے الگ ہوجائیں پھر کوئی بھائی اپنی زمین بیچے تو دوسرے بھائی شرکت کی بنیاد پر شفیع نہیں ہیں، مگر دنیا کا رواج یہ ہے کہ اب بھی اگر کوئی بھائی اپنی زمین بیچتا ہے تو دوسرے بھائی یہ کہہ کر کھڑے ہوجاتے ہیں کہ ہمارے باپ کی جائداد ہے، ہم لیں گے، دوسرے کو نہیں لینے دیں گے۔ حدیث شریف میں اس غلط فہمی کو دور کیا گیا ہے کہ جب تک تم سب بھائی شریک تھے، بیشک شرکت کی بنیاد پر شفیع تھے، مگر اب جبکہ بٹوارہ ہوگیا تو تم شفیع نہیں رہے، اب جس بھائی کی زمین فروخت شدہ زمین سے متصل ہے وہی شفیع ہے اور اگر کسی کی بھی زمین اس زمین سے متصل نہیں تو اجنبی پڑوسی شفیع ہے۔

غرض احناف کے نزدیک شفعہ کی روایات میں کوئی تعارض نہیں، سب روایتیں قابل عمل ہیں، اس لئے سب کے لئے ترتیب وار شفعہ ثابت کیا جائے گا، اور اس روایت کا مسئلہ سے کچھ تعلق نہیں، یہ تو غلط فہمی دور کرنے کے لئے ہے۔

[۹۵-] باب ماجاء إذا حُدَّتِ الحدودُ ووقعتِ السِّهَامُ فلا شُفْعَةَ

[۱۳۵۵-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جابرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ، وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ، فَلاَ شُفْعَةَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ مُرْسَلاً عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عَنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، وَعُثْمَانُ بنُ عَفَّانَ، وَبِهِ يَقُوْلُ بَعْضُ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ: مِثْلُ عُمَرَ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَغَيْرِهِ، وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ: مِنْهُمْ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيُّ، وَرَبِيْعَةُ بنُ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَبِهِ يَقُوْلُ الشَّافِعِيُّ، وَأَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ: لاَيَرَوْنَ الشُّفْعَةَ إِلَّا لِلْخَلِيْطِ، وَلاَيَرَوْنَ لِلْجَارِ شُفْعَةً إِذَا لَمْ يَكُنْ خَلِيْطًا.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: الشُّفْعَةُ لِلْجَارِ، وَاحْتَجُّوْا بِالْحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "جَارُ الدَّارِ أَحَقُّ بِالدَّارِ" وَقَالَ: "الْجَارُ أَحَقُّ بِسَقَبِهِ" وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِيِّ وابنِ الْمُبَارَكِ وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

وضاحت: خلیط کے معنی ہیں: نفس مبیع میں شریک۔ اور سَقَب: کے معنی ہیں: قریب، پڑوسی۔

بابٌ

شریک فی نفس المبیع شفیع ہے

حدیث: حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "شریک شفیع ہے اور شفعہ ہر چیز میں ہے"

تشریح: یہاں مصری نسخہ میں یہ باب ہے: باب ماجاء أن الشريك شفيع، ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث کا بھی منطوق و مفہوم لیا ہے۔ منطوق یہ ہے کہ شریک کے لئے شفعہ ہے، اور مفہوم یہ ہے کہ غیر شریک کے لئے شفعہ نہیں۔ اور احناف نے صرف منطوق لیا ہے کہ شریک کے لئے خواہ نفس مبیع میں شریک ہو یا حقوق میں شفعہ ہے، اور مفہوم مخالف ان کے نزدیک معتبر نہیں، کیونکہ دیگر روایات سے غیر شریک کے لئے بھی شفعہ ثابت ہے، اور تمام ائمہ متفق ہیں کہ شفعہ صرف جائداد یعنی مکان اور زمین میں ہے منقولات میں حق شفعہ نہیں، اور یہ روایت مرفوع نہیں ہے، اصح یہ ہے کہ مرسل ہے۔

[٩٦-] بابٌ

[١٣٥٦-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عِيْسَى، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ أَبِیْ حَمْزَةَ السُّكَّرِیِّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "الشَّرِيْكُ شَفِيْعٌ، وَالشُّفْعَةُ فِیْ كُلِّ شَيْئٍ"

هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا إِلَّامِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ حَمْزَةَ السُّكَّرِیِّ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً وَهٰذَا أَصَحُّ.

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَيْسَ فِيْهِ: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ: مِثْلَ هٰذَا، لَيْسَ فِيْهِ: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ حَمْزَةَ، وَأَبُوْ حَمْزَةَ ثِقَةٌ، يُمْكِنُ أَنْ يَكُوْنَ الْخَطَأُ مِنْ غَيْرِ أَبِی حَمْزَةَ.

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ أَبِیْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ.

وَقَالَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِنَّمَا تَكُوْنُ الشُّفْعَةُ فِیْ الدُّوْرِ وَالأَرْضِيْنَ، وَلَمْ يَرَوْا الشُّفْعَةَ فِیْ كُلِّ شَيْئٍ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: الشُّفْعَةُ فِیْ كُلِّ شَيْئٍ، وَالْقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

وضاحت: ابن عباسؓ کی مذکورہ حدیث کوابوحمزہ سکری نے متصل روایت کیا ہےیعنی آخر میں حضرت ابن عباسؓ کا تذکرہ کیا ہے۔اور عبدالعزیز بن رُفیع کے دیگر تلامذہ نے مثلاً ابوبکر بن عیاش اور ابوالاحوص نے اس حدیث کومرسل روایت کیا ہے،اورامام ترمذیؒ نے مرسل حدیث کواصح قرار دیا ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابوحمزہ سکری ثقہ قابل اعتماد راوی ہیں،اس لئے ممکن ہے یہ غلطی ان کی کتاب میں کسی اور نے کی ہو ——— اوراکثر اہل علم کہتے ہیں: شفعہ مکانوں اور زمینوں ہی میں ہے ہر چیز (منقولات) میں شفعہ نہیں،اور بعض علماء کہتے ہیں: ہر چیز میں شفعہ ہےاور پہلا قول اصح ہے۔

بابُ ماجاء فی اللُّقَطَةِ وَضَالَّةِ الإِبِلِ وَالْغَنَمِ

پڑی چیز پانے کا اور گم شدہ اونٹ بکری کا حکم

اس باب میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: پڑی چیز پانے کے بارے میں ہے،اگرکوئی چیز ایسی جگہ پڑی ہو جہاں اس کے ضائع ہونے کا اندیشہ نہ

ہواور غالب گمان یہ ہو کہ مالک وہاں اس کو تلاش کرتا ہوا آئے گا تو اس کو اٹھانا نہیں چاہئے۔اور اگر غالب گمان یہ ہو کہ مالک اس کو وہاں تلاش کرتا ہوا نہیں آئے گا، مگر وہ محفوظ جگہ ہے، چیز کے ہلاک ہونے کا اندیشہ نہیں ہے تو اختیار ہے: چاہے اٹھائے چاہے نہ اٹھائے، اور اگر اس کے ہلاک ہونے کا یقین یا ظن غالب ہو تو اس کو اٹھالینا واجب ہے۔

پھر اگر وہ معمولی چیز ہے مثلاً کھجور کا ایک دانہ ہے تو اس کے مالک کو تلاش کرنا ضروری نہیں، اور اگر وہ قیمتی چیز ہے تو اس کے مالک کو تلاش کرنا ضروری ہے، اور مالک کو تلاش کرنے کی مدت مالیت کے اعتبار سے کم وبیش ہوتی ہے، یعنی ہر چیز کی اس وقت تک تعریف کرنا واجب ہے جب تک غالب گمان یہ ہو کہ اس کا مالک اس کو تلاش کررہا ہوگا، پھر جب مایوسی ہوجائے اور غالب گمان یہ ہوجائے کہ اب اس کا مالک نہیں آئے گا تو احناف کے نزدیک اگر خود اٹھانے والا غریب ہے تو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے اور مال دار (صاحب نصاب) ہے تو خیرات کردے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مالدار بھی اپنے استعمال میں لاسکتا ہے...... پھر اگر مالک آجائے تو اس کو صورتِ حال بتائے، وہ منظور رکھے تو سبحان اللہ! ورنہ اپنے پاس سے ضمان دے۔

دوسرا مسئلہ: اگر جنگل میں کوئی بھٹکی ہوئی بکری ملے تو اس کو پکڑ لینا چاہئے، ورنہ کوئی درندہ اس کو پھاڑ کھائے گا، اور اونٹ کو نہ پکڑے، اس کو درندوں سے کوئی خطرہ نہیں۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ بکریوں کا ریوڑ بڑا ہوتا ہے اگر اتفاق سے کوئی بکری پیچھے رہ گئی تو پتا نہیں چلے گا، اور کوئی جنگل جاکر اس کو تلاش نہیں کرے گا۔ اور اونٹ تھوڑے ہوتے ہیں، اگر ایک اونٹ بھی کم آیا تو پتہ چل جائے گا اور مالک اس کو تلاش کرنے کے لئے جنگل میں جائے گا، پس اگر کوئی شخص اس کو پکڑ کر گھر لے آیا تو وہ بے چارہ رات بھر پریشان پھرے گا!

مگر آج کل کے احوال اور ہیں، اب کوئی چیز کہیں محفوظ نہیں، حتی کہ مسجد میں بھی محفوظ نہیں، پس گم شدہ اونٹ بھی گھر لے آنا چاہئے تاکہ چور نہ پکڑ لے جائیں۔

حدیث (۱): سوید بن غَفَلہ کہتے ہیں: ایک مرتبہ میں: یزید بن صوحان اور سلمان بن ربیعہ کے ساتھ (سفر میں) نکلا، راستہ میں مجھے ایک کوڑا پڑا ہوا ملا، میں نے اس کو اٹھالیا، میرے ساتھیوں نے کہا: پڑا رہنے دے! مت اٹھا! میں نے کہا: میں اس کو یونہی نہیں چھوڑوں گا، درندے اس کو کھا جائیں گے (کوڑا چمڑے کا ہوتا ہے) میں اس کو اٹھا کر اس سے فائدہ اٹھاؤں گا (کیونکہ وہ معمولی قیمت کا ہے) پھر میں ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا اور ان سے مسئلہ پوچھا، اور ان کو پورا واقعہ بتایا، انھوں نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا، پھر انھوں نے اپنا واقعہ سنایا کہ مجھے نبی ﷺ کے زمانہ میں روپوں کی ایک تھیلی ملی تھی اس میں سو دینار تھے، میں اس کو لے کر خدمت نبوی میں حاضر ہوا آپؐ نے فرمایا: ایک سال تک مالک ڈھونڈھو، میں ایک سال تک اعلان کرتا رہا مگر کوئی ایسا شخص نہ ملا جو اس کو پہچانتا ہو، میں پھر حاضر خدمت ہوا تو آپؐ نے فرمایا: ایک سال تک اور اعلان کرو، پھر میں نے ایک سال تک اعلان کیا،

پھر حاضر خدمت ہوا، تو آپؐ نے فرمایا: ایک سال اور اعلان کرو، تین سال اعلان کرنے کے بعد جب میں حاضر خدمت ہوا تو آپؐ نے فرمایا: دیناروں کو شمار کرلو اور تھیلی اور سر بند محفوظ رکھو، اگر ان کا مالک آجائے اور وہ دیناروں کی گنتی اور تھیلی اور سر بند کی علامتیں بتائے تو (اپنے پاس سے) دینار اس کو دیدینا، اور ان دیناروں سے تم فائدہ اٹھاؤ، اس واقعہ سے حضرت ابیؓ نے یہ استدلال کیا کہ پڑی ہوئی چیز اٹھالینی چاہئے۔

حدیث (۲): حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے پڑی ہوئی چیز کا حکم دریافت کیا۔ آپؐ نے فرمایا: ایک سال تک اس کا اعلان کرو، پھر اس کا تسمہ، برتن اور تھیلی محفوظ رکھو، اور اس کو خرچ کرلو، پھر اگر مالک آجائے تو اپنے پاس سے دیدو، اس شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! گم شدہ بکری کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اس کو پکڑلو، اس لئے کہ وہ تیرے لئے ہے یا تیرے بھائی کے لئے ہے یا بھیڑیے کے لئے ہے'' اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر گم شدہ اونٹ مل جائے تو کیا حکم ہے؟ راوی کہتا ہے: نبی ﷺ کو غصہ آیا، آپؐ کے دونوں رخسار سرخ ہوگئے یا یہ کہا کہ چہرۂ مبارک سرخ ہوگیا اور آپؐ نے فرمایا: ''تجھے اونٹ سے کیا لینا ہے؟ اس کے ساتھ اس کا جوتا اور اس کا مشکیزہ ہے (یعنی نہ دھوپ میں اس کے پیر جلتے ہیں اور نہ پیاس اس کو ستاتی ہے، اس کے پاس پانی کا اسٹاک ہے) یہاں تک کہ اس کا مالک اس کو پالیتا ہے''

استدلال: پہلے مسئلہ میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ جب لقطہ کا مالک نہ ملے تو ائمہ ثلاثہ کے نزدیک خود اٹھانے والا اس کو استعمال کرسکتا ہے، خواہ مالدار ہو یا غریب۔ امام شافعی رحمہ اللہ نے اس کی دو دلیلیں بیان کی ہیں:

پہلی دلیل: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو آنحضور ﷺ نے ملے ہوئے دیناروں سے فائدہ اٹھانے کی اجازت دی تھی جبکہ ان کا شمار مالدار صحابہ میں تھا، معلوم ہوا کہ اٹھانے والا اگرچہ غنی ہو لقطہ کو استعمال کرسکتا ہے۔

اس دلیل کا جواب: یہ ہے کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ آنحضور ﷺ کے بعد دور صحابہ میں مالدار ہوئے تھے، آپؐ کے عہد مبارک میں غریب تھے اور دلیل یہ ہے کہ جب چوتھے پارہ کی پہلی آیت: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ نازل ہوئی تو حضرت ابوطلحہؓ نے اپنا قیمتی باغ بیرحاء آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تھا، پس آپؐ نے ان سے فرمایا تھا: اجعل فی فقراءِ أهلك یعنی تمہارے خاندان میں جو لوگ غریب ہیں ان کو یہ باغ بانٹ دو، چنانچہ حضرت ابی کو بھی اس میں سے حصہ دیا تھا، معلوم ہوا کہ حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں وہ غریب تھے اور حدیث میں مذکور واقعہ اسی زمانہ کا ہے۔

دوسری دلیل: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہیں سے ایک دینار ملا تھا انھوں نے مالک تلاش کیا مگر نہ ملا تو وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور واقعہ عرض کیا: آپؐ نے ان کو وہ دینار خرچ کرنے کا حکم دیا، معلوم ہوا کہ لقطہ کا تصدق واجب نہیں، ورنہ آپؐ حضرت علیؓ کو وہ دینار کھانے کی اجازت نہ دیتے، کیونکہ وہ بنو ہاشم میں سے ہیں، اور بنو ہاشم کے لئے

صدقہ حرام ہے۔

اس دلیل کا جواب: یہ ہے کہ آلِ رسول کے لئے صدقات واجبہ یعنی زکوٰۃ اور صدقۂ فطر حرام ہیں، صدقات نافلہ جائز ہیں، اور لقطہ کا شمار صدقات نافلہ میں ہے یعنی یہ مال کا اور لوگوں کا میل نہیں ہے۔ پس بنو ہاشم اگر غنی نہ ہوں تو ان کے لئے لقطہ کھانا جائز ہے، پس اس واقعہ سے بھی استدلال صحیح نہیں۔

علاوہ ازیں: اس واقعہ میں دینار کھانے کا کہیں ذکر نہیں، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر فاقہ تھا ان کو کہیں سے ایک دینار پڑا ملا اور مالک کا پتا نہ چلا تو آپؓ نے وہ دینار ایک قصاب کے پاس گروی رکھا اور ایک درہم کا گوشت ادھار خریدا، وہ دینار ایک بچے کا تھا وہ حضرت علیؓ کے گھر پہنچ گیا، تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ذمہ داری پر وہ دینار چھڑایا، اور اس بچہ کو واپس کیا۔ یہ ایک طویل حدیث ہے جو ابوداؤد میں ہے۔

اور احناف کی پہلی دلیل: دوسری حدیث ہے: جب سائل نے گم شدہ بکری کا حکم دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: اس کو پکڑ لو کیونکہ وہ تیرے کام آئے گی یا تیرے بھائی کے کام آئے گی یا بھیڑیا اس کو کھا جائے گا۔ یہاں أخيك سے مراد غریب آدمی ہے، مالک مراد نہیں، کیونکہ اس کا حق تو سب سے مقدم ہے، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اٹھانے والا اگر غریب ہے تو پہلا حق اس کا ہے اور غنی ہے تو کسی دوسرے غریب کو دیدے۔

دوسری دلیل: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی موقوف روایت ہے، آپؓ نے لقطہ کا مسئلہ بیان کیا کہ اٹھانے والا ایک سال تک مالک تلاش کرے، آجائے تو فبہا، ورنہ اس کو خیرات کردے، پھر اگر ڈھونڈھنے والا آجائے تو مالک کو اختیار ہے اگر چاہے تو اٹھانے والے سے ضمان لے پس صدقہ کا ثواب اٹھانے والے کے لئے ہوگا اور اگر چاہے تو صدقہ کو برقرار رکھے اور ثواب اس کے لئے ہوگا (یہ روایت بیہقی نے اپنی سنن (۱۸۸:۶) میں اور امام محمد نے کتاب الآثار میں ذکر کی ہے)

[۹۷-] باب ماجاء فی اللُّقَطَةِ وضَالَّةِ الإبل والْغَنَمِ

[۱۳۵۷-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، وَعَبْدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سُوَيْدِ بنِ غَفَلَةَ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ زَيْدِ بنِ صُوْحَانَ، وَسَلْمَانَ بنِ رَبِيْعَةَ، فَوَجَدْتُ سَوْطًا، قَالَ ابنُ نُمَيْرٍ فِيْ حَدِيْثِهِ: فَالْتَقَطْتُ سَوْطًا فَأَخَذْتُهُ، قَالَا: دَعْهُ! فَقُلْتُ: لَا أَدَعُهُ، تَأْكُلُهُ السِّبَاعُ، لَآخُذَنَّهُ فَلَأَسْتَمْتِعَنَّ بِهِ، فَقَدِمْتُ عَلَى أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، وَحَدَّثْتُهُ الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: أَحْسَنْتَ، وَجَدْتُ عَلٰى عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ لِيْ: "عَرِّفْهَا حَوْلاً" فَعَرَّفْتُهَا حَوْلاً، فَمَا أَجِدُ مَنْ يَعْرِفُهَا، ثُمَّ أَتَيْتُهُ بِهَا، فَقَالَ:

"عَرِّفْهَا حَوْلاً آخرَ" فَعرَّفْتُها حَوْلاً، ثُمَّ أَتَيْتُه، فَقَالَ: "عَرِّفْهَا حَوْلاً آخرَ" وَقَالَ:" أَحْصِ عِدَّتَها، وَوِعَاءَ هَا، وَوِكَاءَ هَا، فَإِنْ جاءَ طَالِبُهَا فَأَخْبرَكَ بِعِدَّتِهَا وَوِعَائِهَا وَوِكَائِهَا فَادْفَعْهَا إِلَيْهِ، وَإِلاَّ فَاسْتَمْتِعْ بِهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٣٥٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بنِ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلٰى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ:" عَرِّفْهَا سَنَةً، ثُمَّ اعْرِفْ وِكَاءَ هَا وَوِعَاءَ هَا وَعِفَاصَهَا، ثُمَّ اسْتَنْفِقْ بِهَا، فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَأَدِّهَا إِلَيْهِ" فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ! فَضَالَّةُ الْغَنَمِ؟ فَقَالَ:" خُذْهَا، فَإِنَّمَا هِىَ لَكَ، أَوْ لِأَخِيْكَ، أَوْ لِلذِّئْبِ" فَقَالَ: يارسولَ اللهِ! فَضَالَّةُ الإِبِلِ؟ قَالَ: فَغَضِبَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ، أَوْ: احْمَرَّ وَجْهُهُ، فَقَالَ: " مَالَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا حِذَاؤُهَا وَسِقَاؤُهَا حَتَّى تَلْقَى رَبَّهَا"

وفى الباب: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، وَالْجَارُوْدِ بنِ الْمُعَلَّى، وَعِيَاضِ بنِ حِمَارٍ، وَجَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ؛ حديثُ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، وَحديثُ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ: حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: رَخَّصُوْا فِىْ اللُّقَطَةِ إِذَا عَرَّفَهَا سَنَةً، فَلَمْ يَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهَا: أَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: يُعَرِّفُهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا، وَإِلاَّ تَصَدَّقَ بِهَا، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ الْكُوْفَةِ: لَمْ يرَوْا لِصَاحِبِ اللُّقَطَةِ أَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا إِذَا كَانَ غَنِيًّا.

وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: يَنْتَفِعُ بِهَا، وإِنْ كَانَ غَنِيًّا، لِأَنَّ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ أَصَابَ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم صُرَّةً فِيْهَا مِائَةُ دِيْنَارٍ، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُعَرِّفَهَا ثُمَّ يَنْتَفِعَ بِهَا، وَكَانَ أُبَيٌّ كَثِيْرَ الْمَالِ، مِنْ مَيَاسِيْرِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُعَرِّفَهَا، فَلَمْ يَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهَا، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَأْكُلَهَا.

فَلَوْ كَانَتِ اللُّقَطَةُ لَمْ تَحِلَّ إِلاَّ لِمَنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ، لَمْ تَحِلَّ لِعَلِيِّ بنِ أَبِىْ طَالِبٍ، لِأَنَّ عَلِيَّ بنَ أَبِىْ طَالِبٍ أَصَابَ دِيْنَارًا عَلَى عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَعَرَّفَهُ، فَلَمْ يَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهُ، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِأَكْلِهِ، وَكَانَ عَلِيٌّ لاتَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ.

وَقَدْ رَخَّص بَعْضُ أَهْلِ الْعلْمِ إِذَا كَانَتِ اللُّقَطَةُ يَسِيْرَةً: أَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا، وَلاَيُعَرِّفُهَا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا كَانَ دُوْنَ دِيْنَارٍ يُعَرِّفُهَا قَدْرَ جُمُعَةٍ، وَهُوَ قَوْلُ إِسْحَاقَ بنِ إِبْرَاهِيْمَ.

[١٣٥٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الْحنفِيُّ، ثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي سَالِمٌ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ؛ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: "عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنِ اعْترِفَتْ فَأَدِّهَا، وَإِلاَّ فَأَعْرِفْ وِعَاءَ هَا وَوِكَاءَ هَا وَعَدَدَهَا، ثُمَّ كُلْهَا، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَأَدِّهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: أَصَحُّ شَيْئٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ هٰذَا الْحديثُ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: رَخَّصُوْا فِيْ اللُّقَطَةِ إِذَا عَرَّفَهَا سَنَةً، فَلَمْ يَجِدْ مَنْ يَعْرِفُهَا: أَنْ يَنْتَفِعَ بِهَا، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

لغات: عِدَّةٌ: شمار...... وِعَاء: برتن یعنی تھیلا...... وِکَاء: تسمہ، تھیلے کا منہ باندھنے کا ڈورا...... عِفَاص: سر بند، ڈاٹ، کارگ...... وَجْنَة: رخسار، گال...... مَیَاسِیْر: المُوْسِر کی جمع: مالدار، خوش حال۔

ترجمہ: اس پر صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کا عمل ہے، انھوں نے لقطہ سے جبکہ ایک سال تک اعلان کیا گیا ہو اور مالک نہ ملا ہو تو فائدہ اٹھانے کی اجازت دی ہے، اور یہ شافعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔ اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ایک سال تک اعلان کرے، پس اگر مالک مل جائے تو ٹھیک (فبہا پوشیدہ ہے) ورنہ اس کو صدقہ کرے، اور یہ سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔ وہ حضرات ملتقط کو لقطہ سے فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دیتے۔ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں: ملتقط اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اگرچہ وہ مالدار ہو، اس لئے کہ ابی بن کعب کو نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک تھیلی ملی تھی جس میں سو دینار تھے، ان کو نبی ﷺ نے اعلان کرنے کا حکم دیا، پھر اس سے فائدہ اٹھانے کی اجازت دی، اور حضرت ابی مالدار تھے، اور مالدار صحابہ میں ان کا شمار تھا ان کو نبی ﷺ نے اعلان کرنے کا حکم دیا ان کو مالک نہیں ملا تو آپؐ نے ان کو اس پائے ہوئے مال کو کھانے کا حکم دیا۔

(دوسری دلیل) پس اگر لقطہ حلال نہ ہوتا مگر جس کے لئے صدقہ حلال ہوتا ہے تو حضرت علیؓ کے لئے حلال نہ ہوتا اس لئے کہ علیؓ کو نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک دینار ملا تھا، پس انھوں نے مالک کو تلاش کیا، مگر مالک نہ ملا تو ان کو آپؐ نے وہ دینار کھانے کا حکم دیا، اور حضرت علیؓ کے لئے صدقہ حلال نہیں تھا۔

اور بعض اہل علم نے اجازت دی ہے کہ جب لقطہ معمولی قیمت کا ہو: اس سے فائدہ اٹھانے کی اور اعلان نہ کرنے کی، اور بعض علماء کہتے ہیں: جب لقطہ ایک دینار سے کم ہو تو ایک ہفتہ تک اعلان کرے، اور یہ اسحاق کا قول

ہے (یہ آخر میں جو والعمل علی ھذا ہے وہ تکرار ہے)

بابُ ماجاءَ فِيْ الْوَقْفِ

وقف کا بیان

وقف کے لغوی معنی ہیں: رکنا، روکنا۔ اور اصطلاحی معنی ہیں: جائداد جیسی باقی رہنے والی چیز کو محفوظ کرلینا اور اس کے منافع کو خیرات کردینا، پھر وقف کی چار صورتیں ہیں:

اول: کوئی شخص اپنے ذاتی مال سے مسجد بنا کر اس کو وقف کرے یعنی اس میں نماز پڑھنے کی عام اجازت دیدے، تو ایک مرتبہ اس میں نماز پڑھتے ہی مسجد وقف ہوجائے گی۔

دوم: موت پر وقف کو معلق کرے مثلاً یہ کہے کہ میرے مرنے کے بعد میرا یہ مکان دارالعلوم کے لئے وقف ہے پس واقف کے مرتے ہی وہ مکان وقف ہوجائے گا۔

سوم: قاضی کسی چیز کے وقف ہونے کا فیصلہ کرے۔ ان تین صورتوں میں بالاجماع موقوفہ چیز اور اس کے منافع ہمیشہ کے لئے وقف ہوجائیں گے، اور موقوفہ چیز بندے کی ملک سے نکل کر اللہ کی ملک میں چلی جائے گی، اور اب اس کا کوئی مجازی مالک نہیں رہے گا اس لئے اس کی بیع اور ہبہ جائز نہیں، نہ اس میں وراثت جاری ہوگی۔

چہارم: واقف کسی زمین کے صرف منافع وقف کرے، اصل زمین وقف نہ کرے اس صورت میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک اس صورت میں بھی اصل زمین اور منافع ہمیشہ کے لئے وقف ہوجائیں گے، اور موقوفہ چیز واقف کی ملکیت سے خارج ہوجائے گی، اور اللہ کی ملک میں چلی جائے گی، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک صرف منافع وقف ہونگے اور اصل چیز واقف کی ملک میں رہے گی، مگر احناف کے یہاں فتوی صاحبین کے قول پر ہے، کیونکہ اس میں وقف کی مصلحت ہے۔ اور امام اعظم کے نزدیک چونکہ اس صورت میں وقف کی بیع اور ہبہ صحیح ہے اگرچہ مکروہ ہے، اس لئے وقف کے خرد برد ہونے کا احتمال ہے، اس لئے بربنائے مصلحت صاحبین کے قول پر فتوی دیا گیا ہے، پس فتوی کی رو سے اس باب میں کوئی اختلاف نہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خیبر میں ایک عمدہ زمین ہاتھ آئی تھی، جب آیت: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے خیبر میں ایک ایسی زمین ملی ہے جس سے بہتر کوئی مال مجھے نہیں ملا، پس آپؐ اس کے بارے میں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم چاہو تو اصل زمین روک لو اور اس کی آمدنی خیرات کردو'' چنانچہ حضرت عمرؓ نے ایسا ہی کیا اور ایک سرخ چمڑے پر وقف نامہ لکھا کہ یہ زمین نہ بیچی جائے اور نہ ہبہ کی جائے اور نہ اس میں وراثت

جاری ہو، اوراس کی آمدنی فقراء پر، رشتہ داروں پر (حضرت عمر کے رشتہ دار بھی مراد ہو سکتے ہیں اور نبی ﷺ کے رشتہ دار بھی) غلاموں کی آزادی میں، جہاد میں اور مسافر پر اور (وقف کے) مہمان پر خرچ کی جائے، اور جو شخص اس وقف کا متولی ہو وہ اس میں سے قاعدہ کے مطابق کھائے اور دوستوں کو کھلائے، بشرطیکہ مالدار بننے والا نہ ہو یعنی ضرورت سے زیادہ لینا اس کے لئے جائز نہیں، ابن عون کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابن سیرین سے بیان کی تو انھوں نے فرمایا: اس ہبہ نامہ میں غیر مُتَمَوِّلٍ فیه کے بجائے غیر مُتَأَثِّلٍ مالاً تھا۔ اس کا لفظی ترجمہ ہے: وہ مال کو جڑ پکڑوانے والا نہ ہو، مراد یہ ہے کہ مالدار بننے والا نہ ہو۔ ابن عون کہتے ہیں: یہ حدیث مجھے ایک اور شخص نے سنائی اور اس نے کہا کہ اس نے ایک سرخ چمڑے کے ٹکڑے پر یہ عبارت لکھی ہوئی پڑھی ہے: غیر متأثّل مالاً. اسماعیل کہتے ہیں: وہ تحریر عبیداللہ بن عمر کے صاحبزادے کے پاس تھی میں نے اس تحریر کو پڑھا ہے اس میں غیر مُتَأَثِّل مالاً تھا، معلوم ہوا کہ متأثل والی روایت صحیح ہے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر واقف اصل جائداد کو محفوظ رکھے اور منافع کو وقف کرے تو صحیح ہے، اس صورت میں وقف واقف کی ملکیت میں بدستور رہے گا اور اس کے منافع ان جگہوں میں صرف کئے جائیں گے جو اس نے مقرر کئے ہیں۔ غرض باب میں یہی ایک حدیث ہے اور وہ امام اعظم رحمہ اللہ کی دلیل ہے، مگر وقف کی مصلحت کی بنا پر فتوی صاحبین کے قول پر دیا جاتا ہے۔

فائدہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب یہ آیت نازل ہوئی تھی: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ اس آیت میں مِنْ تبیین کا بھی ہو سکتا ہے اور تبعیض کا بھی، اور ما موصوفہ بمعنی شیئ یا موصولہ بمعنی الذی یا مصدر یہ ہو سکتا ہے۔ حضرت تھانوی رحمہ اللہ نے تبیین کا ترجمہ کیا ہے، ان کا ترجمہ یہ ہے: ''تم خیر کامل کو کبھی نہ حاصل کر سکو گے یہاں تک کہ اپنی پیاری چیز کو خرچ نہ کرو گے'' اور حضرت شاہ صاحب اور ان کے دونوں صاحبزادوں نے تبعیض کا ترجمہ کیا ہے، شاہ صاحب کا ترجمہ یہ ہے: ''ہرگز نیابید نیکو کاری را تا آنکہ خرچ کنید از آنچہ دوست می دارید'' اور شاہ عبدالقادر صاحبؒ کا ترجمہ یہ ہے: ''ہرگز نہ حاصل کر سکو گے نیکی میں کمال جب تک نہ خرچ کرو اپنی پیاری چیز میں سے کچھ'' (ترجمہ شیخ الہند)

اور نزول آیت کے وقت جو واقعات پیش آئے ہیں ان سے دونوں احتمال صحیح ثابت ہوتے ہیں، حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا باغ صدقہ کیا اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے اپنا گھوڑا خیرات کیا، اس سے معلوم ہوا کہ من تبیین کے لئے ہے یعنی محبوب چیز ساری خرچ کردی۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ نے جو مشورہ دیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ من تبعیض کے لئے ہے اور آیت کا مطلب ہے: اپنی محبوب چیز میں سے کچھ خرچ کرو یعنی محبوب چیز محفوظ رکھو، اور اس کی آمدنی خرچ کرو یہی وقف کی حقیقت ہے، غرض نبی ﷺ نے اس آیت سے

وقف کا مسئلہ مستنبط کیا ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب آدمی مرجاتا ہے تو اس کے اعمال منقطع ہوجاتے ہیں، علاوہ تین اعمال کے: صدقۂ جاریہ، اور وہ علم جس سے فائدہ اٹھایا جائے اور نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے'' —— صدقۂ جاریہ میں وقف بھی آتا ہے اس لئے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں۔

تشریح: شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک صدقہ، حج اور عمرہ کے علاوہ: ایصال ثواب جائز نہیں، وہ فرماتے ہیں: مرنے کے بعد آدمی کے اعمال منقطع ہوجاتے ہیں پس ایصالِ ثواب کا کوئی فائدہ نہیں، اور مذکورہ تین چیزوں کا استثناء اس وجہ سے ہے کہ حدیثوں میں ان کے بارے میں آیا ہے کہ ان کا ثواب میت کو پہنچتا رہتا ہے، مگر یہ استدلال کمزور ہے کیونکہ اس حدیث میں متوفی کے اعمال منقطع ہونے کا بیان ہے اور ایصالِ ثواب میں غیر کا عمل پہنچتا ہے، اس سلسلہ میں کچھ کلام تحفۃ الالمعی (۲: ۵۹۴ کتاب الزکاۃ باب ۳۱) میں بھی گذر چکا ہے۔

[۹۸-] باب ماجاء فی الوقف

[۱۳۶۰-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: أَصَابَ عُمَرُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ! أَصَبْتُ مَالاً بِخَيْبَرَ، لَمْ أُصِبْ مَالاً قَطُّ أَنْفَسَ عِنْدِیْ مِنْهُ، فَمَا تَأْمُرُنِی؟ قَالَ: '' إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْتَ بِهَا'' فَتَصدَّقَ بِهَا عُمَرُ: أَنَّهَا لاَيُبَاعُ أَصْلُهَا، وَلاَ يُوْهَبُ، وَلاَ يُوْرَثُ: تَصَدَّقَ بِهَا فِیْ الْفُقَرَاءِ، وَالْقُرْبٰی، وَفِی الرِّقَابِ، وَفِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وابنِ السَّبِيْلِ، وَالضَّيْفِ، لاَجُنَاحَ عَلٰی مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ، أَوْيُطْعِمَ صَدِيْقًا، غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيْهِ، قَالَ: فَذَكَرْتُهُ لِمُحَمَّدِ بنِ سِيْرِيْنَ، فَقَالَ: '' غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً'' قَالَ: ابنُ عَوْنٍ: فَحَدَّثَنِیْ بِهِ رَجُلٌ آخَرُ أَنَّهُ قَرَأَهَا فِیْ قِطْعَةِ أَدِيْمٍ أَحْمَرَ: '' غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَالَ إِسْمَاعِيْلُ: وَأَنَا قَرَأْتُهَا عِنْدَ ابنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، فَكَانَ فِيْهِ: ''غَيْرَ مُتَأَثِّلٍ مَالاً''

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لاَنَعْلَمُ بَيْنَ الْمُتَقَدِّمِيْنَ مِنْهُمْ فِیْ ذٰلِكَ اخْتِلاَفًا فِیْ إِجَازَةِ وَقْفِ الْأَرْضِيْنَ وَغَيْرِ ذٰلِكَ.

[۱۳۶۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی الله عنهُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله عليه وسلم قَالَ: '' إِذَا مَاتَ الإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ، إِلاَّ مِنْ ثَلاَثٍ: صَدَقَةٌ جَارِيَةٌ، وَعِلْمٌ يُنْتَفَعُ بِهِ، وَوَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُوْ لَهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: مُتَمَوِّل: اسم فاعل از تَمَوَّل: مالدار ہوجانا، مال میں اضافہ ہوجانا، بیلنس بڑھالینا...... مُتَأَثِّل: اسم فاعل

از تأثّل: جڑ پکڑنا، مضبوط ہونا، سرمایہ کاری کے لئے مال جمع کرنا، مفہوم دونوں لفظوں کا ایک ہے۔

وضاحت: تمام ائمہ متفق ہیں کہ غیر منقولات یعنی جائداد کو وقف کرنا صحیح ہے اور منقولات کے بارے میں اختلاف ہے، امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک تمام منقولات کا وقف صحیح ہے، اور حنفیہ کے نزدیک منقولات کو کسی شخص حقیقی یا حکمی کے تابع کر کے وقف کر سکتے ہیں، بالذات اس کا وقف صحیح نہیں، مثلاً جنازہ کی چارپائی مسجد کے تابع کر کے وقف کریں تو صحیح ہے اور کتابیں مدرسہ کے تابع کر کے وقف کریں تو صحیح ہے۔ اسی طرح جس منقول کے وقف کا عرف ہو جائے مثلاً مسجد یا مدرسہ میں چندہ دینا: یہ روپیوں کا وقف صحیح ہے، کیونکہ اس کا عرف ہے۔

بابُ ماجاء فی الْعَجْمَاءِ: أَنَّ جُرْحَهَا جُبَارٌ

چوپائے کا زخم رائگاں ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''چوپائے کا زخم رائگاں ہے اور کنواں رائگاں ہے اور کھان رائگاں ہے، اور رکاز میں خمس ہے'' ـــــ اس حدیث کی شرح کتاب الزکوۃ باب ۱۶ میں گذر چکی ہے۔

[۹۹-] باب ماجاء فی الْعَجْمَاءِ: أَن جُرْحَهَا جُبَارٌ

[۱۳۶۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، والْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِیْ الرِّكَازِ الْخُمُسُ"

قَالَ: وفی الباب عَنْ جَابِرٍ، وعَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ، وَعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، حديثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، وَأَبِیْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هُرِيرةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، قَالَ: قَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: وَتَفْسِيْرُ حَدِيْثِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: "الْعَجْمَاءُ جُرْحُها جُبَارٌ" يَقُوْلُ: هَدْرٌ لَادِيَةَ فِيْهِ.

وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ" فَسَّرَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالُوْا: الْعَجْمَاءُ: الدَّابَّةُ الْمُنْفَلِتَةُ مِنْ صَاحِبِهَا، فَمَا أَصَابَتْ فِیْ انْفِلاَ تِهَا فَلاَ غُرْمَ عَلٰى صَاحِبِهَا.

وَالْمَعْدِنُ جُبُارٌ: يَقُوْلُ: إِذَا احْتَفَرَ الرَّجُلُ مَعْدِنًا، فَوَقَعَ فِيْهَا إِنْسَانٌ فَلاَ غُرْمَ عَلَيْهِ.

وَكَذٰلِكَ الْبِئْرُ إِذَا احْتَفَرَهَا الرَّجُلُ لِلسَّبِيْلِ، فَوَقَعَ فِيْهَا إِنْسَانٌ، فَلاَ غُرْمَ عَلَى صَاحِبِهَا.

وَفِيْ الرِّكَازِ الْخُمُسُ: فَالرِّكَازُ: مَا وُجِدَ مِنْ دَفْنِ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ: فَمَنْ وَجَدَ رِكَازًا أَدَّى مِنْهُ الْخُمُسَ إِلَى السُّلْطَانِ، وَمَا بَقِيَ مِنْهُ فَهُوَ لَهُ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند میں زہری صرف حضرت سعید سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند میں سعید اور ابوسلمہ دونوں سے روایت کرتے ہیں —— پھر امام مالک رحمہ اللہ سے سند کے ساتھ روایت کیا کہ جُبارٌ کے معنی ہیں: رائگاں یعنی اس کے زخم میں کوئی دیت نہیں، پھر امام ترمذیؒ نے پوری حدیث کی شرح کی ہے: (۱) **العَجْمَاءُ جرحها جبار** کے معنی بعض اہل علم نے یہ بیان کئے ہیں کہ عجماء یعنی چوپایہ جو مالک کے ہاتھ سے چھوٹ جائے، جب وہ اپنے چھٹے ہوئے ہونے کی حالت میں کوئی نقصان کرے تو اس کے مالک پر کوئی تاوان نہیں (۲) **المعدنُ جبار** کی تفسیر: جب آدمی کوئی کھان کھودے، پس اس میں گر کر کوئی مرجائے تو کھان والے پر کوئی تاوان نہیں (۳) اور اسی طرح کنواں ہے: جب کسی نے جانوروں کو پانی پلانے کے لئے (سرکاری چراگاہ میں) کنواں کھودا، پس اس میں کوئی شخص گر کر مر گیا تو کنواں کھودنے والے پر کوئی تاوان نہیں (۴) **وفی الرکاز الخمس:** رکاز: جاہلی دفینہ ہے، پس جس نے جاہلی دفینہ پایا تو وہ اس میں سے پانچواں حصہ حکومت کو ادا کرے، اور جو اس میں سے بچ جائے یعنی باقی چار اخماس پانے والے کے ہیں۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ خزانے دو قسم کے ہیں: ایک: وہ جو انسانوں نے زمین میں گاڑے ہیں ان کو دفینہ کہتے ہیں، دوسرے وہ جو قدرت نے زمین میں پیدا کئے ہیں جیسے سونا، چاندی، لوہا کوئلہ وغیرہ کی کھانیں، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رکاز صرف دفینے ہیں، قدرتی کھانیں رکاز نہیں ہیں اور احناف کے نزدیک دونوں رکاز ہیں۔

بابُ ماذُكِرَ فِيْ إِحْيَاءِ أَرْضِ الْمَوَاتِ

ویران زمین کی آبادکاری کا بیان

اگر کوئی شخص کسی ویران زمین کو آباد کرے اور کاشت کے قابل بنائے تو کیا آبادکاری کرنے سے وہ اس کا مالک ہوجائے گا یا حکومت کی اجازت ضروری ہے؟ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک آبادکاری سے مالک ہوجائے گا، اجازت لینے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس شخص نے کسی ویران زمین کو آباد کیا: وہ زمین اس کی ہے'' یعنی آبادکاری کرنے والا اس زمین کا مالک ہوگیا۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مالک ہونے کے لئے حکومت کی اجازت ضروری ہے، اجازت خواہ لاحقہ ہو یا سابقہ۔ یعنی اجازت لے کر زمین آباد کی ہو یا آباد کرنے کے بعد اجازت لی ہو، بہر حال اجازت لینی ضروری ہے، محض آبادکاری سے مالک نہیں ہوگا، اور دلیل نبی ﷺ کا یہ ارشاد ہے: **ليس لِلْمَرْءِ إلا ماطابَتْ به نفسُ إِمَامِه:** انسان کے لئے صرف وہ چیز طیب ہے جس

سے اس کے امام کا دل خوش ہو جائے (نصب الرایہ ۳: ۴۳۱) یہ ارشاد سرکاری املاک کے بارے میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ آدمی سرکاری چیز کا مالک جبھی ہوگا جب امیر اجازت دے، اس کی اجازت کے بغیر کوئی شخص کسی سرکاری چیز کا مالک نہیں ہوسکتا۔

اور باب کی حدیث کے بارے میں امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ مسئلہ کا بیان نہیں ہے بلکہ عام پرمیشن (اجازت) ہے یعنی آنحضور ﷺ نے اپنے زمانہ میں یہ عام اعلان کیا تھا کہ جو بھی شخص کسی ویران زمین کو کاشت کے قابل بنائے گا وہ اس کا مالک ہے۔

ایسا ہی اختلاف اُس حدیث میں بھی ہوا ہے جو آگے آرہی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَتَلَ قتيلاً فله سلَبُه: جو جنگ میں کسی کو مارے وہ مقتول کے ساز وسامان کا مالک ہے۔ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک یہ مسئلہ ہے، وہ اسی کے قائل ہیں کہ مقتول کا ساز وسامان قاتل کا حق ہے اور امام اعظمؒ کے نزدیک یہ وقتی اعلان ہے یعنی آنحضور ﷺ نے کسی جنگ میں یہ اعلان کیا ہے، پس اس جنگ کے علاوہ کے لئے یہ مسئلہ نہیں۔

غرض یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، اور اب ساری دنیا امام اعظمؒ کے قول پر عمل کرنے پر مجبور ہے، کیونکہ جو چاہے سرکاری زمین بلا اجازت آباد کرلے، اور مالک ہو جائے: کوئی حکومت اس کی روادار نہیں۔

حدیث میں دوسرا مسئلہ یہ ہے: ''ظالم کی رگ (مرکب اضافی) یا ظالم رگ (مرکب توصیفی) کے لئے کوئی حق نہیں'' اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کی آباد کی ہوئی زمین میں درخت لگائے یا کوئی تعمیر کرے تو وہ ظالم ہے اور اس کا یہ تصرف ظالمانہ ہے، پس اس پر اپنے درخت کو کاٹ لینا اور عمارت کو توڑ لینا ضروری ہے ہاں اگر وہ درخت کاٹنے کے بجائے کٹے ہوئے درختوں کی قیمت لینا چاہے اور مالک اس پر راضی ہو تو یہ جائز ہے۔

[۱۰۰-] باب ماذُكِرَ فى إحياءِ أرضِ المَوَاتِ

[۱۳٦۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' مَنْ أَحْيٰى أَرْضًا مَيْتَةً فَهِىَ لَهُ، وَلَيْسَ لِعِرْقِ ظَالِمٍ حَقٌّ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۳٦٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' مَنْ أَحْيٰى أَرْضًا مَيْتَةً فَهِىَ لَهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، قَالُوْا: لَهُ أَنْ يُحْيِيَ الْأَرْضَ الْمَوَاتَ بِغَيْرِ إِذْنِ السُّلْطَانِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَيْسَ لَهُ أَنْ يُحْيِيَهَا إِلَّا بِإِذْنِ السُّلْطَانِ، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ جَدِّ كَثِيْرٍ، وَسَمُرَةَ.

حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحَمَّدُ بنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيَّ عَنْ قَوْلِهِ: "وَلَيْسَ لِعِرْقٍ ظَالِمٍ حَقٌّ" فَقَالَ: الْعِرْقُ الظَّالِمُ: الْغَاصِبُ الَّذِيْ يَأْخُذُ مَا لَيْسَ لَهُ، قُلْتُ: هُوَ الرَّجُلُ الَّذِيْ يَغْرِسُ فِيْ أَرْضِ غَيْرِهِ، قَالَ: هُوَ ذَاكَ.

ترجمہ: امام احمد رحمہ اللہ وغیرہ فرماتے ہیں: آدمی کے لئے حکومت کی اجازت کے بغیر ویران زمین کو آباد کرنا جائز ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں: حکومت کی اجازت کے بغیر آبادکاری جائز نہیں، اور پہلا قول اصح ہے (کیونکہ قلم حضرت کے ہاتھ میں ہے، جو چاہیں لکھیں، ذرا ہمیں قلم دیں پھر دیکھیں ہم کیا لکھتے ہیں؟!) ——— محمد بن المثنی کہتے ہیں: میں نے ابوالولید طیالسی سے ولیس لِعرقٍ ظالم حقٌ کا مطلب پوچھا تو انھوں نے فرمایا: "ظالم رگ: وہ غاصب ہے جو دوسرے کی زمین پر زبردستی قبضہ کرتا ہے" میں نے عرض کیا: بلکہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو دوسرے کی زمین میں درخت لگاتا ہے۔ ابوالولید نے کہا: میں بھی یہی کہہ رہا ہوں (صرف تعبیر کا فرق ہے)

بابُ ماجاء فى القَطَائِعِ

جاگیر دینے کا بیان

قَطَائع: قطیعة کی جمع ہے، اس لفظ کو امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے کتاب الخراج میں اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں استعمال کیا ہے، مگر نہ تو امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے اس کا مفہوم واضح کیا ہے اور نہ بخاری کے دونوں شارحوں نے۔

قطیعہ: کے ایک معنی ہیں: ٹھیکہ، کنٹریکٹ (جس کو اب عربی میں مقاولة کہتے ہیں) یہ معنی یہاں مراد نہیں، دوسرے معنی ہیں: بادشاہ یا حکومت کا کسی کو جاگیر دینا، اور تیسرے معنی ہیں: کسی چیز کا لائسنس دینا۔ یہ دونوں معنی یہاں مراد ہو سکتے ہیں۔

حدیث (۱): ابیض بن حمّال رضی اللہ عنہ اپنے قبیلہ کی طرف سے نمائندہ بن کر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور درخواست کی کہ یمن کے مآرب علاقے میں نمک بنانے کا حق مجھے عنایت فرمائیں، آپ نے یہ حق ان کو دیدیا،

جب وہ اٹھ کر چلے گئے تو کسی نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ جانتے ہیں: آپؐ نے کیا دیا؟ آپؐ نے ان کو ایسا پانی الاٹ کر دیا جس کا سوت کبھی خشک نہیں ہوتا، یعنی سمندر کے پانی سے نمک تیار ہوتا ہے جو ہمیشہ باقی رہنے والا ہے، اور نمک بنانے میں کچھ زیادہ محنت اور خرچ بھی نہیں، پس ایسا حق ایک شخص کو دینا مناسب نہیں، راوی کہتا ہے: پس آپؐ نے ان سے وہ حق واپس لے لیا، انھوں نے درخواست کی کہ ان کے لئے پیلو کے درخت کے پتے ریزرو کر دیئے جائیں یعنی پیلو کے درخت کے پتے جھاڑ کر اسٹاک کر کے بیچنے کا حق ان کو دیا جائے، آپؐ نے یہ حق ان کو اس شرط پر دیا کہ وہاں تک اونٹوں کے پیر نہ پہنچتے ہوں، یعنی جہاں تک اونٹ چرنے کے لئے جاتے ہیں وہاں تک کے درختوں کے پتے جھاڑنے کی اجازت نہیں، اس سے آگے کے پتے جھاڑنے کی اجازت ہے۔

تشریح: اس حدیث سے یہ اصول اخذ کیا جاسکتا ہے کہ کم محنت اور زیادہ نفع والی چیزیں حکومت کی تحویل میں رہنی چاہئیں تاکہ سب لوگوں کو نفع پہنچے، یا پھر ان کو رفاہ عام کے لئے باقی رکھا جائے تاکہ جو چاہے فائدہ اٹھائے۔

فائدہ: جب استاذ حدیث پڑھتا تھا تو حدثنا یا أخبرنا کہہ کر اپنی سند بیان کرتا تھا، اور جب شاگرد استاذ کے سامنے حدیث پڑھتا تھا تو: حَدَّثَكُمْ فلانٌ کہہ کر پڑھنا شروع کرتا تھا اس کا نام عرض تھا، اور یہ حدیث اس کی مثال ہے (مزید تفصیل کتاب الزکاۃ ۲: ۵۱۱ میں پڑھیں)

حدیث (۲): حضرت وائل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ان کو حضر موت میں زمین کا ایک ٹکڑا بطور جاگیر عنایت فرمایا، اور تعیین کے لئے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو ان کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ زمین ان کے حوالہ کریں۔

تشریح: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اگر امیر سرکاری زمین کسی کو بہ طور جاگیر دے تو یہ جائز ہے اور جس کو جاگیر دی گئی ہے وہ اس کا ملک ہو جائے گا۔ اور اگر امیر نے ویران زمین آباد کرنے کے لئے بطور جاگیر دی تو وہ اگر تین سال میں آباد کر لے تو وہ زمین اس کی ہو جائے گی، اور اگر تین سال کے اندر آباد نہ کر سکے تو وہ اس سے واپس لے لی جائے گی۔

[۱۰۱-] باب ماجاء فی القَطَائِعِ

[۱۳۶۵-] قَالَ: قُلْتُ لِقُتَيْبَةَ بنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَكُمْ مُحمدُ بنُ يَحْيىَ بنِ قَيْسٍ الْمَآرِبِيُّ، قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ بنِ شَرَاحِيْلَ، عَنْ سُمَيِّ بنِ قَيْسٍ، عَنْ سُمَيْرٍ، عَنْ أَبْيَضَ بنِ حَمَّالٍ: أَنَّهُ وَفَدَ إِلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَقْطَعَهُ الْمِلْحَ، فَقَطَعَ لَهُ، فَلَمَّا أَنْ وَلَّى قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمَجْلِسِ: أَتَدْرِيْ مَا قَطَعْتَ لَهُ؟ إِنَّمَا قَطَعْتَ لَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ! قَالَ: فَانْتَزَعَهُ مِنْهُ، قَالَ: وَسَأَلَهُ عَمَّا

يُحْمَى مِنَ الْأَرَاكِ؟ قَالَ: ” مَالَمْ تَنَلْهُ خِفَافُ الإِبِلِ“: فَأَقَرَّ بِهِ قُتَيْبَةُ، وَقَالَ: نَعَمْ.

حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ عُمَرَ. ثَنَا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ بنِ قَيْسٍ الْمَآرِبِيُّ نَحْوَهُ.

وفي الباب: عَنْ وَائِلٍ، وأَسْمَاءَ ابْنَةِ أَبِيْ بَكْرٍ، حديثُ أَبْيَضَ بنِ حَمَّالٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ الْقَطَائِعِ: يَرَوْنَ جَائِزًا أَنْ يَقْطَعَ الإِمَامُ لِمَنْ رَأى ذٰلِكَ.

[١٣٦٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ بنَ وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَقْطَعَهُ أَرْضًا بِحَضَرَ مَوْتَ، قَالَ مَحْمُوْدٌ: وحدثنا النَّضْرُ، عَنْ شُعْبَةَ، وَزَادَ فِيْهِ: وَبَعَثَ مَعَهُ مُعَاوِيَةَ لِيُقْطِعَهَا إِيَّاهُ؛ هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: باب کے بالکل شروع میں جو قال ہے اس کا فاعل امام ترمذی ہیں اور حَدَّثکم سے پہلے ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے......العِدّ: المهيأ: تیار......الأراك: پیلو کے درخت جس کی جڑوں کی مسواک بناتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْغَرْسِ

باغ لگانے کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جو بھی مسلمان کوئی باغ لگاتا ہے یا کھیتی کرتا ہے پس اس میں سے انسان، پرندے یا چوپائے کھاتے ہیں تو یہ اس کے لئے صدقہ ہوتا ہے“ یعنی تسبّب کی وجہ سے ثواب ملتا ہے اگرچہ کھیتی کرنے والے کی اور درخت لگانے والے کی یہ نیت نہیں ہوتی مگر جب اس میں سے انسان اور پرندے اور چوپائے کھاتے ہیں تو اس کو ثواب ملتا ہے (اور مسلم کی قید احترازی ہے)

[١٠٢-] باب ماجاء فی فضل الْغَرْسِ

[١٣٦٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ” مَامِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا، أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَأْكُلُ مِنْهُ إِنْسَانٌ، أَوْ طَيْرٌ، أَوْ بَهِيْمَةٌ: إِلَّا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ“

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، وَأُمِّ مُبَشِّرٍ، وَجَابِرٍ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماذُكِرَ فی الْمُزارَعَةِ

مزارعت کا بیان

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اہل خیبر سے آدھی پیداوار پر معاملہ فرمایا، چاہے پھل ہوں یا کھیتی۔

تشریح: مزارعہ اور مخابرہ ہم معنی ہیں یعنی زمین بٹائی پر دینا، اور یہ امام شافعی اور امام اعظم رحمہما اللہ کے نزدیک ناجائز ہے، اور جمہور کے نزدیک جائز ہے، یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے جب خود نبی ﷺ نے مزارعت فرمائی ہے تو اس کے عدم جواز کے کوئی معنی نہیں (تفصیل باب ۷۰ میں گذر چکی ہے) اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ امام اعظمؒ نے جو مزارعت کو ناجائز کہا ہے: وہ ہاتھی کے دکھانے کے دانت ہیں، کیونکہ جب مزارعت کی جائز ناجائز صورتوں کا بیان شروع ہوتا ہے تو وہاں بھی امام اعظم رحمہ اللہ اپنی رائے دیتے ہیں، پس اگر نفس مزاعت ہی جائز نہ ہوتی تو اس کی بعض صورتوں کے جائز اور بعض صورتوں کے ناجائز ہونے کیا مطلب؟!

[۱۰۳-] باب ماجاء فی المزارعة

[۱۳۶۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَامَلَ أَهْلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا: مِنْ ثَمَرٍ أَوْ زَرْعٍ.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَجَابِرٍ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لَمْ يَرَوْا بِالْمُزَارَعَةِ بَأْسًا عَلَى النِّصْفِ، وَالثُّلُثِ، وَالرُّبُعِ، وَاخْتَارَ بَعْضُهُمْ أَنْ يَكُوْنَ الْبَذْرُ مِنْ رَبِّ الْأَرْضِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَكَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ الْمُزَارَعَةَ بِالثُّلُثِ، وَالرُّبُعِ: وَلَمْ يَرَوْا بِمُسَاقَاةِ النَّخِيْلِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ بَأْسًا، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وَلَمْ يَرَ بَعْضُهُمْ أَنْ يَصِحَّ شَيْئٌ مِنَ الْمُزَارَعَةِ، إِلَّا أَنْ تُسْتَأْجَرَ الْأَرْضُ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ.

ترجمہ: بعض صحابہ وغیرہ کا اس پر عمل ہے وہ نصف، ثلث اور ربع پر مزارعت میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اور بعض علماء نے پسند کیا کہ بیج زمین والے کا ہو، اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے، اور بعض اہل علم ثلث اور ربع پر مزارعت کو ناجائز کہتے ہیں اور وہ ثلث اور ربع پر مساقات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ یعنی ان کے نزدیک مساقات جائز اور

مزارعت ناجائز ہے (اور مساقات یہ ہے کہ کسی کے باغ کی پرداخت کرے اس شرط پر کہ پھل دونوں کے درمیان مشترک ہونگے) اور یہ مالک وشافعی کا قول ہے (امام مالک جمہور کے ساتھ ہیں، اور ممکن ہے یہ ان کا مرجوح قول ہو) اور بعض حضرات کے نزدیک مزارعت قطعاً جائز نہیں مگر یہ کہ زمین دراہم ودنانیر کے عوض کرایہ پر دے، یعنی صرف اجرت کا معاملہ کرنا جائز ہے، مزارعت اور مساقات کی بالکل گنجائش نہیں، یہ امام اعظم کا قول ہے۔

وضاحت: مزارعت کی تین صورتیں بالاتفاق جائز ہیں: اول: زمین اور بیج ایک آدمی کا ہو اور ہل بیل اور محنت دوسرے کی ہو۔ دوم: صرف زمین ایک شخص کی ہو اور باقی تمام چیزیں: ہل بیل، بیج اور محنت کاشتکار کی ہو، خیبر کے یہود کے ساتھ رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح بٹائی کا معاملہ کیا تھا اس لئے اس کو مخابرہ کہتے ہیں۔ سوم: زمین، ہل بیل اور بیج سب ایک کے ہوں اور صرف محنت کاشتکار کی ہو، باقی صورتوں میں اختلاف ہے، تفصیل ہدایہ میں ہے۔

بابٌ

مزارعت کی ممانعت مصلحت کی بنا پر تھی

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے ایک ایسی چیز سے منع فرمایا جو ہمارے لئے مفید تھی وہ یہ کہ جب ہم میں سے کسی کے پاس زمین ہوتو وہ اس کو اس کی بعض پیداوار کے بدل (یعنی بٹائی پر) یا دراہم کے عوض (یعنی کرایہ پر) دے اور فرمایا: ''اگر تم میں سے کسی کے پاس زمین ہو تو یا اپنے بھائی کو منیحہ یعنی عاریتاً کاشت کے لئے دے یا خود کاشت کرے''

تشریح: پہلے (باب ۷۰ میں) بتایا جاچکا ہے کہ نبی ﷺ نے مزارعت سے مصلحتاً منع فرمایا تھا، جو مہاجرین ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تھے وہ تہی دست تھے جبکہ انصار کے پاس زمین، جائداد اور مکان سب کچھ تھا جس کی وجہ سے توازن بگڑ گیا تھا، پس آپؐ نے توازن قائم کرنے کے لئے یہ حکم دیا تھا کہ کوئی شخص اپنی زمین بٹائی پر یا کرایہ پر نہ دے یا تو خود کاشت کرے یا کسی مہاجر کو کاشت کرنے کے لئے عاریتاً دے، یہ بات ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمائی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مزارعت کو حرام نہیں کیا تھا، بلکہ یہ حکم اس لئے دیا تھا کہ لوگ ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کریں۔ جمعہ کے دن غسل کرنے کا حکم بھی آپؐ نے بر بنائے مصلحت دیا تھا اور وہ مصلحت ابن عباسؓ نے بتائی تھی، اسی طرح مزارعت کی ممانعت کا حکم بھی مصلحتاً دیا تھا اور وہ مصلحت بھی ابن عباسؓ نے بتائی ہے کہ مزارعت کی ممانعت لوگوں کے مفاد کی خاطر تھی۔ پھر جب بنونضیر کا علاقہ فتح ہوا اور ان کی زمینیں مہاجرین کو دیدی گئیں تو توازن قائم ہوگیا اور مزارعت کی ممانعت ختم ہوگئی، چنانچہ خود نبی ﷺ نے اہل خیبر کے ساتھ مزارعت کا معاملہ فرمایا۔

[١٠٤-] بابٌ

[١٣٦٩-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِیْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: نَهَانَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَمْرٍ كَانَ لَنَا نَافِعًا: إِذَا كَانَتْ لِأَحَدِنَا أَرْضٌ أَنْ يُعْطِيَهَا بِبَعْضِ خَرَاجِهَا أَوْ بَدَرَاهِمَ، وَقَالَ: "إِذَا كَانَتْ لِأَحَدِكُمْ أَرْضٌ فَلْيَمْنَحْهَا أَخَاهُ أَوْ لِيَزْرَعْهَا"

[١٣٧٠-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسٰى الشَّيْبَانِیُّ، ثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ؛ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُحَرِّمِ الْمُزَارَعَةَ، وَلٰكِنْ أَمَرَ أَنْ يَرْفُقَ بَعْضُهُمْ بِبَعْضٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِی الْبَابِ عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، حديثُ رَافِعٍ حديثٌ فِيْهِ اضْطِرَابٌ، يُرْوَى هٰذَا الْحديثُ عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنْ عُمُوْمَتِهِ. وَيُرْوَى عَنْهُ عَنْ ظُهَيْرِ بنِ رَافِعٍ، وَهُوَ أَحَدُ عُمُوْمَتِهِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الْحديثُ عَنْهُ عَلٰی رِوَايَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ.

وضاحت: حضرت رافع کی حدیث باوجود اسنادی اختلاف کے صحیح ہے، امام مسلم نے اس کو اپنی صحیح میں لیا ہے اور حضرت جابر، حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم کی حدیثوں سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

﴿الحمدللہ! کتاب البیوع کی اور درمیان میں ابواب الاحکام کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی!﴾



بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ الدِّیَاتِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

خوں بہا کا بیان

بابُ ماجاءَ فی الدِّیَۃِ کَمْ ھِیَ مِنَ الإِبِلِ؟

دیت کتنے اونٹ ہیں؟

وَدَی یَدِیْ دِیَۃً کے معنی ہیں: خوں بہا ادا کرنا، خون کی قیمت دینا۔ قرآن کریم میں دیت کا ذکر ہے: ﴿دِیَۃٌ مُسَلَّمَۃٌ إِلٰی أَھْلِہٖ﴾ [النساء۹۲] مگر دیت کیا چیز ہے؟ قرآن میں اس کا ذکر نہیں، یہ بات حدیثوں میں آئی ہے۔

قتل کی دو قسمیں ہیں: قتل عمد (بسکون المیم) اور قتل خطا۔ دونوں کا ذکر قرآن کریم میں ہے، پھر نبی ﷺ نے قتل خطا میں سے ایک تیسری قسم شبہ عمد علحدہ کی یعنی وہ قتل خطا جو عمد کے مشابہ ہے یہ قسم: قتل خطا سے اوپر اور قتل عمد سے نیچے ہے، اور فقہاء نے جو قسمیں مستنبط کی ہیں وہ اس سے نیچے ہیں، پس کل پانچ قسمیں ہوئیں، اور حدیثیں سمجھنے کے لئے جاری مجری خطا اور قتل بالسبب کے احکام جاننے ضروری نہیں، البتہ قتل عمد، شبہ عمد اور قتل خطا کے احکام جاننے ضروری ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ قتل کی یہ تینوں قسمیں گناہ اور کوتاہی کے اعتبار سے ہلکی بھاری ہیں، شدید ترین قتل: جان بوجھ کر قتل کرنا ہے، پھر شبہ عمد ہے، پھر قتل خطا ہے، اس لئے ان کے احکام بھی ہلکے بھاری ہیں، اور تغلیظ وتخفیف تین طرح سے کی گئی ہے۔

پہلی صورت: قتل عمد میں قصاص واجب ہے اور باقی دو قتلوں میں دیت واجب ہے۔ پھر قصاص میں یہ تخفیف کی گئی ہے کہ اس کو حد نہیں قرار دیا، حد میں معافی اور تبدیلی کا اختیار نہیں ہوتا، اور قصاص میں معافی کی گنجائش ہوتی ہے وہ بالکل بھی معاف کیا جاسکتا ہے اور اس کے بدل دیت بھی لی جاسکتی ہے۔

دوسری صورت: قتل عمد میں دیت خود قاتل کو ادا کرنی ہوتی ہے کوئی دوسرا اس میں حصہ دار نہیں ہوتا اور شبہ عمد اور

خطا میں دیت عاقلہ پر یعنی قاتل کے خاندان اور قبیلہ پر واجب ہوتی ہے۔ اور اب جبکہ نسب کے اعتبار سے خاندان اور قبیلے نہیں رہے تو برادری عاقلہ ہے۔

اور قتل عمد میں تشدید کی وجہ یہ ہے کہ یہ چیز قاتل کے لئے سخت جھڑکی اور بھاری ابتلا بنے، اور اس کو بہت مالی خسارہ ہوتا کہ آئندہ وہ ایسی حرکت نہ کرے اور باقی دو قتلوں میں دیت کے وجوب کی وجہ یہ ہے کہ کسی خون کو رائگاں جانا بڑی خرابی کی بات ہے، کیونکہ مقتول کے ورثاء کی تشفی ضروری ہے، ورنہ ان کے دلوں کی آگ ٹھنڈی نہیں ہوگی، اور وہ کوئی بھی حرکت کر بیٹھیں گے اور یہ قتل اگرچہ عمداً نہیں ہوا مگر قتل جیسے سنگین معاملہ میں لاپرواہی برتنا بھی قابل گرفت ہے، اس لئے اگر قصاص معاف کر دیا گیا تو دیت ضرور دلائی جائے، اور دیت عاقلہ پر رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ قتل خطا میں لاپرواہی برتنا اگرچہ قابل گرفت ہے اور قاتل کو اس کی سزا ضرور ملنی چاہئے، مگر اس سزا کو آخری حد تک پہنچانا یعنی دیت تنہا اس پر واجب کرنا مناسب نہیں، اس لئے اس میں قاتل کے رشتہ داروں کو بھی شامل کیا گیا۔

تیسری صورت: قتل عمد میں دیت فوری ایک سال میں ادا کرنی ہوتی ہے اور باقی دو قتلوں میں عاقلہ سے تین سال میں دیت وصول کی جاتی ہے، یہ تغلیظ وتخفیف بھی قتل کی نوعیت کے پیش نظر کی گئی ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے قتل خطا میں بیس بنت مخاض، بیس ابن مخاض، بیس بنت لبون، بیس جذعے اور بیس حقّوں کا فیصلہ فرمایا۔

تشریح: قتل کی تینوں قسموں میں دیت بالاجماع سو اونٹ ہیں اور اس حدیث میں قتل خطا کی دیت کا ذکر ہے، قتل خطا: وہ قتل ہے جس میں آلۂ قتل مارنے کا ارادہ نہ ہو، غلطی سے لگ جائے، اور مر جائے جیسے کوئی کسی پر گر پڑے اور وہ مر جائے یا کوئی درخت کو تیر مارے اور وہ آدمی کو لگ جائے اور وہ مر جائے، قتل خطا کی دیت ہلکی ہے اور اس میں پانچ طرح کے اونٹ لئے جاتے ہیں: ۲۰ بنت مخاض، ۲۰ ابن مخاض، ۲۰ بنت لبون، ۲۰ جذعے اور ۲۰ حقّے۔ البتہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: ابن مخاض کے بجائے ۲۰ ابن لبون لئے جاتے ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے کسی کو بالقصد قتل کیا تو قاتل مقتول کے ورثاء کے حوالہ کر دیا جائے، چاہیں تو قصاص لیں اور چاہیں تو دیت۔ اور قتل عمد کی دیت: تیس حقے، تیس جذعے اور چالیس گابھن اونٹنیاں ہیں، یا وہ چیز جس پر انھوں نے مصالحت کی ہو، پس وہ ان کے لئے ہے اور یہ دیت کو سخت کرنے کی وجہ سے ہے۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں قتل عمد کی دیت بیان کی گئی ہے اور قتل عمد: وہ قتل ہے جو (بظاہر) جان سے ختم کرنے کے ارادہ سے کسی ایسے آلہ سے کیا گیا ہو جس سے عام طور پر آدمی مر جاتا ہے خواہ وہ زخمی کرنے والا ہتھیار ہو خواہ وزنی چیز ہو جیسے بڑا پتھر، اور اس دیت کو دیت مغلظہ کہتے ہیں۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک دیت مغلظہ اثلاثاً ہے اور یہ

حدیث ان کی دلیل ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ارباعاً ہے یعنی ۲۵ جذعے، ۲۵ حقے، ۲۵ بنت لبون اور ۲۵ بنت مخاض، ان کی دلیل ابن مسعودؓ کا قول ہے جو ابوداؤد (حدیث ۴۵۵۲) میں ہے اور یہی قول حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے (ابوداؤد حدیث ۴۵۵۳) یہ روایت حکماً مرفوع ہے۔

۲- اگر کوئی شخص کسی کو جان بوجھ کر قتل کرے تو مقتول کے ورثاء کو دو باتوں کا اختیار ہوگا، چاہیں تو قصاص لیں اور چاہیں تو دیت لیں، مگر احناف کے نزدیک دیت لینے کا اختیار: اختیارِ ناقص ہے یعنی قاتل کی رضامندی سے دیت لے سکتے ہیں، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ اختیار: اختیارِ کامل ہے یعنی دیت لینے کے لئے قاتل کی رضامندی ضروری نہیں۔

۳- اگر ورثاء اور قاتل باہمی رضامندی سے کسی چیز پر صلح کرلیں تو یہ جائز ہے مثلاً کسی مکان یا جائداد پر معاملہ طے ہوجائے تو وہی ان کو ملے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب الديات

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء في الدية: كم هِيَ مِنَ الإِبِلِ؟

[۱۳۷۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ زَيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ خِشْفِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ دِيَةِ الْخَطَأِ عِشْرِيْنَ ابْنَةَ مَخَاضٍ، وَعِشْرِيْنَ بَنِيْ مَخَاضٍ ذُكُوْرًا، وَعِشْرِيْنَ بِنْتَ لَبُوْنٍ، وَعِشْرِيْنَ جَذَعَةً، وَعِشْرِيْنَ حِقَّةً.

حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، وَأَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ الْحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ نَحْوَهُ.

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْقُوْفًا، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى هٰذَا، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَقَدْ أَجْمَعَ أَهْلُ الْعِلْمِ عَلَى أَنَّ الدِّيَةَ تُؤْخَذُ فِيْ ثَلَاثِ سِنِيْنَ، فِيْ كُلِّ سَنَةٍ ثُلُثُ الدِّيَةِ، وَرَأَوْا أَنَّ دِيَةَ الْخَطَأِ عَلَى الْعَاقِلَةِ: فَرَأَى بَعْضُهُمْ أَنَّ الْعَاقِلَةَ قَرَابَةُ الرَّجُلِ مِنْ قِبَلِ أَبِيْهِ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ، وَالشَّافِعِيِّ؛ وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّمَا الدِّيَةُ عَلَى الرِّجَالِ دُوْنَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ مِنَ الْعَصَبَةِ، وَيُحَمَّلُ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ رُبْعَ دِيْنَارٍ، وَقَدْ قَالَ بَعْضُهُمْ: إِلٰى نِصْفِ دِيْنَارٍ، فَإِنْ تَمَّتِ الدِّيَةُ، وَإِلَّا نُظِرَ إِلٰى

أَقْرَبِ الْقَبَائِلِ مِنْهُمْ، فَأُلْزِمُوْا ذٰلِكَ.

[۱۳۷۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، ثَنَا حِبَّانُ، ثنا مُحمدُ بنُ رَاشِدٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بنُ مُوْسَى، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ قَتَلَ مُتَعَمِّدًا دُفِعَ إِلٰى أَوْلِيَاءِ الْمَقْتُوْلِ، فَإِنْ شَاؤُا قَتَلُوْا وَإِنْ شَاؤُا أَخَذُوْا الدِّيَةَ، وَهِيَ ثَلَاثُوْنَ حِقَّةً، وَثَلَاثُوْنَ جَذَعَةً، وَأَرْبَعُوْنَ خَلِفَةً، وَمَا صَالَحُوْا عَلَيْهِ فَهُوَ لَهُمْ، وَذٰلِكَ لِتَشْدِيْدِ الْعَقْلِ" حديثُ عبدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

ترجمہ: علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ (قتل خطا اور شبہ عمد کی) دیت تین سال میں وصول کی جائے گی، ہر سال تہائی دیت وصول کی جائے گی، اور وہ کہتے ہیں کہ قتل خطا (اور شبہ عمد) کی دیت عاقلہ پر ہے، اور بعض علماء کہتے ہیں کہ عاقلہ قاتل کے باپ کی طرف کے (ددھیالی) رشتہ دار ہیں (ننھیالی رشتہ دار نکل گئے وہ دیت کی ادائیگی میں شامل نہیں ہونگے) اور یہ مالک اور شافعی کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں کہ دیت عاقلہ میں سے صرف مردوں پر ہے عورتوں اور بچوں پر نہیں، اور ان میں سے ہر ایک پر چوتھائی دینار (ڈھائی درہم) کا بوجھ ڈالا جائے گا یعنی فی نفر زیادہ سے زیادہ ربع دینار لیں گے اس سے زیادہ کسی حال میں نہیں لیں گے، اور بعض علماء نصف دینار کے قائل ہیں پس اگر (فی نفر ربع دینار سے) دیت پوری ہو جائے تو ٹھیک (فبہا پوشیدہ) ہے ورنہ قاتل کے قبیلہ سے قریب تر قبیلہ کو اس کے ساتھ ملایا جائے گا اور ان کے ذمے دیت لازم کی جائے گی۔

بابُ ماجاء فی الدِّيَةِ: كَمْ هِيَ مِنَ الدَّرَاهِمِ؟

دراہم سے دیت کی مقدار کتنی ہے؟

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے بارہ ہزار درہم دیت مقرر فرمائی۔

تشریح:

۱- حضور اقدس ﷺ کی شریعت عرب وعجم سب کے لئے ہے اور دنیا میں سب لوگ اونٹ نہیں پالتے اور نہ سب جگہ اونٹ دستیاب ہیں، اس لئے آپ ﷺ نے سونے اور چاندی سے بھی دیت مقرر فرمائی ہے۔ سونے سے ایک ہزار دینار، اور چاندی سے بارہ ہزار درہم، اور بعض روایات میں دس ہزار درہم ہیں۔ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ نے بارہ ہزار والی روایت لی ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ نے دس ہزار والی۔ اور مشکوٰۃ (حدیث ۳۵۰۰) میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ بھی ہے کہ گایوں سے دو سو گائیں اور بکریوں سے دو ہزار بکریاں دیت مقرر کی گئی ہے۔

۲-اصل دیت صرف اونٹوں سے مقرر کی گئی ہے یا دیگر اموال سے بھی؟ اس میں اختلاف ہے: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک صرف اونٹوں سے مقرر کی گئی ہے اور دیگر اموال میں قیمت کا اعتبار ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک تین اصناف سے یعنی اونٹ، سونا اور چاندی سے دیت مقرر کی گئی ہے اور گایوں اور بکریوں اور دیگر اموال میں قیمت کا اعتبار ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک مذکورہ بالا پانچوں صنفوں سے دیت مقرر کی گئی ہے، اور ان کے علاوہ میں قیمت کا اعتبار ہے۔

ملحوظہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث مرفوع ہے یا مرسل؟ یعنی اس میں ابن عباسؓ کا ذکر ہے یا نہیں؟ اس میں عمرو بن دینار کے تلامذہ میں اختلاف ہے، محمد بن مسلم نے حدیث مرفوع کی ہے اور سفیان بن عیینہ نے مرسل، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو تنہا محمد بن مسلم نے مرفوع کیا ہے ان کے علاوہ ہم کسی کو نہیں جانتے جس نے یہ حدیث مرفوع کی ہو یعنی اس کا مرسل ہونا اصح ہے کیونکہ ابن عیینہؒ: محمد بن مسلم طائفی سے اثبت ہیں۔

[۲-] باب ماجاء في الدية: كم هِيَ مِنَ الدَّراهم؟

[۱۳۷۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هَانِيءٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ مُسْلِمٍ، هُوَ الطَّائِفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ جَعَلَ الدِّيَةَ اثْنَىْ عَشَرَ أَلْفًا.

حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، وَفِيْ حَدِيْثِ ابنِ عُيَيْنَةَ كَلاَمٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا يَذْكُرُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ ابنِ عباسٍ غَيْرَ مَحمدِ بنِ مُسْلِمٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: لاَ أَعْرِفُ الدِّيَةَ إِلاَّ مِنَ الإِبِلِ، وَهِيَ مِائَةٌ مِنَ الإِبِلِ.

وضاحت: ابن عیینہ کی مرسل روایت ابوداؤد (حدیث ۴۵۴۶) میں ہے اور تفصیل سے مصنف عبدالرزاق (۲۹۶:۹ حدیث نمبر ۱۲۷۳) میں ہے، زائد کلام بھی وہاں ہے۔

باب ماجاء في الْمُوْضِحَةِ

ہڈی کھولنے والے زخم کی دیت

اگر زخم ایسا ہو جس سے کوئی مستقل قوت ضائع نہ ہوئی ہو، نہ آدھی قوت ختم ہوئی ہو اور نہ اس سے شکل بگڑی ہو، بلکہ زخم مندمل ہو گیا ہو، ایسے زخم دس ہیں اور ان کا ادنی درجہ موضحہ ہے، موضحہ میں ہڈی کھل جاتی ہے اور نظر آنے لگتی

ہےاس سے کم خراش اور رگڑ ہے، زخم نہیں، اس لئے موضحہ میں دیت کا بیسواں حصہ یعنی پانچ اونٹ واجب ہیں، کیونکہ بیسواں حصہ ہی کم از کم وہ حصہ ہے جو حساب کی گہرائی میں اترے بغیر جانا جاسکتا ہے۔

ملحوظہ: یہ جب ہے کہ زخم غلطی سے لگا ہو یا زخم میں برابری ممکن نہ ہو اور اگر زخم عمداً ہو اور مساوات ممکن ہو تو قصاص واجب ہے، سورۃ المائدہ آیت ۴۵ میں اس کا ذکر ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی الْمُوْضِحَةِ

[۱۳۷۴-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا حُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ؛ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" فِي الْمَوَاضِحِ خَمْسٌ خَمْسٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالشَّافِعِيِّ وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ: أَنَّ فِي الْمُوْضِحَةِ خَمْسًا مِنَ الإِبِلِ.

ترجمہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ہڈی ظاہر کرنے والے زخموں میں پانچ پانچ اونٹ ہیں (مَوَاضِح: مُوْضِحَة کی جمع ہے یہ باب افعال سے بھی ہوسکتا ہے اور باب تفعیل سے بھی اور باقی زخموں کے احکام کتب فقہ میں ہیں)

بابُ ماجاء فی دِيَةِ الأَصَابِعِ

انگلیوں کی دیت

اگر کوئی شخص بالقصد کسی کی انگلی کاٹ دے تو اس میں قصاص ہے اور اگر دیت پر مصالحت ہو جائے یا خطاءً کاٹی ہو تو ایک انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں، اور چھوٹی بڑی سب انگلیاں یکساں ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہاتھوں اور پیروں کی انگلیوں کی دیت یکساں ہے اور ایک انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں'' دوسری حدیث میں ہے: ''یہ اور یہ یعنی انگوٹھا اور خنصر یکساں ہیں'' جو دیت انگوٹھے کی ہے وہی خنصر کی بھی ہے۔ پس اگر کوئی شخص کسی کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کی سب انگلیاں کاٹ دے تو دوسو اونٹ واجب ہونگے، یہاں مور کی دُم: مور سے بڑھ جاتی ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی دِيَةِ الأَصَابِعِ

[۱۳۷۵-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عَنْ يَزِيْدَ النَّحْوِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عبَّاسٍ قَالَ قَالَ: رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" دِيَةُ أَصَابِعِ الْيَدَيْنِ والرِّجْلَيْنِ سَوَاءٌ: عَشْرَةٌ مِنَ الإِبِلِ لِكُلِّ إِصْبَعٍ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، وَعَبْدِ اللّٰهِ بن عَمْرٍو؛ حدیثُ ابنِ عَبَّاسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: وَبِهِ یَقُوْلُ سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وَالشَّافِعِیُّ، وَأَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ.

[۱۳۷۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا یَحْییَ بنُ سَعِیْدٍ، وَمُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ قَالَا: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: ”هٰذِهِ وَهٰذِهِ سَوَاءٌ“ یَعْنِی الْخِنْصَرَ وَالإِبْهَامَ؛ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی العَفْوِ

قصاص معاف کرنے کا ثواب

حدیث: ایک قریشی نے ایک انصاری کا دانت توڑ دیا، انصاری نے جس کا دانت توڑا گیا تھا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے فریاد کی، یہ واقعہ امیر معاویہؓ کے دور خلافت کا ہے، اس نے کہا: امیر المؤمنین! اس نے میرا دانت توڑا ہے (مجھے قصاص چاہئے) امیر معاویہؓ نے اس کو سمجھایا کہ قصاص معاف کردے اور فرمایا: ہم تجھے راضی کریں گے، یعنی دیت دلائیں گے مگر مظلوم نے حضرت معاویہؓ کے سامنے اصرار کیا یعنی وہ قصاص لینے پر مصر رہا اور امیر معاویہ کو تنگ کردیا، یعنی وہ کسی حال میں مصالحت پر راضی نہ ہوا تو امیر معاویہؓ نے قصاص کا فیصلہ کردیا اور فرمایا: اپنے ساتھی کے ساتھ جو چاہے کر، یعنی اس کو مظلوم کے حوالہ کردیا، اس مجلس میں حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے، جب انصاری اس قریشی کو دانت توڑنے کے لئے لے چلا تو انھوں نے اس کو ایک حدیث سنائی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ”جس شخص کو اس کے جسم میں کوئی تکلیف پہنچے اور وہ تکلیف پہنچانے والے کو معاف کردے یعنی قصاص نہ لے تو اللہ تعالیٰ اس کا بڑا درجہ بلند فرماتے ہیں اور بڑا گناہ معاف فرماتے ہیں“ یہ سن کر انصاری نے کہا: آپ نے خود یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے؟ آپؓ نے فرمایا: اس کو میرے دونوں کانوں نے سنا ہے اور میرے دل نے محفوظ رکھا ہے یعنی مجھے اس حدیث کے سننے اور محفوظ رکھنے میں ذرا شک نہیں! پس مظلوم نے کہا: میں اس زخم کو اس کے لئے چھوڑتا ہوں، یعنی ویسے ہی (دیت لئے بغیر) معاف کرتا ہوں، امیر معاویہؓ نے کہا: میں آپ کو نامراد نہیں کروں گا، پھر انھوں نے کچھ مال کا حکم دیا۔

[۵-] باب ماجاء فی العَفْوِ

[۱۳۷۷-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا یُوْنُسُ بنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، ثَنَا أَبُوْ السَّفَرِ: قَالَ دَقَّ رَجُلٌ مِنْ قُرَیْشٍ سِنَّ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَاسْتَعْدَی عَلَیْهِ مُعَاوِیَةَ، فَقَالَ لِمُعَاوِیَةَ:

يَاأَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ هٰذَا دَقَّ سِنِّيْ! فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: إِنَّا سَنُرْضِيْكَ، وَأَلَحَّ الآخَرُ عَلٰى مُعَاوِيَةَ، فَأَبْرَمَهُ، فَقَالَ لَهُ مُعَاوِيَةُ: شَأْنَكَ بِصَاحِبِكَ، وَأَبُوْ الدَّرْدَاءِ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَا مِنْ رَجُلٍ يُصَابُ بِشَيْءٍ فِيْ جَسَدِهِ، فَيَتَصَدَّقُ بِهِ، إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهِ دَرَجَةً، وَحَطَّ عَنْهُ بِهِ خَطِيْئَةً" فَقَالَ الأَنْصَارِيُّ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: سَمِعَتْهُ أُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِيْ، قَالَ: فَإِنِّيْ أَذَرُهَا لَهُ، قَالَ مُعَاوِيَةُ: لاجَرَمَ لا أُخَيِّبُكَ! فَأَمَرَ لَهُ بِمَالٍ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلاَ أَعْرِفُ لِأَبِي السَّفَرِ سَمَاعًا مِنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، وَأَبُوْ السَّفَرِ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بنُ أَحْمَدَ، وَيُقَالُ ابنُ يُحْمِدَ الثَّوْرِيُّ.

وضاحت: اِسْتَعْدَاه: ان سے مدد مانگی، جیسے کہا جائے: اِسْتَعْدَيْتُ الأميرَ على فلان: میں نے فلاں کے خلاف امیر سے مدد مانگی...... وأَلَحَّ الآخَر: یہ دوسرا وہی انصاری ہے، جس کا دانت توڑا گیا تھا...... أَبْرَمَه: تنگ کرنا...... شأنك بصاحبك: تو جانے اور تیرا ساتھی! (مجرم) یعنی جو چاہے اس کے ساتھ کر، خواہ قصاص لے خواہ معاف کر، خواہ دیت لے...... بشيء: کسی بھی زخم کے ساتھ یعنی خواہ بڑا زخم ہو یا چھوٹا...... درجة: اور خطيئة میں تنوین تعظیم کے لئے ہیں۔

بابُ ماجاءَ في مَنْ رُضِخَ رَأْسُهُ بِصَخْرَةٍ

جس کا سر پتھر سے کچل دیا جائے: اس کا حکم

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک باندی (بکریاں چرانے) نکلی اور اس نے زیور پہن رکھا تھا (أوضاح: وَضَحٌ کی جمع ہے اور یہ ایک خاص قسم کا زیور ہوتا تھا جو پاؤں میں پہنا جاتا تھا) اس کو ایک یہودی نے پکڑ لیا، اور دو پتھروں کے درمیان اس کا سر کچل دیا، اور زیورات لے کر فرار ہو گیا، حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس وہ اس حال میں پائی گئی کہ اس میں کچھ جان باقی تھی، لوگ اس کو اٹھا کر نبی ﷺ کے پاس لائے، آپؐ نے اس کا نزعی بیان لیا، آپؐ یعنی آپؐ کی طرف سے کوئی صحابی مدینہ کے ایک ایک گنڈے کا نام لے کر پوچھتے تھے: کیا تجھے فلاں نے قتل کیا؟ وہ سر کے اشارہ سے منع کرتی، وہ دوسرے کا نام لیتے یہاں تک کہ اس یہودی کا نام لیا پس اس نے ہاں کا اشارہ کیا، اس پر وہ یہودی پکڑا گیا، پس اس نے قتل کا اقرار کیا (اور وہ زیورات بھی برآمد ہو گئے) تو نبی ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا، چنانچہ اس کا سر دو پتھروں کے بیچ میں کچل دیا گیا۔

تشریح: اس حدیث سے چند مسائل ثابت ہوئے:

۱- پولیس مرتے وقت زخمی سے نزعی بیان لے گی، اور اس بیان کی بنیاد پر اگرچہ کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا کیونکہ زخمی پورے ہوش میں نہیں ہوتا وہ غلط نام بھی لے سکتا ہے مگر وہ بیان قرائن میں شامل کیا جا سکتا ہے اور اس کی بنیاد پر قتل

کی تفتیش کی جاسکتی ہے۔

۲-پولیس کے پاس شہر کے گنڈوں کا ریکارڈ ہونا چاہئے۔ نبی ﷺ نے اس باندی کے سامنے گنڈوں کا نام لیا تھا، مدینہ کے تمام باشندوں کا نام نہیں لیا تھا، معلوم ہوا کہ آپ مدینہ کے گنڈوں کو جانتے تھے اور ان پر آپؐ کی نظر تھی۔

۳-قتل بالمُثَقَّلْ (کسی ایسی بھاری چیز سے مارنا جو ہتھیار نہ ہو) قتل عمد ہے یا شبہ عمد؟ قصاص صرف قتل عمد میں ہے، شبہ عمد میں نہیں، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ شبہ عمد ہے، اور ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک قتل عمد ہے، پس امام اعظم کے نزدیک قصاص نہیں اور قاتل کا قتل سیاسۃً ہے، اور جمہور کے نزدیک قصاص ہے۔

یہاں دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ قصاص بالسیف ہے یا بالمثل؟ یعنی قاتل کی صرف گردن اڑائی جائے گی یا اس نے قتل جس طرح کیا ہے اسی طریقہ سے اس کو قتل کیا جائے گا؟ احناف کے نزدیک صرف سر قلم کیا جائے گا، ان کی دلیل ابن ماجہ کی روایت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لاقَوَدَ إلا بالسَّيْفِ: قصاص صرف تلوار سے لیا جائے۔ اور امام شافعی وغیرہ کے نزدیک قصاص بالمثل ہے مثلاً ایک شخص نے کسی کو کنویں میں پھینک دیا اور وہ مرگیا تو قاتل کو بھی کنویں میں ڈالا جائے گا، مگر جب ان سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی شخص کسی چھوٹے بچے سے اغلام کرے اور وہ مرجائے تو کیا وہاں بھی مماثلت ہوگی؟ تو انھوں نے کہا: توبہ! توبہ!!

پس اصل سمجھنے کی بات یہ ہے کہ مذکورہ حدیث قصاص میں دوٹوک نہیں ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے جو اس یہودی کو قتل کرایا ہے وہ قصاص بھی ہوسکتا ہے اور سیاست بھی، اگر امیر ملک کے مفاد میں کسی کو شریعت کی مقرر کردہ سزاؤں کے علاوہ کوئی سزا دینا چاہے تو اس کا نام سیاست ہے اور امیر کو اس کا اختیار ہے، وہ سزائیں ہلکی بھاری کرسکتا ہے، پس نبی ﷺ نے جو اس یہودی کا سر دو پتھروں کے بیچ میں رکھ کر کچلوایا تھا وہ قصاص تھا یا سیاست؟ اس میں اختلاف ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ وغیرہ کے نزدیک وہ قصاص تھا، چنانچہ وہ فرماتے ہیں: قتل بالمثقل قتل عمد ہے اور قصاص میں مماثلت ضروری ہے، اور امام اعظمؒ فرماتے ہیں: احتمال ہے کہ آپؐ نے اس یہودی کو سیاستاً قتل کرایا ہو، اور شبہ عمد میں بلکہ قتل خطا میں بھی امیر سیاستاً قتل کرسکتا ہے، پس اس حدیث کی وجہ سے قتل بالمثقل کو قتل عمد قرار دینا اور مماثلت کا قول کرنا محل نظر ہے، غرض اس حدیث کو امام اعظم رحمہ اللہ کے مقابلہ میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔ واللہ اعلم

[٦-] باب ماجاء فی مَنْ رُضِخَ رأسُهُ بِصَخْرَةٍ

[١٣٧٨-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: قَالَ: خَرَجَتْ جَارِيَةٌ عَلَيْهَا أَوْضَاحٌ، فَأَخَذَهَا يهُوْدِيٌّ، فَرَضَخَ رَأْسَهَا، وَأَخَذَ مَا عَلَيْهَا مِنَ الْحُلِيِّ، قَالَ: فَأُدْرِكَتْ وَبِهَا رَمَقٌ، فَأُتِيَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَنْ قَتَلَكِ؟ أَفُلانٌ؟" فَقَالَتْ بِرَأْسِهَا: لاَ، قَالَ:

"فَفُلانٌ"، حَتَّى سَمَّى الْيَهُوْدِيَّ، فَقَالَتْ بِرَأْسِهَا: نَعَمْ، قَالَ فَأُخِذَ، فَاعْتَرَفَ، فَأَمَرَ بِهِ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَرُضِخَ رَأْسُهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَا قَوْدَ إِلَّا بِالسَّيْفِ.

بابُ ماجاء في تَشْدِيْدِ قَتْلِ الْمُؤْمِنِ

مسلمان کاقتل بڑابھاری گناہ ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بلاشبہ پوری دنیا کی تباہی اللہ تعالیٰ کے نزدیک کسی مسلمان کے قتل سے ہلکی ہے" یعنی مسلمان کا قتل بڑا بھاری گناہ ہے اس سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی چیز نہیں۔

تشریح: اس سے زیادہ سخت وعید سورۂ نساء آیت ۹۳ میں ہے، ارشاد پاک ہے: "جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے: اس کی سزا جہنم ہے وہ اس میں ہمیشہ رہے گا، اور اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہونگے اور اس کو اپنی رحمت سے دور کریں گے اور اس کو بڑا سخت عذاب دیں گے" ——— اس ارشاد سے بہ ظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ عمداً کسی مؤمن کو قتل کرنے والے کی بخشش نہیں ہوگی اور یہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا مسلک ہے، مگر جمہور کے نزدیک قتل عمد بھی دیگر کبائر کی طرح ہے جو سچی توبہ سے معاف ہوسکتا ہے، ان کی دلیل سورۃ النساء کی آیات ۴۸ و۱۱۶ ہیں، ان آیات پاک میں یہ مضمون ہے کہ شرک تو ناقابل معافی جرم ہے مگر اس کے علاوہ جتنے گناہ ہیں: اللہ تعالیٰ جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے، اور عمداً قتل مؤمن شرک کے علاوہ گناہ ہے، پس وہ قابل معافی ہے۔ اور دوسری دلیل مسلم شریف (۱۷:۸۳ کتاب التوبہ) کی حدیث ہے اس میں ایک اسرائیلی کا واقعہ ہے جس نے سو قتل کئے تھے پھر اس کو ندامت ہوئی تھی اور اس نے سچی توبہ کی تھی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو بخش دیا تھا۔

اور مذکورہ آیت میں جو وعید ہے وہ زجر وتوبیخ پر محمول ہے اور خلود سے: مدت دراز تک جہنم میں رہنا مراد ہے یا خلود اس کے لئے ہے جو قتل مؤمن کو حلال سمجھتا ہے، اور ابن عباسؓ کے نزدیک بھی قاتل کی توبہ مقبول تھی مگر وہ مصلحتاً اس میں سختی کرتے تھے، درمنثور (۱۹۸:۲) میں روایت ہے کہ حضرت ابن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ جو مؤمن کو قتل کرے گا اس کی توبہ مقبول ہے، راوی کہتے ہیں: پھر آپ کے پاس ایک شخص آیا اور دریافت کیا: کیا اس شخص کے لئے جو کسی مؤمن کو قتل کرے توبہ ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! مگر دوزخ! جب وہ چلا گیا تو حاضرین نے عرض کیا: آپ ہمیں تو یہ فتوی نہیں دیا کرتے تھے؟ آپ تو ہمیں یہ فتوی دیا کرتے تھے کہ جو مؤمن کو قتل کرے گا اس کی توبہ مقبول ہے، پھر آج کیا بات ہوئی؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: "میرا خیال ہے کہ یہ شخص کسی پر غضبناک ہے وہ کسی کو قتل کرنا

چاہتا ہے'' چنانچہ تحقیق حال کے لئے اس کے پیچھے آدمی بھیجا گیا، پس ایسا ہی نکلا، معلوم ہوا کہ ابن عباسؓ نے یہ فتوی مصلحتًا دیا تھا، ورنہ ان کے نزدیک بھی قتل مؤمن کا گناہ سچی توبہ سے معاف ہوسکتا ہے۔

[۷-] باب ماجاء فی تشدید قَتْلِ الْمُؤْمِنِ

[۱۳۷۹-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيىَ بنُ خَلَفٍ، وَمُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَزِيْعٍ، قَالاَ: ثَنَا ابنُ أَبِیْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، اَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' لَزَوَالُ الدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللهِ مِنْ قَتْلِ رَجُلٍ مُسْلِمٍ''

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِیْ عَدِيٍّ.

وفی الباب: عَنْ سَعْدٍ، وابنِ عباسٍ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَبُرَيْدَةَ.

حديثُ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو: هٰكَذَا رَوَاهُ ابنُ أَبِیْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ [عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَرَوَى مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ] فَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰكَذَا رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ مَوْقُوْفًا، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ.

وضاحت: کھڑی دوقوسوں کے درمیان کی عبارت مصری نسخہ سے بڑھائی ہے، اس کے بغیر عبارت صحیح نہیں ہوتی، اور سفیان ثوریؒ کی روایت نسائی (۸۲:۷) میں ہے مگر وہ منصور کے واسطہ سے یعلی سے روایت ہے۔

بابُ الْحُكْمِ فِیْ الدِّمَاءِ

دِماء (خونوں) کا فیصلہ

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: '' قیامت کے دن سب سے پہلے بندوں کے درمیان خونوں کا فیصلہ کیا جائے گا''

تشریح: کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۹۱) میں یہ حدیث گذری ہے کہ قیامت کے دن بندے کے جس عمل کا سب سے پہلے حساب لیا جائے گا وہ نماز ہے، اُس حدیث کا باب کی حدیث سے کوئی تعارض نہیں، کیونکہ جس عمل کو سب سے پہلے جانچا جائے گا وہ نماز ہے اور جس کا سب سے پہلے نتیجہ نکلے گا وہ خون کا معاملہ ہے، باب کی حدیثوں میں اس کی صراحت ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تمام آسمانوں والے اور زمین والے مل کر ایک مسلمان کو قتل کریں تو اللہ تعالیٰ اس کی سزا میں سب کو جہنم میں اوندھے منہ پھینک دیں گے'' اس میں اشارہ ہے کہ قیامت کے دن خونوں کا کیا فیصلہ ہوگا؟!

[۸-] باب الحكم في الدِّمَاءِ

[۱۳۸۰-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحْكَمُ بَيْنَ الْعِبَادِ فِي الدِّمَاءِ''

حديثُ عَبْدِ اللهِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ مَرْفُوْعًا، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

[۱۳۸۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ أَوَّلَ مَا يُحْكَمُ بَيْنَ الْعِبَادِ فِي الدِّمَاءِ''

[۱۳۸۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ أَوَّلَ مَا يُقْضَى بَيْنَ الْعِبَادِ فِي الدِّمَاءِ.

[۱۳۸۳-] حدثنا الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عَنْ يَزِيْدَ الرَّقَاشِيِّ، ثَنَا أَبُوْ الْحَكَمِ الْبَجَلِيُّ، قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ وَأَبَا هُرَيْرَةَ يَذْكُرَانِ عَنْ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''لَوْ أَنَّ أَهْلَ السَّمَاءِ وَأَهْلَ الْأَرْضِ اشْتَرَكُوْا فِيْ دَمِ مُؤْمِنٍ لَأَكَبَّهُمُ اللّٰهُ فِي النَّارِ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

وضاحت: یہ آخری حدیث غریب ہے کیونکہ اس کی یہی ایک سند ہے اور ضعیف بھی ہے، کیونکہ یزید بن ابان رقاشی: ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء في الرَّجُلِ يَقْتُلُ ابْنَهُ: يُقَادُ مِنْهُ أَمْ لاَ؟

باپ: بیٹے کو قتل کرے تو قصاص لیا جائے گا یا نہیں؟

اگر کوئی شخص اپنی اولاد کو قتل کرے تو باپ کو اولاد کے قصاص میں قتل نہیں کیا جائے گا، اور برعکس صورت میں یعنی باپ کے قصاص میں اولاد کو قتل کیا جائے گا، یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور وجہ فرق یہ ہے کہ باپ: اولاد کے وجود ظاہری کا سبب ہے پس اولاد اس کے عدم کا سبب نہیں بن سکتی، یہ کفرانِ نعمت ہے، علاوہ ازیں اولاد پر باپ کی شفقت بے پناہ

ہوتی ہے اور ہمیشہ رہتی ہے، پس وہ اپنی اولاد کو قتل نہیں کرسکتا اس لئے احتمال ہے کہ درپردہ کوئی ایسی وجہ رہی ہو جس سے قتل جائز ہوا ہو یا اس نے عمداً قتل نہ کیا ہو، اگرچہ بظاہر قتل عمد نظر آتا ہو، اور اولاد کا معاملہ اس کے برعکس ہے، اس کا باپ کی طرف میلان ایک وقت تک رہتا ہے پھر رفتہ رفتہ کم ہوجاتا ہے اور یہ قدرتی نظام ہے تاکہ اولاد کمانے کے لئے منتشر ہو اور دنیا آباد ہو، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ باپ نے تو اولاد کو وجود بخشا ہے، اور اولاد نے باپ کو موت کی گھاٹ اتار دیا یہ کفرانِ نعمت ہے، پس اولاد کو تو باپ کے قصاص میں قتل کیا جائے گا مگر باپ کو قتل نہیں کیا جائے گا، مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس کو بس یونہی چھوڑ دیا جائے گا بلکہ انتظام مملکت کے پیش نظر جو سزا مناسب ہوگی وہ دی جائے گی۔

[۹-] باب ماجاء في الرَّجُلِ يَقْتُلُ ابنَهُ: يقادُ منه أم لا؟

[۱۳۸۴-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، ثَنَا الْمُثَنَّى بنَ الصَّبَاحِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ سُرَاقَةَ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَضَرْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يُقِيْدُ الْأَبَ مِن ابنِهِ، وَلاَ يُقِيْدُ الإِبْنَ مِنْ أَبِيْهِ.

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُرَاقَةَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بَصَحِيْحٍ، رَوَاهُ إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ الصَّبَّاحِ؛ وَالْمُثَنَّى بنُ الصَّبَّاحِ يُضَعَّفُ فِيْ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُمَرَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؛ وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ مُرْسَلاً، وَهٰذَا حديثٌ فِيْهِ اضْطِرَابٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الْأَبَّ إِذَا قَتَلَ ابْنَهُ لاَ يُقْتَلُ بِهِ، وَإِذَا قَذَفَهُ لاَيُحَدُّ.

[۱۳۸۵-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، ثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَيُقَادُ الْوَالِدُ بِالْوَلَدِ"

[۱۳۸۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمِ بنِ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَتُقَامُ الْحُدُوْدُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَلاَيُقْتَلُ الْوَالِدُ بِالْوَلَدِ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ: وَإِسْمَاعِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

پہلی حدیث کے دو ترجمے ہیں: پہلا ترجمہ: حضرت سراقہ کہتے ہیں: میری موجودگی میں رسول اللہ ﷺ نے

باپ کو قصاصاً قتل کیا اس کے بیٹے کی وجہ سے (أَقَادَ القاتلَ بالقتيل کے معنی ہیں: مقتول کے بدلے میں قاتل کو مار ڈالنا اور من: سببیہ ہے أی لأجلِ ابْنه) اور بیٹے کو قتل نہیں کیا اس کے باپ کی وجہ سے (یہ الٹی بات ہوگئی، چنانچہ ابن الملک کہتے ہیں: یہ بات ابتدائے اسلام میں تھی، پھر منسوخ ہوگئی، اور سید شریف نے فرائض سراجیہ کی شرح میں لکھا ہے کہ شاید بیٹا پاگل ہوگا یا بچہ ہوگا، اس لئے قتل نہیں کیا ہوگا) دوسرا ترجمہ: میری موجودگی میں رسول اللہ ﷺ نے باپ کے لئے قصاص لیا اس کے بیٹے سے یعنی باپ کے قصاص میں بیٹے کو قتل کیا اور بیٹے کے لئے قصاص نہیں لیا اس کے باپ سے یعنی بیٹے کے قصاص میں باپ کو قتل نہیں کیا (اب بات ٹھیک ہوگئی)

وضاحت: یہ حدیث ضعیف ہے، عمرو بن شعیب کے تلامذہ میں اختلاف ہے: کوئی عن أبيه، عن جده، عن سراقة روایت کرتا ہے (یہ مثنی بن الصباح کی روایت ہے جو ضعیف راوی ہیں) اور کوئی عن أبيه، عن جده، عن عمر روایت کرتا ہے (یہ حجاج بن ارطاۃ کی روایت ہے اور وہ بھی ضعیف راوی ہیں) اور کوئی عمرو بن شعیب سے مرسل روایت کرتا ہے یعنی ان کے بعد کسی راوی کا نام نہیں لیتا (یہ روایت مسند احمد میں ہے اور اس کی سند میں عبداللہ بن لہیعہ ہیں اور وہ بھی ضعیف ہیں) اس لئے فرمایا کہ اس کی سند میں اضطراب (اختلاف) ہے، مگر حدیث کے ضُعف کے باوجود تمام ائمہ کا اتفاق ہے کہ باپ اگر اپنی اولاد کو قتل کرے تو قصاص میں باپ کو قتل نہیں کیا جائے گا، اور اگر باپ اولاد پر تہمت لگائے تو باپ پر حد قذف جاری نہیں ہوگی۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مسجدوں میں حدود جاری نہ کی جائیں اور اولاد کے لئے باپ کو قتل نہ کیا جائے (دور اول میں قاضی جامع مسجد میں بیٹھتا تھا اور تمام مقدمات کے فیصلے مسجد میں کرتا تھا مگر سزا باہر دی جائے گی مسجد میں کسی کو قصاص میں قتل کرنا یا کوڑے مارنا جائز نہیں) یہ حدیث بھی ضعیف ہے، اسماعیل کو حدیثیں اچھی طرح یاد نہیں تھیں۔

بابُ ماجاءَ لَايَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدىٰ ثَلَاثٍ

مسلمان کا قتل صرف تین وجوہ سے جائز ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی ایسے مسلمان کو قتل کرنا جائز نہیں جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور میں اللہ کا رسول ہوں، مگر تین باتوں میں سے کسی ایک بات کی وجہ سے: شادی شدہ زنا کار، اور جان کے بدلہ میں جان اور اپنے دین سے جدا ہونے والا، جماعت مسلمین کو چھوڑنے والا (عطف بیان ہے)

تشریح: مرتد کا قتل اسلام پر مجبور کرنے کے لئے نہیں، کیونکہ ارشاد پاک ہے: ﴿لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ﴾: دین میں زبردستی نہیں چنانچہ مرتد عورت کو قتل نہیں کیا جاتا، گھر میں نظر بند کیا جاتا ہے، اگر ارتداد کی وجہ سے قتل ہوتا تو مرتدہ

کو بھی قتل کیا جاتا، بلکہ مرتد کا قتل: فتنہ روکنے کے لئے ہے، چونکہ اسلام میں جیل کی سزا نہیں اور مرد کو نظر بند رکھنا اس کے موضوع کے خلاف ہے پس اس کو چلنے پھرنے کی آزادی ہوگی، اس لئے وہ لوگوں کے ذہن بگاڑے گا اور فتنہ میں مبتلا کرے گا چنانچہ اس کو قتل کرنا ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ﴾ یعنی فتنہ: قتل سے سنگین بات ہے، اس لئے فتنہ روکنے کے لئے مرتد کو قتلکیا جاتا ہے۔

[۱۰-] باب ماجاء لَايَحِلُّ دمُ امْرِئٍ مسلم إلا بِإحدى ثلاثٍ

[۱۳۸۷-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَايَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِیْ وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ"

وفى الباب: عَنْ عُثْمَانَ، وَعَائِشَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى مَنْ يَقْتُلُ نَفْسًا مُعَاهِدَةً

ذمی کو قتل کرنے پر وعید

غیر مسلم چار قسم کے ہیں: (۱) ذمّی: وہ غیر مسلم جس کو اسلامی ملک کی شہرت حاصل ہے (۲) مستأمن: (امن طلب کرنے والا) وہ غیر مسلم جو ویزا لے کر اسلامی ملک میں آیا ہے (۳) مُعاہد: (عہد و پیمان کرنے والا) دارالحرب کا وہ غیر مسلم جس کے ساتھ اسلامی ملک نے ناجنگ معاہدہ کیا ہے (۴) حربی: اس دارالحرب کا باشندہ جس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں۔

تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کوئی مسلمان مستأمن، معاہد یا حربی کو قتل کرے تو قصاص میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا۔ اور ذمی میں اختلاف ہے۔ احناف کے نزدیک اس کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا جائے گا۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قتل نہیں کیا جائے گا۔ ان کی دلیل بخاری (حدیث ۱۱۱) کی حدیث ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: لَایُقْتَلُ مسلمٌ بِکافرٍ: کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل نہ کیا جائے۔ کافرٌ: عام ہے چاروں قسموں کو شامل ہے۔

اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ حدیث ذمی کو شامل نہیں اور ان کی دلیل یہ ہے کہ متعدد ضعیف روایات میں یہ بات مروی ہے کہ نبی ﷺ نے اور خلفائے راشدین میں سے حضرات عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم نے ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا یا اس کا حکم دیا، یہ روایات اعلاء السنن (۱۸: ۹۴-۱۰۵) میں ہیں۔ یہ روایات اگرچہ متکلم فیہ ہیں مگر سب مل کر قوی قابل استدلال ہوجاتی ہیں اور اتنی بات جاننے کے لئے کافی ہیں کہ مذکورہ حدیث ذمی کو شامل

نہیں (یہ مسئلہ آگے باب ۱۶ میں بھی آرہا ہے)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! جس شخص نے کسی ذمی کو قتل کیا جس کے لئے اللہ اور اس کے رسول کا ذمہ ہے (کہ اس کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت کی جائے گی) تو اس نے اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالا۔ ایسا شخص جنت کی خوشبو نہیں سونگھے گا جبکہ جنت کی خوشبو ستر خریف (اردو محاورہ میں ستر بہار یعنی ستر سال کی مسافت) سے سونگھی جاتی ہے، یعنی ذمی کو قتل کرنے والا جنت کے قریب بھی نہیں جاسکے گا۔

فائدہ: ذمی: شاندار لفظ ہے اس کے معنی ہیں: لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وذمَّةُ رسولِه: جس کی اللہ اور اس کے رسول نے ذمہ داری لی ہے یعنی جس کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری اسلامی حکومت پر ہے، مگر یہ لفظ استعمال ہوتے ہوتے خراب ہوگیا ہے، اب غیر مسلم اس کو گالی سمجھتے ہیں یہی حال لفظ جزیہ کا ہوگیا ہے، وہ بھی شاندار لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں: بدلہ، یعنی اسلامی حکومت نے شہریوں کی حفاظت کی جو ذمہ داری لی ہے اور فوج اور پولیس کے ذریعہ ان کی حفاظت کرتی ہے اس کا بدلہ، مگر اب غیر مسلم اس کو بھی گالی سمجھنے لگے ہیں، پس ضروری نہیں کہ یہی الفاظ استعمال کئے جائیں ان کو نئے الفاظ سے بدلا جاسکتا ہے، مقصود پیڑ نہیں آم ہیں! مگر دوسرے مناسب الفاظ ملنے بھی دشوار ہیں۔

[۱۱-] باب ماجاء فيمن يَقْتُل نفسًا مُعَاهَدَةً

[۱۳۸۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مَعْدِيُّ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَلَا! مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهِ، فَقَدْ أَخْفَرَ بِذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ رِيْحَهَا لَتُوْجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ؛ حديثُ أَبِيْ هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: سند کا دوسرا راوی معدی بن سلیمان البصری ہے، مهدی: تصحیف ہے، مصری نسخہ سے تصحیح کی ہے، اس راوی کی ابن عجلان سے روایت جلد دوم صفحہ ۳۹ میں بھی آرہی ہے، یہ راوی ضعیف ہے مگر امام ترمذیؒ نے یہاں اس کی حدیث کی تصحیح کی ہے اور جلد دوم میں حسن غریب کہا ہے، یہ روایت ابن ماجہ نے بھی بیان کی ہے۔

بابٌ

ذمی کی دیت: مسلمان کی دیت ہے

ذمی کی دیت کتنی ہے؟ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مسلمان اور ذمی کی دیت ایک ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ

کے نزدیک نصف ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عیسائی اور یہودی کی دیت چار ہزار درہم ہیں، اور دیگر غیر مسلموں کی آٹھ سو درہم۔

باب کی حدیث حنفیہ کی دلیل ہے، قبیلہ بنی عامر کے دو آدمیوں نے مدینہ منورہ آکر نبی ﷺ سے عہد و پیمان کیا، واپسی میں ان کو ایک سریہ ملا جس میں عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ عنہ وغیرہ تھے، انھوں نے ان کو قتل کر دیا وہ نہیں جانتے تھے کہ انھوں نے نبی ﷺ سے عہد و پیمان کیا ہے، جب نبی ﷺ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے ان کے ورثاء کے پاس اتنی ہی دیت بھیجی جتنی مسلمان کی دیت ہوتی ہے۔

اور دوسری دلیل سورۃ النساء آیت ۹۲ ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿وَإِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ فَدِيَةٌ مُسَلَّمَةٌ إِلَى أَهْلِهِ﴾ یعنی جس قوم کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہے اگر مقتول اس میں سے ہو تو اس کی دیت اس کے خاندان کے سپرد کی جائے، اس آیت میں دیت کا لفظ مطلق ہے پس مسلمان کی دیت اور ذمی کی دیت ایک ہے۔

دیگر ائمہ کے دلائل دوسری کتابوں میں ہیں اور امام اعظم رحمہ اللہ نے اس مسئلہ میں اور گذشتہ مسئلہ میں کہ مسلمان کو ذمی کے قصاص میں قتل کیا جائے گا: یہ روایتیں اس لئے اختیار کی ہیں کہ انتظام مملکت سے ہم آہنگ یہی روایتیں ہیں، جب اسلامی حکومت نے ان کی جان، مال اور آبرو کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے، اور اس کا ان سے بدل بھی لیا جاتا ہے تو ضروری ہے کہ ایسا انتظام کیا جائے کہ کوئی مسلمان ان کی جان کے درپے نہ ہو، اگر مسلمان سے قصاص نہیں لیا جائے گا تو کوئی بھی مسلمان ذمی کو قتل کر دے گا، اور دیت بھی معمولی دے کر چھوٹ جائے گا، یہ بات حفاظتی نقطۂ نظر کے خلاف ہے، اس لئے امام صاحب نے ہر اعتبار سے ذمی کو مسلمان کے مساوی قرار دیا ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے جو حکمت بیان کی ہے کہ دونوں میں قصاص و دیت میں تفاوت کرنے سے اسلام کی شان بلند ہوتی ہے، یہ بات صحیح ہے، مگر حسن اخلاق اور ایفائے عہد سے بھی یہ بات حاصل ہوتی ہے۔

(رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۲۴۳)

[۱۲-] بابٌ

[۱۳۸۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ آدمَ، عَنْ أَبِىْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِىْ سَعْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَدَى الْعَامِرِيَّيْنِ بِدِيَةِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَكَانَ لَهُمَا عَهْدٌ مِنْ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ سَعْدٍ الْبَقَّالُ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بنُ الْمَرْزُبَانِ.

وضاحت: ابوسعد سعید بن المرزبان ضعیف اور مدلس راوی ہے اس لئے غریب بمعنی ضعیف بھی ہے۔

بابُ ماجاء فی حُکْمِ وَلِیِّ الْقَتِیْلِ فِی الْقِصَاصِ وَالْعَفْوِ

قاتل کے ورثاء کو قصاص لینے کا اور معاف کرنے کا اختیار

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کے ہاتھوں مکہ فتح کرایا تو آپؐ لوگوں کے درمیان کھڑے ہوئے، پس اللہ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا: ''جس کا کوئی آدمی قتل کیا گیا اس کو دو مفید باتوں میں اختیار ہے یا تو قاتل کو معاف کردے (اور دیت لے، آئندہ حدیث میں اس کی صراحت ہے) یا اس کو قصاصاً قتل کرے'' (معاف کرے گا تو آخرت میں ثواب کا مستحق ہوگا اور قصاص لے گا تو دل ٹھنڈا ہوگا اور آئندہ قتل کا سلسلہ بند ہوگا۔ غرض یہ دنیا کے اعتبار سے مفید ہے اور وہ آخرت کے اعتبار سے مفید ہے)

حدیث (۲): ابوشریح عدویؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک مکہ مکرمہ کو اللہ تعالیٰ نے محترم قرار دیا ہے اس کو کسی آدمی نے محترم قرار نہیں دیا، پس کسی ایسے شخص کے لئے جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر یقین رکھتا ہو: جائز نہیں کہ وہ حرم میں خون بہائے یا حرم کے کسی درخت کو کاٹے، پس اگر کوئی نبی ﷺ کے حرم میں قتال کرنے سے جواز پر استدلال کرے (فتح مکہ کے دن نبی ﷺ مکہ کے بالائی حصہ سے داخل ہوئے تھے وہاں جنگ کی نوبت نہیں آئی تھی اور حضرت خالد بن ولیدؓ زیریں حصہ سے داخل ہوئے تھے وہاں کچھ لوگوں نے مزاحمت کی تھی ان میں سے کچھ لوگ مارے گئے تھے) پس تم اس سے کہو: بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اس کی اجازت دی تھی اور تجھے اجازت نہیں دی، اور میرے لئے بھی حرم میں قتال کی اجازت دن کے ایک خاص حصہ میں تھی (نبی ﷺ کے لئے طلوع شمس سے عصر تک قتال کی اجازت تھی ساعۃ سے یہی وقت مراد ہے) پھر قیامت تک کے لئے قتال حرام کردیا گیا (یہاں تک حدیث کتاب الحج کے شروع میں گذر چکی ہے) بیشک تم نے اے خزاعہ! ہُذیل کے ایک آدمی کو قتل کیا ہے، آج میں اس کی دیت دیتا ہوں، لیکن آج کے بعد جس کا بھی کوئی آدمی قتل کیا جائے گا تو مقتول کے ورثاء کو دو مفید باتوں میں اختیار ہوگا یا تو قاتل کو قصاصاً قتل کریں یا دیت لیں''

تشریح: قبیلہ ہُذیل اور خزاعہ کے درمیان عرصہ سے قتل اور جواب قتل کا سلسلہ جاری تھا اور فتح مکہ سے کچھ پہلے خزاعہ نے ہذیل کے ایک آدمی کو قتل کیا تھا، حضور اقدس ﷺ نے خیال فرمایا کہ اگر بدلہ لینے کا یہ سلسلہ اسی طرح چلتا رہا تو کبھی ختم نہ ہوگا۔ اس لئے آنحضور ﷺ نے خزاعہ کی طرف سے دیت ادا کی اور اعلان کیا کہ آئندہ اگر کوئی کسی کو قتل کرے گا تو مقتول کے ورثاء کو قصاص لینے کا حق ہوگا، البتہ وہ قصاص کی جگہ دیت بھی لے سکتا ہے اور معاف بھی کرسکتا ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں ایک آدمی کو قتل کیا

گیا، آپؐ نے قاتل کو مقتول کے حوالے کردیا، قاتل نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! قسم بخدا! میں نے اس کو ضرور مارڈالا ہے مگر میرا ارادہ جان سے مارنے کا نہیں تھا، پس نبی ﷺ نے مقتول کے وارث سے فرمایا: ''سن! اگر یہ سچ کہتا ہے کہ اس کا جان سے مارنے کا ارادہ نہیں تھا پھر بھی تو نے اس کو قتل کیا تو تو جہنم میں جائے گا'' اس شخص نے فوراً قاتل کو چھوڑ دیا، اس کے ہاتھ چمڑے کی رسّی سے پیچھے بندھے ہوئے تھے راوی کہتا ہے: وہ اپنا تسمہ گھسیٹتا ہوا بھاگ کھڑا ہوا (غیر متوقع طور پر جان بچ گئی تو وہ خوشی میں وارفتہ ہوگیا) چنانچہ وہ بعد میں ''تسمہ والا'' کہلاتا تھا۔

[١٣-] باب ماجاء فی حُكْمِ وَلِيِّ القتيلِ فی القصاصِ والعَفْوِ

[١٣٩٠-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، وَيَحْيىَ بنُ مُوْسَى، قَالاَ: ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ أَبِىْ كَثِيْرٍ، قَالَ حَدَّثَنِىْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهِ مَكَّةَ قَامَ فِى النَّاسِ، فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:'' وَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ: إِمَّا أَنْ يَعْفُوَ، وَإِمَّا أَنْ يَقْتُلَ''

وفى الباب: عَنْ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، وَأَنَسٍ، وَأَبِىْ شُرَيْحٍ خُوَيْلِدِ بنِ عَمْرٍو.

[١٣٩١-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا ابنُ أَبِىْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بنُ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىُّ، عَنْ أَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِىِّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ مَكَّةَ وَلَمْ يُحَرِّمْهَا النَّاسُ، مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يَسْفِكَنَّ فِيْهَا دَمًا، وَلاَ يَعْضِدَنَّ فِيْهَا شَجَرًا، فَإِنْ تَرَخَّصَ مُتَرَخِّصٌ، فَقَالَ:أُحِلَّتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَإِنَّ اللّٰهَ أَحَلَّهَا لِىْ، وَلَمْ يُحِلَّهَا لِلنَّاسِ، وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِىْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، ثُمَّ هِىَ حَرَامٌ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ إِنَّكُمْ مَعْشَرَ خُزَاعَةَ! قَتَلْتُمْ هٰذَا الرَّجُلَ مِنْ هُذَيْلٍ، وَإِنِّىْ عَاقِلُهُ، فَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَأَهْلُهُ بَيْنَ خِيرَتَيْنِ: إِمَّا أَنْ يَقْتُلُوْا، أَوْ يَأْخُذُوْا الْعَقْلَ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَحديثُ أَبِىْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ شَيْبَانُ أَيْضًا عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِى كَثِيْرٍ مِثْلَ هٰذَا، وَرُوِىَ عَنْ أَبِىْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِىِّ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' مَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيْلٌ فَلَهُ أَنْ يَقْتُلَ أَوْ يَعْفُوَ وَيَأْخُذَ الدِّيَةَ'' وَذَهَبَ إِلٰى هٰذَا بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

[١٣٩٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قُتِلَ رَجُلٌ فِىْ عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَدُفِعَ الْقَاتِلُ إِلٰى وَلِيِّهِ، فَقَالَ الْقَاتِلُ: يارسولَ

اللهِ! مَا أَرَدْتُ قَتْلَهُ، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' أَمَا إِنَّهُ إِنْ كَانَ صَادِقًا فَقَتَلْتَهُ دَخَلْتَ النَّارَ'' فَخَلَّاهُ الرَّجُلُ، وَكَانَ مَكْتُوْفًا بِنِسْعَةٍ، قَالَ: فَخَرَجَ يَجُرُّ نِسْعَتَهُ، فَكَانَ يُسَمَّى ذَا النِّسْعَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: ابوشریح کعبی اور ابوشریح خزاعی ایک ہیں اور ابوشریح خزاعی کی یہ روایت ابوداؤد اور دارمی میں بھی ہے، مگر اس میں أو یأخذ الدیة ہے یعنی واو کی جگہ أو ہے یعنی وارث کو تین باتوں میں اختیار ہوگا، قصاص لے یا درگذر کرے یا دیت لے۔

بابُ ماجاء في النَّهْيِ عَنِ الْمُثْلَةِ

لاش بگاڑنے کی ممانعت

جہاد میں دشمن کو قتل کرنا تو ناگزیر ہے لیکن اس کی لاش بگاڑنے کی اجازت نہیں، اور جب جہاد میں دشمن کی لاش بگاڑنے کی اجازت نہیں تو قصاص میں قاتل کی لاش بگاڑنے کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے؟ پس جو ائمہ قصاص میں مماثلت کے قائل ہیں وہ غور فرمائیں کہ ان کی رائے کہاں تک صحیح ہے؟! مثلاً: ایک شخص نے مقتول کے پہلے ہاتھ، پاؤں، ناک اور کان کاٹے پھر آنکھیں پھوڑیں، پھر گردن کاٹی تو اگر قاتل سے اسی طرح قصاص لیا جائے گا تو یہ اس کی لاش بگاڑنا ہوا اور مثلہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے، اسی بنا پر حنفیہ قصاص میں مماثلت کے قائل نہیں، کیونکہ قصاص کا مقصد قاتل کو دنیا سے چلتا کرنا ہے اور یہ مقصد گردن زدنی سے حاصل ہوجاتا ہے، پس قاتل نے مقتول کے ساتھ جو غلط کام کیا ہے اس کا وہ ذمہ دار ہے، ہم وہ کام نہیں کریں گے، نیز حدیث میں ہے: لاقَوَدَ إلا بالسیف یعنی قصاص صرف تلوار سے لیا جائے گا، یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے، حنفیہ نے اسی کو اختیار کیا ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو لشکر کا امیر مقرر فرماتے تھے تو اس کو اللہ سے ڈرنے کی اور ماتحت مسلمانوں کے ساتھ حسن سلوک کی خاص طور پر تاکید فرماتے تھے، پھر عام نصیحت فرماتے تھے کہ اللہ کے نام پر اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرو، کافروں سے لڑو، جہاد کرو اور مالِ غنیمت میں خیانت نہ کرو، اور وعدہ خلافی نہ کرو اور کسی لاش کو نہ بگاڑو اور کسی بچے کو قتل نہ کرو۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: '' بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں نکوکاری (عمدہ کرنے) کو فرض کیا ہے، پس جب تم (جہاد میں دشمنوں کو) قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو، یعنی قتل کرکے چھوڑ دو، لاش نہ بگاڑو (اسی مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائی گئی ہے) اور جب تم جانور ذبح کرو تو اچھی طرح ذبح کرو، اور تمہیں چاہئے کہ اپنی چھری تیز کرلو اور ذبیحہ کو آرام پہنچاؤ (اگر چھری تیز ہوگی تو ہاتھ رکھتے ہی گردن کٹ جائے گی اور جانور بے ہوش ہوجائے

گا، پھر اس کو تکلیف کا احساس نہیں رہے گا اور اگر چھری کُٹھل ہوگی تو جب تک شاہ رگیں نہیں کٹیں گی ذبیحہ کو تکلیف ہوتی رہے گی اس لئے تیز چھری سے ذبح کرنا چاہئے یہ اچھی طرح ذبح کرنا ہے)

فائدہ: بعض لوگ جانور کو گولی مارتے ہیں یا بجلی کا شاک دیتے ہیں، پھر جب جانور بیہوش ہوجاتا ہے تو ذبح کرتے ہیں ان کا خیال یہ ہے کہ اس طرح کرنے سے جانور کو ذبح کی تکلیف نہیں ہوتی، مگر ان کا یہ خیال غلط ہے، ذبح کی تکلیف تو بیشک نہیں ہوتی مگر گولی لگنے کی اور بجلی کے شاک کی تکلیف تو ہوتی ہے، اور معروف طریقہ میں جب گلے پر پہلا ہاتھ رکھا جاتا ہے: تکلیف ہوتی ہے پھر جانور بے ہوش ہوجاتا ہے اور اس کو تکلیف کا احساس نہیں رہتا اور معروف طریقہ کا فائدہ یہ ہے کہ جب جانور ہوش کی حالت میں ذبح ہوتا ہے تو دم مسفوح سارا نکل جاتا ہے اور بے ہوش کرکے ذبح کرنے سے پورا خون نہیں نکلتا، جبکہ ذبح کا مقصد خون نکالنا ہے، اس لئے مشینی ذبح اسلامی اصول کے خلاف ہے اور ذبیحہ کو حتی الامکان تکلیف سے بچانے کے لئے چھری تیز کرنا کافی ہے، اس صورت میں ہاتھ رکھتے ہیں گردن کٹ جائے گی اور جانور کو زیادہ تکلیف نہ ہوگی۔ حدیث میں مُجثَّمَة (تیروں کا نشانہ بنائے ہوئے جانور) کے کھانے کی ممانعت آئی ہے، الکوکب الدری (۳:۱۱) میں اس ممانعت کی وجہ یہ بھی لکھی ہے: ولأنها تصير بذلك أقرب إلى الموت، فلا تفعلُ فيها الذكاةُ كاملَ فعلِها یعنی تیر کھاتے کھاتے وہ موت کے قریب پہنچ جائے گا، پس ذبح اس میں پورا اثر نہیں کرے گا، مشینی ذبح کی بھی بالکل یہی صورت ہوتی ہے، گھن لگنے سے یا بجلی کا شاک لگنے سے جانور اَدھ مرا ہوجاتا ہے، پھر ذبح کیا جاتا ہے اس لئے ذبح اس میں اچھی طرح مؤثر نہیں ہوسکتا، اس لئے نہ ذبح کا یہ طریقہ اختیار کرنا چاہئے، نہ ایسا ذبیحہ کھانا چاہئے، اگرچہ وہ حلال ہے، واللہ الموفق!

[١٤-] باب ماجاء فى النهى عن المُثْلَةِ

[١٣٩٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا بَعَثَ أَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ أَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّةِ نَفْسِهِ: بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا، فَقَالَ:" اغْزُوْا بِسْمِ اللهِ، وَفِي سَبِيْلِ اللهِ، قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، اغْزُوْا وَلاَ تَغُلُّوْا، وَلاَ تَغْدِرُوْا وَلاَ تُمَثِّلُوْا، وَلاَ تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا" وفى الحديثِ قِصَّةٌ.

وفى الباب: عَن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَشَدَّادِ بنِ أَوْسٍ، وَسَمُرَةَ، وَالْمُغِيْرَةِ، وَيَعْلَى بنِ مُرَّةَ، وأَبِىْ أَيُّوْبَ، حديثُ بُرَيْدَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَكَرِهَ أَهْلُ الْعِلْمِ الْمُثْلَةَ.

[١٣٩٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِى الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ،

عَنْ شَدَّادِ بنِ أَوْسٍ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الإِحْسَانَ علٰى كُلِّ شَيْءٍ، فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ، وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذِّبْحَةَ، وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ، وَلْيُرِحْ ذِبِيْحَتَهُ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ الأَشْعَثِ: اسْمُهُ شُرَحْبِيْلُ بنُ آدَةَ.

وضاحت: مَن معه کا عطف تقوی پر ہے أی بمن معه اور حدیث میں قصہ یعنی زائد مضمون مسلم شریف (حدیث ۱۷۳۱ کتاب الجہاد) میں ہے ـــــــ إن الله کتب الإحسان علی کل شیئ: قاعدہ کلیہ ہے اور اس کے بعد اس کی دو مثالیں ہیں: ایک: دشمن کو قتل کرو تو عمدہ طریقہ پر قتل کرو یعنی لاش نہ بگاڑو، دوسری: جانور کو ذبح کرو تو بہتر طریقہ پر ذبح کرو، پھر بہتر طریقہ پر ذبح کرنے کا طریقہ اور اس کا فائدہ ذکر کیا ہے۔

بابُ ماجاء فی دِيَةِ الْجَنِيْنِ

پیٹ کے بچہ کی دیت

حدیث (۱): حضرت شعبہؓ سے مروی ہے کہ دو سوکنیں ایک شخص کے نکاح میں تھیں ان میں سے ایک نے دوسری کو پتھر یا خیمہ کا ڈنڈا مارا جس سے اس کے پیٹ کا بچہ گر گیا، پس رسول اللہ ﷺ نے جنین میں غُرَّۃ (بُردہ) کا فیصلہ فرمایا یعنی غلام یا باندی کا فیصلہ فرمایا اور اس کو ڈنڈا مارنے والی عورت کے عاقلہ پر لازم کیا۔

تشریح: جنین (پیٹ کے بچہ) میں دو جہتیں ہیں: ایک: اس کے مستقل جان ہونے کی جہت ہے، اس لحاظ سے جان کے بدلے میں جان ہونی چاہئے۔ دوم: اس کے ماں کا جز اور عضو ہونے کی جہت ہے، کیونکہ ابھی وہ ماں کے تابع ہے مستقل نہیں ہے، اس لحاظ سے جنین کو جروح (زخموں) کے بمنزلہ قرار دینا چاہئے۔ نبی ﷺ نے دونوں جہتوں کا لحاظ کر کے بردہ واجب کیا جو جان بھی ہے اور مال بھی۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنین میں غرہ: غلام یا باندی کا فیصلہ فرمایا، پس جس کے خلاف فیصلہ ہوا تھا اس نے عرض کیا: کیا ہم اس کی دیت دیں جس نے نہ پیا نہ کھایا، نہ چیخا نہ رویا، اس جیسا (خون) تو رائگاں جانا چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ آدمی شاعری کرتا ہے یعنی قافیہ بندی کرتا ہے کیوں نہیں! اس میں ایک غرہ: غلام یا باندی ہے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی دية الجنين

[۱۳۹۵-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدِ بنِ نَضْلَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ: أَنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا ضَرَّتَيْنِ فَرَمَتْ إِحْدَاهُمَا

الأُخْرَى بَحَجَرٍ أَوْ عَمُوْدِ فُسْطَاطٍ، فَأَلْقَتْ جَنِيْنَهَا، فَقَضَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْجَنِيْنِ غُرَّةً: عَبْدًا أَوْ أَمَةً، وَجعلَهُ علٰى عَصبَةِ الْمَرْأَةِ.

قَالَ الْحَسَنُ: وَحَدَّثَنا زَيْدُ بنُ الْحُبَابِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۳۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَضَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْجَنِيْنِ بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ، فَقَالَ الَّذِيْ قُضِي عَلَيْهِ: أَنُعْطِي مَنْ لاَ شَرِبَ وَلاَ أَكَلَ، وَلاَ صَاحَ فَاسْتَهَلَّ، فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ هٰذَا لَيَقُوْلُ بِقَوْلِ الشَّاعِرِ، بَلٰى فِيْهِ غُرَّةٌ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ"

وفي الباب: عَنْ حَمْلِ بنِ مَالِكِ بنِ النَّابِغَةِ، حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: الْغُرَّةُ: عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ، أَوْ خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: أَوْ فَرَسٌ أَوْ بَغَلٌ.

وضاحت: اگر غلام باندی نہ ہوں تو جنین میں پوری دیت کا بیسواں حصہ یعنی پانچ سو درہم واجب ہونگے اور بعض علماء فرماتے ہیں: غرہ کی جگہ گھوڑا یا خچر دیدے۔ اور باب میں روایت حضرت حمل کی ہے، ہمارے نسخوں میں حمید تصحیف ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

بابُ ماجاء لاَ يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

کافر کے بدلہ میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا

باب ۱۱ میں یہ مسئلہ گذر چکا ہے کہ مستأمن، معاہد اور حربی کے بدلے میں بالاجماع کسی مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا اور ذمی کے بارے میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک اس کے بدلے میں مسلمان کو قتل کیا جائے گا، اور ائمہ ثلاثہ انکار کرتے ہیں، ان کی دلیل یہ حدیث ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی کافر کے بدلہ میں کسی مسلمان کو قتل نہ کیا جائے'' وہ فرماتے ہیں: کافر عام ہے، سب قسموں کو شامل ہے۔ اور حنفیہ کہتے ہیں: یہ حدیث زمانۂ جاہلیت کے خونوں کے بارے میں ہے یعنی اگر کسی نے کفر کے زمانہ میں کسی کافر کو قتل کیا ہے، پھر وہ مسلمان ہوگیا اور مقتول کے ورثاء بھی مسلمان ہوگئے تو اب اگر وہ قصاص کا مطالبہ کریں تو اس کافر کے بدلے میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ذمی کے بدلے میں ایک مسلمان کو قتل

کیا ہے، یہ روایت سنن بیہقی کے حاشیہ میں ابن الترکمانی نے ذکر کی ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت میں ایک واقعہ میں ذمی کے بدلے میں مسلمان کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا، مگر بعد میں دیت پر مصالحت ہوگئی تھی، یہ روایت نصب الرایہ میں ہے۔ غرض ان روایات کی وجہ سے باب کی روایت کی تخصیص ضروری ہے۔

علاوہ ازیں: ذمی کا مسلمان سے قصاص نہ لینا ملکی انتظام کے خلاف ہے، ایسی صورت میں کوئی غیر مسلم اسلامی ملک میں رہنا پسند نہیں کرے گا وہ خود کو دوسرے درجہ کا شہری سمجھے گا اور ہر وقت اس کو دھڑکا لگا رہے گا کہ کوئی مسلمان اسے قتل کردے گا، پس ملکی مصلحت کا تقاضہ وہی ہے جو امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

حدیث (۱): أبو جُحیفه کہتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ حضرات (آل رسول) کے پاس کوئی سفید میں سیاہ ہے؟ سفید سے مراد کاغذ ہے اور سیاہ سے مراد سیاہی ہے یعنی آپ حضرات کے پاس کوئی ایسی تحریر ہے جس میں وہ باتیں ہوں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں (یہ سوال اس لئے کیا گیا تھا کہ شیعوں اور رافضیوں نے پروپیگنڈہ کر رکھا تھا کہ آنحضور ﷺ نے اہل بیت کو کچھ خاص باتیں لکھوائی ہیں جو اوروں کو نہیں بتائیں) حضرت علیؓ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے دانے کو پھاڑا (جب زمین میں دانہ ڈالتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کو پھاڑتے ہیں اور اس میں سے پودا نکلتا ہے) اور جس نے روح کو پیدا کیا میرے علم میں ایسی کوئی تحریر نہیں، سوائے اس فہم کے جو اللہ تعالیٰ کسی کو قرآن میں عطا فرماتے ہیں (یہ سوال مقدر کا جواب ہے، سوال یہ ہے کہ جب آپ کے پاس کوئی خاص تحریر نہیں ہے تو آپؓ تقریر، سبق اور مجلس میں جو نہایت قیمتی باتیں بیان فرماتے ہیں وہ کہاں سے لاتے ہیں؟ اس کا جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو الگ فہم عطا فرمایا ہے، مجھے بھی اللہ نے خاص فہم دیا ہے، میں جب قرآن میں تدبر کرتا ہوں تو یہ لطائف اور نکتے منکشف ہوتے ہیں، اس لئے میری باتیں انوکھی ہوتی ہیں، پھر آپ نے ایک استثناء کیا) ہاں وہ تحریر جو اس صحیفہ میں ہے وہ میرے پاس خاص چیز ہے، میں نے پوچھا: اس صحیفہ میں کیا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: اس میں دیت کے احکام ہیں اور قیدی کو چھڑانے کے احکام ہیں اور یہ حکم ہے کہ کسی کافر کے بدلے میں کسی مسلمان کو قتل نہ کیا جائے (جب حضرت علیؓ یمن گئے تھے تو حضور اقدس ﷺ نے ان کو زکوٰۃ کا نصاب لکھ کر دیا تھا وہ تحریر اور حضرات کے پاس بھی تھی لیکن حضرت علیؓ کے پاس جو تحریر تھی اس میں زکوٰۃ کے علاوہ کچھ اور احکام بھی تھے جو صرف حضرت علیؓ کے پاس تھے، راوی نے صرف انہی کو بیان کیا ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی مسلمان کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہ کیا جائے'' اور اسی سند سے یہ بھی مروی ہے کہ: ''کافر کی دیت مسلمان کی دیت کی آدھی ہے'' —— یہ مسئلہ باب ۱۲ میں گذر چکا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ذمی اور مسلمان کی دیت ایک ہے، اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک ذمی کی دیت مسلمان کی دیت کا نصف ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عیسائی اور یہودی کی دیت چار ہزار درہم

(ثلث دیت) اور دوسرے کافروں کی دیت آٹھ سو درہم ہے (امام ترمذیؒ نے امام مالک کو امام شافعیؒ کے ساتھ رکھا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ وہ امام احمدؒ کے ساتھ ہیں)

[۱۶-] باب ماجاء لايُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

[۱۳۹۷-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثَنَا مُطَرِّفٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، ثَنَا أَبُوْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَلِيٍّ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ هَلْ عِنْدَكُم سَوْدَاءُ فِيْ بَيْضَاءَ لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَأَ النَّسَمَةَ! مَا عَلِمْتُهُ، إِلَّا فَهْمًا يُعْطِيْهِ اللّٰهُ رَجُلاً فِيْ الْقُرْآنِ، وَمَا فِي الصَّحِيْفَةِ، قَالَ: قُلْتُ: وَمَا فِيْ الصَّحِيْفَةِ؟ قَالَ: فِيْهَا الْعَقْلُ، وَفِكَاكُ الأَسِيْرِ، وَأَنْ لَا يُقْتَلَ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ.

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَحديثُ عَلِيٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ قَالُوْا: لَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: يُقْتَلُ الْمُسْلِمُ بِالْمُعَاهِدِ، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

[۱۳۹۸-] حدثنا عِيسَى بنُ أَحْمَدَ، ثَنَا ابنُ وَهْبٍ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”لَا يُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ“ وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ”دِيَةُ عَقْلِ الْكَافِرِ نِصْفُ عَقْلِ الْمُؤْمِنِ“

حديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو فِيْ هٰذَا الْبَابِ حديثٌ حسنٌ، وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ دِيَةِ الْيَهُوْدِيِّ، وَالنَّصْرَانِيِّ: فَذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى مَا رُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ عُمَرُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ نَصْفُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ، وَبِهٰذَا يَقُوْلُ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ، وَرُوِيَ عَنْ عمرَ بنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ أَرْبَعَةُ آلَافٍ، وَدِيَةُ الْمَجُوْسِيِّ ثَمَانُ مِائَةٍ، وَبِهٰذَا يَقُوْلُ مَالِكٌ، وَالشَّافِعِيُّ، وَإِسْحَاقُ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ مِثْلُ دِيَةِ الْمُسْلِمِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: علماء کا یہودی اور نصرانی کی دیت کے بارے میں اختلاف ہے، بعض اہل علم اس طرف گئے ہیں جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے اور عمر بن عبد العزیز نے فرمایا: یہودی اور نصرانی کی دیت مسلمان کی دیت سے آدھی ہے اور اسی کے امام احمد قائل ہیں اور حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: یہودی اور نصرانی کی دیت چار ہزار اور مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم ہے، اور اس کے مالک، شافعی اور اسحاق قائل ہیں۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں:

یہودی اور نصرانی کی دیت مسلمان کی دیت ہے اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یَقْتُلُ عَبْدَہُ

اپنے غلام کو قتل کرنے والے کا حکم

تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنے غلام کو قتل کرے تو آقا کو قصاص میں قتل نہیں کیا جائے گا کیونکہ ملکیت سے شبہ پیدا ہوتا ہے اور شبہ سے حد اٹھ جاتی ہے، البتہ انتظامی نقطۂ نظر سے جو سزا مناسب ہو وہ دی جاسکتی ہے حتی کہ قتل بھی کر سکتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے غلام کو قتل کرے ہم اس کو قتل کریں گے اور جو اپنے غلام کے ناک، کان کاٹے ہم اس کے ناک کان کاٹیں گے۔

تشریح: یہ ارشاد باب سیاست وتعزیر سے ہے یعنی آقا سے نہ نفس میں قصاص لیا جائے گا، نہ مادون النفس میں، مگر تعزیراً اس کو قتل کر سکتے ہیں، اور ناک کان کاٹ سکتے ہیں۔

فائدہ: اگر کوئی شخص غیر کے غلام کو قتل کرے تو کیا حکم ہے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اس صورت میں بھی آزاد کو قصاصاً قتل نہیں کیا جائے گا، ان کا استدلال ﴿اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ﴾ کے مفہوم مخالف سے ہے یعنی آزاد کو آزاد کے بدلے میں قتل کیا جائے گا غلام کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا۔ اور حنفیہ کے نزدیک مفہوم مخالف معتبر نہیں، پس غیر کے غلام کے بدلے میں آزاد کو قتل کیا جائے گا۔

[۱۷-] باب ماجاء فی الرجل یقتل عبده

[۱۳۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قَتَلَ عَبْدَهُ قَتَلْنَاهُ، وَمَنْ جَدَعَ عَبْدَهُ جَدَعْنَاهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ التَّابِعِيْنَ، مِنْهُمْ إِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ، إِلٰى هٰذَا؛ وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ، وَعَطَاءُ بْنُ أَبِيْ رَبَاحٍ: لَيْسَ بَيْنَ الْحُرِّ وَالْعَبْدِ قِصَاصٌ فِي النَّفْسِ وَلاَ فِيْ مَادُوْنَ النَّفْسِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا قَتَلَ عَبْدَهُ لاَ يُقْتَلُ بِهِ، وَإِذَا قَتَلَ عَبْدَ غَيْرِهِ قُتِلَ بِهِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ.

وضاحت: ابراہیم نخعیؒ کے نزدیک اپنے غلام کا بھی قصاص مولیٰ سے لیا جائے گا، نفس کا بھی اور مادون النفس کا بھی، انھوں نے یہ حدیث اسی پر محمول کی ہے اور جمہور کے نزدیک مطلقاً قصاص نہیں اور حنفیہ کے نزدیک اپنے غلام

میں قصاص نہیں، غیر کے غلام میں ہے، ان حضرات نے یہ حدیث سیاست پر محمول کی ہے۔

بابُ ماجاء فِي الْمَرْأَةِ تَرِثُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

شوہر کی دیت سے عورت کو میراث ملے گی

مقتول کی دیت سے عورت کو میراث ملے گی یا نہیں؟ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ نہ ملے کیونکہ شوہر کے مرنے کے بعد دیت ثابت ہوتی ہے اور موت سے نکاح ختم ہوجاتا ہے، پس نکاح ختم ہونے کے بعد دیت کا مال ملا ہے، اس لئے عورت کو میراث نہیں ملنی چاہئے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی فتوی دیا تھا، لیکن اس میں دوسری جہت یہ ہے کہ عورت جب تک عدت میں رہتی ہے فی الجملہ نکاح باقی رہتا ہے، پس گویا دیت نکاح کے اندر ہی واجب ہوئی، اس لئے عورت کو میراث ملنی چاہئے، علاوہ ازیں دیت قُبیل الموت واجب ہوتی ہے، پس عورت وارث ہوگی اور اس کو بھی دیگر ورثاء کی طرح دیت میں سے حصہ ملے گا۔ اس سلسلہ میں مرفوع حدیث موجود ہے، اَشیم الضبابیؓ کا خطأً قتل ہوا تھا، نبی ﷺ نے خط لکھ کر اہل قبیلہ کو حکم دیا کہ مقتول کی بیوی کو بھی دیت میں سے حصہ دیا جائے، جب ضحاک بن سفیانؓ نے حضرت عمرؓ سے یہ حدیث بیان کی تو انھوں نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔

[۱۸-] باب ماجاء فى المرْأة تَرِثُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

[۱۴۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَأَبُوْ عَمَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا: ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ: الدِّيَةُ عَلَى الْعَاقِلَةِ، وَلاَ تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا، حَتَّى أَخْبَرَهُ الضَّحَّاكُ بنُ سُفْيَانَ الْكِلاَبِيُّ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَتَبَ إِلَيْهِ: "أَنْ وَرِّثِ امْرَأَةَ أَشْيَمَ الضَّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ دیت عاقلہ پر ہے اور عورت کو اس کے شوہر کی دیت میں سے بطور میراث کچھ نہیں ملے گا، یہاں تک کہ سفیان بن الضحاک کلابیؓ نے ان کو اطلاع دی کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو یہ خط لکھا تھا کہ اشیم ضبابی کی بیوی کو اس کے شوہر کی دیت میں سے میراث دیں۔

بابُ ماجاء فى الْقِصَاصِ

دفاع میں قتل کیا یا زخمی کیا تو قصاص نہیں

یہ باب غیر واضح ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ کیا بیان کرنا چاہتے ہیں: واضح نہیں، پہلے حدیث پڑھیں:

حدیث: ایک شخص نے دوسرے کے ہاتھ کو منہ سے کاٹا اس نے ہاتھ چھڑانے کے لئے جھٹکا دیا جس سے کاٹنے والے کے سامنے کے دو دانت ٹوٹ گئے، پس وہ اپنا مقدمہ خدمت اقدس میں لے گیا (اور جس کے دانت ٹوٹے تھے اس نے قصاص کا مطالبہ کیا) نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم میں سے ایک اپنے بھائی کو کاٹتا ہے نر اونٹ کے کاٹنے کی طرح[1] تیرے لئے کوئی دیت نہیں''، یعنی اس نے اپنا دفاع کیا ہے اور دفاع کرنے والے پر کوئی ضمان نہیں، نہ قصاص نہ دیت۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی حملہ آور کو قتل کردے یا زخمی کردے تو دفاع کرنے والے پر کوئی ضمان نہیں، پھر اس حدیث میں یہ بھی ہے کہ اس واقعہ میں آیتِ پاک: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاص﴾ نازل ہوئی، یہ حدیث امام ابوداؤد کے علاوہ سبھی نے روایت کی ہے[2] مگر یہ آخری ٹکڑا ترمذی کے علاوہ کسی کتاب میں نہیں، اور یہ بے جوڑ بھی ہے، کیونکہ آیت میں زخموں میں قصاص کا ثبوت ہے اور حدیث میں نفی ہے، البتہ اگر یہ کہا جائے کہ زخموں میں قصاص اس وقت ہے جبکہ زخم بطور تعدی ہو، اگر بطور دفاع ہو تو کوئی قصاص نہیں: تو بات بن سکتی ہے۔

[۱۹-] باب ماجاء فی القصاص

[۱۴۰۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بنَ أَوْفٰى، يُحَدِّثُ عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلاً عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَنزَعَ يَدَهُ فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَاخْتَصَمَا إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''يَعَضُّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ! لَادِيَةَ لَكَ'' فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ﴾

وفى الباب: عَنْ يَعْلَى بنِ أُمَيَّةَ، وَسَلْمَةَ بنِ أُمَيَّةَ، وَهُمَا أَخَوَانِ، وَحديثُ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى الحَبْسِ وَالتُّهْمَةِ

حوالات اور تہمت کی سزا

اسلام میں جیل کی سزا نہیں، جرائم کی سزائیں ہاتھ کے ہاتھ چکا دی جاتی ہیں، البتہ حوالات (حراست) ہے یعنی کسی پر کوئی الزام ہو اور ابھی تحقیق جاری ہو تو دورانِ تحقیق حراست میں رکھا جاتا ہے تاکہ بھاگ نہ جائے۔ نبی ﷺ

(۱) اونٹ عجیب وغریب جانور ہے اس کی بردباری کا عالم یہ ہے کہ ایک بچہ بھی اس کی نکیل پکڑ کر جہاں چاہے لے جاسکتا ہے ذرا ہچر مچر نہیں کرتا، لیکن کینہ پرور بھی اتنا ہی ہے، اگر کسی کا دشمن ہوجائے تو اس کی کھوپڑی پکڑ کر اکھاڑ لیتا ہے، اس لئے نبی ﷺ نے اس کی مثال دی ہے۔ (۲) بخاری حدیث ۶۸۹۲ کتاب الدیات، باب ۱۸ مسلم شریف حدیث ۱۶۷۳

کے عہد مبارک میں ایک شخص پر تہمت تھی تو آپؐ نے اس کو روک لیا اور ستون وغیرہ سے باندھ دیا پھر تحقیق میں وہ بے قصور ثابت ہوا تو چھوڑ دیا۔

[۲۰-] باب ماجاء فی الْحَبْسِ وَالتُّهْمَةِ

[۱۴۰۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ بَهْزِ بنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم حَبَسَ رَجُلاً فِي تُهْمَةٍ ثُمَّ خَلَّى عَنْهُ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ؛ حديثُ بَهْزٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ بَهْزِ بنِ حَكِيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ أَتَمَّ مِنْ هٰذَا وَأَطْوَلَ.

وضاحت: بہز بن حکیم کی سند میں بعض حضرات نے کلام کیا ہے، اس لئے امام ترمذی نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے، اور اسماعیل کی مفصل روایت مسند احمد (۵:۲) میں ہے۔

بابُ ماجاءَ مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ

جو مال کی حفاظت میں مارا جائے: شہید ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے مال کے ورے (ادھر، اس طرف) قتل کیا گیا وہ شہید ہے''

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مالک: مال اور غاصب کے درمیان حائل ہے، اور حفاظت کر رہا ہے، پس اگر وہ مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے تو شہید ہے اور شہید کی تین قسمیں ہیں: یہ حکمی شہید ہے، تفصیل کتاب الجنائز (باب ۶۵) میں ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص حفاظتِ خودی میں مارا جائے، یا اپنے دین کی حفاظت میں لڑتے ہوئے مارا جائے یا اپنی فیملی کی عزت کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے تو یہ سب شہید حکمی ہیں، یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اس سے معلوم ہوا کہ مال کی، ذات کی، دین کی اور اہل وعیال کی حفاظت کرنی چاہئے اور اس کے لئے لڑنا چاہئے، کتے کی موت نہیں مرنا چاہئے، پھر اگر کامیاب ہوا تو بامراد ہوا اور مارا گیا تو شہید ہوا، پس وہ بھی بامراد ہوا۔

[۲۱-] باب ماجاء مَنْ قتل دونَ مَالِهِ فَهُو شهيد

[۱۴۰۳-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، وَحَاتِمُ بنُ سِيَاهٍ الْمَرْوَزِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَر، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرِو بنِ

سَهْلٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدِ بنِ عَمْرِو بنِ نُفَيْلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٤٠٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن الْحَسَنِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بن مُحمدِ بنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَسَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، حديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ لِلرَّجُلِ أَنْ يُقَاتِلَ عَنْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ، وَقَالَ ابنُ الْمُبَارَكِ: يُقَاتِلُ عَنْ مَالِهِ وَلَوْ دِرْهَمَيْنِ.

حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الهَمْدَانِيُّ، حدثنى مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بنُ مُحمدِ بنِ طَلْحَةَ، قَالَ سُفْيَانُ: وَأَثْنَى عَلَيْهِ خَيْراً، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أُرِيْدَ مَالُهُ بِغَيْرِ حَقٍّ فَقَاتَلَ فَقُتِلَ فَهُوَ شَهِيْدٌ" هٰذَاحديثٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ الْحَسَنِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ مُحمدِ بنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[١٤٠٥-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، أَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ بنِ مُحَمَّدِ بنِ عَمَّارِبنِ يَاسِرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دَمِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ دِيْنِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ، وَمَنْ قُتِلَ دُوْنَ أَهْلِهِ فَهُوَ شَهِيْدٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ نَحْوَ هٰذَا، وَيَعْقُوْبُ: هُوَ ابنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَوْفٍ الزُّهْرِيُّ.

عبارت: قال سفیان: حضرت سفیان ثوریؒ نے فرمایا: اور عبداللہ بن الحسن نے ابراہیم بن محمد کی تعریف کی یعنی ان کو ثقہ راوی قرار دیا، قال: ابراہیم کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن عمرو سے سنا۔

وضاحت: حضرت ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص کسی کے دو درہم غصب کرنا چاہے تو ان کو

بچانے کے لئے بھی لڑنا چاہئے، اس لئے کہ جو اپنے دو درہم نہیں بچا سکتا وہ دو لاکھ بھی نہیں بچا سکتا۔ آج کل ایک خوبصورت مگر احمقانہ نظریہ یہ چل پڑا ہے کہ دوکان اور جائداد کا انشورنش کرالیا جائے تاکہ فسادات میں نقصان نہ ہو، پھر جب فساد ہوتا ہے اور تخریب کار آتے ہیں تو مقابلہ کرنے کے بجائے گھر میں گھس کر بیٹھ جاتا ہے اور فسادی صرف دوکان ہی نہیں لوٹتے جلاتے بلکہ دوکاندار کو اور اس کی فیملی کو بھی ختم کر دیتے ہیں تاکہ نہ انشورنش کا مطالبہ کرنے والا کوئی بچے نہ بازار میں مسلمانوں کی دوکانیں رہیں، اور جن لوگوں نے انشورنش نہیں کرایا وہ اپنی دوکانوں کے سامنے سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جاتے ہیں، مارتے ہیں اور مرتے ہیں، پس جان لینا چاہئے کہ جو اپنی دوکان و مال کی حفاظت کرتا ہوا مارا گیا وہ شہید ہے، اور گھر میں چھپ کر بیٹھ جانا بزدلی ہی نہیں غیرت وحمیت کے بھی خلاف ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي الْقَسَامَةِ

قسامہ (حلف برداری) کا بیان

قسامہ اور قسم مترادف الفاظ ہیں، دونوں کے معنی ہیں: حلف برداری، مگر قسامہ: خاص قسم کی حلف برداری کا نام ہے، مطلق قسم کھانا قسامہ نہیں ہے۔ جاننا چاہئے کہ اسلامی حکومت میں کوئی خون رائگاں نہیں جاتا، بہرصورت قاتل کا پتہ چلایا جاتا ہے، اگر کسی بھی صورت سے قاتل کا پتہ نہ چلے تو آخری صورت قسامہ ہے، یعنی جہاں لاش ملی ہے اور اس پر قتل کے آثار ہیں، قاتل کے ورثاء وہاں کے پچاس آدمیوں کا انتخاب کریں گے اور وہ سب قاضی کے سامنے اللہ کی قسم کھا کر کہیں گے کہ نہ انھوں نے قتل کیا نہ وہ قاتل کو جانتے ہیں، کیونکہ اتنی بڑی تعداد میں کوئی نہ کوئی قتل سے واقف ہوگا، پس وہ ضرور نشاندہی کرے گا، جھوٹی قسم نہیں کھائے گا، اور اگر سب قسمیں کھالیں تو بستی والوں پر دیت ڈال دی جائے گی۔

اور قسامہ سے فیصلہ کرنے میں مصلحت یہ ہے کہ قتل کبھی مخفی جگہ میں یا تاریک رات میں ہوتا ہے جہاں کوئی گواہ نہیں ہوتا، پس اگر مخفی قتل کو یہ کہہ کر چھوڑ دیا جائے گا کہ گواہ نہیں، تو لوگ قتل پر جری ہو جائیں گے، اور اگر بے دلیل مقتول کے ورثاء کا دعوی مان لیا جائے گا تو ہر کوئی اپنے دشمن پر دعوی ٹھوک دے گا کہ اس نے قتل کیا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ قسامہ سے فیصلہ کیا جائے۔

قسامہ کی علت: قسامہ کی علت میں اختلاف ہے یعنی کس صورت میں قسامہ ہوگا اور کس صورت میں نہیں ہوگا؟ اس میں اختلاف ہے: احناف کے نزدیک اگر کوئی ایسی لاش ملی ہے جس پر زخم کا نشان ہے یا اس کو پیٹا گیا ہے یا گلا گھونٹا گیا ہے اور وہ لاش ایسی جگہ ملی ہے جو کسی قوم کی حفاظت میں ہے جیسے محلّہ میں یا مسجد میں یا کسی گھر میں

ملی ہے یا بستی سے اتنی قریب ملی ہے کہ فریاد کرنے والے کی آواز لوگوں تک پہنچ سکتی ہے تو قسمیں کھلائی جائیں گی اور اگر لاش پر کوئی نشان نہیں اور ڈاکٹری رپورٹ بھی طبعی موت کی ہے یا گاؤں سے بہت دور ویرانہ میں لاش ملی ہے تو قسامہ نہیں، احناف نے یہ علت باب کی حدیث سے سمجھی ہے، یہ واقعہ زمانۂ اسلام کا ہے، اس لئے اس سے علت اخذ کرنا اولیٰ ہے۔

اور شوافع وغیرہ کے نزدیک: اگر کوئی شخص مقتول پایا گیا اور کسی شخص پر شبہ ہے کہ اس نے قتل کیا ہے اور یہ شبہ یا تو مقتول کے نزعی بیان سے پیدا ہوا ہو یا نا تمام شہادت (ایک شخص کی گواہی) سے یا اس قسم کی کسی اور بات سے پیدا ہوا ہو، مثلاً قتل کی جگہ سے ایک شخص خون آلود خنجر لے کر بھاگا تو قسامہ ہوگا، اور اگر کسی پر شبہ نہیں تو قسامہ نہیں ہوگا۔ ان حضرات نے یہ علت ابو طالب کے فیصلے سے اخذ کی ہے، اس واقعہ میں ایک شخص نے خبر دی تھی جس سے شبہ پیدا ہوا تھا اور وہ واقعہ یہ ہے کہ ایک ہاشمی کو قریش کی ایک دوسری شاخ کے آدمی نے مزدور رکھا اور سفر میں لے گیا، مزدور نے اونٹ کے پیر باندھنے کی رسی ایک دوسرے ہاشمی کو دیدی، اس پر مزدور رکھنے والے نے اس کو قتل کر دیا اور معاملہ چھپا دیا، مگر مرنے والے نے ایک یمنی کو وصیت کی کہ وہ اس قتل کی خبر ابو طالب کو پہنچائے، جب ابو طالب کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ قاتل کے پاس گئے اور کہا: تین باتوں میں سے ایک بات اختیار کرو: یا تو دیت کے سو اونٹ ادا کرو، اس لئے کہ تم نے ہمارے آدمی کو قتل کیا ہے یا تمہاری قوم کے پچاس آدمی قسمیں کھائیں کہ تم نے اس کو قتل نہیں کیا، یا ہم تمہیں مقتول کے بدلے میں قتل کریں گے، اس نے اپنی قوم سے مشورہ کیا، اس کی قوم قسمیں کھانے کے لئے تیار ہوگئی مگر ایک عورت نے اپنے لڑکے کے لئے ابو طالب سے معافی لے لی اور ایک شخص نے قسم کے بدل دو اونٹ دیدیئے، باقی اڑتالیس نے جھوٹی قسمیں کھالیں، ابن عباسؓ قسم کھا کر بیان کرتے ہیں کہ سال پورا نہیں ہوا تھا کہ سب کے سب مر گئے (بخاری حدیث ۳۸۴۵)

حدیث: عبداللہ بن سہل اور ان کے چچازاد بھائی مَحَیِّصۃ بن مسعود خیبر گئے، یہ واقعہ صلح حدیبیہ کے بعد کا ہے، وہاں پہنچ کر دونوں ایک دوسرے سے جدا ہوگئے اور اپنی اپنی جائدادیں دیکھنے چلے گئے، پھر جب محیصہ: عبداللہ کے پاس پہنچے تو وہ مرے ہوئے تھے اور خون میں لتھڑے ہوئے تھے، پس وہ اور ان کے بھائی حویّصہ اور مقتول کا بھائی عبدالرحمٰن خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، مقتول کا بھائی عبدالرحمٰن تینوں میں کم عمر تھا اس نے اپنے دونوں ساتھیوں سے پہلے بات کرنی چاہی مگر وہ غصہ میں بھرا ہوا تھا اس لئے نبی ﷺ نے خوبصورت طریقہ سے اس کو روک دیا، فرمایا: بڑے کو بولنے کا موقع دو، چنانچہ وہ خاموش ہوگیا اور اس کے چچازاد بھائیوں نے بات شروع کی، پھر اس نے بھی ان دونوں کے ساتھ بات کی، یعنی بیچ بیچ میں وہ بھی بولتا رہا، انھوں نے نبی ﷺ سے عبداللہ بن سہلؓ کے قتل کا واقعہ بیان کیا (اور جس یہودی کے پاس ان کی زمین تھی اس پر شک ظاہر کیا) آپؐ نے فرمایا: کیا تم پچاس قسمیں

کھانے کو تیار ہو جس کے نتیجہ میں تم اپنے صاحب کے یا فرمایا اپنے قاتل کے مستحق بن جاؤ؟ انھوں نے کہا: جب ہم وہاں موجود نہیں تھے اور ہم نے اپنی آنکھ سے نہیں دیکھا تو ہم قسمیں کیسے کھائیں؟ آپؐ نے فرمایا: پس یہود پچاس قسمیں کھا کر تمہارے مطالبہ سے سبکدوش ہو جائیں گے، ان لوگوں نے کہا: ہم ان سے قسمیں کیسے لیں وہ تو کفار ہیں؟ پس جب آپؐ نے یہ صورتِ حال دیکھی تو عبداللہ کی دیت اپنے پاس سے ادا فرمائی، اور معاملہ ختم کر دیا۔

تشریح: باب قسامہ میں تین مسئلوں میں اختلاف ہے:

پہلا مسئلہ: قسامہ کے لئے لوث (کسی بات کا غیر واضح ثبوت، شبہ) ضروری ہے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک ضروری نہیں، صرف اتنی بات ضروری ہے کہ موت حادثاتی ہو طبعی نہ ہو، معین شخص یا معین لوگوں پر شبہ ہونا ضروری نہیں۔ اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قسمیں لینے کے لئے لوث ضروری ہے یعنی کسی معین شخص پر یا معین لوگوں پر شبہ ہو کہ انھوں نے قتل کیا ہے تب ان سے قسمیں لی جائیں گی۔

دوسرا مسئلہ: قسامہ سے قصاص ثابت ہوتا ہے یا نہیں؟ امام مالکؒ کے نزدیک قصاص ثابت ہوتا ہے، جب مقتول کے ورثاء کسی معین آدمی کے بارے میں پچاس قسمیں کھائیں کہ اس نے عمداً قتل کیا ہے تو قصاص واجب ہوگا اور باقی تمام فقہاء کے نزدیک قسامہ سے قصاص ثابت نہیں ہوسکتا، اس سے دیت ہی ثابت ہوتی ہے۔

تیسرا مسئلہ: قسامہ میں پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے یا نہیں؟ حنفیہ کے نزدیک مقتول کے ورثاء پر قسمیں نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک پہلے مقتول کے ورثاء پچاس قسمیں کھائیں گے اگر وہ کسی معین آدمی کے بارے میں عمداً قتل کرنے کی پچاس قسمیں کھالیں تو دیت مغلظہ واجب ہوگی، اور قتل خطا کی قسمیں کھائیں تو دیت مخففہ واجب ہوگی، اور اگر مقتول کے ورثا قسمیں کھانے سے انکار کریں تو مدعی علیہ یا جہاں لاش ملی ہے وہاں کے لوگ پچاس قسمیں کھائیں گے اور ان پر دیت مخففہ واجب ہوگی۔

[۲۲-] باب ماجاء فی القَسَامَةِ

[۱۴۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ بَشِيْرِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ أَبِى حَثْمَةَ، قَالَ: قَالَ يَحْيَى: وَحسِبْتُ عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، أَنَّهُمَا قَالاَ: خَرَجَ عَبْدُ اللهِ بنُ سَهْلِ بنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةُ بنُ مَسْعُوْدِ بنِ زَيْدٍ، حَتَّى إِذَا كَانَا بِخَيْبَرَ تَفَرَّقَا فِىْ بَعْضِ مَا هُنَاكَ، ثُمَّ إِنَّ مُحَيِّصَةَ وَجَدَ عَبْدَ اللّهِ بنَ سَهْلٍ قَتِيْلاً: قَدْ قُتِلَ [فَدَفَنَهُ، ثُمَّ] أَقْبَلَ إِلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، هُوَ، وَحُوَيِّصَةُ بنُ مَسْعُوْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ سَهْلٍ، وَكَانَ أَصْغَرَ الْقَوْمِ: ذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِيَتَكَلَّمَ قَبْلَ صَاحِبَيْهِ، قَالَ لَهُ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "كَبِّرِ الْكُبْرَ" فَصَمَتَ، وَتَكَلَّمَ صَاحِبَاهُ، ثُمَّ

تَكَلَّمَ مَعَهُمَا، فَذَكَرُوْا لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم مَقْتَلَ عَبْدِ اللهِ بنِ سَهْلٍ، فَقَالَ لَهُمْ: "أَتَحْلِفُوْنَ خَمْسِيْنَ يِمِيْنًا فَتَسْتَحِقُّوْنَ صَاحِبَكُمْ أَوْ: قَاتِلَكُمْ؟" قَالُوْا: كَيْفَ نَحْلِفُ وَلَمْ نَشْهَدْ؟ قَالَ: "فَتُبَرِّئُكُمْ يَهُوْدُ بِخَمْسِيْنَ يَمِيْنًا؟" قَالُوْا: وَكَيْفَ نَقْبَلُ أَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ؟ فَلَمَّا رَأَى ذٰلِكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَى عَقْلَهُ.

حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ بُشَيْرِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ أَبِىْ حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عَنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ فِى الْقَسَامَةِ، وَقَدْ رَأَى بَعْضُ فُقَهَاءِ الْمَدِيْنَةِ الْقَوَدَ بِالْقَسَامَةِ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ وَغَيْرِهِمْ: إِنَّ الْقَسَامَةَ لاَ تُوْجِبُ القَوَدَ، وَإِنَّمَا تُوْجِبُ الدِّيَةَ.

ترجمہ: اس حدیث پر باب قسامہ میں علماء کا عمل ہے اور بعض فقہائے مدینہ قسامت کی وجہ سے قصاص کے قائل ہیں (حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک قسامہ سے دیت واجب ہوتی ہے اور مالکیہ اور حنابلہ کے نزدیک قصاص واجب ہوتا ہے) اور کوفہ وغیرہ کے بعض اہل علم کہتے ہیں: قسامہ قصاص کو واجب نہیں کرتا صرف دیت کو واجب کرتا ہے۔

نوٹ: کھڑی قوسین کے درمیان کی عبارت مصری نسخہ سے بڑھائی ہے۔

﴿الحمدللہ! ابواب الدیات کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی!﴾



بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ الْحُدُوْدِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

شرعی سزاؤں کا بیان

بابُ ماجاءَ فی مَنْ لَایَجِبُ عَلَیْہِ الْحَدُّ

حد کس پر واجب نہیں

حدود: حَدّ کی جمع ہے، اور حد وہ سزا ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے، اس میں کسی کو کسی طرح کی تبدیلی کا حق نہیں اور ایسی سزائیں صرف چار ہیں: ان میں سے تین کا ذکر قرآن کریم میں ہے اور ایک کا حدیث میں ہے: پہلی: زنا کی سزا ہے۔ اگر زانی غیر شادی شدہ ہے تو سو کوڑوں کی سزا ہے اور یہ سزا قرآن میں مذکور ہے، اور شادی شدہ کی سزا سنگساری ہے یہ سزا بھی قرآن کریم میں مذکور تھی، مگر بعد میں آیت منسوخ کردی گئی اور حکم باقی رکھا گیا، اب اس کا ذکر حدیث میں ہے۔ دوسری: چوری کی سزا ہے۔ اور وہ ہاتھ کاٹنا ہے اور یہ سزا بھی قرآن میں مذکور ہے۔ تیسری: حد قذف ہے یعنی تہمت لگانے کی سزا اور وہ اسّی کوڑے ہیں اور اس کا تذکرہ بھی قرآن میں ہے۔ چوتھی: شراب پینے کی سزا ہے۔ اس کا تذکرہ حدیثوں میں ہے، قرآن میں اس کا ذکر نہیں۔

ان چار جرائم کے علاوہ دیگر جرائم کی سزائیں قاضی کی صوابدید پر موقوف ہیں، قاضی انتظامی نقطۂ نظر سے جو سزا مناسب سمجھے دے سکتا ہے اور بالکل معاف بھی کرسکتا ہے۔ قرآن وحدیث نے ان جرائم کی سزائیں مقرر نہیں کی ہیں، البتہ حدیثوں میں راہنمائی ہے کہ کس طرح کی سزائیں دینی چاہئیں، پھر فقہاء نے احادیث کی روشنی میں بہت سے جرائم کی سزائیں مقرر کی ہیں، اسی طرح آج کل پارلیمنٹ بھی جرائم کی نوعیت کے اعتبار سے سزائیں مقرر کرسکتی ہے، قاضی وہ سزائیں بھی دے سکتا ہے مگر شرعاً وہ ان کا پابند نہیں وہ ان کے علاوہ بھی سزا دے سکتا ہے اور سزاؤں میں تخفیف وتشدید بھی کرسکتا ہے۔

آج ساری دنیا نے جو شور مچا رکھا ہے کہ اسلام میں بربریت ہے اور وحشت ناک سزائیں ہیں وہ صرف مذکورہ بالا چار سزائیں ہیں اور یہ واویلا صرف کافر نہیں مچاتے بلکہ ان سے زیادہ اسلامی ملکوں میں جو دانشور ہیں: وہ مچاتے ہیں، وہ شرعی سزائیں نافذ نہیں ہونے دیتے کیونکہ یہی دانشوران چار گناہوں میں سب سے زیادہ مبتلا ہوتے ہیں، شراب وہ پیتے ہیں، زنا وہ کرتے ہیں، سب سے زیادہ تہمتیں وہ لگاتے ہیں اور چوری تو ایسی کرتے ہیں کہ ملک کے سارے چوران کے پاسنگ کو نہیں پہنچ سکتے، اس لئے ان کو ڈر ہے کہ اگر اسلامی سزائیں نافذ ہوگئیں تو سب سے پہلے ان کی گردن نپے گی، آنرا کہ حساب بے باک است از کسے چہ باک! جس کا حساب صاف ہو اس کو کسی سے کیا ڈرنا! ان کا حساب چونکہ صاف نہیں اس لئے وہی اس کی مخالفت کرتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ سزا سے بہتر سزا کا ہوّا ہے، مذکورہ بالا سزائیں صرف ہوّا ہیں ان کو جاری کرنے کی نوبت بہت کم آتی ہے مگر ان کے ڈر سے آدمی سہارا رہتا ہے، کوئی گناہ کرنے کی ہمت نہیں کرتا، پھر جو سزا جتنی مشکل ہے اس کا ثبوت بھی اتنا ہی مشکل ہے مثلاً: سنگساری: حد درجہ کی بھیانک سزا ہے مگر اس کا ثبوت بھی اتنا ہی مشکل ہے، زنا کے ثبوت کے لئے چار عینی، دیندار مردوں کی گواہی ضروری ہے جنھوں نے اپنی آنکھوں سے اس طرح زنا ہوتے دیکھا ہو جیسے سرمہ دانی میں سلائی جاتی ہے۔ ظاہر ہے کوئی بھی برسرِ عام زنا نہیں کرتا، جو زنا کرتا ہے چھپ کر کرتا ہے، پس آسانی سے اس کا ثبوت نہیں ہوسکتا، مشکل ہی سے کسی زنا کا ثبوت ہوجاتا ہے، اور حد زنا جاری کرنے کی نوبت آتی ہے، اگر آپ سعودیہ میں جو قتل اور زنا وغیرہ ہوتے ہیں ان کا اور یوروپ، امریکہ اور برطانیہ میں جو جرائم ہوتے ہیں ان کا تناسب دیکھیں تو حیرت زدہ رہ جائیں! سعودیہ میں یہ گناہ ایک دو فیصد بھی نہیں ہوتے اور یوروپ وغیرہ میں ان جرائم کی کوئی حد ہی نہیں حالانکہ سعودیہ میں سب اولیاء اللہ نہیں بستے، ان کے بھی نفس ہیں، ان کے ساتھ بھی شیطان لگا ہوا ہے مگر ان سزاؤں کا ہوّا ایسا سوار ہے کہ کوئی گناہ کرنے کی ہمت نہیں کرتا۔ غرض مذکورہ بالا سزائیں وحشت ناک ضرور ہیں مگر ان کو جاری کرنے کی نوبت شاذ و نادر ہی آتی ہے، کیونکہ ان کا ہوّا ہی جرائم سے باز رکھنے کے لئے کافی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’تین آدمیوں سے قلم اٹھا لیا گیا ہے یعنی وہ مکلّف نہیں: سونے والے سے یہاں تک کہ وہ بیدار ہوجائے، بچہ سے یہاں تک کہ وہ بالغ ہوجائے اور پاگل سے یہاں تک کہ اس کو عقل آجائے‘‘

تشریح: مذکورہ لوگ اگر کسی جرم کا ارتکاب کریں تو ان پر حد واجب نہیں، وہ مرفوع القلم ہیں، البتہ اگر بچہ سمجھ دار ہے اور وہ کوئی جرم کرے تو اگرچہ حد واجب نہیں مگر جرم کے مناسب قاضی اس کو سزا دے گا، جیسے بچہ پر نماز اور روزہ فرض نہیں مگر تمرین و مشق کے لئے نابالغی ہی میں نماز اور روزے شروع کرا دیئے جاتے ہیں، اسی طرح بچہ پر حد تو نہیں مگر تنبیہ کے طور پر قاضی اس کو بھی کوئی مناسب سزا دے گا اسی طرح نیند میں کوتاہی نہیں ہے مگر نماز کے وقت اس کو بھی اٹھایا جائے گا۔

فائدہ: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کوفہ میں رہتے تھے اور کوفہ اور بصرہ کے درمیان تقریباً پینتالیس پچاس میل کا فاصلہ ہے، ان کی حضرت علیؓ سے ملاقات ہے یا نہیں؟ اور حضرت علیؓ سے سماع ہے یا نہیں؟ امام ترمذیؒ نے اس سے لاعلمی ظاہر کی ہے وہ فرماتے ہیں: حضرت حسن بصریؒ کا حضرت علیؓ سے سماع ہے یا نہیں: ہم یہ بات نہیں جانتے ——— مگر کتب خانہ میں ایک کتاب ہے: فخر الحسن یعنی حضرت حسن بصریؒ کے فضائل اس میں اس سلسلہ کی مفصل بحث ہے اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ لقاء وسماع ہے، اور اس کی تحقیق اس لئے ضروری ہے کہ تصوف کے تمام سلسلے ایک سلسلہ کے علاوہ جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہے سب سلسلے حضرت خواجہ حسن بصری کے واسطہ سے حضرت علیؓ تک پہنچتے ہیں پس اگر ان کا حضرت علیؓ سے سماع ثابت نہ ہو تو تصوف کے سارے سلسلے بوگس ہو کر رہ جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الحدودِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء فيمن لايَجبُ عَلَيْهِ الْحدُّ

[۱۴۰۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ القُطَعِيُّ، ثَنَا بِشْرُ بنُ عُمَرَ، ثنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلاَثَةٍ: عَنِ النَّائِمِ حَتَّى يَسْتَيْقِظَ، وَعَنِ الصَّبِيِّ حَتَّى يَشِبَّ، وَعَنِ الْمَعْتُوْهِ حَتَّى يَعْقِلَ"

وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ، حديثُ عَلِيٍّ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ، وَذَكَرَ بَعْضُهُمْ: "وَعَنِ الْغُلاَمِ حَتَّى يَحْتَلِمَ" وَلاَ نَعْرِفُ لِلْحَسَنِ سَمَاعًا مِنْ عَلِيِّ بنِ أَبِىْ طَالِبٍ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحديثُ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِىْ ظَبْيَانَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَرَوَاهُ الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِىْ ظَبْيَانَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَلِيٍّ مَوْقُوْفًا، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَأَبُوْ ظَبْيَانَ: اسْمُهُ حُصَيْنُ بنُ جُنْدُبٍ.

وضاحت: وروواه الأعمش: ہندی نسخہ میں ورواہ عن الأعمش ہے، یہ عن غلط ہے، مصری نسخہ سے تصحیح کی ہے اور حضرت علیؓ کی یہ موقوف روایت ابوداؤد (حدیث ۴۳۹۹ کتاب الحدود) میں ہے، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے یہی حدیث حضرت عائشہؓ سے بھی روایت کی ہے۔

بابُ ماجاء فِيْ دَرْءِ الْحُدُوْدِ

حدود کو ہٹانے کا بیان

پہلے یہ بات بتائی گئی ہے کہ حد شبہ کی وجہ سے ساقط ہوجاتی ہے اور شبہے تین ہیں: اول: شبہ فی الفعل: یعنی کوئی شخص بیوی کے شبہ میں کسی اجنبی عورت سے صحبت کرے تو یہ شبہ فی الفعل ہے۔ دوم: شبہ فی العقد: یعنی کوئی شخص محارم سے نکاح کرکے صحبت کرے تو یہ شبہ فی العقد ہے۔ سوم: شبہ فی المحل: یعنی مزنیہ میں حلت کا احتمال ہو، جیسے بیوی کی باندی سے صحبت کرنا شبہ فی المحل ہے، ان تین شبہوں سے حد ساقط ہوجاتی ہے مگر قاضی انتظامی نقطۂ نظر سے جو سزا مناسب سمجھے گا دے گا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جہاں تک ممکن ہو مسلمانوں سے حدود کو ہٹاؤ، اگر مجرم کے لئے بچنے کی کوئی راہ ہو تو اس کو چھوڑ دو کیونکہ حاکم معاف کرنے میں غلطی کرے یہ اس سے بہتر ہے کہ سزا دینے میں غلطی کرے''

تشریح: حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ حدود کے مقدمہ میں اگر جرم کے ثبوت میں جھول ہو تو حد جاری نہیں کرنی چاہئے، البتہ دوسری کوئی سزا مناسب سمجھے وہ دے سکتا ہے۔

[۲-] باب ماجاء فی دَرْءِ الْحُدُوْدِ

[۱۴۰۸-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ الأَسْوَدِ، وَأَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ قَالاَ: ثَنا مُحمدُ بنُ رَبِيْعَةَ، ثَنا يَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: '' ادْرَءُوْا الْحُدُوْدَ عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ مَا اسْتَطَعْتُمْ، فَإِنْ كَانَ لَهُ مَخْرَجٌ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُ، فَإِنَّ الإِمَامَ أَنْ يُخْطِىءَ فِيْ الْعَفْوِ خَيْرٌ مِنْ أَنْ يُخْطِىءَ فِيْ الْعُقُوْبَةِ''

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ زِيَادٍ نَحْوَ حَدِيْثِ مُحَمَّدِ بنِ رَبِيْعَةَ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وفى الباب: عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، وعَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، حديثُ عائشةَ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ زِيَادِ الدِّمَشْقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَرَوَاهُ وَكِيْعٌ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ زِيَادٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَرِوَايَةُ وَكِيْعٍ أَصَحُّ.

وَقَدْ رُوِیَ نَحْوُ هٰذَا عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُمْ قَالُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ.
وَيَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ ضَعِيفٌ فِي الْحَدِيْثِ، وَيَزِيْدُ بنُ أَبِیْ زِيَادٍ الْكُوْفِيُّ أَثْبَتُ مِنْ هٰذَا وَأَقْدَمُ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے وکیع رحمہ اللہ کی موقوف روایت کو ترجیح دی ہے مگر اس کی کوئی وجہ نہیں، کیونکہ ضعیف راوی تو یزید ہے اور وہ ان کی سند میں بھی موجود ہے ——— اور یزید دو ہیں: ایک ابن زیاد، یہ دمشقی ہیں اور ضعیف ہیں، دوسرے ابن ابی زیاد: یہ کوفی ہیں اور ثقہ ہیں اور ان کا زمانہ مقدم ہے۔

بابُ ماجاء فی السَّتْرِ عَلَی الْمُسْلِمِ

مسلمان کا عیب چھپانے کی فضیلت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جس نے کسی مسلمان کی دنیا کی کوئی بے چینی دور کی تو اللہ تعالیٰ اس کی آخرت کی بڑی بے چینی دور فرمائیں گے اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی تو اللہ تعالیٰ دنیا وآخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے، اور اللہ تعالیٰ بندے کی مدد کرتے رہتے ہیں جب تک وہ اپنے (مسلمان) بھائی کی مدد میں رہتا ہے‘‘

تشریح: یہ حدیث عام ہے، پس اس کی رو سے اگر کوئی شخص کسی مسلمان کو مذکورہ چار گناہوں میں مبتلا دیکھے تو اس کے عیب پر پردہ ڈالے، قاضی کے پاس جا کر گواہی نہ دے، ان روایات میں غور کرنے سے اس بات کا اندازہ ہو جائے گا کہ حدود کا ثبوت کتنا مشکل ہے؟ آئندہ بھی روایات آرہی ہیں کہ ایک شخص نے کسی جرم کا ارتکاب کیا، پھر پشیمان ہوا اور اپنے گناہ کا اعتراف کرنا چاہا اور حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے مشورہ کیا تو دونوں نے اس کو جرم کا اعتراف کرنے سے روک دیا، اس سے معلوم ہوا کہ گناہ کرنے والے کے لئے مستحب یہ ہے کہ قاضی کے پاس جا کر اپنے گناہ کا اعتراف نہ کرے بلکہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے اور سچی توبہ کرے، اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کوئی شخص کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھے تو مستحب یہ ہے کہ اس کے خلاف گواہی نہ دے بلکہ اس کے عیب کی پردہ پوشی کرے، ان حالات میں حدود کا ثبوت کتنا مشکل ہو جاتا ہے اس کا ہر شخص اندازہ کرسکتا ہے، اسی لئے میں نے پہلے یہ بات کہی ہے کہ مذکورہ چاروں سزائیں صرف ہوّا ہیں ان کو جاری کرنے کی نوبت بہت کم آتی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں، پس ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر نہ تو ظلم کرتا ہے اور نہ اس کو دشمن کے ہاتھ میں پھنساتا ہے، اور جو شخص اپنے (مسلمان) بھائی کی مدد کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرماتے ہیں اور جو شخص کسی مسلمان سے کوئی بے چینی دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی آخرت کی بے چینی دور فرمائیں گے، اور جو شخص کسی مسلمان کے عیب کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب کی پردہ پوشی فرمائیں گے‘‘

فائدہ: ایک جملہ حدیث کے طور پر زبان زد ہے: من کان للہ کان اللہ له: اور اسی سے بعض حضرات اپنے نام کے ساتھ کان اللہ له لکھتے ہیں مگر ایک مرتبہ میں نے یہ حدیث بہت ڈھونڈھی تھی مگر مجھے اس مضمون کی کوئی حدیث نہیں ملی، بلکہ حدیث یہ ہے: مَنْ کان فی حاجة أخیه کان اللہ فی حاجته اور مذکورہ جملہ کا بھی یہی مطلب ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی السَّتْرِ علی المسلم

[۱۴۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم: "مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَلٰى مُسْلِمٍ سَتَرَهُ اللّٰهُ فِی الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِیْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَاكَانَ الْعَبْدُ فِیْ عَوْنِ أَخِيْهِ"

وفی الباب: عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ رِوَايَةِ أَبِیْ عَوَانَةَ.

وَرَوَى أَسْبَاطُ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حُدِّثْتُ عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، حدثنا بِذٰلِكَ عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ، قَالَ: حدثنی أَبِیْ، عَنِ الْأَعْمَشِ بِهٰذَا الْحديثِ.

[۱۴۱۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " الْمُسْلِمُ أَخُوْ الْمُسْلِمِ، لَا يَظْلِمُهُ، وَلَا يُسْلِمُهُ، وَمَنْ كَانَ فِیْ حَاجَةِ أَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِیْ حَاجَتِهِ، وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُمَرَ.

لغت: نَفَّس عنه كُرْبَتَه: غم وتکلیف دور کرنا، دل کو تسلی اور سکون بخشنا...... فَرَّجَ الشیئَ: کشادہ کرنا یعنی دل خوش کرنا، پس دونوں فعل ہم معنی ہیں ـــــ اسباط بن محمد کی سند میں امام اعمش اور ابو صالح کے درمیان مجہول واسطہ ہے۔

بابُ ماجاء فی التَّلْقِيْنِ فِی الْحَدِّ

زنا کے اقرار کی تلقین کرنا

اس باب کا مطلب یہ ہے کہ قاضی مجرم کو تلقین کرے کہ وہ جرم زنا کا اعتراف کرے تاکہ دنیا ہی میں معاملہ صاف ہو جائے مگر احادیث میں ایسا کوئی حکم نہیں، ابھی یہ بات ذکر کی ہے کہ حضرات شیخینؓ نے ایک شخص کو جواپنے

جرم کا اعتراف کرنا چاہتا تھا روک دیا تھا کہ وہ اقرار نہ کرے بلکہ توبہ کرے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ سے یہ تسامح باب میں جو حدیث ہے اس کی وجہ سے ہوا ہے، یہ حدیث مختصر ہونے کی وجہ سے بات بگڑ گئی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: ماعز! تیرے بارے میں مجھے جو بات پہنچی ہے وہ صحیح ہے؟ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کو میرے بارے میں کیا بات پہنچی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ تو نے فلاں خاندان کی باندی سے زنا کیا ہے؟ پس انھوں نے اقرار کیا، پھر چار مرتبہ گواہی دی یعنی چار مرتبہ اقرار کیا، پس نبی ﷺ نے حکم دیا چنانچہ وہ سنگسار کئے گئے —— اس حدیث میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے پوچھا یعنی جرم قبول کرنے کی تلقین کی، یہیں سے امام ترمذیؒ نے یہ باب قائم کیا ہے حالانکہ واقعہ کی صحیح نوعیت وہ ہے جو آئندہ باب میں آرہی ہے بلکہ قاضی کے لئے مستحب یہ ہے کہ زنا کا اقرار کرنے والے کو بھی رجوع کی تلقین کرے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں باب باندھا ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی التلقین فی الحد

[١٤١١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِمَاعِزِ بنِ مَالِكٍ:" أَحَقٌّ مَا بَلَغَنِیْ عَنْكَ؟" قَالَ: مَابَلَغَكَ عَنِّیْ؟ قَالَ:" بَلَغَنِیْ أَنَّكَ وَقَعْتَ عَلٰى جَارِيَةِ آلِ فُلَانٍ" قَالَ: نَعَمْ، فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ.

وفی الباب: عَنِ السَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ، حديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الْحديثَ عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ.

وضاحت: یہ روایت سند کے اعتبار سے صحیح ہے اور مسلم شریف (حدیث ۱۶۹۳) میں ہے، مگر ضروری نہیں کہ جو روایت سند کے اعتبار سے صحیح ہو اس کا مضمون بھی صحیح ہو۔ اسی طرح اس کا برعکس ہے یعنی اگر ایک روایت سند کے اعتبار سے ضعیف ہو تو ضروری نہیں کہ اس کا مضمون بھی غلط ہو، بلکہ یہ بات باب کی جملہ روایات جمع کرنے سے معلوم ہو سکتی ہے کہ واقعہ کی صحیح نوعیت کیا ہے۔ اور حضرت سائب کی حدیث کسی کتاب میں نہیں ملی۔

بابُ ماجاء فی دَرْءِ الْحدِّ عَنِ الْمُعْتَرِفِ إِذَا رَجَعَ

زنا کا اقرار کرنے والا اگر رجوع کرلے تو حد ساقط ہو جاتی ہے

جرم کا اقرار کرنے سے جرم ثابت ہو جاتا ہے پس حد جاری ہوگی، پھر اگر معترف سزا سے پہلے یا سزا کے دوران اپنے قول سے رجوع کرلے اگرچہ رجوع فعلی ہو تو حد ساقط ہو جائے گی، اس لئے کہ جب مجرم کا اقرار معتبر ہے تو اس

کا رجوع بھی معتبر ہے، کیونکہ وہ بھی ایک اقرار ہے، البتہ اگر جرم گواہیوں سے ثابت ہوا ہو تو پھر لامحالہ حد جاری ہوگی۔ ہاں اگر گواہ اپنے قول سے رجوع کرلیں تو حد ساقط ہوجائے گی اور گواہوں کو حد قذف لگے گی۔

حدیث: قبیلہ اسلم کے ایک شخص حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک دوست ھَزّال کی باندی سے زنا کیا، جب اس کی خبر ہزال کو ہوئی تو انھوں نے حضرت ماعزؓ سے کہا: تمہیں نبی ﷺ کے پاس جاکر اپنے گناہ کا اقرار کرنا چاہئے، اور جو سزا ملے اس کو سہنا چاہئے تاکہ دنیا ہی میں قصہ نمٹ جائے، اور آخرت میں اس کی کوئی سزا نہ ملے، حضرت ماعزؓ نے کہا: میں یہ بات کس منہ سے کہوں؟! آپؐ کیا خیال فرمائیں گے! ہزال برابر ان کی ذہن سازی کرتے رہے کہ کچھ بھی ہو تمیں زنا کا اقرار کرنا چاہئے، وہ ہمت کرکے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور زنا کی بات کہی تو نبی ﷺ نے ان سے منہ پھیرلیا، چنانچہ وہ لوٹ گئے، اور ہزال کو کوسا کہ مجھے رسوا کیا، مگر انھوں نے پھر اصرار کیا اور برابر پیچھے لگے رہے کہ دوبارہ جاؤ اور اقرار کرو، چنانچہ وہ پھر حاضر خدمت ہوئے اور زنا کا اقرار کیا، اب بھی آپؐ نے منہ پھیرلیا اور وہ لوٹ گئے، پھر ہزال ہی کے اصرار پر تیسری مرتبہ آئے اور اقرار کیا اب بھی آپؐ نے منہ پھیر لیا، پھر جب چوتھی مرتبہ حاضر ہوکر اقرار کیا تو آپؐ نے منہ نہیں پھیرا بلکہ پوچھا: تو پاگل تو نہیں! انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں باہوش ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: تو نے بوسہ لیا ہوگا؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آخر تک معاملہ کیا ہے، آپؐ نے فرمایا: تو نے ہاتھ لگایا ہوگا؟ آپ اس کو ٹلانا چاہتے تھے مگر وہ اپنے اقرار پر مصر تھے، پس آپؐ نے حاضرین سے فرمایا: اس کا منہ سونگھو! اس نے پی تو نہیں رکھی؟ لوگوں نے منہ سونگھا اور عرض کیا: یہ مست نہیں ہے، پس آپؐ نے ان کو سنگسار کرنے کا حکم دیا، جب ان کو سنگسار کیا جانے لگا تو جب تک طاقت رہی پتھر کھاتے رہے، مگر جب سکت نہ رہی تو بھاگے، لوگ پیچھے بھاگے، اتفاق سے ادھر سے ایک آدمی سنگسار کرنے ہی کے لئے آرہا تھا اور وہ اونٹ کا جبڑا لئے ہوئے تھا اس نے وہ جبڑا ان کو مارا تو وہ گر گئے پھر سب نے ان کو سنگسار کردیا، جب آنحضرت ﷺ کے سامنے اس کا ذکر آیا کہ وہ بھاگے تھے تو آپؐ نے فرمایا: اللہ کے بندو! اس کو چھوڑ کیوں نہیں دیا، کیونکہ بھاگنا فعلی رجوع تھا پس ان کو چھوڑ دینا چاہئے تھا، پھر جب آنحضور ﷺ کے علم میں یہ بات آئی کہ ماعزؓ جو بار بار آکر اقرار کرتے تھے تو اس کے پیچھے ہزال کا ہاتھ تھا تو آپؐ نے ہزال سے فرمایا: ہزال! تم نے اچھا نہیں کیا، اگر تم ماعز کے معاملہ کو اپنے کپڑے کے نیچے چھپالیتے تو بہتر ہوتا، پھر آپؐ نے ایک شخص کو سنا جو ماعزؓ کو برا بھلا کہہ رہا تھا، پس آپؐ نے فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وہ ایک گروہ پر بانٹ دی جائے تو سب کے لئے کافی ہوجائے (مشکوۃ حدیث ۳۵۶۲)

مذاہبِ فقہاء: اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے حنفیہ اور حنابلہ کہتے ہیں کہ جب تک زانی چار الگ الگ مجلسوں میں اقرار نہ کرے اس پر سزا جاری نہیں ہوگی۔ اور شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک ایک مرتبہ اقرار کرنا کافی ہے، ان کا استدلال ایک مزدور کے واقعہ سے ہے، مزدور نے جس عورت سے زنا کیا تھا اس کے پاس نبی ﷺ نے

حضرت اُنیس رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا اور فرمایا تھا کہ اگر وہ عورت اقرار کرے تو اس کو رجم کر دینا، آپؐ نے چار مرتبہ اقرار لینے کی قید نہیں لگائی تھی (تفصیل باب ۷ میں آرہی ہے)

[٥-] باب ماجاء في دَرْءِ الْحَدِّ عن المُعْتَرِفِ إِذَا رَجَعَ

[١٤١٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ مَاعِزٌ الْأَسْلِمِيُّ إِلٰى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ زَنَى، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ زَنَى، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللهِ! إِنَّهُ قَدْ زَنَى، فَأَمَرَ بِهِ فِي الرَّابِعَةِ، فَأُخْرِجَ إِلَى الْحَرَّةِ، فَرُجِمَ بِالْحِجَارَةِ، فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ، حَتّٰى مَرَّ بِرَجُلٍ مَعَهُ لَحْيُ جَمَلٍ، فَضَرَبَهُ بِهِ وَضَرَبَهُ النَّاسُ حَتّٰى مَاتَ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ فَرَّ حِيْنَ وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ وَمَسَّ الْمَوْتِ، فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

[١٤١٣-] وَرُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا: حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللهِ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ جَاءَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَاعْتَرَفَ بِالزِّنَا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ اعْتَرَفَ فَأَعْرَضَ عَنْهُ، حَتّٰى شَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَبِكَ جُنُوْنٌ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "أَحْصَنْتَ؟" قَالَ: نَعَمْ، فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فِي الْمُصَلّٰى، فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ فَرَّ، فَأُدْرِكَ فَرُجِمَ حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَيْرًا، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الْمُعْتَرِفَ بِالزِّنَا إِذَا أَقَرَّ عَلٰى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ: أُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا أَقَرَّ عَلٰى نَفْسِهِ مَرَّةً: أُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ.

وَحُجَّةُ مَنْ قَالَ هٰذَا الْقَوْلَ: حديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ: أَنَّ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا إِلٰى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: يَارسولَ اللهِ! إِنِّ ابْنِيْ زَنَى بِامْرَأَةِ هٰذَا، الْحديثَ بِطُوْلِهِ، وَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اغْدُ يَا أُنَيْسُ إِلٰى امْرَأَةِ هٰذَا فَإِنْ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" وَلَمْ يَقُلْ فَإِنْ اعْتَرَفَتْ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ.

وضاحت: چند وضاحتیں درج ذیل ہیں:

۱- حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے زنا کا اقرار کرتے وقت متکلم کی ضمیر استعمال کی ہوگی مگر راوی نے اس کو ضمیر غائب سے بدل دیا ہے کیونکہ بولنے کا یہی ادب ہے، بری بات حکایت کے طور پر بھی اپنی طرف منسوب نہیں کرنی چاہئے۔

۲- اس حدیث سے ایسا مفہوم ہوتا ہے کہ ماعز اسلمیؓ نے ایک ہی مجلس میں چار الگ الگ جانبوں سے اعتراف کیا تھا مگر یہ روایت بالمعنی ہے واقعہ ایسا نہیں تھا واقعہ کی صحیح نوعیت وہ ہے جو میں نے بیان کی ہے۔

۳- **فلمَّا وَجدَ مسَّ الحجارة:** ترجمہ: جب انھوں نے پتھروں کی تکلیف پائی تو بھاگے اور تیز بھاگے، یہاں تک کہ ایک ایسے شخص کے پاس سے گذرے جس کے پاس اونٹ کا جبڑا تھا ——— **فلما أَذْلَقَتْهُ الحجارةُ** : ترجمہ: جب ان کو پتھروں نے لاغر کر دیا تو بھاگے پس پکڑے گئے اور رجم کئے گئے یہاں تک کہ مر گئے، پس رسول اللہ ﷺ نے ان کے حق میں کلمۂ خیر فرمایا، اور ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھی تا کہ لوگوں کو عبرت ہو ——— **أَحْصَنْتَ:** تیری شادی ہوگئی ہے؟

ترجمہ: اس حدیث پر بعض اہل علم کا عمل ہے (وہ فرماتے ہیں) زنا کا اقرار کرنے والا جب اپنی ذات پر چار مرتبہ اقرار کرے تو اس پر حد جاری کی جائے گی، اور یہ احمد واسحاق (اور امام اعظم) کا قول ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں: جب زانی ایک مرتبہ اقرار کرے تو اس پر حد جاری کی جائے گی، اور یہ مالک وشافعی کا قول ہے، اور اس قول کے قائلین کی دلیل حضرت ابو ہریرہ اور زید بن خالد رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے کہ دو شخصوں نے نبی ﷺ کے پاس جھگڑا کیا ان میں سے ایک نے کہا: اے اللہ کے رسول! میرے بیٹے نے اس کی عورت کے ساتھ زنا کیا، طویل حدیث پڑھئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اے اُنیس! کل صبح آپ اس کی بیوی کے پاس جائیں اگر وہ اقرار کرے تو اس کو رجم کر دیں، آپؐ نے یہ نہیں فرمایا کہ اگر چار مرتبہ اقرار کرے، معلوم ہوا کہ ایک مرتبہ اقرار کرنے سے زنا کا ثبوت ہو جاتا ہے۔ تفصیل (باب ۷ میں) آرہی ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ أَنْ يَشْفَعَ فِيْ الْحُدُوْدِ

حدود میں سفارش کرنا جائز نہیں

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ قریش کی ایک شاخ بنو مخزوم کی ایک عورت نے قریش کو فکر مند بنا دیا، اس نے چوری کی تھی، قریش نے سوچا: ابھی ابھی مکہ فتح ہوا ہے جس سے ہماری ہیٹی ہو چکی ہے، اب اگر قریش کی عورت کا ہاتھ کٹا تو پوری قوم کی ناک کٹ جائے گی، چنانچہ انھوں نے مشورہ کیا کہ کس سے سفارش کرائی جائے؟ ان کو مشورہ دیا گیا کہ حضرت اسامہؓ جو آپؐ کے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارثہؓ کے صاحبزادے ہیں اور

آپؐ کے لئے بمزلہ پوتے کے ہیں، وہی سفارش کر سکتے ہیں، وہ آپؐ کے محبوب ہیں، چنانچہ لوگوں نے ان کو تیار کیا اور انھوں نے سفارش کی، آپؐ نے ان کو ڈانٹا اور فرمایا: کیا آپ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ سزاؤں میں سے ایک سزا کے بارے میں سفارش کرتے ہیں؟ پھر آپؐ نے تقریر فرمائی کہ گذشتہ امتیں اسی لئے ہلاک ہوئیں کہ جب ان میں کوئی شریف چوری کرتا تو اس کو معاف کر دیتے اور کمزور چوری کرتا تو اس پر حد جاری کرتے، خدا کی قسم! اگر محمد (ﷺ) کی بیٹی فاطمہ (پناہ بخدا!) بھی چوری کرتی تو میں اس کا بھی ہاتھ کاٹتا۔

تشریح: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حدود اربعہ (چار سزائیں) اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ سزائیں ہیں، ان میں کسی طرح کی تبدیلی یا تخفیف کا حق کسی کو نہیں، ان میں کوئی سفارش بھی نہیں کی جا سکتی، نہ ان میں شریف غیر شریف، اور مالدار غریب کا فرق کیا جائے گا، یہ سزائیں سب پر یکساں جاری ہونگی۔

[٦-] باب ماجاء فی کراهیة أَنْ یَشفَعَ فی الحدود

[١٤١٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّتْهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِی سَرَقَتْ، فَقَالُوْا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيْهَا رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالُوْا: مَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ، فَقَالَ رَسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَشْفَعُ فِیْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللهِ!" ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ، قَالَ: "إِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِيْنَ مَنْ قَبْلَكُمْ: أَنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الشَّرِيْفُ تَرَكُوْهُ، وَإِذَا سَرَقَ فِيْهِمُ الضَّعِيْفُ أَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَأَيْمُ اللهِ! لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا"

وفی الباب: عَنْ مَسْعُوْدِ بنِ الْعَجْمَاءِ، وَيُقَالُ: ابنُ الأَعْجَمِ، وابنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ؛ حديثُ عائشة حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: حِبّ: محبوب...... اخْتَطَبَ: خَطَبَ: تقریر فرمائی...... أَيْمُ اللهِ: قسم بخدا!

بابُ ماجاء فی تَحْقِيقِ الرَّجْمِ

رجم (سنگساری) کی سزا قطعی ہے

حَقَّقَ الْقَوْلَ: بات پکی کرنا، حَقَّقَ المسئلةَ: مسئلے کو دلیل سے ثابت کرنا، پکا کرنا، تحقیق الرجم: رجم (سنگساری) کو پکا کرنا یعنی دلیل سے ثابت کرنا چونکہ اس حکم کی آیت منسوخ کر دی گئی ہے اس لئے کچھ لوگ اس زعم باطل میں مبتلا ہیں کہ سنگساری کی سزا ختم کر دی گئی ہے، صرف کوڑوں کی سزا باقی ہے، اس لئے یہ باب قائم کیا ہے

تا کہ دلیل سے ثابت کریں کہ یہ سزا باقی ہے۔

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا (**الحق**: صفت موصوف کے قائم مقام ہے، تقدیر عبارت **بالدین الحق** ہے) اور آپؐ پر کتاب نازل فرمائی، پس آپؐ پر جو آیات اتاری گئیں ان میں آیتِ رجم بھی تھی، پس رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا اور آپؐ کے بعد ہم نے رجم کیا اور مجھے ڈر ہے کہ لوگوں پر زمانہ دراز ہو جائے، پس کوئی کہنے والا کہے: ہم کتاب اللہ میں رجم کا حکم نہیں پاتے، پس وہ اُس فریضے کو ترک کرنے کی وجہ سے گمراہ ہو جائے جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے، سنو! رجم اللہ کی کتاب (شریعت) میں برحق ہے اس شخص پر جس نے زنا کیا: جب وہ شادی شدہ ہو اور گواہ قائم ہو جائیں یا حمل ہو یا اقرار ہو''

تشریح:

۱- آیتِ رجم: جس کی تلاوت منسوخ کی گئی ہے اور حکم باقی ہے یہ ہے: **الشیخُ والشیخةُ إذا زَنَیَا فارجموهُمَا الْبَتَّةَ نکالاً مِنَ اللهِ، واللهُ عزیز حکیم** یعنی شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت: جب زنا کریں تو ان کو قطعی طور پر سنگسار کر دو، اللہ کی طرف سے عبرتناک سزا کے طور پر، اور اللہ تعالیٰ زبردست حکمت والے ہیں۔ یہ آیت سورۃ الاحزاب میں تھی (فتح الباری ۱۲: ۱۴۳)

۲- قرآنِ کریم میں تین قسم کی آیتیں ہیں: اول: وہ آیات جن کی تلاوت بھی باقی ہے اور حکم بھی۔ دوم: وہ آیات جن کی صرف تلاوت باقی ہے، حکم منسوخ ہے۔ سوم: وہ آیات جن کا حکم باقی ہے اور تلاوت منسوخ ہے۔

اول الذکر سارا ہی قرآن ہے اور وہ آیات جن کا حکم منسوخ ہے تقریباً بیس ہیں، اور وہ قرآن میں اس لئے باقی ہیں کہ بعض صورتوں میں اور بعض زمانوں میں وہ معمول بہ ہیں، مثلاً مؤلفۃ القلوب کا حکم منسوخ ہے، لیکن اگر آئندہ کبھی مسلمانوں کی حالت دورِ اول کے مسلمانوں جیسی ہو جائے تو یہ حکم لوٹ آئے گا، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے الفوز الکبیر میں ایسی تمام آیتوں کو جمع کیا ہے، اور شاہ صاحبؒ نے ان میں سے اکثر کا مطلب بیان کیا ہے، اور جو پانچ چھ آیتیں باقی رہ گئی ہیں جن کا حضرت نے مطلب بیان نہیں کیا، ان کا مطلب میں نے الفوز الکبیر کی عربی شرح العون الکبیر میں بیان کیا ہے کہ یہ آیتیں فلاں فلاں مواقع کے لئے اور فلاں فلاں زمانوں میں معمول بہا ہیں، غرض قرآن کریم میں ایسی کوئی آیت نہیں ہے جو کسی بھی موقع اور کسی بھی زمانہ میں معمول بہ نہ ہو۔

اور وہ آیات جن کا حکم باقی ہے اور تلاوت منسوخ کی گئی ہے: یہی ایک آیت ہے، دوسری کوئی آیت میرے علم میں نہیں ہے، اور اس کی تلاوت اس لئے منسوخ کی گئی ہے کہ قرآن کتابِ دعوت بھی ہے، صرف کتابِ احکام نہیں اور جب یہ کتابِ دعوت ہے تو اس کو غیر مسلم بھی پڑھیں گے اور جب وہ اس آیت پر سے گذریں گے تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں گے، کیونکہ غیر مسلموں کے نزدیک زنا کوئی گناہ ہی نہیں، یوروپ و امریکہ کا حال تو اور بھی

ابتر ہے پس یہ لوگ اسلام سے قریب ہونے کے بجائے دور ہو جائیں گے، وہ خیال کریں گے کہ اگر ہم نے اسلام قبول کیا تو فوراً گردن نپ جائے گی، حالانکہ اسلام سابقہ تمام گناہوں سے درگذر کرتا ہے، حدیث میں ہے: الإسلام یھدم ما کان قبلہ: اسلام سابقہ گناہوں کو کالعدم کر دیتا ہے، مگر ان کو یہ اندیشہ دامن گیر رہے گا کہ شاید ہم اسلام قبول کرنے کے بعد بھی اس گناہ سے نہ بچ سکیں، حالانکہ اسلام سے مکمل زندگی بدل جاتی ہے۔

غرض اس مصلحت سے حکمت بالغہ کا تقاضا ہوا کہ قرآن کریم میں ایسی کوئی آیت باقی نہ رکھی جائے جو غیر مسلموں کے لئے قبول اسلام میں روڑا بنے اس لئے پہلے یہ آیت قرآن میں نازل کی گئی، پھر جب اس پر عمل شروع ہو گیا تو اس کی تلاوت منسوخ کر دی گئی (اس کی اور بھی تفصیل کرتا، مگر اب سالانہ قریب ہے اس لئے تفصیل کا وقت نہیں)

۳- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں اس خدشہ کا بھی اظہار کیا ہے کہ جب زمانہ طویل ہو جائے گا تو کچھ لوگ اس وجہ سے کہ آیتِ رجم قرآن میں نہیں ہے: رجم کا انکار کریں گے، کیونکہ جو حکم طبیعتوں کے خلاف ہوتا ہے عام طور پر لوگ اس کو قبول کرنے سے انکار کرتے ہیں اور طرح طرح کی باتیں چھانٹتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس حدیث میں واضح کر دیا ہے کہ قرآن کریم میں آیتِ رجم موجود تھی بعد میں اس کی تلاوت منسوخ کی گئی ہے، لیکن حکم بحالہ باقی ہے، بلکہ حضرت عمرؓ نے قرآن کے آخر میں اس آیت کو لکھنے کا ارادہ بھی کیا تھا مگر پھر اندیشہ لاحق ہوا کہ لوگ کہیں گے: عمرؓ نے قرآن مجید میں اضافہ کر دیا، اس لئے ارادہ بدل دیا اور نہیں لکھا (قرآن کے آخر میں آج بھی دعائے ختم القرآن وغیرہ لکھی ہوئی ہیں، پس اگر حضرت عمرؓ یہ آیت لکھ دیتے تو کچھ آسمان ٹوٹ نہ پڑتا، مگر باتیں چھانٹنے والوں کی زبان کون پکڑتا، اس لئے اچھا ہوا حضرت نے نہ لکھا)

۴- زنا کا ثبوت یا تو چار عینی گواہوں سے ہوتا ہے یا چار الگ الگ مجلسوں میں اقرار کرنے سے، البتہ اگر زنا کا قرینہ موجود ہو تو ایک مرتبہ اقرار کرنا بھی حد جاری کرنے کے لئے کافی ہے، مثلاً زانی یا زانیہ میں سے کسی ایک پر زنا کی سزا جاری ہو گئی ہو تو اب دوسرے کا ایک مرتبہ اقرار کرنا کافی ہے، یا مثلاً کوئی کنواری لڑکی حاملہ ہو تو یہ زنا کا واضح ثبوت ہے، پس جب وہ ایک مرتبہ اقرار کرے تو حد جاری کی جائے گی اب بار بار اقرار کی ضرورت نہیں، البتہ اس میں امام مالک رحمہ اللہ کا اختلاف ہے، ان کے نزدیک کنواری کا حاملہ ہونا سزا کو قطعی کر دیتا ہے، خواہ وہ زنا کا اقرار کرے یا نہ کرے حد جاری کی جائے گی۔ اور حنفیہ کے نزدیک ایک مرتبہ اقرار لینا اس لئے ضروری ہے کہ ممکن ہے اس کے ساتھ کسی نے جبراً زنا کیا ہو، اس صورت میں زانیہ پر حد نہیں آتی۔

حدیث (۲): حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رجم کیا اور میں نے رجم کیا اور اگر میں اس کو ناپسند نہ کرتا کہ میں قرآن کریم میں زیادتی کروں تو میں آیت رجم کو مصحف میں لکھ دیتا (فتح الباری ۱۲: ۱۴۳ کتاب الحدود میں ہے: لکتبتھا فی آخر القرآن) واقعہ یہ ہے کہ مجھے

اندیشہ ہے کہ بعد میں ایسے لوگ آئیں جو آیت رجم کو قرآن میں نہ پاکر اس کا انکار کردیں۔

[٧-] باب ماجاء فی تحقیق الرجم

[١٤١٥-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، وَإِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ بَعَثَ مُحَمَّدًا بِالْحَقِّ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ، وَكَانَ فِيْمَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةُ الرَّجْمِ، فَرَجَمَ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ، وَإِنِّي خَائِفٌ أَنْ يَطُوْلَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ، فَيَقُوْلَ قَائِلٌ: لاَنَجِدُ الرَّجْمَ فِيْ كِتَابِ اللهِ، فَيَضِلُّوْا بِتَرْكِ فَرِيْضَةٍ أَنْزَلَهَا اللّٰهُ، أَلاَ! وَإِنَّ الرَّجْمَ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا أَحْصَنَ، وَقَامَتِ الْبَيِّنَةُ، أَوْ كَانَ حَمْلٌ، أَوِ الاعْتِرَافُ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٤١٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: رَجَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَجَمَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَرَجَمْتُ، وَلَوْلاَ أَنِّيْ أَكْرَهُ أَنْ أَزِيْدَ فِيْ كِتَابِ اللهِ لَكَتَبْتُهُ فِي الْمُصْحَفِ، فَإِنِّيْ قَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَجِيْءَ أَقْوَامٌ فَلاَ يَجِدُوْنَهُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، فَيَكْفُرُوْنَ بِهِ.

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، حديثُ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُمَرَ.

بابُ ماجاء فی الرَّجْمِ عَلَى الثَّيِّبِ

شادی شدہ کو رجم کرنے کا بیان

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ، زید بن خالد اور شبل (یہ صحابی نہیں) رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ وہ حضور اقدس ﷺ کی مجلس میں موجود تھے: دو شخص اپنا مقدمہ لے کر آئے ان میں سے ایک نے کھڑے ہو کر عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں (جاننا چاہئے کہ کسی کے قسم دینے سے قسم نہیں ہوتی، البتہ جو اللہ کی قسم دے کر کوئی کام کرنے کو کہے اس کا کام ضرور کرنا چاہئے، جیسے اگر کوئی اللہ کا واسطہ دے کر سوال کرے تو اس کی ضرور مدد کرنی چاہئے مگر پیشہ ور سائل اس سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ ''اللہ کے لئے'' ان کا تکیہ کلام ہے) آپ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے ذریعہ فیصلہ کریں، پس اس کے حریف نے جو اس سے زیادہ سمجھ دار تھا کہا: ہاں! اے اللہ کے رسول! ہمارے درمیان اللہ کی کتاب سے فیصلہ کریں اور آپ مجھے اجازت دیں: میں واقعہ عرض کروں: میرا بیٹا اس کے یہاں مزدوری کرتا تھا اس نے اس کی بیوی سے زنا کیا، لوگوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا، اس لئے میں

نے سوبکریاں اور ایک غلام دے کراس کی جان بچائی، پھر میری اہل علم سے ملاقات ہوئی، میں نے ان سے مسئلہ دریافت کیا، انھوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کوسوکوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لئے اس کوجلاوطن کیا جائے گا (کیونکہ وہ کنوارا ہے اور جلاوطنی حد میں شامل ہے یا تعزیر ہے؟ یہ مسئلہ آگے مستقل باب میں آرہا ہے) اور اس کی بیوی سنگسار کی جائے گی (کیونکہ وہ شادی شدہ ہے، پس میں نے اس سے اپنی بکریاں اور غلام واپس مانگا) نبی ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میں ضرور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب سے فیصلہ کروں گا، تم نے جو سوبکریاں اور ایک غلام بہ طور فدیہ دیا ہے وہ تمہیں واپس کیا جاتا ہے، اور تمہارے بیٹے کوسوکوڑے لگیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کیا جائے گا، اور کل صبح جا اُنیس! اس کی بیوی کے پاس، پس اگر وہ زنا کا اعتراف کرے تو اس کورجم کردو چنانچہ انیسؓ آئندہ صبح کواس کی بیوی کے پاس گئے، پس اس نے اقرار کیا، پس اس کورجم کردیا۔

تشریح: امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اگر زانی ایک بار بھی زنا کا اقرار کرے تو اس پر حد جاری کی جائے گی، اس کا چار مرتبہ اقرار کرنا ضروری نہیں۔ ان کا استدلال اس حدیث سے ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت اُنیس سے مطلق فرمایا ہے کہ اگر وہ عورت زنا کا اقرار کرے تو اس کورجم کردو، یہ نہیں فرمایا تھا کہ چار مرتبہ اقرار لینا پھر رجم کرنا۔

مگر اس کا جواب پہلے گذر چکا ہے کہ چار مرتبہ اقرار لینا ابتداءً ضروری ہے جہاں زنا کا کوئی قرینہ نہ ہو، اور یہاں چونکہ قرینہ موجود ہے، زانی پر حد زنا جاری کی جاچکی ہے پس زانیہ کا ایک مرتبہ اقرار کرنا بھی کافی ہے، اب چار مرتبہ اقرار ضروری نہیں۔

[۸-] باب ماجاء فی الرَّجْمِ علی الثَّیِّبِ

[۱٤۱۷-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا ابنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، سَمِعَهُ مِنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَشِبْلٍ، أَنَّهُمْ كَانُوْا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَاهُ رَجُلَانِ يَخْتَصِمَانِ، فَقَامَ إِلَيْهِ أَحَدُهُمَا، فَقَالَ: أَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَارَسولَ اللهِ! لَما قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ خَصْمُهُ، وَكَانَ أَفْقَهَ مِنْهُ: أَجَلْ يَارسولَ اللّٰهِ! اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَأْذَنْ لِيْ فَأَتَكَلَّمَ: إِنَّ ابْنِيْ كَانَ عسِيْفًا عَلٰى هٰذَا، فَزَنٰى بَامْرَأَتِه، فَأَخْبَرُوْنِيْ أَنَّ عَلَى ابْنِي الرَّجْمَ، فَفَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَخَادِمٍ، ثُمَّ لَقِيْتُ نَاسًا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، فَزَعَمُوْا أَنَّ عَلَى ابْنِي جَلْدَ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبَ عَامٍ، وَإِنَّمَا الرَّجْمُ عَلٰى امْرَأَةِ هٰذَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ: المِائَةُ شَاةٍ وَالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ؛ وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيْبُ عَامٍ، وَاغْدُ يَا أُنَيْسُ! عَلَى امْرَأَةِ هٰذَا، فَإِنْ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا" فَغَدَا عَلَيْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا.

حدثنا إسحاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِیُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكٍ بِمَعْنَاهُ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ، وَعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وَهَزَّالٍ، وَبُرَيْدَةَ، وَسَلَمَةَ بْنِ الْمُحبَّقِ، وَأَبِیْ بَرْزَةَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ.

حديثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ حَديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَمَعْمَرٌ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:"إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ فَاجْلِدُوْهَا، فَإِنْ زَنَتْ فِیْ الرَّابِعَةِ فَبِيْعُوْهَا، وَلَوْ بِضَفِيْرٍ"

وَرَوَى سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وشِبْلٍ، قَالُوْا: كُنَّا عِنْدَ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، هٰكَذَا رَوَى ابنُ عُيَيْنَةَ الْحَدِيْثَيْنِ جَمِيْعًا عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَشِبْلٍ.

وحديثُ ابنُ عُيَيْنَةَ وَهْمٌ، وَهِمَ فِيْهِ سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، أَدْخَلَ حِدِيْثًا فِیْ حَدِيْثٍ، وَالصَّحِيْحُ مَا رَوَى الزَّبِيْدِیُّ، وَيُوْنُسُ بنُ يَزِيْدَ، وابنُ أَخِیْ الزُّهْرِیِّ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ" وَالزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ شِبْلِ بنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَالِكٍ الْأَوْسِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا زَنَتِ الْأَمَةُ"

وَهٰذَا الصَّحِيْحُ عِنْدَ أَهْلِ الحِدِيْثِ، وَشِبْلُ بنُ خَالِدٍ: لَمْ يُدْرِكِ النبیَّ صلی الله عليه وسلم، إِنَّمَا رَوَى شِبْلٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَالِكٍ الْأَوْسِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

وَهٰذَا الصَّحِيْحُ، وَحَدِيْثُ ابنِ عُيَيْنَةَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَرُوِیَ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ: شِبْلُ بنُ حَامِدٍ، وَهُوَ خَطَأٌ، إِنَّمَا هُوَ شِبْلُ بنُ خَالِدٍ، وَيُقَالُ أَيْضًا: شِبْلُ بنُ خُلَيْدٍ.

وضاحت: اس حدیث کوسفیان بن عیینہ نے اس طرح روایت کیا ہے: ابن شهاب، عن عبید الله بن عبد الله عن أبی هریرة وزید بن خالد وشبل تینوں کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کی مجلس میں حاضر تھے کہ ایک مقدمہ آیا الخ، یہ سفیان بن عیینہ کا وہم ہے، اور صحیح یہ ہے کہ عبید اللہ صرف حضرت ابو ہریرہ اور حضرت زید بن خالد سے روایت کرتے ہیں، شبل سے روایت نہیں کرتے (کیونکہ شبل صحابی نہیں ہیں) چنانچہ امام مالکؒ اور معمر وغیرہ نے اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور ان حضرات نے اسی سند سے ایک دوسری حدیث بھی روایت کی ہے، وہ یہ ہے کہ

نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر باندی زنا کرے تو اس کو کوڑے مارو (پھر زنا کرے تو کوڑے مارو، پھر زنا کرے تو کوڑے مارو) پھر اگر چوتھی مرتبہ زنا کرے تو اس کو بیچ دو، چاہے بالوں کی رسی کے بدل ہو یعنی نہایت سستی بکے تو بھی بیچ دو، اور زَبیدی اور یونس بن یزید وغیرہ نے بھی ابن شہاب زہری سے اسی طرح حدیث روایت کی ہے اور اس حدیث کی ایک دوسری سند بھی ہے: زہری روایت کرتے ہیں عبید اللہ سے، وہ شبل سے، وہ عبد اللہ بن مالک اوسی سے اور وہ نبی ﷺ سے، سفیان بن عیینہ نے ان دونوں سندوں کو خلط ملط کر دیا ہے اور شبل کو حضرت ابو ہریرہ اور حضرت زید بن خالد کے ساتھ ملا دیا ہے حالانکہ شبل صحابی نہیں ہیں، اور دوسری غلطی انھوں نے یہ کی ہے کہ شبل کے باپ کا نام حامد بتایا ہے حالانکہ ان کے باپ کا نام خالد ہے اور ایک قول خلید کا ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ نے زانیہ باندی کو بیچنے کا حکم اس لئے دیا ہے کہ کبھی باندی کی کسی سے دوستی ہو جاتی ہے اس لئے وہ بار بار زنا کا ارتکاب کرتی ہے، پس اس کو فروخت کر دینا بہتر ہے تاکہ وہ اپنے یار سے جدا ہو جائے اور وہ اس گناہ سے بچ جائے، پھر آقاؤں کی تربیت اور کنٹرول کا طریقہ بھی جدا ہوتا ہے، بعض آقا نرم طبیعت ہوتے ہیں وہ کنٹرول نہیں کر سکتے، پس ہو سکتا ہے کہ دوسرا آقا باندی کی اصلاح کر دے اور اس پر کنٹرول کر لے اس لئے نبی ﷺ نے اس کو فروخت کرنے کا حکم دیا، پس یہ بیچنا اپنی مصیبت دوسرے کے سر تھوپنا نہیں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''مجھ سے مسئلہ لے لو، اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے لئے راہ نکال دی ہے، اگر شادی شدہ: شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو ان کو سو کوڑے مارو، پھر سنگسار کر دو۔ اور جب غیر شادی شدہ: غیر شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو ان کو سو کوڑے مارو اور ایک سال کے لئے وطن سے دور بھیج دو''

تشریح:

۱- سورۂ نساء (آیت ۱۵) میں ارشاد پاک ہے: ''اگر کوئی عورت زنا کرے تو اس کو گھر میں نظر بند کر دو تا آنکہ وہ مرجائے یا اللہ تعالیٰ اس کے لئے کوئی راہ نکال دیں'' پھر جب سورۂ نور کی آیت ۲: ﴿الزَّانِيَةُ وَالزَّانِي فَاجْلِدُوْا﴾ نازل ہوئی تو آنحضرت ﷺ نے لوگوں سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لئے راہ نکال دی، اب اگر کوئی عورت زنا کرے اور وہ شادی شدہ ہو تو اس کو سو کوڑے مار کر سنگسار کر دو اور کنواری ہو تو سو کوڑے مارے جائیں پھر وہ آزاد ہے، اب گھر میں بند رکھنے کی ضرورت نہیں۔

۲- چاروں ائمہ متفق ہیں کہ شادی شدہ کی سزا صرف سنگساری ہے، سو کوڑے سزا میں داخل نہیں، وہ تعزیر ہیں، اور امام کی صوابدید پر موقوف ہیں (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۳۰۳ میں ہے) حنفیہ دوسری صورت میں بھی یہی کہتے ہیں کہ اصل سزا سو کوڑے ہیں اور ایک سال کی جلاوطنی تعزیر ہے، حد نہیں۔

[۱٤١٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "خُذُوْا عَنِّیْ، فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلاً: الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ الرَّجْمُ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ، وَنَفْیُ سَنَةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عَلِیُّ بنُ أَبِیْ طَالِبٍ، وَأُبَیُّ بنُ كَعْبٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَسْعُوْدٍ، وَغَيْرُهُمْ قَالُوْا: الثَّيِّبُ يُجْلَدُ وَيُرْجَمُ، وَإِلٰى هٰذَا ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ إِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَغَيْرُهُمَا: الثَّيِّبُ إِنَّمَا عَلَيْهِ الرَّجْمُ وَلاَ يُجْلَدُ، وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلُ هٰذَا فِیْ غَيْرِ حَدِيْثٍ فِیْ قِصَّةِ مَاعِزٍ وَغَيْرِهِ: أَنَّهُ أَمَرَ بِالرَّجْمِ، وَلَمْ يَأْمُرْ أَنْ يُجْلَدَ قَبْلَ أَنْ يُرْجَمَ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، وابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِیِّ، وَأَحْمَدَ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض صحابہ کا عمل ہے، ان میں سے حضرات علی، ابی بن کعب اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم وغیرہ ہیں (حضرت علیؓ نے اپنے دورِ خلافت میں زنا کے ایک واقعہ میں زانیہ کو پہلے سو کوڑے مارے پھر اگلے دن اس کو رجم کیا) وہ کہتے ہیں: شادی شدہ کو کوڑے مارے جائیں اور رجم کیا جائے، اور اسی کی طرف بعض اہل علم گئے ہیں اور یہ اسحاق کا قول ہے۔ اور بعض صحابہ مثلاً حضرات شیخین وغیرہ فرماتے ہیں کہ شادی شدہ کو سنگسار کیا جائے اور درے نہ مارے جائیں، اور نبی ﷺ سے ماعز اسلمیؓ وغیرہ کے واقعہ میں یہی مروی ہے کہ آپؐ نے ان کو رجم کرنے کا حکم دیا اور رجم کرنے سے پہلے درے مارنے کا حکم نہیں دیا، اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے اور یہی سفیان ثوری وغیرہ کا مذہب ہے۔

بابٌ منهُ

زنا سے حاملہ کو وضع حمل کے بعد سزا دی جائے

مصری نسخہ میں یہاں یہ باب ہے: باب تَرَبُّصِ الرجم بِالْحُبلی حتی تضع اس باب میں جو حدیث ہے وہ روایت بالمعنی ہے اور مختصر ہے۔ پورا واقعہ یہ ہے کہ قبیلہ جہینہ کی ایک عورت نے (جو یمن کی رہنے والی تھی) زنا کا ارتکاب کیا پھر اس کو ندامت ہوئی، وہ مدینہ منورہ آئی اور زنا کا اعتراف کیا۔ نبی ﷺ نے اس کو ٹلایا، وہ بار بار آئی اور چوتھی مرتبہ یہ بھی عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپؐ مجھے ماعز کی طرح بار بار ٹلا رہے ہیں، میں تو زنا سے حاملہ ہوں، یعنی میرے زنا کا تو ثبوت بھی ہے، آپؐ نے فرمایا: پس ہم اس حال میں تجھ پر اللہ کا حکم جاری نہیں کر سکتے (اس طرح آپؐ

نے اس کوایک باراورٹلا دیا) مگر جب بچہ پیدا ہوا تو پھر آئی آپؐ نے پھر اس کو یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ ابھی بچہ کو تیرے دودھ کی ضرورت ہے، وہ ایک سال کے بعد پھر اس حال میں آئی کہ بچہ اس کی گود میں تھا اور روٹی کھا رہا تھا۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اب اس کو ماں کے دودھ کی ضرورت نہیں رہی، آپؐ دیکھیں یہ روٹی کھا رہا ہے، تب آپؐ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا، جب وہ سنگسار کی گئی تو آپؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کے حکم سے یہ رجم کی گئی اور آپؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی! آپؐ نے فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وہ توبہ کسی شہر کے ستر شخصوں پر پھیلا دی جائے تو سب کی مغفرت ہو جائے، بتاؤ: اللہ کے لئے جان قربان کرنے سے بڑی بھی کوئی توبہ ہو سکتی ہے؟

[۹-] بابٌ منه

[۱٤۱۹-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِيْ الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ اعْتَرَفَتْ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِالزِّنَا، وَقَالَتْ: أَنَا حُبْلَى، فَدَعَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَلِيَّهَا فَقَالَ:" أَحْسِنْ إِلَيْهَا، فَإِذَا وَضَعَتْ حَمْلَهَا فَأَخْبِرْنِي، فَفَعَلَ، فَأَمَرَ بِهَا فَشُدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ أَمَرَ بِرَجْمِهَا، فُرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: يَارسولَ اللهِ! رَجَمْتَهَا ثُمَّ تُصَلِّيْ عَلَيْهَا؟ فَقَالَ:" لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِّمَتْ بَيْنَ سَبْعِيْنَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدْتَ شَيْئًا أَفْضَلَ مِنْ أَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ؟" وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: شُدَّتْ عليها ثيابها: اس پر اس کے کپڑے باندھے گئے تا کہ رجم کرتے وقت بدن نہ کھل جائے ...... جَادَ به: سخاوت کرنا یعنی قربان کرنا۔

بابُ ماجاءَ فی رَجْمِ أَهْلِ الْكِتَابِ

اہل کتاب کو رجم کرنے کا بیان

رجم کے لئے احصان شرط ہے، اور احصان دو ہیں[۱]: احصانُ الرجم اور احصانُ القذف۔ احصان الرجم میں

(۱) احصان کی دو قسمیں ہیں: احصانُ الرجم اور احصانُ القذف۔ احصان الرجم: یہ ہے کہ مرد اور عورت: دونوں عاقل، بالغ، آزاد اور مسلمان ہوں اور نکاح صحیح کر کے ہم بستر ہو چکے ہوں تو وہ مُحصِن (بکسر الصاد) اور مُحصَنہ (بفتح الصاد) ہیں۔ اور زنا میں ان کی سزا رجم ہے، اور احصان القذف یہ ہے کہ جس پر زنا کا الزام لگایا گیا ہے وہ عاقل، بالغ، آزاد، مسلمان اور عفیف (پاک دامن) ←

مسلمان ہونا شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مسلمان ہونا شرط نہیں۔ پس اگر کوئی غیر مسلم مرد وعورت زنا کریں اور ان کا مقدمہ اسلامی عدالت میں آئے تو ان کو رجم کیا جائے گا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک یہودی مرد اور ایک یہودی عورت کو جنھوں نے زنا کیا تھا رجم کیا ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک: احصان الرجم کے لئے مسلمان ہونا شرط ہے، پس غیر مسلموں کو رجم نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے قانون کے مطابق سزا دی جائے گی۔

اور ائمہ ثلاثہ کا مذکورہ واقعہ سے استدلال صحیح نہیں کیونکہ اس واقعہ میں نبی ﷺ نے یہودی اور یہودیہ کو ان کی شریعت کے مطابق رجم کیا تھا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ خیبر کے ایک یہودی اور یہودیہ نے زنا کیا پھر ان میں سزا دینے کے بارے میں اختلاف ہوا، کیونکہ وہ لوگ شریف کو کچھ سزا دیتے تھے اور وضیع کو کچھ، یہ زانی اور زانیہ بڑے لوگ تھے یا معمولی؟ اس میں اختلاف ہوا تو وہ یہ خیال کر کے کہ نبی ﷺ کی شریعت میں سہولت ہے: مقدمہ لے کر آپؐ کے پاس آئے، آپؐ نے پوچھا: تمہاری شریعت میں زنا کی کیا سزا ہے؟ انھوں نے کہا: ہماری شریعت میں زانی اور زانیہ کا منہ کالا کر کے ان کی تشہیر کی جاتی ہے، آپؐ نے فرمایا: تورات لاؤ، چنانچہ تورات لائی گئی اور عبداللہ بن صوریا نے پڑھنا شروع کیا وہ آیت رجم کو چھوڑ گیا۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے چوری پکڑی کہ آیتِ رجم کیوں چھوڑی؟ اس نے کہا: ہم نے اس حکم میں تبدیلی کر دی ہے پس آپؐ نے دونوں کو رجم کرنے کا حکم دیا اور فرمایا: ”میں پہلا وہ شخص ہوں جس نے اس حکم کو زندہ کیا جس کو تم نے مار دیا تھا“ اس واقعہ سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو ان کی شریعت کے مطابق رجم کیا تھا، اسلامی شریعت کے مطابق رجم نہیں کیا تھا پس اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ کا استدلال درست نہیں، بلکہ یہ حدیث حنفیہ کی دلیل ہے کہ غیر مسلموں کو ان کے پرسنل لا کے مطابق سزا دی جائے گی۔ واللہ اعلم۔

[۱۰-] باب ماجاء فی رجم أهل الكتاب

[۱٤۲۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَجَمَ يَهُوْدِيًّا وَيَهُوْدِيَّةً، وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱٤۲۱-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَجَمَ يَهُوْدِيًّا وَيَهُوْدِيَّةً.

وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَالْبَرَاءِ، وَجَابِرٍ، وَابْنِ أَبِيْ أَوْفى، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ بنِ جَزْءٍ،

← ہو یعنی پہلے کبھی اس پر زنا کا الزام نہ لگا ہو، ایسا مرد اور ایسی عورت جن پر الزام زنا لگایا گیا ہے باب قذف میں مُحصِن اور مُحصنہ ہیں ایسے لوگوں پر اگر کوئی زنا کا الزام لگائے تو شرعی ثبوت پیش کرے ورنہ تہمت لگانے والے کو حد قذف لگے گی، اور اگر کوئی شخص پاگل، بچے، غلام، غیر مسلم یا غیر عفیف پر تہمت لگائے تو حد قذف جاری نہ ہوگی (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۳۱۲)

وابنِ عَبَّاسٍ، حديثُ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ قَالُوْا: إِذَا اخْتَصَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ، وَتَرَافَعُوْا إِلٰى حُكَّامِ الْمُسْلِمِيْنَ: حَكَمُوْا بَيْنَهُمْ بِالْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ، وَبِأَحْكَامِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَيُقَامُ عَلَيْهِمُ الْحَدُّ فِي الزِّنَا، وَالْقَوْلُ الْأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس پر اکثر اہل علم کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: جب اہل کتاب باہم جھگڑا کریں اور مسلمان حکام کے پاس مقدمہ لائیں تو ان کے درمیان قرآن وسنت اور مسلمانوں کی شریعت کے مطابق فیصلہ کیا جائے گا۔ اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے (یہی ائمہ ثلاثہ کی رائے ہے) اور بعض علماء کہتے ہیں: ان پر زنا کی سزا جاری نہیں کی جائے گی، اور پہلا قول اصح ہے (کیونکہ قلم حضرت کے ہاتھ میں ہے، جو چاہیں لکھیں!)

بابُ ماجاء في النَّفْيِ

جلاوطن کرنے کا بیان

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کوڑے مارے اور جلاوطن کیا، اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے بھی اپنے اپنے زمانوں میں کوڑے مارے اور جلاوطن کیا۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سال بھر کے لئے جلاوطن کرنا کنوارے کی سزا کا جزء ہے، پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک عورت کو جلاوطن نہیں کیا جائے گا، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عورت کو بھی جلاوطن کیا جائے گا اور چونکہ مجلود کو مسافت سفر سے دور بھیجا جاتا ہے اور عورت کے لئے اتنا سفر تنہا کرنا جائز نہیں، پھر اس کی نگرانی کی بھی ضرورت ہے، اس لئے ولی بھی ساتھ جائے گا، اور احناف کے نزدیک جلاوطن کرنا تعزیر ہے، کنوارے کی سزا کا جز نہیں اور اس میں مصلحت یہ ہے کہ اسلامی معاشرہ میں جہاں ہر شخص سزا سے خائف ہوتا ہے، اگر کوئی زنا کرتا ہے تو وہ معاشقہ کے نتیجہ میں کرتا ہے، جب عشق ہوجاتا ہے تو آدمی اندھا ہوجاتا ہے، اس لئے اگر زانی اور زانیہ کو کوڑے مار کر وہیں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر زنا ہوگا، اس لئے مرد کو جلاوطن کرنا ضروری ہے، جب سال بھر تک عاشق ومعشوق جدا رہیں گے تو عشق کا بھوت اتر جائے گا، یہ جلاوطن کرنے کی حکمت ہے۔ اور یہ احناف کے نزدیک سیاست (حسن انتظام) ہے اگر قاضی مصلحت سمجھے تو جلاوطن کرے، ورنہ نہیں۔ غرض یہ کنوارے کی سزا کا جزء نہیں اور دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں ایک شخص کو جلاوطن کیا، وہ عیسائی بن گیا اور روم چلا گیا، جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے فرمایا: ''آئندہ میں کسی کو جلاوطن نہیں کروں گا'' اگر یہ کنوارے کی سزا کا جز ہوتی تو حضرت عمرؓ یہ بات کیسے فرماتے؟ معلوم ہوا کہ یہ حد میں شامل نہیں، بلکہ سیاست وتعزیر ہے۔ واللہ اعلم

[۱۱-] باب ماجاء في النَّفي

[۱٤۲۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَيَحْيىَ بنُ أَكْثَمَ، قالا: ثَنا عَبْدُ اللهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم ضَرَبَ وَغَرَّبَ، وأَنَّ أَبَا بَكْرٍ ضَرَبَ وَغَرَّبَ، وأَنَّ عَمَرَ ضَرَبَ وَغَرَّبَ.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ غريبٌ، رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ إِدْرِيْسَ، فَرَفَعُوْهُ.

وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ إِدْرِيْسَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ ضَرَبَ وَغَرَّبَ، وأَنَّ عُمَرَ ضَرَبَ وَغَرَّبَ: حدثنا بذٰلِكَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بنُ إِدْرِيْسَ، وَهٰكَذَا رُوِيَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ رِوَايَةِ ابنِ إِدْرِيْسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ نَحْوُ هٰذَا.

وَهٰكَذَا رَوَاهُ مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ أَنَّ أَبَا بَكْرٍ ضَرَبَ وَغَرَّبَ، وَأَنَّ عُمَرَ ضَرَبَ وَغَرَّبَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَدْ صَحَّ عَنْ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم النَّفْيُ: رَوَاهُ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدُ بنُ خَالِدٍ، وَعُبَادَةُ بنُ الصَّامِتِ، وَغَيْرُهُمْ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعَلِيٌّ، وَأُبَيُّ بنُ كَعْبٍ، وَعَبْدُ اللهِ بنُ مَسْعُوْدٍ، وأَبُوْ ذَرٍّ، وَغَيْرُهُمْ، وَكَذٰلِكَ رُوِيَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَمَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے صرف غریب کہا ہے، اس لئے کہ عبداللہ بن ادریس کے تلامذہ میں اختلاف ہے کہ اس حدیث میں نبی ﷺ کے کوڑے مارنے کا اور جلاوطن کرنے کا تذکرہ ہے یا نہیں؟ ابوکریب اور یحییٰ اس کا تذکرہ کرتے ہیں اور دوسرے تلامذہ مثلاً ابوسعید اشج اس کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اور ان کی روایات کے لئے شاہد ہے اور وہ محمد بن اسحاق کی روایت ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے پہلی سند پر صحت کا حکم نہیں لگایا، خیال رہے کہ نبی ﷺ کا جلاوطن کرنا ثابت ہے، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ صحابہ اس کو روایت کرتے ہیں، مگر بحث یہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی اس حدیث میں اس کا تذکرہ ہے یا نہیں؟ صحیح یہ ہے کہ اس حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں۔

بابُ ماجاء أَنَّ الْحُدُوْدَ کَفَّارَۃٌ لِأَھْلِھَا

حدود گناہ گاروں کے لئے کفارہ ہیں

حدیث: حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ہم نبی ﷺ کی مجلس میں حاضر تھے، آپؐ نے فرمایا: آؤ! مجھ سے بیعت کرو کہ تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے اور چوری نہیں کرو گے اور زنا نہیں کرو گے، پھر آپؐ نے سورۂ ممتحنہ کی آیت ۱۰ تلاوت فرمائی، اس آیت میں جس بیعت کا تذکرہ ہے اس کا نام بیعت سلوک ہے اور وہ آیت اگرچہ عورتوں کے تعلق سے ہے مگر وہی حکم مردوں کے لئے بھی ہے، یہ حدیث اس کی دلیل ہے، البتہ اگر کوئی بات مردوں یا عورتوں کے ساتھ خاص ہو تو اس کا تذکرہ صرف ان کی بیعت میں کیا جائے گا، مثلاً: جس علاقہ میں بیعت لی جا رہی ہے وہاں اغلام کی وبا عام ہو تو مردوں کی بیعت میں اس کا تذکرہ کیا جائے گا۔

اسی طرح جہاں عورتیں میت پر نوحہ کرتی ہیں، وہاں ان کی بیعت میں یہ بات بھی بڑھائی جائے گی۔ اور بیعتِ سلوک نوافل اعمال کرنے کے لئے، گناہوں سے بچنے کے لئے اور جنت کے بلند درجات حاصل کرنے کے لئے ہے، نجات اخروی کے لئے بیعت ضروری نہیں، تفصیل کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۴) میں گذر چکی ہے۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس جس نے بیعت کی شرطیں پوری کیں اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے یعنی قیامت کے دن اس کو اس کا اجر ملے گا، اور جس نے کسی شرط کی خلاف ورزی کی مثلاً چوری یا زنا وغیرہ کا ارتکاب کیا، پھر اس کو دنیا میں اس کی سزا مل گئی تو وہ اس کے لئے کفارہ ہے، اور جس نے ان میں سے کوئی گناہ کیا پس اللہ نے اس کے گناہ کو چھپا دیا اور اس کو دنیا میں ان گناہوں کی سزا نہیں ملی تو اس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، اگر اللہ چاہیں گے تو اس کو سزا دیں گے اور اگر چاہیں گے تو اس کی بخشش فرمائیں گے۔

تشریح: امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حدود کفارۂ سیئات ہیں یعنی حد جاری ہونے سے گناہ معاف ہو جاتا ہے ان کا استدلال اس حدیث سے ہے، اور امام شافعیؒ نے فرمایا: اس مسئلہ میں کہ حدود گناہوں کے لئے کفارہ ہیں یہ حدیث سب سے عمدہ ہے۔ اور احناف کے نزدیک حدود درحقیقت زواجر ہیں یعنی جھڑکنے والی ہیں وہ گناہوں سے باز رکھتی ہیں، ان سے گناہ معاف نہیں ہوتے بلکہ دیگر کبائر کی طرح قولی یا فعلی توبہ ضروری ہے، قولی توبہ تو ظاہر ہے اور فعلی توبہ یہ ہے کہ آدمی زندگی کا ورق پلٹ دے یعنی برائی چھوڑ کر شریعت کی پابندی کرنے لگے۔

اور جب کسی پر حد جاری ہوتی ہے تو عادی مجرم کی بات تو الگ ہے مگر جس سے اتفاقاً گناہ سرزد ہو جاتا ہے وہ آئندہ گناہ نہ کرنے کا عزم مصمم کر لیتا ہے یعنی حدود کے ساتھ فعلی توبہ مل جاتی ہے اس اعتبار سے حدود کو گناہوں کے لئے کفارہ کہا گیا ہے ورنہ تمام کبائر کے لئے جو ضابطہ ہے وہی ضابطہ یہاں بھی ہے۔

[١٢-] باب ماجاء أن الحدودَ كفارة لأهلها

[١٤٢٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" تُبَايِعُوْنِّيْ عَلَى أَنْ لَا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ، وَلَا تُسْرِقُوْا، وَلَا تَزْنُوْا: قَرَأَ عَلَيْهِمُ الآيَةَ، فَمَنْ وَفَى مِنْكُمْ فَأَجْرُهُ عَلَى اللّٰهِ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَعُوْقِبَ عَلَيْهِ، فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَهُ، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَهُوَ إِلَى اللّٰهِ: إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَجَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللهِ، وَخُزَيْمَةَ بنِ ثَابِتٍ؛ حديثُ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: لَمْ أَسْمَعْ فِيْ هٰذَا الْبَابِ: أَنَّ الْحَدَّ يَكُوْنُ كَفَّارَةً لِأَهْلِهِ: شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ الشَّافِعِيُّ: وَأُحِبُّ لِمَنْ أَصَابَ ذَنْبًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ: أَنْ يَسْتُرَ عَلَى نَفْسِهِ، وَيَتُوْبَ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ رَبِّهِ، وَكَذٰلِكَ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ أَنَّهُمَا أَمَرَا رَجُلًا أَنْ يَسْتُرَ عَلَى نَفْسِهِ.

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس مسئلہ میں کہ حد گناہ کے لئے کفارہ ہے: میں نے اس سے عمدہ حدیث نہیں سنی۔ امام شافعیؒ فرماتے ہیں: میں اس شخص کے لئے جس سے کوئی گناہ سرزد ہوجائے، پس اللہ اس کے گناہ کی پردہ پوشی فرماویں: یہ پسند کرتا ہوں کہ وہ اپنے گناہ کو چھپائے یعنی قاضی کے پاس جاکر اعتراف نہ کرے اور اپنے درمیان اور اللہ کے درمیان توبہ کرے، اسی طرح حضرات شیخین رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے ایک شخص کو گناہ چھپانے کا مشورہ دیا (یہ واقعہ امام محمد رحمہ اللہ نے موطا (ص:۳۱۰ باب الإقرار بالزناء) میں روایت کیا ہے)

بابُ ماجاء فى إِقَامَةِ الْحَدِّ عَلَى الإِمَاءِ

غلام باندیوں پر حد جاری کرنے کا بیان

مذاہبِ فقہاء: تمام ائمہ متفق ہیں کہ غلام باندی اگر زنا کریں تو وہ خواہ شادی شدہ ہوں یا کنوارے ان کی سزا پچاس کوڑے ہے اور یہ مسئلہ سورۃ النساء آیت ۲۵ میں ہے۔ البتہ حد جاری کرنے کا حق صرف حاکم کو ہے یا آقا کو بھی یہ حق حاصل ہے؟ اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک آقا کو بھی یہ حق حاصل ہے اور حنفیہ کے نزدیک آقا کو یہ حق حاصل نہیں، صرف حاکم حد جاری کرسکتا ہے۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تقریر میں فرمایا: لوگو! اپنے غلام باندیوں پر حد جاری کرو جو شادی شدہ

ہوں ان پر بھی اور جو کنوارے ہوں ان پر بھی، بیشک نبی ﷺ کی ایک باندی نے زنا کیا (یہ باندی سُرّیہ نہیں تھی، یعنی آپ اس کو بیوی کے طور پر استعمال نہیں فرماتے تھے) پس آپ نے مجھے کوڑے مارنے کا حکم دیا، میں کوڑے مارنے کی غرض سے اس کے پاس گیا تو معلوم ہوا کہ اس کو نفاس آرہا ہے یعنی اس نے ابھی بچہ جنا ہے، پس مجھے اندیشہ لاحق ہوا کہ اگر میں نے اس کو کوڑے مارے تو وہ کہیں مر نہ جائے، اس لئے میں نے اس کو کوڑے نہیں مارے اور آنحضرت ﷺ سے یہ بات عرض کی تو آپ نے فرمایا: ''تم نے ٹھیک کیا''

تشریح:

۱- اس حدیث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جو فرمایا ہے کہ اپنے غلاموں پر حد جاری کرو، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک یہ حقیقت پر محمول ہے، پس مولیٰ خود اپنے غلام باندیوں کو حد مار سکتا ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنے غلام باندیوں پر حدیں جاری کراؤ، ان کے گناہ مت چھپاؤ، کیونکہ جب کوئی شخص اپنے غلام یا باندی کو زنا کرتے دیکھتا ہے تو معاملہ دبا دیتا ہے کیونکہ اس میں مولیٰ کی بھی بدنامی ہے۔ حضرت علیؓ نے فرمایا: ایسا مت کرو بلکہ قاضی کو اس کی اطلاع دو اور شرعی شہادت سے ثابت کرو، اور ان پر حد جاری کراؤ، تاکہ وہ آئندہ اس گناہ سے باز رہیں۔

۲- اگر مجرم بیمار ہو یا اتنا کمزور ہو کہ کوڑے مارنے سے مر جائے گا تو اس کی سزا مؤخر کر دی جائے گی تا آنکہ وہ تندرست ہو جائے اور کوڑوں کا تحمل کر سکے، کیونکہ کوڑے مارنے کا مقصد مار ڈالنا نہیں ہے، صرف تنبیہ مقصود ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کی باندی زنا کرے تو اس کو اللہ کی کتاب کے مطابق تین بار کوڑے مارو، پھر اگر چوتھی بار زنا کرے تو اس کو فروخت کر دو اگرچہ بالوں کی رسّی کے عوض ہو یعنی نہایت معمولی قیمت پر بکے تو بھی بیچ دو۔

تشریح: فروخت کرنے کا حکم اس لئے ہے کہ یہ آقا اس پر کنٹرول نہیں کر سکتا، اس کو برائی سے روک نہیں سکتا، جب وہ دوسرے آقا کے پاس جائے گی تو وہ اس کو بالکل سیدھا کر دے گا۔

[۱۳-] باب ماجاء في إقامة الحدِّ على الإماءِ

[۱۴۲۴-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ سَعْدِ بنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: خَطَبَ عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! أَقِيْمُوْا الْحُدُوْدَ عَلٰى أَرِقَّائِكُمْ، مَنْ أَحْصَنَ مِنْهُمْ وَمَنْ لَمْ يُحْصِنْ، وَإِنَّ أَمَةً لِرَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم زَنَتْ، فَأَمَرَنِىْ أَنْ أُجَلِّدَهَا، فَأَتَيْتُهَا، فَإِذَا هِيَ حَدِيْثَةُ عَهْدٍ بِنِفَاسٍ، فَخَشِيْتُ إِنْ أَنَا جَلَدْتُهَا أَنْ أَقْتُلَهَا، أَوْقَالَ: تَمُوْتَ، فَأَتَيْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: ''أَحْسَنْتَ'' هٰذَا

حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٤٢٥-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الأَحْمَرُ، ثَنَا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيُجْلِدْهَا ثلاثًا بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَإِنْ عَادَتْ فَلْيَبِعْهَا، وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعْرٍ"

وفي الباب: عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَشِبْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَالِكٍ الأَوْسِيِّ؛ حديثُ أَبِيْ هُرَيرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: رَأَوْا أَنْ يُقِيْمَ الرَّجُلُ الْحَدَّ عَلَى مَمْلُوْكِهِ دُوْنَ السُّلْطَانِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ؛ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَدْفَعُ إِلَى السُّلْطَانِ، وَلَايُقِيْمُ الْحَدَّ هُوَ بِنَفْسِهِ، وَالْقَوْلُ الأَوَّلُ أَصَحُّ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے، وہ کہتے ہیں: آدمی اپنے غلاموں کو حد مار سکتا ہے سلطان کے ورے یعنی خود حد جاری کرسکتا ہے اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔ اور بعض علماء کہتے ہیں: غلام باندیوں کو سلطان کے پاس لے جائے اور حد جاری کرائے، خود حد جاری نہیں کرسکتا، اور پہلا قول اصح ہے (کیونکہ قلم حضرت کے دستِ مبارک میں ہے!)

بابُ ماجاء فی حَدِّ السَّكْرَانِ

مست (مخمور) کی سزا کا بیان

آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں شرابی کو سزا دینے کا طریقہ یہ تھا کہ کوئی شخص دونوں ہاتھوں میں دو چھڑیاں یا دو چپل لے کر ایک ساتھ چالیس مرتبہ مارتا تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی یہی معمول رہا، پھر جب خرابی بڑھ گئی یعنی نئے ایمان لانے والوں میں شراب نوشی کا رجحان بڑھتا نظر آیا تو دورِ فاروقی میں اس سلسلہ میں مشورہ ہوا، اور دو باتیں سامنے آئیں: ایک: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قرآن کریم میں جو سب سے ہلکی سزا ہے وہ دی جائے یعنی اسّی کوڑے مارے جائیں، کیونکہ شراب نوشی کی سزا قرآن کریم میں منصوص نہیں، پس اس کو منصوص سے بڑھانا نہیں چاہئے۔ دوسری بات: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمائی کہ شرابی جب مخمور ہوتا ہے تو اول فول بکتا ہے اور کبھی تہمت لگانے کی بھی نوبت آتی ہے اس لئے اس کو اسّی کوڑے مارے جائیں، یہ دونوں مشورے ایک بات پر متفق تھے اس لئے شرابی کو اسّی کوڑے مارنے کی تجویز عمل میں آئی۔ اور دورِ فاروقی سے یہی سزا باجماع امت جاری ہے، اب اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں، صرف امام شافعی رحمہ اللہ کا ذرا سا اختلاف ہے وہ

فرماتے ہیں: شراب نوشی کی اصل سزا تو چالیس کوڑے ہیں، باقی چالیس کوڑے تعزیر ہیں اور قاضی کی صوابدید پر موقوف ہیں اور دیگر ائمہ کے نزدیک اسّی کے اسّی حد ہیں ان میں کمی کرنا جائز نہیں۔

[۱٤-] باب ماجاء فی حَدِّ السَّکْرَان

[۱٤۲٦-] حدثنا سُفْیَانُ بنُ وَکِیْعٍ، ثَنَا أَبِیْ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زَیْدٍ الْعَمِّیِّ، عَنْ أَبِی الصِّدِّیْقِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم ضَرَبَ الْحَدَّ بِنَعْلَیْنِ أَرْبَعِیْنَ، قَالَ مِسْعَرٌ: أَظُنُّهُ فِی الْخَمْرِ.

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَزْهَرَ، وَأَبِیْ هُرَیرةَ، وَالسَّائِبِ بنِ عَبَّاسٍ، وَعُتْبَةَ بنِ الْحَارِثِ؛ حدیثُ أَبِیْ سَعِیْدٍ حدیثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ الصِّدِّیْقِ النَّاجِیُّ: اسْمُهُ بَکْرُ بنُ عَمْرٍو.

[۱٤۲۷-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ یُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: أَنَّهُ أُتِیَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَضَرَبَهُ بِجَرِیْدَتَیْنِ نَحْوَ الْأَرْبَعِیْنَ، وَفَعَلَهُ أَبُوْ بَکْرٍ، فَلَمَّا کَانَ عُمَرُ اسْتَشَارَ النَّاسَ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عَوْفٍ: کَأَخَفِّ الْحُدُوْدِ: ثَمَانِیْنَ، فَأَمَرَ بِهِ عُمَرُ.

حدیثُ أنسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ: أَنَّ حَدَّ السَّکْرَانِ ثَمَانُوْنَ.

ترجمہ: نبی ﷺ کے پاس ایک شخص لایا گیا جس نے شراب پی رکھی تھی، آپؐ نے اس کو دو چھڑیوں سے تقریباً چالیس مرتبہ مارا، اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے دورِ خلافت میں اسی طرح کیا، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا تو انھوں نے اس سلسلہ میں لوگوں سے مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سب سے ہلکی سزا جاری کی جائے یعنی اسّی کوڑے مارے جائیں، چنانچہ حضرت عمرؓ نے اسی کے مطابق حکم دیا۔

بابُ ماجاء مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ، فَإِنْ عَادَ فِیْ الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ

مخمور کو کوڑے مارے جائیں پھر اگر چوتھی مرتبہ پیئے تو قتل کر دیا جائے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شراب پیئے اسے کوڑے مارو، پھر اگر چوتھی مرتبہ پیئے تو اس کو قتل کردو''

تشریح: کتاب العلل کے شروع میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: جامع ترمذی کی تمام روایتیں معمول بہا ہیں، یعنی ان پر کسی نہ کسی مجتہد نے عمل کیا ہے، مگر دو حدیثیں ایسی ہیں جن پر کسی نے عمل نہیں کیا، ان میں سے ایک

یہ حدیث ہے، مگر ہم نے شرح میں بتلایا ہے کہ اگر اس کو تعزیر وسیاست پر محمول کریں تو یہ حدیث بھی معمول بہا بن جاتی ہے، تعزیر: حدود کے علاوہ دوسری سزاؤں کو کہتے ہیں جن کا قاضی کو اختیار ہوتا ہے اور حدود وتعزیر میں فرق یہ ہے کہ حدود پر تو ہر حال میں عمل کرنا ضروری ہے اس میں کسی مصلحت کا لحاظ نہیں کیا جاتا، نہ اس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے، نہ وہ معاف ہوسکتی ہے، اور تعزیر میں مصلحت کا لحاظ کیا جاتا ہے، پس اگر حاکم کسی شرابی کے قتل میں مصلحت دیکھے تو اس کو چوتھی مرتبہ میں قتل کرسکتا ہے۔

[١٥-] باب ماجاء من شَرِب الخمرَ فاجلدوه، فإن عادَ فی الرَّابعة فاقتلوه

[١٤٢٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ، فَإِنْ عَادَ فِی الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَالشَّرِيْدِ، وَشُرَحْبِيْلَ بنِ أَوْسٍ، وَجَرِيْرٍ، وَأَبِی الرَّمَدِ الْبَلَوِیِّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

حديثُ مُعَاوِيَةَ هٰكَذَا رَوَى الثَّوْرِیُّ أَيْضًا، عَن عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى ابنُ جُرَيْجٍ، وَمَعْمَرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

سَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: حَدِيْثُ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم فِیْ هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وَإِنَّمَا كَانَ هٰذَا فِیْ أَوَّلِ الْأَمْرِ، ثُمَّ نُسِخَ بَعْدُ، هٰكَذَا رَوَى مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ، فَإِنْ عَادَ فِی الرَّابِعَةِ فَاقْتُلُوْهُ" قَالَ: ثُمَّ أُتِیَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ بِرَجُلٍ، قَدْ شَرِبَ فِی الرَّابِعَةِ، فَضَرَبَهُ وَلَمْ يَقْتُلْهُ، وَكَذٰلِكَ رَوَى الزُّهْرِیُّ، عَنْ قَبِيْصَةَ بنِ ذُؤَيْبٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، قَالَ: فَرُفِعَ القَتْلُ وَكَانَتْ رُخْصَةً.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ، لاَنَعْلَمُ بَيْنَهُمُ اخْتِلاَفًا فِیْ ذٰلِكَ فِی الْقَدِيْمِ وَالْحَدِيْثِ، وَمِمَّا يُقَوِّیْ هٰذَا مَا رُوِیَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَوْجُهٍ كَثِيْرَةٍ، أَنَّهُ قَالَ: "لاَيَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنِّیْ رسولُ اللّٰهِ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلاَثٍ: النَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِیْ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهِ"

وضاحت:

۱- یہ حدیث حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ہے یا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی؟ ابوبکر بن عیاش اور ثوری نے سند حضرت معاویہؓ تک پہنچائی ہے، اور ابن جریج اور معمر نے حضرت ابو ہریرہؓ تک۔ امام بخاریؒ نے اول کو اصح قرار دیا ہے (البتہ ابوسلمہ کی سند سے یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابوداؤد میں مروی ہے)

۲- امام ترمذیؒ نے اس حدیث کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ حکم ابتداء میں تھا پھر منسوخ ہوگیا اور دلیل میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت پیش کی ہے کہ ایک شخص چوتھی مرتبہ شراب پیا ہوا نبی ﷺ کے پاس لایا گیا تو آپؐ نے اس کی پٹائی کی، قتل نہیں کیا۔ اور حضرت قبیصہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں بھی یہی بات مروی ہے (ابوداؤد حدیث ۴۴۸۵) اور حضرت قبیصہ نے فرمایا: پس قتل کا حکم اٹھا دیا گیا، اور یہ نسخ سہولت بنا (ابوداؤد) پھر ایک عام حدیث اس کی تائید میں لائے ہیں کہ کسی بھی مسلمان کا قتل تین صورتوں کے علاوہ جائز نہیں: قصاصاً قتل کرنا، شادی شدہ زانی کو رجم کرنا اور مرتد کو قتل کرنا، یہی تین صورتیں جائز ہیں، اور شرابی ان میں سے نہیں، پس معلوم ہوا کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔

فائدہ: یہ حکم ابتداء میں تھا: اس کی کوئی دلیل نہیں، کیونکہ اس حکم پر کبھی عمل نہیں ہوا، پس ممکن ہے یہ حکم تہدیدی ہو، اور سیاست وتعزیر پر محمول ہو۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاء فِیْ کَمْ یُقْطَعُ السَّارِقُ؟

کتنی چوری میں ہاتھ کاٹا جائے گا؟

مذاہبِ فقہاء: نصاب سرقہ کیا ہے؟ یعنی کتنی چوری میں ہاتھ کاٹا جائے گا؟ اس میں اختلاف ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: نصاب سرقہ: چوتھائی دینار یا تین درہم ہیں (امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک چوتھائی دینار ہے اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تین درہم۔ اور یہ دونوں قول درحقیقت ایک ہیں کیونکہ چوتھائی دینار کے ڈھائی درہم ہوتے ہیں اور عرب کسر چھوڑ دیتے ہیں، یا پوری گنتے ہیں، یہاں احتیاطاً پوری گنی گئی ہے) اور حنفیہ کے نزدیک: نصابِ سرقہ ایک دینار یا دس درہم ہیں۔

جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ سے اس سلسلہ میں کہ کتنی چوری میں ہاتھ کاٹا جائے؟ کوئی تقدیر (اندازہ) مروی نہیں، صرف یہ مروی ہے کہ ایک شخص نے ڈھال چرائی تو آپؐ نے اس کا ہاتھ کاٹا، پھر اس ڈھال کی قیمت کا اندازہ کرنے میں صحابہ میں اختلاف ہوا، چوتھائی دینار بھی اس کا اندازہ کیا گیا، تین درہم بھی اور اس کے علاوہ بھی۔ اور ابن عباس اور عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم نے دس درہم اندازہ کیا، علاوہ ازیں ایک ضعیف روایات میں یہ ارشاد نبوی مروی ہے: **لاقَطْعَ إلاَّ فِیْ عَشْرَةِ دراهم** یعنی دس درہم ہی میں ہاتھ کاٹا جائے، حنفیہ نے اس روایت کو اور ابن عباس وغیرہ

نے جوڑھال کی قیمت کا اندازہ کیا ہے: اس کو لیا ہے، یہ روایت اگرچہ کمزور ہے اور چوتھائی دینار اور تین درہم والی روایات اصح مافی الباب ہیں مگر احناف نے یہ روایت دووجہ سے لی ہے: ایک: چوتھائی دینار اور تین درہم والی روایات دس درہم والی روایت کے ضمن میں خود بخود آجاتی ہیں اس لئے ان پر بھی عمل ہوجاتا ہے۔ دوم: حدود میں احتیاط ضروری ہے اور احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ جو صورت حد کو ہٹانے والی ہو اس کو اختیار کیا جائے، مثلاً ایک شخص نے پانچ درہم چرائے، پس اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا، اب فرض کرو: نفس الامر میں قطع ید کی سزا لازم نہیں تھی اس وجہ سے کہ نصاب سرقہ دس درہم ہے تو یہ حد جاری کرنے میں غلطی ہوئی اور اگر نفس الامر میں قطع ید کی سزا لازم تھی پھر بھی ہاتھ نہ کاٹا گیا تو یہ حد جاری نہ کرنے میں غلطی ہوئی، اور یہی بہتر ہے۔ پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جہاں تک ممکن ہو مسلمانوں سے حدود کو ہٹاؤ، اگر مجرم کے لئے کوئی بچنے کی راہ ہو تو اس کو چھوڑ دو، کیونکہ حاکم معاف کرنے میں غلطی کرے یہ بہتر ہے اس سے کہ سزا دینے میں غلطی کرے'' اس لئے احناف نے دس درہم نصاب سرقہ تجویز کیا ہے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ میں چور کا ہاتھ کاٹا کرتے تھے۔

تشریح: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث کی بنیاد یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ڈھال چرانے کی وجہ سے ہاتھ کاٹا، حضرت عائشہؓ نے اس ڈھال کی قیمت کا چوتھائی دینار یا ڈھائی درہم اندازہ لگایا اور یہ بات فرمائی، علاوہ ازیں مذکورہ حدیث نبی ﷺ کا فعل ہے یا حضرت عائشہ کا فتوی ہے اس میں بھی اختلاف ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک ڈھال میں ہاتھ کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

تشریح: اصل یہی حدیث ہے اور ڈھال کی قیمت کا اندازہ کرنے میں صحابہ میں اختلاف ہوا ہے تفصیل گذر چکی۔

[۱۶-] باب ماجاء فی کم یُقْطَعُ السَّارِقُ؟

[۱۴۲۹-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَتْهُ عَمْرَةُ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ یَقْطَعُ فِیْ رُبْعِ دِیْنَارٍ فَصَاعِدًا.

حدیثُ عائشةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحدیثُ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائشةَ مَرْفُوْعًا، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ مَوْقُوْفًا.

[۱۴۳۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَطَعَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ مِجَنٍّ قِیْمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ.

وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَأُمِّ أَيْمَنَ؛ حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ: قَطَعَ فِىْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ، وَرُوِىَ عَنْ عُثْمَانَ وَعَلِيٍّ أَنَّهُمَا قَطَعَا فِىْ رُبْعِ دِيْنَارٍ، وَرُوِىَ عَنْ أَبِىْ هُرَيرةَ، وَأَبِىْ سَعيدٍ أَنَّهُمَا قَالاَ: تُقْطَعُ الْيَدُ فِىْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هَذَا عِنْدَ بَعْضِ فُقُهَاءِ التَّابِعِيْنَ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ: رَأَوُا الْقَطْعَ فِىْ رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا.

وَقَدْ رُوِىَ عَن ابنِ مَسْعُوْدٍ أَنَّهُ قَالَ: لاَقَطْعَ إِلَّا فِىْ دِيْنَارٍ أَوْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ، وَهُوَ حديثٌ مُرْسَلٌ، رَوَاهُ الْقَاسِمُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَالْقَاسِمُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ سفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ، قَالُوْا: لاَ قَطْعَ فِىْ أَقَلَّ مِنْ عَشْرَةِ دَرَاهِمَ.

ترجمہ: اس حدیث پر بعض صحابہ کا عمل ہے، ان میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، انھوں نے پانچ درہم میں ہاتھ کاٹا، اور حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے چوتھائی دینار میں ہاتھ کاٹا، اور ابو ہریرہ اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: پانچ درہم میں ہاتھ کاٹا جائے گا، اور اس پر بعض فقہاء تابعین کا عمل ہے، اور یہ امام مالک وغیرہ کا قول ہے، وہ فرماتے ہیں: چوتھائی دینار یا زیادہ میں ہاتھ کاٹا جائے گا ——— اور ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا: ایک دینار یا دس درہم سے کم میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔ اور یہ حدیث منقطع ہے اس کو قاسم بن عبدالرحمٰن نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے (رواہ الطحاوی) اور قاسم کا ابن مسعود سے سماع نہیں، اور اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے اور یہ سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: دس درہم سے کم میں ہاتھ نہ کاٹا جائے۔

بابُ ماجاء فى تَعْلِيْقِ يَدِ السَّارِقِ

کٹے ہوئے ہاتھ کا ہار پہنانا

حدیث: عبدالرحمٰن بن مُحیریز کہتے ہیں: میں نے فضالہ بن عبید سے چور کا ہاتھ کاٹ کر اس کی گردن میں لٹکانے کے بارے میں پوچھا کہ آیا یہ سنت ہے؟ انھوں نے فرمایا: نبی ﷺ کے پاس ایک چور لایا گیا، پس اس کا ہاتھ کاٹا گیا پھر نبی ﷺ نے حکم دیا کہ وہ ہاتھ اس کی گردن میں لٹکایا جائے، چنانچہ وہ ہار بنا کر اس کی گردن میں پہنایا گیا۔

تشریح: یہ عمل دو مقصد سے کیا گیا تھا، ایک: اس کی حرکت کی تشہیر کرنے کے لئے کہ لوگ جان لیں کہ وہ چور ہے۔ دوم: ظلماً ہاتھ کاٹنے اور سزا کے طور پر ہاتھ کاٹنے کے درمیان امتیاز کرنے کے لئے (مگر یہ بالا جماع حد کا جز نہیں، تعزیر ہے اور قاضی کی صوابدید پر موقوف ہے)

[۱۷-] باب ماجاء فی تعلیق ید السارق

[۱۴۳۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا عُمَرُ بنُ عَلِيٍّ المُقَدَّمِيُّ، ثنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ مُحَيْرِيْزٍ قَالَ: سَأَلْتُ فَضَالَةَ بنَ عُبَيْدٍ عَنْ تَعْلِيْقِ الْيَدِ فِيْ عُنُقِ السَّارِقِ: أَمِنَ السُّنَّةِ هُوَ؟ قَالَ: أُتِيَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِسَارِقٍ، فَقُطِعَتْ يَدُهُ، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَعُلِّقَتْ فِيْ عُنُقِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيِّ، عَنْ الْحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ؛ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مُحَيْرِيْزٍ: هُوَ أَخُوْ عَبْدِ اللهِ بنِ مُحَيْرِيْزٍ: شَامِيٌّ.

وضاحت: حجاج بن ارطاۃ معمولی ضعیف راوی ہے اس لئے حدیث صرف حسن ہے۔

بابُ ماجاء فی الْخَائِنِ وَالْمُخْتَلِسِ وَالْمُنْتَهِبِ

خیانت کرنے والے، جھپٹّا مارنے والے اور لوٹنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''خیانت کرنے والے، مال لوٹنے والے اور جھپٹا مار کر لینے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا''

تشریح: خیانت یہ ہے کہ کسی کے پاس کوئی چیز حفاظت کے لئے رکھی، وہ اس سے مُکر گیا، اور جھپٹا مارنا اور لوٹنا: یہ ہے کہ مالک کی آنکھوں میں دھول جھونک کر لے گیا، ان تینوں صورتوں میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، کیونکہ سورۃ المائدہ آیت ۳۸ میں سارق (چور) کا ہاتھ کاٹنے کا حکم ہے اور سرقہ کا تحقق اس وقت ہوتا ہے جب کوئی چیز خفیہ طریقے پر محفوظ جگہ سے لی جائے اور یہ بات خیانت اور انتہاب واختلاس میں نہیں پائی جاتی اس لئے ان صورتوں میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، مگر حاکم اپنی صوابدید سے سزا ضرور دے گا، جو تعزیر ہوگی۔

[۱۸-] باب ماجاء فی الخائن والمُخْتَلِسِ وَالْمُنْتَهِبِ

[۱۴۳۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لَيْسَ عَلٰى خَائِنٍ وَلَا مُنْتَهِبٍ وَلَا مُخْتَلِسٍ قَطْعٌ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَدْ رَوَى مُغِيْرَةُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جابرٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ ابنِ جُرَيْجٍ، وَمُغِيْرَةُ بنُ مُسْلِمٍ: هُوَ بَصْرِيٌّ، أَخُوْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْقَسْمَلِيِّ، كَذَا قَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ.

لغت:نَهَبَ الشیئَ وَانْتَهَبَ: لوٹنا، زبردستی لینا...... خَلَسَ الشیئَ واخْتَلَسَ: دھوکے سے چھین لینا، جھپٹا مار کر چھین لینا۔

بابُ ماجاء لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَلَا کَثَرٍ

پھل اور گابھے کی چوری میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ثمر اور کثر میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا'' ——— ثمر کے معنی ہیں: تازہ پھل، جو کھجور کے درخت پر ہوں، اور کثر کے معنی ہیں: کھجور کا شگوفہ، کھجور کے درخت پر جو پھول آتا ہے وہ میٹھا ہوتا ہے، اس کو کھاتے ہیں، پس اگر کوئی شگوفہ یا درخت پر لگا ہوا پھل چرائے تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا اس لئے کہ یہ محفوظ مال نہیں، البتہ قاضی اس کو کوئی دوسری مناسب سزا دے گا۔

[۱۹-] باب ماجاء لاقَطْع فی ثمرٍ ولا کَثَرٍ

[۱۴۳۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ یَحْیَی بنِ سَعِیْدٍ، عَنْ مَحَمَّدِ بنِ یَحْیَی بنِ حِبَّانَ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بنِ حِبَّانَ، أَنَّ رَافِعَ بنَ خَدِیْجٍ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ:'' لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَلَا کَثَرٍ''

هٰکَذَا رَوَی بَعْضُهُمْ عَنْ یَحیی بنِ سَعِیْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ یَحْیَی بنِ حِبَّانَ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بنِ حِبَّانَ، عَنْ رَافِعٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ رِوَایَةِ اللَّیْثِ بنِ سَعْدٍ، وَرَوَی مَالِكُ بنُ أَنَسٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِیْثَ عَنْ یَحْیَی بنِ سَعِیْدٍ، عَنْ محمدِ بنِ یَحْیَی بنِ حِبَّانَ، عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِیْجٍ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ عَنْ وَاسِعِ بنِ حِبَّانَ.

وضاحت: محمد بن یحییٰ بن حبان اور حضرت رافعؓ کے درمیان محمد کے چچا واسع بن حبان کا واسطہ ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، بعض روات مثلاً لیث بن سعد واسطہ بڑھاتے ہیں، اور دوسرے بعض روات مثلاً امام مالکؒ واسطہ ذکر نہیں کرتے (اور محمد کا حضرت رافع سے لقاء وسماع ہے، پس واسطہ والی روایت مزید فی متصل الاسناد ہوسکتی ہے)

بابُ ماجاء أَنْ لَا تُقْطَعَ الأَیْدِیْ فِی الْغَزْوِ

جہاد میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

اگر فوج کسی جگہ لڑنے کے لئے گئی ہو اور وہاں کوئی فوجی چوری کرے تو اس کی سزا مؤخر کردی جائے گی،

دارالحرب میں اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، کیونکہ جس کا ہاتھ کاٹا جاتا ہے اسے صحت یاب ہونے میں کئی دن درکار ہوتے ہیں اور تیمارداری کی بھی ضرورت ہوتی ہے، وہاں کون اس کی تیمارداری کرے گا، پھر یہ بھی اندیشہ ہے کہ وہ ناراض ہوکر دشمن کی صفوں میں جا ملے اس لئے دارالحرب میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا بلکہ جب فوج واپس آئے گی اس وقت ہاتھ کاٹا جائے گا۔

[۲۰-] باب ماجاء أن لاتُقْطَعَ الْأَيْدِيْ في الغَزْوِ

[۱۴۳۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بنِ عَبَّاسٍ، عَنْ شُيَيْمِ بنِ بَيْتَانَ، عَنْ جُنَادَةَ بنِ أَبِيْ أُمَيَّةَ، عَنْ بُسْرِ بنِ أَرْطَاةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لَا تُقْطَعُ الْأَيْدِيْ فِي الْغَزْوِ"
هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ ابنِ لَهِيْعَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَ هٰذَا، وَقَالَ: بُسْرُ بنُ أَبِيْ أَرْطَاةَ أَيْضًا.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمُ الْأَوْزَاعِيُّ: لَايَرَوْنَ أَنْ يُقَامَ الْحَدُّ فِي الْغَزْوِ بِحَضْرَةِ الْعَدُوِّ، مَخَافَةَ أَنْ يَلْحَقَ مَنْ يُقَامُ عَلَيْهِ الْحَدُّ بِالْعَدُوِّ، فَإِذَا خَرَجَ الإِمَامُ مِنْ أَرْضِ الْحَرْبِ وَرَجَعَ إِلٰى دَارِ الإِسْلَامِ أَقَامَ الْحَدَّ عَلٰى مَنْ أَصَابَهُ كَذٰلِكَ قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ.

ترجمہ: اس پر بعض اہل علم کا عمل ہے، ان میں اوزاعی رحمہ اللہ بھی ہیں، وہ دارالحرب میں دشمن کی موجودگی میں حد جاری کئے جانے کے قائل نہیں، اس اندیشہ سے کہ کہیں وہ شخص جس پر حد جاری کی گئی ہے دشمن کے ساتھ مل جائے۔ پھر جب امام دارالحرب سے نکل آئے اور دارالاسلام میں لوٹ جائے تو اس شخص پر جس نے جرم کیا ہے حد جاری کرے، امام اوزاعیؒ نے ایسا ہی کہا ہے۔

فائدہ: امام اوزاعی رحمہ اللہ شام کے مجتہد ہیں، ان کا دعوی تھا کہ اسلام کا حربی نظام سب سے زیادہ ہم جانتے ہیں چنانچہ جب امام محمد رحمہ اللہ نے طلبہ کی ضرورت کے لئے السِّیر الصغیر لکھی اور وہ امام اوزاعی کو پہنچی تو انھوں نے تبصرہ کیا: اہل عراق: اسلام کا حربی نظام کیا جانیں، دیکھو ان کے بڑے آدمی کی یہ کتاب ہے! اس میں کچھ بھی نہیں، صرف سرسری باتیں ہیں! جیسے کوئی شخص تعلیم الاسلام دیکھ کر کہے: مفتی کفایت اللہ صاحب بس اتنی ہی فقہ جانتے تھے تو یہ بے دانشی کی بات ہے، مفتی صاحب نے یہ کتاب بچوں کے لئے لکھی ہے، وہ بچوں کا معیار سامنے رکھیں گے امام محمد رحمہ اللہ نے بھی حدیث کے طلبہ کی ضرورت کے لئے یہ رسالہ لکھا تھا، مگر امام اوزاعی نے اس پر مذکورہ تبصرہ کیا اور یہ بھی کہا کہ میں اہل عراق کو بتاؤں گا: اسلام کا حربی نظام کیا ہوتا ہے؟ چنانچہ انھوں نے ''السِّیَرُ الأوزاعی'' لکھی اور اس میں جگہ جگہ امام محمدؒ پر رد کیا۔ جب یہ کتاب عراق پہنچی تو امام ابو یوسفؒ نے اس کا رد لکھا جو الرّدُّ علی سِیَر الأوزاعی کے نام سے مطبوعہ ہے اور امام محمدؒ نے کوئی رد نہیں لکھا، بلکہ ایک دوسری کتاب: السیر الکبیر لکھی جس کی علامہ سرخسیؒ نے

شرح کی ہے جو چار جلدوں میں مطبوعہ ہے۔ جب امام اوزاعی نے اس کتاب کا مطالعہ کیا تو اہل عراق کا لوہا مان لیا، اور فرمایا: مصنف نے اس کتاب میں اسلام کے حربی نظام کے تعلق سے جو باتیں لکھی ہیں وہ ہم نے آج تک نہیں سنیں اس نے ہر مسئلہ کو حدیثوں سے ثابت کیا ہے، اگر اس میں حدیثیں نہ ہوتیں تو میں کہتا: یہ شخص فن کا واضع ہے۔

غرض امام اوزاعیؒ کا یہ دعوی تھا کہ وہ اسلام کے حربی نظام کو سب سے زیادہ جانتے ہیں اس لئے آگے جگہ جگہ ان کے اقوال آئیں گے، خاص طور پر ابواب السیر اور ابواب الجہاد میں۔ اور یہ مسئلہ کہ دارالحرب میں ہاتھ کاٹا جائے یا نہ کاٹا جائے؟ اسی قسم کا مسئلہ ہے، اس لئے امام ترمذیؒ ان کا قول لائے ہیں۔ اُس زمانہ میں ہر محدث کے پاس سیر الاوزاعی تھی، امام ترمذیؒ کے پاس بھی تھی اس سے جگہ جگہ اقوال نقل کریں گے، مگر یہ اقوال امام ترمذیؒ کو سند کے ساتھ بھی پہنچے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یَقَعُ عَلَی جَارِیَةِ امْرَأَتِهِ

بیوی کی باندی سے صحبت کرنے کا حکم

حدیث: حبیب بن سالم کہتے ہیں: حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کے سامنے اس شخص کا مقدمہ آیا جس نے اپنی بیوی کی باندی سے صحبت کی تھی (آپؓ کوفہ کے حاکم تھے) پس آپؓ نے فرمایا: میں وہ فیصلہ کروں گا جو نبی ﷺ نے کیا ہے۔ اگر عورت نے اپنی باندی اس کے لئے حلال کی تھی یعنی شوہر کو صحبت کی اجازت دی تھی تو میں اس کو سو کوڑے ماروں گا، اور اگر اجازت نہیں دی تھی تو سنگسار کروں گا۔

تشریح:

۱- اس حدیث کو صرف امام احمد رحمہ اللہ نے لیا ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی باندی سے بیوی کی اجازت سے صحبت کرے تو اس کو سو درّے مارے جائیں گے، اور اگر بلا اجازت صحبت کرے تو سنگسار کیا جائے گا۔ اور شافعیہ اور مالکیہ نے اس حدیث کو نہیں لیا، وہ فرماتے ہیں: یہ زنا ہے، پس شوہر سنگسار کیا جائے گا، خواہ بیوی نے اجازت دی ہو یا نہ دی ہو، اور انھوں نے حضرت علی اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے اثر سے استدلال کیا ہے، دونوں بزرگوں کا فتوی یہ ہے کہ شوہر کو سنگسار کیا جائے۔

اور حنفیہ نے بھی اس حدیث کو نہیں لیا، ابواب الحدود کے شروع میں (باب ۲ میں) بتایا گیا ہے کہ تین شبہوں کی وجہ سے حنفیہ کے نزدیک حد ساقط ہو جاتی ہے، ان میں سے ایک شبہ فی المحل ہے اور یہ اس کی مثال ہے۔

میاں بیوی میں ایک دوسرے کی چیز استعمال کرنے میں بے تکلفی ہوتی ہے، پس بیوی کی باندی سے صحبت کرنے میں شبہ ہے، اس لئے حد ساقط ہو جائے گی، البتہ قاضی مناسب سزا دے گا۔ اور حنفیہ کا استدلال حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول سے ہے، انھوں نے فرمایا: جس نے بیوی کی باندی سے صحبت کی اس پر حد جاری نہیں کی جائے

گی بلکہ اس کو دوسری کوئی مناسب سزا دی جائے گی۔

۲- مسئلہ باب میں ایک حدیث تو یہی ہے اور یہ مرفوع ہے، کیونکہ آپؓ نے اپنے فیصلہ کو رسول اللہ ﷺ کی طرف منسوب کیا ہے، دوسری مرفوع حدیث حضرت سلمہ کی ہے، جس کا امام ترمذیؒ نے حوالہ دیا ہے، اور وہ ابوداؤد (حدیث ۴۴۶۰) میں ہے، اور وہ اس سے مختلف ہے۔ اس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص کے حق میں جس نے اپنی بیوی کی باندی سے صحبت کی تھی: فیصلہ کیا کہ اس نے اگر باندی سے زبردستی کی ہے تو باندی آزاد ہے اور شوہر اس کی مالکہ کو اس کے مانند باندی دے، اور اگر باندی کی رضامندی تھی تو وہ باندی شوہر کی ہوگئی، اور شوہر اس کی مالکہ کو ویسی ہی باندی دے۔ یہ دونوں مرفوع روایتیں متعارض ہیں اور یہ دوسری روایت بھی متکلم فیہ ہے۔

۳- باب کی حدیث کی سند میں اضطراب ہے، امام ترمذیؒ نے اس کی دو سندیں بیان کی ہیں: ایک: قتادہ: یہ حدیث حبیب بن سالم سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت نعمان سے۔ دوسری: ابو بشر: حبیب سے اور وہ حضرت نعمان سے روایت کرتے ہیں اور امام بخاری نے فرمایا ہے کہ نہ قتادہ نے یہ حدیث حبیب سے سنی ہے نہ ابوبشر نے، دونوں نے خالد بن عرفطہ سے یہ حدیث سنی ہے (یہ دونوں حدیثیں ابوداؤد میں ہیں نمبر ۴۴۵۸ و ۴۴۵۹) اس لئے یہ حدیث صرف امام احمدؒ نے لی ہے، دوسرے فقہاء نے یہ روایت نہیں لی۔

[۲۱-] باب ماجاء فی الرجل يَقَعُ على جَارِيَةِ امْرَأَتِه

[۱٤۳۵-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِي عَرُوْبَةَ، وَأَيُّوْبَ بنِ مِسْكِيْنٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ سَالِمٍ، قَالَ: رُفِعَ إِلَى النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ رَجُلٌ وَقَعَ عَلَى جَارِيَةِ امْرَأَتِه، فَقَالَ: لَأَقْضِيَنَّ فِيْهَا بِقَضَاءِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم: لَئِنْ كَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَهُ لَأَجْلِدَنَّهُ مِائَةً، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ أَحَلَّتْهَا لَهُ رَجَمْتُهُ.

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ نَحْوَهُ.

وفى الباب: عَنْ سَلَمَةَ بنِ الْمُحَبَّقِ نَحْوَهُ، حديثُ النُّعْمَانِ فِيْ إِسْنَادِهِ اضْطِرَابٌ، سَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: لَمْ يَسْمَعْ قَتَادَةُ مِنْ حَبِيْبِ بنِ سَالِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ، إِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ خَالِدِ بنِ عُرْفُطَةَ وَأَبُوْ بِشْرٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ حَبِيْبِ بنِ سَالِمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ أَيْضًا، إِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ خَالِدِ بنِ عُرْفُطَةَ.

وَقَدْ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ الرَّجُلِ يَقَعُ عَلَى جَارِيَةِ امْرَأَتِه فَرُوِيَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِنْهُمْ عَلِيٌّ، وابنُ عُمَرَ: أَنَّ عَلَيْهِ الرَّجْمَ، وَقَالَ ابنُ مَسْعُوْدٍ: لَيْسَ عَلَيْهِ حَدٌّ، وَلٰكِنْ يُعَزَّرُ، وَذَهَبَ أَحْمَدُ، وَإِسْحَاقُ إِلٰى مَا رَوَى النَّعْمَانُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ ماجاء في الْمَرْأَةِ إِذَا اسْتُكْرِهَتْ عَلَى الزِّنَا

کسی عورت سے زبردستی زنا کیا تو اس پر حد نہیں

حدیث (۱): حضرت وائل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے عہد مبارک میں ایک عورت سے زبردستی زنا کیا گیا، پس نبی ﷺ نے اس عورت سے حد اٹھادی یعنی اس پر حد جاری نہیں کی، اور جس نے زنا کیا تھا اس کو سزا دی، اور اس عورت کو مہر دلوایا یا نہیں؟ اس کا اس حدیث میں کوئی تذکرہ نہیں۔

تشریح: تمام ائمہ متفق ہیں کہ اگر کسی عورت سے زبردستی زنا کیا جائے تو اس پر حد نہیں، اور یہ حدیث مختصر ہے، اس کا پورا واقعہ اگلی حدیث میں آرہا ہے اور یہ حدیث منقطع بھی ہے اس لئے کہ عبدالجبار کا ان کے والد حضرت وائلؓ سے سماع نہیں، حضرت وائلؓ کے دو صاحبزادے ہیں: علقمہ اور عبدالجبار، علقمہ بڑے ہیں اور ان کا حضرت وائلؓ سے سماع ہے، اور عبدالجبار حضرت وائل کی وفات کے چند ماہ بعد پیدا ہوئے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت وائل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے عہد مبارک میں ایک عورت نماز کے لئے گھر سے نکلی، راستہ میں ایک آدمی اس کو ملا جو اس پر جھول بن گیا یعنی اس کو گرا کر اس پر چھا گیا، اور اس سے اپنی حاجت پوری کی، جب وہ فارغ ہوا اور چل دیا تو عورت چیخی مگر وہ بھاگ لیا اور اس کے پاس سے ایک دوسرا آدمی گذرا، عورت نے خیال کیا: یہ وہی آدمی ہے، چنانچہ اس نے شور مچایا کہ اس نے میرے ساتھ ایسا ایسا کیا، پھر وہ عورت مہاجرین کی ایک جماعت کے پاس سے گذری اور ان سے بھی یہی کہا کہ اُس آدمی نے میرے ساتھ ایسا کیا، پس لوگ دوڑے اور اس آدمی کو پکڑ لیا جس کے بارے میں عورت کا گمان تھا کہ اس نے اس کے ساتھ زنا کیا ہے۔ اس عورت نے تصدیق کی کہ زنا کرنے والا یہی ہے، لوگ اس کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے، پس جب آپؐ نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا تو وہ شخص جس نے زنا کیا تھا کھڑا ہوا، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! زنا کرنے والا میں ہوں، پس نبی ﷺ نے عورت سے فرمایا: ''جا، اللہ تعالیٰ نے تیرا گناہ معاف کردیا'' اور آپؐ نے اچھے کلمات فرمائے، اس شخص کے حق میں جو خواہ مخواہ پکڑا گیا تھا اور اس کے لئے جس نے زنا کیا تھا رجم کا حکم دیا اور فرمایا: ''اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر کسی شہر کے لوگ ایسی توبہ کریں تو سب کی مغفرت ہوجائے'' ظاہر ہے بے گناہ کو بچالینا اور اپنے آپ کو پیش کردینا اور سنگسار ہوجانا معمولی بات نہیں، بہت بڑی توبہ وانابت ہی سے یہ بات صادر ہوسکتی ہے۔

سوال: یہاں ایک سوال ہے کہ مجرم نے چار مرتبہ الگ الگ مجلسوں میں اقرار نہیں کیا بلکہ وہ انکار کرتا ہوگا، پس زنا کا ثبوت نہیں ہوا، پھر اس کو سنگسار کیوں کیا گیا؟

جواب: اگر اقرار یا انکار کے ساتھ قرینہ حالیہ مل جائے تو پھر نہ چار مرتبہ اقرار کی ضرورت ہے نہ انکار معتبر

ہے پہلے حضرت عمرؓ کا ارشاد گذرا ہے کہ اگر حمل ہو (اور زبردستی زنا کا ثبوت نہ ہو، نہ نکاح کا کوئی ثبوت ہو) تو حمل ہی ثبوت زنا کے لئے کافی ہے، یہاں بھی قرینہ حالیہ موجود ہے، وہ رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے، اس لئے اقرار ضروری نہیں، اور مجرم تو انکار کیا ہی کرتا ہے، اگر اس کے انکار کا اعتبار کیا جائے گا تو پھر گواہوں سے بھی زنا کا ثبوت نہیں ہو سکے گا۔

[۲۲-] باب ماجاء فی المَرْأَةِ إذَا اسْتُكْرِهَتْ عَلَى الزِّنَا

[۱۴۳۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا مَعْمَرُ بنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بنِ اَرْطَاةَ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بنِ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: اسْتُكْرِهَتِ امْرَأَةٌ عَلٰى عَهْدِ رَسولِ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَدَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْهَا الْحَدَّ، وَأَقَامَهُ عَلَى الَّذِىْ أَصابَهَا، وَلَمْ يَذْكُرْ أَنَّهُ جَعَلَ لَهَا مَهْرًا.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، سَمِعْتُ مَحَمَّداً يَقُوْلُ: عَبْدُ الْجَبَّارِ بنُ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْهِ، وَلاَ أَدْرَكَهُ، يُقَالُ: إِنَّهُ وُلِدَ بَعْدَ مَوْتِ أَبِيْهِ بِأَشْهُرٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الْحَدِيثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنْ لَيْسَ عَلٰى الْمُسْتَكْرَهَةِ حَدٌّ.

[۱۴۳۷-] حدثنا محمدُ بنُ يَحْيىَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، ثَنَا سِمَاكُ بنُ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ امْرَأَةً خَرَجَتْ عَلَى عَهْدِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، تُرِيْدُ الصَّلاَةَ، فَتَلَقَّاهَا رَجُلٌ فَتَجَلَّلَهَا، فَقَضَى حَاجَتَهُ مِنْهَا، فَصَاحَتْ، فَانْطَلَقَ، وَمَرَّ بِهَا رَجُلٌ، فَقَالَتْ: إِنَّ ذٰلِكَ الرَّجُلَ فَعَلَ بِىْ كَذَا وَكَذَا، وَمَرَّتْ بِعِصَابَةٍ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَقَالَتْ: إِنَّ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَعَلَ بِىْ كَذَا وَكَذَا، فَانْطَلَقُوْا فَأَخَذُوْا الرَّجُلَ الَّذِىْ ظَنَّتْ أَنَّهُ وَقَعَ عَلَيْهَا، فَأَتَوْهَا، فَقَالَتْ: نَعَمْ هُوَ هٰذَا، فَأَتَوْا بِهِ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَلَمَّا أَمَرَ بِهِ لِيُرْجَمَ، قَامَ صَاحِبُهَا الَّذِىْ وَقَعَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَا صَاحِبُهَا، فَقَالَ لَهَا: "اذْهَبِىْ فَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكِ" وَقَالَ لِلرَّجُلِ قَوْلاً حَسَنًا، وَقَالَ لِلرَّجُلِ الَّذِىْ وَقَعَ عَلَيْهَا: "ارْجُمُوْهُ" وَقَالَ: "لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَقُبِلَ مِنْهُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَعَلْقَمَةُ بنُ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، سَمِعَ مِنْ أَبِيْهِ، وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بنِ وَائِلٍ، وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بنُ وَائِلٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْهِ.

بابُ ماجاءَ فی مَنْ یَقَعُ عَلَی البَہِیْمَۃِ

جانور سے بدفعلی کرنے کا حکم

حدود کا بیان پورا ہوا، اب جو ابواب ہیں ان میں چند اور جرائم کی سزاؤں کا بیان ہے، یہ سزائیں از قبیل تعزیرات ہیں، حدود نہیں ہیں۔ سب سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص جانور کے ساتھ بدفعلی کرے تو اس کو بھی اور جانور کو بھی قتل کردیا جائے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم کسی کو جانور کے ساتھ بدفعلی کرتے ہوئے پاؤ تو اس کو بھی قتل کرو اور جانور کو بھی قتل کرو'' جب ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث بیان کی تو طلبہ نے پوچھا: جانور کے ساتھ بدفعلی کرنے والے کو قتل کرنا تو سمجھ میں آیا، مگر جانور تو غیر مکلّف ہے اس کو قتل کرنے کا حکم کیوں دیا؟ ابن عباسؓ نے فرمایا: میں نے اس بارے میں نبی ﷺ سے کچھ نہیں سنا، البتہ میرا خیال یہ ہے کہ آپؐ نے یہ حکم اس لئے دیا کہ کوئی اس کا گوشت نہ کھائے، اور نہ اس سے فائدہ اٹھائے، اس کے بعد حضرت ابن عباسؓ کا فتویٰ نقل کیا ہے کہ جو جانور سے بدفعلی کرے اس پر کوئی حد نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ قتل کرنے کا حکم تعزیر ہے۔

تشریح: آنحضرت ﷺ نے جانور کے ساتھ بدفعلی کرنے والے کو جو قتل کرنے کا حکم دیا ہے وہ تعزیر ہے، لہٰذا قاضی کو اختیار ہے چاہے تو قتل کرے چاہے کوئی اور سزا دے، اور جانور کو مار ڈالنے کی جو توجیہ حضرت ابن عباسؓ نے کی ہے وہ منصوص نہیں، پس اس کے علاوہ بھی توجیہ کی جاسکتی ہے، مثلاً یہ توجیہ کہ اگر وہ جانور زندہ رہے گا تو لوگ اس فعل بد کا تذکرہ کریں گے کہ فلاں نے اس جانور کے ساتھ بدفعلی کی ہے، پس بے حیائی اور بدکاری کا چرچا ہوگا، اس لئے آپؐ نے جانور کو مار ڈالنے کا حکم دیا، یا یہ توجیہ کی جاسکتی ہے کہ اس بدکاری کے نتیجہ میں اگر جانور کو حمل رہ گیا اور کوئی عجیب الخلقت مخلوق پیدا ہوئی جو نہ انسان ہوا اور نہ جانور تو کیا ہوگا، اس سے بہتر یہ ہے کہ جانور ہی کو ختم کردیا جائے تاکہ ایسی صورت پیش نہ آئے، یا یہ توجیہ کہ یہ جانور عام طور پر بدفعلی کرنے والے کی ملکیت ہوگا، پس قتل کرنے سے اس کا مالی نقصان ہوگا، اس قسم کی اور بھی توجیہیں کی جاسکتی ہیں۔

[۲۳-] باب ماجاء فیمن یقع علی البھیمۃِ

[۱٤۳۸-] حدثنا محمدُ بنُ عَمْرٍو السَّوَّاقُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِیْ عَمْرٍو، عَنْ عِکْرِمَۃَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' مَنْ وَجَدْ تُمُوْہُ وَقَعَ عَلٰی بَھِیْمَۃٍ فَاقْتُلُوْہُ، وَاقْتُلُوا الْبَھِیْمَۃَ'' فَقِیْلَ لِابنِ عَبَّاسٍ: مَا شَأْنُ الْبَھِیْمَۃِ؟ فَقَالَ: مَاسَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ ذٰلِکَ شَیْئًا، وَلٰکِنْ أَرَی رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم کَرِہَ أَنْ یُؤْکَلَ مِنْ

لَحْمِهَا، أَوْ يُنْتَفَعَ بِهَا، وَقَدْ عُمِلَ بِهَا ذَاكَ الْعَمَلُ.

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيثِ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱٤۳۹-] وَرَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِىْ رَزِيْنٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ أَتَى بَهِيْمَةً فَلاَ حَدَّ عَلَيْهِ" حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفيانُ الثَّوْرِيُّ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وضاحت: وقد عمل بها: جملہ حالیہ ہے اور ترجمہ یہ ہے: لیکن میرا خیال ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا گوشت کھائے جانے کو اور اس سے فائدہ اٹھائے جانے کو ناپسند کیا درانحالیکہ اس کے ساتھ یہ فعل کیا گیا ہے۔

بابُ ماجاء فی حَدِّ اللُّوْطِيِّ

اغلام کی سزا

لواطت: فطرت کے خلاف عمل ہے، اس لئے زنا سے بھاری گناہ ہے، اور حدیث میں ہے کہ جب تم کسی کو لوط علیہ السلام کی قوم کا عمل کرتے ہوئے دیکھو تو فاعل ومفعول کو قتل کردو، اور دوسری حدیث میں ہے کہ اپنی امت پر جس چیز میں مبتلا ہونے سے سب سے زیادہ ڈرتا ہوں وہ لوط علیہ السلام کی قوم کا عمل ہے۔

پھر ائمہ ثلاثہ کے نزدیک اغلام بحکم زنا ہے، اس کے ثبوت کے لئے بھی زنا کی طرح چار عادل مرد گواہ ضروری ہیں، جنھوں نے سرمہ دانی میں سلائی کے داخل ہونے کی طرح یہ فعل دیکھا ہو، اور حنفیہ کے نزدیک یہ بہ حکم زنا نہیں، کیونکہ اس سے نہ تو نسب گڈمڈ ہوتا ہے اور نہ اس میں ہتک عزت ہے، اس لئے عام معاملات کی طرح یہ معاملہ بھی دو عادل گواہوں سے ثابت ہوسکتا ہے۔

پھر ائمہ ثلاثہ کہتے ہیں: جب لواطت کا ثبوت ہوجائے تو حد واجب ہے، مگر حد کس طرح جاری کی جائے: اس میں اختلاف ہے۔ مالکیہ، حنابلہ اور ایک روایت شوافع کی یہ ہے کہ لوطی کو سنگسار کردیا جائے، خواہ وہ کنوارا ہو یا شادی شدہ یا دونوں کو تلوار سے قتل کردیا جائے ـــــ اور حنفیہ کے نزدیک لواطت میں حد نہیں، بلکہ تعزیر ہے، جس طرح حاکم سزا دینا چاہے دے سکتا ہے، البتہ ایسی سخت سزا دے کہ لوطی کو اور اس قماش کے لوگوں کو سخت تنبیہ ہو، مثلاً آگ میں جلادے یا ان پر دیوار گرادے یا کسی بلند جگہ سے اوندھے منہ ڈال دے اور اوپر سے پتھر برسائے، اور اگر کوئی عادی مجرم نہ ہو تو ہلکی سزا بھی دے سکتا ہے ـــــ اور حضرت حسن بصری، حضرت ابراہیم نخعی اور حضرت عطاء بن ابی رباح کے نزدیک: لواطت بحکم زنا ہے، شادی شدہ سنگسار کیا جائے اور غیر شادی شدہ کو کوڑے مارے جائیں۔

اوراس مسئلہ میں احادیث دوطرح کی ہیں: ایک: وہ ہیں جن میں اس فعل کی شناعت بیان کی گئی ہے، یہ احادیث صحیح ہیں، اور یہ مضمون قرآن کریم میں صراحۃً بیان کیا گیا ہے، دوسری روایات: سزا سے متعلق ہیں، یہ سب روایات مضطرب ہیں، باب میں امام ترمذیؒ نے ان کا اضطراب واختلاف واضح کیا ہے۔

[٢٤-] باب ماجاء فی حد اللُّوْطِیِّ

[١٤٤٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَمْرٍو السَّوَّاقُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عباسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ وَجَدْتُمُوْهُ يَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لَوْطٍ فَاقْتُلُوْا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُوْلَ بِهِ"

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَى مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ هٰذَا الْحَديثَ عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو، فَقَالَ: " مَلْعُوْنٌ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ" وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ الْقَتْلَ، وَذَكَرَ فِيْهِ: " مَلْعُوْنٌ مَنْ أَتَى بَهِيْمَةً"

[١٤٤١-] وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَاصِمِ بنِ عُمَرَ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " اقْتُلُوْا الْفَاعِلَ وَالْمَفْعُوْلَ بِهِ"

هٰذَا حديثٌ فِىْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَاهُ عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِىْ صَالِحٍ، غَيْرَ عَاصِمِ بنِ عُمَرَ الْعُمَرِىِّ، وَعَاصِمُ بنُ عُمَرَ يُضَعَّفُ فِىْ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِىْ حَدِّ اللُّوْطِىِّ، فَرَأَى بَعْضُهُمْ أَنَّ عَلَيْهِ الرَّجْمَ، أَحْصَنَ أَوْ لَمْ يُحْصِنْ، وَهٰذَا قَوْلُ مَالِكٍ، وَالشَّافِعِىِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ فُقَهَاءِ التَّابِعِيْنَ، مِنْهُمُ الْحَسَنُ الْبَصْرِىُّ، وَإِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِىُّ، وَعَطَاءُ بنُ أَبِىْ رَبَاحٍ، وَغَيْرُهُمْ، قَالُوْا: حَدُّ اللُّوْطِىِّ حَدُّ الزَّانِىْ، وَهُوَ قَوْلُ الثَّوْرِىِّ، وَأَهْلِ الْكُوْفَةِ.

[١٤٤٢-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنا هَمَّامٌ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمَكِّىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيْلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ أَخْوَفَ مَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِىْ عَمَلُ قَوْمِ لُوْطٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحَمَّدِ بنِ عَقِيْلِ بنِ أَبِىْ طَالِبٍ، عَنْ جَابِرٍ.

وضاحت: اس باب میں امام ترمذیؒ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں، پہلی دو حدیثیں سزا سے متعلق ہیں اور تیسری میں

اس عمل کی سنگینی بیان کی گئی ہے۔ پہلی حدیث: صرف عبدالعزیز نے مرفوع کی ہے، اور محمد بن اسحاق نے اس کی سند عمرو پر روک دی ہے، پھر ان کی سند سے متن بھی اور آیا ہے ——— دوسری حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے جو ضعیف ہے، اس کی سند میں عاصم ضعیف راوی ہے ——— تیسری حدیث حسن ہے مگر اس میں سزا کا بیان نہیں ——— اور امام ترمذیؒ نے اہل کوفہ کا جو مذہب بیان کیا ہے، اس میں تسامح ہے، احناف کا یہ مذہب نہیں۔

بابُ ماجاء فی الْمُرْتَدِّ

مرتد کی سزا کا بیان

اگر مرتد کو اسلام میں شبہات ہوں تو ایسے عالم مہیا کئے جائیں جو اس کے شبہات دور کریں اور اس حد تک اس کو جواب دیں کہ وہ لا جواب ہو جائے، پھر اس کو تین دن کی مہلت دی جائے، اگر وہ اسلام کی طرف لوٹ آئے تو فبہا، ورنہ حاکم اس کو قتل کر دے۔

اور یہ قتل فتنے کے سد باب کے لئے ہے، اسلام پر مجبور کرنے کے لئے نہیں ہے، اگر مرتد کا قتل اسلام پر مجبور کرنے کے لئے ہوتا تو مرتدہ کو بھی قتل کیا جاتا، حالانکہ مرتدہ کو قتل نہیں کیا جاتا بلکہ اس کو اس کے گھر میں نظر بند کر دیا جاتا ہے اور عورتوں کو اس سے ملنے سے روک دیا جاتا ہے۔ اور مرتد کو نظر بند نہیں کیا جا سکتا، یہ اس کے موضوع کے خلاف ہے، پس وہ آزاد پھرے گا اور لوگوں کے ذہن خراب کرے گا اور فتنہ پھیلائے گا، اور فتنہ قتل سے بھاری گناہ ہے ﴿الْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ﴾ اس لئے اس کو قتل کر دیا جائے گا۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں کچھ لوگ اسلام سے پھر گئے اور انھوں نے یہ کہنا شروع کیا کہ حضرت علیؓ خدا ہیں، حضرت علیؓ نے ان کو سمجھایا مگر وہ نہیں مانے پس حضرت علیؓ نے ان کو آگ میں جلا دیا، جب اس کی خبر بصرہ کے قاضی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو پہنچی تو انھوں نے فرمایا: اگر میں سزا دیتا تو ان کو قتل کرتا، آگ میں نہ جلاتا، اور قتل اس لئے کرتا کہ نبی ﷺ کا ارشاد ہے: ''جو شخص اپنا دین بدل دے اس کو قتل کر دو'' اور آگ میں اس لئے نہ جلاتا کہ آپؐ کا ارشاد ہے: ''اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص عذاب کی طرح عذاب مت دو'' یعنی جلانے کا عذاب صرف رب النار کے شایانِ شان ہے، دوسروں کو یہ عذاب دینا مناسب نہیں، پھر جب حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ تبصرہ پہنچا تو آپؓ نے فرمایا: ''ابن عباسؓ نے سچ کہا!'' اس سے معلوم ہوا کہ حضرت علیؓ پہلے سے یہ مسئلہ جانتے تھے، پھر بھی آپ نے ان کو یہ سزا دی، کیونکہ وہ حضرت علیؓ کی الوہیت کے قائل تھے پس ان کے رب نے ان کو جلا دیا، (یہ صرف لطیفہ یعنی پُر لطف بات ہے) اور دوسرا (حقیقی) جواب یہ ہے کہ یہ ممانعت خلاف اولیٰ کے باب سے ہے، اگر آگ میں جلانا حرام ہوتا تو حضرت علی ان کو ہرگز نہ جلاتے، یہاں سے یہ قاعدہ سمجھ لینا چاہئے کہ

جس طرح احادیث میں تعارض سے ممانعت ہلکی ہوجاتی ہے حدیث اور قول وفعل صحابی میں تعارض سے بھی ممانعت ہلکی ہوجاتی ہے، بشرطیکہ صحابی کو اس حدیث کا علم ہو۔

فائدہ: کھٹمل، جوئیں، بھڑن اور تتییے اس حکم سے مستثنیٰ ہیں ان کو جلانا بلا کراہت جائز ہے کیونکہ ان کا دوسرا کوئی علاج نہیں۔

[۲۵-] باب ماجاء فی الْمُرْتَدِّ

[۱۴۴۳-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ عِكْرِمَةَ أَنَّ عَلِيًّا حَرَّقَ قَوْمًا ارْتَدُّوْا عَنِ الإِسْلَامِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ: لَوْ كُنْتُ أَنَا لَقَتَلْتُهُمْ بِقَوْلِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ بَدَّلَ دِيْنَهُ فَاقْتُلُوْهُ" وَلَمْ أَكُنْ لِأُحَرِّقَهُمْ، لِأَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَا تُعَذِّبُوْا بِعَذَابِ اللّٰهِ" فَبَلَغَ ذٰلِكَ عَلِيًّا فَقَالَ: صَدَقَ ابنُ عَبَّاسٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ الْمُرْتَدِّ، وَاخْتَلَفُوْا فِيْ الْمَرْأَةِ إِذَا ارْتَدَّتْ عَنِ الإِسْلَامِ، فَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: تُقْتَلُ، وَهُوَ قَوْلُ الْأَوْزَاعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَقَالَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ: تُحْبَسُ وَلَا تُقْتَلُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَغَيْرِهِ مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ.

ترجمہ: علماء کا عورت کے بارے میں اختلاف ہے جب وہ اسلام سے پھر جائے، علماء کی ایک جماعت کہتی ہے: اس کو بھی قتل کیا جائے گا اور یہ اوزاعی، احمد اور اسحاق کا قول ہے، اور دوسری جماعت کہتی ہے: مرتدہ نظر بند کی جائے گی اور قتل نہیں کی جائے گی اور یہ اہل کوفہ میں سے سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔

بابُ ماجاء فی مَنْ شَهَرَ السِّلَاحَ

حکومت سے بغاوت کرنے والے کا حکم

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص ہم پر ہتھیار اٹھائے یعنی حکومت سے بغاوت کرے: وہ ہم میں سے نہیں! یعنی وہ مسلمانوں میں شامل ہونے کے لائق نہیں! ——— پس باغیوں کے فتنے کی سرکوبی کے لئے ان سے قتال جائز ہے اور دلیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کا عمل ہے، انھوں نے خوارج سے قتل کیا ہے۔

[۲۶-] باب ماجاء فیمن شَهَرَ السِّلَاحَ

[۱۴۴۴-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَأَبُو السَّائِبِ، قَالَا: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بُرْدَةَ،

عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا"

وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وابنِ الزُّبَيْرِ، وأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ؛ حديثُ أَبِيْ مُوْسَى حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في حَدِّ السَّاحِرِ

جادوگر کی سزا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جادوگر کی سزا تلوار کا ایک وار ہے" یعنی ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کر دینا چاہئے۔

تشریح: جادو کے مختلف درجات ہیں، ایک جادو کفر کی حد تک پہنچ جاتا ہے ایسا شخص جادو کے ذریعہ قتل بھی کر سکتا ہے، ایسے جادوگر کی سزا قتل ہے کیونکہ وہ مرتد ہے، البتہ اس کو دھوکے میں رکھ کر قتل کریں گے اس لئے کہ اگر اس کو بھنک پڑ گئی تو وہ قاضی اور جلاد کو الا ردے گا، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: "جادوگر کی سزا تلوار کا ایک وار ہے" یعنی ایک ہی وار میں اس کا کام تمام کر دینا چاہئے، مگر حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی اسماعیل ضعیف ہے۔ اور صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت جندب رضی اللہ عنہ کا قول ہے اس لئے یہ سزا بھی تعزیر ہے، حد نہیں۔

[٢٧-] باب ماجاء في حدِّ السَّاحِرِ

[١٤٤٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ"

هٰذَا حديثٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِسْمَاعِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ الْمَكِيُّ يُضَعَّفُ فِيْ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ؛ وَإِسْمَاعِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ الْعَبْدِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَ وَكِيْعٌ: هُوَ ثِقَةٌ، وَيَرْوِيْ عَنِ الْحَسَنِ أَيْضًا.

والصحيحُ عَنْ جُنْدُبٍ مَوْقُوْفٌ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا الْحَدِيْثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: إِنَّمَا يُقْتَلُ السَّاحِرُ إِذَا كَانَ يَعْمَلُ مِنْ سِحْرِهِ مَا يَبْلُغُ الْكُفْرَ، فَإِذَا عَمِلَ عَمَلاً دُوْنَ الْكُفْرِ فَلَمْ يَرَ عَلَيْهِ قَتْلاً.

وضاحت: اسماعیل مکی ضعیف راوی ہے یہ طبقہ خامسہ کا راوی ہے اور ایک دوسرا اسماعیل طبقۂ سادسہ کا ہے، وہ

عبدی بصری ہے، وکیع رحمہ اللہ نے اس کو ثقہ قرار دیا ہے، یہ اسماعیل بھی حضرت حسن بصریؒ سے روایت کرتا ہے۔

ترجمہ: امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جادوگر صرف اس صورت میں قتل کیا جائے گا کہ وہ اپنے جادو کے ذریعہ کوئی ایسا کام کرے جس کی وجہ سے وہ کفر کی حد تک پہنچ جائے، پس اگر وہ کفر سے نیچے کا کوئی عمل کرے تو وہ اس کے قتل کے قائل نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی الْغَالِّ مَا یُصْنَعُ بِهِ؟

مالِ غنیمت میں خیانت کرنے والے کی سزا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جہاد میں کسی کو مالِ غنیمت میں خیانت کا مرتکب پاؤ تو اس کے سامان کو جلادو'' صالح کہتے ہیں: میں مسلمہ (امیر لشکر) کے پاس گیا، اس وقت ان کے پاس سالم بن عبداللہ جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں موجود تھے، مسلمہ نے ایک شخص کو مالِ غنیمت میں خیانت کا مرتکب پایا تو حضرت سالم نے یہ حدیث بیان کی، پس مسلمہ نے اس کا سامان جلانے کا حکم دیا لوگوں نے اس کا سامان جلا دیا۔ اس کے سامان میں قرآن تھا، اس کے بارے میں حضرت سالم سے پوچھا گیا تو آپؒ نے فرمایا: اس کو فروخت کردو اور اس کی قیمت صدقہ کردو، معلوم ہوا کہ قرآن کریم جلایا نہیں جائے گا، اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے جو مصاحف جلائے تھے، وہ ایک خاص واقعہ تھا، اس سے احراقِ مصحف پر استدلال درست نہیں۔

تشریح: یہ حدیث صالح بن محمد بن زائدہ کی وجہ سے ضعیف ہے، وہ منکر الحدیث (نہایت درجہ ضعیف) راوی ہے، اور مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کا ہاتھ اس لئے نہیں کاٹا جائے گا کہ مالِ غنیمت میں اس کا بھی حق ہے، اس لئے ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، اور سامان جلانا علاج بالضد ہے اس نے مال کی حرص میں خیانت کی اس لئے اس کو یہ سزا دی گئی۔

[۲۸-] باب ماجاء فی الغَالِّ مَا یُصْنَعُ بِهِ؟

[۱۴۴۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَمْرٍو، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ صَالِحِ بنِ محمدِ بنِ زَائِدَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' مَنْ وَجَدْتُمُوْهُ غَلَّ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَأَحْرِقُوْا مَتَاعَهُ'' قَالَ صَالِحٌ: فَدَخَلْتُ عَلٰی مَسْلَمَةَ، وَمَعَهُ سَالِمُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَوَجَدَ رَجُلاً قَدْ غَلَّ، فَحَدَّثَ سَالِمٌ بِهٰذَا الحدیثِ، فَأَمَرَ بِهِ، فَأُحْرِقَ مَتَاعُهُ، فَوُجِدَ فِیْ مَتَاعِهِ مُصْحَفٌ، فَقَالَ سَالِمٌ: بِعْ هٰذَا وَتَصَدَّقْ بِثَمَنِهِ.

هٰذا حديثٌ غريبٌ لانَعرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ الْأَوْزَاعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَسَأَلْتُ مُحمداً عَنْ هٰذَا الْحديثِ، فَقَالَ: إِنَّمَا رَوَى هٰذَا صَالِحُ بنُ مُحمدِ بنِ زَائِدَةَ، وَهُوَ أَبُوْ وَاقِدِ اللَّيْثِيُّ، وَهُوَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ، قَالَ مُحمدٌ: وَقَدْ رُوِيَ فِي غَيْرِ حَدِيْثٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الغَالِّ، وَلَمْ يَأْمُرْ فِيْهِ بِحَرْقِ مَتَاعِهِ، وَقَالَ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

ترجمہ: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ سے مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کے بارے میں متعدد حدیثیں مروی ہیں، مگر کسی میں خیانت کرنے والے کے مال کے جلانے کا ذکر نہیں —— مثلاً بخاری (حدیث ۳۰۷۴) باب القلیل من الغُلول میں حدیث ہے کہ کرکرہ نامی ایک شخص نبی ﷺ کے سامان کا (مالِ غنیمت کا) نگراں تھا، اس نے عبا چرائی جب وہ مرا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ جہنم میں ہے'' اس حدیث میں اس خیانت کرنے والے کے سامان کے جلانے کا ذکر نہیں اور امام بخاری: بخاری شریف میں فرماتے ہیں: صحیح بات یہ ہے کہ خیانت کرنے والے کا سامان نہیں جلایا جائے گا، کیونکہ حضرت عبداللہ بن عمرو کی حدیث میں جو بخاری میں ہے اور جس میں کرکرۃ کا واقعہ ہے: سامان جلانے کا ذکر نہیں، اور ترمذی کی حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی مَنْ یَقُوْلُ لِآخَرَ: یَا مُخَنَّثُ

اوہجڑے کہنے کی سزا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی کسی کو او یہودی یا او ہجڑے! کہہ کر پکارے تو اس کو بیس کوڑے مارو، یعنی گالی کی سزا بیس کوڑے ہے، اور جو شخص کسی محرم کے ساتھ زنا کرے اس کو قتل کردو، یعنی محرم سے زنا کرنا سنگین جرم ہے، اس کو ہر صورت میں قتل کردیا جائے خواہ وہ کنوارا ہو یا شادی شدہ (یہ مسئلہ پہلے آچکا ہے)

[۲۹-] باب ماجاء فیمن یَقُوْلُ لِلْآخَرِ: یَا مُخَنَّثُ

[۱٤٤٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بنِ إِسْمَاعِيْلَ بن أَبِيْ حَبِيْبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ يَايَهُوْدِيُّ! فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ، وَإِذَا قَالَ: يَامُخَنَّثُ! فَاضْرِبُوْهُ عِشْرِيْنَ، وَمَنْ وَقَعَ عَلَى ذَاتِ مَحْرَمٍ فَاقْتُلُوْهُ"

هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِبْرَاهِيْمُ بنُ إِسْمَاعِيلَ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رُوِيَ

عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ: رَوَاهُ الْبَرَاءُ بنُ عَازِبٍ، وَقُرَّةُ بنُ إِيَاسٍ الْمُزَنِيُّ: أَنَّ رَجُلاً تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيْهِ فَأَمَرَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِقَتْلِهِ.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَصْحَابِنَا، قَالُوْا: مَنْ أَتَى ذَاتَ مَحْرَمٍ، وَهُوَ يَعْلَمُ، فَعَلَيْهِ الْقَتْلُ، وَقَالَ أَحْمدُ: مَنْ تَزَوَّجَ أُمَّهُ قُتِلَ، وَقَالَ إِسْحَاقُ: مَنْ وَقَعَ عَلَى ذَاتِ مَحْرَمٍ قُتِلَ.

وضاحت: دوسرے مسئلہ میں یعنی قریبی رشتہ دار سے زنا کرنے والے کو قتل کیا جائے گا: اس مسئلہ میں متعدد صحیح روایات ہیں، اور فقہاء اس کے قائل بھی ہیں جیسا کہ امام ترمذیؒ نے بیان کیا ہے، مگر گالی دینے والے کی جو سزا اس روایت میں مذکور ہے: اس میں یہی ایک روایت ہے اور وہ ضعیف ہے، پس یہ بھی باب تعزیر سے ہے، حد نہیں۔

بابُ ماجاء فى التَّعْزِيْرِ

تعزیر (گوشمالی) کا بیان

تعزیر: حدود کے علاوہ دوسری سزاؤں کو کہتے ہیں جس کا حاکم کو اختیار ہوتا ہے، اور حدود اور تعزیر میں فرق پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ حدود پر ہر حال میں عمل ضروری ہے اس میں کسی مصلحت کا لحاظ نہیں کیا جاتا، نہ اس میں کمی بیشی ہوسکتی ہے، نہ وہ معاف ہوسکتی ہے۔ اور تعزیر (گوشمالی) میں مصلحت کا لحاظ کیا جاتا ہے اور تعزیر کی کوئی حد بھی مقرر نہیں، اس کو امام کی صوابدید پر چھوڑ دیا گیا ہے، وہ حالات کا جائزہ لے کر جو سزا مناسب سمجھے دے، مگر اس کو حدود کی حد تک نہیں پہنچائے۔

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حدود کے علاوہ کسی بھی جرم میں دس کوڑوں سے زیادہ نہ مارے جائیں''

تشریح: بعض ظاہر یہ اس حدیث کی وجہ سے اس کے قائل ہیں کہ تعزیر میں دس کوڑوں سے زیادہ مارنا جائز نہیں، مگر یہ قول صحیح نہیں، ابھی اوپر حدیث گذری ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کو او ہجڑا کہے تو اس کو بیس کوڑے مارے جائیں، علاوہ ازیں خلفائے راشدین نے تعزیر میں دس، بیس سے زیادہ کوڑے بھی مارے ہیں، اس لئے تعزیر میں دس سے زیادہ کوڑے مارنا جائز ہے۔ البتہ جمہور فرماتے ہیں کہ اخف حدود سے کم کوڑے مارے جائیں اور حد کے کم سے کم اسّی کوڑے ہیں جو حد قذف میں مارے جاتے ہیں اور غلام کو چالیس کوڑے مارے جاتے ہیں کیونکہ اس کی سزا آزاد سے آدھی ہے، اس لئے اخف حدود چالیس کوڑے ہوئے، پس تعزیر میں زیادہ سے زیادہ انتالیس کوڑے مارے جائیں، اس سے زیادہ نہ مارے جائیں، یہ احناف کا مشہور قول ہے، اور امام ابو یوسف اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک حاکم تعزیر میں جتنے کوڑے چاہے مار سکتا ہے، اور اس حدیث کی علماء نے دو توجیہیں کی ہیں: ایک: یہ کہ یہ

حدیث صحابہ کے ساتھ خاص ہے اور خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ نبی ﷺ کی صحبت کی برکت سے معمولی تنبیہ بھی ان کے لئے کافی تھی، بلکہ ان کو ادنیٰ تنبیہ کی بھی ضرورت نہیں تھی، وہ خود ہی اپنی غلطیوں اور خطاؤں پر پشیمان ہوتے تھے، اور جرم سے باز آجاتے تھے، پھر بھی اگر تنبیہ کی ضرورت پڑے تو معمولی تنبیہ کافی ہے۔

دوسری توجیہ یہ کی گئی ہے کہ یہ سزا اس جرم کے ساتھ خاص ہے جو فی نفسہ گناہ نہیں، صرف حکم حاکم کی خلاف ورزی کی بناء پر گناہ ہے، مثلاً: فساد میں کرفیو لگایا گیا اور گھر سے نکلنے پر پابندی لگائی گئی، پس اگر کوئی شخص گھر سے نکلے تو یہ فی نفسہ گناہ نہیں، یہ صرف حکم حاکم کی خلاف ورزی کی بنا پر گناہ ہے، اس قسم کے جرائم میں دس کوڑے ہی مارے جائیں زیادہ نہ مارے جائیں۔ واللہ اعلم

[۳۰-] باب ماجاء فی التَّعْزِیْرِ

[۱۴۴۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ یَزِیْدَ بنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ بُکَیْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْأَشَجِّ، عَنْ سُلَیْمَانَ بنِ یَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ بنِ نِیَارٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیه وسلم: ”لَا یُجْلَدُ فَوْقَ عَشْرِ جَلْدَاتٍ إِلَّا فِیْ حَدٍّ مِنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ“

وَقَدْ رَوَی هٰذَا الْحَدِیْثَ ابنُ لِهِیْعَةَ عَنْ بُکَیْرٍ فَأَخْطَأَ فِیْهِ، وَقَالَ: عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم، وَهُوَ خَطَأٌ، وَالصحیحُ حدیثُ اللَّیْثِ بنِ سَعْدٍ، إِنَّمَا هُوَ عبدُ الرحمنِ بنُ جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ بنِ نِیَارٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم، وَهٰذَا حدیثٌ غریبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حدیثِ بُکَیْرِ بنِ الْأَشَجِّ، وَقَدِ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ التَّعْزِیْرِ، وَأَحْسَنُ شَیْئٍ یُرْوَی فِیْ التَّعْزِیْرِ هٰذَا الْحَدِیْثُ.

وضاحت: اس حدیث کی بکیر بن عبداللہ سے اوپر یہی ایک سند ہے اور ابن لہیعہ نے جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک سند پہنچائی ہے وہ ان کی غلطی ہے، صحیح لیث بن سعد کی حدیث ہے یعنی یہ ابو بردۃ بن نیار کی حدیث ہے، حضرت جابرؓ کی حدیث نہیں ہے۔

﴿ الحمدللہ! ابواب الحدود کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی ﴾



بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ الصَّيْدِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

شکار کرنے کا بیان

بابُ ماجاءَ ما يُؤْكَلُ مِنْ صَيْدِ الْكَلْبِ وَمَالاَ يُؤْكَلُ؟

کونسا شکار حلال ہے اور کونسا حرام؟

شکار کے احکام سورۃ المائدہ آیت ۴ میں ہیں اور وہ احکام دو بنیادوں پر مبنی ہیں:

پہلی بنیاد: شکار میں بھی ذبح اس کی تمام شرائط کے ساتھ ضروری ہے مگر دو باتوں میں تخفیف کی گئی ہے: **ایک:** تسمیہ جانور کے بجائے آلہ پر مقرر کیا گیا ہے کیونکہ شکار میں جانور قابو میں نہیں ہوتا، آلہ ہی اختیار میں ہوتا ہے۔ **دوم:** ذبح کے لئے گلہ اور لبّہ میں ذبح کرنا شرط نہیں۔ شکار کا سارا ہی جسم محل ذبح ہے، اور ان دو شرطوں میں تخفیف اس لئے کی گئی ہے کہ شکار کا کچھ حاصل نکلے، ورنہ شکار کا عمل لا حاصل ہو جائے گا، جانور قابو میں نہ ہونے کی وجہ سے ذبح سے پہلے ہی مر جائے گا۔

دوسری بنیاد: شکار کی حلت کے لئے دو شرطیں بڑھائی گئی ہیں: **ایک:** شکاری جانور کو بالقصد شکار پر چھوڑنا تاکہ اصطیاد (مشکل سے شکار کرنا) متحقق ہو۔ **دوم:** شکاری جانور شکار کو روکے رکھے خود نہ کھائے، تاکہ اس کا معلّم (سکھلایا ہوا) ہونا متحقق ہو۔

پہلی بنیاد کی وضاحت: ذبح کی دو قسمیں ہیں: ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری، اگر جانور قابو میں ہو تو ذبح اختیاری ضروری ہے اور ذبح اختیاری کا محل حلق اور لبّہ ہے، اور اس میں تسمیہ ذبیحہ پر ضروری ہے، پس اگر ذبح کرنے کے لئے بکری لٹائی اور اس پر بسم اللہ پڑھی پھر وہ بکری چھوڑ کر دوسری بکری ذبح کی اور از سر نو بسم اللہ نہ پڑھی تو یہ دوسری بکری حرام ہے اور اگر بکری تو وہی رہی لیکن چھری بدل دی، دوسری چھری سے ذبح کیا تو وہ حلال ہے۔

اور اگر جانور بے قابو ہو جیسے شکار تو ذبح اضطراری کافی ہے اور اس کا محل جانور کا سارا جسم ہے، حدیث میں ہے: ایک صحابی نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! کیا ذبح: حلق اور لبہ ہی میں ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: **لو طَعَنْتَ فی فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عنك**: اگر تم جانور کی ران میں نیزہ مارو تو بھی تمہارے لئے کافی ہے (مشکوۃ حدیث ۴۰۸۲ یہ حدیث کتاب میں بھی آرہی ہے) اور شکار میں چونکہ جانور اختیار میں نہیں ہوتا اس لئے تسمیہ ذبیحہ پر ضروری نہیں بلکہ آلہ پر ضروری ہے، پس اگر بسم اللہ پڑھ کر کسی شکار پر تیر چلایا اور وہ تیر دوسرے شکار کو لگ گیا تو وہ شکار حلال ہے، اور اگر شکار پر چلانے کے لئے ایک تیر نکالا اور اس پر بسم اللہ پڑھی پھر وہ تیر چھوڑ کر دوسرا تیر چلایا اور از سر نو بسم اللہ نہ پڑھی تو شکار حلال نہیں۔

ان دو شرطوں کے علاوہ ذبح کی باقی شرطیں بحالہ ہیں، مثلاً ذابح کا صاحب ملت (مسلمان یا کتابی) ہونا: یہ بات جانور وغیرہ سے شکار کرنے میں بھی ضروری ہے۔

دوسری بنیاد کی وضاحت: اصطیاد کے معنی ہیں کوشش سے شکار کرنا، پس اس کی تعریف کیا ہے؟ اس کی تعیین ضروری ہے، قرآن کریم نے ﴿مُكَلِّبِيْنَ﴾ کے لفظ سے تعیین کی ہے، اس لفظ کا ترجمہ حضرت شاہ عبد القادر صاحب رحمہ اللہ (اولین اردو مترجم قرآن) نے شکار پر دوڑانا کیا ہے، اور حدیث میں أَرْسلتَ آیا ہے، پس اصطیاد کا تحقق اس وقت ہوگا جب ارسال پایا جائے، یعنی شکاری جانور کو بالقصد شکار پر چھوڑا جائے: کتے کو دوڑایا جائے، باز کو اڑایا جائے، اور تیر کو چلایا جائے، اگر اتفاقاً کتے وغیرہ کو شکار مل گیا تو وہ اصطیاد نہیں بلکہ ظفر مندی ہے —— اور دوسری شرط قرآن کریم نے ﴿أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ﴾ لگائی ہے یعنی شکاری جانور کو یہ سکھایا گیا ہو کہ وہ شکار میں سے نہ کھائے (اور باز کو یہ تعلیم دی گئی ہو کہ جب اس کو بلایا جائے: واپس آجائے، گو وہ شکار کے پیچھے جا رہا ہو) ایسا ہی جانور اصطلاح میں معلّم کہلاتا ہے، یہ شرط اس لئے لگائی ہے کہ کتے کا معلّم ہونا متحقق ہو یعنی یہ واضح ہو جائے کہ کتے نے شکار مالک کے لئے کیا ہے اپنے لئے نہیں کیا۔

حدیث (۱): حضرت عدی رضی اللہ عنہ (یہ مشہور سخی حاتم طائی کے بیٹے ہیں، پہلے نصرانی تھے پھر مسلمان ہوئے ہیں) نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! ہم شکار کا طریقہ سکھلائے ہوئے کتے کو شکار پر چھوڑتے ہیں، پس کیا وہ جو شکار کرے ہمارے لئے حلال ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر اس نے شکار کو تمہارے لئے روک رکھا ہے اور اس میں سے نہیں کھایا تو اس کو کھاؤ'' انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر وہ اس کو مار ڈالے؟ یعنی ذبح کا موقع نہ ملے شکاری کے پہنچنے سے پہلے شکار مر جائے تو بھی حلال ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگرچہ اس نے شکار کو مار ڈالا ہو بشرطیکہ دوسرا کتا اس کے ساتھ شامل نہ ہوا ہو'' حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! ہم شکار کو معراض مارتے ہیں آپؐ نے فرمایا: ''جو معراض شکار کے جسم میں گھس جائے اس کو کھاؤ، اور جو اپنی چوڑائی سے لگے اور مار ڈالے تو وہ چوٹ سے مرا ہوا ہے اس کو مت کھاؤ''

تشریح:

۱- اگر شکار پر چھوڑے ہوئے کتے کے ساتھ غیر معلّم کتا مل جائے اور دونوں مل کر شکار کریں یا دوسرا کتا بھی معلم ہو مگر وہ چھوڑا نہ گیا ہو یا بغیر تسمیہ کے چھوڑا گیا ہو یا غیر مسلم کا کتا ہو تو ان سب صورتوں میں شکار حلال نہیں۔ اور اگر دونوں کتے معلّم ہوں اور مسلمانوں کے یا کتابی کے ہوں، اور دونوں تسمیہ کے ساتھ چھوڑے گئے ہوں تو شکار حلال ہے۔

اس کی نظیر: دو آدمیوں نے مل کر جانور ذبح کیا اور دونوں نے بسم اللہ پڑھی تو مذبوح حلال ہے اور اگر کسی ایک نے بھی بسم اللہ نہیں پڑھی تو مذبوح حرام ہے، فقہ میں یہ مسئلہ اس طرح لکھا ہوا ہے کہ ذابح کے معین پر بھی تسمیہ ضروری ہے، بعض لوگ ان لوگوں کو جو جانور کے پاؤں وغیرہ پکڑتے ہیں ذابح کا معین سمجھتے ہیں حالانکہ یہ مراد نہیں بلکہ جب کوئی شخص پہلی بار ذبح کرتا ہے تو قصائی بھی چھری پر ہاتھ رکھتا ہے اور دونوں مل کر ذبح کرتے ہیں یہ ذابح کا معین ہے، اس پر بھی تسمیہ ضروری ہے، یہی مسئلہ یہاں ہے کہ اگر دو معلّم کتوں نے مل کر شکار کیا اور دونوں بسم اللہ پڑھ کر چھوڑے گئے ہیں تو شکار حلال ہے اور اگر کوئی ایک بھی بغیر تسمیہ کے چھوڑا گیا ہے تو شکار حلال نہیں۔

۲- ارشاد نبوی: ''جو معراض شکار کے جسم میں گھس جائے اس کو کھاؤ اور جو اپنی چوڑائی سے لگے اس کو مت کھاؤ'' یہاں سے یہ اصول اخذ کیا گیا ہے کہ اگر آلہ مثقّل (بھاری) ہو اور اس سے جانور کی موت واقع ہو تو وہ حلال نہیں، مثلاً غلیل کا غلہ یا پتھر کسی جانور کو دے مارا، پس وہ مر گیا تو وہ جانور حلال نہیں، مگر یہ کہ اس کو مرنے سے پہلے ذبح کر لیا جائے، بندوق کے شکار کا بھی یہی حکم ہے، گولی کی چوٹ چھوٹا شکار مثلاً کبوتر برداشت نہیں کر سکتا، پس اگر چھرّا بدن میں گھس بھی گیا ہو اور شکار ذبح سے پہلے مر جائے تو حرام ہے، کیونکہ معلوم نہیں وہ چوٹ سے مرا ہے یا خون نکل جانے کی وجہ سے مرا ہے، اور جب موت کے دو سبب جمع ہو جاتے ہیں تو شکار حرام ہو جاتا ہے جیسا کہ باب ۵ میں آرہا ہے، رہا بڑا شکار جیسے ہرن، نیل گائے وغیرہ تو اس میں ذبح کرنے کا موقع باقی رہتا ہے، اس لئے سوال ہی بے کار ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابوثعلبہ خُشنی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم شکاری لوگ ہیں، ہمیں شکار کے احکام بتائیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم نے بسم اللہ پڑھ کر کتا شکار پر چھوڑا اور اس نے شکار روک لیا تو اس کو کھاؤ'' انھوں نے عرض کیا: اگر اس نے شکار کو مار ڈالا ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگرچہ اس نے شکار کو مار ڈالا ہو'' (تو بھی حلال ہے) انھوں نے عرض کیا: ہم تیر سے بھی شکار کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا جو تیر شکار کو تم پر لوٹائے اس کو کھاؤ'' یعنی جو جانور تمہارے ہی تیر سے مرے اس کو کھا سکتے ہو، انھوں نے عرض کیا: ہم سفر زیادہ کرتے ہیں اور یہود و نصاریٰ اور مجوس کی بستیوں سے گذرتے ہیں، اور بعض اوقات ہمارے پاس برتن نہیں ہوتے تو کیا ہم ان کے (لکڑی اور مٹی کے) برتن استعمال کر سکتے ہیں؟ (وہ لوگ ان برتنوں میں شراب پیتے ہیں اور خنزیر پکاتے کھاتے ہیں اور مٹی اور لکڑی کے برتن مظروف کو چوستے ہیں، پس کیا ہم ان کے برتن استعمال کر سکتے ہیں؟) آپؐ نے فرمایا: ''اگر ان کے علاوہ

برتن ہوں تو ان کے برتنوں میں مت کھاؤ اور اگر دوسرے برتن نہ ہوں تو ان کو دھولو اور ان میں کھاؤ پیو!''

تشریح: اگر دوسرے برتن میسر ہوں تو اہل کتاب اور مجوس وہنود کے برتن استعمال نہ کرنے کا حکم استحبابی اور قطع وساوس کے لئے ہے اور دھات کے برتنوں کا کوئی مسئلہ ہی نہیں، ان کو دھوکر استعمال کرتے ہیں۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

أبوابُ الصَّيْدِ

عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

[۱-] باب ماجاء ما يُؤْكَلُ مِنْ صَيْدِ الْكَلْبِ وَمَالاَ يُؤْكَلُ؟

[۱۴۴۹-] حدثنا مَحْمُودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا قَبِيْصَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هَمَّامِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا نُرْسِلُ كِلاَبًا لَنا مُعَلَّمَةً؟ قَالَ: "كُلْ مَا أَمْسَكْنَ عَلَيْكَ" قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! وَإِنْ قَتَلْنَ؟ قَالَ:" وَإِنْ قَتَلْنَ، مَالَمْ يَشْرَكْهَا كَلْبٌ مِنْ غَيْرِهَا" قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا نَرْمِيْ بِالْمِعْرَاضِ؟ قَالَ: "ماخَزَقَ فَكُلْ، وَمَا أَصَابَ بِعَرْضِهِ فَلاَ تَأْكُلْ"

حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ، إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ: وَسُئِلَ عَنِ الْمِعْرَاضِ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۴۵۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ، وَالْحَجَّاجُ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ أَبِیْ مَالِكٍ، عَنْ عَائِذِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیَّ، قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا أَهْلُ صَيْدٍ؟ فَقَالَ:" إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ، وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَأَمْسَكَ عَلَيْكَ فَكُلْ" قُلْتُ: وَإِنْ قَتَلَ؟ قَالَ:" وَإِنْ قَتَلَ" قَالَ قُلْتُ: إِنَّا أَهْلُ رَمْیٍ؟ قَالَ: "مَا رَدَّتْ عَلَيْكَ قَوْسُكَ فَكُلْ" قَالَ: قُلْتُ: إِنَّا أَهْلُ سَفَرٍ نَمُرُّ بِالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى وَالْمَجُوْسِ فَلاَ نَجِدُ غَيْرَ آنِيَتِهِمْ؟ قَالَ:" فَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا بِالْمَاءِ ثُمَّ كُلُوْا فِيْهَا وَاشْرَبُوْا"

وفی الباب: عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَعَائِذُ اللّٰهِ: هُوَ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلاَنِیُّ.

وضاحت: والحجاجُ عن الولید: یہاں سے سند میں تحویل ہے، اور الحجاج کا پہلے الحجاج پر عطف ہے، اور آخر میں جو ہے وفی الباب: عن عدی بن حاتم: اس سے مذکورہ حدیث کے علاوہ حدیث مراد ہے، حضرت

عدی سے اس مسئلہ میں متعدد حدیثیں مروی ہیں۔اور معراض کی وضاحت باب ۶ میں آئے گی۔

بابُ ماجاء فی صَیْدِ کَلْبِ الْمَجُوْسِیِّ

آتش پرست کے کتے کا شکار حرام ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں آتش پرست کے کتے کے شکار سے منع فرمایا اور یہی حکم ہندو وغیرہ مشرکوں کے کتے کے شکار کا ہے۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی جاچکی ہے کہ جس طرح ذابح کا صاحب ملت (مسلمان یا کتابی) ہونا ضروری ہے، اسی طرح جانور وغیرہ سے شکار کرنے کی صورت میں بھی یہ بات ضروری ہے، پس آتش پرست اور ہندو وغیرہ کے کتے کا شکار حرام ہے، کیونکہ وہ صاحب ملتِ توحید نہیں۔

[۲-] باب ماجاء فی صید کَلْبِ المجوسِیِّ

[۱۴۵۱-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ عِیْسَی، ثَنَا وَکِیْعٌ، ثَنَا شَرِیْكٌ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ أَبِیْ بَزَّةَ، عَنْ سُلَیْمَانَ الْیَشْکُرِیِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نُهِیْنَا عَنْ صَیْدِ کَلْبِ الْمَجُوْسِیِّ.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَکْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ لاَ یُرَخِّصُوْنَ فِیْ صَیْدِ کَلْبِ الْمَجُوْسِ، وَالْقَاسِمُ بنُ أَبِیْ بَزَّةَ: هُوَ الْقَاسِمُ بنُ نَافِعِ الْمَکِّیُّ.

بابٌ فی صَیْدِ الْبُزَاةِ

باز سے شکار کرنا جائز ہے

حدیث: حضرت عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے باز کے شکار کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: ''اگر وہ تمہارے لئے شکار روکے یعنی شکار میں سے کچھ نہ کھائے تو تم کھاسکتے ہو''

تشریح: البُزاۃ: البازی کی جمع ہے اردو میں اس کو باز (ی کے بغیر) کہتے ہیں، یہ کبوتر وغیرہ چھوٹے پرندوں کا شکار کرتا ہے، سورۃ المائدہ آیت ۳ میں ﴿مُکَلِّبِیْنَ﴾ آیا ہے، شاہ عبدالقادر قدس سرہ نے اس کا ترجمہ ''شکار پر دوڑانا'' کیا ہے یعنی کتا، کیونکہ وہی دوڑایا جاتا ہے، پرندہ تو اڑایا جاتا ہے، پس نبی ﷺ نے باز اور شکرے کو کتے کے ساتھ لاحق کیا ہے، اس لئے باز وغیرہ کا شکار بھی اگر وہ معلّم ہو اور بسم اللہ پڑھ کر شکار پر چھوڑا گیا ہو تو حلال ہے۔اور حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے شکاری پرندوں کو جوارح میں شامل کیا ہے پس ان کے شکار کا جواز قرآن سے

ثابت ہوا۔

پھر احناف کے نزدیک کتے کی تعلیم اور باز کی تعلیم میں فرق ہے، کتے کی تعلیم یہ ہے کہ وہ شکار میں سے نہ کھائے، پورا شکار مالک کے لئے روک رکھے، اور باز کی تعلیم یہ ہے کہ جب اس کو بلایا جائے: واپس آجائے اگرچہ وہ شکار کے پیچھے جارہا ہو، اور دونوں کی تعلیم میں فرق کی وجہ یہ ہے کہ کتے کو یہ تعلیم دینا کہ وہ شکار میں سے کچھ نہ کھائے ممکن ہے اور باز کو یہ تعلیم نہیں دی جاسکتی کیونکہ جب شکاری جانور کو یہ ٹریننگ دی جائے گی اور وہ خلاف ورزی کرے گا تو استاذ اس کو مارے گا، اور باز کا جسم ناتواں ہے اس کو مار نہیں سکتے اس لئے اس کو یہ تعلیم بھی نہیں دی جاسکتی، اس لئے اس کی تعلیم دوسری ہے کہ اڑانے کے بعد بلانے پر آجائے، پس اگر باز شکار میں سے کچھ کھالے تو بھی شکار حلال ہے اور مذکورہ حدیث ضعیف ہے، اس میں مجالد مشہور ضعیف راوی ہے۔

[۳-] بابٌ في صَيْدِ الْبُزَاةِ

[۱۴۵۲-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، وَهَنَّادٌ، وَأَبُو عَمَّارٍ، قَالُوْا: ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَيْدِ الْبَازِيْ؟ فَقَالَ: "مَا أَمْسَكَ عَلَيْكَ فَكُلْ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ لاَيَرَوْنَ بِصَيْدِ الْبُزَاةِ وَالصُّقُوْرِ بَأْسًا، وَقَالَ مُجَاهِدٌ: الْبُزَاةُ: وَهُوَ الطَّيْرُ الَّذِيْ يُصَادُ بِهِ: مِنَ الْجَوَارِحِ الَّتِيْ قَالَ اللهُ تعالىٰ: ﴿وَمَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ﴾ فَسَّرَ الْكِلاَبَ وَالطَّيْرَ الَّذِيْ يُصَادُ بِهِ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ صَيْدِ الْبَازِيْ وَإِنْ أَكَلَ مِنْهُ، وَقَالُوْا: إِنَّمَا تَعْلِيْمُهُ إِجَابَتُهُ: وَكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ، وَالْفُقَهَاءُ أَكْثَرُهُمْ: قَالُوْا: يَأْكُلُ، وإِنْ أَكَلَ مِنْهُ.

ترجمہ: اس حدیث پر اہل علم کا عمل ہے، وہ باز اور شکرے کے شکار میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، یعنی ان کے ذریعہ شکار کرنا جائز ہے، اور مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: باز وہ پرندہ ہے جس کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے اور وہ جوارح میں سے ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَمَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ﴾ مجاہد نے جوارح کی تفسیر میں فرمایا: اس سے مراد وہ کتا اور پرندہ ہے جس کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے، اور بعض اہل علم نے باز کے شکار کو کھانے کی اجازت دی، اگرچہ اس نے اس میں سے کھایا ہو، وہ فرماتے ہیں: باز کی تعلیم: بلائے جانے پر اس کا واپس آجانا ہے، اور بعض علماء اس کو (جبکہ باز نے شکار میں سے کھایا ہو) حرام کہتے ہیں، اور اکثر فقہاء کے نزدیک اس کو کھاسکتے ہیں اگرچہ باز نے شکار میں سے کھایا ہو۔

بابٌ فی الرَّجُلِ یَرْمِی الصَّیْدَ فَیَغِیْبُ عَنْهُ

شکار تیر کھا کر غائب ہوگیا، پھر مرا ہوا ملا تو کیا حکم ہے؟

شکار کو تیر مارا، شکار تیر کھا کر غائب ہو گیا اور تلاش کرنے کے باوجود نہیں ملا، پھر دوسرے دن مرا ہوا ملا، اور اس میں ہمارا تیر پیوست ہے، پس ظاہر یہ ہے کہ وہ ہمارے تیر سے مرا ہے، کیونکہ موت کا کوئی دوسرا سبب موجود نہیں، ایسے شکار کا کیا حکم ہے؟ حضور اقدس ﷺ سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اگر تمہیں یقین ہو کہ وہ شکار تمہارے ہی تیر سے مرا ہے، اور اس پر کسی درندے کے نوچنے کا نشان نہ ہو تو تم کھا سکتے ہو'' (البتہ اگر کسی درندے نے اس کو نوچا ہو تو وہ حلال نہیں، کیونکہ موت کے دو سبب جمع ہو گئے، اور معلوم نہیں: کس سبب سے مرا ہے؟ اس لئے حلال نہیں)

[٤-] بابٌ فی الرَّجُلِ یَرْمِی الصَّیْدَ فَیَغِیْبُ عَنْهُ

[١٤٥٣-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَیْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِیْدَ بنَ جُبَیْرٍ، یُحَدِّثُ عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قُلْتُ: یارسولَ اللهِ! أَرْمِی الصَّیْدَ فَأَجِدُ فِیْهِ مِنَ الْغدِ سَهْمِیْ؟ قَالَ:'' إِذَا عَلِمْتَ أَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهُ وَلَمْ تَرَ فِیْهِ أَثَرَ سَبُعٍ فَكُلْ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَرَوَی شُعْبَةُ هٰذَا الْحدیثَ عَنْ أَبِی بِشْرٍ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ بنِ مَیْسَرَةَ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ، وَكِلاَ الْحَدِیْثَیْنِ صَحِیحٌ، وَفِی الْبَابِ عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ.

وضاحت: امام شعبہ رحمہ اللہ یہ حدیث دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں: (۱) ابوبشر جعفر بن ایاس سے (۲) اور عبدالملک بن میسرہ سے۔ پہلی سند باب کے شروع میں ہے اور دوسری سند نسائی (حدیث ۴۳۰۲) میں ہے، پھر دونوں اساتذہ سعید بن جبیر سے روایت کرتے ہیں اور دونوں سندیں صحیح ہیں۔ اور باب کے آخر میں جو عبارت ہے وروی شعبة هذا الحدیث عن أبی بشر، وعبد الملك بن میسرة: اس میں ابوبشر کا تذکرہ صحیح نہیں، کیونکہ ان سے روایت باب کے شروع میں آ چکی ہے اور کلا الحدیثین سے مراد دونوں سندیں ہیں۔

بابٌ فی مَنْ یَرْمِی الصَّیْدَ فَیَجِدُهُ مَیِّتًا فِی الْمَاءِ

شکار کو تیر مارا پس وہ پانی میں گر گیا اور مر گیا تو کیا حکم ہے؟

حدیث (۱): حضرت عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے شکار کا مسئلہ دریافت کیا: آپؐ نے

فرمایا: ''جب تم اللہ کا نام لے کر شکار کو تیر مارو پھر اس کو مرا ہوا پاؤ تو تم اس کو کھاؤ مگر یہ کہ تم اس کو پانی میں پڑا ہوا پاؤ، پس اس کو نہ کھاؤ اس لئے کہ تم نہیں جانتے کہ پانی نے اس کو مارا ہے یا تمہارے تیر نے''

تشریح: اس حدیث سے علماء نے یہ اصول بنایا ہے کہ اگر کسی جانور کی موت کے دو سبب جمع ہو جائیں، جن میں سے ایک مشروع اور ایک غیر مشروع ہو تو وہ جانور حرام ہے، مثلاً کنویں کی مینڈ پر کبوتر بیٹھا تھا، شکاری نے تیر مارا، وہ تیر کھا کر کنویں میں گر گیا اور مر گیا تو یہاں موت کے دو سبب جمع ہوئے، ایک تیر لگنا، دوسرا پانی میں گرنے کی وجہ سے مرنا، اول مشروع ہے اور ثانی غیر مشروع، پس وہ شکار حلال نہیں۔

حدیث (۲): حضرت عدیؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے **معلّم** کتے کے شکار کے بارے میں دریافت کیا: آپؐ نے فرمایا: ''جب تم نے اپنے کتے کو شکار پر چھوڑا اور تم نے اللہ کا نام لیا پس اگر اس نے شکار کو تمہارے لئے روک رکھا یعنی کتے نے اس میں سے کچھ نہ کھایا تو تم اس کو کھا سکتے ہو اور اگر اس نے کھایا تو نہ کھاؤ، کیونکہ وہ اس نے اپنے لئے پکڑا ہے'' میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر ہمارے کتوں کے ساتھ دوسرے کتے مل جائیں تو کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''تم نے اپنے کتے ہی پر بسم اللہ پڑھی ہے دوسرے کتوں پر نہیں پڑھی، لہٰذا اس کو مت کھاؤ'' کیونکہ تمہیں معلوم نہیں ان کتوں میں سے کس نے مارا ہے، مگر یہ کہ تم شکار کو زندہ پاؤ، پس ذبح اختیاری کر کے کھا سکتے ہو۔

[٥-] بابٌ فی مَنْ یَرْمِی الصَّیْدَ فَیَجِدُهُ مَیِّتًا فِی الْمَاءِ

[١٤٥٤-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ أَخْبَرَنِیْ عَاصِمُ الْأَحْوَلُ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنِ الصَّیْدِ، فَقَالَ:'' إِذَا رَمَیْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ، فَإِنْ وَجَدْتَهُ قَدْ قُتِلَ فَكُلْ، إِلَّا أَنْ تَجِدَهُ قَدْ وَقَعَ فِیْ مَاءٍ فَلَا تَأْكُلْ، فَإِنَّكَ لَا تَدْرِیْ آلْمَاءُ قَتَلَهُ أَوْ سَهْمُكَ؟'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[١٤٥٥-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ صَیْدِ الْكَلْبِ الْمُعَلَّمِ؟ قَالَ:'' إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُعَلَّمَ، وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ، فَكُلْ مَا أَمْسَكَ عَلَیْكَ، فَإِنْ أَكَلَ فَلَا تَأْكُلْ، فَإِنَّمَا أَمْسَكَ عَلَی نَفْسِهِ'' قُلْتُ: یارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَیْتَ إِنْ خَالَطَتْ كِلَابَنَا كِلَابٌ أُخْرَی؟ قَالَ:'' إِنَّمَا ذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَی كَلْبِكَ، وَلَمْ تَذْكُرْ عَلَی غَیْرِهِ'' قَالَ سُفْیَانُ: كُرِهَ لَهُ أَكْلُهُ.

وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ لعیه وسلم وَغَیْرِهِمْ فِیْ الصَّیْدِ والذَّبِیْحَةِ إِذَا وَقَعَا فِیْ الْمَاءِ: أَنْ لَایَأْكُلَ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ فِيْ الذَّبِيْحَةِ: إِذَا قَطَعَ الْحُلْقُوْمَ فَوَقَعَ فِى الْمَاءِ فَمَاتَ فِيْهِ فَإِنَّهُ يُؤْكَلُ، وَهُوَ قَوْلُ ابنُ الْمُبَارَكِ.

وَقَدْ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ الْكَلْبِ إِذَا أَكَلَ مِنَ الصَّيْدِ، فَقَالَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا أَكَلَ الْكَلْبُ مِنْهُ فَلاَ يَأْكُلُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ الْأَكْلِ مِنْهُ، وَإِنْ أَكَلَ الْكَلْبُ مِنْهُ.

ترجمہ: سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر دوسرے کتّے مل گئے ہوں تو اس کا کھانا حرام ہے (حدیث روایت کرنے کے بعد سفیانؒ نے یہ بات فرمائی ہے) اور اس (حدیث) پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے وہ شکار اور ذبیحہ کے بارے میں کہتے ہیں: جب وہ پانی میں گر کر مر جائے تو اس کو کھایا نہ جائے، اور بعض علماء ذبیحہ کے بارے میں فرماتے ہیں: جب ذابح نے گلا کاٹ دیا پھر وہ پانی میں گرا اور مر گیا تو اس کو کھایا جائے، اور یہ ابن المبارکؒ کا قول ہے (اور یہی حنفیہ کا مذہب ہے) اور اہل علم کا کتے کے شکار کے بارے میں اختلاف ہے جبکہ کتا شکار میں سے کھائے، اکثر اہل علم کہتے ہیں: جب کتے نے شکار میں سے کھایا تو اس کو کھانا جائز نہیں، اور یہ سفیان ثوری وغیرہ کا قول ہے۔ اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم اس شکار کو کھانے کی اجازت دیتے ہیں جس میں سے کتے نے کھایا ہے (معلوم نہیں یہ کس کی رائے ہے، قرآن کریم میں یہ مسئلہ صراحتاً مذکور ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿فَكُلُوْا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ﴾ لہٰذا یہ رائے قرآن کے خلاف ہے)

تشریح: حنفیہ کا قاعدہ یہ ہے کہ اگر ذبیحہ میں حیات بقدر مذبوح رہ جائے پھر وہ پانی میں گر کر مر جائے تو وہ حلال ہے، مثلاً جانور ذبح کیا، اب اس میں حیات بقدر مذبوح ہے یعنی اب وہ مرنے والا ہے، اس حالت میں اگر وہ پانی میں گر جائے اور مر جائے تو حلال ہے کیونکہ اس کی موت گلا کٹ جانے کی وجہ سے ہوئی ہے اور تیر کھا کر جو کبوتر پانی میں گر کر مرتا ہے: اس میں حیات بقدر مذبوح ہے یا زیادہ؟ یہ بات معلوم نہیں، اس لئے وہ حرام ہے۔

بابُ ماجاء فِيْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ

معراض کے شکار کا حکم

مِعراض: تیر کے پھل کی طرح کا ایک ہتھیار ہوتا تھا، تیر میں لکڑی لگتی ہے اور وہ کمان سے چلایا جاتا ہے، اور معراض میں لکڑی نہیں لگتی، اور وہ تیر کے پھل سے بڑا ہوتا ہے، اور اس کا پکڑنے کا دستہ ہوتا ہے، اس کو ہاتھ سے پکڑ

کرسیدھ باندھ کر مارتے ہیں، وحشیؓ نے سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اسی ہتھیار سے قتل کیا تھا، حضرت حمزہؓ بے خبر چلے جارہے تھے، وحشی نے ایک پتھر کی آڑ سے یہ ہتھیار پھینکا جوان کے پیٹ میں پیوست ہوگیا۔ اردو میں اس کے لئے کوئی لفظ نہیں۔

معراض: جب پھینکا جاتا ہے تو اکثر نوک سے لگتا ہے، یہ شکار حلال ہے جبکہ بسم اللہ، اللہ أکبر پڑھ کر معراض پھینکا گیا ہو، مگر کبھی وہ گھوم جاتا ہے اور عرض (جانب، سائڈ) سے لگتا ہے، اور چھوٹا شکار جیسے کبوتر مرجاتا ہے، یہ وقیذ (کوٹا ہوا) ہے اور یہ بہ نص قرآنی حرام ہے، کیونکہ معراض کی سائڈ میں دھار نہیں ہوتی، شکار اس کی چوٹ سے مرتا ہے، اس لئے وہ کوٹا ہوا ہے۔

حدیث: حضرت عدی رضی اللہ عنہ نے معراض کے شکار کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ شکار جس کو آپ معراض کی دھار (نوک) سے پہنچیں: پس کھائیں، اور جس کو آپ معراض کی چوڑائی (جانب) سے پہنچیں تو وہ کوٹا ہوا ہے'' (یہی حکم غلیل کے غلہ، پتھر اور بندوق کی گولی کا ہے، ان میں نوک یا دھار نہیں ہوتی، اس لئے وہ شکار موقوذہ ہے اور حرام ہے، تفصیل پہلے آچکی ہے)

[٦-] باب ماجاء فی صید المِعراضِ

[١٤٥٦-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عِيْسٰى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ، فَقَالَ: " مَا أَصَبْتَ بِحَدِّهِ فَكُلْ، وَمَا أَصَبْتَ بِعَرْضِهِ فَهُوَ وَقِيْذٌ"

حدثنا ابنَ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

بابُ ماجاء فی الذَّبْحِ بِالْمَرْوَةِ

دھاردار پتھر سے ذبح کرنا جائز ہے

مَروۃ: خاص قسم کا پتھر ہوتا ہے جو سفید اور دھاردار ہوتا ہے، اس سے اگر جانور ذبح کیا جائے تو حلال ہے، مشکوٰۃ (حدیث ۴۰۷۱) میں حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو چیز خون بہادے اور اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو حلال ہے (یہ حدیث آگے بھی آرہی ہے) لہٰذا اگر دھاردار پتھر سے یا بانس وغیرہ کے چھلکے سے جانور ذبح کیا جائے تو جائز ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کی قوم کے ایک شخص نے ایک یا دو خرگوش شکار کئے اور

ان کومَروہ سے ذبح کیا اور کجاوے پر لٹکالیا، جب حضور اقدس ﷺ سے ملاقات ہوئی تو حکم دریافت کیا، آپؐ نے ان کو کھانے کا حکم دیا۔

تشریح: اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خرگوش حلال ہے، ترمذی جلد دوم کے شروع میں یہ مسئلہ آئے گا۔ جمہور ائمہ اسی کے قائل ہیں مگر شیعوں کے نزدیک خرگوش حرام ہے، ابن بطوطہ نے سفر نامہ میں قصہ لکھا ہے کہ وہ سفر میں ایک بستی میں پہنچے، انھوں نے بستی والوں سے دعوت مانگی، انھوں نے ان کو شیعہ خیال کیا اور ان کے پاس زندہ خرگوش بھیجا اور ایک آدمی نگرانی پر لگا دیا، ابن بطوطہ کہتا ہے: ہم نے وہ خرگوش ذبح کیا اور پکا کر کھایا، تب گاؤں والوں کو یقین آیا کہ ہم شیعہ نہیں ہیں، سنّی ہیں، پھر انھوں نے ہماری خوب آؤ بھگت کی۔

[۷-] باب ماجاء في الذَّبْحِ بِالْمَرْوَةِ

[۱٤٥٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلىٰ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ قَوْمِهِ صَادَ أَرْنَبًا أَوِاثْنَيْنِ، فَذَبَحَهُمَا بِمَرْوَةٍ، فَتَعَلَّقَهُمَا حَتَّى لَقِيَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهِمَا.

وفي الباب: عَنْ مُحمدِ بنِ صَفْوَانَ، وَرَافِعٍ، وَعَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ أَنْ يُذَكَّى بِمَرْوَةٍ، وَلَمْ يَرَوْا بِأَكْلِ الْأَرْنَبِ بَأْسًا، وَهُوَ قَوْلُ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُهُمْ أَكْلَ الْأَرْنَبِ.

وَاخْتَلَفَ أَصْحَابُ الشَّعْبِيِّ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الْحَدِيْثِ: فَرَوَى دَاوُدُ بنُ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مُحمدِ بنِ صَفْوَانَ، وَرَوَى عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ مُحمدٍ، أَوْ مُحمدِ بنِ صَفْوَانَ، وَمحمدُ بنُ صَفْوَانَ أَصَحُّ، وَرَوَى جَابِرٌ الجُعْفِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عن جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَ حديثِ قَتَادَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ الشَّعْبِيُّ رَوَى عَنْهُمَا جَمِيْعًا، قَالَ مُحمدٌ: حديثُ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ.

لغت: عَلَّقَ وَتَعَلَّقَ الشيئَ: لٹکانا، اٹکانا، دونوں بابوں کے معنی ایک ہیں۔

وضاحت: یہ حدیث حضرت جابرؓ کی ہے یا حضرت محمد بن صفوان رضی اللہ عنہ کی؟ اس سلسلہ میں شعبیؒ کے تلامذہ میں اختلاف ہے، قتادہ اور جابر جعفی اس کو حضرت جابر کی حدیث قرار دیتے ہیں اور داؤد اور عاصم اس کو حضرت محمد بن صفوان کی حدیث قرار دیتے ہیں (پھر داؤد کی حدیث میں صحابی کا نام محمد بن صفوان ہے اور عاصم کی روایت میں شک ہے کہ نام صفوان بن محمد ہے یا محمد بن صفوان، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: صحیح نام محمد بن صفوان ہے) پھر شعبی کے تلامذہ میں جو اختلاف ہے اس سلسلہ میں امام ترمذیؒ کی رائے یہ ہے کہ ممکن ہے شعبی نے یہ حدیث محمد بن صفوان سے بھی سنی ہو اور

حضرت جابر سے بھی۔اور امام بخاریؒ کی رائے یہ ہے کہ یہ حدیث محمد بن صفوان کی ہے، شعبی عن جابر کی سند محفوظ نہیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاھِیَۃِ أَکْلِ الْمَصْبُوْرَۃِ

روک کر تیر مارے ہوئے جانور کا کھانا حرام ہے

مَصْبورۃ: اسم مفعول ہے اس کا مادہ ہے: ص، ب، ر اور اس مادہ کے معنی ہیں: روکنا، مردے پر پھوٹ پھوٹ کر رونے کو جی چاہتا ہے، لیکن اگر آدمی اپنے نفس کو روکے تو اس کو صبر کہتے ہیں، زمانۂ جاہلیت میں لوگ جانور کو باندھ کر چاند ماری (نشانہ بازی) کیا کرتے تھے پھر جب وہ تیر کھا کر مرجاتا تھا تو اس کو کھاتے تھے، نبی ﷺ نے باب کی پہلی حدیث میں اس سے منع فرمایا ہے، کیونکہ وہ جانور نہ تو اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ذبح کیا گیا ہے اور نہ اس کے ذریعہ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کیا گیا ہے یعنی وہ شرعی طریقہ پر ذبح کیا ہوا جانور نہیں ہے اس لئے حرام ہے۔اور تیسری حدیث میں جانور کو نشانہ بنانے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ بے ضرورت جانور کو تکلیف پہنچانا ہے، نشانہ بازی کی مشق کے لئے بہت سے طریقے ہیں ان کو اپنایا جائے، خواہ مخواہ جانور کو تکلیف پہنچانا قساوت قلبی کی علامت ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں نکوکاری (عمدہ کرنے) کو فرض کیا ہے، یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے مُجَثَّمَة کو کھانے سے منع فرمایا، مجثّمہ (گھٹنوں کے بل پڑا ہوا) وہ جانور ہے جو تیروں کے لئے روکا گیا ہو یعنی جس پر چاند ماری کی گئی ہو، یہاں تک کہ وہ مرگیا ہو۔

حدیث (۲): حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ہر کچلی دار درندے سے، اور ہر پنجے دار پرندے سے اور پالتو گدھے کے گوشت سے اور مجثمہ سے اور خلیسہ سے منع فرمایا اور حاملہ باندیوں سے وطی کرنے سے منع فرمایا جب تک وہ بچہ نہ جن دیں۔

تشریح: ناب: مفرد ہے، جمع أَنْیابٌ ہے، انیاب: اوپر نیچے دونوں جانب جو آخری دانت ہیں جو گولائی لئے ہوئے ہوتے ہیں ان کو انیاب کہتے ہیں، اردو میں اس کو کچلی کہتے ہیں۔تمام وہ جانور جو گوشت کھاتے ہیں ان کی کچلیاں ہوتی ہیں، انسان بھی گوشت خور ہے اس لئے اس کی بھی کچلیاں ہیں، البتہ انسان کی کچلیاں غیر واضح ہیں، اور جانوروں کی کچلیاں دوسرے دانتوں سے واضح ہوتی ہیں۔

حضور اقدس ﷺ نے اس حدیث میں قاعدہ کلیہ بیان فرمایا ہے کہ جن جانوروں کی کچلیاں ہیں اور ان کی فطرت میں درندگی (پھاڑ کھانا) ہے وہ سب حرام ہیں، اسی طرح وہ پرندے جو پنجے والے ہیں یعنی پنجوں سے شکار پکڑ کر پھاڑتے ہیں یعنی ان کی فطرت میں درندگی (پھاڑ کھانا) ہے وہ سب حرام ہیں۔پہلے جملہ میں: مِنَ السِّباع کی

جو قید ہے وہ دوسرے جملہ میں بھی ملحوظ ہے، اور پالتو گدھا بھی حرام ہے اس قید سے وحشی گدھا یعنی گورخر نکل گیا، گورخر اور اس کی مادہ نیل گائے حلال ہیں۔

خَلِیْسَة: بروزن فَعِیْلة: درندے کے منہ سے چھڑایا ہوا جانور جو ذبح کرنے سے پہلے مر جائے، لغوی معنی ہیں: چھڑائی ہوئی چیز، اگر درندے سے چھڑائی ہوئی مرغی زندہ ہو اور اس کو ذبح کر لیا جائے تو حلال ہے —— جَثَم الحیوانُ کے معنی ہیں: جانور کا زمین سے چمٹنا یا زمین سے سینہ کو لگانا، پس مجثَّمه وہ جانور ہے جس کو تیروں کا نشانہ بنایا گیا ہو اور وہ وہیں ڈھیر ہو گیا ہو، امام ترمذیؒ کے استاذ الاستاذ ابو عاصم نے یہی معنی بیان کئے ہیں۔

حدیث (۳): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کسی بھی جاندار کو تیروں کا نشانہ بنانے سے منع فرمایا۔

[۸-] باب ماجاء فی کراهية أَكْلِ الْمَصْبُوْرَةِ

[۱۴۵۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَفْرِيْقِيِّ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ، وَهِيَ الَّتِيْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ.

وفی الباب: عَنْ عِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، وَأَنَسٍ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ؛ وَحَدِيْثُ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ حديثٌ غريبٌ.

[۱۴۵۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ وَهْبِ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ حَبِيْبَةَ بِنْتُ الْعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، عَنْ أَبِيْهَا أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَعَنْ كُلِّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ، وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ، وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ، وَأَنْ تُوْطَأَ الْحَبَالَى حَتّٰى يَضَعْنَ مَا فِيْ بُطُوْنِهِنَّ.

قَالَ مُحمدُ بنُ يَحْيىَ: هُوَ الْقُطَعِيُّ : سُئِلَ أَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ؟ فَقَالَ: أَنْ يُنْصَبَ الطَّيْرُ أَوِ الشَّيْءُ فَيُرْمَى، وَسُئِلَ عَنِ الْخَلِيْسَةِ؟ فَقَالَ: الذِّئْبُ أَوِ السَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ، فَيَأْخُذُ مِنْهُ، فَيَمُوْتُ فِيْ يَدِهِ قَبْلَ أَنْ يُذَكِّيَهَا.

[۱۴۶۰-] حدثنا محمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلٰى، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُتَّخَذَ شَيْئٌ فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ فی ذَکَاةِ الْجَنِیْنِ

پیٹ کے بچے کے ذبح کا حکم

مذبوحہ جانور کے پیٹ میں سے اگر بچہ زندہ نکلے تو اس کو ذبح کرنا ضروری ہے، ذبح کئے بغیر مرجائے تو وہ بالاجماع حرام ہے، اور اگر اس حال میں نکلے کہ ابھی اس کی بناوٹ ہی مکمل نہیں ہوئی تو بھی بالاجماع حرام ہے، کیونکہ ابھی وہ مُضغہ ہے اور اگر بناوٹ مکمل ہوچکی ہے اور بال بھی نکل آئے ہیں اور مرا ہوا نکلا تو ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کے نزدیک حلال ہے اور امام اعظمؒ کے نزدیک حرام ہے ـــــــ دونوں فریقوں کی دلیل باب کی حدیث ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنین کا ذبح اس کی ماں کا ذبح ہے یا اس کی ماں کے ذبح کی طرح ضروری ہے''

تشریح: ذکوۃُ أمہ: بالرفع اور بالنصب دونوں طرح پڑھا گیا ہے، رفع والی قراءت میں خبر ہے اور اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ماں کا ذبح بعینہٖ بچے کا ذبح ہے، الگ سے اس کو ذبح کرنا ضروری نہیں۔ اس صورت میں یہ حدیث جمہور کی دلیل ہے۔ اور نصب والی قراءت میں یہ منصوب بنزع الخافض ہے اور تقدیر عبارت کذکاۃ أمہ ہے یعنی جنین کو اس کی ماں کی طرح ذبح کرنا ضروری ہے، اس صورت میں یہ حدیث امام اعظمؒ کی دلیل ہے ـــــــ اور اگر حدیث میں تشبیہ بلیغ مراد لیں تو پھر رفع والی قراءت بھی امام اعظم کی دلیل ہے۔ تشبیہ بلیغ میں مشبہ بہ کا مشبہ پر حمل کیا جاتا ہے اور حرف تشبیہ کو حذف کردیا جاتا ہے جیسے: زیدٌ أسدٌ یہ تشبیہ بلیغ ہے اور تقدیر عبارت ہے: زید کالأسد اس میں حرف تشبیہ کو حذف کرکے أسد (مشبہ بہ) کا زید (مشبہ) پر حمل کیا گیا ہے، اسی طرح یہاں بھی ذکاۃُ أمہ (مشبہ بہ) کا ذکاۃُ الجنین (مشبہ) پر حمل ہے اور حرف تشبیہ کاف محذوف ہے، تقدیر عبارت ہے: ذکاۃ الجنین کذکاةِ أمہ۔

فائدہ: یہ بات ہر کوئی جانتا ہے کہ پیٹ کے بچے کی حیات ماں کی حیات کے تابع نہیں، چنانچہ جانور کو ذبح کرنے کے بعد بھی پیٹ میں سے بچہ زندہ نکلتا ہے اور عورت کے مرجانے کے بعد بھی بچہ پیٹ میں زندہ رہتا ہے، پس جب دونوں کی حیات مستقل ہے تو ذبح میں ایک دوسرے کے تابع کیسے ہوجائیں گے؟ یہ موٹی سی بات ہے اگر کوئی سمجھنا چاہے۔

[۹-] بابُ فی ذَکَاةِ الْجَنِیْنِ

[۱۴۶۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، ح: وَثَنَا سُفْیَانُ بنُ وَکِیْعٍ، ثَنَا حَفْصُ بنُ غِیَاثٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ أَبِی الْوَدَّاکِ عَنْ أَبِی سَعِیْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:

"ذَكَاةُ الْجَنِيْنِ ذَكَاةُ أُمِّهِ"

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وأَبِيْ الدَّرْدَاءِ، وأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ، وابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ، وإِسْحَاقَ؛ وَأَبُوْ الْوَدَّاكِ: اسْمُهُ جَبْرُ بنُ نَوْفٍ.

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ كُلِّ ذِيْ نَابٍ وَذِيْ مِخْلَبٍ

ہر کچلی دار درندہ اور ہر پنجے دار پرندہ حرام ہے

حدیث (۱): حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ہر کچلی دار درندے سے منع فرمایا۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے غزوۂ خیبر کے موقعہ پر پالتو گدھوں اور خچروں کے گوشت کو حرام قرار دیا، اور ہر کچلی دار درندے اور ہر پنجے دار پرندے سے منع فرمایا (تفصیل گذشتہ سے پیوستہ باب میں گذر چکی)

[۱۰-] بابٌ في كراهية كُلِّ ذي نابٍ وَذِيْ مِخْلَبٍ

[۱٤٦٢-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ الْحَسَنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ كُلِّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ.

حدثنا سَعِيدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ: اسْمُهُ عَائِذُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ.

[۱٤٦٣-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، ثَنَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: حَرَّمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم- يَعْنِيْ يَوْمَ خَيْبَرَ- الْحُمُرَ الإِنْسِيَّةَ، وَلُحُوْمَ الْبِغَالِ، وَكُلَّ ذِيْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَذِيْ مِخْلَبٍ مِنَ الطَّيْرِ.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وحديثُ جَابِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱٤٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ

أَبِیْ هُرَیْرَةَ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم حَرَّمَ كُلَّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ.
هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَالْعَمَلُ عَلیٰ هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَغَیْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِیِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

بابُ ماجاء ما قُطِعَ مِنَ الْحَیِّ فَهُوَ مَیِّتٌ

زندہ جانور سے کاٹا ہوا گوشت حرام ہے

حدیث: حضرت ابوواقد لیثی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب نبی ﷺ مدینہ منورہ میں تشریف فرما ہوئے تو دیکھا کہ لوگ زندہ اونٹوں کی کوہانیں اور دنبوں کی چکتیاں کاٹتے ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: ''جو عضو چوپائے میں سے کاٹا گیا درانحالیکہ وہ زندہ ہے تو وہ عضو مردار ہے''

تشریح: زندہ جانور کا کوئی عضو کاٹنا جانور کے لئے تکلیف کا باعث ہے اس لئے ممنوع ہے، نیز یہ علحدہ کیا ہوا عضو ذبیحہ نہیں اس لئے حرام ہے، اور اگر شکار کو تیر مارا اور اس کی ٹانگ کٹ کر علحدہ ہوگئی اور شکار بھاگ گیا تو یہ ٹانگ حلال ہے یا نہیں؟ اس کی تفصیل ہدایہ میں یہ ہے کہ مُبان (جدا کیا ہوا عضو) فرع ہے اور مُبان منہ (جس جانور سے عضو علحدہ کیا گیا) اصل ہے، پس جہاں اصل میں اصل ہونے کی صلاحیت ہو تو مبان حرام ہے ورنہ نہیں، پس اگر شکار کے دو برابر حصے ہوگئے تو دونوں حلال ہیں، کیونکہ اب کسی حصہ میں مبان منہ ہونے کی صلاحیت نہیں، اسی طرح جانور کو ذبح کیا اور ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا کوئی عضو کاٹ کر علحدہ کر دیا تو وہ حلال ہے کیونکہ یہ ایسے زندہ جانور میں سے علحدہ کیا گیا ہے جو صرف صورۃً زندہ ہے حکماً زندہ نہیں، اس لئے یہ جدا کیا ہوا عضو حلال ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء ما قُطِعَ من الحَیِّ فهو میتٌ

[۱٤٦٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلیٰ الصَّنْعَانِیُّ، نَا سَلَمَةُ بنُ رَجَاءٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنْ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ وَاقِدٍ اللَّیْثِیِّ، قَالَ: قَدِمَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم الْمَدِیْنَةَ، وَهُمْ یَجُبُّوْنَ أَسْنِمَةَ الإِبْلِ، وَیَقْطَعُوْنَ أَلْیَاتِ الْغَنَمِ، فَقَالَ: ''مَا یُقْطَعُ مِنَ الْبَهِیْمَةِ، وَهِیَ حَیَّةٌ، فَهُوَ مَیْتَةٌ''

حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بنُ یَعْقُوبَ، ثَنَا أَبُوْ النَّضْرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، وَالْعَمَلُ عَلیٰ هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَأَبُوْ وَاقِدٍ اللَّیْثِیُّ: اسْمُهُ الْحَارِثُ بنُ عَوْفٍ.

بابٌ فی الذَّکَاۃِ فِی الْحَلْقِ وَاللَّبَّۃِ

ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری کا بیان

حدیث: ابوالعشراء کے والد فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ذبح سینہ اور گلے کے گڑھے کے درمیان ہی ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم جانور کی ران میں نیزہ مارو تو تمہارے لئے کافی ہے''

تشریح: ذبح کی دو قسمیں ہیں: ذبح اختیاری اور ذبح اضطراری۔ اگر جانور قابو میں ہو تو ذبح اختیاری ضروری ہے اور ذبح اختیاری کا محل حلق اور لبّہ ہے، اور اگر جانور قابو سے باہر ہو جیسے شکار تو ذبح اضطراری بھی کافی ہے اور اس کا محل جانور کا سارا جسم ہے، سائل ذبح کی دوسری قسم کو نہیں جانتا تھا، آپؐ نے اس کو دوسری قسم سے بھی آگاہ کیا۔

[۱۲-] بابٌ فی الذَّکَاۃِ فی الْحَلْقِ وَاللَّبَّۃِ

[۱٤٦٦-] حدثنا هَنَّادٌ، وَمُحمدُ بنُ الْعَلَاءِ، قَالاَ: ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، ح: وَحدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ الْعُشَرَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ يَارسولَ اللّٰهِ! أَمَا تَكُوْنُ الذَّكَاةُ إِلَّا فِي الْحَلْقِ وَاللَّبَّةِ؟ قَالَ: '' لَوْ طَعَنْتَ فِيْ فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ'' قَالَ أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ: قَالَ يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ: هٰذَا فی الضَّرُوْرَةِ.

وفی الْباب: عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وَهٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، وَلاَ نَعْرِفُ لِأَبِيْ الْعُشَرَاءِ عَنْ أَبِيْهِ غَيْرَ هٰذَا الْحديثِ، وَاخْتَلَفُوْا فِي اسْمِ أَبِيْ الْعُشَرَاءِ: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اسْمُهُ أُسَامَةُ بنُ قِهْطِمٍ، وَيُقَالُ: يَسَارُ بنُ بَرْزٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ بَلْزٍ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ عُطَارِدُ.

وضاحت: هذا فی الضرورة کا مطلب یہ ہے کہ ران میں زخم کرنا جو ذبح ہے: وہ صرف ذبح اضطراری میں ہے۔

بابٌ فی قَتْلِ الْوَزَغِ

چھپکلی کو مارنے کا حکم

وَزَغ: اسم جنس ہے، اس کی دو نوعیں ہیں: گرگٹ اور چھپکلی، حضور اقدس ﷺ نے چھپکلی اور گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا ہے اور ان کا فاسق (شرارتی) نام رکھا ہے اور فرمایا: ''وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ میں پھونک مارتا تھا'' اور فرمایا: ''جس نے پہلے وار میں مار ڈالا اس کے لئے سو نیکیاں ہیں، اور دوسرے وار میں اس سے کم اور تیسرے وار میں اس سے بھی کم'' (مشکوٰۃ احادیث ۴۱۱۹، ۴۱۲۱)

سوال: جس چھپکلی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ میں پھونک ماری تھی اس کا چاہے کچھومر نکال دو مگر پوری نوع کو اس کی سزا دینا خلاف اصول ہے۔

جواب: چھپکلی کو مارنے کا حکم اس جرم کی سزا میں نہیں ہے بلکہ یہ حکم اس جانور کی ایذا رسانی کی وجہ سے ہے اور پھونک مارنے کو ایذاء رسانی کی علامت کے طور پر ذکر کیا گیا ہے، یعنی جہاں اس کا کچھ نہیں اٹھتا تھا وہاں بھی وہ اپنی حرکت سے باز نہیں آئی، اسی طرح وہ انسان کو ہر ممکن ضرر پہنچانے کی کوشش کرتی ہے، برتن میں تھوکتی ہے، نمک میں رال ٹپکاتی ہے جس کے نتیجہ میں برص کی بیماری پیدا ہوتی ہے اور کچھ بس نہیں چلتا تو چھت میں چڑھ کر کھانے وغیرہ پر بیٹ کرتی ہے (حاشیہ الکوکب الدری ۲: ۳۹۱) پس یہ حکم اس کے ضرر سے محفوظ رہنے کے لئے ہے۔

اور پہلے وار میں مار ڈالنے کی ترغیب دو وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: یہ چاند ماری میں مہارت کی علامت ہے اور نشانہ بازی ایک جہادی عمل ہے جو مرغوب فیہ ہے۔

دوسری وجہ: چھپکلی بھولی اور چالاک ہوتی ہے، اگر پہلا وار چل گیا تو ٹھیک ہے ورنہ پھر ہاتھ نہیں آئے گی اس لئے پہلے ہی وار میں اس کا کام تمام کر دینا چاہیے۔

[۱۳-] بابٌ فی قَتْلِ الْوَزَغِ

[۱٤٦٧-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وِكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ قَتَلَ وَزَغَةً بِالضَّرْبَةِ الْأُوْلَى كَانَ لَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً، فَإِنْ قَتلَهَا فِي الضَّرْبَةِ الثَّانِيَةِ كَانَ لَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً، فَإِنْ قَتلَهَا فِيْ الضَّرْبَةِ الثَّالِثَةِ كَانَ لَهُ كَذَا وَكَذَا حَسَنَةً"

وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَعْدٍ، وعَائِشَةَ، وأُمِّ شَرِيْكٍ، وَحديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: نار ابراہیمؑ میں پھونک مارنے کی روایت بخاری و مسلم میں ہے...... اور کذا و کذا: عدد مبہم کے لئے ہیں یعنی بلا تعیین پہلی بار میں نیکیاں زیادہ ہیں، دوسری بار میں اس سے کم، اور تیسری بار میں اور بھی کم۔

بابٌ فِيْ قَتْلِ الْحَيَّاتِ

سانپوں کو مارنے کا حکم

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "سب سانپوں کو مار ڈالو اور ذو الطُّفیتین (دو دھاری والے) اور ابتر (دم

کٹے) کوتو ضرور مار ڈالو، وہ دونوں نگاہوں کوڈھونڈ ھتے ہیں یعنی آنکھوں سے آنکھیں ملاتے ہیں اور حمل کو گرا دیتے ہیں۔

تشریح: الطُفْیَة: سانپ کی پشت پر سفید یا سیاہ یا زرد دھاری۔ ذو الطُّفیتین: (دو دھاری والا) ایک خاص قسم کا سانپ جس کی پیٹھ پر دو لکیریں ہوتی ہیں۔ اور ابتر: دم کٹا سانپ جو دیکھنے میں ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے اس کی دم کاٹ رکھی ہے، مگر حقیقت میں وہ دم کٹا نہیں ہوتا، یہ دونوں سانپ بہت زہریلے ہوتے ہیں اور بغیر کاٹے بھی نقصان پہنچاتے ہیں، وہ انسان کی آنکھ سے آنکھ ملاتے ہیں جس کے نتیجہ میں آدمی اندھا ہو جاتا ہے اور اگر عورت حاملہ ہو تو اس کا حمل گر جاتا ہے اس لئے نبی ﷺ نے ان کو بالضرور مار ڈالنے کا حکم دیا، ہمارے دریار میں کالا ناگ اور چتکبرا سانپ خطرناک ہوتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اس کے بعد گھروں کے سانپوں کو مارنے سے منع فرمایا اور ان کو عوامر (آباد کرنے والا) کہا جاتا ہے، یعنی پہلے آنحضرت ﷺ نے ہر طرح کے سانپ کو مار ڈالنے کا حکم دیا تھا پھر بعد میں عوامر کا استثناء فرمایا۔

تشریح: عوامر: عامِر کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: آباد کرنے والا۔ یہ ایک خاص قسم کا سانپ ہوتا تھا جو مدینہ منورہ کے گھروں میں پایا جاتا تھا، اب وہاں بھی یہ سانپ نہیں رہا، میں نے اہل مدینہ سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے لاعلمی ظاہر کی، حضور اقدس ﷺ نے ان کو مارنے سے اس لئے منع کیا تھا کہ بعض اوقات ان کی شکل میں جنات ہوتے تھے، اور ان کی نشانی عبداللہ بن المبارکؒ نے یہ بتائی ہے کہ وہ باریک ہوتے ہیں اور رنگ چاندی جیسا ہوتا ہے اور وہ چلتے وقت بل نہیں کھاتے، سیدھے چلتے ہیں۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے گھروں میں کچھ آباد کرنے والے سانپ ہوتے ہیں تم ان کو تین مرتبہ نکل جانے کا الٹی میٹم دو، یعنی یہ کہو کہ اگر تم جنات ہو تو یہاں سے چلے جاؤ، ورنہ ہم تمہیں مار ڈالیں گے، پھر اگر وہ اس کے بعد بھی نظر پڑیں تو ان کو مار ڈالو۔

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب گھر میں سانپ دکھائی دے تو اس سے کہو: ہم تم سے اس عہد و پیمان کے واسطہ سے درخواست کرتے ہیں جو تم نے حضرت نوح اور حضرت سلیمان علیہما السلام سے باندھا تھا کہ ہمیں تکلیف نہ پہنچاؤ اور یہاں سے چلے جاؤ، اگر وہ نہ جائے اور پھر نظر پڑے تو اس کو قتل کر دو''

تشریح: جب حضرت نوح علیہ السلام نے جانوروں کا ایک ایک جوڑا کشتی میں لینے کا ارادہ فرمایا تا کہ ان کی نسل باقی رہے تو ان جانوروں سے یہ عہد لیا تھا کہ تم (کشتی میں) انسانوں کو تکلیف نہیں پہنچاؤ گے، اسی طرح حضرت سلیمان علیہ السلام کی حکومت انسان، جنات اور تمام جانوروں پر تھی اور آپ کے دربار میں انسان اور جنات ایک ساتھ حاضر ہوتے تھے، اس وقت آپ نے جنات سے بھی یہ عہد لیا تھا کہ تم انسانوں کو تکلیف نہیں پہنچاؤ گے،

اس حدیث میں اسی عہد کی طرف اشارہ ہے۔

[١٤-] بابٌ فی قَتْلِ الْحَیَاتِ

[١٤٦٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اقْتُلُوا الْحَيَاتِ، وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْأَبْتَرَ، فَإِنَّهُمَا يَلْتَمِسَانِ الْبَصَرَ، وَيُسْقِطَانِ الْحَبْلَ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعائشةَ، وأَبِیْ هُريرةَ، وَسَهْلِ بنِ سَعْدٍ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٤٦٩-] وَقَدْ رُوِیَ عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْ لُبَابَةَ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ قَتْلِ جِنَانِ الْبُيُوْتِ، وَهِیَ الْعَوَامِرُ، وَيُرْوَى عَن ابنِ عُمَرَ عَنْ زَيْدِ بنِ الْخَطَّابِ أَيْضًا.

وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ: إِنَّمَا يُكْرَهُ مِنْ قَتْلِ الْحَيَّاتِ: الْحَيَّةُ الَّتِیْ تَكُوْنُ دَقِيْقَةً، كَأَنَّهَا فِضَّةٌ، وَلاَ تَلْتَوِیْ فِیْ مِشْيَتِهَا.

[١٤٧٠-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ صَيْفِیٍّ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِبُيُوْتِكُمْ عُمَّارًا، فَحَرِّجُوْا عَلَيْهِنَّ ثَلاَثًا، فَإِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ شَیْءٌ فَاقْتُلُوْهُ"

هٰكَذَا رَوَى عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ صَيْفِیٍّ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، وَرَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ هٰذَا الْحديثَ عَنْ صَيْفِیٍّ، عَنْ أَبِی السَّائِبِ مَوْلٰى هِشَامِ بنِ زُهْرَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، وَفِی الْحديثِ قِصَّةٌ، حدثنا بِذٰلِكَ الْأَنْصَارِیُّ، حدثنا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَرَوَى مُحمدُ بنُ عَجْلاَنَ، عَنْ صَيْفِیٍّ نَحْوَ رِوَايَةِ مَالِكٍ.

[١٤٧١-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ لَيْلَى، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِیْ لَيْلَى، قَالَ: قَالَ أَبُوْ لَيْلَى: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا ظَهَرَتِ الْحَيَّةُ فِی الْمَسْكَنِ، فَقُوْلُوْا لَهَا: إِنَّا نَسْأَلُكَ بِعَهْدِ نُوْحٍ وَبِعَهْدِ سُلَيْمَانَ بنِ دَاوُدَ أَنْ لاَ تُؤْذِيَنَا، فَإِنْ عَادَتْ فَاقْتُلُوْهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِیْ لَيْلَى.

وضاحت: پہلی حدیث میں گھروں کے سانپوں کا استثناء حضرت ابن عمرؓ: حضرت ابولبابہ سے بھی روایت کرتے ہیں اور اپنے چچا حضرت زید بن خطاب سے بھی روایت کرتے ہیں ——— تیسری حدیث صَیفی سے عبید اللہ عمری اور

امام مالک دونوں روایت کرتے ہیں: اول کی سند میں صیفی اور حضرت ابوسعید خدری کے درمیان کوئی واسطہ نہیں اور ثانی کی سند میں ابوالسائب کا واسطہ ہے ——— اور امام مالکؒ کی روایت میں جو قصہ ہے وہ مسلم شریف (حدیث ۲۲۳۶ کتاب السلام) میں ہے ——— امام ترمذی نے امام مالک کی روایت کو اصح قرار دیا ہے، کیونکہ محمد بن عجلان ان کے متابع ہیں ——— اور آخری روایت ابن ابی لیلیٰ صغیر کی وجہ سے ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی قَتْلِ الْكِلاَبِ

کتوں کو مارڈالنے کا حکم

حدیث: آنحضرت ﷺ نے فرمایا: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ کتے بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے ایک مخلوق ہیں: تو میں سب کتوں کو مارڈالنے کا حکم دیتا (مگر چونکہ وہ بھی اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہیں اس لئے میں یہ حکم نہیں دے رہا) پس کالے بھجنگے کتے کو مارڈالو، وہ شیطان ہے''

تشریح: کتاب الطہارۃ باب ۶۸ (۱: ۳۵۴) میں یہ بات بتائی گئی ہے کہ عربوں کے مزاج میں کتا اتنا دخیل ہوگیا تھا جتنا اب یوروپ کے مزاج میں دخیل ہے، انھوں نے God (خدا) کو چھوڑ کر Dog (کتے) کو پکڑ لیا تھا، اسلام آیا تو اس نے اس محبت کو لوگوں کے دلوں سے نکالنا چاہا، اور اس کے لئے بتدریج چند احکام دیئے، سب سے پہلے لوگوں کو بتایا کہ اگر کوئی شوقیہ کتا پالے گا تو روزانہ اس کے ثواب میں سے ایک قیراط (درہم کا چھٹا حصہ) کم ہوجائیگا، اور ایک روایت میں ہے کہ دو قیراط کم ہوجائیں گے، پس محتاط لوگوں نے تو اسی وقت کتے کو رخصت کردیا کیونکہ ثواب ندارد گناہ لازم! پھر دوسرا حکم برتن کو سات مرتبہ دھونے کا اور ایک مرتبہ مٹی سے مانجھنے کا دیا، کتا گھر میں ہر طرف گھومتا ہے اور صبح سے شام تک کتنے ہی برتنوں میں منہ ڈالتا ہے، پس لوگ برتن دھوتے دھوتے تنگ آگئے، اس لئے اس کو رخصت کردیا، پھر آخری حکم کتوں کو مارڈالنے کا دیا، پھر جب کتوں کی محبت دلوں سے نکل گئی بلکہ مدینہ میں کوئی کتا رہا ہی نہیں، قبائل کی کوئی عورت کتے کے ساتھ مدینہ میں آتی تو لوگ دوڑ پڑتے اور اس کو مارڈالتے، جب نفرت اس درجہ تک پہنچ گئی تو آخری حکم کالے کتے کو مستثنیٰ کرکے اٹھالیا۔ اب علماء کا اتفاق ہے کہ پہلا حکم (ثواب کم ہونے کا) بدستور باقی ہے اور دوسرے حکم میں اختلاف ہے کہ سات مرتبہ برتن دھونا واجب ہے یا نہیں؟ تفصیل گذر چکی ہے اور آخری حکم بالاتفاق منسوخ ہے، اب صرف کالا کتا یعنی جو کتا پریشان کرتا ہو: اس کو مارنا جائز ہے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی قتل الكِلاَبِ

[۱۴۷۲-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثنا مَنْصُوْرُ بنُ زَاذَانَ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْلاَ أَنَّ الْكِلاَبَ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ لَأَمَرْتُ بِقَتْلِهَا كُلِّهَا، فَاقْتُلُوْا مِنهَا كُلَّ أَسْوَدَ بَهِيْمٍ"
وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ، وأَبِيْ رَافِعٍ، وَأَبِيْ أَيُّوْبَ، وحديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى فِيْ بَعْضِ الحديثِ أَنَّ الْكَلْبَ الْأَسْوَدَ الْبَهِيْمَ شَيْطَانٌ، وَالْكَلْبُ الْأَسْوَدُ الْبَهِيْمُ: الَّذِیْ لاَيَكُوْنُ فِيْهِ شَيْئٌ مِنَ الْبَيَاضِ، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ صَيْدَ الْكَلْبِ الْأَسْوَدِ الْبَهِيْمِ.

وضاحت: بهيم: أسود میں مبالغہ ہے یعنی صرف کالے بھجنگے کتے کو مارو، جس میں ذرا سفیدی نہ ہو، بلکہ بعض لوگ تو ایسے کتے کا شکار بھی جائز نہیں کہتے۔

بابُ مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا: مَا يُنْقَصُ مِنْ أَجْرِهِ؟

شوقیہ کتا پالنے سے روزانہ ثواب کم ہوتا ہے؟

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص کتا پالے یا فرمایا: کتے کو رکھے جو نہ شکار کے لئے ہو اور نہ مویشیوں کی حفاظت کے لئے تو اس کے ثواب میں سے روزانہ دو قیراط کم ہوجاتے ہیں'' ضَارٍ: (اصل ضَارِیٌ) ضَرِیَ یَضْرِیٰ ضَرَاوَۃً سے اسم فاعل ہے جس کے معنی ہیں: کتے کا شکار کا خوگر ہونا۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ شوقیہ کتا پالنا جائز نہیں، البتہ وہ کتا جس کو شکار کی تعلیم دی گئی ہو یا وہ کتا جو مویشی، کھیتی یا گھر کی حفاظت کے لئے ہو وہ مستثنیٰ ہے اس کو پالنا بلا کراہت جائز ہے۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے شکاری اور مویشی کی حفاظت کے کتے کو مستثنیٰ کر کے سب کتوں کو مار ڈالنے کا حکم دیا، ابن عمرؓ سے کسی نے کہا: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کھیتی کے کتے کا بھی استثناء کرتے ہیں، آپؓ نے فرمایا: ابو ہریرہؓ کے پاس کھیتی ہے۔

تشریح: حضرت ابن عمرؓ کے قول کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی معاملہ میں مبتلا ہوتا ہے وہ اس سے متعلق امور کو یاد رکھنے کا اہتمام کرتا ہے اور جو مبتلا نہیں ہوتا وہ اتنا اہتمام نہیں کرتا، چونکہ حضرت ابو ہریرہؓ کے یہاں کھیتی ہے اس لئے انھوں نے اس مسئلہ کو اچھی طرح یاد رکھا ہے، ابن عمرؓ کے قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ (العیاذ باللہ) حضرت ابو ہریرہؓ کے یہاں کھیتی ہے اس لئے انھوں نے حدیث میں یہ اضافہ کیا ہے جیسا کہ بعض ملحدین نے ایسا سمجھا ہے یہ قطعاً غلط ہے، تمام صحابہ نقل دین میں قابل اعتماد ہیں الصحابة كلهم عدول بالاتفاق مسلّمہ اصول ہے، علاوہ ازیں اس کا استثناء تنہا ابو ہریرہ نے روایت میں نہیں کیا، عبداللہ بن مغفل اور سفیان بن ابی زہیر بھی یہ استثناء کرتے ہیں۔

حدیث (۳): عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان لوگوں میں سے ہوں جنھوں نے آنحضرت ﷺ کے چہرۂ مبارک سے درخت کی ٹہنیاں اٹھا رکھی تھیں، جب آپ تقریر فرمارہے تھے یعنی میں نے قریب سے یہ بات سنی ہے، آپؐ نے تقریر میں فرمایا: ''اگر کتے اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق نہ ہوتے تو میں ان کو مار ڈالنے کا حکم دیتا، البتہ کالے بھجنگے کتے کو مار ڈالو، اور جو بھی فیملی کتا پالتی ہے اس کے ثواب میں سے روزانہ ایک قیراط کم ہوجاتا ہے، البتہ جو کتا شکار کے لئے یا کھیتی یا بکریوں کی حفاظت کے لئے ہے وہ مستثنیٰ ہے یعنی اس کی وجہ سے ثواب کم نہیں ہوتا۔

[١٦-] بابُ مَنْ أَمْسَكَ كَلْبًا: ما يُنْقَصُ مِنْ أَجْرِهِ؟

[١٤٧٣-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنِ اقْتَنَى كَلْبًا أو: اتَّخَذَ كَلْبًا، لَيْسَ بِضَارٍ وَلاَ كَلْبَ مَاشِيَةٍ: نَقَصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ"

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، وأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَسُفْيَانَ بنِ أَبِىْ زُهَيْرٍ؛ وحديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: " أَوْ كَلْبَ زَرْعٍ"

[١٤٧٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا حَمادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلاَبِ إِلاَّ كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ كَلْبَ مَاشِيَةٍ، قَالَ: قِيْلَ لَهُ: إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: أَوْ كَلْبَ زَرْعٍ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَا هريرةَ لَهُ زَرْعٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٤٧٥-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنِ اتَّخَذَ كَلْبًا إِلاَّ كَلْبَ مَاشِيَةٍ أَوْ صَيْدٍ أَوْ زَرْعٍ انْتُقِصَ مِنْ أَجْرِهِ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَيُرْوَىٰ عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِىْ رَبَاحٍ: أَنَّهُ رَخَّصَ فِىْ إِمْسَاكِ الْكَلْبِ وإِنْ كَانَ لِلرَّجُلِ شَاةٌ وَاحِدَةٌ: حدثنا بِذٰلِكَ إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا حَجَّاجُ بنُ مُحمدٍ، عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ بِهٰذَا.

[١٤٧٦-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ محمدٍ الْقُرَشِىُّ، ثنا أَبِىْ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: إِنِّىْ لَمِمَّنْ يَرْفَعُ أَغْصَانَ الشَّجَرَةِ عَنْ وَجْهِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَخْطُبُ، فَقَالَ: " لَوْ لاَ أَنَّ الْكِلاَبَ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ لَأَمَرْتُ بَقَتْلِهَا، فَاقْتُلُوْا مِنْهَا كُلَّ أَسْوَدَ بِهِيْمٍ، وَمَا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ يَرْتَبِطُوْنَ كَلْبًا إِلاَّ نَقَصَ مِنْ عَمَلِهِمْ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ، إِلاَّ كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ كَلْبَ حَرْثٍ أَوْ كَلْبَ غَنَمٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ فى الذَّكَاةِ بالْقَصَبِ وَغَيْرِهِ

بانس کے چھلکے وغیرہ سے ذبح کرنا

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم کل دشمن کے مقابلہ میں ہونگے (اس لئے تلواروں پر سان چڑھانی ضروری ہے، وہ حضرات تلوار سے جانور ذبح کیا کرتے تھے) اور ہمارے ساتھ چھریاں نہیں ہیں (تو کیا ہم کسی اور چیز سے ذبح کر سکتے ہیں؟) نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی چیز خون بہادے، اور اللہ کا نام لے کر ذبح کیا جائے تو اس کو کھاؤ، البتہ وہ دانت اور ناخن نہ ہو اور اس کی وجہ میں ابھی بتاتا ہوں: دانت تو ہڈی ہے! اور ناخن اہل حبشہ کی چھری ہے''

تشریح: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر چیز سے ذبح کیا جا سکتا ہے، اگر اس سے کھال کٹ جائے اور خون بہ جائے خواہ وہ پتھر ہو یا بانس کا چھلکا ہو یا کوئی اور چیز ہو، حتی کہ ویلڈنگ کرنے کی آگ سے بھی ذبح کیا جا سکتا ہے، البتہ جسم میں لگے ہوئے ناخن اور دانت سے ذبح کرنا جائز نہیں کیونکہ ان میں دھار نہیں ہوتی اور ناخن میں ممانعت کی ایک دوسری وجہ کفار کی مشابہت بھی ہے۔

فائدہ: اگر دانت منفصل ہو اور اس میں دھار نکال لی گئی ہو یا ناخن جدا ہو اور دھار دار ہو تو اس سے ذبح کرنا درست ہے یا نہیں؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً ناخن اور دانت سے ذبح کرنا درست نہیں، اور احناف کے نزدیک جائز ہے، ان کے نزدیک حدیث میں متصل ناخن اور دانت مراد ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ کی مختلف روایات ہیں، مشہور یہ ہے کہ منفصل ہڈی سے ذبح جائز ہے، اور دانت سے مطلقاً جائز نہیں۔

[۱۷-] بابٌ فى الذَّكاةِ بالقَصَبِ وَغيرِهِ

[۱٤٧٧-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ رِفَاعَةَ بنِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَلْقَى الْعَدُوَّ غَدًا، وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا أَنْهَرَ الدَّمَ، وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلِيْهِ، فَكُلُوْا، مَالَمْ يَكُنْ سِنٌّ أَوْظُفْرٌ، وَسَأُحَدِّثُكُمْ عَنْ ذٰلِكَ: أَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ، وَأَمَّا الظُّفْرُ فَمُدَى الْحَبَشَةِ"

حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، قَالَ حدثنى أَبِىْ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ

رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَبَايَةُ: عَنْ أَبِيْهِ، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَعَبَايَةُ قَدْ سَمِعَ مِنْ رَافِعٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ لاَ يَرَوْنَ أَنْ يُذَكَّى بِسِنٍّ وَلاَ بِعَظْمٍ.

وضاحت: پہلی سند میں سعید بن مسروق: حضرت سفیان ثوری کے والد ہیں اور ثقہ راوی ہیں، وہ عبایہ سے، وہ رفاعہ سے اور وہ حضرت رافع سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند میں ثوری رحمہ اللہ اپنے والد سے، وہ عبایہ سے اور وہ اپنے دادا حضرت رافع سے روایت کرتے ہیں، عبایہ نے اس سند میں عن أبیه نہیں بڑھایا، یہی سند اصح ہے، کیونکہ عبایہ کا اپنے دادا حضرت رافع سے سماع ہے، پھر وہ اپنے ابا رفاعہ سے کیوں روایت کریں گے۔

نوٹ: ہندی نسخہ میں عبارت اس طرح ہے: لم یذکر فیه عن عبایة، عن أبیه یعنی سفیان ثوری کے والد نے عن عبایةَ، عن أبیه ذکر نہیں کیا، مگر یہ صحیح نہیں، انھوں نے صرف عن أبیه نہیں کہا عن عبایة تو کہا ہے، مصری نسخہ میں عن نہیں ہے۔ چنانچہ اس کو حذف کیا گیا ہے، اب عبارت بے غبار ہوگئی اور قرینہ اگلے باب کی عبارت ہے، اس میں اسی طرح کی عبارت ہے، وہاں عن نہیں ہے۔

بابٌ

پالتو جانور بدک جائے تو اس کا حکم وحشی جانور کا ہوجاتا ہے

مصری نسخہ میں یہاں باب ہے: بابُ ماجاء في البعير والبقر والغنم إذا نَدَّ فصار وَحْشِيًّا: يُرْمَى بِسَهْمٍ أم لا؟

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، پس لوگوں کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ بدک گیا اور ان کے پاس گھوڑا نہیں تھا کہ اس پر چڑھ کر اس کو پکڑتے، پس اس کو ایک آدمی نے تیر مارا، پس اللہ تعالیٰ نے اس کو روک لیا یعنی وہ ڈھیر ہوگیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: یہ اونٹ کبھی جنگلی جانور کی طرح وحشی ہوجاتے ہیں، پس جب ان میں سے کوئی تم پر غالب آجائے تو تم اس کے ساتھ ایسا ہی کرو۔

تشریح: اگر پالتو جانور بدک جائے اور اس کو پکڑنے کی اور ذبح کرنے کی کوئی صورت نہ ہو یا کنویں میں یا کھائی میں گر جائے اور اتر کر ذبح کرنے کی کوئی صورت نہ ہو تو وہ وحشی جانور کے حکم میں ہوجاتا ہے، پس ذبح اضطراری درست ہوگا، پس کوئی دھار دار چیز بسم اللہ اللہ اکبر پڑھ کر اس پر ڈالی جائے اور اس کو زخمی کیا جائے پھر جب وہ مرجائے تو اتر کر کاٹ کر نکال لیا جائے، وہ حلال ہے۔ اسی طرح اگر وحشی جانور قابو میں آجائے تو وہ پالتو

جانور کے حکم میں ہوجاتا ہے، پس ذبح اختیاری ضروری ہے، جیسے ہرن زندہ پکڑ لیا یا کبوتر زندہ پکڑ لیا تو اب ذبح اختیاری ضروری ہے۔

[۱۸-] بابٌ

[۱٤٧٨-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ رِفَاعَةَ بنِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ فَنَدَّ بَعِيْرٌ مِنْ إِبِلِ الْقَوْمِ، وَلَمْ يَكُنْ مَعَهُمْ خَيْلٌ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ، فَحَبَسَهُ اللّٰهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”إِنَّ لِهٰذِهِ الْبَهَائِمِ أَوَابِدَ كَأَوَابِدِ الْوَحْشِ، فَمَا فَعَلَ مِنْهَا هٰذَا فَافْعَلُوْا بِهِ هَكَذَا“

حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا سُفْيانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَبَايَةُ: عَنْ أَبِيْهِ، وَهٰذَا أَصَحُّ. وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ نَحْوَ رِوَايَةِ سُفْيَانَ.

﴿آخِرُ أَبْوَابِ الصَّيْدِ﴾

نوٹ: امام شعبہ رحمہ اللہ نے بھی سفیان ثوری کے والد سعید بن مسروق سے اس حدیث کو روایت کیا ہے، جس طرح سفیان ثوری نے روایت کیا ہے یعنی اس میں بھی عبایہ نے عن أبیه نہیں بڑھایا اور نحو روایة سفیان: ہندی نسخہ میں من روایة سفیان ہے یہ بھی صحیح نہیں، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

﴿الحمدللہ! ابواب الصید کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ الأَضَاحِیْ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قربانی کا بیان

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ الأُضْحِیَّةِ

قربانی کی فضیلت

قربانی کی فضیلت میں کوئی حدیث صحیح نہیں، مگر نفس قربانی کا ثبوت قرآن وحدیث سے ہے اور فضائل اعمال میں ضعیف حدیثیں معتبر ہیں۔

پہلی حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے۔ اور اس میں قربانی کی تین فضیلتیں ہیں: **پہلی فضیلت:** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی بندہ: قربانی کے دن کوئی بھی عمل ایسا نہیں کرتا جو اللہ تعالیٰ کو خون بہانے سے یعنی قربانی کرنے سے زیادہ محبوب ہو، یعنی قربانی کے دنوں میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل قربانی ہے۔ **دوسری فضیلت:** قربانی قیامت کے دن اپنے سینگوں، بالوں اور کھروں کے ساتھ آئے گی، یعنی جیسا جانور قربان کیا ہے ویسا ہی قیامت کے دن ملے گا، اس کا کوئی بے کار عضو بھی ضائع نہیں ہوگا، سینگ بال اور کھر جو پھینک دیئے جاتے ہیں وہ بھی ضائع نہیں ہونگے۔ **تیسری فضیلت:** قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول ہوجاتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس پر ثواب عنایت فرماتے ہیں، قبول ہونے کا یہی مطلب ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فضیلتیں بیان کر کے فرمایا: ''پس خوش دلی سے قربانی کرو'' یعنی اس کو بوجھ مت سمجھو، کیونکہ تمہاری قربانی ضائع نہیں ہوگی، بلکہ قیامت کے دن تمہارے کام آئے گی (اس حدیث کی سند میں ابوالمثنی سلیمان بن یزید خُزاعی ضعیف راوی ہے)

دوسری حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس کو یُرْوٰی صیغۂ تمریض کے ساتھ بغیر سند کے ذکر کیا ہے، یہ روایت امام احمد، ابن ماجہ اور حاکم نے سند کے ساتھ ذکر کی ہے، حضرت زید بیان کرتے ہیں کہ صحابہ نے پوچھا: یا رسول اللہ! یہ قربانی کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: تمہارے ابا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت (طریقہ) ہے، صحابہ نے پوچھا: اور ہمارے لئے اس میں کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہر بال کے بدلے ایک نیکی، صحابہ نے پوچھا: اور اُون؟ آپؐ نے فرمایا: اُون کے ہر بال کے بدلے بھی ایک نیکی (اس کی سند میں عائذ اللہ مجاشعی ہے جس کی حدیثیں امام بخاری صحیح نہیں مانتے)

تیسری حدیث: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کی ہے جس کا باب میں حوالہ ہے، وہ روایت مستدرک حاکم میں ہے اور اس کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: ''اپنی قربانی کے پاس کھڑی ہوجاؤ، خون کا پہلا قطرہ نکلتے ہی تمہارا ہر گناہ معاف ہوجائے گا'' (اس کی سند میں ابوحمزہ ثمالی ہے جو ضعیف راوی ہے)

أبواب الأضاحی

عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم

[۱-] باب ماجاء فی فضل الأُضْحِیَّۃِ

[۱۴۷۹-] حدثنا أَبُوْ عَمْرٍو مُسْلِمُ بنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدِیْنِیُّ، ثَنِی عَبْدُ اللّٰہِ بنُ نَافِعِ الْصَائِغُ، عَنْ أَبِیْ الْمُثَنّٰی، عَنْ ہِشَامِ بنِ عُرْوَۃَ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ عَائِشَۃَ: أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قَالَ: ''مَاعَمِلَ آدَمِیٌّ مِنْ عَمَلٍ یَوْمَ النَّحْرِ أَحَبُّ إِلٰی اللّٰہِ مِنْ إِہْرَاقِ الدَّمِ، إِنَّہُ لَیَأْتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ بِقُرُوْنِہَا وَأَشْعَارِہَا وَأَظْلَافِہَا، وَإِنَّ الدَّمَ لَیَقَعُ مِنَ اللّٰہِ بِمَکَانٍ قَبْلَ أَنْ یَقَعَ مِنَ الْأَرْضِ، فَطِیْبُوْا بِہَا نَفْسًا''

وفی الباب: عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وَزَیْدِ بنِ أَرْقَمَ، وَہٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لَانَعْرِفُہُ مِنْ حَدِیْثِ ہِشَامِ بنِ عُرْوَۃَ إِلَّا مِنْ ہٰذَا الْوَجْہِ، وَأَبُوْ الْمُثَنّٰی: اسْمُہُ سُلَیْمَانُ بنُ یَزِیْدَ، رَوَی عَنْہُ ابنُ أَبِیْ فُدَیْکٍ.

[۱۴۸۰-] وَیُرْوَی عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم أَنَّہُ قَالَ فِیْ الْأُضْحِیَّۃِ: ''لِصَاحِبِہَا بِکُلِّ شَعْرَۃٍ حَسَنَۃٌ'' وَیُرْوَی: ''بِقُرُوْنِہَا''

ترجمہ: نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے قربانی (کی فضیلت) میں فرمایا: ''قربانی کرنے والے کے لئے ہر بال کے بدلے ایک نیکی ہے'' اور یہ الفاظ بھی مروی ہیں کہ قربانی کے سینگوں کے بدل نیکی ہے یعنی بیکار اعضاء جو

پھینک دیئے جاتے ہیں ان کے عوض بھی ثواب ملتا ہے (یہ حضرت زید بن ارقم کی حدیث ہے)

بابُ ماجاء فی الْأُضْحِيَّةِ بِكَبْشَيْنِ

دو مینڈھوں کی قربانی کرنا

قربانی صاحب نصاب پر ایک ہی واجب ہے، بلکہ امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک تو ایک قربانی پورے گھر کی طرف سے کافی ہے مگر جو صاحب حیثیت ہے اس کو چاہئے کہ واجب کے علاوہ ایک نفل قربانی بھی کرے، اور اس کا جس کو چاہے ایصالِ ثواب کرے۔ باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث میں نبی ﷺ کی دو قربانیوں کا تذکرہ ہے، ان میں سے ایک قربانی آپؐ کی اپنی ہوتی تھی، اور دوسری قربانی کا آپؐ امت کو ثواب پہنچاتے تھے۔ اور دوسری حدیث میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی دو قربانیوں کا تذکرہ ہے، ان میں سے ایک آپ کی اپنی ہوتی تھی اور دوسری کا آپ نبی ﷺ کو ثواب پہنچاتے تھے، پس جس شخص کو گنجائش حاصل ہو اس کو ایک زائد قربانی بھی کرنی چاہئے اور اس کا ایصالِ ثواب کرنا چاہئے، ان شاء اللہ وہ بھی اس کے اجر سے محروم نہیں رہے گا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے ایسے دو مینڈھوں کی قربانی کی جو دونوں سینگ دار اور چتکبرے تھے یعنی ان کا رنگ سیاہ وسفید تھا، آپؐ نے ان کو اپنے دستِ مبارک سے ذبح کیا اور ذبح کرتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر کہا، اور اپنا پیر مبارک ان کے پہلوؤں پر رکھا، یعنی ان کو لٹا کر پاؤں سے دبا کر ایک ہاتھ سے سر پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے ذبح کیا (ان میں سے ایک قربانی آپؐ کی اپنی تھی، اور دوسری: امت کے ان افراد کی طرف سے تھی جو قربانی نہیں کر سکے یعنی ایصالِ ثواب کی قربانی تھی)

تشریح: قربانی کے جانور کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا مسنون ہے، اگر کوئی شخص ذبح نہ کر سکتا ہو تو کم از کم ذبح کے وقت حاضر رہے، عورت کو بھی اپنی قربانی کے پاس موجود رہنا چاہئے، آپؐ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو قربانی کے پاس موجود رہنے کا حکم دیا تھا۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ ہر سال دو مینڈھوں کی قربانی کیا کرتے تھے ایک: حضور اقدس ﷺ کی طرف سے اور دوسری اپنی طرف سے، کسی نے پوچھا: آپ ہر سال دو قربانیاں کیوں کرتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: مجھے نبی ﷺ نے اس کا حکم دیا ہے، پس میں یہ عمل کبھی نہیں چھوڑوں گا یعنی نبی ﷺ نے ان کو وصیت کی تھی کہ وہ آپؐ کے ایصالِ ثواب کے لئے ہر سال قربانی کیا کریں، چنانچہ حضرت علیؓ اپنی قربانی کے علاوہ ایک زائد قربانی کر کے نبی ﷺ کو ایصالِ ثواب کیا کرتے تھے، اور ہمیں اگرچہ آپؐ نے یہ حکم نہیں دیا مگر آپؐ کا منشا معلوم ہو گیا، پس ہمیں بھی قربانی کر کے آپ ﷺ کو ایصالِ ثواب کرنا چاہئے۔ میں بحمد اللہ ہر سال ایک قربانی آپ ﷺ کی طرف

سے کرتا ہوں، بلکہ قربانی کے دن پہلی قربانی آپؐ ہی کی کرتا ہوں، اپنی بعد میں کرتا ہوں، اور جو سب سے اچھا بکرا ہوتا ہے وہ آپؐ کے لئے کرتا ہوں، فالحمدللہ علی ذلك!

فائدہ: ائمہ اربعہ کے نزدیک میت کی طرف سے قربانی کرنا جائز ہے اور اس کا ثواب میت کو پہنچتا ہے، غیر مقلدین اس کا انکار کرتے ہیں، ان کے نزدیک میت کی طرف سے قربانی جائز نہیں، اور ابن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے قربانی کرنے کی بہ نسبت میت کی طرف سے صدقہ کرنا زیادہ پسند ہے اور اگر کوئی قربانی کرے تو اس کا گوشت صدقہ کرنا واجب ہے۔ مگر ائمہ اربعہ کے نزدیک تصدّق ضروری نہیں، عام قربانی کی طرح اس کا گوشت بھی کھا سکتے ہیں، کیونکہ وہ قربانی علی ملک الحی ہوتی ہے یعنی خود قربانی کرنے والے کی ملک ہوتی ہے، البتہ اس کا ثواب مرنے والے کو پہنچایا جاتا ہے، ہاں اگر میت نے وصیت کی ہو اور اس کے ترکہ سے قربانی کی جائے تو پھر گوشت صدقہ کرنا واجب ہے، کیونکہ وہ بحکم نذر ہے۔

[۲-] بابٌ فی الأُضْحِیَّةِ بِکَبْشَیْنِ

[۱۴۸۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: ضَحَّی رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِکَبْشَیْنِ أَقْرَنَیْنِ أَمْلَحَیْنِ، ذَبَحَهُمَا بِیَدِهِ، وَسَمَّی وَکَبَّرَ، وَوَضَعَ رِجْلَهُ عَلٰی صَفَاحِهِمَا.

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وعائشة، وأَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَجَابِرٍ، وأَبِیْ أَیُّوْبَ، وأَبِی الدَّرْدَاءِ، وَأَبِیْ رَافِعٍ، وابنِ عُمَرَ، وَأَبِی بَکْرَةَ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۴۸۲-] حدثنا محمدُ بنُ عُبَیْدِ الْمُحَارِبِیُّ الْکُوْفِیُّ، ثَنَا شَرِیْكٌ، عَنْ أَبِی الْحَسْنَاءِ، عَنِ الْحَکَمِ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عَلِیٍّ: أَنَّهُ کَانَ یُضَحِّی بِکَبْشَیْنِ، أَحَدُهُمَا عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، وَالآخَرُ عَنْ نَفْسِهِ، فَقِیْلَ لَهُ، فَقَالَ: أَمَرَنِیْ بِهِ — یَعْنِی النبیَّ صلی الله علیه وسلم — فَلاَ أَدَعُهُ أَبَدًا؛ هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْكٍ.

وَقَدْ رَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنْ یُضَحَّی عَنِ الْمَیِّتِ، وَلَمْ یَرَ بَعْضُهُمْ أَنْ یُضَحَّی عَنْهُ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ: أَحَبُّ إِلَیَّ أَنْ یُتَصَدَّقَ عَنْهُ وَلاَ یُضَحَّی، وَإِنْ ضَحَّی فَلاَ یَأْکُلُ مِنْهَا شَیْئًا، وَیَتَصَدَّقُ بِهَا کُلِّهَا.

وضاحت: باب کی دوسری حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں ابوالحسناء مجہول راوی ہے اور حنش متکلم فیہ راوی ہے، اس لئے غیر مقلدین اس حدیث کو قبول نہیں کرتے، ان کے نزدیک ضعیف: موضوع کے ہم تول ہوتی ہے، مگر ائمہ اربعہ کے نزدیک ضعیف حدیث قابل استدلال ہوتی ہے اس لئے وہ اس حدیث کی بنیاد پر ایصالِ ثواب کے

لئے قربانی کو جائز کہتے ہیں۔

ترجمہ: بعض اہل علم نے میت کی طرف سے قربانی کرنے کی اجازت دی ہے اور بعض علماء میت کی طرف سے قربانی کرنے کے قائل نہیں، اور عبداللہ بن المبارکؒ نے فرمایا: مجھے زیادہ پسند یہ ہے کہ میت کی طرف سے صدقہ کیا جائے اور قربانی نہ کی جائے، اور اگر کوئی قربانی کرے تو اس میں سے کچھ نہ کھائے بلکہ سارا گوشت صدقہ کردے۔

بابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْأَضَاحِيْ

کیسے جانور کی قربانی مستحب ہے

قربانی اس جانور کی مستحب ہے جس کا گوشت عمدہ ہو، فقہاء کرام نے گوشت کی عمدگی کا سب سے پہلے لحاظ کیا ہے، باقی چیزوں کو دوسرے نمبر پر رکھا ہے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ایک سینگوں والے نر مینڈھے کی قربانی کی جس کا منہ کالا تھا، جس کے پیر کالے تھے اور جس کی آنکھوں کے اردگرد سیاہی تھی، باقی بدن سفید تھا، یعنی بڑا خوبصورت مینڈھا تھا۔

تشریح: ایسا مینڈھا جس کا منہ، پیر اور آنکھوں کے اردگرد کا حلقہ سیاہ ہو اور باقی بدن سفید ہو: اتفاق ہی سے ملتا ہے، اگر کسی کو مل جائے تو زہے نصیب! آنحضور ﷺ کے پاس بھی ایسا مینڈھا اتفاق سے آیا تھا، آپؐ نے بالقصد نہیں خریدا تھا، اس لئے کس طرح کے جانور کی قربانی مستحب ہے؟ اس سلسلہ میں ایسے مینڈھے کی قید تو نہیں لگائی جاسکتی البتہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ خوبصورت فربہ بکرے کی قربانی مستحب ہے، فقہاء نے بھی یہ ضابطہ بیان کیا ہے کہ جس جانور کا گوشت عمدہ ہو اور جانور فربہ ہو اس کی قربانی مستحب ہے۔

[۳-] بابُ ما يُسْتَحَبُّ مِنَ الْأَضاحی

[۱٤٨٣-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، ثَنَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ محمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: ضَحَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِكَبْشٍ أَقْرَنَ فَحِيْلٍ، يَأْكُلُ فِيْ سَوَادٍ، وَيَمْشِيْ فِيْ سَوَادٍ، وَيَنْظُرُ فِيْ سَوَادٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ.

لغات: كَبْش: کسی بھی عمر کا مینڈھا (اس کی مادہ ضَأْن ہے) اس کے مڑے ہوئے سینگ ہوتے ہیں، اگر اس کی دُم گول چکی کی طرح بھاری ہو تو دنبہ کہلاتا ہے، عربی میں اس کو خَرُوْف کہتے ہیں ...... أَقْرَن: سینگ دار ...... فَحِيْل:

سانڈ، خصی نہ کیا ہوا (خصی بکرے کی قربانی جائز ہے، بلکہ اس کا گوشت عمدہ ہوتا ہے اس لئے وہ بہتر ہے)

بابُ مالاَیَجُوْزُ مِنَ الأَضَاحِیْ

کس جانور کی قربانی جائز نہیں؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ایسے لنگڑے جانور کی قربانی نہ کی جائے جس کا لنگڑا پن ظاہر ہو، اور نہ ایسے کانے کی قربانی کی جائے جس کا کانا پن واضح ہو اور نہ ایسے بیمار کی قربانی کی جائے جس کی بیماری واضح ہو، اور نہ ایسے مریل جانور کی قربانی کی جائے جس کی نلیوں میں گھی نہ رہا ہو''

تشریح: عیب دار جانور کی قربانی جائز نہیں اور وہ عیب جن کی وجہ سے قربانی صحیح نہیں ہوتی: یہ ہیں:

۱- وہ جانور جو اتنا لنگڑا ہو کہ فقط تین پاؤں سے چلتا ہو، چوتھا پاؤں زمین پر رکھتا ہی نہ ہو، یا چوتھا پاؤں رکھتا تو ہو مگر اس سے چل نہ سکتا ہو تو اس کی قربانی درست نہیں، وہ واضح لنگڑا ہے، اور جو چلتے وقت لنگڑا پاؤں ٹیک کر چلتا ہو اور چلنے میں اس سے سہارا لیتا ہو اگرچہ لنگڑا کر چلتا ہو تو اس کی قربانی درست ہے، یہ واضح لنگڑا نہیں۔

۲- وہ جانور جو اندھا یا کانا ہو، یعنی ایک آنکھ کی تہائی یا اس سے زیادہ روشنی چلی گئی ہو تو اس کی قربانی درست نہیں، یہ واضح کانا ہے۔

۳- ایسا بیمار جانور جو گھاس نہ کھاتا ہو اس کی قربانی بھی درست نہیں۔

۴- اتنا دُبلا مریل جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ رہا ہو، اور اس کی علامت یہ ہے کہ وہ پیروں پر کھڑا نہ ہوسکتا ہو اس کی قربانی درست نہیں۔

فائدہ: جس جانور کا سینگ بالکل جڑ سے ٹوٹ گیا ہو اس کی قربانی درست نہیں، البتہ پیدائشی سینگ نہ ہوں یا سینگ کا خول اتر گیا ہو یا گری (اصل سینگ) کا کچھ حصہ ٹوٹ گیا ہو اس کی قربانی درست ہے۔

[٤-] باب مالایجوز من الأَضَاحِیْ

[١٤٨٤-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُبَيْدِ بنِ فَيْرُوْزَ، عَنْ الْبَراءِ بنِ عَازِبٍ، رَفَعَهُ، قَالَ:" لَا يُضَحَّى بِالْعَرْجَاءِ بَيِّنٌ ظَلَعُهَا، وَلَا بِالْعَوْرَاءِ بَيِّنٌ عَوَرُهَا، وَلَا بِالْمَرِيْضَةِ بَيِّنٌ مَرَضُهَا، وَلَا بِالْعَجْفَاءِ الَّتِيْ لَا تُنْقِيْ"

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ عُبَيْدِ بنِ فَيْرُوْزَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عُبَيْدِ بنِ فَيْرُوْزَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا الْحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وضاحت: رَفعَه، قال: یعنی حضرت براءؓ نے حدیث کو مرفوع کیا، فرمایا یعنی یہ ان کا اپنا قول نہیں نبی ﷺ کا ارشاد ہے۔

بابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْأَضَاحِيْ

کس جانور کی قربانی مکروہ ہے؟

قربانی کے تعلق سے لایجوز اوریُکْرہ ایک ہیں، پس اس باب میں بھی وہی مسئلہ ہے جو گذشتہ باب میں تھا یعنی عیب دار جانور کی قربانی جائز نہیں۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ ہم قربانی کے جانور کی آنکھ اور کان خوب غور سے دیکھ لیں، اور اگلی طرف سے کان کٹے ہوئے کی، اور پچھلی طرف سے کان کٹے ہوئے کی اور اس کی جس کے کان لمبائی میں چیرے گئے ہوں، اور جس کے کانوں میں سوراخ کئے گئے ہوں: ایسے جانوروں کی قربانی نہ کریں۔

تشریح: بکریوں کے کان آگے سے یا پیچھے سے کاٹ کر یا لمبائی میں چیر کر یا کانوں میں سوراخ کر کے نشان بناتے تھے، جس سے وہ اپنے جانوروں کو پہچانتے تھے، ایسا کرنے سے جانور عیب دار ہوجاتا ہے، پس اس کی قربانی جائز نہیں ——— مگر علماء نے اس حدیث کی شرح میں فرمایا ہے کہ مطلقاً کان کاٹنا مراد نہیں، بلکہ تہائی سے زیادہ کان ضائع ہوجائے تو اس کی قربانی درست نہیں اس سے کم ضائع ہوا ہو تو قربانی درست ہے، اور یہی حکم دم کاٹنے کا ہے۔

فائدہ: جس جانور کے پیدائشی کان نہ ہوں جس کو عربی میں سَكّاء کہتے ہیں اس کی قربانی درست نہیں اور اگر پیدائشی کان چھوٹے ہوں تو قربانی درست ہے۔

[٥-] باب ما يُكْرهُ من الأضاحِيْ

[١٤٨٥-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا شَرِيْكُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ شُرَيْحِ بنِ النُّعْمَانِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَسْتَشْرِفَ الْعَيْنَ وَالْأُذُنَ، وَأَنْ لَا نُضَحِّيَ بِمُقَابَلَةٍ، وَلَا مُدَابَرَةٍ، وَلَا شَرْقَاءَ، وَلَا خَرْقَاءَ.

حدثنا الحسنُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عُبيدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ شُرَيْحِ بنِ النُّعْمَانِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، وَزَادَ: قَالَ: الْمُقَابَلَةُ: مَا قُطِعَ طَرْفُ أُذُنِهَا،

وَالْمُدَابَرَةُ: مَا قُطِعَ مِنْ جَانِبِ الْأُذُنِ، والشَّرْقَاءُ: الْمَشْقُوْقَةُ، وَالْخَرْقَاءُ: اَلْمَثْقُوْبَةُ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَشُرَيْحُ بنُ النُّعْمَانِ الصَّائِدِيُّ: كُوْفِيٌّ، وَشُرَيْحُ بنُ الْحَارِثِ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ الْقَاضِي: يُكْنٰى أَبَا أُمَيَّةَ، وَشُرَيْحُ بنُ هَانِيءٍ: كُوْفِيٌّ، وَهَانِيءٌ لَهُ صَحْبَةٌ، وَكُلُّهُمْ مِنْ أَصْحَابِ عَلِيٍّ فِيْ عَصْرٍ وَاحِدٍ.

وضاحت: شریح نام کے تین حضرات ہیں، تینوں ہم عصر، کوفہ کے باشندے اور حضرت علیؓ کے شاگرد ہیں۔

بابٌ فی الْجَذَعِ مِنَ الضَّأْنِ فِی الْأَضَاحِیْ

چھ ماہہ بھیڑ کی قربانی جائز ہے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ قربانی کا جانور جوان ہونا ضروری ہے، بچے کی قربانی درست نہیں، اور جانور اس وقت جوان ہوتا ہے جب اس کے دودھ کے دانت ٹوٹتے ہیں، عربی میں اس کو ثَنِیّ (وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں) اور مُسِنّ! (بڑی عمر کا، مراد جوان جانور) کہتے ہیں، اور اونٹ پانچ سال میں، گائے بھینس دو سال میں اور بھیڑ بکری ایک سال میں جوان ہوتے ہیں، پس اس سے کم عمر کے جانور کی قربانی درست نہیں، البتہ بھیڑ دنبہ: خواہ چکتی دار ہو یا بے چکتی اگر چھ ماہ یا زیادہ عمر کا ہو اور فربہ ہو کہ اگر سال بھر کی بھیڑوں میں چھوڑ دیا جائے تو دور سے چھوٹا معلوم نہ ہو: ایسے بھیڑ کی قربانی درست ہے۔

حدیث (۱): ابو کباش (مجہول راوی ہے) کہتا ہے: میں چھ ماہ کے مینڈھے (برائے فروخت) مدینہ منورہ لے کر آیا، لوگوں نے خریداری میں رغبت نہیں دکھائی میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی اور ان سے مسئلہ پوچھا: کیا ایک سال سے کم عمر کے مینڈھوں کی قربانی درست ہے؟ آپؓ نے حدیث سنائی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: ''چھ ماہہ بھیڑ بہترین قربانی ہے'' جب لوگوں نے یہ حدیث سنی تو میرے جانور لوٹ لئے، یعنی سارے مینڈھے فوراً بک گئے، کیونکہ جب ان کی عمریں کم تھیں تو کم داموں میں فروخت ہونگے اس لئے لوگوں نے فٹافٹ خرید لئے۔

حدیث (۲): عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ میں تقسیم کرنے کے لئے کچھ بکریاں ان کو دیں تاکہ صحابہ ان کی قربانی کریں، چنانچہ سب تقسیم ہوگئیں، صرف ایک عَتود یا جَدِیٰ باقی رہی (شک راوی ہے) عتود: ایک سالہ بچہ کو اور جدی: ایک سال سے کم کے بچہ کو کہتے ہیں، میں نے یہ بات نبی ﷺ کو بتلائی کہ سب تقسیم ہوگئیں صرف ایک عتود یا جدی باقی ہے، آپؐ نے فرمایا: ''اس کی قربانی تم کرلو'' اور اسی روایت کے بعض طرق میں یہ آیا ہے کہ جو بکری باقی رہ گئی تھی وہ جذعہ یعنی چھ مہینے کی تھی جیسے آخری حدیث میں شک کے بغیر

جَذَعَة آیا ہے جس کے معنی ہیں: چھ ماہہ۔

تشریح: حنفیہ کے نزدیک بکری کا جذعہ یعنی چھ ماہ کے بچہ کی قربانی جائز نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے پہلی حدیث میں من الضأن کی قید لگائی ہے اور حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کو آپؐ نے جو جذعہ کی قربانی کرنے کی اجازت دی ہے وہ ان کی خصوصیت ہے، حضرت براءؓ کے ماموں کو بھی آپؐ نے اس کی اجازت دی تھی اور ساتھ ہی صراحت کردی تھی کہ دوسرے کے لئے اتنے چھوٹے جانور کی قربانی درست نہیں۔ تفصیل آگے باب ۱۰ میں آرہی ہے۔

[٦-] بابٌ في الْجَذَعِ مِنَ الضَّأْنِ في الأَضَاحِيْ

[١٤٨٦-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عِيْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا عُثْمَانُ بنُ وَاقِدٍ، عَنْ كِدَامِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْ كِبَاشٍ قَالَ: جَلَبْتُ غَنَمًا جَذَعًا إِلَى الْمَدِيْنَةِ، فَكَسَدَتْ عَلَيَّ، فَلَقِيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" نِعْمَ أَوْ: نِعْمَتِ الأُضْحِيَّةُ الْجَذَعُ مِنَ الضَّأْنِ" قَالَ: فَانْتَهَبَهُ النَّاسُ.

وفي الباب: عَنْ ابنِ عباسٍ، وَأُمِّ بلالٍ بِنْتِ هِلاَلٍ، عَنْ أَبِيْهَا، وَجَابِرٍ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وحديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ أَبِيْ هُريرةَ مَوْقُوْفًا، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْجَذَعَ مِنَ الضَّأْنِ يُجْزِئُ في الأُضْحِيَّةِ.

[١٤٨٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهُ غَنَمًا يَقْسِمُهَا فِيْ أَصْحَابِهِ ضَحَايَا، فَبَقِيَ عَتُوْدٌ أَوْ: جَدْيٌ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" ضَحِّ بِهِ أَنْتَ" قَالَ: وَكِيْعٌ: الْجَذَعُ: يَكُوْنُ ابنَ سَبْعَةٍ أَوْ سِتَّةِ أَشْهُرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيح.

[١٤٨٨-] وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، أَنَّهُ قَالَ: قَسَمَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم الضَّحَايَا فَبَقِيَتْ جَذَعَةٌ فَسَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" ضَحِّ بِهَا أَنْتَ"، حدثنا بِذٰلِكَ محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، قَالاَ: ثَنَا هِشَامُ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ بَعْجَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَدْرٍ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا الْحَدِيْثِ.

بابٌ فی الِاشْتِرَاكِ فِی الْأُضْحِیَّةِ

بڑے جانور میں کتنے آدمی شریک ہو سکتے ہیں؟

حدیث (۱): ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس عید الاضحیٰ کا دن آیا تو ہم گائے میں سات آدمی شریک ہوئے اور اونٹ میں دس آدمی شریک ہوئے (یہ حدیث صحیح ہے مگر صریح نہیں، کیونکہ مسافر پر قربانی واجب نہیں، تفصیل ابواب الحج میں گذر چکی ہے)

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے حدیبیہ کے سال گائے کی سات آدمیوں کی طرف سے اور اونٹ کی سات آدمیوں کی طرف سے قربانی کی۔

تشریح: ائمہ اربعہ کے نزدیک اونٹ، گائے، بھینس میں زیادہ سے زیادہ سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں اور حضرت اسحاق کے نزدیک اونٹ میں دس آدمی بھی شریک ہو سکتے ہیں، تفصیل کتاب الحج (باب ٦٦) میں گذر چکی ہے۔

حدیث (۳): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: گائے، بھینس میں سات آدمی شریک ہو سکتے ہیں، حُجَیَّۃ نے پوچھا: اگر وہ بچہ جنے؟ یعنی جو گائے بھینس قربانی کے لئے متعین کی ہے اس نے بچہ جنا تو کیا حکم ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: ماں کے ساتھ اس کو بھی ذبح کردو، انھوں نے پوچھا: لنگڑے جانور کا کیا حکم ہے؟ آپؓ نے فرمایا: اگر وہ (جس پیر میں لنگ ہے اس کو زمین پر ٹیک کر) قربان گاہ تک چلا جائے تو اس کی قربانی جائز ہے، انھوں نے پوچھا: سینگ ٹوٹے جانور کا کیا حکم ہے؟ آپؓ نے فرمایا: کچھ حرج نہیں، یعنی اس کی قربانی درست ہے، اس لئے کہ ہمیں حکم دیا گیا ہے یا فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم قربانی کے جانور کی آنکھوں اور کانوں کو خوب غور سے دیکھ لیں، یعنی سینگوں کو دیکھنے کا حکم نہیں دیا (اگلی حدیث اس کے خلاف ہے، پس اس کا محمل سینگ کا خول ہے)

تشریح: سینگ کے اوپر جو خول ہوتا ہے وہ اگر پورا نکل جائے یا کچھ حصہ ٹوٹ جائے تو اس کی قربانی جائز ہے اور خول کے اندر جو گری ہوتی ہے، جو اصل سینگ ہے اگر وہ نصف سے زائد ٹوٹ جائے تو اس کی قربانی جائز نہیں، اور نصف سے کم ٹوٹا ہو تو قربانی جائز ہے، اور ٹھیک نصف میں احناف کے یہاں جواز وعدم جواز کے دونوں قول ہیں۔

حدیث (۴): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے ٹوٹے ہوئے سینگ والے اور کٹے ہوئے کان والے جانور کی قربانی کرنے سے منع فرمایا۔ قتادہ کہتے ہیں: میں نے اس کا تذکرہ سعید بن المسیبؒ سے کیا انھوں نے فرمایا: ''اگر سینگ آدھا یا اس سے زیادہ ٹوٹا ہو تو ممانعت ہے'' ——— جاننا چاہئے کہ اَعْضَب کے لغوی معنی ہیں: گری کا جڑ سے ٹوٹ جانا، پس حضرت سعید بن المسیبؒ نے لغوی معنی بیان نہیں کئے بلکہ مسئلہ بتلایا ہے۔

[۷-] بابٌ فی الِاشْتِرَاكِ فی الْأُضحیةِ

[۱۴۸۹-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عَنْ عِلْبَاءَ بنِ أَحْمَرَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عباسٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ فَحَضَرَ الْأَضْحَى، فَاشْتَرَكْنَا فِيْ الْبَقَرَةِ سَبْعَةً وَفِي الْبَعِيْرِ عَشْرَةً.

وفي الباب: عَنْ أَبِي الْأَشَدِّ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، وأَبِيْ أَيُّوْبَ؛ وحديثُ ابنَ عَباسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ الْفَضْلِ بنِ مُوْسَى.

[۱۴۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مالكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَحَرْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْحُدَيْبِيَّةِ الْبَدَنَةَ عَنْ سَبْعَةٍ وَالْبَقَرَةَ عَنْ سَبْعَةٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَابْنِ الْمُبَارَكِ، والشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ، وإِسْحَاقَ، وَقَالَ إِسْحَاقُ: يُجْزِئُ أَيْضًا الْبَعِيْرُ عَنْ عَشْرَةٍ، وَاحْتَجَّ بحديثِ ابنِ عَبَّاسٍ.

[۱۴۹۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حُجَيَّةَ بنِ عَدِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: الْبَقَرَةُ عَنْ سَبْعَةٍ، قُلْتُ: فَإِنْ وَلَدَتْ؟ قَالَ: اذْبَحْ وَلَدَهَا مَعَهَا، قُلْتُ: فَالْعَرْجَاءُ ؟ قَالَ: إِذَا بَلَغَتِ الْمَنْسِكَ، قَلْتُ: فَمَكْسُوْرَةُ الْقَرْنِ؟ فَقَالَ: لَابَأْسَ، أُمِرْنَا أَوْ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَسْتَشْرِفَ الْعَيْنَيْنِ وَالْأُذُنَيْنِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ.

[۱۴۹۲-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ جُرَيْجِ بنِ كُلَيْبٍ النَّهْدِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُضَحَّى بِأَعْضَبِ الْقَرْنِ وَالْأُذُنِ، قَالَ قَتَادَةُ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، فَقَالَ: الْعَضْبُ: مَابَلَغَ النِّصْفَ فَمَا فَوْقَ ذٰلِكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّ الشَّاةَ الْوَاحِدَةَ تُجْزِئُ عَنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

ایک بکری پوری فیملی کی طرف سے قربانی ہوسکتی ہے؟

مذاہبِ فقہاء: امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک: اگر کوئی شخص پوری فیملی کی طرف سے ایک بکری ذبح کرے تو جائز ہے، سب کی طرف سے قربانی ہوجائے گی، بشرطیکہ وہی تنہا اس بکری کا مالک ہو اور سب گھر والے ایک ہی گھر میں رہتے ہوں۔ اور حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک ایک بکری سب گھر والوں کی طرف سے کافی نہیں، ہر صاحبِ

نصاب پر مستقل قربانی واجب ہے، اگرچہ وہ رشتہ دار ہوں اور ایک ہی گھر میں رہتے ہوں، کیونکہ قربانی ایک عبادت ہے اور عبادت ہر شخص پر لازم ہے اس میں ایک دوسرے کی طرف سے قائم مقامی نہیں کرسکتا —— امام مالک وغیرہ کا استدلال باب کی حدیث سے ہے۔

حدیث: عطاء بن یسار کہتے ہیں: میں نے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آنحضور ﷺ کے زمانہمیں قربانیاں کیسے ہوتی تھیں؟ انھوں نے فرمایا: ایک آدمی اپنی طرف سے اور گھر والوں کی طرف سے قربانی کرتا تھا پس وہ اس کو کھاتے تھے اور دوسروں کو کھلاتے تھے، یہاں تک کہ لوگوں میں مفاخرت شروع ہوگئی جس کے نتیجہ میں وہ صورتِ حال ہوگئی ہے جو تم دیکھ رہے ہو۔

تشریح: امام مالک رحمہ اللہ وغیرہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ اگر کسی فیملی میں کئی افراد صاحبِ نصاب ہوں اور سب کی طرف سے ایک بکری ذبح کردی جائے تو سب کی قربانی ہوجائے گی، سب پر الگ الگ قربانی کرنا واجب نہیں۔ اور احناف فرماتے ہیں: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ عام طور پر غریب ہوتے تھے اور گھر کے ایک شخص پر ہی قربانی واجب ہوتی تھی، وہی قربانی کرتا تھا، اور ایک ہی قربانی کرتا تھا جس کو سب کھاتے تھے، پھر مفاخرت کا سلسلہ شروع ہوگیا اور لوگ کئی کئی قربانیاں کرنے لگے (مفاخرت: کبھی بیش قیمت جانور میں ہوتی ہے اور کبھی قربانیوں کی تعداد میں) پس اس حدیث سے امام مالک وغیرہ کا استدلال درست نہیں۔

ان حضرات کی دوسری دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے ایک مینڈھے کی قربانی کی اور اس میں امت کے ان لوگوں کو شریک کیا جو استطاعت نہ ہونے کی وجہ سے قربانی نہیں کرسکے تھے، معلوم ہوا اپنی قربانی میں دوسروں کو شریک کرسکتے ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت مختصر ہے، پوری روایت یہ ہے کہ آپؐ نے دو مینڈھے قربان کئے تھے، ایک اپنی طرف سے واجب قربانی کی تھی، اور دوسری نفل قربانی کی تھی جس میں امت کو شریک کیا تھا یعنی ان کو ایصالِ ثواب کیا تھا، اور ایسا کرنا جائز ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں، مسئلہ واجب قربانی میں دوسروں کو شریک کرنے کا ہے، اور اس کی کوئی دلیل نہیں۔

[۸-] باب ماجاء أن الشَّاةَ الْوَاحِدَةَ تُجْزِئُ عَنْ أَهْلِ الْبَيْتِ

[۱۴۹۳-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الْحَنفِيُّ، ثَنَا الضَّحَّاكُ بنُ عُثْمَانَ، قَالَ: ثَنِي عُمَارَةُ بنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بنَ يَسَارٍ، يَقُوْلُ: سَأَلْتُ أَبَا أَيُّوْبَ: كَيْفَ كَانَتِ الضَّحَايَا عَلَى عَهْدِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: كَانَ الرَّجُلُ يُضَحِّيْ بِالشَّاةِ عَنْهُ وَعَنْ أَهْلِ بَيْتِهِ، فَيَأْكُلُوْنَ وَيُطْعِمُوْنَ، حَتَّى تَبَاهَى النَّاسُ، فَصَارَتْ كَمَا تَرَى!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَعُمارَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ مَدِيْنِيٌّ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَاحْتَجَّا بِحديثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ضَحَّى بِكَبْشٍ، فَقَالَ: "هٰذَا عَمَّنْ لَمْ يُضَحِّ مِنْ أُمَّتِيْ"

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَا تُجْزِئُ الشَّاةُ إِلَّا عَنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، وَهُوَ قَوْلُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ وَغَيْرِهِ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وضاحت: عمارة کے دادا کا نام صیاد ہے، اور یہ وہی عبداللہ بن صیاد ہیں جن کے بارے میں خیال تھا کہ شاید وہ دجال ہوں، پھر بعد کے واقعات سے یہ بات غلط ثابت ہوئی وہ ایمان لائے (پہلے یہودی تھے) اور حج کیا ان کے لڑکے یہ عمارہ ہیں، یہ اعلی درجہ کے راوی ہیں، تقریب میں ان کو ثقہ فاضل لکھا ہے، یہ مدینہ منورہ کے رہنے والے تھے، اور مدینہ کی طرف نسبت مدنی (حذف یاء کے ساتھ) آتی ہے، چنانچہ تقریب اور تہذیب الکمال میں ان کو مدنی لکھا ہے، مگر ترمذی کے تمام نسخوں میں مدینی ہے (اور یہ دیگر مختلف شہروں کی طرف نسبت ہوتی ہے) مگر کبھی مدینہ منورہ کی طرف نسبت میں بھی مدینی آتا ہے، جیسے امام بخاری رحمہ اللہ کے استاذ مشہور محدث علی بن المدینی: اصل میں مدینہ منورہ کے باشندے تھے، پھر بصرہ چلے گئے تھے، اس لئے مدینی کہلاتے تھے۔

بابٌ

قربانی سنت ہے یا واجب؟

مصری نسخہ میں یہاں باب ہے: باب الدليل على أن الأضحية سنة۔

حدیث (۱): ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: کیا قربانی واجب ہے؟ آپؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے اور مسلمانوں نے قربانی کی ہے، اس نے پھر یہی سوال کیا تو آپؓ نے فرمایا: سمجھتا نہیں! رسول اللہ ﷺ نے اور مسلمانوں نے قربانی کی ہے۔ غرض آپؓ نے قربانی پر لفظ واجب کے اطلاق سے احتراز کیا کیونکہ دورِ اول میں واجب بمعنی فرض استعمال کیا جاتا تھا اور قربانی کی فرضیت کا کوئی قائل نہیں، البتہ ابن عمرؓ نے اس کے تاکیدی حکم ہونے کی طرف اشارہ کیا کہ نبی ﷺ نے مواظبت تامہ کے ساتھ قربانی کی ہے اور صحابہ کا بھی یہی معمول تھا، اس لئے قربانی کا ترک جائز نہیں، دوسری حدیث میں بھی مواظبتِ تامہ کا تذکرہ ہے۔

مذاہبِ فقہاء: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قربانی سنت ہے اور حنفیہ کے نزدیک واجب، کیونکہ نبی ﷺ نے مواظبت تامہ کے ساتھ قربانی کی ہے، اور جو استطاعت کے باوجود قربانی نہ کرے اس کے لئے سخت وعید آئی ہے: ارشاد ہے: "جس شخص کے اندر قربانی کی استطاعت ہو پھر بھی قربانی نہ کرے تو وہ ہماری عیدگاہ کے قریب نہ آئے"

(ابن ماجہ) اور وعید واجب کے ترک پر ہوتی ہے نیز قرآن مجید میں ہے: ﴿فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ اِنْحَر صیغہ امر ہے اور امر جب قرائن سے خالی ہوتا ہے تو وجوب کے لئے ہوتا ہے، اس لئے عندالاحناف قربانی واجب ہے۔

فائدہ: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک قربانی اگرچہ سنت ہے مگر یہ ایسی سنت ہے جس کا ترک جائز نہیں، اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ واجب ایک فقہی اصطلاح ہے اس کا درجہ فرض اور سنت مؤکدہ کے درمیان ہے اور یہ اصطلاح احناف نے تجویز کی ہے دوسرے ائمہ کے نزدیک یہ اصطلاح علی وجہ البصیرت نہیں ہے، کہیں کہیں استعمال کرتے ہیں اس لئے یہ مرتبہ ان کے ذہنوں میں واضح نہیں، پس وہ تمام احکام جو دلائل کی رو سے واجب ہیں، ائمہ ثلاثہ ان کو اِدھر اُدھر کر دیتے ہیں، بعض کو فرض کے خانے میں رکھ دیتے ہیں، اور بعض کو سنت کے، ان کے یہاں واجب کا کوئی خانہ نہیں، مثلاً صدقۃ الفطر کو ائمہ ثلاثہ فرض کہتے ہیں اس لئے کہ حدیث میں لفظ فَرَضَ آیا ہے اور وتر، عیدین اور قربانی کو سنت کہتے ہیں کیونکہ ان کی حدیثوں میں ایسا کوئی لفظ نہیں آیا۔ اور احناف چاروں کو یعنی صدقۃ الفطر، وتر، عیدین اور قربانی کو واجب کہتے ہیں، پس قربانی کو واجب کہا جائے یا سنت: قربانی کرنا بالاتفاق ضروری ہے اس لئے یہ اختلاف محض لفظی اختلاف ہے، حقیقتِ وجوب کے سب قائل ہیں۔ واللہ اعلم

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے مدینہ منورہ میں دس سال مسلسل قربانی کی، کسی سال ترک نہیں کی (پس اگر قربانی واجب نہ ہوتی تو بیانِ جواز کے لئے ایک بار ہی سہی آپؐ قربانی ترک فرماتے تاکہ امت حقیقتِ حال سے واقف ہوتی)

[۹-] بابٌ

[۱۴۹٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، ثَنَا حَجَّاجٌ، عَنْ جَبَلَةَ بنِ سُحَيْمٍ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ ابنَ عُمَرَ عَنِ الأُضْحِيَّةِ أَوَاجِبَةٌ هِيَ؟ فَقَالَ: ضَحَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمُسْلِمُوْنَ، فَأَعَادَهَا عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَ تَعْقِلُ! ضَحَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْمُسْلِمُوْنَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الأُضْحِيَّةَ لَيْسَتْ بِوَاجِبَةٍ، وَلَكِنَّهَا سُنَّةٌ مِنْ سُنَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، يُسْتَحَبُّ أَنْ يُعْمَلَ بِهَا، وَهِيَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَابْنِ الْمُبَارَكِ.

[۱۴۹۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيعٍ، وَهَنَّادٌ، قَالاَ: ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ حَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: أَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ يُضَحِّيْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

ترجمہ: اس پر اہل علم کا عمل ہے کہ قربانی واجب نہیں بلکہ نبی ﷺ کی سنتوں میں سے ایک سنت ہے، پسند کیا گیا ہے کہ قربانی کی جائے (یہ تعبیر ٹھیک نہیں، جو حضرات قربانی کی سنیت کے قائل ہیں وہ بھی اس کے ترک کے روادار نہیں)

بابٌ فِيْ الذَّبْحِ بَعْدَ الصَّلاَةِ

قربانی نماز عید کے بعد ہی ذبح کی جاسکتی ہے

تمام ائمہ متفق ہیں کہ شہر اور قصبہ میں جہاں عید واجب ہے، نماز عید سے پہلے قربانی کرنا جائز نہیں جب کسی بھی جگہ عید کی نماز ہو جائے تو قربانی صحیح ہے، خواہ قربانی کرنے والے نے عید کی نماز پڑھی ہو یا نہ پڑھی ہو، اور چھوٹے گاؤں میں جہاں عید کی نماز واجب نہیں: صبح صادق کے بعد قربانی درست ہے۔

حدیث: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور اقدس ﷺ نے عید قربان کے دن تقریر فرمائی اور (پہلی مرتبہ) یہ مسئلہ بیان فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص قربانی نہ کرے جب تک عید کی نماز نہ ہو جائے۔ حضرت براءؓ کہتے ہیں: میرے ماموں کھڑے ہوئے انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ ایسا دن ہے جس میں گوشت ناپسند ہو جاتا ہے یعنی شروع میں تو لوگ رغبت سے گوشت کھاتے ہیں، پھر جب گوشت کی ریل پیل ہو جاتی ہے تو طبیعت گوشت سے ہٹ جاتی ہے، اس لئے میں نے جلدی قربانی کر لی تاکہ گھر والے اور پڑوسی رغبت سے گوشت کھائیں (أھلُ داری اور جیرانی میں راوی کو شک ہے، بظاہر جیرانی صحیح ہے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آپ اپنی قربانی دوبارہ کریں''، یعنی پہلی بے کار گئی، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے پاس بکری کا ایک بچہ ہے جو گھر کی بکری کے دودھ سے پلا ہے وہ گوشت کی دو بکریوں سے اچھا ہے تو کیا میں اس کی قربانی کر سکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: کر سکتے ہو اور یہ آپ کی دونوں قربانیوں میں سے بہتر قربانی ہے اور آپ کے بعد کسی کے لئے جذع (ایک سال سے کم عمر کی بکری) کی قربانی جائز نہیں۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے علماء نے فرمایا ہے کہ فربہ اور عمدہ جانور کی قربانی مستحب ہے، نبی ﷺ نے اس بکری کو جو قصائی کی دو بکریوں سے بہتر تھی: بہترین قربانی قرار دیا ہے، دوسری بات اس حدیث سے یہ معلوم ہوئی کہ جب نیا قانون بنتا ہے، اس وقت جو الجھن پیش آتی ہے اس میں شریعت سہولت دیتی ہے، یہی تشریع کے وقت کی ترخیص ہے۔ حضور اقدس ﷺ نے حضرت براءؓ کے ماموں کو ایک سال سے کم عمر کی بکری کی قربانی کرنے کی اجازت دی کیونکہ یہ مسئلہ کہ نماز عید سے پہلے قربانی جائز نہیں آج پہلی مرتبہ بیان کیا گیا ہے، اس وقت حضرت براء کے ماموں سے جو غلطی ہوگئی اس میں سہولت دی گئی۔

[۱۰-] بابٌ فی الذَّبْحِ بعد الصلاة

[۱۴۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قَالَ: خَطَبَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ يَوْمِ نَحْرٍ فَقَالَ:" لاَ يَذْبَحَنَّ أَحَدُكُمْ

حَتَّی یُصَلِّیَ" قَالَ: فَقَامَ خَالِیْ فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰہِ! هٰذَا یَوْمٌ اللَّحْمُ فِیْهِ مَکْرُوْهٌ، وَإِنِّیْ عَجَّلْتُ نَسِیْکَتِیْ لِأُطْعِمَ أَهْلِیْ وَأَهْلَ دَارِیْ أَوْ: جِیْرَانِیْ، قَالَ:" فَأَعِدْ ذَبْحَكَ بِآخَرَ" فَقَالَ: یارسولَ اللّٰہِ! عِنْدِیْ عَنَاقُ لَبَنٍ، هِیَ خَیْرٌ مِنْ شَاتَیْ لَحْمٍ، أَفَأَذْبَحُهَا؟ قَالَ:" نَعَمْ، وَهُوَ خَیْرُ نَسِیْکَتِكَ، وَلاَ تُجْزِئُ جَذْعَةٌ بَعْدَكَ"

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَجُنْدُبٍ، وأَنَسٍ، وَعُوَیْمِرِ بنِ أَشْقَرَ، وابنِ عُمَرَ، وَأَبِیْ زَیْدٍ الْأَنْصَارِیِّ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنْ لَّا یُضَحَّی بِالْمِصْرِ حَتَّی یُصَلِّیَ الإِمَامُ.

وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ لِأَهْلِ الْقُرَی فِیْ الذَّبْحِ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ، وَقَدْ أَجْمَعَ أَهْلُ الْعِلْمِ أَنْ لَّا یُجْزِئَ، الْجَذَعُ مِنَ الْمَعْزِ، وَقَالُوْا: إِنَّمَا یُجْزِئُ الْجَذَعُ مِنَ الضَّأْنِ.

ترجمہ: اس پر اہل علم کا عمل ہے کہ شہر میں قربانی کرنا جائز نہیں یہاں تک کہ امام نماز عید ادا کرلے (پہلے عید کی نماز ایک ہی جگہ ہوتی تھی اس لئے یہ فرمایا ہے) اور بعض علماء نے گاؤں والوں کو صبح صادق کے بعد قربانی کرنے کی اجازت دی ہے، اور یہ ابن المبارک کا قول ہے، اور علماء کا اجماع ہے کہ بکرے کا جذع یعنی ایک سال سے کم عمر کے بکرے کی قربانی جائز نہیں اور انھوں نے کہا کہ صرف بھیڑ کے جذع کی قربانی جائز ہے۔

بابٌ فی کراهیة أَکْلِ الْأُضْحِیَّةِ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَیَّامٍ

تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت رکھنے کی ممانعت

یہ دو باب ہیں، پہلے باب میں یہ مسئلہ ہے کہ قربانی کا گوشت صرف ایام قربانی (۱۰-۱۲) میں کھا سکتے ہیں اس کے بعد نہیں کھا سکتے، آنحضور ﷺ نے ایک سال یہ اعلان کرایا تھا کہ تین دن کے بعد کوئی قربانی کا گوشت نہ کھائے، کیونکہ مدینہ منورہ میں باہر سے بہت مسلمان آگئے تھے، پس آپؐ نے چاہا کہ سب کو گوشت پہنچے، مگر آئندہ سال بھی صحابہ نے اس پر عمل کیا تو آپؐ نے پھر اعلان کرایا کہ ایام قربانی کے بعد بھی قربانی کا گوشت کھا سکتے ہیں اور پہلے اعلان کی وجہ سمجھائی کہ وہ مصلحت تھی، مسئلہ نہیں تھا۔

[۱۱-] باب فی کراهیة أَکْلِ الْأُضْحِیَّةِ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَیَّامٍ

[۱٤۹۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "لَا یَأْکُلُ أَحَدُکُمْ مِنْ لَحْمِ أُضْحِیَّتِهِ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَیَّامٍ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وأَنَسٍ، وَحدیثُ ابنِ عُمَرَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَإِنَّمَا کَانَ النَّهْیُ مِنَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مُتَقَدِّمًا، ثُمَّ رَخَّصَ بَعْدَ ذٰلِكَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں بابوں کی حدیثوں کو ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے، مگر بہتر یہ ہے کہ اس اعلان کو بر بنائے مصلحت قرار دیا جائے، پس منسوخ قرار دینے کی ضرورت نہیں۔

بابٌ فی الرُّخْصَةِ فِيْ أَكْلِهَا بَعْدَ ثَلاَثٍ

تین دن کے بعد قربانی کا گوشت کھانے کی اجازت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نے آپ لوگوں کو تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانے سے روکا تھا تاکہ باحیثیت لوگ ان لوگوں پر وسعت کریں جن کے پاس قربانی کی وسعت نہیں ہے یعنی قربانی کرنے والے تین دن تک کھانے کے بقدر گوشت روک کر زائد گوشت غرباء میں تقسیم کریں مگر اب چونکہ یہ مصلحت باقی نہیں رہی اس لئے وہ حکم ختم، اب جب تک چاہیں کھائیں، کھلائیں اور ذخیرہ کریں۔

حدیث (۲): عابس نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: کیا رسول اللہ ﷺ قربانی کے گوشت سے (ایام قربانی کے بعد) منع کیا کرتے تھے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: نہیں، البتہ ایک سال ایسا ہوا کہ قربانی کرنے والے کم تھے اس لئے آپؐ نے چاہا کہ قربانی کرنے والے قربانی نہ کرنے والوں کو کھلائیں، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ہم بکری کے کھر اٹھا کر رکھ دیتے تھے اور ایام قربانی کے دس دن کے بعد (جب سارا گوشت نمٹ جاتا تھا) کھاتے تھے۔

[۱۲-] بابٌ فی الرُّخْصَةِ فِيْ أَكْلِهَا بَعْدَ ثَلاَثٍ

[۱٤۹۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، قَالُوْا: ثَنا أَبُوْعَاصِمٍ النَّبِيْلُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الأَضَاحِيْ فَوْقَ ثَلاَثٍ، لِيَتَّسِعَ ذَوُوْ الطَّوْلِ عَلَى مَنْ لاَطَوْلَ لَهُ، فَكُلُوْا مَا بَدَا لَكُمْ، وَأَطْعِمُوْا، وَادَّخِرُوْا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وعائشةَ، وَنُبَيْشَةَ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَقَتَادَةَ بنِ النُّعْمَانِ، وَأَنَسٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وحديثُ بُرَيْدَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ.

[۱٤۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَابِسِ بنِ رَبِيْعَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ: أَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْ لُحُوْمِ الأَضَاحِيْ؟ قَالَتْ: لاَ، وَلٰكِنْ قَلَّ مَنْ كَانَ يُضَحِّيْ مِنَ النَّاسِ، فَأَحَبَّ أَنْ يُطْعِمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ يُضَحِّي، فَلَقَدْ كُنَّا نَرْفَعُ الْكُرَاعَ فَنأْكُلُهُ

بَعْدَ عَشْرَةِ أَيَّامٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيح، وَأُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ: هِيَ عَائِشَةُ زَوْجُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ رُوِيَ عَنْهَا هٰذَا الْحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

بابٌ فی الْفَرَعِ وَالْعَتِيْرَةِ

فرع اور عتیرہ کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''فرع اور عتیرہ کوئی چیز نہیں!'' فرع: اونٹنی کا پہلا بچہ ہے جو جنا جاتا تھا، پس لوگ اس کو ذبح کیا کرتے تھے۔

تشریح: فرع اور عتیرہ زمانۂ جاہلیت کی دو قربانیاں تھیں جب اونٹنی پہلا بچہ جنتی تو زمانۂ جاہلیت کے لوگ اس بچہ کو بتوں کے نام پر قربان کردیا کرتے تھے، پھر جب زمانۂ اسلام آیا تو مسلمانوں نے اس کو اللہ کے نام پر قربان کرنا شروع کیا، اس کو اونٹنی کی فرع کہتے تھے، نبی ﷺ نے اس کی مشروعیت ختم کردی۔ اور عتیرہ کا دوسرا نام رَجَبِيَّة تھا، زمانۂ جاہلیت کے لوگ یہ قربانی ماہ رجب میں کیا کرتے تھے، کیونکہ رجب اشہر حرم میں پہلا مہینہ ہے اس لئے اس کے احترام میں بتوں کے نام پر یہ قربانی کی جاتی تھی، پھر جب زمانہ اسلام آیا تو اللہ کے نام پر یہ قربانی کی جانے لگی مگر جب ذی الحجہ میں قربانی مشروع ہوئی تو نبی ﷺ نے رَجَبِيَّة کو ختم کردیا۔

[۱۳-] بابٌ فی الفَرَعِ وَالْعَتِيْرَةِ

[۱۵۰۰-] حدثنا محمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ ابنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لاَفَرَعَ وَلاَ عَتِيْرَةَ'' وَالْفَرَعُ: أَوَّلُ النِّتَاجِ، كَانَ يُنْتَجُ لَهُمْ، فَيَذْبَحُوْنَهُ.

وفى الباب: عَنْ نُبَيْشَةَ، وَمِخْنَفِ بنِ سُلَيْمٍ، وَالْعَتِيْرَةُ: ذَبِيْحَةٌ كَانُوْا يَذْبَحُوْنَهَا فِيْ رَجَب، يُعَظِّمُوْنَ شَهْرَ رَجَب، لِأَنَّهُ أَوَّلُ شَهْرٍ مِنْ أَشْهُرِ الْحُرُمِ، وَأَشْهُرُ الْحُرُمِ: رَجَبُ، وَذُوْ الْقَعْدَةِ، وَذُوْ الْحِجَّةِ، وَالْمُحَرَّمُ، وأَشْهُرُ الْحَجِّ: شَوَّالٌ، وَذُوْ الْقَعْدَةِ، وَعَشْرٌ مِنْ ذِیْ الْحِجَّةِ، كَذٰلِكَ رُوِیَ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ فِيْ أَشْهُرِ الْحَجِّ.

وضاحت: اشہر حرم بیان کئے تو اس کی مناسبت سے اشہر حج بھی بیان کردیئے اور یہ مضمون کتاب الحج باب ۸۷ میں بھی آچکا ہے (تحفہ ۳: ۳۳۵)

بابُ ماجاء فی الْعَقِیْقَةِ

عقیقہ کا بیان

مذاہبِ فقہاء: عقیقہ: احناف کے نزدیک مستحب ہے اور شافعیہ اور مالکیہ کے نزدیک سنت ہے اور حنابلہ کے نزدیک: سنت یا واجب ہے۔ پھر امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک لڑکے اور لڑکی کا عقیقہ یکساں ہے یعنی دونوں کا ایک بکری سے عقیقہ کرنا مسنون ہے اور باقی ائمہ کے نزدیک لڑکے کی طرف سے دو اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری کا عقیقہ مستحب ہے۔ باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔

حدیث: یوسف کہتے ہیں: طلبہ عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ کی صاحبزادی حضرت حفصہ کے پاس گئے اور ان سے عقیقہ کے بارے میں پوچھا، انھوں نے طلبہ کو بتلایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو بتلایا ہے کہ نبی ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا کہ لڑکے کی طرف سے یکساں عمر کی دو بکریاں ذبح کریں (تاکہ دونوں کا گوشت ایک ساتھ پک جائے، بعض مرتبہ عمروں کے تفاوت کی وجہ سے ایک کا گوشت پک جاتا ہے اور دوسرے کا کچا رہ جاتا ہے) اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کریں۔

تشریح: عقیقہ میں فدیہ کے معنی ہیں، اس سے بچے کی بلائیں دور ہوتی ہیں، آگے حدیث آرہی ہے کہ لڑکا گروی رکھا ہوا ہے یعنی لڑکا معرضِ آفات میں رہتا ہے، عقیقہ کے ذریعہ اس کو چھڑایا جاتا ہے یعنی عقیقہ سے اس کی آفتیں ٹلتی ہیں اور لڑکے پر چونکہ لڑکی کی بہ نسبت آفتیں زیادہ آتی ہیں اس لئے شریعت نے لڑکے کی طرف سے دو بکریوں کا عقیقہ مسنون کیا، اور لڑکی کی طرف سے ایک کا، علاوہ ازیں: لڑکے کی خوشی دو چند ہوتی ہے، اس لئے عقیقہ کی مانگ کرنے والے بھی زیادہ ہوتے ہیں، پس دو بکریاں ذبح کریں تاکہ سب کو گوشت پہنچے۔

حدیث (۲): ام کُرزؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عقیقہ کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ''لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے، خواہ وہ بکرا ہو یا بکری، اس میں کوئی حرج نہیں (بعض لوگ کہتے ہیں: لڑکے کے عقیقہ میں بکرے اور لڑکی کے عقیقہ میں بکری ذبح کرنی چاہئے یہ بے اصل بات ہے)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے'' یعنی لڑکے کا عقیقہ تو ہونا ہی چاہئے، لڑکی کی بہ نسبت لڑکے کا عقیقہ مؤکد ہے، کیونکہ اس پر بلائیں زیادہ آتی ہیں، پس تم اس کی طرف سے خون بہاؤ، اس میں اشارہ ہے کہ عقیقہ میں اصل مقصود جانور ذبح کرنا ہے پھر دعوت کرنا یا گوشت تقسیم کرنا: یکساں ہے نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ عقیقہ میں فدیہ کے معنی ہیں، اور اس سے تکلیف دہ چیز دور کرو یعنی سر کے بال اور ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹو، اور بچہ تندرست ہو تو ختنہ بھی کرادو۔

[۱۴-] باب ماجاء فی العَقِیْقَةِ

[۱۵۰۱-] حدثنا يَحْيى بنُ خَلَفٍ، ثنَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، ثنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُثْمَانَ بنِ خُثَيْمٍ، عَن يُوْسُفَ بنِ مَاهَكَ: أَنَّهُمْ دَخَلُوْا عَلَى حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَسَأَلُوْهَا عَنِ الْعَقِيْقَةِ، فَأَخْبَرَتْهُمْ أَنَّ عائشةَ أَخْبَرَتْهَا: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَهُمْ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ.

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأُمِّ كُرْزٍ، وَبُرَيْدَةَ، وَسَمُرَةَ، وأَبِيْ هُرِيرةَ، وعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأَنَسٍ، وَسَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، وابنِ عَبّاسٍ؛ وحديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَحَفْصَةُ: هِيَ ابْنَةُ عبدِ الرحمنِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ.

[۱۵۰۲-] حدثنا الحسنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا ابنُ جُرَيْجٍ، قَالَ أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ سِبَاعِ بنِ ثَابِتٍ، أَنَّ مُحمدَ بنَ ثَابِتِ بنِ سِبَاعٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أُمَّ كُرْزٍ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّهَا سَأَلَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْعَقِيْقَةِ؟ فَقَالَ:" عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ وَاحِدَةٌ، لَايُضَرُّكُمْ ذُكْرَانًا كُنَّ أَمْ أُنَاثًا" هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۰۳-] حدثنا الحسنُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عبدُ الرزاقِ، ثَنَا هِشَامُ بنُ حَسَّانٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنِ الرَّبَابِ، عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم :"مَعَ الْغُلَامِ عَقِيْقَةٌ، فَأَهْرِيقُوْا عَنْهُ دَمًا، وَأَمِيْطُوْا عَنْهُ الْأَذٰى"

حدثنا الحسنُ، ثَنَا عبدُ الرزاقِ، ثَنَا ابنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمِ بنِ سُلَيْمَانَ الْأَحْوَلِ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنِ الرَّبَابِ، عَنْ سَلْمَانَ بنِ عَامِرٍ، عنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: عقیقة کے اصل معنی ہیں: نوزائیدہ بچے کے بال جو شکم مادر میں اگے ہوں، یہ بال ساتویں دن کاٹے جاتے ہیں، اور اسی دن بچے کے فدیہ کے طور پر قربانی کی جاتی ہے چنانچہ اس کو عقیقہ کہا جانے لگا، مگر اس کے مادہ میں نافرمانی کے معنی پائے جاتے ہیں اس لئے نبی ﷺ اس لفظ کو پسند نہیں فرماتے تھے، بلکہ نَسِیْکَة استعمال فرماتے تھے، مگر اس نئے لفظ کو رواج عام حاصل نہیں ہوا...... مُکَافَأَة (مصدر) برابر ہونا، نظیر ہونا۔ مُکَافِأَة (اسم فاعل) ایک دوسرے کے برابر یعنی ہم عمر۔

بابُ الْأَذَانِ فِيْ أُذُنِ الْمَوْلُوْدِ

بچہ کے کان میں اذان دینے کا بیان

حدیث: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا: آپؐ نے حضرت حسنؓ کے

کان میں نماز والی اذان کہی، جب ان کو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے جنا، یعنی ولادت کے فوراً بعد اذان کہی۔

تشریح: نومولود کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہی جاتی ہے، یہ اذان واقامت بچہ کے پیدا ہونے کے بعد فوراً کہنی چاہئے دیر نہیں کرنی چاہئے، اگر کوئی مرد موجود نہ ہو تو کوئی عورت اذان دیدے، یا زچہ ہی اذان پڑھ دے، اذان کے لئے طہارت شرط نہیں۔ البتہ اگر کوئی نیک آدمی موجود ہو تو اس سے اذان کہلوانی چاہئے۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے کان میں حضور اقدس ﷺ نے اذان کہی تھی مگر نیک آدمی کے انتظار میں تاخیر کرنا مناسب نہیں۔

اور یہ حکم اس لئے ہے کہ دنیا میں آنے کے بعد پہلا کلمہ جو بچے کے کان میں پڑے وہ اللہ کا نام ہونا چاہئے، اور اذان واقامت کی تخصیص اس لئے ہے کہ بچے کے دل ودماغ میں نماز کی اہمیت جاگزیں ہو، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اذان سے شیطان بھاگتا ہے، اور حدیث میں ہے کہ بچہ کو ولادت کے وقت شیطان ستاتا ہے جس سے بچہ چلاتا ہے (بخاری حدیث ۳۴۳۱) پس ولادت کے بعد فوراً اذان دینا شیطان کو بھگانے کے لئے بھی ہے تاکہ وہ بچہ کو پریشان نہ کرے۔

لطیفہ: شاہ عبدالعزیز صاحب قدس سرہ نے فرمایا: یہ اذان واقامت نماز جنازہ کے لئے ہیں، یعنی ہر مسلمان کی پسِ مرگ جو نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے: یہ اذان واقامت اس کے لئے ہیں۔

فائدہ: باب میں دوسری حدیث یہ ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا ایک بکری سے عقیقہ کیا، امام ترمذیؒ یہاں اس حدیث کو سند کے بغیر لائے ہیں، پھر آگے باب ۱۸ میں سند کے ساتھ لائیں گے، اس حدیث کی وجہ سے امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لڑکے اور لڑکی کا عقیقہ ایک بکری سے کرنا مسنون ہے، مگر یہ حدیث منقطع ہے اور نسائی میں صحیح سند سے روایت ہے کہ آپؐ نے حضراتِ حسنین کی طرف سے دو مینڈھوں کا عقیقہ کیا (مشکوٰۃ حدیث ۴۱۵۵) اور حضرت گنگوہی قدس سرہ نے الکوکب الدری میں فرمایا ہے کہ یہ بکری آپؐ نے بطور عقیقہ ذبح نہیں کی تھی بلکہ نواسے کے پیدا ہونے کی خوشی میں ذبح کی تھی اور ولادت کے دن ذبح کی تھی، پھر حضرت علیؓ نے باقاعدہ ساتویں دن ان کا عقیقہ دو بکریوں سے کیا تھا۔

[۱۵-] بابُ الأذان فی أُذُن المَوْلُوْدِ

[۱۵۰۴-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَذَّنَ فِيْ أُذُنِ الْحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ، حِيْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ بِالصَّلَاةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ، وَرُوِيَ عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْ الْعَقِيْقَةِ مِنْ

غَيْرِ وَجْهٍ:عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ مُكَافِئَتَانِ، وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ، وَرُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَيْضًا: أَنَّهُ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ بِشَاةٍ، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى هٰذَا الحديثِ.

وضاحت: بالصلاة: أذَّن سے متعلق ہے یعنی نماز والی اذان دی...... **عن الغلام**: یہ روایت پہلے گذر چکی ہے اور دوسری آگے آرہی ہے۔

باب

بہترین قربانی مینڈھے کی ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہترین قربانی مینڈھا ہے (عرب مینڈھے کو زیادہ پسند کرتے ہیں اور ہمارے دیار میں بکرا زیادہ پسند کیا جاتا ہے) اور بہترین کفن دو کپڑے ہیں (مرد کے کفن میں تین کپڑے اور عورت کے کفن میں پانچ کپڑے مستحب ہیں، اور یہ حدیث عُفیر کی وجہ سے ضعیف ہے)

[-١٦] بابٌ

[-١٥٠٥] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ عُفَيْرِ بنِ مَعْدَانَ، عَن سُلَيْمِ بنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"خَيْرُ الْأُضْحِيَّةِ الْكَبْشُ، وَخَيْرُ الْكَفَنِ الْحُلَّةُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعُفَيْرُ بنُ مَعْدَانَ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ.

باب

قربانی واجب ہے

قربانی: حنفیہ کے نزدیک واجب ہے اور شافعیہ کے نزدیک سنت ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب کی ایک کتاب رسالةُ أبی زید میں سنةٌ واجبةٌ لکھا ہے یعنی دونوں کو جمع کیا ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کا وجوب کا قول بھی ہے اور سنت کا بھی۔

اور حنفیہ جو وجوب کے قائل ہیں ان کی ایک دلیل تو یہ ہے کہ نبی ﷺ نے مواظبتِ تامہ کے ساتھ قربانی کی ہے، کسی سال ترک نہیں کی، پس اگر قربانی واجب نہ ہوتی تو بیانِ جواز کے لئے ایک بار ہی سہی، آپؐ قربانی ترک فرماتے تاکہ مسئلہ واضح ہوجاتا۔ اور دوسری دلیل ابن ماجہ کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص قربانی کرنے کی استطاعت ہوتے ہوئے بھی قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے" یہ سخت وعید ہے اور وعید ترک واجب

پر ہی ہوتی ہے، اور تیسری دلیل باب کی حدیث ہے: حضرت مخنف بن سلیم کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ عرفہ میں وقوف کئے ہوئے تھے، وہاں میں نے آپؐ کو فرماتے سنا کہ لوگو! ہر گھرانے پر ہر سال میں قربانی اور عتیرہ (واجب) ہے (علی الزام کے لئے ہے) کیا جانتے ہو عتیرہ کیا ہے؟ عتیرہ وہی ہے جس کو آپ لوگ رَجَبِیَّۃ کہتے ہو (رجبیہ پہلے مشروع تھا پھر منسوخ ہو گیا، ناسخ حدیث: لافَرَعَ ولا عتیرۃ ہے جو پہلے گذر چکی ہے)

[۱۷-] بابٌ

[۱۵۰۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا ابنُ عَوْنٍ، ثَنَا أَبُوْ رَمْلَةَ، عَنِ مِخْنَفِ بنِ سُلَيْمٍ قَالَ: كُنَّا وُقُوْفًا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِعَرَفَاتٍ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ! عَلَى كُلِّ أَهْلِ بَيْتٍ فِيْ كُلِّ عَامٍ أُضْحِيَّةٌ وَعَتِيْرَةٌ، هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الْعَتِيْرَةُ؟ هِيَ الَّتِيْ تُسَمُّوْنَهَا الرَّجَبِيَّةَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ هٰذَا الْحديثَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ ابنِ عَوْنٍ.

وضاحت: ابو رملہ مجہول راوی ہے، اس کا نام عامر ہے، مگر یہ کوئی بڑی خرابی نہیں اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو حسن کہا ہے، امام ترمذیؒ ہلکی ضعیف کو بھی حسن کہتے ہیں۔

بابٌ

ایک بکری کا عقیقہ

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حسن رضی اللہ عنہ کی طرف سے ایک بکری کا عقیقہ کیا اور فرمایا: "فاطمہ! اس کا سر منڈادو اور اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی خیرات کرو" حضرت فاطمہؓ نے بالوں کا وزن کیا تو ان کا وزن ایک درہم یا درہم سے کچھ کم تھا۔

تشریح: نومولود کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کرنا مسنون ہے اور اس کی حکمت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ نے حجۃ اللہ البالغہ میں یہ تحریر فرمائی ہے کہ بچہ کا پیٹ سے باہر آنا ایسی نعمت ہے جس کا شکر بجالانا ضروری ہے کیونکہ بچہ جب تک پیٹ میں تھا اس کی دید سے محرومی تھی اور جب پیدا (ظاہر) ہو گیا تو اس سے آنکھ ٹھنڈی ہوئی اور شکریہ ادا کرنے کی بہترین صورت یہ ہے کہ نعمت سے موازنہ کر کے شکر بجالایا جائے، جیسے قابلِ زکوٰۃ مال کو گن کر اور حساب لگا کر زکوٰۃ ادا کرنا: ویسے ہی اندازے سے زکات نکالنے سے بہتر ہے، اور نومولود کے بال پیٹ کی زندگی کا بقیہ ہیں اور ان کا دور کرنا نئی مستقل زندگی کی علامت ہے اس لئے جب وہ بال کاٹے جائیں اور نئی زندگی کا آغاز ہو تو بہترین طریقہ پر شکر بجالانے کے لئے ان کو چاندی سے تولنے کا حکم دیا ——— اور چاندی کی

تخصیص اس لئے کی کہ سونا زیادہ گراں ہے اور وہ مالداروں ہی کو میسر ہے، اور کسی اور سامان سے مثلاً غلہ سے بالوں کو تولا جائے تو وہ بے قدر مال ہوگا، عام طور پر بال چار گرام ہوتے ہیں اتنا گیہوں خیرات کرنا کیا معنی رکھتا ہے؟ اور اتنی چاندی کی اہمیت ہے۔

ملحوظہ: اس حدیث کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے علی زین العابدین کے صاحبزادے محمد باقر روایت کرتے ہیں، ان کا حضرت علیؓ سے لقاء وسماع نہیں، وہ حضرت علیؓ کی شہادت کے طویل عرصہ کے بعد پیدا ہوئے ہیں، پس یہ حدیث منقطع ہے۔ اور پہلے الکوکب الدری کے حوالہ سے بتایا ہے کہ نبی ﷺ نے یہ بکری نواسے کے پیدا ہونے کی خوشی میں ذبح کی تھی یہ ان کا عقیقہ نہیں تھا، ان کا عقیقہ حضرت علیؓ نے ساتویں روز دو مینڈھوں سے کیا تھا۔

[۱۸-] بابٌ

[۱۵۰۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ الْقُطَعِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَلِيِّ بنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ قَالَ: عَقَّ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ، وَقَالَ: "يَا فَاطِمَةُ! احْلِقِيْ رَأْسَهُ، وَتَصَدَّقِيْ بِزِنَةِ شَعْرِهِ فِضَّةً" فَوَزَنَتْهُ، فَكَانَ وَزْنُهُ دِرْهَمًا أَوْ بَعْضَ دِرْهَمٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ، أَبُوْجَعْفَرٍ مُحمدُ بنُ عَلِيٍّ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيَّ بنَ أَبِيْ طَالِبٍ.

بابٌ

امام کا عیدگاہ میں قربانی کرنا

حدیث (۱): حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے (عیدالاضحیٰ کی نماز ادا فرما کر) خطبہ دیا پھر (منبر سے) نیچے اترے، اور دونوں مینڈھوں کو منگوایا، اور عیدگاہ ہی میں ان کو ذبح فرمایا۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ عیدالاضحیٰ کے دن عیدگاہ میں حاضر تھا، جب آپؐ خطبہ دے چکے تو منبر سے نیچے اترے، پس آپؐ کے پاس ایک مینڈھا لایا گیا، رسول اللہ ﷺ نے اس کو اپنے دستِ مبارک سے ذبح فرمایا اور بسم اللہ واللہ اکبر پڑھا (واؤ ضروری نہیں) اور فرمایا: "یہ میری طرف سے اور میری امت میں سے ہر اس شخص کی طرف سے ہے جو قربانی نہیں کرسکا یعنی آپؐ نے غریبوں کو اپنی قربانی کا ثواب بخشا۔

تشریح:

۱-حضور اقدس ﷺ نے عیدگاہ میں قربانی دو وجہ سے کی تھی: ایک: اس لئے کہ لوگ ذبح کرنے کا طریقہ اور مسائل سیکھیں۔ دوم: لوگوں کو ترغیب ہو اور وہ بھی قربانی کریں، اس لئے کہ انسانی فطرت ہے: الناس علی دین ملوکھم: لوگ بڑوں کی پیروی کرتے ہیں۔

۲-نفلی قربانی کے ثواب میں جتنے لوگوں کو چاہیں شامل کر سکتے ہیں، رہی یہ بات کہ وہ ثواب سب کو پورا پورا ملے گا یا تقسیم ہو کر؟ اس میں اختلاف ہے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ نے رد محتار میں فرمایا ہے کہ عدل کا تقاضہ یہ ہے کہ تقسیم ہو کر ملے، اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید یہ ہے کہ سب کو پورا پورا ملے۔ واللہ اعلم

[۱۹-] بابٌ

[۱۵۰۸-] حدثنا الحسنُ بنُ عَلیِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا أَزْهَرُ بنُ سَعْدِ السَّمَّانُ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِی بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم خَطَبَ، ثُمَّ نَزَلَ، فَدَعَا بِكَبْشَيْنِ فَذَبَحَهُمَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِی عَمْرٍو، عَنْ الْمُطَّلِبِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، قَالَ: شَهِدْتُ مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم الْأَضْحَی بَالْمُصَلّٰی، فَلَمَّا قَضَی خُطْبَتَهُ نَزَلَ عَنْ مِنْبَرِهِ، فَأُتِیَ بِكَبْشٍ فَذَبَحَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بِيَدِهِ، وَقَالَ: ''بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، هٰذَا عَنِّیْ وَعَمَّنْ لَمْ يُضَحِّ مِنْ أُمَّتِیْ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنْ يَقُوْلَ الرَّجُلُ إِذَا ذَبَحَ: بسم اللهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَهُوَ قَوْلُ ابنِ الْمُبَارَكِ، وَالْمُطَّلِبُ بنُ عبدِ اللّٰهِ بنِ حَنْطَبٍ: يُقَالُ: إِنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ جَابِرٍ.

بابٌ

عقیقہ کی حکمت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لڑکا گروی رکھا ہوا ہے عقیقہ کے بدلے میں'' یعنی آفات میں محبوس ہے (جار مجرور محذوف سے متعلق ہیں، تقدیر عبارت ہے: الغلام مُرْتَهَنٌ يُفَكُّ بعقيقته: لڑکا گروی رکھا ہوا ہے وہ عقیقہ کے ذریعہ چھڑایا جائے، یعنی عقیقہ اس کا فدیہ بن جاتا ہے اور وہ آفات سے بچ جاتا ہے) پس اس کی طرف سے

ساتویں دن جانور ذبح کیا جائے اوراس کا نام رکھا جائے اوراس کا سر منڈایا جائے''

تشریح:

۱- امام احمد رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح یہ کی ہے کہ اگر اولاد کا عقیقہ کیا گیا تو وہ قیامت کے دن ماں باپ کے لئے سفارش کرے گی، اور اگر عقیقہ نہیں کیا گیا تو سفارش نہیں کرے گی۔ اور میں نے حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ جب تک بچہ کا عقیقہ نہ کیا جائے وہ معرض آفات میں رہتا ہے، اور عقیقہ فدیہ بن جاتا ہے، اس سے بچے کی بلائیں دور ہوتی ہیں، اور لڑکے پر چونکہ بلائیں زیادہ آتی ہیں اس لئے اس کا دو بکروں کا عقیقہ مسنون ہے اور لڑکی پر بلائیں نسبتاً کم آتی ہیں اس لئے اس کی طرف سے ایک بکری کافی ہے۔

والد محترم دامت برکاتہم نے یہاں اپنا یہ تجربہ بیان کیا کہ راقم الحروف جب پیدا ہوا تو بیمار تھا، پیٹ کی شکایت تھی اور بیماری کا پتہ نہیں چلتا تھا اور دوا سے مطلق فائدہ نہیں ہوتا تھا، اتفاق سے ان دنوں والد صاحب کا ہاتھ بھی تنگ تھا آپ نے اپنے ایک دوست سے (جواب اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے) قرض لے کر میرا دو بکروں کا عقیقہ کیا، اس کے بعد معلوم نہیں کب میں ٹھیک ہو گیا، ابا کو پتہ ہی نہیں چلا، فالحمد للہ! اس کے بعد کبھی بیمار نہیں ہوا، غرض یہ تجربہ کی بات ہے کہ جب تک عقیقہ نہ کیا جائے بچہ معرض آفات میں رہتا ہے اور عقیقہ اس کا فدیہ بن جاتا ہے اور وہ آفات سے بچ جاتا ہے۔

۲- حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے ساتویں دن کی تخصیص کی دو حکمتیں بیان فرمائی ہیں:

پہلی حکمت: ولادت اور عقیقہ کے درمیان فصل ضروری ہے کیونکہ ولادت کی ابتداء میں اہل خانہ زچہ بچہ کو سنوارنے میں مشغول ہوتے ہیں پس اس وقت میں عقیقہ کرنے کا حکم دینا مناسب نہیں، اس سے گھر والوں کی مشغولیت دوچند ہو جائے گی۔

دوسری حکمت: کبھی جانور فوراً مہیا نہیں ہوتا، تلاش کرنا پڑتا ہے، پس پہلے ہی دن عقیقہ کرنے کا حکم دینے میں تنگی ہے اور سات دن سے معتد بہ فصل ہو جاتا ہے، نہ کم نہ زیادہ، اس لئے ساتویں دن عقیقہ کرنے کا حکم دیا۔

اور جانور ذبح کرنے کے بعد سر منڈانے میں حاجیوں کی مشابہت اختیار کی جاتی ہے اور ساتویں دن نام رکھنے کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے نام رکھنے کی کچھ ضرورت نہیں۔

۳- ایک حقیقی ساتواں ہے اور ایک حکمی ساتواں۔ مثلاً ایک بچہ منگل کے دن پیدا ہوا تو جو پہلا پیر آئے گا وہ حقیقی ساتواں ہے، پھر اس کے بعد اس بچہ کی زندگی میں جو بھی پیر آئے گا وہ حکمی ساتواں ہے۔ اور حقیقی ساتویں دن عقیقہ کرنا ضروری نہیں اس سے پہلے بھی کیا جا سکتا ہے اور بعد میں بھی، اور بعد میں بھی حکمی ساتویں دن کا لحاظ مستحب ہے، ضروری نہیں، کسی بھی دن عقیقہ کیا جا سکتا ہے، یہی حکم نام رکھنے کا ہے، پیدائش سے پہلے بھی نام رکھا جا سکتا ہے، خواجہ

بختیار کا کی رحمہ اللہ نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا نام حمل قرار پانے سے پہلے رکھ دیا تھا۔

[-۲۰] بابٌ

[-۱۵۱۰] حدثنا عَلَيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "الغُلَامُ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيْقَتِهِ، يُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ، وَيُسَمَّى، وَيُحْلَقُ رَأْسُهُ"

حدثنا الحسنُ بنُ عليِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا سَعِيْدُ بنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: يَسْتَحِبُّوْنَ أَنْ يُذْبَحَ عَنِ الغُلَامِ العَقِيْقَةُ يَوْمَ السَّابِعِ، فَإِنْ لَمْ يَتهيَّأْ يَوْمَ السَّابِعِ فَيَوْمَ الرَّابِعِ عَشْر، فَإِنْ لَمْ يَتَهَيَّأْ عَقَّ عَنْهُ يَوْمَ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ، وَقَالُوْا: لَا يُجْزِئُ فِيْ الْعَقِيْقَةِ مِنَ الشَّاءِ إِلَّا مَا يُجْزِئُ فِيْ الْأُضْحِيَّةِ.

ترجمہ: اس پر اہل علم کا عمل ہے وہ پسند کرتے ہیں کہ لڑکے کی طرف سے ساتویں دن عقیقہ ذبح کیا جائے، پس اگر ساتویں دن جانور میسر نہ ہو تو پھر چودھویں دن عقیقہ کرنا مستحب ہے، اور اس دن بھی جانور میسر نہ ہو تو اکیس ویں دن عقیقہ کرے، اور علماء نے فرمایا ہے کہ عقیقہ میں وہی بکری جائز ہے جو قربانی میں جائز ہے یعنی قربانی کے جانور کے جو احکام ہیں وہی احکام عقیقہ کے جانور کے بھی ہیں۔

بابٌ

قربانی کرنے والا بال ناخن نہ کاٹے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس شخص نے ذی الحجہ کا چاند دیکھا اور اس کا قربانی کرنے کا ارادہ ہے تو وہ اپنے بالوں میں سے اور اپنے ناخنوں میں سے کچھ نہ لے" یعنی بال ناخن نہ کاٹے۔

تشریح: جس شخص کا قربانی کرنے کا ارادہ ہے اس کو ذی الحجہ کا چاند نظر آنے کے بعد ناخن اور بال نہیں کاٹنے چاہئیں تاکہ حاجیوں کے ساتھ مشابہت پیدا ہو، حجاج ان ایام میں نہ ناخن کاٹتے ہیں نہ بال اور یہ حکم استحبابی ہے، اس لئے اگر زیر ناف، بغل اور ناخن کاٹے ہوئے چالیس دن ہو گئے ہیں تو ان کو کاٹنا ضروری ہے کیونکہ چالیس دن سے زیادہ بال اور ناخن وغیرہ نہ کاٹنا مکروہ تحریمی ہے، پس استحباب کے لئے مکروہ کا ارتکاب کرنا جائز نہیں۔

[۲۱-] بابٌ

[۱۵۱۱-] حدثنا أَحمدُ بنُ الْحَكَمِ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ عَمْرٍو أَوْ:عُمَرَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ رَأَى هِلاَلَ ذِی الْحِجَّةِ، وَأَرَادَ أَنْ يُضَحِّیَ، فَلاَ يَأْخُذَنَّ مِنْ شَعْرِهِ وَلاَ مِنْ أَظْفَارِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، والصَّحِيْحُ هُوَ عَمْرُو بنُ مُسْلِمٍ، قَدْ رَوَى عَنْهُ مُحمدُ بنُ عَمْرِو بنِ عَلْقَمَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ نَحْوُ هٰذَا، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَبِهِ كَانَ يَقُوْلُ سَعِيْدُ بنُ الْمُسَيَّبِ، وَإِلٰی هٰذَا الْحديثِ ذَهَبَ أحمدُ، وإسحاقُ، وَرَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِیْ ذٰلِكَ، فَقَالُوْا: لاَ بَأْسَ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ شَعْرِهِ وَأَظْفَارِهِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِیِّ، وَاحْتَجَّ بِحديثِ عائشةَ أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَبْعَثُ بِالْهَدْیِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، فَلاَ يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُ مِنْهُ الْمُحْرِمُ.

ترجمہ اور وضاحت: بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ذی الحجہ کا چاند نظر آنے کے بعد بال اور ناخن کاٹنے میں کوئی حرج نہیں، اور یہ امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ہے، اور انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ نبی ﷺ نے (سن ۹ ہجری میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ سو بکریاں برائے قربانی) مدینہ سے مکہ بھیجی تھیں اور جن چیزوں کو محرم ترک کرتا ہے آپؐ نے ان میں سے کسی چیز کو ترک نہیں کیا تھا یعنی مکہ قربانی بھیجنے کی وجہ سے آپؐ نے سلا ہوا کپڑا اور خوشبو وغیرہ ترک نہیں کی تھی، معلوم ہوا کہ قربانی کا ارادہ کرنے سے آدمی محرم نہیں ہوجاتا، اس کے لئے بال اور ناخن کاٹنے جائز ہیں۔ غرض امام شافعی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو نہیں لیا، اور احناف فرماتے ہیں: یہ حکم اس لئے نہیں ہے کہ قربانی کا ارادہ کرنے سے آدمی محرم ہوجاتا ہے بلکہ اس میں حاجیوں کے ساتھ مشابہت ہے، پس کیا بعید ہے کہ اللہ تعالیٰ حاجیوں کو جن برکات سے نوازتے ہیں اس مشابہت کی وجہ سے ان برکات کا کچھ حصہ اس کو بھی عطا فرمادیں، اس لئے ذی الحجہ شروع ہونے کے بعد قربانی کرنے تک بال اور ناخن وغیرہ نہ کاٹنا مستحب ہے۔

﴿الحمد للہ! ابواب الاضاحی کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم الله الرحمن الرحیم

أبوابُ النُّذُوْرِ وَالأَیْمَانِ

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

منتوں اور قسموں کا بیان

بابُ ماجاءَ عن رسول الله صلی الله علیه وسلم: أن لاَّ نَذْرَ فِی مَعْصِیَةٍ

گناہ کے کام کی منت ماننا جائز نہیں

نذر کے معنی ہیں: منت، اور یمین کے معنی ہیں: قسم، پھر منت کی دو قسمیں ہیں: ایک: وہ منت ہے جس کو پورا کرنا واجب ہے۔ اور دوسری: وہ منت ہے جس کو پورا کرنا جائز نہیں، مثلاً کسی نے منت مانی کہ اگر اس کا کام ہوگیا تو وہ دس روزے رکھے گا، اس منت کو پورا کرنا ضروری ہے، اور اگر منت مانی کہ اس کا کام ہوگیا تو وہ اپنے لڑکے کی قربانی کرے گا یا شراب پیئے گا، اس منت کا وفا (پورا کرنا) جائز نہیں۔

شرعاً جس منت کا وفا واجب ہے اس کی تعریف ہے: إیجابُ الإنسان علی نَفْسِه والْتِزَامُه من طاعةٍ یکون الواجبُ من جِنْسِها: یعنی کسی ایسی عبادت کو اپنے ذمے لازم کرنا اور اس کو سر لینا جس کے قبیل سے کوئی واجب عبادت ہو، جیسے روزہ، نماز اور صدقہ وغیرہ کی منت مانی اور شرط پائی گئی تو اس کو پورا کرنا ضروری ہے، اور طاعة کی قید سے مباح چیزیں نکل گئیں مثلاً منت مانی کہ اگر اس کا کام ہوگیا تو وہ دو کلو ٹماٹر کھائے گا، ظاہر ہے یہ کام مباح ہے، اس کے قبیل سے کوئی واجب عبادت نہیں، اس لئے اس منت کا وفا ضروری نہیں۔ اسی طرح اگر کسی گناہ کے کام کی منت مانی تو بھی اس کا وفا جائز نہیں۔

یمین کی تعریف: عَقْدٌ قَوِیَ به عَزْمُ الْحالِفِ علی الفعل أو الترك یعنی کوئی ایسا عہد کرنا جس کی وجہ سے قسم کھانے والے کا کسی کام کو کرنے کا یا نہ کرنے کا ارادہ پختہ ہوجائے —— پھر یمین کی چار قسمیں ہیں:

۱- یمین منعقدہ: آئندہ کسی ممکن کام کے کرنے کا پختہ ارادہ کرنا، جیسے میں کل روزہ رکھوں گا، یا نہیں رکھوں گا،

اس قسم کے بارے میں ارشاد پاک ہے: ’’لیکن اللہ تعالیٰ اس قسم پر پکڑتے ہیں جس کو تم نے مضبوط کیا ہے (المائدہ آیت ۸۹) یعنی اس کو توڑنے کی صورت میں کفارہ واجب ہے۔

۲- یمین لغو: (بیہودہ قسم) اس کی دو صورتیں ہیں: ایک: لوگ بول چال میں جو قسم کے ارادہ کے بغیر: ہاں بخدا اور نہیں بخدا کہتے ہیں: یہ یمین لغو ہے۔ دوسری: کسی گذشتہ بات پر اپنی دانست کے مطابق قسم کھانا جبکہ واقعہ میں ایسا نہ ہو جیسے کسی ذریعہ سے معلوم ہوا کہ زید آیا ہے، اس پر اعتماد کر کے قسم کھائی کہ وہ آ گیا، پھر ظاہر ہوا کہ نہیں آیا تو یہ یمین لغو ہے، اس میں نہ کفارہ ہے نہ گناہ، اس قسم کے بارے میں ارشاد پاک ہے: ’’اللہ تم کو تمہاری بیہودہ قسموں پر نہیں پکڑتے‘‘ (مائدہ آیت ۸۹) یعنی اس میں کفارہ واجب نہیں۔

۳- یمین غموس: قاضی کے سامنے جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا تاکہ اپنے حق میں فیصلہ کرا کے کسی مسلمان کا مال ہتھیا لے، یہ سخت کبیرہ گناہ ہے (مشکوٰۃ حدیث ۵۰ باب الکبائر) اسی طرح اگر کسی گذشتہ بات پر جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھائی تو وہ بھی یمین غموس ہے اور گناہ کبیرہ ہے، احناف کے نزدیک اس میں کفارہ نہیں، یہ سخت گناہ ہے، توبہ لازم ہے۔

۴- یمین محال: کسی محال عقلی یا عادی کی قسم کھانا، محال عقلی: جیسے رات دن کو یکجا کر دینے کی قسم کھانا، اور محال عادی: جیسے آسمان پر چڑھنے کی قسم کھانا ——— آخری دونوں قسموں میں قرآن وحدیث میں کوئی نص نہیں ہے، اس لئے ان میں اختلاف ہوا ہے کہ کفارہ واجب ہے یا نہیں؟ یمین غموس میں صرف امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے، دیگر ائمہ کے نزدیک واجب نہیں، وہ اتنا بھاری گناہ ہے کہ کفارہ سے نہیں دُھل سکتا، توبہ ہی سے معاف ہو سکتا ہے، سورۃ البقرہ آیت ۲۲۵ میں ارشاد پاک ہے: ﴿لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ أَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ ترجمہ: اللہ تعالیٰ (آخرت میں) تمہاری دارو گیر نہ فرمائیں گے تمہاری بیہودہ قسموں پر، البتہ اس پر دارو گیر فرمائیں گے جس میں تمہارے دلوں نے (جھوٹ بولنے کا) ارادہ کیا ہے (مراد یمین غموس ہے) اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے بردبار ہیں ——— اور محال کی قسم میں امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے نزدیک کفارہ واجب ہے۔ امام اعظم اور امام محمد رحمہما اللہ کے نزدیک چونکہ انعقادِ یمین کے لئے امکانِ بر شرط ہے: اس لئے ان کے نزدیک ایسی قسم منعقد نہیں ہوتی پس کفارہ واجب نہیں۔

نذر وایمان کے درمیان ربط: اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہ نذر پسندیدہ ہے نہ قسم، چنانچہ بکثرت قسم کھانا ممنوع ہے، اگر قسم کھانا نیکی کا کام ہوتا تو اس کی کثرت مطلوب ہوتی، جیسے نماز اور روزے وغیرہ کی کثرت مطلوب ہے، لیکن چونکہ یہ ایک معاشرتی ضرورت ہے، لوگ بات چیت، قول وقرار اور معاملات میں قسمیں کھاتے ہیں اس لئے فی الجملہ اس کو مشروع کیا گیا ——— اسی طرح نذر معلق بھی ناپسندیدہ ہے، حدیث میں ہے کہ منت نہ مانا کرو کیونکہ منت تقدیر کو نہیں ٹال سکتی، اس کے ذریعہ بس بخیل کی جیب سے مال نکال لیا جاتا ہے (اور تقدیر منجز: یعنی کسی چیز پر معلق

کئے بغیر کوئی عبادت مقصودہ اپنے ذمے لازم کرنا پسندیدہ ہے) مگر چونکہ وہ بھی ایک معاشرتی ضرورت ہے، جب لوگ پریشانیوں میں خاص طور پر بیماریوں میں پھنستے ہیں اور علاج معالجہ میں لاکھوں روپے اڑا دیتے ہیں پھر جب اس طرف سے مایوسی ہو جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور آخری علاج کے طور پر راہِ خدا میں خرچ کرنے کا عہدہ کرتے ہیں اس لئے اس کو بھی فی الجملہ مشروع کیا گیا —— اور یہ بات یعنی دونوں کا دراصل ناپسندیدہ ہونا اور معاشرتی ضرورت سے فی الجملہ مشروع ہونا دونوں کے درمیان مشترک امر ہے اس لئے کتبِ حدیث اور کتبِ فقہ میں دونوں کے احکام ساتھ ساتھ بیان کئے جاتے ہیں۔

پھر جب دونوں کے درمیان چولی دامن کا ساتھ ہے تو جہاں ابہام کی وجہ سے نذر کی تعیین ممکن نہ ہو وہاں اس کے قرین (ساتھی) سے مدد لی جائے گی اور قسم کا کفارہ دے کر منت سے عہدہ برآ ہوا جائے گا، اسی طرح نذر معصیت چونکہ منعقد ہو جاتی ہے مگر اس کا وفا جائز نہیں اس لئے قسم کا کفارہ واجب ہوتا ہے۔

مذاہبِ فقہاء: امام شافعی اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک نذر معصیت منعقد نہیں ہوتی، لہٰذا اگر کوئی شخص کسی گناہ کے کام کی نذر مانے تو وہ نذر بے کار ہے، پس کفارہ بھی واجب نہیں۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک نذر معصیت منعقد ہو جاتی ہے اگرچہ اس کا وفا جائز نہیں، پس قسم کا کفارہ واجب ہوگا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کسی بھی گناہ کی نذر نہیں، اور اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے''

تشریح:

۱- اس حدیث کو ابن شہاب زہری: ابوسلمہ سے براہ راست روایت کرتے ہیں یا بیچ میں کوئی واسطہ ہے؟ یونس بن یزید کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے، اور موسیٰ بن عقبہ اور عبداللہ بن ابی عتیق: سلیمان بن ارقم اور یحییٰ بن ابی کثیر کا واسطہ ذکر کرتے ہیں، اور سلیمان بن ارقم ضعیف ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی واسطہ والی حدیث کو اصح کہا ہے پس یہ حدیث ضعیف ہے، مگر اس حدیث کی اور بھی سندیں ہیں، حافظ رحمہ اللہ نے تلخیص حبیر میں ان کو ذکر کیا ہے اور ان میں جو کلام ہے وہ بھی کیا ہے، اور امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث بالاتفاق ضعیف ہے، مگر حافظ صاحب نے اس کا رد کیا ہے کہ امام طحاوی اور ابن السکن نے اس کی تصحیح کی ہے، پس اتفاق کہاں رہا؟

۲- **لا نذرَ في معصية:** میں نفی کس چیز کی ہے انعقاد کی یا وفا کی؟ امام شافعی اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک انعقاد کی نفی ہے، یعنی نذر معصیت منعقد ہی نہیں ہوتی۔ اور امام اعظم اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک وفا کی نفی ہے یعنی نذر معصیت منعقد تو ہو جاتی ہے مگر اس کا پورا کرنا جائز نہیں، اور دلیل اگلا جملہ ہے کہ اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے، معلوم ہوا کہ نذر معصیت منعقد ہو جاتی ہے، اس وجہ سے کفارہ واجب ہے۔

اور دوسری دلیل یہ ہے کہ معصیت کی نذر ماننا حرام کو حلال کرنا ہے جو بحکم یمین ہے جیسا کہ اس کی برعکس صورت یعنی

حلال کوحرام کرنا یمین ہے، رسول اللہ ﷺ نے شہد کوحرام کیا تھا چنانچہ سورۃ التحریم کی ابتدائی آیات میں آپؐ کوحکم دیا گیا کہ آپ شہد استعمال کریں اور قسم کا کفارہ دیں، پس آپؐ نے شہد استعمال فرمایا اور کفارہ میں ایک غلام آزاد فرمایا۔

أبواب النذور والأيمان

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] باب ماجاء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: أنْ لَّا نَذْرَ فى مَعْصِيَةٍ

[١٥١٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ"

وفى الباب: عَن ابنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَهٰذَا حديثٌ لاَيَصِحُّ، لِأَنَّ الزُّهْرِيَّ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الحديثَ مِنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَسَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: رُوِىَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ، مِنْهُمْ مُوْسَى بنُ عُقْبَةَ، وابنُ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ أَرْقَمَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ محمدٌ: وَالْحديثُ هُوَ هٰذَا.

[١٥١٣-] حدثنا أَبُوْ إِسْمَاعِيْلَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ يُوْسُفَ التِّرْمِذِيُّ، ثَنَا أَيُّوْبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلاَلٍ، ثَنِى أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بِلاَلٍ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُقْبَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ عَتِيْقٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ أَرْقَمَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَنَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَهُوَ أَصَحُّ مِنْ حديثِ أَبِيْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ.

وَقَالَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لاَ نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ، وَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ، وَاحْتَجَّا بِحديثِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لاَ نَذْرَ فِيْ مَعْصِيَةٍ، وَلاَ كَفَّارَةَ فِيْ ذٰلِكَ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ وَالشَّافِعِيِّ.

ترجمہ: بعض صحابہ وغیرہ اہل علم کہتے ہیں کہ کسی بھی گناہ کی نذر نہیں یعنی اس کا وفا جائز نہیں اور اس کا کفارہ قسم کا کفارہ ہے اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔ اور انھوں نے ابن شہاب زہری کی اس حدیث سے جس کو وہ ابوسلمہ سے

اور وہ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں: استدلال کیا ہے۔ اور دوسرے بعض صحابہ وغیرہ اہل علم کہتے ہیں: کسی بھی گناہ کی نذر نہیں اور اس میں کفارہ بھی نہیں، اور یہ شافعی اور مالک کا قول ہے۔

فائدہ: باب میں حضرت عمران کی صحیح حدیث موجود ہے، جو نسائی (حدیث ۳۸۴۵) میں ہے، اس کے الفاظ بہت واضح ہیں، قال: النذرُ نَذْرَانِ: فما كان من نذر فى طاعة الله، فذلك لله، وفيه الوفاء، وما كان من نذر فى معصية الله، فذلك للشيطان، ولا وفاء فيه، ويُكَفِّرُهُ مَا يُكَفِّرُ اليمين یعنی نذریں دو ہیں: ایک طاعت کی نذر، یہ اللہ کے لئے ہے اور اس کا پورا کرنا ضروری ہے، دوسری گناہ کی نذر، یہ شیطان کے لئے ہے اور اس کا پورا کرنا جائز نہیں، اور اس کا گناہ وہ چیز مٹاتی ہے جو قسم (توڑنے) کا گناہ مٹاتی ہے یعنی قسم کا کفارہ ادا کرنے سے اس کا گناہ مٹ جاتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ”جس نے اللہ کی اطاعت کی منت مانی اسے چاہئے کہ وہ اللہ کی اطاعت کرے یعنی نذر پوری کرے اور جس نے اللہ کی نافرمانی کی نذر مانی تو وہ اللہ کی نافرمانی نہ کرے یعنی اس نذر کو پورا نہ کرے“

ملحوظہ: مصری نسخہ میں اس حدیث سے پہلے یہ باب ہے: باب من نَذَرَ أن يُطيع اللّٰه فَلْيُطِعْه: جو اللہ کی اطاعت کی منت مانے وہ اللہ کی اطاعت کرے یعنی وہ اس منت کو پورا کرے۔

[۱۵۱۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الأَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قالَ: ” مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ“

حدثنا الحسنُ بنُ عليٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الأَيْلِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ عائشةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيَى بنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، وَهُوَ قَوْلُ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَبِهِ يَقُوْلُ مَالِكٌ، وَالشَّافِعِيُّ، قَالُوْا: لَا يَعْصِي اللّٰهَ، وَلَيْسَ فِيْهِ كَفَّارَةُ يَمِيْنٍ، إِذَا كَانَ النَّذْرُ فِيْ مَعْصِيَةٍ.

ترجمہ: یہ بعض صحابہ وغیرہ کا قول ہے اور اسی کے قائل ہیں: امام مالکؒ اور امام شافعیؒ (یہ دلیل ہے کہ یہاں باب ہے اس لئے کہ ایک باب میں دو مرتبہ اس طرح کی عبارت لکھنے کی امام ترمذیؒ کی عادت نہیں، نیز یہ معرکتہ

الاراء مسئلہ ہے، اور اس قسم کے مسائل میں امام ترمذی دو باب قائم کرتے ہیں) وہ حضرات فرماتے ہیں (اگر اللہ کی نافرمانی کی نذر مانے تو) اللہ کی نافرمانی نہ کرے، اور اس صورت میں قسم کا کفارہ نہیں جبکہ نذر کسی گناہ کی ہو۔

بابٌ لاَ نَذْرَ فی مَالاَ یَمْلِكُ ابنُ آدَمَ

آدمی جس چیز کا مالک نہیں اس کی منت نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو چیز آدمی کی ملکیت میں نہیں اس کی منت نہیں (یہ حدیث تحفۃ الالمعی کی اسی جلد (کتاب الطلاق باب ۶) میں گذر چکی ہے)

[۲-] بابٌ لانَذْرَ فیما لایملكُ ابنُ آدم

[۱۵۱۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیعٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ یُوْسُفَ الأَزْرَقُ، عَنْ هِشَامِ الدَّسْتَوائِیِّ، عَنْ یَحْیَی بنِ أَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ أَبِیْ قِلاَبَةَ، عَنْ ثَابِتِ بنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: "لَیْسَ عَلَی الْعَبْدِ نَذْرٌ فِیْمَا لاَ یَمْلِكُ"

وفی الباب: عَنْ عَبدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وعِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ فی كَفَّارَةِ النَّذْرِ إِذَا لَمْ یُسَمِّ

مبہم منت کا کفارہ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "نذر کا کفارہ جبکہ ناذر نے کسی چیز کی تعیین نہ کی ہو تو قسم کا کفارہ ہے"

تشریح: اگر نذر مبہم ہو یعنی ناذر نے کسی چیز کی تعیین نہ کی ہو مثلاً اس نے کہا: اگر اس کے بچہ کو شفا ہو جائے تو وہ منت مانتا ہے مگر کس چیز کی منت مانتا ہے؟ یہ بات واضح نہیں کی پھر بچہ کو شفا ہوگئی تو قسم کا کفارہ ادا کرے اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اور کفارۂ یمین کا بیان سورۃ المائدہ (آیت ۸۹) میں ہے، یعنی دس محتاجوں کو کھانا کھلائے یا کپڑا پہنائے، یا ایک بردہ آزاد کرے اور ان میں سے کسی پر قدرت نہ ہو تو مسلسل تین روزے رکھے۔

[۳-] بابٌ فی كفَّارة النَّذْرِ إذا لم یُسَمِّ

[۱۵۱۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَیَّاشٍ، قَالَ ثَنِیْ مُحمدٌ مَوْلَی الْمُغِیْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، قَالَ ثَنِی كَعْبُ بنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِیْ الْخَیْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "كَفَّارَةُ النَّذْرِ إِذَا لَمْ یُسَمِّ كَفَّارَةُ یَمِیْنٍ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

بابٌ فی مَنْ حَلَفَ عَلَی یَمِیْنٍ، فَرَأَی غَیْرَھَا خَیْرًا مِنْھَا

قسم کھائی پھراس کے علاوہ میں بھلائی دیکھی تو کیا کرے؟

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ آدمی کسی بات کی قسم کھالیتا ہے مثلاً: ماں باپ سے یا بھائی بہن سے نہیں بولے گا، پھر جب غصہ ٹھنڈا پڑتا ہے تو پچھتاتا ہے۔ اور قسم ایمان میں سے ہے، جب کھالی: کھالی۔ اب وہ ختم نہیں ہوسکتی، اس لئے شریعت نے حکم دیا کہ اس قسم پر برقرار مت رہو، قسم توڑ دو اور کفارہ دیدو۔

مذاہبِ فقہاء: اگر قسم توڑ کر کفارہ ادا کرے تو بالاجماع درست ہے اور اگر کفارہ دے کر قسم توڑے تو اس میں اختلاف ہے، ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ایسا کرنا بھی درست ہے (مگر امام شافعی رحمہ اللہ نے روزوں کا استثناء کیا ہے، ان کی تقدیم جائز نہیں) اور حنفیہ کے نزدیک قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنا درست نہیں۔

اور اس اختلاف کی بنیاد نص نہیں ہے، اس لئے کہ بعض روایات میں حنث (قسم توڑنے) کو مقدم کیا گیا ہے اور کفارہ کو مؤخر، اور بعض روایات میں برعکس ہے، راوی کسی ایک بات پر ٹھہرتا ہی نہیں، پھر کسی روایت میں واؤ ہے جو مطلق جمع کے لئے ہے اور کسی میں فاء اور ثم ہیں جو ترتیب کے لئے ہیں، پس جب حدیثوں کی صورتِ حال یہ ہے تو وہ اختلاف کی بنیاد نہیں بن سکتیں، بلکہ اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ کفارہ کی علت کیا ہے؟ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک علت: یمین ہے اس لئے کہ کفارۃ الیمین محاورہ ہے، پس یمین علت ہوئی، جیسے: صلوۃُ الظهر میں ظہر (دوپہر) علت ہے صدقۃُ الفطر میں (روزہ کھولنا) علت ہے، اسی طرح یہاں بھی یمین علت ہے، پس قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دیا جائے تو درست ہے کیونکہ سبب (یمین) پایا گیا ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک: حنث (قسم توڑنا) علت ہے، وہ فرماتے ہیں: کفارۃُ الیمین میں مضاف پوشیدہ ہے، تقدیر عبارت ہے: کفارۃُ نقضِ الیمین یعنی قسم توڑنے کا کفارہ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ لفظ کفارہ میں اشارہ ہے کہ کوئی نامناسب کام ہوا ہے، جس کی یہ سزا ہے اور ظاہر ہے کہ نامناسب کام قسم نہیں، کیونکہ قسم بذاتِ خود بری چیز نہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جگہ جگہ قسمیں کھائی ہیں اور حضور اقدس ﷺ نے بھی قسمیں کھائی ہیں، بلکہ نامناسب بات قسم توڑنا ہے کیونکہ قسم کھانے والے نے اللہ کا نام لے کر ایک عہد کیا ہے، پس اس کی خلاف ورزی میں اللہ تعالیٰ کے نام کی بے حرمتی ہے اور کفارہ اس کی ایک طرح کی سزا ہے، اس لئے کفارۃُ الیمین کی تقدیر عبارت: کفارۃُ نقضِ الیمین ہے یعنی یہ قسم توڑنے کی سزا ہے پس قسم توڑ کر کفارہ دینا ضروری ہے، اگر قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کیا تو اس کا اعتبار نہیں، کیونکہ سبب ابھی نہیں پایا گیا، اور سبب سے پہلے مسبب کا تحقق نہیں ہوتا، واللہ اعلم۔

حدیث: حضرت عبدالرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے عبدالرحمٰن!

تم خود امارت (سرداری) طلب مت کرو، اگر تمہارے پاس امارت طلب کرنے سے آئے گی تو تمہیں اس کے حوالہ کردیا جائے گا یعنی امارت کے کاموں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مدد نہیں کی جائے گی، اور اگر درخواست کے بغیر امارت آئے گی تو اس کے کاموں میں تمہاری مدد کی جائے گی (یہاں تک مضمون ابواب الاحکام کے شروع میں گذر چکا ہے) اور جب تم کوئی قسم کھاؤ پھر اس کے علاوہ میں خیر دیکھو تو وہ کام کرو جو بہتر ہے، اور قسم کا کفارہ دیدو۔

تشریح: اگر کوئی شخص کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھائے اور اس میں کوئی گناہ نہ ہو، مگر مصلحت کے خلاف ہو تو اس قسم کو توڑ دینا جائز ہے، اور اگر قسم از قبیل گناہ ہو تو اس کو توڑ دینا واجب ہے، یہ اجماعی مسئلہ ہے۔

[٤-] بابٌ فيمَن حَلَفَ على يَمِيْنٍ، فَرَأَى غيرَها خَيْراً مِنْهَا

[١٥١٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلٰى، ثَنَا المُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يُوْنُسَ، ثَنَا الحَسَنُ، عَنْ عَبدِ الرحمنِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَبْدَ الرحمنِ! لاَ تَسْأَلِ الإِمَارَةَ، فَإِنَّكَ إِنْ أَتَتْكَ عَنْ مَسْأَلَةٍ وُكِلْتَ إِلَيْهَا، وَإِنَّكَ إِنْ أَتَتْكَ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ أُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَإِذَا حَلَفْتَ عَلٰى يَمِيْنٍ فَرَأَيْتَ غَيْرَهَا خَيْراً مِنْهَا فَأْتِ الَّذِىْ هُوَ خَيْرٌ، وَلْتُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِكَ"

وفى الباب: عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، وَأَبِى الدَّرْدَاءِ، وَأَنَسٍ، وَعَائشةَ، وعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وأَبِىْ مُوْسَى، حديثُ عبدِ الرحمنِ بنِ سَمُرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

نوٹ: اس حدیث میں قسم توڑنے کا تذکرہ پہلے ہے اور کفارہ کا بعد میں۔

بابٌ فى الكَفَّارَةِ قَبْلَ الْحِنْثِ

قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنے کا بیان

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جس نے کسی کام کی قسم کھائی پھر وہ اس کے علاوہ میں بہتری دیکھے تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کرے اور وہ کام کرے"

تشریح: اس حدیث میں کفارہ کو مقدم کیا گیا ہے، اور حنث کو مؤخر، یعنی پہلے کفارہ دے پھر قسم توڑے، اس لئے ائمہ ثلاثہ کے نزدیک پہلے کفارہ ادا کرنا بھی درست ہے، تفصیل گذر چکی۔

[٥-] بابٌ فى الكفارة قبل الحِنْثِ

[١٥١٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيرةَ،

عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ، فَرَأَى غَيْرَهَا خَيْراً مِنْهَا، فَلْيُكَفِّرْ عَنْ يَمِيْنِهِ، وَلْيَفْعَلْ"

وفي الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، حديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الْكَفَّارَةَ قَبْلَ الْحِنْثِ تُجْزِئُ، وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ؛ وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ لاَ يُكَفِّرُ إِلاَّ بَعْدَ الْحِنْثِ، قَالَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ: إِنْ كَفَّرَ بَعْدَ الْحِنْثِ أَحَبُّ إِلَيَّ، وإِنْ كَفَّرَ قَبْلَ الْحِنْثِ أَجْزَأَهُ.

ترجمہ: اس پر اکثر صحابہ وغیرہ کا عمل ہے کہ قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنا جائز ہے، اور یہ ائمہ ثلاثہ وغیرہ کا مذہب ہے اور بعض اہل علم کے نزدیک قسم توڑنے کے بعد ہی کفارہ دینا ضروری ہے، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر قسم توڑنے کے بعد کفارہ ادا کرے تو یہ مجھے زیادہ پسند ہے اور اگر قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرے تو یہ بھی جائز ہے۔

بابٌ فی الِاسْتِثْنَاءِ فِی الْیَمِیْنِ

قسم کے ساتھ ان شاء اللہ ملا کر کہنے کا حکم

باب میں استثناء کے معنی ہیں: قسم کے ساتھ ان شاء اللہ ملانا، اگر قسم کے ساتھ متصلاً ان شاء اللہ کہہ لیا تو قسم منعقد نہیں ہوگی اور یہ اجماعی مسئلہ ہے اور یہی حکم طلاق، عتاق، نکاح اور رجعت وغیرہ تمام اَیمان کا ہے، جن میں اقالہ نہیں ہوتا، مثلاً کوئی شخص بیوی سے کہے: أنتِ طالق إن شاء اللّٰہ (اگر اللہ چاہے تو تجھے طلاق) تو طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ اللہ نے چاہا یا نہیں: اس کا پتہ نہیں چل سکتا۔

حدیث (۱): آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''جس نے قسم کھائی پس اس نے کہا: إن شاء الله تو وہ حانث نہیں ہوگا، کیونکہ قسم منعقد نہیں ہوئی۔

سند کی بحث: اس حدیث کو نافع سے ایوب سختیانی اور عبید اللہ عمری نے روایت کیا ہے، عبید اللہ موقوف بیان کرتے ہیں اور سالم سے بھی اسی طرح مروی ہے یعنی یہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کا فتوی ہے، اور ایوب سختیانی رحمہ اللہ نے مرفوع کیا ہے، مگر وہ بھی کبھی مرفوع کرتے تھے، ہمیشہ مرفوع نہیں کرتے تھے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے قسم کھائی پس کہا ان شاء اللہ تو وہ حانث نہیں ہوگا''

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ایک طویل حدیث کا اختصار ہے اور اس کو عبد الرزاق نے (جن کی مصنف عبد الرزاق ہے، جو گیارہ جلدوں میں مطبوعہ ہے) مختصر کیا ہے، اور اختصار کی وجہ سے مضمون بدل گیا ہے، اصل واقعہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے درباریوں کو جہاد کی ترغیب دی، کوئی دشمن برسر پیکار ہوگا، مگر درباریوں نے سرد مہری دکھائی تو حضرت سلیمان علیہ السلام کو غصہ آیا اور انھوں نے غصہ میں فرمایا: تم لوگ گھروں میں چوڑیاں پہنے بیٹھے رہو، آج رات میں اپنی سب بیویوں سے صحبت کروں گا، اور اللہ تعالیٰ مجھے ہر بیوی سے لڑکا عنایت فرمائیں گے، پھر میں اور میرے لڑکے مل کر جہاد کریں گے۔ جب حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ بات کہی تو وزیر نے عرض کیا: حضرت! ان شاء اللہ کہہ لیں، مگر حضرت سلیمان علیہ السلام غصہ میں تھے، وزیر کے یاد دلانے کے باوجود ان شاء اللہ نہیں کہا، سلیمان علیہ السلام اپنے فرمانے کے مطابق اس رات سب بیویوں سے ملے (حضرت سلیمان علیہ السلام کی ستر بیویاں تھیں اور ایک روایت میں ہے کہ سو بیویاں تھیں اور یہ معجزہ کی روایت ہے، پس ذہنوں میں یہ اعتراض نہیں آنا چاہئے کہ ایک رات میں سو بیویوں سے صحبت کرنا کیسے ممکن ہے؟ کیونکہ معجزہ خرق عادت کا نام ہے) مگر کسی بیوی صاحبہ کے حمل قرار نہیں پایا، ایک بیوی صاحبہ کا حمل ٹھہرا اور وہ بھی ناتمام بچہ گر گیا۔ یہ واقعہ ذکر کر کے نبی ﷺ نے فرمایا: اگر حضرت سلیمان علیہ السلام ان شاء اللہ کہہ لیتے تو اللہ تعالیٰ ان کی مراد پوری کرتے، ہر بیوی سے اللہ تعالیٰ لڑکا عنایت فرماتے اور حضرت سلیمان علیہ السلام ان کے ساتھ مل کر جہاد کرتے، اور فائز المرام ہوتے، مگر حضرت سلیمان علیہ لاسلام نے ان شاء اللہ نہیں کہا اس لئے مقصد پورا نہیں ہوا۔

یہ اصل واقعہ ہے، اس میں اول تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے کوئی قسم نہیں کھائی، بلکہ اپنا ارادہ ظاہر فرمایا ہے، پھر اگر اس کو بالفرض قسم مان لیا جائے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے اس رات تمام بیویوں سے صحبت کر کے قسم پوری کر لی تھی، رہا لڑکوں کا ملنا نہ ملنا تو وہ اللہ کی مشیت کے تابع ہے، حضرت سلیمان علیہ السلام کا اس میں کوئی دخل نہیں، اس لئے قسم ٹوٹنے کا بھی کوئی سوال نہیں۔ غرض یہ حدیث مختصر ہو کر بگڑ گئی ہے، اور حدیث میں جو ہے کہ اگر حضرت سلیمان علیہ السلام ان شاء اللہ کہہ لیتے تو فائز المرام ہوتے، یہ بات روایت بالمعنی ہو کر لَمْ يَحْنَثْ ہو گئی حالانکہ اس میں قسم ٹوٹنے کی کوئی بات نہیں تھی، پس اس حدیث کا اس باب سے کوئی تعلق نہیں، کیونکہ یہ بات کہ اگر قسم کے ساتھ متصلاً ان شاء اللہ کہہ لیا جائے تو قسم نہیں ٹوٹتی، یہ مضمون اس حدیث میں ہے ہی نہیں، اور حضرت عبد الرزاق نے جو حدیث کو مختصر کیا ہے تو اس میں ان سے غلطی ہو گئی ہے۔

[٦-] بابٌ فِى الِاسْتِثْنَاءِ فِى الْيَمِيْنِ

[١٥١٩-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ ثَنِى أَبِىْ، وَحَمَّادُ بنُ

سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ، فَقَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فَلاَ حِنْثَ عَلَيْهِ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ وَغَيْرُهُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا، وَهٰكَذَا رَوَى سَالِمٌ، عَنْ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ غَيْرَ أَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَقَالَ إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ: كَانَ أَيُّوْبُ أَحْيَانًا يَرْفَعُهُ وَأَحْيَانًا لاَيَرْفَعُهُ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ الِاسْتِثْنَاءَ إِذَا كَانَ مَوْصُوْلاً بِالْيَمِيْنِ فَلاَ حِنْثَ عَلَيْهِ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالْأَوْزَاعِيِّ، وَمَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

[۱۵۲۰-] حدثنا يَحيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ حَلَفَ فَقَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ"

سَأَلْتُ محمدَ بنِ إِسْمَاعِيْلِ عَنْ هٰذَا الْحديثِ؟ فَقَالَ: هٰذَا حديثٌ خَطَأٌ، أَخْطَأَ فِيْهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اخْتَصَرَهُ مِنْ حديثِ مَعْمَرٍ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ سُلَيْمَانَ بنَ دَاوُدَ عليه السلامُ قَالَ: لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَبْعِيْنَ امْرَأَةٍ، تَلِدُ كُلُّ امْرَأَةٍ غُلاَمًا، فَطَافَ عَلَيْهِنَّ فَلَمْ تَلِدْ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ إِلَّا امْرَأَةٌ نِصْفَ غُلاَمٍ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ قَالَ: إِنْ شاء اللّٰهُ لَكَانَ كَمَا قَالَ": هٰكَذَا رَوَى عبدُ الرزاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ هٰذَا الحديثَ بِطُوْلِهِ، وَقَالَ: سَبْعِيْنَ امْرَأَةً، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: قَالَ سُلَيْمَانُ بنُ دَاوُدَ:" لَأَطُوْفَنَّ اللَّيْلَةَ عَلٰى مِائَةِ امْرَأَةٍ"

فائدہ: حضرت سلیمان علیہ السلام امیر المؤمنین (بادشاہ) تھے، اور ایسے حضرات کو بعض سیاسی مصلحتوں سے نکاح کرنے پڑتے ہیں، جیسے ہمارے نبی ﷺ نے بعض سیاسی مصلحتوں سے نکاح کئے ہیں۔ ایسے ہی امت کے بعض افراد کو اپنے ذاتی حالات کی وجہ سے ایک سے زیادہ نکاح کرنے پڑتے ہیں، مگر آدمی کو اتنے ہی نکاح کرنے چاہئیں کہ بوقت ضرورت ایک رات میں سب کے پاس جاسکے، انبیاء علیہم السلام کو تو اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی قوت

دی تھی، اس لئے ان کے لئے تو تعداد کی تحدید نہیں تھی مگر امتی عام طور پر چار ہی سے نمٹ سکتے ہیں، اس سے زیادہ بیویاں کریں گے تو بعض کا لمعلّقة رہیں گی، اس لئے ان کے لئے تحدید کردی گئی ہے۔

بابٌ فی کَرَاهِیَةِ الْحَلِفِ بِغَیْرِ اللّٰهِ

غیر اللہ کی قسم کھانا ممنوع ہے

غیر اللہ کی قسم کھانے کی تین صورتیں ہیں: اول: حقیقتاً غیر اللہ کی قسم کھانا، یہ شرک ہے۔ دوم: تکیہ کلام کے طور پر غیر اللہ کی قسم کھانا۔ سوم: دلیل کو بصورت قسم ذکر کرنا: یعنی جس چیز کی قسم کھائی جائے وہ حقیقت میں قسم نہ ہو بلکہ دلیل ہو، قرآن کریم میں کائناتی چیزوں کی جو قسمیں کھائی گئی ہیں وہ اسی قبیل کی ہیں، یعنی وہ سب دلیلیں ہیں جو قسم کی صورت میں لائی گئی ہیں، مثلاً سورۃ التین میں اللہ تعالیٰ نے پہلے چار چیزوں کی قسم کھائی ہے، پھر فرمایا ہے: ﴿لَقَدْ خَلَقْنَا الإِنْسَانَ فِیْ أَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ﴾ چاروں قسمیں اس مقسم بہ کی دلیل ہیں، یہ جائز ہیں کیونکہ یہ حقیقت میں قسمیں نہیں ہیں، اسی طرح بطور تکیہ کلام غیر اللہ کی قسم کھانا بھی جائز ہے اور وہ بمنزلۂ یمین لغو کے ہے، مثلاً: عربی میں تکیہ کلام کے طور پر یہ قسم کھاتے ہیں: لَعَمْرُكَ! تیری زندگی کی قسم، لَعَمْرِیْ: میری زندگی کی قسم، إِیْ وَا یعنی إِیْ واللّٰهِ: ہاں بخدا! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ایک واقعہ میں قسم کھائی ہے: وَقُرَّةِ عَیْنِیْ: میری آنکھوں کی ٹھنڈک کی قسم! یہ قسمیں بمنزلہ یمین لغو ہیں، ان پر کوئی مواخذہ نہیں۔

البتہ حقیقتاً غیر اللہ کی قسم کھانا گناہ کبیرہ اور شرک ہے، اور غیر اللہ کی حقیقتاً قسم کھانا یہ ہے کہ دو باتوں کا اعتقاد کر کے قسم کھائے، ایک: جس کی قسم کھاتا ہے اس کی عظمت کا اللہ کی عظمت کی طرح اعتقاد ہو، دوسرے اللہ کے نام کی بے حرمتی کی طرح غیر اللہ کی بے حرمتی پر گناہ اور وبال کا اعتقاد ہو، مثلاً کوئی پیرانِ پیر (حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ) کی قسم کھاتا ہے تو ان دونوں باتوں کا اعتقاد ہوتا ہے اس لئے وہ شرک ہے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دورانِ گفتگو بار بار یہ قسم کھاتے سنا: میرے باپ کی قسم! میرے باپ کی قسم!! پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''خبردار! بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں تمہارے آباؤ اجداد کی قسمیں کھانے سے منع کیا ہے'' حضرت عمرؓ فرماتے ہیں: قسم بخدا! اس کے بعد میں نے کبھی ایسی قسم نہیں کھائی نہ یاد ہوتے ہوئے (نہ بھول کر) اور (نہ اپنی طرف سے ابتداءً) نہ دوسرے کی طرف سے نقل کرتے ہوئے (دونوں کے مقابل محذوف ہیں، ذاکراً کا مقابل ناسیا ہے اور آثِراً کا مقابل تَأْسِیْسًا ہے)

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی تنبیہ کا اتنا خیال کیا کہ بھول کر بھی کبھی غیر اللہ کی قسم نہیں

کھائی، اگرچہ بھول پر آدمی کا بس نہیں، بھول سے غلطی ہو ہی جاتی ہے، مگر پورا خیال رکھا جائے تو غلطی نہیں ہوتی، حضرت عمرؓ نے اس تنبیہ کا اس درجہ خیال رکھا کہ پھر بھول کر بھی غیر اللہ کی قسم منہ سے نہیں نکلی (ایک مرتبہ تنبیہ کے بعد پھر کبھی غلطی سرزد نہ ہو: یہ خوبی ہزار آدمیوں میں سے ایک میں ہوتی ہے، عام طور پر تنبیہ کا اثر چند روز رہتا ہے پھر کتے کی دم ٹیڑھی ہو جاتی ہے) اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حکایت کے طور پر بھی کبھی غیر اللہ کی قسم نہیں کھائی (یہاں سے یہ ادب نکلا کہ اگر بطور حکایت کوئی غلط بات بیان کرنی پڑے تو بھی اس کو اپنی طرف منسوب نہیں کرنا چاہئے، طلبہ انجمن میں جب مناظرہ کی مشق کرتے ہیں تو ایک فریق اہل حق کی ترجمانی کرتا ہے، اور دوسرا اہل باطل کی، باطل کی ترجمانی کرنے والا طالب عالم اس گمراہ جماعت کی طرف سے بطور حکایت کہتا ہے: میں یہ کہتا ہوں میرا یہ عقیدہ ہے، یہ غلط انداز ہے، بلکہ یہ کہنا چاہئے کہ قادیانی یہ کہتے ہیں، مودودی یہ کہتے ہیں، غیر مقلدین یہ کہتے ہیں، ان کی بات بطور حکایت بھی اپنی طرف منسوب نہیں کرنی چاہئے، یہ ادب کے خلاف ہے)

فائدہ: جب متقابلات میں سے ایک کو لیا جاتا ہے اور دوسرے کو حذف کیا جاتا ہے تو جو اہم ہوتا ہے اس کو لیا جاتا ہے اور غیر اہم کو حذف کیا جاتا ہے، چونکہ جان بوجھ کر غیر اللہ کی قسم کھانا بھول کر قسم کھانے کی بہ نسبت زیادہ برا ہے اس لئے ذاکراً کو لیا اور اس کے مقابل ناسیاً کو حذف کیا۔ اور آثِراً اور تَأْسِیْسًا میں اگرچہ زیادہ اہم تأسیسا ہے کیونکہ حقیقتاً غیر اللہ کی قسم کھانا: بطور حکایت قسم کھانے سے زیادہ برا ہے مگر آثِراً اس اعتبار سے اہم ہے کہ مسلمان غیر اللہ کی قسم حقیقتاً تو کھا ہی نہیں سکتا، ہاں بطور حکایت اس کی نوبت آسکتی ہے، اس لئے اس کو لیا اور کہا: بطور حکایت بھی آپؓ نے غیر اللہ کی قسم نہ کھائی، اور اس کے مقابل تأْسِیْسًا کو حذف کر دیا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملاقات کی جبکہ وہ ایک قافلہ میں تھے اور اپنے باپ کی قسم کھا رہے تھے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنے آباء کی قسم کھانے سے روکا ہے، قسم کھانے والا یا تو اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے''

[۷-] بابٌ فی کراهیة الحَلِفِ بغیرِ الله

[۱۵۲۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ: سَمِعَ النبیُّ صلى الله علیه وسلم عُمَرَ، وَهُوَ یَقُوْلُ: وأَبِیْ! وَأَبِیْ!! فَقَالَ: ''أَلَا! إِنَّ اللّٰهَ یَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَآئِكُمْ'' فَقَالَ عُمَرُ: فَوَاللّٰهِ! مَا حَلَفْتُ بِهِ بَعْدَ ذٰلِكَ ذَاكِرًا وَلَا آثِراً.

وفی الباب: عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ، وابنِ عباسٍ، وأَبِیْ هُرَیرةَ، وَقُتَیْلَةَ، وعبدِ الرحمنِ بنِ سَمُرَةَ، وهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

قَالَ أَبُوْ عُبَيْدٍ: مَعْنَى قَوْلِهِ: وَلاَ آثِراً، يُقُوْلُ: لاَ آثُرُهُ عَنْ غَيْرِىْ، يقولُ: لَمْ أَذْكُرْهُ عَنْ غَيْرِىْ.

[۱۵۲۲-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَدْرَكَ عُمَرَ وَهُوَ فِيْ رَكْبٍ، وَهُوَ يَحْلِفُ بِأَبِيْهِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَآئِكُمْ، لِيَحْلِفْ حَالِفٌ بِاللّٰهِ أَوْ لِيَسْكُتْ" هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: ابوعبید قاسم بن سلام امام لغت ہیں ان کی کتاب غریب الحدیث مطبوعہ ہے انھوں نے ولا آثراً کا ترجمہ کیا ہے: لم أذكره عن غيري یعنی دوسرے کی طرف سے نقل کرتے ہوئے بھی میں نے غیر اللہ کی قسم نہیں کھائی۔

بابٌ

غیر اللہ کی قسم کھانا گناہ کبیرہ ہے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک شخص کو اس طرح قسم کھاتے سنا: نہیں! کعبہ کی قسم! پس ابن عمرؓ نے اس سے فرمایا: غیر اللہ کی قسم مت کھا، میں نے حضور اقدس ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ جس نے غیر اللہ کی قسم کھائی اس نے کفر کیا، یا فرمایا شرک کیا۔

تشریح: اس حدیث میں غیر اللہ کی قسم کو جو شرک یا کفر کہا گیا ہے وہ تغلیظاً ہے یعنی ناقص کو کامل فرض کرکے کلام کیا گیا ہے، کیونکہ غیر اللہ کی قسم کھانے والا حقیقتاً کافر نہیں ہوجاتا، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تجدید ایمان کا حکم نہیں دیا تھا، جب انھوں نے باپ کی قسم کھائی تھی، اگر غیر اللہ کی قسم کھانا حقیقتاً کفر یا شرک ہوتا تو آنحضرت ﷺ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تجدید ایمان کا حکم دیتے، معلوم ہوا کہ یہ حدیث باب تغلیظ وتشدید سے ہے اور اس کی پہلے کئی نظیریں گذر چکی ہیں۔

سوال: آگے نبی ﷺ کا یہ ارشاد آرہا ہے کہ جو شخص لات وعزّی کی قسم کھائے: وہ لا الہ الا اللہ کہے، اس حدیث سے تو معلوم ہوتا ہے کہ غیر اللہ کی قسم کھانے والا حقیقتاً کافر ہوجاتا ہے، اس لئے اس کو تجدید ایمان کا حکم دیا۔

جواب: اس حدیث میں بھی تجدید ایمان کا حکم نہیں ہے، بلکہ وہ الرِّيَاءُ شِرْكٌ کے قبیل سے ہے، سورۃ الکہف کی آخری آیت: ﴿وَلاَ يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا﴾ کی تفسیر میں حضور اقدس ﷺ نے فرمایا ہے: الرياء شركٌ یعنی عبادت میں دکھاوا کرنا شرک ہے، ظاہر ہے یہ حقیقی شرک نہیں بلکہ بڑا گناہ ہے جس کو تغلیظاً شرک کہا گیا ہے۔ اسی طرح یہاں بھی فرمایا ہے کہ جو شخص لات وعزی کی قسم کھائے وہ لا إله إلا الله کہے (یہ امام ترمذیؒ کا جواب ہے)

مگر بہتر جواب یہ ہے کہ یہ حدیث علاج بالضد کے قبیل سے ہے، زمانۂ جاہلیت میں لوگ لات وعزی کی قسمیں کھایا کرتے تھے، اور اس کے عادی تھے، اور عادت یک دم نہیں چھوٹتی، رفتہ رفتہ چھوٹتی ہے، پس اگر کسی کے منہ سے بے اختیار واللات والعُزّی! نکل جائے تو نبی ﷺ نے اس کا علاج بتایا کہ بار بار لا إله إلا اللہ کہے، یہ کلمہ اس غلط بات کا کفارہ ہوجائے گا اور وہ غلط عادت بھی چھوٹ جائے گی، پس یہ علاج بالضد ہے، نہ وعید ہے نہ اس میں تجدید ایمان کا حکم ہے۔ واللہ اعلم

مسئلہ: غیر اللہ کی قسم کھانے سے قسم نہیں ہوتی، جیسے رسول اللہ کی قسم! کعبہ کی قسم! باپ کی قسم! بچے کی قسم وغیرہ۔ اس طرح کی قسم کھا کر اگر کوئی اس کے خلاف کرے تو کفارہ واجب نہیں، البتہ غیر اللہ کی قسم کھانا کبیرہ گناہ ہے۔

مسئلہ: قرآن کریم کی قسم: کلام اللہ کی قسم ہے، جو اللہ کی صفت ہے، پس جائز ہے، البتہ قرآن کو ہاتھ میں لے کر یا اس پر ہاتھ رکھ کر کوئی بات کہی، مگر قسم نہیں کھائی تو قسم نہیں ہوئی۔

[۸-] بابٌ

[۱۵۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنِ الْحَسَنِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدِ بنِ عُبَيْدَةَ: أَنَّ ابنَ عُمَرَ سَمِعَ رَجُلاً يَقُوْلُ: لاَ وَالْكَعْبَةِ! فَقَالَ ابنُ عُمَرَ: لاَ تَحْلِفْ بِغَيْرِ اللّٰهِ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ كَفَرَ أَوْ: أَشْرَكَ"؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وَتَفْسِيْرُ هٰذَا الحديثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ قَوْلَهُ:" فَقَدْ كَفَرَ أَوْ: أَشْرَكَ" عَلَى التَّغْلِيْظِ، وَالْحُجَّةُ فِيْ ذٰلِكَ: حديثُ ابنِ عُمَرَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سَمِعَ عُمَرَ يَقُوْلُ: وَأَبِيْ! وَأَبِيْ! فَقَالَ:" أَلاَ إِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ"

وَحديثُ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: مَنْ قَالَ فِيْ حَلِفِهِ: وَاللاَّتِ وَالْعُزَّى! فَلْيَقُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ" وَهٰذَا مِثْلُ مَارُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ:" الرِّيَاءُ شِرْكٌ" وَقَدْ فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلاً صَالِحًا﴾ الآيَةَ، قَالَ: لاَيُرَائِيْ:

ترجمہ: اس حدیث کی تفسیر بعض علماء کے نزدیک یہ ہے کہ نبی ﷺ کا ارشاد: فقد کفر أو: أشرك تغلیظ وتشدید پر محمول ہے اور اس کی دلیل ابن عمرؓ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس طرح قسم کھاتے ہوئے سنا: وأبی! وأبی! پس آپؐ نے فرمایا: خبردار! بیشک اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے آباء کی قسمیں کھانے سے منع کرتے ہیں یعنی نبی ﷺ نے باپ کی قسم کھانے سے منع فرمایا، مگر تجدید ایمان کا حکم نہیں دیا، معلوم ہوا کہ غیر اللہ کی

قسم کھانے سے حقیقتاً آدمی کافر نہیں ہوجاتا، پس مذکور حدیث تغلیظ ووعید کی ہے۔

(اس کے بعد سوال مقدر کا جواب ہے) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث جو وہ نبی ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: ''جس نے اپنی قسم میں واللات والعزی کہا، تو چاہئے کہ وہ لا إله إلا الله کہے'' یہ حدیث اس حدیث کے مانند ہے جو نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: ''عبادت میں دکھاوا کرنا شرک ہے'' بعض علماء نے آیت: ﴿فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا﴾ کی تفسیر یہ کی ہے کہ عبادت میں دکھاوا کرے یہ شرک ہے۔

بابٌ فی مَنْ يَحْلِفُ بالمَشْيِ وَلاَ يَسْتَطِيْعُ

پیدل حج کرنے کی قسم کھائی یا منت مانی اور چلنے کی طاقت نہ ہو تو کیا کرے؟

اگر کوئی پیدل حج کرنے کی قسم کھائے یا منت مانے اور وہ جزیرۃ العرب میں کہیں قریب رہتا ہے تو اس پر پیدل حج کرنا واجب ہے، کیونکہ اس کے لئے پیدل حج کرنا ممکن ہے اور اس کی جنس سے طاعت واجبہ ہے، طوافِ زیارت پیدل کرنا واجب ہے، اور اگر قسم یا منت پر عمل کرنا دشوار ہو، جیسے بہت بوڑھے شخص کا، یا عورت کا، یا دور دراز ممالک کے باشندے کا پیدل حج کرنا مشکل ہے تو وہ سوار ہوکر حج کرے اور ایک ہدی (بکرا) ذبح کرے اور استطاعت نہ ہو تو تین روزے رکھے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک عورت نے بیت اللہ کا پیدل حج کرنے کی منت مانی، نبی ﷺ سے اس سلسلہ میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس کے پیدل چلنے سے بے نیاز ہیں، اس عورت سے کہو کہ وہ سوار ہوکر جائے'' یعنی پیدل جانا اس کے لئے ضروری نہیں، اور ابو داؤد میں ہے کہ وہ ایک ہدی ذبح کرے (مشکوۃ حدیث ۳۴۴۱) اور ایک روایت میں تین روزوں کا ذکر ہے، وہ روایت آگے آرہی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ ایک ایسے بڑی عمر کے بوڑھے کے پاس سے گذرے جو اپنے دو بیٹوں کے کندھوں کے سہارے چل رہا تھا، آپؐ نے پوچھا: یہ کیا ناٹک ہے؟ یہ اس طرح کیوں چل رہا ہے؟ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس نے پیدل حج کرنے کی منت مانی ہے (اور بڑھاپے کی وجہ سے چل نہیں سکتا، اس لئے اس طرح چل رہا ہے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہیں کہ یہ شخص اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا کرے'' غرض آپؐ نے اس کو سوار ہونے کا حکم دیا۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص بیت اللہ تک چلنے کی نذر مانے تو اس پر بالاجماع حج یا عمرہ واجب ہے، پھر پیدل چلنا ممکن ہو تو پیدل حج یا عمرہ کرنا بھی واجب ہے اور اگر پیدل چلنا دشوار ہو تو سوار ہوکر جائے اس صورت میں ایک ہدی اور استطاعت نہ ہونے کی صورت میں تین روزے واجب ہونگے۔

[٩-] بابٌ فيمن يَحْلِفُ بِالْمَشْيِ، وَلَايستطيعُ

[١٥٢٤-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بنُ محمدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: نَذَرَتِ امْرَأَةٌ أَنْ تَمْشِيَ إِلىٰ بَيْتِ اللّٰهِ، فَسُئِلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ مَشْيِهَا، مُرُوْهَا فَلْتَرْكَبْ"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[١٥٢٥-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، ثَنَاحُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَرَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَيْخٍ كَبِيْرٍ يُهَادَى بَيْنَ ابْنَيْهِ، فَقَالَ:" مَا بَالُ هٰذَا؟" قَالُوْا: نَذَرَ يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْ يَمْشِيَ، فَقَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنْ تَعْذِيْبِ هٰذَا نَفْسَهُ" قَالَ: فَأَمَرَهُ أَنْ يَرْكَبَ.

حدثنا محمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا ابنُ أَبِىْ عَدِيٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم رَأَى رَجُلًا فَذَكَرَ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَالُوْا: إِذَا نَذَرَتِ الْمَرْأَةُ أَنْ تَمْشِيَ فَلْتَرْكَبْ وَلْتُهْدِ شَاةً.

بابٌ فى كَرَاهِيَةِ النُّذُوْرِ

نذرِ معلّق ناپسندیدہ ہے

معلق منت ماننا اگرچہ صحیح ہے مگر پسندیدہ نہیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''منت نہ مانا کرو، منت تقدیر کے سامنے کچھ کام نہیں آتی، اس کے ذریعہ بس بخیل سے مال نکال لیا جاتا ہے'' یہ حدیث نذرِ معلق کے بارے میں ہے اور نذرِ منجز یعنی کسی چیز پر معلق کئے بغیر کوئی مالی یا بدنی منت ماننا بلا کراہیت جائز ہے۔

[١٠-] باب فى كراهية النُّذُوْرِ

[١٥٢٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بن عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَا تَنْذُرُوْا، فَإِنَّ النَّذْرَ لَا يُغْنِىْ مِنَ الْقَدَرِ شَيْئًا، وَإِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ؛ حديثُ أَبِیْ هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَغَيْرِهِمْ كَرِهُوْا النَّذْرَ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ: مَعْنَی الْكَرَاهَةِ فِیْ النَّذْرِ فِی الطَّاعَةِ وَالْمَعْصِيَةِ، فَإِنْ نَذَرَ الرَّجُلُ بِالطَّاعَةِ فَوَفَی بِهِ، فَلَهُ فِيْهِ أَجْرٌ، وَيُكْرَهُ لَهُ النَّذْرُ.

ترجمہ: اس پر بعض صحابہ وغیرہ کا عمل ہے وہ نذر (معلق) کو مکروہ کہتے ہیں، اور ابن المبارکؒ نے فرمایا: طاعت ومعصیت دونوں کی نذر ماننا مکروہ ہے، پھر اگر کوئی طاعت کی نذر مانے اور اس کو پورا کرے تو وہ ثواب کا مستحق ہوگا مگر نذر ماننا پسندیدہ نہیں (اور معصیت کی نذر پورا کرنا جائز نہیں)

بابٌ فی وَفَاءِ النَّذْرِ

نذر پوری کرنے کا بیان

بعض چیزیں شرعاً پسندیدہ نہیں ہوتیں مگر ان کو کیا جائے تو نافذ ہوجاتی ہیں، جیسے حالت حیض میں طلاق دینا جائز نہیں، مگر کوئی دے تو نافذ ہوجائے گی، اسی طرح منت ماننا اگرچہ ناپسندیدہ ہے، مگر کوئی مانے تو اس کو پورا کرنا ضروری ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ کے موقع پر آنحضور ﷺ سے معلوم کیا کہ میں نے زمانۂ جاہلیت میں منت مانی تھی کہ اگر میرا فلاں کام ہوجائے تو میں ایک رات مسجد حرام میں اعتکاف کروں گا، پھر وہ کام ہوگیا تھا مگر ابھی تک میں نے نذر پوری نہیں کی تو کیا اب میں اس نذر کو پورا کرسکتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اپنی نذر پوری کرلو''

تشریح: اس حدیث میں دو مسئلے ہیں:

پہلا مسئلہ: اگر کوئی شخص حالتِ کفر میں کوئی منت مانے اور اس کو پورا کرنے سے پہلے مسلمان ہوجائے تو کیا مسلمان ہونے کے بعد اس منت کو پورا کرنا ضروری ہے؟ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر وہ معصیت کی منت نہیں ہے تو اس کو پورا کرنا واجب ہے، ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زمانۂ جاہلیت کی منت پورا کرنے کا حکم دیا، معلوم ہوا کہ زمانہ کفر کی منت کا وفا مسلمان ہونے کے بعد ضروری ہے، اور حنفیہ کے نزدیک حالت کفر کی منت کا وفا واجب نہیں۔ البتہ اگر وہ معصیت کی نذر نہیں ہے تو اس کو پورا کرنا مستحب ہے، اور اس حدیث میں امر استحباب کے لئے ہے اور اختلاف کی بنیاد یہ ہے کہ کفار: فروع کے مکلّف ہیں یا نہیں؟ احناف کے نزدیک مکلّف نہیں ہیں، چنانچہ نومسلم پر ماضی کی نمازوں کی قضا واجب نہیں، پس اس کی منت کا وفا بھی واجب نہیں۔

فائدہ: بعض کام ایسے ہوتے ہیں کہ جب تک ان پر عمل نہ کرلیا جائے طبیعت مطمئن نہیں ہوتی، منت بھی ایسا ہی

ایک کام ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو منت مانی تھی پھر اس کا وفا نہیں کیا تھا تو اس کا ان کی طبیعت پر بوجھ تھا، چنانچہ موقع میسر آتے ہی اس کے بارے میں دریافت کیا اور چونکہ وہ منت طاعت کی تھی اور اس کو پورا کرنے میں کوئی قباحت نہیں تھی اس لئے آپؐ نے ان کو منت پوری کرنے کی اجازت دی، تاکہ ان کی طبیعت پر سے بوجھ ہٹ جائے۔

دوسرا مسئلہ: اعتکافِ منذور میں روزہ شرط ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، دو بڑے اماموں کے نزدیک روزہ شرط ہے اگرچہ روزے کی منت نہ مانی ہو، پس اگر کوئی اعتکاف کی نذر مانے تو روزے کی نذر خود بخود ہو جاتی ہے، ان کی دلیل: لااعتكافَ إلا بصومٍ ہے یعنی روزے کے بغیر اعتکاف نہیں (رواہ البیہقی والحاکم) اس حدیث کا مصداق اعتکاف منذور ہے۔

اور چھوٹے دو اماموں کے نزدیک اعتکاف منذور میں روزہ شرط نہیں، ان کا استدلال حدیث باب سے ہے، وہ فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک رات کے اعتکاف کی منت مانی تھی اور رات میں روزہ مشروع نہیں، پس معلوم ہوا: اعتکاف منذور میں روزہ شرط نہیں۔

ان کے اس استدلال کا جواب یہ ہے کہ عربی میں لیل بول کر رات دن کا مجموعہ مراد لیتے ہیں، پس حدیث میں ۲۴ گھنٹے کا اعتکاف مراد ہے علاوہ ازیں بخاری (حدیث ۳۱۴۴) میں اعتکافَ یوم بھی آیا ہے اس لئے لیلةٌ سے یہ سمجھنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صرف رات کے اعتکاف کی منت مانی تھی: صحیح نہیں، پورے چوبیس گھنٹے کے اعتکاف کی منت مانی تھی، پس دن میں روزہ رکھا ہوگا۔

[۱۱-] بابٌ فی وَفَاءِ النَّذْرِ

[۱۵۲۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ نَذَرْتُ أَنْ أَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِيْ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ؟ قَالَ: "أَوْفِ بِنَذْرِكَ"

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عبّاسٍ؛ وحديثُ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى هٰذَا الْحديثِ، قَالُوْا: إِذَا أَسْلَمَ الرَّجُلُ وَعَلَيْهِ نَذْرُ طَاعَةٍ، فَلْيَفِ بِهِ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: لاَ اعْتِكَافَ إِلاَّ بِصَوْمٍ، وَقَالَ آخَرُوْنَ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَيْسَ عَلَى الْمُعْتَكِفِ صَوْمٌ إِلاَّ أَنْ يُوْجِبَ عَلٰى نَفْسِهِ صَوْمًا، وَاحْتَجُّوْا بِحديثِ عُمَرَ: أَنَّهُ نَذَرَ أَنْ يَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَمَرَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِالْوَفَاءِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ.

ترجمہ: (پہلا مسئلہ) بعض اہل علم نے اس حدیث کو اختیار کیا ہے وہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اسلام قبول کرے اور اس کے ذمے ازقبیل طاعت کوئی منت ہو تو وہ اس کو پورا کرے۔

(دوسرا مسئلہ) اور صحابہ وغیرہ بعض اہل علم کہتے ہیں: روزے کے بغیر اعتکاف نہیں اور علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے: معتکف کے ذمے روزے نہیں مگر یہ کہ وہ اپنے اوپر روزوں کو واجب کرے، یعنی اعتکاف کے ساتھ روزے کی بھی منت مانے، اور ان حضرات نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا ہے، انھوں نے زمانہ جاہلیت میں ایک رات اعتکاف کرنے کی منت مانی تھی، پس ان کو نبی ﷺ نے منت پوری کرنے کا حکم دیا (اور رات میں روزہ مشروع نہیں) اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے۔

بابٌ كَيْفَ كَانَ يَمِيْنُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ کس طرح قسم کھاتے تھے؟

قسم: اللہ تعالیٰ کے نام پاک کی کھانا بھی جائز ہے اور اللہ کی صفات کی بھی، نبی ﷺ نے اللہ کے نام کی بھی قسم کھائی ہے اور اللہ کی صفات کی بھی، ابن عمرؓ فرماتے ہیں: آپ زیادہ تر اس طرح قسم کھاتے تھے: وَمُقَلِّبِ القلوبِ: دلوں کو پلٹنے والے کی قسم!

[۱۲-] بابٌ كَيْفَ كانَ يمينُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟

[۱۵۲۸-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ عبدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: كَثِيْرًا مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَحْلِفُ بِهٰذِهِ الْيَمِيْنِ: "لاَ وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ فِيْ ثَوَابِ مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً

غلام آزاد کرنے کا ثواب (پہلا باب)

یہ باب ابواب الایمان والنذور میں اس لئے لائے ہیں کہ قسم کے کفارہ میں غلام بھی آزاد کیا جاتا ہے، اور غلام آزاد کرنے کی منت بھی مانی جاتی ہے اس مناسبت سے امام ترمذیؒ نے یہاں غلام آزاد کرنے کا ثواب بیان کیا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو کسی مسلمان غلام کو آزاد کرے (مؤمن کی قید احترازی ہے یعنی یہ ثواب مسلمان غلام کو آزاد کرنے کا ہے، کافر غلام کو آزاد کرنے کا نہیں ہے) تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے ہر عضو کو اس غلام

کے ہرعضو کے بدلے دوزخ سے آزاد کریں گے، یہاں تک کہ اس کی شرم گاہ کو اس کی شرمگاہ کے بدلے آزاد کریں گے ـــــ چنانچہ بعض علماء فرماتے ہیں: عورت کے لئے باندی کو اور مرد کے لئے غلام کو آزاد کرنا بہتر ہے۔

[۱۳-] بابٌ فی ثوابِ مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً

[۱۵۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ الهَادِ، عَنْ عُمَرَ بن عَلِيِّ بنِ الحُسَيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَرْجَانَةَ، عَنْ أَبِی هريرةَ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ: ”مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً أَعْتَقَ اللّٰهُ مِنْهُ بِكُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ، حَتَّى يُعْتِقَ فَرْجَهُ بِفَرْجِهِ“

وفی الباب: عَنْ عائشةَ، وَعَمْرِو بن عَبَسَةَ، وابنِ عباسٍ، وَوَاثِلَةَ بنِ الْأَسْقَعِ، وأَبِی أُمَامَةَ، وَكَعْبِ بنِ مُرَّةَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، حديثُ أَبِی هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وابنُ الْهَادِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أُسَامَةَ بنِ الْهَادِ،وَهُوَ مَدِيْنِیٌّ ثِقَةٌ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ.

ملحوظہ: یزید بھی مدینہ منورہ کے تھے، اور مدینی: مدینہ منورہ کی طرف نسبت ہے، تقریب میں مدنی ہے۔

بابٌ فی الرَّجُلِ يَلْطِمُ خَادِمَهُ

غلام کو تھپڑ مارنے کی سزا

حدیث: سوید بن مقرن مزنی کہتے ہیں: دیکھا میں نے ہم کو سات بھائی یعنی ہم سات بھائی تھے، ہمارے پاس ایک ہی خادم تھا، یعنی ہم ساتوں کے درمیان ایک ہی باندی تھی، ہم میں سے ایک نے کسی بات پر اس کو تھپڑ مار دیا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ چہرے پر تھپڑ مار دیا تو نبی ﷺ نے ہمیں اس باندی کو آزاد کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: اگر غلام باندی پر بلا وجہ زیادتی ہو جائے تو کفارہ کے طور پر اس کو آزاد کر دینا چاہئے اور یہ حکم بالاتفاق استحبابی ہے، آزاد کرنا فرض یا واجب نہیں۔ واللہ اعلم

[۱٤-] بابٌ فی الرجل يَلْطِمُ خَادِمَهُ

[۱۵۳۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ هِلَالِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ سُوَيْدِ بنِ مُقَرِّنٍ الْمُزَنِیِّ قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنَا سَبْعَ إِخْوَةٍ، مَالَنَا خَادِمٌ إِلَّا وَاحِدَةٌ، فَلَطَمَهَا أَحَدُنَا، فَأَمَرَنَا النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ نُعْتِقَهَا.

وفی الباب: عن ابنِ عُمرَ، وهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَی غَيْرُ واحدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ حُصَيْنِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، وَذَكَرَ بَعْضُهُمْ فِیْ هٰذَا الحديثِ، فَقَالَ: لَطَمَهَا عَلٰی وَجْهِهَا.

بابٌ

اسلام کے علاوہ مذہب کی جھوٹی قسم کھانا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو اسلام کے علاوہ کسی اور مذہب کی جھوٹی قسم کھائے تو وہ ویسا ہی ہے جیسا اس نے کہا''

تشریح: اگر کوئی شخص یہ قسم کھائے کہ اگر اس نے فلاں کام کیا ہو تو وہ یہودی یا ہندو ہے اور وہ جھوٹا ہو تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ ویسا ہی ہے جیسا اس نے کہا'' یعنی وہ یہودی یا ہندو ہو گیا ــــــ یہ حدیث بھی از قبیل وعید ہے یعنی ایسی قسم کھانا سخت کبیرہ گناہ ہے، مگر وہ شخص مرتد نہیں ہوگا اور اگر کوئی آئندہ کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی ایسی قسم کھائے پھر اس کی خلاف ورزی کرے تو جن حضرات کے نزدیک معصیت کی نذر منعقد نہیں ہوتی، ان کے نزدیک کوئی کفارہ نہیں، اہل مدینہ (مالک وشافعی رحمہما اللہ) کا یہی قول ہے۔ اور احناف وحنابلہ کے نزدیک ایسی قسم کھاتے ہی کفارہ واجب ہوگا، کیونکہ یہ حرام کو حلال کرنا ہے۔

[۱۵-] بابٌ

[۱۵۳۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِیِّ، عَنْ يَحْيَی بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بنِ الضَّحَّاكِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: ''مَنْ حَلَفَ بِمِلَّةٍ غَيْرِ الإِسْلَامِ كَاذِبًا فَهُوَ كَمَا قَالَ''؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَد اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ هٰذَا إِذَا حَلَفَ الرَّجُلُ بِمِلَّةٍ سِوَی الإِسْلَامِ: قَالَ: هُوَ يَهُوْدِیٌّ أَوْ نَصْرَانِیٌّ إِنْ فَعَلَ كَذَا وَكَذَا، فَفَعَلَ ذٰلِكَ الشَّیْءَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَدْ أَتَی عَظِيْمًا، وَلَا كَفَّارَةَ عَلَيْهِ، وَهُوَ قَوْلُ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، وَبِهِ يَقُوْلُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَإِلٰی هٰذَا الْقَوْلِ ذَهَبَ أَبُوْ عُبَيْدٍ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم وَالتَّابِعِيْنَ وَغَيْرِهِمْ: عَلَيْهِ فِیْ ذٰلِكَ الْكَفَّارَةُ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ، وَأَحْمَدَ، وإِسْحَاقَ.

ترجمہ: علماء کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ جب کوئی شخص اسلام کے علاوہ کسی اور مذہب کی قسم کھائے اور یہ کہے کہ وہ یہودی ہے یا نصرانی ہے اگر فلاں کام کرے، پھر وہ اس کام کو کرے: بعض علماء فرماتے ہیں: اس نے گناہ

کبیرہ کیا اوراس پر کفارہ واجب نہیں (ان حضرات کے نزدیک نذر معصیت اور یمین معصیت منعقد نہیں ہوتی، پس کفارہ بھی نہیں) اور یہ اہل مدینہ کا قول ہے، اور اسی کے قائل ہیں امام مالک (اور امام شافعی) اور ابو عبید قاسم بن سلّام نے اسی قول کو اختیار کیا ہے، اور صحابہ، تابعین اور ان کے علاوہ بعض علماء فرماتے ہیں: اس پر اس صورت میں کفارہ واجب ہے (کیونکہ یہ حرام کو حلال کرنا ہے، اور حلال کو حرام کرنے میں بالاتفاق کفارہ ہے پس اس کی برعکس صورت میں بھی کفارہ واجب ہے، تفصیل گذر چکی) اور یہ سفیان ثوری، احمد اور اسحاق کا قول ہے۔

بابٌ

ننگے پاؤں ننگے سر حج کرنے کی منت ماننا

حدیث: حضرت عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میری بہن نے منت مانی ہے کہ وہ بیت اللہ تک ننگے پاؤں اور ننگے سر پیدل چل کر جائے گی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کو تیری بہن کی تکلیف سے کچھ نہیں لینا، اس کو چاہئے کہ سوار ہو کر جائے اور سر ڈھانپے اور تین روزے رکھے''

تشریح: ننگے پاؤں چلنے کی منت ماننا درست نہیں کیونکہ اس کی جنس سے کوئی طاعت نہیں، پس اگر کوئی بیت اللہ تک ننگے پاؤں جانے کی منت مانے اور وہ چپل پہن کر جائے تو اس پر کفارہ واجب نہیں، کیونکہ ننگے پاؤں چلنا نہ خود کوئی عبادت ہے نہ اس کی جنس سے کوئی واجب عبادت ہے اور جس کی جنس سے کوئی واجب عبادت نہ ہو اس کی منت درست نہیں، البتہ پیدل چلنے کی منت ماننا درست ہے کیونکہ اس کی جنس سے واجب عبادت ہے، طواف زیارت پیدل کرنا واجب ہے، پس جو شخص پیدل چلنے کی منت مانے اور اس کی استطاعت نہ ہو تو ہدی (قربانی) پیش کرے، اور غریب ہو تو تین روزے رکھے۔

[۱۶-] بابٌ

[۱۵۳۲-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَحْيىَ بن سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ زَحْرٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الرُّعَيْنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَالِكٍ اليَحْصَبِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ قَالَ: قُلْتُ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ أُخْتِىْ نَذَرَتْ أَنْ تَمْشِيَ إِلَى الْبَيْتِ حَافِيَةً غَيْرَ مُخْتَمِرَةٍ؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ اللّٰهَ لَا يَصْنَعُ بِشَقَاءِ أُخْتِكَ شَيْئًا، فَلْتَرْكَبْ، وَلْتَخْتَمِرْ، وَلْتَصُمْ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ''

وفى الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عَنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

بابٌ

لات وعزی کی قسم منہ سے نکل جائے تو اس کا علاج

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص تم میں سے قسم کھائے پس کہے: لات کی قسم! یا عزی کی قسم! تو اس کو لا إله إلا الله کہہ کر اس کا تدارک کرنا چاہئے، اور جو شخص کہے: آ، میں تیرے ساتھ جوا کھیلوں تو وہ صدقہ کرے''

تشریح: جو شخص نیا مسلمان ہوا ہے اور وہ زمانہ کفر میں لات وعزی کی اور دیگر معبودانِ باطلہ کی قسمیں کھاتا رہا ہے اور اس کی عادت پڑ گئی ہے: پس مسلمان ہونے کے بعد اس کے منہ سے بے اختیار لات وعزی کی قسم نکل جائے تو اس کا علاج کیا ہے؟ یہ بری عادت کیسے چھڑائی جائے؟ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ''اگر ایسا ہو جائے تو لا إله إلا الله کہہ کر اس کا تدراک کرے، ایک بار ''رام'' کا نام زبان پر آئے تو سو بار اللہ کا نام لے، عادت چھوٹ جائے گی۔ اسی طرح زمانہ جاہلیت میں جوا کھیلتا تھا اور اس کی لت پڑی ہوئی ہے اور اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، مگر ایک شخص کو ہوکا (شدید خواہش) اٹھا، اس نے جوا کھیلنے کا ارادہ ظاہر کیا اور اس کی دوسرے کو دعوت دی تو نبی ﷺ نے فرمایا: کچھ صدقہ کرے، اور جب بھی جوا کھیلنے کو جی چاہے صدقہ کرتا رہے، یہ علاج بالضد ہے، آدمی مال کی لالچ میں جوا کھیلتا ہے، پس جب دو چار مرتبہ صدقہ کرے گا تو بھول کر بھی جوا کا نام نہیں لے گا۔

لطیفہ: اور بری عادت کا بھوت کس طرح چڑھتا ہے ایک لطیفہ سنیں: ایک لالہ جی ستر سال کی عمر میں مسلمان ہوئے، سچے پکے مسلمان ہوئے، مگر جب صبح آنکھ کھلتی تو بڑبڑاتے: رام، رام، رام، رام لوگوں نے مسجد کے امام صاحب سے شکایت کی کہ عبد الکریم اب بھی رام رام کرتا ہے، مولانا صاحب نے اس کو بلا کر سمجھایا تو کہنے لگا: حضرت جی! ستر برس کا رام دل میں بیٹھا ہوا: نکلتے نکلتے تو نکلے گا! ایک دم تھوڑے ہی نکل جائے گا!

[۱۷-] بابٌ

[۱۵۳۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثنا الزُّهْرِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرِيرةَ قَالَ: قالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ حَلَفَ مِنكُمْ، فَقَالَ فِيْ حَلِفِهِ: وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى! فَلْيَقُلْ: لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ: تَعالَ أُقَامِرْكَ، فَلْيَتَصَدَّقْ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الْمُغِيْرَةِ: هُوَ الْخَوْلَانِيُّ الْحِمْصِيُّ، واسْمُهُ عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بنُ الْحَجَّاجِ.

بابُ قَضَاءِ النَّذْرِ عَنِ الْمَيِّتِ

میت کی طرف سے منت پوری کرنا

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے اس منت کے بارے میں پوچھا جو ان کی والدہ نے مانی تھی اور اس کو پورا کرنے سے پہلے ان کی وفات ہوگئی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان کی طرف سے آپ نذر ادا کریں''

تشریح: اگر میت نے صدقہ وغیرہ مالی عبادت کی منت مانی ہو اور اس کو ادا کرنے کی وصیت کی ہو تو تہائی ترکہ سے وہ منت پوری کی جائے گی، اور اگر وصیت نہیں کی یا تہائی ترکہ سے ادا نہیں ہوسکتی تو ورثاء پر اس کی ادائیگی ضروری نہیں، البتہ اگر ورثاء منت پوری کریں اور وہ سب عاقل بالغ ہوں تو جائز ہے۔

اور بدنی عبادت میں نیابت جائز نہیں یعنی اگر میت نے نماز یا روزوں کی منت مانی ہو تو وارث اس کی طرف سے نماز روزہ نہیں رکھ سکتا، ہاں فدیہ دے سکتا ہے، البتہ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک وارث میت کی طرف سے نیابۃً نذر کے روزے رکھ سکتا ہے (تفصیل کتاب الصوم باب ۲۲ اور کتاب الزکوٰۃ باب ۳۱ میں گذر چکی ہے)

[۱۸-] بابُ قَضَاءِ النَّذْرِ عَنِ الْمَيِّتِ

[۱۵۳۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ سَعْدَ بنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى أُمِّهِ، تُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: '' اقْضِهِ عَنْهَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنْ أَعْتَقَ

غلام آزاد کرنے کا ثواب (دوسرا باب)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی مسلمان کسی مسلمان (یہ قید احترازی ہے) غلام کو آزاد کرے تو وہ غلام اس شخص کے لئے دوزخ سے آزادی کا سبب ہوگا، اللہ تعالیٰ اس غلام کے ہر عضو کے بدلے اس شخص کا ہر عضو آزاد کریں گے، اور جونسا مسلمان دو مسلمان باندیوں کو (یہ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ کے قاعدہ سے ہے) آزاد کرے تو وہ باندیاں اس کے لئے دوزخ سے آزادی کا سبب ہونگی، اللہ تعالیٰ ان کے ہر عضو کے بدلے اس شخص کے

ہرعضوکوآزادکریں گے،اور جوبھی عورت کسی مسلمان باندی کوآزادکرےتو وہ باندی اس کے لئے دوزخ سےآزادی کاسبب ہوگی،اللہ تعالیٰ اس کے ہرعضوکے بدلےاس عورت کے ہرعضوکوآزادکریں گے۔

[۱۹-] باب ماجاء فی فَضْلِ مَنْ أَعْتَقَ

[۱۵۳۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلٰی، ثَنَا عِمْرَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، وَهُوَ أَخُوْ سُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِیْ الجَعْدِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، وَغَيْرِهِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" أَيُّمَا امْرِئٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ امْرَأً مُسْلِمًا كَانَ فِكَاكَهُ مِنَ النَّارِ، يُجْزِئُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنْهُ، وَأَيُّمَا امْرِئٍ مُسْلِمٍ أَعْتَقَ امْرَأَتَيْنِ مُسْلِمَتَيْنِ كَانَتَا فِكَاكَهُ مِنَ النَّارِ، يُجْزِئُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهُمَا عُضْوًا مِنْهُ، وَأَيُّمَا امْرَأَةٍ مُسْلِمَةٍ أَعْتَقَتِ امْرَأَةً مُسْلِمَةً كَانَتْ فِكَاكَهَا مِنَ النَّارِ، يُجْزِئُ كُلُّ عُضْوٍ مِنْهَا عُضْوًا مِنْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

﴿الحمدللہ!ابواب النذوروالایمان کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ السِّيَرِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اسلام کا حربی نظام

بابُ ماجاءَ فی الدَّعْوَةِ قَبْلَ الْقِتَالِ

جنگ سے پہلے اسلام کی دعوت

سِیَر: سِیْرَةٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: سوانح، حالات زندگی، اور یہ مفرد کے معنی ہیں۔ جمع کے معنی دوسرے ہیں: سِیَرُ النبیّ کے معنی ہیں: اسلام کا حربی نظام، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی سے یہی مراد ہے

جن لوگوں کے ساتھ جنگ درپیش ہے اگر وہ مذہبِ اسلام اور اس کی بنیادی تعلیمات سے بالکل نابلد ہوں تو جنگ شروع کرنے سے پہلے ان کو اسلام کی دعوت دینا فرض ہے، اور اگر وہ اسلام کے بارے میں بخوبی جانتے ہیں تو دعوت دینا مستحب ہے۔

حدیث: ابوالبختریؒ سے مروی ہے کہ مسلمانوں کے لشکروں میں سے ایک لشکر نے، جس کے امیر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ تھے، فارس کے قلعوں میں سے ایک قلعہ کا محاصرہ کیا، فوج نے حضرت سلمانؓ سے جنگ شروع کرنے کی اجازت چاہی کہ ہم ان پر دھاوا بول دیں؟ یعنی یکبارگی حملہ کردیں؟ حضرت سلمانؓ نے فرمایا: رکو، میں پہلے ان کو اسلام کی دعوت دوں، جس طرح حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جنگ شروع کرنے سے پہلے دعوت دیا کرتے تھے، چنانچہ حضرت سلمانؓ قلعے کے نیچے گئے اور فارسی جاننے کے باوجود ترجمان کے ذریعہ ان سے عربی میں گفتگو کی، اور ان کو اسلام کی دعوت دی، فرمایا: میں تمہاری ہی طرح ایک فارسی ہوں اور تم عربوں کو دیکھ رہے ہو کہ وہ میری اطاعت کرتے ہیں (اسلام سے پہلے عرب وعجم میں بہت دوری تھی کوئی عرب کسی عجمی کی تابعداری کرے یہ بات ناممکن تھی، عرب ان کو عجمی (گونگے، بے زبان جانور) کہتے تھے اور وہ ان کو اُمی (انگوٹھا چھاپ، جاہل) کہتے تھے، اسلام نے اس دوری کو ختم کردیا اور عرب وعجم کو ملا دیا، یہ اسلام ہی کی برکت تھی کہ حضرت سلمانؓ: فارسی ہونے کے

باوجود عربوں کے امیر تھے) اور یہ سب عرب میرے ماتحت ہیں اگر تم بھی اسلام قبول کرلو تو تمہیں بھی وہی حقوق حاصل ہوں گے جو ہم مسلمانوں کو حاصل ہیں، اور تم پر بھی وہی ذمہ داریاں ہونگی جو ہماری ہیں، اور اگر تم اپنے دین ہی پر رہنا چاہو تو ہم تمہیں تمہارے دین پر برقرار رکھ سکتے ہیں مگر تمہیں اپنے ہاتھوں سے جزیہ دینا ہوگا جو تمہارے لئے اچھی بات نہیں ہوگی، یہ آخری بات کہ جزیہ دینا تمہارے لئے اچھی بات نہیں ہوگی حضرتؓ نے یہ سوچ کر کہ شاید مترجم صحیح ترجمانی نہ کرے: فارسی میں کہی، راوی چونکہ فارسی نہیں جانتا اس لئے کہتا ہے: اس کے بعد حضرت سلمانؓ نے فارسی میں کچھ کہا، جس کا مطلب تھا: جزیہ دینا تمہارے لئے اچھی بات نہیں ہوگی، اور اگر تم جزیہ دینے سے بھی انکار کرو تو ہم تمہیں جنگ کی صاف وارننگ دیتے ہیں، ان کفار نے جواب دیا: (اسلام قبول کرنے کا تو سوال ہی نہیں، رہا جزیہ تو) ہم ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو جزیہ دیں، ہم تمہارے ساتھ جنگ کریں گے (اس کے بعد حضرت سلمانؓ چلے آئے) دوسرے دن پھر مسلمانوں نے جنگ شروع کرنے کی اجازت چاہی تو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان کو تین دن تک اسی طرح دعوت دوں گا، پھر تین دن کے بعد انھوں نے حملہ کی اجازت دی، راوی کہتا ہے: پس ہم نے ان پر یکبارگی حملہ کردیا اور قلعہ فتح کرلیا۔

تشریح: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فارس کے رہنے والے تھے اور فارسی زبان بخوبی جانتے اور بولتے تھے، مگر انھوں نے قلعہ والوں سے فارسی میں بات نہیں کی، ترجمان کے واسطہ سے عربی میں گفتگو کی، جب ہندوستان میں آزادی کی تحریک چل رہی تھی، ایک مرتبہ امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ وائسرائے سے ملنے گئے اور اس سے اردو میں بات کی، انگریزی میں بات نہیں کی حالانکہ مولانا انگریزی جانتے تھے، مگر بیچ میں ترجمان تھا جو مولانا کی بات انگریزی میں وائسرائے کے سامنے پیش کرتا تھا اور اس کی بات ترجمہ کرکے مولانا کو سناتا تھا، ایک جگہ ترجمان نے غلطی کی تو مولانا نے اس کو ٹوکا، وائسرائے نے کہا: مولانا! جب آپ انگریزی جانتے ہیں تو آپ خود انگریزی میں مجھ سے بات کیوں نہیں کرتے؟ مولانا نے جواب دیا: اگر میں آپ سے انگریزی میں بات کرنے لگوں تو میرا آپ کا جھگڑا کیا رہا؟! اس واقعہ میں بڑا سبق ہے، اپنی زبان کی حفاظت کرنا، اور اس کی شان بلند کرنا ضروری ہے، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فارسی جاننے کے باوجود فارسی میں بات نہیں کی، عربی میں گفتگو کی، کیونکہ عربی اسلام کی مذہبی زبان تو ہے ہی سرکاری زبان بھی ہے، اس سے مسلم قوم کی، ان کے کلچر کی، ان کے مذہب کی اور ان کی حکومت کی شان بلند ہوتی ہے، آج دنیا میں کچھ لوگ ہیں جو بڑے زور شور سے یہ بات کہتے ہیں کہ جمعہ اور عیدین کے خطبے مقامی زبان میں دینے چاہئیں، ان کے نزدیک عربی خطبہ لاحاصل ہے وہ کہتے ہیں: عربی خطبہ کو خود خطیب نہیں سمجھتا، عام آدمی کیا سمجھے گا؟ اگر لوگوں کی زبان میں خطبہ دیا جائے تو خطبہ کا مقصد حاصل ہوگا، مگر ان کا یہ نظریہ صحیح نہیں، عربی زبان مسلمانوں کی مذہبی زبان ہے، اس کو باقی رکھنا اور اس کی شان بلند کرنا

ضروری ہے، اگر عربی نہیں رہے گی تو رفتہ رفتہ مسلمان اپنی مذہبی کتاب سے نابلد ہو جائیں گے۔ نبی ﷺ کے بعد جب اسلام جزیرۃ العرب سے نکلا اور قریبی علاقہ اسلامی حکومت کے زیرنگیں آیا اور بے شمار عجمی مسلمان ہوئے اس وقت ضرورت تھی کہ مقامی زبانوں میں خطبے دیئے جاتے، مگر صحابہ کا زمانہ سو سال کا ہے کبھی جمعہ اور عیدین کے خطبے غیر عربی میں نہیں دیئے گئے، ہمیشہ عربی میں خطبے دیئے گئے، اور یہی توارث وتعامل چلا آرہا ہے، اس لئے چاروں ائمہ متفق ہیں کہ غیر عربی میں جمعہ اور عیدین کے خطبے دینا مکروہ تحریمی ہے، اور جو حضرات غیر عربی میں خطبہ کے داعی ہیں ان کا یہ کہنا کہ عربی میں خطبہ لا حاصل ہے اس کو کوئی نہیں سمجھتا: ان سے عرض ہے کہ قرآن کریم بھی کتاب ہدایت ہے اور نماز میں جو قرآن پڑھا جاتا ہے اس کو کوئی نہیں سمجھتا، مکتبوں میں بچے جو قرآن پڑھتے ہیں اس کو وہ نہیں سمجھتے، پس کیا قرآن بھی مقامی زبان میں پڑھایا جائے گا؟ اگر ایسا ہوگا تو پھر قرآن کا خدا حافظ! جو حال تورات وانجیل کا ہوگیا وہی حال قرآن کریم کا بھی ہو جائے گا۔

غور کریں، حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے غیر عربی میں گفتگو کرنے کو پسند نہیں کیا، اس واقعہ سے مسلمانوں کے اندر لمحۂ فکریہ پیدا ہونا چاہئے، آخر حضرت سلمان فارسیؓ نے فارسی میں بات کیوں نہیں کی؟ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام کو پوری امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں، وہ جہاں بھی گئے عربی زبان کو ساتھ لے کر گئے اور اس کی اہمیت کو برقرار رکھا اور اس کی شان بلند کی جس کے نتیجہ میں آج وہ سب ممالک جو صحابہ نے فتح کئے تھے عرب ممالک ہیں، اور ہندوستان میں نو سو سال تک مسلمانوں نے حکومت کی، مگر یہ ملک عربی نہیں بنا، کیونکہ ان فاتحین کی زبان فارسی تھی، انھوں نے یہاں فارسی رائج کی، فارسی سے مسلمانوں کو کیا دلچسپی ہوسکتی ہے؟ عربی سے تو مذہبی لگاؤ ہے وہ مسلمانوں کی مذہبی زبان ہے اس لئے جہاں تک ممکن ہو عربی کی شان بلند کرنی چاہئے، ہر اہم موقع پر عربی میں خطبہ دینا چاہئے، کسی اور زبان میں جمعہ اور عیدین کا خطبہ دینا مکروہ تحریمی ہے، البتہ اگر خطبہ سے پہلے یا نماز کے بعد منبر سے الگ ہو کر اس خطبہ کا مضمون نمازیوں کو بتلا دیا جائے یا کوئی اور نصیحت کی جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں، بلکہ ایسا کرنا چاہئے۔

اس کو یوں بھی سمجھا جاسکتا ہے کہ ہر سرکاری زبان کے لئے اور ہر مذہبی زبان کے لئے نمود کے مواقع ضروری ہیں، تشہیر عام کے جو بھی مواقع میسر آئیں وہاں سرکاری زبان اور مذہبی زبان کا استعمال ضروری ہے تاکہ وہ زندہ رہے اور اس کا آوازہ بلند ہو، آج ہمارے ملک میں عربی زبان اسی بنیاد پر زندہ ہے کہ مکاتب میں بچے ناظرہ قرآن پڑھتے ہیں، نمازوں میں قرآن کی تلاوت کی جاتی ہے، خطبوں میں یہی زبان رائج ہے اور مدارس عربیہ میں اس کی تعلیم دی جاتی ہے، یہاں تک کہ لوگ یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ قرآن حجاز میں اترا، مصر میں پڑھا گیا، اور ہندوستان میں سمجھا گیا، یہ سب اسی عربی زبان کو اہمیت دینے کی برکت ہے۔

أبواب السِّيَر

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء فی الدَّعْوَةِ قَبْلَ الْقِتَالِ

[۱۵۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِی الْبَخْتَرِیِّ أَنَّ جَيْشًا مِنْ جُيُوْشِ الْمُسْلِمِيْنَ، كَانَ أَمِيْرُهُمْ سَلْمَانُ الْفَارِسِیُّ، حَاصَرُوْا قَصْرًا مِنْ قُصُوْرِ فَارِسَ، فَقَالُوْا: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! أَلَا نَنْهَدُ إِلَيْهِمْ؟ قَالَ: دَعُوْنِی أَدْعُوْهُمْ كَمَا سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْهُمْ، فَأَتَاهُمْ سَلْمَانُ فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّمَا أَنَا رَجُلٌ مِنكُمْ فَارِسِیٌّ، تَرَوْنَ الْعَرَبَ يُطِيْعُوْنِّی، فَإِنْ أَسْلَمْتُمْ فَلَكُمْ مِثْلُ الَّذِیْ لَنَا، وَعَلَيْكُمْ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَيْنَا، وَإِنْ أَبَيْتُمْ إِلَّا دِيْنَكُمْ: تَرَكْنَا كُمْ عَلَيْهِ، وَأَعْطُوْنَا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَأَنْتُمْ صَاغِرُوْنَ، قَالَ: وَرَطَنَ إِلَيْهِمْ بِالْفَارِسِيَّةِ: وَأَنْتُم غَيْرُ مَحْمُوْدِيْنَ، وَإِنْ أَبَيْتُمْ نَابَذْنَا كُمْ عَلٰى سَوَاءٍ، قَالُوْا: مَا نَحْنُ بِالَّذِیْ يُعْطِی الْجِزْيَةَ، وَلٰكِنَّا نُقَاتِلُكُمْ، فَقَالُوْا: أَيَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! أَلَا نَنْهَدُ إِلَيْهِمْ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَدَعَاهُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلٰى مِثْلِ هٰذَا، ثُمَّ قَالَ: انْهَدُوْا إِلَيْهِمْ، قَالَ: فَنَهَدْنَا إِلَيْهِمْ فَفَتَحْنَا ذٰلِكَ الْقَصْرَ.

وفی الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَالنُّعْمَانَ بنِ مُقَرِّنٍ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عباسٍ؛ وحديثُ سَلْمَانَ حديثٌ حسنٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ؛ وَسَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: أَبُوْ الْبَخْتَرِیِّ لَمْ يُدْرِكْ سَلْمَانَ، لِأَنَّهُ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيًّا، وَسَلْمَانُ مَاتَ قَبْلَ عَلِیٍّ.

وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ إِلٰى هٰذَا، وَرَأَوْا أَنْ يُدْعَوْا قَبْلَ الْقِتَالِ، وَهُوَ قَوْلُ إِسْحَاقَ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: إِنْ تُقُدِّمَ إِلَيْهِمْ فِی الدَّعْوَةِ فَحَسَنٌ، يَكُوْنُ ذٰلِكَ أَهْيَبَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَادَعْوَةَ الْيَوْمَ، وَقَالَ أَحْمَدُ: لَا أَعْرِفُ الْيَوْمَ أَحَدًا يُدْعَی، وَقَالَ الشَّافِعِیُّ: لَايُقَاتَلُ الْعَدُوُّ حَتّٰی يُدْعَوْا، إِلَّا أَنْ يُعْجِلُوْا عَنْ ذٰلِكَ، فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ فَقَدْ بَلَغَتْهُمُ الدَّعْوَةُ.

وضاحت: حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث منقطع ہے، کیونکہ ابوالبختری کا حضرت سلمان فارسیؓ سے لقاء وسماع نہیں، کیونکہ ابوالبختری کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لقاء نہیں، اور حضرت سلمانؓ کا دورِ عثمانی میں انتقال ہوگیا ہے، پس ان سے لقاء ممکن نہیں ــــــ بعض صحابہ وغیرہ نے اس حدیث کو اختیار کیا ہے کہ وہ جنگ شروع

کرنے سے پہلے اسلام کی دعوت دیئے جانے کو ضروری کہتے ہیں اور یہ اسحاق بن ابراہیم (ابن راہویہ) کا مذہب ہے، وہ فرماتے ہیں: اگر ان کے پاس دعوت دینے کے لئے خود جایا جائے تو بہتر ہے، یہ بات ان پر رعب ڈالے گی۔ اور بعض اہل علم آج کے زمانہ میں دعوت دینے کو ضروری خیال نہیں کرتے، امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں فی زمانہ کسی کے دعوت دیئے جانے کو ضروری نہیں سمجھتا، کیونکہ اسلام کے پیغام سے ہر کوئی واقف ہو چکا ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دشمن سے جنگ شروع نہ کی جائے تا آنکہ اس کو اسلام کی دعوت دی جائے، مگر یہ کہ وہ جنگ شروع کرنے میں جلدی کریں، یعنی اگر کفار جنگ شروع کر دیں اور دعوت دینے کا موقع نہ دیں تو دعوت دیئے بغیر جنگ شروع کرنے میں کوئی حرج نہیں، اور اگر مسلمان ایسا نہ کریں یعنی دعوت نہ دیں تو بھی کوئی حرج نہیں، کیونکہ ان تک اسلام کا پیغام پہنچ چکا ہے، لہٰذا فی زمانہ جنگ شروع کرنے سے پہلے اسلام کی دعوت دینا مستحب ہے، فرض اور واجب نہیں (اور صَاغِرُوْن کا جو مطلب حضرت سلمانؓ نے بیان کیا ہے وہ یاد رکھا جائے)

بابٌ

آبادی میں مسلمان بھی ہوں تو حملے سے پہلے ان کو علحدہ ہونے کا موقع دیا جائے

حدیث: حضرت عصام مُزنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کوئی بڑا لشکر یا چھوٹا لشکر روانہ فرماتے تو ان کو ہدایت دیتے کہ اگر تم کوئی مسجد دیکھو یا اذان سنو تو کسی کو قتل نہ کرو"

تشریح: عام طور پر علماء ایک فرق بیان کرتے ہیں کہ جس لشکر میں نبی ﷺ بذاتِ خود شریک ہوں وہ غزوہ اور جیش (بڑا لشکر) کہلاتا ہے اور جس میں آپؐ شریک نہ ہوں وہ سریّہ (چھوٹا لشکر) کہلاتا ہے، مگر یہاں جیش کے معنی ہیں: بڑا لشکر، اور سریہ کے معنی ہیں: چھوٹا لشکر، قطع نظر اس سے کہ اس میں نبی پاک ﷺ شریک ہیں یا نہیں۔

حضور اقدس ﷺ ہر لشکر کو خواہ وہ بڑا ہو یا چھوٹا: ہدایت دیا کرتے تھے کہ جس بستی پر حملہ کرنا ہے: اگر وہاں اسلام کی کوئی فعلی علامت مثلاً مسجد ہو یا کوئی قولی علامت مثلاً اذان سنی جائے تو اندھا دھند حملہ نہ کر دیا جائے بلکہ مسلمانوں کو وہاں سے ہٹ جانے کا موقع دیا جائے پھر جنگ شروع کی جائے۔

فائدہ: پرانے زمانہ میں تو اس پر عمل ممکن تھا مگر اب اس پر عمل دشوار ہے کیونکہ اب صرف زمینی جنگ نہیں ہوتی، ہوائی جنگ بھی ہوتی ہے، پھر شاید ہی کوئی ایسی بستی ہو جہاں کچھ مسلمان نہ رہتے ہوں، اس صورت میں کتب فقہ میں ایک مسئلہ لکھا ہے اس پر عمل ہوگا، اگر دشمن پہلی صف میں مسلمان قیدیوں کو کھڑا کر دیں اور ان کو پردہ بنائیں تو کافروں کی نیت سے تیر چلانا جائز ہے، خواہ وہ کسی کو لگے، آج کے حالات میں اسی فقہی جزئیہ پر عمل ہوگا، البتہ اگر اس حدیث پر عمل ممکن ہو تو پھر اسی پر عمل کیا جائے۔

[۲-] بابٌ

[۱۵۳۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحيىَ الْعَدَنِيُّ الْمَكِّيُّ، وَيُكْنَى بِأَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، الرَّجُلُ الصَّالِحُ: هُوَ ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَاسُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ نَوْفَلِ بنِ مُسَاحِقٍ، عَنْ ابنِ عِصَامٍ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا بَعَثَ جَيْشًا أَوْ سَرِيَّةً يَقُوْلُ لَهُمْ: "إِذَا رَأَيْتُم مَسْجِدًا أَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلاَ تَقْتُلُوْا أَحَدًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهُوَ حديثُ ابنِ عُيَيْنَةَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ محمد بن یحییٰ بن ابی عمر عدنی: مکہ مکرمہ میں بس گئے تھے اس لئے مکی کہلاتے ہیں، آپ کی اصل کنیت ابوعبداللہ ہے مگر امام ترمذیؒ عام طور پر ان کو ابن ابی عمر کی کنیت سے ذکر کرتے ہیں، یہ دادا کی طرف نسبت ہے اور بعض حضرات کہتے ہیں: ابوعمران کے والد کی کنیت تھی، یہ صاحب تصنیف محدث ہیں، آپ نے مسند لکھی ہے اور نیک صالح آدمی تھے، اور ابوحاتم نے کہا ہے: کانت فیه غفلة (تقریب) یہ ابن عیینہ کے خاص شاگرد ہیں، ابن عیینہ بھی مکہ میں رہتے تھے۔

بابٌ فی الْبِيَاتِ وَالْغَارَاتِ

شب خون مارنے کا اور دشمن کو دھوکہ میں رکھ کر حملہ کرنے کا بیان

البَيَاتُ اور الغارات دونوں جمع مؤنث سالم ہیں، ان کا مفرد: البَيَةُ اور الغارةُ ہے، تامدوّرہ ہٹا کر آخر میں الف اور لمبی ت بڑھائی گئی ہے، اور البَيَةُ کے معنی ہیں: شب خون مارنا، یعنی رات میں اچانک حملہ کرنا، اور الغارة کے معنی ہیں: دشمن کو دھوکہ میں رکھ کر حملہ کرنا۔

حضور اقدس ﷺ شب خون نہیں مارا کرتے تھے کیونکہ اندھیرے میں عورتیں اور بچے لپیٹ میں آجاتے ہیں اور اسلام عورتوں اور بچوں کے قتل کا روادار نہیں، اس لئے نبی پاک ﷺ کی سیرت طیبہ میں شب خون مارنا نہیں تھا، لیکن چونکہ زمانہ جاہلیت سے شب خون مارنے کا طریقہ چلا آرہا تھا اس لئے آپؐ احتیاطی تدابیر اختیار فرماتے تھے، پہرے دار اور شعار مقرر کرتے تھے یعنی اگر دشمن رات میں اچانک حملہ کردے تو مسلمان ایک دوسرے کو کس طرح پہچانیں؟ اس کے لئے شِعار (کوڈ ورڈ) مقرر فرماتے تھے اور ہر جنگ میں نیا شعار مقرر فرماتے تھے۔ غرض آنحضور ﷺ احتیاطی تدابیر تو اختیار فرماتے تھے مگر شب خون نہیں مارتے تھے۔

البتہ آپؐ کی سیرت میں سب سے اہم بات یہ تھی کہ آپؐ دشمن کو غافل رکھ کر اچانک اس کے سر پر پہنچ جاتے تھے، دشمن کو حملہ کی کانوں کان خبر نہیں ہونے دیتے تھے، فتح مکہ کے موقع پر دس ہزار کا لشکر جرّار لے کر جب آپؐ مکہ

مکرمہ کے آنگن میں پہنچ گئے ہیں تب مکہ والوں کو پتہ چلا ہے کہ آپؐ آ گئے، حالانکہ اتنے بڑے لشکر کی نقل وحرکت مخفی نہیں رہتی۔

اسی طرح غزوۂ خیبر کے موقع پر آپؐ پندرہ سوصحابہ کے ساتھ اچانک رات میں خیبر پہنچے ہیں، اس وقت یہودی قلعہ بند ہوکر سورہے تھے، نبی ﷺ نے نماز فجر کے بعد ریہرسل کا حکم دیا، اور خود بھی گھوڑے پر سوار ہوکر ریہرسل میں شریک ہوئے، اس جنگ میں تین سوگھوڑے تھے، انھوں نے چاروں طرف بے تحاشا دوڑ نا شروع کیا اور خیبر میں ایک ہنگامہ بپا کردیا، جب یہود کدال، پھاوڑے اور بورے لے کر قلعہ سے باہر نکلے تو حیران رہ گئے، کہنے لگے: محمد بخدا! بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے، حالانکہ کل پندرہ سوصحابہ تھے، آپؐ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور فرمایا: خیبر کا ناس ہوا! اس سے اور رعب پڑا، یہ جو آپ راتوں رات خیبر پہنچ گئے اور دشمن کو کانوں کان خبر نہیں ہونے دی اسی کا نام الغارۃ ہے، نبی ﷺ کی کامیابیوں کا بڑا مدار اسی طریقہ پر تھا۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب خیبر کی طرف نکلے تو رات میں خیبر پہنچ گئے، اور جب آپؐ کسی قوم پر رات میں پہنچتے تھے تو صبح ہونے سے پہلے حملہ نہیں کرتے تھے، چنانچہ جب صبح ہوئی تو یہود کدال اور بورے لیکر نکلے۔ مَسَاحِیْ: مِسْحَاۃ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: کدال۔ اور مَکَاتِلْ: مِکْتَلْ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: بورہ، جب یہود نے آپؐ کو دیکھا تو کہنے لگے: یہ محمد ہیں (یہ مستقل جملہ ہے أی هذا محمدٌ) واللہ! محمد بہت بڑا لشکر لے کر آ گئے، پس رسول اللہ ﷺ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا اور فرمایا: خیبر ویران ہوا! یہ بات آپؐ نے تفاؤلاً فرمائی تھی، جب یہود کدال، پھاوڑے، ٹوکرے اور بورے لے کر کاشت کے لئے نکلے تو آپؐ نے اس سے نیک فال لیا اور فرمایا: خیبر ویران ہوا یعنی جلد فتح ہوجائے گا کیونکہ یہ چیزیں دینا داری کی علامت ہیں اور دنیا کے پیچھے پڑنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے، پھر فرمایا: ''ہم جب کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ڈرائے ہوؤں کی صبح بری ہوتی ہے!'' (خمیس: بڑے لشکر کو کہتے ہیں جس میں پانچ حصے ہوتے ہیں: مقدمہ، میمنہ، میسرہ، قلب اور ساقہ یعنی پچھلا حصہ)

حدیث (۲): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب کسی قوم پر فتح یاب ہوتے تھے تو ان کے علاقہ میں تین دن ٹھہرتے تھے۔

تشریح: آپ ﷺ فتح حاصل کرنے کے بعد کم از کم تین دن وہاں ضرور قیام فرماتے تھے تاکہ زخمیوں کی مرہم پٹی ہوجائے، شہداء کو دفن کیا جائے، کافروں کی لاشیں ٹھکانے لگائی جائیں اور دشمن جو میدان سے بھاگ کھڑا ہوا ہے اگر وہ اپنا حوصلہ نکالنا چاہے تو آ جائے، اگر فوج فوراً میدان سے چل دے گی تو دشمن کو یہ افواہ پھیلانے کا موقع ملے گا کہ مسلمان میدان چھوڑ کر بھاگ گئے، اور وہ پیچھے سے حملہ بھی کرسکتے ہیں پس فتح شکست میں بدل جائے گی، اس لئے نبی ﷺ

فوراً وہاں سے نہیں ہٹتے تھے، کم از کم تین دن وہاں قیام فرماتے تھے، پھر علاقہ کا نظم وانتظام کرکے واپس لوٹتے تھے۔

[۳-] بابٌ فی البَیَاتِ والْغَارَاتِ

[۱۵۳۸-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنِی مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم حِیْنَ خَرَجَ إِلٰی خَیْبَرَ أَتَاهَا لَیْلاً، وَكَانَ إِذَا جَاءَ قَوْمًا بِلَیْلٍ لَمْ یُغِرْ عَلَیْهِمْ حَتَّی یُصْبِحَ، فَلَمَّا أَصْبَحَ خَرَجَتْ یَهُوْدُ بِمَسَاحِیْهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ قَالُوْا: مُحمدٌ! وَافَقَ – وَاللّٰہِ – مُحمدٌ الْخَمِیْسَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "اللّٰہُ أَكْبَرُ! خَرِبَتْ خَیْبَرُ! إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ!"

[۱۵۳۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، وَمُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، قَالَا: ثَنَا مُعَاذُ بنُ مُعَاذٍ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ أَبِی عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِی طَلْحَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلٰی قَوْمٍ أَقَامَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلاَثًا.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وحدیثُ حُمَیْدٍ عَنْ أَنَسٍ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَقَدْ رَخَّصَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ فِی الْغَارَةِ بِاللَّیْلِ، وَأَنْ یُبَیَّتُوْا، وَكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ، وَقَالَ أَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ: لاَ بَأْسَ أَنْ یُبَیَّتَ الْعَدُوُّ لَیْلاً، وَمَعْنَی قَوْلِهِ: وَافَقَ مُحمدٌ الْخَمِیْسَ: یَعْنِی بِهِ الْجَیْشَ.

ترجمہ: بعض علماء رات میں دشمن کے سر پر پہنچ جانے کی اور شب خون مارنے کی اجازت دیتے ہیں، اور بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں اور احمد واسحاق فرماتے ہیں: دشمن پر شب خون مارنے میں کوئی حرج نہیں، الخمیس کے معنی ہیں: بڑا لشکر، وجہ تسمیہ اوپر آ گئی۔ اور وافق کے معنی ہیں: ساتھ لے کر آ گئے۔

بابٌ فی التَّحْرِیْقِ وَالتَّخْرِیْبِ

دشمن کے علاقے میں آگ لگانے اور کھیتی وغیرہ اجاڑنے کا بیان

اگر جنگی مصلحت ہو کہ دشمن کے باغات، کھیتیاں، مکانات اور سامان جلا دیا جائے اور برباد کر دیا جائے تو ایسا کرنا جائز ہے، اور خواہ مخواہ محض تماشے کے طور پر ایسا کرنا منع ہے، کیونکہ وہ کھیتیاں، باغات، مکانات اور سامان کل ہمارا ہوگا، پس ان کو جلانا اور برباد کرنا اپنا نقصان کرنا ہے۔

حدیث: جب غزوۂ بنو نضیر پیش آیا تو بنو نضیر قلعہ بند ہو گئے، ان کے پاس کافی رسد تھی، اس لئے وہ باہر نہیں نکلتے تھے، مسلمان ان کے نکلنے کے انتظار میں دن کاٹ رہے تھے، جب تنگ آ گئے تو بعض مسلمانوں نے ان کے بویرہ نامی

باغات کاٹنے اور جلانے شروع کئے تا کہ وہ اپنے باغات بچانے کے لئے باہر نکلیں اور جنگ ہو اور معاملہ ایک طرف ہوجائے، دوسرے صحابہ نے ان کو منع کیا کہ یہ باغات کل ہمارے ہونگے ان کو کاٹنے اور جلانے میں اپنا ہی نقصان ہے، جب صحابہ میں یہ اختلاف ہوا تو سب حاضر خدمت ہوئے، اس وقت سورۃ الحشر کی آیت ۵ نازل ہوئی، ارشاد پاک ہے: ''جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹے یا ان کو ان کی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا: یہ سب اللہ تعالیٰ کی اجازت سے ہے تا کہ اللہ تعالیٰ نافرمانوں کو ذلیل اور رسوا کریں'' اس آیتِ پاک میں اللہ تعالیٰ نے دونوں جماعتوں کے فعل کو صحیح قرار دیا، پس مسئلہ واضح ہوگیا کہ یہ کام جنگی مصلحت کے تابع ہے۔

[٤-] بابٌ فی التَّحْرِيْقِ وَالتَّخْرِيْبِ

[١٥٤٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَرَّقَ نَخْلَ بَنِی النَّضِيْرِ وَقَطَعَ، وَهِیَ الْبُوَيْرَةُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿ مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى أَصُوْلِهَا فَبِإِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِیَ الْفَاسِقِيْنَ﴾

وفی الباب: عن ابنِ عَباسٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ ذَهَبَ قَوْمٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى هٰذَا، وَلَمْ يَرَوْا بَأْسًا بِقَطْعِ الْأَشْجَارِ وَتَخْرِيْبِ الْحُصُوْنِ، وَكَرِهَ بَعْضُهُمْ ذٰلِكَ، وَهُوَ قَوْلُ الْأَوْزَاعِیِّ، قَالَ الْأَوْزَاعِیُّ: وَنَهٰی أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ أَنْ يَقْطَعَ شَجَراً مُثْمِراً، أَوْ يُخَرِّبَ عَامِراً، وَعَمِلَ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَهُ.

وَقَالَ الشَّافعیُّ: لَا بَأْسَ بِالتَّحْرِيْقِ فِیْ أَرْضِ الْعَدُوِّ وَقَطْعِ الْأَشْجَارِ وَالثِّمَارِ، وَقَالَ أَحْمَدُ: وَقَدْ تَكُوْنُ فِیْ مَوَاضِعَ لَايَجِدُوْنَ مِنْهُ بُدًّا، فَأَمَّا بِالْعَبْثِ فَلَا تُحَرَّقُ، وَقَالَ إِسْحَاقُ: التَّحْرِيْقُ سُنَّةٌ، إِذَا كَانَ أَنْكٰی فِيْهِمْ.

ترجمہ: بعض علماء اس حدیث کی طرف گئے ہیں، وہ دشمن کے درخت کاٹنے میں اور ان کی کھیتیاں برباد کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتے، اور بعض علماء اس کو مکروہ کہتے ہیں اور یہ اوزاعی کا قول ہے (ابواب الحدود باب ۲۰ میں جہاں پہلی بار امام اوزاعی کا تذکرہ آیا ہے: ہم نے بتلایا ہے کہ ان کا دعوی تھا کہ اسلام کا حربی نظام سب سے زیادہ اہل شام جانتے ہیں، اہل عراق اس سے نابلد ہیں) وہ کہتے ہیں: دشمن کے باغات کاٹنا اور ویران کرنا مکروہ ہے اور دلیل یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے دور خلافت میں ایک لشکر روانہ کیا، اور یزید نامی ایک شخص کو امیر مقرر کیا اور ان کو نصیحت کی کہ دشمن کے پھل دار درخت نہ کاٹے جائیں اور ان کی بستیوں کو ویران نہ کیا جائے اور اس نصیحت پر بعد کے مسلمانوں نے عمل کیا (مگر مطلقاً ممانعت کی بات صحیح نہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے عمل کو جنھوں نے

بنونضیر کے باغات کاٹے تھے: صحیح ٹھہرایا ہے، پس اس کو مطلقاً مکروہ کیسے کہہ سکتے ہیں؟) اور امام شافعی رحمہ اللہ (جن کا مقام امام اوزاعی رحمہ اللہ سے کہیں بلند ہے) فرماتے ہیں: دشمن کے علاقہ میں آگ لگانے میں اور درختوں اور پھلوں کو کاٹنے میں کوئی حرج نہیں۔ اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: بعض جگہ دشمن کے درخت وغیرہ کاٹنا اور برباد کرنا ضروری ہوتا ہے، وہاں اس کی گنجائش ہے، رہا کھیل تماشہ تو اس طرح کاٹے اور جلائے نہ جائیں، اور اسحاق رحمہ اللہ فرماتے ہیں: درخت وغیرہ جلانا سنت ہے اگر اس سے دشمن پر زد پڑتی ہو۔

بابُ ماجاء فی الْغَنِیْمَةِ

غنیمت حلال ہونے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام انبیاء پر برتری بخشی ہے یا فرمایا: میری امت کو تمام امتوں پر برتری بخشی ہے، اور ہمارے لئے غنیمت کو حلال کیا ہے''

تشریح: پہلی امتوں کے لئے غنیمت حلال نہیں تھی، صرف اس امت کے لئے حلال کی گئی ہے، اور اس کی حکمت حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ حضور اقدس ﷺ کے علاوہ تمام انبیاء کی بعثت مخصوص علاقہ اور مخصوص قوم کے لئے ہوئی تھی اس لئے ان کا جہاد وقتی ہوتا تھا اور نبی ﷺ کی بعثت ساری دنیا کی طرف ہے اور قیامت تک کے لئے ہے، اس لئے آپؐ کی امت میں ہمیشہ جہاد جاری رہے گا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کی ضرورت کے پیش نظر غنیمت کو حلال کیا ہے۔

بہ الفاظ دیگر: غنیمت میں اصل حلال نہ ہونا ہے تاکہ جو جہاد کرے اخلاص کے ساتھ کرے، اگر غنیمت حلال ہوگی تو غنیمت کے لالچ میں لوگ جہاد کریں گے مگر امت محمدیہ کے لئے ایک مجبوری تھی اس وجہ سے ان کے لئے غنیمت حلال کی گئی۔

اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ گذشتہ امتوں کا جہاد معینہ مدت، معین قوم اور معین علاقہ تک ہوتا تھا کیونکہ ان انبیاء کی بعثت مخصوص قوم اور مخصوص علاقہ کے لئے ہوئی تھی، اس لئے ان کا جہاد چند روزہ تھا اور مجاہدین کے پاس کھانے کمانے کا وقت تھا اس لئے غنیمت کو حلال کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی، مگر اس امت کی صورت حال دوسری ہے، اِن کا جہاد ہمیشہ جاری رہے گا اور قیامت تک جاری رہے گا، کیونکہ حضور اقدس ﷺ کی بعثت ساری دنیا کے لئے اور قیامت تک کے لئے ہے، اس وجہ سے اس امت کے لئے غنیمت حلال کی گئی، تاکہ سال بھر اور ہمیشہ جہاد جاری رہ سکے اور مجاہدین کی ضرورتیں پوری ہوتی رہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں انبیاء پر چھ باتوں میں برتری بخشا گیا ہوں: (۱) مجھے جوامع الکلم

(جامع ارشادات) دیئے گئے ہیں (یہ ترکیب مقلوبی ہے، اصل: كلماتٌ جامعةٌ ہے، عبارت کوسبک کرنے کے لئے مرکب توصیفی کو مرکب اضافی بنایا گیا ہے اور كَلِمةٌ جامعةٌ: کے معنی ہیں: الفاظ تھوڑے اور معنی بہت، نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے یہ خوبی عطا فرمائی ہے کہ آپ مختصر جملے میں بہت کچھ فرما دیتے ہیں) (۲) اور میری رعب (دبدبہ) کے ذریعہ مدد کی گئی ہے (ایک دوسری حدیث میں ہے کہ آپ کا رعب ایک مہینہ کی مسافت تک پڑتا تھا) (۳) اور میرے لئے غنیمت کو حلال کیا گیا ہے (۴) اور میرے لئے پوری زمین کو نماز پڑھنے کی جگہ اور پا کی کا آلہ بنایا گیا ہے (۵) اور مجھے تمام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا ہے (۶) اور مجھ پر نبوت تمام کردی گئی ہے یعنی میری بعثت آخری بعثت ہے اور قیامت تک کے لئے ہے۔

[٥-] باب ماجاء في الْغَنِيْمَةِ

[١٥٤١-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُبَيْدِ الْمُحَارِبِيُّ، ثَنَا أَسْبَاطُ بنُ محمدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ فَضَّلَنِيْ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ، أَوْ قَالَ: أُمَّتِيْ عَلَى الْأُمَمِ، وأَحَلَّ لَنَا الْغنَائِمَ"

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأَبِيْ ذَرٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَأَبِيْ مُوْسَى، وابنِ عَبَّاسٍ؛ حديثُ أَبِيْ أُمَامَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَسَيَّارٌ هٰذَا: يُقَالُ لَهُ سَيَّارٌ مَوْلٰى بَنِيْ مُعَاوِيَةَ، وَرَوَى عَنْهُ سُليمانُ التَّيْمِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ بُجَيْرٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ.

[١٥٤٢-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " فُضِّلْتُ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِسِتٍّ: أُعْطِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ، وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ، وَأُحِلَّتْ لِيَ الْغَنَائِمُ، وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُوْراً، وأُرْسِلْتُ إِلَى الْخَلْقِ كَافَّةً، وَخُتِمَ بِيَ النَّبِيُّوْنَ"؛ هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ في سَهْمِ الْخَيْلِ

غنیمت میں گھوڑوں کا حصہ

مذاہبِ فقہاء: امام اعظم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: غنیمت میں گھوڑ سوار کے دو حصے ہیں: ایک گھوڑے کا اور ایک سوار کا۔ دیگر تمام فقہاء کے نزدیک بشمول صاحبین: گھوڑسوار کے تین حصے ہیں، ایک حصہ سوار کا اور دو حصے گھوڑے کے، اس لئے کہ گھوڑا زیادہ کھاتا ہے اس لئے اس کا حصہ بھی دوگنا ہے، اور باب کی حدیث جمہور کی دلیل ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے غنیمت تقسیم فرمائی: گھوڑے کے لئے دو حصے اور آدمی کے لئے ایک حصہ (پس گھوڑسوار کے لئے تین حصے ہوئے اور پیادہ کے حصہ کا اس حدیث میں ذکر نہیں)

اس مضمون کی اور بھی روایات ہیں جو جمہور کی دلیل ہیں، اور امام اعظمؒ کی دلیل یہ ہے کہ جنگ خیبر میں صرف وہ صحابہ شریک ہوئے تھے جو صلح حدیبیہ میں شریک تھے، نیا کوئی شخص جنگ خیبر میں شریک نہیں ہوا تھا اور وہ پندرہ سو صحابہ تھے جن میں تین سو گھوڑسوار تھے، نبی ﷺ نے خیبر کی کل غنیمت کے پہلے اٹھارہ حصے کئے، پھر ہر حصے کے سو حصے کئے، پس کل اٹھارہ سو حصے ہوئے اور تقسیم اس طرح فرمائی کہ پیادوں کو ایک ایک حصہ دیا اور گھوڑسواروں کو دو دو حصے دیئے، یہ مجمع بن جاریہ کی روایت ہے اور ابو داؤد میں ہے، امام ابو داؤد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں وہم ہے، جنگ خیبر میں تین سو نہیں دو سو گھوڑے تھے، مگر یہ ایک دعوی ہے، اس کو ثابت کرنا مشکل ہے، علاوہ ازیں اگر اس دعوی کو تسلیم کر لیا جائے تو حساب صحیح نہیں بیٹھتا کیونکہ اس صورت میں انیس سو حصے ہونے چاہئیں، پندرہ سو مجاہدین کے اور چار سو: گھوڑوں کے، جبکہ یہ طے ہے کہ نبی ﷺ نے خیبر کی غنیمت کے اٹھارہ سو حصے کئے تھے۔

اور میری رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ گھوڑسوار کا دوہرا حصہ تو اس کا حق ہے اور تیسرا حصہ نفل (انعام) ہے جو گھوڑوں کی کارکردگی اور امیر کی صوابدید پر موقوف ہے، رسول اللہ ﷺ جنگوں میں اس طرح انعام دیا کرتے تھے، مسلم شریف میں حدیث ہے کہ ایک جنگ میں نبی ﷺ نے حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کو پیادہ ہونے کے باوجود دوہرا حصہ دیا، یہ جو ایک حصہ زائد دیا گیا وہ بالاتفاق انعام تھا، ان کا استحقاق نہیں تھا اسی طرح گھوڑسوار کا دوہرا حصہ تو اس کا حق ہے اور تیسرا حصہ انعام ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عامل حضرت منذر بن ابی حمیصہ رضی اللہ عنہ نے شام میں ایک غنیمت تقسیم کی، پس گھوڑے کو ایک حصہ، اور سوار کو ایک حصہ (کل دو حصے) دیئے، یہ معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش ہوا تو آپ نے اس کو برقرار رکھا۔ یہ واقعہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے کتاب الخراج میں امام اعظم رحمہ اللہ کی سند سے بیان کیا ہے، اس روایت سے دو باتیں واضح ہوئیں: ایک: حضرت منذرؓ کی یہ تقسیم خلافِ معمول تھی اسی وجہ سے یہ معاملہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش ہوا، دوسری: حضرت عمرؓ کا اس تقسیم کو نافذ کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ گھوڑے کا حصہ درحقیقت ایک ہی ہے دوسرا انعامی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

[٦-] بابُ فی سَهْمِ الْخَيلِ

[١٥٤٣-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، وَحُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ قَالاَ: ثَنَا سُلَيْمُ بنُ أَخْضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَسَمَ فِي النَّفْلِ: لِلْفَرَسِ بِسَهْمَيْنِ، وَلِلرَّجُلِ بِسَهْمٍ.

حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُلَيْمِ بنِ أَخْضَرَ نَحْوَهُ.

وفي الباب: عَنْ مُجَمِّعِ بنِ جارِيَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وابنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَن أَبِيْهِ؛ وَحديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالأَوْزَاعِيِّ، وَمَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافعيِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ قَالُوْا: لِلْفَارِسِ ثَلاَثَةُ أَسْهُمٍ، سَهْمٌ لَهُ، وَسَهْمَانِ لِفَرَسِهِ، وَلِلرَّاجِلِ سَهْمٌ.

وضاحت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث سلیم کی سند سے مسلم شریف میں ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: قَسَمَ فِی النَّفْلِ: لِلْفَرسِ سَهْمَيْنِ، وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا (حدیث ۱۷۶۲) یہی الفاظ تقریبا بخاری (حدیث ۲۸۶۳) میں ہیں اور ابوداؤد (حدیث ۲۷۳۳) کے الفاظ یہ ہیں: أَسْهَمَ لِرَجُلٍ وَلِفَرَسِهِ ثلاثةَ أَسْهُمٍ: سَهْماً لَهُ وَسَهْمَيْنِ لفرسه۔

بابُ ماجاء في السَّرَايَا

چھوٹے لشکروں کا بیان

سَرَايا: سَرِيَّة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا لشکر، اور بڑے لشکر کو جیش کہتے ہیں ——— جس جہاد میں نبی پاک ﷺ نے شرکت فرمائی ہے، علمائے سیر کی اصطلاح میں اس کو غزوہ کہتے ہیں، اور جس میں آپ شریک نہیں ہوئے اس کو سریہ اور بعث کہتے ہیں (سیرۃ المصطفیٰ ۲: ۴۴)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''بہترین ساتھی چار ہیں یعنی جب سفر کا ارادہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ چار آدمیوں کی جماعت ایک ساتھ سفر کرے، اور بہترین چھوٹا لشکر چار سو کا ہے اور بہترین بڑا لشکر چار ہزار کا ہے، اور بارہ ہزار کا لشکر قلتِ تعداد کی وجہ سے کبھی ہار نہیں سکتا (اگر اتنا بڑا لشکر ہارے تو اس کی کوئی وجہ ہوگی، جیسے حنین میں بارہ ہزار کا لشکر تھا پھر بھی بھگدڑ مچی تو اس کی وجہ تھی)

ملحوظہ: یہ ارشاد: نبی ﷺ کے زمانہ کے اعتبار سے ہے، اس میں زمانوں کے احوال کے اعتبار سے کمی بیشی ہوسکتی ہے۔

[۷-] باب ماجاء في السَّرَايَا

[۱۵٤٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ الأَزْدِيُّ الْبَصْرِيُّ، وأَبُوْ عَمَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا: ثَنا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ

عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”خَيْرُ الصَّحَابَةِ أَرْبَعَةٌ، وَخَيْرُ السَّرَايَا أَرْبَعُ مِائَةٍ، وَخَيْرُ الْجُيُوْشِ أَرْبَعَةُ آلاَفٍ، وَلاَ يَغْلِبُ اثْنَا عَشَرَ أَلْفًا مِنْ قِلَّةٍ“

هٰذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَ يُسْنِدُهُ كَبِيْرُ أَحَدٍ غَيْرُ جَرِيْرِ بنِ حَازِمٍ، وإِنَّمَا رُوِىَ هذا الحديثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً: وَقَدْ رَوَاهُ حِبَّانُ بنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النبيِّ صلى الله عيه وسلم مُرْسَلاً.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو جریر بن حازم کے علاوہ کوئی بڑا آدمی مرفوع نہیں کرتا اور یہ حدیث ابن شہاب زہریؒ کی سند سے مروی ہے، اور وہ مرسل ہے یا متصل؟ اس میں اختلاف ہے حبان بن علی مرفوع روایت کرتے ہیں اور لیث بن سعد مرسل: پہلے مرسلاً تک جو بات کہی ہے: اسی کی بعد میں تفصیل کی ہے۔

بابٌ مَنْ يُعْطَى الْفَيْءُ؟

مال غنیمت میں سے بطور انعام کس کو دیا جائے؟

حدیث: نجدۃ حروری نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو خط لکھ کر مسئلہ پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ غزوات میں عورتوں کو لے جاتے تھے؟ اور ان کو غنیمت میں سے حصہ دیتے تھے؟ ابن عباسؓ نے جواب لکھا: آپ نے مجھ سے پوچھا ہے کہ کیا نبی ﷺ عورتوں کو غزوات میں لے جاتے تھے؟ (جواب) رسول اللہ ﷺ عورتوں کو غزوات میں لے جاتے تھے، وہ زخمیوں کی مرہم پٹی کیا کرتی تھیں اور ان کو غنیمت میں سے دیا جاتا تھا، مگر آپؐ نے ان کے لئے غنیمت میں باقاعدہ حصہ نہیں گردانا (بلکہ ان کی خدمات کے لحاظ سے دیا جاتا تھا)

فائدہ: ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طرز عمل سے یہ ادب نکلا کہ اگر فتوی دوسرے کاغذ پر لکھا جائے تو جواب میں سوال لوٹانا چاہئے تاکہ جو بھی پڑھے بات سمجھ جائے، اگر صرف جواب لکھا جائے گا تو سائل تو سمجھ لے گا مگر دوسرے کے لئے دشواری ہوگی، ہاں اگر اسی کاغذ پر جس پر سوال ہے جواب لکھا جائے تو پھر سوال لوٹانا ضروری نہیں۔

[۸-] بابٌ مَنْ يُعْطَى الْفَيْءُ؟

[۱۵۴۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ جَعْفَرَ بنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ هُرْمُزٍ: أَنَّ نَجْدَةَ الْحَرُوْرِيَّ كَتَبَ إِلٰى ابنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ: هَلْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ؟ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ؟ فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابنُ عَبَّاسٍ: كَتَبْتَ إِلَيَّ تَسْأَلُنِيْ: هَلْ كَانَ

رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَغْزُوْ بِالنِّسَاءِ؟ وَكَانَ يَغْزُوْ بِهِنَّ، فَيُدَاوِيْنَ الْمَرْضَى، وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ، وأَمَّا السَّهْمُ: فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ.

وفي الباب: عَنْ أَنَسٍ، وأُمِّ عَطِيَّةَ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَالْعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، والشافعيِّ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يُسْهَمُ لِلْمَرْأَةِ وَالصَّبِيِّ، وَهُوَ قَوْلُ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: وَأَسْهَمَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِلصِّبْيَانِ بِخَيْبَرَ، وأَسْهَمَتْ أَئِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ لِكُلِّ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ فِيْ أَرْضِ الْحَرْبِ، قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: وَأَسْهَمَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِلنِّسَاءِ بِخَيْبَرَ، وأَخَذَ بِذٰلِكَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَهُ، حدثنا بِذٰلِكَ عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثنا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ بِهٰذَا.

وَمَعْنَى قَوْلِه: يُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ: يَقُوْلُ: يُرْضَخُ لَهُنَّ بِشَيْءٍ مِنَ الْغَنِيْمَةِ: يُعْطَيْنَ شَيْئًا.

وضاحت: فی: اس مال کو کہتے ہیں جو دشمن سے لڑے بغیر مصالحت کے طور پر حاصل ہو مگر کبھی مال غنیمت کو بھی فی کہتے ہیں، اس باب میں فی سے مال غنیمت مراد ہے ——— نجدۃ بن عامر حروری: خارجی تھا، قریہ حروراان کا مرکز تھا اس لئے وہ اور اس کی پارٹی حروری کہلاتی تھی۔ خارجی فرقہ گمراہ فرقہ ہے مگر حضرت ابن عباسؓ نے اس کے سوالوں کا جواب دیا ہے اور اس کی وجہ ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ اگر میں جواب نہیں دوں گا تو وہ معلوم نہیں کیا کیا حماقت کرے گا (حدیث ۲۷۲۷) یُحْذَيْنَ: فعل مضارع مجہول صیغہ جمع مؤنث غائب ہے، حَذَا فلانًا شَيْئًا: کوئی چیز دینا، اس کے لئے دوسرا لفظ رَضَخ له من ماله ہے یعنی مال کا کچھ حصہ دینا، بابہ فتح وضرب۔

ترجمہ: اس حدیث پر اکثر اہل علم کا عمل ہے اور وہ ثوری اور شافعی کا قول ہے (یعنی جو عورتیں جہاد میں شریک ہوں ان کو غنیمت میں سے بطور حق الخدمت کچھ دیا جائے، مگر مجاہدین کی طرح باقاعدہ حصہ نہ دیا جائے) اور بعض علماء کہتے ہیں: عورت اور بچہ کو حصہ دیا جائے اور یہ اوزاعی کا قول ہے، وہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر میں بچوں کو حصہ دیا، اور مسلمانوں کے امراء نے بھی ہر اس نومولود کو حصہ دیا جو جنگ کی سرزمین میں پیدا ہوا (مگر یہ محض ایک دعوی ہے اس کی دلیل کچھ نہیں) اور اوزاعی کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر میں عورتوں کو حصہ دیا (اس سلسلہ میں ابوداؤد میں حدیث (۲۷۲۹) ہے جس کا ایک راوی حشرج بن زیاد ہے جو ضعیف ہے، وہ اپنی دادی سے روایت کرتا ہے پھر اس واقعہ میں بھی حضور نے عورتوں کو کھجوریں دی تھیں، باقاعدہ حصہ نہیں دیا تھا)

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کے پاس امام اوزاعی کی سیر الاوزاعی تھی مگر اس زمانہ میں کتاب سے نقل کرنا جائز نہیں تھا اس لئے امام ترمذیؒ نے امام اوزاعی کے قول کی سند لکھی ہے۔

بابٌ هَلْ يُسْهَمُ لِلْعَبْدِ؟

کیا غلام کو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا؟

اگر کوئی غلام فوج میں شامل ہو کر باقاعدہ لڑے تو کیا اس کو مال غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا؟ تمام ائمہ متفق ہیں کہ غلام کا مال غنیمت میں کوئی حصہ نہیں، کیونکہ غلام کا مال اس کا نہیں ہوتا، اس کے آقا کا ہوتا ہے، اور آقا اگر جنگ میں شریک ہوا ہے تو وہ اپنا حصہ پائے گا اور اگر شریک نہیں ہوا تو غنیمت میں اس کا کوئی حصہ نہیں، البتہ امام اپنی صوابدید سے کچھ انعام دے سکتا ہے۔

حدیث: آبي اللحم کے آزاد کردہ عمیر کہتے ہیں: میں جنگ خیبر میں اپنے آقاؤں کے ساتھ شریک ہوا (ابھی وہ آزاد نہیں ہوئے تھے) ان کے آقا ان کو خدمت کے لئے ساتھ لائے تھے، رسول اللہ ﷺ کے سامنے ان کی بہادری کا تذکرہ آیا اور یہ بھی بتلایا گیا کہ وہ غلام ہے، نبی ﷺ نے حکم دیا: اس کو میرے سامنے پیش کرو (جب فوجی کمانڈر کے سامنے پیش ہوتا ہے تو فوجی لباس میں سج دھج کر اور ہتھیار وغیرہ باندھ کر پیش ہوتا ہے، کمانڈر اس کی چال ڈھال، حلیہ، لباس اور قد وقامت وغیرہ دیکھتا ہے، چونکہ حضرت عمیر لڑنے نہیں آئے تھے اس لئے ہتھیار نہیں لائے تھے چنانچہ) کسی سے مانگ کر ان کو پرتلا پہنایا گیا اور اس میں تلوار لٹکائی گئی، حضرت عمیر پستہ قد تھے، وہ نبی ﷺ کے سامنے سے اس حال میں گذرے کہ ان کی تلوار زمین پر گھسٹ رہی تھی، غرض وہ فوج میں شامل کر لئے گئے اور جب خیبر فتح ہوا تو نبی ﷺ نے ان کو مال غنیمت میں سے حصہ نہیں دیا البتہ کچھ گھریلو چیزیں مثلاً برتن وغیرہ ان کو دیئے —— حضرت عمیر رضی اللہ عنہ ایک جھاڑ جانتے تھے جس سے وہ آسیب زدہ کا علاج کرتے تھے، انھوں نے آپؐ کو وہ جھاڑ سنائی، آپؐ نے اس میں سے کچھ کلمات نکلوا دیئے اور باقی سے جھاڑنے کی اجازت دی۔

[۹-] بابٌ هَلْ يُسْهَمُ لِلْعَبْدِ؟

[۱۵۴۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ محمدِ بنِ زَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ، قَالَ: شَهِدْتُ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِي، فَكَلَّمُوْا فِيَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَلَّمُوْهُ أَنِّي مَمْلُوْكٌ، قَالَ: فَأَمَرَبِيْ فَقُلِّدْتُ السَّيْفَ، فَإِذَا أَنَا أَجُرُّهُ، فَأَمَرَ لِيْ بِشَيْئٍ عَنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ، وَعَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ أَرْقِيْ بِهَا الْمَجَانِيْنَ، فَأَمَرَنِيْ بِطَرْحِ بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا.

وفي الباب: عَن ابنِ عباسٍ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنْ لَّا يُسْهَمَ لِلْمَمْلُوْكِ، وَلٰكِنْ يُرْضَخُ لَهُ بِشَيْئٍ، وَهُوَ قَوْلُ الثوريِّ، والشافعيِّ، وأحمدَ، وإِسحاقَ.

لغات: **الخُرْثِیُّ**: گھر کا سامان، ردّی اور گھٹیا سامان، **خُرْثِیُّ الکلام**: بے فائدہ گفتگو...... **مَجَانِین**: مجنون کی جمع مکسر ہے، مجنون: اگر جنون سے ہے تو اس کے معنی ہیں: پاگل، اور اگر جِنّ سے ہے تو اس کے معنی ہیں: آسیب زدہ، یہاں یہی معنی ہیں، کیونکہ پاگل پن کا کوئی منتر نہیں، آسیب زدہ کا منتر ہے...... اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قرآن وحدیث کے علاوہ منتر بھی جائز ہیں، اگر ان میں شرکیہ کلمات نہ ہوں۔

باب ماجاء فی أَهْلِ الذِّمَّةِ يَغْزُوْنَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ: هَلْ يُسْهَمُ لَهُمْ؟

اگر ذمی مسلمانوں کے ساتھ مل کر لڑے تو اس کو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا؟

اگر ذمی یعنی اسلامی حکومت کے غیر مسلم شہری مسلمانوں کے ساتھ مل کر لڑنا چاہیں تو ان کو جہاد میں شریک کیا جائے گا یا نہیں؟ اور شریک کیا جائے گا تو مال غنیمت میں سے ان کو حصہ دیا جائے گا یا نہیں؟ بعض علماء کے نزدیک ذمیوں کو جہاد میں شریک کرنا اور ان سے مدد لینا جائز ہے، اور ان کو مال غنیمت میں سے حصہ دینا بھی جائز ہے، ان کی دلیل امام زہری رحمہ اللہ کی مرسل روایت ہے، وہ فرماتے ہیں: کسی جنگ میں کچھ یہودی مسلمانوں کے ساتھ مل کر لڑے اور نبی ﷺ نے ان کو غنیمت میں سے حصہ دیا، یہ روایت باب میں بھی ہے اور مراسیل ابی داؤد میں بھی ہے۔ مگر محدثین کے نزدیک امام زہری کی مرسل روایتیں نہایت ضعیف ہوتی ہیں۔ اور جمہور کے نزدیک یہ دونوں باتیں جائز نہیں، ذمیوں کو جہاد میں شریک نہیں کیا جائے گا، پس غنیمت میں سے حصہ دینے کا بھی سوال نہیں اور ان کی دلیل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی درج ذیل حدیث ہے، یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے مختصر بیان کی ہے، مفصل مسلم شریف (حدیث ۱۸۱۷) میں ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ غزوہ بدر کے لئے نکلے اور **حَرَّةُ الوَبَرَة** نامی جگہ میں پہنچے تو پیچھے سے ایک شخص آکر ملا جس کی جرأت وشجاعت کا ڈنکا بجتا تھا، صحابہ نے جب اس کو دیکھا تو خوش ہوئے، جب وہ شخص آپؐ سے ملا تو اس نے کہا: میں آپؐ کے ساتھ چلنے کے لئے آیا ہوں تاکہ مجھے بھی مال غنیمت ملے، آپؐ نے پوچھا: کیا تو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے؟ اس نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: پس لوٹ جا میں کسی بھی مشرک سے ہرگز مدد نہیں لوں گا، صدیقہ فرماتی ہیں: وہ چلا گیا، یہاں تک کہ جب ہم **شَجَرَة** نامی جگہ میں تھے تو وہ آدمی پھر آیا، اور اس نے وہی پہلی والی بات کہی، نبی ﷺ نے بھی وہی پہلی والی بات فرمائی کہ لوٹ جا میں کسی بھی مشرک سے ہرگز مدد نہیں لوں گا، راوی کہتا ہے: وہ لوٹ گیا، پھر **بَیْدَاء** نامی جگہ میں آکر آپؐ سے ملا، نبی ﷺ نے وہی پہلی والی بات اس سے پوچھی: کیا تو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں! پس آپؐ نے فرمایا: تو چل، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مشرکین کو جہاد میں شریک کرنا جائز نہیں۔

مگراس استدلال میں کمزوری ہے، ممکن ہے آپؐ نے اس مشرک کو جہاد میں اس لئے شریک نہ کیا ہو کہ اس کے ایمان کی امید تھی جیسے ایک قبیلہ کے سردار نے ہدیہ میں اونٹنی پیش کی تو آپ نے قبول نہ کی اور فرمایا: إني نُهيتُ عن زُبْدِ المشركين: میں مشرکوں کے مکھن سے روکا گیا ہوں، چنانچہ یہ بات ان کے ایمان کا سبب بن گئی، اس سے یہ استدلال کرنا کہ مشرک کا ہدیہ قبول کرنا جائز نہیں: غالباً صحیح نہیں، کیونکہ آپؐ نے بہت سے مشرکین کے ہدایا قبول فرمائے ہیں۔

اور یہ بھی احتمال ہے کہ چونکہ غزوۂ بدر اسلام کا پہلا غزوہ تھا اس لئے اس میں کسی کافر سے مدد لینے کو خلاف مصلحت سمجھا ہو کیونکہ اگر پہلے غزوہ میں مشرکوں کو جنگ میں شریک کیا جاتا تو وہ قیامت تک احسان جتاتے کہ ہمارے بل بوتے پر تمہارے مذہب کو پہلی فتح نصیب ہوئی ہے اور مسائل میں اس قسم کی مصلحتیں ملحوظ رکھی جاتی ہیں جیسے مسجد کی تعمیر میں غیر مسلم کا چندہ دو شرطوں کے ساتھ لینا جائز ہے: اول: غیر مسلم بنیت ثواب چندہ دے، شرما شرمی یا دباؤ میں نہ دے۔ دوم: یہ احتمال نہ ہو کہ خود چندہ دینے والا یا کوئی دوسرا غیر مسلم احسان جتائے گا، یہاں بھی تقریباً ایسی ہی بات ہے، اگر اسلام کی پہلی جنگ میں مشرکوں کو شریک کیا جاتا تو وہ قیامت تک احسان جتاتے، اس لئے آپؐ نے اس شخص کا بدر کی جنگ میں شامل ہونا پسند نہ کیا، لیکن بعد میں غزوۂ حنین وغیرہ میں مشرکین بھی شریک ہوئے ہیں، پس پہلی رائے ہی وقیع ہے۔

[۱۰-] باب ماجاء في أَهْلِ الذِّمَّةِ يَغْزُوْنَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ: هل يُسْهَمُ لَهم؟

[۱۵۴۷-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ الْفُضَيْلِ بنِ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ إِلٰى بَدْرٍ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِحَرَّةِ الْوَبْرِ، لَحِقَهُ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ يُذْكَرُ مِنْهُ جُرْأَةٌ وَنَجْدَةٌ، فَقالَ لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ؟" قَالَ: لَا، قَالَ: "ارْجِعْ فَلَنْ أَسْتَعِيْنَ بِمُشْرِكٍ"، وفي الحديثِ كَلَامٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وَالعملُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالُوْا: لَا يُسْهَمُ لِأَهْلِ الذِّمَّةِ، وَإِنْ قَاتَلُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ الْعَدُوَّ، وَرَأَى بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنْ يُسْهَمَ لَهُمْ إِذَا شَهِدُوْا الْقِتَالَ مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ.

[۱۵۴۸-] وَيُرْوَى عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَسْهَمَ لِقَوْمٍ مِنَ الْيَهُوْدِ قَاتَلُوْا مَعَهُ، حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَزْرَةَ بنِ ثَابِتٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا.

ترجمہ: بعض علماء کہتے ہیں: اسلامی ملک کے غیر مسلم شہری کو غنیمت میں سے حصہ نہیں دیا جائے گا اگرچہ وہ

مسلمانوں کے ساتھ مل کر دشمن سے جنگ کریں، اور بعض اہل علم کہتے ہیں: ان کو حصہ دیا جائے گا جبکہ انھوں نے مسلمانوں کے ساتھ مل کر جنگ کی ہو، اور ابن شہاب زہری رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے قوم یہود کو غنیمت میں سے حصہ دیا، جب انھوں نے آپؐ کے ساتھ مل کر جنگ کی۔

[بابُ ماجاء فی مَنْ لَحِقَ بِالْمُسْلِمِیْنَ: هَلْ یُسْهَمُ لَهُمْ؟]

جنگ ختم ہونے کے بعد جولوگ پہنچیں: ان کو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے گا؟

یہاں ترمذی کے تمام نسخوں میں باب نہیں ہے، مگر میرے خیال میں یہاں باب ہونا چاہئے کیونکہ حدیث کا گذشتہ باب سے کوئی تعلق نہیں، اور یہ مستقل مسئلہ ہے، اور **والعمل علی هذا** بھی امام ترمذی نے لکھا ہے جبکہ ایک باب میں دو مرتبہ یہ عبارت امام ترمذیؒ نہیں لکھتے۔

مسئلہ: فوج کو پیچھے سے جو فوجی کمک پہنچتی ہے وہ بھی غنیمت میں حصہ دار ہوتی ہے بشرطیکہ غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے پہنچ جائے، اگر بعد میں پہنچے تو ان کا کوئی حصہ نہیں، اور یہ مسئلہ اتفاقی ہے۔

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس قبیلۂ اشعر کے چند لوگوں کے ساتھ خیبر میں آیا، پس رسول اللہ ﷺ نے ہمیں بھی ان لوگوں کے ساتھ شامل فرما کر جنھوں نے خیبر فتح کیا تھا مال غنیمت میں سے حصہ دیا۔

تشریح: قبیلۂ اشعر یمن میں آباد تھا، حضرت ابوموسیٰ اشعری قبیلہ کے جو حضرات مسلمان ہوئے تھے ان کو لے کر پانی کے راستے سے مدینہ منورہ آرہے تھے، جب وہ ساحل پر اترے تو ان کو معلوم ہوا کہ نبی ﷺ خیبر میں ہیں، یہ حضرات سیدھے خیبر پہنچے، جب نبی ﷺ نے خیبر کی غنیمت تقسیم فرمائی تو ان کو بھی حصہ دیا، اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے فقہاء نے فرمایا ہے کہ مال غنیمت کی تقسیم سے پہلے اگر مجاہدین کے پاس کمک پہنچ جائے تو اس کو بھی غنیمت میں سے حصہ ملے گا، اگرچہ وہ جنگ میں شریک نہ ہوئے ہوں۔

مگر اس استدلال میں اشکال یہ ہے کہ ان آنے والے حضرات کو کمک (فوجی امداد) کہنا مشکل ہے، کمک پیچھے سے اتھارٹی (امیر المؤمنین) بھیجتی ہے، پس ممکن ہے ان مہاجرین کی حاجت کو پیش نظر رکھ کر آپؐ نے مال غنیمت میں سے کچھ دیا ہو، جیسے حشرج کی حدیث پہلے گذری ہے، ان کی دادی کہتی ہیں: أَسْهَمَ لَنَا كَمَا أَسْهَمَ للرجال: ہمیں بھی مردوں کی طرح حصہ دیا، حشرج نے پوچھا: دادی اماں کیا دیا؟ تو انھوں نے کہا: کھجوریں (ابوداؤد حدیث ۲۷۲۹) پس اسی طرح اس حدیث میں بھی احتمال ہے کہ مجاہدین کی طرح زمین وغیرہ میں سے حصہ نہ دیا گیا ہو، بلکہ دیگر ضروری چیزیں دی گئی ہوں۔ واللہ اعلم

[۱۵۴۹-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، ثَنَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، ثَنَا بُرَيْدٌ، وَهُوَ ابنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِیْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی قَالَ: قَدِمْتُ عَلٰی رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ نَفَرٍ مِنَ الْأَشْعَرِيِّيْنَ خَيْبَرَ، فَأَسْهَمَ لَنَا مَعَ الَّذِيْنَ افْتَتَحُوْهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالَ الْأَوْزَاعِیُّ: مَنْ لَحِقَ بِالْمُسْلِمِيْنَ قَبْلَ أَنْ يُسْهَمَ لِلْخَيْلِ أُسْهِمَ لَهُ.

ترجمہ: اوزاعی کہتے ہیں: جو شخص غنیمت تقسیم ہونے سے پہلے مسلمانوں کے ساتھ مل جائے اس کو غنیمت میں سے حصہ دیا جائے۔

بابُ ماجاء فی الاِنْتِفَاعِ بِآنِيَةِ الْمُشْرِكِيْنَ

مشرکوں کے برتنوں سے فائدہ اٹھانا

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے مشرکین کی ہانڈیوں کے بارے میں پوچھا گیا کہ کیا ان کی ہانڈیوں میں کھانا پکانا اور ان کے برتنوں میں کھانا جائز ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان کو اچھی طرح دھولو، پھر ان میں پکاؤ، اور آپؐ نے کچلی دار درندے کے گوشت سے منع فرمایا''

تشریح: یہ حدیث اور یہ مسئلہ ابواب الصید کے شروع میں گذر چکا ہے، جو حکم یہود ونصاری کے برتنوں کا ہے وہی مشرکوں کے برتنوں کا بھی ہے، اور ذی ناب کے گوشت کی حرمت کا مسئلہ بھی ابواب الصید باب ۱۰ میں گذر چکا ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی الانتفاع بآنية المشركين

[۱۵۵۰-] حدثنا زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ الطَّائِیُّ، ثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بنُ قُتَيْبَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ قُدُوْرِ الْمَجُوْسِ؟ قَالَ: '' أَنْقُوْهَا غَسْلاً، وَاطْبَخُوْا فِيْهَا، وَنَهَی عَنْ كُلِّ سَبُعٍ ذِیْ نَابٍ''

وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ، رَوَاهُ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیُّ، عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ، وَأَبُوْ قِلَابَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ، إِنَّمَا رَوَاهُ عَنْ أَبِیْ أَسْمَاءَ عَنْ أَبِیْ ثَعْلَبَةَ.

[۱۵۵۱-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بنِ شُرَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَبِيْعَةَ بنَ يَزِيْدَ الدِّمَشْقِیَّ يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیُّ عَائِذُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیَّ يَقُوْلُ: أَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا بَأَرْضِ قَوْمٍ أَهْلِ

كِتَابٍ، نَأْكُلُ فِيْ آنِيَتِهِمْ؟ قَالَ: '' إِنْ وَجَدْتُمْ غَيْرَ آنِيَتِهِمْ فَلاَ تَأْكُلُوْا فِيهَا، فَإِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا فِيْهَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں انقطاع ہے، ابوقلابہ کا ابوثعلبہ سے سماع نہیں، وہ ابواسماء رحبی کے واسطہ ہی سے روایت کرتے ہیں۔اور دوسری حدیث کی سند متصل ہے۔

بابٌ فی النَّفْلِ

مالِ غنیمت میں سے انعام دینے کا بیان

نَفَل (بفتح الفاء) جمع أنفال: مطلق زیادتی کو کہتے ہیں، اسی لئے نفل نماز کو اور نبیرہ (پوتے، نواسے) کو نافلة کہتے ہیں اور غنیمت کو بھی نفل کہتے ہیں کیونکہ وہ گذشتہ امتوں کے لئے حلال نہیں تھی، اس امت کے لئے بطور عطیہ حلال کی گئی ہے، سورۃ الانفال میں یہی معنی مراد ہیں، اسی طرح امام جو فوجیوں کو انعام دیتا ہے وہ بھی نفل ہے کیونکہ وہ بھی اس کے حصہ سے زائد ہوتا ہے یہاں یہی معنی مراد ہیں۔

حدیث (۱): حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ابتداء میں یعنی جب لشکر آگے بڑھ رہا ہو: چوتھائی اور واپسی میں تہائی انعام دیا کرتے تھے۔

تشریح: کبھی امام کے لئے غنیمت میں سے انعام دینا ضروری ہو جاتا ہے، جن عورتوں نے زخمیوں کی مرہم پٹی کی ہے، یا تیمارداری کی ہے یا فوجیوں کے لئے کھانا پکایا ہے، یا مجاہدین کی خبر گیری کی ہے اسی طرح جو غلام فوج کے ساتھ مل کر لڑے ہیں اور جن غیر مسلموں سے مخبری کا کام لیا گیا ہے یا راستہ کی راہنمائی حاصل کی گئی ہے، اسی طرح جن مجاہدین نے کوئی غیر معمولی کارنامہ انجام دیا ہے، ان سب کو مال غنیمت میں سے انعام دیا جاتا ہے، یہ سب نفل کہلاتا ہے۔

اسی طرح جب کوئی بڑا لشکر کسی مہم پر روانہ ہوتا ہے تو اس میں سے چھوٹے لشکر بنا کر جزوی مہم پر بھیجے جاتے ہیں، وہ جو غنیمت لاتے ہیں اس میں سے چوتھائی یا تہائی اس سریہ (چھوٹے لشکر) کو بطور انعام دیا جاتا ہے، باقی عام غنیمت میں شامل کیا جاتا ہے جو پوری فوج پر تقسیم ہوتا ہے، اس میں سے اس سریہ کو بھی ملتا ہے۔

اس سلسلہ میں نبی ﷺ کا معمول یہ تھا کہ جب لشکر آگے بڑھ رہا ہو اور سریہ بھیجا جائے تو اس کو چوتھائی انعام دیتے تھے اور جب لشکر واپس لوٹ رہا ہو تو تہائی انعام دیتے تھے، اور پہلی صورت میں انعام کم اس لئے دیتے تھے کہ اس وقت سریہ میں نکلنے میں طبیعت پر بوجھ کم پڑتا ہے اور لشکر کی پشت پناہی بھی حاصل ہوتی ہے اور جب لشکر واپس لوٹ رہا ہو: سریہ میں نکلنے میں بوجھ زیادہ پڑتا ہے، طبیعت پر یہ بات شاق گذرتی ہے کہ سب لوگ تو گھر جارہے ہیں اور ہم کام پر! اور لشکر کی پشت پناہی بھی حاصل نہیں ہوتی، ضرورت کے وقت لشکر جلد مدد کے لئے نہیں پہنچ سکتا، اس

لئے انعام بڑھا دیا جاتا تھا۔

اب رہی یہ بات کہ یہ انعامات کل غنیمت میں سے دیئے جائیں گے یا خمس میں سے یا باقی چار اخماس میں سے؟ اس سلسلہ میں کوئی واضح ہدایت موجود نہیں، شامی میں لکھا ہے: کلُّ مَاوَرَدَ مِنَ التَّنَفُّلِ بعدَ القتالِ فهو محمولٌ عندنا على أنَّه مِنَ الْخُمُسِ یعنی جنگ ختم ہونے کے بعد جو بھی انعام دیا جائے گا وہ غنیمت کے پانچویں حصہ میں سے دیا جائے گا (شامی ۳: ۲۶۰) اور حدیث بالا میں جو چوتھائی یا تہائی انعام کا ذکر آیا ہے اس کا مدار امام کی صراحت پر ہے اگر امام نے بعد الخمس یاقَبْلَ الخمس یامن الأخماس الأربعة الباقية کی صراحت کی ہے تو اس کے مطابق دیا جائے گا، ورنہ کل غنیمت میں سے دیا جائے گا۔

اور امام مالک رحمہ اللہ کا ارشاد کتاب میں بھی ہے اور موطا (کتاب الجہاد باب ۱۱) میں بھی ہے، آپؒ نے فرمایا: مجھے یہ بات نہیں پہنچی کہ نبی ﷺ نے سب جنگوں میں انعام دیا ہے، ہاں یہ بات پہنچی ہے کہ آپؐ نے بعض جنگوں میں انعام دیا ہے اور اس کا مدار امام کے اجتہاد پر ہے وہ چاہے تو غنیمت حاصل ہونے سے پہلے انعام کا اعلان کرے یا بعد میں اعلان کرے (مگر حضرت نے یہ بات صاف نہیں کی کہ انعام غنیمت کے کس حصہ میں سے دیا جائے گا؟)

اور امام احمد رحمہ اللہ کے تلمیذ ابن منصور نے امام احمدؒ کے سامنے حبیب بن مسلمہ فہری کی حدیث پیش کی، یہ حدیث ابوداؤد میں ہے (حدیث ۲۷۴۹) حبیب فرماتے ہیں: نبی ﷺ خمس نکالنے کے بعد چوتھائی اور تہائی انعام دیا کرتے تھے، امام احمدؒ نے اس حدیث کی تائید کی اور فرمایا: خمس نکالنے کے بعد باقی غنیمت سے انعام دیا جائے گا، اور چوتھائی یا تہائی سے زیادہ نہیں دیا جائے گا (یہ حبیب صحابی ہیں یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، مگر ہیں بڑے آدمی، مستجاب الدعوات تھے)

اور مذکورہ حدیث کی شرح میں جلیل القدر تابعی حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ یہ انعام خمس میں سے دیا جاتا ہے آپ کا یہ ارشاد موطا مالک (کتاب الجہاد باب ۱۱) میں ہے، فرماتے ہیں: كان الناسُ يُعطَوْنَ النفلَ مِن الخُمُسِ یعنی لوگوں کو انعامات پانچویں حصہ میں سے دیئے جاتے تھے، مگر اس میں یہ صراحت نہیں ہے کہ یہ ارشاد سریہ والے انعام کے بارے میں ہے یا عام انعامات کے بارے میں، بظاہر یہ ارشاد دیگر انعامات کے بارے میں معلوم ہوتا ہے جس کے بارے میں شامی سے یہ صراحت نقل کی جا چکی ہے کہ یہ سب انعامات پانچویں حصہ سے دیئے جائیں گے مگر امام ترمذیؒ نے اس قول کو اس حدیث کی شرح میں ذکر کیا ہے اور حضرت اسحاق کی تائید بھی نقل کی ہے کہ یہ چوتھائی یا تہائی انعام خمس میں سے دیا جائے گا۔

اور میری ناقص رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ یہ بات امام کی صوابدید پر موقوف ہے وہ جیسی صراحت کرے اس کے مطابق عمل کیا جائے، البتہ من قَتَلَ قتيلاً فله سَلَبُهُ والا انعام اور سرایا کا چوتھائی یا تہائی انعام کل غنیمت میں سے

دیا جائے گا، بشرطیکہ امام کی رضامندی شامل ہو، واللہ اعلم۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنی تلوار ذوالفقار غزوۂ بدر میں نفل کے طور پر لی تھی اور یہی وہ تلوار ہے جس میں آپ نے غزوۂ احد کے موقعہ پر خواب دیکھا تھا۔

تشریح: نبی ﷺ کے مال غنیمت میں دو حق تھے، ایک فوجی ہونے کی حیثیت سے اور دوسرا اللہ کا رسول ہونے کی حیثیت سے، اس دوسری حیثیت سے مال غنیمت میں سے جو کچھ آپؐ لیتے تھے اس کو ''صفی'' کہا جاتا تھا، لفظ صفی کے معنی ہیں: چنیدہ، منتخب کردہ، آپؐ کو یہ حق حاصل تھا کہ مال غنیمت میں سے تقسیم سے پہلے جو چیز پسند آئے لے لیں، یہ حق اللہ کا رسول ہونے کی حیثیت سے تھا، اس لئے احناف کے نزدیک بعد کے خلفاء کو یہ حق حاصل نہیں۔ اور امام شافعیؒ کے نزدیک یہ حق سربراہ مملکت ہونے کی حیثیت سے تھا، پس ان کے نزدیک بعد کے خلفاء کو بھی یہ حق حاصل ہے۔

اور نبی ﷺ عام طور پر بطور صفی مال غنیمت میں سے کچھ نہیں لیتے تھے، صرف ایک دو مرتبہ آپؐ نے لیا ہے، غزوۂ بدر کی غنیمت میں سے منبہ بن الحجاج کی تلوار ذوالفقار آپؐ نے بطور صفی لی تھی، اس کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قتل کیا تھا (شامی ۳:۲۶۰) ذوالفقار (ف کے زبر کے ساتھ) فَقْرة کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: پشت کے مہرے، اس تلوار کی پشت پر لکیریں تھیں اس لئے اس کو ذوالفقار (مہروں والی تلوار) کہتے تھے اسی طرح حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو آپؐ نے خیبر کی غنیمت سے بطور صفی لیا تھا۔

اور جنگ احد سے پہلے آپؐ نے خواب دیکھا تھا کہ آپ کے ہاتھ میں تلوار ہے، آپؐ نے اس کو ہلایا تو اس کی دھار جڑھ گئی، یہ بات آپؐ کو ناگوار ہوئی، کیونکہ تلوار کی دھار کا جڑھنا نیک فال نہیں، پھر آپؐ نے اس کو دوبارہ ہلایا تو دھار پہلے سے بہتر ہوگئی، اس خواب میں یہی تلوار آپؐ کے دست مبارک میں تھی، اور آپؐ نے اس خواب کی یہ تعبیر بیان کی تھی کہ جنگ میں پہلے شکست ہوگی پھر وہ فتح سے بدل جائے گی۔

فائدہ: آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد جب صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے تبرکات تقسیم کئے تو یہ تلوار حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دی تھی جو کئی نسلوں تک محفوظ رہی، پھر معلوم نہیں کیا ہوئی!

[۱۲-] بابٌ فی النفل

[۱۵۵۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبدِ الرحمنِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ سُليمانَ بنِ مُوْسَى، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَّامٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُنَفِّلُ فِي الْبَدْأَةِ الرُّبُعَ، وَفِي القُفُوْلِ الثُّلُثَ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عباسٍ، وحَبِيْبِ بنِ مَسْلَمَةَ، وَمَعْنِ بنِ يَزِيْدَ، وابنِ عُمَرَ، وَسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ؛

وحديثُ عُبَادَةَ حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِىْ سَلَّامٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۵۵۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ أَبِى الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عباسٍ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم تَنَفَّلَ سَيْفَهُ ذَا الفَقَارِ يَوْمَ بَدْرٍ، وَهُوَ الَّذِىْ رَأَى فِيْهِ الرُّؤْيَا يَوْمَ أُحُدٍ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ ابنِ أَبِى الزِّنَادِ.

وَقَدْ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِى النَّفْلِ مِنَ الْخُمُسِ، فَقَالَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ: لَمْ يَبْلُغْنِىْ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَفَّلَ فِىْ مَغَازِيْهِ كُلِّهَا، وَقَدْ بَلَغَنِى أَنَّهُ نَفَّلَ فِىْ بَعْضِهَا، وَإِنَّمَا ذٰلِكَ عَلٰى وَجْهِ الاِجْتِهَادِ مِنَ الإِمَامِ فِىْ أَوَّلِ الْمَغْنَمِ وَآخِرِهِ.

قَالَ ابنُ مَنْصُوْرٍ: قُلْتُ: لِأَحْمَدَ: إِنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم نَفَّلَ إِذَا فَصَلَ بِالرُّبُعِ بَعْدَ الْخُمُسِ، وَإِذَا قَفَلَ بِالثُّلُثِ بَعْدَ الْخَمُسِ، فَقَالَ: يُخْرِجُ الْخُمُسَ ثُمَّ يُنَفِّلُ مِمَّا بَقِىَ، وَلاَ يُجَاوِزُ هٰذَا؛ وَهٰذَا الحديثُ عَلٰى مَاقَالَ ابنُ الْمُسَيَّبِ، النَّفْلُ مِنَ الْخُمُسِ، قَالَ إِسْحَاقُ: كَمَا قَالَ.

ترجمہ: علماء کا خمس میں سے انعام دینے میں اختلاف ہے یعنی کل غنیمت میں سے انعام دیا جائے یا خمس میں سے یا باقی چار اخماس میں سے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے، امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے یہ بات نہیں پہنچی کہ رسول اللہ ﷺ نے تمام غزوات میں انعام دیا ہے، ہاں یہ بات پہنچی ہے کہ بعض غزوات میں انعام دیا ہے، اور یہ بات کہ انعام دیا جائے یا نہ دیا جائے؟ امام کی صوابدید پر موقوف ہے، جنگ کے شروع میں یا جنگ کے آخر میں (اس جملہ کا مفہوم یہ ہے کہ امام جنگ شروع ہونے سے پہلے بھی انعام کا اعلان کرسکتا ہے اور بعد میں بھی) اور ابن منصور کہتے ہیں: میں نے امام احمد رحمہ اللہ کے سامنے ذکر کیا کہ نبی ﷺ نے جب سریہ جدا ہوتا ہے تو خمس نکالنے کے بعد چوتھائی انعام دیا، اور جب آپؐ لوٹتے تھے تو خمس نکالنے کے بعد تہائی انعام دیا (یہ حبیب بن مسلمہ کی حدیث کا مضمون ہے) تو امام احمدؒ نے اس کی تائید کی اور فرمایا: پہلے امام خمس الگ کرلے، پھر باقی سے انعام دے اور چوتھائی یا تہائی سے زیادہ نہ دے ——— اور یہ حدیث حضرت سعید کے قول کے مطابق خمس سے انعام دینے پر محمول ہے، اسحاق رحمہ اللہ نے اس کی تائید کی ہے۔

بابُ ماجاء فى مَنْ قَتَلَ قَتِيْلاً فَلَهُ سَلَبُهُ

جو جس کو مارے اس کا سازوسامان اس کا

سَلَب (مقتول کا سازوسامان) قاتل کا حق ہے یا انعام؟ یعنی نبی ﷺ کا یہ ارشاد مسئلہ ہے یا اعلان؟ اس

میں اختلاف ہے، جمہور کے نزدیک یہ مسئلہ ہے یعنی جنگ میں جو بھی کسی کو مارے اس کے ساز وسامان کا وہی مالک ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ وقتی اعلان ہے مسئلہ نہیں ہے، پس جس جنگ میں امام المسلمین نے یہ اعلان کیا ہے: اسی جنگ میں سلب قاتل کو ملے گا، ہر جنگ میں قاتل کو سلب نہیں ملے گا۔

حدیث: غزوۂ حنین میں جب جنگ ختم ہوئی تو نبی ﷺ نے اعلان کیا کہ جس نے کسی کافر کو مارا ہے وہ اس کو گواہوں سے ثابت کرے تو سلب اس کا ہے۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور فرمایا: کیا میرے لئے کوئی گواہ ہے؟ حضرت ابوقتادہؓ نے ایک بڑے آدمی کو قتل کیا تھا، جس کے پاس بے حد قیمتی ساز وسامان تھا، جب کسی نے گواہی نہیں دی تو وہ بیٹھ گئے، پھر جب رسول اللہ ﷺ نے دوبارہ اعلان کیا تو ابوقتادہؓ پھر کھڑے ہوئے اور کہا: میرے لئے کوئی گواہ ہے؟ نبی ﷺ نے پوچھا: ابوقتادہ! کیا بات ہے؟ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے فلاں کافر کو مارا ہے، مگر میرے پاس کوئی گواہ نہیں، پس ایک صاحب کھڑے ہوئے اور کہا: یارسول اللہ! ابوقتادہؓ نے واقعی اس کافر کو مارا ہے اور اس کا ساز وسامان میرے پاس ہے، اور یارسول اللہ! آپ ان کو راضی کر دیں کہ وہ کچھ لے لیں، اور باقی میرے پاس رہنے دیں، اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو غصہ آگیا، وہ کھڑے ہوئے اور کہا: اللہ کا ایک شیر ایک کارنامہ انجام دیتا ہے اور لومڑی اس کا مال لے جانا چاہتی ہے ایسا ہرگز نہیں ہوگا! چنانچہ اس نے وہ سلب حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو واپس کیا، وہ قیمتی مال تھا، حضرت ابوقتادہؓ نے اس کو بیچ کر ایک باغ خریدا۔

تشریح: اس حدیث کے ذیل میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو مسئلے ذکر کئے ہیں:

پہلا مسئلہ: وہی ہے جو باب کے شروع میں گذر چکا کہ سلب قاتل کا حق ہے یا اس کا انعام ہے؟ یعنی سلب بہر حال قاتل کو ملے گا یا امام کے اعلان کے بعد ملے گا؟ جمہور کی رائے پہلی ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کی رائے دوسری ہے۔ امام ترمذیؒ نے صرف جمہور کی رائے ذکر کی ہے۔

دوسرا مسئلہ: سلب میں سے خمس نکالا جائے گا یا نہیں؟ بعض اہل علم کہتے ہیں: اس میں سے خمس لیا جائے گا، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس میں سے خمس نہیں لیا جائے گا۔ حضرت اسحاق بھی یہی فرماتے ہیں، البتہ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر سلب بڑا مال ہو اور امام اس میں سے خمس لینا چاہے تو لے سکتا ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ایسا ہی مروی ہے (مسلم اور ابوداؤد میں حضرت عوف اور حضرت خالد کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے سلب میں سے خمس نہیں لیا یہ ثوری رحمہ اللہ کی دلیل ہے)

[۱۳-] باب ماجاء فیمن قَتَلَ قتیلاً فلهُ سَلَبُهُ

[۱۵۵٤-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ كَثِيْرِ

بنِ أَفْلَحَ، عَنْ أَبِىْ مُحمدٍ مَوْلٰى أَبِىْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِىْ قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا، لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ، فَلَهُ سَلَبُهُ“ وَفِى الْحديثِ قِصَّةٌ.

حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

وفى الباب: عَنْ عَوْفِ بنِ مَالِكٍ، وَخَالِدِ بنِ الْوَلِيْدِ، وَأَنَسٍ، وَسَمُرَةَ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ مُحمدٍ: هُوَ نَافِعٌ مَوْلٰى أَبِىْ قَتَادَةَ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَهُوَ قَوْلُ الْأَوْزَاعِيِّ، وَالشَّافِعِيِّ، وَأَحْمَدَ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: لِلإِمَامِ أَنْ يُخْرِجَ مِنَ السَّلَبِ الْخُمُسَ.

وَقَالَ الثَّوْرِيُّ: النَّفْلُ: أَنْ يَقُوْلَ الإِمَامُ: مَنْ أَصَابَ شَيْئًا فَهُوَ لَهُ، وَمَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا فَلَهُ سَلَبُهُ، فَهُوَ جَائِزٌ، وَلَيْسَ فِيْهِ الْخُمُسُ.

وَقَالَ إِسْحَاقُ: السَّلَبُ لِلْقَاتِلِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ شَيْئًا كَثِيْرًا، فَرَأَى الإِمَامُ أَنْ يُخْرِجَ مِنْهُ الْخُمُسَ، كَمَا فَعَلَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ.

ترجمہ: بعض اہل علم کہتے ہیں: امام کے لئے جائز ہے کہ وہ سلب میں سے خمس نکالے، اور ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا: نفل: یہ ہے کہ امام اعلان کرے کہ جس کو جو چیز ملے وہ اس کی ہے اور جو جس کو مارے اس کے لئے اس کا سازوسامان ہے، پس اس طرح کا اعلان کرنا جائز ہے اور اس میں خمس نہیں ہے، اور اسحاق رحمہ اللہ نے فرمایا: (پورا) سلب قاتل کا حق ہے مگر یہ کہ وہ بہت زیادہ مال ہو، پس امام اس میں سے خمس نکالنا مناسب سمجھے، جیسا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا۔

بابٌ فى كَرَاهِيَةِ بَيْعِ الْمَغَانِمِ حَتَّى تُقْسَمَ

تقسیم سے پہلے غنیمت میں سے حصہ بیچنا جائز نہیں

حدیث: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے غنیمت کو خریدنے سے منع فرمایا، یہاں تک کہ وہ تقسیم کردی جائے۔

تشریح: تقسیم سے پہلے مال غنیمت میں سے اپنا حصہ فروخت کرنا جائز نہیں کیونکہ غنیمت میں سے کس کو کیا اور کتنا ملے گا: یہ بات متعین نہیں، پس یہ مجہول کی بیع ہے اس لئے جائز نہیں۔

[۱۴-] بابٌ فی کراهية بَيْعِ المغانم حتی تُقْسَمَ

[۱۵۵۵-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ جَهْضَمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُحمدِ بنِ زَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الخُدْرِیِّ قَالَ: نَهَی رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم عَنْ شِرَاءِ الْمَغَانِمِ حَتَّی تُقْسَمَ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَهٰذَا حديثٌ غريبٌ.

وضاحت: یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے، محمد بن ابراہیم باہلی مجہول راوی ہے اور محمد بن زید بھی مجہول سا ہے، مگر حدیث: شریعت کے قواعد معلومہ کے مطابق ہے اس لئے مسئلہ یہی ہے۔

باب ماجاء فی کَرَاهِيَةِ وَطْءِ الحَبَالَی مِنَ السَّبَايَا

قیدیوں میں جو باندیاں حاملہ ہوں ان سے وطی جائز نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے قیدی عورتوں سے وطی کرنے سے منع کیا یہاں تک کہ وہ بچہ جن دیں۔

تشریح: جنگ میں جو عورتیں قید ہوں اور وہ باندی بنا کر فوج میں تقسیم کردی جائیں تو ان سے استبرائے رحم کے بعد ہی مولیٰ صحبت کرسکتا ہے یعنی جب تک باندی کو ایک حیض نہ آجائے آقا اس سے صحبت نہیں کرسکتا، اور اگر وہ حاملہ ہو تو وضع حمل کے بعد جب نفاس بند ہو صحبت کرسکتا ہے، اسی طرح جب باندی میں ملکیت بدلے تب بھی استبرائے رحم ضروری ہے اور یہ حکم اس لئے ہے کہ نسبوں میں اختلاط پیدا نہ ہو، تفصیل ابواب النکاح (باب ۳۳و۳۴) میں گذر چکی ہے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی کراهية وَطْءِ الحبالَی مِنَ السَّبَايَا

[۱۵۵۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ النَّيْسَابُوْرِیُّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، عَنْ وَهْبٍ أَبِیْ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِیْ أُمُّ حَبِيْبَةَ بِنْتُ عِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ: أَنَّ أَبَاهَا أَخْبَرَهَا: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم نَهَی أَنْ تُوْطَأَ السَّبَايَا حَتَّی يَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِهِنَّ.

وفی الباب: عَنْ رُوَيْفِعِ بنِ ثَابِتٍ؛ وَحديثُ عِرْبَاضٍ حديثٌ غريبٌ، وَالعملُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وَقَالَ الأَوْزَاعِیُّ: إِذَا اشْتَرَی الرَّجُلُ الْجَارِيَةَ مِنَ السَّبْیِ، وَهِیَ حَامِلٌ، فَقَدْ رُوِیَ عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: لَا تُوْطَأُ حَامِلٌ حَتَّی تَضَعَ، قَالَ الأَوْزَاعِیُّ: وَأَمَّا الْحَرَائِرُ فَقَدْ مَضَتِ السُّنَّةُ فِيْهِنَّ بِأَنْ أُمِرْنَ بِالْعِدَّةِ، كُلُّ هٰذَا حَدَّثَنِیْ عَلِیُّ بنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: ثنا عيسی بنُ يُوْنُسَ، عَنِ الأَوْزَاعِیِّ.

وضاحت: یہ حدیث غریب بمعنی تفرد اسناد ہے اور سند فی نفسہ ٹھیک ہے۔

ترجمہ: امام اوزاعی رحمہ اللہ کہتے ہیں: جب کسی شخص نے قیدیوں میں سے کوئی باندی خریدی درانحالیکہ وہ حاملہ ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حاملہ سے وطی نہ کی جائے یہاں تک کہ وہ بچہ جن دے، امام اوزاعی کہتے ہیں: رہی آزاد عورتیں تو ان میں اسلامی طریقہ یہ چلا آرہا ہے کہ ان کو عدت کا حکم دیا گیا ہے، یعنی آزاد عورت شوہر کی وفات کے بعد یا طلاق کے بعد اس وقت تک نکاح نہیں کرسکتی جب تک عدت نہ گذر جائے تاکہ انساب میں اختلاط نہ ہو۔

بابُ ماجاء فی طَعَامِ الْمُشْرِكِيْنَ

اہل کتاب کے ذبیحہ کا حکم

یہ مشکل باب ہے، یہاں طعام کے معنی ذبیحہ کے ہیں۔ سورۃ المائد (آیت ۵) میں بھی یہ لفظ اسی معنی میں آیا ہے اور باب میں جو دو حدیثیں ہیں (حضرت ہلب اور حضرت عدی کی) وہ اہل کتاب کے ذبیحہ کے بارے میں ہیں، اور امام ترمذیؒ نے باب میں مسئلہ بھی اہل کتاب کے ذبیحہ کی حلت کا بیان کیا ہے۔ مشرکین کے ذبیحہ سے کوئی تعرض نہیں کیا، اس لئے نہیں کہا جاسکتا ہے کہ باب میں لفظ ''المشرکین'' محفوظ ہے یا نہیں؟ میرے خیال میں یہ تصحیف ہے اور شروع سے چلی آرہی ہے، اس لئے میں نے عربی عنوان نہیں بدلا، اور اردو میں عنوان معنون (باب) کے مطابق قائم کیا ہے۔

مشرکین کا ذبیحہ بالاجماع حرام ہے، پہلے حدیث گذری ہے کہ اگر شکار پر مجوسی کتا چھوڑے تو وہ شکار حلال نہیں، یہی حکم مشرکین اور ہندوؤں کے ذبیحہ کا ہے۔ اور اہل کتاب یعنی یہود و نصاری کا ذبیحہ بہ نص قرآنی حلال ہے، سورۃ المائدہ (آیت ۵) میں ہے: اہل کتاب کا ذبیحہ تمہارے لئے حلال ہے، البتہ اگر وہ لوگ ذبح کرتے وقت اللہ کا نام نہ لیں تو پھر ان کا ذبیحہ حرام ہے، جیسے مسلمان اگر جان بوجھ کر بسم اللہ چھوڑ دے تو اس کا ذبیحہ بھی جمہور کے نزدیک حرام ہے، اور ہدایہ (۲:۳۴۷) میں ہے: إن المسلم والكتابيَّ في تركِ التسمية سواءٌ۔ اور ابن قدامہ نے مغنی (۱۳:۲۵۸) میں یہی مذہب امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کا نقل کیا ہے۔

حدیث: حضرت ہُلب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے نصاری کے ذبیحہ کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: ہرگز تیرے سینہ میں کوئی ذبیحہ کھٹک پیدا نہ کرے، تم اس بارے میں نصاری کے مشابہ ہوگئے ہو! یعنی عیسائیوں کا ذبیحہ از روئے قرآن حلال ہے اس میں قطعاً شک وشبہ کی گنجائش نہیں، پھر تمہارے ذہن میں یہ سوال کیوں پیدا ہوا؟ شکی مزاج تو نصاری ہوتے ہیں، مسلمان کا تو یہ مزاج نہیں ہوتا۔

تشریح: یہ حدیث نصاری کے ذبیحہ سے متعلق ہے، مشرکین کے ذبیحہ سے اس کا کوئی تعلق نہیں، اس لئے میرے خیال میں باب میں تصحیف ہوئی ہے۔

فائدہ(۱): اہل کتاب کا ذبیحہ اس وقت حلال ہے جب وہ تسمیہ کے ساتھ شرعی طریقہ پر ذبح کریں، اور ذبح کرنے والا حقیقت میں عیسائی یا یہودی ہو، اگر صرف مردم شماری میں عیسائی یا یہودی ہو اور وہ اس مذہب پر یقین نہ رکھتا ہو تو اس کا ذبیحہ حلال نہیں۔ اسی طرح اگر وہ بالقصد اللہ کا نام نہ لے تو بھی ذبیحہ حلال نہیں، اسی طرح اگر مشروع طریقہ پر ذبح کی چار رگوں میں سے تین رگیں نہ کاٹے تو بھی ذبیحہ حلال نہیں۔

آج کل یہود تو ان باتوں کی پابندی کرتے ہیں مگر عیسائیوں کی صورت حال بگڑ گئی ہے، وہ صرف مردم شماری کے فارم میں عیسائی ہوتے ہیں حقیقت میں وہ کسی مذہب کے قائل نہیں ہوتے، نہ وہ بسم اللہ پڑھنے کا اہتمام کرتے ہیں نہ وہ ہاتھ سے ذبح کرتے ہیں بلکہ ان کے یہاں مشینی ذبح رائج ہے، اسی لئے ایشاء کے تمام علماء کا فتوی عام عیسائیوں کے ذبیحہ کے بارے میں حرمت کا یا کم از کم احتیاط کا ہے، البتہ اگر کوئی واقعی عیسائی ہو اور وہ تسمیہ کے ساتھ شرعی طریقہ پر ذبح کرے تو اس کا ذبیحہ حلال ہے۔

فائدہ(۲): ابوداؤد شریف (۳۹۱:۲) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے: صحابہ نے نبی ﷺ سے اس گوشت کے بارے میں پوچھا جو مدینہ کے پڑوسی مدینہ میں بیچنے کے لئے لاتے تھے کہ اس کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟ کیونکہ ذبح کرنے والے نے بسم اللہ پڑھی ہے یا نہیں؟ یہ بات معلوم نہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ لوگ بسم اللہ پڑھ کر کھالیں''، بعض عرب حضرات اس حدیث کو آج کل کے اہل کتاب کے ذبیحہ کے تعلق سے پڑھ دیتے ہیں حالانکہ یہ حدیث دیہاتی مسلمانوں کے بارے میں ہے، مشرکین یا اہل کتاب کے بارے میں نہیں ہے، لوگوں کو یہ خیال ہوا کہ دیہات کے لوگ اللہ جانے بسم اللہ پڑھ کر ذبح کرتے ہیں یا یونہی گلا کاٹ دیتے ہیں، آج کل کے قصائیوں کا بھی ایسا ہی حال ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: تم بسم اللہ پڑھ کر کھالو، زیادہ کھود کرید نہ کرو، ورنہ زندگی اجیرن ہو جائے گی، کہاں کہاں دیکھتے پھروگے کہ کس نے بسم اللہ پڑھی اور کس نے نہیں پڑھی؟ اپنے اطمینان کے لئے بس اتنی بات کافی ہے کہ وہ مسلمان ہیں اس سے زیادہ تحقیق کی ضرورت نہیں۔

[۱۶-] باب ماجاء فی طَعَامِ الْمُشْرِكِيْنَ

[۱۵۵۷-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْدَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، أَخْبَرَنِی سِمَاكُ بنُ حَرْبٍ، قَالَ سَمِعْتُ قَبِيْصَةَ بنَ هُلْبٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: سَأَلْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم عَنْ طَعَامِ النَّصَارَى؟ فَقَالَ: ''لَايَتَخَلَّجَنَّ فِی صَدْرِكَ طَعَامٌ، ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ!''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَالَ مَحْمُوْدٌ: وَقَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ قَبِيْصَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَهُ، قَالَ: محمودٌ: وَقَالَ وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، عَنْ

شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُرِّیِّ بنِ قَطَرِیٍّ، عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلَهُ.
وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ الرُّخْصَةِ فِیْ طَعَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ.

لغات: تَخَلَّجَ الشیئُ: ہلنا، حرکت کرنا، کوئی ذبیحہ تیرے سینہ میں نہ ہلے یعنی خلجان پیدا نہ کرے...... ضارَعَه: مشابہ ہونا، ہم شکل ہونا، مشابہ ہوگیا تو ذبیحہ کے معاملہ میں عیسائیت سے۔

بابٌ فی کَرَاهِیَةِ التَّفْرِیْقِ بَیْنَ السَّبْیِ

قیدیوں میں جدائی کرنا ممنوع ہے

حدیث: رسول اللہ نے فرمایا: جس نے ماں اور اس کے بیٹے کے درمیان جدائی کی: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے محبوبوں کے درمیان جدائی کریں گے (یہ حدیث ابواب البیوع باب ۵۲ میں گذر چکی ہے)

[۱۷-] بابٌ فی کراهیة التفریق بین السَّبْیِ

[۱۵۵۸-] حدثنا عُمَرُ بنُ حَفْصٍ الشَّیْبَانِیُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِیْ حُیَیٌّ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ الْحُبُلِّیِّ، عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: "مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ وَالِدَةٍ وَوَلَدِهَا: فَرَّقَ اللّٰهُ بَیْنَهُ وَبَیْنَ أَحِبَّتِهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَغَیْرِهِمْ كَرِهُوْا التَّفْرِیْقَ بَیْنَ السَّبْیِ بَیْنَ الْوَالِدَةِ وَوَلَدِهَا، وَبَیْنَ الْوَلَدِ وَالْوَالِدِ، وَبَیْنَ الإِخْوَةِ.

بابُ ماجاء فی قَتْلِ الْأُسَارَی وَالْفِدَاءِ

قیدیوں کو قتل کرنے کا اور بدلہ لے کر چھوڑنے کا بیان

جنگ میں جو قیدی پکڑے جاتے ہیں ان کا مسئلہ چار طرح سے حل کیا جاتا ہے:

پہلا طریقہ: جس قیدی کا قتل کرنا قرین مصلحت ہو اس کو قتل کر دیا جائے، آج بھی دنیا اس بات کو تسلیم کرتی ہے۔

دوسرا طریقہ: جس قیدی کو مفت رہا کرنا قرین مصلحت ہو اس کو چھوڑ دیا جائے، اس کو عربی میں مَنّ (بلا معاوضہ چھوڑ دینا) کہتے ہیں، سورۂ محمد (ﷺ) آیت ۵ میں اس کا ذکر ہے۔

تیسرا طریقہ: اپنے قیدیوں سے تبادلہ کیا جائے یا جنگ کا ہرجانہ لے کر چھوڑ دیا جائے اس کو فِداءٌ (معاوضہ

لے کر چھوڑنا) کہتے ہیں، سورۂ محمد (ﷺ) کی مذکورہ آیت میں اس کا بھی ذکر ہے۔

چوتھا طریقہ: قیدیوں کو غلام باندی بنا کر فوج میں تقسیم کر دیا جائے، یہ مسئلہ کا آخری حل ہے اور یہ حل اسلام نے شروع نہیں کیا بلکہ پہلے سے یہ طریقہ چلا آرہا تھا، اسلام نے اس کو باقی رکھا ہے، کیونکہ اس میں بہت سی مصلحتیں ہیں، قید میں رکھنا اور کھلانا پلانا ملک کی تباہی کا باعث ہوسکتا ہے، اور مفت چھوڑ دینا وبالِ جان بن سکتا ہے اور بلاوجہ قتل کرنا انسانیت کے خلاف ہے اس لئے قیدیوں کے مسئلہ کا آخری حل غلامی ہے، دنیا کو اگر یہ حل پسند نہیں تو وہ اس سے بہتر حل پیش کرے۔

حدیث (۱): بدر کی جنگ میں ستر قیدی ہاتھ آئے تھے، اور سب بڑے لوگ تھے، ان کے بارے میں مشورہ ہوا ایک رائے یہ آئی کہ سب کو قتل کر دیا جائے کیونکہ وہ سب مکہ کے سورما تھے، ان کو قتل کر دیا جاتا تو دشمن کی طاقت ٹوٹ جاتی، دوسری رائے یہ آئی کہ ان کو فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے اور فدیہ کی رقم سے ہتھیار خریدے جائیں اور آئندہ دشمن سے لوہا لیا جائے۔ جب یہ مشورہ ہو رہا تھا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نازل ہوئے اور یہ بات بتلائی کہ اگر ان کو قتل کر دوگے تو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا اور فدیہ لے کر چھوڑ دوگے تو آئندہ جنگ میں تمہارے اتنے ہی آدمی شہید ہونگے، صحابہ نے فدیہ لینے کو ترجیح دی، اور کہا کہ شہادت ہماری عین تمنا ہے۔

حدیث (۲): حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ایک مشرک قیدی دے کر دو مسلمان قیدی چھڑائے (معلوم ہوا کہ قیدیوں کا تبادلہ بھی فدیہ کی ایک صورت ہے)

[۱۸-] باب ماجاء فی قَتْلِ الأُسَارَی و الفِدَاءِ

[۱۵۵۹-] حدثنا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بنُ أَبِي السَّفَرِ، وَاسْمُهُ: أَحْمَدُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِيُّ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفْرِيُّ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ زَكَرِيَّا بنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ جِبْرَئِيْلَ هَبَطَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ: خَيِّرْهُمْ – يَعْنِيْ أَصْحَابَكَ – فِيْ أُسَارَى بِدْرٍ: الْقَتْلَ أَوِ الْفِدَاءَ عَلٰى أَنْ يُقْتَلَ مِنْهُمْ قَابِلاً مِثْلَهُمْ، قَالُوْا: الْفِدَاءَ وَيُقْتَلُ مِنَّا.

وفى الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَنَسٍ، وَأَبِيْ بَرْزَةَ، وَجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ.

هٰذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيثِ الثَّوْرِيِّ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ ابنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، وَرَوَى أَبُوْأُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَرَوَى ابنُ عَوْنٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً؛ وَأَبُوْ دَاوُدَ

الْحَفْرِيُّ: اسْمُهُ عُمَرُ بنُ سَعْدٍ.

[١٥٦٠-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَدَى رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِرَجُلٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَعَمُّ أَبِيْ قِلَابَةَ: هُوَ أَبُوْ الْمُهَلَّبِ، واسْمُهُ: عَبْدُ الرَّحْمنِ بنُ عَمْرٍو، وَيُقَالُ: مُعَاوِيَةُ بنُ عَمْرٍو، وَأَبُوْ قِلَابَةَ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ زَيْدٍ الجَرْمِيُّ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّ لِلإِمَامِ أَنْ يَمُنَّ عَلٰى مَنْ شَاءَ مِنَ الْأُسَارَى، وَيَقْتُلَ مَنْ شَاءَ مِنْهُمْ، وَيَفْدِى مَنْ شَاءَ، وَاخْتَارَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ القَتْلَ عَلَى الْفِدَاءِ.

وَقَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: بَلَغَنِيْ أَنَّ هٰذِهِ الآيَةَ مَنْسُوْخَةٌ: قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً﴾ نَسَخَتْهَا﴿فَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ﴾ حدثنا بِذٰلِكَ هَنَّادٌ، ثنا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ.

قَال إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ: قُلْتُ لِأَحْمَدَ: إِذَا أُسِرَ الأَسِيْرُ يُقْتَلُ أَوْ يُفَادَى أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: إِنْ قَدَرُوْا أَنْ يُفَادَوْا فَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ، وَإِنْ قُتِلَ فَمَا أَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا؛ قَالَ إسحاقُ: الإِثْخَانُ أَحَبُّ إِلَيَّ، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ مَعْرُوْفًا فَأَطْمَعُ بِهِ الْكَثِيْرَ.

وضاحت: پہلی حدیث ثوری رحمہ اللہ کے تلامذہ میں سے صرف یحییٰ روایت کرتے ہیں، اور کوئی شاگرد روایت نہیں کرتا اس لئے غریب ہے، البتہ ثوری کے استاذ بھائی ابواسامہ اس کو ہشام سے روایت کرتے ہیں، اس لئے حدیث حسن ہے لأنه رُوِی من غير وجه اور ہشام کے استاذ بھائی ابن عون اس کو مرسل روایت کرتے ہیں یعنی آخر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کرتے (ہندی نسخے میں عن علی بھی ہے، مگر الکوکب کے حاشیہ میں ہے کہ مصری نسخہ میں یہ نہیں ہے، اس لئے اس کو حذف کیا ہے)

ترجمہ: اس پر اکثر صحابہ وغیرہ اہل علم کا عمل ہے کہ امام کو حق ہے کہ وہ قیدیوں میں سے جس کو چاہے بطور احسان (فدیہ لئے بغیر) چھوڑ دے اور ان میں سے جس کو چاہے قتل کردے اور جس کو چاہے فدیہ لے کر چھوڑے، اور بعض اہل علم فدیہ لے کر چھوڑنے کی بہ نسبت قتل کرنے کو زیادہ بہتر سمجھتے ہیں، اور اوزاعی کہتے ہیں: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ سورۂ محمد کی آیت ﴿فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاءً﴾ منسوخ ہے اور ناسخ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۹۱: ﴿وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ﴾ ہے۔

اسحاق بن منصور کہتے ہیں: میں نے امام احمد رحمہ اللہ سے پوچھا: جب قیدی پکڑے جائیں تو ان کو قتل کیا جائے یا

فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے: آپ کو زیادہ پسند کیا ہے؟ (أی ماذا أَحَبُّ إلیك) انھوں نے فرمایا: اگر وہ فدیہ لے سکتے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں اور قتل کردیا جائے تو اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں، یعنی دونوں صورتیں جائز ہیں یعنی سورۂ محمد کی آیت منسوخ نہیں، اسحاق کہتے ہیں: قیدیوں کو تہ تیغ کرنا مجھے زیادہ پسند ہے مگر یہ کہ کوئی قیدی مشہور آدمی ہو اور مجھے ان کے بدل بڑا مال ملنے کی امید ہو (تو فدیہ لے کر چھوڑا جاسکتا ہے)

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ والصِّبْیَانِ

جنگ میں عورتوں اور بچوں کو قتل کرنا ممنوع ہے

جنگ میں صرف فوجیوں کو جو لڑنے کے لئے آئے ہیں: قتل کیا جاتا ہے، عام شہریوں کو قتل نہیں کیا جاتا، اسی طرح فوج کے ساتھ جو عورتیں، بچے، غلام اور نوکر آئے ہیں ان کو بھی قتل نہیں کیا جاتا، نہ ان دوکانداروں کو قتل کیا جاتا ہے جو فوجیوں کے ساتھ دوکانیں لے کر آئے ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک غزوہ میں ایک عورت مقتول پائی گئی، نبی ﷺ نے اس پر ناگواری کا اظہار فرمایا اور عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔

حدیث (۲): حضرت صعب بن جثامہ نے پوچھا: یارسول اللہ! ہمارے گھوڑوں نے مشرکین کی عورتوں اور بچوں کو روند ڈالا یعنی ہمارے قبیلہ نے دشمن پر شب خون مارا، رات کی تاریکی میں گھوڑوں کے پیروں میں آکر عورتیں اور بچے کچل گئے، آپؐ نے فرمایا: ''وہ ان کے آباء سے ہیں'' یعنی بے خبری میں ان کے قتل ہوجانے میں کوئی گرفت نہیں، جس طرح ان کے آباء کا قتل جائز ہے ان کا بھی جائز ہے۔

تشریح: پہلے یہ بات آچکی ہے کہ شب خون مارنا نبی ﷺ کی سیرت میں نہیں تھا، مگر شب خون مارنا جائز ہے، جب دشمن رات میں اچانک حملہ کرتا ہے تم ہم بھی کرسکتے ہیں، پھر اندھیرے میں جو بھی لپیٹ میں آجائے اس کا قتل جائز ہے۔

فائدہ: یہ پرانے زمانہ کی بات ہے، جب جنگ میں اختیار ہوتا تھا، اب تو فضائی جنگ بھی ہوتی ہے جس میں بم پھینکے جاتے ہیں اور میزائل داغے جاتے ہیں، اب یہ بات اختیار میں نہیں رہی کہ جسے چاہیں ماریں اور جسے چاہیں نہ ماریں، آج کی جنگ میں جان و مال کی تباہی پہلے سے ہزاروں گنا زیادہ ہوتی ہے، فإلی اللّٰہِ المشتکی۔

[۱۹-] باب ماجاء فی النهی عن قَتْلِ النِّسَاءِ والصِّبْیَان

[۱۵۶۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، أَخْبَرَهُ: أَنَّ امْرَأَةً وُجِدَتْ فِی بَعْضِ مَغَازِیْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَقْتُوْلَةً، فَأَنْکَرَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم ذٰلِكَ، وَنَهی

عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ"
وفى الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَرَبَاحٍ، وَيُقَالُ: رَبَاحُ بْنُ الرَّبِيْعِ، وَالْأَسْوَدِ بنِ سَرِيْعٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَالصَّعْبِ بنِ جَثَّامَةَ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ كَرِهُوْا قَتْلَ النِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ، وَهُوَ قَوْلُ سفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَالشافِعِيِّ.
وَرَخَّصَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِى الْبيَاتِ وَقَتْلِ النِّسَاءِ فِيْهِمْ وَالْوِلْدَانِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإسحاقَ، وَرَخَّصَا فِيْ الْبيَاتِ.
[١٥٦٢-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ الصَّعْبُ بنُ جَثَّامَةَ قَالَ: قُلْتُ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ خَيْلَنَا أَوْطَأَتْ مِنْ نِسَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ وَأَوْلَادِهِمْ، قَالَ:" هُمْ مِنْ آبَائِهِمْ" هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

دشمن کو قتل کیا جائے، آگ میں جلایا نہ جائے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ میں بھیجا اور فرمایا: "اگر تم کو قریش کے فلاں اور فلاں دو شخص مل جائیں تو ان کو زندہ جلا دینا" پھر جب ہم نے نکلنے کا ارادہ کیا اور نبی ﷺ سے الوداعی ملاقات کی تو آپؐ نے فرمایا: "میں نے تمہیں حکم دیا تھا کہ فلاں اور فلاں کو زندہ جلا دینا مگر آگ کا عذاب صرف رب النار کے شایانِ شان ہے، پس جب تم ان کو پاؤ تو ان کو قتل کر دینا" ——— آگ میں جلانا خلافِ اولیٰ ہے، حرام نہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کچھ مرتدین کو آگ میں جلایا ہے وہ حدیث ابواب الحدود (باب ۲۵) میں گذر چکی ہے۔

[٢٠-] بابٌ

[١٥٦٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ بُكَيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: بَعَثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْثٍ، فَقَالَ:" إِنْ وَجَدْتُمْ فُلَانًا وَفُلَانًا - لِرَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ - فَأَحْرِقُوْهُمَا بِالنَّارِ" ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أَرَدْنَا الْخُرُوْجَ: "إِنِّيْ كُنْتُ أَمَرْتُكُمْ أَنْ تُحْرِقُوْا فُلَانًا وَفُلَانًا بِالنَّارِ، وَإِنَّ النَّارَ لَا يُعَذِّبُ بِهَا إِلَّا اللّٰهُ، فَإِنْ وَجَدْتُمُوْهُمَا فَاقْتُلُوْهُمَا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَحَمْزَةَ بنِ عَمْرٍو الأَسْلَمِيِّ؛ حديثُ أَبِیْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَدْ ذَكَرَ مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ بَيْنَ سُلَيْمَانَ بنِ يَسَارٍ وَبَيْنَ أَبِیْ هُرَيْرَةَ رَجُلاً فِیْ هٰذَا الحديثِ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِثْلَ رِوَايَةِ اللَّيْثِ، وَحديثُ اللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ أَشْبَهُ وَأَصَحُّ.

بابُ ماجاء فی الغُلُوْلِ

غنیمت میں خیانت کرنے کا بیان

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اس حال میں دنیا سے گذرا کہ وہ تکبر، مال غنیمت میں خیانت اور قرض سے پاک تھا تو وہ جنت میں جائے گا''

وضاحت: پہلی حدیث ابوعوانہ کی ہے اور دوسری حدیث سعید بن ابی عروبہ کی ہے، دونوں میں دو فرق ہیں: ایک: ابوعوانہ: سالم بن ابی الجعد کے بعد کوئی راوی نہیں بڑھاتے، اور سعید: معدان بن ابی طلحہ کا واسطہ بڑھاتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔ دوسرا: پہلی حدیث میں لفظ کبر ہے، اور سعید کی حدیث میں کنز ہے، کنز: اس مال کو کہتے ہیں جس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس کی روح جسم سے اس حال میں نکلی کہ وہ تین چیزوں سے پاک تھا: خزانے سے، مال غنیمت میں خیانت کرنے سے اور قرضے سے تو وہ جنت میں جائے گا''

حدیث (۳): جنگ خیبر میں ایک صاحب شہید ہوئے ان کا نام کرکرہ تھا ان کی شہادت پر کسی نے آپؐ کے سامنے کہا: فلاں شخص شہید ہوگیا یعنی جنت میں گیا، آپؐ نے فرمایا: ''ہرگز نہیں! میں نے اس کو جہنم میں دیکھا ہے، ایک عبا (چوغے) کی وجہ سے جو اس نے مال غنیمت سے چرائی ہے'' پھر آپؐ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ اعلان کرنے کا حکم دیا کہ جنت میں سوائے مؤمن کے کوئی نہیں جائے گا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ یہ اعلان کیا۔

تشریح: اس حدیث میں مؤمن سے مؤمن کامل مراد ہے، اور مؤمن کامل وہ ہے جس کے نامۂ اعمال میں کوئی کبیرہ گناہ نہ ہو اور نجات اولّی کے لئے ایمان کامل شرط ہے اور مال غنیمت میں خیانت کرنا کبیرہ گناہ ہے، اس لئے نبی ﷺ نے اس کو معذّب دیکھا۔

[۲۱-] باب ماجاء فی الغُلُوْلِ

[۱۵۶۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِی الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' مَنْ مَاتَ وَهُوَ بَرِیءٌ مِنَ الْكِبْرِ، وَالْغُلُوْلِ، وَالدَّيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ''

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِیِّ.

[۱۵۶۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِیْ الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: "مَنْ فَارَقَ الرُّوْحُ الْجَسَدَ، وَهُوَ بَرِیءٌ مِنْ ثَلاَثٍ: الكَنْزِ، وَالْغُلُوْلِ، وَالدَّيْنِ، دَخَلَ الْجَنَّةَ" هٰكَذَا قَالَ سَعِيْدٌ: الْكَنْزِ، وَقَالَ أَبُوْ عَوَانَةَ فِیْ حَدِيْثِهِ: الْكِبْرِ، وَلَمْ يَذْكُرْ عَنْ مَعْدَانَ، وَرِوَايَةُ سَعِيْدٍ أَصَحُّ.

[۱۵۶۶-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثَنَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، ثَنَا سِمَاكٌ أَبُوْ زُمَيْلٍ الْحَنَفِیُّ قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ عَباسٍ يَقُوْلُ: حدثنی عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، قَالَ: قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ فُلاَنًا قد اسْتُشْهِدَ، قَالَ: "كَلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِی النَّارِ، بِعَبَاءَةٍ قَدْ غَلَّهَا" قَالَ: "قُمْ يَا عُمَرُ! فَنَادِ أَنَّهُ لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا الْمُؤْمِنُوْنَ ثَلاَثًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فی خُرُوْجِ النِّسَاءِ فِی الْحَرْبِ

جنگ میں عورتوں کی شرکت

حدیث: حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ام سلیم اوران کے علاوہ دیگرانصاری عورتوں کو جنگ میں لے جایا کرتے تھے، وہ لڑتی نہیں تھیں بلکہ زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں اوران کی مرہم پٹی کرتی تھیں۔

تشریح: نبی ﷺ کا عام طریقہ عورتوں کو جہاد میں لے جانے کا نہیں تھا، مگر بعض مخصوص خواتین کو لے جاتے تھے جیسا کہ اس حدیث میں ہے، اورابوداؤد (حدیث ۲۷۲۹) میں حشرج کی دادی کی روایت ہے، وہ کہتی ہیں: ہم چھ عورتیں جنگ خیبر میں آنحضور ﷺ کے ساتھ نکلیں، آپؐ کواس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے ہمیں بلایا، ہم پہنچیں تو ہم نے آپؐ کوغصے میں دیکھا، آپؐ نے پوچھا: تم کس کے ساتھ نکلیں؟ اورکس کی اجازت سے نکلیں؟ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نکلی ہیں: ہم بال کاتیں گی، اوراس سے راہ خدا میں مدد کریں گی اور ہمارے پاس زخمیوں کے لئے دوا ہے، اورہم تیر دیں گی اورستّو پلائیں گی، پس آپؐ نے فرمایا: ''رکو'' پھر جب اللہ نے آپؐ کوخیبر پر فتح عطا فرمائی تو ہمیں بھی مردوں کی طرح حصہ دیا، حشرج نے پوچھا: دادی ماں کیا دیا؟ انھوں نے کہا: کھجوریں (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگرعورت محرم کے ساتھ جہاد میں شریک ہواورفوجیوں کا تعاون کرے توجائز ہے)

[۲۲-] باب ماجاء فی خروج النِّساء فی الحَرْبِ

[۱۵۶۷-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلاَلٍ الصَّوَّافُ، ثَنَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ الضُّبُعِیُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ

قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَغْزُوْ بِأُمِّ سُلَيْمٍ وَنِسْوَةٍ مَعَهَا مِنَ الْأَنْصَارِ: يَسْقِيْنَ الْمَاءَ، وَيُدَاوِيْنَ الْجَرْحٰى.

وفى الباب: عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى قُبُوْلِ هَدَايَا الْمُشْرِكِيْنَ

مشرکین کے ہدایا قبول کرنا جائز ہے

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کو ایران کے بادشاہ کسری نے ہدیہ دیا تو آپؐ نے اس کو قبول فرمایا۔ اور دیگر بادشاہوں نے بھی ہدایا بھیجے، پس آپؐ نے ان کے ہدایا قبول فرمائے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مشرکین کے ہدایا قبول کرنا جائز ہے، البتہ اگر ان کے ہدیہ کی وجہ سے دل میں ان کی محبت ومودت پیدا ہو تو قبول کرنا جائز نہیں، یہ بات حضرت گنگوہی قدس سرہ نے الکوکب الدری میں بیان فرمائی ہے اور حکومت کے سربراہ جو ایک دوسرے کو ہدایا دیتے ہیں یا عید اور دیوالی کے مواقع پر جو باہم تحائف دیئے جاتے ہیں وہ بس دنیا کی ریت ہے پس اس کو دینے لینے میں کوئی حرج نہیں۔

حدیث (۲): حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ نے (جو اپنے قبیلہ کے سردار تھے) نبی ﷺ کو ایک اونٹنی ہدیہ میں دی، آپؐ نے پوچھا: کیا تم مسلمان ہوئے ہو؟ انھوں نے کہا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''میں مشرکین کے مکھن سے روکا گیا ہوں'' یعنی ان کے ہدایا لینے کی مجھے اجازت نہیں۔

تشریح: یہ جو نبی ﷺ نے ہدیہ قبول نہیں کیا تھا تو وہ ہدیہ دینے والے کی مصلحت سے تھا، بعض مرتبہ ہدیہ واپس کر دیا جائے تو اس سے ہدیہ دینے والے کی اصلاح ہو جاتی ہے، میرے پاس ایک بے ریش ہدیہ لے کر آیا، میں نے اس کا ہدیہ نہیں لیا اور اس کو بتلایا کہ میں اس وجہ سے ہدیہ قبول نہیں کر رہا، الحمد للہ! اس نے اسی دن سے ڈاڑھی رکھ لی۔ غرض آنحضور ﷺ نے بھی مصلحتاً عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ کا ہدیہ قبول نہیں فرمایا تھا، ورنہ فی نفسہ مشرک کا ہدیہ لینا جائز ہے، نبی ﷺ نے مشرکین کے ہدایا قبول فرمائے ہیں۔

[۲۳-] باب ماجاء فى قبولِ هَدَايا المشركين

[۱۵۶۸-] حدثنا عَلِيُّ بنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ كِسْرَى أَهْدَى لَهُ، فَقَبِلَ، وَأَنَّ الْمُلُوْكَ أَهْدَوْا إِلَيْهِ، فَقَبِلَ مِنْهُمْ"

وَفِي البابِ: عَنْ جَابِرٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَثُوَيْرٌ: هُوَ ابنُ أَبِي فَاخِتَةَ، اسْمُهُ: سَعِيدُ بْنُ عِلاَقَةَ، وَثُوَيْرٌ يُكْنى أَبَاجَهْمٍ.

[۱۵۶۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ عِمْرَانَ القَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ عِيَاضِ بنِ حِمَارٍ: أَنَّهُ أَهْدَى للنبيِّ صلى الله عليه وسلم هَدِيَّةً أَوْ: نَاقَةً، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَسْلَمْتَ؟" فَقَالَ: لاَ: قَالَ: "فَإِنِّي نُهِيْتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِكِيْنَ"

قال أبو عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى قَوْله: "إِنِّيْ نُهِيْتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِكِيْنَ" يَعْنِيْ هَدَايَاهُمْ.

وَقَدْ رُوِىَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كَانَ يَقْبَلُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ هَدَايَاهُمْ، وَذُكِرَ فِيْ هٰذَا الحديثِ الْكَرَاهِيَةُ، وَاحْتَمَلَ أَنْ يَكُوْنَ هٰذَا بَعْدَ مَاكَانَ يَقْبَلُ مِنْهُمْ، ثُمَّ نَهى عَنْ هَدَايَاهُمْ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں میں یہ تطبیق دی ہے کہ پہلی حدیث دور اول کی ہے اور دوسری حدیث مابعد زمانہ کی ہے، اس لئے وہ ناسخ ہے یعنی پہلے آپؐ مشرک کا ہدیہ قبول کرتے تھے، پھر لینا بند کردیا (مگر اس کی کوئی دلیل نہیں، اس لئے بہتر تطبیق وہ ہے جو ہم نے بیان کی ہے کہ مشرک کا ہدیہ لینا فی نفسہ جائز ہے، اور کسی مصلحت سے نہ لیا جائے تو یہ بھی درست ہے)

بابُ ماجاء فی سَجْدَةِ الشُّكْرِ

سجدۂ شکر کا بیان

حدیث: حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے سامنے ایک معاملہ آیا جس سے آپؐ کو خوشی ہوئی تو آپؐ سجدہ میں چلے گئے۔

تشریح: جب کوئی خوش کن خبر پہنچے یا فرحت افزا معاملہ پیش آئے یا کوئی آفت ومصیبت ٹلے تو اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانا مسنون ہے اور شکر بجالانے کے دو طریقے ہیں: کامل اور ناقص، کامل شکر بجالانا یہ ہے کہ کم از کم دو نفلیں پڑھے اور زیادہ پڑھے تو اور بھی بہتر ہے، اور ناقص شکر بجالانا یہ ہے کہ سجدہ تلاوت کی طرح سجدۂ شکر کرے، سجدہ شکر احناف کے نزدیک بھی مشروع ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ سے جو مروی ہے کہ لم یَرَہٗ: آپ نے اس کو نہیں دیکھا یعنی اس کو شکر تام نہیں سمجھا۔ شکر تام دو نفلیں پڑھنا ہے، اور فتح مکہ کے موقع پر آپؐ نے جو آٹھ نفلیں پڑھی تھیں ان کے بارے میں امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہوسکتا ہے وہ نفلیں فتح مکہ کے شکریہ کی پڑھی ہوں۔

اور نمازِ شکر اور سجدۂ شکر کی حکمت یہ ہے کہ آدمی کبھی نعمتوں پر اتنا خوش ہوتا ہے کہ اترانے لگتا ہے، یہ ایک بری کیفیت ہے، اس کا علاج یہ ہے کہ منعمِ حقیقی کے سامنے عاجزی کرے تاکہ وہ بری حالت اچھی حالت سے بدل جائے۔

فائدہ: سجدۂ مناجات جس کا بدعتیوں میں رواج ہے: جائز نہیں، کیونکہ کسی صحیح روایت سے اس کا ثبوت نہیں، اور اس سلسلہ میں جو روایت بیان کی جاتی ہے، کبیری میں لکھا ہے کہ وہ موضوع ہے اور صحیح روایات میں جو سجدہ میں آنحضرت ﷺ کا دعا کرنا مروی ہے اس سے تہجد وغیرہ نفل نمازوں کا سجدہ مراد ہے، علحدہ مستقل سجدہ میں دعا کرنا ان حدیثوں کا مصداق نہیں۔

[۲۴-] باب ماجاء فی سجدة الشُّكْرِ

[۱۵۷۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، ثَنَا بَكَّارُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ بَكْرَةَ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم أَتَاهُ أَمْرٌ فَسُرَّ بِهِ، فَخَرَّ سَاجِدًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ بكَّارِ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ: رَأَوْا سَجْدَةَ الشُّكْرِ.

بابُ ماجاء فی أَمَانِ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ

عورت اور غلام کا پناہ دینا

اگر کوئی مسلمان عورت کسی کافر کو پناہ دے تو اس کا پناہ دینا معتبر ہے، اب اس کافر کو قتل کرنا کسی کے لئے جائز نہیں، اسی طرح جو غلام ماذون فی القتال ہے یعنی وہ جنگ میں شامل کرلیا گیا ہے جیسے حضرت عمیر رضی اللہ عنہ جنگ خیبر میں شامل کرلئے گئے تھے: ایسا غلام اگر کسی کافر کو پناہ دے تو وہ پناہ بھی معتبر ہے، اور اگر وہ غلام جنگ میں شامل نہیں کیا گیا تو اس کا پناہ دینا معتبر نہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عورت یقیناً قوم کے لئے لیتی ہے'' (حدیث پوری ہوگئی مگر بات واضح نہیں ہوئی اس لئے فرمایا:) یعنی مسلمانوں کے خلاف پناہ دے سکتی ہے، پس اگر کوئی عورت کسی کافر کو پناہ دے تو وہ معتبر ہے، اب ہر مسلمان پر اس کا لحاظ لازم ہے۔

حدیث (۲): حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا (جو نبی ﷺ کی چچازاد بہن اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن تھیں) فرماتی ہیں: میں نے (فتح مکہ کے موقعہ پر) اپنی سسرال کے دو آدمیوں کو پناہ دی، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم نے جن کو پناہ دی ہم نے بھی ان کو پناہ دی!''

تشریح: فتح مکہ کے موقع پر آنحضرت ﷺ نے تمام مکہ والوں کو پناہ دیدی تھی مگر بارہ آدمیوں کو مستثنیٰ کردیا تھا

کہ وہ جہاں ملیں قتل کردیئے جائیں، ان میں سے دو کو حضرت ام ہانی نے پناہ دی تھی، وہ ان کے سسرالی تھے اتفاق سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے گھر گئے، انھوں نے ان کو قتل کرنا چاہا، ام ہانی نے کہا: میں نے ان کو پناہ دی ہے، حضرت علیؓ نے فرمایا: عورت کو پناہ دینے کا کیا حق ہے؟ وہ جھٹ سے حاضر خدمت ہوئیں اور سارا واقعہ عرض کیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''جن کو تم نے امان دیا ہم نے بھی ان کو امان دیا'' چنانچہ وہ قتل نہیں کئے گئے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے ان کا معمولی آدمی اس کی کوشش کرتا ہے'' یعنی معمولی آدمی بھی امان دے سکتا ہے، اور سب مسلمانوں پر اس کا پاس ولحاظ واجب ہے۔

[۲۵-] باب ماجاء فی أَمَان المرْأَةِ والعبدِ

[۱۵۷۱-] حدثنا يَحْيىَ بنُ أَكْثَم، ثَنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ كَثِيْرِ بنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: '' إِنَّ الْمَرْأَةَ لَتَأْخُذُ لِلْقَوْمِ'' يَعْنِی تُجِيْرُ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ.

وفی الباب: عَنْ أُمِّ هَانِیءٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۵۷۲-] حدثنا أَبُو الْوَلِيْدِ الدِّمَشْقِیُّ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمُقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ مُرَّةَ مَوْلٰی عَقِيْلِ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ، عَنْ أُمِّ هَانِیءٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَجَرْتُ رَجُلَيْنِ مِنْ أَحْمَائِیْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' قَدْ أَمَّنَّا مَنْ أَمَّنْتِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَجَازُوْا أَمَانَ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ: أَجَازَا أَمَانَ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ: أَنَّهُ أَجَازَ أَمَانَ الْعَبْدِ، وَأَبُوْ مُرَّةَ: مَوْلَی عَقِيْلِ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ، وَيُقَالُ لَهُ أَيْضًا: مَوْلَی أُمِّ هَانِیءٍ، وَاسْمُهُ يَزِيْدُ.

[۱۵۷۳-] وَرُوِیَ عَنْ عَلِیِّ بنِ أَبِیْ طَالِبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: '' ذِمَّةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَاحِدَةٌ، يَسْعَی بِهَا أَدْنَاهُمْ''

وَمَعْنَی هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ مَنْ أَعْطَی الْأَمَانَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَهُوَ جَائِزٌ عَنْ كُلِّهِمْ.

وضاحت: حدیث ذمة المسلمين واحدة: متفق علیہ روایت ہے (بخاری حدیث ۳۱۷۹)

بابُ ماجاء فی الغَدْرِ

عہد کی خلاف ورزی کرنے کا بیان

حدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور رومیوں کے درمیان ایک ناجنگ معاہدہ تھا جس کی ہر سال تجدید ہوتی تھی،

ایک سال حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا تجدید کا ارادہ نہیں تھا، بلکہ جنگ کرنے کا ارادہ تھا، چنانچہ جب معاہدہ کی مدت ختم ہونے کا وقت آیا تو آپؓ نے فوج کو حکم دیا کہ سرحد پر پہنچ جاؤ تاکہ سال پورا ہوتے ہی جنگ شروع کردی جائے، فوج روانہ ہونے لگی تو اچانک ایک شخص گھوڑے پر سوار ہوکر اعلان کررہا ہے: اللہ أکبر! وفاءٌ لاغدرَ: سب سے بڑے اللہ ہیں! دشمن کے ساتھ جو عہد و پیمان کیا ہے اس کو پورا کرو، خلاف ورزی مت کرو، حضرت معاویہؓ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپؓ نے اس اعلان کرنے والے کو بلایا، وہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ تھے، حضرت معاویہؓ نے پوچھا: آپؓ کیا اعلان کررہے ہیں، ہم نے معاہدہ کی خلاف ورزی کب کی ہے؟ انھوں نے حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جب کسی قوم کا کسی قوم سے معاہدہ ہو تو وہ ہرگز اس معاہدہ کی کوئی گرہ نہ کھولے نہ باندھے، یہاں تک کہ اس کی مدت گذر جائے یا ان کی طرف معاہدہ برابر پھینک دے'' چنانچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فوج لے کر لوٹ گئے۔

تشریح: جب رومیوں کے ساتھ ناجنگ معاہدہ ہے اور ہر سال اس کی تجدید ہوتی رہتی ہے تو امسال بھی وہ تجدید کی امید باندھے رہیں گے، پس ان کو غفلت میں رکھ کر جنگ کی تیاری شروع کردینا بھی معاہدہ کی خلاف ورزی ہے، اگر جنگ کا ارادہ ہو تو پیشگی دشمن کو اطلاع کردی جائے کہ ہم اب معاہدہ کی تجدید نہیں کریں گے، بلکہ جنگ کریں گے تاکہ وہ بھی اپنی تیاری شروع کردیں۔

[۲۶-] باب ماجاء فی الغَدْرِ

[۱۵۷٤-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، قَالَ أَخْبَرَنِی أَبُوْ الْفَيْضِ قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ: كَانَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ وَبَيْنَ أَهْلِ الرُّوْمِ عَهْدٌ، وَكَانَ يَسِيْرُ فِيْ بِلَادِهِمْ حَتَّى إِذَا انْقَضَى الْعَهْدُ أَغَارَ عَلَيْهِمْ، فَإِذَا رَجُلٌ عَلٰى دَابَّةٍ أَوْ: عَلٰى فَرَسٍ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ! وَفَاءٌ لَا غَدْرَ، وَإِذَا هُوَ عَمْرُو بنُ عَبَسَةَ، فَسَأَلَهُ مُعَاوِيَةُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَحُلَّنَّ عَهْدًا وَلَا يَشُدَّنَّهُمْ، حَتَّى يَمْضِيَ أَمَدُهُ أَوْ يَنْبِذَ إِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ'' قَالَ: فَرَجَعَ مُعَاوِيَةُ بِالنَّاسِ، هَذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ہر عہد شکن کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن معاہدہ کی خلاف ورزی کرنے والے کے لئے ایک جھنڈا اگاڑا جائے گا'' یعنی جو بھی شخص دشمن کے ساتھ کئے ہوئے معاہدہ کی خلاف ورزی کرے گا وہ میدانِ حشر میں

اس حال میں آئے گا کہ اس کی سرین کے گوشت میں ایک جھنڈا گڑا ہوا ہوگا جو اس کے پیچھے لہرا رہا ہوگا جس سے ہر شخص سمجھ لے گا کہ یہ عہد شکن ہے، یوں اس کی ذلت ورسوائی ہوگی۔

[۲۷-] باب ماجاء أَنَّ لِكُلِّ غادِرٍ لِوَاءً يوم القيامة

[۱۵۷۵-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ ثَنَا صَخْرُ بنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "إِنَّ الْغَادِرَ يُنْصَبُ لَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَنَسٍ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى النُّزُوْلِ عَلَى الْحُكْمِ

کسی کے فیصلہ کی شرط پر دشمن کا جنگ بند کرنا

اس باب میں تین حدیثیں ہیں، پہلی اور تیسری حدیث کا تعلق غزوۂ بنوقریظہ سے ہے اور دوسری حدیث عام ہے۔

پہلی حدیث: بنوقریظہ کے ساتھ جنگ غزوۂ احزاب کے فوراً بعد ہوئی ہے، غزوۂ احزاب میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے بازو میں تیر لگا تھا، جس سے خون کی رگ کٹ گئی تھی جس کو اکحل یا ابجل کہتے ہیں۔ نبی ﷺ نے لوہا گرم کرکے اس کو داغا تھا تاکہ خون بند ہوجائے، مگر اس سے ہاتھ میں ورم ہوگیا، پس انھوں نے دعا کی: "الٰہی! مجھے موت نہ آئے جب تک میری آنکھ بنوقریظہ کے معاملہ میں ٹھنڈی نہ ہوجائے" چنانچہ فوراً خون بند ہوگیا، ایک قطرہ بھی نہیں نکلا یہاں تک کہ بنوقریظہ ان کے فیصلہ پر اتر آئے، پس نبی ﷺ نے ان کو بلوایا، انھوں نے یہ فیصلہ کیا کہ بنوقریظہ کے مردوں کو قتل کیا جائے اور ان کی عورتوں کو باقی رکھا جائے، ان سے مسلمان کام لیں، نبی ﷺ نے فرمایا: "آپؓ نے ان کے بارے میں وہی فیصلہ کیا جو اللہ کا ہے" بنوقریظہ کی تعداد چار سو تھی جب ان کا قتل نمٹ گیا تو حضرت معاذ کی رگ کھل گئی جس سے ان کا انتقال ہوگیا۔

تشریح: نزاعی معاملات میں پنچایت بٹھانا جائز ہے مگر ضروری ہے کہ پنچ قرآن وحدیث کے مطابق فیصلہ کرے، جنگ صفین میں حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما نے دو شخصوں کی پنچایت بنائی تھی جس سے خوارج نے اختلاف کیا تھا وہ کہتے تھے: إن الحكم إلا لله: فیصلہ صرف اللہ کا ہے یعنی نزاعی معاملات میں پنچایت بٹھانا جائز نہیں، یہ کہہ کر وہ دونوں جماعتوں سے الگ ہوگئے اور حرورا نامی بستی کو اپنا مرکز بنالیا، چنانچہ وہ حروری کہلائے

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ان کے ساتھ جنگ ہوئی ہے وہ جنگ ہار گئے اور مارے گئے یا تتر بتر ہو گئے، مگر ان کا آج تک وجود ہے، یمن میں انہی کی حکومت ہے۔

ان کا یہ نظریہ غلط تھا کیونکہ بنوقریظہ کا فیصلہ دونوں فریقوں کی رضامندی سے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کیا تھا، پس خوارج نے إن الحکم إلا للہ کا جو مطلب سمجھا ہے وہ غلط ہے، اس ارشاد پاک کا مطلب یہ ہے کہ احکام نازل کرنے کا حق صرف اللہ تعالیٰ کا ہے کسی اور کو یہ حق حاصل نہیں، رہا نزاعی معاملات میں کوئی پنچ بنانا جو احکام الٰہی کے مطابق فیصلہ کرے: اس آیت کے خلاف نہیں۔

فائدہ: جب حضرت معاذ فیصلہ کے لئے بلائے گئے تو وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے تھے، جب وہ کیمپ کے قریب پہنچے تو نبی ﷺ نے ان کے قبیلے کے لوگوں سے فرمایا: **قوموا إلی سیِّدِکم:** اپنے سردار کی طرف کھڑے ہوؤ، یعنی وہ بیمار ہیں ان کو سہارا دے کر اتارو، کچھ لوگ اس سے قیام تعظیمی کے جواز پر استدلال کرتے ہیں مگر یہ استدلال درست نہیں، یہ استدلال جب ہو سکتا ہے کہ قوموا لسیدکم ہو یعنی اپنے سردار کے لئے کھڑے ہوؤ جبکہ حدیث میں لام نہیں ہے بلکہ إلی ہے اور اس کے معنی وہ ہیں جو اوپر بیان کئے گئے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: مشرکوں کے شیوخ کو قتل کرو، اور ان کی نئی پود کو باقی رکھو (یہ ایک عام ضابطہ ہے، جنگ میں بچوں کو قتل کرنا ممنوع ہے، بڑے مردوں ہی کو قتل کیا جائے گا اور اس کا مدار لفظ شیخ اور شرخ پر ہے اور اس کی شرح اگلی حدیث میں ہے)

تیسری حدیث: عطیہ قُرظیؓ کہتے ہیں: ہم بنوقریظہ کی جنگ کے موقعہ پر نبی ﷺ کے سامنے پیش کئے گئے، پس جن کے زیر ناف اُگ آئے تھے ان کو قتل کیا گیا، اور جن کے زیر ناف نہیں اُگے تھے ان کو چھوڑ دیا گیا، میں ان میں تھا جن کے زیر ناف ابھی نہیں اگے تھے، اس لئے مجھے چھوڑ دیا گیا۔

تشریح: یہ علامت صرف ان بچوں میں دیکھی جائے گی جن کا بالغ ہونا معلوم نہیں، اور جن کا بالغ ہونا یا بچہ ہونا واضح ہو ان میں علامت دیکھنے کی ضرورت نہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر بچہ کی عمر معلوم نہ ہو اور اسے احتلام ہونا بھی یاد نہ ہو، تو زیر ناف دیکھ کر فیصلہ کیا جائے گا، اگر زیر ناف اگ آئے ہیں تو وہ بالغ ہے ورنہ نابالغ۔

[۲۸-] باب ماجاء فی النُّزُوْلِ علی الْحُکْمِ

[۱۵۷۶-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ أَبِیْ الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّہُ قَالَ: رُمِیَ یَوْمَ الْأَحْزَابِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَطَعُوْا أَکْحَلَہُ أَوْ: أَبْجَلَہُ، فَحَسَمَہُ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم بِالنَّارِ، فَانْتَفَخَتْ یَدُہُ، فَتَرَکَہُ، فَنَزَفَہُ الدَّمُ، فَحَسَمَہُ أُخْرٰی، فَانْتَفَخَتْ یَدُہُ، فَلَمَّا رَأَی ذٰلِکَ قَالَ: اللّٰہُمَّ لَا تُخْرِجْ نَفْسِیْ حَتّٰی تُقِرَّعَیْنِیْ مِنْ بَنِیْ قُرَیْظَۃَ، فَاسْتَمْسَکَ عِرْقُہُ، فَمَا قَطَرَ قَطْرَۃً، حَتّٰی نَزَلُوْا عَلٰی حُکْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ،

فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ، فَحَكَمَ: أَنْ يُقْتَلَ رِجَالُهُمْ وَتُسْتَحْيَى نِسَائُهُمْ: يَسْتَعِيْنُ بِهِنَّ الْمُسْلِمُوْنَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَصَبْتَ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ" وَكَانُوْا أَرْبَعَ مِائَةٍ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِهِمِ انْفَتَقَ عِرْقُهُ، فَمَاتَ.

وفى الْبَاب: عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، وَعَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۷۷-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ الدِّمَشْقِيُّ، حدثنا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدَبٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " اقْتُلُوْا شُيُوْخَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاسْتَحْيُوْا شَرْخَهُمْ" وَالشَّرْخُ: الغِلْمَانُ الَّذِيْنَ لَمْ يُنْبِتُوْا.

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ حَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ، عَنْ قَتَادَةَ نَحْوَهُ.

[۱۵۷۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، قَالَ: عُرِضْنَا عَلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ قُرَيْظَةَ، فَكَانَ مَنْ أَنْبَتَ قُتِلَ، وَمَنْ لَمْ يُنْبِتْ خُلِّى سَبِيْلُهُ، فَكُنْتُ مِمَّنْ لَمْ يُنْبِتْ، فَخَلَّى سَبِيْلِىْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالعملُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُمْ يَرَوْنَ الإِنْبَاتَ بُلُوْغًا، إِنْ لَمْ يُعْرَفِ احْتِلَامُهُ وَلَا سِنُّهُ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ، وَإِسحاقَ.

لغات: الشَّيْخ: بڑا آدمی، عمر رسیدہ، یہاں مراد بالغ ہے...... الشَّرْخ: نوجوان، شَرَخَ (ن) الصبیُّ: بچہ کا جوان ہونا، شَرْخُ الشَّباب: نوجوانی، بلوغ سے پہلے کا جوانی سے قریبی زمانہ...... انْفَتَقَ: انْفَسَخَ وانْفَتَحَ۔

بابُ ماجاء فی الحِلْفِ

باہمی تعاون کا معاہدہ کرنا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے خطبہ میں ارشاد فرمایا: ''آپ لوگوں نے زمانہ جاہلیت میں قسمیں کھا کر جو معاہدے کئے ہیں ان کو پورا کرو، کیونکہ اسلام ان کو زیادہ نہیں کرتا مگر شدت میں، یعنی اسلام اس معاہدہ کو پورا کرنے کی تاکید کرتا ہے، ان کو کالعدم نہیں کرتا، مگر اب مسلمان ہونے کے بعد ایسا کوئی معاہدہ نہ کرو''

تشریح: زمانہ جاہلیت میں لوگ آپس میں قسمیں کھا کر معاہدہ کیا کرتے تھے کہ ہم ہر حال میں متحد رہیں گے اور حاجت مندوں کی مدد کریں گے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: یہ معاہدے پورے کرو یعنی ان پر عمل کرو، کیونکہ اسلام اس قسم کے معاہدوں کی تاکید ہی کرتا ہے، ان کو کالعدم قرار نہیں دیتا، لیکن اب اسلام میں اس قسم کے معاہدوں کی ضرورت

نہیں، کیونکہ اسلام خود ایک مضبوط رشتہ ہے، اب اس کی بنیاد پر تعاون ہونا چاہئے، اور ظلم وزیادتی کی اسلام خود ممانعت کرتا ہے، پس اس کے ازالہ کے لئے کسی تحالف کی ضرورت نہیں۔

[۲۹- باب ماجاء فی الحِلْفِ

[۱۵۷۹-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا حُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ: "أَوْفُوْا بِحِلْفِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَإِنَّهُ لاَيَزِيْدُهُ – يَعْنِى الإِسْلاَمَ – إِلَّا شِدَّةً، وَلاَ تُحْدِثُوْا حِلْفًا فِى الإِسْلاَمِ"

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، وَأَبِیْ هريرةَ، وابنِ عَباسٍ، وَقَيْسِ بنِ عَاصِمٍ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: الحِلْف: اسم ہے اور الحَلْف: مصدر ہے جس کے معنی ہیں: قسم کھانا، حلف اٹھانا۔

بابٌ فی أَخْذِ الْجِزْيَةِ مِنَ الْمَجُوْسِ

آتش پرستوں سے جزیہ لینا جائز ہے

حدیث: بجالہ کہتے ہیں: میں جزء بن معاویہ کا سکریٹری تھا، جب وہ مناذر کے گورنر تھے، اس زمانہ میں ہمارے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا خط آیا ہے کہ اپنے علاقے کے مجوسیوں کو دیکھو اوران سے جزیہ لو، اس لئے کہ عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے مجھے بتایا کہ نبی ﷺ نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا ہے۔ دوسری روایت میں بجالہ کہتے ہیں: حضرت عمرؓ مجوس سے جزیہ نہیں لیا کرتے تھے، یہاں تک کہ ان کو عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے اطلاع دی کہ نبی ﷺ نے ھَجَر مقام کے مجوسیوں سے جزیہ قبول کیا ہے۔

تشریح: یہود ونصاری سے تو جزیہ لیا جاسکتا ہے یعنی ان کو ان کے مذہب پر برقرار رکھا جاسکتا ہے کیونکہ ان کا مذہب: اسلام سے قریب ہے، وہ انبیاء کو، آسمانی کتابوں کو، فرشتوں کو اور جنت وجہنم وغیرہ کو مانتے ہیں، مگر آتش پرست اور ہندوؤں وغیرہ سے جزیہ لیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ یعنی ان کو ان کے مذہب پر برقرار رکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟ کیونکہ ان کا مذہب اتنا غلط ہے کہ ان کو اس پر برقرار رکھنا عقل میں نہیں آتا، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے دورِ خلافت میں مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیتے تھے، مگر جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا کہ نبی ﷺ نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ قبول کیا ہے تو آپؓ نے اپنے تمام گورنروں کو حکم بھیجا کہ مجوسیوں سے جزیہ قبول کرو، اور مسئلہ طے ہوگیا کہ ہر مذہب والے سے جزیہ قبول کیا جاسکتا ہے، اور اس کو دارالاسلام کا شہری بنایا جاسکتا ہے۔

[۳۰-] بابُ فی أَخْذِ الْجِزْيَةِ مِنَ الْمَجُوْسِ

[۱۵۸۰-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثَنا الْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ بَجَالَةَ بنِ عَبْدَةَ، قَالَ: كُنْتُ كَاتِبًا لِجَزْءِ بنِ مُعَاوِيَةَ علىٰ مَنَاذِرَ، فَجَاءَ نَا كِتَابُ عُمَرَ: انْظُرْ مَجُوْسَ مَنْ قِبَلَكَ، فَخُذْ مِنْهُمُ الْجِزْيَةَ، فَإِنَّ عَبْدَ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ أَخْبَرَنِیْ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنْ مَجُوْسِ هَجَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۸۱-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ بَجَالَةَ: أَنَّ عُمَرَ كَانَ لاَ يَأْخُذُ الْجِزْيَةَ مِنَ الْمَجُوْسِ، حَتَّى أَخْبَرَهُ عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَوْفٍ أَنَّ النبیَّ الله عليه وسلم أَخَذَ الْجِزْيَةَ مِنْ مَجُوْسِ هَجَرَ، وَفِی الْحديثِ كَلاَمٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: جَزْء بن معاویہ حضرت احنف بن قیس کے چچا ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو اہواز کا گورنر بنایا تھا، اور یہ روایت بخاری (حدیث ۳۱۵۶) میں ہے اس میں یہ بھی مضمون ہے کہ جن مجوسیوں نے محرم عورتوں سے نکاح کیا ہے ان کو جدا کردو۔

بابُ ماجاء مَايَحِلُّ مِنْ أَمْوَالِ أَهْلِ الذِمَّةِ؟

ذمیوں کے مال میں سے کیا لینا جائز ہے؟

حدیث: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! بعض اوقات ہم کسی قوم پر گذرتے ہیں پس وہ نہ تو ہماری ضیافت کرتے ہیں نہ وہ حق ادا کرتے ہیں جو ہمارا ان پر ہے، اور نہ ہم ان سے زبردستی لیتے ہیں یعنی زبردستی لینا بھی شرعاً جائز نہیں، پس ایسی صورت میں ہم کیا کریں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر وہ انکار کریں مگر یہ کہ تم زبردستی لو تو زبردستی لو'' یعنی آخری اسٹیج میں زبردستی لینا جائز ہے۔

تشریح: آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں جب کوئی لشکر کسی مہم پر روانہ ہوتا تھا تو وہ رسد ساتھ لے کر چلتا تھا مگر چھوٹا لشکر رسد ساتھ لے کر نہیں چل سکتا تھا، اس لئے اس زمانہ کا دستور تھا کہ چھوٹا لشکر جس گاؤں سے گذرے: گاؤں والے اس کی ایک وقت کی دعوت کریں یا ان کی ضرورت کی چیزیں فروخت کریں۔ یہ طریقہ پہلے سے چلا آرہا تھا، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو غیر مسلموں کو چونکہ مسلمانوں سے بیر تھا اس لئے وہ ان کی دعوت نہیں کرتے تھے، نہ ان کو کھانے پینے کی چیزیں فروخت کرتے تھے، جس کی وجہ سے مسلمانوں کو پریشانی کا سامنا تھا، انھوں نے آپؐ سے اس پریشانی کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: اگر وہ تمہیں خوشی سے نہ دیں تو زبردستی لے لو (اور دام ان کو دیدو) اس حدیث

سے یہ بات ثابت ہوئی کہ معروف طریقہ پر ذمیوں سے جولیا جاتا ہے وہ لینا جائز ہے، جنگی قافلوں کو رسد بیچنا معروف تھا، پس وہ لینا جائز ہے، نہ دیں تو زبردستی کی جاسکتی ہے، البتہ مال سامان کی قیمت ان کو دیدی جائے۔

[۳۱-] باب ماجاء ما يَحِلُّ مِنْ أَمْوالِ أهلِ الذِّمَّةِ؟

[۱۵۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللهِ! إِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلاهُمْ يُضَيِّفُوْنَا، وَلاهُمْ يُؤَدُّوْنَ مَالَنَا عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَقِّ، وَلاَ نَحْنُ نَأْخُذُ مِنْهُمْ؟ فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ أَبَوْا إِلاَّ أَنْ تَأْخُذُوْا كُرْهًا فَخُذُوْا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِي حَبِيْبٍ أَيْضًا.

وَإِنَّمَا مَعْنَى هٰذَا الحديثِ: أَنَّهُمْ كَانُوْا يَخْرُجُوْنَ فِي الْغَزْوِ، فَيَمُرُّوْنَ بِقَوْمٍ، وَلاَ يَجِدُوْنَ مِنَ الطَّعَامِ مَا يَشْتَرُوْنَ بِالثَّمَنِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ أَبَوْا أَنْ يَبِيعُوْا إِلاَّ أَنْ تَأْخُذُوْا كُرْهًا فَخُذُوْا" هٰكَذَا رُوِيَ فِي بَعْضِ الحديثِ مُفَسَّرًا. وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ بِنَحْوِ هٰذَا.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے، نسائی کے علاوہ تمام کتب ستہ میں ہے، اور ابوالخیر کا نام مرثد بن عبداللہ یزنی ہے، اور امام ترمذیؒ نے جو فرمایا ہے کہ بعض احادیث میں یہ تفسیر آئی ہے: معلوم نہیں وہ حدیث کس کتاب میں ہے؟

ترجمہ: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صحابہ غزوہ میں نکلتے تھے پس وہ ایک قوم پر سے گذرتے تھے اور وہ رسد نہیں پاتے تھے جسے قیمت سے خریدیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اگر وہ بیچنے سے انکار کریں (یہ تفسیر ہے) مگر یہ کہ تم ان سے زبردستی لوتو ان سے زبردستی لے لو، ایک حدیث میں اس طرح تفسیر آئی ہے اور حضرت عمرؓ سے مروی ہے کہ وہ ایسا ہی حکم دیا کرتے تھے یعنی ذمی رسد نہ بیچیں تو زبردستی ان سے رسد لو اور قیمت دیدو۔

بابُ ماجاء في الْهِجْرَةِ

ہجرت کا بیان

جس دارالکفر میں رہ کر دین پر عمل کرنا ممکن نہ ہو وہاں سے ہجرت کرنا واجب ہے، رہی یہ بات کہ کہاں جائیں؟ یہ نہیں سوچنا، اللہ تعالیٰ انتظام کرنے والے ہیں: ﴿وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيْراً وَّسَعَةً﴾ (النساء آیت ۱۰۰) یعنی جو اللہ کے دین کے لئے اپنا وطن چھوڑ دے گا وہ زمین میں جانے کی بہت جگہ پائے گا اور وسعت، اللہ تعالیٰ اس کا انتظام فرمائیں گے، بس دارالکفر سے نکل کھڑا ہونا شرط ہے، البتہ جس دارالکفر میں دین پر عمل کرنے میں کوئی خاص پریشانی نہ ہو، وہاں دین پر عمل کرنا ممکن ہو جیسے آج کا ہندوستان تو وہاں سے ہجرت ضروری نہیں۔

جب تک مکہ مکرمہ فتح نہیں ہوا تھا وہاں سے ہجرت فرض تھی، کیونکہ مکہ میں رہ کر دین پر عمل کرنا ممکن نہیں تھا، پھر جب مکہ فتح ہوگیا اور وہ دارالاسلام بن گیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: مکہ فتح ہوجانے کے بعد اب مکہ سے ہجرت فرض نہیں، کیونکہ مکہ دارالاسلام بن گیا، اور دارالاسلام سے ہجرت کے کوئی معنی نہیں، البتہ جہاد کے لئے نکلنا اور اس کی نیت باقی ہے یعنی آدمی یہ نیت رکھے کہ جب بھی ضرورت پیش آئے گی جہاد کے لئے نکلوں گا، اور جب تمہیں نکلنے کے لئے کہا جائے تو اٹھ کھڑے ہو یعنی جہاد کے لئے مکہ سے نکلنا تو ٹھیک ہے، البتہ ہجرت کا حکم اب نہیں رہا۔

[۳۲-] باب ماجاء فی الهِجْرَةِ

[۱۵۸۳-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا زِيَادُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثَنَا مَنْصُوْرُ بنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ ابنِ عباسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: ''لَاهِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا''

وفی الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ حُبْشِيٍّ؛ وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُوْرِ بنِ الْمُعْتَمِرِ نَحْوَ هٰذَا.

وضاحت: الفتح میں الف لام عہدی ہے، مراد فتح مکہ ہے...... نَفَرَ (ض) نَفْرًا: وطن چھوڑ کر روئے زمین میں جانا...... اسْتَنْفَرَ الحاكمُ الرعيّةَ: حاکم کا دشمن سے لڑنے کے لئے رعایا کو حکم دینا۔

بابُ ماجاء فی بَيْعَةِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ سے بیعتِ جہاد کرنے کا بیان

حدیث (۱): سورۃ الفتح (آیت ۱۸) میں ارشاد پاک ہے: ''واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں سے راضی ہوگیا جب انھوں نے نبی ﷺ سے درخت کے نیچے بیعت کی'' اس آیت کی تفسیر میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہم نے نبی ﷺ سے اس بات پر بیعت کی تھی کہ ہم میدان نہیں چھوڑیں گے، ہم نے موت پر بیعت نہیں کی تھی۔

تشریح: صحابہ نے آنحضور ﷺ سے مختلف بیعتیں کی ہیں ان میں سے ایک بیعت جہاد ہے، جب صلح حدیبیہ کے موقع پر آنحضور ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو سفیر بنا کر مکہ بھیجا تو مکہ والوں نے حضرت عثمان کو روک لیا، اور خبر اڑی کہ مکہ والوں نے ان کو شہید کردیا، اس وقت جنگ ناگزیر ہوگئی، پس آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھ کر صحابہ سے بیعت لی کہ کوئی میدان نہیں چھوڑے گا، آخر دم تک لڑے گا، اس بیعت کا ذکر سورۃ الفتح کی مذکورہ آیت میں ہے۔

یہ بیعت صحابہ نے کس بات پر کی تھی؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہم نے بیعت اس بات پر کی تھی کہ

ہم میدان نہیں چھوڑیں گے۔ اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے موت پر بیعت کی تھی، حاصل دونوں تعبیروں کا ایک ہے۔ مگر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی تعبیر بہتر ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں میں یہ تطبیق دی ہے کہ بعض صحابہ نے موت پر بیعت کی تھی اور بعض نے نہ بھاگنے پر، مگر تاریخ سے یہ بات ثابت نہیں کہ صلح حدیبیہ میں بیعت کرنے والے دو قسم کے تھے، اس لئے صحیح بات یہ ہے کہ ایک ہی حقیقت کی دو الگ الگ تعبیریں ہیں، اور حضرت جابرؓ کی تعبیر بہتر اس لئے ہے کہ اس پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا، جبکہ حضرت سلمہ کی تعبیر پر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ پھر تم مرے کیوں نہیں؟ بیعت کی خلاف ورزی کیوں کی؟ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی تعبیر پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا اس لئے کہ جنگ پیش نہیں آئی، اگر جنگ ہوتی تو وہ ہرگز نہ بھاگتے۔

حدیث (۲): یزید نے حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ حضرات نے صلح حدیبیہ میں نبی ﷺ سے کس بات پر بیعت کی تھی؟ انھوں نے فرمایا: ''موت پر''

حدیث (۳): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ سے سننے اور ماننے پر بیعت کیا کرتے تھے، پس آپ کہلواتے: ''جہاں تک تمہارے بس میں ہو'' یعنی یہ بھی کہلواتے کہ ہم وسعت واستطاعت کے بقدر سنیں گے اور تعمیل حکم کریں گے، یہ اضافہ اس لئے کرواتے تھے کہ اگر مجبوری میں نافرمانی ہوجائے تو بیعت نہ ٹوٹے۔

[۳۳-] باب ماجاء في بَيْعَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۱۵۸٤-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الأُمَوِيُّ، ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: فِيْ قَوْلِهِ تَعالىٰ: ﴿ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ﴾ قَالَ جَابِرٌ: بَايَعْنَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلىٰ أَنْ لاَ نَفِرَّ، وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ.

وفي الباب: عَنْ سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وَابْنِ عُمَرَ، وَعُبَادَةَ، وَجَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عِيْسَى بنِ يُوْنُسَ، عَنِ الأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: قَالَ جَابِرُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ؛ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ أَبُوْ سَلَمَةَ.

[۱۵۸۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ: قُلْتُ لِسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ: عَلَى أَيِّ شَيْئٍ بَايَعْتُمْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ؟ قَالَ: عَلَى الْمَوْتِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۸٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ: كُنَّا نُبَايِعُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى السَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، فَيَقُوْلُ لَنَا: ''فِيْمَا اسْتَطَعْتُمْ'' هٰذَا

حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵۸۷-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمْ نُبَايِعْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمَوْتِ، إِنَّمَا بَايَعْنَاهُ عَلٰى أَنْ لَّا نفِرَّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَمَعْنَى كِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيحٌ، قَدْ بَايَعَهُ قَوْمٌ مِنْ أَصْحَابِهِ عَلَى الْمَوْتِ، وَإِنَّمَا قَالُوْا: لاَنزَالُ بَيْنَ يَدَيْكَ مَالَمْ نُقْتَلْ، وَبَايَعَهُ آخَرُوْنَ فَقَالُوْا: لاَنفِرُّ.

ترجمہ: دونوں ہی حدیثوں کے معنی صحیح ہیں، کچھ صحابہ نے موت پر بیعت کی تھی، انھوں نے کہا تھا: ہم برابر میدان میں آپؐ کے ساتھ رہیں گے جب تک قتل نہ ہوجائیں۔ اور دوسری جماعت نے اس پر بیعت کی تھی کہ ہم بھاگیں گے نہیں۔

بابٌ فى نَكْثِ الْبَيْعَةِ

بیعت توڑنے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تین شخصوں سے نہ تو بات کریں گے اور نہ ان کو پاک کریں گے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا، ان میں سے ایک شخص وہ ہے جس نے امیر المؤمنین سے بیعت کی، پھر اگر اس نے کچھ دیا تو وہ بیعت پر برقرار رہا اور اگر نہیں دیا تو بیعت پر برقرار نہیں رہا۔

تشریح: امیر کی اطاعت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہے، اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت اللہ تعالیٰ کی اطاعت ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، اور جو شخص امیر کی اطاعت کرتا ہے اس نے یقیناً میری اطاعت کی اور جو میرے امیر کی نافرمانی کرتا ہے اس نے یقیناً میری نافرمانی کی'' (مشکوٰۃ حدیث ۳۶۶۱) اور امیر کی اطاعت اس لئے واجب ہے کہ اس سے ملت کی شان بلند ہوتی ہے، اور وہ مملکت کی تنظیم کرسکتا ہے اور یہ دونوں باتیں نبی ﷺ کی بعثت کے اہم مقاصد میں سے ہیں، پس گویا خلیفہ: رسول اللہ ﷺ کا نائب اور آپؐ کے معاملہ کو آگے بڑھانے والا ہے، پس رسول اللہ ﷺ کی طرح امام کی اطاعت بھی واجب ہے، اور رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی کی طرح امام کی نافرمانی بھی حرام ہے۔ البتہ اگر امام کسی گناہ کے کام کا حکم دے تو پھر اطاعت جائز نہیں، کیونکہ وہ اللہ ورسول کی اطاعت نہیں رہی اور گناہ کی بات میں وہ رسول اللہ ﷺ کا نائب نہیں، نہ وہ اللہ کا حکم ہے پس اس میں اس کی اطاعت جائز نہیں۔

فائدہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث مختصر لکھی ہے، باقی دو شخصوں کا تذکرہ چھوڑ دیا ہے، بخاری شریف (حدیث ۲۳۵۸ کتاب المساقاۃ) میں مفصل ہے: دوسرا شخص: جس کے پاس سر راہ ضرورت سے زیادہ پانی ہے اور وہ مسافر کو نہیں دیتا، اور تیسرا شخص: وہ ہے جس نے عصر کی نماز کے بعد کسی کو کوئی سامان بیچا اور قسم کھائی کہ وہ اتنے میں لایا ہے، خریدار نے اس کی بات مان کر سامان خرید لیا، حالانکہ وہ اتنے میں نہیں لایا۔

[۳٤-] بابٌ فی نَكْثِ الْبَيْعَةِ

[۱۵۸۸-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هُريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ثَلاَثَةٌ لاَيُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ: رَجُلٌ بَايَعَ إِمَامًا فَإِنْ أَعْطَاهُ وَفَالَهُ، وَإِنْ لَمْ يُعْطِهِ لَمْ يَفِ لَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی بَيْعَةِ الْعَبْدِ

غلام کی بیعت کا بیان

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک غلام نے مدینہ آ کر آنحضور ﷺ سے ہجرت پر بیعت کی، اور نبی ﷺ کو پتہ نہیں تھا کہ وہ غلام ہے، پھر اس کا آقا آیا اور اس نے غلام کا مطالبہ کیا، نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: ''آپ یہ غلام مجھے بیچ دیں'' پس آپؐ نے اس کو دو کالے (حبشی) غلاموں کے بدل خرید لیا پھر آپ کسی کو اس وقت تک بیعت نہیں کرتے تھے جب تک یہ معلوم نہ کر لیتے کہ وہ غلام تو نہیں؟ (یہ حدیث ابواب البیوع (باب ۲۲) میں گذر چکی ہے)

[۳۵-] باب ماجاء فی بَيْعَةِ الْعَبْدِ

[۱۵۸۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ قَالَ: جَاءَ عَبْدٌ فَبَايَعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْهِجْرَةِ، وَلاَ يَشْعُرُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ عَبْدٌ، فَجَاءَ سَيِّدُهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:"بِعْنِيْهِ" فَاشْتَرَاهُ بِعَبْدَيْنِ أَسْوَدَيْنِ، وَلَمْ يُبَايِعْ أَحداً بَعْدُ حَتَّى يَسْأَلَهُ: " أَعَبْدٌ هُوَ؟"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عباسٍ، حديثُ جابرٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ أَبِى الزُّبَيْرِ.

بابُ ماجاء فی بَیْعَةِ النِّسَاءِ

عورتوں سے بیعت لینے کا بیان

حدیث: حضرت امیمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے کئی عورتوں کے ساتھ نبی ﷺ سے بیعت کی، پس آپؐ نے ہم سے کہلوایا: ''جہاں تک تمہاری طاقت ووسعت ہوگی'' یعنی ہم شرائطِ بیعت پر اپنی طاقت ووسعت کے مطابق عمل کریں گی، امیمہؓ کہتی ہیں: میں نے دل میں کہا: اللہ اور اس کے رسول ہم پر اس سے زیادہ مہربان ہیں جتنے ہم اپنے اوپر مہربان ہیں، پھر میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمیں بیعت کیجئے، حضرت سفیانؒ کہتے ہیں: ان کی مراد یہ تھی کہ ہم سے مصافحہ کیجئے یعنی جس طرح مردوں کا ہاتھ ہاتھ میں لے کر بیعت کی جاتی ہے ہمیں بھی اسی طرح بیعت کیجئے، آپؐ نے فرمایا: ''میرا سو عورتوں سے کہلوانا ایک عورت سے کہلوانے کی طرح ہے'' یعنی میں عورتوں سے مصافحہ نہیں کرتا، صرف بیعت کے الفاظ کہلواتا ہوں اور ہر عورت سے الگ الفاظ نہیں کہلواتا، سب سے ایک ساتھ کہلواتا ہوں اور سو عورتوں سے ایک ساتھ کہلوانا ہر عورت سے علحدہ کہلوانے کی طرح ہے۔

فائدہ: عورتوں کی بیعت کا ذکر سورۃ الممتحنۃ آیت ۱۲ میں ہے، اور بزرگوں کے یہاں جو طریقہ ہے کہ عورت پس پردہ ہوتی ہے اور عمامہ، چادر یا رومال وغیرہ پکڑا کر بیعت کی جاتی ہے، اس میں بھی کوئی حرج نہیں، مگر یہ ضروری نہیں، بغیر کوئی چیز پکڑائے بھی عورت سے الفاظ بیعت کہلوائے جا سکتے ہیں، البتہ عورت کا پس پردہ ہونا ضروری ہے، اور پیر جو کچھ کہلوائے عورت اس کو سراً کہے۔

[۳۶-] باب ماجاء فی بَیْعَةِ النِّسَاءِ

[۱۵۹۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، سَمِعَ أُمَیْمَةَ بِنْتَ رُقَیْقَةَ تَقُوْلُ: بَایَعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ نِسْوَةٍ، فَقَالَ لَنَا:'' فِیْ مَا اسْتَطَعْتُنَّ وَأَطَقْتُنَّ'' قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَرْحَمُ بَنَا مِنَّا بِأَنْفُسِنَا! فَقُلْتُ: یارسولَ اللّٰهِ! بَایِعْنَا - قَالَ سُفْیَانُ: تَعْنِیْ صَافِحْنَا - فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:'' إِنَّمَا قَوْلِیْ لِمِائَةِ امْرَأَةٍ کَقَوْلِیْ لِامْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ''

وفی الباب: عَنْ عَائشةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ؛ وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حدیثِ مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، وَرَوَی سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ وَغَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحدیثَ عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء فی عِدَّةِ أَصْحَابِ بَدْرٍ

اصحابِ بدر کی تعداد

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم باتیں کیا کرتے تھے کہ بدر کے حضرات غزوۂ بدر میں طالوت کے ساتھیوں کی تعداد کے برابر تھے یعنی تین سو تیرہ تھے۔

تشریح: بدری صحابہ کی تعداد میں روایتیں مختلف ہیں، مشہور روایت یہی ہے کہ وہ تین سو تیرہ تھے ـــــــ طبرانی اور بیہقی میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بدر کے لئے روانہ ہوئے تو کچھ دور چل کر ساتھیوں کو شمار کرنے کا حکم دیا، جب وہ شمار کئے گئے تو تین سو تیرہ تھے، آپؐ نے ارشاد فرمایا: پھر شمار کرو، دوبارہ شمار کر رہے تھے کہ دور سے دبلے اونٹ پر ایک سوار آتا نظر آیا، اس کو شامل کر کے تین سو پندرہ ہوئے، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے بھی یہی مروی ہے، اور مسلم شریف میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اہل بدر تین سو انیس تھے، ان روایات میں تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ اگر اس آخری شخص کو اور نبی ﷺ کو بھی شمار کیا جائے تو تین سو پندرہ تھے اور اگر اس آخری شخص کو اور نبی پاک ﷺ کو شمار نہ کیا جائے تو تعداد تین سو تیرہ تھی، اور اس سفر میں چار کم عمر لڑکے بھی ساتھ تھے، حضرت براء، حضرت ابن عمر، حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہم، ان کو قتال کی اجازت نہیں تھی اگر ان کو بھی شمار کیا جائے تو تعداد تین سو انیس ہو جاتی ہے، یہ سب تفصیل فتح الباری (۲۲۶:۷) میں ہے۔

[۳۷-] باب ماجاء فی عِدَّةِ أَصْحَابِ بَدْرٍ

[۱۵۹۱-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلٰی الْکُوْفِیُّ، ثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بنِ عَیَّاشٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: کُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنْ أَصْحَابَ بَدْرٍ یَوْمَ بَدْرٍ کَعِدَّةِ أَصْحَابِ طَالُوْتَ: ثَلاثُمِائَةٍ وَثَلاثَةَ عَشَرَ.
وفی الباب: عَنْ ابنِ عَباسٍ؛ وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ الثَّوْرِیُّ وَغَیْرُهُ عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ.

بابُ ماجاء فی الْخُمُسِ

خمس (غنیمت کے پانچویں حصہ) کا بیان

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عبدالقیس کے وفد سے فرمایا: ''میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ غنیمت میں سے پانچواں حصہ ادا کرو'' ـــــــ وفد عبدالقیس کا تعلق قبیلہ ربیعہ سے ہے، مُضر

کے کافروں سے ان کی جنگ رہتی تھی، جب یہ وفد مدینہ منورہ آیا تو نبی ﷺ نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور چار چیزوں سے منع کیا، اور مالِ غنیمت میں سے خمس ادا کرنے کا حکم دیا، یہ حدیث بخاری شریف میں گیارہ مرتبہ آئی ہے، پہلی مرتبہ کتاب الإيمان بابٌ: أَدَاءُ الْخُمُسِ مِنَ الإيمان میں آئی ہے۔

تشریح: جو اموال کفار سے حاصل ہوتے ہیں وہ دو قسم کے ہیں:

ایک: مال غنیمت: یہ وہ مال ہے جو غیر مسلموں سے جنگ وقتال کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے۔

دوسرا: مال فيْ: یہ وہ مال ہے جو غیر مسلموں سے جنگ کے بغیر حاصل ہوتا ہے، جیسے جزیہ، خراج (مال گذاری) غیر مسلم تاجروں سے لی ہوئی چنگی (ٹیکس) اور وہ مال جو کفار سے مصالحت کے طور پر حاصل ہوتا ہے یا وہ مال جس کو چھوڑ کر کفار بھاگ گئے ہوں۔

مال غنیمت میں سے پانچواں حصہ بیت المال کا حق ہے اور اس کے پانچ مصرف ہیں جن کا تذکرہ سورۃ الانفال آیت ۴۱ میں آیا ہے، ارشاد پاک ہے: ’’اور یہ بات جان لو کہ جو چیز کفار سے بطور غنیمت تم کو حاصل ہو: اس کا حکم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے اس کا پانچواں حصہ ہے، اور اس کے رسول کے لئے، اور رسول کے رشتہ داروں کے لئے، اور یتیموں اور غریبوں اور مسافروں کے لئے‘‘

تفصیل: مصارفِ خمس میں کائنات کے خالق و مالک کا تذکرہ بطور توطئہ ہے، باقی مصارف کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) غنیمت میں جو حصہ رسول اللہ ﷺ کا تھا: آپ اپنی حیات مبارکہ میں اس میں سے اپنا اور اپنے اہل وعیال کا خرچ نکالتے تھے، آپؐ کی وفات کے بعد یہ حصہ مصالح مسلمین میں خرچ کیا جانے لگا، اور جو کام زیادہ اہم ہوتے تھے ان میں پہلے خرچ کیا جاتا تھا، پھر دوسرے کاموں میں۔

(۲) اور آپؐ کے رشتہ داروں کا حصہ بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب کو دیا جاتا ہے خواہ وہ غریب ہوں یا مالدار، اور خواہ وہ مرد ہوں یا عورتیں اور ان میں جو مقروض ہوتا تھا یا شادی کرنا چاہتا تھا یا حاجت مند تھا اس کی اعانت پہلے کی جاتی تھی۔

(۳) اور یتیموں کا حصہ: ایسے بچوں پر خرچ کیا جاتا ہے جو غریب ہوں اور ان کا باپ وفات پاچکا ہو۔

(۴و۵) اور غریبوں، مسکینوں اور مسافروں کا حصہ: انہیں پر خرچ کیا جاتا تھا، اور مسافر سے مراد: وہ ہے جو وطن سے دور ہو اور اس کو مال کی شدید حاجت پیش آگئی ہو۔

فائدہ (۱): خمس کے مذکورہ مصارف میں سے کس مصرف پر کتنا خرچ کیا جائے گا؟ یہ امام کی صوابدید پر موقوف ہے وہ خوب غور کرکے طے کرے کہ زیادہ اہم کون ہے؟ اور کس مصرف میں کتنا خرچ کرنا ہے؟ اور کس شخص کو کتنا دینا ہے؟

فائدہ (۲): حنفیہ کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد آپؐ کی ذات کا خرچ نہیں رہا، اور آپؐ کے رشتہ داروں کا حصہ نصرت قدیم کی بناء پر تھا اس لئے وہ بھی نہیں رہا، البتہ مساکین اور حاجت مندوں کا جو حصہ ہے اس

میں حضور ﷺ کے قرابت دار، مساکین واہل حاجت کو مقدم رکھا جائے گا (فوائد عثمانی)

[۳۸-] باب ماجاء فی الخُمُسِ

[۱۵۹۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ ابنِ عَباسٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِوَفْدِ عَبْدِ الْقَيْسِ: "آمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ" وفی الحديثِ قِصَّةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ ابنِ عباسٍ نَحْوَهُ.

وضاحت: قصة یعنی اس حدیث میں لمبا مضمون ہے، جو ہم نے مختصر طور پر بیان کردیا ہے۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ النُّهْبَةِ

مال غنیمت لوٹنا جائز نہیں

حدیث (۱): حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ایک (جہاد کے) سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس کچھ جلد باز قسم کے لوگ آگے بڑھے اور انھوں نے مال غنیمت میں سے لینے میں جلدی کی، اور اس کو پکانا شروع کردیا۔ رسول اللہ ﷺ سب سے پیچھے تھے، جب آپ ان کی ہانڈیوں پر سے گذرے تو آپؐ نے ان کو الٹ دینے کا حکم دیا، پس وہ ہانڈیاں الٹ دی گئیں، پھر آپؐ نے باقاعدہ غنیمت تقسیم کی اور ایک اونٹ کو دس بکریوں کے برابر قرار دیا۔

تشریح: مال غنیمت میں اگرچہ تمام مجاہدین کا حق ہے مگر تقسیم سے پہلے اس میں سے کچھ لینا یا اپنے استعمال میں لانا جائز نہیں، جیسے مطبخ کے کھانے میں تمام طلبہ کا حق ہے مگر وہ کھانا باقاعدہ تقسیم ہوگا، طلبہ ازخود اس میں سے نہیں لے سکتے، اسی طرح مال غنیمت بھی باقاعدہ تقسیم کیا جائے گا، تقسیم سے پہلے اس میں سے کسی بھی چیز سے انتفاع جائز نہیں، البتہ گھاس چارہ اور اس جیسی چیزیں مستثنیٰ ہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص لوٹ مچائے یعنی مال غنیمت میں سے تقسیم سے پہلے کچھ لے وہ ہم میں سے نہیں"

[۳۹-] باب ماجاء فی كراهية النُّهْبَةِ

[۱۵۹۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَتَقَدَّمَ سَرَعَانُ النَّاسِ، فَتَعَجَّلُوْا مِنَ الْغَنَائِمِ، فَأَطْبَخُوْا وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ أُخْرَى النَّاسِ؛ فَمَرَّ بِالْقُدُوْرِ،

فَأَمَرَ بِهَا فَأُكْفِئَتْ، ثُمَّ قَسَمَ بَيْنَهُمْ، فَعَدَلَ بَعِيْراً بِعَشْرِ شِيَاهٍ.

وَرَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبَايَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، وَلَمْ يُذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْهِ، حدثنا بِذٰلِكَ مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَعَبَايَةُ بنُ رِفَاعَةَ سَمِعَ مِنْ جَدِّهِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ.

وفي الباب: عَنْ ثَعْلَبَةَ بنِ الْحَكَمِ، وَأَنَسٍ، وَأَبِيْ رَيْحَانَةَ، وأَبِيْ الدَّرْدَاءِ وَعَبْدِ الرحمنِ بنِ سَمُرَةَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ هُرِيرةَ، وَأَبِيْ أَيُّوْبَ.

[۱۵۹۴-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ انْتَهَبَ فَلَيْسَ مِنَّا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حديثِ أَنَسٍ.

نوٹ: پہلی حدیث کی سند میں جو بحث ہے ایسی ہی بحث پہلے گذر چکی ہے، وہاں دیکھ لی جائے۔

بابُ ماجاء في التَّسْلِيْمِ عَلَى أَهْلِ الْكِتَابِ

یہود ونصاری کوسلام کرنے کا حکم

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہود ونصاری کوسلام کرنے میں پہل نہ کرو، اور جب تمہاراان میں سے کسی سے راستہ میں آمنا سامنا ہوتو اس کوتنگ راستہ کی طرف چلنے پر مجبور کرو یعنی خود نہ ہٹو، اس کو دائیں بائیں ہٹنے پر مجبور کرو۔

تشریح: مدینہ منورہ اوراس کے قرب وجوار میں جو یہودی آباد تھے وہ مسلمانوں کوسلام کیا کرتے تھے، مگر وہ یہ حرکت کرتے تھے کہ **السلام علیکم** کے بجائے **السَّامُ علیکم** کہتے تھے، جس کے معنی ہیں: تم مرو، جب نبی ﷺ کوان کی اس حرکت کا علم ہوا تو آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: یہود **السام علیکم** کہتے ہیں، پس تم جواب میں **علیکم** کہو، یعنی ہم نہیں تم مرو، چنانچہ یہودیوں نے یہ حرکت چھوڑ دی۔

اوراس حدیث میں نبی ﷺ نے مسلمانوں کو دوحکم اور بھی دیئے ہیں: ایک: ان کوسلام کرنے میں پہل نہ کی جائے، دوسرا: جب آمنا سامنا ہوتو ان کو دائیں بائیں ہٹنے پر مجبور کیا جائے، یہ دونوں حکم آپؐ نے مسلمانوں کے احساس کمتری کوختم کرنے کے لئے دیئے تھے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ مدینہ منورہ میں جو یہودی آباد تھے وہ مذہب، سیاست، تعلیم، کاروبار اور مال ودولت میں مشرکین سے آگے تھے، اور مشرکین ان کو اپنے سے برتر سمجھتے تھے، پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو مشرکین مسلمان ہوگئے

مگر اصلی یہود عام طور پر مسلمان نہیں ہوئے، صرف وہ عرب جو یہودی بن گئے تھے مسلمان ہوئے، ان مسلمانوں کے دلوں میں پہلے سے یہودیوں کی عظمت جاگزیں تھی وہ اب بھی یہودیوں کو اپنے سے افضل سمجھتے تھے، اس احساس کمتری کو ختم کرنے کے لئے نبی ﷺ نے مذکورہ دونوں حکم دیئے ہیں، پس یہ وقتی احکام تھے، اور ان کی سیاسی مصلحت تھی، اب اہل کتاب کو ابتداءً سلام بھی کر سکتے ہیں اور ان کے سلام کا جواب بھی دے سکتے ہیں، اسی طرح مسلمان بھی راستہ سے ہٹ سکتا ہے۔

فائدہ: ہندو کو سلام کر سکتے ہیں یا نہیں؟ عام طور پر علماء کی رائے یہ ہے کہ عام سلام جیسے آداب، تسلیمات، اور انگریزی سلام گڈ مارننگ وغیرہ کرنے میں اور جواب دینے میں کوئی حرج نہیں، البتہ اسلامی سلام کرنا جائز نہیں، نیز ہندوانہ سلام (رام رام، نمشکار) کرنا یا جواب دینا بھی جائز نہیں کیونکہ مذہبی معاملات اہل مذہب کے ساتھ خاص رہنے چاہئیں۔

[۴۰-] باب ماجاء فی التَّسْلِيْمِ على أَهْلِ الْكِتَابِ

[۱۵۹۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بن أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَ تَبْدَأُوْا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى بِالسَّلاَمِ، وَإِذَا لَقِيْتُمْ أَحَدَهُمْ فِى الطَّرِيْقِ فَاضْطَرُّوْهُ إِلَى أَضْيَقِهِ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وأَنَسٍ، وأَبِىْ بَصْرَةَ الْغِفَارِيِّ صَاحِبِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ:"لاَ تَبْدَأُوْا الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارَى": قَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِنَّمَا مَعْنَى الْكَرَاهِيَةِ: لِأَنَّهُ يَكُوْنُ تَعْظِيْمًا لَهُمْ، وَإِنَّمَا أُمِرَ الْمُسْلِمُوْنَ بَتَذْلِيْلِهِمْ، وَكَذٰلِكَ إِذَا لَقِىَ أَحَدَهُمْ فِىْ الطَّرِيْقِ، فَلاَ يَتْرُكِ الطَّرِيْقَ عَلَيْهِ، لِأَنَّ فِيْهِ تَعْظِيْمًا لَهُمْ.

[۱۵۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الْيَهُوْدَ إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَحَدُهُمْ، فَإِنَّمَا يَقُوْلُ: السَّامُ عَلَيْكَ، فَقُلْ: عَلَيْكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حدیث لاتَبْدَأُوْ الیہود والنصاری: کے معنی ہیں: بعض اہل علم نے کہا: ممانعت کی وجہ صرف یہ ہے کہ سلام میں پہل کرنے میں ان کی تعظیم ہے اور مسلمانوں کو ان کی تذلیل کا حکم دیا گیا ہے اور اسی طرح جب مسلمان ان میں سے کسی سے راستہ میں ملے تو اس کے لئے راستہ نہ چھوڑے اس لئے کہ اس میں ان کی تعظیم ہے (یہ وجہ غور

طلب ہے قرآن وحدیث میں کہیں غیر مسلم شہریوں کو ذلیل کرنے کا حکم نہیں، ایسی صورت میں کوئی غیر مسلم کسی اسلامی ملک کا شہری بن کر نہیں رہ سکتا، اصل وجہ وہ ہے کہ یہ مسلمانوں کے احساس کمتری کو ختم کرنے کی ایک تدبیر تھی اور یہ ایک وقتی حکم تھا واللہ اعلم)

بابُ ماجاء فِیْ کَرَاهِیَةِ الْمُقَامِ بَیْنَ أَظْهُرِ الْمُشْرِکِیْنَ

مشرکین کے درمیان بودوباش اختیار کرنا

جنگی حالات میں مسلمانوں اور غیر مسلموں کو الگ الگ بسنا چاہئے، ملی جلی آبادی ٹھیک نہیں، تاکہ مسلمانوں اور غیر مسلموں میں امتیاز کرنا آسان ہو اور فسادات پر قابو پایا جاسکے، ہندوستان میں جہاں ملی جلی آبادیاں ہیں وہاں جب فساد ہوتا ہے تو اگر ہندوؤں کے محلّہ میں دو چار گھر مسلمانوں کے ہیں تو وہ مارے جاتے ہیں، اسی طرح اگر مسلمانوں کا محلّہ ہے اور دو چار گھر ہندوؤں کے ہیں تو ان کی شامت آجاتی ہے، اور پولیس کے لئے کنٹرول کرنا مشکل ہو جاتا ہے، اگر محلے الگ الگ ہوں تو کنٹرول کرنا آسان ہوگا، درمیان میں پولیس آکر کھڑی ہو جائے گی اور اِدھر کے لوگوں کو اُدھر اور اُدھر کے لوگوں کو اِدھر نہیں آنے دے گی، تو دونوں محلے والے اطمینان سے رہیں گے۔

دنیا میں ایک نظریہ کالے گورے کا بھی ہے، گوروں کا محلّہ الگ ہوتا ہے اور کالوں کا الگ بلکہ کلرڈ یعنی گندمی رنگ کے لوگوں کا محلّہ بھی الگ ہوتا ہے، اسلام اس کا قائل نہیں، سب مسلمان بھائی بھائی ہیں، خواہ کالے ہوں یا گورے یا کلرڈ، رنگوں کی وجہ سے تفریق کا اسلام روادار نہیں، البتہ مسلمانوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ ان کے محلے کافروں سے الگ ہونے چاہئیں ان کو کافروں کے درمیان نہیں رہنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت امتیاز کیا جاسکے۔

حدیث: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے قبیلہ خثعم کی طرف ایک سریہ بھیجا وہاں جنگ ہوئی، کچھ لوگوں نے سجدوں کے ذریعہ اپنا بچاؤ کیا یعنی سجدے کر کے یہ بتایا کہ ہم مسلمان ہیں مگر صحابہ ان کا اشارہ سمجھ نہ سکے، انھیں بھی قتل کر دیا، جب یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے ان کی آدھی دیت ادا کی، اور اعلان فرمایا: میں ہر اس مسلمان سے بری ہوں جو مشرکین کے درمیان رہتا ہے، یعنی آئندہ اگر مسلمانوں کا لشکر کفار کی بستی پر حملہ کرے گا اور وہاں کوئی مسلمان ہوگا اور مارا جائے گا تو میں اس کی دیت ادا نہیں کروں گا، کیونکہ وہ خود اپنے قتل کا ذمہ دار ہے، صحابہ نے عرض کیا: ایسا کیوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''دونوں کی آگ ایک ساتھ نظر نہیں آنی چاہئے''، یعنی مسلمانوں اور غیر مسلموں کے گھروں میں اتنا فاصلہ ہونا چاہئے کہ رات میں دور سے بھی ایک دوسرے میں امتیاز کیا جاسکے، مسلمانوں کا مشرکوں کے درمیان اس طرح رہنا کہ امتیاز نہ ہوسکے درست نہیں، اگر کوئی اس طرح رہے گا پھر بے خبری میں مارا جائے گا تو اس کا خون رائگاں جائے گا۔

حدیث (۲): حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''مشرکین کے ساتھ مت بسو، اوران کے ساتھ اکٹھا مت ہوؤ (دونوں جملوں کا ایک مطلب ہے) جو شخص ان کے ساتھ بسے گا یا ان کے ساتھ جمع ہوگا وہ ان کے مانند ہے!'' یعنی اگر وہ کفار کے ساتھ مارا گیا تو اس کی کوئی دیت نہیں۔

تشریح: حضرت سمرۃ کی یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۲۷۸۷ فی آخر کتاب الجهاد) میں، اور مستدرک حاکم (۲:۱۴۱) میں ہے۔ ابوداؤد کے الفاظ یہ ہیں: مَنْ جامع المشركَ وَسَكَنَ مَعه فإنه مثله: یعنی جو شخص مشرک کے ساتھ اکٹھا ہوگا، اوراس کے ساتھ بودوباش اختیار کرے گا وہ اسی جیسا ہے، یہ حدیث باب معاشرت سے بھی ہوسکتی ہے، ایک ساتھ رہنے سہنے سے معاشرتی اثرات پڑتے ہیں، پس غیر مسلموں کے درمیان رہنے سے ان کی معاشرت کے اثرات ہمارے بچوں پر پڑیں گے، اور ہمارا اسلامی معاشرہ متأثر ہوگا، اور مسلمانوں کی سوسائٹی میں رہے گا تو خود بخود بچے اسلامی اقدار پر پروان چڑھیں گے، اور خود بھی اعمال اسلامی کا پابند رہے گا۔

[۴۱-] باب ماجاء فی كَرَاهِيَةِ الْمُقَامِ بَيْنَ أَظْهُرِ الْمُشْرِكِيْنَ

[۱۵۹۷-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ سَرِيَّةً إِلٰى خَثْعَمَ، فَاعْتَصَمَ نَاسٌ بِالسُّجُوْدِ، فَأَسْرَعَ فِيْهِمُ الْقَتْلَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَ لَهُمْ بِنِصْفِ الْعَقْلِ، وَقَالَ:'' أَنَا بَرِئٌ مِنْ كُلِّ مُسْلِمٍ يُقِيْمُ بَيْنَ أَظْهُرِ الْمُشْرِكِيْنَ'' قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَلِمَ؟ قَالَ '' لاَ تَرَاءَ ى نَارَاهُمَا''

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ مِثْلَ حديثِ أَبِيْ مُعَاوِيَةَ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ جَرِيْرٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

وفى الباب: عَنْ سَمُرَةَ، وَأَكْثَرُ أَصْحَابِ إِسْمَاعِيْلَ قَالُوْا: عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ سَرِيَّةً، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ جَرِيْرٍ.

وَرَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بنِ أَرْطَاةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ مِثْلَ حديثِ أَبِيْ مُعَاوِيَةَ، وَسَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: الصَّحِيْحُ حديثُ قَيْسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلٌ.

[۱۵۹۸-] وَرَوَى سَمُرَةُ بنُ جُنْدُبٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' لاَ تُسَاكِنُوْا الْمُشْرِكِيْنَ وَلاَ تُجَامِعُوْهُمْ، فَمَنْ سَاكَنَهُمْ أَوْ جَامَعَهُمْ فَهُوَ مِثْلُهُمْ''

وضاحت: پہلی حدیث: اصح یہ ہے کہ مرسل ہے، آخر میں حضرت جریرؓ کا تذکرہ نہیں، اس کو صرف ابومعاویہ

موصول کرتے ہیں، عبدۃ وغیرہ اکثر اسماعیل کے شاگرد اس کو مرسل کرتے ہیں، البتہ حجاج بن ارطاۃ ابومعاویہ کی طرح موصول کرتے ہیں، مگر وہ ضعیف راوی ہیں، اس لئے ان کی متابعت کا اعتبار نہیں۔

بابُ ماجاءَ فی إِخْرَاجِ الْیَهُوْدِ وَالنَّصَارَی مَنْ جَزِیْرَةِ الْعَرِبِ

جزیرۃ العرب سے یہود ونصاری کو نکالنے کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں ضرور یہود ونصاری کو جزیرالعرب سے نکال دوں گا، پس میں جزیرۃ العرب میں مسلمانوں کے علاوہ کسی کو نہیں رہنے دوں گا'' اور دوسری حدیث میں ہے: ''اگر مشیتِ الٰہی سے میری حیات رہی تو میں ضرور یہود ونصاری کو جزیرۃ العرب سے باہر کردوں گا''

تشریح: ملک کے شہری کو ملک بدر کرنا جائز نہیں، اور یہود ونصاری اس وقت اسلامی مملکت کے شہری تھے، اور اسلامی حکومت صرف جزیرۃ العرب کی حد تک تھی، مگر جب دوسرے علاقے اسلامی قلم رو میں آئیں گے تو ان کو جزیرۃ العرب سے نکال کر باہر بسایا جائے گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اسلامی حکومت کی حدود میں وسعت ہوئی تو آپ نے ان کو جزیرۃ العرب سے باہر اذرعات میں بسایا، اپنی حکومت سے نہیں نکالا، اور جزیرۃ العرب کو ان سے خالی کرنے کی وجہ کتاب الزکوٰۃ (باب ۱۱) میں گذر چکی ہے۔

[۴۲-] باب ماجاء فی إخراج الیهودِ والنصاریَ مِنْ جَزِیْرَةِ العربِ

[۱۵۹۹-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیِّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالاَ: نَا ابنُ جُرَیْجٍ، ثنا أَبُوْ الزُّبَیْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ، یَقُوْلُ: أَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم، یَقُوْلُ: " لأُخْرِجَنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارَی مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ، فَلاَ أَتْرُكُ فِیْهَا إِلاَّ مُسْلِمًا" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۶۰۰-] حدثنا مُوْسَی بنُ عَبْدِ الرحمنِ الْکِنْدِیُّ، ثَنَازَیْدُ بنُ حُبَابٍ، ثَنَا سُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، عَنْ أَبِیْ الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم قَالَ: " لَئِنْ عِشْتُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَأُخْرِجَنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارَی مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرِبِ"

بابُ ماجاء فِی تَرِکَةِ النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم

نبی ﷺ کی میراث کا بیان

تَرِکَة: ر کے زیر کے ساتھ ہے، اردو میں ر کے سکون کے ساتھ بولا جاتا ہے۔ یہ باب امام ترمذی رحمہ اللہ أبواب

السیر میں اللہ جانے کیوں لائے ہیں؟ نبی ﷺ کی میراث کا اسلام کے حربی نظام سے کچھ تعلق نہیں، شاید یہ باب یہاں اس لئے لائے ہیں کہ ہر خلیفہ کا جب انتقال ہوتا ہے تو اس کا ترکہ اس کے وارثوں میں تقسیم ہوتا ہے، مگر اس ضابطہ سے حضرات انبیاء مستثنیٰ ہیں، ان کا ترکہ ان کے وارثوں میں تقسیم نہیں ہوتا بلکہ امت پر وقف (صدقہ) ہوتا ہے، اور یہی حکم خلیفہ کے ہاتھ میں جو سرکاری املاک ہیں: ان کا ہے، وہ بھی ملک کی ہیں، خلیفہ کے ورثاء کی نہیں۔

حدیث (۱): حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس گئیں اور ان سے پوچھا: جب آپ کا انتقال ہوگا تو آپ کا وارث کون ہوگا؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: میرے گھر والے اور میری اولاد میری وارث ہوگی، حضرت فاطمہؓ نے فرمایا: پھر میں اپنے ابا کی وارث کیوں نہیں؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: کہ ہم انبیاء مورث نہیں بنائے جاتے یعنی ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا (لانُوْرَث: بکسر الراء اور بفتح الراء دونوں طرح پڑھا گیا ہے، مگر صحیح راء کے زبر کے ساتھ ہے) البتہ حضور اقدس ﷺ اپنی حیات مبارکہ میں جن کی کفالت کرتے تھے میں بھی آپؐ کے متروکات کی آمدنی سے ان کی کفالت کروں گا (اور بچی ہوئی آمدنی آپ جہاں خرچ کرتے تھے میں بھی وہاں خرچ کروں گا)

تشریح: یہ مسئلہ اہل السنہ والجماعۃ کے نزدیک اجماعی ہے، شیعہ اس میں اختلاف کرتے ہیں بلکہ شیعوں کے مذہب کی بنیاد جن چند مسائل پر ہے ان میں سے ایک یہ مسئلہ بھی ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ابوبکرؓ نے حضرت فاطمہؓ وغیرہ کو میراث نہ دے کر ان کا حق مارا، اور اہل السنہ والجماعۃ کے نزدیک تمام انبیاء کے متروکات امت پر صدقہ ہوتے ہیں اور وجوہ خیر میں خرچ کئے جاتے ہیں، ورثاء کے درمیان میراث کے طور پر تقسیم نہیں کئے جاتے۔

حدیث (۲): مالک بن اوسؒ کہتے ہیں: میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا، تھوڑی دیر بعد حضرت عثمان، حضرت زبیر، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم پہنچ گئے، پھر حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما اپنا مقدمہ لے کر آئے، پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حاضرین سے فرمایا: میں تمہیں اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان و زمین قائم ہیں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے'' سب نے کہا: ہاں، حضرت عمرؓ نے فرمایا: پس جب رسول اللہ ﷺ کا انتقال ہوا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں رسول اللہ ﷺ کی املاک کا متولی ہوں، پس آپ (حضرت عباسؓ) اور یہ (حضرت علیؓ) حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے، آپ بھتیجے کی میراث کا مطالبہ کر رہے تھے اور یہ بیوی کی میراث کا (آنحضور ﷺ کے ذوی الفروض میں ازواج مطہرات اور حضرت فاطمہؓ تھیں، اس لئے حضرت عباس کو عصبہ ہونے کی حیثیت سے میراث ملتی تھی) حضرت ابوبکرؓ نے میراث دینے سے انکار کیا اور نبی ﷺ کا یہ ارشاد سنایا کہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے اور اللہ جانتا ہے ابوبکرؓ سچے، نیک،

ہدایت یافتہ اورحق کے تابع تھے۔

تشریح: یہ ایک طویل حدیث ہے جو آپ نے بخاری شریف (حدیث ۳۰۹۴) میں پڑھی ہوگی، آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد آپؐ کی جائدادوں کے متولی تاحیات حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رہے، آپؓ جائداد کی آمدنی ازواج مطہرات پر اور آل رسول پر خرچ کرتے تھے، اور جو بچ جاتی اس کو وجوہِ خیر میں خرچ کرتے تھے، پھر حضرت عمرؓ متولی بنے، ان کے زمانے میں حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ نے یہ درخواست کی کہ نبی ﷺ کی جائداد کا متولی ہمیں بنا دیا جائے، حضرت عمرؓ نے ان کو تولیت سپرد کردی، اور شرط لگائی کہ آمدنی جس طرح حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خرچ کرتے تھے اسی طرح کریں، مگر ان میں نباہ نہ ہوا تو وہ پلان کے تحت آئے اور مذکورہ چار اکابر کو سفارش کے لئے پہلے بھیجا، پھر خود اپنا مقدمہ لے کر حاضر ہوئے اور عرض کیا ہم چاہتے ہیں کہ جائداد کو دو حصوں میں تقسیم کردیا جائے اور ایک حصہ کا حضرت علیؓ کو اور دوسرے حصے کا حضرت عباسؓ کو متولی بنا دیا جائے، ان چاروں صحابہ نے اس کی تائید کی اور سفارش کی، مگر حضرت عمرؓ نے اس کو قبول نہ کیا، ان کو یہ منظور نہیں تھا کہ نبی ﷺ کی جائداد پر تقسیم کا لفظ بولا جائے، کیونکہ آج تولیت تقسیم ہوگی تو کل میراث تقسیم ہوگی، اس لئے حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر آپ دونوں متفق ہوکر متولی رہ سکتے ہو تو رہو، ورنہ میں نظم خود سنبھال لوں گا، چنانچہ وہ سب اٹھ کر چلے گئے اور تولیت مشترک طور پر باقی رہی، پھر اس جائداد کا کیا ہوا؟ معلوم نہیں کیا ہوا؟ آج وہ محفوظ نہیں، سب خرد و برد ہوگئی۔

[۴۳-] باب ماجاء في تَرِكَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۱۶۰۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: جَاءَ تْ فَاطِمَةُ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَتْ: مَنْ يرِثُكَ؟ قَالَ: أَهْلِيْ وَوَلَدِيْ، قَالَتْ: فَمَا لِيْ لاَ أَرِثُ أَبِيْ؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَ نُوْرَثُ" وَلٰكِنْ أَعُوْلُ مَنْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْلُهُ، وأُنْفِقُ عَلٰى مَنْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُنْفِقُ عَلَيْهِ.

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَطَلْحَةَ، وَالزُّبَيْرِ، وَعَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وَسَعْدٍ، وَعَائِشَةَ، حديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، إِنَّمَا أَسْنَدَهُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَعَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۶۰۲-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَوْسِ بنِ الْحَدَثَانِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَدَخَلَ عَلَيْهِ عُثْمَانُ

بنُ عُفَّانَ، وَالزُّبَيْرُ بنُ الْعَوَّامِ، وَعَبْدُ الرحمنِ بنُ عَوْفٍ، وَسَعْدُ بنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ، ثُمَّ جَاءَ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ يَخْتَصِمَانِ، فَقَالَ عُمَرُ لَهُمْ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا نُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ؟" قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ عُمَرُ: فَلَمَّا تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَنَا وَلِيُّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجِئْتَ أَنْتَ وَهٰذَا إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، تَطْلُبُ أَنْتَ مِيْرَاثَكَ مِنَ ابنِ أَخِيْكَ، وَيَطْلُبُ هٰذَا مِيْرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيْهَا، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَانُوْرَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ" وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنَّهُ صَادِقٌ، بَارٌّ، رَاشِدٌ، تَابِعٌ لِلْحَقِّ!"

وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ.

نوٹ: قصہ طویلہ یعنی لمبا مضمون بخاری شریف میں مروی ہے اسی کو ہم نے تقریر میں بیان کیا ہے۔

بابُ ماجاء: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: " إِنَّ هٰذِهِ لَا تُغْزَى بَعْدَ الْيَوْمِ!"

فتح مکہ کے دن آپؐ نے فرمایا: ''آئندہ اس پر فوج کشی نہیں ہوگی''

حدیث: حضرت حارث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ ''آج کے بعد قیامت تک اس شہر پر فوج کشی نہیں ہوگی''

تشریح: مکہ مکرمہ ان شاءاللہ قیامت تک مسلمانوں کی تحویل میں رہے گا، اب دوبارہ کافروں کا اس پر تسلط نہیں ہوگا، جو بھی فوج کشی کرے گا نامراد ہوگا، حدیث میں ہے کہ قیامت کے قریب ایک شخص مکہ پر فوج کشی کرے گا مگر اس کا سارا لشکر زمین میں دھنس جائے گا (بخاری کتاب الحج باب ۴۹) غرض اب مکہ کبھی کافروں کے قبضہ میں اس طرح نہیں جائے گا کہ اس کو چھڑانے کے لئے باقاعدہ جنگ لڑنی پڑے، ہاں قیامت کے بالکل قریب چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی کعبہ شریف کو ڈھائے گا پھر وہ کبھی آباد نہ ہوگا۔

فائدہ: بیت اللہ اور بیت المقدس دونوں اللہ کے مقدس گھر ہیں اور دونوں تقریباً ساتھ ساتھ بنے ہیں، مگر عجیب بات یہ ہے کہ بیت المقدس کے لئے ہمیشہ کشت وخون ہوتا رہا ہے اور ہورہا ہے اور اس کو بار بار فتح کرنا پڑتا ہے، وہ بار بار مسلمانوں کے ہاتھوں سے نکل جاتا ہے اور لوٹ آتا ہے، اور مکہ امن وامان کی جگہ ہے ﴿مَنْ دَخَلَهُ كَانَ آمِنًا﴾ وہ قیامت تک مسلمانوں کی تحویل میں رہے گا، اس پر کبھی کافروں کا قبضہ نہیں ہوگا، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ بیت اللہ کے فاتح خود حضور اقدس ﷺ ہیں اور بیت المقدس کو صحابہ نے فتح کیا ہے، اور جس طرح استاذ اور شاگرد کے علوم میں تفاوت ہوتا ہے، ان کے کارناموں میں بھی تفاوت ہوتا ہے۔

[٤٤-] باب ماجاء: قال النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ:

"إِنَّ هذه لاَ تُغْزَى بَعْدَ الْيَوْمِ!"

[١٦٠٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا زَكَرِيَّا بنُ أَبِىْ زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بنِ مَالِكِ بنِ بَرْصَاءَ قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ يَقُوْلُ: "لاَ تُغْزَى هٰذِهِ بَعْدَ الْيَوْمِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ!"

وفى الباب: عَنْ ابنِ عَباسٍ، وَسُلَيْمَانَ بنِ صُرَدَ، وَمُطِيْعٍ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ حديثُ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِهِ.

بابُ ماجاء فى السَّاعَةِ الَّتِىْ يُسْتَحَبُّ فِيْهَا الْقِتَالُ

کن اوقات میں قتال مستحب ہے؟

دن میں جبکہ پوری طرح زمین روشن ہوچکی ہو، موسم سازگار ہو اور فضا خوشگوار ہو ایسے وقت میں قتال کرنا چاہئے، مگر یہ بات اس وقت ہے جبکہ قتال شروع کرنا اختیار میں ہو اور اگر دشمن حملہ کردے تو وہ جب بھی حملہ کرے گا جواب دینا پڑے گا، ہاں جب ہم جنگ شروع کرنے میں مختار ہوں تو ان باتوں کا لحاظ کرنا چاہئے۔

حدیث: نعمان بن مقرّن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ غزوہ کیا ہے، آپؐ صبح صادق کے بعد فوراً جنگ شروع نہیں کرتے تھے بلکہ سورج نکلنے تک رکے رہتے تھے، پھر جب سورج نکل آتا اور زمین خوب روشن ہوجاتی تو قتال شروع کرتے، پھر نصف النہار پر قتال موقوف کردیتے، پھر زوال کے بعد نماز اور کھانے وغیرہ سے فارغ ہوکر عصر تک قتال کرتے، پھر جنگ روک کر عصر ادا فرماتے، پھر جنگ کرتے اور فرمایا کرتے تھے کہ اس وقت مدد الٰہی کی ہوا چلتی ہے یعنی موسم خوشگوار ہوجاتا ہے اور مؤمنین اس وقت نمازوں میں مجاہدین کے لئے دعائیں کرتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث منقطع ہے، قتادہ کا حضرت نعمانؓ سے لقاء وسماع نہیں، مگر یہ حدیث سند متصل کے ساتھ بھی مروی ہے جو بعد میں آرہی ہے، وہ طویل حدیث ہے اس میں یہ بھی ہے کہ حضرت نعمان بن مقرنؓ نے فرمایا: میں جنگوں میں نبی ﷺ کے ساتھ رہا ہوں، اگر آپؐ کسی وجہ سے سورج نکلنے کے بعد جنگ شروع نہ کرسکتے اور دیر ہوجاتی تو آپ رکے رہتے یہاں تک کہ زوال ہوجاتا اور ہوائیں چلنے لگتیں اور مدد آپہنچتی، یعنی موسم خوشگوار ہوجاتا، عرب میں دوپہر میں ہوا بالکل بند ہوجاتی ہے اور گرمی سخت ہوجاتی ہے پھر ایک وقت کے بعد سمندر کی جانب سے

ٹھنڈی ہوا چلنی شروع ہوتی ہے اور موسم خوشگوار ہوجاتا ہے اور گرمی کی شدت ٹوٹ جاتی ہے، ایسے وقت میں آپ قتال شروع فرماتے تھے۔

[٤٥-] باب ماجاء في السَّاعة التي يُسْتَحَبُّ فيها القتالُ

[١٦٠٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، قَالَ: ثَنِي أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ مُقَرِّنٍ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ أَمْسَكَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، فَإِذَا طَلَعَتْ قَاتَلَ، فَإِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ أَمْسَكَ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ، فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَاتَلَ حَتَّى الْعَصْرِ، ثُمَّ أَمْسَكَ حَتَّى يُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ يُقَاتِلُ، وَكَانَ يُقَالُ: عِنْدَ ذٰلِكَ تَهِيْجُ رِيَاحُ النَّصْرِ، وَيَدْعُوْ الْمُؤْمِنُوْنَ لِجُيُوْشِهِمْ فِيْ صَلَوَاتِهِمْ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنِ النُّعْمَانِ بنِ مُقَرِّنٍ بِإِسْنَادٍ أَوْصَلَ مِنْ هٰذَا، وَقَتَادَةُ لَمْ يُدْرِكِ النُّعْمَانَ بنَ مُقَرِّنٍ، مَاتَ النُّعْمَانُ فِيْ خِلَافَةِ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ.

[١٦٠٥-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَفَّانُ بنُ مُسْلِمٍ، وَالْحَجَّاجُ بنُ مِنْهَالٍ، قَالَا: ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، ثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ مَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ: أَنَّ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ بَعَثَ النُّعْمَانَ بنَ مُقَرِّنٍ إِلَى الْهُرْمُزَانِ، فَذَكَرَ الحديثَ بِطُوْلِهِ، فَقَالَ النُّعْمَانُ بنُ مُقَرِّنٍ: شَهِدْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ، وَتَهُبَّ الرِّيَاحُ، وَيَنْزِلَ النَّصْرُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَعَلْقَمَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ أَخُوْ بَكْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ.

بابُ ماجاء في الطِّيَرَةِ

نیک فالی اور بدفالی کا بیان

طِيَرَة: کے معنی ہیں: شگون، خواہ اچھا ہو یا برا۔ پھر نبی ﷺ نے اس کو برے شگون کے ساتھ خاص کردیا اور اچھے شگون کے لئے لفظ فال استعمال کیا، آگے حدیث آرہی ہے کہ عدوی اور طیرہ کچھ نہیں اور میں فال کو پسند کرتا ہوں، صحابہ نے پوچھا: فال کیا ہے؟ یہ پوچھنا اس لئے پڑا کہ آپؐ نے یہ نیا لفظ استعمال کیا تھا۔

شریعت نے بدفالی کی ممانعت کی ہے اور نیک فال کی اجازت دی ہے کیونکہ بدفالی سے دل میں طرح طرح کے وساوس پیدا ہوتے ہیں، آدمی اُدھیڑبُن میں لگ جاتا ہے کہ میرا کام ہوگا یا نہیں؟ اور کبھی بدشگونی سے اللہ کے انکار کی

بھی نوبت آجاتی ہے، جب بار بار برا فال نکلتا ہے تو آدمی اللہ تعالیٰ سے بدظن ہو جاتا ہے اور اس کی توجہ اللہ تعالیٰ سے بالکل ہی ہٹ جاتی ہے اور نیک فال میں یہ سب خرابیاں نہیں، بلکہ آدمی پُر امید ہو جاتا ہے اور اللہ سے لولگا لیتا ہے اس لئے اس کی اجازت ہے، پھر اگر امید پوری نہ بھی ہوئی تو کچھ حرج نہیں، اللہ کا فیصلہ!

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بدشگونی ہندوانہ چیز ہے'' یعنی پرندوں کی آواز، ان کی پرواز، لوگوں کی باتوں اور دیگر چیزوں سے بدشگونی لینا ہندوانہ طریقہ ہے، اسلام میں اس کی قطعاً گنجائش نہیں، پھر آگے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: اور ہم میں سے کوئی نہیں (جس کے دل میں ایسا خیال نہ آتا ہو) مگر اللہ تعالیٰ توکل کی وجہ سے اس کو زائل کر دیتے ہیں یعنی چونکہ مسلمان کا اللہ پر بھروسہ ہوتا ہے اس لئے وہ توہمات دل سے نکل جاتے ہیں۔

تشریح: جو شخص عرصہ تک مشرک رہا ہو، پھر وہ مسلمان ہو جائے تو مسلمان ہوتے ہی مشرکانہ تصورات دماغ سے نکل نہیں جاتے، رفتہ رفتہ نکلتے ہیں، صحابہ بھی چونکہ شرک سے نکل کر آئے تھے اس لئے حضرت ابن مسعودؓ فرماتے ہیں: ہم میں سے ہر شخص کے دل میں بدشگونی آتی ہے مگر توکل (اللہ پر اعتماد) کی برکت سے وہ زائل ہو جاتی ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عدوی اور طیرہ کوئی چیز نہیں اور میں فال کو پسند کرتا ہوں'' صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! فال کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اچھی بات'' یعنی کوئی اچھی بات سن کر پُر امید ہو جانا مثلاً کوئی شخص کسی کام کے لئے گھر سے نکلا اس نے سنا: کوئی شخص کسی کو پکار رہا ہے: اُوراشد! (راہ یاب) اس نے اس سے اچھا شگون لیا کہ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی، شریعت اس کو پسند کرتی ہے۔

واقعہ: جب میں یہاں (دارالعلوم دیوبند میں) مدرس ہو کر آیا تو مجھے پہلے سال میں جو کتابیں ملیں ان میں مسلم الثبوت بھی تھی، میں نے اپنے کرم فرما حکیم سعد رشید اجمیری صاحب رحمہ اللہ کو کتابیں لکھیں تو ان کا جواب آیا: آپ کی حیثیت دارالعلوم میں مسلم الثبوت ہوگئی، یہ نیک فال تھا اس کو اسلام پسند کرتا ہے کیونکہ اس سے اللہ پر اعتماد بڑھتا ہے۔

عدوی کے معنی ہیں: چھوت چھات، مرض کا تعدیہ، ایک کی بیماری دوسرے کو لگنا، اسلام اس کو نہیں مانتا، البتہ درجہ سبب میں اس کو تسلیم کرتا ہے، ذاتی تاثیر نہیں مانتا، حدیث میں ہے کہ کوڑھی کے پاس سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو، اس سے معلوم ہوا کہ بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملہ اسباب مرض ہے، لہٰذا اس درجہ میں مریض کے ساتھ اختلاط سے بچنا چاہئے، مگر یہ عقیدہ کہ بعض بیماریاں بذاتِ خود دوسرے کو لگ جاتی ہیں: غلط ہے، یہ بات عقیدۂ توحید کے منافی ہے، اس لئے نبی ﷺ نے اس حدیث میں جاہلیت کے اس عقیدے کی نفی فرمائی ہے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کو یہ پسند تھا: جب آپؐ سفر وغیرہ کے لئے نکلتے

کہ سنیں: یاراشد، یا نجیح —— راشد: رُشد سے ہے اس کے معنی ہیں ہدایت پانے والا۔ اور نجیح: نجاح سے ہے، اس کے معنی ہیں کامیاب۔ نبی ﷺ ان کلمات سے اچھا شگون لیتے تھے۔

[٤٦-] باب ماجاء في الطِّيَرَةِ

[١٦٠٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عِيْسَى بنِ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الطِّيَرَةُ مِنَ الشِّرْكِ" وَمَا مِنَّا، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ.

قَالَ أَبُوْ عيسى: سَمِعْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: كَانَ سُلَيْمَانُ بنُ حَرْبٍ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الحديثِ: "وَمَا مِنَّا ولٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بالتَّوَكُّلِ" قَالَ سُلَيْمَانُ: هٰذَا عِنْدِيْ قَوْلُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ.

وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، وأَبِيْ هُريرةَ، وَحَابِسٍ التَّمِيْمِيِّ، وَعَائِشَةَ، وابنِ عُمَرَ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، وَرَوَى شُعْبَةُ أَيْضًا عَنْ سَلَمَةَ هٰذَا الحديثَ.

[١٦٠٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاعَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَأُحِبُّ الْفَأْلَ" قَالُوْا: يارسولَ اللّٰهِ! وَمَا الْفَأْلُ؟ قَالَ: "الْكَلِمَةُ الطِّيِّبَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٦٠٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُعْجِبُهُ إِذَا خَرَجَ لِحَاجَتِهِ أَنْ يَسْمَعَ: يَارَاشِدُ يَانَجِيْحُ، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في وَصِيَّةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْقِتَالِ

جنگ میں رسول اللہ ﷺ کی ہدایات

حدیث (۱): حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آنحضور ﷺ جب کسی شخص کو کسی لشکر پر امیر مقرر فرماتے تھے تو اس کو خاص طور پر اللہ سے ڈرنے کی اور جو مسلمان اس کے ماتحت ہیں ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تاکید فرماتے تھے، پھر عام ہدایات دیتے تھے کہ جہاد کرو، اللہ کا نام لے کر، اللہ کے راستے میں، جو لوگ اللہ کا انکار کرتے ہیں ان سے جنگ کرو اور مال غنیمت میں خیانت نہ کرو، اور دشمن سے کئے ہوئے عہد و پیمان کی خلاف ورزی نہ کرو، اور دشمن کی لاشوں کو نہ بگاڑو، اور کسی بچے کو قتل نہ کرو (یہاں تک حدیث پہلے گذر چکی ہے) پھر جب

تمہاری ملاقات لشکر کفار سے ہوتو انہیں تین باتوں میں سے ایک بات کی دعوت دو، ان میں سے جو بھی بات وہ قبول کرلیں تم بھی قبول کرلو، اور جنگ کرنے سے رک جاؤ، ان کو اسلام کی دعوت دو (وہ یہ دعوت قبول کرلیں تو) انہیں ان کے وطن سے مہاجرین کے وطن (دارالاسلام) کی طرف منتقل ہونے کی دعوت دو، ان کو بتلاؤ کہ اگر انھوں نے ایسا کیا تو ان کے لئے وہ حقوق ہونگے جو مہاجرین کے لئے ہیں اور ان پر وہ ذمہ داریاں ہونگی جو مہاجرین پر ہیں اور اگر وہ اس بات سے انکار کریں کہ وہ وہاں سے منتقل ہوں تو ان کو بتلاؤ کہ وہ صحرانشیں مسلمانوں کی طرح ہونگے، اور ان پر اللہ کا وہ حکم جاری ہوگا جو مؤمنین پر جاری ہوتا ہے اور ان کو غنیمت اور فیٔ میں سے کچھ نہیں ملے گا، مگر یہ کہ وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد کریں [پس اگر وہ انکار کریں تو ان سے جزیہ مانگو، پس اگر وہ تمہاری بات قبول کرلیں تو ان سے جزیہ قبول کرلو، اور ان سے باز آجاؤ] (کھڑی دو قوسوں کے درمیان ترجمہ اس اضافہ کا ہے جو مسلم شریف میں ہے) پس اگر وہ انکار کریں تو اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرو اور جنگ شروع کرو ـــــــ اور جب تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو پس وہ چاہیں کہ تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کی ذمہ داری دو تو تم ان کو اللہ ورسول کی ذمہ داری مت دینا، بلکہ اپنی اور اپنے ساتھیوں کی ذمہ داری دینا، کیونکہ اگر تم اپنی اور اپنے ساتھیوں کی ذمہ داری میں خلل ڈالو گے تو یہ اللہ اور اس کے رسول کی ذمہ داری میں خلل ڈالنے سے بہتر ہوگا (یعنی اگر خدانخواستہ معاہدہ کی خلاف ورزی ہوگئی تو اگر تم نے اللہ ورسول کی ذمہ داری دی ہے تو اللہ ورسول کی بے حرمتی ہوگی، اور اگر تم نے اپنی ذمہ داری دی ہے تو تمہاری بے حرمتی ہوگی، اور تمہاری بے توقیری: اللہ ورسول کی بے حرمتی کی بہ نسبت ہلکا گناہ ہے) اور جب تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو اور وہ چاہیں کہ تم ان کو اللہ کے حکم پر اتارو تو ایسا مت کرنا، بلکہ ان کو اپنے فیصلہ پر اتارنا، یعنی ان سے یہ کہنا کہ ہم تمہارے بارے میں جو فیصلہ کریں وہ منظور ہو تو اتر آؤ، کیونکہ تم نہیں جانتے کہ اللہ کا فیصلہ ان کے بارے میں کیا ہے؟ اس لئے ان کو اللہ کے فیصلے پر مت اتارو، اپنے فیصلہ پر اتارو۔

تشریح: جنگ شروع کرنے سے پہلے کفار کو ترتیب وار تین باتوں کی دعوت دی جائے:

اول: یہ دعوت دی جائے کہ وہ اسلام قبول کرلیں، پھر دارالاسلام میں آجائیں، اور مجاہدین کے ساتھ مل کر جہاد کریں، اس صورت میں ان کو مجاہدین کی طرح مال غنیمت اور مال فئ میں حصہ ملے گا، اور اگر وہ ہجرت کے لئے تیار نہ ہوں اپنے ہی وطن میں رہنا پسند کریں تو اسلامی احکام: نماز، روزہ وغیرہ ان پر لازم ہونگے اور مالِ غنیمت اور مال فیٔ میں سے کچھ نہیں ملے گا۔ البتہ اگر وہ جنگ میں شریک ہوں تو حصہ ملے گا۔

دوم: اگر وہ اسلام قبول کرنے سے انکار کریں تو ان کو دعوت دی جائے کہ وہ اسلامی حکومت کی ماتحتی قبول کرلیں، اور جزیہ دینا منظور کرلیں، مگر ان کو بتایا جائے کہ یہ بات ان کے لئے اچھی نہیں ہوگی ان کے حق میں بہتر پہلی بات ہے (اس حدیث میں یہ دوسری بات نہیں ہے، مسلم شریف میں ہے اور یہی حدیث ابو احمد زبیری کی سند

سے بعد میں آ رہی ہے اس میں بھی یہ بات ہے، اور کیا جزیرۃ العرب کے مشرکین سے جزیہ قبول کیا جائے گا یا نہیں؟ اور جزیہ کی مقدار کیا ہے؟ اور جزیہ کے معنی کیا ہیں؟ اور غیر مسلمین سے جزیہ کیوں لیا جاتا ہے؟ یہ سب باتیں تفصیل سے کتاب الزکاۃ (باب ۱۱) میں گذر چکی ہے)

سوم: اگر کفار یہ دونوں باتیں قبول نہ کریں تو پھر ان سے جنگ کی جائے۔

ملحوظہ: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں اسلام مع ہجرت و جہاد کو پہلی بات اور اسلام بدوں ہجرت و جہاد کو دوسری بات اور جزیہ کو تیسری بات قرار دیا ہے، مگر شارحین عام طور پر تیسری بات: جنگ کو قرار دیتے ہیں اور دوسری بات کو پہلی بات کا تتمہ قرار دیتے ہیں۔ اور جزیہ کا بیان اس حدیث میں نہیں ہے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ حملہ نہیں کرتے تھے مگر فجر کی نماز کے وقت یعنی فجر کی نماز پڑھ کر حملہ کرتے تھے، رات میں حملہ نہیں کرتے تھے، اور اگر آپؐ فجر کی اذان سنتے تو نماز کے بعد بھی حملہ نہیں کرتے تھے بلکہ مسلمانوں کو موقع دیتے کہ وہ بستی سے ہٹ جائیں، اور اگر اذان نہیں سنتے تھے تو نماز کے بعد حملہ کر دیا کرتے تھے، چنانچہ ایک مرتبہ آپؐ نے اذان سننے کے لئے کان لگائے تو آپؐ نے ایک شخص کو سنا وہ اللہ اکبر اللہ اکبر پکار رہا ہے، آپؐ نے فرمایا: یہ فطرت کی آواز ہے، پھر اس نے أشهد أن لا إله إلا الله پکارا تو آپؐ نے فرمایا: ''تو آگ سے نجات پا گیا!''

[۴۷-] باب ماجاء فی وَصِيَّةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْقِتَالِ

[۱۶۰۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذا بَعَثَ أَمِيْراً عَلٰى جَيْشٍ، أَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّةِ نَفْسِهِ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْراً، قَالَ: "اغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ، وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ، وَلاَ تَغُلُّوْا، وَلاَ تَغْدِرُوْا، وَلاَ تُمَثِّلُوْا، وَلاَتَقْتُلُوْا وَلِيْدًا"

" فَإِذَا لَقِيتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ: فَادْعُهُمْ إِلٰى إِحْدَى ثَلاَثِ خِصَالٍ أَوْ: خِلاَلٍ، أَيَّتَهَا أَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ، وَكُفَّ عَنْهُمْ: ادْعُهُمْ إِلٰى الإِسْلاَمِ وَالتَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ إِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ، وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ إِنْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ: فَإِنَّ لَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ، وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ، وَإِنْ أَبَوْا أَنْ يَتَحَوَّلُوْا فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَأَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ، يَجْرِيْ عَلَيْهِمْ مَا يَجْرِيْ عَلَى الأَعْرَابِ، لَيْسَ لَهُمْ فِي الغَنِيْمَةِ وَالْفَيْءِ شَيْئٌ، إِلَّا أَنْ يُجَاهِدُوْا، فَإِنْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَقَاتِلْهُمْ"

" وَإِذَا حَاصَرْتَ حِصْنًا فَأَرَادُوْكَ أَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهِ، فَلاَ تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ

وَلاَذِمَّةَ نَبِيِّهِ، وَاجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَمَ أَصْحَابِكَ، فَإِنَّكُمْ إِنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَذِمَمَ أَصْحَابِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهِ"

" وَإِذَا حَاصَرْتَ أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوْكَ أَنْ تُنْزِلُوْهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللّٰهِ، فَلاَ تُنْزِلُوْهُمْ، وَلٰكِنْ أَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ، فَإِنَّكَ لاَ تَدْرِیْ أَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ أَمْ لاَ" أَوْ نَحْوَ ذَا.

وفی الباب: عَنِ النُّعْمَانِ بنِ مُقَرِّنٍ، وحديثُ بُرَيْدَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٦١٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَزَادَ فِيْهِ:" فَإِنْ أَبَوْا فَخُذْ مِنْهُمُ الْجِزْيَةَ، فَإِنْ أَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَلَيْهِمْ"

هٰكَذَا رَوَاهُ وَكِيْعٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ، وَرَوَى غَيْرُ مُحمدِ بنِ بَشَّارٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ مَهْدِيٍّ، وَذَكَرَ فِيْهِ أَمْرَ الْجِزْيَةِ.

[١٦١١-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا عَفَّانُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، ثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَ النبیُّ صلی اللّٰه عليه وسلم لاَيُغِيْرُ إِلَّا عِنْدَ صَلاَةِ الْفَجْرِ، فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا أَمْسَكَ، وَإِلَّا أَغَارَ، وَاسْتَمَعَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَسَمِعَ رَجُلاً يَقُوْلُ: اللّٰهُ أَكْبَرْ اللّٰهُ أَكْبَرْ، فَقَالَ:" عَلَى الْفِطْرَةِ" فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، قَالَ:" خَرَجْتَ مِنَ النَّارِ" قَالَ الْحَسَنُ: وَثَنَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثنا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مِثْلَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث عبدالرحمٰن بن مہدی کے تلمیذ محمد بن بشار کی سند سے ہے، اس میں جزیہ کا مضمون نہیں ہے، مگر مسلم شریف (حدیث ۱۷۳۱) میں ان کے ایک دوسرے تلمیذ عبداللہ بن ہاشم کی سند سے یہ حدیث ہے، اس میں ہے: فإن هم أَبَوْا فَسَلْهُمُ الجزيةَ، فإن هم أجابوك فَاقْبَلْ مِنْهم، وَكُفَّ عنهم، نیز سفیان ثوری کے دوسرے تین شاگرد: وکیع، یحییٰ بن آدم اور ابواحمد زبیری بھی جزیہ والا مضمون روایت کرتے ہیں، پہلے دو شاگردوں کی روایت مسلم شریف میں ہے اور ابواحمد کی روایت کتاب میں ہے۔

ترجمہ: اسی طرح یعنی ابواحمد کی طرح وکیع نے اور متعدد روات نے سفیان ثوری سے حدیث روایت کی ہے، اور محمد بن بشار کے علاوہ دیگر تلامذہ نے ابن مہدی سے حدیث روایت کی ہے اور اس میں جزیہ کا معاملہ ذکر کیا ہے۔

﴿ الحمدللہ! ابواب السیر کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی ﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ فضائل الجهاد

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

بابُ فَضْلِ الْجِهَادِ

جہاد کی فضیلت

جہاد: قرآن وحدیث کی ایک خاص اصطلاح ہے، اس کے معنی ہیں: دین کی حفاظت اور سربلندی کے لئے دشمنانِ اسلام سے لڑنا۔ جَاهَدَ العَدوَّ مُجَاهَدَةً وَجِهَادًا کے معنی ہیں: دشمن سے لڑنا۔ اور جاهد فى الأمر کے معنی ہیں: کسی کام میں پوری طاقت لگانا، پوری کشش کرنا، اسی سے مجاہدہ ہے۔

قرآن وحدیث میں یہ لفظ مختلف طرح استعمال کیا گیا ہے، کہیں صرف جہاد اور مجاہدہ آیا ہے کہیں اس کے ساتھ فی سبیل اللہ ملایا ہے اور کہیں اس کے بعد اللہ یا اللہ کی طرف لوٹنے والی ضمیر آئی ہے، اسی طرح فی سبیل اللہ بھی کبھی تنہا آیا ہے اور کبھی جہاد کے مادہ کے ساتھ آیا ہے، پس جہاں لفظ مجاہدہ مطلق آیا ہے یا اس کے بعد فی اللہ آیا ہے یا فِيْنا آیا ہے وہ آیتیں عام ہیں، مفسرین کرام ان جگہوں میں لفظ ''دین'' محذوف مانتے ہیں، جیسے ﴿جَاهِدُوْا فِيْ اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهِ﴾ یعنی اللہ کے دین کے لئے پوری طاقت خرچ کرو، اور ﴿وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا﴾ یعنی جو لوگ ہمارے دین کے لئے انتہائی کوشش کرتے ہیں: ہم ان کو اپنی راہیں سجھاتے ہیں، یہ آیاتِ پاک دین کی ہر محنت کے لئے عام ہیں، کسی بھی لائن سے دین کی محنت کرنے والے اس کا مصداق ہیں، لیکن جہاں لفظ جہاد آیا ہے یا مجاہدہ کے مادہ کے ساتھ فی سبیل اللہ آیا ہے یا صرف فی سبیل اللہ آیا ہے جیسے مصارف زکوٰۃ کے بیان میں اور انفاق کی فضیلت میں تو ان سب جگہوں میں خاص اصطلاحی معنی مراد ہیں، سورۃ التوبہ میں جہاں بھی اس قسم کی آیات آئی ہیں: شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی قدس سرہ نے اور ان کی اتباع میں حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے ''لڑنا'' ترجمہ کیا ہے۔ اور حدیث کی کتابوں میں جو أبواب الجهاد اور أبواب فضائل الجهاد آئے ہیں وہاں بھی یہی خاص اصطلاحی معنی مراد ہیں۔ آپ غور سے یہ ابواب پڑھیں

فی سبیل اللہ کی ساری روایات یہاں لائی گئی ہیں معلوم ہوا کہ یہ خاص اصطلاح ہے اور جہاد کے معنی میں ہے۔

لیکن تبلیغ والوں نے ان آیات کو عام کر دیا ہے، اور عام نہیں کیا بلکہ اپنے کام کے ساتھ خاص کر دیا ہے، وہ تبلیغ ہی کو جہاد کہتے ہیں، دوسرے دینی کاموں کو مثلاً درس وتدریس اور تصنیف وتالیف وغیرہ کو جہاد نہیں کہتے، بلکہ ان کے عوام تو ان کو دینی کام بھی تصور نہیں کرتے، اور جب انھوں نے دعوت وتبلیغ کو جہاد قرار دے دیا تو جہاد کے فضائل میں جو آیات پاک اور احادیث شریفہ آئی ہیں ان کو دھڑلّے سے اپنے کام پر منطبق کرتے ہیں، یہ سلسلہ جو تبلیغ والوں نے شروع کیا ہے: صحیح نہیں، پہلے ابواب البیوع کے شروع میں میں بتا چکا ہوں کہ جہاد ایک اسلامی اصطلاح ہے، اور جب قرآن وحدیث میں یہ لفظ بولا جاتا ہے تو اس سے قتال فی سبیل اللہ مراد ہوتا ہے، البتہ بعض کاموں کو جہاد کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے، ان کے لئے یہ الحاق ہی فضیلت ہے، جیسے حدیث ہے: **من خرج فی طلب العلم فهو فی سبیل الله حتی یرجع** اس میں نبی ﷺ نے طلب علم کو فی سبیل اللہ قرار دیا ہے، یہ الحاق ہی طالب علم کی فضیلت ہے، اسی طرح دعوت وتبلیغ کے کام کا فی سبیل اللہ کے ساتھ الحاق کیا جاسکتا ہے، اور یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہوگی۔ قرآن وحدیث میں فضائل جہاد کی جو آیتیں اور حدیثیں ہیں وہ سب فضیلتیں نہ طالب علم پر منطبق کی جاسکتی ہیں، نہ تبلیغ والوں پر۔ یہ خاص بات یاد رکھنی چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے دریافت کیا گیا: یا رسول اللہ! جہاد کے ہم پلّہ کونسا عمل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ عمل تمہارے بس کا نہیں، یہی بات دو یا تین مرتبہ پوچھی گئی، آپؐ نے ہر بار یہی فرمایا کہ وہ عمل تمہارے بس کا نہیں۔ تیسری مرتبہ میں فرمایا: راہ خدا میں جہاد کرنے والے کا حال اس روزہ دار نفل نمازیں پڑھنے والے کی طرح ہے جو نہ نماز سے سست پڑے نہ روزے سے، یہاں تک کہ مجاہد واپس آجائے، یعنی ایک آدمی جہاد کے لئے نکلا، دوسرا نماز روزے میں لگا اور وہ اس مجاہد کے لوٹنے تک مسلسل روزے رکھتا رہا اور نوافل پڑھتا رہا، ایک لمحہ کے لئے بھی عبادت موقوف نہیں کی، یہ عبادت گذار مجاہد کی طرح ہے، مگر ظاہر ہے یہ عمل بہت دشوار ہے، اس لئے فرمایا کہ وہ عمل تمہارے بس کا نہیں۔

تشریح: اس حدیث میں تشبیہ مقلوبی ہے اس لئے کہ سائل نے ایسا عمل دریافت کیا ہے جو جہاد کے برابر ہے، پس اس عمل کو مشبہ اور جہاد کو مشبہ بہ بنانا چاہئے تھا مگر حدیث میں مجاہد کو مشبہ اور صائم وقائم کو مشبہ بہ بنایا گیا ہے اور اس کی وجہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے یہ بیان فرمائی ہے کہ مشبہ بہ کا اوضح ہونا ضروری ہے یعنی ضروری ہے کہ وہ مشبہ سے زیادہ واضح ہو، مگر مجاہد کا حال زیادہ واضح نہیں تھا اگرچہ اس کی برتری لوگ جانتے ہیں، مگر اجمالاً جانتے ہیں، تفصیلاً نہیں جانتے، اور صائم وقائم کی برتری لوگ خوب جانتے ہیں، ایسے شخص کو برتر وبزرگ تسلیم کرتے ہیں اس لئے فرمایا کہ مجاہد جب حکم شرع کے مطابق جہاد کرتا ہے تو وہ اس عبادت گذار کی طرح ہو جاتا ہے یعنی اس کا

ہر لمحہ اور ہر سانس عبادت بن جاتا ہے، حدیث میں ہے: اس کا سونا اور جاگنا سب باعث اجر ہوتا ہے (مشکوۃ حدیث ۳۸۴۶) جیسے معتکف سوتا بھی ہے تو عبادت میں ہوتا ہے مگر مجاہد کا یہ حال خاص لوگ ہی جانتے ہیں، اس لئے نبی ﷺ نے مجاہد کو صائم وقائم کے ساتھ تشبیہ دی تا کہ سوال کا جواب بھی معلوم ہو جائے اور خود مجاہد کا حال بھی معلوم ہو جائے (تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۳۸۴)

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، یعنی اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں (یہ حدیث قدسی ہے اس لئے راوی نے یقول اللہ بڑھایا ہے) میرے راستہ میں جہاد کرنے والا میری گارنٹی میں ہے، اگر میں اس کی روح قبض کرتا ہوں یعنی وہ شہید ہوتا ہے تو میں اس کو جنت کا وارث بناتا ہوں، اور اگر میں اس کو گھر لوٹاتا ہوں تو ثواب یا مال غنیمت کے ساتھ لوٹاتا ہوں (أو مانعۃ الخلو کا ہے یعنی مجاہد ثواب یا مال غنیمت سے خالی نہیں رہتا، اور دونوں جمع ہو جائیں تو اس میں کوئی استبعاد نہیں)

أبواب فضائل الجهاد

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابُ فَضْلِ الْجِهَادِ

[۱۶۱۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: قِيْلَ: يارسولَ اللّٰهِ! مَا يَعْدِلُ الْجِهَادَ؟ قَالَ:" إِنَّكُمْ لاَ تَسْتَطِيْعُوْنَهُ" فَرَدُّوْا عَلَيْهِ مَرَّتَيْنِ أَو ثَلاَثًا، كُلَّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ:" لاَتَسْتَطِيْعُوْنَهُ" فَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ:" مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَثَلَ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الَّذِيْ لاَ يَفْتُرُ مِنْ صَلاَةٍ وَلاَ صِيَامٍ، حَتَّى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

وفي الباب: عَنِ الشِّفَاءِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ حُبْشِيٍّ، وأَبِيْ مُوْسَى، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَأُمِّ مَالِكٍ الْبَهْزِيَّةِ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۶۱۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَزِيْعٍ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَان، ثَنِي مَرْزُوْقٌ أَبُوْ بَكْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَعْنِيْ يَقُوْلُ اللّٰهُ: "الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِيْ هُوَ عَلَيَّ ضَمَانٌ: إِنْ قَبَضْتُهُ أَوْرَثْتُهُ الْجَنَّةَ، وَإِنْ رَجَعْتُهُ رَجَعْتُهُ بِأَجْرٍ أَوْ غَنِيْمَةٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

لغت: فَتَرَ(ن) فُتُوْراً: چستی کے بعد سست پڑ جانا...... رَجَعَ فلاناً عن الشيئ وإليه: واپس لانا، لوٹانا، سورۃ التوبہ میں ہے: ﴿فَإِن رَّجَعَكَ اللّٰهُ إِلَىٰ طَائِفَةٍ مِّنْهُمْ﴾ پس اگر اللہ تعالیٰ آپ کو ان کے کسی گروہ کی طرف واپس لائیں (آیت ۸۳) یعنی رَجَعَ: لازم اور متعدی دونوں ہے، لوٹنا اور لوٹانا دونوں معنی ہوتے ہیں، حدیث میں متعدی ہے۔

وضاحت: یعنی یقول اللہ: اس لئے بڑھایا ہے کہ یہ حدیث قدسی ہے، مگر احادیث قدسیہ کا جو معروف انداز ہے اس انداز پر یہ حدیث نہیں ہے، اسی طرح بخاری کی حدیث (نمبر ۳۶) بھی حدیث قدسی ہے، مگر وہ بھی معروف انداز پر نہیں ہے...... هُوَ عَلَيَّ ضَمَانٌ: مصری نسخہ میں هو علیّ ضامن ہے، اور ضامن بمعنی مضمون ہے، یعنی میری گارنٹی میں ہے، ترغیب وترہیب میں اور فتح الباری میں ترمذی سے ضَامِنٌ نقل کیا ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا

سرحد کا پہرہ دیتے ہوئے موت آنے کی فضیلت

مُرَابَطَة: اور رِبَاط کے معنی ہیں: سرحد پر مقیم ہونا، پہرہ دینا، جس طرح اللہ کا نام بلند کرنے کے لئے، دفع ظلم اور رفع فتنہ کے لئے جہاد ضروری ہے، اسی طرح ملک کی حفاظت کے لئے سرحد کا پہرہ دینا بھی ضروری ہے اور پہلے زمانہ میں تنخواہ دار فوج نہیں ہوتی تھی، لوگ رضا کارانہ جہاد کرتے تھے اسی طرح سرحد پر پہرہ بھی رضا کارانہ دیتے تھے، اور سرحد کا پہرہ دینا اس اعتبار سے آسان ہے کہ وہاں کچھ کرنا نہیں، بس پڑا رہنا ہے، اگر اتفاق سے دشمن حملہ آور ہو تو مقابلہ کرنا ہوتا ہے، ورنہ کوئی کام نہیں۔ مگر ایک اور اعتبار سے یہ سخت عمل ہے، ایک طویل عرصہ تک بیوی بچوں سے جدا رہنا پڑتا ہے اور کاروبار چھوٹ جاتا ہے، اور ملتا کچھ نہیں، اس اعتبار سے یہ کام نہایت مشکل ہے، جہاد چند دن کا عمل ہے اور اس میں مالی منفعت بھی ہے اس اعتبار سے وہ آسان ہے، مگر اس میں جان ہتھیلی پر رکھ کر گھر سے نکلنا ہوتا ہے اس اعتبار سے یہ نہایت مشکل کام ہے، اس لئے جس طرح جہاد کے فضائل آئے ہیں، سرحد پر پہرہ دینے کے بھی فضائل آئے ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر میت کے عمل پر مہر لگادی جاتی ہے مگر جو شخص راہ خدا میں پہرہ دیتے ہوئے مرتا ہے اس کے لئے اس کا عمل قیامت تک بڑھایا جاتا ہے اور وہ قبر کی آزمائش سے محفوظ رہتا ہے، فضالۃ بن عبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بھی سنا ہے کہ مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرے۔

تشریح: اس حدیث میں دو باتیں بیان کی گئی ہیں:

پہلی بات: پہرہ دینے والے کا عمل اس کی موت کے بعد بھی جاری رہتا ہے: اور پہلے حدیث گذری ہے کہ جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال منقطع ہوجاتے ہیں، علاوہ تین عملوں کے: صدقہ جاریہ، وہ علم جس سے فائدہ

اٹھایا جائے اور نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے، یعنی ان عملوں کا ثواب جاری رہتا ہے عمل جاری نہیں رہتا اور سرحد پر پہرہ دینے والے کا عمل ہی جاری رہتا ہے، اور عمل کے جاری رہنے میں اور عمل کے ثواب کے جاری رہنے میں آسمان وزمین کا فرق ہے۔

دوسری بات: سرحد پر پہرہ دینے والا قبر کی آزمائش سے محفوظ رہتا ہے، کیونکہ منکر نکیر کی طرف سے آزمائش اس منافق پر آتی ہے جس کا دل اسلام پر مطمئن نہیں، اور وہ دین اسلام کی نصرت کے لئے آمادہ نہیں۔ اور سرحد کا پہرہ دینے والا اگر شرائط وآداب کے مطابق پہرہ دے تو اس سے بڑھ کر دین کی تصدیق کرنے والا کوئی نہیں، نہ اس سے بڑا کوئی دین کا مددگار ہوسکتا ہے اس لئے منکر نکیر اس کو پریشان نہیں کرتے، وہ بندہ ان کی آزمائش سے محفوظ رہتا ہے۔

دوسری حدیث: المجاهدُ مَنْ جَاهَدَ نفسَه: یہ ایک مستقل حدیث ہے جس کو حضرت فضالہؓ نے اس حدیث کے ساتھ بیان کیا ہے، اور دونوں حدیثوں میں ارتباط یہ ہے کہ سرحد کا پہرہ دینے کے لئے اور جہاد میں نکلنے کے لئے نفس سے ٹکر لینی ضروری ہے، اس کے بغیر جہاد کرنا اور سرحد پر پہرہ دینا ممکن نہیں، کیونکہ یہ دونوں عمل نہایت شاق ہیں، ایک میں جان کا خطرہ ہے اور دوسرے میں لمبے عرصہ تک بیوی بچوں سے دور رہنا ہوتا ہے، اور کاروبار چھوڑنا پڑتا ہے اس لئے طرح طرح کے وساوس دل میں آتے ہیں، پس یہ کام وہی شخص کرسکتا ہے جو پہلے نفس کے ساتھ جہاد کرے، نفس سے لڑے بغیر جہاد میں نکلنا اور سرحد کا پہرہ دینا ممکن نہیں۔

فائدہ: یہاں بین السطور میں لکھا ہے: **هذا هو الجهاد الأكبر**: یعنی نفس سے ٹکر لینا ہی بڑا جہاد ہے، یہ ایک دوسری حدیث کی طرف اشارہ ہے، آنحضور ﷺ نے غزوۂ تبوک سے واپسی میں جب مدینہ قریب آیا تو یہ ارشاد فرمایا، اس حدیث کا مطلب عام طور پر صحیح نہیں سمجھا جاتا۔

جب آنحضور ﷺ کو اطلاع ملی کہ ہرقل شاہ روم چالیس ہزار کا لشکر جرار لے کر مدینہ پر چڑھائی کرنا چاہتا ہے، اور مقدمۃ الجیش بلقاء تک پہنچ گیا ہے تو آپؐ تیس ہزار کا لشکر لے کر اس کا مقابلہ کرنے کے لئے نکلے اور تبوک تک گئے جو جزیرۃ العرب کی سرحد پر ہے اور وہاں بیس دن قیام کیا، مگر کوئی مقابلہ کے لئے نہیں آیا تو آپؐ ظفرمند واپس لوٹے، آگے بڑھنا مصلحت کے خلاف تھا۔ جب مدینہ منورہ قریب آیا تو آپؐ نے فرمایا: **رَجَعْنَا من الجهاد الأصغرِ إلى الجهاد الأكبر (أى ذاهباً إلى الجهاد الأكبر)** یعنی ہم چھوٹے جہاد سے لوٹ آئے، اب بڑے جہاد کی تیاری کرنی ہے، اس حدیث کا بعض لوگوں نے یہ مطلب سمجھا ہے کہ تیر وتفنگ کی لڑائی تو لڑ چکے اور یہ چھوٹا جہاد تھا، اب دل سے لڑنا ہے یعنی خانقاہوں میں بیٹھ کر اللہ اللہ کرنا ہے اور یہ بڑا جہاد ہے۔ دعوت وتبلیغ والے بھی یہی کہتے ہیں کہ تبلیغ کے لئے نکلنا بڑا جہاد ہے، یہ مطلب صحیح نہیں۔

حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ فوج کو غلط فہمی نہ ہو کہ رومی ہمارا مقابلہ نہیں کرسکے، ہم زبردست ہیں، ہم سے کوئی

ٹکر نہیں لے سکتا، یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایا: یہ تو چھوٹا معرکہ تھا آگے ان سے بڑے بڑے معرکے پیش آنے والے ہیں، لوٹ کر اس کی تیاری کرنی ہے غافل نہیں ہوجانا۔

یہ معرکے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں پیش آئے، مسلمانوں کی رومیوں سے ہولناک جنگیں ہوئیں، اس حدیث میں اسی کی پیشین گوئی ہے، پس اس حدیث کو خانقاہی نظام سے جوڑنا یا دعوت وتبلیغ کے کام کو اس کا مصداق بتانا شاید خلافِ واقعہ ہے۔

یہ حدیث رَجَعْنَا اور رَجَعْتُمْ: دونوں لفظوں سے مروی ہے، اور ضعیف ہے، بیہقی نے اس کو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، اور امام غزالی رحمہ اللہ نے اس کو احیاء العلوم میں ذکر کیا ہے، اور خطیب کی تاریخ بغداد میں اس کے الفاظ یہ ہیں: قَدِمَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ غَزَاةٍ، فقال علیہ الصلاة والسلام: قَدِمْتُمْ من خَیْرِ مَقْدَمٍ، وَقَدِمْتُمْ مِن الجهاد الأصغر إلی الجهاد الأکبر: نبی ﷺ ایک جہاد سے مراجعت فرما ہوئے تو ارشاد فرمایا: آپ حضرات کا مدینہ لوٹنا مبارک! آپ حضرات چھوٹے معرکے سے بڑے معرکے کی طرف لوٹے ہیں۔ اس حدیث کے آخر میں ہے کہ صحابہ نے پوچھا: جہاد اکبر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: دل سے ٹکر لینا اور خطیب کی روایت میں ہے: مجاهدةُ العبد هواه: خواہش سے ٹکر لینا، مگر عجلونی نے کشف الخفاء (۱:۵۱۲) میں لکھا ہے: والمشهورُ علی الأَلْسِنَةِ: رجعنا من الجهاد الأصغر إلی الجهاد الأکبر، دون باقیه: یعنی زبان زد روایت بس اتنی ہی ہے کہ ہم چھوٹے معرکہ سے لوٹ آئے، بڑے معرکے کی طرف (جاتے ہوئے) باقی الفاظ معروف نہیں یعنی یہ تفسیر بعد میں کسی نے بڑھائی ہے۔

غرض باب کی حدیث کو جو بین السطور میں اس حدیث سے جوڑا ہے: وہ صحیح نہیں، باب کی حدیث کا مطلب صرف یہ ہے کہ سرحد کا پہرہ دینا اور جہاد کے لئے نکلنا نہایت شاق عمل ہے، ان اعمال کے لئے پہلے نفس سے ٹکر لینا ضروری ہے، جو شخص نفس سے مقابلہ کرے گا وہی یہ کام انجام دے گا، پس حقیقی، اصلی اور کامل جہاد نفس سے مقابلہ کرنا ہے، باقی اعمال اسی پر متفرع ہیں۔

[۲-] باب ماجاء فی فضل مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا

[۱۶۱۴-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثنا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، قَالَ أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِیُّ، أَنَّ عَمْرَو بنَ مَالِكٍ الْجَنْبِیَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سمِعَ فَضَالَةَ بنَ عُبَيْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلٰی عَمَلِهِ، إِلَّا الَّذِیْ مَاتَ مُرَابِطًا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ يُنْمٰی لَهُ عَمَلُهُ إِلٰی يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَيَأْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ" وَسَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ

علیه وسلم یَقُوْلُ:" الْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ"
وفی الباب: عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَجَابِرٍ، حدیثُ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: خَتَمَه وعلیه: مہر لگانا...... مُرَابِطًا: رَابَطَ مُرَابَطَةً: سے اسم فاعل: سرحد کا پہرہ دینے والا...... نَمی الشيئَ يَنْمٰى: حیثیت بڑھانا، بلند کرنا۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الصَّوْمِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جہاد میں روزہ رکھنے کی فضیلت

مؤمن کی زندگی پیہم (مسلسل) عمل ہے، اس کی زندگی میں فترت یعنی سستی کا زمانہ نہیں آتا، آگے حدیث آرہی ہے کہ سب سے زیادہ پسندیدہ عمل الحالُّ الْمُرْتَحِل ہے یعنی وہ مسافر جو منزل پر اترتے ہی آگے سفر شروع کردے یعنی اپنے کام کو کسی مرحلہ پر پہنچا کر موقوف نہ کردے بلکہ ایک عمل سے فارغ ہوکر دوسرا عمل شروع کردے۔
اسی طرح مؤمن کی زندگی مجموعۂ اعمال ہے، وہ ایک وقت میں ایک ہی عمل نہیں کرتا بلکہ ایسے کئی اعمال ایک ساتھ کرتا ہے جو ایک ساتھ جمع ہوسکتے ہیں، مثلاً تاجر کاروبار کرتا ہے اور کسان ہل چلاتا ہے تو ساتھ ہی زبان سے ذکر بھی کرتا ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿رِجَالٌ لاَ تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَلاَ بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ﴾ یعنی ایسے بندے جن کو خرید وفروخت اور کاروبار اللہ کے ذکر سے غافل نہیں کرتا۔
اور جہاد کا سفر خود ایک عبادت ہے مگر اس کے ساتھ اور عبادتیں بھی جمع ہوسکتی ہیں اور ایسی عبادتیں دو ہیں: اللہ کا ذکر اور روزہ، حدیثوں میں ہے کہ نبی ﷺ جب کسی بلندی پر چڑھتے تھے یا اترتے تھے تو اللہ کا ذکر کرتے تھے اور صحابہ بھی جہاد کے سفر میں اللہ کا ذکر کرتے ہوئے چلتے تھے، ایک موقع پر صحابہ زور سے ذکر کررہے تھے نبی ﷺ نے فرمایا: اربَعو علی أنفسکم: اپنے اوپر نرمی کرو، تم کسی غائب کو نہیں پکارتے، اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ لشکر جُمدان پہاڑی سے گذرا تو آپؐ نے فرمایا: یہ جمدان آگیا اور مفرِّدین (تنہا ہونے والے) آگے نکل گئے، صحابہ نے پوچھا: مفردین کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرنے والے مرد وزن، یعنی جہاد کے سفر میں جو ہمہ وقت ذکر میں مشغول رہتا ہے وہ دوسرے مجاہدین سے آگے نکل جاتا ہے۔
دوسرا عمل جو جہاد کے سفر کے ساتھ جمع ہوسکتا ہے وہ روزہ ہے، باب میں تین روایتیں جہاد کے سفر میں روزے کی فضیلت میں وارد ہوئی ہیں، تینوں روایتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ مجاہد اگر روزہ بھی رکھے تو وہ جہنم سے بہت دور کردیا جاتا ہے۔
اور سفر جہاد میں روزے کی اس فضیلت کے علاوہ دوسری حکمت یہ بھی ہے کہ روزہ شہوت کو توڑتا ہے اور خواہش کو

دباتا ہے اور مجاہد کو کبھی عرصہ تک بیوی سے علحدہ رہنا پڑتا ہے، پس ایسی صورت میں سفر جہاد میں روزے کی خاص اہمیت ہے، ورنہ فوج علاقہ فتح کرنے کے بعد جونا کردنی حرکتیں کرتی ہے اس سے ہر کوئی واقف ہے، عورتوں کے ساتھ زنا کے واقعات بکثرت فوجیوں میں پائے جاتے ہیں، مگر صحابہ کی زندگی اس سے پاک تھی ان کا زمانہ سوسال کا ہے انھوں نے بے شمار جنگیں لڑی ہیں اور ممالک فتح کئے ہیں، مگر مفتوح قوم کی عورتوں کے ساتھ زنا کا کوئی واقعہ تاریخ نے ریکارڈ نہیں کیا، یہ روزے ہی کی برکت تھی، روزہ شہوانی گناہوں سے بچاتا ہے اور ایسا شخص جہنم سے کوسوں دور کردیا جاتا ہے۔

البتہ جس مجاہد کو روزے سے کمزوری لاحق ہو، اسے سفر جہاد میں روزہ نہیں رکھنا چاہئے، بلکہ جنگ کے وقت مجاہد فرض روزہ بھی توڑ سکتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے راہ خدا میں ایک دن کا روزہ رکھا: اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے ستر سال کی مسافت تک دور کردیں گے'' عروۃ اور سلیمان میں سے ایک ستر سال اور دوسرا چالیس سال کہتا ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی بندہ راہ خدا میں ایک دن کا روزہ رکھے: وہ روزہ اس کے چہرے (ذات) سے آگ کو ستر سال کی مسافت تک دور کردیتا ہے''

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے راہ خدا میں ایک دن کا روزہ رکھا تو اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان ایک کھائی حائل کردیں گے، جس کی چوڑائی آسمان وزمین کے فاصلہ کے بقدر ہوگی''

[۳-] باب ماجاء فی فَضْلِ الصَّوْمِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

[۱۶۱۵-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا ابنُ لَہِیْعَۃَ، عَنْ أَبِی الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَۃَ، وَسُلَیْمَانَ بنِ یَسَارٍ، أَنَّہُمَا حَدَّثَاہُ عَنْ أَبِیْ ھریرۃَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ''مَنْ صَامَ یَوْمًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ زَحْزَحَہُ اللّٰہُ عَنِ النَّارِ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا'' أَحَدُھُمَا یَقُوْلُ: سَبْعِیْنَ، وَالآخَرُ یَقُوْلُ: أَرْبَعِیْنَ.

ھذا حدیثٌ غریبٌ مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ، وَأَبُوْ الْأَسْوَدِ: اسْمُہُ مُحمدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ نَوْفَلٍ الْأَسَدِیُّ الْمَدِیْنِیُّ، وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، وأَنَسٍ، وَعُقْبَۃَ بنِ عَامِرٍ، وَأَبِیْ أُمَامَۃَ.

[۱۶۱۶-] حدثنا سَعِیْدُ بنُ عبدِ الرحمنِ، ثنا عبدُ اللّٰہِ بنُ الْوَلِیْدِ الْعَدَنِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ ح: وَحَدَّثَنَا مَحمودُ بنُ غَیْلَانَ، ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسَی، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ سُھَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ أَبِیْ عَیَّاشٍ الزُّرَقِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ''لَایَصُوْمُ عَبْدٌ یَوْمًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ إِلاَّ بَاعَدَ ذٰلِکَ الْیَوْمُ النَّارَ عَنْ وَجْھِہٖ سَبْعِیْنَ خَرِیْفًا'' ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱٦۱۷-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوبَ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ جَمِيْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِيْ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ" هذا حديثٌ غريبٌ مِنْ حديثِ أَبِيْ أُمَامَةَ.

لغات: زَحْزَحه عن مكانه: ہٹانا، دور کرنا...... الخَرِيف: موسم خزاں، پت جھڑ کا زمانہ (۲۱ ستمبر سے ۲۱ دسمبر تک) مراد سال...... خَنْدَقْ: کھائی، میدان جنگ میں سپاہیوں کی حفاظت کے لئے کھودا ہوا گہرا لمبا گڑھا۔

بابُ ماجاء في فَضْلِ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

راہ خدا میں خرچ کرنے کا ثواب

نبی ﷺ کے زمانہ میں کوئی باقاعدہ فوج نہیں تھی، ہر شخص فوجی ترتیب پائے ہوئے تھا اور لوگ رضا کارانہ لڑتے تھے اور جو غنیمت ملتی تھی اس میں سے حصہ پاتے تھے، اسی طرح ابتدائے اسلام میں حکومت کے پاس بھی کچھ نہیں تھا، فوج کے لئے ہتھیار اور رسد مہیا کرنا بھی حکومت کے بس میں نہیں تھا، اس لئے جہاد کے لئے خرچ کرنے کی ترغیب دی گئی، اور اس کے بڑے فضائل بیان کئے گئے، قرآن کریم میں جگہ جگہ جہاد کے لئے خرچ کرنے کو اللہ تعالیٰ کو قرض دینا کہا گیا، اور وعدہ کیا گیا کہ یہ قرض دوچند کر کے واپس کیا جائے گا، اور اس کا عملی ظہور اس طرح ہوا کہ تھوڑے ہی عرصہ میں مسلمان خوش حال ہو گئے، فتوحات کی کثرت سے ہر شخص مالا مال ہو گیا، یہ اللہ تعالیٰ نے قرض دوچند کر کے واپس کر دیا یعنی جہاد کے مقصد کے لئے خرچ کرنا صرف آخرت ہی میں مفید نہیں، بلکہ دنیا میں بھی اس کا نفع حاصل ہوتا ہے۔

اور آخرت میں اس خرچ کرنے کا ثواب کئی گنا بڑھا دیا گیا ہے۔ عام ضابطہ جو دس گنا ثواب کا تھا اس کو یہاں سات سو گنا کر دیا گیا ہے، پھر موقع ومحل اور حاجت وضرورت کے اعتبار سے اتنا ثواب بڑھتا ہے کہ انسان اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا، سورۃ الحدید آیت ۱۰ میں ہے کہ جو لوگ فتح مکہ سے پہلے (فی سبیل اللہ) خرچ کر چکے اور لڑ چکے وہ لوگ درجہ میں ان لوگوں سے بڑھے ہوئے ہیں، جنھوں نے بعد میں خرچ کیا اور لڑے، یہ موقع ومحل کا فرق ہے، فتح مکہ سے پہلے اسلام کو لوگوں کے تعاون کی ضرورت تھی اور فتح مکہ کے بعد لوگ اسلام کے سایے کے محتاج ہو گئے، اسی طرح حدیث میں فرمایا گیا کہ صحابہ نے جو پانچ سو گرام جَو خرچ کیا ہے اس کے برابر بعد کے لوگوں کا احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرنا نہیں ہو سکتا، یہ بھی موقع ومحل کا فرق ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے راہ خدا میں کچھ بھی خرچ کیا اس کے لئے وہ خرچ سات سو گنا لکھا جاتا ہے''

تشریح: پہلے بتایا ہے کہ ہر نیک عمل کا ثواب دس سے سات سو گنا تک ملتا ہے، مگر دو عمل اس سے مستثنیٰ ہیں:

ایک: روزہ: اس کا کم از کم ثواب تو عام ضابطہ کے مطابق ہے، یعنی دس گنا سے شروع ہوتا ہے مگر زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں۔ دوم: انفاق فی سبیل اللہ: یعنی جہاد کے کاز کے لئے خرچ کرنا، اس کا تذکرہ سورۂ بقرہ آیت ۲٦۱ میں ہے کہ انفاق فی سبیل اللہ کا ثواب سات سو گنا سے شروع ہوتا ہے یہی بات اس حدیث میں ہے، اور زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں (تفصیل کتاب الصوم باب ۵۴ میں ملاحظہ فرمائیں)

[٤-] باب ماجاء فی فَضْلِ النَّفَقَةِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

[١٦١٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا حُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الرُّكَيْنِ بنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ يُسَيْرِ بنِ عَمِيْلَةَ، عَنْ خُرَيْمِ بنِ فَاتِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهُ سَبْعُ مِائَةِ ضِعْفٍ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، هذا حديثٌ حسنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ الرُّكَيْنِ بنِ الرَّبِيْعِ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْخِدْمَةِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

جہاد میں خدمت پیش کرنے کا ثواب

حدیث (۱): حضرت عدی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: انھوں نے نبی ﷺ سے پوچھا: بہترین صدقہ کونسا ہے؟ آپ نے تین چیزیں بتائیں: (۱) راہ خدا میں غلام کی سروس یعنی کوئی شخص مجاہد کو غلام بطور عاریت دے تاکہ وہ اس کو جہاد میں ساتھ لے جائے اور وہ اس کی خدمت کرے یہ بہترین صدقہ ہے (۲) خیمے کا سایہ یعنی مجاہد کو خیمہ دے تاکہ وہ جہاد میں اس سے سایہ حاصل کرے یہ بھی بہترین صدقہ ہے (۳) نر چڑھنے کے قابل اونٹنی یعنی کسی مجاہد کو جوان اونٹنی دینا، تاکہ وہ اس پر سوار ہوکر جہاد کے لئے جائے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہترین خیراتیں: راہ خدا میں خیمے کا سایہ اور راہ خدا میں خادم کا عطیہ یا راہ خدا میں جوان اونٹنی دینا ہے، یعنی جہاد کے چندہ میں یہ چیزیں دینا بہترین خیراتیں ہیں، کیونکہ یہ چیزیں مجاہدین کے لئے بہت کارآمد ہیں۔

سوال: اگلے باب میں حدیث آرہی ہے کہ جس نے مجاہد کے لئے سامانِ جہاد فراہم کیا اس نے جہاد کیا اور جس نے مجاہد کے گھر کی خبر گیری کی اس نے جہاد کیا، اب سوال یہ ہے کہ جس طرح مجاہد کے لئے سامان فراہم کرنا اور اس کے گھر کی خبر گیری کرنا جہاد ہے اسی طرح راہ خدا میں خیمہ دینا، خادم مہیا کرنا اور سواری دینا بھی جہاد ہے، پھر ان چیزوں کو خیرات کیوں کہا گیا؟

جواب: مجاہد کو سامان جہاد فراہم کرنا اور اس کے گھر کی خبر گیری کرنا چونکہ مجاہد کا راست تعاون ہے اس لئے ان کو جہاد قرار دیا، اور جو چیزیں جہاد کے چندہ میں دی جاتی ہیں ان پر پہلے حکومت قبضہ کرتی ہے پھر وہ مجاہدین تک پہنچتی ہیں، اور ضروری نہیں کہ وہ ان تک پہنچیں، حکومت مسلمانوں کی دیگر ضروریات میں بھی ان کو خرچ کر سکتی ہے اس لئے ان کو صدقہ کہا گیا، کیونکہ جہاد کے مقصد سے دی ہوئی چیزوں سے اور غریبوں کو دی ہوئی چیزوں سے اصل مقصود مجاہدین اور فقراء کی اعانت ہے اس لئے نصرت واعانت کے اشتراک سے ان کو صدقہ کہا گیا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۳۸۸)

[٥-] باب ماجاء فی فضل الْخِدْمَةِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

[١٦١٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، عَنْ كَثِيْرِ بنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِیْ عَبدِ الرحمنِ، عَنْ عَدِیِّ بنِ حَاتِمِ الطَّائِیِّ، أَنَّهُ سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: أَیُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: " خِدْمَةُ عَبْدٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، أَوْ ظِلُّ فُسْطَاطٍ، أَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ"

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ هٰذَا الحديثُ مُرْسَلاً، وَخُوْلِفَ زَيْدٌ فِیْ بَعْضِ إِسْنَادِهِ.

[١٦٢٠-] وَرَوَى الْوَلِيْدُ بنُ جَمِيْلٍ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْقَاسِمِ أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: حدثنا بِذٰلِكَ زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ جَمِيْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "أَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ: ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَنِيْحَةُ خَادِمٍ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَهُوَ أَصَحُّ عِنْدِیْ مِنْ حديثِ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ.

لغات: الْمَنِيْحَةُ وَالْمِنْحَةُ: عارضی ضرورت اور استفادے کے لئے کسی کو بشرط واپسی دی جانے والی سواری یا کوئی اور چیز ...... طَرُوْقَة: جفتی کے قابل، فَحْل: سانڈ، طَرُوْقَةُ فحلٍ: نر چڑھنے کے قابل اونٹنی یعنی جوان اونٹنی، جس کی کم از کم عمر تین سال ہو، طروقة: بروزن فعولة بمعنی مرکوبة۔

وضاحت: معاویہ نے حدیث کی سند حضرت عدی تک پہنچائی ہے: وہ صحیح نہیں، بلکہ ولید نے جو سند حضرت ابو امامہ تک پہنچائی ہے وہ صحیح ہے، یعنی یہ حدیث حضرت عدی کی نہیں ہے، بلکہ حضرت ابوامامہ کی ہے۔

بابُ ماجاء فی مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا

مجاہد کے لئے سامانِ جہاد فراہم کرنے کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے مجاہد فی سبیل اللہ کے لئے سامان جہاد فراہم کیا اس نے

جہاد کیا اور جس نے مجاہد کے گھر کی خبر گیری کی اس نے جہاد کیا'' یعنی مجاہد کے لئے سامانِ جہاد فراہم کرنا اور اس کے پیچھے اس کے اہل وعیال اور کاروبار وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا بھی جہاد ہے، یعنی اس کو بھی جہاد کرنے کا ثواب ملے گا۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی جا چکی ہے کہ ثواب کی دو قسمیں ہیں: اصلی اور فضلی۔ یعنی انعامی اور وہ تمام حدیثیں جن میں ثواب کا ثواب سے مقابلہ کیا گیا ہے ان میں ایک اصلی اور دوسرا فضلی ہوتا ہے یعنی تقابل کی صورت میں ایک کا اصلی ثواب لیا جائے گا اور دوسرے کا فضلی۔ اصلی ثواب کا اصلی ثواب ہے اور فضلی ثواب کا فضلی ثواب سے مقابلہ نہیں کیا جائے گا، جیسے سورۂ اخلاص پڑھنے کا ثواب تہائی قرآن کے برابر ہے، یہ سورۂ اخلاص کا فضلی ثواب ہے، اور قرآن کا اصلی ثواب ہے یعنی سورۂ اخلاص کا انعامی ثواب تہائی قرآن کے اصلی ثواب کے برابر ہے اور تہائی قرآن پڑھنے کا اصلی اور فضلی ثواب بے حساب ہے۔ اسی طرح یہاں بھی مجاہد کے اہل وعیال کی خبر گیری کرنے اور اس کی ضرورت کی چیزیں مہیا کرنے کا انعامی ثواب جہاد کے اصلی ثواب کے برابر ہے، اور مجاہد کا اصلی اور انعامی ثواب بہت زیادہ ہے کیونکہ یہ حقیقی مجاہد ہے اور وہ حکمی مجاہد ہے (تفصیل کتاب الصلوٰۃ باب ۵۲ میں ہے)

[٦-] باب ماجاء فيمن جَهَّزَ غَازِيًا

[١٦٢١-] حدثنا أَبُوْ زَكَرِيَّا يَحْيىَ بنُ دُرُسْتَ، ثَنَا أَبُوْ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ جَهَّزَ غَازِياً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا، وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِيْ أَهْلِهِ فَقَدْ غَزَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[١٦٢٢-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ خَلَفَهُ فِيْ أَهْلِهِ فَقَدْ غَزَى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[١٦٢٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا حَرْبُ بنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ بُسْرِ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ غَزَا" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

جس کے قدم جہاد میں گرد آلود ہوں: اس کی فضیلت

حدیث: یزید بن ابی مریم کہتے ہیں: عبایہ بن رفاعہ پیچھے سے آکر مجھ سے ملے، میں نماز جمعہ کے لئے جارہا تھا، انھوں نے کہا: خوشخبری سن لو، آپ کے یہ قدم راہ خدا میں ہیں، میں نے حضرت ابوعبس انصاری رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث سنی ہے کہ جس کے قدم راہِ خدا میں گرد آلود ہوں: وہ جہنم پر حرام ہیں۔

تشریح: حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے عبایہ تابعی ہیں اور تابعین کے بھی دوسرے طبقہ میں ہیں اور ان کی کوئی علمی شہرت بھی نہیں ہے، انھوں نے فی سبیل اللہ کو عام کیا ہے، تمام دینی کاموں کو اور امور خیر کو اس کا مصداق قرار دیا ہے، چنانچہ یزید جو جمعہ کی نماز پڑھنے جارہے تھے ان کے عمل کو فی سبیل اللہ قرار دیا ہے۔

اسی طرح حضرت گنگوہی قدس سرہ نے بھی ابواب فضائل الجہاد کے باب ۳ میں جو حدیث آئی ہے کہ راہِ خدا میں روزہ رکھنے کی یہ فضیلت ہے اس کو عام رکھا ہے، کوئی بھی دینی کام میں مشغول آدمی روزہ رکھے تو اس کے لئے وہ فضیلت ثابت کی ہے، اور الکوکب الدری میں اس اشکال کا جواب دیا ہے کہ جب یہ فضیلت عام ہے تو امام ترمذیؒ اس کو ابواب الجہاد میں کیوں لائے؟ اس کا ایک جواب تو یہ دیا ہے کہ یہ امام ترمذیؒ کی رائے ہے، دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ جہاد بھی امور خیر میں سے ہے اس لئے سفر جہاد میں روزہ کی فضیلت بھی اس حدیث سے ثابت ہوتی ہے۔

اور سورۃ البقرہ کی آیت ۲۶۱ جس میں انفاق فی سبیل اللہ کی تمثیل آئی ہے کہ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں ان کی حالت ایسی ہے جیسے ایک دانہ کی حالت، جس سے سات بالیں اگیں، ہر بال میں سو دانے ہیں، اور اللہ تعالیٰ جس کے لئے چاہتے ہیں اجر بڑھاتے ہیں یعنی زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں، اللہ تعالیٰ بڑی وسعت والے خوب جاننے والے ہیں، اس آیت کو حضرت تھانوی قدس سرہ نے عام رکھا ہے، تمام وجوہِ خیر میں خرچ کرنے کو آیت کا مصداق قرار دیا ہے، جہاد میں خرچ کرنے کے ساتھ آیت کو خاص نہیں رکھا۔

اور حضرت شیخ الہند قدس سرہ نے اپنے تفسیری فوائد میں گول مول بات کی ہے، حضرت کے نزدیک آیت میں فی سبیل اللہ خاص ہے یا عام: اس کا کچھ پتہ نہیں چلتا، اسی طرح سورۃ التوبہ آیت ۶۰ میں جو مصارف زکوۃ بیان کئے گئے ہیں اس میں بھی فی سبیل اللہ کی اصطلاح آئی ہے، حضرت تھانوی نے ترجمہ میں اس کو جہاد کے ساتھ خاص کیا ہے اور حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی رحمہ اللہ نے اپنے فوائد میں ''وغیرہ'' بڑھا کر عام کیا ہے، اور فقہ کی کتابوں میں بھی کتاب الزکوۃ میں یہ اصطلاح زیر بحث آئی ہے، علامہ کاسانی رحمہ اللہ نے بدائع الصنائع میں بڑا زور باندھا ہے کہ یہ مصرف عام ہے، مگر بحث وتمحیص کے بعد فتوے کے لئے امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا قول طے پایا ہے کہ فی سبیل اللہ سے

مراد منقطع الغزاۃ ہیں یعنی وہ لوگ جو اسباب نہ ہونے کی وجہ سے جہاد میں نہیں جاسکتے ان کو اموالِ زکوٰۃ سے سامان فراہم کیا جاسکتا ہے، اسی لئے حضرت تھانوی قدس سرہ نے فی سبیل اللہ کا ترجمہ جہاد سے کیا ہے۔

غرض یہ اصطلاح قرآن وحدیث میں عام ہے یا خاص؟ اس میں اختلاف ہے اور بحث وتمحیص کے بعد آخری رائے جو مصارفِ زکوٰۃ میں طے پائی ہے: وہ یہ ہے کہ فی سبیل اللہ خاص اصطلاح ہے، تمام محدثین کا طرزِ عمل بھی یہی ہے، وہ ایسی سب حدیثیں جن میں یہ اصطلاح آئی ہے: کتاب الجہاد میں لاتے ہیں، یعنی ان کے نزدیک یہ ایک خاص اصطلاح ہے اور ان میں آنے والے فضائل ایک خاص کام کے لئے ہیں۔

مگر تبلیغی جماعت کے حضرات ان روایات کو عام رکھتے ہیں، بلکہ اپنے ہی کام کو اس کا مصداق ٹھہراتے ہیں اور ان حضرات نے مشکوٰۃ سے جو ابواب منتخب کئے ہیں ان میں پوری کتاب الجہاد شامل کی ہے، اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ ان کا کام بھی جہاد ہے، میری اس موضوع پر حضرت اقدس مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری قدس سرہ سے گفتگو بھی ہوئی ہے اور مکاتبت بھی ہوئی ہے، حضرت قدس سرہ کا موقف یہ تھا کہ ہمارا کام بھی جہاد ہے، حضرت نے ایک خط میں اپنی دلیل کے طور پر ترمذی شریف کی یہی روایت مجھے لکھی تھی کہ عبایہ نے مسجد میں جانے کو فی سبیل اللہ کا مصداق ٹھہرایا ہے، پھر دعوت وتبلیغ کا کام اس کا مصداق کیوں نہیں ہوسکتا؟ میں نے جواب لکھا کہ اول تو عبایہ صحابی نہیں ہیں، صحابہ کے اقوال حنفیہ کے نزدیک حجت ہیں اور تابعین کے بارے میں خود امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: هم رجالٌ ونحن رجال یعنی ان کے اقوال ہم پر حجت نہیں، اگر کسی صحابی نے اس اصطلاح کو عام کیا ہوتا تو بات بھی تھی۔ ثانیاً: دعوت وتبلیغ ہی اس کا مصداق کیوں؟ آپ اگرچہ ''ہی'' نہیں استعمال کرتے ''بھی'' کہتے ہیں مگر جماعت تبلیغ کے عوام نے تو اس ''بھی'' کو ''ہی'' سے بدل دیا ہے، یعنی وہ اپنے ہی کام کو جہاد کہتے ہیں، بلکہ وہ حقیقی جہاد کو بھی شاید جہاد نہیں مانتے۔ جہاد کے فضائل ان کے نزدیک دعوت وتبلیغ میں منحصر ہیں۔ ثالثاً: دیگر دینی کام کرنے والے مثلاً تعلیم وتدریس میں مشغول اور تصنیف وتالیف میں منہمک لوگ اپنے کام کے لئے فی سبیل اللہ اور جہاد والے فضائل ثابت نہیں کرتے، پھر جماعت ہی یہ روایات کیوں استعمال کرتی ہے؟ اس کے بعد حضرت کا اس موضوع پر کوئی خط نہیں آیا۔

البتہ ایک دوسرے خط میں حضرت قدس سرہ نے یہ عقلی دلیل لکھی تھی کہ جہاد حسن لغیرہ ہے، فی نفسہ تو جہاد فساد فی الارض ہے اور دعوت وتبلیغ کا کام فی نفسہ حسن لذاتہ ہے، یہ دعوت الی اللہ اور دعوت الی الاعمال الصالحہ ہے، پس جو فضیلت اور ثواب حسن لغیرہ کا ہے وہ حسن لذاتہ کا کیوں نہیں؟ میں نے جواب میں عرض کیا کہ یہ ثواب میں قیاس ہے اس لئے معتبر نہیں، کیونکہ قیاس احکام شرعیہ میں چلتا ہے دیگر امور توقیفی ہیں یعنی ان کے لئے نص چاہئے، نیز اجر بقدر مشقت ہوتا ہے اور یہ بات اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں کہ کس کام میں کتنی مشقت ہے اور کس کام کا کتنا ثواب ہونا چاہئے؟ بندے یہ بات نہیں جان سکتے، اور یہاں تو بات بدیہی ہے، جہاد اصطلاحی کی مشقت کے پاسنگ کو بھی مروجہ

تبلیغ کا کام نہیں پہنچ سکتا، پھر وہ اجر وثواب اور وہ فضائل اس کام کے لئے بلکہ کسی بھی دینی کام کے لئے کیسے ہو سکتے ہیں؟ اور آج تک کسی نے بھی یہ روایات دیگر کاموں کے لئے بیان نہیں کیں۔

پھر حضرت کا خط آیا کہ میں اس موضوع پر تیری گفتگو حضرت مولانا سعید احمد خاں صاحب مہاجر مدنی سے کراؤں گا، میں نے لکھا کہ میں حضرت مولانا سعید احمد خانصاحب سے گفتگو نہیں کرنا چاہتا، میں ان کو اپنا بڑا مانتا ہوں وہ بھی مجھ سے محبت فرماتے ہیں اور اب وہ بڑھاپے کی ایسی منزل میں ہیں کہ مجھے اندیشہ ہے کہ میری گفتگو کہیں ان کی ناراضگی کا سبب نہ بن جائے، ہاں حضرت مولانا عبید اللہ صاحب بلیاوی قدس سرہ سے میری گفتگو کرائیں، وہ علمی آدمی ہیں، اور علمی آدمی بحث میں ناراض نہیں ہوتا، اور بزرگوں کا حال اس سے مختلف ہوتا ہے، پھر دونوں میں سے کسی سے گفتگو کی نوبت نہیں آئی اور تینوں حضرات اللہ کو پیارے ہوگئے، اللہ ان کی قبروں کو نور سے بھریں، اور جنت میں اعلی درجات عنایت فرمائیں، اور ان کے اعمال کے بہترین صلہ سے ان کو نوازیں (آمین)

فائدہ: اوپر ''بھی'' اور ''ہی'' کی بات آئی ہے اس کو ایک مثال سے سمجھ لیں، کوہِ نور جو ہندوستان کا ہیرا ہے اور نہایت بیش قیمت ہے، اگر وہ ہاتھ سے گر جائے اور اس کے چھوٹے بڑے پانچ ٹکڑے ہو جائیں تو یہ ٹکڑے اپنی قیمت کھو نہیں دیں گے، اب بھی کسی درجہ میں ان کی قیمت رہے گی، مگر کسی ٹکڑے کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ کہے: میں ہی کوہ نور ہوں، ہاں ہر ٹکڑا کہہ سکتا ہے کہ میں بھی کوہ نور ہوں، یعنی اس کا ایک جز ہوں۔

اس مثال سے یہ بات سمجھی جاسکتی ہے کہ نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کام وَن پیس (یک دانہ) کوہِ نور کی مثال تھا، وہ ایک ہی وقت میں داعی، مبلغ، مفسر، محدث، فقیہ، مجاہد، معلّم، مزکی اور حکومت چلانے والے تھے، پھر زمانہ مابعد میں یہ سب کام علحدہ علحدہ ہوگئے، پس کسی بھی دینی کام کا کارکن یہ تو کہہ سکتا ہے کہ میں بھی صحابہ والا کام کر رہا ہوں، مگر کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ کہے: میں ہی صحابہ والا کام کر رہا ہوں، اللہ تعالیٰ اس مضمون کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں اور جو غلطی ہو رہی ہے اس کی اصلاح فرمائیں (آمین)

اور حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوری قدس سرہ کے ذہن میں ''بھی'' اور ''ہی'' کا فرق تھا اس کی دلیل یہ واقعہ ہے: ایک مرتبہ حضرت نے مجھے لکھا کہ مجھے علی گڑھ آنکھ دکھانے جانا ہے اگر تو آئے تو ہم جماعت بنا کر چلیں، میں مرکز نظام الدین گیا اور ہم پانچ آدمی جماعت بن کر علی گڑھ کے لئے روانہ ہوئے، رات عشاء کے وقت پہنچے اور ڈاکٹر خالد صاحب کے مہمان ہوئے، صبح حضرت نے مجھ سے گجراتی میں کہا (حضرت مجھ سے گجراتی میں بات کرتے تھے) مولوی صاحب! میں آپ کو تبلیغ کے لئے نہیں لایا، تبلیغ کے لئے تو میں بہت ہوں، میں آپ کو آزاد لائبریری دکھانے لایا ہوں، ہم یہاں تین دن رہیں گے آپ تینوں دن لائبریری میں رہیں اور جمعرات کو مغرب کے بعد جامع مسجد میں میرا بیان ہوگا، اس میں شرکت کریں۔

اس واقعہ سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آپ کے ذہن میں تمام دینی کاموں کی اہمیت تھی، اس ذیل میں ایک دوسرا واقعہ بھی عرض کرتا ہوں۔ حضرت مولانا پالن پوری قدس سرہ ہر درسی سال کے آخر میں دارالعلوم دیوبند میں تشریف لایا کرتے تھے اوران کے استقبال میں ظہر کے بعد دارالاہتمام میں حضرت مہتمم صاحب اساتذۂ دارالعلوم کو جمع کیا کرتے تھے اوران سے حضرت مولانا پالن پوری کا مختصر خطاب ہوتا تھا، جب آپ پہلی مرتبہ تشریف لائے تو اساتذہ کی مجلس میں جو بیان فرمایا اس میں قرآن کی کوئی آیت یا حدیث جو جہاد سے متعلق تھی حضرت نے اپنے کام کے تعلق سے پڑھی، بیان کے بعد اساتذہ نے سوالات شروع کردیئے، جن کا حضرت نے کوئی جواب نہیں دیا، کیونکہ تبلیغ والے بحث میں نہیں الجھتے، مگر اس کے بعد حضرت نے محتاط رویہ اختیار کیا، طلبہ میں ان کا بیان دو تین گھنٹے ہوتا تھا، مگر کبھی کوئی ایسی آیت یا حدیث نہیں پڑھی جو جہاد سے متعلق ہو، اور مجھے حکم تھا کہ میں ان کے پورے بیان میں حاضر رہوں اور ہمیشہ بیان کے بعد چپکے سے پوچھا کرتے تھے: میں نے کوئی ایسی ویسی بات تو نہیں کہہ دی؟! میں عرض کرتا: نہیں، حضرت قدس سرہ اپنے بیان میں حضرت عبداللہ بن المبارک قدس سرہ کے وہ اشعار جو جہاد سے متعلق ہیں خوب لہرا کر پڑھتے تھے مگر کوئی آیت یا حدیث کبھی نہیں پڑھی، یہاں غور کرنے کی بات یہ ہے کہ اگر دعوت وتبلیغ ہی جہاد ہے تو یہ بات ڈنکے کی چوٹ کہنی چاہئے، احتیاط اور ماحول کی رعایت کے کیا معنی؟

ملحوظہ: میں دعوت وتبلیغ کا مخالف نہیں ہوں، میں تمام دینی کاموں کی اوران کے کارکنان کی قدر کرتا ہوں اور دعوت وتبلیغ سے تو بطور خاص تعلق رکھتا ہوں، مگر میرے لئے اللہ تعالیٰ نے تعلیم وتدریس اور تصنیف وتالیف مقدر کی ہے، یہ اپنا نصیب ہے! اس لئے میری بات کو کسی مخالفت پر محمول نہ کیا جائے بلکہ میں نے جو بات عرض کرنی چاہئے تھی وہ کی ہے۔

[۷-] باب ماجاء في فضل من اغْبَرَّتْ قد مَاهُ فِيْ سبيل الله

[۱٦۲٤-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ: لَحِقَنِي عَبَايَةُ بنُ رِفَاعَةَ بنِ رَافِعٍ،وَأَنَا مَاشٍ إِلَى الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: أَبْشِرْ، فَإِنَّ خُطَاكَ هٰذِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ! سَمِعْتُ أَبَا عَبْسٍ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهُمَا حَرَامٌ عَلَى النَّارِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَأَبُوْعَبْسٍ: اسْمُهُ عَبْدُ الرحمنِ بنُ جَبْرٍ، وَفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيَزِيْدُ بنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: هُوَ رَجُلٌ شَامِيٌّ، رَوَى عَنْهُ الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، وَيَحْيَى بنُ حَمْزَةَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ؛ وَبُرَيْدُ بنُ أَبِيْ مَرْيَمَ: كُوْفِيٌّ، أَبُوْهُ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَاسْمُهُ مَالِكُ بنُ رَبِيْعَةَ.

وضاحت: دوراوی ایک ہی طبقہ (طبقہ سادسہ) کے ہیں، اول: یزید (یاء کے ساتھ) ہیں جن کی یہ روایت ہے، یہ دمشقی (شامی) ہیں۔ دوسرے: بُرید (باء کے ساتھ بَرْد کی تصغیر) ہیں، یہ کوفی ہیں اوران کے ابا صحابی ہیں، اس حدیث کے راوی برید نہیں ہیں (ہندی نسخوں میں ان کا نام بھی یزید چھپا ہے وہ غلط ہے)

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْغُبَارِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

جہاد کے غبار کی فضیلت

مجاہد کوسفر میں اور میدان جنگ میں گرد وغبار سے واسطہ پڑتا ہے، اللہ تعالیٰ نے اس میں بھی اجر رکھا ہے اور بہت بڑا اجر رکھا ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جہنم میں داخل نہیں ہوگا وہ شخص جو اللہ کے خوف سے رویا یہاں تک کہ دودھ تھن میں لوٹ جائے (یہ تعلیق بالمحال ہے یعنی جس طرح نکلا ہوا دودھ تھن میں واپس نہیں جاسکتا: وہ شخص بھی جہنم میں نہیں جاسکتا) اور اللہ کے راستہ کا غبار اور جہنم کی آگ اکٹھا نہیں ہوسکتے، یعنی جو راہِ خدا میں غبار آلود ہوا وہ جہنم میں ہرگز نہیں جائے گا (یہ حدیث أبواب الزهد، باب فی فضل البكاء من خشية الله ۲:۵۵ میں بھی آئے گی)

[۸-] باب ماجاء فی فضل الغُبَارِ فی سبیل الله

[۱۶۲۵-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِيِّ، عَنْ مُحَمدِ بنِ عبدِ الرحمنِ، عَنْ عِيْسَى بنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَكَى مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، حَتَّى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ، وَلاَ يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِيْ سبيل اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمحمدُ بنُ عبدِ الرحمنِ: هُوَ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، مَدِيْنِيٌّ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جو اعمالِ اسلامی کرتا ہوا بوڑھا ہوا: اس کی فضیلت

جو شخص آغاز جوانی سے راہ خدا میں جہاد کرتا رہا یا دیگر اعمالِ اسلامی کرتا رہا یہاں تک کہ کچھ بال سفید ہوگئے تو اس کے لئے کیا فضیلت ہے؟ باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی حدیث میں ہے کہ جو شخص کوئی بھی دینی کام کرتے ہوئے بوڑھا ہوا تو وہ بڑھاپا اس کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا (اور جہاد بھی ایک دینی کام ہے بلکہ افضل اعمال

ہے پس وہ بھی حدیث کا مصداق ہے) اور دوسری حدیث میں فی الإسلام کی جگہ فی سبیل اللہ ہے، اب حدیث جہادی اعمال کے ساتھ خاص ہوگئی۔ امام ترمذی رحمہ اللہ اسی کے پیش نظر یہ حدیث ان ابواب میں لائے ہیں۔

حدیث (۱): شرحبیل فوج کے کمانڈر تھے انھوں نے حضرت کعب سے عرض کیا: ہمیں نبی ﷺ کی کوئی حدیث سنائیے اور احتیاط سے سنائیے یعنی حدیث ہی سنائیے، اپنی طرف سے اس میں کچھ نہ ملائیے۔ حضرت کعبؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص (اعمال) اسلام میں بوڑھا ہوا یعنی کوئی بھی دینی کام کرتے ہوئے اس کے بال سفید ہوئے تو وہ بڑھاپا اس کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا (یہ حدیث صرف حسن ہے، آئندہ حدیث اس سے اعلی ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے بوڑھا ہوا تو قیامت کے دن وہ بڑھاپا اس کے لئے نور ہوگا۔

[۹-] باب ماجاء فی فضل مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

[۱۶۲۶-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِيْ الْجَعْدِ: أَنْ شُرَحْبِيْلَ بنَ السِّمْطِ قَالَ: يَا كَعْبَ بنَ مُرَّةَ! حَدِّثْنَا عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاحْذَرْ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ الإِسْلَامِ كَانَتْ لَهُ نُوْراً يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

وَفِي الباب: عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو؛ حديثُ كَعْبِ بنِ مُرَّةَ حديثٌ حسنٌ.

هٰكَذَا رَوَاهُ الأَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِيْ الْجَعْدِ، وَأَدْخَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ كَعْبِ بنِ مُرَّةَ فِيْ الإِسْنَادِ رَجُلاً.

وَيُقَالُ: كَعْبُ بنُ مُرَّةَ، وَيُقَالُ: مُرَّةُ بنُ كَعْبٍ البَهْزِيُّ، وَالْمَعْرُوْفُ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرَّةُ بنُ كَعْبٍ البَهْزِيُّ، قَدْ رَوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَحَادِيْثَ.

[۱۶۲۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، عَنْ بَقِيَّةَ، عَنْ بَحِيْرِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ كَثِيْرِ بنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بنِ عَبَسَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْراً يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَحَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ: هُوَ ابنُ يَزِيْدَ الْحِمْصِيُّ.

وضاحت: پہلی حدیث کی پہلی سند عمرو بن مرۃ کی ہے، وہ سالم اور حضرت کعب کے درمیان کوئی واسطہ نہیں

بڑھاتے، اسی حدیث کو منصور بھی سالم سے روایت کرتے ہیں، سالم کہتے ہیں: حُدِّثْتُ عن کعب یعنی درمیان میں کوئی مجہول واسطہ ہے۔ یہ روایت نسائی کی سنن کبری میں ہے (اطراف مزی) اسی اختلاف کی وجہ سے امام ترمذی نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے ـــــــ اور صحابی کے نام میں اختلاف ہے کوئی کعب بن مرۃ کہتا ہے، کوئی اس کے برعکس: مرۃ بن کعب کہتا ہے، امام ترمذیؒ نے دوسرے نام کو مشہور قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنِ ارْتبَطَ فَرَسًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

جہاد کے لئے گھوڑا پالنے کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت تک کے لئے خیر بندھی ہوئی ہے یعنی گھوڑے بہترین سامان جہاد ہیں، قیامت تک جہاد کے کاموں میں استعمال ہوتے رہیں گے، آج بھی جبکہ جنگوں میں گھوڑوں کا کچھ کام نہیں، ان کی اہمیت برقرار ہے، فوجیوں کے گھوڑے لاکھوں میں بکتے ہیں، اور گھوڑے تین آدمیوں کے لئے ہیں، کسی کے لئے گھوڑا اجر ہے اور کسی کے لئے پردہ ہے اور کسی کے لئے گناہ ہے، رہا وہ شخص جس کے لئے گھوڑا اجر ہے: وہ وہ گھوڑا ہے جس کو آدمی جہاد میں استعمال کے لئے پالتا ہے، وہ اس کو جہاد کے لئے تیار کرتا ہے، یہ گھوڑا اس کے لئے باعث اجر ہے، وہ اس کو جو کچھ بھی کھلاتا ہے: اس کے لئے باعث اجر ہوتا ہے۔

تشریح: چارہ پانی پر اجر اس لئے لکھا جاتا ہے کہ جب گھوڑا پالنے والے نے ان چیزوں میں مشقت اٹھائی تو اس کا یہ عمل اس کے نفس کے ساتھ چپک گیا، پھر عمل اور اس کی جزا میں اضافی تعلق ہونے کی وجہ سے صورتِ عمل میں جزا کی شان پیدا ہوگئی، اس لئے قیامت کے دن اس کی جزا بصورت عمل متمثل ہوگی (تفصیل کے لئے رحمۃ اللہ الواسعہ ۳۸۸:۵ دیکھیں)

فائدہ: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، بخاری و مسلم میں مفصل ہے۔ اور وہ شخص جس کے لئے گھوڑا پردہ ہے: وہ وہ گھوڑا ہے جو اسباب معیشت کے طور پر پالا گیا ہو، اور اس میں سے زکوٰۃ وغیرہ حقوق ادا کئے ہوں اور جس نے فخر ومباحات، ریاء وسمعہ اور اہل اسلام کی مخالفت میں استعمال کے لئے گھوڑا پالا: وہ اس کے لئے وزر (گناہ) ہے۔

[۱۰-] باب ماجاء فی فضل مَنِ ارْتَبَطَ فَرَسًا فِی سبیل اللہ

[۱۶۲۸-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُھَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ أَبِیْ هریرۃَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "اَلْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْھَا الْخَیْرُ إِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ، اَلْخَیْلُ لِثَلاثَۃٍ: ھِیَ لِرَجُلٍ أَجْرٌ، وَھِیَ لِرَجُلٍ سِتْرٌ، وَھِیَ عَلٰی رَجُلٍ وِزْرٌ: فَأَمَّا الَّذِیْ ھِیَ لَہُ أَجْرٌ فَالَّذِیْ

يَتَّخِذُهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَيُعِدُّهَا لَهُ، هِيَ لَهُ أَجْرٌ، لاَ يُغَيِّبُ فِيْ بُطُوْنِهَا شَيْئًا إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَجْرًا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا الحديثِ.

لغات: ارْتبَطَ: کے معنی ہیں: باندھنا اور ارْتبَطَ فَرسًا کے معنی ہیں: سرحد کی حفاظت وغیرہ کے لئے گھوڑے کو تیار کرنا...... **الخیرُ: معقود:** اسم مفعول کا نائب فاعل ہے...... **لایُغَیِّبُ** کو **لایُغِیْبُ** باب افعال سے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

بابُ ماجاء في فَضْلِ الرَّمْيِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

جہاد میں تیر چلانے کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین شخصوں کو جنت میں داخل کرتے ہیں: تیر بنانے والے کو جس نے بامید ثواب تیر بنایا ہو، اور اس کے چلانے والے کو اور چلانے کے لئے دینے والے کو (خواہ وہ اس کا مالک ہو یا صرف میدان میں پہنچا رہا ہو) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیر اندازی کرو اور شہ سواری سیکھو، اور تیر اندازی مجھے شہ سواری سے زیادہ پسند ہے (کیونکہ اس میں دور سے دشمن پر وار کیا جاتا ہے اس لئے اس میں جان کا خطرہ کم ہوتا ہے اور شہ سواری میں قریب سے مقابلہ ہوتا ہے اس لئے اس میں خطرہ زیادہ ہوتا ہے) ہر وہ کام جس سے مسلمان آدمی دل بہلاتا ہے بے کار ہے، ہاں کمان سے تیر چلانا اور گھوڑے کو سدھانا اور بیوی سے دل لگی کرنا، پس یہ کام برحق ہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے راہِ خدا میں تیر چلایا تو وہ اس کے لئے ایک غلام آزاد کرنے کے برابر ہے۔

تشریح: اللہ تعالیٰ کے علم میں یہ بات ہے کہ ان چیزوں کے بغیر کفار کو دبایا نہیں جاسکتا اور کفار کو زیر کرنا اور ان کے کفر وظلم کا خاتمہ کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، اس لئے اللہ کی خوشنودی ان چیزوں کے ساتھ متعلق ہوگئی اور یہ کام بھی باعث اجر قرار پائے، پھر جو طریقۂ جنگ اور جو ہتھیار جتنا کارگر ہے: اس کی اہمیت اتنی بڑھی ہوئی ہے، دورِ اول میں شہ سواری سے زیادہ تیر اندازی کارگر تھی، اس لئے اس کی اہمیت وفضیلت بڑھی ہوئی تھی۔ دوسرا مضمون ان حدیثوں میں یہ ہے کہ اسباب جہاد میں جو بھی معاون ہوتا ہے اس کے لئے بھی ثواب ہے، جیسے گناہ کے کام میں شریک بھی گنہ گار ہوتا ہے اور نیکی کے کام میں حصہ دار بھی اجر پاتا ہے۔ تیسرا مضمون پہلی روایت میں یہ ہے کہ مؤمن کو بیکار کاموں میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے، حدیث میں ہے: مِنْ حُسْنِ إسلامِ الْمرءِ تَرکُه مَالاَ یَعْنِیْهِ: آدمی کے دین کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی کاموں سے کنارہ کش رہے، البتہ مذکورہ تین کام لایعنی نہیں ہیں، فی الحال اگرچہ وہ

لایعنی نظر آتے ہیں مگر فی المآل ان کے بڑے فوائد ہیں، اس لئے ان کاموں میں مشغول ہونا وقت ضائع کرنا نہیں ہے، غرض یہ ارشاد: لاعیبَ فیهم غیرَ أن سیوفَهم ÷ بِهِنَّ فُلولٌ من قراعِ الکتائب کے قبیل سے ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی فضل الرَّمْیِ فی سبیل الله

[۱۶۲۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیعٍ، ثَنَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِیْ حُسَیْنٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لَیُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلاثَةَ الْجَنَّةَ: صَانِعَهُ: یَحْتَسِبُ فِیْ صَنْعَتِهِ الْخَیْرَ، وَالرَّامِیَ بِه، وَالْمُمِدَّ بِهِ" قَالَ: "ارْمُوْا، وَارْکَبُوْا، وَلَأَنْ تَرْمُوْا أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ أَنْ تَرْکَبُوْا، کُلُّ مَا یَلْهُوْ بِهِ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ بَاطِلٌ، إِلَّا رَمْیَهُ بِقَوْسٍ، وَتَأْدِیْبَهُ فَرَسَهُ، وَمَلاَعَبَتَهُ أَهْلَهُ، فَإِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ"

حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیعٍ، ثَنَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ، عَنْ یَحْیَی بنِ أَبِیْ کَثِیْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَّامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْأَزْرَقِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَهُ.

وفی الباب: عَنْ کَعْبِ بنِ مُرَّةَ، وَعَمْرِو بنِ عَبَسَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۶۳۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِی الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِیْ نَجِیْحٍ السُّلَمِیِّ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَنْ رَمَی بِسَهْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَهُوَ لَهُ عِدْلُ مُحَرَّرٍ"

هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَأَبُوْ نَجِیْحٍ: هُوَ عَمْرُو بنُ عَبَسَةَ السُّلَمِیُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنِ الْأَزْرَقِ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ زَیْدٍ.

وضاحت: پہلی حدیث مرسل ہے، عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابی حسین: صغار تابعین میں سے ہیں، اس لئے دوسری سند پیش کی ہے جو حضرت عقبہ تک پہنچتی ہے اور صحیح ہے...... عِدْل: برابر...... مُحَرَّر: اسم مفعول، معتَق: آزاد کردہ۔

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ الْحَرْسِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

جہاد میں چوکیداری کی فضیلت

سرحد پر پہرہ دینا رِبَاط اور مُرَابَطَة ہے اور جب لشکر پڑاؤ کرے تو ان کی اور ان کے سامان کی حفاظت کرنا حرس (چوکیداری) ہے اس حدیث میں اسی کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو آنکھوں کو جہنم کی آگ نہیں چھوسکتی، ایک: وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر سے

روئی، دوسری: وہ آنکھ جس نے اللہ کی راہ میں چوکیداری کی۔

تشریح: اللہ کے خوف سے جو آنسو نکلتا ہے وہ بڑا قیمتی ہے، شاعر کہتا ہے:

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے ❁ قطرے گرے تھے جو عرقِ انفعال کے

اسی طرح جس مجاہد کی آنکھ دوسرے مجاہدین کی چوکیداری میں جاگی وہ بھی اللہ کو بہت پیاری ہے، اس کو جہنم کی آگ نہیں چھوسکتی۔

[۱۲-] باب ماجاء فی فضل الْحَرْسِ فی سبیل اللہ

[۱۶۳۱-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیِّ الْجَهْضَمِیُّ، ثَنَا بِشْرُ بنُ عُمَرَ، ثَنَا شُعَیْبُ بنُ رُزَیْقٍ أَبُوْشَیْبَةَ، ثَنَا عَطَاءٌ الْخُرَاسَانِیُّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: "عَیْنَانِ لاتَمَسُّهُمَا النَّارُ: عَیْنٌ بَکَتْ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰہِ، وَعَیْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِیْ سبیلِ اللّٰہِ"

وفی الباب: عَنْ عُثْمَانَ، وأَبِیْ رَیْحَانَةَ، حدیثُ ابنِ عَباسٍ حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ شُعَیْبِ بنِ رُزَیْقٍ.

وضاحت: شعیب کے والد کا نام رزیق (بتقدیم الراء المہملہ) ہے، زُرَیق: غلط ہے۔

بابُ ماجاء فی ثَوَابِ الشَّهِیْدِ

شہید کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہداء کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں (کے پوٹوں) میں ہوتی ہیں، وہ جنت کے پھلوں میں سے، یا فرمایا: جنت کے درختوں میں سے کھاتی ہیں۔

تشریح: شہداء کی یہ خصوصیت ہے کہ ان کو جنت میں جانے کا موقع ملتا ہے ان کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں کے پوٹوں میں بیٹھ کر (ہرے رنگ کے ہوائی جہازوں کی اگلی سیٹوں پر بیٹھ کر) جنت میں جاتی ہیں، اور وہاں چگتی چرتی ہیں، پھر واپس آجاتی ہیں، اور عرش کے نیچے فانوسوں میں بسیرا کرتی ہیں، جنت میں مستقل داخلہ شہداء کا بھی قیامت کے دن ہوگا، جیسا کہ دوسری حدیث میں آرہا ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جنت میں ابھی کوئی نہیں گیا، جو بھی مرتا ہے قبر میں جاتا ہے یعنی روح عالم برزخ میں چلی جاتی ہے اور جسم مٹی میں مل جاتا ہے اور عالم برزخ ہماری اسی دنیا کا ضمیمہ ہے، آخرت کا حصہ نہیں، البتہ آخرت سے اس کا قریبی تعلق ہے، پھر قیامت کے دن جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو اجسام کی نشأۃ ثانیہ ہوگی اور ارواح عالم

برزخ سے لوٹ آئیں گی اور اپنے اپنے جسموں میں داخل ہو جائیں گی اور قیامت کے معاملات شروع ہو جائیں گے، وہ دن اس دنیا کی زندگی کا آخری دن ہوگا جو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگا (سورۃ المعارج آیت ۴) اس دن میں حساب ہوگا اور جزاؤسزا کے فیصلے کئے جائیں گے، پھر لوگ آخرت میں منتقل کئے جائیں گے، جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں پہنچیں گے، اور سب سے پہلے جو تین قسم کے لوگ جنت میں جائیں گے ان میں شہداء بھی ہونگے۔

فائدہ: اور روایات میں جو آیا ہے کہ نبی ﷺ نے کچھ لوگوں کو جنت میں اور کچھ لوگوں کو جہنم میں دیکھا: یہ مثالی جنت وجہنم میں دیکھا ہے، اسی طرح آپؐ نے نماز کسوف میں اپنے اور قبلہ کی دیوار کے درمیان جنت وجہنم کو دیکھا: وہ بھی مثالی جنت وجہنم تھیں، جیسے: کسی چیز کا فوٹو دیکھتے ہیں کیونکہ اتنی مختصر جگہ میں واقعی جنت وجہنم نہیں سما سکتیں، البتہ معراج میں جو آپ ﷺ نے جنت وجہنم کو دیکھا ہے وہ حقیقی جنت وجہنم کو دیکھا ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے سامنے پہلے وہ تین شخص پیش کئے گئے جو سب سے پہلے جنت میں داخل ہونگے، ایک: شہداء، دوسرے: حرام ومشتبہات سے بچنے والا، تیسرا: وہ غلام جس نے اللہ کی عبادت بھی اچھی طرح کی اور اپنے آقاؤں کی بھی خیر خواہی کی۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: راہ خدا میں مارے جانے سے ہر گناہ معاف ہو جاتا ہے، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: مگر قرض، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مگر قرض یعنی حضرت جبرئیلؑ کے وحی لانے پر آپؐ نے قرض (حقوق العباد) کا استثناء فرمایا، وہ شہادت سے بھی معاف نہیں ہوتا۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی ایسا بندہ نہیں جو مرے، اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے پاس بھلائی ہو، اور وہ دنیا کی طرف واپس لوٹنا پسند کرے، اگرچہ اس کو دنیا ومافیہا مل جائے، سوائے شہید کے (وہ دوبارہ دنیا میں آنا چاہتا ہے) شہادت کی اس فضیلت کی وجہ سے جس کو وہ دیکھتا ہے، پس بیشک وہ پسند کرتا ہے کہ دنیا کی طرف لوٹے، پس وہ دوسری مرتبہ مارا جائے'' یعنی شہید کا آخرت میں جو اعزاز واکرام ہوتا ہے، اس کی وجہ سے وہ چاہتا ہے کہ بار بار دنیا کی طرف لوٹے، اور راہِ خدا میں قتل کیا جائے، تاکہ اس کا مقام ومرتبہ اور بھی بلند ہو۔

[۱۳-] باب ماجاء في ثواب الشَّهِيْدِ

[۱۶۳۲-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ ابنِ كَعْبِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِنَّ أَرْوَاحَ الشُّهَدَاءِ فِيْ طَيْرٍ خُضْرٍ تَعْلُقُ مِنْ ثَمَرِ الْجَنَّةِ أَوْ: شَجَرِ الْجَنَّةِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۶۳۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بنُ عُمَرَ، ثَنَا عَلِيُّ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ

كَثِيْرٍ، عَنْ عَامِرٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:"عُرِضَ عَلَيَّ أَوَّلُ ثَلَاثَةٍ يَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ: شَهِيْدٌ، وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ، وَعَبْدٌ أَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ، وَنَصَحَ لِمَوَالِيْهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[١٦٣٤-] حدثنا يَحْيىَ بنُ طَلْحَةَ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ خَطِيْئَةٍ" فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ:" إِلَّا الدَّيْنَ" فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِلَّا الدَّيْنَ"

وفي الباب: عَنْ كَعْبِ بنُ عُجْرَةَ، وَجَابِرٍ، وأَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ قَتَادَةَ؛ وَحديثُ أَنَسٍ حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ بَكْرٍ، إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ، وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ عَنْ هٰذَا الحديثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَقَالَ: أَرَى أَنَّهُ أَرَادَ حديثَ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:" لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلىٰ الدُّنْيَا إِلَّا الشَّهِيْدَ"

[١٦٣٥-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ:" مَامِنْ عَبْدٍ يَمُوْتُ، لَهُ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ، يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، وَأَنَّ لَهُ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، إِلَّا الشَّهِيْدَ، لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ، فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، فَيُقْتَلَ مَرَّةً أُخْرَى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: عَلَقَت البهيمةُ الشجَرَ: چوپائے کا درخت کے پتے کھانا، عَلَقَ الطيرُ من الشجرة: پرندے کا درخت کے بالائی حصہ پر بیٹھ کر پھل کھانا...... عَفِيْف: اسم فاعل از عَفَّ يَعِفُّ عِفَّةً: ناجائز وناپسندیدہ قول وعمل سے بچنا، اور پاکدامن ہونا، تَعَفَّفَ کے بھی یہی معنی ہیں، پس مُتَعَفِّف: عفیف میں مبالغہ ہے۔

وضاحت: یہ مضمون کہ شہادت سے ہر گناہ معاف ہوجاتا ہے مگر قرض معاف نہیں ہوتا: صحیح احادیث سے ثابت ہے، اور حضرت ابوقتادہ اور حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مسلم شریف میں مروی ہے (حدیث ۱۸۸۵و۱۸۸۶) مگر یہ مضمون حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی نہیں، چنانچہ امام ترمذی باب کی تیسری حدیث کے بارے میں فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابوبکر بن عیاش سے صرف یہ شیخ روایت کرتا ہے یعنی صرف یحییٰ بن طلحہ روایت کرتا ہے، اور لفظ شیخ معمولی درجہ کی توثیق ہے، تقریب میں اس راوی کو لَيِّنُ الحديث کہا ہے۔ اور امام ترمذی نے: امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا تو ان کو یہ حدیث معلوم نہیں تھی، اور امام بخاری نے فرمایا: میرا خیال ہے کہ یحییٰ ایک دوسری حدیث بیان کرنا چاہتا تھا غلطی سے یہ حدیث بیان کردی اور وہ دوسری حدیث اگلے نمبر پر ہے، اور وہ صحیح حدیث ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الشُّهَدَاءِ عِنْدَ اللّٰہِ

اللہ کے نزدیک شہداء کے مراتب

شہداء میں شہادت (اللہ کے راستہ میں جان دینے) کے علاوہ دو چیزیں اور بھی ہوتی ہیں، جن کی وجہ سے آخرت میں ان کے درجات متفاوت ہونگے۔ یہ دو چیزیں: ایمان اور وصفِ شجاعت ہیں، جن کے درجات متفاوت ہیں، اس لئے شہداء کے درجات بھی متفاوت ہونگے۔

ایمان میں اگرچہ نفس تصدیق کے اعتبار سے کوئی تفاوت نہیں، مگر اعمال صالحہ کی وجہ سے ایمان کے درجات متفاوت ہوتے ہیں، اور عملِ صالح میں دو چیزیں شامل ہیں: ماموارت کا امتثال اور منہیات سے اجتناب، پھر اگر خدانخواستہ مؤمن سے کوئی کوتاہی ہوجائے تو بھی دو درجے ہیں: کوتاہیوں سے توبہ کرلی ہے یا نہیں کی، اور وصفِ شجاعت بھی ایک پسندیدہ وصف ہے، حدیث میں ہے: لَمؤمنٌ قويٌّ أَحَبُّ إلى اللّٰہِ من المؤمن الضعيف یعنی طاقت ور (بہادر) مؤمن اللہ کو کمزور (بزدل) مؤمن سے زیادہ پسند ہے۔

پھر صلاح وتقوی اور بہادری میں سے اول کی اہمیت زیادہ ہے، پس بوقت اجتماع صالح کا درجہ بڑھ جائے گا اور بوقت تجرید (خالی ہونے کی صورت میں) بھی مؤمن صالح متقی آگے رہے گا، نبی پاک ﷺ نے انہی امور کا لحاظ کرکے شہداء کے چار درجے بیان فرمائے ہیں۔ پہلا درجہ: جید الایمان بہادر کا ہے جو جم کرلڑتا ہے، دوسرا درجہ: جید الایمان بزدل کا ہے جو میدان میں بھیگی بلی بن جاتا ہے۔ تیسرا درجہ: اس بہادر مؤمن کا ہے جس سے کوئی گناہ سرزد ہوگیا ہے، مگر اس نے توبہ کرلی ہے، اور چوتھا درجہ: بہادر گنہ گار مؤمن کا ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شہداء چار ہیں: یعنی ان کے چار مختلف درجات ہیں: پہلا درجہ: مؤمن آدمی عمدہ ایمان والا یعنی متقی اور پارسا، دشمن سے اس کا مقابلہ ہوا پس اس نے اللہ کو سچ کر دکھایا یعنی بہادری سے لڑنے کا وعدہ پورا کیا یہاں تک کہ وہ مارا گیا، پس یہ وہ شہید ہے جس کی طرف لوگ قیامت کے دن (جنت میں) اپنی نگاہیں اس طرح اٹھائیں گے، اور انھوں نے اپنا سر اٹھایا، یہاں تک کہ ان کی ٹوپی گرگئی (حدیث کا راوی ابو یزید خولانی کہتا ہے) پس میں نہیں جانتا کہ حضرت فضالہ نے حضرت عمرؓ کی ٹوپی مراد لی ہے یا نبی ﷺ کی ٹوپی؟ یعنی قلنسوتُہ کی ضمیر کا مرجع کون ہے؟ یہ بات میں نے حضرت فضالہ سے نہیں پوچھی۔ دوسرا درجہ: نبی ﷺ نے فرمایا: (فصل کی وجہ سے قال دوبارہ لایا گیا ہے) اور مؤمن آدمی عمدہ ایمان والا اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا یعنی میدانِ جہاد میں اترا پس بزدلی کی وجہ سے گویا اس کی کھال میں کیکر کے کانٹے چبھو دیئے گئے، اس کو انجانا تیر لگا جس سے وہ شہید ہوگیا، پس وہ دوسرے درجہ میں ہے (اس شہید میں وصف شجاعت

ندارد ہے، مگر صلاح وتقوی کا جوہر موجود ہے اور اس کی اہمیت بہادری سے زیادہ ہے اس لئے اس کو دوسرا درجہ ملا) تیسرا درجہ: اور مؤمن آدمی جس نے نیک عمل ملایا (برائی کے ساتھ) اور دوسرا برا عمل (ملایا توبہ کے ساتھ) یعنی اس سے کوئی گناہ ہوگیا جس کی اس نے توبہ کرلی، اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا پس اس نے اللہ سے کیا ہوا وعدہ سچا کر دکھایا، یعنی بہادری سے لڑا یہاں تک کہ مارا گیا، پس وہ تیسرے درجہ میں ہے۔ چوتھا درجہ: اور مؤمن آدمی جس نے اپنے پیروں پر کلہاڑی مار رکھی ہے یعنی وہ گنہ گار بندہ ہے اور اس نے توبہ بھی نہیں کی، اس کا دشمن سے مقابلہ ہوا پس اس نے اللہ سے کیا ہوا وعدہ سچا کر دکھایا یہاں تک کہ وہ مارا گیا، پس وہ چوتھے درجہ میں ہے۔

تشریح: خَلَطَ عملاً صالحاً وَآخرَ سيئا میں دونوں جگہ خلط کا مفعول ثانی محذوف ہے أی خَلَطَ عملاً صالحاً بطالحٍ، وَخَلَطَ عَمَلَ آخرَ سيئًا بالصالح أی بالتوبة۔ یہ محاورہ سورۃ التوبہ آیت ۱۰۲ میں آیا ہے اور اس کی پوری وضاحت میری تفسیر ہدایت القرآن میں ہے۔

فائدہ: اس حدیث سے ایک خاص فائدہ یہ حاصل ہوا کہ نبی ﷺ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ دونوں ٹوپی پہنتے تھے اور کبھی صرف ٹوپی پہنتے تھے، یعنی پگڑی کے بغیر، کیونکہ ٹوپی گرنا اسی صورت میں کہا جائے گا جب اس پر پگڑی نہ ہو، پگڑی اول تو گرتی نہیں، اور اگر گرے تو اس کو پگڑی گرنا کہیں گے ٹوپی گرنا نہیں کہیں گے۔ غیر مقلدین جن کو اصرار ہے کہ نماز بے ٹوپی پڑھنا سنت ہے: وہ غور کریں۔ نبی ﷺ سے کبھی بھی کھلے سر نماز پڑھنا ثابت نہیں، عذر اور نوافل کی بات الگ ہے، پھر اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ نماز مزین ہوکر پڑھو (الاعراف ۳۱) اور اسلامی تہذیب میں کھلے سر رہنا پسندیدہ بات نہیں، پھر اس حال میں نماز پڑھنا کیسے پسندیدہ ہوسکتا ہے؟!

[١٤-] باب ماجاء في فَضْلِ الشُّهَدَاءِ عند الله

[١٦٣٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ يَزِيْدَ الْخَوْلَانِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بنَ عُبَيْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الشُّهَدَاءُ أَرْبَعَةٌ: رَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الإِيْمَانِ، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ، فَذَاكَ الَّذِيْ يَرْفَعُ النَّاسُ إِلَيْهِ أَعْيُنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰكَذَا، وَرَفَعَ رَأْسَهُ حَتّٰى وَقَعَتْ قَلَنْسُوَتُهُ، فَلَا أَدْرِيْ قَلَنْسُوَةَ عُمَرَ أَرَادَ أَمْ قَلَنْسُوَةَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الإِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَكَأَنَّمَا ضُرِبَ جِلْدُهُ بِشَوْكِ طَلْحٍ مِنَ الْجُبْنِ، أَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ، فَقَتَلَهُ، فَهُوَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ. وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلاً صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا، لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَذَاكَ فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ أَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ، لَقِيَ العَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ، فَذَاكَ فِي الدَّرَجَةِ الرَّابِعَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عَطَاءِ بنِ دِيْنَارٍ، سَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: قَدْ رَوَى سَعِيْدُ بنُ أَبِى أَيُّوْبَ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَطَاءِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَشْيَاخٍ مِنْ خَوْلاَنَ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ أَبِى يَزِيْدَ، وَقَالَ: عَطَاءُ بنُ دِيْنَارٍ: لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ.

لغات: صَدَقَ فلاناً: سچی بات کہنا، سچی بات بتانا، اس لفظ کو صَدَّقَه بھی پڑھ سکتے ہیں، صَدَّقه کے معنی ہیں: سچا کر دکھانا، بروئے کار لانا...... طَلْح: ببول، کیکر...... غَرْب بمعنی غریب: انجانا...... أَسْرَف علیه: تجاوز کرنا، حد سے بڑھنا۔

وضاحت: یہ حدیث صرف عطاء بن دینار سے مروی ہے یعنی ان سے آخر تک یہی ایک سند ہے اور عطاء سے روایت کرنے والے عبداللہ بن لہیعہ اگرچہ ضعیف ہیں، مگر ان کے متابع سعید بن ابی ایوب موجود ہیں، البتہ وہ روایت میں ابو یزید خولانی کی تخصیص نہیں کرتے، بلکہ کہتے ہیں: عطاء: قبیلۂ خولان کے چند شیوخ (متعدد معتبر آدمیوں) سے روایت کرتے ہیں، یہ ساری بات امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کی ہے، اور امام بخاریؒ نے یہ بھی فرمایا کہ عطاء ٹھیک راوی ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاء فی غَزْوِ الْبَحْرِ

سمندر کے راستے سے جہاد کرنے کا ثواب

نبی ﷺ کے زمانے میں سمندر کا سفر کر کے جنگ کرنے کا سلسلہ نہیں تھا اس زمانے میں سمندر کا سفر خطرناک سمجھا جاتا تھا، بغیر انجن کی بوٹیں تھیں جو ہوا کے رحم وکرم پر چلتی تھیں، کبھی ڈوب بھی جاتی تھیں اور کبھی کہیں سے کہیں نکل جاتی تھیں، اس لئے حدیثوں میں سمندر کے راستہ سے سفر کر کے جہاد کرنے کے خاص فضائل آئے ہیں، کیونکہ اجر وثواب بقدر مشقت ہوتا ہے اور اس قسم کے جہاد میں مشقت کا زیادہ ہونا ظاہر ہے، آج بھی نیوی (بحری فوج) کی تنخواہیں برّی فوج کی تنخواہوں سے زیادہ ہوتی ہیں، اور فضائی فوج کا مقام تو اور بھی بلند ہے، کیونکہ اس میں خطرہ سوا ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ حضرت ام حرام بنت ملحان (یہ حضرت ام سلیم کی بہن اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی خالہ ہیں) کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے، پس وہ آپ کو کھانا کھلاتی تھیں، یہ خاتون حضرت عبادۃ بن الصامتؓ کے نکاح میں تھیں، ایک دن نبی ﷺ ان کے گھر تشریف لے گئے، انھوں نے آپؐ کو کھانا کھلایا اور آپؐ کو روک لیا (آپؐ قیلولہ کے لئے لیٹ گئے) اور وہ آپؐ کے سر میں جوئیں تلاش کرنے لگیں (جوئیں تلاش کرنا نیند لانے کے لئے ہوتا ہے، اس سے آرام ملتا ہے اور نیند آجاتی ہے، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپؐ کے سر مبارک میں جوئیں تھیں) چنانچہ آپ سو گئے، پھر آپؐ بیدار ہوئے، آپؐ مسکرا رہے تھے، ام حرامؓ کہتی ہیں: میں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ میرے

سامنے پیش کئے گئے، درانحالیکہ وہ راہ خدا میں جہاد کررہے ہیں وہ اس سمندر کے بیچ میں سوار ہونگے (اس زمانہ میں سمندر کا قریبی سفر کنارے کنارے کیا جاتا تھا اور کسی دور ملک تک جانا ہوتا تھا تو کشتی سمندر کے بیچ میں ڈالی جاتی تھی پس اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ کسی دور ملک میں جہاد کے لئے جائیں گے) وہ تختوں پر بادشاہ ہیں یا فرمایا: تختوں پر بادشاہوں کی طرح ہیں، ام حرام نے عرض کیا: آپؐ میرے لئے اللہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان میں شامل فرمائے، چنانچہ آپؐ نے ان کے لئے دعا کی پھر سر مبارک رکھا اور دوبارہ سو گئے، پھر ہنستے ہوئے بیدار ہوئے، ام حرام نے پھر پوچھا: یارسول اللہ! آپ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: میری امت کے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے درانحالیکہ وہ راہ خدا میں جہاد کررہے ہیں، اسی طرح جس طرح پہلے فرمایا تھا، ام حرام کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ اللہ سے دعا فرمائیں کہ اللہ مجھے ان میں شامل فرمائے، آپؐ نے فرمایا تم پہلوں میں ہو، پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ام حرام نے سمندری سفر کیا پس وہ اپنی سواری پر سے نیچے ڈال دی گئیں جب وہ سمندر سے نکلیں، پس وہ وفات پا گئیں۔

تشریح: سمندر کے سفر سے پہلا غزوہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں پیش آیا، حضرت امیر معاویہؓ نے حضرت عمرؓ سے ان کی خلافت کے آخری ایام میں جزیرۂ قبرص پر حملہ کرنے کی اجازت چاہی تھی، اس وقت امیر معاویہؓ شام کے گورنر تھے، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو بحری جہاد کی اجازت دینے میں تامل تھا، ابھی اجازت نہیں ملی تھی کہ فاروق اعظم شہید کردیئے گئے، پھر امیر معاویہؓ نے حضرت عثمانؓ سے بحری حملہ کی اجازت چاہی تو آپؓ نے چند شرائط کے ساتھ اجازت دیدی، چنانچہ امیر معاویہؓ کی تحریک سے ایک جماعت قبرص پر حملہ کرنے کے لئے تیار ہوگئی، جس میں حضرت ابوذر غفاری، حضرت ابوالدرداء، حضرت شداد بن اوس، حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہم وغیرہ تھے، حضرت عبادہ کی اہلیہ حضرت ام حرام بھی ساتھ گئیں، جب فوج ساحل پر اتری اور خشکی کا سفر شروع ہوا تو ام حرام کی سواری بدکی، وہ نیچے گریں اور شہید ہوگئیں، یہ واقعہ ۲۸ھ کا ہے، اور سمندر کا دوسرا غزوہ امیر معاویہؓ کے دورِ خلافت میں ۴۵ھ میں یزید کی سربراہی میں پیش آیا ہے، اس وقت قسطنطنیہ پر حملہ کیا گیا تھا اور اس میں حضرات حسنین رضی اللہ عنہما بھی شامل تھے، اسی غزوہ میں حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے محاصرہ کے دوران قسطنطنیہ کے باہر انتقال فرمایا ہے اور وہ وہیں مدفون ہیں (فتح الباری ۱۱:۷۵ کتاب الاستیئذان باب: من زار قوما فَقَالَ عندهم)

سوال: ام حرام تو جہاد کے لئے نہیں گئی تھیں، نیز عورتوں پر جہاد فرض بھی نہیں، پھر ان کو مجاہدین والی فضیلت کیسے حاصل ہوئی؟

جواب: نبی ﷺ کی دعا کی برکت سے یہ مقام ومرتبہ ان کو حاصل ہوا، علاوہ ازیں: مجاہدین کی جماعت وہ جماعت ہے جس میں برائے نام شرکت کرنے والے بھی محروم نہیں رہتے، هم قومٌ لایَشْقٰی جَلِیْسُهُمْ، مئی خانے

کامحروم بھی محروم نہیں ہے!

[۱۵-] باب ماجاء فی غَزْوِ الْبَحْرِ

[۱۶۳۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْخُلُ عَلٰى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ، فَتُطْعِمُهُ، وَكَانَتْ أُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، فَأَطْعَمَتْهُ، وَحَبَسَتْهُ تَفْلِیْ رَأْسَهُ، فَنَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: مَا يُضْحِكُكَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "نَاسٌ مِنْ أُمَّتِیْ عُرِضُوْا عَلَیَّ غُزَاةً فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوْكٌ عَلَى الْأَسِرَّةِ، أَوْ: مِثْلَ الْمُلُوْكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ" قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، فَقُلْتُ لَهُ: مَاذَا يُضْحِكُكَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" نَاسٌ مِنْ أُمَّتِیْ عُرِضُوْا عَلَیَّ غُزَاةً فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" نَحْوَ مَاقَالَ فِیْ الْأَوَّلِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ، قَالَ:" أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ" فَرَكِبَتْ أُمُّ حَرَامٍ الْبَحْرَ فِیْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ بنِ أَبِیْ سُفْيَانَ، فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِيْنَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ، فَهَلَكَتْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ: هِیَ أُخْتُ أُمِّ سُلَيْمٍ، وَهِیَ خَالَةُ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ.

لغت: الثَّبج: ہر چیز کا ابھرا ہوا درمیانی حصہ، بڑا حصہ، جمع ثُبُوْج و أَثْبَاج۔

بابُ ماجاء مَنْ يُقَاتِلُ رِيَاءً وَلِلدُّنْيَا

دکھاوے اور دنیا طلبی کے لئے لڑنا

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو بہادری کا جوہر دکھانے کے لئے یا عصبیت کی وجہ سے یا ناموری کے لئے لڑتا ہے کہ ان میں سے راہِ خدا میں لڑنے والا کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "جو اس لئے لڑتا ہے کہ اللہ کا بول بالا ہو وہی راہِ خدا میں لڑنے والا ہے"

تشریح: اللہ کے دین کی سربلندی کے لئے جو جنگ کرتا ہے وہی شرعی جہاد کرنے والا ہے، اس لئے کہ اعمال تو ڈھانچے ہیں، ان میں جان نیتوں سے پڑتی ہے، روح کے بغیر جسم لاش (لاشیئ) ہے، پس جیسی نیت ہوگی ویسا عمل ہوگا، پہلے تین شخصوں کی نیت صحیح نہیں اس لئے وہ شرعی جہاد نہیں، اور جو اللہ کا بول بالا کرنے کے لئے لڑتا ہے اس کی

نیت صحیح ہے اس لئے وہی شرعی جہاد ہے۔ اور عصبیت کے معنی ہیں: اپنے لوگوں کی یا ہم مذہب وہم مسلک لوگوں کی حمایت ومدد کا جذبہ یا بے جا حمایت کرنا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اعمال کا مدار نیتوں پر ہے، اور انسان کے لئے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی ہے (یعنی عمل کا ثمرہ نیت پر مرتب ہوتا ہے) مثلاً: جس نے اللہ اور اس کے رسول (کے دین کی نصرت ومدد) کے لئے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اللہ ورسول کی طرف ہے (یعنی اس کو ہجرت کا ثواب ملے گا) اور جس نے دنیا حاصل کرنے کے لئے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لئے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اس چیز کے لئے ہے، جس کا اس نے ارادہ کیا ہے، یعنی اس کی ہجرت لاحاصل ہے، اس کو کوئی ثواب نہیں ملے گا۔

تشریح: اعمال کے صلاح وفساد اور مقبول ومردود ہونے کا مدار نیت پر ہے، جیسی نیت ہوگی ویسا عمل ہوگا، اس لئے کہ اعمال ڈھانچے ہیں ان میں جان نیتوں سے پڑتی ہے۔ جاننا چاہئے کہ یہاں زیر بحث صرف اعمال صالحہ ہیں معاصی زیر بحث نہیں، لہٰذا یہ غلطی فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ جب اعمال کا مدار نیتوں پر ہے تو اگر کوئی برا کام اچھی نیت سے کرے تو اس پر بھی ثواب ملنا چاہئے، مثلاً ایک شخص اس نیت سے چوری کرے اور ڈاکہ مارے کہ جو مال حاصل ہوگا اس سے غریبوں اور مسکینوں کی مدد کرے گا تو یہ شخص ثواب کا مستحق ہونا چاہئے؟ اس شخص کی یہ سوچ غلط ہے اس لئے کہ جو کام فی نفسہ برے ہیں اور جن سے اللہ ورسول نے منع کیا ہے وہ حسن نیت سے نیک عمل نہیں بن سکتے، وہ تو بہر حال قبیح رہیں گے، اس حدیث کا منشا صرف یہ سمجھانا ہے کہ اعمال صالحہ اگر بری نیت سے کئے جائیں تو وہ اعمال صالحہ نہیں رہتے، بلکہ نیت بد کی وجہ سے وہ برے بن جاتے ہیں، جیسے کوئی شخص خشوع وخضوع سے نماز پڑھے تاکہ لوگ اس کو دیندار اور بزرگ سمجھیں اور اس کا اعزاز واکرام کریں تو اس کی یہ نماز اللہ کے یہاں کوئی قدر وقیمت نہیں رکھتی، اسی طرح حضور اقدس ﷺ کے عہد مبارک میں چاروں طرف سے لوگ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آرہے تھے، کوئی اس لئے آرہا تھا کہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرے اور دین کی نصرت ومدد کرے پس یہ ہجرت اللہ ورسول کی طرف ہے، اس ہجرت پر اجر وثواب ملے گا۔ اور اگر یہ نیت ہو کہ مدینہ کی آبادی چونکہ بڑھ رہی ہے اس لئے وہاں دوکان کی جائے تو خوب چمکے گی یا کسی عورت سے نکاح کی غرض سے ہجرت کی، جیسے ایک صاحب ام قیس نامی عورت سے نکاح کرنے ہی کے لئے ہجرت کر کے آئے تھے تو یہ ہجرت بے کار ہے، اللہ کے یہاں اس پر کوئی اجر نہیں ملے گا۔

فائدہ: ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے ام قیس نامی عورت کے پاس شادی کا پیغام بھیجا، ام قیس نے اس شرط پر منظور کیا کہ وہ مدینہ ہجرت کر کے آجائے تو شادی ہوسکتی ہے، چنانچہ وہ ہجرت کر کے مدینہ آگیا اور ام قیس سے شادی ہوگئی، وہ صاحب مہاجر ام قیس کے نام سے مشہور ہوگئے تھے، ایسے شخص کی ہجرت دینی ہجرت نہیں، اس کو ہجرت پر کچھ بھی اجر وثواب نہیں ملے گا (اصابہ تراجم نساء ترجمہ ۱۴۵۹)

فائدہ: یہ حدیث چونکہ مشہور معرکۃ الآراء ہے اس لئے اس کی لمبی شرحیں کی گئی ہیں، طلبہ ان بحثوں میں الجھ کر اصل حدیث نہیں سمجھتے اس لئے جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں ایک ہی مضمون ہے، پہلا جملہ ہے: **إنما الأعمال بالنیات:** جار مجرور کا متعلق محذوف ہے اور وہ مُعْتَبَرٌ یعنی موزانہ کیا ہوا: ہے، اور ترجمہ یہ ہے: اعمال کا نیتوں کے ساتھ موازنہ کیا ہوا ہے، یہاں ممکن تھا کوئی عام متعلق کائنٌ محذوف مان لیتا اور یہ مطلب لے لیتا کہ اعمال نیتوں سے وجود میں آتے ہیں حالانکہ بغیر نیت کے بھی عمل وجود میں آجاتا ہے اس لئے دوسرا جملہ بڑھایا: **وإنما لِکُلِّ امْرأ ما نوی** یعنی ہر شخص کو وہی ملتا ہے جس کی اس نے نیت کی ہے، یہ پہلے ہی جملہ کی وضاحت ہے، اب پہلے جملہ کے معنی متعین ہوگئے کہ اس کا تعلق ثواب وعدم ثواب سے ہے، وجود وعدم وجود سے نہیں ہے، پھر مثال سے اس کی مزید وضاحت کی: اس زمانہ میں ہجرت ایک کٹھن عمل تھا اور بہت سے صحابہ کو اس کا تجربہ تھا اس کی مثال دی کہ تین شخص ہجرت کرتے ہیں: ایک دین کی نصرت کے لئے، دوسرا: مدینہ میں کاروبار کرنے کے لئے اور تیسرا: ام قیس سے نکاح کرنے کے لئے، ان میں سے پہلے کی ہجرت باعث اجر ہے، باقی دو کی ہجرت کا کوئی ثواب نہیں کیونکہ اعمال کے ثواب وعدم ثواب کا نیتوں کے ساتھ موازنہ کیا ہوا ہے۔ اور پوری حدیث کا سبق ''اخلاص'' ہے، اخلاص کے معنی ہیں: خالص کرنا یعنی ہر عمل میں صرف اللہ کی خوشنودی ملحوظ رہنی چاہئے کوئی بھی عمل نہ تو بے نیت کرنا چاہئے نہ اللہ کی رضا کے علاوہ کسی اور نیت سے کرنا چاہئے۔

[۱۶-] باب ماجاء مَنْ يُقَاتِلُ رِياءً وَلِلدُّنْيَا

[۱۶۳۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِیْ مُوْسٰی قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الرَّجُلِ يُقَاتِلُ شَجَاعَةً، وَيُقَاتِلُ حَمِيَّةً، وَيُقَاتِلُ رِيَاءً، فَأَیُّ ذٰلِكَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ قَالَ:'' مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ''

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۶۳۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنّٰی، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِیِّ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ،وَإِنَّمَا لِامْرِیءٍ مَانَوٰی، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلٰی اللّٰهِ وَإِلٰی رَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلٰی اللّٰهِ وَإِلٰی رَسُوْلِهِ، وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلٰی دُنْيَا يُصِيْبُهَا أَوِ امْرَأَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ إِلٰی مَاهَاجَرَ إِلَيْهِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوٰی مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ هٰذَا عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ.

لغت: الحَمِيَّة: غیرت، نخوت، خودداری، ہم نے اس کا ترجمہ عصبیت کیا ہے۔

بابٌ فی الْغُدُوِّ وَالرَّوَاحِ فی سبیل اللّٰہ

راہ خدا میں صبح وشام لڑنے کی فضیلت

آنحضور ﷺ کے عہد مبارک میں اور آج بھی جنگ میں فوجیوں کی ڈیوٹیاں لگتی ہیں، جو فوجی صبح کی شفٹ میں لڑتے ہیں وہ شام کو آرام کرتے ہیں، اور جو شام کی شفٹ میں کھڑے ہوتے ہیں، وہ صبح آرام کر لیتے ہیں، فوجیوں کے لئے مسلسل لڑنا مشکل امر ہے آدمی تھک جاتا ہے، درج ذیل احادیث میں ایک شفٹ لڑنے کا ثواب بیان کیا گیا ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''راہِ خدا میں صبح یا شام لڑنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے (دوسرا مضمون) جب فوج کسی جگہ پڑاؤ کرتی ہے تو لوگ اپنے لئے جگہ ریزرو کرتے ہیں اور علامت کے طور پر کوڑا یا ہاتھ رکھ دیتے ہیں جس سے ایک آدمی کے قیام کے بقدر جگہ ریزرو ہو جاتی ہے، جیسے بعض لوگ مسجد میں رومال وغیرہ کوئی چیز رکھ دیتے ہیں، جس سے ایک آدمی کے بقدر جگہ خاص ہو جاتی ہے، اس جگہ کوئی نہیں بیٹھتا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں تمہاری کمان کے بقدر جگہ یا فرمایا: ایک ہاتھ کے بقدر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے'' یعنی جنت میں اتنی جگہ مل جائے تو بھی زہے نصیب! (تیسرا مضمون) جنت کی عورتیں (حوریں) اتنی خوبصورت اور خوشبودار ہیں کہ اگر جنت کی عورتوں میں سے کوئی زمین کی طرف جھانک بھی لے تو زمین وآسمان کے درمیان کی ہر چیز روشن ہو جائے اور پوری فضا خوشبو سے بھر جائے (چوتھا مضمون) اور جنت کی عورتوں کی سر کی اوڑھنی دنیا و مافیہا سے بہتر ہے ـــــ نَصیف: اس کپڑے کو کہتے ہیں جس کو عورت اپنے سر پر باندھتی ہے تاکہ تیل سے اوڑھنی خراب نہ ہو، جنت کا وہ کپڑا بھی دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''راہ خدا میں ایک صبح لڑنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے اور جنت میں ایک کوڑے کے بقدر جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے'' اور دوسری حدیث میں ہے: ''راہِ خدا میں ایک صبح یا ایک شام لڑنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے''

تشریح: دنیا کی ہر نعمت ختم ہونے والی ہے، باقی رہنے والی نعمتیں آخرت ہی کی ہیں، اور باقی رہنے والی چیز اگرچہ تھوڑی ہو فنا ہونے والی چیز سے بہتر ہوتی ہے، یہی مطلب ہے دنیا و مافیہا سے بہتر ہونے کا، فجر کی سنتوں کے تعلق سے بھی یہی بات فرمائی گئی ہے، اور اس کی بھی یہی وجہ ہے، اور تحفۃ الالمعی (۲۵۸:۲) میں اس سوال کا جواب دیا گیا ہے کہ یہ وجہ تو ہر دینی عمل اور اس کے ثواب میں متحقق ہے، پھر بعض مخصوص اعمال ہی کے سلسلہ میں یہ بات کیوں فرمائی گئی وہاں جواب یہ دیا گیا ہے کہ بعض لوگ دنیا کے تھوڑے نفع کی خاطر سنتیں چھوڑ کر صرف فرض پڑھ کر کام میں لگ جاتے ہیں ان سے کہا گیا ہے کہ دنیا کے چار پیسوں کی خاطر ایسا نہ کرو، یہ سنتیں دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں، یہی بات یہاں بھی

ہے، جہاد کے لئے بیوی بچے، کاروبار اور آرام وآسائش سب کچھ چھوڑنا پڑتا ہے اور اس میں جان کا خطرہ بھی لگا رہتا ہے، اس لئے یہ بات فرمائی گئی کہ ان باتوں کا کچھ غم نہ کرو، راہِ خدا میں ایک صبح یا ایک شام لڑنا دنیا ومافیہا سے بہتر ہے، اور اس عمل کے صلے میں جو جنت ملے گی اس کی ایک آدمی کے قیام کے بقدر جگہ بھی دنیا ومافیہا سے بہتر ہے، اور جو حوریں ملیں گی وہ نفع میں رہیں گی۔

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے صحابہ میں سے ایک صاحب ایک ایسی گھاٹی سے گذرے جس میں میٹھے پانی کا ایک چھوٹا سا چشمہ تھا، وہ جگہ ان کو بہت پسند آئی، انھوں نے سوچا کہ اگر میں لوگوں سے الگ ہوکر یہاں رہ جاؤں (تو بہتر ہوگا، لَو کا جواب: لکان حسناً محذوف ہے) لیکن معاً یہ خیال آیا کہ نبی ﷺ کی اجازت کے بغیر مجھے یہ کام نہیں کرنا چاہئے، چنانچہ انھوں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا، آپؐ نے فرمایا: ایسا مت کرو، کیونکہ تمہارا اللہ کے راستہ میں (ایک دن) جہاد کرنا گھر میں ستر سال نفلیں پڑھنے سے بہتر ہے، کیا تمہیں پسند نہیں کہ اللہ تمہارے گناہوں کو بخش دیں، اور تمہیں جنت میں داخل کریں؟ اللہ کے راستہ میں جہاد کرو، جو شخص اللہ کے راستہ میں اونٹنی دوہنے کے وقفہ کے بقدر لڑے گا: اس کے لئے جنت واجب ہوجائے گی اونٹنی کے تھنوں میں سے اگر سارا دودھ نکال لیا جائے پھر تھوڑی دیر بعد دوبارہ اس کو دوہا جائے تو جو دودھ تھنوں میں جمع ہوگیا ہوگا وہ دیدے گی، اور دو مرتبہ دوہنے کے درمیان کا وقفہ فواق کہلاتا ہے، پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ راہِ خدا میں تھوڑی دیر قتال کرنا بھی جنت کو واجب کر دیتا ہے، اور یہ بات کسی دوسرے عمل سے حاصل نہیں ہوسکتی، پس پانی کے چشمے پر قیام کا ارادہ ترک کرو، اور راہِ خدا میں لڑتے رہو۔

[۱۷-] بابٌ فِی الْغُدُوِّ والرَّوَاحِ فی سبیل الله

[۱۶۴۰-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِیْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" لَغَدْوَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا، وَلَقَابُ قَوْسِ أَحَدِكُمْ أَوْ: مَوْضِعُ یَدِهِ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَافِیْهَا، وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَتْ إِلَی الْأَرْضِ لَأَضَاءَ تْ مَا بَیْنَهُمَا، وَلَمَلَأَتْ مَا بَیْنَهُمَا رِیْحًا، وَلَنَصِیْفُهَا عَلٰی رَأْسِهَا خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا" هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ.

[۱۶۴۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا العَطَّافُ بنُ خَالِدٍ الْمَخْزُوْمِیُّ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ السَّاعِدِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" غَدْوَةٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا، وَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِيْ أَيُّوْبَ، وَأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٦٤٢-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنَا أَبُوْ خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَالْحَجَّاجِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَن ابنِ عَبَّاسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''غَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ حَازِمٍ الَّذِيْ رَوَى عَنْ أَبِيْ هُرِيرةَ: هُوَ الْكُوْفِيُّ اسْمُهُ سَلْمَانُ، هُوَ مَوْلَى عَزَّةَ الأَشْجَعِيَّةِ.

[١٦٤٣-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ، ثَنَا أَبِيْ عَنْ هِشَامِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بنِ أَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِشِعْبٍ فِيْهِ عُيَيْنَةٌ مِنْ مَاءٍ عَذْبَةٍ فَأَعْجَبَتْهُ لِطِيْبِهَا، فَقَالَ: لَو اعْتَزَلْتُ النَّاسَ فَأَقَمْتُ فِي هٰذَا الشِّعْبِ، وَلَنْ أَفْعَلَ حَتَّى اسْتَأْذِنَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''لَا تَفْعَلْ فَإِنَّ مَقَامَ أَحَدِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهِ فِيْ بَيْتِهِ سَبْعِيْنَ عَامًا، أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ؟ اغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، مَنْ قَاتَلَ فِيْ سبيل اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

لغات: القَابْ: مقدار، کنایۃً تھوڑا فاصلہ۔۔۔۔۔عَيَيْنَةُ: عَيْن کی تصغیر: چھوٹا چشمہ۔

وضاحت: تیسری حدیث میں والحجاج کا عطف ابن عجلان پر ہے، یہاں سے تحویل ہے یعنی یہ حدیث ابو خالد احمر دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں: ابن عجلان سے اور ان کی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے، اور حجاج سے اور ان کی سند ابن عباس رضی اللہ عنہما تک جاتی ہے (تحفۃ الاشراف ۵:۲۴۳)

بابُ ماجاء أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ

سب سے بہتر کون آدمی ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں لوگوں میں سب سے بہتر شخص نہ بتاؤں؟ بہترین آدمی وہ ہے جو راہِ خدا میں گھوڑے کی لگام تھامے ہوئے ہے۔ کیا میں تمہیں وہ شخص نہ بتاؤں جو درجے میں اس کے بعد ہے؟ وہ شخص جو اپنی چند بکریاں لے کر علحدہ ہو گیا، وہ بکریوں میں اللہ کا جو حق ہے ادا کرتا ہے، کیا میں تمہیں بدترین آدمی نہ بتاؤں؟ وہ شخص جس سے اللہ کے نام پر مانگا جاتا ہے اور وہ اس پر بھی نہیں دیتا''

تشریح: اس حدیث میں دو باتیں ہیں:

پہلی بات: راہ خدا میں جہاد کرنے والے کا درجہ اس شخص سے بڑھا ہوا ہے جو اپنی زندگی بناتا ہے اور اعمال صالحہ میں مشغول ہے، کیونکہ اس کا عمل لازمی ہے، اس کا فائدہ صرف اس کی ذات تک ہے اور مجاہد کا عمل متعدی ہے وہ ساری دنیا کو سنوارنے کی محنت کررہا ہے، اس لئے اس کا درجہ بڑھا ہوا ہے۔

دوسری بات: اگر اللہ کا واسطہ دے کر سوال کیا جائے تو ضرور دینا چاہئے، اللہ کے نام کی عظمت کا یہی تقاضہ ہے مگر پیشہ ور سائل اس سے مستثنیٰ ہیں، کیونکہ اللہ کے نام پر مانگنا ان کا تکیہ کلام ہے، پس اس میں سنجیدگی نہیں ہے، جیسے سلام کا جواب دینا واجب ہے مگر پیشہ ور سائل کے سلام کا جواب دینا واجب نہیں۔ شامی میں اس کی صراحت ہے، کیونکہ اس کا سلام: سلام نہیں ہے، بلکہ سوال ہے۔ کذا ھذا۔

[۱۸-] باب ماجاء أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟

[۱٦٤٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بنِ الأَشَجِّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِخَيرِ النَّاسِ؟ رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعَنَانِ فَرَسِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْ يَتْلُوْهُ؟ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ لَهُ، يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ فِيْهَا، أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ؟ رَجُلٌ يُسْأَلُ بِاللّٰهِ، وَلاَ يُعْطِي بِهِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَيُرْوَى هذا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عَباسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عيه وسلم.

وضاحت: یُسأَلُ: فعل مجہول ہے، معروف پڑھنا صحیح نہیں...... غُنَيْمَة: غَنَمٌ کی تصغیر تقلیل کے لئے ہے۔

بابُ ماجاء في مَنْ سَأَلَ الشَّهَادَةَ

شہادت کی سچی چاہت کا اجر

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اللہ تعالیٰ سے اس کے راستہ میں شہید ہونے کی سچے دل سے دعا مانگے: اللہ تعالیٰ اس کو شہید کا ثواب عنایت فرماتے ہیں''

تشریح: سچے دل سے شہادت کی تمنا اور آرزو کرنے سے بھی شہادت کا ثواب ملتا ہے اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کون سچے دل سے مانگ رہا ہے اور کون اوپرے دل سے، حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ جن کا لقب سیف اللہ (اللہ کی تلوار) ہے جب ان کا انتقال چارپائی پر ہونے لگا تو وہ بہت بے چین تھے، لوگوں نے بے چینی کی وجہ پوچھی تو

فرمایا: میں نے شہادت کی تمنا میں اتنے زخم کھائے ہیں کہ میرے بدن پر کوئی جگہ ایسی نہیں ہے جہاں زخم کا نشان نہ ہو، پھر بھی میں چارپائی پر مر رہا ہوں، یہ تھی شہادت کی سچی طلب، ایسے لوگوں کا مقام یقیناً شہیدوں کے برابر ہے، اور ایک ہم ہیں کہ آپس میں تو خوب لڑتے ہیں، مگر جب جہاد کا موقع آتا ہے تو کواڑ بند کر کے، چارپائی کے نیچے گھس کر نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہیں، اس کو شہادت کی سچی طلب کیسے قرار دیا جا سکتا ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص سچے دل سے اللہ تعالیٰ سے شہادت طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو شہداء کے درجوں تک پہنچاتے ہیں اگرچہ وہ بستر پر مرے!'' یعنی بالفعل جہاد کی طرح عزمِ جہاد (بالقوۃ جہاد) بھی مطلوب ہے اور اس کا بھی بڑا اجر ہے۔

[۱۹-] باب ماجاء فيمن سَأَلَ الشَّهَادَةَ

[۱۶۴۵-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا ابنُ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ مُوْسَى، عَنْ مَالِكِ بنِ يَخَامِرَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْقَتْلَ فِيْ سَبِيْلِهِ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ: أَعْطَاهُ اللّٰهُ أَجْرَ الشَّهِيْدِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۶۴۶-] حدثنا محمدُ بنُ سَهْلِ بنِ عَسْكَرٍ، ثَنَا الْقَاسِمُ بنُ كَثِيْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحمنِ بنُ شُرَيْحٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بنَ أَبِيْ أُمَامَةَ بنِ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ مِنْ قَلْبِهِ صَادِقًا: بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ، وَإِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ''

هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حديثِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ شُرَيْحٍ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ شُرَيْحٍ، وَعَبْدُ الرحمنِ بنُ شُرَيْحٍ: يُكْنَى أَبَا شُرَيْحٍ، وَهُوَ إِسْكَنْدَرَانِيٌّ؛ وفی الباب: عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ.

بابُ ماجاء في الْمُجَاهِدِ وَالْمَكَاتَبِ وَالنَّاكِحِ: وَعَوْنِ اللّٰهِ إِيَّاهُمْ

مجاہد کی، مکاتب کی، اور نکاح کرنے والے کی اللہ تعالیٰ مدد کرتے ہیں

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کی مدد کرنا اللہ پر حق (لازم) ہے (اللہ پر کوئی چیز لازم نہیں اور اس تعبیر کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے ان کی مدد کا قطعی اور یقینی وعدہ ہے) ایک راہ خدا میں جہاد کرنے والا، دوسرا: وہ غلام جس نے اپنے آقا سے کتابت کا معاملہ کیا ہو اور اس کا ارادہ بدلِ کتابت ادا کرنے کا ہو،

تیسرا: وہ نکاح کرنے والا جو پاک دامنی کا ارادہ رکھتا ہو (اگر وہ معروف طریقے پر خرچ کرے اور فضول خرچی نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی ضرور مدد فرماتے ہیں)

تشریح: مذکورہ تین شخصوں میں حصر نہیں، اس لئے کہ ذکرِ عدد نفی ماعدا کو مستلزم نہیں اور اسی لئے حنفیہ نے مفہوم عدد کا اعتبار نہیں کیا، تجربات سے یہ بات ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ اور لوگوں کی بھی مدد فرماتے ہیں، مثلاً دینی کتاب کی طباعت کے لئے قرض لینے والے کی اور فرجِ صحیح کرنے کے لئے قرض لینے والے کی اللہ تعالیٰ ضرور مدد کرتے ہیں، اور غیب سے اس کی ادائیگی کا انتظام فرماتے ہیں، البتہ شرط یہ ہے کہ قرض ادا کرنے کا پختہ ارادہ ہو اور اس کے لئے کوشش بھی جاری رکھے۔

اس کے بعد باب میں جو دوسری حدیث ہے وہ حقیقت میں آئندہ باب کی ہے، مصری نسخہ میں وہ حدیث آئندہ باب کے آخر میں ہے، مگر چونکہ ہمارے نسخہ میں یہ حدیث یہاں ہے اس لئے یہاں اس کا ترجمہ پڑھ لیں، لیکن یہ بات ذہن میں رکھیں کہ اس کا تعلق آئندہ باب سے ہے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو بھی مسلمان آدمی اونٹنی کو دو مرتبہ دوہنے کے درمیان کے وقفہ کے بقدر یعنی تھوڑی دیر کے لئے بھی راہِ خدا میں لڑے تو اس کے لئے جنت ثابت ہو جاتی ہے، اور جو شخص راہِ خدا میں کوئی بھی زخم لگایا جائے یا اس پر کوئی افتاد پڑے (جیسے گھوڑا مر گیا یا سامان چوری ہو گیا) تو وہ زخم قیامت کے دن یقیناً آئے گا زیادہ سے زیادہ تازہ ہو کر جو کہ وہ تھا (یعنی جس وقت زخم لگا تھا ویسا ہی تازہ زخم ہو کر آئے گا) اس کا رنگ زعفرانی ہوگا، اور اس کی خوشبو مشک جیسی ہوگی (اور وہ اس زخم سے لطف اندوز ہوگا، اسی طرح جو افتاد اس پر پڑی ہے وہ بھی قیامت کے دن اسی طرح آئے گی تاکہ اس کی مظلومیت خوب ظاہر ہو)

[۲۰-] باب ماجاء في الْمُجَاهِدِ والْمُكَاتَبِ وَالنَّاكِحِ: وَعَوْنِ اللّٰهِ إِيَّاهُمْ

[۱۶۴۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَوْنُهُمْ: الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَالْمُكَاتَبُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْأَدَاءَ، وَالنَّاكِحُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۱۶۴۸-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا ابنُ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ مُوْسَى، عَنْ مَالِكِ بنِ يَخَامِرَ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوْ نُكِبَ نَكْبَةً، فَإِنَّهَا تَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَغْزَرِ مَا كَانَتْ: لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَرِيْحُهَا كَالْمِسْكِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

لغات: النَّکْبَةُ: مصیبت، نَکَبَ الدھرُ فلاناً: زمانہ کا کسی پر مصیبت لانا...... فإنها: أی النکبة التی فیھا الجرح...... أَغْزَر: اسم تفضیل، مضاف، غَزُرَ (ک) غَزَارَۃ: بہت ہونا، کثیر ہونا۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ مَنْ یُکْلَمُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ

جہاد میں زخم لگنے کی فضیلت

حدیث: کوئی بھی راہِ خدا میں زخمی نہیں کیا جاتا ــــ اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں اس کو جو راہِ خدا میں زخمی کیا جاتا ہے ــــ مگر آئے گا وہ زخم قیامت کے دن: رنگ خون کا رنگ ہوگا اور خوشبو مشک جیسی ہوگی۔

تشریح: قیامت کے دن شہید کے اور محض زخمی ہونے والے کے یہ ہرے زخم اس کی جزائے خیر ہونگے، اور وہ ان سے لطف اندوز ہوگا ''مشک جیسی خوشبو'' میں اس طرف اشارہ ہے اور اس بات کو سمجھنے کے لئے تین باتیں جاننی ضروری ہیں:

۱- اعمال اپنی ہیئت وصورت کے ساتھ یعنی کما ھی نفس کے ساتھ چپک جاتے ہیں لہٰذا شہید کی ''صورتِ شہادت'' بھی اس کے نفس کے ساتھ وابستہ ہوجاتی ہے۔

۲- عمل اور اس کی جزا میں تضائف کا تعلق ہے، یعنی ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہے، جیسے ابوّت و بنوّت، اس لئے عمل میں جزا کی شان پیدا ہوجاتی ہے اور جزاء میں عمل کا اثر پہنچ جاتا ہے اس کی مثال یہ ہے: ملازم کو مہینہ ختم ہونے پر جو تنخواہ ملتی ہے وہ اس کی مہینہ بھر کی محنت کا ثمرہ ہے اور وہ مہینہ بھر جو کام پر حاضری دیتا ہے وہ بامید تنخواہ دیتا ہے، اسی طرح شہید کی صورت شہادت میں بھی جزاء کی شان جلوہ گر ہوجاتی ہے۔

۳- مجازات کا مدار مماثلت پر ہے، آخرت میں نعمت وراحت عمل کی قریب ترین صورت میں متمثل ہونگے، پہلے آیا ہے کہ جیسا جانور قربان کیا ہوگا ویسا ہی آخرت میں ملے گا، البتہ مماثلت میں آخرت کے احوال کا لحاظ ہوگا۔

جب یہ باتیں جان لیں تو اب یہ بات آسانی سے سمجھ میں آجائے گی کہ جب قیامت کے دن میدانِ محشر میں شہید حاضر ہوگا تو اس پر اس کا عمل ظاہر ہوگا، یعنی وہ ہرے زخموں کے ساتھ آئے گا اور وہ ان سے لطف اندوز ہوگا۔

(رحمۃ اللہ ۵:۳۸۸)

اور اس طرح آنے میں حکمت یہ ہے کہ میدانِ حشر میں اس کی مظلومیت ظاہر ہو، لوگ دیکھیں کہ جس نے دنیا کو سنوارنے کا بیڑا اٹھایا تھا: اس کے ساتھ لوگوں نے کیا کیا ہے؟ اور لوگوں کو بھی ندامت ہو کہ ہم نے اپنے محسن کے ساتھ کیا کیا ہے!

ملحوظہ: گذشتہ باب کی دوسری حدیث اس باب کی ہے، مصری نسخہ میں وہ اس باب کے آخر میں ہے۔

[۲۱-] باب ماجاء فی فَضْلِ مَنْ يُكْلَمُ فِیْ سبيل الله

[۱۶۴۹-] حدثنا قُتَيبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَايُكْلَمُ أَحَدٌ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ – وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ– إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ، وَالرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِیْ هريرةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

لغت: كَلَمَه(ض) كَلْمًا: زخمی کرنا، کلمہ (بات) کواسی لئے کلمہ کہتے ہیں کہ کبھی وہ دل کو زخمی کر دیتا ہے۔

بابٌ: أَیُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟

کونساعمل بہتر ہے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: سب سے افضل عمل کونسا ہے یا سب سے بہتر عمل کونسا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا'' پوچھا گیا: پھر کونسا عمل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جہاد عمل کی کوہان ہے'' پھر پوچھا گیا: یارسول اللہ! پھر کیا چیز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''پھر مقبول حج ہے''

تشریح: اعمال کے بارے میں پوچھا گیا ہے کہ سب سے افضل عمل کونسا ہے؟ جواب میں نبی ﷺ نے اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لانے کو سب سے بہتر عمل قرار دیا ہے، یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ تو عقیدہ ہے عمل کہاں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ایمان کی دو جہتیں ہیں: ایک جہت سے وہ امر باطنی (مخفی چیز) ہے یعنی تصدیق قلبی اور اعتقاد کا نام ایمان ہے، اور دوسری جہت سے وہ امر ظاہر ہے چونکہ اعمال صالحہ ایمان پر متفرع ہوتے ہیں یعنی اعمال: ایمان کا پیکر محسوس ہیں اس لئے اعمال بھی ایمان ہیں، اور اسی جہت سے ایمان پر اسلام کا اطلاق ہوتا ہے، نصوص میں ایمان واسلام ایک دوسرے کی جگہ استعمال کئے جاتے ہیں، یہاں اسی جہت سے ایمان کو بہترین عمل قرار دیا ہے۔

اور جہاد اعمالِ اسلامی کی کوہان ہے، اونٹ کی کوہان اس کا سب سے بلند حصہ ہوتی ہے، اسی طرح اعمال اسلامیہ میں اہم ترین عمل جہاد ہے کیونکہ اس کے ذریعہ دین کی اور شعائر دین کی خوب تشہیر ہوتی ہے اور دین سر بلند ہوتا ہے اس لئے ایمان کے بعد جہاد کا مرتبہ ہے، پھر حج مقبول کا درجہ ہے اس کی تفصیل کتاب الحج (باب۲) میں گذر چکی ہے۔

[۲۲-] بابُ أَیُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟

[۱۶۵۰-] حدثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ

رضی اللہ عنہ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَیُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ أَوْ: أَیُّ الْأَعْمَالِ خَیْرٌ؟ قَالَ:" إِیْمَانٌ بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہِ" قِیْلَ: ثُمَّ أَیُّ شَیْئٍ؟ قَالَ:" الْجِھَادُ سِنَامُ الْعَمَلِ" قِیْلَ: ثُمَّ أَیُّ شَیْئٍ یَارسولَ اللّٰہِ؟ قَالَ:" ثُمَّ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ"

ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ عَنْ أَبِیْ ھریرۃَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

لغت:بَرَّ حجُّه بِرًّا: قبول ہونا،مَبْرُوْرٌ:اسم مفعول بمعنی مقبول۔

بابٌ

جنت کے دروازے تلواروں تلے ہیں

پرانے زمانہ میں جب لڑائی شروع ہوتی تھی اورفوجیں صف درست کرلیتی تھیں تو ان میں جوش پیدا کرنے کے لئے مقررین ان کے سامنے تقریر کرتے تھے،اورشعراء اپنا کلام پڑھتے تھے،اب فوجیوں کے سامنے دھن بجائی جاتی ہے،جس سے فوجی لڑنے کے لئے بے تاب ہوجاتے ہیں۔ایسے ہی کسی موقع پر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے تقریر میں یہ حدیث سنائی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے:''جنت تلواروں کی جھنکار تلے ہے'' یعنی جہاد میں شرکت دخولِ جنت کا بہترین سبب ہے جیسے جنت ماں کے پیروں تلے ہے یعنی ماں کے ساتھ حسن سلوک دخولِ جنت کا بہترین ذریعہ ہے۔یہ حدیث سن کر صف میں سے ایک شخص آگے بڑھا، وہ پراگندہ حال تھا،اس نے پوچھا: آپؓ نے خود یہ حدیث آنحضور ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے فرمایا: ہاں! پس وہ اپنے ساتھیوں کے پاس گیا جن کی ڈیوٹی اس شفٹ میں نہیں تھی،ان کو سلام رخصت کیا اور تلوار اٹھائی،میان توڑ دیا،اور میدان میں اترا،اورلڑتے ہوئے شہید ہوگیا۔

ملحوظہ: یہاں مصری نسخہ میں یہ باب ہے:باب ما ذُکر أن أبوابَ الجنة تحت ظِلَالِ السُّیُوْفِ۔

[۲۳-] بابٌ

[۱۶۵۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا جَعْفَرُ بنُ سُلَیْمَانَ الضُّبَعِیُّ، عَنْ أَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ، عَنْ أَبِیْ بَکْرِ بنِ أَبِیْ مُوْسَی الْأَشْعَرِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ بِحَضْرَۃِ الْعَدُوِّ، یُقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم " إِنَّ أَبْوَابَ الْجَنَّةِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّیُوْفِ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ رَثُّ الْھَیْئَةِ: أَنْتَ سَمِعْتَ ھٰذَا مِنْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَذْکُرُہُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَرَجَعَ إِلٰی أَصْحَابِہِ، قَالَ: أَقْرَأُ

عَلَيْكُمُ السَّلَامَ، وَكَسَرَ جَفْنَ سَيْفِهِ، فَضَرَبَ بِهِ حَتَّى قُتِلَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ جَعْفَرِ بنِ سُلَيْمَانَ، وَأَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الملكِ بنُ حَبِيْبٍ، وَأَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِيْ مُوْسَى: قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: هُوَ اسْمُهُ.

وضاحت: بحضرة العدوِّ: دشمن کی موجودگی میں یعنی جب آمنے سامنے صفیں بن چکی تھیں...... امام احمد نے فرمایا: ابوبکر بن ابی موسیٰ کا نام ہی ابوبکر ہے، یہ کنیت نہیں۔

بابُ ماجاءَ أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟

لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: لوگوں میں سب سے افضل کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ شخص جو اللہ کے راستہ میں جہاد کرتا ہے، لوگوں نے عرض کیا: پھر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ مؤمن جو کسی گھاٹی (دو پہاڑوں کے درمیان کھلی جگہ) میں رہتا ہے، اپنے رب سے ڈرتا ہے اور لوگوں کو اپنے ضرر سے بچاتا ہے یعنی کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتا۔

[۲۴-] باب ماجاء أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟

[۱۶۵۲-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، ثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَيُّ النَّاسِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "رَجُلٌ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" قَالُوْا: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: "مُؤْمِنٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ، يَتَّقِيْ رَبَّهُ، وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

شہید کے لئے مخصوص ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک شہید کے لئے چھ باتیں ہیں: (۱) شہید کی مغفرت کردی جاتی ہے اول وہلہ ہی میں یعنی شہادت سے سرفراز ہوتے ہی (علاوہ حقوق العباد کے) (۲) وہ جنت میں اپنا مقام دیکھ لیتا ہے (جب وہ جنت میں چرنے چگنے جاتا ہے) (۳) وہ عذاب قبر سے محفوظ رکھا جاتا ہے اور وہ قیامت کے دن کی بڑی گھبراہٹ سے بھی محفوظ رہتا ہے یعنی جب قیامت قائم ہوگی اور لوگ بڑی گھبراہٹ میں مبتلا ہوں گے تو

شہید کو کوئی گھبراہٹ نہیں ہوگی (۴) اس کو وقار (عظمت، شان وشوکت) کا تاج پہنایا جائے گا جس کا ایک ہیرا دنیا ومافیہا سے بہتر ہوگا (۵) اور بڑی آنکھوں والی گوری عورتوں (حوروں) میں سے بہتر بیویوں سے اس کی شادی کی جائے گی (۶) اوراس کے رشتہ داروں میں سے ستر کے حق میں اس کی سفارش قبول کی جائے گی۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنتیوں میں سے کوئی نہیں جس کو اس بات کی خوشی ہو کہ وہ دنیا کی طرف واپس لوٹے، علاوہ شہید کے، پس وہ پسند کرتا ہے کہ دنیا کی طرف لوٹے، وہ کہے گا: میں اتنی مرتبہ دنیا کی طرف لوٹنا چاہتا ہوں کہ دس مرتبہ راہِ خدا میں مارا جاؤں، اوراس کی یہ تمنا اس اعزاز واکرام کی وجہ سے ہوگی جس سے اللہ تعالیٰ اس کو سرفراز کریں گے۔

ملحوظہ: مصری نسخہ میں یہ باب ہے: **باب فی ثواب الشهيد**۔

[۲۵-] بابٌ

[۱۶۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبدِ الرحمنِ، ثَنَا نُعَيْمُ بنُ حَمَّادٍ، ثَنَا بِقيَّةُ بنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ بُحَيْرِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ خالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنِ الْمِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”لِلشَّهِيْدِ عِنْدَ اللّٰهِ سِتُّ خِصَالٍ: يُغْفَرُ لَهُ فِيْ أَوَّلِ دَفْعَةٍ، وَيَرَى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَيُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَيَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الأَكْبَرِ، وَيُوْضَعُ عَلٰى رَأْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ، الْيَاقُوْتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَافِيْهَا، وَيُزَوَّجُ اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ زَوْجَةً مِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ، وَيُشَفَّعُ فِيْ سَبْعِيْنَ مِنْ أَقَارِبِهِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۱۶۵۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، ثَنَا أَنَسُ بنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلٰى الدُّنْيَا، غَيْرُ الشَّهِيْدِ، فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، يَقُوْلُ: حَتَّى أُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، مِمَّا يَرَى مِمَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ مِنَ الْكَرَامَةِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، حدثنا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ حدثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

وضاحت: خصال: **خصلة** کی جمع ہے: عادت (اچھی یا بری) مراد: بات ...... یَریٰ: معروف یُرَی مجہول بھی پڑھا جاسکتا ہے یعنی دکھلایا جاتا ہے ...... **يُجَار**: مضارع مجہول از أَجَارَه: پناہ دینا، قرآن میں ہے: ﴿هُوَ يُجِيْرُ، وَلاَ يُجَارُ عَلَيْهِ﴾ ...... **شَفَّعَه**: اس کی سفارش قبول کی جاتی ہے ...... **مما يرى**: أى من أَجْلِ ما يرى۔

سرحد کا پہرہ دینے والے کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''راہِ خدا میں ایک دن سرحد کا پہرہ دینا دنیا و ما علیہا سے بہتر ہے، اور ایک شام لڑنا: جو کوئی بندہ راہِ خدا میں لڑے یا ایک صبح لڑنا دنیا و ما علیہا سے بہتر ہے، اور جنت میں تم میں سے ایک کی کوڑے کی جگہ دنیا و ما علیہا سے بہتر ہے'' (دنیا و مافیہا اور دنیا و ما علیہا کا ایک مطلب ہے)

حدیث (۲): محمد بن المنکدر رکہتے ہیں: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ شرحبیل بن السِّمْط (فوج کے کمانڈر) کے پاس سے گذرے، جبکہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ سرحد پر پہرہ دے رہے تھے اور ان پر اور ان کے ساتھیوں پر پہرہ دینا شاق گذر رہا تھا، یعنی سرحد پر پڑے پڑے تنگ آ گئے تھے، پس حضرت سلمانؓ نے فرمایا: اے ابن السمط: کیا میں آپ کو وہ حدیث سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: کیوں نہیں یعنی ضرور سنایئے، حضرت سلمانؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ کے راستہ میں ایک دن پہرہ دینا افضل ہے اور کبھی کہا: بہتر ہے ایک ماہ کے روزوں اور نفلوں سے، اور جو شخص سرحد کا پہرہ دیتے ہوئے وفات پائے وہ قبر کے عذاب سے محفوظ رکھا جاتا ہے اور اس کے لئے اس کا عمل بڑھایا جاتا ہے قیامت تک''

جو جہاد کا اثر لئے بغیر مرے اس میں دراڑ ہوگی

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے جہاد کا کوئی اثر لئے بغیر ملے گا: اس میں دراڑ ہوگی''

تشریح: یہ وعید اس صورت میں ہے جبکہ کوئی عذر نہ ہو، اگر کسی عذر کی وجہ سے جہاد فوت ہو جائے، آدمی کی اپنی کوتاہی اس میں شامل نہ ہو مثلاً آدمی نابینا، اندھا، لنگڑا یا لولا ہے، اس لئے جہاد میں شرکت نہیں کر سکا یا کسی زمانہ میں با قاعدہ جہاد جاری نہیں، جیسے آج کل تو وہ اس وعید کا مصداق نہیں، ایسی صورت میں جہاد کی نیت پر بھی جہاد کا ثواب ملے گا، جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک سے لوٹے، اور مدینہ قریب آیا تو فرمایا: ''مدینہ میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو پورے جہاد میں تمہارے ساتھ رہے ہیں، تم جو بھی راستہ چلے ہو یا جو بھی میدان طے کیا ہے: وہ تمہارے ساتھ تھے اور ایک روایت میں ہے: ''وہ تمہارے ساتھ ثواب میں شریک تھے'' صحابہ نے پوچھا: یا رسول اللہ! مدینہ میں رہتے ہوئے؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں مدینہ میں رہتے ہوئے، کیونکہ ان کو عذر نے روک رکھا ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۳۸۱۵)

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، اس کی اسماعیل بن رافع سے اوپر یہی ایک سند ہے اور اسماعیل متکلم فیہ راوی ہے، بعض علماء نے اس کی تضعیف کی ہے اور بعض نے توثیق، امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک وہ مقارب الحدیث ہے، مقارب الحدیث: الفاظ جرح میں سے ہے یا الفاظ تعدیل میں سے؟ اس میں اختلاف ہے اور اصح یہ ہے کہ یہ الفاظ

تعدیل میں سے ہے، مگر معمولی درجہ کی تعدیل ہے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۱۹۹ کتاب الطہارۃ باب ۳) میں گذر چکی ہے۔

اور اس سے اوپر والی حدیث یعنی حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی حدیث منقطع ہے، کیونکہ محمد بن المنکدر کا حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں، البتہ یہ حدیث ایوب بن موسیٰ سے بھی مروی ہے اور ان کی سند متصل ہے، اس لئے حدیث صحیح ہے۔

[١٦٥٥-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِی النَّضْرِ، ثَنِی أَبُوْ النَّضْرِ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" رِبَاطُ يَوْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا عَلَیْهَا، وَالرَّوْحَةُ: یَرُوْحُهَا الْعَبْدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، أَوِ الغَدْوَةُ: خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا عَلَیْهَا؛ وَمَوْضِعُ سَوْطِ أَحَدِكُمْ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا عَلَیْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٦٥٦-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، ثَنَا مُحمدُ بنُ الْمُنْكَدِرِ قَالَ: مَرَّ سَلْمَانُ الْفَارِسِیُّ بِشُرَحْبِیْلَ بنِ السِّمْطِ، وَهُوَ فِیْ مُرَابَطٍ لَهُ، وَقَدْ شَقَّ عَلَیْهِ وَعَلٰى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَلاَ أُحَدِّثُكَ یَا ابنَ السِّمْطِ بِحَدِیْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" رِبَاطُ يَوْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ أَفْضَلُ، وَرُبَّمَا قَالَ: خَیْرٌ مِنْ صِیَامِ شَهْرٍ وَقِیَامِهِ، وَمَنْ مَاتَ فِیْهِ وُقِیَ فِتْنَةَ الْقَبْرِ، وَنُمِّیَ لَهُ عَمَلُهُ إِلٰى يَوْمِ الْقِیَامَةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[١٦٥٧-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا الْوَلِیْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بنِ رَافِعٍ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ لَقِیَ اللّٰهَ بِغَیْرِ أَثَرٍ مِنْ جِهَادٍ لَقِیَ اللّٰهَ وَفِیْهِ ثُلْمَةٌ"

هٰذا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِیْثِ الْوَلِیْدِ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بنِ رَافِعٍ، وَإِسْمَاعِیْلُ بنُ رَافِعٍ: قَدْ ضَعَّفَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِیْثِ، وَسَمِعْتُ محمداً يَقُوْلُ: هُوَ ثِقَةٌ، مُقَارِبُ الْحديثِ.

وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَیْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِیْ هريرةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وَحَدِیْثُ سُلْمَانَ: إِسْنَادُهُ لَیْسَ بِمُتَّصِلٍ، مُحمدُ بنُ الْمُنْكَدِرِ لَمْ یُدْرِكْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیَّ.

وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَیُّوْبَ بنِ مُوْسَى، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ شُرَحْبِیْلَ بنِ السِّمْطِ، عَنْ سَلْمَانَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وضاحت: مُرَابَط: اسم ظرف، پہرہ دینے کی جگہ...... نَمَى الشيئَ وَنُمِّیَ: بلند کرنا، حیثیت بڑھانا...... ثُلْمَة: رخنہ، دراڑ، ٹوٹی ہوئی جگہ، یہ کھنڈا پن خود اس شخص میں ہوگا، پس اس کے دین میں بھی دندانہ ہوگا۔

پہرہ دینے کی فضیلت کی ایک اور روایت

حدیث (۴): حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں منبر رسول اللہ ﷺ سے لوگوں کو حدیث سنائی، فرمایا: میں نے آپ لوگوں سے ایک حدیث چھپا رکھی تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے، ناپسند کرتے ہوئے آپ لوگوں کے جدا ہونے کو مجھ سے یعنی میں سوچتا تھا کہ اگر میں یہ حدیث سناؤں گا تو لوگ جہاد کے لئے نکل کھڑے ہونگے، اور میں مدینہ میں اکیلا رہ جاؤں گا اور اکیلا حکومت کیسے چلاؤں گا، پھر میرے لئے یہ بات ظاہر ہوئی کہ میں یہ حدیث آپ لوگوں سے بیان کر دوں یعنی اب میں یہ خیال کرتا ہوں کہ مجھے یہ حدیث سنا دینی چاہئے، تاکہ ہر شخص اپنے لئے جو اس کی رائے ہوا اختیار کرے، یعنی اللہ کے راستہ میں نکلنا چاہے تو نکلے اور میرے پاس ٹھہرنا چاہے تو ٹھہرے، میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: ''راہِ خدا میں ایک دن پہرہ دینا اس کے علاوہ جگہوں میں ہزار دن (کی عبادت) سے بہتر ہے''

شہید کو چٹکی بھرنے کے بقدر تکلیف ہوتی ہے

حدیث (۵): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شہید کو قتل ہونے کی تکلیف بس اتنی ہوتی ہے جتنی تم میں سے کسی کو چٹکی بھری جائے تو ہوتی ہے''

تشریح: کچھ باتیں ایسی ہوتی ہیں جن پر دلیل عقلی قائم نہیں کی جا سکتی، وہ وجدان سے سمجھی جا سکتی ہیں یا تجربہ کے بعد سمجھ میں آتی ہے، یہ بات کہ شہید کو چٹکی بھرنے کے بقدر تکلیف ہوتی ہے: ایسی ہی بات ہے، اور مجاہدین کے واقعات پڑھنے سے اس کی تصدیق ہوتی ہے، جنگ میں ہاتھ کٹ کر لٹک جاتا تھا وہ اس کو پیر سے دبا کر توڑ دیتے تھے، اور لڑتے رہتے تھے، اور جسم زخموں سے چور ہو جاتا تھا مگر آخر دم تک لڑتے رہتے تھے، ایسے بے شمار واقعات ہیں جس سے واضح ہوتا ہے کہ شہید کو چٹکی بھرنے کے بقدر تکلیف ہوتی ہے۔

اللہ کو دو قطرے اور دو نشان محبوب ہیں

حدیث (۶): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو دو قطرے اور دو نشان بہت پسند ہیں، ایک: آنسو کا قطرہ جو اللہ کے خوف سے نکلے، دوسرا: خون کا قطرہ جو اللہ کے راستہ میں بہایا جائے، اور رہے دو نشان: تو ان میں سے ایک نشان وہ ہے جو راہِ خدا میں لگے، یعنی مجاہد کو کوئی زخم لگے اور اس کا نشان باقی رہ جائے تو یہ نشان اللہ کو بہت پسند ہے، دوسرا: وہ نشان جو اللہ کے فرائض میں سے کسی فرض کی ادائیگی میں ظاہر ہو، جیسے نماز میں بائیں پاؤں پر ٹخنے کے پاس نشان پڑ جاتا ہے یا ماتھے پر نشان پڑ جاتا ہے، یہ نشان بھی اللہ کو بہت پسند ہے، مگر ماتھے کا بناوٹی نشان مراد نہیں، بلکہ بکثرت

سجدے کرنے سے جو واقعی نشان پڑ جاتا ہے وہ حدیث کا مصداق ہے۔

[۱۶۵۸-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا هِشَامُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، ثَنِي أَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بنُ مَعْبَدٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ بنِ عَفَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَقُوْلُ: إِنِّيْ كَتَمْتُكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، كَرَاهِيَةَ تَفَرُّقِكُمْ عَنِّيْ، ثُمَّ بَدَالِيْ أَنْ أُحَدِّثُكُمُوْهُ، لِيَخْتَارَ امْرُؤٌ لِنَفْسِهِ مَا بَدَا لَهُ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيْ مَاسِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، قَالَ مُحمدٌ: أَبُوْ صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ: اسْمُهُ تُرْكَانُ.

[۱۶۵۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَأَحْمَدُ بنُ نَصْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا ثَنَا صَفْوَانُ بنُ عِيْسَى، ثَنَا مُحمدُ بنُ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا يَجِدُ الشَّهِيْدُ مِنْ مَسِّ الْقَتْلِ إِلَّا كَمَا يَجِدُ أَحَدُكُمْ مِنْ مَسِّ الْقَرْصَةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۱۶۶۰-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ، ثنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ جَمِيْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِيْ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَيْسَ شَيْئٌ أَحَبَّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ قَطْرَتَيْنِ وَأَثَرَيْنِ: قَطْرَةِ دُمُوْعٍ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، وَقَطْرَةِ دَمٍ تُهْرَاقُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَأَمَّا الْأَثَرَانِ! فَأَثَرٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وأَثَرٌ فِيْ فَرِيْضَةٍ مِنْ فَرَائِضِ اللّٰهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

لغت: القَرْصة: چٹکی، انگلیوں سے پکڑ کر گوشت ملنا، قَرَصَ (ن) لَحْمَه: چٹکی بھرنا، قَرَصَه الْبُرْغوث: پسّو کا کاٹنا۔

﴿الحمدللہ! ابواب فضائل الجہاد کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾



بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبو ابُ الجهادِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جہاد (قتال فی سبیل اللہ) کا بیان

بابٌ فی أَهْلِ الْعُذْرِ فی الْقُعُوْدِ

معذوروں پر جہاد نہیں

اگر کوئی سماوی عذر ہو، جیسے نابینا، بوڑھا، لنگڑا یا لولا ہو تو ایسے لوگوں پر جہاد فرض نہیں، نیز عورت پر بھی جہاد فرض نہیں، عورت ہونا بھی عذر ہے۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آیت پاک: ﴿لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ﴾ نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پاس ہڈی یا فرمایا: تختی لاؤ (کَتِف سے اونٹ کے شانے کی ہڈی مراد ہے، اس پر لکھتے تھے) پس آپؐ نے یہ آیت لکھوائی، اور حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ جو نابینا تھے آنحضور ﷺ کے پیچھے بیٹھے ہوئے تھے، انھوں نے عرض کیا: کیا میرے لئے رخصت ہے؟ پس یہ ٹکڑا نازل ہوا: ﴿غَیْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾

تشریح: سورۃ النساء آیت ۹۵ پہلے اس طرح نازل ہوئی تھی ﴿لَایَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ﴾ یعنی اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے والے اور گھروں میں بیٹھے رہنے والے برابر نہیں، نبی ﷺ نے ہڈی یا تختی منگوا کر اس پر یہ آیت لکھوادی، پھر جب ابن ام مکتومؓ نے جو نابینا تھے کھڑے ہو کر سوال کیا کہ یا رسول اللہ! میرے لئے کیا حکم ہے؟ کیا مجھ پر بھی جہاد فرض ہے؟ اس سوال کے جواب میں یہ ٹکڑا نازل ہوا ﴿غَیْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾ یعنی جو عذر والے نہیں ہیں، پس صحابہ آیت کو سمجھ گئے کہ عذر والے کون ہیں؟ مثال سامنے آنے سے یہ بات ان کے لئے واضح ہوگئی۔

پہلے کسی جگہ میں نے یہ مضمون سمجھایا ہے کہ آیات احکام نازل کرنے کے لئے پہلے واقعہ رونما کیا جاتا تھا، پھر جب اس واقعہ کا خوب چرچا ہوتا، اور لوگوں کے اندر حکم کی طلب پیدا ہوتی تو متعلقہ آیتیں نازل کی جاتیں، اور صحابہ بغیر

سمجھائے اس کو سمجھ جاتے، آیت تیمّم اسی طرح نازل ہوئی ہے، پہلے آیت کا ابتدائی حصہ: ﴿فتيمَّمُوْا صَعِيْداً طَيِّبًا﴾ نازل ہوا، تیمّم کا طریقہ نازل نہیں کیا گیا، لوگوں نے اپنی سمجھ کے مطابق پاک مٹی کا قصد کیا، اور مختلف طرح تیمّم کیا، اس کے بعد باقی آیت نازل ہوئی: ﴿فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَأَيْدِيْكُمْ مِنْهُ﴾ اس سے لوگوں نے تیمّم کا طریقہ سیکھ لیا، اسی طرح یہاں بھی پہلے ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ نازل نہیں کیا گیا، پھر جب ابن ام مکتوم نے سوال کیا تو یہ حصہ نازل کیا گیا، جس سے صحابہ خود بخود سمجھ گئے کہ ابن ام مکتومؓ جیسے لوگ معذور ہیں، ان پر جہاد فرض نہیں۔

أبو اب الجهاد

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابٌ فِي أَهْلِ الْعُذْرِ فِيْ القُعُوْدِ

[۱۶۶۱-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ: أَنَّ رسُولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" ائْتُوْنِيْ بِالْكَتِفِ أَوْ: اللَّوْحِ" فَكَتَبَ: ﴿لَايَسْتَوِيْ الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ وَعَمْرُو بنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَقَالَ: هَلْ لِيْ رُخْصَةٌ؟ فَنَزَلَتْ: ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾

وفى الباب: عَنْ ابنِ عَباسٍ، وَجَابِرٍ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ هٰذَا الحديثَ.

وضاحت: حضرت عمرو بن ام مکتومؓ: عبداللہ بن ام مکتوم سے مشہور ہیں، باپ کا نام زائدہ یا قیس یا زیادۃ تھا، قریشی قدیم الاسلام صحابی ہیں، اور نابینا تھے، نبی ﷺ ان کو مدینہ میں اپنا نائب بھی مقرر کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں انتقال ہوا ہے۔

بابُ ماجاء فى مَنْ خَرَجَ إِلَى الْغَزْوِ وَتَرَكَ أَبَوَيْهِ

ماں باپ کو چھوڑ کر جہاد کے لئے نکلنا

اگر ماں باپ: بیٹے کی خدمت کے محتاج ہوں تو جہاد میں نکلنے کا کیا حکم ہے؟ جواب یہ ہے کہ اگر جہاد فرضِ عین ہے تو جہاد مقدم ہے، اور جہاد فرض عین اس وقت ہوتا ہے جب دشمن حملہ آور ہو، اور دفاع کے لئے نفیر عام ہو جائے، یعنی سب مسلمانوں پر جنگ میں شریک ہونا لازم قرار دیا جائے تو جہاد مقدم ہے، ماں باپ کو اللہ کے حوالے کرے

اور جہاد کے لئے نکل کھڑا ہو۔

اور اگر جہاد فرض کفایہ ہے تو والدین کی خدمت مقدم ہے۔ فرضُ الکفایة کی تقدیر عبارت: فرضٌ بقدر الکفایة ہے اور یہی اس کی تعریف ہے، یعنی اتنے لوگوں پر فرض جن سے کام چل جائے، مثلاً گاؤں میں جنازہ ہوا تو تجہیز و تکفین کے لئے جتنے آدمی درکار ہیں: اتنے لوگوں پر میت کی تجہیز و تکفین فرض ہے، باقی پر فرض نہیں، البتہ اولاً یہ فریضہ منتشر ہوتا ہے، اس کا کوئی مصداق متعین نہیں ہوتا اس لئے ہر شخص حکم کا مخاطب ہوتا ہے، پھر جب چند لوگ کھڑے ہوں اور میت کی تجہیز و تکفین کر دیں تو فرضیت ان میں سمٹ آتی ہے اور ان کو فرض ادا کرنے کا ثواب ملتا ہے، اور باقی لوگوں کے لئے حکم مستحب رہ جاتا ہے، جیسے امتحان کے پرچے میں پانچ سوال آتے ہیں، جن میں سے لاعلی التعیین تین مطلوب ہوتے ہیں، یہ تین: پانچ میں سے کوئی بھی ہوسکتے ہیں، جواب لکھنے سے پہلے وہ متعین نہیں، پھر جب طالب عالم نے تین کا انتخاب کر کے پرچہ لکھ دیا تو اب فرضیت ان تین میں سمٹ آئی۔

اسی طرح جہاد کے لئے جتنے افراد درکار ہیں لاعلی التعیین ان پر جہاد فرض ہے اور یہ فریضہ منتشر ہے، کوئی خاص شخص ابھی فرضیت کے لئے متعین نہیں، اس لئے اگر ماں باپ خدمت کے محتاج ہیں تو جہاد میں جانا مستحب ہے، اور والدین کی خدمت فرض عین ہے اس لئے وہ مقدم ہے، اور یہی حکم ہر فرض کفایہ کا ہے: فرض عین اس سے مقدم ہے۔

اس باب کی ایک حدیث ابوداؤد (۱:۳۴۲) میں ہے ایک صاحب خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں جہاد کے لئے آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور ماں باپ کو روتا ہوا چھوڑ کر آیا ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''واپس جاؤ اور ان کو ہنساؤ جس طرح تم نے ان کو رلایا ہے!'' چونکہ اس وقت جہاد فرض عین نہیں تھا، اس لئے آپؐ نے ان کو واپس کر دیا۔

دوسری حدیث یہاں ہے، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک صاحب رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انھوں نے جہاد میں شرکت کی اجازت چاہی، آپؐ نے پوچھا: ''کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟'' انھوں نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: ''تو ان میں جہاد کر'' ان صاحب کو غالباً آپؐ نے اس لئے واپس کر دیا ہوگا کہ جہاد کے لئے مطلوبہ تعداد پوری ہوچکی ہوگی، اور یہ صاحب باہر سے آئے تھے، اور جہاد میں شرکت کے خواہاں تھے، اس لئے آپؐ نے ضرورت نہ ہونے کی وجہ سے ان کو واپس کر دیا، اور ان کو متبادل کام بتا دیا کہ جا کر والدین کی خدمت کرو، کیونکہ یہ بھی ایک طرح کا جہاد ہے۔

[۲-] باب ماجاء فیمَنْ خَرَجَ إلَی الغزْوِ، وَتَرَكَ أَبَوَیْهِ

[۱۶۶۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ، عَنْ سُفْیَانَ، وَشُعْبَةَ، عَنْ حَبِیْبِ بنِ أَبِی

ثَابِتٍ، عَنْ أَبِی الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو قَالَ:" جَاءَ رَجُلٌ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم یَسْتَأْذِنُهُ فِی الْجِهَادِ، فَقَالَ:" أَلَكَ وَالِدَانِ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:" فَفِیْهِمَا فَجَاهِدْ"
وفی الباب: عَنْ ابنِ عباسٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَأَبُوْ الْعَبَّاسِ: هُوَ الشَّاعِرُ الْأَعْمَی الْمَكِّیُّ، واسْمُهُ السَّائِبُ بْنُ فَرُّوْخٍ.

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یُبعَثُ سَرِیَّةً وَحْدَهُ

ایک نفری سریہ کا بیان

سَرِیَّة: فوجی دستہ (پانچ سے تین سو تک) سوال یہ ہے کہ ایک نفری سریہ بھیجا جاسکتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ بھیجا جاسکتا ہے، جیسے یک نفری کمیشن بٹھایا جاسکتا ہے، اور حدیث مختصر ہے، اس کا پورا واقعہ یہ ہے: نبی ﷺ کو کسی مہم پر سریہ بھیجنا تھا مگر امیر بنانے کے لئے کوئی موزوں نام سمجھ میں نہیں آرہا تھا، چنانچہ افراد منتخب کرکے سریہ روانہ کردیا اور ان کو ہدایت کی کہ فلاں راستہ پر روانہ ہوجاؤ، میں پیچھے سے کسی کو امیر بنا کر بھیجوں گا، سریہ روانہ ہوگیا، آپؐ نے پیچھے سے حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کو امیر بنا کر بھیجا اور ان کو ایک تحریر لکھ کردی کہ عبداللہ بن حذافہ تمہارے امیر ہیں، ان کا حکم مانو، وہ تحریر لے کر روانہ ہوئے اور قافلہ سے جا ملے، جب سریہ کے لوگوں نے تحریر دیکھی تو ان کو امیر مان لیا، اسی سریہ کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا ہے کہ امیر صاحب کسی بات پر ناراض ہوگئے، انھوں نے آگ جلوائی اور حکم دیا کہ اس میں کود و، لوگوں میں چہ مگوئیاں ہوئیں کہ امیر کا حکم مانا جائے یا نہیں؟ بعض نے کہا: ہم مسلمان ہی آگ سے بچنے کے لئے ہوئے ہیں اس لئے آگ میں نہیں کودیں گے، بات لمبی ہوگئی اور آگ بجھ گئی اور امیر صاحب کا غصہ بھی ٹھنڈا ہوگیا اور معاملہ رفع دفع ہوگیا، جب سریہ واپس آیا تو انھوں نے نبی ﷺ کو پورا واقعہ بتلایا، آپؐ نے فرمایا: "اگر تم امیر کی اطاعت کرتے اور آگ میں کود جاتے تو ہمیشہ آگ میں رہتے، امیر کی اطاعت صرف نیک کاموں میں ہے، معصیت کے کام میں کسی کی اطاعت نہیں" (بخاری حدیث ۷۱۴۵) غرض یہ یک نفری سریہ نہیں تھا، سریہ تو قافلہ کی شکل میں پہلے روانہ ہوچکا تھا، مگر چونکہ امیر صاحب مدینہ سے قافلہ تک تنہا گئے تھے اس لئے امام ترمذی نے اس کو یک نفری سریہ قرار دیدیا۔

حدیث: ابن جریج کہتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سورۃ النساء کی آیت ۵۹ ﴿أَطِیْعُوْا اللّٰهَ وَأَطِیْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِی الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: نبی ﷺ نے عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ کو ایک سریہ پر امیر بنا کر بھیجا (حضرت ابن عباس کے ارشاد کا مطلب صرف یہ ہے کہ اس قصہ میں یہ آیت نازل ہوئی ہے، آیت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اہل سریہ کو امیر صاحب کی ہر حکم میں اطاعت کرنی چاہئے، کیونکہ معصیت میں کسی کی اطاعت جائز نہیں، حدیث میں ہے: لاطاعة لمخلوق فی معصیة الخالق۔ حضرت مولانا شبیر احمد صاحب عثمانی قدس سرہ فوائد

میں فرماتے ہیں: حاکم اسلام: بادشاہ یا اس کا صوبہ دار یا قاضی یا سردار لشکر اور جو کوئی کسی کام پر مقرر ہو ان کے حکم کا ماننا ضروری ہے جب تک کہ وہ خدا اور رسول کے خلاف حکم نہ دیں اور اگر خدا اور رسول کے حکم کے صریح خلاف کرے تو اس حکم کو ہرگز نہ مانیں (فوائد ترجمہ شیخ الہند)

[۳-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ یُبْعَثُ سَرِیَّۃً وَحْدَہُ

[۱۶۶۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ یَحْییٰ، ثَنَا الْحَجَّاجُ بنُ مُحمدٍ، قَالَ: قَالَ ابنُ جُرَیْجٍ: فِیْ قَوْلِہٖ: ﴿أَطِیْعُوْا اللّٰہَ وَأَطِیْعُوْا الرَّسُوْلَ وَأُوْلِی الْأَمْرِ مِنْکُمْ﴾ قَالَ: عَبْدُ اللّٰہِ بنُ حُذَافَۃَ بنِ قَیْسِ بنِ عَدِیٍّ السَّہْمِیُّ: بَعَثَہُ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَی سَرِیَّۃٍ: أَخْبَرَنِیْہِ یَعْلَی بنُ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِیْدِ بنِ جُبَیْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُہُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابنِ جُرَیْجٍ.

ترجمہ: فقیہ ومحدث عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج نے آیت کی تفسیر میں کہا کہ امیر مثلاً عبداللہ بن حذافہ ان کو رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ کا امیر بنا کر بھیجا تھا، یہ تفسیر ابن جریج کی نہیں ہے، بلکہ ابن عباسؓ کی ہے، ان کو یعلی نے سعید سے روایت کرتے ہوئے بتایا ہے اور سعید اس کو ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاھِیَۃِ أَنْ یُّسَافِرَ الرَّجُلُ وَحْدَہُ

جنگی حالات میں تنہا سفر کرنا مکروہ ہے

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر لوگ جان لیں وہ بات جو تنہا سفر کرنے میں: میں جانتا ہوں تو کوئی مسافر رات میں تنہا سفر نہ کرے''

تشریح: سفر میں ساتھی ضرور ہونے چاہئیں، تنہا سفر کرنا ٹھیک نہیں، خاص طور پر رات میں اور خطرناک حالات میں تنہا سفر نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک سوار شیطان ہے اور دو سوار دو شیطان ہیں، اور تین قافلہ ہیں، یعنی سفر میں کم از کم تین ساتھی ہونے چاہئیں، ایک دو ساتھیوں کا خاص فائدہ نہیں، یہ حکم بدامنی کے زمانہ کے لئے ہے، عام حالات میں تنہا سفر کرنا جائز ہے، اور ایک دو ساتھیوں کے ساتھ بھی سفر کر سکتے ہیں۔

[۴-] باب ماجاء فی کراھیۃ أَنْ یُسَافِرَ الرَّجُلُ وَحْدَہُ

[۱۶۶۴-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَۃَ الضَّبِّیُّ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَاصِمِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِیْہِ،

عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَوْ أَنَّ النَّاسَ يَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ مِنَ الْوَحْدَةِ، مَاسَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ" يَعْنِي وَحْدَهُ.

[۱۶۶۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الرَّاكِبُ شَيْطَانٌ، وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ، والثَّلاَثَةُ رَكْبٌ"

حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَاصِمٍ، وَهُوَ ابنُ مُحمدِ بنِ زَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَحَديثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو حسنٌ.

وضاحت: راکبٌ: اونٹ سوار، مراد مطلق مسافر۔

بابُ ماجاء في الرُّخْصَةِ فِي الْكَذِبِ وَالْخَدِيْعَةِ فِي الْحَرْبِ

جنگ میں چال چلنا جائز ہے

کَذِب (اسم) خلافِ واقعہ بات، مگر یہاں یہ لفظ خدیعہ کا مترادف ہے اور عطف تفسیری ہے، اور خدیعہ کے معنی ہیں: چال چلنا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنگ چال ہے'' یعنی جنگ میں جو چال چلنے میں کامیاب ہوگیا وہی ظفر مندر ہا! اسی طرح مناظرہ میں بھی علمی صلاحیت سے کم اور چال سے زیادہ فائدہ ہوتا ہے، اور چونکہ جنگ میں دشمن کو دھوکہ دینے کے لئے جو چال چلی جاتی ہے وہ کذب کے مشابہ ہوتی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے باب میں لفظ کذب بڑھایا ہے، جیسے دشمن سے کہا: پیچھے دیکھ! اس نے یہ سمجھ کر پیچھے دیکھا کہ شاید پیچھے سے کوئی آ گیا، اور اس کا کام تمام کردیا یا جیسے فوج بظاہر پسپا ہوگئی، جب دیکھا کہ دشمن تتر بتر ہوگیا تو پلٹ کر حملہ کردیا اور میدان سر کرلیا یہ چال چلنا ہے۔

[۵-] باب ماجاء في الرخصة في الكَذِبِ والْخَدِيْعَةِ في الحرب

[۱۶۶۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَنَصْرُ بنُ عَلِيٍّ قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْحَرْبُ خَدْعَةٌ"

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَعَائِشَةَ، وابنِ عَبّاسٍ، وأَبِيْ هريرةَ، وأَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ، وَكَعْبِ بنِ مَالِكٍ، وأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: الخُدْعة (بضم الخاء) چال، دھوکہ، مکروحیلہ، اور الخَدْعة: (بفتح الخاء) ایک چال، ایک بار دھوکہ، یعنی جنگ ایک چال کا نام ہے، ایک چال میں جنگ ختم ہوجاتی ہے اور اس کا فیصلہ ہوجاتا ہے۔

بابُ ماجاء فی غَزَوَاتِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: کَمْ غزَا؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی جنگیں لڑیں؟

حدیث: ابواسحاق کہتے ہیں: میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کے پہلو میں بیٹھا تھا، ان سے پوچھا گیا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے غزوے کیے؟ انھوں نے کہا: انیس، میں نے پوچھا: آپ کتنی جنگوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے؟ انھوں نے کہا: سترہ میں، میں نے پوچھا: ان میں کونسا غزوہ پہلا تھا؟ انھوں نے کہا: ذات العُشیراء یا ذات العسیراء (بڑی شین کے ساتھ یا چھوٹی سین کے ساتھ)

تشریح:

۱- عُشیراء (بالمعجمة) اور عُسیراء (بالمھلمة) شک راوی ہے، اور بخاری میں العُشیراء أو العُسیرۃ ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عُشیرۃ ہی صحیح ہے، جمہور اہل سیر کا اس پر اتفاق ہے اور غزوۂ عسیرۃ (بالمہملہ) غزوۂ تبوک کو کہتے ہیں۔

۲- سب سے پہلا غزوہ کونسا ہے؟ اس میں اختلاف ہے، محمد بن اسحاق وغیرہ کہتے ہیں: سب سے پہلا غزوہ ابواء ہے، پھر بُواط پھر عشیرۃ۔ اسی ترتیب کو امام بخاری رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے، اور اسی کو حافظ رحمہ اللہ نے شرح بخاری میں اختیار کیا ہے، اور بعض علماء اس طرف گئے ہیں کہ پہلا غزوہ عشیرۃ ہے (سیرۃ المصطفیٰ ۲:۴۹)

۳- اور غزوات کی تعداد میں بھی اختلاف ہے، موسی بن عقبہ اور محمد بن اسحاق وغیرہ نے غزوات کی تعداد ستائیس بتائی ہے، اور سعید بن المسیبؒ سے چوبیس، جابر بن عبداللہ سے اکیس، اور زید بن ارقمؓ سے انیس مروی ہے، علامہ سہیلی فرماتے ہیں: وجہ اختلاف یہ ہے کہ بعض علماء نے چند غزوات کو قریب قریب اور ایک سفر میں ہونے کی وجہ سے ایک غزوہ شمار کیا ہے، اس لئے ان کے نزدیک غزوات کی تعداد کم ہوگئی، اور ممکن ہے: بعض کو بعض غزوات کا علم نہ ہوا ہو (سیرۃ المصطفیٰ ۲:۴۴)

[٦-] باب ماجاء فی غَزَوَاتِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: كَمْ غزَا؟

[١٦٦٧-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، وأَبُوْ دَاوُدَ، قَالَا: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: كُنْتُ إِلٰى جَنْبِ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، فَقِيْلَ لَهُ: كَمْ غَزَا النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ غَزْوَةٍ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ، فَقُلْتُ: كَمْ غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: وَأَيَّتُهُنَّ كَانَ أَوَّلَ؟ قَالَ ذَاتُ الْعُشَيْرَاءِ أَوِ: الْعُسَيْرَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: عُشَیْرۃ: جگہ کا نام ہے، آپؐ وہاں تک عیر قریش (قریش کے تجارتی قافلہ) کی طلب میں تشریف

لے گئے تھے، جو تجارتی مال لے کر شام جا رہا تھا، مگر وہ ہاتھ سے نکل گیا۔

بابُ ماجاء فی الصَّفِّ وَالتَّعْبِیَةِ عِنْدَ الْقِتَالِ

لشکر کی صف بندی اور ترتیب دینے کا بیان

عَبّٰی تَعْبِیَةً الجیشَ: کے معنی ہیں: لشکر کو ترتیب دینا، جنگ میں کامیابی کا بڑا مدار اس پر ہے کہ کس فوجی کو کیا کام سونپا جائے اور کس کو کہاں کھڑا کیا جائے، جو کمانڈر اس میں ماہر ہوتا ہے اور موقع محل کے لحاظ سے صفیں ترتیب دیتا ہے: ظفر مندی اس کے قدم چومتی ہے، اور دنیا کے تمام جنگی معاملات کے ماہر متفق ہیں کہ اس فن میں سب سے زیادہ مہارت آنحضور ﷺ کو تھی، جو کمال آپ کو حاصل تھا وہ کمال کسی کو حاصل نہیں ہوا، آپؐ میدان میں صحابہ کو جو جہاں کے لئے موزون ہوتا تھا: متعین فرماتے تھے، جنگ بدر میں جو اسلام کی سب سے پہلی جنگ ہے آپؐ نے رات ہی میں سب کو ان کی جگہیں بتا دی تھیں، چنانچہ صبح ہوتے ہی صحابہ نے اپنے اپنے ٹھکانے پکڑ لئے۔

[٧-] باب ماجاء فی الصَّفِّ و التَّعْبِیَةِ عِنْدَ الْقِتَالِ

[١٦٦٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَیْدٍ الرَّازِیُّ، ثَنَا سَلْمَةُ بنُ الْفَضْلِ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَباسٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، قَالَ: "عَبَّأَ نا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِبَدْرٍ لَيْلًا"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ، هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِیْلَ عَنْ هٰذَا الحدیثِ فَلَمْ یَعْرِفْهُ، وَقَالَ: مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ سَمِعَ مِنْ عِكْرِمَةَ، وَحِیْنَ رَأَیْتُهُ كَانَ حَسَنَ الرَّأْیِ فِیْ مُحمدِ بنِ حُمَیْدٍ الرَّازِیِّ، ثُمَّ ضَعَّفَهُ بَعْدُ.

وضاحت: امام ترمذیؒ کے استاذ محمد بن حمید رازی: حافظ حدیث ہیں، مگر ضعیف ہیں، امام بخاریؒ کی رائے پہلے ان کے بارے میں اچھی تھی، بعد میں ان کی تضعیف کی، یہی راوی یہ حدیث بیان کرتے ہیں، امام بخاری بھی کسی اور کی روایت سے یہ حدیث نہیں جانتے تھے، دوسری کوئی کمزوری سند میں نہیں ہے، محمد بن اسحاق کا عکرمہ سے سماع ہے، پس غرابت ہی اس سند کا عیب ہے۔

بابُ ماجاء فی الدُّعَاءِ عِنْدَ الْقِتَالِ

دورانِ جنگ دعا کرنے کا بیان

کچھ جگہیں اور کچھ زمانے دعا کی قبولیت کے ہیں، ان میں سے ایک: جب جنگ شباب پر ہو اور گھمسان کا رن

پڑ رہا ہو: دعا قبول ہوتی ہے، نبی ﷺ اس وقت میں دشمن کی ہزیمت کی دعا مانگتے تھے، ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو غزوۂ احزاب میں یہ دعا مانگتے سنا ہے: اے اللہ! اے قرآن کے نازل کرنے والے! اے جلد حساب لینے والے! لشکر کے: جتھوں کو شکست دیدے اور ان کے قدم اکھاڑ دے۔

[٨-] باب ماجاء فی الدعاء عند القتال

[١٦٦٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ أَوْفَى قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ – يَعْنِي النبيَّ صلى الله عليه وسلم – يَدْعُوْ عَلَى الأَحْزَابِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ، سَرِيْعَ الْحِسَابِ، اهْزِمِ الأَحْزَابَ وَزَلْزِلْهُمْ"

وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: هَزَمَ (ض) العدوَّ: شکست دینا، ہرانا۔

بابُ ماجاء فی الأَلْوِيَةِ

جھنڈیوں کا بیان

أَلْوِيَة: لِوَاءٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: جھنڈیاں، فوج کی الگ الگ ٹکڑیاں ہوتی ہیں اور ہر ٹکڑی کے لئے الگ جھنڈی ہوتی ہے، جب آنحضرت ﷺ فتح مکہ کے لئے تشریف لے گئے تو دس ہزار کا لشکر تھا، جس کی مختلف ٹکڑیاں تھیں، اور ہر ٹکڑی کے پاس سفید جھنڈی تھی، خود آنحضور ﷺ کی ٹکڑی کی جھنڈی بھی سفید تھی (یہ راوی کا وہم ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے)

[٩-] باب ماجاء فی الأَلْوِيَةِ

[١٦٧٠-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَمُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ، وَمُحمدُ بنُ رَافِعٍ، قَالُوْا: ثَنَا يَحْيَى بنُ آدَمَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَمَّارٍ، هُوَ الدُّهْنِيُّ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ وَلِوَاءُ هُ أَبْيَضُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ يَحْيى بنِ آدَمَ، عَنْ شَرِيْكٍ، وَسَأَلْتُ مُحمداً عَنْ هٰذَا الحديثِ فَلَمْ يَعْرِفْهُ إِلَّا مِنْ حديثِ يَحْيَى بنِ آدَمَ، عَنْ شَرِيْكٍ، وَقَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

قَالَ مُحمدٌ: وَالْحديثُ هُوَ هٰذَا، وَالدُّهْنُ: بَطْنٌ مِنْ بَجِيْلَةَ، وَعَمَّارُ الدُّهْنِيُّ: هُوَ عَمَّارُ بنُ مُعَاوِيَةَ الدُّهْنِيُّ، وَيُكْنَى أَبَا مُعَاوِيَةَ، وَهُوَ كُوْفِيٌّ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ.

وضاحت: یہ حدیث کہ فتح مکہ کے دن آپ ﷺ کی جھنڈی سفید تھی: صحیح نہیں، کیونکہ کمانڈر قلبِ لشکر میں رہتا ہے اور اس کے پاس جھنڈی نہیں، جھنڈا ہوتا ہے، جس کا بیان اگلے باب میں آرہا ہے، اور یہ حدیث یحییٰ ہی شریک نخعیؒ سے روایت کرتے ہیں، امام بخاریؒ کو بھی اس کی اور کوئی سند معلوم نہیں تھی، اور شریک کے دیگر متعدد تلامذہ اس سند سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ جب مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ نے کالا عمامہ باندھ رکھا تھا، امام بخاریؒ نے فرمایا: صحیح حدیث یہی ہے، یحییٰ بن آدم کی روایت صحیح نہیں۔

بابٌ فی الرَّایَاتِ

جھنڈوں کا بیان

یہ رَایَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: جھنڈا، لشکر میں ایک بڑا جھنڈا ہوتا ہے جو لشکر کا نشان ہوتا ہے، اور فوج اس کے نیچے لڑتی ہے، آنحضور ﷺ کا جھنڈا ایسا تھا جیسا جمعیۃ علماء ہند کا جھنڈا ہے، یہ جھنڈا چوکور سفید تھا، اور اس میں کالی دھاریاں تھیں، اور دور سے دیکھنے میں کالا نظر آتا تھا، چنانچہ حضرت براءؓ اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کو کالا کہا ہے۔

حدیث (۱): محمد بن قاسم ثقفی رحمہ اللہ جو مشہور جرنیل اور سندھ کے فاتح ہیں انھوں نے اپنے آزاد کردہ غلام یونس کو حضرت براء رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور ان سے نبی ﷺ کے جھنڈے کے بارے میں پوچھا، انھوں نے کہا: آپؐ کا جھنڈا نمرہ کپڑے کا کالا چوکور تھا۔

حدیث (۲): ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا جھنڈا کالا تھا اور آپؐ کی جھنڈی سفید تھی۔

[۱۰-] بابٌ فی الرَّایَاتِ

[۱۶۷۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَحيىَ بنُ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، ثَنَا أَبُوْ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ، ثَنَا يُوْنُسُ بنُ عُبَيْدٍ مَوْلَى مُحمدِ بنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: بَعَثَنِى مُحمدُ بنُ الْقَاسِمِ إِلَى الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، أَسْأَلُهُ عَنْ رَايَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "كَانَتْ سَوْدَاءَ مُرَبَّعَةً مِنْ نَمِرَةٍ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَالْحَارِثَ بنَ حَسَّانٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، وَأَبُوْ يَعْقُوْبَ الثَّقَفِيُّ: اسْمُهُ إِسْحَاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، وَرَوَى عَنْهُ أَيْضًا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى.

[١٦٧٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا يَحْيَى بنُ إِسْحَاقَ هُوَ السَّالِحَانِيُّ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ حَيَّانَ، قَالَ سَمِعْتُ أَبَا مِجْلَزٍ لَاحِقَ بنَ حُمَيْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَتْ رَايَةُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم سَوْدَاءَ، وَلِوَاءُهُ أَبْيَضَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ ابنِ عباسٍ.

وضاحت: آپؐ کی یہ سفید جھنڈی لشکر کی ٹکڑیوں کے پاس رہتی تھی۔

بابُ ماجاء فی الشِّعَارِ

خاص نشان (موٹو) کا بیان

اگر اندیشہ ہو کہ دشمن شب خون مارے گا تو امیر لشکر فوج کے لئے شعار (مخصوص لفظ) مقرر کرے جس کو وہ شب خون کے وقت استعمال کریں تا کہ اپنے آدمی کو پہنچان سکیں، اور شعار قولی بھی ہوتا ہے اور فعلی بھی۔ نبی ﷺ نے ایک جنگ میں فوج کو ہدایت دی کہ اگر دشمن شب خون مارے تو تمہارا شعار ہوگا: حم لَایُنْصَرُوْنَ۔ اور میں نے پہلے یہ بات بتائی ہے کہ نبی ﷺ کی سیرت میں شب خون مارنا نہیں تھا، مگر عربوں میں شب خون مارنے کا رواج تھا، اس لئے نبی ﷺ احتیاطی تدبیر کے طور پر شعار مقرر فرماتے تھے، اور ہر جنگ میں شعار بدل دیتے تھے۔

[١١-] باب ماجاء فی الشِّعَارِ

[١٦٧٣-] حدثنا مَحْمُودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْمُهَلَّبِ بنِ أَبِیْ صُفْرَةَ، عَمَّنْ سَمِعَ النبیَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "إِنْ بَيَّتَكُمُ الْعَدُوُّ فَقُوْلُوْا: حٰمٓ لَايُنْصَرُوْنَ"

وفی الباب: عَنْ سَلَمَةَ بنِ الْأَكْوَعِ، وَهٰكَذَا رَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ مِثْلَ رِوَايَةِ الثَّوْرِیِّ، وَرُوِیَ عَنْهُ عَنِ الْمُهَلَّبِ بنِ أَبِیْ صُفْرَةَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

وضاحت: مہلّب بن ابی صفرہ کا نام ظالم بن سارق ہے، ۸۲ھ میں انتقال ہوا ہے، بڑے کمانڈر تھے، ابواسحاق کہتے ہیں: میں نے ان سے افضل امیر نہیں دیکھا، وہ مرسل روایت کرتے ہیں، صحابی کا نام نہیں لیتے، یاد نہیں رکھا ہوگا، کیونکہ اس زمانہ میں اسناد کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا۔

بابُ ماجاء فی صِفَةِ سَيْفِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ کی تلوار کی ساخت

حدیث: ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے اپنی تلوار حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ کی تلوار کے نمونہ پر بنائی

ہے، اور حضرت سمرۃ فرماتے تھے (زَعَم: قَالَ کے معنی میں ہے) ان کی تلوار رسول اللہ ﷺ کی تلوار جیسی تھی، اور آپؐ کی تلوار حنفی تھی (بنوحنیفہ: عرب کا ایک قبیلہ ہے جس قبیلہ کا مسیلمہ کذاب تھا اس قبیلہ کی طرف تلواریں منسوب تھیں)

فائدہ: جس طرح مدینہ منورہ اور دیگر شہروں کی طرف نسبت کرتے وقت اول میں یاء حذف کر کے مدنی اور ثانی میں یاء باقی رکھ کر مدینی کہتے ہیں، اسی طرح ملتِ حنیفی میں یاء باقی رکھ کر ملت حنیفیہ اور قبیلہ بنوحنیفہ میں اور مذہبِ ابی حنیفہ میں یاء حذف کر کے حنفی کہتے ہیں۔

[۱۲-] باب ماجاء فی صِفَةِ سَیْفِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم

[۱۶۷۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ شُجَاعٍ الْبَغْدَادِیُّ، ثَنَا أَبُوْ عُبَیْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ سَعْدٍ، عَنْ ابنِ سِیْرِیْنَ، قَالَ: صَنَعْتُ سَیْفِیْ عَلٰی سَیْفِ سَمُرَةَ، وَزَعَمَ سَمُرَةُ أَنَّهُ صَنَعَ سَیْفَهُ عَلٰی سَیْفِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَکَانَ حَنَفِیًّا.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ تَکَلَّمَ یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ فِیْ عُثْمَانَ بنِ سَعْدٍ الْکَاتِبِ، وَضَعَّفَهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وضاحت: القَطَّان: روئی کا تاجر...... الکاتِب: دفتر کا منشی یا پرائیویٹ سکریٹری۔

بابٌ فی الْفِطْرِ عِنْدَ الْقِتَالِ

جنگ کے وقت روزہ نہ رکھنے کا بیان

حدیث: ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فتح مکہ کے سال جب نبی ﷺ مر الظہر ان میں پہنچے تو آپؐ نے ہمیں اطلاع دی کہ دشمن سے مڈبھیڑ ہونے والی ہے، پس ہمیں حکم دیا کہ ہم روزے بند کردیں، چنانچہ ہم نے روزے بند کردیئے۔

تشریح: نبی ﷺ فتح مکہ کے لئے دس رمضان کو مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے تھے اور آپؐ اور تمام صحابہ رمضان کے روزے رکھتے ہوئے سفر کر رہے تھے، جب مکہ قریب آیا تو آپؐ نے روزے بند کرنے کا حکم دیا تاکہ فوج کھائے پیئے اور طاقت حاصل کرے، اور اس سلسلہ کے احکام کتاب الصوم باب ۱۸ میں گذر چکے ہیں۔

[۱۳-] بابٌ فی الفِطْرِ عِنْدَ الْقِتَالِ

[۱۶۷۵-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوْسَی، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا سَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ،

عَنْ عَطِیَّةَ بنِ قَیْسٍ، عَنْ قَزعَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الخُدْرِیِّ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم عَامَ الْفَتْحِ مَرَّ الظَّهْرَانِ، فَآذَنَنَا بِلِقَاءِ الْعَدُوِّ، فَأَمَرَنَا بِالْفِطْرِ، فَأَفْطَرْنَا أَجْمَعِیْنَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الْخُرُوْجِ عِنْدَ الْفَزَعِ

خطرے کے وقت گھر سے نکلنے کا بیان

رات میں اگر گھبرا دینے والی کوئی بات پیش آئے تو فوراً سب کو باہر نکلنا چاہئے، گھر میں چھپ کرنہیں بیٹھنا چاہئے، ایک مرتبہ مدینہ منورہ میں رات میں کچھ شور سنائی دیا، سب صحابہ گھروں سے نکل آئے اور شور کی جانب چل پڑے، لوگوں نے دیکھا کہ نبی ﷺ اُدھر سے واپس آرہے ہیں، یعنی آپ ﷺ سب سے پہلے نکلے اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے آنگن میں گھوڑا بندھا ہوا تھا جس کا نام ''مندوب'' تھا، آپ نے وہ گھوڑا کھولا، اور ننگی پیٹھ پر بیٹھ کر دور تک دیکھنے چلے گئے، آپؐ نے صحابہ سے فرمایا: ''گھبراؤ نہیں، میں دور تک دیکھ آیا ہوں، خطرے کی کوئی بات نہیں'' پھر آپؐ نے فرمایا: یہ گھوڑا سمندر ہے یعنی بڑا سبک رفتار، تیز رو ہے۔ مندوب: ندب سے ہے، ندب کے معنی ہیں: میت پر رونا یا بلانا، کسی کام کی دعوت دینا، اس گھوڑے کا یہ نام یا تو اس لئے ہوگا کہ وہ گھوڑا سست رفتار ہوگا، جس پر سواری کرنے والا روتا ہوگا، نبی ﷺ کی برکت سے وہ تیز رفتار ہوگیا، آپؐ نے فرمایا: کون کہتا ہے: یہ سست رفتار ہے، یہ تو سمندر ہے، یا وہ سبک رفتار، تیز رو مشہور ہوگا، اور لوگوں کو سواری کرنے کی دعوت دیتا ہوگا، نبی ﷺ نے تجربہ کے بعد اس شہرت کی تائید فرمائی۔

فائدہ: دوسری حدیث میں یہ ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا گھوڑا عاریت پر لیا، یہ مجاز ہے، حقیقتاً عاریت پر نہیں لیا تھا بلکہ پوچھے بغیر ہی اس پر سوار ہوکر دور تک تشریف لے گئے تھے، کیونکہ جہاں بے تکلفی ہوتی ہے: ایک دوسرے کی چیز بغیر پوچھے استعمال کرتے ہیں، اس لئے اس کو مجازاً عاریت کہا۔

[۱۴-] باب ماجاء فی الْخُرُوْجِ عِنْدَ الفَزَعِ

[۱۶۷۶-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَیْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّیَالِسِیُّ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، ثنا أَنَسُ بنُ مَالِكٍ قَالَ: رَکِبَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم فَرَسًا لِأَبِیْ طَلْحَةَ، یُقَالُ لَهُ: مَنْدُوْبٌ، فَقَالَ: ''مَاکَانَ مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْراً''

وفی الباب: عَنْ عَمْرِوبنِ الْعَاصِ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۶۷۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، وابنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، وأَبُوْ دَاوُدَ، قَالُوْا: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: کَانَ فَزَعٌ بِالْمَدِیْنَةِ، فَاسْتَعَارَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه

وسلم فَرَساً لَنَا، يُقَالُ لَهُ: مَنْدُوْبٌ، فَقَالَ: ''مَا رَأَيْنَا مِنْ فَزَعٍ، وَإِنْ وَجَدْنَاهُ لَبَحْرًا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في الثَّبَاتِ عِنْدَ الْقِتَالِ

جنگ میں ثابت قدمی کا بیان

جنگ میں ثابت قدم رہنا اور ڈٹ کر دشمن کا مقابلہ کرنا ضروری ہے، بھاگنا حرام ہے، اس لئے کہ اللہ کا دین اسی وقت سربلند ہوگا جب مسلمانوں میں ثابت قدمی کا جوہر موجود ہو، وہ صبر وہمت کے ساتھ جنگ کی سختیاں جھیلیں، اگر یہ عادت پڑ جائے کہ لوگ خطرہ کی بو محسوس کرتے ہی بھاگ کھڑے ہوں تو مقصد فوت ہو جائے گا، بلکہ نوبت کبھی رسوائی تک پہنچ جائے گی، اس لئے جب کافروں سے دوبدو مقابلہ ہو تو بھاگنا حرام ہے، علاوہ ازیں مقابلہ سے بھاگنا نامردی اور کمزوری کی علامت ہے، جو بدترین اخلاق میں سے ہے، مسلمانوں کو اس سے پاک ہونا چاہئے۔

حدیث (۱): ایک شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابوعمارہ! کیا آپ لوگ (غزوہ حنین میں) نبی ﷺ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے تھے؟ انھوں نے فرمایا: نہیں، قسم بخدا! نبی ﷺ نہیں بھاگے تھے، بلکہ کچھ جلد باز قسم کے لوگ بھاگے تھے، جب ہوازن نے ان کو تیروں پر دھر لیا تھا، یعنی اچانک تیراندازی شروع ہوگئی تھی، اس لئے لشکر کا دایاں بایاں بازو جو بے ترتیب آگے بڑھ گیا تھا وہ بھاگ کھڑا ہوا تھا اور ان کو دیکھ کر دوسرے بھی بھاگے تھے، مگر رسول اللہ ﷺ خچر پر سوار تھے اور حضرت ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب (جو آپؐ کے چچازاد بھائی تھے) آپؐ کے خچر کی لگام تھامے ہوئے تھے، اور رسول اللہ ﷺ آگے بڑھنا چاہتے تھے، اور یہ رجز پڑھ رہے تھے: ''میں یقیناً نبی ہوں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں''

تشریح: غزوۂ حنین میں نبی ﷺ کے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر تھا، جب لشکر اسلام وادی حنین میں پہنچا اور جنگ شروع ہوئی تو فوج کے دو بازو میمنہ اور میسرہ بے ترتیب آگے بڑھ گئے، ہوازن وثقیف کے تیرانداز کمین گاہوں میں چھپے بیٹھے تھے، انھوں نے اچانک تیر برسانے شروع کر دیئے، جس کی وجہ سے دونوں بازو سراسیمہ ہوکر بھاگے اور ان کو دیکھا دیکھی دوسرے بھی بھاگے، مگر نبی ﷺ اور چند جاں نثار صحابہ میدان میں ڈٹے رہے، اس وقت آپؐ نے پکار کر فرمایا: أنا النبيُّ لاَ كَذِب، أَنَا ابنُ عبدِ المطلب: یعنی میں سچا نبی ہوں اور اللہ نے مجھ سے جو فتح ونصرت کا وعدہ کیا ہے وہ برحق ہے، اس میں جھوٹ کا شائبہ تک نہیں، میں عبدالمطلب کی اولاد ہوں، عبدالمطلب کا حوالہ اس لئے دیا کہ عرب میں مشہور تھا کہ عبدالمطلب کی اولاد میں بڑا آدمی پیدا ہوگا، آپ نے فرمایا وہ میں ہی ہوں، پھر آپؐ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ مہاجرین وانصار کو آواز دو، حضرت عباسؓ جہوری الصوت تھے، دس میل تک ان کی

آواز سنائی دیتی تھی، جب ان کی آواز کانوں میں پڑی تو لوگ یکدم پلٹ گئے، اور پروانے شمع نبوت کے گرد جمع ہوگئے، حضرت براء رضی اللہ عنہ نے یہی فرمایا ہے کہ نبی ﷺ میدان میں ڈٹے رہے، اور سردار جب تک میدان میں ڈٹا ہوا ہو: بھاگنا نہیں کہتے، اگرچہ لوگ منتشر ہوجائیں، اسی طرح فوج تھوڑی دیر کے لئے منتشر ہوجائے تو اسے بھی عرف میں بھاگنا نہیں کہتے، بھاگنا یہ ہے کہ لشکری ایسے جائیں جیسے گدھے کے سر سے سینگ گئے، یہ صورت حال حنین میں پیش نہیں آئی تھی۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بخدا! دیکھا میں نے ہم کو جنگ حنین کے موقعہ پر، درانحالیکہ دو جماعتیں (میمنہ اور میسرہ) پیٹھ پھیرنے والی تھیں اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سو آدمی بھی نہیں تھے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوبصورت تھے ——— اور مصری نسخہ میں أَجْرَأُ الناس ہے یعنی لوگوں میں سب سے زیادہ دلیر تھے ——— اور لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے، اور لوگوں میں سب سے زیادہ بہادر تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ ایک رات مدینہ کے لوگ گھبرا گئے، انھوں نے کوئی آواز سنی، حضرت انسؓ نے بیان کیا: پس نبی ﷺ نے لوگوں سے ملاقات کی درانحالیکہ ابوطلحہؓ کے گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر سوار تھے، اور آپ تلوار گلے میں لٹکائے ہوئے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: گھبراؤ نہیں! گھبراؤ نہیں!! پھر آپؐ نے فرمایا: میں نے اس گھوڑے کو سمندر پایا۔

تشریح: یہ حدیث مصری نسخہ میں اوپر والے باب میں ہے، اور اُس باب سے ربط تو واضح ہے، اور اس باب سے ربط یہ ہے کہ آنحضور ﷺ کا آواز سن کر سب سے پہلے نکلنا میدان میں جمنا اور ڈٹنا ہے، اور أَجْرَأُ الناس جو مصری نسخہ میں ہے، اور أَشْجَعُ الناس بھی وجہ ارتباط ہوسکتے ہیں، یعنی آپؐ دلیر اور بہادر تھے، میدان میں ڈٹے رہتے تھے، بھاگتے نہیں تھے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی الثَّبَاتِ عَنْدَ الْقِتَالِ

[۱۶۷۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ: قَالَ لَهُ رَجُلٌ: أَفَرَرْتُمْ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَا أَبَا عُمَارَةَ؟ قَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! مَاوَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلٰكِنْ وَلَّى سَرَعَانُ النَّاسِ، تَلَقَّتْهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلىٰ بَغْلَتِهِ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ بنُ الْحَارِثِ بن عَبْدِ الْمَطَّلِبِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " أَنَا النبيُّ لاَكَذِبْ÷ أَنَا ابنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٦٧٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ عَلِيٍّ المُقَدَّمِيُّ، ثَنِي أَبِیْ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُنَا يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَإِنَّ الْفِئَتَيْنِ لَمُوَلِّيَتَانِ، وَمَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِائَةُ رَجُلٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَديثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[١٦٨٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَحْسَنَ النَّاسِ، وأَجْوَدَ النَّاسِ، وَأَشْجَعَ النَّاسِ، قَالَ: وَلَقَدْ فَزِعَ أَهْلُ الْمَدِيْنَةِ لَيْلَةً، سَمِعُوْا صَوْتًا، قَالَ: فَتَلَقَّاهُمُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَلٰى فَرَسٍ لِأَبِیْ طَلْحَةَ عُرْيٍ، وَهُوَ مُتَقَلِّدٌ سَيْفَهُ، فَقَالَ: "لَمْ تُرَاعُوْا! لَمْ تُرَاعُوْا!" ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَجَدْتُهُ بَحْراً" يَعْنِی الفَرَسَ؛ هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

وضاحت: نبی ﷺ شاعر نہیں تھے، قرآن کریم نے اس کی نفی کی ہے، اور آپؐ نے جو رجز پڑھا ہے وہ شعر نہیں ہے، کیونکہ چند جملے موزون بولنے سے کوئی شاعر نہیں ہو جاتا، نہ وہ شاعر کہلاتا ہے، قرآن کریم میں بھی بعض جملے موزون ہیں، مگر وہ شاعری نہیں ہے۔

بابُ ماجاء فی السُّیُوْفِ وَحِلْیَتِهَا

تلواروں کے زیور کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن جو تلوار لے کر مکہ میں داخل ہوئے تھے اس پر سونے چاندی کا کام تھا، حدیث کا راوی طالب بن حُجیر کہتا ہے: میں نے اپنے استاذ ہود بن عبداللہ سے پوچھا: چاندی کس جگہ تھی؟ انھوں نے کہا: تلوار کا قَبِیْعَة چاندی کا تھا، قبیعہ کے معنی ہیں: تلوار کے قبضہ (دستہ) کا کنارہ، یہی تلوار کا زیور تھا، اور سونا کہاں تھا؟ یہ بات معلوم نہیں۔

[١٦-] باب ماجاء فی السُّیُوْفِ وَحِلْیَتِهَا

[١٦٨١-] حدثنا مُحمدُ بنُ صُدْرَانَ أَبُوْ جَعْفَرٍ البَصْرِيُّ، ثَنَا طَالِبُ بنُ حُجَيْرٍ، عَنْ هُودٍ، وَهُوَ ابنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَدِّهِ مَزِيْدَةَ قَالَ: دَخَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الْفَتْحِ، وَعَلٰى سَيْفِهِ ذَهَبٌ وفِضَّةٌ، قَالَ طَالِبٌ: فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْفِضَّةِ، فَقَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ السَّيْفِ فِضَّةً.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَجَدُّ هُوْدٍ: اسْمُهُ مَزِيْدَةُ الْعَصَرِيُّ.

[۱۶۸۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فِضَّةٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهٰكَذَا رُوِىَ عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِى الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فِضَّةٍ.

ملحوظہ: یہ پورا باب شمائل ص ۱۱ میں بھی ہے۔

بابُ ماجاء فی الدِّرْعِ

زِرہ (فولاد کے جالی دار کرتے) کا بیان

دِرْعٌ: کے معنی ہیں: لوہے کا جالی دار کرتا، جس کو فارسی میں زرہ، اور اردو میں بکتر کہتے ہیں، نبی ﷺ نے جنگ احد میں دو زرہیں زیب تن فرمائی تھیں، آپؐ نے ایک چٹان پر چڑھنا چاہا مگر چڑھ نہ سکے، کیونکہ چٹان بہت اونچی تھی اور بدن پر زرہوں کا بوجھ تھا، چنانچہ آپؐ نے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو نیچے بٹھایا اور آپؐ چڑھے یہاں تک کہ چٹان پر پہنچ گئے، حضرت زبیر کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا: ''طلحہ نے اپنے لئے جنت واجب کر لی!''

فائدہ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں، بلکہ یہ عین توکل ہے، نبی ﷺ سے بڑا متوکل کون ہوسکتا ہے؟ مگر چونکہ معرکۂ احد بڑا خطرناک معرکہ تھا اس لئے آپؐ نے دو زرہیں زیب تن فرمائی تھیں۔

[۱۷-] باب ماجاء فی الدِّرْعِ

[۱۶۸۳-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنَا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بنِ الْعَوَّامِ قَالَ: كَانَ عَلَى النبىِّ صلى الله عليه وسلم دِرْعَانِ يَوْمَ أُحُدٍ، فَنَهَضَ إِلَى الصَّخْرَةِ فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَأَقْعَدَ طَلْحَة تَحْتَهُ، فَصَعِدَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الصَّخْرَةِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ النبىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' أَوْجَبَ طَلْحَةُ''

وفى الباب: عَنْ صَفْوَانَ بنِ أُمَيَّةَ، وَالسَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ.

ملحوظہ: یہ باب بھی شمائل ص ۸ میں ہے۔

بابُ ماجاءَ فِی المِغْفَرِ

خود (لوہے کی ٹوپی) کا بیان

مِغْفَر کے معنی ہیں: لوہے کی ٹوپی، جس کو جنگ میں پہنتے ہیں، فارسی اور اردو میں اس کو ''خود'' کہتے ہیں۔ جب نبی ﷺ فتح مکہ کے سال مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے خود پہن رکھا تھا، آپؐ نے سب اہل مکہ کو امان دیدیا تھا مگر بارہ آدمیوں کو مستثنیٰ کیا تھا، ان میں سے ایک ملعون ابن خَطل بھی تھا، آپؐ کو اطلاع دی گئی کہ ابن خطل کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے (پس وہاں اس کو قتل کریں یا نہ کریں؟) آپ نے فرمایا: ''اس کو قتل کردو''

[۱۸-] باب ماجاء فی المِغْفَرِ

[۱٦٨٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: دَخَلَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ، فَقِيْلَ لَهُ: ابنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ؟ قَالَ: "اقْتُلُوْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُ كَبِيْرَ أَحَدٍ رَوَاهُ غَيْرَ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ.

ملحوظہ: یہ باب بھی شمائل ص ۸ میں ہے۔

بابُ ماجاءَ فی فَضْلِ الْخَيْلِ

گھوڑوں کی فضیلت کا بیان

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک کے لئے خیر بندھی ہوئی ہے، یعنی ثواب اور غنیمت''

تشریح: یہ حدیث ابھی ابواب فضائل الجہاد میں گذری ہے، اس حدیث سے امام احمد رحمہ اللہ نے یہ مسئلہ مستنبط کیا ہے کہ جہاد کا حکم قیامت تک کے لئے ہے، اس لئے کہ مالِ غنیمت اور جہاد کا اجر وثواب قیامت تک کے لئے باقی ہے اور ان کی تحصیل کے لئے جہاد لازم ہے، اور چونکہ جہاد کے لئے امام کا ہونا شرط ہے، اور ہر زمانہ کے امراء: صحابہ جیسے عادل وپرہیزگار نہیں ہوسکتے، اس لئے ہر امام کے ساتھ خواہ وہ عادل ہو یا ظالم: جہاد کیا جائے گا اور شرعاً وہ جہاد معتبر ہوگا۔

فائدہ: جہاد کے لئے شرط یہ ہے کہ کوئی امیر ہو، جس کی امامت پر سب لوگ متفق ہوں اور وہ اس کی ہدایات کے

مطابق جہاد کریں، تبھی شرعی جہاد ہے، اور آج کل جو صورتِ حال چل رہی ہے کہ کوئی یہاں بم پھوڑ رہا ہے کوئی وہاں، جس سے بلا تفریق مذہب وملت ہزاروں بے گناہ مرد، عورتیں، بچے اور بوڑھے مارے جاتے ہیں اس کو شرعی جہاد کیسے کہا جا سکتا ہے؟ مگر اس کی ذمہ داری اعدائے اسلام پر ہے، جب کسی پائپ لائن کا دہانہ دبا کر بند کر دیا جائے اور اِدھر اُدھر سے پانی پھوٹے تو اس کی ذمہ داری دہانہ بند کرنے والے پر ہے، وہ ہاتھ ہٹالے اور پانی کو اس کے راستہ سے نکلنے دے تو مسئلہ حل ہو جائے گا۔

[١٩-] باب ماجاء فی فَضْلِ الْخَيْلِ

[١٦٨٥-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْثَرُ بنُ الْقَاسِمِ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْخَيْرُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْ الْخَيْلِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ: الْأَجْرُ وَالْمَغْنَمُ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَجَرِيْرٍ، وَأَبِيْ هريرةَ، وأَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْد، وَالْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَعُرْوَةُ: هُوَ ابنُ أَبِيْ الْجَعْدِ الْبَارِقِيُّ، وَيُقَالُ: عُرْوَةُ بنُ الْجَعْدِ.

قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: وَفِقْهُ هٰذَا الحديثِ أَنَّ الْجِهَادَ مَعَ كُلِّ إِمَامٍ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

بابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْخَيْلِ

گھوڑے کونسے اچھے؟

حدیث (١): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " بھورے رنگ (سرخ وسفید ملے ہوئے رنگ) کے گھوڑوں میں برکت ہے" شُقر: أَشقر کی جمع ہے، اس کا مؤنث شَقْرَاءُ اور جمع شُقْرٌ ہے جیسے: أَحْمر کا مؤنث حمراء اور جمع حُمْرٌ ہے۔

حدیث (٢): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بہترین گھوڑا وہ ہے جو سیاہ رنگ کا ہو، جس کی پیشانی اور ہونٹ سفید ہوں، پھر وہ گھوڑا ہے جس کی پیشانی اور پاؤں سفید ہوں، مگر اگلا دایاں پاؤں آزاد ہو یعنی وہ جسم کے ہم رنگ (سیاہ) ہو، پس اگر سیاہ نہ ہو تو کمیت ہے، انہی علامتوں کے مطابق یعنی اس کی بھی مذکورہ دو قسمیں ترتیب وار ہونگی۔

تشریح: ادہم: سیاہ گھوڑے کو کہتے ہیں اور کمیت: اس گھوڑے کو کہتے ہیں جس کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہو یعنی براؤن رنگ کا ہو، پھر دونوں کے دو دو درجے ہیں: (١) وہ سیاہ جس کی پیشانی اور ہونٹ سفید ہوں اس کا پہلا نمبر ہے (٢) وہ سیاہ جس کی پیشانی اور تین پاؤں سفید ہوں، مگر اگلا دایاں پاؤں سفید نہ ہو، اس کا دوسرا نمبر ہے (٣) وہ گھوڑا جس کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہو اور اس کی پیشانی اور ہونٹ سفید ہوں، اس کا تیسرا نمبر ہے (٤) وہ گھوڑا جس کا رنگ براؤن

ہو، اور پیشانی اور تین پاؤں سفید ہوں، مگر اگلا دایاں پاؤں سفید نہ ہو اس کا چوتھا نمبر ہے۔

[٢٠-] بابُ ما يُسْتَحَبُّ مِنَ الْخَيْلِ؟

[١٦٨٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا شَيْبَانُ، هُوَ ابنُ عَبْدِ الرحمنِ، ثَنَا عِيْسَى بنُ عَلِيِّ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَباسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُمْنُ الْخَيْلِ فِي الشُّقْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ شَيْبَانَ.

[١٦٨٧-] حدثنا أَحمدُ بنُ محمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " خَيْرُ الْخَيْلِ الْأَدْهَمُ، الْأَقْرَحُ، الْأَرْثَمُ، ثُمَّ الْأَقْرَحُ الْمحجَّلُ، طَلْقُ الْيَمِيْنِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ أَدْهَمَ فَكُمَيْتٌ عَلَى هٰذِه الشِّيَةِ"

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَيُّوْبَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابُ ما يُكْرَهُ مِنَ الْخَيْلِ

گھوڑے کونسے برے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ گھوڑوں میں شِکال (بکسر الشین) کو ناپسند کرتے تھے۔

تشریح: شکال کے لغوی معنی ہیں: وہ رسی جس سے گھوڑے کا ایک اگلا اور ایک پچھلا پیر باندھتے ہیں جب اس کو چرنے کے لئے چھوڑتے ہیں، اور حدیث میں کیا مراد ہے؟ اس میں اختلاف ہے، مسلم شریف کی ایک روایت میں اس کی دو صورتیں بیان کی گئی ہیں، پہلی صورت: گھوڑے کے پچھلے دائیں پیر میں اور اگلے بائیں ہاتھ میں سفیدی ہو، دوسری صورت: اگلے دائیں ہاتھ میں اور پچھلے بائیں پیر میں سفیدی ہو، اور علماء نے شکال کی اس کے علاوہ اور بھی تفسیریں کی ہیں، جو کتابوں میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

فائدہ: اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابوزرعہؒ روایت کرتے ہیں، یہ ابوزرعہ مشہور صحابی حضرت جریر بن عبداللہ کے پوتے ہیں، اور اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی اور تابعی ہیں، کتاب العلل (تحفۃ الالمعی ۱:۱۳۴) میں ان کا تذکرہ آیا ہے، عمارۃ بن القعقاع کہتے ہیں: مجھ سے ابراہیم نخعیؒ نے فرمایا: جب آپ مجھ سے حدیث بیان کریں تو ابو زرعہ کی حدیثیں بیان کریں (وہ حدیث کے بہت مضبوط راوی تھے) انھوں نے مجھ سے ایک مرتبہ ایک حدیث بیان

کی، پھر میں نے ان سے کئی سال کے بعد وہ حدیث پوچھی تو انھوں نے حدیث میں سے ایک حرف کم نہ کیا، یعنی جس طرح پہلے بیان کی تھی، انہی الفاظ کے ساتھ بیان کی، معلوم ہوا کہ ان کو حدیثیں مضبوط یاد تھیں۔

[٢١-] بابُ ما يُكْرَهُ مِنَ الْخَيْلِ؟

[١٦٨٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا سَلْمُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَرِهَ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ الْخَثْعَمِيِّ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ نَحْوَهُ، وَأَبُوْ زُرْعَةَ بنُ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ: اسْمُهُ هَرِمٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ الْقَعْقَاعِ، قَالَ: قَالَ لِيْ إِبْرَاهِيْمُ النَّخَعِيُّ: إِذَا حَدَّثْتَنِيْ فَحَدِّثْنِي عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، فَإِنَّهُ حَدَّثَنِيْ مَرَّةً بِحديثٍ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِيْنَ، فَمَا خَرَمَ مِنْهُ حَرْفًا.

بابُ ماجاءَ فِی الرِّهَانِ

گھوڑ دوڑ کی بازی لگانے کا بیان

رہان کے معنی ہیں: گھوڑ دوڑ کی بازی لگانا۔ دوڑ میں جو انعام مقرر کیا جاتا ہے اس کو سَبَق کہتے ہیں، گھوڑوں کی ریس کرانا جائز ہے، خود حضور اقدس ﷺ گھوڑوں کی دوڑ کراتے تھے اور جیتنے والے کو انعام بھی دیتے تھے، ہاں اگر ریس کے شرکاء باہم شرط بدیں تو ناجائز ہے، کیونکہ یہ قمار (سٹہ) ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تضمیر شدہ گھوڑوں کو حفیاء سے ثنیۃ الوداع تک دوڑایا اور ان کے درمیان چھ میل (تقریباً دس کلومیٹر) کا فاصلہ ہے، اور غیر تضمیر شدہ گھوڑوں کو ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زُریق تک دوڑایا، اور ان کے درمیان ایک میل کا فاصلہ ہے، ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا، جنھوں نے گھوڑے دوڑائے تھے، پس میرا گھوڑا مجھے لے کر مسجد کی دیوار کو کود گیا، یعنی آپؐ نے دوڑ جیت لی۔

تشریح: تضمیر کے لغوی معنی ہیں: گھوڑے کو دبلا کرنا، اور تضمیر کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے گھوڑے کو خوب کھلاتے ہیں، جب وہ موٹا ہو جاتا ہے تو اس کو اندھیرے اور گرم کمرے میں رکھتے ہیں، اور اس کی خوراک کم کرتے جاتے ہیں، یہاں تک کہ معمولی خوراک پر لے آتے ہیں، جس سے اس کا بدن چھریرا ہو جاتا ہے اور خوب طاقت آجاتی ہے

اس لئے ان کی دوڑ میں فاصلہ زیادہ رکھا جاتا تھا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سبق (دوڑ کا انعام) نہیں ہے مگر تیراندازی میں، یا اونٹ میں یا گھوڑے میں''

تشریح: نَصْل کے معنی ہیں: پیکاں، یعنی برچھی یا بھالے وغیرہ کی اَنّی، مراد تیر ہے، اور خُفّ (موزہ) سے مراد اونٹ ہیں، اور حافر (کُھر) سے مراد گھوڑا ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مقابلہ صرف تین چیزوں میں ہونا چاہئے، تیراندازی میں، اونٹ دوڑانے میں اور گھوڑے دوڑانے میں، کیونکہ اس مقابلہ کا فائدہ ہے، اس کے ذریعہ جہاد کی تیاری ہوتی ہے، باقی چیزوں میں مقابلہ کرنا بے فائدہ ہے، اور آج کل ٹینک چلانا، بندوق چلانا، راکٹ اور میزائل داغنا، فائٹر اڑانا اور ان میں مقابلہ کرنا اسی حکم میں ہے، وہ بھی جہاد میں کام آنے والی چیزیں ہیں۔

[٢٢-] باب ماجاء فی الرِّهَانِ

[١٦٨٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْوَزِيْرِ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَجْرَى الْمُضَمَّرَ مِنَ الْخَيْلِ مِنَ الْحَفْيَاءِ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، وَبَيْنَهُمَا سِتَّةُ أَمْيَالٍ، وَمَالَمْ يُضَمَّرْ مِنَ الْخَيْلِ مِنْ ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِى زُرَيْقٍ، وَبَيْنَهُمَا مِيْلٌ، وَكُنْتُ فِيْمَنْ أَجْرَى، فَوَثَبَ بِى فَرَسِى جِدَارًا.

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، وَجَابِرٍ، وأَنَسٍ، وَعائشةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِىِّ.

[١٦٩٠-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ ابنِ أَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعِ بنِ أَبِىْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاسَبَقَ إِلَّا فِىْ نَصْلٍ أَوْ خُفٍّ أَوْ حَافِرٍ"

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ أَنْ تُنْزَى الْحُمُرُ عَلَى الْخَيْلِ

گھوڑی پر گدھا چڑھانے کی کراہیت

اگر کسی کے پاس گھوڑی ہو تو اس سے گھوڑا پیدا کرنا چاہئے، خچر پیدا نہیں کرنا چاہئے، ابوداؤد (حدیث ۲۵۶۵) میں روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہ کام وہ لوگ کرتے ہیں جو (نفع نقصان) نہیں جانتے'' اس حدیث سے یہ ضابطہ نکلتا ہے کہ اگر کسی کے پاس اچھی اور عمدہ مشین ہو، تو اس کو اچھا میٹریل (خام مال) مہیا کر کے عمدہ چیزیں بنانی چاہئیں، شاندار مشین سے نکمی چیزیں بنانا اس شخص کا کام ہے جو نفع نقصان نہیں جانتا، پس جس کے

پاس گھوڑی ہے اس کو چاہئے کہ گھوڑے سے ملائے، تاکہ گھوڑا پیدا ہو، گدھے سے ملا کر خچر پیدا کرنا کونسی عقل مندی کی بات ہے؟ ہاں اگر گدھی اور گھوڑے سے خچر پیدا ہوتا تو ایسا ضرور کرنا چاہئے تھا مگر ایسا نہیں ہوتا۔

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ مامور بندے تھے، یعنی آپؐ وہی کرتے اور کہتے تھے جس کا اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو حکم دیا تھا، ہمیں رسول اللہ ﷺ نے لوگوں سے ورے یعنی لوگوں کو چھوڑ کر کسی چیز کے ساتھ خاص نہیں کیا، سوائے تین چیزوں کے: ایک: یہ کہ ہم اچھی طرح وضو کریں، دوسرا: یہ کہ ہم صدقہ نہ کھائیں، اور تیسرا: یہ کہ ہم گھوڑی پر گدھے کو نہ چڑھائیں۔

تشریح: شیعوں نے یہ پروپیگنڈہ کیا تھا کہ نبی ﷺ نے اہل بیت کو کچھ خاص علوم دیئے ہیں جو دوسروں کو نہیں دیئے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ایسی کوئی بات نہیں، نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے: ﴿یٰاَیُّھَا النَّبِیُّ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ﴾ یعنی اے پیغمبر! جو دین آپ کی طرف اتارا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچایئے، پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ آپؐ نے دین کا کچھ حصہ اپنے خاندان کے لئے خاص کیا ہو، پھر ابن عباسؓ نے سائل کا ذہن کارآمد باتوں کی طرف پھیرتے ہوئے فرمایا: ہاں تین باتیں ہمیں خاص طور پر بتائی گئی ہیں، ان میں سے پہلی اور تیسری تو آلِ رسول کے ساتھ خاص نہیں، اور دوسری اگرچہ خاص ہے مگر اس کو ساری امت جانتی ہے، پس وہ بھی خاص نہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی اسی قسم کے سوال کا یہی جواب مروی ہیکہ ہمارے پاس کوئی خاص تحریر نہیں، پھر سائل کے ذہن کو پھیرتے ہوئے فرمایا تھا: ہاں میرے پاس زکوۃ نامہ ہے، جس میں زکوۃ کے نصاب کے علاوہ کچھ اور احکام بھی ہیں، یہ روایت پہلے گذر چکی ہے۔ کذا ھذا۔

[۲۳-] باب ماجاء فی کراهیة أَنْ تُنْزَی الْحُمَرُ علی الْخَیْلِ

[۱۶۹۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا مُوْسَى بنُ سَالِمٍ أَبُوْ جَهْضَمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبّاسٍ، عَنْ ابنِ عَبّاسٍ قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَبْداً مَأْمُوْراً، مَا اخْتَصَّنَا دُوْنَ النَّاسِ بِشَيْءٍ، إِلَّا بِثَلاَثَةٍ: أَمَرَنَا أَنْ نُسْبِغَ الْوُضُوْءَ، وَأَنْ لاَ نَأْكُلَ الصَّدَقَةَ، وأَنْ لاَنُنْزِيَ حِمَاراً عَلٰى فَرَسٍ.

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ جَهْضَمٍ هٰذَا، فَقَالَ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبّاسٍ، عَنْ ابنِ عَبّاسٍ، وَسَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: حديثُ الثَّوْرِيِّ، غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَهِمَ فِيْهِ الثَّوْرِيُّ، وَالصَّحِيْحُ مَا رَوَى إِسْمَاعِيْلُ بنُ عُلَيَّةَ، وعَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ جَهْضَمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

لغت: نَزَا الفحلُ (ن) نَزْوًا: نر کا مادہ پر کودنا، جفتی کرنا (لازم) أَنْزَاهُ: نر کو مادہ پر چڑھانا، جفتی کرانا (متعدی)

……ابوجہضم کے استاذ کا نام عبداللہ ہے عبیداللہ نہیں ہے، ثوری رحمہ اللہ نے جو عبیداللہ کہا ہے وہ ان کا وہم ہے۔

بابُ ماجاء فی الِاسْتِفْتَاحِ بَصَعَالِيْكِ الْمُسْلِمِيْنَ

نادار مسلمانوں سے فتح طلب کرنا

الاسْتفتاح: فتح طلب کرنا، کامیابی تلاش کرنا۔ صَعَا لیك: صُعْلُوْكٌ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: نادار، نہایت غریب۔ اور باء جارہ: استعانت کی بھی ہوسکتی ہے اور توسل کی بھی اور حدیث کا پہلا جملہ ہے: اُبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ: اس کے شروع میں ہمزہ وصلی ہے یا قطعی؟ دونوں احتمال ہیں، بَغَی الشیئَ بُغْیَةً کے معنی ہیں: چاہنا، طلب کرنا۔ اور أَبْغَاهُ الشیئَ کے معنی ہیں: تلاش کرانا، طلب کرنے میں مدد دینا، یہ حدیث چھ کتابوں میں ہے اور سب میں پہلا جملہ مختلف ہے، ابوداؤد (حدیث ۲۵۹۴) أَبْغُوْا لِی الضعفاءَ: میرے لئے کمزوروں کو تلاش کراؤ، نسائی (حدیث ۳۱۷۹) أَبْغُوْنِی الضَّعِیْفَ: کمزور کو طلب کرنے میں میری مدد کرو۔ مسند احمد (۵:۱۹۸) أبغونی ضعفائکم، سنن بیہقی (۳:۳۴۵) أبغونی الضعفاء، مستدرک حاکم (۲:۱۰۶) أبغونی فی الضعفاء، ترمذی أَبْغُوْنِیْ فی ضعفائکم: مجھے اپنے کمزوروں میں تلاش کرو۔ اور حدیث کا شانِ ورود کسی کتاب میں مذکور نہیں اور سب کتابوں میں حدیث اتنی ہی مختصر ہے، اس لئے اس کا کماحقہ سمجھنا دشوار ہے۔ ترمذی شریف کی روایت کا ترجمہ یہ ہے: ''تلاش کرو مجھے اپنے کمزوروں میں کیونکہ تم اپنے کمزوروں ہی کی وجہ سے روزی دیئے جاتے ہو، اور مدد کئے جاتے ہو'' اس کی فرضی صورت یہ ہے کہ کچھ لوگ باہر سے نبی ﷺ سے ملنے آئے ان کو جلدی تھی، نبی ﷺ گھر میں نہیں تھے، انھوں نے مدینہ میں جگہ جگہ تلاش کیا مگر آپؐ کہیں نہیں ملے وہ تھک ہار کر بیٹھ رہے، پھر جب آپؐ تشریف لائے تو ان لوگوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم نے آپ کو ہر جگہ تلاش کیا مگر آپ کہیں نہیں ملے، آپؐ نے پوچھا: کہاں تلاش کیا؟ ان لوگوں نے چند باحیثیت لوگوں کے نام لئے کہ ان کے گھروں میں تلاش کیا تو آپؐ نے فرمایا: آپ لوگوں نے مجھے صحیح جگہ تلاش نہیں کیا، اگر آپ لوگ مجھے غریبوں کے گھروں میں تلاش کرتے تو میں مل جاتا، پھر آپ نے وجہ بیان فرمائی کہ تمہیں جو روزی ملتی ہے اور جنگوں میں فتح نصیب ہوتی ہے وہ انہی کمزوروں کی وجہ سے نصیب ہوتی ہے۔

یہ حدیث سمجھنے کے لئے ایک فرضی مثال ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جنگ میں روانہ ہونے سے پہلے امیر المؤمنین کو چاہئے کہ وہ کمزور مسلمانوں سے جنگ میں فتح کی دعا کرائے اور خود بھی ان کے وسیلہ سے دعا کرے، زندوں کے توسل میں کوئی اختلاف نہیں۔

اور حدیث کے جو دوسرے الفاظ ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ کمزوروں کو تلاش کر کے میرے پاس لاؤ، تاکہ میں

ان کے ساتھ نشست و برخاست رکھوں، تعلق کے قابل درحقیقت یہی لوگ ہیں، انہی کی برکت سے روزی ملتی ہے اور فتح نصیب ہوتی ہے، پس ایسے بانصیب لوگوں کی مصاحبت غنیمت جاننی چاہئے، متمول اور مالداروں کی مصاحبت میں کوئی فائدہ نہیں، بلکہ نقصان ہے، پس ان سے دور کی صاحب سلامت اچھی!

[٢٤-] باب ماجاء فی الإِسْتِفْتَاحِ بِصَعَالِيْكِ الْمُسْلِمِيْنَ

[١٦٩٢-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، ثَنِی زَیْدُ بنُ أَرْطَاةَ، عَنْ جُبَیْرِ بنِ نُفَیْرٍ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُ: "ابْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ، فَإِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ وَتُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَائِکُمْ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الأَجْرَاسِ عَلَی الْخَیْلِ

گھوڑوں پر گھنٹیاں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس (جنگی) قافلہ میں کتا اور گھنٹی ہو اس قافلہ کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے"

تشریح: یہ حدیث جہاد کے قافلہ کے ساتھ خاص ہے، اس میں نبی ﷺ نے اس بات کی تاکید کی ہے کہ فوجیوں کو کتا ساتھ نہیں رکھنا چاہئے، نہ جانوروں کے گلوں میں گھنٹی ہونی چاہئے، کیونکہ جب کتا بھونکے گا یا گھنٹی بجے گی تو دشمن کو فوج کی نقل وحرکت کی خبر ہو جائے گی، اور یہ بات جنگی مصلحت کے خلاف ہے، اس لئے نبی ﷺ نے فوج کے قافلہ میں گھنٹی اور کتے کو ناپسند فرمایا، اور یہ حکم جہاد کے قافلہ کے ساتھ خاص ہے، عام قافلوں کے لئے یہ حکم نہیں، بعض حضرات حدیث کو عام سمجھتے ہیں، وہ مدرسہ کے گھنٹے کو بھی حرام کہتے ہیں، یہ بات صحیح نہیں۔

[٢٥-] باب ماجاء فی الأَجْرَاسِ عَلَی الْخَیْلِ

[١٦٩٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لَاتَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيْهَا كَلْبٌ وَلَا جَرْسٌ" وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ، وَأُمِّ حَبِيْبَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ مَنْ يُسْتَعْمَلُ عَلَی الْحَرْبِ؟

جنگ میں امیر کس کو بنایا جائے؟

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے دو سریے روانہ فرمائے، ایک کا امیر حضرت

علی رضی اللہ عنہ کواور دوسرے کا امیر حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو بنایا، اور فرمایا: جب جنگ شروع ہوتو امیر علیؓ ہیں، حضرت براءؓ کہتے ہیں: پس حضرت علیؓ نے ایک قلعہ فتح کیا اور جو غلام باندی ہاتھ آئے ان میں سے ایک باندی لی (یہ بات حضرت خالد کو ناگوار گذری) پس انھوں نے مجھے ایک خط دے کر نبی ﷺ کے پاس بھیجا، اس خط میں انھوں نے حضرت علیؓ کی شکایت کی تھی، پس میں نبی ﷺ کے پاس پہنچا، جب آپؐ نے خط پڑھا تو آپؐ کا چہرہ متغیر ہوگیا، اور فرمایا: ''آپ کا کیا خیال ہے اس شخص کے بارے میں جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور جس سے اللہ اور اس کے رسول محبت کرتے ہیں؟'' حضرت براء نے عرض کیا: میں اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی سے پناہ چاہتا ہوں، میں صرف ڈاکیہ ہوں، یعنی میرا خط کے مضمون سے کوئی تعلق نہیں، پس آپؐ کا غصہ ٹھنڈا ہوا اور آپ خاموش ہوگئے۔

تشریح:

۱- اس حدیث سے یہ ضابطہ نکلا کہ جنگ کی ذمہ داری اس شخص کو سونپنی چاہئے جو جنگ لڑانے کی زیادہ صلاحیت رکھتا ہے، چونکہ یہ صلاحیت حضرت علی رضی اللہ عنہ میں حضرت خالدؓ سے زیادہ تھی اس لئے آپؐ نے فرمایا: جب جنگ شروع ہو تو امیر علیؓ ہونگے، حضرت خالدؓ کی امارت ختم، کیونکہ جنگ میں دو امیر مناسب نہیں، دو امیر ہونگے تو اختلاف ہوگا۔

۲- آنحضور ﷺ جو سریے روانہ فرماتے تھے اور ان کو جو مالِ غنیمت حاصل ہوتا تھا وہ سب مالِ غنیمت آنحضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوتا تھا، پھر آپ اس میں سے خمس نکال کر باقی چار اخماس فوجیوں میں تقسیم فرماتے تھے، اور حضرت علیؓ نے جو باندی لی تھی وہ آنحضور ﷺ کی اجازت سے لی تھی، حضرت خالدؓ کو یہ بات معلوم نہیں تھی، اس لئے ان کو ناگواری ہوئی، اور انھوں نے شکایت لکھی۔

[۲۶-] بابٌ مَنْ يُسْتَعْمَلُ عَلَى الْحَرْبِ؟

[۱۶۹۴-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بنُ أَبِي زِيَادٍ، ثَنَا الأَحْوَصُ بنُ جَوَّابٍ أَبُوْ الْجَوَّابِ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ جَيْشَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَى أَحَدِهِمَا عَلَيَّ بنَ أَبِي طَالِبٍ، وَعَلَى الآخَرِ خَالِدَ بنَ الْوَلِيْدِ، وَقَالَ:" إِذَا كَانَ الْقِتَالُ فَعَلِيٌّ" قَالَ: فَافْتَتَحَ عَلِيٌّ حِصْنًا، فَأَخَذَ مِنْهُ جَارِيَةً، فَكَتَبَ مَعِيْ خَالِدٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم يَشِيْ بِهِ، فَقَدِمْتُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَرَأَ الْكِتَابَ، فَتَغَيَّرَ لَوْنُهُ، ثُمَّ قَالَ:" مَاتَرَى فِيْ رَجُلٍ يُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ؟" قُلْتُ: أَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ غَضَبِ اللهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهِ!

وَإِنَّما أَنَا رَسُوْلٌ، فَسَكَتَ.
وفی الباب:عَنْ ابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الأَحْوَصِ بنِ جَوَّابٍ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:"يَشِیْ بِهِ" يَعْنِی النَّمِيْمَةَ.

لغات: اِسْتَعْمَلَهُ:عامل(حاکم)بنانا......وَشَى به إلى السلطان يَشِی وَشْيًا:سلطان سے کسی کی شکایت کرنا، چغلی کھانا۔

بابُ ماجاء فی الإِمَامِ

امیرالمؤمنین کی ذمہ داری

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سنو!تم میں سے ہر ایک چرواہا ہےاورتم میں سے ہر ایک سےاس کے ریوڑ کے بارے میں پوچھا جائے گا جیسے چرواہا جب جانوروں کو لے کر جنگل چرانے جاتا ہےتو ان کی حفاظت کرنا اس کی ذمہ داری ہوتی ہے کیونکہ وہ راعی ہے اگر کوئی بکری بھیڑیا لے جائے تو مالک اس کے کان کھینچتا ہےاوراس سے باز پرس کرتا ہے،اسی طرح ہر شخص سے قیامت کے دن اس کے ریوڑ کے بارے میں اللہ تعالیٰ باز پرس کریں گے، یہ قاعدہ کلیہ بیان فرما کر نبی ﷺ نے اس کی چند مثالیں دیں: فرمایا: امیرلوگوں کا چرواہا ہےاور پبلک اس کا ریوڑ ہے، پس اس سے پبلک کے بارے میں باز پرس ہوگی،اورآدمی اپنے گھر والوں کا چرواہا ہےاس سےاس کے گھروالوں کے بارے میں باز پرس ہوگی،اورعورت اپنے شوہر کے گھر کی ذمہ دار ہے،اس سےاس کے بارے میں پوچھا جائے گا،اورغلام اپنے آقا کے مال کا ذمہ دار ہےاس سےاس سلسلہ میں باز پرس ہوگی(یہ چند مثالیں بیان فرما کرآپؐ نے پھرقاعدہ کلیہ دوہرایا)سن لو!تم میں سے ہرایک چرواہا ہےاورتم میں سے ہرایک سےاس کے ریوڑ کے بارے میں باز پرس ہوگی(اس قاعدہ کے اعادہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ مذکورہ جزئیات بطورمثال ہیں، یہ کلیہ ان جزئیات کے ساتھ خاص نہیں)

ملحوظہ: راعی اور رعیت کے معنی اورحدیث کی وضاحت ابواب الاحکام باب ٦ میں گذر چکی ہے۔

[٢٧-] باب ماجاء فی الإِمَامِ

[١٦٩٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "أَلاَ كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالأَمِيْرُ الَّذِیْ عَلَى النَّاسِ رَاعٍ وَمَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُمْ، وَالْمَرْأَةُ رَاعِيَةٌ فِیْ بَيْتِ بَعْلِهَا وَهِیَ مَسْئُوْلَةٌ عَنْهُ:

وَالْعَبْدُ رَاعٍ عَلَى مَالِ سَيِّدِهِ وَهُوَ مَسْئُوْلٌ عَنْهُ، أَلَا فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وأَنَسٍ، وَأَبِي مُوْسَى، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَحديثُ أَبِيْ مُوْسَى غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَحديثُ أَنَسٍ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ:

وَرَوَاهُ إِبْرَاهِيْمُ بنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَخْبَرَنِيْ بِذَلِكَ مُحمدٌ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ بَشَّارٍ.

قَالَ مُحمدٌ: وَرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَهٰذَا أَصَحُّ.

قَالَ مُحمدٌ: وَرَوَى إِسْحَاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مُعَاذِ بنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ سَائِلٌ كُلَّ رَاعٍ عَمَّا اسْتَرْعَاهُ"

سَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: هٰذَا غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَإِنَّمَا الصَّحِيْحُ: عَنْ مُعَاذِ بنِ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

وضاحت: باب میں امام ترمذیؒ نے تین صحابہ کی حدیثوں کا حوالہ دیا ہے، ان میں سے حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی حدیثیں محفوظ نہیں:

(۱) ابوموسیٰ اشعریؓ کی حدیث امام بخاری: ابراہیم بن بشار رمادی سے روایت کرتے ہیں، وہ ابن عیینہ سے، وہ بُرید سے، وہ ابو بردہ سے، اور وہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے، امام بخاری فرماتے ہیں: اس طرح سند صرف رمادی بیان کرتے ہیں، اور ابن عیینہ کے دیگر تلامذہ اس کو مرسل بیان کرتے ہیں، یعنی آخر میں ابو بردہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا تذکرہ نہیں کرتے اور یہی اصح ہے۔

(۲) حضرت انسؓ کی حدیث امام بخاری اسحاق بن ابراہیم حنظلی سے، وہ معاذ بن ہشام سے، وہ اپنے ابا ہشام دستوائی سے، وہ قتادہ سے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اس کے متن کا ترجمہ یہ ہے: ''اللہ تعالیٰ ہر چرواہے سے باز پرس کرنے والے ہیں، اس ریوڑ کے بارے میں جو اس کو چرانے کے لئے دیا ہے'' امام بخاری فرماتے ہیں: یہ سند بھی محفوظ نہیں، اس کی صحیح سند یہ ہے: معاذ اپنے ابا سے، وہ قتادہ سے، وہ حسن بصری سے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، یعنی یہ روایت بھی مرسل ہے۔

ملحوظہ: أخبرنی بذلك محمد عن إبراهيم بن بشار: ہمارے نسخے میں محمد بن إبراهيم ہے، یہ تصحیف ہے، محمد: حضرت امام بخاری ہیں، اور وہ یہ حدیث ابراہیم رمادی سے روایت کرتے ہیں، کتاب الضعفاء لابن عقیل میں اس کی صراحت ہے۔

بابُ ماجاء فی طَاعَةِ الإِمَامِ

امیر المؤمنین کی فرمانبرداری

امام کی اطاعت فرض ہے، لوگ امام کی اطاعت نہیں کریں گے تو وہ حکومت کیسے چلائے گا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا: آپ کی حکومت میں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حکومت میں فرق کیوں ہے؟ (حضرت عمرؓ کی حکومت مثالی تھی اور حضرت علیؓ کی حکومت میں انتشار تھا) حضرت علیؓ نے جواب دیا: حضرت عمرؓ کی رعیت میں تھا اور میری رعیت تو ہے یعنی ہم اپنے امیر کی پوری اطاعت کرتے تھے اور تم بات ہی نہیں مانتے پھر فرق ہوگا یا نہیں؟

حدیث: ام الحصین رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے حجۃ الوداع میں نبی پاک ﷺ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا، آپؐ نے ایک چادر اوڑھ رکھی تھی، اور اس کو اپنے بغل کے نیچے سے نکال کر لپیٹ رکھا تھا (جس طرح اضطباع کرتے ہیں یعنی ایک بازو کھلا تھا) ام الحصین کہتی ہیں: اور میں آپؐ کے بازو کے گوشت کو دیکھ رہی تھی کہ وہ حرکت کر رہا ہے، میں نے آپؐ کو فرماتے سنا: ''لوگو! اللہ سے ڈرو اور اگر تم پر کالا، ناک کان کٹا غلام مقرر کیا جائے تو اس کی (بھی) بات سنو، اور اس کا کہنا مانو، جب تک وہ کتاب اللہ کے مطابق حکومت کرے''

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حاکم خواہ کیسا ہی ہو جب تک وہ شریعت کے خلاف حکم نہ دے اس کی اطاعت فرض ہے، البتہ اللہ کی نافرمانی میں یعنی صریح گناہ کے کام میں اطاعت جائز نہیں، جیسا کہ آئندہ باب میں آرہا ہے۔

[۲۸-] باب ماجاء فی طَاعَةِ الإِمَامِ

[۱۶۹۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، ثَنا يُوْنُسُ بنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أُمِّ الْحُصَيْنِ الْأَحْمَسِيَّةِ قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ فِیْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ قَدِ الْتَفَعَ بِهِ مِنْ تَحْتِ إِبْطِهِ، قَالَتْ: وَأَنَا أَنْظُرُ إِلٰى عَضَلَةِ عَضُدِهِ تَرْتَجُّ، سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: '' يَا أَيُّهَا النَّاسُ! اتَّقُوْا اللّٰهَ، وَإِنْ أُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ مُجَدَّعٌ فَاسْمَعُوْا لَهُ وَأَطِيْعُوْا، مَا أَقَامَ لَكُمْ كِتَابَ اللّٰهِ''

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وَعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أُمِّ حُصَيْنٍ.

لغات: عَضَلَة: پٹھا، بازو میں ابھرا ہوا گوشت...... أَمَّرَه: امیر مقرر کرنا...... وَإِنْ: میں واو وصلیہ نہیں ہے، شرطیہ ہے...... مُجَدَّع: ناک کان کٹا۔

بابُ ماجاء لاَطَاعَةَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ

اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان آدمی پر (امیر کی بات) سننا اور ماننا لازم ہے، خواہ وہ حکم اس کو پسند ہو یا ناپسند، جب تک کہ وہ کسی ناجائز کام کا حکم نہ دیا جائے، پس اگر وہ کسی ناجائز کام کا حکم دیا جائے تو نہ سننا ہے اور نہ اطاعت کرنا۔

[۲۹-] باب ماجاء لاَطَاعَةَ لمخلوق فِیْ مَعْصِیَةِ الْخَالِقِ

[۱۶۹۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا اللَّیْثُ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بن عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ عَلَی الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فِیْمَا أَحَبَّ وَکَرِہَ، مَالَمْ یُؤْمَرْ بِمَعْصِیَةٍ، فَإِنْ أُمِرَ بِمَعْصِیَةٍ فَلاَ سَمْعَ عَلَیْہِ وَلاَطَاعَةَ''

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَعِمْرَانَ بن حُصَیْنٍ، وَالْحَکَمِ بن عَمْرٍو الغِفَارِیِّ، ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّحْرِیْشِ بَیْنَ الْبَهَائِمِ، وَالْوَسْمِ فِی الْوَجْهِ

جانور لڑانا اور چہرے پر نشان بنانا ممنوع ہے

اس باب میں دو حدیثیں ہیں: پہلی حدیث میں جانوروں کو آپس میں لڑانے کی ممانعت ہے اور دوسری حدیث میں جانور کے چہرے پر گرم لوہے سے داغنے کی اور چہرے پر مارنے کی ممانعت ہے، قدیم زمانہ سے یہ بری عادتیں چلی آرہی ہیں کہ جانوروں کو لڑاتے ہیں، مرغ لڑاتے ہیں، بکرے اور مینڈھے لڑاتے ہیں، اس طرح جانوروں کو لڑانا جائز نہیں، اس سے جانوروں کو اذیت پہنچتی ہے، وہ لہولہان ہوجاتے ہیں اور اس میں کوئی دینی فائدہ نہیں، صرف سامانِ تفریح ہے، بلکہ بعض تو شرط بدتے ہیں جو قمار (سٹہ) ہے اور حرام ہے۔ اسی طرح علامت کے طور پر لوہا گرم کر کے جانور کے چہرے پر داغتے ہیں: یہ بھی جائز نہیں، اگر علامت بنانی ہے تو جسم کے کسی اور حصہ پر بنائی جائے، اسی طرح جانور کے چہرے پر مارنا بھی جائز نہیں، بعض مرتبہ اس سے آنکھ پھوٹ جاتی ہے، پھر رونا پڑتا ہے۔

[۳۰-] باب ماجاء فی التَّحْرِیْشِ بین البهائم، والوَسْمِ فِی الْوَجْهِ

[۱۶۹۸-] حدثنا أَبُوْ کُرَیْبٍ، ثَنَا یَحْیَی بنُ آدَمَ، عَنْ قُطْبَةَ بنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِی یَحْیَی، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهَی رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنِ التَّحْرِیْشِ بَیْنَ الْبَهَائِمِ.

حدثنا محمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى يَحْيىَ، عَنْ مُجَاهِدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ التَّحْرِيْشِ بَيْنَ الْبَهَائِمِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ ابنِ عَباسٍ، وَيُقَالُ: هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حديثِ قُطْبَةَ.

وَرَوَى شَرِيْكٌ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ أَبِى يَحْيىَ، وَرَوَى أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وفى الباب: عَنْ طَلْحَةَ، وَجَابِرٍ، وأَبِى سَعِيْدٍ، وَعِكْرَاشِ بنِ ذُوَيْبٍ.

[١٦٩٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحٌ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْوَسْمِ فِى الْوَجْهِ وَالضَّرْبِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: حَرَّشَ بين القوم: لڑائی کرانا، ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا ......وَسَمَ الشيئَ يَسِمُهُ وَسْمًا وَسِمَةً: داغ کرخاص نشان ڈالنا۔

وضاحت: پہلی حدیث کی چار سندیں ذکر کی ہیں: (۱) قطبۃ بن عبدالعزیز کی سند: وہ اعمش کے بعد ابو یحییٰ کا اورآخر میں ابن عباس کا ذکر کرتے ہیں (۲) سفیان ثوری کی سند: وہ آخر میں حضرت ابن عباسؓ کا ذکر نہیں کرتے، یہ مرسل روایت اصح ہے، کیونکہ ثوری: قطبہ سے احفظ ہیں (۳) شریک نخعی کی سند: وہ اعمش کے بعد ابو یحییٰ کا تذکرہ نہیں کرتے، البتہ آخر میں ابن عباس کا تذکرہ کرتے ہیں (یہ سند ٹھیک نہیں، شریک کثیر الخطاء ہیں) (۴) ابومعاویہ کی سند: وہ نہ ابو یحییٰ کا ذکر کرتے ہیں نہ ابن عباس کا (یہ سند بھی صحیح نہیں)

بابُ ماجاءَ فى حَدِّ بُلُوْغِ الرَّجُلِ، وَمَتَى يُفْرَضُ لَهُ؟

لڑکا کب بالغ ہوتا ہےاورفوج میں اس کو کب لیا جائے؟

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک لشکر میں (غزوۂ احد میں) پیش کیا گیا اس وقت میری عمر چودہ سال تھی، آپؐ نے مجھے قبول نہیں کیا، پھر میں اگلے سال آپؐ کے سامنے پیش کیا گیا: آپؐ نے مجھے قبول کرلیا، نافع کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عمر بن عبدالعزیز کے سامنے بیان کی تو انھوں نے فرمایا: یہ صغیر وکبیر کے درمیان حدفاصل ہے، پھر حکم لکھوایا کہ جس کی عمر پندرہ سال ہوجائے اس کو فوج میں بھرتی کرلیا جائے۔

ملحوظہ: یہ حدیث تفصیل کے ساتھ ابواب الاحکام باب ۲۴ میں گذر چکی ہے۔

[۳۱-] باب ماجاء فی حَدِّ بُلُوْغِ الرَّجُلِ، وَمَتَی یُفْرَضُ لَهُ؟

[۱۷۰۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْوَزِیْرِ الْوَاسِطِیُّ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ یُوْسُفَ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: عُرِضْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ جَیْشٍ، وأَنَا ابنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ، فَلَمْ یَقْبَلْنِیْ، ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَیْهِ مِنْ قَابِلٍ فِیْ جَیْشٍ، وَأَنَا ابنُ خَمْسَ عَشْرَةَ، فَقَبِلَنِیْ، قَالَ نَافِعٌ: فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الحدیثِ عُمَرَ بنَ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، فَقَالَ: هٰذَا حَدُّ مَا بَیْنَ الصَّغِیْرِ وَالْکَبِیْرِ، ثُمَّ کَتَبَ أَنْ یُفْرَضَ لِمَنْ بَلَغَ الْخَمْسَ عَشْرَةَ.

[۱۷۰۱-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ عُمَرُ: هٰذَا حَدُّ مَا بَیْنَ الذُّرِیَّةِ وَالْمُقَاتِلَةِ، وَلَمْ یَذْکُرْ: أَنَّهُ کَتَبَ أَنْ یُفْرَضَ.

حدیثُ إِسْحَاقَ بنِ یُوْسُفَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ.

بابُ ماجاءَ مَنْ یُسْتَشْهَدُ وَعَلَیْهِ دَیْنٌ

قرضہ چھوڑ کر شہید ہونے والا

حدیث: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے (کسی جنگ کے موقع پر) تقریر فرمائی کہ راہِ خدا میں جہاد کرنا اور اللہ پر ایمان لانا سب سے افضل عمل ہے، پس ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! بتایئے اگر میں راہِ خدا میں مارا جاؤں تو کیا میرے گناہ معاف ہوجائیں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اگر آپ راہِ خدا میں اس حال میں مارے گئے کہ آپ صبر کرنے والے، ثواب کی امید رکھنے والے، آگے بڑھنے والے، اور پیٹھ نہ پھیرنے والے ہوں (وہ یہ پوچھ کر چل دیا، آپؐ نے اس کو واپس بلایا) پھر فرمایا: آپ نے کیا سوال کیا تھا؟ دوبارہ پوچھو، اس نے کہا: اگر میں راہِ خدا میں مارا جاؤں تو کیا میرے گناہ معاف ہوجائیں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں درانحالیکہ آپ صبر کرنے والے، ثواب کی امید رکھنے والے، آگے بڑھنے والے، پیٹھ نہ پھیرنے والے ہوں، مگر قرضہ یعنی حقوق العباد، پس بیشک جبرئیل علیہ السلام نے مجھے (ابھی) یہ بات بتائی۔

فائدہ: پہلے کئی مرتبہ یہ بات بتائی جاچکی ہے کہ نبی پاک ﷺ بھی دیگر مجتہدین کی طرح اجتہاد فرماتے تھے، اور دیگر مجتہدین کی طرح چوک بھی ہوتی تھی، مگر فرق یہ ہے کہ مجتہد کی غلطی باقی رہتی ہے اس کو تنبیہ نہیں کی جاتی، اور نبی کو خطا پر باقی نہیں رکھا جاتا، وحی کے ذریعہ اس کو اطلاع کردی جاتی ہے، اور یہ تنبیہ کبھی اجتہاد پر عملدرآمد ہونے

سے پہلے کی جاتی ہے اور کبھی بعد میں، یہ حدیث اول کی مثال ہے، نبی ﷺ نے اپنے اجتہاد سے یہ بات بتائی کہ شہادت سے ہر قسم کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، ابھی اس پر عملدر آمد نہیں ہوا تھا یعنی سائل ابھی شہید نہیں ہوا تھا کہ آپؐ نے اس کو یہ بات بتادی کہ شہادت سے ہر قسم کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، مگر حقوق العباد معاف نہیں ہوتے، اور فرمایا کہ ابھی مجھے جبرئیل علیہ السلام نے یہ بات بتائی، اور دوسری صورت کی مثال یہ ہے کہ جب نبی ﷺ نے عبداللہ بن ابی ابن سلول کی نماز جنازہ پڑھانے کا ارادہ فرمایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے معارضہ کیا، آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ کافر کے لئے دعائے مغفرت کروں یا نہ کروں ﴿اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلاَ تَسْتَغْفِرْلَهُمْ﴾ پس میرے لئے گنجائش ہے کہ نماز جنازہ پڑھوں، چنانچہ آپؐ نے اس منافق کی نماز جنازہ پڑھائی، اس کے بعد آیت: ﴿وَلاَ تُصَلِّ عَلٰى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا﴾ نازل ہوئی، اور آپ کو تنبیہ کی گئی کہ آئندہ کسی بھی کافر کی نماز جنازہ نہ پڑھیں، دوسری مثال: بدر کے قیدیوں سے فدیہ لینے کا مسئلہ ہے، اس واقعہ میں فدیہ لینے کے بعد تنبیہ نازل ہوئی تھی: ﴿فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ﴾ اس کی دلیل ہے۔

[۳۲-] باب ماجاء فیمن يُسْتَشْهَدُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ

[۱۷۰۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدِ بن أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ قَامَ فِيْهِمْ، فَذَكَرَ لَهُمْ أَنَّ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالإِيْمَانَ بِاللّٰهِ أَفْضَلُ الأَعْمَالِ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَيُكَفَّرُ عَنِّى خَطَايَاىَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَعَمْ، إِنْ قُتِلْتَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ" ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَيْفَ قُلْتَ؟" قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَيُكَفَّرُ عَنِّيْ خَطَايَاىَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نَعَمْ، وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ إِلاَّ الدَّيْنَ، فَإِنَّ جِبْرِيْلَ قَالَ لِيْ ذٰلِكَ"

وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَمُحمدِ بنِ جَحْشٍ، وأَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَرَوَى يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ الأَنْصَارِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ نَحْوَ هٰذَا عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حديثِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

وضاحت: یہ حدیث کس سے مروی ہے: حضرت ابوقتادہؓ سے یا حضرت ابو ہریرہؓ سے؟ سعید مقبری کے تلامذہ

میں اختلاف ہے، صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت ابوقتادہ سے مروی ہے، یہ حدیث حضرت ابوہریرہ کی نہیں ہے، امام مسلم رحمہ اللہ نے بھی حضرت ابوقتادہ کی سند سے روایت کی ہے (حدیث ۱۸۸۵ کتاب الإمارة باب ۳۲)

بابُ ماجاء في دَفْنِ الشُّهَدَاءِ

شہداء کو دفن کرنے کا بیان

حاشیہ میں لکھا ہے کہ ایک قبر میں ایک سے زیادہ اموات کو دفن کرنا حرام ہے، البتہ کوئی مجبوری ہو تو جائز ہے، جیسے شہداء بہت ہوں یا وبا میں بہت لوگ مرے ہوں اور سب کے لئے قبریں کھودنے میں دشواری ہو تو ایک قبر میں ایک سے زیادہ مردوں کو دفن کرنا جائز ہے۔ غزوۂ احد میں ستر صحابہ شہید ہوئے تھے، اور جو زندہ تھے وہ بشمول نبی ﷺ زخمی تھے، اور عرب کی زمین پتھریلی ہے، اس میں قبر کھودنا دشوار ہے، صحابہ نے زخموں کا شکوہ کیا کہ ہم اتنی قبریں کیسے کھودیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''کھودو اور کشادہ کھودو، اور اچھی طرح کھودو، اور ایک قبر میں دو اور تین کو دفن کرو، اور جس کو قرآن زیادہ یاد ہو اس کو آگے رکھو'' راوی کہتے ہیں: میرے والد بھی شہید ہوئے تھے، ان کو ایک قبر میں دو آدمیوں سے آگے رکھا گیا، یعنی ان کی قبر میں تین شہداء دفن کئے گئے اور ہشام کے والد کو آگے رکھا گیا، کیونکہ ان کو قرآن زیادہ یاد تھا، تفصیل کتاب الجنائز باب ۳۰ میں گذر چکی ہے۔

[۳۳-] باب ماجاء في دَفْنِ الشُّهَدَاءِ

[۱۷۰۳-] حدثنا أَزْهَرُ بنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ هِلاَلٍ، عَنْ أَبِيْ الدَّهْمَاءِ، عَنْ هِشَامِ بنِ عَامِرٍ، قَالَ: شُكِيَ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الجِرَاحَاتُ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ: '' احْفِرُوْا، وَأَوْسِعُوْا، وأَحْسِنُوْا، وَادْفِنُوْا الاِثْنَيْنِ وَالثَّلاَثَةَ فِيْ قَبْرٍ وَاحِدٍ، وَقَدِّمُوْا أَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا'' فَمَاتَ أَبِيْ فَقُدِّمَ بَيْنَ يَدَيْ رَجُلَيْنِ.

وفي الباب: عَنْ خَبَّابٍ، وَجَابِرٍ، وأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى سُفْيَانُ وَغَيْرُهُ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ هِلاَلٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عَامِرٍ، وَأَبُوْ الدَّهْمَاءِ: اسْمُهُ قِرْفَةُ بنُ هُمَيْسٍ.

وضاحت: عبدالوارث کی سند میں ابوالدہماء کا واسطہ ہے، سفیان ثوری وغیرہ اس واسطہ کے بغیر روایت کرتے ہیں، ثوری کی سند سے روایت ابوداؤد اور نسائی میں ہے۔ غرض دونوں سندیں: واسطہ والی بھی اور بغیر واسطہ والی بھی صحیح ہیں، اور ابوالدہماء کے والد کا نام هُمَیس بھی آیا ہے اور بُهَیس بھی۔

بابُ ماجاء فِی الْمَشُوْرَۃِ

مشورے کا بیان

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب غزوۂ بدر میں جنگی قیدی لائے گئے تو رسول اللہ ﷺ نے صحابہ سے مشورہ کیا کہ ان قیدیوں کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟ اور لمبا مضمون ذکر کیا (یہاں مقصود صرف مشورہ کا مضمون بیان کرنا ہے، لمبی روایت بغوی نے روایت کی ہے، اور وہاں سے تحفۃ الاحوذی میں نقل کی گئی ہے اور مسلم شریف میں بھی دیگر صحابہ کی سندوں سے یہ لمبا مضمون مذکور ہے)

تشریح: مشورہ سے کام کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے، نبی ﷺ مہمات امور میں بکثرت صحابہ سے مشورہ فرماتے تھے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ صحابہ سے ہر معاملہ میں مشورہ فرماتے تھے، اتنا زیادہ مشورہ کرنے والا میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ اور صحابہ بھی مشورہ کرتے تھے بلکہ خلافِ راشدہ کی بنیاد ہی مشورے پر تھی، اور مشورہ کی ضرورت ان کاموں میں ہوتی ہے جو مہتم بالشان ہوں اور وہ قرآن وسنت میں منصوص نہ ہوں، کیونکہ جو چیز منصوص ہو اس میں رائے مشورہ کے کوئی معنی نہیں، اور ہر چھوٹے بڑے کام میں اگر مشورہ کیا جائے گا تو کوئی کام نہیں ہو سکے گا اور مشورہ ایسے شخص سے لینا چاہئے جو عقلمند اور خیر خواہ ہو، بے وقوف یا بدخواہ سے مشورہ لینا اپنی لٹیا ڈبونا ہے۔

[۳۴-] باب ماجاء فی المشُوْرَۃِ

[۱۷۰٤-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِیْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ، وَجِیْءَ بِالأُسَارَى، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَاتَقُوْلُوْنَ فِیْ هٰؤُلاَءِ الأُسَارَى؟" وَذَكَرَ قِصَّةً طَوِيْلَةً"

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وأَبِیْ أَيُّوْبَ، وأَنَسٍ، وأَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْهِ.

وَيُرْوَى عَنْ أَبِیْ هريرةَ قَالَ: مَارَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ مَشُوْرَةً لِأَصْحَابِهِ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے لئے یُرْوَی (فعل مجہول) استعمال کیا ہے، کیونکہ یہ روایت منقطع ہے (قاله الحافظ، ونقله فی تحفة الأحوذی)

بابُ ماجاء لاتُفَادَی جِیْفَةُ الأَسِیْرِ

کافر کی لاش کا عوض نہ لیا جائے

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما سے منقول ہے کہ کسی غزوہ میں ایک مشرک کے ورثاء نے اپنے مورث کی لاش خریدنی چاہی تو نبی ﷺ نے اس کو بیچنے سے انکار کردیا (کیونکہ مردہ: مسلمان کے حق میں مال نہیں، پس اس کی بیع جائز نہیں)

فائدہ: البتہ اگر کمانڈر مناسب سمجھے تو لاش دے سکتا ہے مگر معاوضہ لینا جائز نہیں، ہاں کرامہ (نذرانے) کی گنجائش ہے، جیسے عسب الفحل کی بیع جائز نہیں مگر کرامہ کی آپ ؐنے اجازت دی ہے، پس بغیر معاملہ کئے کوئی عوض ملے تو لے سکتے ہیں اور لاش کے بدل قیدیوں کو بھی چھڑایا جاسکتا ہے۔

ملحوظہ: یہ حدیث غریب ہے یعنی ضعیف ہے اور حَکَم سے اوپر ایک ہی سند ہے، اس کو حکم سے ابن ابی لیلیٰ اور حجاج بن ارطاۃ روایت کرتے ہیں اور دونوں ضعیف ہیں، یہ ابن ابی لیلیٰ: صغیر ہیں، یہ کوفہ کے قاضی تھے، فقہ میں ان کا بڑا مقام تھا، ہدایہ میں ان کے اقوال آتے ہیں، مگر حدیث میں ضعیف تھے، ان کو حدیثیں خوب محفوظ نہیں تھیں، امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: ابن ابی لیلیٰ کی حدیثوں سے مسائل میں استدلال جائز نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابن ابی لیلیٰ اگرچہ صدوق ہیں یعنی بالقصد جھوٹ نہیں بولتے مگر وہ اپنی صحیح حدیثوں کو اور ضعیف حدیثوں کو نہیں پہچانتے اس لئے میں ان کی حدیثیں سبق میں بیان نہیں کرتا، وہ مجتہد ہیں مگر کبھی ان سے سندوں میں غلطی ہوجاتی ہے، اور سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہمارے شہر کے بڑے فقیہ دو ہیں: ابن ابی لیلیٰ اور ابن شبرمہ۔

[٣٥-] باب ماجاءَ لاَ تُفَادَی جِیْفَةُ الأَسِیْرِ

[١٧٠٥-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَیْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ ابنِ أَبِیْ لَیْلٰی، عَنِ الْحَکَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ ابنِ عَبّاسٍ: أَنَّ الْمُشْرِکِیْنَ أَرَادُوْا أَنْ یَشْتَرُوْا جَسَدَ رَجُلٍ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ، فَأَبَی النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ یَبِیْعَهُمْ.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَنعرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الْحَکَمِ، وَرَوَاهُ الْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ أَیْضًا عَنِ الْحَکَمِ، وَقَالَ أَحْمَدُ بنُ الْحَسَنِ: سَمِعْتُ أَحْمَدَ بنَ حَنْبَلٍ یَقُوْلُ: ابنُ أَبِیْ لَیْلٰی لاَ یُحْتَجُّ بِحَدِیْثِهِ، قَالَ محمدُ بنُ إِسْمَاعِیْلَ: ابنُ أَبِیْ لَیْلٰی صَدُوْقٌ، وَلٰکِنْ لاَ یَعْرِفُ صَحِیْحَ حَدِیْثِهِ مِنْ سَقِیْمِهِ، وَلاَ أَرْوِیْ

عَنْهُ شَيْئًا، وابنُ أَبِیْ لَیْلَی: هُوَ صَدُوْقٌ فَقِیْهٌ، وَرُبَّمَا یَهِمُ فِیْ الإِسْنَادِ.
حَدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ دَاوُدَ، عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ قَالَ: فُقَهَاؤُنَا: ابنُ أَبِیْ لَیْلَی، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ شُبْرُمَةَ.

وضاحت: عبداللہ بن شُبرمہ بھی کوفی ہیں، مجتہد اور قاضی تھے، بخاری میں ان کی تعلیقاً اور مسلم، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ میں ان کی روایات ہیں، ترمذی میں ان کی کوئی روایت نہیں۔

بابُ [ماجاءَ فِي الْفِرَارِ مِنَ الزَّحْفِ]

میدانِ جنگ سے بھاگنا

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ میں بھیجا، جب دشمن سے مقابلہ ہوا تو لوگوں کے پیر اکھڑ گئے اور فوج میں بھگدڑ مچ گئی، پھر جب ہم مدینہ پہنچے تو ہم وہاں چھپ گئے، جب مدینہ قریب آیا تو ہم نے مشورہ کیا کہ ہماری شکست کی خبر یقیناً مدینہ پہنچ گئی ہوگی، پس ہم کیا منہ لے کر آنحضور ﷺ کے سامنے جائیں گے؟ اور کس منہ سے گھر والوں کا اور مسلمانوں کا سامنا کریں گے؟ چنانچہ بعض کی رائے ہوئی کہ واپس لوٹنا چاہئے اور دوبارہ مقابلہ کرنا چاہئے خواہ انجام کچھ بھی ہو، اور دوسری رائے یہ سامنے آئی کہ اب جبکہ ہم مدینہ کے قریب پہنچ چکے ہیں تو حضور اقدس ﷺ سے ملے بغیر واپس نہیں جانا چاہئے، چنانچہ وہ لوگ رات میں چھپ گئے، اپنے گھر نہیں گئے، سیدھے مسجد نبوی میں جا کر پڑ رہے، جب نبی ﷺ فجر کی نماز کے لئے نکلے تو انھوں نے حجرہ جان لیا، نماز کے بعد اس حجرہ کے باہر دو قطاریں بنا کر کھڑے ہوگئے، جب آپؐ حجرے میں واپس جانے لگے تو دروازے پر بہت سے لوگوں کو دیکھا، آپؐ نے پوچھا: کون؟ ان لوگوں نے ٹوٹے ہوئے دل سے کہا: یارسول اللہ! ہم بھگوڑے ہیں! نبی پاک ﷺ کو جنگ کی صورتِ حال معلوم ہوچکی تھی، آپؐ نے فرمایا: ''نہیں، تم پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمہارا مرکز ہوں'' یہ سورۃ الانفال آیت ۱۵ و ۱۶ کی طرف اشارہ ہے، ارشادِ پاک ہے: ''اے ایمان والو! جب تم کافروں سے دوبدو مقابل ہوجاؤ تو ان سے پشت مت پھیرو، اور جو شخص ان سے اُس حال میں پشت پھیرے گا —— ہاں جو لڑائی کے لئے پینترا بدلنے والا ہو، یا اپنی جماعت کی طرف سمٹنے والا ہو وہ مستثنیٰ ہے —— تو وہ اللہ کے غضب میں آجائے گا، اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا، اور وہ بہت بری جگہ ہے'' ان آیاتِ پاک میں میدان سے بھاگنے کو حرام قرار دیا گیا ہے، مگر دو صورتوں کا استثناء کیا ہے، ایک: لڑائی کے لئے پینترا بدلنے کے طور پر پیچھے ہٹنا جائز ہے، دوسری: اپنے مرکز کی طرف سمٹنا جائز ہے کہ

کمک لے کر دوبارہ حملہ کرے۔ آنحضور ﷺ نے اس کی طرف اشارہ فرمایا کہ تم بھاگے نہیں ہو تم اپنے مرکز کی طرف سمٹ آئے ہو، کمک لے کر دوبارہ حملہ کروگے، آنحضور ﷺ کی یہ بات سن کر ان لوگوں کے دل بلیوں اچھل پڑے!

[٣٦-] بابُ [ماجاءَ فِي الْفِرَارِ مِنَ الزَّحْفِ]

[١٧٠٦-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: بَعَثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَرِيَّةٍ، فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً، فَقَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، فَاخْتَبَأْنَا بِهَا، وَقُلْنَا: هَلَكْنَا! ثُمَّ أَتَيْنَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ! قَالَ: "بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ، وَأَنَا فِئَتُكُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ زِيَادٍ؛ وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً"يَعْنِيْ: أَنَّهُمْ فَرُّوْا مِنَ الْقِتَالِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" بَلْ أَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ": وَالْعَكَّارُ: الَّذِيْ يِفِرُّ إِلٰى إِمَامِهِ لِيَنْصُرَهُ، لَيْسَ يُرِيْدُ الفِرَارَ مِنَ الزَّحْفِ.

لغت: حَاصَ عنه (ض) حَيْصًا: الگ ہونا، فرار ہونا، مفعول مطلق تاکید کے لئے ہے، یعنی بالکل بھاگ نکلے، پلٹ کر بھی نہ دیکھا...... العَكَّارُ: اسم مبالغہ عَكَرَ (ن) عَكْراً: مائل ہونا، لوٹنا، عَكَرَ علی الشيئ: مائل ومتوجہ ہونا۔ ترجمہ: عکّار: وہ شخص ہے جو امام کی طرف پلٹے، تاکہ امام اس کی مدد کرے، میدان جنگ سے اس کا بھاگنے کا ارادہ نہ ہو۔

باب [ماجاءَ فِيْ دَفْنِ القتيلِ فِيْ مَقْتَلِهِ]

شہداء کو میدانِ جنگ ہی میں دفن کرنا

جس طرح عام اموات کے لئے مسئلہ یہ ہے کہ جس کا جہاں انتقال ہو اس کو وہیں دفن کیا جائے، دفن کے لئے دوسری جگہ نہ لے جایا جائے، اسی طرح شہداء کو بھی میدانِ جنگ ہی میں دفن کیا جائے، جنگ احد میں بعض لوگ شہداء کو مدینہ لے گئے تاکہ اپنے آبائی قبرستان میں دفن کریں، حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری پھوپی میرے ابا کو بھی مدینہ لے گئی تھیں، جب آپؐ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپؐ نے منادی کرائی کہ شہداء کو ان کے قتل ہونے کی جگہ میں واپس لاؤ، چنانچہ سب شہداء احد ہی میں دفن کئے گئے۔

ملحوظہ: یہاں مصری نسخہ میں باب ہے۔

[٣٧-] باب[ماجاء فِيْ دَفْنِ القتيلِ فِيْ مَقْتَلِهِ]

[١٧٠٧-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَسْوَدِ بنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ نُبَيْحًا العَنَزِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ، جَاءَ تْ عَمَّتِيْ بِأَبِيْ لِتَدْفِنَهُ فِيْ مَقَابِرِنَا، فَنَادَى مُنَادِيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" رُدُّوْا الْقَتْلَى إِلٰى مَضَاجِعِهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِيْ تَلَقِّى الْغَائِبِ إِذَا قَدِمَ

مسافر کا استقبال کرنا

مہمان کو رخصت کرنے کے لئے یا استقبال کرنے کے لئے ایک حد تک جانا جائز ہے۔ نبی ﷺ بعض حضرات کو رخصت کرنے کے لئے مدینہ سے باہر ثنیۃ الوداع تک تشریف لے گئے ہیں، اور جب آنحضور ﷺ غزوۂ تبوک سے واپس ہوئے ہیں تو صحابہ آپؐ کے استقبال کے لئے نکلے ہیں، سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ تبوک سے لوٹے تو لوگ استقبال کے لئے ثنیۃ الوداع تک نکلے، میں اس وقت بچہ تھا، میں بھی لوگوں کے ساتھ نکلا۔

فائدہ: حاجیوں کو رخصت کرنے کا اور استقبال کرنے کا جو طریقہ چل پڑا ہے وہ صحیح نہیں، جب حاجی جاتا ہے تو لوگ بس بھر کر چھوڑنے جاتے ہیں، اور راستے بھر ہو ہا کرتے ہیں، اور تصویریں کھنچواتے ہیں، اور معلوم نہیں کیا کیا خرافات کرتے ہیں، اور جب حاجی آتا ہے تو اور زیادہ خرافات کرتے ہیں، استقبال کا یہ طریقہ قطعاً ممنوع ہے، ہاں معروف طریقہ پر دو چار آدمی حاجی کو چھوڑنے جائیں یا لینے جائیں تو اس کی گنجائش ہے، بلکہ جانا چاہئے، مہمان کو رخصت کرنے کے لئے اور استقبال کرنے کے لئے ایک حد تک جانا آنحضور ﷺ سے اور صحابہ سے ثابت ہے۔

[٣٨-] باب ماجاء فى تَلَقِّى الْغَائِبِ إِذَا قَدِمَ

[١٧٠٨-] حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، قَالَا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ تَبُوْكَ، خَرَجَ النَّاسُ يَتَلَقَّوْنَهُ إِلٰى ثَنِيَّةِ الْوَدَاعِ، قَالَ السَّائِبُ: فَخَرَجْتُ مَعَ النَّاسِ وَأَنَا غُلَامٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الْفَیْءِ

مال فَی کا حکم

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بنونضیر کے اموال ان مالوں میں سے تھے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو عنایت فرمائے تھے، مسلمانوں نے ان پر گھوڑے دوڑائے تھے نہ اونٹ، اس لئے وہ اموال نبی ﷺ کے لئے خاص تھے، آپؐ اس میں سے ازواج مطہرات کا سال بھر کا خرچہ نکالتے تھے اور جو بچتا تھا اس کو راہِ خدا میں، جہاد کی تیاری میں، گھوڑوں اور ہتھیاروں میں خرچ کرتے تھے۔

تشریح: پہلے یہ بات بتائی گئی ہے کہ کفار سے جو اموال حاصل ہوتے ہیں وہ دو قسم کے ہیں، ایک: مال غنیمت، یہ وہ مال ہے جو جنگ وقتال کے ذریعہ حاصل ہوتا ہے اور یہ مجاہدین کا حق ہے۔ دوسرا: مال فَی ہے، یہ وہ مال ہے جو لڑے بھڑے بغیر حاصل ہوتا ہے اس میں مجاہدین کا حق نہیں، بنونضیر کے اموال فَی تھے، وہ لڑے بھڑے بغیر مصالحت کے طور پر حاصل ہوئے تھے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے وہ اموال انصار سے اجازت لے کر مہاجرین پر تقسیم فرمائے تھے، اور مہاجرین کے پاس انصار کی جو زمینیں تھیں وہ ان کو واپس کرادی تھیں، اور ان اموال میں سے ایک مقدار روک لی تھی، جس میں سے آپؐ ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچہ دیتے تھے، اور جو بچ جاتا تھا اس سے جہاد کے لئے اسلحہ اور گھوڑے خریدے جاتے تھے۔

فائدہ: مال فَیْ کے مصارف اللہ تعالیٰ نے سورۃ الحشر (آیت ۷-۱۰) میں بیان فرمائے ہیں، ارشادِ پاک ہے: ’’جو مال اللہ تعالیٰ نے فَیْ کے طور پر دیا اپنے رسول کو، بستیوں کے لوگوں سے تو وہ اللہ کے لئے، اور رسول کے لئے، اور رسول کے رشتہ داروں کے لئے اور یتیموں اور مسکینوں کے لئے اور مسافر کے لئے ہے...... اور ان حاجت مند مہاجرین کے لئے ہے جو اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکالے گئے ہیں...... اور ان (انصار) کے لئے ہے جو مہاجرین کے آنے سے پہلے دارالاسلام (مدینہ) میں اور ایمان میں قرار پکڑے ہوئے ہیں...... اور ان لوگوں کے لئے ہے جو ان کے بعد آئیں گے جو دعا کرتے ہونگے الی آخرہ۔ جب ان آیات کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پڑھا تو فرمایا: اس (آخری) آیت نے تمام مسلمانوں کا استیعاب کرلیا ہے (مشکوۃ حدیث ۴۰۶۱) یعنی مال فَیْ میں سبھی مسلمانوں کا حصہ ہے، پس امام مال فَیْ کو پہلے زیادہ اہم کاموں میں خرچ کرے گا پھر اس سے کم اہم کاموں میں، اور وہ اس سلسلہ میں مسلمانوں کی مصلحت پیش نظر رکھے گا اپنی کسی مخصوص مصلحت کو پیش نظر نہیں رکھے گا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۴۱۶)

[۳۹-] باب ماجاء فی الفَیْءِ

[۱۷۰۹-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَوْسِ بنِ الْحَدَثَانِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ یَقُوْلُ: كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِیْ النَّضِیْرِ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوْلِهِ، مِمَّا لَمْ یُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَیْهِ بِخَیْلٍ وَلاَ رِكَابٍ، فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم خَالِصًا، فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَعْزِلُ نَفَقَةَ أَهْلِهِ سَنَةً، ثُمَّ یَجْعَلُ مَابَقِیَ فِیْ الْكُرَاعِ وَالسِّلاَحِ، عُدَّةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغات: أَوْجَفَ دَابَّتَه: سواری کو تیز دوڑانا...... الكُرَاع: اصل معنی: پایے، کم گوشت والا پنڈلی کا پتلا حصہ، مراد گھوڑے اور سواریاں۔

سوال: جب نبی ﷺ ازواج مطہرات کو سال بھر کا خرچہ دیدیا کرتے تھے تو پھر آپؐ کے گھر میں دو دو ماہ تک آگ کیوں نہیں جلتی تھی؟ اور آپؐ نے ایک موقعہ پر یہ کیوں فرمایا تھا کہ آج میرے کسی گھر میں ایک صاع جو ہے نہ کھجور؟ اور وفات سے قبل آپؐ نے زرہ گروی رکھ کر گھر کے خرچ کے لئے جو کیوں خریدے تھے؟

جواب: یہ سوال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کیا جاچکا ہے، انھوں نے یہ جواب دیا تھا کہ بیشک آپؐ ہمیں سال بھر کا خرچہ دیدیا کرتے تھے، مگر وہ ہمارے پاس رہتا کہاں تھا، وہ تو مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ ہوجاتا تھا یعنی ازواج مطہرات اپنی مرضی سے اس کو راہِ خدا میں خرچ کردیتی تھیں۔

فَجَزَاهُنَّ اللّٰهُ خَیْراً عن أمةِ محمدٍ صلی الله علیه وسلم

﴿الحمدللہ! ابواب الجہاد کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

بحمدللہ! یہ جلد مکمل ہوگئی، جلد پنجم أبو اب اللباس سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ اللباس

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

لباس کے احکام

پہلے چند باتیں ذہن نشین کرلیں:

پہلی بات: لباس کے یہاں معروف معنی نہیں یعنی کپڑا پہننا ہی مراد نہیں بلکہ ''پہناوا'' مراد ہے یعنی جو بھی چیز بدن سے لگا کر پہنی جائے وہ لباس ہے، جوتا، چپل اور انگوٹھی وغیرہ بھی لباس کے دائرہ میں آتے ہیں بلکہ قرآن کریم نے تو زوجین کی ہم خوابی کو بھی ایک دوسرے کا لباس کہا ہے: ﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ﴾ یعنی وہ تمہارا پہناوا ہیں اور تم ان کا پہناوا ہو (البقرہ آیت ۱۸۷) مگر احادیث میں یہاں تک تعمیم نہیں، بلکہ کسی بھی طرح پہنی جانے والی چیزیں مراد ہیں۔

دوسری بات: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ قسم اول مبحث ہفتم باب اول میں احادیث کی دو قسمیں کی ہیں:

پہلی قسم: وہ حدیثیں ہیں جن کا پیغام رسانی سے تعلق ہے یعنی جو حکم شرعی کے طور پر ارشاد فرمائی گئی ہیں، اس قسم کی احادیث میں چار قسم کی روایات شامل ہیں:

۱- **معاد:** یعنی آخرت سے تعلق رکھنے والی روایات، جیسے موت کے بعد قبر کی زندگی میں پیش آنے والے معاملات، میدان حشر کے واقعات، اور جنت وجہنم کے احوال اسی طرح ملکوت وجبروت کے عجائبات۔

۲- احکامات شرعیہ اور عبادتوں اور ارتفاقات کے انضباطات۔

۳- عام حکمتیں اور مطلق مصلحتیں، یعنی مفید اور غیر مفید باتیں جن کا نہ کسی خاص وقت سے تعلق ہوتا ہے اور نہ ان کی حدود متعین کی جاتی ہیں، جیسے اخلاق صالحہ اور اخلاق ذمیمہ کا بیان۔

۴- اعمال صالحہ کے فضائل اور عمل کرنے والوں کے مناقب۔

دوسری قسم: وہ حدیثیں ہیں جن کا پیغام رسانی سے تعلق نہیں، بلکہ وہ دنیوی امور میں ایک رائے کے طور پر وارد ہوئی ہیں، جیسے کھجوروں کو گابھا دینے کے معاملہ میں آپؐ کے تین ارشادات اسی قبیل سے ہیں۔

اس دوسری قسم میں پانچ طرح کی روایات شامل ہیں:

۱- علاج ومعالجہ اور طب سے تعلق رکھنے والی روایات جو آگے ابواب الطب میں آرہی ہیں، اسی طرح وہ روایات جن میں اچھے برے گھوڑوں کی پہچان بتائی گئی ہے یہ روایات ابواب الجہاد **باب ما يُستحب من الخيل** میں گذر چکی ہیں، ان روایات کا مدار تجربہ پر ہے، آپؐ نے یہ باتیں پرکھ کی بنیاد پر بتائی ہیں۔ یہ ایسے احکام شرعیہ نہیں ہیں جن پر عمل واجب ہو۔

۲- امور عادیہ یعنی وہ روایات جن میں آپؐ کی عادات شریفہ کا ذکر آیا ہے یعنی آپؐ نے وہ کام عبادت (حکم شرعی) کے طور پر نہیں کئے بلکہ آپؐ کے زمانہ کا رائج طریقہ یہی تھا، جیسے چمڑے کے دسترخوان پر کھانا، لکڑی کے پیالہ میں پینا، اور کھجور کے درخت کی چھال بھرے بستر پر سونا وغیرہ۔

۳- عام مروجہ باتیں: یعنی وہ روایات جن میں ایسی باتیں مذکور ہیں جیسی باتیں سبھی لوگ کیا کرتے ہیں، جیسے حدیث ام زرع اور حدیث خرافہ وغیرہ۔

۴- ہنگامی ارشادات یعنی وہ روایات جن میں کوئی ایسی بات بیان کی گئی ہے جس کا تعلق وقت کی خاص مصلحت سے ہے، وہ تمام امت کے لئے لازم نہیں جیسے دورانِ جنگ کوئی شعار مقرر کرنا۔

۵- کوئی خاص حکم اور فیصلہ جس کا مدار گواہیوں اور قسموں پر ہو کہ اگر وہ بدل جائیں یا ان سے قوی ذریعہ معلومات سامنے آجائے تو وہ حکم بھی بدل جائے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ نے حجۃ اللہ میں صرف قسم اول کی روایات کی شرح کی ہے، قسم دوم کو نہیں لیا۔ مگر حدیث کی کتابوں میں یہ فرق نہیں کیا گیا اور محدثین کے لئے یہ بات ممکن بھی نہیں، ان کے لئے تو سبھی روایات کو لینا ضروری ہے۔ اس لئے اب جو ابواب شروع ہو رہے ہیں ان کو پڑھتے وقت اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ وہ سب احکام شرعیہ نہیں ہیں بلکہ کچھ آداب اسلامیہ بھی ہیں جیسے مردوں کے لئے سونا اور ریشم حرام ہیں، یہ حکم شرعی ہے اور ایک چپل پہن کر چلنا ممنوع ہے کیونکہ یہ بے ڈھنگا پن ہے، مگر یہ کوئی شرعی حکم نہیں کہ اس کی خلاف ورزی سے آدمی گنہ گار ہو۔

ادب: کی تعریف: مَا يُحْمَدُ فِعْلُه وَلاَ يُذَمُّ تَرْكُه یعنی اگر وہ کام کیا جائے تو واہ واہ، اور اگر نہ کیا جائے تو کوئی بات نہیں، یعنی اگر وہ کام کیا جائے تو اس پر ثواب ملے گا، اور نہ کیا جائے تو اس پر کوئی مؤاخذہ نہیں ہوگا، پس دوسری قسم کی احادیث آداب کے قبیل کی ہیں۔ فقہاء کرام نے بھی سنتوں کی دو قسمیں کی ہیں: سنن ہدی یعنی احکامات شرعیہ

اورسنن زوائد یعنی زائد باتیں، اور فقہ کی کتابوں میں عام طور پر سنن ہدی کو لیا گیا ہے، سنن زوائد کو چھوڑ دیا گیا ہے، مگر محدثین کرام کے لئے یہ امتیاز کرنا مشکل تھا اس لئے وہ ہر طرح کی حدیثیں لائے ہیں، اس لئے حدیثیں پڑھتے ہوئے آپ کو اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ کونسی باتیں سنن ہدی کے قبیل کی ہیں اور کونسی باتیں سنن زوائد کے قبیل کی، اول کو اپنانا لازم ہے اور ثانی پر عمل استحباب کے درجہ میں ہے۔

تیسری بات: لباس کے تعلق سے قرآن کریم میں سورۃ الاعراف آیت ۲۶ میں تین ہدایتیں آئی ہیں: ایک: یہ کہ لباس کا بنیادی مقصد پردہ کے بدن کو چھپانا ہے، دوم: یہ کہ لباس سے زینت اور زیبائش حاصل ہوتی ہے جیسے پرندہ پروں سے مزین ہوتا ہے انسان بھی پورے بدن پر لباس پہنے ہوئے ہو تو بھلا معلوم ہوتا ہے۔ سوم: یہ کہ لباس میں پرہیزگاری کا خیال رکھنا ضروری ہے، ارشاد پاک ہے:

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ، ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ

اے انسانو! ہم نے تمہارے لئے ایسا لباس مہیا کیا ہے جو تمہارے پردہ کے بدن کو چھپاتا ہے اور زیبائش ہے اور پرہیزگاری کا لباس: یہ اس سے بھی بہتر ہے یہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ لوگ نصیحت پذیر ہوں

تفسیر: یہ آیت آدم وحواء علیہما السلام کے واقعہ کے بعد فوراً آئی ہے، ان دونوں حضرات نے جب شجرۂ ممنوعہ کھایا تو دونوں کا پردہ کا بدن ایک دوسرے کے روبرو بے پردہ ہو گیا، اور دونوں اپنے اوپر جنت کے درختوں کے پتے جوڑ جوڑ کر رکھنے لگے، پھر وہ زمین پر اتارے گئے اور زمین میں اللہ تعالیٰ نے انسان کے لئے ایسا لباس مہیا کیا جس کا بنیادی مقصد ستر عورت ہے، عورت (ننگاپا) امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک صرف آگے پیچھے کی شرمگاہیں ہیں اور دوسرے فقہاء کے نزدیک ناف کے نیچے سے گھٹنے کے نیچے تک کا بدن ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ کندھوں تک بدن چھپانے کو ضروری قرار دیتے ہیں، جسم کے اس حصہ کو اس طرح چھپانا ضروری ہے کہ کپڑے کے اوپر سے بھی اعضاء نہ جھلکیں، اگر ایسا چست لباس پہنا کہ اعضاء کی ہیئت محسوس ہو تو یہ ننگا رہنا ہی ہے۔ نبی پاک ﷺ نے خبر دی ہے کہ ایسی عورتیں ہونگی جو کپڑے پہنے ہوئے ہونگی مگر ننگی ہونگی وہ جنت کی خوشبو نہیں سونگھیں گی، یعنی انھوں نے لباس ایسا پہنا ہوگا کہ ستر عورت کا مقصد حاصل نہیں ہو رہا ہوگا وہ عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی (مسلم شریف حدیث ۲۱۲۸) اور یہ بات جو عورتوں کے تعلق سے فرمائی گئی ہے: مردوں کے تعلق سے بھی ہے، آج کل لوگ پتلون پہنتے ہیں اور شرٹ کمر تک ہوتا ہے اور مستور اعضاء واضح طور پر محسوس ہوتے ہیں، یہ ننگا ہونا ہی ہے پس ایسے لباس سے احتراز چاہئے کیونکہ یہ لباس مقصد لباس کی تکمیل نہیں کرتا۔

چوتھی بات: تقوی کا لباس: وہ لباس ہے جس میں جائز ناجائز امور کا خیال رکھا گیا ہو، یہی پرہیزگاری کا لباس

ہے، تقوی ایک باطنی چیز ہے اس کا نمونہ سامنے آئے تو اس کا پہچاننا آسان ہوتا ہے چنانچہ علماء نے ضابطہ بیان کیا ہے کہ پرہیزگاری کا لباس وہ ہے جو نبی ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم زیب تن فرماتے تھے مگر چونکہ دنیا کی تمام تہذیبیں اور ملکوں کے سردی گرمی کے احوال یکساں نہیں اس لئے ہر زمانہ میں اور ہر جگہ جو نیک لوگوں کا لباس ہے وہ بھی سنت ہے، یعنی لباس کی کوئی خاص ہیئت متعین نہیں کی گئی جیسے کوئی عمامہ باندھتا ہے، کوئی دوپلّی ٹوپی پہنتا ہے اور کوئی گول ٹوپی اوڑھتا ہے اسی طرح کوئی گول کرتا پہنتا ہے کوئی چاک والا، یہ سبھی مسنون لباس ہیں، پس کسی خاص ہیئت پر اصرار نہیں کرنا چاہئے، یا جیسے گرم علاقوں میں لنگی پہننے کا رواج ہے اور ٹھنڈے علاقوں میں پاجامہ پہننے کا، بلکہ تنگ پاجامہ پہنتے ہیں کیونکہ وہاں کے موسم کا یہی تقاضہ ہے پس یہ سب تقوی کا لباس ہے۔

بابُ ماجاء فِي الْحَرِيْرِ والذَّهَبِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے سونا اور ریشم حرام ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **حُرِّمَ لباسُ الحريرِ والذَّهبُ على ذكور أمتي، وَأُحِلَّ لِإِنَاثِهِم:** میری امت کے مردوں کے لئے ریشم کا لباس اور سونا حرام کیا گیا، اور ان کی عورتوں کے لئے یہ دونوں چیزیں حلال کی گئیں۔

تشریح: سونا اور ریشم مردوں کے لئے تین وجوہ سے حرام کئے گئے ہیں:

پہلی وجہ: یہ دونوں چیزیں طبیعت اور مزاج میں زنانہ پن پیدا کرتی ہیں اور مردوں کے لئے مردانگی مطلوب ہے، البتہ عورتوں کے لئے زنانہ پن مطلوب ہے اس لئے یہ دونوں چیزیں عورتوں کے لئے حلال کی گئیں اور مردوں کے لئے حرام کی گئیں۔ اس وجہ کی طرف سورۃ الزخرف آیت ۱۸ میں اشارہ آیا ہے کہ گہنوں میں پلنا عورتوں کی شان ہے: ﴿أَوَمَنْ يُنَشَّؤُا فِي الْحِلْيَةِ﴾ البتہ جنت میں یہ دونوں چیزیں جائز ہونگی، اس لئے دنیا میں جنت کے نمونہ کے طور پر دونوں چیزوں کی تھوڑی مقدار مردوں کے لئے بھی جائز رکھی گئی ہے، باب میں دوسری حدیث ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ملک شام تشریف لے گئے تو آپ نے جابیہ مقام میں فوج کے سامنے ایک تقریر فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ نے ریشم کی ممانعت فرمائی ہے مگر دو، تین یا چار انگشت کی اجازت دی ہے، چوڑائی میں اتنی مقدار اور لمبائی میں بلاقید مرد کے لئے ریشم حلال ہے، کیونکہ اتنی مقدار اول تو لباس کے دائرہ میں نہیں آتی یعنی اس کو پہناوا نہیں کہتے، پھر اتنی مقدار کی کبھی ضرورت پیش آتی ہے، انگرکھا اور شیروانی میں گوٹ لگانے کے لئے اس کی حاجت ہوتی ہے، نیز وہ جنت کے لباس کا پیکر محسوس بن کر نگاہوں کے سامنے رہے تو عمل صالح کی ترغیب ہوگی۔

اور سونا مطلق حرام کیا گیا ہے کیونکہ سونا اور چاندی ایک جنس ہیں اس لئے جنت کے زیور کے نمونہ کے طور پر ایک مثقال سے کم چاندی کی انگوٹھی پہننے کی اجازت دی گئی یعنی چار گرام کے بقدر چاندی کی انگوٹھی پہننا جائز ہے، یہ انگوٹھی

جنت کے زیور کا پیکر محسوس بن کر نگاہوں کے سامنے رہے گی اور آدمی اس زیور کے شوق میں اعمال صالحہ کرے گا۔

دوسری وجہ: جو چیزیں عیش کوشی اور لذات دنیا میں سرشاری کا ذریعہ ہیں نبی ﷺ نے ان تمام چیزوں کو حرام قرار دیا ہے، سونا اور ریشم کا لباس بھی آخرت فراموشی اور دنیا طلبی میں انہماک کا ذریعہ ہیں، ان کو حاصل کرنے کے لئے رات دن محنت کرنی پڑتی ہے، آدمی کاموں میں تھک کر چور ہو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ رہتی ہے نہ آخرت کی تیاری کرسکتا ہے، بلکہ کبھی کردنی ناکردنی بھی کرنی پڑتی ہے اس لئے نبی ﷺ نے سونا اور ریشم کے لباس کو حرام قرار دیا تاکہ نہ رہے بانس نہ بجے بانسری۔ مگر عورتیں آرائش کی محتاج ہیں، وہ زیورات اور رنگ برنگے لباسوں سے بنتی سنورتی ہیں پھر گہنوں میں پلنا ان کی خصوصیت ہے اس لئے عورتوں کے لئے یہ دونوں چیزیں حلال کی گئیں۔

مگر عورت کے لئے بھی سونا اور چاندی صرف زیور میں جائز ہیں، سونے چاندی کے برتن، سرمہ دانی، کنگھی اور آئینہ وغیرہ عورت کے لئے بھی جائز نہیں، اور غیر مقطّع زیور جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، غیر مقطّع زیور: وہ ہے جو بڑا ایک ٹکڑا (ون پیس) ہو جیسے ہنسلی، چوڑی وغیرہ، اس کو محلّق (وہ زیور جو کسی عضو کا ہالہ بنا ہوا ہو) بھی کہتے ہیں۔ ایسے بڑے زیور کے جواز وعدم جواز میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک ہر زیور جائز ہے خواہ وہ مقطّع (ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا یعنی چھوٹا زیور) ہو یا غیر مقطّع (بڑا زیور) ہو، کیونکہ باب کی حدیث عام ہے چھوٹے بڑے ہر قسم کے زیور کو شامل ہے، اور سورۂ زخرف کی مذکورہ بالا آیت کے عموم سے بھی مطلقاً زیور کا جواز مستنبط ہوتا ہے، مگر دوسری رائے یہ ہے کہ عورت کے لئے صرف مقطّع یعنی چھوٹا زیور جیسے انگوٹھی، بالی اور جو دھاگے میں پرویا ہوا ہو جائز ہے، عورت کے لئے بڑا زیور جائز نہیں، ان کی دلیل یہ ہے کہ نبی ﷺ نے (عورتوں کو) سونا پہننے سے منع کیا ہے مگر مقطّع کو مستثنیٰ کیا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۳۹۵) دوسری حدیث میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عورتو! کیا تمہارے لئے چاندی میں وہ چیز نہیں جس کے ذریعہ تم بناؤ سنگھار کرو؟ سنو! تم میں سے جو بھی عورت سونا پہنے گی جس کو وہ ظاہر کرے گی وہ اس کے ذریعہ سزا دی جائے گی (مشکوٰۃ حدیث ۴۴۰۳) یعنی عورتیں سونے کے بڑے زیور کی نمائش کرتی ہیں اس لئے وہ ممنوع ہے، جمہور کے نزدیک یہ وعید کی حدیثیں ہیں جن سے حکم شرعی ثابت نہیں ہوسکتا، کیونکہ وعید کی مختلف وجوہ ہوسکتی ہیں مثلاً زکوٰۃ ادا نہ کرنا، زیور کی نمائش کرنا وغیرہ (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۵۰۵-۵۰۷ میں ہے)

تیسری وجہ: زیب وزینت اور جمال تو پسندیدہ ہے حدیث میں ہے: إن اللہ جمیلٌ یُحِبُّ الجمال۔ اللہ تعالیٰ نہایت موزون ہیں وہ موزنیت کو پسند فرماتے ہیں، مگر یہ چیز ٹھاٹھ کی حد تک پہنچ جائے تو وہ پسندیدہ نہیں، کیونکہ ٹھاٹھ نفس میں غرور وتکبر پیدا کرتا ہے اور غرور یہ نہیں ہے کہ آدمی کو اچھا پہننا اوڑھنا پسند ہو بلکہ غرور دو چیزوں کا نام ہے: حق بات کے سامنے اکڑنا یعنی مونچھ نیچی نہ ہو جائے اس لئے حق کا انکار کرنا۔ دوم: لوگوں کو نگاہوں سے گرا دینا خود کو اچھا سمجھنا اور لوگوں کو حقیر جاننا، حدیث میں ہے: الکبر: بَطَرُ الحقِّ وغَمْطُ الناسِ، سونے اور ریشم

سے یہ برے اخلاق پیدا ہوتے ہیں جولوگ ان چیزوں سے ٹھاٹھ کرتے ہیں ان میں اس بات کا مشاہدہ کیا جاسکتا ہےاورعورتوں کے تعلق سے بھی جوسونے کے بڑے زیور کی ممانعت آئی ہےاوراس پر وعیدیں سنائی گئی ہیں اس کی وجہ بھی یہی معلوم ہوتی ہے۔ چھوٹا زیورتو زنانہ پن پیدا کرے گا جوعورتوں میں مطلوب ہےلیکن اگرعورت سونے کے زیوروں میں لدی پھرے گی تو یقیناً اس کا سرآسمان پر چڑھ جائے گا اور دوسری عورتوں کی حیثیت اس کی نظر میں گرجائے گی، پس جوعلماء سونے کا ون پیس زیورعورتوں کے لئے حرام کہتے ہیں اوران کی تائید بھی حدیثوں سے ہوتی ہے وہ بھی ایک معقول بات ہے، پس حرام نہ سہی مکروہ تو ہوگا، اس لئے اپنی خواتین کوترغیب دی جائے کہ وہ سونے کا چھوٹا زیورپہنیں، بڑا زیور نہ پہنیں۔

فائدہ: سونے اورریشم کاعورتوں کے لئے جوازان کے لئے دنیامیں انہماک اورآخرت فراموشی کا سبب نہیں بنتا، کیونکہ ان کو یہ چیزیں مردفراہم کرتے ہیں، ان کو یہ چیزیں کمانی نہیں پڑتی بلکہ ان کے لئے یہ مال مفت ہے پس ان کی تحصیل آخرت کی طرف سے غافل نہیں کرے گی۔

أبواب اللباس

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء في الْحَريرِ والذَّهَبِ للرِّجَالِ

[۱۷۱۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عبدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِي مُوْسَى الأَشْعَرِيِّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " حُرِّمَ لِبَاسُ الْحَرِيْرِ وَالذَّهَبُ عَلٰى ذُكُوْرِ أُمَّتِيْ، وَأُحِلَّ لِإِنَاثِهِمْ "

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَأُمِّ هَانِيءٍ، وَأَنَسٍ، وَحُذَيْفَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، وَجَابِرٍ، وأَبِيْ رَيْحَانَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَالْبَرَاءِ، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۷۱۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ سُوَيْدِ بنِ غَفْلَةَ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّهُ خَطَبَ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحَرِيْرِ، إِلَّا مَوْضِعَ أُصْبُعَيْنِ، أَوْ ثَلَاثٍ، أَوْ أَرْبَعٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: الذهبُ کا عطف لباس پر ہےاور إناثٌ: أُنْثٰی کی جمع ہےجس کے معنی ہیں عورت ...... اور جابیہ

ملک شام کی ایک بستی ہے، دمشق سے جانب جنوب تقریباً پچھتر کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے، زمانہ جاہلیت میں یہ مقام فوجی چھاؤنی تھا، حضرت عمرؓ کے زمانہ میں بھی اس کی یہی حیثیت تھی۔ ۱۷ھ میں جب آپ نے شام کا سفر کیا تو یہاں فوج کے سامنے تقریر فرمائی، مذکورہ بات اسی تقریر میں ارشاد فرمائی ہے، کیونکہ عجمی اثرات سے فوج میں ریشم کے کپڑے پہننے کا سلسلہ شروع ہوگیا تھا۔

بابُ ماجاء فی لُبْسِ الْحَرِیْرِ فِی الْحَرْبِ

جنگ میں ریشم پہننے کا جواز

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہما نے ایک جنگ میں نبی ﷺ سے جوؤں کی شکایت کی (ان کے بدن میں جوؤں کی وجہ سے خارش ہوگئی تھی اور کوئی کپڑا پہنا نہیں جارہا تھا اور جنگ سامنے آگئی تھی) آپؐ نے ان کو ریشم کا کرتہ پہننے کی اجازت دی، حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے ان دونوں کو ریشم کا کرتا پہنے ہوئے دیکھا۔

تشریح: اگر کوئی مجبوری ہو مثلاً بدن میں خارش ہو جائے، چیچک نکل آئے یا جوئیں پڑ جائیں اور کوئی کپڑا پہنا نہ جائے تو ریشمی کپڑا پہننا جائز ہے، اسی طرح جنگی ضرورت سے بھی ریشم کا استعمال جائز ہے، کیونکہ ریشم کی چمک دشمن کی نظر کو خیرہ کرتی ہے، اور اس پر سے تلوار اچٹ جاتی ہے۔

رہی یہ بات کہ جنگ میں خالص ریشمی کپڑا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، خالص ریشمی کپڑا وہ ہے جس کے تانے اور بانے دونوں ریشم کے ہوں، جو دھاگے لمبے ہوتے ہیں وہ تانے کہلاتے ہیں اور جو دھاگے چوڑے ہوتے ہیں وہ بانے کہلاتے ہیں۔ پس اگر تانا، بانا دونوں ریشم کے ہوں تو وہ خالص ریشمی کپڑا ہے اور اگر ایک ریشم کا ہو اور دوسرا سوت کا تو وہ مخلوط ہے، اور جمہور کے نزدیک بشمول صاحبین مجبوری میں اور جنگ میں خالص ریشمی کپڑا پہننا جائز ہے، اور امام اعظمؒ کے نزدیک جنگ وغیرہ میں مخلوط ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت ہے، خالص ریشمی کپڑا پہننا کسی حال میں جائز نہیں۔

[۲-] باب ماجاء فی لُبْسِ الْحَرِیْرِ فی الْحَرْبِ

[۱۷۱۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَیْلَانَ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثَنَا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بنَ عَوْفٍ، وَالزُّبَیْرَ بنَ الْعَوَّامِ شَکَیَا الْقَمْلَ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی غَزَاةٍ لَهُمَا، فَرَخَّصَ لَهُمَا فِیْ قُمُصِ الْحَرِیْرِ، قَالَ: وَرَأَیْتُهُ عَلَیْهِمَا، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: علامہ شامی رحمہ اللہ نے حاشیہ درمختار (۲۵۲:۵) میں لکھا ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک خالص ریشم جنگ میں مطلقا جائز نہیں بلکہ وہی ریشمی کپڑا جائز ہے جس کا صرف بانا ریشم کا ہو، بشرطیکہ وہ کپڑا موٹا بھی ہو۔ اور صاحبین کے نزدیک خواہ موٹا ہو خواہ باریک اور خواہ خالص ہو خواہ مخلوط: جائز ہے، مگر کراہیت میں کوئی اختلاف نہیں، یعنی صاحبین کے نزدیک بھی بہتر یہ ہے کہ خالص پتلا ریشمی کپڑا نہ پہنا جائے یہی حکم دیگر مجبوریوں میں بھی پہننے کا ہے۔

بابٌ

جنت میں ریشمی کپڑے

قرآن کریم میں متعدد جگہ آیا ہے کہ جنت میں ریشم کے کپڑے پہنائے جائیں گے کیونکہ ان میں غیر معمولی جمال وزینت ہے اور وہاں کوئی خرابی پیدا ہونے کا اندیشہ نہیں، جیسے جنت میں شراب پلائی جائے گی، کیونکہ اس میں سرور ونشاط ہوگا جنت کی شراب میں نشہ نہیں ہوگا جو فساد کا اندیشہ ہو۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پہلے ریشم جائز تھا مسند احمد میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: دومۃ الجندل کے حاکم اُکَیْدَر نے ریشم کا جبہ آپؐ کی خدمت میں ہدیۃً بھیجا تھا، اس میں یہ صراحت ہے کہ یہ واقعہ ریشم کی حرمت سے پہلے کا ہے، چنانچہ آپؐ نے اس کو زیب تن فرمایا، لوگ اس کو دیکھ کر حیرت کرتے تھے، پس باب کی حدیث میں بھی جو واقعہ ہے وہ حرمت سے پہلے کا ہے۔

حدیث: حضرت واقد (جو انصار کے سردار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں) کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ بصرہ سے مدینہ آئے، میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو انھوں نے پوچھا: کون؟ میں نے عرض کیا: میں واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ ہوں، وہ رونے لگے اور فرمایا: تم حضرت سعدؓ سے بالکل مشابہ ہو، اور سعد بن معاذ لوگوں میں سب سے بڑے رتبہ والے اور دراز قد تھے، اور انھوں نے نبی ﷺ کے پاس ریشم کا ایک جبہ بھیجا تھا جس میں زری کا کام ہوا ہوا تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو پہنا، پس منبر پر چڑھے، پس کھڑے ہوئے یا بیٹھے (راوی کو شک ہے) پس لوگ اس کپڑے کو ہاتھ لگا کر دیکھنے لگے (اور تعجب کرنے لگے) پس انھوں نے کہا: یارسول اللہ! ہم نے آج تک ایسا کپڑا ہرگز نہیں دیکھا! آپؐ نے فرمایا: ''تمھیں اس پر حیرت ہوتی ہے، سعد کے جنت میں تولیے اس سے بہتر ہونگے!''

[٣-] بابٌ

[١٧١٣-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنَا الفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، ثَنِي وَاقِدُ بنُ عَمْرِو

بنِ سَعْدِ بنِ مُعَاذٍ، قَالَ: قَدِمَ أَنَسُ بنُ مَالِكٍ، فَأَتَيْتُهُ، فَقَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ فَقُلْتُ: أَنَا وَاقِدُ بنُ عَمْرٍو، قَالَ: فَبَكَى، وَقَالَ: إِنَّكَ لَشَبِيْهٌ بِسَعْدٍ، وإِنَّ سَعْداً كَانَ مِنْ أَعْظَمِ النَّاسِ وَأَطْوَلَ، وَإِنَّهُ بَعَثَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم جُبَّةَ مِنْ دِيْبَاجٍ، مَنْسُوْجٌ فِيْهَا الذَّهَبُ، فَلَبِسَهَا رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَامَ أَوْ: قَعَدَ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَلْمِسُوْنَهَا، فَقَالُوْا: مَا رَأَيْنَا كَالْيَوْمِ ثَوْبًا قَطُّ! فَقَالَ: "أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا؟ لَمَنَادِيْلُ سَعْدٍ فِي الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِمَّا تَرَوْنَ"

وفي الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: الديباج: ریشمی کپڑا جس کا تانا بانا ریشم کا ہو......منسوجٌ: جبہ میں سونا بُنا ہوا تھا یعنی سونے کے تاروں سے اس میں پھول بوٹے بنے ہوئے تھے......مناديل: منديل کی جمع ہے، دستی رومال۔اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت میں پہننے کے کپڑوں کے علاوہ کپڑے بھی ریشم کے ہونگے، جیسے پلنگ پوش، پردے، تولیے وغیرہ ......اور أطول سے قد کی درازی مراد نہ ہو بلکہ رتبہ کی بلندی مراد ہو یہ بھی ممکن ہے۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِي الثَّوْبِ الأَحْمَرِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے سرخ کپڑا جائز ہے

سرخ رنگ کے کپڑوں کے بارے میں روایات مختلف ہیں، ترمذی ابواب الآداب میں اور ابوداؤد کتاب اللباس میں یہ حدیث ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس سے دو سرخ کپڑے پہنے ہوئے گذرا اس نے آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے جواب نہیں دیا (مشکوۃ حدیث ۴۳۵۳) اس حدیث کی سند میں ابو یحییٰ قتات ہے جو بہت اچھا راوی نہیں، لین الحدیث ہے، علاوہ ازیں المیثرة الحمراء یعنی چھوٹا سرخ تکیہ جس کو گھوڑسوار اپنے نیچے رکھتا ہے اس کی بھی حدیث میں ممانعت آئی ہے، مگر اس کا لباس سے قریبی تعلق نہیں، غرض ممانعت کی کوئی صحیح روایت موجود نہیں۔

دوسری طرف حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کسی پٹھے والے کو سرخ جوڑے میں نبی ﷺ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا، آپؐ کے بال شانوں کو چھوتے تھے، آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان کچھ فاصلہ تھا اور جس کے شانوں میں فاصلہ ہوتا ہے اس کا سینہ چوڑا ہوتا ہے اور یہ بہادری کی علامت ہے، اور آپؐ نہ پستہ قد تھے نہ دراز قامت (یہ حدیث باب میں ہے)

تشریح: اس حدیث سے سرخ رنگ کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ فقہاء کرام کے یہاں بھی مختلف اقوال ہیں، شرنبلانی نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے، جس میں آٹھ اقوال ذکر کئے ہیں، ان میں سے ایک قول استحباب کا

بھی ہے۔اور سرخ ٹوپی کی اجازت تو بالاتفاق مروی ہے (شامی ۵:۲۵۳)

خلاصہ یہ ہے کہ تیز سرخ رنگ مردوں کے لئے ناپسندیدہ ہے یعنی مکروہ تنزیہی ہے اور ہلکا سرخ رنگ اور سیاہی مائل سرخی یعنی براؤن رنگ بغیر کراہیت کے جائز ہے۔

اور نبی ﷺ کے لباس میں جو سرخ جوڑے کا ذکر آتا ہے: حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ وہ یمن کا بنا ہوا حِبَرَۃ کپڑا تھا جس کی زمین سفید تھی اور اس میں سرخ دھاریاں تھیں، اذان کے بیان میں (تحفہ ۱:۵۱۳) حضرت سفیان کا یہ قول آیا ہے جیسے آج کل لال رومال اوڑھے جاتے ہیں، ان کی زمین سفید ہوتی ہے اور ان میں سرخ پھول ہوتے ہیں۔اور جس سرخ لباس پہننے والے کے سلام کا جواب آپؐ نے نہیں دیا تھا وہ احمر قانی یعنی شوخ سرخ رنگ کا کپڑا پہنے ہوئے ہوگا اور ایسا رنگ بہر حال ناپسندیدہ ہے۔

اور سرخ رنگ کی ناپسندیدگی کی وجہ یہ ہے کہ یہ رنگ مست کُن ہے جو مردوں کے شایانِ شان نہیں، البتہ عورتوں کے لئے زیبا ہے، اس لئے ان کے لئے جائز ہے۔

فائدہ: مونڈھوں تک لٹکی ہوئی زلفیں جَمَّہ کہلاتی ہیں اور کان کی لو سے بڑھی ہوئی زلفیں لِمَّہ کہلاتی ہیں اور کانوں تک زلفیں وَفْرَہ کہلاتی ہیں ان کو یاد رکھنے کا فارمولہ یہ ہے کہ حروف ہجاء کی ترتیب کے خلاف تینوں حالتیں ہیں، جب آپؐ زلفیں بنواتے تھے تو بال کانوں تک کٹواتے تھے یہ وفرہ ہیں، پھر وہ بڑھ کر آدھی گردن تک پہنچ جاتے تھے یہ لمہ ہیں، پھر جب بال بڑھتے تھے تو کندھوں کو چھوتے تھے یہ جمّہ ہیں۔اس کے بعد آپؐ پھر پٹھے کٹوا لیتے تھے، مگر اس حدیث میں یہ سب تفصیل مراد نہیں، بلکہ مطلق زلفیں مراد ہیں (یہ حدیث شمائل کے بالکل شروع میں بھی ہے)

فائدہ: یہاں طلبہ ایک سوال پوچھتے ہیں کہ سر پر بال رکھنا سنت ہے یا منڈوانا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں سنت ہیں، نبی ﷺ نے احرام کھولتے وقت سر منڈوایا ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمیشہ سر منڈواتے تھے اور نبی ﷺ اور صحابہ کا سروں پر بال رکھنا سننِ عادیہ میں سے تھا سننِ ہدی میں سے نہیں تھا، کیونکہ آپؐ نے نہ بال رکھنے کی ترغیب دی ہے نہ سر منڈانے کو ناپسند کیا ہے۔

لیکن صرف سر پر بال رکھنا ہی سنت نہیں ہے، عمامہ باندھنا بھی سنت ہے، پس جو طالب علم شرعی زلفیں رکھتا ہے اور عمامہ بھی باندھتا ہے وہ ٹھیک کرتا ہے اس کے عمل کو مسنون کہا جا سکتا ہے، لیکن جو طالب علم انگریزی بال رکھتا ہے اور ٹوپی بھی صرف مدرسہ کے ماحول میں پہنتا ہے ورنہ اتار کر ہاتھ میں لے لیتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں سنت پر عمل کر رہا ہوں تو یہ نفس کا دھوکہ ہے اس سے بچنا چاہئے، سادہ گناہ ہلکا ہوتا ہے اور سنت کو گناہ کا ذریعہ بنانا سنگین معاملہ ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی الرُّخصَةِ فی الثَّوْبِ الأَحْمَرِ لِلرِّجَالِ

[١٧١٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَاوَكِيْعٌ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: مَارَأَيْتُ مِنْ ذِیْ لِمَّةٍ فِیْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ أَحْسَنَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم، لَهُ شَعْرٌ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ، بُعَيْدُ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَمْ يَكُنْ بِالْقَصِيْرِ وَلاَ بِالطَّوِيْلِ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وأَبِیْ رِمْثَةَ، وأَبِیْ جُحَيْفَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترکیب: من ذی لمة: بمنزلۂ مفعول اول ہے اور فی حلة حمراء: کائن سے متعلق ہوکر مفعول اول کی صفت ہے اور أحسن: رأیتُ کا مفعول ثانی ہے...... بُعَیْد کو مصغر بھی پڑھ سکتے ہیں اور مکبّر بھی اور یہ مابعد کی طرف مضاف ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ الْمُعَصْفَرِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے گیروا رنگ ناپسندیدہ ہے

العُصْفُر: ایک زرد رنگ کی بوٹی ہے جس سے رنگائی کی جاتی ہے، المُعصفر: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا، اردو میں اس کو گیروا یعنی گہرے گلابی رنگ میں رنگا ہوا کپڑا کہتے ہیں، اس قسم کے کپڑے سادھو سنت اور پادری پہنتے ہیں اس لئے ان کی مشابہت کی وجہ سے شریعت نے مردوں کے لئے اس رنگ کو ناپسند کیا ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسّیّ کپڑا پہننے سے اور گیروے رنگ کا کپڑا پہننے سے منع فرمایا ہے، یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ باب ۸۲ میں گذر چکی ہے۔

[۵-] باب ماجاء فی کراهيةِ الْمُعَصْفَرِ للرِّجَالِ

[١٧١٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِیٍّ قَالَ: " نَهَی رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم عَن لُبْسِ الْقَسِّیِّ وَالْمُعَصْفَرِ "

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، حديثُ عَلِیٍّ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی لُبْسِ الفِرَاءِ

پوستین پہننے کا بیان

الفِراءُ: الفَرْوُ کی جمع ہے، ریچھ یا لومڑی وغیرہ کی کھال جس سے دباغت کے بعد گرم کپڑا بنایا جاتا تھا اسی کو پوستین یعنی چمڑے کا کوٹ بھی کہتے ہیں، جس کے اوپر کی جانب میں یا اندر کی جانب میں بال ہوتے ہیں۔

پوستین پہننا جائز ہے کیونکہ درندوں کی کھالیں رنگنے سے پاک ہوجاتی ہیں اور بالوں میں تو حیات ہی نہیں اس لئے وہ پہلے سے پاک ہیں۔

حدیث: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے گھی، پنیر اور پوستین کا حکم دریافت کیا گیا، آپؐ نے فرمایا: حلال وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (شریعت) میں حلال کیا ہے اور حرام وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (شریعت) میں حرام کیا ہے اور جس چیز سے خاموشی اختیار کی ہے یعنی نفیاً یا اثباتاً اس کا حکم بیان نہیں کیا: وہ ان چیزوں میں سے ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے درگذر کیا ہے۔

تشریح: اس حدیث سے علماء نے یہ ضابطہ بنایا ہے کہ چیزوں میں اصل اباحت ہے، پس جس چیز کی حلت وحرمت کی قرآن وحدیث اور فقہ میں صراحت نہ ہو وہ مباح ہے۔

[٦-] باب ماجاء في لُبْسِ الفِرَاءِ

[١٧١٦-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ، ثَنَا سَيْفُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ السَّمْنِ وَالْجُبْنِ وَالْفِرَاءِ فَقَالَ: "الْحَلَالُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ، وَالْحَرَامُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهِ، وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَى عَنْهُ"

وفي الباب: عَنِ الْمُغِيْرَةِ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَرَوَى سُفْيَانُ وَغَيْرُهُ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ قَوْلَهُ، وَكَأَنَّ الحديثَ الْمَوْقُوْفَ أَصَحُّ.

وضاحت: یہ حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے اس کی سند میں سیف بن ہارون البُرْجُمی أبو الوَرْقَاء الکوفی نہایت ضعیف راوی ہے، ابن حبان نے اس پر سخت تنقید کی ہے اور اسی کی سند سے یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث ٣٣٦٧) اور مستدرک حاکم میں بھی مروی ہے، یہی راوی اس حدیث کو مرفوع کرتا ہے۔ اور سفیان ثوری وغیرہ جو مضبوط راوی ہیں وہ سلیمان تیمی سے اس حدیث کو موقوف روایت کرتے ہیں یعنی یہ سوال حضرت سلمانؓ سے کیا گیا تھا اور یہ جواب حضرت سلمانؓ نے دیا ہے، یہی رائے امام بخاری رحمہ اللہ کی بھی ہے جس کا مصری نسخہ میں تذکرہ ہے، البتہ امام بخاریؒ نے سیف کو مقارب الحدیث کہا ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ إِذَا دُبِغَتْ

مردار کی کھال رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے

امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ باب بہت لمبا لکھا ہے، اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ ماکول اللحم مردار کی کھال اور غیر

ماکول اللحم جانوروں کی کھالیں رنگنے سے پاک ہوتی ہیں یا نہیں؟ احناف کے نزدیک خنزیر اور انسان کے علاوہ تمام کھالیں رنگنے سے پاک ہوجاتی ہیں، ان پر نماز پڑھنا درست ہے، البتہ درندوں کی کھالوں کا استعمال پہننے اوڑھنے میں مکروہ ہے کیونکہ اس سے مزاج میں درندگی پیدا ہوتی ہے، ہاں خارجی استعمال جیسے دیوار پر زینت کے لئے یا بہادری کا مظاہرہ کرنے کے لئے لٹکانا جائز ہے۔

اور خنزیر کا استثناء اس کے نجس العین ہونے کی وجہ سے ہے، قرآن کریم میں صراحت ہے کہ خنزیر گندہ ہے پس وہ کسی بھی طرح پاک نہیں ہوسکتا، اور انسان کا استثناء اس کی کرامت کی وجہ سے ہے یعنی اس کی کھال پاک ہے مگر احترام انسانیت کی وجہ سے اس کا استعمال ممنوع ہے اور یہی حکم اعضائے انسان کا ہے، اگر ان کا استعمال موضع امتھان (پامالی) میں نہ ہو بلکہ کسی انسان کے جسم میں پیوندکاری کی جائے تو حالت اضطرار میں اس کی گنجائش ہے۔

اور فقہ حنفی میں ایک استثناء اور بھی ہے: جو کھالیں رنگی نہیں جاسکتیں جیسے: سانپ، مچھلی وغیرہ کی کھالیں وہ بھی پاک نہیں ہوسکتیں کیونکہ وہ دباغت کا اثر قبول نہیں کرتیں، مگر اب مشینری دور میں اس استثناء کی ضرورت نہیں رہی، مشین ہر کھال سے گوشت کے اجزاء علحدہ کردیتی ہے اور پتلی سے پتلی کھال کو بھی رنگ دیتی ہے۔

اور فقہ شافعی میں خنزیر کے ساتھ کتے کا بھی استثناء کیا گیا ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک کتا بھی نجس العین ہے۔ اور امام احمد اور امام اسحاق رحمہما اللہ اس مسئلہ میں دو وجہ سے مذبذب ہیں: ایک: إِهَاب: کس کو کہتے ہیں، فن غریب الحدیث کے امام نضر بن شمیلؒ کے نزدیک: إِهاب ماکول اللحم جانور کی کھال ہے، غیر ماکول اللحم کی کھال اہاب نہیں۔ دوم: روایتوں میں تعارض ہے، ایک: روایت یہ ہے کہ ایک بکری مرگئی نبی ﷺ نے اس کے مالکوں سے کہا: ''اس کی کھال کیوں نہیں نکال لیتے؟ پھر اس کو رنگ لو پس اس سے فائدہ اٹھاؤ'' اور قولی حدیث ہے: ''جونسا کچا چمڑا رنگ دیا جائے وہ یقیناً پاک ہوجاتا ہے''

دوسری حدیث عبداللہ بن عُکیم کی ہے وہ کہتے ہیں: ہمارے پاس نبی ﷺ کا وفات سے دومہینہ پہلے خط آیا کہ مردار سے فائدہ مت اٹھاؤ، نہ کچے چمڑے سے اور نہ پٹھے سے، یہ حدیث چونکہ مؤخر ہے اس لئے ان ائمہ نے اس کو ناسخ قرار دیا، مگر اس حدیث میں اضطراب ہے، عبداللہ نے حضور ﷺ کی یہ تحریر خود نہیں دیکھی بلکہ قبیلۂ جہینہ کے کچھ لوگوں سے وہ یہ بات نقل کرتے ہیں اور وہ لوگ اللہ جانیں کون ہیں، اس لئے امام احمد رحمہ اللہ نے آخر میں رائے بدل لی، اب ان کی رائے وہی ہے جو جمہور کی ہے اور حضرت اسحاق کے مذہب کی حقیقت معلوم نہیں۔

ملحوظہ: مردار کی کھال دباغت سے پہلے فروخت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ یہ مسئلہ کتاب البیوع باب ٦٠ میں گذرچکا ہے۔

پہلی حدیث: وہی ہے جو اوپر بیان کی گئی کہ ایک بکری مرگئی تھی الخ۔ یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما

براہِ راست نبی ﷺ سے بھی روایت کرتے ہیں اور اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے واسطہ سے بھی روایت کرتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے دونوں حدیثوں کو صحیح قرار دیا ہے، پس وہ روایت جس میں حضرت میمونہؓ کا واسطہ نہیں وہ مرسل صحابی ہوگی۔

دوسری حدیث: أَيُّمَا إهابٍ دُبِغ فقد طَهُرَ: جو بھی کچی کھال رنگ دی گئی وہ یقیناً پاک ہوگئی۔

تشریح: غیر ماکول اللحم جانوروں کی کھالوں کو یہ حدیث شامل ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے حضرت اسحاق نے نضر بن شمیل کا قول لیا ہے، وہ فرماتے ہیں: اہاب ماکول اللحم کی کچی کھال کو کہتے ہیں، پس غیر ماکول اللحم کی کھال سے انتفاع جائز نہیں، نہ رنگنے سے پہلے اور نہ رنگنے کے بعد، اور دیگر ائمہ فرماتے ہیں: اہاب مطلق کچی کھال کو کہتے ہیں، خواہ ماکول اللحم کی ہو یا غیر ماکول اللحم کی، مذبوحہ کی ہو یا غیر مذبوحہ کی، پس یہ حدیث ہر کھال کو شامل ہے، اور ہر کھال دباغت سے پاک ہوجاتی ہے۔

تیسری حدیث: عبداللہ بن عُکیم (صحابی نہیں ہیں، مُخَضْرم تابعی ہیں) کہتے ہیں: ہمارے (قبیلہ کے) پاس نبی ﷺ کا خط آیا کہ تم مردار کی کچی کھال سے اور پٹھے سے فائدہ مت اٹھاؤ۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے اسحاق بن راہویہ فرماتے ہیں: مردار کی کھال سے کسی حال میں انتفاع جائز نہیں، اور وہ حدیثیں جن میں دباغت کے بعد مردار کی کھال سے انتفاع کی اجازت دی گئی ہے وہ منسوخ ہیں، اور یہ حدیث ناسخ ہے کیونکہ اس کے بعض طرق میں یہ صراحت ہے کہ یہ خط آنحضور ﷺ کی وفات سے دو مہینے پہلے گیا تھا پس یہ حدیث بعد کی ہے اور ناسخ ہے، اور اباحت والی حدیثیں پہلے کی ہیں اور منسوخ ہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ کی بھی پہلے یہی رائے تھی مگر جب ان کے سامنے یہ بات آئی کہ عبداللہ بن عکیم نے خود وہ تحریر نہیں دیکھی بلکہ وہ قبیلہ کے لوگوں سے روایت کرتے ہیں اور وہ مجہول ہیں اس لئے آپ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا، اب وہ جمہور کے ساتھ ہیں، صرف اسحاق کا اختلاف باقی ہے۔

فائدہ: غیر ماکول اللحم جانور کو اگر بسم اللہ پڑھ کر شرعی طریقہ پر ذبح کرلیا جائے تو اس کا گوشت پاک ہوجاتا ہے اور کھال بھی، البتہ وہ گوشت کھانا حرام ہے، پس اگر وہ گوشت پانی میں گرجائے تو پانی ناپاک نہیں ہوگا اور اس کے ساتھ نماز پڑھی جائے تو نماز صحیح ہوگی۔

[٧-] باب ماجاء فی جُلُوْدِ المَيْتَةِ إِذَا دُبِغَتْ

[١٧١٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: مَاتَتْ شَاةٌ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَهْلِهَا: "أَلَّا نَزَعْتُمْ

جِلْدَهَا ثُمَّ دَبَغْتُمُوْهُ فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ"

وفى الباب: عَنْ سَلَمَةَ بنِ الْمُحَبِّقِ، وَمَيْمُوْنَةَ، وَعَائِشَةَ؛ وَحديثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَرُوِىَ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ، وَرُوِىَ عَنْ سَوْدَةَ، وَسَمِعْتُ مُحمداً يُصَحِّحُ حديثَ ابنِ عباسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثَ ابنِ عباسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ، وَقَالَ: احْتَمَلَ أَنْ يَكُوْنَ رَوَى ابنُ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى ابنُ عَبَّاسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ مَيْمُوْنَةَ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ وَهُوَ قَوْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وابنِ الْمُبَارَكِ، وَالشَّافِعِيِّ، وأَحْمَدَ، وَإِسْحَاقَ.

[١٧١٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ وَعْلَةَ، عَنْ ابنِ عَباسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَيُّمَا إِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالُوْا فِيْ جُلُوْدِ الْمَيْتَةِ: إِذَا دُبِغَتْ فَقَدْ طَهُرَتْ، وَقَالَ الشَّافِعِيُّ: أَيُّمَا إِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ إِلاَّ الْكَلْبَ وَالْخِنْزِيْرَ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے سب سے پہلے مری ہوئی بکری کی حدیث لکھی ہے اس میں إلاَّ: هَلاّ کی طرح حرف تحضیض ہے جو کسی کام پر ابھارنے کے لئے استعمال ہوتا ہے...... یہ روایت ابن عباسؓ براہِ راست نبی ﷺ سے بھی روایت کرتے ہیں اور اپنی خالہ حضرت میمونہؓ سے بھی اور ام المؤمنین حضرت سوداءؓ سے بھی، امام بخاریؒ نے پہلی دوسندوں کی تصحیح کی ہے اور فرمایا ہے کہ احتمال ہے کہ ابن عباسؓ نے یہ حدیث حضرت میمونہؓ سے بھی سنی ہو پھر ان کا تذکرہ نہ کیا ہو (پس یہ حدیث مرسل صحابی ہوگی اور حضرت سوداءؓ والی سند کے بارے میں کچھ نہیں فرمایا) اور اس پر اکثر اہل علم کا عمل ہے جن میں ابن المبارک، احمد اور اسحاق کا بھی نام لیا ہے، حالانکہ ان کا اختلاف آگے ذکر کریں گے...... پھر دوسری حدیث (نمبر ۱۷۱۸) پیش کی ہے جو قولی حدیث ہے اور یہ اعلی درجہ کی صحیح روایت ہے پھر مکرر فرمایا ہے کہ اس حدیث پر اکثر علماء کا عمل ہے، وہ مردار کی کھال کے بارے میں کہتے ہیں کہ جب اس کو رنگ دیا جائے تو وہ پاک ہوجاتی ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو بھی کچی کھال رنگ دی گئی وہ یقیناً پاک ہوگئی، مگر خنزیر اور کتا مستثنیٰ ہیں، یہ (کتے کے استثناء کے علاوہ) جمہور کا مذہب ہے اور عبارت میں تکرار ہے۔

وَكَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ جُلُوْدَ السِّبَاعِ، وَشَدَّدُوْا فِيْ لُبْسِهَا، وَالصَّلاَةِ فِيْهَا.

قَالَ إسحاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ: إِنَّمَا مَعْنَى قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" أَيُّمَا إِهَابٍ دُبِغَ فَقَدْ طَهُرَ" إِنَّمَا يَعْنِي بِهِ جِلْدَ مَايُؤْكَلُ لَحْمُهُ، هٰكَذَا فَسَّرَهُ النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، وَقَالَ: إِنَّمَا يُقَالُ: إِهَابٌ: لِجِلْدِ مَايُؤْكَلُ لَحْمُهُ، وَكَرِهَ ابنُ الْمُبَارَكِ وَأَحْمَدُ وَإِسْحَاقُ وَالْحُمَيْدِيُّ الصَّلاَةَ فِيْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ.

[١٧١٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ طَرِيْفٍ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، وَالشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُكَيْمٍ قَالَ: أَتَانَا كِتَابُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ لاَتَنْتَفِعُوْا مِنَ الْمَيْتَةِ بِإِهَابٍ وَلاَ عَصَبٍ"

هذا حديثٌ حسنٌ، وَيُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُكَيْمٍ عَنْ أَشْيَاخٍ لَهُ هٰذَا الحديثُ وَلَيْسَ الْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ.

[١٧٢٠-] وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنُ عُكَيْمٍ أَنَّهُ قَالَ:" أَتَانَا كِتَابُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ وَفَاتِهِ بِشَهْرَيْنِ"

سَمِعْتُ أَحمدَ بنَ الْحَسَنِ يَقُوْلُ: كَانَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ يَذْهَبُ إِلٰى هٰذَا الحديثِ لِمَا ذُكِرَ فِيْهِ: قَبْلَ وَفَاتِهِ بِشَهْرَيْنِ،وَكَانَ يَقُوْلُ: كَانَ هٰذَا آخرَ أَمْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ تَرَكَ أَحْمَدُ هٰذَا الحديثَ لَمَّا اضْطَرَبُوْا فِيْ إِسْنَادِهِ: حَيْثُ رَوَى بَعْضُهُمْ وَقَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُكَيْمٍ عَنْ أَشْيَاخٍ مِنْ جُهَيْنَةَ.

ترجمہ: اور بعض صحابہ وغیرہ اہل علم نے درندوں کی کھالوں کو ناپسند کیا ہے، اور ان کے پہننے میں اور ان میں نماز پڑھنے میں سختی کی ہے یعنی رنگنے کے بعد بھی ان کا استعمال جائز نہیں (یہ رائے ان فقہاء کی ہے جن کا تذکرہ بعد میں آرہا ہے یعنی ابن المبارک وغیرہ کی اور ان حضرات نے مذکورہ قولی حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ إهاب: ماکول اللحم جانور کی کچی کھال ہی کو کہتے ہیں) اسحاق بن راہویہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ارشاد: أیما إهاب دبغ فقد طَهُرَ میں صرف ان جانوروں کی کھال مراد ہے جن کا گوشت کھایا جاتا ہے، نضر بن شمیل نے اہاب کی یہی تفسیر کی ہے وہ کہتے ہیں: إهاب اسی جانور کی کھال کو کہا جاتا ہے جس کا گوشت کھایا جاتا ہے، اور ابن المبارکؒ، احمدؒ اسحاق اور حمیدیؒ نے درندوں کی کھال میں نماز پڑھنے کو مکروہ کہا ہے (انہی حضرات کی رائے کا تذکرہ پہلے آیا)

پھر امام ترمذیؒ نے عبداللہ بن عکیم کی روایت پیش کی ہے (یہ صحابی نہیں ہیں، مخضرم تابعی ہیں اور خود انھوں نے وہ نامۂ مبارک نہیں دیکھا بلکہ قبیلہ جہینہ کے بعض بڑے لوگوں سے وہ یہ بات روایت کرتے ہیں) امام ترمذیؒ فرماتے

ہیں: اس حدیث پر اکثر اہل علم کا عمل نہیں، پھر امام ترمذیؒ نے آخری روایت پیش کی ہے جس میں یہ اضافہ ہے کہ یہ نامۂ مبارک آپؐ کی وفات سے دو مہینے پہلے گیا تھا، پھر احمد بن الحسن کا قول ذکر کیا ہے کہ امام احمد کی رائے اس حدیث کے مطابق تھی، کیونکہ اس میں قبل وفاته بشهرين کی صراحت ہے اور وہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ آخری امر ہے (پس یہ روایت ناسخ ہے) پھر امام احمدؒ نے اس روایت کو چھوڑ دیا، جب راویوں میں اس کی سند میں اختلاف ہوا چنانچہ بعض رواۃ نے عبداللہ بن عکیم کے بعد عن أشياخٍ مِنْ جُهَيْنة بڑھایا (پس سند میں مجہول واسطے آگئے)

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ جَرِّ الإِزَارِ

ٹخنوں سے نیچے لنگی پہننا مکروہ ہے

عربی میں إزار: لنگی کو کہتے ہیں اور اردو میں پاجامہ کو، اور مراد مطلق کپڑا ہے خواہ لنگی ہو، پاجامہ ہو، پتلون ہو، کرتا ہو، ٹوپی ہو یا پگڑی ہو، کیونکہ حدیث میں عام لفظ ثوب آیا ہے پس ہر کپڑا معروف انداز پر پہننا چاہئے، بھونڈے انداز پر نہیں پہننا چاہئے نہ لباس میں تکبر کو راہ ملنی چاہئے، ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانا، آدھی پنڈلی سے بھی نیچے کرتا پہننا، اور بالشت بھر اونچی ٹوپی پہننا کبر کی علامت ہے۔ اور ابن بطوطہ نے لکھا ہے کہ ایک امام نماز پڑھانے آیا، اس کے عمامہ سے ساری محراب بھر گئی، یہ بات تکبر سے ناشی ہے یا تکبر اس کا منشا (پیدا ہونے کی جگہ) ہے یعنی پہلے سے اگر تکبر نہیں بھی ہوتا تو رفتہ رفتہ پیدا ہو جاتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَايَنْظُرُ اللّٰه يَوْمَ الْقِيامَةِ إِلى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلاَءَ: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کی طرف نظر (رحمت) نہیں فرمائیں گے جو اپنا کپڑا تکبر کے طور پر گھسیٹتا ہے۔

تشریح: الخُيَلاَء کے معنی ہیں: تکبر، بڑائی اور خود پسندی، حضرات شوافع کی کتابوں میں یہ مسئلہ گھمنڈ کی قید کے ساتھ مذکور ہے مگر احناف کی کتابوں میں یہ مسئلہ مطلق ہے کیونکہ جس میں پہلے سے تکبر نہیں ہوتا: کپڑا لٹکانے سے اس میں بھی رفتہ رفتہ اتراہٹ پیدا ہو جاتی ہے، پھر کوئی بھی شخص اس کا اعتراف نہیں کرتا کہ اس نے ایسا کپڑا تکبر کے طور پر پہنا ہے اس لئے ایسی مخفی چیز پر حکم کا مدار نہیں رکھا جا سکتا حکم عام رہے گا، یہ مضمون پہلے ابواب البیوع باب ۵ میں بھی گذر چکا ہے۔

[۸-] باب ماجاء فی کراهية جَرِّ الإِزَارِ

[۱۷۲۱-] حدثنا الأَنْصارِيُّ، ثَنا مَعْنٌ، ثَنا مَالِكٌ ح: وَثَنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، وَزَيْدِ بنِ أَسْلَمَ كُلُّهُمْ يُخْبِرُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:

"لاَيَنْظُرُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلٰى مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُيَلاَءَ"
وفى الباب: عَنْ حُذَيْفَةَ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ، وأَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَسَمُرَةَ، وأَبِىْ ذَرٍّ، وَعائشةَ، وَهُبَيْبِ بنِ مُغَفَّلٍ، حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى ذُيُوْلِ النِّسَاءِ

عورتوں کے کرتے کہاں تک ہوں؟

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مذکورہ بالا ارشاد فرمایا کہ جس نے اپنا کپڑا اتراہٹ سے گھسیٹا اس کی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نظر (رحمت) نہیں فرمائیں گے تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: عورتیں اپنے کرتوں کے دامن کیسے رکھیں؟ (معلوم ہوا کہ یہ حکم لنگی پاجامہ کے ساتھ خاص نہیں، صحابہ اس حکم کو ہر کپڑے کے لئے عام سمجھ رہے ہیں، اس لئے حضرت ام سلمہؓ نے یہ سوال کیا) نبی ﷺ نے فرمایا: عورتیں مردوں کے کرتے سے ایک بالشت کرتا نیچا رکھیں، ام سلمہؓ نے عرض کیا: تب تو ان کے پیر نظر آئیں گے، آپؐ نے فرمایا: پس عورتیں کرتے کو ایک ہاتھ نیچا رکھیں، اس سے زیادہ نیچا نہ رکھیں۔

تشریح: عورتیں ایک ہاتھ سے بھی زیادہ کرتا نیچا رکھیں گی تو وہ زمین سے لگے گا اور گندہ ہوگا، اور اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اور ایک ہاتھ نیچا رکھنے میں فائدہ ہے ان کے پیر نظر نہیں آئیں گے۔

فائدہ (۱): امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث سے عورتوں کے لئے جواز نکلتا ہے کہ وہ لنگی پاجامہ بھی ٹخنوں سے نیچے رکھ سکتی ہیں کیونکہ اس میں ان کے لئے ستر ہے یعنی حدیث میں اگرچہ کرتہ لٹکانے کا جواز ہے مگر اس سے لنگی پاجامہ لٹکانے کا جواز بھی عورتوں کے لئے ثابت ہوتا ہے۔

فائدہ (۲): اس حدیث سے آسانی سے یہ بات سمجھی جاسکتی ہے کہ دور نبوی میں مردوں کے کرتے زمین سے ایک ہاتھ اونچے ہوتے تھے اس سے نیچا کرتا پہننا مردوں کے لئے زیبا نہیں، اور آج کل عربوں میں جو کرتا رائج ہے اس کو مردوں کا کرتا کہنا مشکل ہے، یہ تو عورتوں کا کرتا ہے اور جرّ ثوب کے دائرہ میں آتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں سے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لئے ایک بالشت بھری ان کی پیٹی سے۔

تشریح: نطاق: کمر پر باندھی جانے والی پیٹی: جسے گھر میں کام کاج کرنے والی عورتیں اور کھانا پکانے والی عورتیں اور کھانا کھلانے والی عورتیں باندھتی ہیں یہ روایت عرصہ تک میں نہیں سمجھتا تھا اس کی صورت میری سمجھ میں نہیں آتی تھی، نیز یہ بات بھی واضح نہیں تھی کہ نبی ﷺ نے جو بالشت بھری تھی وہ پیٹی کی ابتداء سے بھری تھی یا

انتہا سے، پھر جب میرا سری لنکا جانا ہوا اور وہاں میں نے بدھسٹ عورتوں کا لباس دیکھا تو اس کی صورت میری سمجھ میں آگئی، وہ عورتیں لنگی پر پیٹی باندھ کر گھر سے نکلتی ہیں یعنی ان کی کمر سے ان کی لنگی پر ایک کپڑا لٹکتا ہے جو آدھی ران تک ہوتا ہے اس سے جسم کے بالائی حصہ کی بے پردگی ختم ہوجاتی ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں مردوں کی طرح عورتیں بھی لنگی باندھتی تھیں پاجامہ کا عام رواج نہیں تھا پس جب مسلمان عورت گھر سے نکلے گی تب تو برقعہ پہن کر نکلے گی مگر جب گھر میں کام کاج میں ہوگی اور کرتا نہیں پہن رکھا ہوگا تو لنگی میں بے پردگی ہوگی اس وقت اگر لنگی پر یا پاجامہ پر عورت کمر میں پیٹی باندھ لے تو پردہ ہوجائے گا، یہ پیٹی اگر برائے نام ہے یعنی ایک بالشت سے کم ہے تو لاحاصل ہے اور اگر بہت لمبی ہے اور گھٹنوں سے نیچے تک ہے تو بے ضرورت ہے اور جرثوب کے دائرہ میں آتی ہے۔ نبی ﷺ نے جو پیٹی سے ایک بالشت بھری تھی وہ اگر کمر سے بھری تھی تو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ بس اتنی پیٹی کافی ہے اس سے زیادہ کی ضرورت نہیں اور حدیث کا دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ حضرت فاطمہ کی پیٹی جہاں تک تھی وہاں سے آپؐ نے بالشت بھری، پس حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ اتنی چھوٹی پیٹی لاحاصل ہے اس کو مزید ایک بالشت بڑھانا چاہئے جیسے کرتوں کے دامن کو ایک بالشت یا ایک ہاتھ بڑھانے کی اجازت دی اسی طرح پیٹی بھی گھٹنوں تک لٹکنی چاہئے تاکہ پردہ کا مقصد حاصل ہو۔ حدیث کا یہ دوسرا مطلب زیادہ موزون معلوم ہوتا ہے کیونکہ اسی صورت میں حدیث کی باب سے مناسبت ہوگی پہلا مطلب لینے کی صورت میں حدیث: باب سے بے جوڑ ہوگی۔

[٩-] باب ماجاء فی ذُیُوْلِ النِّسَاءِ

[١٧٢٢-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیِّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ جَرَّ ثَوْبَهُ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰهُ إِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: فَکَیْفَ یَصْنَعُ النِّسَاءُ بِذُیُوْلِهِنَّ؟ قَالَ: " یُرْخِیْنَ شِبْراً" فَقَالَتْ: إِذًا تَنْکَشِفُ أَقْدَامُهُنَّ! قَالَ: " فَیُرْخِیْنَهُ ذِرَاعًا، لَایَزِدْنَ عَلَیْهِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَفی الحدیثِ رُخْصَةٌ لِلنِّسَاءِ فِی جَرِّ الإِزَارِ، لِأَنَّهُ یَکُوْنُ أَسْتَرَ لَهُنَّ.

[١٧٢٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَفَّانُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِیِّ بنِ زَیْدٍ، عَنْ أُمِّ الْحَسَنِ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُمْ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم شَبَّرَ لِفَاطِمَةَ شِبْراً مِنْ نِطَاقِهَا.

وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِیِّ بنِ زَیْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ.

لغات: ذُیول: ذَیل کی جمع ہے، ذیل الثوب کے معنی ہیں: دامن،......یُرخین: فعل مضارع صیغہ جمع مؤنث غائب أَرْخی إِرْخاءً الستر: پردہ لٹکانا......شَبَّرَ الثوب: بالشت سے ناپنا، اندازہ کرنا۔

وضاحت: یہ حدیث حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کی والدہ روایت کرتی ہیں ان کا نام خَیْرۃ ہے وہ حضرت ام سلمہؓ کی آزاد کردہ ہیں ان سے علی بن زید بن جُدعان بلا واسطہ بھی روایت کرتے ہیں اور حضرت حسن کے واسطہ سے بھی اور دونوں سندیں صحیح ہیں کیونکہ ان کا دونوں سے لقاء وسماع ہے مگر راوی ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی لُبْسِ الصُّوْفِ

اونی کپڑے پہننے کا بیان

قدیم زمانہ سے چمڑے اور اُون کا لباس پہننے کا رواج چلا آرہا ہے، پہلے سوتی کپڑوں کا رواج زیادہ نہیں تھا، نیز بے سلا لباس پہنا جاتا تھا یعنی چادر اوڑھی جاتی تھی اور لنگی باندھی جاتی تھی، اوڑھنے کی چادر کو کِساءٌ کہتے تھے، یہ چادر عام طور پر اون کی ہوتی تھی اور لنگی کو اِزَار کہتے تھے، یہ بھی اون کی ہوتی تھی، سلے ہوئے کپڑوں کا عام رواج نہیں تھا۔

آج بھی چمڑا اور اون لباس میں استعمال ہوتا ہے مگر اب ان کی کوالٹی اعلی ہوگئی ہے، اونی لباس اعلی لباس سمجھا جاتا ہے، چمڑے کے کوٹ، ٹوپی، موزے اور صدری وغیرہ پہنتے ہیں اور طرح طرح کے اونی کپڑے تیار ہوتے ہیں جو سردیوں میں پہنے جاتے ہیں مگر دورِ نبوی میں اونی کپڑوں کا درجہ سوتی کپڑوں سے نیچے تھا، بعد میں بھی ایک عرصہ تک ان کا درجہ نیچے رہا، جب دنیا نے ترقی کرلی اور سب لوگ سوتی کپڑے پہننے لگے: اس وقت اللہ کے نیک بندے صوف (اون) پہنتے تھے چنانچہ وہ صوفی کہلانے لگے، اور ان کا طریقہ تصوف کہا جانے لگا قبل ازیں اس کے لئے زُہد، زَہادہ اور احسان کے الفاظ استعمال کئے جاتے تھے اب ان کی جگہ تصوف اور صوفی نے لے لی۔

مگر اس زمانہ میں تصوف میں عجمی اثرات بھی شامل ہوگئے تھے اور ذکر وفکر کے غیر شرعی طریقے رائج ہوگئے تھے، جس کی علماء دیوبند نے تجدید کی اور حتی الامکان غیر شرعی باتیں تصوف سے نکال دیں، اور تصوف کو اس کی اصل شکل کی طرف لوٹا دیا، مگر ممکن ہے کچھ باتیں باقی رہ گئی ہوں جن کی اصلاح کی جاسکتی ہے مگر نفس تصوف کا انکار جیسا کہ نجدی، سلفی، غیر مقلدین اور مودودی کرتے ہیں درست نہیں، یہ ایک قرآن وحدیث اور تعامل سلف سے ثابت حقیقت کا انکار ہے۔

حدیث (۱): ابو بردہؒ کہتے ہیں: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے ہمیں ایک موٹی اوڑھنے کی چادر اور ایک موٹی لنگی دکھائی اور فرمایا: ان دو کپڑوں میں نبی ﷺ کی وفات ہوئی ہے۔

تشریح: آنحضور ﷺ کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپؐ کے جو تبرکات تقسیم کئے تھے ان میں یہ جوڑا جسے پہن کر آپؐ کی وفات ہوئی تھی حضرت عائشہؓ کو دیا تھا جو ان کے پاس عرصہ تک محفوظ رہا، وہ کبھی کبھی طلبہ کو اس کی زیارت کراتی تھیں ـــــــ کِساءٌ کے معنی ہیں اوڑھنے کی چادر، دورِ اول میں یہ چادر

اونی ہوتی تھی، اور مُلَبَّدٌ (اسم مفعول) لَبَّدَ الشيئَ بالشيئ سے ہے جس کے معنی ہیں: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مضبوط چپکانا، جوڑنا، ٹھوس بنانا۔ علماء نے اس کے دو ترجمے کئے ہیں: ایک: پیوند لگی ہوئی، مگر یہ ترجمہ ٹھیک نہیں، دوسرا: موٹی، دبیز، یہی ترجمہ مناسب ہے اور مُلبَّد اور غلیظ میں فرق یہ ہے: ملبّد زیادہ موٹا اور غلیظ کم موٹا یا اس کا برعکس دونوں قول ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کا طور پر اللہ تعالیٰ سے مکالمہ ہوا تو اس وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اونی چادر اور اونی جبہ اور اونی ٹوپی اور اونی پاجامہ پہن رکھا تھا (چادر آپ نے جبہ پر اوڑھ رکھی ہوگی کیونکہ سردی کا زمانہ تھا، آپ گھر والوں کے تاپنے کے لئے آگ لینے گئے تھے) اور آپ کے دونوں چپل مردہ گدھے کی کھال کے تھے (کھال رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے)

تشریح: اس حدیث کی سند میں حمید اعرج ہے اس کے باپ کا نام علی ہے، یہ کوفہ کا باشندہ ہے اور منکر الحدیث یعنی نہایت ضعیف راوی ہے، اسی طبقہ میں ایک دوسرا حمید بھی ہے جس کے باپ کا نام قیس ہے اس کا لقب بھی اعرج ہے مگر وہ مکہ کا باشندہ ہے اور حضرت مجاہدؒ کا شاگرد ہے وہ ثقہ راوی ہے، اور ایک تیسرا حمید بصرہ کا رہنے والا ہے اس کا لقب طویل ہے، وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے، اور اعلی درجہ کا ثقہ راوی ہے۔

[١٠-] باب ماجاء فى لُبْسِ الصَّوْفِ

[١٧٢٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ قَالَ: أَخْرَجَتْ إِلَيْنَا عَائِشَةُ كِسَاءً مُلَبَّدًا وَإِزَارًا غَلِيْظًا، فَقَالَتْ: قُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي هٰذَيْنِ.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَحديثُ عائشةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٧٢٥-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا خَلَفُ بنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "كَانَ عَلَى مُوْسٰى يَوْمَ كَلَّمَهُ رَبُّهُ كِسَاءُ صُوْفٍ، وَجُبَّةُ صُوْفٍ، وكُمَّةُ صُوْفٍ، وَسَرَاوِيْلُ صُوْفٍ، وَكَانَتْ نَعْلَاهُ مِنْ جِلْدِ حِمَارٍ مِيِّتٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَديثِ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ، وَحُمَيْدٌ: هُوَ ابنُ عَلِيٍّ الْأَعْرَجُ مُنْكَرُ الْحديثِ، وَحُمَيْدُ بنُ قَيْسٍ الْأَعْرَجُ الْمَكِّيُّ صَاحِبُ مُجاهِدٍ ثِقَةٌ، وَالكُمَّةُ الْقَلَنْسُوَةُ الصَّغِيْرَةُ.

لغت: الكُمَّة: سر سے لگی ہوئی گول ٹوپی ...... اور الکُمّ کے معنی ہیں: آستین، اس کی جمع أَكْمام ہے۔

بابُ ماجاء في العِمَامَةِ السَّوْدَاءِ

سیاہ عمامہ کا بیان

عربوں میں پگڑی باندھنے کا عام رواج تھا، نبی ﷺ بھی پگڑی باندھتے تھے، اور صحابہ بھی پگڑی باندھتے تھے، اور ایک ضعیف روایت ہے: اِعْتَمُّوْا تَزْدَادُوْا حِلْمًا: پگڑی باندھو بردباری میں اضافہ ہوگا، چھچھوراپن اور اوچھاپن دور ہوگا اور باوقار بنوگے، اور ایک دوسری حدیث میں ہے کہ مسلمانوں اور مشرکوں میں پگڑی سے امتیاز ہوتا ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: فتح مکہ کے دن جب نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کے سر پر سیاہ پگڑی تھی۔

تشریح: پگڑی کسی بھی رنگ کی باندھنا جائز ہے، نبی ﷺ نے سیاہ پگڑی بھی باندھی ہے، ہری بھی اور سفید بھی، پس لال پگڑی تو مناسب نہیں، باقی جس رنگ کی چاہے پگڑی باندھ سکتا ہے، اور چونکہ جنتیوں کا لباس ہرا ہے اس لئے عام طور پر علماء ہری پگڑی کو پسند کرتے ہیں۔

[١١-] باب ماجاء في العِمَامَةِ السَّوْدَاء

[١٧٢٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

وفي الباب: عَنْ عَمْرِو بنِ حُرَيْثٍ، وابنِ عَباسٍ، وَرُكَانَةَ؛ حديثُ جَابِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ سَدْلِ الْعِمَامَةِ بَيْنَ الْكَتِفَيْنِ

شانوں کے درمیان شملہ لٹکانے کا بیان

پگڑی بغیر شملہ کے باندھنا بھی درست ہے اور شملہ کے ساتھ بھی، پھر ایک شملہ رکھنا بھی درست ہے اور دو بھی، اور اس کی مقدار کم از کم ایک بالشت اور زیادہ سے زیادہ کمر تک ہونی چاہئے اس سے لمبا شملہ جرثوب کے دائرہ میں آتا ہے، اور شملہ دائیں جانب سے بھی اور بائیں جانب سے بھی سینہ پر ڈالا جاسکتا ہے، پہلے روافض بائیں کندھے سے سینہ پر شملہ ڈالتے تھے مگر اب ان کا یہ شعار نہیں رہا اس لئے یہ بھی درست ہے۔

حدیث: ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب پگڑی باندھتے تھے تو اپنے دونوں شانوں کے درمیان اپنی پگڑی یعنی شملہ لٹکاتے تھے، نافع کہتے ہیں: ابن عمرؓ کا بھی یہی معمول تھا، اور عبید اللہ عمریؒ کہتے ہیں: میں

نے قاسم اور سالم کو بھی ایسا ہی کرتے دیکھا ہے، یہ دونوں حضرات مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں، قاسمؒ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں اور سالم حضرت ابن عمرؓ کے صاحبزادے ہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث پر مصری نسخہ میں باب ہے اور تحفۃ الاحوذی میں بھی باب ہے اور اس باب میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت بھی ہے جس کی سند صحیح نہیں (اللہ جانے یہ روایت کس کتاب میں ہے)

[۱۲-] باب سَدْلِ العِمَامَةِ بَيْنَ الكَتِفَيْنِ

[۱۷۲۷-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الهَمْدَانِيُّ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ مُحمدٍ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ ابنُ عُمَرَ يَسْدِلُ عِمَامَتَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: وَرَأَيْتُ الْقَاسِمَ وَسَالِمًا يَفْعَلَانِ ذٰلِكَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَلاَيَصِحُّ حديثُ عَلِيٍّ مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ.

لغات: اعْتَمَّ الرجلُ: پگڑی سر پر لپیٹنا..... سَدَلَ الثوبَ: لٹکانا، چھوڑنا۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ خَاتَمِ الذَّهَبِ

سونے کی انگوٹھی کی ممانعت

مردوں کے لئے سونا مطلقاً حرام ہے، البتہ عورتوں کے لئے سونے کا زیور جائز ہے اور جس طرح ریشم ابتداء اسلام میں جائز تھا سونا بھی جائز تھا، پھر دونوں کی حرمت آگئی، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث پہلے دو مرتبہ گذر چکی ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور قَسِّی کپڑا پہننے سے اور رکوع سجدے میں قرآن پڑھنے سے اور گیروے رنگ کا کپڑا پہننے سے منع کیا، حضرت عمرانؓ بھی یہی بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع کیا، اور آگے یہ حدیث آرہی ہے کہ پہلے نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی تھی پھر اس کو نکال پھینکا اور فرمایا: ''میں اس کو اب کبھی نہیں پہنوں گا'' اور آپؐ نے امت کو بھی اس سے منع کر دیا۔

مسئلہ (۱): سونے کا کوئی بھی زیور جیسے گردن کی زنجیر، ہاتھ کا کڑا، گھڑی کی چین اور سونے کی انگوٹھی وغیرہ مردوں کے لئے حرام ہیں، البتہ عورتوں کے لئے یہ چیزیں جائز ہیں۔

مسئلہ (۲): سنہری رنگ جائز ہے یعنی اگر انگوٹھی یا گھڑی کی چین پر سنہری کلر ہو تو یہ جائز ہے اور کلر وہ ہوتا ہے جو کھرچنے سے الگ نہ پڑے اور جو کھرچنے سے الگ پڑے وہ پتّر ہے جو جائز نہیں۔

مسئلہ(۳): جو بٹن شیروانی یا کرتے کے ساتھ جڑے ہوئے ہوں اور اس پر زری کا کام ہوا ہوا ہو تو ایسے بٹن جائز ہیں اور جو بٹن کپڑے سے علحدہ ہوں وہ سونے کے جائز نہیں۔

مسئلہ(۴): ضرورت کے وقت سونے کا استعمال جائز ہے جیسے ایک صحابی کی جنگ میں ناک کٹ گئی تھی، انھوں نے چاندی کی ناک بنوائی تو اس میں بدبو ہو جاتی تھی اس لئے نبی ﷺ نے ان کو سونے کی ناک بنوانے کی اجازت دی، اسی طرح دانتوں کو سونے کے تاروں سے بندھوانا یا دانت پر سونے کا خول چڑھانا بھی جائز ہے، کیونکہ چاندی کالی پڑ جاتی ہے پس یہ بھی ایک ضرورت ہے (اور یہ مسئلہ اور یہ حدیث باب ۳۱ میں آ رہی ہے)

[۱۳-] باب ماجاء فی کراهیةِ خَاتَمِ الذَّهَبِ

[۱۷۲۸-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِى طَالِبٍ قَالَ: نَهَانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ، وَعَنْ لِبَاسِ الْقَسِّيِّ، وَعَنِ الْقِرَاءَ ةِ فِيْ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ، وَعَنْ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ، هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۷۲۹-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِى التَّيَّاحِ، ثَنَا حَفْصُ اللَّيْثِيُّ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ أَنَّهُ حَدَّثَنَا: أَنَّهُ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عُمَرَ، وأَبِيْ هريرةَ، وَمُعَاوِيَةَ، حديثُ عِمْرَانَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ التَّيَّاحِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ حُمَيْدٍ.

وضاحت: یوسف بن حماد: معن بن زائدہ کی اولاد میں تھے اس لئے ان کی نسبت المَعْنِیّ ہے (اللباب ۳: ۲۳۸)

بابُ ماجاء فی خَاتَمِ الْفِضَّةِ

چاندی کی انگوٹھی کا بیان

چاندی کی انگوٹھی جائز ہے مگر وہ چار گرام سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے اور اس وزن میں نگینہ شامل نہیں، اور اس کی حکمت پہلے گذر چکی ہے کہ یہ جنت کے زیور کا نمونہ ہے، نبی ﷺ چاندی کی انگوٹھی پہنتے تھے اور اس کا نگینہ حَبَشی طرز کا تھا، اس کی ساخت کیسی تھی؟ اس کا سمجھنا اب ہمارے لئے دشوار ہے، پس مسئلہ یہ ہے کہ انگوٹھی کا نگینہ کسی بھی چیز کا اور کسی بھی طرز کا ہو سکتا ہے اس سلسلہ میں کوئی تنگی نہیں۔

[۱٤-] باب ماجاء فی خَاتَمِ الْفِضَّةِ

[۱۷۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ خَاتَمُ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ وَرِقٍ، وَكَانَ فَصُّهُ حَبَشِيًّا.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ فَصِّ الْخَاتَمِ؟

انگوٹھی کا نگینہ کیسا ہونا چاہئے؟

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ بھی چاندی کا تھا، یعنی کسی پتھر یا مہرے کا نہیں تھا بلکہ چاندی ہی کا تھا، جس پر محمد رسول اللہ کندہ تھا۔

تشریح: اس حدیث میں اور گذشتہ حدیث میں کچھ لوگوں کو تعارض محسوس ہوا ہے، گذشتہ حدیث میں تھا کہ نگینہ حَبَشی تھا اور اس حدیث میں ہے کہ نگینہ چاندی کا تھا، مگر حقیقت یہ ہے کہ نگینہ چاندی کا تھا کیونکہ اس پر مہر کندہ تھی اور مہر پتھر وغیرہ پر کندہ نہیں کی جاسکتی، البتہ اس کی ساخت حبشی طرز کی تھی، پس دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں۔

[۱۵-] باب ماجاء مَايُسْتَحَبُّ مِنْ فَصِّ الخاتَمِ؟

[۱۷۳۱-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا حَفْصُ بنُ عُمَرَ بنِ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِيُّ، ثَنَا زُهَيْرٌ أَبُوْ خَيْثَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ خَاتَمُ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ فِضَّةٍ، فَصُّهُ مِنْهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فی لُبْسِ الْخَاتَمِ فِی الْيَمِيْنِ

دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کا بیان

انگوٹھی کس ہاتھ میں پہننی چاہئے؟ اسی طرح گھڑی کس ہاتھ میں باندھنی چاہئے؟ اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ دائیں کی فضیلت مسلم ہے مگر دائیں ہاتھ سے چونکہ کام بہت زیادہ کرنے پڑتے ہیں اس لئے دائیں ہاتھ میں گھڑی باندھنے میں اور انگوٹھی پہننے میں دشواری ہے، چنانچہ عام طور پر لوگ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے ہیں اور بائیں ہاتھ میں گھڑی باندھتے ہیں، پس اس میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما سے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی

پہننا بھی ثابت ہے۔

حدیث (۱): ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی اور اس کو دائیں ہاتھ میں پہننا شروع کیا، پھر ایک دن منبر پر بیٹھ کر ارشاد فرمایا: میں نے یہ انگوٹھی جو میرے دائیں ہاتھ میں ہے بنائی تھی (مگر اب سونا حرام ہوگیا ہے) پھر آپؐ نے وہ انگوٹھی نکال کر نیچے ڈال دی لوگوں نے بھی (جنھوں نے سونے کی انگوٹھیاں بنائی تھیں) نکال کر نیچے ڈال دیں۔

حدیث (۲): صلت بن عبداللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا اور میرا گمان یہ ہے کہ ابن عباسؓ نے یہ بھی فرمایا کہ نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

حدیث (۳): محمد باقر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھیاں پہنا کرتے تھے بلکہ بیہقی کی روایت میں باقر رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ اور حضرات ابوبکر وعمر وعلی اور حضرات حسنین رضی اللہ عنہم بائیں ہاتھ میں انگوٹھیاں پہنتے تھے (تحفۃ الاحوذی بحوالہ فتح ابن حجرؒ)

حدیث (۴): حماد بن سلمہ کہتے ہیں: میں نے عبید اللہ کو جو نبی ﷺ کے آزاد کردہ حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں ان کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا، پس میں نے ان سے پوچھا تو انھوں نے فرمایا: میں نے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا ہے اور عبداللہ نے یہ بھی کہا کہ نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

ملحوظہ: حدیث (۳) باب سے بے جوڑ ہے، کیونکہ باب دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کے بارے میں ہے، اور اس روایت میں بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کا ذکر ہے۔ مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوری نے شرح میں لکھا ہے کہ شاید باب میں فی الیمین کے بعد والیسار (کاتبوں سے) رہ گیا ہے۔

[۱۶-] باب ماجاء في لُبْسِ الْخَاتَمِ فِي الْيَمِيْنِ

[۱۷۳۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَتَخَتَّمَ بِهِ فِيْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنِّيْ كُنْتُ اتَّخَذْتُ هٰذَا الْخَاتَمَ فِيْ يَمِيْنِيْ" ثُمَّ نَبَذَهُ، وَنَبَذَ النَّاسُ خَوَاتِيْمَهُمْ"

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَجَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ، وابنِ عَباسٍ، وَعَائِشَةَ، وأَنَسٍ، وَحديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ نَحْوُ هٰذَا مِنْ غَيْرِ

هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَمْ يُذْكُرْ فِيْهِ: أَنَّهُ تَخَتَّمَ فِيْ يَمِيْنِهِ.

[١٧٣٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّلْتِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ نَوْفَلٍ، قَالَ: رَأَيْتُ ابنَ عَبَّاسٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، وَلاَ إِخَالُهُ إِلَّا قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيلَ: حديثُ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّلْتِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ نَوْفَلٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٧٣٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ يَتَخَتَّمَانِ فِي يَسَارِهِمَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٧٣٥-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ قَالَ: رَأَيْتُ ابنَ أَبِيْ رَافِعٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، وَقَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَخَتَّمُ فِي يَمِيْنِهِ.

قَالَ محمدٌ: وَهٰذَا أَصَحُّ شَيْءٍ رُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ هٰذَا الْبَابِ.

بابُ ماجاء فی نَقْشِ الْخَاتَمِ

انگوٹھی پر لکھوانا

جب نبی ﷺ نے شاہانِ عجم کو دعوتی خطوط لکھنے کا ارادہ فرمایا تو آپؐ کو بتایا گیا کہ وہ لوگ مہر کے بغیر کوئی خط قبول نہیں کرتے، چنانچہ آپؐ نے مہر بنوائی اور اس پر ﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾ کندہ کروایا، یہ سورۃ الفتح کی آخری آیت کا ابتدائی حصہ ہے اس کو اس طرح کندہ کرایا تھا کہ نیچے ﴿مُحَمَّدٌ﴾ تھا اور اوپر ﴿رَسُوْلٌ﴾ تھا اور بالکل اوپر ﴿اللّٰہ﴾ تھا اس طرح اللّٰہ رسول محمد اس مہر کو آپؐ خطوط میں استعمال فرماتے تھے، کچھ صحابہ نے بھی اتباعِ سنت میں یہی عبارت کندہ کروائی تو آپ نے منع فرمایا کیونکہ اس سے اشتباہ پیدا ہوگا اور مہر کا مقصد فوت ہوجائے گا۔

فائدہ: اب چونکہ ربڑ کی مہریں بنتی ہیں اس لئے انگوٹھیوں پر مہر کندہ کرانے کا رواج ختم ہوگیا ہے، مگر ماضی قریب تک اس کا رواج تھا، حضرت گنگوہی قدس سرہ کی انگوٹھی میں ﴿رشید احمد﴾ کندہ تھا، حضرت شیخ الہند رحمہ اللہ کی انگوٹھی میں: ﴿الٰہی: عاقبت محمود گرداں﴾ کندہ تھا یعنی اے اللہ! انجام بخیر فرما، اور حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ کی انگوٹھی میں ﴿از گروہِ اولیاء اشرف علی﴾ کندہ تھا یعنی اولیاء کی جماعت میں سب سے اشرف حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں، مگر حضرت یہ مہر استعمال نہیں فرماتے تھے، کیونکہ غلط فہمی کا اندیشہ تھا اور میرے حضرت (حضرت مفتی مظفر حسین صاحب

قدس سرہ) کا سَجَع تھا﴿ دردو جہاں مظفر حسین ﴾یعنی دونوں جہاں میں کامیاب حضرت حسین رضی اللہ عنہ رہے، یزید کامیاب نہیں رہا، یہ سجع حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی قدس سرہ نے کہا تھا۔ اور میری مہر میں ﴿فَأَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِيْ الْجَنَّةِ﴾ لکھا ہوا ہے یعنی اگر جنت میں جانا ہے تو نیک بخت بنو۔

لطیفہ: ایک دیہاتی نے حضرت تھانوی قدس سرہ سے کہا: حضرت جی! میرا بھی سجع کہہ دے، حضرت تھانوی نے پوچھا: تیرا کیا نام ہے؟ اس نے کہا: محمد گھیسا۔ حضرت نے اس کا سجع کہا﴿ سب مٹھا محمد گھیسا ﴾یعنی سارا جگت چھاچھ ہے اور حضرت محمد ﷺ اس میں گھی کی مثال ہیں۔

مسئلہ: اگر انگوٹھی پر کوئی آیت کندہ ہو تو اس کو لے کر بیت الخلاء میں جانا جائز نہیں، نبی ﷺ کی انگوٹھی پر چونکہ آیت کندہ تھی اس لئے جب آپؐ بیت الخلاء تشریف لے جاتے تھے تو اس کو نکال کر باہر رکھ دیتے تھے، آج کل حروف مقطعات کی انگوٹھیوں کا رواج چل پڑا ہے یہ بھی آیاتِ قرآنیہ ہیں، پس اس انگوٹھی کے ساتھ بیت الخلاء میں جانا جائز نہیں، نکال کر باہر رکھ کر جانا چاہئے۔

[١٧-] باب ماجاء في نَقْشِ الْخَاتَمِ

[١٧٣٦-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بنُ يَحْيىَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ نَقْشُ خَاتَمِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَةَ أَسْطُرٍ: مُحمدٌ سَطْرٌ، وَرَسُوْلٌ سَطْرٌ، وَاللّٰهُ سَطْرٌ، وَلَمْ يَقُلْ مُحمدُ بنُ يَحْيىَ فِي حَدِيْثِهِ: ثَلاَثَةَ أَسْطُرٍ.

وَفِي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[١٧٣٧-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، فَنَقَشَ فِيْهِ:﴿ مُحمدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾ ثُمَّ قَالَ:" لاَتَنْقُشُوْا عَلَيْهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "لاَتَنْقُشُوْا عَلَيْهِ" نَهَى أَنْ يَنْقُشَ أَحَدٌ عَلٰى خَاتَمِهِ: ﴿مُحمدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ﴾

[١٧٣٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا سَعِيْدُ بنُ عَامِرٍ، وَالْحَجَّاجُ بنُ مِنْهَالٍ، قَالاَ: ثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخَلَ الْخَلاَءَ نَزَعَ خَاتَمَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في الصُّوْرَةِ

تصویر کی حرمت کا بیان

قدیم زمانہ سے مجسمہ بنانے کا اور اس کو پوجنے کا اور گھر کی دیواروں پر اور کپڑوں پر اور جسم پر تصویر بنانے کا رواج چلا آ رہا ہے اس لئے اسلام نے جاندار کی تصویر کو مطلقاً حرام قرار دیا ہے، خواہ وہ کسی چیز پر ہو اور کسی طرح ہو، البتہ جو موضع امتہان (پامالی) میں ہو اس سے صرف نظر کی ہے اور جو موضع تعظیم میں ہو اس پر سخت نکیر کی ہے۔ اور یہ باب أبواب اللباس میں اسی مناسبت سے لایا گیا ہے کہ لوگ پہننے کے کپڑوں پر تصویریں بناتے ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے گھر میں تصویر رکھنے سے منع فرمایا، اور اس سے بھی منع فرمایا کہ تصویر بنائی جائے یعنی تصویر بنانی بھی ممنوع ہے اور اس کو گھر میں رکھنا بھی ممنوع ہے۔

تشریح: صورت سازی کی حرمت کی وجہ قدیم زمانہ سے علماء یہ بیان کرتے آئے ہیں کہ یہ بت پرستی کا ذریعہ ہے اور اسلام شرک کا کسی طرح روادار نہیں، اس لئے تصویر سازی اسلام نے مطلقاً حرام کر دی ہے، پھر جب کیمرہ ایجاد ہوا تو تصویر شمسی کے بارے میں اختلاف ہوا، مصر کے بعض علماء نے فتوی دیا کہ کیمرہ کا فوٹو جائز ہے، وہ حرام تصویر کے دائرہ میں نہیں آتا، بلکہ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بعض صورتوں میں مثلاً صنعت وحرفت کی ترقی کے لئے اور میڈیکل سائنس کے فروغ کے لئے کیمرہ کا فوٹو ضروری ہے، پھر رفتہ رفتہ یہ رائے تمام عرب علماء میں پھیل گئی اور سب ایک خیال ہو گئے، مگر ہمیشہ ہی کچھ عرب علماء کیمرے کے فوٹو کو ناجائز بھی کہتے رہے ہیں، ماضی قریب میں شیخ ابن باز رحمہ اللہ کیمرے کے فوٹو کو قطعاً حرام کہتے تھے، اور آج بھی بحمد اللہ ایسے علماء عرب موجود ہیں جو اس کی حرمت کے قائل ہیں۔

اور برصغیر کے یعنی غیر منقسمہ ہندوستان کے تمام علماء شروع سے آج تک کیمرے کے فوٹو کو حرام کہتے ہیں ان کے نزدیک مجسمہ کا اور تصویر شمسی کا ایک حکم ہے اور عرب علماء کی دلیل صرف یہ ہے کہ مجسمہ ہی کی عبادت ہوتی ہے، کیمرہ کے فوٹو کی عبادت نہیں ہوتی اس لئے وہ جائز ہے مگر وہ حضرات اسلامی مملکت میں رہتے ہیں انہیں معلوم نہیں کہ دنیا میں کن کن چیزوں کی پوجا ہوتی ہے۔

ایک واقعہ: جب ندوۃ العلماء لکھنؤ کا پچاسی سالہ جشن ہوا تو کافی عرب علماء کو دعوت دی گئی تھی اس موقعہ پر اردن کے ایک عالم دیوبند ہو کر لکھنؤ گئے تھے، یہاں میرا ان سے تعارف ہو گیا تھا، پھر جب دارالعلوم دیوبند نے پندرہ اساتذہ کا وفد بنایا جس نے اس اجلاس میں شرکت کی تو اس میں میرا نام بھی تھا، ہم جب لکھنؤ پہنچے اور اجلاس میں شریک ہوئے تو دیکھا کہ اسٹیج پر پہلی دو تین صفوں میں عرب علماء بیٹھے ہیں اور بری طرح ان کے فوٹو کھینچے جا رہے ہیں، اردن کے وہ عالم صاحب بھی ان صفوں میں بیٹھ کر فوٹو کھنچواتے تھے، ایک دن میری ان سے اس مسئلہ پر گفتگو

ہوئی، میں نے عرض کیا: آپ بڑے عالم ہیں اور صحیح حدیث کے خلاف عمل کرتے ہیں؟ انھوں نے فوراً کہا: کیمرے کا فوٹو حرام نہیں، میں نے پوچھا: کیوں؟ انھوں نے جواب دیا: لأنها لا تُعْبَد یعنی تصویر کی حرمت اس لئے ہے کہ وہ پوجی جاتی ہے اور کیمرے کا فوٹو پوجا نہیں جاتا، میں خاموش ہو گیا، عصر کی نماز کے بعد میں نے شیخ سے کہا: حضرت! تشریف لائیں ذرا تفریح کر آئیں، میں پہلی مرتبہ لکھنؤ گیا تھا جب میں رکشے سے گومتی کے پل سے گذرا تو دائیں طرف چٹائیاں باندھ کر ایک عارضی مندر بنایا گیا تھا، سنا ہے اب وہاں بڑا مندر بن گیا ہے، میری اس پر نظر پڑی تھی، میں شیخ کو لے کر وہاں پہنچ گیا، میں نے شیخ کو مندر کے سامنے کھڑا کیا اور کہا: شُفْ! هذه صورةٌ شمسيَّةٌ أم مُجسَّمةٌ؟ ملاحظہ فرمائیں! یہ کیمرے کا فوٹو ہے یا مورتی ہے؟ وہاں ایک بڑا فوٹو لگا ہوا تھا جس پر پھول ہار چڑھے ہوئے تھے، شیخ نے اس کو بغور دیکھا اور فرمایا: واللہ! هذه صورة شمسيّة، بخدا! یہ کیمرے کا فوٹو ہے، پس میں نے ان کو سمجھایا کہ آپ حضرات اسلامی ملک میں رہتے ہیں، آپ حضرات کو معلوم نہیں کہ مشرکین کیا کیا پوجتے ہیں، ہندوستان میں تو ہر جگہ یہی کیمرے کے فوٹو پوجے جاتے ہیں، دوکانوں میں، بسوں میں، گھروں میں اور چھوٹے مندروں میں یہی کاغذی فوٹو پوجے جاتے ہیں، انہی پر دیئے جلتے ہیں۔

اس کے بعد میں نے دیکھا کہ شیخ چوتھی صف میں بیٹھتے تھے اور اپنا رومال چہرے پر لٹکا لیتے تھے، اس واقعہ سے یہ بات سمجھانی مقصود ہے کہ پوجا مورتی کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ کیمرے کے فوٹو بھی پوجے جاتے ہیں، اس لئے تصویر سازی مطلقاً حرام ہے، پس اخبارات میں جو تصاویر چھپتی ہیں ان کو بھی گھر میں نہیں رکھنا چاہئے، یا کھلی جگہ نہیں رکھنا چاہئے، حدیث شریف میں ہے کہ جس گھر میں کتا یا تصویر ہوتی ہے وہاں فرشتے نہیں آتے (متفق علیہ مشکوٰۃ حدیث ۴۴۸۹) پس اپنے گھروں کو رحمت کے فرشتوں سے کیوں محروم کیا جائے۔

اور خاندان کے بڑوں کی تصویریں اور بزرگوں کی تصویریں تو گھروں میں قطعاً نہیں رکھنی چاہئیں، آگے چل کر اندیشہ ہے کہ ان کی پوجا شروع ہو جائے، آج کل دیوبند میں ایک وبا پھیلی ہوئی ہے، بعض فوٹو گرافروں نے روزگار کے لئے حضرت تھانوی وغیرہ اکابر کے فوٹو بنا رکھے ہیں، لوگ شوق سے ان کو خریدتے ہیں اور احترام سے رکھتے ہیں، پس جان لینا چاہئے کہ یہ خطرہ کی گھنٹی ہے، اور اندیشہ ہے کہ آگے چل کر کہیں اکابر پرستی شروع نہ ہو جائے۔ **اللّٰهُمَّ احفظنا منه (آمین)**

فائدہ: آج کل ایک خراب صورتِ حال یہ بھی چل رہی ہے کہ سارے دارالافتاء فوٹو کی حرمت کا فتوی دیتے ہیں اور ملت کے اکابر جلسوں میں اور کانفرنسوں میں دھڑلّے سے فوٹو کھنچواتے ہیں، میں ہمیشہ ان بزرگوں سے عرض کرتا ہوں کہ آپ حضرات کا یہ طرز عمل عام مسلمانوں کے ذہنوں میں دین کی بے قدری پیدا کرتا ہے، لوگ یہ سوچتے ہیں کہ مولوی دین کچھ بتاتے ہیں اور ان کا عمل کچھ ہوتا ہے، اگر کیمرے کا فوٹو جائز ہو گیا ہے تو چاہئے کہ پہلے

دارالافتاء اس کے جواز کا فتوی دیں پھر آپ حضرات پبلک لائف میں اس پر عمل کریں مگر کوئی سنتا نہیں سب کو نمایاں ہونے کا شوق ہے فإلی الله المشتکی!

فائدہ: ضرورت کے وقت کیمرے کے فوٹو کی گنجائش ہے جیسے پاسپورٹ بنانے کے لئے دستاویزات کے لئے، شناختی کارڈوں کے لئے اور ایسی ہی دیگر ضروریات کے لئے مفتیانِ کرام نے فوٹو کی گنجائش دی ہے، اس حد تک جانے میں کوئی حرج نہیں، لیکن صرف شہرت، شوق اور بے ضرورت فوٹو کھینچوانا حرام ہے، اس کی خلاف ورزی کر کے دین کی بے قدری نہیں کرنی چاہئے۔

تصویر سازی کی حرمت کی ایک اور وجہ: اور تصویر سازی اس لئے بھی حرام ہے کہ تجربہ سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اس وقت ساری دنیا فحاشی اور عریانیت سے جو بھر گئی ہے یہ اسی کیمرے کی نحوست ہے، پہلے گندے فوٹو کوک شاستروں میں چھپتے تھے اور لوگ چپکے چپکے ان کو دیکھتے تھے مگر اب ٹی وی، ویڈیو، وی سی آر وغیرہ خرافات کے ذریعہ ہر جگہ یہ ننگے فوٹو پھیل گئے ہیں اور نوجوان نسل تیزی کے ساتھ ان کا اثر قبول کر رہی ہے اور ﴿ظَهَرَ الْفَسَادُ فِيْ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ﴾ کا منظر عیاں ہے، مکہ اور مدینہ بھی اس سے نہیں بچے، بلکہ اب تو ڈیجیٹل کیمرے، موبائل میں آ گئے ہیں اور ہر جیب میں موجود ہیں فإلی الله المشتکی!

حدیث (۲): عبیداللہ: حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے، وہاں پہلے سے حضرت سہل بن حنیف موجود تھے، حضرت ابوطلحہؓ نے گھر کے کسی فرد سے کہا: میرے نیچے سے یہ قالین نکال دو، حضرت سہل نے پوچھا: آپ یہ قالین کیوں نکلوا رہے ہیں؟ حضرت ابوطلحہؓ نے فرمایا: اس میں تصویریں ہیں اور تصویروں کے بارے میں نبی ﷺ نے جو کچھ فرمایا ہے وہ آپ جانتے ہیں (متفق علیہ حدیث میں ہے کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا فوٹو ہوتا ہے) حضرت سہل نے فرمایا: مگر نبی ﷺ نے کپڑے میں نقش کا استثناء بھی تو فرمایا ہے، حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: بیشک (آپ نے یہ استثناء فرمایا ہے) مگر مجھے یہ پسند ہے کہ میرے نیچے ایسا کپڑا نہ رہے (یہاں سے یہ ضابطہ بنایا گیا ہے کہ فتوی سے تقوی مقدم ہے)

تشریح: جو تصویر فرش میں ہو یا بیٹھنے کے تکیے میں ہو یعنی جس پر چلا جائے یا بیٹھا جائے اور وہ پامال کی جائے اس کی گنجائش ہے، کیونکہ اس سے کسی فساد کا اندیشہ نہیں، البتہ جو تصویر دیوار میں یا پردہ میں ہو یا مورتی نصب کی ہوئی ہو اس سے چونکہ فساد کی راہ کھلتی ہے اس لئے وہ حرام ہے۔

اس حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ دورِ اول میں صرف مجسمے نہیں ہوتے تھے بلکہ کپڑوں کی بناوٹ میں بھی تصویریں ہوتی تھیں، دیوار پر اور کاغذ پر قلم سے تصویریں بنائی جاتی تھیں، کعبہ شریف کے اندر مشرکین نے حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں بنا رکھی تھیں اور ان کے ہاتھ میں جوے کے تیر دے رکھے

تھے، پس ایسا سمجھنا کہ کیمرے کا فوٹو ایک نئی چیز ہے: صحیح نہیں، اس کی نظیریں پہلے سے موجود ہیں، اسی طرح یہ دلیل کہ کیمرے کا فوٹو ایک ظل (سایہ) ہے اور خود اس کا سایہ نہیں ہے جیسا پانی میں سایہ پڑتا ہے بس اس کو کیمرے سے برقرار کرلیا جاتا ہے پس اس میں کیا حرج ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہر ظل برقرار کرنے ہی سے تو صورت بنتا ہے اور صورت کا سایہ ہونا ضروری نہیں، اور مطلق صورت سے فساد پھیلتا ہے، پس جب تک وہ ظل ہے اس کے احکام اور ہیں اور جب اس کو برقرار کرلیا جائے تو وہ تصویر بن جاتا ہے اور وہ حرام ہوجاتا ہے(۱)

اسی طرح ایک دلیل لوگ یہ بھی دیتے ہیں کہ ڈیجیٹل میں اور فلم میں غیر واضح ذرّات کی شکل میں تصویر آتی ہے پس اس پر تصویر کا اطلاق درست نہیں، مگر سوچنے کی بات یہ ہے کہ وہ غیر واضح نکتے کیا کام آئیں گے؟ ان کو بہرحال صفحۂ قرطاس پر واضح کر کے منتقل کیا جائے گا، پس مآلاً وہ تصویر بنیں گے، اس لئے ابتدا ہی سے وہ حرام ہونگے۔

[۱۸-] باب ماجاء فی الصُّوْرَةِ

[۱۷۳۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا ابنُ جُرَيْجٍ، ثَنِیْ أَبُوْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصُّوْرَةِ فِي الْبَيْتِ، وَنَهَى أَنْ يُصْنَعَ ذٰلِكَ.

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأَبِیْ طَلْحَةَ، وَعَائِشَةَ، وأَبِیْ هُرِيرةَ، وأَبِیْ أَيُّوْبَ، حديثُ جَابِرٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۷۴۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِیْ النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ: أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى أَبِیْ طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيِّ يَعُوْدُهُ، فَوَجَدَ عِنْدَهُ سَهْلَ بنَ حُنَيْفٍ، قَالَ: فَدَعَا أَبُوْ طَلْحَةَ إِنْسَانًا يَنْزِعُ نَمْطًا تَحْتَهُ، فَقَالَ لَهُ سَهْلٌ: لِمَ تَنْزِعُهُ؟ قَالَ: لِأَنَّ فِيْهَا تَصَاوِيْرَ، وَقَالَ فِيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم مَا قَدْ عَلِمْتَ، قَالَ سَهْلٌ: أَوَ لَمْ يَقُلْ: "إِلَّا مَاكَانَ رَقْمًا فِیْ ثَوْبٍ؟" قَالَ: بَلَى، وَلٰكِنَّهُ أَطْيَبُ لِنَفْسِیْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

(۱) حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۱۰:۳۹۰) میں صراحت کی ہے: ویُستفاد منه: أنه لافرقَ فی تحريم التصوير بين أن تكون الصورة لها ظل أولا، ولا بين أن تكون مدهونة أو منقوشة أو منقورة أو منسوجة یعنی اس حدیث سے مستفاد ہوا کہ تصویر خواہ سایہ دار ہو یا نہ ہو حرام ہے، اسی طرح روغنی، چھپی ہوئی، کھدی ہوئی اور بُنی ہوئی تصویریں سبھی حرام ہیں۔

بابُ ماجاء في الْمُصَوِّرِيْنَ

تصویر سازوں کی سزا

قیامت کے دن تصویر بنانے والوں کو لمبے عرصہ تک سزا دی جائے گی اور ان کی سزا کی موقوفی کو اس پر معلق کر دیا جائے گا کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویروں میں جان ڈالیں، اور وہ یہ کام نہ کر سکیں گے، اور جب تک وہ یہ کام نہیں کریں گے سزا مسلسل جاری رہے گی۔

رہی یہ بات کہ تصویر بنانے والوں کو جہنم میں کس طرح سزا دی جائے گی؟ تو اس کا بیان ایک متفق علیہ روایت میں آیا ہے کہ جب تصویر ساز جہنم میں جائے گا تو وہاں اس کے لئے ہر اس تصویر کے بدل جو اس نے بنائی ہے ایک جان پیدا کی جائے گی جو اس کو جہنم میں سزا دے گی (مشکوٰۃ حدیث ۴۴۹۸) یعنی جب لوگ قیامت کے دن میدان محشر میں اپنے اعمال کے ساتھ آئیں گے تو مصور کی تصویر سازی ایسے نفوس کی صورت میں جلوہ گر ہوگی جن کا مصور نے تصویر بناتے وقت اپنے دل میں خیال جما رکھا تھا، جیسے کوئی زید کی تصویر بنائے تو پورے عمل کے دوران وہی اس کے حواس پر چھایا رہتا ہے، وہی قیامت کے دن متشکل ہو کر جہنم میں اس کو سزا دے گا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵:۵۱۵)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عَذَّبَهُ اللّٰهُ حتى يَنْفُخَ فِيْها، وليس بنافِخٍ فيها:** جس نے کوئی تصویر بنائی اللہ تعالیٰ اس کو (قیامت کے دن) سزا دیں گے یہاں تک کہ وہ اس میں روح پھونکے، اور وہ اس میں روح نہیں پھونک سکے گا (پس سزا مسلسل جاری رہے گی) **ومَنِ اسْتَمَعَ إلى حديثِ قومٍ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ أُذُنِه الآنُكُ يَوْمَ القيامةِ:** اور جو شخص ایسے لوگوں کی باتیں سنتا ہے جو اس سے بچ کر باتیں کرتے ہیں تو قیامت کے دن اس کے کان میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔

تشریح: اس حدیث میں دو گناہوں کی سزا کا بیان ہے:

پہلا گناہ: تصویر سازی ہے، تصویر بنانے والوں کو جہنم میں مسلسل عذاب میں مبتلا رکھا جائے گا اور ان کے عذاب کی موقوفی کو ایک محال امر پر معلق کر دیا جائے گا، تصویر سازوں سے کہا جائے گا: **أَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ:** تم نے جو تصویریں بنائی ہیں ان میں روح ڈالو، اور ظاہر ہے یہ بات ان کے بس کی نہیں، پس ان کی سزا مسلسل جاری رہے گی، ہاں اگر اللہ تعالیٰ ان کے گناہ سے درگذر فرمائیں تو دوسری بات ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ شرک کے علاوہ دوسرے گناہ جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے۔

دوسرا گناہ: لوگوں کی خانگی باتیں سننا ہے، جو شخص ایسے لوگوں کی بات سننے کی کوشش کرتا ہے جو اس سے بچ کر باتیں کر رہے ہیں تو قیامت کے دن اس کے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا، سیسہ بہت جلد گرم ہو جاتا ہے

اور بہت تیز گرم ہوتا ہے، پس اس کی اذیت کا ہر شخص بخوبی اندازہ کرسکتا ہے۔

فائدہ: حدیث میں جو حتی یَنْفُخَ فیھا آیا ہے وہ تعلیق بالمحال ہے، جیسے ﴿حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ﴾ تعلیق بالمحال ہے، اور جیسے مَنْ تَحَلَّمَ كُلِّفَ أَنْ يَعْقِدَ شَعِيْرةً: جو شخص خواب گھڑتا ہے وہ مکلّف کیا جائے گا کہ جو کے دانوں میں گرہ لگائے (ابوداؤد حدیث ۵۰۲۴ یہ روایت ترمذی میں کتاب الرؤیا میں آئے گی) اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حدیث کی دوسری شرح کی ہے جو رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۵۱۵) میں ہے۔

[۱۹-] باب ماجاء فی المُصَوِّرِيْنَ

[۱۷٤۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عَذَّبَهُ اللّٰهُ حَتَّى يَنْفُخَ فِيْهَا - يَعْنِيْ الرُّوْحَ - وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا، وَمَنِ اسْتَمَعَ إِلٰى حَديثِ قَوْمٍ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ أُذُنِهِ الآنُكُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِيْ هريرةَ، وأَبِيْ جُحَيْفَةَ، وَعَائِشَةَ، وابنِ عُمَرَ؛ حديث ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترکیب: یفرون: جملہ فعلیہ قوم کی صفت ہے...... الآنُك: پگھلا ہوا سیسہ۔

بابُ ماجاء فی الْخِضَابِ

خضاب کا بیان

جب سر یا ڈاڑھی سفید ہوجائیں تو خضاب لگانا چاہئے، متفق علیہ روایت ہے کہ یہود ونصاری خضاب نہیں لگاتے، پس تم ان کی مخالفت کرو یعنی خضاب لگاؤ (مشکوۃ حدیث ۴۴۲۳) اور مرد کے لئے صرف سر اور ڈاڑھی کا خضاب سنت ہے، ہاتھوں پیروں پر بے ضرورت خضاب لگانا حرام ہے، حدیث میں ہے: ایک ہجڑا حضور اکرم ﷺ کے پاس لایا گیا جس نے ہاتھوں پیروں پر مہندی لگا رکھی تھی، آپ نے پوچھا: اس نے ایسا کیوں کیا ہے؟ لوگوں نے بتایا: عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے کے لئے، آپ نے اس کو مدینہ منورہ سے نکلوادیا، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم اس کو قتل نہ کردیں؟ آپ نے فرمایا: مجھے نماز پڑھنے والوں کو قتل کرنے سے منع کیا ہے (ابوداؤد ۲: ۳۲۶)

اور شادی شدہ عورت کے لئے ہاتھوں پیروں پر بھی خضاب کرنا سنت ہے، حدیث میں ہے کہ ایک عورت نے پردہ کے پیچھے سے نبی ﷺ کی خدمت میں ایک خط پیش کیا، آپ نے ہاتھ سکیڑ لیا اور فرمایا: میں کیا جانوں: مرد کا

ہاتھ ہے یا عورت کا؟ اس نے عرض کیا: عورت کا ہاتھ ہے، آپؐ نے فرمایا: اگر تو عورت ہوتی تو اپنے ناخنوں پر مہندی کا رنگ کیئے ہوئے ہوتی (رواہ ابوداؤد والنسائی)

اور حضرت ہند بنت عتبہ جب بیعت کے لئے آئیں تو آپؐ نے ان سے فرمایا: میں اس وقت تک تجھ کو بیعت نہیں کروں گا جب تک تو اپنی ہتھیلیوں کو مہندی سے نہ بدل دے، دیکھ تو سہی! گویا درندے کی ہتھیلیاں ہیں!

البتہ اگر شوہر کو مہندی کی بو پسند نہ ہو تو پھر عورت کے لئے بہتر یہ ہے کہ مہندی کا خضاب نہ کرے بلکہ کوئی ایسا خضاب کرے جو شوہر کو پسند ہو، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے مہندی کے خضاب کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: کوئی حرج نہیں، مگر مجھے مہندی کا خضاب پسند نہیں کیونکہ میرے حبیب ﷺ کو اس کی بو پسند نہیں تھی (رواہ ابوداؤد والنسائی)

اور سیاہ خضاب کے علاوہ ہر خضاب جائز ہے، فتح مکہ کے دن جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں بیعت کے لئے لائے گئے ہیں تو ان کا سر اور ڈاڑھی ثُغامہ پھول کی طرح سفید ہو رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: اس کو کسی چیز سے بدل دو، یعنی خضاب لگاؤ، اور سیاہی سے بچو یعنی سیاہ خضاب نہ لگاؤ۔

سیاہ خضاب کرنا جائز نہیں، حدیث میں ہے کہ آخر زمانہ میں کچھ لوگ ہونگے جو سیاہ خضاب کریں گے جیسے کبوتر کے پوٹے، وہ جنت کی خوشبو نہیں پائیں گے، احناف کے یہاں بھی عامۂ مشائخ کا قول کراہیت کا ہے، البتہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ اس کی اجازت دیتے ہیں مگر احتیاط اور راجح قول یہ ہے کہ سیاہ خضاب مکروہ ہے۔

اور سرخ خضاب بالاتفاق مستحب ہے اور سیاہ رنگ کے علاوہ ہر خضاب جائز ہے حتی کہ سیاہی مائل خضاب بھی جائز ہے جبکہ وہ بالوں کی سیاہی سے مشتبہ نہ ہو، اور ابن ماجہ میں جو روایت ہے جس سے سیاہ خضاب کا جواز مفہوم ہوتا ہے وہ روایت نہایت ضعیف ہے، اس میں دو ضعیف راوی ہیں۔ اور اس حدیث کی یہ تاویل کی جاسکتی ہے کہ اس میں اس سیاہ خضاب کا ذکر ہے جو صحابہ میں رائج تھا یعنی وسمہ اور کتم کا خضاب جو سیاہی مائل ہوتا تھا بالکل سیاہ نہیں ہوتا تھا (مزید تفصیل میری کتاب ''ڈاڑھی اور انبیاء کی سنتیں'' میں ہے)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: غَيِّرُوْا الشَّيْبَ، وَلاَ تَشَبَّهُوْا باليهود: بڑھاپے کے سفید بالوں کو بدل دو یعنی خضاب لگاؤ اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو یعنی ان کی طرح بے خضاب نہ رہو، ابھی متفق علیہ حدیث آئی ہے کہ یہود و نصاری خضاب نہیں کرتے پس ان کی مخالفت کرو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ أَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ الحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ: بہترین وہ چیز جس سے بڑھاپے کے بال بدلے جائیں مہندی اور کتم ہیں، مہندی کو تو ہر شخص جانتا ہے، اور کتم ایک پودا ہے جس کے بیج سے قدیم زمانہ میں روشنائی بنائی جاتی تھی اور بالوں میں خضاب کیا جاتا تھا، دونوں درختوں کے پتے ملا کر پیسے جائیں تو

اس سے سیاہی مائل سرخ خضاب آتا ہے جو بہترین معلوم ہوتا ہے، اسی طرح وسمہ یعنی نیل کے پودے کے پتوں سے بھی خضاب کیا جاتا ہے، ان کو بھی مہندی کے پتوں کے ساتھ پیسا جائے تو براؤن رنگ پیدا ہوتا ہے۔

فائدہ: میں ایک دوسرا طریقہ اختیار کرتا ہوں، چائے کے تیز پانی میں یا کافی کے پانی میں مہندی بھگاتا ہوں اور ۲۴ گھنٹے رکھتا ہوں پھر اس میں ایک لیموں نچوڑتا ہوں اور سردی کا زمانہ ہو تو تھوڑا نیلگری کا تیل ڈالتا ہوں، پھر لگاتا ہوں تو سیاہی مائل سرخی پیدا ہوتی ہے اور نزلہ سے بھی حفاظت ہو جاتی ہے، مگر خیال رہے کہ جب بال دھوئے جائیں تو صابون استعمال نہ کیا جائے اور بال خشک کر کے کوئی بھی تیل لگا لیا جائے۔

ملحوظہ: نبی ﷺ نے خضاب کیا ہے یا نہیں؟ اکثر حضرات کی رائے یہ ہے کہ نہیں کیا کیونکہ آپؐ کی ڈاڑھی اور سر مبارک میں کل سترہ بال سفید ہوئے تھے، البتہ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے کیا ہے اور آپؐ نے اس کی ترغیب بھی دی ہے اس لئے خضاب کرنا سنت ہے۔

[۲۰-] باب ماجاء فى الخِضَابِ

[۱۷۴۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”غَيِّرُوْا الشَّيْبَ، وَلاَ تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ“

وفى الباب: عَنِ الزُّبَيْرِ، وابنِ عَباسٍ، وَجَابِرٍ، وأَبِىْ ذَرٍّ، وأَنَسٍ، وأَبِىْ رِمْثَةَ، وَالْجَهْدَمَةِ، وأَبِىْ الطُّفَيْلِ، وَجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وأَبِىْ جُحَيْفَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَحديثُ أَبِىْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِىْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۷۴۳-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الأَجْلَحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِى الأَسْوَدِ، عَنْ أَبِى ذَرٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”إِنَّ أَحْسَنَ مَا غُيِّرَ بِهِ الشَّيْبُ: الحِنَّاءُ وَالْكَتَمُ“

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُو الأَسْوَدِ الدِّيْلِيُّ: اسْمُهُ ظَالِمُ بنُ عَمْرِو بنِ سُفْيَانَ.

ترکیب: إنّ حرف مشبہ بالفعل، أَحسن اس کا اسم مضاف، ما موصولہ صلہ کے ساتھ مل کر مضاف الیہ، غُيِّر به الشيب جملہ فعلیہ صلہ، اور الحنّاءُ والكتَم (بفتح التاء) إن کی خبر۔

وضاحت: ابوالاسود الدیلی (دال کا کسرہ اوری ساکن) اور الدُّؤَلی (دال کا پیش اور ہمزہ مفتوحہ) بصرہ کے باشندے اور مخضرم تھے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد تھے، حضرت علیؓ نے انہی کو علم نحو مرتب کرنے کا حکم دیا تھا۔

بابُ ماجاء فی الْجُمَّةِ وَاتِّخَاذِ الشَّعْرِ

زلفیں اور بال رکھنے کا بیان

جُمَّة: مونڈھوں تک لٹکی ہوئی زلفوں کو کہتے ہیں، اور جو زلفیں کانوں تک ہوتی ہیں ان کو وَفرة کہتے ہیں اور آدھی گردن تک پہنچی ہوئی زلفیں لِمَّة کہلاتی ہیں، نبی ﷺ جب بال کٹواتے تھے تو کانوں کی لوتک کٹواتے تھے، پھر وہ بڑھ کر آدھی گردن تک پہنچ جاتے تھے، پھر کندھے پر پڑ جاتے تھے، اس وقت دوبارہ کٹوا لیتے تھے، اور طلبہ کے اس سوال کا جواب پہلے آچکا ہے کہ سر پر بال رکھنا سنت ہے یا منڈوانا؟ اور یہ بھی بتایا جاچکا ہے کہ یہ سنن زوائد میں سے ہے، سنن ہدی میں سے نہیں ہے کیونکہ نبی ﷺ نے سر پر بال رکھنے کی نہ کوئی فضیلت بیان فرمائی ہے نہ بال منڈانے پر کوئی وعید سنائی ہے اور یہ بات بھی پہلے عرض کی جاچکی ہے کہ صرف بال رکھنا سنت نہیں ہے پگڑی باندھنا بھی سنت ہے، پس سنت پر سنت کے طریقہ سے عمل کرنا چاہئے اس کو فیشن کا ذریعہ نہیں بنانا چاہئے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

۱- کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رَبْعَةً: لَیْسَ بِالطَّوِیْلِ وَلاَ بِالقَصِیْرِ: نبی ﷺ میانہ قد تھے، نہ دراز قامت تھے، نہ پستہ قد۔ الرَّبْعة: مذکر ومؤنث دونوں کے لئے ہے۔

۲- حَسَنَ الجِسْمِ: آپؐ خوبصورت بدن والے تھے۔

۳- أَسْمَرَ اللَّوْن: آپؐ گندمی رنگ تھے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت میں (جو شمائل میں ہے) ہے: أَبْیَضُ مُشْرَبٌ یعنی آپؐ کا رنگ سفید سرخی مائل تھا، اس تعارض کے سلسلہ میں بعض علماء نے کہا ہے کہ آپؐ کا جو بدن کھلا رہتا تھا وہ گندمی تھا اور جو ڈھکا رہتا تھا وہ سفید تھا، اور بعض نے کہا ہے کہ گندمی ہونے کا مطلب یہ ہے کہ بدن مبارک چونے جیسا سفید نہیں تھا، بلکہ اس میں سرخی ملی ہوئی تھی چنانچہ وہ گندمی نظر آتا تھا۔

۴- و کان شَعْرُهُ لیس بِجَعْدٍ وَلاَ سَبْطٍ: آپؐ کے بال مبارک نہ بالکل پیچیدہ تھے نہ بالکل سیدھے (بلکہ ان میں تھوڑی سی پیچیدگی اور گھنگریالا پن تھا) جَعُدَ الشَّعْرُ (ک) جُعُوْدَةً وَ جَعَادَةً بالوں کا گھنگریالا ہونا، مڑنا، اور سَبِطَ (ف) سَبَطًا بالوں کا نرم اور سیدھا ہونا، فھو سِبْطٌ وَسَبْطٌ یعنی صفت کا صیغہ باء کے کسرہ کے ساتھ بھی آتا ہے اور سکون کے ساتھ بھی۔

۵- إِذَا مَشَی یَتَکَفَّأُ: جب آپؐ چلتے تھے تو جھکتے ہوئے چلتے تھے، تکَفَّأَ فِیْ مِشْیَتِہِ: کچھ آگے جھکتا ہوا چلنا، مجرد کَفَی الإناءَ ہے جس کے معنی ہیں اوندھا کرنا، یعنی اکڑ کر اتراتے ہوئے نہیں چلتے تھے بلکہ جس طرح اونچائی سے نشیب میں اترتے ہیں تو ذرا آگے جھک جاتے ہیں اسی طرح تواضع کے ساتھ چلتے تھے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں اور نبی ﷺ ایک برتن سے نہایا کرتے تھے اور آپؐ کی زلفیں جُمّة سے اوپر اور وَفرة سے نیچے تھیں، دوسرے طریق میں یہ آخری جملہ نہیں ہے، صرف پہلا مضمون ہے کہ صدیقہؓ اور نبی ﷺ ایک برتن سے نہاتے تھے، مگر جس راوی نے یہ دوسرا مضمون بڑھایا ہے وہ اعلی درجہ کا ثقہ ہے اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے۔ یہ راوی ابن ابی الزیاد ہیں۔

[٢١-] باب ماجاء في الجُمَّةِ، واتِّخَاذِ الشَّعْرِ

[١٧٤٤-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَبْعَةً: لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، حَسَنَ الْجِسْمِ، أَسْمَرَ اللَّوْنِ، وَكَانَ شَعْرُهُ لَيْسَ بِجَعْدٍ وَلاَ سَبْطٍ، إِذَا مَشَى يَتَكَفَّأُ.

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَالْبراءِ، وَأَبِيْ هريرةَ، وابنِ عَباسٍ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَوَائِلِ بنِ حُجْرٍ، وَجَابِرٍ، وَأُمِّ هَانِيءٍ؛ حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ حُمَيْدٍ.

[١٧٤٥-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَكَانَ لَهُ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ، وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا هٰذَا الْحَرْفَ: "وَكَانَ لَهُ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ" وَإِنَّمَا ذَكَرَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، وَهُوَ ثِقَةٌ حَافِظٌ.

بابُ ماجاء في النَّهْيِ عَنِ التَّرَجُّلِ إِلاَّ غِبًّا

روزانہ تیل کنگھا کرنے کی ممانعت

مسلمانوں کو ہر وقت بناؤ سنگھار میں نہیں لگا رہنا چاہئے، اس کے پاس کرنے کے بہت سے کام ہیں، دنیا کے کاموں میں لگے یا آخرت کے کاموں میں مشغول ہو، چنانچہ نبی ﷺ نے روزانہ تیل کنگھا کرنے سے منع فرمایا، تَرَجَّلَ شَعْرَہ کے معنی ہیں: بالوں میں کنگھی کرنا اور مراد تیل کنگھی کرنا ہے یعنی پہلے بالوں کو صابن سے دھوئے پھر ان میں تیل ڈالے پھر ان کو کنگھی سے سنوارے، یہ سب کام آدھ گھنٹے کے ہیں، مؤمن بھلا آرائش میں اتنا وقت کیسے برباد کرسکتا ہے! البتہ اگر سر یا ڈاڑھی کے بال الجھ جائیں اور ان کو ٹھیک کرلیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ

اس میں وقت ضائع نہیں ہوتا۔

اور غِبًّا (غین کے زبر اور زیر کے ساتھ) کے معنی ہیں: ایک دن چھوڑ کر کوئی کام کرنا، غَبَّ الرجلُ فی الزیارۃ: کبھی کبھی ملنا، حدیث میں ہے: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا: ناغہ کرکے ملا کرو، محبت بڑھے گی، اور مراد تیسرے دن کام کرنا ہی نہیں ہے بلکہ گاہ بہ گاہ حسب ضرورت کام کرنا مراد ہے، اگر درمیان میں دو تین دن چھوڑ دے تو بھی اس پر غِبٌّ کا اطلاق ہوگا۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تیل کنگھا کرنے سے منع فرمایا مگر ایک دن چھوڑ کر یعنی گاہ بہ گاہ (یہ نہی تنزیہی بمعنی خلاف اولی ہے)

[۲۲-] باب ماجاء فی النَّهْیِ عن التَّرَجُّلِ إلاَّ غِبًّا

[۱۷٤٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّرَجُّلِ إِلاَّ غِبًّا.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِي البابِ عَنْ أَنَسٍ.

بابُ ماجاء فی الِاكْتِحَالِ

سرمہ لگانے کا بیان

آنکھ میں سرمہ ڈالنا مستحب ہے، آنکھ اللہ کی بڑی نعمت ہے، جب نہیں رہتی تب قدر معلوم ہوتی ہے پس ہمیشہ اس کی فکر کرنی چاہئے اور ثواب کی نیت سے سرمہ لگانا چاہئے، آنکھ کا بھی بھلا ہوگا اور سنت کا بھی ثواب ملے گا۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اِثمد کا سرمہ آنکھوں میں لگایا کرو کیونکہ وہ نگاہ کی روشنی کو تیز کرتا ہے اور پلکوں کے بالوں کو اگاتا ہے'' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک سرمہ دانی تھی جس میں سے ہر رات تین سلائی اِس آنکھ میں اور تین سلائی اُس آنکھ میں ڈالا کرتے تھے۔

تشریح: اِثمد ایک خاص قسم کا سرمہ ہے جو سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے، اب عام طور پر نہیں ملتا، مدینہ منورہ میں جو ملتا ہے وہ بھی اصلی نہیں ہوتا پس مذکورہ فوائد کا حامل کوئی بھی سرمہ لگایا جائے تو مقصود حاصل ہو جائے گا۔

اور سرمہ سوتے وقت لگانا زیادہ مفید ہے تاکہ دیر تک آنکھوں میں اثر باقی رہے اور مسامات میں سرایت کرے اور آج کل آنکھ میں ڈالنے کے جو قطرات ملتے ہیں وہ بھی سرمہ کے قائم مقام ہو جائیں گے۔

اور سلائی کی تعداد کے بارے میں روایتیں مختلف ہیں، بعض میں دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی ڈالنے کا ذکر

ہے (یہ روایت باب میں ہے) اور بعض میں دائیں آنکھ میں تین اور بائیں آنکھ میں دو کا ذکر ہے، چونکہ پہلی سلائی پر کچھ زیادہ سرمہ نہیں لگتا اس لئے پہلی آنکھ میں تین سلائیاں ڈالتے ہونگے، پھر جب سلائی تر ہوجاتی ہے تو اس پر اچھی طرح سرمہ لگتا ہے اس لئے دوسری آنکھ میں دو سلائیاں ڈالتے ہونگے، مگر علماء نے عام طور پر اس کو ترجیح دی ہے کہ دونوں آنکھوں میں تین تین سلائیاں ڈالے۔

[۲۳-] باب ماجاء فی الِاكْتِحَالِ

[۱۷۴۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بنِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَن ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اكْتَحِلُوْا بالإِثْمِدِ، فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ" وَزَعَمَ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ، يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ: ثَلاَثَةً فِيْ هٰذِهِ، وَثَلاَثَةً فِيْ هٰذِهِ.

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، وَمُحَمدُ بنُ يَحْيىَ، قَالاَ: ثنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ عَبَّادِ بنِ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وابنِ عُمَرَ، حديثُ ابنِ عَباسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ عَلَى هٰذَا اللَّفْظِ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبَّادِ بنِ مَنْصُوْرٍ.

[۱۷۴۸-] وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "عَلَيْكُمْ بِالإِثْمِدِ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ"

نوٹ: علیکم کے لفظ سے روایت شمائل ترمذی میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّهْيِ عَنْ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ وَالِاحْتِبَاءِ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ

ایک کپڑے میں لپٹ جانے اور ایک کپڑے سے حبوہ بنانے کی ممانعت

ایک کپڑا بدن پر اس طرح لپیٹ لینا کہ دونوں ہاتھ اندر بند ہوجائیں ممنوع ہے بعض مرتبہ اچانک ہاتھوں سے کام لینے کی ضرورت پیش آتی ہے، مثلاً اس طرح کپڑا لپیٹ کر چل رہا تھا کہ اچانک ٹھوکر لگی تو ہاتھ سے ٹیک لگانے کی ضرورت پیش آئے گی، اور ہاتھ جلدی نکل نہ سکیں گے تو گر پڑے گا، اسی طرح ایک کپڑے میں حبوہ بنانا یعنی گھٹنے کھڑے کر کے چاروں طرف سے کپڑا لپیٹ کر بیٹھنا جبکہ شرم گاہ پر کوئی مستقل کپڑا نہ ہو ممنوع ہے، کبھی کسی کے دھکا دینے سے آدمی گر پڑتا ہے یا اونگھتے ہوئے گر جاتا ہے تو ننگا پا کھل جائے گا۔ غرض کپڑا پہننے کی ایسی ہیئت ممنوع ہے جس سے بوقت ضرورت ہاتھ نہ نکل سکیں یا ننگا ہوجانے کا احتمال ہو۔

حدیث: نبی ﷺ نے کپڑا پہننے کی دو ہیئتوں سے منع فرمایا: ایک: ٹھوس طریقہ پر کپڑا پہننا، دوسرا: آدمی کا ایک کپڑے سے حبوہ بنانا درانحالیکہ اس کی شرمگاہ پر اس میں سے کچھ نہ ہو۔

تشریح: اللِّبْسَة (بکسر اللام) کپڑا پہننے کا انداز وطریقہ الصَّمَّاء: ٹھوس، صَمَّ الجسمُ، جسم کا ٹھوس اور سخت ہونا مراد ایک کپڑے میں بند ہو جانا ہے۔ اور الحَبْوَة (بتثلیث الأول) وہ بیٹھک جس میں آدمی سیرین کے بل بیٹھ کر اپنی دونوں رانوں سے پنڈلیاں ملا کر گھٹنے کھڑے کر لیتا ہے اور ہاتھ پنڈلیوں پر باندھ لیتا ہے، اسی طرح مذکورہ طریقہ پر بیٹھ کر کمر اور پنڈلیوں کے گرد کوئی کپڑا وغیرہ باندھ لینا بھی حبوۃ ہے۔

[٢٤-] باب ماجاء في النهى عن اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ والاِحْتِبَاءِ بالثوبِ الْوَاحِدِ

[١٧٤٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ سُهَيْلِ بن أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ لُبْسَتَيْنِ: الصَّمَّاءِ، وأَنْ يَحْتَبِيَ الرَّجُلُ بِثَوْبِهِ، لَيْسَ عَلَى فَرْجِهِ مِنْهُ شَيْئٌ.

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وابنِ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ أُمَامَةَ، حديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

لغت: لُبسة (بضم اللام) مصدر: پہننا اور لِبْسَة (بکسر اللام) پہننے کی ہیئت، طریقہ، لام کے زبر کے ساتھ صحیح نہیں اس کے معنی ہیں: اشتباہ۔

بابُ ماجاء في مُوَاصَلَةِ الشَّعْرِ

بالوں میں بال ملانے کی ممانعت

جن عورتوں کے بال ہلکے یا چھوٹے ہوتے ہیں وہ بالوں کو گھنے اور لمبے کرنے کے لئے دوسرے بال بالوں میں ملواتی ہیں، حدیث میں اس پر لعنت آئی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے یعنی رحمت سے محروم کر دیا ہے وَاصِلة کو یعنی جو بالوں میں دوسرے انسان کے بال ملانے والی ہے یعنی حجّامن، اور مُسْتَوْصِلَة کو یعنی جو اپنے بالوں میں دوسرے انسان کے بال ملوانے والی ہے، اول: دوکاندار عورت ہے جو یہ دھندا کرتی ہے اور دوسری گاہک ہے جو پیسے دے کر اپنے بالوں میں بال ملواتی ہے اور وَاشِمَة کو یعنی بدن گودنے والی عورت کو اور مُسْتَوْشِمَة کو یعنی بدن گدوانے والی عورت کو، وَشَمَ الْجِلْدَ يَشِمُ وَشْمًا کے معنی ہیں: کھال کو سوئی سے گود کر اس میں نیل بھرنا، عورتیں خوبصورت بننے

کے لئے اس طرح بدن گدواتی ہیں اور دیہاتی ہندوؤں میں تو اس کا عام رواج ہے، زمانۂ جاہلیت میں مسوڑھے میں عورتیں تل بنواتی تھیں جس کا مقصد حسن و جمال پیدا کرنا ہوتا تھا اس لئے نبی ﷺ نے ان باتوں سے منع فرمایا۔

تشریح: بالوں میں کالے تاگے ملانا بلا کراہیت جائز ہے، اور جانور کے بال ملانا اگر اشتباہ پیدا نہ ہو تو وہ بھی جائز ہے، اور انسان کے بال ملانا مطلقاً حرام ہے، احترام انسانیت کا تقاضہ یہ ہے کہ کوئی انسانی جزء استعمال نہ کیا جائے۔

جاننا چاہئے کہ حسن و جمال مطلوب ہے اور خوبصورتی پیدا کرنے کے لئے جسم کو اور بالوں کو سنوارنا مامور بہ ہے مگر اس طرح حسن پیدا کرنا کہ کسی کو دھوکا ہو یا اللہ کی بناوٹ میں تغیر ہو: جائز نہیں، کالا خضاب لگانا اور دانتوں میں ریخیں نکلوانا، بھنوؤں کے بال نوچنا اور جسم گدوانا اسی وجہ سے ممنوع ہیں، کیونکہ حقیقی حسن وہی ہے جو فطری ہے، بناوٹی حسن کاغذ کا پھول ہے جس میں خوشبو نہیں ہوتی، صرف دکھاوا ہوتا ہے۔

[۲۵-] باب ماجاء فی مُواصَلَةِ الشَّعْرِ

[۱۷۵۰-] حدثنا سُوَيْدٌ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ، وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ" قَالَ نَافِعٌ: الوَشْمُ فِی اللِّثَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَائِشَةَ، وأَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَكْرٍ، وَمَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ، وابنِ عَبّاسٍ، وَمُعَاوِيَةَ.

بابُ ماجاء فی رُكُوْبِ الْمَيَاثِرِ

مِیْثَرَة پر بیٹھنے کی ممانعت

مِیْثَرَة کا مادہ وَثَرَ ہے، وَثَرَ الشیئَ یَثِرُ وَثْراً کے معنی ہیں: ہموار کرنا، پیروں وغیرہ سے دبا کر نرم کرنا، اور وَثُرَ الشیئُ (ک) یُوْثُرُ وَثَارَةً کے معنی ہیں: نرم ہونا، ہموار اور ملائم ہونا، اور مِیْثَرة کے معنی ہیں: عجمیوں کی ریشم و دیبا سے سنواری ہوئی سواری۔

عربوں میں تکیوں پر بیٹھنے کا رواج تھا یعنی ایک تکیہ تو سر کے نیچے رکھنے کے لئے ہوتا تھا اور دوسرا تکیہ بیٹھنے کے لئے ہوتا تھا، بلکہ ٹیک لگانے کے لئے گاؤ تکیہ بھی ہوتا تھا۔ اور بعض لوگ گھوڑے کی زین پر بھی تکیہ رکھ کر سواری کرتے تھے جس کو مِیْثَرة کہا جاتا تھا، اس کی جمع مَیاثِرْ ہے، نبی ﷺ نے اس کے استعمال کی ممانعت فرمائی، اب علماء کی تین رائیں ہیں: کوئی کہتا ہے: وہ ریشم کا ہوتا تھا اس لئے ممانعت فرمائی، اور کوئی کہتا ہے: وہ سرخ ہوتا تھا اس

لئے ممانعت فرمائی، اور کوئی کہتا ہے: وہ فضول ٹھاٹھ تھا اس لئے ممانعت فرمائی۔ واللہ اعلم

اور باب میں جو حضرت براء رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ نے میاثر پر سواری کرنے سے منع فرمایا، یہ ایک لمبی حدیث ہے، اس میں سات باتوں کی ممانعت ہے اور سات باتوں کا حکم ہے۔ یہ حدیث بخاری (حدیث ۵۶۳۵) میں ہے اور امام ترمذیؒ نے جو فرمایا ہے کہ حدیث میں لمبا مضمون ہے اس سے یہی مفصل حدیث مراد ہے(۱)

[۲۶-] باب ماجاء فی رُکُوْبِ الْمَیَاثِرِ

[۱۷۵۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَلِیُّ بنُ مُسْهِرٍ، ثَنَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّیْبَانِیُّ، عَنْ أَشْعَثَ بنِ أَبِیْ الشَّعْثَاءِ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بنِ سُوَیْدِ بنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قَالَ: نَهَی رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ رُکُوْبِ الْمَیَاثِرِ.

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَمُعَاوِیَةَ، حدیثُ الْبَرَاءِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رَوَی شُعْبَةُ، عَنْ أَشْعَثَ بنِ أَبِیْ الشَّعْثَاءِ نَحْوَهُ، وَفِیْ الْحَدِیْثِ قِصَّةٌ.

بابُ ماجاء فی فِرَاشِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے بستر کا ذکر

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کا بستر جس پر آپؐ سوتے تھے چمڑے کا تھا جس میں کھجور کے ریشے بھرے ہوئے تھے۔

تشریح: ایک دوسری حدیث میں ٹاٹ اور بوریے پر آپؐ کے آرام فرمانے کا بھی ذکر آیا ہے اور صحابہ جب بھی نرم بستر بنانے کی درخواست کرتے تو آپؐ فرماتے: ''مجھے دنیا کی راحت وآرام سے کیا لینا ہے! میری مثال تو اس راہ گیر کی ہے جو چلتے چلتے راستہ میں کسی درخت کے سایہ میں آرام کے لئے تھوڑی دیر رک گیا ہو پھر آگے چل دیا ہو'' حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: ایک انصاری عورت نے آپؐ کے لئے ایک بستر بنایا اور اس میں اون بھری، نبی ﷺ نے وہ بستر واپس کر دیا، اور فرمایا: ''بخدا! اگر میں چاہوں تو اللہ تعالیٰ میرے لئے سونے اور چاندی کے پہاڑ چلا دیں!'' چنانچہ حضرت عائشہؓ نے بادل ناخواستہ وہ بستر واپس کر دیا، اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ آپؐ

(۱) وہ سات مامور بہ چیزیں یہ ہیں: بیمار کی بیمار پرسی کرنا، جنازہ کے ساتھ جانا، چھینکنے والے کو دعا دے کر خوش کرنا، دعوت قبول کرنا، سلام کو رواج دینا، مظلوم کی مدد کرنا اور قسم دینے والے کا کام کر دینا۔ اور سات منہی عنہ چیزیں یہ ہیں: سونے کی انگوٹھی پہننا، چاندی کے برتن میں پینا، میاثر پر بیٹھنا، قسّی کپڑا پہننا اور حریر و دیبا و استبرق استعمال کرنا۔

ایک بوریے پر آرام فرمارہے تھے جس کے نشانات جسم اطہر پر ظاہر ہورہے تھے، ابن مسعودؓ یہ منظر دیکھ کر رو پڑے آپؐ نے رونے کی وجہ پوچھی: انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! قیصر وکسریٰ تو ریشم اور مخمل کے گدوں پر سوئیں اور آپؐ بوریے پر! آپؐ نے فرمایا: ''یہ چیزیں ان کے لئے دنیا میں ہیں اور ہمارے لئے آخرت میں'' (شمائل نبوی)

اور لِیْف کا ترجمہ عام طور پر کھجور کی چھال کیا جاتا ہے جس سے طالب علم صحیح بات نہیں سمجھتے، وہ سمجھتے ہیں: کلہاڑی سے چھیل کر کھجور کے تنے سے اتاری ہوئی چھال کا بستر ہوتا ہوگا، یہ بات صحیح نہیں، وہ تو لکڑیاں ہونگی اس کا گدّا کیسے بنے گا! بلکہ کھجور کے ریشے مراد ہیں، کھجور اور ناریل کے پتوں کی جڑوں میں ایک جھلّی ہوتی ہے جو سوکھ کر گرجاتی ہے اس کو کوٹ کر برادہ بنالیا جاتا تھا جس کو گدوں اور تکیوں میں بھرتے تھے اور لمبائی میں کاٹ کر اس کی رسی بھی بُنی جاتی تھی پھر اس کی لگام بنتی تھی۔

[۲۷-] باب ماجاء فی فِرَاشِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۷۵۲-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَلِیُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: إِنَّمَا کَانَ فِرَاشُ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الَّذِیْ یَنَامُ عَلَیْهِ أَدَمٌ، حَشْوُهُ لِیْفٌ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وفی الباب: عَنْ حَفْصَةَ، وَجَابِرٍ.

وضاحت: ترمذی کے تمام نسخوں میں حدیث میں أَدَمٌ (چمڑا، کھال) حالت رفعی میں ہے مگر مسلم شریف (کتاب اللباس حدیث ۲۰۸۲) میں أَدَمًا حالت نصبی میں ہے اور مشکوٰۃ (حدیث ۴۳۰۷) میں بھی حالت نصبی میں ہے اور مسند احمد (۶:۷۳) میں بھی اسی طرح ہے مگر حالت رفعی کی بھی تاویل ممکن ہے کہ فراش کو خبر مقدم مان لیا جائے۔

بابُ ماجاء فی القُمُصِ

کرتوں کا ذکر

قُمُص (بضمتین) قمیص کی جمع ہے جس کے معنی ہیں کرتا، نبی ﷺ کے زمانہ میں سلے ہوئے کپڑوں کا رواج کم تھا، عام طور پر چادر اوڑھی جاتی تھی جس کو روکنی پڑتی تھی اور اس میں زینت بھی کم تھی، اس لئے نبی ﷺ کو کرتا پسند تھا اس سے بدن اچھی طرح چھپ جاتا تھا اور اس میں تجمل وزینت بھی زیادہ ہے۔

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کو کپڑوں میں سب سے زیادہ کرتا پسند تھا۔

تشریح: أَحبّ اور القمیص میں سے ہر ایک کو کان کا اسم اور خبر بنا سکتے ہیں مگر أَحبّ چونکہ مشتق ہے اس لئے

اس کوخبر مقدم بنانا بہتر ہے،اور یہ حدیث حضرت ام سلمہؓ سے عبداللہ بن بریدہ براہِ راست روایت کرتے ہیں مگر ایک سند میں وہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت کرتی ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی روایت کو اصح قرار دیا ہے، مگر اس سند کا کسی کتاب میں ذکر نہیں، صرف ترمذی میں اس کا تذکرہ ہے، نیز ان کی والدہ کا نام بھی معلوم نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب کرتا پہنتے تو اس کی دائیں جانب سے شروع فرماتے یعنی پہلے دائیں آستین میں ہاتھ ڈالتے کیونکہ دائیں کی فضیلت مسلّم ہے، اور مَیَامِنْ: مَیْمَنَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: دایاں، یہ روایت امام شعبہ رحمہ اللہ کے بعض تلامذہ موقوف بیان کرتے ہیں یعنی کرتا پہننے کا یہ طریقہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تھا، البتہ عبدالصمد اس کو مرفوع کرتے ہیں یعنی یہ طریقہ نبی ﷺ کا تھا۔

حدیث (۳): حضرت اسماء انصاریہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی قمیص کی آستین پہنچے تک تھی، یہیں تک آستین بہتر ہوتی ہے اور کوئی اس سے زیادہ رکھنا چاہے تو جائز ہے مگر انگلیوں سے متجاوز نہیں ہونی چاہئے۔

[۲۸-] باب ماجاء فی القُمُصِ

[۱۷۵۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا أَبُوْ تُمَيْلَةَ، وَالْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، وَزَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بنِ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ، وَهُوَ مَرْوَزِيٌّ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ تُمَيْلَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ قَالَ: حديثُ ابنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَصَحُّ، وَإِنَّمَا يَذْكُرُ فِيْهِ أَبُوْ تُمَيْلَةَ: عَنْ أُمِّهِ.

[۱۷۵٤-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ، ثَنَا أَبُوْ تُمَيْلَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

[۱۷۵۵-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

[۱۷۵٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ نَصْرِ بنِ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا لَبِسَ

قِمِيْصًا بَدَأَ بِمَيَامِنِه.

وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَإِنَّمَا رَفَعَهُ عَبْدُ الصَّمَدِ.

[۱۷۵۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ محمدِ بنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ، نَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ الدَّسْتَوائِيُّ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ بُدَيْلٍ العُقَيْلِيِّ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ بنِ السَّكَنِ الأَنْصَارِيَّةِ، قَالَتْ كَانَ كَمُّ يَدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الرُّسْغِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: شروع کی تین رواتیں (حدیث۱۷۵۳-۱۷۵۵) ایک ہی روایت ہیں، عبدالمؤمن سے روایت کرنے والے تین حضرات ہیں: ابوتمیلہ، فضل بن موسیٰ اور زید بن حباب اور اس سند میں عبداللہ کی والدہ کا واسطہ نہیں ہے اور تینوں سے روایت کرنے والے محمد بن حمید رازی ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے یعنی عبدالمؤمن سے آخر تک ایک ہی سند ہے، پس عبدالمؤمن اس حدیث کے ساتھ متفرد ہیں اور وہ مرو کے باشندے ہیں، اور بعض حضرات یہ روایت ابوتُمیلہ یحییٰ بن واضح سے روایت کرتے ہیں اور وہ عبداللہ کی والدہ کا واسطہ بڑھاتے ہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی واسطہ والی روایت کو اصح قرار دیا ہے اور عن أمه کا تذکرہ صرف ابوتمیلہ کرتے ہیں، پھر ابو تمیلہ کی یہی اضافہ والی سند زیاد کی روایت سے (نمبر۱۷۵۴) لائے ہیں، پھر علی بن حجر کی سند سے فضل بن موسیٰ کی روایت (نمبر۱۷۵۵) بغیر واسطہ والی لائے ہیں، غرض یہ تینوں نمبرات کی روایات ایک ہیں۔

بابُ مايَقُوْلُ إِذَا لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا

جب نیا کپڑا پہنے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تھے تو (پہلے) اس کا نام لیتے تھے مثلاً: عمامہ، قمیص یا چادر پھر فرماتے: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ! أَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّه، وَشَرِّ مَاصُنِعَ لَهُ: اے اللہ! تمام تعریفیں آپ کے لئے ہیں! آپ نے مجھے یہ کپڑا پہنایا (اس میں تین ضمیریں ہیں: تَ واحد حاضر کی ضمیر، پھر ن وقایہ ہے، پھر ی واحد متکلم کی ضمیر مفعول اول ہے، پھر ہ واحد غائب کی ضمیر مفعول ثانی ہے) میں آپ سے اس کپڑے کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جس کے لئے یہ کپڑا بنایا گیا ہے (یعنی کپڑا بھی بابرکت ثابت ہو اور اس کے آثار بھی مبارک ہوں) اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس کپڑے کی برائی سے اور اس کام کی برائی سے جس کے لئے وہ بنایا گیا ہے۔ اس دعا کے شروع میں هذه عمامة یاهذا قمیصٌ یاهذا رداءٌ وغیرہ کہتے تھے اور اگر کوئی كَسَوْتَنِيْهِ کے مفعول ثانی کی ضمیر کی جگہ کپڑے کا تذکرہ کرے تو یہ بھی درست ہے۔ مثلاً کہے: أنتَ كَسَوْتَني

عِمامةً/ قميصاً/ رداءً/ قلنسوةً/ خُفًّا وغیرہ......اور اسْتَجَدَّ الثّوبَ کے معنی ہیں: نیا کپڑا پہننا، یعنی کوئی کپڑا پہلی مرتبہ پہننا، دھلے ہوئے کپڑے پہننا استجدَّ نہیں ہے۔

[٢٩-] باب مايقولُ إِذَا لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا

[١٧٥٨-] حدثنا سُوَيْدٌ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيْدِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا، سَمَّاهُ بِاسْمِهِ: عِمَامَةً، أَوْ قَمِيْصًا، أَوْ رِدَاءً، ثُمَّ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ! أَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُكَ خَيْرَهُ، وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ، وأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ، وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ"

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ عُمَرَ، حدثنا هِشَامُ بنُ يُوْنُسَ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا الْقَاسِمُ بنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ نَحْوَهُ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فی لُبْسِ الْجُبَّةِ والْخُفَّيْنِ

جبہ اور چمڑے کے موزے پہننے کا ذکر

جبّہ بھی ایک طرح کا کرتا ہے بلکہ کرتے کی اعلی شکل ہے، تبوک کے سفر میں نبی ﷺ نے جبہ پہن رکھا تھا، وہ رومی ساخت کا بنا ہوا تھا، اس کی آستینیں تنگ تھیں، ایک موقع پر حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے آپؐ کو وضو کرائی تو آستین تنگ ہونے کی وجہ سے چڑھی نہیں تو آپؐ نے آستینوں میں سے ہاتھ باہر نکال کر دھوئے۔

اور دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ نے ایک جبہ اور چمڑے کے دو موزے آنحضور ﷺ کی خدمت میں ہدیہ پیش کئے، آپؐ نے ان کو استعمال فرمایا یہاں تک کہ وہ پھٹ گئے، اور آپؐ نے اس کی تحقیق نہیں کی کہ وہ موزے مذبوحہ جانور کی کھال کے تھے یا مردار کی، کیونکہ ہر کھال رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے، اس لئے اس تحقیق کی ضرورت نہیں تھی۔

فائدہ: یہ دوسری حدیث امام شعبی رحمہ اللہ سے ابواسحاق شیبانی روایت کرتے ہیں اور اس میں صرف خفین کا ذکر ہے، اور امام شعبیؒ سے جابر جعفی بھی روایت کرتے ہیں اور اس میں جبہ کا بھی تذکرہ ہے۔

[٣٠-] باب ماجاء فی لُبْسِ الْجُبَّةِ وَالْخُفَّيْنِ

[١٧٥٩-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ عِيْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا يُوْنُسُ بنُ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم لَبِسَ جُبَّةً رُوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ، هٰذَا

حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۷۶۰-] حدثنا قُتَيبَةُ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ زَائِدَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ – هُوَ الشَّيْبَانِیُّ – عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ: أَهْدَى دِحْيَةُ الْكَلْبِیُّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم خُفَّيْنِ فَلَبِسَهُمَا، وَقَالَ إِسْرَائِيْلُ عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ: وَجُبَّةً فَلَبِسَهُمَا حَتَّى تَخَرَّقَا، لَايَدْرِیْ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم أَذْكِیٌّ هُمَا أَمْ لَا؟

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وأَبُوْ إِسْحَاقَ الَّذِیْ رَوَى هٰذَا عَنِ الشَّعْبِیِّ هُوَ أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِیُّ، واسْمُهُ سُلَيْمَانُ، وَالْحَسَنُ بنُ عَيَّاشٍ: هُوَ أَخُوْ أَبِیْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ.

بابُ ماجاءَ فِی شَدِّ الأَسْنَانِ بِالذَّهَبِ

سونے کے تاروں سے دانتوں کو باندھنا

باب ۱۳ میں یہ مسئلہ بیان کیا گیا ہے کہ ضرورت کے وقت مرد کے لئے سونے کا استعمال جائز ہے، حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ کی ناک جنگ کلاب (بضم الکاف) میں کٹ گئی تھی، یہ زمانہ جاہلیت کا ایک معرکہ تھا، پس انھوں نے پہلے چاندی کی ناک بنوائی مگر وہ بدبودار ہوجاتی تھی اس لئے نبی ﷺ نے ان کو سونے کی ناک بنوانے کی اجازت دی (اسی طرح سونے کے تاروں سے دانت بندھوانا یا دانت پر خول چڑھانا بھی جائز ہے اس لئے کہ چاندی کالی پڑ جاتی ہے)

فائدہ: اس حدیث کی سند میں جو ابوسعد الصنعانی ہیں ان کا نام محمد بن میسّر (بروزن محمد) ہے، رجال کی کتابوں میں ان کی نسبت صاغانی ہے، یہ نابینا تھے اور ضعیف راوی ہیں، مگر اس سے حدیث پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیونکہ علی بن ہاشم کوفی ٹھیک راوی ہیں، اور اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن طَرَفہ سے سَلم بن زریر بھی روایت کرتے ہیں ان کے باپ کا صحیح نام یہی ہے، عبدالرحمٰن بن مہدیؒ ان کے باپ کا نام رزین (شروع میں ر اور آخر میں ن) بیان کرتے تھے جو صحیح نہیں، اور بہت سے سلف سے یعنی صحابہ وتابعین سے دانتوں کو سونے سے باندھنا مروی ہے، یہ سب روایتیں فتح الباری میں ہیں اور وہاں سے تحفۃ الاحوذی میں نقل ہوئی ہیں۔

[۳۱-] باب ماجاء فِی شَدِّ الأَسْنَانِ بِالذَّهَبِ

[۱۷۶۱-]حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا عَلِیُّ بنُ هَاشِمِ بنِ الْبَرِيْدِ، وأَبُوْ سَعْدٍ الصَّنْعَانِیُّ، عَنْ أَبِیْ الأَشْهَبِ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ طَرَفَةَ، عَنْ عَرْفَجَةَ بنِ أَسْعَدَ قَالَ: أُصِيْبَ أَنْفِیَ يَوْمَ الْكُلَابِ فِیْ الْجَاهِلِيَّةِ، فَاتَّخَذْتُ أَنْفًا مِنْ وَرِقٍ، فَأَنْتَنَ عَلَیَّ، فَأَمَرَنِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ أَتَّخِذَ أَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ.

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنا الرَّبِيْعُ بنُ بَدْرٍ، وَمُحمدُ بن يَزِيْدَ الْوَاسِطِيُّ عَنْ أَبِی الْأَشْهَبِ نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ طَرَفَةَ، وَقَدْ رَوَى سَلْمُ بنُ زَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ طَرَفَةَ نَحْوَ حديثِ أَبِی الْأَشْهَبِ عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ طَرَفَةَ، وَقَالَ ابنُ مَهْدِیٍّ: سَلْمُ بنُ رَزِيْنٍ، وَهُوَ وَهْمٌ، وَزَرِيْرٌ أَصَحُّ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّهُمْ شَدُّوْا أَسْنَانَهُمْ بِالذَّهَبِ، وفی هٰذَا الحديثِ حُجَّةٌ لَهُمْ.

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ

درندوں کی کھالوں کا استعمال جائز نہیں

ابھی باب ۷ میں یہ بات آئی ہے کہ ہر کھال رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے، پس درندوں کی کھالیں بھی رنگنے سے پاک ہوجاتی ہیں مگر جس طرح کھانے پینے کی چیزوں کا مزاج پر اثر پڑتا ہے، پہننے اوڑھنے اور بچھانے کی چیزوں کا بھی اثر پڑتا ہے، اس لئے درندوں کی کھالوں کو بچھا کر اس پر بیٹھنے سے منع کیا گیا، اسی طرح ان کی ٹوپی، صدری وغیرہ پہننا بھی ممنوع ہے، ہاں دور کی صاحب سلامت جائز ہے یعنی زینت کے لئے دیوار پر لگانا جائز ہے۔

باب میں جو روایت ہے اس کو ابوالملیح اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، سعید بن ابی عروبہ کی سند اسی طرح ہے، اور امام شعبہؒ اس کی سند ابوالملیح پر روک دیتے ہیں یعنی ان کی روایت مرسل ہے، امام ترمذیؒ نے اس دوسری سند کو اصح کہا ہے، کیونکہ شعبہؒ سعید سے احفظ ہیں، مگر سعید بھی ثقہ ہیں اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، چنانچہ حاکم نے ان کی سند کی تصحیح کی ہے اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے، پس ہمارے خیال میں دونوں سندیں صحیح ہیں۔

ملحوظہ: مشکوۃ میں امام ترمذیؒ کے حوالہ سے دو علحدہ علحدہ روایتیں ہیں: (۱) نهی عن جلود السّباع یہ ابوالملیح کے والد سے مروی ہے (۲) کَرِهَ ثَمَنَ جلودِ السِّباع یہ ابوالملیح کا قول ہے، پس دونوں روایتوں کا مضمون الگ الگ ہے، پس کسی ایک کو ترجیح دینے کی ضرورت نہیں (مشکوۃ حدیث ۵۰۶ و ۵۰۷ کتاب الطهارة باب تطهير النجاسات)

[۳۲-] باب ماجاء فی النهی عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ

[۱۷۶۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، وَمُحمدُ بنُ بِشْرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِی عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه عليه وسلم نَهٰی عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ أَنْ تُفْتَرَشَ.

[۱۷۶۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيَی بنُ سَعِيْدٍ، ثنا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه عليه وسلم نَهٰی عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَداً قَالَ: عَنْ أَبِی

الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِيْهِ: غَيْرُ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ.

[١٧٦٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، عَنْ أَبِيْ الْمَلِيْحِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ نَهَى عَنْ جُلُوْدِ السِّبَاعِ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

وضاحت: هذا أصح سے معلوم ہوتا ہے کہ مسند اور مرسل دونوں روایتیں ہم معنی ہیں، ورنہ ترجیح کی ضرورت نہیں تھی، پس صاحب مشکوٰۃ کی نقل قابل غور ہے۔

بابُ ماجاءَ في نَعْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چپلوں کا تذکرہ

دور نبوی میں لوگ عام طور پر ننگے پاؤں چلتے تھے، مرد بھی اور عورتیں بھی۔ جوتے چپل بڑے لوگوں ہی کو میسر تھے، پھر جوتوں کا تو روایات میں کوئی تذکرہ نہیں، صرف چپلوں کا تذکرہ آتا ہے اور عام لوگ عام طور پر بالوں والے چپل پہنتے تھے، بالوں کو صاف کرنے کا اہتمام نہیں کرتے تھے مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم بغیر بال والے یعنی عمدہ چپل استعمال فرماتے تھے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسے ہی چپل پہنتے تھے ان سے اس بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ہی چپل پہنتے تھے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ طلبہ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چپل دکھائے جو بغیر بال والے تھے۔

رہی یہ بات کہ ان چپلوں کی ہیئت کیا تھی؟ اس کی کوئی واضح صورت روایات میں نہیں آئی، صرف اتنی بات مروی ہے کہ آپؐ کے ہر چپل میں دو تسمے تھے، حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی دوہرے تسمے کے چپل پہنتے تھے، ایک تسمہ والی چپلوں کی ابتداء حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے کی ہے، اور شمائل میں ایک روایت یہ بھی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چپلوں میں دوہرا چمڑا سلا ہوا تھا، اس کی صورت کیا تھی؟ یہ بھی واضح نہیں، دوہری تلی بھی ہوسکتی ہے اور پیوند بھی مراد ہوسکتا ہے۔

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چپلوں میں جو دو تسمے ہوتے تھے وہ کونسی انگلیوں کے درمیان گھستے تھے اور یہ تسمے کہاں سے کہاں تک تھے، یہ باتیں بھی روایات میں واضح نہیں، اس لئے آپؐ کے چپلوں کی کوئی خاص ہیئت آج تک میرے ذہن میں متعین نہیں ہوسکی اور آپؐ کے چپلوں کا جو نقشہ چھپتا ہے اور حضرت تھانوی قدس سرہ کی زاد السعید میں بھی ہے اس کے مطابق اصل ہونے کا مجھے اطمینان نہیں، میرے خیال میں اس کی وضع قیاس واندازے سے متعین کی گئی ہے۔

فائدہ (۱): جب آپؐ کے چپلوں کی صحیح نوعیت ہی متعین نہیں تو نعل مبارک سے توسل یا تبرک کا سوال کہاں پیدا ہوتا ہے؟ جب حضرت تھانوی قدس سرہ نے نیل الشفا بنعل المصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تصنیف فرمائی تو حضرت مفتی کفایت اللہ صاحب قدس سرہ نے اور دوسرے لوگوں نے اس پر اعتراض کیا چنانچہ حضرت تھانویؒ کو نفس مسئلہ میں تردد پیدا ہوگیا اور آپؐ نے رسالہ نیل الشفا سے رجوع فرمالیا۔ یہ بات امداد الفتاوی میں بھی ہے اور زاد السعید کے آخر میں بھی ہے۔

فائدہ(۲): متبرک چیزوں کی مثلاً کعبہ شریف کی اور روضۂ اقدس کی اصل یا قلمی تصاویر کی توہین کرنا مؤمن کی شایانِ شان نہیں، اس سے دل میں ان مقامات کی بے قدری پیدا ہوگی، البتہ اس کی تعظیم، اس سے توسل اور تبرک بھی جائز نہیں، کیونکہ اصل کعبہ اور اصل روضۂ اقدس ہزار برکتوں کا محل ہے مگر کیمرے سے اس کا جو فوٹو لیا جائے یا قلم سے اس کی جو تصویر بنائی جائے اس میں بھی وہی برکتیں پیدا ہوجائیں یہ بات نامعقول ہے، اور نہ اس کی کوئی دلیل ہے، اسی طرح جن مصلوں پر کعبہ وغیرہ کی فرضی تصویریں بنی ہوئی ہوتی ہیں ان کو بھی استعمال نہیں کرنا چاہئے کیونکہ آدمی کبھی ان پر بیٹھتا بھی ہے اور یہ بات مناسب نہیں۔

[۳۳-] باب ماجاء فی نَعْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۷٦۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا حَبَّانُ بنُ هِلاَلٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ نَعْلاَهُ لَهُمَا قِبَالاَنِ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَفِی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ هریرةَ.

[۱۷٦٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بنِ مَالِكٍ: کَیْفَ کَانَ نَعْلُ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: لَهُمَا قِبَالاَنِ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغت: القِبَال: چپل کا تسمہ، اسی کو الشراک بھی کہتے ہیں یعنی چپل کا وہ تسمہ جو پیر کے اوپر رہتا ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ الْمَشْیِ فِیْ النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ

ایک چپل میں چلنے کی کراہیت

نبی ﷺ نے ایک چپل پہن کر چلنے سے منع کیا ہے، فرمایا: ''یا دونوں چپل پہن کر چلو یا دونوں نکال دو'' کیونکہ یہ جوتے چپل پہننے کا بے ڈھنگا طریقہ ہے، پہننے کی ہر چیز معتاد طریقہ پر پہننی چاہئے بے ڈھنگا پن اور بے تمیزی سے احتراز کرنا چاہئے، جیسے ایک موزہ پہننا، کرتے کی ایک آستین میں ہاتھ ڈالنا وغیرہ۔ البتہ کسی عارض کی وجہ سے تھوڑی دیر ایک چپل میں چلے تو کوئی حرج نہیں، مثلاً ایک چپل صحن کے ایک کنارہ پر پڑا ہے اور دوسرا دوسرے کنارہ پر پس ایک چپل پہن کر چلے اور دوسرے کنارے پر جا کر دوسرا چپل پہن لے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

[۳٤-] باب ماجاء فی کراهیة المَشْیِ فی النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ

[۱۷٦۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، ح: وَثَنَا الأَنْصَارِیُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ

الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَا يَمْشِيْ أَحَدُكُمْ فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ، لِيَنْعَلْهُمَا جَمِيْعًا، أَوْ لِيَحْفِهِمَا جَمِيْعًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ.

لغات: لِيَنْعَلْهُمَا مجرد سے بھی ہوسکتا ہے اور باب افعال سے بھی، نَعِلَ (س) نَعْلاً کے معنی ہیں: جوتا پہننا یا جوتا پہنے ہوئے ہونا۔ مجرد سے لِيَنْعَلْهُمَا پڑھیں گے اور یہی بہتر ہے۔ اور إنْعَال: باب افعال سے لِيُنْعِلْهُمَا بھی پڑھ سکتے ہیں اس کے بھی یہی معنی ہیں، اسی طرح لِيَحْفِهِمَا بھی دونوں بابوں سے پڑھا جاسکتا ہے، حَفِي (س) حفًا کے معنی ہیں: برہنہ پا ہونا، اس باب سے لِيَحْفِهِمَا پڑھیں گے اور أَحْفَى فلاناً کے معنی ہیں: برہنہ پا کردینا، اس باب سے لِيُحْفِهِمَا پڑھیں گے، اور یہ حدیث بخاری میں ہے (نمبر حدیث ۵۸۵۵)

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ وَهُوَ قَائِمٌ

کھڑے ہوئے جوتا چپل پہننے کی ممانعت

مصری نسخہ میں یہاں باب ہے، اس باب میں یہ روایت ہے کہ نبی ﷺ نے کھڑے ہوئے چپل پہننے سے منع فرمایا، یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی، مگر محدثین کے نزدیک دونوں روایتیں صحیح نہیں، پس کھڑے ہوئے چپل پہننے میں کوئی کراہیت نہیں، البتہ اگر جوتا چپل ایسا ہو کہ کھڑے ہوئے پہننے میں گرنے کا اندیشہ ہو تو بیٹھ کر پہننا اولی ہے۔

[۳۵-] باب ماجاء في كراهية أن ينتعل الرجلُ وهو قائم

[۱۷۶۸-] حدثنا أَزْهَرُ بنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِيُّ، نَا الْحَارِثُ بنُ نَبْهَانَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَمَّارِ بنِ أَبِيْ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ وَهُوَ قَائِمٌ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَى عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو الرَّقِّي هٰذَا الحديثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، وَكِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ لاَيَصِحُّ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ.

وَالْحَارِثُ بنُ نَبْهَانَ: لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِالْحَافِظِ، وَلاَ نَعْرِفُ لِحَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَصْلاً.

[۱۷۶۹-] حدثنا أَبُوْ جَعْفَرٍ السِّمْنَانِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ وَهُوَ قَائِمٌ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ: وَلاَ يَصِحُّ هٰذَا الحديثُ، وَلاَ حَدِيْثُ مَعْمَرٍ عَنْ عَمَّارِ بنِ أَبِيْ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اس میں حارث بن نبہان متروک راوی ہے، اس کی نسبت جرمی، کنیت ابو محمد ہے اور وہ بصرہ کا رہنے والا تھا، اور حدیث کی دوسری سند جو حضرت انس رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بھی بے اصل ہے، قتادہ کی مرویات میں اس کا کوئی ذکر نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بھی دونوں سندوں کو غیر معتبر قرار دیا ہے۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِیْ النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ

ایک چپل پہن کر چلنے کا جواز

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کبھی ایک چپل پہن کر چلتے تھے، یہ مرفوع روایت صحیح نہیں، البتہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا (کبھی) ایک چپل پہن کر چلتی تھیں یہ روایت صحیح ہے، سفیان ثوری وغیرہ اس روایت کو موقوف بیان کرتے ہیں یعنی یہ حضرت عائشہ کا فعل ہے اور فعل صحابی بھی حجت ہے، پس گذشتہ ممانعت کی روایت اور اس روایت کے درمیان تطبیق یہ ہے کہ عمومی احوال میں ممانعت ہے اور خصوصی احوال میں اجازت ہے، جیسے چلتے ہوئے چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے پس اس کو ہاتھ میں لے لیں اور دوسرا پہنے رہیں تو اس کی گنجائش ہے۔

[۳٦-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِی النَّعْلِ الْوَاحِدَةِ

[۱۷۷۰-] حدثنا الْقَاسِمُ بنُ دِيْنَارِ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرِ السَّلُوْلِيُّ - كُوْفِيٌّ - ثنا هُرَيْمُ - وَهُوَ ابنُ سُفْيَانَ البَجَلِيُّ - عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: رُبَّمَا مَشَى النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ.

[۱۷۷۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا سَفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا مَشَتْ بِنَعْلٍ وَاحِدَةٍ.

وَهٰذَا أَصَحُّ، هٰكَذَا رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ الْقَاسِمِ مَوْقُوْفًا، وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابُ ماجاء بِأَيِّ رِجْلٍ يَبْدَأُ إِذَا انْتَعَلَ

پہلے کس پاؤں میں جوتا پہننا چاہئے

جوتا پاؤں کے لئے زینت ہے اور تمام اچھے کام دائیں جانب سے شروع کرنے چاہئیں، پس جوتے چپل بھی پہلے دائیں پیر میں پہننے چاہئیں، اس کا فائدہ یہ ہے کہ دائیں پاؤں میں جوتا دیر تک رہے گا، نبی ﷺ نے فرمایا:

جب تم میں سے کوئی شخص جوتا چپل پہنے تو دائیں سے ابتداء کرے اور جب نکالے تو بائیں پیر کا پہلے نکالے، پس دایاں پاؤں جوتا پہننے میں مقدم ہوگا اور نکالنے میں مؤخر (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے)

[۳۷-] باب ماجاء بِأَيِّ رِجْلٍ يَبْدَأُ إِذَا انْتَعَلَ

[۱۷۷۲-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، ح: وَثَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيَمِينِ، وإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ، فَلْيَكُنِ اليَمِينُ أَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ، وَآخِرَهُمَا تُنْزَعُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِي تَرْقِيْعِ الثَّوْبِ

کپڑے میں پیوند لگانے کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو تین نصیحتیں کیں: (۱) اگر آپ آخرت میں میرے ساتھ (درجہ میں) ملنا چاہیں تو چاہئے کہ آپ کے لئے کافی ہو جائے دنیا (کے ساز و سامان) سے مسافر کے توشہ کے بقدر (کزاد الراحلة میں ك زائد ہے اور باقی يكفى کا فاعل ہے) (۲) اور آپ مالداروں کے ساتھ اٹھنے بیٹھنے سے احتراز کریں (۳) اور آپ کسی کپڑے کو پرانا نہ قرار دیں جب تک اس میں پیوند نہ لگالیں۔

تشریح:

۱- مسافر ضروری سامان ہی ساتھ رکھتا ہے، بے ضرورت سامان نہیں ڈھوتا، اسی طرح مؤمن کو بھی دنیا میں ضروری ساز و سامان ہی کی فکر کرنی چاہئے دنیا بھر کا جھمیلا نہیں پالنا چاہئے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو آپؐ نے جو نصیحت فرمائی تھی: اس اللہ کی بندی نے اس پر اتنا عمل کیا کہ مسافر کے سامان کے بقدر بھی سامان نہیں رکھا، ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ایک لاکھ درہم بطور ہدیہ بھیجے، جب مال اونٹوں پر لد کر آیا تو حضرت عائشہ نے حکم دیا: اس کو مسجد کے صحن میں ڈھیر کردو، جب مال اتر گیا تو گھر میں سے کپڑا بھیجا کہ اس پر ڈھانک دو، پھر باندی سے کہا: مدینہ میں اعلان کرآ، جسے مال کی ضرورت ہو آجائے، لوگ اکٹھا ہوگئے تو آپ تشریف لائیں اور ڈھیر کے پاس بیٹھیں، ایک ایک کو بلاتیں اور پوچھتیں: تجھے کتنا چاہئے، جو جتنا بتلاتا اس کو اتنا دیدیتیں، شدہ شدہ لینے والے بھی ختم ہوگئے اور مال بھی برائے نام رہ گیا، پس آخری شخص سے یہ نہیں پوچھا کہ تجھے کتنا چاہئے بلکہ اس سے کہا: لیجا سب! باندی نے عرض کیا: دو درہم بچالیں آج آپ کا روزہ ہے اور گھر میں افطاری کے لئے کچھ نہیں، میں دو درہم کا گوشت لاکر آپ کے لئے پکالوں گی، اس پر آپ نے فرمایا: اللہ کی بندی! پہلے بتاتی اب تو میں دے چکی!

۲- دوسری نصیحت آپؐ نے یہ فرمائی کہ مالدار عورتوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھا نہ رکھا جائے یعنی ان کے ساتھ دوستی نہ کی جائے، کیونکہ آدمی دوستوں جیسا یا ان سے بہتر بننے کی کوشش کرتا ہے، اور اسباب مہیا نہیں ہوتے تو ناشکری کا جذبہ ابھرتا ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری متفق علیہ روایت ہے جس کے الفاظ بخاری میں یہ ہیں: إذا نَظَرَ أَحدُكم إلى مَنْ فُضِّلَ عليه في المال وَالْخَلْقِ، فَلْيَنْظُرْ إلى مَنْ هُوَ أَسْفلُ منه، مِمَّنْ فُضِّلَ عليه: یعنی جب تم میں سے کوئی اس شخص کو دیکھے جو اس پر مال اور حلیہ میں برتری بخشا گیا ہے تو چاہئے کہ وہ اس شخص کی طرف دیکھے جو اس سے نیچے ہے، ان لوگوں میں سے جن پر وہ برتری بخشا گیا ہے (بخاری حدیث ۶۴۹۰، مسلم حدیث ۲۹۶۳) اور مسلم میں ایک طریق سے یہ الفاظ ہیں: انظُروا إلى مَن أَسْفَلُ منكم، وَلاَ تَنْظُروا إلى مَنْ هو فَوْقَكُمْ، فهو أَجْدَرُ أن لاَتَزْدَرُوْا نعمةَ اللّٰهِ عليكم: یعنی اپنے سے نیچے کے درجہ کے لوگوں کی طرف دیکھو اور اپنے سے اوپر کے درجہ کے لوگوں کی طرف مت دیکھو، پس یہ بات اس کے زیادہ لائق ہے کہ تم حقیر نہ سمجھو تم پر اللہ کی نعمت کو یعنی جو کچھ اللہ نے تم کو دیا ہے اس پر تم ناشکری نہ کرو۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے بھتیجے کے لڑکے عون بن عبداللہ کہتے ہیں: میں نے مالداروں کے ساتھ دوستی کر کے دیکھ لی، میں نے کسی کو اپنے سے زیادہ پریشان نہیں پایا، میں نے دوستوں کی سواریوں کو اپنی سواریوں سے بہتر دیکھا، اور ان کے کپڑوں کو اپنے کپڑوں سے بہتر دیکھا (اس لئے میں پریشان رہا) اور میں نے غریبوں کی ہم نشینی اختیار کر کے بھی دیکھی، پس مجھے آرام مل گیا (کیونکہ میں ہر چیز میں اپنے کو ان سے بہتر پاتا تھا)

شیخ سعدی رحمہ اللہ نے اپنا قصہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ ان کی غربت یہاں تک پہنچی کہ پیروں میں چپل بھی نہ رہی، وہ دمشق کی جامع مسجد میں پہنچے اور خوب گڑگڑا کر دعا کی، پھر جب مسجد سے نکلے تو ایک شخص کو دیکھا جس کے پیر ہی نہیں تھے، پس شیخ سعدیؒ نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ ان کے پیر تو ہیں۔

اور خود میرے ساتھ یہ قصہ پیش آچکا ہے کہ میں اپنے ابتدائی حال میں جب تنگی سے گذارہ ہوتا تھا، اجلاس صد سالہ کے چندہ کے لئے بنگلور گیا، وہاں ایک صالح مالدار شخص کے گھر میں ایک مہینہ تک قیام رہا، وہاں میں نے دیکھا کہ اے سی ہے، فریج ہے، اس میں مشروبات بھرے ہوئے ہیں، ہر طرح کی نعمتیں اور سہولتیں مہیا ہیں تو میرے دل میں اپنی حالت کی ناشکری پیدا ہوئی کہ یہ کیسی فقیرانہ زندگی ہے، وہاں سے لوٹنے کے بعد مہینوں ذہن اس میں الجھا رہا، پھر الحمد للہ! وہ کیفیت ختم ہوئی اور اپنی تنگی ترشی پر قناعت اور صبر آ گیا۔

عزیزو! اب کتاب پوری ہونے جارہی ہے، میری ایک بات یاد رکھو: اگر آپ حضرات دین کا کام کرنا چاہتے ہیں تو اپنی آمدنی سے زیادہ پیر نہ پھیلائیو، اور مالداروں کے ساتھ مصاحبت نہ رکھیو اس طرح آپ دین کا کام کر سکیں گے ورنہ ایک دن آئے گا کہ ہمت ہار جائیں گے اور دنیا کے پیچھے لگ جائیں گے، مگر دنیا ملے گی اتنی ہی جتنی مقدر ہے، کیا

آپ حضرات نہیں دیکھتے کہ دنیا کے پیچھے لگے ہوئے لوگ سب خوشحال نہیں ہیں بہت سے پریشان ہیں، ہرایک کی روزی مقدر ہے، جتنے بھی ہاتھ پیر مارو گے رزق اتنا ہی ملے گا جتنا مقدر ہے، ایک پیسہ زیادہ نہیں مل سکتا۔

فائدہ: مالداروں کے ساتھ تعلق کی تین صورتیں ہیں: **ایک:** وہ دین کے طالب بن کر آپ کے پاس آئیں، پس آپ ان کی مدارات کریں، ان کو اپنے سے قریب کریں، اوران کو دین سکھائیں، یہ ضروری ہے اوراس میں کوئی ضرر نہیں۔ دوم: برابری والا دوستانہ تعلق، اس کی حدیث میں ممانعت ہے، علماء کے لئے یہی سخت مضر ہے، اسی ذریعے سے شیطان عالم کی راہ مارتا ہے، سوم: محتاج بن کر مالدروں کے پاس جانا اوران کی کاسہ لیسی کرنا، یہ قطعاً عالم کی شان کے خلاف ہے، یہ تو **بئس الفقیر علی باب الأمیر** ہے اور پہلی صورت **نعم الأمیر علی باب الفقیر** ہے (یہ حدیث ان الفاظ سے مشہور ہے مگر ابن ماجہ میں دوسرے لفظوں سے ہے)

۳- تیسری نصیحت یہ کی کہ کپڑے کو اس وقت تک پرانا قرار نہ دیا جائے جب تک اس میں پیوند نہ لگ جائے۔ یہ اقتصاد (خرچ میں میانہ روی) کی تعلیم ہے، مگر آج کل کپڑے دو قسم کے ہیں: ٹیلی کاٹ تو پھٹتا ہی نہیں، پہنتے پہنتے تھک جاتے ہیں مگر وہ ساتھ نہیں چھوڑتا، میں تو اسے ادھیڑ کر بچوں کے کپڑے سلوا دیتا ہوں وہ چند دن میں پھاڑ دیتے ہیں اور گرمی میں سوتی کپڑے پہنتا ہوں، وہ ایک مرتبہ پھٹے کہ دوسری مرتبہ دھوبی دس جگہ سے پھاڑ لاتا ہے اس میں پیوند کہاں تک لگائیں، میں اسے کسی دوسرے مصرف میں لے لیتا ہوں، پیوند نہیں لگاتا۔

[۳۸-] باب ماجاء فی تَرْقِيعِ الثَّوْبِ

[۱۷۷۳-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنَا سَعِيْدُ بنُ مُحمدٍ الوَرَّاقُ، وَأَبُوْ يَحْيىَ الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا صَالِحُ بنُ حَسَّانٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنْ أَرَدْتِ اللُّحُوْقَ بِيْ: فَلْيَكْفِكِ مِنَ الدُّنْيَا كَزَادِ الرَّاكِبِ، وَإِيَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْأَغْنِيَاءِ، وَلَا تَسْتَخْلِقِيْ ثَوْبًا حَتَّى تُرَقِّعِيْهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ صَالِحِ بنِ حَسَّانٍ، سَمِعْتُ محمداً يَقُوْلُ: صَالِحُ بنُ حَسَّانٍ: مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ، وَصَالِحُ بنُ أَبِيْ حَسَّانٍ: الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ ابنُ أَبِيْ ذِئْبٍ: ثِقَةٌ.

وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "إِيَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْأَغْنِيَاءِ" هُوَ نَحْوُ مَا رُوِىَ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ رَأَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِيْ الْخَلْقِ وَالرِّزْقِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْهُ، مِمَّنْ هُوَ فُضِّلَ عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَلَّا يَزْدَرِىَ نِعْمَةَ اللّٰهِ"

وَيُرْوَى عَنْ عَوْنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ قَالَ: صَحِبْتُ الْأَغْنِيَاءَ فَلَمْ أَرَ أَحداً أَكْثَرَ هَمًّا مِنِّيْ: أَرَى دَابَّةً خَيْراً مِنْ دَابَّتِيْ، وَثَوْبًا خَيْراً مِنْ ثَوْبِي، وَصَحِبْتُ الْفُقَرَاءَ فَاسْتَرَحْتُ.

وضاحت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث جو باب کے شروع میں ہے: نہایت ضعیف ہے اس کا ایک

راوی صالح بن حسان النضری ابوالحارث المدنی البصری متروک ہے، امام بخاریؒ نے اس کو منکر الحدیث قرار دیا ہے، اور ایک دوسرے صالح ہیں جن کے باپ ابوحسان ہیں وہ ابن ابی ذئب سے روایتیں کرتے ہیں وہ ثقہ ہیں۔

ترجمہ: اور نبی ﷺ کا ارشاد: إياك ومجالسة الأغنياء: یہ ارشاد اس ارشاد کی طرح ہے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے: آپؐ نے فرمایا: ''جس نے دیکھا اس شخص کو جو اس پر برتری بخشا گیا ہے حلیے میں اور روزی میں پس چاہئے کہ وہ دیکھے اس شخص کی طرف جو اس سے کم تر ہے، ان لوگوں میں سے جن پر وہ برتری بخشا گیا ہے، پس بیشک یہ بات زیادہ لائق ہے کہ نہ حقیر سمجھے وہ اللہ کی نعمت کو (اس پر)...... اور عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود سے مروی ہے کہ میں نے مالداروں کی صحبت اختیار کی پس نہیں دیکھا میں نے کسی کو اپنے سے زیادہ فکرمند: میں اپنی سواری سے بہتر سواری دیکھتا تھا اور اپنے کپڑے سے بہتر کپڑا دیکھتا تھا، اور میں نے فقراء کی صحبت اختیار کی، پس مجھے آرام مل گیا (عون کا شمار بزرگوں میں ہے اور وہ بڑے محدث بھی تھے)

بابُ [دُخُوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ]

بالوں کی لٹیں بنانے کا بیان

اگر مرد کے بڑے بال ہوں تو عورتوں کی طرح چوٹیاں بنانا تو ان کی مشابہت ہے اور جائز نہیں، لیکن اگر آدمی ان کی لٹیں بنالے یعنی چند حصے کر کے ان کو گول کرلے تو یہ جائز ہے۔ حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب فتح مکہ کے دن نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کے بال چار لٹیں تھے، غَدَائِر: غَدِيْرة کی جمع ہے، بالوں کی لٹوں، جوڑوں اور چٹیا کے لئے یہ لفظ مستعمل ہے، یہاں پہلے معنی مراد ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث دو سندوں سے لکھی ہے، پہلی روایت میں غدائر ہے اور دوسری میں ضَفائر یہ ضَفيرة کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: چوٹی، مراد بالوں کی لٹ ہے اور دونوں سندوں میں مجاہد حضرت ام ہانی سے روایت کرتے ہیں، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: مجھے علم نہیں کہ مجاہد نے ام ہانی سے حدیثیں سنی ہیں یا نہیں؟ باقی کوئی خرابی نہیں۔

[۳۹-] بابُ [دُخُوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ]

[۱۷۷۴-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ: قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ـ يَعْنِيْ مَكَّةَ ـ وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۱۷۷۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ نَافِعٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ: قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ وَلَهُ

أَرْبَعُ ضَفَائِرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِيْ نَجِيْحٍ: مَكِّيٌّ؛ وأَبُوْ نَجِيْحٍ: اسْمُهُ يَسَارٌ، قَالَ مُحمدٌ: لاَأَعْرِفُ لِمُجَاهِدٍ سَمَاعًا عَنْ أُمِّ هَانِئٍ.

بابٌ [كَيْفَ كَانَ كِمَامُ الصَّحَابَةِ؟]

صحابہ کی ٹوپیاں یا آستینیں کیسی تھیں؟

کِمام (بالکسر) کُمَّة (بالضم) کی جمع ہے، جیسے قِباب: قُبَّة کی جمع ہے اس کے معنی ہیں گول ٹوپی، اور بُطْحًا (ب کے پیش اور ط کے سکون کے ساتھ) أبطح کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: چپکی ہوئی، یعنی صحابہ کی ٹوپیاں سروں سے لگی ہوئی ہوتی تھیں، اونچی نہیں ہوتی تھیں۔ اور اگر کِمام: کُمٌّ کی جمع ہے تو اس کے معنی ہیں آستین۔ اور اس صورت میں بُطْح کے معنی ہیں چوڑی، یعنی صحابہ کے کرتوں کی آستینیں تنگ نہیں ہوتی تھیں بلکہ چوڑی ہوتی تھیں، امام ترمذیؒ کے ذہن میں یہی معنی ہیں، مگر یہ حدیث انتہائی درجہ ضعیف ہے اس کا ایک راوی عبداللہ بن بُسر سکسکی حُبرانی ابوسعید حمصی ضعیف ہے۔

[٤٠-] بابٌ [كَيْفَ كَانَ كِمَامُ الصَّحَابَةِ؟]

[١٧٧٦-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ حُمْرَانَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ بُسْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا كَبْشَةَ الأَنْمَارِيَّ يَقُوْلُ: كَانَتْ كِمَامُ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بُطْحًا.

هٰذَا حديثٌ مُنْكَرٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ بُسْرٍ: بَصْرِيٌّ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، ضَعَّفَهُ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ وَغَيْرُهُ، بُطْحٌ يَعْنِيْ وَاسِعَةً.

بابٌ [فِيْ مَبْلَغِ الإِزَارِ]

لنگی کہاں تک ہونی چاہئے؟

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے میری پنڈلی یا فرمایا: اپنی پنڈلی کا عَضَلة (پٹھا) پکڑا اور فرمایا: یہ لنگی کی جگہ ہے، یعنی لنگی یہاں تک ہونی چاہئے، پس اگر آپ انکاریں تو اس سے کچھ نیچے پہنیں پس اگر آپ انکار کریں تو کوئی حق نہیں لنگی کے لئے ٹخنوں پر، یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اس سے ثابت ہوا کہ مسنون طریقہ آدھی پنڈلی تک لنگی پہننا ہے اور ٹخنوں سے اوپر تک جائز ہے اور ٹخنوں سے نیچے پہننا جائز نہیں۔

[٤١-] بابٌ [فِيْ مَبْلَغِ الإِزَارِ]

[١٧٧٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمِ بنِ نُذَيْرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ

قَالَ: أَخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِعَضَلَةِ سَاقِي أَوْ: سَاقِهِ، وَقَالَ:" هٰذَا مَوْضِعُ الإِزَارِ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَأَسْفَلُ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَلاَ حَقَ لِلإِزَارِ فِي الْكَعْبَيْنِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، رَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ.

بابُ [العَمَائِمِ عَلَى القَلاَنِسِ]

ٹوپی پر پگڑی باندھنے کا بیان

حضرت رکانہ رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے خاندان ہی کے ہیں، عبد مناف میں آپؐ کے ساتھ ان کا نسب ملتا ہے، جنھوں نے اپنی بیوی کو لفظ البتۃ سے طلاق دی تھی اور جنھوں نے ابتدائے اسلام میں آپؐ سے کشتی لڑی تھی اور آپؐ نے ان کو پچھاڑ دیا تھا مگر وہ اس وقت مسلمان نہیں ہوئے تھے بعد میں جب اللہ نے شرح صدر فرمایا تو مسلمان ہوئے، وہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا: "بیشک ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق ٹوپیوں پر پگڑیاں ہیں"

تشریح: علماء نے اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے ہیں، ایک: مشرکین بغیر ٹوپی کے پگڑی باندھتے ہیں اور مسلمان ٹوپی پہن کر اس پر پگڑی باندھتے ہیں، یہ مطلب راجح ہے، دوم: مشرکین صرف ٹوپی پہنتے ہیں پگڑی نہیں باندھتے، اور مسلمان ٹوپی پر پگڑی بھی باندھتے ہیں مگر یہ مطلب صحیح نہیں، اور یہ حدیث ضعیف ہے، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں اس کے دو راویوں کو نہیں جانتا ایک: ابوالحسن عسقلانی کو اور دوسرا حضرت رکانہ کے لڑکے محمد کو۔

[۴۲-] بابُ [العَمَائِمِ عَلَى القَلاَنِسِ]

[۱۷۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مُحمدُ بنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْعَسْقَلاَنِيِّ، عَنْ أَبِي جَعْفَرِ بنِ مُحمدِ بنِ رُكَانَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رُكَانَةَ صَارَعَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَصَرَعَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ رُكَانَةُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ فَرْقَ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ العَمَائِمُ عَلَى الْقَلاَنِسِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِالْقَائِمِ، وَلاَ نَعْرِفُ أَبَا الْحَسَنِ الْعَسْقَلاَنِيَّ وَلاَ ابنَ رُكَانَةَ.

بابُ [ماجاء في خَاتَمِ الْحَدِيْدِ]

لوہے کی انگوٹھی کا ذکر

حدیث: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص لوہے کی انگوٹھی پہن کر نبی ﷺ کی خدمت میں

آیا، آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے میں تجھ پر جہنمیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں؟ (جہنمیوں کو لوہے کے طوق اور بیڑیاں پہنائی جائیں گی) وہ دوسرے وقت پھر آیا اور اس نے پیتل کی انگوٹھی پہن رکھی تھی، آپ نے فرمایا: کیا بات ہے مجھے تیرے اندر سے مورتیوں کی بو آرہی ہے؟ پھر وہ تیسری مرتبہ آیا تو اس نے سونے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی، آپؐ نے فرمایا: کیا بات ہے میں تجھ پر جنتیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں؟ اس نے عرض کیا: میں کس چیز کی انگوٹھی بناؤں؟ آپؐ نے فرمایا: چاندی کی، اور اس کا ایک مثقال پورا نہ کر یعنی اس کا وزن ساڑھے چار گرام سے کم ہونا چاہئے۔

تشریح: عورتوں کے لئے چاندی، سونے کے علاوہ اور کسی بھی دھات کا زیور پہننا درست ہے، جیسے پیتل، گلٹ، رانگا وغیرہ مگر انگوٹھی (عورتوں کے لئے بھی) سونے چاندی کے علاوہ اور کسی چیز کی درست نہیں۔ اور مردوں کو چاندی کے سوا کسی اور چیز کی انگوٹھی درست نہیں، صرف چاندی کی جائز ہے۔

فائدہ: باب میں جو حدیث ہے وہ ابوداؤد اور نسائی میں بھی ہے مگر اس کی سند اعلی نہیں، اس کا ایک راوی عبداللہ بن مسلم ابوطیبہ سلمی معمولی راوی ہے، نیز وہ حدیثوں میں غلطیاں بھی کرتا تھا، وہ مرو کا قاضی تھا اس لئے مروزی کہلاتا ہے اور کتاب النکاح میں مہر کے بیان میں حضرت سہل بن سعد کی حدیث آئی ہے کہ آپؐ نے ایک شخص سے فرمایا: جا ڈھونڈھ، چاہے لوہے کی انگوٹھی ہو، علماء نے اُس حدیث کا اس حدیث سے تعارض سمجھا ہے، پھر کسی نے ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے، اور اس میں بھی اختلاف ہے کہ مقدم کونسی روایت ہے، اور صحیح بات یہ ہے کہ اگر چاندی سونے کے علاوہ کسی اور دھات کی انگوٹھی پر چاندی کا پانی چڑھا دیا جائے تو کوئی حرج نہیں، ورنہ مکروہ ہے۔

[۴۳-] بابُ [ماجاء في خَاتَمِ الْحَدِيْدِ]

[۱۷۷۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، وأَبُوْ تُمَيْلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ، فَقَالَ: "مَالِيْ أَرَى عَلَيْكَ حِلْيَةَ أَهْلِ النَّارِ؟" ثُمَّ جَاءَهُ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ صُفْرٍ، فَقَالَ: "مَالِيْ أَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ الأَصْنَامِ؟" ثُمَّ أَتَاهُ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: "مَالِيْ أَرَى عَلَيْكَ حِلْيَةَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟" قَالَ: مِنْ أَيِّ شَيْئٍ أَتَّخِذُهُ؟ قَالَ: "مِنْ وَرِقٍ، وَلاَ تُتِمَّهُ مِثْقَالاً"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعَبْدُ اللهِ بنُ مُسْلِمٍ يُكْنَى أَبَا طَيِّبَةَ، وَهُوَ مَرْوَزِيٌّ.

بابُ [كَرَاهِيَةِ التَّخَتُّمِ فِيْ أُصْبُعَيْنِ]

دو انگلیوں میں انگوٹھی پہننے کی کراہیت

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے قسی کپڑا پہننے سے، اور سرخ گدی یا تکیہ پر

بیٹھنے سے، اوراس انگلی میں اوراس انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع کیا اور آپ نے سبابہ (شہادت کی انگلی) اور درمیانی انگلی کی طرف اشارہ کیا۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور مسلم کی روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ اِس انگلی میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے اورانھوں نے اپنے بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کی طرف اشارہ کیا (مشکوۃ حدیث ۴۳۸۹)

[٤٤-] بابُ [كَرَاهِيَةِ التَّخَتُّمِ فِيْ أُصْبُعَيْنِ]

[۱۷۸۰-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، حدثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بنِ كُلَيْبٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُوْسَى قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: نَهَانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْقَسِّيِّ، وَالْمِيْثَرَةِ الْحَمْرَاءِ، وَأَنْ أَلْبَسَ خَاتَمِي فِيْ هٰذِهِ وَفِيْ هٰذِهِ، وَأَشَارَ إِلَى السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وابنُ أَبِيْ مُوْسَى: هُوَ أَبُوْ بُرْدَةَ بنُ أَبِيْ مُوْسَى، وَاسْمُهُ عَامِرٌ.

بابُ [ماجاء فِي أَحَبِّ الثِّيَابِ إِلٰى رسول اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم]

نبی ﷺ کو کونسا کپڑا سب سے زیادہ پسند تھا؟

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کو پہننے کے کپڑوں میں سب سے زیادہ پسند حِبَرَة کپڑا تھا، یہ کپڑا یمن میں بنتا تھا، اس کی زمین سفید ہوتی تھی اور اس میں سرخ دھاریاں ہوتی تھیں اور یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور اذان کے بیان میں اس کا تذکرہ آچکا ہے۔

ملحوظہ: جتنے باب کھڑی قوسوں کے درمیان ہیں وہ سب مصری نسخہ میں ہیں۔

[٤٥-] بابُ [ماجاء فِي أَحَبِّ الثِّيَابِ إِلٰى رسول اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم]

[۱۷۸۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَلْبَسُهَا الْحِبَرَةُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

﴿ وآخر دعوانا أن الحمدلله رب العالمين، والصلاة والسلام على سيد الأنبياء والمرسلين، وعلى آله وصحبه أجمعين ﴾

تقریب اختتام

۲۸/رجب المرجب ۱۴۱۷ہجری بعد نماز عشاء ساڑھے گیارہ بجے کے قریب ترمذی شریف جلد اول مکمل ہوئی **فالحمدللہ علی ذلك!** اس پرمسرت اور مبارک موقع پر صاحب افادات حضرت مولانا مفتی سعید احمد صاحب پالن پوری مدظلہ العالی نے قیمتی نصیحتوں سے فضلاء کو مستفیض فرمایا، پھر پوری امت کے لئے بالخصوص فارغ ہونے والے طلبہ، اساتذہ، محدثین کرام، مفسرین عظام اور فقہاء کے لئے دعا فرمائی، اس مبارک مجلس میں اکثر طلبائے دارالعلوم نے حاضر ہوکر بارگاہ ایزدی میں خوب گڑگڑا کر پوری امت کی فلاح و بہود کے لئے دعا مانگی، میں مناسب سمجھتا ہوں کہ وہ نصائح عالیہ اور دعائیہ کلمات یہاں درج کردوں، فرمایا:

عزیز طلبہ! ساڑھے گیارہ بج چکے ہیں، رات کافی ہوچکی ہے، اس لئے اب کوئی لمبی چوڑی بات کہنے کا تو موقع رہا نہیں، پھر سال بھر وقتاً فوقتاً آپ حضرات: اساتذہ کی نصائح عالیہ سے مستفیض ہوتے رہے ہیں، اس لئے بھی اس کی ضرورت نہیں، اب ضرورت ہے اپنی زندگی میں تبدیلی لانے کی، اقوال وافعال، کردار وگفتار اور عادات واطوار کو سنوارنے کی، اور یہ فکر پیدا کرنے کی کہ ہمارے اعمال واخلاق، ہماری سیرت وکردار اور ہمارے اقوال وافعال اس سیرت طیبہ سے ہم آہنگ ہوجائیں جو ہم نے سال بھر صبح وشام پڑھی ہے، اور ضرورت ہے کہ ہم امت مسلمہ کے سپوت بنیں: اس لئے میں اس مختصر وقت میں چار باتیں عرض کرتا ہوں، غور سے سنیں:

پہلی بات: عزیزو! اولاد تین قسم کی ہوتی ہے: پوت، سپوت اور کپوت۔ جو اولاد صرف اولاد ہو یعنی نہ تو باپ کا نام روشن کرے، نہ بدنام کرے وہ پوت ہے، اور جو اولاد باپ کا نام روشن کرے وہ سپوت ہے اور جو باپ کو بدنام کرے وہ کپوت ہے۔ اب آپ حضرات کی ایک زندگی ختم ہوکر دوسری زندگی شروع ہوگی، اب آپ اس پر غور کریں کہ آپ کو کس نے پڑھایا ہے؟ اگر آپ سوچتے ہیں کہ آپ کے ماں باپ نے پڑھایا ہے تو یہ غلط ہے، اگر یہ مدرسے اور یہ اساتذہ نہ ہوتے تو ماں باپ کہاں پڑھاتے؟ اور اگر آپ سوچتے ہیں کہ اساتذہ نے پڑھایا ہے تو یہ بھی غلط ہے، اگر یہ مدرسے نہ ہوتے تو اساتذہ کیسے پڑھاتے؟ اور اگر آپ سوچتے ہیں کہ ان مدارس اسلامیہ نے پڑھایا ہے تو یہ بھی تمام تر صحیح نہیں، اگر ملتِ اسلامیہ دستِ تعاون نہ بڑھاتی تو یہ مدارس کہاں ہوتے؟ پس درحقیقت آپ کو ملتِ اسلامیہ نے پڑھایا ہے، اس لئے میرے عزیزو! خوب سمجھ لو، تمہیں ملت اسلامیہ نے پڑھایا ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آپ ملتِ اسلامیہ کے حق میں پوت بنتے ہیں یا کپوت یا سپوت، اس کا فیصلہ آپ کا عمل کرے گا، اگر آپ نے اپنا دین محفوظ رکھا اور ملتِ اسلامیہ کو

کوئی فائدہ نہ پہنچایا تو آپ پوت ہوئے، اور اگر آپ نے اپنا دین محفوظ رکھا اور ملت کو بھی فائدہ پہنچایا تو آپ سپوت ہوئے، اور ملت کو فائدہ پہنچانے کی بہت سی صورتیں ہیں اللہ آپ کے لئے جو بھی راہ منتخب کریں وہ اختیار کریں۔ تبلیغ میں نکلیں، کتابیں تصنیف کریں، مکتبوں اور مدرسوں میں پڑھائیں، مسجدوں میں امامت کریں، غرض بے شمار راہیں ملت کی خدمت کی ہیں، اور اگر نہ ملت کو کوئی فائدہ پہنچایا نہ اپنا دین محفوظ رکھا بلکہ کسی یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا، یا کاروبار میں لگ گئے اور دین کا بھی ٹھکانہ نہ رہا، نہ ڈاڑھیاں صحیح رہیں نہ نمازوں کا ٹھکانہ رہا اور اعمال واخلاق اور کردار وگفتار بگڑ گئے تو تم کپوت ہوئے، کاروبار کرنا ہے شوق سے کرو، یونیورسٹی میں پڑھنا ہے شوق سے پڑھو، جو بھی کام کرنا ہے کرو، مگر دس پندرہ سال تک جو دین تم نے پڑھا ہے اس کو تج نہ دو، دین کا دامن پکڑے رہو، اگر دین تمہاری زندگی سے نکل گیا تو تم سے زیادہ بدنصیب کوئی نہیں، جس نے کھایا ملت کا اور نہ ان کو فائدہ پہنچایا نہ اپنا دین محفوظ رکھا وہ **خسر الدنیا والآخرۃ** کا مصداق ہوا، اللہ تعالیٰ اس سے ہماری حفاظت فرمائیں (آمین)

دوسری بات: عزیزو! اب آپ دوراہے پر کھڑے ہیں، آپ کی زندگی کا ورق پلٹ رہا ہے اب آپ کو آئندہ کیا کرنا ہے اس کے لئے خاص طور پر دعا کرنی ہے، اللہ تعالیٰ آپ حضرات کو دین کی خدمت کے لئے قبول فرمائیں اور آپ کی زندگیوں میں دین باقی رکھیں، آپ کی مساعی جمیلہ سے اللہ تعالیٰ دین کو بڑھائیں اور آپ سے اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو فیض پہنچائیں، یہ دعا کریں، اگر آپ سچے دل سے اللہ سے مانگیں گے تو اللہ کے یہاں فضل کی کمی نہیں، اور اگر بے نیازی برتیں گے تو اللہ تعالیٰ کسی کے محتاج نہیں، اللہ اپنے دین کا کام کسی سے بھی لے لیں گے آپ کو یاد ہوگا: صحابہ کو ڈانٹ پڑی تھی، پس ماوشما کی کیا حیثیت ہے، فرمایا: ﴿وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَايَكُوْنُوْا أَمْثَالَكُمْ﴾ ہم سب اللہ کے محتاج ہیں، اللہ کسی کے محتاج نہیں۔ اس لئے سچے دل سے مانگو، نیازمندی سے مانگو، ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ تمہیں دین کی خدمت کے لئے قبول فرمالیں، اور اگر تمہارے دل ملتفت نہ ہوئے تو اللہ کسی کے محتاج نہیں، اللہ تعالیٰ دین کا کام پرندوں سے لے لیں گے، نومسلموں سے لے لیں گے، کسی سے بھی لے لیں گے، وہ دارالعلوم دیوبند کے فضلاء کے محتاج نہیں، بلکہ یہ فضلاء اللہ اور اللہ کے دین کے محتاج ہیں، اللہ کے دین کی خدمت کے محتاج ہیں، پس دعا کرو! اللہ تمہیں صلاح وفلاح عطا فرمائیں، اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرمائیں، اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعہ ملت اسلامیہ کو چمکائیں اور تمہارے ذریعہ مادر علمی کا نام روشن فرمائیں، اور مدارس اسلامیہ پر خرچ کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ دونوں جہاں میں بہترین صلہ عطا فرمائیں، یہ ملت اسلامیہ کا احسان ہے کہ اس نے پیسہ پیسہ بچا کر مدارس کا تعاون کیا، جس سے آج دین کی بہار ہے، یہ مدرسے نہ ہوتے تو یہ بہار کہاں ہوتی؟

فضلاء کی تعداد تو بڑھ گئی مگر کام کے آدمی کم ہوگئے:

تیسری بات: یہ عرض کرنی ہے کہ اس زمانہ میں علم دین پڑھنے والوں کی اور علماء وفضلاء کی تعداد تو بہت بڑھ گئی ہے

مگر کیفیت واستعداد میں کمی آگئی ہے، اس کا سبب کیا ہے؟ اور اس کا علاج کیا ہے؟ یہ جاننا ضروری ہے۔ ایک موٹا اندازہ یہ ہے کہ ہر سال صرف ہندوستان میں تین ہزار علماء وفضلاء تیار ہوتے ہیں مگر قحط الرجال کا حال یہ ہے کہ ابتدائی عربی کے اساتذہ تو بہت مل جاتے ہیں مگر درجہ علیا کے اساتذہ کا فقدان ہے اور یہ بات دو وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: دو لفظوں نے مدارس سے نکلنے والوں کو پیچھے کر دیا ہے، ایک: ''میں فارغ ہوگیا'' دوسرا: ''فاضل'' ظاہر ہے جب فارغ ہوگیا اور کرنے کا کچھ رہا نہیں و پھر باکمال کیسے بنے گا؟ آپ جانتے ہیں: مدارس عربیہ میں علم نہیں دیا جاتا، بلکہ علم دین حاصل کرنے کی استعداد بنائی جاتی ہے، پڑھنا تو آپ کو یہاں سے نکل کر ہے اور زندگی بھر پڑھنا ہے، ایک لمبے عرصہ کے بعد آپ کو کمال حاصل ہوگا مگر اب صورتِ حال یہ ہوگئی ہے کہ مدارس سے نکلنے والوں میں فراغت کا تصور پیدا ہو جاتا ہے وہ سمجھنے لگتے ہیں کہ جو کچھ پڑھنا لکھنا تھا وہ ہو چکا، اب آگے کچھ باقی نہیں رہا، چنانچہ مدارس سے نکلنے کے بعد کوئی پڑھتا نہیں، الا ماشاءاللہ۔ اور یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ علم پڑھنے سے آتا ہے پڑھانے سے نہیں آتا، اور طلبہ کے پڑھنے میں تین چیزیں شامل ہیں:

اول: مطالعہ کر کے سبق میں جانا، جو طالب علم اگلا سبق دیکھے بغیر درسگاہ میں جاتا ہے وہ پڑھنے نہیں جاتا پڑھانے جاتا ہے، یعنی اس کی وجہ سے استاذ کو پڑھنا پڑتا ہے اگر وہ درسگاہ میں نہ جائے تو استاذ بھی نہیں پڑھے گا، پڑھنے والا طالب علم وہی ہے جو آگے کا سبق دیکھ کر درسگاہ میں جائے، مطالعہ میں آگے کا سبق سمجھنا ضروری نہیں، سمجھ میں آئے یا نہ آئے کم از کم تین مرتبہ عبارت پڑھ کر استاذ کے پاس جائے۔

دوم: درسگاہ میں ذہنی طور پر حاضر رہ کر کتاب کا ایک ایک لفظ حل کرنے کی کوشش کرے، کوئی بات بے سمجھے نہ چھوڑے، آج کل طلبہ کی صورت حال یہ ہے کہ سبق سمجھ میں آئے تو کوئی خوشی نہیں، اور نہ سمجھ میں آئے تو کوئی رنج نہیں حالانکہ سبق سمجھ میں نہ آنے کی صورت میں نیند حرام ہو جانی چاہئے۔

اور اگر کسی طالب علم کو مطالعہ کرنے کے بعد اور پوری توجہ سے سبق سننے کے بعد بھی سبق سمجھ میں نہ آئے تو اس کو جاننا چاہئے کہ اس کی استعداد درجہ سے فروتر ہے، اس کو پیچھے پلٹنا چاہئے اور ایسے درجہ سے پڑھنا چاہئے جو اس کی استعداد کے موافق ہو، اگر وہ بدستور اپنے درجہ میں چلتا رہے گا تو آگے اور بھی دشواری پیش آئے گی اور اس کی سیر علمی کا کچھ حاصل نہیں نکلے گا، آج کل عام طور پر صورتِ حال یہ ہے کہ خود طالب علم بھی اوپر کودتا ہے اور مدرسہ والے بھی: وہ جو درجہ چاہتا ہے: دیدیتے ہیں، صحیح جانچ کر کے اس کی استعداد کے مطابق درجہ نہیں دیتے، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ فارغ تو ہو جاتا ہے، مگر آتا کچھ نہیں! اور مدرسہ کا سارا نظام مختل ہو جاتا ہے۔

سوم: خواندہ یاد کرنا: پڑھا ہوا نقش بر آب ہوتا ہے، ایک دو دن میں طالب علم اس کو بھول جاتا ہے پس جو طالب علم خواندہ یاد نہیں کرتا وہ ہاتھوں میں سوراخ کر کے پانی پیتا ہے، ظاہر ہے پانی کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچے گا، سوراخ سے بہہ جائے گا، آج کے طالب علم کا بھی یہی حال ہے وہ ہاتھوں میں سوراخ کر کے پانی پیتا ہے خواندہ یاد نہیں کرتا، اور جب

پڑھا ہوا محفوظ نہیں رہا تو پڑھنے کا کیا حاصل!

اسی طرح اساتذہ کے پڑھنے میں بھی تین چیزیں شامل ہیں:

اول: فن دیکھ کر پڑھانا، صرف شرحیں دیکھ کر نہ پڑھانا، یعنی جو کتاب پڑھا رہا ہے اور وہ جس فن میں ہے وہ پورا فن نیچے تک اور اوپر تک دیکھ لینا۔ جیسے قدوری پڑھا رہا ہے تو بہشتی زیور اور تعلیم الاسلام تک جو بھی کتابیں نیچے لکھی گئی ہیں ان کو دیکھ لینا، بعض مرتبہ مسئلہ کی تعبیر نیچے کی کتابوں میں بہت عمدہ ہاتھ آتی ہے، اوپر کی کتابوں میں وہ بدست نہیں آتی، نیز تفہیم کا طریقہ بھی ان اردو کتابوں سے حاصل ہوتا ہے، اور اوپر در مختار، شامی، ہدایہ اور عالمگیری تک سب کتابوں میں متعلقہ مسئلہ دیکھ لینا، اس سے شرح صدر ہوتا ہے، اور استعداد بڑھتی ہے۔

مگر مسلسل مطالعہ مفید نہیں یعنی تعلیم الاسلام پوری پڑھ لی، یا بہشتی زیور پوری پڑھ لی یا در مختار پوری پڑھ لی یہ نہیں ہونا چاہئے بلکہ قدوری میں جو مسئلہ زیر درس ہے صرف وہی مسئلہ نیچے کی اور اوپر کی کتابوں میں دیکھا جائے، ایک ہی مسئلہ مختلف کتابوں میں دیکھنے سے یاد بھی ہوگا اور سمجھ میں بھی آئے گا۔

دوم: ہر کتاب سے ضروری باتیں یا عبارت کا حل نکال کر اپنی یادداشت تیار کر لی جائے، خواہ کتاب میں ورق رکھ کر یا علحدہ کاپی بنا کر جو بات بھی جہاں کام کی ملے اس کو بعینہٖ یا اس کا خلاصہ لکھ لیا جائے، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ بار بار کتابیں نہیں دیکھنی پڑیں گی، خلاصہ اس کے پاس محفوظ ہوگا تو ہر سال اس پر نظر ڈال لے گا اور تمام مضامین یاد ہو جائیں گے۔

یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ کسی بھی کتاب کی کوئی شرح کافی نہیں، اگر شروح سے کتاب حل ہو جاتی تو نئی نئی شرحوں کی ضرورت نہ ہوتی، حالانکہ کتابوں کی شرحیں مسلسل لکھی جا رہی ہیں معلوم ہوا کہ کچھ باتیں فن سے حل ہوتی ہیں شروح سے حل نہیں ہوتیں۔

سوم: استنتاج یعنی نتائج نکالنا، مدرس کے پڑھنے میں تیسری بات یہ شامل ہے کہ جو کچھ اس نے پڑھا ہے اور اس کا خلاصہ نوٹ کر لیا ہے اس میں خوب غور کرے، اس میں کوئی اشکال ہو تو اس کا جواب سوچے، کوئی بات دقیق ہو تو اس کا حل سوچے اور مختلف باتیں ملا کر نئی بات پیدا کرے اس سے استعداد بڑھتی ہے۔

حضرت علامہ کی قیمتی نصیحت:

میں جب دار العلوم دیوبند سے رخصت ہو کر دار العلوم اشرفیہ راندیر کے لئے مدرس ہو کر چلا تو میں نے حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ سے آخری ملاقات میں عرض کیا: حضرت! مجھے کوئی کام کی بات بتا دیجئے جسے میں حرز جان بناؤں، حضرت نے فرمایا: ''مولوی صاحب! فن دیکھ کر پڑھانا، شرحیں دیکھ کر مت پڑھانا، علم آئے گا، اور طلبہ کو اپنی اولاد سمجھنا، وہ تم سے محبت کریں گے، اور سنت کی پیروی کرنا، لوگوں کے دلوں میں وقعت پیدا ہوگی'' یہ تین باتیں میرے لئے کس قدر مفید ثابت ہوئیں یہ میں بیان نہیں کر سکتا۔

صرف پڑھانے سے آدمی تیار نہیں ہوتے:

آج کا المیہ یہ ہے کہ اساتذہ پڑھاتے ہیں مگر آدمی تیار نہیں ہوتے، ایک مثال میں غور کریں! ایک طالب علم متوسط استعداد کا عربی اول شروع کرتا ہے، وہ ساتویں یا آٹھویں سال بخاری شریف پڑھنے کے قابل ہوجاتا ہے، پھر وہ مدرس ہوجاتا ہے مگر بیس سال گذر جاتے ہیں وہ بخاری شریف پڑھانے کے قابل نہیں ہوتا، حالانکہ اس کو پانچ سال میں بخاری شریف پڑھانے کے قابل ہوجانا چاہئے، وجہ اس کی یہ ہے کہ وہ پڑھاتا ہے پڑھتا نہیں، مشکوٰۃ پڑھاتا ہے تو بس اسی کو پڑھاتا ہے فن نہیں پڑھتا، بعض مدرس پوچھتے ہیں: مجھے نسائی پڑھانے کے لئے ملی ہے یا ابن ماجہ ملی ہے، میں کونسی شرح دیکھوں؟ میں کہتا ہوں: فتح الباری اور عمدۃ القاری دیکھو، وہ کہتا ہے: بخاری میں نسائی اور ابن ماجہ کی حدیثیں تلاش کرنا پھر اس کی شرح دیکھنا دقت طلب ہے، یہ بات میرے بس کی نہیں، تو میں کہتا ہوں: پھر آپ نسائی اور ابن ماجہ کے لائق بھی نہیں، حدیث کی کوئی بھی کتاب پڑھانے کے لئے ملے اور وہ پورا فن نہ دیکھ ڈالے تو وہ پڑھا رہا ہے پڑھ نہیں رہا، اور سو سال بھی پڑھائے گا تو علم نہیں آئے گا، علم پڑھنے سے آتا ہے۔

یہاں اساتذہ دو سوال کرتے ہیں:

پہلا سوال: اساتذہ کہتے ہیں: مدارس والے ہمیں ترقی نہیں دیتے، وہ ہمیں بڑی کتابیں دیں تو ہم مطالعہ کریں، پانچ سال سے ہمیں مرقات میں لٹکا رکھا ہے ہم ملا حسن کا مطالعہ کیسے کریں؟ یا دس سال سے ہمیں قدوری دے رکھی ہے، کنز یا شرح وقایہ دیتے ہی نہیں، پھر ہم مطالعہ کیسے کریں؟

جواب: میں کہتا ہوں: آپ کی شیشی میں کچھ ہے؟ اگر عمدہ خوشبو ہے تو مہکاؤ، ہر آدمی پوچھے گا: کس نے خوشبو لگائی ہے؟ بڑی اچھی خوشبو ہے! آج ارباب مدارس ذی استعداد اساتذہ کے لئے پریشان ہیں مگر کوئی اپنا عطر مہکائے تو دوسرا اسے پوچھے، غرض پہلے پڑھنا پڑتا ہے اور اپنی صلاحتیوں کا ثبوت دینا پڑتا ہے تب مدرسہ والے ترقی دیتے ہیں بے استعداد کو ترقی دینا اس امید پر کہ بعد میں صلاحیت پیدا ہوجائے گی: نادانی کی بات ہے۔

البتہ استعداد کے ساتھ تعلقات کی ہمواری ضروری ہے، چاپلوسی ضروری نہیں، یعنی اس درجہ ارباب انتظام کے ساتھ موافقت ضروری ہے کہ وہ آپ کو اپنے لئے اور اپنے ادارہ کے لئے مفید سمجھیں، بس فوراً ترقی ملے گی، اور اگر آپ کے تعلقات ناہموار ہیں، مدرسہ والوں سے آپ نے بگاڑ رکھی ہے اور مہتمم آپ کو اپنے لئے یا اپنے مدرسہ کے لئے مفید نہیں سمجھتا تو شاید وہ آپ کو ترقی نہ دے کیونکہ آپ کو آگے بڑھا کر وہ مصیبت کیوں مول لے۔

مگر کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ چاپلوسی سے دال گلتی ہے: **الدنیا بالوسائل لا بالفضائل**۔ میرا خیال ہے: یہ بات صحیح نہیں، مدرس کو اپنے کام سے غرض ہونی چاہئے، نظم وانتظام سے سروکار نہیں ہونا چاہئے، مدرسہ اس کا نہیں ہے دوسرے کا ہے، وہ جانے اور اس کا کام، اور اگر مدرس کو مہتمم بننے کا شوق ہے اور تعلیم کی اصلاح کا جذبہ ہے تو وہ ہٹ کر اپنی دوکان

علحدہ کھولے، اللہ کا ملک تنگ نہیں، اور گدا کا پیر لنگ نہیں، دوسرے کے مدرسہ میں اتھل پتھل کرنا اور اپنی پوزیشن خراب کرنا دانشمندی کی بات نہیں۔

دوسرا سوال: اساتذہ کہتے ہیں: مدرسہ والوں نے ہم پر ڈھیر سارے سبق لا در کھے ہیں پھر ہم سارے فنون کیسے دیکھیں؟

جواب: میں کہتا ہوں: اگر آپ کے پاس پانچ فنون ہیں تو آپ ان میں سے چار کتابیں صرف شرحوں کی مدد سے پڑھائیں اور ایک کتاب فن دیکھنے کے لئے منتخب کریں، دو تین سال میں وہ پورا فن دیکھ لیں پھر دوسرا فن پکڑیں، اس طرح تدریجی طور پر کئی فنون دیکھے جاسکتے ہیں لیکن اگر آپ چاہیں ہی نہ تو زندگی گذر جائے گی، اور آپ کسی ایک فن میں بھی باکمال نہیں بنیں گے۔

خلاصۂ کلام: یہ ہے کہ قحط الرجال کے اس زمانہ میں مدارس سے نکلنے والے حضرات کو چاہئے کہ وہ فارغ نہ ہوجائیں، یہ لفظ اپنے ذہن سے قطعاً نکال دیں، اسی طرح فاضل کا تصور ختم کردیں طالب علم کا تصور رکھیں، فاضل تو فضول سے بھی ہوسکتا ہے تو کیا آپ کوڑا کرکٹ ہیں؟ رہا فاضل بمعنی علامۃ الدہر تو یہ بات کبریت احمر ہے، صدیوں میں کوئی باکمال پیدا ہوتا ہے، جب لاکھوں میدان میں سرگرداں رہتے ہیں تب کوئی منزل پر پہنچتا ہے، پس آپ بھی دیوانہ وار چلیں، ممکن ہے آپ ہی منزل پر پہنچیں۔

چوتھی بات: تیسری بات ہی سے متعلق ہے مگر اس کی اہمیت کی وجہ سے اس کو علحدہ ذکر کرتا ہوں، سوال یہ ہے کہ بے شمار مدارس عربیہ ہیں اور لوگ پڑھنے پڑھانے میں مشغول بھی ہیں پھر اعلی صلاحیتوں کے آدمی کیوں تیار نہیں ہوتے؟ قحط الرجال کیوں ہے؟

جواب: اس کی دو وجہیں ہیں: ایک تو گذر چکی کہ لوگ پڑھاتے ہیں پڑھتے نہیں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ مدارس سے نکلنے والے تین قسم کے فضلاء ہیں: اعلی استعداد والے، متوسط استعداد والے اور ادنی استعداد والے، فضلاء کی پہلی قسم تو ضائع ہوجاتی ہے، یونیورسٹیوں میں چلی جاتی ہے، کمپیوٹر اور ہنر سیکھنے میں لگ جاتی ہے، یا کاروبار میں مشغول ہوجاتی ہے، اور دوسری قسم مدارس عربیہ میں لگتی ہے، چونکہ ان کا مستوی فروتر ہے اس لئے وہ ہر چند کوشش کے بعد بھی تاڑ کا درخت نہیں بن سکتے۔

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: اللہ تعالیٰ نے نباتات اور حیوانات میں سے ہر ایک کا ایک مستوی اور لیول تجویز کیا ہے، ہر مخلوق کو اس لیول پر پہنچ کر رک جانا ہے جیسے مرچی کے پودے کا ایک لیول ہے، گیہوں اور جوار کے پودوں کا دوسرا لیول ہے، امرود اور آم کے درختوں کا مستوی علحدہ ہے، اور تاڑ، کھجور اور ناریل کی پہنچ دور تک ہے، ہر درخت اپنی مقدار پر پہنچ کر رک جاتا ہے، آپ غور کریں! امرود اور آم کے درخت جب اپنی مقدار پر پہنچ جاتے ہیں تو پھر ہر پت جھڑ میں ان کے پتے جڑتے ہیں، اور ہر بہار میں ان پر کونپلیں نکلتی ہیں، مگر وہ وہیں کے وہیں رہتے ہیں بلکہ بوڑھے ہوکر گھٹتے ہیں اور نیچے آتے

ہیں، یہی حال انسان کا ہے، ہر انسان کا ایک مستوی ہے وہ وہاں پہنچ کر رک جاتا ہے پھر وہ چاہے کتنی بھی اچھل کود کرے آگے نہیں بڑھ سکتا، پس متوسط مستوی والے ہر چند کوشش کے بعد بھی بڑے لوگ نہیں بن سکتے، بڑے لوگ بلند مستوی والے ہی بنتے ہیں، مگر وہ عام طور پر ضائع ہو جاتے ہیں۔

فضلاء ضائع کیوں ہو جاتے ہیں؟

اور اس میں قصور کچھ ارباب مدارس کا ہے، کچھ فضلاء کا ہے، یعنی کچھ سونا کھوٹا ہے کچھ سنار کھوٹا ہے، مدارس والے مدرسین کو اتنا دیتے ہی نہیں کہ وہ زندگی بھر دلجمعی کے ساتھ کام کر سکیں، گارا بنانے والے مزدور کو بھی یومیہ سوا سو روپے ملتے ہیں یعنی ماہانہ اس کی چار ہزار کی آمدنی ہوتی ہے اور مدرس کو دوڈھائی ہزار روپے ملتے ہیں جس نے پندرہ سال محنت کی ہے اور اپنی زندگی کا قیمتی وقت خرچ کیا ہے وہ گارا بنانے والے مزدور کے ہم تول بھی نہیں تو کیا مزدور کے خرچ کے بقدر بھی مولوی کے گھر کا خرچ نہیں ہوگا، مگر اہل مدارس سمجھتے نہیں، بلکہ وہ یہ عذر لنگ پیش کرتے ہیں کہ مدرسہ میں گنجائش نہیں، سوال یہ ہے کہ پھر بلڈنگیں کہاں سے بن رہی ہیں؟ اور مہتمم بکار مدرسہ کیسے گھوم رہا ہے؟ اصل بات یہ ہے کہ آدمی چاہے ہی نہ تو باتیں ہزار ہیں۔ غرض جب تک کارکنان کو بقدر ضرورت روزگار مہیا نہیں کیا جائے گا وہ زندگی بھر کام سے کیسے چمٹے رہیں گے؟ اور آدمی تو بنتا ہی ہے پوری زندگی کھپانے سے، دس بیس سال پڑھانے سے کوئی شیخ الحدیث نہیں بنتا۔

دوسرا قصور فضلاء کا ہے، وہ کیا مل رہا ہے؟ اس کو پیش نظر رکھ کر کام کرتے ہیں حالانکہ علم برائے علم مطلوب ہے، برائے مال مطلوب نہیں، روزی کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے لی ہے، وہ ہر ایک کا پیٹ ضرور بھرتے ہیں، اور پیسہ تین کام کرتا ہے، آدمی اچھا کھاتا ہے، اچھا پہنتا ہے اور لوگ سلام کرتے ہیں، مولوی کو یہ تینوں نعمتیں تھوڑی تنخواہ میں بھی حاصل ہیں، خوش خوراک اور خوش پوشاک وہی ہوتا ہے، اور عالم اگر اپنی حالت درست رکھے تو بستی کا ہر شخص اس کی عزت کرتا ہے، ہندو تک سلام کرتے ہیں پھر اور کیا چاہئے!

البتہ بیوی چونکہ گھر چلانا اپنے باپ کے یہاں سے سیکھ کر آئی ہے اس لئے تھوڑی اس کی تربیت کرنی پڑتی ہے، اس کو خرچ میں اقتصاد یعنی میانہ روی سکھلانی پڑتی ہے، اور خود کو فضول خرچی سے بچانا پڑتا ہے، جیسے موبائل کا خرچ مولوی کے لئے فضول ہے، لوگوں کو اس سے رابطہ کرنا ہے تو کریں، اسے ساری دنیا سے رابطہ کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ البتہ جب اولاد ہو جاتی ہے تو پھر واقعی پریشانی کھڑی ہوتی ہے، جس کا علاج اہل مدارس کو سوچنا ہے۔

اور آخری بات: یہ ہے کہ آپ حضرات اس مجلس سے اٹھنے کے بعد تین قسموں میں بٹ جائیں گے، ایک وہ ہونگے جن کی اعلی استعداد نہیں، وہ مکاتیب اسلامیہ میں پڑھائیں گے یا مسجد میں امامت کریں گے، یا کاروبار میں لگیں گے، ان کو سب سے پہلے ایک سال کے لئے جماعت میں نکلنا چاہئے، کیونکہ اب مدارس میں طلبہ کی تعداد کی زیادتی کی وجہ سے تربیت کما حقہ نہیں ہو پاتی، پس جماعت میں ایک سال لگانے سے دینی مزاج بنے گا، اور عوام سے کس طرح معاملہ

کرنا چاہئے اس کا سلیقہ پیدا ہوگا، پھر وہ جس کام میں لگنا چاہیں لگ جائیں۔

دوسرے متوسط استعداد والے ہیں جن کو ابھی پڑھنا ہے، اپنی استعداد کی تکمیل کرنی ہے وہ ابھی اپنے آپ کو طالب علم سمجھیں، جماعت میں یا کسی اور کام میں نہ لگیں، وہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں رہیں۔

اور جو پختہ استعداد والے ہیں اور وہ ضائع نہیں ہونا چاہتے بلکہ دین کے کام میں لگنا چاہتے ہیں، وہ پڑھانے میں لگیں اور رات دن اپنے کام میں منہمک رہیں، جماعت میں وہ ابھی ہرگز نہ نکلیں، ورنہ ایک سال کے بعد وہ کسی کام کے نہیں رہیں گے، طالب علم دو مہینے کی چھٹیوں میں گھر جاتا ہے تو آدھا پڑھا ہوا بھول جاتا ہے، ایک سال جماعت میں لگانے کے بعد تو اس کے کٹورے میں کچھ بھی نہیں رہے گا، وہ استعداد پختہ ہونے تک پوری توجہ کے ساتھ پڑھانے میں لگے رہیں، پھر جماعت میں نکلیں کوئی حرج نہیں، اب اس کی استعداد نہیں بجھے گی، بلکہ جماعت کے کاز کو بھی اس کی استعداد سے تقویت ملے گی۔

بلکہ میرا مشورہ یہ ہے کہ یہ حضرات جماعت میں نہ نکلیں، وہ جس کام میں لگے ہوئے ہیں وہ ''بھی'' دین کا کام ہے، جماعت کا کام ''ہی'' دین کا کام نہیں ہے، اور اس موضوع پر گفتگو کتاب الجہاد میں میں آچکی ہے، غرض توحید مطلب ضروری ہے، اور ایک ہی لائن میں لگے رہنے میں کامیابی ہے۔

اور میری یہ بات بھی یاد رکھیں کہ اعلی استعداد والے دس سال، اور فروتر استعداد والے پندرہ سال اور کم استعداد والے بیس سال مسلسل رات دن کتابوں کے کیڑے بنے رہیں گے تو اتنی مدت کے بعد علم آنا شروع ہوگا، اور جب علم آنا شروع ہوگا تو خود اس کو احساس ہوگا کہ اب مجھے کچھ حاصل ہونے لگا ہے۔

﴿وآخر دعوانا أن الحمدلله رب العالمين﴾

دعا:اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسلِّم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد وبارك وسلم، لا إله إلّا اللّٰهُ الحليم الكريم، لا إله إلّا الله الحليم الكريم، لا إله إلا الله الحليم الكريم، اللّٰهم تب علينا إنك أنت التواب الرحيم، رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حسنة وقنا عذاب النار، اللّٰهم إنا نسئلك الهدى والتُّقى والعفاف والغنى، اللّٰهم إنا نسئلك علما نافعا وعملا متقبلا وقلبا خاشعا، وعينا دامعةً، اللّٰهم إنا نعوذ بك من علم لاينفع، ومن قلب لايخشع، ومن عمل لايُرفع، اللّٰهم ربنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النار۔

یا الٰہ العالمین! ان بچوں کو جو تیرے بندے ہیں، میرے مولیٰ ان کو قبول فرما، میرے مولیٰ ان کے علم میں برکت فرما، یا اللہ! ان کے عمل میں اخلاص پیدا فرما، یا اللہ! ان کو زندگی کے ہر امتحان میں کامیاب فرما، یا اللہ! ہم میں جو بیمار ہیں انہیں شفاء عطا فرما، یا اللہ! ہم میں جو پریشان حال ہیں ان کی پریشانی دور فرما، یا اللہ! جو انتقال کر گئے ہیں ان کی مغفرت فرما،

یا اللہ! ہمیں علم نافع عطا فرما، عمل صالح عطا فرما، یا اللہ! ہمیں فتنوں سے محفوظ فرما، اے میرے مولیٰ! ہمیں ظالموں کا تختہ مشق نہ بنا، یا اللہ! پوری دنیا میں ایمان کی ہوائیں چلا، اے اللہ! دنیا میں جگہ جگہ تیرے مؤمن بندے پریشان ہیں، اے میرے مولیٰ! کفار نے اپنے منہ کھول رکھے ہیں، اے میرے مولیٰ! وہ ان کو کھا جانے کے لئے تیار ہیں: میرے مولیٰ! اپنے بندوں کی حفاظت فرما، اپنے حبیب کے دین کی حفاظت فرما، یا اللہ! مسلمانوں کی حفاظت فرما، یا اللہ! جہاں جہاں مسلمان تیرے دین کے لئے کوششیں کررہے ہیں میرے مولیٰ ان کی مساعی کو کامیاب فرما، ان کے کاموں میں برکت فرما، یا اللہ! اسلام کی حفاظت فرما، مسلمانوں کی حفاظت فرما، اسلامی ملکوں کی حفاظت فرما، یا اللہ! دنیا کے تمام لوگوں کو دین اسلام قبول کرنے کی توفیق عطا فرما، یا اللہ! سب کو جہنم سے بچنے کا سامان کرنے کی توفیق عطا فرما، اے میرے مولیٰ! ہمیں اپنے دین کی خدمت کے لئے قبول فرما، اے میرے مولیٰ! تیرے یہ بندے جو تیرا دین پڑھ کر فارغ ہوئے ہیں میرے مولیٰ انہیں نامراد نہ فرما، انہیں ناکام نہ فرما، انہیں دین کے لئے قبول فرما، میرے مولیٰ یہ کسی لائق نہیں، لیکن میرے مولیٰ تیری نظر کرم ہوجائے تو یہ لائق بن جائیں گے، میرے مولیٰ ان کو قبول فرما، ان کے علم میں برکت فرما، ان کے علم میں وسعت پیدا فرما، یا اللہ! ہماری دعاؤں کو اپنے فضل وکرم سے قبول فرما، یا اللہ! ہمارے علم میں برکت فرما، یا اللہ! ہمارے قلوب میں نور پیدا فرما، اے اللہ! ہمارے ماں باپ کی مغفرت فرما، ہمارے رشتہ داروں کی مغفرت فرما، جن لوگوں نے دعاؤں کے لئے کہا ہے یا لکھا ہے: ان کی جائز مرادیں پوری فرما، سب کی پریشانیوں کو دور فرما، سب بیماروں کو شفائے کاملہ عطا فرما، یا اللہ! جن لوگوں نے دامے درمے سخنے قدمے مدارس اسلامیہ کا تعاون کیا ہے ان کے کاروبار میں برکت فرما، ان کے تعاون کو قبول فرما، یا الٰہ العالمین! ہمیں جب تک ہم زندہ ہیں احکام اسلام کا پابند بنا اور اے میرے مولیٰ! جب ہماری موت کا وقت آئے تو ایمان پر ہمارا خاتمہ فرما، یا الٰہ العالمین! ہماری طرف سے امام ترمذی رحمہ اللہ کو جزائے خیر عطا فرما، ان کے درجات بلند فرما، اور تمام محدثین کو امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرما، اور ان کے درجات بلند فرما، الٰہ العالمین! تمام فقہاء، محدثین، بزرگوں اور تمام دین کے کام کرنے والوں کو اے اللہ درجات عالیہ عطا فرما، اور اے میرے مولیٰ! ہم امتیوں کی طرف سے ہمارے اور آپ کے حبیب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو جزائے خیر عطا فرما۔ اے اللہ! آپؐ پر بے پایاں رحمتیں نازل فرما، آپؐ کے درجات بلند فرما، آپؐ کی امت کو سرخ رو فرما، آپؐ کی امت کے ذریعہ آپ کا نام روشن فرما، یا اللہ! ہم تیرے حبیب کی امت ہیں، اپنے حبیب کے طفیل ہم پر رحم فرما، کرم فرما، احسان فرما، میرے مولیٰ اپنے فضل وکرم سے ہماری دعاؤں کو قبول فرما۔ **سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمدلله رب العالمين** (آمین یارب العالمین)



ترمذی شریف
جلد ثانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله، نحمده ونستَعِيْنُه ونستغْفِرُهُ، ونعوذُ بالله مِنْ شرور أنفسنا، ومن سيئات أعمالنا، مَنْ يهدِهِ الله فلامُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فلاهادى له، وأشهد أن لا إلٰه إِلَّا الله وحده لاشريك له، وأشهد أن محمداً عبده ورسوله. أما بعد.

جلد ثانی ابواب اللباس سے شروع ہونی چاہئے:

سب سے پہلے یہ بات جان لیں کہ ترمذی شریف کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوجلدوں میں تقسیم نہیں کیا، کسی اور نے تقسیم کیا ہے، عرب ممالک میں جو ترمذی شریف چھپتی ہے وہ چار جلدوں میں منقسم ہے، ہمارے دیار میں دوجلدوں میں تقسیم کی گئی ہے، یہ تقسیم مصنف کی نہیں ہے کسی اور نے کی ہے اور جس نے بھی کی ہے اچھی تقسیم نہیں کی، جلد دوم ابواب اللباس سے شروع ہونی چاہئے، سورۃ الاعراف آیت ۳۱ میں ارشاد پاک ہے: ﴿يٰبَنِىْ آدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا إِنَّهُ لَايُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ﴾ ترجمہ: اے آدم کی اولاد! تم مسجد کی ہر حاضری پر اپنا لباس پہن لیا کرو (یہ ابواب اللباس ہوئے) اور کھاؤ (یہ ابواب الاطعمہ ہوئے) اور پیو (یہ ابواب الاشربہ ہوئے) اور حد سے مت نکلو، اللہ تعالیٰ یقیناً حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے (یہ حفظانِ صحت کا اصول ہے) پس یہ تینوں کتابیں جلد دوم میں ایک ساتھ ہونی چاہئے تھیں۔

جلد دوم بھی جلد اول کی طرح اہم ہے:

دوسری بات یہ سمجھ لینی چاہئے کہ ترمذی شریف کو دوجلدوں میں تقسیم کرنے کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ جلد اول کے درس اور جلد ثانی کے درس کا انداز مختلف ہوگیا ہے، اب ایسا سمجھا جاتا ہے کہ جلد ثانی میں اہم مباحث نہیں، سارے اہم مباحث جلد اول میں گذر گئے ہیں، جلد ثانی بس برائے نام پڑھنی ہے، حالانکہ احادیث شریفہ موضوع وار ارشاد نہیں فرمائی گئیں، یعنی آنحضرت ﷺ نے پہلے کتاب الطہارۃ کی حدیثیں بیان کی ہوں پھر نماز کی، پھر زکوۃ کی وَهَلُمَّ

جرًّا، بلکہ تیئیس سالہ زندگی میں ہدایت (راہنمائی) کا جو بھی موقع آیا اس میں نبی ﷺ نے ضروری باتیں بیان فرمائی ہیں، اس لئے ہوسکتا ہے کہ جلد اول کے شروع میں آئی ہوئی کسی حدیث سے جلد ثانی کی بالکل آخری حدیث زیادہ اہم ہو، اس لئے جلد ثانی کو سرسری پڑھنے کا جو مزاج بن گیا ہے وہ غلط ہے، جس توجہ کے ساتھ جلد اول پڑھی جاتی ہے اسی اہمیت کے ساتھ جلد ثانی بھی پڑھنی چاہئے۔

ہاں یہ واقعہ ہے کہ احکام کی روایات کا چونکہ عمل سے قریبی تعلق ہے پھر ان میں مجتہدین میں اختلافات بھی ہوئے ہیں اس لئے ان کی تفصیلات زیادہ ہیں، مگر جلد ثانی کی احادیث کا بھی عمل سے تعلق ہے اور اس اعتبار سے تو ان کی اہمیت اور زیادہ ہے کہ ان کا تعلق تہذیب نفس سے ہے اور تعلیمات اسلامیہ کا بیشتر حصہ اسی جلد میں آیا ہے، دین کا خلاصہ پانچ باتیں ہیں: اعتقادات، عبادات، معاملات، اخلاق اور معاشرت، جلد اول میں صرف عبادات اور معاملات کا بیان ہے باقی تین باتیں جلد ثانی میں ہیں۔

نیز امام ترمذی رحمہ اللہ کی یہ سنن جامع بھی ہے اور جامع وہ کتاب کہلاتی ہے جس میں آٹھ مضامین کی حدیثیں ہوتی ہیں وہ آٹھ مضامین اس شعر میں جمع ہیں:

سیر، آداب وتفسیر وعقائد ❁ فتن اشراط واحکام ومناقب

ان آٹھ مضامین میں سے احکام وسیر کا تذکرہ جلد اول میں آیا ہے باقی چھ عناوین کی حدیثیں جلد ثانی میں ہیں، پھر یہ حصہ غیر اہم کیسے ہوسکتا ہے؟

ہاں یہ بات صحیح ہے کہ جلد ثانی کی حدیثوں میں زیادہ تفصیل نہیں، مختصر طریقہ پر حدیثوں کو کما حقہ سمجھ لینا پھر ان پر عمل کرنا ہے، البتہ ایک ضروری کام جلد ثانی میں یہ ہے کہ جو حدیثیں مختصر اور جامع ہیں اور قیمتی نصائح پر مشتمل ہیں وہ حدیثیں طلبہ کو حفظ کرنی چاہئیں، میرا یہی طریقہ ہے، آگے جب میں باب پر تقریر کروں گا تو جو حدیث حفظ کرنی چاہئے اس کا متن لکھ کر شرح کروں گا، وہ حدیثیں خاص طور پر طلبہ کو یاد کرائی جائیں۔

اور ایک خاص بات یہ ذہن میں رہنی چاہئے کہ تفسیر سے تعلق رکھنے والی روایات صرف بخاری، ترمذی اور مستدرک حاکم میں ہیں مگر بخاری شریف میں شرائط کی سختی کی وجہ سے روایتیں کم ہیں اور مستدرک حاکم پڑھائی نہیں جاتی اب صرف ترمذی شریف رہ جاتی ہے جس میں تفسیری روایات کا بڑا حصہ ہے پس وہ خاص توجہ سے پڑھنا پڑھانا چاہئے۔

مدارس اسلامیہ کی غرض وغایت تین چیزیں ہیں، قرآن، حدیث اور فقہ، قرآن دین کا سرچشمہ ہے، حدیثیں اس کی شرح ہیں اور فقہ دونوں کا خلاصہ ہے، پس سب سے زیادہ توجہ سرچشمہ پر رہنی چاہئے، بخاری شریف میں تو روایات کم ہیں، مفردات کے معانی زیادہ ہیں جو قرآن کریم سامنے رکھے بغیر اور پوری آیت سمجھے بغیر سمجھے نہیں جاسکتے، اس لئے بخاری شریف میں کتاب التفسیر بس سرسری پڑھائی جاتی ہے مگر ترمذی میں یہ حصہ توجہ سے پڑھانا چاہئے۔

نیز علوم شرعیہ کی ایک تقسیم اس طرح بھی جا سکتی ہے کہ کچھ احکام دنیا سے متعلق ہیں اور کچھ آخرت سے، جلد اول میں جو احکام ہیں ان کا زیادہ تر تعلق دنیا سے ہے یعنی وہ عملی احکام ہیں۔ اور جلد ثانی میں بھی کچھ عملی احکام ہیں مگر زیادہ تر باتیں آخرت سے تعلق رکھتی ہیں جیسے جنت وجہنم کا بیان، کتاب التفسیر، فضائل ومناقب کا بیان اور علم وعقائد کا بیان، یہ سب باتیں آخرت سے تعلق رکھتی ہیں، پس جلد ثانی کو سرسری پڑھ لینے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے آخرت کے احکام نہیں سمجھے، اس لئے پہلے یہ ذہن بنا لینا چاہئے کہ جلد ثانی بھی جلد اول ہی کی طرح اہم ہے، اور اس کو بھی پوری توجہ سے پڑھنا ہے واللہ الموفق۔

سنت کی دو قسمیں: سننِ ہدی اور سننِ زوائد:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ سنت کی دو قسمیں ہیں: سنن ہدی اور سنن زوائد، سنن ہدی کو چھوڑنا برا اور مکروہ ہے جیسے جماعت اور اذان واقامت وغیرہ، اور سنن زوائد آداب کے درجہ کی چیزیں ہیں، ان کے ترک پر کوئی گناہ نہیں، جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کپڑے پہننے کا طریقہ، اور اٹھنے بیٹھنے کا انداز (شامی ۱:۶۷)

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں علوم نبوی کی دو قسمیں کی ہیں: ایک: وہ حدیثیں ہیں جو حکم شرعی کے طور پر وارد ہوئی ہیں اس قسم میں چار قسم کی روایات شامل ہیں: ۱- معاد: یعنی آخرت سے تعلق رکھنے والی روایات ۲- احکاماتِ شرعیہ یعنی عبادتوں اور ارتفاقات سے تعلق رکھنے والی روایات ۳- مفید اور غیر مفید باتیں جن کا نہ کسی خاص وقت سے تعلق ہوتا ہے اور نہ ان کی حدود متعین کی جاتی ہیں جیسے اخلاق صالحہ اور اخلاق سیئہ ۴- اور اعمال صالحہ کے فضائل اور عاملین کے مناقب سے تعلق رکھنے والی روایات۔

دوسری قسم کی حدیثیں وہ ہیں جو دنیوی امور میں رائے کے طور پر وارد ہوئی ہیں اس قسم میں پانچ طرح کی روایات شامل ہیں: ۱- علاج ومعالجہ اور طب سے تعلق رکھنے والی روایات ۲- امور عادیہ یعنی وہ روایات جن میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے کاموں کا تذکرہ ہے جو آپؐ نے عادت کے طور پر کئے ہیں عبادت کے طور پر نہیں کئے، اتفاقاً کئے ہیں بالقصد نہیں کئے، جیسے چمڑے کے دسترخوان پر کھانا، لکڑی کے پیالہ میں پینا اور کھجور کے ریشے بھرے ہوئے بستر پر سونا ۳- مروجہ باتیں، یعنی وہ روایات جن میں ایسی باتیں مذکور ہیں جس قسم کی باتیں سبھی لوگ کیا کرتے ہیں جیسے حدیث ام زرع ۴- ہنگامی ارشادات یعنی وہ روایات جن میں کوئی ایسی بات مذکور ہوتی ہے جس کا تعلق وقت کی خاص مصلحت سے ہوتا ہے وہ تمام امت کے لئے لازم نہیں ہوتیں ۵- کوئی خاص حکم اور فیصلہ جس کا مدار گواہیوں اور قسموں پر ہوتا ہے اگر وہ بدل جائیں یا ان سے قوی ذریعہ معلومات سامنے آجائے تو حکم بھی بدل جاتا ہے۔

حضرت شاہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ کی قسم دوم میں صرف پہلی قسم کی روایات کی شرح کی ہے اور دوسری قسم کی

روایات سے صرف نظر کیا ہے، ترمذی شریف جلد ثانی میں جو روایات ہیں ان کو سمجھتے وقت اس تقسیم کا لحاظ ضروری ہے، سب باتوں کو ایک درجہ کا قرار دینا مناسب نہیں، جو احکام شرعیہ ہیں وہ احکام ہیں اور دیگر باتیں از قبیل آداب ہیں۔

سنن ترمذی کا تعارف اور امام ترمذی کی اصطلاحات:

اس کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ کی کتاب کو سمجھنا ضروری ہے، حدیث شریف کی کتابوں میں یا تو صرف حدیثیں ہوتی ہیں یا عنوان میں مسائل فقہیہ بھی بیان کئے جاتے ہیں مگر امام ترمذیؒ کچھ اور باتیں بھی بیان کرتے ہیں مثلاً وہ راویوں کا تعارف کراتے ہیں، رواۃ پر جرح وتعدیل کرتے ہیں، اگر حکم شرعی میں اختلاف ہو تو مجتہدین کے اقوال ذکر کرتے ہیں اور رواۃ میں امتیاز کرتے ہیں، نیز وہ ہر حدیث پر حکم بھی لگاتے ہیں اور یہ آخری بات سب سے زیادہ اہم ہے اس کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے، کیونکہ کتاب میں قدم قدم پر اس سے سابقہ پڑتا ہے۔

امام ترمذی کی اصطلاحات سمجھنے کا بہترین طریقہ ان کی کتاب کا آزادانہ مطالعہ ہے:

قدیم زمانہ سے لے کر آج تک جو علماء امام ترمذی کی اصطلاحات پر بحث کرتے آئے ہیں وہ فن اصول حدیث کو پیش نظر رکھ کر گفتگو کرتے ہیں حالانکہ فن اصولِ حدیث چھٹی صدی میں تکمیل پذیر ہوا ہے، جب امام ابن صلاح رحمہ اللہ نے اپنا مقدمہ لکھا، پھر امام نووی رحمہ اللہ نے اس کا خلاصہ کیا اور تقریب لکھی، امام ترمذیؒ کی کتاب فن کی تکمیل سے تین سو سال پہلے لکھی گئی ہے پھر وہ فن کے تابع کیسے ہوسکتی ہے؟ امام ترمذیؒ کی اصطلاحات کو سمجھنے کا بہترین طریقہ ان کی کتاب کا آزادانہ مطالعہ ہے اور انھوں نے ترمذی شریف کے مقدمہ لاحقہ (کتاب العلل) میں جو اپنی اصطلاحات کی وضاحت کی ہے اس کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے، نیز امام ترمذیؒ کے معاصر محدثین کی کتابوں کا مطالعہ بھی ضروری ہے تبھی انسان صحیح نتیجہ تک پہنچ سکتا ہے، اگر امام ترمذی کی اصطلاحات کو فنِ اصولِ حدیث کے تابع کیا جائے گا تو ایک ایسی چیستان بن جائے گی جو نہ سمجھنے کی ہوگی نہ سمجھانے کی۔

امام ترمذی کے زمانہ کی اصطلاحات اور حسن صحیح کے معنی:

امام ترمذی رحمہ اللہ کے زمانہ میں حدیث کی دو قسمیں تھیں: صحیح اور ضعیف موضوع کا شمار احادیث میں نہیں تھا نیز ابھی حسن کی اصطلاح وجود میں نہیں آئی تھی البتہ کچھ بڑے محدثین جیسے علی بن المدینی، امام احمد اور امام بخاری رحمہم اللہ جو رقیق العبارۃ تھے: لفظ صحیح استعمال نہیں کرتے تھے بلکہ اس کی جگہ لفظ حسن بمعنی اچھی حدیث استعمال کرتے تھے، امام ترمذیؒ نے جب اپنی کتاب لکھی تو ان کے سامنے یہ دشواری پیش آئی کہ وہ ان دو اصطلاحوں میں سے کونسی اصطلاح استعمال کریں، اگر قدیم اصطلاح استعمال کرتے ہیں تو اندیشہ ہے کہ اگر یہ نئی اصطلاح چل پڑی تو ان کے سب فیصلے ناقابل فہم ہوجائیں گے اور اگر نئی اصطلاح استعمال کرتے ہیں تو اگر بعد میں یہ نئی اصطلاح نہ چلی تو بھی

پریشانی کھڑی ہوگی، اس لئے امام ترمذیؒ نے قدیم وجدید دونوں اصطلاحوں کو اکٹھا کیا، وہ اعلی درجہ کی حدیثوں کے لئے حسنٌ صحیحٌ استعمال کرتے ہیں یعنی: حسنٌ فی اصطلاح قومٍ وصحیحٌ فی اصطلاح آخرین۔

ایک نئی اصطلاح: حدیثٌ حسنٌ:

اوراعلی درجہ کی حدیثوں سے کم تر جو روایات تھیں ان کو اب تک جدا نہیں کیا گیا تھا، امام ترمذیؒ نے سب سے پہلے ان کو جدا کیا اوراس کے لئے نئی اصطلاح حسنٌ وضع کی، اور کتاب العلل میں فرمایا کہ جس حدیث میں تین باتیں ہوں وہ حدیث حسن یعنی اچھی حدیث ہے: ایک: سند میں کوئی راوی نہایت درجہ ضعیف نہ ہو، یعنی متہم بالکذب نہ ہو، معمولی ضعیف راوی کی حدیث حسن ہوسکتی ہے۔ دوم: وہ حدیث شاذ نہ ہو یعنی ثقہ راویوں کی روایت کے خلاف نہ ہو، سوم: وہ حدیث متعدد سندوں سے مروی ہو، جس حدیث کی سند میں یہ تینوں باتیں جمع ہوتی ہیں امام ترمذی اس کو حسن کہتے ہیں۔

بعد میں حسن مستقل قسم بن گئی

بعد میں فن میں حسن مستقل قسم بن گئی، پھر اس کی دو قسمیں کی گئیں، حسن لذاتہ اور حسن لغیرہ، جس طرح صحیح کی دو قسمیں کی گئیں: صحیح لذاتہ اور صحیح لغیرہ، اور امام ترمذیؒ کی حسن دونوں قسموں کو شامل ہے اور حسن لذاتہ: صحیح سے قریب ہوتی ہے، صحیح کی تمام شرائط اس میں موجود ہوتی ہیں صرف راوی ضبط میں ہلکا ہوتا ہے، اور حسن لغیرہ ضعیف سے قریب ہوتی ہے اس کی ہر سند میں کلام ہوتا ہے مگر مجموعہ قوی ہوجاتا ہے، اس لئے وہ حدیث حسن کہلاتی ہے۔

غریب بمعنی ضعیف قدیم اصطلاح ہے اور منکر بھی:

اور ضعیف کے لئے دوسرا لفظ غریب بھی استعمال ہوتا تھا، امام ترمذیؒ نے ضعیف کی اصطلاح بھی استعمال کی ہے اور غریب کی بھی بلکہ اگر کوئی حدیث نہایت درجہ ضعیف ہوتی ہے تو وہ اس کے لئے ''منکر'' کا لفظ استعمال کرتے ہیں یہ اصطلاح بھی امام ترمذیؒ کے زمانہ میں رائج تھی، امام ابوداؤد نے بھی یہ اصطلاح استعمال کی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ بھی راویوں کی جرح میں یہ لفظ استعمال کرتے ہیں اسی لئے امام ترمذی نے غریب کے یہ معنی کتاب العلل میں بیان نہیں کئے کیونکہ یہ معنی معروف تھے۔

غریب کے تین نئے معانی:

البتہ غریب کا لفظ تین نئے معنی میں امام ترمذیؒ نے استعمال کیا ہے: ایک: بمعنی تفرد اسناد، دوم: بمعنی متن میں یا حدیث میں کوئی زیادتی، سوم: کسی اسناد کی مخصوص حالت...... غریب کے یہ تینوں معانی نئے تھے اس لئے امام ترمذیؒ نے کتاب العلل میں مع امثلہ اس کی وضاحت کی ہے۔

غریب: صحیح اور حسن کے ساتھ جمع ہوسکتی ہے:

اورغریب کے یہ تینوں نئے معانی حسنٌ صحیحٌ کے ساتھ جمع ہو سکتے ہیں اور صرف حسنٌ کے ساتھ بھی، کیونکہ حدیث کی ایک ہی سند ہو اور وہ اعلی درجہ کی ہو: ایسا ہوسکتا ہے، اسی طرح حدیث میں کوئی زیادتی ہو اور وہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہو: ایسا بھی ہوسکتا ہے، اور حدیث کسی خاص صحابی سے معروف نہ ہو مگر سند اعلی درجہ کی ہو: ایسا بھی ہوسکتا ہے، اسی طرح کسی حدیث کی سند صحیح سے کم تر ہو اور ایک ہی سند ہو یا متن یا سند میں کوئی زیادتی ہو یا سند کی کوئی خصوصی حالت ہو، یہ سب باتیں حسن کے ساتھ جمع ہوسکتی ہیں۔

حسن کے معنی میں تجرید:

ہاں غریب بمعنی ضعیف ان کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتی، اور جب صرف حسن کے ساتھ غریب بمعنی تفرد اسناد جمع ہو تو حسن کے معنی میں تجرید کی جائے گی یعنی رُوِیَ مِنْ غیرِ وجهٍ کی قید حسن میں سے ختم کردی جائے گی۔

اور یادرکھنے کی خاص بات یہ ہے کہ غریب کے یہ تینوں معانی جو امام ترمذیؒ نے نئے بیان کئے ہیں ان کا رواج آگے نہیں چلا، بعد میں اتنی جزرسی کے ساتھ سندوں پر حکم لگانے کا سلسلہ باقی نہیں رہا یعنی حدیث کی سند ایک ہے یا زیادہ، متین میں یا سند میں کوئی زیادتی ہے یا نہیں، کسی خاص صحابی سے اس حدیث کی روایت میں کوئی انوکھا پن ہے یا نہیں، یہ سب باتیں بعد میں ملحوظ نہیں رکھی گئیں، اس لئے امام ترمذیؒ کی یہ اصطلاحات آپ کے ساتھ خاص ہوکر رہ گئیں۔

اسباب طعن اور امام ترمذی:

اصولِ حدیث کی کتابوں میں روات پر دس اعتراضات کا ذکر ہے، پانچ راوی کی عدالت سے متعلق ہیں اور پانچ حفظ سے، اور وہ اعتراضات ہلکے بھاری ہیں، ان کا بیان کتاب العلل کی شرح (تحفۃ الالمعی ۱:۱۷۷) میں تفصیل سے آچکا ہے، یہاں سمجھنے کی بات یہ ہے کہ یہ دس اعتراضات امام ترمذیؒ کے زمانہ میں تھے یا کم تھے؟ پھر ان میں ترتیب کیا تھی؟ یہ باتیں معلوم نہیں، ترمذی پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سب اعتراضات اس زمانہ میں نہیں تھے ان میں سے بعض موٹے موٹے طعن تھے، سارے نہیں تھے واللہ اعلم

راویوں پر طعن میں سب سے بھاری اعتراض کذب کا ہے، پھر تہمت کذب کا، پھر فحش غلط کا۔ اگر یہ اعتراضات کسی راوی پر ہوتے ہیں تو امام ترمذیؒ کے نزدیک وہ حدیث حسن نہیں ہوتی، بلکہ غریب بمعنی ضعیف ہوتی ہے، یا منکر (ضعیف جداً) ہوتی ہے اور جو اعتراضات ان سے ہلکے ہوتے ہیں ان کے ساتھ حدیث حسن ہوسکتی ہے پس فن کی ہلکی ضعیف اور امام ترمذیؒ کی حسن دونوں جمع ہوسکتی ہیں، کیونکہ امام ترمذی رحمہ اللہ حسن لذاتہ اور حسن لغیرہ دونوں پر حسن کا اطلاق کرتے ہیں، پس جو حضرات امام ترمذیؒ کی تحسین پر اعتراض کرتے ہیں جیسے امام نووی تو یہ اعتراض امام ترمذی

کی اصطلاحات کے پیش نظر صحیح نہیں۔

فن تدریجی طور پر تکمیل پذیر ہوتا ہے:

اور یہ بات تقریباً بدیہی ہے کہ ہرفن تدریجی طور پر پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے، فن اصولِ حدیث کا بھی یہی حال رہا ہے، نیز جب کوئی فن شروع ہوتا ہے تو اس میں کچھ ایسی باتیں بھی شامل ہوتی ہیں جو بعد میں قابل قبول نہیں رہتیں، مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ قبول حدیث کے لئے شہادت کو ضروری قرار دیتے تھے، مگر بعد میں یہ بات واضح ہوئی کہ گواہی معاملات میں لی جاتی ہے اور روایت حدیث: باب دیانت سے ہے پس اس کے لئے شہادت کی ضرورت نہیں، چنانچہ حضرت عمرؓ کا یہ اصول فن میں نہیں لیا گیا۔

اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ قسم کھلاتے تھے مگر بعد میں یہ بات سمجھ میں آئی کہ قسم بھی معاملات میں کھلائی جاتی ہے اور روایت حدیث: باب دیانت سے ہے پس قسم لینے کے بھی کوئی معنی نہیں، چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ اصول بھی فن میں نہیں لیا گیا۔

اور شروع میں مرسل روایتیں (بمعنی عام) اپنی تمام اقسام کے ساتھ حجت سمجھی جاتی تھیں حنفیہ اور مالکیہ ان کا اعتبار کرتے تھے، مگر بعد میں ان کی حجیت پر اطمینان نہیں رہا، چنانچہ چند بڑے لوگوں کے مراسل مستثنیٰ کر کے باقی رواۃ کی مرسل روایات کو حجت نہیں سمجھا گیا یہ بات فن میں بعد میں بڑھی ہے۔

اسی طرح پہلے صحیح حدیثیں سب ایک ہی درجہ کی شمار ہوتی تھیں پھر ان کو دو حصوں میں بانٹا گیا: صحیح اور حسن، پھر ہر ایک کی دو دو قسمیں کی گئیں: صحیح لذاتہ، صحیح لغیرہ، حسن لذاتہ اور حسن لغیرہ بلکہ صحیحین کے وجود میں آنے کے بعد صحیح کی اور طرح سے بھی درجہ بندی کی گئی، یہ سب باتیں بعد میں فن میں بڑھی ہیں، امام ترمذیؒ کے زمانہ میں سرے سے حسن ہی کا وجود نہیں تھا آپ ہی نے سب سے پہلے حسن کی اصطلاح قائم کی ہے۔

یہ چند ضروری باتیں تھیں جو عرض کی گئیں، باقی تفصیلات جلد اول کے شروع میں گذر چکی ہیں۔

أبوابُ الأَطْعِمَةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اشیائے خوردنی کا بیان

أطعمة: طعام کی جمع ہے، کھانی کی کوئی بھی چیز طعام ہے، اس کتاب میں اشیائے خوردنی کا بیان ہے اور اس کے ساتھ اس کے متعلقات بھی زیر بحث آئیں گے۔

کھانے پینے کے سلسلہ میں بنیادی بات طیّب وخبیث کا فرق ہے، سورۃ الاعراف آیت ۱۵۷ میں نبی ﷺ کے جو اوصاف خمسہ بیان کئے گئے ہیں ان میں ہے: ﴿وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ﴾ یعنی آپ ستھری چیزوں کو لوگوں کے لئے حلال کرتے ہیں اور گندی چیزوں کو (بدستور) ان پر حرام رکھتے ہیں۔

پھر اس میں اختلاف ہوا ہے کہ طیب اور خبیث کی کسوٹی کیا ہے؟ عربوں کا ذوق یا نبی ﷺ کا ذوق؟ احناف ذوقِ نبوی کا اعتبار کرتے ہیں اور ان کی دلیل حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی مسلم شریف کی حدیث (۱۹۴۸) ہے: نبی ﷺ نے جب گوہ کا گوشت نہیں کھایا بلکہ ہاتھ کھینچ لیا تو حضرت فضل بن عباسؓ اور حضرت خالدؓ بن الولید اور ام حُفیدؓ نے اس کو کھایا مگر حضرت میمونہؓ نے فرمایا: لا آكُلُ مِنْ شيئٍ إِلَّا شَيئٌ يَأْكُلُ منه رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی میں تو وہی چیز کھاؤں گی جو رسول اللہ ﷺ کھائیں گے چنانچہ انھوں نے گوہ نہیں کھائی، انھوں نے ذوقِ نبوی کا لحاظ کیا۔ احناف بھی اسی کا لحاظ کرتے ہیں اور عقل کا بھی یہی تقاضا ہے، آپؐ کی شریعت ساری دنیا کے لئے ہے، پس آپؐ کا ذوق تو ساری دنیا پر حجت ہوسکتا ہے، عربوں کا ذوق ساری دنیا پر حجت کیسے ہوسکتا ہے؟

اور ائمہ ثلاثہ عربوں کے ذوق کا اعتبار کرتے ہیں یعنی جس کو عرب ستھرا سمجھتے ہیں وہ حلال ہے اور جس کو عرب گندہ سمجھتے ہیں وہ حرام ہے۔ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا بجو کی حلت میں مشہور قول ہے کہ وہ برابر صفا مروہ کے درمیان بکتا ہے اور لوگ کھاتے ہیں پس وہ حلال ہے، معلوم ہوا کہ حضرت نے عربوں کے ذوق کا اعتبار کیا ہے۔ اور امام احمد رحمہ اللہ کے مذہب کی کتابوں میں جگہ جگہ صراحت ہے کہ حلت وحرمت میں عربوں کے ذوق کا اعتبار ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب بھی اسی کا اعتبار کرتے ہیں، غرض یہ ایک ایسی بات ہے جس سے بعض حیوانات کی حلت وحرمت کا فیصلہ کرنے میں اختلاف ہوگیا ہے۔

یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ ایک طبعی کراہت (ناپسندیدگی) ہے اور ایک کسی چیز سے گھن کرنا ہے یعنی نفرت کرنا۔ اول: مزاج خاصہ کا تقاضہ ہوسکتا ہے مگر ثانی کو حلت وحرمت کا معیار بنانا ہوگا، ورنہ کوئی معیار باقی نہیں رہے گا مثلاً نبی ﷺ نے کبھی خرگوش کا گوشت پسند نہیں کیا یہ طبعی کراہت تھی، اس پر حلت وحرمت کا مدار نہیں رکھا جائے گا، ہر شخص کو کچھ چیزیں پسند ہوتی ہیں اور کچھ ناپسند لیکن جب اللہ کے رسول کو کسی چیز سے گھن آئے یعنی وہ اس سے نفرت کریں تو اس کو حلال قرار دینا مشکل ہے۔

دوسری ہدایت کھانے پینے کے سلسلہ میں قرآن کریم نے یہ دی ہے کہ اسراف سے بچا جائے یعنی حسب ضرورت ہی کھایا جائے، حد سے زیادہ پیٹ بھر لینا بیماریوں کو دعوت دیتا ہے، اور یہ حکم حفظانِ صحت کے اصول سے دیا ہے، پس اگر لوگ اپنی صحت برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو حسب ضرورت کھائیں مگر یہ بات جوانی میں سمجھ میں نہیں آتی، بڑھاپے میں جب معاملہ ہاتھ سے نکل جاتا ہے: سمجھ میں آتی ہے۔

بابُ ماجاءَ عَلَی مَاکَانَ یَأْکُلُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم؟

نبی ﷺ کھانا کس چیز پر رکھ کر کھاتے تھے؟

کھانے کا اسلامی طریقہ کیا ہے؟ کھانے کی اسلامی تہذیب یہ ہے کہ زمین پر صاف ستھرا دسترخوان بچھایا جائے پھر اس پر کھانا رکھا جائے اور نیچے بیٹھ کر کھایا جائے، اور لوگ ایک ساتھ ایک برتن میں کھائیں، علحدہ علحدہ کھانا اسلامی طریقہ نہیں، اور دسترخوان بچھانے کا فائدہ یہ ہے کہ اگر کھانا گر جائے تو وہ ضائع نہ ہو، دسترخوان نہیں ہوگا اور کھانا زمین پر گرے گا تو وہ سارا یا اس کا کچھ حصہ ضائع ہو جائے گا، اور صاف ستھرے دسترخوان پر گرے گا تو اس کو اٹھا کر کھالیا جائے گا، کھانا ضائع نہیں ہوگا۔

علاوہ ازیں دسترخوان پر کھانا رکھ کر کھانا سلیقہ مندی کی بات بھی ہے، کھانا ہاتھ میں لے کر کھانا یا زمین پر رکھ کر کھانا بے تہذیبی ہے، اور علحدہ علحدہ پلیٹوں میں کھانا غیروں کا طریقہ ہے، حضور اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا طریقہ ایک ساتھ کھانے کا تھا۔

ایک واقعہ: جب فخر الدین علی احمدؒ ہندوستان کے صدر جمہوریہ تھے: دارالعلوم دیوبند تشریف لائے تھے، میں اس زمانہ میں مدرس تھا انھوں نے خود دارالعلوم کو اطلاع دی تھی کہ وہ کھانا حضرت مولانا سید اسعد مدنی قدس سرہٗ کے یہاں کھائیں گے، چنانچہ پولیس کھانے کا نظم وانتظام دیکھنے آئی کہ کہاں کھلایا جائے گا؟ کس طرح کھلایا جائے گا؟ کیا کھلایا جائے گا؟ وغیرہ امور جاننے کے لئے پولیس کے افسر آئے، یہ ان کی ذمہ داری تھی۔ حضرت مدنی نے اپنی بیٹھک دکھائی کہ یہاں زمین پر کھلاؤں گا، پولیس والوں کو اعتراض ہوا کہ صدر جمہوریہ نیچے بیٹھ کر کیسے کھائے گا؟ حضرت مدنی نے فرمایا: میرے یہاں یہی انتظام ہے آپ صدر جمہوریہ کو اطلاع کر دیں وہ پسند نہ کریں تو میں معذرت خواہ ہوں، چنانچہ یہ بات دہلی پہنچائی گئی وہاں سے جواب آیا کہ وہ جیسے کھلائیں ٹھیک ہے، پولیس پھر آئی کہ ہم کھانا چیک کریں گے حضرت مدنی نے فرمایا: شوق سے، مگر چیک کرنے اتنے نہ آئیو کہ کھانا ختم ہو جائے (وہ ہنس کر چلے گئے)

خیر صدر جمہوریہ آئے، مدرسہ نے ان کے استقبال میں جلسہ کیا، جلسہ کے بعد جب کھانے کے لئے چلے تو ہم اساتذہ بھی ساتھ تھے، جب بیٹھک پر پہنچے اور دسترخوان کا منظر دیکھا تو صدر صاحب نے یو، پی کے وزیر اعلی تیواڑی سے فرمایا: ''تیواڑی جی! آیئے! آج ہماری تہذیب کے مطابق کھانا کھایئے'' ہماری تہذیب: یہ بہت اہم لفظ ہے، اسلام اور مسلمانوں کی اپنی ایک تہذیب ہے، آج مسلمان اپنی تہذیب بھول گئے وہ کھڑے کھڑے کھاتے ہیں، بیٹھے، لیٹے اور ٹیک لگا کر کھاتے ہیں یہ سب افراط وتفریط ہے، خوش عیش لوگ افراط میں مبتلا ہیں، وہ میز کرسی پر کھانے لگے تا کہ کھاتے وقت جھکنا نہ پڑے، اور گنوار ہر طرح کھالیتے ہیں، وہ دسترخوان بچھانے کی بھی ضرورت محسوس نہیں

کرتے، یہ سب اسلامی تہذیب نہیں، مسلمان کو سلیقہ مند ہونا چاہئے، اور اسلامی تہذیب کے مطابق کھانا کھانا چاہئے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس ایک نان بائی تھا، اس مناسبت سے حضرت انسؓ نے حدیث سنائی: نبی ﷺ نے میز ٹیبل پر نہیں کھایا اور نہ آپؐ نے چھوٹی تشتری میں کھایا، اور نہ آپؐ کے لئے چپاتی پکائی گئی، یونس اِسکاف (موچی) نے اپنے استاذ حضرت قتادہؒ سے پوچھا: پھر دورِ نبوی میں لوگ کس چیز پر کھانا رکھ کر کھاتے تھے؟ حضرت قتادہ نے فرمایا: انہی چمڑے کے دسترخوانوں پر کھانا رکھ کر کھایا جاتا تھا۔

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں:

۱- میز ٹیبل پر کھانا رکھ کر کھانا اسلامی تہذیب نہیں، خِوَان: خاء کے کسرہ اور ضمہ کے ساتھ پڑھا گیا ہے افصح کسرہ ہے، یہ کس زبان کا لفظ ہے؟ یہ معلوم نہیں، قدیم زمانہ سے یہ لفظ عربی میں مستعمل ہے اور خوان کی شکل کیا تھی؟ علامہ عینی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ تانبے کا بڑا تھال ہوتا تھا اس کے نیچے تانبے کی کرسی ہوتی تھی، جو تھال کے ساتھ چپکی ہوئی ہوتی تھی، کرسی کے پایوں کی لمبائی ایک ہاتھ ہوتی تھی یعنی وہ خوان زمین سے ایک ہاتھ اونچا ہوتا تھا، وہ چوکی کئی آدمی اٹھا کر خوش عیش لوگوں کے سامنے رکھتے تھے، پھر اس پر کھانا رکھ کر نیچے بیٹھ کر کھایا جاتا تھا، اور مقصد یہ تھا کہ کھاتے وقت جھکنا نہ پڑے، پھر جب غیروں نے لباس ایسا پہننا شروع کیا کہ ان کے لئے نیچے بیٹھنا دشوار ہو گیا تو انھوں نے نیچے بیٹھنے کے بجائے کرسی پر بیٹھنا شروع کیا اور وہ چوکی اور اونچی ہوگئی اور میز بن گئی، اس طرح میز کرسی پر کھانے کا رواج چل پڑا، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے کبھی میز پر کھانا تناول نہیں فرمایا۔

اور الکوکب الدری میں ہے کہ خوان پر نہ کھانا اگر قصداً تھا تو میز کرسی پر کھانا مکروہ ہے اور اگر اتفاقاً تھا تو میز کرسی پر کھانا مکروہ نہیں مگر اس کو پسندیدہ بھی قرار نہیں دیا جاسکتا، کیونکہ یہ متکبرین کی وضع ہے، ہاں جہاں غیروں کے ساتھ تشبہ ہو وہاں مکروہ ہوگا۔

۲- نیز اسلامی تہذیب یہ ہے کہ لوگ مل کر کھائیں، علحدہ علحدہ پلیٹوں میں اور چھوٹی چھوٹی تشتریوں میں کھانا ہندوانہ طریقہ ہے اور بے گانگی کی علامت ہے، اس سے برتن بہت خراب ہوتے ہیں اور دعوتوں میں تو کاغذ اور پلاسٹک کی پلیٹیں استعمال کرنی پڑتی ہیں یہ مال کا ضیاع ہے اگر لوگ مل کر کھائیں تو تھوڑے برتن استعمال ہونگے اور ان کا دھونا آسان ہوگا۔

۳- نبی ﷺ کے لئے چپاتی نہیں پکائی گئی، چپاتی باریک آٹے کی بنتی ہے اور دورِ نبوی میں چھلنی کا رواج نہیں تھا، جَو پیس لئے جاتے تھے، پھر پھونک کر چھلکے اڑا دیئے جاتے تھے پھر اس کی روٹی پکائی جاتی تھی، غرض سادہ معاشرہ تھا، تنعم اور تعیش کا دور شروع نہیں ہوا تھا، آج بھی سادہ زندگی میں راحت ہے، تکلفات جتنے بڑھیں گے پریشانیاں بڑھیں گی۔

فائدہ: سورۃ النور میں ایک لمبی آیت ہے اس کا ایک ٹکڑا ہے: ﴿لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَأْكُلُوْا جَمِيْعًا أَوْ أَشْتَاتًا﴾ یعنی تم پر کچھ گناہ نہیں کہ سب مل کر کھاؤ یا الگ الگ کھاؤ، اس آیت سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ ایک دسترخوان پر الگ الگ پلیٹوں میں کھانا جائز ہے، حالانکہ اس طرح کھانا أشتاتاً نہیں ہے بلکہ متفرِّقین ہے أشتاتاً کے معنی آگے پیچھے کھانے کے ہیں، یعنی متفرق اوقات میں کھانا مراد ہے یعنی آیت میں جن رشتہ داروں کا ذکر ہے ان کے ساتھ کھانا بھی درست ہے اور ان سے آگے پیچھے کھانا بھی درست ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الأطعمةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء عَلَى مَاكَانَ يَأْكُلُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم؟

[۱۷۸۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِی أَبِیْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: مَا أَكَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَى خِوَانٍ، وَلاَ سُكُرُّجَةٍ، وَلاَ خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ؛ فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ: فَعَلَی مَا كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ؟ قَالَ: عَلَى هَذِهِ السُّفَرِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، قَالَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ: يُوْنُسُ هٰذَا: هُوَ يُوْنُسُ الإِسْكَافُ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ نَحْوَهُ.

لغات: سُكُرُّجة (س، ك اور ر کا ضمہ اور ر مشدد اور ج پر فتح) یہ بھی عربی لفظ نہیں، معلوم نہیں کس زبان کا لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹی تشتری، رکابی، علماء نے اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: چھوٹی تشتریوں میں یا پیالیوں میں دسترخوان پر جو اچار چٹنی یا مربہ رکھا جاتا ہے وہ کٹوریاں مراد ہیں، دوم: چھوٹی چھوٹی پلیٹوں میں علحدہ علحدہ کھانا مراد ہے، میرے خیال میں یہ دوسرے معنی بہتر ہیں کیونکہ اچار چٹنی تو چھوٹی کٹوریوں ہی میں رکھی جائے گی، بڑے تھالوں میں نہیں رکھی جائے گی...... خَبَزَ (ض) خَبزًا روٹی پکانا...... مُرقَّق: (اسم مفعول) پتلی بڑی چپاتی رَقَّقَ الشیئ: پتلا کرنا...... السُّفر: سُفرَۃٌ کی جمع: کھانا لگا ہوا دسترخوان، اور مطلق دسترخوان کو بھی کہتے ہیں، خواہ وہ کسی چیز کا ہو اور چمڑے کے دسترخوان کو بھی کہتے ہیں۔

وضاحت: اس حدیث کی سند میں جو یونس ہیں وہ یونس اِسکاف (موچی) ہیں ان کے والد ابو الفرات ہیں اور

یہ بصرہ کے رہنے والے تھے، ترمذی میں ان کی یہی ایک حدیث ہے، اسی طبقہ میں یونس بن عبید بھی ہیں ان سے بکثرت روایات مروی ہیں ...... اور عبدالوارث کی سند سے روایت شمائل ترمذی ص ۱۱۱ اور ترمذی جلد ثانی ص ۵۹ میں ہے ...... باب کی روایت بخاری (حدیث ۵۳۸۶) میں ہے، اس کی سند میں جو یونس ہیں ان کو ابن عدی نے غیر مشہور اور ابن حبان نے غَیْرُ مُحْتَجٌّ بِه قرار دیا ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔

بابُ ماجاء فِي أَكْلِ الأَرْنَبِ

خرگوش کی حلت کا بیان

خرگوش چاروں ائمہ کے نزدیک حلال ہے، اہل السنہ والجماعۃ کے نزدیک اس میں کوئی اختلاف نہیں، البتہ سلف میں اختلاف تھا، حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص (صحابی) حضرت عکرمہ (تابعی) اور ابن ابی لیلیٰ صغیر (مجتہد) مکروہ کہتے تھے، مگر بعد میں یہ اختلاف مضمحل (پاش پاش) ہوگیا، کیونکہ کراہت یا حرمت کی کوئی صحیح صریح روایت موجود نہیں۔ اور حلت کی صحیح اور صریح روایتیں موجود ہیں، البتہ شیعوں کا اختلاف اب بھی باقی ہے، ان کے نزدیک خرگوش حرام ہے، ابن بطوطہ نے قصہ لکھا ہے: وہ ایک بستی میں پہنچے، بستی والوں سے دعوت مانگی انھوں نے خرگوش بھیجا، قافلہ والوں نے اس کو ذبح کیا اور پکا کر کھایا تب گاؤں والوں کو اطمینان ہوا کہ وہ شیعہ نہیں، پھر انھوں نے سب کی دعوت کی۔

کراہیت کی روایات:

خرگوش کے سلسلہ میں تین ضعیف روایتیں ہیں جو کراہیت پر دلالت کرتی ہیں:

۱- نسائی میں روایت ہے کہ ایک بدو بھنا ہوا خرگوش لایا اور آپؐ کے سامنے رکھا، آپؐ نے ہاتھ روک لیا اور صحابہ کو کھانے کا حکم دیا اس روایت کے تمام راوی ثقہ ہیں مگر موسیٰ بن طلحہ کے شاگردوں میں سخت اختلاف ہے (نسائی حدیث ۲۴۲۱-۲۴۲۹) اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، نیز اس میں صراحت ہے کہ آپؐ نے صحابہ کو کھانے کا حکم دیا، پس یہ حدیث ممانعت پر دلالت نہیں کرتی، زیادہ سے زیادہ آپؐ کی طبعی کراہیت پر دلالت کرتی ہے۔

۲- ابن ماجہ (حدیث ۳۲۴۵) میں حضرت خزیمۃ بن جزء کی روایت ہے، انھوں نے نبی ﷺ سے خرگوش کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: لاَ آكُلُهُ وَلاَ أُحَرِّمُه: میں نہ تو اس کو کھاتا ہوں اور نہ اس کو حرام قرار دیتا ہوں۔ خزیمہ نے کہا: جب آپؐ اس کو حرام نہیں کہتے تو میں کھاؤں گا، پھر انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپ کیوں اس کو نہیں کھاتے؟ آپؐ نے فرمایا: نُبِّئْتُ أَنَّها تَدْمَى، مجھے بتلایا گیا ہے کہ اسے حیض آتا ہے۔

تشریح: دَمِيَ الجرْحُ (س) دَمًا وَدَمْيًا کے معنی ہیں: خون نکلنا اور نہ بہنا، اس حدیث کی سند میں عبدالکریم بن ابی المخارق ہے جو انتہائی ضعیف راوی ہے، پھر یہ بھی حرمت یا کراہت پر دلالت نہیں کرتی، نبی ﷺ کی ناپسندیدگی

پر دلالت کرتی ہے اور یہ ناپسندیدگی طبعی بھی ہوسکتی ہے۔

جاننا چاہئے کہ حیض ہر اس جانور کو آتا ہے جو بچہ جنتا ہے اگر حیض نہ آئے تو ماں کے پیٹ میں بچہ کی پرورش کیسے ہو، لیکن حیض کا باہر ٹپکنا صرف انسانوں میں ہے، دیگر حیوانات میں حیض باہر نہیں نکلتا، پس یہ حرمت کی علت نہیں ہوسکتی، چنانچہ بعض لوگوں نے تَدْمَی کا دوسرا ترجمہ کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ خرگوش کا گوشت پتلا ہوتا ہے، دھوتے جائیں خون نکلتا جائے گا آخر تک پانی صاف نہیں نکلے گا، پس یہ طبعی کراہت کی وجہ تو ہوسکتی ہے شرعی ممانعت کی وجہ نہیں ہوسکتی۔

۳-ابوداؤد (حدیث ۳۷۹۲) میں حدیث ہے: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ مکہ کے قریب صَفاح مقام میں تھے، ایک شخص خرگوش شکار کر کے لایا اور اس نے آپؓ سے مسئلہ پوچھا: حضرت عبداللہ نے فرمایا: نبی ﷺ کے پاس خرگوش لایا گیا درانحالیکہ میں موجود تھا پس نہ تو آپ نے کھایا اور نہ اس کے کھانے سے منع کیا، اور فرمایا کہ اس کو حیض آتا ہے، اس حدیث کی سند میں محمد بن خالد مستور راوی ہے اور اس کا باپ خالد بن الحویرث بھی مضبوط راوی نہیں، اس لئے یہ حدیث بھی ضعیف ہے، نیز اس میں حرمت کی صراحت بھی نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے اس کے کھانے سے منع نہیں فرمایا۔

اباحت کی روایات:

اور خرگوش کی حلت کی چار روایتیں ہیں:

۱-باب کی حدیث ہے یہ متفق علیہ روایت ہے (بخاری حدیث ۵۵۳۵، مسلم ۱۹۵۳) حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پوتے ہشام بن زید کہتے ہیں: میں نے اپنے دادا حضرت انسؓ سے سنا، انھوں نے فرمایا: ہم نے مر الظہر ان میں ایک خرگوش بھگایا، صحابہ اس کے پیچھے دوڑے پس میں نے اس کو پالیا پس اس کو پکڑ لیا، پس میں اس کو اپنے سوتیلے باپ حضرت ابوطلحہؓ کے پاس لایا، پس ابوطلحہ نے اس کو سفید پتھر سے ذبح کیا پھر میرے ساتھ اس کی ران یا فرمایا اس کا کولہا نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجا، آپؐ نے اس کو نوش فرمایا۔ ہشام نے پوچھا: کیا آپؐ نے اس کو نوش فرمایا؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قَبِلَه: آپؐ نے اس کو قبول فرمایا (پہلے قبول کرنے کا جو لازمی نتیجہ تھا وہ بیان کیا پھر جب راوی نے جزرسی سے معلوم کیا تو فرمایا: قَبِلَه: آپؐ نے اس کو قبول فرمایا)

فائدہ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صحابہ روایت بالمعنی کرتے تھے، اور مجازی تعبیر بھی استعمال کرتے تھے، چونکہ قبول کرنا کھانے کو مستلزم ہے اس لئے پہلے توسعاً حضرت انسؓ نے أکلہ فرمایا (یہ مسئلہ باب میں بنیادی روایت ہے اور اعلی درجہ کی صحیح اور صریح روایت ہے)

۲-حضرت جابر کی حدیث ہے جو أبواب الصید، بابٌ فی الذبح بالمروۃ میں گذر چکی ہے، وہ فرماتے ہیں: ان کی قوم کے ایک آدمی نے ایک یا دو خرگوش شکار کئے اور ان کو سفید پتھر سے ذبح کیا پھر دونوں کو کجاوے سے لٹکا لیا

یہاں تک کہ نبی ﷺ سے ملاقات کی، پس آپؐ سے ان کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے ان کو کھانے کا حکم دیا، اس روایت میں شعبی کے تلامذہ میں اختلاف ہے، بعض تلامذہ اس کی سند حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور بعض محمد بن صفوان تک۔ اور امام ترمذیؒ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ممکن ہے شعبی نے دونوں سے روایت کی ہو۔

۳- وہی محمد بن صفوان کی روایت ہے جس کا تذکرہ اوپر آیا، یہ روایت ابن ماجہ (حدیث ۳۲۴۴) میں ہے: وہ دو خرگوش لے کر کجاوے سے لٹکا کر نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے یہ دو خرگوش ملے ہیں، مگر ذبح کرنے کے لئے کوئی لوہا نہیں تھا، پس میں نے ان کو سفید پتھر سے ذبح کیا ہے تو کیا میں ان کو کھاؤں؟ آپؐ نے فرمایا: کھاؤ!

۴- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے جو دار قطنی (۲۹۱:۴ باب الصید إلخ حدیث ۷۹) میں ہے، وہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی خدمت میں خرگوش کا ہدیہ آیا، میں سوئی تھی، آپؐ نے میرے لئے اس کا پچھلا حصہ محفوظ رکھا، جب میں اٹھی تو مجھے کھلایا، یہ حدیث ضعیف ہے اس کی سند میں یزید بن عیاض ضعیف راوی ہے۔

خلاصہ: مذکورہ روایات کی وجہ سے ائمہ اربعہ متفق ہیں کہ خرگوش حلال ہے کیونکہ حلت کی روایات صحیح بھی ہیں اور صریح بھی، اور حرمت یا کراہت کی جو تین وجوہ ہیں ان میں سے کوئی وجہ موجود نہیں، یعنی خرگوش نہ تو درندہ ہے نہ زمین کا کیڑا ہے اور نہ گندگی کھاتا ہے، پس وہ بلاشبہ حلال ہے۔

فائدہ: خرگوش کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ بزدل جانور ہے اور اس میں شہوت بہت زیادہ ہوتی ہے، یہ دو باتیں تو صحیح ہیں مگر یہ بات بھی لکھی ہے کہ وہ ایک سال نر اور ایک سال مادہ رہتا ہے، یہ بات بس ویسی ہی ہے، میری مسجد کے امام نے خرگوش پالے تھے ان میں ایسی کوئی بات محسوس نہیں ہوئی، پھر جب اس کے پاس خرگوش بہت ہو گئے تو اس نے ذبح کر کے کھلانے شروع کئے، میرے گھر بھی لایا، گھر والوں نے پکایا، مگر میں اس میں سے ایک بوٹی بھی نہیں کھا سکا، مجھے یاد آیا کہ نبی ﷺ کو وہ پسند نہیں تھا، پس میری طبیعت بھی نہیں چلی، یہ طبعی کراہت تھی، اس کا حلت وحرمت سے کوئی تعلق نہیں۔

[۲-] باب ماجاء فی أَكْلِ الأَرْنَبِ

[۱۷۸۳-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْدَاوُدَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ زَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ: أَنْفَجْنَا أَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ، فَسَعَى أَصْحَابُ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَلْفَهَا، فَأَدْرَكْتُهَا، فَأَخَذْتُهَا، فَأَتَيْتُ بِهَا أَبَا طَلْحَةَ، فَذَبَحهَا بِمَرْوَةٍ، فَبَعَثَ مَعِي بِفَخِذِهَا أَوْ: بِوَرِكِهَا إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَكَلَهُ، فَقُلْتُ: أَكَلَهُ؟ قَالَ قَبِلَهُ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَمَّارٍ، وَمُحمدِ بنِ صَفْوَانَ، وَيُقَالُ: مُحمدُ بن صَيْفِيٍّ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَكْثَرِ أَهْلِ الْعِلْمِ: لَايَرَوْنَ بِأَكْلِ الْأَرْنَبِ بَأْسًا، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَكْلَ الْأَرْنَبِ وَقَالُوْا: إِنَّهَا تَدْمَى.

بابُ ماجاء فی أَكْلِ الضَّبِّ

گوہ کھانے کا بیان

گوہ: چھپکلی جیسا ایک رینگنے والا جانور ہے، جو چھپکلی سے بڑا ہوتا ہے اور پہاڑوں اور درختوں کے تنوں کے سوراخوں میں رہتا ہے، گوہ چھوٹی بھی ہوتی ہے اور بڑی بھی، چھوٹی کاٹتی ہے اور بڑی کاٹتی نہیں، بڑی دیوار سے مضبوط چپک جاتی ہے اس لئے چور وغیرہ اس کے ذریعہ فصیل پر چڑھتے ہیں، المنجد میں اس کا فوٹو ہے۔

گوہ کھانا جائز ہے یا نہیں؟ یہ مختلف فیہ اور معرکۃ الآراء مسئلہ ہے۔ جمہور یعنی ائمہ ثلاثہ کے نزدیک گوہ حلال ہے اور حنفیہ کے نزدیک مکروہ یا حرام ہے۔ امام طحاوی رحمہ اللہ تو جواز کے قائل ہیں، اور علامہ عینی رحمہ اللہ نے شرح بخاری میں لکھا ہے کہ اصح یہ ہے کہ گوہ مکروہ تنزیہی ہے، اور حضرت علامہ انور شاہ صاحب قدس سرہ نے العرف الشذی میں تحریر فرمایا ہے کہ جو احناف محدث ہیں وہ مکروہ تنزیہی (خلافِ اولیٰ) کہتے ہیں اور جو احناف فقہاء ہیں وہ مکروہ تحریمی یعنی حرام کہتے ہیں، اور یہی قول مفتی بہ ہے، چنانچہ کوئی حنفی گوہ نہیں کھاتا، اگر گھوڑے کی طرح مکروہ تنزیہی ہوتی تو کچھ لوگ ضرور کھاتے۔

حلت پر دلالت کرنی والی روایات:

اور گوہ کے سلسلہ میں روایات بہت مختلف ہیں، جو روایت اعلی درجہ کی صحیح ہے وہ حلت پر دلالت کرتی ہے، اور وہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے جو باب میں ہے، یہ روایت متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۵۵۳۶، مسلم حدیث ۱۹۴۳) ابن عمرؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ سے گوہ کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: لا آكُلُه ولا أُحَرِّمُه: میں نہ تو اس کو کھاتا ہوں اور نہ اس کو حرام قرار دیتا ہوں، اور مسلم کی ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ آپؐ کے پاس چند صحابہ تھے اور گوہ کا گوشت لایا گیا، ازواج مطہرات میں سے کسی نے آواز دے کر کہا: یارسول اللہ! یہ گوہ کا گوشت ہے، آپؐ نے فرمایا: كُلُوْا فَإِنّه حلالٌ، ولكنّه ليس من طعامِىْ: کھاؤ وہ حلال ہے مگر وہ میرے کھانے کی چیز نہیں۔

دوسری روایت: ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ہے، ان کی خالہ ام حُفید نجد سے گوہ بھون کر لائیں، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں وہ آپؐ کے سامنے رکھی گئی، اور جب بھی آپؐ کے سامنے کوئی نیا کھانا پیش کیا جاتا تو آپؐ کو

بتلایا جاتا کہ یہ فلاں چیز ہے، چنانچہ جب آپؐ نے گوہ کی طرف ہاتھ بڑھایا تو گھر میں موجود عورتوں میں سے ایک نے کہا: نبی ﷺ کو بتلاؤ کہ تم نے آپؐ کے سامنے کیا رکھا ہے، چنانچہ عورتوں نے بتایا: یارسول اللہ! یہ گوہ ہے، آپؐ نے ہاتھ اٹھالیا، حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے پوچھا: کیا گوہ حرام ہے؟ آپؐ نے فرمایا: لا ولکنَّہ لم یکن بأرضِ قومِی فَأَجِدُنِی أُعَافُهُ: گوہ حرام نہیں مگر وہ ہمارے علاقہ میں نہیں ہوتی اس لئے مجھے وہ پسند نہیں، حضرت خالدؓ کہتے ہیں: میں نے اس کو اپنی طرف کھینچ لیا اور میں اس کو کھاتا رہا اور نبی ﷺ میری طرف دیکھتے رہے یہ حدیث بھی متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۵۳۹۱، مسلم حدیث ۱۹۴۶)

حرمت پر دلالت کرنے والی روایات:

۱- اسماعیل بن عیاش: ضمضم بن زرعہ سے روایت کرتے ہیں، وہ شریح بن عبید سے، وہ ابوراشد حُبرانی سے، وہ حضرت عبدالرحمٰن بن شبلؓ سے کہ نبی ﷺ نے گوہ کا گوشت کھانے سے منع کیا، یہ روایت ابوداؤد میں ہے (حدیث ۳۷۹۶) اور حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس کی سند حسن ہے، کیونکہ اسماعیل بن عیاش کی شامی اساتذہ سے روایتیں معتبر ہیں اور ضمضمِ حمصی (شامی) ٹھیک راوی ہیں۔

۲- دوسری روایت حضرت عبدالرحمٰن بن حَسَنہ کی ہے وہ کہتے ہیں: ہم ایک ایسے علاقہ میں پہنچے جہاں گوہ بہت تھیں اور ہم فاقہ سے تھے، چنانچہ ہم نے گوہ پکائی، ہماری ہانڈیاں ابل رہی تھیں کہ نبی ﷺ تشریف لائے، آپؐ نے پوچھا: کیا پک رہا ہے؟ ہم نے بتایا کہ گوہ پک رہی ہے، آپؐ نے فرمایا: بنی اسرائیل کے کچھ لوگ جانوروں کی شکل میں مسخ کئے گئے تھے اور مجھے اندیشہ ہے کہ وہ گوہ کی شکل میں مسخ کئے گئے ہوں، پس ہانڈیوں کو الٹ دو یعنی یہ گوشت ضائع کردو (رواہ الطحاوی وغیرہ)

اوران روایات کے علاوہ یہ بات طے ہے کہ نبی ﷺ نے گوہ کبھی نہیں کھائی اور مختلف موقعوں پر اس کی مختلف وجہ بیان فرمائی ہے:

(۱) کبھی فرمایا: ہمارے علاقہ میں گوہ نہیں ہوتی اس لئے مجھے پسند نہیں، یہ طبعی کراہت ہے جس پر حلت وحرمت کا مدار نہیں رکھا جاسکتا اور یہ وجہ اوپر آچکی ہے۔

(۲) اور کبھی فرمایا کہ شاید بنی اسرائیل کی ایک قوم اس جانور کی شکل میں مسخ کی گئی ہے، اور مسخ جب بھی ہوتا ہے حرام جانور کی شکل میں ہوتا ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے اس کی صراحت کی ہے، اور مسخ شدہ قوم کی نسل باقی نہیں رہتی، مگر وہ جانور جس کی شکل میں مسخ ہوتا ہے اس کی حرمت پر ضرور دلالت کرتی ہے (یہ بات مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت میں آئی ہے)

(۳) اور کبھی آپؐ کو گوہ سے گھن آئی، اس لئے آپؐ نے اس کو نوش نہیں فرمایا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی

روایت میں صراحت ہے: تَرَكَ الضَّبَّ تَقَذُّرًا (بخاری حدیث ۵۰۷۵، مسلم ۱۹۴۷، ابوداؤد حدیث ۳۷۹۳، نسائی حدیث ۴۳۱۹) یعنی آپؐ نے گھن آنے کی وجہ سے گوہ نہیں کھائی۔

(۴) اور کبھی یہ وجہ بیان فرمائی کہ میرے پاس کسی بھی وقت فرشتہ آجاتا ہے اس لئے میں اس کو نہیں کھاتا (کیونکہ اس میں بو ہوتی ہے)

علاوہ ازیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو مسکین کو گوہ دینے سے منع فرمایا، اگرچہ اس کا یہ جواب دیا گیا ہے کہ یہ ردی کھجور کے صدقہ کی ممانعت کی طرح ہے تاہم گوہ کا ردی طعام ہونا تو ثابت ہوگیا، اور حضرت ابن عمرؓ کی ایک روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ایک مرتبہ گھی روٹی کی آرزو کی، ایک صحابی یہ کھانا تیار کر کے لائے نبی ﷺ نے پوچھا: یہ گھی کس چیز میں تھا؟ انھوں نے کہا: گوہ کی کپّی میں، تو آپؐ نے فرمایا: یہ کھانا اٹھالو، یعنی آپؐ نے اس گھی کو نہیں کھایا۔

خلاصۂ بحث: یہ ہے کہ حلت کی روایات اصح مافی الباب ہیں اس لئے ائمہ ثلاثہ نے ان کو لیا ہے اور انھوں نے روایات میں تطبیق اس طرح دی ہے کہ نبی ﷺ نے شروع میں مسخ کے احتمال کی وجہ سے ممانعت فرمائی، اور اسی زمانہ میں ہانڈیاں الٹوادیں، پھر آپؐ نے توقف فرمایا یعنی نہ کھایا اور نہ منع کیا، پھر آخر میں اس وقت اجازت دی جب یہ بات سامنے آئی کہ مسخ شدہ لوگوں کی نسل نہیں چلتی، مگر پھر بھی آپؐ اس کو نہ کھاتے تھے نہ حرام قرار دیتے تھے، پس اس کا کھانا جائز ہوا اور جس کو اس سے گھن آئے اس کے لئے نہ کھانا اولیٰ ہے اور جس کو گھن نہ آئے اس کے لئے کھانا جائز ہے (یہ تطبیق حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۶۶۲:۹) میں دی ہے)

احناف کی تطبیق: اور احناف کہتے ہیں: پہلے آپؐ نے اباحت اصلیہ کی بنا پر اجازت دی، مگر گھن آنے کی وجہ سے خود نہیں کھائی اور نہ کھانے کی مختلف وجوہ بیان کیں، پھر آپؐ کو جواز میں تردد پیدا ہوا، پھر آخر میں آپؐ نے اس کی ممانعت کردی، پس وہ حرام ہوگئی (یہ تطبیق بذل المجہود میں ہے)

اور حنفیہ نے اس تطبیق میں تین باتوں کو ملحوظ رکھا ہے:

۱- جب مبیح اور محرم روایات میں تعارض ہوتا ہے تو احناف ہمیشہ محرم روایات کو ترجیح دیتے ہیں یعنی ان کو آخری حکم قرار دیتے ہیں کیونکہ اشیاء میں اصل اباحت ہے، پس جب تک حکم شرعی نہیں آئے گا اباحت کا فیصلہ کیا جائے گا اور ممانعت کا مدار وحی پر ہوتا ہے اس لئے محرم کو ترجیح دی جائے گی، نیز احتیاط کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ محرم کو ترجیح دی جائے کیونکہ ہر حلال چیز کا کھانا ضروری نہیں، البتہ ہر حرام چیز سے بچنا ضروری ہے۔

اور ائمہ ثلاثہ کا اصول اس کے برعکس ہے وہ ایسے تعارض کی صورت میں مبیح کو ترجیح دیتے ہیں، مغنی ابن قدامہ میں ائمہ ثلاثہ کے اس اصول کی صراحت ہے۔

۲-طیب اور خبیث کے سلسلہ میں احناف کے نزدیک نبی ﷺ کے ذوق کا اعتبار ہے، اور آپؐ نے گوہ کبھی نہیں کھائی، معلوم ہوا کہ دال میں کچھ کالا ہے، پس وہی بات امت کے لئے بھی مناسب ہے جو آپؐ نے اپنے لئے پسند فرمائی ہے۔

۳-کتاب الحج میں ایک روایت گذری ہے کہ نبی ﷺ نے پانچ شریر جانوروں کو حرم میں مارنے کی اجازت دی، وہاں احناف نے تنقیح مناط کر کے حشرات الارض (زمین کے کیڑوں) کی حرمت ثابت کی ہے اور گوہ بھی زمین کا کیڑا ہے اس لئے اصول موضوعہ کے ماتحت ممانعت کی روایت کو ترجیح ہونی چاہئے۔

ایک واقعہ: دارالعلوم دیوبند کا ایک ذہین طالب علم تھا جس کا نام مولوی احمد میرف سوڈانی تھا، جب وہ فارغ ہو کر جانے لگا تو مختصر الخلیل کی دردیر کی شرحِ کبیر کا حاشیہ دسوقی لایا، یہ چار جلدوں میں فقہ مالکی کی ضخیم کتاب ہے، میں نے اس کا باب المباح پڑھا، دوسرے دن جب احمد آیا تو میں نے کہا: احمد! تیری کتاب کا میں نے باب المباح پڑھا اور میں نے رات اللہ کا شکر ادا کیا کہ میں حنفی ہوں اگر میں مالکی ہوتا تو نہ معلوم مجھے کیا کیا کھانا پڑتا، اور اب میں تیرے یہاں کبھی مہمان نہیں آؤں گا، اللہ جانے تو مجھے کیا کیا کھلا دے گا، ہرن کے نام پر ہاتھی کھلا دے گا، اور مچھلی کے نام پر سانپ کھلا دے گا، اس لئے میں تیرے یہاں کبھی مہمان نہیں آؤں گا، وہ کہنے لگا: حضرت! میں صرف مرغی کھلاؤں گا، مجھے کہنا یہ ہے کہ فقہ حنفی میں کھانے پینے کی چیزوں میں بہت احتیاط سے کام لیا گیا ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کا مزاج عبادات اور کھانے پینے کی چیزوں میں احتیاط کا ہے، جہاں روایات میں اختلاف ہوتا ہے امام اعظم رحمہ اللہ محرم کو ترجیح دیتے ہیں، کیونکہ ہر حلال چیز کا کھانا ضروری نہیں، ہاں ہر حرام چیز سے بچنا ضروری ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی أَكْلِ الضَّبِّ

[۱۷۸٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنْ أَكْلِ الضَّبِّ؟ فَقَالَ: "لَا آكُلُهُ وَلَا أُحَرِّمُهُ"

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وأَبِی سَعِيْدٍ، وَابنِ عَبّاسٍ، وَثَابِتِ بنِ وَدِيْعَةَ، وَجَابِرٍ، وَعَبْدِ الرحمنِ بنِ حَسَنَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَد اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِیْ أَكْلِ الضَّبِّ: فَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ، وَكَرِهَهُ بَعْضُهُمْ.

[۱۷۸۵-] وَيُرْوَى عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ: " أُكِلَ الضَّبُّ عَلَى مَائِدَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَإِنَّمَا تَرَكَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله لعيه وسلم تَقَذُّراً.

وضاحت: یہ آخری حدیث جو بغیر سند کے ہے وہ متفق علیہ روایت ہے۔

بابُ ماجاء فی أَکْلِ الضَّبُعِ

بجّو یا لکڑ بھگّے کو کھانا

لغت والے ضَبُع کے دو ترجمے کرتے ہیں: ایک: گفتار یعنی بجو، دوسرا: لکڑ بھگا: جو بھیڑیے کی قسم کا ایک جنگلی جانور ہوتا ہے اور بجو: ایک قسم کا گوشت خور جانور ہے جو قبر کھود کر مردے نکال کر کھا جاتا ہے وہ دن بھر بل میں گھسا رہتا ہے اور رات کو باہر نکلتا ہے، اس کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں، المنجد میں ضَبُع (بجو) ذئب (بھیڑیا) اور ثَعْلَب (لومڑی) کے فوٹو ہیں۔

بجو حلال ہے یا حرام: امام ابوحنیفہ اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک حرام ہے اور امام شافعی اور امام احمد رحمہما اللہ کے نزدیک حلال ہے، امام شافعیؒ فرماتے ہیں: لوگ برابر اسے کھاتے ہیں اور بغیر نکیر وہ صفا و مروہ کے درمیان بکتا ہے۔

بجو کے سلسلہ میں احادیث میں اختلاف ہے جو روایت صحیح ہے مگر صریح نہیں: وہ حلت پر دلالت کرتی ہے، اور جو روایت ضعیف ہے مگر صریح ہے: وہ حرمت پر دلالت کرتی ہے، یہ دونوں روایتیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں ذکر کی ہیں، نیز ایک عام حدیث بھی ہے جو صحیح ہے اس سے بھی حرمت کی تائید ہوتی ہے۔

پہلی روایت: جو حلت پر دلالت کرتی ہے، جو امام ترمذیؒ نے باب میں لکھی ہے، وہ کتاب الحج (باب ۲۸) تحفۃ الالمعی (۳:۲۴۹) میں گذر چکی ہے: ابن عمار کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا بجو شکار ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، میں نے پوچھا: کیا میں اس کو کھاؤں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں، میں نے پوچھا: کیا یہ بات نبی ﷺ نے فرمائی ہے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں۔

تشریح: اس حدیث میں أَقَالَه کی ضمیر کا مرجع کیا ہے؟ بجو کا شکار ہونا یا اس کا حلال ہونا؟ دو امام کہتے ہیں: ضمیر کا مرجع اقرب ہوتا ہے پس اس حدیث سے بجو کی حلت ثابت ہوتی ہے اور دو امام کہتے ہیں: مرجع بجو کا شکار ہونا ہے پس اس سے حلت ثابت نہیں ہوتی (تفصیل آگے آرہی ہے)

دوسری روایت: جو حرمت پر دلالت کرتی ہے وہ حضرت خزیمہ بن جزء رضی اللہ عنہ کی روایت ہے، انھوں نے نبی ﷺ سے بجو کے کھانے کے بارے میں سوال کیا تو آپؐ نے فرمایا: أَوَ يَأْكُلُ الضَّبُعَ أَحَدٌ؟ کیا بجو کو بھی کوئی کھاتا ہے؟ پھر انھوں نے بھیڑیے کے بارے میں سوال کیا: آپؐ نے فرمایا: أَوَ يَأْكُلُ الذِئْبَ أَحَدٌ فِيهِ خَيْرٌ! کیا بھیڑیے کو بھی کوئی بھلا مانس کھاتا ہے! یہ حدیث بجو اور بھیڑیے کی حرمت پر دلالت کرتی ہے، بڑے دو اماموں نے اس حدیث کو لیا ہے کیونکہ ایک حدیث عام سے اس کی تائید ہوتی ہے وہ حدیث عام یہ ہے: نَهٰى رسول الله صلى

الله عليه وسلم عَنْ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ: ہر کچلی دار درندے کے کھانے سے نبی ﷺ نے منع فرمایا (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۴۱۰۵) اور بجو کچلی دار درندہ ہے، پس وہ حرام ہے۔

تشریح: پہلی حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے حسنٌ صحیحٌ کہا ہے، مگر اس کی سند میں تھوڑا کلام ہے، ابن جریج اس کی سند حضرت جابرؓ تک پہنچاتے ہیں اور جریر بن حازم حضرت عمرؓ تک پھر ابن جریج اس کو نبی ﷺ کا ارشاد قرار دیتے ہیں اور جریر حضرت عمرؓ کا، یعنی یہ حدیث موقوف ہے مرفوع نہیں اور امام ترمذی نے ابن جریج کی سند کو ترجیح دی ہے اس لئے کہ ابن ماجہ میں ان کے متابع اسماعیل بن امیہ ہیں، اور جریر کا کوئی متابع نہیں۔

مگر یہ حدیث باب حلت میں صریح نہیں کیونکہ اس حدیث میں دو مسئلے ہیں: ایک: بجو شکار ہے اور اس میں جزا ہے یہ بات یقیناً مرفوع ہے یعنی حضور ﷺ کا ارشاد ہے، دوسری: بجو کھانا جائز ہے، یہ حضرت جابرؓ کا اجتہاد ہے یعنی بجو چونکہ شکار ہے اس لئے حلال ہے، اور نعم کا تعلق پہلی بات سے ہے دوسری بات سے نہیں اور اس کی دلیل ابوداؤد کی حدیث ہے (نمبر ۳۸۰۱) اس میں صرف پہلا مسئلہ ہے یعنی بجو شکار ہے اور اس کو کوئی محرم مارے تو اس میں ایک مینڈھا واجب ہے، دوسرا مضمون ابوداؤد کی روایت میں نہیں ہے، پس معلوم ہوا کہ یہ حضرت جابرؓ کا اجتہاد ہے۔ اور حضرت جابرؓ نے یہ بات: ﴿حُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَادُمْتُمْ حُرُمًا﴾ سے سمجھی ہے یعنی تمہارے لئے خشکی کا شکار حرام کیا گیا ہے جب تک تم حالت احرام میں ہو (المائدہ آیت ۹۶) اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر احرام کی حالت نہ ہو تو خشکی کا شکار حلال ہے اور بجو کو چونکہ نبی ﷺ نے شکار قرار دیا ہے اس لئے وہ حلال ہے۔

مگر حضرت جابرؓ کا یہ اجتہاد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اجتہاد سے معارض ہے، موطا محمد میں روایت ہے: حضرت علیؓ نے فرمایا: گوہ اور بجو کھانا جائز نہیں، اور حضرت علیؓ کے اس قول کی تائید حدیث عام سے ہوتی ہے کہ ہر کچلی دار درندہ حرام ہے، اور آیتِ پاک میں صید بمعنی اصطیاد: شکار کرنا ہے، کھانے کی حلت وحرمت کا اس میں بیان نہیں۔

اور حرمت پر دلالت کرنے والی روایات میں دو راوی ضعیف ہیں: اسماعیل بن مسلم اور عبدالکریم بن ابی امیہ مگر چونکہ حدیث عام سے اس کی تائید ہوتی ہے اس لئے دو بڑے اماموں نے بجو کو حدیث عام کے تحت داخل کر کے حرام قرار دیا ہے، حرمت کا مدار اس ضعیف روایت پر نہیں رکھا۔

خلاصۂ کلام: یہ ہے کہ حلت پر دلالت کرنے والی کوئی اعلی درجہ کی صحیح صریح حدیث موجود نہیں اور حرمت کے سلسلہ میں جو عام ضابطہ ہے: ضعیف صریح روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے اور جب محرم و مبیح جمع ہو جاتے ہیں تو محرم کو ترجیح دی جاتی ہے، اس لئے بڑے دو اماموں کے نزدیک بجو حرام ہے۔

ملحوظہ: کتاب الحج میں ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بجو کی حلت کا قول لکھا گیا ہے وہ صحیح نہیں، بجو صرف چھوٹے دو اماموں کے نزدیک حلال ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی أَكْلِ الضَّبُعِ

[۱۷۸۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيمَ، ثَنَا ابنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ أَبِی عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِجَابِرٍ: الضَّبُعُ: أَصَيْدٌ هِیَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: آكُلُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: أَقَالَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ ذَهَبَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ إِلٰى هٰذَا، وَلَمْ يَرَوْا بَأْسًا بِأَكْلِ الضَّبُعِ، وَهُوَ قَوْلُ أَحْمَدَ وَإِسْحَاقَ، وَرُوِیَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم حَدِيثٌ فِی كَرَاهِيَةِ أَكْلِ الضَّبُعِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ، وَقَدْ كَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَكْلَ الضَّبُعِ، وَهُوَ قَوْلُ ابنُ الْمُبَارَكِ.

قَالَ يَحْيىَ الْقَطَّانُ: وَرَوَی جَرِيْرُ بنُ حَازِمٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ أَبِی عَمَّارٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ قَوْلَهُ، وَحَدِيْثُ ابنِ جُرَيْجٍ أَصَحُّ.

[۱۷۸۷-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ أَبِیْ أُمَيَّةَ، عَنْ حِبَّانَ بنِ جَزْءٍ، عَنْ أَخِيْهِ خُزَيْمَةَ بنِ جَزْءٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ الضَّبُعِ؟ قَالَ" أَوَ يَأْكُلُ الضَّبُعَ أَحَدٌ؟" وَسَأَلْتُهُ عَنْ أَكْلِ الذِّئْبِ؟ فَقَالَ:"أَوَيَأْكُلُ الذِّئْبَ أَحَدٌ فِيْهِ خَيْرٌ؟"

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ أَبِیْ أُمَيَّةَ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ فِیْ إِسْمَاعِيْلَ، وَعَبْدِ الْكَرِيْمِ أَبِیْ أُمَيَّةَ، وَهُوَ عَبْدُ الْكَرِيْمِ بنُ قَيْسٍ، هُوَ ابنُ أَبِی الْمُخَارِقِ، وَعَبْدُ الْكَرِيْمِ بنُ مَالِكٍ الجَزَرِیُّ ثِقَةٌ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے سب سے پہلے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت لکھی ہے، پھر فرمایا ہے کہ بعض اہل علم اس روایت کی طرف گئے ہیں، ان کے نزدیک بجو کے کھانے میں کوئی تنگی نہیں، اور یہ احمد واسحاق کا قول ہے (امام شافعیؒ کی بھی یہی رائے ہے) اور نبی ﷺ سے بجو کھانے کی کراہیت کی بھی ایک روایت ہے مگر اس کی سند قوی نہیں (یہ حضرت خزیمہ کی روایت ہے جو آگے آرہی ہے) اور بعض اہل علم بجو کھانے کو مکروہ کہتے ہیں اور یہ ابن المبارک کا قول ہے (یہی رائے دو بڑے اماموں کی ہے) اور یحییٰ قطان نے فرمایا: جریر بن حازم نے یہ حدیث روایت کی عبداللہ سے، انھوں نے ابن ابی عمار سے، انھوں نے حضرت جابرؓ سے، انھوں نے حضرت عمرؓ سے ان کا قول (یحییٰ قطان کی یہ روایت صرف ترمذی میں تعلیقاً ہے) امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ابن جریج کی روایت اصح ہے (کیونکہ ان کے متابع اسماعیل بن امیہ ابن ماجہ میں ہیں، اور جریر کا کوئی متابع نہیں) پھر خزیمہ بن جزء کی روایت لکھی ہے پھر فرمایا ہے کہ اس حدیث کی سند قوی نہیں، اسماعیل بن مسلم سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے، اور بعض اہل علم نے

اسماعیل اور عبدالکریم پر جرح کی ہے اور اس راوی کا پورا نام عبدالکریم بن قیس ہے، یہی راوی ابن ابی المخارق بھی کہلاتا ہے (اور وہ ضعیف ہے) اور ایک دوسرا راوی عبدالکریم بن مالک جزری ہے وہ ثقہ ہے (یہ تمیز ہے)

ملحوظہ: ہندوستانی نسخوں میں یحییٰ بن القطان ہے اور مصری نسخہ میں ابن نہیں ہے اور وہی صحیح ہے کیونکہ قطان: یحییٰ کی صفت ہے، وہ ان کے والد نہیں ہیں، ان کے والد کا نام سعید ہے، مصری نسخہ سے تصحیح کی ہے۔

بابُ ماجاء فی أَکْلِ لُحُوْمِ الْخَیْلِ

گھوڑے کے گوشت کا حکم

مذاہبِ فقہاء: جمہور یعنی امام شافعی، امام احمد اور صاحبین یعنی امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت بغیر کراہت کے جائز ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کے مذہب میں حلت کا قول بھی ہے اور کراہیت کا بھی، مگر فاکہی نے جو مالکی فقیہ ہیں مکروہ تحریمی کے قول کو ترجیح دی ہے۔ اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مکروہ ہے، پھر اختلاف ہے کہ کراہت کیسی ہے؟ تحریمی یا تنزیہی؟ اور لعینہ ہے یا لغیرہ؟ صحیح قول یہ ہے کہ کراہت تنزیہی ہے اور لغیرہ ہے یعنی اس لئے مکروہ ہے کہ آلۂ جہاد کم نہ ہوجائے، علامہ کشمیری قدس سرہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہے، اور درمختار میں ہے کہ امام اعظم رحمہ اللہ نے کراہت کے قول سے رجوع کرلیا ہے مگر مشہور کراہت ہی کا قول ہے۔

اور گھوڑے کے سلسلہ میں روایتوں میں اختلاف ہے، دو روایتیں جو اعلی درجہ کی صحیح اور صریح ہیں اباحت پر دلالت کرتی ہیں اور ایک روایت جو متکلم فیہ ہے ممانعت پر دلالت کرتی ہے۔

اباحت پر دلالت کرنے والی روایات درج ذیل ہیں:

پہلی روایت: متفق علیہ ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: **أَطْعَمَنَا رسولُ اللهِ صلی الله علیه وسلم لُحُوْمَ الْخَیْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ**، نبی ﷺ نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا یعنی اس کے کھانے کی اجازت دی اور گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا یعنی اس کو حرام قرار دیا، اور بخاری ومسلم میں اس کی صراحت ہے کہ یہ اجازت جنگ خیبر کے موقع پر دی تھی (بخاری حدیث ۴۲۱۹ مسلم حدیث ۱۹۴۱)

اور دوسری روایت: بھی متفق علیہ ہے، حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما فرماتی ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے زمانہ میں مدینہ میں گھوڑا ذبح کیا، پس ہم نے اس کو کھایا (بخاری حدیث ۵۵۱۰، مسلم حدیث ۱۹۴۲)

اور حرمت پر دلالت کرنے والی روایت ابوداؤد میں ہے۔ حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے گھوڑوں، خچروں اور گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا (ابوداؤد حدیث ۳۷۹۰، نسائی حدیث ۴۳۳۱، ابن ماجہ حدیث ۳۱۹۸) اس کی سند میں بقیۃ بن الولید ہے جو مشہور ضعیف راوی ہے، نیز اس حدیث کو مقدام بن

معدیکرب کے پوتے صالح بن یحییٰ عن ابیہ عن جدہ کی سند سے روایت کرتے ہیں جن کے بارے میں خطابی کہتے ہیں: لَایُعْرَفُ سَمَاعُ بعضِهم مِنْ بَعْضٍ: بعض روات کا بعض سے سماع معلوم نہیں۔ اوراس حدیث میں مسند احمد (۸۹:۴) میں صراحت ہے کہ نبی ﷺ نے یہ ممانعت غزوۂ خیبر کے موقع پر فرمائی تھی، اب بات الجھ گئی، حضرت جابر کہتے ہیں: غزوۂ خیبر کے موقع پر آپؐ نے گھوڑوں کے گوشت کی اجازت دی اور حضرت خالدؓ کہتے ہیں: ممانعت فرمائی، اور حضرت خالد کب مسلمان ہوئے ہیں خیبر سے پہلے یا بعد میں؟ اس میں اختلاف ہے، علامہ شبلی نعمانی رحمہ اللہ نے اس کو ترجیح دی ہے کہ صلح حدیبیہ کے بعد ۶ ہجری میں مسلمان ہوئے ہیں اور واقدی رحمہ اللہ کہتے ہیں: خیبر کے بعد مسلمان ہوئے ہیں، نیز خیبر میں وہی صحابہ شریک ہوئے تھے جو صلح حدیبیہ میں شریک تھے اور حضرت خالدؓ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے، پس ان کے خیبر میں ہونے کی بات صحیح معلوم نہیں ہوتی، پھر حضرت خالد ہمیشہ امیر لشکر رہے ہیں اس لئے ممکن ہے ان کو ممانعت اس لئے کی ہو کہ آلہ جہاد کم نہ ہو جائے۔ اور ایک حدیث میں مختلف المدارج احکام اکٹھا ہوتے ہیں، بہر حال ان وجوہ سے امام اعظم رحمہ اللہ نے یا تو کراہت کے قول سے رجوع کر لیا ہے جیسا کہ درمختار میں ہے یا یہ ممانعت لغیرہ ہے اور کراہت بمعنی خلافِ اولیٰ ہے۔ واللہ اعلم

[۵-] باب ماجاء فی أَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ

[۱۷۸۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَنَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَطْعَمَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لُحُوْمَ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ.

وفى الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، وَرَوَى حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرٍ، وَرِوَايَةُ ابنِ عُيَيْنَةَ أَصَحُّ، وَسَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ أَحْفَظُ مِنْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ.

لغت: طَعِمَه (س) کھانا، أَطْعَمَه غيرَه: کھلانا۔

وضاحت: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث عمرو بن دینار روایت کرتے ہیں پھر ان سے سفیان بن عیینہ روایت کرتے ہیں، یہ سند اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔ اس حدیث کو حماد بن زید بھی عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ امام محمد باقر سے روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت جابرؓ سے۔ امام ترمذیؒ نے ابن عیینہ کی روایت کو اصح قرار دیا ہے یعنی سند میں امام باقر کا واسطہ نہیں۔ اور دلیل یہ دی ہے کہ امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ابن عیینہ: حماد سے احفظ ہیں۔ مگر امام ترمذیؒ کا یہ فیصلہ دوسرے محدثین نے تسلیم نہیں کیا، بخاری ومسلم اور نسائی میں واسطہ والی روایت لی گئی

ہے (دیکھیں بخاری حدیث ۴۲۱۹، مسلم حدیث ۱۹۴۱) پس دونوں روایتیں صحیح ہیں واسطہ والی بھی اور بغیر واسطہ والی بھی، واسطہ والی مزید فی متصل الاسناد ہے، یعنی عمرو بن دینار حضرت جابر سے براہ راست بھی روایت کرتے ہیں اور اپنے خواجہ طاش امام باقر سے بھی روایت کرتے ہیں، پس دونوں حدیثیں صحیح ہیں......امام باقر کا نام محمد، لقب: باقر، کنیت ابو جعفر اور والد کا نام علی زین العابدین ہے جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں اور امام باقر حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے خاص شاگرد ہیں۔

بابُ ماجاء فی لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

گدھوں کے گوشت کا حکم

چاروں ائمہ متفق ہیں کہ گدھا حرام ہے، البتہ مالکیہ کے یہاں تین روایتیں ہیں، ایک روایت کراہیت کی بھی ہے۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنگ خیبر کے موقع پر نبی ﷺ نے عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے سے منع فرمایا (اس کا بیان کتاب النکاح باب ۲۷ میں گذر چکا ہے) اور گدھوں کے گوشت سے بھی منع فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث حضرت علیؓ سے ان کے صاحبزادے محمد بن الحنفیہ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے ان کے صاحبزادے عبداللہ اور حسن روایت کرتے ہیں، پھر ان سے امام زہری رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، ان دونوں صاحبزادوں میں پسندیدہ راوی کونسا ہے؟ اس میں روایات مختلف ہیں، زہری کے شاگرد سفیان بن عیینہ کے تلمیذ سعید بن عبدالرحمٰن مخزومی کا بیان ہے کہ امام زہری نے فرمایا: دونوں میں پسندیدہ راوی حسن ہے، اور سعید کے علاوہ ابن عیینہ کے دوسرے تلامذہ امام زہری کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ دونوں میں پسندیدہ عبداللہ ہے، مگر مسند احمد میں حضرت سفیان کا یہ قول ہے کہ ہمارے نزدیک پسندیدہ حسن ہے، اور عبداللہ تو سبائی فرقہ سے تعلق رکھتا تھا، اور امام بخاری رحمہ اللہ کی تاریخ کبیر میں بھی یہی ہے کہ دونوں میں مضبوط راوی حسن ہے۔

حدیث (۲): ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے جنگ خیبر کے موقع پر ہر کچلی دار درندے کو حرام قرار دیا، اور مجثّمہ کو اور پالتو گدھے کو حرام قرار دیا۔

تشریح: کچلی دار درندوں کی حرمت کا بیان کتاب الصید باب ۱۰ میں گذر چکا ہے اور مجثّمہ وہ پرندہ وغیرہ ہے جس کو باندھ کر چاند ماری کی جاتی تھی اور وہ تیر کھا کر ڈھیر ہو جاتا تھا اس کا بیان بھی کتاب الصید باب ۸ میں گذر چکا ہے، اس کے علاوہ اور بھی متعدد روایات ہیں جن کا باب میں حوالہ ہے، یہ تمام روایات گدھے کی حرمت پر دلالت کرتی ہیں۔

البتہ ایک روایت جو ابو داؤد (حدیث ۳۸۰۷) میں ہے وہ حلت پر دلالت کرتی ہے، غالب بن ابجرؓ کہتے ہیں: ہم قحط سالی سے دوچار ہوئے، میرے پاس کوئی ایسا مال نہیں تھا جو میں اپنے گھر والوں کو کھلاؤں، ہاں کچھ گدھے تھے مگر

نبی ﷺ نے گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا تھا پس میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہمیں قحط سالی پہنچی ہے اور میرے مال میں کوئی ایسا مال نہیں جو میں اپنے گھر والوں کو کھلاؤں، ہاں چند فربہ گدھے ہیں مگر آپ نے پالتو گدھوں کا گوشت حرام قرار دیا ہے پس آپ نے فرمایا: أَطْعِمْ أَهْلَكَ مِنْ سَمِيْنِ حُمُرِكَ، فَإِنَّمَا حَرَّمْتُهَا مِنْ أَجْلِ جَوَّالِ الْقَرْيَةِ: اپنے فربہ گدھوں میں سے اپنے گھر والوں کو کھلاؤ، میں نے ان کو حرام صرف اس لئے قرار دیا ہے کہ وہ گاؤں کے باہر گھومتے رہتے ہیں اور گندگی کھاتے ہیں۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اصابہ (۳: ۱۸۱) میں فرمایا ہے کہ اس حدیث کی اسناد میں بہت زیادہ اختلاف ہے، نیز حافظ نے فتح الباری (۹: ۶۵۶) میں فرمایا ہے کہ اس کی اسناد ضعیف ہے، اور متن شاذ ہے کیونکہ وہ احادیثِ صحیحہ کے خلاف ہے، پس اس پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا، نیز یہ تاویل بھی ممکن ہے کہ نبی ﷺ نے ان کو بھوک مری کی وجہ سے گدھے کھانے کی اجازت دی ہو اور تحریم کی جو وجہ بیان کی ہے کہ وہ گندگی کھاتا ہے یہ علت عام ہو اور اجازت عارض کی وجہ سے ہو یہ بات ممکن ہے، پس اس سے گدھے کی مطلق حلت ثابت نہیں ہوتی۔

فائدہ: خچر کا کیا حکم ہے؟ اس کا حکم اس کی ماں کے تابع ہے، اگر خچر: گدھے اور گھوڑی سے پیدا ہوا ہے تو حلال ہے اور اگر گھوڑے اور گدھی سے پیدا ہوا ہے تو حرام ہے، اسی طرح اگر گدھے اور گائے سے پیدا ہوا ہے تو بھی حلال ہے، درمختار: حظر واباحہ کے باب اول کے آخر میں یہ مسئلہ ہے، حیوانات میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جانور حلت وحرمت میں ماں کے تابع ہوتا ہے اور جو حکم گوشت کا ہے وہی حکم دودھ کا ہے، پس گھوڑی کا دودھ حلال ہے کیونکہ گھوڑے کا گوشت حلال ہے۔

ملحوظہ: خچروں کی نسل نہیں چلتی ان کی مادہ بانجھ ہوتی ہے، وہ دوغلے ہی ہوتے ہیں یعنی دو نسلیں مل کر ہی وجود میں آتے ہیں۔

[۶-] باب ماجاء فی لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

[۱۷۸۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ ح: وَثَنَا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَالْحَسَنِ ابْنَىْ مُحمدِ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيْهِمَا، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ زَمَنَ خَيْبَرَ، وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ.

حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ وَالْحَسَنِ ابْنَىْ مُحَمَّدِ بنِ عَلِيٍّ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَكَانَ أَرْضَاهُمَا الْحَسَنُ بنُ مُحمدٍ، وَقَالَ غَيْرُ سَعِيْدِ بنِ عَبْدِ

الرَّحمنِ، عَنْ ابنِ عُيَيْنَةَ، وَكَانَ أَرْضَاهُمَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُحمدٍ.

[۱۷۹۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا حُسَيْنُ بنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَرَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ كُلَّ ذِىْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ، وَالْمُجَثَّمَةَ، وَالْحِمَارَ الإِنْسِيَّ.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَجَابِرٍ، وَالْبَرَاءِ، وابنِ أَبِىْ أَوْفَى، وأَنَسٍ، وَالْعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، وأَبِىْ ثَعْلَبَةَ، وابنِ عُمَرَ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو هٰذَا الحَدِيْثَ، وَإِنَّمَا ذَكَرُوْا حَرْفًا وَاحِداً: "نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ كُلِّ ذِىْ نَابٍ مِنَ السِّبَاعِ"

وضاحت: محمد بن عمرو کے شاگرد زائدہ کی روایت میں تین مضمون ہیں اور عبد العزیز وغیرہ کی سند میں ایک ہی مضمون ہے۔

بابُ ماجاء فى الأَكْلِ فِىْ آنِيَةِ الْكُفَّارِ

کفار کے برتنوں میں کھانے کا حکم

یہ مسئلہ پہلے دو مرتبہ گذر چکا ہے، أبواب الصید کے پہلے باب میں ضمناً آیا ہے، پھر أبواب السیر میں باب ماجاء فى الانتفاع بآنية المشركين میں آیا ہے۔ کفار کے دھات کے برتنوں کا تو کوئی مسئلہ نہیں، ان کو دھو کر استعمال کر سکتے ہیں، اور مٹی اور لکڑی کے برتن جو مظروف کو چوستے ہیں، ان کا حکم یہ ہے کہ اگر وہ ناپاکی میں مستعمل نہ ہوں تو دھونے سے پہلے ان کا استعمال مکروہ ہے اور دھونے کے بعد کوئی کراہیت نہیں، کیونکہ وہ پاک ہیں اور جو برتن ناپاکی میں استعمال کئے جاتے ہیں، ان میں شراب پی جاتی ہے یا خنزیر یا مردار پکایا جاتا ہے ان کو دھونے سے پہلے استعمال کرنا جائز نہیں، اور دھونے کے بعد مجبوری میں استعمال کر سکتے ہیں...... اور ان کے کپڑے اور ان کا پانی پاک ہے، جیسے مسلمانوں کے کپڑے اور پانی پاک ہے لیکن اگر وہ لوگ ناپاکی سے نہ بچتے ہوں تو ان کا استعمال جائز نہیں، اور معلوم نہ ہو تو پاک ہیں۔

ایک واقعہ: میں جب راندیر میں تھا تو فجر کی اذان کے بعد تفریح کے لئے نکلتا تھا، گھر میں پان دان تھا، مگر راستہ میں ایک ہندو کی پان کی دوکان کھل جاتی تھی، اس لئے ہمیشہ اس کے یہاں سے پان کھا کر آگے بڑھتا تھا، ایک دن میں نے بہت دور سے دیکھا: ایک گائے دوکان کے سامنے سے گذری، دوکاندار ایک لٹیا لے کر اترا اور گائے کے پیچھے کچھ بٹن دبایا، اس نے پیشاب شروع کیا، دوکاندار نے وہ پیشاب لٹیا میں لیا اور کچھ چونے میں ڈالا اور کچھ کتھے

میں اور باقی دوکان میں چھڑکا، اس دن سے میں کسی ہندو کی دوکان سے لکوڑ نہیں کھاتا، کیونکہ جس قوم کے نزدیک گائے کا پیشاب تبرک ہے، وہ معلوم نہیں اس کا استعمال کس کس چیز میں کرے گی۔

حدیث (۱): حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے مجوس (آتش پرستوں) کی (مٹی کی) ہانڈیوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''ان کو خوب دھولو، اور ان میں کھانا پکاؤ، اور آپؐ نے ہر کچلی دار درندے سے منع فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث ابوقلابہ: حضرت ابوثعلبہ خشنی سے روایت کرتے ہیں، مگر ابوقلابہ نے حضرت ابوثعلبہ کا زمانہ نہیں پایا اس لئے روایت میں انقطاع ہے، البتہ آئندہ روایت ابوقلابہ: ابواسماء رجبی کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں اس لئے وہ موصول ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابوثعلبہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ! ہم اہل کتاب کے علاقہ میں رہتے ہیں، پس ہم ان کی ہانڈیوں میں پکاتے ہیں اور ان کے برتنوں میں پیتے ہیں (تو کیا یہ جائز ہے؟) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر ان کے علاوہ برتن نہ پاؤ تو ان کو پانی سے دھوڈالو'' (پھر استعمال کرو) انھوں نے دوسرا سوال کیا: یارسول اللہ! ہم شکار کے علاقہ میں رہتے ہیں یعنی ہمارے علاقہ میں شکار بہت ملتا ہے، پس ہم کس طرح (شکار) کریں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جب تم اپنے سکھلائے ہوئے کتے کو چھوڑو، اور اللہ کا نام لو، پس اس نے شکار مارڈالا تو کھاؤ، اور اگر کتا سکھلایا ہوا نہ ہو، پس شکار ذبح کرلیا گیا ہو تو (بھی) کھاؤ، اور جب تم اپنا تیر چلاؤ اور اللہ کا نام لو، پس تیر نے شکار مارڈالا تو کھاؤ۔

ملحوظہ: شکار کے احکام تفصیل سے ابواب الصید کے شروع میں گذر چکے ہیں، وہاں دیکھ لئے جائیں۔

[۷-] باب ماجاء في الأَكْلِ فِيْ آنِيَةِ الْكُفَّارِ

[۱۷۹۱-] حدثنا زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ، ثَنَا سَلْمُ بنُ قُتَيْبَةَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قُدُوْرِ الْمَجُوْسِ؟ قَالَ: ''أَنْقُوْهَا غَسْلاً، واطْبَخُوْا فِيْهَا، وَنَهَى عَنْ كُلِّ سَبُعٍ ذِيْ نَابٍ''

هٰذَا حديثٌ مَشْهُوْرٌ مِنْ حَدِيثِ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ، وَرُوِيَ عَنْهُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَأَبُوْ ثَعْلَبَةَ: اسْمُهُ جُرْثُوْمٌ، وَيُقَالُ: جُرْهُمٌ، وَيُقَالُ: نَاشِبٌ، وَقَدْ ذُكِرَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِيْ أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ.

[۱۷۹۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ عِيْسَى بنُ يَزِيْدَ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُحمدٍ الْعَيْشِيُّ، ثَنَا

حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِيْ أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ أَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضِ أَهْلِ الْكِتَابِ، فَنَطْبُخُ فِيْ قُدُوْرِهِمْ، وَنَشْرَبُ فِي آنِيَتِهِمْ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنْ لَمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَارْحَضُوْهَا بِالْمَاءِ" ثُمَّ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّا بِأَرْضِ صَيْدٍ فَكَيْفَ نَصْنَعُ؟ قَالَ: " إِذَا أَرْسَلْتَ كَلْبَكَ الْمُكَلَّبَ، وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ، فَقَتَلَ، فَكُلْ، وإِنْ كَانَ غَيْرَ مُكَلَّبٍ، فَذُكِّيَ فَكُلْ، وإِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ وَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَقَتَلَ فَكُلْ"

لغات: رَحَضَه (ف) وأَرْحَضَه: دھونا...... كَلَّبَ الكلبَ: کتے کو سِدھانا، شکاری بنانا، قرآن کریم میں ہے: ﴿وَمَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ﴾ المكلَّب (اسم مفعول): معلَّم، سکھایا ہوا۔

وضاحت: پہلی حدیث میں راوی سَلْم بن قتیبة ہیں، ہندوستانی نسخوں میں المسلم ہے جو غلط ہے......اور حضرت ابوثعلبہ خشنی کے نام میں تین قول ہیں: جرثوم، جرہم اور ناشب...... قوله وقد ذُكر هذا الحديث: یہ حدیث اگلے نمبر پر آ رہی ہے...... دوسری حدیث کی سند میں عبیداللہ بن محمد العیشی ہیں، یہ نسبت عائشہ بنت طلحہ کی طرف ہے یہ ان کی اولاد میں تھے، اور ہندوستانی نسخہ میں عبیداللہ بن محمد بن القرشی ہے جو غلط ہے۔

بابُ ماجاء فی الْفَارَةِ تَمُوْتُ فِی السَّمْنِ

جمے ہوئے گھی میں چوہا مر جائے تو کیا حکم ہے؟

جمے ہوئے گھی وغیرہ میں چوہا وغیرہ مر جائے تو اس کو نکال کر پھینک دیا جائے اور جو گھی وغیرہ اس کے اردگرد ہو وہ بھی نکال کر پھینک دیا جائے، باقی گھی پاک ہے اس کو کھایا جائے۔

اور اگر گھی پگھلا ہوا ہو تو وہ ناپاک ہو جائے گا، پھر اس میں اختلاف ہے کہ اس کا خارجی استعمال جائز ہے یا نہیں؟ مثلاً اس سے چراغ جلانا، یا اس کو جوتے وغیرہ پر لگانا۔ امام احمد رحمہ اللہ کے نزدیک ناجائز ہے، وہ اس سے کسی بھی طرح فائدہ اٹھانے کی اجازت نہیں دیتے، کیونکہ حدیث میں ہے: وإن كان مائعاً فلا تقربوه: اگر گھی سیال ہو تو اس کے نزدیک مت جاؤ، اور امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ فرماتے ہیں: اس کا خارجی استعمال جائز ہے اس کو چراغ میں استعمال کر سکتے ہیں اور دوسری طرح بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، مگر اس کا کھانا اور بیچنا ممنوع ہے۔
اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک بیچنا بھی جائز ہے صرف کھانا جائز نہیں۔

غرض پاک کرنے سے پہلے اس کے کھانے کی حرمت متفق علیہ ہے، پھر صاحبین رحمہما اللہ میں اختلاف ہے کہ

جو چیزیں نچوڑی نہیں جاسکتیں جیسے اناج، نئی ٹھیکری، چٹائی، ناپاک پانی پلائی ہوئی چھری اور ناپاک پانی میں ابالا ہوا گوشت وغیرہ پاک کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تین مرتبہ دھونے سے اور ہر بار سکھانے سے پاک ہوجائے گا، اور شہد اور دودھ جیسی چیزوں میں چوہا وغیرہ مرجائے تو اس میں ہم وزن پانی ملایا جائے پھر پکایا جائے، یہاں تک کہ پانی جل جائے، تین مرتبہ اس طرح کرنے سے دودھ اور شہد پاک ہوجائے گا اور فتوی امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے قول پر ہے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جو چیزیں نچوڑی نہیں جاسکتیں اگر وہ ناپاک ہوجائیں تو ان کو پاک کرنے کی کوئی شکل نہیں مگر اس قول پر فتوی نہیں (یہ تفصیل عمدۃ القاری (۱:۹۲۸) میں ہے)

اور ایک طریقہ بہشتی زیور میں یہ بھی لکھا ہے کہ ناپاک گھی تیل میں اس کے بقدر پانی ڈال کر ہلایا جائے پھر جب وہ گھی تیل پانی کے اوپر آجائے تو کسی طرح اس کو اٹھالیا جائے، اس طرح تین دفعہ پانی ملاکر گھی تیل اٹھالینے سے پاک ہوجائے گا اور اگر گھی ناپاک ہونے کے بعد جم گیا ہو تو پانی ڈال کر آگ پر رکھ دیا جائے جب پگھل جائے تو اس کو اٹھالیا جائے (بہشتی زیور حصہ دوم نجاست کے پاک کرنے کا طریقہ مسئلہ ۲۹)

اور اسی باب میں یہ مسئلہ بھی ہے کہ اگر نجاست ایسی چیز میں لگی ہو جس کو نچوڑ نہیں سکتے، جیسے تخت، چٹائی، مٹی کا برتن وغیرہ تو اس کے پاک کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک دفعہ دھوکر ٹھہر جاوے جب پانی ٹپکنا بند ہوجائے تو پھر دھوئے، اس طرح تین مرتبہ دھونے سے وہ چیز پاک ہوجائے گی۔

اور اگر بڑا فرش یا قالین ناپاک ہوجائے تو اس پر پانی ڈال کر بھگودیا جائے پھر مشین سے اس کا پانی چوسا لیا جائے، اس طرح تین مرتبہ کرنے سے قالین اور فرش پاک ہوجائے گا۔

حدیث: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: گھی میں چوہا گر گیا، اور مر گیا، نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا حکم پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: أَلْقُوها وَمَا حَوْلَهَا فَكُلُوْهُ یعنی چوہا پھینک دو اور اس کے اردگرد جو گھی ہے وہ بھی پھینک دو اور باقی گھی کھاؤ۔

تشریح: یہ حدیث تین سندوں سے مروی ہے:

(۱) سفیان بن عیینہ: امام زہری سے، وہ عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود سے، وہ ابن عباس سے، اور وہ اپنی خالہ حضرت میمونہؓ سے روایت کرتے ہیں یہ سند صحیح ہے اور یہی سند بخاری (حدیث ۲۳۶) میں ہے۔

(۲) دوسری سند: زہری کے بعض تلامذہ سند کے آخر میں حضرت میمونہؓ کا ذکر نہیں کرتے (امام ترمذی نے اس کو غیر صحیح قرار دیا ہے)

(۳) اور امام زہری کے شاگرد معمر اس کی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، یہ سند صحیح نہیں، امام بخاریؒ نے اس کو معمر کی چوک قرار دیا ہے اور پہلی سند کو صحیح قرار دیا ہے۔

[۸-] باب ماجاء فی الْفَأْرَةِ تَمُوْتُ فِی السَّمْنِ

[۱۷۹۳-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، وأَبُوْ عَمَّارٍ، قَالاَ: حدثنا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ: أَنَّ فَأْرَةً وَقَعَتْ فِیْ سَمْنٍ، فَمَاتَتْ، فَسُئِلَ عَنْهَا النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: "أَلْقُوْهَا، وَمَا حَوْلَهَا، فَكُلُوْهُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم سُئِلَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ مَيْمُوْنَةَ، وَحَدِيْثُ ابنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ أَصَحُّ.

وَرَوَى مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، وَهٰذَا حديثٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، سَمِعْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: حَدِيثُ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ هٰذَا خَطَأٌ، وَالصَّحِيْحُ حَدِيثُ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ.

وضاحت: بخاری شریف (حدیث ۵۵۳۸ کتاب الذبائح) میں ہے کہ سفیان بن عیینہ کے سامنے یہ بات ذکر کی گئی کہ معمر اس کی سند حضرت ابو ہریرہ تک پہنچاتے ہیں تو انھوں نے کہا: میں نے یہ حدیث زہری سے بار بار سنی ہے وہ اس کی سند میمونہؓ تک پہنچاتے تھے یعنی معمر سے اس کی سند میں چوک ہوئی ہے...... معمر کی سند سے حدیث ابوداؤد (حدیث ۳۸۴۱) اور مسند احمد (۲۳۲:۲) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنِ الأَكْلِ وَالشُّرْبِ بِالشِّمَالِ

بائیں ہاتھ سے کھانے پینے کی ممانعت

اسلام نے ہاتھوں کی اچھے برے کاموں کے لئے تقسیم کی ہے، تمام اچھے کام دائیں ہاتھ سے کرنے چاہئیں اور گندے کام جیسے استنجاء کرنا، ناک صاف کرنا وغیرہ بائیں ہاتھ سے کرنے چاہئیں، اور اس کی حکمت ظاہر ہے، آدمی کو کھاتے وقت گھن نہیں آئے گی، اور اگر جس ہاتھ سے استنجاء کیا ہے اسی سے کھائے گا تو طبیعت میں نفرت پیدا ہوگی، اسی وجہ سے مہذب لوگ چھری کانٹے سے کھاتے ہیں، کیونکہ وہ دائیں ہاتھ سے استنجاء کرتے ہیں، مگر اُن عقل کے پتلوں کی سمجھ میں ہاتھوں کی اچھے برے کاموں کے لئے تقسیم نہیں آئی، پس: بریں عقل و دانش بباید گریست!

مسئلہ: اگر دائیں ہاتھ میں عذر ہو یا دایاں ہاتھ نہ ہو تو بائیں ہاتھ سے کھانا جائز ہے، کیونکہ مجبوری میں ممنوع کام

جائز ہوجاتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی اپنے بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ بائیں ہاتھ سے پیئے، اس لئے کہ شیطان اپنے بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور اپنے بائیں ہاتھ سے پیتا ہے''

تشریح: کوکب میں اس حدیث کی شرح میں ایک فائدہ ہے کہ غائب کے ساتھ بھی تشبّہ ممنوع ہے، شیطان نظر نہیں آتا پھر بھی اس سے تشبہ کی وجہ سے بائیں ہاتھ سے کھانے کی ممانعت آئی ہے، پس اسی طرح کسی بستی میں یہود ومجوس وہنود نہ ہوں تب بھی ان کی حرکات وعادات میں مشابہت ممنوع ہے، مثلاً: مجوس آگ پوجتے ہیں، ہمارے شہر میں کوئی مجوسی نہیں، پھر بھی نمازی کے سامنے آگ نہیں ہونی چاہئے۔

فائدہ: یہاں طالب عالم ایک سوال کرتے ہیں کہ اگر دایاں ہاتھ کھانے میں آلودہ ہو تو بائیں ہاتھ سے گلاس پکڑ کر پانی پی سکتے ہیں یا ڈونگے سے بائیں ہاتھ سے کھانا نکال سکتے ہیں؟ جواب یہ ہے کہ حدیث کا اصل مقصد تو یہ ہے کہ کھانے پینے کی چیز کے ساتھ راست بایاں ہاتھ نہ لگے، مگر بالواسطہ لگنا بھی ممنوع ہے، مسلم شریف میں نافع رحمہ اللہ کی روایت میں ہے: ولا يَأْخُذُ بها، ولا يُعْطِي بها: یعنی بائیں ہاتھ سے نہ لے نہ دے، مگر ممانعت میں اس کا دوسرا درجہ ہوگا، پس چاہئے کہ بائیں ہاتھ سے گلاس پکڑے اور دائیں ہتھیلی کی پشت سے یا ہتھیلی کے آخری حصہ سے لگا کر پیئے، یہ حیلہ ہے، اسی طرح دائیں ہاتھ سے کھانا نکالے اور ہاتھ آلودہ ہو تو چاٹ لے لیکن اگر بائیں ہاتھ سے یہ کام کرے تو یہ اتنا برا نہیں جتنا راست بائیں ہاتھ سے کھانا برا ہے۔

[۹-] باب ماجاء في النهي عَنِ الأَكْلِ والشُّرْبِ بِالشِّمَالِ

[۱۷۹۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بنِ عُبَيْدِ اللهِ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عُمَرَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: لَايَأْكُلْ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ، وَلَا يَشْرَبْ بِشِمَالِهِ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، وَيَشْرَبُ بِشِمَالِهِ.

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعُمَرَ بنِ أَبِي سَلَمَةَ، وَسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، وَحَفْصَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَهٰكَذَا رَوَى مَالِكٌ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَرَوَى مَعْمَرٌ، وَعُقَيْلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَرِوَايَةُ مَالِكٍ وابنِ عُيَيْنَةَ أَصَحُّ.

وضاحت: یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ سے ان کے پوتے ابوبکر روایت کرتے ہیں یا بیٹے سالم؟ عبیداللہ عمری کی سند پہلی ہے اور امام مالکؒ اور سفیان بن عیینہؒ ان کے متابع ہیں اور معمر اور عقیل کی سند دوسری ہے، امام ترمذی نے

پہلی سند کو اصح کہا ہے، مگر امام مسلم رحمہ اللہ نے سالم کی سند سے بھی یہ حدیث روایت کی ہے، بلکہ نافع کی سند میں جو زیادتی ہے اس کا بھی تذکرہ کیا ہے، معلوم ہوا کہ ابن عمرؓ سے یہ حدیث سالم و نافع بھی روایت کرتے ہیں، مگر اس سند میں امام زہری کا ذکر نہیں، امام زہری یہ حدیث ابوبکر ہی سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی لَعْقِ الْأَصَابِعِ

کھانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کا بیان

کھانے کی سنتوں میں سے یہ ہے کہ کھانے سے فارغ ہوکر پہلے سب انگلیاں چاٹ لے، پھر ہاتھ دھوئے، تا کہ انگلیوں پر لگا ہوا کھانا ضائع نہ ہو، حدیث میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی کھائے تو چاہئے کہ اپنی انگلیاں چاٹ لے، پس بیشک وہ نہیں جانتا کہ ان انگلیوں میں سے کونسی انگلی (پر لگے ہوئے کھانے) میں برکت ہے پس سبھی انگلیوں کو چاٹ لے (ضمیر هُنَّ: أصابع کی طرف راجع ہے)

فائدہ: طالب علم پوچھتے ہیں: انگلیاں چاٹنے کی ترتیب کیا ہونی چاہئے؟ جواب یہ ہے کہ کوئی ترتیب وارد نہیں ہوئی، پس جس طرح چاہے چاٹے۔

[۱۰-] باب ماجاء فی لَعْقِ الْأَصَابِعِ

[۱۷۹۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِی الشَّوَارِبِ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: "إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهُ، فَإِنَّهُ لاَ يَدْرِیْ فِیْ أَيَّتِهِنَّ الْبَرَكَةُ"

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَكَعْبِ بنِ مَالِكٍ، وَأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ.

وضاحت: سہیل کے شاگرد عبدالعزیز دباغ بصری ثقہ راوی ہیں اس لئے حدیث صحیح ہے، البتہ سہیل سے آخر تک یہی سند ہے اس لئے غریب ہے اور سہیل کے شاگرد وُہیب بن خالد کی روایت مسلم شریف (حدیث ۲۰۳۵) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ

لقمہ گر جائے تو کیا کرے؟

کھاتے وقت اگر لقمہ گر جائے تو اس کو چھوڑ نہ دیا جائے، حکم شرعی یہ ہے کہ اس کو اٹھا کر کھا لیا جائے، پھر اگر وہ

صاف دسترخوان پر گرا ہے تو سارا ہی اٹھا کر کھالینا چاہئے، دسترخوان بچھا کر کھانے کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ کھانا ضائع نہ ہو، اور اگر نیچے گرا ہے تو اس کا اچھا حصہ کھالیا جائے، اور اگر مٹی وغیرہ لگ گئی ہے یا ناپاک ہو گیا ہے تو وہ جانور (چیونٹی وغیرہ) کو کھلا دیا جائے، اس کو یونہی شیطان کے لئے نہ چھوڑ دیا جائے، اس سنت پر عمل کرنے میں تواضع (فروتنی) ہے اور اس میں اقتصاد کی تعلیم بھی ہے۔

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھائے، پس اس کا لقمہ گر جائے تو چاہئے کہ دور کر دے وہ جو اس کو شک میں ڈالے اس لقمہ سے یعنی جو حصہ گندہ ہو گیا ہے اس کو علحدہ کر دے پھر چاہئے کہ وہ اس لقمہ کو کھالے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑے''

تشریح: اس حدیث پر امام ترمذیؒ نے کوئی حکم نہیں لگایا، یہ حدیث اس سند سے تو ضعیف ہے، کیونکہ اس میں عبداللہ بن لہیعہ ہیں، جو مشہور ضعیف راوی ہیں، مگر یہ حدیث ابوالزبیر کے دوسرے شاگرد ابن عیینہ کی سند سے مسلم شریف (حدیث ۲۰۳۳) میں ہے، اس لئے یہ حدیث فی نفسہ حسن صحیح ہے۔

دوسری حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب کھانا نوش فرماتے تھے تو اپنی تینوں انگلیاں چاٹ لیتے تھے، اور ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے، تو چاہئے کہ دور کرے اس سے خرابی اور چاہئے کہ اس کو کھالے اور اس کو شیطان کے لئے نہ چھوڑ دے'' اور نبی ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم پیالے کو پونچھ ڈالیں، اور ارشاد فرمایا: ''تم نہیں جانتے کہ تمہارے کونسے کھانے میں برکت ہے''

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں:

۱- نبی ﷺ عام طور پر تین انگلیوں سے کھانا کھاتے تھے، ان سے کھانے کی ضرورت پوری ہو جاتی ہے اور پانچ انگلیوں سے کھانا حرص پر دلالت کرتا ہے جو مؤمن کی شان کے خلاف ہے، علاوہ ازیں: جب تین انگلیوں سے کھائے گا تو چھوٹے لقمے لے گا، پس تھوڑے کھانے میں پیٹ بھر جائے گا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ پیٹ بھرنا اور جی (نفس) بھرنا: دو الگ الگ چیزیں ہیں، بہت سی مرتبہ پیٹ بھر جاتا ہے مگر جی نہیں بھرتا، آدمی کھاتا ہی چلا جاتا ہے، جوانی میں ایسا زیادہ ہوتا ہے، اور کبھی آدمی کا جی بھر جاتا ہے تو کھانا چھوڑ دیتا ہے اگرچہ پیٹ ابھی نہیں بھرا...... دوسری حقیقت یہ ہے کہ کھاتے وقت آدمی لاشعوری طور پر کھانے کے لقمے اور پانی کے گھونٹ گنتا ہے، اور شکم سیری اور سیرابی پر یہ تعداد اثر انداز ہوتی ہے، اس لئے چھوٹے لقموں سے کھانا اور تین گھونٹ میں پینا مفید ہے، اس طرح کھانے پانی کی تھوڑی مقدار سے شکم سیری اور سیرابی حاصل ہو جائے گی، اور یہ چیز تجربہ سے تعلق رکھتی ہے، آپ شدید بھوک پیاس کی حالت میں اس کا تجربہ کریں ان شاء اللہ ایسا ہی پائیں گے،

بڑے بڑے لقموں سے کھائیں اور سارا لوٹا انڈیل دیں، کھانا پانی ختم ہوجائے گا اور جی کو سیری حاصل نہیں ہوگی اور اسی مقدار کو تھوڑا تھوڑا کر کے کھائیں پئیں پورا اطمینان ہوجائے گا۔

مسئلہ: بوقت ضرورت چار پانچ انگلیوں سے کھانا بھی ممنوع نہیں، امام زہری کی ایک مرسل روایت میں ہے کہ نبی ﷺ پانچ انگلیوں سے بھی کھاتے تھے، مگر عام معمول تین انگلیوں سے کھانے کا تھا۔

۲- دوسرا مضمون وہی ہے جو باب کا مضمون ہے کہ کھانا گرجائے تو اس کو اٹھا کر کھالیا جائے، ضائع نہ کیا جائے۔

۳- کھانے کے بعد برتن صاف کرنا چاہئے، کھانے کے اجزاء اس میں چھوڑنے نہیں چاہئیں، کیونکہ جسم کے لئے کھانے کا کونسا حصہ مفید ہے یہ بات معلوم نہیں، ممکن ہے جو اجزاء برتن میں رہ گئے ہیں: وہی جسم کے لئے زیادہ مفید ہوں، اس لئے ان کو بھی کھالینا چاہئے، علاوہ ازیں اس میں اقتصاد کی تعلیم بھی ہے، اور برتن بھی دعا دیتا ہے، جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے۔

تیسری حدیث: معلّٰی کہتے ہیں: میری دادی ام عاصم نے مجھ سے بیان کیا کہ ہم ایک بڑے پیالے میں کھا رہے تھے کہ حضرت نُبَیْشَۃُ الْخیر تشریف لائے، اور انھوں نے یہ حدیث سنائی کہ جس نے بڑے پیالے میں کھایا، پھر اس کو چاٹ لیا تو پیالہ اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتا ہے۔

تشریح: کھانے کے بعد برتن صاف کرنے کا حکم تو متعدد صحیح روایات میں آیا ہے مگر برتن صاف کرنے سے: برتن دعا دیتا ہے یہ مضمون اسی حدیث میں ہے، اور اس حدیث کی یہی ایک سند ہے اور روات کا حال ٹھیک ہے، معلّٰی بن راشد: مقبول راوی ہے، اور ان کی دادی ام عاصم بھی مقبولہ ہیں اور حضرت نبیشہ اگرچہ قلیل الروایہ ہیں مگر صحابی ہیں اس لئے حدیث ٹھیک ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی اللُّقْمَةِ تَسْقُطُ

[۱۷۹۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا، فَسَقَطَتْ لُقْمَتُهُ، فَلْيُمِطْ مَا رَابَهُ مِنْهَا، ثُمَّ لِيَطْعَمْهَا، وَلاَ يَدَعُهَا لِلشَّيْطَانِ"وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ.

[۱۷۹۷-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَفَّانُ بنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلاَثَ، وَقَالَ:" إِذَا وَقَعَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ، فَلْيُمِطْ عَنْهَا الأَذَى، وَلْيَأْكُلْهَا، وَلاَ يَدَعُهَا لِلشَّيْطَانِ" وَأَمَرَنَا أَنْ نَسْلُتَ الصَّحْفَةَ، وَقَالَ:" إِنَّكُمْ لاَتَدْرُوْنَ فِيْ أَيِّ طَعَامِكُمْ الْبَرَكَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۷۹۸-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيِّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا الْمُعَلَّى بنُ رَاشِدٍ أَبُوْ الْيَمَانِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ جَدَّتِيْ أُمُّ عَاصِمٍ، وَكَانَتْ أُمَّ وَلَدٍ لِسِنَانِ بنِ سَلَمَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا نُبَيْشَةُ الْخَيْرِ، وَنَحْنُ نَأْكُلُ فِيْ قَصْعَةٍ، فَحَدَّثَنَا أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ أَكَلَ فِيْ قَصْعَةٍ، ثُمَّ لَحِسَهَا، اسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْمُعَلَّى بنِ رَاشِدٍ، وَقَدْ رَوَى يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ عَنِ الْمُعَلَّى بنِ رَاشِدٍ هٰذَا الحديثَ.

لغات: رَابَهُ الأَمْرُ رَيْبًا وَرِيْبَةً: شک میں ڈالنا، حدیث میں ہے: دَعْ مَا يَرِيْبُكَ إلى مَالاَ يَرِيْبُكَ: جس چیز میں شک ہو اسے چھوڑو، اور جس میں شک نہ ہو اس کو اختیار کرو...... لَعِقَ (س) لَعْقًا: چاٹنا...... سَلَتَ (ن،ض) سَلْتًا: پونچھنا، کسی چیز کے اوپر سے کوئی چیز لے لینا...... لَحِسَ (س) الإناءَ: برتن کو انگلی سے یا زبان سے چاٹنا۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الأَكْلِ مِنْ وَسَطِ الطَّعَامِ

برتن کے بیچ میں سے کھانا پسندیدہ نہیں

کھانے کا ادب یہ ہے کہ اگر کھانا بڑے برتن میں ہو تو لوگ کناروں سے کھائیں، کھانا برتن کے بیچ میں جمع رہنے دیں، درمیان سے نہ کھائیں، اس سے کھانا منتشر ہو جاتا ہے اور برتن کا منظر برا ہو جاتا ہے۔ دوسری وجہ: یہ ہے کہ جب کھانا برتن میں جمع رہے گا اور آنکھیں اس کو مسلسل دیکھتی رہیں گی تو جی (نفس) جلدی بھر جائے گا، کہتے ہیں: حلوائی مٹھائی نہیں کھاتا، کیوں کہ وہ مسلسل مٹھائی کو دیکھتا رہتا ہے اس لئے جی بھر جاتا ہے، پس جو حکمت تین انگلیوں سے کھانے کی یعنی چھوٹے لقموں سے کھانے کی ہے وہی حکمت برتن کے کناروں سے کھانے کی اور کھانا برتن کے بیچ میں جمع رہنے دینے کی بھی ہے۔

حدیث: نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "برکت کھانے کے بیچ میں اترتی ہے، پس کناروں سے کھانا کھاؤ، اس کے درمیان سے نہ کھاؤ"

[۱۲-] باب ماجاء في كراهية الأَكْلِ مِنْ وَسَطِ الطَّعَامِ

[۱۷۹۹-] حدثنا أَبُوْ رَجَاءٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ وَسَطَ الطَّعَامِ، فَكُلُوْا مِنْ حَافَتَيْهِ، وَلاَ تَأْكُلُوْا مِنْ وَسَطِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، إِنَّمَا يُعْرَفُ مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ.

لغت: الوَسْط (بسکون السین) درمیان، کہا جاتا ہے: جَلَسَ وَسْطَ القوم: لوگوں کے بیچ میں بیٹھا...... الوَسَط (بفتح السین): وسطی حصہ، کسی چیز کا مرکز (اس کے معنی معتدل اور متوسط چیز کے بھی ہیں اور منتخب اور بہتر چیز کے بھی) حدیث میں مرکزی اور درمیانی معنی ہیں۔ اور دونوں کو پہچاننے کا ضابطہ یہ ہے کہ اگر وسط کی جگہ بَیْن رکھا جاسکے تو وہ بسکون السین ہوگا، ورنہ بفتح السین۔

وضاحت: اس حدیث میں امام ترمذیؒ کے استاذ: ابورجاء سے مراد قتیبۃ بن سعید ہیں، اطراف مزّی (۴: ۱۸۳۰ حدیث ۵۵۲۶) میں اس کی صراحت ہے، اور قتیبہ کی یہ کنیت تہذیب میں بھی ہے اور تقریب میں بھی (مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوری کو اس راوی کا پتہ ہی نہیں چلا کہ یہ کون راوی ہے) اور جریر سے جریر بن عبدالحمید کوفی مراد ہیں، جریر بن حازم مراد نہیں...... اور عطاء بن السائب سے شعبہؒ کی روایت ابوداؤد (حدیث ۳۷۷۲) میں ہے، اور ثوری کی روایت مسند احمد (۱: ۲۷۰) میں ہے...... حَافَة: کنارہ، تثنیہ کی کچھ خصوصیت نہیں، چنانچہ بعض کتابوں میں مفرد ہے اور بعض میں جمع۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ أَكْلِ الثُّوْمِ وَالْبَصَلِ

لہسن پیاز کھانے کی کراہیت

ثُوم (لہسن) بَصَل (پیاز) کُرَّاث (گندنا، ایک ترکاری جو پیاز لہسن سے مشابہ ہوتی ہے) فُجْل (مولی) ایسی سبزیاں اگر تنہا کافی مقدار میں کھائی جائیں تو گندی ڈکاریں آتی ہیں، اسی طرح بیڑی، سگریٹ پینے سے بھی منہ سے بدبو آتی ہے: ایسی چیزیں کھا پی کر مسجد میں آنا منع ہے، اس سے فرشتوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے اور مصلیوں کو بھی۔ البتہ سلاد کے طور پر یہ چیزیں کھانے کے ساتھ کھائی جائیں تو بدبو نہیں آتی، اس لئے جائز ہے، نیز پکا کر کھائی جائیں تو بھی بدبو مرجاتی ہے اس لئے جائز ہے، اور ان کو کھا کر مسجد میں آسکتے ہیں، اسی طرح جس کے منہ سے بدبو آتی ہو یا کوئی بدبودار زخم ہو تو اس کو بھی مسجد میں نہیں آنا چاہئے اور مسجد کے حکم میں دیگر اجتماعات بھی ہیں جیسے سبق کی مجلس، ذکر کی مجلس یا دیگر تقریبات: سب کا یہی حکم ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے اس میں سے کھایا —— ابن جریج نے پہلی مرتبہ صرف لہسن کا ذکر کیا پھر لہسن، پیاز اور گندنا کا ذکر کیا —— پس وہ ہماری مسجد کے نزدیک نہ آئے''، یعنی هذه کا مشارالیہ ایک مرتبہ صرف لہسن کو قرار دیا اور دوسری مرتبہ حدیث بیان کی تو تین چیزوں کا نام لیا۔ اور مسجد نبوی کی کچھ تخصیص نہیں، سب مساجد کا یہی حکم ہے۔

[۱۳-] باب ماجاء في كراهية أَكْلِ الثُّوْمِ وَالْبَصَلِ

[۱۸۰۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، ثَنا عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ أَكَلَ مِنْ هٰذِهِ – قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ: الثُّوْمِ، ثُمَّ قَالَ: الثُّوْمِ وَالْبَصَلِ وَالكُرَّاثِ – فَلاَ يَقْرَبْنَا فِيْ مَسَاجِدِنَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَأَبِيْ أَيُّوْبَ، وأَبِيْ هريرةَ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَجَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وَقُرَّةَ، وابنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء في الرُّخْصَةِ فِيْ أَكْلِ الثُّوْمِ مَطْبُوْخًا

پکایا ہوالہسن کھانا جائز ہے

گذشتہ باب میں مسئلہ گذر چکا ہے کہ پکا ہوا لہسن پیاز وغیرہ کھانا جائز ہے، کیونکہ پکانے سے ان کی بومر جاتی ہے۔ اور امام ترمذیؒ نے اس باب میں پانچ روایتیں ذکر کی ہیں، پہلی روایت مصری نسخہ میں گذشتہ باب کے آخر میں ہے۔

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے یہاں مہمان ہوئے، آپؐ کا کھانا میزبان کے گھر سے پک کر آتا تھا، جب آپؐ کھانا نوش فرماتے تو کچھ بچا کر حضرت ابوایوبؓ کے پاس بھیجتے، ایک دن میزبان نے کھانا بھیجا، آپؐ نے نوش نہیں فرمایا، ویسا ہی واپس کر دیا، حضرت ابوایوبؓ حاضر خدمت ہوئے اور وجہ پوچھی، آپؐ نے فرمایا: ''اس میں لہسن تھا'' انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا وہ حرام ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''نہیں، مگر مجھے اس کی بو پسند نہیں'' یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے مگر اس کا تعلق گذشتہ باب سے تو ظاہر ہے اور اس باب سے اس کا تعلق اس طرح قائم کیا جا سکتا ہے کہ آپؐ نے اس کی بو ناپسند کی، پس اگر پکا کر اس کی بو زائل کر دی جائے تو کھانے میں کچھ حرج نہیں۔

دوسری اور تیسری حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے۔ یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ اس میں اختلاف ہے، دوسری حدیث میں نُهِيَ: فعل مجہول ہے، حضرت علیؓ فرماتے ہیں: لہسن کھانے کی ممانعت کی گئی مگر پکا ہوا جائز ہے، ظاہر ہے ممانعت نبی ﷺ ہی کی جانب سے ہو سکتی ہے، پس یہ حدیث مرفوع ہوئی اور تیسری روایت میں یہ ہے کہ حضرت علیؓ نے لہسن کھانے کو ناپسند کیا مگر پکے ہوئے کو مستثنیٰ کیا، اب یہ حدیث موقوف ہوگئی، یہ دونوں روایتیں شریک بن حنبل کی ہیں، بلکہ ان کی ایک مرسل روایت بھی ہے یعنی وہ براہ راست نبی ﷺ سے یہ بات روایت کرتے ہیں، اسی اختلاف کی وجہ سے امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ اس کی اسناد قوی نہیں۔

چوتھی حدیث: ام ایوب کہتی ہیں: نبی ﷺ ان کے مہمان ہوئے، ایک دن انھوں نے آپؐ کے لئے اہتمام سے کھانا پکایا جس میں ان ترکاریوں میں کوئی ترکاری تھی، پس آپؐ نے اس کو کھانا پسند نہ کیا، اور آپ نے صحابہ سے فرمایا: ''آپ لوگ کھائیں، میرا معاملہ آپ لوگوں جیسا نہیں ہے، مجھے اندیشہ ہے کہ میں اپنے ساتھی (جبرئیل) کو تکلیف پہنچاؤں!'' یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام کسی بھی وقت آسکتے ہیں، پس اگر ان کو بو محسوس ہوئی تو ان کو تکلیف ہوگی، اس لئے میں یہ نہیں کھاتا۔

پانچویں روایت: ابوالعالیہ فرماتے ہیں: لہسن پاکیزہ (حلال) رزق ہے۔ ابوالعالیہ جلیل القدر تابعی ہیں، ان کا نام رُفیع اور نسبت ریاحی ہے، ان سے یہ روایت ابوخلدہ کرتے ہیں، ان کا نام خالد بن دینار ہے، وہ محدثین کے نزدیک ثقہ ہیں، انھوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کا زمانہ پایا ہے اور ان سے حدیث سنی ہے، ان کے بارے میں عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے ہیں: ابوخلدۃ نیک مسلمان تھے۔

فائدہ: اس باب کی روایات میں اضطراب ہے، سب روایات باب سے واضح طور پر متعلق نہیں، پہلی روایت تو اللہ جانے گذشتہ باب کی ہے یا اس باب کی؟ اس باب سے اس کا تعلق تکلف ہی سے قائم کیا جاسکتا ہے اور دوسری اور تیسری روایتیں باب سے متعلق ہیں، مگر اللہ جانیں وہ مرفوع ہیں یا موقوف؟ اور آخری روایت تو مقطوع ہے اور چوتھی روایت کا بھی باب سے تعلق نہیں، کیونکہ نبی ﷺ نے پکی ہوئی ترکاری بھی بو کی وجہ سے نوش نہیں فرمائی تھی۔

[۱٤-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِیْ أَكْلِ الثُّوْمِ مَطْبُوْخًا

[۱۸۰۱-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، سَمِعَ جَابِرَ بنَ سَمُرَةَ، يَقُوْلُ: نَزَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى أَبِیْ أَيُّوْبَ، وَكَانَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا بَعَثَ إِلَيْهِ بِفَضْلِهِ، فَبَعَثَ إِلَيْهِ يَوْمًا بِطَعَامٍ، وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ النبیُّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا أَتَى أَبُوْ أَيُّوْبَ النبیَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم: "فِيْهِ الثُّوْمُ" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَحَرَامٌ هُوَ؟ قَالَ: "لاَ وَلٰكِنِّیْ أَكْرَهُهُ مِنْ أَجْلِ رِيْحِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۸۰۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ مُدُّوْيَهْ، ثَنَا مُسَدَّدُ، ثَنَا الْجَرَّاحُ بنُ مَلِيْحٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ شَرِيْكِ بنِ حَنْبَلٍ، عَنْ عَلِیٍّ أَنَّهُ قَالَ: نُهِیَ عَنْ أَكْلِ الثُّوْمِ إِلَّا مَطْبُوْخًا.

وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا عَنْ عَلِیٍّ أَنَّهُ قَالَ: نُهِیَ عَنْ أَكْلِ الثُّوْمِ إِلَّا مَطْبُوْخًا قَوْلُهُ.

[۱۸۰۳-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ شَرِيْكِ بنِ حَنْبَلٍ، عَنْ عَلِیٍّ: أَنَّهُ كَرِهَ أَكْلَ الثُّوْمِ إِلَّا مَطْبُوخًا.

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ الْقَوِيِّ، وَرُوِىَ عَنْ شَرِيْكِ بِنِ حَنْبَلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

[۱۸۰۴-] حدثنا الْحَسَنُ بنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِىْ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أُمِّ أَيُّوْبَ، أَخْبَرَتْهُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَزَلَ عَلَيْهِمْ، فتكَلَّفُوْا لَهُ طَعَامًا فِيْهِ مِنْ بَعْضِ هٰذِهِ الْبُقُوْلِ، فَكَرِهَ أَكْلَهُ، فَقَالَ لِأَصْحَابِهِ: "كُلُوْهُ، فَإِنِّىْ لَسْتُ كَأَحَدِكُمْ، إِنِّىْ أَخَافُ أَنْ أُوْذِىَ صَاحِبِىْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَأُمُّ أَيُّوْبَ: هِىَ امْرَأَةُ أَبِىْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ.

[۱۸۰۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا زَيْدُ بنُ الْحُبَابِ، عَنْ أَبِىْ خَلْدَةَ، عَنْ أَبِى الْعَالِيَةِ، قَالَ: الثُّوْمُ مِنْ طَيِّبَاتِ الرِّزْقِ.

وأَبُوْ خَلْدَةَ: اسْمُهُ خَالِدُ بنُ دِيْنَارٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ أَدْرَكَ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ، وَسَمِعَ مِنْهُ؛ وَأَبُوْ الْعَالِيَةِ: اسْمُهُ رُفَيْعٌ، وَهُوَ الرِّيَاحِيُّ، قَالَ عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ: كَانَ أَبُوْ خَلْدَةَ خِيَاراً مُسْلِمًا.

ترجمہ: پہلی حدیث: قولہ: وکان إذا أکل طعاماً: اور نبی ﷺ جب کوئی کھانا کھاتے تو ابوایوبؓ کی طرف اس کا بچا ہوا بھیجتے، یعنی کچھ بچا کر بھیجتے تا کہ وہ تبرک استعمال کریں، یہ حدیث تبرکات کی اصل ہے، پس نبی ﷺ نے ابوایوبؓ کی طرف ایک دن ایک کھانا بھیجا درانحالیکہ آپؐ نے اس میں سے نہیں کھایا تھا، پس جب ابوایوبؓ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے تو انھوں نے یہ بات آپؐ سے ذکر کی کہ یارسول اللہ! آج آپؐ نے فلاں آئیٹم بالکل نہیں کھایا، کیا وجہ ہے؟ پس آپؐ نے فرمایا: "اس میں لہسن تھا" یہ لہسن کچا تھا یا پکا؟ اگر کچا تھا تو یہ حدیث گذشتہ باب کی ہے اور حدیث کا آخری جملہ کہ "لہسن حرام نہیں، مگر میں اس کو اس کی بو کی وجہ سے ناپسند کرتا ہوں" اس طرف مشیر ہے کہ وہ کچا تھا، کیونکہ پکانے سے اس کی بو مر جاتی ہے...... اور اگر پکا ہوا تھا جیسا کہ باب کی چوتھی حدیث سے معلوم ہوتا ہے (وہ حدیث اور یہ حدیث ایک ہی واقعہ سے متعلق ہیں) تو بھی یہ حدیث باب سے غیر متعلق ہے، کیونکہ اس میں رخصت (اجازت) نہیں ہے۔

وضاحت: مَدُّوْيَهْ کے آخر میں ہ ہے تاء نہیں ہے، جیسے سیبویہ کے آخر میں ہ ہے...... اور جَرَّاح: حضرت وکیع کے والد ہیں اور معمولی راوی ہیں...... قولہ: وقد رُوِیَ: یہ حدیث اگلے نمبر پر آرہی ہے...... عبید اللہ بن أبی یزید: ہندوستانی نسخہ میں عبد اللہ (مکبّر) ہے، جو غلط ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے، یہ مولی آل قارظ ہیں، ثقہ ہیں اور کثیر الحدیث ہیں...... أخبرته: ام ایوب نے عبید اللہ کو بتلایا...... تکلّفوا یعنی اہتمام سے کھانا بنایا...... قولہ: کلوہ: اس سے معلوم ہوا کہ پکنے سے بھی اگر بو نہ مری ہو تو اس کا کھانا بہتر نہیں...... خِیَاراً: چنیدہ، منتخب۔

بابُ ماجاء فی تَخْمِیْرِ الإِنَاءِ، وَإِطْفَاءِ السِّرَاجِ وَالنَّارِ عِنْدَ الْمَنَامِ

برتن ڈھانکنے اور سوتے وقت چراغ اور آگ بجھانے کا بیان

برتن سے مراد: وہ برتن ہے جس میں کھانے پینے کی کوئی چیز ہو، اور اسی مناسبت سے یہ باب: ابواب الاطعمہ میں آیا ہے، اور حدیث میں چار حکم مع وجوہ ہیں:

پہلا حکم: أَغْلِقُوْا الْبَابَ: دروازہ بھیڑلو یعنی رات میں بسم اللہ پڑھ کر گھر کا دروازہ بند کرلو فَإِنَّ الشیطانَ لاَیَفْتَحُ غُلُقًا: اس لئے کہ شیطان کسی بھی بند چیز کو نہیں کھولتا، یعنی بسم اللہ پڑھ کر دروازہ بند کیا جائے تو شیطان اس کو نہیں کھول سکتا، اسی طرح کھانے کا برتن وغیرہ بسم اللہ پڑھ کر بند کیا جائے تو شیطان اس کو نہیں کھول سکتا ...... اور غُلُق (بضمتین) بمعنی مغلق ہے۔

سوال: شیطان گھر میں آنے کے لئے دروازے کا محتاج نہیں، وہ تو کسی بھی طرح گھر میں آسکتا ہے۔

جواب: نہیں، اگر بسم اللہ پڑھ کر دروازہ بند کیا جائے تو پھر شیطان کسی بھی طرح گھر میں نہیں آسکتا، جیسے دعا پڑھ کر آدمی بیت الخلاء میں جائے تو اب شرمگاہ سے شیطان کا پردہ ہوجاتا ہے، اب شیطان کسی بھی طرح ستر کو نہیں دیکھ سکتا۔

علاوہ ازیں: شیطان کے بھائی بند (چور) مکان میں نہیں آئیں گے، اور اگر رات کو دروازہ کھلا چھوڑ دیا تو کوئی بھی گھر میں گھس آئے گا، اس لئے دروازہ بند کرکے سونا چاہئے۔

دوسرا حکم: أَوْكِئُوا السِّقَاءَ: پانی کی مشک کا منہ ڈوری سے باندھ لو۔ وَكِیَ السِّقَاءَ یَكِیْهَا، وَأَوْكَی: مشکیزے کو ڈوری سے باندھنا ...... السِّقَاءَ: پانی کی مشک، دودھ پانی رکھنے کا برتن، جمع أَسْقِیة ...... لاَیُحِلُّ وِكَاءً: شیطان اس ڈوری کو نہیں کھولتا جو بسم اللہ پڑھ کر باندھی گئی ہے، علاوہ ازیں اس میں کیڑا وغیرہ بھی نہیں گھستا۔

تیسرا حکم: أَكْفِئُوْا الإِنَاءَ، أَوْ: خمِّرُوْا الإِنَاءَ: برتن کو اوندھا کردو یا فرمایا: برتن کو ڈھانک دو ...... كَفَأَ الإِنَاءَ(ف) كَفئًا وَأَكْفَأَ الإِنَاءَ: اوندھا کرنا، پلٹنا ...... خَمَّرَ الشیئَ: ڈھانکنا ...... لاَیَكْشِفُ آنیةً: شیطان اس برتن کو نہیں کھولتا جو بسم اللہ پڑھ کر ڈھانکا گیا ہے اور اس میں کوئی کیڑا وغیرہ بھی داخل نہیں ہوتا۔

چوتھا حکم: أَطْفِئُوْا الْمصباحَ: چراغ گل کردو ...... أَطْفَأَ النَّارَ: آگ بجھانا ...... فَإِنَّ الْفُوَیْسِقَةَ تُضْرِمُ علی الناس بَیْتَهُمْ: پس بیشک چھوٹا شرارتی (چوہا) لوگوں پر ان کا گھر بھڑکا دیتا ہے ...... الفویسقة: الفاسقة کی تصغیر ہے۔ فاسق: شرارتی ...... أَضْرَمَ النَّارَ: آگ جلانا، سلگانا ...... أَضْرَمَ الشیئَ: آگ لگانا ...... یعنی چولھے میں آگ ہوگی تو چوہا کوئی چیز کھینچ کر اس میں لائے گا، پھر جب وہ جل جائے گی تو گھسیٹ کر لے چلے گا اور سارا گھر جلادے گا۔ یہی حکم بجلی کے بلب کا ہے، رات میں اس کے ذریعہ بھی آگ لگ سکتی ہے، میرے ساتھ یہ واقعہ پیش آچکا ہے۔

میں جب ہدایہ اولین پڑھتا تھا تو گلکدہ میں کمرہ کرایہ پر لے کر رہتا تھا، دیوار پر کیلنڈر تھا اور اس سے لگ کر قمقمہ لٹک رہا تھا، میں بجلی جلتی چھوڑ کر سو گیا، رات میں وہ کیلنڈر جلا اور اس کے ٹکڑے میرے لحاف پر گرے اور آدھا لحاف جل گیا تب میری آنکھ کھلی، الحمدللہ! اللہ نے میری حفاظت فرمائی، اس لئے بجلی بھی جلتی نہیں چھوڑنی چاہئے۔

باب میں دوسری حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی ہے: لاتَتْرُكُوْا النارَ فی بیوتكم حینَ تَنامُوْنَ: جب رات میں سوؤ تو اپنے گھروں میں آگ مت چھوڑو یعنی اس کو بجھا کر سوؤ۔

[۱۵-] باب ماجاء فی تَخْمِیْرِ الإِنَاءِ وَإِطْفَاءِ السِّرَاجِ وَالنَّارِ عِنْدَ الْمَنَامِ

[۱۸۰۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "أَغْلِقُوْا الْبَابَ، وَأَوْكِئُوْا السِّقَاءَ، وَأَكْفِئُوْا الإِنَاءَ أَوْ: خَمِّرُوْا الإِنَاءَ، وأَطْفِئُوْا الْمِصْبَاحَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لاَ يَفْتَحُ غُلُقًا، وَلاَ يُحِلُّ وِكَاءً، وَلاَ يَكْشِفُ آنِيَةً، فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى النَّاسِ بَيْتَهُمْ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وأَبِیْ هُريرةَ، وابنِ عباسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ.

[۱۸۰۷-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "لاَ تَتْرُكُوْا النَّارَ فِیْ بُيُوْتِكُمْ حِيْنَ تَنَامُوْنَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ملحوظہ: پہلی حدیث کے آخر میں فإنَّ الفويسقة مصری نسخہ میں وإن الفويسقة ہے یعنی فاء کے بجائے واو ہے اور وہ زیادہ مناسب ہے، اس صورت میں لف ونشر مرتب ہو جائے گا، یعنی چار احکام اور ان کی بالترتیب وجوہ کا بیان ہوگا۔

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ الْقِرَانِ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ

دو کھجوریں ایک ساتھ کھانے کی کراہیت

اگر اجتماعی طور پر کھانا یا کوئی دوسری چیز کھائی جا رہی ہو تو ادب یہ ہے کہ دوسروں کو ترجیح دی جائے، خود کم کھائے اور دوسروں کو زیادہ کھانے کا موقع دے، اور اگر ایسا نہ کرے تو کم از کم انصاف سے کام لے، خود جلدی جلدی کھانا یا بڑے بڑے لقمے لینا یا دو دو کھجوریں یا انگور ایک ساتھ کھانا حرص کی علامت ہے اور خود غرضی کی بات ہے، جو اسلامی اخلاق کے منافی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے اپنے ساتھی کی اجازت کے بغیر دو کھجوریں ایک ساتھ کھانے سے منع فرمایا۔

تشریح: اگر کسی کو جلدی ہو یا بھوک زیادہ ہو تو ساتھیوں سے اجازت لے کر دو کھجوریں ساتھ کھانا جائز ہے، ادب کے خلاف نہیں، کیونکہ اس ممانعت کی وجہ ساتھیوں کی کبیدگی ہے، اور اجازت کی صورت میں اس کا احتمال نہیں۔

فائدہ: ابن شاہین کی کتاب الناسخ والمنسوخ میں ایک مرفوع حدیث ہے: کنتُ نهيتُكم عن القِرَان في التمر، وإن الله وَسَّعَ عليكم فاقْرِنُوْا: میں نے آپ لوگوں کو کھجوریں ملا کر کھانے سے منع کیا تھا، اب اللہ تعالیٰ نے وسعت کردی ہے، پس ملا کر کھاؤ۔ حافظ ابن حجر نے فتح الباری (۹:۵۷۱) میں فرمایا ہے کہ اس کی سند ضعیف ہے اور ممانعت کی حدیث اصح اور اشہر ہے، اس لئے علماء نسخ کے قائل نہیں۔

[١٦-] باب ماجاء في كراهية الْقِرَانِ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ

[١٨٠٨-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَد الزُّبَيْرِيُّ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَبَلَةَ بنِ سُحَيْمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: ”نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَقْرِنَ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتَّى يَسْتَأْذِنَ صَاحِبَهُ“

وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ مَوْلَى أَبِيْ بَكْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ملحوظہ: حضرت ابوبکرؓ کے آزاد کردہ حضرت سعدؓ کی حدیث ابن ماجہ (حدیث ۳۳۳۲) میں ہے۔

بابُ ماجاء في اسْتِحْبَابِ التَّمْرِ

کھجور کی پسندیدگی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بَيْتٌ لاَ تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ: جس گھر میں کھجور نہیں: وہ گھر والے بھوکے ہیں۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث سے کھجور کا استحباب سمجھا ہے یعنی کھجور گھر میں ضرور ہونی چاہئے، مگر دنیا میں ہر جگہ کھجور دستیاب نہیں، یا بہت گراں ہے پھر حدیث پر عمل کیسے کیا جا سکتا ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ نظام خانہ داری میں یہ بات شامل ہے کہ گھر میں کوئی معمولی چیز جو بازار میں سستی ملتی ہو: رہنی چاہئے، جیسے مدینہ میں کھجوریں اور ہمارے دیار میں گاجریں وغیرہ، تاکہ اگر ناوقت کسی کو بھوک لگے اور گھر میں کھانا ہو تو ٹھیک ہے، ورنہ گھر میں اس موجود چیز سے ضرورت پوری کرلی جائے گی، اور اگر لوگ اس بات کا اہتمام نہیں کریں گے تو کسی بھی وقت بھوک ان کو ستائے گی اس کی نظیر: لاون ہے، سرکہ اچار وغیرہ کچھ نہ کچھ گھر میں رہنا چاہئے، تاکہ بوقت ضرورت اس سے کام چلایا جا سکے (رحمۃ اللہ ۵:۴۸۴)

[۱۷-] باب ماجاء في اسْتِحْبَابِ التَّمْرِ

[۱۸۰۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، قَالاَ: ثَنَا يَحْيىَ بنُ حَسَّانٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بنُ هِلاَلٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "بَيْتٌ لاَ تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ أَهْلُهُ"

وفي الباب: عَنْ سَلْمَى امْرَأَةِ أَبِى رَافِعٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

ملحوظہ: سلمیٰؓ کی روایت ابن ماجہ (حدیث ۳۳۲۸) میں ہے،

بابُ ماجاء في الْحَمْدِ عَلَى الطَّعَامِ إِذَا فَرَغَ مِنْهُ

کھانے سے فارغ ہوکر اللہ کی حمد کرنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ یقیناً بندے کی اس بات سے خوش ہوتے ہیں کہ وہ کوئی کھانا کھائے یا کچھ پیئے پھر وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے۔

تشریح: کھانے پینے کے بعد اللہ کی حمد کرنا مستحب ہے اور روایات میں حمد کے بہت سے جملے آئے ہیں، لیکن اگر کوئی صرف الحمدللہ: سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں یا اردو میں: اللہ تیرا شکر! کہہ لے تو اصل سنت ادا ہوجائے گی۔

[۱۸-] باب ماجاء في الحمدِ عَلى الطَّعَام إذا فَرَغَ مِنْهُ

[۱۸۱۰-] حدثنا هَنَّادٌ، وَمَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ أَنْ يَأْكُلَ الأَكْلَةَ، أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ، فَيَحْمَدُهُ عَلَيْهَا"

وفي الباب: عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِىْ أَيُّوْبَ، وَأَبِىْ هُرِيرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ نَحْوَهُ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ.

لغات: الأُكْلَةَ (بضم الهمزة) لقمہ اور (بفتح الهمزة) ایک بار کھانا ...... الشَّرْبَةَ (بالفتح فقط) پینا ...... أن يأكل: ليرضى کا مفعول بہ ہے، أى يُحِبُّ منه أن يأكل فيحمده یعنی اللہ کو بندے کا وہی کھانا پینا پسند ہے جس پر وہ اللہ کی تعریف کرے۔

باب ماجاء في الأَكْلِ مَعَ المَجْذُوْمِ

کوڑھی کے ساتھ کھانے کا بیان

جذام: (کوڑھ) ایک مرض ہے جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے، اس میں یا تو بدن پر سفید دھبے پڑ جاتے ہیں تو وہ برص کہلاتا ہے، یا اعضاء پر ورم ہوکر انگلیاں وغیرہ سڑنے گلنے اور گرنے لگتی ہیں، تو اس کو جذام کہتے ہیں۔ اور مسئلہ پہلے أبواب السیر کے آخر میں باب ماجاء فی الطِّیَرَۃ میں آچکا ہے کہ عدوی: یعنی ایک کی بیماری خود بخود دوسرے کو لگنے کا خیال اسلام کے عقیدۂ توحید کے منافی ہے، اللہ کی کائنات میں جو کچھ ہوتا ہے: اللہ کی مرضی سے ہوتا ہے، یہ دنیا آٹو میٹک (خودکار) نہیں ہے، نہ اسباب خودکار ہیں، بلکہ وہ مسبب الاسباب کے حکم کے تابع ہیں، البتہ بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملۂ اسباب مرض ہے اور اسباب اختیار کرنے کا شریعت کا حکم ہے پس احتیاط چاہئے، مگر اتنی بھی احتیاط نہیں چاہئے کہ اسباب خدا بن جائیں۔

اور احادیث میں قولی اور فعلی حدیثوں میں ان دونوں پہلوؤں کی تعلیم دی گئی ہے۔ ایک طرف فرمایا: لا عَدْوَی: کوئی بیماری بذاتِ خود کسی کو نہیں لگتی، اور باب میں روایت ہے کہ آپؐ نے ایک کوڑھی کو اپنے ساتھ کھلایا اور دوسری طرف متفق علیہ روایت ہے کہ کوڑھی سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو، اور بنوثقیف کے وفد میں ایک کوڑھی آیا تھا، آپؐ نے اس کو کہلوادیا کہ لوٹ جاؤ، آپؐ نے اپنے پاس اس کو نہیں آنے دیا، یہ دونوں پہلوؤں کو جمع کرنے کی تعلیم ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا، پس اس کو اپنے ساتھ بڑے پیالے میں داخل کیا، پھر فرمایا: ''کھا، اللہ کے نام سے (شروع کر) اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اور اس پر اعتماد کرتے ہوئے''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، سند کا ایک راوی مفضل بن فضالہ ابو مالک بصری (مبارک بن فضالہ کا بھائی) ضعیف ہے (اور ایک دوسرا راوی مفضل بن فضالہ قتبانی مصری ہے وہ ثقہ ہے، وہ اس سند میں نہیں ہے)

اور امام شعبہ رحمہ اللہ اس روایت کو حبیب بن الشہید سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ عبداللہ بن بریدۃ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا الی آخرہ۔ یہ حدیث منقطع ہے عبداللہ نے حضرت عمرؓ کا زمانہ نہیں پایا، مگر امام ترمذیؒ نے اسی روایت کو اصح کہا ہے یعنی حدیث میں جو واقعہ ہے وہ نبی ﷺ کا نہیں ہے، بلکہ حضرت عمرؓ کا ہے۔ حالانکہ شعبہؒ کی روایت معلوم نہیں کس کتاب میں ہے اور باب کی روایت سنن اربعہ میں ہے، اگرچہ اس میں مفضل ضعیف راوی ہے، مگر وہ روایت بہر حال کتابوں میں ہے، پس اسی کو اصح کہنا چاہئے تھا۔

[١٩-] باب ماجاء فی الأَكْلِ مَعَ الْمَجْذُوْمِ

[١٨١١-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ الأَشْقَرُ، وَإِبْرَاهِيْم بنُ يَعْقُوْبَ، قَالاَ: ثنَا يُوْنُس بنُ مُحمدٍ، ثنَا الْمُفَضَّلُ بنُ فَضَالَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ الشَّهِيْدِ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ، فَأَدْخَلَهُ مَعَهُ فِي الْقَصْعَةِ، ثُمَّ قَالَ: "كُلْ، بِسْمِ اللّٰهِ، ثِقَةً بِاللّٰهِ، وَتَوَكُّلاً عَلَيْهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ بنِ مُحمدٍ، عَنِ الْمُفَضَّلِ بنِ فَضَالَةَ، وَالْمُفَضَّلُ بنُ فَضَالَةَ هٰذَا: شَيْخٌ بَصْرِيٌّ، وَالْمُفَضَّلُ بنُ فَضَالَةَ: شَيْخٌ آخَرُ مِصْرِيٌّ، أَوْثَقُ مِنْ هٰذَا وَأَشْهَرُ.

وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ حَبِيْبِ بنِ الشَّهِيْدِ، عَنْ ابنِ بُرَيْدَةَ: أَنَّ عُمَرَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُوْمٍ، وَحَدِيْثُ شُعْبَةَ أَشْبَهُ عِنْدِيْ وَأَصَحُّ.

ترکیب: ثقةً باللہ اور توکلاً علیہ: کُلْ کی ضمیر فاعل سے حال ہیں یعنی اللہ پر بھروسہ کر اور اعتماد کر اور کھا (مجھے ان شاءاللہ کوئی ضرر نہیں پہنچے گا)...... حدیث کو سمجھنے کے لئے ایک فرضی مثال یہ ہے: مجمع میں ایک کوڑھی تھا، جب کھانے بیٹھے تو اس کو کوئی اپنے ساتھ کھلانے کے لئے تیار نہیں تھا، وہ بیچارہ مایوس کھڑا تھا، نبی ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ پیالہ میں شریک کرلیا...... أدخلہ کی ضمیر یَدٌ (مؤنث سماعی) کی طرف لوٹتی ہے بتاویل عضو۔ اور اس ترکیب کی صورت میں الکوکب الدری میں ایک سوال و جواب ہے:

سوال: اللہ پر توکل واعتماد کی ضرورت تو اس کو ہوتی ہے جو کوڑھی کو اپنے ساتھ کھلا رہا ہے، تعدیہ کا اندیشہ اور اس سے بچنے کی فکر تو اسی کو لاحق ہونی چاہئے نہ کہ مجذوم کو، پھر نبی ﷺ نے اس کو یہ تعلیم کیوں دی؟

جواب: کبھی مبتلا کو بھی اس کی حاجت ہوتی ہے، کیونکہ جس طرح کوڑھی یہ پسند نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ کھا کر اس کی بیوی بچے اس مرض میں مبتلا ہوں، اسی طرح وہ یہ بھی پسند نہیں کرتا کہ اپنے محبوب (رسول اللہ ﷺ) کے ساتھ شریک طعام ہو کر اس کو مرض میں مبتلا کرے، اس لئے آپؐ کو تو توکل واعتماد کی دولت حاصل تھی ہی مجذوم کو بھی اس کی تعلیم دی کہ میاں بے فکر ہو کر میرے ساتھ کھاؤ، مجھے ان شاءاللہ کوئی ضرر نہیں پہنچے گا۔

دوسری ترکیب: اور اگر ثقةً مصدر بمعنی وثوق ہو اور وہ فعل محذوف کا مفعول مطلق ہو أی کُلْ معی أَثِقُ باللہ أی أَعتمدُ علیہ، وأُفَوِّضُ أمری إلیہ، وأتوکل علیہ: یعنی میرے ساتھ کھا، میں اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں یعنی اس پر اعتماد کرتا ہوں اور اپنا معاملہ اسی کو سونپتا ہوں اور اسی پر توکل کرتا ہوں...... اس ترکیب کی صورت میں کوئی سوال و جواب نہیں ہوگا۔

ملحوظہ: ابن بریدۃ: جب بھی مبہم ہوتا ہے تو عبداللہ بن بریدۃ بن الحصیب مراد ہوتا ہے اور سلیمان بن بریدۃ کا

نام مذکور ہوتا ہے یہ دونوں بھائی ثقہ راوی ہیں، دونوں مرو کے قاضی تھے۔

بابُ ماجاء أَن المُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ

مؤمن ایک آنت کھاتا ہے اور کافر سات آنتیں!

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: الکافِرُ يَأْكُلُ فی سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، والمؤمنُ يأكلُ فی مِعًی واحدٍ: کافر سات آنتیں کھاتا ہے اور مؤمن ایک آنت کھاتا ہے۔

تشریح: یہاں ایک دُوہرا اعتراض ہے کہ یہ بات مشاہدہ کے خلاف ہے، بعض کافر کم کھاتے ہیں اور بعض مؤمن زیادہ، نیز کھانا اولاً معدہ میں جاتا ہے، پھر فضلہ انتڑیوں میں جاتا ہے اور انتڑیاں کافر اور مؤمن کی یکساں ہیں۔

اس کا جواب: یہ ہے کہ حدیث میں تمثیل ہے کہ کافر پر پیٹ کی فکر سواری رہتی ہے اور مؤمن پر آخرت کی، مؤمن کی دنیا کی طرف سے بے توجہی قلتِ طعام کا سبب ہوتی ہے، نیز مؤمن کے شایانِ شان بھی کم کھانا ہے، کیونکہ یہ ایمانی خصلت ہے اور کھانے کی حرص کفر کی عادت ہے۔

حدیث (۲): ایک غیر مسلم رسول اللہ ﷺ کا مہمان ہوا، آپؐ نے اس کے لئے بکری دوہنے کا حکم دیا، چنانچہ وہ دوہی گئی، پس وہ اس کا دودھ پی گیا، پھر دوسری کے لئے حکم دیا تو وہ بھی دوہی گئی، پس وہ اس کو بھی پی گیا، پھر ایک اور دوہی گئی، اس کا دودھ بھی پی گیا، یہاں تک کہ وہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا، پھر آئندہ صبح وہ مسلمان ہو گیا، پس اس کے لئے رسول اللہ ﷺ نے ایک بکری کا حکم دیا، چنانچہ وہ دوہی گئی، پس وہ اس کا دودھ پی گیا، پھر اس کے لئے دوسری بکری دوہنے کا حکم دیا تو وہ اس کو پورا نہ پی سکا، اس موقع پر آپؐ نے فرمایا: ''مؤمن ایک آنت پیتا ہے، اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے''

تشریح: حدیث جملہ خبریہ ہے یعنی اس میں ایک بات کی اطلاع دی گئی ہے، اور ہر خبر انشاء کو متضمن ہوتی ہے، پس خبر تو پیرایۂ بیان ہے، اور انشاء مقصود ہے، اور سات کا عدد تکثیر کے لئے ہے یعنی یہ خبر دی ہے کہ کافر کھانے کا حریص ہوتا ہے اور مؤمن قانع ہوتا ہے، اور آپؐ نے یہ بات عمومی احوال کے اعتبار سے فرمائی ہے، کوئی کلیہ نہیں بیان کیا اور اس سے یہ تعلیم دینا مقصود ہے کہ مؤمن کے شایانِ شان یہ بات ہے کہ وہ بقدرِ ضرورت کھانے پر اکتفا کرے، زیادہ کھانا اس کے لائق نہیں۔

[۲۰-] باب ماجاء أَنَّ الْمُؤْمِنَ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ

[۱۸۱۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: '' الْكَافِرُ يَأْكُلُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ، وَالْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِيْ مِعًى وَاحِدٍ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وأَبِيْ بَصْرةَ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَجَهْجَاهِ الغِفَارِيِّ، وَمَيْمُوْنَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

[١٨١٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم ضَافَهُ ضَيْفٌ كَافِرٌ، فَأَمَرَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَاةٍ، فَحُلِبَتْ، فَشَرِبَ، ثُمَّ أُخْرَى، فَحُلِبَتْ، فَشَرِبَهُ، ثُمَّ أُخْرَى فَشَرِبَهُ، حَتَّى شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِيَاهٍ، ثُمَّ أَصْبَحَ مِنَ الغَدِ فَأَسْلَمَ، فَأَمَرَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِشَاةٍ، فَحُلِبَتْ، فَشَرِبَ حِلَابَهَا، ثُمَّ أَمَرَ لَهُ بِأُخْرَى، فَلَمْ يَسْتَتِمَّهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمُؤْمِنُ يَشْرَبُ فِيْ مِعىً وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ يَشْرَبُ فِيْ سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في طَعَامِ الْوَاحِدِ يَكْفِيْ الِاثْنَيْنِ

ایک کا کھانا دو کے لئے کافی ہے

مکارم اخلاق میں سے صفت "ایثار" ہے، یعنی دوسرے کے نفع کو اپنے نفع سے مقدم رکھنا، اور ایثار کا اعلیٰ درجہ وہ ہے جس کا ذکر سورۃ الحشر (آیت ۹) میں آیا ہے: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾ یعنی وہ اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگرچہ ان کا فاقہ ہی ہو، اور اس کا ادنیٰ درجہ وہ ہے جو اس حدیث میں ہے کہ دوسرے کو کھانے میں شریک کرلیا جائے۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "دو کا کھانا تین کے لئے کافی ہے، اور تین کا کھانا چار کے لئے کافی ہے"

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ایک کا کھانا دو کے لئے کفایت کرتا ہے، اور دو کا کھانا چار کے لئے کفایت کرتا ہے، اور چار کا کھانا آٹھ کے لئے کفایت کرتا ہے"

تشریح: دونوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ ایک کا کھانا جس سے وہ شکم سیر ہوجائے اگر دو شخص کھائیں تو دونوں کا دال دلیا ہوجائے گا یعنی کام چل جائے گا، پس ایسی صورت پیش آئے تو بے تکلف دوسرے کو کھانے میں شریک کرلیا جائے یہ بھی ایثار کا ایک درجہ ہے۔

[٢١-] باب ماجاء في طَعَامِ الْوَاحِدِ يَكْفِيْ الِاثْنَيْنِ

[١٨١٤-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، ح: وَثَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "طَعَامُ الِاثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ،

وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ كَافِي الْأَرْبَعَةِ"

وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٨١٥-] وَرَوَى جَابِرٌ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الِاثْنَيْنِ، وَطَعَامُ الِاثْنَيْنِ يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ، وَطَعَامُ الْأَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ" حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

ترکیب: پہلی حدیث میں کافی: اسم فاعل ہے، اس کی مابعد کی طرف اضافت بھی ہوسکتی ہے اور اس کو مفعول بھی بنایا جاسکتا ہے، اور دوسری حدیث میں یکفی کا مابعد اس کا مفعول ہے...... اور الاثنین کے دونوں ہمزہ وصلی ہیں، اس لئے لام کا زیر پڑھیں گے۔

بابُ ماجاء في أَكْلِ الْجَرَادِ

ٹڈی کھانا جائز ہے

ٹڈی: ایک قسم کا پردار کیڑا ہے جو درختوں اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے، میرے بچپن میں ٹڈی دَل آیا تھا، منجد میں اس کا فوٹو ہے، اور ٹڈی بالاجماع حلال ہے اور جمہور کے نزدیک مری ہوئی بھی حلال ہے، البتہ مالکیہ کے نزدیک ذبح ضروری ہے، پھر ذبح کے طریقہ میں اختلاف ہے: کوئی کہتا ہے: سرکاٹ دیا جائے، کوئی کہتا ہے: اگر ہانڈی یا آگ میں گرجائے تو حلال ہے اور اپنی موت مرے یا کسی برتن میں مرے تو حلال نہیں، اور ابن وہیب کہتے ہیں: اس کا پکڑنا ہی ذبح ہے...... اور جمہور کی دلیل: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: أُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ: الميتَتَان: الحوتُ والجرادُ، والدَّمَان: الكَبِدُ والطِّحَال: ہمارے لئے دو مردار اور دوخون حلال کئے گئے ہیں: دو مردار: مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دوخون: جگر اور تلّی ہیں (رواہ ابن ماجہ واحمد والدارقطنی، مشکوٰۃ حدیث ۴۱۳۲ کتاب الصید)

فائدہ: ابوداؤد (حدیث ۳۸۱۲) میں حضرت سلمان فارسی کی روایت ہے: نبی ﷺ سے ٹڈی کے بارے میں پوچھا گیا؟ آپؐ نے فرمایا: أكثرُ جنودِ اللّٰهِ، لا آكلُه ولا أُحَرِّمُه: ٹڈیاں اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا لشکر ہیں (جس نے ٹڈی دل دیکھا ہے وہی اس کو سمجھ سکتا ہے) میں نہ اس کو کھاتا ہوں نہ حرام قرار دیتا ہوں، یہ حدیث ضعیف ہے، اس کے موصول ومرسل ہونے میں اختلاف ہے اور درج ذیل حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، جس سے حلت ثابت ہوتی ہے، اور طبعی ناپسندیدگی پر بھی اس کو محمول کیا جاسکتا ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے ٹڈی کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ چھ جنگیں لڑی ہیں، ہم ٹڈی کھاتے تھے۔

ملحوظہ: اس روایت میں ابن عیینہ کی روایت میں چھ غزوات ہیں، اور سفیان ثوری کی روایت میں سات اور شعبہؒ کی روایت میں تعداد مذکور نہیں (مگر بخاری اور ابوداؤد میں شعبہ کی روایت میں چھ یا سات میں شک ہے)

[٢٢-] باب ماجاء فی أَكْلِ الْجَرَادِ

[١٨١٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ يَعْفُوْرَ الْعَبْدِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ أَوْفٰی، أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْجَرَادِ؟ فَقَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم سِتَّ غَزَوَاتٍ نَأْكُلُ الْجَرَّادَ.

هٰكَذَا رَوٰی سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِیْ يَعْفُوْرَ هٰذَا الحديثَ، وَقَالَ: سِتَّ غَزَوَاتٍ، وَرَوٰی سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ أَبِیْ يَعْفُوْرَ هٰذَا الحديثَ، وَقَالَ: سَبْعَ غَزَوَاتٍ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ يَعْفُوْرَ: اسْمُهُ وَاقِدٌ، وَيُقَالُ: وَقْدَانُ أَيْضًا، وَأَبُوْ يَعْفُوْرَ الآخَرُ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عُبَيْدِ بنِ نِسْطَاسٍ.

[١٨١٧-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، وَالْمُؤَمَّلُ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ يَعْفُوْرَ، عَنْ ابنِ أَبِیْ أَوْفٰی، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم سَبْعَ غَزَوَاتٍ، نَأْكُلُ الْجَرَادَ.

وَرَوٰی شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِیْ يَعْفُوْرَ، عَنْ ابنِ أَبِیْ أَوْفٰی، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم غَزَوَاتٍ نَأْكُلُ الْجَرَادَ، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ بِهٰذَا.

بابُ ماجاء فی أَكْلِ لُحُوْمِ الْجَلاَّلَةِ وَأَلْبَانِهَا

مینگنی اور لید کھانے والے چوپایے کے گوشت اور دودھ کا حکم

الجِلَّة: مینگنی اور لید، الجلاَّلَة (اسم مبالغہ) وہ چوپایہ جو مینگنی اور لید بہت کھاتا ہو یعنی اس کا اکثر چارہ یہی ہو، اور اگر اکثر چارہ پاک ہو تو جلالہ نہیں، اور ایک قول یہ ہے کہ کثرت وقلت کا اعتبار نہیں، بدبو پر مدار ہے، اور الکوکب الدری میں ہے کہ جب نجاست کا اثر پسینے، دودھ اور گوشت میں صاف محسوس ہو تو وہ حرام ہے۔

امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام احمد رحمہم اللہ کے نزدیک جلالہ کا گوشت اور دودھ مکروہ تحریمی ہے اور اس کا پسینہ ناپاک ہے، اور امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک جلالہ کا گوشت کھانے میں کوئی حرج نہیں۔

اور جلالہ جانور سے انتفاع کی صورت یہ ہے کہ اس کو روک لیا جائے اور دوسرا چارہ دیا جائے، جب اس کے پسینہ، دودھ اور گوشت کی بدبو ختم ہوجائے تو اب انتفاع جائز ہے اور کتنی مدت باندھ رکھا جائے؟ اس میں اختلاف ہے اور بذل المجہود میں ہے کہ جب تک نجاست کا اثر زائل نہ ہو روکے رکھا جائے۔

مسئلہ: جو جانور کبھی نجاست کھاتا ہو وہ حلال ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے مرغی کھائی ہے اور وہ کبھی نجاست کھاتی ہے (کوکب)

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے جلالہ کا گوشت کھانے سے اور اس کا دودھ پینے سے منع فرمایا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مُجَثَّمَة (نشانہ بنا کر تیروں سے مارے ہوئے جانور) سے اور جلالہ کے دودھ سے اور مشکیزے کے منہ سے پینے سے منع فرمایا۔

تشریح: پہلی حدیث صرف حسن اس لئے ہے کہ ابن ابی نجیح کے تلامذہ میں اختلاف ہے، کوئی عن مجاهد، عن ابن عمر روایت کرتا ہے، اور کوئی عن مجاهد کہہ کر مرسل روایت کرتا ہے، اور کوئی عن مجاهد، عن ابن عباس روایت کرتا ہے، اور دوسری حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور عبداللہ بن عمرو کی روایت ابوداؤد (حدیث ۳۸۱۰) اور نسائی (حدیث ۴۴۴۷) میں ہے۔ اور مجثمة کا مسئلہ پہلے گذر چکا ہے اور مشکیزے کے منہ سے پینے کی ممانعت آگے آرہی ہے۔

[۲۳-] باب ماجاء فی أَكْلِ لُحُوْمِ الجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا

[۱۸۱۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا.

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى الثَّوْرِيُّ عَنْ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

[۱۸۱۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِي أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ الْمُجَثَّمَةِ، وَعَنْ لَبَنِ الْجَلَّالَةِ، وَعَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ.

قَالَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ: وَثَنَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

فائدہ: اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ماکول اللحم جانوروں کے فضلات ناپاک ہیں، ورنہ جلالہ کی ممانعت نہ کی جاتی۔ یہ مسئلہ اختلافی ہے اور تحفۃ الالمعی (۳۱۶:۱) میں آچکا ہے۔

بابُ ماجاء فی أَكْلِ الدَّجَاجِ

مرغی کھانے کا بیان

مرغی: بالاتفاق حلال ہے، البتہ نجاست خور مرغی میں بحث ہے کہ وہ جلالہ کے دائرہ میں آتی ہے یا نہیں؟ کچھ لوگ اس کو بھی جلالہ کی حدیث کے تحت لاتے ہیں، اور کچھ لوگ جلالہ کو چوپایے کے ساتھ خاص رکھتے ہیں، اور صحیح یہ ہے کہ خاص نہیں چنانچہ جو کوّا صرف مردار کھاتا ہے وہ اسی حدیث سے حرام ہے، مگر مرغی عام طور پر خلط کرتی ہے یعنی کبھی نجاست کھاتی ہے اور عام طور پر غلہ دانہ چگتی ہے، اور خلط کرنے والا جانور حلال ہے۔

حدیث: زہدم کہتے ہیں: میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، ان کے پاس کھانے میں مرغی کا گوشت آیا، مجمع میں سے ایک آدمی پیچھے ہٹ گیا، حضرت ابوموسیٰ نے اس سے ہٹنے کی وجہ دریافت کی، اس نے عرض کیا: میں نے مرغی کو گندگی کھاتے دیکھا ہے، اس لئے میں نے مرغی نہ کھانے کی قسم کھالی ہے۔ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: قریب آؤ (اور کھاؤ) میں نے نبی ﷺ کو مرغی کا گوشت کھاتے دیکھا ہے۔

[٢٤-] باب ماجاء فی أَكْلِ الدَّجَاجِ

[١٨٢٠-] حدثنا زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ، ثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ، عَنْ أَبِى الْعَوَّامِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ الجَرْمِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَبِىْ مُوْسَى، وَهُوَ يَأْكُلُ دَجَاجَةً، فَقَالَ: ادْنُ فَكُلْ، فَإِنِّىْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ زَهْدَمٍ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ زَهْدَمٍ، وأَبُوْ الْعَوَّامِ: هُوَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ.

[١٨٢١-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ لَحْمَ دَجَاجٍ، وَفِى الحديثِ كَلاَمٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَقَدْ رَوَى أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِىُّ هٰذَا الحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ التَّمِيْمِىِّ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِىِّ.

لغت: الدجاج اور الديك: مرغا ...... الدَّجَاجة: مرغی ...... عمران بن داور ابوالعوّام القطان البصری: معمولی درجہ کا راوی ہے اور وہ غلطیاں بھی کرتا ہے، اس لئے اس کی سند سے حدیث صرف حسنٌ ہے، اور دوسری سند سے حسنٌ صحیحٌ ہے...... دوسری حدیث میں زائد کلام بخاری و مسلم اور شمائل میں ہے، اوپر اسی کا ترجمہ کیا گیا ہے۔

بابُ ماجاء فی أَکْلِ الْحُبَارَی

حُباری کے کھانے کا بیان

حباری: تیتر جیسا ایک پرندہ ہے، البتہ اس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں، ہمارے علاقہ میں نہیں ہوتا، منجد میں اس کا فوٹو ہے، یہ پرندہ بے وقوفی میں مشہور ہے، مثل ہے: کلُّ شیئٍ یُحِبُّ ولدَہ حتی الحباری: یعنی حباری: بے وقوفی کے باوجود اپنے چوزے سے محبت کرتا ہے اور اس کو اڑنا سکھاتا ہے۔ حباری بالاتفاق حلال ہے۔ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ حباری کا گوشت کھایا ہے، یہ حدیث ضعیف ہے، عقیلی اور ابن حبان نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے (قالہ الحافظ فی التلخیص) ابراہیم بن عبدالرحمٰن: صدوق لہ مناکیر اور ابراہیم بن عمر جس کا لقب بُریہ ہے: وہ مستور ہے۔

[۲۵-] باب ماجاء فی أَکْلِ الْحُبَارَی

[۱۸۲۲-] حدثنا الفَضْلُ بنُ سَهْلٍ الأَعْرَجُ البَغْدَادِیُّ، ثَنَا إِبْرَاهِیْمُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ مَهْدِیٍّ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ بنِ عُمَرَ بنِ سَفِیْنَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَکَلْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم لَحْمَ حُبَارَی.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وإِبْرَاهِیْمُ بنُ عُمَرَ بنِ سَفِیْنَةَ: رَوَی عَنْهُ ابنُ أَبِیْ فُدَیْكٍ، وَیَقُوْلُ: بُرَیْهِ بنِ عُمَرَ بنِ سَفِیْنَةَ.

وضاحت: بُرَیْه: یا تو ابراہیم کا لقب ہے یا ابراہیم کی تصغیر ہے، ابن ابی فدیک: اپنی روایت میں یہی لقب استعمال کرتے تھے۔

بابُ ماجاء فی أَکْلِ الشِّوَاءِ

بھنا ہوا گوشت کھانے کا بیان

الشِّوَاء: بھنا ہوا گوشت کھانا جائز ہے، نبی ﷺ سے اس کا کھانا ثابت ہے، پس یہ بات دینداری کے منافی نہیں، نہ یہ بات تعیش کے زمرے میں آتی ہے، حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں: میں نے بکری کا بھنا ہوا پہلو نبی ﷺ سے نزدیک کیا یعنی آپؐ کے سامنے رکھا، پس آپؐ نے اس میں سے نوش فرمایا، پھر آپؐ نماز کے لئے اٹھے اور وضو نہیں کی معلوم ہوا کہ مامست النار سے وضو نہیں ٹوٹتی، یہ مسئلہ تفصیل سے تحفۃ الالمعی (۱: ۳۲۵) میں گذر چکا ہے۔

[٢٦-] باب ماجاء في أَكْلِ الشِّوَاءِ

[١٨٢٣-] حدثنا الحَسَنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفرَانِيُّ، ثَنَا حَجَّاجُ بنُ مُحمدٍ، قَالَ: قَالَ ابنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ: أَنَّ عَطَاءَ بنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا قَرَّبَتْ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَنْبًا مَشْوِيًّا، فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلاَةِ، وَمَا تَوَضَّأَ.

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، وَالْمُغِيْرَةِ، وأَبِيْ رَافِعٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الأَكْلِ مُتَّكِئًا

ٹیک لگا کر کھانا مکروہ ہے

کھانے کے آداب میں سے یہ ہے کہ مناسب ہیئت پر بیٹھ کر کھایا جائے، نامناسب ہیئت میں کھانے سے احتراز کیا جائے، اور مناسب ہیئت کیا ہے؟ اس کی تعیین نہیں کی گئی، کیونکہ وہ بہت سی ہیئتیں ہوسکتی ہیں، البتہ منفی پہلو سے یہ ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ ٹیک لگا کر نہ کھایا جائے۔

اس کی نظیر: احرام میں کیا کپڑے پہنے جائیں؟ اس کی تعیین نہیں کیگئی، کیونکہ وہ بہت سے کپڑے ہوسکتے ہیں، البتہ احرام میں کیا کیا کپڑے نہ پہنے جائیں؟ اس کی تعیین کردی، اب جو باقی بچے وہ احرام میں پہنے جاسکتے ہیں (تفصیل تحفۃ الالمعی ۳: ۲۲۹ میں گذر چکی ہے)

اسی طرح یہاں بھی مناسب ہیئت کی تعیین نہیں کی، اور جن حدیثوں میں یہ آیا ہے کہ نبی ﷺ کو فلاں ہیئت میں کھاتے ہوئے دیکھا گیا: ان سے ہیئت کی تعیین نہیں ہوتی، کیونکہ وہ فعلی روایتیں ہیں...... البتہ منفی پہلو سے یہ قاعدہ بیان کیا کہ ٹیک لگا کر نہیں کھانا چاہئے، پھر ٹیک لگانے کی کیا صورت ہے؟ یہ بات بھی روایات میں نہیں آئی، اور علماء نے اتنی مختلف تفسیریں کی ہیں کہ شد خوابِ من پریشاں زکثرتِ تعبیرہا!...... دائیں بائیں جھک کر اور ہاتھ ٹیک کر کھانا تو اس کا مصداق ہے ہی، خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گدے پر باطمینان بیٹھ کر کھانا بھی ٹیک لگا کر کھانا ہے، اور ابن القیمؒ نے چارزانو بیٹھ کر کھانے کو بھی ٹیک لگا کر کھانا قرار دیا ہے، اور اس کے علاوہ بھی تفسیریں کی گئی ہیں، پس بہتر یہ ہے کہ اس کو رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا جائے، اس قسم کی الجھی ہوئی باتوں میں امام اعظم رحمہ اللہ کا یہی مزاج ہے، جیسے نماز میں عمل کثیر کا مسئلہ، عمل کثیر کی مختلف تعریفیں کی گئی ہیں۔ اس لئے اس کو رائے مبتلی بہ پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

پس ہر شخص دو باتیں پیش نظر رکھ کر اس کی تعیین کرے، ایک: ایسی ہیئت میں نہیں کھانا چاہئے کہ پیٹ بڑا ہو

جائے، یہ وجہ حضرت نخعیؒ نے بیان کی ہے، فرمایا: کانوا یکرھون أن یأکلوا اتکاءۃً مخافۃ أن تعظم بطونھم (ابن ابی شیبہ) یعنی سلف ٹیک لگا کر کھانے کو اس اندیشہ سے ناپسند کرتے تھے کہ ان کے پیٹ بڑھ جائیں گے۔ دوم: متکبروں کی حالت اختیار نہیں کرنی چاہئے، متواضعانہ حالت میں کھانا چاہئے، یہ وجہ حدیث میں آئی ہے، ابن ماجہ (حدیث ۳۲۶۳) میں ہے: حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو بکری ہدیہ میں پیش کی، آپؐ نے دوزانو بیٹھ کر کھانا شروع کیا، ایک بدّو بولا: یہ بیٹھنے کی کیا ہیئت ہے! آپؐ نے فرمایا: إن اللہ جعلنی عبداً کریما، ولم یجعلنی جباراً عنیداً: اللہ تعالیٰ نے مجھے معزز بندہ (غلام) بنایا ہے، اور مجھے سرکش ضدی نہیں بنایا (اس لئے میں متواضعانہ ہیئت پر بیٹھ کر کھاتا ہوں)

غرض: ان دو باتوں کا لحاظ کر کے طلباء ٹیک لگانے کا مفہوم خود متعین کریں، میرے خیال میں تین صورتیں ٹیک لگانے میں شامل ہیں: ۱- کرسی پر بیٹھ کر کھانا، کیونکہ اس حالت میں پیٹ تنا رہتا ہے، اس لئے زیادہ کھایا جاتا ہے اور آدمی توندو ہو جاتا ہے ۲- دیوار وغیرہ سے پیٹھ لگا کر کھانا، اس حالت میں بھی پیٹ تنا رہتا ہے، اور زیادہ کھایا جاتا ہے ۳- ایک جانب جھک کر ہاتھ سے ٹیک لگا کر کھانا، یہ متکبرانہ وضع ہے، باقی حالتوں کے بارے میں طلبہ خود فیصلہ کریں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: أَمَّا أَنَا فَلاَ آکُلُ مُتَّکِئًا: رہا میں تو ٹیک لگا کر نہیں کھاتا ہوں۔

تشریح: یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۳۷۶۹) اور ابن ماجہ (حدیث ۳۲۶۲) میں بھی ہے، ان میں أَمَّا أَنا نہیں ہے، صرف لا آکُلُ مُتکئا ہے اور یہی صحیح معلوم ہوتا ہے، کیونکہ أما أنا چاہتا ہے کہ مقابل کوئی شخص ٹیک لگا کر کھا رہا ہو، اور اس کو اس حالت پر اصرار بھی ہو یا کم از کم اس کو وہ حالت پسند ہو جس پر نبی ﷺ نے نکیر فرمائی ہو، مگر روایات میں ایسا کوئی واقعہ مروی نہیں۔

اور اس حدیث کا شانِ ورود یہ واقعہ ہے: ایک مرتبہ ایک ایسا فرشتہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جو پہلے کبھی نہیں آیا تھا، اور اس نے یہ پیغام پہنچایا کہ آپؐ کے پروردگار آپؐ کو اختیار دیتے ہیں کہ آپؐ خواہ بندہ نبی بنیں یا بادشاہ نبی، آپؐ نے حضرت جبرئیل کی طرف دیکھا جیسے ان سے مشورہ طلب کر رہے ہوں، انھوں نے اشارہ سے فرمایا کہ فروتنی اختیار کریں، چنانچہ آپؐ نے اس فرشتہ کو جواب دیا: بل عبداً نبیا، قال: فما آکل متکئا: بلکہ میں بندہ نبی بننا چاہتا ہوں اور فرمایا: پس میں ٹیک لگا کر نہیں کھاتا یعنی بندہ نبی بننے کی یہ ایک صورت ہے اور اس سے یہ بھی واضح ہوا کہ متواضعانہ ہیئت میں کھانا چاہئے۔

[۲۷-] باب ماجاء فی کراھیة الأَکْلِ مُتَّکِئًا

[۱۸۲۴-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا شَرِیْكٌ، عَنْ عَلِیِّ بنِ الأَقْمَرِ، عَنْ أَبِیْ جُحَیْفَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم: ” أَمَّا أَنَا فَلاَ آكُلُ مُتَّكِئًا“

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بنِ الْأَقْمَرِ.

وَرَوَى زَكَرِيَّا بنُ أَبِي زَائِدَةَ، وَسُفْيَانُ بنُ سَعِيْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْأَقْمَرِ هٰذَا الحديثَ، وَرَوَى شُعْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْأَقْمَرِ.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، علی بن اقمر سے آخر تک ایک سند ہے، زکریا اور سفیان ثوری وغیرہ بھی علی ہی سے روایت کرتے ہیں بلکہ امام شعبہ تو ثوری سے، اور وہ علی سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی حُبِّ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ

نبی ﷺ کو میٹھا اور شہد پسند تھا

میٹھی چیز معدے کو قوت پہنچاتی ہے، نبی ﷺ کو طبعی طور پر میٹھا کھانا اور شہد مرغوب تھا، الحلواء: ہر میٹھے کھانے کو کہتے ہیں، اور شہد کا ذکر تعمیم کے بعد تخصیص ہے یعنی خاص طور پر شہد پسند تھا۔ اور ان چیزوں کے پسند ہونے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپؐ ان کو بہت چاہتے تھے اور ان کے لئے بے چین رہتے تھے، بلکہ اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ جب یہ چیزیں سامنے آتیں تو آپؐ شوق سے کھاتے، جس سے صحابہ سمجھتے کہ یہ کھانا آپؐ کو پسند ہے، اور یہ بات امام خطابی رحمہ اللہ نے بیان کی ہے، اور مجھے اس کا خوب تجربہ ہے، یوروپ اور امریکہ میں اگر دعوت میں میں کوئی کھانا رغبت سے کھاتا ہوں تو فوراً خبر پھیل جاتی ہے کہ حضرت کو فلاں کھانا پسند ہے، پھر ہر دعوت میں وہ کھانا سامنے آتا ہے۔

لطیفہ: بولٹن (برطانیہ) میں ایک دعوت میں کریلا سامنے آیا، میں نے رغبت سے کھایا، کیونکہ مجھے ذیابیطس ہے اور کریلا اس میں مفید ہے پس پورے محلّہ میں خبر پھیل گئی اور اب ہر دعوت میں کریلا ضرور ہوتا تھا، حالانکہ کریلا پکانا ہر عورت نہیں جانتی، اب یہ کڑوا کھانا کیسے کھایا جائے اور نہ کھائیں تو پکانے والوں کی دل شکنی ہو، چنانچہ میں مجبوراً زہر مار کرتا تھا، اور احباب نے اس کا نام ”فرض عین“ رکھ دیا، دیکھتے ہی کہتے: فرضِ عین آگیا!

[۲۸-] باب ماجاء فی حُبِّ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ

[۱۸۲۵-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، وَمَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، وَأَحْمَدُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالُوْا: ثَنا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، وَفِيْ الحديثِ كَلَامٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا.

وضاحت: یہ حدیث غریب اس لئے ہے کہ ہشام ہی اس کے راوی ہیں اور یہ حدیث بخاری ومسلم میں مفصل ہے، اس میں ایک اسکیم کے تحت ازواج نے آپؐ کے لئے شہد حرام کرایا تھا (دیکھیں مسلم شریف حدیث ۱۴۷۴/ ۲۱ کتاب الطلاق باب ۳)

فائدہ: نبی ﷺ کے زمانہ میں مَجِیع (بروزن عظیم) نامی حلوا بھی بنتا تھا، جو کھجور اور دودھ ملا کر بنایا جاتا تھا، ممکن ہے حدیث میں یہی حلوا مراد ہو۔

بابُ ماجاء فی إِكْثَارِ الْمَرَقَةِ

شوربا بڑھانے کا بیان

باب میں دو حدیثیں ہیں، پہلی ضعیف ہے، اس میں شوربا بڑھانے کا لازمی فائدہ بیان کیا گیا ہے، یعنی اگر گوشت کم ہو، اور فیملی بڑی ہو تو شوربا زیادہ کرلیا جائے، تاکہ جس کو بوٹی نہ پہنچے یا کم پہنچے وہ شوربے سے کام چلالے، کیونکہ وہ بھی گوشت کا شوربا ہے، پس گویا اس نے گوشت کھایا...... اور دوسری حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اس میں شوربا زیادہ رکھنے کا متعدی فائدہ بیان کیا گیا ہے کہ شوربا زیادہ ہوگا تو چمچہ دو چمچہ پڑوسی کو بھی پہنچے گا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی گوشت خریدے، پس چاہئے کہ وہ اس کا شوربا زیادہ کرے، پس اگر وہ گوشت نہ پائے تو شوربا پالے گا، اور شوربا دو گوشتوں میں سے ایک ہے'' یعنی وہ بھی گویا گوشت ہے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، محمد بن فضاء ضعیف ہے اور اس کا باپ مجہول ہے، محمد بن فضاء کی شہرت معبر (تعبیر بیان کرنے والے) سے تھی، سلیمان بن حرب اس کی تضعیف کرتے تھے اور بیان کرتے تھے کہ وہ شراب بیچتا ہے اور پیتا بھی ہے، اور ابن معین سے کہا گیا: یہ خواب کی تعبیریں بتلاتا ہے! فرمایا: ہاں اور اس کی حدیثیں بھی اس کی تعبیر جیسی ہیں (تہذیب ترجمہ محمد بن فضاء)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص بھلائی میں سے کسی چیز کو ہرگز معمولی نہ سمجھے یعنی چھوٹی بڑی ہر بھلائی کرے، اور اگر (بھلائی کی راہ) نہ پائے تو چاہئے کہ وہ اپنے (مسلمان) بھائی سے خندہ پیشانی سے ملے، اور جب آپ کچھ گوشت خریدیں یا کوئی ہانڈی پکائیں تو اس کا شوربا زیادہ کرلیں (اور ہانڈی کا کھانا بھی بڑھالیں) اور اس میں سے ایک چمچہ اپنے پڑوسی کو دیں۔

[٢٩-] باب ماجاء في إِكْثَارِ الْمَرَقَةِ

[١٨٢٦-] حدثنا محمدُ بنُ عُمَرَ بن عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، ثَنَا مُسْلِمُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثنا مُحمدُ بنُ فَضَاءٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا اشْتَرَى أَحَدُكُمْ لَحْمًا فَلْيُكْثِرْ مَرَقَتَهُ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ لَحْمًا أَصَابَ مَرَقَةً، وَهُوَ أَحَدُ اللَّحْمَيْنِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ فَضَاءٍ، وَمُحمدُ بنُ فَضَاءٍ: هُوَ الْمُعَبِّرُ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَعَلْقَمَةُ: هُوَ أَخُوْ بَكْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ،

[١٨٢٧-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ عَلِيِّ بنِ الْأَسْوَدِ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا عَمْرُو بنُ مُحمدٍ العَنْقَزِيُّ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ صَالِحِ بنِ رُسْتُمَ أَبِيْ عَامِرٍ الْخَزَّازِ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَايَحْقِرَنَّ أَحَدُكُمْ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوْفِ، وَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيَلْقَ أَخَاهُ بِوَجْهٍ طَلِيْقٍ، وَإِذَا اشْتَرَيْتَ لَحْمًا أَوْ طَبَخْتَ قِدْرًا فَأَكْثِرْ مَرَقَتَهُ، واغْرِفْ لِجَارِكَ مِنْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ.

لغات: الطَّلِيْق من الوجوه: خندہ، مسکراتا ہوا چہرہ، کھلا ہوا ہشاش چہرہ ...... **قوله: فأكثر مرقته:** یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا محذوف ہے جو بین القوسین لکھا ہے...... اس باب کے بالکل آخر میں **هذا حديث حسن** تھا، یہ بے ضرورت ہے اور مصری نسخہ میں نہیں ہے، اس لئے اس کو حذف کیا ہے۔

بابُ ماجاء في فَضْلِ الثَّرِيْدِ

ثرید کی فضیلت

ثرید: روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا کھانا، اسی طرح گوشت پکتے ہوئے اس میں روٹی کے ٹکڑے ڈال دیئے جائیں تو یہ بھی ثرید ہے، ثرید: لذیذ، نرم اور زود ہضم ہوتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مردوں میں بہت سے کامل ہوئے، اور عورتوں میں صرف مریم اور آسیہ کامل ہوئیں، اور عائشہ کی برتری عورتوں پر ایسی ہے جیسی ثرید کی برتری تمام کھانوں پر''

تشریح: سورۃ الواقعہ میں ہے کہ اعلی درجہ کے لوگ اگلوں میں بہت زیادہ ہوئے ہیں اور پچھلوں میں تھوڑے

ہوئے ہیں، اسی طرح حدیثوں سے یہ بات ثابت ہے کہ اعلی درجہ کے لوگ مردوں میں بہت زیادہ ہوئے ہیں، اور عورتوں میں ان کی تعداد تھوڑی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ عورتوں میں نبوت تو مطلق نہیں، اور مقام شہادت بھی عام طور پر مردوں کو حاصل ہوتا ہے، اور عورتیں دین میں بھی ناقص ہوتی ہیں یعنی وہ اپنے مخصوص احوال کی وجہ سے مردوں کی طرح عبادت نہیں کرسکتیں، اس لئے فرمایا کہ مردوں میں تو بہت لوگ درجہ کمال کو پہنچے، اور عورتوں میں صرف عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ مریم بنت عمران، اور فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہما درجۂ کمال تک پہنچیں، اور اس امت کی عورتوں میں سے حضرت عائشہ کا مرتبہ سب سے فائق ہے، جیسے ثرید سب کھانوں میں عمدہ اور لذیذ ہوتا ہے، اسی طرح حضرت عائشہ سب عورتوں سے افضل ہیں۔

سوال: حضرت خدیجہ، حضرت فاطمہ اور حضرت عائشہ میں سے کون افضل ہے؟ حضرت عائشہؓ کی طرح باقی دو کے بارے میں بھی روایات آئی ہیں، حضرت خدیجہؓ کے بارے میں متفق علیہ روایت ہے: مریم اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے بہتر ہیں، اور خدیجہؓ اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے بہتر ہیں (مشکوٰۃ حدیث ۶۱۷۵) اور حضرت فاطمہؓ کے بارے میں بھی متفق علیہ روایت ہے: فاطمةُ بَضعةٌ منی : فاطمہ میرا پارہ (ٹکڑا) ہیں، پس ان تین میں سے افضل کون ہے؟

جواب: ان میں سے ہر ایک کو جزئی فضیلت حاصل ہے جو دوسری کو حاصل نہیں، غم گساری، ہمدردی اور سخت حالات میں رفاقت حضرت خدیجہ کا نصیب ہے اور جزئیت وبعضیت کی فضیلت حضرت فاطمہؓ کو حاصل ہے اور محبوبیت وفقاہت اور اشاعتِ دین کی فضیلت حضرت عائشہؓ کے حصہ میں آئی، اور فضیلت کلی کسی کو حاصل نہیں، جیسے نوح علیہ السلام کو "سب سے پہلا رسول" ہونے کی فضیلت حاصل ہوئی اور ابراہیم علیہ السلام کو خلت کا مقام حاصل ہوا اور موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا: یہ سب جزئی فضیلتیں ہیں، کلی فضیلت ان میں سے کسی کو حاصل نہیں۔

[۳۰-] باب ماجاء فی فَضْلِ الثَّرِيْدِ

[۱۸۲۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ مُرَّةَ الهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " كَمُلَ مِنَ الرِّجَالِ كَثِيْرٌ، وَلَمْ يَكْمُلْ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ؛ وَفَضْلُ عَائشة عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ"

وفی الباب: عَنْ عائشةَ، وأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء انْهَشُوْا اللَّحْمَ نَهْشًا

گوشت دانتوں سے نوچ کر کھاؤ

حدیث: امیر بصرہ عبداللہ بن الحارث بن نوفلؓ کہتے ہیں: میرے ابا نے میرا نکاح کیا، پس کچھ لوگوں کو دعوت میں بلایا، ان میں حضرت صفوان بن امیہؓ بھی تھے، پس انھوں نے کہا: نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''گوشت دانتوں سے نوچ کر کھاؤ، وہ زیادہ خوش گوار اور زیادہ زود ہضم ہوتا ہے''

تشریح: ہڈی پر سے گوشت اگر دانتوں سے نوچ کر کھایا جائے تو اس کے ساتھ تھوک ملتا ہے، جس کی وجہ سے گوشت کی لذت بڑھ جاتی ہے اور وہ جلدی ہضم ہوجاتا ہے اور جزو بدن بن جاتا ہے، اور حدیث ضعیف ہے، اس میں عبدالکریم مشہور ضعیف راوی ہے، اس راوی کی شہرت معلّم سے تھی، اس کو حدیثیں ٹھیک یاد نہیں تھیں، مگر بات تجربہ سے تعلق رکھتی ہے اور تجربہ یہی ہے کہ اس طرح گوشت کھانے سے خوب رچتا پچتا ہے۔

[٣١-] باب ماجاء انْهَشُوا اللَّحْمَ نَهْشًا

[١٨٢٩-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ أَبِيْ أُمَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، قَالَ: زَوَّجَنِيْ أَبِيْ، فَدَعَا أُنَاسًا فِيْهِمْ صَفْوَانُ بنُ أُمَيَّةَ، فَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''انْهَسُوْا اللَّحْمَ نَهْسًا، فَإِنَّهُ أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ''

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْمُعَلِّمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، مِنْهُمْ أَيُّوْبُ السِّخْتِيَانِيُّ.

لغات: نَهَشَ (بڑی شین کے ساتھ) اور نَهَسَ (چھوٹی سین کے ساتھ) اللَّحْمَ (ف) نَهْشًا وَنَهْسًا: کھانے کے لئے گوشت کو دانتوں سے نوچنا...... أَهْنَأُ: هَنِيْءٌ کا اسم تفضیل ہے: بہت خوش گوار، من پسند، مزیدار، هَنِئَ له الطعامُ (س) هَنأً وَهَنَاءَ ةً: کھانے کا کسی کے لئے لذیذ و پرلطف ہونا، کھانا مزیدار لگنا...... أَمْرَأُ: مَرِئٌ کا اسم تفضیل ہے: بہت زود ہضم اور خوش گوار کھانا، هَنِيْئًا مَرِيْئًا: کھانا تمہارے لئے خوش گوار اور نفع بخش ہو (بطور دعا) قرآن میں ہے: ﴿فَكُلُوْهُ هَنِيْئًا مَرِيْئًا﴾ تم اسے کھا کر لطف اٹھاؤ اور فائدہ اٹھاؤ، مَرَأَ الطعامُ (ف) مَرَاءَ ةً: کھانے کا مزیدار ہونا، مرغوب و پسندیدہ ہونا، خوش گوار اور بہتر ہونا (پس دونوں لفظ تقریباً ہم معنی ہیں اور ساتھ ساتھ استعمال کئے جاتے ہیں) رچنا: کھانا ہضم ہونا، جزو بدن ہونا...... پچنا: ہضم ہونا...... رچنا پچنا بھی تقریباً ہم معنی ہیں اور ایک ساتھ استعمال کئے جاتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الرُّخْصَةِ فِيْ قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّيْنِ

چھری سے گوشت کاٹنے کا جواز

اگرضرورت ہوتو چھری سے گوشت، ڈبل روٹی اور پھل وغیرہ کاٹنا جائز ہے، صحیح روایات میں آپؐ کا چھری سے گوشت کاٹنا مروی ہے پس اس پر دیگر چیزوں کو قیاس کیا جائے گا، بلکہ تبوک میں چھری سے آپؐ نے پنیر بھی کاٹا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۲۲۷) البتہ بے ضرورت چھری کا استعمال ممنوع ہے، یہ عجمیوں کا طریقہ ہے، وہ چھری کانٹے سے کھاتے ہیں، ضعیف روایات میں جو گوشت اور روٹی کاٹنے کی ممانعت آئی ہے اس کا یہی محمل ہے۔ امام ترمذیؒ نے لفظ رخصت استعمال کیا ہے یعنی پہلے ممانعت تھی، پھر اجازت ہوگئی، مگر اس کا کوئی قرینہ نہیں، اس لئے ضرورت اور بے ضرورت پر مسئلہ کا مدار رکھنا بہتر ہے۔

جواز کی روایت: حضرت عمرو بن امیہ ضمری نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے بکری کے شانے سے چھری سے گوشت کاٹا، پس اس کو کھایا پھر نماز کے لئے تشریف لے گئے اور وضو نہیں فرمائی (معلوم ہوا کہ مامست النار سے وضو نہیں ٹوٹتی، یہ حدیث متفق علیہ ہے)

ممانعت کی روایات: ابوداؤد (حدیث ۳۷۷۴) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مرفوع روایت ہے: **لاتَقْطَعُوْا اللحمَ بالسكين، فإنه من صَنِيْعِ الأعاجم، وَانْهَسُوْهُ، فإنه أَهْنَأُ وَأَمْرَأُ:** چھری سے گوشت مت کاٹو، اس لئے کہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے، بلکہ اس کو دانتوں سے نوچ کر کھاؤ، پس وہ زیادہ خوش گوار اور زیادہ زود ہضم ہے (اس کی سند میں ابومعشر نجیح بن عبدالرحمٰن سندی مدنی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث قرار دیا ہے)

اور طبرانی میں حضرت ابن عباس اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی روایت ہے: **لاتقطعوا الخبز بالسكين، كما تقطعه الأعاجم إلخ** چھری سے روٹی مت کاٹو، جس طرح عجمی لوگ کاٹتے ہیں اور جب تم میں سے کوئی گوشت کھانے کا ارادہ کرے تو اس کو چھری سے نہ کاٹے، بلکہ اس کو اپنے ہاتھ میں لے اور چاہئے کہ اس کو دانتوں سے نوچ کر کھائے، پس وہ زیادہ خوش گوار اور زیادہ زود ہضم ہے (اس کی سند میں عباد بن کثیر ثقفی ہے اور وہ بھی ضعیف راوی ہے)

[٣٢-] باب ماجاء عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنَ الرُّخْصَةِ فِي قَطْعِ اللَّحْمِ بِالسِّكِّيْنِ

[١٨٣٠-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ عَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّهُ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَزَّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، فَأَكَلَ مِنْهَا، ثُمَّ مَضَى إِلَى الصَّلاَةِ وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفى الباب: عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ.

ملحوظہ: حضرت مغیرہ کی حدیث شمائل باب ماجاء فی صفة إدام رسول الله صلی الله علیه وسلم میں ہے اور مشکوٰۃ (حدیث ۴۲۳۶) میں بھی ہے۔

بابُ ماجاء : أَيُّ اللَّحْمِ كَانَ أَحَبَّ إلى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ کو کونسا گوشت پسند تھا؟

بکری کے کس حصہ کا گوشت نبی ﷺ کو زیادہ پسند تھا؟ اس سلسلہ میں روایات مختلف ہیں: (۱) ابوداؤد (حدیث ۳۷۸۰) میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ كان أَحَبُّ الْعُرَاقِ إلى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم عُرَاقَ الشاة: نبی ﷺ کو بکری کی وہ ہڈی سب سے زیادہ پسند تھی جس کا گوشت اتار لیا گیا ہو (۲) اور ابن ماجہ (حدیث ۳۳۰۸) میں عبداللہ بن جعفرؓ کی مرفوع حدیث ہے: أَطْيَبُ اللحمِ لحمُ الظَّهْرِ: سب سے عمدہ گوشت پیٹھ کا گوشت ہے (۳) اور باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے اور ابوداؤد (حدیث ۳۷۸۱) میں ابن مسعودؓ کا بھی بیان ہے کہ دست کا گوشت آپؐ کو زیادہ پسند تھا۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس آخری روایت پر نقد کیا ہے کہ نبی ﷺ کو دست کا گوشت سب گوشتوں سے زیادہ پسند نہیں تھا، بلکہ دست کو پسند کرنے کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ گوشت نہیں پاتے تھے مگر گاہ بہ گاہ، پس وہ آپؐ کے سامنے جلدی پیش کر دیا جاتا تھا، کیونکہ دست کا گوشت سب گوشتوں میں جلدی پک جاتا ہے۔

بات درحقیقت یہ ہے کہ مختلف اعتبارات سے مختلف حصوں کا گوشت پسند کیا جاتا ہے، مزیدار گوشت اس ہڈی کا ہوتا ہے جس پر سے گوشت کا بڑا حصہ اتار لیا گیا ہو، اور چاپ پیٹھ میں سے نکلتی ہے اور وہ بھی پسند کی جاتی ہے، اور نرم گوشت گردن کا ہوتا ہے اور دست کا گوشت جلدی پک جاتا ہے، پس سب صحابہ کا بیان صحیح ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی بات بھی صحیح ہے کیونکہ گھر کا بھیدی گھر کی بات دوسروں سے بہتر جانتا ہے۔

[۳۳-] باب ماجاء أَيُّ اللَّحْمِ كَانَ أَحَبَّ إلى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم؟

[۱۸۳۱-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، ثَنَا مُحمدُ بنُ الْفُضَيْلِ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: أُتِيَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بِلَحْمٍ، فَدُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ، وَكَانَ يُعْجِبُهُ، فَنَهَسَ مِنْهَا.

وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ، وَأَبِيْ عُبَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ حَيَّانَ: اسْمُهُ يَحْيىَ بنُ سَعِيْدِ بنِ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، وَأَبُوْ زُرْعَةَ بنُ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ: اسْمُهُ هَرِمٌ.

[۱۸۳۲-] حدثنا الحَسَنُ بنُ محمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بنُ عَبَّادٍ أَبُوْ عَبَّادٍ، ثَنَا فُلَيْحُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الوَهَّابِ بنِ يَحْيَى ـ مِنْ وَلَدِ عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ ـ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ الذِّرَاعُ أَحَبَّ اللَّحْمِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلٰكِنْ كَانَ لَايَجِدُ اللَّحْمَ إِلَّا غِبًّا، فَكَانَ يُعَجِّلُ إِلَيْهِ، لِأَنَّهُ أَعْجَلُهَا نَضْجًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: پہلی حدیث میں فَدُفِعَ: مصری نسخہ میں اور ابن ماجہ میں فَرُفِعَ ہے، یہی بہتر ہے ...... نَهَسَ کے معنی گذشتہ باب میں بیان کئے گئے ہیں ...... عباد: عبدالوہاب کے دادا ہیں ...... الغِبّ کے معنی اونٹوں کو سیراب کرنے میں: ایک دن چھوڑ کر سیراب کرنا ہیں، اور انسانوں میں درمیان میں کئی دن چھوڑنے کے ہیں ...... آخر میں هذا حديث حسن: مصری نسخہ میں هذا حديث غريب إلخ ہے اور وہی مناسب ہے۔

بابُ ماجاء في الْخَلِّ

سرکہ کا بیان

إدَام (بروزن کتاب) اور أُدْم (بروزن قُفْل) دونوں مفرد ہیں، دونوں کی جمع أُدُم (بروزن کُتُب جمع کتاب) ہے اور إدام کے دو معنی ہیں: ایک: سالن، دوسرے: لاون۔ یعنی ہر وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائی جائے، حاشیہ میں ہے: ما يُؤْكَلُ مَعَ الْخُبْزِ أَيُّ شيئٍ كَان، اس کا فعل أَدَمَ (ض) بينهم أَدْمًا ہے جس کے معنی ہیں موافقت کرانا، صلح کرانا، یعنی دو چیزوں میں جوڑ بٹھانا، اور أَدَمَ الطَّعَامَ کے معنی ہیں: روٹی کے ساتھ سالن وغیرہ ملانا، پس لفظ ادام گوشت، ترکاری سے عام ہے، ابوداؤد میں ایک ضعیف روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا اور اس پر ایک کھجور رکھی اور فرمایا: هذه إدامُ هذه، یعنی یہ اس کا لاون ہے پھر آپ نے نوش فرمایا (مشکوۃ حدیث ۴۲۲۳) غرض کوئی بھی چیز جس سے روٹی بسہولت کھائی جائے جیسے سرکہ، نمک، چٹنی، اچار وغیرہ سب ادام ہیں، بلکہ الکوکب (۲۲:۳ کتاب الأطعمة مصری) میں ایک حدیث ہے کہ خُبْزُ الحِنْطَةِ إِدَامُه مَعَه: گیہوں کی روٹی کا لاون اس کے ساتھ ہے یعنی گیہوں کی روٹی کو سالن کے بغیر بھی رغبت سے کھایا جاسکتا ہے، مگر روایات میں یہ لفظ خاص معنی میں استعمال ہوا ہے یعنی گوشت، ترکاری کے علاوہ دوسری چیزیں جن سے روٹی کھائی جائے وہ لاون ہیں۔

اور سب سے اچھا لاون کونسا ہے؟ اس سلسلہ میں دو روایتیں ہیں: ایک: ابن ماجہ میں ہے: سَيِّدُ إدامِكم المِلْحُ: لاون کا سردار نمک ہے (مشکوۃ حدیث ۴۲۳۹ کتاب الأطعمة فصل ثالث) دوسری حدیث باب میں ہے: نِعْمَ الإِدَامُ الخلُّ یعنی سرکہ بہترین لاون ہے، ان دونوں روایتوں کا منشا کیا ہے؟ آیا فی نفسہ نمک اور سرکہ کی خوبی بیان

کرنا مقصود ہے یا یہ ارشادات نادار کی دلداری کے لئے ہیں؟ حدیث کے جو دو شانِ ورود آئے ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ارشادات ناداروں کی دلداری سے تعلق رکھتے ہیں، فی نفسہ ان کی خوبی بیان کرنا مقصود نہیں۔

پہلا شانِ ورود: نبی ﷺ اپنی چچا زاد بہن حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے، آپؐ نے پوچھا: تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے؟ ام ہانی نے عرض کیا: کچھ نہیں، صرف (روٹی کے) سوکھے ٹکڑے اور سرکہ ہے، آپؐ نے فرمایا: اسے میرے پاس لاؤ فَمَا أَقْفَرَ بَيْتٌ مِنْ أُدْمٍ فِيْهِ خَلٌّ: جس گھر میں سرکہ ہوتا ہے وہ گھر لاون سے خالی نہیں ہوتا۔

تشریح: أَقْفَرَ المكانُ من شيئٍ خالی ہونا، أَقْفَرَ فعل ماضی ہے، بَيْتٌ اس کا فاعل ہے، اور موصوف ہے اور جملہ فيه خلٌّ اس کی صفت ہے اور مِنْ أُدْم: أَقْفَرَ کا صلہ (متعلق) ہے اور موصوف صفت کے درمیان اجنبی کا فصل نہیں اس لئے کہ موصوف أَقفر کا معمول ہے اور مِنْ أُدْم بھی اس کا معمول ہے اور ایک فعل کے دو معمول ایک دوسرے سے اجنبی نہیں ہوتے، یہ بات حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے بیان کی ہے۔ اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ آپؐ کا یہ ارشاد ام ہانی کی دلداری کے لئے تھا۔

دوسرا شانِ ورود: مسلم شریف میں روایت ہے: نبی ﷺ نے اپنے گھر والوں سے لاون مانگا، گھر والوں نے کہا: ما عندنا إلَّا خَلٌّ: ہمارے پاس صرف سرکہ ہے، آپؐ نے وہ منگوایا اور اس سے کھانا شروع کیا اور فرماتے رہے: نِعْمَ الإِدَامُ الخلُّ! نعم الإدام الخلُّ!: سرکہ بہترین لاون ہے! سرکہ بہترین لاون ہے! (مشکوٰۃ حدیث ۴۱۸۳) اس حدیث سے بھی یہ بات معلوم ہوئی کہ آپؐ نے گھر والوں کی دلداری کے لئے یہ ارشاد فرمایا ہے۔

[۳٤-] باب ماجاء فی الْخَلِّ

[۱۸۳۳-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، ثَنَا مُبَارَكُ بنُ سَعِيْدٍ ــ أَخُوْ سُفْيَانَ بنِ سَعِيْدٍ ــ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ"

[۱۸۳٤-] حدثنا عَبْدَةُ بنُ عَبْدِ اللهِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَارِبِ بنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ"

وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأُمِّ هَانِئٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُبَارَكِ بنِ سَعِيْدٍ.

[۱۸۳۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ سَهْلِ بنِ عَسْكَرٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ حَسَّانٍ، أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بنُ هِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ"

[۱۸۳٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ حَسَّانٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بِلاَلٍ: بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ:" نِعْمَ الإِدَامُ أَوْ: الْأُدْمُ الْخَلُّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لَا يُعْرَفُ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بنِ بِلَالٍ.

[۱۸۳۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ؟" فَقُلْتُ: لَا، إِلَّا كِسَرٌ يَابِسَةٌ وَخَلٌّ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" قَرِّبِيْهِ، فَمَا أَقْفَرَ بَيْتٌ مِنْ أُدْمٍ فِيْهِ خَلٌّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أُمِّ هَانِئٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأُمُّ هَانِئٍ مَاتَتْ بَعْدَ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ بِزَمَانٍ.

وضاحت: حدیث نَعَمَ الإدام الخل کی پہلی سند مبارک بن سعید کی ہے، یہ سفیان ثوری کے بھائی ہیں، وہ سفیان ثوری سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، پھر وہ ابوالزبیر محمد بن مسلم مکی سے، اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ اور دوسری سند سفیان ثوری کے دوسرے شاگرد معاویہ بن ہشام کی ہے، وہ سفیان ثوری سے، وہ محارب بن دثار سے اور وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اس دوسری سند کو اصح قرار دیا ہے یعنی درمیانی واسطہ ابوالزبیر کا نہیں ہے، محارب کا ہے، مگر امام صاحب نے اس کی کوئی دلیل پیش نہیں کی، اور میرے خیال میں ترجیح کی حاجت نہیں، دونوں حضرات روایت کرتے ہوں یہ بات ممکن ہے، بلکہ مسلم شریف میں طلحہ بن نافع سے بھی یہ روایت مروی ہے...... پھر یہی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے روایت کی ہے، اس میں إدام یا أُدْم میں راوی کو شک ہے، یہ دونوں لفظ مفرد ہیں اور دونوں کی جمع أُدُم (بروزن کُتُب) ہے...... پھر آخر میں ام ہانی کی روایت ہے، اس کو امام عامر شعبیؒ ام ہانی سے روایت کرتے ہیں، اور یہ سند متصل ہے، کیونکہ شعبیؒ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا زمانہ پایا ہے، اور ان سے ایک حدیث بھی روایت کی ہے، جو بخاری (حدیث ۶۸۱۲) میں ہے، اور ام ہانی کا انتقال حضرت علیؓ کے عرصہ بعد ہوا ہے، باب کے آخر میں جو امام ترمذی کا قول ہے اس کا یہی منشا ہے...... البتہ اس حدیث کی سند میں ابوحمزۃ ثُمالی ثابت بن ابی صفیہ ہے جو رافضی اور ضعیف راوی ہے، مگر امام ترمذیؒ کی رائے اس راوی کے بارے میں اچھی ہے، مصری نسخہ میں ہے کہ امام ترمذیؒ نے امام بخاریؒ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو امام بخاری نے فرمایا: لانعرف للشعبی سماعاً من أم هانئٍ: میرے علم میں شعبی کا ام ہانی سے سماع نہیں، امام ترمذی نے آخری جملہ میں غالباً اسی پر رد کیا ہے کہ جب شعبیؒ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سماع ہے، اور ام ہانی ان کے بعد عرصہ

تک زندہ رہی ہیں، تو سماع کے لئے کیا چیز مانع ہوسکتی ہے؟ رہا امام بخاری کا نہ جاننا تو وہ عدم شی کو مستلزم نہیں، اس لئے یہ حدیث سماع پر محمول ہوگی ...... پھر مصری نسخہ میں یہ بھی ہے کہ امام ترمذی نے امام بخاری سے ابوحمزۃ کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: امام احمدؒ نے اس راوی پر جرح کی ہے، مگر میرے نزدیک یہ راوی مقارب الحدیث ہے، اور یہ جملہ الفاظ تعدیل میں سے ہے، اس لئے امام ترمذی نے حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔

ملحوظہ: ام ہانی کی یہ حدیث ترمذی سے مشکوٰۃ (حدیث ۴۲۲۲) میں نقل ہوئی ہے، اس میں إلا کِسَرٌ یابِسَة کے بجائے إلا خُبْزٌ یابسٌ (سوکھی روٹی یعنی باسی روٹی) ہے اور یہی لفظ موزون ہے۔

بابُ ماجاء فی أَکْلِ البِطِّیخِ بِالرُّطَبِ

خربوزے کو تازہ پکی ہوئی کھجور کے ساتھ کھانا

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ خربوزے کو تازہ کھجور کے ساتھ کھایا کرتے تھے، اور ابوداؤد (حدیث ۳۸۴۵) میں ہے: فیقولُ: یُکْسَرُ حَرُّ هذا بِبَرْدِ هذا وَبَرْدُ هذا بِحَرِّ هذا: یعنی فرماتے کہ اِس کی گرمی سے اس کی ٹھنڈک اور اس کی ٹھنڈک سے اس کی گرمی توڑی جاتی ہے۔

تشریح: خربوزہ: مشہور میوہ ہے، جو شاداب وشیریں اور خوشبودار ہوتا ہے، شیریں: گرم تر ہوتا ہے، اور خام اور پھیکا: سرد تر ہوتا ہے (کتاب الادویہ حکیم کبیر الدین ۲: ۱۷۵) اور کھجور: گرم تر ہوتی ہے، پس اگر دونوں کو ملا کر کھایا جائے تو ایک کی ٹھنڈک دوسرے کی گرمی کو اور دوسرے کی گرمی پہلے کی ٹھنڈک کو مار دیتی ہے۔ چنانچہ نبی ﷺ نے خربوزے کو کھجور کے ساتھ ملا کر کھایا، تا کہ ایک دوسرے کے لئے مصلح بن جائے۔

سوال: خربوزے کا مزاج گرم ہوتا ہے، کیونکہ طب کا اصول ہے: ہر میٹھی چیز گرم ہوتی ہے، پھر اس کو کھجور کے ساتھ کھانے سے تو گرمی اور بڑھ جائے گی؟

جواب: پکا ہوا شیریں خربوزہ گرم ہوتا ہے، اور کچا اور پھیکا سرد ہوتا ہے، جیسا کہ حکیم کبیر الدین کی کتاب الادویہ سے نقل کیا گیا ہے، اور کھجور کے ساتھ پھیکا خربوزہ ہی کھایا جاتا ہے، میٹھے کو کھجور کے ساتھ ملانے کی حاجت نہیں۔

لطیفہ: ایک شخص خربوزہ بیچ رہا تھا اور صدا لگا رہا تھا: ''خربوزہ شکر سے میٹھا، خربوزہ شکر سے میٹھا!'' ایک شخص نے سوچا بڑھیا خربوزہ ہے، وہ خرید کر لے گیا، گھر جا کر کاٹا تو بالکل پھیکا تھا، وہ خربوزہ لئے ہوئے دوکان پر آیا اور کہا: چکھ کہاں میٹھا ہے!'' دوکاندار نے کہا: ''تو نے شکر ڈالی ہے؟'' میں نے کہا تھا: ''خربوزہ شکر سے میٹھا'' یعنی شکر ڈال میٹھا ہو جائے گا، ایسا ہی خربوزہ کھجور کے ساتھ کھایا جاتا ہے اور وہ سرد ہوتا ہے۔

اور اس حدیث سے یہ بات مستنبط ہوئی کہ کھانے پینے کی چیزوں میں مزاج کا لحاظ رکھنا چاہئے، اور اس کا تعلق

حفظانِ صحت سے ہے جوطب کا ایک مسلمہ اصول ہے، یعنی اگر کسی کا مزاج بارد ہوتو اسے ٹھنڈی چیزوں سے بچنا چاہئے اور گرم چیزیں استعمال کرنی چاہئیں، اور اگر مزاج گرم ہوتو اسے گرم چیزیں استعمال نہیں کرنی چاہئیں، بارد چیزیں استعمال کرنی چاہئیں تاکہ اس کی صحت محفوظ رہے، اور اگر خلافِ مزاج چیزیں استعمال کرے تو ساتھ ہی اس کا مصلح بھی استعمال کرے، ابوداؤد کی روایت کا یہی مطلب ہے کہ نبی ﷺ نے ایک کو دوسرے کا مصلح بنایا۔

[۳۵-] باب ماجاء فی أَكْلِ البِطِّيْخِ بِالرُّطَبِ

[۱۸۳۸-] حدثنا عَبْدَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الخُزَاعِيُّ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْكُلُ البِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ، وَقَدْ رَوَى يَزِيْدُ بنُ رُوْمَانَ عَنْ عَائِشَةَ هٰذَا الحديثَ.

وضاحت: اس حدیث کی سند ٹھیک ہے مگر اس کی اسناد میں اختلاف ہے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی یہ حدیث مروی ہے اور ان کے تذکرہ کے بغیر مرسل بھی مروی ہے، اور مسند روایت اصح ہے کیونکہ ہشام کے علاوہ یزید بن رومان بھی حضرت عائشہؓ کا تذکرہ کرتے ہیں پس ہشام کے متابع موجود ہیں اس لئے ان کی سند صحیح ہے۔

بابُ ماجاء فی أَكْلِ القِثَّاءِ بِالرُّطَبِ

کھیرا ککڑی کھجور کے ساتھ کھانا

حدیث: عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کھیرا، ککڑی، تازہ پکی ہوئی کھجور کے ساتھ ملا کر کھایا کرتے تھے، اور طبرانی کی معجم اوسط میں عبداللہ بن جعفر ہی سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کے دائیں ہاتھ میں کھیرا ککڑی اور بائیں ہاتھ میں تازہ کھجور دیکھی، آپؐ ایک مرتبہ اس میں سے کھاتے تھے اور دوسری مرتبہ اس میں سے، مگر اس حدیث کی سند ضعیف ہے (قاله الحافظ)

تشریح: القِثَّاء: کھیرا، ککڑی: مشہور سبزی ہے، کھیرا: موٹا ہوتا ہے، اور ککڑی باریک، کھیرا: بالشت بھر یا اس سے کم وبیش لمبا ہوتا ہے، اور ککڑی اور بھی لمبی ہوتی ہے، اور کھیرے کو ککڑی کی طرح تراش کر نمک کے ساتھ کھایا جاتا ہے، ان کا مزاج سرد وتر ہے، اور سرد مزاجوں میں نفخ پیدا کرتا ہے، اور اس کا مصلح کھجور ہے، نبی ﷺ دونوں کو ملا کر کھاتے تھے تاکہ دونوں میں اعتدال پیدا ہوجائے۔

اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ کھانے پینے کی چیزوں کی صفات اور مزاجوں کا لحاظ کرنا چاہئے اور طب کے قواعد پیش نظر رکھ کر چیزیں استعمال کرنی چاہئیں تاکہ صحت محفوظ رہے۔

اور دوسرا خاص فائدہ اس میں یہ ہے کہ کھیرا اور کھجور ملا کر کھانے سے فربہی پیدا ہوتی ہے، فربہی ایک حد تک مستحسن ہے، خاص طور پر خواتین میں۔ حضرت عائشہ کی رخصتی کا جب وقت آیا تو ان کی والدہ نے ان کو کھیرا اور کھجور کھلائی تھی، تاکہ وہ کچھ فربہ ہوجائیں، چنانچہ اس کا مطلوبہ اثر ظاہر ہوا، اسی طرح ہزال (لاغری) ایک بیماری ہے اس کا علاج بھی کھیرا اور کھجور ملا کر کھانا ہے۔

اس حدیث سے تیسری بات یہ ثابت ہوئی کہ کھانا دائیں ہاتھ سے کھانا چاہئے، لیکن اگر بائیں ہاتھ سے کچھ مدد لی جائے تو یہ جائز ہے، مثلاً: روٹی گرم ونرم رکھنے کے لئے بائیں ہاتھ میں دبالی جائے اور دائیں ہاتھ سے کھایا جائے تو یہ درست ہے، اس میں کوئی کراہت نہیں۔

[٣٦-] باب ماجاء فی أَكْلِ القِثَّاءِ بالرُّطَبِ

[١٨٣٩-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ مُوْسَى الفَزَارِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ قَالَ: ”كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ القِثَّاءَ بِالرُّطَبِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ.

بابُ ماجاء فی شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ

اونٹ کا پیشاب پینا

پہلے کتاب الطہارۃ باب ۵۵ میں یہ حدیث اسی سند سے گذر چکی ہے اور آگے أبواب الطب میں بھی آرہی ہے، جَوَی پیٹ کی ایک بیماری ہے جس سے بدہضمی ہوجاتی ہے، بدن پیلا پڑ جاتا ہے مگر یہ یرقان کے علاوہ بیماری ہے، قبیلۂ عُرینہ کے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے ان کو مدینہ کی آب ہوا موافق نہیں آئی، ان کو جوی بیماری ہوگئی، نبی ﷺ نے ان کو زکوٰۃ کے اونٹوں میں بھیج دیا، اور فرمایا: ”ان کا دودھ اور ان کا موت پیو“

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اس سے امام محمد، امام مالک اور امام احمد رحمہم اللہ نے ماکول اللحم جانوروں کے فضلات کی طہارت پر استدلال کیا ہے، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ اس حدیث کو منسوخ کہتے ہیں اور امام ابویوسف اس کو علاج پر محمول کرتے ہیں، کیونکہ ابھی جلالہ کی روایت آئی ہے اور جلہ کے معنی ہیں: مینگنی اور لید، جو جانور لید مینگنی کھاتا ہے اور اس کے پسینہ اور دودھ میں اس کا اثر محسوس ہوتا ہے اس کے کھانے سے نبی ﷺ نے منع کیا ہے،

اگر لید مینگنی پاک ہوتی تو جلالہ کے کھانے سے کیوں منع کیا جاتا؟ (تفصیل پہلے گذر چکی ہے)

[۳۷-] باب ماجاء في شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ

[۱۸٤۰-] حدثنا الحَسَنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثَنَا عَفَّانُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، ثَنا حُمَيْدٌ، وَثَابِتٌ، وَقَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوْا الْمَدِيْنَةَ فَاجْتَوَوْهَا، فَبَعَثَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي إِبِلِ الصَّدَقَةِ، وَقَالَ:" اشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيثِ ثَابِتٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ، رَوَاهُ أَبُوْ قِلاَبَةَ عَنْ أَنَسٍ، وَرَوَاهُ سَعِيْدُ بنُ أَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ.

بابُ الوُضُوْءِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهُ

کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے کا بیان

یہ دو باب ہیں ان میں یہ مسئلہ ہے کہ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے کا کیا حکم ہے؟ جواب یہ ہے کہ کھانے سے پہلے اگر ہاتھ منہ گندے ہوں تو دھونا مستحب ہے، اسی طرح کھانے کے بعد بھی اگر ہاتھ منہ چکنے ہوں یا بو ہو تو دھونا مستحب ہے، اور اگر صاف ہوں تو پہلے بھی اور بعد میں بھی ہاتھ منہ نہ دھونے کی گنجائش ہے۔

پہلے باب کی حدیث: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے (اسلام سے پہلے) تورات (یعنی یہود کی کتابوں) میں پڑھا تھا کہ کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے سے کھانے میں برکت ہوتی ہے، میں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی (تاکہ اس بارے میں اسلام کا حکم معلوم ہو) اور میں نے آپؐ کو وہ بات بھی بتائی جو میں نے تورات میں پڑھی تھی، آپؐ نے فرمایا: بَرَكَةُ الطعامِ الوُضُوْءُ قبلَه والوضوءُ بعدَه: کھانے میں برکت کھانے سے پہلے ہاتھ منہ دھونے سے اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے سے ہوتی ہے۔

تشریح: کھانے سے پہلے ہاتھ منہ عام طور پر میلے ہوتے ہیں، پس ان کو دھو کر کھایا جائے تو یہ نظافت کی بات بھی ہے اور اس میں بدن کی سلامتی بھی ہے، اور اگر ہاتھ منہ دھوئے بغیر کھایا جائے گا تو سارا میل پیٹ میں جائے گا جو جسم کے لئے مضر ہوگا، یہاں لوگ دو غلطیاں کرتے ہیں: ایک: ہاتھوں پر پانی ڈال لیتے ہیں اور میل گلا لیتے ہیں اور کھانا شروع کر دیتے ہیں یہ ہاتھ دھونا نہیں ہے، ہاتھ دھونا یہ ہے کہ خوب صاف ہاتھ دھوئے جائیں اور ضرورت ہو تو صابن بھی استعمال کیا جائے، دوسری غلطی لوگ یہ کرتے ہیں کہ منہ نہیں دھوتے حالانکہ اکثر منہ بھی گندہ ہوتا ہے پس اس کا خیال رکھ کر منہ بھی صاف کر لینا چاہئے، اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے کا مقصد کھانے کی چکناہٹ اور بو

زائل کرنا ہے، پس صابن کی ضرورت ہو تو اس کو استعمال کیا جائے یا کسی کپڑے سے ہاتھ پونچھ کر صاف کر دیئے جائیں۔اور نبی ﷺ نے تورات کے حکم پر کھانے سے پہلے ہاتھ منہ دھونے کا اضافہ کیا اس لئے کہ آپؐ کی شریعت مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے آئی ہے۔

اور یہ حدیث ضعیف ہے، قیس بن الربیع ضعیف راوی ہے مگر منذری نے لکھا ہے کہ اس راوی میں کلام صرف حافظہ کی خرابی کی وجہ سے ہے، یعنی یہ خفیف الضبط ہے، پس اس کی حدیث کم از کم حسن ہوگی، اور قیس کے استاذ ابو ہاشم کی نسبت رُمّانی ہے، اور نام یحیٰی بن دینار ہے، قصر الرُّمّان کوئی محل تھا اس میں یہ رہتے تھے اس لئے رمانی کہلاتے ہیں، یہ راوی ٹھیک ہے۔

دوسرے باب کی حدیث: جو اعلی درجہ کی صحیح ہے، ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ بیت الخلاء سے تشریف لائے آپؐ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا، لوگوں نے عرض کیا: أَلَا نَأْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ: کیا ہم آپؐ کے لئے وضو کا پانی نہ لائیں، آپؐ نے ارشاد فرمایا: إِنَّما أُمِرْتُ بالوُضوء إذا قُمْتُ إلى الصلاة: مجھے وضو کا حکم اسی وقت دیا گیا ہے جب مجھے نماز پڑھنی ہو۔

تشریح: اس حدیث سے بظاہر یہ مفہوم ہوتا ہے کہ آپؐ نے پانی چھوئے بغیر کھانا نوش فرمایا، پس ثابت ہوا کہ کھانے سے پہلے ہاتھوں کو دھونا ضروری نہیں، البتہ سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ کھانے سے پہلے ہاتھ منہ دھونا مکروہ ہے، مگر یہ رائے صحیح نہیں، کیونکہ وجوب کی نفی سے کراہت ثابت نہیں ہوتی، نیز یہ وضوء شرعی (نماز والی وضوء) کی نفی ہے، اس سے وضو لغوی (ہاتھ منہ دھونے) کی نفی نہیں نکلتی۔

رہی یہ بات کہ کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا مستحب ہے یا نہیں؟ اس سے یہ حدیث ساکت ہے، لہٰذا دوسری نصوص میں یہ حکم تلاش کیا جائے گا اور دوسری نصوص موجود ہیں جیسا کہ پہلے باب میں روایت گذری، اگرچہ وہ سب روایات ضعیف ہیں مگر سب مل کر حسن لغیرہ ہو جاتی ہیں جو استحباب ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں، یہ بات الکوکب الدری میں ہے۔اور نسائی وغیرہ میں جو صحیح روایت ہے کہ کھانے سے پہلے ہاتھ منہ دھونے چاہئیں وہ روایت جنبی کے بارے میں ہے، جب ہاتھوں کی ناپاکی کا احتمال ہوتا ہے لیکن اگر ہاتھ پاک صاف ہوں تو نہ دھونے کی بھی گنجائش ہے، اس میں بھی کوئی کراہیت نہیں، جیسے کھانے کے بعد اگر ہاتھ صاف ہوں، ملوّث نہ ہوں تو بھی نہ دھونے کی گنجائش ہے، صحابہ سے کھانے کے بعد ہاتھ پونچھ ڈالنا بھی ثابت ہے۔

[٣٨-] باب الوُضُوْءِ قَبْلَ الطَّعَامِ وَبَعْدَهُ

[١٨٤١-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ اللهِ بنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا قَيْسُ بنُ الرَّبِيْعِ، ح: وَثَنَا قُتَيْبَةُ، ثنا

عَبْدُ الْكَرِيْمِ الجُرْجَانِيُّ، عَنْ قَيْسِ بنِ الرَّبِيْعِ ــ الْمَعْنَى وَاحِدٌ ــ عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ قَالَ: قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ: أَنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنبيِّ صلى الله عليه وسلم، وأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَرَأْتُ فِي التَّوْرَاةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهُ وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهُ"

وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، وأَبِيْ هريرةَ، لانَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ قَيْسِ بنِ الرَّبِيْعِ، وَقَيْسٌ يُضَعَّفُ فِي الحديثِ، وأَبُوْ هَاشِمٍ الرُّمَانِيُّ: اسْمُهُ يَحْيَى بنُ دِيْنَارٍ.

[۳۹-] بابٌ فى تَرْكِ الْوُضُوْءِ قَبْلَ الطَّعَامِ

[۱۸۴۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ، فَقُرِّبَ إِلَيْهِ طَعَامٌ، فَقَالُوْا: أَلَا نَأْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ؟ قَالَ: " إِنَّمَا أُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ إِذَا قُمْتُ إِلَى الصَّلَاةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَمْرُو بنُ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الحُوَيْرِثِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَقَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ: قَالَ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ: كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ يَكْرَهُ غَسْلَ الْيَدِ قَبْلَ الطَّعَامِ، وَكَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُوْضَعَ الرَّغِيْفُ تَحْتَ الْقَصْعَةِ.

وضاحت: مصری نسخہ میں دوسرے باب کی حدیث پر حسن صحیح کا حکم ہے اور یہی صحیح ہے، کیونکہ یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۳۷۴) میں ہے..... اور حضرت سفیان ثوری نے دو باتیں فرمائی ہیں: (۱) کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا مکروہ ہے (۲) روٹی پیالے کے نیچے رکھنا مکروہ ہے، طلبہ یہ غلطی کرتے ہیں: وہ مطبخ سے کھانا اس طرح لے کر آتے ہیں کہ روٹیاں نیچے ہوتی ہیں اور سالن کا برتن ان کے اوپر ہوتا ہے، یہ طریقہ ٹھیک نہیں اس سے احتراز کرنا چاہئے، یہ روٹی کی بے قدری ہے۔

بابُ ماجاء فى أَكْلِ الدُّبَّاءِ

لوکی کدو کھانے کا بیان

الدُّبَّاء: کدو (دال کی تشدید کے ساتھ اور بغیر تشدید کے) گھیا، لوکی، خواہ گول ہو یا لمبی، یہ مشہور سبزی ہے اس کی ترکاری پکا کر کھائی جاتی ہے اور اس کے تخموں کا مغز بکثرت استعمال کیا جاتا ہے اس کا مزاج سرد تر ہے، یہ سریع الہضم ہے اور صفراء کی حدت اور خون کے جوش کو تسکین دیتا ہے نبی ﷺ کو یہ سبزی پسند تھی۔

حدیث (۱): ابوطالوت (مجہول راوی) کہتا ہے، میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گیا وہ لوکی کھارہے تھے، اور کہہ رہے تھے: یالكِ شَجرَةً مَا أَحَبَّكِ إِلَیَّ لِحُبِّ رسولِ اللهِ صلی الله علیه وسلم إِیَّاكِ: اے درخت! تیرے کیا کہنے! (تیرے کیسے بھاگ ہیں!) تو مجھے کس قدر محبوب ہے! رسول اللہ ﷺ کے تجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے! دوسری قراءت: یَالكِ شَجَرَةً مَا أُحِبُّكِ إِلَّا لِحُبِّ رسولِ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیه وسلم إِیَّاكِ: اے درخت تیرے کیا کہنے! میں نہیں محبت کرتا تجھ سے مگر نبی ﷺ کے تجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے۔

تشریح: یالكِ میں لام تعجب ہے اور شَجَرَةً تمیز ہے، اور پہلے جملہ میں مَا أَحَبَّكِ فعل تعجب ہے اور إِلَیَّ میں ضمیر واحد متکلم ہے اور لِحُبِّ میں لام اجلیہ ہے، اور دوسرے جملہ میں ما نافیہ ہے اور أُحِبُّ فعل مضارع واحد متکلم ہے اور إِلَّا حرف استثناء ہے، یہ جملہ دونوں طرح مروی ہے اور دونوں کا مطلب ایک ہے یعنی حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لوکی سے خطاب کرکے فرمایا: تیرے کیسے نصیب ہیں! تو کتنا مبارک درخت ہے! اور تو مجھے کس قدر محبوب ہے! کیونکہ نبی ﷺ تجھ سے محبت فرماتے تھے، یا میں تجھ سے محبت صرف اس لئے کرتا ہوں کہ تجھ سے حضور اقدس ﷺ کو محبت تھی، یہ حدیث پہلی سند سے ضعیف ہے کیونکہ ابوطالوت مجہول راوی ہے اور آئندہ سند سے حسنٌ صحیحٌ ہے۔

اس کے علاوہ باب میں حضرت جابر بن طارق رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچے، وہاں کدو کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کئے جارہے تھے، انھوں نے پوچھا: اس کا کیا بنے گا؟ آپؐ نے فرمایا: اس سے سالن میں اضافہ کیا جائے گا (یہ حدیث شمائل میں نبی ﷺ کے سالن کے تذکرہ میں ہے)

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو بڑے پیالہ میں سے کدو تلاش کرتے دیکھا، پس میں برابر اس سے محبت کرتا ہوں، یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث شمائل میں ہے کہ نبی ﷺ کو کدو مرغوب تھا، ایک مرتبہ آپؐ کے پاس کھانا آیا یا آپؐ کسی دعوت میں تشریف لے گئے، سالن میں کدو بھی تھا، چونکہ مجھے معلوم تھا کہ آپؐ کو یہ مرغوب ہے اس لئے میں اس کے قتلے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر آپؐ کے سامنے کرتا تھا، اس کے علاوہ ایک حدیث شمائل میں اور بھی ہے کہ ایک درزی نے آنحضور ﷺ کی دعوت کی، حضرت انس رضی اللہ عنہ بھی ساتھ تھے، داعی نے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں جو کی روٹی اور کدو والے گوشت کا شوربہ پیش کیا، حضرت انسؓ نے دیکھا کہ نبی ﷺ پیالہ کی سب جانبوں سے کدو کے ٹکڑے تلاش کرکے نوش فرمارہے ہیں، اس وقت سے مجھے بھی کدو مرغوب ہوگیا، یہ حضور ﷺ سے محبت کا ثمرہ تھا، محبت کا تقاضہ یہی ہے کہ محبوب کی ہر ادا پسند ہو، اس کی ہر بات دل میں جگہ کرنے والی ہو اور جس درجہ کی محبت ہوگی اس مرتبہ میں محبوب کے اثرات کے ساتھ شغف ہوگا۔

[٤٠-] باب ماجاء في أَكْلِ الدُّبَّاءِ

[١٨٤٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ طَالُوْتَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، وَهُوَ يَأْكُلُ الْقَرْعَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: يَالَكِ شَجَرَةً! مَا أَحَبَّكِ إِلَيَّ، لِحُبِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِيَّاكِ.

وفي الباب: عَنْ حَكِيْمِ بنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[١٨٤٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ مَيْمُوْنٍ الْمَكِّيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: ثَنِيْ مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَتَبَّعُ فِي الصَّحْفَةِ ـ يَعْنِي الدُّبَّاءَ ـ فَلاَ أَزَالُ أُحِبُّهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ.

وضاحت: القَرْعُ اور الدُّبَّاءُ ایک چیز ہیں...... تَتَبَّعَ يَتَتَبَّعُ: تلاش کرنا، صَحفة بڑا پیالہ۔

بابُ ماجاء في أَكْلِ الزَّيْتِ

زیتون کا تیل کھانے کا بیان

زیت: یعنی روغن زیتون، یہ خفیف زرد رنگ سبزی مائل روغن ہوتا ہے جو درخت زیتون کے پختہ پھلوں کو دبا کر نکالا جاتا ہے، اس کا مزاج گرم تر ہے، روغن زیتون کے بیرونی استعمال سے کھال نرم رہتی ہے اور جسم پر مالش کرنے سے اعضاء کو تقویت ملتی ہے اور کھانے سے بدن کو غذائیت ملتی ہے، زیادہ مقدار میں کھانے سے پیٹ صاف ہوتا ہے اور خاص طور پر جگر کی صفراوی پتھریوں کو گھلا کر خارج کر دیتا ہے، مگر ہمارے دیار میں اول تو دستیاب نہیں، اور ملے تو بہت گراں ہوتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُوْا الزَّيتَ، وَادَّهِنُوْا به، فإنّه من شَجَرَةٍ مباركةٍ: روغن زیتون کھاؤ (خواہ روٹی کے ساتھ کھاؤ یا کسی اور طریقہ سے) اور اس سے اپنا بدن تر کرو یعنی بدن پر اس کی مالش کرو، اس لئے کہ وہ بابرکت درخت کا تیل ہے، بابرکت یعنی کثیر المنافع، سورۃ النور آیت ۳۵ میں زیتون کو بابرکت یعنی نہایت مفید درخت کہا گیا ہے۔

تشریح: اس حدیث کی سند عبدالرزاق صنعانی (صاحب مصنف) بہت مختلف طرح سے بیان کرتے تھے، کبھی سند کے آخر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر بالیقین کرتے تھے، کبھی شک کے طور پر کہتے تھے: میرا خیال ہے کہ یہ

حدیث حضرت عمرؓ سے مروی ہے اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، اور کبھی اس کی سند اسلم عدوی پر روک دیتے تھے جو حضرت عمرؓ کے آزاد کردہ ہیں اور ثقہ مخضرم راوی ہیں اس لئے امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا، یہ حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے، یہی حدیث حضرت ابو اسید انصاریؓ سے بھی مروی ہے اور اس کی سند ٹھیک ہے، اس کا ایک راوی عطاء شامی ہے وہ مقبول راوی ہے۔

[٤١-] باب ماجاء في أَكْلِ الزَّيْتِ

[١٨٤٥-] حدثنا يَحْيَى بنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا الزَّيْتَ، وَادَّهِنُوْا بِهِ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ"

هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَكَانَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ يَضْطَرِبُ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديثِ، فَرُبَّمَا ذَكَرَ فِيْهِ: عَنْ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرُبَّمَا رَوَاهُ عَلَى الشَّكِّ، فَقَالَ: أَحْسِبُهُ عَنْ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرُبَّمَا قَالَ: عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلًا.

حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بنُ مَعْبَدٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عُمَرَ.

[١٨٤٦-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عِيْسٰى، عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ: عَطَاءٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، عَنْ أَبِيْ أَسِيْدٍ قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا مِنَ الزَّيْتِ، وَادَّهِنُوْا بِهِ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عِيسٰى.

وضاحت: آخری حدیث میں من مصری نسخہ سے بڑھایا ہے...... اور عبداللہ بن عیسیٰ بھی: ابن ابی لیلیٰ سے معروف ہیں۔

بابُ ماجاء في الأَكْلِ مَعَ الْمَمْلُوْكِ

غلام کے ساتھ کھانے کا بیان

مکارم اخلاق میں سے یہ بات ہے کہ جس نے کھانا تیار کیا ہے اور آگ کی گرمی اور دھویں کی تکلیف اٹھائی ہے

اس کا بھی کھانے میں حصہ رکھا جائے، پھر اخلاق کا اعلی درجہ یہ ہے کہ غلام یا خادم کو اپنے ساتھ بٹھا کر کھلایا جائے اور اگر کسی وجہ سے ایسا نہ کرے، آقا یا غلام عار محسوس کرتا ہے یا کھانا تھوڑا ہے تو لقمے دو لقمے خادم کے لئے بچالے تا کہ اس کا دل خوش ہو۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: انھوں نے اپنے تلامذہ کو یہ بات نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے بتائی کہ آپؐ نے فرمایا: ''جب تم میں سے ایک کو بے نیاز کرے اس کا خادم اس کے کھانے سے یعنی اس کی گرمی اور اس کے دھویں سے تو چاہئے کہ وہ اس کا ہاتھ پکڑے اور اس کو اپنے ساتھ بٹھائے، یعنی اگر غلام یا خادم ساتھ بیٹھنے کے لئے تیار نہ ہو تو اس کا ہاتھ پکڑ کر زبردستی بٹھائے اور اگر آقا انکار کرے یعنی تکبر کی وجہ سے ساتھ بٹھانے کے لئے تیار نہ ہو یا خادم تواضع کی وجہ سے آقا کے ساتھ کھانے کے لئے تیار نہ ہو تو چاہئے کہ ایک لقمہ لے اور اس کو وہ لقمہ کھلائے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اور مسند احمد میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سند حسن کے ساتھ مروی ہے کہ ہمیں نبی ﷺ نے حکم دیا کہ ہم غلام کو بلائیں اور اپنے ساتھ کھلائیں، پس اگر ہم میں سے کوئی اس کو ناپسند کرے کہ غلام اس کے ساتھ کھائے تو چاہئے کہ اس کے ہاتھ میں کھانا دیدے، اس حدیث سے مذکورہ دو احتمالوں میں سے پہلا احتمال متعین ہو گیا کہ آقا اپنی بڑائی کی وجہ سے نوکر کو ساتھ نہ بٹھانا چاہے تو اس کے لئے تھوڑا کھانا بچالے، البتہ اگر کھانا بہت ہو اور خادم کے لئے کھانا بچ جائے گا تو پھر اس کو ساتھ بٹھانا ضروری نہیں۔

[۴۲-] باب ماجاء فی الأَكْلِ مَعَ الْمَمْلُوْكِ

[۱۸۴۷-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، يُخْبِرُهُمْ ذٰلِكَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' إِذَا كَفَا أَحَدَكُمْ خَادِمُهُ طَعَامَهُ: حَرَّهُ وَدُخَانَهُ، فَلْيَأْخُذْ بِيَدِهِ فَلْيُقْعِدْ مَعَهُ، فَإِنْ أَبَى فَلْيَأْخُذْ لُقْمَةً، فَلْيُطْعِمْهُ إِيَّاهَا''

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ خَالِدٍ وَالِدُ إِسْمَاعِيْلَ، اسْمُهُ سَعْدٌ.

لغت اور ترکیب: كَفَى يَكْفِيْ كِفَايَةً: کافی ہونا، کفایت کرنا، کسی چیز سے بے نیاز کرنا، أَحَدَكُمْ مفعول بہ، خَادِمُه فاعل مؤخر، طَعَامَه مفعول ثانی، اور حَرَّہ و دُخَانَه مفعول ثانی سے بدل، اور خادم کو ساتھ بٹھانا یا اس کے لئے کھانا بچانا استحبابی حکم ہے۔

ایک واقعہ: عالمگیر رحمہ اللہ کے ذاتی مطبخ کا باورچی ٹکتا نہیں تھا، چند دن کے بعد اپنا تبادلہ لنگر خانے میں کروالیتا تھا، ایک من چلا باورچی تھا اس نے سوچا: کیا بات ہے کوئی باورچی بادشاہ کے یہاں ٹکتا نہیں؟ میں دیکھوں گا، اس نے درخواست دی: حضور میں آپ کا کھانا پکانا چاہتا ہوں، عالمگیرؒ نے فرمایا: ہمارے یہاں کوئی باورچی ٹکتا نہیں، تو بھی چند

دن میں بھاگ جائے گا، اس نے وعدہ کیا کہ میں ہرگز نہیں جاؤں گا، چنانچہ بادشاہ نے اس کو رکھ لیا، اس نے دیکھا کہ نپا تلا کھانا پکتا ہے آدھا گھر میں چلا جاتا ہے اور آدھا بادشاہ کے سامنے، دیگچی میں کچھ نہیں بچتا، جب روز کا یہ معمول دیکھا تو وہ تنگ آگیا مگر وہ یہ تو کہہ نہیں سکتا تھا کہ میرا تبادلہ لنگر خانہ میں کردیا جائے اس نے سوچا کہ بادشاہ کو پریشان کروں تاکہ وہ ناراض ہوکر بھگادے، بادشاہ کے یہاں شام کو ایک سیر کھچڑی پکتی تھی، آدھی گھر میں جاتی تھی اور آدھی بادشاہ کے سامنے، ایک دن اس نے کھچڑی میں نمک نہیں ڈالا، بادشاہ نے جب لقمہ لیا تو باورچی کی طرف دیکھا مگر کچھ نہیں کہا، نمک بھی نہیں مانگا، پھیکی کھچڑی کھالی، باورچی نے سوچا: بادشاہ کو پھیکی کھچڑی اچھی لگتی ہے اور جو پھیکا کھاسکتا ہے وہ تیز نمک والا نہیں کھاسکتا، چنانچہ اگلے دن ڈبل نمک ڈال دیا، بادشاہ نے ایک لقمہ کھا کر پھر باورچی کو دیکھا اور کچھ نہیں کہا، کھچڑی کھالی، جب باورچی برتن اٹھانے آیا تو اس سے کہا: کل ڈیڑھ سیر کھچڑی پکانا، اور جتنی گھر میں جاتی ہے اتنی گھر میں بھیجنا باقی میرے پاس لانا۔ بادشاہ نے حسب معمول آدھی کھچڑی کھائی اور آدھی بچ گئی، جب باورچی برتن اٹھانے آیا تو اس سے کہا: یہ ہمارا بچا ہوا تبرک ہے اس کے نو حصے کرو اور ہمارے نورتنوں (وزیروں) کو ہدیہ پہنچاؤ، باورچی نے اس تبرک کے نو حصے کئے اور خوب سجائے، وزیروں کو جب معلوم ہوا کہ آج بادشاہ کا بچا ہوا کھانا ہدیہ آرہا ہے تو ہر وزیر نے آگے بڑھ کر اس کا استقبال کیا اور باورچی کو ایک ایک لاکھ روپیہ ہدیہ دیا، جب باورچی فارغ ہوگیا تو بادشاہ نے پوچھا: ارے ہمارے وزیروں نے تجھے کچھ دیا بھی؟ اس نے کہا: حضور اتنا دیا ہے کہ میری سات پشتوں تک کے لئے کافی ہے، عالمگیرؒ نے فرمایا: پھر نمک ٹھیک ڈالا کرو۔

ملحوظہ: عالمگیرؒ حکومت سے تنخواہ نہیں لیتے تھے، خود قرآن مجید کی کتابت کرتے تھے اور اس کے ہدیہ سے گھر چلاتے تھے اس لئے باورچی کے لئے کھانا بچانے کی گنجائش نہیں تھی چنانچہ وزیروں سے انعام دلوایا، عالمگیرؒ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے قرآن کریم کا ایک پارہ دارالعلوم دیوبند میں ہے۔ اور اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ تنخواہ دار ملازم کے لئے کھانا بچانے کا حکم نہیں، وہ اپنے عمل کے صلہ میں تنخواہ پاتا ہے، غلام یا رضا کارانہ خادم کے لئے کھانا بچانے کا حکم ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ إِطْعَامِ الطَّعَامِ

غریبوں کو کھانا کھلانے کا ثواب

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں ذکر کی ہیں اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: أَفْشُوْا السَّلاَمَ، وأَطْعِمُوْا الطَّعَامَ، واضْرِبُوْا الهَامَ: تُوْرَثُوْا الجِنَانَ: سلام کو رواج دو، غریبوں کو کھلاؤ، اور (جہاد میں) دشمنوں کے سروں پر بجاؤ: باغوں کے وارث بنائے جاؤ گے۔

تشریح: أَفْشَاه: پھیلانا، شائع کرنا، عام کرنا۔ فَشَا (ن) فَشْوًا وَفُشُوًّا: ظاہر ہونا، پھیلنا، عام ہونا، یعنی سلام کو

رواج دو، سب لوگوں کوسلام کرو، جان پہچان کے لوگوں کے ساتھ سلام کو خاص مت رکھو۔ إطعام (افعال): کھانا کھلانا، مراد غریبوں کو کھلانا ہے۔ اور یہ زکوۃ کے علاوہ انفاق ہے کیونکہ مال میں اللہ تعالیٰ نے زکوۃ کے علاوہ بھی حقوق رکھے ہیں، کتاب الزکاۃ میں حدیث ہے: إنَّ فی المالِ لَحَقًّا سِوی الزکاۃ: مال میں زکوۃ کے علاوہ بھی حقوق ہیں۔ الھَام: ھامة کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: سر اور سر کا بالائی حصہ یعنی کھوپڑی، مراد اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا ہے، تُورَثوا: فعل ماضی مجہول صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، اور جِنَانٌ: جَنَّة کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: باغ، یعنی یہ تین کام دخول جنت کے بہترین اسباب ہیں پس ان کو اختیار کرو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اعْبُدُوْ الرحمن، وأَطْعِمُوْا الطَّعَامَ، وأَفْشُوْا السَّلاَمَ: تَدْخُلُوْا الجنةَ بسلامٍ: ترجمہ: مہربان ہستی کی عبادت کرو، یعنی صرف اسی کی عبادت کرو کسی اور کو عبادت میں شریک مت کرو، اور غریبوں کو کھانا کھلاؤ اور سلام کو رواج دو: باطمینان جنت میں جاؤ گے یعنی نہ آگے کا کوئی ڈر ہوگا نہ پیچھے کا کوئی غم، یہ حدیث بھی اعلی درجہ کی صحیح ہے اور یہ تین کام بے خوف وخطر جنت میں جانے کے اسباب ہیں پس ان کو اختیار کرنا چاہئے۔

[٤٣-] باب ماجاء فی فَضْلِ إِطْعَامِ الطَّعَامِ

[١٨٤٨-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرحمنِ الجُمَحِيُّ، عَنْ مُحمدِ بنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَفْشُوْا السَّلاَمَ، وأَطْعِمُوْا الطَّعَامَ، وَاضْرِبُوْا الْهَامَ: تَوْرَثُوْا الجِنَانَ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَلاَمٍ، وَعَبْدِ الرحمنِ بنِ عَائِشٍ، وَشُرَيْحِ بنِ هَانِئٍ، عَنْ أَبِيْهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ هريرةَ.

[١٨٤٩-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اعْبُدُوْا الرحمنَ، وأَطْعِمُوْا الطَّعَامَ، وأَفْشُوْا السَّلاَمَ: تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ بِسَلاَمٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث میں عثمان کچھ زیادہ مضبوط راوی نہیں، مگر امام ترمذی کے نزدیک وہ اچھا راوی ہے اور یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے جن کا باب میں حوالہ ہے مگر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث غریب (انوکھی) ہے، محدثین میں مشہور نہیں۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ العَشَاءِ

شام کے کھانے کی فضیلت

سب لوگ دوپہر کا کھانا تو کھاتے ہیں مگر بعض لوگ شام کو فاقہ کرتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں، کیونکہ ناشتہ پوری رات گذرنے کے بعد صبح کو ملے گا یا اگلی دوپہر کو کھانا ملے گا، اتنا لمبا عرصہ بھوکا رہنا حفظانِ صحت کے نقطۂ نظر سے ٹھیک نہیں، معدے کی چکی چلتی رہتی ہے اور جب چکی میں اناج ختم ہوجاتا ہے تو پتھر گھستا ہے، اسی طرح جب معدہ خالی ہوجاتا ہے تو رطوبتِ اصلیہ تختۂ مشق بنتی ہے، اور آدمی کمزور ہوجاتا ہے، اس لئے شام کو بھی کچھ نہ کچھ ضرور کھانا چاہئے تا کہ معدہ کو کام ملے مگر اس سلسلہ میں جو روایت ہے وہ منکر یعنی نہایت ضعیف ہے، اور یہ روایت صرف ترمذی میں ہے، باقی پانچ کتابوں میں نہیں ہے، اس کا پہلا راوی محمد بن یعلی کوفی جس کا لقب زمبور (بھڑ) ہے ضعیف ہے، دوسرا راوی عنبسہ بھی ضعیف ہے اور تیسرا راوی عبدالملک مجہول ہے اس لئے یہ روایت غایت درجہ ضعیف ہے، ایسی روایت کے لئے امام ترمذی لفظ منکر استعمال کرتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **تَعَشَّوْا وَلَوْ بِكَفٍّ مِنْ حَشَفٍ، فَإِنْ تَرْكَ العَشَاءِ مَهْرَمَةٌ:** شام کو کھاؤ، چاہے ایک مٹھی ردی کھجوریں ہوں، اس لئے کہ شام کو نہ کھانا بڑھاپے کا سبب ہے۔

تشریح: **تَعَشَّی:** رات کا کھانا کھانا، مجرد: **عَشٰی یَعْشُوْ عَشْوًا** ہے، جس کے معنی ہیں رتوندا ہونا، یعنی رات کو نظر نہ آنا اور **عَشَی فلانا** کے معنی ہیں: کسی کو رات کا کھانا کھلانا، **تَعَشَّوْا:** فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر ہے...... **بِكَفٍّ:** أی **بِمِلْءِ كَفٍّ** یعنی مٹھی بھر...... **الحَشَفُ** (بفتحتین) **مِنَ التَّمْر:** خراب کھجوریں جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہیں ان میں نہ گٹھلی ہوتی ہے نہ گودا، نہ جھلی ہوتی ہے نہ مٹھاس...... **مَهْرَمَةٌ:** بوڑھاپے کا سبب، **هَرِمَ الرَّجُلُ هَرَمًا وَمَهْرَمَةً:** بڑھاپے کی آخری منزل کو پہنچنا، بوڑھا اور کمزور ہوجانا۔

[٤٤-] باب ماجاء فی فَضْلِ العَشَاءِ

[١٨٥٠-] حدثنا يَحْيَى بنُ مُوْسَى، ثَنَا مُحمدُ بنُ يَعْلَى الْكُوْفِيُّ، ثَنَا عَنْبَسَةُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عَلَّاقٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تَعَشَّوْا، وَلَوْ بِكَفٍّ مِنْ حَشَفٍ، فَإِنَّ تَرْكَ العَشَاءِ مَهْرَمَةٌ"

هٰذَا حديثٌ مُنْكَرٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَنْبَسَةُ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بنُ عَلَّاقٍ مَجْهُوْلٌ.

بابُ ماجاء فِيْ التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ

بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھانا

عام طور پر احادیث میں کھانے سے پہلے صرف بسم اللہ کا ذکر ہے مگر ایک روایت میں جس کا حوالہ پہلے (تحفۃ الالمعی ۲۴۶:۱) گذرا ہے بسم الله وعلى بَرَكة الله بھی آیا ہے، پس کھانے سے پہلے صرف بسم اللہ یا بسم الله الرحمن الرحيم یا بسم الله وعلى بركة الله پڑھنا چاہئے، پھر کچھ حضرات کی رائے یہ ہے کہ کھانے سے پہلے تسمیہ واجب ہے کیونکہ اس باب میں صحیح روایات ہیں اور صیغہ امر وارد ہوا ہے، لیکن علماء کی عام رائے یہ ہے کہ کھانے سے پہلے بسم اللہ مسنون ہے۔

اور تسمیہ کے سلسلہ میں پانچ مسئلے ذہن نشین کرنے چاہئیں:

(۱) اگر اجتماعی کھانا کھایا جا رہا ہو تو بسم اللہ زور سے پڑھنا مستحب ہے، تاکہ اور لوگ بھی سنیں اور وہ بھی چوکنا ہو جائیں اور بسم اللہ پڑھیں۔

(۲) اگر کوئی شخص کھانے سے پہلے بسم اللہ بھول جائے تو جب یاد آئے: بسم الله أَوَّلَهُ و آخِرَهُ یا بسم الله في أولِه و آخِرِهِ: کہہ لے، اس کا فائدہ حدیث میں یہ آیا ہے کہ شیطان نے جو کھایا ہے وہ اس کو قئی کر دیتا ہے یعنی وہ برکت لوٹتی تو نہیں مگر دشمن کے پیٹ میں بھی نہیں رہتی، اور یہی کیا کم ہے! اور لفظ فی ذکر بھی کر سکتے ہیں اور حذف بھی کر سکتے ہیں۔

(۳) پانی، دودھ، شوربہ، دوا یا کسی بھی مشروب سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مسنون ہے جیسا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مسنون ہے۔

(۴) جنبی اور حائضہ وغیرہ کے لئے بھی کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا مسنون ہے۔

(۵) اگر چند افراد ایک ساتھ کھا رہے ہوں تو کسی ایک کا بسم اللہ پڑھنا سب کی طرف سے کافی ہے مگر مستحب یہ ہے کہ سب پڑھیں، البتہ جو شخص بعد میں آئے وہ اپنی بسم اللہ خود پڑھے اگر وہ نہیں پڑھے گا تو سارے کھانے کی برکت ختم ہو جائے گی، جیسا کہ آگے آ رہا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ کے پروردہ حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے، آپؐ کے سامنے کھانا تھا، آپؐ نے فرمایا: اُدْنُ یَابُنَیَّ! فَسَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ: نزدیک آجا اے پیارے بچے! اللہ کا نام لے، اور دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنی جانب سے کھا۔

تشریح: بُنَیَّ: ابن کی تصغیر ہے اور یہ تصغیر پیار کے لئے ہے، اردو میں بچے کی تصغیر بچونگڑا ہے اور اس حدیث میں کھانے کے تین ادب ہیں: ایک: بسم اللہ پڑھ کر کھانا، دوسرا: دائیں ہاتھ سے کھانا، تیسرا: اگر کھانا ایک طرح کا ہو تو

اپنی طرف سے کھانا۔ اور یہ حدیث ہشام اپنے ابا حضرت عروہ سے بھی روایت کرتے ہیں اور ابو وَجزہ سعدی سے بھی، پھر وہ قبیلہ مزینہ کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں، اور وہ عمر بن ابی سلمہ سے، غرض ہشام کے تلامذہ اس حدیث کی روایت میں مختلف ہیں۔

حدیث (۲): یہ حدیث نہایت ضعیف ہے اور باب سے غیر متعلق بھی ہے اس کا ایک راوی علاء بن الفضل ضعیف ہے اور اس کا استاذ عبید اللہ بھی ایسا ہی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی حدیث ثابت نہیں، حضرت عکراشؓ جو قلیل الروایہ صحابی ہیں اور جنھوں نے سو سال کی عمر پائی ہے: کہتے ہیں: مجھے قبیلہ بنومُرہ نے اپنے اموال کی زکوٰتیں نبی ﷺ کے پاس پہنچانے کے لئے بھیجا، میں آپؐ کے پاس مدینہ پہنچا تو آپ مہاجرین وانصار کے درمیان تشریف فرما تھے، عکراش کہتے ہیں: جب مجلس ختم ہوئی تو نبی ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے حضرت ام سلمہؓ کے گھر لے گئے اور پوچھا: کھانے کے لئے کچھ ہے؟ پس ہمارے پاس ایک بڑا پیالہ لایا گیا جس میں بہت ثرید اور گوشت کی بوٹیاں تھیں، پس ہم نے اس میں سے کھانا شروع کیا، میں اپنا ہاتھ پیالہ کے کناروں میں اِدھر اُدھر مارتا تھا یعنی بوٹیاں چن چن کر کھاتا تھا اور نبی ﷺ اپنے سامنے سے کھاتے تھے، پس آپؐ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اے عکراش! ایک جگہ سے کھاؤ، اس لئے کہ یہ ایک کھانا ہے، پھر ہمارے پاس ایک تھال لایا گیا جس میں مختلف قسم کے چھوہارے یا تازہ کھجوریں تھیں (عبید اللہ کو شک ہے) پس میں اپنے سامنے ہی سے کھاتا رہا اور نبی ﷺ کا ہاتھ تھال میں گھومتا رہا، یعنی آپؐ ہر طرف سے کھاتے تھے اور فرمایا: اے عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ، اس لئے کہ یہ ایک قسم کی کھجوریں نہیں ہیں، پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا، پس نبی ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کی تری کو اپنے چہرے پر، اپنی دونوں کلائیوں پر اور اپنے سر پر پونچھ لیا، اور فرمایا: اے عکراش! مامست النار سے وضو یہ ہے یعنی آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد جو وضو کا حکم ہے اس سے وضو شرعی مراد نہیں، بلکہ وضو لغوی مراد ہے یعنی ہاتھ منہ دھونا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے اور ابن ماجہ میں بھی ہے مگر مختصر ہے، اس حدیث میں کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کا کوئی ذکر نہیں، اس لئے یہ حدیث اس باب سے غیر متعلق ہے اور مصری نسخہ میں بھی بہت بے ربطی ہے، ابھی باب گذرا ہے: **بابٌ فی ترك الوضوء قبل الطعام**، یہ حدیث مصری نسخہ میں اس کے بعد متصلاً ہے مگر وہاں بھی باب **ماجاء فی التسمية فی الطعام** ہے پھر یہاں بھی یہی باب مکرر ہے اور یہ حدیث یہاں بھی ہے مگر دونوں جگہ باب سے غیر متعلق ہے، میری رائے میں اس حدیث کا تعلق **بابٌ فی ترك الوضوء قبل الطعام** سے ہونا چاہئے اور مصری نسخہ میں وہاں جو باب قائم کیا گیا ہے یعنی **بابُ ماجاء فی التسمية فی الطعام** یہ کاتب کی غلطی ہے، واللہ اعلم بالصواب

اور یہاں حدیث کے آخر میں ہے: **وفی الحديث قصة** یہ مصری نسخہ میں نہیں ہے بلکہ اس کی جگہ مصری نسخہ میں

ہے: ولانَعْرِفُ لعكراشٍ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم إلا هذا الحديث: اور یہی نسخہ صحیح معلوم ہوتا ہے کیونکہ لمبا مضمون تو روایت میں آ گیا، اس کے علاوہ روایت میں کوئی مضمون نہیں، البتہ ابن ماجہ (حدیث ۳۲۷۴ کتاب الأطعمة باب ۱۱) میں جو مختصر حدیث ہے، وہاں یہ جملہ لکھا جائے کہ اس حدیث میں لمبا مضمون ہے تو ایک بات بھی ہے۔

حدیث (۳): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی بھی کھانا کھائے تو چاہئے کہ بسم اللہ پڑھے پس اگر شروع میں کہنا بھول جائے تو چاہئے کہ بسم الله فی أوله و آخره کہے، اور اسی سند سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم چھ صحابہ کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے، اچانک ایک بدو آیا اور وہ سارا کھانا دو لقموں میں کھا گیا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: أَمَا إنه لو سَمَّى لكفاكم: سنو! اگر وہ بسم اللہ پڑھتا تو وہ کھانا تمہارے لئے کافی ہوجاتا۔

تشریح: الکوکب میں ہے: قَضِيَّةُ عَيْنٍ، لاَقَضِيَّةُ اسْتِمْرَارٍ: یعنی یہ ایک خصوصی واقعہ ہے ہمیشہ ایسا ہونا ضروری نہیں، یعنی چھ سات آدمیوں کا کھانا کوئی شخص دو لقموں میں کھا جائے ایسا عام طور پر نہیں ہوتا مگر جس طرح کھانے میں برکت ہوتی ہے بے برکتی بھی ہوتی ہے، اس خاص واقعہ میں یہی صورت پیش آئی تھی کہ کھانے میں بے برکتی ہوگئی اور بدو اس کو دو لقموں میں کھا گیا تا کہ اس سلسلہ کی تشریع امت کے سامنے آئے، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ مسئلہ واضح کیا کہ بعد میں جو شخص آکر کھانے میں شریک ہو وہ اپنی بسم اللہ خود پڑھے، ورنہ سارے کھانے کی برکت ختم ہوجائے گی، جیسا کہ اس واقعہ میں لوگوں نے مشاہدہ کیا، چنانچہ الکوکب میں ہے کہ حاضرین میں سے ایک کا بسم اللہ پڑھنا صرف انہی لوگوں کی طرف سے کافی ہوتا ہے جو تسمیہ کے وقت موجود ہوں جو بعد میں آکر شریک ہو اس کی طرف سے کافی نہیں۔

[٤٥-] باب ماجاء فی التَّسْمِيَةِ عَلَى الطَّعَامِ

[١٨٥١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ طَعَامٌ، فَقَالَ: " ادْنُ يَابُنَيَّ! فَسَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ"

وَقَدْ رُوِىَ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْ وَجْزَةَ السَّعْدِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَقَدْ اخْتَلَفَ أَصْحَابُ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديثِ، وأَبُوْ وَجْزَةَ السَّعْدِيُّ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ عُبَيْدٍ.

[١٨٥٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا الْعَلاَءُ بنُ الفَضْلِ بنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ أَبِيْ السَّوِيَّةِ أَبُوْ الْهُذَيْلِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عِكْرَاشٍ، عَنْ أَبِيْهِ عِكْرَاشِ بنِ ذُوَيْبٍ، قَالَ: بَعَثَنِيْ بَنُوْ مُرَّةَ بنِ عُبَيْدٍ بِصَدَقَاتِ أَمْوَالِهِمْ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ الْمَدِيْنَةَ، فَوَجَدْتُهُ جالِسًا بَيْنَ الْمُهَاجِرِيْنَ

وَالأَنْصَارِ، قَالَ: ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِىْ فَانْطَلَقَ بِىْ إِلٰى بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ:" هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟" فَأُتِيْنَا بِجَفْنَةٍ كَثِيْرَةِ الثَّرِيْدِ وَالْوَذْرِ، فَأَقْبَلْنَا نَأْكُلُ مِنْهَا، فَخَبَطْتُ بِيَدِىْ فِىْ نَوَاحِيْهَا، وأَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، فَقَبَضَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى عَلَى يَدِىْ الْيُمْنَى، ثُمَّ قَالَ:" يَا عِكْرَاشُ! كُلْ مِنْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ، فَإِنَّهُ طَعَامٌ وَاحِدٌ" ثُمَّ أُتِيْنَا بِطَبَقٍ، فِيْهِ أَلْوَانُ التَّمْرِ أَوْ: الرُّطَبِ — شَكَّ عُبَيْدُ اللّٰهِ — فَجَعَلْتُ آكُلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَجَالَتْ يَدُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِى الطَّبَقِ، قَالَ:" يَا عِكْرَاشُ! كُلْ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ، فَإِنَّهُ غَيْرُ لَوْنٍ وَاحِدٍ" ثُمَّ أُتِيْنَا بِمَاءٍ، فَغَسَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَرَأْسَهُ، وَقَالَ:"يَا عِكْرَاشُ! هٰذَا الْوُضُوْءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ"

هٰذا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْعَلَاءِ بنِ الْفَضْلِ، وَقَدْ تَفَرَّدَ الْعَلَاءُ بِهٰذَا الحديثِ، وَفِى الحديثِ قِصَّةٌ.

[١٨٥٣/١-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ بُدَيْلِ بنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أُمِّ كُلْثُوْمٍ، عَنْ عَائشةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُم طَعَامًا فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَإِنْ نَسِىَ فِىْ أَوَّلِهِ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ فِىْ أَوَّلِهِ وَآخِرِهِ"

[١٨٥٣/٢-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنْ عَائشةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَأْكُلُ طَعَامًا فِىْ سِتَّةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَجَاءَ أَعْرَابِىٌّ فَأَكَلَهُ بِلُقْمَتَيْنِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَا إِنَّهُ لَوْ سَمَّى لَكَفَاكُمْ"، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ملحوظہ: حضرت عکراش کی حدیث چونکہ نہایت ضعیف ہے، اس لئے علماء نے اس کو مامست النار کی روایات کے اختلاف میں فیصلہ کن قرار نہیں دیا۔

بابُ ماجاء فى كَرَاهِيَةِ الْبَيْتُوْتَةِ وَفِى يَدِهِ غَمَرٌ

اس حال میں رات گذارنا کہ ہاتھ میں چکناہٹ کی بو ہو پسندیدہ نہیں

اگر کھانے سے ہاتھ ملوث ہوں تو کھانے کے بعد ان کو اچھی طرح دھولینا مستحب ہے اور اگر کوئی کسی وجہ سے نہ دھوئے تو یہ گنوار پن کی بات ہے، مگر کسی ضرر کا اندیشہ نہیں، مگر اس حالت میں رات کو سونا ضرر کا سبب ہوسکتا ہے، کیڑوں کی قوت شامہ بہت تیز ہوتی ہے وہ بو سونگھ کر آ کر ہاتھ چاٹیں گے اور ہوسکتا ہے کہ کاٹ لیں، پس سونے سے پہلے ہاتھ منہ اچھی طرح دھو لینے چاہئیں، تاکہ ہاتھوں پر چکناہٹ نہ رہے اور ضرر کا کوئی اندیشہ باقی نہ رہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ الشیطانَ حَسَّاسٌ لَحَّاسٌ: شیطان بہت زیادہ احساس وادراک کرنے والا، بہت زیادہ چاٹنے والا ہے، فَاحْذَرُوْهُ علی أنفسِكُمْ: پس اپنے بارے میں اس سے ڈرو یعنی خیال رکھو کہ وہ تمھیں کوئی ضرر نہ پہنچائے، مَن باتَ وفی یدہ ریحُ غَمَرٍ، فأَصَابَہ شیئٌ، فلا یَلُوْمَنَّ إلا نَفْسَہ: جس نے رات گذاری اس حال میں کہ اس کے ہاتھ میں چکناہٹ کی بوتھی پس اس کو کوئی چیز پہنچی یعنی کسی کیڑے نے کاٹ لیا تو وہ ہرگز ملامت نہ کرے مگر اپنے نفس کو، کیونکہ یہ اسی کی کوتاہی کا نتیجہ ہے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سعید مقبری اور ابو صالح روایت کرتے ہیں، مگر ابو صالح کی سند سے حدیث کا متن صرف یہ ہے: مَن باتَ وفی یدہ ریحُ غَمَرٍ فأصابَہ شیئٌ فلایلومَنَّ إلا نفسہ یہی حدیث دوسرے نمبر پر لائے ہیں...... اور ابن رسلان نے لکھا ہے کہ اگر ہاتھ چکنے ہوں تو صابن وغیرہ سے دھونے چاہئیں تاکہ چکناہٹ اور بوختم ہوجائے۔

لغات: غَمِرَتِ الْیَدُ (س) غَمَرًا: ہاتھ میں گوشت یا چکناہٹ کی بو ہونا...... حَسَّاس (اسم مبالغہ) بہت زیادہ احساس کرنے والا...... لَحَّاسٌ (اسم مبالغہ) بہت زیادہ چاٹنے والا، لَحِسَ الإِنَاءَ (س) لَحْسًا: برتن کو انگلی یا زبان سے چاٹنا، اور شریعت کی اصطلاح میں بری اور تکلیف دہ باتیں شیطان کی طرف منسوب کرکے بیان کی جاتی ہیں پس یہ تمثیل یعنی پیرایۂ بیان ہے۔

[۴٦-] باب ماجاء فی کراھیة البَیْتُوْتَةِ وَفی یَدِہِ غَمَرٌ

[۱۸۵۴-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِیعٍ، ثَنَا یَعْقُوْبُ بنُ الْوَلِیْدِ الْمَدَنِیُّ، عَنْ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ ھریرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ الشَّیْطَانَ حَسَّاسٌ لَحَّاسٌ، فَاحْذَرُوْہُ عَلٰی أَنْفُسِکُمْ، مَنْ بَاتَ وَفِی یَدِہِ رِیْحُ غَمَرٍ، فَأَصَابَہُ شَیْئٌ، فَلاَ یَلُوْمَنَّ إِلَّا نَفْسَہُ"

ھٰذَا حدیثٌ غریبٌ مِنْ ھٰذَا الوَجْہِ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ حَدِیْثِ سُھَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ أَبِیْ ھُریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۱۸۵۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْحَاقَ أَبُوْ بَکْرٍ الْبَغْدَادِیُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِیُّ، ثَنَا مَنْصُوْرُ بنُ أَبِی الْأَسْوَدِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ ھریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ بَاتَ وَفِیْ یَدِہِ غَمَرٌ، فَأَصَابَہُ شَیْئٌ، فَلاَ یَلُوْمَنْ إِلَّا نَفْسَہُ"

ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لَانَعرِفُہُ مِنْ حَدِیثِ الْأَعْمَشِ إِلَّا مِنْ ھٰذَا الْوَجْہِ.

﴿آخرُ أبوابِ الْأَطْعِمَةِ﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الأَشْرِبَةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

پینے کی چیزوں کا بیان

اشربہ: شراب کی جمع ہے، شراب: عربی میں ہر مشروب کو کہتے ہیں، خواہ وہ حلال ہو یا حرام، اور اردو میں شراب: صرف حرام مشروب کو کہتے ہیں، اور لفظ مشروب (پینے کی چیز) عام ہے...... جو قومیں شراب پیتی ہیں ان کی زبانوں میں شرابوں کے لئے بہت سے الفاظ ہیں، جیسے انگریزی میں ہر چیز کی شراب کے لئے الگ لفظ ہے، اسلام سے پہلے عرب بھی بہت شراب پیتے تھے، اس لئے عربی میں بھی شرابوں کے لئے بہت الفاظ ہیں اور اردو مشترک زبان ہے، کسی قوم کی مخصوص زبان نہیں، اس لئے اردو میں صرف ایک لفظ شراب ہے، جو سب شرابوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے، اور ''مشروب'' عام لفظ ہے۔

باب ماجاء في شَارِبِ الْخَمْرِ

شراب پینے والے کے لئے وعید

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: **كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ**: ہر نشہ آور چیز خمر ہے، **وكلُّ مسكرٍ حرام**: اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے، **ومن شَرِبَ الخَمْرَ فى الدنيا، فَمَاتَ وَهو يُدْمِنُهَا، لَم يَشْرَبْهَا فى الآخرة**: اور جس نے دنیا میں شراب پی، پس وہ مرا اس حال میں کہ وہ اس کا عادی تھا (اس کو پابندی سے پیتا تھا) تو وہ آخرت میں شراب نہیں پیئے گا یعنی جنت میں نہیں جائے گا، الا یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کا گناہ بخش دیں۔

تشریح: یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اور اس میں دو مضمون ہیں: ایک: خمر کیا چیز ہے اور اس کا کیا حکم ہے؟ دوسری: شرابی کے لئے کیا وعید ہے؟ یہ دونوں مضمون اہم ہیں، پہلا مضمون اس لئے اہم ہے کہ اس میں فقہاء میں اختلاف ہوا ہے، اور دوسرا مضمون اس لئے اہم ہے کہ اس پر ایک اعتراض ہے، اس لئے دونوں کی تفصیل ضروری ہے۔

خمر کیا چیز ہے؟

حرام شرابیں چار ہیں:

۱-خمر: انگور کا کچا شیرہ (رس) جب اس میں جوش آئے، اور وہ اٹھے، اور اس پر جھاگ آئے، خمر کی یہ تعریف امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک ہے، اور صاحبین کے نزدیک جھاگ آنا ضروری نہیں، جب اس میں جوش آئے اور وہ اٹھے تو خمر بن گیا، اور دیگر ائمہ کے نزدیک: انگور کے کچے شیرے کی کچھ تخصیص نہیں، ان کے نزدیک: ہر نشہ آور مشروب خمر ہے، اور حرام ہے، یہ حدیث ان کی دلیل ہے۔

۲-طِلاء: انگور کا شیرہ، جب اس کو پکایا جائے، اور دو تہائی سے کم جلایا جائے، پھر جب اس میں نشہ پیدا ہو یعنی اس میں جوش آئے، اور وہ اٹھے، اور اس پر جھاگ آجائے (امام اعظمؒ کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک جھاگ آنا ضروری نہیں) تو وہ طلاء بن گیا، طلاء کے چند نام اور بھی ہیں: (۱) باذق (یہ بادہ کا معرب ہے) (۲) عصیر (شیرہ) (۳) منصّف (آدھا جلایا ہوا) (۴) مطبوخ ادنی طبخة (تھوڑا پکایا ہوا)

ملحوظہ: اگر انگور کا شیرہ پکا کر دو تہائی یا زیادہ جلا دیا جائے تو پھر وہ بگڑتا نہیں، نہ اس میں نشہ پیدا ہوتا ہے، نہ اب اس کا سرکہ بن سکتا ہے، اس لئے وہ بالا جماع حلال ہے، لوگ اس طرح پکا کر قوام بنا کر رکھ لیتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔

۳-سَکر: چھوہارے یا تازہ کھجوریں پانی میں بھگو دی جائیں، وہ گل کر پانی میٹھا ہو جائے، پھر اس میں جوش آئے اور وہ اٹھے، اور اس میں نشہ پیدا ہو تو وہ سکر ہے، اس کو نَقِیْعُ التَّمْر بھی کہتے ہیں، نقیع: فعیل کا وزن ہے اور بمعنی منقوع ہے یعنی پانی میں بھگوئے ہوئے چھوہارے، نَقَعَ الشئَ نَقْعًا کے معنی ہیں: کسی چیز کو پانی وغیرہ میں بھگونا، تر کرنا۔

۴-نقیع الزبیب: خشک انگور، منقّی پانی میں بھگو دی جائے، پھر جب وہ گل جائے اور اس میں جوش پیدا ہو، اور وہ اٹھے اور اس میں نشہ پیدا ہو تو وہ نقیع الزبیب ہے۔

بہ الفاظ دیگر: شرابوں کی تین قسمیں ہیں: ۱-خمر ۲-باقی تین شرابیں یعنی طلاء، سکر اور نقیع الزبیب ۳-ان کے علاوہ نشہ آور چیزیں جو نبیذیں کہلاتی ہیں، جیسے گیہوں، جو، شہد اور مکئی وغیرہ کی شرابیں۔

ملحوظہ: نبیذ: فعیل کا وزن ہے اور بمعنی منبوذ ہے، نَبَذَ الشیئَ کے معنی ہیں: ڈالنا، پانی میں کوئی بھی چیز ڈالی جائے، جب وہ گل جائے اور پانی میٹھا ہو جائے اور ابھی نشہ پیدا نہ ہوا ہو تو وہ بالاتفاق حلال ہے، اور جب نشہ پیدا ہو جائے تو اس کا حکم آگے آرہا ہے۔

خمر کا حکم:

خمر بالاجماع حرام ہے، اور اس کی حرمت قرآن کریم سے ثابت ہے، قرآن کریم نے اس کو رجس (گندگی) قرار دیا ہے، چنانچہ: ۱-اس کی ذات حرام ہے، اس کی حرمت نشہ ہونے پر موقوف نہیں ۲-وہ ناپاک بہ نجاستِ غلیظہ ہے جیسے پیشاب ۳-اس کو حلال قرار دینے والا کافر ہے، اس لئے کہ وہ نص قطعی کا منکر ہے ۴-خمر: مسلمان کے حق میں مالِ متقوم نہیں، پس اگر کوئی اس کو ضائع کردے یا غصب کرلے تو اس پر کوئی ضمان نہیں ۵-جو اس کو پیئے اس کو حد ماری جائے گی، چاہے نشہ نہ چڑھا ہو ۶-اس کو پکایا جائے تو پکانا اس میں مؤثر نہیں، وہ بدستور حرام رہے گا، کیونکہ پکانا حرمت کو روکتا ہے، حرمت کو اٹھاتا نہیں۔

البتہ اس کا سرکہ بنانا جائز ہے، کیونکہ ماہیت بدل جانے سے حکم بدل جاتا ہے، نیز حرمتِ خمر کی علت سکر (نشہ) ہے، سرکہ بن جانے کے بعد وہ علت باقی نہیں رہتی، اور حکم علت کے ساتھ دائر رہتا ہے، اس لئے سرکہ بننے کے بعد حرمت کا حکم اٹھ جائے گا۔

حرمتِ خمر کی دلیل:

خمر کے سلسلہ میں چار آیتیں بالترتیب نازل ہوئی ہیں:

پہلی آیت: سورۃ النحل کی آیت ۶۷ ہے: ﴿وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيْلِ وَالأَعْنَابِ: تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَراً وَّرِزْقًا حَسَنًا﴾ ترجمہ: اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم لوگ سکر (کھجور کی شراب) اور عمدہ کھانے کی چیزیں بناتے ہو، اس آیت میں کھجور کی شراب کا تذکرہ تو کیا، مگر انگور کی شراب یعنی خمر کا تذکرہ نہیں کیا، پھر سکر کے ساتھ کوئی صفت نہیں لائی گئی، یہ سورت مکی ہے، پس یہ آیت بھی مکی ہے، اس آیت میں واضح حکم تو نہیں مگر ہلکا سا اشارہ ہے، اور وہ اس طرح کہ خمر کا ذکر چھوڑ دیا اور سکر کو بھی کسی وصف کے ساتھ متصف نہیں کیا، اور خمر کا تذکرہ بالکل اس لئے نہیں کیا کہ وہ آگے چل کر حرام ہونے والی ہے، اور سکر کے ساتھ کوئی وصف اس لئے نہیں لایا گیا کہ آگے چل کر درجہ دوم میں اس کی حرمت بھی آنے والی ہے، چنانچہ لوگوں نے خمر کے بارے میں سوال کیا، انھوں نے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا تذکرہ کیوں چھوڑا ہے؟ چنانچہ عرصہ بعد مدنی دور میں دوسری آیت نازل ہوئی۔

دوسری آیت: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۱۹ ہے: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ؟ قُلْ: فِيْهِمَا إِثْمٌ كَبِيْرٌ، وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ، وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا﴾ ترجمہ: لوگ آپؐ سے خمر اور قمار کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ آپؐ بتادیں کہ دونوں میں بڑا گناہ (خرابی) ہے، اور کچھ فوائد ہیں، اسی وجہ سے لوگ خمر پیتے ہیں اور سٹہ کھیلتے ہیں، مگر ان میں ایک بہت بڑا ضرر ہے، جس کا تذکرہ چوتھی آیت میں آرہا ہے۔ اس آیت کے نزول پر لوگ سمجھ گئے کہ دیر سویر

ان کی حرمت ضرور نازل ہوگی، مگر چونکہ صراحۃً منع نہیں کیا تھا اس لئے لوگ پیتے رہے، پھر ایک واقعہ پیش آیا، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے چند صحابہ کی دعوت کی، اور دعوت میں ان کو شراب پلائی، پھر مغرب کی نماز کا وقت آیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کو امام بنایا گیا، انھوں نے سورۃ الکافرون پڑھی، اور نشہ میں سب جگہ سے لا حذف کر دیا اور بات کچھ سے کچھ ہوگئی پس تیسری آیت نازل ہوئی۔

تیسری آیت: سورۃ النساء کی آیت ۴۳ ہے: ﴿ یٰأَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا: لَا تَقْرَبُوْا الصَّلوٰۃَ وَأَنْتُمْ سُکَارٰی، حَتّٰی تَعْلَمُوْا مَاتَقُوْلُوْنَ ﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! تم ایسی حالت میں نماز کے پاس مت جاؤ کہ تم نشہ میں ہو، یہاں تک کہ تم سمجھنے لگو کہ تم منہ سے کیا کہتے ہو، چنانچہ ظہر سے گھنٹہ پہلے پینا بند کرنا پڑا، پھر عشاء تک نہیں پی سکتے تھے، کیونکہ یکے بعد دیگرے نمازیں آرہی تھیں، اب پینے کے دو ہی وقت رہے: ایک عشاء کے بعد فجر سے ایک گھنٹہ پہلے تک، دوسرا: فجر کے بعد زوال سے ایک گھنٹہ پہلے تک، گویا لوگ ۲۰ سگریٹ سے ۵ پر آگئے، اس طرح وہ کم پینے کے عادی ہوگئے تو چوتھی آیت نازل ہوئی۔

چوتھی آیت: سورۃ المائدۃ کی آیات ۹۰ اور ۹۱ ہیں: ﴿یٰأَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا! إِنَّمَا الْخَمْرُ، وَالْمَیْسِرُ، والأَنْصَابُ، وَالأَزْلَامُ: رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّیْطَانِ، فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ. إِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطَانُ أَنْ یُوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَعَنِ الصَّلوٰۃِ، فَھَلْ أَنْتُمْ مُنْتَھُوْنَ؟!﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! انگوری شراب، جوا، غیر اللہ کے لئے قربانی کے تھان اور قرعہ کے تیر: سب گندی باتیں اور شیطانی کام ہیں، پس ان سے بچو، تاکہ تم کامیاب ہو۔ شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ خمر اور جوے کے ذریعہ تمہارے درمیان عداوت اور بغض پیدا کرے، اور تم کو اللہ کی یاد سے اور نماز سے روک دے، تو کیا تم باز آؤ گے؟! (ضرور ہم ان سے باز رہیں گے)

تفسیر: دوسری آیت میں خمر کی دو خرابیاں بیان فرمائی ہیں: دینی اور دنیوی:

دنیوی خرابی: شرابی لوگوں سے جھگڑتا ہے اور ان پر زیادتی کرتا ہے یعنی جب اس کی عقل ماری جاتی ہے تو وہ گالی گلوچ کرتا ہے، اور دنگا فساد مچاتا ہے اور دوسروں کا مال ضائع کرتا ہے، بلکہ کبھی نوبت قتل کی بھی آجاتی ہے۔

دینی خرابی: شرابی نفس کے تقاضوں میں گھستا چلا جاتا ہے، اس کو نہ نماز یاد رہتی ہے نہ اللہ کا ذکر، کیونکہ شراب سے وہ عقل ہی ناکارہ ہوجاتی ہے جو نیکیوں کی بنیاد ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۳۳۰)

آیت خاص حکم عام:

اور نصوص میں ایسا ہوتا ہے کہ نص خاص ہو مگر حکم عام ہو اور اس کے برعکس بھی ہوتا ہے، امام شافعی رحمہ اللہ نے الرسالۃ میں اس کی بہت سی مثالیں بیان کی ہیں، یہاں بھی آیت لفظ خمر کے ساتھ نازل ہوئی ہے، اور خمر انگوری

شراب کو کہتے ہیں، اوراس کے دلائل میں نے رحمۃ اللہ (۵:۳۳۱) میں بیان کئے ہیں، مگر حکم عام ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: جب خمر کی حرمت نازل ہوئی تو پانچ چیزوں کی شرابیں رائج تھیں: انگور، کھجور، گیہوں، جو اور شہد کی (مگر حرمت ان پانچ میں منحصر نہیں، بلکہ) خمر: ہر وہ شراب ہے جو عقل کو ڈھانک دے (مشکوٰۃ حدیث ۳۶۳۵) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب خمر حرام کی گئی تو انگوری شراب کا وجود بہت کم تھا، اکثر شرابیں کھجور اور چھوہاروں کی تھیں (مشکوٰۃ حدیث ۳۶۳۶)

باقی تین شرابوں کا حکم:

دوسری شراب: عصیر (طلاء) احناف کے نزدیک حرام ہے، کیونکہ یہ بھی انگوری شراب ہے، اگرچہ پکائی گئی ہے اس لئے خمر نہیں رہی، اسی طرح ائمہ ثلاثہ کے نزدیک بھی حرام ہے، البتہ امام اوزاعی کے نزدیک مباح ہے......اور تیسری شراب: سَکر: احناف کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ اس کی حرمت خبر واحد سے ثابت ہے، اور قاضی شریک بن عبداللہ نخعی کوفی کے نزدیک مباح ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حرام ہے...... اور چوتھی شراب: نقیع الزبیب احناف کے نزدیک حرام ہے اور امام اوزاعی کے نزدیک مباح ہے اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حرام ہے۔

غرض: احناف کے نزدیک: ان تین شرابوں کی حرمت درجہ دوم میں ہے، چنانچہ وہ ان کے حلال کہنے والے کو کافر نہیں کہتے، اور احناف کے نزدیک ان کی نجاست میں اختلاف ہے کہ غلیظہ ہے یا خفیفہ؟ اور خمر میں کوئی اختلاف نہیں، وہ پیشاب کی طرح نجاستِ غلیظہ ہے، اور جو شخص یہ تین شرابیں پیئے اس کو حد اس وقت لگائی جائے گی جب نشہ چڑھ جائے، ورنہ حد واجب نہیں، اور ان کی بیع درست ہے اور ہلاک کرنے والے پر امام اعظم کے نزدیک ضمان واجب ہے اور صاحبین کے نزدیک ضمان واجب نہیں، اور ان کی حرمت مسلم شریف کی حدیث (نمبر ۱۹۸۵) سے ثابت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''خمر: اِن دو درختوں سے ہے اور آپؐ نے کھجور اور انگور کے درختوں کی طرف اشارہ کیا'' اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ان کی حرمت بھی خمر ہی کی طرح ہے، اور ان کے دلائل آگے آرہے ہیں۔

نشہ آور نبیذوں کا حکم:

اور مذکورہ چار شرابوں کے علاوہ جو بھی شراب ہے، خواہ گیہوں کی ہو، جو کی ہو، شہد کی ہو یا مکئی وغیرہ کی ہو، وہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک حلال ہے، اس کی تھوڑی مقدار پینے والے کو حد نہیں ماری جائے گی جبکہ اس نے عبادت پر قوت حاصل کرنے کی غرض سے پی ہو، اور جو شخص ان شرابوں سے مست ہو کر بیوی کو طلاق دے: وہ طلاق واقع نہیں ہوگی، جیسے بھنگ پی کر پاگل ہو جائے یا گھوڑی کا دودھ پی کر بے عقل ہو جائے اور طلاق دے تو طلاق واقع نہیں ہوتی اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کا بھی تقریباً یہی قول ہے، اور امام محمد رحمہ اللہ کے نزدیک ان شرابوں کی تھوڑی مقدار بھی حرام

ہے اور پینے والے کو سزا دی جائے گی اور ان شرابوں سے مدہوش ہونے والے کی طلاق واقع ہوگی اور فتوی امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر ہے ان کے نزدیک ہر شراب اور اس کی ہر مقدار حرام ہے، درمختار (۵:۳۲۳) میں ہے (وحَرَّمها محمدٌ) أی الأشربة المتخذة من العسل والتین ونحوهما (مطلقاً) قلیلها وکثیرها (وبه یفتی) ذکر الزیلعي وغیره، واختاره شارح الوهبانیة اور شامی میں دیگر بہت سے فقہاء کی تائیدات مذکور ہیں۔

جمہور کے دلائل:

امام محمد اور ائمہ ثلاثہ کے دلائل درج ذیل روایات ہیں:

۱- باب کی حدیث ہے کہ ہر نشہ آور چیز خمر ہے، اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

۲- شہد اور مکئی وغیرہ کی شرابوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؐ نے فرمایا: ''ہر وہ شراب جو نشہ کرے حرام ہے''

۳- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شراب کی زیادہ مقدار نشہ کرے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے''

۴- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شراب کا ایک فرق (دس لیٹر) نشہ کرے اس کا ایک چلّو بھی حرام ہے''(۱)

شیخین کے دلائل:

اور امام ابوحنیفہ اور امام ابویوسف رحمہما اللہ کے دلائل درج ذیل ہیں:

۱- ابوداؤد (حدیث ۳۶۹۵، ۳۶۹۶) میں حدیث ہے: ''نقیر، مزفّت، دباء اور حنتم میں بنائی ہوئی نبیذ نہ پیو، اور چمڑے کی مشک میں بنائی ہوئی نبیذ جس کا منہ باندھا گیا ہو پیو، پس اگر وہ اٹھے یعنی اس میں جوش آئے اور نشہ پیدا ہوجائے تو اس کو پانی سے توڑو یعنی اس میں ٹھنڈا پانی ملاؤ جوش ختم ہوجائے گا اور نشہ کافور ہوجائے گا (پس پیو) اور اگر وہ تم کو تھکا دے یعنی پانی سے بھی جوش ختم نہ ہو تو اس نبیذ کو پھینک دو'' اس حدیث میں نبیذ میں نشہ پیدا ہونے کے بعد بھی پینے کی اجازت دی گئی ہے۔

۲- طحاوی (۲:۳۲۶) میں روایت ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سفر میں تھے، آپؓ کے پاس نبیذ لائی گئی، آپؓ نے اس میں سے پیا تو منہ بگاڑا، پھر فرمایا: طائف کی نبیذ سخت ہوتی ہے، پھر پانی منگوایا اور اس پر ڈالا، پھر اس کو پیا۔ اس کی سند صحیح ہے، حافظ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: إن هذا أصح الآثار۔

۳- طحاوی میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ایک دوسرا اثر ہے کہ نبیذ میں نشہ ہوگیا تھا تو آپؓ نے فرمایا: اس (نشہ)

(۱) یہ سب حدیثیں مشکوٰۃ (کتاب الحدود، باب بیان الخمر) میں ہیں۔ ان میں سے صرف دوسری حدیث متفق علیہ ہے اور پہلی حدیث صرف مسلم میں ہے، متفق علیہ نہیں، اور باقی حدیثیں سنن کی ہیں، علاوہ ازیں: مزر یعنی ذُرہ (چینا یا مکئی) کی شراب کی روایت بھی مسلم شریف میں ہے وہ بھی حرام ہے جبکہ وہ نشہ آور ہوگئی ہو۔

کو پانی سے توڑو (اس کی سند بھی صحیح ہے)

۴- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے ایک نبیذ بنائی گئی، مدینہ کے راستہ میں ایک شخص نے اس میں سے گھٹ گھٹ پیا، جس سے اس کو نشہ چڑھ گیا، حضرت عمرؓ نے اس کو چھوڑے رکھا، جب اس کا نشہ اتر گیا تو اس کو حد ماری، پھر حضرت عمرؓ نے پانی سے اس کا نشہ توڑا اور اس میں سے پیا، اسی طرح نافع بن عبدالحارث نے جو حضرت عمرؓ کے مکہ کے عامل تھے، مشکیزے میں حضرت عمرؓ کے لئے نبیذ بنائی، حضرت عمرؓ کے آنے میں کسی وجہ سے دیر ہوگئی، یہاں تک کہ نبیذ اپنی حد سے بڑھ گئی، پھر اور بڑھ گئی، پس حضرت عمرؓ نے اس کو منگوایا تو وہ سخت یعنی نشہ آور ہوگئی تھی، پس اس کو ایک بڑے پیالے میں ڈالا، پھر پانی سے اس کا نشہ توڑا اور خود بھی پیا اور لوگوں کو بھی پلایا (مصنف عبدالرزاق ۹:۲۲۴ حدیث ۱۷۰۱۵ باب الحد في نبيذ الأسقِية) یہ روایت طحاوی (۴:۲۱۸ مصری) میں بھی ہے۔

۵- سنن بیہقی (۸:۲۹۷) میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا فتوی ہے: حرمت الخمر بعينها، القليل منها والكثير، والسكر من كل شراب: خمر: لذاتہ حرام ہے، قلیل بھی اور کثیر بھی، اور دیگر شرابوں میں سے نشہ آور مقدار حرام ہے۔

ان روایات کی وجہ سے شیخین نے نبیذوں کی غیر مسکر مقدار کو جائز رکھا ہے، مگر:

امام اعظم رحمہ اللہ نے فرمایا: لو أُعطيتُ جميع ما في الدنيا ومثلها لأشرب قطرةَ نبيذ فلا أشربه، فإنه مختلف فيه، ولو أعطيتُ جميع ما في الدنيا لأحرم عليكم النبيذ: لا أُحرمه، لأنه مختلف فيه: اگر میں دنیا بھر کی دولت دیا جاؤں اور ایک اور دنیا بھی تا کہ میں نبیذ کا ایک قطرہ پیوں تو میں اس کو نہیں پیوں گا، کیونکہ وہ مختلف فیہ ہے اور اگر میں دنیا بھر کی دولت دیا جاؤں کہ نبیذ کو تمہارے لئے حرام کردوں تو اس کو حرام نہیں کروں گا، کیونکہ وہ مختلف فیہ ہے (امام اعظم کا یہ قول شروح ہدایہ میں ہے) اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا: في نفسي من هذه الفتيا كأمثال الجبال، ولكن عادة البلد- أي الكوفة - هذا: اس فتوے کا میرے دل پر پہاڑوں جیسا بوجھ ہے، مگر ہمارے شہر کوفہ کا یہی تعامل ہے (یہ قول ابو جعفر نحاس نے الناسخ والمنسوخ میں ذکر کیا ہے)

جمہور کے دلائل کا جواب:

جمہور نے جن روایات کی بنیاد پر ہر شراب کو خمر قرار دیا ہے: وہ سب روایات بیانِ الحاق کے لئے ہیں کیونکہ اگر تمام شرابیں لغۃً خمر ہوتیں تو ان روایات کی ضرورت نہیں تھی، صحابہ اہل لسان تھے، وہ لفظ خمر کے معنی جانتے تھے، پھر ان روایات کی کیا حاجت تھی؟ بات درحقیقت یہ ہے کہ حقیقی خمر: صرف انگوری شراب ہے، سورۃ یوسف آیت ۳۶ میں ہے: ﴿ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّيٓ أَرَانِيٓ أَعْصِرُ خَمْرًا ﴾ یعنی ایک قیدی نے کہا: میں خواب میں خود کو دیکھتا ہوں کہ میں انگور نچوڑ رہا ہوں، اس آیت میں انگور پر خمر کا اطلاق کیا گیا ہے، کیونکہ وہ آئندہ خمر بننے والے ہیں، اور بلا قرینہ خمر سے انگور اسی

وقت سمجھے جاسکتے ہیں: جب لفظ خمر انگوری شراب کے لئے خاص ہو......اور دیگر تمام شرابیں حکمی خمر ہیں، یعنی ان کو خمر کے حکم میں رکھا گیا ہے اور علتِ سکر کی بنیاد پر رکھا گیا ہے، فرمایا: کُلُّ مُسکرِم حرام: ہر (بالفعل) نشہ آور چیز حرام ہے، اور فرمایا: الخمر: ماخامر العقل: خمر: ہر وہ شراب ہے جو (بالفعل) عقل کو چھپادے، پس نشہ کی مقدار سے کم پینا اور وہ بھی عبادت پر قوت حاصل کرنے کی نیت سے پینا جائز ہوگا، کیونکہ صحابہ سے خاص طور پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس کا پینا ثابت ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہٗ کا یہ ارشاد: نعم، کان ناس من الصحابة و التابعین لم یبلغھم الحدیث فی أول الأمر فکانوا معذورین: یعنی بعض صحابہ وتابعین سے جو غیر انگوری شراب کی تھوڑی مقدار پینا مروی ہے تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کو شروع میں یہ روایات نہیں پہنچی تھیں، پس وہ معذور تھے۔ یہ بات حضرت عمرؓ کے تعلق سے کیسے تسلیم کرلی جائے گی؟ وہ امیر المؤمنین تھے، ان کا عمل لوگوں کے سامنے ہوتا تھا، پھر کسی نے ان کو یہ روایات کیوں نہیں پہنچائیں؟ بلکہ وہ یہ روایات جانتے تھے، خود حضرت عمرؓ کا ارشاد منبر سے خطاب عام میں مروی ہے کہ جب خمر کی حرمت نازل ہوئی تو پانچ چیزوں کی شراب رائج تھی، پھر قرآنِ کریم میں خمر کی تخصیص کی گئی، تو اس کی کوئی وجہ تھی۔ اور وہ وجہ یہی تھی کہ خمر تو مطلقاً حرام ہے اور دیگر شرابوں کی نشہ آور مقدار حرام ہے۔

فتوی امام محمد رحمہ اللہ کے قول پر کیوں ہے؟

اب سوال یہ ہے کہ جب شیخین کے قول کی مضبوط دلیل ہے تو پھر فتوی امام محمدؒ کے قول پر کیوں ہے؟ اور ہر نشہ آور شراب مطلقاً حرام کیوں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ملت کی تنظیم کا یہی تقاضا ہے، نشلی چیزوں میں یہ خاصیت ہے کہ ان کا تھوڑا زیادہ کی دعوت دیتا ہے، جب اس کا چسکا پڑ جاتا ہے تو آدمی تھوڑے پر نہیں رکتا، اس لئے سیاستِ ملیہ (مذہبی راہ نمائی) میں ضروری ہے کہ حرمت کا مدار بالقوۃ نشہ آور ہونے پر رکھا جائے، اور جو بھی چیز نشہ آور ہو اس کو حرام قرار دیا جائے، اور قلیل وکثیر: ہر مقدار کو ناجائز ٹھہرایا جائے، حرمت کا مدار بالفعل نشہ ہونے پر نہ رکھا جائے، یہ بات ملت کے مفاد میں نہیں۔

اس کی نظیر: وقف کا مسئلہ ہے۔ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک موقوفہ جائداد واقف کی ملکیت سے (علاوہ چار صورتوں کے) نہیں نکلتی، اس لئے واقف موقوفہ جائداد فروخت کرسکتا ہے، اگرچہ ایسا کرنا مکروہ ہے، اور امام اعظم کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے وقف کی روایت ہے، جو مسئلہ وقف میں واحد نص ہے، اس میں ہے: إن شئتَ حَبَسْتَ أصلَها وتصدَّقْتَ بها: یعنی اگر آپ چاہیں تو خیبر کی زمین اپنی ملکیت میں رکھیں، اور اس کے منافع خیرات کریں۔ اور صاحبین اور جمہور کہتے ہیں: جب وقف تام ہوجاتا ہے تو جائداد واقف کی ملکیت سے نکل جاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں چلی جاتی ہے، لہٰذا اب واقف اس کو فروخت نہیں کرسکتا، اور فتوی اسی پر ہے، کیونکہ وقف کی مصلحت اسی میں ہے۔

شراب پینے پر سخت وعید:

حدیث بالا میں دوسرا مضمون یہ ہے کہ جس نے دنیا میں شراب پی، پس وہ اس حال میں مرا کہ وہ اس کا عادی تھا یعنی اس نے توبہ نہیں کی تھی تو وہ آخرت میں شرابِ جنت نہیں پیئے گا یعنی اس کو جنت میں جانا نصیب نہیں ہوگا، کیونکہ جو بھی جنت میں جائے گا وہ جنت کی سبھی نعمتوں سے متمتع ہوگا۔ حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ جنت میں تو جائے گا مگر وہ نعمتِ شراب سے محروم رہے گا، اور یہ حدیث ان احادیث کی طرح ہے جن میں آیا ہے: **لم یَرِحْ رائحةَ الجنةِ، وإن رِیْحَهَا یوجد من مسیرة أربعین عاما** (بخاری حدیث ۳۱۶۶) یا فرمایا: **حرام علیه رائحةُ الجنة**: یعنی وہ جنت کی خوشبو نہیں پائے گا جبکہ جنت کی خوشبو چالیس سال کی مسافت سے محسوس کی جاتی ہے یا اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے یعنی وہ جنت کے قریب بھی نہیں جاسکے گا، ان احادیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ جنت میں تو جائے گا، مگر جنت میں اس کو نزلہ ہوجائے گا جس کی وجہ سے جنت کی خوشبو نہیں پائے گا۔

سوال: پھر تو یہ حدیث ان گمراہ فرقوں کی دلیل بن گئی جو کہتے ہیں کہ مرتکبِ کبیرہ اسلام سے خارج ہوجاتا ہے، چنانچہ وہ جنت میں نہیں جائے گا۔

جواب: یہ سب حدیثیں سورۃ النساء کی آیت ۹۳ کی طرح ہیں: ﴿**وَمَنْ یَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءُ هٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِیْهَا**﴾ یعنی جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے: اس کی سزا جہنم ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہے گا، اس آیت میں غایت بیان کئے بغیر مطلقاً سزا بیان کی گئی ہے، کیونکہ وعید کے لئے ایسا کرنا ضروری ہے، مگر سورۃ النساء کی آیت ۴۸ و ۱۱۶ میں ارشاد پاک ہے کہ مشرک کو تو اللہ پاک کبھی معاف نہیں کریں گے، اور اس کے علاوہ دیگر معاصی کو جس کے لئے منظور ہوگا: بخش دیں گے، پس مذکورہ آیت اور یہ حدیثیں مشیتِ ایزدی کے ماتحت ہیں یعنی یہ بندے جنت میں نہیں جاسکیں گے، ہاں جب اللہ تعالیٰ ان کا گناہ بخش دیں تو وہ جائیں گے اور جنت کی سب نعمتوں سے متمتع ہونگے۔

شرابی کی نماز قبول نہیں ہوتی:

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے شراب پی: اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی کوئی نماز قبول نہیں فرماتے، پس اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں۔ پھر اگر اس نے دوبارہ پی تو اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی کوئی نماز قبول نہیں فرماتے، پس اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتے ہیں، پھر اگر اس نے سہ بارہ پی تو اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی کوئی نماز قبول نہیں فرماتے، پھر اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتے ہیں۔ پھر اگر اس نے چوتھی بار پی تو اللہ تعالیٰ چالیس دن تک اس کی کوئی نماز قبول نہیں فرماتے، پھر اگر وہ توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول نہیں فرماتے اور اس کو زہرناک نہر سے پلائیں گے، راوی

نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: زہر ناک نہر کیا ہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: جہنمیوں کے پیپ کی نہر!

تشریح: نماز کا قبول نہ ہونا: نماز کا اس کے حق میں نفع بخش نہ ہونا ہے، جس طرح صاف برتن پر قلعی کھلتی ہے، اور میلے برتن پر کارگر نہیں ہوتی، اسی طرح نیکوکاری کی حالت میں عبادت سودمند ہوتی ہے، اور نفس کے گندہ ہونے کی حالت میں نفع بخش نہیں ہوتی، پس جب آدمی کسی معصیت پر مثلاً شراب پینے پر اقدام کرتا ہے اور اللہ کے سامنے بے باکی اور دلیری دکھاتا ہے اور اس کا نفس رذیل حالت میں غوطہ زن ہوتا ہے تو بہیمیت کا ملکیت پر غلبہ ہوجاتا ہے اور نفس کی حالت بگڑ جاتی ہے اور بدکاری کی حالت نیکوکاری کی ضد اور اس کے منافی ہے، اس لئے جس طرح نیکوکاری کی حالت میں نماز وغیرہ عبادات سودمند ہوتی ہیں، اور دوسری نیکیوں کا شوق پیدا کرتی ہیں: اس طرح تلویثِ نفس کی حالت میں اثر نہیں کرتیں اور جب تک نفس کی یہ حالت رہتی ہے: یہی صورتِ حال باقی رہتی ہے، اور نفس کی یہ کیفیت بہت دنوں تک (چالیس دن تک) باقی رہتی ہے، پھر رفتہ رفتہ نمازوں کے اثر سے یہ حالت بدل جاتی ہے اور نماز نفع بخش ہونے لگتی ہے، البتہ اگر بندہ گناہ سے توبہ کر لے تو جلد گناہ کا اثر زائل ہوجاتا ہے اور نماز قبول ہونے لگتی ہے......

اور بار بار توبہ کرنا اور گناہ کی طرف لوٹنا: ایک کھیل ہے یا اس میں کھیل کا شائبہ ہے، اس لئے چوتھی مرتبہ میں توبہ قبول نہیں ہوتی (رحمۃ اللہ ۵: ۳۳۸)

أبواب الأشربة

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء في شَارِبِ الْخَمْرِ

[۱۸۵۶-] حدثنا يَحْيىَ بنُ دُرُسْتَ أَبُوْ زَكَرِيَّا، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ مُسْكِرٍ خَمْرٌ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، وَمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِيْ الدُّنْيَا، فَمَاتَ وَهُوَ يُدْمِنُهَا، لَمْ يَشْرَبْهَا فِي الآخِرَةِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعُبَادَةَ، وأَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، وابنِ عَبَّاسٍ.

حديثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۱۸۵۷-] أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ

أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلاَةٌ: أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلاَةً: أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَادَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلاَةً: أَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا، فَإِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَإِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ لَهُ صَلاَةً: أَرْبَعِيْنَ صِبَاحًا، فَإِنْ تَابَ لَمْ يَتُبِ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَسَقَاهُ مِنْ نَهْرِ الْخَبَالِ" قِيْلَ: يَا أَبَا عَبْدِ الرحمنِ! وَمَا نَهْرُ الْخَبَالِ؟ قَالَ: نَهْرٌ مِنْ صَدِيْدِ أَهْلِ النَّارِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ نَحْوُ هٰذَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ ماجاء كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

ہرنشہ آور چیز حرام ہے

یہ حدیث کے الفاظ ہیں، یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسندوں سے ذکر کی ہے: ایک: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ نبی ﷺ سے شہد کی شراب کے بارے میں پوچھا گیا، آپؐ نے فرمایا: جو بھی شراب مدہوش کرے وہ حرام ہے۔ دوسری: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: کُلُّ مُسْکِرٍ حرامٌ: ہرنشہ آور چیز حرام ہے، اور یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

تشریح: اس حدیث میں مسکر سے بالفعل نشہ کرنا مراد ہے یا بالقوۃ؟ نبیذوں کی حلت کے قائل علماء بالفعل نشہ کرنا مراد لیتے ہیں اور نشہ سے کم مقدار کو جائز کہتے ہیں، اور جمہور بالقوۃ نشہ آور ہونا مراد لیتے ہیں اس لئے وہ تھوڑی مقدار کو بھی ناجائز کہتے ہیں۔ اور ان کی دلیل آئندہ باب کی حدیثیں ہیں، اور پہلے فریق کی دلیل صحابہ وتابعین کا عمل ہے، وہ نشہ آور نبیذیں استعمال کرتے تھے جیسا کہ گذشتہ باب میں آیا ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے اور حدیث نہ کسی کے موافق ہے نہ مخالف۔

[٢-] باب ماجاء كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

[١٨٥٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثنا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائشةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنِ البِتْعِ؟ فَقَالَ:" كُلُّ شَرَابٍ أَسْكَرَ فَهُوَ حَرَامٌ"

[١٨٥٩-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ القُرَشِيُّ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، قَالاَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ

إِدْرِيْسَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ؛ وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، وأَبِىْ مُوْسَى، والْأَشَجِّ الْعَصَرِيِّ، وَدَيْلَمَ، وَمَيْمُوْنَةَ، وَعَائشةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَقَيْسِ بنِ سَعْدٍ، وَالنُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَمُعَاوِيَةَ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ مُغفَّلٍ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَبُرَيْدَةَ، وَأَبِىْ هريرةَ، وَوَائِلِ بنِ حُجْرٍ، وَقُرَّةَ الْمُزَنِىِّ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَكِلَاهُمَا صَحِيْحٌ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَعَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: پہلی حدیث امام زہریؒ: ابوسلمہ سے، وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ حدیث شہد کی شراب کے بارے میں ہے اوراعلی درجہ کی صحیح ہے، اور دوسری حدیث ایک قاعدہ کلیہ ہے، اوراس کے بعد جو هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ ہے وہ مصری نسخہ میں نہیں ہے اس کے بجائے پہلی حدیث کے آخر میں: قال أبو عيسىٰ: هذا حديث حسن صحيحٌ ہے۔ پھر دوسری حدیث کے بعد متصلاً وفی الباب ہے، یہ تمام صحابہ بھی قاعدہ کلیہ روایت کرتے ہیں، اوراس کے بعد هذا حديثٌ حسنٌ ہے، یہ دوسری حدیث سے متعلق ہے اور دوسری حدیث محمد بن عمرو: ابوسلمہ سے، اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ سند بھی اعلی درجہ کی صحیح ہے اوراسی حدیث کو محمد بن عمرو: ابوسلمہ سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت کرتے ہیں جس کی تخریج نسائی اور امام احمد نے کی ہے اور امام ترمذیؒ نے دونوں سندوں کو صحیح قرار دیا ہے کیونکہ یہ حدیث متعدد اسانید سے عن أبی سلمة، عن أبی هريرة بھی مروی ہے مگر اس اختلاف کی وجہ سے ابن عمر کی حدیث کو امام ترمذی نے صرف حسن کہا ہے حالانکہ یہ بھی صحیح ہے۔

بابُ ماجاء ما أَسْكَرَ كَثِيْرُه فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ

جس شراب کی زیادہ مقدار نشہ کرے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے

یہ بھی حدیث کے الفاظ ہیں جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ما أَسْكَرَ كثيرُه فقليلُه حرامٌ: جس شراب کی زیادہ مقدار سے نشہ ہو جائے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے، اوراس باب میں دوسری حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ: ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ ما أَسْكَرَ الفَرَقُ مِنْهُ فَمِلْءُ الكفِّ منه حرامٌ: وہ شراب جس کا ایک فرق (سولہ رطل) مدہوش کرے اس کا چلو بھر

بھی حرام ہے۔امام ترمذی کے دو اساتذہ (محمد بن بشار اور عبداللہ بن معاویہ) میں سے ایک کہتے ہیں: الحُسْوَةُ منه حرامٌ: اس کا ایک گھونٹ بھی حرام ہے۔

تشریح: علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فرق اور چلّو تکثیر و تقلیل کی تعبیریں ہیں، تحدید مراد نہیں، یعنی جس شراب کی کثیر مقدار سے نشہ ہو جائے اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔

اس حدیث کے سمجھنے میں بھی اختلاف ہوا ہے کہ یہ ارشاد سد ذرائع کے باب سے ہے یا واقعی حرام ہے؟ جو فقہاء مسکر نبیذ کی تھوڑی مقدار کو جائز کہتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ ممانعت سد ذرائع کے طور پر ہے، کیونکہ نشہ آور چیز کی خاصیت یہ ہے کہ آدمی اس کی تھوڑی مقدار پر رکتا نہیں، پیتا ہی چلا جاتا ہے یہاں تک کہ مدہوش ہو جاتا ہے، اس لئے اس کی تھوڑی مقدار کی بھی ممانعت کر دی، ورنہ تھوڑی مقدار جائز ہے۔اور جمہور کہتے ہیں: یہ ممانعت حقیقی ہے یعنی نشہ کی مقدار سے کم بھی واقعۃً حرام ہے پس یہ بھی نص فہمی کا اختلاف ہے اور حدیث نہ کسی کے موافق ہے نہ مخالف۔

[۳-] باب ما أَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ

[۱۸۶۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، ح: وَثَنَا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ دَاوُدَ بنِ بَكْرِ بنِ أَبِيْ الْفُرَاتِ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَا أَسْكَرَ كَثِيْرُهُ فَقَلِيْلُهُ حَرَامٌ"

وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَعَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وابنِ عُمَرَ، وَخَوَّاتِ بنِ جُبَيْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ.

[۱۸۶۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الأَعْلَى بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عَنْ مَهْدِيِّ بنِ مَيْمُوْنٍ، ح: وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ، عَنْ مَهْدِيِّ بنِ مَيْمُوْنٍ – المَعْنَى وَاحِدٌ – عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ الأَنْصَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ، مَا أَسْكَرَ الفَرَقُ مِنْهُ فَمِلْءُ الْكَفِّ مِنْهُ حَرَامٌ" قَالَ أَحَدُهُمَا فِيْ حَدِيْثِهِ: "الْحُسْوَةُ مِنْهُ حَرَامٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَدْ رَوَاهُ لَيْثُ بنُ أَبِيْ سُلَيمٍ، وَالرَّبِيْعُ بنُ صَبِيْحٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ الأَنْصَارِيِّ نَحْوَ رِوَايَةِ مَهْدِيِّ بنِ مَيْمُوْنٍ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ الأَنْصَارِيُّ: اسْمُهُ عَمْرُو بنُ سَالِمٍ، وَيُقَالُ عُمَرُ بنُ سَالِمٍ.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں داؤد صرف صدوق ہیں اس لئے حدیث صرف حسن ہے اور یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے، مگر حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے غریب یعنی انجانی ہے، محدثین میں معروف نہیں ......

دوسری حدیث امام ترمذیؒ دواساتذہ سے روایت کرتے ہیں: محمد بن بشار سے اورعبداللہ بن معاویہ سے، اس کی سند میں ابوعثمان انصاری معمولی راوی ہے اس لئے حدیث صرف حسنٌ ہے، ابوعثمان انصاری کا نام عمرو بن سالم ہے اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ عمر بن سالم ہے، اور ابوعثمان سے روایت کرنے والے بہت ہیں، مہدی بن میمون کے علاوہ لیث بن ابی سُلیم اور ربیع بن صبیح بھی روایت کرتے ہیں مگر ابوعثمان سے آخر تک یہی ایک سند ہے اور یہ راوی صرف مقبول ہے اس لئے حدیث صرف حسن ہے......الحُسْوَةُ (بالضم والفتح) گھونٹ یا گھونٹ بھر......الفَرَق: (بفتح الفاء والراء) ایک پیمانہ جس میں تین صاع سماتا ہے، احناف کے نزدیک اس کی مقدار ۹۷۸۴ گرام ہے اور دوسرے فقہاء کے نزدیک ۶۵۱۶ گرام ہے (معجم لغة الفقهاء)

بابُ ماجاء فی نَبِيْذِ الجَرِّ

گھڑوں کی نبیذ کا حکم

نَبِیذ: فعیلٌ کا وزن ہے اور مَنْبُوْذٌ کے معنی میں ہے، اور نَبَذَ الشیئَ کے معنی ہیں: ڈالنا، پانی میں کوئی بھی چیز ڈالی جائے جب وہ گل جائے اور اس کی شیرینی پانی میں آجائے مگر ابھی اس میں نشہ پیدا نہ ہوا ہو تو وہ نبیذ کہلاتی ہے اور وہ بالاتفاق حلال ہے۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں کھجور، منقی، انجیر، شہد وغیرہ کی نبیذیں بنتی تھیں اور ان کو نبی ﷺ اور لوگ استعمال کرتے تھے......اور الجرُّ: جَرَّةٌ کی جمع ہے، جیسے التَّمْرُ: تَمْرَةٌ کی جمع ہے اور اس کے معنی ہیں: مٹی کا گھڑا۔

اس باب میں یہ مسئلہ ہے کہ شراب کے برتنوں کا کیا حکم ہے؟ اور ان میں نبیذ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ نبی ﷺ نے وفد عبدالقیس کو شراب کے برتنوں کے استعمال سے منع کیا تھا، بخاری میں روایت ہے: وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَع: عنِ الحَنْتَمِ، والدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْمُزَفَّتِ (بخاری حدیث ۵۳) حَنْتَم: حَنْتَمَةٌ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: روغنی گھڑا، جب اس میں نبیذ بنائی جائے تو اس میں جلدی نشہ پیدا ہوجاتا ہے......الدُّبَّاء: سوکھا کدو جو برتن کے طور پر استعمال ہوتا ہے اس میں بھی نبیذ بنائی جائے تو جلدی اس میں شدت پیدا ہوجاتی ہے، اردو میں اس کو تونبی کہتے ہیں، تُونبا: ایک قسم کا تلخ کدّو ہوتا ہے، جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے اس کو فقیر سکھا کر کشکول بناتے ہیں، میں نے زامبیا میں یہ برتن بکتے ہوئے دیکھے ہیں......النقیر بمعنی مَنْقُوْر ہے۔ نَقَرَ يَنْقُرُ کے معنی ہیں: کریدنا، کھودنا، لوگ درخت کے تنے کو کرید کر برتن بناتے تھے اور اس میں نبیذ بناتے تھے، اس میں بھی نبیذ بنانے سے جلدی نشہ پیدا ہوجاتا ہے......اور المُزَفَّت: تارکول پھیرا ہوا گھڑا، اس میں بھی نبیذ بنانے سے جلدی نشہ پیدا ہوجاتا ہے۔

جمہور کی رائے یہ ہے کہ ان برتنوں میں نبیذ بنانے کی ممانعت پہلے تھی پھر وہ ختم ہوگئی، مسلم شریف میں روایت ہے اور ترمذی میں بھی آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے لوگوں کو چند برتنوں سے روکا تھا اب جان لو کہ کوئی برتن نہ

کسی چیز کو حلال کرتا ہے اور نہ حرام کرتا ہے، البتہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے، اور پہلے اس لئے ممانعت کی تھی کہ لوگوں کو شراب کے برتن دیکھ کر شراب یاد نہ آئے پھر جب شراب سے طبیعتیں ہٹ گئیں تو ممانعت اٹھا دی گئی، اور دوسری رائے یہ ہے کہ ان برتنوں کی ممانعت پہلے بھی لعینہ نہیں تھی بلکہ لغیرہ تھی یعنی ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے اس لئے منع کیا گیا تھا کہ ان میں مسامات نہیں ہوتے اس لئے ان میں جلدی گرمی پیدا ہوجاتی ہے، اور پانی میں ڈالی ہوئی چیز جلدی سڑ جاتی ہے، اور اس میں نشہ پیدا ہوجاتا ہے اور پتہ نہیں چلتا، اس لئے لوگوں کو حکم دیا گیا تھا کہ چمڑے کے مشکیزوں میں نبیذ بنائیں اور اس کا منہ باندھ دیں تاکہ اگر اس میں گیس پیدا ہو تو مشکیزہ پھولے اور فوراً پتہ چل جائے کہ نشہ آور ہوگئی ہے، پس یہ ممانعت آج بھی باقی ہے، اور ان برتنوں ہی کے حکم میں دھات کے تمام برتن ہیں پس اگر احتیاط سے ان برتنوں میں نبیذ بنائی جائے تو جائز ہے یعنی لمبی مدت تک نبیذ نہ رکھی جائے، جلدی استعمال کر لی جائے تو ان برتنوں میں نبیذ بنانے میں کوئی حرج نہیں۔

حدیث: ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں آیا اور اس نے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے گھڑوں کی نبیذ سے منع کیا ہے؟ ابن عمرؓ نے فرمایا: ہاں۔ حدیث کے راوی طاؤسؒ کہتے ہیں: بخدا! میں نے یہ بات حضرت ابن عمرؓ سے سنی ہے۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جو بات فرمائی ہے کہ نبی ﷺ نے گھڑوں کی نبیذ سے منع کیا ہے: یہ ممانعت اگر لعینہ تھی تو وہ بعد میں منسوخ ہوگئی جیسا کہ ابھی ایک باب کے بعد آ رہا ہے اور اگر یہ ممانعت لغیرہ تھی یعنی سد ذرائع کے طور پر تھی یعنی اس لئے تھی کہ روغنی گھڑے میں نبیذ جلدی بگڑ جاتی ہے اور نشہ پیدا ہوجاتا ہے تو یہ ممانعت اب بھی باقی ہے پس ایسے گھڑے میں احتیاط سے نبیذ بنانی چاہئے تاکہ بگڑنے کا اندیشہ نہ رہے یا جلدی استعمال کر لینی چاہئے۔

[٤-] باب ماجاء فی نَبِیْذِ الجرِّ

[١٨٦٢-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا ابنُ عُلَيَّةَ، وَيَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، قَالاَ: ثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ طَاوُسٍ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى ابنَ عُمَرَ، فَقَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ طَاوُسٌ: وَاللّٰهِ إِنِّي سَمِعْتُهُ مِنْهُ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ أَبِيْ أَوْفَى، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَسُوَيْدٍ، وَعَائِشَةَ، وابنِ الزُّبَيْرِ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: نھی سے پہلے ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے اور مسلم شریف میں مذکور ہے۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ أَنْ يُنْبَذَ فِي الدُّبَّاءِ وَالنَّقِيْرِ وَالْحَنْتَمِ

تونبی میں، لکڑی کے برتن میں اور روغنی گھڑے میں نبیذ بنانے کی ممانعت

حدیث: زاذان نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا: نبی ﷺ نے کن برتنوں سے منع کیا ہے، زاذان نے یہ بھی کہا کہ آپ اپنی زبان میں ہمیں بتائیں پھر ہماری زبان میں اس کی تشریح کریں۔ ابن عمرؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے حَنْتَمَة سے منع کیا اور وہ (روغنی) گھڑا ہے، اور حضور ﷺ نے دُبّاء سے منع کیا اور وہ قرع ہے (دونوں کے معنی کدّو کے ہیں) اور نقیر سے منع کیا اور وہ کھجور کے درخت کا تنا ہے جس کو خوب کرید کر برتن بنالیا جاتا ہے، یا فرمایا: اس کو خوب چھیل کر برتن بنالیا جاتا ہے، اور مزفت سے منع کیا، اور وہ تارکول پھیرا ہوا گھڑا ہے، اور نبی ﷺ نے حکم دیا کہ چمڑے کے مشکیزوں میں نبیذ بنائی جائے۔

تشریح: سائل کی اصطلاحات اور تھیں اور قریش کی اصطلاحات اور تھیں، اس لئے سائل نے کہا کہ آپ پہلے اپنی اصطلاحات میں بتائیں پھر ہماری اصطلاح میں اس کی تشریح کریں...... **الحَنتَم**: ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی تھی۔ نَقَرَ يَنْقُرُ نَقْرًا: لکڑی تراش کر برتن بنانا، اور نَسَحَ التُرَابَ، يَنْسَحُ نَسْحًا کے معنی ہیں: کریدنا، صحیح لفظ حطی کے ساتھ ہے جیم کے ساتھ نہیں ہے اور زِفْت کے معنی ہیں: تارکول، یا تارکول کی طرح کا دوسرا مسالہ، زَفَّتَ الشيئَ کے معنی ہیں تارکول کی طرح کی کوئی چیز ملنا، اور القارُ اور القِيْرُ کے معنی بھی تارکول یا تارکول جیسا کالا روغن ہے، جسے کشتی پر ملتے تھے اور القَيَّار کے معنی ہیں: تارکول فروش اور قَيَّرَ السَّفِينة کے معنی ہیں: کشتی کو تارکول ملنا، اس سے المُقَيَّر (اسم مفعول) ہے اور الأَسْقِيَة: سِقَاءٌ کی جمع ہے اس کے معنی ہیں: چمڑے کا مشکیزہ۔

[٥-] باب ماجاء في كراهية أَنْ يُنْبَذَ في الدُّبَّاءِ، وَالنَّقِيْرِ، وَالْحَنْتَمِ

[١٨٦٣-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زَاذَانَ، يَقُوْلُ: سَأَلْتُ ابنَ عُمَرَ عَنْ مَا نَهى عَنْهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْأَوْعِيَةِ؟ وَأَخْبِرْنَاهُ بِلُغَتِكُمْ، وَفَسِّرْهُ لَنَا بِلُغَتِنَا، قَالَ: نَهى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْحَنْتَمَةِ، وَهِيَ الْجَرَّةُ، وَنَهى عَنِ الدُّبَّاءِ، وَهِيَ الْقَرْعَةُ، وَنَهى عَنِ النَّقِيْرِ، وَهِيَ أَصْلُ النَّخْلِ: يُنْقَرُ نَقْراً، أَوْ: يُنْسَحُ نَسْحًا، وَنَهى عَنِ الْمُزَفَّتِ، وَهُوَ الْمُقَيَّرُ، وأَمَرَ أَنْ يُنْتَبَذَ فِي الأَسْقِيَةِ.

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وأَبِيْ هريرةَ، وَعَبْدِ الرحمنِ بنِ يَعْمُرَ،

وَسَمُرَةَ، وأَنَسٍ، وَعَائِشَةَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَعَائِذِ بنِ عَمْرٍو، وَالْحَكَمِ الْغِفَارِيِّ، وَمَيْمُوْنَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حدیث کا ابتدائی حصہ مسلم شریف میں اس طرح ہے: قلتُ لابن عمر: حَدِّثْنِیْ بما نهی عنه النبی صلی اللہ علیه وسلم من الأشربة بِلُغَتِكَ، وفَسِّرْهُ لِیْ بِلُغَتِنَا، لأن لکم لغةً سوی لغتنا۔

بابُ ماجاء فی الرُّخْصَةِ أَنْ يُنْتبَذَ فِی الظُّرُوْفِ

کسی بھی برتن میں نبیذ بنانے کی اجازت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے آپ لوگوں کو چند برتنوں سے منع کیا تھا پس (اب جان لو کہ) کوئی برتن نہ کسی چیز کو حلال کرتا ہے اور نہ کسی چیز کو حرام کرتا ہے، اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے چند برتنوں سے منع کیا پس انصار نے آپؐ کے سامنے اپنی پریشانی رکھی، انھوں نے عرض کیا: ہمارے پاس اور برتن نہیں ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: تو پس نہیں، یعنی اگر مجبوری ہے تو ممانعت نہیں۔

تشریح: ان روایات کی وجہ سے ایک رائے یہ ہے کہ پہلے ان برتنوں کی جو ممانعت تھی وہ بعد میں ختم کردی گئی اور دوسری رائے یہ ہے کہ پہلے بھی ممانعت لغیرہ تھی اور وہ آج بھی باقی ہے۔

[٦-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ أَنْ يُنْتَبَذَ فی الظُّرُوْفِ

[١٨٦٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، قَالُوْا: ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "إِنِّیْ كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوْفِ، وَإِنَّ ظَرْفًا لَايُحِلُّ شَيْئًا وَلَا يُحَرِّمُهُ، وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٨٦٥-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِی الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَهی رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنِ الظُّرُوْفِ، فَشَكَتْ إِلَيْهِ الْأَنْصَارُ، فَقَالُوْا: لَيْسَ لَنَا وِعَاءٌ، قَالَ: "فَلَا إِذًا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِیْ هُريرةَ، وأَبِیْ سَعِيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في السِّقَاءِ

مشکیزوں میں نبیذ بنانے کا حکم

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نبی ﷺ کے لئے ایسے چمڑے کے مشکیزے میں نبیذ بناتے تھے جس کا اوپر کا حصہ باندھ دیا جاتا تھا، اور اس کے نچلے حصہ میں سوراخ ہوتا تھا (جس سے مظروف نکالا جاتا تھا) ہم صبح اس میں نبیذ بننے کے لئے کوئی چیز ڈالتے تھے اور آپ اس کو شام میں نوش فرمالیتے تھے، اور ہم شام میں اس میں نبیذ بننے کے لئے کوئی چیز ڈالتے تھے اور آپؐ اس کو صبح میں نوش فرمالیتے تھے، یعنی زیادہ دیر تک نبیذ نہیں رکھی جاتی تھی، جلدی استعمال کر لی جاتی تھی۔

[۷-] باب ماجاء في السِّقَاءِ

[۱۸۶۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سِقَاءٍ، يُوْكَأُ أَعْلَاهُ، لَهُ عَزْلَاءُ، نَنْبِذُهُ غُدْوَةً، وَيَشْرَبُهُ عِشَاءً، وَنَنْبِذُهُ عِشَاءً، وَيَشْرَبُهُ غُدْوَةً.

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ بنِ عُبَيْدٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ عَائِشَةَ أَيْضًا.

لغت: العَزْلاء: أَعْزَل کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: مشکیزہ وغیرہ سے پانی کے گرنے کی جگہ، جمع عَزَالیٰ اور عَزَالِیٰ، اور کہا جاتا ہے: أَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا یعنی آسمان نے پانی برسایا، آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔

بابُ ماجاء في الحُبُوْبِ الَّتِيْ يُتَّخَذُ مِنْهَا الخَمْرُ

وہ غلّے جن کی شراب بنائی جاتی تھی

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''شراب گیہوں کی، جو کی، چھوہاروں کی، کشمش کی، منقی کی، اور شہد کی بنتی ہے'' اس حدیث کا ایک راوی ابراہیم بن مہاجر متکلم فیہ ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو غریب بمعنی ضعیف کہا ہے، پھر امام شعبی کے ایک اور شاگرد ابوحیان تیمی اس حدیث کو امام شعبیؒ سے روایت کرتے ہیں، وہ ابن عمرؓ سے، اور

وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ شراب گیہوں کی بھی بنتی ہے الی آخرہ۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ روایت ابراہیم کی روایت سے اصح ہے یعنی یہ روایت مرفوع نہیں ہے، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے اور یحییٰ قطان نے ابراہیم کے بارے میں فرمایا ہے کہ وہ مضبوط راوی نہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''شراب ان دو درختوں سے ہے یعنی کھجور کا درخت اور انگور کا درخت'' یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے اور اس کی وضاحت پہلے باب میں گذر چکی ہے کہ یہ حدیث الحاق کے لئے ہے یعنی کھجور کو انگور کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے اور یہ الحاق باقی نبیذوں کے الحاق سے قوی ہے، پس کھجور اور انگور سے جو بھی شراب بنے گی اس کا قلیل وکثیر حرام ہوگا، مگر چونکہ یہ خبر واحد ہے اس لئے خمر سے اس کا درجہ کم ہوگا، اسی لئے احناف نے تین حرام شرابوں کو خمر اور دیگر نبیذوں کے درمیان میں درجہ دوم میں رکھا ہے۔

[۸-] باب ماجاء في الحُبُوْبِ الَّتِيْ يُتَّخَذُ مِنْهَا الْخَمْرُ

[۱۸۶۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، ثنَا إِسْرَائِيْلُ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا، وَمِنَ الشَّعِيْرِ خَمْرًا، وَمِنَ التَّمْرِ خَمْرًا، وَمِنَ الذَّبِيْبِ خَمْرًا، وَمِنَ العَسَلِ خَمْرًا''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ نَحْوَهُ.

[۱۸۶۸-] وَرَوَى أَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ هٰذَا الحديثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: ''إِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا'' فَذَكَرَ هٰذَا الحديثَ، أَخْبَرَنَا بِذَلِكَ أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ أَبِيْ حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ:'' إِنَّ مِنَ الْحِنْطَةِ خَمْرًا'' وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ مُهَاجِرٍ، وَقَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ: لَمْ يَكُنْ إِبْرَاهِيْمُ بنُ الْمُهَاجِرِ بِالْقَوِيِّ.

[۱۸۶۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، وَعِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، قَالَا: ثنَا أَبُوْ كَثِيْرٍ السُّحَيْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرِيرةَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''الْخَمْرُ مِنْ هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ: النَّخْلَةِ وَالْعِنَبَةِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ كَثِيْرٍ السُّحَيْمِيُّ: هُوَ الْغُبَرِيُّ، اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ بنِ غُفَيْلَةَ.

بابُ ماجاء فی خَلِیْطِ البُسْرِ وَالتَّمرِ

گدرّی کھجوراور چھوہارے ملاکر نبیذ بنانا

الخلیط: مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ، البُسْر: گدرّ کھجور، یعنی ادھ کچری کھجور، اور التّمْر: چھوہارا یعنی سوکھی کھجور، اور الرُّطَب: تازہ پکی ہوئی کھجور۔

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے گدرّ کھجور اور تازہ پکی ہوئی کھجور: دونوں کو ملاکر نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔

حدیث (۲): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے گدر کھجور اور چھوہاروں سے منع فرمایا کہ ان دونوں کے درمیان جمع کیا جائے اور منقی اور چھوہارے سے منع فرمایا کہ ان دونوں کے درمیان جمع کیا جائے، اور مٹی کے گھڑوں سے منع فرمایا کہ ان میں نبیذ بنائی جائے۔

تشریح: یہ مسئلہ پہلے گذر چکا ہے کہ شراب کے برتنوں کا کیا حکم ہے؟ اور ان میں نبیذ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ شراب کے برتنوں کی ممانعت لغیرہ تھی یعنی اس وجہ سے ممانعت تھی کہ لوگوں کو شراب یاد نہ آئے یا اس وجہ سے تھی کہ ان میں جو نبیذ بنائی جاتی ہے وہ جلدی نشہ آور ہو جاتی ہے پس لوگ ان میں نبیذ نہ بنائیں، اور اگر ممانعت لعینہ تھی تو وہ بعد میں ختم کردی گئی تھی۔

دوسرا مسئلہ: یہ ہے کہ دو مختلف النوع چیزوں کو ملاکر نبیذ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ حدیثوں میں اس کی بھی ممانعت آئی ہے جیسا کہ مذکورہ حدیثوں میں ہے، مگر یہ ممانعت بھی لعینہ نہیں ہے بلکہ لغیرہ ہے یعنی اس اندیشہ سے ہے کہ نبیذ میں غیر محسوس طور پر فساد پیدا نہ ہو جائے کیونکہ ایسی دو چیزیں جن میں سے ایک جلدی گلنے والی ہو اور ایک دیر سے یا ایسی دو چیزیں جن میں سے ایک کھٹی ہو اور ایک میٹھی، ایسی دو چیزیں ملاکر نبیذ بنائی جائے گی تو جلدی گلنے والی چیز کے اجزاء شراب کی حد میں داخل ہو جائیں گے اور پتہ بھی نہیں چلے گا، اسی طرح ترش: میٹھی چیز کو بھی جلدی شراب بنادے گی لہٰذا احتیاط کا تقاضہ یہ ہے کہ ایسی دو چیزیں ملاکر نبیذ نہ بنائی جائے۔

اور اگر یہ ممانعت لعینہ ہے تو یہ روایتیں منسوخ ہیں، ابوداؤد میں دو حدیثیں (حدیث ۳۷۰۷ و ۳۷۰۸) ہیں:

۱- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کے لئے منقی کی نبیذ بنائی جاتی تھی، پس اس میں چھوہارے ڈالے جاتے تھے، یا چھوہاروں کی نبیذ بنائی جاتی تھی پس اس میں منقی ڈالی جاتی تھی۔

۲- صفیہ نامی ایک عورت نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے چھوہاروں اور منقی کے بارے میں پوچھا تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں چھوہاروں کی ایک مٹھی اور منقی کی ایک مٹھی لیتی تھی پس اس کو ایک برتن میں ڈالتی تھی، پس میں

اس کومل دیتی تھی پھر میں وہ نبی پاک ﷺ کو پلاتی تھی۔

ان دونوں روایتوں میں اگرچہ تھوڑا ضعف ہے مگر قابل استدلال ہیں، پس اگر ممانعت لعینہ تھی تو وہ ان روایات سے منسوخ ہے مگر صحیح یہ ہے کہ یہ ممانعت لغیرہ ہے، یعنی بر بنائے احتیاط ہے، پس یہ ممانعت آج بھی باقی ہے اور جس طرح دھات کے برتنوں میں اور ایسے برتنوں میں جن میں مسامات نہیں ہوتے نبیذ نہیں بنانی چاہئے اسی طرح مختلف النوع چیزوں کو ملا کر بھی نبیذ نہیں بنانی چاہئے، اور بنائی جائے تو پوری احتیاط رہنی چاہئے۔

[۹-] باب ماجاء فی خَلِيْطِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

[۱۸۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى أَنْ يُنْتَبَذَ الْبُسْرُ وَالرُّطَبُ جَمِيْعًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۸۷۱-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا، وَنَهَى عَنِ الزَّبِيْبِ وَالتَّمْرِ أَنْ يُخْلَطَ بَيْنَهُمَا، وَنَهَى عَنِ الْجِرَارِ أَنْ يُنْتَبَذَ فِيْهَا.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِیْ قَتَادَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وَمَعْبَدِ بنِ كَعْبٍ، عَنْ أُمِّهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ الشُّرْبِ فِی آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

سونے اور چاندی کے برتنوں میں پینے کی ممانعت

سونے اور چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا حرام ہے اور یہ ممانعت ہر مکلّف کے لئے ہے خواہ مرد ہو یا عورت، عورتوں کے لئے سونے چاندی کے صرف زیورات جائز ہیں کیونکہ عورتیں زینت کی محتاج ہیں اور سونے چاندی کے برتنوں میں کھانا پینا تزین نہیں ہے اس لئے عورتوں کے لئے بھی یہ حرمت ہے اور سونا چاندی پہننے کے مسائل ابواب اللباس میں گذر چکے ہیں۔

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ دور فاروقی اور دور عثمانی میں مدائن کے گورنر رہے ہیں، مدائن دجلہ کے کنارے پر ایک بڑا شہر ہے، آپؓ نے کسی سے پانی مانگا وہ غیر مسلم دیہاتی تھا، وہ چاندی کے برتن میں پانی لایا، آپؓ نے وہ برتن اس پر پھینک مارا (اور ایک روایت میں ہے: رَمَى به فی وَجْهِه یعنی وہ برتن اس کے چہرے پر پھینک مارا) اور فرمایا: میں اس کو منع کر چکا ہوں مگر وہ مانتا نہیں (یعنی چاندی کے برتن میں پانی پلانے سے میں نے اس کو منع کیا ہے

پھر بھی وہ اس برتن میں پانی لے آیا) بیشک نبی ﷺ نے سونے اور چاندی کے برتن میں پینے سے منع کیا ہے (اور مسند احمد میں اسی روایت میں ہے: وأَنْ یُؤْکَلَ فیها: اور اس میں کھانے سے بھی آپؐ نے منع فرمایا ہے) اور ریشم اور دیبا کے پہننے سے بھی منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ ''یہ نعمتیں کفار کے لئے دنیا میں ہیں اور تمہارے لئے آخرت میں ہیں''

تشریح: ''میں نے اس کو منع کیا تھا'': اس میں اس وہم کو دفع کیا ہے کہ حضرت حذیفہؓ نے ایک دم برتن کیوں پھینک مارا؟ نہ تو اس کو منع کیا نہ سمجھایا ایسا کیوں کیا؟ آپؓ نے وجہ بیان کی کہ میں اس کو منع کر چکا ہوں مگر وہ مانتا نہیں، بار بار چاندی کے برتن میں پانی لاتا ہے وہ گورنر کے اعزاز میں ایسا کرتا تھا۔

اور ''یہ نعمتیں کفار کے لئے دنیا میں ہیں'' اس کا مقصد کفار کے لئے ان نعمتوں کا جواز بیان کرنا نہیں ہے بلکہ مؤمنین کے لئے حرمت کی وجہ بیان کرنا ہے یعنی کفار یہ نعمتیں دنیا میں استعمال کرتے ہیں اور مؤمنین کے لئے یہ نعمتیں دنیا میں حرام ہیں، ان کے لئے یہ نعمتیں آخرت میں ہیں، وہ وہاں ان سے متمتع ہونگے۔

[۱۰-] باب ماجاء فی کراهیة الشُّرْبِ فی آنِیَةِ الذَّهَبِ والفِضَّةِ

[۱۸۷۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَکَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ أَبِی لَیْلَی، یُحَدِّثُ أَنَّ حُذَیْفَةَ اسْتَسْقَی، فَأَتَاهُ إِنْسَانٌ بِإِنَاءٍ مِنْ فِضَّةٍ، فَرَمَاهُ بِهِ، وَقَالَ: إِنِّی کُنْتُ قَدْ نَهَیْتُهُ، فَأَبَی أَنْ یَنْتَهِیَ، إِنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم نَهَی عَنِ الشُّرْبِ فِیْ آنِیَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَلُبْسِ الْحَرِیْرِ وَالدِّیْبَاجِ، وَقَالَ: ''هِیَ لَهُمْ فِیْ الدُّنْیَا، وَلَکُمْ فِی الآخِرَةِ''

وفی الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَالْبَرَاءِ، وَعَائِشَةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا

کھڑے ہوئے پینے کی ممانعت

آدابِ اسلامی میں سے یہ ہے کہ اطمینان سے بیٹھ کر کھایا پیا جائے، کھڑے کھڑے کھانا پینا نہ طبی نقطۂ نظر سے مناسب ہے نہ یہ سلیقہ مندی کی بات ہے، آج کل کھڑے کھڑے کھانے کا فیشن چلا ہے، جس کا اسلامی تہذیب سے کوئی تعلق نہیں، یہ غیروں کا طریقہ ہے، مسلمانوں کو اس طرح کھانے پینے سے احتراز کرنا چاہئے۔

اور اس مسئلہ میں روایات میں اختلاف ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے دو باب قائم کئے ہیں: پہلے باب میں کھڑے ہوئے کھانے پینے کی ممانعت کی روایت ہے اور دوسرے باب میں جواز کی روایات ہیں، اور علماء میں اختلاف ہے کہ کھڑے ہوئے کھانے پینے کی ممانعت کی وجہ کیا ہے؟ اور دونوں بابوں کی روایتوں کو کس طرح جمع کیا جائے؟

ایک رائے: یہ ہے کہ جواز کی روایتیں ممانعت کی روایتوں سے مضبوط ہیں، غالباً امام ترمذیؒ کی یہی رائے ہے چنانچہ انھوں نے پہلے ممانعت کا باب باندھا پھر رخصت کا، اور رخصت ممانعت کے بعد ہوتی ہے، پس اگلے باب کی روایات پہلے باب کی روایت کے لئے ناسخ ہیں۔

اور دوسری رائے: اس کے برعکس ہے، ابن حزم ظاہریؒ کہتے ہیں: جواز ضابطہ کے مطابق ہے، کیونکہ اصل اشیاء میں اباحت ہے اور ممانعت کی روایات حکم شرعی ہیں یعنی پہلے کھڑے کھڑے کھانے پینے کی اجازت تھی پھر اس کی ممانعت کردی گئی، مگر صحابہ کا عمل اس کے خلاف ہے وہ کھڑے ہوئے کھاتے پیتے تھے، اس لئے ابن حزم کی بات قابل قبول نہیں۔

تیسری رائے: یہ ہے کہ دونوں بابوں کی حدیثوں کو جمع کیا جائے یہ رائے جمہور کی ہے، انھوں نے پہلے باب کی روایات میں کراہت سے کراہت تنزیہی مراد لی ہے یعنی کھڑے ہوئے کھانا پینا خلافِ اولیٰ ہے اور جواز کی روایات حکم شرعی بیان کرنے کے لئے ہیں کہ حکم شرعی یہ ہے کہ کھڑے ہوئے کھانا پینا جائز ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے کھڑے ہوئے پینے سے منع فرمایا، پوچھا گیا: اور کھانے کا کیا حکم ہے؟ فرمایا: وہ تو اور بھی زیادہ سخت ہے اور مسلم کی روایت میں أَشَرُّ ہے یعنی وہ تو اور بھی زیادہ برا ہے۔

حدیث (۲): حضرت جارود بن المعلّی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے کھڑے ہوئے پینے سے منع فرمایا۔

تشریح: یہ روایت قتادہ: ابو مسلم جذمی سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں، مگر ایک دوسری روایت میں یزید کا واسطہ ہے، وہ روایت یہ ہے: **ضالَّةُ المسلم حَرْقُ النار** یعنی مسلمان کا گم شدہ جانور دوزخ کی لپٹ ہے یعنی اگر کسی کا اونٹ وغیرہ جنگل میں رہ جائے جو اپنی حفاظت خود کرسکتا ہے یعنی وہ چارہ پانی تلاش کرنے کے لئے دور تک جاسکتا ہے اگر کوئی اس کو جنگل سے پکڑ کر گھر لے آئے تو وہ کسی فاسد نیت ہی سے ہوسکتا ہے پس یہ جہنم کا سامان ہے: **أي ضالَّةُ المُؤمنِ إذا أَخَذَهَا إنسانٌ لِيَتَمَلَّكَهَا أَدَّتْهُ إلى النار۔**

احادیث (۳-۵) (۳) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں چلتے ہوئے کھاتے تھے اور کھڑے ہوئے پیتے تھے (۴) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے کھڑے ہوئے زمزم نوش فرمایا (۵) اور حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے پیتے دیکھا ہے، یہ سب روایات اعلی درجہ کی صحیح ہیں اور پہلے باب کی روایات سے اثبت اور اقوی ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے ان کو ناسخ قرار دیا ہے، لیکن جمہور کہتے ہیں کہ زمزم تو کھڑے ہوکر پینا مستحب ہے اور وضو کے بعد کا پانی بھی کھڑے ہوکر پینا مستحب ہے، پس یہ دونوں صورتیں تو ممانعت سے مستثنیٰ ہیں، رہی حضرت عبد اللہ بن عمروؓ کی روایت تو وہ عذر پر یا بیانِ جواز پر محمول ہے، غرض اسلامی تہذیب یہ ہے کہ بیٹھ کر کھایا پیا جائے، یہی

اچھا طریقہ ہے، اور ضرورت کے وقت کھڑے ہوئے کھانا پینا بھی جائز ہے، مثلاً بیٹھنے کی کوئی مناسب جگہ نہ ہو یا میدانِ جنگ ہو، جہاں بیٹھ کر کھانے پینے کا موقع نہ ہو ایسی صورت میں کھڑے ہوئے کھانا پینا غیر اولیٰ بھی نہیں، حضرت عبداللہ کی روایت ایسے ہی مواقع کے لئے ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی النَّهْيِ عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا

[۱۸۷۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا ابنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی أَنْ یَشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا، فَقِیْلَ: الأَكْلُ؟ قَالَ: ذَاكَ أَشَدُّ، هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ.

[۱۸۷٤-] حدثنا حُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ مُسْلِمٍ الْجَذْمِیِّ، عَنِ الْجَارُوْدِ بنِ العَلاَءِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، وَأَبِیْ هریرةَ، وأَنَسٍ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَهٰكَذَا رَوَی غَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحَدِیْثَ عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ مُسْلِمٍ، عَنْ جَارُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

[۱۸۷۵-] وَرُوِیَ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ یَزِیْدَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الشِّخِّیْرِ، عَنْ أَبِیْ مُسْلِمٍ، عَنِ الْجَارُوْدِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرْقُ النَّارِ"

وَالْجَارُوْدُ بنُ الْمُعَلَّی: یُقَالُ: ابنُ العَلاَءِ، وَالصَّحِیْحُ ابنُ الْمُعَلَّی.

وضاحت: حدیث (۱۸۷۴) قتادہ ابو مسلم سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں، مگر حدیث (۱۸۷۵) یزید کے واسطہ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ بات امام ترمذی نے کیوں بیان کی ہے؟ یہ بات واضح نہیں، ممکن ہے محض افادہ ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ در پردہ قتادہ پر اعتراض ہو کہ انھوں نے پہلی حدیث میں تدلیس کی ہے یعنی استاذ کا نام چھپایا ہے (قتادہ تدلیس کیا کرتے تھے) اور حضرت جارود کے والد کا صحیح نام المعلّی ہے۔

[۱۲-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ فی الشُّرْبِ قَائِمًا

[۱۸۷٦-] حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ سَلْمُ بنُ جُنَادَةَ بنِ سَلْمٍ الكُوْفِیُّ، ثَنَا حَفْصُ بنُ غِیَاثٍ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَأْكُلُ عَلَی عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم وَنَحْنُ نَمْشِیْ، وَنَشْرَبُ وَنَحْنُ قِیَامٌ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَرَوَی

عِمْرَانُ بن حُدَيْرٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِي البَزَرِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَبُوْ الْبَزَرِيُّ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ عُطَارِدَ.

[۱۸۷۷-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثنا هُشَيْمٌ، ثَنَا عَاصِمٌ الأَحْوَلُ، وَمُغِيْرَةُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم شَرِبَ مِنْ زَمْزَمَ وَهُوَ قَائِمٌ.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَسَعْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَائشةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۸۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُسَيْنِ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: نبی ﷺ نے زمزم ایک مرتبہ اونٹ پر بیٹھے ہوئے نوش فرمایا ہے، اگر اسی واقعہ کو ابن عباسؓ نے بیان کیا ہے تو وھو قائم مجاز ہے، اور یہ کوئی دوسرا واقعہ ہے تو حدیث میں مجاز نہیں، بلکہ حقیقت ہے۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاء فى التَّنَفُّسِ فِى الإِنَاءِ

پینے کے دوران سانس لینے کا حکم

باب کے الفاظ حدیث کی اتباع میں ہیں اور ان لفظوں سے طلبہ کو غلط فہمی ہوسکتی ہے، بظاہر ان لفظوں کا مطلب یہ ہے کہ پیتے ہوئے برتن میں سانس لینا چاہئے مگر یہ مراد نہیں بلکہ تقدیر عبارت ہے: التنفُّسُ فی شُرْبِ الإناءِ: کوئی بھی مشروب پیا جائے تو درمیان میں سانس لیا جائے مگر برتن منہ سے ہٹائے بغیر سانس لینا مکروہ ہے اور یہ کراہت طبعی ہے، مستحب یہ ہے کہ برتن منہ سے ہٹا کر سانس لیا جائے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ مسئلہ پانی پینے کے ساتھ خاص نہیں، لوگوں نے اس مسئلہ کو پانی کے ساتھ خاص کرلیا ہے: یہ صحیح نہیں۔ ہر مشروب کے لئے یہی حکم ہے، خواہ پانی ہو، دودھ ہو، چائے ہو یا کوئی اور چیز ہو، البتہ اگر وہ چیز تھوڑی مقدار میں ہو تو ایک دو گھونٹ میں بھی پی سکتے ہیں، جیسے زمزم تھوڑا ہو تو اس کو تین سانس میں پینا ضروری نہیں، ایک سانس میں بھی پی سکتے ہیں، اور اگر کوئی چیز کافی مقدار میں ہو یا گرم ہو تو تین سے زیادہ سانسوں میں بھی پی سکتے ہیں، یہ بات الکوکب الدری میں ہے کہ تین سانس میں پینے کا حکم اس وقت ہے جب مشروب زیادہ مقدار میں ہو، ورنہ تین مرتبہ سانس لینے کی ضرورت نہیں، ایک دو سانس میں بھی پی سکتے ہیں۔ اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس مسئلہ میں روایات مختلف ہیں اور تطبیق کی صورت یہ ہے کہ ہر طرح پینا جائز ہے کیونکہ روایات کا اختلاف سہولت پر دلالت کرتا ہے، البتہ اگر مشروب زیادہ مقدار میں ہو تو تین سانس میں پینا اولیٰ ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ برتن میں تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ یہ زیادہ خوشگوار ہے کیونکہ اس طرح پینے سے مشروب جسم میں رچتا پچتا ہے اور اس طرح پینے سے سیرابی خوب حاصل ہوتی ہے یعنی یہ صحت کے لئے زیادہ مفید ہے۔

تشریح: تین سانس میں پینے سے سیرابی زیادہ اس لئے حاصل ہوتی ہے کہ جب پانی معدہ میں تھوڑا تھوڑا پہنچتا ہے تو طبیعت اس کو ان اعضاء کی طرف سپلائی کرتی ہے جن کو تری کی حاجت ہوتی ہے اور رُواں رُواں سیراب ہو جاتا ہے اور جب بہت سارا پانی اچانک معدہ میں پہنچتا ہے تو طبیعت حیران رہ جاتی ہے کہ اس کو کہاں سپلائی کرے، چنانچہ پیٹ بوجھل ہو جاتا ہے اور سیرابی حاصل نہیں ہوتی۔

اور تین سانس میں پینا صحت کے لئے زیادہ مفید اس طرح ہے کہ:

۱- بارد مزاج آدمی: جب ایک دم اس کے معدہ پر پانی ڈالا جاتا ہے تو اس کو ''سردی'' ہو جاتی ہے کیونکہ اس میں قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے وہ پانی کی بہت ساری مقدار کا مقابلہ نہیں کرسکتی، اور اس کو ''ٹھنڈ'' لگ جاتی ہے اس کے برخلاف اگر پانی بتدریج پہنچے تو قوت مدافعت کام کرتی ہے اور سردی نہیں ہوتی۔

۲- اور گرم مزاج آدمی: جب پیٹ میں یکبارگی پانی ڈالا جاتا ہے تو مزاج اور پانی میں مزاحمت ہوتی ہے اور ٹھنڈک حاصل نہیں ہوتی اور جب معدہ میں تھوڑا تھوڑا پانی ڈالا جاتا ہے تو اول اول مزاحمت ہوتی ہے پھر برودت غالب آجاتی ہے جیسے آگ پر پانی ڈالا جائے تو شروع میں آگ اور پانی میں کشمکش ہوتی ہے پھر آگ ہار مان لیتی ہے۔

رہی خوشگواری کی بات تو وہ ظاہر ہے، اور تجربہ سے تعلق رکھتی ہے، سخت پیاس کی حالت میں تین سانس میں پانی پی کر دیکھیں، اور ایسی ہی حالت میں یکبارگی پی کر دیکھیں: فرق واضح ہو جائے گا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۴۹۵)

فائدہ: أَمْرَأُ: مَرِیءٌ کا اسم تفضیل ہے جس کے معنی ہیں: گوارہ تر، اور أَرْوَیٰ بھی اسم تفضیل ہے اس کے معنی ہیں: زیادہ سیراب کرنے والا، أَرْوَاہ: سیراب کرنا، اور رَوِیَ (س) من الماءِ رَیًّا: سیراب ہونا، پیاس بجھنا...... یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ابوعصام روایت کرتے ہیں اور ثمامہ بھی روایت کرتے ہیں، یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں، ثمامہ کی روایت مسلم شریف میں بھی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے ابوعصام کی سند لکھی ہے اور اس کو حسنٌ غریبٌ قرار دیا ہے پھر ثمامہ کی سند لکھی ہے اور اس کو حسنٌ صحیحٌ قرار دیا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اونٹ کے پینے کی طرح یکبارگی مت پیو، بلکہ دو مرتبہ اور تین مرتبہ کر کے پیو، اور جب بھی تم کوئی چیز پیو تو اللہ کا نام لو اور جب پی کر فارغ ہو جاؤ تو اللہ کی تعریف کرو۔

تشریح: کسی چیز کے پینے کے درمیان اگر تین مرتبہ سانس لیا جائے تو مشروب کے چار ٹکڑے ہونگے اور دو مرتبہ سانس لیا جائے تو مشروب کے تین ٹکڑے ہونگے، اس باب میں درمیان میں تین مرتبہ سانس لینے کی روایت

ہے اور آئندہ باب میں درمیان میں دو مرتبہ سانس لینے کی روایت ہے......اور کھانے پینے سے پہلے بسم اللہ پڑھنے کی حکمت پہلے آچکی ہے کہ اس سے کھانے میں برکت ہوتی ہے اور شیطان اس میں شریک نہیں ہوتا......اور فارغ ہونے کے بعد حمد اس لئے پسند ہے کہ اس سے منعم حقیقی کی یاد تازہ ہوتی ہے اور ذہن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے......اور حدیثوں میں حمد کے متعدد صیغے آئے ہیں ان میں سے کسی بھی جملے سے حمد کی جاسکتی ہے اور اگر صرف الحمدللہ کہہ لے تو یہ بھی کافی ہے۔

اور اونٹ ایک سانس میں پوری بالٹی چڑھا جاتا ہے اس طرح پینے کی ممانعت اس لئے فرمائی ہے کہ اس سے سیرابی اچھی طرح حاصل نہیں ہوتی اور طبیعت مطمئن نہیں ہوتی، اگر آپ کو شدید پیاس لگی ہو اور آپ دمادم دو تین گلاس پی لیں تو پیٹ بوجھل ہو جائے گا اور جی نہیں بھرے گا، اور ایک ہی گلاس پئیں اور درمیان میں لمبا وقفہ کریں تو ایک ہی گلاس سے کام چل جائے گا اور جی بھر جائے گا: تجربہ کرکے دیکھیں۔

ملحوظہ: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی یزید بن سفیان جزری ضعیف ہے اور حضرت عطاء کے لڑکے کا نام معلوم نہیں، پس اس کا حال بھی معلوم نہیں۔

[۱۳-] باب ماجاء فی التَّنفُّسِ فی الإِنَاءِ

[۱۸۷۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَيُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ، قَالاَ: ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِىْ عِصَامٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتنَفَّسُ فِى الإِنَاءِ ثَلاَثًا، وَيَقُوْلُ:" هُوَ أَمْرَأُ وَأَرْوَى"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَاهُ هِشَامُ الدَّسْتَوَائِىُّ، عَنْ أَبِىْ عِصَامٍ، عَنْ أَنَسٍ؛ وَرَوَى عَزْرَةُ بنُ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ فِى الإِنَاءِ ثَلاَثًا.

[۱۸۸۰-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِىٍّ، ثَنَا عَزْرَةُ بنُ ثَابِتٍ الأَنْصَارِىُّ، عَنْ ثُمَامَةَ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ فِىْ الإِنَاءِ ثَلاَثًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۸۸۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ سِنَانٍ الجَزْرِىِّ، عَنْ ابنٍ لِعَطَاءِ بنِ أَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَ تَشْرَبُوْا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ، وَلٰكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنَى وَثُلاَثَ، وَسَمُّوْا إِذَا أَنْتُمْ شَرِبْتُمْ، وَاحْمَدُوْا إِذَا أَنْتُمْ رَفَعْتُمْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَيَزِيْدُ بنُ سَنَانٍ الْجَزَرِىُّ: هُوَ أَبُوْ فَرْوَةَ الرَّهَاوِىُّ.

بابُ ماجاء فی الشُّرْبِ بِنَفَسَیْنِ

دوسانس میں پینے کا بیان

حدیث: ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ جب کوئی چیز پیتے تھے تو درمیان میں دومرتبہ سانس لیتے تھے، پس مشروب کے تین ٹکڑے ہونگے، اس حدیث کی سند میں رشدین بن کریب ہاشمی ابوکریب مدنی ضعیف راوی ہے اور وہی یہ حدیث روایت کرتا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے امام دارمیؒ سے اس راوی کے بارے میں پوچھا کہ یہ راوی زیادہ قوی ہے یا اس کا بھائی محمد بن کریب؟ امام دارمیؒ نے فرمایا: ما أَقْرَبَهُمَا: دونوں ایک ہی تھیلے کے چٹے بٹے ہیں یعنی دونوں ضعیف ہیں، البتہ رشدین دونوں میں میرے نزدیک زیادہ بہتر ہے، اور امام ترمذیؒ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے بھی ان دونوں کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: محمد بن کریب: رشدین سے وزنی ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میرے نزدیک امام دارمی کی رائے بہتر ہے یعنی رشدین وزنی بھی ہے اور عمر میں بڑا بھی ہے، اس نے حضرت ابن عباسؓ کا زمانہ پایا ہے اور ان کو دیکھا ہے۔ غرض یہ دونوں بھائی ہیں اور دونوں کی روایتوں میں نہایت ضعیف روایتیں ہوتی ہیں۔

خلاصہ: یہ ہے کہ درمیان میں تین سانس لینے کی روایت راجح ہے اور دوسانس لینے کی روایت مرجوح ہے، اسی لئے علماء عام طور پر تین سانس میں پینے کو مستحب قرار دیتے ہیں۔

[۱٤-] باب ماذُكِرَ فی الشُّرْبِ بِنَفَسَیْنِ

[۱۸۸۲-] حدثنا عَلِیُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عِیْسٰی بنُ یُوْنُسَ، عَنْ رِشْدِیْنَ بنِ كُرَیْبٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ إِذَا شَرِبَ یَتَنَفَّسُ مَرَّتَیْنِ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ رِشْدِیْنَ بنِ كُرَیْبٍ، قَالَ: وَسَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ: عَنْ رِشْدِیْنَ بنِ كُرَیْبٍ، قُلْتُ: هُوَ أَقْوَی أَمْ مُحمدُ بنُ كُرَیْبٍ؟ قَالَ: مَا أَقْرَبَهُمَا، وَرِشْدِیْنُ بنُ كُرَیْبٍ أَرْجَحُهُمَا عِنْدِیْ وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِیْلَ عَنْ هٰذَا، فَقَالَ: مُحمدُ بنُ كُرَیْبٍ أَرْجَحُ مِنْ رِشْدِیْنَ بنِ كُرَیْبٍ، وَالْقَوْلُ عِنْدِیْ مَاقَالَ أَبُوْ مُحمدٍ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ: رِشْدِیْنُ بنُ كُرَیْبٍ أَرْجَحُ وَأَكْبَرُ، وَقَدْ أَدْرَكَ ابنَ عَبَّاسٍ، وَرَآهُ، وَهُمَا أَخَوَانِ، وَعِنْدَهُمَا مَنَاكِیْرُ.

وضاحت: رشدین کے والد کریب بن ابی مسلم ہاشمی مدنی: حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ ہیں اور ثقہ راوی ہیں، ان کا بیٹا رشدین ضعیف راوی ہے اسی طرح اس کا بھائی محمد بن کریب بھی ضعیف راوی ہے......عبداللہ بن عبد

الرحمٰن: امام دارمی کا نام ہے...... ما أقربهما: فعل تعجب ہے، یعنی کس قدر ایک دوسرے سے قریب ہیں (ضعف میں)

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ النَّفْخِ فِيْ الشَّرَابِ

مشروب میں پھونکنے کی ممانعت

حدیث (۱): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مشروب میں پھونکنے سے منع فرمایا، پس ایک آدمی نے کہا: میں برتن میں کوئی تنکا دیکھتا ہوں (پس اس کو دور کرنے کے لئے پھونکتا ہوں) آپؐ نے فرمایا: برتن کو بہادے، یعنی تھوڑا پانی گرادے تنکا اس کے ساتھ بہ جائے گا یعنی اس ضرورت سے بھی پھونکنا جائز نہیں، پھر اس نے دوسرا مسئلہ پوچھا کہ پیتے ہوئے سانس لئے بغیر مجھے سیرابی حاصل نہیں ہوتی، یعنی اگر میں سانس روک کر پیتا ہوں تو سیرابی حاصل نہیں ہوتی، پس کیا پیتے ہوئے برتن میں سانس لیا جا سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: پیالہ منہ سے جدا کرلے، یعنی برتن میں سانس مت لے، برتن منہ سے ہٹا کر سانس لے (اس دوسرے سوال وجواب کا تعلق آئندہ باب سے ہے)

حدیث (۲): ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ (پانی وغیرہ پیتے ہوئے) برتن میں سانس لیا جائے یا برتن میں پھونکا جائے۔

تشریح: کبھی مشروب (پانی وغیرہ) میں کوئی تنکا ہوتا ہے، اس کو ہٹانے کے لئے یا مشروب گرم ہوتا ہے اس کو ٹھنڈا کرنے کے لئے لوگ پھونکتے ہیں یہ مکروہ ہے، تنکا وغیرہ ہو تو کسی چیز سے یا انگلی سے نکال لیا جائے یا تھوڑا پانی بہادیا جائے اس کے ساتھ تنکا بہہ جائے گا اور اگر مشروب گرم ہو تو تھوڑی دیر انتظار کیا جائے ٹھنڈا ہو جائے گا، بہر حال پھونک نہ مارے، کیونکہ کبھی منہ میں تغیر آجاتا ہے یا مسواک کلی کئے دیر ہو جاتی ہے تو بھی منہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے، پس پھونکنے کی صورت میں یہ بدبو مشروب میں شامل ہو جائے گی اور کبھی ایک ہی برتن سے لوگ یکے بعد دیگرے پیتے ہیں پس جس کا نمبر بعد میں ہوگا اس کو کراہیت ہوگی، اور کبھی پھونکتے ہوئے منہ سے یا ناک سے کوئی چیز پانی میں گرجاتی ہے تو خود اس کو ناگوار ہوگا اور بدنما شکل بن جائے گی، اس لئے پھونکنے سے احتراز کرنا چاہئے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی کراهية النَّفْخِ فِی الشَّرَابِ

[۱۸۸۳-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، ثَنَا عيسَى بنُ يُوْنُس، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَيُّوْبَ ــ وَهُوَ ابنُ حَبِيْبٍ ــ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الْمُثَنَّى الْجُهَنِيَّ، يَذْكُرُ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ النَّفْخِ فِيْ الشَّرَابِ، فَقَالَ رَجُلٌ: الْقَذَاةَ أَرَاهَا فِيْ الإِنَاءِ؟ فَقَالَ: "أَهْرِقْهَا" فَقَالَ:

فَإِنِّیْ لاَ أَرْوَى مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ؟ قَالَ:" فَأَبِنِ الْقَدَحَ إِذًا عَنْ فِيْكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٨٨٤-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِیِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم نَهَی أَنْ يُتَنَفَّسَ فِی الإِنَاءِ أَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترکیب: القَذَاۃَ: منصوب علی شریطۃ التفسیر ہے أی: أَرَی القذاۃ ...... أَبِنْ: فعل امر از إِبَانة: جدا کرنا۔

بابُ ماجاء فی کراهية التنَفُّس فی الإِنَاءِ

برتن میں سانس لینے کی کراہیت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إذا شَرِبَ أَحَدُكم فلا يَتَنَفَّسْ فی الإِناءِ: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی چیز پیئے تو برتن میں سانس نہ لے (بلکہ برتن منہ سے ہٹا کر سانس لے، تاکہ خوب سیرابی حاصل ہو اور بدنما شکل نہ بنے، اور بعد میں جس کا نمبر ہے اس کو ناگواری نہ ہو)

[١٦-] باب ماجاء فی کراهية التَّنَفُّسِ فی الإِنَاءِ

[١٨٨٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ يَحْيَى بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمْ فَلاَ يَتنفَّسْ فِی الإِنَاءِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنِ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ

مشکیزہ کا منہ موڑ کر پینے کی ممانعت

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مشکیزوں کے منہ موڑنے سے منع فرمایا (اور ان کا منہ موڑنا یہ ہے کہ ان کا سر پلٹا جائے پھر اس سے پیا جائے)

تشریح: مشکیزہ کا منہ موڑ کر اور اس سے منہ لگا کر پانی پینے میں چند نقصانات ہیں: ایک: پانی جوش سے نکلے گا اور حلق میں یکبارگی گرے گا، اس سے درد جگر پیدا ہوتا ہے، دوم: اس سے معدہ کو بھی ضرر پہنچتا ہے، سوم: پانی کے بہاؤ میں تنکے وغیرہ کا پتہ نہیں چلتا، اور منقول ہے کہ ایک شخص نے مشکیزہ سے منہ لگا کر پانی پیا تو سانپ اس کے پیٹ میں چلا گیا، چہارم: اس میں کپڑے بھیگنے کا اندیشہ ہے، پنجم: جب سب لوگ اس طرح منہ لگا کر پییں گے تو مشکیزہ کا منہ بدبودار ہو جائے گا (رحمۃ اللہ ٥: ٤٩٦)

[۱۷-] باب ماجاء فی اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ

[۱۸۸٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ رِوَايَةً: أَنَّهُ نَهَی عَنْ اخْتِنَاثِ الأَسْقِيَةِ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ هُرَيرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: اِخْتَنَثَ السِّقَاءَ وَخَنَثَ: مشک کے منہ کو موڑ کر پانی پینا ...... روايةً: أی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

بابُ الرُّخْصَةِ فِیْ ذٰلِكَ

مشکیزے کا منہ موڑ کر پینے کی اجازت

حدیث (۱): عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپؐ ایک لٹکی ہوئی مشک کی طرف کھڑے ہوئے پھر اس کا منہ موڑا، پھر اس کے منہ سے پانی پیا (یہ حدیث ابوداؤد میں بھی ہے مگر اس کی سند صحیح نہیں اس کا ایک راوی عبداللہ عمری معمولی ضعیف ہے اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس نے عیسیٰ سے یہ حدیث سنی ہے یا نہیں؟ یہ بات مجھے معلوم نہیں)

حدیث (۲): کبشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ میرے گھر تشریف لائے پس آپؐ نے ایک لٹکی ہوئی مشک کے منہ سے کھڑے ہوئے پانی پیا، پس میں مشکیزہ کی طرف کھڑی ہوئی اور میں نے اس کا منہ کاٹ لیا (یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے)

تشریح: باب میں حضرت ام سُلیمؓ کی بھی روایت ہے ان کے گھر بھی نبی ﷺ نے مشکیزے سے براہِ راست پانی پیا تھا تو انھوں نے بھی مشکیزہ کا منہ کاٹ لیا تھا، وقالت: لِئلَّا يَشْرَبَ منها أَحَدٌ بعد شُرْبِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: تاکہ کوئی اور شخص نبی ﷺ کے پینے کے بعد اس مشکیزے سے نہ پیئے، حضرت ام سلیم نے مشکیزے کا منہ غیرت کی وجہ سے کاٹا تھا، ان کو یہ بات گوارہ نہ ہوئی کہ اب کسی اور کا منہ اس پر لگے، اور حضرت کبشہؓ نے کیوں کاٹا تھا یہ بات روایت میں مذکور نہیں، ممکن ہے انھوں نے بھی غیرت کی وجہ سے کاٹا ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ تبرکاً کاٹ لیا ہو، بہرحال زندگی میں ایک دو بار نبی ﷺ نے مشکیزے کا منہ موڑ کر کھڑے ہوئے پیا ہے، پس دونوں باتوں کا جواز ثابت ہوا، اور گذشتہ باب کی روایت میں جو ممانعت ہے اس کو خلاف اولیٰ پر محمول کیا جائے گا، علاوہ ازیں نبی ﷺ کے منہ لگانے سے نہ کسی کو ناگواری ہوگی نہ بدبو پیدا ہوگی، بلکہ حسن وخوبی پیدا ہوگی، اسی وجہ سے دونوں خواتین نے مشکیزے کا منہ کاٹ لیا تھا، غرض دوسروں کو اس پر عمل نہیں کرنا چاہئے، یہ سنت (دینی طریقہ) نہیں ہے،

حضوراقدس ﷺ کا یہ فعل بیان جواز کے لئے ہے۔

[١٨-] بابُ الرُّخْصَةِ فِى ذٰلِكَ

[١٨٨٧-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ عِيْسَى بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أُنَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَامَ إِلٰى قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ، فَخَنَثَهَا، ثُمَّ شَرِبَ مِنْ فِيْهَا.

وفى الباب: عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ، هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِصَحِيْحٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ يُضَعَّفُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وَلاَ أَدْرى سَمِعَ مِنْ عِيْسىٰ أَمْ لاَ؟

[١٨٨٨-] حدثنا ابنُ أَبِى عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحمٰنِ بنِ أَبِى عَمْرَةَ، عَنْ جَدَّتِهِ كَبْشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَشَرِبَ مِنْ فِيِّ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا، فَقُمْتُ إِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَيَزِيْدُ بنُ يَزِيْدَ: هُوَ أَخُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، وَهُوَ أَقْدَمُ مِنهُ مَوْتًا.

بابُ ماجاء فى أَنَّ الْأَيْمَنِيْنَ أَحَقُّ بِالشُّرْبِ

دائیں والے کا حق پہلے ہے

حدیث: ایک بار نبی ﷺ کی خدمت میں دودھ پیش کیا گیا جس کو (ٹھنڈا کرنے کے لئے) پانی کے ساتھ ملایا گیا، آپؐ نے وہ دودھ نوش فرمایا، اس وقت آپؐ کی دائیں جانب ایک بدو تھا، اور بائیں جانب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے، پس آپؐ نے بچا ہوا بدو کو دیا اور فرمایا: الْأَيْمَنُ فَالْأَيْمَنُ: أى الْأَيْمَنُ أَحَقُّ یا الْأَيْمَنَ فالْأَيْمَنَ نصب کے ساتھ أى: أَعْطِ الْأَيْمَنَ۔ اور ایک دوسری روایت میں: الْأَيْمَنُوْنَ فَالْأَيْمَنُوْنَ ہے پس اس سے رفع کی قراءت راجح قرار پاتی ہے۔

تشریح: یہ ضابطہ منازعت ختم کرنے کے لئے ہے کیونکہ اگر افضل کی تقدیم کا ضابطہ بنایا جائے گا تو کبھی لوگوں کے درمیان کسی کی فضیلت مسلم نہ ہوگی اور کبھی فضیلت مسلم ہونے کے باوجود دوسرے کی تقدیم سے دل تنگی پیدا ہوگی، اس لئے یہ ضابطہ بنادیا کہ دائیں کو دو پھر اس کے دائیں کو خواہ وہ کوئی ہو، البتہ اس کی اجازت سے دوسرے کو دیا جاسکتا ہے۔

[۱۹-] باب ماجاء فی أَنَّ الْأَيْمَنِيْنَ أَحَقُّ بِالشُّرْبِ

[۱۸۸۹-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، ح: وَثَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم أُتِىَ بِلَبَنٍ، قَدْ شِيْبَ بِمَاءٍ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ أَعْرَابِيٌّ، وَعَنْ يَسَارِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، فَشَرِبَ، ثُمَّ أَعْطَى الْأَعْرَابِيَّ، وَقَالَ: " الْأَيْمَنُ فَالْأَيْمَنُ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وسَهْلِ بنِ سَعْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللهِ بن بُسْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّ سَاقِيَ الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا

پلانے والے کو آخر میں پینا چاہئے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سَاقِی الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا: جو شخص لوگوں کو (چائے دودھ وغیرہ) پلائے اسے سب سے آخر میں پینا چاہئے۔

تشریح: یہ اس وقت ہے جب مشروب اس کی ملکیت نہ ہو، وہ صرف تقسیم کار ہو، اور اگر مالک ہو تو جب چاہے پی سکتا ہے بلکہ پہلے کچھ پی لینا چاہئے تاکہ چائے میں چینی ڈالی ہے یا نہیں: اس کا پتہ چل جائے۔

اور ساقی کو سب سے آخر میں اس لئے پینا چاہئے کہ اس کا سب سے پہلے پینا حرص کی علامت ہے اور ایثار و مروت کے خلاف ہے، پس یہ حکم آداب اسلامی کے قبیل سے ہے، کوئی شرعی حکم نہیں ہے کہ اس کی خلاف ورزی سے گنہ ہو۔

[۲۰-] باب ماجاء فی أَنَّ سَاقِيَ الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا

[۱۸۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِى قَتَادَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " سَاقِى الْقَوْمِ آخِرُهُمْ شُرْبًا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ أَبِی أَوْفَی، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء أَىُّ الشَّرَابِ كَانَ أَحَبَّ إِلٰى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم؟

نبی ﷺ کو کونسا مشروب زیادہ پسند تھا؟

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: مشروبات میں سے نبی ﷺ کو زیادہ پسند میٹھا ٹھنڈا تھا، میٹھا:

جیسے شہد ملا ہوا پانی یا کھجور کی نبیذ وغیرہ، اور ٹھنڈی چیز اس لئے پسند تھی کہ ہر گرم مزاج آدمی کو ٹھنڈی چیز پسند ہوتی ہے اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ حضور اقدس ﷺ کو سب سے زیادہ دودھ پسند تھا، ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، پسندیدگی کی وجوہ مختلف ہوتی ہیں، غذاؤں میں دودھ پسند تھا اور عام مشروبات میں میٹھا ٹھنڈا پسند تھا۔

ملحوظہ: یہ حدیث امام زہری رحمہ اللہ کی مرسل روایت ہے، اور امام زہری کی مرسل روایتیں نہایت ضعیف ہوتی ہیں، سفیان بن عیینہ نے اس کی جو سند حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا تک پہنچائی ہے وہ صحیح نہیں، معمر، یونس اور عبدالرزاق وغیرہ اس کو مرسل روایت کرتے ہیں، اور یہی اصح ہے۔

[۲۱-] باب ماجاء أَيُّ الشَّرَابِ كَانَ أَحَبَّ إلى رسول اللهِ صلى الله عليه وسلم؟

[۱۸۹۱-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الشَّرَابِ إِلٰى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الحُلْوُ الْبَارِدُ.

هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ ابنِ عُيَيْنَةَ مِثْلَ هٰذَا، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائشَةَ، وَالصَّحِيْحُ مَا رَوَى الزُّهْرِيُّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

[۱۸۹۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، وَيُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ: أَيُّ الشَّرَابِ أَطْيَبُ؟ قَالَ: "الْحُلْوُ الْبَارِدُ"

وَهٰكَذَا رَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُيَيْنَةَ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الْبِرِّ والصِّلَةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

حسن سلوک (اور بدسلوکی) اور صلہ رحمی (اور قطع رحمی) کا بیان

البرُّ: مصدر ہے، اور مختلف استعمالات میں اس کے مختلف معانی ہوتے ہیں، مگر اس کے عام معنی: نیکی کے ہیں، خواہ کوئی سی نیکی ہو، پس یہ ایک جامع لفظ ہے جو تمام عقائد واعمالِ صالحہ کو شامل ہے، سورۃ البقرۃ (آیت ۱۷۷) میں عقائد واعمالِ صالحہ کے مجموعہ پر اس کا اطلاق کیا گیا ہے اور مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ حضرت نواس بن سمعانؓ نے نبی ﷺ سے بر واثم (نیکی اور گناہ) کی حقیقت پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: البِرُّ حُسْنُ الخُلُقِ: نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے، والإثمُ ماحاك فى صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ عليه الناسُ: اور گناہ وہ کام ہے جو تیرے دل میں جگہ کرلے، جم جائے اور تو نہ چاہے کہ لوگ اس سے واقف ہوں (مشکوۃ حدیث ۵۰۷۳) یعنی جو کام مؤمن کے دل میں کھٹک پیدا کرے، جس کام سے مؤمن کا دل بے چین رہے، اور اس کو وحشت لاحق ہو اور وہ نہ چاہے کہ کوئی اس سے مطلع ہو تو وہ گناہ کا کام ہے کیونکہ مؤمن کا قلب ایک کسوٹی ہے، کسی کام سے اس کا بے چین ہونا اس کام کے برے ہونے کی دلیل ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اچھے اخلاق کا نام البر ہے یعنی لوگوں کے ساتھ میل جول میں اچھا برتاؤ کرنا، بد اخلاقی سے بچنا: نیکی کا کام ہے اور یہ البرُّ کے خاص معنی ہیں اور یہی معنی یہاں مراد ہیں اور یہ آدھا مضمون ہے، اس کا مقابل الإثم (گناہ) محذوف ہے اور وہ بھی یہاں مراد ہے، یعنی معاشرتی معاملات میں اور لوگوں کے ساتھ میل جول میں برے برتاؤ کے احکام بھی انہی ابواب میں ذکر کئے جائیں گے۔

اور الصِّلَة بھی مصدر ہے، وَصَلَ الشيئَ بالشيئِ وَصْلاً وصِلَةً: کے معنی ہیں: ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا، جوڑنا، اور الرَّحِم کے معنی ہیں: ناتہ، یعنی ددھیالی اور ننھیالی رشتہ، پس صِلَةُ الرحِم کے معنی ہیں: خاندان کے ساتھ

حسن سلوک کرنا، اور یہ بھی آدھا مضمون ہے اس کا مقابل قطع رحمی بھی مراد ہے، یعنی ان ابواب میں خاندان کے ساتھ حسن سلوک کا بھی بیان ہے اور بدسلوکی کا بھی۔ پس یہ تخصیص بعد التعمیم ہے، یعنی البرُّ سے عام معاشرتی حسن سلوک (اور بدسلوکی) مراد ہے اور الصِّلة سے خاص خاندان کے ساتھ حسن سلوک (اور بدسلوکی) مراد ہے۔

بابُ ماجاء فی بِرِّ الْوَالِدَیْنِ

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا بیان (پہلا باب)

انسان کو وجود حقیقتاً اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے مگر والدین سبب ظاہری ہیں اس لئے قرآن کی متعدد آیات میں والدین کے حقوق کو اللہ تعالیٰ کے حقوق کے ساتھ ملا کر بیان کیا گیا ہے اور احادیثِ شریفہ میں بھی بہت اہمیت کے ساتھ ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کرنے اور بدسلوکی سے بچنے کا ذکر آیا ہے۔

اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کی شکلیں یہ ہیں:

۱- ان کی زندگی میں جان و مال سے ان کی خدمت کرنا اور ہمیشہ ان کو خوش رکھنا۔

۲- دل سے والدین کی تعظیم کرنا اور ان سے محبت رکھنا۔

۳- والدین کی وفات کے بعد ان کے لئے دعاء مغفرت کرتے رہنا۔

۴- والدین کے کئے ہوئے عہد و پیمان کو جہاں تک ممکن ہو پورا کرنا۔

۵- والدین کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرنا اور ان کے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنا۔

حدیث: حضرت معاویۃ بن حیدہ رضی اللہ عنہ نے نبی پاک ﷺ سے پوچھا: میں کس کے ساتھ حسن سلوک کروں؟ آپؐ نے فرمایا: اپنی ماں کے ساتھ، انھوں نے پوچھا: پھر کس کے ساتھ؟ آپؐ نے فرمایا: اپنی ماں کے ساتھ، انھوں نے تیسری مرتبہ پوچھا: پھر کس کے ساتھ؟ آپؐ نے فرمایا: اپنی ماں کے ساتھ۔ انھوں نے چوتھی مرتبہ پوچھا: پھر کس کے ساتھ؟ آپؐ نے فرمایا: اپنے باپ کے ساتھ، پھر درجہ بدرجہ دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ۔

تشریح: ماں حسن سلوک (خدمت) کی باپ سے زیادہ حقدار ہے، اور باپ کا اطاعت میں زیادہ حق ہے، فتاوی عالمگیری (۳۶۵:۵) میں یہ ضابطہ بیان کیا گیا ہے کہ تعظیم واحترام میں باپ کا حق زیادہ ہے اور خدمت وانعام میں ماں کا حق زیادہ ہے یعنی دونوں ہی کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہئے، مگر بوقت تعارض یہ ضابطہ ہے، مثلاً دونوں ایک ساتھ پانی مانگیں اور دونوں کو ایک ساتھ دینا ممکن نہ ہو تو ماں کو مقدم رکھا جائے، اور دونوں کوئی حکم دیں تو باپ کی اطاعت پہلے کی جائے۔

اور ابن بطالؒ نے فرمایا ہے کہ حسنِ سلوک کے معاملہ میں ماں کو تین گنا برتری اس لئے حاصل ہے کہ ماں نے تین صعوبتیں برداشت کی ہیں، یعنی حمل کی، وضع حمل کی اور دودھ پلانے کی مشقت برداشت کی ہے۔ اور باپ نے

صرف کما کر کھلایا ہے اور تربیت دونوں نے کی ہے۔

ملحوظہ: اس حدیث کا ایک راوی بہز بن حکیم ہے اس پر امام شعبہ رحمہ اللہ نے تنقید کی ہے جس سے اس کی عدالت متأثر ہوئی ہے، یہ راوی اب صرف صدوق ہے اس لئے اس کی حدیث صرف حسن ہے۔

نوٹ: والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کے احکام ہدایت القرآن (سورہ بنی اسرائیل آیت ۲۳و۲۴) میں تفصیل سے ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب البر والصلة

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء في برِّ الْوَالِدَيْنِ

[۱۸۹۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا بَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ، ثَنِي أَبِيْ، عَنْ جَدِّيْ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ أَبَرُّ؟ قَالَ:" أُمَّكَ" قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" أُمَّكَ" قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" أُمَّكَ" قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" ثُمَّ أَبَاكَ، ثُمَّ الأَقْرَبَ فَالأَقْرَبَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ الدَّرْدَاءِ؛ وَبَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ: هُوَ ابنُ مُعَاوِيَةَ بنِ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيُّ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وَقَدْ تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فِيْ بَهْزِ بنِ حَكِيْمٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الحَدِيْثِ، وَرَوَى عَنْهُ مَعْمَرٌ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَحَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ.

وضاحت: أَبَرُّ: فعل مضارع صیغہ واحد متکلم از باب ضرب...... أُمَّكَ کا ناصب بِرَّ محذوف ہے یعنی اپنے ماں کے ساتھ حسنِ سلوک کر...... بہز بن حکیم محدثین کے نزدیک ثقہ راوی ہیں، معمر وغیرہ بڑے لوگ ان سے روایت کرتے ہیں مگر شعبہؒ نے ان پر تنقید کی ہے اس لئے ان کا درجہ گھٹ گیا ہے اور وہ صرف صدوق رہ گئے ہیں۔

بابٌ مِنْهُ

والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا بیان (دوسرا باب)

حدیث: ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! اللہ کے نزدیک سب سے محبوب عمل کونسا

ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وقت پر نماز پڑھنا، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا، انھوں نے پوچھا: پھر؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا (یہاں تک حدیث أبواب الصلاۃ باب ۱۴ میں گذر چکی ہے) پھر اس سے آگے حضور اقدس ﷺ نے کچھ نہیں فرمایا، ابن مسعودؓ کہتے ہیں: اگر میں اور پوچھتا تو حضور اکرم ﷺ مجھے اور جواب دیتے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

تشریح: یہاں ایک سوال ہے کہ ایمان سب سے افضل ہے، پھر نبی ﷺ نے اس کا تذکرہ کیوں نہیں کیا؟ جواب: سائل نے اعمال کے بارے میں پوچھا ہے اور ایمان عقیدہ ہے، دوسرا سوال: حضرت ابن مسعودؓ نے آگے کیوں نہیں پوچھا؟ جواب: یہ حسنِ ادب ہے کیونکہ سوال کی کثرت کبھی دل تنگی کا باعث ہوتی ہے اس لئے حضرت ابن مسعودؓ نے آگے پوچھنا مناسب نہیں سمجھا۔

[۲-] بابٌ منه

[۱۸۹۴-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ الْمَسْعُوْدِيِّ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ العَيْزَارِ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشِّيْبَانِيِّ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الأَعْمَالِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "الصَّلَاةُ لِمِيْقَاتِهَا" قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "بِرُّ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "الجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" ثُمَّ سَكَتَ عَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوِ اسْتَزَدْتُه لَزَادَنِيْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ الشَّيْبَانِيُّ، وَشُعْبَةُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ العَيْزَارِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشِّيْبَانِيِّ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبُوْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ: اسْمُهُ سَعْدُ بنُ إِيَاسٍ.

وضاحت: قوله: استزدتُه: أی سألتُه أكثرَ من هٰذا...... لَزَادَنی: أی فی الجواب۔

بابُ ماجاء مِنَ الْفَضْلِ فِيْ رِضَا الْوَالِدَيْنِ

والدین کو خوش رکھنے کا ثواب

حدیث (۱): ایک شخص حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور اس نے کہا: میری ایک بیوی ہے اور میری ماں اس کو طلاق دینے کے لئے کہتی ہے (پس میں کیا کروں؟) حضرت ابوالدرداء نے اس کو حدیث سنائی: الوالدُ أَوْسَطُ أَبْوابِ الْجَنَّةِ، فَإِنْ شِئْتَ فَأَضِعْ ذٰلِكَ الباب، أَوِ احْفَظْهُ: باپ جنت کا درمیانی (بہترین) دروازہ ہے،

اب تجھے اختیار ہے خواہ اس کو ضائع کر یا اس کو محفوظ رکھ، حدیث کے راوی ابن عیینہ کبھی أُمِّی کہتے تھے اور کبھی أَبِی۔

تشریح: اگر حدیث میں أبی ہے یعنی میرا باپ طلاق دینے کے لئے کہتا ہے تب تو جواب سوال کے مطابق ہے اور اگر حدیث میں أمی ہے یعنی میری ماں طلاق دینے کے لئے کہتی ہے تو جاننا چاہئے کہ والد اور والدہ میں فرق صرف تاء تانیث کا ہے، یعنی دونوں جننے والے ہیں پس حدیث سے جو والد کے بارے میں ہے، والدہ کا حکم بھی نکلے گا۔

مسئلہ: والدین کی فرمانبرداری بعض صورتوں میں واجب ہے اور بعض صورتوں میں مستحب، اور بعض صورتوں میں ناجائز، گناہ کے کاموں میں والدین ہی کی نہیں کسی کی بھی اطاعت جائز نہیں، حدیث میں ہے: ''خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں'' صرف جائز کاموں میں والدین کی اطاعت واجب یا مستحب ہے، حدیث میں ہے: ''اپنے پروردگار کی اور اپنے والدین کی اطاعت کر اگرچہ وہ تجھے ہر چیز سے بے دخل ہو جانے کا حکم دیں'' اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث پہلے گذر چکی ہے کہ ان کو بیوی سے بہت محبت تھی، ان کے ابا حضرت عمرؓ اس کو ناپسند کرتے تھے، چنانچہ انھوں نے حکم دیا کہ بیوی کو طلاق دیدو، ابن عمرؓ نے (عملی) انکار کیا، اور آنحضرت ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''اپنے ابا کا کہنا مانو'' اور حضرت ابوالدرداءؓ نے طلاق دینے کا حکم تو نہیں دیا مگر حدیث سنائی کہ باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے، اب تیری مرضی ہے خواہ اس سے ہاتھ دھو بیٹھ یا اس کی حفاظت کر، ان احادیث سے معلوم ہوا کہ والدین کا ہر حکم واجب الطاعہ نہیں، بعض واجب ہیں، بعض مستحب، چنانچہ روح المعانی میں ہے کہ اگر کسی کو بیوی سے محبت ہو اور ماں یا باپ بیوی کو طلاق دینے کا حکم دیں —— اگرچہ وہ حکم عورت کی بدچلنی کی وجہ سے ہو —— اور لڑکا اس حکم کی تعمیل نہ کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، البتہ افضل یہ ہے کہ باپ کی فرمانبرداری کرتے ہوئے اس عورت کو طلاق دیدے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: رِضَا الرَّبِّ فی رِضَا الْوَالِدِ، وسَخَطُ الربِّ فی سَخَطِ الوالد: پروردگار کی خوشنودی باپ کی خوشنودی میں ہے اور پروردگار کی ناراضگی باپ کی ناراضگی میں ہے (اور یہی حکم ماں کا بھی ہے)

تشریح: یہ حدیث اس صورت میں ہے جبکہ والدین کی خوشی اور ناخوشی اولاد کے اختیاری عمل سے ہو اور اولاد کی کوئی مجبوری بھی نہ ہو، کیونکہ احوال مختلف ہوتے ہیں اس لئے احکام بھی مختلف ہیں، مثال کے طور پر احوال چار ہیں، پس احکام بھی چار ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

احوال:

۱- علم دین کے دو درجے ہیں، فرض عین اور فرض کفایہ، فرضِ عین وہ علم ہے جس کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، اور یہ دین کا وہ ضروری حصہ ہے جو اسلامی زندگی گذارنے کے لئے ضروری ہے اور دین کا مکمل علم حاصل کرنا فرضِ کفایہ ہے، یعنی سب مسلمانوں پر فرض نہیں، بلکہ بقدر کفایہ (بقدر ضرورت) لوگوں پر فرض ہے، یعنی اتنے لوگوں

پر اس کی تحصیل فرض ہے جن کے ذریعہ مسلمانوں کی دینی ضرورت پوری ہوسکے اور اسلام کی حفاظت ہوسکے، یہی حال تبلیغ وجہاد کا بھی ہے کہ وہ عام حالات میں فرض کفایہ ہیں مگر خاص حالات میں فرضِ عین ہوجاتے ہیں، پس دونوں درجوں کے احکام مختلف ہونگے۔

۲- صحت، طاقت اور قوت کے اعتبار سے بھی والدین کی دو حالتیں ہیں: ایک وہ زمانہ ہے جس میں والدین جسمانی خدمت کے محتاج نہیں ہوتے اور دوسری بڑھاپے اور بیماری کی حالت ہے جس میں وہ اولاد کی خدمت کے محتاج ہوجاتے ہیں، اس لئے دونوں حالتوں کے احکام مختلف ہیں۔

۳- معاشی لحاظ سے بھی والدین کی دو حالتیں ہیں: ایک خودکفیل ہونے کی حالت ہے، دوسری محتاجگی کی حالت، یعنی کبھی والدین کے پاس گذارہ کے لئے اندوختہ ہوتا ہے یا وہ کما سکتے ہیں اور کبھی تہی دست ہوتے ہیں اور کمانے کی قابلیت نہیں رکھتے، پس دونوں حالتوں کے احکام جدا جدا ہیں۔

۴- سفر کی اجازت نہ دینا بھی مختلف وجوہ سے ہوتا ہے ایک محبت کی وجہ سے والدین نہیں چاہتے کہ اولاد ان کی نظروں سے دور ہو، دوسرے اولاد کی دینی مصلحت کی وجہ سے مثلاً لڑکا امرد خوبصورت ہو تو اس کو دوسری جگہ بھیجنا مناسب نہیں، یا وہ لڑکی ہو جس کا تحصیل علم کے لئے سفر کرنا مصلحت نہیں، تیسرے دنیا طلبی کی وجہ سے: ماں باپ چاہتے ہیں کہ لڑکا گھر پر رہے اور کاروبار میں ان کا ہاتھ بٹائے، یا کاروبار سنبھالے، چوتھے بے دینی کی وجہ سے، پانچویں علم دین کی قدر نہ جاننے کی وجہ سے، غرض سفر سے روکنے کی بھی مختلف وجوہ ہیں اس لئے ان کے احکام بھی مختلف ہیں۔

احکام:

۱- والدین غریب اور خدمت کے محتاج ہوں اور کوئی دوسرا خدمت گار نہ ہو، یا وہ اولاد کی دینی مصلحت کی وجہ سے سفر کرنے سے منع کریں تو ان کی اطاعت واجب ہے، ان کی اجازت کے بغیر نہ فرضِ عین علم حاصل کرنے کے لئے سفر کرنا جائز ہے نہ فرضِ کفایہ، اولاد کو چاہئے کہ علم دین کا جو درجہ فرضِ عین ہے وہ مقامی لوگوں سے حاصل کرے، اور تبلیغ کے لئے نکلنا بھی فرضِ کفایہ ہے فرضِ عین نہیں، البتہ جہاد کے لئے جبکہ وہ فرضِ عین ہوجائے یعنی نفیر عام کی صورت میں والدین کی اجازت کی ضرورت نہیں (تفصیل ابواب الجہاد باب ۲ میں پڑھیں)

۲- اگر والدین خدمت کے محتاج ہیں مگر خودکفیل ہیں یعنی ان کے پاس گذارہ کا سامان ہے تو فرضِ عین علم دین حاصل کرنے کے لئے ـــــــ اگر وہ مقامی طور پر حاصل نہ ہوسکتا ہو ـــــــ بلا اجازت سفر کرنا جائز ہے اور والدین کو چاہئے کہ وہ کسی کو اجرت پر رکھ کر خدمت لیں، البتہ فرضِ کفایہ علم دین حاصل کرنے کے لئے اور تبلیغ کے لئے بغیر اجازت سفر کرنا جائز نہیں۔

۳- اور اگر والدین طاقت وقوت رکھتے ہوں، خدمت کے محتاج نہ ہوں تو خواہ وہ خودکفیل ہوں یا غریب، فرضِ

عین اور فرضِ کفایہ دونوں درجوں کا علم دین حاصل کرنے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں، بلا اجازت سفر کرنا اور علم دین حاصل کرنا جائز ہے، کیونکہ اس صورت میں والدین کا نفقہ (خرچ) اولاد کے ذمہ واجب نہیں، والدین کا نفقہ حیثیت رکھنے والی اولاد پر اس وقت واجب ہوتا ہے جب والدین غریب ہوں اور بڑھاپے کی وجہ سے یا بیماری کی وجہ سے کمانے کے قابل نہ ہوں، نیز باپ اگر مالدار ہے یا کما سکتا ہے تو ماں کا خرچ اولاد پر واجب نہیں، باپ پر واجب ہے کیونکہ بیوی کا نفقہ شوہر پر واجب ہوتا ہے۔

۴- اور اگر والدین علم دین حاصل کرنے کے لئے سفر کرنے سے یا تبلیغ کے لئے نکلنے سے، یا جہاد کے لئے نکلنے سے بر بنائے محبت منع کریں یا دنیا طلبی کی وجہ سے یا بے دینی کی وجہ سے یا اعمالِ دینیہ کی قدر نہ جاننے کی وجہ سے تو ان صورتوں میں ان کی اجازت ضروری نہیں، دونوں درجوں کا علم دین حاصل کرنے کے لئے اور دوسرے اعمالِ دینیہ کے لئے بلا اجازت سفر کرنا جائز ہے۔

نوٹ: یہ تو مسائل واحکام ہیں مگر سب صورتوں میں افضل یہ ہے کہ والدین کو کسی بھی طرح راضی کر کے ان کی اجازت لے کر علم دین حاصل کرنے کے لئے یا تبلیغ کے لئے نکلے، ان کی دعائیں شامل حال ہونگی تو علم میں اور کام میں برکت ہوگی۔

روح المعانی میں علامہ عمر بن رَسلان بلقینی مصری شافعی رحمہ اللہ کے فتاوی سے نقل کیا ہے کہ: ''فرضِ عین علم دین حاصل کرنے کے لئے یا فرضِ کفایہ کے لئے سفر کرنا ممنوع نہیں، اگرچہ مقامی طور پر اس کی تحصیل ممکن ہو —— کچھ لوگ اس میں اختلاف کرتے ہیں ان کے نزدیک اجازت ضروری ہے —— کیونکہ باہر نکل کر علم حاصل کرنے میں فراغ بالی ہوتی ہے اور استاذ کے نصائح سے بھی متمتع ہوتا ہے، اور اس قسم کے دیگر فوائد حاصل ہوتے ہیں اور اگر اس قسم کے فوائد کی امید نہ ہو تو پھر اجازت کی ضرورت ہوگی۔

اور جن صورتوں میں باپ کا خرچ اولاد پر واجب ہے اور علم دین حاصل کرنے کے لئے سفر کرنے میں یہ واجب فوت ہوتا ہو یعنی والدین کا خرچ نہ دے سکتا ہو تو باپ کو منع کرنے کا حق ہے اور اگر سفر کرنے میں بچہ کی آبرو پر حرف آ سکتا ہو، مثلاً وہ امرد ہے اور باہر جانے میں تہمت کا اندیشہ ہے تو باپ سفر کرنے سے منع کر سکتا ہے، اور لڑکی کو بدرجۂ اولیٰ روک سکتا ہے۔

اور ایسی صورت میں باپ کے امر و نہی کی مخالفت کرنا جبکہ سفر میں بچہ کا قطعاً کچھ ضرر نہ ہو، باپ محض ارشاد وراہنمائی کرتا ہو تو یہ سفر باپ کی نافرمانی نہیں، اور باپ کے حکم کی مخالفت نہ کرنا بہرحال بہتر ہے (روح المعانی ۱۵: ۶۰، ہدایت القرآن پارہ ۱۵)

سند کی بحث: یہ حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟

اس میں اختلاف ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے شعبہ رحمہ اللہ کے شاگرد خالد بن الحارث کی سند لکھی ہے، انھوں نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے، پھر محمد بن جعفر کی سند لکھی ہے انھوں نے اس حدیث کو موقوف بیان کیا ہے، یعنی یہ حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا قول ہے، پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی کو اصح کہا ہے، کیونکہ شعبہ رحمہ اللہ کے دوسرے تلامذہ بھی موقوف روایت کرتے ہیں، صرف خالد مرفوع کرتے ہیں، پھر امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ خالد ثقہ مامون یعنی قابل اعتماد ہیں، محمد بن المثنی کہتے ہیں: بصرہ میں میں نے خالد جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا، اور کوفہ میں عبداللہ بن ادریس جیسا کوئی آدمی نہیں دیکھا پس جب خالد نہایت ثقہ ہیں تو اصول کے مطابق ان کی زیادتی معتبر ہونی چاہئے اور موقوف کو مرفوع کرنا زیادتی ہے پس چاہئے تھا کہ امام ترمذیؒ اس زیادتی کو معتبر قرار دیتے، مگر حضرت کا مزاج یہ ہے کہ جدھر نشیب ہوتا ہے ادھر پانی بہا دیتے ہیں یعنی جس سند میں کمزوری ہوتی ہے اسی کو ترجیح دیدیتے ہیں۔

[۳-] بابُ الفَضْلِ فِيْ رِضَا الْوَالِدَيْنِ

[۱۸۹۵-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: إِنَّ رَجُلاً أَتَاهُ، فَقَالَ: إِنَّ لِيْ امْرَأَةً، وَإِنَّ أُمِّيْ تَأْمُرُنِيْ بِطَلاَقِهَا، فَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" الْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، فَإِنْ شِئْتَ فَأَضِعْ ذٰلِكَ الْبَابَ، أَوِ احْفَظْهُ" وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: إِنَّ أُمِّيْ، وَرُبَمَا قَالَ: أَبِيْ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَبْدِ الرحمنِ السُّلَمِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ حَبِيْبٍ.

[۱۸۹۶-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" رِضَا الرَّبِّ فِيْ رِضَا الْوَالِدِ، وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ"

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وَهٰذَا أَصَحُّ، وَهٰكَذَا رَوَى أَصْحَابُ شُعْبَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو مَوْقُوْفًا، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ غَيْرَ خَالِدِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، وَخَالِدُ بنُ الْحَارِثِ ثِقَةٌ مَأْمُوْنٌ، سَمِعْتُ مُحمدَ بنَ الْمُثَنَّى يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ بِالْبَصْرَةِ مِثْلَ خَالِدِ بنِ الْحَارِثِ، وَلاَ بِالْكُوْفَةِ مِثْلَ عبدِ اللّٰهِ بنِ إِدْرِيْسَ، وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ.

بابُ ماجاء فی عُقُوْقِ الْوَالِدَیْنِ

والدین کے ساتھ بدسلوکی کا بیان

عُقوق (بضم العین) مصدر ہے، عَقَّ أَبَاہ: نافرمانی کرنا، بدسلوکی کرنا، واجب خدمت انجام نہ دینا، والدین کی نافرمانی کبیرہ گناہوں میں سے بھی بڑا گناہ ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم سے بہت بڑے کبیرہ گناہ بیان نہ کروں؟ صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں، اے اللہ کے رسول! یعنی ضرور بیان فرمایئے۔ آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا اور والدین کے ساتھ بدسلوکی کرنا، حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور آپؐ سیدھے بیٹھ گئے، پہلے آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے، اور فرمایا: جھوٹی گواہی، یا فرمایا: جھوٹی بات (راوی کو شک ہے) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات بار بار فرماتے رہے یہاں تک کہ ہم نے (دل میں) کہا: کاش آپؐ خاموش ہو جائیں!

تشریح: پہلے آپؐ ٹیک لگائے ہوئے بیٹھے تھے، پھر آپؐ سیدھے بیٹھ گئے اور یہ ارشاد فرمایا: یہ بات کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے تھا جس طرح بات کو بار بار دوہرانا تاکید اور اہمیت ظاہر کرنے کے لئے تھا، کیونکہ لوگ پہلے دو گناہوں کو تو گناہ سمجھتے ہیں اور صحابہ تو اس سے بالکلیہ پاک تھے، مگر جھوٹی گواہی دینے کو اور جھوٹ بولنے کو لوگ معمولی بات سمجھتے ہیں، اس لئے معاملہ کی سنگینی ظاہر کرنے کے لئے آپؐ نے سیدھے بیٹھ کر یہ بات فرمائی اور بار بار فرمائی۔

جھوٹی گواہی اور جھوٹی بات میں عام خاص مطلق کی نسبت ہے اول خاص ہے اور دوم عام کیونکہ جھوٹی بات کوئی بھی ہو سکتی ہے اور دونوں ہی کبیرہ گناہ ہیں، اور صحابہ کا تمنا کرنا کہ کاش آپؐ خاموش ہو جائیں: اس وجہ سے تھا کہ جب مجلس میں کوئی بڑا آدمی کسی بات پر نکیر کرتا ہے تو حاضرین خود کو اس کا مخاطب سمجھتے ہیں اور ڈانٹ ایک حد تک برداشت ہوتی ہے پھر بھاری معلوم ہونے لگتی ہے۔ طلبہ کے ساتھ معاملات میں مجھے اس کا خوب تجربہ ہے، میں بھی طالب علم رہا ہوں، اگر استاذ کسی بات پر ڈانٹتا ہے اور بار بار کہتا ہے تو طلبہ کو وہ ڈانٹ بھاری معلوم ہونے لگتی ہے اور وہ یہ تمنا کرنے لگتے ہیں کہ کاش اب حضرت بس کریں۔

دوسری وجہ شارحین کرام نے یہ لکھی ہے کہ یہ تمنا انتہائی عشق و محبت کی وجہ سے تھی، صحابہ یہ نہیں چاہتے تھے کہ آپؐ بار بار سمجھانے کی زحمت اٹھائیں، وہ بات سمجھ گئے تھے اس لئے انھوں نے خاموش ہونے کی تمنا کی۔

والدین کے ساتھ بدسلوکی کی سزا دنیا ہی میں ملتی ہے:

حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''گناہوں میں سے اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں بخش دیتے ہیں، مگر والدین کے ساتھ بدسلوکی مستثنیٰ ہے، اس گناہ کی سزا مرنے سے پہلے دنیا ہی میں دی جاتی

ہے" (مشکوۃ حدیث ۴۹۴۵)

پس اگر کوئی شخص زندگی میں والدین کے ساتھ بدسلوکی کرتا رہا ہوتو اب اس کا کفارہ یہ ہے کہ والدین کے لئے دعائیں کرے، ایصالِ ثواب کرے، ان کی قبروں پر جائے، اور ان کے لئے استغفار کرے، حدیث شریف میں ہے: جس شخص کے ماں باپ کا: دونوں کا یا ان میں سے کسی ایک کا انتقال ہو جائے اور وہ زندگی میں ان کے ساتھ بدسلوکی کرتا رہا ہو مگر وفات کے بعد برابر ان کے لئے دعائیں کرتا رہے اور استغفار کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کو حسن سلوک کرنے والا قرار دے دیتے ہیں (مشکوۃ حدیث ۴۹۴۲) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص ہر جمعہ کو والدین کی یا ان میں سے کسی ایک کی قبر پر جائے تو اس کی بخشش کردی جاتی ہے، اور وہ حسنِ سلوک کرنے والا قرار دیا جاتا ہے (روح المعانی ۱۵:۵۸)

عجیب بات: والدین کے ساتھ زندگی بھر حسنِ سلوک کرنے والا ان کے مرنے کے بعد بدسلوکی کرنے والا قرار دیا جاتا ہے، اور زندگی بھر بدسلوکی کرنے والا ان کے مرنے کے بعد حسنِ سلوک کرنے والا بن جاتا ہے۔ امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ جس شخص نے زندگی میں والدین کے ساتھ بدسلوکی کی ہو پھر وفات کے بعد ان کا قرضہ ادا کرے ان کے لئے استغفار کرے، اور ان کو گالیاں نہ دلوائے تو وہ حسنِ سلوک کرنے والا قرار دیا جاتا ہے، اور جو زندگی میں تو حسنِ سلوک کرتا رہا ہو مگر ان کی وفات کے بعد ان کا قرض ادا نہ کرے، نہ ان کے لئے استغفار کرے اور دوسروں سے ان کو گالیاں دلوائے تو وہ بدسلوکی کرنے والا لکھ دیا جاتا ہے (روح المعانی ۱۵:۵۸) اس میں خوش خبری ہے بدسلوکی کرنے والوں کے لئے اور ڈرنے کا مقام ہے حسنِ سلوک کرنے والوں کے لئے (ہدایت القرآن ۵:۵۹)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کبیرہ گناہوں میں سے یہ بات ہے کہ آدمی اپنے ماں باپ کو گالی دے، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا کوئی شخص اپنے ماں باپ کو بھی گالی دے سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! ایک شخص دوسرے کے باپ کو گالی دیتا ہے پس دوسرا اس کے باپ کو گالی دیتا ہے، اور دوسرے کی ماں کو گالی دیتا ہے پس وہ اس کی ماں کو گالی دیتا ہے (اس طرح آدمی سبب بن جاتا ہے اور اپنے والدین کو گالیاں دلواتا ہے پس یہ بھی خود اس کا اپنے والدین کو گالیاں دینا ہے)

تشریح: صحابہ کا زمانہ خیر القرون کا زمانہ تھا اس زمانہ میں اس کا تصور ہی نہیں کیا جاسکتا تھا کہ کوئی اپنے ماں باپ کو گالیاں دے، اس لئے صحابہ نے حیرت سے سوال کیا، مگر آئندہ زمانہ میں یہ واقعہ بننے والا تھا اور معلوم نہیں کیسے کیسے فواحش وجود میں آنے والے تھے، اس کا صحابہ کو ادراک نہیں تھا، اس لئے آپؐ نے جواب کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ کسی کام کا سبب بننا بھی اس کام کو کرنے کی طرح ہے، پس جو شخص دوسرے کے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے پھر وہ جواباً اس کے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے تو وہ تسبّب کی وجہ سے گویا خود اپنے ماں باپ کو گالیاں دیتا ہے۔

غرض یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسا ابواب الجنائز میں آپؐ کا یہ ارشاد گذرا ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا پسند کرتا

ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے ملنا ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا ناپسند کرتے ہیں، اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ سے ملنا تو موت کے بعد ہوگا اور موت ہر شخص کو ناپسند ہے، پس جواب میں نبی ﷺ نے ایک خاص حالت کا ذکر کیا جس سے بات خوب واضح ہوگئی (تفصیل تحفۃ الالمعی ۳: ۸۰۷ کتاب الجنائز باب ۶۷ میں ہے)

اسی طرح یہاں بھی یہ بات صحابہ کے لئے ناقابل فہم تھی کہ کوئی شخص اپنے ماں باپ کو گالیاں دے یا مارے پیٹے، مگر آئندہ یہ بات واقعہ بننے والی تھی مگر ابھی اس کا فہم وادراک مشکل تھا، اس لئے آپؐ نے ایک ایسی حالت ذکر کی جس سے بات واضح ہوگئی اور وہ حالت سبب بن کر ماں باپ کو گالیاں دلوانا ہے اور اس کا تحقق اس زمانہ میں بھی تھا اس لئے بات صحابہ کی سمجھ میں آگئی، ورنہ آپؐ کی مراد حقیقۃً گالیاں دینا تھا جس کو آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں، اولاد نہ صرف والدین کو گالیاں دیتی ہے، بلکہ مارتی پیٹتی ہے، اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کی اس سے حفاظت فرمائیں (آمین)

[٤-] باب ماجاء فی عُقُوْقِ الْوَالِدَيْنِ

[١٨٩٧-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا الجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِیْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" قَالُوْا: بَلَی، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: وَجَلَسَ، وَكَانَ مُتَّكِئًا، قَالَ:"وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ، أَوْ: قَوْلُ الزُّوْرِ" فَمَا زَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَقُوْلُهَا حَتَّی قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ!

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ بَكْرَةَ: اسْمُهُ نُفَيْعٌ.

[١٨٩٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنِ ابنِ الْهَادِ، عَنْ سَعْدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" مِنَ الْكَبَائِرِ أَنْ يَشْتِمَ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ؟ قَالَ:" نَعَمْ، يَسُبُّ أَبَا الرَّجُلِ فَيَسُبُّ أَبَاهُ، وَيَشْتِمُ أُمَّهُ فَيَشْتِمُ أُمَّهُ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی إِكْرَامِ صَدِيْقِ الْوَالِدِ

باپ کے دوست کا اکرام باپ کے ساتھ حسن سلوک ہے

ماں باپ کے مرنے کے بعد ان کے دوستوں اور متعلقین کے ساتھ حسنِ سلوک بھی والدین کے ساتھ حسن

سلوک ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:إِنَّ أَبَرَّ الْبِرِّ: أَنْ يَصِلَ الرجلُ أَهْلَ وُدِّ أَبِيْهِ: سب سے بہترین حسن سلوک یہ ہے کہ آدمی باپ کے مرنے کے بعد اس کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک کرے۔

تشریح: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ایک مرتبہ مکہ تشریف لے جا رہے تھے، راستہ میں ایک آدمی ملا، ابن عمرؓ نے اس کو سلام کیا اور اس کو اپنے ساتھ گدھے پر بٹھالیا، اور اپنے سر سے پگڑی اتار کر اس کو عنایت فرمائی، ان کے شاگرد ابن دینار نے عرض کیا کہ یہ لوگ تو دیہاتی ہیں، کوئی معمولی چیز دی جائے تو بھی خوش ہو جاتے ہیں، یعنی آپؓ نے اتنا اکرام کیوں کیا؟ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: اس کا باپ میرے والد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دوست تھا اور میں نے آنحضور ﷺ سے یہ ارشاد سنا ہے کہ: ''اولاد کا سب سے بڑا احسن سلوک باپ کے دوستوں کے ساتھ حسن سلوک ہے'' (رواہ مسلم، روح المعانی ۱۵:۵۸)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابو بردہؒ ایک بار مدینہ منورہ آئے، حضرت ابن عمرؓ ان سے ملنے گئے، دورانِ ملاقات پوچھا کہ جانتے ہو: میں آپ سے ملنے کیوں آیا ہوں؟ انھوں نے عرض کیا: نہیں! ابن عمرؓ نے فرمایا: میں نے آنحضور ﷺ سے سنا ہے کہ: ''جو شخص مرنے کے بعد اپنے والد کے ساتھ صلہ رحمی کرنا چاہے اس کو چاہئے کہ وہ والد کے دوستوں سے صلہ رحمی کرے'' اور میرے ابا اور آپ کے ابا کے درمیان محبت اور بھائی چارہ تھا اسی لئے میں اس تعلق کی وجہ سے آپ سے ملنے آیا ہوں (روح المعانی ۱۵:۵۹ بحوالہ ہدایت القرآن ۵:۵۸)

[۵-] بابٌ فی إِكْرَامِ صَدِيْقِ الْوَالِدِ

[۱۸۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، ثَنَا الْوَلِيْدُ بنُ أَبِي الْوَلِيْدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ: ''إِنَّ أَبَرَّ الْبِرِّ أَنْ يَصِلَ الرَّجُلُ أَهْلَ وُدِّ أَبِيْهِ''

وفی الباب: عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ، هٰذَا حديثٌ إِسْنَادُهُ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ ابنِ عُمَرَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

وضاحت: أَبَرُّ: اسم تفضیل ہے اور مابعد کی طرف مضاف ہے۔ أَبَرُّ البِرِّ: أی أَفْضَلُ البِرِّ: بہترین حسن سلوک ...... أَهْلَ وُدِّ أَبِيهِ میں ڈبل اضافت ہے، اپنے باپ کی محبت والے یعنی اس کے دوست ...... وُدّ (مصدر، واو پر تینوں حرکتیں) بمعنی محبت، تعلق، دوستی۔

بابُ ماجاء فی بِرِّ الْخَالَةِ

خالہ کے ساتھ حسن سلوک کا بیان

حدیث: جب نبی ﷺ عمرۂ قضا سے فارغ ہو کر مکہ سے لوٹے تو سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی چچا! چچا! کہتی ہوئی آپؐ کے پیچھے چلی (آپؐ اور حضرت حمزہ رضاعی بھائی بھی تھے) آپؐ نے تو اسے نہیں دیکھا مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا: اپنی چچازاد بہن کو لے لو (حضرت حمزہؓ حضور اقدس ﷺ کے چچا تھے، پس حضرت فاطمہ کے بھی چچا ہوئے) چنانچہ حضرت فاطمہؓ نے اس کو لے لیا، پھر اس کی کفالت اور تربیت میں حضرت علی، حضرت زید بن حارثہ اور حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہم میں جھگڑا ہوا، حضرت علیؓ نے کہا: میں نے اس کو لیا ہے اور یہ میرے چچا کی بیٹی ہے۔ اور حضرت جعفرؓ کی دلیل یہ تھی کہ یہ میرے بھی چچا کی بیٹی ہے اور اس کی خالہ میرے نکاح میں ہے۔ اور حضرت زیدؓ کہتے تھے: یہ میرے اسلامی بھائی کی بیٹی ہے، اس نزاع میں نبی ﷺ نے خالہ کے حق میں فیصلہ کیا اور فرمایا: الخالةُ بمنزلةِ الأُمِّ: خالہ ماں سی ہے یعنی ماں جیسی ہے، اور حضرت علیؓ سے فرمایا: أَنْتَ مِنِّیْ وَأَنَا منك: تو من شدی و من تو شدم! اور حضرت جعفرؓ سے فرمایا: آپ کی شکل وشباہت اور اخلاق میرے جیسے ہیں، اور حضرت زیدؓ سے فرمایا: آپ ہمارے اسلامی بھائی اور مولیٰ ہیں، یہ فیصلہ سن کر حضرت جعفرؓ ایک ٹانگ پر رسول اللہ ﷺ کے گرد کودنے اور اچھلنے لگے، آپؐ نے پوچھا: جعفر یہ کیا ہے؟ حضرت جعفرؓ نے عرض کیا: جب نجاشی رحمہ اللہ کسی کو مسرور کرتے تو وہ اس کے گرد اس طرح رقص کرتا تھا (یہ روایت مختصراً بخاری میں ہے حدیث ۲۶۹۹)

تشریح: جب خالہ ماں سی ہے تو ماں کی طرح اس کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنا چاہئے، نیز دو مسئلوں میں خالہ ماں کے قائم مقام ہے: ایک باب حضانت میں، بچہ کی تربیت کا پہلا حق ماں کا ہے، پھر نانی کا، پھر دادی کا، پھر بہن کا، پھر خالہ کا، پھر پھوپھی کا۔ اسی طرح احناف کے نزدیک ذوی الارحام بھی وارث ہوتے ہیں پس خالہ بھی اپنے درجہ میں وارث ہوگی۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھ سے بہت بڑا گناہ ہو گیا ہے، کیا میرے لئے کوئی توبہ ہے؟ آپؐ نے پوچھا: کیا تیری ماں زندہ ہے؟ اس نے کہا نہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا تیری خالہ زندہ ہے؟ اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس آپ اس کے ساتھ حسن سلوک کریں۔

تشریح: اس بندے سے کیا گناہ ہوا تھا؟ اس کا تذکرہ کسی روایت میں نہیں آیا، پس قیاس آرائی سے کیا فائدہ!

جو بھی گناہ ہوا تھا نیکی سے وہ مٹ گیا، ارشادِ پاک ہے:﴿إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾ نیکیاں گناہوں کو مٹادیتی ہیں، نبی ﷺ نے اس کو حسن سلوک کی تلقین کی، ماں کے ساتھ حسن سلوک کا درجہ تو بڑھا ہوا تھا مگر وہ حیات نہیں تھی اس لئے خالہ کے ساتھ حسن سلوک کا امر فرمایا، کیونکہ وہ بھی ماں سی ہے اس کے ساتھ حسن سلوک کرنا گویا ماں کے ساتھ حسن سلوک کرنا ہے۔

فائدہ: اگر کوئی بڑا گناہ ہوجائے تو توبہ ضروری ہے لیکن اگر اس کے ساتھ کوئی نیکی کا کام بھی کیا جائے تو گناہ دل سے بھی نکل جاتا ہے ورنہ دل میں کسک باقی رہتی ہے، جیسے کسی نے حالت حیض میں بیوی سے صحبت کرلی تو اس گناہ سے توبہ ضروری ہے کیونکہ یہ کبیرہ گناہ ہے لیکن توبہ کے بعد بھی مؤمن بندے کے دل میں بے چینی رہتی ہے کہ مجھ سے یہ گناہ ہوگیا! لیکن اگر وہ توبہ کے ساتھ ایک دینار یا آدھا دینار صدقہ بھی کردے تو گناہ کا بوجھ دل سے ہٹ جائے گا، یہ تجربہ کی بات ہے، گناہ گار اس پر عمل کرکے دیکھے، وہ صحابی جو خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے، انھوں نے توبہ کرلی تھی، ان کا یہ جملہ کہ مجھ سے بہت بڑا گناہ ہوگیا ہے یہی ندامت توبہ ہے مگر ابھی ان کے دل پر بوجھ تھا، اس لئے انھوں نے پوچھا: فهل لي من توبةٍ؟ چنانچہ آپؐ نے ان کو ایک بڑا نیکی کا کام بتلایا جس پر عمل پیرا ہونے سے ان کے دل کا یہ بوجھ ہٹ جائے گا، اسی طرح گناہ گار کو توبہ کے ساتھ کوئی خاص نیک کام بھی کرنا چاہئے تاکہ دل صاف ہوجائے۔

[٦-] بابٌ في بِرِّ الْخَالَةِ

[١٩٠٠-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، ح: وَثَنَا محمدُ بنُ أَحْمَدَ، وَهُوَ ابنُ مَدُّوْيَه، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ - وَاللَّفْظُ لِحَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ - عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ"

وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[١٩٠١-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ محمدِ بنِ سُوْقَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ حَفْصٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِيْمًا! فَهَلْ لِيْ مِنْ تَوْبَةٍ؟ قَالَ: " هَلْ لَكَ مِنْ أُمٍّ؟" قَالَ: لاَ، قَالَ:" هَلْ لَكَ مِنْ خَالَةٍ؟" قَالَ نَعَمْ، قَالَ: "فَبَرَّهَا"

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ.

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ محمدِ بنِ سُوْقَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ حَفْصٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ مُعَاوِيَةَ، وأَبُوْ بَكْرِ بنُ حَفْصٍ: هُوَ ابنُ عُمَرَ بنِ سَعْدِ بنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ.

وضاحت: پہلی حدیث میں جولمبا مضمون ہے وہ میں نے بیان کردیا ہے......اور پہلی حدیث کے الفاظ اسرائیل کے شاگردعبیداللہ کے ہیں، وکیع کے نہیں ہیں......اور دوسری حدیث کوابو معاویہ متصل کرتے ہیں یعنی آخر میں ابن عمرؓ کا تذکرہ کرتے ہیں اورابن عیینہ مرسل کرتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اپنے مزاج کے مطابق مرسل روایت کواصح کہا ہے۔

بابُ ماجاء فی دُعَاءِ الْوَالِدَیْنِ

والدین کی دعا کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تین دعائیں قبول کی ہوئی ہیں، ان میں کوئی شک نہیں: مظلوم کی (بد) دعا، مسافر کی دعا اور باپ کی اولاد کے لئے بددعا (اور یہی حکم ماں کی بددعا کا ہے)

تشریح: ان تین شخصوں کی دعائیں اس لئے مقبول ہیں کہ یہ لوگ شکستہ خاطر ہوتے ہیں، مظلوم کا پریشان ہونا تو ظاہر ہے، وہ ظالم کے حق میں جو بددعا کرتا ہے وہ دل کی تھاہ سے نکلتی ہے، اس لئے وہ قبول کرلی جاتی ہے، اسی طرح جو غریب الوطن ہے اور اہل وعیال سے دور ہے اس کا دل بھی شکستہ ہوتا ہے، اس کی امیدوں کا مرجع صرف اللہ کی ذات ہوتی ہے اس لئے اس کی دعا بھی قبول کرلی جاتی ہے، اور والدین اولاد کے لئے بددعا کرہی نہیں سکتے مگر یہ کہ ان کواولاد کی طرف سے ناقابل برداشت تکلیف پہنچے اس لئے ان کی بددعا بھی قبول کرلی جاتی ہے۔

پس **دعوة المظلوم** سے بددعا مراد ہے اوراس کا قرینہ عقلی یہ ہے کہ مظلوم ظالم کے لئے دعا کرہی نہیں سکتا، اور مسافر کی دعا عام ہے، اور والدین کی نیک دعا بھی اولاد کے حق میں قبول کی جاتی ہے کیونکہ وہ بھی اخلاص سے ہوتی ہے مگر بددعا بالیقین قبول کرلی جاتی ہے۔

پس اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ اولاد ماں باپ کوخوش رکھے تاکہ ان کی نیک دعائیں حاصل ہوں، ان کو پریشان نہ کرے ورنہ ان کے دل سے جوآہ نکلے گی وہ فلک چیر کر بارگاہِ خداوندی میں پہنچے گی۔ چنانچہ ایک دوسری حدیث میں نبی ﷺ نے والدین کواولاد کے حق میں بددعا کرنے سے منع فرمایا، اور یہ فرمایا کہ اگر قبولیت کی گھڑی ہوئی تو بددعا قبول ہوجائے گی، پھر پچھتانا پڑے گا، لہٰذا والدین کو بددعا کرنے میں بہت احتیاط سے کام لینا چاہئے، ان کے منہ سے کبھی اولاد کے حق میں بددعا نہیں نکلنی چاہئے ورنہ اولاد کا نقصان اپنی آنکھوں سے دیکھنا پڑے گا۔

[۷-] باب ماجاء فی دُعَاءِ الْوَالِدَیْنِ

[۱۹۰۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلاثُ

دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ، لَاشَكَّ فِيْهِنَّ: دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ، وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ، وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ"

وَقَدْ رَوَى الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ هٰذَا الحديثَ عَنْ يَحْيَى بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ نَحْوَ حَدِيْثِ هِشَامٍ، وَأَبُوْ جَعْفَرٍ الَّذِيْ رَوَى عَنْ أَبِيْ هريرةَ: يُقَالُ لَهُ: أَبُوْ جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنُ، وَلَا نَعْرِفُ اسْمَهُ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ يَحْيَى بنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ غَيْرَ حَدِيْثٍ.

وضاحت: اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ابوجعفر روایت کرتے ہیں، اس راوی کا لقب المؤذّن ہے اس کا نام معلوم نہیں، یہ انصاری مدنی ہیں اور مقبول ہیں اور یحییٰ بن ابی کثیر نے ان سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں۔

بابُ ماجاء فی حَقِّ الْوَالِدَيْنِ

والدین کے حق کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَايَجْزِيْ وَلَدٌ وَالِداً إلَّا أن يَجِدَهُ مملوكاً، فَيَشْتَرِيَهُ، فَيُعْتِقَهُ: کوئی اولاد کسی باپ کو بدلہ نہیں دے سکتی، مگر یہ کہ وہ اس کو غلام پائے، پس وہ اس کو خریدے، پس وہ اس کو آزاد کرے۔

تشریح: ماں باپ اولاد کے وجود ظاہری کا سبب ہیں پس اگر ماں یا باپ یا دونوں غلام ہوں اور اولاد آزاد ہو اور وہ اپنے ماں باپ کو خریدے تو وہ خریدتے ہی آزاد ہو جائیں گے، پس گویا اولاد ہی نے ان کو آزاد کیا، اولاد کا یہ احسان تو والدین کے احسان کا بدلہ بن سکتا ہے کیونکہ والدین کو آزاد ہونے سے شرفِ حریت حاصل ہوگا، اور وہ غلاموں کے زمرہ سے نکل کر آزادوں کی صف میں آجائیں گے پس گویا ان کو نئی زندگی اور نیا وجود مل گیا، اس کے علاوہ ماں باپ کے حق کی ادائیگی کی اور کوئی صورت نہیں۔

اور جاننا چاہئے کہ اس طرح بھی ماں باپ کے صرف ایک احسان کا بدلہ چکایا جا سکتا ہے اور ماں باپ نے اولاد کی تربیت میں جو پاپڑ بیلے ہیں اس کی مکافات کسی طرح نہیں ہو سکتی، اس کا بس ایک ہی راستہ ہے کہ زندگی بھر ماں باپ کی خدمت کرتا رہے اور فرمانبردار رہے اور موت کے بعد ان کے لئے دعا مغفرت کرے تو ان کے احسانات کی کچھ مکافات ہو سکتی ہے۔

[۸-] باب ماجاء فی حَقِّ الْوَالِدَيْنِ

[۱۹۰۳-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدِ بنِ مُوْسَى، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَا يَجْزِيْ وَلَدٌ وَالِدًا إِلَّا أَنْ يَجِدَهُ

مَمْلُوكًا، فَيَشْتَرِيَهُ، فَيُعْتِقَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، وَقَدْ رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُهَيْلٍ هٰذَا الحديثَ.

بابُ ماجاء فی قَطِيْعَةِ الرَّحِمِ

خاندان کے ساتھ بدسلوکی کا بیان

حدیث: حضرت ابوالرداد لیثی (قریشی) رضی اللہ عنہ بیمار پڑے، ان کی بیمار پرسی کے لئے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف زہری (قریشی) رضی اللہ عنہ تشریف لائے (حضرت عبدالرحمٰنؓ مالدار صحابی تھے اور بڑے دل والے تھے، انھوں نے حضرت ابوالردادؓ کی کوئی مالی خدمت کی) پس ابوالرداد نے کہا: خَيْرُهُمْ وَأَوْصَلُهُمْ ـ مَاعَلِمْتُ ـ أَبُوْ محمدٍ: یعنی خاندان میں سب سے بہتر اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے ــــ میرے علم میں ــــ ابو محمد یعنی حضرت عبد الرحمٰن بن عوفؓ ہیں (یہ حضرت ابوالردادؓ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ کے مالی تعاون کا شکریہ ادا کیا اور ان کے منہ پر ان کی تعریف کی) پس حضرت عبدالرحمٰنؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: أنا اللّٰهُ، وأَنَا الرحمنُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ، وَشَقَقْتُ لها مِنِ اسْمِی، فَمَنْ وَصَلَها وصَلْتُه ومَن قَطَعَها بَتَتُّهُ: میں اللہ ہوں اور میں رحمٰن (نہایت مہربان) ہوں رحم (ناتہ رشتہ) کو میں نے پیدا کیا ہے، اور میں نے ناتے کو اپنے نام میں سے پھاڑ کر نام دیا ہے یعنی الرحمن اور الرحِمْ میں اشتقاق اکبر ہے پس الرحمٰن کا اثر الرحِم کو بھی پہنچے گا، پس جو شخص ناتے کو جوڑے گا میں اس کو اپنے ساتھ جوڑوں گا، اور جو ناتے کو کاٹے گا میں اس کو اپنے سے کاٹوں گا۔

تشریح: قطع رحمی کا بہت بڑا وبال ہے جو اس حدیث میں مذکور ہے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن قطع رحمی کرنے والے کو اپنے سے کاٹ دیں گے اور جس کو اللہ تعالیٰ نے کاٹ پھینکا اس کا ٹھکانہ جہنم کے علاوہ کہاں ہوسکتا ہے؟ پس لوگوں کو قطع رحمی سے بہت ڈرنا چاہئے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اگر کوئی شخص احسان کرے تو اس کا شکریہ ادا کرنا چاہئے، حدیث میں ہے کہ جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ کا شکریہ ادا نہیں کرتا، اور شکریہ ادا کرنے کے لئے جَزَاكَ الله خيراً بہترین جملہ ہے، حدیث میں اس کو انتہائی درجہ کا بدلہ کہا گیا ہے۔ اور احسان کرنے والے کی اور طرح بھی تعریف کی جاسکتی ہے اور تعریف احسان کرنے والے کے منہ پر بھی کی جاسکتی ہے، لیکن اس میں مبالغہ نہیں چاہئے، حضرت ابوالرداد لیثیؓ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کی تعریف کی ہے کہ خاندانِ قریش میں سب سے بہتر شخص اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے حضرت عبدالرحمٰن ہیں مگر ساتھ ہی یہ بات بھی بڑھائی ہے کہ یہ بات میں اپنے علم کی حد تک کہہ رہا

ہوں، ممکن ہے کوئی اوران سے بھی آگے ہو۔

اوراس حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ اگر کوئی حسن سلوک کرنے والے کی تعریف اس کے منہ پر کرے تو اس کو چاہئے کہ بات پھیر دے، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے حدیثِ قدسی سنا کر بات پھیر دی ہے کہ یہ تو میرا فریضہ تھا میں نے بامید ثواب یہ کام کیا ہے، اس لئے میں قابل تعریف نہیں، میں نے جو کچھ کیا ہے اس حدیث قدسی میں جو فضیلت آئی ہے اس کو حاصل کرنے کے لئے کیا ہے، پس میرا کیا احسان! اور میری تعریف کی کیا حاجت!

فائدہ: اشتقاق کی تین قسمیں ہیں: صغیر، کبیر اور اکبر، اگر دوکلموں کے حروف اوران کی ترتیب ایک ہو تو ان میں اشتقاق صغیر ہوتا ہے جیسے: ضَرَبَ اور ضَرْب میں اور نَصَرَ اور نَصْر میں، اور اگر دوکلموں کے حروف تو ایک ہوں مگر ترتیب مختلف ہو تو ان میں اشتقاق کبیر ہوتا ہے، جیسے: جَبذَ اور جَذَبَ میں، دونوں کے معنی ہیں: کھینچنا، اور اگر دوکلموں کے اکثر حروف متحد ہوں اور باقی حروف مخرج میں متقارب ہوں تو ان میں اشتقاق اکبر ہوتا ہے جیسے نَعَقَ (للکارنا) اور نَهَقَ (چیخنا) میں، اور الرحمن اور الرَّحِم میں را اور ح میں اشتراک ہے اور ن اور م میں اختلاف ہے مگر دونوں حروف غنہ ہیں، پس مخرج میں تقارب ہے، اس لئے دونوں میں اشتقاق اکبر ہے۔

اوراشتقاق صغیر میں دونوں کلموں کے معنی ایک ہوتے ہیں اور کبیر میں معانی میں تقارب ہوتا ہے اور اکبر میں کسی درجہ میں اشتراک ہوتا ہے، اسی باہمی مناسبت کا اس حدیث میں ذکر ہے اور ایک دوسری حدیث میں اس باہمی مناسبت کو ایک دوسری طرح سمجھایا ہے، بخاری میں روایت ہے: الرَّحِمُ شَجْنَةٌ من الرحمنِ، وقال الله: مَنْ وَصَلَكِ وَصَلْتُه، ومَنْ قَطَعَكِ قَطَعْتُه: الرَّحِمْ (ناتہ) اور الرحمن (مہربان ہستی) کی شاخیں یا جڑیں ایک دوسرے کے ساتھ گتھی ہوئی ہیں۔ شَجْنَةٌ (ش پر تینوں اعراب) کے معنی ہیں: دو درختوں کی جڑوں کا یا شاخوں کا آپس میں گتھا ہوا ہونا، پس حدیث کے معنی ہیں: ناتہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے آثار میں سے ایک اثر ہے اور اس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ گہرا تعلق ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جو تجھے جوڑے گا میں اسے جوڑوں گا اور جو تجھے کاٹے گا میں اسے کاٹوں گا (مشکوۃ حدیث ۴۹۲۰)

اورایک اور متفق علیہ روایت میں ہے: الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالعرشِ، تقول: مَنْ وَصَلَنِیْ وَصَلَه اللّٰه، ومن قَطَعَنی قَطَعَهُ اللّٰهُ: ناتہ عرش کے ساتھ جڑا ہوا ہے، ناتہ کہتا ہے: جو مجھے جوڑے گا اس کو اللہ تعالیٰ جوڑیں گے، اور جو مجھے کاٹے گا اس کو اللہ تعالیٰ کاٹیں گے۔

اورایک اور متفق علیہ روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ناتے کو پیدا کیا تو وہ کھڑا ہوا اور اس نے رحمٰن کی کمر میں کولی بھر لی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا بات ہے؟ ناتے نے کہا: یہ قطع رحمی سے آپ کی پناہ چاہنے والے کی جگہ ہے یعنی جو کسی کی پناہ چاہتا ہے وہ کمر میں کولی بھرتا ہے میں نے کولی اس لئے بھری ہے کہ میں اس بات سے آپ کی پناہ

چاہتا ہوں کہ لوگ مجھ پر چھری چلائیں یعنی قطع رحمی کریں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا تو اس پر راضی ہے کہ جو تجھے کاٹے میں اس کو اپنے سے کاٹوں اور جو تجھے جوڑے میں اس کو اپنے سے جوڑوں؟ ناتے نے جواب دیا: میں اس پر راضی ہوں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: پس جا یہ تیرے لئے وعدہ ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۹۱۹)

ان سب روایتوں میں مختلف انداز سے مہربان ہستی اور ناتے کے درمیان گہرا ربط و تعلق سمجھا گیا ہے، پس جو اللہ تعالیٰ کی مہربانی کا طالب ہے وہ صلہ رحمی کرے اور جو اس سے لاپرواہ ہے وہ جو چاہے کرے۔

[۹-] باب ماجاء في قَطِيْعَةِ الرَّحِمِ

[۱۹۰٤-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: اشْتَكَى أَبُوْ الرَّدَّادِ اللَّيْثِيُّ، فَعَادَهُ عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَوْفٍ، فَقَالَ: خَيْرُهُمْ وَأَوْصَلُهُمْ ـ مَاعَلِمْتُ ـ أَبُوْ مُحمدٍ، فَقَالَ عَبْدُ الرحمنِ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: أَنَا اللّٰهُ، وأَنَا الرَّحْمٰنُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ، وَشَقَقْتُ لَهَا مِن اسْمِيْ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وابنِ أَبِيْ أَوْفَى، وَعَامِرِ بنِ رَبِيْعَةَ، وأَبِيْ هريرةَ، وَجُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ.

حديثُ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ حديثٌ صحيحٌ، وَرَوَى مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الحَدِيْثَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ رَدَّادٍ اللَّيْثِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَوْفٍ، وَمَعْمَرٌ كَذَا يَقُوْلُ، قَالَ مُحمدٌ: وَحَدِيْثُ مَعْمَرٍ خَطَأٌ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں ہندوستانی نسخوں میں اشتکی أبو الرَّدَّادِ اللیثی کے بجائے اشتکی أبو الدرداء ہے، یہ تصحیف ہے، اور بہت قدیم زمانے سے چلی آرہی ہے اور شارحین نے بات بنانے کی بہت کوشش کی ہے مگر بنی نہیں، کیونکہ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ انصاری صحابی ہیں اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف قریشی ہیں، دونوں میں کوئی خاندانی تعلق نہیں، پس ابوالدرداء کا خیرُهم و أوصلُهم کہنا یعنی ہمارے خاندان کے سب سے بہتر آدمی اور سب سے زیادہ صلہ رحمی کرنے والے کہنا شارحین کی سمجھ میں نہیں آیا، اور انھوں نے طرح طرح کی تاویلیں کیں، حالانکہ یہ کاتبوں کی غلطی تھی أبو الرَّداد کا أبو الدرداء بن گیا تھا صحیح عبارت مصری نسخہ میں ہے اور تہذیب التہذیب میں بھی حافظ رحمہ اللہ نے رَدَّاد لیثی کے تذکرہ میں امام ترمذیؒ کی یہ عبارت نقل کی ہے اور مزّی نے بھی تحفۃ الاشراف (۷:۲۱۴) میں اس کی صراحت کی ہے۔

اور یہ دونوں حضرات قریشی ہیں، قریش: نضر بن کنانہ کی اولاد ہیں اور بنولیث: کنانہ کا ایک بطن ہیں، وہ بنولیث

بن بکر بن عبد مناۃ بن کنانہ ہیں، اور زُہرۃ بھی قریش کا ایک بطن ہے، پس ابوالرداد اور عبدالرحمٰن بن عوف ایک ہی خاندان کے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے والا تبار صاحبزادے حضرت ابوسلمہ جو مدینہ کے فقہاء سبعہ میں سے ہیں ان کا اپنے والد سے لقاء وسماع نہیں، وہ بچے تھے اور والد کا انتقال ہوگیا تھا پس سفیان بن عیینہ کی سند جو باب کے شروع میں ہے صحیح نہیں، سفیان امام زہری سے روایت کرتے ہیں، وہ ابوسلمہ سے اور ابوسلمہ یہ واقعہ بیان کرتے ہیں کہ ابوالرداد لیثی بیمار پڑے، اور ان کی عیادت کے لئے حضرت عبدالرحمٰنؓ آئے یہ روایت منقطع ہے کیونکہ اس وقت ابوسلمہ بچے تھے، صحیح سند معمر کی ہے جو باب کے آخر میں ہے، وہ یہ حدیث امام زہری سے، اور وہ ابوسلمہ سے، اور وہ رداد لیثی سے اور وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ سے روایت کرتے ہیں، جب حضرت عبد الرحمٰنؓ ابوالرداد لیثی کی عیادت کے لئے گئے ہونگے اس وقت رداد وہاں موجود ہونگے، انھوں نے یہ حدیث حضرت عبدالرحمٰنؓ سے سنی، پھر ان سے ابوسلمہ روایت کرتے ہیں، پس صحیح سند یہی ہے اور معمر معمولی راوی نہیں، بہت بڑے آدمی ہیں اس لئے انھوں نے جو حدیث کو متصل کیا ہے وہ ثقہ کی زیادتی ہے اور معتبر ہے، اگرچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو معمر کی غلطی قرار دیا ہے، مگر ابوداؤد (حدیث ۱۶۹۵) میں اور مسند احمد (۱:۱۹۴) میں اور مستدرک حاکم (۴:۱۵۷) میں اسی سند سے یہ حدیث مروی ہے، پس امام بخاری کی بات صحیح نہیں نہ امام ترمذی کا فیصلہ صحیح ہے۔ واللہ اعلم

بابُ ماجاء فی صِلَۃِ الرَّحِمِ

خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا بیان

اس باب کی روایتیں گذشتہ باب میں آگئی ہیں کیونکہ صلہ رحمی اور قطع رحمی ضدین ہیں، اس لئے حدیثوں میں دونوں کا تذکرہ ساتھ آیا ہے، البتہ اس باب میں جو حدیث ہے اس میں ایک زائد مضمون ہے کہ حسن سلوک کیا ہے؟ جاننا چاہئے کہ احسان کے بدلے میں احسان کرنا مکافات (بدلہ) ہے، حسن سلوک یہ ہے کہ بدسلوکی کرنے والے کو گلے سے لگائے، اینٹ کا جواب پتھر سے نہ دے بلکہ پھول برسائے یہی صلہ رحمی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: **لیسَ الوَاصِلُ بِالمُکافِئِ، ولکنَّ الوَاصِلَ الّذِیْ إذا انْقَطَعَتْ رَحِمُہُ وَصَلَھَا:** بدلہ دینے والا صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہے بلکہ صلہ رحمی کرنے والا وہ شخص ہے جس کا ناتہ ٹوٹ جائے تو وہ اس کو جوڑ دے، یعنی بدسلوکی کے جواب میں حسن سلوک کرے، تعلقات توڑنے والے کو بھی حسن سلوک سے اپنے ساتھ جوڑے یہی صلہ رحمی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: **لایَدْخُلُ الجَنَّۃَ قَاطِعُ رَحِمٍ:** ناتہ توڑنے والا جنت میں نہیں جائے گا یعنی

اسے دخولِ اوّلی نصیب نہیں ہوگا، اپنے گناہوں کی سزا بھگتنے کے بعد جنت میں جائے گا۔

[۱۰-] باب ماجاء فی صِلَةِ الرَّحِمِ

[۱۹۰۵-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، ثنا بَشِیْرٌ أَبُوْ إِسْمَاعِیْلَ، وَفِطْرُ بنُ خَلِیْفَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:'' لَیْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُکَافِئِ، ولٰکِنَّ الْوَاصِلَ الَّذِیْ إِذَا انْقَطَعَتْ رَحِمُهُ وَصَلَهَا''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وفی الباب: عَنْ سَلْمَانَ، وَعَائِشَةَ.

[۱۹۰۶-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، وَنَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، وَسَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، قَالُوْا: ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مُحمدِ بنِ جُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:'' لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ'' قَالَ ابنُ أَبِیْ عُمَرَ: قَالَ سُفْیَانُ: یَعْنِیْ قَاطِعَ رَحِمٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: حدیث میں صرف قاطع ہے، سفیان ثوری نے بتایا کہ مراد ناتہ کاٹنا ہے ......**الرَّحِمُ، والرَّحْمُ والرِّحْمُ:** بچہ دانی، رشتہ، قرابت (مذکر ومؤنث) جمع أَرْحَام، **ذوی الأرحام:** وہ رشتہ دار جو نہ عصبہ ہوں نہ ذوی الفروض، جیسے خالہ، ماموں، بھتیجی، چچازاد بہن وغیرہ۔

بابُ ماجاء فی حُبِّ الْوَالِدِ وَلَدَهُ

باپ کا اولاد سے محبت کرنا

اولاد سے محبت ایک فطری امر ہے اور یہ محبت ہمیشہ باقی رہتی ہے، اور اولاد کی محبت ماں باپ سے بڑے ہونے کے بعد کم ہوجاتی ہے اور یہ بھی ایک فطری امر ہے، قدرت کا نظام یہ ہے کہ انسان زمین میں پھیلیں اور ساری زمین آباد ہو اس لئے جب اولاد صاحبِ عیال ہوجاتی ہے تو اس کا ماں باپ کی طرف میلان کم ہوجاتا ہے، وہ دنیا میں دور تک چلی جاتی ہے مگر ماں باپ کی طرف ایسی کوئی مجبوری نہیں اس لئے ان کا میلان آخر تک باقی رہتا ہے، اس میں کچھ کمی نہیں آتی، البتہ یہ الگ بات ہے کہ جب اولاد دور چلی جاتی ہے تو یاد کم آتی ہے مگر محبت بحالہ باقی رہتی ہے۔

حدیث: حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا (جو بڑے درجہ کی صحابیہ ہیں اور جو پہلے حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں اور نبی ﷺ سے ان کا قریبی تعلق تھا وہ) فرماتی ہیں: ایک دن نبی ﷺ گھر سے

باہر تشریف لائے، آپؐ نے اپنے دونواسوں (حسن وحسین رضی اللہ عنہما) میں سے ایک کو گود میں لے رکھا تھا، آپؐ نے فرمایا: إِنَّکُمْ لَتُبَخِّلُوْنَ وَتُجَبِّنُوْنَ وَتُجَهِّلُوْنَ، وإِنَّکُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ: بیشک تم بخیل بنادیتے ہو، اور بزدل بنادیتے ہو اور جاہل رکھتے ہو اور بیشک تم ہو اللہ کا پھول!

تشریح: باپ اولاد کی خاطر بخیلی کرتا ہے، پیسہ پیسہ جوڑ کر رکھتا ہے، کوئی چیز ملتی ہے تو بچوں کے لئے رکھ لیتا ہے اور راہِ خدا میں جنگ کرنے سے بھی دریغ کرتا ہے، وہ سوچتا ہے کہ اگر میں جنگ میں مارا گیا تو اولاد کا کیا ہوگا! اور جب اولاد ہوجاتی ہے تو آدمی نہ دنیا کا علم حاصل کرسکتا ہے نہ دین کا، اسی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے: تَعَلَّمُوْا قبلَ أَنْ تُسَوَّدُوْا: علم حاصل کرو اس سے پہلے کہ تم سردار بنائے جاؤ، کیونکہ جب اہل وعیال کا خرچہ سر پر آپڑتا ہے تو آدمی کمانے میں جت جاتا ہے اور ضروری علم حاصل کرنے سے بھی محروم رہ جاتا ہے مگر بایں ہمہ اولاد بڑی پیاری ہوتی ہے، ماں باپ ان کو نہ صرف چومتے ہیں بلکہ سونگھتے بھی ہیں کیونکہ وہ اللہ کے پھول ہیں۔

[۱۱-] باب ماجاء فی حُبِّ الْوَالِدِ وَلَدَهُ

[۱۹۰۷-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ أَبِیْ سُوَيْدٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَقُوْلُ: زَعَمَتِ الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيْمٍ، قَالَتْ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ، وَهُوَ مُحْتَضِنٌ أَحَدَ ابْنَیِ ابْنَتِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: "إِنَّكُمْ لَتُبَخِّلُوْنَ، وَتُجَبِّنُوْنَ، وَتُجَهِّلُوْنَ، وإِنَّكُمْ لَمِنْ رَيْحَانِ اللّٰهِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، والأَشْعَثِ بنِ قَيْسٍ، حديثُ ابنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ مَيْسَرَةَ، لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِهِ، وَلاَ نَعْرِفُ لِعُمَرَ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ سَمَاعًا مِنْ خَوْلَةَ.

وضاحت: اس حدیث کا ایک راوی ابن ابی سُوید مجہول راوی ہے اس کا نام محمد ہے اور یہ وہ ابن ابی سُوید نہیں ہے جس سے حضرت غیلان رضی اللہ عنہ کا واقعہ کتاب النکاح (باب ۳۱) میں مروی ہے (تحفۃ الالمعی ۳: ۵۵۹) اس کا نام بھی محمد ہے مگر وہ ثقہ راوی ہے اور یہ ابن ابی سُوید مجہول راوی ہے، دوسری کمی اس حدیث میں یہ ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کا حضرت خولہ بنت حکیم سے لقاء وسماع نہیں، پس یہ حدیث منقطع ہے۔

لغات: اِحْتَضَنَ الشیئَ: گود میں لینا، مُحْتَضِنٌ: اسم فاعل، اور تَبَخِّلُوْنَ اور تُجَبِّنُوْنَ اور تُجَهِّلُوْنَ: تینوں باب تفعیل سے ہیں، تَبَخَّلَ: کنجوسی کرنا، بخیل بننا، تَجَبَّنَ: بزدل بننا، بے حوصلہ ہوجانا، اور تَجَهَّلَ: ناواقف بننا، لاعلم رہنا اور الرَّيْحَان: ہر خوشبودار پودا اور ایک خاص قسم کا خوشبودار پودا جس کو نازبو (سیاہ تلسی) کہتے ہیں، یہاں مراد عام ہے اس لئے میں نے ترجمہ پھول کیا ہے۔

بابُ ماجاء في رَحْمَةِ الْوَلَدِ

اولاد پر مہربانی کا بیان

یہ باب گذشتہ باب کے ہم معنی ہے، جب والدین کو اولاد سے محبت ہوگی تو وہ ان پر مہربانی بھی ہونگے، کیونکہ مہربانی محبت کا لازمی نتیجہ ہے۔

حدیث: اقرع بن حابسؓ نے جو بنوتمیم کے سردار تھے، نبی ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ آپؐ حضرت حسنؓ کو چوم رہے تھے (اور ایک راوی کو حسنؓ یا حسینؓ میں شک ہے) پس اقرع نے کہا: میرے دس بچے ہیں، مگر میں نے ان میں سے کسی کو نہیں چوما، پس نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ لاَ يَرْحَمْ لاَيُرْحَمْ: جو مہربانی نہیں کرتا وہ مہربانی نہیں کیا جاتا!

تشریح: مہربانی نہ کرنے کے مختلف درجات ہیں: بالکل مہربانی نہ کرنا، یا کم کرنا، یا بہت کم کرنا، اسی طرح مہربانی نہ کئے جانے کے بھی درجات ہیں، پس جو اولاد وغیرہ پر جتنا زیادہ مہربان ہوگا اسی قدر اللہ تعالیٰ اس پر مہربان ہونگے، ایک دوسری حدیث میں ہے: الرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرحمنُ، ارْحَمُوْا مَنْ فى الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فى السَّمَاءِ: (یہ حدیث ابھی آرہی ہے) یعنی مہربانی کرنے والوں پر الرحمن (نہایت مہربان اللہ تعالیٰ) مہربانی فرماتے ہیں پس تم زمینی مخلوقات پر مہربانی کرو، وہ ہستی تم پر مہربانی کرے گی جو آسمان میں ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۹۶۹)

اور صحیحین میں یہ واقعہ ہے کہ ایک بدو نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اس نے کہا: کیا آپ لوگ بچوں کو چومتے ہیں؟ ہم تو ان کو نہیں چومتے! نبی ﷺ نے فرمایا: أَوَ أَمْلِكُ لَكَ: إِنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرحمةَ! اگر اللہ تعالیٰ تیرے دل سے مہربانی نکال دیں تو میں کیا کروں؟ (مشکوٰۃ حدیث ۴۹۴۸)

اور ایک دوسری متفق علیہ روایت میں ہے: تَرى الْمُؤْمِنِيْنَ فى تَرَاحُمِهِم وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الجَسَدِ إِذَا اشْتَكَى عُضْوٌ تَدَاعَى له سَائِرُ الجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمَّى: آپ مؤمنین کو دیکھیں گے ایک دوسرے پر مہربانی کرنے میں اور ایک دوسرے سے محبت کرنے میں اور ایک دوسرے سے نرم برتاؤ کرنے میں جسم کی طرح، جس کا کوئی عضو جب کسی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کے لئے سارا جسم ہمنوا ہوجاتا ہے بیداری اور بخار میں (مشکوٰۃ حدیث ۴۹۵۳)

اس لئے مؤمنین کو چاہئے کہ ہر مخلوق پر مہربانی کریں، خاص طور پر مؤمنین پر، اور اس سے بھی زیادہ اپنی اولاد پر، اور جان لیں کہ مہربانی کا جذبہ ہی انسان کو محبوب بناتا ہے۔

[۱۲-] باب ماجاء في رَحْمَةِ الْوَلَدِ

[۱۹۰۸-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ

أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرِیرةَ، قَالَ: أَبْصَرَ الْأَقْرَعُ بنُ حَابِسٍ النَّبِیَّ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُوَ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ ــ وَقَالَ ابنُ أَبِیْ عُمَرَ: الحَسَنَ أَوِ الْحُسَيْنَ ــ فَقَالَ: إِنَّ لِیْ مِنَ الْوَلَدِ عَشَرَةً، مَا قَبَّلْتُ أَحَدًا مِنْهُمْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "إِنَّهُ مَنْ لاَ يَرْحَمْ لاَيُرْحَمْ"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَعَائِشَةَ؛ وأَبُوْ سَلَمَةَ بنُ عَبْدِ الرحمنِ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی النَّفقَةِ عَلَی الْبَنَاتِ

بیٹیوں پرخرچ کرنے کا بیان

مصری نسخہ میں باب میں والأَخَوَاتِ بھی ہے، یعنی بیٹیوں اور بہنوں پرخرچ کرنے کا ثواب، لوگ لڑکوں پرتو دل کھول کرخرچ کرتے ہیں، کیونکہ لڑکے بڑے ہوکر کام آتے ہیں اور لڑکیوں اور بہنوں پرخرچ کرنے سے جی چراتے ہیں کیونکہ وہ دوسرے گھر چلی جاتی ہیں اس لئے احادیث شریفہ میں خاص طور پر بیٹیوں اور بہنوں پرخرچ کرنے کی فضیلت آئی ہے۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں یا دو بیٹیاں یا دو بہنیں ہوں پس وہ ان کی رفاقت اچھی کرے، یعنی ان کو بہتر طریقہ پر پالے پوسے، اور ان کے حق میں اللہ سے ڈرے یعنی ان کے حقوق کماحقہ ادا کرے تو اس کے لئے جنت ہے یعنی یہ جنت میں جانے کا بہترین سبب ہے، یہی حدیث دوسری سند (نمبر ۱۹۱۰) سے مروی ہے کہ تم میں سے کسی کی تین بیٹیاں یا تین بہنیں ہوں پس وہ ان کے ساتھ حسن سلوک کرے تو وہ ضرور جنت میں جائے گا۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنِ ابْتُلِیَ بِشیئٍ مِنَ الْبَنَاتِ، فَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ، كُنَّ لَه حِجَابًا مِنَ النَّارِ: جوشخص بیٹیوں میں سے کسی چیز کے ساتھ آزمایا گیا یعنی خواہ ایک بیٹی ملی یا زیادہ پس اس نے ان پر صبر کیا تو وہ بیٹیاں اس کے لئے دوزخ سے آڑ بن جائیں گی (یہ حدیث مختصر ہے اور یہی حدیث اگلے نمبر پر شانِ ورود کے ساتھ مفصل آرہی ہے) اور حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری (۳۵۹:۱۰) میں لکھا ہے کہ یہ ثواب ایک بیٹی کی پرورش کرنے والے کے لئے بھی ہے، پھر انھوں نے اس سلسلہ کی روایات لکھی ہیں۔

حدیث (۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ایک عورت میرے پاس آئی، اس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں تھیں، پس اس نے سوال کیا: میرے پاس دینے کے لئے کوئی چیز نہیں تھی، ایک کھجور کے علاوہ، پس میں نے وہ کھجور اس کو دیدی، اس نے وہ کھجور اپنی دو بیٹیوں کے درمیان بانٹ دی، اور خود اس میں سے کچھ نہیں کھایا، پھر وہ

کھڑی ہوئی اور چلی گئی، جب نبی ﷺ تشریف لائے تو میں نے آپؐ سے یہ واقعہ بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: مَن ابتُلِیَ بشیئٍ مِن هذه البناتِ کُنَّ له سِتْرًا مِن النار: یہ پہلی ہی حدیث ہے اس حدیث میں حضرت عائشہؓ نے شانِ ورود بیان کیا ہے کہ آپؐ نے یہ ارشاد کس موقعہ پر فرمایا تھا۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: من عَالَ جارِیَتَیْنِ، دَخلتُ أنا وَهُوَ الجنةَ کَهَاتَیْنِ، وأَشارَ بأُصْبُعَیْهِ: جس نے دولڑکیوں کی کفالت کی تو میں اور وہ ان دوانگلیوں کی طرح جنت میں جائیں گے اور آپؐ نے اپنی دونوں انگلیوں سے اشارہ کیا۔

تشریح: اگر آپؐ نے دونوں انگلیاں ملا کر اشارہ کیا تھا تو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ وسطی (درمیانی، لمبی انگلی) کی طرح پہلے داخل ہونگے اور دو بیٹیوں کی کفالت کرنے والا شہادت کی انگلی کی طرح کچھ پیچھے داخل ہوگا، اور اگر آپ نے دونوں انگلیوں کے درمیان کچھ فاصلہ کر کے اشارہ کیا تھا تو تفاوتِ درجات واضح ہے، اور یہ تاویل اس لئے ضروری ہے کہ انبیاء امت سے پہلے جنت میں جائیں گے، امت پیچھے رہے گی اس لئے ان دو تاویلوں میں سے کوئی ایک تاویل ضروری ہے۔

[۱۳-] باب ماجاء فی النَّفَقَاتِ علی الْبَنَاتِ

[۱۹۰۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا ابنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ سُهَیْلِ بنِ أَبِی صَالِحٍ، عَنْ أَیُّوْبَ بنِ بَشِیْرٍ، عَنْ سَعِیْدٍ الأَعْشَی، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "مَنْ کَانَتْ لَهُ ثَلاَثُ أَخَوَاتٍ، أَو ابْنَتَانِ، أَوْ أُخْتَانِ، فَأَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ، واتَّقَی اللّٰهَ فِیْهِنَّ، فَلَهُ الْجَنَّةُ"

[۱۹۱۰-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَیْلِ بنِ أَبِی صَالِحٍ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِی سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لاَیَکُوْنُ لِأَحَدِکُمْ ثَلاَثُ بَنَاتٍ أَوْ ثَلاَثُ أَخَوَاتٍ، فَیُحْسِنُ إِلَیْهِنَّ إِلاَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ؛ وَأَبُوْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیُّ: اسْمُهُ سَعْدُ بنُ مَالِكِ بنِ سِنَانٍ؛ وَسَعْدُ بنُ أَبِیْ وَقَّاصٍ: هُوَ سَعْدُ بنُ مَالِكِ بنِ وُهَیْبٍ، وَقَدْ زَادُوْا فِیْ هٰذَا الإِسْنَادِ رَجُلاً.

وضاحت: اس حدیث کی پہلی سند (نمبر ۱۹۰۹) ابن عیینہ کی سند ہے وہ سہیل بن ابی صالح سے اور وہ ایوب بن بشیر سے اور وہ سعید بن عبدالرحمٰن اعشی سے، اور وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں......اور

اس حدیث کی دوسری سند (نمبر۱۹۱۰) عبدالعزیز بن محمد دراوردی کی ہے، وہ سہیل بن ابی صالح سے، اور وہ سعید بن عبدالرحمٰن اعشی سے اور وہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں۔ اس سند میں ایوب بن بشیر کا واسطہ نہیں ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: وقد زادوا فی هذا الإسناد رجلاً یعنی رواۃ نے اس اسناد میں ایک آدمی بڑھایا ہے، یہ وہی ایوب بن بشیر ہیں جو پہلی سند میں آئے ہیں اور یہ اضافہ سعید اعشی اور حضرت ابوسعید خدری کے درمیان ہے، کیونکہ سعید اعشی چھٹے طبقہ کے راوی ہیں اور کسی صحابی سے ان کی ملاقات نہیں ہے، اس لئے ضروری ہے کہ درمیان میں کوئی واسطہ ہو چنانچہ ابوداؤد (حدیث ۵۱۴۷ کتاب الادب باب۱۲۲) میں سعید اعشی اور حضرت ابوسعید خدریؓ کے درمیان ایوب بن بشیر کا واسطہ ہے، البتہ ابن عیینہ کی سند میں ایوب کا تذکرہ سعید اعشی سے پہلے ہے جو صحیح نہیں۔ امام بخاریؒ نے التاریخ الکبیر میں لکھا ہے: ابن عیینہ اس حدیث کو عن سهیل، عن أیوب، عن سعید الأعشی روایت کرتے تھے مگر یہ سند درست نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ امام ترمذیؒ کی سند میں کوئی قلب نہیں ہوا، ابن عیینہ اسی طرح سند بیان کرتے تھے، پس امام ترمذیؒ نے جو فرمایا ہے کہ قد زَادُوْا فی هذا الإسناد رجلاً اس سے ان کی مراد حدیث کی دوسری سند میں ایوب کا اضافہ ہے اور وہ سعید اعشی اور ابوسعیدؓ کے درمیان ہے جیسا کہ ابو داؤد کی سند میں ہے۔

اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا نام سعد بن مالک بن سنان ہے اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا نام سعد بن مالک بن وُہیب ہے، دونوں کے نام اور ان کے باپ کے نام ایک ہیں، مگر دادا کے نام میں فرق ہے، اس لئے تمیز کرنے کے لئے حضرت ابوسعید خدریؓ کے ساتھ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کا بھی تعارف کرایا۔

[۱۹۱۱-] حدثنا العَلَاءُ بنُ مَسْلَمَةَ، ثَنَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ ابتُلِيَ بِشَيئٍ مِنَ الْبَنَاتِ، فَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ، كُنَّ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۱۹۱۲-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِي بَكْرِ بنِ حَزْمٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائشةَ قَالَتْ: دَخلَتِ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا، فَسَأَلَتْ، فَلَمْ تَجِدْ عَنْدِیْ شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ، فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا، وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَتْ، فَخَرَجَتْ، وَدَخَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ ابْتُلِيَ بِشَيئٍ مِنْ هَذِهِ الْبَنَاتِ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت عائشہؓ کی پہلی حدیث (نمبر۱۹۱۱) میں امام ترمذیؒ کا استاذ العلاء بن مسلمہ متروک راوی ہے

اور ابن حبانؒ نے اس کو وضع حدیث کے ساتھ متہم کیا ہے مگر چونکہ یہ حدیث دوسری سند سے صحیحین میں بھی ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے اس کی تحسین کی ہے اور حضرت عائشہ کی دوسری حدیث (نمبر۱۹۱۲) میں جو عبداللہ بن ابی بکر بن حزم راوی ہے اس کا پورا نام عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم ہے راوی کے باپ کی اس کے باپ کے دادا کی طرف نسبت کر دی گئی ہے۔

دوسری بات ان روایتوں میں توجہ طلب یہ ہے کہ حضرت عائشہ کی پہلی حدیث میں زہریؒ اپنے اور حضرت عروہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں بڑھاتے، اور وہ حدیث مختصر ہے۔اور دوسری حدیث میں اپنے اور حضرت عروہ کے درمیان عبداللہ بن ابی بکر کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور یہ مفصل حدیث ہے، پس معلوم ہوا کہ زہری نے مختصر روایت حضرت عروہؓ سے براہ راست سنی ہے اور مفصل روایت عبداللہ کے واسطہ سے سنی ہے۔

[۱۹۱۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ وَزِيرٍ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ عُبَيْدٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ دَخَلْتُ أَنَا وَهُوَ الْجَنَّةَ كَهَاتَيْنِ" وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى مُحمدُ بنُ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ غَيْرَ حَدِيْثٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، وَقَالَ عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَنَسٍ، وَالصَّحِيْحُ: هُوَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَنَسٍ.

وضاحت: اس روایت میں ابوبکر بن عبیداللہ مجہول راوی ہے مگر یہ روایت دوسری سند سے مسلم میں بھی ہے اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کو حسن قرار دیا ہے، پھر امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ محمد بن عبید نے اس سند سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں اور وہ سب میں عن ابی بکر بن عبیداللہ بن انس کہتے ہیں، مگر صحیح نام عبیداللہ بن ابی بکر بن انس ہے۔

بابُ ماجاء في رَحْمَةِ الْيَتِيْمِ وَكَفَالَتِهِ

یتیم پر مہربانی کرنے کا اور اس کی پرورش کرنے کا بیان

یتیم وہ نابالغ بچہ ہے جس کے سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہے، اس لئے وہ بے سہارا رہ گیا ہے، پس تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ اس کے ساتھ شفقت کا معاملہ کریں اور کوئی شخص اس کو پالنے پوسنے کی ذمہ داری اوڑھ لے اور اپنی اولاد کی طرح اس کی پرورش کرے، احادیث میں اس کا بڑا اجر وثواب بیان کیا گیا ہے۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا:مَنْ قَبَضَ يَتِيمًا مِنْ بَيْنِ المسلمينَ إلى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ: إِلَّا أَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لاَيُغْفَرُ: جس شخص نے مسلمانوں کے کسی یتیم کو اپنے کھانے پینے میں شریک کرلیا: اللہ تعالیٰ اس کو بالیقین جنت میں داخل کریں گے،مگر یہ کہ وہ کوئی ایسا گناہ کرے جو بخشا نہیں جاتا۔

تشریح: دو گناہ بخشے نہیں جاتے: ایک: اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، اس کی بخشش کا کوئی امکان نہیں۔ دوسرا: حقوق العباد، وہ بھی جب تک چکائے نہ جائیں یا معافی حاصل نہ کرلی جائے بخشش نہیں ہوسکتی، پس ایسا شخص تو جنت میں نہیں جائے گا، لیکن اس قسم کا کوئی مانع نہ ہو تو یتیم کی پرورش کرنا دخول جنت کا یقینی سبب ہے۔

سند کی بحث: اس حدیث کی سند میں ایک راوی حَنَش ہے، سلیمان تیمی اس کا یہی نام لیتے تھے، یہ لقب ہے اور نام حسین بن قیس، کنیت ابوعلی اور نسبت الرَّحبی ہے، یہ راوی محدثین کے نزدیک نہایت ضعیف ہے، تقریب میں اس کو متروک لکھا ہے مگر چونکہ یتیم کی پرورش کے سلسلہ میں متعدد صحیح روایات موجود ہیں اس لئے اس روایت کے ضعف سے کوئی اثر نہیں پڑتا۔

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا:أَنَا وَكَافِلُ اليتيمِ فى الجنةِ كَهَاتَيْنِ: میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح ہونگے، اور آپؐ نے سبابہ اور وسطی سے اشارہ فرمایا، اور بخاری میں لعان کے بیان میں ہے:وَفَرَّج بَيْنَهُما شيئًا: اور دونوں انگلیوں کے درمیان تھوڑا فاصلہ کیا، یہ تفاوتِ درجات کی طرف اشارہ ہے اور یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

[١٤-] باب ماجاء فى رَحْمَةِ اليَتِيْمِ

[١٩١٤-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ يَعْقُوْبَ الطَّالِقَانِيُّ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يُحَدِّثُ عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قَبَضَ يَتِيْمًا مِنْ بَيْنِ الْمُسْلِمِيْنَ إِلٰى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ: أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ، إِلاَّ أَنْ يَعْمَلَ ذَنْبًا لاَ يُغْفَرُ"

وفى الباب: عَنْ مُرَّةَ الفِهْرِيِّ، وأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وَسَهْلِ بنِ سَعْدٍ.

وَحَنَشٌ: هُوَ حُسَيْنُ بنُ قَيْسٍ، وَهُوَ أَبُوْ عَلِيٍّ الرَّحْبِيُّ، وَسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ يَقُوْلُ: حَنَشٌ؛ وَهُوَ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الحَدِيْثِ.

[١٩١٥-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عِمْرَانَ أَبُوْ الْقَاسِمِ الْمَكِّيُّ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِيْ الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ" وأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ، يَعْنِيْ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطَى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی رَحْمَةِ الصِّبْيَانِ

بچوں پرمہربانی کرنے کا بیان

حدیث (۱): ایک بوڑھا شخص نبی ﷺ کی مجلس میں شرکت کے لئے آیا، اہل مجلس نے اس کو جگہ دینے میں دیر کی، تو نبی ﷺ نے فرمایا: لَیس مِنَّا مَن لم یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا ولم یُوَقِّرْ کبیرنا: وہ شخص ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کرے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے اس کا ایک راوی زَرْبِیٌّ بن عبداللہ ازدی بصری ضعیف ہے اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور ان کے علاوہ سے بھی نہایت ضعیف حدیثیں روایت کرتا ہے، مگر یہ حدیث آگے دوسری صحیح سند سے آرہی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لیس مِنَّا مَنْ لَمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا، وَیَعْرِفْ شَرَفَ کبیرِنا: ہم میں سے نہیں وہ شخص جو ہمارے چھوٹے پر مہربانی نہ کرے اور ہمارے بڑے کی بزرگی نہ پہچانے (یَعرف سے پہلے لَمْ پوشیدہ ہے)

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: لَیسَ مِنَّا مَنْ لَمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا، وَیُوَقِّرْ کبیرَنا، ویأْمُرْ بالمعروف، ویَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ: وہ شخص ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹے پر رحم نہ کرے اور ہمارے بڑے کی تعظیم نہ کرے اور بھلی بات کا حکم نہ دے اور بری بات سے نہ روکے۔

تشریح: یہ آخری دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور ان روایات میں جو لیس منا آیا اس کا مطلب بعض حضرات نے لیس من سُنَّتِنَا بیان کیا ہے، یعنی لیس مِنْ أَدَبِنا، یعنی وہ شخص ہمارے طریقہ پر نہیں، ہماری شائستہ تہذیب پر نہیں، مگر سفیان ثوری رحمہ اللہ اس پر نکیر کیا کرتے تھے، فرمایا کرتے تھے: بئس هذا القولُ: یہ بہت غلط مطلب ہے اور وہ لیس منا کی تفسیر: لیس مِثلَنا کرتے تھے یعنی وہ ہم مسلمانوں جیسا نہیں، اور مصری نسخہ میں ہے: لیس مِنْ مِلَّتِنَا: یعنی وہ ہماری ملت میں سے نہیں مگر بہتر یہ ہے کہ حدیث کی کوئی تاویل نہ کی جائے، زجر و توبیخ کا مقصد اسی صورت میں حاصل ہوگا اور یہ درحقیقت ایک محاورہ ہے، ایک جاہلی شاعر کہتا ہے:

إن كُنْتِ مِنِّیْ، أَوْ تُرِیْدِیْنَ صُحْبَتِیْ ❁ فَكُوْنِیْ لَهُ كَالسَّمْنِ رُبَّتْ لَهُ الْأَدَم

شاعر اپنی بیوی سے کہتا ہے: اگر تو میرے ساتھ شیر و شکر ہو کر رہنا چاہتی ہے یا کم از کم میرے ساتھ نباہ کرنا چاہتی ہے تو اس لڑکے کے لئے اس گھی کی طرح ہو جا جس کے لئے کپی میں پہلے شیرہ بھرا گیا ہو، پس جن حضرات نے لیس من أَدَبِنا اور لیس من سُنَّتِنَا تفسیر کی ہے وہ بھی کچھ غلط نہیں، مگر اس تفسیر سے بات کا وزن گھٹ جاتا ہے جیسے حدیث میں ہے: مَنْ تَرَكَ الصلاةَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ كَفَرَ: اگر کَفَرَ کی تاویل کی جائے تو بات کا وزن گھٹ جائے گا اور بغیر

تاویل کے بیان کیا جائے تو بات پُر تاثیر رہے گی۔

[۱۵-] باب ماجاء فی رَحْمَةِ الصِّبْيَانِ

[۱۹۱۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِیُّ، ثَنا عُبَيْدُ بنُ وَاقِدٍ، عَنْ زَرْبِیٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: جَاءَ شَيْخٌ يَرِيْدُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم، فَأَبْطَأَ الْقَوْمُ عَنْهُ: أَنْ يُوَسِّعُوْا لَهُ، فَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: ”لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا“

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأَبِیْ هريرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ أُمَامَةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَزَرْبِیٌّ: لَهُ أَحَادِيْثُ مَنَاكِيْرُ عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ وَغَيْرِهِ.

[۱۹۱۷-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بنُ أَبَانٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ”لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا، وَيَعْرِفْ شَرَفَ كَبِيْرِنَا“

[۱۹۱۸-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بنُ أَبَانٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ”لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا، وَيُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا، وَيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ“ هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

وَحدِيْثُ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ أَيْضًا.

قَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: مَعْنَى قَوْلِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: ”لَيْسَ مِنَّا“: لَيْسَ مِنْ سُنَّتِنَا، يَقُوْلُ: لَيْسَ مِنْ أَدَبِنَا، وَقَالَ عَلِیُّ بنُ الْمَدِيْنِیِّ: قَالَ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ: كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ يُنْكِرُ هٰذَا التَّفْسِيْرَ[ويقولُ:] لَيْسَ مِنَّا: لَيْسَ مِثْلَنَا.

بابُ ماجاء فی رَحْمَةِ النَّاسِ

لوگوں پر مہربانی کرنے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ لم يَرْحَمِ النَّاسَ لَايَرْحَمْهُ اللّٰهُ: جو شخص لوگوں پر مہربانی نہیں کرتا، اس پر اللہ تعالیٰ مہربانی نہیں کرتے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتُنْزَعُ الرحمةُ إلا مِنْ شَقِیٍّ: مہربانی نہیں کھینچ لی جاتی مگر بد بخت سے۔

تشریح: دل سے مہربانی نکال لینے کے درجات ہیں اور اسی کے موافق شقاوت کے بھی مراتب ہیں، پس جس قدر مہربانی کا جذبہ گھٹے گا بدبختی بڑھے گی اور جس قدر مہربانی بڑھے گی سعادت بڑھے گی۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: الراحِمُوْنَ یَرْحَمُهُم الرحمٰنُ، ارْحَمُوْا مَنْ فی الأرض یَرْحَمْكُمْ مَنْ في السَّمَاءِ: مخلوق پر مہربانی کرنے والوں پر نہایت مہربان اللہ مہربانی کرتے ہیں، پس مخلوقات پر مہربانی کرو وہ ہستی تم پر مہربانی کرے گی جو آسمان میں ہے، اور اس کی وجہ ایک دوسری ضعیف حدیث میں یہ آئی ہے: الخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ، فَأَحَبُّ الخَلْقِ إلى اللّٰهِ مَنْ أَحْسَنَ إلى عِيَاله: ساری مخلوق اللہ تعالیٰ کا کنبہ ہے پس مخلوق میں اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند وہ شخص ہے جو اللہ کے کنبہ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرے (رواہ البیہقی، مشکوٰۃ حدیث ۴۹۹۸)

اور خاص طور پر خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے بارے میں ارشاد ہے: الرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِن الرحمنِ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلَه اللّٰه، ومَنْ قَطَعَها قَطَعَهُ اللّٰهُ: ناتے کی جڑیں نہایت مہربان اللہ کے ساتھ گتھی ہوئی ہیں، یعنی ایک کا دوسرے سے قریبی تعلق ہے، پس جو ناتے کو جوڑتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ جوڑتے ہیں، اور جو ناتے کو توڑتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ اپنے سے توڑتے ہیں (اس حدیث کی شرح ابھی باب ۹ میں گذر چکی ہے)

[۱٦-] باب ماجاء في رَحْمَةِ النَّاسِ

[۱۹۱۹-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، ثَنَا قَيْسُ بنُ أَبِيْ حَازِمٍ، ثَنِيْ جَرِيْرُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لَمْ يَرْحَمِ النَّاسَ لاَيَرْحَمْهُ اللّٰهُ"

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَابنِ عُمَرَ، وأَبِيْ هُرِيرةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

[۱۹۲۰-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: كَتَبَ بِهِ إِلَيَّ مَنْصُوْرٌ، وَقَرَأْتُهُ عَلَيْهِ، سَمِعَ أَبَا عُثْمَانَ مَوْلَى الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَ تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلاَّ مِنْ شَقِيٍّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وأَبُوْ عُثْمَانَ الَّذِيْ رَوَى عَنْ أَبِيْ هريرةَ: لاَنَعْرِفُ اسْمَهُ، وَيُقَالُ: هُوَ وَالِدُ مُوْسَى بنِ أَبِيْ عُثْمَانَ الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ أَبُوْ الزِّنَادِ.

وَقَدْ رَوَى أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنْ مُوْسَى بنِ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيرَ حَدِيْثٍ.

[۱۹۲۱-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ قَابُوْسٍ، عَن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ، ارْحَمُوْا

مَنْ فِيْ الْأَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِيْ السَّمَاءِ، الرَّحِمُ شِجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمٰنِ، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا قَطَعَهُ اللّٰهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: دوسری حدیث میں امام شعبہ کہتے ہیں: منصور نے یہ حدیث میرے پاس لکھ کر بھیجی پھر جب میری ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے یہ حدیث ان کے سامنے پڑھی، انھوں نے ابوعثمان سے سنا جو حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں...... حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے ابوعثمان کا نام معلوم نہیں اور کہا جاتا ہے کہ وہ اس موسیٰ کے والد ہیں جن سے ابوالزناد روایت کرتے ہیں، اور ابوالزناد نے عن موسى بن أبى عثمان، عن أبيه، عن أبى هريرة کی سند سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں۔

بابٌ فی النَّصِیْحَةِ

خیر خواہی کا بیان

خیر خواہی یعنی خیر اندیشی، بھلائی چاہنا، بہتری چاہنا، اور باب کی حدیث نہایت اہم ہے، اس کو اسلامی تعلیمات کا چوتھائی قرار دیا گیا ہے بلکہ امام نووی رحمہ اللہ نے تو اس کو سارا ہی دین قرار دیا ہے۔ پس طلبہ حدیث غور سے پڑھیں، یاد کریں اور اس پر عمل کریں، اللہ ہم سب کو اس پر عمل کی توفیق دے (آمین)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: الدینُ النَّصِیْحَةُ، الدینُ النَّصِیْحَةُ، الدینُ النَّصِیْحَةُ: یعنی دین خیر خواہی ہے! دین خیر خواہی ہے! دین خیر خواہی ہے! یہ ارشاد زیدٌ عدلٌ کے قبیل سے ہے، اس میں مبالغہ ہے کہ خیر خواہی دین کا قوام ہے یعنی دین کے وجود اور بقاء کا سامان خیر خواہی ہے۔ اور جب نبی ﷺ کوئی اہم بات مجمع میں فرماتے تھے تو تین بار فرماتے تھے، پس جب آپؐ نے بار بار یہ بات فرمائی تو صحابہ نے پوچھا: لِمَنْ؟ یارسول اللہ! اے اللہ کے رسول! کس کی خیر خواہی؟ آپؐ نے فرمایا: لِلّٰهِ، ولکتابِه، ولائمَّةِ المُسْلِمِیْنَ، وَعَامَّتِهِم: اللہ کی، اللہ کی کتاب کی، مسلمانوں کی حکومت کے سربراہوں کی، اور عام مسلمانوں کی۔ یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے اور مسلم شریف (حدیث ۵۵ کتاب الایمان باب ۲۳) میں حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ولِرَسوله بھی ہے۔

تشریح: ابواب الصلوٰۃ کے شروع (تحفۃ الالمعی ۱: ۴۳۷) میں یہ بات آئی ہے کہ بعض الفاظ کے نسبتیں بدلنے سے معانی بدلتے ہیں، جیسے صلوٰۃ کے معنی ہیں: انتہائی درجہ کا میلان، پھر نسبتوں کے بدلنے سے اس کے معنی بدلتے ہیں، اللہ کے تعلق سے اس کے معنی ہیں: مہربانی کرنا، اور بندوں کا اللہ تعالیٰ کی طرف آخری درجہ کا میلان ''نماز'' ہے اور رسول اللہ ﷺ کی طرف آخری درجہ کا میلان ''دعا'' ہے، اور فرشتوں کے تعلق سے صلوٰۃ کے معنی ''استغفار'' کے ہیں۔

اسی طرح خیر خواہی کی شکلیں نسبت بدلنے سے مختلف ہوتی ہیں:

۱- اللہ تعالیٰ کی خیر خواہی: اللہ تعالیٰ پر صحیح ایمان لانا ہے یعنی اللہ کا وجود تسلیم کرنا، ان کی صفات کو ٹھیک ٹھیک ماننا، ان میں الحاد وکجروی اختیار نہ کرنا، ان کے رب ہونے کو ماننا اور صرف انہی کی بندگی کرنا بندگی میں کسی کو شریک نہ ٹھہرانا اور ان کے احکام کی اطاعت کرنا۔

۲- اللہ کی کتاب (قرآن کریم) کی خیر خواہی: اس کو پڑھنا، اس کو سمجھنا، اس کے معانی میں غور وفکر کرنا، اس کے احکام پر عمل پیرا ہونا اور اس کی دعوت کو عام کرنا ہے۔

۳- اللہ کے رسول کے ساتھ خیر خواہی: ان پر ایمان لانا، ان کی تعظیم کرنا، ان سے بے حد محبت کرنا، مگر ان کی شان میں غلو نہ کرنا اور ان کے دین کو چار دانگِ عالم پھیلانے کی محنت کرنا ہے۔

۴- امراء کی خیر خواہی: ان کے احکام کو سننا اور تعمیل کرنا، اور ان کا بہی خواہ رہنا اور شدید مجبوری کے علاوہ ان کے خلاف بغاوت نہ کرنا ہے۔

۵- عام مسلمانوں کی خیر خواہی: ان کے فائدے کو سوچنا، ان کو بھلائی پہنچانے کی نیت رکھنا، لوگوں کو دین سکھانا، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا ہے۔

اور یہ صورتیں ہم نے بطور مثال بیان کی ہیں، ان کے علاوہ خیر خواہی کی اور صورتیں بھی ہوسکتی ہیں۔

حدیث (۲): حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے تین باتوں پر بیعت کی ہے: (۱) نماز کا اہتمام کرنا (۲) زکوٰۃ ادا کرنا (۳) اور ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنا۔

تشریح: طبرانی میں حضرت جریرؓ کا ایک واقعہ ہے، انھوں نے اپنے مولیٰ کو حکم دیا کہ تین سو درہم میں ایک گھوڑا خرید لاؤ، وہ بازار گیا اور ایک گھوڑے کا سودا کر کے اس کے مالک کو ساتھ لے کر آیا تاکہ حضرت جریرؓ اس کو رقم ادا کریں، حضرت جریر نے گھوڑا دیکھ کر گھوڑے والے سے کہا: تیرا گھوڑا تین سو درہم سے زیادہ قیمت کا ہے کیا تو اس کو چار سو میں بیچتا ہے؟ اس نے خوش ہو کر کہا: جیسی آپ کی مرضی! یعنی اگر آپ چار سو درہم دیں تو مجھے کونسے برے لگیں گے! آپؓ نے فرمایا: تیرا گھوڑا چار سو سے بھی زیادہ قیمت کا ہے کیا تو اس کو پانچ سو میں بیچتا ہے؟ اس طرح وہ قیمت بڑھاتے ہوئے آٹھ سو تک لے گئے، پھر آٹھ سو میں اس کو خرید لیا، کسی نے حضرت سے عرض کیا: آپ نے ایسا کیوں کیا؟ وہ تو تین سو میں بیچنے کے لئے تیار تھا؟ آپؓ نے فرمایا: بایَعْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلی النُّصْحِ لِکُلِّ مُسْلِمٍ: میں نے نبی ﷺ سے اس پر بیعت کی ہے کہ ہر مسلمان کے لئے بھلائی چاہوں گا، اس شخص کا گھوڑا میرے نزدیک تین سو سے زیادہ قیمت کا تھا، اگر میں تین سو میں خریدتا تو یہ خیر خواہی کے منافی ہوتا، اس لئے اس کے گھوڑے کی جو واقعی قیمت تھی وہ میں نے اس کو دی، اللہ اکبر! خیر خواہی کا کیا جذبہ تھا، اور یہ آخری درجہ کی خیر خواہی ہے۔

[۱۷-] بابٌ في النَّصِيْحَةِ

[۱۹۲۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا صَفْوَانُ بنُ عِيْسَى، عَنْ مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ" ثَلاَثَ مِرَارٍ، قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! لِمَنْ؟ قَالَ: "لِلّٰهِ، وَلِكِتَابِهِ، وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ، وَعَامَّتِهِمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَفِيْ الْبَابِ: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَتَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، وَجَرِيْرٍ، وَحَكِيْمِ بنِ أَبِيْ يَزِيْدَ عَنْ أَبِيْهِ، وَثَوْبَانَ.

[۱۹۲۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَايَعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَلى إِقَامَةِ الصَّلاَةِ، وإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، والنَّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في شَفَقَةِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

مسلمان کی مسلمان پر لطف ومہربانی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الْمُسْلِمُ أَخُوْ الْمُسْلِمِ: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ سورۃ الحجرات میں ہے: ﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ إِخْوَةٌ﴾ مسلمان سب بھائی ہیں، اور یہ ارشاد آئندہ احکام کی تمہید ہے:

۱- لایَخُوْنُه: وہ اس کے ساتھ خیانت نہیں کرتا، خَانَ الشيئَ يَخُوْنُ خَوْنًا وَخِيَانَةً کے معنی ہیں: خیانت کرنا، غبن کرنا، کمی کرنا، بے ایمانی کرنا۔ ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے ساتھ یہ حرکت نہیں کرتا، کیونکہ بھائی بھائی کے ساتھ ایسا نہیں کرتا۔

۲- ولایَکْذِبُهُ: اور اس سے جھوٹ نہیں بولتا، یعنی اس کو خلافِ واقعہ خبر نہیں دیتا، کوئی بھی شخص بھائی کے ساتھ اس طرح کی حرکت نہیں کرتا اور اس کو وَلاَ يُكَذِّبُه بھی پڑھ سکتے ہیں یعنی ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو نہیں جھٹلاتا، بلکہ اس کی تصدیق کرتا ہے، جھٹلاتا آدمی اسی کو ہے جس پر اعتماد نہیں ہوتا، اور مسلمان کو مسلمان پر اعتماد ہوتا ہے، اس لئے وہ اس کی تکذیب نہیں کرتا۔

۳- ولَاَ يَخْذُلُهُ: اور اس کو رسوا نہیں کرتا، یعنی اس کی مدد سے ہاتھ نہیں کھینچ لیتا، اس سے دستبردار نہیں ہوجاتا، اس کو بے یارومددگار نہیں چھوڑتا، بلکہ آڑے وقت میں اس کا پشت پناہ بن جاتا ہے، بھائی بھائی کے ساتھ ایسا ہی کرتا ہے۔

۴- كلُّ الْمُسلِمِ على المسلمِ حرامٌ: عِرضُه ومالُه ودَمُه: مسلمان کی ہر چیز مسلمان پر حرام ہے یعنی اس

کی آبرو، اس کا مال اور اس کا خون یعنی ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی نہ آبروریزی کرتا ہے، نہ اس کا مال ہڑپ کر جاتا ہے اور نہ اس کا خون کرتا ہے، کیونکہ ایک بھائی دوسرے بھائی کو اس طرح کا کوئی نقصان نہیں پہنچاتا۔

۵-التَّقْوٰیٰ هٰهُنَا: پرہیزگاری یہاں ہے اور مسلم (حدیث ۲۵۶۴) میں ہے: ويُشِيْرُ إلى صَدْرِهِ ثلاثَ مَرَّاتٍ: اور آپؐ نے یہ ارشاد فرماتے ہوئے تین مرتبہ اپنے سینہ کی طرف اشارہ کیا کہ پرہیزگاری کا محل دل ہے، تقوی آنکھوں سے نظر نہیں آتا، پس کسی کے ظاہری احوال سے اس کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کرنا چاہئے گویا یہ ایک سوال مقدر کا جواب ہے، بعض مسلمان دوسرے مسلمان کے ساتھ نازیبا برتاؤ کرتے ہیں، اس کی غیبت کرتے ہیں، اور اس کی آبروریزی کرتے ہیں، اور جب ان کو نصیحت کی جاتی ہے تو کہتے ہیں: وہ بڑا بے ایمان ہے، اور بڑا نالائق آدمی ہے، آپؐ نے فرمایا: تم کیا جانو کہ وہ بڑا نالائق ہے، ایمان اور تقوی دل میں ہوتا ہے جس کو کوئی نہیں جان سکتا، پس کسی کے ظاہری احوال کی وجہ سے بدگمانی کرنا اور اس کی برائی کرنا جائز نہیں۔

۶-بِحَسْبِ امْرِئٍ مِن الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ المسلم: آدمی کے برا ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو ذلیل وحقیر سمجھے، کسی بھی مسلمان کو حقارت کی نظر سے دیکھنا جائز نہیں، ایک بھائی دوسرے بھائی کو ایسی نظر سے نہیں دیکھ سکتا، بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ: مبتداء ہے اور ب اس میں زائد ہے اور أن يحتقر خبر ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: المُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ، يَشُدُّ بَعْضُه بَعْضًا: ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے عمارت کی طرح ہے، عمارت کا بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے، یعنی دیواریں ایک دوسرے سے پیوستہ ہو کر عمارت مضبوط بنتی ہے اور بخاری کی روایت میں ہے: ثم شَبَّكَ بين أَصَابِعِه: پھر آپؐ نے ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پیوست کیں اور محسوس طور پر سمجھایا کہ اس طرح اینٹیں ایک دوسرے میں گھس کر اور دیواریں ایک دوسرے سے جڑ کر مضبوط ہوتی ہیں۔ پس مسلمان بھی اسی وقت سرخ رو ہو سکتے ہیں جب وہ ایک (اور نیک) بن جائیں، پوری ملت ایک صالح اکائی بن جائے، تب عزت کا تاج ان کے سر کی زینت بن سکتا ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ أَحَدَكُمْ مِرْآةُ أَخِيْهِ، فَإِنْ رَأَى به أَذًى، فَلْيُمِطْهُ عَنْهُ: تم میں سے ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے (جس طرح آئینہ میں چہرے کی برائی اور داغ دھبہ نظر آتا ہے مؤمن کو بھی اپنی برائی خود نظر نہیں آتی، اس کی برائی دوسرے مؤمن کو نظر آتی ہے، اس طرح وہ اس کا آئینہ ہے) پس اگر وہ اپنے بھائی میں کوئی عیب دیکھے تو چاہئے کہ وہ اس کو اس سے دور کرے (اس کو مناسب انداز میں بتادے تاکہ وہ اپنی اصلاح کرلے، اور اگر یہ بات دشوار ہو تو اس کے لئے دعائے خیر کرے تاکہ اللہ تعالیٰ اس کی یہ برائی دور کریں)

تشریح: حدیث کا سبق یہ ہے کہ ایک مؤمن کو دوسرے مؤمن کے لئے آئینہ کی طرح ہونا چاہئے، دشمن نہیں ہونا چاہئے کہ اس کی برائی پھیلائے اور یہ تمنا کرے کہ کاش اس کی خرابیاں بڑھیں، بلکہ جس طرح آئینہ آدمی میں اصلاح

کا جذبہ پیدا کرتا ہے، مسلمان کو بھی چاہئے کہ وہ دوسرے مسلمان میں اصلاح کا جذبہ پیدا کرے۔

[۱۸-] باب ماجاء فی شَفَقَةِ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ

[۱۹۲٤-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ القُرَشِيُّ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ هِشَامِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ، لاَ يَخُوْنُهُ، وَلاَ يَكْذِبُهُ، وَلاَ يَخْذُلُهُ، كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ: عِرْضُهُ وَمَالُهُ وَدَمُهُ، التَّقْوَى هٰهُنَا، بِحَسْبِ امْرِئٍ مِّنَ الشَّرِّ أَنْ يَحْتَقِرَ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۹۲٥-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ: قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ: يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأَبِيْ أَيُّوْبَ.

[۱۹۲٦-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا يَحْيىَ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَحَدَكُمْ مِرْآةُ أَخِيْهِ، فَإِنْ رَأَى بِهِ أَذًى فَلْيُمِطْهُ عَنْهُ"

وَيَحْيىَ بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ: ضَعَّفَهُ شُعْبَةُ، وَفِي الباب: عَنْ أَنَسٍ.

بابُ ماجاء فی السَّتْرِ على الْمُسْلِمِيْنَ

مسلمانوں کی پردہ پوشی کا بیان

یہ باب اور یہ حدیث ابواب الحدود (باب۳) میں گذر چکے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان کی دنیا کی بے چینیوں میں سے کوئی بے چینی دور کی تو اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کے دن کی بے چینیوں میں سے کوئی بڑی بے چینی دور فرمائیں گے (نَفَّسَ عنه كُرْبَتَه: غم وتکلیف دور کرنا، دل کو تسلی وسکون بخشنا، كُرْبَةٌ، أي هَمٌّ: فکر، پریشانی، جمع كُرَبٌ) اور جو شخص دنیا میں کسی تنگ دست پر آسانی کرے گا: اللہ تعالیٰ اس پر دنیا اور آخرت میں آسانی فرمائیں گے (تنگ دست پر آسانی کرنا یہ ہے کہ اس کا قرضہ معاف کردے، یا مہلت دے) اور جو دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے (پردہ پوشی یعنی اس کے عیوب کو چھپانا، ان کو ظاہر نہ کرنا) اور اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں ہوتے ہیں جب

تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہوتا ہے (یعنی وہ کسی مسلمان کا کام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا کام بناتے ہیں)

امام اعمش رحمہ اللہ کہتے ہیں: حُدِّثْتُ عن أبی صَالِحٍ: بیان کیا گیا میں ابو صالح سے روایت کرتے ہوئے، اس سے معلوم ہوا کہ اعمش اور ابو صالح کے درمیان کوئی واسطہ ہے اور آگے ابو عوانہ کہتے ہیں: عن أبی صَالِحٍ یعنی درمیان میں کوئی واسطہ نہیں، اعمش نے خود یہ حدیث ابو صالح سے سنی ہے، پس تطبیق کی صورت یہ ہے کہ اعمش نے یہ حدیث واسطہ سے سنی ہوگی، پھر جب ان سے ملاقات ہوئی ہوگی تو ان سے بلا واسطہ بھی سنی ہوگی۔

[۱۹-] باب ماجاء فی السَّتْرِ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ

[۱۹۲۷-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ الْقُرَشِيُّ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا الأَعْمَشُ، قَالَ: حُدِّثْتُ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ نَفَّسَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا: نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ فِي الدُّنْيَا: يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَمَنْ سَتَرَ عَلَى مُسْلِمٍ فِيْ الدُّنْيَا: سَتَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِيْ عَوْنِ الْعَبْدِ مَاكَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ أَخِيْهِ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى أَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: حُدِّثْتُ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ.

بابُ ماجاء فی الذَّبِّ عَنِ المُسْلِمِ

مسلمان کی آبرو بچانا

ذَبَّ عنه: دفع کرنا، بچانا، ہٹانا، اور المسلم سے پہلے عِرْض پوشیدہ ہے، یعنی مسلمان کی آبرو پر کوئی حرف آرہا ہو تو اس کی مدافعت کرنا۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ: رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِه النّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: جس نے اپنے مسلمان بھائی کی آبرو سے پھیرا یعنی اس کی آبرو بچائی مثلاً کوئی شخص اس کی غیبت کررہا تھا، اس کو روکا تو اللہ تعالیٰ اس کے چہرے سے قیامت کے دن دوزخ کی آگ پھیردیں گے (کیونکہ جزاء جنس عمل سے ہوتی ہے، بندے نے مسلمان بھائی کی آبرو بچائی تو اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے بچائیں گے)

تشریح: باب میں حضرت اسماء بنت یزید کی روایت کا حوالہ ہے، جو بیہقی کی شعب الایمان میں ہے اس سے

اس حدیث کی وضاحت ہوتی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: مَن ذَبَّ عَنْ لَحمِ أَخِيْهِ بِالْمَغِيْبَةِ: كَانَ حَقًّا على الله أَنْ يُعْتِقَهُ مِن النار: جس نے اپنے بھائی کے گوشت سے پیٹھ پیچھے ہٹایا یعنی غیبت کرنے والے کو غیبت سے روکا تو اللہ تعالیٰ پر یہ بات ثابت ہے کہ وہ اس کو دوزخ سے رستگاری دیں (مشکوۃ حدیث ۴۹۸۱)

[۲۰-] باب ماجاء فی الذَّبِّ عَنِ الْمُسْلِمِ

[۱۹۲۸-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ النَهْشَلِیِّ، عَنْ مَرْزُوْقٍ أَبِیْ بَکْرٍ التَّیْمِیِّ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِیْهِ: رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ" وفی الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ الهَجْرِ لِلْمُسْلِمِ

مسلمان سے ترکِ تعلقات کی ممانعت

هَجْر: باب نصر کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: الگ ہونا، دور ہونا اور مسلمان سے ترکِ تعلق یہ ہے کہ ملاقات پر ایک دوسرے سے اعراض کرے، جاننا چاہئے کہ معاشرہ میں باہم کسی نہ کسی بات پر ناگواری ہو ہی جاتی ہے، جہاں باسن ہوتے ہیں بجتے ہیں، مگر اس کی تھوڑی دیر کے لئے گنجائش ہے، لمبے عرصہ تک ترکِ تعلق خرابیاں پیدا کرتا ہے، اور باب میں جو حدیث ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے درمیان تین دن تک ترکِ تعلق کی گنجائش ہے، اس سے زیادہ بات چیت بند رکھنا حرام ہے۔

ایک واقعہ: دو چچازاد بھائیوں میں یعنی حضرت حسین اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما کے درمیان جھگڑا ہوا اور بول چال بند ہوگئی، حقیقت میں دونوں کے نوکروں میں جھگڑا ہوا تھا جو آقاؤں تک پہنچ گیا، تیسرے دن حضرت عبداللہؓ نے حضرت حسینؓ کو پرچہ لکھا جس میں ان کے فضائل لکھے کہ آپ حضور ﷺ کے نواسے ہیں، آپ جنت کے جوانوں کے سردار ہیں، آپ بڑے باپ کے بیٹے ہیں، اور آپ علم وفضل میں بڑھے ہوئے ہیں، پھر لکھا کہ ہمارے درمیان بول چال بند ہے اور حدیث میں ہے کہ تین دن سے زیادہ بول چال بند نہیں رہنی چاہئے، آج تیسرا دن ہے، میں آپ کو موقعہ دیتا ہوں: آپ آکر مجھ سے معافی مانگیں، میں معاف کردوں گا، اور ہماری بول چال شروع ہوجائے گی، کیونکہ معافی مانگنا بھی ایک فضیلت ہے، میں چاہتا ہوں کہ یہ فضیلت بھی آپ کو حاصل ہو، اور اگر آپ اس کے لئے تیار نہیں تو میں معافی مانگنے کے لئے آرہا ہوں، جب یہ پرچہ حضرت حسینؓ کو پہنچا تو فرمایا: میری چادر لاؤ، اور فوراً حضرت عبداللہ کے پاس گئے اور معافی مانگی اور دونوں کے دل صاف ہوگئے۔ اس واقعہ میں ان لوگوں

کے لئے بڑا سبق ہے جن میں کوئی نزاع ہوجائے، اور بات چیت بند ہوجائے۔

فائدہ: خطابی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ باپ اپنی اولاد سے اور شوہر اپنی بیوی سے اور اس کے مانند لوگ مثلاً استاذ اپنے شاگرد سے تین دن سے زیادہ ناراض رہ سکتا ہے، اور دلیل وہ حدیث ہے جو جلد اول (ص:۸۶) میں گذر چکی ہے کہ نبی ﷺ نے اپنی ازواج سے ایک مہینہ کے لئے ترکِ تعلق کیا تھا۔

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ عام لوگوں کے درمیان ترکِ تعلق سادہ معاملہ ہوتا ہے اور وہ کسی کدروت کا نتیجہ ہوتا ہے، اور مذکورہ صورتوں میں باپ، شوہر اور استاذ کے پیشِ نظر اولاد، بیوی اور شاگرد کی تربیت بھی ہوتی ہے، اور ضروری نہیں کہ تین دن میں ماتحت کو اپنی غلطی کا احساس ہوجائے، اس لئے تین دن سے زیادہ ترکِ تعلق کی گنجائش ہے۔

اور دوسری وجہ یہ ہے کہ عام لوگوں کے درمیان جب اس قسم کا معاملہ پیش آتا ہے اور بہت دنوں تک بات چیت بند رہتی ہے تو بات بگڑتی چلی جاتی ہے اور باپ اور اولاد کے درمیان اور شوہر اور بیوی کے درمیان اور استاذ اور شاگرد کے درمیان جب اس قسم کا معاملہ پیش آتا ہے تو معاملہ بگڑنے کا احتمال نہیں ہوتا کیونکہ ان کو ہر حال میں ایک ساتھ رہنا ہے، اس لئے تین دین سے زیادہ ترکِ تعلق کی گنجائش ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَایَحِلُّ لِلْمُسْلِمِ أَنْ یَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ: کسی بھی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے دینی بھائی سے تین دن سے زیادہ ترکِ تعلق کرے۔ یَلْتَقِیَانِ: فَیَصُدُّ هٰذَا، وَیَصُدُّ هذا: دونوں ایک دوسرے سے ملتے ہیں: پس یہ اعراض کرتا ہے اور وہ اعراض کرتا ہے، یہ ترکِ تعلق کی نشانی ہے اور اگر اتفاق سے بہت دنوں تک ملاقات نہ ہو تو وہ ترکِ تعلق نہیں۔ وَخَیْرُهُما الَّذِیْ یَبْدَأُ بالسلام: اور دونوں میں بہتر وہ ہے جو سلام کرنے میں ابتداء کرے، یعنی تعلقات بحال کرنے میں پہل کرے اور اس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ جیسے پہلے تعلقات تھے ویسے ہوجانے ضروری نہیں، سلام کلام شروع ہوجانا چاہئے، اتنی بات کافی ہے۔

[۲۱-] باب ماجاء فی کراهیة الهَجْرِ لِلْمُسْلِمِ

[۱۹۲۹-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، ثَنَا الزُّهْرِیُّ، ح: وَثَنَا سَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ یَزِیْدَ اللَّیْثِیِّ، عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ الْأَنْصَارِیِّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لَایَحِلُّ لِلْمُسْلِمِ أَنْ یَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ، یَلْتَقِیَانِ: فَیَصُدُّ هٰذَا وَیَصُدُّ هٰذَا، وَخَیْرُهُمَا الَّذِیْ یَبْدَأُ بِالسَّلَامِ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وأَنَسٍ، وأَبِیْ هریرةَ، وَهِشَامِ بنِ عَامِرٍ، وأَبِیْ هِنْدٍ الدَّارِیِّ؛ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی مُواسَاةِ الأَخِ

مسلمان کی غم خواری کرنا

مواسات: غم خواری کرنا، شریک غم ہونا، تسلی دینا۔ اور آسَی فُلاَنًا بمالِه کے معنی ہیں: اپنے مال میں سے دینا، اور اپنے مال میں برابر کا شریک کرنا، باب میں دونوں معنی مراد ہیں اور حدیث کا باب سے تعلق دوسرے معنی کے اعتبار سے ہے، اور پہلے معنی استدلال سے ثابت ہونگے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ آئے تو نبی ﷺ نے ان کو اور حضرت سعد بن الربیع کو بھائی بھائی قرار دیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ اپنے بھائی کو گھر لے گئے اور رات کو عشاء کے بعد دونوں بھائی بیٹھے، حضرت سعدؓ نے حضرت عبدالرحمٰنؓ سے کہا: آئیں! ہم دونوں میرا مال آدھا آدھا بانٹ لیں، اور میری دو بیویاں ہیں، میں ان میں سے ایک کو طلاق دوں، جب اس کی عدت گذر جائے تو آپ اس سے نکاح کرلیں، حضرت عبدالرحمٰنؓ نے اپنے بھائی کو دعا دی: بارك الله لك فی أَهْلِك ومالك: اللہ آپ کی فیملی میں اور آپ کے مال میں برکت فرمائیں یعنی حضرت عبدالرحمٰن نے بھائی کی پیش کش قبول نہیں کی، پھر دونوں بھائی سو گئے، صبح حضرت عبدالرحمٰنؓ نے پوچھا: مدینہ کی مارکیٹ کہاں ہے؟ میری راہنمائی کرو، لوگوں نے ان کی رہنمائی کی، وہ بازار گئے اور بغیر سرمایہ کے کاروبار شروع کیا، جب وہ شام کو گھر لوٹے تو اپنے ساتھ کچھ پنیر اور گھی لائے، یہ انھوں نے دن بھر کے کاروبار میں سے بچالیا تھا یعنی اتنا نفع ہوا تھا، چند دن کے بعد نبی ﷺ نے ان کے کپڑوں پر صُفرہ کا اثر دیکھا، یہ ایک زنانی خوشبو تھی اور اس آدمی کے کپڑوں پر اس کا اثر ہوتا تھا جس کی بیوی ہو، اور حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ ابھی ہجرت کر کے آئے تھے، ان کی بیوی نہیں تھی، چنانچہ آپؐ کو حیرت ہوئی اور آپؐ نے پوچھا: مَهْیَم: یہ کیا ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں نے ایک انصاری خاتون سے شادی کرلی ہے (یہاں سے آگے حدیث ۱:۱۲۹ پر گذر چکی ہے) نبی ﷺ نے پوچھا: کیا مہر دیا؟ انھوں نے عرض کیا: ایک گٹھلی، حدیث کے راوی حمید طویل کہتے ہیں: یا حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سونے کی گٹھلی کا وزن (اس کی تشریح تحفۃ الالمعی کتاب النکاح باب ۱۰، ۳:۵۱۲ میں گذر چکی ہے) پس حضور ﷺ نے فرمایا: أَوْلِمْ ولو بشاةٍ: ولیمہ کرو اگرچہ ایک بکری کا ہو (یہ لو تقلیل کے لئے ہے یا تکثیر کے لئے؟ ہندوستان کے احوال کے اعتبار سے تکثیر کے لئے ہے ہم لوگ چڑیا شکار کرتے ہیں تو سارے محلے کی دعوت کرتے ہیں اور عربوں کے اعتبار سے تقلیل کے لئے ہے، عرب بیس آدمیوں کے درمیان ایک بکری ذبح کرتے ہیں)

[۲۲-] باب ماجاء فی مُوَاسَاةِ الْأَخِ

[۱۹۳۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إبْرَاهِيْمَ، ثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَوْفٍ الْمَدِيْنَةَ، آخَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بنِ الرَّبِيْعِ، فَقَالَ لَهُ: هَلُمَّ أُقَاسِمْكَ مَالِيْ نِصْفَيْنِ، وَلِيَ امْرَأَتَانِ، فَأُطَلِّقُ إِحْدَاهُمَا، فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا فَتَزَوَّجْهَا، فَقَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ! دُلُّوْنِيْ عَلَى السُّوْقِ، فَدَلُّوْهُ عَلَى السُّوْقِ، فَمَا رَجَعَ يَوْمَئِذٍ إِلَّا وَمَعَهُ شَيْئٌ مِنْ أَقِطٍ وَسَمْنٍ، قَدْ اسْتَفْضَلَهُ، فَرَآهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ، وَعَلَيْهِ وَضَرُ صُفْرَةٍ، فَقَالَ: " مَهْيَمْ؟" فَقَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: " فَمَا أَصْدَقْتَهَا؟" قَالَ: نَوَاةً، قَالَ حُمَيْدٌ، أَوْ قَالَ: وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: " أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: وَزْنُ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ: وَزْنُ ثَلَاثَةِ دَرَاهِمَ وَثُلُثٍ، وَقَالَ إِسْحَاقُ: وَزْنُ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ: وَزْنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ، أَخْبَرَنِيْ بِذٰلِكَ إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَحْمَدَ بنِ حَنْبَلٍ، وَإِسْحَاقَ.

باب ماجاء فی الْغِيْبَةِ

غیبت کا بیان

کتاب الصوم (باب ۱۶) میں روزہ دار کی غیبت کا بیان آیا ہے، وہاں غیبت کی تفصیل بھی آئی ہے۔ یہاں حدیث میں غیبت کی تعریف ہے: لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! غیبت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ذِكْرُكَ أَخَاكَ بما يَكْرَهُ تیرا اپنے بھائی کا تذکرہ کرنا ایسی بات کے ذریعہ جو اسے ناگوار ہو (خواہ یہ تذکرہ لفظوں سے ہو یا اشارہ سے، سب غیبت میں شامل ہے) سائل نے پوچھا: اگر میرے دینی بھائی میں وہ بات موجود ہو جو میں کہہ رہا ہوں؟ یعنی اگر اس کے کسی واقعی عیب کو بیان کروں تو کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: إن كان فيه ما تقول فقد اغْتَبْتَهُ، وإن لم يكن فيه ماتقول فقد بَهَتَّه: اگر اس میں وہ بات ہے جو آپ بیان کررہے ہیں تو آپ نے اس کی غیبت کی اور اگر اس میں وہ بات نہیں جو آپ کہہ رہے ہیں تو آپ نے اس پر بہتان باندھا۔

تشریح: غیبت نہایت بری چیز ہے، اس کی قباحت وشناعت اس درجہ کی ہے کہ قرآن کریم نے خصوصیت کے ساتھ اس کی حرمت بیان کی ہے۔ سورۃ الحجرات آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا﴾ اور کوئی کسی کی غیبت نہ کرے ﴿أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا، فَكَرِهْتُمُوْهُ﴾ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرتا

ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس کو تو تم برا سمجھتے ہو! (پھر غیبت کیوں کرتے ہو؟ غیبت بھی تو اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانا ہے!) ﴿وَاتَّقُوْا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ تَوَابٌ رَّحِيْمٌ﴾ اور اللہ سے ڈرو، بیشک اللہ تعالیٰ بڑے توبہ قبول کرنے والے بڑے مہربان ہیں۔

حضرت تھانوی قدس سرہ نے ترجمہ کے حاشیہ میں لکھا ہے: محقق یہ ہے کہ غیبت گناہ کبیرہ ہے، البتہ جس سے بہت کم تأذّی ہو وہ صغیرہ ہوسکتا ہے اور بلا اضطرار غیبت سننا مثل غیبت کرنے کے ممنوع ہے۔

غیبت کا جواز: اور علماء نے بیان کیا ہے کہ چھ صورتوں میں غیبت جائز ہے۔

پہلی صورت: مظلوم کے لئے جائز ہے کہ بادشاہ، قاضی یا ایسے شخص سے ظلم کا شکوہ کرے جس سے فریادرسی کی امید ہو، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اللہ تعالیٰ بری بات زبان پر لانے کو پسند نہیں کرتے مگر مظلوم مستثنیٰ ہے'' (النساء آیت ۱۴۸) یعنی مظلوم اگر ظالم کے خلاف حرفِ شکایت زبان پر لائے تو جائز ہے۔

دوسری صورت: کسی امر منکر میں تبدیلی اور نافرمان کو راہ راست پر لانے کے لئے کسی سے مدد طلب کرنے کے لئے برائی کرے تو جائز ہے۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کو عبداللہ بن ابی منافق کی وہ دو باتیں پہنچائی تھیں جو سورۃ المنافقین آیات ۷و۸ میں مذکور ہیں (متفق علیہ، ریاض الصالحین حدیث ۱۵۳۲) اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حنین کی غنیمت کی تقسیم میں انصار کی بات رسول اللہ ﷺ کو پہنچائی تھی (بخاری حدیث ۳۱۵۰)

تیسری صورت: فتوی حاصل کرنے کے لئے کسی کی غیبت کرنی پڑے تو جائز ہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت ہندہؓ نے نبی ﷺ سے عرض کیا: ابوسفیان بخیل آدمی ہیں، مجھے اتنا خرچ نہیں دیتے جو میرے اور میری اولاد کے لئے کافی ہو الی آخرہ (متفق علیہ، ریاض الصالحین حدیث ۱۵۳۳)

چوتھی صورت: مسلمانوں کو شر سے بچانے کے لئے کسی کی برائی کرنی پڑے تو جائز ہے، جیسے ایک شخص نے نبی ﷺ کے پاس حاضری کی اجازت چاہی، آپؐ نے فرمایا: آنے دو، قبیلہ کا برا آدمی ہے (متفق علیہ، ریاض الصالحین حدیث ۱۵۲۹) اور جیسے ضعیف راویوں پر جرح کرنا اور جیسے نبی ﷺ کا یہ ارشاد: ''معاویہ تو کنگال ہیں، ان کے پاس کچھ نہیں، اور ابوالجہم کندھے سے لاٹھی نہیں اتارتے'' (متفق علیہ، ریاض الصالحین حدیث ۱۵۳۱)

پانچویں صورت: جو شخص کھلے عام فسق وفجور میں مبتلا ہو، لوگوں کو اس سے متنفر کرنے کے لئے اس کی برائی کرنا جائز ہے، جیسے نبی ﷺ نے دو منافقوں کے بارے میں فرمایا: ''میں نہیں خیال کرتا کہ فلاں اور فلاں ہمارے دین سے کچھ بھی جانتے ہوں!'' (متفق علیہ، ریاض الصالحین حدیث ۱۵۳۰)

چھٹی صورت: کسی کا کوئی ایسا لقب ہو جس میں برائی ہو تو پہچان کے لئے اس کا تذکرہ جائز ہے، جیسے اعمش (چندھیا) اور اعرج (لنگڑا) وغیرہ (رحمۃ اللہ ۵: ۵۷۸)

[۲۳-] باب ماجاء فی الغِیْبَةِ

[۱۹۳۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ العَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قِیْلَ: یَارسولَ اللّٰہِ! مَا الغِیْبَةُ؟ قَالَ:" ذِکْرُكَ أَخَاكَ بِمَا یَکْرَہُ" قَالَ: أَرَأَیْتَ إِنْ کَانَ فِیْہِ مَا أَقُوْلُ؟ قَالَ: "إِنْ کَانَ فِیْہِ مَاتَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَہُ، وإِنْ لَم یَکُنْ فِیْہِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَھَتَّہُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَرْزَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰہِ بنِ عَمْرٍو، ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الْحَسَدِ

حسد کا بیان

حسد کی دو قسمیں ہیں: حقیقی اور مجازی:

حقیقی حسد: کسی کی خوش حالی اور نصیبہ وری پر جلنا، اور یہ تمنا کرنا کہ اس کی نعمت اور خوش حالی ختم ہو جائے، خواہ وہ نعمت حاسد کو ملے یا نہ ملے، بہر حال محسود کے پاس نہ رہے، یہ حسد بہ اجماع امت حرام ہے، اور اس کی حرمت صحیح اور صریح نصوص سے ثابت ہے، اور اس میں کوئی استثناء نہیں۔

مجازی حسد: جس کا دوسرا نام غبطہ اور رشک بھی ہے یعنی یہ آرزو کرنا کہ دوسرے کو جو نعمت حاصل ہے وہ اسے بھی مل جائے۔ یہ مجازی حسد: اگر دنیوی امور میں ہے تو جائز ہے، اور عبادات میں ہے تو مستحب (پسندیدہ) ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَفِیْ ذٰلِكَ فَلْیَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ﴾ [التطفیف ۲۶] یعنی حرص کرنے والوں کو ایسی چیز کی حرص کرنی چاہئے، تَنَافُس: کسی کو نقصان پہنچائے بغیر ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا، پس نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر حصہ لینا مامور بہ ہے اور آیتِ پاک میں یہ ارشاد ہے کہ جسے ریس کا شوق ہو — اور یہ شوق ہر شخص میں ہوتا ہے — وہ آئے اور جنت کی نعمتیں حاصل کرنے میں ریس کرے۔

باب کی پہلی حدیث میں حسد کی پہلی قسم کا بیان ہے، اور دوسری حدیث میں دوسری قسم کا:

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے چھ احکام بیان فرمائے:

۱-لاَتَقَاطَعُوْا: ایک دوسرے سے بے تعلق مت ہو جاؤ، یعنی آپس کی ملاقاتیں بند مت کرو، تَقَاطَعَ القومُ کے معنی ہیں: لوگوں نے باہم تعلقات ترک کر لئے، ایک دوسرے سے دل میلے ہو گئے اور انھوں نے ملنا جلنا بند کر دیا، ایسا کرنا فسادِ ذات البین کا پیش خیمہ ہے۔

۲-وَلاَ تَدَابَرُوْا: اور باہم قطع تعلق مت کرو، الدُّبُر کے معنی ہیں: پیٹھ اور باب تفاعل میں معنی ہیں: ایک

دوسرے کی طرف پیٹھ پھیرنا یعنی جب ملنے کا موقعہ آئے تو ہر ایک دوسرے کی طرف منہ کرنے کے بجائے پیٹھ کرے، پس تقاطع اور تدابر کے معنی قریب قریب ہیں، البتہ تدابر کا درجہ بڑھا ہوا ہے۔

۳- وَلاَ تَبَاغَضُوْا: اور ایک دوسرے سے بغض ودشمنی مت رکھو یعنی ایک دوسرے سے شدید نفرت مت کرو، بغض کے معنی: نفرت اور دشمنی کے ہیں، پس تباغض کا درجہ تدابر سے بڑھا ہوا ہے۔

۴- وَلاَ تَحَاسَدُوْا: اور (دشمنی کی وجہ سے) ایک دوسرے پر مت جلو، اس کی خوش حالی اور نصیبہ وری کے زوال کی تمنا مت کرو، پس تحاسد کا درجہ تباغض سے بھی اوپر ہے اور یہ آخری درجہ ہے، اس کے بعد جو کچھ ہوسکتا ہے (جادو کرنا، قتل کرنا وغیرہ) اس سے اللہ کی پناہ!

۵- وَكُوْنُوْا عبادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا: اور اللہ کے بندے بھائی بھائی بن جاؤ، یہ حکم مثبت پہلو سے دیا تاکہ مذکورہ چار خرابیاں وجود میں نہ آئیں، اور بھائی کیونکر بنیں؟ اس کا طریقہ بھی ساتھ ہی بتا دیا کہ تم سب اللہ کے بندے ہو، جس کو جو خوبی اور نعمت ملی ہے وہ اللہ کی طرف سے ملی ہے، پھر ایک دوسرے پر جلنے کے کیا معنی؟ اس بات کا اگر آدمی صحیح ادراک کرلے تو آپس کے سارے خرخشے ختم ہوجائیں اور سب مسلمان بھائی بھائی بن جائیں۔

علاوہ ازیں: باہمی الفت ومحبت پیدا کرنے کے اور بھی طریقے ہیں، ابھی حدیث گذری ہے کہ دین خیر خواہی کا نام ہے، اگر ہر شخص دوسرے کا خیر خواہ بن جائے تو خود بخود محبت پیدا ہوگی...... اور مسلم شریف کی روایت ہے: کیا میں تمہیں وہ چیز نہ بتلاؤں کہ جب تم اس کو کرو تو ایک دوسرے سے محبت کرنے لگو؟ سلام کو آپس میں رواج دو (مشکوۃ حدیث ۴۶۳۱)

۶- ولايَحِلُّ للمسلمِ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثلاثٍ: اور مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنے دینی بھائی سے تین دن سے زیادہ بے تعلق رہے، یہ منفی پہلو سے حکم دیا تاکہ مذکورہ چار خرابیاں وجود میں نہ آئیں، کچھ دیر رنجش تو ایک معاشرتی ضرورت ہے اور تین دن کافی مدت ہے، اتنے دنوں میں جوش تھم جاتا ہے، پس تین دن کے اندر صفائی ہوجانی چاہئے تاکہ بات آگے نہ بڑھے۔

دوسری حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاَحَسَدَ إلا في اثنتين: حسد نہیں مگر دو باتوں میں، رجلٌ أتاه الله مالاً فهو يُنْفِقُ منه آناءَ الليل وآناءَ النهار: ایک وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہو، پس وہ اس سے رات کی گھڑیوں میں اور دن کی گھڑیوں میں خرچ کرتا ہو، ورجلٍ آتاه الله القرآنَ، فهو يقوم به آناءَ الليل وآناء النهار: دوسرا وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآن دیا ہو یعنی وہ حافظ ہو، پس وہ اس کے ذریعہ رات کی گھڑیوں میں اور دن کی گھڑیوں میں نفلیں پڑھتا ہو۔

تشریح: اس حدیث میں حسد: مجازی معنی میں ہے یعنی ان دو شخصوں پر رشک کرنا چاہئے، اور ان دو کاموں (انفاق اور نوافل) سے مراد تمام دینی کام اور عبادات ہیں، اور ان دو باتوں کا تذکرہ بطور مثال ہے، اور دنیوی امور

میں رشک محض مباح ہے، اس لئے اس کی کچھ ترغیب نہیں دی، لاحَسَدَ میں ترغیب ہے کہ دینی کاموں میں ایک دوسرے کی ریس کرو۔

[۲٤-] باب ماجاء في الحَسَدِ

[۱۹۳۲-] حدثنا عَبْدُ الْجَبَّار بنُ العَلاَءِ بنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ العَطَّارُ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”لاَتَقَاطَعُوْا، وَلاَ تَدَابَرُوْا، وَلاَ تَبَاغَضُوْا، وَلاَ تَحَاسَدُوْا، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا، وَلاَ يَحِلُّ لِلْمُسْلِمِ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثٍ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَالزُّبَيْرِ بنِ العَوَّامِ، وابنِ عُمَرَ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِيْ هريرةَ.

[۱۹۳۳-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” لاَحَسَدَ إِلاَّ فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ مَالاً، فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، وَرَجُلٍ آتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْآنَ، فَهُوَ يَقُوْمُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ وَأَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

وضاحت: في اثنتين: أي في خَصْلَتَيْن: دوباتوں میں ...... رجلٍ: أي في خصلةِ رجلٍ ...... الآناء کا واحد اَنْیٌ ہے ...... اور رجل پر دونوں جگہ رفع بھی پڑھ سکتے ہیں۔

بابُ ماجاء في التَّبَاغُضِ

ایک دوسرے سے عداوت رکھنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ الشّيطان قد أَيِسَ أَنْ يُّعْبُدَهُ المُصَلُّوْنَ: شیطان بالیقین اس بات سے مایوس ہوگیا ہے کہ نمازی بندے اس کی بندگی کریں، ولكن في التَّحْرِيْشِ بينَهم: البتہ وہ نمازی بندوں کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانے میں لگا ہوا ہے اور وہ امید باندھے ہوئے ہے کہ وہ اس میں کامیاب ہوجائے گا۔

تشریح: حدیث کے پہلے جملہ میں: المسلمون یا المؤمنون فرمانے کے بجائے المصَلّوْن فرمایا یعنی شیطان نمازی بندوں سے مایوس ہوگیا ہے کہ وہ اس کی پوجا کریں، یعنی مرتد ہوکر شرک کی طرف پلٹ جائیں۔ اس میں اس

طرف اشارہ ہے کہ جو پابندی سے نماز پڑھتا ہے وہ ان شاءاللہ! ارتداد سے محفوظ رہے گا، حج کی بھی یہی خاصیت ہے، جو حج کر لیتا ہے وہ ارتداد سے محفوظ ہو جاتا ہے، ابواب الحج کے شروع (باب ۳) میں یہ روایت آئی ہے کہ جو شخص زادو راحلہ کا مالک ہو اور کوئی عذر بھی نہ ہو، پھر بھی حج نہ کرے تو وہ یہودی یا نصرانی ہو کر کیوں نہیں مرتا! یعنی اگر وہ ارتداد کا شکار ہو جائے تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے! اور مشاہدہ بھی یہی ہے، جو لوگ نماز کے پابند ہیں ان کے ارتداد کا کوئی واقعہ سننے میں نہیں آیا، اور جو مسلمان تارکِ صلوٰۃ ہیں ان کے ارتداد کے واقعات پیش آتے رہتے ہیں، پس مسلمانوں کو نماز کا اہتمام کرنا چاہئے اور وسعت ہو تو حج بھی کرنا چاہئے۔

اور حدیث کا باب سے تعلق اس طرح قائم ہوگا کہ جب شیطان نمازیوں کو آپس میں لڑانے کی امید باندھے ہوئے ہے تو وہ پہلے مسلمانوں میں اختلاف پیدا کرے گا، پھر تباغض یعنی ایک دوسرے سے شدید نفرت اور دشمنی پیدا کرے گا، پھر تلواریں نکلیں گی پس شیطان کو اس سے بھی مایوس کرنے کے لئے مسلمانوں کو آپسی نفرت وعداوت سے بچنا چاہئے، تاکہ شیطان کی مراد پوری نہ ہو۔

[۲۵-] باب ماجاء فی التَّبَاغُضِ

[۱۹۳٤-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّوْنَ، وَلَكِنْ فِی التَّحْرِيْشِ بَيْنَهُمْ"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَسُلَيْمَانَ بنِ عَمْرِو بنِ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وأَبُوْ سُفْيَانَ: اسْمُهُ طَلْحَةُ بنُ نَافِعٍ.

وضاحت: أَيِسَ يَيْئَسُ أَيْسًا وَإِيَاسًا: ناامید ہونا، مایوس ہونا...... أَنْ سے پہلے مِنْ پوشیدہ ہے...... التَّحْرِيْش: شرانگیزی، فتنہ پروری، حَرَّشَ بين القوم: لڑائی کرانا، ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔

بابُ ماجاء فی إِصْلَاحِ ذَاتِ البَيْنِ

لوگوں کے درمیان تعلقات سنوارنا

باب میں لفظ ذات زائد ہے، اور بین ظرف مبہم ہے، اس کی دو اسموں کی طرف اضافت ہوتی ہے جیسے: جَلَسْتُ بين زَيْدٍ وعمروٍ، اور کبھی ایک ایسے اسم کی طرف اضافت ہوتی ہے جو دو اسموں کے قائم مقام ہوتا ہے، جیسے بين ذلك اور بينهم، اور کبھی مضاف الیہ کے عوض میں بَيْنَ پر الف لام لاتے ہیں اس وقت لفظ ذات زائد بڑھاتے ہیں، جیسے إصلاحُ ذات البين۔

اگر پوری احتیاط کے باوجود معاشرہ میں آگ لگ جائے تو عقلمندی کی بات یہ ہے کہ ہر شخص اس کو بجھانے کی فکر کرے یعنی اگر لوگوں میں نزاع ہو جائے یا دو شخصوں کے معاملات بگڑ جائیں تو سمجھ داروں کو دونوں کے بیچ میں پڑنا چاہئے، اور صلح صفائی کی کوشش کرنی چاہئے، ورنہ آگ بڑھ کر ساری بستی کو لپیٹ میں لے لیگی، دو کا اختلاف کہاں تک بڑھے گا؟ اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا، اسی لئے قرآن کریم میں میاں بیوی کے نزاع کی صورت میں صلح کی تلقین کی ہے، سورۃ النساء (آیت ۱۲۸) میں ارشاد پاک ہے: ﴿وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ یعنی نزاع سے صلح بہتر ہے، اور احادیث شریفہ میں اس مقصد سے کذب کی بھی اجازت دی ہے، اگرچہ کذب حرام ہے، اور علماء میں اس کے جواز میں اختلاف ہے، مگر باب میں جو دو حدیثیں ہیں (ایک: اسماء بنت یزید کی، دوسری: ام کلثوم بنت عقبہ کی) ان میں کذب کی اجازت دی گئی ہے، یہ اجازت مقصد کی اہمیت پر دلالت کرتی ہے، یعنی اصلاح ذات البین اتنا اہم مقصد ہے کہ اس کے لئے ایک محذور شرعی کا بھی ارتکاب کیا جاسکتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لاَيَحِلُّ الْكِذْبُ إلافى ثلاثٍ: جھوٹ جائز نہیں مگر تین باتوں میں: (۱) يُحَدِّثُ الرجلُ امرأتَه لِيُرْضِيَهَا: آدمی اپنی بیوی کو پٹانے کے لئے اس سے کوئی (جھوٹی) بات کہے (۲) والْكِذْبُ فى الحَرْبِ: اور جنگ کے موقع پر جھوٹ بولنا (۳) والْكِذْبُ لِيُصْلِحَ بينَ الناسِ: اور لوگوں کے درمیان تعلقات سنوارنے کے لئے جھوٹ بولنا۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ محمد بن بشار نے لاَيَحِلُّ کہا ہے اور ان کے دوسرے استاذ محمود بن غیلان نے لاَيَصلُح کہا ہے، یعنی جھوٹ مناسب نہیں مگر تین باتوں میں۔ اور یہ حدیث عبداللہ بن عثمان بن خُثَیم کی سند سے متصل ہے وہ سند کے آخر میں حضرت اسماءؓ کا ذکر کرتے ہیں اور شہر بن حوشب کے دوسرے شاگرد داؤد بن ابی ہند کی سند سے مرسل ہے یعنی وہ آخر میں حضرت اسماء کا ذکر نہیں کرتے۔ پس حدیث کے وصل وارسال میں اختلاف ہوا، یہ حدیث میں دوسری خرابی ہوئی، اور ان دونوں باتوں کا کہ حدیث میں لاَيَحِلُّ ہے یا لاَيَصلُح؟ اور حدیث مسند ہے یا مرسل؟ ان دونوں باتوں کا استدلال پر اثر پڑے گا کہ صریح جھوٹ جائز ہے یا نہیں؟ اور باب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث کا جو حوالہ ہے وہ حدیث معلوم نہیں کس کتاب میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لَيسَ بِا لْكَاذِبِ مَنْ أَصْلَحَ بَيْنَ الناسِ، فَقَالَ خَيْراً، أَوْنَمَا خَيْراً: وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان معاملات کو سنوارتا ہے، پس وہ کوئی بھلی بات کہتا ہے یا وہ کوئی بھلی بات منسوب کرتا ہے، نما الحديثَ کے معنی ہیں: حدیث کی سند بیان کرنا، اور درست طریقہ پر اسے نقل کرنا اور کسی کی طرف کوئی بات منسوب کرنا، یہاں فریقین میں سے کسی کی طرف کوئی بات منسوب کرنا مراد ہے۔

تشریح: دونوں حدیثوں کی باب پر دلالت واضح ہے، اصلاح ذات البین کی اس درجہ اہمیت ہے کہ اس کے

لئے کذب کی بھی گنجائش ہے، مگر علماء کے درمیان اس میں شدید اختلاف ہے کہ اس مقصد سے بھی صریح جھوٹ بولنا جائز ہے یا نہیں؟ بلکہ پہلا اختلاف اس میں ہوا ہے کہ کذب کی حقیقت و ماہیت کیا ہے؟

کذب کی حقیقت و ماہیت:

مختصر المعانی (فن اول کا شروع بعنوانِ تنبیہ) میں آپ نے اس سلسلہ میں اختلاف پڑھا ہے، جمہور کہتے ہیں: صدق (سچ) یہ ہے کہ نسبتِ کلامی اور نسبتِ واقعی میں اتحاد ہو، اور کذب (جھوٹ) یہ ہے کہ دونوں میں اختلاف ہو، جیسے کہا کہ ''زید کھڑا ہے'' اس میں نسبتِ ایجابی ہے، پس اگر خارج میں بھی زید کھڑا ہے تو کلام سچا ہے اور اگر خارج میں زید کھڑا نہیں ہے تو کلام جھوٹا ہے، اسی طرح ''زید کھڑا نہیں ہے'' کا معاملہ ہے۔

اور نظّام کہتا ہے: اگر نسبتِ کلامی اور نسبتِ واقعی میں مطابقت خبر دینے والے کے اعتقاد میں ہے تو کلام سچا ہے اگر چہ وہ اعتقاد غلط ہو، اور اگر مطابقت نہیں ہے تو کلام جھوٹا ہے، مثلاً ایک شخص کہتا ہے: ''زید کھڑا ہے'' اور وہ یہی سمجھتا ہے کہ زید کھڑا ہے مگر نفس الامر میں زید کھڑا نہیں ہے تو یہ کلام سچا ہے، اور اگر وہ کہتا ہے کہ زید کھڑا نہیں ہے، اور وہ ایسا ہی سمجھتا ہے کہ زید کھڑا نہیں ہے مگر نفس الامر میں زید کھڑا ہے تو بھی کلام سچا ہے اور اگر کوئی کہتا ہے: زید کھڑا ہے اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ کھڑا نہیں ہے مگر خارج میں کھڑا ہے تو یہ کلام جھوٹا ہے، کیونکہ نسبتِ کلامیہ اور نسبتِ خارجیہ اگر چہ واقع میں مطابق ہیں مگر خبر دینے والے کے اعتقاد میں مطابق نہیں۔

اور جاحظ: صدق و کذب میں دو باتوں کا اجتماع ضروری قرار دیتے ہیں: ایک: نسبتِ کلامیہ اور نسبتِ خارجیہ میں مطابقت یا عدم مطابقت۔ دوم: خبر دینے والے کا اس مطابقت یا عدم مطابقت پر اعتقاد، چنانچہ ان کے نزدیک چار صورتیں ایسی نکلتی ہیں جو نہ سچ ہوتی ہیں نہ جھوٹ، تفصیل مختصر المعانی میں ہے[1]

---

(۱) طلبہ نظّام اور جاحظ کی تعریفات میں فرق نہیں کر پاتے اس لئے جاننا چاہئے کہ جمہور کے نزدیک صدق و کذب کی تعریف یہ ہے: **صِدْقُ الخبَرِ: مطابَقَتُه للواقع، و كِذبُه: عدمُ مَطابَقَتِه للواقع**: یعنی اگر نسبتِ کلامیہ، نسبتِ واقعیہ کے مطابق ہے تو کلام سچا ہے ورنہ جھوٹا ہے۔

اور نظّام کہتے ہیں: **صِدْقُ الخبر: مطابَقَتُهُ لِاِعْتِقَاد الْمُخْبِرِ، وَكِذْبُه: عدمُ مطابقَتِه لاعتقاد المُخْبِرِ**: یعنی اگر نسبتِ کلامیہ خبر دینے والے کے اعتقاد کے ساتھ موافق ہے (چاہے وہ اعتقاد نفس الامر میں غلط ہو) تو وہ کلام سچا ہے، اور اگر نسبتِ کلامیہ خبر دینے والے کے اعتقاد کے موافق نہیں (اگر چہ یہ موافق نہ ہونا غلط ہو) تو وہ کلام جھوٹا ہے، جیسے کوئی کہے کہ آسمان ہمارے نیچے ہے اور وہ یہی سمجھتا ہے، تو یہ کلام سچا ہے اور اگر وہ ایسا نہیں سمجھتا تو کلام جھوٹا ہے۔

اور جاحظ کہتے ہیں: **صِدقُ الخبر: مطابَقَتُه للواقع مع اعتقاد المُطَابَقَةِ، و كذبُه: عدمُ مطابَقَتِه للواقع مع اعتقاد عدم المطابقةِ**: یعنی نسبتِ کلامیہ، نسبتِ واقعیہ کے مطابق بھی ہو اور خبر دینے والا اس کو مطابق بھی سمجھتا ہو تو ←

اورلغت میں کذب دو معنی میں مستعمل ہے، ایک: جھوٹ بولنا، یعنی خلافِ واقعہ خبر دینا، دوم: غلطی ہوجانا، خواہ یہ غلطی زبان کرے، گمان کرے، آنکھ کرے، کان کرے یا دل کرے، چنانچہ سورۃ النجم میں ہے: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَاَى﴾ دل نے دیکھی ہوئی بات میں کوئی غلطی نہیں کی۔

علاوہ ازیں معراض (جمع مَعاریض) یعنی توریہ کو کذب سے خارج کیا گیا ہے، توریہ میں متکلم کی مراد کے اعتبار سے کلام سچا ہوتا ہے، اور مخاطب کے فہم کے اعتبار سے کلام جھوٹا ہوتا ہے، اور حدیث میں ہے: إِنَّ فی المَعَارِیْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْكِذْبِ: یعنی توریہ کے ذریعہ جھوٹ سے بچا جاسکتا ہے، معلوم ہوا کہ توریہ جھوٹ نہیں ہے۔

توریہ کے چند واقعات:

۱- ابن جوزی رحمہ اللہ بڑے مقرر تھے، وہ ایک ایسے مجمع میں تقریر کے لئے گئے جس میں شیعہ اور سنی دونوں جمع تھے، کسی نے سوال کیا: حضرت ابوبکر افضل ہیں یا حضرت علی؟ ابن جوزی کے لئے پریشانی کھڑی ہوگئی، اگر حضرت ابوبکرؓ کو افضل کہتے ہیں تو شیعہ ناراض ہوجاتے ہیں، اور حضرت علیؓ کو افضل کہتے ہیں تو بات خلافِ واقعہ بھی ہوتی ہے اور سنی ناراض ہوجاتے ہیں، چنانچہ انھوں نے برجستہ جواب دیا: أفضل الصحابة من كان بِنْتُه فی بَیْتِه: صحابہ میں سب سے افضل وہ ہیں جن کی بیٹی ان کے گھر میں ہے، سنیوں نے سمجھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضور اکرم ﷺ کے گھر میں تھیں، پس وہ افضل ہیں اور شیعوں نے سمجھا کہ حضور ﷺ کی بیٹی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر میں تھیں، پس وہ افضل ہیں، یوں ابن جوزیؒ نے چکمہ دیدیا۔

۲- اور جب نبی ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سفر ہجرت میں نکلے تو ایک کافر جو حضور اقدس ﷺ کی تلاش میں تھا آپہنچا، وہ حضرت ابوبکرؓ کو پہچانتا تھا اور حضور ﷺ کو نہیں جانتا تھا، اس نے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا: تمہارے ساتھ کون ہے؟ حضرت ابوبکرؓ نے جواب دیا: رجلُ یَهْدِیْنِیْ السبیل: ایک آدمی ہے جو مجھے راستہ دکھاتا ہے، حضرت ابوبکر کی مراد یہ تھی کہ یہ ہمارے پیغمبر ہیں، ہمیں دین کی راہ دکھاتے ہیں مگر وہ کافر سمجھا کہ یہ

→ کلام سچا ہے اور اگر نسبتِ کلامیہ نسبتِ واقعیہ کے مطابق نہ ہو اور خبر دینے والے کا اعتقاد بھی یہی ہو تو وہ کلام جھوٹا ہے، پس چار شکلیں ایسی نکلیں گی کہ کلام نہ سچا ہوگا نہ جھوٹا: (۱) نفس الامر میں دونوں نسبتوں میں مطابقت ہو مگر خبر دینے والے کے اعتقاد میں مطابقت نہ ہو (۲) یا خبر دینے والا خالی الذہن ہو (۳) نفس الامر میں مطابقت نہ ہو مگر خبر دینے والے کے اعتقاد میں مطابقت ہو (۴) یا خبر دینے والا خالی الذہن ہو: تو ان چار صورتوں میں کلام نہ سچا ہوگا نہ جھوٹا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جمہور صرف واقعہ یعنی خارج کے ساتھ نسبتِ کلامیہ کی موافقت یا عدمِ موافقت دیکھتے ہیں اور نظام صرف مخبر کے اعتقاد کے ساتھ موافقت یا عدمِ موافقت دیکھتے ہیں اور جاحظ دونوں کے ساتھ موافقت یا عدمِ موافقت دیکھتے ہیں، امید ہے اب بات طلبہ کی سمجھ میں آجائے گی۔

ابوبکر کے گائڈ ہیں، جس کو وہ راہنمائی کے لئے ساتھ لائے ہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تین کذبات:

۱-جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کی دُرگت بنائی اور کفار نے ان سے پوچھا: ﴿ ءَ أَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يَا إِبْرَاهِيْمُ؟ ﴾ کیا تم نے ہمارے بتوں کی یہ درگت بنائی ہے اے ابراہیم؟ تو حضرت ابراہیم نے جواب دیا: ﴿بَلْ فَعَلَهُ﴾ بلکہ کیا ہے اس کو (کسی کرنے والے نے) ﴿كَبِيْرُهُمْ هٰذَا فَسْئَلُوْهُمْ إِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ﴾ ان کا بڑا یہ ہے، پس ان ٹوٹے ہوؤں سے پوچھو اگر وہ بولتے ہوں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مراد یہ تھی کہ یہ کام کسی کرنے والے نے کیا ہے اور جس نے بھی کیا ہے اس کا ذکر چھوڑو، بڑا بت یہ ہے جس کے گلے میں کلہاڑی لٹک رہی ہے، پس بظاہر اس نے یہ حرکت کی ہے، مگر قوم نے کبیرھم کو فَعَلَ کا فاعل بنایا اور یہ سمجھا کہ ابراہیم یہ کہہ رہے ہیں کہ اس بڑے بت نے یہ حرکت کی ہے، حالانکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ مراد نہیں تھی، پس یہ توریہ ہوا جھوٹ نہیں ہوا۔

۲-اسی طرح جب قوم میلے میں چلی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بھی چلنے کے لئے کہا تو حضرت نے ستاروں کی طرف دیکھا اور فرمایا: ﴿إِنِّيْ سَقِيْمٌ﴾: میری طبیعت ناساز (ناموافق) ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ستاروں کی طرف خواہ مخواہ دیکھا تھا اور طبیعت کا ناساز ہونا واقعی تھا، کس کی طبیعت کفار کے میلے میں جانے کے لئے تیار ہوتی ہے! طبیعت کے ناساز ہونے کا یہی مطلب تھا، مگر قوم ستارہ پرست تھی، وہ سمجھی کہ ابراہیم نے ستاروں کے احوال سے جانا ہے کہ وہ بیمار پڑنے والے ہیں، یہ ان کی بھول تھی، حضرت ابراہیم علیہ السلام جھوٹ نہیں بولے تھے۔

۳-اسی طرح جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو مصر کے بادشاہ نے طلب کیا اور پوچھا کہ تمہارے ساتھ عورت کون ہے؟ تو آپ نے جواب دیا: میری بہن ہے، کیونکہ بادشاہ شوہر کو قتل کر دیتا تھا، اور دوسرے رشتہ دار سے تعرض نہیں کرتا تھا، اور حضرت کی مراد دینی بہن تھی، نیز حضرت سارہ رضی اللہ عنہا آپ کی چچازاد بہن بھی تھیں، مگر بادشاہ نسبی بہن سمجھا، یہ اس کی غلطی تھی، حضرت نے کوئی جھوٹ نہیں بولا تھا۔

مگر بایں ہمہ حدیث میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ان تینوں باتوں پر کذب کا اطلاق آیا ہے، فرمایا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہمیشہ دوٹوک بات کہا کرتے تھے، توریہ نہیں کیا کرتے تھے، مگر تین موقعوں میں آپ نے توریہ سے کام لیا ہے، کیونکہ یہ نہایت خطرناک مواقع تھے اور دوٹوک بات کہنے میں جان کا خطرہ تھا، اس لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے توریہ سے کام لیا، کیونکہ توریہ کے ذریعہ جھوٹ سے بچا جا سکتا ہے۔

کذب کے سلسلہ میں علماء کی آراء:

بعض علماء جیسے علامہ عینی رحمہ اللہ شرح بخاری میں بحالتِ مجبوری صریح جھوٹ کے جواز کے قائل ہیں مگر عام

علماء اس کی اجازت نہیں دیتے، درمختار (۵: ۳۰۳) میں ہے: الكذبُ مباحٌ لإحياءِ حقِّه، وَدَفْعِ الظُّلْمِ عن نفسِه، والمرادُ التَّعريضُ، لِأَنَّ عَيْنَ الكِذبِ حرامٌ، قَالَ: وهو الحقُّ، قال تعالىٰ: ﴿قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ﴾ ترجمہ: (فقہ کی کتاب مجتبیٰ میں ہے کہ) جھوٹ بولنا دو صورتوں میں جائز ہے، ایک: اپنا حق بچانے کے لئے، دوم: اپنی ذات سے ظلم دفع کرنے کے لئے، مگر کذب سے مراد توریہ ہے، اس لئے کہ صریح جھوٹ حرام ہے، صاحب مجتبیٰ کہتے ہیں: یہی قول برحق ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الذاریات (آیت ۱۰) میں فرمایا ہے: غارت ہو جائیں بے سند باتیں کرنے والے! اور جھوٹ بے سند بات ہوتی ہے پس وہ کیسے جائز ہو سکتی ہے؟!

اس تفصیل کی روشنی میں باب کی حدیثوں کو سمجھنا چاہئے، پہلی حدیث میں ہے کہ جھوٹ جائز نہیں، یا جھوٹ مناسب نہیں، مگر تین صورتوں میں، اس حدیث میں کذب سے صریح جھوٹ مراد ہے یا توریہ؟ علامہ عینی رحمہ اللہ کے نزدیک صریح جھوٹ مراد ہے، اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، مگر عام علماء صریح جھوٹ کو جائز نہیں کہتے، صرف توریہ کی اجازت دیتے ہیں اور حضرت گنگوہی قدس سرہ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ اگر صریح جھوٹ کی اجازت دیدی جائے گی تو عوام کے دلوں سے جھوٹ کی نفرت ختم ہو جائے گی، اور وہ جھوٹ بولنے پر جری ہو جائیں گے۔ اس لئے عام علماء نے ان حدیثوں میں کذب سے توریہ مراد لیا ہے۔

اور میری ناقص رائے یہ ہے کہ جب لفظ کذب صریح جھوٹ کے لئے خاص نہیں ہے، بلکہ عام ہے، غلطی کرنے کے معنی میں بھی یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے تو اگر دونوں حدیثوں میں کذب کو عام رکھا جائے تو کیا حرج ہے؟ مثلاً آدمی بیوی کو پٹانے کے لئے کہے: جب تنخواہ ملے گی سوٹ لاؤں گا تو یہ ایک وعدہ ہے، اگر وہ اس وعدہ کو وفا نہ کرے تو اس کو جھوٹ کیسے کہیں گے؟ یہی حال جنگ میں چال چلنے کا ہے، اور یہی حال لوگوں کے درمیان مصالحت کرانے کے لئے کوئی خیر کی بات کہنے کا یا فریقِ مخالف کی طرف کوئی خیر کی بات منسوب کرنے کا ہے، مثلاً کہا کہ آپ آتش فشاں ہو رہے ہیں اور وہ تو آپ کے لئے دعا کرتا ہے اور اس کی مراد یہ ہو کہ وہ عام مسلمانوں کے لئے دعا کرتا ہے جس میں یہ بندہ بھی شامل ہے، پس اس میں غلط بات کیا ہوئی؟ پس اس حکمت سے جو حضرت گنگوہی قدس سرہ نے بیان فرمائی ہے بات وہی راجح معلوم ہوتی ہے جو درمختار میں ہے کہ صریح جھوٹ بولنا تو جائز نہیں مگر اس طرح بات کرنا کہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے: جائز ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

[۲۶-] باب ماجاء في إِصْلَاحِ ذَاتِ الْبَيْنِ

[۱۹۳۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْيَانُ ح: وَثَنَا محمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا بِشْرُ بنُ السَّرِيِّ، وَأَبُوْ أَحْمَدَ، قَالَا: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ خُثَيْمٍ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ

بِنْتِ يَزِيْدَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَيَحِلُّ الْكِذْبُ إِلاَّ فِيْ ثَلاَثٍ: يُحَدِّثُ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ لِيُرْضِيَهَا، وَالْكِذْبُ فِي الْحَرْبِ، وَالْكِذْبُ لِيُصْلِحَ بَيْنَ النَّاسِ" وَقَالَ محمودٌ فِي حَدِيْثِهِ:" لاَ يَصْلُحُ الكَذِبُ إِلاَّ فِيْ ثَلاَثٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَسْمَاءَ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ خُثَيْمٍ، وَرَوَى دَاوُدُ بْنُ أَبِيْ هِنْدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَسْمَاءَ، حدثنا بِذٰلِكَ أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِيْ هِنْدٍ؛ وفى الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ.

[۱۹۳۶-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَيْسَ بِالْكَاذِبِ مَنْ أَصْلَحَ بَيْنَ النَّاسِ، فَقَالَ خَيْراً، أَوْنَمَا خَيْراً" وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: في ثلاث: أي في ثلاث خصال: تین باتوں میں یعنی تین موقعوں پر۔

بابُ ماجاءَ فی الْخِيَانَةِ والْغِشِّ

امانت خرد برد کرنے اور دھوکہ دینے کا بیان

جن اسباب سے معاشرتی خرابیاں پیدا ہوتی ہیں: ان میں خیانت اور دھوکہ دہی کا اہم کردار ہے، خائن اور دھوکہ باز سے لوگوں کا دل میلا ہوجاتا ہے اور ان کو ایسی اذیت پہنچتی ہے کہ اس کا ازالہ ممکن نہیں ہوتا، چنانچہ حدیثوں میں ان دونوں باتوں پر سخت وعید آئی ہے۔ حدیث میں ہے: لا إيمان لمن لا أمانة له: جس میں امانت داری نہیں اس میں ایمان نہیں، اور امانت کی ضد خیانت ہے، پس خیانت کرنے والا بے ایمان ہے، اور حدیث میں ہے: من غَشَّنَا فليس منا: جو ہمیں (مسلمانوں کو) دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں، یعنی ملتِ اسلامیہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- مَن ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ به: جس نے (کسی مسلمان کو) ضرر پہنچایا: اللہ تعالیٰ اس کو ضرر پہنچائیں گے۔ ضَارَّهُ مُضَارَّةً، وضِرَارًا کے معنی ہیں: نقصان پہنچانا۔

۲- ومَن شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عليه: اور جس نے (کسی مسلمان کو) مشقت میں ڈالا: اللہ تعالیٰ اس کو مشقت میں ڈالیں گے (کیونکہ جزاء جنسِ عمل سے ہوتی ہے) اور خیانت اور دھوکہ دہی میں نقصان پہنچایا جاتا ہے اور پریشان کیا جاتا ہے، پس وہ سزا سے بچ نہیں سکتا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَلعونٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا أَوْ مَكَرَ بِه: وہ شخص ملعون ہے جو کسی مسلمان کو ضرر پہنچائے یا اس کے ساتھ چال چلے، یعنی کھلے عام یا خفیہ طور پر نقصان پہنچائے بہر صورت وہ اللہ کی رحمت سے دور کر دیا جاتا ہے۔

فائدہ: پہلی حدیث کے راوی ابو صرمہ انصاری رضی اللہ عنہ صحابی ہیں اور وہ شاعر بھی تھے...... اور ان سے روایت کرنے والی خاتون لؤلؤۃ انصار کی آزاد کردہ ہیں اور مقبول روایہ ہیں...... اور دوسری روایت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مُرّۃ بن شراحیل ہمدانی روایت کرتے ہیں، یہ لوگوں میں مُرَّة الطیّب کے نام سے مشہور تھے، مرۃ کے معنی ہیں: کڑوا، اس کے ساتھ لوگوں نے الطیب لگایا تا کہ کڑواہٹ کچھ کم ہو جائے...... اور ابوسلمہ کندی مجہول راوی ہے اور فرقد سَبَخی لین الحدیث اور کثیر الخطاء ہے، اس لئے حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے۔

[۲۷-] باب ماجاء في الخِيَانَةِ والغِشِّ

[۱۹۳۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ يَحْيَى بنِ حَبَّانَ، عَنْ لُؤْلُؤَةَ، عَنْ أَبِي صِرْمَةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِي بَكْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۹۳۸-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ العُكْلِيُّ، ثَنِي أَبُوْ سَلَمَةَ الْكِنْدِيُّ، ثنا فَرْقَدُ السَّبَخِيُّ، عَنْ مُرَّةَ بنِ شَرَاحِيْلَ الهَمْدَانِيِّ - وَهُوَ الطَّيِّبُ - عَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَلْعُوْنٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا، أَوْ مَكَرَ بِهِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

لغات: خَانَ يَخُوْنُ خَوْنًا وَخِيَانَةً: خیانت کرنا، امانت خرد برد کرنا، غبن کرنا، بے ایمانی کرنا۔ غَشَّ صَاحِبَهُ (ن) غِشًّا (بالفتح والکسر) دھوکہ دینا، دل میں چھپی ہوئی بات کے خلاف ظاہر کرنا، غیر مفید چیزوں کو مفید بنا کر پیش کرنا، اور غَشَّ الشيئَ کے معنی ہیں: کھوٹ ملانا، ملاوٹ کرنا اور دھوکا دینا۔

بابُ ماجاء في حَقِّ الْجِوَارِ

حقِ ہمسائیگی کا بیان

ہم سایہ (پڑوسی) دکھ درد کا ساتھی اور ہنسی خوشی میں شریک ہوتا ہے، اس لئے اسلام نے پڑوسی کے ساتھ اچھے سلوک کا حکم دیا ہے، پھر پڑوسی خواہ کوئی ہو، رشتہ دار ہو یا اجنبی، دور کا ہو یا قریب کا، ہم مذہب ہو یا غیر مذہب کا: سب کے ساتھ

حسن سلوک کا حکم دیا ہے، سورۃ النساء (آیت ۳۷) میں ہے: ''اور عبادت کرو اللہ کی، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک مت کرو، اور ماں باپ کے ساتھ بہترین سلوک کرو، اور رشتہ داروں کے ساتھ، اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ، اور رشتہ دار پڑوسی کے ساتھ اور اجنبی پڑوسی کے ساتھ اور ہم مجلس کے ساتھ اور مسافر کے ساتھ اور غلام باندیوں کے ساتھ''

اور حدیث میں ہے کہ پڑوسی تین طرح کے ہیں: ایک: وہ پڑوسی جس کے تین حق ہیں: پڑوس کا حق، رشتہ داری کا حق اور مسلمان ہونے کا حق، دوسرا: وہ پڑوسی جس کے دو حق ہیں: پڑوس کا حق اور مسلمان ہونے کا حق، تیسرا: وہ پڑوسی جس کا صرف ایک حق ہے یعنی صرف پڑوسی ہونے کا حق ہے کیونکہ وہ رشتہ دار ہے نہ مسلمان۔

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کے گھر بکری ذبح کی گئی (آپ کہیں باہر تھے) جب گھر لوٹے تو پوچھا: کیا آپ لوگوں نے ہمارے یہودی پڑوسی کو گوشت کا ہدیہ بھیجا ہے؟ کیا آپ لوگوں نے ہمارے یہودی پڑوسی کو گوشت کا ہدیہ بھیجا ہے؟ میں نے نبی ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''جبرئیل علیہ السلام برابر مجھے پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کی تاکید کرتے رہے، یہاں تک کہ مجھے خیال ہوا کہ وہ پڑوسی کو وارث بنائیں گے''

تشریح: جبرئیل علیہ السلام جو بار بار نبی ﷺ کو پڑوسی کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی تاکید کرتے تھے تو وہ اپنی طرف سے نہیں کرتے تھے، بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کرتے تھے، کیونکہ وہ رسول (پیغامبر) تھے، پس آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ کو خیال ہونے لگا کہ شاید آگے چل کر وہ پڑوسی کے وارث ہونے کا حکم لے آئیں۔

یہ حدیث پہلے امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، پھر یہی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے

اور پڑوسی: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک: وہ ہے جس کا گھر ساتھ لگا ہوا ہو، اور صاحبین کے نزدیک: محلّہ دار پڑوسی ہے یعنی محلّہ کی مسجد کے تمام نمازی پڑوسی ہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک: ہر جانب سے چالیس گھروں تک پڑوسی ہیں اور صحیح امام اعظم کا قول ہے (درمختار ۵: ۴۸۳ کتاب الوصایا، باب الوصیة للأقارب وغیرھم)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: (سفر کے) ساتھیوں میں اللہ کے نزدیک بہترین ساتھی وہ ہے جو اپنے ساتھی کے لئے بہتر ہو، اور پڑوسیوں میں سے اللہ کے نزدیک بہترین پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے لئے بہتر ہو''

(اور پڑوسی کے لئے بہتر وہ ہے جو اس کے ساتھ حسن سلوک کرے) اور یہ حدیث پہلے آئی ہے کہ جب تم سالن ترکاری پکاؤ تو پانی بڑھا لو، اور اپنے پڑوسی کو بھی چمچہ دو چمچہ دو، اور بخاری میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر میرے دو پڑوسی ہوں (اور دونوں یکساں مرتبے کے ہوں) تو میں ہدیہ کس کو بھیجوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جس کا دروازہ تمہارے دروازے سے قریب ہو''

[۲۸-] باب ماجاء فی حَقِّ الجِوَارِ

[۱۹۳۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ دَاوُدَ بنِ شَابُوْرَ، وَبَشِيْرٍ أَبِیْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُجَاهِدٍ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَمْرٍو ذُبِحَتْ لَهُ شَاةٌ فِیْ أَهْلِهِ، فَلَمَّا جَاءَ قَالَ: أَهْدَيْتُمْ لِجَارِنَا اليَهُوْدِيِّ؟ أَهْدَيْتُمْ لِجَارِنَا اليَهُوْدِيِّ؟ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَا زَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِیْ بِالْجَارِ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وأَبِیْ هريرةَ، وأَنَسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَالْمِقْدَادِ بنِ الأَسْوَدِ، وَأَبِیْ شُرَيْحٍ، وَأَبِیْ أُمَامَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِیْ هريرةَ أَيْضًا عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۹۴۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بنِ مُحمدٍ — وَهُوَ ابنُ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ — عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَازَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِیْ بِالْجَارِ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ سَيُوَرِّثُهُ"

[۱۹۴۱-] حدثنا أحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بنِ شُرَيْحٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بنِ شَرِيْكٍ، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ الحُبُلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُ الأَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهِ، وَخَيْرُ الجِيْرَانِ عِنْدَ اللهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وأَبُوْ عَبْدِ الرحمنِ الحُبُلِّیُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ.

بابُ ماجاء فی الإِحْسَانِ إلى الْخَادِمِ

خادم کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا بیان

خادم: (خدمت گار) عام ہے: خواہ نوکر ہو یا رضا کار ہو یا غلام باندی ہو، سب کے ساتھ حسن سلوک مامور بہ ہے، گذشتہ باب میں سورۃ النساء کی آیت ۳۷ کا ذکر آیا ہے، اس میں ہم مجلس کا بھی ذکر ہے اور خادم: اول نمبر کا ہم مجلس ہوتا ہے، دوسرے ہم مجلسوں کا نمبر بعد میں آتا ہے، پس خادموں (غلام باندیوں) کے ساتھ حسن سلوک کرنا قرآن کریم کا حکم ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’تمہارے بھائی یعنی غلام باندی: اللہ تعالیٰ نے ان کو تمہارے ہاتھوں کے

نیچے بطور خادم کیا ہے (فِتیة: فَتٰی کی جمع ہے، جس کے لغوی معنی ہیں: جوان اور مرادی معنی ہیں: خادم یعنی غلام باندی اور یہ ضمیر هُم سے حال ہے اور مصری نسخہ میں قِنْیَةً ہے، جس کے معنی ہیں: ذخیرہ کیا ہوا یعنی وہ تمہارے مملوک ہیں) پس جس کا بھائی اس کے ہاتھ کے نیچے ہو یعنی وہ اس کا مملوک ہو (اور اس کو ''بھائی'' جذبۂ ترحم ابھارنے کے لئے کہا گیا ہے) پس چاہئے کہ وہ اس کو اپنے کھانے میں سے کھلائے اور اس کو اپنے کپڑوں میں سے پہنائے اور اس کو ایسے کام کا حکم نہ دے جو اس کو ہرادے یعنی جس کی انجام دہی اس کے لئے دشوار ہو، پس اگر وہ اس کو ایسے کام کا حکم دے جو اس کو ہرادے تو چاہئے کہ وہ اس کی مدد کرے یعنی اس کا ہاتھ بٹائے، خود بھی اس کے ساتھ کام میں شریک ہو، اور دونوں مل کر وہ کام انجام دیں (یہ سب خادم کے ساتھ حسن سلوک کی شکلیں ہیں)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لاَیَدْخُلُ الجنةَ سَیِّئُ الْمَلَکَةِ: مملوکوں کے ساتھ بدسلوکی کرنے والا جنت میں نہیں جائے گا (یہ حدیث ضعیف ہے، فرقد: ضعیف راوی ہے اور المَلَکَة بمعنی المِلْکِیَّة ہے یعنی نوکر چاکر اور رعایا کے ساتھ برا معاملہ کرنے والے کے لئے یہ وعید ہے، پس اس کی ضد یعنی اچھا معاملہ کرنے والا جنت میں جائے گا، اس طرح یہ حدیث باب سے متعلق ہے)

[۲۹-] باب ماجاء فی الإحْسَان إلی الْخَادِمِ

[۱۹۴۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بنِ سُوَیْدٍ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:'' إِخْوَانُکُمْ: جَعَلَهُمُ اللّٰهُ فِتْیَةً تَحْتَ أَیْدِیْکُمْ، فَمَنْ کَانَ أَخُوْهُ تَحْتَ یَدِهِ: فَلْیُطْعِمْهُ مِنْ طَعَامِهِ، وَلْیُلْبِسْهُ مِنْ لِبَاسِهِ، وَلاَ یُکَلِّفْهُ مَا یَغْلِبُهُ، فَإِنْ کَلَّفَهُ مَا یَغْلِبُهُ فَلْیُعِنْهُ''

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَأَبِیْ هریرةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۹۴۳-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِیْعٍ، ثَنَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ هَمَّامِ بنِ یَحْیَی، عَنْ فَرْقَدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:'' لاَ یَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَیِّئُ الْمَلَکَةِ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، وَقَدْ تَکَلَّمَ أَیُّوْبُ السِّخْتِیَانِیُّ وَغَیْرُ وَاحِدٍ فِیْ فَرْقَدٍ السَّبَخِیِّ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

باب النهی عَنْ ضَرْبِ الْخُدَّامِ وَشَتْمِهِمْ

خدام کو مارنے اور گالی دینے کی ممانعت

جو لوگ اسلامی تعلیمات سے آراستہ نہیں وہ خادموں، نوکروں اور غلام باندیوں کے ساتھ ناروا سلوک کرتے ہیں،

ان کو برے القاب سے اور گالیوں سے نوازتے ہیں اور اگر پارہ چڑھ جائے تو مارنے سے بھی دریغ نہیں کرتے۔ اور اس معاشرتی خرابی کی بنیاد اپنی رفعت و بلندی اور نوکروں اور غلاموں کی پستی کا تصور ہے، آقا خود کو خدا سمجھتا ہے، وہ ہر طرح سے بالادستی کے گھمنڈ میں مبتلا رہتا ہے، وہ غلاموں کے لئے شرفِ انسانیت کا بھی قائل نہیں ہوتا۔ پس اس معاشرتی خرابی کی اصلاح اسی طرح ہوسکتی ہے کہ آقا میں شعور بیدار کیا جائے کہ اس سے بالاتر بھی کوئی طاقت ہے جو اس کا محاسبہ کرسکتی ہے، چنانچہ باب کی پہلی حدیث میں نبی ﷺ نے یہی بات آقا کو سمجھائی ہے۔

غرض: جب آفتابِ اسلام طلوع ہوا تو اس معاملہ میں عربوں کی صورتِ حال بہت بدتر تھی، اس لئے اسلام نے اس سلسلہ میں چند واضح ہدایات دیں تاکہ اس قسم کی بے عنوانی ختم ہو، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ غلام باندیوں کے ساتھ حسن سلوک کے نبی ﷺ نے دو مرتبے قرار دیئے ہیں: ایک: واجب کا درجہ، جو لوگوں پر لازم ہے، خواہ لوگ چاہیں یا نہ چاہیں اس پر عمل ضروری ہے۔ دوسرا: مستحب کا درجہ، جس کی ترغیب دی گئی ہے، اس کو لازم نہیں کیا۔

حسن سلوک کا پہلا مرتبہ: مثبت پہلو سے غلام باندیوں کا نان نفقہ اور لباس پوشاک مولی کے ذمے رکھا گیا، اور منفی پہلو سے چند باتوں کی ممانعت کی: ۱- ان کو ایسے کام کا حکم نہ دیا جائے جس کو وہ تنہا انجام نہ دے سکیں (حدیث ابھی گذری) ۲- ان پر تہمت نہ لگائی جائے (یہ حدیث باب میں ہے) ۳- ان کا مثلہ نہ کیا جائے یعنی ان کے ناک کان نہ کاٹے جائیں (اگر ایسا کیا جائے گا تو وہ مولیٰ کی مرضی کے بغیر آزاد ہوجائے گا) ۴- کسی بھی گناہ میں دس کوڑوں سے زیادہ سزا نہ دی جائے۔

حسن سلوک کا دوسرا مرتبہ: جو استحبابی ہے: وہ یہ ہے کہ کھانے میں غلام باندیوں کا بھی حصہ رکھا جائے (یہ حدیث پہلے گذری ہے) اور اگر غلام باندی کو بلاوجہ حد ماری یا طمانچہ مارا تو اس کو آزاد کردیا جائے، یہی اس کا کفارہ ہے، اسی طرح اگر غلام باندی کو مار رہا ہو اور وہ اللہ کا واسطہ دیں تو سزا دینے سے فوراً رک جایا جائے (رحمۃ اللہ ۵: ۲۰۳)

حدیث (۱): نبی التوبۃ ابوالقاسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے اپنے مملوک پر تہمت لگائی، درانحالیکہ وہ اس بات سے بری ہے جو اس کے حق میں آقا کہہ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آقا پر حد جاری کریں گے، یعنی اس پر حد قذف لگے گی، مگر یہ کہ معاملہ ایسا ہو جیسا اس نے کہا ہے، یعنی غلام واقعی بدکار ہو۔

تشریح: اس حدیث میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کی صفت: نبی التوبہ بیان کی ہے، آپؐ کی یہ صفت مسلم شریف (حدیث ۲۳۵۵ کتاب الفضائل باب ۳۴) میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت میں آئی ہے، وہ فرماتے ہیں: كان رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يُسَمِّي لنا نفسَه أَسْمَاءً، فَقَالَ: أَنَا مُحمدٌ، وأَحمدُ، والمُقَفِّي، والحَاشِرُ، ونبيُّ التوبةِ، ونبيُّ الرحمة: رسول اللہ ﷺ ہمارے سامنے اپنے چند نام

بیان فرماتے تھے، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: میں محمد (ستودہ) ہوں، احمد (اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا) ہوں، مقفّی (پیچھے آنے والا) ہوں، حاشر (جمع کرنے والا) ہوں، نبی التوبہ ہوں اور نبی الرحمہ ہوں، اور حضرت ابو ہریرہؓ اس حدیث سے پہلے یہ صفت اس لئے لائے ہیں کہ جو آقا ایسی بے عنوانی کر چکا ہو وہ جان لے کہ ابھی توبہ کا دروازہ کھلا ہوا ہے، خاتم النّبیین ﷺ نبی التوبہ ہیں، ان کی امت کی توبہ جلد قبول ہوتی ہے۔ پس آقا کو اپنے برے فعل سے توبہ کرنی چاہئے۔

اور حدیث میں بَرِیْئًا: مملوك سے حال ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آقا اگر مملوک پر تہمت لگائے تو دنیا میں اس پر حد جاری نہیں کی جائے گی، ورنہ آخرت میں حد جاری کرنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔

حدیث (۲): حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے ایک غلام کو مار رہا تھا، اچانک میں نے پیچھے سے سنا، کوئی کہہ رہا ہے: ''جانو اے ابو مسعود! جانو اے ابو مسعود!'' پس میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ نبی ﷺ تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ یقیناً تم پر زیادہ قدرت رکھنے والے ہیں تم سے اس پر'' ابو مسعودؓ فرماتے ہیں: پس اس کے بعد میں نے اپنے کسی غلام کو نہیں مارا۔ اور مسلم شریف کی روایت میں یہ بھی ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ اللہ کے لئے آزاد ہے، آپؐ نے فرمایا: أَمَا لو لم تَفْعَلْ لَلَفَحَتْكَ النارُ: سنو! اگر تم یہ نہ کرتے تو جہنم کی آگ تمہیں جھلسا دیتی!''

تشریح: جب آقا یہ سمجھ لے کہ وہ آخری طاقت نہیں ہے، بلکہ اس سے بالاتر بھی کوئی طاقت ہے جو اس کا محاسبہ کر سکتی ہے تو دماغ درست ہو جاتا ہے، اور خواہ مخواہ کا غصہ اتر جاتا ہے، اور وہ بلا وجہ غلام باندیوں کو نہیں مارتا، یہی اصلاحِ معاشرہ کی تدبیر ہے۔

[۳۰-] بابُ النَّهْيِ عَنْ ضَرْبِ الْخُدَّامِ وَشَتْمِهِمْ

[۱۹۴۴-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ غَزْوَانَ، عَنْ ابنِ أَبِيْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم نَبِيُّ التَّوْبَةِ:" مَنْ قَذَفَ مَمْلُوْكَهُ بَرِيْئًا مِمَّا قَالَ لَهُ: أَقَامَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الحَدَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ كَمَا قَالَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفي الباب: عَنْ سُوَيْدِ بنِ مُقَرِّنٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ.

وابنُ أَبِيْ نُعْمٍ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِيْ نُعْمٍ البَجَلِيُّ، يُكْنَى أَبَا الحَكَمِ.

[۱۹۴۵-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا مُؤَمَّلٌ، ثَنا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنْتُ أَضْرِبُ مَمْلُوْكًا لِيْ، فَسَمِعْتُ قَائِلًا مِنْ خَلْفِيْ يَقُوْلُ: اعْلَمْ

أَبَا مَسْعُوْدٍ! اعْلَمْ أَبَا مَسْعُوْدٍ! فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا أَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " لَلّٰهُ أَقْدَرُ عَلَيْكَ مِنْكَ عَلَيْهِ" قَالَ أَبُوْ مَسْعُوْدٍ: فَمَا ضَرَبْتُ مُمْلُوْكًا لِيْ بَعْدَ ذٰلِكَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَإِبْرَاهِيْمُ التَّيْمِيُّ: هُوَ إِبْرَاهِيْمُ بنُ يَزِيْدَ بنِ شَرِيْكٍ.

بابُ ماجاء في أَدَبِ الْخَادِمِ

غلام کو سلیقہ سکھانے کا بیان

ابھی غلام کو مارنے کی ممانعت آئی ہے مگر کبھی سلیقہ سکھانے کے لئے مارنا پڑتا ہے، جیسے طالب عالم کو مارنا پڑتا ہے، چنانچہ سورۃ النساء (آیت ۳۴) میں بیوی کو مارنے کی اجازت اسی مقصد سے دی گئی ہے، مگر یہ اجازت معروف طریقہ پر مارنے کی ہے، چہرے پر اور اعضائے رئیسہ پر مارنا اور ایسا مارنا جس سے جسم پر نشان پڑ جائے: جائز نہیں، صرف ہلکا مارنا جائز ہے اور وہ بھی ایک حد تک مارنا جائز ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إذا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ خادِمَه، فَذَكَرَ اللّٰهَ، فَارْفَعُوْا أَيْدِيَكُمْ: جب تم میں سے کوئی اپنے غلام کو مارے پس وہ اللہ کا واسطہ دے، تو تم اپنے ہاتھ اٹھالو، یعنی مارنے سے رک جاؤ۔

تشریح: علامہ طیبی (شافعی) رحمہ اللہ نے لکھا ہے: یہ حدیث اِس صورت میں ہے جب آقا سلیقہ سکھلانے کے لئے مار رہا ہو، اور اگر غلام پر حد جاری ہو رہی ہو تو رکا نہیں جائے گا (ائمہ ثلاثہ کے نزدیک: آقا خود غلام باندی پر حد جاری کرسکتا ہے، اور احناف کے نزدیک: حد صرف قاضی جاری کرے گا) اسی طرح اگر غلام مکاری سے اللہ کا نام لے تو بھی رکنا ضروری نہیں۔

[۳۱-] باب ماجاء في أَدَبِ الخَادِمِ

[۱۹٤٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ خَادِمَهُ فَذَكَرَ اللّٰهَ، فَارْفَعُوْا أَيْدِيَكُمْ"

وَأَبُوْ هَارُوْنَ العَبْدِيُّ: اسْمُهُ عُمَارَةُ بنُ جُوَيْنٍ، وَقَالَ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ: ضَعَّفَ شُعْبَةُ أَبَا هَارُوْنَ العَبْدِيَّ، قَالَ يَحْيَى : وَمَا زَالَ ابنُ عَوْنٍ يَرْوِيْ عَنْ أَبِيْ هَارُوْنَ، حَتّٰى مَاتَ.

وضاحت: یہ حدیث ابو ہارون عبدی کی وجہ سے ضعیف ہے، یہ راوی متروک ہے، امام شعبہ رحمہ اللہ نے اس کی تضعیف کی ہے مگر عبداللہ بن عون بصریؒ (جو حضرت ایوب سختیانی کے ہمعصر تھے اور بڑے ثقہ، فاضل اور فقیہ تھے) وہ اس راوی سے برابر روایت کرتے تھے تا آنکہ ان کی وفات ہوئی، یعنی وہ اس راوی کو معتبر سمجھتے تھے۔

بابُ ماجاءَ فی الْعَفْوِ عَنِ الْخَادِمِ

غلام کومعاف کرنے کا بیان

غلطی بشریت کا خاصہ ہے، ہر انسان سے غلطی ہوتی ہے، پس اگر غلام باندی کوئی غلطی کریں تو ان سے درگذر کرنا چاہئے، بات بات پر سزا دینا یا ڈانٹ ڈپٹ کرنا مناسب نہیں، آقا کو سوچنا چاہئے کہ اس سے بھی غلطی ہوتی ہے، پس اگر اللہ تعالیٰ اس کی ہر غلطی پر پکڑنے لگیں تو وہ کیسے پنپ سکے گا اور غلام بھی اس جیسا ایک انسان ہے، اس سے بھی غلطی ممکن ہے، لہٰذا اس سے درگذر کرنا چاہئے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور پوچھا: یارسول اللہ! میں کتنی مرتبہ غلام کو معاف کروں؟ آپؐ خاموش رہے، اس نے پھر پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: **کُلَّ یَوْمٍ سبعین مَرَّۃً:** روزانہ ستر مرتبہ معاف کر۔

تشریح: ستر مرتبہ یعنی بار بار معاف کر، سات، ستر اور سات سو کے اعداد عربی میں تکثیر کے لئے ہیں، تھوڑی تکثیر کے لئے سات، درمیانی تکثیر کے لئے ستر اور بے حد تکثیر کے لئے سات سو آتا ہے۔

[۳۲-] باب ماجاء فی العَفْوِ عَنِ الْخَادِمِ

[۱۹۴۷-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا رِشْدِیْنُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِیْ هَانِیءٍ الخَوْلَانِیِّ، عَنْ عَبَّاسِ بنِ جُلَیْدٍ الحَجْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! کَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ فَصَمَتَ عَنْهُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، ثُمَّ قَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! کَمْ أَعْفُوْ عَنِ الْخَادِمِ؟ قَالَ: "کُلَّ یَوْمٍ سَبْعِیْنَ مَرَّۃً"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِیْ هَانِیءٍ الخَوْلَانِیِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَ هٰذَا.

حدثنا قُتَیْبَۃُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عَنْ أَبِیْ هَانِیءٍ الخَوْلَانِیِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الحدیثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، وَقَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

وضاحت: یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ کی ہے یا عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کی؟ اس میں اختلاف ہے، رشدین بن سعد جو ضعیف راوی ہے اس کی سند ابن عمرؓ تک پہنچاتا ہے مگر عبداللہ بن وہب جو ثقہ راوی ہیں ان کے متابع ہیں، اس لئے یہی سند صحیح ہے اور عبداللہ بن وہب کے بعض تلامذہ عبداللہ بن عمرو تک سند پہنچاتے ہیں، یہ سند صحیح نہیں۔

بابُ ماجاء فی أَدَبِ الْوَلَدِ

اولاد کی تربیت کا بیان

جاننا چاہئے کہ آدھی صدی میں دنیا بدل جاتی ہے، کچھ ہی لوگ باقی رہ جاتے ہیں، میں نے پچاس سال کی عمر میں پانچ نسلیں دیکھی ہیں، میں نے اپنے دادا کو دیکھا، اپنے والد کو دیکھا، خود کو دیکھا، بیٹوں کو دیکھا اور پوتوں کو بھی دیکھا۔ غرض دنیا اس طرح بدل جاتی ہے کہ پتہ نہیں چلتا، ایک نسل گذر جاتی ہے اور دوسری نسل اس کی جگہ آجاتی ہے، پس اگر ہر شخص آنے والی نسل کی تربیت کرے گا تو معاشرہ درست رہے گا، اور اگر اولاد کی تربیت کی طرف سے غفلت برتی جائے گی تو آدھی صدی گذرتے گذرتے معاشرہ بگڑ جائے گا۔

اور لوگ اولاد کے لئے مال و دولت جمع کرنے کا جذبہ رکھتے ہیں، جائداد اور بیلنس بناتے ہیں مگر ان کی تعلیم وتربیت سے غفلت برتتے ہیں، ان پر خرچ نہیں کرتے، یہ بات نہ عقلاً درست ہے نہ شرعاً، کیونکہ روزی ہر بندے کی قسمت میں لکھی ہوئی ہے، باپ اس کی فکر کرے یا نہ کرے اولاد کی قسمت کی روزی اس کو مل جائے گی، مگر تعلیم وتربیت کی طرف باپ توجہ کرے گا تبھی اولاد دستور ے گی، ورنہ کندۂ ناتراش رہ جائے گی۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''البتہ یہ بات کہ آدمی اپنی اولاد کو سلیقہ سکھائے اس سے بہتر ہے کہ ایک صاع (تین کلو اناج) خیرات کرے''

تشریح: اولاد کی تعلیم وتربیت پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہے یعنی کار خیر ہے یہ خرچ کرنا ضائع نہیں جاتا۔ حدیث میں یہی بات سمجھائی ہے کہ غریب پر صدقہ کرنے سے بہتر اولاد کی تربیت پر خرچ کرنا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مانَحَلَ والدٌ وَلَدًا مِنْ نُحْلٍ أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ: کسی باپ نے کسی اولاد کو اچھی تربیت سے بہتر کوئی عطیہ نہیں دیا۔ نَحَلَ (ف) فلاناً نُحْلاً: کسی کو کوئی چیز اپنی مرضی سے دینا، عطیہ دینا۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل بھی یہی ہے کہ باپ کو یہ کوشش نہیں کرنی چاہئے کہ اولاد کے لئے جائداد یا بیلنس چھوڑے، بلکہ ان کی تعلیم وتربیت پر خرچ کرنا چاہئے، یہی باپ کا اولاد کے لئے بہترین عطیہ ہے۔

[۳۳-] باب ماجاء فی أَدَبِ الوَلَدِ

[۱۹۴۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا یَحْیَیَ بْنُ یَعْلَی، عَنْ نَاصِحٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' لَأَنْ یُؤَدِّبُ الرَّجُلُ وَلَدَهُ خَیْرٌ مِنْ أَنْ یَتَصَدَّقَ بِصَاعٍ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَنَاصِحُ بنُ عَلاَءٍ الكُوْفِيُّ: لَيْسَ عِنْدَ أَهْلِ الحَدِيْثِ بِالْقَوِيِّ، وَلاَ يُعْرَفُ هٰذَا الحديثُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

وَنَاصِحٌ: شَيْخٌ آخَرُ بَصْرِيٌّ، يَرْوِيْ عَنْ عَمَّارِ بنِ أَبِيْ عَمَّارٍ، وَغَيْرِهِ، وَهُوَ أَثْبَتُ مِنْ هٰذَا.

[۱۹٤۹-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، ثَنَا عَامِرُ بنُ أَبِيْ عَامِرٍ الخَزَّازُ، ثَنَا أَيُّوْبُ بنُ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَانَحَلَ وَالِدٌ وَلَدًا مِنْ نُحْلٍ أَفْضَلَ مِنْ أَدَبٍ حَسَنٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَامِرِ بنِ أَبِيْ عَامِرٍ الخَزَّازِ؛ وَأَيُّوْبُ بنُ مُوْسَى: هُوَ ابنُ عَمْرِو بنِ سَعِيْدِ بنِ الْعَاصِ، وَهٰذَا عِنْدِيْ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں ایک راوی ناصح ہے۔امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کے باپ کا نام علاء ہے، یہ کوفہ کا باشندہ ہے اور محدثین کے نزدیک ضعیف ہے، اور یہی راوی یہ حدیث سماک سے روایت کرتا ہے، اور ایک دوسرا راوی بھی ناصح نامی ہے جو بصری ہے اور وہ عمار بن ابی عمار وغیرہ کا شاگرد ہے، یہ راوی اس راوی سے اچھا ہے۔

مگر حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ اس راوی کے باپ کا نام علاء نہیں ہے، بلکہ عبداللہ یا عبدالرحمٰن ہے، اور اس کی کنیت ابوعبداللہ ہے، اور نسبت الحائک ہے، یہی سماک بن حرب کا شاگرد ہے، اور ضعیف راوی ہے۔ ترمذی شریف کی سند میں یہی راوی ہے اور جس ناصح کے والد کا نام علاء ہے اس کی کنیت ابوالعلاء ہے، اور وہ بصرہ کا رہنے والا ہے، اور وہ ضعیف نہیں ہے بلکہ لین الحدیث ہے (تہذیب التہذیب)

اور دوسری حدیث کی سند میں عامر بن صالح بن رستم ابوبکر بن ابی عامر الخزّاز البصری صدوق راوی ہے مگر سیئ الحفظ ہے، ابن حبان نے اس راوی پر وضع حدیث کی تہمت لگائی ہے، اس کے استاذ: ایوب بن موسیٰ کا پورا نام ایوب بن موسیٰ بن عمرو بن سعید بن العاص ہے، وہ اپنے باپ یعنی موسیٰ سے روایت کرتا ہے۔ پھر وہ اپنے دادا سے روایت کرتا ہے، اور جَدِّہ کی ضمیر میں دو احتمال ہیں: اگر وہ ایوب کی طرف لوٹتی ہے تو یہ عمرو بن سعید کی روایت ہے، اور وہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت میں پیدا ہوا ہے، اور اگر ضمیر موسیٰ کی طرف لوٹتی ہے تو پھر یہ سعید بن العاص کی روایت ہے اور یہ راوی اگرچہ حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں پیدا ہوا تھا مگر آنحضرت ﷺ کی وفات کے وقت اس کی عمر نو سال تھی، اس لئے سعید کا بھی حضور ﷺ سے سماع نہیں۔ بہر حال یہ حدیث مرسل ہے یا تو تابعی کی مرسل ہے یا صحابی صغیر کی مرسل ہے۔

بابُ ماجاء فی قُبُوْلِ الهَدِيَّةِ، وَالْمُكَافَأَةِ عَلَيْهَا

ہدیہ قبول کرنا اور اس کا بدلہ دینا

ہدیہ قبول کرنا سنت ہے اور یہ سنت ہر شخص جانتا ہے مگر اس پر بدلہ دینا بھی سنت ہے، اس کو کم لوگ جانتے ہیں، حالانکہ ہدیے کا پورا فائدہ اس وقت حاصل ہوگا جب بدلہ بھی دیا جائے۔ موطا میں روایت ہے: تَصَافَحُوْا يَذْهَبْ عنكم الغِلُّ: مصافحہ کرو، کینہ دور ہوگا، وَتَهَادَوْا تَحَابُّوْا وَتَذْهَبِ الشَّحْنَاءُ: اور ہدیہ دو آپس میں محبت پیدا ہوگی، اور بغض ختم ہوگا۔ تَهَادَى القومُ کے معنی ہیں: ایک دوسرے کو ہدیہ دینا، پس جب تک ہدیہ کا بدلہ نہ دیا جائے محبت کیسے پیدا ہوگی؟

حدیث: نبی ﷺ ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے، اور اس کا بدلہ دیا کرتے تھے، یعنی ہدیہ کے عوض میں آپ بھی کچھ نہ کچھ عنایت فرمایا کرتے تھے، حضرت ازہر رضی اللہ عنہ دیہات کے رہنے والے تھے وہ ہر ہفتے کھیتوں میں سے سبزی وغیرہ چن کر لایا کرتے تھے: آپؐ نے ان کے بارے میں فرمایا ہے: أَزْهَرُ بَادِيَتُنَا، وَنَحْنُ حَاضِرُوْهُ: ازہرؓ ہمارا دیہات ہیں یعنی ہماری دیہات کی ضروریات پوری کرتے ہیں اور ہم اس کے شہر ہیں، آپؐ ان کو بازار سے گھر کی ضروریات خرید کر عنایت فرمایا کرتے تھے، جس کو لے کر وہ گاؤں لوٹا کرتے تھے۔

اور نبی ﷺ ہر ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے، خواہ چھوٹا ہو یا بڑا، پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ اگر مجھے بکری کے پایے ہدیے میں دیئے جائیں تو میں ان کو بھی قبول کروں گا، اور اگر بکری کے پایوں کی دعوت کی جائے تو میں وہ بھی قبول کروں گا............ اور ہدیہ کا عوض فوراً دینا ضروری نہیں، وقفہ کے بعد بھی دیا جاسکتا ہے، اور یہ بتلانا بھی ضروری نہیں کہ یہ ہدیہ کا عوض ہے، اس کو مستقل ہدیے کے طور پر بھی دے سکتے ہیں۔

اور مجمع البحار (ثوب کے مادہ) میں ایک بات لکھی ہے، جو یہاں حاشیہ میں بھی نقل ہوئی ہے کہ ہدیہ کی دو قسمیں ہیں: ایک: جس کا بدلہ مطلوب ہوتا ہے، دوسرا: جو محض صلہ رحمی یا ثواب کے لئے دیا جاتا ہے، اول کا معاملہ بیع کی طرح ہے، اس میں عوض دینے پر مجبور کیا جائے گا، اور جو ہدیہ اللہ کے لئے یا صلہ رحمی کے لئے ہو اس کا بدلہ ضروری نہیں، جیسے شادیوں میں لڑکے اور لڑکی کے باپ کو ہدایا دیئے جاتے ہیں، یا ان کے واسطے سے دولہا دولہن کو دیئے جاتے ہیں یہ پہلی قسم کے ہدایا ہیں جن میں بدلہ مطلوب ہوتا ہے، اس لئے علماء اس کو قرض قرار دیتے ہیں، میں اگرچہ ان کو قرض قرار نہیں دیتا، ہدیہ ہی قرار دیتا ہوں مگر وہ ایسا ہدیہ ہے جس کا بدلہ ضروری ہے، اس کا معاملہ بیع کی طرح ہے، بیع میں عوضین ہوتے ہیں جو دیئے لئے جاتے ہیں، یہ بھی ایسا ہی ہدیہ ہے جس کا عوض دوسرے موقع پر دینا ضروری ہے، اور بزرگوں اور علماء کو جو ہدیہ دیا جاتا ہے وہ ثواب حاصل کرنے کے لئے یا خوشنودی کے لئے دیا جاتا

ہے، پس اس کا عوض ضروری نہیں۔

[٣٤-] باب ماجاء في قُبُوْلِ الهَدِيَّةِ، وَالْمُكَافَأَةِ عَلَيْهَا

[١٩٥٠-] حدثنا يَحْيىَ بنُ أَكْثَمَ، وَعَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، قَالاَ: ثَنَا عِيسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْبَلُ الهَدِيَّةَ، وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وأَنَسٍ، وابنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِيْسَى بنِ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامٍ.

لغات: كَافَأَهُ على الشيئ مُكافَأَةً و كِفَاءً: بدلہ دینا ...... أَثَابَهُ يُثِيْبُ: لوٹانا، واپس کرنا، بدلہ دینا یا انعام دینا۔ حدیث میں ہے: أَثِيْبُوْا أَخَاكُمْ: اپنے بھائی کو ہدیہ کا بدلہ دو۔

بابُ ماجاء في الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ

سلوک کرنے والے کا شکریہ ادا کرنا

محسن کا شکر گذار ہونا انسان کی فطرت ہے، اگر کوئی شخص چھوٹا یا بڑا احسان کرے تو اس کا قولی یا فعلی شکریہ ادا کرنا چاہئے، شکور اللہ تعالیٰ کی صفت ہے، اور بندوں کو حکم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی صفات اپنے اندر پیدا کریں۔ اور قولی شکریہ محسن کی کچھ تعریف کرنا ہے، پہلے روایت گذری ہے کہ ابوالرداد لیثی رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی ان کے تعاون پر تعریف کی تھی، اور قولی شکریہ کا کم سے کم درجہ دعا دینا ہے، حدیث میں ہے: جس نے احسان کے جواب میں جزاك الله کہا اس نے بہت بدلہ دیدیا، اور فعلی شکریہ یہ ہے کہ حسن سلوک کے جواب میں حسن سلوک کیا جائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ لاَيَشْكُرِ الناسَ لاَيَشْكُرِ اللّٰهَ: جو شخص لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا، وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکریہ ادا نہیں کرتا، اور دوسری حدیث کے الفاظ ہیں: مَنْ لَمْ يَشْكُرِ الناسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ: اس کا ترجمہ بھی وہی ہے جو پہلی حدیث کا ہے۔

تشریح: اس حدیث کے علماء نے دو مطلب بیان کئے ہیں:

پہلا مطلب: جو لوگوں کے حسن سلوک کا شکریہ ادا نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کے احسانات کا بھی شکریہ ادا نہیں کرتا، کیونکہ بندوں کے احسانات ظاہر ہیں اور اللہ تعالیٰ کے احسانات مخفی ہیں، پس جو شخص اس احسان کا شکر ادا نہ کرے جو ظاہر و باہر ہے وہ اس نعمت کا شکر کیسے ادا کرسکتا ہے جو مخفی ہے!

دوسرا مطلب: جس کی فطرت اور عادت لوگوں کے انعام کی ناشکری کرنا ہے چنانچہ وہ لوگوں کے احسان کا

شکرگذار نہیں ہوتا، وہ اللہ کی نعمتوں کی بھی ناشکری کرے گا، وہ کبھی اللہ کی نعمتوں کا شکرگذار نہیں ہوگا۔

[٣٥-] باب ماجاء في الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ

[١٩٥١-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا الرَّبِيْعُ بنُ مُسْلِمٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ زِيَادٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لاَ يَشْكُرِ النَّاسَ لاَ يَشْكُرِ اللّٰهَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٩٥٢-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، ح: وَثَنَا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، ثَنَا حُمَيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لَمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَالْأَشْعَثِ بنِ قَيْسٍ، وَالنُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

باب مَاجاء في صَنَائِعِ المَعْرُوْفِ

حسنِ سلوک والے کام

صَنائع: صنیعۃٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: بھلائی، نیکی اور حسنِ سلوک، اور المعروف کے بھی یہی معنی ہیں: بھلائی، احسان، حسنِ سلوک اور ہر وہ کام جس کی خوبی عقلاً وشرعاً ثابت ہو، پس یہ دونوں لفظ ہم معنی ہیں، اور ایک کی دوسرے کی طرف اضافت ہے، پس مضاف کے معنی میں تجرید کی جائے گی، اور اس سے صرف اعمال وافعال مراد لئے جائیں گے یعنی حسن سلوک والے کام، اور اس باب میں جو حدیث ہے اس میں حسن سلوک والے سات کاموں کا تذکرہ ہے:

۱-تَبَسُّمُك في وَجْهِ أخيكَ لَكَ صَدَقَةٌ: تیرا مسکرانا اپنے دینی بھائی کے سامنے تیرے لئے خیرات ہے، یعنی کسی مسلمان سے خندہ پیشانی سے ملنا باعث اجر وثواب ہے۔

۲و۳-وأَمْرُكَ بالمعروف، ونَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ: اور تیرا بھلی بات کا حکم دینا اور بری بات سے روکنا خیرات ہے، کیونکہ اس سے بھی دوسرے کو فائدہ پہنچتا ہے اس لئے اس پر بھی اجر وثواب ملتا ہے۔

۴-وَإِرْشَادُكَ الرَّجُلَ في أَرْضِ الضَّلاَلِ لك صدقةٌ: اور تیرا کسی کی راہنمائی کرنا ایسی سرزمین میں جس میں آدمی بھٹک جاتا ہے، تیرے لئے صدقہ ہے۔ یعنی شہر میں یا جنگل میں منزل تک پہنچنے کی کوئی علامت نہ ہو، اور بھٹک جانے کا خطرہ ہو وہاں کسی کی راہنمائی کرنا صدقہ ہے، کیونکہ اس سے بھی دوسرے کو فائدہ پہنچے گا۔

۵-وَبَصْرُكَ لِلرَّجُلِ الرَّدِيِّ البَصَرِ لك صَدقةٌ: اور تیرا دیکھنا کمزور نگاہ والے شخص کے لئے تیرے لئے صدقہ ہے، یعنی جب کوئی کسی نابینا کو دیکھے اور اس کی مدد کرے اور وہ جہاں جانا چاہتا ہے وہاں تک پہنچا دے تو یہ بھی صدقہ ہے یعنی اس پر بھی اجر ملے گا۔

٦-وإماطَتُكَ الحجرَ، وَالشَّوْكَ، وَالعَظْمَ عن الطريق لك صَدَقَةٌ: اور تیرا پتھر کو اور کانٹے کو اور ہڈی کو راستہ سے ہٹانا تیرے لئے صدقہ ہے، کیونکہ لوگ اس کے ضرر سے بچ جائیں گے، اس لئے ہٹانے والے کو اجر وثواب ملے گا۔

۷-وإِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِك فی دَلْوِ أَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ: اور تیرا اپنی ڈول سے اپنے دینی بھائی کی ڈول میں پانی ڈالنا تیرے لئے صدقہ ہے، یعنی کوئی شخص مٹکا لے کر پانی بھرنے آیا، مگر اس کے پاس ڈول نہیں ہے، پس اگر آپ اس کا مٹکا بھر دیں تو یہ خیرات ہے یعنی اس پر بھی اجر وثواب ملے گا۔

[۳٦-] باب ماجاء فی صَنَائِعِ المَعْرُوْفِ

[۱۹۵۳-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ العَنْبَرِيُّ، ثَنَا النَّضْرُ بنُ مُحمدٍ الجُرَشِيُّ اليَمَامِيُّ، ثَنَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " تَبَسُّمُكَ فِيْ وَجْهِ أَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ، وأَمْرُكَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيُكَ عَنِ الْمُنْكَرِ صَدَقَةٌ، وَإِرْشَادُكَ الرَّجُلَ فِيْ أَرْضِ الضَّلَالِ لَكَ صَدَقَةٌ، وَبَصْرُكَ لِلرَّجُلِ الرَّدِيِّ البَصَرِ لَكَ صَدَقَةٌ، وَإِمَّاطَتُكَ الحجرَ وَالشَّوْكَ وَالْعَظْمَ عَنِ الطَّرِيْقِ لَكَ صَدَقَةٌ، وَإِفْرَاغُكَ مِنْ دَلْوِكَ فِيْ دَلْوِ أَخِيْكَ لَكَ صَدَقَةٌ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَابِرٍ، وَحُذَيْفَةَ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ هريرةَ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ زُمَيْلٍ: سِمَاكُ بنُ الوَلِيْدِ الحَنَفِيُّ.

بابُ ماجاء فی المِنْحَةِ

فائدہ اٹھانے کے لئے کسی کو کوئی چیز دینا

المِنْحَةُ اور المَنِيْحَةُ کے معنی ہیں: عارضی ضرورت اور فائدہ اٹھانے کے لئے کسی متعلق کو واپسی کی شرط کے ساتھ کوئی زمین، یا دودھ کا جانور یا سواری یا اور کوئی چیز دینا، یہ بھی معاشرتی حسن سلوک کی ایک شکل ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ مَنَحَ مَنِيْحَةَ لَبَنٍ، أَوْ وَرِقٍ، أَوْهَدَى زُقَاقًا: كَانَ لَهُ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ:

جس نے دودھ کے جانور کا عطیہ دیا یعنی دودھ والا جانور کسی کو دودھ پینے کے لئے دیا، یا چاندی کا عطیہ دیا یعنی روپے پیسے قرض دیئے، یا کسی کوچہ کی طرف راہنمائی کی یعنی کوئی شخص کسی گلی میں جانا چاہتا ہے، اس کو اس گلی تک پہنچادیا تو یہ کام اس شخص کے لئے ایک غلام آزاد کرنے کے مانند ہونگے، اور گذشتہ باب کی حدیث میں جو لفظ صدقہ آیا ہے اس سے بھی یہی اجر مراد ہے۔

[۳۷-] باب ماجاء فی المِنْحَةِ

[۱۹۵٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ يُوْسُفَ بنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ مُصَرِّفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرحمنِ بنَ عَوْسَجَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ البَرَاءَ بنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ مَنَحَ مَنِيْحَةَ لَبَنٍ، أَوْ وَرِقٍ، أَوْ هَدَی زُقَاقًا كَانَ لَهُ مِثْلُ رَقَبَةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ مُصَرِّفٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَی مَنْصُوْرُ بنُ الْمُعْتَمِرِ، وَشُعْبَةُ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ مُصَرِّفٍ هٰذَا الحديثَ.

وفی الباب: عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَمَعْنَی قَوْلِهِ:" مَنْ مَنَحَ مَنِيْحَةَ وَرِقٍ" إِنَّمَا يَعْنِی بِهِ قَرْضَ الدَّرَاهِمِ، وَقَوْلُهُ:" أَوْ هَدَی زُقَاقًا" قَالَ: إِنَّمَا يَعْنِیْ بِهِ هِدَايَةَ الطَّرِيْقِ، وَهُوَ إِرْشَادُ السَّبِيْلِ.

ترجمہ: مَنْ مَنَحَ مِنْيْحَةَ وَرِقٍ سے نبی ﷺ نے دراہم قرض دینا مراد لیا ہے۔ اور هَدَی زُقاقا: سے راستہ کی راہ نمائی مراد لی ہے۔ هداية الطريق اور ارشاد السبيل ہم معنی ہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث کا ایک راوی ابراہیم بن یوسف بن ابی اسحاق ہے، یہ ابواسحاق یوسف کے دادا ہیں، یوسف کے باپ اسحاق ہیں، پس عن أبيه سے یوسف مراد ہیں اور عن أبی إسحاق سے یوسف کے دادا مراد ہیں۔

بابُ ماجاء فی إِمَامَةِ الْأَذَی عَنِ الطَّرِيْقِ

راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا

حدیث: ایک شخص راستہ پر چلا جارہا تھا، اچانک اس نے ایک کانٹے دار ٹہنی راستہ میں پائی، پس اس نے اس کو ہٹادیا، پس اللہ تعالیٰ نے اس کا شکریہ ادا کیا، چنانچہ اس کو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا۔

تشریح: لفظ شکر بھی ایسا لفظ ہے جس کے معنی نسبت کے بدلنے سے بدلتے ہیں، بندوں کے تعلق سے شکریہ کے معنی تو ظاہر ہیں اور اللہ کے تعلق سے اس کے معنی ہیں: جزائے خیر دینا، اجر وثواب سے نوازنا، یعنی اس کانٹے دار

ٹہنی کو راستہ سے ہٹانے کا اس کو اچھا بدلہ دیا اور وہ بدلہ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی مغفرت فرما دی، اور کانٹے دار ٹہنی درخت سے جڑی ہوئی ٹہنی بھی ہوسکتی ہے اور کٹ کر زمین پر گری ہوئی ٹہنی بھی ہوسکتی ہے۔ پہلی صورت میں اس کو راستے سے ہٹانے کی صورت یہ ہے کہ اس کو کاٹ کر راستے سے ہٹا دیا، اور دوسری صورت میں ہٹانا ظاہر ہے۔

[٣٨-] باب ماجاء فی إِمَامَةِ الْأَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ

[١٩٥٥-] حدثنا قُتَیْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: قَالَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَمْشِیْ فِی الطَّرِیْقِ، إِذْ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ، فَأَخَّرَهُ، فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهُ، فغفرَ لَهُ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بُرْزَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ ذَرٍّ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّ المَجَالِسَ بِالْأَمَانَةِ

مجلس کی باتیں راز رہنی چاہئیں

باب کے الفاظ ابوداؤد کی حدیث کے الفاظ ہیں، یہ حدیث آگے آرہی ہے، اس باب میں یہ بیان ہے کہ معاشرہ کے صلاح وفساد میں اس بات کا بڑا دخل ہے کہ لوگ آپس کی باتیں راز رکھتے ہیں یا لیک کر دیتے ہیں، اگر خانگی باتیں راز رہیں تو معاشرہ کی قدر بڑھتی ہے اور اگر راز کی باتیں لیک کر دی جائیں تو دل میلے اور کھٹے ہوجاتے ہیں، اور بات بگڑتی چلی جاتی ہے۔

مجلس کی باتیں دو طرح کی ہوتی ہیں: عام اور خاص، عام باتیں تو عام ہیں ان کو راز رکھنے کا سوال نہیں، اور وہ بات بھلا کیسے راز رہ سکتی ہے جو عام مجمع میں کہی گئی ہو، ہاں خاص باتیں جن کا خاص ہونا صراحۃً یا دلالۃً معلوم ہو ان کو راز رکھنے کا حکم ہے، البتہ اگر اس بات سے کسی کو شدید ضرر پہنچ سکتا ہو، تو پھر اس کو راز رکھنا جائز نہیں، ابوداؤد شریف (حدیث ۴۸۶۹) میں ضعیف حدیث ہے: المَجَالِسُ بالْأَمَانَةِ، إِلَّا ثلاثةَ مجالسَ: سَفْكُ دَمٍ حرامٍ، أَوْ فَرْجٌ حرامٌ، أَوِ اقْتِطَاعُ مالٍ بغیر حقٍّ: یعنی مجلس کی باتیں امانت رہنی چاہئیں، مگر تین مجلسیں مستثنیٰ ہیں: (۱) ناجائز خون بہانے کی مجلس (۲) یا ناجائز شرم گاہ استعمال کرنے کی مجلس (۳) یا ناحق کسی کا مال ہڑپ کرنے کی مجلس، یہ باتیں راز نہیں رکھنی چاہئیں، اس شخص تک پہنچا دینی چاہئیں جو صاحب معاملہ ہے تا کہ وہ اپنا بچاؤ کر سکے۔

اور مجلس میں کہی ہوئی بات عام ہے یا خاص؟ یہ بات صراحت سے بھی معلوم ہوتی ہے اور دلالت سے بھی، صراحۃً خاص ہونا یہ ہے کہ بات کہنے والا کہہ دے: یہ بات راز رکھنا، کسی سے نہ کہنا، اور دلالۃً خاص ہونا وہ ہے جو

باب کی حدیث میں ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إذا حَدَّثَ الرجلُ الحديثَ، ثم التفتَ، فَهِيَ أَمَانَةٌ: جب کوئی شخص بات کہے پھر (دائیں بائیں) دیکھے (کہ کوئی سن تو نہیں رہا) پس وہ بات امانت ہے، یعنی بات آہستہ کرے یا بات کرتے وقت دائیں بائیں دیکھے تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ راز کی بات کہہ رہا ہے پس اس کا افشاء جائز نہیں۔

[۳۹-] باب ماجاء أَنَّ الْمَجَالِسَ بِالْأَمَانَةِ

[۱۹۵۶-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبارَكِ، عَنْ ابنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ جَابِرِ بنِ عَتِيْكٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الحَدِيْثَ، ثُمَّ الْتَفَتَ، فَهِيَ أَمَانَةٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ.

بابُ ماجاء فی السَّخَاءِ

سخاوت کا بیان

یہ دو باب ہیں: پہلے باب میں سخاوت کا اور دوسرے باب میں بخیلی کا ذکر ہے، سخاوت سے معاشرہ رونق پکڑتا ہے اور بخیلی سے معاشرہ پژمردہ ہوتا ہے، اگر معاشرے کے افراد سخی اور حاتم دل ہوں تو ہر کوئی وہاں وارد ہوگا اور اس کا شہرہ دور تک پھیلے گا، اور بخیل ہوں تو کتّے بھی وہاں سے نہیں گذریں گے، وہ کس امید سے وہاں آئیں گے؟ وہاں ان کو روٹی کا ٹکڑا بھی نہیں ملے گا۔ پس معاشرے میں سخاوت کو پروان چڑھانا چاہئے تا کہ لوگ اس کا گن گائیں۔

حدیث: نبی ﷺ کی سالی حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ سے پوچھا: میرے پاس میرا کچھ نہیں، میرے شوہر حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ جو کچھ مجھے لا کر دیتے ہیں وہی میرے پاس ہوتا ہے، پس کیا میں اس میں سے راہِ خدا میں خرچ کر سکتی ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں کر سکتی ہو اور فرمایا: لاتُوْكِیْ فَيُوْكَی عليكِ: کنجوسی مت کرو، ورنہ تمہیں بھی تھوڑا دیا جائے گا۔

تشریح: أَوْكیٰ يُوْكِیْ إِيكَاءً: بٹوہ باندھ کر رکھنا یعنی کنجوسی کرنا، اس کا مجرد وَکٰی یَکِی وَکْیًا ہے، جس کے معنی ہیں: تھیلی کو ڈوری سے باندھنا۔ امام ترمذیؒ نے اس کی تفسیر کی ہے: لاتُحْصِیْ فَيُحْصٰی عليك یعنی گن گن کر مت رکھو ورنہ تمہیں بھی گن کر دیا جائے گا۔ أَحْصَی الشیئَ کے معنی ہیں: شمار کرنا، مقدار جاننا، گننا، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ خوب دل کھول کر خرچ کرو، اللہ تعالیٰ بے حساب دیں گے، راہِ خدا میں خرچ کرنے سے کبھی کوئی تنگ دست نہیں

ہوا، اور سینت کر رکھنے والے بہت سے بھوکے مر گئے، حوض میں پانی آتا بھی رہے اور جاتا بھی رہے تو پانی صاف رہتا ہے اور تازہ بھی، اور اگر نکلنا روک دیا جائے تو آنا بھی بند ہو جائے گا اور جو پانی حوض میں ہے وہ گندہ ہو جائے گا، یہی حال راہِ خدا میں خرچ کرنے کا ہے، آدمی کو اپنی ذات پر خرچ کرنے میں تو احتیاط کرنی چاہئے، دونوں ہاتھ کھول نہیں دینے چاہئیں، میانہ روی سے خرچ کرنا چاہئے، ورنہ ہمت ہار جائے گا، مگر راہِ خدا میں خرچ کرنے کا معاملہ اس سے مختلف ہے، اللہ تعالیٰ اس خرچ کا ضرور بدلہ دیتے ہیں پھر کیوں ہاتھ روکے!

سوال: بیوی کے لئے شوہر کے مال میں سے شوہر کی اجازت کے بغیر خرچ کرنا جائز نہیں، پھر نبی ﷺ نے حضرت اسماءؓ کو شوہر کی اجازت کے بغیر خرچ کرنے کا حکم کیسے دیا؟ (اس سلسلہ کے احکام کتاب الزکوٰۃ میں گذر چکے ہیں)

جواب: اجازت کی دو قسمیں ہیں: صریح اور دلالۃً، صریح اجازت تو ظاہر ہے اور دلالۃً اجازت یہ بھی ہے کہ شوہر کے مزاج واحوال سے یہ بات معلوم ہو کہ اس کو خرچ کرنا ناگوار نہیں ہوگا تو بیوی خرچ کر سکتی ہے، حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ہم زلف تھے، ان کے احوال سے آپؐ بخوبی واقف تھے کہ وہ اللہ کے راستہ میں خرچ کرنے سے تنگ دل نہیں ہوتے، اس لئے آپؐ نے ان کی بیوی حضرت اسماءؓ کو خرچ کرنے کی اجازت دی۔

حضرت زبیرؓ کا انفاق کے سلسلہ میں مزاج:

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں: وہ لوگوں کی بینک تھے، لوگ آپؓ کے پاس رقمیں امانت رکھتے تھے، وہ ان سے کہتے: میں امانت کہاں تک محفوظ رکھونگا! تم مجھے یہ رقم قرض دیدو، اور جب چاہو لے لو، لوگ قرض دیدیتے تھے، اور آپؓ اس کو راہِ خدا میں خرچ کر دیتے تھے، پھر جب قرض خواہ آتا تو اِدھر اُدھر کر کے دیدیتے تھے، اسی طرح چلتا رہا، پھر جب آپؓ کی وفات کا وقت قریب آیا تو اپنے بیٹے حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کو بلایا اور فرمایا: لوگوں کے مجھ پر کتنے قرضے ہیں یہ مجھے بھی معلوم نہیں، پس میری وفات کے بعد جو بھی قرض خواہ آئے، اور جتنی بھی رقم مانگے ادا کر دینا، کسی سے کوئی ثبوت نہ مانگنا، اور میری وفات کے بعد تین سال حج کے موقع پر منی میں اعلان کرنا کہ زبیر کا انتقال ہو گیا ہے، ان پر جس کا قرضہ ہو وہ مجھ سے لیلے، اور اگر کوئی قرض خواہ اتنا بڑا قرضہ مانگے جس کی ادائیگی تمہارے بس میں نہ ہو تو اچھی طرح وضو کرنا اور دو رکعتیں پڑھنا، پھر جو الفاظ میں بتا رہا ہوں انہی الفاظ سے دعا کرنا کہ اے زبیر کے رب! ایک شخص زبیر کا قرضہ مانگنے آیا ہے، اور میرے پاس انتظام نہیں، آپ اس کا انتظام کر دیں، مجھے میرے رب سے امید ہے کہ وہ غیب سے میرے قرضے کی ادائیگی کا سامان کر دیں گے۔

پھر حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی وفات ہو گئی، اور جو بھی قرض مانگنے آیا اس کا قرضہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ادا کر دیا، اسی سلسلہ کا یہ واقعہ ہے کہ ایک شخص نے اپنا ایک لاکھ کا قرض بتایا، حضرت عبداللہؓ کے پاس انتظام نہیں تھا، وہ گھر میں گئے تا کہ دو رکعتیں پڑھ کر دعا کریں، اس شخص نے سوچا: میرے قرض مانگنے سے ان کو شرمندگی ہوئی، اس

لئے وہ گھر میں چلے گئے، چنانچہ وہ بھی اٹھ کر چلا گیا، حضرت عبداللہؓ نے حسب وصیت دعا کی اور باہر آئے تو وہ آدمی جاچکا تھا، پھر یہ ہوا کہ اسی دن ایک شخص آیا اور اس نے کہا آپ اپنا فلاں پلاٹ بیچتے ہیں؟ حضرت عبداللہ نے کہا: ہاں، اس نے کہا: میں اس کے ایک لاکھ درہم دوں گا، حضرت عبداللہ فوراً تیار ہو گئے، اور انھوں نے اس کو اپنی دعا کا اثر سمجھا، وہ شخص یہ کہہ کر چلا گیا کہ آپ غور کرلیں، اور اگر کوئی اس سے زیادہ دے تو مجھ سے مشورہ کئے بغیر نہ دینا، تھوڑی دیر کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا ایلچی آیا، اس نے وہی زمین خریدنی چاہی، حضرت عبداللہ نے کہا: فلاں صاحب اس کے ایک لاکھ درہم لگا گئے ہیں۔ حضرت معاویہ کے کارندے نے کہا: میں دو لاکھ دوں گا، حضرت عبداللہؓ نے کہا: میں پہلے شخص سے پوچھ کر جواب دوں گا، اس نے کہا: اگر وہ زیادہ دیں تو مجھ سے پوچھے بغیر نہ دینا، چنانچہ حضرت عبداللہ نے جب پہلے شخص سے بات کی تو اس نے کہا: میں تین لاکھ دوں گا، حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں دوسرے شخص سے بات کر کے جواب دوں گا۔ اس سے بات کی تو اس نے کہا: میں چار لاکھ دوں گا، یونہی بات بڑھتی رہی اور دس لاکھ میں وہ زمین بکی، جس کی واقعی قیمت ایک لاکھ تھی، اس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت عبداللہ کے پاس اتنی رقم بھیج دی کہ سارے قرضے ادا ہو گئے، اور حضرت عبداللہؓ کو پھر دعا کرنے کی ضرورت پیش نہ آئی۔

اس واقعہ سے یہ سمجھانا مقصود ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت اسماء کو شوہر کی اجازت کے بغیر راہِ خدا میں خرچ کرنے کی اجازت اس لئے دی تھی کہ آپؐ کو ان کے شوہر کے مزاج سے واقفیت تھی، آپؐ کو معلوم تھا کہ ان کے شوہر کو یہ انفاق ناگوار نہیں ہوگا، ورنہ مسئلہ وہی ہے جو پہلے کتاب الزکوۃ میں گذر چکا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: السَّخِیُّ قریبٌ مِن اللهِ، قریبٌ مِن الجنةِ، قریبٌ من الناس، بعیدٌ من النار: سخی اللہ تعالیٰ سے نزدیک ہے، جنت سے نزدیک ہے، لوگوں سے نزدیک ہے، یعنی لوگ اس سے محبت کرتے ہیں، اور دوزخ سے دور ہے، یعنی وہ دوزخ میں نہیں جائے گا۔ والبخیلُ بعیدٌ من اللهِ، بعیدٌ من الجنةِ، بعیدٌ من الناس، قریبٌ من النار: اور بخیل اللہ تعالیٰ سے دور ہے، یعنی اللہ کو وہ بندہ پسند نہیں، جنت سے دور ہے، یعنی جنت اس کو نصیب نہیں ہوگی، لوگوں سے دور ہے، یعنی لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں اور دوزخ سے قریب ہے یعنی مرا اور دوزخ میں پہنچا! والجاهلُ السَّخِیُّ أَحَبُّ إلی اللهِ مِن عابدٍ بخیلٍ: اور جاہل سخی عبادت گذار بخیل سے اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے، غور کریں! سخاوت نے بے علم کو بھی محبوب بنا دیا، اور بخل نے عبادت گذار کو بھی دور پھینک دیا۔

[۴۰-] باب ماجاء فی السَّخَاءِ

[۱۹۵۷-] حدثنا أَبُو الخَطَّابِ زِیَادُ بنُ یَحییَ الحَسَّانِیُّ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا حَاتِمُ بنُ وَرْدَانَ، ثَنا أَیُّوْبُ، عَنْ ابنِ أَبِی مُلَیْکَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَکْرٍ، قَالَتْ: قُلْتُ یَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّهُ لَیْسَ لِی مِنْ شَیْئٍ إِلاَّ مَا

أَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ، أَ فَأُعْطِيْ؟ قَالَ:" نَعَمْ، لاَ تُوْكِيْ فَيُوْكَى عَلَيْكِ" يَقُوْلُ: لاَ تُحْصِي فَيُحْصَى عَلَيْكِ.

وفي الباب: عَنْ عَائشةَ، وَأَبِيْ هُريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا عَنْ أَيُّوْبَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ.

[١٩٥٨-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، ثَنَا سَعِيْدُ بنُ مُحمدٍ الوَرَّاقُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" السَّخِيُّ قَرِيْبٌ مِنَ اللّٰهِ، قَرِيْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ، قَرِيْبٌ مِنَ النَّاسِ، بَعِيْدٌ مِنَ النَّارِ؛ وَالْبَخِيْلُ بَعِيْدٌ مِنَ اللّٰهِ، بَعِيْدٌ مِنَ الْجَنَّةِ، بَعِيْدٌ مِنَ النَّاسِ، قَرِيْبٌ مِنَ النَّارِ؛ وَالْجَاهِلُ السَّخِيُّ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنْ عَابِدٍ بَخِيْلٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ بنِ مُحمدٍ، وَقَدْ خُوْلِفَ سَعِيْدُ بنُ مُحمدٍ فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديث عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، إِنَّمَا يُرْوَى عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ شَيْئٌ مُرْسَلٌ.

وضاحت: پہلی حدیث حضرت ایوب سختیانی: ابن ابی ملیکہ سے، اور وہ حضرت اسماءؓ سے روایت کرتے ہیں، اور ایوب سختیانی کے علاوہ ابن ابی ملیکہ کے بعض دوسرے تلامذہ: ابن ابی ملیکہ اور حضرت اسماء کے درمیان عباد بن عبداللہ بن الزبیر کا واسطہ بڑھاتے ہیں، مگر ایوب سختیانی کا کوئی شاگرد یہ واسطہ نہیں بڑھاتا (پس صحیح سند ایوب سختیانی کی ہے یعنی ابن ابی ملیکہ نے یہ حدیث براہِ راست حضرت اسماء سے سنی ہے، اور جس نے عباد کا واسطہ بڑھایا ہے وہ مزید فی متصل الاسناد ہے)

دوسری حدیث سعید بن محمد ورّاق کی ہے، وہ یحییٰ بن سعید انصاری سے، اور وہ عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج سے، اور وہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، حدیث کی یہ سند متصل ہے، اور یہ حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے اور سعید بن محمد سے آخر تک یہی ایک سند ہے، اور یحییٰ انصاری کے دوسرے تلامذہ سعید بن محمد کی سند کے برخلاف سند پیش کرتے ہیں، وہ یحییٰ بن سعید انصاری سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مختصراً روایت کرتے ہیں، یعنی بیچ کے کسی راوی کا تذکرہ نہیں کرتے، پس یہ سند مرسل یعنی منقطع ہے، اور صحیح سند پہلی ہے یعنی یہ حدیث حضرت ابوہریرہؓ کی ہے۔

بابُ ماجاء فی البُخْلِ

بخیلی کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: خَصْلَتَانِ لاَتَجْتَمِعَانِ فِيْ مُؤْمِنٍ: البُخُلُ وَسُوْءُ الخُلُقِ: دو باتیں کسی

مؤمن میں جمع نہیں ہوتیں: بخیلی اور بداخلاقی۔

تشریح: اس حدیث میں خبر دی گئی ہے کہ کسی مؤمن میں یہ دوصفتیں ایک ساتھ جمع نہیں ہوتیں، اور مشاہدے سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے، بخیل بداخلاق نہیں ہوتا، خوش اخلاق ہوتا ہے، اور بداخلاق بخیل نہیں ہوتا، دریا دل ہوتا ہے، اور خبر میں انشاء مضمر ہے یعنی ان دوصفتوں سے بچو، ورنہ کم از کم ایک سے بچو، دونوں کو جمع مت ہونے دو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لَا يَدْخُلُ الجَنَّةَ خِبٌّ، ولا بَخِيْلٌ، وَلَا مَنَّانٌ: دغاباز جنت میں نہیں جائے گا اور نہ بخیل اور نہ احسان جتلانے والا، یہ تین صفتیں دخولِ جنت کے لئے بڑی رکاوٹیں ہیں، پس ان سے دامن بچاؤ۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: المُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ: مؤمن سادہ دل (بھولا بھالا سیدھا سادہ) شریف الطبع ہوتا ہے، اور بدکار (خواہ کافر ہو یا نام نہاد مسلمان) دغاباز کمینہ ہوتا ہے۔

تشریح: اس آخری حدیث کا بعض حضرات نے ایک دوسری حدیث سے تعارض سمجھا ہے۔ دوسری حدیث میں ہے: لَايُلْدَغُ المؤمنُ من جُحْرٍ مَرَّتَيْنِ: مؤمن: ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا یعنی وہ دھوکہ نہیں کھاتا۔ اور یہ حدیث کہہ رہی ہے کہ مؤمن بھولا بھالا سادہ دل ہوتا ہے یعنی معاملات میں دھوکہ کھاتا ہے، پس یہ تعارض ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مؤمن بے شک بھولا اور سادہ دل ہوتا ہے مگر بے وقوف نہیں ہوتا، وہ ایک آدھ بار تو دھوکہ کھاتا ہے، مگر بار بار دھوکہ نہیں کھاتا، اور حدیث میں مرتین (تثنیہ) عدد کے لئے نہیں ہے، بلکہ تکرار کے لئے ہے، جیسے سورۃ الملک (آیت ۴) میں کرتین: عدد کے لئے نہیں، بلکہ تکرار کے لئے ہے یعنی بار بار دیکھ، پس یہاں بھی مرتین کا مطلب یہ ہے کہ مؤمن بار بار دھوکہ نہیں کھاتا، کیونکہ وہ بے وقوف نہیں ہوتا بلکہ سادہ دل ہوتا ہے اس لئے کبھی دھوکہ کھاجاتا ہے، یہی اس حدیث کا مطلب ہے۔

[٤١-] باب ماجاء فی البُخْلِ

[١٩٥٩-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا صَدَقَةُ بنُ مُوْسَى، ثَنَا مَالِكُ بنُ دِيْنَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ غَالِبٍ الحُدَّانِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَصْلَتَانِ لَا تَجْتَمِعَانِ فِيْ مُؤْمِنٍ: البُخْلُ، وَسُوْءُ الْخُلُقِ"

وفی الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ صَدَقَةَ بنِ مُوْسَى.

[١٩٦٠-] حدثنا أَحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، ثَنَا صَدَقَةُ بنُ مُوْسَى، عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ، عَنْ مُرَّةَ الطَّيِّبِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خِبٌّ، وَلَا بَخِيْلٌ، وَلَا مَنَّانٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۹۶۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ بِشْرِ بنِ رَافِعٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اَلْمُؤْمِنُ غِرٌّ كَرِيْمٌ، وَالْفَاجِرُ خِبٌّ لَئِيْمٌ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: پہلی حدیث کی سند میں صدقہ بن موسیٰ معمولی درجہ کا راوی ہے اس لئے امام ترمذیؒ کے اصول کے مطابق یہ حدیث صرف حسن ہے...... اور دوسری حدیث کی سند میں فرقد سنجی بھی ہے یہ بھی معمولی راوی ہے اس لئے یہ حدیث بھی صرف حسن ہے...... اور تیسری حدیث کی سند میں بشر بن رافع ہے جو ضعیف ہے، اور حدیث کی یہی ایک سند ہے پس یہ سند ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی النَّفَقَةِ عَلَی الْأَهْلِ

اہل وعیال پر خرچ کرنے کا بیان

اہل وعیال پر خرچ کرنے میں تنگی کرنے سے بھی معاشرہ خراب ہوتا ہے، بیوی جب تنگ آجاتی ہے تو شوہر کے مال میں سے چپکے سے لیتی ہے، وہ بے چاری اس کے بغیر گھر کا خرچ کیسے چلائے؟ پھر جب لینے کی عادت پڑ جاتی ہے تو بے ضرورت بھی لیتی ہے، اسی طرح جب بچوں کو خرچ کے لئے باپ کچھ نہیں دیتا تو وہ بھی گھر میں چھوٹی موٹی چوری کرتے ہیں، اور جب ان کی عادت بگڑ جاتی ہے تو باہر بھی ہاتھ مارتے ہیں اور معاشرہ خراب ہوجاتا ہے، پس لوگوں کو سمجھنا چاہئے اور گھر کی ضروریات کے بقدر گھر میں خرچ دینا چاہئے، اور بچوں کو بھی ان کی عمروں کے لحاظ سے خرچ دینا چاہئے تاکہ وہ تنگ دستی کی وجہ سے کوئی دوسری راہ نہ سوچیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: نَفَقَةُ الرجُلِ علی أَهْلِه صَدَقَةٌ: آدمی کا اپنی فیملی پر خرچ کرنا خیرات ہے، یعنی اس کا بھی ثواب ملتا ہے، پھر آدمی گھر والوں پر تنگی کیوں کرے؟

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: بہترین دینار (تین ہیں) ایک: وہ دینار جس کو آدمی اپنے بال بچوں پر خرچ کرے۔ دوسرا: وہ دینار جس کو آدمی راہِ خدا میں اپنی استعمال ہونے والی سواری پر خرچ کرے، تیسرا: وہ دینار جس کو آدمی راہِ خدا میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرے۔ حدیث کے راوی ابو قلابہ عبداللہ بن زید جرمی بصری جو بڑے درجہ کے آدمی ہیں فرماتے ہیں: نبی پاک ﷺ نے پہلے بال بچوں پر خرچ کرنے کا تذکرہ کیا (اس سے معلوم ہوا کہ یہی سب سے افضل خرچ کرنا ہے) پھر ابو قلابہؒ نے فرمایا: بتلاؤ! کونسا آدمی ثواب کے اعتبار سے بڑھا ہوا ہے، اس آدمی سے جو اپنے چھوٹے بچوں پر خرچ کرتا ہے؟ اللہ تعالیٰ ان کو اس خرچ کرنے کی وجہ سے پاک دامن رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو اس خرچ کرنے کی وجہ سے بے نیاز رکھتے ہیں! (بال بچوں پر خرچ کرنے کی اسی حکمت کا باب کی تمہید

میں تذکرہ کیا گیا ہے)

[۴۲-] باب ماجاء فی النَّفقَةِ عَلَی الأَهْلِ

[۱۹۶۲-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَدِیِّ بنِ ثَابتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِیْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" نفقَةُ الرَّجُلِ عَلَی أَهْلِهِ صَدَقَةٌ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ، وأَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۹۶۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِیْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" أَفْضَلُ الدِّيْنَارِ: دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَی عِيَالِهِ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَی دَابَّتِهِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلَی أَصْحَابِهِ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ"

قَالَ أَبُوْ قِلَابَةَ: بَدَأَ بِالْعِيَالِ، ثُمَّ قَالَ: وَأَیُّ رَجُلٍ أَعْظَمُ أَجْراً مِنْ رَجُلٍ يُنْفِقُ عَلَی عِيَالٍ لَهُ صِغَارٍ يُعِفُّهُمُ اللّٰهُ بِهِ، وَيُغْنِيْهِمُ اللّٰهُ بِهِ؟ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الضِّيَافَةِ، وَغَايَةِ الضِّيَافَةِ: كَمْ هِیَ؟

مہمان نوازی اور اس کی آخری حد

مہمان نوازی معاشرہ کی ایک بنیادی ضرورت ہے، آدمی ہمیشہ گھر پر نہیں رہتا، اِدھر اُدھر بھی جاتا ہے، اور توشہ ساتھ نہیں لے جاتا، پس اگر لوگ اس کی میزبانی نہیں کریں گے تو وہ بھوکا مرے گا، شہروں میں تو انتظام ہوتا ہے، آدمی پیسوں سے بھی کھا سکتا ہے، مگر دیہاتوں میں کوئی شکل نہیں ہوتی، اس لئے ضروری ہے کہ معاشرہ ایسے بے سہارا لوگوں کا تعاون کرے اور ان کی میزبانی کرے۔

پھر جمہور علماء کے نزدیک مہمانی کرنا سنتِ مؤکدہ ہے اور بعض حضرات کی رائے میں ضیافت واجب ہے، ابوداؤد (حدیث ۳۷۵۰ کتاب الأطعمة) میں روایت ہے: لَيْلَةُ الضَّيْفِ حَقٌّ علی كلِّ مُسْلِمٍ: یک شبانہ روز مہمان نوازی ہر مسلمان پر واجب ہے، نیز باب کی پہلی حدیث میں جو تعبیر ہے وہ بھی وجوب پر دلالت کرتی ہے، اس لئے علماء نے حدیثوں کو مختلف طرح سے جمع کیا ہے۔ امام ابوداؤد نے روایات کو ناسخ ومنسوخ قرار دیا ہے، یعنی وجوب پر دلالت کرنے والی روایتیں ابتدائے اسلام کی ہیں، بعد میں یہ وجوب ختم کردیا گیا تھا۔ الکوکب الدری میں بھی یہی توجیہ کی گئی ہے، مگر بہتر تطبیق یہ ہے کہ وجوب پر دلالت کرنے والی روایات بھی استحباب پر محمول ہیں، اس لئے کہ حق کی

دو قسمیں ہیں: ایک شریعت کا حق اور دوسرا مروّت وانسانیت کا حق، اگر یہ دوسرا حق مراد لیا جائے تو اس روایت سے بھی ضیافت کا استحباب ثابت ہوگا، یہی لفظ غسل جمعہ کے مسئلہ میں آیا ہے وہاں بھی علماء نے یہی معنی مراد لئے ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابوشریح عدوی، کعبی، خزاعی خویلد بن عمروؓ کہتے ہیں: میری دونوں آنکھوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے اور میرے دونوں کانوں نے آپؐ کی بات سنی ہے جب آپؐ نے ارشاد فرمایا: **مَن کان یُؤْمِنُ باللہ والیومِ الآخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَه: جائِزَتَهُ**: جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے، اور اکرام سے مراد اس کا انعام ہے۔ **جائزته: ضَیْفَه** سے بدل ہے، صحابہ نے پوچھا: مہمان کا انعام کیا ہے؟ (ان کا مقصد انعام کی مدت معلوم کرنا تھا یعنی مہمان کے لئے کتنے دن تک ضیافت کا اہتمام کیا جائے؟) آپؐ نے فرمایا: **یومٌ وَلَیْلَةٌ**: یک شبانہ روز ضیافت میں تکلف کرنا اس کا انعام ہے، اور نبی ﷺ نے فرمایا: **والضِّیافةُ ثلاثةُ أیامٍ، وما کان بعدَ ذلك فهو صَدَقَةٌ**: اور مہمانی تین دن ہے، اور اس کے بعد جو کچھ ہے وہ خیرات ہے (یعنی ایک رات دن تک تو میزبانی کا اہتمام کرنا چاہئے، پھر ماحضر پیش کیا جائے اور پھر بھی مہمان نہ جائے تو خندہ پیشانی سے کھلایا جائے، کیونکہ آدمی خیرات کرتا ہی ہے، اس کو بھی ایک خیرات سمجھے) اور نبی ﷺ نے فرمایا: **من کان یؤمن باللہ والیومِ الآخرِ فَلْیَقُلْ خَیْراً أَوْ لِیَسْکُتْ**: اور جو شخص اللہ پر اور یوم آخر پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے، کیونکہ منہ سے نکلی ہوئی بات ریکارڈ کر لی جاتی ہے، پس اگر بھلے طریقہ پر مہمان سے کوئی بات کہے جس سے وہ رخصت ہو جائے تو کوئی حرج نہیں، ورنہ رخصت کرنے کے لئے بھونڈا طریقہ اختیار نہ کرے۔

ایک واقعہ: ایک بدو کے یہاں مہمان آیا، وہ جانے کا نام ہی نہیں لیتا تھا، میاں بیوی نے طے کیا کہ آج رات ہم آپس میں باتیں کریں گے تاکہ معلوم ہو جائے کہ مہمان کب تک رکے گا؟ چنانچہ جب رات میں بیٹھے تو کسی بات پر شوہر نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے ہمارے مہمان کی روزی ہمارے یہاں آئندہ کل بھی رکھی ہے: بات یوں ہے، مہمان سن رہا تھا، مگر کچھ نہ بولا جس سے معلوم ہوا کہ وہ آئندہ کل رکنے والا ہے، پھر بیوی نے کہا: میرے سرتاج! قسم ہے اس ذات کی جس نے ہمارے مہمان کی ہمارے یہاں آئندہ پرسوں کی بھی روزی رکھی ہے، بات اس طرح نہیں ہے جس طرح آپ کہہ رہے ہیں بلکہ بات اس طرح ہے، مہمان یہ سن کر بولا: قسم ہے اس ذات کی جس نے میری روزی آپ حضرات کے یہاں ایک مہینہ تک رکھی ہے، بات اس طرح نہیں ہے جس طرح آپ دونوں کہہ رہے ہیں بلکہ بات اس طرح ہے، وہ سمجھ گئے کہ یہ آفت مہینہ تک ٹلنے والی نہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مہمانی تین دن ہے اور اس کا انعام یعنی اس کے لئے ضیافت کا اہتمام ایک رات دن ہے، اور جو کچھ اس کے بعد اس پر خرچ کیا جائے وہ خیرات ہے، اور مہمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ میزبان کے پاس پڑا رہے یہاں تک کہ اس کو تنگ کر دے، **ثَوَی یَثْوِی ثَوَاءً** کے معنی ہیں: قیام کرنا، ٹھہرنا، اور **أَحْرَجَ فلاناً**

کے معنی ہیں تنگی اور پریشانی میں ڈالنا، یہ حدیث بھی ابوشریح کعبیؓ ہی کی ہے، البتہ اس کا آخری جملہ پہلی حدیث میں نہیں ہے، اور پہلی حدیث کا آخری جملہ یہاں نہیں ہے۔

[٤٣-] باب ماجاء في الضِّيَافَةِ، وَغَايَةِ الضِّيَافَةِ: كَمْ هِيَ؟

[١٩٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِي سَعِيْدٍ المُقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ العَدَوِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: أَبْصَرَتْ عَيْنَایَ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَسَمِعَتْهُ أُذُنَایَ حِيْنَ تَكَلَّمَ بِهِ، قَالَ:" مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ: جَائِزَتَهُ" قَالُوْا: وَمَاجَائِزَتُهُ؟ قَالَ:" يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ" قَالَ:" وَالضِّيَافَةُ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ، وَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ، فَلْيَقُلْ خَيْراً أَوْ لِيَسْكُتْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٩٦٥-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي شُرَيْحٍ الكَعْبِيِّ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" الضِّيَافَةُ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ، وَجَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَمَا أُنْفِقَ عَلَيْهِ بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَلاَ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِيَ عِنْدَهُ حَتَّى يُحْرِجَهُ"

وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" لاَ يَثْوِيْ عِنْدَهُ" يَعْنِي الضَّيْفَ: لاَ يُقِيْمُ عِنْدَهُ حَتَّى يَشْتَدَّ عَلَى صَاحِبِ الْمَنْزِلِ، وَالحَرَجُ: هُوَ الضِّيْقُ، إِنَّمَا قَوْلُهُ:" حَتَّى يُحْرِجَهُ" يَقُوْلُ: حَتَّى يُضَيِّقَ عَلَيْهِ.

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وأَبِيْ هريرةَ، وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَاللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ المَقْبُرِيِّ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ شُرَيْحٍ الخُزَاعِيُّ: هُوَ الكَعْبِيُّ، وَهُوَ العَدَوِيُّ، واسْمُهُ: خُوَيْلِدُ بنُ عَمْرٍو.

وضاحت: لایثوی کا فاعل ضیف ہے یعنی مہمان نہ ٹھہرا رہے میزبان کے پاس یہاں تک کہ تنگی کردے گھر والے پر، اور حرج کے معنی تنگی کے ہیں، اور حتی یُحْرِجه کے معنی ہیں: یہاں تک کہ اس پر تنگی کردے۔

بابُ ماجاء في السَّعْيِ عَلَى الأَرْمَلَةِ وَاليَتِيمِ

بیوہ اور یتیم کے کام کرنے کی فضیلت

الأَرْمَلَة: الأَرْمَلُ کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: بیوہ، یعنی جس کا شوہر مر گیا ہو، اس کی جمع أَرَامِلَةٌ ہے، اور یتیم وہ نابالغ بچہ ہے جس کا باپ مر گیا ہو، اور یتیم سے یہاں مراد وہ بچہ ہے جو بیوہ کے پاس ہے، حدیث میں اگرچہ لفظ مسکین آیا ہے مگر عام مسکین مراد نہیں، بلکہ بیوہ کا یتیم بچہ مراد ہے، چنانچہ امام ترمذیؒ نے باب میں مسکین کے

بجائے یتیم استعمال کیا، تاکہ معلوم ہو جائے کہ حدیث میں خاص مسکین مراد ہے۔

کبھی بیوی پہلے مرجاتی ہے تو شوہر ضرورت ہو تو دوسری شادی کر لیتا ہے، خواہ پہلی بیوی سے اولاد ہو یا نہ ہو، اور کبھی شوہر پہلے مرجاتا ہے تو عورت اگر بے اولاد ہوتی ہے، یا اولاد کی پرورش کرنے والا کوئی ہوتا ہے تو وہ نکاحِ ثانی کر لیتی ہے، لیکن عورت کبھی بوڑھی ہوتی ہے، یا اولاد کی پرورش کرنے والا کوئی نہیں ہوتا تو وہ نکاح نہیں کرتی، شوہر کی اولاد کو پالتی ہے، ایسی صورت میں بیوہ اور اس کا بچہ بے سہارا ہوتے ہیں، پس ضروری ہے کہ معاشرہ ان کی خبر گیری کرے، ان کے کام کاج کرے، ان کا تعاون کرے اور اپنے کاموں پر ان کے کاموں کو مقدم رکھے، معاشرہ کی خوبی کے لئے یہ بات ضروری ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ والمسكينِ كالمُجاهِدِ في سبيل الله، أو كالَّذِيْ يَصُوْمُ النَّهارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ: بیوہ اور مسکین کے کام انجام دینے والا راہِ خدا میں لڑنے والے کی طرح ہے، یا اس شخص کی طرح ہے جو دن میں روزے رکھتا ہے اور رات میں نفلیں پڑھتا ہے۔

تشریح: اس شخص کو جو بیوہ اور یتیم کے کام انجام دیتا ہے: مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے، یا شب و روز عبادت کرنے والے کے ساتھ لاحق کیا گیا ہے، یعنی ان کے مانند قرار دیا ہے، یہ الحاق ہی اس کی فضیلت ہے، اور پہلے ابواب فضائل الجہاد میں حدیث گذری ہے جس میں نبی ﷺ نے مجاہد اور عبادت گذار کو ایک دوسرے کے ساتھ لاحق کیا ہے۔ غرض ان بے سہارا لوگوں کا سہارا بننا بہت بڑا ثواب کا کام ہے، لوگوں کو چاہئے کہ وہ یہ فضیلت حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

[٤٤-] باب ماجاء في السَّعْيِ على الأَرْمَلَةِ وَالْيَتِيْمِ

[١٩٦٦-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ سُلَيْمٍ، يَرْفَعُهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ، أَوْ كَالَّذِيْ يَصُوْمُ النَّهارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ"

[١٩٦٧-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ ثَوْرِ بنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ الغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مِثْلَ ذٰلِكَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ: وَأَبُوْ الغَيْثِ: اسْمُهُ سَالِمٌ، مَوْلَى عَبْدِ اللهِ بنِ مُطِيْعٍ، وَثَوْرُ بنُ يَزِيْدَ: شَامِيٌّ، وَثَوْرُ بنُ زَيْدٍ مَدَنِيٌّ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند مرسل ہے، صفوان بن سلیم تابعی ہیں، ان سے امام مالک رحمہ اللہ نے روایت کی

ہے، اور دوسری سند متصل ہے یہ بھی امام مالکؒ کی سند ہے مگر وہ ثور بن زید سے روایت کرتے ہیں، یہ دِیلی مدنی ہیں اور ثقہ ہیں، اور ایک دوسرا راوی ثور بن یزید ہے یہ حمص کا باشندہ ہے یعنی شامی ہے، اور یہ بھی ثقہ ہے مگر اس سند میں یہ راوی نہیں ...... اور ابوالغیث کا نام سالم ہے، یہ مدنی ہیں، ابن مطیع کے آزاد کردہ ہیں اور ثقہ راوی ہیں۔

بابُ ماجاء فی طَلاَ قَةِ الْوَجْهِ وَحُسْنِ الْبِشْرِ

خندہ پیشانی اور شگفتہ روئی کا بیان

معاشرہ کی خوبی اس بات کی رہین منت ہے کہ ہر شخص خندہ پیشانی، ہشاش بشاش دوسرے سے ملے، تاکہ باہمی ملاقاتیں خوش گوار ہوں اگر لوگ ترش روئی اور منہ لٹکا کر ایک دوسرے سے ملیں گے تو ہر شخص کبیدہ خاطر ہوگا۔ اس لئے معاشرہ کو پروان چڑھانے کے لئے بوقت ملاقات بشاشت ضروری ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ہر معروف (وہ کام جس کی خوبی عقل وشرع سے ثابت ہو) خیرات ہے، یعنی اس پر اجر وثواب ملتا ہے، اور معروف کاموں میں سے یہ دو کام ہیں: ایک: آپ اپنے دینی بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملیں، دوسرا: آپ اپنے ڈول میں سے اپنے دینی بھائی کے برتن میں پانی ڈالیں یعنی اس کے پاس ڈول نہ ہو تو آپ اپنے ڈول سے اس کا مٹکا بھر دیں۔

[٤٥-] باب ماجاء فی طَلاَقَةِ الْوَجْهِ وَحُسْنِ الْبِشْرِ

[١٩٦٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا الْمُنْكَدِرُ بنُ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ، وَإِنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ: أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ، وأَنْ تُفْرِغَ مَنْ دَلْوِكَ فِيْ إِنَاءِ أَخِيْكَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الصِّدْقِ وَالْكِذْبِ

سچ بولنے اور جھوٹ بولنے کا بیان

سچ بولنا اور جھوٹ بولنا: ایسی دو باتیں ہیں جن سے معاشرہ سنورتا ہے اور بگڑتا ہے، اگر لوگ آپس میں سچ بولیں گے تو معاشرہ پروان چڑھے گا، اور اگر جھوٹ بولیں گے تو طرح طرح کی خرابیاں پیدا ہونگی، اس لئے اسلام نے سچ بولنے کی بہت زیادہ تاکید کی ہے اور جھوٹ بولنے سے بہت سختی سے روکا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: سچ بولنے کو لازم پکڑو، اس لئے کہ سچ بولنا نیک کاموں کی راہ دکھاتا ہے، اور نیک کام جنت میں پہنچاتے ہیں، اور آدمی برابر سچ بولتا رہتا ہے اور سچ بولنے کی کوشش کرتا ہے، یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک نہایت سچا لکھ دیا جاتا ہے...... اور جھوٹ بولنے سے بچو، اس لئے کہ جھوٹ بولنا بدکاریوں کی راہ دکھاتا ہے اور بدکاریاں دوزخ میں پہنچاتی ہیں، اور بندہ برابر جھوٹ بولتا رہتا ہے اور جھوٹ بولنے کی کوشش کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے نزدیک مہا جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔

تشریح: اعمال کا حال عادات جیسا ہے، اور جس طرح اچھی بری عادتیں آہستہ آہستہ بنتی ہیں اچھے برے اعمال میں کمال بھی رفتہ رفتہ پیدا ہوتا ہے، اور ایک اچھا عمل دوسرے اچھے عمل تک پہنچاتا ہے اور اسی طرح آدمی اچھے اعمال کرتا کرتا جنت میں پہنچ جاتا ہے، سچ بولنا بھی ایک ایسا ہی نیک عمل ہے جو دوسرے نیک عمل تک مفضی ہوتا ہے، پھر وہ نیک اعمال اسے جنت تک پہنچاتے ہیں، اور جھوٹ بولنا نہایت برا عمل ہے وہ دوسرے برے عمل تک مفضی ہوتا ہے اور آدمی یکے بعد دیگرے برائیاں کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ جہنم میں پہنچ جاتا ہے۔

دوسرا مضمون اس حدیث میں یہ ہے کہ آدمی صدیق (نہایت سچا) اور کذاب (نہایت جھوٹا) ایک دم نہیں بن جاتا بلکہ رفتہ رفتہ بنتا ہے، اگر آدمی برابر سچ بولتا رہے اور سچ بولنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دے تو ایک دن وہ صدیق بن جاتا ہے اور یہی حال جھوٹ بولنے کا ہے، پس ہر مؤمن کو سچ بولنے کی پوری کوشش کرنی چاہئے تاکہ نبوت کے بعد جو سب سے بڑا مقام (صدیقیت) ہے اس کو حاصل کرسکے، اور جھوٹ سے ہر طرح دامن بچانا چاہئے، چھوٹی چنگاری کو بھی چھوٹا نہیں سمجھنا چاہئے، وہ گھر پھونک سکتی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا كَذَبَ العَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ المَلَكُ مِيلًا مِنْ نَتْنِ مَاجَاءَ بِهِ: جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو فرشتہ اس سے ایک میل دور چلا جاتا ہے اس کلمہ کی بدبو سے جس کو وہ بولا ہے۔

تشریح: جس طرح اس مادّی عالم کی مادی چیزوں میں خوشبو اور بدبو ہوتی ہے اسی طرح اچھے اور برے اعمال اور کلمات میں بھی خوشبو اور بدبو ہوتی ہے، جس کو اللہ کے فرشتے اسی طرح محسوس کرتے ہیں جس طرح ہم یہاں کی مادی خوشبو اور بدبو محسوس کرتے ہیں، اور کبھی کبھی وہ اللہ کے بندے بھی اس کو محسوس کرتے ہیں جن کی روحانیت ان کی مادیت پر غالب آجاتی ہے (معارف الحدیث ۲: ۲۶۴)

[٤٦-] باب ماجاء في الصِّدْقِ وَالْكِذْبِ

[١٩٦٩-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلَيْكُم بِالصِّدْقِ، فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ إِلَى

الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِیْ إِلَی الْجَنَّةِ، وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ، وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ، حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا، وإِيَّاكُمْ وَالْكِذْبَ، فَإِنَّ الْكِذْبَ يَهْدِیْ إِلَى الْفُجُوْرِ، وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِیْ إِلَى النَّارِ، وَمَا يَزَالُ العَبْدُ يَكْذِبُ، وَيَتَحَرَّى الْكِذْبَ حَتَّى يُكْتَبَ عِندَ اللّٰهِ كَذَّابًا"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ الشِّخِّيْرِ، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[١٩٧٠-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى قَالَ: قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحِيْمِ بنِ هَارُوْنَ الغَسَّانِيِّ: حَدَّثَكُمْ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِیْ رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: " إِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَباعَدَ عَنْهُ المَلَكُ مِيْلاً مِنْ نَتْنِ مَاجاءَ بِهِ" قَالَ يَحْيَى: فَأَقَرَّ بِهِ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ هَارُوْنَ، وَقَالَ: نَعَمْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ جَيِّدٌ غريبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، تفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ هَارُوْنَ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں عبدالرحیم بن ہارون غسانی ہے، یہ راوی ضعیف ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی حدیث کو حسن کہا ہے، کیونکہ آپ ہلکے ضعیف راوی کی حدیث کو حسن کہتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی الفُحْشِ

بری باتوں کا بیان

فُحْش: باب نصر اور کرم کا مصدر ہے، فَحَشَ القولُ أو الفعلُ کے معنی ہیں: قول و فعل کا انتہائی برا ہونا، قابل مذمت ہونا اور الفاحِشَة کے معنی ہیں: قابل نفرت قول و فعل، گندی بات اور گندہ کام۔ اور تفَحَّشَ کے معنی ہیں: بہ تکلف فحش گفتگو کرنا۔ فحش گوئی، بدکلامی اور گالی گلوچ بھی معاشرہ کے لئے کلنک کا ٹیکہ ہے، اور خوش کلامی، شرم وحیا اور لحاظ ومروت معاشرہ کے لئے خوبی کی بات ہے۔

پھر بعض لوگ تو بدکلامی اور گالی گلوچ کے عادی ہوتے ہیں، اور بعض بہ تکلف بھونڈے الفاظ بولتے ہیں، یہ بھی طریقۂ نبوی کے خلاف ہے، نبی ﷺ نہ فطری طور پر بدگو تھے نہ بہ تکلف بدگوئی فرماتے تھے، بلکہ آپؐ خوش کلام تھے، لوگوں سے سنجیدہ گفتگو کرتے تھے، اور آپؐ کا ارشاد ہے: ماكان الفُحْشُ فی شيئٍ إلا شانَه، وماكان الحياءُ فی شيئٍ إلا زَانَه: جس چیز میں بھی بدگوئی شامل ہوجاتی ہے: وہ اس کو عیب دار بنادیتی ہے، اور جس چیز میں بھی حیاء لحاظ شامل ہوجاتا ہے وہ اس کو شاندار بنادیتا ہے، اور حضرت عبداللہ بن عمروؓ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نہ فطری طور پر بدگو تھے اور نہ بتکلف بدگوئی کرتے تھے، کیونکہ یہ بداخلاقی ہے، اور نبی ﷺ کا ارشاد ہے: خيارُكم أَحاسِنُكُمْ أَخْلاَقًا: تم میں بہتر وہ لوگ ہیں جو تم میں اخلاق کے اعتبار سے بہتر ہیں، پس لوگوں کو چاہئے کہ خوش کلامی اختیار کریں، لحاظ ومروت سے کام لیں اور بدکلامی اور گالی گلوچ سے دور رہیں، اور لوگوں سے بھونڈے انداز پر خطاب نہ

کریں، اس سے معاشرہ کی قدر گھٹتی ہے۔

[٤٧-] باب ماجاء في الفُحْشِ

[١٩٧١-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَاكَانَ الفُحْشُ فِيْ شَيْئٍ إِلَّا شَانَهُ، وَمَا كَانَ الحَيَاءُ فِيْ شَيْئٍ إِلَّا زَانَهُ"

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.

[١٩٧٢-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خِيَارُكُمْ أَحَاسِنُكُمْ أَخْلاَقًا" وَلَمْ يَكُنِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا وَلاَ مُتَفَحِّشًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في اللَّعْنَةِ

لعنت کا بیان

اللَّعْنة: باب فتح کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: بددعا دینا، لعنت بھیجنا، اور لَعَنَه الله کے معنی ہیں: یہ کہنا کہ اللہ تعالیٰ اس کو خیر سے محروم کردے، اور بھلائی سے دور کردے۔

لعنت کرنا، پھٹکار بھیجنا اور بددعا دینا: بدگوئی کا آخری درجہ ہے اور ڈھیلا اگر کسی سخت چیز پر پھینکا جائے تو وہ ٹکرا کر واپس آتا ہے، اسی طرح لعنت اگر کسی ایسے شخص پر کی جائے جو لعنت کا مستحق نہیں تو وہ لوٹ کر واپس آتی ہے، اور لعنت بھیجنے والا خود معلون ہوجاتا ہے، اور ڈھیلا اگر کسی نرم چیز پر مارا جائے تو وہ اس میں گھس جاتا ہے، اسی طرح لعنت اگر مستحق پر بھیجی جائے تو وہ اس پر اثر انداز ہوتی ہے، اور وہ ملعون ہوجاتا ہے، اس لئے جس شخص کا بالیقین دشمن خدا ہونا معلوم ہو جیسے شیطان، فرعون اور قادیانی وغیرہ، ان پر لعنت بھیجنا جائز ہے، اور جس کا بالیقین کافر ہونا معلوم نہ ہو اس پر لعنت بھیجنا جائز نہیں، کیونکہ اگر وہ مستحق نہ ہوا تو لعنت لوٹ کر لعنت بھیجنے والے پر واپس آئے گی، اور وہ خود ملعون ہوجائے گا۔

پھر لعنت تو آخری درجہ کی بددعا ہے، شریعت نے تو عام بددعا کرنے سے بھی روکا ہے، کیونکہ کبھی قبولیت کی گھڑی

ہوتی ہے اور بددعا قبول ہوجاتی ہے، پھر پچھتانا پڑتا ہے، علاوہ ازیں: لعنت ملامت کرنے سے اور بددعائیں دینے سے معاشرہ بھی خراب ہوتا ہے، لوگوں کے دلوں میں میل اور آپس میں عداوتیں پیدا ہوتی ہیں، اس لئے ہمیشہ لوگوں کو اچھی دعائیں دینی چاہئیں یا خاموش رہے، لعنت ملامت کرنے سے اور بددعائیں دینے سے احتراز کرے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لاتلاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ، وَلاَ بِغضَبِه، ولا بِالنَّارِ: ایک دوسرے پر اللہ کی لعنت مت بھیجو، نہ اللہ کے غصہ کی بددعا کرو، اور نہ دوزخ کی بددعا کرو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لَيس المُؤْمِنُ بِالطَّعَّان، وَلاَ اللَّعَّانِ، وَلاَ الْفَاحِشِ، وَلاَ البَذِيِّ: مؤمن طعنہ باز نہیں ہوتا، نہ بے حد لعنت کرنے والا ہوتا ہے، نہ بدگوئی کرنے والا ہوتا ہے اور نہ بے ہودہ باتیں کرنے والا ہوتا ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ کے سامنے کسی نے ہوا پر لعنت بھیجی (ہوا اس کے کپڑے اڑا رہی ہوگی) اس پر نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہوا پر لعنت مت بھیجو اس لئے کہ وہ حکم دی ہوئی ہے'' یعنی وہ اللہ کے حکم سے چلتی ہے، وہ اپنے اختیار سے کسی کو پریشان نہیں کرتی ''اور بیشک شان یہ ہے کہ جو شخص کسی ایسی چیز پر لعنت بھیجتا ہے جو اس کا اہل نہیں تو وہ لعنت: بھیجنے والے پر لوٹ آتی ہے'' (یہ وہی بات ہے جو اوپر ہم نے تمہید میں سمجھائی ہے)

[۴۸-] باب ماجاء فی اللَّعْنَةِ

[۱۹۷۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لاَ تَلاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ، وَلاَ بِغَضَبِهِ، وَلاَ بِالنَّارِ''

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِىْ هُريرةَ، وابنِ عُمَرَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۹۷۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ الأَزْدِيُّ البَصْرِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ سَابِقٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لَيْسَ المُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ، وَلاَ اللَّعَّانِ، وَلاَ الفَاحِشِ، وَلاَ البَذِيِّ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۱۹۷۵-] حدثنا زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا بِشْرُ بنُ عُمَرَ، ثَنَا أَبَانُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِى الْعَالِيَةِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلاً لَعَنَ الرِّيْحَ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''لاَتَلْعَنِ الرِّيْحَ، فَإِنَّهَا مَأْمُوْرَةٌ، وَإِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ، لاَ نَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيْرَ بِشْرِ بنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء فی تَعَلُّمِ النَّسَبِ

نسب سیکھنے کا بیان

قریب کے رشتہ داروں کو تو لوگ جانتے ہیں مگر دور کے رشتہ داروں سے واقف نہیں ہوتے، دادا پر دادا کے اوپر سے پھیلے ہوئے رشتہ دار بہت کم لوگ جانتے ہیں، ایسی صورت میں دور کے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی اور حسن سلوک کیسے کریں گے! اس لئے نبی ﷺ نے حکم دیا: تَعَلَّمُوْا مِنْ أَنْسَابِكُمْ، مَاتَصِلُوْنَ بِه أَرْحَامَكُمْ: اپنے نسبوں میں سے اتنے سیکھو جن کے ذریعہ تم اپنے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرسکو، یعنی پہچان سکو کہ یہ ہمارے رشتہ دار ہیں، پس ان کے ساتھ حسن سلوک کرسکو، فَإِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِی الأَهْلِ، مَثْرَاةٌ فی المال، مَنْسَأَةٌ فی الأَثَرِ: پس بیشک خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنا: خاندان میں محبت کا سبب ہے، مال میں زیادتی کا ذریعہ ہے اور نشان میں تاخیر کا باعث ہے۔

تشریح:

۱- جو شخص خاندان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے اس سے پورا خاندان محبت کرتا ہے، اس لئے فرمایا کہ صلہ رحمی خاندان کی محبت کا باعث ہے۔

۲- المَثْراة کے معنی ہیں: مال کی کثرت کا سبب، اسی سے اردو میں ثروت بمعنی مالداری مستعمل ہے، خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے آدمی کا مال بڑھتا ہے، آدمی کو اس کی قسمت کا بھی ملتا ہے اور دوسروں کی قسمت کا بھی، آدمی جب تک اکیلا ہوتا ہے یا صرف میاں بیوی ہوتے ہیں آمدنی کم ہوتی ہے، پھر جب اولاد ہوتی ہے تو آمدنی بھی بڑھتی ہے، کیونکہ اولاد کے حصہ کی روزی بھی اللہ تعالیٰ باپ کو دیتے ہیں، اسی طرح غریبوں پر خیرات کرنے والے کی روزی بھی بڑھتی ہے، غریبوں کی قسمت کی روزی بھی اللہ تعالیٰ اس خیرات کرنے والے کے واپا بھیجتے ہیں، یہی حال خاندان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا ہے، وہ بھی مال میں زیادتی کا سبب ہے۔

۳- مَنْسَأَةٌ کے معنی ہیں: درازی عمر کا باعث، نَسَأَ الشيئَ کے معنی ہیں: مؤخر کرنا، اور الأَثَر کے معنی ہیں: نشان، جیسے چلنے والے کے پیروں کے نشان: اس کے قدموں کے آثار ہیں، صلہ رحمی: نشان میں تاخیر کا سبب ہے، یعنی ایسے شخص کو لمبے عرصہ تک لوگ یاد کرتے ہیں، اس کے گن گاتے ہیں، اور لوگ دنیا میں اپنا نام باقی رکھنے کے لئے ہر طرح کے جتن کرتے ہیں، پس صلہ رحمی کر کے بھی دیکھ لیں، یہ بھی آدمی کو یادگار بناتا ہے۔

اور دوسرا مطلب: یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ صلہ رحمی سے عمر دراز ہوتی ہے، اور زیادہ جینے کی تمنا ہر شخص رکھتا ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ صلہ رحمی کریں، خاندان کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، ان کی عمر میں اضافہ ہوگا، امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کا یہی مطلب بیان کیا ہے۔

[٤٩-] باب ماجاء فی تعَلُّمِ النَّسَبِ

[١٩٧٦-] حدثنا أَحمدُ بنُ مُحمدٍ، ثَنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبارَكِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عِيْسَى الثَّقفِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" تعَلَّمُوْا مِنْ أَنْسَابِكُمْ مَاتَصِلُوْنَ بِهِ أَرْحَامَكُمْ، فَإِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِي الْأَهْلِ، مَثْرَاةٌ فِي المَالِ، مَنْسَأَةٌ فِي الْأَثَرِ"
هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" مَنْسَأَةٌ فِي الْأَثَرِ" يَعْنِيْ بِهِ الزِّيَادَةَ فِيْ العُمُرِ.

بابُ ماجاء فی دَعْوَةِ الْأَخِ لِأَخِيْهِ بِظَهْرِ الغَيْبِ

مسلمان کی مسلمان کے لئے پیٹھ پیچھے دعا

جس طرح بری دعاؤں سے معاشرہ خراب ہوتا ہے، اچھی دعاؤں سے معاشرہ کی قدریں بڑھتی ہیں، آپس میں میل ملاپ پیدا ہوتا ہے، اور جس طرح بددعائیں ممنوع ہیں نیک دعائیں مطلوب ہیں، اور جس طرح بددعائیں پیٹھ پیچھے ممنوع ہیں، نیک دعائیں مطلوب ہیں، بلکہ جو دعائیں پیٹھ پیچھے کی جاتی ہیں وہ جلد قبول ہوتی ہیں، کیونکہ ان میں اخلاص زیادہ ہوتا ہے، سامنے کی دعا میں بناوٹ اور دکھاوا بھی ہوسکتا ہے، مگر پیٹھ پیچھے کی دعا میں اس کا کوئی احتمال نہیں ہوتا، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: مَا دَعْوَةٌ أَسْرَعَ إِجَابَةً مِنْ دَعْوَةِ غَائِبٍ لِغَائِبٍ: کوئی دعا زیادہ جلد قبول ہونے والی نہیں، غائب کی دعا سے غائب کے لئے، یعنی اگر کوئی شخص پیٹھ پیچھے کسی کے لئے دعا کرے تو وہ دعا بہت جلد قبول ہوجاتی ہے، کیونکہ وہ مبنی بر اخلاص ہوتی ہے اور یہ حدیث ٹھیک ہے، افریقی ٹھیک راوی ہے، اس پر جرح غلط فہمی کی وجہ سے کی گئی ہے (تفصیل تحفۃ الالمعی ۱: ۲۸۵ میں گذر چکی ہے) مگر امام ترمذی رحمہ اللہ اس راوی سے ناراض ہیں، اس لئے ہر جگہ اس کو ضعیف قرار دیتے ہیں۔

[٥٠-] باب ماجاء فی دَعْوَةِ الْأَخِ لِأَخِيْهِ بِظَهْرِ الغَيْبِ

[١٩٧٧-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا قَبِيْصَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ زِيَادِ بنِ أَنْعُمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَا دَعْوَةٌ أَسْرَعَ إِجَابَةً مِنْ دَعْوَةِ غَائِبٍ لِغَائِبٍ"
هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالإِفْرِيْقِيُّ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ، وَهُوَعَبْدُ الرحمنِ بنُ زِيَادِ بنِ أَنْعُمٍ الإِفْرِيْقِيُّ.

بابُ ماجاء فی الشَّتْمِ

گالی گلوچ کا بیان

گالیاں بکنا اور فحش باتیں کرنا بھی معاشرہ کو خراب کرتا ہے، اور دلوں میں نفرت کا بیج بوتا ہے جس کا انجام بہت برا ہوتا ہے، اس لئے معاشرہ کو اس سے بھی پاک رکھنا ضروری ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: **المُسْتَبَّانِ: مَاقَالاَ: فَعَلَی الْبَادِئِ مِنْهُمَا، مالم یَعْتَدِ المظلومُ**: ایک دوسرے کو گالیاں دینے والے: جو کچھ دونوں کہتے ہیں: پس اس کا گناہ دونوں میں سے ابتداء کرنے والے پر ہے، جب تک مظلوم حد سے نہ بڑھے (اور اگر وہ حد سے نکل جائے یعنی ظالم سے سخت یا زیادہ گالیاں دے تو پھر وہ خود اپنی گالیوں کا ذمہ دار ہے اس کی گالیوں کا گناہ اسی پر ہوگا)

لغات: **المُسْتَبَّان**: تثنیہ ہے **المُسْتَبُّ** کا، اس کا فعل ہے **اسْتَبّ**: ایک دوسرے کو گالی دینا، اور اس کا مجرد: **سَبَّ یَسُبُّ سَبًّا** ہے یعنی گالی دنیا، برا کہنا...... **البادِئُ**: اسم فاعل ہے، **بَدَأَ یَبْدَأُ بَدْأً الشيئَ** سے جس کے معنی ہیں: شروع کرنا، آغاز کرنا...... **اعتدَی علیه** کے معنی ہیں: زیادتی کرنا، حد سے بڑھنا، تجاوز کرنا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: **لاتَسُبُّوْا الْأَمْوَاتَ فَتُؤْذُوْا الْأَحْیَاءَ**: مرے ہوؤں کو گالیاں مت دو، پس تم زندوں کو ستاؤ۔

تشریح: جو لوگ دنیا سے گذر گئے ان کو برا کہنا اور گالیاں دینا اس لئے جائز نہیں کہ اس سے ان کے زندہ متعلقین کو تکلیف ہوگی، اس لئے جس طرح زندہ شخص کو گالیاں دینا حرام ہے، مردوں کو گالیاں دینا بھی حرام ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: **سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ**: مسلمان کو گالی دینا فسق (دینداری کی حد سے نکلنا) ہے اور مسلمان کو قتل کرنا کفر ہے۔

تشریح: فسق کے معنی ہیں حد سے نکل جانا، کہتے ہیں: **فَسَقَتِ الرَّطْبَةُ عَنْ قِشْرِهَا**: کھجور اس کے گابھے سے نکل آئی، اور دینداری کی بھی ایک حد (سرکل) ہے، جو شخص اس کے اندر ہے وہ دیندار ہے، اور جو اس سرکل سے نکل گیا وہ فاسق ہے، تمام حرام کاموں اور کبیرہ گناہوں کا مرتکب سرکل سے باہر ہو جاتا ہے، پس جب مسلمان کو گالی دینا فسق ہے تو معلوم ہوا کہ یہ حرام کام ہے اور کبیرہ گناہ ہے، اور کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کرنا آخری درجہ کا کبیرہ گناہ ہے، جیسے جان بوجھ کر نماز چھوڑنا آخری درجہ کا کبیرہ گناہ ہے اور ایسے گناہوں پر حدیثوں میں کفر کا اطلاق آیا ہے، نماز چھوڑنے والے پر بھی یہ اطلاق آیا ہے۔

سوال: گناہ دو طرح پر کیا جاتا ہے: ایک: گناہ کو گناہ سمجھ کر، دوسرا گناہ کو حلال سمجھ کر۔ پہلی صورت میں مؤمن کا

قتل بھی فسق ہے اور دوسری صورت میں مؤمن کو گالی دینا بھی کفر ہے، کیونکہ کسی بھی گناہ کو حلال سمجھ کر کرنا کفر ہے، پھر ایک کو فسق اور دوسرے کو کفر کیوں کہا؟

جواب: اوپر ہم نے جو حدیث کی شرح کی ہے اس سے جواب سمجھ میں آجائے گا۔ قتلِ مؤمن پر کفر کا اطلاق تہدیداً ہے، کیونکہ قتلِ مؤمن حقیقتاً کفر نہیں اور دونوں گناہوں میں فرقِ مراتب کرنے کے لئے ایک پر فسق اور دوسرے پر کفر کا اطلاق کیا ہے، اور یہ ارشاد گناہ کو گناہ سمجھتے ہوئے کرنے کی صورت میں ہے، کیونکہ گناہ کو کوئی مسلمان جائز سمجھ کر نہیں کرسکتا، الا یہ کہ وہ نام نہاد مسلمان ہو۔

[۵۱-] باب ماجاء فی الشَّتْمِ

[۱۹۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ العَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "المُسْتَبَّانِ: مَاقَالاَ: فَعَلَى البَادِئِ مِنهُمَا، مَالَمْ يَعْتَدِ المَظْلُوْمُ"

وفی الباب: عَنْ سَعْدٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۹۷۹-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بنِ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ المُغِيْرَةَ بنَ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تَسُبُّوْا الأَمْوَاتَ فَتُؤْذُوْا الأَحْيَاءَ"

وَقَد اخْتَلَفَ أَصْحَابُ سُفْيَانَ فِيْ هٰذَا الحديثِ، فَرَوَى بَعْضُهُمْ مِثْلَ رِوَايَةِ الحَفَرِيِّ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ سُفْيَانَ، عِنْ زِيَادِ بنِ عِلاَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلاً يُحَدِّثُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[۱۹۸۰-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ" قَالَ زُبَيْدٌ: قُلْتُ لِأَبِيْ وَائِلٍ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: دوسری حدیث کی سند میں تھوڑا اختلاف ہے، ابوداؤد حَفَری وغیرہ نے زیاد اور حضرت مغیرہؓ کے درمیان کوئی واسطہ ذکر نہیں کیا اور سفیان کے بعض تلامذہ: جیسے عبدالرحمٰن بن مہدی: زیاد اور حضرت مغیرہؓ کے درمیان ایک مجہول شخص کا واسطہ بڑھاتے ہیں، مگر صحیح سند بغیر واسطہ والی ہے، مگر چونکہ سند میں اختلاف ہوگیا اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا...... اور آخری حدیث کے آخر میں ہے کہ زبید یامی نے ابووائل شقیق بن سلمہ سے پوچھا: آپ نے یہ حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: جی ہاں!

بابُ ماجاء فی قَوْلِ المَعْرُوْفِ

بھلی بات کہنے کا بیان

قولُ المعروف: موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے، جاننا چاہئے کہ جس طرح بری باتوں سے معاشرہ بگڑتا ہے، بھلی باتوں سے سنورتا ہے اس لئے لوگوں کو چاہئے کہ ایسی باتیں کہیں جو عقلاً اور شرعاً پسندیدہ ہوں، تاکہ ثواب کے حق دار بھی بنیں، اور معاشرہ بھی سدھرے، واللہ المُوَفِّقُ۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں کچھ کمرے ایسے ہیں جن کا باہر اندر سے نظر آتا ہے اور ان کا اندر باہر سے نظر آتا ہے'' ایک بدّو کھڑا ہوا، اس نے پوچھا: یارسول اللہ! یہ کمرے کن لوگوں کے لئے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: لِمَنْ أَطَابَ الکلامَ، وأَطْعَمَ الطَّعَامَ، وأَدَامَ الصِّیَامَ، وَصَلّٰی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ: یہ کمرے ان لوگوں کے لئے ہیں جو اچھی باتیں کہتے ہیں، اور غریبوں کو کھلاتے ہیں اور ہمیشہ یعنی کثرت سے نفل روزے رکھتے ہیں، اور رات میں نماز پڑھتے ہیں جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس حدیث کا پہلا جملہ باب سے متعلق ہے یعنی اچھی باتیں کہنے والوں کو جنت میں شاندار کمرے ملیں گے، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اچھی باتیں کہنے کی توفیق عطا فرمائیں تاکہ ہم بھی ان کمروں کے وارث بنیں، مگر خیال رہے کہ یہ کمرے صرف اس ایک بات پر نہیں ملیں گے بلکہ حدیث میں جو چار باتیں ہیں ان کے مجموعے پر ملیں گے۔

[۵۲-] باب ماجاء فی قَوْلِ المَعْرُوْفِ

[۱۹۸۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، ثَنَا عَلِیُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' إِنَّ فِی الْجَنَّةِ غُرَفًا تُرَی ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا، وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا'' فَقَامَ أَعْرَابِیٌّ، فَقَالَ: لِمَنْ هِیَ یَارسولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ:'' لِمَنْ أَطَابَ الکَلَامَ، وأَطْعَمَ الطَّعَامَ، وأَدَامَ الصِّیَامَ، وَصَلّٰی بِاللَّیْلِ وَالنَّاسُ نِیَامٌ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ إِسْحَاقَ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ

نیک غلام کی منقبت

غلام باندی بھی معاشرہ کا ایک حصہ ہیں، مگر وہ دوسرے درجہ کے لوگ سمجھے جاتے ہیں بلکہ وہ خود بھی اپنے آپ کو فروتر سمجھتے ہیں، حالانکہ تمام انسان اللہ کے بندے ہیں اور دین کے تعلق سے سب یکساں ہیں، اور شریعت کی پابندی

سب پر لازم ہے، پس معاشرہ کا ہر فرد دیندار ہوگا، جبھی معاشرہ شاندار بنے گا، اگر معاشرہ میں کچھ لوگ دین پر عمل نہ کریں تو وہ گیہوں میں کنکر کی مثال ہونگے، ان کی وجہ سے معاشرہ کی خوبی خاک میں مل جائے گی، اس لئے احادیث میں غلاموں کو بھی دیندار بننے کی ترغیب دی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: نِعْمَ مَا لِأَحَدِهِمْ: أَنْ يُطِيْعَ اللّٰهَ، وَيُؤَدِّىْ حَقَّ سَيِّدِهِ: بہت اچھا ہے وہ غلام جو لوگوں میں سے کسی ایک کے لئے ہے: جو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرتا ہے اور اپنے آقا کا حق ادا کرتا ہے۔

تشریح: نِعْم فعل مدح ہے، اور مَا موصولہ ہے، اور اس سے مراد مملوک (غلام) ہے، اور أن يطيع سے غلام کے بہترین ہونے کی وجہ بیان کی ہے، جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی تو کعب احبارؒ نے کہا: صَدَقَ اللّٰهُ ورسولُه: اللہ نے اور ان کے رسول نے سچ فرمایا، یہ تصدیق انھوں نے یا تو اس لئے کی ہے کہ انھوں نے تجربہ سے ایسے دیندار غلام کی خوبی جانی ہوگی یا انھوں نے یہ بات اہل کتاب کی کتابوں میں پڑھی ہوگی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخص قیامت کے دن مشک کے ٹیلوں پر ہونگے: ایک: وہ غلام جو اللہ کا بھی حق ادا کرتا ہے اور اپنے آقاؤں کا بھی حق ادا کرتا ہے۔ دوسرا: وہ شخص جو کسی قوم کی امامت کرتا ہے درانحالیکہ وہ اس سے خوش ہیں، اور تیسرا: وہ شخص جو روزانہ پانچ نمازوں کی اذان دیتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث ابوالیقظان عثمان بن قیس کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ اس راوی کو اچھا سمجھتے ہیں، اس لئے حدیث کی تحسین کی ہے۔

[۵۳-] باب ماجاء فی فَضْلِ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ

[۱۹۸۲-] حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" نِعْمَ مَا لِأَحَدِهِمْ: أَنْ يُطِيْعَ اللّٰهَ، وَيُؤَدِّىَ حَقَّ سَيِّدِهِ" يَعْنِى الْمَمْلُوْكَ، وَقَالَ كَعْبٌ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ.

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۹۸۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِى الْيَقْظَانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ثَلاَثَةٌ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ" أَرَاهُ قَالَ: "يَوْمَ الْقِيَامَةِ: عَبْدٌ أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ، وَرَجُلٌ أَمَّ قَوْمًا وَهُمْ بِهِ رَاضُوْنَ، وَرَجُلٌ يُنَادِىْ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ، وَأَبُوْ الْيَقْظَانِ: اسْمُهُ عُثْمَانُ بنُ قَيْسٍ.

بابُ ماجاء فی مُعَاشَرَةِ النَّاسِ

لوگوں کے ساتھ میل جول کا بیان

انسان مدنی الطبع ہے، مل کر زندگی گذارنا اس کی فطرت ہے، جانوروں کی طرح دوسروں سے بےتعلق رہنا اس کے لئے ممکن نہیں، اس لئے میل جول کے لئے بھی کچھ احکام ہیں، تاکہ خوبصورت معاشرہ وجود میں آئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ مَا كُنْتَ: اللہ سے ڈرو جہاں بھی تم ہوؤ یعنی گھر میں ہوؤ، گھر سے باہر ہوؤ، تنہائی میں ہوؤ یا لوگوں کے ساتھ ہوؤ، جہاں بھی ہوؤ اللہ سے ڈرو، یعنی اللہ کے احکام کی خلاف ورزی مت کرو، اللہ سے ڈرنا اسی کا نام ہے، اللہ سے ڈرنا: دشمن سے، شیر سے یا سانپ سے ڈرنے کی طرح نہیں۔ یہ ڈرنا خوف کی وجہ سے ہوتا ہے، اور اللہ سے ڈرنا محبت کی وجہ سے ہوتا ہے، جیسے پیر سے، استاذ سے اور باپ سے ڈرنا محبت کی وجہ سے ہوتا ہے، مرید، شاگرد اور فرمانبردار بیٹا ہمیشہ کوشش کرتا ہے کہ اس سے کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہوجائے کہ پیر، استاذ یا باپ ناراض ہوجائے۔ اسی طرح مؤمن بندے کو بھی چونکہ اللہ تعالیٰ سے غایت درجہ محبت ہے اس لئے وہ سوچتا ہے کہ اسے کوئی کام ایسا نہیں کرنا چاہئے جس سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوجائیں۔ اور مؤمن جہاں بھی ہو اس کو اللہ سے ڈرنا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ اس کو ہر حال میں دیکھ رہے ہیں، تنہائی میں اگرچہ لوگ نہیں دیکھ رہے مگر اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں۔

۲-وَأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الحَسَنَةَ: تَمْحُهَا: اور برائی کے پیچھے نیکی کرو، نیکی برائی کو مٹادے گی۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾ نیک کام یقیناً برے کاموں کو مٹادیتے ہیں، انسان چونکہ بشر ہے اس لئے اس سے غلطی ہوجاتی ہے۔ پس اگر کوئی گناہ ہوجائے تو اس کے پیچھے نیکی بھیجنی چاہئے، جیسے کپڑے پر داغ لگ جائے تو فوراً اس کو دھوڈالنا چاہئے، داغ باقی نہیں رکھنا چاہئے۔ اور گناہ کے بعد نیکی گناہ سے تعلق رکھنے والی بھی ہوسکتی ہے اور عام نیکی بھی ہوسکتی ہے، مثلاً حالت حیض میں بیوی سے صحبت کرلی تو ایک دینار صدقہ کرنا یا قسم توڑ دی تو کفارہ ادا کرنا یا گناہ ہوگیا تو صلوۃ التوبہ پڑھ کر توبہ کرنا یہ سب گناہ سے تعلق رکھنے والی نیکیاں ہیں۔ اور عام نیکیاں کوئی بھی نیک کام کرنا ہے، اس سے بھی گناہ مٹ جاتے ہیں، جیسے وضو سے، نمازوں سے، عرفہ وغیرہ کے روزوں سے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔

۳-وَخَالِقِ الناسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ: اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق کا برتاؤ کرو، اس حکم کا باب سے تعلق ہے، پس معاشرتی معاملات میں اور باہمی میل جول میں ہر شخص کو چاہئے کہ اچھے اخلاق برتے تاکہ صالح معاشرہ وجود میں آئے۔

[٥٤-] باب ماجاء فی مُعَاشَرَةِ النَّاسِ

[١٩٨٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بنِ أَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ مَا كُنْتَ، وأَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الحَسَنَةَ: تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ"

وفی الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ قَالَ مَحْمُوْدٌ: وَحَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بنِ أَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ، قَالَ مَحمودٌ: وَالصَّحِيْحُ حَدِيْثُ أَبِيْ ذَرٍّ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی دو سندیں پیش کی ہیں، ایک حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ تک پہنچتی ہے اور دوسری حضرت معاذ رضی اللہ عنہ تک۔ اور آخر میں فرمایا ہے کہ صحیح سند پہلی ہے۔

بابُ ماجاءَ فی ظَنِّ السُّوْءِ

بدگمانی کا بیان

ظَنُّ السُّوْء میں موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے، اردو میں السُّوء کو پہلے لاکر "بدگمانی" کہتے ہیں، اور السَّوْء (بفتح السین) مصدر ہے، اور السُّوء (بضم السین) اسم ہے، جس کی جمع أسواءٌ آتی ہے، دونوں کے معنی ہیں: برائی، کہا جاتا ہے: رَجُلُ سَوْءٍ اور عَملُ سَوْءٍ: برا آدمی، اور برا کام۔ پس ظَنُّ السُّوْء کے معنی ہیں: برا گمان اور ظن کے معنی ہیں: گمان، خواہ اچھا ہو یا برا، مگر کبھی بدگمانی بھی اس لفظ کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔

باہمی اختلافات کو اس طرح بھی بڑھاوا ملتا ہے کہ ایک فریق دوسرے فریق سے بدگمان ہوجاتا ہے، وہ مخالف کی ہر بات کو اپنے خلاف سمجھتا ہے، اس کی بات میں اگرچہ ہزار احتمال بھلائی کے ہوں مگر وہ اس میں سے برائی کا پہلو نکال لیتا ہے، پھر وہ اس برے پہلو کی بنیاد پر فریق مخالف پر تہمتیں اور الزام لگانا شروع کرتا ہے، پھر اس جستجو میں رہتا ہے کہ دوسری طرف کے بھید معلوم ہوں تاکہ اس پر خوب حاشیے چڑھائے اور اس کی غیبت سے اپنی مجلسیں گرم کرے، اسی لئے سورۃ الحجرات (آیت ١٢) میں ان تینوں چیزوں کی بالترتیب ممانعت فرمائی، ارشاد پاک ہے:

﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اجْتَنِبُوْا كَثِيْراً مِّنَ الظَّنِّ، إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ، وَلاَ تَجَسَّسُوْا وَلاَ يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا﴾

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو، کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اور جستجو میں مت رہو، اور کوئی کسی کی

غیبت نہ کرے، اگر مسلمان اس ہدایت ربانی پر عمل کریں تو بدقسمتی سے جو اختلافات رونما ہوگئے ہیں وہ بھی اپنی حد سے آگے نہیں بڑھیں گے، اوران کا ضرر بہت محدود ہوجائے گا، بلکہ چند دن میں اختلافات کا نام ونشان بھی باقی نہیں رہے گا (ماخوذ از فوائد شبیریہ)

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ظن کے معنی ہیں: گمان، خیال، اٹکل اور اندازہ، یعنی ذہن کا کسی چیز کو ترجیح کے ساتھ قبول کرلینا: **الاعتقادُ الراجحُ مع احتمالِ النقیض** اور ظن کبھی شک اور کبھی یقین کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اور ظن کی بقول امام ابوبکر جصاص رحمہ اللہ چار قسمیں ہیں: حرام، واجب، مندوب اور مباح۔ آیت کریمہ میں ممنوع گمان کا بیان ہے، باقی تین قسموں کا تذکرہ نہیں۔ اس لئے لفظ کثیراً بڑھایا ہے یعنی بہت سے گمانوں سے بچو، معلوم ہوا کہ بعض گمان جائز بھی ہیں اور وہ وہی ہیں جن کو جصاصؒ نے واجب، مندوب اور مباح قرار دیا ہے، جس کی تفصیل معارف القرآن شفیعی میں اسی آیت کے ذیل میں ہے۔

پھر یہ بہت سے گمان جن سے بچنے کا حکم ہے اگر ان کے مطابق کلام بھی کیا جائے یعنی ان کی بنیاد پر الزام تراشا جائے تو وہ گناہ ہے، اور اگر ان کی بنیاد پر کوئی کلام نہ کیا جائے تو وہ صرف ممنوع ہیں گناہ نہیں، یعنی مکروہ تنزیہی ہیں، اسی طرح آئندہ حدیث میں بھی اسی ممنوع گمان کا ذکر ہے، حدیث ہر گمان کو عام نہیں (۱)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **إِیّاکم والظَّنَّ، فإِنَّ الظنَّ أَکْذَبُ الحدیثِ**: بدگمانی سے بچو، پس بیشک بدگمانی نہایت جھوٹی بات ہے۔

تشریح: لفظ ''الحدیث'' میں اس طرف اشارہ ہے کہ جب تک گمان دماغ میں ہے گناہ نہیں، اگرچہ وہ بھی ممنوع ہے، البتہ جب وہ زبان پر آئے گا اور غلط ہوگا تو گناہ ہوگا اور نہایت گھناؤنا گناہ ہوگا، کیونکہ گمان پر اعتماد کرکے جو

---

(۱) اور وہ گمان جو واجب یا مندوب یا مباح ہیں ان کے بارے میں نصوص یہ ہیں: (۱) سورۃ النور آیت ۱۲۵ ہے: ﴿لَوْلاَ إِذْسَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بِأَنْفُسِهِمْ خَيْراً وَقَالُوْا: هٰذَا إِفْكٌ مُبِيْنٌ﴾ یعنی جب آپ لوگوں نے یہ بات (حضرت صدیقہ پر تہمت) سنی تو مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں نے اپنے لوگوں کے بارے میں نیک گمان کیوں نہ کیا، اور یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ یہ صریح جھوٹ ہے (۲) ایک ضعیف حدیث ہے: **إنَّ من الحَزْمِ سُوْءُ الظَّنِّ**: احتیاط کی بات یہ ہے کہ آدمی بدگمان رہے، یعنی تحقیق کے بغیر کسی پر اعتماد نہ کرے (۳) اور ایک بزرگ نے کہا ہے: **ظُنُّوْا بالمؤمنین خیراً**: یعنی مؤمنین کے بارے میں اچھا گمان رکھو (۴) اور قبلہ معلوم نہ ہو تو تحری کرکے جو ظن غالب قائم ہو اس پر عمل کرنا واجب ہے (۵) نماز پڑھتے ہوئے رکعتوں کی تعداد میں شک ہوجائے تو بخاری میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ تحری کی جائے اور جو ظن غالب قائم ہو اس پر عمل کیا جائے (۶) اور حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک إخالة یعنی مجتہد کا گمان بھی استنباط مسائل میں معتبر ہے...... غرض ہر گمان ناجائز نہیں بلکہ لوگ آپس میں جو برے گمان قائم کرتے ہیں وہی آیت اور حدیث کا مصداق ہیں۔

باتیں کی جاتی ہیں وہ عام طور پر از قبیل الزامات ہوتی ہیں، اس لئے وہ أكذب الحديث ہیں۔ حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: گمان کی دو قسمیں ہیں: ایک گمان گناہ ہے، اور دوسرا گمان: گناہ نہیں، پس وہ گمان جو گناہ ہے وہ یہ ہے کہ آدمی ایک گمان قائم کرے پھر اس کو زبان پر لائے، اور اس کی بنیاد پر باتیں کرے، اور وہ گمان جو گناہ نہیں وہ یہ ہے کہ گمان گمان کی حد تک رہے، اس کو زبان پر نہ لائے تو اس میں کچھ گناہ نہیں، مگر پھر بھی ممنوع اس لئے ہے کہ وہ گمان گناہ تک پہنچا سکتا ہے۔

[٥٥-] باب ماجاء في ظَنِّ السُّوْءِ

[١٩٨٥-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ، فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الحَدِيْثِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَسَمِعْتُ عَبْدَ بنَ حُمَيْدٍ يَذْكُرُ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ سُفْيَانُ: الظَّنُّ ظَنَّانِ: فَظَنٌّ إِثْمٌ، وَظَنٌّ لَيْسَ بِإِثْمٍ، فَأَمَّا الظَّنُّ الَّذِيْ هُوَ إِثْمٌ: فَالَّذِيْ يَظُنُّ ظَنًّا، وَيَتَكَلَّمُ بِه، وَأَمَّا الظَّنُّ الَّذِيْ لَيْسَ بِإِثْمٍ: فَالَّذِيْ يَظُنُّ، وَلاَ يَتَكَلَّمُ بِهِ.

بابُ ماجاء في المِزَاحِ

خوش طبعی کا بیان

معاشرہ کی خوبی میں خوش طبعی کا بھی بڑا دخل ہے، کبھی کبھی حدود میں رہ کر ہنسی مذاق کرنا طبیعتوں میں فرحت پیدا کرتا ہے۔ نبی ﷺ کی سیرت میں خوش طبعی تھی، آپؐ کبھی کبھی دل لگی کی باتیں بھی کرتے تھے، حدیثوں میں اس سلسلہ کے متعدد واقعات آئے ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب الادب میں باب ٨١ الإنبساط إلى الناس قائم کیا ہے، یعنی کبھی سنجیدگی ختم کر دینا اور لوگوں سے بے تکلف ہو جانا بھی نبی ﷺ سے ثابت ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں چار روایتیں ذکر کی ہیں، ان میں سے پہلی روایت کتاب الصلوٰۃ (تحفۃ الالمعی ٢:١٥٥) میں گذر چکی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا ہمارے گھرانے کے ساتھ اتنا میل جول تھا کہ گھر کے چھوٹے بچوں کے ساتھ آپؐ دل لگی فرماتے تھے، میرا ایک چھوٹا بھائی تھا جو ہمیشہ اپنی چڑیا کے ساتھ کھیلتا رہتا تھا، ایک دن آپؐ نے اس کو مغموم دیکھا تو پوچھا: یہ بچہ آج مغموم کیوں ہے؟ گھر والوں نے بتایا کہ اس کی لال چڑیا مرگئی ہے، اس لئے عدت میں بیٹھا ہے، چنانچہ اس کے بعد آپؐ جب بھی ہمارے گھر تشریف لاتے تو اس بچہ کو چھیڑتے اور فرماتے: ''اوابو عمیر! تیری لال چڑیا کیا ہوئی؟'' بچہ کو اپنی محبوبہ یاد آجاتی اور وہ ہشاش بشاش ہو جاتا۔

اور آپؐ نے لفظوں کو ہم وزن کرنے کے لئے بچہ کی ابوعمیر کنیت رکھی، یہ ایک دل لگی ہوئی، پھر آپؐ اس بچہ کو اس کی لال چڑیا یاد دلاتے یہ دوسری دل لگی ہوئی چنانچہ وہ بچہ کھل جاتا۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمارے ساتھ دل لگی فرماتے ہیں، یعنی کیا یہ بات آپؐ کے شایانِ شان ہے؟ دل لگی میں کبھی لغو باتیں بھی کہی جاتی ہیں، اور متانت ووقار کے خلاف باتیں بھی کی جاتی ہیں جو شانِ نبوت کے خلاف ہیں، آپؐ نے جواب دیا: **إنّی لاأَقُوْلُ إلا حقًّا:** میں ہمیشہ سچ بات ہی کہتا ہوں، یعنی آپؐ کی دل لگی میں بھی کوئی بیہودہ بات نہیں ہوتی تھی نہ کوئی خلاف واقعہ بات ہوتی تھی، پس ایسی خوش طبعی شانِ نبوت کے منافی نہیں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے اپنے خادم حضرت انس رضی اللہ عنہ کو ایک مرتبہ دل لگی کے طور پر ''او دو کان والے'' کہہ کر پکارا، دو کان سبھی کے ہوتے ہیں، مگر اس طرح پکارنے سے خادم کے دل میں فرحت پیدا ہوئی، یہی مزاح اور خوش طبعی ہے۔

حدیث (۴): ایک صاحب جن میں بلاہت (کند ذہنی) تھی وہ (تحصیل علم کے لئے) مدینہ منورہ آئے، اتفاق سے ان کی سواری کا اونٹ مر گیا، ان کو بڑی فکر لاحق ہوئی کہ وہ واپس کیسے جائیں گے؟ انھوں نے نبی ﷺ سے سواری مانگی، آپؐ نے فرمایا: ''میں تمہیں سواری کے لئے اونٹنی کا بچہ دوں گا'' وہ اٹھ کر چلے گئے، اور اپنے ساتھیوں سے کہا: میں نے نبی ﷺ سے سواری کے لئے اونٹ مانگا تھا، آپؐ نے فرمایا: ''میں اونٹنی کا بچہ دوں گا'' میں بچہ کو کیا کروں گا؟ مجھے تو سواری چاہئے، ممکن ہے: نبی ﷺ میری بات نہ سمجھے ہوں، آپ لوگ جا کر عرض کریں کہ فلاں آدمی کو سواری چاہئے، لوگوں نے یہ بات عرض کی تو آپؐ نے فرمایا: **وهل تَلِدُ الإبلَ إلا النوقُ؟** ہر اونٹ: اونٹنی کا بچہ ہی تو ہوتا ہے! اس کا لفظی ترجمہ یہ ہے: نہیں جنتی اونٹوں کو مگر اونٹنیاں، **النُّوْق:** الناقة کی جمع ہے۔

فائدہ: دل لگی اور خوش طبعی مسنون ہے، مگر دو باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، ایک یہ کہ کوئی خلاف واقعہ بات نہ کہی جائے، دوسری یہ کہ کسی کی دل آزاری نہ کی جائے، ان دو باتوں کا خیال رکھ کر خوش طبعی سنت ہے، اسی طرح بہت زیادہ مذاق کرنا بھی وقار ومتانت کے خلاف ہے جو شخص لوگوں کو ہنساتا ہے وہ مسخرہ کہلاتا ہے، اور یہ برا لقب ہے، اس لئے اس درجہ کے مذاق سے بچنا چاہئے۔

[۵۶-] باب ماجاء فی المِزَاحِ

[۱۹۸۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الوَضَّاحِ الكُوْفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِى التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: إِنْ كَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيُخَالِطُنَا، حَتَّى إِنْ كَانَ لَيَقُوْلَ

لِأَخٍ لِي صَغِيْرٍ: "يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟"

حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ التَّيَّاحِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بنُ حُمَيْدٍ الضُّبَعِيُّ.

[١٩٨٧-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، ثَنَا عَلِيُّ بنُ الحَسَنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّكَ تُدَاعِبُنَا؟ قَالَ: "إِنِّيْ لَا أَقُوْلُ إِلَّا حَقًّا"

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "إِنَّكَ تُدَاعِبُنَا": إِنَّمَا يَعْنُوْنَ: إِنَّكَ تُمَازِحُنَا.

[١٩٨٨-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ: "يَاذَا الْأُذُنَيْنِ" قَالَ مَحمودٌ: قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: إِنَّمَا يَعْنِيْ بِهِ: أَنَّهُ يُمَازِحُهُ.

[١٩٨٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا خَالِدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الوَاسِطِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلًا اسْتَحْمَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنِّيْ حَامِلُكَ عَلَى وَلَدِ نَاقَةٍ" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَهَلْ تَلِدُ الإِبلَ إِلَّا النُّوْقُ؟" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في المِرَاءِ

بحث تکرار کا بیان

مِراءٌ: باب مفاعلہ کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: بحث ومباحثہ کرنا، حجت بازی کرنا، جھگڑا کرنا، سورۃ الکہف آیت ۲۲ میں ہے: ﴿فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا﴾ پس آپؐ غار والوں کے معاملہ میں سرسری بحث کے علاوہ بحث نہ کیجئے کیونکہ جب لوگوں میں تکرار بڑھتی ہے تو وہ جوتم پیزار ہوجاتے ہیں، اور معاشرہ بدنما بن جاتا ہے، اس لئے معاشرہ کی اصلاح کے لئے ضروری ہے کہ لوگ فضول بحث ومباحثہ اور تکرار نہ کریں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-مَنْ تَرَكَ الكَذِبَ، وَهُوَ بَاطِلٌ: بُنِيَ لَهُ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ: جس نے جھوٹ چھوڑ دیا درانحالیکہ وہ باطل پر ہے تو اس کے لئے جنت کے ڈانڈے (سرحد) میں مکان بنایا جائے گا۔ وھو باطلٌ میں ھو کا مرجع مَن ہے کَذِب نہیں ہے، کذب تو ہمیشہ ہی باطل ہوتا ہے، اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ بات کہنے والا غلط موقف پر ہے، مگر اس کو

ثابت کرنے کے لئے جھوٹ کا سہارا لے رہا ہے اور بحث ومباحثہ کررہا ہے، یہ غلط طریقہ ہے، پس جو اس سے احتراز کرے گا وہ قابل مبارک باد ہے، اور رَبَض کے معنی ہیں: شہر کے اردگرد کا علاقہ، اردو میں اس کو ڈانڈا کہتے ہیں۔

۲-وَمَنْ تَرَكَ المِرَاءَ، وهو مُحِقٌّ: بُنِيَ له في وَسَطِهَا: اور جس نے بحث وتکرار سے احتراز کیا درانحالیکہ وہ حق پر ہے، یعنی اس کا موقف صحیح ہے تو اس کے لئے جنت کے درمیان میں یعنی بہترین حصے میں مکان بنایا جائے گا، اس جملہ میں بھی ھو کا مرجع من ہے اور وَسَط سین کے زبر کے ساتھ ہے، جس کے معنی ہیں: بہترین حصہ، کیونکہ خیر الأُمورِ أَوْسَاطُها: درمیانی چیز بہترین ہوتی ہے۔

۳-وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَه بُنِيَ لَهُ في أعلاها: اور جس نے اپنے اخلاق سنوار لئے اس کے لئے بہشت بریں میں مکان بنایا جائے گا، اخلاق سنوارنا آسان کام نہیں، اس لئے جزاء بقدر مشقت ہے، چنانچہ اس کے لئے جنت کے بلند وبالا حصہ میں مکان بنایا جائے گا۔

ملحوظہ: اس حدیث کا راوی سلمۃ بن وردان لیثی ضعیف راوی ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی تحسین کی ہے، کیونکہ آپ ہلکے ضعیف راوی کی حدیث کی بھی تحسین کرتے ہیں، پھر ابوداؤد (حدیث ۴۸۰۰ کتاب الادب باب ۷) میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو اس کی شاہد ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: كفى بِكَ إِثْمًا أَنْ لاتزَالَ مُخاصِمًا: تیرے گناہ گار ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ تو ہمیشہ لڑتا جھگڑتا ہی رہے، اس لئے کہ ہر وقت جھگڑنا ایسی باتوں تک پہنچاتا ہے جو آدمی کو زیب نہیں دیتیں، جھگڑے میں کوئی نہ کوئی غلط بات منہ سے نکل جاتی ہے جو آدمی کو گنہ گار بنادیتی ہے، اس لئے ہر وقت نزاع تکرار سے بچنا چاہئے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ۱-لاتُمَارِ أَخَاكَ: اپنے دینی بھائی سے بحث وتکرار مت کرو ۲-وَلاَ تُمَازِحْهُ: اور اس کے ساتھ دل لگی مت کرو، یہ ممانعت اس دل لگی کی ہے جو ایذاء رسانی کا سبب بنے ۳-ولا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ: اور اس سے کوئی ایسا وعدہ مت کرو جس کو تم وفا نہ کرو۔

تشریح: کسی سے کوئی وعدہ کرتے وقت اگر وفا کا پکا ارادہ ہے پھر کسی مانع کی وجہ سے وعدہ پورا نہ کرسکا تو اس میں کوئی گناہ نہیں، اور اس حدیث میں ممانعت صرف اس صورت میں ہے کہ وعدہ کرتے وقت دل میں یہ ہو کہ وعدہ پورا نہیں کرنا، پس یہ نفاق ہے اور ممنوع ہے، مثلاً قرض دینے کا وعدہ کیا، پھر معلوم ہوا کہ وہ نادہند ہے، یا رقم کا انتظام نہ ہوسکا اس لئے معذرت کردی تو یہ جائز ہے، اس کو زیادہ سے زیادہ مکروہ تنزیہی یعنی خلافِ اولی کہہ سکتے ہیں، لیکن اگر وعدہ ہی ٹلانے کے لئے کیا ہے اور پہلے سے دل میں یہ بات ہے کہ قرض نہیں دینا تو یہ ممنوع ہے، جھوٹا وعدہ نہیں کرنا چاہئے۔ یہ ایک طرح کا نفاق ہے اور ایسے جھوٹے وعدوں سے معاشرہ خراب ہوتا ہے۔

[٥٧-] باب ماجاء في المِرَاءِ

[١٩٩٠-] حدثنا عُقْبَةُ بنُ مُكْرَمٍ البَصْرِيُّ، ثَنَا ابنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ سَلْمَةُ بنُ وَرْدَانَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ تَرَكَ الكَذِبَ، وَهُوَ بَاطِلٌ: بُنِيَ لَهُ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ، وَهُوَ مُحِقٌّ: بُنِيَ لَهُ فِيْ وَسَطِهَا، وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ بُنِيَ لَهُ فِيْ أَعْلاَهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سَلْمَةَ بنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسٍ.

[١٩٩١-] حدثنا فَضَالَةُ بنُ الْفَضْلِ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ ابنِ وَهْبِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" كَفَى بِكَ إِثْمًا أَنْ لاَ تَزَالَ مُخَاصِمًا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[١٩٩٢-] حدثنا زِيَادُ بنُ أَيُّوْبَ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، وَهُوَ ابنُ أَبِيْ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَتُمَارِ أَخَاكَ، وَلاَ تُمَازِحْهُ، وَلاَ تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء في الْمُدَارَاةِ

اچھی طرح پیش آنے کا بیان

دَارَاهُ، مُدَارَاةً: نرمی کا برتاؤ کرنا، دل جوئی کرنا، پیار ومحبت سے پیش آنا، اس سے بھی معاشرہ سنورتا ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ برے آدمی کے ساتھ بھی نرمی کا برتاؤ کریں، اس سے بگڑے گا کچھ نہیں، اور وہ برا شخص قریب آجائے گا اور میل ملاپ ہوجائے گا۔ حافظ شیرازی کہتے ہیں:

آسائش دوگیتی تفسیر ایں دوحرفست ❁ بادوستاں تلطف، بادشمناں مدارا

(دونوں جہاں کا آرام دوباتوں میں مضمر ہے÷ دوستوں کے ساتھ مہربانی کرنا اور دشمنوں کے ساتھ اچھی طرح پیش آنا)

حدیث: عیینہ بن حصن نے نبی ﷺ کے پاس آنے کی اجازت چاہی، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت آپؐ کے پاس تھیں، آپؐ نے فرمایا: بِئْسَ ابنُ العَشِيْرَةِ یا فرمایا: بِئْسَ أَخُو العشيرة: قبیلہ کا برا آدمی ہے! پھر آپؐ نے ان کو آنے کی اجازت دی، جب وہ آئے تو آپ نے نرمی اور پیار سے باتیں کیں، پھر جب وہ چلے گئے تو حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے ان کے بارے میں فرمایا تھا کہ قبیلہ کا برا آدمی ہے، پھر آپؐ نے ان کے

ساتھ ملاطفت اور نرمی سے بات کی، اس کی کیا وجہ ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: یا عائشةُ! إِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ: اے عائشہ! لوگوں میں بدترین وہ ہے جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کی بدگوئی سے بچنے کے لئے، اور بخاری (حدیث ۶۰۳۲) میں اسی روایت میں یہ اضافہ ہے: یَا عائشةُ! مَتَی عَهِدْتِنِی فاحِشًا؟ إِنَّ شَرَّ النَّاسِ عند الله منزلةً یومَ الْقِیَامَةِ مَنْ ترَكَه الناسُ اتِّقَاءَ شَرِّهِ: اے عائشہ! تم نے مجھے کب بدگو پایا ہے؟ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک مرتبہ کے اعتبار سے بدترین وہ شخص ہے جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کے شر سے بچنے کے لئے۔

تشریح: اس حدیث کا مصداق آپ ﷺ کی ذات گرامی بھی ہوسکتی ہے اور آنے والا شخص بھی، مگر بظاہر آپؐ کی ذات مراد ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ لوگوں میں سب سے برا آدمی وہ ہے جس کی بداخلاقی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جلنا ترک کردیں، چنانچہ آپؐ نے آنے والے کے ساتھ سختی اور تندی سے بات نہیں کی، تاکہ لوگ آپؐ سے ملنا جلنا بند نہ کردیں، اور صلاح وفلاح سے محروم نہ ہوجائیں، سورۂ آل عمران کی آیت ۱۵۹ سے اس مطلب کی تائید ہوتی ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿فَبِمَا رَحْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ، وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ﴾ یعنی یہ اللہ کی مہربانی ہے کہ آپؐ لوگوں کے ساتھ نرم برتاؤ کرتے ہیں، اور اگر آپؐ تندخو (سخت طبیعت) ہوتے تو یہ سب لوگ آپؐ کے پاس سے منتشر ہوجاتے، غرض شانِ ورود کے اعتبار سے تو آپؐ کی ذات کا مراد ہونا اولیٰ ہے، مگر حدیث میں ملنے آنے والا شخص بھی مراد ہوسکتا ہے، بعض لوگ ایسے بداخلاق ہوتے ہیں کہ کوئی شخص ان سے ملنا پسند نہیں کرتا، ان کی بدزبانی کی وجہ سے گھر میں سے کہلوادیتے ہیں: ''گھر میں نہیں ہیں!'' چنانچہ وہ بدگو مایوس لوٹ جاتا ہے۔

[۵۸-] باب ماجاء فی الْمُدَارَاةِ

[۱۹۹۳-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَی رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَأَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: ''بِئْسَ ابنُ العَشِیْرَةِ!'' أَوْ: ''أَخُوْ العَشِیْرَةِ!'' ثُمَّ أَذِنَ لَهُ، فَأَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ، فَلَمَّا خَرَجَ قُلْتُ لَهُ: یَارسولَ اللّٰهِ! قُلْتَ لَهُ مَا قُلْتَ، ثُمَّ أَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ؟ قَالَ: ''یَاعَائِشَةُ! إِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ أَوْ: وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الاِقْتِصَادِ فی الْحُبِّ وَالْبُغْضِ

محبت اور دشمنی میں میانہ روی اختیار کرنا

لوگ جب ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں تو محبت میں اتنے آگے بڑھ جاتے ہیں کہ سارے راز کھول دیتے

ہیں، اور جب دشمنی پر اترتے ہیں تو جو کچھ دشمن کے حق میں کہہ سکتے ہیں: کہہ ڈالتے ہیں، پھر جب اس دوست سے تعلقات بگڑ جاتے ہیں تو اپنے رازوں کے افشا پر پچھتاتے ہیں اور جب اس دشمن سے تعلقات ہموار ہو جاتے ہیں تو پہلے کہی ہوئی باتیں شرمندگی کا باعث بنتی ہیں، اس لئے اگر آدمی محبت اور دشمنی میں میانہ روی اختیار کرے تو آئندہ پچھتانا یا شرمندہ نہ ہونا پڑے۔

حدیث: محمد بن سیرین حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور ابن سیرین کا خیال یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے (مگر صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے جیسا کہ باب کے آخر میں آرہا ہے) آپؐ نے فرمایا: أَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَّا، عَسَى أَنْ يَكُوْنَ بَغِيْضَكَ يَوْمًا مَّا: اپنے دوست سے ہولے ہولے (ہلکے) محبت کرو، ہوسکتا ہے کسی دن وہ تمہارا دشمن بن جائے، وأَبْغِضْ بَغِيْضَكَ هَوْنًا مَّا، عَسَى أَن يكون حَبِيْبَكَ يَوْمًا مَّا: اور اپنے دشمن سے ہولے ہولے دشمنی کرو، ہوسکتا ہے وہ کسی دن تمہارا دوست بن جائے۔

تشریح: یہ حدیث ایوب سختیانی کی ہے، وہ محمد بن سیرین سے، اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیث حضرت ایوب سے اس کے علاوہ دوسری سند سے، حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، مگر اس کی سند میں حسن بن ابی جعفر ہے جو نہایت ضعیف راوی ہے، اس کے باوجود امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: صحیح یہ ہے کہ یہ حضرت علیؓ کا قول ہے، مرفوع حدیث نہیں اور سندوں کی تفصیل مزّی کی تحفۃ الاشراف کے حاشیہ النکت الظراف میں ہے (تحفۃ الاشراف ۱۰: ۳۳۴، حدیث نمبر ۱۴۴۳۲)

[۵۹-] باب ماجاء فی الِاقْتِصَادِ فِي الْحُبِّ وَالْبُغْضِ

[۱۹۹٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الكَلْبِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أُرَاهُ رَفَعَهُ، قَالَ: " أَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَّا، عَسَى أَنْ يَكُوْنَ بَغِيْضَكَ يَوْمًا مَّا، وأَبْغِضْ بَغِيْضَكَ هَوْنًا مَّا، عَسَى أَنْ يَكُوْنَ حَبِيْبَكَ يَوْمًا مَّا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَيُّوْبَ بِإِسْنَادٍ غَيْرِ هٰذَا، رَوَاهُ الحَسَنُ بنُ أَبِيْ جَعْفَرٍ، وَهُوَ حديثٌ ضعيفٌ أَيْضًا، بِإِسْنَادٍ لَهُ عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَالصَّحِيْحُ هٰذَا عَنْ عَلِيٍّ مَوْقُوْفٌ.

بابُ ماجاء فی الكِبْرِ

گھمنڈ کا بیان

تواضع یعنی فروتنی اور خاکساری ان اخلاق حسنہ میں سے ہے جس کی قرآن وحدیث میں بہت زیادہ تاکید آئی

ہے، اوراس کی بڑی ترغیب دی گئی ہے، اوراس کے برعکس غرور وتکبر کی شدت کے ساتھ ممانعت کی گئی ہے، اوراس پر بڑی وعیدیں سنائی ہیں، کیونکہ تواضع بندہ کے شایانِ شان ہے، اور تکبر وکبریائی اللہ کی صفتِ خاصہ ہے، بندہ کو بڑائی زیب نہیں دیتی، جب انسان بندہ ہے تو بندہ کا کمال یہی ہے کہ اس کے عمل سے نیاز مندی ٹپکے، وہ خاکساری اور تواضع کا پتلا بنے اور بڑائی اور گھمنڈ چونکہ بندگی کے منافی ہے، اس لئے بندے کے حق میں یہ بری صفت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ تکبر کی دوصورتیں ہیں: ایک اللہ کے تعلق سے تکبر کرنا، دوسری: بندوں کے تعلق سے تکبر کرنا۔ اللہ کے سامنے گھمنڈ کرنا یہ ہے کہ اللہ کے احکامات نہ مانے اور حق کا انکار کرے، اور بندوں کے سامنے گھمنڈ یہ ہے کہ خود کو دوسروں سے افضل سمجھے اور دوسروں کو ذلیل جانے حالانکہ تمام انسان اللہ کے بندے ہیں، اور سب یکساں ہیں، لوگوں میں معزز وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ عزت دیں، اور ذلیل وخوار وہی ہے جس کو اللہ تعالیٰ رسوا کریں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لاَیَدْخُلُ الجنَّةَ مَنْ کَانَ فی قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ کِبْرٍ: وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہے، ولا یَدْخُلُ النَّارَ مَنْ کان فی قَلْبِهِ مثقالُ حَبَّةٍ مِن إِیْمَانٍ: اور وہ شخص دوزخ میں نہیں جائے گا جس کے دل میں ذرہ برابر ایمان ہے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنت سے دور کرنے والے اور جہنم میں پہنچانے والے اسباب میں قوی ترین سبب غرور وتکبر ہے جس طرح جہنم سے دور کرنے والے اور جنت میں پہنچانے والے اسباب میں سب سے قوی سبب ایمان ہے، جس شخص میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا وہ جنت میں ضرور جائے گا، غرض اس حدیث میں جنت وجہنم میں جانے نہ جانے کے اعتبار سے تکبر اور ایمان میں مقابلہ ڈالا گیا ہے، جس سے کبر کا نہایت برا ہونا خود بخود واضح ہو جاتا ہے۔

حدیث (۲): جب نبی ﷺ نے مذکورہ بات ارشاد فرمائی تو ایک شخص نے عرض کیا: مجھے یہ بات پسند ہے کہ میرے کپڑے اچھے ہوں اور میری چپل اچھی ہو (پس کیا یہ چیز بھی تکبر ہے؟) آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ موزونیت کو پسند کرتے ہیں، متکبر وہ شخص ہے جو حق کے سامنے اکڑے اور لوگوں کو ذلیل سمجھے''

تشریح: حسن وجمال میں فرق ہے، ذاتی موزونیت کا نام جمال ہے، اسی وجہ سے چند کلمات خاص ترتیب کے ساتھ جمع ہو جاتے ہیں تو ان کو جملہ کہتے ہیں۔ اسی طرح آدمی کی ہر چیز سلیقہ سے ہو: اس کا نام جمال ہے، اور اللہ تعالیٰ جمیل ہیں، وہ جمال کو پسند کرتے ہیں۔

اور حسن عارضی صفت ہے، دوسرا شخص یہ صفت دیتا ہے، کہتے ہیں: اِسْتَحْسَنَه: اس نے اس کو اچھا سمجھا، اسی لئے ایک ہی چیز ایک شخص کے نزدیک خوبصورت ہوتی ہے اور دوسرے کے نزدیک اس میں کوئی خوبصورتی نہیں ہوتی، پس حسن وہ صفت ہے جو دوسرے کی نظر دیتی ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ جمیل تو ہیں، حسین نہیں۔

اوراس حدیث میں تکبر کی دو قسمیں کی گئی ہیں: ایک: اللہ کے تعلق سے، دوسری: لوگوں کے تعلق سے، اللہ کے

تعلق سے کبر کا نام استکبار ہے، یعنی اللہ پر ایمان نہ لانا اور اللہ کے بھیجے ہوئے دین کو اور اس کے احکام کو قبول نہ کرنا، اور دوسری قسم: لوگوں کو نگاہ سے گرا دینا ہے۔

لغات: بَطِرَ (س) بَطَرًا: اترانا، زیادتی نعمت کی وجہ سے آپے سے باہر ہوجانا۔ بَطَرَ الحقَّ: تکبر کی وجہ سے حق قبول نہ کرنا بَطَرَ الشیئَ: ناپسند کرنا درانحالیکہ وہ شی ناپسندیدگی کے قابل نہ ہو...... غَمَصَه (ض) غَمْصًا کے معنی ہیں: حقیر سمجھنا، کوئی حیثیت نہ دینا، یہی معنی غَمَطَ (ض) غَمْطًا کے ہیں، اور حدیث میں یہ لفظ بھی آیا ہے، غرض لوگوں کو حقیر وذلیل جاننا لوگوں کے تعلق سے تکبر ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: لایَزَالُ الرجلُ یَذهَبُ بِنَفْسِه، حَتَّی یُکْتَبَ فی الجَبَّارین، فَیُصِیْبُه ما أَصَابَهُمْ: آدمی برابر اپنے کو لمبا کھینچتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ متکبروں کی فہرست میں آجاتا ہے، پس اس کو وہ سزا پہنچتی ہے جو متکبروں کو پہنچتی ہے۔

تشریح: ذَهَبَ به کے معنی ہیں: لے جانا، یہاں مراد ہے خود کو اونچا اٹھانا، لمبا کھینچنا، یعنی یہ سمجھنا کہ ''ہم چوں دیگرے نیست'' یہی خیالات انسان پکاتا رہتا ہے اور پھولا نہیں سماتا، پھر جب پھول کر کپّا ہوجاتا ہے، تو وہ متکبر قرار دیدیا جاتا ہے، پھر وہ اس انجام سے دوچار ہوتا ہے جو متکبروں کا ہے۔

حدیث (۴): حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگ میرے بارے میں کہتے ہیں کہ میرے اندر غرور ہے، حالانکہ میں گدھے کی سواری کرتا ہوں، اور گلیم خرد اوڑھتا ہوں، اور بکری کو دوہتا ہوں، اور مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ جو یہ کام کرے اس میں ذرہ بھر بھی تکبر نہیں ہوسکتا۔

تشریح: دو چیزوں کے ڈانڈے ملے ہوئے ہیں، ایک: خودداری، دوسری: گھمنڈ، خودداری کے معنی ہیں: غیرت مندی، یعنی کسی کے سامنے اپنے کو ذلیل نہ کرنا، اور گھمنڈ کے معنی ہیں: خود کو بڑا سمجھنا، اور دوسروں کو حقیر سمجھنا، اور دونوں کے درمیان مابہ الامتیاز یہ بات ہے کہ اگر دوسروں کو حقیر وذلیل جانتا ہے تو وہ غرور ہے، اور نہیں جانتا تو وہ خودداری ہے، حضرت جبیر رضی اللہ عنہ میں خودداری تھی، لوگ اس کو غرور سمجھتے تھے۔ التِّیه کے معنی ہیں: غرور وتکبر اور اکڑ، جبکہ حضرت جبیرؓ میں یہ بات نہیں تھی، آپؓ بوقت ضرورت سائیکل پر بھی بیٹھ جاتے تھے، اور شَمْلَه: یعنی چھوٹی چادر بھی اوڑھ لیتے تھے، اور بکری بھی دوہ لیتے تھے، اور یہ کام کرنے والا شخص متکبر نہیں ہوسکتا، ہاں خوددار ہوسکتا ہے جس کو لوگ غلط فہمی سے متکبر سمجھتے ہیں۔

[۶۰-] باب ماجاء فی الکِبْرِ

[۱۹۹۵-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِیُّ، نا أَبُوْ بَکْرِ بنُ عَیَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ کَانَ فِیْ

قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ، وَلاَ يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ إِيْمَانٍ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَسَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۹۹۶-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، قَالاَ: ثَنَا يَحْيىَ بنُ حَمَّادٍ، ثَنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبَانَ بنِ تَغْلِبَ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لاَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ، وَلاَ يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ إِيْمَانٍ" قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّهُ يُعْجِبُنِيْ أَنْ يَكُوْنَ ثَوْبِي حَسَنًا، وَنَعْلِيْ حَسَنًا! قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْجَمَالَ، وَلٰكِنَّ الْكِبْرَ مَنْ بَطَرَ الحَقَّ، وَغَمَصَ النَّاسَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۱۹۹۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُمَرَ بنِ رَاشِدٍ، عَنْ إِيَاسِ بنِ سَلَمَةَ بنِ الأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَيَزَالُ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِنَفْسِهِ، حَتَّى يُكْتَبَ فِي الْجَبَّارِيْنَ، فَيُصِيْبُهُ مَا أَصَابَهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۱۹۹۸-] حدثنا عَلِيُّ بنُ عِيْسَى بنِ يَزِيْدَ البَغْدَادِيُّ، ثَنَا شَبَابَةُ بنُ سَوَّارٍ، نَا ابنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ عَبَّاسٍ، عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: يَقُوْلُوْنَ لِيْ فِيَّ التِّيْهُ، وَقَدْ رَكِبْتُ الحِمَارَ، وَلَبِسْتُ الشَّمْلَةَ، وَقَدْ حَلَبْتُ الشَّاةَ، وَقَدْ قَالَ لِيْ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ فَعَلَ هٰذَا فَلَيْسَ فِيْهِ مِنَ الْكِبْرِ شيئٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: پہلی اور دوسری حدیثیں ایک ہیں، پہلی حدیث ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے تلمیذ سلیمان اعمشؒ کی ہے اور دوسری: فضیل بن عمرو فُقَیمی ابوالنضر کوفی کی ہے۔

بابُ ماجاء في حُسْنِ الخُلُقِ

خوش اخلاقی کا بیان

احادیث میں ایمان کے بعد جس چیز پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے، اور جس چیز پر انسان کی سعادت موقوف ہے وہ اخلاق حسنہ ہیں۔ پس ہر مسلمان پر لازم ہے کہ اخلاقِ حسنہ اپنائے، اور برے اخلاق سے بچے، کیونکہ بعثتِ نبوی کا ایک بڑا مقصد انسانوں کا تزکیہ ہے۔ قرآنِ کریم میں ہے: ﴿وَيُزَكِّيهِمْ﴾ یعنی نبی ﷺ لوگوں کو پاکیزہ کرتے ہیں (آل عمران آیت ۱۶۴ والجمعہ آیت ۲) اور پاکیزہ کرنے کا مطلب ہے: اخلاق رذیلہ سے پاک کرتے ہیں، اور

اخلاقِ حسنہ سے آراستہ کرتے ہیں، اور حدیث میں ہے: بُعِثْتُ لِأُتَمِّمَ حُسْنَ الأخلاق: میں اس واسطے بھیجا گیا ہوں کہ اخلاقِ حسنہ کی تکمیل کروں یعنی تمام اچھے اخلاق امت کو سکھلا دوں۔

غرض انسان کی زندگی میں اخلاق کی بڑی اہمیت ہے، اگر انسان کے اخلاق اچھے ہونگے تو اس کو قلبی سکون حاصل ہوگا، اور زندگی خوش گوار گذرے گی، اس کا وجود دوسروں کے لئے رحمت ہوگا، اور اگر انسان کے اخلاق گندے ہونگے تو وہ خود بھی زندگی کے لطف سے محروم رہے گا، اور دوسروں کی زندگیوں کو بھی کرکرا کردے گا۔

اور یہ خوش اخلاقی اور بداخلاقی کے دنیوی نتائج ہیں جو روزمرہ ہمارے سامنے آتے رہتے ہیں، اور مرنے کے بعد ان کے نتائج اس سے بھی زیادہ اہمیت کے حامل ہیں، آخرت میں خوش اخلاقی کا نتیجہ ارحم الراحمین کی رضا و جنت ہے، اور بداخلاقی کا انجام خداوند غالب وقہار کا غضب و دوزخ ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اخلاق کے سلسلہ میں احادیث دو طرح کی ہیں: ایک: وہ ہیں جن میں آپؐ نے اصولی طور پر حسنِ اخلاق پر زور دیا ہے، اور اس کی اہمیت وفضیلت سمجھائی ہے، اور اس کا غیر معمولی اخروی ثواب بیان کیا ہے، اور دوسری: وہ ہیں جن میں آپؐ نے خاص خاص اخلاقِ حسنہ اختیار کرنے کی اور خاص خاص بداخلاقیوں سے بچنے کی تاکید فرمائی ہے، چنانچہ یہاں سے أبواب البر والصلة کے آخر تک یہی بیان ہے، پہلے باب میں خوش اخلاقی کی اہمیت وفضیلت بیان کی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ما شيئٌ أَثْقَلُ في ميزانِ المؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ: قیامت کے دن مؤمن کی میزان عمل میں اچھے اخلاق سے زیادہ بھاری (وزنی) کوئی چیز نہیں ہوگی، یعنی اخلاقِ حسنہ کا درجہ ایمان کے بعد ارکانِ اسلام سے بھی بڑھا ہوا ہے، فإِنَّ اللّٰهَ تعالى يُبْغِضُ الفَاحِشَ البَذِيْءَ: پس بیشک اللہ تعالیٰ نہایت ناپسند کرتے ہیں بدگو بیہودہ بکنے والے کو، یہ منفی پہلو سے اخلاقِ حسنہ کی خوبی سمجھائی ہے، اس کی تفصیل یہ ہے کہ ضدین کے احکام مختلف ہوتے ہیں، مثلاً کسی کا مزاج بارد ہے، اس لئے بارد چیزیں اس کے لئے مضر ہیں تو حار (گرم) چیزیں اس کے لئے مفید ہونگی، اسی طرح برعکس، اسی طرح بعض اخلاق قبیحہ (بدگوئی اور بیہودہ بکنا) اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہیں تو ان کی اضداد یعنی اخلاق حسنہ اللہ تعالیٰ کو محبوب ہونگے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ما من شيئ يُوْضَعُ في الميزان أَثْقَلُ من حُسْنِ الخُلُقِ: میزانِ عمل میں کوئی چیز اخلاقِ حسنہ سے زیادہ وزنی نہیں رکھی جائے گی، اس حدیث کا مفہوم بھی وہی ہے جو گذشتہ حدیث کا ہے کہ اخلاقِ حسنہ کا درجہ ایمان کے بعد دیگر ارکانِ اسلام سے بڑھا ہوا ہے۔ وإِنَّ صَاحِبَ حُسْنِ الخُلُقِ لَيَبْلُغَ بِهِ درجَةَ صَاحِبِ الصَّوْمِ وَالصَّلاَةِ: اور بیشک اخلاقِ حسنہ والا اچھے اخلاق کی وجہ سے روزہ دار اور نفل نمازیں پڑھنے والے کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے، یعنی جس سچے مؤمن کو حسنِ اخلاق کی دولت مل گئی وہ حسن اخلاق کی وجہ سے روزہ

رکھنے والے اور شب بیداری کرنے والے کے درجہ کو پالیتا ہے، اس سے بھی اخلاقِ حسنہ کی خوبی خوب ظاہر ہوتی ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ سے پوچھا گیا: لوگوں کو جنت میں پہنچانے والی چیزوں میں سب سے زیادہ مؤثر کیا چیز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ سے ڈرنا اور اچھے اخلاق برتنا، پھر پوچھا گیا: لوگوں کو جہنم میں لے جانے والی چیزوں میں سب سے زیادہ مؤثر کیا چیز ہے؟ آپؐ نے فرمایا: منہ اور شرمگاہ کے گناہ، یعنی ان دو اعضا سے جو گناہ وجود میں آتے ہیں وہ جہنم میں جانے کا بڑا سبب ہیں، شرمگاہ کے گناہ تو ظاہر ہیں، اور منہ کے گناہ: کفر وشرک، سب وشتم، کذب وغیبت، حرام خوری وحرام نوشی اور افتراء پردازی وغیرہ ہیں۔

حدیث (۴): حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ نے اخلاقِ حسنہ کی تفسیر کی ہے کہ اخلاقِ حسنہ تین چیزوں کا نام ہے: (۱) لوگوں کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آنا (۲) لوگوں کے ساتھ حسن سلوک برتنا خواہ جان سے ہو یا مال سے (۳) تکلیف دہی سے بچنا یعنی یہ کوشش کرنا کہ اس سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔

[٦١-] باب ماجاء فی حُسْنِ الخُلُقِ

[١٩٩٩-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثنا سُفْیَانُ، ثَنَا عَمْرُو بنُ دِیْنَارٍ، عَنْ ابنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، عَنْ یَعْلٰی بنِ مَمْلَكٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " مَاشَیْئٌ أَثْقَلُ فِیْ مِیْزَانِ الْمُؤْمِنِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ خُلُقٍ حَسَنٍ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَعالٰی لَیُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِیْءَ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وأَبِیْ هریرةَ، وَأَنَسٍ، وأُسَامَةَ بنِ شَرِیْكٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٢٠٠٠-] حدثنا أَبُوْ کُرَیْبٍ، ثَنَا قُبَیْصَةُ بنُ اللَّیْثِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ:" مَا مِنْ شَیْئٍ یُوْضَعُ فِیْ الْمِیْزَانِ أَثْقَلُ مِنْ حُسْنِ الخُلُقِ، وَإِنَّ صَاحِبَ حُسْنِ الخُلُقِ لَیَبْلُغُ بِهِ دَرَجَةَ صَاحِبِ الصَّوْمِ وَالصَّلَاةِ" هٰذَا حدیثٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٠٠١-] حدثنا أَبُوْ کُرَیْبٍ مُحمدُ بنُ العَلَاءِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِیْسَ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ جَدِّیْ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ:" سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ أَکْثَرِ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: "تَقْوَی اللّٰهِ، وَحُسْنُ الخُلُقِ" وَسُئِلَ عَنْ أَکْثَرِ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ؟ قَالَ:" الْفَمُ وَالْفَرْجُ"

هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ غریبٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِیْسَ: هُوَ ابنُ یَزِیْدَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَوْدِیُّ.

[٢٠٠٢-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ، نَا أَبُوْ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُبَارَكِ، أَنَّهُ وَصَفَ حُسْنَ الْخُلُقِ، فَقَالَ: هُوَ بَسْطُ الوَجْهِ، وَبَذْلُ الْمَعْرُوْفِ، وَکَفُّ الْأَذٰی.

لغات: أَبْغَضَ (از باب افعال) دشمنی کرنا، نفرت کرنا...... الفاحش: بدخلق، بدگو، أَفْحَشَ: بری بات کہنا...... بَذَا (ن) بَذْوًا اور أَبْذیٰ إبذاءً علیه: فحش بکنا، بَذُوَ (ک) بَذَاءً وَبَذَاءَ ةً: فحش گو ہونا۔ البذاءُ: بیہودہ کلام۔

بابُ ماجاء فی الإِحْسَانِ وَالْعَفْوِ

حسن سلوک اور درگذر کا بیان

احسان (حسن سلوک) کا مطلب ہے: لوگوں کو بھلائی پہنچانا، تحفہ دینا، یا کسی کا کوئی کام کردینا، یا اس کو آرام پہنچانا، یا ایسا کوئی کام کرنا جو اس کے لئے خوشی اور مسرت کا باعث ہو...... اور عفو (درگذر) یہ ہے کہ آدمی اپنے متعلقین کی خُردہ گیری نہ کرے، ان کی نازیبا حرکتوں سے صرف نظر کرے، اور ان کے اچھے کاموں کو سراہے، اور ان کی تکلیف دہ باتوں سے درگذر کرے۔

حدیث (۱): ابوالاحوص کے والد مالک بن نَضْلَة نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: میں ایسے شخص کے پاس سے گذرتا ہوں جو نہ میری مہمان نوازی کرتا ہے نہ تکریم کرتا ہے (قَرَی یَقْرِیْ قِرًی وقِرَاءً الضیفَ: میزبانی کرنا، قِری اور ضیافت ایک چیز ہیں پس ایک کے معنی تکریم کے اور ایک کے معنی میزبانی کے کریں گے یا ایک کے معنی کھلانے اور ایک کے معنی ٹھہرانے کے کریں گے) پھر وہ شخص میرے پاس سے گذرتا ہے تو کیا میں اس کو ترکی بہ ترکی جواب دوں؟ آپؐ نے فرمایا: لا، أَقْرِه: (أَقْرِ فعل امر ہے) یعنی نہیں، آپ اس کی ضیافت کریں۔

مالک بن نَضلہؓ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ نے مجھے بوسیدہ کپڑوں میں دیکھا تو پوچھا: کیا آپ کے پاس مال ہے؟ میں نے عرض کیا: ہر مال اللہ تعالیٰ نے مجھے عنایت فرمایا ہے، اونٹ بھی اور بکریاں بھی! آپؐ نے فرمایا: فَلْیُرَ علیك: پس چاہئے کہ وہ آپ پر نظر آئے، یعنی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اثر ظاہر ہونا چاہئے، جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو مال دیا ہے تو اچھی حالت میں رہنا چاہئے۔ یُرَ : یَرَی کا مجہول ہے، آخر سے ی جزم کی وجہ سے گرگئی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لاتکونوا إِمَّعَةً: دوسروں کی دیکھا دیکھی کام کرنے والے نہ بنو، إِمَّعَة: أنا مع الناس کا مخفف ہے اور شروع میں ہمزہ اصلی ہے اور ۃ مبالغہ کے لئے ہے، تقولون: إِنْ أَحْسَنَ الناسُ أَحْسَنَّا، وإِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا: کہو تم کہ اگر لوگ حسن سلوک کریں گے تو ہم بھی حسن سلوک کریں گے، اور اگر لوگ ظلم کریں گے تو ہم بھی ظلم کریں گے، یہ إِمَّعَة کی تفسیر ہے۔ دوسروں کی دیکھا دیکھی کام کرنے کا یہی مطلب ہے، ولکن وَطِّنُوْا أَنْفُسَكُمْ: إِنْ أَحْسَنَ الناسُ أَنْ تُحْسِنُوْا، وإِنْ أَسَاءُ وْا فَلَا تَظْلِمُوْا: بلکہ اپنے دلوں کو اس پر پکا کرو، یعنی اپنے آپ کو خوگر بناؤ کہ اگر لوگ حسن سلوک کریں تب بھی تم حسن سلوک کرو، اور اگر لوگ بدسلوکی کریں تب بھی تم ظلم نہ کرو، بلکہ حسن سلوک کرو۔

تشریح: دنیا میں خواہ حسن سلوک کا چلن ہو، یا ظلم وستم کا دور دورہ ہو، اہل ایمان کو ہر حال میں دوسروں کے ساتھ

حسن سلوک کرنا چاہئے، اور یہ حسن سلوک صرف ان لوگوں کے ساتھ نہیں کرنا چاہئے جو ہمارے ساتھ حسن سلوک کرتے ہیں، بلکہ برا سلوک کرنے والوں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو چند باتوں کا حکم دیا ہے، ان میں یہ بھی ہے کہ قطع رحمی کرنے والے کے ساتھ بھی صلہ رحمی کی جائے، اور محروم رکھنے والے کو بھی دیا جائے، اور ظلم کرنے والے کو بھی معاف کیا جائے (رواہ رزین)

[٦٢-] باب ماجاء في الإِحْسَانِ والْعَفْوِ

[٢٠٠٣-] حدثنا بُنْدَارٌ، وأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! الرَّجُلُ أَمُرُّ بِهِ، فَلاَ يَقْرِيْنِيْ، وَلاَ يُضَيِّفُنِيْ، فَيَمُرُّ بِيْ أَفَأَجْزِيْهِ؟ قَالَ: "لاَ، أَقْرِهِ" قَالَ: وَرَآنِي رَثَّ الثِّيَابِ، فَقَالَ:" هَلْ لَكَ مِنْ مَالٍ؟" قَالَ: قُلْتُ: مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ أَعْطَانِي اللّٰهُ مِنَ الإِبِلِ وَالْغَنَمِ، قَالَ:" فَلْيُرَ عَلَيْكَ"

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَجَابِرٍ، وأَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الأَحْوَصِ: اسْمُهُ عَوْفُ بنُ مَالِكِ بنِ نَضْلَةَ الْجُشَمِيُّ. وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "أَقْرِهِ" يَقُوْلُ: أَضِفْهُ، وَالقِرَى: الضِّيَافَةُ.

[٢٠٠٤-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثَنَا محمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ جُمَيْعٍ، عَنْ أَبِيْ الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَتكُوْنُوْا إِمَّعَةً: تَقُوْلُوْنَ: إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ أَحْسَنَّا، وَإِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا، وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا أَنْفُسَكُمْ: إِنْ أَحْسَنَ النَّاسُ أَنْ تُحْسِنُوْا، وَإِنْ أَسَاءُوْا فَلاَ تَظْلِمُوْا" هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

بابُ ماجاء في زِيَارَةِ الإِخْوَانِ

دینی بھائیوں سے ملنے کا بیان

باہمی انس ومحبت خاص ایمانی صفت ہے، پس مؤمن کو چاہئے کہ دوسرے مؤمنوں سے محبت کرے، اور دوسرے اس سے محبت کریں، اور مانوس ہوں، اگر معاشرہ میں لوگوں میں باہمی انس ومحبت نہیں ہوگی تو نہ ایک دوسرے کو کوئی نفع پہنچاسکیں گے اور نہ ایک دوسرے سے نفع اٹھاسکیں گے، اور باہمی الفت ومحبت کا پیکر محسوس گاہ بہ گاہ ایک دوسرے سے ملنا ہے، ایسے بندوں سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، امام مالک رحمہ اللہ نے یہ حدیث قدسی نقل کی ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: میری محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہے جو باہم میری وجہ سے محبت کرتے ہیں، میری وجہ سے کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں، میری وجہ سے باہم ملاقات کرتے ہیں اور میری وجہ سے ایک دوسرے پر خرچ

کرتے ہیں، پس خشک مزاج لوگ جو سب سے بے تعلق رہتے ہیں اور اس کو دین کا تقاضہ سمجھتے ہیں یہ لوگ ایک ایمانی صفت سے محروم ہیں، ایسے لوگوں کے طرزِ عمل سے معاشرہ کو کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی بیمار کی بیمار پرسی کرتا ہے، یا اپنے کسی دینی بھائی سے ملاقات کرتا ہے تو اس کو ایک فرشتہ پکار کر کہتا ہے: طِبْتَ، وَطَابَ مَمْشَاكَ، وَتبوَّأْتَ مِنَ الجنة منزِلاً: خوش رہ، اور تیرا چلنا اچھا ہو، اور تو جنت میں اپنا مقام بنالے۔

تشریح: فرشتے نے تین دعائیں دی ہیں: ایک: خوشگوار ہونے کی، اس کا تعلق دنیوی زندگی سے ہے، دوسری: چال کے عمدہ ہونے کی اس کا تعلق عمل کی خوبی سے ہے، تیسری: جنت میں مقام بنانے کی، اس کا تعلق آخرت کی زندگی سے ہے، پس بیمار کی بیمار پرسی کے لئے جانا یا دینی بھائی سے ملنے کے لئے جانا خیر محض ہے۔

[۶۳-] باب ماجاء فی زِيَارَةِ الإِخْوَانِ

[۲۰۰۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَالحُسَيْنُ بنُ أَبِيْ كَبْشَةَ البَصْرِيُّ، قَالاَ: حدثنا يُوْسُفُ بنُ يَعْقُوْبَ السَّدُوْسِيُّ، نَا أَبُوْ سِنَانٍ القَسْمَلِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ أَبِيْ سَوْدَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ عَادَ مَرِيْضًا، أَوْ زَارَ أَخًا لَهُ فِي اللّٰهِ: نَادَاهُ مُنَادٍ: أَنْ طِبْتَ، وَطَابَ مَمْشَاكَ، وَتبوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلاً"

هٰذَا حديثٌ [حسنٌ] غريبٌ، وَأَبُوسِنَانٍ: اسْمُهُ عِيسَى بنُ سِنَانٍ، وَقَدْ رَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

وضاحت: قوله شيئًا من هذا: یعنی مختصراً، معلوم نہیں یہ مختصر روایت کس کتاب میں ہے، حماد بن سلمہ کی مفصل روایت مسلم شریف (حدیث ۲۵۶۷) میں ہے۔

بابُ ماجاء فی الحَيَاءِ

شرم کا بیان

شرم وحیا: ایک بنیادی وصف ہے جس کا انسان کی سیرت سازی میں اور معاشرہ کو سنوارنے میں بہت زیادہ دخل ہے، یہی وصف انسان کو بہت سے برے کاموں سے اور بری باتوں سے روکتا ہے، اور فواحش ومنکرات سے اس کو بچاتا ہے، اور اچھے اور شریفانہ کاموں پر آمادہ کرتا ہے، بلکہ شرم وحیا انسان کی بہت سی خوبیوں کی جڑ بنیاد ہے۔

اور حیا انسان کی اِس کیفیت کا نام ہے کہ ہر نامناسب بات اور ناپسندیدہ کام سے اس کو انقباض ہو اور اس کے

ارتکاب سے اذیت پہنچے، پھر حیا کا تعلق صرف انسانوں سے نہیں ہے، بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی صفت بھی ہے۔ ابوداؤد (حدیث ۴۰۱۲) میں ہے: إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ سِتِّيرٌ، يُحِبُّ الحيَاءَ وَالسَّتْرَ، فإذا اغْتَسَلَ أَحَدُكم فَلْيَسْتَتِرْ: بیشک اللہ تعالیٰ بہت شرم کرنے والے، پردہ پوش ہیں، شرم اور پردہ کو پسند فرماتے ہیں، پس جب تم میں سے کوئی نہائے تو چاہئے کہ پردہ کرکے نہائے، پس جب یہ اللہ تعالیٰ کی صفت ہے تو ضروری ہے کہ مؤمن اس کو اپنے اندر پیدا کرے، اور اللہ تعالیٰ کے حیادار ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام کام شاندار اور پر حکمت ہوتے ہیں، کوئی کام نامناسب اور برا نہیں ہوتا، پس جس مؤمن میں یہ صفت ہوگی وہ بھی ہمیشہ اچھے کام کرے گا اور برے اور شرم ناک کاموں سے بچے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الحيَاءُ مِن الإِيْمَانِ، والإِيْمَانُ فی الجنة: حیا ایمان کی شاخ ہے، اور ایمان کا صلہ جنت ہے۔ والبَذَاءُ مِن الجفَاءِ، وَالجفَاءُ فی النار: اور بدکلامی گنوار پن کی شاخ ہے، اور گنوار پن کا انجام دوزخ ہے۔

تشریح: ایک دوسری حدیث میں ہے: الحياءُ شُعْبَةٌ مِن الإِيمان: حیا ایمان کی اہم شاخ ہے، پس حیا اور ایمان میں خاص مناسبت ہے اور دونوں میں گہرا تعلق ہے، جس طرح کا تعلق درخت اور اس کے پھل میں ہوتا ہے، اسی طرح بدگوئی اور گنوار پن میں خاص مناسبت ہے، بدسلیقہ لوگ ہی بدکلامی کرتے ہیں، اور بدسلیقہ لوگوں کا ٹھکانہ جہنم ہے، کیونکہ وہ ایسی حرکتیں اور ایسے کام کرتے ہیں جو بالیقین جہنم میں پہنچانے والے ہیں۔

[٦٤-] باب ماجاء فی الحَيَاءِ

[٢٠٠٦-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، وَعَبْدُ الرَّحِيْمِ، وَمُحَمَّدُ بنُ بِشْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، نا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الحَيَاءُ مِنَ الإِيْمَانِ، وَالإِيْمَانُ فِيْ الْجَنَّةِ؛ وَالبَذَاءُ مِنَ الجفَاءِ، وَالْجفَاءُ فِيْ النَّارِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَبِيْ بَكْرَةَ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّأَنِّیْ والعَجَلَةِ

اطمینان سے کام کرنے کا اور جلد بازی کا بیان

ہر کام کو اطمینان سے انجام دینے کی عادت پسندیدہ عادت ہے، اور وہ اللہ تعالیٰ کی توفیق ہی سے نصیب ہوتی ہے، اور جلد بازی بری عادت ہے اور اس میں شیطان کا دخل ہوتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: السَّمْتُ الحسن، والتُّؤَدَة، والاقتِصَادُ جُزْءٌ مِنْ أَرْبَعَةٍ وعشرين جُزْءً من النُّبُوَّةِ: اچھی سیرت اور اطمینان سے کام انجام دینا اور میانہ روی نبوت کے چوبیس حصوں میں سے ایک حصہ ہیں۔

تشریح: نبوت تو خاتم النّبیین ﷺ پر ختم ہوگئی، مگر کمالاتِ نبوت باقی ہیں، یعنی جب نبوت جاری تھی تو اللہ تعالیٰ جن خوبیوں پر نبوت عطا فرماتے تھے وہ کمالاتِ نبوت باقی ہیں، اور کمالاتِ نبوت سب ایک درجہ کے نہیں ہیں، ان کا وزن کم وبیش ہے، کوئی اہم کمال ہے اور کوئی اس سے فروتر، پس ہر کمال کی مجموعۂ کمالات سے نسبت دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے اس کمال کا وزن کرلیا جائے پھر اس کمال کے ہم وزن باقی کمالات کے مجموعہ کو تقسیم کیا جائے تو کل جتنے اجزاء ہونگے، یہ کمال اس کا ایک بٹا ہوگا، مثلاً مبشرات: نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں، یعنی جتنی اہمیت مبشرات کی ہے اس کے اعتبار سے اگر کمالاتِ نبوت کے مجموعہ کے اجزاء کئے جائیں تو چھیالیس اجزاء ہوں گے، پس مبشرات ہوئے۔ اسی طرح اِن تین کمالات کا مجموعہ یعنی اچھی سیرت، اور اطمینان سے کام انجام دینا اور میانہ روی کا مجموعہ: کمالاتِ نبوت کا ہے، یعنی پہلے ان تین کو تولا جائے، پھر اس کے ہم وزن باقی مجموعۂ کمالات کے اجزاء بنالئے جائیں تو مجموعہ چوبیس حصے ہوگا، پس ان تین کمالات کا مجموعہ ہوا یعنی مبشرات سے ان تین کمالات کے مجموعہ کی اہمیت تقریباً دوگنی ہوگی(۱)

اور میانہ روی سے مراد یہ ہے کہ ہر کام میں اور ہر حال میں افراط وتفریط سے بچا جائے، اور اعتدال کی راہ اختیار کی جائے، چنانچہ جن صحابہ نے بہت زیادہ عبادت گذاری کا ارادہ کیا تھا، آپؐ نے ان کو منع کردیا تھا، کیونکہ وہ میانہ روی کے خلاف تھا، اسی طرح بعض صحابہ نے اپنا پورا مال راہِ خدا میں صرف کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا تو آپؐ نے ان کو بھی اس سے روک دیا تھا، کیونکہ یہ بھی میانہ روی کے خلاف تھا، اور صرف ایک تہائی مال خیرات کرنے کی اجازت دی تھی، یہی انفاق کا اعتدال ہے، اسی طرح تنگ دستی اور فراخ دستی میں بھی اپنے اوپر یا دوسروں پر خرچ کرنے میں اعتدال کی راہ اختیار کرنی چاہئے۔

لغات: السَّمْت: کے تقریباً وہی معنی ہیں جو اردو میں س کے زیر کے ساتھ سِمت کے ہیں، یعنی رخ اور راہ، کہتے ہیں: سیدھی سمت چلنا، یہی السَّمْتُ الحسن ہے، اور سَمَتَ یَسْمِتُ سَمْتًا کے معنی ہیں: بہتر رخ والا ہونا، اچھی ہیئت والا ہونا، اور السَّمْتُ کے معنی ہیں: ہیئت وصورت ...... اور التُّؤَدَة کی اصل وُؤَدَةٌ ہے، اور اس کے معنی ہیں متانت وسنجیدگی، اور آہستگی سے کوئی کام کرنا۔ اِتَّأَدَ فی أَمْرِہ کے معنی ہیں: کام کو اطمینان سے انجام دینا، ثابت قدم رہنا، اپنے معاملہ میں پختہ ہونا...... اور الاقتصادُ کے معنی ہیں: میانہ روی، اعتدال، اور درمیانی راہ جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط...... اور یہ حدیث دوسندوں سے مروی ہے، پہلی سند میں عاصم احول ہیں اور دوسری سند میں یہ راوی

(۱) جاننا چاہئے کہ کل کمالاتِ نبوت کتنے ہیں؟ اور کیا کیا ہیں؟ اور ہر ایک کا وزن اور اہمیت کتنی ہے؟ یہ بات صرف اللہ تعالیٰ اور نبی ﷺ جانتے ہیں، ہم یہ بات نہیں جانتے، نہ جان سکتے ہیں، بس جس کمال کے بارے میں آپؐ نے بتادیا اسی کو ہم جانتے ہیں ۱۲

نہیں ہے۔ امام ترمذیؒ نے جس سند میں عاصم کا واسطہ ہے اس کو صحیح قرار دیا ہے، کیونکہ یہ سند نازل ہوگئی، اس لئے حضرت کے مزاج کے مطابق یہی صحیح ہے۔

حدیث (۲): جب قبیلہ عبدالقیس کا وفد خدمت نبوی میں حاضر ہوا تو ان میں مُنذر بن عائذ بھی تھے، ان کی پیشانی پر زخم کا نشان تھا اس لئے وہ اشج کہلاتے تھے، ان کا قبیلہ العَصْر تھا اس لئے العَصْری کہلاتے تھے، جب یہ وفد مدینہ منورہ پہنچا تو سب ارکان جلدی سے نبی ﷺ کی خدمت میں پہنچ گئے، مگر منذر نہیں گئے، انھوں نے غسل کیا، کپڑے بدلے، پھر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، پھر مجلس میں ایک خاص بات یہ پیش آئی کہ آپؐ نے فرمایا: اپنی قوم کی طرف سے بیعت کرو، سب تیار ہوگئے، مگر منذرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم قوم کی طرف سے بیعت کیسے کریں؟ معلوم نہیں وہ اسلام قبول کرتے ہیں یا نہیں؟ ہم اتنا کر سکتے ہیں کہ لوٹ کر ان کو اسلام کی دعوت دیں، نبی ﷺ نے ان کی اس تجویز کو پسند فرمایا اور ان کے بارے میں فرمایا: إِنَّ فيكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهما اللّٰهُ: الحِلْمُ وَالأَنَاةُ: تمہارے اندر دو ایسی عادتیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ پسند کرتے ہیں: ایک بردباری (غصہ سے مغلوب نہ ہونا) اور دوسری اطمینان سے کام کرنا، اس حدیث سے بھی جہاں بردباری کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے متانت ووقار اور اطمینان کے ساتھ کام کرنے کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: الأناةُ من الله والعَجَلَةُ من الشيطان: اطمینان سے کام انجام دینا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، یعنی بتوفیق خداوندی کسی کو یہ خوبی نصیب ہوتی ہے، اور جلد بازی شیطان کے اثر سے ہے، سعدیؒ کہتے ہیں: ''تعجیل: کارِ شیاطین بود'' یہ اسی حدیث کا ترجمہ ہے، اور اس حدیث کا ایک راوی عبدالمہیمن بن عباس ہے یہ حضرت سہل بن سعد ساعدیؓ کا پوتا ہے اور ضعیف راوی ہے، اس کو حدیثیں اچھی طرح یاد نہیں تھیں۔

[٦٥-] باب ماجاء في التَّأَنِّيْ وَالْعَجَلَةِ

[٢٠٠٧-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا نُوْحُ بنُ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عِمْرَانَ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَرْجِسٍ المُزَنِيِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " السَّمْتُ الحَسَنُ، وَالتُّؤَدَةُ، وَالاِقْتِصَادُ جُزْءٌ مِنْ أَرْبَعَةٍ وَعِشْرِيْنَ جُزْأً مِنَ النُّبُوَّةِ"

وفي الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٠٠٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا نُوْحُ بنُ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَرْجِسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَاصِمٍ، وَالصَّحِيْحُ حَدِيْثُ نَصْرِ بنِ عَلِيٍّ.

[٢٠٠٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَزِيْعٍ، نا بِشْرُ بنُ المُفَضَّلِ، عَنْ قُرَّةَ بنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ

جَمْرَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ: " إِنَّ فِيْكَ خَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ: الِحْلْمُ وَالْأَنَاةُ" وفى الباب: عَنِ الْأَشَجِّ العَصْرِيِّ.

[۲۰۱۰-] حدثنا أَبُوْ مُصْعَبٍ المَدِيْنِيُّ، نَا عَبْدُ الْمُهَيْمِنِ بنُ عَبَّاسِ بنِ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْأَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ، وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعَلْمِ فِيْ عَبْدِ الْمُهَيْمِنِ بنِ عَبَّاسٍ، وَضَعَّفَهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

بابُ ماجاء فى الرِّفْقِ

نرمی کا بیان

لوگوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنا اور سختی کا رویہ اختیار نہ کرنا بھی ایک خوبی ہے جس سے معاشرہ کو رونق ملتی ہے، مسلم شریف میں روایت ہے کہ "اللہ تعالیٰ نرم ہیں، اور نرمی کو پسند فرماتے ہیں، اور نرمی کرنے پر اتنا دیتے ہیں جتنا سختی کرنے پر نہیں دیتے، اور نہ اس کے علاوہ کسی اور اچھی صفت پر اتنا دیتے ہیں" پس جو لوگ خیال کرتے ہیں کہ سختی کے بغیر کام نہیں چلتا، ان کا یہ خیال صحیح نہیں، بلکہ مسلم شریف میں یہ بھی روایت ہے کہ جو شخص نرمی کی صفت سے محروم کیا گیا وہ ہر خیر سے محروم کیا گیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس شخص کو نرمی سے اس کا حصہ دیا گیا اس کو یقیناً خیر میں سے اس کا حصہ دیا گیا، اور جو شخص نرمی سے اس کے حصہ سے محروم رکھا گیا وہ خیر سے اس کے حصہ سے محروم رکھا گیا" (اس حدیث میں چاروں جگہ حَظَّہ مفعول ثانی ہے اس لئے منصوب ہے)

تشریح: نرمی اور سختی کا دائرہ بہت وسیع ہے، اپنے گھر والوں سے، بیوی بچوں سے، غریب وقریب سے، پڑوسیوں اور شاگردوں سے، حاکموں اور افسروں سے: سب سے اس کا تعلق ہے، آدمی کو زندگی میں جن جن سے واسطہ پڑتا ہے ان سب کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا چاہئے، اور یہ بات خود اس کے لئے بھی رحمت کا باعث ہے اور دوسروں کے لئے بھی سکون کا سبب ہے، نرمی کرنے سے باہم محبت ومودت پیدا ہوتی ہے، اکرام واحترام اور خیر خواہی کے جذبات ابھرتے ہیں اور سخت رویہ اختیار کرنے سے آپس میں بغض وعداوت پیدا ہوتی ہے، اور حسد وبدخواہی اور جنگ وجدال کے جذبات ابھرتے ہیں اس لئے اس حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ جس کے مزاج میں نرمی ہے وہ بہت سی منفعتوں اور برکتوں کا ذریعہ بنتی ہے، اور جو اس اچھی خصلت سے محروم ہے وہ بہت سے نقصانات اور زحمتوں سے دوچار ہوتا ہے۔

[٦٦-] باب ماجاء فی الرِّفْقِ

[٢٠١١-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِیْنَارٍ، عَنْ ابنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، عَنْ یَعْلٰی بنِ مَمْلَكٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: قَالَ:" مَنْ أُعْطِیَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ: فَقَدْ أُعْطِیَ حَظَّهُ مِنَ الْخَیْرِ، وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ: فَقَدْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الْخَیْرِ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَجَرِیْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وأَبِیْ هریرةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

مظلوم کی بددعا کا بیان

اس باب میں اگر چہ منطوق کے ذریعہ ظلم وزیادتی کی قباحت وشناعت کا بیان ہے مگر مفہوم مخالف کے ذریعہ عدل وانصاف کی خوبی بیان کرنا مقصود ہے، کیونکہ ظلم کے سلسلہ میں آگے باب ۸۲ آرہا ہے، پس جاننا چاہئے کہ عدل وانصاف کرنا بھی بڑی خوبی ہے، اور اس سے معاشرہ کو رونق ملتی ہے، اور ظلم وزیادتی معاشرہ کو تباہ کرتی ہے، جب حاکم ظلم پر کمر باندھ لیتا ہے تو بیچارہ مظلوم سوائے بددعا کے کیا کرسکتا ہے؟ اور اضطراری حالت میں اس کے دل سے جو آہ نکلتی ہے وہ عرش الٰہی سے ورے نہیں رکتی، اور ابواب الزکوۃ (تحفۃ الالمعی ۲: ۵۳۱) میں یہ حدیث گذری ہے کہ جب نبی ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا حاکم بنا کر بھیجا تو ارشاد فرمایا: اتَّقِ دعوةَ المظلومِ، فإنَّه لیس بینها وبین الله حجابٌ: مظلوم کی بددعا سے بچنا! کیونکہ مظلوم کی بددعا اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ نہیں یعنی مظلوم کی آہ سیدھی اللہ تک پہنچتی ہے۔

[٦٧-] باب ماجاء فی دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ

[٢٠١٢-] حدثنا أَبُوْ کُرَیْبٍ، نا وَکِیْعٌ، عَنْ زَکَرِیَّا بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ یَحْیَی بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ صَیْفِیٍّ، عَنْ مَعْبَدٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم بَعَثَ مُعَاذًا إِلَی الْیَمَنِ، فَقَالَ: "اتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ، فَإِنَّهُ لَیْسَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَأَبُوْ مَعْبَدٍ: اسْمُهُ نَافِذٌ، وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وأَبِیْ هریرةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وأَبِیْ سَعِیْدٍ.

وضاحت: فإنه کی ضمیر: ضمیر شان ہے جو اس کا اسم ہے اور جملہ لیس خبر ہے۔

بابُ ماجاء فی خُلُقِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے اخلاقِ عالیہ کا بیان

آپؐ کے اخلاقِ حسنہ کی گواہی قرآنِ عظیم نے دی ہے، سورۃ القلم آیت ۴ میں ہے: ﴿وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ﴾ اورآپؐ یقیناً بڑے اخلاق پر ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اعلیٰ اخلاق پر پیدا فرمایا ہے، آپؐ کا کوئی عمل اعتدال سے ہٹا ہوا نہیں تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے دس سال نبی ﷺ کی خدمت کی ہے مگر کبھی کسی بات پر آپؐ نے ''ہوں'' نہیں کہا، نہ کسی کام کے کرنے پر یہ فرمایا کہ کیوں کیا؟ اور نہ کسی کام کے نہ کرنے پر یہ فرمایا کہ کیوں نہیں کیا؟ اور نبی ﷺ اخلاق میں سب لوگوں سے بڑھ کر تھے (اسی طرح جسمانی حلیہ کے اعتبار سے بھی آپ سب سے بہتر تھے) میں نے کبھی کوئی خالص ریشم اور سلکی کپڑا، اور نہ کوئی نرم چیز ایسی چھوئی ہے جو نبی ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو، اور نہ میں نے کبھی کوئی مشک اور نہ کوئی عطر نبی ﷺ کے پسینہ سے زیادہ خوشبودار سونگھا ہے۔

تشریح: جس طرح گناہوں کی کثرت سے خاص طور پر بدنظری سے پسینہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے، اسی طرح اعمالِ حسنہ سے خوشبو پیدا ہوتی ہے اور اعمالِ حسنہ میں نبی ﷺ سے بڑھا ہوا کون تھا؟ اس لئے آپؐ کا پسینہ نہایت خوشبودار تھا۔

سوال: جب آپ ﷺ کا پسینہ خوشبودار تھا تو پھر آپؐ عطر کیوں لگاتے تھے؟

جواب: آپؐ عطر اس لئے استعمال فرماتے تھے کہ خوشبو اور بڑھے جیسے وہ شخص جو فطری طور پر خوبصورت ہوتا ہے وہ بھی بنتا سنورتا ہے بلکہ دوسرے سے زیادہ سنورتا ہے، حالانکہ حسنِ خداداد کے بعد مانگ پٹی کی ضرورت نہیں رہتی، یا جیسے ایک نماز سے دوسری نماز تک کے گناہ نمازوں کی وجہ سے معاف ہو جاتے ہیں، پھر جمعہ سے جمعہ تک کے گناہ جمعہ کی وجہ سے معاف ہوتے ہیں، پھر عاشوراء اور عرفہ کے روزوں سے بھی سال بھر کے گناہ معاف ہوتے ہیں، نیز وضو سے بھی اعضاء کے تمام گناہ نکل جاتے ہیں، پس اگر کوئی سوال کرے کہ جب ایک عمل سے گناہ معاف ہوگئے تو دوسرا عمل کیا کام کرے گا؟ اس کا جواب یہی دیا جائے گا کہ مکفِّرات کے مجموعہ سے جلا پیدا ہوتی ہے، اسی طرح اس کو بھی سمجھنا چاہئے کہ آپؐ کا پسینہ نہایت خوشبودار تھا، ایک مرتبہ آپؐ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے گھر سو رہے تھے، گرمی کا زمانہ تھا، پسینہ نکل رہا تھا، حضرت ام سلیم وہ پسینہ ایک شیشی میں جمع کر رہی تھیں، آپؐ کی آنکھ کھل گئی، آپؐ نے پوچھا: کیا کر رہی ہو؟ انھوں نے عرض کیا: آپؐ کا پسینہ جمع کر رہی ہوں ہم اس کو اپنی خوشبو میں ملائیں گے، کیونکہ آپ کا پسینہ ہماری خوشبوؤں سے بھی زیادہ خوشبودار ہے، اس سے بھی معلوم ہوا کہ دو خوشبوؤں کے جمع ہونے سے خوشبو میں اضافہ ہوتا ہے، اس لئے آپؐ بکثرت عطر استعمال فرماتے تھے۔

اور خادم کے فعل پر نکیر نہ کرنے کی وجہ اخلاق کی خوبی ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ دس سال تک آپؐ کی خدمت میں رہے ہیں، اتنے لمبے عرصہ تک خادم سے کوئی نامناسب بات سرزد نہ ہو یہ ناممکن ہے، اور کبھی بھی خادم کو تنبیہ نہ کرنا یہ انتہائی درجہ کی تواضع ہے، اور اس کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ ہر کام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سمجھتے تھے، اور اس پر راضی رہتے تھے۔ چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ جو اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں وہی ہوتا ہے، یعنی تقدیر سے ہٹ کر کوئی بات نہیں ہوتی، پھر آدمی کسی بات پر چیں بہ جبیں کیوں ہو؟ ہاں اگر خادم شرارت کرے، اور بالقصد کام بگاڑے تو اس کو سلیقہ سکھلانا چاہئے، اور اس کی حرکت پر نکیر کرنی چاہئے، مگر حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس کی امید نہیں تھی ان سے اگر کوئی غلطی ہو جاتی تھی تو دانستہ نہیں ہوتی تھی، اس لئے نبی ﷺ کبھی ان کو نہیں ٹوکتے تھے۔

حدیث: ابو عبداللہ جدلی کہتے ہیں: میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کے اخلاق کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے فرمایا: لَمْ یَکن فاحِشًا ولا مُتَفَحِّشًا: آپؐ نہ (طبعی طور پر) فحش گو تھے اور نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے۔ ولا صَخَّابًا فی الأَسْوَاقِ: اور نہ آپؐ بازاروں میں چلا کر بولتے تھے (جہاں ہر کوئی چلاتا ہے) ولا یَجْزِیْ بالسَّیِّئَةِ السَّیِّئَةَ: اور آپؐ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے، ولکن یعفو وَیَصْفَحُ: بلکہ آپؐ معاف کر دیتے تھے اور درگذر فرماتے تھے۔

تشریح:

۱- بعض لوگ فطری طور پر بیہودہ باتیں کرنے کے عادی ہوتے ہیں، اور بعض لوگ بہ تکلف مجلس گرم کرنے کے لئے یا مجلس کا طرز نباہنے کے لئے فحش گوئی کرتے ہیں، اس لئے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے دونوں باتوں کی نفی کی کہ آپؐ نہ طبعاً فحش گو تھے، نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے۔

۲- اور مختلف مصلحتوں سے آپ بازار جاتے تھے، اور اس میں کوئی مضائقہ بھی نہیں، لیکن بازار میں شور و شغب کرنا وقار کے منافی ہے، آدمی کو چاہئے کہ سکون کے ساتھ اپنی ضرورت پوری کر کے بازار سے لوٹ آئے، اور بازار میں عموماً شور وغل ہوتا ہے پس جو شخص وہاں بھی سکون و وقار سے رہتا ہے وہ ہر جگہ پر سکون رہتا ہے۔

۳- آپؐ برائی کا بدلہ برائی سے کبھی نہیں دیتے تھے، کفار نے آپؐ کو کتنی اذیتیں پہنچائیں تھیں مگر فتح مکہ کے دن آپؐ نے سب کو معاف کر دیا تھا۔ اور الفاظ عفو و صفح مترادف نہیں ہیں، بلکہ عفو کا تعلق ظاہر سے ہے، معاف کرنے کا مطلب ہے: غلط کام کرنے والے کو سزا دینا نہ ڈانٹ ڈپٹ کرنا، برا بھلا کہنا نہ شکوہ شکایت کرنا، اور صفح (درگذر کرنا) کا تعلق باطن سے ہے، یعنی دل سے غلطی کرنے والے کو معاف کر دینا، جو کچھ اس نے کیا ہے اس کو بھول جانا، دل کو اس کی طرف سے صاف کر لینا۔

ملحوظہ: باب کی دونوں حدیثیں شمائل ترمذی (ص:۲۵) میں بھی ہیں۔

[٦٨-] باب ماجاء في خُلُقِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[٢٠١٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَدَمْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشْرَ سِنِيْنَ، فَمَا قَالَ لِيْ: أُفٍّ قَطُّ، وَمَا قَالَ لِشَيْئٍ صَنَعْتُهُ: لِمَ صَنَعْتَهُ؟ وَلاَ لِشَيْئٍ تَرَكْتُهُ: لِمَ تَرَكْتَهُ؟ وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا، وَمَا مَسِسْتُ خَزًّا قَطُّ، وَلاَ حَرِيْرًا، وَلاَ شَيْئًا كَانَ أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ شَمِمْتُ مِسْكًا قَطُّ، وَلاَ عِطْرًا كَانَ أَطْيَبَ مِنْ عَرَقِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَالْبَرَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٠١٤-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيَّ يَقُوْلُ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ خُلُقِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَتْ: لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا، وَلاَ مُتَفَحِّشًا، وَلاَ صَخَّابًا فِي الْأَسْوَاقِ، وَلاَ يَجْزِيْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ، وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ.

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ بنُ عَبْدٍ، وَيُقَالُ: عَبْدُ الرحمنِ بنُ عَبْدٍ.

وضاحت: خزّ اور حریر ایک چیز ہیں، ریشم کا کپڑا خزّ، اور خود ریشم حریر کہلاتا ہے اور بعض کہتے ہیں: خزّ: نرم بال ہیں۔

بابُ ماجاء في حُسْنِ الْعَهْدِ

حسنِ وفا کا بیان

العهد کے چند معانی ہیں: یہاں وفا کے معنی ہیں، کہا جاتا ہے: هو ثابتُ العَهْدِ: وہ باوفا ہے یعنی پابند وعدہ ہے، اور وفا کی عمدگی تعلقات کی پاسداری سے ہوتی ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ما غِرْتُ علی أَحَدٍ مِنْ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَا غِرْتُ على خديجةَ: نبی ﷺ کی ازواج میں سے کسی پر مجھے اتنی غیرت نہیں آتی جتنی حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا پر آتی ہے (غَارَ يَغَارُ غَيْرةً کے معنی ہیں: رشک کرنا، اور پہلا ما نافیہ ہے اور دوسرا ما موصولہ یا مصدریہ ہے اور اس سے پہلے مثل محذوف ہے اور جملہ کا مطلب یہ ہے کہ مجھے ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ رشک حضرت خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا پر آتا ہے۔ ومابی أَنْ أَكُوْنَ أَدْرَكْتُهَا: حالانکہ نہیں تھا (رشک) میرے ساتھ

یعنی میرے اندر بایں وجہ کہ میں نے ان کو پایا تھا (جملہ حالیہ ہے اور أن سے پہلے باء محذوف ہے، اور بخاری ومسلم میں ہے: وما رَأَيْتُها: اور میں نے ان کو دیکھا نہیں تھا، اس لئے ان پر غیرت کی کوئی وجہ نہیں تھی، غیرت سوکنوں میں ہوتی ہے، اور سوکنیں وہ بیویاں ہیں جو ایک ساتھ کسی کے نکاح میں جمع ہوتی ہیں، اور حضرت خدیجہ کا زمانہ مقدم ہے اس لئے ان پر غیرت کھانے کی کوئی وجہ نہیں تھی، اس کے باوجود حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ان پر بہت زیادہ غیرت آتی تھی، کیوں؟ وما ذاك إلا لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم لها: اور نہیں تھی وہ غیرت مگر بکثرت نبی ﷺ کے ان کا تذکرہ کرنے کی وجہ سے، یعنی آپ ﷺ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا اتنا زیادہ تذکرہ فرماتے تھے اور اتنی زیادہ تعریف کرتے تھے کہ دل سن کر کباب ہوجاتا تھا، بلکہ ایک مرتبہ تو حضرت عائشہؓ نے جھلا کر کہہ دیا تھا کہ آپؐ قریش کی ایک بڑھیا کو یاد کرتے ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو ان سے بہتر بیوی دی ہے، اس پر آپؐ نے فرمایا: نہیں، ان سے بہتر مجھے کوئی بیوی نہیں ملی، اللہ نے مجھے ساری اولاد ان سے دی ہے۔ وإن كان لَيَذْبَحُ الشاةَ فَيَتَتَبَّعُ بها صَدائِقَ خديجةَ، فَيُهْدِيْهَا لَهُنَّ: اور بیشک شان یہ ہے کہ نبی ﷺ بکری ذبح کیا کرتے تھے، پس آپؐ ٹوہ لگاتے بکری کے گوشت کے بارے میں، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی سہیلیوں کی، پس آپؐ ہدیہ بھیجتے بکری کے گوشت کا ان سہیلیوں کے پاس، اسی کا نام تعلقات کی پاسداری ہے، اور یہی حسن وفا ہے، کسی کے ساتھ محبت ہوتی ہے تو اس کے متعلقین کے ساتھ بھی محبت ہوجاتی ہے۔ حاکم اور بیہقی نے حضرت عائشہ سے یہ واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک بڑھیا نبی ﷺ کے پاس آئی، آپؐ نے پوچھا: تم کیسی ہو؟ تمہارا کیا حال ہے؟ ہمارے بعد تمہارے احوال کیا رہے؟ بڑھیا نے کہا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! ہمارے احوال اچھے ہیں، پھر جب وہ بڑھیا چلی گئی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس بڑھیا کی طرف اتنا التفات کیوں کیا؟ آپؐ نے فرمایا: یاعائشة! إِنَّهَا كَانَتْ تَأْتِيْنَا زَمَانَ خديجةَ، وإنَّ حُسْنَ العَهْدِ مِن الإِيْمَان: اے عائشہ! یہ بڑھیا ہمارے پاس حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے زمانہ میں آیا کرتی تھی، اور تعلقات کی پاسداری ایمان کا تقاضہ ہے، اس لئے میں نے اس کی طرف اتنا التفات کیا۔

[٦٩-] باب ماجاء في حُسْنِ الْعَهْدِ

[٢٠١٥-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائشةَ، قَالَتْ مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ، وَمَا بِيْ أَنْ أَكُوْنَ أَدْرَكْتُهَا، وَمَا ذَاكَ إِلَّا لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَهَا، وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ فَيَتَتَبَّعُ بِهَا صَدَايِقَ خَدِيْجَةَ، فَيُهْدِيْهَا لَهُنَّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فی مَعَالِی الْأَخْلَاقِ

بلند اخلاقی کا بیان

مَعَالی: مَعْلَاةٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: شرف وبلندی، اور صفت کی موصوف کی طرف اضافت ہے اور اس باب میں یہ بیان ہے کہ جن لوگوں میں اعلی درجہ کے اخلاق ہوتے ہیں ان کا مقام ومرتبہ کیا ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ، وأَقْرَبكم مِنِّیْ مجلسًا يَوْمَ القيامةِ: أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا: میرے نزدیک (دنیا میں) محبوب تر اور قیامت کے دن مجھ سے قریب تر: وہ لوگ ہونگے جو تم میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے ہیں (أحاسِنَكم: إِنَّ کا اسم مؤخر ہے) اور جس طرح اللہ تعالیٰ کی نزدیکی بڑی خوبی کی بات ہے اسی طرح نبی ﷺ کی نزدیکی بھی بڑی خوبی کی بات ہے جو قیامت کے دن بلند اخلاق لوگوں کو حاصل ہوگی، وإِنَّ مِنْ أَبْغَضِكُمْ إِلَيَّ، وَأَبْعَدِكُمْ مِنِّی يَوْمَ القيامة: الثَّرْثَارون، والمُتَشَدِّقُوْنَ وَالمُتَفَيْهِقُوْنَ: اور تم میں سے میرے نزدیک (دنیا میں) مبغوض تر اور قیامت کے دن مجھ سے بعید تر: وہ لوگ ہونگے جو بہت زیادہ بک بک کرنے والے ہیں، اور گلا پھاڑ پھاڑ کر چلانے والے ہیں (یا باتوں میں غیر محتاط ہیں) اور تکبر سے بغبغانے والے ہیں، صحابہ نے عرض کیا: ثرثارون اور مُتَشَدِّقُوْن کو تو ہم جانتے ہیں، مُتَفَيْهِقون سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا: گھمنڈی لوگ (یہ بلند اخلاق والوں کا مقام ومرتبہ بیان کرنے کے بعد پست اخلاق والوں کا تذکرہ ہے، تاکہ تقابل سے اچھے اخلاق والوں کا مقام ومرتبہ اور بھی واضح ہوجائے)

[۷۰-] باب ماجاء فی مَعَالِی الْأَخْلَاقِ

[۲۰۱۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ الحَسَنِ بنِ خِرَاشٍ البَغْدَادِيُّ، نَا حَبَّانُ بنُ هِلَالٍ، نَا مُبَارَكُ بنُ فَضَالَةَ، ثَنِیْ عَبْدُ رَبِّهِ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ المُنْكَدِرِ، عَنْ جابرٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى اللّٰه عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ، وَأَقْرَبِكُمْ مِنِّیْ مَجْلِسًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا، وَإِنَّ مِنْ أَبْغَضِكُمْ إِلَيَّ، وَأَبْعَدِكُمْ مِنِّی يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الثَّرْثَارُوْنَ، وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ، وَالْمُتَفَيْهِقُوْنَ" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارِيْنَ، وَالْمُتَشَدِّقِيْنَ، فَمَا الْمُتَفَيْهِقُوْنَ؟ قَالَ: " الْمُتَكَبِّرُوْنَ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

الثَّرْثَارُ: هُوَ كَثِيْرُ الْكَلَامِ، وَالْمُتَشَدِّقُ: هُوَ الَّذِیْ يَتَطَاوَلُ عَلَى النَّاسِ فِی الْكَلَامِ، وَيَبْذُوْ عَلَيْهِمْ.

وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْمُبَارَكِ بنِ فَضَالَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

لغات: ثَرْثَرَ فی الکلام: فضول بولنا، بکواس کرنا، ثرثار: کثیر الکلام، بہت بولنے والا ...... تَشَدَّقَ: عمدہ گفتگو کرنے کے لئے باچھوں (گوشِ ہائے لب) کو موڑنا، المُتَشَدِّق: وہ شخص جو لوگوں کے سامنے ڈینگنے مارے اور بدزبانی کرے، تطَاوَلَ: غرور وتکبر کرنا۔ بَذَی (ن) بَذْوًا وَبَذَاءً بدکلامی اور بدزبانی کرنا ...... تفَهَّقَ بالکلام: مزین اور پر تکلف کلام کرنا، اور مراد متکبر لوگ ہیں، جیسا کہ خود نبی ﷺ نے بیان فرمایا ہے ...... بغبغانا: کبوتر یا اونٹ کا مستی میں بولنا، متکبرانہ کلام کرنا۔

وضاحت: حدیث کی پہلی سند حبان بن ہلال کی ہے وہ مبارک اور محمد بن المنکدر کے درمیان عبدربہ کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور مبارک کے دوسرے تلامذہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے۔ امام ترمذیؒ نے اس بغیر واسطہ والی سند کو اصح کہا ہے، کیونکہ مبارک کا محمد بن المنکدر سے لقاء وسماع ہے، پس عبدربہ کے واسطہ والی سند مزید فی متصل الاسناد ہوگی۔

بابُ ماجاء فی اللَّعْنِ وَالطَّعْنِ

لعن طعن کا بیان

اللَّعْن: باب فتح کا مصدر ہے: لعنت کرنا، اللہ کا کسی کو خیر سے محروم کرنا، اور الطَّعْن بھی باب فتح کا مصدر ہے: کسی کو طعنہ دینا، کسی کی برائی بیان کرنا، عیب نکالنا، تنقید کرنا، چھینٹے ڈالنا، کسی کے نسب میں کیڑے نکالنا۔ یہ دونوں باتیں بھی لوگوں کے دلوں میں کینہ پیدا کرتی ہیں اور جھگڑے ٹنٹے کھڑے کرتی ہیں، اس لئے لوگوں کو ان سے بچنا چاہئے، نہ کسی پر لعنت ملامت کرنی چاہئے، نہ کسی کی خردہ گیری کرنی چاہئے، اور نہ کسی کے نسب میں کیڑے نکالنے چاہئیں، نبی ﷺ نے فرمایا: لَایَکُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا: مؤمن بکثرت لعنت کرنے والا نہیں ہوتا، اور دوسری سند سے اس حدیث کے الفاظ ہیں: لَایَنْبَغِیْ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ یکون لَعَّانًا: یہ بات مؤمن کی شان کے خلاف ہے کہ وہ بہت زیادہ لعن طعن کرنے والا ہو، ان لفظوں نے پہلے لفظوں کی مراد واضح کی کہ بکثرت لعنت کرنا مؤمن کی شان کے خلاف ہے، مگر اس حرکت سے اس کا ایمان سلب نہیں ہوجاتا، اور لَعَّان (صیغہ مبالغہ) میں اشارہ ہے کہ کبھی کبھی کسی پر لعنت کرنا ممانعت میں داخل نہیں، نہ لعنت مباحہ حدیث کا مصداق ہے، یعنی ایسے لوگوں پر لعنت کرنا جو حقیقت میں ملعون ہیں، جیسے ارشادِ پاک ہے: ﴿لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ﴾ اور حدیث میں ہے: لَعَنَ اللّٰهُ الوَاصِلة والمُسْتَوْصِلَةَ إلی آخرہ۔

[۷۱-] باب ماجاء فی اللَّعْنِ وَالطَّعْنِ

[۲۰۱۷-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا أَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ کَثِیْرِ بنِ زَیْدٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَایَکُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا"

وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ:" لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يَكُوْنَ لَعَّانًا "

بابُ ماجاء في كَثْرَةِ الغَضَبِ

بہت زیادہ غصہ کرنے کا بیان

غصہ شیطان کے اکسانے سے آتا ہے، اوراس کی وجہ سے انسان حداعتدال سے نکل جاتا ہے۔ غلط باتیں بکتا ہے اور مذموم حرکتیں کرتا ہے، اور بغض وکینہ اور دیگر برائیاں غصہ پر مرتب ہوتی ہیں، اس لئے اگرچہ غصہ اپنے محل میں صفتِ محمودہ ہے کیونکہ یہ اللہ کی صفت ہے اور اللہ کے حبیب ﷺ کو بھی موقع محل میں غصہ آتا تھا مگر ہر وقت غصہ کرنا، یا غیر محل میں غصہ کرنا یا حد سے تجاوز کرنا معاشرہ کی خرابی کا باعث ہے، اور غصہ سے آدمی کی شخصیت بھی مجروح ہوتی ہے۔ حضرت علامہ بلیاوی قدس سرہ کا ارشاد ہے کہ غصہ کی کثرت قوت عاقلہ کی کمزوری کی دلیل ہے، یعنی حد سے زیادہ غصہ اس شخص کو آتا ہے جس کی قوتِ عاقلہ کمزور ہوتی ہے اور اگر پہلے سے کمزور نہیں ہوتی تو غصہ کرنے سے کمزور ہو جاتی ہے، ایک شاعر کہتا ہے:

رفتہ رفتہ آدمی راکمتر سازد غضب ❁ آب راچنداں کہ جوشانند کمتر شود

(آہستہ آہستہ آدمی کو غصہ او چھا بنا دیتا ہے ÷ پانی کو جتنا جوش دو گے گھٹتا چلا جائے گا)

حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور کہا: مجھے کچھ سکھلایئے، اور بہت زیادہ باتیں نہ بتایئے، شاید میں اس کو محفوظ کرسکوں یعنی اگر لمبی بات ہوگی تو میں یاد نہیں رکھ سکوں گا، اس لئے کوئی مختصر بات بتلائیں، نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتَغْضَبْ: غصہ مت کر، اس نے اپنی بات بار بار دوہرائی، آپؐ ہر بار یہی فرماتے رہے لاتغضب، غصہ مت کر۔

تشریح: ان صحابی نے اس چھوٹی سی بات کو یا تو بات ہی نہیں سمجھا یا تھوڑی بات سمجھا، اس لئے انھوں نے بار بار سوال کیا کہ مجھے کچھ اور سکھلایئے، مگر آپؐ ہر بار یہی جواب دیتے رہے کہ اپنے غصہ پر کنٹرول کرو، اور آپؐ نے یہی بات بار بار اس وجہ سے فرمائی ہوگی کہ مخاطب کی سب سے بڑی بیماری یہی ہوگی، اس کے علاج سے دوسرے تمام امراض کا علاج ہو جائے گا، پس آپؐ کی یہ نصیحت معمولی نہیں تھی بلکہ کانٹے کی بات تھی، جیسے ایک شخص خدمت نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے عرض کیا: میں بہت سے گناہوں میں مبتلا ہوں، شراب پیتا ہوں، چوری کرتا ہوں، جھوٹ بولتا ہوں وغیرہ وغیرہ، اور یہ سب گناہ ایک ساتھ نہیں چھوڑ سکتا، ہاں ان میں سے ایک گناہ چھوڑ سکتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: جھوٹ بولنا چھوڑ دو، انھوں نے ہامی بھرلی، پھر جب شراب پینے کا وقت آیا تو سوچا کہ اگر نبی ﷺ نے پوچھا تو مجھے سچ بولنا پڑے گا، اور اپنے ہی اقرار سے کوڑے کھانے پڑیں گے۔ اسی طرح جب زنا کا ارادہ کیا تو بھی یہی

سوچا، اس طرح سارے گناہوں سے بچ گیا۔ اسی طرح نبی ﷺ نے ان صحابی کو بھی کانٹے کی نصیحت فرمائی جوان کی پوری زندگی کے اعمال وافعال پر اثر انداز ہوگی۔

[۷۲-] باب ماجاء فی كَثْرَةِ الغَضَبِ

[۲۰۱۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: عَلِّمْنِيْ شَيْئًا، وَلاَ تُكْثِرْ عَلَيَّ، لَعَلِّي أَعِيْهِ، قَالَ: "لاَ تَغْضَبْ" فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرارًا، كُلَّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ: "لاَ تَغْضَبْ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَسُلَيْمَانَ بنِ صُرَدَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وأَبُوْ حَصِيْنٍ: اسْمُهُ عُثْمَانُ بنُ عَاصِمٍ الأَسَدِيُّ.

لغت: أَعِيْ (مضارع واحد متکلم) وَعَى يَعِيْ وَعْيًا الحديثَ: بات کو اچھی طرح سمجھ کر ذہن میں محفوظ کر لینا۔

بابُ ماجاء فی كَظْمِ الغَيْظِ

غصہ پینے کا بیان

ہمارے نسخوں میں باب نہیں ہے، مصری نسخہ میں ہے۔ كَظَمَ الباب کے معنی ہیں: دروازہ بند کرنا، اور كَظَمَ الغَيْظَ کے معنی ہیں: غصہ نگل جانا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا، وهو يَسْتَطِيْعُ أَنْ يُنَفِّذَه: دعاه اللّٰهُ يوم القيامة على رُؤُسِ الخَلاَئِقِ، حتى يُخَيِّرَه في أَيِّ الحورِ شَاءَ: جو شخص غصہ نگل گیا درانحالیکہ وہ طاقت رکھتا تھا کہ غصہ اتارے تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن تمام مخلوقات کے سامنے بلائیں گے، پھر اس کو اختیار دیں گے کہ وہ جونسی حور چاہے لیلے۔

تشریح: نَفَّذَ الحكمَ کے معنی ہیں: حکم پر عمل کرانا، نَفَّذَ القولَ: بات کو عملی جامہ پہنانا، نَفَّذَ الغَضَبَ: کسی پر غصہ اتارنا، کبھی غصہ بہت آتا ہے مگر کر کچھ نہیں سکتا، کیونکہ جس پر غصہ آرہا ہے وہ بڑا ہے یا با اقتدار ہے یا با اختیار ہے یا زور آور ہے، اس صورت میں غصہ نگل جانے کا کوئی ثواب نہیں، ثواب اس صورت میں ہے جب آدمی غصہ اتارنے پر قادر ہو اور فی أيِّ الحور شاءَ میں أَخذ محذوف ہے: أى في أَخْذِ أيتهن شاءَ۔

اور قرآنِ کریم میں بھی غصہ نگل جانے کو پرہیز گاروں کی صفات میں شمار کیا گیا ہے۔ سورۂ آل عمران آیت ۱۳۴ میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يُنفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ یعنی اللہ سے ڈرنے والے وہ لوگ ہیں جو فراخی اور تنگی میں خرچ کرتے ہیں، اور غصہ کو نگل جاتے ہیں،

اور لوگوں سے درگذر کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکوکاروں کو محبوب رکھتا ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ جب ان کا بس چل سکتا ہو غصہ پی جائیں، اور کوتاہی کرنے والے سے درگذر کریں، ہاں اگر ناراضگی میں اس کی کوئی دینی یا دنیوی مصلحت ہو تو دوسری بات ہے۔

[٧٣-] بابٌ فى كَظْمِ الغَيْظِ

[٢٠١٩-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ المُقْرِئُّ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، ثَنِيْ أَبُوْ مَرْحُوْمٍ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ مُعَاذِ بنِ أَنَسٍ الجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ كَظَمَ غَيْظًا، وَهُوَ يَسْتَطِيْعُ أَنْ يُنَفِّذَهُ: دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُ وْسِ الخَلاَئِقِ، حَتَّى يُخَيِّرَهُ فِيْ أَيِّ الحُوْرِ شَاءَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فى إِجْلَالِ الكَبِيْرِ

بڑے کی تعظیم کرنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ما أَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا لِسِنِّهِ إلا قَيَّضَ اللّٰهُ له مَنْ يُكْرِمُه عند سِنِّهِ: نہیں اکرام کرتا کوئی جوان کسی بوڑھے کا اس کی عمر کی وجہ سے مگر مقدر فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایسے شخص کو جو اس کا اکرام کرے اس کی عمر زیادہ ہونے کے وقت۔

تشریح: پہلے (باب ١٥) میں یہ حدیث آئی ہے کہ جو چھوٹے پر رحم نہیں کرتا، اور بڑے کی عزت نہیں کرتا وہ ہم میں سے نہیں، یعنی ایسا شخص خاک مسلمان ہے! اور اس حدیث میں بڑے کی عزت کرنے کا دنیوی فائدہ بیان کیا ہے کہ آج جس جوان نے کسی بوڑھے کی عزت کی، محض اس کے بڑے ہونے کی وجہ سے تو کل جب یہ جوان بوڑھا ہوگا تو دوسرے جوان اس کی عزت کریں گے۔

[٧٤-] باب ماجاء فى إِجْلَالِ الكَبِيْرِ

[٢٠٢٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثَنَّى، نايَزِيْدُ بنُ بَيَانٍ العُقَيْلِيُّ، ثَنِيْ أَبُوْ الرَّحَّالِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا أَكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا لِسِنِّهِ إِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهُ مَنْ يُكْرِمُهُ عِنْدَ سِنِّهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ: يَزِيْدَ بنِ بَيَانٍ، وَأَبُوْ الرِّجَال الْأَنْصَارِيُّ آخَرُ.

وضاحت: سند میں أبو الرَّحَّال انصاری ہیں: ان کا نام محمد بن خالد ہے اور یہ ضعیف راوی ہے، اور ایک دوسرے ابوالرجال (رجل کی جمع) ہیں، ان کا نام محمد بن عبدالرحمٰن انصاری ہے، یہ ثقہ راوی ہیں۔ یہ اس سند میں نہیں ہیں۔

بابُ ماجاء فی المُتَهَاجِرَیْنَ

دو قطع تعلق کرنے والوں کا حکم

پہلے (باب ۲۱) میں یہ حدیث آئی ہے کہ کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ اپنی دینی بھائی سے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کرے، کیونکہ جب باہمی تعلقات بگڑ جاتے ہیں اور لوگ ایک دوسرے سے کشیدہ ہوجاتے ہیں تو پھر فساد کی کوئی انتہا نہیں رہتی، اور معاشرہ بگاڑنے والے اللہ کے نزدیک نہایت مبغوض ہیں، فرشتے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: پیر اور جمعرات کو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں، پس ان دنوں میں ہر اس شخص کی مغفرت کردی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا، مگر آپس میں قطع تعلق کرنے والے دو شخص مستثنیٰ ہیں، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''ان دونوں کو پیچھے کرو، یہاں تک کہ دونوں مصالحت کریں'' یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور اس میں ترک تعلقات کرنے والے دونوں شخصوں کے لئے سخت وعید ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت سے محروم رہتے ہیں، اس لئے انہیں پہلی فرصت میں تعلقات ہموار کرلینے چاہئیں۔

[۷۵-] باب ماجاء فی المُتَهَاجِرَیْنِ

[۲۰۲۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا عَبْدُ العَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَیْلِ بنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " تُفْتَحُ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ یَوْمَ الاِثْنَیْنِ وَالْخَمِیْسِ، فَیُغْفَرُ فِیْهِمَا لِمَنْ لاَ یُشْرِكُ بِاللّٰهِ، إِلاَّ الْمُتَهَاجِرَیْنِ، یَقُوْلُ: رُدُّوْا هَذَیْنِ حَتَّی یَصْطَلِحَا"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَیُرْوَی فِیْ بَعْضِ الحدیثِ: " ذَرُوْا هَذَیْنِ حَتَّی یَصْطَلِحَا" وَمَعْنَی قَوْلِهِ: " المُتَهَاجِرَیْنِ": یَعْنِی المُتَصَارِمَیْنِ، وَهٰذَا مِثْلُ مَا رُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لاَیَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ یَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَیَّامٍ"

وضاحت: رُدُّوْا اور ذَرُوْا ہم معنی ہیں ...... متهاجِرَین: تثنیہ ہے، یعنی دو تعلق توڑنے والے، تَهَاجَرَ القومُ: باہم قطع تعلق کرنا، یہی معنی تصارَمَا کے ہیں، یعنی باہم قطع تعلق کرنا، صَرَمَ الحَبْلَ: کاٹا۔

بابُ ماجاء فی الصَّبْرِ

صبر کا بیان

صبر کے اصل معنی ہیں: روکنا، سورۃ الکہف آیت ۲۸ میں ہے: ﴿وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ﴾ اور آپؐ خود کو ان لوگوں کے ساتھ روکے رکھیں جو صبح وشام اپنے پروردگار کو پکارتے ہیں، پھر متعلقات کے اعتبار سے صبر کی مختلف صورتیں ہوتی ہیں:

ایک: صَبْرُ النَّفْسِ علی مَایَکْرَہُ یعنی ناگوار چیز کے پائے جانے کے وقت نفس کو قابو میں رکھنا۔ دوم: صَبْرُ النَّفْسِ علی الطاعۃ یعنی نفس کو عبادات اور طاعات پر مجبور کرنا۔ سوم: صَبْرُ النفس علی المَعْصِیَۃِ یعنی نفس کو حرام اور ناجائز چیزوں سے روکنا۔ چہارم: صبرُ النفس علی البلایا والمصائب یعنی مصیبتوں پر نہ گھبرانا، حالات کو انگیز کرنا...... مگر لوگوں نے صبر کو اس آخری معنی کے ساتھ خاص کر دیا ہے، وہ صبر کے یہی معنی سمجھتے ہیں کہ کسی کے مرنے پر نہ رونا، یہ صحیح نہیں، لفظ عام ہے، اور اس باب میں عام معنی ہی مراد ہیں۔

صبر وہمت سے کام لینا ایک اچھا وصف ہے، اس سے بڑی سے بڑی مشکلات حل ہو جاتی ہیں، اور جو شخص بے صبرا اور بے ہمت ہوتا ہے اس کی مراد کبھی پوری نہیں ہوتی، اور جب کوئی شخص کسی مقصد کے پیچھے لگ جاتا ہے اور صبر وہمت سے کام لیتا ہے تو وہ ایک نہ ایک دن منزل تک پہنچ جاتا ہے اور اس کا مقصد برآتا ہے۔

حدیث: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ انصار نے نبی ﷺ سے مالی تعاون مانگا، آپؐ نے ان کو عنایت فرمایا، پھر دوسرے وقت میں دوسری مرتبہ مانگا تو بھی آپؐ نے عنایت فرمایا اور اس موقع پر آپؐ نے پانچ باتیں ارشاد فرمائیں:

۱- مایکونُ عندی مِنْ خیرٍ، فلن أَدَّخِرَہ عنکم: میرے پاس جو بھی خیر ہوتی ہے، پس میں اس کو ہرگز تم سے ذخیرہ کر کے نہیں رکھتا۔ اس میں ما موصولہ متضمن معنی شرط ہے، اس لئے جزاء میں ف آئی ہے، اور خیر سے مراد صرف مال نہیں بلکہ دنیا وآخرت کی ہر بھلائی مراد ہے یعنی خواہ وہ علم دین ہو یا دنیوی ساز وسامان، سب خیر کا مصداق ہے اور من خیرٍ: ما کا بیان ہے اور یہ روایت امام مالک رحمہ اللہ کی ہے، ان کے بعض تلامذہ حدیث میں لن کہتے ہیں، اور بعض لم: لن سے مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی ہوتی ہے اور لم سے زمانہ ماضی میں نفی ہوتی ہے۔ مگر مراد دونوں صورتوں میں ایک ہے، ماضی میں بھی ادخار کی نفی کرنی مقصود ہے اور مستقبل میں بھی، کیونکہ جس نے ماضی میں ذخیرہ نہ کیا ہو، جو کچھ آیا وہ لوگوں کو دیدیا ہو، وہ مستقبل میں کیا ذخیرہ کرے گا!

۲- وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ: اور جو شخص مالداری ظاہر کرتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ مالدار بنا دیتے ہیں، یعنی جو قناعت

کرتا ہے اور اپنے پاس جو کچھ ہے اس پر راضی رہتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کی ہر ضرورت پوری کر دیتے ہیں، اس کو مخلوق سے بے نیاز کر دیتے ہیں، اور اس کو دل کا بادشاہ بنا دیتے ہیں، اور مالداری کی حقیقت دل کی بے نیازی ہے، سامان کی زیادتی کا نام مالداری نہیں۔

۳- وَمَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ: اور جو پاک دامن بننے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو پاک دامن بنا دیتے ہیں استعفاف میں سوال سے بچنا بھی مراد ہے، یعنی جو لوگوں سے سوال نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس کو سوال کرنے سے بچا لیتے ہیں۔

۴- وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ: اور جو برداشت سے کام لیتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو برداشت کی قوت دیدیتے ہیں، یعنی جو صبر کی عادت ڈالتا ہے اس کو صبر کی توفیق مل جاتی ہے، باب سے اسی ٹکڑے کا تعلق ہے۔

۵- وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ شَيْئًا هو خيرٌ وَأَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ: اور کوئی شخص کوئی چیز نہیں دیا گیا جو صبر سے بہتر اور کشادہ ہو، یعنی سب سے اہم وصف صبر وہمت ہے، اور اس کا فائدہ بھی بے حد وحساب ہے، اس ٹکڑے کا بھی باب سے تعلق ہے کیونکہ اس سے صفت صبر کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

[۷۶-] باب ماجاء فی الصَّبْرِ

[۲۰۲۲-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ: أَنَّ نَاسًا مِنَ الأَنْصَارِ سَأَلُوْا النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَعْطَاهُمْ، ثُمَّ سَأَلُوْا فَأَعْطَاهُمْ، ثُمَّ قَالَ: "مَايَكُوْنُ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ، وَمَنْ يَسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَسْتَعِفَّ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ شَيْئًا هُوَ خَيْرٌ وَأَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى هٰذَا الحديثُ عَنْ مَالِكٍ: "فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ" وَيُرْوَى عَنْهُ: "فَلَمْ أَدَّخِرْهُ عَنْكُمْ" وَالْمَعْنَى فِيْهِ وَاحِدٌ، يَقُوْلُ: "لَنْ أَحْبِسَهُ عَنْكُمْ"

لغات: اِدَّخَرَ کی اصل اِذَّخَرَ (ذال کے ساتھ) ہے اس کے معنی ہیں: جمع کرنا، ذخیرہ کرنا اور اِذَّخَرَ اصل میں اِذْتَخَرَ: باب افتعال سے تھا، مجرد: ذَخَرَ الشيئَ (ف) ذَخْرًا وَذُخْرًا کے معنی ہیں: وقت ضرورت کے لئے محفوظ کرنا، ذخیرہ کرنا، اسٹاک کرنا...... يَسْتَغْنِ از اسْتَغْنَى اسْتِغْنَاءً: مالدار ہونا، استَغْنٰى عنه: بے نیاز ہونا، استغنى به: کسی چیز پر اکتفا کرنا، کافی سمجھنا...... يُغْنِ از أَغْنَى اللّٰهُ فلاناً: مالدار کرنا...... يَسْتَعِفُّ از اسْتَعَفَّ اسْتِعْفَافًا: پاک دامن ہونے کی خواہش رکھنا، برائی سے بچنا، مجرد عَفَّ يَعِفُّ عِفَّةً: پاک دامن ہونا...... يُعِفُّ از أَعَفَّهُ اللّٰهُ: پاک دامن بنانا، بری اور ناجائز باتوں سے محفوظ رکھنا...... يَتَصَبَّرْ از تَصَبَّرَ: صبر سے کام لینا، برداشت کرنا، صبر کا اظہار کرنا......

يُصَبِّرْ از صَبَّرَہ: صبر کرانا، برداشت کرانا۔

بابُ ماجاء فی ذِیْ الْوَجْهَیْنِ

دورخے آدمی کا حال

دورخا: وہ شخص ہے جو ایک کے پاس ایک چہرے سے آئے اور دوسرے کے پاس دوسرے چہرے سے یعنی اس سے بھی دوستی ظاہر کرتا ہے اور اس کے مخالف سے بھی، یہ برا وصف ہے، اور ایسے شخص سے دونوں فریقوں کا اعتماد اٹھ جاتا ہے، مگر اس برے وصف کو اب سیاسی لوگ خوبی سمجھتے ہیں۔ سیاسی لوگوں کے ستّر منہ ہوتے ہیں، اس لئے سیاسی لوگوں کی باتوں پر لوگ اعتماد نہیں کرتے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ مِنْ شَرِّ الناسِ عند اللہ یوم القیامۃ ذَا الوَجْهَیْنِ: قیامت کے دن اللہ کے نزدیک دورخا شخص بدترین لوگوں میں سے ہوگا، اس حدیث میں إنَّ کی خبر مقدم ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دورخا آدمی خواہ دنیا میں دونوں فریقوں کا منظور نظر بن جائے مگر قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ذلیل وخوار ہوگا۔

[۷۷-] باب ماجاء فی ذِی الوَجْهَیْنِ

[۲۰۲۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "إنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ذَا الوَجْهَیْنِ"

وفی الباب: عَنْ عَمَّارٍ، وأَنَسٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی النَّمَّامِ

چغلخور کا بیان

چغلخوری ایک برا وصف ہے، اصلاح ذات البین کی جس قدر اہمیت ہے، اسی قدر فسادات ذات البین کی قباحت ہے، لترا (اِدھر کی اُدھر کہنے والا آدمی) لچّا سمجھا جاتا ہے، جب اس کی حقیقت لوگوں کے سامنے کھلتی ہے تو اس کا اعتبار ختم ہوجاتا ہے اور لوگ اس سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں، چغلخور کو لگائی بجھائی میں بڑا مزہ آتا ہے، مگر اس کو سمجھنا چاہئے کہ اس سے اس کی شخصیت مجروح ہوتی ہے، اس کا اعتبار ختم ہوجاتا ہے اور اس کی حیثیت چار پیسے کی باقی نہیں رہتی، اس لئے اس کو اس حرکت سے باز آجانا چاہئے۔

حدیث: ہمّام بن الحارثؒ کہتے ہیں: ایک شخص حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرا، لوگوں نے آپؓ

کو بتلایا کہ یہ شخص حاکموں تک لوگوں کی باتیں پہنچاتا ہے، پس حضرت حذیفہؓ نے یہ حدیث سنائی: لایَدْخُلُ الجنةَ قَتَّاتٌ: سُخن چیں (باتیں چننے والا) جنت میں نہیں جائے گا، یعنی وہ اپنے گناہ کی سزا ضرور پائے گا، اللہ کی معافی اس کے حصہ میں نہیں آئے گی۔

[٧٨-] باب ماجاء فی النَّمَّامِ

[٢٠٢٤-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ هَمَّامِ بنِ الحَارِثِ، قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ عَلَى حُذَیْفَةَ بنِ الیَمَانِ، فَقِیْلَ لَهُ: إِنَّ هٰذَا یُبَلِّغُ الْأُمَرَاءَ الحدیثَ عَنِ النَّاسِ، فَقَالَ حُذَیْفَةُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: " لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ"

قَالَ سُفْیَانُ: وَالْقَتَّاتُ: النَّمَّامُ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغات: نَمَّ بین القوم: چغلخوری کرنا، لگائی بجھائی کرنا۔ نَمَّ الحدیثَ: بطور چغلی بات نقل کرنا اور فساد پھیلانا، النَّمَّام: بڑا چغلخور، یہی معنی القَتَّات کے ہیں، قَتَّ الحدیثَ: فساد پھیلانے کی غرض سے باتیں لوگوں تک پہنچانا، چُغُلْ کے اصل معنی ہیں: وہ کنکر جسے چلم میں تمباکو کے نیچے رکھتے ہیں، اور چغلخور کے معنی ہیں لُترا، اِدھر کی اُدھر کہنے والا، بات ادھر سے اُدھر جا لگانا، فساد پھیلانا۔

بابُ ماجاء فی العِیِّ

قلت کلام کا بیان

العِیُّ (ع کے زیر اور زبر کے ساتھ) مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: کام کی بات نہ کہہ سکنا۔ افہام مقصود پر قادر نہ ہونا، مگر یہاں قلت کلام مراد ہے، کیونکہ حیاء کے ساتھ اس کا ذکر آیا ہے، اس لئے حیاء کی وجہ سے بات نہ کہہ سکنا مراد ہے، اور یہ وصف محمود ہے، جیسے بیہودہ گوئی اور طلاقتِ لسانی وصف مذموم ہیں، یعنی بدلحاظی اور چاپلوسی بری صفتیں ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

١-**الحیاءُ والعِیُّ شُعْبتان من الإیمان**: شرم ولحاظ اور قلت کلام ایمان کی دوشاخیں ہیں، یعنی یہ دونوں باتیں ایمان کے تقاضہ سے پائی جاتی ہیں، اور قلتِ کلام خود حیاء میں داخل ہے، کیونکہ حیاء کی دو قسمیں ہیں: ایک: وہ حیاء جس کا اثر ظاہر نہ ہو، دوسری: وہ حیاء جس کا اثر ظاہر ہو، حیاء کی پہلی قسم لفظ حیاء سے مراد لی گئی ہے، اور دوسری قسم لفظ العِیُّ سے مراد لی گئی ہے یعنی شرم ولحاظ کی وجہ سے بات نہ کہہ سکنا خوبی کی بات ہے۔

٢-**والبَذَاءُ والبیانُ شعبتان من النفاق**: اور بیہودہ گوئی اور طلاقتِ لسانی نفاق کی دوشاخیں ہیں، بیہودہ گوئی

یعنی بے سمجھے اور انجام کی پرواہ کئے بغیر بولنا اور واہی تباہی باتیں کہنا، اور بیان یعنی طلاقت لسانی، جیسے اس زمانہ کے مقرروں میں ہوتی ہے وہ جب بولنے پر آتے ہیں تو لگام ہاتھ سے چھوٹ جاتی ہے وہ بولتے ہی چلے جاتے ہیں، اگر کسی کی برائی شروع کرتے ہیں تو جھوٹ اور بہتان تک پہنچ جاتے ہیں، یہی بیہودہ گوئی ہے، اور کسی کی تعریف شروع کرتے ہیں تو پل باندھ دیتے ہیں، اور خوشامد اور چاپلوسی میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے، یہی بیان نفاق کا شعبہ ہے، ایسے لوگ گفتار کے میری اور کردار کے پھسڈی ہوتے ہیں۔

[۷۹-] باب ماجاء فی العِیِّ

[۲۰۲۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ أَبِیْ غَسَّانَ مُحمَّدِ بنِ مُطَرِّفٍ، عَنْ حَسَّانِ بنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " الحَيَاءُ وَالعِيُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الإِيْمَانِ، وَالبَذَاءُ وَالْبَيَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ غَسَّانَ مُحمَّدِ بنِ مُطَرِّفٍ.

قَالَ: وَالعِيُّ: قَلَّةُ الْكَلاَمِ، وَالْبَذَاءُ: هُوَ الْفُحْشُ فِی الْكَلاَمِ، وَالْبَيَانُ: هُوَ كَثْرَةُ الْكَلاَمِ، مِثْلَ هٰؤُلاَءِ الخُطَبَاءِ الَّذِينَ يَخْطُبُوْنَ، فَيَتَوَسَّعُوْنَ فِی الْكَلاَمِ، وَيَتَفَصَّحُوْنَ فِيْهِ، مِنْ مَدْحِ النَّاسِ فِيْمَا لاَ يُرْضِی اللّٰهَ.

ترجمہ: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: العِیُّ کے معنی ہیں: قلتِ کلام، یعنی مطلق حصر (کلام سے رکنا اور بات کہنے سے بے بسی) مراد نہیں بلکہ شرم ولحاظ کی وجہ سے بات نہ کہہ سکنا مراد ہے......اور البذاء کے معنی ہیں: بیہودہ گوئی...... اور البیان کے معنی ہیں: کلام کی زیادتی، جیسے یہ مقررین جو تقریریں کرتے ہیں، پس کلام میں درازنفسی سے کام لیتے ہیں یعنی بہ تکلف فصیح بننے کی کوشش کرتے ہیں اور لوگوں کی ایسی تعریفیں کرتے ہیں جو اللہ کو پسند نہیں۔

بابُ ماجاء إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا

بعض بیان جادو اثر ہوتے ہیں

حدیث: دورِ نبوی میں دو شخص مدینہ منورہ آئے، اور دونوں نے تقریریں کیں، لوگ دونوں کی باتیں سن کر حیرت میں رہ گئے، اس موقع پر نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِن البیانِ سِحْرًا یا فرمایا: إِنَّ بَعْضَ البیان سِحْرٌ: مطلب دونوں کا ایک ہے، پہلے ارشاد میں بھی مِن تبعیضیہ ہے، یعنی کچھ تقریریں جادو اثر ہوتی ہیں، جادو منٹوں میں اثر کرتا ہے، اسی طرح تقریر لمحوں میں مجمع کا رخ پلٹ دیتی ہے، اچھائی کی طرف بھی اور برائی کی طرف بھی، پس اس ارشاد

میں تقریر کی مدح بھی ہے اور برائی بھی۔ اگر تقریر اچھی ہے اور لوگوں کا ذہن اچھی بات کی طرف پلٹا ہے تو مدح ہے اور بصورت دیگر مذمت ہے۔

تشریح: اس حدیث کا شانِ ورود یہ ہے کہ زَبرقان اور عمرو بن اہتم مدینہ منورہ آئے، پہلے زبرقان نے اپنے قومی مفاخر بیان کئے اور نہایت فصیح تقریر کی، عمرو نے اس کا جواب دیا اور اس نے بھی نہایت بلیغ تقریر کی، اور زبرقان کا کمینہ پن ثابت کیا، زبرقان نے عرض کیا: یارسول اللہ! بخدا! عمرو جانتا ہے کہ میرے اندر اس کے علاوہ صفتیں ہیں جو اس نے کہی ہیں، مگر میرے فضائل کے اظہار سے اس کو حسد نے روک دیا ہے، عمرو نے اس کا بھی جواب دیا اور پہلے سے بھی زیادہ فصیح تقریر کی۔

اور احیاء العلوم میں ہے: ایک دن عمرو نے زبرقان کی تعریف کی، پھر دوسرے دن اس کی برائی کی، تو حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: ماھذا؟ یہ کیا بات ہوئی؟ کل تو نے اس کی تعریف کی تھی، اور آج اس کی برائی کر رہا ہے؟ عمرو نے کہا: کل میں نے جو کچھ کہا تھا وہ سچ تھا اور آج جو میں نے کہا وہ بھی جھوٹ نہیں، کل اس نے مجھے خوش کیا تھا اس لئے میں نے اس کے وہ فضائل بیان کئے جو میں جانتا تھا، اور آج اس نے مجھے ناراض کر دیا پس میں نے اس کی وہ برائیاں بیان کیں جو میں اس میں پاتا ہوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ من البیان سِحْراً: بعض تقریریں جادو اثر ہوتی ہیں، قلوب کو ادھر سے اُدھر پھیر دیتی ہیں، بہرحال اس ارشاد میں بیان کی مدح بھی ہے اور ذم بھی۔

[۸۰-] باب ماجاء إِنَّ مِنَ الْبَیَانِ سِحْرًا

[۲۰۲٦-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلَیْنِ قَدِمَا فِیْ زَمَنِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَخَطَبَا، فَعَجِبَ النَّاسُ مِنْ کَلَامِهِمَا، فَالْتَفَتَ إِلَیْنَا رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ: "إِنَّ مِنَ البَیَانِ سِحْرًا" أو: "إِنَّ بَعْضَ البَیَانِ سِحْرًا"

وفی الباب: عَنْ عَمَّارٍ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰہِ بنِ الشِّخِّیْرِ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی التَّوَاضُع

خاکساری کا بیان

تَوَاضَعَ فلانٌ کے معنی ہیں: انکساری کرنا، اپنے آپ کو چھوٹا سمجھنا، یہ بہت اچھی صفت ہے، یہ تکبر اور گھمنڈ کی ضد ہے اس لئے جس قدر گھمنڈ برا ہے اسی قدر تواضع اچھی صفت ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے تین باتیں ارشاد فرمائیں:

۱-مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مالٍ: نہیں گھٹایا کسی خیرات نے کوئی مال یعنی غریبوں پر خرچ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ اس کا عوض دیتے ہیں، اور جوڑ کر رکھنے والے بھوکے مرجاتے ہیں، وقت پر ان کی دولت کچھ کام نہیں آتی، ڈاکٹر ہر چیز کے کھانے سے منع کردیتا ہے اور وہ کھانے پینے کے لئے ترستے رہتے ہیں۔

۲-وَما زَادَ اللّٰهُ رجلاً بعَفْوٍ إلَّا عِزًّا: اور نہیں بڑھاتے اللہ تعالیٰ کسی شخص کو درگذر کرنے کی وجہ مگر عزت میں، یعنی معاف کرنے سے مونچھ نیچی نہیں ہوجاتی، معاف کرنے سے ہمیشہ عزت بڑھتی ہے، تھوڑی دیر کے لئے لوگ چاہے کچھ کہیں، مگر آخر میں لوگ ایسے شخص کی تعریف کرتے ہیں۔

۳- وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إلا رَفَعَهُ اللّٰهُ: اور جو بھی شخص اللہ کے لئے خاکساری کرتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کو سربلندی عطا فرماتے ہیں، مگر لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ خود کو لمبا کھینچنا چاہئے ورنہ لوگ چھوٹا سمجھیں گے، حالانکہ خاکسار اور متواضع ہی کو اللہ تعالیٰ سربلند کرتے ہیں اسی کا مقام ومرتبہ بلند کرتے ہیں، جس کا جی چاہے تجربہ کرکے دیکھ لے۔

[۸۱-] باب ماجاء فی التَّوَاضُعِ

[۲۰۲۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بن عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ، وَمَا زَادَ اللّٰهُ رَجُلاً بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا، وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ"

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ كَبْشَةَ الْأَنْمَارِیِّ، وَاسْمُهُ: عُمَرُ بنُ سَعْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الظُّلْمِ

ظلم کا بیان

عدل وانصاف بڑی خوبی کی بات ہے، اور ظلم وزیادتی بری صفت ہے، نبی ﷺ نے فرمایا ہے: الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ القيامَةِ: ظلم قیامت کے دن تاریکیاں ہوگا، یعنی ظلم کرنا تاریکیوں کا سبب بنے گا، مظالم قیامت کے دن تاریکیوں کی صورت اختیار کریں گے، اور ظالم خدا کے نور سے محروم رہ جائے گا، غرض ظلم کا انجام بہت برا ہے۔

[۸۲-] باب ماجاء فی الظُّلْمِ

[۲۰۲۸-] حدثنا عَبَّاسُ العَنْبَرِیُّ، نا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِیُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَائِشَةَ، وأَبِیْ مُوْسَی، وأَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء فی تَرْكِ العَيْبِ لِلنِّعْمَةِ

نعمت کی برائی نہیں کرنی چاہئے

یہ بھی بڑی خوبی کی بات ہے کہ انسان اللہ کی ہر نعمت کو نعمت سمجھے اور اس کی برائی نہ کرے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے کبھی کسی کھانے کی برائی نہیں کی، اگر آپؐ کو کھانا پسند ہوتا تو نوش فرماتے ورنہ چھوڑ دیتے، مگر اس کی برائی نہیں کرتے تھے۔ اسی طرح آپؐ کسی کھانے کی غیر معمولی تعریف بھی نہیں کرتے تھے، البتہ لوگوں کی دلداری کے لئے کبھی آپؐ نے سرکہ وغیرہ کی تعریف کی ہے، کیونکہ کھانے کی تعریف کرنا دنیا کی طرف رغبت کی علامت ہے اور برائی کرنا اللہ کی نعمتوں کی ناقدری ہے، پس دونوں باتوں سے بچنا چاہئے۔

[٨٣-] باب ماجاء فی تَرْكِ العَيْبِ لِلنِّعْمَةِ

[٢٠٢٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: مَاعَابَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم طَعَامًا قَطُّ، كَانَ إِذَا اشْتَهَاهُ أَكَلَهُ، وَإِلَّا تَرَكَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ حَازِمٍ: هُوَ الأَشْجَعِیُّ، وَاسْمُهُ: سَلْمَانُ مَوْلَی عَزَّةَ الأَشْجَعِيَّةِ.

بابُ ماجاء فی تَعْظِيْمِ الْمُؤْمِنِ

مؤمن کے احترام کا بیان

مؤمن اگرچہ ایک انسان ہے مگر اس میں ایک وصف محمود یعنی ایمان ہے۔ اس اعتبار سے وہ قابل تعظیم ہے، پس جو جتنا قوی الایمان ہوگا اتنا ہی قابل تعظیم ہوگا۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایک مرتبہ نبی ﷺ منبر پر چڑھے اور بلند آواز سے فرمایا: اے وہ لوگو جو صرف زبان سے مسلمان ہوئے ہو، اور دلوں تک ایمان نہیں پہنچا! مسلمانوں کو مت ستاؤ۔ اور ان کو عار مت دلاؤ، اور ان کے عیوب مت ڈھونڈھو، کیونکہ جو شخص مسلمان بھائی کا عیب ڈھونڈھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا عیب

ڈھونڈتے ہیں، اور جس کا اللہ تعالیٰ عیب ڈھونڈتے ہیں اس کو رسوا کر دیتے ہیں، اگرچہ وہ اپنے مکان میں ہو۔

تشریح: یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے اور تمام روایتیں سیوطی رحمہ اللہ نے الدر المنثور (۶:۹۳) میں ﴿وَلاَ تَجَسَّسُوْا﴾ کی تفسیر میں جمع کی ہیں، مگر کسی روایت میں اس کی وضاحت نہیں کہ نبی ﷺ نے کس بات سے ناراض ہوکر یہ بات فرمائی تھی، یقیناً کوئی ایسی بات پیش آئی ہوگی مگر وہ روایت میں مروی نہیں۔

ابن عمرؓ کا ارشاد: نافع کہتے ہیں: اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ایک دن کعبہ شریف کی طرف دیکھا اور فرمایا: ما أَعْظَمَكِ! وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ! وَالْمُؤْمِنُ أَعْظَمُ حُرْمَةً عند الله مِنْكِ!: یعنی تیرا مرتبہ کس قدر بڑا ہے! اور تیرا احترام کس قدر زیادہ ہے! مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک مؤمن کا احترام تجھ سے بھی بڑھا ہوا ہے!

[٨٤-] باب ماجاء فی تَعْظِيمِ الْمُؤْمِنِ

[٢٠٣٠-] حدثنا يَحْيىَ بنُ أَكْثَم، وَالْجَارُوْدُ بنُ مُعَاذٍ، قَالاَ: نَا الفَضْلُ بنُ مُوْسى، نَا الحُسَيْنُ بنُ وَاقِدٍ، عَنْ أَوْفَى بنِ دَلْهَمٍ: عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: صَعِدَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم المِنْبَرَ، فَنَادَى بِصَوْتٍ رَفِيْعٍ، قَالَ: " يَا مَعْشَرَ مَنْ أَسْلَمَ بِلِسَانِهِ، وَلَمْ يُفْضِ الإِيْمَانُ إِلٰى قَلْبِهِ! لاتُؤْذُوْا الْمُسْلِمِيْنَ، وَلاَ تُعَيِّرُوْهُمْ، وَلاَ تَتَبَّعُوْا عَوْرَاتِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَةَ أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ تَتَبَّعَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ، وَمَنْ تَتَبَّعَ اللّٰهُ عَوْرَتَهُ يُفْضِحْهُ، وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهِ"

قَالَ: وَنَظَرَ ابنُ عُمَرَ يَوْمًا إِلَى البَيْتِ، أَوْ: إِلَى الكَعْبَةِ، فَقَالَ: مَا أَعْظَمَكِ! وَأَعْظَمَ حُرْمَتَكِ! وَالْمُؤْمِنُ أَعْظَمُ حُرْمَةً عِنْدَ اللّٰهِ مِنْكِ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، وَقَدْ رَوَى إِسْحَاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ السَّمَرْقَنْدِيُّ، عَنْ حُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ نَحْوَهُ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، عَنِ النبيِّ صلی الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

وضاحت: حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی حدیث ابوداؤد (حدیث ۴۸۸۰) وغیرہ میں ہے اور یہ حدیث دیگر صحابہ سے بھی مروی ہے، وہ روایات الدر المنثور میں ہیں۔

بابُ ماجاء فی التَّجَارِبِ

تجربات کا بیان

تجربہ عربی میں ر کے زیر کے ساتھ ہے، اور اردو میں زبر کے ساتھ، تجربہ کے معنی ہیں: سبب کے پائے جانے پر

مسبب کے پائے جانے کا بار بار مشاہدہ کرنا، اور تجربہ سے علم ظنی حاصل ہوتا ہے اور یہ باب یہاں اس لئے لائے ہیں کہ معاشرہ کے افراد کے بارے میں تجربات سے جو اچھی یا بری بات معلوم ہو اس کا لحاظ کرنا چاہئے، اگر تجربہ سے ثابت ہو جائے کہ ایک شخص جھوٹ بولتا ہے تو اس کی بات نہیں ماننی چاہئے اور کوئی شخص خیانت کرتا ہے تو اس کے پاس امانت نہیں رکھنی چاہئے، وقس علی ہذا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- لَاحَلِيْمَ إلا ذوعَثْرَةٍ: بردبار نہیں مگر لغزش والا، یعنی جس سے کبھی لغزش ہوئی ہے اس کا سوچنے کا انداز بدل جاتا ہے، وہ دوسروں کے بارے میں بھی یہی سوچتا ہے کہ ان سے بھی غلطیاں ہو سکتی ہیں، اس لئے اس میں بردباری کی صفت پیدا ہو جاتی ہے، اور وہ غلطی کرنے والوں سے درگذر کرتا ہے۔ العَثْرَة: کے معنی ہیں: لغزش، ٹھوکر۔

۲- ولاحَكِيْمَ إلا ذُوْ تَجْرِبَةٍ: اور دانشمند نہیں مگر تجربہ کار، یعنی جب آدمی تجربات سے گذرتا ہے تب اس کی عقل پختہ ہوتی ہے، اس کے بغیر دانشمندی ادھوری رہتی ہے، کہتے ہیں: سَلِ المُجَرِّبَ، وَلاَ تَسْئَلِ الحكيمَ: تجربہ کار سے پوچھ، دانشمند سے مت پوچھ، چنانچہ دینی اور دنیوی علوم پڑھ کر فارغ ہونے والے جب تک پریکٹس نہیں کرتے ان کے علوم پختہ نہیں ہوتے۔

[۸۵-] باب ماجاء فی التَّجَارِبِ

[۲۰۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: ” لَاحَلِيْمَ إِلَّا ذُوْ عَثْرَةٍ، وَلَا حَكِيْمَ إِلَّا ذُوْ تَجْرِبَةٍ “ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاءَ فی الْمُتَشَبِّعِ بِمَا لَمْ يُعْطَهُ

نعمت کی جھوٹی نمائش کرنا

تَشَبَّعَ: شکم شیری کا اظہار کرنا، نعمت کا جھوٹا مظاہرہ کرنا۔ الْمُتَشَبِّع (اسم فاعل) از تَشَبَّع: شکم سیری کا اظہار کرنے والا، بمالم يُعْطَه: ایسی چیز کے ذریعہ جو وہ دیا نہیں گیا، جیسے ایک بخیل نے دو تولے اصلی گھی گھر میں لا کر رکھ لیا تھا، جب وہ روٹی چٹنی کھا کر نکلتا تو گھی میں انگلیاں بھگو کر مونچھوں پر ملتا ہوا نکلتا، تاکہ لوگ جانیں کہ اس نے اصلی گھی کھایا ہے، یہ نعمت کی جھوٹی نمائش ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ أُعْطِيَ عَطَاءً: جو شخص کوئی عطیہ دیا گیا یعنی اس کو کسی نے کوئی ہدیہ دیا، فَوَجَدَ:

پس اس نے پایا، یعنی اس کے پاس بدلہ دینے کے لئے کوئی چیز ہے فَلْيَجْزِ بِهِ: پس چاہئے کہ وہ اس کے ذریعہ بدلہ دے، اور یہ مضمون پہلے (باب ۳۴) میں آیا ہے کہ ہدیہ ایک طرفہ نہیں ہونا چاہئے، بلکہ اس کا بدلہ دینا چاہئے، آگے أبواب الولاء والهبة میں بھی اس سلسلہ کی حدیث آرہی ہے۔ وَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَلْيُثْنِ: اور جو شخص بدلہ دینے کے لئے کوئی چیز نہ پائے تو چاہئے کہ وہ تعریف کرے، یہ مضمون بھی پہلے (باب ۹) میں آچکا ہے اور ہدیہ دینے والے کے منہ پر بھی تھوڑی تعریف کی جاسکتی ہے، اور ایسی صورت میں ہدیہ دینے والے کو چاہئے کہ بات پھیر دے، فَإِنَّ مَنْ أَثْنَى فَقَدْ شَكَرَ: اس لئے کہ جس نے ہدیہ دینے والے کی تعریف کی: اس نے یقیناً شکریہ ادا کردیا، وَمن كَتَمَ فقد كَفَرَ: اور جس نے چھپایا یعنی تعریف یا شکریہ ادا نہیں کیا اس نے ناشکری کی، یہ كَفَرَ: کفرانِ نعمت کے معنی میں ہے، دین سے نکل جانے کے معنی میں نہیں ہے۔ وَمَنْ تَحَلّٰى بمالم يُعْطَهُ كان كَلَابِسِ ثَوْبَىْ زُوْرٍ: اور جو شخص مزین ہوا ایسی چیز کے ذریعہ جو وہ دیا نہیں گیا تو وہ جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی طرح ہے (تَحَلّٰى: آراستہ اور مزین ہونا، زیور پہننا)

لطیفہ: ایک شخص کی شادی کا وقت آیا، اس کے پاس شیروانی نہیں تھی، اس کا ایک بے وقوف ساتھی تھا، اس سے شیروانی لی، اور بارات چلی، راستہ میں کسی نے پوچھا: دولہا کون ہے؟ وہ احمق صاحب کہتے ہیں: دولہا یہ ہے مگر شیروانی میری ہے، دولہا کو شرمندگی ہوئی، اس نے کہا: اللہ کے بندے! یہ کہنے کی کیا ضرورت تھی؟ اس نے کہا: اچھا آئندہ نہیں کہوں گا، پھر آگے کوئی ملا، اس نے بھی یہی سوال کیا کہ دولہا کون ہے؟ وہ بیوقوف صاحب کہتے ہیں: دولہا یہ ہے مگر میں شیروانی کے بارے میں کچھ نہیں بتاتا!

غرض جھوٹا سوٹ پہننے کا یہی انجام ہوتا ہے، اسی طرح جو شخص کسی ایسی نعمت سے خود کو آراستہ پیراستہ کرکے پیش کرتا ہے جس سے وہ تہی دست ہے تو وقت پر وہ رسوا ہوجاتا ہے، مثلاً عالم نہیں اور شیخ الحدیث بنا ہوا ہے، جبہ قبہ پہن رکھا ہے تو لوگ دھوکا کھائیں گے اور جب اس سے مسئلہ پوچھیں گے تو قلعی کھل جائے گی۔

اور اس آخری ٹکڑے کا سابقہ مضمون سے جوڑ یہ ہے کہ جیسے کسی نعمت کا چھپانا اس کی ناشکری ہے، ایسے ہی اس کا برعکس بھی برا ہے یعنی نعمت حاصل نہیں مگر وہ ایسا مظاہرہ کرتا ہے کہ گویا وہ نعمت حاصل ہے۔ یہ شخص جھوٹا سوٹ پہننے والے آدمی کی طرح ہے، اس کا احمق ساتھی اس کی پول کھول دے گا۔ پس یہ پہلے مضمون کی ضد کا بیان ہے والأشياء تتبين بأضدادها: میٹھا کڑوے سے پہچانا جاتا ہے، پس نعمت سے تہی دست کا جو حال ہے اس کا برعکس حال اس شخص کا ہوتا ہے، جس کو نعمت حاصل ہے پس اس کو منعم کا شکریہ ادا کرنا چاہئے۔

[٨٦-] باب ماجاء في المُتَشَبِّعِ بِمَالَمْ يُعْطَهُ

[٢٠٣٢-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ

جَابِرٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" مَنْ أُعْطِیَ عَطَاءً، فَوَجَدَ، فَلْیَجْزِ بِهِ، وَمَنْ لَمْ یَجِدْ فَلْیُثْنِ، فَإِنَّ مَنْ أَثْنَی فَقَدْ شَکَرَ، وَمَنْ کَتَمَ فَقَدْ کَفَرَ، وَمَنْ تَحَلَّی بِمَا لَمْ یُعْطَهُ کَانَ کَلاَبِسِ ثَوْبَی زُوْرٍ"

وفی الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِی بَکْرٍ، وَعَائِشَةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَمَعْنَی قَوْلِهِ:"وَمَنْ کَتَمَ فَقَدْ کَفَرَ" یَقُوْلُ: کَفَرَ تِلْكَ النِّعْمَةَ.

بابُ ماجاء فی الثَّنَاءِ بِالْمَعْرُوْفِ

نیک سلوک پر تعریف کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ صُنِعَ إلیه مَعْروفٌ، فقال لفاعِلِه: جزاك اللّٰهُ خَیْراً، فقد أَبْلَغَ فی الثَّناءِ: جس شخص کے ساتھ کوئی حسن سلوک کیا گیا پس اس نے حسن سلوک کرنے والے سے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دیں! اس نے آخری درجہ کی تعریف کردی، کیونکہ اس نے دنیا وآخرت کی بھلائی کی دعا دیدی، پس اس سے آگے کیا رہ گیا...... اور یہ دعا دینے میں کیا خرچ ہوتا ہے، مگر لوگ اس میں بخیلی کرتے ہیں...... مگر یاد رکھنا چاہئے کہ دعا دے کر معاملہ نمٹا دینا اس وقت درست ہے جب بھلائی کے جواب میں بھلائی کرنے کے لئے کوئی چیز نہ ہو، ورنہ اصل حکم جوابی بھلائی کرنا ہے جیسا کہ ابھی گذرا۔

[۸۷-] باب ماجاء فی الثَّنَاءِ بِالْمَعْرُوْفِ

[۲۰۳۳-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بنُ سَعِیْدٍ الجَوْهَرِیُّ، وَالْحُسَیْنُ بنُ الحَسَنِ المَرْوَزِیُّ – وَکَانَ سَکَنَ بِمَکَّةَ – قَالاَ: ثَنَا الأَحْوَصُ بنُ جَوَّابٍ، عَنْ سُعَیْرِ بنِ الْخِمْسِ، عَنْ سُلَیْمَانَ التَّیْمِیِّ، عَنْ أَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَیْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَنْ صُنِعَ إِلَیْهِ مَعْرُوْفٌ، فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَیْراً! فَقَدْ أَبْلَغَ فِیْ الثَّنَاءِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ جَیِّدٌ غَرِیْبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ أُسَامَةَ بنِ زَیْدٍ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هریرةَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِثْلُهُ.

﴿ آخر أبواب البر والصلة ﴾



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الطِبِّ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

علاج معالجہ کا بیان

طبِ نبوی کی روایات پڑھنے سے پہلے چھ باتیں جان لیں:

پہلی بات: وہ ہے جو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے لکھی ہے کہ احادیث کی دو قسمیں ہیں: **ایک:** وہ جن کا پیغام رسانی سے تعلق ہے یعنی جو حکم شرعی کے طور پر وارد ہوئی ہیں، **دوسری:** وہ جن کا پیغام رسانی سے تعلق نہیں، بلکہ وہ دنیوی امور میں ایک رائے کے طور پر وارد ہوئی ہیں، علاج معالجہ اور طب سے تعلق رکھنے والی روایات قسم دوم کی ہیں، اس لئے ابواب الطب کی روایات پڑھتے ہوئے یہ بات پیش نظر رکھنی چاہئے کہ یہ احکام شرعیہ نہیں ہیں۔

دوسری بات: بیماریاں اور دوائیں دو قسم کی ہیں: مفرد اور مرکب، جو بیماریاں مفرد غذا کے فساد سے پیدا ہوتی ہیں ان کے لئے مفرد دوائیں کافی ہیں، اور جو بیماریاں مرکب غذاؤں کے فساد سے پیدا ہوتی ہیں ان کے لئے مرکب دوائیں ضروری ہیں، مفرد دواؤں سے ان کا علاج ممکن نہیں، اور قدیم زمانہ میں لوگ سادہ زندگی گذارتے تھے اور مفرد غذائیں کھاتے تھے، اس لئے حدیثوں میں جو مفرد علاج آئے ہیں وہ کارگر تھے، مگر اب جبکہ لوگ مرکب (طرح طرح کی) غذائیں کھانے لگے ہیں تو اب مفرد دوائیں زیادہ کارگر نہیں، اب مرکب دواؤں کی ضرورت ہوتی ہے، اس لئے بھی طب نبوی کی روایات معمول بہ نہیں ہیں۔

تیسری بات: پہلے جب حکماء اور ڈاکٹر صاحبان کم تھے تو ہر شخص حکیم ڈاکٹر تھا، ایک ایک بیماری کے کئی کئی علاج لوگ جانتے تھے، جس کے سامنے بھی بیماری کا تذکرہ کیا جائے: ایک نئی دواء بتاتا تھا، اور اب شہروں کا حال تو یہ ہوگیا ہے کہ لوگ نزلے کی دواء بھی نہیں جانتے، اس کے لئے بھی حکیم ڈاکٹر کی طرف رجوع کرتے ہیں، غرض قدیم زمانہ

میں لوگ عام طور پر بیماریوں کے علاج خود کرتے تھے، اورنئ نسل بڑوں سے علاج معالجہ اوردواؤں کا علم حاصل کرتی تھی، ابواب الطب کی روایات اسی قبیل کی ہیں، نبی ﷺ نے تجربہ سے یا بڑوں سے جو باتیں جانی تھیں وہ امت کو بتلائیں تاکہ امت ان سے استفادہ کرے۔

چوتھی بات: ابواب الطب کی روایات پرعمل کرنے کے لئے دو باتیں جاننی ضروری ہیں:

ایک: مرض کی پہچان۔ بعض امراض پیچیدہ ہوتے ہیں، اور بعض امراض متشابہ (ملتے جلتے) ہوتے ہیں، اس لئے آنکھ بند کرکے کسی نسخہ پرعمل نہیں کیا جاسکتا۔

دوم: دواء کے استعمال کا طریقہ جاننا ضروری ہے یعنی یہ علم ضروری ہے کہ دواء مفرد استعمال کی جائے یا مرکب؟ پھر ہر دوا کی مقدار کیا ہو؟ اور دواء کتنی مقدار میں اور کتنی مرتبہ استعمال کی جائے؟ ان سب باتوں کا علم ضروری ہے، مگر یہ سب تفصیلات روایات میں نہیں آئیں، اس لئے بھی طب نبوی کی روایات پر کما حقہ عمل ممکن نہیں، جیسے حدیث میں آیا ہے کہ چار علاج مفید ہیں: (۱) سَعوط (ناک میں دواء ڈالنا) (۲) لدود (گوشۂ فم میں دواء ڈالنا) (۳) پچھنے لگوانا (۴) مسہل لینا، مگر یہ بات مروی نہیں کہ سر کی کس بیماری میں ناک میں دواء ڈالی جائے؟ اور کونسی دواء ڈالی جائے؟ اسی طرح کس بیماری میں لدود کیا جائے؟ اور کونسی دواء سے لدود کیا جائے؟ جبکہ اس روایت پرعمل کرنے کے لئے یہ باتیں جاننی ضروری ہیں، اس لئے بھی طب نبوی کی روایات پر کما حقہ عمل نہیں کیا جاسکتا۔

پانچویں بات: لوگ پہلے بیماریوں کا علاج خود کیا کرتے تھے، کیونکہ حکیم ڈاکٹر کی جنس نایاب تھی، اور تیار دوائیں بھی بازار میں دستیاب نہیں تھیں، اوراب صورتِ حال بدل گئی ہے، گاؤں گاؤں ڈاکٹر پھیل گئے ہیں، اور دواء ساز کمپنیاں ہر مرض کی دواء بازار میں لے آئی ہیں، اس لئے جب روٹی ملے یوں تو کھیتی کرے کیوں؟ لوگ اب از خود علاج کرنے کا ذوق نہیں رکھتے، اس لئے بھی لوگ طب نبوی پرعمل پیرا نہیں، کیونکہ یہ احکام شرعیہ نہیں۔

چھٹی بات: علاج دو ہیں: جسمانی اور روحانی، جو علاج دواؤں سے کیا جاتا ہے وہ جسمانی ہے اور جو علاج دعا تعویذ سے کیا جاتا ہے وہ روحانی ہے، کیونکہ بیماریاں دو طرح کی ہیں، زیادہ تر بیماریاں دواؤں کی ہیں، وہ دواؤں کا اثر جلدی قبول کرتی ہیں، اگرچہ دعا تعویذ بھی ان میں فائدہ پہنچاتا ہے، اور کچھ بیماریاں جھاڑ کی ہیں جیسے سانپ بچھو کا زہر: جھاڑ زیادہ سنتا ہے، دواء اس میں کم اور دیر سے اثر کرتی ہے اس لئے ان ابواب میں دونوں علاجوں کا ذکر ہے۔

بابُ ماجاء فِی الْحِمْیَۃِ

پرہیز کا بیان

طب کی تین بنیادیں ہیں: حفظانِ صحت، پرہیز اور استفراغ مادۂ فاسد، اور تینوں کی طرف قرآنِ کریم نے اشارہ

کیا ہے:

۱-حفظانِ صحت: سب سے مقدم یہ بات ہے کہ آدمی اپنی صحت کی حفاظت کرے، کوئی ایسی غذا نہ کھائے جس سے صحت خراب ہو، اور نہ ایسے اسباب اختیار کرے جو بیماری کو دعوت دیں، سورۃ الاعراف (آیت ۳۱) میں ہے: ﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلاَ تُسْرِفُوْا﴾: کھاؤ پیو اور حد سے مت نکلو۔ یہ حد سے نکلنے کی ممانعت حفظانِ صحت کے اصول سے ہے، کیونکہ جب کھانے میں اعتدال نہیں رہے گا، اور آدمی پُرخوری کا عادی ہوجائے گا تو طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہونگی......اور حدیث میں ہے کہ کوڑھی کے پاس سے ایسے بھاگو جیسے شیر سے بھاگتے ہو، یہ اسباب مرض سے بچنے کی تعلیم ہے جو حفظانِ صحت کے اصول سے ہے۔

۲-پرہیز: اور بیماری سے پہلے بھی، اور بیماری کے ساتھ بھی، اور بیماری کے بعد بھی پرہیز ضروری ہے، پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ آپ ﷺ نے کچا یا پھیکا خربوزہ کھجور کے ساتھ نوش فرمایا، اور یہ ارشاد فرمایا: ہم ایک کی گرمی سردی دوسرے کی گرمی سردی سے توڑتے ہیں، کیونکہ پھیکا خربوزہ بارد ہوتا ہے اور کھجور گرم ہے، پس یہ بیماری سے پہلے پرہیز (احتیاط) کی مثال ہے، آدمی کو صرف حار یا صرف بارد چیزیں نہیں کھانی چاہئیں، بلکہ ان میں اعتدال پیدا کرکے کھانی چاہئیں، کھجور کو مکھن کے ساتھ کھانے میں بھی یہی حکمت ہے..........اور سورۃ النساء (آیت ۴۳) اور سورۃ المائدۃ (آیت ۶) میں ارشادِ پاک ہے: ﴿وَإِنْ كُنْتُمْ مَرْضَى﴾ الآیۃ یعنی اگر تم بیمار ہوؤ..........پھر تم کو (حقیقۃ یا حکما) پانی نہ ملے تو تم پاک زمین سے تیمّم کرلیا کرو۔ تیمّم کی یہ اجازت حمیہ (پرہیز) کے اصول سے ہے یعنی اگر پانی سے وضو یا غسل کرنا سخت مضر ہو تو پانی سے پرہیز کیا جائے اور مٹی سے تیمّم کرلیا جائے اور خود کو ہلاکت میں نہ ڈالا جائے، اور یہ بیماری کی حالت میں حمیہ کی مثال ہے..........اور اس باب میں روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ جو ابھی بیماری سے اٹھے تھے: کھجوریں کھانے لگے تو آپؐ نے ان کو منع کیا، یہ بیماری کے بعد حمیہ کی مثال ہے۔

۳-اخراج مادّۂ فاسدہ: جب بیماری کا علاج کیا جائے تو توجہ اس پر مرکوز رکھی جائے کہ فاسد مادہ جسم سے نکل جائے، ورنہ علاج شفا بخش نہ ہوگا، صلح حدیبیہ کے موقع پر احرام کی حالت میں حضرت کعب بن عجرہؓ کے سر میں جوئیں پڑگئیں، جس سے وہ بہت پریشان ہوئے، چنانچہ سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۹۶ نازل ہوئی: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ﴾ اس آیت کے نازل ہونے پر نبی ﷺ نے ان کو سر منڈا کر فدیہ دینے کا حکم دیا، کیونکہ جب تک بالوں کی جڑوں میں سے میل دور نہیں ہوگا: جوؤں کی آفزائش رکے گی نہیں، پس یہ اجازت جسم سے فاسد مادہ دور کرنے کے لئے تھی۔ کیونکہ فاسد مادہ سبب مرض ہے، اور اس کے ازالے پر شفا موقوف ہے (یہ مضمون ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد (۹۷:۳) میں لکھا ہے)

فائدہ: علاج کے سلسلہ میں یونانی اور ایلوپیتھی یعنی انگریزی طریقہ علاج مختلف ہیں، طب میں سبب کا علاج کیا جاتا ہے اور جب بیماری کا سبب ختم ہوجاتا ہے تو مسبب یعنی بیماری خود بخود ختم ہوجاتی ہے، وہ دوبارہ نہیں لوٹتی، اور انگریزی طریقہ علاج میں مسبب کا علاج کیا جاتا ہے تا آنکہ اس کا سبب ختم ہوجائے، چنانچہ یونانی دواؤں سے فوراً بیماری نہیں دبتی، اور انگریزی دواء کی پہلی خوراک ہی اثر دکھاتی ہے، نیز یونانی دواء کا کوئی کورس نہیں ہوتا، بلکہ جب تک بیماری کا سبب ختم نہ ہو: دواء کھانی پڑتی ہے، اور سبب کے ختم ہونے کی علامت یہ ہے کہ مسبب یعنی بیماری ختم ہوجائے، اور انگریزی طریقہ علاج میں دواؤں کا کورس ہوتا ہے، جس کو پورا کرنا ضروری ہوتا ہے، ورنہ بیماری عود کر آنے کا احتمال رہتا ہے کیونکہ سبب ابھی باقی ہے۔

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: دیوار میں درخت نکل آیا اس کو ختم کرنے کے دو طریقے ہیں: ایک: تیزاب سے اس کی جڑیں جلادی جائیں، درخت خود بخود سوکھ جائے گا اور پھر کبھی نہیں اگے گا، دوسرا: پہلے درخت کی ٹہنیاں کاٹی جائیں، پھر تنا نکالا جائے پھر جڑیں کھودی جائیں تو بھی درخت ختم ہوجائے گا، لیکن اگر ذرا سی جڑ بھی باقی رہ گئی تو درخت دوبارہ اُگ آئے گا۔

حدیث (۱): حضرت ام المنذر انصاریہ کہتی ہیں: نبی ﷺ میرے گھر تشریف لائے، آپؐ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تھے، ہمارے گھر میں کھجوروں کے خوشے لٹک رہے تھے، نبی ﷺ نے کھجوریں کھانی شروع کیں، حضرت علیؓ بھی آپؐ کے ساتھ کھانے لگے، آپؐ نے ان سے فرمایا: ''علی! رکو، تم ابھی بیماری سے اٹھے ہو'' یعنی ابھی تمہارے لئے کھجوریں مضر ہیں، پس حضرت علیؓ بیٹھ گئے، اور آپؐ کھاتے رہے............ام المنذر کہتی ہیں: پھر میں نے ان کے لئے چقندر اور جو کا کھانا (کھچڑا) تیار کیا (یہ دونوں بارد ہیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے علی! اس میں سے لو، یہ آپ کے لئے زیادہ موافق ہے''

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: **إِذا أَحَبَّ اللّٰه عبداً: حَمَاهُ الدنيا، كما يَظَلُّ أَحدُكم يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الماءَ:** جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت فرماتے ہیں تو اس کو دنیا سے بچاتے ہیں، جس طرح تم میں سے ایک شخص اپنے بیمار کو پانی سے بچاتا ہے۔

تشریح: دنیا سے بچانے کی دو صورتیں ہیں: ایک: سرے سے صالح بندے کو دنیا دی ہی نہ جائے، اس کو غریب رکھا جائے، دوسری: دنیا دی تو جائے اور خوب دی جائے مگر اس کے دل کو مال میں نہ اٹکایا جائے، بہت سے صحابہ کرام اور صلحائے عظام ایسے گذرے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے صاحبِ ثروت (مال ودولت والا) بنایا تھا، مگر ان کے دل دولت میں پھنسے ہوئے نہیں تھے۔

ایک واقعہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بڑے مالدار تھے، جب رمضان آتا اور شام کو ان کے سامنے دسترخوان بچھایا جاتا تو افطاری دیکھ کر رونا شروع کر دیتے، اور ان صحابہ کو یاد کرتے جو غربت کی حالت میں دنیا سے رخصت ہو گئے تھے، پھر سارا دسترخوان غریبوں کو بانٹ دیا جاتا خود اس میں سے کچھ بھی نہیں کھاتے تھے۔

دوسرا واقعہ: پیرانِ پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ بڑے مالدار تھے، آپ ایکسپورٹ اور امپورٹ کا کاروبار کرتے تھے، ایک مرتبہ مجلس میں منیجر نے اطلاع دی کہ فلاں جہاز جو فلاں ملک جا رہا تھا: ڈوب گیا، آپ نے سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا: **الحمدللہ!** لوگوں کو حیرت ہوئی، کیونکہ یہ **إنا للہ وإنا إلیہ راجعون** پڑھنے کا موقعہ تھا، مگر کسی کو پوچھنے کی ہمت نہ ہوئی .... پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ مجلس ہی میں منیجر نے اطلاع دی کہ فلاں ملک سے جو جہاز مال لے کر آیا تھا وہ پہنچتے ہی دوگنے نفع پر بک گیا تو آپ نے سر جھکا لیا، تھوڑی دیر کے بعد سر اٹھایا اور فرمایا: **الحمدللہ!** اب لوگوں سے صبر نہ ہو سکا، اور پوچھ ہی لیا کہ حضرت! دونوں موقعوں پر آپ نے تحمید کی اس کی کیا وجہ ہے؟ حالانکہ دونوں موقعے مختلف تھے، آپ نے فرمایا: میں نے پہلی مرتبہ الحمدللہ نقصان ہونے پر نہیں کہا تھا، نہ اب نفع ہونے پر کہا ہے، بلکہ جب نقصان کی خبر ملی تو میں نے سر جھکا کر دل کا جائزہ لیا کہ اس کو صدمہ پہنچا یا نہیں؟ میں نے دیکھا کہ قلب نقصان سے متاثر نہیں ہوا اس پر میں نے اللہ کا شکر ادا کیا، اور اب جبکہ نفع کی خبر ملی تو بھی میں نے دل کا جائزہ لیا کہ اس کو خوشی ہوئی یا نہیں؟ میں نے دیکھا کہ دل اس سے بھی متاثر نہیں ہوا، اس پر میں نے الحمدللہ کہا ہے۔

تیسرا واقعہ: خواجہ عبیداللہ احرار رحمہ اللہ بھی بہت مالدار تھے، جب وہ خدام کے ساتھ نکلتے تھے تو بادشاہ کا جلوس ماند پڑ جاتا تھا، میں نے آپ کی قبر کی زیارت کی ہے اور اس سے متصل خانقاہ بھی دیکھی ہے، ان کے یہاں بزرگی کا شہرہ سن کر ایک مرید آیا، اور آپ کا ٹھاٹھ دیکھ کر بدگمان ہو گیا، اس نے خانقاہ کے دروازے پر لکھ دیا: نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد! وہ کیسا بزرگ جو دولت جمع کئے ہوئے ہے! کسی مرید نے حضرت کو اطلاع دی کہ نو وارد مہمان نے خانقاہ کے دروازے پر یہ لکھا ہے، آپ نے فرمایا: اس کے نیچے لکھ دو: وگر دارد برائے دوست دارد! یعنی اگر کوئی اللہ کے لئے اور حاجت مندوں پر خرچ کرنے کے لئے دنیا رکھتا ہے تو اس میں کیا مضائقہ ہے!

اور دنیا سے بچانے کی یہ دونوں صورتیں اسی حدیث سے سمجھ میں آتی ہیں، اس طرح کہ آپ ﷺ نے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح تم میں سے ہر شخص اپنے مریض کو پانی سے بچاتا ہے، اور ظاہر ہے: پانی ہر مریض کے لئے مضر نہیں گردے کی پتھری میں تو پانی خوب پلایا جاتا ہے، اور عرب تو بخاری کو پانی سے نہلاتے ہیں، یہی حال مال کا بھی سمجھنا چاہئے، وہ ہر حال میں مضر نہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب الطب

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] باب ماجاء فی الحِمْيَةِ

[٢٠٣٤-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا يُوْنُسُ بنُ محمدٍ، ثَنَا فُلَيْحُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَعْقُوْبَ بنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ، عَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَهُ عَلِيٌّ، وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ، قَالَتْ: فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ، وَمَعَهُ عَلِيٌّ يَأْكُلُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعَلِيٍّ: "مَهْ مَهْ! يا عَلِيُّ، فَإِنَّكَ نَاقِهٌ" قَالَ: فَجَلَسَ عَلِيٌّ، وَالنبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ، قَالَتْ: فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْراً، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا عَلِيُّ! مِنْ هٰذَا فَأَصِبْ، فَإِنَّهُ أَوْفَقُ لَكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ فُلَيْحِ بنِ سُلَيْمَانَ، وَيُرْوَى هٰذَا عَنْ فُلَيْحِ بنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، قَالاَ: نَا فُلَيْحُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ يَعْقُوْبَ بنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ، عَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ الأَنْصَارِيَّةِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيْثِ يُوْنُسَ بنِ مُحمدٍ، عَنْ فُلَيْحِ بنِ سُلَيْمَانَ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: "أَنْفَعُ لَكَ" وَقَالَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ فِيْ حَدِيْثِهِ: حَدَّثَنِيْهِ أَيُّوْبُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، هٰذَا حديثٌ جَيِّدٌ غريبٌ.

[٢٠٣٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، نَا إِسْحَاقُ بنُ مُحمدٍ الفَرْوِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ قَتَادَةَ، عَنْ مُحمودِ بنِ لَبِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بنِ النُّعْمَانِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا، كَمَا يَظَلُّ أَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَاءَ"

وفى الباب: عَنْ صُهَيْبٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مَحمود بنِ لَبِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ عَاصِمِ بنِ عُمَرَ بنِ

قَتَادَةَ، عَنْ مُحمودِ بنِ لَبِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ قَتَادَةَ بنِ النُّعْمَانِ، وَقَتَادَةُ بنُ النُّعْمَانِ الظَّفَرِيُّ: هُوَ أَخُوْ أَبِى سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ لِأُمِّهِ، وَمَحْمُوْدُ بنُ لَبِيْدٍ قَدْ أَدْرَكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَرَآهُ، وَهُوَ غُلَامٌ صَغِيْرٌ.

وضاحت:

۱- پہلی حدیث کے بارے میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلی بات یہ فرمائی ہے کہ اس کے راوی صرف فلیح بن سلیمان ہیں، مگر یہ بات صحیح نہیں، امام بخاری رحمہ اللہ نے التاریخ الکبیر میں اس کی ایک اور سند بھی ذکر کی ہے (تحفۃ الاشراف مزّی ۱۳: ۱۰۸)

اور دوسری بات یہ فرمائی ہے کہ فلیح اس حدیث کو عثمان بن عبدالرحمٰن سے روایت کرتے ہیں، اور ایوب بن عبدالرحمٰن سے بھی، پھر ایوب کی سند لکھی ہے اور دونوں کی روایتوں میں ذرا سا فرق ہے، عثمان کی روایت میں فإنه أوفق لك ہے اور ایوب کی روایت میں فإنه أنفع لك ہے اور دونوں کا مطلب ایک ہے...... اور پہلی حدیث کی دونوں سندوں کے آخر میں جو عبارت ہے: وقال محمد بن بشار فی حدیثه الی آخرہ اس عبارت کا مطلب واضح نہیں، کیونکہ محمد بن بشار: ایوب بن عبدالرحمٰن کے شاگرد نہیں ہیں کہ کہیں: مجھ سے ایوب نے حدیث بیان کی (ممکن ہے حدثنیه سے پہلے قال رہ گیا ہو یعنی فلیح نے کہا: مجھ سے ایوب نے یہ حدیث بیان کی، کیونکہ پہلے عن سے روایت آئی ہے، اب یہ سماع کی صراحت کی تا کہ یہ احتمال ختم ہو جائے کہ شاید ایوب کا تذکرہ سند میں وہم ہو)

۲- اور دوسری حدیث کی بھی دو سندیں لکھی ہیں: پہلی سند موصول ہے اور دوسری مرسل، اس کے آخر میں حضرت قتادہ کا تذکرہ نہیں .... اور یہ قتادہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے اخیافی بھائی ہیں...... اور حضرت محمود بن لبید صحابی صغیر ہیں۔

لغات: دَوَال: دَالِیَة کی جمع ہے: کچی کھجور کا خوشہ جو لٹکا دیا جاتا ہے، پھر جب وہ پک جاتا ہے تو کھاتے ہیں، اور اس کا واو الف سے بدلا ہوا ہے (نہایہ مادہ دول)...... نَاقِه: اسم فاعل از نَقِهَ من مرضه نَقَهًا: صحت یابی کے بعد کی کمزوری۔

بابُ ماجاء فی الدَّوَاءِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ

دوادارو کی ترغیب

دنیا دارالاسباب ہے، یہاں اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا سبب بنایا ہے۔ پس بیماری کے لئے بھی اسباب پیدا کئے ہیں، اور شفا کے بھی اسباب بنائے ہیں، پھر جو اسباب ظاہری ہیں ان کو اختیار کرنا مامور بہ ہے، اس لئے بیماری کا علاج کرانا

مسنون ہے،اور یہ توکل کے منافی نہیں۔

حدیث: اَعراب (بدوؤں) نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہم علاج نہ کرائیں؟ آپؐ نے فرمایا: **نعم، یا عبادَ اللّٰہ تَدَاوَوْا**: ہاں اے اللہ کے بندو! علاج کراؤ۔ **فإنَّ اللّٰہَ لَمْ یَضَعْ داءً إلا وَضَعَ له شِفَاءً أَوْ: دَوَاءً، إلاَّ دَاءً واحِدًا**: کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری پیدا نہیں کی مگر اس کے لئے شفاء بھی پیدا کی ہے، یا فرمایا: دوا بھی پیدا کی ہے (اور نسائی اور ابن ماجہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: **عَلِمَه مَنْ عَلِمَه، وَجَهِلَه مَنْ جَهِلَه**: اس دوا کو جو جانتا ہے جانتا ہے اور جو نہیں جانتا نہیں جانتا یعنی کوئی جانتا ہے کوئی نہیں جانتا) البتہ ایک بیماری مستثنیٰ ہے، لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! وہ ایک بیماری کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: **الهَرَمُ**: بڑھاپا، اسی لئے احادیث میں بڑھاپے سے پناہ مانگی گئی ہے کیونکہ یہ لاعلاج بیماری ہے۔

تشریح: یہاں بڑھاپے سے مراد موت ہے، بڑھاپا اس کی تمہید ہے، اور موت ایسی بیماری ہے جس کا کوئی علاج نہیں۔

سوال: قرآن وحدیث میں توکل (اللہ کی ذات پر اعتماد کرنے) کی تعلیم دی گئی ہے اور اس حدیث میں علاج کا حکم دیا گیا ہے، بظاہر یہ دونوں باتیں متعارض معلوم ہوتی ہیں، پس اس کا کیا حل ہے؟

جواب: جب یہ دنیا اسباب کی دنیا ہے تو صحت کے اسباب اختیار کرنا اور مرض کے اسباب سے بچنا ضروری ہے، ورنہ اسباب بے فائدہ ہونگے، البتہ اسباب تین قسم کے ہیں: ظاہری، خفی اور اخفی، سبب ظاہر وہ ہے جس کا سبب ہونا ہر شخص جانتا ہے، اور سبب خفی: سبب ظنی کا نام ہے، اور سبب اخفی وہ سبب ہے جس کا سبب ہونا عام طور پر لوگ نہیں جانتے، جیسے روٹی سے آدمی شکم سیر ہوتا ہے اور پانی سے سیراب، اور دوا سے شفا حاصل ہوتی ہے، یہ اسباب ظاہرہ ہیں، اور جھاڑ پھونک سے بھی فائدہ ہوتا ہے مگر یہ سبب خفی ہے، اور علویات (ستاروں) کے سفلیات یعنی انسانی حوادث (صحت، مرض، عزت، ذلت وغیرہ) پر اثرات مرتب ہوتے ہیں، یہ سبب اخفی ہے، اس کا ادراک نجومیوں کے علاوہ کسی کو نہیں ہوتا، اور نجومیوں کی باتیں اٹکل پچو ہوتی ہیں، اس لئے شریعت نے سبب اخفی کی تو قطعاً ممانعت کردی، فرمایا: ''جو لوگ کہتے ہیں کہ فلاں پچھتر کی وجہ سے بارش ہوئی وہ پچھتروں پر ایمان رکھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا انکار کرتے ہیں، اور جو لوگ کہتے ہیں کہ اللہ کے فضل سے بارش ہوئی وہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور پچھتروں کا انکار کرتے ہیں''

اور اسباب خفیہ کی ممانعت تو نہیں کی مگر اس کے ترک کو اولیٰ قرار دیا، مسلم شریف (حدیث ۲۲۰) میں حدیث ہے کہ قیامت کے دن ستر ہزار لوگ ایسے ہونگے جو بے حساب اور بے عذاب جنت میں جائیں گے، صحابہ نے دریافت کیا: وہ کون لوگ ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: **هُم الذین لاَیَرْقُوْنَ، وَلاَیَسْتَرْقُوْنَ، وَلاَ یَتَطَیَّرُوْنَ، وَعَلٰی رَبِّهِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ**: وہ وہ لوگ ہیں جو نہ جھاڑتے ہیں اور نہ جھڑواتے ہیں، اور نہ بدشگونی لیتے ہیں اور اپنے پروردگار پر

بھروسہ کرتے ہیں۔

اور اسباب ظاہری کو اختیار کرنا مأمور بہ ہے، اس حدیث میں نبی ﷺ نے علاج کرانے کا حکم دیا ہے، کیونکہ یہ سبب ظاہری ہے، مگر سبب ظاہری اختیار کرنے کی حالت میں بھی بھروسہ اللہ تعالیٰ پر ہونا چاہئے، کیونکہ اسباب محض اسباب ہیں، وہ اللہ کے پیدا کئے ہوئے ہیں، وہ خود کار نہیں، مسبب الاسباب اللہ تعالیٰ ہیں، وہ چاہیں گے تو اسباب کام کریں گے، ورنہ نہیں کریں گے۔ اور آگے یہ حدیث آرہی ہے کہ ایک بدو نے پوچھا: میں اونٹ کے پیر باندھ کر اللہ پر اعتماد کروں یا یونہی چرنے کے لئے چھوڑ دوں اور اللہ پر اعتماد کروں؟ آپؐ نے فرمایا: **اعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ**: اونٹ کے پیر میں رسی باندھ، پھر اللہ پر بھروسہ کر۔ مولانا روم فرماتے ہیں: برتوکل زانوئے اُشتر بہ بند! اور جنگ احد نہایت سخت معرکہ تھا، چنانچہ نبی ﷺ نے دو زرہیں اوپر تلے پہنی تھیں حالانکہ آپؐ سید المتوکلین تھے، اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں کو نصیحت کی تھی کہ سب ایک دروازہ سے شہر میں داخل مت ہونا، کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگوں کی نظروں میں آجاؤ۔ مگر ساتھ ہی یہ بھی بتادیا تھا کہ ہوگا وہی جو اللہ چاہیں گے: ﴿مَا أُغْنِى عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ﴾ میری تدبیر اللہ کے کسی فیصلہ کو روک نہیں سکے گی، پھر سوال پیدا ہوا کہ تدبیر بتانے سے کیا فائدہ؟ قرآنِ کریم نے اس کا جواب دیا ہے: ﴿وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوْهُمْ﴾ الآية: یعنی جب وہ لوگ مصر پہنچ کر جس طرح ان کے ابا نے کہا تھا اس طرح شہر میں داخل ہوئے، اور وہ ان سے اللہ کے حکم میں سے کسی چیز کو ٹال نہیں سکتے تھے، یعنی ان کی بتلائی ہوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی، صاحبزادگان میں سے ایک کے بجائے دو روک لئے گئے، تاہم ان کے ابا کا ارمان پورا ہوگیا، یہ ارمان کیا تھا؟ اسباب کو اختیار کرنے کی آرزو! کیونکہ انبیاء نے امتوں کو اسباب اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے، وہی تعلیم آپ نے اپنے بیٹوں کو بھی دی تھی، مگر تدبیر بتلانے کا مقصد اللہ کے حکم کو ٹالنا نہیں تھا، پھر قرآن نے فرمایا: ﴿وَإِنَّهُ لَذُوْ عِلْمٍ لِمَا عَلَّمْنٰهُ﴾ اور یعقوبؑ بلاشبہ بڑے عالم تھے، اس وجہ سے کہ ہم نے ان کو علم دیا تھا یعنی یہ ارمان جو ان کے دل میں پیدا ہوا تھا وہ اللہ کی نازل کی ہوئی شریعت کا ایک حکم تھا۔

خلاصہ یہ ہے کہ اسباب ظاہرہ اختیار کرنے کے ساتھ اللہ پر اعتماد ضروری ہے، پس اسباب ظاہرہ کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں، جس طرح اسباب کا اختیار کرنا تقدیر کے منافی نہیں، کیونکہ اسباب بھی تقدیر کا ایک حصہ ہیں، تفصیل ابواب القدر میں آئے گی، امید ہے اس تفصیل سے آپ حضرات مسئلہ کی حقیقت سمجھ گئے ہونگے، اور اسباب کے احکام بھی آپ حضرات کی سمجھ میں آگئے ہونگے، مزید تفصیل کے لئے میری تفسیر ہدایت القرآن (پارہ ۱۳ ص: ۱۶ سورۂ یوسف آیت ۶۸ کی تفسیر) دیکھیں۔

[۲-] باب ماجاء في الدَّوَاءِ، وَالْحَثِّ عَلَيْهِ

[۲۰۳۶-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ العَقَدِيُّ الْبَصْرِيُّ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بنِ عِلَاقَةَ، عَنْ

أُسَامَةَ بنِ شَرِيْكٍ، قَالَ: قَالَتِ الأَعْرَابُ: يَارَسولَ اللّٰهِ! أَلَا نَتَدَاوى؟ قَالَ:" نَعَمْ، يَا عِبَادَ اللّٰهِ! تَدَاوَوْا، فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَاءً إِلَّا وَضَعَ لَهُ شِفَاءً، أَوْ: دَوَاءً، إِلَّا دَاءً وَاحِدًا" فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا هُوَ؟ قَالَ: "الهَرَمُ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَبِىْ هريرةَ، وأَبِىْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء مَا يُطْعَمُ المَرِيْضُ؟

بیمار کو کیا کھلانا چاہئے؟

بیمار کی دو حالتیں ہیں، کبھی اس کو کھانے کی خواہش نہیں ہوتی، اور کبھی بھوک نہیں ہوتی۔ پہلی صورت میں اس کو حریرہ پلانا چاہئے، اور دوسری صورت میں زبردستی نہیں کھلانا چاہئے، کیونکہ اس وقت طبیعت مرض کی مقاومت (مقابلہ) کررہی ہوتی ہے، پس اس کو کھانے کی طرف متوجہ نہیں کرنا چاہئے، چنانچہ اطباء سخت بخار میں اور بحرانی کیفیت میں غذا دینے سے منع کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو باب قائم کئے ہیں، پہلے باب میں جب مریض کا کھانے کو جی نہ چاہ رہا ہو اس وقت کا حکم ہے، اور دوسرے باب میں جب مریض بالکل کھانے کے لئے تیار نہ ہو اس وقت کا حکم ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب نبی ﷺ کے گھر میں کسی کو بخار آتا تو آپؐ حریرہ بنانے کا حکم دیتے، چنانچہ وہ بنایا جاتا، پس آپؐ مریض کو حکم دیتے کہ وہ اس میں سے گھونٹ گھونٹ کرکے پیئے، اور آپؐ فرمایا کرتے تھے کہ حریرہ غمگین کے دل کو قوی کرتا ہے، اور بیمار کے دل سے تکلیف ہٹاتا ہے، جس طرح عورتیں اپنے چہرے سے پانی کے ذریعہ میل ہٹاتی ہیں۔

تشریح: بخاری (حدیث ۵۴۱۷) میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: التَّلْبِيْنَةُ مَجَمَّةٌ لِفُؤَادِ المَرِيْضِ، تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ: تلبینہ یعنی بھوسی یا چھنے ہوئے آٹے میں دودھ اور شہد ملا کر بنایا ہوا حریرہ بیمار کی دلجوئی کا ذریعہ ہے، اور اس کا کچھ غم دور کرتا ہے۔ امام ترمذیؒ نے حضرت عائشہؓ کی جس حدیث کا حوالہ دیا ہے وہ یہی حدیث ہے، کبھی مریض کو بھوک تو ہوتی ہے مگر کھانے کو جی نہیں چاہتا، ایسی صورت میں تھوڑے گھی میں آٹا بھون لیا جائے، پھر اس میں کافی دودھ ڈال کر پکالیا جائے، اور اس کو ایسا پتلا رکھا جائے کہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیا جاسکے، مریض اس کو دل نہ چاہنے کے باوجود پی لے تو اس کے دل سے بوجھ ہٹ جائے گا، اور یہ خیال نکل جائے گا کہ اس نے کچھ نہیں کھایا، اور غذا بھی پیٹ میں پہنچ جائے گی، جس سے اس کو قوت ملے گی۔

اور مسند احمد (٦:٧٩) میں حریرہ کا ایک فائدہ یہ بھی آیا ہے کہ اس سے پیٹ صاف ہوجاتا ہے، فرمایا: إِنَّهَا تَغْسِلُ بَطْنَ أَحَدِكُمْ كَمَا تَغْسِلُ إِحداكُنَّ وَجْهَهَا مِن الوَسَخِ: یعنی تلبینہ (حریرہ) تم میں سے ایک کے پیٹ کو اس طرح دھودیتا ہے جس طرح تم میں سے ایک عورت چہرہ دھوکر اس کا میل دور کردیتی ہے اور جب معدہ صاف ہوجائے گا جو بیماریوں کا گھر ہے تو بیماری خودبخود چلی جائے گی۔

[٣-] باب ماجاء مَا يُطْعَمُ الْمَرِيْضُ؟

[٢٠٣٧-] حدثنا أحمدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا مُحمدُ بنُ السَّائِبِ بنِ بَرَكَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَخَذَ أَهْلَهُ الوَعَكُ، أَمَرَ بِالْحَسَاءِ، فَصُنِعَ، ثُمَّ أَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ، وَكَانَ يَقُوْلُ: " إِنَّهُ لَيَرْتُوْ فُؤَادَ الحَزِيْنِ، وَيَسْرُوْ عَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ، كَمَا تَسْرُوْ إِحْدَاكُنَّ الْوَسَخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مِنْ هٰذَا، حدثنا بِذٰلِكَ الحُسَيْنُ الجَرِيْرِيُّ، نَا أَبُوْ إِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ، عَنْ ابنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَعْنَاهُ، حدثنابِذٰلِكَ أَبُوْ إِسْحَاقَ.

لغات: الوَعَكُ: تیز بخار...... الحَسَاءُ والحَسَا وَالحَسْوُ والحُسُوُّ: ہر رقیق چیز جو پی جاسکے، ایک قسم کا کھانا جو آٹا پانی اور گھی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ حَسَا (ن) حَسْوًا المَرَقَ: تھوڑا تھوڑا پینا...... رَتَا يَرْتُوْ رَتْوًا القلبَ: دل کو قوی کرنا...... سَرَا يَسْرُوْ سَرْوًا الثوبَ: کپڑے اتارنا، سُرِّيَ عنه الهَمُّ: غم زائل ہونا، دور ہونا۔

سند کی بحث: اس حدیث کو محمد بن السائب اپنی ماں سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتی ہیں، اور محمد کی ماں کا نام کسی نے نہیں لکھا، البتہ ان کے نسب نامہ میں دادا کی جگہ بَرَكَة (عورت کا نام) آتا ہے، ممکن ہے یہ تصحیف ہو اور یہ ان کی ماں کا نام ہو، ابن ماجہ (تحقیق: محمد فؤاد عبدالباقی) میں سند اس طرح ہے: ثنا محمد بن السائب، عَنْ بَرَكَةَ، عن أُمِّه، عن عائشةَ (حدیث ٣٤٤٥ باب التلبينة، کتاب الطب) یعنی برکۃ سے پہلے بن نہیں ہے بلکہ عن ہے، پس عن أُمِّه کو عن بَرَكَةَ کا بدل بنائیں گے اور اس کی نظیر ترمذی (کتاب الزکاۃ باب ٥) میں گذرچکی ہے قال: رَوَى شريكٌ هذا الحديثَ عَن خُصَيْفٍ، عن أبی عُبيدة، عن أبيه، عن عبد الله، اس سند میں عن عبد الله: عن أبيه سے بدل ہے یعنی ابوعبیدۃ کے والد حضرت ابن مسعود ہی ہیں۔ اسی طرح یہاں بھی عن أمه کو عن بَرَكة سے بدل بنایا جاسکتا ہے، یعنی برکہ ہی محمد بن السائب کی ماں ہیں۔

البتہ باب کے بالکل آخر میں جو حدثنا بذلك أبو إسحاق ہے اس کا مطلب واضح نہیں، کیونکہ ابو اسحاق طالقانی: امام ترمذیؒ کے استاذ نہیں، اور مزّی نے بھی تحفۃ الاشراف (۶۱:۱۲) میں امام ترمذیؒ کی یہ عبارت اسی طرح نقل کی ہے، پھر لکھا ہے: كذا في نُسَخِ السَّماعِ: یعنی انھوں نے اپنے اساتذہ سے جو ترمذی پڑھی ہے اس میں یہ عبارت اسی طرح ہے، اس لئے نہیں کہا جاسکتا کہ اس میں کیا گڑبڑ ہوئی ہے۔

باب ماجاء لاَ تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ

بیماروں کو کھانے پینے پر مجبور مت کرو

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ: اپنے بیماروں کو کھانے پر مجبور مت کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کو کھلاتے پلاتے ہیں، یعنی ان کو نہ کھانے سے ضعف لاحق نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ اس کا مداوا کردیتے ہیں، اور اگر اس شدید ناگواری کی حالت میں زبردستی کھلاؤ گے تو اس کی طبیعت کھانے کے نظم وانتظام کی طرف متوجہ ہوگی، اور وہ مرض کی مقاومت نہیں کرسکے گی، مگر دو کیفیتوں میں فرق کرنا ضروری ہے: ایک: مریض کو بھوک تو ہے مگر کھانے کو جی نہیں چاہتا، اس حالت میں اس کو حریرہ دینا چاہئے، اور دوسری حالت یہ ہے کہ مریض بالکل کھانا ہی نہیں چاہتا، اس کو بھوک ہی نہیں، پس ایسی حالت میں زبردستی نہیں کھلانا چاہئے، اور اللہ کے کھلانے پلانے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو کھانے پینے کی حاجت نہیں، پھر زبردستی اس کو کیوں کھلایا پلایا جائے؟!

[٤-] باب ماجاء لاَ تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ

[٢٠٣٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا بَكْرُ بنُ يُوْنُسَ بنِ بُكَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُلَيٍّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ الجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ، فَإِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ يُطْعِمُهُمْ وَيَسْقِيْهِمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فى الْحَبَّةِ السَّوْدَاءِ

کلونجی کا بیان

کلونجی کے اور نام: شونیز اور الحبة السوداء (سیاہ دانہ) ہیں، یہ پیاز کے بیج کے مشابہ سیاہ رنگ کے بیج ہوتے ہیں

جن کی بوتیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے، ان کا مزاج گرم خشک ہے، مسالوں، اچاروں اور داوؤں میں عام طور پر مستعمل ہے، اس لئے عطاروں اور پرچون کی دوکانوں میں ملتی ہے، کلونجی: کثیر المنافع دواء ہے، کبھی اس کو مفرد استعمال کرتے ہیں، کبھی دوسری دواؤں کے ساتھ مرکب کرکے استعمال کرتے ہیں، پھر کبھی اس کا سفوف بنا کر کھلاتے ہیں اور کبھی جوشاندہ بنا کر پلاتے ہیں اور اس کا روغن بھی نکالتے ہیں، نیز سر دز کام میں اس کو سونگھاتے بھی ہیں اور دھونی بھی دیتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عليكم بهٰذِهِ الحَبَّةِ السَّوْدَاءِ، فَإِنَّ فِيْهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ، إِلَّا السَّامَ: آپ لوگ اس کالے دانے (کلونجی) کو لازم پکڑو یعنی اس سے علاج کرو اور دیگر استعمالات میں بھی لو، اس لئے کہ اس میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے۔

تشریح: کلونجی میں ہر شفا ہے: یہ حدیث عام ہے یا خاص؟ اس میں اختلاف ہے۔ خطابی رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ یہ ارشاد بظاہر عام مگر حقیقت میں خاص ہے، کیونکہ کوئی جڑی بوٹی ایسی نہیں جو ہر بیماری کا علاج ہو، کلونجی بھی صرف بارد اور مرطوب بیماریوں کا علاج ہے، اس لئے کہ اس کا مزاج گرم خشک ہے اور یہ ارشاد ایسا ہی ہے جیسا آگے باب ۲۹ میں سنا کے بارے میں آرہا ہے کہ اگر کسی چیز میں موت کا علاج ہوتا تو وہ سَنا میں ہوتا، ان دونوں حدیثوں کا مطلب یہ ہے کہ یہ کثیر المنافع دوائیں ہیں۔

اور دیگر علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ ارشاد عام ہے، کلونجی ہر بیماری کی دواء ہے مگر اس کے استعمال کے طریقے مختلف ہیں، کبھی مفرد استعمال کی جاتی ہے، اور کبھی دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر استعمال کی جاتی ہے، نیز مرض کی رعایت اور قواعد طب کا لحاظ بھی ضروری ہے، اس طرح وہ ہر بیماری کی دواء بن جاتی ہے، ان حضرات کا استدلال یہ ہے کہ إلا السام استثناء ہے، پس ایک بیماری کو مستثنیٰ کرکے کلونجی ہر بیماری کی دواء ہے، جیسے ﴿إِنَّ الإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ، إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ الآیۃ کا حال ہے۔

مگر صحیح رائے پہلی معلوم ہوتی ہے کہ کلونجی کثیر المنافع دواء ہے کیونکہ جب اس کا مزاج گرم خشک ہے تو وہ بارد مرطوب بیماریوں ہی کا علاج ہوسکتی ہے، ہر بیماری کا علاج کیسے ہوسکتی ہے؟ اور جب دوسری دوائیں اس کے ساتھ ملا کر استعمال کریں گے تو سارا فائدہ کلونجی کا کہاں رہا، اس میں دوسری دوائیں بھی شریک ہوگئیں۔ اور آیت کریمہ سے استدلال اس لئے درست نہیں کہ طب نبوی کی روایات تبلیغ رسالت کی قسم سے نہیں ہیں، جیسا کہ ابواب الطب کے شروع میں بیان کیا گیا ہے، اور جب ان حضرات نے یہ فرمایا کہ مرض کی رعایت اور قواعد طب کا لحاظ بھی ضروری ہے تو انھوں نے حدیث کو خود ہی خاص کر دیا، کیونکہ اس قید کا مطلب یہ ہے کہ کلونجی صرف انہی امراض میں استعمال کی جاسکتی ہے جو بارد اور مرطوب ہیں، کیونکہ کلونجی کا مزاج حار یابس ہے، اس لئے صحیح بات یہی معلوم ہوتی ہے کہ یہ حدیث اگرچہ بظاہر عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے۔ واللہ اعلم

[٥-] باب ماجاء في الحَبَّةِ السَّوْدَاءِ

[٢٠٣٩-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ المَخْزُوْمِيُّ قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " عَلَيْكُمْ بِهٰذِهِ الحَبَّةِ السَّوْدَاءِ، فَإِنَّ فِيْهَا شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ، إِلَّا السَّامَّ" وَالسَّامُ: الْمَوْتُ.

وفي الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: السَّامُ کے معنی ہیں: موت، اور یہ معنی امام زہری رحمہ اللہ نے بیان کئے ہیں۔

بابُ ماجاء في شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ

اونٹوں کا پیشاب پینے کا بیان

کتاب الطہارۃ باب ۵۵ (تحفۃ الالمعی ۱:۳۱۶) میں یہ حدیث گذری ہے کہ قبیلہ عرینہ کے کچھ لوگ مدینہ منورہ آئے، ان کو مدینہ کی آب وہوا موافق نہیں آئی اور جوئی بیماری نے ان کو پکڑ لیا، پس نبی ﷺ نے ان کو زکوۃ کے اونٹوں میں بھیج دیا اور فرمایا: "اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیو" اور باب میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی جس روایت کا حوالہ ہے وہ ابن المنذر نے مرفوعاً روایت کی ہے: **عليكم بأبْوالِ الإِبِلِ، فإنَّها نافِعَةٌ لِذَرَبَةِ بُطُوْنِهِمْ:** آپ لوگ اونٹوں کا پیشاب لازم پکڑو یعنی اس سے علاج کرو، کیونکہ وہ معدہ کے فساد کا علاج ہے۔

تشریح: اس حدیث کی بنا پر یہ مسئلہ اختلافی ہوا ہے کہ ماکول اللحم جانوروں کے فضلات پاک ہیں یا ناپاک؟ امام مالک، امام محمد اور امام احمد رحمہم اللہ پاک قرار دیتے ہیں، اور امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور امام ابو یوسف رحمہم اللہ ناپاک کہتے ہیں، اور اس حدیث کو ضرورت اور علاج پر محمول کرتے ہیں، تفصیل جلد اول میں گذر چکی ہے۔

فائدہ: ناپاک یا حرام چیز سے علاج جائز ہے یا نہیں؟ ظاہر روایت یہ ہے کہ جائز نہیں مگر دوسرا قول یہ ہے کہ اگر حرام اور ناپاک میں شفا ہو اور کوئی دوسری دواء معلوم نہ ہو تو گنجائش ہے، اور اسی پر فتوی ہے، شامی میں یہ مسئلہ مصرح ہے۔

[٦-] باب ماجاء في شُرْبِ أَبْوَالِ الإِبِلِ

[٢٠٤٠-] حدثنا الحَسَنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نَا عَفَّانُ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، نَا حُمَيْدٌ، وَثَابِتٌ، وَقَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوْا المَدِيْنَةَ، فَاجْتَوَوْهَا، فَبَعَثَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ، وَقَالَ: " اشْرَبُوْا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا"

وفي الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ أَوْ غَيْرِهِ

زہروغیرہ سے خودکشی کرنے کا بیان

سَمٌّ: کی سین پر تینوں اعراب پڑھ سکتے ہیں، اور کشی: کاف کے پیش کے ساتھ ہے، کشتن مار ڈالنا سے ماخوذ ہے، کشیدن: کھینچنا سے ماخوذ نہیں، اور خودکشی حرام ہے اور کبیرہ گناہ ہے، حدیثوں میں اس کے بارے میں سخت وعیدیں آئی ہیں، کیونکہ جس طرح دوسرے کو قتل کرنا حرام ہے خود کو مار ڈالنا بھی حرام ہے، آدمی نہ اپنی جان کا مالک ہے نہ اعضاء کا کہ جس طرح چاہے ان کے ساتھ معاملہ کرے۔ پھر خودکشی کا فائدہ کچھ نہیں، آدمی سمجھتا ہے کہ میں مر کر مصیبتوں سے نجات پا جاؤں گا حالانکہ آدمی مر کر بھی نہیں مرتا، کیونکہ:

یہ نکتہ سیکھا میں نے بو الحسن سے ❁ کہ روح مرتی نہیں مرگِ بدن سے

حضرت امام ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ نے یہ بات واضح کی ہے کہ موت بدن سے روح کے جدا ہونے کا نام ہے، پس بدن تو مرتا ہے مگر روح نہیں مرتی، اس کو جسم سے نکلنے کے بعد جزاؤ سزا کا سامنا کرنا پڑتا ہے، پھر خودکشی کرنے سے کیا فائدہ؟ ہوسکتا ہے آگے اور بھی سخت عذاب سے دوچار ہونا پڑے، اس لئے مؤمن کو کبھی یہ حرکت نہیں کرنی چاہئے۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

۱- مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وحَدِيْدَتُه في يَده، يَتَوَجَّأُ بها بَطْنَه: في نار جهنمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا أَبَدًا: جس نے اپنے آپ کو مار ڈالا کسی لوہے سے یعنی چھری تلوار وغیرہ سے تو وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا، وہ اس سے اپنے پیٹ کو بھونکے گا: وہ دوزخ کی آگ میں لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دنوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش رہے گا!

۲- ومَن قَتَلَ نَفْسَه بِسَمٍّ، فَسَمُّه في يده، يَتَحَسَّاه: في نار جهنمَ خالداً مُخَلَّداً أَبَدًا: اور جس نے اپنے آپ کو مار ڈالا کسی زہر سے تو اس کا زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا، وہ اس کو گھونٹ گھونٹ پیئے گا: وہ دوزخ کی آگ میں لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دنوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش کے لئے رہے گا۔

تشریح: یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ عَبِیدۃ بن حُمید کو شک ہے، وہ کہتے ہیں: أُراه رَفَعَه: میرا گمان ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے، لیکن آگے اعمشؒ کے دوسرے تلامذہ کی جو سندیں آرہی ہیں ان میں یہ حدیث بالاتفاق مرفوع ہے۔

حدیث (۲): یہ اعمشؒ کے تلمیذ شعبہؒ کی روایت ہے، اس میں دو باتیں تو وہی ہیں جو پہلی حدیث میں ہیں، اور تیسری بات یہ ہے:

۳- وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ، فَقَتَلَ نفْسَه، فهو يَتَرَدَّى: فی نارِ جهنمَ، خالداً مُخَلَّدًا فیها أَبَدًا: اور جو شخص کسی پہاڑ سے گرا، پس اس نے اپنے آپ کو مار ڈالا تو وہ پہاڑ سے گرے گا: وہ دوزخ کی آگ میں لمبے عرصہ تک رہے گا، بہت دنوں تک رہے گا، ہمیشہ ہمیش کے لئے رہے گا۔

تشریح: اس حدیث کو اعمشؒ سے وکیع اور ابو معاویہ بھی شعبہ کی طرح روایت کرتے ہیں، یعنی وہ حدیث کو بالیقین مرفوع کرتے ہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ صحیح حدیث ہے، اور پہلی حدیث سے صحیح تر ہے، اعمش کے دیگر متعدد تلامذہ نے بھی یہ حدیث اسی طرح روایت کی ہے، پس عبیدہ کو جو حدیث کے مرفوع ہونے میں شک تھا وہ صحیح نہیں، یہ حدیث بالیقین مرفوع ہے۔

حدیث (۳): اور مذکورہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک اور سند سے بھی مروی ہے: محمد بن عجلان: سعید مقبری سے، اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: من قَتَلَ نَفْسَه بِسَمٍّ عُذِّبَ فی نَارِ جهنمَ: جس نے اپنے آپ کو کسی زہر سے مار ڈالا وہ دوزخ کی آگ میں سزا دیا جائے گا، اس حدیث میں خالِداً مُخَلَّدًا فیها أبداً نہیں ہے، اور یہ حدیث اسی طرح ابو الزناد: عبدالرحمٰن بن ہرمز اعرج سے، وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، یعنی ابو الزناد کی سند سے بھی حدیث میں خالدا مخلدا فیها أبدا نہیں ہے۔

اور امام ترمذیؒ کا فیصلہ یہ ہے کہ یہ تیسری روایت صحیح ترین ہے، جس میں خالداً مخلداً فیها أبداً نہیں ہے، کیونکہ احادیث سے یہ بات ثابت ہے کہ گنہ گار مؤمنین دوزخ میں جائیں گے، مگر بعد میں وہ دوزخ سے نکال لئے جائیں گے، اور کسی روایت میں یہ بات نہیں آئی کہ مؤمنین ہمیشہ ہمیش دوزخ میں رہیں گے، اس لئے صحیح روایت یہ تیسری ہے، جس میں خالداً مخلداً فیها أبدا نہیں ہے۔

حدیث (۴): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے گندی دواء سے یعنی زہر کے ذریعہ علاج کرنے سے منع فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث اس باب میں لاکر اشارہ کیا کہ زہر کے ذریعہ خودکشی کرنا عام ہے، خواہ مرنے کے لئے زہر پیا ہو، یا علاج کے طور پر زہر پیا ہو اور مر گیا ہو، دونوں صورتوں میں خودکشی کرنے کا گناہ ہوگا، کیونکہ خطرناک دوائیں ماہر حکیم کے مشورے کے بغیر استعمال کرنا جائز نہیں، بے احتیاطی کی صورت میں حکیم اور بیمار دونوں کو قتل نفس کا گناہ ہوگا، مگر اس حدیث میں دوائے خبیث کی تفسیر زہر سے متعین نہیں کیونکہ یہ تفسیر یا تو حضرت ابو ہریرہؓ نے کی ہے یا نیچے کے کسی راوی نے کی ہے بہرحال حدیث کا جز نہیں اور حرام اور ناپاک دواء سے بھی اس کی تفسیر کی جاسکتی ہے، پس حدیث عام ہوگی، زہر کے ساتھ خاص نہ رہے گی۔

فائدہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث ان سے ان کے تین شاگرد روایت کرتے ہیں، ابو صالح ذکوان، سعید مقبری اور عبد الرحمٰن بن ہرمز اعرج، پھر اعرج سے ابو الزناد روایت کرتے ہیں، یہ روایت بخاری (حدیث ۱۳۶۵) میں ہے، اس میں: خالداً مخلداً فیھا أبدا نہیں ہے، اور سعید مقبری سے محمد بن عجلان روایت کرتے ہیں، اس میں بھی یہ بات نہیں ہے۔

اور ابو صالح ذکوان سے سلیمان اعمش روایت کرتے ہیں، پھر ان سے چار تلامذہ روایت کرتے ہیں: (۱) عبیدۃ بن حمید، جن کو حدیث کے مرفوع ہونے میں شک ہے، باقی تین تلامذہ حدیث کو بالیقین مرفوع کرتے ہیں اور اس حدیث کا مرفوع ہونا ہی صحیح ہے (۲) اور شعبہ کی حدیث بخاری (حدیث ۵۷۷۸) میں اور نسائی (حدیث ۱۹۶۵) میں ہے (۳) اور ابو معاویہ کی حدیث ابو داؤد (حدیث ۳۸۷۳) میں اور مسند احمد (۲:۲۵۴) میں ہے (۴) اور وکیع کی روایت مسلم (حدیث ۱۰۹) اور ابن ماجہ (حدیث ۳۴۶۰) میں ہے، ان تمام روایات میں خالداً مخلداً فیھا أبداً ہے، پس ان سب روایات کو جن میں سے بعض متفق علیہ ہیں غیر صحیح کہنا جیسا کہ امام ترمذیؒ نے کہا ہے: ممکن نہیں، اس لئے اشکال اپنی جگہ باقی ہے۔

اور اسی قسم کی روایات سے گمراہ فرقوں (معتزلہ وغیرہ) نے استدلال کیا ہے کہ مرتکب کبیرہ کافر ہے، کیونکہ وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا اس لئے اہل السنۃ والجماعۃ نے اس قسم کی روایات کے مختلف جوابات دیئے ہیں۔

پہلا جواب: یہ حدیث مستحل کے بارے میں ہے، یعنی جو شخص خودکشی وغیرہ گناہوں کو حلال سمجھ کر کرتا ہے وہ کافر ہے، وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا، مگر اس توجیہ پر اشکال یہ ہے کہ ہر گناہ کو حلال سمجھنا کفر نہیں ہے، بلکہ صرف اس گناہ کو حلال سمجھنا کفر ہے جس کی حرمت لعینہ ہو اور اس کا ثبوت ایسی دلیل قطعی سے ہو جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو، اور خودکشی اگرچہ حرام ہے مگر اس کی حرمت نص قطعی سے ثابت نہیں، اور ارشاد پاک: ﴿لَا تَقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ﴾ اگرچہ نص قطعی ہے مگر ظنی الدلالۃ ہے، أنفس سے مراد دیگر مؤمنین بھی ہو سکتے ہیں، أی لا یقتل بعضُکم بعضًا اور أنفسکم سے ان کو اس لئے تعبیر کیا ہے کہ سب مؤمنین کنفسٍ واحدۃ ہیں۔

دوسرا جواب: خلود سے مکثِ طویل مراد ہے۔ خَلَدَ بالمکان کے معنی ہیں: دیر تک قیام کرنا، اور خَلَّدَہ کے معنی ہیں: عمر بھر قید رکھنا، سورۃ النساء آیت ۹۳ میں کسی مسلمان کو قصداً قتل کرنے والے کے بارے میں ﴿فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا﴾ آیا ہے یعنی اس کی سزا جہنم ہے جس میں اس کو ہمیشہ رہنا ہوگا، اس آیت کی تفسیر مکثِ طویل سے کی گئی ہے، یعنی خلود سے لمبی مدت تک جہنم میں رہنا مراد ہے۔ اور الأَبد مطلق زمانہ کے لئے بھی آتا ہے، کہا جاتا ہے: طَالَ الأَبَدُ علی لُبَدٍ: یعنی اس پر ایک طویل زمانہ گذر چکا ہے۔

تیسرا جواب: یہ ہے کہ یہ وعید کی حدیث ہے اور زجر و توبیخ کے طور پر وارد ہوئی ہے، یعنی اس گناہ کی اصل سزا تو یہی ہے مگر دیگر نصوص سے یہ بات ثابت ہے کہ مؤمنین پر یہ سزا جاری نہیں ہوگی، جس شخص میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا وہ کسی

نہ کسی دن جہنم سے نکال لیا جائے گا، کیونکہ تمام اہل حق متفق ہیں کہ بجز کفر وشرک کے کوئی امر موجب خلود فی النار نہیں۔
امام ترمذیؒ نے بھی یہی بات فرمائی ہے۔ لأنَّ الروايات إلى آخره: ترجمہ: اس لئے کہ روایات صرف اس طرح آئی ہیں کہ اہل توحید دوزخ میں سزا دیئے جائیں گے پھر وہ دوزخ سے نکال لئے جائیں گے اور (روایات میں) ذکر نہیں کیا جاتا کہ مؤمنین ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ اس جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ غایت بیان کئے بغیر سزا کا ذکر ہے۔

[٧-] بابُ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ أَوْ غَيْرِهِ

[٢٠٤١-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا عَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرة — أُرَاهُ رَفَعَهُ — قالَ: "مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ، جاءَ يَوْمَ الْقِيامَةِ وَحَدِيْدَتُهُ فِيْ يَدِهِ، يَتَوَجَّأُ بِها بَطْنَهُ: فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا أَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ، فَسَمُّهُ فِيْ يَدِهِ، يَتَحَسَّاهُ: فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا أَبَدًا"

[٢٠٤٢-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيْدَةٍ، فَحَدِيْدَتُهُ فِيْ يَدِهِ، يَجَأُ بِهَا فِيْ بَطْنِهِ: فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ، فَسَمُّهُ فِيْ يَدِهِ، يَتَحَسَّاهُ: فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا، وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ، فَقَتَلَ نَفْسَهُ، فَهُوَ يَتَرَدَّى: فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا"

حدثنا مُحَمَّدُ بنُ العَلَاءِ، نَا وَكِيْعٌ، وأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَهُوَ أَصَحُّ مِنَ الحَدِيْثِ الْأَوَّلِ، هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٢٠٤٣-] وَرَوَى مُحمدُ بنُ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ المَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسَمٍّ عُذِّبَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ" وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: "خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيْهَا أَبَدًا"

وَهٰكَذَا رَوَاهُ أَبُوْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ، لِأَنَّ الرِّوَايَاتِ إِنَّمَا تَجِيْئُ بِأَنَّ أَهْلَ التَّوْحِيْدِ يُعَذَّبُوْنَ فِي النَّارِ، ثُمَّ يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا، ولَا يُذْكَرُ: "أَنَّهُمْ يُخَلَّدُوْنَ فِيْهَا"

[٢٠٤٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الدَّوَاءِ الخَبِيْثِ، يَعْنِيْ السَّمَّ.

ملحوظہ: خبیث دواء کی تفسیر زہر سے یا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کی ہے یا نیچے کے کسی راوی نے کی ہے اور یہ تفسیر متعین نہیں، حرام سے بھی تفسیر کی جاسکتی ہے۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ التَّدَاوِیْ بِالْمُسْکِرِ

نشہ آور چیز سے علاج کرانے کی ممانعت

ابواب الاشربہ کے شروع میں یہ حدیث گذری ہے کہ: کُلُّ مُسْکِرٍ حَرَامٌ: ہر نشہ آور چیز حرام ہے، اور حرام اور ناپاک چیز سے علاج کے بارے میں ظاہر روایت یہ ہے کہ وہ ممنوع ہے، لیکن اگر نشہ آور چیز میں علاج منحصر ہو، اور دوسرا کوئی علاج معلوم نہ ہو تو مجبوری میں حرام اور ناپاک چیز سے بھی علاج کرانے کی گنجائش ہے، اور شامی میں ہے کہ اسی قول پر فتوی ہے۔

حدیث: حضرت طارق بن سوید رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے خمر (انگوری شراب) کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے ان کو منع کیا، انھوں نے عرض کیا: ہم خمر سے علاج کرتے ہیں، یعنی اس کو دواء کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: إِنَّهَا لَیْسَتْ بَدَوَاءٍ، ولکنّها داءٌ: وہ علاج نہیں ہے، بلکہ وہ آفت ہے، یعنی جب اس کی عادت پڑ جاتی ہے تو پیچھا چھڑانا مشکل ہوجاتا ہے، جیسے پیسا ہوا تمبا کو دانتوں میں ملنا: عادی بنا دیتا ہے، پھر اس کے لئے آدمی بے چین رہتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث اگر خمر (انگوری شراب) کے بارے میں ہے تو کسی تاویل کی حاجت نہیں، کیونکہ انگوری شراب قطعاً حرام ہے، اور اگر یہ حدیث ہر مُسکر کے بارے میں ہے جیسا کہ ترجمۃ الباب سے ظاہر ہے تو پھر حدیث کا مطلب یہ ہے کہ عرب کے تصورات میں شراب میں ذاتی شفاء تھی: اس کی نفی کی ہے کہ خمر دواء نہیں، یعنی اس میں ذاتی شفا نہیں، بلکہ وہ بیماری ہے یعنی بلاء ہے، کیونکہ اس کی عادت بہت بری ہے۔

فائدہ: چار قسم کی شرابیں بالاتفاق ناپاک اور حرام ہیں، وہ چار یہ ہیں: (۱) انگور کی کچی شراب (۲) اور انگور کی پکی شراب (۳) اور منقی کی شراب (۴) اور کھجور کی شراب، ان کا ایک قطرہ بھی حرام ہے، گھر میں رکھنا اور کسی کام میں لانا جائز نہیں۔

اور دیگر نشہ آور چیزوں میں سے جو خشک ہیں وہ پاک ہیں، اور شدید ضرورت کے وقت علاج کے طور پر طبیب کے مشورہ سے اتنی مقدار کھانا جس سے نشہ نہ ہو درست ہے، اور جو نشہ آور چیزیں سیّال ہیں یعنی رقیق ہیں جن کو شراب کہتے ہیں، ان میں سے مذکورہ چار شرابیں تو قطعی حرام ہیں، اور ان کے علاوہ کا حکم یہ ہے کہ بعض روایات سے ان کا بھی حرام اور نجس ہونا معلوم ہوتا ہے، اور بعض روایات سے ان کا پاک ہونا اور دواء کے طور پر اتنی مقدار پینا

جس سے نشہ نہ ہو جائز ہونا معلوم ہوتا ہے، اور جس چیز کی حلت وحرمت میں اختلاف ہو: مسلمان کی طبیعت اسے قبول نہیں کرسکتی، لیکن عموم بلوی ایسی چیز ہے جس سے فتوی میں ایسے موقع پر گنجائش نکلتی ہے، اور یہاں سے تمام انگریزی ادویات کا حکم نکل آیا، تمام انگریزی ادویات میں اسپرٹ ملی ہوئی ہوتی ہے، اگر وہ مذکورہ چار شرابوں کے علاوہ دیگر شرابوں سے بنی ہوئی ہو تو ایسی اسپرٹ ملی ہوئی دواء کا شیخین کے نزدیک استعمال جائز ہے (اس کی مفصل بحث بہشتی زیور حصہ نہم ص:۱۰۱-۱۰۳ میں ہے)

[۸-] باب ماجاء فی كَرَاهِيَةِ التَّدَاوِيْ بِالْمُسْكِرِ

[۲۰٤٥-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَلْقَمَةَ بنَ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ شَهِدَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَسَأَلَهُ سُوَيْدُ بنُ طَارِقٍ، أَوْ: طَارِقُ بنُ سُوَيْدٍ، عَنِ الْخَمْرِ؟ فَنَهَاهُ: فَقَالَ: إِنَّا لَنَتَدَاوَى بِهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهَا لَيْسَتْ بِدَوَاءٍ، وَلٰكِنَّهَا دَاءٌ"

حدثنا محمودٌ، نَا النَّضْرُ، وَشَبَابَةُ، عَنْ شُعْبَةَ بِمِثْلِهِ، قَالَ مَحْمُوْدٌ: قَالَ النَّضْرُ: طَارِقُ بنُ سُوَيْدٍ، وَقَالَ شَبَابَةُ: سُوَيْدُ بنُ طَارِقٍ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: شَهِدَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم: حضرت وائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میری موجودگی میں نبی ﷺ سے یہ بات پوچھی گئی کیونکہ پوچھنے والے صحابی حضرمی تھے، یعنی حضرت وائل کے ہم وطن تھے، ان کا نام طارق بن سوید ہے، اور بعض راوی اس کے برعکس سوید بن طارق کہتے ہیں۔

بابُ ماجاء فی السَّعُوْطِ وَغَيْرِهِ

ناک میں دوا ٹپکانے وغیرہ علاج کا بیان

لغات: السَّعوط (بفتح السین) اسم ہے، ناک میں ڈالنے کی دواء، اور السُّعوط (بضم السین) مصدر ہے۔ سَعَطَ الدَّوَاءَ: ناک میں دواء چڑھانا (یہ فرق الطَّهور اور الطُّهور کی طرح ہے) لَدود (بفتح اللام) اسم ہے، منہ میں زبان کی ایک جانب سے ڈالنے کی دواء، لُدُوْد (بضم اللام) مصدر ہے، لَدَّ المريضَ: بیمار کی زبان ایک طرف کرکے دوسری جانب دواء ڈالنا ...... الحِجَامة: پچھنے لگانا، سینگی لگانا، یعنی سینگی کے ذریعہ خراب خون چوسنا ...... المَشِيُّ: مسہل دواء، أَمْشَى الدواءُ فلاناً: دواء سے کسی کو دست آنا، اسْتَمْشَى فلانٌ اور استَمْشَى بالدواء: مسہل (دست آور) دوا لینا، جُلاّب لینا ...... تَدَاوَى: دواء لینا، اپنا علاج کرنا ...... جَلاَ يَجْلُوْ بَصَرَه بِالْكُحْلِ: نگاہ کو سرمہ سے

صاف کرنا، جلا دینا...... المُکْحُلَةُ: سرمہ دانی، إِکْتَحَلَ الرجلُ: سرمہ لگانا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک وہ چیزیں جن سے آپ لوگ علاج کرتے ہیں: ان میں بہترین: ناک میں دواء ڈالنا، اور گوشۂ فم میں دواء ڈالنا اور سینگی لگانا اور مُسہل لینا ہے، چنانچہ جب صحابہ نے آپؐ کے گوشۂ فم میں دواء ڈالی، اور وہ نمٹ گئے تو آپؐ نے فرمایا: سب کے گوشۂ فم میں دواء ڈالی جائے، راوی کہتا ہے: پس سبھی کے گوشۂ فم میں دواء ڈالی گئی، حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے علاوہ۔

تشریح:

۱- دماغی بیماریوں کے لئے ناک میں دواء ڈالنا بہترین علاج ہے، رہی یہ بات کہ کس دماغی بیماری میں کونسی دواء ناک میں ٹپکائی جائے، یہ بات لوگ جانتے تھے، اس لئے حدیث میں اس کا تذکرہ نہیں آیا، اور آج بھی بہت سے لوگ جانتے ہیں یا طب کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے اور اس کے مطابق حکیم علاج کرتے ہیں۔

ایک واقعہ: میرے ابا قدس سرہ نے بیان کیا کہ ایک بیل رات بھر کھونٹے سے سر کوٹتا تھا، اور سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس کو کیا ہو گیا ہے، اتفاق سے ایک ہالی (ہل چلانے والا) آیا، ابا نے اس سے تذکرہ کیا کہ یہ بیل رات بھر کھونٹے سے سر کوٹتا ہے، ہالی کھیت میں گیا اور ایک پودا لایا، اور اس کو کوٹ لیا، پھر اس نے ابا سے کہا: بیل کے منہ کو اوپر پکڑے رہو، اور اس نے وہ کوٹا ہوا پودا ہتھیلیوں میں لے کر دونوں نتھنوں میں نچوڑا، بیل نے بہت ہچر مچر کی مگر ابا نے نہیں چھوڑا، پھر جب ہالی نے کہا: اب چھوڑ دو تو بیل نے ایک زوردار چھینک لی اور اس کی ناک سے ایک مینڈ کی نکلی، پانی پیتے ہوئے دماغ میں چڑھ گئی ہوگی، اس کے بعد بیل ٹھیک ہو گیا۔

۲- اور نمونیا وغیرہ میں زبان ایک طرف کر کے دوسری جانب دواء ڈالتے ہیں، اس کا نام لُدود ہے، یہ بھی بہترین طریقۂ علاج ہے۔ نبی ﷺ جب آخری مرتبہ بیمار ہوئے تو لوگوں کو خیال ہوا کہ آپؐ کو نمونیا ہو گیا ہے، حالانکہ آپؐ کو یہ بیماری نہیں تھی، بلکہ اس زہر کا اثر لوٹ آیا تھا جو آپؐ کو خیبر میں دیا گیا تھا، صحابہ اپنے خیال کے مطابق لدود کرنا چاہتے تھے، آپؐ نے منع فرمایا، پھر آپؐ کو غشی سی طاری ہوگئی تو گھر والے بے چین ہو گئے اور انھوں نے لدود کیا، جب آپؐ ہوش میں آئے تو آپؐ نے منہ میں دواء کا اثر محسوس کیا۔ آپؐ سخت ناراض ہوئے، اور فرمایا: مجھے کس نے لدود کیا؟ سب خاموش رہے، آپؐ نے فرمایا: گھر میں جتنے ہیں سب کے منہ میں دواء ڈالی جائے، چنانچہ سب کے منہ میں دواء ڈالی گئی، حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا روزے سے تھیں پھر بھی ان کا لدود کیا گیا، صرف حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا گیا، کیونکہ آپؐ نے ان کو مستثنیٰ کیا تھا اور اس کی وجہ بخاری و مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں یہ آئی ہے کہ وہ دواء پلانے میں شریک نہیں تھے، غرض اس طرح آپؐ نے سب کو لدود کروا کر اپنا انتقام لے لیا، ورنہ اپنے حبیب ﷺ کا انتقام اللہ تعالیٰ لیتے اور معلوم نہیں کیا سزا ملتی، اب سستے چھوٹ گئے۔

٣- سینگی لگانا فسادِ خون کا بہترین علاج ہے، مگر گرم خشک ممالک ہی میں یہ علاج مفید ہے، بارد اور مرطوب خطوں میں یہ علاج مفید نہیں، جب خون میں زیادتی ہوتی ہے تو جسم کی خاص حصوں میں سینگی لگاتے ہیں اور خون چوس کر نکالتے ہیں، اس سے خون کا پریشر کم ہوجاتا ہے، اور خون کی بہت سی بیماریوں سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

٤- مسہل لینا بھی بہترین طریقہ علاج ہے، مگر لوگ اس کی اہمیت نہیں جانتے، حالانکہ مہینہ میں ایک مرتبہ کوئی ہلکا مسہل لیا جائے تو پیٹ صاف ہوجائے گا اور معدہ کی بیماریوں سے حفاظت ہوجائے گی۔

میرے استاذ حضرت شیخ محمود عبدالوہاب محمود قدس سرہ جامعہ ازہر کی طرف سے دارالعلوم دیوبند میں مبعوث تھے، میں ان کا خادم تھا، اور میں نے سبعِ طوال انہی سے حفظ کی ہیں، وہ مہینہ میں ایک مرتبہ مسہل ضرور لیتے تھے، ان کے پاس کوئی سفید پاؤڈر تھا، رات کو اس کی ایک مقدار گھول کر پی لیتے تھے، صبح چار پانچ دست آجاتے تھے، میں نے دو سال ان کی خدمت کی ہے، مجھے یاد نہیں کہ کبھی ان کو حکیم یا ڈاکٹر کے یہاں جانا پڑا ہو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا:

١- إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ به اللَّدُوْدُ، والسَّعُوْطُ، وَالْحِجَامَةُ، وَالمَشِيُّ: آپ لوگ جن طریقوں سے علاج کرتے ہو ان میں بہترین طریقے گوشۂ فم میں دواء ڈالنا، ناک میں دواء ٹپکانا، سینگی لگانا اور مسہل لینا ہے۔

٢- وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ به الإِثْمِدُ، فَإِنَّه يَجْلُو الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ: اور وہ سرمے جن کو آپ لوگ آنکھ میں ڈالتے ہو ان میں بہترین اثمد ہے، پس بیشک وہ نگاہ کو جلا دیتا ہے اور پلکوں کے بالوں کو اگاتا ہے۔

٣- ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک سرمہ دانی تھی جس میں سے آپ سوتے وقت ہر آنکھ میں تین تین سلائیاں ڈالتے تھے۔

ملحوظہ: نمبر ۲ اور ۳ کی تفصیل ابواب اللباس (باب ۲۳) میں گذر چکی ہے اور شمائل (ص: ۵) میں بھی یہ روایت ہے۔

[٩-] باب ماجاء في السَّعُوْطِ وَغَيْرِه

[٢٠٤٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ مَدُّوْيَهْ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ حَمَّادٍ، نَا عَبَّادُ بنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ خَيْرَ مَاتَدَاوَيْتُمْ بِهِ السَّعُوْطُ، وَاللَّدُوْدُ، وَالحِجَامَةُ، وَالمَشِيُّ" فَلَمَّا اشْتَكى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَدَّهُ أَصْحَابُهُ، فَلَمَّا فَرَغُوْا، قَالَ: "لُدُّوْهُمْ" قَالَ: فَلُدُّوْا كُلُّهُمْ غَيرَ العَبَّاسِ.

[٢٠٤٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، نَايَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا عَبَّادُ بنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ: اللَّدُوْدُ، وَالسَّعُوْطُ،

وَالْحِجَامَةُ، وَالْمَشِيُّ، وَخَيرَ مَا اكْتَحَلْتُم بِهِ الإِثْمِدُ، فَإِنَّهُ يَجْلُوْ البَصرَ، وَيُنبِتُ الشَّعْرَ" قَالَ: وَكَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَهُ مُكْحُلَةٌ، يَكْتَحِلُ بِهَا عِنْدَ النَّوْمِ ثَلاَثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَهُوَ حَديثُ عَبَّادِ بنِ مَنْصُوْرٍ.

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الكَيِّ

گرم لوہے سے داغنے کی ممانعت

الکَیُّ اورالکَیَّۃُ مصدر ہیں، کَوَاہُ یَکْوِیْ: لوہا تپا کر کھال کوداغنا، اسی سے کپڑوں کی پریس کوالمِکْوَاۃُ کہتے ہیں، گذشتہ زمانہ میں کچھ بیماریوں کا علاج داغنا تھا، اور یہ نہایت تکلیف دہ علاج تھا، اگرچہ سُن کرنے والی دواء لگا کر داغتے تھے مگر جب سُن کرنے والی دواء کا اثر ختم ہوجا تا تھا تو بے چین کرنے والی تکلیف شروع ہوجاتی تھی۔ اس لئے نبی ﷺ نے علاج کے اس طریقہ سے منع فرمایا۔ پہلے باب میں ممانعت کی روایت ہے، مگر آپؐ نے متعدد مرتبہ اس طریقہ سے علاج کیا بھی ہے، دوسرے باب میں یہ روایت ہے، پس نہایت سخت مجبوری میں یہ علاج کرنا چاہئے، اور اگر دوسرا متبادل علاج موجود ہوتو یہ علاج نہیں کرنا چاہئے، یہ سخت تکلیف دہ علاج ہے، اور یہی حکم خطرناک آپریشن کا ہے، جب کوئی چارہ نہ رہے تو ایسا آپریشن کرانا چاہئے، اور اگر کوئی متبادل طریقہ ہوتو ایسے خطرناک آپریشن سے بچنا چاہئے، کیونکہ علاج سنت ہے، مگر کوئی خاص طریقۂ علاج سنت نہیں، اس نکتہ کو ذہن میں رکھنا چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے گرم لوہے سے داغنے سے منع فرمایا، حضرت عمرانؓ کہتے ہیں: مگر ہم مصیبت میں پھنس گئے (ان کو بواسیر تھی) پس ہم نے گرم لوہے سے دغوایا، مگر ہم کامیاب نہ ہوئے، اور نہ ہم بامراد ہوئے (فلاح ونجاح ہم معنی ہیں) یعنی دغوانا بے فائدہ رہا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ کے بدن پر نکلنے والی تکلیف دہ سرخ پھنسیوں کو نبی ﷺ نے گرم لوہے سے داغا تھا۔

تشریح: حضرت اسعد بن زُرارہ رضی اللہ عنہ کا ہجرت کے بعد جلدی انتقال ہوگیا تھا، اس لئے اسلامی تاریخ میں ان کا نام نہیں ابھرا، ورنہ ان کا مقام بہت بلند تھا، ان کی سعی سے جمعہ شروع ہوا ہے، اور ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ کے مسلمانوں کے سرپرست آپ ہی تھے، آپ کو الشَّوکہ: کا عارضہ تھا، یعنی منہ اور بدن پر تکلیف دہ سرخ پھنسیاں ہوگئی تھیں، اور ان کا علاج داغنا ہی تھا، اس لئے نبی ﷺ نے ان کو داغا تھا، اسی طرح حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی غزوۂ احزاب میں بازو کی رگ کٹ گئی تھی، نبی ﷺ نے خون بند کرنے کے لئے ان کو دو مرتبہ داغا تھا، غرض جب کوئی علاج نہ رہے تو یہ خطرناک علاج اختیار کیا جاسکتا ہے۔

[۱۰-] باب ماجاء فی کَرَاهِیَةِ الْکَیِّ

[۲۰۴۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا مُحمدُ بنُ جعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی عَنِ الْکَیِّ، قَالَ: فَابْتُلِیْنَا، فَاکْتَوَیْنَا، فَمَا أَفْلَحْنَا وَلاَ أَنْجَحْنَا، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۰۴۹-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بنُ مُحمدٍ، نَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، قَالَ: نُهِیْنَا عَنِ الْکَیِّ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۱۱-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِی ذٰلِكَ

[۲۰۵۰-] حدثنا حُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نَایَزِیْدُ بنُ زُرَیْعٍ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَوَی أَسْعدَ بنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْکَةِ.

وفی الباب: عَنْ أُبَیٍّ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

بابُ ماجاء فی الْحِجَامَةِ

پچھنے لگوانے کا بیان

سینگی لگوانا فسادِ خون کا بہترین علاج ہے، رہی یہ بات کہ سینگی جسم کے کس حصہ میں لگائی جائے؟ اور کن بیماریوں میں لگائی جائے؟ اور کن تاریخوں میں لگائی جائے؟ یہ باتیں اس فن کے ماہرین جانتے ہیں، ہمارے یہاں چونکہ یہ طریقہ رائج نہیں اس لئے ہم تفصیلات نہیں جانتے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ گردن کی ہر دو جانب کی رگوں میں اور مونڈھے میں پچھنے لگواتے تھے، اور چاند کی سترہ، انیس اور اکیس تاریخوں میں لگواتے تھے۔

لغات: الْأَخْدَع: گردن کی دونوں جانبوں میں دو پوشیدہ رگوں میں سے ایک...... الکاهل: کندھا، مونڈھا۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے اس رات کا تذکرہ کیا جس میں آپؐ کو معراج میں لے جایا گیا۔ آپؐ فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے بھی گذرے انھوں نے آپؐ کو حکم دیا کہ آپؐ اپنی امت کو سینگی لگانے کا حکم دیں۔

تشریح: ملائکہ انسانوں کی مصلحت کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، اور یہ مضمون تفصیل سے حضرت شاہ ولی اللہ

صاحب قدس سرہ نے بیان فرمایا ہے، ملائکہ کی توجہات ہمیشہ انسانوں کی طرف مبذول رہتی ہے، چنانچہ انھوں نے نبی ﷺ کے ذریعہ مؤمنین کو یہ خیر کی بات بتلائی، اور یہ حدیث قاسم بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں، یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پوتے قاسم نہیں ہیں جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے تھے، بلکہ یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پوتے ہیں۔

حدیث (۳): یہ طویل روایت ہے، اس میں چھ باتیں ہیں:

۱- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس تین سینگی لگانے والے غلام تھے، ان میں سے دو سینگی لگانے کا پیشہ کرتے تھے، اور اجرت لا کر حضرت ابن عباسؓ کو اور ان کے گھر والوں کو دیتے تھے، اور ایک غلام ان کو اور ان کے گھر والوں کو سینگی لگایا کرتا تھا، یعنی وہ اس کام کے لئے ریزرو تھا۔

۲- عکرمہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: سینگی لگانے والا غلام بہترین غلام ہے، خون لے جاتا ہے اور پیٹھ ہلکی کرتا ہے، اور نگاہ کو جلا بخشتا ہے (یہ سینگی لگانے کے تین اہم فائدے ہیں)

۳- اور ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ جب نبی ﷺ کو معراج میں لے جایا گیا تو آپؐ فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے بھی گذرے تو انھوں نے کہا: آپ سینگی لگانے کو لازم پکڑیں۔

۴- اور نبی ﷺ نے فرمایا: وہ دن جن میں تم سینگی لگواتے ہو: ان میں بہترین دین سترہ، انیس اور اکیس تاریخیں ہیں۔

۵- اور نبی ﷺ نے فرمایا: وہ علاج جو آپ لوگ کرتے ہیں، ان میں بہترین ناک میں دواء ٹپکانا، گوشۂ فم میں دواء ڈالنا، سینگی لگوانا اور مسہل لینا ہے۔

۶- اور حضرت ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے منہ میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں نے دواء ڈالی۔ آپؐ نے پوچھا: میرے منہ میں کس نے دواء ڈالی؟ سب خاموش رہے، پس آپؐ نے فرمایا: کوئی باقی نہ رہے ان لوگوں میں سے جو گھر میں ہیں، مگر اس کے منہ میں دواء ڈالی جائے، آپؐ کے چچا حضرت عباسؓ کے علاوہ

امام لغت نضر بن شمیلؒ نے جو اس حدیث کے راوی ہیں، لدود کے معنی وَجُور کئے ہیں، مگر یہ تفسیر صحیح نہیں، وَجور کے معنی ہیں: منہ کے درمیان میں دواء ڈالنا، کبھی مریض کا منہ کسی وجہ سے بند ہو جاتا ہے تو منہ کے بیچ میں دواء ڈالی جاتی ہے، اس کو وَجور کہتے ہیں، اور لدود: زبان ایک طرف کر کے دوسری جانب دواء ڈالنے کا نام ہے۔

تشریح: یہ بات کہ نبی ﷺ کو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے لدود کیا تھا صحیح نہیں، متفق علیہ روایت میں یہ ہے کہ اس موقع پر حضرت عباسؓ موجود نہیں تھے، اور نبی ﷺ نے ان کا استثناء اسی بنا پر کیا تھا کہ وہ اس موقعہ پر موجود نہیں تھے۔

[۱۲-] باب ماجاء فی الحِجَامَةِ

[۲۰۵۱-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بنُ مُحمدٍ، نَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا هَمَّامٌ، وَجَرِيْرُ بنُ حَازِمٍ، قَالاَ: نَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم یَحْتَجِمُ فِیْ الْأَخْدَعَیْنِ، وَالْكَاهِلِ، وَكَانَ یَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ، وَتِسْعَ عَشْرَةَ، وَإِحْدَی وَعِشْرِیْنَ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَمَعْقِلِ بنِ یَسَارٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[۲۰۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ بُدَیْلِ بنِ قُرَیْشٍ الیَامِیُّ الْكُوْفِیُّ، نَا مُحمدُ بنُ فُضَیْلٍ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ – هُوَ ابنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ – عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: حَدَّثَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ لَیْلَةٍ أُسْرِیَ بِهِ: أَنَّهُ لَمْ یَمُرَّ عَلَی مَلَأٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ إِلاَّ أَمَرُوْهُ: أَنْ مُرْ أُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ ابنِ مَسْعُوْدٍ.

[۲۰۵۳-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَیْدٍ، نَا النَّضْرُ بنُ شُمَیْلٍ، نَا عَبَّادُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ، قَالَ:

[۱-] كَانَ لاِبْنِ عَبَّاسٍ غِلْمَةٌ ثَلاَثَةٌ حَجَّامُوْنَ، فَكَانَ اثْنَانِ یُغِلَّانِ عَلَیْهِ، وَعَلَی أَهْلِهِ، وَوَاحِدٌ یَحْجِمُهُ وَیَحْجِمُ أَهْلَهُ.

[۲-] قَالَ: وَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ: قَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ:" نِعْمَ العَبْدُ الْحَجَّامُ، یَذْهَبُ بِالدَّمِ، وَیُخِفُّ الصُّلْبَ، وَیَجْلُوْ عَنِ الْبَصَرِ"

[۳-] وَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم حِیْنَ عُرِجَ بِهِ، مَامَرَّ عَلَی مَلاَءٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ إِلاَّ قَالُوْا: عَلَیْكَ بِالْحِجَامَةِ.

[٤-] وَقَالَ:" إِنَّ خَیْرَ مَا تَحْتَجِمُوْنَ فِیْهِ: یَوْمُ سَبْعَ عَشْرَةَ،وَیَوْمُ تِسْعَ عَشْرَةَ، وَیَوْمُ إِحْدَی وَعِشْرِیْنَ"

[٥-] وَقَالَ:" إِنَّ خَیْرَ مَا تَدَاوَیْتُمْ بِهِ السَّعُوْطُ،وَاللَّدُوْدُ، وَالْحِجَامَةُ، وَالْمَشِیُّ"

[٦-] وَإِنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم لَدَّهُ العَبَّاسُ وَأَصْحَابُهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" مَنْ لَدَّنِیْ؟" فَكُلُّهُمْ أَمْسَكُوْا فَقَالَ:" لاَیَبْقَی أَحَدٌ مِّمَنْ فِیْ الْبَیْتِ إِلاَّ لُدَّ، غَیْرُ عَمِّهِ العَبَّاسِ" قَالَ النَّضْرُ: اللَّدُوْدُ: الوَجُوْرُ.

وفی الباب: عَنْ عَائشةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ عَبَّادِ بنِ مَنْصُوْرٍ.

بابُ ماجاء فی التَّدَاوِیْ بِالْحِنَّاءِ

مہندی سے علاج کرنا

مہندی انار جیسا ایک درخت ہے، اس کے پتے سنا کے پتوں کے مشابہ ہیں، ان کو پیس کر عورتیں ہاتھوں پر لگاتی ہیں، جس سے سرخ رنگ پیدا ہوتا ہے، اس کا مزاج سرد اور گرم دو جوہروں سے مرکب ہے، جن میں گرم جوہر غالب ہے، مگر سرد جوہر کی قوت بہت جلد نمایاں ہوتی ہے، اور اس کا مزاج سرد خشک بیان کیا جاتا ہے، مہندی مُسَکِّن الم اور مخفف ہے، ورموں کو تحلیل کرتی ہے، مدر بول اور مصفی خون ہے، اس کو پانی میں پیس کر ہاتھ پاؤں کی سوزش کو رفع کرنے کے لئے ہتھیلی اور تلووں پر لگاتے ہیں، اس کے علاوہ مختلف بیماریوں میں مختلف طرح سے استعمال کی جاتی ہے (مخزنِ مفردات، کتاب الادویہ) (مُدِّرْ: پیشاب لانے والی دواء)

حدیث: حضرت سلمی رضی اللہ عنہا جو پہلے نبی ﷺ کی باندی تھیں، اور آپؐ کی خدمت کرتی تھیں، پھر آپؐ نے ان کو آزاد کردیا تھا، اور اپنے آزاد کردہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ سے ان کا نکاح کردیا تھا، وہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کو جب بھی کوئی پھوڑا پھنسی نکلتی یا کوئی زخم ہوتا تو آپؐ مجھے حکم دیتے: میں اس پر مہندی لگاتی (کیونکہ مہندی ورم کو تحلیل کرتی ہے، اور زخم کی سوزش زائل کرتی ہے)

راوی کا تعارف: اس حدیث کو حضرت سلمیٰؓ سے ان کے پوتے عبیداللہ بن علی بن ابی رافع روایت کرتے ہیں، بعض راویوں نے ان کا نام الٹ کر علی بن عبیداللہ کردیا ہے، یہ صحیح نہیں، اور غلط فہمی کی وجہ یہ بنی کہ حضرت ابورافع کے ایک صاحبزادے عبیداللہ نامی بھی تھے، جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سکریٹری تھے، لوگوں نے اس علی کو ان کا لڑکا قرار دیدیا، حالانکہ حضرت ابورافع کے علی نامی بھی ایک لڑکے تھے جن کے عبیداللہ نامی یہ لڑکے ہیں، پھر ان سے فائِد روایت کرتے ہیں جو ابورافع کے خاندان کے آزاد کردہ ہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے فائد کے شاگرد حماد کی سند لکھی ہے جس میں علی بن عبیداللہ ہے جو صحیح نہیں، پھر فائد کے دوسرے شاگرد زید بن حباب کی سند پیش کی ہے جس میں صحیح نام عبیداللہ بن علی ہے۔

[۱۳-] باب ماجاء فی التَّدَاوِیْ بِالْحِنَّاءِ

[۲۰۵٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیعٍ، نَا حَمَّادُ بنُ خَالِدٍ الخَیَّاطُ، نَا فَائِدٌ مَوْلًی لِآلِ أَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِیِّ بنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَدَّتِهِ، وَکَانَتْ تَخْدِمُ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَتْ: مَاکَانَ یَکُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَرْحَةٌ وَلاَ نَکْبَةٌ إِلَّا أَمَرَنِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ

أَضَعَ عَلَيْهَا الحِنَّاءَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ فَائِدٍ. وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ فَائِدٍ فَقَالَ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَدَّتِهِ سَلْمَى، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَلِيٍّ أَصَحُّ.

حدثنا مُحمدُ بنُ العَلاَءِ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عَنْ فَائِدٍ مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ مَوْلاَهُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

لغات: القَرْحَة: پھوڑا، پھنسی جس میں مواد پیدا ہو گیا ہو، جمع قُرُوْح .... النَّكْبَة: مصیبت، حادثہ، زخم، جمع نَكَبَات۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الرُّقْيَةِ

جھاڑ پھونک کی ممانعت

یہ دو باب ہیں، پہلے باب میں جھاڑ پھونک کی ممانعت کی روایت ہے، اور دوسرے باب میں جواز کی۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان روایات کو ناسخ و منسوخ قرار دیا ہے یعنی پہلے ممانعت تھی، پھر اجازت ہو گئی۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَن اكْتَوَى، أو اسْتَرْقَى، فهو بريءٌ من التوكُّلِ: جس نے گرم لوہے سے دغوایا، یا جھاڑ پھونک کروائی: وہ توکل (اللہ پر اعتماد) سے بری (دست بردار) ہو گیا، یعنی یہ دونوں عمل توکل کے منافی ہیں، مگر جس طرح سخت ضرورت میں گرم لوہے سے علاج کرانا جائز ہے، خاص بیماریوں میں جھاڑ پھونک کرانا بھی جائز ہے، پس اس وقت یہ دونوں عمل توکل کے منافی نہیں ہونگے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بیماریوں میں جھاڑ پھونک کی اجازت دی: ڈنک کے زہر سے، نظر بد سے اور پہلو کی پھنسی سے۔

سند کی بحث: یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عبداللہ بن الحارث روایت کرتے ہیں یا ان کے بیٹے یوسف؟ معاویہ بن ہشام کی سند میں عبداللہ روایت کرتے ہیں اور سفیان کے دوسرے شاگردوں کی سند میں یوسف روایت کرتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔

حدیث (۳): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاَرُقْيَةَ إلا من عَيْنٍ أو حُمَةٍ: جھاڑ پھونک نہیں مگر نظر بد سے یا ڈنک کے زہر سے (یہ حصر ادعائی ہے، یعنی یہ دو خطرناک بیماریاں ہیں اس لئے ان میں جھاڑ پھونک کروانی چاہئے)

تشریح: ابواب الطب کے شروع میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ بیماریاں دو طرح کی ہیں: اس لئے علاج بھی دو ہیں: اکثر بیماریاں جسمانی ہوتی ہیں اور وہ دواء سے ٹھیک ہوتی ہیں، دعا، تعویذ اور جھاڑ پھونک ان میں کم اثر کرتے

ہیں، جیسے کسی کو چوٹ لگ گئی تو دواء فائدہ کرے گی، جھاڑ سے خاص فائدہ نہیں ہوگا، اور کچھ بیماریاں جھاڑ سے جلدی متاثر ہوتی ہیں جیسے سانپ بچھو کا زہر، نظر بد اور پہلو کی پھنسیاں وغیرہ۔ یہ جھاڑ کی بیماریاں ہیں، ان میں جھاڑ سے فوری فائدہ ہوتا ہے، اور دوائیں دیر سے اثر کرتی ہیں، اور کچھ بیماریاں بین بین ہوتی ہیں جیسے بخار دواء سے بھی اترتا ہے اور جھاڑ پھونک سے بھی تخفیف ہوتی ہے، پس ہر بیماری کو جھڑوانا توکل کے منافی ہے، جیسے ہر بیماری میں گرم لوہے سے داغنا توکل کے منافی ہے، اور جو بیماریاں بین بین ہیں ان میں جھاڑ پھونک کی اجازت ہے، توکل کے منافی نہیں۔ نبی ﷺ آخری بیماری میں خود کو معوذتین سے جھاڑتے تھے، پھر جب آپ میں سکت نہ رہی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دونوں قل پڑھ کر آپؐ کے ہاتھ پر دم کرتیں، پھر ان کو آپؐ کے بدن پر پھیرتیں، اور جو بیماریاں جھاڑ کی ہیں ان میں جھڑوانا مامور بہ ہے، پس وہ توکل کے منافی کیسے ہوسکتا ہے؟

رہی یہ بات کہ کونسی بیماری جھاڑ کی ہے؟ یہ جھاڑنے والے جانتے ہیں، اور ایک موٹی علامت یہ ہے کہ ہر ضدی بیماری جھاڑ سے بھاگتی ہے، اسی طرح جس بیماری میں جھاڑنے سے فوری فائدہ ہو وہ بھی جھاڑ کی بیماری ہے، اور ایسی بیماریاں دو ہی نہیں ہیں، بلکہ متعدد ہیں، اور جو بیماریاں بین بین ہیں ان میں بھی جھڑوانا مفید ہے، مگر خواہ مخواہ جھاڑ پھونک یا تعویذ گنڈے کرنا اور ان پر اعتماد کرنا توکل کے منافی ہے، پہلے باب کی حدیث کا مصداق یہی صورت ہے۔

[۱۴-] باب ماجاء فی کَرَاهِيَةِ الرُّقْيَةِ

[۲۰۵۵-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَقَّارِ بنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ اكْتَوَى أَوِ اسْتَرْقَى فَهُوَ بَرِيءٌ مِنَ التَّوَكُّلِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۱۵-] باب ماجاء فی الرُّخْصَةِ فِی ذٰلِكَ

[۲۰۵۶-] حدثنا عَبْدَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الخُزَاعِيُّ، نَا مُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِیْ الرُّقْيَةِ مِنَ الْحُمَةِ، وَالْعَيْنِ، وَالنَّمْلَةِ.

[۲۰۵۷-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا يَحْيىَ بنُ آدَمَ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالاَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ يُوْسُفَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَخَّصَ فِی الرُّقْيَةِ مِنَ الْحُمَّةِ، وَالنَّمْلَةِ. وَهٰذَا عِنْدِیْ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بنِ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ.

وفی الباب: عَنْ بُرَیْدَةَ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَیْنٍ، وَجَابِرٍ، وَعَائِشَةَ، وَطَلْقِ بنِ عَلِیٍّ، وَعَمْرِو بنِ حَزْمٍ، وأَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ.

[۲۰۵۸-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ حُصَیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عِمْرَانَ بنُ حُصَیْنٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:قَالَ: " لاَ رُقْیَةَ إِلَّا مِنْ عَیْنٍ، أَوْ حُمَةٍ" وَرَوَی شُعْبَةُ هٰذَا الحدیثَ عَنْ حُصَیْنٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ بُرَیْدَةَ.

لغات: کَوَاہ یَکْوِی کَیًّا: لوہا گرم کر کے علاج کے لئے داغنا...... **اسْتَرْقٰی**: جڑھوانا...... **الحُمَة**: زہر، خاص طور پر نیشِ عقرب، مگر مراد عام ہے، صحیحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے: رخَّصَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم فی الرقیة من کل ذی حُمَةٍ...... **النَّمْلَة**: پہلو کی پھنسیاں۔

بابُ ماجاء فی الرُّقْیَةِ بِالْمُعَوِّذَتَیْنِ

معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس) سے جھاڑنا

الْمُعَوِّذَةُ: اسم فاعل واحد مؤنث، پناہ دینے والی، المُعَوِّذتان (تثنیہ) سورۂ فلق اور سورۂ ناس جو سحر وغیرہ دفع کرنے کے لئے اکسیر ہیں، یہ دونوں سورتیں چونکہ بندے کو اللہ کی پناہ میں دیتی ہیں اس لئے ان کا یہ نام ہے۔
العُوْذَةُ: تعویذ، گنڈا وغیرہ، جو بیماری دور کرنے کے لئے یا سحر جن کو دفع کرنے کے لئے قرآنی آیات یا اللہ کا نام لکھ کر یا پڑھ کر تیار کیا جاتا ہے، اسی کو تعویذ بھی کہتے ہیں۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ آسیب کو اور نظر بد کو مختلف دعاؤں سے جھاڑا کرتے تھے، یہاں تک کہ سورۂ فلق اور سورۂ ناس نازل ہوئیں تو آپؐ نے ان دونوں کو لے لیا، یعنی ان سے جھاڑنا شروع کیا اور ان کے علاوہ جھاڑوں کو چھوڑ دیا، مگر بالکلیہ نہیں چھوڑا، دیگر جھاڑوں سے بھی آپؐ جھاڑتے تھے، حدیثوں میں وہ جھاڑیں بھی آئی ہیں، پس اس حدیث کو اکثری احوال پر محمول کریں گے۔

[۱۶-] باب ماجاء فی الرُّقْیَةِ بِالْمُعَوِّذَتَیْنِ

[۲۰۵۹-] حدثنا هِشَامُ بنُ یُوْنُسَ الْکُوْفِیُّ، نَا الْقَاسِمُ بنُ مَالِكٍ الْمُزَنِیُّ، عَنْ الجُرَیْرِیِّ، عَنْ أَبِی نَضْرَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، قَالَ: کَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ، وَعَیْنِ الإِنْسَانِ، حَتّٰی نَزَلَتْ المُعَوِّذَتَانِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ أَخَذَ بِهِمَا، وَتَرَكَ مَاسِوَاهُمَا.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، قالَ أبو عیسی: هذا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

بابُ ماجاء فی الرُّقْیَۃِ مِنَ الْعَیْنِ

نظر بد سے جھاڑنے کا بیان

کسی کسی کی نظر بڑی زہریلی ہوتی ہے، جب کوئی چیز ان کی نگاہ میں کُھب جاتی ہے تو ان کی آنکھ سے زہریلی لہریں نکلتی ہیں جو معیون کو متاثر کرتی ہیں، جیسے بعض سانپوں کی نظر سے نظر مل جائے تو ان کی آنکھوں سے زہر کی لہریں نکلتی ہیں اور حاملہ عورت کا حمل گرا دیتی ہیں، اور آدمی کو اندھا کردیتی ہیں، اسی طرح نظر بد کو بھی سمجھنا چاہئے، اور ایسے سخت نظر والے لوگ معاشرے میں معروف ہوتے ہیں، لوگ ان سے بچتے ہیں اور اپنے بچوں کو ان سے بچاتے ہیں، بلکہ کبھی عام آدمی کی نظر بھی لگ جاتی ہے، بلکہ کبھی ماں باپ کی نظر بھی بچہ کو لگ جاتی ہے، جبکہ وہ بچہ کو بہت زیادہ پیار کرتے ہیں، مگر یہ نظر مہلک نہیں ہوتی، پس ہر شخص کو چاہئے کہ جب اس کو کوئی چیز پسند آئے تو فوراً ماشاء اللہ یا ماشاء اللہ لاقوۃ إلا باللہ کہہ لے، نظر کا اثر فوراً زائل ہوجائے گا۔

حدیث (۱): حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا جو پہلے حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں اور ان کی اولاد بہت خوبصورت تھی، انھوں نے حضرت جعفرؓ کی شہادت کے بعد نبی ﷺ سے عرض کیا کہ جعفر کی اولاد کو نظر بہت جلدی لگ جاتی ہے تو کیا میں ان کو جھڑواؤں؟ آپؐ نے فرمایا: نعم، فإنَّہ لو کان شیئٌ سابِقَ القَدْرِ لَسَبَقَتْہُ العَیْنُ: ہاں جھڑواؤ، کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر سے آگے بڑھ سکتی ہے تو وہ نظر بد ہے، یعنی نظر بد قوی التاثیر ہے۔

تشریح: سابِقَ القَدْرِ: اسم فاعل مفعول کی طرف مضاف بھی ہوسکتا ہے اور سَابَقَ القَدْرَ: فعل ماضی اور مفعول بھی ہوسکتا ہے، مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے، یعنی تقدیر سے آگے کوئی چیز نہیں جاسکتی، جو کچھ مقدر ہے وہی ہوگا، لیکن اگر فرض کرو: کوئی چیز تقدیر کو اُور ٹیک کرسکتی ہے تو وہ نظر بد کرسکتی ہے، اس لئے اگر کسی کو نظر لگ جائے تو اس کو جھڑوانا چاہئے۔

سند کی بحث: یہ روایت سفیان کے علاوہ ایوب سختیانی بھی عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں، اور ان کی روایت میں: أنَّ أَسْمَاءَ کے بجائے عَنْ أَسْمَاءَ ہے، یعنی عُبید یہ واقعہ بیان نہیں کرتے، کیونکہ وہ اس وقت موجود نہیں تھے، بلکہ وہ یہ حدیث حضرت اسماءؓ سے روایت کرتے ہیں، پس یہی سند صحیح ہے مگر سند میں انقطاع ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کو اس جھاڑ سے جھاڑتے تھے: أُعِیْذُ کُمَا بکلماتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ، مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَھَامَّۃٍ، وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لاَمَّۃٍ: پناہ میں دیتا ہوں میں تم دونوں کو اللہ کے کامل کلمات کے ذریعہ (مراد قرآن کریم ہے یا اللہ کے اسماء وصفات ہیں) ہر شیطان اور زہریلے کیڑے سے، اور ہر ملامت کرنے والی آنکھ سے، یعنی لگنے والی نظر سے، اور آپؐ نے فرمایا: حضرت ابراہیم

علیہ السلام بھی اسی طرح حضرت اسحاق اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کو جھاڑتے تھے۔

تشریح: اگر ایک بچہ ہو تو کُما کی جگہ کَ کہیں گے، اور بچی ہو تو کِ کہیں گے، اور چند بچے ہوں تو کُم کہیں گے، اور چند بچیاں ہوں تو کُنَّ کہیں گے۔ اور یہ بہت قیمتی جھاڑ ہے، اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے، اور التَّامَّة: کے معنی ہیں: کامل، جس میں کوئی کمی اور عیب نہ ہو، یا اس کے معنی ہیں: مفید، اور هَامَّة کی جمع هَوَامٌّ ہے، ہر وہ زہریلا جانور جس کے کاٹنے سے آدمی مرجاتا ہے، اور جس کے کاٹنے سے آدمی نہ مرے جیسے بچھو اور بھڑ تو وہ سَامَّة ہے، اور لاَمَّة کے معنی ہیں: ملامت کرنے والی، یعنی لگ جانے والی۔

[۱۷-] باب ماجاء فی الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ

[۲۰۶۰-] حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ – وَهُوَ ابنُ عَامِرٍ – عَنْ عُبَيْدِ بنِ رِفَاعَةَ الزُّرَقِيِّ: أَنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ قَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ وَلَدَ جعْفرٍ تُسْرِعُ إِلَيْهِمُ العَيْنُ، أَفَأَسْتَرْقِىْ لَهُمْ؟ قَالَ: " نَعَمْ، فَإِنَّهُ لَوْ كَانَ شَيْئٌ سَابِقَ الْقَدْرِ لَسَبَقَتْهُ العَيْنُ"

وفى الباب: عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنارٍ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ عَامِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ بنِ رِفَاعَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حدثنا بذٰلِكَ الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوْبَ بِهٰذَا.

[۲۰۶۱-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَيَعْلَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعَوِّذُ الحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، يَقُوْلُ: " أُعِيْذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ، مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لاَمَّةٍ" وَيَقُوْلُ: " هٰكَذَا كَانَ إِبْرَاهِيْمُ يُعَوِّذُ إِسْحَاقَ وَإِسْمَاعِيْلَ"

حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّ العَينَ حَقٌّ، وَالغُسْلَ لَهَا

نظر برحق ہے اور اس کے لئے دھونا

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاشيئَ فى الهَامِ، والعَيْنُ حَقٌّ: هام: کوئی چیز نہیں، اور نظر واقعی لگتی ہے۔

تشریح: هَامَة: الّو کو کہتے ہیں، لوگ اس کو منحوس سمجھتے ہیں، یہ بے اصل بات ہے، اور دوسرا قول یہ ہے کہ جو شخص قتل کیا جائے اور اس کا قصاص نہ لیا جائے تو اس کی روح الّو بن کر جا بجا پکارتی پھرتی ہے: ''مجھے پلاؤ، مجھے پلاؤ'' پھر جب اس کا قصاص لے لیا جائے تو وہ اڑ جاتی ہے، یہ بھی بے اصل بات ہے، اور کچھ لوگ کہتے ہیں: مقتول کی کھوپڑی سے ایک پرندہ نکلتا ہے جو یہ پکارتا ہے، یہ بھی بے اصل بات ہے، البتہ لوگوں میں جو مشہور ہے کہ نظر لگتی ہے یہ صحیح بات ہے، نظر واقعی لگتی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لو کان شیئٌ سَابَقَ القَدْرَ لَسَبَقَتْهُ العَیْنُ، وإِذَا اغْتُسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا: اگر کوئی ایسی چیز ہوتی جو تقدیر کو اوورٹیک کر سکتی تو نظر بد ضرور تقدیر کو اوورٹیک کرتی، اور جب تم سے دھونے کے لئے کہا جائے تو دھوؤ۔

تشریح: زمانہ جاہلیت میں نظر بد کا ایک علاج یہ تھا کہ عائن (جس کی نظر لگی ہے) وہ اطراف بدن کو اور وسط بدن کو ایک برتن میں دھوتا تھا، پھر وہ غسالہ معیون پر ڈالا جاتا تھا، پس وہ اللہ کے حکم سے ٹھیک ہو جاتا تھا، اس کی تفصیل حاشیہ میں ہے[1] اب اسلام نے اچھی اچھی جھاڑیں بتلا دی ہیں اس لئے اب لوگ اس طریقہ پر عمل نہیں کرتے، جب یہ طریقہ رائج تھا اور عائن سے نہانے کے لئے کہا جاتا تھا تو وہ اپنی بدنامی کے ڈر سے ہجر مجر کرتا تھا، اس لئے آپؐ نے حکم دیا کہ تمہارا کیا بگڑتا ہے، دھو کر پانی دیدو، بیمار کا فائدہ ہو جائے گا۔

ملحوظہ: پہلی حدیث کی پہلی سند حابس تمیمیؓ پر رک جاتی ہے، یہ بھی صحابی ہیں، اور اس کی دوسری سند جو باب کے آخر میں ہے اس میں حضرت حابسؓ یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں اور اس اختلاف سے روایت پر کوئی اثر نہیں پڑتا کیونکہ حابسؓ بھی صحابی ہیں، پس یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

---

(۱) امام زہری رحمہ اللہ نے دھونے کا طریقہ یہ بیان کیا ہے کہ جس کی نظر لگی ہو اس کے پاس ایک بڑا پیالہ (یا تسلا یا بالٹی) بھر کر لے جایا جائے وہ شخص اس میں اپنی ہتھیلی ڈالے، پھر کلی کر کے پیالہ میں ڈالے، پھر وہ پیالہ میں اپنا چہرہ دھوئے، پھر بایاں ہاتھ ڈال کر پیالہ میں اپنی دائیں ہتھیلی دھوئے، پھر دایاں ہاتھ ڈال کر اپنے بائیں ہاتھ پر پانی ریڑھے، پھر بایاں ہاتھ ڈال کر اپنی دائیں کہنی پر پانی ریڑھے، پھر دایاں ہاتھ ڈال کر اپنی بائیں کہنی پر پانی ریڑھے، پھر بایاں ہاتھ ڈال کر اپنے دائیں پیر پر پانی ریڑھے، پھر دایاں ہاتھ ڈال کر اپنے بائیں پیر پر پانی ریڑھے، پھر بایاں ہاتھ ڈال کر اپنے دائیں گھٹنے پر پانی ریڑھے، پھر دایاں ہاتھ ڈال کر اپنے بائیں گھٹنے پر پانی ریڑھے، پھر لنگی کے اندر کا حصہ اس میں دھوئے اور پیالہ زمین پر نہ رکھا جائے پھر جس کو نظر لگی ہے اس پر پیچھے سے یکبارگی وہ سارا پانی ڈال دیا جائے، اور لنگی کے اندر کے حصہ سے کیا مراد ہے؟ اس میں اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں: مذاکیر یعنی ذکر اور دونوں فوطے پیالے میں دھوئے۔ اور بعض کہتے ہیں: رانیں اور ران کا بالائی حصہ اس میں دھوئے (شرح السنہ ۶: ۲۶۳)

[١٨-] باب ماجاء أَنَّ العَيْنَ حَقٌّ، وَالغَسْلَ لَهَا

[٢٠٦٢-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، نَا يَحْيىَ بنُ كَثِيْرٍ، أَبُوْ غَسَّانٍ العَنْبَرِيُّ، نَا عَلِيُّ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: ثَنِيْ حَيَّةُ بنُ حَابِسٍ التَّمِيْمِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَشَيْئَ فِي الهَامِ، وَالْعَيْنُ حَقٌّ"

[٢٠٦٣-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ الحَسَنِ بنِ خِرَاشٍ البَغْدَادِيُّ، نَا أَحْمَدُ بنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، نَا وُهَيْبٌ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ كَانَ شَيْئٌ سَابِقَ القَدَرِ لَسَبَقَتْهُ العَيْنُ، وَإِذَا اغْتُسِلْتُمْ فَاغْسِلُوْا"

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَحَدِيْثُ حَيَّةَ بنِ حَابِسٍ حديثٌ غريبٌ، رَوَى شَيْبَانُ عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ حَيَّةَ بنِ حَابِسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؛ وَعَلِيُّ بنُ الْمُبَارَكِ، وَحَرْبُ بنُ شَدَّادٍ، لاَ يَذْكُرَانِ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

بابُ ماجاء فى أَخذِ الأَجرِ عَلَى التَّعْوِيْذِ

تعویذ پر اجرت لینے کا بیان

جھاڑ پھونک اور تعویذ پر اجرت لینا جائز ہے، کیونکہ یہ بھی ایک علاج ہے، پس جس طرح دواء کی اجرت لینا جائز ہے تعویذ کی اجرت لینا بھی جائز ہے، اور طاعات مقصودہ پر اجارہ کے باطل ہونے کے حنفیہ کے جو دلائل ہیں ان کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا، کیونکہ ان میں طاعت مقصود ہوتی ہے اور جھاڑ پھونک میں علاج مقصود ہوتا ہے۔

پھر جس طرح جسمانی علاج کبھی کامیاب ہوتا ہے اور کبھی کامیاب نہیں ہوتا، اسی طرح روحانی علاج بھی کبھی کامیاب ہوتا ہے کبھی نہیں ہوتا، پس عاملوں کے بارے میں یہ بدگمانی جو عام ہے کہ یہ جھوٹے، پیسے بٹورنے والے اور دھوکہ دینے والے ہیں یہ بات عمومی طور پر صحیح نہیں۔ ہاں جس طرح حکیم ڈاکٹر بوگس بھی ہوتے ہیں عاملوں میں بھی یہ جنس نایاب نہیں، مگر سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنا درست نہیں، پس جس طرح حکیم ڈاکٹر سے چند دن علاج کرانے کے بعد فائدہ نظر نہیں آتا تو معالج بدل لیتے ہیں اسی طرح کسی عامل کے علاج سے بھی فائدہ نظر نہ آئے تو دوسرے عامل کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے ایک سریہ (چھوٹے لشکر) میں بھیجا، ہم ایک قوم کے پاس اترے، یعنی کسی گاؤں کے پاس پڑاؤ کیا، پس ہم نے ان سے مہمانی مانگی (اس زمانہ میں

یہی دستور تھا، گاؤں والے سریوں کی ایک وقت کی دعوت کیا کرتے تھے، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵۲۶:۴ باب۳۰) میں گذر چکی ہے) پس ان لوگوں نے ہماری میز بانی نہ کی، پھران کا سردار ڈسا گیا، یعنی اس کو بچھو نے کاٹ لیا، پس وہ لوگ ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے: آپ لوگوں میں کوئی بچھو جھاڑنا جانتا ہے؟ میں نے کہا: ہاں، میں جانتا ہوں مگر میں اس کو نہیں جھاڑوں گا جب تک تم ہمیں بکریاں نہ دو، ان لوگوں نے کہا: ہم آپ کو تیس بکریاں دیں گے، ہم نے وہ قبول کیں، اور میں نے اس پر سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھی، وہ چنگا ہوگیا، اور ہم نے بکریوں پر قبضہ کرلیا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس ہمارے دلوں میں ان بکریوں کے بارے میں کچھ وسوسہ آیا، اس لئے ہم نے کہا: جلدی نہ کرو، یعنی ابھی ان بکریوں کو مت کھاؤ، یہاں تک کہ تم نبی ﷺ کے پاس پہنچو، حضرت ابوسعید خدریؓ فرماتے ہیں: پس جب ہم آپؐ کے پاس پہنچے تو میں نے وہ بات آپؐ سے ذکر کی جو میں نے کی تھی، آپؐ نے فرمایا: وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ! تم نے کیسے جانا کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ ہے؟ بکریوں کو لے لو اور میرا بھی اپنے ساتھ حصہ لگاؤ۔

تشریح: یہ حدیث امام سلیمان اعمش کی ہے، وہ ابو بشر جعفر بن ابی وحشیہ ایاس یشکری سے، اور وہ ابونضرۃ منذر بن مالک بن قُطَعہ عبدی بصری سے، اور وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، یعنی ابو بشر اور ابو سعید کے درمیان واسطہ ابونضرۃ کا ہے اور اس حدیث کو امام شعبہ اور ابوعوانہ وغیرہ بھی ابو بشر سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ ابوالمتوکل سے، اور وہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں یعنی درمیان میں واسطہ ابوالمتوکل کا ہے۔ ابوعوانہ کی روایت بخاری (حدیث ۲۲۷۶ و ۵۷۴۹) میں اور شعبہ کی روایت بخاری (حدیث ۵۷۳۶) اور مسلم (حدیث ۲۲۰۱) میں ہے، اور یہی دوسری سند صحیح ہے جو اگلے نمبر پر آرہی ہے، مگر امام ترمذیؒ نے پہلی سند کو بھی صحیح قرار دیا ہے یہ عجیب بات ہے، دوسری سند کے بعد خود فرمائیں گے کہ اصح یہ ہے، پھر اس کی مقابل سند حسن صحیح کیسے ہوسکتی ہے؟

حدیث (۲): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: چند صحابہ عرب کے ایک قبیلہ کے پاس سے گذرے، پس ان لوگوں نے ان کی نہ تو دعوت کی اور نہ ان کو مہمان بنایا، پس ان کا سردار بیمار پڑ گیا، پس وہ ہمارے پاس آئے، اور انھوں نے کہا: آپ لوگوں کے پاس کوئی دواء علاج ہے، ہم نے کہا: ہاں، مگر آپ لوگوں نے نہ ہماری میز بانی کی اور نہ ہمارا اکرام کیا، پس ہم علاج نہیں کریں گے یہاں تک کہ آپ لوگ ہمارے لئے کوئی اجرت مقرر کریں، چنانچہ انھوں نے علاج کی اجرت بکریوں کا ایک ریوڑ مقرر کی، پس ہم میں سے ایک شخص نے مریض پر الحمد شریف پڑھنی شروع کی، پس وہ اچھا ہوگیا، پس جب ہم نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوئے تو ہم نے آپؐ سے یہ بات ذکر کی، آپؐ نے فرمایا: وما يُدريك أَنَّهَا رُقْيَةٌ: آپ کو کیسے پتہ چلا کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ ہے؟! اور حضرت ابوسعید خدریؓ نے اجرت کی ممانعت کا تذکرہ نہیں کیا، اور نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُوْا واضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ بِسَهْمٍ: کھاؤ اور اپنے ساتھ میرا بھی حصہ لگاؤ۔

تشریح: اس دوسری حدیث کی سند میں ابو بشر اور ابو سعید خدریؓ کے درمیان ابوالمتوکل کا واسطہ ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ سند پہلی سند سے اصح ہے، اور اس حدیث سے جھاڑ پھونک اور تعویذ کی اجرت کے جواز پر استدلال کیا گیا ہے (مگر یہ استدلال واضح نہیں، اس لئے کہ اگر یہ بکریاں اجرت تھیں تو وہ صرف جھاڑنے والے کا حق تھیں، یعنی صرف حضرت ابو سعید خدریؓ کی ملک تھیں، سارے سریہ پر ان کی تقسیم اور ساتھ میں نبی ﷺ کا بھی حصہ رکھنا ذہن کو اس طرح لے جاتا ہے کہ شاید آپؐ نے ان بکریوں کو مالِ غنیمت قرار دیا ہے، اور یہ بات پہلے گذری ہے کہ ہر غنیمت میں نبی ﷺ کا حصہ اللہ کا رسول ہونے کی وجہ سے ہوتا تھا، اور وہاں یہ اختلاف بھی گذرا ہے کہ نبی ﷺ کے بعد امیر المؤمنین کے لئے یہ حصہ ہے یا نہیں؟ (تفصیل تحفۃ الالمعی ۴: ۵۰۳ باب ۱۱ میں گذر چکی ہے) اور جن حضرات نے یہ کہا ہے کہ نبی ﷺ نے اپنا حصہ سریہ والوں کا دل خوش کرنے کے لئے رکھوایا ہے یہ بات کچھ زیادہ قرین صواب نہیں، بظاہر مالِ غنیمت میں اپنا حصہ رکھوایا ہے، اور اس بات کی تو کوئی بھی توجیہ نہیں کی جاسکتی کہ اجرت کو سارے سریہ پر تقسیم کیوں کروایا؟ اجرت تو اس شخص کی ملک ہوتی ہے جس نے جھاڑا ہے، اس لئے اس حدیث سے اجرت کے جواز پر استدلال صحیح معلوم نہیں ہوتا، مگر میں نے عرض کیا ہے کہ اس مسئلہ میں کسی دلیل کی حاجت نہیں، کیونکہ جس طرح جسمانی علاج کا عوض لے سکتے ہیں، روحانی علاج کا عوض بھی لے سکتے ہیں)

تعلیم قرآن پر اجرت کا مسئلہ:

اور اس حدیث سے ائمہ ثلاثہ نے ایک دوسرا مسئلہ مستنبط کیا ہے، وہ فرماتے ہیں: تعلیم قرآن پر اجرت لینا جائز ہے، البتہ ضروری ہے کہ اجرت پہلے طے کر دی جائے، ورنہ اجارہ فاسد ہوگا، جیسے رمضان میں حفاظ یہ حیلہ کرتے ہیں کہ ایک دو نمازیں اپنے ذمہ لے لیتے ہیں، مگر اس سے جواز پیدا نہیں ہوتا، کیونکہ وہ تنخواہ طے نہیں کرتے، اس لئے وہ اجارہ فاسدہ ہوتا ہے۔

اور حنفیہ کی رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ طاعاتِ مقصودہ کا اجارہ باطل ہے، اور ان کے دلائل میں سے ایک دلیل کتاب الصلوٰۃ (باب ۴۲) میں گذری ہے کہ نبی ﷺ نے طائف کے گورنر حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: أَنِ اتَّخِذْ مُؤَذِّنًا لایَأْخُذُ علی أَذَانِه أَجْرًا: ایسا مؤذن مقرر کیجئے جو اذان پر اجرت نہ لے، اگرچہ بعد میں جب اسلامی حکومت کا حال پتلا ہوا تو متأخرین احناف نے ایسی طاعات مقصودہ پر جن کے ساتھ نظام اسلامی وابستہ ہے، جیسے اذان، امامت، تعلیم قرآن اور تعلیم علوم شرعیہ پر اجارہ کے جواز کا فتوی دیا ہے۔ تفصیل تحفۃ الالمعی (۱: ۵۳۲) میں گذر چکی ہے۔

فائدہ: نبی ﷺ کا ارشاد: وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ سورۂ فاتحہ جھاڑ ہے؟! یہ حوصلہ افزائی اور ستائش ہے کہ آپ نے صحیح سمجھا، فاتحہ میں صرف دینی فائدے ہی نہیں ہیں، دنیوی پریشانیوں، بیماریوں اور

بلاؤں کا علاج بھی ہے۔ دارمی میں روایت ہے کہ سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری کی شفا ہے، چنانچہ میں ہر بیماری کو سورۂ فاتحہ سے جھاڑتا ہوں، اور الحمدللہ فائدہ ہوتا ہے، ایک مرتبہ میری بھتیجی کو کسی زہریلے جانور نے کاٹ لیا، میں نے اس کو سورۂ فاتحہ سے جھاڑا، اور وہ اللہ کے فضل سے ٹھیک ہوگئی، البتہ عمل کی تاثیر کے لئے اکل حلال اور صدق مقال ضروری ہے، اور قرآن وحدیث میں جو دعائیں آئی ہیں ان کی تاثیر پر یقین بھی ضروری ہے، کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ مریض کا یقین ضروری ہے یہ قطعاً غلط ہے، عامل کا یقین ضروری ہے، اگر پختہ ایمان کے ساتھ سورۂ فاتحہ کے ذریعہ جھاڑا جائے تو ان شاء اللہ ہر بیماری میں جھاڑ مفید ہوگی۔

[۱۹-] باب ماجاء فی أَخْذِ الأَجْرِ عَلَى التَّعْوِيْذِ

[۲۰٦٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ إِيَاسٍ، عَنْ أَبِى نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: بَعَثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَرِيَّةٍ، فَنَزَلْنَا بِقَوْمٍ، فَسَأَلْنَاهُمُ القِرَى، فَلَمْ يَقْرُوْنَا، فَلُدِغَ سَيِّدُهُمْ، فَأَتَوْنَا، فَقَالُوْا: هَلْ فِيْكُمْ مَنْ يَرْقِيْ مِنَ الْعَقْرَبِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، أَنَا، وَلٰكِنْ لاَ أَرْقِيْهِ حَتَّى تُعْطُوْنَا غَنَمًا، قَالُوْا: فَإِنَّا نُعْطِيْكُمْ ثَلاثِيْنَ شَاةً، فَقَبِلْنَا، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ الحَمْدَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، فَبَرَأَ، وَقَبَضْنَا الغَنَمَ، قَالَ: فَعَرَضَ فِيْ أَنْفُسِنَا مِنْهَا شَيئٌ، فَقُلْنَا: لاَ تَعْجَلُوْا حَتَّى تَأْتُوْا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَيْهِ: ذَكَرْتُ لَهُ الَّذِىْ صَنَعْتُ، قَالَ: "وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ اقْبِضُوْا الغَنَمَ، وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ بِسَهْمٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ نَضْرَةَ: اسْمُهُ الْمُنْذِرُ بنُ مَالِكٍ بنِ قُطَعَةَ.

وَرَخَّصَ الشَّافِعِيُّ لِلْمُعَلِّمِ أَنْ يَأْخُذَ عَلَى تَعْلِيْمِ الْقُرْآنِ أَجْرًا، وَيَرٰى لَهُ أَنْ يَشْتَرِطَ عَلٰى ذٰلِكَ، وَاحْتَجَّ بِهٰذَا الحديثِ.

وَرَوَى شُعْبَةُ وَأَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ أَبِىْ بِشْرٍ، عَنْ أَبِى الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ هٰذَا الحديثَ.

[۲۰٦٥-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنِىْ عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا شُعْبَةُ، نَا أَبُوْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْمُتَوَكِّلِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ: أَنَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَرُّوْا بِحَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ، فَلَمْ يَقْرُوْهُمْ، وَلَمْ يُضَيِّفُوْهُمْ، فَاشْتَكَى سَيِّدُهُمْ، فَأَتَوْنَا، فَقَالُوْا: هَلْ عِنْدَكُمْ دَوَاءٌ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، وَلٰكِنَّكُمْ لَمْ تَقْرُوْنَا وَلَمْ تُضَيِّفُوْنَا، فَلاَ نَفْعَلُ حَتَّى تَجْعَلُوْا لَنَا جُعْلاً، فَجَعَلُوْا عَلٰى ذٰلِكَ قَطِيْعًا مِنْ غَنَمٍ، فَجَعَلَ رَجُلٌ مِنَّا يَقْرَأُ عَلَيْهِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، فَبَرَأَ، فَلَمَّا أَتَيْنَا النبيَّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، قَالَ: "وَمَا يُدْرِيْكَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟" وَلَمْ يَذْكُرْ نَهْيًا مِنْهُ، وَقَالَ: "كُلُوْا، وَاضْرِبُوْا لِيْ مَعَكُمْ بِسَهْمٍ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ إِيَّاسٍ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ جَعْفَرِ بنِ أَبِيْ وَحْشِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَجَعْفَرُ بنُ إِيَاسٍ: هُوَ جَعْفَرُ بنُ أَبِيْ وَحْشِيَّةَ.

وضاحت: پہلی حدیث کے آخر میں ورَوَى شعبةُ وأبوعوانة إلخ میں عن أبی بشرٍ ہندوستانی نسخے میں چھوٹ گیا ہے، صحیحین کی سندوں میں اس کا ذکر ہے، اورمزی نے تحفۃ الاشراف (۴۵۳:۳) میں امام ترمذیؒ کی عبارت نقل کی ہے، وہاں بھی عن أبی بشرٍ ہے اور مصری نسخہ میں بھی ہے، اس لئے میں نے سند میں اس کا اضافہ کیا ہے۔

ترجمہ: اور امام شافعی رحمہ اللہ نے (اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ نے) معلم کے لئے اجازت دی ہے کہ وہ تعلیم قرآن پر اجرت لے، اور امام شافعیؒ دیکھتے ہیں معلم کے لئے کہ وہ اس پر شرط کرے، یعنی پہلے سے اجرت طے کرلے، ورنہ اجارہ فاسدۃ ہوگا، اور امام شافعیؒ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے (مگر جب اس سے تعویذ کی اجرت پر استدلال صحیح نہیں تو تعلیم قرآن کی اجرت پر استدلال کیسے صحیح ہوسکتا ہے؟)

یہ یعنی شعبہ کی سند سے حدیث صحیح ہے اور یہ سند اعمش کی سند سے صحیح تر ہے، اعمش: جعفر بن ایاس سے نقل کرتے ہیں، ایاس کی کنیت ابو وحشیہّ ہے، پھر وہ ابونضرۃ سے، اور وہ ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں، اور اسی طرح یعنی شعبہؒ کی طرح متعدد حضرات اس حدیث کو ابوبشر سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ ابوالمتوکل سے اور وہ ابوسعید خدریؓ سے روایت کرتے ہیں، یعنی درمیانی واسطہ ابوالمتوکل کا ہے، ابونضرۃ کا نہیں ہے، یہی سند صحیح ہے اور اسی کو شیخین نے صحیحین میں لیا ہے۔

بابُ ماجاء في الرُّقَى وَالْأَدْوِيَةِ

جھاڑ پھونک اور علاج معالجہ کا بیان

اس باب میں جو حدیث ہے اس کا ابواب الطب سے کوئی خاص تعلق نہیں، یہ حدیث درحقیقت ابواب القدر کی ہے، اور وہاں آئے گی، اور تفصیل بھی وہیں آئے گی، یہاں صرف ترجمہ پڑھ لیں۔

حدیث: ابوخزامہ کے والد کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے پوچھا: یارسول اللہ! بتائیں: وہ جھاڑ پھونک جس کو ہم کرواتے ہیں اور وہ دوائیں جن کے ذریعہ ہم علاج کرتے ہیں اور وہ پرہیز جن کو ہم برتتے ہیں: کیا یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو کچھ ٹلاسکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: هي مِنْ قَدَرِ الله: یہ سب چیزیں اللہ کی تقدیر میں شامل ہیں، پس ٹلانے کا کیا سوال؟ اس کی تفصیل ابواب القدر میں آئے گی۔

تشریح: سفیان بن عیینہ کے تلامذہ میں اختلاف ہے کہ زہریؒ کے استاذ کون ہیں؟ ابوخزامہ یا ان کے بیٹے ابن

ابی خزامہ؟ پہلی سند میں عن أبی خزامة ہے اور دوسری سند میں عن ابن أبی خزامة ہے، اور صحیح سند پہلی ہے، کیونکہ زہریؒ کے دیگر تلامذہ عن أبی خزامة، عن أبیه کہتے ہیں، اور حضرت ابوخزامہ کی یہی ایک حدیث ہے۔

[۲۰-] باب ماجاء فی الرُّقَی وَالْأَدْوِیَةِ

[۲۰۶۶-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَیْتَ رُقًی نَسْتَرْقِیْهَا، وَدَوَاءً نَتَدَاوَی بِهِ، وَتُقَاةً نَتَّقِیْهَا: هَلْ تَرُدُّ مِن قَدَرِ اللّٰهِ شَیْئًا؟ قَالَ: "هِیَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۰۶۷-] حدثنا سَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ ابنِ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ.

وَقَدْ رُوِیَ عَنْ ابنِ عُیَیْنَةَ کِلْتَا الرِّوَایَتَیْنِ: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَنْ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَنْ ابنِ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ.

وَقَدْ رَوَی غَیْرُ ابنِ عُیَیْنَةَ هٰذَا الحدیثَ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَلَانَعْرِفُ لِأَبِیْ خِزَامَةَ غَیْرَ هٰذَا الحدیثِ.

بابُ ماجاء فی الْکَمْأَةِ وَالعَجْوَةِ

کھمبی اور کھجور کا بیان

حدیث میں چونکہ دونوں کا تذکرہ ساتھ آیا ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے بھی دونوں کو ایک باب میں جمع کیا ہے:

الْکَمْأَةَ: کھمبی، ایک قسم کی سفید نبات جو اکثر برسات میں پیدا ہوتی ہے اور خودرو ہے، اس کی سبزی بھی پکاتے ہیں اور تل کر بھی کھاتے ہیں، اس کو سانپ کی چھتری بھی کہتے ہیں، اگر وہ سیاہ یا سرخی مائل ہو تو آنکھ کے لئے مضر ہے اور بالکل سفید ہو تو مفید ہے۔

العجوة: کھجور کی ایک قسم جو کالی ہوتی ہے اور اس کی گٹھلی بڑی ہوتی ہے، کھجور کا مزاج گرم ہے اس لئے اس کو مکھن کے ساتھ کھاتے ہیں اور اس میں غذائیت بہت زیادہ ہے، اور عجوہ میں فوائد بہت ہیں، مگر وہ بہت گراں ہے اور ہمارے ملک میں عام طور پر نہیں ملتی، اس لئے زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-العَجْوَةُ مِن الجَنَّةِ، وفیها شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ: عجوہ جنتی پھل ہے، اور اس میں زہر کی دواء ہے۔

تشریح: جنتی پھل ہونے کے دو مطلب ہیں:

پہلا مطلب: اگر یہ تمثیل (پیرایۂ بیان) ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ عجوہ بابرکت اور نہایت مفید پھل ہے، صحیحین کی روایت میں ہے کہ جو شخص نہار منہ روزانہ عجوہ کے سات دانے کھائے وہ سحر اور زہر سے متأثر نہیں ہوگا، اور اس کے علاوہ بھی عجوہ میں بہت فوائد ہیں۔

دوسرا مطلب: اور اگر حدیث میں بیانِ حقیقت ہے تو اس کا مطلب وہ ہے جو بزّار اور طبرانی کی روایت میں آیا ہے: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو جنت سے نکالا تو ان کو جنت کے پھلوں کا توشہ دیا، اور ان کو ہر صنعت سکھلائی، پس تمہارے یہ پھل جنت کے پھلوں میں سے ہیں، البتہ ان پھلوں میں تبدیلی آگئی ہے اور جنت کے پھل بدستور ہیں (مجمع الزوائد ۸: ۱۹۷)

فائدہ: اور یہ جو کتابوں میں لکھا ہے کہ عجوہ کا درخت نبی ﷺ کا لگایا ہوا ہے یہ بات صحیح نہیں، عجوہ کا وجود پہلے سے تھا، ہاں حضرت سلمان فارسیؓ کے لئے نبی ﷺ نے جو کھجور کے درخت لگائے ہیں وہ ممکن ہے عجوہ کے ہوں۔

۲- والكَمْأَةُ مِن المَنِّ، وماءُ ها شِفاءٌ لِلْعَيْنِ: کھمبی منّ سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لئے مفید ہے (اور منّ وہ میٹھا گوند تھا جس کو اللہ تعالیٰ نے بطور غذا بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا)

تشریح: کھمبی منّ سے ہے اس کے بھی دو مطلب ہو سکتے ہیں:

پہلا مطلب: اگر یہ تمثیل ہے تو حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کھمبی مفت حاصل ہونے والی نعمت ہے، جیسے منّ بنی اسرائیل کو مفت ملتا تھا، اور باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے کہ صحابہ نے کہا: کھمبی زمین کی چیچک ہے، پس آپؐ نے یہ ارشاد فرمایا، اس سے اس مطلب کی تائید ہوتی ہے۔

دوسرا مطلب: اور اگر یہ بیانِ واقعہ ہے تو پھر مطلب یہ ہے کہ بنی اسرائیل پر جو منّ اترا تھا اس کا اثر زمین میں باقی رہ گیا ہے جو کبھی کبھی کھمبی کی صورت میں نمودار ہوتا ہے۔

احادیث کا خلاصہ: باب کی پہلی حدیث میں جو حضرت ابو ہریرہؓ کی ہے دونوں مضمون ہیں، اور دوسری حدیث میں جو سعید بن زیدؓ کی ہے صرف دوسرا مضمون ہے، پھر تیسری حدیث میں جو حضرت ابو ہریرہؓ کی ہے: حدیث کا شان ورود بھی ہے، پھر اس کے بعد کی حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے کہ انھوں نے تین، پانچ یا سات کھمبیاں لیں، اور ان کو نچوڑ لیا، اور ان کا پانی ایک شیشی میں بھر لیا پھر ان کی ایک چندھیا باندی تھی اس کی آنکھ میں ڈالا تو وہ اچھی ہوگئی۔

اس کے بعد آخری روایت باب سے بے جوڑ ہے، قتادہ رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: مجھ سے بیان کیا گیا (یعنی درمیان میں کوئی مجہول واسطہ ہے) کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شونیز یعنی کلونجی موت کے علاوہ ہر بیماری کی دواء ہے، پھر قتادہؒ نے اس کا طریقہ استعمال بیان کیا کہ ہر دن اکیس دانے لے کر کپڑے میں پوٹلی باندھ لی جائے،

پھر اس کو پانی میں بھگودیا جائے، پھر پہلے دن دائیں نتھنے میں دوقطرے اور بائیں میں ایک قطرہ ٹپکایا جائے، اگر ایک دن میں بیماری دور نہ ہو تو پھر اکیس دانے باندھ کر بھگوئے جائیں اور دوسرے دن بائیں نتھنے میں دوقطرے اور دائیں میں ایک قطرہ ٹپکایا جائے، اب بھی اگر شفا نہ ہو تو تیسرے دن پھر اکیس دانے بھگوئے جائیں اور دائیں نتھنے میں دوقطرے اور بائیں میں ایک قطرہ پٹکایا جائے، اسی طرح شفا ہونے تک عمل جاری رکھا جائے، مگر یہ علاج کس بیماری کا ہے؟ یہ بات بیان نہیں کی، اس لئے بات بے فائدہ ہے، نیز باب سے اس کا جوڑ بھی نہیں، اس کو کلونجی کے باب میں آنا چاہئے تھا۔

[۲۱-] باب ماجاء فی الْكَمْأَةِ وَالْعَجْوَةِ

[۲۰٦۸-] حدثنا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بنِ أَبِى السَّفَرِ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، قَالاَ: ثَنَا سَعِيْدُ بنُ عَامِرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "العَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ؛ وَالْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ"

وفى الباب: عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ بنِ عَامِرٍ.

[۲۰٦۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عُمَرُ بنُ عُبَيْدٍ الطَّنَافِسِىُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، ح: وَحَدَّثَنَا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ حُرَيْثٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "الْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۰۷۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ: أَنَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا: الْكَمْأَةُ جُدَرِىُّ الْأَرْضِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ، وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ، وَالْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَهِىَ شِفَاءٌ مِنَ السَّمِّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۰۷۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذٌ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حُدِّثْتُ بِأَنَّ أَبَا هُريرةَ قَالَ: أَخَذْتُ ثَلَاثَةَ أَكْمُؤٍ، أَوْ: خَمْسًا، أَوْ: سَبْعًا، فَعَصَرْتُهُنَّ، فَجَعَلْتُ مَاءَهُنَّ فِىْ قَارُوْرَةٍ، فَكَحَلْتُ بِهِ جَارِيَةً لِىْ [عَمْشَاءَ] فَبَرَأَتْ.

[۲۰۷۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِى أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حُدِّثْتُ أَنَّ أَبَا هُريرةَ قَالَ: الشُّوْنِيْزُ دَوَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ إِلاَّ السَّامَ، قَالَ قَتَادَةُ: يَأْخُذُ كُلَّ يَوْمٍ إِحْدَى وَعِشْرِيْنَ حَبَّةً،

فَيَجْعَلُهُنَّ فِيْ خِرْقَةٍ، فَيَنْقَعُهُ، فَيَسْتَعِطُ بِهِ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ مَنْخَرِهِ الْأَيْمَنِ قَطْرَتَيْنِ، وَالْأَيْسَرِ قَطْرَةً، وَالثَّانِيْ فِي الْأَيْسَرِ قَطْرَتَيْنِ، وَفِي الْأَيْمَنِ قَطْرَةً، وَالثَّالِثِ فِي الْأَيْمَنِ قَطْرَتَيْنِ، وَفِي الْأَيْسَرِ قَطْرَةً.

وضاحت: عبارت میں کھڑی دوقوسوں کے درمیان [عَمْشَاء] یعنی چوندھیا بڑھایا ہے، یہ مشکوٰۃ سے بڑھایا ہے، مشکوٰۃ میں یہ روایت ترمذی سے منقول ہے اور اس میں یہ لفظ ہے۔

بابُ ماجاء فی أَجْرِ الْكَاهِنِ

غیب کی باتیں بتلانے والے کی اجرت

حدیث: نبی ﷺ نے کتے کی قیمت سے، رنڈی کی فیس سے اور غیب کی باتیں بتلانے والے کے نذرانے سے منع فرمایا۔

تشریح: یہ حدیث پہلے دوجگہ (ابواب النکاح باب ۳۵ اور ابواب البیوع باب ۴۶) میں گذر چکی ہے، اور یہاں کاہن کا مسئلہ ہے۔ نبی ﷺ نے اس کو پیش کئے جانے والے نذرانے سے منع کیا، کیونکہ غیب کی باتیں کوئی نہیں جانتا، اور کاہنوں کی باتیں اٹکل پچو کے تیر ہوتی ہیں، اس لئے ان کی اجرت جائز نہیں۔ اجرت منفعتِ معلومہ ہی کی جائز ہے، مگر حدیث میں اجرت کا لفظ نہیں ہے، بلکہ حُلوان ہے حلوا نذرانہ کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، اور اس کے جواز کے لئے کوئی شرط نہیں، دینے والا اگر خوشی سے دے تو جائز ہے، جیسے عَسْبُ الفَحْلِ (سانڈ کی اجرت) سے منع کیا تو کسی نے عرض کیا: إِنَّانُكْرَمُ: ہم طے کر کے کوئی اجرت نہیں لیتے بلکہ بطور نذرانہ ہمیں دیا جاتا ہے، تو نبی ﷺ نے اس کی اجازت دی، تاہم کاہن کے حلوے کی ممانعت فرمائی تاکہ لوگ کہانت سے باز آجائیں اور کہانت کو ذریعہ معاش نہ بنائیں، پس یہ ممانعت لغیرہ ہے۔

ملحوظہ: اس باب کا اور اس حدیث کا ابواب الطب سے کوئی خاص تعلق نہیں، مگر یہ کہ کہا جائے کہ کاہن اپنے جن کو منتر کے ذریعہ حاضر کرتا ہے اور ابواب الطب میں رُقی (منتروں) کا بھی بیان ہے، پس ہوسکتا ہے کہ اسی مناسبت سے یہ حدیث اور یہ باب یہاں لائے ہوں۔ یا یہ کہا جائے کہ جھاڑ پھونک کی اجرت تو جائز ہے مگر کہانت کی اجرت جائز نہیں۔

[۲۲-] باب ماجاء فی أَجْرِ الْكَاهِنِ

[۲۰۷۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِي مَسْعُوْدٍ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ، وَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ التَّعْلِیْقِ

کوڑی وغیرہ باندھنے کی ممانعت

امام ترمذی رحمہ اللہ نے گول مول لفظ ''لٹکانا'' استعمال کیا ہے، کیا چیز لٹکانے کی ممانعت ہے؟ اس کی وضاحت نہیں کی، لوگ علاج کے لئے یا احتیاط کے طور پر مختلف چیزیں باندھتے ہیں، قرآن وحدیث سے تیار کئے ہوئے تعویذ بھی باندھتے ہیں، اعداد کے تعویذ بھی پہنتے ہیں، اور گنڈے، ٹونے اور ٹوٹکے بھی کرتے ہیں، اور جھڑواتے بھی ہیں، اور روایات ان سلسلہ میں مختلف ہیں۔

پہلی روایت: ابوداؤد (حدیث ۳۸۸۳) میں ہے: إِنَّ الرُّقَی وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ: جھاڑ پھونک، گھونگے اور تسخیر شوہر کا عمل شرک ہے، یعنی یہ ہندوانہ چیزیں ہیں۔

تشریح: زمانہ جاہلیت میں ایسے منتروں سے جھاڑتے تھے جن میں مورتیوں سے اور شیاطین سے استمداد ہوتی تھی، ان کے بارے میں یہ ارشاد ہے کہ وہ منتر شرک ہیں، اور تمیمہ: کوڑی، گھونگا ہے جو ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول ہے جو ہڈی کے مانند یا سینگ کی قسم کا ہوتا ہے جو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے تاکہ نظر نہ لگے، عام طور پر اسے بچوں کے گلوں میں باندھتے ہیں، اسی طرح ہندو گھر کے دروازے پر پتّے وغیرہ باندھتے ہیں اور گاؤں میں جو راستہ داخل ہوتا ہے اس پر بھی باندھتے ہیں، اسی طرح مرچوں کی کیاری میں کالی ہانڈی اوندھی کرتے ہیں یا پپیتے کے تنے میں کالے بال باندھتے ہیں، یہ سب تمیمہ ہیں اور ہندوانہ چیزیں ہیں۔

اور تِوَلَة: ٹوٹکا یعنی محبت کا تعویذ جو بیوی اپنے خاوند کے لئے کراتی ہے، یہ بھی چونکہ از قبیل جادو ہے، اس لئے شرک ہے۔

اس حدیث میں یہ واقعہ بھی ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ حضرت زینبؓ کے گلے میں ڈورا دیکھا، آپؓ نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ بیوی نے کہا: پڑھا ہوا دھاگہ ہے، آپؓ نے اس کو کاٹ دیا اور فرمایا: تم عبداللہ کے گھر والے اس سے بے نیاز ہو اور مذکورہ حدیث سنائی، اس پر حضرت زینب نے کہا: میری آنکھ دکھتی تھی میں فلاں یہودی سے جھڑواتی تھی، جب وہ جھاڑتا تھا تو درد ختم ہوجاتا تھا، معلوم ہوا کہ جھاڑ فائدہ کرتی ہے، ابن مسعودؓ نے فرمایا: وہ شیطانی حرکت تھی، شیطان انگلی چبھوتا تھا، جب یہودی جھاڑتا تھا تو شیطان رک جاتا تھا (رواہ ابوداؤد، مشکوٰۃ حدیث ۴۵۵۲)

دوسری حدیث: لَا رُقْیَةَ إلا مِنْ عَیْنٍ أَوْ حُمَةٍ: یعنی نظر بد یا زہر ہی کو جھڑوانا چاہئے، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مطلقاً منتر ممنوع نہیں، جھاڑ کی بیماری کو جڑھوانا جائز ہے، حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں ایک باندی تھی جس کو جنّ کی نظر لگی تھی تو آپؐ نے اس کو جڑھوانے کا امر فرمایا۔

تیسری حدیث: باب کی حدیث ہے، جو ابن ابی لیلیٰ صغیر کی ہے، جن کا نام محمد ہے، وہ اپنے بھائی عیسیٰ سے روایت کرتے ہیں: وہ حضرت عبداللہ بن عُکیم ابومعبد جہنی رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے، ان کو خسرہ نکلا ہوا تھا، یہ ایک جلدی بیماری ہے، جس میں بدن سرخ ہوجاتا ہے، اور تیز بخار چڑھتا ہے، عیسیٰ نے حضرت عبداللہ سے کہا: آپ کوئی چیز کیوں نہیں لٹکا لیتے (غالباً عربوں میں اس مرض میں کوئی گنڈا باندھنے کا رواج تھا، عیسیٰ نے اس کو باندھنے کا مشورہ دیا) حضرت نے فرمایا: الموتُ أَقْرَبُ من ذلك: اس سے مرجانا بہتر ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: مَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ إِلَيْهِ: جس نے کوئی چیز باندھی وہ اس کے حوالہ کردیا جائے گا۔ اس حدیث سے قرآن وحدیث کے تعویذوں کے علاوہ ہر چیز باندھنے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔

چوتھی حدیث: مسند احمد (۴: ۱۵۴) میں روایت ہے: مَنْ تَعَلَّقَ تَمِيْمَةً فَلاَ أَتَمَّ اللّٰهُ له، وَمَنْ تَعَلَّقَ وَدَعَةً فَلاَ وَدَعَ اللّٰهُ لَهُ: جس نے کوڑی باندھی: اللہ اسے بامراد نہ کرے، اور جس نے گھونگا باندھا اللہ تعالیٰ اس کو آرام نہ پہنچائے، اس روایت سے بھی تعویذ کے علاوہ چیزیں باندھنے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔

اور علماء میں اس سلسلہ میں اختلاف ہے، کچھ حضرات ہر چیز کو ناجائز کہتے ہیں، نجدی حضرات کا یہی خیال ہے، وہ قرآنی تعویذ کو بھی ناجائز کہتے ہیں، صرف جھاڑنے کو جائز کہتے ہیں اور دوسرے حضرات قرآنی تعویذ باندھنے کی اجازت دیتے ہیں، ان کی دلیل حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کا عمل ہے، وہ أعوذ بکلماتِ الله التامات إلی آخرہ لکھ کر بچوں کے گلوں میں ڈالتے تھے (۱) اور صحیح رائے یہی ہے، قرآن وحدیث سے بنایا ہوا تعویذ بوقت ضرورت پہننا جائز ہے، اور بے ضرورت پہننا یا بچوں کو پہنانا توکل کے منافی ہے، اور ٹونے ٹوٹکے بالکل ناجائز ہیں (۲) اور قرآن وحدیث سے جھاڑنا سنت ہے، میں بچوں وغیرہ کو جھاڑتا ہوں، اسی طرح پینے کا تعویذ دیتا ہوں، مگر

(۱) یہ حدیث ابوداؤد میں ہے اور حدیث کے الفاظ یہ ہیں: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قال: "إِذَا فَزِعَ أَحَدُكم فى النَّوْمِ، فَلْيَقُلْ: أَعوذ بكلمات الله التّامّاتِ من غَضَبِه، وعِقابِه، وشرِّ عبادِه، ومن هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وأَنْ يَحْضُرُوْنِ: فإنَّها لن تَضُرَّه" وكان عبدُ الله بنِ عمروٍ يُعَلِّمُها من بَلَغَ من وَلَدِه، ومن لم يَبْلُغْ منهم، كَتَبَهَا فى صَكٍّ، ثُم عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِه (مشکوٰۃ حدیث ۲۴۷۷ باب الاستعاذة، كتاب الدعوات)

(۲) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپؐ نے ایک خوبصورت بچہ دیکھا تو آپؐ نے فرمایا: دَسِّمُوْا نُوْنَتَه، كيلا تُصِيْبُهُ العَيْنُ اس کی ٹھوڑی کا گڑھا کالا کردو تاکہ اس کو نظر نہ لگے، بعض لوگ اس روایت سے ٹونے ٹوٹکے کے جواز پر استدلال کرتے ہیں اور عورتیں بھی بچوں کو کاجل لگا کر کسی جگہ سیاہ دھبہ بنادیتی ہیں، مگر یہ روایت اللہ جانے کس کتاب کی ہے، اس کی سند کا حال معلوم نہیں، علامہ بغوی رحمہ اللہ نے شرح السنہ (۶: ۲۶۴) میں رُوِیَ کہہ کر بیان کی ہے، یعنی اس کے ضعیف ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے، نیز احادیثِ صحیحہ کی موجودگی میں کسی کے قول سے استدلال نہیں کیا جاتا ۱۲

باندھنے کا تعویذ سخت ضرورت کے بغیر نہیں دیتا، کیونکہ اس سلسلہ میں لوگوں نے بہت بے احتیاطی شروع کردی ہے، بے ضرورت بچوں کے گلوں میں تعویذ ڈالتے ہیں یہ توکل کے منافی ہے۔

ایک واقعہ: میری ایک بچی تھی جس کا نام عائشہ تھا، وہ پونے دو سال کی عمر میں راندیر میں وفات پاگئی، اسے یرقان ہوا میں اس کا علاج کرتا رہا، اتفاق سے میرے یہاں ایک مولانا صاحب مہمان آئے، انھوں نے بچی کو دیکھا تو کہا: اسے یرقان ہورہا ہے، میں ایک تعویذ دیتا ہوں اسے باندھ لو، میں نے کہا: میں تعویذ نہیں باندھتا، آپ کوئی جھاڑ جانتے ہوں تو جھاڑ دیں، کیونکہ میرے نزدیک بچی کا مرجانا تعویذ باندھنے سے آسان ہے، انھوں نے کہا: فلاں حضرت کا تعویذ ہے، میں نے کہا: چاہے کسی کا ہو میں نہیں باندھتا، بچی چند دن کے بعد وفات پاگئی، اور مجھے اس کا کوئی افسوس نہیں، جو اللہ نے مقدر کیا تھا وہ ہوا۔

[۲۳-] باب ماجاء فی کَرَاهِيَةِ التَّعْلِيْقِ

[۲۰۷٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ مَدُّوْيَهْ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عِيْسَى، وَهُوَ ابنُ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُكَيْمٍ أَبِيْ مَعْبَدٍ الجُهَنِيِّ، أَعُوْدُهُ، وَبِهِ حُمْرَةٌ، فَقُلْتُ: أَلاَ تُعَلِّقْ شَيْئًا؟ قَالَ: الْمَوْتُ أَقْرَبُ مِنْ ذٰلِكَ! قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ تَعَلَّقَ شَيْئًا وُكِلَ إِلَيْهِ"

وَحَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُكَيْمٍ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِيْ لَيْلٰى.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَفِي الْبَابِ: عُنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ.

بابُ ماجاء فی تَبْرِيْدِ الْحُمَّى بِالْمَاءِ

پانی سے بخار کو ٹھنڈا کرنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "بخار آگ کا جوش ہے پس اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو"

تشریح: یہ روایت حضرت رافع، حضرت اسماء اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے، اور بَرَدَ یَبْرُدُ بَرْدًا وَبُرُوْدًا لازم بھی ہے اور متعدی بھی، ٹھنڈا ہونا اور ٹھنڈا کرنا دونوں معنی ہیں، پس حدیث میں ابْرُدُوْھا کو مجرد سے بھی پڑھ سکتے ہیں (ابْرُدُوْھَا) اور مزید سے بھی (أَبْرِدُوْھَا) إبراد باب افعال کے معنی ٹھنڈا کرنے کے ہیں، مگر علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد میں لکھا ہے کہ فصیح مجرد سے پڑھنا ہے...... اور فورٌ کے معنی ہیں: جوش، اور فَیْحٌ کے

معنی ہیں: پھیلاؤ، یہ بیان حقیقت ہے یا تمثیل؟ اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی (۱: ۴۵۵، کتاب الصلوٰۃ باب ۶) میں گذر چکی ہے ......اور حضرت اسماءؓ کی حدیث مسلم شریف میں ہے، ان کے پاس جب کوئی بخار والی عورت آتی تو وہ پانی منگواتیں اور اس کے گریبان میں ڈالتیں پھر نبی ﷺ کا یہ ارشاد سناتیں۔

اور علامہ ابن القیمؒ نے زاد المعاد میں طب نبوی کے بیان میں بخار کے علاج کے سلسلہ میں بہت ہی اچھی تفصیل کی ہے، اس کا پورا خلاصہ بیان کرنا تو مشکل ہے، اس میں سے ایک بات یہ ہے کہ پانی سے بخار کو ٹھنڈا کرنے کا حکم اہل حجاز کے ساتھ خاص ہے، یعنی جو ممالک گرم خشک ہیں اور جہاں دھوپ لگتی ہے وہاں بخاری کا پانی میں نہانا مفید ہے، اور یہ حدیث اگرچہ بظاہر عام ہے مگر حقیقت میں خاص ہے، جیسے استنجاء کرتے وقت آپؐ کا ارشاد: شَرِّقوا أو غَرِّبوا اور استقبال قبلہ میں آپؐ کا ارشاد: ما بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالمغربِ قبلة عام حکم نہیں ہے بلکہ مدینہ اور مدینہ کی جہت والوں کے لئے خاص حکم ہے، اسی طرح بخار میں نہانے کا حکم بھی اہل حجاز کے ساتھ خاص ہے (علامہ ابن القیم کی بات پوری ہوئی)

اور ہمارے ملک میں بھی اطباء اور ڈاکٹر بعض بخاروں میں سر پر اور پاؤں پر برف رکھنے کا یا ملنے کا یا کپڑا بھگوکر رکھنے کا علاج بتاتے ہیں۔ اور بخاروں کی بہت سی قسمیں ہیں، پس یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ حکم سب بخاروں کے لئے نہیں ہے، خاص بخاروں کے لئے ہے، جیسے گردن توڑ بخار وغیرہ۔

یہ تو بخار کی تدبیر کا بیان تھا، پھر آخری روایت میں اس کی ایک جھاڑ ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ لوگوں کو بخار میں اور سبھی دردوں میں یہ دعا سکھلایا کرتے تھے: بسم الله الكبير، أعوذ باللهِ العظيم، مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ: بڑی ہستی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، عظیم ہستی اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، ہر پھڑکنے والی رگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی کی برائی سے، نَعَّار: اسم مبالغہ ہے، نَعَرَ يَنْعَرُ نَعْراً العِرْقُ کے معنی ہیں: رگ پھٹ کر زور زور سے خون نکلنا۔ اور ایک دوسری روایت میں يَعَّارٌ ہے، یہ بھی اسم مبالغہ ہے، اور يَعَرَتِ الشَّاةُ، تَيْعِرُ (ف،ض) يَعْرًا: بکری کا ممیانا، آواز نکالنا، یعنی آواز کے ساتھ خون کا نکلنا، اور مراد خون کا باہر نکلنا نہیں ہے بلکہ رگوں میں خون کا پریشر بڑھ جانا ہے، اور آگ کی گرمی سے مراد بخار ہے۔

اس دعا سے بخار والے کو دوسرا شخص بھی جھاڑ سکتا ہے، اور مریض خود بھی یہ دعا پڑھ سکتا ہے، پھر چاہئے کہ وہ اپنے اوپر دم کرے، اور جب بھی پڑھے سات مرتبہ پڑھے، اور اسی طرح وقفہ وقفہ سے بار بار پڑھتا رہے، ان شاء اللہ شفا ہوجائے گی۔

رہی دواء تو سادہ معاشرہ میں اس کی طرف توجہ کم کی جاتی ہے، دعا تدبیر ہی سے کام چلایا جاتا ہے، اور شہری معاشرہ میں لوگ دواء دارو کرنا چاہتے ہیں، پس وہ کسی حکیم یا ڈاکٹر کی طرف رجوع کریں۔

[۲۴-] باب ماجاء فی تَبْرِیْدِ الْحُمَّی بِالْمَاءِ

[۲۰۷۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بنِ رِفَاعَةَ، عَنْ جَدِّهِ رَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "الحُمَّی فَوْرٌ مِنَ النَّارِ، فَابْرَدُوْهَا بِالْمَاءِ"

وفی الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِیْ بَكْرٍ، وابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَامْرَأَةِ الزُّبَيْرِ، وَعَائِشَةَ.

[۲۰۷۶-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الهَمْدَانِیُّ، نَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "إِنَّ الحُمَّی مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَابْرَدُوْهَا بِالْمَاءِ"

[۲۰۷۷-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِیْ بَكْرٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ، وَفِیْ حَدِيْثِ أَسْمَاءَ كَلاَمٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، وَكِلاَ الحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ.

[۲۰۷۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ عَامِرٍ العَقَدِیُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِیْ حَبِيْبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْحُمَّی، وَمِنَ الأَوْجَاعِ كُلِّهَا، أَنْ يَقُوْلَ: "بِسْمِ اللّٰهِ الكَبِيْرِ، أَعُوْذُ بِاللّٰهِ العَظِيْمِ، مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِیْ حَبِيْبَةَ، وَإِبْرَاهِيْمُ: يُضَعَّفُ فِیْ الحَدِيْثِ، وَيُرْوَی: عِرْقٍ يَعَّارٍ.

وضاحت: حضرت اسماءؓ کی روایت میں جو زائد کلام ہے وہ مسلم شریف میں ہے اور تقریر میں میں نے اس کو ذکر کر دیا ہے، اور دونوں حدیثیں صحیح ہیں یعنی یہ روایت حضرت عائشہؓ سے بھی مروی ہے اور حضرت اسماءؓ سے بھی، پس کسی کو یہ خیال نہ ہو کہ راویوں کو وہم ہوا ہے، کسی نے حضرت عائشہؓ کا ذکر کر دیا اور کسی نے حضرت اسماءؓ کا بلکہ یہ حدیث دونوں سے مروی ہے، اسی طرح پہلی حدیث جو حضرت رافع سے مروی ہے وہ بھی صحیح ہے ...... اور آخری روایت ابراہیم کی وجہ سے ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء فی الغِيْلَةِ

دودھ پلانے کے زمانہ میں صحبت کرنا

غَالَتِ الْمَرْأَةُ وَلَدَهَا، يَغِيْلُ غَيْلاً کے معنی ہیں: زمانۂ حمل میں دودھ پلانا، اور غالَ الرجلُ وَلَدَه کے معنی ہیں:

بچہ کی شیر خواری کے زمانہ میں اس کی ماں سے صحبت کرنا۔ لغت میں اس فعل کے دونوں معنی ہیں، مگر یہاں دوسرے معنی مراد ہیں، کیونکہ امام مالک رحمہ اللہ نے جو اس حدیث کے راوی ہیں، یہی معنی بیان کئے ہیں، اور دودھ پلانے کے زمانہ میں بیوی سے صحبت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اس میں روایات مختلف ہیں:

حدیث (۱): حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: **لاَ تَقْتُلُوْا أَوْلاَدَكم سِرًّا، فَإِنَّ الغَيْلَ يُدْرِكُ الفارسَ فَيُدَعْثِرُهُ عَنْ فَرَسِهِ**: اپنی اولاد کو چپکے سے مت مار ڈالو، اس لئے کہ زمانہ رضاعت میں بیوی سے صحبت کرنا شاہ سوار کو پاتا ہے، پس اس کو گھوڑے سے پچھاڑ دیتا ہے، یعنی جس زمانہ میں عورت بچہ کو دودھ پلا رہی ہو اس زمانہ میں اگر شوہر اس سے صحبت کرے تو بچہ کو اس کا ضرر پہنچتا ہے، اور ضرر مخفی ہوتا ہے، فوراً ظاہر نہیں ہوتا، بڑی عمر میں جا کر ظاہر ہوتا ہے، جب وہ شاہ سوار بن جاتا ہے اچانک گھوڑے سے گر پڑتا ہے، یہ اس صحبت کا ضرر ہے اس لئے مدت رضاعت میں شوہر کو چاہئے کہ بیوی سے صحبت نہ کرے (رواہ ابوداؤد، مشکوۃ حدیث ۳۱۹۶)

حدیث (۲): حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی اخیافی بہن حضرت جدامہ بنت وہب رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میری موجودگی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چند لوگوں سے فرمایا: بخدا! میں نے ارادہ کیا تھا کہ میں دودھ پلانے والی عورت سے صحبت کرنے سے منع کردوں، پھر میں نے روم اور فارس کے احوال میں غور کیا تو وہ دودھ پلانے والی عورت سے صحبت کرتے ہیں اور یہ چیز بچوں کو ذرا بھی ضرر نہیں پہنچاتی (یہ حدیث باب میں بھی ہے اور مسلم شریف میں بھی ہے)

تشریح: پہلی حدیث میں دودھ پلانے کے زمانہ میں بیوی سے صحبت کرنے کی ممانعت ہے اور دوسری حدیث میں اجازت ہے، اور اس تعارض کا حل یہ ہے کہ پہلی حدیث منسوخ ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پہلا اجتہاد یہ تھا کہ اس سے بچے کو ضرر پہنچتا ہے اس لئے منع فرمایا، پھر روم وفارس کے احوال میں غور کیا تو معلوم ہوا کہ اس میں کوئی ضرر نہیں اس لئے آپ نے اجازت دیدی۔

فائدہ: حمل کے زمانہ میں شروع میں تو عورت کا دودھ ٹھیک ہوتا ہے، مگر کچھ عرصہ کے بعد جب عورت کا دودھ پیلا پڑ جائے تو وہ بچے کے لئے ناموافق ہو جاتا ہے، اس لئے جب حمل پر کچھ عرصہ گذر جائے اور دودھ میں تغیر آجائے تو دودھ پلانا بند کر دینا چاہئے، نیز دودھ پلانے والی عورت سے شوہر کا صحبت کرنا چونکہ استقرار حمل کا سبب ہے اس لئے بھی اس سے احتراز کرنا چاہئے مگر ایک بیوی والا کیا کرے!

[۲۵-] باب ماجاء فى الغِيْلَةِ

[۲۰۷۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نا يَحْيىَ بنُ إِسْحَاقَ، نا يَحْيىَ بنُ أَيُّوْبَ، عَنْ مُحمدِ بن عَبْدِ الرحمنِ بنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ بِنْتِ وَهْبٍ، وَهِيَ جُدَامَةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ

اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:” أَرَدْتُ أَنْ أَنْهَى عَنِ الْغِيَالِ، فَإِذَا فَارِسُ وَالرُّوْمُ يَفْعَلُوْنَ، وَلَايَقْتُلُوْنَ أَوْلَادَهُمْ“

وفى الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكٌ، عَنْ أَبِى الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

قَالَ مَالِكٌ: وَالغِيَالُ: أَنْ يَطَأَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ، وَهِىَ تُرْضِعُ.

[٢٠٨٠-] حدثنا عِيْسَى بنُ أَحْمَدَ، ثَنَا ابنُ وَهْبٍ، ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ الْأَسْوَدِ مُحمدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ الْأَسَدِيَّةِ، أَنَّهَا سَمِعَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:” لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَنْهٰى عَنِ الْغِيْلَةِ، حَتَّى ذُكِرْتُ أَنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ يَصْنَعُوْنَ ذٰلِكَ، وَلَا يَضُرُّ أَوْلَادَهُمْ“

قَالَ مَالِكٌ: وَالغِيْلَةُ: أَنْ يَمَسَّ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ، وَهِىَ تُرْضِعُ.

قَالَ عيسىَ بنُ أَحْمَدَ: وحدثنا إِسْحَاقُ بنُ عِيسىَ، قَالَ ثَنِىْ مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ الْأَسْوَدِ نَحْوَهُ.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

وضاحت: پہلی حدیث میں جو محمد بن عبدالرحمٰن بن نوفل ہیں انہی کی کنیت ابوالاسود ہے، امام مالک رحمہ اللہ ان سے ہی روایت کرتے ہیں، اس لئے دوسری حدیث میں ہمارے نسخہ میں عن أبی الأسود کے بعد جو واو ہے وہ غلط ہے، مصری نسخہ میں نہیں ہے اس لئے اس کو حذف کیا ہے...... اور باب میں امام مالکؒ کا قول دو مرتبہ آیا ہے کیونکہ وہ دونوں روایتوں میں مذکور ہے (دونوں حدیثیں امام مالکؒ کی سند سے ہیں)

بابُ ماجاء فى دَوَاءِ ذَاتِ الجَنْبِ

پہلو کے درد (نمونیا) کا علاج

ذات الجنب کو نمونیا کہتے ہیں، اس میں پھیپھڑے کی جھلی میں ورم ہو جاتا ہے، پھر جھلی اور پھیپھڑے کے درمیان پانی کا ترشُّح ہونے لگتا ہے یہ حقیقی ذات الجنب ہے، اور یہی دِق ہے، پھر پھیپھڑے پر زخم ہو جاتے ہیں یہ سِلّ ہے، جس کو ٹی بی کہتے ہیں (ٹی بی کینسر کی طرح جسم کے ہر حصہ میں ہو سکتی ہے، نمونیا کے آخری شکل کے ساتھ خاص نہیں) ذات الجنب خطرناک بیماری ہے اس میں پہلو میں سخت درد ہوتا ہے، اس لئے اس بیماری میں دواء کھلائی بھی جاتی ہے اور لیپ بھی کیا جاتا ہے۔

حدیث (۱): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ذات الجنب میں زیتون کا تیل اور وَرَس بتایا کرتے تھے۔

تشریح: نَعَتَه (ف) نَعْتًا: حالت بیان کرنا، یہ وہی فعل ہے جس سے نعت منعوت (موصوف صفت) مستعمل ہیں، اور وَرَس ایک قسم کا پودا ہے جس کو رنگائی کے کام میں لایا جاتا ہے، اور ہندوستان، عرب اور ملک حبشہ میں پیدا ہوتا ہے، خضاب میں مہندی کے ساتھ اس کے پتے بھی ملائے جاتے ہیں، یہ دواء ذات الجنب میں کس طرح استعمال کی جائے؟ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: ورس کے پتے زیتون کے تیل میں پیس لئے جائیں، پھر وہ دواء گوشۂ فم میں ڈالی جائے اور اس جانب سے ڈالی جائے جس طرف درد ہے، مگر حضرت گنگوہی قدس سرہ فرماتے ہیں: حضرت قتادہ رحمہ اللہ کا بتایا ہوا یہ طریقہ ان کے اپنے تجربہ پر مبنی ہے، ورنہ لیپ کرنا بھی ذات الجنب میں مفید ہے، اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ بڑے طبیب تھے، علاج معالجہ بھی کرتے تھے، اس لئے حضرتؒ کی بات وزنی ہے، اسی طرح علامہ ابن القیم رحمہ اللہ بھی بہت بڑے حکیم تھے، فن کے بڑوں میں ان کا نام آتا ہے، اس لئے ان دونوں حضرات کی بات وزنی ہوتی ہے۔

حدیث (۲): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ ہی سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیں حکم دیا کہ ہم ذات الجنب کا علاج کریں قسط بحری اور زیتون کے تیل سے۔

تشریح: قسط کو کوٹھ کہتے ہیں، یہ ایک نبات کی جڑ ہے، اور تین قسم کی ہوتی ہے (۱) شیریں: جو سفید زردی مائل ہوتی ہے، اور وزن میں ہلکی اور خوشبودار ہوتی ہے، اس کو قُسط بحری اور قسط عربی بھی کہتے ہیں (۲) تلخ: جس کا رنگ باہر سے سیاہی مائل ہوتا ہے، اور توڑنے پر اندر سے زردی مائل نکلتا ہے، یہ موٹی اور وزن میں ہلکی ہوتی ہے، اس کو قُسط ہندی کہتے ہیں (۳) سرخی مائل: جو وزنی اور خوشبودار ہوتی ہے، مگر تلخ نہیں ہوتی، یہ زہریلی ہونے کی وجہ سے استعمال نہیں کی جاتی، اور اس علاج کے بارے میں حضرت گنگوہی قدس سرہ نے کچھ نہیں فرمایا کہ یہ پلانے کی دوا ہے یا لیپ کرنے کی، میرے خیال میں یہ بھی لیپ کرنے کی دواء ہے۔

[۲۶-] باب ماجاء فی دَوَاءِ ذَاتِ الْجَنْبِ

[۲۰۸۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِی أَبِی، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرَسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ، قَالَ قَتَادَةُ: وَيُلَدُّ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِی يَشْتَكِيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وأَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: اسْمُهُ مَيْمُوْنٌ، هُوَ شَيْخٌ بَصْرِیٌّ.

[۲۰۸۲-] حدثنا رَجَاءُ بنُ مُحمدٍ العُذْرِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَمْرُو بنُ مُحمدِ بنِ أَبِىْ رَزِيْنٍ، ثَنا شُعْبَةُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، ثَنَا مَيْمُوْنٌ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ سَمِعْتُ زَيْدَ بنُ أَرْقَمَ، قَالَ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَتَدَاوَى مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، وَقَدْ رَوَى عَنْ مَيْمُوْنٍ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الحديثَ، وَذَاتُ الْجَنْبِ: يَعْنِى السِّلَّ.

وضاحت: دونوں حدیثوں کو حضرت زید بن ارقم سے ابوعبداللہ روایت کرتے ہیں، ان کا نام میمون ہے، باپ کا صحیح نام معلوم نہیں، کچھ لوگ ''استاذ'' بتاتے ہیں، یہ بصرہ کے رہنے والے تھے اور ضعیف راوی ہیں، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک اچھے ہیں، اس لئے ان کی دونوں حدیثوں کی تصحیح کی ہے، اور یہ فرمایا ہے کہ میمون سے متعدد ذی علم حضرات نے یہ حدیث روایت کی ہے، پس یہ ان کے ثقہ ہونے کی دلیل ہے...... پھر امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ ذات الجنب سے سِلّ مراد ہے، حالانکہ سِلّ ذات الجنب کا آخری مرحلہ ہے، جس میں پھیپھڑے میں زخم ہوجاتے ہیں، جس کو ٹی بی کہتے ہیں، اور سِلّ سے پہلے دِق کا مرحلہ ہے، اور اس سے پہلے ذات الجنب ہے، پس جو دواء ذات الجنب کے لئے مفید ہوگی وہ دق میں بھی مفید ہوگی، اور سِلّ میں بھی۔

بابٌ

درد کی ایک جھاڑ

حدیث: حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ میں اتنے سخت درد میں مبتلا تھا کہ قریب تھا کہ وہ درد مجھے ہلاک کردے، پس آپؐ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ درد کی جگہ پر سات مرتبہ پھیرو اور کہو: أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ، وَقُدْرَتِهِ، وَسُلْطَانِهِ: مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ: اللہ کی عزت، قدرت اور بادشاہت کی استعانت سے پناہ چاہتا ہوں اس تکلیف کی برائی سے جو میں پارہا ہوں، حضرت عثمانؓ کہتے ہیں: میں نے ایسا کیا تو اللہ تعالیٰ نے میری وہ تکلیف دور فرمادی، چنانچہ میں برابر وہ دعا اپنے گھر والوں کو اور ان کے علاوہ کو بتلاتا رہتا ہوں، طلبہ کو بھی یہ جھاڑ یاد کرنی چاہئے اور اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔

[۲۷-] بابٌ

[۲۰۸۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ كَعْبٍ السُّلَمِيِّ، أَنَّ نَافِعَ بنَ جُبَيْرِ بنِ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ أَبِىْ

الْعَاصِ، أَنَّهُ قَالَ: أَتَانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَبِيْ وَجَعٌ، قَدْ كَادَ يُهْلِكُنِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" امْسَحْ بِيَمِيْنِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ وَسُلْطَانِهِ، مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ" قَالَ: فَفَعَلْتُ فَأَذْهَبَ اللّٰهُ مَاكَانَ بِيْ، فَلَمْ أَزَلْ آمُرُ بِهِ أَهْلِيْ وَغَيْرَهُمْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في السَّنَا

سَنا کا بیان

سَنا کا پودا جنگلی نیل کے مشابہ ہوتا ہے، اور دو بالشت تک بلند ہوتا ہے، اس کے پتے مہندی کے پتوں کے مانند اور پھول کسی قدر نیل گول ہوتے ہیں، اس کی پھلی چپٹی ہوتی ہے، اور اس کے اندر چپٹا، لمبوترا اور کسی قدر خمیدہ چھوٹا سا بیج ہوتا ہے، اس کا مزاج گرم خشک ہے، اور یہ مُلین اور مسہل ہے، اس کے پتے دواء کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں، سب سے بہتر وہ سنا ہے جو بلادِ حجاز سے آتی ہے، اس لئے وہ سنا مکی کے نام سے مشہور ہے۔

سنا کو اگر بغرضِ تلیین استعمال کرنا ہو تو مقدار قلیل میں مثلاً تین ماشہ دیتے ہیں، اور زیادہ مقدار میں استعمال کرکے مسہل قوی کا کام لیتے ہیں، اخلاط فاسدہ کو خارج کرنے کے لئے بہترین مُسہل ہے، اس کے علاوہ اور بھی متعدد بیماریوں میں اس کا استعمال کیا جاتا ہے (مخزن مفردات ص:۲۳۳)

حدیث: حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: تم کس چیز کا مُسہل لیتی ہو؟ انھوں نے کہا: شُبرم کا (شبرم: چنے کی طرح کا ایک دانہ ہے، اس کا مزاج سخت حار ہے، اس کا پانی دواء کے طور پر پیتے ہیں، اس کا دانہ بھی مُسہل ہے اور اس کی جڑ بھی مسہل ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: گرم انگار! بند کھول دینے والا! جارّ حارّ کا تابع ہے، مگر عربی میں تابع مہمل نہیں ہوتا، بلکہ معنی دار ہوتا ہے، جَارّ: جَرَّ سے اسم فاعل ہے، کھینچنے والا یعنی بہت دست لانے والا، وہ اپنی حدت کی وجہ سے اس مادہ کو بھی کھینچ لاتا ہے جس کا نکل جانا صحت کے لئے مضر ہے۔

حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پھر میں نے سنا کا مُسہل لیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: لَوْ أَنَّ شَيْئًا كان فيه شفاءٌ مِن الموتِ لكان في السَّنا: اگر کوئی چیز ایسی ہوتی جس میں موت کا علاج ہوتو وہ سنا ہی میں ہوتا، یعنی سنا کثیر الفوائد نبات ہے، موت کا علاج بھی اس میں ہوسکتا تھا مگر موت کا علاج کسی چیز میں نہیں۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں عتبہ بن عبداللہ مجہول راوی ہے، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، اور پہلے ہم نے یہ بات بیان کی ہے کہ مہینہ میں ایک مرتبہ مُسہل لینا چاہئے، اس سے پیٹ کی بیماریوں سے آدمی محفوظ ہوجاتا ہے، مگر اب لوگ کھاتے بہت ہیں، اور معدہ صاف نہیں کرتے اس لئے بیمار پڑتے ہیں اور ڈاکٹروں کی جیب بھرتے ہیں۔

اور حارّ کا ترجمہ میں نے گرم انگار: تابع کی وجہ سے کیا ہے، کیونکہ عربی میں تابع کے اگرچہ معنی ہوتے ہیں مگر وہ متبوع میں تاکید بھی پیدا کرتا ہے۔

[۲۸-] باب ماجاء فی السَّنَا

[۲۰۸۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ بَكْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنِیْ عُتْبَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم سَأَلَهَا بِمَا تَسْتَمْشِيْنَ؟ قَالَتْ: بالشُّبْرُمِ، قَالَ: "حَارٌّ جَارٌّ!" قَالَتْ: ثُمَّ اسْتَمْشَيْتُ بِالسَّنَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أَنَّ شَيْئًا كَانَ فِيْهِ شِفَاءٌ مِنَ الْمَوْتِ لَكَانَ فِيْ السَّنَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فی العَسَلِ

شہد کا ذکر

شہد کو کون نہیں جانتا؟ فارسی میں اس کو انگبیں اور عربی میں عَسَل کہتے ہیں، شہد کی مکھیاں پھولوں وغیرہ کا رس چوس کر اپنے چھتّے میں شہد بناتی ہیں جو شکر کے قوام کے مانند شیریں ہوتا ہے، اس میں مختلف پھولوں کی بو، مزہ اور تاثیر بھی ہوتی ہے، شہد کا مزاج گرم خشک ہے، وہ ورموں کو پکاتا اور تحلیل کرتا ہے، بدن کو طاقت بخشتا ہے اور ہضم میں امداد کرتا ہے، اور قبض کو رفع کرتا ہے، پھوڑے پھنسیوں پر لگاتے ہیں، اور جلائے بصر کے لئے آنکھوں میں بھی ڈالتے ہیں۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور اس نے کہا: میرے بھائی کو دست آتے ہیں؟ (پس میں اس کو کیا دواء پلاؤں؟) آپؐ نے فرمایا: اس کو شہد پلاؤ، چنانچہ اس نے اس کو شہد پلایا، پھر وہ آیا اور کہنے لگا: یارسول اللہ! میں نے اس کو شہد پلایا، مگر اس سے دست بڑھ گئے؟ آپؐ نے فرمایا: اس کو (پھر) شہد پلاؤ، راوی کہتے ہیں: اس نے اس کو پھر شہد پلایا، پھر وہ آیا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اس کو شہد پلایا پس اس کو اور زیادہ دست آنے لگے، نبی ﷺ نے فرمایا: صَدَقَ اللّٰهُ، وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيْكَ، اسْقِهِ عَسَلاً: اللہ کا ارشاد سچا ہے کہ فیه شفاءٌ للناس: شہد میں لوگوں کے لئے شفا ہے اور تیرے بھائی کا پیٹ جھوٹا ہے یعنی دست نہیں آنے چاہئیں، اس کو اور شہد پلا، چنانچہ اس نے اس کو اور شہد پلایا تو وہ اچھا ہو گیا۔

تشریح: معدے کے اندر تولیے جیسے روئیں ہوتے ہیں، وہی کھانا ہضم کرتے ہیں، اس میں کبھی سُدّے بھر جاتے ہیں، جب مریض کو شہد پلایا گیا اور وہ ہضم نہ ہوا تو دست آنے لگے، پھر پلایا تو دست بڑھ گئے، پھر پلایا تو اور

بڑھ گئے، اس طرح معدہ اندر سے صاف ہوگیا، اوراس کی ہضم کی قوت لوٹ آئی، چنانچہ وہ اچھا ہوگیا، علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے تحریر فرمایا ہے کہ اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ ہر دواء کا ایک کورس ہے، جب وہ کورس پورا ہو تبھی فائدہ ہوتا ہے، دواء کی تھوڑی مقدار استعمال کرنے سے اگر فائدہ ظاہر نہ ہو تو مایوس نہیں ہونا چاہئے، ماہر حکیم کی رائے کے مطابق دواء کا استعمال جاری رکھنا چاہئے، نبی ﷺ سے ماہر کون ہوسکتا ہے؟ ان صاحب نے علاج جاری رکھا تو آخر میں بامراد ہوئے۔

[۲۹-] باب ماجاء فی العَسَلِ

[۲۰۸۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِى الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ أَخِیْ اسْتُطْلِقَ بَطْنُهُ؟ فَقَالَ: "اسْقِهِ عَسَلاً" فَسَقَاهُ، ثُمَّ جاءَ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ سَقَيْتُهُ عَسَلاً، فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا! قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "اسْقِهِ عَسَلاً" قَالَ: فَسَقَاهُ، ثُمَّ جاءَ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّیْ قَدْ سَقَيْتُهُ فَلَمْ يَزِدْهُ إِلَّا اسْتِطْلَاقًا! قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "صَدَقَ اللّٰهُ، وَكَذَبَ بَطْنُ أَخِيْكَ، اسْقِهِ عَسَلاً" فَسَقَاهُ فَبَرَأَ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: اسْتَطْلَقَ بطنُه: پیٹ چلنا، دست آنا۔

بابٌ

بیمار کو جھاڑنے کی ایک دعا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی بھی مسلمان بندہ جو کسی ایسے بیمار کی بیمار پرسی کرے جس کی موت کا وقت ابھی نہیں آیا، پس وہ سات مرتبہ کہے: أَسْأَلُ اللّٰهَ العظيمَ، رَبَّ العَرْشِ العظيمِ، أَن يَشْفِيَكَ: عظیم المرتبت اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں، جو بڑے عرش کے مالک ہیں کہ وہ آپ کو شفا بخشیں: مگر وہ صحت یاب ہوجائے گا۔

تشریح: یہ دعا سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کی جائے اور حدیث میں ما نافیہ ہے اور مِن زائدہ ہے جو نفی کی تاکید کے لئے لایا گیا ہے، اور لم يَحْضُر أَجَلُه: مریضاً کی صفت ہے، اور رَبَّ العرشِ العظيم: اللہ کی صفت ہے اور أن يَشْفِيْكَ: أَسْأَلُك کا مفعول ثانی ہے، اور إلَّا نفی کا اثبات ہے، اور عَفَى الأَثَرُ (ن) عَفْوًا کے معنی ہیں: نشان مٹنا، یعنی بیمار کا صحت یاب ہونا، یہ دعا بھی طلبہ کو یاد کرنی چاہئے، اور جب کسی بیمار کے پاس جائیں تو اس سے دم کریں۔

[۳۰-] بابٌ

[۲۰۸٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثَنَّى، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيْدَ أَبِيْ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ المِنْهَالَ بنَ عَمْرٍو، يُحدِّثُ عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَعُوْدُ مَرِيْضًا، لَمْ يَحْضُرْ أَجَلُهُ، فَيَقُوْلُ سَبْعَ مَرَّاتٍ: أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ، رَبَّ العَرْشِ العَظِيْمِ أَنْ يَشْفِيْكَ: إِلَّا عُوْفِيَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ المِنْهَالِ بنِ عَمْرٍو.

بابٌ

بخار کو پانی سے ٹھنڈا کرنے کا ایک طریقہ

پہلے یہ بات گذری ہے کہ بخار آگ کا جوش ہے، پس اس کو پانی سے ٹھنڈا کرو، مگر وہاں ٹھنڈا کرنے کا طریقہ مذکور نہیں، بخار کو ٹھنڈا کرنے کے بہت سے طریقے ہو سکتے ہیں، مثلاً نہانا، کپڑا بھگو کر سر پر رکھنا یا پیروں سے لگانا وغیرہ، اور اس کا ایک طریقہ اس باب میں مذکور ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو بخار آئے، تو (جاننا چاہئے کہ) بخار جہنم کا ایک ٹکڑا ہے، پس چاہئے کہ اس کو اپنے سے پانی کے ذریعہ بجھائے، پس چاہئے کہ نہر میں ٹھنڈا ہونے کے لئے ٹھہرا رہے، اور اپنا منہ ادھر کرے جدھر سے پانی آرہا ہے، اور کہے: بسم الله اشْفِ عَبْدَكَ، وَصدِّق رسولَكَ: اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں، اے اللہ! اپنے بندے کو شفا بخشئے اور اپنے رسول کے فرمان کو سچا ثابت کیجئے، اور وہ نہر میں صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے اترے، اور چاہئے کہ وہ اس میں تین غوطے لگائے تین دن تک، پس اگر وہ تین دن میں اچھا نہ ہو تو پانچ دن، اور اگر پانچ دن میں بھی اچھا نہ ہو تو سات دن، پس اگر وہ سات دن میں بھی اچھا نہ ہو تو نو دن، پس بخار ان شاء اللہ نو دن سے متجاوز نہیں ہوگا (مگر عرب میں جاری نہریں نہیں ہیں، اس لئے اس حدیث کا حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں)

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے اس کا ایک راوی سعید بن زُرعہ حمصی جرّار خزّاف مستور راوی ہے، ترمذی میں اس کی یہی ایک حدیث ہے، اور یہ بات پہلے بیان کی جاچکی ہے کہ ہر بخار میں اور ہر ملک میں یہ طریقہ مفید نہیں، گرم ملکوں میں لو لگنے سے جو بخار ہو جاتا ہے اسی میں یہ طریقہ مفید ہے۔

[۳۱-] بابٌ

[۲۰۸۷-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ الأَشْقَرُ الرِّبَاطِيُّ، ثَنَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، ثَنَا مَرْزُوْقٌ أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيُّ، ثَنَا سَعِيْدٌ - رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ - ثَنَا ثَوْبَانُ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا أَصَابَ أَحَدَكُمْ الحُمَّى، فَإِنَّ الْحُمَّى قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيُطْفِهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ، فَلْيَسْتَنْقِعْ فِيْ نَهْرٍ جَارٍ، فَلْيَسْتَقْبِلْ جِرْيَتَهُ، فَيَقُوْلُ:" بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ، وَصَدِّقْ رَسُوْلَكَ" بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَقَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ، وَلْيَغْمِسْ فِيْهِ ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ، ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِيْ ثَلَاثٍ فَخَمْسٌ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِيْ خَمْسٍ فَسَبْعٌ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِيْ سَبْعٍ فَتِسْعٌ، فَإِنَّهَا لَاتَكَادُ تُجَاوِزُ تِسَعًا بِإِذْنِ اللّٰهِ" هذا حديثٌ غريبٌ.

باب التَّدَاوِیْ بِالرَّمَادِ

راکھ سے علاج کرنے کا بیان

روئی میں خون بند کرنے کی خاصیت ہے، پھر روئی یا سوتی کپڑا اجلا کر زخم پر دبا یا جائے تو اس سے جلدی خون بند ہوجاتا ہے، اسی طرح کسی بھی چیز کی راکھ زخم میں بھر دی جائے تو اس سے بھی خون بند ہوجاتا ہے۔

حدیث: ابو حازم کہتے ہیں: حضرت سہل رضی اللہ عنہ سے ایک بات پوچھی گئی، میں اس وقت وہاں موجود تھا، پوچھا گیا: کس چیز کے ذریعہ نبی ﷺ کے زخم کا علاج کیا گیا؟ حضرت سہلؓ نے فرمایا: اب کوئی نہیں رہا جو مجھ سے زیادہ یہ بات جانتا ہو، حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی ڈھال میں پانی لا رہے تھے، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے (چہرے) سے خون دھو رہی تھیں، اور آپؐ کے لئے ایک چٹائی جلائی گئی پس اس کی راکھ سے آپؐ کا زخم بھرا گیا۔

تشریح: یہ قصہ غزوۂ احد کا ہے، خود ٹوٹ کر آپ ﷺ کے ماتھے میں گڑ گیا تھا جس سے زخم ہوگیا تھا، اس کا اس طرح علاج کیا گیا تھا۔

[۳۲-] بابُ التَّدَاوِیْ بِالرَّمَادِ

[۲۰۸۸-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، قَالَ: سُئِلَ سَهْلُ بنُ سَعْدٍ، وَأَنَا أَسْمَعُ: بِأَیِّ شَيْئٍ دُوْوِیَ جُرْحُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: مَابَقِیَ أَحَدٌ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّی؛ كَانَ عَلِیٌّ يَأْتِیْ بِالْمَاءِ فِیْ تُرْسِهِ، وَفَاطِمَةُ تَغْسِلُ عَنْهُ الدَّمَ، وَأُحْرِقَ لَهُ حَصِيْرٌ، فَحُشِیَ بِهِ جُرْحُهُ.

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: دُوْوِیَ (دوواؤں کے ساتھ) دَاوَی المریضَ مُداواۃً کا مجہول ہے، اس کے معنی ہیں: علاج کرنا، دوا دارو کرنا، اور اس کا مجرد دَوِیَ فلانا کے معنی ہیں: بیمار ہونا...... حُشِیَ: حَشَا یَحْشُوْ حَشْوًا کا مجہول ہے، جس کے معنی ہیں کسی چیز میں کوئی چیز بھرنا۔

بابٌ

مریض کو زندگی کی امید دلانا

کوئی کسی کی بیمار پرسی کے لئے جائے تو اسے زندگی کی امید دلائے، مثلاً کہے: اللہ آپ کی عمر دراز کریں، آپ نہ گھبرائیں، کوئی خاص بیماری نہیں، ان شاء اللہ بہت جلد اچھے ہو جائیں گے، اس طرح آپ کے دعا دینے سے تقدیر ٹلے گی نہیں، مگر مریض کا دل خوش ہو جائے گا، حدیث شریف میں ہے کہ جب تم کسی بیمار کے پاس جاؤ تو اس کے لئے اس کی موت میں گنجائش پیدا کرو یعنی تسلی اور سکون بخشنے والی باتیں کرو، پس بیشک یہ چیز کسی چیز کو پھیرتی نہیں یعنی اس سے تقدیر ٹلتی نہیں، اور وہ اس کے دل کو خوش کر دیتی ہے، اور مایوس کرنے والی باتیں مریض کو رنجیدہ کرتی ہیں۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں موسیٰ بن محمد بن ابراہیم تیمی منکر الحدیث ہے، یعنی نہایت ضعیف راوی ہے، اس لئے یہ حدیث غریب بمعنی ضعیف ہے۔

لطیفہ: ایک شخص کسی کی بیمار پرسی کے لئے گیا، اس بے وقوف نے بجائے بیمار پرسی کے تعزیت شروع کر دی، گھر والوں نے کہا: ابھی ان کا انتقال نہیں ہوا! تو آپ کہتے ہیں: ان شاء اللہ جلدی ہو جائے گا! (ایسی باتیں کرنا بے وقوفی کی علامت ہے)

[۳۳-] بابٌ

[۲۰۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، ثَنَا عُقْبَةُ بنُ خَالِدٍ السَّكُوْنِيُّ، عَنْ مُوْسَى بنِ مُحمدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا دَخَلْتُمْ عَلَى الْمَرِيْضِ فَنَفِّسُوْا لَهُ فِيْ أَجَلِهِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ لاَ يَرُدُّ شَيْئًا، وَيُطَيِّبُ نَفْسَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الْفَرَائِضِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

میراث کا بیان

میراث کے اکثر احکام قرآن کریم میں ہیں، اور جو باتیں قرآنِ کریم میں ہوتی ہیں وہ حدیثوں میں نہیں آتیں، البتہ کچھ مسائل احادیث سے اور کچھ مسائل اجماع امت سے ثابت ہیں، پس وہی مسائل ان ابواب میں آئیں گے، اور میراث کے احکام کی حکمتیں حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں بہت عمدہ بیان کی ہے، ان کو رحمۃ اللہ الواسعہ جلد چہارم (ص:۶۲۶-۶۶۲) میں پڑھیں۔

بابُ ماجاء فی مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ

مال کے وارث ورثاء ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی مال چھوڑا تو وہ اس کے ورثاء کے لئے ہے، اور جس نے ضائع ہونے والے یعنی نادار عیال چھوڑے ان کا میں ذمے دار ہوں۔

تشریح: یہ حدیث کتاب الجنائز (حدیث ۱۰۵۳) میں امام زہری رحمہ اللہ کی سند سے مفصل گذر چکی ہے، اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ترکہ ورثاء ہی کے لئے ہے، حکومت کا اس میں کوئی حصہ نہیں، آج کل غیر مسلم حکومتیں بھی مرنے والے کی وارث ہوتی ہیں اگر وہ مالدار ہوتا ہے تو اس کے ترکہ پر ٹیکس لگاتی ہیں، اسلام میں اس کی کوئی گنجائش نہیں، ترکہ سارا اس کے ورثاء کا ہے۔

اور اس حدیث سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ اسلامی حکومت ویلفیر حکومت ہے، جو لوگ بے روزگار ہیں ان کی ذمہ داری حکومت پر ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مشہور ارشاد ہے کہ اگر میں ایک سال زندہ رہا تو بیواؤں کے لئے ایسا انتظام کر جاؤں گا کہ وہ عمر کے علاوہ کسی کی محتاج نہیں رہیں گی، اس میں بھی اس طرف اشارہ ہے کہ غریب پروری

اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے، مگر اب یہ بات غیروں نے لے لی اور مسلمان حکومتیں اس سے بے بہرہ ہوگئیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الفرائض

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱-] باب ماجاء فی مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِوَرَثَتِهِ

[۲۰۹۰-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الأُمَوِيُّ، ثَنَا أَبِيْ، ثَنَا مُحمدُ بنُ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ تَرَكَ مَالاً فَلِأَهْلِهِ، وَمَنْ تَرَكَ ضَيَاعًا فَإِلَيَّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم أَطْوَلَ مِنْ هٰذَا وَأَتَمَّ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَنَسٍ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "مَنْ تَرَكَ ضَيَاعًا" يَعْنِيْ ضَائِعًا، لَيْسَ لَهُ شَيئٌ فَإِلَيَّ، يَقُوْلُ: أَنَا أَعُوْلُهُ وَأُنْفِقُ عَلَيْهِ.

لغت: ضَیَاعًا: مصدر ہے، پھر اسم کے طور پر بھی مستعمل ہے، اور اسم فاعل کے معنی میں ہے، یعنی ایسے بال بچے چھوڑے جن کے پاس کچھ نہیں، جن کی خبر گیری کرنے والا کوئی نہیں، اس لئے وہ ضائع ہوجائیں گے۔ اور حدیث کے آخری ٹکڑے کا مطلب امام ترمذیؒ نے یہ بیان کیا ہے کہ ان کی کفالت میں کروں گا، اور ان پر خرچ میں کروں گا۔

بابُ ماجاء فی تَعْلِيْمِ الْفَرَائِضِ

فرائض کی تعلیم کا بیان

فرائض: فریضة کی جمع ہے، اس کے چند معانی ہیں: (۱) بندوں پر اللہ تعالیٰ کا فرض کیا ہوا عمل اور قانون۔ یعنی اللہ کی مقرر کی ہوئی وہ حد جس کا بندوں کو پابند بنایا گیا ہے، یا اس سے روکا گیا ہے، یعنی اوامر ونواہی (۲) کسی انسان کے ذمہ لازم کیا ہوا کام یا حصۂ مال (۳) ڈیوٹی اور فرض (۴) میراث۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تَعَلَّمُوْا الفَرَائِضَ والقرآنَ، وَعَلِّمُوْا النَّاسَ، فَإِنِّيْ مَقْبُوْضٌ: فرائض اور

قرآن سیکھو اور لوگوں کو سکھلاؤ، پس میں یقیناً وفات پانے والا ہوں۔

تشریح: ''میں یقیناً وفات پانے والا ہوں'' یہ دونوں باتوں کی تعلیل ہے کہ فرائض اور قرآن سیکھ لو، میرے بعد کون سکھائے گا؟ اور لوگوں کو سکھلاؤ، اس لئے کہ یہ سلسلہ لوگوں کے ذریعہ جاری رہے گا، آپ ﷺ تو وفات پا جائیں گے، رہی یہ بات کہ اس حدیث میں فرائض سے کیا مراد ہے؟ اس سلسلہ میں بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ علم المیراث مراد ہے مگر اس کی کوئی دلیل نہیں، بظاہر پہلے معنی مراد ہیں، یعنی وہ احکام جو اللہ تعالیٰ نے مقرر کئے ہیں، اور تمام اوامر ونواہی بھی مراد لئے جاسکتے ہیں۔

اور باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ہے، وہ فرماتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: علم سیکھ لو، اور اسے لوگوں کو سکھلاؤ، فرائض سیکھ لو اور اسے لوگوں کو سکھلاؤ، اور قرآن سیکھ لو اور اسے لوگوں کو سکھلاؤ، اس لئے کہ میری یقیناً وفات ہونے والی ہے، اور علم بھی عنقریب سکیڑ لیا جائے گا اور فتنے ظاہر ہونگے، یہاں تک کہ دو آدمی ایک حکم شرعی میں اختلاف کریں گے اور وہ دونوں کسی ایسے کو نہیں پائیں گے جو ان کے درمیان فیصلہ کرے، یہ روایت دارمی اور دارقطنی میں ہے (مشکوۃ حدیث ۲۷۹) پس اگر فرائض سے علم المیراث مراد ہے تب تو باب پر استدلال ظاہر ہے، اور اگر احکام شرعیہ مراد ہیں تو بھی ورثاء کے حصص اس کا ایک فرد ہیں، اس لئے حدیث عام سے علم المیراث کی اہمیت پر استدلال کیا جاسکتا ہے۔

سند کی بحث: اس حدیث کی سند میں محمد بن القاسم اسدی ضعیف راوی ہے، فضل بن دلہم بھی کچھ اچھا راوی نہیں، اور عوف اعرابی کے تلامذہ میں سخت اختلاف ہے، کوئی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتا ہے، اور ابو اسامہ سند حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، مگر اس میں ایک مجہول راوی بھی ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا اور حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

[۲-] باب ماجاء فی تَعْلِیْمِ الْفَرَائِضِ

[۲۰۹۱-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بنُ وَاصِلٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ الْقَاسِمِ الْأَسَدِیُّ، ثَنَا الفَضْلُ بنُ دَلْهَمٍ، ثَنِی عَوْفٌ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم: ''تَعَلَّمُوْا الْفَرَائِضَ وَالْقُرْآنَ، وَعَلِّمُوْا النَّاسَ، فَإِنِّیْ مَقْبُوْضٌ''

هٰذَا حدیثٌ فِیْهِ اضْطِرَابٌ، وَرَوَى أَبُوْ أُسَامَةَ هٰذَا الحدیثَ عَنْ عَوْفٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بنِ جَابِرٍ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله علیه وسلم، حدثنا بِذٰلِكَ الحُسَیْنُ بنُ حُرَیْثٍ، ثنا أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ عَوْفٍ بِهٰذَا نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

بابُ ماجاء فی مِیْرَاثِ البَنَاتِ

میراث میں بیٹیوں کا حصہ

اگر میت کی ایک بیٹی ہو تو اس کو نصف ملتا ہے، اور اگر ایک سے زیادہ ہوں تو ان کو دو تہائی ملتا ہے، اور اگر میت کے بیٹے بھی ہوں تو بیٹے اور بیٹیاں عصبہ بنتے ہیں، اور بیٹے کو دوہرا اور بیٹی کو اکہرا ملتا ہے، اور قرآنِ کریم میں اگرچہ دو سے زیادہ بیٹیوں کے لئے دو تہائی حصہ مقرر کیا گیا ہے مگر سورۃ النساء کی آخری آیت میں دو بہنوں کا حصہ دو تہائی مقرر کیا گیا ہے، اس لئے یہی حصہ دو بیٹیوں کو بھی ملے گا، غرض بیٹیوں کے تمام احوال قرآن میں مذکور ہیں، اس لئے حدیث میں اس مسئلہ کو بیان کرنے کی ضرورت نہیں، باب میں جو روایت ہے وہ آیت میراث کا شانِ نزول ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت سعد بن الربیع رضی اللہ عنہ کی بیوی سعدؓ کی دو بیٹیوں کے ساتھ نبی ﷺ کی خدمت میں آئیں، اور عرض کیا: یارسول اللہ! یہ سعد بن الربیع کی بیٹیاں ہیں، ان کے ابا آپؐ کے ساتھ جنگ احد میں شہید ہوگئے ہیں، اور ان کے چچا نے دونوں کا مال لے لیا ہے، پس دونوں کے لئے کوئی مال نہیں رہا، اور ان دونوں کی شادی اسی صورت میں ہوسکتی ہے جب ان کے پاس کچھ مال ہو، نبی ﷺ نے فرمایا: يَقْضِي اللّٰهُ في ذلك: اللہ تعالیٰ اس معاملہ میں فیصلہ فرمائیں گے، چنانچہ میراث کی آیتیں نازل ہوئیں پس نبی ﷺ نے ان کے چچا کو بلایا، اور فرمایا: سعد کی دونوں بیٹیوں کو دو تہائی دو، اور ان کی ماں کو آٹھواں حصہ دو، اور باقی آپ کا ہے عصبہ ہونے کی وجہ سے۔

تشریح: جو بات قرآنِ کریم سے دلالۃ النص کے ذریعہ ثابت ہوئی تھی وہ اس حدیث سے صراحتاً ثابت ہوئی کہ دو بیٹیوں کا حصہ بھی دو تہائی ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ البَنَاتِ

[۲۰۹۲-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا زَكَرِيَّا بنُ عَدِيٍّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ تِ امْرَأَةُ سَعْدِ بنِ الرَّبِيْعِ، بِابْنَتَيْهَا مِنْ سَعْدٍ، إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يارسولَ اللّٰهِ! هَاتَانِ ابْنَتَا سَعْدِ بنِ الرَّبِيْعِ، قُتِلَ أَبُوْهُمَا مَعَكَ يَوْمَ أُحُدٍ شَهِيْدًا، وَإِنَّ عَمَّهُمَا أَخَذَ مَالَهُمَا، فَلَمْ يَدَعْ لَهُمَا مَالاً، وَلاَ تُنْكَحَانِ إِلَّا وَلَهُمَا مَالٌ، قَالَ: "يَقْضِي اللّٰهُ فِيْ ذٰلِكَ" فَنَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ، فَبَعَثَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى عَمِّهِمَا، فَقَالَ: "أَعْطِ ابْنَتَيْ سَعْدٍ الثُّلُثَيْنِ، وأَعْطِ أُمَّهُمَا الثُّمُنَ، وَمَا بَقِيَ فَهُوَ لَكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيْلٍ، وَقَدْ رَوَاهُ شَرِيْكٌ أَيْضًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِيْلٍ.

بابُ ماجاء فی مِیْرَاثِ بِنْتِ الاِبْنِ مَعَ بِنْتِ الصُّلْبِ

ایک بیٹی کے ساتھ پوتی کا حصہ

اگر بیٹیاں نہ ہوں تو پوتیاں بیٹیوں کے قائم مقام ہوتی ہیں، اور ایک پوتی کو نصف اور ایک سے زائد کو ثلثان ملتا ہے، اور اگر ایک صلبی بیٹی ہو تو پوتیوں کو سدس ملتا ہے، تاکہ لڑکیوں کا دو تہائی پورا ہو جائے، کیونکہ نصف اور ثلث کا مجموعہ ثلثان ہوتا ہے، اور اگر لڑکیاں دو یا زیادہ ہوں تو پوتیاں محروم رہتی ہیں، ہاں اگر ان کے ساتھ یا ان سے نیچے کوئی پوتا یا پڑپوتا ہو تو پھر پوتیاں ان کے ساتھ عصبہ بالغیر ہوتی ہیں اور ذوی الفروض کو دینے کے بعد جو بچتا ہے وہ ان کو ملتا ہے، البتہ اگر میت کا کوئی بیٹا ہو تو پھر پوتے پوتیاں محروم ہوتے ہیں، اس لئے کہ بیٹا میت سے قریب ہے، پس اس کا حق مقدم ہے۔

حدیث: ہزیل بن شرحبیل کہتے ہیں: ایک شخص حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت سلمان بن ربیعہ رضی اللہ عنہما کے پاس آیا، اور ان سے پوچھا: میت کی ایک بیٹی، ایک پوتی اور ایک حقیقی بہن ہے، پس میراث کس طرح تقسیم ہوگی؟ دونوں نے جواب دیا: بیٹی کو آدھا ملے گا اور باقی حقیقی بہن کو ملے گا، (اور پوتی محروم رہے گی کیونکہ حدیث میں ہے: **اجعلوا الأخواتِ مع البنات عصبةً**: بہنوں کو بیٹیوں کے ساتھ عصبہ بناؤ، چنانچہ ان دونوں حضرات نے آدھا بیٹی کو دلوایا اور باقی بہن کو) اور دونوں نے اس شخص سے کہا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ، اور ان سے بھی یہ مسئلہ پوچھو، وہ یقیناً ہماری پیروی کریں گے، یعنی وہ بھی یہی جواب دیں گے۔ چنانچہ وہ حضرت عبداللہؓ کے پاس گیا اور ان کے سامنے صورت مسئلہ رکھی، اور ان کو وہ فتوی بھی بتایا جو ابوموسیٰ اشعری اور سلمان بن ربیعہ نے دیا تھا، حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: اگر میں یہ فتوی دوں تو میں گمراہ ہو جاؤں گا! اور میں راہ یاب نہیں رہوں گا! بلکہ میں اس صورت میں وہی فیصلہ کرتا ہوں جو نبی ﷺ نے کیا ہے کہ بیٹی کے لئے آدھا ہے، اور پوتی کے لئے چھٹا ہے تاکہ بیٹیوں کا دو تہائی مکمل ہو جائے، اور جو کچھ بچے گا وہ حقیقی بہن کا ہے، کیونکہ بہنیں بیٹیوں کے ساتھ عصبہ مع الغیر ہوتی ہیں۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور مسئلہ وہی ہے جو حضرت ابن مسعودؓ نے بتایا ہے، اور یہ اجماعی مسئلہ ہے، اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو تو سبھی جانتے ہیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ان کو کوفہ کا گورنر بنایا تھا، ان سے پہلے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ گورنر تھے، اور سلمان بن ربیعہ بھی کوفہ کے گورنر رہے ہیں، کہتے ہیں: یہ بھی صحابی ہیں، ورنہ جلیل القدر تابعی تو ہیں ہی۔

ملحوظہ: ترمذی میں سلیمان بن ربیعہ ہے مگر یہ تصحیف ہے، اس نام کا کوئی آدمی نہیں، اور ابوداؤد (حدیث ۲۸۹۳)

اورابن ماجہ (حدیث ۲۷۲۱) اور جامع الاصول (۱۰:۳۷۳) میں سلمان بن ربیعہ ہے اور یہی صحیح ہے، اور یہ حدیث بخاری (حدیث ۶۷۳۶) میں بھی ہے مگر اس میں صرف حضرت ابوموسیٰ کا ذکر ہے، البتہ مسند احمد (۱:۳۸۹) میں سلیمان بن ربیعہ ہے مگر صحیح سلمان بن ربیعہ ہے۔

[٤-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ بِنْتِ الاِبْنِ مَعَ بِنْتِ الصُّلْبِ

[٢٠٩٣-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرفَةَ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِیْ قَيْسٍ الأَوْدِيِّ، عَنْ هُزَيْلِ بنِ شُرَحْبِيْلَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى أَبِیْ مُوْسَى، وَسَلْمَانَ بنِ رَبِيْعَةَ، فَسَأَلَهُمَا عَنْ ابْنَةٍ، وابْنَةِ ابنٍ، وَأُخْتٍ لِأَبٍ وَأُمٍّ، فَقَالَا: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ مَا بَقِيَ، وَقَالَا لَهُ: انْطَلِقْ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَاسْأَلْهُ، فَإِنَّهُ سَيُتَابِعُنَا، فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ، فَذَكَرَ لَهُ ذٰلِكَ، وَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰه: قَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ! وَلٰكِنِّیْ أَقْضِیْ فِيْهَا كَمَا قَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لِلِابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ، تَكْمِلَةَ الثُّلُثَيْنِ، وَلِلْأُخْتِ مَا بَقِيَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ قَيْسٍ الْأَوْدِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الرحمنِ بنُ ثَرْوَانَ كُوْفِيٌّ، وَقَدْ رَوَاهُ أَيْضًا شُعْبَةُ عَنْ أَبِیْ قَيْسٍ.

بابُ ماجاء فی مِيْرَاثِ الإِخْوَةِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ

حقیقی بھائیوں کی میراث

ماں اور باپ دونوں میں شریک حقیقی بھائی ہیں، اور صرف باپ میں شریک علاتی بھائی ہیں، اور صرف ماں میں شریک اخیافی بھائی ہیں، اول دو بھائی عصبہ ہیں اور اخیافی بھائی بہن ذوی الفروض ہیں، پس وہ تو اپنا مقررہ حصہ پائیں گے، مگر جب عصبہ کا نمبر آئے گا تو حقیقی بھائی وارث ہونگے اور علاتی بھائی محروم ہونگے، کیونکہ حقیقی بھائیوں کے میت سے دو رشتے ہیں، باپ کی طرف سے بھی اور ماں کی طرف سے بھی، اور علاتی بھائیوں سے صرف ایک رشتہ ہے، باپ کی طرف سے، اور میراث کا قاعدہ ہے: الأقرب فالأقرب: پس حقیقی اقرب ہوئے، اس لئے وہ عصبہ ہوں گے، اور وارث ہونگے، اور علاتی محروم رہیں گے، ہاں اگر حقیقی بھائی نہ ہوں تو پھر علاتی بھائی عصبہ بنیں گے۔

یہاں ایک اشکال ہے کہ حقیقی اور علاتی تو ایک باپ کی اولاد ہیں، پس حقیقی عصبہ ہوئے اور علاتی محروم رہے ایسا کیوں ہوا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حقیقی اقرب ہیں اس لئے وہ وارث ہوئے، جیسے باپ اور دادا دونوں ہوں تو باپ وارث ہوتا ہے، اور بیٹا اور پوتا دونوں ہوں تو بیٹا وارث ہوتا ہے، کیونکہ وہ اقرب ہے، اور حقیقی اور علاتی دونوں باپ

کے تعلق سے تو یکساں ہیں، مگر یہاں میت بھائی ہے، اس کے تعلق سے حقیقی اقرب ہیں اور علاتی ابعد، اس لئے صرف حقیقی وارث ہونگے۔

دوسرا اشکال یہ ہے کہ اخیافی کا رشتہ صرف ماں کی طرف سے ہے، پھر وہ حقیقی اور علاتی بھائیوں کے ساتھ وارث کیسے ہوئے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اخیافی ذوی الفروض ہیں، اور حقیقی اور علاتی عصبہ ہیں، پس یہ دو الگ الگ جہتیں ہیں اور الأقرب فالأقرب کا ضابطہ ایک طائفہ میں چلتا ہے، یا یہ کہیں کہ یہ قاعدہ صرف عصبات میں چلتا ہے، ذوی الفروض میں نہیں چلتا۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ نے دو باتیں فرمائیں:

پہلی بات: فرمایا: آپ حضرات یہ آیت پڑھتے ہیں: ﴿مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنُ بِهَا أَوْدَيْنٍ﴾ یعنی وصیت نکالنے کے بعد جس کی تم وصیت کر جاؤ یا دین کے بعد (النساء آیت ۱۲) یعنی وصیت کا نفاذ دین سے پہلے ہوگا، حالانکہ رسول اللہ ﷺ نے وصیت سے پہلے قرض چکایا ہے، چنانچہ مسئلہ یہی ہے: میت کی تجہیز وتکفین کے بعد جو ترکہ بچے گا اس کے جمیع سے میت کے قرضے چکائے جائیں گے، پھر باقی ماندہ کے تہائی سے وصیت نافذ ہوگی، اور جو باقی بچے گا وہ ورثاء میں تقسیم ہوگا، اور آیتِ کریمہ میں وصیت کی تقدیم تاکید کے لئے ہے، یعنی وصیت کو قرض سے زیادہ اہم سمجھنا چاہئے، کیونکہ قرض مانگنے والے تو دوسرے دن گھر آ کر بیٹھ جائیں گے اور موصی لہ یعنی جس کے لئے وصیت کی ہے وہ کوئی خاص تقاضہ نہیں کرسکتا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے وصیت کی اہمیت ظاہر کرنے کے لئے بیان میں اس کو مقدم کیا۔

دوسری بات: نبی ﷺ نے یہ فیصلہ کیا کہ: أَعْيانُ بنى الْأُمِّ يَتَوارَثُوْنَ، دُوْنَ بَنِى العَلَّاتِ: حقیقی بھائی بہن وارث ہونگے نہ کہ علاتی بھائی بہن۔

تشریح: اعیان کی اضافت بنی الأم کی طرف اضافت بیانیہ ہے اور اس کا لفظی ترجمہ ہے: ''ماں کے بیٹوں کے خالص''، یعنی حقیقی بھائی، اور مراد حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں ہیں، ابن کو تغلیباً ذکر کیا ہے...... اسی طرح بنو العلات سے علاتی بھائی اور علاتی بہنیں مراد ہیں، ابن کو یہاں بھی تغلیبا ذکر کیا ہے، اور يَتَوَارَثُوْنَ: کے معنی ہیں: ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں...... اور حقیقی اور علاتی میں وجہ ترجیح چونکہ ماں کا رشتہ ہے اس لئے حدیث میں اعیان کے ساتھ بنی الأم (ماں کے لڑکے) کا اضافہ فرمایا۔

پھر اسی مضمون کو دوسرے جملہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس طرح ادا کیا: الرجلُ يَرِثُ أَخَاهُ لِأَبِيْه وَأُمِّه، دُوْنَ أَخِيْهِ لِأَبِيْهِ: آدمی اپنے حقیقی بھائی کا وارث ہوتا ہے، نہ کہ اپنے علاتی بھائی کا، اس جملہ کا مطلب بھی وہی ہے جو پہلے جملہ کا ہے اور یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نہیں فرمائی بلکہ یہ نبی ﷺ کا فیصلہ ہے، اس کی دوسری حدیث میں صراحت ہے، اور یہ روایت اگرچہ حارث اعور کی ہے جو متکلم فیہ راوی ہے، مگر پوری امت نے اس حدیث کو قبول کیا

ہے کہ وصیت سے دین مقدم ہے اور علاتی سے حقیقی مقدم ہے، اس لئے حارث اعور کا ضعف اثر انداز نہیں ہوگا۔

[٥-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ الإِخْوَةِ مِنَ الأَبِ وَالأُمِّ

[٢٠٩٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّكُمْ تَقْرَأُوْنَ هٰذِهِ الآيَةَ:﴿ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنُ بِهَا أَوْ دَيْنٍ﴾ وَإِنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الوَصِيَّةِ، وَأَنَّ أَعْيَانَ بَنِى الأُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِى العَلاَّتِ: الرَّجُلُ يَرِثُ أَخَاهُ لِأَبِيْهِ وَأُمِّهِ، دُوْنَ أَخِيْهِ لِأَبِيْهِ"

حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا زَكَرِيَّا بنُ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

[٢٠٩٥-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، نَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ أَعْيَانَ بَنِى الأُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِى الْعَلاَّتِ.

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعَلْمِ فِيْ الْحَارِثِ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

بابُ مِيْرَاثِ البَنِيْنَ مَعَ الْبَنَاتِ

بیٹوں کا حصہ بیٹیوں کے ساتھ

پہلے دو باتیں جان لیں:

پہلی بات: مصری نسخہ میں باب بلاترجمہ ہے اور ہمارے نسخہ میں ترجمہ بھی ہے، اور جس نے بھی یہ ترجمہ قائم کیا ہے ٹھیک قائم نہیں کیا، کیونکہ بیٹے تو عصبہ ہیں، وہ خواہ بیٹیوں کے ساتھ ہوں یا تنہا: عصبہ ہوتے ہیں، اگر باب اس طرح ہوتا: میراثُ البناتِ مع البنین تو ایک بات بھی تھی، کیونکہ بیٹیاں ذوی الفروض ہیں، مگر جب وہ بیٹوں کے ساتھ ہوں تو عصبہ بالغیر ہو جاتی ہیں، اور لڑکے کو لڑکی سے دوگنا ملتا ہے۔

دوسری بات: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی جو حدیث اس باب میں اور آئندہ باب میں ہے وہ محمد بن المنکدر رکی روایت ہے، پھر اس باب میں روایت ان کے شاگرد عمرو بن ابی قیس ازرق رازی کوفی کی ہے، یہ راوی صدوق ہے، مگر غلطیاں کرتا ہے، تقریب میں ہے: صدوق له أو هام، چنانچہ اس روایت میں اس سے دو غلطیاں ہوگئی ہیں اور آئندہ باب میں محمد بن المنکدر ر کے شاگرد ابن عیینہ کی روایت ہے وہ صحیح ہے اس میں کوئی غلطی نہیں۔

حدیث: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے والد حضرت عبداللہؓ جنگ احد میں شہید ہوئے، اس وقت حضرت جابرؓ جنگ کے قابل نہیں تھے، چنانچہ باپ نے رات کو بیٹے کو بٹھا کر وصیت کی کہ میں تو ان شاء اللہ کل شہید ہو جاؤں گا، پس تم اپنی بہنوں کا خیال رکھنا، ان کی سات یا نو بہنیں تھیں، پھر حضرت جابر کی شادی ہوئی، ابھی کوئی اولاد نہیں ہوئی تھی کہ وہ سخت بیمار پڑے، فرماتے ہیں: نبی ﷺ میری بیمار پرسی کے لئے تشریف لائے، میں قبیلہ بنو سلمہ میں بیمار تھا (یہ حضرت جابرؓ کا قبیلہ ہے) پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! میں اپنا مال اپنی اولاد کے درمیان کس طرح تقسیم کروں؟ (یہ پہلی غلطی ہے، جب حضرت جابرؓ نے یہ مسئلہ پوچھا تھا اس وقت ان کی کوئی اولاد نہیں تھی، وہ کلالہ تھے) پس نبی ﷺ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا، پس آیت ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ﴾ نازل ہوئی (یہ دوسری غلطی ہے، اس موقعہ پر یہ آیت نازل نہیں ہوئی، بلکہ ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ﴾ نازل ہوئی ہے جیسا کہ اگلے باب میں آرہا ہے)

[٦-] بابُ مِيْرَاثِ الْبَنِيْنَ مَعَ الْبَنَاتِ

[٢٠٩٦-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ سَعْدٍ، نا عَمْرُو بنُ أَبِىْ قَيْسٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ نِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِىْ، وَأَنَا مَرِيْضٌ فِىْ بَنِى سَلِمَةَ، فَقُلْتُ: يَانَبِىَّ اللّٰهِ! كَيْفَ أَقْسِمُ مَالِىْ بَيْنَ وَلَدِىْ؟ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَىَّ شَيْئًا، فَنَزَلَتْ: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِىْ أَوْلَادِكُمْ: لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ﴾ الآية.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ ابنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُهُ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ رضى الله عنه.

بابُ مِيْرَاثِ الْأَخَوَاتِ

بہنوں کا حصہ

اس باب میں وہی حدیث ہے جو اوپر آئی ہے، حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں بیمار پڑا، پس نبی ﷺ میری عیادت کے لئے آئے، پس آپؐ نے مجھے پایا کہ میں بیہوش ہوں، پس آپؐ میرے پاس آئے اور آپؐ کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے، اور دونوں پیدل تشریف لائے تھے، پس آپؐ نے وضو فرمائی، اور مجھ پر اپنے وضو کا بچا ہوا پانی ڈالا، تو میں ہوش میں آگیا، پس میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں اپنے مال میں کس طرح فیصلہ کروں؟ یا کہا: میں اپنے مال میں کیا کروں؟ پس آپؐ نے مجھے کوئی جواب نہ دیا، اور حضرت جابرؓ کی نو بہنیں تھیں، یہاں تک کہ آیت میراث ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ﴾ نازل ہوئی، حضرت جابرؓ فرماتے ہیں: یہ آیت میرے ہی معاملہ میں

نازل ہوئی ہے۔

تشریح: یہ صورت واقعہ کی صحیح ترجمانی ہے، اور یہ روایت حضرت سفیان بن عیینہؒ کی ہے اور ان کے متابع بھی ہیں اور اوپر کے باب میں جو روایت تھی وہ عمرو بن ابی قیس کی تھی، اس واقعہ میں سورۃ النساء کی آخری آیت نازل ہوئی ہے، اسی میں کلالہ کا حکم ہے، کلالہ: وہ شخص ہے جس کے نہ باپ دادا اوپر تک ہوں اور نہ ہی کسی طرح کی کوئی اولاد یا مذکر اولاد کی اولاد ہو۔

[۷-] بابُ مِيْرَاثِ الأَخَوَاتِ

[۲۰۹۷-] حدثنا الفَضْلُ بنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، ثَنَا مُحمدُ بنُ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَرِضْتُ فَأَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ، فَوَجَدَنِيْ قَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَأَتَانِيْ وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَهُمَا مَاشِيَانِ، فَتَوَضَّأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَصَبَّ عَلَيَّ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَأَفَقْتُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! كَيْفَ أَقْضِي فِيْ مَالِيْ؟ أَوْ: كَيْفَ أَصْنَعُ فِيْ مَالِيْ؟ فَلَمْ يُجِبْنِيْ شَيْئًا، وَكَانَ لَهُ تِسْعُ أَخَوَاتٍ، حَتّٰى نَزَلَتْ آيَةُ الْمِيْرَاثِ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ: اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾ الآيَة، قَالَ جابِرٌ: فِيَّ نَزَلَتْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِيْ مِيْرَاثِ العَصَبَةِ

عصبہ کی میراث کا بیان

عصبہ: میت کے وہ رشتہ دار ہیں جن کا حصہ قرآن وحدیث میں متعین نہیں، وہ تنہا ہونے کی حالت میں تمام ترکہ، اور ذوی الفروض کے ساتھ ہونے کی حالت میں باقی ترکہ کے مستحق ہوتے ہیں، پھر عصبہ کی دو قسمیں ہیں: نسبی اور سببی، عصبہ نسبی: وہ ہیں جن کا میت سے نسبی تعلق ہوتا ہے، اور عصبہ سببی: وہ ہیں جن کا میت سے آزاد کرنے کا تعلق ہوتا ہے۔

پھر عصبہ نسبی کی تین قسمیں ہیں: (۱) عصبہ بنفسہ (۲) عصبہ بغیرہ (۳) عصبہ مع غیرہ۔

عصبہ بنفسہ: ہر وہ مذکر رشتہ دار ہے جس کا میت سے رشتہ جوڑنے میں کسی مؤنث کا واسطہ نہ آئے، یہ چار ہیں: جزءِ میت، اصل میت، اصل قریب یعنی باپ کا جز، اور اصل بعید یعنی دادا کا جز، اور عصبہ لغیرہ: وہ عورتیں ہیں جو اپنے بھائیوں کے ساتھ عصبہ بنتی ہیں، یعنی بیٹی، پوتی، حقیقی اور علاتی بہنیں، اور عصبہ مع غیرہ: وہ عورتیں ہیں جو مؤنث فروع کے ساتھ عصبہ بنتی ہیں، اور وہ دو ہیں: حقیقی اور علاتی بہنیں، اس باب میں صرف عصبہ بنفسہ کا بیان ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: أَلْحِقُوْا الفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فهو لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ: ملاؤتم مقررہ

حصوں کوذوی الفروض کے ساتھ، یعنی ترکہ میں سے پہلے ذوی الفروض کوان کے مقررہ حصے دیدو، پھر جوترکہ بچ جائے وہ قریب ترین مرد کے لئے ہے۔

تشریح: رَجُلٍ کے بعد ذَکرٍ کی قید وضاحت کے لئے ہے، یعنی یہ صفت کاشفہ ہے، اور أَوْلَی کے معنی اقرب کے ہیں، اور میت سے اقرب اس کا جزء ہوتا ہے، یعنی بیٹا، پوتا، پھر اصل: اقرب ہوتی ہے یعنی باپ، دادا، پھر باپ کا جزء اقرب ہوتا ہے، یعنی بھائی، بھتیجے، پھر دادا کا جز ہے، یعنی چچا، چچازاد، عصبات میں یہی ترتیب ہے، وہ اسی ترتیب سے وارث ہونگے، اور اقرب کی موجودگی میں ابعد محروم ہوگا۔

سوال: بیٹا صرف عصبہ ہے، اور باپ دادا ذوی الفروض بھی ہیں اور عصبہ بھی، ایسا کیوں ہے؟

جواب: بیٹے صرف عصبہ اس لئے ہیں کہ ان کو زیادہ سے زیادہ میراث ملے، ذوی الفروض کے بعد جو بھی بچ جائے گا وہ سب بیٹے لے لیں گے، اور باپ دادا چونکہ دوسرے نمبر کے عصبہ ہیں اس لئے ان کا کچھ نہ کچھ حصہ مقرر کرنا ضروری ہے، ورنہ وہ محروم رہ جائیں گے، اس لئے وہ ذوی الفروض بھی ہیں اور دوسرے نمبر پر عصبہ بھی ہیں، پس جب میت کے بیٹے نہیں ہونگے تو باقی ماندہ ترکہ یہ اصول لیں گے۔

اور باب کی حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۶۷۳۲، مسلم حدیث ۱۶۱۵) مگر چونکہ اس کی ایک سند مرسل بھی ہے جو باب کے آخر میں ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو صرف حسن کہا ہے۔

[۸-] باب ماجاء فی مِیرَاثِ العَصَبَةِ

[۲۰۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، نَا مُسْلِمُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا ابنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "أَلْحِقُوْا الفَرَائِضَ بِأَهْلِهَا، فَمَا بَقِيَ فَهُوَ لِأَوْلَى رَجُلٍ ذَكَرٍ"

حدثنا عبدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَن أَبِيْهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْسَلٌ.

بابُ ماجاء فِيْ مِيْرَاثِ الْجَدِّ

دادا کا میراث میں حصہ

دادا بھی باپ ہے، اور اس کا مقررہ حصہ چھٹا ہے، پھر وہ عصبہ بھی ہے، البتہ باپ کی موجودگی میں دادا محروم رہتا

ہے، کیونکہ باپ میت سے اقرب ہے۔

حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور اس نے عرض کیا: میرے پوتے کا انتقال ہوگیا ہے، پس میراث میں میرا کتنا حصہ ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تیرا چھٹا حصہ ہے'' پھر جب اس نے پیٹھ پھیری تو آپؐ نے اس کو بلایا، اور فرمایا: ''تیرے لئے ایک دوسرا چھٹا حصہ بھی ہے'' پھر جب اس نے پیٹھ پھیری تو اس کو بلایا اور فرمایا: ''یہ دوسرا چھٹا حصہ تیرے لئے خوراک ہے''یعنی عصبہ ہونے کی بنا پر ہے۔

تشریح: اور دونوں چھٹے حصے ملا کر شروع سے تہائی حصہ دادا کو اس لئے نہیں دیا کہ اس کے فریضہ ہونے کا وہم پیدا نہ ہو، اور صورت مسئلہ یہ ہوگی کہ میت کی دو بیٹیاں اور یہ دادا ہوگا، پس بیٹیوں کے لئے دو تہائی اور باقی ایک تہائی دادا کے لئے ہے، اس میں سے پہلا چھٹا ذوالفرض ہونے کی بنا پر ہے، اور دوسرا چھٹا عصبہ ہونے کی بنا پر، اور یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اگرچہ کہا جاتا ہے کہ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت عمران رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں، مگر چونکہ ابوداؤد میں معقل بن یسار کی حدیث شاہد موجود ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی تصحیح کی ہے۔

[۹-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ الجَدِّ

[۲۰۹۹-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ هَمَّامِ بنِ يَحْيىَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ ابنَ ابْنِيْ مَاتَ، فَمَالِيْ مِنْ مِيْرَاثِهِ؟ فَقَالَ: "لَكَ السُّدُسُ" فَلَمَّا وَلَّى دَعَاهُ، فَقَالَ: "لَكَ سُدُسٌ آخَرُ" فَلَمَّا وَلَّى دَعَاهُ، قَالَ: "إِنَّ السُّدُسَ الآخَرَ لَكَ طُعْمَةٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ مَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ.

بابُ ماجاء فِي مِيْرَاثِ الجَدَّةِ

دادی کا میراث میں حصہ

عربی میں دادی اور نانی کو جَدَّۃ کہتے ہیں، پھر جَدَّۃ کی دو قسمیں ہیں: صحیحہ اور فاسدہ، صحیحہ ذوی الفروض میں سے ہے اور فاسدہ ذوی الارحام میں ہے، اور جدہ صحیحہ اس مؤنث اصل بعید کو کہتے ہیں جس کا میت سے رشتہ جوڑنے میں جد فاسد کا واسطہ نہ آئے، اور جد فاسد اس مذکر اصل بعید کو کہتے ہیں جس کا میت سے رشتہ جوڑنے میں مؤنث کا واسطہ آئے، پس باپ کی ماں، دادا کی ماں وغیرہ جدہ صحیحہ ہیں، اور نانا کی ماں جدہ فاسدہ ہے، کیونکہ نانا جد فاسد ہے۔

اور جدہ صحیحہ کو اگر کوئی حاجب نہ ہو تو چھٹا حصہ ملتا ہے، خواہ وہ پدری (دادی) ہو یا مادری (نانی) اور خواہ وہ ایک ہو یا ایک سے زیادہ، سب چھٹے حصہ میں شریک ہوتی ہیں، البتہ یہ ضروری ہے کہ جدہ فاسدہ نہ ہو بلکہ صحیحہ ہو اور مرتبہ

میں سب برابر ہوں، یعنی اگر ایک جدہ ایک واسطہ سے دادی ہو، اور دوسری جدہ ایک ہی واسطہ سے نانی ہو تو دونوں چھٹا حصہ پائیں گی، اور اگر ایک قریب کی ہو مثلاً ماں کی ماں ہو اور دوسری دور کی ہو مثلاً دادا کی ماں ہو یعنی پردادی ہو تو قریب والی نانی وارث ہوگی، اور دور والی پردادی محروم ہوگی۔

فائدہ: ماں کی وجہ سے تمام جدات ساقط ہو جاتی ہیں، خواہ پدری ہوں یا مادری، اور باپ کی وجہ سے صرف پدری جدات یعنی دادیاں ساقط ہوتی ہیں، مادری جدات یعنی نانیاں ساقط نہیں ہوتیں، اور دادا کی وجہ سے صرف وہ دادیاں ساقط ہوتی ہیں جو اس کے واسطہ سے ہیں، جیسے دادا کی ماں ......اور قریب والی جدات خواہ کسی طرف کی ہوں دور والی جدات کو محروم کرتی ہیں۔

حدیث: سفیان بن عیینہؒ: امام زہریؒ سے روایت کرتے ہیں، امام زہری نے کبھی قال قبیصةُ کہا یعنی درمیان میں کوئی واسطہ ذکر نہیں کیا، اور کبھی عن رجلٍ عن قبیصة کہا، یعنی درمیان میں مجہول واسطہ بڑھایا، حضرت قبیصہؓ کہتے ہیں: ایک نانی (ماں کی ماں) یا فرمایا: دادی (باپ کی ماں) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئی، اور اس نے کہا: میرے پوتے کا انتقال ہوگیا ہے، یا کہا: میرے نواسہ کا انتقال ہوگیا ہے، اور مجھے یہ بتلایا گیا ہے کہ میرا بھی قرآن میں حصہ ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تیرے لئے قرآنِ کریم میں کوئی حصہ نہیں پاتا، اور میں نے نبی ﷺ کو کسی چیز کا فیصلہ کرتے بھی نہیں سنا، اور میں عنقریب لوگوں سے پوچھوں گا، پس حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے گواہی دی کہ نبی ﷺ نے اس کو چھٹا حصہ دیا ہے، حضرت ابوبکر صدیق نے پوچھا: یہ بات آپ کے ساتھ کسی نے سنی ہے؟ حضرت مغیرہؓ نے کہا: محمد بن مسلمہ نے سنی ہے، راوی کہتا ہے: پس حضرت ابوبکرؓ نے اس کو چھٹا حصہ دیا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس دوسری دادی آئی جو اس دادی کے برخلاف تھی (یعنی پہلے دادی آئی تھی تو اب نانی آئی یا اس کے برعکس) سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں: امام زہریؒ سے میں نے بس اتنی ہی روایت سنی ہے، مگر زہری کے شاگرد معمر نے مجھے اس روایت میں یہ بات بھی بتائی ہے کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر تم دونوں اکٹھی ہو جاؤ تو وہ چھٹا تم دونوں کے لئے ہے، اور تم دونوں میں سے جونسی اس چھٹے حصہ کے ساتھ تنہا ہو تو وہ چھٹا حصہ اس کے لئے ہے۔

پھر یہی روایت امام مالکؒ: زہریؒ سے، وہ عثمان بن اسحاق سے، اور وہ حضرت قبیصہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دادی حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئی، پس اس نے اپنی میراث مانگی، حضرت ابوبکرؓ نے اس سے کہا: تیرے لئے اللہ کی کتاب میں کوئی حصہ نہیں، اور تیرے لئے نبی ﷺ کی سنت میں بھی کوئی حصہ نہیں (یعنی کوئی حدیث بھی میرے علم میں نہیں) پس تو واپس جا، میں لوگوں سے دریافت کروں گا، چنانچہ آپؓ نے لوگوں سے دریافت کیا، پس حضرت مغیرہؓ نے کہا: میری موجودگی میں نبی ﷺ نے دادی کو چھٹا حصہ دیا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے

پوچھا: کیا آپ کے ساتھ آپ کے علاوہ بھی کوئی ہے؟ پس محمد بن مسلمہ کھڑے ہوئے اور انھوں نے بھی وہی بات کہی جو حضرت مغیرہؓ نے کہی تھی، پس حضرت ابوبکرؓ نے دادی کے لئے اس حصہ کو نافذ کیا، راوی کہتا ہے: پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس دوسری دادی آئی۔ اس نے بھی اپنا حصہ مانگا، حضرت عمرؓ نے فرمایا: تیرے لئے کتاب اللہ میں کوئی چیز نہیں، بلکہ وہی چھٹا حصہ تیرے لئے بھی ہے پس اگر تم دونوں اس میں جمع ہوجاؤ تو وہ چھٹا حصہ تمہارے درمیان ہے، اور تم میں سے جونسی اس چھٹے حصہ کے ساتھ تنہا ہو تو وہ اس کے لئے (جیسے بیوی ایک ہو یا زیادہ ان کے لئے چوتھائی یا آٹھواں حصہ ہے، اسی طرح جتنی بھی دادیاں ہونگی وہ چھٹے میں شریک ہونگی)

[۱۰-] باب ماجاء في مِيْراثِ الْجَدَّةِ

[۲۱۰۰-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ، قَالَ مَرَّةً: قَالَ قَبِيْصَةُ، وَقَالَ مَرَّةً: عَنْ رَجُلٍ، عَنْ قَبِيْصَةَ بنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ: جاءَ تِ الجَدَّةُ أُمُّ الأُمِّ أَوْ: أُمُّ الأَبِ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَتْ: إِنَّ ابنَ ابْنِيْ أَوْ: أَنَّ ابنَ ابْنَتِيْ مَاتَ، وَقَدْ أُخْبِرْتُ أَنَّ لِيْ فِي الْكِتَابِ حَقًّا، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: مَا أَجِدُلَكِ فِيْ الْكِتَابِ مِنْ حَقٍّ، وَمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى لَكِ بِشَيْئٍ، وَسَأَسْأَلُ النَّاسَ، فَشَهِدَ الْمُغِيْرَةُ بنُ شُعْبَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهَا السُّدُسَ، قَالَ: وَمَنْ سَمِعَ ذٰلِكَ مَعَكَ؟ قَالَ: مُحمدُ بنُ مَسْلَمَةَ. قَالَ: فَأَعْطَاهَا السُّدُسَ، ثُمَّ جَاءَ تِ الْجَدَّةُ الْأُخْرَى الَّتِيْ تُخَالِفُهَا إِلٰى عُمَرَ، قَالَ سُفْيَانُ: وَزَادَنِيْ فِيْهِ مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَلَمْ أَحْفَظْهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَلٰكِنْ حَفِظْتُهُ مِنْ مَعْمَرٍ، أَنَّ عُمَرَ قَالَ: إِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ لَكُمَا، وأَيَّتُكُمَا انْفَرَدَتْ بِهِ فَهُوَ لَهَا.

[۲۱۰۱-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ إِسْحَاقَ بنِ خَرَشَةَ، عَنْ قَبِيْصَةَ بنِ ذُؤَيْبٍ، قَالَ: جاءَتِ الجَدَّةُ إِلٰى أَبِيْ بَكْرٍ، فَسَأَلَتْهُ مِيْرَاثَهَا، فَقَالَ لَهَا: مَالَكِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ شَيْئٌ، وَمَالَكِ فِيْ سُنَّةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئٌ، فَارْجِعِي حَتّٰى أَسْأَلَ النَّاسَ، فَسَأَلَ النَّاسَ، فَقَالَ الْمُغِيْرَةُ بنُ شُعْبَةَ: حَضَرْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَاهَا السُّدُسَ، فَقَالَ: هَلْ مَعَكَ غَيْرُكَ؟ فَقَامَ مُحمدُ بنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ الْمُغِيْرَةُ بنُ شُعْبَةَ، فَأَنْفَذَهُ لَهَا أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: ثُمَّ جاءَ تِ الْجَدَّةُ الْأُخْرَى إِلٰى عُمَرَ بنِ الخَطَّابِ، فَسَأَلَتْهُ مِيْرَاثَهَا، فَقَالَ: مَالَكِ فِي كِتَابِ اللّٰهِ شَيْئٌ، وَلٰكِنْ هُوَ ذٰلِكِ السُّدُسَ، فَإِنْ اجْتَمَعْتُمَا فِيْهِ فَهُوَ بَيْنَكُمَا، وأَيَّتُكُمَا خَلَتْ بِهِ فَهُوَ لَهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُيَيْنَةَ، وَفِي البابِ: عَنْ بُرَيْدَةَ.

بابُ ماجاء فی مِیْرَاثِ الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا

جدہ کے بیٹے کی موجودگی میں اس کا حصہ

ماں تمام جدات کے لئے حاجب ہے خواہ پدری ہوں یا مادری......اور باپ فقط پدری جدات کے لئے حاجب ہے......اور جد صحیح صرف ان جدات کے لئے حاجب ہے جن کے درمیان وہ واسطہ بنتا ہے، یعنی جو دادیاں جد صحیح کے واسطہ سے دادیاں ہیں وہ جد صحیح کی وجہ سے ساقط ہونگی، مگر باب کی حدیث اس کے خلاف ہے۔ اس حدیث میں باپ اپنی ماں کے لئے حاجت نہیں بن رہا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اگر ورثاء میں دادی ہو اور اس کا بیٹا بھی ہو، یعنی میت کا باپ بھی ہو تو نبی ﷺ نے اس کے بیٹے کے ساتھ دادی کو چھٹا حصہ دیا، اور یہ پہلی دادی ہے جس کو نبی ﷺ نے میراث دی ہے درانحالیکہ اس کا بیٹا زندہ تھا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں محمد بن سالم ہمدانی ابوسہل کوفی ہے جو ضعیف ہے، اور مسئلہ میں اختلاف ہے، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابی بن کعب، حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم باپ کو حاجب مانتے ہیں، اور اس کی وجہ سے پدری جدہ کو ساقط کرتے ہیں، یہی جمہور علماء کی یعنی چاروں ائمہ کی رائے ہے، اور حضرت عمر، حضرت ابن مسعود اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہم کے نزدیک باپ کی ماں: باپ کی موجودگی میں وارث ہوتی ہے، اور اس رائے کو قاضی شریح، حسن بصری، اور ابن سرین رحمہم اللہ نے لیا ہے۔

اور اس ضعیف حدیث کی تین توجیہیں کی جاسکتی ہیں:

پہلی توجیہ: شریفیہ شرح سراجیہ میں ہے کہ میت کا باپ غلام یا کافر ہوگا، اس لئے اس کو دادی کے لئے حاجب نہیں مانا ہوگا، مگر یہ توجیہ دور کی کوڑی ہے۔

دوسری توجیہ: حضرت گنگوہی قدس سرہ نے کی ہے کہ جدۃ کا یہ بیٹا میت کا باپ نہیں تھا، بلکہ یہ جدہ نانی تھی اور اس کا بیٹا میت کا ماموں تھا، اور ماموں اپنی ماں کے لئے حاجب نہیں بنتا، یہ بہترین توجیہ ہے، مگر اس پر اشکال یہ ہے کہ پھر صحابہ میں اختلاف کیوں ہوا؟ یعنی میت کے باپ کی موجودگی میں دادی وارث ہوتی ہے یا نہیں؟ اس میں صحابہ میں اختلاف کیوں ہوا؟ اگر یہ حدیث نانی اور ماموں سے متعلق تھی تو مسئلہ میں اختلاف نہیں ہونا چاہئے تھا۔

تیسری توجیہ: میری ناقص رائے میں یہ دادی کا بیٹا میت کا باپ تھا اور شروع اسلام میں اس حالت میں دادی کو وارث بنایا گیا تھا، مگر بعد میں یہ حکم ختم ہوگیا، اور جن صحابہ کو نسخ کا علم نہیں ہوا وہ سابقہ رائے پر برقرار رہے، اور حدیث

کے الفاظ :أَوَّلُ جَدَّةٍ أَطْعَمَهَا: اس طرف مشیر ہے کہ یہ پہلی دادی تھی جس کو وارث بنایا گیا، بعد میں یہ حکم ختم ہوگیا، اور میت کے باپ کو دادی کے لئے حاجب قرار دیا گیا، اور یہی جمہور صحابہ کی رائے ہے اور اسی کو ائمہ اربعہ نے لیا ہے۔

[۱۱-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ الجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا

[۲۱۰۲-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ مُحمدِ بنِ سَالِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ فِي الْجَدَّةِ مَعَ ابْنِهَا: إِنَّهَا أَوَّلُ جَدَّةٍ أَطْعَمَهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُدُسًا مَعَ ابْنِهَا، وَابْنُهَا حَيٌّ.

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ وَرَّثَ بَعْضُ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم الجَدَّةَ مَعَ ابْنِهَا، وَلَمْ يُوَرِّثْهَا بَعْضُهُمْ.

بابُ ماجاء فی مِیْرَاثِ الْخَالِ

ماموں کا میراث میں حصہ

ماموں ذوی الارحام میں ہے۔ ذوی الارحام: میت کے وہ رشتہ دار ہیں جن کا حصہ قرآن وحدیث میں مقرر نہیں، نہ اجماع سے طے ہے اور نہ وہ عصبات ہیں، جیسے پھوپھی، خالہ، ماموں، بھانجا اور نواسہ وغیرہ۔

ذوی الارحام کی توریث میں اختلاف ہے، اکثر صحابہ وتابعین کی رائے یہ ہے کہ ذوی الفروض اور عصبات کی عدم موجودگی میں ذوی الارحام کو ترکہ ملے گا، احناف اور حنابلہ کا یہی مسلک ہے، اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ تھا کہ ذوی الارحام کو ترکہ نہیں دیا جائے گا، اور کوئی وارث نہ ہو تو ترکہ بیت المال (اسلامی سرکاری خزانہ) میں داخل کیا جائے گا، پھر وہاں سے غریبوں پر خرچ ہوگا۔ امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ کا مسلک یہی ہے۔

حدیث: حضرت سہل بن حنیف کے صاحبزادے ابوامامہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میرے ساتھ حضرت ابوعبیدہ کو خط لکھا کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''اللہ اور اس کے رسول اس شخص کے مولیٰ (کارساز) ہیں جس کا کوئی مولیٰ نہیں، اور ماموں اس شخص کا وارث ہے جس کا کوئی وارث نہیں''

تشریح: یہ حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے اور راویوں میں اختلاف ہے، بعض آخر میں حضرت عائشہ کا ذکر کرتے ہیں اور بعض نہیں کرتے، اور اس مسئلہ میں صحابہ میں اختلاف تھا، جیسا کہ اوپر آیا، اور اکثر اہل علم نے اس روایت کو لیا ہے وہ ذوی الارحام کو وارث قرار دیتے ہیں اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی رائے دوسری تھی اس کی تفصیل اوپر آ گئی۔

[۱۲-] باب ماجاء فی مِیْرَاثِ الْخَالِ

[۲۱۰۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ حَكِيْمِ بنِ عَبَّادِ بنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بنِ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: كَتَبَ مَعِی عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ إِلٰى أَبِيْ عُبَيْدَةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلٰى مَنْ لاَ مَوْلٰى لَهُ، وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لاَ وَارِثَ لَهُ"

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَالْمِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۱۰۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اَلْخَالُ وَارِثُ مَنْ لاَ وَارِثَ لَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ أَرْسَلَهُ بَعْضُهُمْ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ.

وَاخْتَلَفَ فِيْهِ أَصْحَابُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَوَرَّثَ بَعْضُهُمُ الخَالَ وَالْخَالَةَ وَالْعَمَّةَ وإِلٰى هٰذَا الحَدِيْثِ ذَهَبَ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ تَوْرِيْثِ ذَوِی الأَرْحَامِ، وَأَمَّا زَيْدُ بنُ ثَابِتٍ فَلَمْ يُوَرِّثْهُمْ، وَجَعَلَ المِيْرَاثَ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ.

بابُ ماجاء فی الَّذِیْ يَمُوْتُ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ

لاوارث کے ترکہ کا حکم

ترکہ سے ترتیب وار چار حقوق متعلق ہوتے ہیں، سب سے پہلے ترکہ سے میت کا کفن دفن کیا جاتا ہے، پھر باقی سے میت کا قرضہ ادا کیا جاتا ہے، پھر باقی کے تہائی سے میت کی وصیت نافذ کی جاتی ہے، پھر باقی ماندہ ترکہ میت کے ورثاء میں تقسیم کیا جاتا ہے، اور ورثاء میں پہلا نمبر ذوی الفروض کا ہے، پھر عصبہ نسبی کا، پھر عصبہ سببی کا، پھر ذوی الارحام کا، پھر مولی الموالات کا، یعنی جس سے میت نے دوستی کی ہو، احناف کے نزدیک میراث میں یہ عقد معتبر ہے اور شوافع کے نزدیک معتبر نہیں، پھر اگر مذکورہ ورثاء میں سے کوئی نہ ہو تو وہ شخص وارث ہوگا جس کے لئے میت نے اپنے غیر سے نسب کا اقرار کیا ہے، مثلاً یہ کہا ہے کہ وہ میرا بھائی ہے، یا چچا ہے اور موت تک وہ اپنے اقرار پر برقرار رہا ہے، پھر اگر مذکورہ ورثاء میں سے کوئی نہ ہو اور میت نے کسی کے لئے تہائی سے زائد کی یا سارے ترکہ کی وصیت کی ہے تو وہ زائد یا سارا ترکہ موصی لہ کو دیا جائے گا، اور اگر وہ بھی نہ ہو تو میت کا ترکہ بیت المال میں یعنی اسلامی حکومت کے خزانہ میں رکھ دیا جائے گا جو غریبوں پر خرچ ہوگا۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کا ایک آزاد کردہ غلام ایک کھجور کی شاخ سے گر پڑا

اورمر گیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: انْظُرُوْا هل له من وارثٍ؟ دیکھواس کا کوئی وارث ہے؟ لوگوں نے بتایا: کوئی وارث نہیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس کا ترکہ گاؤں کے لوگوں میں سے کسی کو دیدو''

تشریح: میت کے وارث نبی ﷺ تھے کیونکہ انبیاء مورث نہیں ہوتے مگر وارث ہوتے ہیں، حضرت گنگوہی نے اسی کو ترجیح دی ہے، مگر نبی ﷺ نے اس کا ترکہ نہیں لیا، گاؤں کے کسی غریب کو دیدیا، کیونکہ وارث کو یہ حق ہے کہ وہ خود ترکہ نہ لے بلکہ کسی اور کو دیدے۔

[۱۳-] باب ماجاء في الَّذِيْ يَمُوْتُ، وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ

[۲۱۰۵-] حدثنا بُنْدَارٌ، ثَنَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ مُجَاهِدِ بنِ وَرْدَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائشَةَ: أَنَّ مَوْلًى لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَقَعَ مِنْ عِذْقِ نَخْلَةٍ، فَمَاتَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "انْظُرُوْا هَلْ لَهُ مِنْ وَارِثٍ؟" قَالُوْا: لَا، قَالَ: "فادْفَعُوْهُ إِلَى بَعْضِ أَهْلِ الْقَرْيَةِ" وفي الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ في مِيْرَاثِ الْمَوْلَى الْأَسْفَلِ

آزادشدہ کا میراث میں حصہ

آزادشدہ وارث نہیں اور یہ مسئلہ اجماعی ہے، مگر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں ایک آدمی کا انتقال ہوا اور اس کا کوئی وارث نہیں تھا، صرف ایک غلام تھا، جس کو مرنے والے نے آزاد کیا تھا، پس نبی ﷺ نے اس کو مرنے والے کی میراث دی۔

تشریح: تمام ائمہ متفق ہیں کہ ایسی صورت میں ترکہ بیت المال میں رکھا جائے گا، پھر غرباء پر خرچ کیا جائے گا، پس نبی ﷺ نے شاید غریب ہونے کی وجہ سے آزاد کردہ کو ترکہ دیا ہوگا۔

[۱٤-] باب ماجاء في مِيْرَاثِ الْمَوْلَى الْأَسْفَلِ

[۲۱۰٦-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَوْسَجَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلًا مَاتَ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَدَعْ وَارِثًا إِلَّا عَبْدًا هُوَ أَعْتَقَهُ، فَأَعْطَاهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم مِيْرَاثَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَالْعَمَلُ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا البابِ: إِذَا مَاتَ رَجُلٌ وَلَمْ يَتْرُكْ عَصَبَةً: أَنَّ مِيْرَاثَهُ يُجْعَلُ فِيْ بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِيْنَ.

بابُ ماجاء فی إِبْطَالِ الْمِيْرَاثِ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ

مسلمان اور کافر ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے

موانع ارث چار ہیں: غلامی، قتل، اختلافِ دین اور اختلافِ ملک (صرف کفار کے حق میں) غلام خواہ کسی طرح کا ہو وارث نہیں ہوتا، اور قاتل بھی مقتول کا وارث نہیں ہوتا، اور قتل کی پانچ قسمیں ہیں: عمد، شبہ عمد، خطا، شبہ خطا اور قتل بالسبب، پہلی چاروں قسموں میں قاتل مقتول کی میراث سے محروم ہوتا ہے، اس لئے کہ ان میں قصاص یا کفارہ واجب ہوتا ہے، اور پانچویں قسم (قتل بالسبب) میں قاتل وراثت سے محروم نہیں ہوتا (تفصیل طرازی شرح سراجی ص:۱۹ کے حاشیہ میں ہے)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لاَيَرِثُ الْمُسْلِمُ الكافِرَ، ولا الكافِرُ المُسْلِمُ: یعنی نہ تو مسلمان کافر کا وارث ہوتا ہے اور نہ کافر مسلمان کا، اور کفر سے مراد اسلام کا انکار ہے، پس دیگر تمام مذاہب ایک ملت ہیں، وہ آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہونگے، مگر ان کے اور مسلمان کے درمیان توریث جاری نہیں ہوگی اور یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

اور مسلمان مرتد کا وارث ہوگا، لیکن مرتد مسلمان کا وارث نہیں ہوگا، اس لئے کہ ارتداد بمنزلۂ موت ہے، پس جس طرح مسلمان اپنے رشتہ دار کا اس کے مرنے کے بعد وارث ہوتا ہے، مرتد کے ارتداد کے بعد بھی اس کا وارث ہوگا، چنانچہ مرتد کے اموال مسلمان ورثاء کے درمیان تقسیم کردیئے جائیں گے، اور جس طرح مردہ زندہ کا وارث نہیں ہوتا: مرتد کسی مسلمان کا وارث نہیں ہوگا۔

اور یہ حکم ان اموال کا ہے جو مرتد نے حالتِ اسلام میں کمائے ہیں، اور جو اموال اس نے حالتِ ارتداد میں کمائے ہیں وہ امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک مال فی ہیں، ان کو بیت المال میں داخل کیا جائے گا، اور صاحبین رحمہما اللہ کے نزدیک وہ بھی مسلمان ورثاء کو ملیں گے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حالت اسلام اور حالت ارتداد میں کمائے ہوئے سب اموال بیت المال میں داخل کئے جائیں گے۔

[۱۵-] باب ماجاء فی إِبْطَالِ الْمِيْرَاثِ بَيْنَ الْمُسْلِمِ وَالْكَافِرِ

[۲۱۰۷-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، ح: وَثَنَا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا هُشَيْمٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عَمْروبنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لاَيَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ، وَلاَ الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ"

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا الزُّهْرِيُّ نَحْوَهُ. وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو،

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَاهُ مَعْمَرٌ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ نَحْوَ هٰذَا.

وَرَوَى مَالِكٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ حُسَيْنٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَحَدِيْثُ مَالِكٍ وَهْمٌ، وَهِمَ فِيْهِ مَالِكٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ مَالِكٍ، فَقَالَ: عَنْ عَمْرِو بنِ عُثْمَانَ، وأَكْثَرُ أَصْحَابِ مَالِكٍ قَالُوْا: عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ عُثْمَانَ.

وَعَمْرُو بنُ عُثْمَانَ بنِ عَفَّانَ: هُوَ مَشْهُوْرٌ مِنْ وَلَدِ عُثْمَانَ، وَلاَ نَعْرِفُ عُمَرَ بنَ عُثْمَانَ.

وَالعَمَلُ عَلٰى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ مِيْرَاثِ الْمُرْتَدِّ، فَجَعَلَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ الْمَالَ لِوَرَثَتِهِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: لاَيَرِثُ وَرَثَتُهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، واحْتَجُّوْا بِحَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ''لاَيَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ'' وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے حدیث کی سند پر لمبی بحث کی ہے، اس کا حاصل صرف اتنا ہے کہ حضرت اسامہ سے روایت کرنے والے راوی کا نام عمرو (بفتح العین) ہے، عُمر (بضم العین) نہیں ہے، ابن عیینہ کا یہی بیان ہے اور ان کے متابع معمر وغیرہ ہیں، اور امام مالک رحمہ اللہ عمر کہتے ہیں یہ ان کا وہم ہے، کیونکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اولاد میں عَمرو نامی صاحبزادے تو معروف ہیں مگر عُمر نامی صاحبزادے کو امام ترمذیؒ نہیں جانتے۔

پھر امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ اہل علم کا اس حدیث پر عمل ہے، یعنی مسلمان اور کافر ایک دوسرے کے وارث نہیں ہونگے، پھر امام ترمذی نے مرتد کی میراث کا مسئلہ ذکر کیا ہے کہ اس میں اختلاف ہے، بعض صحابہ وغیرہ اہل علم مرتد کے مال کو مسلمان ورثاء کے لئے گردانتے ہیں اور بعض حضرات فرماتے ہیں: مسلمان ورثاء وارث نہیں ہونگے، ان کی دلیل باب کی حدیث ہے کہ مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا، اور یہ حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کی رائے ہے (اور دوسرے ائمہ اس حدیث میں مرتد کو داخل نہیں کرتے)

[بابٌ لاَيَتَوَارَثُ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ]

دو مختلف مذہب والے ایک دوسرے کے وارث نہیں ہوتے

حنفیہ کے نزدیک اسلام کے علاوہ سارے مذاہب ایک ملت ہیں، امام محمد رحمہ اللہ نے موطا میں لکھا ہے: الْكُفْرُ مِلَّةٌ وَاحِدَةٌ يَتَوَارَثُوْنَ به: یعنی اسلام کا انکار کرنے والے سب ایک ملت ہیں، پس وہ کفر کی وجہ سے ایک دوسرے کے وارث

ہونگے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔ اور امام مالک رحمہ اللہ کا صحیح مذہب یہ ہے کہ یہود و نصاریٰ الگ الگ ملت ہیں، پس وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہونگے، اور مشرکین اور مورتیاں پوجنے والے سب ایک ملت ہیں، پس وہ ایک دوسرے کے وارث ہونگے، اور حنابلہ کے نزدیک ہر مذہب الگ ملت ہے اس لئے وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں ہونگے، اور باب کی حدیث میں احناف کے نزدیک دوملتوں سے کفر واسلام مراد ہیں، پس اس حدیث کا مطلب وہی ہے جو گذشتہ باب کی حدیث کا ہے، اور یہاں مصری نسخہ میں باب ہے جو بڑھایا گیا ہے۔ اور ابوداؤد (حدیث ۲۹۱۱) میں بھی یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے مروی ہے۔

سوال: غیر مذہب والوں کی توریث سے اسلام کو کیا لینا ہے؟ وہ ایک دوسرے کے وارث ہوں یا نہ ہوں، یہ اسلامی مسئلہ نہیں ہے، پھر وہ حدیثوں میں کیوں زیر بحث آیا ہے؟

جواب: غیر مذہب کے لوگ بھی اسلامی مملکت کے شہری ہوتے ہیں، اور وارث اور مورث میں سے ایک اسلامی ملک کا شہری ہو اور دوسرا دارالکفر کا شہری ہو ایسا بھی ہوتا ہے، پس انتظامِ مملکت کی حیثیت سے اسلامی حکومت کو یہ مسئلہ درپیش آسکتا ہے، اس لئے اس مسئلہ سے بحث ضروری ہے۔

[۱۶-] [بابٌ لایَتوارَثُ أَهْلُ مِلَّتَیْنِ]

[۲۱۰۸-] حدثنا حُمَیْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نا حُصَیْنُ بْنُ نُمَیْرٍ، عَنْ ابنِ أَبِیْ لَیْلَی، عَنْ أَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "لایَتَوارَثُ أَهْلُ مِلَّتَیْنِ"

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ جَابِرٍ، إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابنِ أَبِیْ لَیْلَی.

بابُ ماجاء فی إِبْطَالِ مِیْرَاثِ الْقَاتِلِ

قاتل وارث نہیں ہوتا

ابھی یہ بات بیان کی گئی ہے کہ قاتل وارث نہیں ہوتا، حدیث میں ہے: القاتِلُ لایَرِثُ: اور فقہی قاعدہ ہے: مَن اسْتَعْجَلَ بالشیئ قبلَ أَوَانِه: عُوْقِبَ بِحِرْمانه: جو شخص کسی چیز کو اس کے وقت سے پہلے لینا چاہے وہ (بطور سزا) اس چیز سے محروم کردیا جاتا ہے، کیونکہ اگر قاتل کو میراث سے محروم نہیں کیا جائے گا تو لوگ میراث کی خاطر مورث کو قتل کریں گے اور نظام عالم درہم برہم ہوجائے گا۔

اور باب کی حدیث نہایت ضعیف ہے، اس کا ایک راوی اسحاق بن عبداللہ بن ابی فروۃ متروک (نہایت ضعیف) ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں، متعدد اہل علم نے اسحاق کو متروک

قرار دیا ہے، جن میں امام احمد رحمہ اللہ کا بھی شمار ہے، مگر مسئلہ تمام علماء کے نزدیک یہی ہے کہ قاتل وارث نہیں ہوتا، خواہ کوئی قتل ہو، چوک کر قتل کیا ہو یا جان بوجھ کر، اور بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ اگر چوک کر قتل کیا ہے تو قاتل وارث ہوگا، یہی امام مالک رحمہ اللہ کی رائے ہے۔

جمہور نے حدیث کے عموم پر نظر کی ہے کہ قاتل وارث نہیں ہوتا، خواہ کوئی قاتل ہو، اور قتل بالسبب کو قتل مجازاً کہا جاتا ہے وہ حقیقت میں قتل نہیں ہوتا، اور امام مالک رحمہ اللہ نے علت پر نظر کی ہے کہ قتل خطا سے ناحق قتل کا دروازہ نہیں کھلتا، اس لئے وہ قاتل وارث ہوگا۔

[۱۷-] باب ماجاء فی إبْطَالِ مِيْرَاثِ الْقَاتِلِ

[۲۱۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ إِسْحَاقَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "القَاتِلُ لايَرِثُ"

هٰذَا حديثٌ لايَصِحُّ، لَا يُعْرَفُ هٰذَا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِسْحَاقُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ فَرْوَةَ قَدْ تَرَكَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْهُمْ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ.

وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الْقَاتِلَ لايَرِثُ، كَانَ الْقَتْلُ خَطأً أَوْ عَمْدًا، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِذَا كَانَ الْقَتْلُ خَطأً، فَإِنَّهُ يَرِثُ وَهُوَ قَوْلُ مَالِكٍ.

بابُ ماجاء فی مِيْرَاثِ الْمَرْأَةِ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

شوہر کی دیت سے عورت کو حصہ ملے گا

یہ مسئلہ ابواب الدیات (تحفۃ الالمعی ۴:۳۴۵ باب ۱۸ حدیث ۱۴۰۰) میں گذر چکا ہے کہ مقتول کی دیت سے اس کی بیوی کو میراث ملے گی، اگرچہ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ میراث نہ ملے، کیونکہ دیت شوہر کے مرنے کے بعد ثابت ہوتی ہے اور موت سے نکاح ختم ہوجاتا ہے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی فتوی دیا تھا، مگر اس مسئلہ میں ایک دوسری جہت ہے کہ عورت جب تک عدت میں ہوتی ہے فی الجملہ نکاح باقی رہتا ہے، پس گویا دیت نکاح کے اندر واجب ہوئی، اس لئے عورت کو میراث ملے گی، علاوہ ازیں: دیت قُبیل الموت ثابت ہوتی ہے اس لئے بھی عورت وارث ہوگی۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ مقتول کی دیت عاقلہ ادا کرے گا، اور عورت کو اس کے شوہر کی دیت سے کچھ نہیں ملے گا، مگر حضرت ضحاک رضی اللہ عنہ نے ان کو بتلایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پاس خط بھیجا تھا کہ اشیم ضبابی رضی اللہ عنہ کی بیوی کو ان کے شوہر کی دیت سے حصہ دیا جائے، اس لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے قول سے رجوع کرلیا۔

[١٨-] باب ماجاء فی مِيْرَاثِ الْمَرْأَةِ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

[٢١١٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: الدِّيَةُ عَلَى الْعَاقِلَةِ، وَلاَ تَرِثُ الْمَرْأَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا شَيْئًا، فَأَخْبَرَهُ الضَّحَّاكُ بنُ سُفْيَانَ الْكِلاَبِيُّ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَتَبَ إِلَيْهِ: "أَنْ وَرِّثِ امْرَأَةَ أَشْيَمِ الضِّبَابِيِّ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّ الْمِيْرَاثَ لِلْوَرَثَةِ، وَالْعَقْلَ عَلَى الْعَصَبَةِ

میراث ورثاء کے لئے ہے اور دیت خاندان پر ہے

یہ مسئلہ اجماعی ہے اور پہلے تحفۃ الالمعی (۲: ۳۴۰ ابواب الدیات باب ۱۵، حدیث ۱۳۹۵) میں گذر چکا ہے کہ میراث کے حق دار ورثاء ہیں، اور دیت خاندان پر ہوتی ہے، اگرچہ یہ بات الْغُنْمُ بِالْغُرْمِ کے خلاف ہے، یعنی ضابطہ یہ ہے کہ جو تاوان بھرے وہی فائدہ اٹھائے، پس جب خاندان نے دیت ادا کی ہے تو میراث بھی ان کو ملنی چاہئے، مگر مسئلہ یہ نہیں ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنولحیان کی ایک عورت کے پیٹ کے بچہ کے بارے میں جو مردہ گر گیا تھا غُرّہ کا فیصلہ فرمایا، یعنی ایک بُردہ (غلام یا باندی) ادا کرنے کا حکم دیا اور یہ دیت ڈنڈا مارنے والی عورت کے عاقلہ پر لازم کی، پھر جب اس عورت کی وفات ہوئی جس پر بردہ کا فیصلہ کیا گیا تھا یعنی ڈنڈا مارنے والی عورت کی وفات ہوئی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فیصلہ کیا کہ اس کی میراث اس کے بیٹوں اور اس کے شوہر کے لئے ہے، اور اس کی دیت اس کے خاندان پر ہے۔

اور فرق کی وجہ یہ ہے کہ وراثت کی بنیاد تعاون، تناصر اور ہمدردی پر ہے، اور خاندان کے لوگ ہی ایک دوسرے کے نفع وضرر کو اپنا نفع وضرر سمجھتے ہیں اور وہی ایک دوسرے کی ہر طرح مدد کرتے ہیں، اس لئے وہی ایک دوسرے کے وارث ہونگے۔ اور دیت کا مدار ہاتھ پکڑنے پر ہے یعنی برائی سے روکنے پر ہے، پس جو لوگ گناہ کرنے والے کا ہاتھ پکڑ سکتے ہیں وہی اگر گناہ سے نہیں روکیں گے تو سزا بھگتیں گے اور وہ سزا یہ ہے کہ ان کو دیت ادا کرنی ہوگی، اور ظاہر ہے یہ طاقت قبیلہ ہی میں ہوتی ہے اس لئے دیت ان پر لازم ہوتی ہے، غرض میراث اور دیت کی جہتیں مختلف ہیں اس لئے احکام بھی مختلف ہیں۔

[١٩-] باب ماجاء أَنَّ الْمِيْرَاثَ لِلْوَرَثَةِ، وَالْعَقْلَ عَلَى الْعَصَبَةِ

[٢١١١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَضَى فِیْ جَنِيْنِ امْرَأَةٍ مِنْ بَنِیْ لِحْيَانَ، سَقَطَ مَيِّتًا، بِغُرَّةٍ: عَبْدٍ أَوْ

أُمَّةٍ، ثُمَّ إِنَّ الْمَرْأَةَ الَّتِي قُضِيَ عَلَيْهَا بِغُرَّةٍ تُوُفِّيَتْ، فَقَضَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”أَنَّ مِيْرَاثَهَا لِبَنِيْهَا وَزَوْجِهَا، وأَنَّ عَقْلَهَا عَلَى عَصَبَتِهَا“

وَرَوَى يُوْنُسُ هٰذَا الحديثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، وَأَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَرَوَى مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ؛ وَمَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: باب کی حدیث لیث بن سعد نے امام زہری سے روایت کی ہے، پھر انھوں نے سعید بن المسیب سے اور انھوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے اور زہری کے دوسرے شاگرد یونس: امام زہری کے اساتذہ میں سعید بن المسیب اور ابو سلمہ دونوں کا ذکر کرتے ہیں اور زہری کے تیسرے شاگرد امام مالک: زهری عن أبی سلمة کی سند سے حدیث کو موصول کرتے ہیں، اور سعید بن المسیب کی سند سے مرسل کرتے ہیں (اور اصح مرفوع ہونا ہے)

بابُ ماجاء في الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدِ الرَّجُلِ

جو کسی کے ہاتھ پر اسلام قبول کرے اس کا حکم

اس باب میں مولی الموالات کی میراث کا مسئلہ ہے، موالات ایک خاص قسم کی دوستی کا نام ہے، اور وہ اس طرح کی جاتی ہے کہ جس کا کوئی والی وارث نہ ہو، دوسرے سے کہے: آپ میرے مولیٰ (ذمہ دار) بن جائیں، میں آپ کو اپنا وارث بناتا ہوں، اگر مجھ سے کوئی موجب دیت امر سرزد ہو تو آپ دیت دیں، دوسرا اس کو قبول کرے۔ یہ ”عقد موالات“ ہے اور قبول کرنے والا ”مولی الموالات“ ہے (یہ عقد جانبین سے بھی ہوسکتا ہے، اس صورت میں دونوں ایک دوسرے کے مولی الموالات اور وارث ہوں گے) یہ عقد احناف کے نزدیک معتبر ہے، شوافع کے نزدیک معتبر نہیں، اور اس عقد کے لئے چند شرائط ہیں، جن کا بیان طرازی شرح سراجی (ص:۴۵) میں ہے [1]

اس عقد کا ذکر سورۃ النساء آیت ۳۳ میں ہے: ﴿وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُوْنَ، وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ أَيْمَانُكُمْ فَآتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ﴾ ترجمہ: اور ہر ایسے مال کے لئے جس کو والدین اور رشتہ دار چھوڑ

(۱) موالات کی صحت کے لئے ضروری ہے کہ موالات کرنے والا آزاد، عاقل، بالغ ہو، وہ کسی کا آزاد کیا ہوا نہ ہو، نہ پہلے کسی سے عقد موالات کر چکا ہو اور عقد میں دیت اور وراثت کی صراحت ہو اور موالات قبول کرنے والے کے لئے صرف عاقل ہونا شرط ہے۔

جائیں، ہم نے وارث مقرر کردیئے ہیں، اور جن لوگوں سے تمہارے عہد بندھے ہوئے ہیں ان کو ان کا حصہ دو، یعنی اگر ورثاء موجود ہوں تو عقد موالات غیر معتبر ہے، رشتہ دار ہی وارث ہونگے، اور اگر کوئی وارث نہ ہو اور میت نے کسی سے عقد موالات کر رکھا ہو تو میراث کا وہی حقدار ہوگا، حدیث میں ضابطہ ہے: **الغُنم بالغُرم**: نفع بعوض تاوان ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ٦٦٠)

اور جب کوئی شخص کسی کے ہاتھ پر اسلام قبول کرتا ہے تو وہ خاندان سے جدا ہو جاتا ہے اور بے آسرا رہ جاتا ہے، چنانچہ وہ اس مسلمان سے جس کے ہاتھ پر اس نے اسلام قبول کیا ہے یہ عقد کر لیتا ہے، پس اگر اس نومسلم نے ایسا عقد کیا ہو تو وہ اصلی مسلمان جبکہ اس نومسلم کا کوئی بھی وارث نہ ہو وارث ہوگا، یہ احناف کا مسلک ہے۔

حدیث: تمیم داری رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے پوچھا: کوئی مشرک کسی مسلمان کے ہاتھ پر اسلام قبول کرے تو دینی راہ کیا ہے؟ یعنی مسئلہ کیا ہے، وہ مسلمان اس نومسلم کا وارث ہوگا یا نہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: **هو أَوْلَى الناسِ بِمَحْيَاه ومَمَاتِه**: وہ مسلمان اس نومسلم کا زندگی اور موت میں لوگوں میں سب سے زیادہ قریب ہے، یعنی اس مسلمان کو اس نومسلم کی حیات میں ہر طرح سے خبر گیری اور مدد کرنی چاہئے، اور اس کے مرنے کے بعد اگر اس کا کوئی وارث نہ ہو تو یہ مسلمان اس کی میراث کا سب سے زیادہ حقدار ہوگا۔

تشریح: اس حدیث سے مولی الموالات کی توریث ثابت ہوتی ہے، اور یہی احناف کا مذہب ہے، اور جو حضرات توریث کے قائل نہیں وہ ایک دوسری حدیث سے استدلال کرتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: **إِنَّما الوَلاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ**: ولاء (میراث) صرف آزاد کرنے والے کے لئے ہے، اس حدیث میں آپؐ نے حصر کر دیا ہے، پس مولی الموالات وارث نہیں ہوگا، یعنی جو شخص کسی کے ہاتھ پر اسلام قبول کرے اس شخص کو اس نومسلم کی میراث نہیں ملے گی، کیونکہ ولاء آزاد کرنے والے ہی کے لئے ہے۔

لیکن اگر غور کیا جائے تو اس حدیث میں جس ولاء (میراث) کا حصر کیا گیا ہے وہ ولاء عتاقہ ہے، یعنی آزاد کرنے کی وجہ سے جو میراث ملتی ہے وہ صرف آزاد کرنے والے کے لئے ہے، اور مولی الموالات کو جو میراث ملتی ہے اس کی بنیاد دوسری ہے، اور وہ یہ ہے کہ مسلمان کرنے والے نے اس نومسلم کو کفر سے نکالا ہے، اور اسلام میں داخل کیا ہے، پس گویا اس نے مردہ کو زندہ کیا ہے، پھر اس نومسلم نے اس مسلمان کرنے والے کے ساتھ عقد موالات کیا ہے اور وہ اس نومسلم کی زندگی بھر مدد کرتا رہا ہے اور قاعدہ ہے: **الغُرم بالغُنْم**: اس لئے وہ مسلمان اس نومسلم کی زندگی اور موت میں اس سے سب سے زیادہ قریب ہے، اس لئے جب اس نومسلم کا کوئی بھی وارث نہیں ہوگا تو میراث بیت المال میں نہیں رکھی جائے گی، بلکہ اس مسلمان کرنے والے کو ملے گی، کیونکہ اس کے ساتھ معاہدہ ہو چکا ہے۔

اور دیگر ائمہ فرماتے ہیں: مولی الموالات وارث نہیں ہوگا، پس ترکہ بیت المال میں داخل کیا جائے گا۔ ان کے

نزدیک قرآن کا مذکورہ حکم آیتِ پاک:﴿وَأُوْلُوْا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ﴾ سے منسوخ ہوگیا ہے (سورۃ الانفال آخری آیت) اور باب کی حدیث کے بارے میں وہ حضرات کہتے ہیں کہ یہ روایت صحیح نہیں۔

[۲۰-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ يُسْلِمُ عَلَى يَدِ الرَّجُلِ

[۲۱۱۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، وابنُ نُمَيْرٍ، وَوَكِيْعٌ، عَنْ عَبْدِ العَزِيْزِ بنِ عُمَرَ بنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَوْهِبٍ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ وَهْبٍ، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَا السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ أَهْلِ الشِّرْكِ يُسْلِمُ عَلَى يَدِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ أَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ"

هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ وَهْبٍ، وَيُقَالُ: ابنُ مَوْهِبٍ، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ.

وَقَدْ أَدْخَلَ بَعْضُهُمْ بَيْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَوْهِبٍ وَبَيْنَ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ: قَبِيْصَةَ بنَ ذُوَيْبٍ، وَرَوَاهُ يَحْيَى بنُ حَمْزَةَ عَنْ عَبْدِ العَزِيْزِ بنِ عُمَرَ، وَزَادَ فِيْهِ: عَنْ قَبِيْصَةَ بنِ ذُوَيْبٍ، وَهُوَ عِنْدِيْ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ.

وَالعَمَلُ عَلىٰ هٰذَا عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: يُجْعَلُ مِيْرَاثُهُ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ، وَهُوَ قَوْلُ الشَّافِعِيِّ، وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ"

وضاحت:

۱- یہ روایت حضرت تمیم داریؓ سے عبداللہ بن موہب روایت کرتے ہیں، یہی نام صحیح ہے، اور بعض روات عبد اللہ بن وہب کہتے ہیں: یہ صحیح نہیں۔

۲- یہ روایت عبدالعزیز نے عبداللہ بن موہب سے اور انھوں نے تمیم داریؓ سے روایت کی ہے، اس کی ایک دوسری سند ابوداؤد (حدیث ۲۹۱۸) میں ہے، عبدالعزیز کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن موہب سے سنا، وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز سے حدیث روایت کررہے تھے، قبیصہ بن ذویب سے روایت کرتے ہوئے، پھر امام ابوداؤد کے استاذ ہشام بن عمار کہتے ہیں: عن تميم الدارى۔ اور دوسرے استاذ یزید بن خالد کہتے ہیں: أَنَّ تَمِيْمًا: یعنی پہلے استاذ کی روایت میں قبیصہ: حضرت تمیم داریؓ سے روایت کرتے ہیں اور دوسرے استاذ کی روایت میں قبیصہ یہ واقعہ بیان کرتے ہیں، تمیم داریؓ سے روایت نہیں کرتے، یہی یحییٰ بن حمزہ کی روایت ہے جس کا امام ترمذی رحمہ اللہ نے حوالہ دیا ہے، پھر امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میرے نزدیک یہ حدیث متصل نہیں، کیونکہ قبیصہ اور عبداللہ بن موہب کی

حضرت تمیم داریؓ سے ملاقات نہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے بخاری شریف کتاب الفرائض باب ۲۲ میں فرمایا ہے:
يُذْكَرُ عن تَميمِ الدارى، رَفَعَهُ، قالَ:'' هو أَولَى الناسِ بِمَحْيَاه ومَمَاته واخْتَلَفُوْا فى صِحَّةِ هذا الخَبَرِ:
یعنی تمیم داریؓ سے مرفوعاً ذکر کیا جاتا ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ مسلمان جس کے ہاتھ پر کسی نے اسلام قبول کیا ہے وہ اس نومسلم کی زندگی اور موت میں لوگوں میں سب سے زیادہ قریب ہے'' اور محدثین میں اس حدیث کی صحت میں اختلاف ہے (اکثر محدثین جیسے امام ترمذی اور امام بخاری حدیث کو صحیح نہیں مانتے، چنانچہ امام بخاری نے یُذْکر فعل مجہول استعمال کیا ہے، اور ابوزرعہ دمشقی کہتے ہیں: **هذا حديث حسن متصل، لم أر أحداً من أهل العلم يدفعه** (بذل مجہود ۱۰: ۹۳ طبع جدید) چنانچہ بعض حضرات اس کو وارث قرار نہیں دیتے اور اس کا ترکہ بیت المال میں داخل کرتے ہیں اور یہی امام شافعیؒ کا قول ہے۔

ملحوظہ: شریفیہ شرح سراجی کے حواشی میں ہے کہ تمیم داری کی اس روایت میں یہ بھی ہے کہ: **الرجلُ يُسْلِمُ على يَدِىْ وَيُوَالِيْنِىْ**: یعنی ایک آدمی میرے ہاتھ پر مسلمان ہوتا ہے اور میرے ساتھ موالات کرتا ہے الخ، یہ قید ملحوظ رہنی چاہئے، صرف مسلمان کرنے سے احناف کے نزدیک وارث نہیں ہوگا، بلکہ جب عقد موالات کرے گا تب قرآن کریم کی رو سے وارث ہوگا، اور قرآن کریم کے اس حکم کے منسوخ ہونے کی کوئی دلیل نہیں، اور سورۃ الانفال کی آخری آیت اس نومسلم کے بارے میں ہے جس کے مسلمان ورثاء ہیں اور زیر بحث مسئلہ اس نومسلم کا ہے جس کا کوئی وارث نہیں ہے، اور اس نے جس کے ہاتھ پر مسلمان ہوا ہے موالات کر رکھی ہے۔ اور یہ حدیث جیسی بھی ہے اس بات کی تائید کرتی ہے کہ وہ حکم باقی ہے۔

[بابُ ماجاء فى إِبْطَالِ مِيْراثِ وَلَدِ الزِّنَا]

ولد الزنا وارث نہیں ہوتا

یہ مسئلہ اجماعی ہے کہ زنا سے نسب ثابت نہیں ہوتا، اور توریث کی بنیاد نسب پر ہے، پس زانی اور اس کی اولاد کے درمیان توریث جاری نہیں ہوگی، البتہ زانی اپنی زندگی میں زنا کی اولاد کو کچھ دیدے تو وہ مالک ہو جائے گی، اسی طرح بلاد کفر میں جہاں بیت المال نہیں، زنا کی اولاد کو بیت المال کا مصرف قرار دیا جا سکتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جونسا آدمی کسی آزاد عورت کے ساتھ یا باندی کے ساتھ زنا کرے تو اولاد زنا کی اولاد ہے، نہ وہ وارث ہوگی نہ وہ مورث بنے گی، یعنی ان کی میراث بھی زانی کو نہیں ملے گی، اس حدیث کی سند میں اگرچہ ابن لہیعہ ہیں مگر مسئلہ اجماعی ہے کہ زنا کی اولاد زانی کی وارث نہیں ہوتی، نہ زانی زنا کی اولاد کا وارث ہوتا ہے۔

[۲۱-] [بابُ ماجاء فی إِبْطَالِ مِيْرَاثِ وَلَدِ الزِّنَا]

[۲۱۱۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:'' أَيُّما رَجُلٍ عَاهَرَ بِحُرَّةٍ أَوْ أَمَةٍ، فَالْوَلَدُ وَلَدُ زِنًا، لاَيَرِثُ وَلاَ يُوْرَثُ''

وَقَدْ رَوَى غَيْرُ ابنِ لَهِيْعَةَ، هٰذَا الحديثُ عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ وَلَدَ الزِّنَا لاَيَرِثُ مَنْ أَبِيْهِ.

بابٌ مَنْ يَرِثُ الوَلاَءَ؟

ولاء کا وارث کون ہوتا ہے؟

آزادشدہ کی میراث پہلے اس کے ذوی الفروض کو ملتی ہے، پھر عصبہ نسبی کو، اوران میں سے کوئی نہ ہو تو عصبہ سببی کو، یعنی آزادکرنے والے کو میراث ملتی ہے، اوروہ بھی نہ ہو تو آزاد کرنے والے کے ورثاء کو میراث ملتی ہے، اور عورتوں کا ولاء میں کوئی حصہ نہیں، مگر یہ کہ وہ خود آزاد کرنے والی ہوں، جیسا کہ آئندہ باب میں آرہا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: يَرِثُ الوَلاَءَ مَنْ يَرِثُ المالَ: ولاء کا وارث وہ ہوتا ہے جو مال کا وارث ہوتا ہے، یہ حدیث ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے، اوراس کا مطلب یہ ہے کہ اگر عصبہ سببی نہ ہو تو اس کے عصبہ نسبی وارث ہونگے، اگرچہ وہ آزاد کرنے والے نہیں ہیں، مگر وہ آزاد کرنے والے کے وارث ہیں اس لئے ولاء کے بھی وہ وارث ہونگے۔

[۲۲-] بابٌ مَنْ يَرِثُ الْوَلاَءَ؟

[۲۱۱۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:'' يَرِثُ الوَلاَءَ مَنْ يَرِثُ الْمَالَ'' هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

[بابُ ماجاء مَايَرِثُ النِّسَاءُ مِنَ الْوَلاَءِ؟]

عورتوں کو ولاء کب ملتی ہے؟

عورتوں کو آٹھ صورتوں میں ولاء ملتی ہے: (۱) جس کو عورتوں نے آزاد کیا ہو (۲) عورتوں کے آزاد کردہ غلام نے کسی کو آزاد کیا ہو (۳) عورتوں نے مکاتب بنایا ہو (۴) عورتوں کے مکاتب نے کوئی مکاتب بنایا ہو (۵) عورتوں نے

مدبر بنایا ہو(۶)عورتوں کے مدبر نے مدبر بنایا ہو(۷)عورتوں کے آزادکردہ غلام نے ولاء کھینچی ہو یعنی حاصل کی ہو (۸)عورتوں کے آزادکردہ غلام کے آزادکردہ غلام نے ولاء کھینچی ہو یعنی حاصل کی ہو(یہ آٹھوں صورتیں ایک روایت میں آئی ہیں)

علاوہ ازیں عورت نے جس بچہ کی وجہ سے شوہر سے لعان کیا ہواور نکاح ختم کردیا گیا ہواور بچہ کا نسب ماں کے ساتھ جوڑ دیا گیا ہوتو ماں اوراس کا یہ بچہ ایک دوسرے کے وارث ہونگے۔

اور لقیط یعنی جس بچہ کوکسی عورت نے پڑا پایا ہواوراس کی پرورش کی ہوتو ان میں توریث جاری نہیں ہوگی، کیونکہ توریث کی بنیاد نسب یا ولاء ہے، اور لقیط میں ان میں سے کوئی بات موجود نہیں، اورحدیث باب میں جو توریث کا ذکر ہے اس کو علماء نے بیت المال کے مصرف پرمحمول کیا ہے، یعنی اگر وہ پرورش کرنے والی عورت غریب ہوتو میراث اس کو غربت کی بنیاد پر دی جاسکتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عورت تین میراثیں سمیٹتی ہے: اپنے آزادکردہ کی میراث، اپنے پڑے پائے ہوئے بچہ کی میراث اوراپنی اس اولاد کی میراث جن کی وجہ سے عورت نے شوہر سے لعان کیا ہے۔

[۲۳-] [بابُ ماجاء مَايَرِثُ النِّسَاءُ مِنَ الْوَلَاءِ؟]

[۲۱۱۵-] حدثنا هَارُوْنُ أَبُوْ مُوْسَى المُسْتَمْلِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ حَرْبٍ، نَا عُمَرُ بنُ رُؤْبَةَ التَّغْلِبِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ النَّصْرِيِّ، عَنْ وَاثِلَةَ بنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْمَرْأَةُ تَحُوْزُ ثَلاَثَةَ مَوَارِيْثَ: عَتِيْقَهَا، وَلَقِيْطَهَا، وَوَلَدَهَا الَّذِىْ لاَ عَنَتْ عَنْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ حَرْبٍ عَلَى هٰذَا الْوَجْهِ.

﴿آخر الفرائض﴾

وضاحت: یہ روایت ابوداؤد (حدیث ۲۹۰۶) میں بھی ہے مگر عبدالواحد کے دادا کا نام نہیں ہے، اوراسماء الرجال کی کتابوں میں دادا کا نام کعب بن عُمیر ہے اور ابوبُسر ان کی کنیت ہے۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الْوَصَایَا

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

وصیتوں کا بیان

وصیت: وہ عہد خاص ہے جس کو آدمی مرنے کے بعد انجام دینے کے لئے کہہ جاتا ہے، اور عام طور پر وصیت تبرع کی ہوتی ہے، تبرع یعنی کسی کو ذاتی منفعت کی امید کے بغیر کوئی چیز دینا، اور تبرعات چار ہیں: صدقہ، ہدیہ، وصیت اور وقف۔

صدقہ: وہ تبرع ہے جس سے اللہ کی رضا جوئی مقصود ہوتی ہے، اور ہدیہ: وہ تبرع ہے جس سے اس شخص کا دل خوش کرنا مقصود ہوتا ہے جس کو سوغات دی جاتی ہے، اور وصیت: یہ ہے کہ کوئی شخص کہے: میرے انتقال کے بعد میری فلاں جائداد یا میرا اتنا سرمایہ فلاں مصرف خیر میں خرچ کرنا، یا فلاں شخص کو دینا، اور وقف: جائداد جیسی باقی رہنے والی کوئی چیز محفوظ کرنا، اور اس کے منافع کو صدقہ کرنا۔

وصیت کی حکمت: وصیت کا طریقہ اس طرح چلا ہے کہ انسانوں میں ملکیت ایک عارضی چیز ہے، حقیقت میں ہر چیز کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں، اور یہ عارضی ملکیت اس وجہ سے ہے کہ انسانوں میں اختلاف اور جھگڑے کی نوبت آتی ہے، دیگر حیوانات: چرند و پرند میں ملکیت نہیں ہے، ہر چیز اللہ کی ہے، مخلوقات اس سے فائدہ اٹھاتی ہیں، اور ان میں کوئی بڑا جھگڑا بھی کھڑا نہیں ہوتا، مگر انسانوں کی صورت حال دوسری ہے، اس لئے عارضی طور پر انسانوں کی ملکیت تسلیم کی گئی، پھر جب انسان موت کے قریب پہنچ جائے اور مال سے بے نیازی کا وقت آجائے تو مستحب یہ ہے کہ جن لوگوں کے حق میں کوتاہی کی ہے اس کی تلافی کرے، اور اس نازک گھڑی میں ان لوگوں کی غم خواری کرے جن کا حق اس پر واجب ہے۔

فائدہ: حق واجب کی وصیت واجب ہے، اور حق مستحب کی مستحب، مثلاً: کسی کے پاس کسی کی کوئی چیز امانت ہے یا اس پر کسی کا قرض ہے یا کسی طرح کا کوئی حق ہے تو اس کی واپسی اور ادائیگی کی وصیت کرنا واجب ہے، اور اگر

مصارف خیر میں کسی غریب یا دوست عزیز پر خرچ کرنا چاہتا ہے تو اس کی وصیت مستحب ہے، اور جو بھی وصیت کرے اس کو لکھ کر محفوظ کر لینا چاہئے۔

بابُ ماجاء فی الوَصِیَّةِ بِالثُّلُثِ

وصیت صرف تہائی ترکہ کی جائز ہے

یہ مسئلہ کتاب الجنائز (تحفۃ الالمعی ۴: ۳۷۸) میں گذر چکا ہے۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں فتح مکہ کے سال سخت بیمار ہوا (حافظؒ فرماتے ہیں: امام زہریؒ کے تمام تلامذہ متفق ہیں کہ یہ واقعہ حجۃ الوداع کا ہے، صرف ابن عیینہؒ فتح مکہ کا بتاتے ہیں، اور حفاظِ حدیث اس پر متفق ہیں کہ یہ ابن عیینہ کا وہم ہے) جس سے میں مرنے کے قریب ہوگیا (**أشْفَيْتُ أی صِرْتُ علی شَفاہ:** یعنی میں موت کے کنارے پہنچ گیا) پس نبی ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے پاس مال بہت ہے، اور میری صرف ایک بیٹی وارث ہے، پس کیا میں اپنے سارے مال کی وصیت کردوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، میں نے عرض کیا: پس کیا میں دو تہائی مال کی وصیت کروں؟ آپ نے فرمایا: نہیں، میں نے عرض کیا: پس آدھے کی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، میں نے عرض کیا: پس تہائی کی؟ آپؐ نے فرمایا: ''تہائی کی کرسکتے ہو، اور تہائی بھی بہت ہے، اگر آپ اپنے ورثاء کو مالدار چھوڑیں تو یہ اس سے بہتر ہے کہ آپ ان کو قلاش چھوڑیں کہ وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پسارتے پھیریں، بیشک آپ ہرگز کوئی خرچ نہیں کریں گے مگر اس کا ثواب دیئے جائیں گے، یہاں تک کہ وہ لقمہ جس کو آپ اپنی بیوی کے منہ کی طرف اٹھائیں'' حضرت سعدؓ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا میں اپنی ہجرت سے پیچھے رہ جاؤں گا؟ (یعنی مکہ میں میری وفات ہوگی اور بظاہر میری ہجرت باطل ہوگی؟) آپؐ نے فرمایا: بیشک آپ ہرگز میرے بعد پیچھے نہیں کئے جائیں گے، پھر آپ کوئی ایسا کام کریں جس سے اللہ کی خوشنودی چاہیں: مگر آپ بڑھیں گے اس کی وجہ سے بلندی اور درجہ میں (لَنْ میں نفی ہے اور اس کے مقابل إلاّ میں اثبات ہے جس سے حصر پیدا ہوا ہے، یعنی آپ میرے بعد زندہ رہ کر جو بھی نیک عمل کریں گے: وہ آپ کے لئے بلندی درجات کا سبب ہوگا، اس میں اشارہ ہے کہ حضرت سعدؓ حضور اقدس ﷺ کے بعد تک زندہ رہیں گے، چنانچہ فرمایا:) اور شاید آپ پیچھے کردیئے جائیں (یعنی میرے بعد زندہ رہیں) یہاں تک کہ آپ سے کچھ لوگ فائدہ اٹھائیں اور کچھ دوسرے لوگوں کو آپ کی وجہ سے ضرر پہنچے (اس کے بعد آپؐ نے دعا فرمائی) ''اے اللہ! میرے صحابہ کے لئے ان کی ہجرت کو نافذ فرما یعنی وطن میں ان کا انتقال نہ ہو اور ان کو ان کی ایڑیوں پر نہ پھیر، یعنی ان کی ہجرت باطل نہ ہو، لیکن قابل رحم سعد بن خولہؓ ہیں نبی ﷺ نے ان پر اظہار غم کیا اس وجہ سے کہ ان کا مکہ میں انتقال ہوا تھا۔

تشریح: تمام علماء کا اس پر اتفاق ہے کہ تہائی سے زیادہ کی وصیت جائز نہیں، بلکہ تہائی سے کم کی وصیت مستحب ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے تہائی کو "بہت" قرار دیا ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے فرمایا ہے کہ دو وجہ سے تو وصیت جائز ہی نہیں ہونی چاہئے:

ایک: عرب وعجم کی قوموں میں میت کا مال اس کے ورثاء کی طرف منتقل ہوتا ہے، اور یہ ان کے نزدیک فطری بات اور لازمی امر جیسا ہے، اور اس میں بے شمار مصلحتیں ہیں، پس جب کوئی شخص بیمار پڑتا ہے، اور موت اس کو نظر آنے لگتی ہے تو ورثاء کی ملکیت کی راہ کھل جاتی ہے، یعنی مرض الموت میں میت کے مال کے ساتھ ورثاء کا حق متعلق ہو جاتا ہے، پس غیروں کے لئے وصیت کر کے ورثاء کو اس چیز سے مایوس کرنا جس کی وہ امید باندھے بیٹھے ہیں: ان کے حق کا انکار اور ان کے حق میں کوتاہی ہے۔

دوسری وجہ: حکمت کا تقاضہ یہ ہے کہ میت کا مال اس کے بعد اس کے ان قریب ترین لوگوں کو ملے جو اس کے سب سے زیادہ حقدار، سب سے زیادہ مددگار، اور سب سے زیادہ غم خوار رہے ہوں، اور ایسا ماں باپ اولاد اور رشتہ داروں کے علاوہ کوئی نہیں، اسی وجہ سے دور اول کے ہنگامی حالات میں جو موالات (آپس کی دوستی) اور مواخات (بھائی چارگی) کی وجہ سے میراث ملتی تھی اس کو ختم کر دیا گیا، اور رشتہ داری کی بنیاد پر توریث کا حکم نازل ہوا۔ سورۃ الانفال آیت ۷۵ میں ارشاد پاک ہے: "اور جو لوگ رشتہ دار ہیں: کتاب اللہ میں ایک دوسرے (کی میراث) کے زیادہ حقدار ہیں"

مگر بایں ہمہ: بارہا ایسی باتیں پیش آتی ہیں کہ رشتہ داروں کے علاوہ لوگوں کی غم خواری ضروری ہو جاتی ہے، اور بہت سی مرتبہ مخصوص حالات مقتضی ہوتے ہیں کہ ان کے علاوہ کو ترجیح دی جائے، اس لئے وصیت کی اجازت دی گئی، مگر دوسروں کے لئے وصیت کی کوئی حد مقرر کرنی ضروری ہے تاکہ لوگ اس سے تجاوز نہ کریں، شریعت نے وہ حد ایک تہائی مقرر کی ہے، کیونکہ ورثاء کو ترجیح دینا ضروری ہے، اور اس کی یہی صورت ہے کہ ان کو آدھے سے زیادہ دیا جائے، اس لئے ورثاء کے لئے دو تہائی اور ان کے علاوہ کے لئے ایک تہائی مقرر کیا گیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبواب الوصايا

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء فی الوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ

[۲۱۱۶-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بنِ سَعْدِ بنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ

أَبِيْهِ، قَالَ: مَرِضْتُ عَامَ الْفَتْحِ مَرَضًا أَشْفَيْتُ مِنْهُ عَلَى الْمَوْتِ، فَأَتَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ مَالاً كَثِيْرًا، وَلَيْسَ يَرِثُنِيْ إِلَّا ابْنَتِيْ، أَفَأُوْصِي بِمَالِيْ كُلِّهِ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: فَثُلُثَيْ مَالِيْ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: فالشَّطْرُ؟ قَالَ:" لَا" قُلْتُ: فَالثُّلُثُ؟ قَالَ: "الثُّلُثُ، وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ، إِنَّكَ أَنْ تَذَرَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ، خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَذَرَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ، إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً إِلَّا أُجِرْتَ فِيْهَا، حَتَّى اللُّقْمَةَ تَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَأَتِكَ" قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أُخَلَّفُ عَنْ هِجْرَتِيْ؟ قَالَ:" إِنَّكَ لَنْ تُخَلَّفَ بَعْدِيْ، فَتَعْمَلَ عَمَلاً تُرِيْدُ بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ، إِلَّا ازْدَدْتَ بِهِ رِفْعَةً وَدَرَجَةً، وَلَعَلَّكَ أَنْ تُخَلَّفَ، حَتَّى يَنْتَفِعَ بِكَ أَقْوَامٌ، وَيَضُرُّ بِكَ آخَرُوْنَ، اللّٰهُمَّ امْضِ لِأَصْحَابِيْ هِجْرَتَهُمْ، وَلَا تَرُدَّهُمْ عَلَى أَعْقَابِهِمْ، لٰكِنَّ الْبَائِسَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ " يَرْثِيْ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ مَاتَ بِمَكَّةَ.

وفي الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سَعْدِ بنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ.

وَالعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُ لَيْسَ لِلرَّجُلِ أَنْ يُوْصِيَ بِأَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ، وَقَدْ اسْتَحَبَّ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنْ يَنْقُصَ مِنَ الثُّلُثِ، لِقَوْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ"

[بابُ ماجاء فی الضِّرَارِ فِي الْوَصِيَّةِ]

وصیت میں ورثاء کونقصان پہنچانا

یہاں مصری نسخہ میں یہ باب ہے، اور وصیت میں نقصان پہنچانا یہ ہے کہ تہائی سے زائد کی وصیت کرے، یا وارث کے لئے وصیت کرے، یہ دونوں صورتیں شرعاً باطل ہیں، اس لئے ان پر عمل نہیں ہوگا، یا مرض موت میں وارث کو یا غیر وارث کو مال بخش دے یا اپنی حیات میں بعض ورثاء کو زیادہ دیدے اور بعض کو کم دے یا بالکل محروم کردے، یہ سب صورتیں نقصان پہنچانے کی ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک ایک آدمی یا ایک عورت ساٹھ سال تک اللہ کی اطاعت والے کام کرتے ہیں، پھر دونوں کی موت کا وقت آتا ہے، پس وہ وصیت میں نقصان پہنچاتے ہیں، پس دونوں کے لئے دوزخ لازم ہوجاتی ہے، شہر بن حوشب کہتے ہیں: پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے میرے سامنے آیت: ﴿مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ﴾ پڑھی جس کا ترجمہ یہ ہے:" وصیت نکالنے کے بعد جس کی وصیت کی گئی ہو، یا دَین کے بعد بشرطیکہ کسی کو ضرر نہ پہنچائے، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تاکیدی حکم ہے، اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے بردبار ہیں، یہ احکام ضابطۂ

خداوندی ہیں، اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسے باغات میں داخل کریں گا جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اور یہ ایک بڑی کامیابی ہے" یعنی جنت کا حقدار اس وقت ہوگا جب ورثاء میں سے کسی کو ضرر نہ پہنچائے۔

اور مشکوٰۃ (حدیث ۳۰۷۸ باب الوصایا) میں حدیث ہے: مَنْ قَطَعَ میراثَ وارِثِه قَطَعَ اللّٰهُ میراثَه مِن الجنة یومَ القیامة: جس نے اپنے وارث کی میراث کاٹ دی: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جنت سے اس کی میراث کاٹ دیں گے، وارث کے حصۂ میراث کو کاٹنے کی شکل یہی ہوتی ہے کہ اپنی زندگی میں بعض ورثاء کو یا غیر ورثاء کو مال جائداد ہبہ کردے جس سے بعض وارث یا سارے ورثاء محروم رہ جائیں، اس کی آخرت میں سزا بہت سخت ہے، اللہ تعالیٰ جنت سے اس کا حصہ کاٹ دیں گے۔

[٢- بابُ ماجاء فی الضِّرَارِ فِی الْوَصِیَّةِ]

[٢١١٧-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا نَصْرُ بنُ عَلِیٍّ، ثَنَا الْأَشْعَثُ بنُ جَابِرٍ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الرَّجُلَ لَیَعْمَلُ، وَالْمَرْأَةَ، بِطَاعَةِ اللّٰهِ سِتِّیْنَ سَنَةً، ثُمَّ یَحْضُرُهُمَا الْمَوْتُ، فَیُضَارَّانِ فِی الْوَصِیَّةِ، فَیَجِبُ لَهُمَا النَّارُ" ثُمَّ قَرَأَ عَلَیَّ أَبُوْ هُرَیْرَةَ: ﴿مِنْ بَعْدِ وَصِیَّةٍ یُوْصٰی بِهَا أَوْ دَیْنٍ غَیْرَ مُضَارٍّ وَصِیَّةً مِنَ اللّٰهِ﴾ إِلَی قَوْلِهِ ﴿ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ﴾

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَنَصْرُ بنُ عَلِیٍّ الَّذِیْ رَوَی عَنْ أَشْعَثَ بنِ جَابِرٍ، هُوَ جَدُّ نَصْرٍ الجَهْضَمِیِّ.

وضاحت: والمرأةَ کا عطف الرجلَ پر ہے...... اور یحضرهما الموت ہندی نسخہ میں یحضرهم الموت ہے، مصری نسخہ میں تثنیہ کی ضمیر ہے، اسی طرح مشکوٰۃ میں بھی تثنیہ کی ضمیر ہے۔

بابُ ماجاء فی الحَثِّ عَلَی الْوَصِیَّةِ

وصیت لکھ لینے کی ترغیب

یہ حدیث پہلے (تحفۃ الالمعی ۳: ۳۷۷ کتاب الجنائز باب ۵ میں) گذر چکی ہے اور وہیں حدیث کی ترکیب بھی دی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: کسی ایسے مسلمان کے لئے سزاوار نہیں جس کے پاس کوئی ایسی چیز (جائداد، سرمایہ، امانت یا قرض وغیرہ) ہو جس کے بارے میں وصیت کرنی ضروری ہو کہ وہ دو راتیں گذارے مگر اس حال

میں کہ اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہئے۔

تشریح: وصیت کرنے میں اس بات کا انتظار نہیں کرنا چاہئے کہ جب بوڑھے ہوجائیں گے اور موت کا وقت قریب آجائے گا تب وصیت کردیں گے، کیونکہ موت کا کوئی وقت مقرر نہیں، معلوم نہیں وہ کس وقت آگھیرے، پس ہر مؤمن کو چاہئے کہ وہ وصیت نامہ تیار رکھے، دو دن بھی ایسے نہیں گذرنے چاہئیں کہ وصیت نامہ موجود نہ ہو۔

فائدہ: معاملات کی یادداشت لکھ لینا، یا کسی رازدار مثلاً بیوی، بچوں کو بتلادینا بھی وصیت نامہ لکھنے کے قائم مقام ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی الحَثِّ عَلَى الْوَصِيَّةِ

[۲۱۱۸-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ، وَلَهُ مَا يُوْصِىْ فِيْهِ، إِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَمْ يُوْصِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت نہیں کی

حدیث: طلحہ بن مصرف کہتے ہیں: میں نے ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت کی ہے، انھوں نے کہا: نہیں، میں نے عرض کیا: پھر وصیت کیسے فرض ہوئی؟ اور لوگوں کو وصیت کا حکم کیسے دیا گیا؟ انھوں نے فرمایا: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآنِ کریم کو مضبوط پکڑنے کی وصیت کی ہے۔

تشریح: سوال یہ تھا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وصیت نہیں کی تو وصیت مامور بہ کیسے ہوئی؟ قرآنِ کریم میں: ﴿كُتِبَ عَلَيْكُمْ﴾ الآیۃ ہے، یعنی "تم پر فرض کیا جاتا ہے کہ جب کسی کی موت نزدیک معلوم ہونے لگے بشرطیکہ کچھ مال بھی ترکہ میں چھوڑا ہو تو وہ والدین اور اقارب کے لئے معقول طور پر وصیت کرے، جن کو خدا کا خوف ہے ان کے ذمے یہ بات ضروری ہے" (البقرہ آیت ۱۸۰) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے: كانَ خُلُقُه القرآن: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت قرآن کریم پر عمل کرنا تھی، پھر آپؐ نے وصیت کیوں نہیں کی؟

اور جواب کا حاصل یہ ہے کہ وصیت کرنی ضروری ہے، مگر دنیوی وصیت ضروری نہیں، اور آپؐ نے دینی وصیتیں فرمائی ہیں، ان میں سے ایک وصیت یہ ہے: تركتُ فيكم أَمْرَيْنِ، لن تَضِلُّوْا ما تَمَسَّكْتُم بِهِمَا، كتابَ الله وسنةَ رسوله: میں نے تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں، جب تک تم ان دونوں کو مضبوط پکڑے رہوگے: گمراہ نہیں

ہوں گے، ایک اللہ کی کتاب، دوسری اللہ کے رسول کی سنت، یعنی طریقہ، اسی طرح آپؐ نے امت کونماز کے اہتمام کی اور غلاموں کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت فرمائی ہے، اور غیر مسلموں سے جزیرۃ العرب کے انخلاء کی وصیت فرمائی ہے۔ غرض آپؐ نے متعدد دینی وصیتیں فرمائی ہیں، پس قرآن کے حکم پر عمل ہو گیا، اور دنیوی وصیت اس لئے نہیں کی کہ آپؐ نے جو کچھ چھوڑا تھا وہ صدقہ تھا، پھر کس چیز کی وصیت کرتے؟

[٤-] باب ماجاء أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يُوْصِ

[٢١١٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا أَبُوْ قَطَنٍ، نا مَالِكُ بنُ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ مُصَرِّفٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ أَبِيْ أَوْفَى: أَوْصَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَا، قُلْتُ: وَكَيْفَ كُتِبَتِ الوَصِيَّةُ؟ وَكَيْفَ أُمِرَ النَّاسُ؟ قَالَ: أَوْصَى بِكِتَابِ اللّٰهِ تعَالَى.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بنِ مِغْوَلٍ.

فائدہ: حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ نے طویل عمر پائی ہے ۸۷ھ میں کوفہ میں آپ کا انتقال ہوا ہے، اور کوفہ میں آخری صحابی جن کا انتقال ہوا ہے وہ آپ ہیں۔

بابُ ماجاء لَاوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

وارث کے لئے وصیت جائز نہیں

زمانہ جاہلیت میں میراث کا کوئی قاعدہ نہیں تھا، میت کی وصیت کے مطابق عمل کیا جاتا تھا، اور لوگ وصیت میں ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے تھے، وہ اس میں حکمت کے تقاضوں کا پورا لحاظ نہیں رکھتے تھے، کبھی زیادہ حقدار کو چھوڑ دیتے تھے، حالانکہ اس کی ہمدردی زیادہ ضروری تھی اور اپنی کج فہمی سے دور کے رشتہ داروں کو ترجیح دیتے تھے، اس لئے ضروری ہوا کہ میراث کے احکام نازل کر کے فساد کا یہ دروازہ بند کر دیا جائے اور توریث کے سلسلہ میں رشتہ داری کی کلی احتمالی جگہوں کا اعتبار کیا جائے، اشخاص کے لحاظ سے عارضی خصوصیات کا لحاظ نہ کیا جائے، یعنی صرف رشتہ داری کو میراث کی بنیاد بنایا جائے۔ کس وارث کا میت سے کتنا تعلق ہے: یہ بات نہ دیکھی جائے، کیونکہ انسان پورے طور پر نہیں جان سکتا کہ اصول وفروع میں سے زیادہ نفع پہنچانے والا کون ہے؟ (سورۃ النساء آیت ۱۱)

غرض جب اس بنیاد پر میراث کا معاملہ طے کر دیا گیا تا کہ لوگوں کے نزاعات ختم ہوں اور ان کے باہمی کینوں کا سلسلہ رک جائے تو اس کا تقاضہ ہوا کہ کسی وارث کے لئے وصیت جائز نہ ہو، ورنہ توریث کا سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴:۶۱۶)

حدیث: نبی ﷺ نے حجۃ الوداع کی تقریر میں درج ذیل باتیں ارشاد فرمائیں:

۱- إنَّ اللّٰهَ تبارك وتعالیٰ قَدْ أَعْطَی کلَّ ذِی حقٍّ حَقَّه، فلاوصِیَّةَ لوَارِثٍ: اللہ تعالیٰ نے (احکام میراث نازل کرکے) ہر حق دار کو اس کا حق دیدیا ہے، پس کسی بھی وارث کے لئے وصیت جائز نہیں۔

۲-والولدُ للْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الحَجَرُ، وحسابُهم علی الله تعالیٰ: اور اولاد بستر کے لئے ہے، بستر سے مراد بیوی ہے، اور لفظ صاحب محذوف ہے، یعنی بستر والے کے لئے (شوہر کے لئے) ہے اور زانی کے لئے سنگ ہے، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے، یعنی حقیقت میں بچہ کس کا ہے؟ اس کا حساب اللہ تعالیٰ کے یہاں ہوگا، دنیا میں نسب شوہر سے ثابت ہوگا، مگر یہ کہ شوہر بچہ کی نفی کرے تو لعان ہوگا، پھر بچہ کا نسب ماں سے ثابت ہوگا۔ زانی سے ثابت نہیں ہوگا، اور یہ مسئلہ پہلے (تحفۃ الالمعی ۳: ۵۹۷ باب ۴۴ کتاب النکاح) میں گذر چکا ہے۔

۳-ومَنِ ادَّعَی إلی غیرِ أَبِیْهِ، أو انْتَمَی إلی غَیْرِ مَوَالِیْهِ، فَعَلَیْهِ لعنةُ اللّٰهِ التَّابِعَةُ إلی یوم القیامة: اور جس نے اپنے باپ کے علاوہ سے نسب کا دعوی کیا، یا اپنے آقاؤں کے علاوہ کی طرف منسوب ہوا تو اس پر اللہ کی پھٹکار ہے جو قیامت تک مسلسل رہے گی، اور باپ کے علاوہ سے نسب کا دعوی کرنے میں یہ صورت بھی داخل ہے کہ آدمی اپنی قومیت بدل لے، مثلاً: سید نہیں ہے اور اپنے کو سید ظاہر کرے: اس کے لئے بھی یہی وعید ہے۔

۴-ولاَ تُنْفِقِ امْرَأَةٌ مِنْ بَیْتِ زوجها إلا بإذن زَوْجِهَا: اور کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر سے خرچ نہ کرے مگر اپنے شوہر کی اجازت سے، پوچھا گیا: یارسول اللہ! کیا کھانا بھی خرچ نہ کرے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ تو ہمارا بہترین مال ہے، یعنی ہمارے گھروں کا اصل سرمایہ کھانا ہی ہے پس شوہر کی اجازت کے بغیر اس کا خرچ کرنا بھی جائز نہیں، یہ بھی پہلے تحفہ (۲: ۶۰۰) میں گذر چکا ہے۔

۵-والعَارِیَةُ مُؤَدَّاةٌ: اور برتنے کے لئے لی ہوئی چیز ادا کی ہوئی ہے، یعنی جب استعمال کرکے فارغ ہوجائے تو عاریت پر لی ہوئی چیز واپس کرکے آئے، اپنے پاس رکھ نہ چھوڑے۔

۶-والمِنْحَةُ مَرْدُوْدَةٌ: اور انتفاع کے لئے دیا ہوا جانور لوٹایا ہوا ہے یعنی کسی نے دودھ والی بھینس بکری کسی کو دی کہ اس کی خدمت کرو، اور اس کے دودھ سے فائدہ اٹھاؤ، تو جب اس کا دودھ ختم ہوجائے: اس کو واپس کرنا چاہئے، دبا بیٹھنا جائز نہیں۔

۷-والدینُ مَقْضِیٌّ: اور قرض چکایا ہوا ہے، یعنی کسی سے قرض لیا تو بروقت قرضہ ادا کرنا چاہئے۔

۸- والزعیم غَارِمٌ: اور ضامن تاوان دینے والا ہے، یعنی اگر کسی معاملہ میں ضامن بنا ہو: پھر اصیل قرضہ ادا نہ کرے تو اس ضامن کو اپنی جیب سے قرضہ بھرنا ہوگا، لوگ عام طور پر ضامن بن جاتے ہیں مگر اس کے تقاضے پورے نہیں کرتے۔

نوٹ: ۵، ۷اور ۸ پہلے تحفۃ الالمعی (۱۹۱:۴) ابواب البیوع (باب ۳۹) میں گذر چکے ہیں۔

اسماعیل بن عیاش کا حال: اس روایت کی سند میں اسماعیل بن عیاش آئے ہیں، ان کا استاذ اگر عراقی یا حجازی ہو تو روایت قابل اعتبار نہیں، جبکہ اسماعیل اس روایت کے ساتھ متفرد ہوں، کیونکہ اسماعیل ان اساتذہ سے نہایت ضعیف حدیثیں روایت کرتے ہیں، اور اگر ان کا استاذ شامی ہو تو روایت صحیح ہے، اور یہ روایت اسماعیل بن عیاش چونکہ شرحبیل سے روایت کرتے ہیں جو شامی ہیں اس لئے یہ روایت صحیح ہے، اور یہ بات امام بخاریؒ نے بیان کی ہے۔

اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے احمد بن الحسن کے واسطہ سے امام احمدؒ کا یہ قول سنا ہے کہ اسماعیل کی حدیثیں بقیۃ بن الولید کی حدیثوں سے اچھی ہوتی ہیں، کیونکہ بقیۃ بن الولید ثقہ اساتذہ سے نہایت ضعیف حدیثیں روایت کرتا ہے۔

اور امام ترمذیؒ نے امام دارمیؒ کی سند سے ابواسحاق فزاری کا قول نقل کیا ہے کہ بقیۃ بن الولید کی وہ حدیثیں لو جو وہ ثقہ راویوں سے نقل کرتا ہے اور اسماعیل بن عیاش کی کوئی حدیث نہ لو، خواہ وہ ثقہ راویوں سے نقل کرے یا غیر ثقہ راویوں سے (غرض اسماعیل مختلف فیہ راوی ہے، تقریب میں اس کے بارے میں ہے: **صدوقٌ فی روایته عن أهل بلده، مُخَلِّط فی غیرهم:** یعنی اپنے شہر والوں سے روایت کرنے میں (اسماعیل خود شامی ہیں) صدوق ہیں اور ان کے علاوہ سے روایت کرنے میں غت ربود کرنے والے ہیں اور بقیۃ بن الولید کلاعی کے بارے میں لکھا ہے: **صدوق کثیر التدلیس عن الضعفاء:** ٹھیک راوی ہے، مگر بکثرت ضعیف اساتذہ کے نام چھپاتا ہے)

حدیث (۲): عمرو بن خارجہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنی اونٹنی پر بیٹھے ہوئے تقریر فرمائی، اور میں اس کی گردن کے نیچے تھا، اور وہ جگالی کر رہی تھی، اور اس کا تھوک میرے دونوں شانوں کے درمیان گر رہا تھا، میں نے آپؐ کو فرماتے سنا: بیشک اللہ تعالیٰ نے ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے، پس کسی وارث کے لئے کوئی وصیت جائز نہیں، اور اولاد صاحب فراش کے لئے ہے اور زانی کے لئے سنگ ہے۔

[۵-] باب ماجاء لاَوَصِيَّةَ لِوَارِثٍ

[۲۱۲۰-] حدثنا هَنَّادٌ، وَعَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، قَالاَ: نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، نَا شُرَحْبِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ الْخَوْلاَنِيُّ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهِ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ: "إِنَّ اللّٰهَ تبارَكَ وَتعالىٰ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهُ، فَلاَ وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ، الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الحَجَرُ، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ تَعَالىٰ، وَمَنْ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيْهِ أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيْهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ التَّابِعَةُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لاَ تُنْفِقِ امْرَأَةٌ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلاَّ بِإِذْنِ زَوْجِهَا"

قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَلاَ الطَّعَامَ؟ قَالَ:" ذَاكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا" وَقَالَ:" العَارِيَةُ مُؤَدَّاةٌ، وَالْمِنْحَةُ مَرْدُوْدَةٌ، وَالدَّيْنُ مَقْضِيٌّ، وَالزَّعِيْمُ غَارِمٌ"

وفي الباب: عَنْ عَمْرِو بنِ خَارِجَةَ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَرِوَايَةُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ عَيَّاشٍ عَنْ أَهْلِ العِرَاقِ وَأَهْلِ الْحِجَازِ لَيْسَ بِذَاكَ، فِيْمَا يَتَفَرَّدُ بِهِ، لِأَنَّهُ رَوَى عَنْهُمْ مَنَاكِيْرَ، وَرِوَايَتُهُ عَنْ أَهْلِ الشَّامِ أَصَحُّ، هٰكَذَا قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ.

[قال:] سَمِعْتُ أَحْمَدَ بنَ الحَسَنِ يَقُوْلُ: قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ أَصْلَحُ حَدِيْثًا مِنْ بَقِيَّةَ، وَلِبَقِيَّةَ أَحَادِيْثُ مَنَاكِيْرُ عَنِ الثِّقَاتِ.

وَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ زَكَرِيَّا بنَ عَدِيٍّ يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ: خُذُوْا مِنْ بَقِيَّةَ مَا حَدَّثَ عَنِ الثِّقَاتِ، وَلاَ تَأْخُذُوْا عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ عَيَّاشٍ مَا حَدَّثَ عَنِ الثِّقَاتِ وَلاَ غَيْرِ الثِّقَاتِ.

[۲۱۲۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ غَنْمٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ خَارِجَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ عَلَى نَاقَتِهِ، وَأَنَا تَحْتَ جِرَانِهَا، وَهِيَ تَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا، وَإِنَّ لُعَابَهَا يَسِيْلُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ:" إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَعْطَى كُلَّ ذِىْ حَقٍّ حَقَّهُ، فَلاَ وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ، وَالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: امام احمد رحمہ اللہ کے قول میں أصلحُ حديثا کے بجائے ہندی نسخہ میں أصلح بدنا ہے یہ تصحیف ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

لغات: الجِران (بکسر الجیم): اونٹ وغیرہ کی گردن کا اندرونی یعنی نیچے کا حصہ...... **الجِرّة** (بكسر الجيم) جگالی...... **قَصَعَ** (ف) الدابةُ: جگالی کرنے والے جانور کا چارہ کو چبانے کے لئے منہ میں واپس لانا...... **ادَّعَى الشيئَ:** اپنے لئے کسی چیز کا دعوی کرنا کہ وہ میری ہے، اپنے لئے کوئی چیز ثابت کرنا...... **انْتَمَى إلى كذا:** کسی چیز کی طرف منسوب ہونا۔

بابُ ماجاء يُبْدَأُ بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ

قرضہ: وصیت سے پہلے چکایا جائے گا

ابھی ابواب الفرائض (باب ۵) میں یہ حدیث اور یہ مسئلہ آچکا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ

نے وصیت سے پہلے قرضہ کا فیصلہ فرمایا (یعنی یہ ارشاد فرمایا کہ پہلے سارے ترکہ سے قرضہ چکایا جائے، پھر باقی ماندہ کے تہائی سے وصیت نافذ کی جائے) جبکہ آپ لوگ وصیت کو قرضہ سے پہلے پڑھتے ہو، یعنی نبی ﷺ کے فیصلہ سے یہ بات ثابت ہوئی کہ آیت کریمہ میں وصیت کی تقدیم محض تاکید کے لئے ہے۔

[٦-] باب ماجاء يُبْدَأُ بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ

[٢١٢٢-] حدثنا ابن أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَضَى بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ، وَأَنْتُمْ تَقْرَأُوْنَ الْوَصِيَّةَ قَبْلَ الدَّيْنِ.

والعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ عَامَّةِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُ يُبْدَأُ بِالدَّيْنِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ.

بابُ ماجاء فى الرَّجُلِ يَتَصَدَّقُ أَوْ يُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ

موت کے وقت خیرات کرنا یا غلام آزاد کرنا

موت کے وقت: یعنی جب آدمی بوڑھا ہو جائے، قبر میں پیر لٹکالے اور زندگی تھوڑی نظر آنے لگے، اور ابھی مرض موت شروع نہ ہوا ہو تو اس وقت آدمی جو صدقہ خیرات کرتا ہے وہ اگرچہ معتبر ہے، اور اس کا ثواب بھی ملتا ہے، مگر وہ کوئی اعلیٰ درجہ کی عبادت نہیں، حدیث میں اس کی مثال یہ آئی ہے کہ ''پیٹ بھر گیا تو بچا ہوا کھانا بانٹ دیا'' کامل خیرات یہ ہے کہ جب آدمی کو مال کی احتیاج ہو، اور طرح طرح کے تقاضے سامنے ہوں تب آدمی پیٹ کاٹ کر غریبوں کو دے یہ اعلیٰ درجہ کا صدقہ ہے۔

اور ٹھیک موت کے وقت: یعنی جب مرض موت شروع ہو جائے، اس وقت آدمی جو بھی تبرع کرتا ہے وہ بحکم وصیت ہوتا ہے (درمختار اور شامی ۵٦٦:۲ میں اس کی صراحت ہے اور بہشتی زیور حصہ پنجم ص:۵۹ وصیت کے بیان میں بھی تفصیل سے یہ مسئلہ ہے) اس لئے وہ تبرع تہائی ترکہ ہی سے نافذ ہوگا، مثلاً کسی نے مرض موت میں کسی مدرسہ کو پچاس ہزار روپے للہ چندہ دیا، پھر وہ اس بیماری میں مرگیا تو یہ دیا ہوا چندہ تہائی ترکہ سے نافذ ہوگا، اگر وہ تہائی سے زیادہ ہے تو زائد واپس لیا جائے گا، وہ ورثاء کا حق ہے۔

حدیث: ابوحبیبہ طائی کہتے ہیں: میرے بھائی نے مجھے اپنے کچھ مال کی وصیت کی، یعنی مجھے وصی بنایا کہ میں ان کا مال وجوہِ خیر میں خرچ کروں، پس میری ملاقات حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے ہوئی، میں نے ان سے مسئلہ پوچھا کہ میرے بھائی نے مجھے یہ وصیت کی ہے، پس آپ کی رائے میں مجھے وہ مال کہاں خرچ کرنا چاہئے؟ فقراء اور مساکین پر خرچ کروں یا اللہ کے راستہ میں جہاد کرنے والوں پر خرچ کروں؟ حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا:

اگر میں تمہاری جگہ ہوتا تو میں مجاہدین کے برابر کسی کو نہ گردانتا، یعنی اگر میں وصی ہوتا تو مجاہدین ہی پر مال خرچ کرتا، کیونکہ یہ وجوہِ خیر میں سب سے اہم مصرف ہے، پھر حضرت ابوالدرداءؓ نے موقع کی مناسبت سے ایک حدیث سنائی: مَثَلُ الذی یُعْتِقُ عند المَوْتِ کَمَثَلِ الذی یُهْدِی إِذَا شَبِعَ: اس شخص کا حال جو موت کے وقت غلام آزاد کرتا ہے اس شخص جیسا ہے جو ہدیہ دیتا ہے جب شکم سیر ہوجاتا ہے۔

تشریح: اس حدیث کا سوال وجواب سے کوئی خاص تعلق نہیں، صرف موقع کی مناسبت سے یہ حدیث سنائی ہے، اور اگر کچھ مناسبت پیدا کرنی ہے تو وہ یہ ہے کہ تیرے بھائی کی یہ وصیت کوئی اہم کارنامہ نہیں، مگر ثواب بہرحال اس کو ملے گا، کیونکہ جو شکم سیر ہونے کے بعد بچا ہوا کھانا غریبوں کو دیتا ہے اس کو بھی ثواب ملتا ہے۔

[۷-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ یَتصَدَّقُ أَوْ یُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ

[۲۱۲۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ حَبِیْبَةَ الطَّائِیِّ، قَالَ: أَوْصَى إِلَیَّ أَخِیْ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِهِ، فَلَقِیْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَقُلْتُ: إِنَّ أَخِیْ أَوْصَى إِلَیَّ بِطَائِفَةٍ مِنْ مَالِهِ فَأَیْنَ تَرَى لِیْ وَضْعَهُ: فِیْ الْفُقَرَاءِ، أَوِ الْمَسَاكِیْنِ، أَوِ الْمُجَاهِدِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: أَمَّا أَنَا فَلَوْ كُنْتُ لَمْ أَعْدِلْ بِالْمُجَاهِدِیْنَ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَثَلُ الَّذِیْ یُعْتِقُ عِنْدَ الْمَوْتِ كَمَثَلِ الَّذِیْ یُهْدِیْ إِذَا شَبِعَ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ

ولاء آزاد کرنے والے کے لئے ہے (پہلا باب)

ہندوستانی نسخوں میں یہاں باب بلا ترجمہ ہے، اور مصری نسخہ میں حدیث بلا باب ہے، اور دونوں نسخوں میں یہ حدیث ابواب الوصایا سے بے جوڑ ہے، اس کا تعلق آگے أبواب الولاء والهبة سے ہے۔

ولاء ایک حق ہے جو آزاد کرنے والے کو اپنے آزاد کئے ہوئے غلام یا باندی پر حاصل ہوتا ہے، اور چونکہ وہ محض حق ہے اس لئے اس کا نہ بیچنا صحیح ہے نہ ہبہ کرنا، یہ حق آزاد کرنے والے ہی کے لئے ثابت ہوتا ہے، دوسرے کے لئے ثابت نہیں ہوسکتا، اور یہ حدیث ابواب البیوع (باب ۳۳ تحفۃ الالمعی ۴: ۱۷۹) میں گذر چکی ہے۔

حدیث: حضرت عروہ کہتے ہیں: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو بتلایا کہ بریرہ آئیں اپنی کتابت میں حضرت عائشہؓ سے مدد چاہنے کے لئے، اور ابھی انھوں نے بدل کتابت میں سے کچھ ادا نہیں کیا تھا، پس ان سے حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تو اپنے مالکان کے پاس واپس جا، اگر وہ پسند کریں کہ میں تیری طرف سے تیرا بدل کتابت

ادا کردوں، اور تیری میراث میرے لئے ہو تو میں ایسا کر سکتی ہوں، چنانچہ حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات اپنے مالکان کو بتائی تو انھوں نے انکار کیا اور انھوں نے کہا: اگر عائشہ چاہیں کہ تجھے لوجہ اللہ آزاد کریں اور تیری میراث ہمارے لئے ہو تو وہ ایسا کر سکتی ہیں۔ حضرت عائشہؓ نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، پس آپؐ نے فرمایا: ابتاعِی، فَأَعْتِقِیْ، فإنَّمَا الوَلاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ: تم خریدلو، پھر آزاد کردو، ولاء اسی کے لئے ہوگی جو آزاد کرے گا، پھر نبی ﷺ نے تقریر فرمائی، اس میں ارشاد فرمایا: کیا بات ہے، کچھ لوگ ایسی شرطیں لگاتے ہیں جو کتاب اللہ میں نہیں ہیں یعنی شرعاً وہ جائز نہیں ہیں، جس نے کوئی بھی ایسی شرط لگائی جو کتاب اللہ میں نہیں ہے تو وہ شرط اس کے لئے نہیں، اگرچہ وہ سو شرطیں ہوں۔

تشریح: اگر حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا کا کتابت کا معاملہ باقی رہتا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ان کا تعاون کرتیں اور وہ اپنا بدل کتابت ادا کر کے آزاد ہوتیں تو ولاء ان کے مالکان کو ملتا، کیونکہ اس صورت میں آزاد کرنے والے وہ ہوتے، اور اگر حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا خود کو عاجز کر دیتیں اور کتابت کا معاملہ ختم ہو جاتا پھر حضرت عائشہؓ خریدتیں اور آزاد کرتیں تو ولاء حضرت عائشہؓ کے لئے ہوتا، کیونکہ آزاد کرنے والی آپ ہوتیں، نبی ﷺ نے حضرت عائشہؓ کو یہی مشورہ دیا کہ وہ خرید کر آزاد کر دیں، چنانچہ انھوں نے ایسا ہی کیا، پھر آپؐ نے تقریر میں مسئلہ واضح فرمایا۔

[٨-] بابٌ

[٢١٢٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنْ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ، أَنَّ بَرِيْرَةَ جَاءَ تْ تَسْتَعِيْنُ عَائِشَةَ فِيْ كِتَابَتِهَا، وَلَمْ تَكُنْ قَضَتْ مِنْ كِتَابَتِهَا شَيْئًا، فَقَالَتْ لَهَا عَائِشَةُ: ارْجِعِي إِلٰى أَهْلِكِ، فَإِنْ أَحَبُّوْا أَنْ أَقْضِيَ عَنْكِ كِتَابَتَكِ، وَيَكُوْنُ وَلَاءُكِ لِيْ: فَعَلْتُ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ بَرِيْرَةُ لِأَهْلِهَا، فَأَبَوْا، وَقَالُوْا: إِنْ شَاءَ تْ أَنْ تَحْتَسِبَ عَلَيْكِ، وَيَكُوْنَ لَنَا وَلَاؤُكِ: فَلْتَفْعَلْ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ابْتَاعِي فَأَعْتِقِيْ، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ" ثُمَّ قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَابَالُ أَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوْطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ؟ مَنِ اشْتَرَطَ شَرْطًا لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَيْسَ لَهُ، وإِنِ اشْتَرَطَ مِائَةَ مَرَّةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الْوَلاَءِ وَالْهِبَةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ولاء اور بخشش کا بیان

جب کوئی آقا اپنے غلام یا باندی کو آزاد کرتا ہے تو ان کی میراث آزاد کرنے والے کو ملتی ہے، جبکہ ان کے ورثاء میں ذوی الفروض اور عصبہ نسبی نہ ہوں، کیونکہ آزاد شدہ آزاد کرنے والے کے خاندان کا ایک فرد بن جاتا ہے، وہی اس کی نصرت وحمایت کرتے ہیں اس لئے جب نزدیک کے ورثاء نہ رہیں تو یہ آزاد کرنے والا پھر اس کا خاندان میراث کا حق دار ہوتا ہے، اسی کا نام ولاء ہے۔

اور ہبہ کے معنی ہیں: بخشش، یعنی بلاعوض کسی کو کوئی چیز دینا، ہبہ میں بھی ثواب ملتا ہے مگر وہ مقصود نہیں ہوتا۔ اور امام ترمذیؒ نے دونوں کو ایک ساتھ اس لئے بیان کیا ہے کہ ولاء بھی ایک طرح کا ہبہ ہے۔

بابُ ماجاء أَنَّ الْوَلاَءَ لِمَنْ أَعْتَقَ

ولاء آزاد کرنے والے کے لئے ہے (دوسرا باب)

یہ حدیث پہلے (تحفۃ الالمعی ۴: ۱۸۰ حدیث ۱۲۴۱) گذر چکی ہے۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہؓ کو خریدنے کا ارادہ کیا، ان کے مالکان نے ولاء کی شرط لگائی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: الوَلاءُ لِمَنْ أَعْطَى الثَّمَنَ: ولاء اس شخص کے لئے ہے جس نے قیمت دی، یا فرمایا: لِمَنْ وَلِيَ النِّعْمَةَ: ولاء اس شخص کے لئے ہے جو نعمتِ عتق کا ذمہ دار ہوا یعنی جو آزاد کرتا ہے اسی کو ولاء ملتی ہے (تفصیل ابواب الوصایا کے آخری باب میں گذر چکی)

أبواب الولاءِ والهبة

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] باب ماجاء أَنَّ الْوَلاَءَ لِمَنْ أَعْتَقَ

[٢١٢٥-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِىَ بَرِيْرَةَ، فَاشْتَرَطُوْا الْوَلاَءَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْوَلاَءُ لِمَنْ أَعْطَى الثَّمَنَ" أَوْ: "لِمَنْ وَلِىَ النِّعْمَةَ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وأَبِىْ هريرةَ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلٰى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

بابُ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْوَلاَءِ وَهِبَتِهِ

ولاء بیچنا اور بخشش کرنا ممنوع ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ولاء بیچنے کی اور اس کو ہبہ کرنے کی ممانعت فرمائی۔

تشریح: ولاء: میراث پانے کا ایک حق ہے، جو آزاد کرنے والے کو اپنے آزاد کئے ہوئے پر حاصل ہوتا ہے، جب آزاد کردہ وفات پائے اور اس کے ذوی الفروض اور عصبہ نسبی نہ ہوں تو آزاد کرنے والا عصبہ سببی بن کر میراث پاتا ہے۔ عرب اس حق کو بھی بیچتے، خریدتے اور بخشش کرتے تھے، رسول اللہ ﷺ نے اس کی ممانعت فرمائی (تفصیل تحفہ ۴: ۱۱۴ باب ۲۰ ابواب البیوع میں گذر چکی)

[٢-] بابُ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْوَلاَءِ وَهِبَتِهِ

[٢١٢٦-] حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ دِيْنَارٍ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنْ بَيْعِ الْوَلاَءِ وَهِبَتِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَمَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، وَيُرْوَى عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: لَوَدِدْتُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ دِيْنَارٍ حِيْنَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الحَدِيْثِ: أَذِنَ لِىْ حَتَّى كُنْتُ أَقُوْمُ إِلَيْهِ، فَأُقَبِّلُ رَأْسَهُ.

وَرَوَى يَحْيىَ بنُ سُلَيْمٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ وَهْمٌ، وَهِمَ فِيْهِ يَحْيىَ بنُ سُلَيْمٍ، وَالصحيحُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَتفرَّدَ عَبْدُ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ بِهٰذَا الحَدِيْثِ.

وضاحت: باب کی حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عبداللہ بن دینار ہی روایت کرتے ہیں، کسی اور نے یہ حدیث روایت نہیں کی، کتاب العلل (تحفۃ الالمعی ۱:۱۶۵) میں بھی یہ بحث گذر چکی ہے، چنانچہ امام شعبہؒ سے مروی ہے کہ میری خواہش تھی کہ عبداللہ بن دینار جب یہ حدیث بیان کررہے تھے تو اگر وہ مجھے اجازت دیتے کہ میں ان کی طرف کھڑا ہوتا پس ان کے ماتھے کو چوم لیتا (یہ بات امام شعبہؒ نے خوشی سے فرمائی ہے، کیونکہ عبداللہ بن دینار نے یہ حدیث امت کے لئے محفوظ کی ہے، ان کے علاوہ اور کوئی یہ روایت نہیں کرتا) اور یحییٰ بن سلیم یہ روایت عبیداللہ عمری سے، وہ نافع سے، اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں مگر یہ سند صحیح نہیں، اس میں یحییٰ سے غلطی ہوئی ہے، صحیح سند یہ ہے کہ عبیداللہ عمری: عبداللہ بن دینار سے اور وہ ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، یحییٰ کے علاوہ عبیداللہ کے متعدد تلامذہ نے اسی طرح حدیث روایت کی ہے، غرض اس حدیث کے ساتھ عبداللہ بن دینار متفرد ہیں، ابن عمر کا اور کوئی شاگرد یہ حدیث ان سے روایت نہیں کرتا۔

بابُ مَاجاءَ مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيْهِ، أَوِ ادَّعَى إِلىٰ غَيْرِ أَبِيْهِ

غیر آقاؤں سے تعلق قائم کرنا اور غیر باپ کی طرف منسوب ہونا

دورِ اول میں جو شخص کسی کو آزاد کرتا تھا وہ آزاد کرنے والے کی طرف اور اس کے خاندان کی طرف منسوب ہوتا تھا، مگر کچھ آزاد شدہ غیر آقا سے تعلق قائم کر لیتے تھے، ان کو دوست بنا لیتے تھے، اور ان کی طرف اپنی نسبت کرتے تھے، چنانچہ اس کو حرام قرار دیا گیا۔ اسی طرح کچھ لوگ اپنا غلط نسب بیان کرتے ہیں، باپ کی جگہ کسی اور کا نام لکھتے ہیں، یا اپنا خاندان بدل لیتے ہیں، مثلاً سید نہیں ہیں مگر اپنے کو سید ظاہر کرتے ہیں، یہ حرام ہے۔

حدیث: ابراہیم تیمی اور سلیمان تیمی کے والد یزید بن شریک بن طارق تیمی کوفی کہتے ہیں: ہمارے سامنے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تقریر فرمائی جس میں فرمایا: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ ہمارے پاس کوئی ایسی چیز (تحریر) ہے جس کو ہم پڑھتے ہیں کتاب اللہ اور اس صحیفہ کے علاوہ —— وہ صحیفہ جس میں دیت کے اونٹوں کی عمریں اور زخموں کی کچھ باتیں یعنی ان کی دیتیں ہیں —— تو وہ یقیناً جھوٹ بولتا ہے (پہلے تحفۃ الالمعی ۴: ۳۴۲ و ۶۱۹ میں یہ

بات گذری ہے کہ شیعوں نے یہ پروپیگنڈہ کیا تھا کہ نبی ﷺ نے اہل بیت کو کچھ خاص علوم دیئے ہیں جو دوسروں کو نہیں دیئے، حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم نے اس کی تردید کی ہے کہ ہمارے پاس ایسی کوئی تحریر نہیں صرف قرآن کریم ہمارے پاس ہے جو سبھی مسلمانوں کے پاس ہے، البتہ میرے پاس ایک صحیفہ ہے جس میں کچھ احکام ہیں مگر وہ بھی عام ہیں، دیگر صحابہ بھی ان باتوں کو جانتے تھے)

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس صحیفہ میں یہ تین باتیں ہیں:

۱- نبی ﷺ نے فرمایا: مدینہ محترم ہے عیر پہاڑ سے ثور پہاڑ تک، پس جو شخص اس حرم میں کوئی نئی بات (بدعت وغیرہ) پیدا کرے یا کسی نئی بات کو ٹھکانہ دے، اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور سب لوگوں کی لعنت ہے، اللہ تعالیٰ اس کی نہ کوئی نفل عبادت قبول کرتے ہیں اور نہ کوئی فرض عبادت۔

۲- اور جس شخص نے اپنے باپ کے علاوہ کی طرف اپنے آپ کو منسوب کیا، یا اپنے آقاؤں کے علاوہ کے ساتھ تعلق قائم کیا تو اس پر اللہ کی، فرشتوں کی، اور سب لوگوں کی لعنت ہے، اس کی طرف سے نہ کوئی فرض عبادت قبول کی جائے گی اور نہ کوئی نفل عبادت۔

۳- اور مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے، اس کی کوشش کرتا ہے ان کا معمولی آدمی۔

تشریح:

۱- ثور پہاڑ مکہ میں بھی ہے اور وہی مشہور ہے، اس لئے کچھ لوگوں کو اشکال ہوا کہ اس حدیث میں راویوں کو وہم ہوا ہے، مگر محققین کہتے ہیں: ثور نامی پہاڑی مدینہ منورہ میں بھی ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مکہ کے حرم کی طرح مدینہ کا بھی حرم ہے، ان دو پہاڑوں کے درمیان کی جگہ محترم ہے وہاں شکار کرنا، ہری گھاس کاٹنا حرام ہے، پھر فقہاء میں اختلاف ہے کہ حرم مدینہ: حرم مکہ ہی کی طرح محترم ہے یا اس کا مرتبہ کچھ کم ہے؟ حنفیہ کے نزدیک دونوں کا درجہ مختلف ہے، مدینہ منورہ کے حرم کا حال حِمی (سرکاری چراگاہ) جیسا ہے، اور ائمہ ثلاثہ حرم مدینہ کو بالکل حرم مکہ کی طرح مانتے ہیں، مگر امام مالک اور امام شافعی رحمہما اللہ شکار کی جزاء واجب نہیں کرتے، پس معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک بھی حرم مدینہ کا درجہ کم ہے۔

۲- اور حدث کے معنی ہیں: نئی بات، یعنی بدعت، اور محدث اگر دال کے زبر کے ساتھ ہے تو اس کے معنی بھی بدعت کے ہیں، اور اگر دال کے زیر کے ساتھ ہے تو اس کے معنی بدعتی کے ہیں...... جاننا چاہئے کہ ہر گناہ اور غلط بات ہر جگہ ناجائز ہے اور محترم اور پاک جگہ میں اس کی قباحت وشناعت اور بھی بڑھ جاتی ہے، جیسے کوئی سڑک پر بیڑی پیئے اور مسجد میں پیئے تو دونوں میں فرق ہے، مسجد میں پینا بہت برا ہے، اسی طرح حرم مدینہ میں بدعت ایجاد کرنا بہت برا ہے، اور کسی بدعتی کو حرم میں ٹھکانہ دینا یعنی اپنا مہمان بنانا بھی بہت برا ہے، کیونکہ جب بدعتی حرم میں آئے گا تو وہاں

اپنی بدعت پھیلائے گا۔

۳-اور صرف وعدل میں سے ایک کے معنی ہیں: نفل عبادات اور دوسرے کے معنی ہیں: فرض عبادات۔ پھر اختلاف ہے کہ کس لفظ کے معنی فرض عبادت کے ہیں اور کس لفظ کے معنی نفل عبادت کے؟ درحقیقت صرف کے معنی خرچ کرنے کے ہیں، یعنی وہ عبادت جو بندہ اپنی طرف سے پیش کرتا ہے، یعنی نفل عبادت، اور عدل کے معنی برابر کے ہیں، یعنی بندہ ہونے کی وجہ سے اس کے ذمہ جو بندگی ہے وہ بجالانا عدل ہے، پس اس سے مراد فرض عبادت ہے۔

۴-تَوَلّٰی فلانا کے معنی ہیں: کسی سے تعلق قائم کرنا، دوست بنانا۔ اور ادَّعَی کے معنی ہیں: نسب بیان کرنا، اور آزاد شدہ کا تعلق آزاد کرنے والے کے ساتھ ہی اس لئے ضروری ہے کہ وَلاء: نسبی رشتہ کی طرح ایک رشتہ ہے، پس غیر مُعتق سے تعلق قائم کرنا، غیر باپ کو باپ ظاہر کرنے کی طرح ہے، اس لئے یہ دونوں باتیں حرام ہیں۔

۵-اور یہ حدیث پہلے (تحفۃ الالمعی ۴: ۵۲۰ حدیث ۱۵۷۳) گذر چکی ہے کہ مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہے، ان کا معمولی آدمی اس کی کوشش کرتا ہے، یعنی معمولی آدمی بھی امان دے سکتا ہے، اور سب مسلمانوں پر اس کا پاس ولحاظ واجب ہے۔

[۳-] باب ماجاء فی مَنْ تَوَلّٰی غَیْرَ مَوَالِیْهِ، أَوِ ادَّعَی إِلَی غَیْرِ أَبِیْهِ

[۲۱۲۷-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: خَطَبَنَا عَلِیٌّ، فَقَالَ: مَنْ زَعَمَ أَنَّ عِندَنَا شَیْئًا نَقْرَؤُهُ، إِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ وَهٰذِهِ الصَّحِیْفَةَ: صَحِیْفَةٌ فِیْهَا أَسْنَانُ الإِبِلِ، وأَشْیَاءُ مِنَ الْجِرَاحَاتِ: فَقَدْ كَذَبَ.

وَقَالَ فِیْهَا: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم:

[۱] اَلْمَدِیْنَةُ حَرَمٌ مَا بَیْنَ عَیْرٍ إِلٰی ثَوْرٍ، فَمَنْ أَحْدَثَ فِیْهَا حَدَثًا، أَوْ آوَی مُحْدِثًا، فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ، لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا.

[۲] وَمَنِ ادَّعَی إِلَی غَیْرِ أَبِیْهِ، أَوْ تَوَلّٰی غَیْرَ مَوَالِیْهِ، فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِیْنَ، لَایُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ.

[۳] وَذِمَّةُ الْمُسْلِمِیْنَ وَاحِدَةٌ، یَسْعَی بِهَا أَدْنَاهُمْ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَیْدٍ، عَنْ عَلِیٍّ نَحْوَهُ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِیٍّ.

وضاحت: اعمش کے اکثر تلامذہ اس حدیث کی سند وہ بیان کرتے ہیں جو باب کے شروع میں ہے یعنی: عن

إبراهيم التيمي، عن أبيه: اورامام شعبہؒ: ابراہیم تیمی اور حضرت علیؓ کے درمیان حارث بن سوید کا واسطہ لاتے ہیں، مگر محدثین کا خیال ہے کہ پہلی سند ہی اصح ہے۔

بابُ ماجاء في الرَّجُلِ يَنْتَفِيْ مِنْ وَلَدِهِ

اولاد کے نسب کا انکار کرنا

یہ اوپر والے باب کا برعکس باب ہے، اوپر والے باب میں یہ مسئلہ تھا کہ باپ سے ہٹ جانا اور غیر باپ کی طرف اپنے کو منسوب کرنا حرام ہے، اب یہ مسئلہ ہے کہ اپنی اولاد سے ہٹ جانا یعنی ان کے نسب کا انکار کرنا بھی حرام ہے، معمولی شبہ کی بنا پر اپنی اولاد کے نسب کا انکار کر دینا بھی حرام ہے۔

حدیث: قبیلۂ فزارہ کا ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا (یہ بدو تھا) اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میری بیوی نے کالا لڑکا جنا ہے (وہ خود گورا ہوگا، بچہ کالا پیدا ہوا تو اس کو شبہ ہوا کہ شاید بیوی نے گڑبڑ کی ہے، اس لئے اس نے بچہ کا انکار کرنا چاہا اور اس سلسلہ میں اس نے حضور اقدس ﷺ سے مشورہ کیا) نبی ﷺ نے اس سے پوچھا: ''تیرے پاس اونٹ ہیں؟'' اس نے کہا: ہاں، آپؐ نے پوچھا: ''ان کے رنگ کیا ہیں؟'' اس نے کہا: سرخ، آپؐ نے پوچھا: ''کیا ان میں کوئی خاکستری بھی ہے؟'' اس نے کہا: ہاں، ان میں خاکستری بھی ہیں، آپؐ نے پوچھا: ''یہ رنگ اونٹوں میں کہاں سے آیا؟'' اس نے کہا: شاید کسی رگ نے اس کو کھینچا ہو (یعنی نسل میں اوپر کوئی خاکستری اونٹ رہا ہو، جس کا اثر نیچے ظاہر ہوا) آپؐ نے فرمایا: **فَهٰذَا لَعَلَّ عِرْقًا نَزَعَه:** پس یہ بھی شاید کسی رگ نے اس کو کھینچا ہو (یعنی تیرے خاندان میں اوپر کوئی باپ گندمی رنگ کا رہا ہوگا جس کا اثر تیرے لڑکے میں ظاہر ہوا) غرض نبی ﷺ نے اس کو لڑکے کی نفی کرنے کی اجازت نہیں دی، کیونکہ یہ معمولی شبہ ہے، اور بے دلیل گمان ہے اور اگلے باب میں یہ حدیث آرہی ہے کہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ گورے تھے اور ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ گندمی تھے، اس وجہ سے لوگ ان کے نسب میں شک کرتے تھے، مگر ایک قیافہ شناس نے صرف پیر دیکھ کر ایک کو دوسرے کا جزء قرار دیا، معلوم ہوا کہ رنگ کوئی اہمیت نہیں رکھتا، عورت حمل کے زمانہ میں جو کھاتی، پیتی اور دیکھتی ہے اس کا بھی بچہ کے رنگ پر اثر پڑتا ہے، اور خاندان میں اوپر کوئی شخص ہوتا ہے جس کا رنگ نسل میں ظاہر ہوتا ہے، اسی طرح ہم شکل ہونا بھی ضروری نہیں، یہ دیکھ کر کہ بچہ میری شکل کا نہیں یا میرے خاندان کے مشابہ نہیں: بچہ کی نفی کرنا بھی جائز نہیں۔ غرض دلیل قوی کے بغیر اولاد کا انکار نہیں کرنا چاہئے، ایک حدیث میں ہے کہ اولاد تو تیری طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھ رہی ہے اور تو اس سے ہٹا جا رہا ہے! ببیں تفاوتِ راہ از کجا است تا بہ کجا!

[٤-] باب ماجاء فی الرَّجُلِ یَنْتفِیْ مِنْ وَلَدِهِ

[٢١٢٨-] حدثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بنُ العَلاَءِ الْعَطَّارُ، وَسَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِیُّ، قَالاَ: نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ المُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُریرةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنْ فَزَارَةَ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فَقَالَ: یَارسولَ اللّٰہِ! إِنَّ امْرَأَتِیْ وَلَدَتْ غُلاَمًا أَسْوَدَ! فَقَالَ لَہُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "ھَلْ لَكَ مِنْ إِبِلٍ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "فَمَا أَلْوَانُھَا؟" قَالَ: حُمْرٌ، قَالَ: "فَھَلْ فِیْھَا أَوْرَقُ"؟ قَالَ: نَعَمْ، إِنَّ فِیْھَا لَوُرْقًا، قَالَ: "أَنَّی أَتَاھَا ذٰلِكَ؟" قَالَ: لَعَلَّ عِرْقًا نَزَعَھَا، قَالَ: "فَھٰذَا لَعَلَّ عِرْقًا نَزَعَهُ" ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغت: اِنْتَفَی یَنْتَفِیْ: دور ہونا، ہٹنا، کہا جاتا ہے: نَفَاہُ فَانْتَفَی: اسے ہٹایا تو وہ ہٹ گیا...... أَوْرَق: وہ اونٹ جس کا رنگ سفید سیاہی مائل ہو۔

بابُ ماجاء فی القَافَةِ

قیافہ شناسوں کا بیان

القَافَة: القَائِفُ کی جمع ہے یعنی قیافہ شناس، قیافہ: ایک علم ہے جس کے ذریعہ خدوخال اور علامات سے پہچانا جاتا ہے کہ یہ فلاں کا بیٹا یا بھائی ہے، اسی طرح اعضاء کو دیکھ کر آدمی کے باطنی اخلاق بھی معلوم کئے جاتے ہیں، اسی طرح پیروں کے نشان دیکھ کر چور کو پہچانا جاتا ہے، مگر یہ سب ظنی باتیں ہیں۔

ائمہ ثلاثہ نسب میں قیافہ کا اعتبار کرتے ہیں، اور احناف اعتبار نہیں کرتے، مثلاً ایک مشترک باندی ہے، اس کے بچہ ہوا اس کے دونوں آقا دعوی کرتے ہیں کہ بچہ میرا ہے کیونکہ دونوں نے اس باندی سے صحبت کی ہے (مشترک باندی سے کسی کے لئے بھی صحبت کرنا جائز نہیں) اسی طرح کسی عورت سے شوہر کے علاوہ نے شبہ کی وجہ سے یعنی بیوی سمجھ کر صحبت کی، پھر اولاد میں شوہر میں اور اس شخص میں اختلاف ہوا تو ائمہ ثلاثہ قیافہ کی مدد سے نسب کا فیصلہ کرتے ہیں۔

اور احناف کہتے ہیں: شریعت نے نسب کے لئے قطعی ضابطہ مقرر کر دیا ہے: **الولد للفراش وللعاھر الحَجَرُ**: یعنی نسب شوہر ہی سے ثابت ہوگا اور زانی کے لئے سنگ ہے یعنی نامرادی ہے، پس جس نے بیوی سمجھ کر صحبت کی ہے اس سے نسب ثابت نہیں ہوگا، اور جہاں دو شخص صاحب فراش ہوں جیسے کسی باندی سے دو آقاؤں نے صحبت کی تو بچہ دونوں کا ہوگا، بچہ دونوں کی میراث پائے گا، اور وہ دونوں ایک باپ کی میراث پائیں گے۔

اور یہ اختلاف اس وجہ سے ہوا ہے کہ باب میں جو حدیث ہے وہ قیافہ شناسی کی اعتباریت کی دلیل ہے یا نہیں؟

ائمہ ثلاثہ اس کو دلیل مانتے ہیں اور احناف کے نزدیک وہ دلیل نہیں ہے (تفصیل حدیث کے بعد آئے گی)

حدیث: حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے وہ گورے تھے، اور ان کے صاحبزادے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے محبوب تھے، وہ گندمی رنگ کے تھے، اس لئے لوگ ان کے نسب میں شبہ کرتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن نبی ﷺ ان کے پاس خوش خوش آئے، آپؐ کے چہرے کی لکیریں چمک رہی تھیں، آپؐ نے فرمایا: کیا تم نے دیکھا نہیں کہ مُجزِّز نے ابھی زیدؓ اور اسامہؓ کو دیکھا پس اس نے کہا: **هذه الأقدامُ بعضُها من بعضٍ**: یہ پیر باپ بیٹے کے ہیں۔

یہ امام لیث کی روایت ہے، اور سفیان بن عیینہ کی روایت میں یہ اضافہ ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے دیکھا نہیں کہ مجزز زید اور اسامہ کے پاس سے گذرا درانحالیکہ دونوں نے اپنے سر چھپا رکھے تھے، اور دونوں کے پیر نظر آرہے تھے، تو اس نے مذکورہ بات کہی۔

تشریح: ائمہ ثلاثہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کا خوش ہونا دلیل ہے کہ مجزز کی بات صحیح ہے اور قیافہ معتبر ہے، پس اس سے نسب ثابت ہوسکتا ہے، اور احناف کہتے ہیں: آپؐ کا خوش ہونا اس وجہ سے تھا کہ اب لوگوں کی چہ میگوئیاں بند ہوجائیں گی، ورنہ نسب تو پہلے سے ثابت تھا، غرض اس حدیث سے قیافہ شناسی کی اعتباریت ثابت ہوتی ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، پس یہ نص فہمی کا اختلاف ہے، اور اتنی بات تو ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ علم قطعی نہیں، پس اس علم کی بنیاد پر چور کو مشخص کر کے اس کا ہاتھ کاٹنا جائز نہیں، اسی طرح اس علم کی بنیاد پر کسی کے اچھے برے اخلاق کا فیصلہ کرنا بھی درست نہیں، پھر نسب جیسی اہم بات کا اس ظنی علم کی بنیاد پر کیسے فیصلہ کیا جاسکتا ہے؟

[٥-] باب ماجاء فی الْقَافَةِ

[٢١٢٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَيْهَا مَسْرُوْرًا، تَبْرُقُ أَسَارِيْرُ وَجْهِهِ، فَقَالَ: " أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ مُجَزِّزًا نظرَ آنِفًا إِلَى زَيْدِ بنِ حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، فَقَالَ: هٰذِهِ الْأَقْدَامُ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا الحديثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَزَادَ فِيْهِ: " أَلَمْ تَرَىْ أَنَّ مُجَزِّزًا مَرَّ عَلَى زَيْدِ بنِ حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، وَقَدْ غَطَّيَا رُؤُوْسَهُمَا، وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا، فَقَالَ: إِنَّ هٰذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ " هٰكَذَا حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

وَقَدْ احْتَجَّ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ بِهٰذَا الحديثِ فِيْ إِقَامَةِ أَمْرِ الْقَافَةِ.

لغات: أَسَارِيْر: ہتھیلی، پیشانی اور چہرے کی لکیریں، اس کا واحد أَسْرَار ہے، اور مادہ: س، ر، ر ہے...... أَلَمْ تَرَیْ میں نون نسوۃ محذوف ہے...... مجزز (پہلے مشدد ز کے زیر اور ز بر کے ساتھ) ایک قیافہ شناس کا نام ہے، یہ قبیلہ مدلج کا تھا، اس قبیلہ کے لوگ قیافہ شناسی میں مشہور تھے، لوگ ان کی باتوں کو حجت سمجھتے تھے...... اور آخر میں هکذا حدثنا سے امام ترمذیؒ نے ابن عیینہ کی سند کو موصول کیا ہے...... اور آخری جملہ کا ترجمہ ہے: بعض اہل علم نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے قیافہ شناسوں کے معاملہ کو برپا کرنے میں، یعنی ائمہ ثلاثہ نے اس حدیث سے قیافہ شناسوں کے قول سے نسب ثابت کیا ہے۔

بابُ ماجاء فی حَثِّ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَلَی الهَدِیَّةِ

ہدیہ دینے لینے کی ترغیب

تحفہ کی اسی جلد میں أبواب البر والصلة باب ۳۴ میں ہدیہ قبول کرنے کا تذکرہ آچکا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تَهَادَوْا، فَإِنَّ الهَدِیَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ: باہم ہدیے دو، اس لئے کہ ہدیہ سینہ کے کینہ کو دور کرتا ہے، وَلاَ تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا، وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ: اور ہرگز معمولی نہ سمجھے کوئی پڑوسن (کسی ہدیہ کو) اپنی پڑوسن کے لئے، چاہے وہ بکری کا کھر ہو۔

تشریح: تَهَادَوْا: تَهَادَی، تَهَادِیًا سے فعل امر ہے، اور بمعنی مُهَادَاةٌ ہے، یعنی ایک دوسرے کو ہدیہ دینا، اور وَحَرٌ (بفتح الحاء وسکونها) کے معنی ہیں: کینہ، غیظ وغضب، دشمنی، انتہائی غصہ، اور لِجَارَتِهَا: محذوف سے متعلق ہے، أی: لاتَحْقِرَنَّ جَارَةٌ هَدِیَّةً مُهْدَاةً لِجَارَتِهَا: اور فِرْسِن: (بکسر السین) اونٹ کا کھر یا پیر، یہاں مراد بکری کا کھر ہے۔

ہدیہ کا لین دین دلوں کی کدورت کو دور کرتا ہے، اور میل ملاپ اور محبت پیدا کرتا ہے، اور اس کا تعلق تجربہ سے ہے، اور دوسرے جملہ کا مطلب یہ ہے کہ ہدیہ میں کوئی بڑی اور اہم چیز دینا ضروری نہیں جو بھی چیز میسر ہو ہدیہ میں دی جاسکتی ہے، مثلاً کسی عورت کے پاس بکری کے کھر ہی ہوں تو وہ اپنے پڑوسی کو ہدیہ دے، اور پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ عرب میں کھر سینک کر رکھ لیتے تھے، پھر اس کا سالن پکاتے تھے۔

[٦-] باب ماجاء فی حَثِّ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم عَلَی الهَدِیَّةِ

[٢١٣٠-] حدثنا أَزْهَرُ بنُ مَرْوَانَ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ سَوَاءٍ، نَا أَبُوْ مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "تَهَادَوْا، فَإِنَّ الهَدِیَّةَ تُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ؛ وَلاَ تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا، وَلَوْ شِقَّ فِرْسِنِ شَاةٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ مَعْشَرٍ: اسْمُهُ نَجِيْحٌ مَوْلَى بَنِيْ هَاشِمٍ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ قِبَلِ حَفْظِهِ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں ابومعشر نجیح مولی بنی ہاشم ہے جس کو حدیثیں ٹھیک یاد نہیں تھیں، وہ سعید مقبری سے روایت کرتا ہے، پھر سعید براہ راست حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، حالانکہ صحیح سند یہ ہے کہ سعید مقبری اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، بخاری کی سند میں عن أبيه کا اضافہ ہے (بخاری حدیث ۲۵۶۶ کتاب الهبة) اس لئے یہ حدیث اس سند سے ضعیف ہے۔

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الرُّجُوْعِ فِي الهِبَةِ

ہبہ کر کے واپس لینا مکروہ ہے

یہ حدیث اور یہ باب أبواب البيوع (باب ۶۱ تحفہ ۴:۲۲۲) میں گذر چکا ہے، پوری تفصیل وہاں ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اس شخص کا حال جو عطیہ دیتا ہے پھر اس کو واپس لے لیتا ہے اس کتے جیسا ہے جس نے کھایا یہاں تک کہ جب شکم سیر ہو گیا تو قئ کر دی، پھر لوٹا، پس اس نے اپنی قئ ہی کھالی (کتے کو جب کوئی مردار ملتا ہے تو بے تحاشہ کھاتا ہے یہاں تک کہ چلنا دشوار ہو جاتا ہے پس وہ قئ کر کے خود کو ہلکا کر لیتا ہے، پھر جب اس کو کھانا نہیں ملتا اور خوب بھوکا ہوتا ہے اور اپنی قئ پر گذرتا ہے تو اس کو کھا کر پیٹ بھر لیتا ہے، پس کسی بھی مسلمان کو اس بری مثال کا مصداق نہیں بننا چاہئے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ کوئی عطیہ دے، پھر اسے واپس لیلے، مگر باپ نے بیٹے کو جو عطیہ دیا ہے وہ اس کو واپس لے سکتا ہے (پھر وہی حدیث ہے جو اوپر گذری)

تشریح: احناف کے نزدیک سات موانع ہیں، اگر ان میں سے کوئی مانع موجود ہو تو رجوع نہیں ہو سکتا، اور اگر ساتوں موانع موجود نہ ہوں تو تراضی طرفین سے یا قضاء قاضی سے رجوع ہو سکتا ہے، مگر رجوع کرنا مکروہ تحریمی ہے۔ اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اگر باپ نے بیٹے کو کوئی چیز ہبہ کی ہے تو وہ واپس لے سکتا ہے، باپ کے علاوہ کسی بھی شخص کے لئے موہوبہ چیز واپس لینا جائز نہیں، نہ قضاءً نہ دیانۃً، اور امام شافعیؒ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے، اور حنفیہ کہتے ہیں: اس حدیث میں لَايَحِلُّ سے استثناء ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ باپ اپنی اولاد کو کچھ دے کر واپس لے تو یہ رجوع جائز ہے، کیونکہ باپ بیٹوں میں ایسا ہوتا ہے، یہ واپس لینا سرپرست ہونے کی حیثیت سے ہوتا ہے، اس میں ادنی کراہیت نہیں، غرض اس حدیث میں رجوع کے جواز و عدم جواز کا مسئلہ نہیں ہے، بلکہ لَاتَحِلُّ سے استثناء ہے کہ باپ کا واپس لینا جائز ہے (تفصیل ابواب البیوع میں گذر چکی ہے)

[۷-] بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ الرُّجُوْعِ فِی الهِبَةِ

[۲۱۳۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، نَا إِسْحَاقُ بنُ یُوْسُفَ الأَزْرَقُ، نَا حُسَیْنُ المُکْتِبُ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، عَنْ طَاوُسٍ عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِیْ الْعَطِیَّةَ، ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا، کَالْکَلْبِ أَکَلَ حَتّٰی إِذَا شَبِعَ قَاءَ، ثُمَّ عَادَ فَرَجَعَ فِیْ قَیْئِهِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

[۲۱۳۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا ابنُ أَبِیْ عَدِیٍّ، عَنْ حُسَیْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَیْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ طَاوُسٌ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، یَرْفَعَانِ الحدیثَ، قَالَ:" لَایَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ یُعْطِیَ عَطِیَّةً، ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا، إِلَّا الْوَالِدَ فِیْمَا یُعْطِی وَلَدَهُ، وَمَثَلُ الَّذِیْ یُعْطِی الْعَطِیَّةَ ثُمَّ یَرْجِعُ فِیْهَا، کَمَثَلِ الْکَلْبِ أَکَلَ حَتّٰی إِذَا شَبِعَ قَاءَ، ثُمَّ عَادَ فِیْ قَیْئِهِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، قَالَ الشَّافِعِیُّ: لَایَحِلُّ لِمَنْ وَهَبَ هِبَةً أَنْ یَرْجِعَ فِیْهَا إِلَّا الْوَالِدَ، فَلَهُ أَنْ یَرْجِعَ فِیْمَا أَعْطَی وَلَدَهُ، وَاحْتَجَّ بِهٰذَا الحدیثِ.

﴿تَمَّ الولاء والهبة﴾

وضاحت: پہلی حدیث کا ایک راوی حسین بن ذکوان المعلّم، المُکتِب ہے یہ بصرہ کے رہنے والے اور ثقہ ہیں، اور المُکْتِب: الإکتاب سے اسم فاعل ہے جس کے معنی ہیں: لکھنا سکھانے والا، یہ معلم (استاذ) تھے جو بچوں کو لکھنا سکھاتے تھے اس لئے ان کا یہ لقب ہوگیا تھا۔



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الْقَدَرِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

تقدیر کا بیان

قَدَرَ (ض،ن) قَدَرًا وَقَدْراً (بفتح الدال وسکونها) اور قَدَّرَ تَقْدِیْراً کے معنی ہیں: فیصلہ کرنا، حکم لگانا، کہا جاتا ہے: قَدَّرَ اللّٰهُ علیه الأَمْرَ: اور قَدَّرَ له الأَمْرَ: اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے کسی امر کا فیصلہ فرمایا، کوئی چیز اس کے لئے تجویز کی، اور شریعت کی اصطلاح میں تقدیر نام ہے قضاء (فیصلہ) کا، یعنی کائنات کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ازل سے جو پلاننگ کی ہے اس کا نام ''تقدیر الٰہی'' ہے، عربی میں عام طور پر لفظ قَدر مستعمل ہے اور اردو میں تقدیر، مطلب دونوں کا ایک ہے۔

قضاء وقدر میں فرق:

قضاء وقدر در حقیقت ایک ہیں مگر کبھی دونوں میں فرق کرتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ حکم ازلی قضاء ہے اور اس کا وقوع قدر ہے، پس قضا قدر سے سابق ہے مگر حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ کے نزدیک معاملہ برعکس ہے، تقدیر پلاننگ کا نام ہے، اور قضا اس کے وقوع کا نام ہے، مثلاً جب کوئی مکان بنانے کا ارادہ کرتے ہیں تو پہلے اجمالی نقشہ ذہن میں قائم کر لیتے ہیں یہ قدر ہے، پھر اس اجمالی نقشہ کے مطابق مکان تیار کرتے ہیں یہ موجود فی الخارج مکان بمنزلہ قضاء ہے، آگے رضا بہ قضاء کا باب آرہا ہے، اس سے بھی یہی فرق سمجھ میں آتا ہے کہ جو کچھ واقع ہو یعنی جب تقدیر کا ظہور ہو تو بندے کو اس پر راضی رہنا چاہئے، یہ بات دونوں میں فرق کی طرف اور تقدیر کے سابق اور قضاء کے لاحق ہونے کی طرف مشیر ہے، مگر یہ کوئی اہم فرق نہیں، برائے نام فرق ہے اس لئے دونوں کو ایک کہنا بھی درست ہے۔

بھلی بری تقدیر کا مطلب:

حدیث جبرئیل میں ایمانیات میں تُؤْمِنُ بِالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَشَرِّهٖ آیا ہے یعنی مؤمن ہونے کے لئے تقدیر پر ایمان

ضروری ہےاوراس کے بھلے برے ہونے پر بھی ایمان لانا ضروری ہے،اورابن ماجہ کے مقدمہ میں بالأقدار کلِّها: خیرِها وشرِّها، حُلْوِها ومُرِّها ہےیعنی اللہ تعالیٰ کی تمام طے کردہ باتوں پر،خواہ وہ بھلی ہوں یا بری،میٹھی ہوں یا کڑوی،ایمان لانا ضروری ہے،ان حدیثوں میں ضمیروں کا مرجع قدر اور اقدار ہیں،اور تقدیر الٰہی کا بھلا برا اور میٹھا کڑوا ہونا انسانوں کے اعتبار سے ہے ورنہ اللہ کی پلاننگ کے اعتبار سے ہر چیز بھلی ہے پس بھلی بری تقدیر کا مطلب یہ ہے کہ خواہ وہ طے کردہ باتیں انسانوں کے لئے مفید ہوں یا مضر،میٹھی ہوں یا کڑوی،یعنی اچھی لگیں یا بری سب پر ایمان لانا ضروری ہے، جیسے گھی کے بارے میں تجویز الٰہی یہ ہے کہ وہ صحت بخش ہےاور زہر کے بارے میں یہ طے ہے کہ وہ مہلک ہے،اسی طرح ایمان اور اعمال صالحہ کے بارے میں طے ہے کہ وہ جنت میں لے جانے والے اعمال ہیں،اور کفر ومعاصی جہنم میں لے جانے والے ہیں،یعنی اول انسان کے لئے مفید اور ثانی مضر اعمال ہیں، اسی طرح بچہ کا زندہ رہنا انسان کو پسند ہےاور مرجانا ناپسند ہے، بہرحال یہ سب باتیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے شدہ ہیں اوران پر ایمان لانا اور عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔

اور کائناتی چیزوں کی حدتک ہر شخص تقدیر الٰہی کا قائل بھی ہےاوراس کا پابند بھی ہے،لوگ بڑی قیمت دے کر گھی خریدتے ہیں،اور استعمال کرتے ہیں،اور زہر کے پاس کوئی نہیں پھٹکتا،اور کسی کو اس معاملہ میں تقدیر الٰہی پر اعتراض نہیں،مگر جب ایمان واعمالِ صالحہ اور کفر واعمالِ طالحہ کا معاملہ آتا ہے تو انسان باتیں چھانٹتا ہےاور جب اس کا بچہ فوت ہوجاتا ہے تو جزع فزع کی حد کردیتا ہے،یہ تقدیر پر ایمان نہ ہونے کا نتیجہ ہے(رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۶۶۱)

خلاصہ: یہ ہے کہ لوگ ''بھلی بری تقدیر'' کا مطلب: نفس الامر کے اعتبار سے بھلی بری تقدیر یعنی فی نفسہ بھلی بری تقدیر سمجھتے ہیں، حالانکہ اس اعتبار سے تو ہر چیز خیر محض ہے،کوئی برا نہیں کارخانہ خداوندی میں۔ بلکہ مراد انسان کے تعلق سے بھلا برا ہونا ہے یعنی انسان کے لئے مفید اور غیر مفید ہونا ہے،اوراس کو کائناتی چیزوں کی حدتک ہر شخص تسلیم کرتا ہےاور مفید باتیں حاصل کرنے کی اور مضر باتوں سے بچنے کی سعی کرتا ہے۔پس اعمال وواقعات میں بھی یہ بات مان لینی چاہئے اور یہی بھلی بری تقدیر پر ایمان لانا ہے۔

تقدیر کا دائرہ:

کائنات خواہ ارضی ہو یا سماوی،اس کا کوئی ذرہ اوراس کا کوئی حال تقدیر کے دائرہ سے باہر نہیں،اور تقدیر صرف اجمالی نہیں، بلکہ تفصیلی ہے،یعنی تقدیر میں صرف مسببات ومعلولات ہی نہیں بلکہ ان کے اسباب وعلل بھی ہیں،ایک صحابی نے آنحضور ﷺ سے دریافت کیا کہ وہ جھاڑ پھونک جس کو ہم (دکھ درد میں) کرواتے ہیں،اور وہ دوائیں جن سے ہم اپنا علاج کرتے ہیں اور وہ پرہیز (اور بچاؤ کی تدبیریں) جن کو ہم اپناتے ہیں کیا یہ چیزیں قضاء وقدر کو ٹال سکتی ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ سب چیزیں اللہ کی تقدیر میں شامل ہیں''،یعنی ہم جن مقاصد کے لئے جو تدبیریں اور کوششیں کرتے ہیں

اوراس سلسلہ میں جن اسباب کواختیار کرتے ہیں وہ سب اللہ کی تقدیر کے ماتحت ہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہے کہ فلاں شخص پر فلاں بیماری آئے گی، اور وہ فلاں جھاڑ پھونک یا فلاں دواء کرے گا جس سے وہ اچھا ہو جائے گا۔

دوسری حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر چیز تقدیر سے ہے، یہاں تک کہ آدمی کا ناکارہ (ناقابل) ہونا اور ہوشیار ہونا'' (رواہ مسلم) یعنی آدمی کی صفات: قابلیت وناقابلیت، صلاحیت وعدم صلاحیت، اور عقل مندی و بیوقوفی وغیرہ بھی اللہ کی تقدیر سے ہیں پس دنیا میں جو کوئی جیسا اور جس حالت میں ہے وہ سب اللہ کی قضاوقدر کے ماتحت ہے۔

اسی طرح مکلّف مخلوقات کے جملہ احوال بھی قضاء وقدر کے دائرہ میں ہیں، یعنی یہ طے کر دیا گیا ہے کہ جن وانس ایک جزوی اختیار رکھنے والی مخلوقات ہونگی اور ان میں سے فلاں فلاں اپنے کسب واختیار سے یہ عمل کر کے جنت میں جائیں گے اور اتنے افراد یہ عمل کر کے جہنم میں جائیں گے، اور دیگر مخلوقات کے لئے جزوی اختیار نہیں ہوگا، اس لئے وہ پاداش عمل کے قانون سے مستثنیٰ ہوں گی۔ غرض سب احوال اپنی تمام تر تفصیلات کے ساتھ تقدیر الٰہی میں طے شدہ ہیں۔

تقدیر کی ضرورت:

اللہ تعالیٰ مختار کل ہیں، وہ جو چاہیں کائنات میں تصرف کر سکتے ہیں، اور وہ اپنے چاہنے میں کسی کے پابند نہیں، وہ اپنی مشیت میں ہر طرح آزاد ہیں، مگر یہ ان کا مخلوقات پر فضل وکرم ہے، اور انسان کے لئے جس کو خلافت ارضی سونپی گئی ہے ضروری بھی ہے کہ انھوں نے اپنی مشیت کو آزاد اور بے قید نہیں رکھا، بلکہ ہر چیز کو تقدیر الٰہی سے وابستہ کر دیا ہے، کوئی امر منتظر نہیں، ہر بات طے شدہ ہے، اگر اللہ تعالیٰ ایسا نہ کرتے تو انسان بڑی الجھنوں میں پڑ جاتا، اس کی سمجھ ہی میں نہ آتا کہ وہ کیا کھائے، اور کیا نہ کھائے، کیونکہ نتیجہ معلوم نہیں، اس کو نہیں معلوم کہ اللہ تعالیٰ کس چیز کے کیا آثار پیدا کریں گے، کیونکہ آثار ونتائج طے شدہ نہیں، اس طرح وہ اندھیرے میں رہتا کہ وہ کونسی زندگی اپنائے، جس سے مولی خوش ہو، اور کیسی زندگی اپنانے سے احتراز کرے کہ مولی ناخوش نہ ہو، وہ ہمیشہ شش وپنج میں مبتلا رہتا، کوئی فیصلہ نہ کر پاتا، کیونکہ کوئی بات طے شدہ نہیں، اور اب جبکہ ساری باتیں طے کر دی گئیں ہیں انسان ہر چیز کے متعلق آسانی سے فیصلہ کر سکتا ہے، عقل کی روشنی یا معمولی راہ نمائی بھی اس کے لئے کافی ہے، اسی بناء پر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ہر چیز کے بارے میں عقل سے کام لینے کی اور اس میں غور وفکر کرنے کی دعوت دی ہے، ورنہ ظاہر ہے کہ اگر زندگی اور کائنات کے لئے کوئی قانون اور نظام ہی نہ ہوتا، اور یہ سب کچھ بے قید مشیت ایزدی کی کرشمہ سازی ہوتی، تو پھر ان میں غور وفکر کی ضرورت ہی کیا تھی؟ اور اگر کوئی غور وفکر کرتا بھی تو اس کا حاصل کیا ہوتا؟! (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۶۶۲)

تقدیر کا مسئلہ آسان ہے:

اور تقدیر کا مسئلہ آسان ہے، اس میں کچھ پیچیدگی نہیں، یہ مسئلہ نصاری کی تثلیث کی طرح نہیں ہے جس کا راز آج

تک کوئی نہیں پا سکا، نہ آئندہ پا سکے گا، اوراس کی دلیل یہ ہے کہ تقدیر پر ایمان لانا ایمانیات میں شامل ہے، تقدیر پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مؤمن نہیں ہوسکتا، اور ایمان کا مکلّف ہر عاقل و بالغ ہے، اور سب لوگوں کی عقلیں یکساں نہیں، پس کوئی ایسا مسئلہ ایمانیات میں کیسے شامل کیا جا سکتا ہے جو ہر ایک کے لئے قابل فہم نہ ہو، ورنہ بعض لوگوں کے حق میں تکلیف مالا یطاق لازم آئے گی، جو باطل ہے، پس لامحالہ یہ بات تسلیم کرنی پڑے گی کہ تقدیر کا مسئلہ ہر کس وناکس کے لئے قابل فہم ہے، کیونکہ یہ کوئی دقیق مسئلہ نہیں، اور حدیث شریف میں جو تقدیر کے باب میں تنازع کی ممانعت آئی ہے، اوراس معاملہ میں تنازع کی وجہ سے امم سابقہ کے ہلاک ہونے کا ذکر آیا ہے، اس میں تنازع سے بحث ومباحثہ مراد ہے، اور قضاء وقدر میں بحث ممنوع اس لئے ہے کہ یہ خدا کی صفات میں بحث ہے، کیونکہ قضاء وقدر اللہ کی صفات ہیں، اور صفات میں بحث: ذات میں غور وفکر ہے، اور خالق میں غور کرنے کی ممانعت ہے۔

اور سابقہ امتوں کے ہلاک ہونے سے مراد ان کی گمراہی ہے، قرآن وحدیث میں ہلاکت کا لفظ گمراہی کے لئے بکثرت استعمال ہوا ہے، اس لئے آپؐ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ گذشتہ امتوں میں اعتقادی گمراہیاں اس وقت درآئیں جب انھوں نے اس مسئلہ کو بحث کا موضوع بنایا —— اور تاریخ شاہد ہے کہ امت محمدیہ میں بھی اعتقادی گمراہیوں کا سلسلہ اسی مسئلہ سے شروع ہوا ہے (معارف الحدیث ۱:۱۷۵)

تقدیر کا مسئلہ مشکل کیوں بن گیا ہے؟

اور تقدیر کا مسئلہ دو وجہ سے مشکل بن گیا ہے:

پہلی وجہ: یہ بات بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ تقدیر کا مسئلہ درحقیقت صفات باری تعالیٰ کا مسئلہ ہے، اور صفاتِ الٰہیہ کو ایک حد تک ہی سمجھا جا سکتا ہے، ان کی تمام حقیقت سمجھنا انسان کے بس کی بات نہیں، صفات کے باب میں ایک حد پر پہنچ کر رک جانا پڑتا ہے، اسی طرح تقدیر کے مسئلہ میں بھی ایک حد پر رکنا ضروری ہے، مگر لوگ رکتے نہیں، وہ سب کچھ سمجھنا چاہتے ہیں، حالانکہ یہ بات صفات کے تعلق سے ممکن نہیں، یہی بات درج ذیل حدیث میں سمجھائی گئی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر ایک کا ٹھکانہ دوزخ کا اور جنت کا لکھا جا چکا ہے'' (بس تقدیر کا مسئلہ اتنا ہی ہے) صحابہ نے عرض کیا: پس کیا ہم اس نوشتہ پر بھروسہ کر کے بیٹھ نہ رہیں؟ اور عمل چھوڑ نہ دیں؟! (یہ تقدیر کے مسئلہ پر اٹھنے والا سوال ہے) آپؐ نے فرمایا: ''عمل کئے جاؤ، ہر ایک کے لئے وہی عمل آسان کیا جاتا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے، نیک بخت کو نیک بختی کے کاموں کی توفیق ملتی ہے اور بد بخت کو بدبختی کے کاموں کی، اور دلیل میں آپؐ نے سورۃ اللیل کی آیات (۵-۱۰) پڑھیں (مشکوٰۃ حدیث ۸۵)

اس حدیث میں آنحضور ﷺ نے صحابہ کرام کے سوال کا جواب نہیں دیا بلکہ ان کو عمل میں لگایا ہے، کیونکہ قضاء وقدر کے مسئلہ کو جس حد تک آپؐ نے بیان فرمایا ہے اسی حد تک سمجھا جا سکتا ہے، اس سے آگے کی بات سمجھنے کی کوشش

نہیں کرنی چاہئے، اس حد پر رک جانا ضروری ہے، تمام صفات خداوندی کا یہی معاملہ ہے۔

رہی یہ بات کہ تقدیر کا مسئلہ صفات الٰہیہ کا مسئلہ کیسے ہے؟ یہ بات اس سے واضح ہے کہ عرف میں قضاء وقدر ایک ساتھ بولتے ہیں، یہ دو مترادف لفظوں کا عطف تفسیری کے ساتھ استعمال ہے، اور ''قضاء'' کا صفت الٰہی ہونا قرآنِ کریم میں بیسیوں جگہ مصرح ہے، مثلاً: ﴿وَقَضَى رَبُّكَ أَلَّا تَعْبُدُوْا إِلَّا إِيَّاهُ﴾ (بنی اسرائیل ۲۳) اور سورۃ الاحزاب آیت ۳۸ میں ہے: ﴿وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ قَدَراً مَقْدُوْرًا﴾ (اور اللہ کا حکم (پہلے سے) تجویز کیا ہوا ہے) ان آیات سے قضاء وقدر کا صفت الٰہی ہونا صراحت کے ساتھ ثابت ہوتا ہے۔

دوسری وجہ: ہماری صفات مفہوم کے اعتبار سے ہماری ذات سے زائد (مغائر) ہیں اور وجود کے اعتبار سے متحد، اسی طرح ہماری متعدد صفات اپنے مفاہیم کے اعتبار سے جدا جدا ہیں مگر سب ذات کے وجود میں شامل ہیں، یعنی صفات: ذات کے ساتھ مل کر ایک اکائی بناتی ہیں، یہی حال بلاتشبیہ ذات رب اور صفات الٰہیہ کا ہے، اور ہر صفت کا اپنا ایک دائرہ ہے جیسے صفت سمع کا دائرہ الگ ہے، اور صفت بصر کا الگ، مگر کبھی ایک صفت کے دوسری صفت پر اثرات پڑتے ہیں، اگر ان سب باتوں کو باریک بینی سے ملحوظ نہ رکھا جائے تو حقائق فہمی میں دشواری پیش آئے گی، مثلاً خداوند قدوس کے تعلق سے اگر تقدیر معلق کا قائل ہوا جائے تو شمول علم کے مسئلہ پر اس کا اثر پڑے گا، یہ ماننا پڑے گا کہ اللہ کا علم عام وتام نہیں، حالانکہ شمول علم کے مسئلہ میں آج تک کسی فرقہ نے اختلاف نہیں کیا، اسی طرح بندوں کو ان کے اختیاری اعمال میں مختار کل مانا جائے تو عموم قدرت کے مسئلہ پر اثر پڑے گا، ماننا پڑے گا کہ کچھ چیزیں اللہ کے اختیار میں نہیں، بندوں کے اختیار میں ہیں، تو یہ ایسی حماقت بھری بات کون مان سکتا ہے!

اسی طرح لوگ قضاء وقدر کے مسئلہ کو شمول علم کے مسئلہ کے ساتھ رَلا دیتے ہیں وہ پوچھتے ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کو ازل سے معلوم ہے کہ ایسا ہونا ہے تو ویسا ہونا ضروری ہے، کیونکہ اللہ کا علم غلط نہیں ہوسکتا، پھر بندے بااختیار کیسے ہوئے؟ وہ تو مجبور محض ہوگئے! حالانکہ سوچنے کا انداز یہ ہونا چاہئے تھا کہ اگر ازل میں سب چیزوں کو طے شدہ نہیں مانیں گے تو شمول علم کی بات غلط ہوکر رہ جائے گی، جب کائنات کے ذرہ ذرہ پر اللہ کا علم محیط ہے تو ضروری ہے کہ ہر چیز ازل سے طے شدہ ہو، ورنہ اللہ کو ان کا علم کیسے ہوگا؟ غرض صفات کے دائرے الگ الگ ملحوظ نہ رکھنے کی وجہ سے اور ایک صفت کے دوسری صفت پر پڑنے والے اثرات کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے تقدیر کا مسئلہ پیچیدہ ہوگیا ہے۔

تقدیر پر ایمان لانے کے تین اہم فائدے:

پہلا فائدہ: تقدیر پر ایمان کے ذریعہ آدمی اس ہم آہنگ نظم وانتظام کو سمجھ سکتا ہے جو ساری کائنات میں پھیلا ہوا

ہے، وہ جان لے گا کہ تمام کائنات ایک منظّم ومتحد قانون کی پابند ہے، کائنات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے برتاؤ میں پوری طرح یگانگت ہے، سرمو تفاوت نہیں۔

دوسرا فائدہ: جس شخص کا تقدیر الٰہی پر ٹھیک ایمان ہوگا اور وہ جانتا ہوگا کہ ہر چیز ازل سے طے شدہ ہے، کوئی امر منتظر نہیں، ہر بات فیصل ہو چکی ہے، اس کی نگاہ اللہ کی قدرت کاملہ کی طرف اٹھی رہے گی، وہ دنیا و مافیہا کو خدا کا پرتو سمجھے گا، وہ جان لے گا کہ ہر چیز قضاء وقدر سے ہے حتی کہ اختیاری اعمال میں بھی بندوں کو جو اختیار حاصل ہے وہ اللہ کی دَین ہے، انھوں نے ہی ازل میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ مکلّف مخلوقات کو ایک جزوی اختیار حاصل ہو، اسی فیصلے کی وجہ سے بندے مختار ہیں، اور بندوں کا حال اس معاملہ میں ایسا ہے جیسا آئینہ میں منعکس ہونے والی صورت کا ہے کہ وہ ذی صورت کا پَرتو اور ظل ہے، اسی طرح بندوں کو اختیار بھی خالق ارض وسماء کی طرف سے ملا ہے، اور جب بندہ اس طرح اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ پر یقین رکھے گا اور خود کو ''مردہ بدست زندہ'' سمجھے گا تو وہ ہر معاملہ میں مطمئن رہے گا، کسی معاملہ میں اس کو کوئی غیر معمولی پریشانی لاحق نہیں ہوگی، وہ ہر حالت کو اللہ کی طرف سے سمجھے گا ﴿قُلْ: كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، فَمَالِ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَايَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا﴾ (النساء ۷۸) ترجمہ: آپ فرمادیجئے کہ سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے ہے پھر ان لوگوں کو کیا ہوا کہ وہ بات سمجھنے کے قریب بھی نہیں ہوتے۔

تیسرا فائدہ: جس طرح دیدار خداوندی آخرت میں نصیب ہوگا مگر اس کی تیاری نمازوں کی پابندی کے ذریعہ اسی دنیا میں کرنی ہے، اسی طرح تقدیر پر ایمان آدمی میں رفتہ رفتہ استعداد پیدا کرتا ہے کہ وہ خدا کی یکساں اور ہم آہنگ تدبیر وُحدانی کو سمجھ سکے، گو کہ اس کا انکشاف تام آخرت میں ہوگا، مگر اس کی صلاحیت ابھی سے پیدا کرنی ہے، اور وہ تقدیر پر ایمان سے حاصل ہوتی ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱: ۶۶۳-۶۶۶)

تقدیر کے ساتھ تدبیر ضروری ہے:

جاننا چاہئے کہ تقدیر پر ایمان لانا معرفت خداوندی کے لئے ضروری ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو ان کی تمام صفات کے ساتھ پہچاننا ضروری ہے، اور اللہ کی صفات میں قضاء وقدر بھی ہیں، مگر تقدیر پر ایمان لانے کے ساتھ معرفت خودی بھی ضروری ہے، یعنی اپنا مقام ومرتبہ پہچاننا بھی ضروری ہے، کیونکہ ہم بندے ہیں، بندگی ہمارا وصفِ خاص ہے، پس اللہ کی جانب سے تقدیر پر نظر: معرفتِ خداوندی کے لئے ضروری ہے اور اپنی جانب سے تقدیر پر نظر: معرفت خودی کے لئے ضروری ہے اور ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو جزوی اختیار رکھنے والی مخلوق بنایا ہے، پس ہمیں اپنے اختیار سے اپنے لئے مفید کام کرنے چاہئیں، اور اپنے اختیار سے اپنے لئے مضر کاموں سے بچنا چاہئے، تاکہ آخرت میں ہمارے لئے جو مفید گھر ہے یعنی جنت وہ ہمیں ملے، اور جو مضر جگہ ہے یعنی جہنم اس سے ہم بچ جائیں،

آ گے قضاء وقدر کی جو روایات آرہی ہیں ان کو پڑھتے وقت یہ نکتہ خاص طور پر پیش نظر رہنا چاہئے، جب نبی ﷺ نے تقدیر کا مسئلہ سمجھایا تو صحابہ کو اشکال پیش آیا یہ اشکال ان کو اللہ کی جانب سے تقدیر پر نظر کرنے کی وجہ سے پیش آیا تھا، نبی ﷺ نے ان کی نظر اس طرف پھیری کہ ہم بندوں کو اپنی جانب سے تقدیر کو دیکھنا چاہئے، یہی تدبیر ہے، فرمایا: **اعملُوا فكلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ له**: اپنے اختیار سے اچھے عمل کرو، ہر انسان کے لئے وہی عمل آسان کیا جاتا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے یعنی دوسرے عمل کا وہ تصور ہی نہیں کرسکتا۔

تقدیر معلق صرف بندوں کے اعتبار سے ہوتی ہے:

اب یہ بات آسانی سے سمجھ میں آجائے گی کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہر تقدیر مبرم اور ملزم ہوتی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کا ازلی فیصلہ لازم کرنے والا ہے، جس کے مطابق کائنات کا وجود پذیر ہونا ضروری ہے یعنی اس طے شدہ امر سے حوادث کا تخلف نہیں ہوسکتا، اور تقدیر: معلق صرف بندوں کے اعتبار سے ہوتی ہے، جس کا ذکر حدیث شریف میں آیا ہے کہ: ''والدین کے ساتھ حسن سلوک عمر بڑھاتا ہے، اور جھوٹ روزی گھٹاتا ہے، اور دعا فیصلۂ خداوندی کو پھیر دیتی ہے'' یہ باتیں معلق صرف بندوں کے علم اور ظہور حوادث کے اعتبار سے ہیں، علم الٰہی کے تعلق سے ہر شی طے شدہ ہے، ازل سے خدا کو معلوم ہے کہ کیا ہونا ہے، جیسے کہا جاتا ہے کہ طالب علم اگر محنت کرے گا تو امتحان میں کامیاب ہوگا، اور کھیلے گا تو فیل ہوگا، یہ بات صرف بندوں کے اعتبار سے ہے، اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کے اعتبار سے نہیں، ان کو ازل سے وہ پہلو معلوم ہے جو ظہور پذیر ہونے والا ہے، بلکہ وہ پہلو انہی کا طے کیا ہوا ہے، ورنہ علم الٰہی کا ناقص ہونا لازم آئے گا کیونکہ ماننا پڑے گا کہ کچھ باتیں ان کو ازل میں متعین طور پر معلوم نہیں تھیں توبہ! توبہ!!

اور اس سے جبر اس لئے لازم نہیں آتا کہ علم: معلوم سے منتزع ہوتا ہے یعنی معلوم کے تابع ہوتا ہے، معلوم کبھی علم کے تابع نہیں ہوتا، جیسے تاج محل کا واقعی علم وہ ہے جو تاج محل سے حاصل ہو، تاج محل کبھی ہمارے تصور کے تابع نہیں ہوسکتا، بس فرق اتنا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا علم حضوری ہے، اکتسابی نہیں، اس لئے وہ معلومات کے محتاج نہیں، وہ لایزال میں جو کچھ رونما ہونے والا ہے: اس کو ازل سے بغیر معلومات کے جانتے ہیں اور چونکہ ان کا علم واقعہ کے مطابق ہے اس لئے وہ جو کچھ جانتے ہیں وہی ہوگا، ورنہ ان کا علم غلط ہوجائے گا، مگر قاعدہ وہی رہے گا کہ علم: معلوم سے حاصل ہوتا ہے یعنی علم معلوم کے تابع ہوتا ہے، معلوم علم کے تابع نہیں ہوتا اس لئے جبر لازم نہیں آئے گا۔

خلاصۂ کلام:

پس خلاصۂ کلام یہ ہے کہ قدر و تقدیر کے معنی ہیں: اندازہ کرنا، اسکیم بنانا اور پلاننگ کرنا، جس طرح آدمی حویلی بناتا ہے تو پہلے نقشہ بناتا ہے، پھر اس کے مطابق تعمیر کرتا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے علم ازلی میں اس عالم

کے لئے پلاننگ کی ہے، جس میں انسان کا مکلّف ہونا بھی شامل ہے، انسان کو اللہ تعالیٰ نے جزوی اختیار دیا ہے، اور وہ اپنے اختیار سے کیا کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں، کائنات کا کوئی ذرہ ان سے مخفی نہیں، اور یہ معرفتِ خداوندی کا پہلو ہے اور اس اعتبار سے تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے، ورنہ معرفتِ خداوندی ناتمام رہ جائے گی۔

اور معرفتِ خودی کے نقطہ نظر سے اس طرح سوچنا چاہئے کہ ہم بندے ہیں اور مجبور بندے نہیں ہیں، بلکہ جزوی اختیار رکھنے والی مخلوق ہیں، پس ہم بہ اختیار خود اچھا بھی کر سکتے ہیں اور برا بھی، پس ہمیں اچھے کاموں کی سعی کرنی چاہئے اور برے کاموں سے بچنا چاہئے، یہ اپنی جانب سے تقدیر الٰہی پر غور کرنے کا طریقہ ہے، نبی ﷺ نے صحابہ کو اسی کی تعلیم دی ہے، یہی تقدیر کے ساتھ تدبیر ہے، اور دنیوی امور کی حد تک ہر شخص تدبیر کی ضرورت کا قائل ہے، ہر شخص ہاتھ پیر ہلاتا ہے تاکہ روزی روٹی ملے، اشکال صرف ایمان وکفر اور اعمالِ صالحہ وسیئہ میں پیش آتا ہے، یہ ٹھیک نہیں، اس میں بھی تقدیر پر ایمان کے ساتھ تدبیر ضروری ہے یعنی اپنے اختیار تمیزی سے ایمان لانا اور نیک کام کرنا ضروری ہے، تاکہ ہم جنت سے ہم کنار ہوں۔ واللہ الموفق۔

مثالوں سے مزید وضاحت:

بعض مسائل ذو جہتین ہوتے ہیں، اور دونوں جہتوں کے احکام الگ ہوتے ہیں، وہاں اگر فرق مراتب نہ کیا جائے تو مسئلہ پیچیدہ ہو جاتا ہے، مثلاً:

۱- حدیث میں ہے کہ کوئی شخص اپنے عمل سے جنت میں نہیں جائے گا، حتی کہ نبی ﷺ بھی اپنے عمل کی وجہ سے جنت میں نہیں جائیں گے، بلکہ اللہ کے فضل وکرم کی وجہ سے جائیں گے...... یہاں بھی سوال پیدا ہوگا کہ پھر عمل سے کیا فائدہ؟ نیز قرآن وحدیث بھرے پڑے ہیں کہ ایمان واعمال صالحہ جنت میں لے جائیں گے اور کفر واعمال سیئہ جہنم میں پہنچائیں گے، پس پہلی حدیث ان تصریحات کے خلاف ہے!

اس کا جواب یہی ہے کہ پہلی حدیث میں جو بات ہے وہ عقیدہ ہے۔ اور قرآن وحدیث کی تصریحات میں اسباب کا بیان ہے، جو برائے عمل ہیں، کیونکہ اسباب محض اسباب ہوتے ہیں، مسبب الاسباب حق تعالیٰ ہیں، پس جس طرح کھانے پینے سے شکم سیری اور سیرابی حاصل نہیں ہوتی، بلکہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ شکم سیر اور سیراب کرتے ہیں، اور یہ عقیدہ رکھنا ضروری ہے، اس کے بغیر ایمان مکمل نہیں ہوتا، مگر شکم سیری اور سیرابی کے لئے اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، کیونکہ وہ برائے عمل ہیں۔

۲- اللہ تعالیٰ رزاق ہیں، قرآن کریم میں اس کی صراحت ہے، مگر یہ عقیدہ ہے، برائے عمل یہ بات نہیں ہے، عمل

کے لئے وہ اسباب ہیں جو اللہ تعالیٰ نے روزی کے لئے پیدا کئے ہیں، چنانچہ ہر شخص روزی کے لئے دوڑ دھوپ کرتا ہے، اور جو ہاتھ پر ہاتھ دھر کر بیٹھا رہتا ہے وہ بے وقوف ہے، یہاں بھی مسئلہ کی دو جانبیں ہیں: ایک: اللہ کی جانب ہے اور وہ صرف عقیدہ ہے۔ اور دوسری: عمل کی جانب ہے اور وہ اسباب کو اختیار کرنا ہے۔

اسی طرح تقدیر کے مسئلہ کی بھی دو جانبیں ہیں: ایک: اللہ کی جانب ہے کہ سب کچھ ازل سے طے شدہ ہے اور ہر چیز اللہ تعالیٰ جانتے بھی، مگر یہ صرف عقیدہ ہے اور یہی اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت ہے۔ اور دوسری: بندوں کی جانب ہے، جو عمل کی جانب ہے یعنی ہم کو یہ حکم ہے کہ اپنے اختیار تمیزی سے اچھے کام کریں تاکہ اچھے انجام سے ہم کنار ہوں۔ کیونکہ یہ دنیا دار الاسباب ہے، یہاں ہر چیز کا سبب ہے، جس سے مسببات وجود میں آتے ہیں، اور تقدیر الٰہی میں صرف مسببات نہیں، بلکہ اسباب بھی ہیں، اور کائنات کو برتنے کی حد تک ہر شخص اس کو تسلیم کرتا ہے اور اس پر عمل پیرا بھی ہے، پس کیوں نہ ایمان و اعمال صالحہ اور کفر اور اعمالِ سیئہ میں بھی یہ بات تسلیم کر لی جائے؟ یعنی جو جنت میں جائے گا وہ اس کے اسباب کی وجہ سے جائے گا اور جو جہنم میں جائے گا وہ بھی اس کے اسباب کی وجہ سے جائے گا، اور تقدیر الٰہی اسباب و مسببات کے مجموعہ کا نام ہے، تقدیر میں صرف مسببات ہی نہیں ہیں، اسباب بھی ہیں، اور اسباب اختیار کرنا یہ عمل کی جانب ہے اور اسی اعتبار سے تقدیر معلق ہے، امید ہے کہ اس سے مسئلہ کی حقیقت واضح ہو جائے گی، مزید تفصیل احادیث کی شرح میں آئے گی۔

بابُ ماجاء مِنَ التَّشْدِیْدِ فِی الْخَوْضِ فِی الْقَدَرِ

تقدیر میں بحث وتکرار کی سخت ممانعت

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، ہم تقدیر میں جھگڑ رہے تھے، پس آپؐ اس حد تک غضبناک ہوئے کہ رخ انور سرخ ہو گیا، گویا آپؐ کے دونوں رخساروں میں انار نچوڑ دیئے گئے ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: ''کیا اسی کا تمہیں حکم دیا گیا ہے؟ اور کیا اسی کے ساتھ میں تمہاری طرف بھیجا گیا ہوں؟ وہ لوگ جو تم سے پہلے ہوئے وہ اسی وقت ہلاک ہوئے جب انھوں نے اس معاملہ میں جھگڑا شروع کیا، میں تمہیں قسم دیتا ہوں کہ تقدیر میں مت جھگڑو''

تشریح: ممانعت تقدیر کے باب میں سوال کرنے کی نہیں ہے، تقدیر کا مسئلہ سمجھنے کی کوشش کرنی چاہئے صحابہ نے بھی سوال کیا ہے۔ بلکہ ممانعت تقدیر کے مسئلہ میں الجھنے کی ہے اور اس کی پوری حقیقت جاننے کی کوشش کرنے کی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ہر صفت دوسری صفت کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ صفت قضاء وقدر: صفت شمول علم کے ساتھ، اور صفت قدرت: صفتِ مشیت کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، اور ان دوسری صفات کی وجہ سے

جب مسئلہ الجھ جاتا ہے تو اس کو حل کرنا ہر شخص کے بس کا نہیں ہوتا اس لئے عام لوگ اگر تقدیر میں بحث شروع کریں گے تو گمراہی کا اندیشہ ہے، پچھلی امتیں اسی مسئلہ میں بحثیں کر کے گمراہ ہوئی ہیں، اور اس امت میں بھی فکری گمراہی تقدیر کے مسئلہ ہی سے شروع ہوئی ہے، کچھ لوگ پیدا ہوئے جنھوں نے کہا: الْأَمْرُ أُنُفٌ: معاملہ اچھوتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے پہلے سے کچھ طے نہیں کیا، نہ رونما ہونے والے واقعات کا اللہ تعالیٰ کو پہلے سے علم ہے، بلکہ جب زید چلتا ہوا گرتا ہے تو لوگوں کو بھی پتہ چلتا ہے کہ وہ گرا اور اسی وقت اللہ کو بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ گرا، توبہ! اور انسان اپنے اعمال اختیاریہ کا خود خالق ہے اس لئے وہ مکلّف ہے اور اپنے اعمال کا ذمہ دار ہے، یہ فرقہ خود کو قدریہ کہتا ہے، حالانکہ وہ لاقدریہ ہے، یعنی تقدیر کا منکر ہے، جیسے غیر مقلدین خود کو غیر مقلد کہتے ہیں حالانکہ وہ تقلید میں مقلدین سے بھی آگے ہیں، اسی طرح یہ لوگ منکر تقدیر ہو کر بھی خود کو قدری کہتے ہیں، اسی کو کہتے ہیں: برعکس نہند نام زنگی کافور!

دوسرا فرقہ کہتا ہے کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے طے ہے اور جو طے ہے وہ ہو کر رہے گا اور انسان بے بس ہے، اینٹ پتھر کی طرح ہے کہ جہاں چاہو اٹھا کر رکھ دو، اس لئے ایمان و کفر اور اعمال صالحہ وسیئہ یکساں ہیں، یہ فرقہ جبریہ کہلاتا ہے اور یہ بھی گمراہ فرقہ ہے، کیونکہ جب انسان کا کوئی اختیار نہ رہا تو جزاء وسزا کیسی؟ حالانکہ انسان خود میں اور جانوروں میں بدیہی طور پر فرق کرتا ہے، جانوروں کو کوئی ان کے افعال کا ذمہ دار نہیں گردانتا اور انسان کو ہر سمجھ دار اس کے اختیاری فعل کا ذمہ دار سمجھتا ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ وہ مجبور محض نہیں۔

بلکہ معاملہ بین بین ہے اور ہر بات تفصیلی طور پر طے ہے، اور اس کو اللہ تعالیٰ جانتے بھی ہیں، اور اسباب ومسببات کے دائرہ میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ اچھوتا نہیں، بلکہ طے شدہ امر ہے، اور تکلیف ومجازات کی بنیاد انسان کا کسب واکتساب ہے، یعنی اس کو جو جزوی اختیار دیا گیا ہے جس سے وہ اچھے برے کام کرتا ہے اسی کی بنیاد پر مجازات ہوگی۔

اور تقدیر میں خوض کرنے (گھسنے) کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ تقدیر کے مسئلہ کو عقل کے دائرہ میں لانا اور اس کو دلائل عقلیہ سے ثابت کرنا اور کوئی محقق اور واضح مرتبہ جبر وقدر کے درمیان ثابت کرنا جس سے ہر شخص بات سمجھ جائے اور فرق واضح ہو جائے: تقریباً ناممکن ہے اور تقدیر کی حقیقت کا انکشاف تقریباً محال ہے اس لئے اس میں غور وخوض کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ آدمی جبری ہو جاتا ہے یا قدری، پس ہر شخص کو چاہئے کہ تقدیر پر ایمان لائے، نصوص میں جو کچھ آیا ہے اس کو تسلیم کرے، اگرچہ اس کی حقیقت نہ جان سکے، اور اگلے لوگوں نے جب تقدیر میں بحث وتکرار شروع کی تو ان میں فکری گمراہی رونما ہوئی اور وہ جادۂ مستقیم سے ہٹ گئے اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس امت کو سختی سے تقدیر کے مسئلہ میں الجھنے سے منع فرمایا۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب القَدَرِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] باب ماجاء مِنَ التَّشْدِيْدِ فِى الخَوْضِ فى الْقَدَرِ

[۲۱۳۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ، نَا صَالِحُ المُرِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ نَتَنَازَعُ فِى الْقَدَرِ، فَغَضِبَ حَتَّى احْمَرَّ وَجْهُهُ، حَتَّى كَأَنَّمَا فُقِئَ فِىْ وَجْنَتَيْهِ الرُّمَّانُ، فَقَالَ: ”أَبِهٰذَا أُمِرْتُمْ؟ أَمْ بِهٰذَا أُرْسِلْتُ إِلَيْكُمْ؟ إِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ حِيْنَ تَنَازَعُوْا فِىْ هٰذَا الْأَمْرِ، عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ أَلَّا تَنَازَعُوْا فِيْهِ“

وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ، وأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ صَالِحِ الْمُرِّيِّ، وَصَالِحٌ الْمُرِّيُّ: لَهُ غَرَائِبُ يَتفَرَّدُ بِهَا.

وضاحت: اس حدیث کا ایک راوی صالح بن بشیر مرّی ابوبشر بصری: غیر صالح (ضعیف) ہے اس کی روایتیں عجیب وغریب ہوتی ہیں، اوران کا وہی راوی ہوتا ہے، مگر اس حدیث کے چونکہ شواہد ہیں، باب میں تین روایتوں کا حوالہ ہے اوران کے علاوہ بھی تین روایتیں ہیں اس لئے حدیث کا مضمون صحیح ہے، اور تقدیر میں منازعت ممنوع ہے۔

بابٌ [فى حِجَاجِ آدَمَ وَمُوْسَى عليهما السلام]

آدم وموسیٰ علیہما السلام میں ایک مناظرہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: آدم وموسیٰ علیہما السلام میں مناظرہ ہوا، پس موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے آدم! آپ وہی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت سے پیدا فرمایا ہے، اورآپ میں اپنی خاص روح پھونکی ہے، آپ نے لوگوں کو بے راہ کر دیا اوران کو جنت سے نکال دیا، نبی ﷺ نے فرمایا: پس آدم علیہ السلام نے جواب دیا: آپ وہ موسیٰ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی ہم کلامی کا شرف بخشا ہے، کیا آپ مجھے ایک ایسے عمل پر ملامت کرتے ہیں جس کو میں نے کیا ہے، جس کو اللہ تعالیٰ نے مجھ پر لکھ دیا ہے آسمان وزمین پیدا کرنے سے پہلے؟ نبی ﷺ نے

فرمایا: پس آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے، یعنی موسیٰ علیہ السلام لاجواب ہو گئے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، مسلم میں مفصل اور بخاری میں اختصار کے ساتھ پانچ جگہ ہے، علاوہ ازیں ابوداؤد (حدیث ۴۷۰۱) میں بھی ہے، اور مصری نسخہ میں حسنٌ کے ساتھ صحیحٌ بھی ہے۔ پس امام ترمذیؒ کی بحث اس معین سند کے بارے میں ہے کہ یہ روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی؟ سلیمان تیمی: حضرت ابو ہریرہؓ تک سند پہنچاتے ہیں اور اعمش کے دیگر تلامذہ بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں، اور اعمش کے بعض تلامذہ حضرت ابوسعید خدریؓ تک سند پہنچاتے ہیں، مگر چونکہ یہ حدیث اس سند کے علاوہ دیگر اسانید سے بھی حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ کا رجحان اس طرف ہے کہ یہ حضرت ابو ہریرہ کی حدیث ہے۔

۲- یہ مناظرہ کہاں ہوا؟ مسلم شریف کی روایت میں عند ربھما ہے یعنی یہ مناظرہ عالم ارواح میں بارگاہِ خداوندی میں ہوا، جہاں حضرت آدم اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کی ارواح جمع ہوئی تھیں۔

۳- نوشتۂ تقدیر کوتاہی کا عذر تو نہیں بن سکتا مگر اس کے ذریعہ الزام رفع کیا جاسکتا ہے، چنانچہ جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی اور عتاب خداوندی نازل ہوا تو آپ نے فوراً توبہ کی، تقدیر کا عذر پیش نہیں کیا، مگر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ کو الزام دیا تو آپ نے اپنی لغزش کا وہ پہلو سامنے رکھا جو نوشتۂ تقدیر تھا، جس کے مطابق واقعات کا رونما ہونا ضروری تھا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام لاجواب ہو گئے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی لغزش میں دو پہلو ہیں:

ایک پہلو: وہ ہے جس کا تعلق خاص حضرت آدم علیہ السلام کی ذات سے ہے، اور وہ یہ ہے کہ جب تک آپ نے شجرۂ ممنوعہ نہیں کھایا تھا جنت کی سب نعمتیں حاصل تھیں، اس وقت آپ کی حالت فرشتوں جیسی تھی، کوئی کلفت پیش نہیں آتی تھی، پھر جب آپ نے درخت کھالیا تو صورتِ حال بدل گئی، اس پہلو سے درخت کا کھانا ایک ایسا گناہ تھا جس سے استغفار ضروری تھا، چنانچہ آپ نے استغفار کیا جو بارگاہِ خداوندی میں قبول ہوا۔

اور دوسرا پہلو: وہ ہے جس کا تعلق نظام عالم سے ہے جس کا اظہار اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم سے پہلے ہی فرشتوں سے کر دیا تھا، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تخلیق آدم کی غرض نوع انسانی کو زمین میں اپنا خلیفہ بنانا ہے، اور ایک ایسی مخلوق وجود میں لانا ہے جس میں خیر وشر کی صلاحیتیں جمع ہوں، جن کو احکام شرعیہ کا مکلّف بنایا جائے، اس پہلو سے حضرت آدم علیہ السلام کا شجر ممنوعہ کھانا اللہ کی مراد کے مطابق اور ان کی حکمت کے موافق تھا۔

اور جب حضرت آدم علیہ السلام سے لغزش ہوئی تو یہ دوسرا پہلو ان سے مخفی تھا، پہلا ہی پہلو پیش نظر تھا اس لئے آپ پر عتاب نازل ہوا اور آپ نے استغفار کیا، جس کا مداوا کیا گیا، پھر جب وفات کے بعد آپ بارگاہ خداوندی

میں منتقل ہوئے تو واقعہ کا یہ دوسرا پہلو واضح ہوا، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے واقعہ کے پہلے پہلو سے اعتراض کیا تھا مگر جب ان کے سامنے معاملہ کا یہ دوسرا پہلو آیا تو وہ خاموش ہو گئے، اور بات ان کی سمجھ میں آ گئی۔

فائدہ: ابواب القدر کی تمہید میں میں نے یہ بات عرض کی ہے کہ بندوں کو تقدیر کا معاملہ اپنی جانب سے دیکھنا چاہئے، یعنی اپنے اختیار اور اسباب ومسببات کے دائرہ میں سوچنا چاہئے، تقدیر الٰہی کی جانب سے نہیں دیکھنا چاہئے، ہاں جب معاملات کھل جائیں تو جس طرح چاہیں سوچیں، حضرت آدم علیہ السلام نے بھی جب ان سے لغزش ہوئی تھی تو معاملہ کو اسی طرح سوچا تھا اور توبہ کی تھی، کیونکہ بندے کی بندگی کے لائق یہی طریقہ ہے، پھر جب معاملہ کلیر ہو گیا تو حضرت آدم علیہ السلام نے دوسرے انداز سے گفتگو کی۔

اور اس کی نظیر یہ ہے کہ تقدیر پر تکیہ نہیں کرنا چاہئے، معاملات کو اسباب کے دائرہ میں لانا چاہئے، اور اچھائی کے اسباب اختیار کرنے چاہئیں اور برائی کے اسباب سے بچنا چاہئے، پھر جب معاملہ ایک طرف ہو جائے تو تقدیر پر اعتماد کرنا چاہئے، مثلاً کسی کا لاڈلا بچہ بیمار پڑے تو وہ ہر طرح سے علاج معالجہ کرائے، تقدیر پر بھروسہ کر کے نہ بیٹھے، مگر جب بچہ فوت ہو جائے تو رضا بہ قضاء کا مرحلہ شروع ہوتا ہے، اب آدمی کو یہ سوچنا چاہئے کہ جو مقدر تھا وہ ہوا اور اسی میں میرے لئے خیر تھی، یہ تقدیر پر ایمان کا بہت بڑا فائدہ ہے۔

نوٹ: ہندی نسخوں میں باب بلا ترجمہ ہے اور مصری نسخہ میں ترجمہ بھی ہے جو بڑھایا گیا ہے۔

[۲-] بابٌ [فی حِجَاجِ آدَمَ وَمُوْسَى عليهما السلام]

[۲۱۳۴-] حدثنا يَحْيىَ بنُ حَبِيْبِ بنِ عَرَبِيٍّ، نَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، نَا أَبِيْ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " احْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسَى، فَقَالَ مُوْسَى: يَاآدَمُ أَنْتَ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهِ، أَغْوَيْتَ النَّاسَ وَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ؟! قَالَ: فَقَالَ آدَمُ: أَنْتَ مُوْسَى الَّذِى اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهِ، أَتَلُوْمُنِى عَلَى عَمَلٍ عَمِلْتُهُ: كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوْسَى "

وفى الباب: عَنْ عُمَرَ، وَجُنْدُبٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُ أَصْحَابِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ ماجاءَ في الشَّقَاءِ وَالسَّعَادَةِ

بدبختی اور نیک بختی کا بیان

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بتلایئے جو کام ہم کرتے ہیں وہ نئے ہیں یا طے شدہ؟ آپؐ نے فرمایا: اے عمر! وہ طے شدہ ہیں، اور ہر ایک آسان کیا ہوا ہے: اگر وہ نیک بختوں میں سے ہے تو وہ نیک بختی والے کام کرتا ہے، اور اگر وہ بدبختوں میں سے ہے تو وہ بدبختی والے کام کرتا ہے۔

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقدیر کا مسئلہ پوچھا تھا کہ جو واقعات پیش آتے ہیں اور جو کام ہم کرتے ہیں وہ پہلے سے طے شدہ ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کو جانتے ہیں، یا معاملہ اچھوتا ہے یعنی اس کے بارے میں پہلے سے کچھ طے نہیں، نہ اللہ تعالیٰ کو ان کا کوئی علم ہے، آپؐ نے فرمایا: تقدیر الٰہی میں ہر چیز طے شدہ ہے، مگر بندوں کو تقدیر کی جہت سے نہیں سوچنا چاہئے، اگر وہ اس جہت سے سوچیں گے تو فوراً سوال پیدا ہوگا کہ پھر عمل سے کیا فائدہ؟ اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: بندوں کو معاملات اپنی جہت سے دیکھنے چاہئیں، کیونکہ جو نیک کام کرتا ہے اپنے اختیار سے کرتا ہے اور اللہ اس کو توفیق دیتے ہیں اور اس کے کاموں کی تخلیق کرتے ہیں، اور جو برے کام کرتا ہے اس کا بھی یہی حال ہے۔

اور دنیوی امور کی حد تک ہر شخص اسی طرح سوچتا ہے ہر شخص جانتا ہے کہ اگر وہ ہاتھ پیر ہلائے گا تو روٹی ملے گی، اشکال صرف اعمالِ صالحہ اور سیئہ میں ہوتا ہے، حالانکہ ان اعمال کو بھی دنیوی امور ہی کی طرح سوچنا چاہئے، کیونکہ تقدیر اجمالی نہیں ہے، بلکہ تفصیلی ہے کہ فلاں بندہ اپنے اختیار سے ایمان لائے گا اور نیک عمل کرے گا اور اسی پر اس کی موت آئے گی اور وہ نیک بندوں کے زمرے میں شامل ہوگا اور دوسرا اس کے برعکس ہوگا، پس ہر ایک کو اچھے کام کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، اور برے کاموں سے بچنا چاہئے۔

بہ الفاظ دیگر: تقدیر مبرم صرف اللہ کی جانب سے ہے، بندوں کی طرف سے معلق ہے، یعنی مسببات: اسباب کے تابع ہیں، اور بندے کے اختیاری اعمال میں کسب بھی منجملۂ اسباب ہے، اور اس پر نتائج مرتب ہوتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس تھے، آپؐ زمین کرید رہے تھے، اچانک آپؐ نے آسمان کی طرف سر اٹھایا اور فرمایا: ''تم میں سے کوئی نہیں مگر اس کا دوزخ کا ٹھکانہ اور اس کا جنت کا ٹھکانہ جانا گیا ہے (اور وکیعؒ کہتے ہیں: لکھا گیا ہے) صحابہ نے عرض کیا: پس کیا ہم تکیہ نہ کریں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: لا، اعمَلُوْا فکلٌّ مُیَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ له: نہیں بلکہ عمل کرو، یعنی اپنے اختیار کو استعمال کرو اور اچھے کام کرو، کیونکہ ہر شخص اس ٹھکانہ کے لئے آسان کیا گیا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں بھی پہلے آپؐ نے اللہ کی جانب سے تقدیر کا مسئلہ سمجھایا ہے کہ ازل سے ہر معاملہ طے

ہے، پھر جب اس پر سوال پیدا ہوا تو آپؐ نے لوگوں کی توجہ دوسری طرف پھیری کہ ہمیں تقدیر کا معاملہ اپنی طرف سے تقدیر معلق کی طرح دیکھنا چاہئے، کیونکہ جب دنیوی معاملات میں ہر شخص ایسا کرتا ہے تو ایمان وعمل کے معاملہ میں ایسا کیوں نہ کرے؟!

[۳-] بابُ ماجاء فی الشَّقَاءِ وَالسَّعَادَةِ

[۲۱۳۵-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا شُعْبَةُ، عَن عَاصِمِ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيْهِ: أَمْرٌ مُبْتَدَعٌ أَوْ: مُبْتَدَأٌ، أَوْ فِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ:" فِيْمَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، يا ابنَ الْخَطَّابِ! وَكُلٌّ مُيَسَّرٌ: أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ، فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ، وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلشَّقَاءِ"

وَفِي الْبَابِ: عَنْ عَلِيٍّ، وَحُذَيْفَةَ بنِ أَسِيْدٍ، وأَنَسٍ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۱۳٦-] أَخْبَرَنَا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الحُلْوَانِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، وَوَكِيْعٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرحمنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَنْكُتُ فِيْ الأَرْضِ، إِذْ رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ:" مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا قَدْ عُلِمَ - قَالَ وَكِيْعٌ: إِلَّا قَدْ كُتِبَ - مَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ، وَمَقْعَدُهُ مِنَ الْجَنَّةِ" قَالُوْا: أَفَلَا نَتَّكِلُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" لَا، اعْمَلُوْا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: مُبْتَدَعٌ اور مُبْتَدَأٌ کے ایک معنی ہیں: دونوں اسم مفعول ہیں، اول: ابْتَدَعَ سے ہے جس کے معنی ہیں: نئی چیز جاری کرنا، ایجاد کرنا، اور دوسرا ابْتَدَأَ الشیئَ سے ہے جس کے معنی ہیں: شروع کرنا (اور ایک تیسرا لفظ ہے الأُنُفُ: جدید، تازہ، اچھوتا یعنی جسے ابھی تک استعمال نہ کیا گیا ہو) راوی کو شک ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان میں سے کونسا لفظ استعمال کیا تھا...... ما قد فُرِغَ مِنْه: وہ کام جس سے نمٹا جا چکا ہے...... الشَّقَاءُ اور الشَّقَاوۃ: دونوں کے معنی ہیں بدبختی...... اور دوسری حدیث میں جو واقعہ ہے وہ قبرستان کا ہے، نبی ﷺ کسی میت کی تدفین کے لئے تشریف لے گئے ہیں، اور صحابہ کے درمیان تشریف فرما ہیں اور دست مبارک میں چھڑی ہے جس سے زمین کریدر ہے ہیں۔

بابُ ماجاء أَنَّ الأَعْمَالَ بِالْخوَاتِيْمِ

اخروی انجام آخری اعمال کے مطابق ہوگا

زندگی میں نشیب وفراز آتے ہیں، آدمی گمراہ ہوتا ہے پھر ایمان لاتا ہے، اور مؤمن ہوتا ہے پھر گمراہ ہوجاتا ہے، پس آخرت میں فیصلہ کس طرح ہوگا؟ اول زندگی کا اعتبار ہوگا یا آخر کا یا مجموعہ کا یا خیر وشر میں سے جو غالب ہوگا اس کا اعتبار ہوگا؟ احادیثِ شریفہ سے یہ بات ثابت ہے کہ آخری زندگی کا اعتبار ہوگا، وہ جیسی ہوگی اس کے مطابق فیصلہ ہوگا۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے جو صادق (سچے) اور مصدوق (تصدیق کیے ہوئے) ہیں فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کی پیدائش جمع کی جاتی ہے اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن میں، یعنی اس مدت میں نطفہ میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوتی، حرارت کی وجہ سے بس معمولی تغیر ہوتا ہے، پھر اتنی ہی مدت میں جما ہوا خون ہوتا ہے، پھر اتنی ہی مدت میں گوشت کا ٹکڑا ہوتا ہے، پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتہ بھیجتے ہیں جو اس میں روح پھونکتا ہے، اور وہ چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے، وہ اس کی روزی، اس کی مدت عمر، اس کا عمل اور بدبخت یا نیک بخت ہونا لکھتا ہے، پس قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! تم میں سے ایک جنتیوں والے کام کرتا ہے، یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے، یعنی موت کے قریب تک ایمان وعمل صالح میں مشغول رہتا ہے، پھر اس پر نوشتۂ تقدیر غالب آتا ہے پس اس کے لئے زندگی ختم کی جاتی ہے دوزخ والوں کے عمل کے ساتھ، پس وہ دوزخ میں جاتا ہے، اور تم میں سے ایک آدمی دوزخ والوں کے کام کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان صرف ایک ہاتھ کا فاصلہ رہ جاتا ہے، پھر اس پر نوشتۂ تقدیر غالب آتا ہے پس اس کے لئے اختتام کیا جاتا ہے جنتیوں کے عمل کے ساتھ پس وہ جنت میں جاتا ہے۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں مراحل تخلیق کا جو تذکرہ آیا ہے وہ اگلے مضمون کی تمہید ہے، یعنی جب اس میں فرشتہ روح پھونکتا ہے تو وہ چار باتیں لکھتا ہے، یہ تقدیر الٰہی کے پانچ مظاہر میں سے چوتھا مرحلہ ہے، جس کی تفصیل باب ۱۶ میں آرہی ہے، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے ان مراحل کو تفصیل سے بیان کیا ہے (دیکھیں: رحمۃ اللہ ۱:۶۷۴) اور فرشتہ کا یہ نوشتہ ایسا قطعی اور اٹل ہے کہ ایک شخص جو اس نوشتہ میں دوزخی لکھا گیا ہے بسا اوقات ایک مدت تک جنتیوں جیسی پاک بازانہ زندگی گذارتا ہے، پھر اچانک اس کے رویہ میں تبدیلی آجاتی ہے اور وہ دوزخ میں لے جانے والے برے اعمال کرنے لگتا ہے اور اسی حالت میں مرکر دوزخ میں پہنچ جاتا ہے، وقس علیہ الآخرَ۔

۲- اور اس حدیث کا خاص سبق یہ ہے کہ کسی کو بداعمالیوں میں مبتلا دیکھ کر اس کے قطعی دوزخی ہونے کا فیصلہ نہیں

کرنا چاہئے، کیونکہ معلوم نہیں زندگی کے باقی حصہ میں اس کا رخ اور رویہ کیا ہونے والا ہے، اسی طرح آج اعمالِ خیر کی توفیق مل رہی ہے تو اس پر مطمئن نہیں ہوجانا چاہئے بلکہ برابر حسن عمل کے لئے فکرمند اور کوشاں رہنا چاہئے۔

[٤-] بابُ ماجاء أَنَّ الأَعْمَالَ بِالْخَوَاتِيْمِ

[٢١٣٧-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: ثَنَا رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ الصَّادِقُ المَصْدُوْقُ: "إِنَّ أَحَدَكُمْ يُجْمَعُ خَلْقُهُ فِيْ بَطْنِ أُمِّهِ، فِيْ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يُرْسِلُ اللّٰهُ إِلَيْهِ الْمَلَكَ، فَيَنْفُخُ فِيْهِ الرُّوْحَ، وَيُؤْمَرُ بِأَرْبَعٍ: يَكْتُبُ رِزْقَهُ، وأَجَلَهُ، وَعَمَلَهُ، وَشَقِي أَوْ سَعِيْدٌ، فَوَالَّذِيْ لاَ إِلٰهَ غَيْرُهُ! إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، حَتَّى مَايَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلاَّ ذِرَاعٌ، ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، فَيَدْخُلُهَا، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، حَتَّى مَايَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلاَّ ذِرَاعٌ، ثُمَّ يَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ، فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، نا الأَعْمَشُ، نا زَيْدُ بنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: ثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ مِثْلَهُ.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وأَنَسٍ، وَسَمِعْتُ أَحْمَدَ بنَ الحَسَنِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَحْمَدَ بنَ حَنْبَلٍ، يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ بِعَيْنَيَّ مِثْلَ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الْقَطَّانِ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَالثَّوْرِيُّ، عَنِ الأَعْمَشِ نَحْوَهُ، حدثنا مُحمدُ بنُ العَلاَءِ، نا وَكِيْعٌ، عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ زَيْدٍ نَحْوَهُ.

وضاحت: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اس کی دوسری سند میں ایک راوی ہیں: یحییٰ بن سعید قطان، ان کے بارے میں امام احمدؒ نے فرمایا ہے کہ میری آنکھوں نے یحییٰ جیسا آدمی نہیں دیکھا...... صادق کے معنی ہیں: سچ کہنے والا اور مصدوق کے دو معنی ہیں: ایک: تصدیق کیا ہوا، یعنی لوگوں نے جن کی تصدیق کی ہو دوسرے: جن کو سچی باتیں بتائی گئیں، صَدَق کے یہ معنی بھی آتے ہیں، یعنی آپ کے پاس جو وحی آتی ہے وہ سچی ہوتی ہے، شیطانی نہیں ہوتی۔

بابُ ماجاء كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، وَيُشَرِّكَانِهِ: ہر

بچہ ملت (فطرت اسلامی) پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی، عیسائی یا ہندو بنا دیتے ہیں، پوچھا گیا: یارسول اللہ! پس جو شخص اس سے پہلے مرگیا؟ یعنی بالغ ہونے سے پہلے مرگیا، اور اس کے ماں باپ نے اس کو ابھی تک یہودی، عیسائی یا ہندو نہیں بنایا اس کا کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللّٰهُ أَعْلَمُ بما كانوا عاملين به: وہ جو کچھ کرنے والے تھے اس کو اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں۔

تشریح:

۱- کسی حدیث میں مِلّۃ ہے، کسی میں فطرۃ اور کسی میں إسلام وغیرہ، اور سب کی مراد ایک ہے یعنی ہر بچہ اسلام کی استعداد پر پیدا ہوتا ہے کیونکہ انسان اس دنیا میں نیا پیدا نہیں ہوتا، اس دنیا میں اس کا صرف جسم بنتا ہے، کیونکہ یہ عالم اجساد ہے، اور اس کی روح اس سے بہت پہلے پیدا ہوچکی ہے، اور تمام روحیں عالم ارواح میں موجود ہیں، وہاں سے وہ روح شکم مادر میں بننے والے جسد خاکی میں منتقل کی جاتی ہے، سورۃ الاعراف کی آیت ۱۷۲ ہے: ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِىْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلَى أَنْفُسِهِمْ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ قَالُوْا بَلٰى، شَهِدْنَا أَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ﴾ ترجمہ: اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشت سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے انہی کے متعلق اقرار لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے جواب دیا: کیوں نہیں! ہم سب گواہ ہیں، تاکہ تم لوگ قیامت کے روز یوں نہ کہو کہ ہم تو اس سے محض بے خبر تھے۔

یہ عہد الست اور عالم ذُرّ کا واقعہ ہے، حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بعد ان کی پشت سے ان کی صلبی اولاد پیدا کی گئی، جیسا کہ حدیث میں تفصیل ہے، پھر اولاد کی پشت در پشت سے ان کی اولاد نکالی گئی، اور اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو اپنے سامنے پھیلا دیا، یعنی ان پر اپنی تجلی فرمائی، اپنا جلوہ دکھایا، اس طرح دیدار کرا کر اپنی معرفت اور پہچان کرائی، پھر ان سے پوچھا: ''کیا میں تمہارا رب نہیں؟'' سب نے کہا: کیوں نہیں! ہم سب گواہی دیتے ہیں یعنی اقرار کرتے ہیں، یہ مضمون مسند احمد (۱:۲۷۲) اور مستدرک حاکم (۲:۵۴۴) میں ہے جس کی سند صحیح ہے۔

پھر وہ روحیں اصلاب میں واپس نہیں کی گئیں بلکہ عالم ارواح میں ان کو خاص ترتیب سے رکھ دیا گیا، بخاری شریف میں روایت ہے: الأرواحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ: عالم ارواح میں روحیں خاص ترتیب سے جیسے فوج کی پلٹنیں ہوتی ہیں رکھی ہوئی ہیں، پھر شکم مادر میں تیار ہونے والے جسم میں وہیں سے روح لا کر فرشتہ پھونکتا ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۱۱۶)

الغرض معرفت خداوندی اور ربوبیت ربانی کا علم ہر انسان کی فطرت میں ودیعت کیا گیا ہے اور اس دنیا میں آنے کے بعد انسان گو اس عہد کی تفصیلات بھول گیا ہے، مگر اصل استعداد موجود ہے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ آڑے وقت میں انسان کو اللہ یاد آتا ہے، جس سے پتا چلتا ہے کہ یہ معرفت اس کی فطرت میں ہے۔

پس اگر کوئی مانع پیش نہ آئے تو بچہ اسی فطرت پر بڑا ہوتا ہے، مگر کبھی عوارض پیش آتے ہیں، بچہ جن ہاتھوں میں

اور جس ماحول میں پلتا بڑھتا ہے وہ ماحول اس کو بگاڑ دیتا ہے، اس وقت وہ فطری علم جہالت سے بدل جاتا ہے، جیسے ہر جانور صحیح سالم پیدا ہوتا ہے پھر لوگ پہچان کے لئے بکریوں کے کان کاٹتے ہیں، مگر کوئی بکری کان کٹی پیدا نہیں ہوتی، اسی طرح ہر انسانی بچہ فطرت اسلامی پر جنا جاتا ہے پھر بعد میں اس کو گمراہ کر دیا جاتا ہے، اور فطرت کی یہ تفسیر ابوداؤد کی روایت (حدیث ۴۷۱۶ کتاب السنة باب ۱۹) میں ہے۔ حماد بن سلمہ فرماتے ہیں: هذا عندنا حَيْثُ أَخَذَ اللّٰهُ العَهْدَ عليهم فی أَصْلَابِ آبائِهم حَيْثُ قَالَ: أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا: بلی! یعنی كلُّ مَوْلودٍ يُوْلَدُ على الفِطْرَةِ ہمارے نزدیک بایں طور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں سے عہد و پیمان لیا ہے، جب ان کو اصلاب آباء سے نکالا تھا جس کا تذکرہ أَلست بربکم؟ قالوا بلی میں ہے۔

۲- اور یہ جو نابالغ بچوں کے بارے میں فرمایا کہ ''وہ جو کچھ کرنے والے ہیں اس سے اللہ تعالیٰ بخوبی واقف ہیں'' یہ نابالغ بچوں کے حکم میں توقف پر دلالت کرتا ہے اور احکام شرعیہ میں توقف کی وجہ صرف یہی نہیں ہوتی کہ اس کے بارے میں وحی نازل نہیں ہوئی، بلکہ توقف کی اور وجوہ بھی ہوتی ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ نابالغ بچوں کا حکم دو طرح کا ہے، دنیوی اور اخروی:

۱- نابالغ بچوں کا دنیوی حکم یہ ہے کہ وہ خیر الابوین کے تابع ہوتے ہیں: اگر ماں باپ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک مسلمان ہو تو بچہ بھی مسلمان تصور کیا جائے گا، اس کی نماز جنازہ پڑھی جائے گی، اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا، اور اس کی میراث مسلمان ورثاء کو ملے گی، اور اگر بچہ کے والدین غیر مسلم ہیں تو اس کو مسلمان تصور نہیں کیا جائے گا۔

۲- اور نابالغ بچوں کا اخروی حکم یہ ہے کہ جو بچہ نابالغ ہونے کی حالت میں مر گیا اگر وہ مسلمان کا بچہ ہے تو اس کے بارے میں تقریباً اتفاق ہے کہ وہ جنتی ہوگا، اور اطفال مشرکین کے بارے میں اختلاف ہے، پانچ چھ قول ہیں جو درج ذیل ہیں:

(الف) وہ دوزخی ہونگے، یہ مذہب بین البطلان ہے کیونکہ سلف کا اجماع ہے کہ عمل بد کے بغیر عذاب نہیں ہوتا۔

(ب) وہ اعراف میں ہونگے، وہاں ان کو نہ عذاب ہوگا نہ راحت پہنچے گی، یہ قول بھی صحیح نہیں، کیونکہ اعراف ہمیشہ رہنے کی جگہ نہیں۔

(ج) ان کا آخرت میں امتحان ہوگا جیسے اصحاب فترت اور پاگلوں کا امتحان ہوگا جو کامیاب ہونگے جنت میں جائیں گے اور جو ناکام ہونگے جہنم میں جائیں گے، یہ قول بھی صحیح نہیں، کیونکہ آخرت دار جزاء ہے دار تکلیف نہیں۔

(د) ایک رائے یہ ہے کہ وہ اہل جنت کے خدام ہونگے، مگر اس قول کی مرفوع حدیث سے کوئی دلیل نہیں، اور قرآن کریم میں جو دو جگہ ﴿وِلْدَانٌ مُخَلَّدُوْنَ﴾ آیا ہے وہ لڑکے جنت کی مخلوق ہیں۔

(ھ) اطفال مشرکین بھی جنتی ہونگے، یہ امام ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ کا قول ہے۔

(و) اور ایک رائے یہ ہے کہ اطفالِ مشرکین کے مسئلہ میں توقف کیا جائے، توقف کے دو معنی ہیں: ایک: کسی چیز کے بارے میں علم نہ ہونا یا حکم نہ لگا سکنا، یعنی سکوت اختیار کرنا، دوسرے: کسی چیز پر کوئی کلی حکم نہ لگانا، اطفال کے مسئلہ میں توقف بالمعنی الثانی ہے، یعنی نہ ہم سب کو ناجی کہتے ہیں نہ ناری، کون ناجی ہوگا اور کون ناری؟ اس کی تعیین اللہ کے سپرد ہے۔

امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام سفیان ثوری رحمہم اللہ وغیرہ بہت سے اکابر کا مسلک یہی ہے، کیونکہ اس مسئلہ میں حدیثیں مختلف ہیں، اور نسخ یعنی تقدیم وتاخیر کا کوئی قرینہ نہیں اور سند کے اعتبار سے قوی اللہ أَعْلَمُ بما کانوا عاملینَ بہ ہے، جو توقف پر دلالت کرتی ہے، پس یہی قول راجح ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۹۰)

[۵-] بابُ ماجاء كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

[۲۱۳۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ القُطَعِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ رَبِيْعَةَ الْبُنَانِيُّ، نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُّ مَوْلُوْدٍ يُوْلَدُ عَلَى الْمِلَّةِ، فَأَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، وَيُشَرِّكَانِهِ" قِيْلَ: يارسولَ اللّٰهِ! فَمَنْ هَلَكَ قَبْلَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: "اَللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِيْنَ بِهِ"

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَالْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، قَالاَ: نا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَقَالَ: "يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، وَغَيْرُهُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ"

وضاحت: پہلی سند عبدالعزیز بن ربیعہ بنانی بصری کی ہے، یہ مقبول راوی ہے، اس کی حدیث میں لفظ ملة اور يُشَرِّكانِه ہے، اور امام وکیع اور شعبہ رحمہما اللہ وغیرہ کی روایت میں لفظ فطرة اور يُمَجِّسَانِه ہے، اور مطلب سب کا ایک ہے۔

بابُ ماجاء لَايَرُدُّ القَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ

تقدیر کو دعا ہی پھیر سکتی ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَايَرُدُّ القَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيْدُ فِى الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ: تقدیر کو صرف دعا ہی

پھیر سکتی ہے، اور زندگی میں صرف حسن سلوک ہی اضافہ کرسکتا ہے۔

تشریح: اس حدیث شریف کا مقصد: دعا اور حسن سلوک کی قوت تاثیر اور اہمیت بیان کرنا ہے، یعنی اگر کوئی چیز قضاء وقدر کو پھیر سکتی ہے تو وہ دعا ہی پھیر سکتی ہے، مگر تقدیر اٹل ہے وہ ٹل نہیں سکتی، اور کوئی چیز زندگی میں اضافہ کرسکتی ہے تو وہ حسن سلوک ہی کرسکتا ہے۔ مگر اجل طے ہے، اس میں اضافہ نہیں ہوسکتا، اور حدیث کا یہ مطلب مسئلہ تقدیر کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے یعنی اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہونے کے اعتبار سے سوچنے کی صورت میں ہے، مگر چونکہ بندوں کی طرف سے تقدیر معلق ہوتی ہے یعنی اسباب ومسببات کے دائرہ میں ہوتی ہے، اور بندوں کو پہلے سے کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ مقدر کیا ہے؟ اس لئے بندوں کے اعتبار سے دعا سے صورتِ حال بدل جاتی ہے، برے احوال اچھے احوال سے منقلب ہوجاتے ہیں، بدحالی خوش حالی سے متبدل ہوجاتی ہے اس لئے خود بھی دعا کرنی چاہئے، اور اللہ کے نیک بندوں سے بھی دعاء کرانی چاہئے۔

مگر آج کل جو طریقہ چل پڑا ہے کہ بزرگوں سے کہتے ہیں: ''دعا میں یاد رکھنا'' یہ تکیہ کلام ہے، مقصود کچھ نہیں ہوتا، کیونکہ ایسے لوگوں سے اگر فوراً پوچھا جائے کہ کیا دعا کرانی ہے؟ تو وہ ہیں ہیں کرکے رہ جاتے ہیں، ان کے ذہن میں کوئی دعا نہیں ہوتی، اور نہ کوئی دعا کرانا مقصود ہوتا ہے، ایسا دعا کے لئے کہنا بے کار ہے، بلکہ کوئی اہم مقصد پیش نظر ہو تو اس کے لئے خود بھی دعا کرنی چاہئے اور نیک آدمیوں سے بھی، اسی طرح نیک غریبوں سے بھی اپنا مقصد ظاہر کرکے دعا کرانی چاہئے کیونکہ دعا سے حالات میں تبدیلی آتی ہے، وہ قضاء وقدر کو پھیر دیتی ہے۔

اسی طرح خاندان کے ساتھ اور تمام مخلوقات کے ساتھ حسن سلوک کرنے سے حیات میں اضافہ ہوتا ہے، لوگ ایسے بندوں کو ان کی موت کے بعد عرصہ تک یاد رکھتے ہیں، اور ان کی زندگی کے لمحات خیر کے کاموں میں خرچ ہوتے ہیں۔

[٦-] بابُ ماجاء لَايَرُدُّ القَدَرَ إِلَّا الدُّعَاءُ

[٢١٣٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، وَسَعِيْدُ بنُ يَعْقُوْبَ، قَالَا: نَا يَحْيىَ بنُ الضُّرَيْسِ، عَنْ أَبِى مَوْدُوْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيمِيِّ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' لَا يَرُدُّ القَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيْدُ فِى العُمُرِ إِلَّا البِرُّ''

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ أُسَيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيىَ بنِ الضُّرَيْسِ.

وَأَبُوْ مَوْدُوْدٍ: اثْنَانِ: أَحَدُهُمَا: يُقَالُ لَهُ: فِضَّةُ، والآخَرُ: عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ أَبِىْ سُلَيْمَانَ، أَحَدُهُمَا بَصْرِيٌّ، وَالآخَرُ مَدِيْنِيٌّ، وَكَانَا فِىْ عَصْرٍ وَاحِدٍ، وَأَبُوْ مَوْدُوْدٍ الَّذِىْ رَوَى هٰذَا الحديثَ اسْمُهُ فِضَّةُ بَصْرِيٌّ.

وضاحت: یحییٰ بن ضریس (مصغّر) بجلی رازی قاضی صدوق راوی ہیں......اور ابومودود جس کو فضّہ کہا جاتا تھا

بصری ہے اور معمولی درجہ کا راوی ہے، یہی یہ حدیث روایت کرتا ہے اور اس کی روایت صرف ترمذی میں ہے، اور اس زمانہ کا ایک دوسرا راوی عبدالعزیز بن ابی سلیمان ہُذلی ہے اس کی کنیت بھی ابومودود ہے وہ مدینہ منورہ کا رہنے والا تھا وہ مقبول راوی ہے۔

بابُ ماجاء أَنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ أُصْبُعَيِ الرَّحْمٰنِ

دل رحمان کی دو انگلیوں کے بیچ میں ہیں

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ بکثرت یہ دعا کرتے تھے: يا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ: اے دلوں کے الٹنے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر مضبوط رکھ، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم آپ پر اور اس دین پر جس کو آپ لائے ہیں، ایمان لائے، پس کیا آپ ہم پر کوئی خطرہ محسوس کرتے ہیں (جو یہ دعا بکثرت کرتے ہیں) آپؐ نے فرمایا: نعم، إِن القلوبَ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ من أَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ شَاءَ: ہاں دل اللہ تعالیٰ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے بیچ میں ہیں وہ ان کو الٹتے پلٹتے ہیں جس طرح چاہتے ہیں۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں سب سے اہم بات یہ ہے کہ نبی ﷺ کے اقوال وافعال میں امت کی تعلیم کا پہلو بھی ملحوظ ہوتا ہے، نبی ﷺ کے مذکورہ دعا بکثرت کرنے سے صحابہ یہی سمجھتے تھے کہ یہ ہمیں دعا کی تعلیم دی جارہی ہے کہ ہم بھی یہ دعا بکثرت کریں، اور یہ دعا بکثرت وہ بندہ کرتا ہے جو اپنے انجام سے غافل نہیں ہوتا، جس کو ہر وقت دھڑکا لگا رہتا ہے کہ معلوم نہیں آگے کیا احوال پیش آئیں اور یہی بات بندگی کے لائق ہے، اور یہی تقدیر کا بندوں کے حق میں معلق ہونا ہے، اور یہی بندوں کا تقدیر کو بندگی کی جہت سے دیکھنا ہے، کیونکہ معلوم نہیں کیا اسباب پیش آئیں اور انسان کیسے حالات سے دوچار ہو کہ اس کی ڈگر بدل جائے، اور وہ ایمان سے نکل کر کفر میں جا پڑے، اور جو بندہ ہمیشہ یہ دعا کرتا رہتا ہے وہ ان شاء اللہ جادۂ مستقیم پر مضبوط رہتا ہے۔

۲- اس حدیث میں اللہ پاک کی قدرت کاملہ کا بیان ہے جس طرح اللہ پاک کا علم ہر چیز کو شامل ہے ان کی قدرت بھی کامل ہے، کائنات کا کوئی ذرہ نہ ان کے علم سے باہر ہے نہ ان کی قدرت سے خارج، اگر ایک بھی چیز کا ان کو علم نہ ہوگا یا کوئی بھی چیز ان کی قدرت سے خارج ہو جائے گی تو ان کا علم اور ان کی قدرت ناقص ہوگی، پس وہ خدا کہاں رہے؟ بلکہ جزوی اختیار رکھنے والی مخلوق کے اختیاری افعال، حتی کہ اس کا چاہنا بھی اللہ کی قدرت واختیار میں ہے۔

اور جزاء وسزا کے لئے کامل اختیار ضروری نہیں، ایک حد تک اختیار کافی ہے جو انسان کو حاصل ہے، انسان کے

احوال میں اور چوپایوں کے احوال میں غور کرنے سے یہ بات عیاں ہے، اور ایک حد تک اختیار حضرت علی رضی اللہ عنہ نے سمجھایا ہے۔ ایک شخص آپؓ کے پاس یہی سوال لے کر آیا کہ انسان اپنے افعال میں مختار ہے یا مجبور؟ آپؓ نے فرمایا: مختار بھی ہے اور مجبور بھی، اس نے کہا: یہ کیسے؟ آپؓ نے فرمایا: کھڑے ہو جاؤ، وہ کھڑا ہو گیا، آپؓ نے فرمایا: ایک پیر اٹھالو اس نے اٹھالیا، آپؓ نے فرمایا: دوسرا بھی اٹھالو، کہنے لگا دوسرا کیسے اٹھاؤں گر پڑوں گا، آپؓ نے فرمایا: پہلا پیر اٹھانے تک تم با اختیار تھے اب مجبور ہو گئے، اسی طرح بندوں کی مشیت واختیار کا ابتدائی حصہ ان کے اختیار میں ہے مگر آخری سرا ان کے اختیار میں نہیں، یعنی انسان کو جزوی اختیار حاصل ہے، کلی اختیار حاصل نہیں، اور مجازات کے لئے جزوی اختیار بھی کافی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۳:۹۴ میں ہے)

[۷-] بابُ ماجاء أَنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ أُصْبُعَيِ الرَّحْمٰنِ

[۲۱۴۰-] حدثنا هَنَّادٌ، نا مُعَاوِيَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُكْثِرُ أَنْ يَقُوْلَ: "يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ! ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلَىٰ دِيْنِكَ" فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! آمَنَّا بِكَ وَبِمَا جِئْتَ بِهِ، فَهَلْ تَخَافُ عَلَيْنَا؟ قَالَ: "نَعَمْ إِنَّ الْقُلُوْبَ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ شَاءَ"

وفي الباب: عَنِ النَّوَّاسِ بنِ سَمْعَانَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ أَنَسٍ أَصَحُّ.

وضاحت: امام اعمش رحمہ اللہ کے اکثر شاگرد اس حدیث کی سند حضرت انس رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں اور بعض شاگرد حضرت جابر رضی اللہ عنہ تک، اور اصح یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت انسؓ کی ہے۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا لِأَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ

اللہ تعالیٰ نے جنتیوں اور جہنمیوں کے نام رجسٹروں میں لکھ لئے ہیں

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ گھر میں سے نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ آپؐ کے ہاتھ میں دو رجسٹر تھے، پس فرمایا: "جانتے ہو یہ دو رجسٹر کیا ہیں؟" ہم نے کہا: نہیں، اے اللہ کے رسول! مگر یہ کہ آپ ہمیں بتلائیں (تو ہم جان سکتے ہیں) پس آپؐ نے اس رجسٹر کے لئے جو آپؐ کے دائیں ہاتھ میں تھا، فرمایا: "یہ تمام جہانوں کے پالنہار کی طرف سے ایک رجسٹر ہے جس میں جنتیوں کے، ان کے

باپ دادوں کے اوران کے قبیلوں کے نام ہیں، پھران کے آخر میں میزان لگادی گئی ہے یعنی ٹوٹل کردیا گیا ہے، پس کبھی بھی نہ توان میں کوئی اضافہ کیا جائے گا اور نہ ان میں کوئی کمی کی جائے گی'' پھر آپ نے اس رجسٹر کے لئے جو آپ کے بائیں ہاتھ میں تھا، فرمایا: ''یہ تمام جہانوں کے پالنہار کی طرف سے ایک رجسٹر ہے، اس میں جہنمیوں کے، ان کے باپ دادوں کے اوران کے قبیلوں کے نام ہیں، پھران کے آخر میں میزان لگادی گئی ہے، پس کبھی بھی نہ تو ان میں کوئی اضافہ کیا جائے گا اور نہ ان میں کوئی کمی کی جائے گی''

صحابہ نے عرض کیا: پس عمل کا کیا فائدہ اے اللہ کے رسول! اگر وہ ہے ایک ایسا معاملہ جس سے نمٹا جاچکا ہے؟ (یعنی جنت اور جہنم میں جانے والے طے ہو چکے ہیں تو اب عمل سے کیا فائدہ؟) پس آپ نے فرمایا: سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا: ٹھیک ٹھیک چلواور قریب قریب رہو، پس بیشک جنتی کی زندگی کا اختتام جنتیوں کے عمل پر ہوگا، اگرچہ وہ کوئی عمل کرتا رہا ہو، اور بیشک دوزخی کی زندگی کا اختتام دوزخیوں کے عمل پر ہوگا اگرچہ وہ کوئی عمل کرتا رہا ہو۔

پھر نبی ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ کیا، پس دونوں رجسٹروں کو ڈال دیا، پھر فرمایا: قد فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ: فَرِيْقٌ فِى الْجَنَّةِ، وَفَرِيْقٌ فِى السَّعِيْرِ: تمہارے پروردگار بندوں کے معاملات سے نمٹ چکے: ایک فریق جنت میں ہے اور ایک فریق دوزخ میں!

تشریح:

۱- یہ دو رجسٹر جو آپ کے ہاتھوں میں تھے: محسوس تھے یا معنوی؟ حدیث سے بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ وہ محسوس تھے، اور دوسری دنیا کی چیزیں جس طرح انبیاء کے لئے متمثل ہوتی ہیں صحابہ وغیرہ کے لئے بھی کبھی متمثل ہوتی ہیں، مثلاً حضرت جبرئیل علیہ السلام کبھی صحابہ کو بھی نظر آتے تھے، اسی طرح اگر یہ رجسٹر صحابہ کو بھی نظر آئے ہوں تو اس میں کوئی استبعاد نہیں۔

رہا یہ سوال کہ اتنے سارے نام ایک ایک رجسٹر میں کیسے آگئے؟ اور اتنے بڑے بڑے رجسٹر ہاتھوں میں لے کر آپ کیسے تشریف لائے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اب کمپیوٹر اور ڈی جیٹل کا زمانہ ہے، بڑے سے بڑا کتب خانہ ایک چھوٹی سی چپٹ میں آجاتا ہے، پس یہ سارے نام قابل تحمل رجسٹروں میں کیوں نہیں آسکتے؟

۲- اس حدیث میں تقدیر کا اللہ کی صفت ہونے کے اعتبار سے تعارف ہے یعنی سب کچھ اللہ تعالیٰ نے طے کردیا ہے اور ابد تک کے سارے معاملات اللہ تعالیٰ کے علم میں ہیں، اور اللہ تعالیٰ کا علم واقعی ہے، اس میں کسی غلطی کا احتمال نہیں، اس لئے ناموں کے آخر میں جو ٹوٹل ہے وہ قطعی ہے، اس میں کسی کمی بیشی کا سوال نہیں۔

۳- پھر تقدیر کے مسئلہ پر صحابہ نے اعتراض کیا کہ جب معاملہ نمٹ چکا ہے، جنتی اور جہنمی طے ہو چکے ہیں تو اب عمل سے کیا فائدہ؟ اس اعتراض کے جواب میں نبی ﷺ نے ان کا ذہن دوسری طرف پھیرا کہ بندوں کو یہ معاملہ اپنی

طرف سے دیکھنا چاہئے، بندوں کے حق میں تقدیر معلق ہے یعنی مسببات: اسباب سے پیدا ہوتے ہیں، پس بندوں کو چاہئے کہ وہ ٹھیک ٹھیک صراط مستقیم پر چلیں اور اگر ہٹیں تو دور نہ جائیں، قریب قریب ہی رہیں، ایسے بندوں کی واپسی کا امکان رہتا ہے، اور جو بندے صراط مستقیم سے بہت دور چلے جاتے ہیں ان کا واپسی کا امکان ختم ہوجاتا ہے، پھر آپؐ نے یہ بات واضح کی کہ اعتبار آخری عمل کا ہے، جنتی کی زندگی جنت والے کاموں پر ختم ہوتی ہے، چاہے وہ پہلے کچھ بھی کرتا رہا ہو، اسی طرح جہنمی کی زندگی جہنم والے کاموں پر پوری ہوتی ہے چاہے وہ پہلے کچھ بھی کرتا رہا ہو، پس ہر شخص کو آخری لمحہ تک صراط مستقیم پر آنے کی کوشش کرنی چاہئے، اور ہر مؤمن کو آخری لمحہ تک صراط مستقیم سے چمٹا رہنا چاہئے، جو گمراہ ہے وہ بھی مایوس نہ ہو، اپنی آخرت سنوارے اور جو ہدایت پر ہے وہ بھی غرور میں مبتلا نہ ہو کیونکہ کسی بھی وقت گاڑی پٹری سے اتر سکتی ہے، اللہ ہمیں صراط مستقیم پر ثابت قدم رکھیں اور ہر گمراہی سے ہماری حفاظت فرمائیں (آمین)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اسْتَعْمَلَهُ: اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے ساتھ خیر چاہتے ہیں تو اس کو استعمال کرتے ہیں، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کس طرح استعمال کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: يُوَفِّقُه لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ: اس کو موت سے پہلے نیک کاموں کی توفیق دیتے ہیں۔

تشریح: امام محمد رحمہ اللہ کا مشہور واقعہ ہے۔ وفات کے بعد ان کو کسی نے خواب میں دیکھا، پوچھا: کیا معاملہ رہا؟ بتایا: اللہ تعالیٰ نے بخش دیا، پوچھا: کس طرح؟ فرمایا: مجھے فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا، اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا: ''محمد! اگر مجھے تیرے ساتھ خیر منظور نہ ہوتی تو میں تجھے اپنا علم نہ دیتا، جا تیری بخشش کردی''

یہ عالم کو استعمال کرنے کی مثال ہے۔ دوسری مثال ابن ماجہ (حدیث ۸) میں ہے: لَايَزَالُ اللّٰهُ يَغْرِسُ فی هذا الدينِ غَرْسًا يَسْتَعْمِلُهُمْ فی طَاعَته: اللہ تعالیٰ برابر اس دین کے لئے پودے لگاتے رہتے ہیں جن کو اپنی اطاعت میں استعمال کرتے ہیں، اس حدیث میں عام مسلمانوں کو استعمال کرنے کا طریقہ بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ موت سے پہلے ان کو نیک کاموں کی توفیق دیتے ہیں۔

[۸-] بابُ ماجاءَ أَنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا لِأَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ

[۲۱۴۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِىْ قَبِيْلٍ، عَنْ شُفَىِّ بنِ مَاتِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَفِىْ يَدِهِ كِتَابَانِ، فَقَالَ: " أَتَدْرُوْنَ مَاهٰذَانِ الْكِتَابَانِ؟" فَقُلْنَا: لَا، يَارسولَ اللّٰهِ! إِلَّا أَنْ تُخْبِرَنَا، فَقَالَ لِلَّذِىْ فِىْ يَدِهِ الْيُمْنىٰ: "هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، فِيْهِ أَسْمَاءُ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وأَسْمَاءُ آبَائِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ، ثُمَّ أُجْمِلَ عَلىٰ آخِرِهِمْ، فَلَا يُزَادُ فِيْهِمْ، وَلَا يُنْقَصُ مِنْهُمْ أَبَدًا" ثُمَّ قَالَ لِلَّذِىْ فِىْ شِمَالِهِ:" هٰذَا كِتَابٌ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، فِيْهِ أَسْمَاءُ أَهْلِ النَّارِ،

وأَسْماءُ آبائِهِمْ وَقَبائِلِهِمْ، ثُمَّ أُجْمِلَ عَلَى آخِرِهِمْ، فَلاَ يُزَادُ فِيْهِمْ وَلاَ يُنْقَصُ مِنْهُمْ أَبَدًا"

فَقَالَ أَصْحَابُهُ: فَفِيْمَ العَمَلُ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنْ كَانَ أَمْرٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ فَقَالَ:" سَدِّدُوْا، وَقَارِبُوْا، فَإِنَّ صَاحِبَ الْجَنَّةِ يُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ عَمِلَ أَىَّ عَمَلٍ، وَإِنَّ صَاحِبَ النَّارِ يُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، وَإِنْ عَمِلَ أَىَّ عَمَلٍ"

ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدَيْهِ، فَنَبَذَهُمَا، ثُمَّ قَالَ:" فَرَغَ رَبُّكُمْ مِنَ الْعِبَادِ: فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِيْ السَّعِيْرِ"

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا بَكْرُ بنُ مُضَرَ، عَنْ أَبِيْ قَبِيْلٍ نَحْوَهُ، وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وأَبُوْ قَبِيْلٍ: اسْمُهُ حُيَيُّ بنُ هَانِئٍ.

[۲۱۴۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْراً اسْتَعْمَلَهُ" فَقِيْلَ: كَيْفَ يَسْتَعْمِلُهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" يُوَفِّقُهُ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ لاَ عَدْوَى وَلاَ هَامَةَ وَلاَصَفَرَ

چھوت کی بیماری، مقتول کے سر کا پرندہ اور صفر کی نحوست بے اصل باتیں ہیں

حدیث: ابوزرعہؒ کہتے ہیں: ہمارے ایک استاذ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے ہمیں بتلایا کہ ابن مسعودؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے ہمارے سامنے تقریر فرمائی، پس فرمایا: لا يُعْدِى شيئٌ شيئًا: کوئی بیماری کسی کو نہیں لگتی، پس ایک بدو نے کہا: اے اللہ کے رسول! ایک اونٹ جس کا حشفہ خارش زدہ ہو گیا ہے اس کو ہم باڑے میں داخل کرتے ہیں پس وہ سارے اونٹوں کو خارش لگا دیتا ہے، آپؐ نے فرمایا: فَمَنْ أَجْرَبَ الْأَوَّلَ؟ پس پہلے اونٹ کو کس نے خارش لگائی؟ یعنی اس خارش زدہ اونٹ نے تو تیرے اونٹوں کو متاثر کیا مگر اس کو خارش کہاں سے لگی؟ اسی طرح ایک سے دوسرے پر بات ٹالی جائے گی تو کوئی نہ کوئی آخری اونٹ نکلے گا، اس کے بارے میں یہی سوال ہوگا، اور کہنا ہوگا کہ اس کو اللہ کے حکم سے خارش لگی، پس یہی بات ہر جگہ کیوں نہ کہی جائے!

پھر آپؐ نے فرمایا: لاعَدْوَى: کوئی چھوت کی بیماری نہیں، یعنی ایک کی بیماری خود بخود دوسرے کو نہیں لگتی، ولاَصَفَرَ: اور ماہ صفر کو جو منحوس سمجھا جاتا ہے وہ بھی بے اصل بات ہے، اور ایک حدیث میں ہے: ولاَهَامَةَ: اور مقتول کی کھوپڑی سے پرندہ نکلنے کا تصور بھی بے اصل ہے، خَلَقَ اللّٰهُ كُلَّ شَيْئٍ فَكَتَبَ حياتَها، ورزقَها، ومصائِبَها: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کو پیدا کیا، پس اس کی زندگی، اس کی روزی اور اس کی مصیبتیں لکھ دیں یعنی بوقت

پیدائش ہی یہ ساری باتیں طے کردی گئی ہیں...... پس نحوست کا عقیدہ اور کھوپڑی کا پرندہ تو بے اصل باتیں ہیں کیونکہ یہ تقدیرِ الٰہی سے متعارض تصورات ہیں، ہاں بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط منجملۂ اسبابِ مرض ہے، اس لئے دوسری حدیث میں ہے: فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ فِرَارَكَ مِنَ الأَسَدِ: کوڑھی کے پاس سے ایسے بھاگو جیسے شیر کے پاس سے بھاگتے ہو، پس احتیاط اولی ہے، مگر یہ سمجھنا کہ ایسے مریض کے قریب جائیں گے تو اس کی بیماری لامحالہ لگ جائے گی یہ عقیدہ تقدیر کے منافی ہے۔

لغات: العَدْوَى: چھوت چھات، مرض کا تعدیہ، یعنی بیمار سے بیماری کا تندرست آدمی کی طرف منتقل ہونا، بیماری لگنا، أعدَى فلاناً مِنْ مَرَضِه: کسی کو اپنی بیماری لگانا...... الهَامَة: زمانۂ جاہلیت میں عربوں کے اعتقاد کے مطابق مقتول کے سر سے ایک پرندہ نکل کر کہتا تھا: مجھے سیراب کرو، مجھے سیراب کرو، اور جب تک مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے وہ یہی کہتا رہتا تھا، اس کو الصَّدیٰ (سخت پیاس) بھی کہتے تھے۔

[۹-] بابُ ماجاء لاَ عَدْوَى وَلاَ هَامَةَ وَلاَصَفَرَ

[۲۱۴۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عُبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ القَعْقَاعِ، نا أَبُوْ زُرْعَةَ بنُ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا صَاحِبٌ لَنَا عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَامَ فِيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لاَ يُعْدِيْ شَيْئٌ شَيْئًا" فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَارسولَ اللّٰهِ! البَعِيْرُ أَجْرَبُ الحَشَفَةِ، نُدْبِنُهُ، فَيُجْرِبُ الإِبِلَ كُلَّهَا! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَمَنْ أَجْرَبَ الأَوَّلَ! لاَ عَدْوَى، وَلاَ صَفَرَ، خَلَقَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ، فَكَتَبَ حَيَاتَهَا، وَرِزْقَهَا، وَمَصَائِبَهَا"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَنَسٍ.

[قال:] وَسَمِعْتُ مُحمدَ بنَ عَمْرِو بنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيَّ الْبَصْرِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بنَ المَدِيْنِيِّ، يَقُوْلُ: لَوْ حُلِّفْتُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ: لَحَلَفْتُ أَنِّيْ لَمْ أَرَ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ مَهْدِيٍّ.

وضاحت:

۱- اعرابی کا قول ہمارے نسخوں میں اس طرح ہے: البَعِيْرُ أَجْرَبُ الحَشَفَةِ: ایک اونٹ جس کا حشفہ خارش زدہ ہوگیا۔ نُدْبِنُه: ہم اس کو باڑے میں داخل کرتے ہیں (الدِّبْن کے معنی ہیں: بکریوں کے لئے بنایا ہوا بانس کا باڑہ، یہاں مطلق باڑہ مراد ہے، اس سے فعل إِدْبَان بنایا ہے) فَيُجْرِبُ الإِبِلَ كُلَّها: پس وہ سارے ہی اونٹوں کو خارش لگا دیتا ہے (مگر اہل لغت نے الدِّبْن (اسم) تو لکھا ہے اور لسان العرب میں یہ بھی ہے کہ یہ فارسی لفظ ہے جو عربی میں آیا ہے، مگر اس کا فعل نہیں لکھا اور بعض نسخوں میں يُدْنِيْه ہے یعنی وہ خارش کو قریب کرتا ہے)

۲- اور یہی حدیث جامع الاصول (۱۰:۵۱۸) میں ترمذی کے حوالہ سے نقل ہوئی ہے، وہاں الفاظ یہ ہیں: فما بالُ الإبلِ يَأْتِيهَا البَعِيْرُ الأَجْرَبُ الحَشَفَةِ بَذَنَبِهِ فَيُجْرِبُهَا كلَّها: پس اونٹوں کا کیا حال ہے، ان میں ایک ایسا اونٹ آتا ہے جس کا حشفہ خارش زدہ ہوگیا ہے وہ اپنی دم کے ساتھ (آتا ہے) پس وہ سارے اونٹوں کو خارش لگا دیتا ہے (بِذَنَبِهِ يَأتيها سے متعلق ہے) اور مطلب یہ ہے کہ اس کی دم حشفہ سے لگتی ہے جس سے دم خارش زدہ ہوجاتی ہے، پھر اس سے خارش دوسرے اونٹوں کو لگتی ہے۔

۳- اور مسند احمد (۲:۳۲۷) میں حدیث کے الفاظ یہ ہیں: قال: یارسولَ اللّٰهِ! إنَّ النُّقْبَةَ تكون بِمِشْفَرِ البَعيرِ، أَو بَعَجْبِه فَتَشْمَلُ الإبِلَ جَرَبًا: (النُّقْبَةُ: کھجلی، المِشْفَر: اونٹ کا موٹا ہونٹ، عَجْبُ الذنب: دم کی جڑ کا آخری حصہ) یعنی بیشک خارش اونٹ کے ہونٹ میں یا اس کی دم کی جڑ میں ہوتی ہے پس وہ سبھی اونٹوں کو خارش زدہ کردیتا ہے۔

۴- اور شرح السنۃ (۶:۲۶۶) میں حدیث کے الفاظ یہ ہیں: یارسولَ اللّٰهِ! إنَّ النُّقْبَةَ تكونُ بِمِشْفَرِ البعيرِ، أو بِذَنَبِهِ فی الإبلِ العظيمةِ فَتُجْرَبُ كلُّها: بیشک خارش اونٹ کے ہونٹ میں یا اس کی دم میں ہوتی ہے وہ اونٹوں کے بڑے ریوڑ میں آتا ہے تو سبھی کو خارش لگ جاتی ہے۔

ان سبھی لفظوں کا حاصل یہ ہے کہ خارش پہلے اونٹ کے ہونٹ میں اور پیشاب کے عضو کے سرے پر لگتی ہے جس کو حشفہ کہا گیا ہے، پھر اس سے دم متاثر ہوتی ہے، پھر وہ دم جھٹکتا ہے تو وہ خارش دوسرے اونٹوں کو بھی لگ جاتی ہے۔

ترجمہ: علی بن المدینیؒ کہتے ہیں: اگر میں رکن (حجر اسود) اور مقام ابراہیم کے درمیان قسم کھلایا جاؤں تو میں قسم کھا سکتا ہوں کہ میں نے عبدالرحمٰن بن مہدی سے بڑا کوئی عالم نہیں دیکھا۔

بابُ ماجاءَ أَنَّ الإِيْمانَ بِالْقَدَرِ: خَيْرِهِ وَشَرِّهِ

بھلی بری تقدیر پر ایمان لانا ضروری ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ مؤمن نہیں ہوتا، یہاں تک کہ تقدیر پر ایمان لائے، اس کے بھلے پر بھی اور اس کے برے پر بھی، اور یہاں تک کہ وہ یقین کرے کہ جو کچھ اس کو پہنچا ہے وہ اس کو چوک نہیں سکتا تھا، اور جو کچھ اس کو چوک گیا ہے وہ اس کو پہنچ نہیں سکتا تھا۔

تشریح: یہ حدیث اگرچہ عبداللہ بن میمون کی وجہ سے نہایت ضعیف ہے کیونکہ یہ راوی منکر الحدیث اور متروک ہے مگر حدیث کا مضمون صحیح ہے، حدیث جبرئیل میں ہے: وتُؤْمن بالقدر خيره وشرِّه (مسلم، کتاب الایمان کی پہلی حدیث)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی بندہ مؤمن نہیں ہوتا یہاں تک کہ چار باتوں کی تصدیق کرے: (۱) گواہی دے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور میں اللہ کا رسول ہوں، اللہ تعالیٰ نے مجھے دین حق کے ساتھ بھیجا ہے (۲) اور

موت کی تصدیق کرے (۳) اور موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کی تصدیق کرے (۴) اور تقدیر پر ایمان لائے۔

تشریح:

۱- یہ حدیث امام شعبہ رحمہ اللہ کی ہے اور ان کے شاگرد ابوداؤد طیالسی کی سند میں ربعیؒ بن حراش اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں، اور نضر بن شمیل کی سند میں مجہول آدمی کا واسطہ ہے، امام ترمذیؒ نے ابوداؤد طیالسی کی سند کو ترجیح دی ہے، اور وکیع رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ ربعی نے بحالت اسلام کوئی جھوٹ نہیں بولا، اس لئے یہ روایت صحیح ہے۔

۲- پہلے ابواب القدر کی تمہید میں یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ تقدیر کے تعلق سے دو باتوں پر ایمان لانا ضروری ہے:

ایک: نفس تقدیر پر، یعنی جو کچھ ہو چکا یا ہو رہا ہے یا آئندہ ابد تک ہوگا وہ سب اللہ تعالیٰ کے علم ازلی میں طے شدہ ہے، کوئی معاملہ اچھوتا نہیں اور نہ کوئی امر منتظر ہے۔

دوسری: بندوں کے تعلق سے عالم کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی پلاننگ اس طرح ہے کہ کچھ اعمال واخلاق اور کچھ چیزیں بندوں کے لئے مفید ہیں اور کچھ مضر، خیرِہٖ وَشَرِّہٖ کی ضمیریں قدر کی طرف لوٹتی ہیں یعنی اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے کے تعلق سے تو ہر چیز خیر محض ہے، کوئی چیز بری نہیں، مگر بندوں کے تعلق سے بعض چیزیں بھلی ہیں، اور بعض چیزیں بری یعنی بعض چیزیں بندوں کے لئے مفید ہیں اور بعض چیزیں مضر، اور کائناتی چیزوں کی حد تک انسان اس کو مانتا بھی ہے اور برتتا بھی ہے، اپنے لئے مفید چیزیں اختیار کرتا ہے اور مضر چیزوں سے بچتا ہے، مگر جب اعمال واخلاق کا معاملہ آتا ہے تو وہ طرح طرح کی باتیں چھانٹتا ہے، حالانکہ کچھ اعمال اور کچھ اخلاق انسان کے لئے مفید ہیں جو اس کو جنت میں پہنچانے والے ہیں اور کچھ اعمال واخلاق مضر ہیں جو اس کو جہنم میں پہنچائیں گے، پس جو بندہ بھلی بری تقدیر پر ایمان رکھتا ہے، وہ ایمان اور عمل صالح کی زندگی اپناتا ہے، اور جو اس کو نہیں مانتا وہ زہر کھا کر مرتا ہے اور جہنم میں جاتا ہے۔

۳- پھر نبی ﷺ نے پہلی حدیث کے آخر میں یہ مضمون سمجھایا ہے کہ تقدیر اٹل ہے جو کچھ انسان کو پہنچنا طے ہے وہ پہنچ کر رہتا ہے اور جس کا نہ پہنچنا طے ہے وہ ہرگز نہیں پہنچ سکتا، مگر یہ تقدیر کی تعریف اللہ تعالیٰ کی صفت ہونے کے اعتبار سے ہے، اور بندے کے اعتبار سے تقدیر معلق ہے یعنی مسببات: اسباب سے پیدا ہوتے ہیں، پس انسان کو وہ اسباب اختیار کرنے چاہئیں جن سے خیر پیدا ہو، اور ان اسباب سے بچنا چاہئے جن سے نقصان پہنچے، مگر بہرحال ہوگا وہی جو تقدیر میں ہے۔

۴- اور دوسری حدیث میں موت پر ایمان کا تذکرہ آیا ہے، اس پر کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ مرنا تو ایک بدیہی حقیقت ہے اس کا تو ہر کوئی قائل ہے پھر موت پر ایمان لانے کا کیا مطلب؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ایک ایمان لانا خالی دکھاوے کا ہوتا ہے جس پر آثار ونتائج مرتب نہیں ہوتے، اور دوسرا

ایمان لانا دل کی تھاہ سے ہوتا ہے جس پر آثار ونتائج مرتب ہوتے ہیں، اور موت کو جو لوگ مانتے ہیں مگر اس کے لئے کوئی تیاری نہیں کرتے ان کا موت پر سرسری ایمان ہے، یہ کافی نہیں، موت پر حقیقی ایمان ضروری ہے، اور یہ مؤمن کا نصیب ہے، وہ موت سے ڈر کر اگلی زندگی کی تیاری کرتا ہے، حدیث میں یہی ایمان لانا مراد ہے۔

[۱۰-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الإِيْمَانَ بِالْقَدَرِ: خَيْرِهِ وَشَرِّهِ

[۲۱۴۴-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بنُ يَحْيَى البَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، وَحَتَّى يَعْلَمَ أَنَّ مَا أَصَابَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ، وَأَنَّ مَا أَخْطَأَهُ لَمْ يَكُنْ لِيُصِيْبَهُ"

وفي الباب: عَنْ عُبَادَةَ، وَجَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَيْمُوْنٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَيْمُوْنٍ مُنْكَرُ الحَدِيْثِ.

[۲۱۴۵-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَيُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُؤْمِنَ بِأَرْبَعٍ: يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ، بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ، وَيُؤْمِنُ بِالْمَوْتِ، وَيُؤْمِنُ بِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَيُؤْمِنُ بِالْقَدَرِ"

حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، عَنْ شُعْبَةَ، نَحْوَهُ، إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ: رِبْعِيٌّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عَلِيٍّ؛ حديثُ أَبِيْ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عِنْدِيْ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ النَّضْرِ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ.

حدثنا الجَارُوْدُ، قَالَ سَمِعْتُ وَكِيْعًا يَقُوْلُ: بَلَغَنِيْ أَنَّ رِبْعِيَّ بنَ حِرَاشٍ لَمْ يَكْذِبْ فِيْ الإِسْلاَمِ كَذِبَةً.

بابُ ماجاءَ أَنَّ النَّفْسَ تَمُوْتُ حَيْثُ مَا كُتِبَ لَهَا

آدمی وہاں ضرور پہنچتا ہے جہاں موت مقدر ہوتی ہے

حدیث: حضرت مَطَر بن عکامس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے لئے کسی سرزمین میں موت کا فیصلہ فرماتے ہیں تو اس کے لئے اس زمین کی طرف حاجت گردانتے ہیں۔

تشریح: عام طور پر ایسا ہوتا ہے کہ جہاں موت مقدر ہوتی ہے آدمی وہاں جابستا ہے، اس کے دل میں یہ بات ڈالی جاتی ہے کہ اس جگہ میں قیام اور بودو باش خوشگوار ہے، یا کوئی تقریب (کسی کی ملاقات، ملازمت وغیرہ) باعث ہوتی ہے جس کی وجہ سے آدمی وہاں پہنچ جاتا ہے، لیکن اگر ایسی کوئی صورت پیش نہیں آتی اور وہاں موت مقدر

ہوتی ہےتو پھر وہ صورت پیش آتی ہے جس کا اس حدیث میں تذکرہ ہے کہ ناگاہ کوئی ایسی حاجت پیش آتی ہے کہ آدمی وہاں پہنچ جاتا ہے، کیونکہ اسباب کے نظام میں خلل ڈالنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں، کیونکہ یہ دنیا دارالاسباب ہے، اس لئے کوئی نہ کوئی سبب بن جاتا ہے اور آدمی وہاں پہنچ جاتا ہے۔

یہی مضمون حضرت ابوعزّہ ؓ کی حدیث میں بھی ہے، مگران کی حدیث میں إليها حاجةً اور بها حاجةً میں راوی کوشک ہے اور مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے۔

[۱۱-] بابُ ماجاء أَنَّ النَّفْسَ تَمُوْتُ حَيْثُ مَا كُتِبَ لَهَا

[۲۱٤٦-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا مُؤَمَّلٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ مَطَرِ بنِ عُكَامِسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا قَضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ أَنْ يَمُوْتَ بِأَرْضٍ، جَعَلَ لَهُ إِلَيْهَا حَاجَةً"

وفى الباب: عَنْ أَبِیْ عَزَّةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْرِفُ لِمَطَرِ بنِ عُكَامِسٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هٰذَا الحديثَ.

حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا مُؤَمَّلٌ، وأَبُوْ دَاوُدَ الحَفَرِیُّ، عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ.

[۲۱٤٧-]حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وَعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ- قَالاَ: ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِی الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا قَضَى اللّٰهُ لِعَبْدٍ أَنْ يَمُوْتَ بِأَرْضٍ، جَعَلَ لَهُ إِلَيْهَا حَاجَةً" أَوْ قَالَ: " بِهَا حَاجَةً "

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَزَّةَ: لَهُ صُحْبَةٌ، اسْمُهُ يَسَارُ بنُ عَبْدٍ، وَأَبُوْ الْمَلِيْحِ بنُ أُسَامَةَ: اسْمُهُ عَامِرُ بنُ أُسَامَةَ بنِ عُمَيْرٍ الهُذَلِیُّ.

بابُ ماجاءَ لاَتَرُدُّ الرُّقَى وَالدَّوَاءُ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا

جھاڑ پھونک اور دوا دارو تقدیر کو ٹال نہیں سکتے

حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور اس نے پوچھا: بتلایئے جو جھاڑ پھونک ہم کرتے ہیں اور جو علاج معالجہ ہم کرتے ہیں اور جو پرہیز ہم اختیار کرتے ہیں کیا یہ چیزیں اللہ کی تقدیر میں سے کچھ بھی پھیر سکتی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: هِي مِن قَدَرِ اللّٰهِ: یہ سب چیزیں اللہ کی تقدیر میں شامل ہیں۔

تشریح:

۱- یہ حدیث پہلے بھی گذری ہے، اس کی پہلی سند میں امام زہری: ابوخزامہ کے بیٹے سے روایت کرتے ہیں، اور وہ

اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ صحیح نہیں، کیونکہ سفیان بن عیینہ کے متعدد تلامذہ عن أبی خِزامۃَ عن أبیہ کہتے ہیں، ابن نہیں بڑھاتے، یعنی زہری یہ حدیث ابوخزامہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ اپنے والد سے، پس صحابی ابوخزامہ نہیں بلکہ ان کے والد ہیں، امام ترمذیؒ کے نزدیک یہی صحیح ہے، کیونکہ زہری کے متعدد تلامذہ بھی اسی طرح سند بیان کرتے ہیں (الاصابہ میں ابوخزامہ کے سلسلہ میں اختلاف لکھا ہے کہ وہ صحابی ہیں یا ان کے والد صحابی ہیں؟)

۲- تقدیر کے مسئلہ میں یہ حدیث بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ تقدیر کا اللہ کی صفت ہونے کے اعتبار سے تو مطلب یہ ہے کہ ہر چیز ازل سے طے ہے، اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں، مگر بندوں کے اعتبار سے تقدیر میں اسباب ومسببات کا پورا سلسلہ شامل ہے، جھاڑ پھونک، علاج معالجہ اور احتیاطی تدابیر یہ سب صحت کے اسباب ہیں، اور یہ بھی تقدیر میں شامل ہیں، اسی کو میں بار بار کہتا ہوں کہ بندوں کی طرف سے تقدیر معلق ہوتی ہے اور اسی جہت سے بندوں کو امور کے ساتھ معاملہ کرنا چاہئے اور اللہ کی صفت ہونے کے اعتبار سے تقدیر کے جو معنی ہیں اس پر ایمان لانا ضروری ہے، یہ صرف ایمانی بات ہے، اور عملی مرحلہ یہ ہے کہ اچھائی کے اسباب اختیار کرے تا کہ بھلائی سے ہمکنار ہو، اس کی نظیر یہ حدیث ہے کہ جنت میں کوئی اپنے عمل سے نہیں جائے گا جو بھی جنت میں جائے گا اللہ کے فضل سے جائے گا، جبکہ قرآن وحدیث بھرے پڑے ہیں کہ جنت میں بندے ایمان وعمل صالح کی وجہ سے جائیں گے، یہ دونوں باتیں صحیح ہیں، اعتقاد پہلی بات کا رکھنا ہے کہ جو بھی جنت میں جائے گا اللہ کے فضل سے جائے گا، مگر عمل دوسری بات پر کرنا ہے، کیونکہ ایمان اور عمل صالح دخول جنت کے اسباب ہیں، اور یہ دنیا دارالاسباب ہے اس لئے اسباب اختیار کرنا ضروری ہے، مگر اسباب: اسباب ہوتے ہیں، ان میں تاثیر اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہے، اس لئے جو بھی جنت میں جائے گا اللہ کے فضل سے جائے گا، مگر اسباب کے سہارے جائے گا۔ اسی طرح تقدیر کے مسئلہ کو بھی سوچنا چاہئے کہ ہر چیز مقدر ہے مگر تقدیر اجمالی نہیں بلکہ اسباب بھی تقدیر میں شامل ہیں، اس لئے دارالاسباب میں اسباب اختیار کرنے ضروری ہیں، تا کہ ان سے مسببات پیدا ہوں، اس لئے سائل کا یہ سوال کہ یہ باتیں تقدیر کو پھیر سکتی ہیں؟ بے معنی ہے، کیونکہ یہ تمام چیزیں تقدیر میں شامل ہیں۔

[۱۲-] بابُ ماجاءَ لاتَرُدُّ الرُّقَى وَالدَّوَاءُ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا

[۲۱٤۸-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِيُّ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: أَرَأَيْتَ رُقًى نَسْتَرْقِيْهَا، وَدَوَاءً نَتَدَاوَى بِهِ، وَتُقَاةً نَتَّقِيْهَا، هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ شَيْئًا؟ قَالَ: "هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

عَنْ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، وَهٰذَا أَصَحُّ، هٰكَذَا قَالَ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ خِزَامَةَ، عَنْ أَبِیْهِ.

لغات: رُقًی: رقیة کی جمع ہے: تعویذ منتر وغیرہ...... اسْتَرْقی فلاناً: کسی سے تعویذ لینا، دم کرنے کو کہنا...... تَدَاوَی: دواء لینا، اپنا علاج کرانا...... تُقَاۃ: اپنی حفاظت کرنا، بچاؤ کرنا...... اِتَّقَی الشیئَ: بچنا، احتراز کرنا، دور رہنا۔

بابُ ماجاء فی القَدَرِیَّةِ

منکرین تقدیر کا حکم

علامہ عبدالکریم شہرستانی رحمہ اللہ نے اسلامی فرقوں کے اختلاف کی چار بنیادیں بیان کی ہیں: (۱) صفاتِ الٰہی کا اثبات ونفی (۲) قدر وجبر (۳) عقائد واعمال کا ارتباط (۴) عقل ونقل کا دائرہ کار۔

پہلا اختلاف: اس طرح پیدا ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں نصوص میں جو اس قسم کے الفاظ آئے ہیں جو جسمانیات کے لئے مخصوص ہیں، مثلاً: عرش پر متمکن ہونا، چہرہ، ہاتھ اور انگلیاں ہونا اور قیامت کے دن فرشتوں کے جھرمٹ میں آنا وغیرہ وغیرہ، ان کے حقیقی معنی لئے جائیں یا مجازی؟ کچھ لوگوں نے حقیقی معنی مراد لئے، پھر جب ان میں غلو پیدا ہوا تو ان میں سے مُجَسِّمَة اور مُشَبِّهَة نکل آئے جو اللہ تعالیٰ کے لئے انسانوں جیسے ہاتھ پاؤں ماننے لگے، اور دوسروں نے ان کے مجازی معنی لئے، اور حقیقی معنی کا سرے سے انکار کر دیا، اس کے قائل معتزلہ ہوئے جن کا دوسرا نام منکرین صفات ہے، وہ کہتے ہیں: اگر ہم اللہ تعالیٰ کے لئے صفات مانیں اور ان کو قدیم مانیں تو تعدد قدماء اور تعدد آلہہ لازم آئے گا، اور اگر صفات کو حادث کہیں تو خدا کا محل حوادث ہونا لازم آئے گا جو خدا کے حدوث کو مستلزم ہوگا، اس لئے معتزلہ نے یہ راہ اختیار کی کہ خدا کے لئے علحدہ صفات نہیں، بلکہ ان کی ذات ہی سے وہ تمام نتائج حاصل ہوتے ہیں جو ہم کو صفات سے حاصل ہوتے ہیں۔

اور اہل السنہ والجماعہ نے تنزیہہ مع التفویض کا طریقہ اختیار کیا، انھوں نے اللہ کے لئے ان تمام صفات کو ثابت کیا مگر ان کی حقیقت کے ادراک سے خود کو قاصر سمجھا، اللہ کے ہاتھ، پاؤں اور انگلیاں ہیں اور وہ عرش پر متمکن بھی ہیں مگر ان کی حقیقتیں ہم نہیں جانتے، صرف ان صفات کے آثار ونتائج ہم سمجھ سکتے ہیں اور یہی اسلم راستہ ہے۔

دوسرا اختلاف: اس میں ہوا کہ انسان کے افعالِ اختیاریہ کے خالق اللہ تعالیٰ ہیں یا بندہ؟ بعض نصوص سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز ہمارے بس کی نہیں، یہاں تک کہ ہمارا ارادہ اور خواہش بھی اختیاری نہیں، لیکن یہ بات ماننے کی صورت میں ہم اپنے افعال میں مجبور محض ہو جاتے ہیں اور تکلیف اور ثواب وعقاب کی بنیاد اکھڑ جاتی ہے، اور قرآن مجید میں دونوں قسم کی آیتیں ہیں بعض میں صاف صراحت ہے کہ انسان جو کچھ کرتا ہے خدا ہی کراتا ہے ﴿قُلْ: كُلٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ﴾ اور بعض آیات میں یہ ہے کہ انسان اپنے افعال کا خود ذمہ دار ہے: ﴿مَا أَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ

نَفْسِكَ﴾ چنانچہ مسلمانوں میں مختلف رائیں قائم ہوگئیں۔

۱- جولوگ زیادہ آزاد تھے انھوں نے خودکو مجبورِ محض مان لیا، اور وہ جبریہ کہلائے۔

۲- اور معتزلہ نے یہ رائے قائم کی کہ انسان اپنے افعال میں مختارِ کل ہے اور کوئی بات پہلے سے طے شدہ نہیں اور بندہ اپنے اختیار سے کوئی کام کرتا ہے تب وہ بات اللہ کے علم میں آتی ہے، توبہ! البتہ یہ اختیار اس کو خدا نے دیا ہے اس لئے خدا کے کامل اختیار میں فرق نہیں آتا۔

۳- اور اہل السنہ والجماعہ کی رائے یہ ہے کہ بندوں کو اللہ تعالیٰ نے جزوی اختیار دیا ہے اور وہ کسب وارادہ کا اختیار ہے، پھر بندوں کے افعال کا خلق اللہ تعالیٰ کرتے ہیں اور یہ جزوی اختیار تکلیف اور ثواب وعقاب کی بنیاد ہے۔

تیسرا اختلاف: اس میں ہوا ہے کہ ایمان کی حقیقت میں اعمال داخل ہیں یا نہیں؟ حدیثوں میں حیاء وغیرہ کے بارے میں آتا ہے کہ: إِنَّه من الإيمان: چنانچہ محدثین نے ایمان کی حقیقت میں اعمال کو بھی داخل مانا، اور انھوں نے ایمان کی حقیقت تین چیزوں کا مجموعہ قرار دیا: تصدیقِ قلبی، اقرارِ لسانی اور اعمالِ صالحہ۔

دوسری طرف کچھ لوگ پیدا ہوئے جنھوں نے اعتقاد وعمل میں تفریق کی اور ایمان صرف تصدیق کا نام رکھا اور اقرار واعمال کو کوئی حیثیت نہ دی، اور انھوں نے کہا کہ تصدیق کے ساتھ کوئی عمل صالح مفید نہیں، اور کوئی عمل غیر صالح مضر نہیں، یہ لوگ مرجئہ کہلائے، إرجاءٌ کے معنی ہیں: مؤخر کرنا، یعنی انھوں نے اعمال کو ایمان سے پیچھے ہٹا دیا۔

اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اعمال کو ایمانِ حقیقی کا جز تو نہیں مانا مگر ایمانِ کامل میں ان کا دخل تسلیم کیا، وہ فرماتے ہیں: آخرت میں فیصلہ صرف تصدیق قلبی پر ہوگا، اور دنیا میں احکام اسلام جاری کرنے کے لئے تصدیق کے ساتھ اقرار لسانی بھی ضروری ہے، اور اعمال ایمانِ کامل کا جز ہیں، یعنی نیک اعمال سے ایمان کی بہجت بڑھتی ہے اور بداعمالیوں سے ایمان کی رونق گھٹتی ہے، یہی رائے صحیح ہے، مگر بعض لوگوں نے امام اعظمؒ کے سر بھی ارجاء کا الزام دھر دیا اور ان کا نام بھی مرجئہ میں لکھ دیا۔

چوتھا اختلاف: اس میں ہوا کہ عقل ونقل کی حدود کیا ہیں؟ دونوں کا درجہ مساوی ہے یا ان میں سے کسی ایک کو ترجیح حاصل ہے؟ معتزلہ عقل کو ترجیح دیتے ہیں، اور اشاعرہ اور ماتریدیہ نقل کو ترجیح دیتے ہیں، چنانچہ متعدد مسائل میں ان میں اختلاف ہوا، مثلاً: اللہ تعالیٰ محالات کا حکم دے سکتے ہیں یا نہیں؟ اور اللہ تعالیٰ پر عدل وانصاف واجب ہے یا نہیں؟ اور چیزیں فی نفسہ اچھی بری ہیں یا نہیں؟ وغیرہ وغیرہ (ماخوذ از علم الکلام شبلیؒ)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میری امت کی دوقسموں کے لئے اسلام میں کوئی حصہ نہیں: ایک: مرجئہ، دوسرے قدریہ۔

تشریح: مرجئہ وہ لوگ ہیں جو اعمال کو ایمان سے مؤخر کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام

ہے اوراس کے ساتھ نہ اچھا عمل مفید ہے نہ برا عمل مضر،اورقدر یہ تقدیر کے قائل نہیں وہ بندوں کوافعال اختیار یہ کا خالق مانتے ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ازل سے واقعات کا علم بھی نہیں مانتے: ان دونوں فرقوں کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں،اورظاہر ہے کہ جب کوئی حصہ نہیں تو وہ مسلمان کہاں رہے؟ الا یہ کہ حدیث کووعید مانا جائے۔

[۱۳-] بابُ ماجاء في القَدَرِيَّةِ

[۲۱۴۹-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ حَبِيْبٍ، وَعَلِيِّ بنِ نِزَارٍ، عَنْ نِزَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "صِنْفَانِ مِنْ أُمَّتِيْ لَيْسَ لَهُمَا فِي الإِسْلَامِ نَصِيْبٌ: المُرْجِئَةُ وَالْقَدَرِيَّةُ"

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وابنِ عُمَرَ، وَرَافِعِ بنِ خَدِيْجٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، نَا مُحمدُ بنُ بِشْرٍ، ثَنَا سَلَّامُ بنُ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ مُحمدُ بنُ رَافِعٍ: وَنَا مُحمدُ بنُ بِشْرٍ، نَا عَلِيُّ بنُ نِزَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وضاحت: اس حدیث کی تین سندیں امام ترمذی رحمہ اللہ نے پیش کی ہیں: پہلی سند میں علی بن نزار اسدی کوفی اپنے والد نزار بن حیان اسدی سے روایت کرتا ہے اور یہ دونوں راوی ضعیف ہیں، اور دوسری سند میں محمد بن بشر: سلام بن ابی عمرة سے روایت کرتا ہے، یہ سلاّم: ابوعلی خراسانی ہے اور یہ بھی ضعیف راوی ہے، ترمذی میں اس کی یہی ایک حدیث ہے، تہذیب التہذیب میں ہے کہ وہ ثقہ رواۃ سے الٹ پلٹ روایتیں بیان کرتا ہے، چنانچہ اس کی حدیثیں قابل اعتبار نہیں، اور تیسری سند میں محمد بن بشر: علی بن نزار سے روایت کرتا ہے اور وہ عکرمہ سے، اس سند میں علی کے باپ نزار بن حیان کا واسطہ نہیں، مگر یہ علی خود ضعیف ہے، اس لئے اس حدیث کی تمام سندیں صحیح نہیں، پس اس حدیث کی بنیاد پر ان فرقوں کو کافر نہیں قرار دیا جاسکتا۔

بابٌ

انسان ننانوے اسباب موت میں گھرا ہوا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: انسان متمثل ہوا ہے یعنی نفس الامر میں پیدا کیا گیا ہے درانحالیکہ ننانوے (اسباب) موت اس کے پہلو کی طرف متوجہ ہیں، اگر چوک جاتے ہیں اس سے یعنی بچ جاتا ہے وہ سارے ہی اسباب موت

سے توجا پڑتا ہے وہ بڑھاپے میں، یہاں تک کہ مرجاتا ہے یعنی اس سبب موت سے مفر نہیں۔

تشریح: موت کے یہی اسباب تقدیرالٰہی ہیں اور انسان اپنے اختیار سے یا بے احتیاطی سے ان اسباب کا ارتکاب کرتا ہے، یاان سے بچ جاتا ہے، لیکن آخری سبب یعنی بڑھاپے سے کوئی نہیں بچ سکتا۔

مُثِّل: مَثَّل الشيئ کا مجہول ہے اس کے معنی ہیں: کسی چیز کی اس طرح وضاحت کرنا جیسے وہ اسے دیکھ رہا ہے، یہاں مراد انسان کا نفس الامر میں پیدا کیا جانا ہے...... وجودشی کے تین ظرف ہیں: خارج، ذہن اور نفس الامر، جب کوئی چیز خارج میں موجود ہوتی ہے تو اس کی طرف اشارہ حسیہ کیا جاسکتا ہے، اور جو چیز ذہن میں موجود ہوتی ہے وہ اعتبار معتبر کے تابع ہوتی ہیں، اگر کوئی فرض کرے تو وہ ذہن میں ہوتی ہے ورنہ نہیں، اور نفس الامر: خارج اور ذہن سے عام ہے، نفس الامر میں جو چیز ہوتی ہے اس کی طرف اشارہ حسیہ نہیں کیا جاسکتا اور وہ اعتبار معتبر کے تابع بھی نہیں ہوتی، بلکہ اس کا وجود حقیقی ہوتا ہے، اس حدیث میں انسان کے اسی مرتبہ میں وجود کا تذکرہ ہے، اور المَنِيَّةُ: کے معنی ہیں: موت، مگر مراد اسبابِ موت ہیں۔

[١٤-] بابٌ

[٢١٥٠-] حدثنا أَبُوْ هُرَيْرَةَ مُحمدُ بْنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، نَا أَبُوْ العَوَّامِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مُثِّلَ ابنُ آدَمَ، وَإِلَى جَنْبِهِ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً، إِنْ أَخْطَأَتْهُ الْمَنَايَا وَقَعَ فِيْ الهَرَمِ، حَتَّى يَمُوْتَ"

هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وأَبُوْ العَوَّامِ: هُوَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ.

وضاحت: اس حدیث کا راوی عمران بن دَاوَر ابوالعوّام القطّان صدوقٌ يَهِمُ ہے، یعنی ٹھیک ہے مگر حدیثوں میں غلطیاں کرتا ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی صرف تحسین کی ہے۔

بابُ ماجاء في الرِّضَاءِ بِالْقَضَاءِ

فیصلۂ خداوندی پر راضی رہنا

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان کی نیک بختی میں سے اس کا خوش رہنا ہے اس بات پر جو اللہ نے اس کے لئے مقدر کی ہے، اور انسان کی بدبختی میں سے اس کا اللہ سے خیر طلبی کو چھوڑنا ہے، اور انسان کی بدبختی میں سے اس کا ناراض ہونا ہے اس بات سے جو اللہ نے اس کے لئے مقدر کی ہے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی محمد بن ابی حمید جس کو حماد بن ابی حمید بھی کہا جاتا ہے اور وہی ابو

ابراہیم مدینی بھی ہے، یہ راوی محدثین کے نزدیک ضعیف ہے۔

اور اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ انسان کو اسباب اختیار کرنے چاہئیں، بھلائی سے ہمکنار ہونے کی سعی کرنی چاہئے، اور برے احوال سے بچنے کی امکانی کوشش کرنی چاہئے، پھر جو کچھ قضا وقدر سے پیش آئے اس پر خوش رہنا چاہئے، یہی انسان کی نیک بختی ہے یعنی اس کے لئے مفید ہے اور دو باتیں انسان کی بدبختی میں سے ہیں: ایک: اہم کام میں اللہ تعالیٰ سے استخارہ نہ کرنا، دوم: قضاء وقدر سے جو کچھ پیش آئے اس پر چیں بہ جبیں ہونا، کیونکہ انسان کی یہ ناراضگی قضاء وقدر کو ٹال نہیں سکتی، البتہ وہ اپنے لئے پریشانی کھڑی کر لیتا ہے۔

[۱۵-] باب ماجاء في الرِّضَاءِ بِالْقَضَاءِ

[۲۱۵۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ أَبِيْ حُمَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُحمدِ بنِ سَعْدِ بنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مِنْ سَعَادَةِ ابنِ آدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهُ، وَمِنْ شَقَاوَةِ ابنِ آدمَ تَرْكُهُ اسْتِخَارَةَ اللّٰهِ، وَمِنْ شَقَاوَةِ ابنِ آدَمَ سُخْطُهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهُ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ أَبِيْ حُمَيْدٍ، وَيُقَالُ لَهُ أَيْضًا: حَمَّادُ بنُ أَبِيْ حُمَيْدٍ، وَهُوَ أَبُوْ إِبْرَاهِيْمَ الْمَدِيْنِيُّ، وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ.

بابٌ

تقدیر کا انکار گمراہی ہے

حدیث (۱): نافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ایک شخص آیا، اس نے کہا کہ فلاں شخص نے آپ کو سلام کہا ہے، ابن عمرؓ نے فرمایا: مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ اس نے بدعت ایجاد کی ہے یعنی غلط عقیدہ اختیار کیا ہے، پس اگر اس نے بدعت ایجاد کی ہے تو میرا سلام اس سے مت کہنا، میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا ہے: اس امت میں یا فرمایا میری امت میں زمین میں دھنسنا یا شکل بگڑنا یا پتھر برسایا جانا ہوگا تقدیر کا انکار کرنے والوں میں۔

تشریح: وہ شخص جس نے سلام بھیجا تھا وہ بصرہ کا باشندہ تھا اور منکرین تقدیر میں سے تھا، یہ فرقہ سب سے پہلے بصرہ میں وجود میں آیا تھا، اس لئے حضرت ابن عمرؓ نے اس کا سلام قبول نہیں کیا، سلام قبول کرتے تو جواب دیتے، پس اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلا کہ گمراہ فرقوں کے ساتھ سلام دعا کا رابطہ نہیں ہونا چاہئے۔

اور حدیث میں جو في هذه الأُمة یا في أمتي میں شک ہے وہ اللہ جانے کس کو ہے، ابن عمرؓ کو ہے، نافع کو ہے یا

نیچے کے کسی راوی کو ہے، یہ متعین نہیں، اور خَسْفٌ أَوْ مَسْخٌ أَوْ قَذْفٌ میں جو أَوْ ہے وہ تنویع کا ہے، یعنی منکرین تقدیر پر ان میں سے کوئی بھی عذاب آسکتا ہے، اور فی أهل القدر : فی هذه الأمة سے بدل بعض ہے حرف جر کے اعادہ کے ساتھ۔

حدیث (۲): عبدالواحد بن سُلیم کہتے ہیں: میں مکہ مکرمہ پہنچا، وہاں میری ملاقات حضرت عطاء بن ابی رباح سے ہوئی، میں نے ان سے عرض کیا: اے ابو محمد! بصرہ والے تقدیر میں گفتگو کرتے ہیں، یعنی وہ تقدیر کا انکار کرتے ہیں، حضرت عطاءؒ نے فرمایا: میرے بچے! تو نے قرآن پڑھا ہے؟ میں نے کہا: ہاں، آپ نے فرمایا: سورۃ الزخرف پڑھ، عبدالواحد کہتے ہیں: پس میں نے پڑھا: ''حم، قسم ہے اس واضح کتاب کی، بیشک ہم نے اس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے، تاکہ (اے عربو) تم (آسانی سے) سمجھ لو، اور وہ ہمارے پاس لوح محفوظ میں بڑے رتبہ کی اور حکمت بھری کتاب ہے'' حضرت عطاءؒ نے پوچھا: جانتا ہے: ام الکتاب یعنی لوح محفوظ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، حضرت عطاء نے فرمایا: ام الکتاب ایک نوشتہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو پیدا کرنے سے پہلے اور زمین کو پیدا کرنے سے پہلے لکھ لیا ہے، اس میں یہ ہے کہ فرعون دوزخی ہے، اور اس میں: ''ابولہب کے ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ برباد ہو'' ہے یعنی ابولہب کا انجام بھی لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے (پس بصرہ والوں کا تقدیر کا انکار کرنا اس آیت کے خلاف ہے اس لئے وہ گمراہ ہیں)

پھر حضرت عطاء نے بیان کیا: پس میری ملاقات حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ولیدؒ سے ہوئی، یہ بھی صحابی ہیں، نبی ﷺ کے زمانہ میں پیدا ہوئے ہیں، پس میں نے ان سے پوچھا: آپ کے ابا نے موت کے وقت کیا وصیت کی تھی؟ ولیدؒ نے کہا: مجھے بلایا اور کہا: اے میرے پیارے بچے! اللہ سے ڈر، اور جان لے کہ تو ہرگز اللہ سے نہیں ڈر سکتا جب تک کہ تو اللہ پر ایمان نہ لائے، اور ساری تقدیر پر ایمان نہ لائے، اس کے بھلے پر بھی اور اس کے برے پر بھی، پس اگر تو مر گیا اس کے علاوہ عقیدہ پر تو دوزخ میں جائے گا، پس بیشک میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ اللہ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا، پس فرمایا: لکھ! اس نے پوچھا: کیا لکھوں؟ اللہ نے فرمایا: تقدیر لکھ، جو ہو چکا وہ بھی لکھ اور جو تا ابد ہونے والا ہے وہ بھی لکھ۔

تشریح: اس حدیث کا راوی عبدالواحد بن سلیم بصری ضعیف راوی ہے، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، اور اس حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ جو تقدیر کا منکر ہے وہ جہنم میں جائے گا، رہی یہ بات کہ یہ گمراہ لوگ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے یا کسی وقت نکالے جائیں گے؟ تو اس کا مدار اس پر ہے کہ اگر وہ چھوٹے دائرے سے نکل گئے ہیں تو کبھی نہ کبھی جنت میں آئیں گے، اور اگر وہ بڑے سرکل سے نکل چکے ہیں جیسے قادیانی تو ان کے جنت میں آنے کا کوئی امکان نہیں، اور ان دائروں اور سرکلوں کی تفصیل پہلے (تحفۃ ۳: ۲۰۱ کتاب الحج باب ۲ میں) گذر چکی ہے۔

اورحدیث کےآخرمیں جو ماکان اورماھو کائنٌ آیاہےاس سےمرادیاتوارشادنبوی کےوقت سےماکان اور مایکون ہے،یاقلم کی پیدائش سےسابق ولاحق مرادہیں،کیونکہ قلم سے پہلےبھی بعض مخلوقات پیداہوچکی تھیں۔

[١٦-] بابٌ

[٢١٥٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ عَاصِمٍ، نا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، أَخْبَرَنِي أَبُوْ صَخْرٍ، ثَنِي نَافِعٌ: أَنَّ ابنَ عُمَرَ جَاءَ هُ رَجُلٌ، فَقَالَ: إِنَّ فُلاَنًا يُقْرِأُ عَلَيْكَ السَّلاَمَ، فَقَالَ: إِنَّهُ بَلَغَنِيْ أَنَّهُ قَدْ أَحْدَثَ، فَإِنْ كَانَ قَدْ أَحْدَثَ فَلاَ تُقْرِئْهُ مِنِّي السَّلاَمَ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ”فِيْ هَذِهِ الأُمَّةِ أَوْ: فِيْ أُمَّتِيْ – الشَّكُّ مِنْهُ – خَسْفٌ، أَوْ مَسْخٌ، أَوْ قَذْفٌ فِيْ أَهْلِ الْقَدْرِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وأَبُوْ صَخْرٍ: اسْمُهُ حُمَيْدُ بنُ زِيَادٍ.

[٢١٥٣-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، نا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ، فَلَقِيْتُ عَطَاءَ بنَ أَبِيْ رَبَاحٍ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا مُحمدٍ! إِنَّ أَهْلَ الْبَصْرَةِ يَقُوْلُوْنَ فِيْ الْقَدَرِ، قَالَ: يَابُنَيَّ! أَتَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاقْرَأْ الزُّخْرُفَ، قَالَ: فَقَرَأْتُ: ﴿حٰمٓ وَالْكِتَابِ الْمُبِيْنِ، إِنَّا جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ، وَإِنَّهُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ﴾ قَالَ: أَتَدْرِيْ مَا أُمُّ الْكِتَابِ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّهُ كِتَابٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاءَ، وَقَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ الأَرْضَ، فِيْهِ أَنَّ فِرْعَوْنَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، وَفِيْهِ:﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَتَبَّ﴾

قَالَ عَطَاءٌ: فَلَقِيْتُ الْوَلِيْدَ بنَ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ صَاحِبَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلْتُهُ: مَا كَانَتْ وَصِيَّةُ أَبِيْكَ عِنْدَ الْمَوْتِ؟ قَالَ دَعَانِيْ، فَقَالَ: يَابُنَيَّ اتَّقِ اللّٰهَ، وَاعْلَمْ أَنَّكَ لَنْ تَتَّقِيَ اللّٰهَ حَتَّى تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ، وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ كُلِّهِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، فَإِنْ مُتَّ عَلَى غَيْرِ هٰذَا دَخَلْتَ النَّارَ، إِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:” إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ، فَقَالَ: اكْتُبْ، قَالَ: مَا أَكْتُبُ؟ قَالَ: اكْتُبْ القَدَرَ مَاكَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى الأَبَدِ“ هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

تقدیرالٰہی کادوسرامظہر

حدیث(۳): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تقدیریں طے فرمادی ہیں آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے سے پچاس ہزارسال پہلے۔

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ میں بڑی تفصیل سے یہ مضمون سمجھایاہے کہ تقدیرالٰہی پانچ مراحل میں ظاہرہوتی ہے، جیسے حویلی بنانے والا پہلے انجینئر سے نقشہ بنواتاہے،انجینئر پہلے ذہن میں

خاکہ بناتا ہے پھراس ذہنی خاکہ کے مطابق کاغذ پر نقشہ بناتا ہے، پھر معمار اس نقشہ کے مطابق موقع پر محل تیار کرتا ہے اسی طرح بلاتشبیہ تقدیر الٰہی کے پانچ مختلف مراحل ومظاہر ہیں، پہلی مرتبہ: اللہ کے علم ازلی میں تمام چیزوں کے اندازے ٹھہرائے گئے، پھر دوسری مرتبہ: تخلیق ارض وسماء سے پچاس ہزار سال پہلے عرش کی قوت خیالیہ میں سب چیزیں موجود ہوئیں، پھر تیسری مرتبہ: تخلیق آدم علیہ السلام کے بعد جب عہد الست لیا گیا اس وقت تقدیر کا تحقق ہوا، پھر چوتھی مرتبہ: شکم مادر میں جب روح پڑنے کا وقت آتا ہے تو تقدیر کا یک گونہ تحقق ہوتا ہے، پھر پانچویں: مرتبہ دنیا میں واقعہ رونما ہونے سے ذرا پہلے تقدیر پائی جاتی ہے، تقدیر کے یہ مراحل انسانوں کے احوال کے اعتبار سے ہیں، دیگر مخلوقات کا حال اس سے مختلف ہوسکتا ہے، تفصیل حجۃ اللہ البالغہ میں ہے (دیکھیں: رحمۃ اللہ الواسعہ ۱: ۶۶۸-۶۷۶)

[٢١٥٤-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْمُنْذِرِ الصَّغَّانِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ المُقْرِئُ، نَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، ثَنِيْ أَبُوْ هَانِئٍ الخَوْلَانِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرحمنِ الحُبُلِيَّ، يَقُوْلُ:" قَدَّرَ اللّٰهُ الْمَقَادِيْرَ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِيْنَ بِخَمْسِيْنَ أَلْفَ سَنَةٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

تقدیر الٰہی کا قرآن سے ثبوت

حدیث (۴): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مشرکین قریش نبی ﷺ کے پاس آئے، اور انھوں نے تقدیر میں بحث شروع کی تو سورۃ القمر کی یہ آیات نازل ہوئیں: ’’جس روز یہ لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم میں گھسیٹے جائیں گے، اور ان سے کہا جائے گا کہ دوزخ کی آگ کا مزہ چکھو، ہم نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا کیا ہے‘‘ یہی تقدیر الٰہی ہے، اس آخری آیت میں مشرکین قریش سے کہا گیا کہ تمہارا دوزخ میں جانا طے ہے، مگر اس کا ایک وقت مقرر ہے، اللہ تعالیٰ نے ہر چیز اندازے سے بنائی ہے، پس وہ وقت آنے دو، پھر دوزخ کا مزہ چکھو!

[٢١٥٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ العَلَاءِ، وَمُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، قَالَا: نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ زِيَادِ بنِ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبَّادِ بنِ جَعْفَرٍ المَخْزُوْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: جَاءَ مُشْرِكُوْ قُرَيْشٍ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يُخَاصِمُوْنَ فِي الْقَدَرِ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوْهِهِمْ: ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرٍ، إِنَّا كُلَّ شَيْئٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبو ابُ الْفِتَنِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

آزمائشوں کا بیان

فتنہ: کا مادہ فَتْنٌ ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا معلوم کرنا۔ أصلُ الفَتْن: إدخالُ الذهبِ النَّارَ، لِتَظْهَرَ جَوْدَتُه مِنْ رَدَاءَ تِه (راغب) پھر فتنہ کے معنی آزمائش کے ہوگئے، اور آزمائش میں چونکہ تکلیف دی جاتی ہے اس لئے ایذاء رسانی اور اس کی مختلف شکلوں کے لئے اور آزمائش میں جو کھوٹا ثابت ہو اس کے ساتھ جو معاملہ کیا جائے ان سب کے لئے قرآن وحدیث میں لفظ فتنہ اور اس کے مشتقات استعمال کئے گئے ہیں، پس فتنہ کے معنی ہیں: آزمائش، آفت، دنگا فساد، ہنگامہ، دکھ دینا، اور تختۂ مشق بنانا وغیرہ۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ یہ دنیا امتحان گاہ ہے، یہاں انسان ہر گھڑی میدان امتحان میں کھڑا ہے، ایمان وکفر تو بڑے امتحانات ہیں مگر مؤمن کا بھی مختلف شکلوں میں امتحان ہوتا ہے، حدیث میں ہے: ''اللہ تعالیٰ ہر امت کی آزمائش کرتے ہیں اور میری امت کی آزمائش مال سے کریں گے'' (مشکوۃ حدیث ۵۱۹۴) پس اگر مؤمن اس آزمائش میں کامیاب ہو جائے تو زہے نصیب! ورنہ اس کا خمیازہ دنیا وآخرت میں بھگتنا پڑے گا۔

فتنوں کی قسمیں: فتنے چھ قسم کے ہیں:

پہلی قسم:— آدمی کے اندر کا فتنہ — اور وہ یہ ہے کہ آدمی کے احوال بگڑ جائیں، اس کا دل سخت ہو جائے، اور اس کو عبادت میں حلاوت اور مناجات میں لذت محسوس نہ ہو۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ انسان کے جسم میں فہم کے اعتبار سے تین باریک (خفی) چیزیں ہیں: قلب، عقل اور نفس دل: سے غصہ، بہادری، حیا، محبت، خوف، انقباض وانبساط جیسے احوال کا تعلق ہے...... اور عقل کا دائرۂ کار وہاں سے شروع ہوتا ہے جہاں پہنچ کر حواس خمسہ ظاہرہ کا کام ختم ہو جاتا ہے، اور عقل: بدیہی اور نظری دونوں قسم کے علوم کا ادراک کرتی ہے، جیسے تجربہ اور حدس وغیرہ کے ذریعہ جو بدیہی باتیں جانی جاتی ہیں وہ عقل کا کام ہے، اسی طرح برہان

وخطابیات وغیرہ کے ذریعہ جونظری علوم حاصل کئے جاتے ہیں: وہ بھی عقل کا فعل ہے......اورنفس خواہش کرتا ہے یعنی انسان کی بقاء کے لئے جو چیزیں ضروری ہیں جیسے کھانا، پینا، سونا اور صحبت کرنا: ان کی نفس خواہش کرتا ہے۔

قلب کے برے احوال:

۱- جب قلب پر بہیمی خصلتیں قبضہ جما لیتی ہیں، اوراس کی دلچسپیاں جانوروں جیسی ہوجاتی ہیں تو وہ قلب بہیمی کہلاتا ہے (یہ ادنی درجہ ہے)

۲- اور جب خواب یا بیداری میں قلب شیطان کے وسوسے قبول کرتا ہے تو وہ قلب: قلب شیطانی ہوجاتا ہے، سورۃ الانعام آیت ۱۱۲میں ایسے لوگوں کو شیاطین الانس (انسان نما شیطان) کہا گیا ہے (یہ فساد قلب کا اعلی درجہ ہے)

قلب کے اچھے احوال:

۱- جب قلب پر ملکی خصلتیں قبضہ جما لیتی ہیں تو وہ قلب: قلب انسانی کہلاتا ہے، اوراس وقت خوف اور محبت وغیرہ جذبات ان برحق اعتقادات کی طرف مائل ہوجاتے ہیں جن کو آدمی نے محنت سے حاصل کیا ہے (یہ صلاح کا ادنی درجہ ہے)

۲- اور جب دل کی صفائی اور نور قوی ہوجاتا ہے تو صوفیاء کی اصطلاح میں اس کو''روح'' کہتے ہیں، اب اس دل میں انبساط ہی انبساط ہوتا ہے، انقباض کا نام ونشان نہیں رہتا، اور الفت ومحبت ہی رہ جاتی ہے، قلق وبے چینی کا نام ونشان مٹ جاتا ہے، اس دل کے احوال کو صوفیا''انفاس'' کہتے ہیں، جب قلب اس حال میں پہنچ جاتا ہے تو ملکی خصوصیات عادتِ ثانیہ بن جاتی ہیں، اور وہ اکتسابی نہیں رہتیں (یہ صلاح کا اعلی درجہ ہے)

عقل کے برے احوال:

۱- جب عقل پر بہیمی خصلتیں غالب آجاتی ہیں تو عقل مکار ہوجاتی ہے، اور آدمی کو ایسے خیالات آنے لگتے ہیں جو فطری تقاضوں کی طرف مائل ہوتے ہیں، جیسے جماع کے خیالات آتے ہیں، اگر شہوت کی فراوانی ہوتی ہے، اور کھانوں کے خیالات آتے ہیں اگر وہ بھوکا ہوتا ہے (یہ فساد عقل کا ادنی درجہ ہے)

۲- اور اگر عقل پر شیطان کی وحی قبضہ جما لیتی ہے تو آدمی کو بہترین نظام کی شکست وریخت کے خیالات آتے ہیں، معتقدات حقہ میں شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں، اور ایسی مکروہ ومنکر ہیئتوں کی طرف اس کا میلان ہوجاتا ہے جن سے نفوس سلیمہ نفرت کرتے ہیں (یہ فساد عقل کا اعلی درجہ ہے)

عقل کے اچھے احوال:

۱- جب عقل پر کسی درجہ میں ملکی خصلتیں قبضہ جما لیتی ہیں تو وہ بدیہی یا نظری، ارتفاقی اور احسانی علوم کی تصدیق

کرنے لگتی ہے، جن کی تصدیق ضروری ہے (یہ ادنی درجہ ہے)

۲- اور جب عقل کی صفائی اور نور قوی ہو جاتا ہے تو اس کو صوفیاء کی اصطلاح میں ''سرّ'' کہتے ہیں جس کا کام ایسے علوم کو قبول کرنا ہے جن کا خواب میں یا ذہانت، کشف اور غیبی آواز وغیرہ کے ذریعہ عالم غیب سے فیضان کیا جاتا ہے (یہ درمیانی درجہ ہے)

۳- اور جب عقل ایسی مجرد ذات کی طرف مائل ہوتی ہے جو زمان ومکان کی قید سے آزاد ہے تو صوفیاء کی اصطلاح میں اس کو ''عقل خفی'' کہتے ہیں (اور یہ عقل کی ترقی کا اعلی درجہ ہے، اس سے اوپر کوئی درجہ نہیں)

نفس کے تین احوال:

۱- جب نفس بہیمی خصلتوں کی طرف اترتا ہے تو وہ نفس امّارہ کہلاتا ہے (یہ برا نفس ہے)

۲- اور جب نفس: ملکیت و بہیمیت کے درمیان متردد ہوتا ہے، کبھی ملکیت کی طرف جھکتا ہے، کبھی بہیمیت کی طرف، تو وہ نفس لوّامہ کہلاتا ہے (یہ بین بین حالت ہے اور غنیمت ہے)

۳- اور جب نفس: شریعت کے احکام کا پابند ہو جاتا ہے، اور کبھی اس کے خلاف اقدام نہیں کرتا، ہمیشہ اس کے موافق ہی عمل کرتا ہے تو وہ نفس مطمئنہ کہلاتا ہے (یہ عمدہ نفس ہے)

غرض: قلب عقل اور نفس کے خارجی اثرات کی وجہ سے جو برے احوال ہیں وہ آدمی کے اندرونی فتنے ہیں، جن سے اپنی حفاظت ضروری ہے، اور قرآن وحدیث میں عام طور پر اسی فتنے کا تذکرہ کیا گیا ہے، سورۃ الانبیاء آیت ۳۵ میں ہے: ﴿وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً﴾ ترجمہ: اور ہم تم کو جانچتے ہیں برائی سے اور بھلائی سے آزمانے کو یعنی سختی، نرمی، تندرستی، بیماری، تنگی، فراخی، عیش، مصیبت وغیرہ احوال بھیج کر تم کو جانچا جاتا ہے، تاکہ کھرا کھوٹا الگ ہو جائے، اور علانیہ ظاہر ہو جائے کہ کُندن کون ہے اور خزف کون؟!

دوسری قسم: — گھر میں فتنہ — اور وہ نظام خانہ داری کا بگاڑ ہے، حدیث میں ہے: ابلیس اپنا تخت پانی پر بچھاتا ہے، یعنی دربار لگاتا ہے، پھر وہ لشکر کی ٹکڑیاں بھیجتا ہے، ان میں سے اس کے نزدیک مرتبہ میں قریب تر وہ ہوتا ہے جو ان میں سے سب سے بڑا فتنہ بپا کرے: ان میں سے ایک آتا ہے، اور کہتا ہے: میں نے یہ کیا وہ کیا، شیطان کہتا ہے: تو نے کچھ نہیں کیا! پھر ان میں سے ایک آتا ہے اور کہتا ہے: میں ایک شخص کے پیچھے لگا رہا، یہاں تک کہ اس کے اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی کرادی! شیطان اس کو قریب کرتا ہے، اور کہتا ہے: پٹھے! تو نے بڑا اچھا کام کیا! (مسلم ۱۷:۷ ۱۰ مصری)

تیسری قسم: — وہ فتنہ جو سمندر کی طرح موجیں مارتا ہے — اور وہ نظام مملکت کا بگاڑ ہے، اور لوگوں کا ناحق حکومت کی آز کرنا ہے، حدیث میں ہے: '' شیطان اس سے تو مایوس ہو گیا ہے کہ جزیرۃ العرب میں نمازی بندے

اس کی پرستش کریں، البتہ وہ ان کو آپس میں لڑانے میں لگا ہوا ہے (مسلم ۱:۱۷ ۱۵۶ مصری)

چوتھی قسم: ــــ ملی فتنہ ــــ اور وہ یہ ہے کہ مخصوص صحابہ وفات پا جائیں اور دین کا معاملہ نا اہلوں کے ہاتھ میں پہنچ جائے، پس اولیاء اور علماء: دین میں غلو کریں اور بادشاہ اور عوام: دین میں سستی برتیں، نہ اچھے کاموں کا حکم دیں، نہ برے کاموں سے روکیں، پس زمانہ: زمانۂ جاہلیت ہوکر رہ جائے، حدیث میں ہے: ''اللہ تعالیٰ نے مجھ سے پہلے کسی بھی امت میں جو نبی مبعوث کیا ہے اس کے لئے اس کی امت میں سے مخصوص حضرات اور ساتھی ہوتے تھے جو اس کی سنت پر عمل پیرا ہوتے تھے اور اس کے دین کی پیروی کرتے تھے، پھر ان کے جانشین ایسے ناخلف ہوگئے جو وہ باتیں کہتے تھے جو کرتے نہیں تھے اور وہ کام کرتے تھے جن کا وہ حکم نہیں دیئے گئے تھے۔ پس جو شخص ان سے اپنے ہاتھ سے جہاد کرے وہ مؤمن ہے، اور جو زبان سے جہاد کرے وہ بھی مؤمن ہے اور جو دل سے جہاد کرے وہ بھی مؤمن ہے اور اس کے بعد ایمان کا کوئی درجہ رائے کے دانے کے برابر بھی نہیں'' (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۱۵۷ باب الاعتصام)

پانچویں قسم: ــــ عالمگیر فتنہ ــــ یہ بد دینی کا فتنہ ہے، جب یہ فتنہ رونما ہوتا ہے تو لوگ انسانیت اور اس کے تقاضوں سے نکل جاتے ہیں، اور لوگ تین طرح کے ہوجاتے ہیں۔

ایک: جو سب سے زیادہ ستھرے اور سب سے زیادہ دنیا سے بے رغبت ہوتے ہیں: وہ دو کام کرتے ہیں: ایک: طبیعت کے تقاضوں سے بالکلیہ برطرف ہوجاتے ہیں، ان کی اصلاح نہیں کرتے، یعنی تارک الدنیا ہوجاتے ہیں، اور بیوی بچوں سے بے تعلق ہوکر سنیاسی بن جاتے ہیں، حالانکہ شریعت کی یہ تعلیم نہیں، شریعت نے طبیعت کی اصلاح کا حکم دیا ہے، اور اس کی صورتیں تجویز کی ہیں۔ دوم: مجردات یعنی ملائکہ کی مشابہت اور ان کا اشتیاق پیدا کرتے ہیں اور اس کی وہ کوئی نہ کوئی صورت اختیار کرتے ہیں، مثلاً شب بیداری کرنا، یا کثرت سے روزے رکھنا وغیرہ۔

دوسرے: عام لوگ ہوتے ہیں جو بہیمیت خالصہ کی طرف مائل ہوجاتے ہیں، اور حیوانیت کو شرما دینے والے کام کرنے لگتے ہیں۔

تیسرے: بیچ کے لوگ ہوتے ہیں جو نہ پوری طرح اِن کی طرف مائل ہوتے ہیں نہ اُن کی طرف۔

چھٹی قسم: ــــ فضائی حادثات کا فتنہ ــــ بڑے بڑے طوفات اٹھتے ہیں، وبائیں پھیلتی ہیں، زمین دھنستی ہے، اور بڑے علاقہ میں آگ لگتی ہے، اور عام تباہی مچتی ہے، اللہ تعالیٰ ان حادثات کے ذریعہ مخلوق کو ڈراتے ہیں تاکہ وہ اپنی بداعمالیوں سے باز آئیں (یہ ساری تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۶۵۵:۵-۶۵۸) سے ماخوذ ہے)

فتن، ملاحم اور علاماتِ قیامت کی روایتوں کا انداز:

فتن، ملاحم اور علاماتِ قیامت کی روایات اہم ہیں۔ ان کا خاص مقصد: ملت کو زندگی کے نشیب وفراز سے واقف کرنا ہے، تاکہ وہ اپنی زندگی میں فتنوں کا شکار ہوکر متاع زندگی لٹا نہ دیں...... اور چونکہ یہ تینوں باتیں آئندہ

پیش آنے والی ہیں اس لئے ان کی روایات میں مجازی تعبیرات ہیں، یعنی آگے جو کچھ پیش آئے گا اس کو نبی ﷺ نے اپنے زمانہ کی تعبیرات میں اداء فرمایا ہے، مثلاً یاجوج ماجوج جب لوگوں سے نمٹ جائیں گے تو کہیں گے: آؤ! اب آسمان والوں کو قتل کریں، چنانچہ وہ آسمان کی طرف تیر پھینکیں گے، جو خون آلود ہوکر واپس لوٹیں گے، وہ خوش ہونگے کہ ہم نے ایک فرشتہ مارا...... اب اس کی کیا صورت ہوگی، اور ان کے تیروں کی کیا نوعیت ہوگی وہ وقت بتلائے گا، اسی طرح ان روایات میں وقت کی تحدید بھی نہیں کی جاتی، اس لئے آئندہ جو واقعات پیش آئیں گے ان میں سے متعدد واقعات پیش خبری کا مصداق ہوسکتے ہیں، پس قطعیت کے ساتھ کسی ایک واقعہ کو ان روایات کا مصداق قرار دینا درست نہیں، یہ روایات ایک اجمالی راہنمائی ہیں جس سے مؤمنین آنے والے فتنوں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

فتنوں پر تفصیلی کلام کی حکمتیں:

نبی ﷺ نے فتنوں پر تفصیلی کلام فرمایا ہے، اور اس میں چند حکمتیں ہیں:

۱- بعض فتنوں کے جاننے کا فائدہ یہ ہے کہ ان سے حفاظت کا سامان کیا جاسکتا ہے، کیونکہ یہ فتنے اختیاری ہیں، اور اختیاری کام کی دونوں جہتیں اختیاری ہوتی ہیں، جیسے کذب بیانی اور جھوٹی گواہی کا فتنہ اختیاری ہے۔

۲- بعض فتنے اگرچہ غیر اختیاری ہیں، جیسے دجال کا فتنہ، ان کے بتلانے کا مقصد یہ ہے کہ آدمی ان کے شر سے واقف ہوجائے تو ان سے بچنا آسان ہوجائے گا۔

۳- بعض فتنوں کے بیان کے ساتھ ہی ان سے بچنے کی راہ بھی بتادی ہے، جیسے دریائے فرات کا پانی سوکھ جائے گا اور سونے کا خزانہ ظاہر ہوگا تو فرمایا: ''پس اس میں سے کچھ نہ لینا''

۴- سبھی فتنے قیامت کی نشانیاں ہیں، ان کے بیان کرنے کا یہ مقصد بھی ہے کہ لوگوں کو قیامت کا نزدیک آنا معلوم ہوجائے، اور وہ آخرت کی تیاری میں مشغول ہوں۔

۵- اور سب سے اہم فائدہ: مخلص اور غیر مخلص کو جدا کرنا ہے، جیسے امتحان اسی مقصد سے لیا جاتا ہے کہ کس نے پڑھا ہوا یاد کیا ہے اور کس نے یاد نہیں کیا، اسی طرح مؤمن کا بھی وقتاً فوقتاً امتحان ہوتا ہے کہ کون دعوئے ایمان میں کھرا ہے اور کون کھوٹا، چنانچہ صرف مدنی زندگی میں صحابہ کرام کا کم از کم دس مرتبہ امتحان لیا گیا۔ اب یہ نبی ﷺ کی غایت درجہ شفقت ہے کہ امت کو وہ کمزور پوئنٹ بتادیئے جہاں ایک مؤمن فیل ہوسکتا ہے۔

ایک واقعہ: نصیر الدین طوسی نے اپنے زمانہ کے بادشاہ سے کہا کہ وہ رصد گاہ قائم کرنا چاہتا ہے، بادشاہ نے پوچھا: اس کا فائدہ کیا ہوگا؟ طوسی نے کہا: ہم ستاروں کی چالوں پر نظر رکھیں گے اور جو واقعات رونما ہونے والے

ہیں ان سے پہلے سے واقف ہوجائیں گے، بادشاہ نے پوچھا: کیا ہم ان واقعات کو ہونے سے روک سکیں گے؟ طوسی نے کہا: نہیں، وہ واقعات پیش آکر رہیں گے، بادشاہ نے پوچھا: رصدگاہ کا خرچ کیا ہے؟ طوسی نے کہا: پچاس ہزار روپے۔ بادشاہ نے کہا: جب ہم ان واقعات کو روک نہیں سکتے تو ان کو جاننے سے کیا فائدہ؟ اور اتنا بڑا خرچ کیوں کیا جائے؟ طوسی نے کہا: میں اس کا فائدہ بتاؤنگا۔

پھر طوسی نے ایسے بہت سارے برتن بنوائے جو وزن میں ہلکے ہوں، مگر بجیں بہت! جب برتن تیار ہوئے تو طوسی نے بادشاہ سے دربار کرنے کی درخواست کی۔ دربار شروع ہوگیا، جب دربار شباب پر تھا تو حسب پروگرام وہ برتن چھت کے سوراخ سے دربار میں ڈالے گئے، اور لوگوں میں وہ بھگدڑ رپچی کہ الامان والحفیظ! مگر بادشاہ اور طوسی بہ اطمینان بیٹھے رہے، کیونکہ ان کو پہلے سے اس ڈرامہ کا علم تھا۔ جب ہنگامہ ختم ہوا تو طوسی نے کہا: ہمیں چونکہ اس حادثہ کا پہلے سے علم تھا اس لئے ہم مطمئن رہے اور لوگوں کو علم نہیں تھا اس لئے ان کے ازار بند ٹوٹ گئے، یہ حوادث کو پہلے سے جاننے کا فائدہ ہے، چنانچہ بادشاہ نے اجازت دی اور اسلام میں سب سے پہلی رصدگاہ طوسی نے بنائی۔

اسی طرح فتن کی واقفیت بھی ظہورِ فتن کے زمانے میں ایمان کی حفاظت کا سامان ہے، نیز جو فتن سے واقف نہیں وہ نادانستہ طور پر بھی فتنوں میں مبتلا ہوجاتا ہے، غرض مختلف حکمتوں سے نبی ﷺ نے فتن پر تفصیلی کلام فرمایا ہے۔

اس امت میں فتنوں کی زیادتی:

فیض الباری (۴۹۵:۴) میں ہے کہ فتنہ وہ چیز ہے جس سے مخلص اور غیر مخلص میں امتیاز ہوتا ہے، اور حدیث میں ہے کہ امت محمدیہ میں فتنے زیادہ آئیں گے، حضرت شاہ صاحب علامہ کشمیری قدس سرہ اس کی وجہ سوچتے رہے تو آپ کی سمجھ میں یہ بات آئی کہ گذشتہ امتوں پر عذاب آتا تھا اور وہ نیست ونابود کردی جاتی تھیں، اور اس امت کے لئے بقاء مقدر ہے اس لئے بدکار اور نیکوکار میں امتیاز ضروری ہے، اس لئے اس امت کے لئے فتنے مقدر کئے گئے ہیں تاکہ ان سے امتیاز حاصل ہو (شاہ صاحب کی بات پوری ہوئی) پس فتنہ ہر شخص کے لئے مضر نہیں آگ میل کو بھسم کرتی ہے اور سونے کو نکھارتی ہے، اسی طرح فتنے مؤمنین کی پرواز بڑھاتے ہیں، ان کے لئے فتنوں میں بھی خیر کا پہلو ہوتا ہے۔

بابُ ماجاء لاَيَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إلاَّ بِإحْدَى ثَلاَثٍ

کسی مسلمان کا قتل بجز تین وجوہ کے جائز نہیں

حدیث میں ہے کہ کسی مسلمان کا قتل بجز تین وجوہ کے جائز نہیں، مگر امت میں قتل وقتال کا بازار ہمیشہ گرم رہے گا، ان تین وجوہ کے علاوہ بھی لوگ ایک دوسرے کو قتل کریں گے، یہی قتل وقتال: فتنے اور آزمائشیں ہیں، آئندہ یہ روایت آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے تین دعائیں مانگی تھیں، جن میں سے دو قبول ہوئیں اور ایک قبول نہیں ہوئی: آپؐ

نے مانگا تھا کہ امت عام قحط سے ہلاک نہ ہو، اور امت کا اغیار استیصال نہ کریں، یہ دونوں دعائیں قبول ہوئیں، اور آپؐ نے مانگا تھا کہ امت میں تلوار نہ چلے، مگر یہ بات قبول نہ ہوئی، پس امت میں نزاع تو ہوگا اور قتل وقتال کی نوبت بھی آئے گی۔ اور ابھی یہ حدیث گذری ہے کہ شیطان اس سے تو مایوس ہوگیا ہے کہ جزیرۃ العرب میں نمازی بندے اس کی پرستش کریں، مگر وہ ان کو آپس میں لڑانے میں لگا ہوا ہے۔ لہٰذا شیطان کی چال سے مؤمنین کو ہوشیار رہنا چاہئے اور آپس میں نہیں لڑنا چاہئے۔

حدیث: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو مصر کے بلوائیوں نے گھر میں گھیرا تو آپؓ نے اوپر سے جھانکا اور فرمایا: میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں (بتلاؤ) کیا تم جانتے ہو کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: **لاَيَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: زِنىً بَعْدَ إِحْصَانٍ، أَوِ ارْتِدَادٍ بَعْدَ إِسلامٍ، أَوْ قَتْلِ نَفْسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، فَقُتِلَ بِهِ**: کسی مسلمان کا خون جائز نہیں مگر تین باتوں میں سے کسی ایک کی وجہ سے: شادی ہونے کے بعد زنا کرنے سے، اور اسلام قبول کرنے کے بعد واپس لوٹ جانے سے اور کسی نفس کو ناحق قتل کرنے کی وجہ سے، پس وہ اس کے بدلے میں قتل کیا جائے (لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں ہم یہ حدیث جانتے ہیں، پس آپؓ نے فرمایا:) بخدا! نہ تو میں نے زمانہ جاہلیت میں زنا کیا، نہ زمانہ اسلام میں، اور جب سے میں نے نبی ﷺ سے بیعت اسلام کی ہے اسلام سے واپس بھی نہیں پھرا، اور نہ میں نے کسی ایسے شخص کو قتل کیا ہے جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہو، پھر آپ لوگ میرے قتل کے درپے کیوں ہو!

تشریح: یہ حدیث حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی سند سے پہلے ابواب الدیات (باب ۱۰ تحفۃ الالمعی ۴: ۳۳۲) میں گذر چکی ہے، اور یہاں اس حدیث کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ امت میں ناحق قتل جاری رہے گا، اور یہی امت کے لئے فتنے اور آزمائشیں ہیں، سب سے پہلا ناحق قتل حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ہوا ہے، اس سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے ہیں مگر وہ غیر مسلم غلام کے ہاتھ سے شہید کئے گئے تھے، مسلمانوں کے ہاتھ سے پہلا ناحق قتل حضرت عثمانؓ کا ہوا ہے، پھر فتنوں کا وہ سلسلہ چلا کہ الامان والحفیظ!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبو اب الفتن

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابُ ماجاء لاَيَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ

[۲۱۵٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ

بنِ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، أَنَّ عُثْمَانَ بنَ عَفَّانَ أَشْرَفَ يَوْمَ الدَّارِ، فَقَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ! أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايَحِلُّ دَمُ امْرِىءٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: زِنًى بَعْدَ إِحْصَانٍ، أَوِ ارْتِدَادٍ بَعْدَ إِسْلَامٍ، أَوْ قَتْلِ نفسٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، فَقُتِلَ بِهِ" فَوَ اللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَلَا فِيْ إِسْلَامٍ، وَلَا ارْتَدَدْتُ مُنْذُ بَايَعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا قَتَلْتُ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ، فَبِمَ تَقْتُلُوْنَنِيْ؟

وفي الباب: عن ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَائِشَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ هٰذَا الحديثَ، وَرَفَعَهُ، وَرَوَى يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ هٰذَا الحديثَ فَوَقَفُوْهُ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حدیث کی سند میں جو یحییٰ بن سعید ہیں وہ انصاری ہیں، وہ جلیل القدر تابعی ہیں، حماد بن زیدان سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں، اور انصاری کے دوسرے تلامذہ مثلاً یحییٰ قطان وغیرہ یہ حدیث روایت کرتے ہیں اور اس کی سند حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر موقوف کرتے ہیں، مگر یہ حدیث متعدد اسانید سے حضرت عثمانؓ سے مرفوع منقول ہے، اور دوسرے صحابہ سے بھی مرفوع منقول ہے، اس لئے اس کا مرفوع ہونا اصح ہے۔

بابُ ماجاء في تَحْرِيْمِ الدِّمَاءِ وَالْأَمْوَالِ

مسلمانوں کی جان ومال کی حرمت

مسلمانوں کی جانیں اور ان کے اموال سب مسلمانوں کے لئے حرام ہیں، مگر ان میں بھی دست درازی ہوتی رہتی ہے، یہی فتنے اور آزمائشیں ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر تقریر میں لوگوں سے سوال کیا: یہ کونسا دن ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: بڑے حج کا دن ہے، یعنی منی کا پہلا دن ہے، پس آپؐ نے اس موقع پر چار باتیں ارشاد فرمائیں:

۱- **فإن دِمَاءَكُمْ وأَمْوالكم وأعراضكم بينكم حرامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكم هذا في بَلَدِكُمْ هذا:** تمہارے خون تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں تمہارے درمیان حرام ہیں، جیسے تمہارے اس دن کی حرمت تمہارے اس شہر میں، یعنی جس طرح حج کے دنوں میں حرم شریف میں ان چیزوں میں دست درازی جائز نہیں، اسی طرح مسلمانوں

کی مذکورہ تین چیزوں میں کبھی بھی دست درازی جائز نہیں (باب سے متعلق یہی بات ہے)

۲- أَلَا! لَایَجْنِیْ جانٍ إلا علی نَفْسِهِ: سنو! کوئی جنایت کرنے والا جنایت نہیں کرتا مگر اپنی ذات پر، یعنی اس کا ضرر اسی کو پہنچتا ہے، جو کرتا ہے وہی بھرتا ہے۔ دوسرا اس کا ذمہ دار نہیں ہوتا، زمانۂ جاہلیت میں لوگ قاتل کے باپ کو یا اس کے بیٹے کو یا خاندان کے دوسرے شخص کو مقتول کے قصاص میں قتل کیا کرتے تھے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو ایسا کرنے سے منع فرمایا، اور فرمایا: آدمی کی جنایت اس کی ذات ہی پر ہوتی ہے، پھر اگلے نمبر پر اس کلی کی ایک مثال بیان فرمائی ہے جو کہ شائع ذائع تھی۔

۳- أَلَا! لَایَجْنِیْ جانٍ علی وَلَدِه، ولا مَوْلُوْدٌ علی وَالِدِه: سنو! کوئی جنایت کرنے والا اپنی اولاد پر جنایت نہیں کرتا، اور نہ کوئی اولاد اپنے باپ پر جنایت کرتی ہے، یعنی باپ کا گناہ اولاد کے سر اور اولاد کا گناہ باپ کے سر نہیں پڑتا، ہر ایک اپنے کیے کا ذمہ دار ہے، یہ مذکورہ کلی کی ایک جزئی ہے، بالتخصیص منع فرمایا ہے کہ قاتل کے عوض میں اس کے باپ یا اولاد کو نہ مارا جائے۔

۴- أَلَا! وَإِنَّ الشيطانَ قَدْ أَيِسَ أن يُعْبَدَ فی بلادِكم هذه أبداً، ولكن سَتَكُوْنُ لَهُ طاعَةٌ فِيمَا تَحْتَقِرُوْنَ مِنْ أَعْمالِكُمْ، فَسَيَرْضَى به: سنو! اور بیشک شیطان اس بات سے تو مایوس ہو گیا ہے کہ تمہارے ان علاقوں میں کبھی بھی اس کی پوجا کی جائے، البتہ اس کی فرمانبرداری کی جائے گی، تمہارے ان کاموں میں جن کو تم معمولی سمجھتے ہو، پس وہ اسی پر خوش ہو جائے گا، یہ چھوٹے چھوٹے کاموں میں شیطان کی عبادت واطاعت کا بیان ہے، مثلاً: اس نے نماز قضا کرادی، زکوٰۃ سے غافل کر دیا، کسی کی حق تلفی کرادی وغیرہ۔

اور الکوکب الدری میں ہے کہ یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے کہ کوئی عرب کبھی مشرک نہ ہو، اور شیطان کی عبادت نہ کرے، حدیث کا مقصد صرف اتنا بتانا ہے کہ شیطان فی الحال اسلام کی شوکت، شہرت اور قوت دیکھ کر اس بات سے مایوس ہو گیا ہے کہ لوگ واپس پلٹ جائیں اور کفر اختیار کر لیں، مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ کوئی شیطان کی پوجا نہ کرے (حضرت گنگوہیؒ کی بات پوری ہوئی) یعنی یہ حدیث خطابی ارشاد ہے، منطقی کلیہ نہیں ہے اور اس قسم کی روایات میں عمومی اور اکثری احکام بیان ہوتے ہیں، پس اگر بعض افراد قاعدہ سے نکل جائیں تو یہ بات مضر نہیں۔

[۲-] بابُ ماجاء فی تَحْرِيمِ الدِّمَاءِ وَالأَمْوَالِ

[۲۱۵۷-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُو الأَحْوَصِ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ غَرْقَدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ عَمْرِو بنِ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لِلنَّاسِ: " أَيُّ يَوْمٍ هٰذَا؟" قَالُوْا: يَوْمُ الْحَجِّ الأَكْبَرِ، قَالَ:

١– فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ بَيْنَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا.
٢– أَلَا! لَايَجْنِيْ جَانٍ إِلَّا عَلَى نَفْسِهِ.
٣– أَلَا! لَايَجْنِيْ جَانٍ عَلَى وَلَدِهِ، وَلَا مَوْلُوْدٌ عَلَى وَالِدِهِ.
٤– أَلَا! وَإِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ أَيِسَ أَنْ يُعْبَدَ فِيْ بِلَادِكُمْ هٰذِهِ أَبَدًا، وَلٰكِنْ سَتَكُوْنُ لَهُ طَاعَةٌ فِيْمَا تَحْتَقِرُوْنَ مِنْ أَعْمَالِكُمْ، فَسَيَرْضَى بِهِ.
وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، وَحِذْيَمِ بنِ عَمْرٍو السَّعْدِيِّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى زَائِدَةُ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ غَرْقَدَةَ نَحْوَهُ، وَلَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ شَبِيْبِ بنِ غَرْقَدَةَ.

وضاحت: اس حدیث کی شبیب سے آخر تک یہی سند ہے، پھر نیچے روایتیں کرنے والے متعدد ہیں ابوالاحوص بھی ہیں اورزائدہ بھی۔

بابُ ماجاء لَايَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا

کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ دوسرے مسلمان کو گھبرائے

کسی مسلمان کو گھبراہٹ میں ڈالنا اور ڈرانا بھی ایک طرح کا فتنہ ہے اس سے بھی لوگوں کو بچنا چاہئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَا يَأْخُذْ أَحَدُكُمْ عَصَا أَخِيْهِ لَاعِبًا جَادًّا، فَمَنْ أَخَذَ عَصَا أَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا إليه: تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی لاٹھی نہ لے، درانحالیکہ وہ کھیل کرنے والا ہو، سنجیدگی سے لینے والا ہو، پس جس نے اپنے بھائی کی لاٹھی لی تو چاہئے کہ وہ اسے لوٹا دے۔

تشریح: لَاعِبًا جَادًّا: دونوں حال ہیں لایأخذ کے فاعل سے، اور یہ متضاد حال دو طرح سے جمع ہوتے ہیں:
۱– لاٹھی مزاح کے طور پر لی، پھر اسے دبا لی اور واپس نہیں کی تو ابتداء میں کھیل تھا اور آخر میں سنجیدگی ہوگئی۔
۲– اور شرح السنہ میں ہے کہ کسی کا سامان لیا، چرانے کا ارادہ نہیں تھا صرف اس کو غصہ دلانا اور پریشان کرنا مقصود تھا، پس وہ چرانے کے اعتبار سے تو کھیل کرنے والا ہے اور غصہ دلانے میں اور گھبرانے میں اور تکلیف پہنچانے میں سنجیدہ ہے، اس طرح یہ دو باتیں جمع ہوتی ہیں۔

[٣–] بابُ ماجاء لَايَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُرَوِّعَ مُسْلِمًا

[٢١٥٨–] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، نَا ابنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ السَّائِبِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَايَأْخُذْ أَحَدُكُمْ عَصَا أَخِيْهِ لَاعِبًا

جَادًّا، فَمَنْ أَخَذَ عَصَا أَخِيْهِ فَلْيَرُدَّهَا إِلَيْهِ"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَسُلَيْمَانَ بنِ صُرَدَ، وَجَعْدَةَ، وأَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ، وَالسَّائِبُ بنُ يَزِيْدَ: لَهُ صُحْبَةٌ، قَدْ سَمِعَ مِنَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُوَ غُلاَمٌ، قُبِضَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم وَالسَّائِبُ ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ، وَأَبُوْهُ يَزِيْدُ بنُ السَّائِبِ: هُوَ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَقَدْ رَوَى عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم أَحَادِيْثَ.

وضاحت: یہ حدیث ابن ابی ذئب: السائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں، یہ بھی صحابی ہیں، انھوں نے نبی ﷺ سے بچپن میں حدیثیں سنی ہیں، وفات نبوی کے وقت یہ سات سال کے تھے، اوران کے ابا یزید بن السائب بڑے صحابی ہیں، انھوں نے نبی ﷺ سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں۔

بابُ ماجاء فی إِشَارَةِ الرَّجُلِ عَلَى أَخِيْهِ بِالسِّلاَحِ

کسی بھی مسلمان کو ہتھیار دکھانا

کبھی لوگ قتل کے ارادہ کے بغیر دوسرے کو ہتھیار دکھاتے ہیں، چاقو سے اشارہ کر کے کہتے ہیں: چاقو ماردوں گا! یا بندوق پستول تان کر کہتے ہیں: اڑادوں گا۔ یہ ممنوع ہے، کبھی شیطان اس ڈرامے کو واقعہ بنادیتا ہے، پس اس سے بچنا انتہائی ضروری ہے، تاکہ یہ چیز فتنہ نہ بن جائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ، لَعَنَتْهُ الْمَلاَئِكَةُ: جس نے اپنے بھائی کی طرف کسی ہتھیار کے ذریعے اشارہ کیا تو فرشتے اس پر لعنت بھیجتے ہیں، دوسری سند سے اس حدیث میں یہ اضافہ ہے: وإن كان أَخَاهُ لِأَبِيهِ وَأُمِّهِ: چاہے وہ اس کا حقیقی بھائی ہی کیوں نہ ہو، اس کو بھی ہتھیار نہیں دکھانا چاہئے، اگرچہ اس صورت میں قتل کا ارادہ یا احتمال نہیں ہوتا، صرف ڈرانا مقصود ہوتا ہے مگر شیطان کبھی اس کو بھی واقعہ بنادیتا ہے۔

[٤-] بابُ ماجاء فی إِشَارَةِ الرَّجُلِ عَلَى أَخِيْهِ بِالسِّلاَحِ

[٢١٥٩-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِیُّ، نَا مَحْبُوْبُ بنُ الحَسَنِ، نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مَنْ أَشَارَ عَلَى أَخِيْهِ بِحَدِيْدَةٍ لَعَنَتْهُ الْمَلاَئِكَةُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَكْرَةَ، وَعَائِشَةَ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ،

يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ خَالِدِ الْحَذَّاءِ.

وَرَوَى أَيُّوْبُ عَنْ مُحَمَّدِ بنِ سَيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَزَادَ فِيْهِ: " وَإِنْ كَانَ أَخَاهُ لِأَبِيْهِ وَأُمِّهِ " حدثنا بِذَلِكَ قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ بِهٰذَا.

وضاحت: یہ حدیث محمد بن سیرینؒ سے خالد حذاء روایت کرتے ہیں اور مرفوع کرتے ہیں، امام ترمذیؒ نے اس کو غریب قرار دیا ہے کیونکہ رفع میں خالد کا کوئی متابع نہیں، مگر مسلم شریف (حدیث ۲۶۱۶) میں ایوب سختیانی سے ابن عیینہ کی روایت ہے، وہ بھی اس حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، اور وإن كان أخاه لأبيه و أمه کا اضافہ اسی حدیث میں ہے، ہاں ایوب کے شاگرد حماد بن زید اس کو مرفوع نہیں کرتے، مگر جب خالد حذاء کے متابع ہیں اور ان کی روایت مسلم میں ہے تو حدیث کا مرفوع ہونا اصح ہے۔

بابُ النَّهْيِ عَنْ تَعَاطِي السَّيْفِ مَسْلُوْلاً

سونتی ہوئی تلوار دینے کی ممانعت

اگر کسی کو چھری، چاقو، تیر، پیکان یا تلوار وغیرہ دینی پڑے تو یہ چیزیں کھلی اور سونتی ہوئی نہیں دینی چاہئیں، بلکہ چاقو بند کر کے، تلوار میان میں رکھ کر کے یا پھل اپنی طرف اور دستہ دوسرے کی طرف کر کے دینا چاہئے، تاکہ غلطی سے لگ نہ جائے اور فتنہ نہ بن جائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ سونتی ہوئی تلوار دی جائے، یہ حدیث دوسندوں سے مروی ہے، حماد بن سلمہ: ابوالزبیر سے اور وہ حضرت جابر سے روایت کرتے ہیں، اور عبداللہ بن لہیعہ: ابوالزبیر سے اور وہ حضرت جابر سے اور وہ حضرت بَنَّہ جہنی سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے پہلی سند کو اصح قرار دیا، کیونکہ ابن لہیعہ ضعیف راوی ہیں۔

[۵-] بابُ النَّهْيِ عَنْ تَعَاطِي السَّيْفِ مَسْلُوْلاً

[۲۱۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ البَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُتَعَاطَى السَّيْفُ مَسْلُوْلاً.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، وَرَوَى ابنُ لَهِيْعَةَ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جابرٍ، عَنْ بَنَّةَ الجُهَنِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ عِنْدِيْ أَصَحُّ.

بابُ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِی ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ کی گارنٹی میں ہے

پس ایسے نمازی بندے کو ستانا اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالنا ہے اور جو شخص اللہ کی ذمہ داری میں رخنہ ڈالتا ہے اللہ تعالیٰ اس سے بدلہ لیتے ہیں، اور اس کو آزمائشوں میں مبتلا کرتے ہیں، اس لئے آزمائش سے بچنے کے لئے ایسے بندے کو نہیں ستانا چاہئے۔ اور یہ حدیث حضرت جندب رضی اللہ عنہ کی سند سے کتاب الصلوٰۃ باب ۵۲ (حدیث ۲۱۷) میں گذر چکی ہے۔

[٦-] بابُ مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِی ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

[٢١٦١-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا مَعْدِیُّ بنُ سُلَيْمَانَ، نَا ابنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: ”مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ فَهُوَ فِیْ ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَتَّبِعَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْئٍ مِنْ ذِمَّتِهِ“

وفی الباب: عَنْ جُنْدُبٍ، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

لغت: لَا يَتْبِعَنَّكُمْ کو مجرد سے بھی پڑھ سکتے ہیں اور مزید سے بھی، تَبِعَ الشيئ، واتَّبَعَهُ کے معنی ہیں: پیچھے چلنا، پیچھے پڑنا، یعنی اللہ تعالیٰ انتقام لینے کے لئے ہرگز تمہارا پیچھا نہ کریں۔

بابٌ فی لُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

جماعت کے ساتھ لگا رہنا

فتنوں سے حفاظت کا ایک ذریعہ اجتماعیت اور اجتماعیت کے ساتھ لگا رہنا ہے، اتحاد و اتفاق میں جو قوت ہے وہ تشتت وافتراق میں نہیں، چند کمزور باہم مل کر قوی ہوجاتے ہیں اور مضبوط پہلوان تنہا پچھاڑ دیا جاتا ہے، بچپن میں یہ واقعہ آپ حضرات نے پڑھا ہوگا کہ جب ایک شخص کی موت کا وقت آیا تو اس نے اپنے دس بیٹوں کو بلایا، اور ان کو ایک ایک چھڑی دی، اور کہا: اسے توڑ دو، سب نے توڑ دی، پھر اس نے ویسی ہی دس چھڑیاں منگوائیں اور ان کو جمع کر کے باندھ دیا، پھر ہر ایک سے توڑنے کے لئے کہا تو کوئی نہ توڑ سکا، اب باپ نے نصیحت کی کہ آزمائشوں اور فتنوں سے بچنا ہو تو اجتماعیت کے ساتھ رہنا، تمہیں دشمن نہیں توڑ سکے گا، ورنہ تم بے حیثیت ہوجاؤ گے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَلَا تَفَرَّقُوْا﴾ ”اور مضبوط تھامو اللہ کی رسی کو، یعنی اللہ کے دین کو سب اکٹھے ہوکر اور

بٹ نہ جاؤ'' مگر یہ نعمت بڑی مشکل سے حاصل ہوتی ہے جب تک کسی قوم کے ساتھ اللہ کو خیر منظور ہوتی ہے: وہ ایک لڑی میں منسلک رہتی ہے، پھر جب اس کی نکبت وادبار کا وقت آتا ہے تو وہ خواہ مخواہ آپس کے جھگڑوں میں پھنس جاتی ہے، اوراس کی ہوا اکھڑ جاتی ہے، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ﴾ اور آپس میں مت لڑو، ورنہ تمہارے پیر پھسل جائیں گے، اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔

حدیث (۱): جابیہ جو ملک شام کا ایک گاؤں ہے، جو دمشق سے جانب جنوب تقریباً پچھتر کلومیٹر ہے، جو قدیم زمانہ سے لشکروں کی چھاؤنی رہا ہے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی شام کی بڑی چھاؤنی تھی وہاں حضرت عمرؓ ۱۷ ہجری میں تشریف لے گئے ہیں، وہاں آپؓ نے فوج کے سامنے تقریر فرمائی کہ لوگو! میں تمہارے درمیان کھڑا ہوا ہوں جیسا نبی ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے تھے، پس آپؐ نے فرمایا:

۱- أُوْصِيْكُمْ بِأَصْحَابِي، ثم الذين يَلُوْنَهُمْ، ثم الذين يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُوْ الكَذِبُ، حتى يَحْلِفَ الرجلُ وَلاَ يُسْتَحْلَفُ، وَيَشْهَدُ الشَّاهِدُ وَلاَ يُسْتَشْهَدُ: میں آپ لوگوں کو میرے صحابہ کے بارے میں وصیت کرتا ہوں، پھر ان لوگوں کے بارے میں جو ان سے متصل ہیں، پھر ان لوگوں کے بارے میں جو ان سے متصل ہیں، پھر جھوٹ پھیل جائے گا یہاں تک کہ آدمی قسم کھائے گا اور وہ قسم کھلایا نہیں جائے گا، اور گواہی دے گا اور اس سے گواہی کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔

تشریح: تین زمانے خیر القرون (بہترین زمانے) ہیں، صحابہ کا زمانہ، پھر تابعین کا زمانہ، پھر تبع تابعین کا زمانہ، اس کے بعد کوئی خیر نہیں، اور یہ زمانے طول وعرض میں ایک ساتھ چلتے ہیں، نبی ﷺ کی حیات مبارکہ میں جن مسلمانوں نے بحالتِ ایمان نبی ﷺ کی زیارت کی تھی وہ صحابہ تھے، مگر سب مسلمانوں نے نبی ﷺ کی زیارت نہیں کی تھی، مدینہ منورہ سے جو دور رہتے تھے ان میں سے اکثر کو آپؐ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی تھی، پھر ان کے قبیلہ میں کوئی صحابی کسی ضرورت سے گیا اور اس بستی والوں نے صحابی کی زیارت کی تو وہ تابعی ہوگئے، پھر جن مسلمانوں نے ان تابعین کو دیکھا وہ تبع تابعی ہوئے، اور جنھوں نے تابعی کو بھی نہیں دیکھا وہ چوتھے قرن کے لوگ ہوئے جس میں کوئی بھلائی نہیں۔

اسی طرح نبی ﷺ کی وفات کے بعد سن ۱۱۰ ہجری تک صحابہ حیات رہے، اس زمانہ میں ان کے ساتھ تابعین، تبع تابعین اور بعد کے لوگ بھی تھے، پھر سن ۱۱۰ ہجری کے بعد تابعین، تبع تابعین اور ان کے بعد کے لوگ تھے، پس ایسا نہیں سمجھنا چاہئے کہ یہ تینوں قرن آگے پیچھے ہیں، بلکہ زمین کی پہنائی میں اور زمانہ کی درازی میں یہ چاروں قرن ایک ساتھ ہیں۔

اوراس حدیث میں نبی ﷺ نے امت کو وصیت کی ہے کہ وہ صحابہ کرام کے ساتھ قابل لحاظ معاملہ کریں، اسی

طرح تابعین اور تبع تابعین کے ساتھ بھی، پھر صورت حال خراب ہوجائے گی، جھوٹ پھیل جائے گا، لوگ قسمیں کھانے پر دلیر ہوجائیں گے، کوئی قسم نہیں کھلائے گا تب بھی قسم کھائیں گے، اور گواہی دینے کا جذبہ اتنا بڑھ جائے گا کہ گواہی کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا تب بھی وہ آگے بڑھ کر گواہیاں دیں گے۔

۲-أَلَا! لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُما الشيطانُ: سنو! ہرگز تنہا نہ ہو کوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ مگر ان دونوں کا تیسرا شیطان ہے، یعنی وہ یہ نہ سمجھے کہ ہم دو ہیں، وہاں تیسرا شیطان ضرور موجود ہوتا ہے، اور وہ آگ لگانے میں دیر نہیں کرتا، یہ حدیث پہلے باب ۵۲ کتاب النکاح (تحفہ ۳: ۶۱۰) میں گذر چکی ہے۔

۳-عليكم بالجماعة، وإِيَّاكم والفُرقَةَ، فإنَّ الشيطان مع الواحِدِ، وهو مِنَ الِاثْنَيْنِ أَبْعَدُ: اجتماعیت کو لازم پکڑو، اور افتراق سے بچو، کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دو سے زیادہ دور ہوتا ہے، یعنی شیطان تنہا کو جتنا ضرر پہنچا سکتا ہے دو کو اتنا ضرر نہیں پہنچا سکتا، اور جتنا دو کو پہنچا سکتا ہے تین کو اتنا نہیں پہنچا سکتا، پس زیادہ سے زیادہ اجتماعیت پیدا کرنے کی کوشش کرو۔

۴-مَنْ أَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ، فَلْيَلْزَمِ الجماعةَ: جو شخص جنت کے وسط میں جگہ چاہتا ہے: چاہئے کہ وہ اجتماعیت کو لازم پکڑے، اجتماعیت کے ساتھ جو دینی کام انجام پاتے ہیں وہ انفرادیت کے ساتھ انجام نہیں پا سکتے، اسی لئے با جماعت نماز پڑھنے کی بہت زیادہ تاکید آئی ہے۔

۵-مَن سَرَّتْهُ حَسَنَتُه، وَسَاءَ تْهُ سَيِّئَتُه فذلكم المؤمن: جس کو اپنی نیکی سے خوشی ہو اور اپنی برائی سے تکلیف ہو، وہ مؤمن ہے، یہ ایک کسوٹی ہے، جس سے آدمی اپنے بارے میں فیصلہ کر سکتا ہے کہ اس میں ایمان ہے یا نہیں؟ یوں ہر شخص خود کو مؤمن کہتا ہے مگر ایمان کی حقیقت ہمارے اندر ہے یا نہیں؟ وہ اس کسوٹی سے معلوم ہوگی۔

ملحوظہ: یہ حدیث فی نفسہ حسنٌ صحیحٌ ہے مگر اس کی یہاں جو سند ہے اس میں النضر بن اسماعیل ابوالمغیرہ مضبوط راوی نہیں، اس لئے اس سند سے یہ حدیث ضعیف ہے، اور یہ حدیث مستدرک حاکم اور صحیح ابن حبان میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ لَايَجْمَعُ أُمَّتِيْ على ضَلَالَةٍ، ويد اللّٰهُ على الجماعةِ، وَمَنْ شَذَّ شَذَّ إلى النار: بیشک اللہ تعالیٰ میری امت کو (یا فرمایا: محمد (ﷺ) کی امت کو) کسی گمراہی پر متفق نہیں کریں گے، اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے، اور جو شخص تنہا ہوا وہ دوزخ کی طرف تنہا ہوا (شَذَّ: لازم ہے اس لئے اس کا مجہول نہیں آئے گا)

تشریح: اس حدیث میں تین مضمون ہیں:

پہلا مضمون: امت کسی گمراہی پر متفق ہوجائے یہ بات ناممکن ہے، اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کی امت کی اس سے حفاظت فرماتے ہیں، اسی لئے اجماع امت حجت ہے، اجماع کی حجیت سورۃ النساء کی آیت ۱۱۵ سے بھی

ثابت ہے، اور بہت سی احادیث بھی اس پر دلالت کرتی ہیں ان میں سے ایک حدیث یہ ہے، اور اس مسئلہ میں غیر مقلدین اختلاف کرتے ہیں، ان کے نزدیک امت کا اجماع حجت نہیں، مگر وہ عام طور پر صاف انکار نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں: قطعی اجماع حجت ہے، ظنی اجماع حجت نہیں، یعنی جو اجماع اخبار آحاد سے منقول ہو وہ حجت نہیں، اسی کو کہتے ہیں: ''ناچنا نہیں آنگن ٹیڑھا'' آخر اجماع قطعی کیسے بنے گا؟ کیا اس کا تذکرہ قرآن کریم میں ہوگا، اور جب اخبار آحاد حجت ہیں جو مفید ظن ہیں تو پھر وہ اجماع جو حدیثوں ہی کی طرح منقول ہو، کیوں حجت نہیں! (اجماع کی حجیت پر مزید کلام مقدمہ (تحفۃ الالمعی ۱:۵۸) میں گذر چکا ہے)

دوسرا مضمون: اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے، اور باب کے آخری حدیث میں علی کے بجائے مَعَ ہے، مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے کہ اللہ کی نصرت، حمایت اور مدد جماعت کے شامل حال رہتی ہے، پس جو بندہ جماعت کے ساتھ رہے گا وہ اللہ تعالیٰ کی مدد سے مستفید ہوگا۔

تیسرا مضمون: اور جو جماعت سے علحدہ ہوا یعنی اہل السنہ والجماعہ سے جدا پڑا اور کسی گمراہ فرقے کے ساتھ ہو گیا وہ دوزخ کی طرف علحدہ ہوا یعنی وہی تنہا جہنم میں جائے گا۔

ملحوظہ: اس حدیث کی سند کا ایک راوی سلیمان المدینی ضعیف ہے لیکن باب کی آخری حدیث کی سند صحیح ہے، اس کے تمام راوی ثقہ ہیں اور مصری نسخہ میں حسنٌ غریبٌ ہے، علاوہ ازیں اس روایت کے متعدد شواہد ہیں، اس لئے یہ روایت صحیح ہے۔ غیر مقلدین چونکہ اجماع کو حجت نہیں مانتے اس لئے وہ اس روایت میں طرح طرح سے کیڑے نکالتے ہیں۔

[۷-] بابٌ فی لُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

[۲۱۶۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا النَّضْرُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ مُحمدِ بنِ سُوْقَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنِّیْ قُمْتُ فِيْكُمْ كَمَقَامِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِيْنَا، فَقَالَ:

[۱-] أُوْصِيْكُمْ بِأَصْحَابِیْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُوْ الْكَذِبُ، حَتّٰی يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَا يُسْتَحْلَفُ، وَيَشْهَدُ الشَّاهِدُ، وَلَا يُسْتَشْهَدُ.

[۲-] أَلَا لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَأَةٍ إِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ.

[۳-] عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْفُرْقَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ أَبْعَدُ.

[۴-] مَنْ أَرَادَ بُحْبُوْحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ.

[٥-] مَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَذَلِكُمُ الْمُؤْمِنُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَاهُ ابنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحمدِ بنِ سُوْقَةَ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٢١٦٣-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بنُ نَافِعٍ البَصْرِيُّ، ثَنَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَجْمَعُ أُمَّتِىْ - أَوْ قَالَ: أُمَّةَ مُحمدٍ - عَلَى ضَلاَلَةٍ، وَيَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ، وَمَنْ شَذَّ شَذَّ إِلَى النَّارِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَسُلَيْمَانُ الْمَدِيْنِيُّ: هُوَ عِنْدِىْ سُلَيْمَانُ بنُ سُفْيَانَ، وَفِى الْبَابِ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

[٢١٦٤-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَدُ اللّٰهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عَبَّاسٍ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فى نُزُوْلِ العَذَابِ إِذَا لَمْ يُغَيَّرِ الْمُنْكَرُ

منکر کومٹایا نہ جائے تو عذاب آئے گا

دعوت یعنی لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف بلانا فرض ہے، پھر دعوت کی دو قسمیں ہیں: غیروں کو دعوت دینا اور اپنوں کو دعوت دینا یعنی غیروں کو دین کی طرف بلانا، اور اپنوں کو دین پر جمانا، یہ دونوں ہی دعوتیں ضروری ہیں، سورۂ آل عمران آیت ۱۱۰ میں ہے: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ﴾ ترجمہ: تم لوگ اچھی جماعت ہو جو لوگوں کے لئے ظاہر کی گئی ہو، تم نیک کاموں کا حکم دیتے ہو اور بری باتوں سے روکتے ہو، اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو، اس آیت میں دونوں دعوتوں کا ذکر ہے، أخرجت للناس میں غیروں کو دعوت دینے کا ذکر ہے، قرآنِ کریم الناس سے غیروں کا ذکر کرتا ہے، اور تأمرون سے آخر تک اپنوں کو دعوت دینے کا اور خود کو ایمان کے تقاضوں پر جمانے کا ذکر ہے۔

پھر جاننا چاہئے کہ پہلی قسم کی دعوت سے اگر امت تغافل برتے تو اس پر عذاب کی دھمکی نہیں دی گئی، مگر دوسری دعوت میں غفلت برتنے پر احادیث شریفہ میں عذاب کی خبر دی گئی ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ امت مسلمہ اگر دین کا صحیح نمونہ بن جائے تو دوسروں کو دعوت خود بخود پہنچے گی، اور اگر اپنوں میں بگاڑ پیدا ہو جائے اور وہ نام کے مسلمان رہ جائیں تو وہ دوسروں کی دین بیزاری کا سبب بن جائیں گے، ان کو اگر دعوت دی بھی جائے گی تو وہ اثر انداز نہیں

ہوگی،اس لئے پہلے محنت اسلامی معاشرہ پر ہونی چاہئے ،اگلے باب میں اس سلسلہ کی روایات آرہی ہیں۔

البتہ اس سلسلہ میں قرآنِ پاک کی ایک آیت سے غلط فہمی ہوسکتی ہے، یہاں اس کا ازالہ کیا جارہا ہے،سورۃ المائدہ آیت ۱۰۵ ہے:﴿ یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا عَلَیْکُمْ أَنْفُسَکُمْ لاَیَضُرُّکُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَیْتُمْ﴾ ترجمہ:اے ایمان والو! تم اپنی فکر کرو جب تم راہ پر چل رہے ہو تو جو شخص گمراہ ہو اس سے تمہارا کوئی نقصان نہیں،اس آیت کے ظاہر سے یہ سمجھا جاسکتا ہے کہ ہر انسان اپنے عمل کا ذمہ دار ہے،اس کو اپنی اصلاح کی فکر کرنی چاہئے ، دوسرے کچھ بھی کرتے رہیں، اس پر دھیان دینے کی ضرورت نہیں،مگر یہ بات قرآنِ کریم اور احادیث شریفہ کی تصریحات کے خلاف ہے، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خطابِ عام میں فرمایا: لوگو! تم یہ آیتِ کریمہ پڑھتے ہو اور اس کو بے موقع استعمال کرتے ہو،تم یہ سمجھتے ہو کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضروری نہیں،سنو! میں نے خود نبی ﷺ سے سنا ہے کہ جب لوگ ظالم کو دیکھیں اور اس کا ہاتھ نہ پکڑیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ مجرم کے ساتھ ان کو بھی عذاب میں مبتلا کردیں۔

پس اس حدیث کی روشنی میں آیتِ کریمہ یا تو پہلی دعوت کے ساتھ خاص ہے،یعنی اگر کفار رسوم شرکیہ میں اور آباؤ اجداد کی اندھی تقلید میں مبتلا ہیں، اور نصیحت وفہمائش سے بھی باز نہیں آتے تو تم ان کے غم میں نہ پڑو، ان کی گمراہی سے تمہارا کوئی نقصان نہیں، بشرطیکہ تم سیدھی راہ پر چل رہے ہو،اور سیدھی راہ یہی ہے کہ آدمی ایمان وتقوی کی زندگی اختیار کرے،خود برائی سے رکے اور دوسروں کو روکنے کی کوشش کرے، پھر بھی لوگ برائی سے نہ رکیں تو اس کا کوئی نقصان نہیں (فوائد شبیریہ)

اور اگر یہ آیت مسلمانوں کو بھی عام ہے تو إذا اهتدیتم میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی داخل ہے، مسلمانوں کی اصلاح کی فکر اولاً ہر شخص پر ضروری ہے، پھر امکان بھر کوشش کرنے کے بعد اگر لوگ نہ سنیں تو وہ ذمہ دار نہیں۔ابوداؤد (حدیث ۴۳۴۱) میں ہے: حضرت ابوثعلبہ خُشنی رضی اللہ عنہ سے علیکم أنفسکم کا مطلب پوچھا گیا،آپؓ نے فرمایا: میں نے اس کا مطلب نبی ﷺ سے پوچھا ہے،آپؐ نے فرمایا:بَلِ ائْتَمِرُوْا بالمعروف، وَتَنَاهوا عن المُنْكَرِ، حتى إذا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا، وَهَوىً مُتَّبَعًا، ودُنْيَا مُؤْثَّرَةً، وَإِعْجَابَ كلِّ ذی رَأْیٍ برأیه، فَعَلَيْكَ بِنَفْسِكَ، وَدَعْ عنك العَوَامَّ: ترجمہ: بلکہ ایک دوسرے کو بھلائی کا حکم دو،اور ایک دوسرے کو برائی سے روکو یہاں تک کہ جب تم دیکھو ایسی بخیلی کو جس کی پیروی کی جارہی ہے،اور ایسی خواہش کو جس کے پیچھے چلا جارہا ہے،اور ایسی دنیا کو جسے ترجیح دی جارہی ہے،اور ہر صاحب رائے اپنی رائے پر اترا رہا ہے تو اپنے آپ کو لازم پکڑو،اور عوام کا خیال چھوڑو،اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی محنت کے بعد علیکم أنفسکم کا نمبر ہے۔

[۸-] بابُ ماجاء فی نُزُوْلِ العَذَابِ إِذَا لَمْ يُغَيَّرِ الْمُنْكَرُ

[۲۱۶۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصَّدِّيْقِ، أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَأُوْنَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لاَيَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ وَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوُا الظَّالِمَ، فَلَمْ يَأْخُذُوْا عَلَى يَدَيْهِ، أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ مِنْهُ''

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَايَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَهُ، وَفِيْ الْبَابِ: عَنْ عَائِشَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، وَالنُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَحُذَيْفَةَ، هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ نَحْوَ حَدِيْثِ يَزِيْدَ، وَرَفَعَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ إِسْمَاعِيلَ، وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ.

بابُ ماجاء فی الأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا بیان

معروف: ہر وہ کام ہے جس کا اچھا ہونا عقل وشرع سے پہچانا جاتا ہو، اور منکر: ہر وہ کام ہے جس کا برا ہونا عقل وشرع سے پہچانا جاتا ہو، معروف ومنکر اسم مفعول ہیں، ان کے لغوی معنی ہیں: جانا ہوا اور انجانا، اور پچھلے باب میں یہ بات عرض کی گئی ہے کہ دعوت کے دو دائرے ہیں: ایک: غیروں کو دین کی طرف بلانا، دوسرا: مسلمانوں کے احوال کو سنوارنا اور ان کو بھلی باتوں کا حکم دینا، اور برائیوں سے روکنا، کیونکہ امت اگر دین کا صحیح نمونہ بن جائے تو دوسرے خود ہی اس سے متأثر ہونگے، اور اگر امت کا حال بگڑ جائے تو ان کو دیکھ کر دوسرے بھی دین سے بدک جائیں گے، اس لئے اصل محنت امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر ہونی چاہئے۔ اسی وجہ سے اس سے غفلت برتنے پر احادیث میں وعیدیں آئی ہیں، مگر امت ایک عرصہ سے اس طرف سے غافل ہے، چنانچہ رفتہ رفتہ امت کا جو حال ہوگیا ہے وہ ہر شخص کے سامنے ہے، آج بلا مبالغہ اسّی فیصد مسلمان بس نام کے مسلمان ہیں، جن کو دیکھ کر شرمائیں یہود! والی بات صادق آتی ہے اور کسی کو فکر نہیں: نہ باپ اولاد سے کچھ کہتا ہے، نہ شوہر بیوی سے، نہ بھائی بھائی سے، سب اپنی دنیا میں مگن ہیں، پھر عذاب نہیں آئے گا تو کیا رحمت کے جھونکیں چلیں گے!

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! البتہ ضرور بھلائی کا حکم دو اور برائی سے روکو یا بہت جلد اللہ تعالیٰ تم پر اپنی طرف سے کوئی عذاب بھیج دیں گے، پھر تم اللہ سے دعائیں مانگو گے

اور وہ تمہاری دعائیں قبول نہیں کریں گے۔

تشریح: عذاب کی یہ دھمکی اصلاح معاشرہ کی فکر چھوڑنے کی صورت میں دی گئی ہے، غیروں کو دعوت دینے میں کوتاہی کرنے پر ایسی کوئی دھمکی نہیں آئی، پس بنیادی اہمیت امت مسلمہ کو سنبھالنے کی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! قیامت نہیں قائم ہوگی یہاں تک کہ تم اپنے امام کو قتل کرو اور باہم ایک دوسرے پر تلواریں چلاؤ، اور تمہاری دنیا کے وارث بن جائیں تمہارے بدترین لوگ!

تشریح: قیامت سے پہلے ایسا آزمائش کا زمانہ ضرور آئے گا اور یہ ملت کے بگاڑ کا آخری درجہ ہوگا کہ لوگ اپنے امام کو قتل کریں گے، آپس میں خوں ریزی ہوگی اور حکومت کی باگ ڈور برے لوگوں کے ہاتھ میں چلی جائے گی، اس کے بعد خیر نہیں، صرف قیامت کا انتظار باقی رہے گا۔

ملحوظہ: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا قتل اور اس کے بعد کے واقعات اس حدیث کا مصداق نہیں، کیونکہ ان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ وارث ہوئے تھے اور وہ نیکوں کے سردار تھے۔

حدیث (۳): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نے اس لشکر کا تذکرہ کیا جس کو زمین میں دھنسایا جائے گا (اس کا تذکرہ آگے بابٌ فی الخسف (باب ۱۹) میں آرہا ہے) حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس لشکر میں زبردستی لایا ہوا شخص بھی تو ہوسکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: إِنَّهُمْ يُبْعَثُوْنَ علی نِيَّاتِهِم: وہ لوگ اپنی نیتوں پر اٹھائے جائیں گے، یعنی وہ لوگ بھی زمین میں دھنسائے جائیں گے مگر قیامت کے دن ان کے ساتھ ان کی نیتوں کے مطابق معاملہ ہوگا۔

مسئلہ: اگر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر قدرت ہو اور ظن غالب ہو کہ امر ونہی کا فائدہ ہوگا تو امور واجبہ میں امر ونہی واجب ہیں اور امور مستحبہ میں مستحب، اور اگر ظن غالب یہ ہو کہ کوئی فائدہ نہیں ہوگا یا ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہو تو امور واجبہ میں بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب نہیں، البتہ اگر آدمی ہمت کر کے اصلاح حال کی کوشش کرے تو بڑے ثواب کا حق دار ہوگا۔

[۹-] بابُ ماجاء فی الأَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

[۲۱۶۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِیْ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِیِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهِ! لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ، وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ لَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ، فَتَدْعُوْنَهُ

فَلاَ يَسْتَجِيْبُ لَكُمْ "

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِيْ عَمْرٍو بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۱۶۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ الأَنْصَارِيِّ الأَشْهَلِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَقْتُلُوْا إِمَامَكُمْ، وَتَجْتَلِدُوْا بِأَسْيَافِكُمْ، وَيَرِثَ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۱۶۸-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بنِ سُوْقَةَ، عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ ذَكَرَ الجَيْشَ الَّذِيْ يُخْسَفُ بِهِمْ، فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: لَعَلَّ فِيْهِمُ الْمُكْرَهُ! قَالَ: "إِنَّهُمْ يُبْعَثُوْنَ عَلَى نِيَّاتِهِمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَيْضًا، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

لغت: تَجْتَلِدُ: ایک دوسرے کوتلوار مارنا، مجرد: جَلَدَہ بالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا

بابُ ماجاء فی تَغْيِيْرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ أَوْ بِاللِّسَانِ أَوْ بِالْقَلْبِ

منکر کو ہاتھ سے یا زبان سے یا دل سے روکنا

پہلے چند ضروری باتیں جان لینی لیں:

۱- امر بالمعروف اور نہی عن المنکر واجب ہیں اور یہ دینی خیر خواہی ہے، اور جن لوگوں نے ﴿عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ﴾ سے عدم وجوب پر استدلال کیا ہے، اسی طرح ﴿وَلاَ تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ أُخْرَى﴾ سے استدلال کیا ہے اس کا جواب آچکا کہ آیت کا حکم اصلاح حال کی کوشش کے بعد ہے، اور یہ دوسرے کا بوجھ اٹھانا نہیں ہے، بلکہ اپنی ذمہ داری میں کوتاہی کی سزا ہے۔

۲- پھر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر فرض کفایہ ہیں اگر کچھ لوگ اس کو انجام دیدیں تو باقی سے یہ فریضہ ساقط ہوجائے گا، ورنہ تمام قادرین گنہ گار ہوں گے، جیسے کوئی شخص اپنی بیوی کو، اپنی اولاد کو یا اپنے غلام کو معروف میں کوتاہ اور منکر میں دلیر پائے تو اس کی اصلاح فرض ہے، اور عام مسلمانوں میں کوتاہی دیکھے اور اس کا خیال ہو کہ کہنے سے

کچھ فائدہ نہیں ہوگا تو بھی کہنا ضروری ہے، ﴿فَإِنَّ الذِّكْرَى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ یعنی نصیحت کرنے سے مؤمنین کو فائدہ پہنچتا ہے۔

۳- اور علماء نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ یہ فریضہ حکّام کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ عام مسلمانوں کو بھی یہ فریضہ انجام دینا چاہئے، بلکہ صدر اول میں تو عام مسلمان حکام پر بھی نکیر کرتے تھے، البتہ یہ ضروری ہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والا مسائل سے واقف ہو، پھر اگر مسئلہ واجبات ظاہرہ کا اور محرمات مشہورہ کا ہے جیسے نماز، روزہ اور زنا اور شراب نوشی وغیرہ جن کو سب مسلمان جانتے ہیں، پس ان سے روکنے کی ذمہ داری بھی سب کی ہے، اور اگر مسئلہ مجتہد فیہ ہو تو جو اہل علم مسئلہ میں بصیرت رکھتے ہیں انہی کا یہ مقام ہے۔

۴- اور اس فریضہ کے آداب میں سے یہ ہے کہ حکمت کا لحاظ کر کے بات کہی جائے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: جس نے اپنے بھائی کو چپکے سے نصیحت کی اس نے اس کے ساتھ خیر خواہی کی، اور اس کو سنوار دیا، اور جس نے اس کو علانیہ نصیحت کی اس نے اس کو رسوا کیا، اور اس کو عیب دار کر دیا، ہاں اگر کوئی منکر عام لوگوں میں پھیلا ہوا ہو تو کسی کا نام لئے بغیر عام لوگوں کے سامنے بھی نکیر کر سکتے ہیں۔

حدیث: طارق بن شہاب کہتے ہیں: مروان نے سب سے پہلے عیدین میں نماز سے پہلے خطبہ دیا، تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا: آپ کا یہ عمل سنت (دینی راہ) کے خلاف ہے، مروان نے جواب دیا: یا فلانُ! تُرِكَ ما هُنالِك: او صاحب! پہلے والا طریقہ اب مفید نہیں رہا، یعنی پہلے لوگ نماز کے بعد خطبہ سننے کے لئے بیٹھتے تھے، مگر اب لوگ چل دیتے ہیں، اور نصیحت ضروری ہے، اس لئے میں پہلے خطبہ دیتا ہوں، یہی وقت کا تقاضا ہے، مگر اس کی یہ بات صحیح نہیں تھی، لوگ اس لئے چل دیتے تھے کہ بنو امیہ اپنے خطبوں میں بنو ہاشم کی برائی کرتے تھے جس کو لوگ سننا نہیں چاہتے تھے، پس قصور خود ان کا تھا۔

اس پر حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: أَمَّا هذا فقد قَضَى مَا عَلَيْهِ: اس شخص نے وہ فریضہ انجام دیدیا جو اس پر تھا، میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا ہے: مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِه، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِه، وذلك أَضْعَفُ الإِيْمَان: جو کسی ناجائز امر کو دیکھے تو چاہئے کہ وہ اس کو اپنے ہاتھ سے بدل دے، اور جس کے بس میں یہ بات نہ ہو تو چاہئے کہ وہ اس کو اپنی زبان سے بدلے، اور جس کے بس میں یہ بھی نہ ہو تو وہ اپنے دل سے اس کو برا سمجھے، اور یہ بات ایمان کا کمزور ترین درجہ ہے (یہ حدیث مسلم (حدیث ۴۹) میں ہے)

تشریح:

۱- جمعہ اور عیدین کے خطبے چونکہ ثانوی درجہ میں مطلوب ہیں، اصل نماز مقصود ہے اس لئے ان کو نماز کے بعد رکھا

گیا ہے، پھر جمعہ میں ایک واقعہ پیش آیا تھا جس کی وجہ سے خطبہ مقدم کیا گیا، تفصیل پہلے (تحفۃ الالمعی ۲:۴۰۵ ابواب العیدین باب ۶۸ میں) گذر چکی ہے، اور عیدین کے خطبے اپنی اصل پر ہیں، لیکن خلافتِ راشدہ کے بعد مروان نے عیدین کے خطبوں میں بھی تبدیلی کی اور ان کو بھی پہلے دینا شروع کیا، اور سب سے پہلے یہ کام کس نے کیا؟ اس سلسلہ میں مختلف نام لئے گئے ہیں، حضرت عمر کا، حضرت عثمان کا، حضرت معاویہ کا، حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم کا مگر یہ سب نام صحیح نہیں، سب سے پہلے یہ کام مروان نے کیا، پھر جب بنوعباس کا دور آیا تو صورتِ حال صحیح ہوگئی اور آج تک وہی معمول بہ ہے۔

۲- اور بخاری و مسلم میں یہ روایت بھی ہے کہ سب سے پہلے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے مروان پر نکیر کی، وہ دونوں عیدگاہ ساتھ ساتھ آئے تھے، مروان سیدھا منبر کی طرف چلا تو حضرت ابوسعید نے اس کا ہاتھ پکڑ کر روکا مگر وہ نہیں مانا، اور جواب دیا: قد تُرِكَ مَا تَعْلَمُ: آپ جو جانتے ہیں وہ زمانہ گیا! حضرت ابوسعید خدریؓ نے جواب دیا: كَلَّا: والذی نفسی بیدہ! لا تَأْتُوْنَ بِخَيْرٍ مِمَّا أَعْلَمُ: ہرگز نہیں، قسم اس ہستی کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم لوگ نہیں لاؤ گے کوئی کام بہتر ان کاموں سے جو میں جانتا ہوں، یہ بات تین مرتبہ کہہ کر حضرت ابوسعید صف میں جا بیٹھے (مسلم شریف حدیث ۸۸۹) پھر اس شخص نے جس کا اس روایت میں ذکر ہے کھڑے ہو کر نکیر کی، اس لئے اس کے عمل کا درجہ بڑھ گیا، اس لئے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس بندے نے جو اس پر حق تھا چکا دیا۔

۳- کسی منکر کو ہاتھ سے بدلنا یہ ہے کہ منکر میں مشغول لوگوں کو کسی بھی طرح اس سے روک دے، مثلاً: آلات لہو ولعب توڑ دے، ان کی سرزنش اور پٹائی کرے، مگر یہ کام حاکم کا ہے، قوت نافذہ کے بغیر یہ کام کرنے سے فتنہ ہوتا ہے۔ دوسرا درجہ زبان سے تبدیلی کرنے کا ہے، یعنی برائی میں مشغول لوگوں کو سمجھایا جائے، ان پر اعتراض کیا جائے، یہ کام عام احوال میں ہر شخص کر سکتا ہے، لیکن اگر کوئی شخص بے ہمت ہو اور اس کی بھی ہمت نہ کر سکے، تو آخری درجہ دل سے منکر کو برا سمجھنے کا ہے، اس سے نیچے ایمان کا کوئی درجہ نہیں، بلکہ اس سے نیچے مداہنت فی الدین ہے جو پورے معاشرے کو لے ڈوبتی ہے، اور اس کا تذکرہ آئندہ باب میں آرہا ہے۔

۴- اور اس آخری درجہ کو جو ایمان کا ضعیف ترین درجہ قرار دیا ہے یہ مسبب سے سبب پر استدلال ہے، اس استدلال کا نام استدلال إِنِّی ہے، جیسے دھویں سے آگ پر استدلال کیونکہ ایمان ایک قلبی حالت ہے اور امر مخفی ہے، پس اس کی قوت وضعف کا اندازہ مؤمن کے اعمال سے لگایا جائے گا جو قوی الایمان ہوگا، وہ برملا نکیر کرے گا، اور جو کم ہمت ہوگا وہ ہچکچائے گا، یہ اس کے ایمان کے ضعف کی دلیل ہے مگر یہ خیال رہے کہ ایمان اس کا بھی ناقص نہیں، البتہ وہ کمزور ہے، چنانچہ اس کے آثار ظاہر نہیں ہوئے، اور وہ منکر کو صرف دل سے برا سمجھ کر رہ گیا، لیکن بہر حال یہ بھی

ایک ایمانی درجہ ہے جیسے قوی اور ضعیف دونوں کامل انسان ہیں، مگر دونوں میں فرق ہے، پھر اس کے بعد ایمان ہی ناقص ہے۔ یہ مداہنت کرنے والے اور موافقت کرنے والے لوگ ہیں۔

[۱۰-] بابُ ماجاء فی تَغْيِيرِ الْمُنْكَرِ بِالْيَدِ أَوْ بِاللِّسَانِ أَوْ بِالْقَلْبِ

[۲۱۶۹-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عَنْ قَيْسِ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بنِ شِهَابٍ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ قَدَّمَ الْخُطْبَةَ قَبْلَ الصَّلَاةِ مَرْوَانُ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ لِمَرْوَانَ: خالَفْتَ السُّنَّةَ! فَقَالَ: يَا فُلَانُ تُرِكَ مَا هُنَاكَ، فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: أَمَّا هٰذَا فَقَدْ قَضَى مَا عَلَيْهِ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ رَأَى مُنْكَرًا فَلْيُنْكِرْهُ بِيَدِهِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذٰلِكَ أَضْعَفُ الإِيْمَانِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

منکرات میں مداہنت کرنے والے کی مثال

اس باب میں وہی مسئلہ ہے جو گذشتہ باب میں تھا، اُس باب میں ایمان کے آخری درجہ تک بات آئی تھی، اب اس باب میں ایک دوسری روایت ذکر کر رہے ہیں جو مداہنت فی الدین کے باب سے ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اس شخص کی حالت جو اللہ کی حدود پر قائم ہے اور جو اللہ کی حدود میں مداہنت کرنے والا ہے، یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنے والوں کی اور نہ کرنے والوں کی اور اس میں مداہنت برتنے والوں کی حالت اس قوم جیسی ہے جس نے سمندر میں سفر کے لئے ایک کشتی میں قرعہ اندازی کی، پس بعض کے حصہ میں بالائی منزل آئی، اور بعض کا قرعہ زیریں منزل میں نکلا، پس جو لوگ نیچے والے طبقہ میں تھے وہ اوپر جاتے تھے تاکہ سمندر میں سے پانی اٹھائیں، وہ لوگ بالائی منزل والوں پر پانی گراتے تھے جس سے کیچ ہو جاتی تھی، پس بالائی منزل والوں نے کہا: ہم تمہیں اوپر نہیں آنے دیں گے، تم ہمیں پریشان کرتے ہو، نچلی منزل والوں نے کہا: ہم کشتی کی تہہ میں سوراخ کریں گے کیونکہ پانی تو ہمیں بہر حال چاہئے، نبی ﷺ نے فرمایا: پس اگر ان اوپر والوں نے نیچے والوں کا ہاتھ پکڑا اور ان کو کشتی میں سوراخ کرنے سے روکا تو سبھی بچ جائیں گے اور اگر انھوں نے ان کو سوراخ کرنے دیا تو سبھی ڈوب جائیں گے۔

تشریح: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہ کرنے کی اور دل سے اس کو برا نہ سمجھنے کی یہ بہت عمدہ مثال ہے، یہی لوگ مداہن فی الدین کہلاتے ہیں اور ان کا وبال سب کو بھگتنا پڑے گا، کاش لوگ سمجھیں۔

[۱۱-] بابٌ مِنْہُ

[۲۱۷۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَثَلُ الْقَائِمِ عَلَى حُدُوْدِ اللّٰهِ، وَالْمُدْهِنِ فِيْهَا، كَمَثَلِ قَوْمٍ اسْتَهَمُوْا عَلَى سَفِيْنَةٍ فِي الْبَحْرِ، فَأَصَابَ بَعْضُهُمْ أَعْلاَهَا، وأَصَابَ بَعْضُهُمْ أَسْفَلَهَا، فَكَانَ الَّذِيْنَ فِيْ أَسْفَلِهَا يَصْعَدُوْنَ، فَيَسْتَقُوْنَ الْمَاءَ، فَيَصُبُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ فِيْ أَعْلاَهَا، فَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ أَعْلاَهَا: لاَ نَدَعُكُمْ تَصْعَدُوْنَ فَتُؤْذُوْنَنَا، فَقَالَ الَّذِيْنَ فِيْ أَسْفَلِهَا: فَإِنَّا نَنْقُبُهَا فِيْ أَسْفَلِهَا فَنَسْتَقِي، فَإِنْ أَخَذُوْا عَلَى أَيْدِيْهِمْ فَمَنَعُوْهُمْ نَجَوْا جَمِيْعًا، وَإِنْ تَرَكُوْهُمْ غَرِقُوْا جَمِيْعًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حدود اللہ: داخلی سرکل ہیں جس کا تذکرہ پہلے (تحفہ ۳: ۲۰۱ کتاب الحج باب ۲ میں) آیا ہے، اور جس سے باہر نکلنے والا آدمی فاسق ہے...... المُدْهِنُ (اسم فاعل) أَدْهَنَ فی الأَمْرِ: کسی معاملہ میں نرمی برتنا، اور المُداهن (اسم فاعل) دَاهَنَه مُدَاهَنَةً: مداہنت کرنا، حق پوشی کرنا...... سَهْمٌ: حصہ إِسْتَهَمَ: قرعہ اندازی کرکے اپنا حصہ معلوم کرنا...... نَقَبَ الجِلْدَ أَو الجِدَارَ: کھال یا دیوار میں سوراخ کرنا...... اور یہ حدیث بخاری شریف کتاب الشرکۃ اور کتاب الشهادة میں ہے۔

بابُ أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا بہترین جہاد ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الجِهَادِ كِلَمَةَ عَدْلٍ عند سُلطانٍ جَائِرٍ: بہترین جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے۔

تشریح: ابوداؤد (حدیث ۴۳۴۴) میں أفضلُ الجهاد إلخ ہے اور بعض کتابوں میں عدلٌ کی جگہ حق بھی ہے، جہاد میں پچاس فیصد شہید ہونے کا احتمال ہوتا ہے اور پچاس فیصد غازی بننے کا، بلکہ شہید ہونے کا احتمال اور بھی کچھ کم ہوتا ہے، دس پندرہ فیصد ہی احتمال ہوتا ہے کہ میدان میں کام آجائے گا، اور ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنے میں معاملہ بالکل برعکس ہوتا ہے، دس، بیس فیصد ہی جان بچنے کا امکان ہوتا ہے، باقی احتمال تو گردن نپنے کا ہوتا ہے، اس لئے ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا بہت بڑا جہاد ہے، علاوہ ازیں: مجاہد جہاد میں ایک کافر کو مارتا ہے، اور ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنے والا ساری قوم کو فائدہ پہنچاتا ہے، جبکہ بادشاہ اس کی بات قبول کرلے، اس طرح اس کے جہاد کی افادیت زیادہ ہے اس لئے یہ افضل جہاد ہے۔

[۱۲-] بابُ أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ

[۲۱۷۱-] حدثنا الْقَاسِمُ بنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مُصْعَبٍ أَبُوْ يَزِيْدَ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مُحمدِ بنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: اس حدیث میں اگر چہ عطیہ عوفی ہیں جو ضعیف شمار کئے گئے ہیں، مگر چونکہ اس حدیث کے شواہد ہیں، حضرت ابوامامہ کی حدیث ابن ماجہ اور مسند احمد میں ہے، اور حضرت طارق بن شہاب کی حدیث نسائی میں ہے اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی تحسین کی ہے، یا اس لئے تحسین کی ہے کہ عطیہ امام ترمذیؒ کے نزدیک بہت زیادہ ضعیف نہیں ہیں، ان کا حال صدوقٌ یُخْطِئُ کثیراً ہے اور ایسے راوی کی حدیث امام ترمذیؒ کے نزدیک حسنٌ ہوتی ہے۔

بابُ سُؤَالِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثًا فِيْ أُمَّتِهِ

نبی ﷺ نے امت کے لئے تین دعائیں مانگیں

حدیث (۱): ایک دن نبی ﷺ عالیہ (بلندی کی طرف کے گاؤں) سے تشریف لا رہے تھے، جب مسجد بنومعاویہ سے گذرے تو مسجد میں تشریف لے گئے، اور وہاں آپؐ نے دو نفلیں پڑھیں، صحابہ نے بھی آپؐ کے ساتھ پڑھیں پھر نبی ﷺ نے لمبی دعا فرمائی، جب نماز سے فارغ ہوئے تو صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج آپؐ نے ایک ایسی نماز پڑھی ہے جو آپؐ نہیں پڑھا کرتے تھے، یعنی اس وقت نماز پڑھنے کا آپؐ کا معمول نہیں تھا، آپؐ نے فرمایا: ہاں، یہ خلاف معمول نماز ہے، یہ رغبت ورہبت والی نماز ہے، یعنی اور نمازیں تو خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہوتی ہیں جن سے مقصود بندگی کا اظہار اور اللہ کی معبودیت کا اقرار ہوتا ہے مگر میں نے یہ نماز رغبت ورہبت والی پڑھی ہے، میں نے اس نماز میں کچھ دعائیں مانگی ہیں یہ امید باندھ کر کہ اللہ تعالیٰ ان کو قبول فرمائیں۔ اور اس ڈر کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ان کو قبول نہ فرمائیں (اس طرح اس نماز میں رغبت ورہبت دونوں جمع ہو گئے) پھر آپؐ نے فرمایا: میں نے اللہ تعالیٰ سے اس نماز میں تین دعائیں مانگیں، پس اللہ نے مجھے دو عنایت فرمائیں اور ایک سے منع کر دیا، میں نے اللہ تعالیٰ سے مانگا کہ وہ میری امت کو قحط سالی سے ہلاک نہ کریں، تو اللہ تعالیٰ نے یہ بات مجھے دیدی، اور میں نے اللہ سے مانگا کہ وہ ان پر کوئی دشمن ان کے علاوہ سے مسلط نہ کریں جو ان کو جڑ مڑ سے اکھاڑ دے، پس اللہ نے یہ بات بھی مجھے عنایت فرمائی، اور میں نے اللہ سے مانگا کہ وہ ان کے بعض کو بعض کی سختی نہ چکھائیں یعنی وہ آپس

میں نہ لڑیں، تو اللہ تعالیٰ نے یہ بات مجھے عنایت نہ فرمائی (پس مسلمان باہم لڑیں گے اور یہی فتنے ہونگے)

ملحوظہ: اس حدیث کے شروع میں جو مضمون بڑھایا ہے وہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی روایت میں مسلم شریف (حدیث ۲۸۹۰) میں آیا ہے، البتہ اُس روایت میں دوسری دعا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ میری امت کو غرق نہ کردیں تو اللہ نے وہ دعا قبول فرمائی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے میرے لئے زمین جمع کردی، یعنی پوری زمین کو ایک چھوٹے سے نقشہ کے شکل میں مجھے دکھایا، پس میں نے اس کے مشرق ومغرب کو دیکھا، اور بیشک میری امت کی حکومت عنقریب ان مقامات تک پہنچے گی جو میرے لئے زمین میں سے جمع کئے گئے ہیں، اور میں دو خزانے: سرخ وسفید دیا گیا، سرخ سے سونے کی کرنسی مراد ہے، اور سفید سے چاندی کی کرنسی، عرب سے لگے ہوئے جو دو سپر پاور تھے ایران وروم یہ ان کی کرنسیاں تھیں، یعنی دونوں حکومتوں کی دولتیں اللہ تعالیٰ نے مجھے عنایت فرمائیں، اور میں نے پروردگار سے اپنی امت کے لئے یہ مانگا کہ وہ اس کو عام قحط سالی سے ہلاک نہ کریں، اور یہ کہ وہ اس پر کوئی دشمن مسلط نہ کریں غیر مسلموں میں سے جو ان کے اصل مرکز کو حلال وجائز سمجھ لے، اور بیشک میرے پروردگار نے فرمایا: اے محمد! (ﷺ) میں جب کوئی فیصلہ کرتا ہوں تو وہ پھیرا نہیں جاتا (اس کا تعلق آنے والی بات سے ہے) اور بیشک میں آپؐ کو دیتا ہوں آپؐ کی امت کے مفاد میں کہ میں ان کو عام قحط سے ہلاک نہیں کروں گا، اور نہ میں ان پر کوئی ایسا دشمن مسلط کروں گا جو غیر مسلموں میں سے ہو اور وہ ان کی مرکزیت کو تباہ کردے، اگرچہ اکٹھا ہو جائیں ان پر وہ سب لوگ جو زمین کے کناروں میں ہیں، یعنی ساری دنیا مل کر بھی ان کو تہس نہس نہیں کرسکے گی، البتہ یہ ہوگا کہ ان کے بعض بعض کو ہلاک کریں گے، اور ان کے بعض بعض کو قید کریں گے (یہ وہ تیسری بات ہے جو قبول نہیں ہوئی، اور إِنِّيْ قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لَايُرَدُّ کا تعلق اسی سے ہے، یعنی ایسا فیصلہ ضرور ہوگا کہ امت آپس میں لڑے)

تشریح:

۱- اس حدیث میں یَسْتَبِيْحُ بَيْضَتَهُمْ ایک محاورہ ہے، اسْتَبَاحَهُ کے دو معنی ہیں: جائز ومباح سمجھنا اور جڑ سے اکھاڑنا، اور البَيْضَةُ کے بھی دو معنی ہیں: لوہے کا خود جو جنگ میں پہنا جاتا ہے اور انڈا، اور اس لفظ سے کسی شی کی اصل بھی مراد لی جاتی ہے، بَيْضَةُ القوم: احاطہ یا محفوظ جگہ کو کہتے ہیں، اور بَيْضَة الدار: مکان کے بیچ کو کہتے ہیں، پس اس محاورہ کے معنی ہیں: جو ان کی مرکزیت کو اور ان کی اصل جگہ کو پامال کردے، اور اس کو اجاڑ دے، اور اس پر قبضہ کرلے ایسا نہیں ہوگا۔

۲- ابواب القدر میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ تقدیر اللہ تعالیٰ کی جانب سے مبرم ہے لیکن بندوں کی جانب سے معلق ہے، یعنی اسباب سے مسببات پیدا ہوتے ہیں اور اس میں محو واثبات بھی ہوتا ہے، اس حدیث میں یہ

بیان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ بات قطعی طور پر طے کردی ہے کہ ایسے اسباب پیدا نہیں ہونگے کہ امت عام قحط سالی سے ہلاک ہوجائے، اور غیر ان کے سر پر مسلط ہوکر ان کی مرکزیت کو نیست و نابود کردیں، البتہ آپس میں خلفشار اور جنگ وجدال کے اسباب رونما ہوتے رہیں گے اور جب اللہ تعالیٰ اس کا فیصلہ کریں گے تو اس فیصلہ کو کوئی ٹال نہیں سکے گا۔

ملحوظہ: یہ حدیث مسلم (حدیث ۲۸۸۹) میں بھی ہے، مگر اس میں بھی یہ صراحت نہیں ہے کہ یہ واقعہ کس موقع کا ہے، ممکن ہے غزوۂ خندق میں جب آپ ﷺ نے دو تین مرتبہ کدال چلایا تھا اور پتھر ٹوٹا تھا، اور اس میں روشنی چمکی تھی اور اس میں زمین سمیٹ کر آپؐ کو دکھائی گئی تھی اور قیصر وکسری کے محلات بھی دکھائے گئے تھے: یہ ارشاد شاید اس موقع کا ہو۔

[۱۳-] بابُ سُؤَالِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثًا فِيْ أُمَّتِهِ

[۲۱۷۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِيْ، قَالَ سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بنَ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ خَبَّابِ بنِ الْأَرَتِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلاَةً فَأَطَالَهَا، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! صَلَّيْتَ صَلاَةً لَمْ تَكُنْ تُصَلِّيْهَا، قَالَ:" أَجَلْ! إِنَّهَا صَلاَةُ رَغْبَةٍ وَرَهْبَةٍ: إِنِّى سَأَلْتُ اللّٰهَ فِيْهَا ثَلاَثًا، فَأَعْطَانِى اثْنَتَيْنِ، وَمَنَعَنِىْ وَاحِدَةً: سَأَلْتُهُ أَنْ لاَيُهْلِكُ أُمَّتِىْ بِسَنَةٍ، فَأَعْطَانِيْهَا، وَسَأَلْتُهُ أَنْ لاَ يُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ، فَأَعْطَانِيْهَا، وَسَأَلْتُهُ أَنْ لاَ يُذِيْقَ بَعْضَهُمْ بَأْسَ بَعْضٍ فَمَنَعَنِيْهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وابنِ عُمَرَ.

[۲۱۷۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِىْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ اللّٰهَ زَوَى لِى الْأَرْضَ، فَرَأَيْتُ مَشَارِقَهَا وَمَغَارِبَهَا، وَإِنَّ أُمَّتِى سَيَبْلُغُ مُلْكُهَا مَازُوِىَ لِىْ مِنْهَا، وأُعْطِيْتُ الكَنْزَيْنِ الْأَحْمَرَ وَالْأَبْيَضَ، وَإِنِّىْ سَأَلْتُ رَبِّىْ لِأُمَّتِىْ أَنْ لاَ يُهْلِكَهَا بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَأَنْ لاَ يُسَلِّطَ عَلَيْهَا عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ، وَإِنَّ رَبِّىْ قَالَ: يَامُحمدُ! إِنِّى قَضَيْتُ قَضَاءً فَإِنَّهُ لاَيُرَدُّ، وَإِنِّى أَعْطَيْتُكَ لِأُمَّتِكَ أَنْ لاَ أُهْلِكَهُمْ بِسَنَةٍ عَامَّةٍ، وَلاَ أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوًّا مِنْ سِوَى أَنْفُسِهِمْ، فَيَسْتَبِيْحَ بَيْضَتَهُمْ، وَلَوِاجْتَمَعَ عَلَيْهِمْ مَنْ بِأَقْطَارِهَا - أَوْ قَالَ: مَنْ بَيْنَ أَقْطَارِهَا - حَتَّى يَكُوْنَ بَعْضُهُمْ يُهْلِكُ بَعْضًا، وَيَسْبِى بَعْضُهُمْ بَعْضًا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یَکُوْنُ فِی الْفِتْنَةِ

فتنوں کے زمانہ میں آدمی کو کیا طرزِ عمل اختیار کرنا چاہئے؟

حدیث: ام مالک بہزیہ رضی اللہ عنہا جو اسی ایک حدیث کی راویہ ہیں، کہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے ایک فتنہ کا تذکرہ کیا، پس اس کو نزدیک کیا، یعنی اس طرح بیان کیا کہ گویا وہ آیا ہی چاہتا ہے، پس ام مالکؓ نے عرض کیا: اس فتنے میں بہترین شخص کون ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا:

۱-رَجُلٌ فی مَاشِيَتِهِ، يُؤَدِّی حَقَّهَا، وَيَعْبُدُ رَبَّهُ: وہ بندہ جو اپنی بکریوں میں ہو، بکریوں کا حق ادا کرتا ہو، اور اپنے پروردگار کی عبادت کرتا ہو، یعنی بکریاں لے کر بستی سے دور نکل گیا ہو، بکریوں کی زکوٰۃ ادا کرتا ہو اور پروردگار کی عبادت کرتا ہو، اس طرح فتنوں سے الگ تھلک رہتا ہو وہ بہترین آدمی ہو۔

۲-ورجلٌ آخِذٌ برأسِ فَرَسِه، يُخِيْفُ العَدُوَّ، وَيُخَوِّ فُوْنَه: اور وہ بندہ جو اپنے گھوڑے کا سر تھامے ہوئے ہو، وہ دشمن کو ڈراتا ہو اور دشمن اس کو ڈراتے ہوں، یعنی گھوڑا لے کر جہاد میں نکل گیا ہو، وہ اپنی دھاک دشمن پر بٹھاتا ہو اور دشمن اسے ڈراتے ہوں: اس طرح وہ جہاد میں مشغول ہو اور فتنہ سے محفوظ ہو تو وہ بہترین آدمی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: تكونُ الفِتْنَةُ، تَسْتَنْظِفُ العَرَبَ، قَتْلَاها فی النار: ایک فتنہ ہوگا جو عربوں پر جھاڑو پھیر دے گا یعنی عرب اس میں بڑی تعداد میں مارے جائیں گے اس فتنہ کے سارے مقتول دوزخ میں جائیں گے، اللِّسانُ فيها أَشَدُّ مِنَ السَّيْفِ: اس فتنہ میں زبان تلوار سے زیادہ سخت ہوگی۔

تشریح: یہ حدیث زیاد کی ہے یہ راوی خود سیمیں گوش (چاندی جیسا سفید کان والا) تھا یا اس کے ابا سیمیں گوش تھے، اور یہ اسی ایک حدیث کا راوی ہے، پھر یہ حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ اس میں اختلاف ہے، اور اس فتنہ کا مصداق ابھی نہیں پایا گیا، ابھی ایسا کوئی فتنہ ظاہر نہیں ہوا جو عربوں پر جھاڑو پھیر دے۔ اسْتَنْظَفَ الشيئَ کے معنی ہیں: وصول کر لینا، یعنی سارے عربوں کا خاتمہ کر دے، ایسا فتنہ ابھی تک نہیں پایا گیا، اور حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان جو جنگ ہوئی تھی وہ اس کا مصداق نہیں، پس اس حدیث کی بنا پر دونوں طرف کے مقتولوں کو دوزخی کہنا صحیح نہیں، اور اس باب میں اس حدیث کو لانے کا مقصد یہ ہے کہ فتنوں کے زمانہ میں زبان کو قابو میں رکھنا چاہئے، اگر لوگوں سے الگ تھلگ ہو جائے تب تو کوئی بات نہیں، لیکن اگر لوگوں کے درمیان رہے تو پھر آدمی کا طریقہ یہ ہونا چاہئے کہ کفِ لسان کرے، تاکہ کسی درجہ میں فتنے کے ضرر سے محفوظ رہے۔

[۱۴-] بابُ ماجاء فی الرَّجُلِ یَکُوْنُ فِی الْفِتْنَةِ

[۲۱۷۴-] حدثنا عِمْرَانُ بنُ مُوْسَى القَزَّازُ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بنُ سَعِيْدٍ، نَا مُحمدُ بنُ

جُحَادَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أُمِّ مَالِكٍ البَهْزِيَّةِ، قَالَتْ: ذَكَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِتْنَةً فَقَرَّبَهَا، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ خَيْرُ النَّاسِ فِيْهَا؟ قَالَ: ''رَجُلٌ فِيْ مَاشِيَتِهِ، يُؤَدِّيْ حَقَّهَا، وَيَعْبُدُ رَبَّهُ، وَرَجُلٌ آخِذٌ بِرَأْسِ فَرَسِهِ، يُخِيْفُ العَدُوَّ، وَيُخَوِّفُوْنَهُ''

وفي الباب: عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَاهُ لَيْثُ بنُ أَبِيْ سُلَيْمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أُمِّ مَالِكٍ البَهْزِيَّةِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۱۷۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ زِيَادِ بنِ سِيْمِيْنَ كُوْشْ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''تَكُوْنُ الفِتْنَةُ، تَسْتَنْظِفُ العَرَبَ، قَتْلَاهَا فِي النَّارِ، اللِّسَانُ فِيْهَا أَشَدُّ مِنَ السَّيْفِ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، سَمِعْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ، يَقُوْلُ: لَا نَعْرِفُ لِزِيَادِ بنِ سِيْمِيْنَ كُوْشْ غَيْرَ هٰذَا الحَدِيْثِ، وَرَوَاهُ حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، فَرَفَعَهُ، وَرَوَاهُ حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ عَنْ لَيْثٍ فَوَقَفَهُ.

بابُ ماجاء في رَفْعِ الْأَمَانَةِ

امانت داری کا فقدان

امانت: کے لغوی معنی ہیں: ذمہ داری، فرض منصبی، دیانت داری، راست بازی۔ أَمِنَ (س) فلاناً علی کذا: کسی پر اعتماد کرنا، ذمہ داری دینا، أَمُنَ (ک) أَمَانَةً: امین ہونا، دیانت دار ہونا۔

اور امانت: اصطلاح میں اس ذمہ داری (Responsibility) کا نام ہے جو انسان پر اللہ کی طرف سے یا بندوں کی طرف سے عائد کی جاتی ہے، سورۃ الاحزاب میں ہے: ﴿إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الإِنْسَانُ﴾ ترجمہ: ہم نے امانت یعنی احکام خداوندی جو بمنزلہ امانت ہیں آسمان وزمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کئے، پس انھوں نے اس ذمہ داری کو قبول کرنے سے انکار کر دیا، یعنی ان مخلوقات میں اس ذمہ داری کو سر لینے کی صلاحیت نہیں تھی، اور وہ مخلوقات اس سے سہم گئیں، یعنی ان میں مطلق صلاحیت نہیں تھی، اور انسان نے اس ذمہ داری کو اٹھا لیا، یعنی اس میں اس امانت کو اٹھانے کی پوری صلاحیت تھی، یہ امانت (ذمہ داری) وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں پر عائد کی گئی ہے، جس کا نام شریعت ہے۔

اور حدیث میں ہے: لَا إيمانَ لِمَنْ لا أمانَةَ له، ولادينَ لِمَن لاعَهْدَ له: اس شخص میں ایمان نہیں جس میں امانت نہیں، اور اس شخص میں دین نہیں جس میں عہد و پیمان کا لحاظ نہیں (رواہ احمد ۳: ۱۳۵، مشکوۃ حدیث ۳۵) اس حدیث میں اس امانت کا تذکرہ ہے جو لوگوں کے تعلق سے عائد ہوتی ہے، مثلاً کوئی ملازم ہے، مدرس ہے، حاکم ہے، لوگوں

کے ساتھ معاملات کرتا ہے تو ان پر جو ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں وہ امانت کہلاتی ہیں، اوران کو پورا کرنا بھی دین کا تقاضہ ہے، پس لوگوں میں امانت داری کا فقدان ایک بڑا فتنہ ہے جس کا درج ذیل حدیث میں تذکرہ ہے۔

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باتیں بیان کیں: ان میں سے ایک میں نے دیکھ لی، یعنی وہ پوری طرح میرے سامنے آگئی اور دوسری کا میں منتظر ہوں، یعنی ابھی وہ پوری طرح میرے سامنے نہیں آئی، البتہ کچھ کچھ آثار شروع ہو گئے ہیں۔

پہلی بات: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بیان کیا کہ امانت لوگوں کے دلوں کی تھاہ میں اتری، پھر قرآن مجید اترا، اور لوگوں نے دینی راہ سیکھی یعنی جب زمانہ نبوت کا آغاز ہونے والا تھا تو پہلے لوگوں کے دلوں میں تعلیماتِ نبوی کو قبول کرنے کی صلاحیت پیدا کی گئی، پھر قرآن اترنا شروع ہوا جس کو لوگوں نے سیکھا، اور دینی طریقہ جانا، اس پہلی بات کا پیکر محسوس صحابہ کی جماعت ہے جس کو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے۔

دوسری بات: پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے یہ بات بیان فرمائی کہ امانت کس طرح اٹھالی جائے گی؟ فرمایا: آدمی ایک نیند سوئے گا یعنی ذرا غافل ہوگا، حقیقۃً سونا مراد نہیں کہ امانت دل سے نکال لی جائے گی، پس امانت کا اثر ایک چھالے کی طرح رہ جائے گا، پھر وہ ایک نیند سوئے گا تو باقی ماندہ امانت بھی اس کے دل سے نکال لی جائے گی، پس اس کا اثر آبلے کی طرح رہ جائے گا، جیسے آپ اپنے پیر پر چنگاری لڑھکائیں، پس آبلہ پڑ جائے، اور وہ آپ کو پھولا ہوا نظر آئے، درانحالیکہ اس میں کوئی کار آمد چیز نہ ہو، پھر آپ ؐ نے ایک کنکری لی اور اپنے پیر پر لڑھکائی (یہ مثال کو پیکر محسوس بنایا)

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر لوگوں کا حال یہ ہو جائے گا کہ وہ ایک دوسرے سے لین دین کریں گے، مگر شاید ہی کوئی ایسا انسان پائیں گے جو امانت ادا کرے، یہاں تک کہ کہا جائے گا: فلاں قبیلہ میں ایک امانت دار آدمی ہے، اور یہاں تک کہ کہا جائے گا آدمی کے بارے میں: کس قدر مضبوط آدمی ہے! کس قدر زیرک ہے! کس قدر عقلمند ہے! مگر اس کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان نہیں ہوگا۔

حضرت حذیفہ ؓ کہتے ہیں: بخدا! مجھ پر ایک زمانہ گذر چکا ہے اور میں پرواہ نہیں کرتا تھا کہ تم میں سے کس کے ساتھ سودا کروں، اس لئے کہ وہ شخص اگر مسلمان ہوگا تو ضرور اس کا دین اس چیز کو مجھ پر پھیرے گا، اور اگر وہ یہودی یا عیسائی ہوگا تو ضرور اس کا عامل مجھ پر اس چیز کو پھیرے گا، مگر اب میں آپ لوگوں سے معاملات نہیں کرتا، مگر فلاں اور فلاں سے۔

لغات: قولہ: **نَزَلَتْ فی جَذرِ قلوب الرِّجال**: **الجَذْرُ**: ہر چیز کی جڑ، اصل، جمع **جُذُوْر**، یعنی امانت لوگوں کے دلوں کی تھاہ میں اتری، جیسے بوائی سے پہلے کھیت تیار کرتے ہیں، اسی طرح نبوت کے آغاز میں اللہ تعالیٰ نے قلوب

میں صلاحیت پیدا کی، تا کہ وہ دین کو قبول کریں...... قوله: يَنَامُ الرجلُ النَّومة: آدمی ایک سونا سوئے گا، اس سے سونا مراد نہیں، بلکہ دفعۃً مزاجوں کی تبدیلی مراد ہے یعنی سویا تو کامل الایمان تھا، بیدار ہوا تو امانت داری ماند پڑ چکی تھی، اور اس کے دل کی دنیا بدل چکی تھی............ الوَكْت: کسی چیز کا ہلکا سا نشان، دھبہ، چتّی جو دیکھنے میں جلدی محسوس نہیں ہوتی مگر وہ عمل کا واقعی اثر ہوتی ہے، یعنی ابھی امانت کا دل میں کچھ اثر باقی ہے...... مثل أَثَرِ الْمَجْلِ: آبلے کے نشان کی طرح چھالا جس میں گندہ پانی بھرا ہوا ہوتا ہے، اور وہ پھولا ہوا نظر آتا ہے، مگر اس میں سوائے گندگی کے کچھ نہیں ہوتا، یعنی اب امانت داری بالکل ختم ہوگئی ہے، مگر آدمی بناوٹی امانت دار نظر آتا ہے جو فتنہ کے سوا کچھ نہیں، مَجَلَتْ يدُه (ن) مَجْلاً: ہاتھ میں آبلہ پڑنا، چھالہ پڑنا...... نَفِطَتْ يدُه نَفْطًا: ہاتھ میں آبلہ پڑنا...... ما أَجْلَدَهُ (فعل تعجب) کس قدر مضبوط اور طاقت ور ہے، کس قدر باہمت اور با استقلال ہے...... ما أَظْرَفَه (فعل تعجب) کس قدر ذہین، زیرک اور تیز طبع ہے...... ما أَعْقَلَه: (فعل تعجب) کتنا بڑا عقلمند ہے۔

تشریح:

۱- امانت جب ابتداءً قلوب سے نکالی جاتی ہے تو اس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا، ہر شخص اس کو سمجھ نہیں سکتا، اس کا نشان دل میں رہتا ہے مگر اس کی تاثیر واضح نہیں ہوتی، اس لئے اس کو دھبہ کے ساتھ تشبیہ دی، کام کرتے کرتے ہاتھ میں نشان پڑ جاتا ہے، جس سے کھال میں معمولی تغیر آجاتا ہے اور وہ محسوس کیا جاسکتا ہے، پھر جب دوسری مرتبہ امانت داری نکالی جاتی ہے تو اس کا اثر ہر شخص محسوس کرسکتا ہے، اس لئے اس کو آبلہ کے ساتھ تشبیہ دی، اور پیر پر کنکری لڑھکا کر بات واضح کی کہ جس طرح چنگاری پیر پر گذر جائے تو جگہ جگہ آبلے پڑ جاتے ہیں جس کو ہر شخص دیکھ سکتا ہے، وہ انگور کے دانہ کی طرح نظر آتا ہے، مگر اس میں گندے پانی کے علاوہ کچھ نہیں ہوتا۔

۲- حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ جب ماحول میں صحابہ غالب تھے تو ان کے دل نور ایمان سے منور تھے، اور اس زمانہ کے کفار بھی ان کے آثار سے متأثر تھے، پس شاید باید کوئی خیانت کرتا تھا، اس لئے میں بے تکلف ہر ایک سے معاملہ کرتا تھا، میں سوچتا تھا کہ جس سے میں معاملہ کر رہا ہوں اگر وہ مؤمن ہے تو وہ ایمان کے تقاضہ سے میری امانت ادا کرے گا اور اگر وہ غیر مسلم ہے تو اس پر جو مسلمان حاکم ہے وہ میری امانت ادا کرائے گا، مگر اب لوگوں کا حال برا ہوگیا ہے اور حکام بھی لاپرواہ ہوگئے ہیں، اس لئے میں آنکھ بند کر کے ہر کسی کے ساتھ معاملہ نہیں کرتا، بلکہ ٹھوک بجا کر قابل اعتماد آدمی کے ساتھ ہی معاملہ کرتا ہوں۔

سوال: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا کہ میں نے دوسری بات نہیں دیکھی، اور اب فرما رہے ہیں کہ وہ بدلا ہوا زمانہ بھی میں نے دیکھ لیا، پس یہ دو باتیں متعارض ہیں؟

اس کا جواب: یہ ہے کہ زمانہ میں تبدیلی ابھی پوری طرح نہیں آئی، کچھ کچھ آثار شروع ہوئے ہیں، مگر چونکہ

حدیث میں ہے: الحَزْمُ سُوءُ الظَنِّ: چوکناپن بدظنی میں ہے، اس لئے حضرت حذیفہؓ نے پھونک پھونک کر قدم رکھنا شروع کر دیا ہے، مگر جیسا پہلی بات کا مشاہدہ کرلیا ہے، ایسا کامل مشاہدہ ابھی اس دوسری بات کا نہیں ہوا۔

ملحوظہ: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۶۴۹۷، مسلم حدیث ۱۴۳)

[۱۵-] بابُ ماجاء فی رَفْعِ الْأَمَانَةِ

[۲۱۷۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بنِ وَهْبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَيْنِ، قَدْ رَأَيْتُ أَحَدَهُمَا، وَأَنَا أَنْتَظِرُ الآخَرَ:

[۱-] حَدَّثَنَا: أَنَّ الْأَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، ثُمَّ نَزَلَ الْقُرْآنُ، وَعَلِمُوْا مِنَ السُّنَّةِ "

[۲-] ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِ الْأَمَانَةِ، فَقَالَ: " يَنَامُ الرَّجُلُ النَّوْمَةَ، فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهِ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ الْوَكْتِ، ثُمَّ يَنَامُ نَوْمَةً، فَتُقْبَضُ الْأَمَانَةُ، فَيَظَلُّ أَثَرُهَا مِثْلَ أَثَرِ الْمَجْلِ، كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلَى رِجْلِكَ، فَنَفِطَتْ، فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا، وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْئٌ" ثُمَّ أَخَذَ حَصَاةً فَدَحْرَجَهَا عَلَى رِجْلِهِ.

[۳-] قَالَ: " فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ، لَايَكَادُ أَحَدٌ يُؤَدِّى الْأَمَانَةَ، حَتَّى يُقَالَ: إِنَّ فِيْ بَنِىْ فُلَانٍ رَجُلًا أَمِيْنًا، وَحَتَّى يُقَالَ لِلرَّجُلِ: مَا أَجْلَدَهُ! وَأَظْرَفَهُ! وَأَعْقَلَهُ! وَمَا فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيْمَانٍ"

[۴-] قَالَ: وَلَقَدْ أَتَى عَلَيَّ زَمَانٌ وَمَا أُبَالِيْ أَيَّكُمْ بَايَعْتُ فِيْهِ، لَأَنْ كَانَ مُسْلِمًا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ دِيْنُهُ، وَلَئِنْ كَانَ يَهُوْدِيًّا أَوْ نَصْرَانِيًّا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ، فَأَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ أُبَايِعُ مِنْكُمْ إِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

باب لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

لوگ اگلوں کی روش پر ضرور چلیں گے

السَّنَن (بفتح السین) طریقہ، نمونہ، طرز، کہا جاتا ہے: بَنَوا بُيُوْتَهم على سَنَنٍ وَاحِدٍ: انھوں نے ایک ہی انداز کے گھر بنائے، دوسرا لفظ ہے السُّنَّة: خاص طریقہ، سیرت خواہ اچھی ہو یا بری، اس کی جمع سُنَنٌ ہے، یہ لفظ باب میں نہیں ہے۔

حدیث: جب نبی ﷺ حنین تشریف لے جارہے تھے تو لشکر مشرکین کے ایک درخت کے پاس سے گذرا، جس کو ذاتُ انواط کہا جاتا تھا (النَّوْط: لٹکانے کی جگہ یا چیز، جمع أنواط، أناطَ الشيئَ به وعليه: کوئی چیز لٹکانا، معلّق

کرنا، وابستہ کرنا، یہ ایک کیکر کا درخت تھا جو متبرک قرار دے دیا گیا تھا اس پر مشرکین اپنے ہتھیار لٹکاتے تھے اور وہاں ناچتے کودتے تھے۔ اور حنین کے اس سفر میں مکہ مکرمہ کے تقریباً دو ہزار نو مسلم بھی ساتھ تھے) انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہمارے لئے بھی کوئی ذات انواط مقرر کیجئے، جیسا مشرکین کے لئے ذات انواط ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! یہ بات تو ایسی ہی ہے جیسی موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہی تھی: ﴿اجْعَلْ لَّنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُمْ أٰلِهَةٌ﴾ یعنی ہمارے لئے ایک ایسا ہی معبود مقرر کیجئے جیسا ان لوگوں کے لئے ہے (الاعراف آیت ۱۳۸) حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان لوگوں کو جواب دیا: ''تم واقعی بڑی جہالت میں ہو'' اور نبی ﷺ نے فرمایا: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم ضرور چلو گے ان لوگوں کے طریقہ پر جو تم سے پہلے گذرے ہیں، یعنی تم نے بھی بنی اسرائیل کی طرح مطالبہ شروع کر دیا جو جہالت کے سوا کچھ نہیں۔

تشریح: یہ حدیث مسند احمد میں بھی ہے، اور آئندہ یہ حدیث آرہی ہے کہ میری امت پر ایسا وقت ضرور آئے گا جیسا بنی اسرائیل پر آچکا ہے، بالکل ہو بہو، جیسا چپل چپل کے برابر ہوتا ہے، یہاں تک کہ اگر ان میں سے کسی نے اپنی ماں کے ساتھ علانیہ بدکاری کی ہے تو میری امت میں بھی ایسے لوگ ضرور پیدا ہونگے جو یہ حرکت کریں گے۔

فائدہ: کسی دلیل شرعی کے بغیر کسی چیز سے کوئی فضیلت وابستہ کر لینا جہالت ہے، حدیبیہ میں جس کیکر کے درخت کے نیچے نبی ﷺ نے بیعت رضوان لی تھی، لوگ وہاں نمازیں پڑھنے لگے تھے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس درخت کو کٹوا دیا، اسی طرح دارالعلوم دیوبند جس انار کے درخت کے نیچے سے شروع ہوا تھا وہ درخت مسجد چھتہ میں تھا، اس کے ساتھ بھی طرح طرح کے خرافات شروع ہو گئے تھے، تبرکاً لوگ اس کے پتے لے جاتے تھے اور کھاتے تھے، اللہ کے کسی بندے نے وہ درخت کاٹ دیا، اللہ اس کو جزائے خیر عطا فرمائے اس نے بہت اچھا کام کیا۔

اس قسم کی خود ساختہ متبرک چیزیں لوگوں کے لئے فتنہ بن جاتی ہیں اور جب اعتقاد میں غلو پیدا ہوتا ہے تو لوگوں کا دین بگڑ جاتا ہے، شیعوں کو دیکھتے نہیں، ہر ملک میں اور ہر شہر میں ان کے کربلا ہیں، اور ہر سال وہ تعزیے نکالتے ہیں، اور اپنے خود ساختہ ڈھانچوں کے ساتھ ضریح حسینؓ جیسا معاملہ کرتے ہیں، یہ سب خرافات ہیں اور قطعاً ممنوع ہیں، لوگوں کو اس قسم کی چیزوں سے قطعاً دور رہنا چاہئے، ورنہ یہ بات ان کے دین کے بگاڑ کا سبب بن جائے گی۔

[۱۶-] بابُ لَتَرْكَبُنَّ سَنَنَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ

[۲۱۷۷-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سِنَانِ بنِ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ أَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا خَرَجَ إِلَى حُنَيْنٍ، مَرَّ بِشَجَرَةٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ، يُقَالُ لَهَا: ذَاتُ أَنْوَاطٍ، يُعَلِّقُوْنَ عَلَيْهَا أَسْلِحَتَهُمْ، قَالُوْا: يَارسولَ اللهِ! اجْعَلْ لَنَا ذَاتَ

أَنْوَاطٍ، كَمَالَهُمْ ذَاتُ أَنْوَاطٍ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " سُبْحَانَ اللّٰهِ! هٰذَا كَمَا قَالَ قَوْمُ مُوْسَى: ﴿اجْعَلْ لَنَا إِلٰهًا كَمَا لَهُم آلِهَةٌ﴾ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَتَرْكَبُنَّ سُنَّةَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ: اسْمُهُ الحَارِثُ بنُ عَوْفٍ، وَفِي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَأَبِيْ هريرةَ.

بابُ ماجاء في كَلاَمِ السِّبَاعِ

درندوں کا لوگوں سے باتیں کرنا

عجائبات بھی کبھی فتنے کا سبب بن جاتے ہیں، کوئی انوکھی بات پیش آتی ہے تو لوگ پاگل ہو کر اس کے پیچھے دوڑتے ہیں، شیخ سعدی رحمہ اللہ نے بوستان میں سومنات میں سومنات کی ایک مورتی کے دعا میں ہاتھ اٹھانے کا مشاہدہ لکھا ہے، لوگ کس قدر اس مورتی کے پیچھے پاگل تھے، وہ بوستان میں پڑھیں، اسی طرح ابھی قریب زمانہ میں مشہور ہوا کہ گنیش کی مورتی دودھ پیتی ہے، بس ساری دنیا کے ہندو اس کے پیچھے پاگل ہو گئے، جاہل مسلمانوں کے لئے بھی اس قسم کے عجائبات فتنے کا سبب بنتے بن جاتے ہیں۔

اور تجربہ سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ اس قسم کے عجائبات اکثر جھوٹے ہوتے ہیں، ایک مرتبہ پالن پور کے علاقہ میں مشہور ہوا کہ ایک شخص ہل چلا رہا تھا، اس نے بیل کو لکڑی ماری، بیل نے مڑ کر کہا: کیوں مارتا ہے؟ بس ہالی بے ہوش ہو کر گر گیا اور مر گیا، میرے والد صاحب قدس سرہ نے مجھ سے بیان کیا کہ میں بس میں پالن پور جا رہا تھا، جب بس اس گاؤں سے گذری جہاں کا یہ واقعہ تھا تو وہاں سے کچھ لوگ بس میں چڑھے، والد صاحب نے ان سے واقعہ کی حقیقت معلوم کی تو وہ لوگ حیرت سے کہنے لگے: ہمارے گاؤں میں ایسا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، ہم نے تو سنا ہے کہ کالیڑا (والد صاحب کے گاؤں) میں ایسا واقعہ پیش آیا ہے، معلوم ہوا کہ ڈھول میں پول تھا۔

غرض اگر واقعات حقیقی بھی ہوں جیسے قیامت کی نشانیوں میں یہ بات ہے کہ درندے انسانوں سے باتیں کریں گے تو بھی اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں، آخر درندے حضرت سلیمان علیہ السلام سے باتیں کرتے ہی تھے، پس اس قسم کے واقعات انسان کے دین کے لئے فتنہ نہیں بننے چاہئیں کہ لوگ اس درندے ہی کو پوجنا شروع کر دیں، جیسے ہندو شیر وغیرہ کو پوجتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ درندے انسانوں سے باتیں کریں گے، اور یہاں تک کہ آدمی سے بات کرے گا اس کے کوڑے کا سرا، اور اس کے چپل کا تسمہ، اور اس کو بتلا دے گی اس کی ران وہ نئی باتیں جو اس کی فیملی نے اس کے بعد پیدا کی ہیں۔

تشریح: اس حدیث میں تین باتیں قیامت کی علامت کے طور پر بیان کی گئی ہیں: (۱) درندوں کا انسانوں سے باتیں کرنا (۲) کوڑے کے کنارے کا اور چپل کے تسمہ کا آدمی سے باتیں کرنا (۳) اور آدمی کی ران کا اس کے گھر کے احوال کی اطلاع دینا، اس کی شکل کیا ہوگی؟ وہ وقت بتائے گا، نبی ﷺ نے اپنے زمانہ کی تعبیرات میں کلام فرمایا ہے، وقت پر اس کی جو بھی صورت ہوگی وہ سامنے آئے گی، قبل از وقت اس کی تعیین مشکل ہے۔

[۱۷-] بابُ ماجاء فی کَلَامِ السِّبَاعِ

[۲۱۷۸-] حدثنا سُفْیَانُ بنُ وَکِیْعٍ، نَا أَبِیْ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ الفَضْلِ، نَا أَبُوْ نَضْرَةَ العَبْدِیُّ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تُکَلِّمَ السِّبَاعُ الإِنْسَ، وَحَتّٰی یُکَلِّمَ الرَّجُلَ عَذَبَةُ سَوْطِهِ، وَشِرَاكُ نَعْلِهِ، وَتُخْبِرُهُ فَخِذُهُ بِمَا أَحَدَثَ أَهْلُهُ بَعْدَهُ "

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هریرةَ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ الْقَاسِمِ بنِ الفَضْلِ، وَالْقَاسِمُ بنُ الْفَضْلِ ثِقَةٌ مَأْمُوْنٌ عِندَ أَهْلِ الحدیثِ، وَثَّقَهُ یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ وَعَبْدُ الرحمنِ بنُ مَهْدِیٍّ.

وضاحت: یہ حدیث مستدرک حاکم میں بھی ہے اور صحیح ہے، البتہ قاسم بن الفضل سے آخر تک یہی سند ہے، مگر یہ راوی محدثین کے نزدیک قابل اعتماد ہے۔

بابُ ماجاء فی انْشِقَاقِ القَمَرِ

معجزۂ شق القمر کا بیان

معجزات بھی چونکہ از قبیل عجائبات ہوتے ہیں اس لئے جہاں وہ کچھ لوگوں کے لئے ہدایت کا سامان بنتے ہیں دوسرے لوگوں کے لئے آزمائش کا سبب بھی بنتے ہیں، شق القمر کا معجزہ جس کا تذکرہ قرآن کریم میں بھی ہے اور احادیث میں بھی ہے باوجود مطالبہ کے کفار مکہ کے لئے ایمان کا سبب نہ بنا، بلکہ فتنہ بن گیا، ان لوگوں نے کہہ دیا: ہم پر جادو کر دیا!

معجزۂ شق القمر:

ہجرت سے تقریباً پانچ سال پہلے ایک مرتبہ مشرکین مکہ حضور اقدس ﷺ کے پاس جمع ہو کر آئے، جن میں ولید بن مغیرۃ، ابوجہل، عاص بن وائل، عاص بن ہشام، اسود بن عبد یغوث، اسود بن مطلب، زمعۃ بن الاسود اور

نضر بن حارث وغیرہ تھے، اور انھوں نے آپؐ سے کہا: اگر آپ سچے نبی ہیں تو چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھایئے، رات کا وقت تھا اور چودھویں رات کا چاند طلوع کئے ہوئے تھا، آپؐ نے فرمایا: اگر میں یہ معجزہ دکھلا دوں تو ایمان لے آؤ گے؟ انھوں نے کہا: ہم ایمان لے آئیں گے۔ حضور ﷺ نے دعا کی اور انگشت مبارک سے چاند کی طرف اشارہ فرمایا، پس چاند کے دو ٹکڑے ہو گئے، ایک ٹکڑا جبل ابی قیس پر تھا، اور دوسرا جبل قیقعان پر، دیر تک لوگ حیرت سے دیکھتے رہے اور حضور اقدس ﷺ اس وقت یہ فرماتے رہے: اشْهَدُوْا، اشْهَدُوْا: لوگو! گواہ رہو، لوگو! گواہ رہو، عصر اور مغرب کے درمیان جتنا وقت ہوتا ہے اتنی دیر چاند اسی طرح رہا اور اس کے بعد پھر ویسا ہی ہو گیا، مشرکین مکہ نے کہا: محمد! تم نے ہم پر جادو کر دیا، ہم باہر سے آنے والے مسافروں کا انتظار کرتے ہیں ہم ان سے دریافت کریں گے، کیونکہ یہ ناممکن ہے کہ محمد (ﷺ) تمام لوگوں پر جادو کر دیں، اگر وہ بھی اسی طرح اپنا مشاہدہ بیان کریں تو سچ ہے، اور اگر یہ کہیں کہ ہم نے نہیں دیکھا تو سمجھنا کہ محمد (ﷺ) نے تم پر سحر کیا ہے، چنانچہ مسافروں سے دریافت کیا گیا، ہر طرف سے آنے والے مسافروں نے اپنا مشاہدہ بیان کیا کہ ہم نے شق قمر دیکھا ہے، مگر ان شہادتوں کے باوجود بھی معاندین ایمان نہ لائے، اور یہ کہا کہ یہ سحر مستمر ہے، عنقریب اس کا اثر زائل ہو جائے گا، اس وقت سورۂ قمر کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں۔

معجزۂ شق قمر کا رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں واقع ہونا قرآن کریم اور احادیث متواترہ سے ثابت ہے، اور اس پر تمام سلف وخلف کا اجماع ہے، اور کسی شاذ و نادر (مودودی صاحب) نے جو انشقَّ القمر ماضی کو بمعنی سَیَنْشَقُّ القمر لیا ہے (یہ ترجمہ مودودی صاحب نے تفہیم القرآن میں کیا ہے) وہ سراسر ظاہر قرآن اور احادیثِ صریحہ اور صحیحہ اور تصریحات سلف وخلف کے خلاف ہے، جو قابل اعتبار نہیں۔

مخالفین اسلام اس معجزہ پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اول تو یہ بات محال ہے کہ چاند کے دو ٹکڑے ہو جائیں دوسرے یہ کہ اس واقعہ کا کسی تاریخ میں ذکر نہیں، جواب یہ ہے کہ آج تک کسی دلیل عقلی سے اس قسم کے واقعہ کا محال اور ناممکن ہونا ثابت نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے جس طرح اجسام سفلیہ میں کون وفساد عقلاً محال اور ناممکن نہیں، اسی طرح اللہ کی قدرت اور مشیت سے اجسام علویہ میں بھی کون وفساد محال نہیں، خداوند ذوالجلال کی قدرت کے اعتبار سے آسمان وزمین، شمس وقمر اور شجر وحجر سب برابر ہیں، جس قادر مطلق نے شمس وقمر کو بنایا ہے وہ خدا ان کو توڑ بھی سکتا ہے اور جوڑ بھی سکتا ہے، بہر حال اس قسم کے خوارق کا ظہور قطعاً محال نہیں، ہاں مستبعد ضرور ہے اور ہر معجزہ کے لئے مستبعد ہونا ضروری ہے، جو لوگ محض استبعاد کی بنا پر محال قرار دیتے ہیں ان کو محال اور مستبعد کا فرق معلوم نہیں، اور رہی یہ بات کہ اس واقعہ کا ذکر تاریخوں میں نہیں تو صدہا اور ہزارہا ایسے عجیب واقعات ہیں جن کا کسی تاریخ میں کہیں نام ونشان نہیں، نیز شق القمر کا واقعہ رات کا واقعہ ہے جو عموماً لوگوں کے آرام کا وقت ہے اور شق القمر صرف

تھوڑی دیر کے لئے رہا اس لئے اگر عام طور پر لوگوں کو اس کا علم نہ ہوا تو تعجب نہیں، بسا اوقات چاند اور سورج گہن ہوتے ہیں اور بہت سے لوگوں کو علم ہی نہیں ہوتا، نیز اختلاف مطالع کی وجہ سے بہت سے مقامات پر اس وقت دن ہوگا اور کسی جگہ آدھی رات ہوگی، عموماً لوگ سوئے ہونگے، نیز اس معجزہ سے مقصود فقط اہل مکہ پر حجت تمام کرنا تھا وہ مقصود حاصل ہوگیا، تمام عالم کو دکھانا مقصود نہیں تھا (ماخوذ از سیرۃ المصطفیٰ ۱:۲۳۶)

[۱۸-] بابُ ماجاء فی انْشِقَاقِ القَمَرِ

[۲۱۷۹-] حدثنا مُحمودُ بْنُ غَیْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: انْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلَی عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "اشْهَدُوْا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وأَنَسٍ، وَجُبَیْرِ بنِ مُطْعِمٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

لغات: اِنْشَقَّ: پھٹنا، چیرنا، شگاف پڑنا، کریک ہونا .... اِنْفَلَقَ الشیُّ: پھٹنا، اور یہ حدیث کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں جب چاند پھٹا تو آپؐ نے فرمایا: لوگو! گواہ رہو، یہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما کی سند سے مسلم (حدیث ۲۸۰۱ کتاب صفات المنافقین، باب انشقاق القمر) میں بھی ہے، اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت سے متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۴۸۶۴، مسلم حدیث ۲۸۰۰)

بابُ ماجاء فی الخَسْفِ

زمین دھنسنے کا ذکر

قیامت کی علامتیں بہت ہیں ان میں ایک زمین کا دھنسنا بھی ہے اور چونکہ قیامت کی ساری علامتیں از قبیل عجائبات ہیں اس لئے وہ لوگوں کے لئے فتنہ (آزمائش) بنتی ہیں، قیامت کی ایک نشانی بعثت نبوی بھی ہے، حدیث میں ہے: بُعثتُ أنا والسَّاعَةُ کهاتَیْن: میں اور قیامت اس طرح بھیجے گئے ہیں اور آپؐ نے شہادت کی اور درمیانی انگلیوں کو ملا کر اشارہ فرمایا کہ ہم دونوں ایک دوسرے سے متصل ہیں، اسی طرح معجزہ شق القمر بھی قرب قیامت کی ایک نشانی ہے، سورۃ القمر میں اس کی صراحت ہے اور درج ذیل حدیث میں دس دیگر نشانیوں کا تذکرہ ہے۔

حدیث: حضرت حذیفہ بن اَسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ہم پر بالاخانہ سے جھانکا (یہ بالاخانہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے کمرہ کے اوپر تھا، اور وہاں سے مسجد کی طرف کھڑکی کھلتی تھی) اور ہم قیامت کا تذکرہ کر رہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ دیکھو تم دس نشانیاں:

۱-سورج کا مغرب سے طلوع کرنا (اس کی تفصیل اگلے باب میں آرہی ہے)

۲-یاجوج وماجوج کا خروج: ان کا خروج بھی دجال کے ظہور کی طرح علامات قیامت میں سے ہے، سورۃ الانبیاء آیت ۹۶ میں ہے: ﴿حَتّٰى إِذَا فُتِحَتْ يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُوْنَ، وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ﴾ یعنی یہ بات ناممکن ہے کہ مرے ہوئے انسان دنیا میں لوٹ آئیں یہاں تک کہ جب یاجوج وماجوج کھول دیئے جائیں گے اور وہ ہر بلندی سے پھسلتے آئیں گے اور سچا وعدہ نزدیک آپہنچے گا (تو مردے دوبارہ زندہ ہونگے) اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ نفخ صور سے پہلے قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ظاہر ہوگی کہ یاجوج وماجوج کے تمام قبیلے ایک ساتھ امنڈ آئیں گے اور دنیا میں عام غارت گری شروع کردیں گے، اور اپنی مقامی بلندیوں سے تیزی کے ساتھ اترتے ہوئے زمین کے گوشہ گوشہ میں پھیل جائیں گے (ہدایت القرآن ۵:۲۳۳) اس کا تذکرہ بھی آگے باب ۲۱ میں آرہا ہے۔

۳-دابۃ الارض کا خروج: قیامت سے پہلے مکہ مکرمہ کی صفا نامی پہاڑی پھٹے گی اور اس میں سے ایک جانور نکلے گا جو لوگوں سے باتیں کرے گا کہ اب قیامت نزدیک ہے، اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو نشانی لگا کر جدا کردے گا، اس کا تذکرہ سورۃ النمل آیت ۸۲ میں ہے۔

۴-۶-مشرق میں زمین دھنسے گی، اور مغرب میں زمین دھنسے گی، اور جزیرۃ العرب میں زمین دھنسے گی۔

۷-عدن کی سرزمین سے ایک آگ نکلے گی جو لوگوں کو ہانک کر شام کی طرف لے جائے گی، یا فرمایا: لوگوں کو جمع کرے گی، پس وہ آگ ان کے ساتھ رات گذارے گی جہاں وہ رات گذاریں گے، اور وہ ان کے ساتھ قیلولہ کرے گی جہاں وہ قیلولہ کریں گے۔

۸-دخان یعنی دھواں، جس کا تذکرہ سورۃ الدخان آیات ۱۰و۱۱ میں ہے: ﴿فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ، يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ سو آپ (ان کے لئے) اس دن کا انتظار کیجئے کہ آسمان کی طرف ایک نظر آنے والا دھواں پیدا ہو جو ان سب لوگوں پر عام ہو جائے، یہ ایک دردناک سزا ہے...... اور اس میں اختلاف ہے کہ یہ نشانی پائی جاچکی یا آئندہ پائی جائے گی؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ہجرت کے بعد مکہ میں قحط پڑا اس وقت یہ صورت پیش آچکی ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ یہ صورت آگے پیش آئے گی۔

۹-دجال کا خروج، اس کی تفصیل آگے باب ۴۶ میں آرہی ہے۔

۱۰-حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے اترنا، اس کی تفصیل آئندہ باب ۵۲ میں آرہی ہے، یا ایسی ہوا کا چلنا جو لوگوں کو سمندر میں پھینک دے (اور یہ حدیث اپنے تمام طرق کے ساتھ مسلم شریف (حدیث ۲۹۰۱) میں اور ابوداؤد (حدیث ۴۳۱۱ کتاب الملاحم) میں ہے۔

تشریح: اس حدیث میں جن دس نشانیوں کا ذکر ہے ان میں ترتیب زمانی کا لحاظ نہیں، اور پہلی روایت میں جو عبدالرحمٰن بن مہدی کی ہے سات نشانیوں کا تذکرہ ہے، اور دوسری حدیث میں جو وکیع کی ہے دُخان کا بھی ذکر ہے اور وکیع رحمہ اللہ کے متابع ابوالاحوص ہیں وہ بھی فُرات قزّاز سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، اور امام شعبہ اور مسعودی کی روایت میں دجال کا بھی ذکر ہے، پس یہ نویں نشانی ہے اور آخری روایت میں جو شعبہ کی ہے دسویں نشانی مذکور ہے، اور وہ ایک ایسی ہوا ہے جو لوگوں کو سمندر میں پھینک دے گی، اگر یہ وہی نشانی ہے جس کا تذکرہ پہلی حدیث میں ہے کہ عدن کی سرزمین سے ایک آگ نکلے گی جس کے ساتھ ہوا بھی ہوگی جو کچھ لوگوں کو سمندر میں ڈال دے گی تو پھر دسویں نشانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اترنا ہے، اور اس کا تذکرہ سورۃ الزخرف آیت ۶۱ میں ہے: ﴿وَإِنَّهُ لَعِلْمٌ لِلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا﴾ اور وہ یعنی عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے یقین کا ذریعہ ہیں، پس تم لوگ قیامت میں شک نہ کرو۔

حدیث (۲): حضرت صفیہ بنت حُیَی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: لوگ اس گھر (بیت اللہ شریف) پر حملہ کرنے سے باز نہیں آئیں گے، یہاں تک کہ ایک لشکر حملہ آور ہوگا، جب وہ لوگ بیداء (چٹیل زمین) میں ہونگے تو ان کے اگلے اور ان کے پچھلے سب دھنسا دیئے جائیں گے، اور ان کے درمیان کے بھی نہیں بچیں گے (صرف ایک شخص بچے گا جو واپس جا کر حادثہ کی اطلاع دے گا) حضرت صفیہؓ نے پوچھا: جو شخص ان میں سے اس حملہ کو ناپسند کرتا ہوگا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان کو اٹھائیں گے اس پر جو ان کے دلوں میں ہوگا، یعنی ان سے حسب نیت معاملہ کیا جائے گا، مگر دنیوی عذاب سب پر آئے گا، یہی جزیرۃ العرب کا خسف ہے جس کا ذکر پہلی حدیث میں آیا ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: اس امت کے آخر میں زمین میں دھنسنا، شکلوں کا بگڑنا اور پتھر برسایا جانا ہوگا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم ہلاک کئے جائیں گے درانحالیکہ ہم میں نیک لوگ ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: نعم، إذا ظَهَرَ الخُبْثُ: ہاں جب گندگی عام ہوجائے (پھر آخرت میں حشر لوگوں کے قلوب کے اعتبار سے ہوگا)

[۱۹-] باب ماجاء فی الخَسْفِ

[۲۱۸۰-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ فُرَاتٍ القَزَّازِ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ أَسِيْدٍ، قَالَ: أَشْرَفَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ غُرْفَةٍ، وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ السَّاعَةَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَرَوْا عَشْرَ آيَاتٍ: طُلُوْعُ

الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَيَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ، وَالدَّابَّةُ، وَثَلاَثَةُ خُسُوْفٍ: خَسْفٍ بِالْمَشْرِقِ، وَخَسْفٍ بِالْمَغْرِبِ، وَخَسْفٍ بِجَزِيْرَةِ الْعَرَبِ، وَنَارٌ تَخْرُجُ مِنْ قَعْرِ عَدَنٍ، تَسُوْقُ النَّاسَ، أَوْ: تَحْشُرُ النَّاسَ، فَتَبِيْتُ مَعَهُمْ حَيْثُ بَاتُوْا، وَتُقِيْلُ مَعَهُمْ حَيْثُ قَالُوْا "

حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: " وَالدُّخَانُ"

حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ فُرَاتٍ الْقَزَّازِ نَحْوَ حَدِيْثِ وَكِيْعٍ، عَنْ سُفْيَانَ.

حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، وَالْمَسْعُوْدِيِّ، سَمِعَا فُرَاتًا الْقَزَّازَ نَحْوَ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ فُرَاتٍ، وَزَادَ فِيْهِ: " الدَّجَّالُ أَوِ: الدُّخَانُ "

حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نَا أَبُوْ النُّعْمَانِ الحَكَمُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ العِجْلِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ فُرَاتٍ نَحْوَ حَدِيْثِ أَبِيْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَزَادَ فِيْهِ: " وَالْعَاشِرَةُ: إِمَّا رِيْحٌ تَطْرَحُهُمْ فِيْ الْبَحْرِ، وَإِمَّا نُزُوْلُ عِيْسَى بنِ مَرْيَمَ "

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأَبِيْ هُريرةَ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وَصَفِيَّةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢١٨١-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْمُرْهَبِيِّ، عَنْ مُسْلِمِ بنِ صَفْوَانَ، عَنْ صَفِيَّةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ يَنْتَهِي النَّاسُ عَنْ غَزْوِ هٰذَا البَيْتِ، حَتَّى يَغْزُوَ جَيْشٌ، حَتَّى إِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ أَوْ: بِبَيْدَاءَ مِنَ الأَرْضِ، خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! فَمَنْ كَرِهَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: "يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ عَلَى مَافِيْ أَنْفُسِهِمْ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢١٨٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا صَيْفِيُّ بنُ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ هٰذِهِ الأُمَّةِ خَسْفٌ، وَمَسْخٌ، وَقَذْفٌ" قَالَتْ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنُهْلَكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ: "نَعَمْ إِذَا ظَهَرَ الْخُبْثُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ تَكَلَّمَ فِيْهِ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وضاحت: یہ آخری حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی سند سے ضعیف ہے، اس میں عبداللہ عمری ضعیف راوی ہے، مگر یہی حدیث حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی سند سے متفق علیہ ہے، جو آگے باب ۲۱ میں بھی آرہی ہے۔

بابُ ماجاء فی طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

سورج کا مغرب سے نکلنا

علاماتِ قیامت میں سے یہ بھی ہے کہ سورج اپنی رفتار پر چلتا رہے گا، یہاں تک کہ قیامت قریب آجائے گی، پس وہ غروب ہونے کے بعد مغرب سے نکلے گا، اور ایسا ایک ہی دن ہوگا یا پھر ایسا ہی ہوتا رہے گا؟ اس سلسلہ کی تفصیلات صحیح روایات میں مروی نہیں بظاہر ایسا ایک ہی دن ہوگا، پھر حسب معمول طلوع وغروب ہوگا بہر حال یہ کرشمۂ خداوندی بھی لوگوں کے لئے آزمائش بن جائے گا۔

حدیث: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں غروب آفتاب کے وقت مسجد میں پہنچا، نبی ﷺ تشریف فرما تھے، آپؐ نے پوچھا: ابوذرؓ جانتے ہو یہ سورج کہاں جاتا ہے؟ میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: یہ جاتا ہے تاکہ سجدہ کرنے کی اجازت چاہے، پس اس کو اجازت دیدی جاتی ہے یعنی اس کو آگے بڑھنے کی اجازت مل جاتی ہے، چنانچہ وہ اگلے دن مشرق سے طلوع کرتا ہے اور گویا اس سے کہا گیا: جہاں سے آیا ہے وہیں سے طلوع ہو (یعنی ایک وقت آئے گا کہ اس کو آگے بڑھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی) پس وہ اپنے ڈوبنے کی جگہ سے طلوع کرے گا، حدیث کا کوئی راوی کہتا ہے: پھر نبی ﷺ نے پڑھا: ﴿وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا﴾ یہ سورج کے ٹھہرنے کی جگہ ہے یعنی سورج اپنی چال چلتا رہے گا تا آنکہ یہ دن آئے گا تو وہ ٹھہر جائے گا۔ یہ سورۂ یٰسین کی آیت ۳۸ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے، اصل آیت یہ ہے: ﴿وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا﴾ اور اللہ کی ایک نشانی آفتاب ہے، وہ اپنے ٹھکانے کی طرف چلتا رہتا ہے، اس کو حضرت ابن مسعودؓ نے پڑھا ہے: ﴿وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا﴾ یعنی سورج چلتا رہے گا یہاں تک کہ اس کا مستقر آجائے گا اور وہ مستقر مغرب سے طلوع ہونا ہے (یہ آیت میں قراءت نہیں ہے، بلکہ آیت سے اقتباس ہے اور نبی ﷺ نے ذلک بڑھا کر اقتباس فرمایا ہے جو قراءت بن گئی)

تشریح: یہ روایت متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۷۴۲۴، مسلم حدیث ۱۵۹) اس حدیث کے ذیل میں طلبہ دو باتیں سمجھنا چاہتے ہیں:

پہلی بات: قدیم سائنس یہ کہتی تھی کہ سورج زمین کے گرد چکر لگاتا ہے، جس سے وطلوع غروب ہوتا ہے، اور شب وروز بنتے ہیں اور اب فلکیات یہ کہتی ہے کہ زمین اپنے محور پر گھومتی ہے اور اس کی چال سے شب وروز بنتے ہیں، دونوں صورتوں میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ سورج کے غروب کے بعد عرش کے نیچے سجدہ کرنے کا اور طلوع ہونے کی اجازت طلب کرنے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: حدیث میں پیرایۂ بیان ہے اور مقصد یہ مضمون سمجھانا ہے کہ سورج حکم الٰہی کے تابع ہے، وہ ہر وقت زبانِ حال سے انقیاد ظاہر کرتا ہے کیونکہ ہر لمحہ اس کا طلوع وغروب جاری ہے اور جو حکم ملتا ہے اس کی تابع داری کرتا ہے، وہ اسی طرح چلتا رہے گا تا آنکہ اس کو دوسرا حکم ملے، غرض عرش کے نیچے سجدہ کرنا انقیاد کی تعبیر ہے، ہماری طرح سجدہ کرنا مراد نہیں، سورۃ الحج آیت ۱۸ میں ارشاد پاک ہے: ''کیا تو دیکھتا نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کرتی ہیں تمام وہ مخلوقات جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں اور سورج اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور چوپائے اور بہت سے آدمی'' مخلوقات کا یہ سجدہ ان کی حالت کے مناسب ہے یعنی ہر مخلوق اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی ظاہر کرتی ہے اور وہ حکم کے تابع ہے۔

غرض سورج کے سجدہ کرنے کا تذکرہ مذکورہ بالا آیت میں بھی آیا ہے، وہی سجدہ اس حدیث میں بھی مراد ہے، پس طلبہ اگر ذہنوں سے انسانوں کا معروف سجدہ نکال دیں تو بات ان کی سمجھ میں آجائے گی۔

دوسری بات: سورج زمین کے چاروں طرف گھوم رہا ہے یا زمین گھوم رہی ہے، جو بھی ہو اس کا طلوع وغروب ہمارے سامنے نمودار ہونے اور چھپنے کے اعتبار سے ہے، اب سوال یہ ہے کہ وہ کس نقطہ سے واپس لوٹے گا؟ اور کونسے ملک میں مغرب سے طلوع ہوگا؟ اور دوسرے ممالک کا کیا حال ہوگا؟

جواب: ہم پہلے عرض کر آئے ہیں کہ آئندہ پیش آنے والے یہ واقعات عصر حاضر کی تعبیر میں سمجھائے گئے ہیں، پھر جب وہ واقعات پیش آئیں گے ان کی صحیح صورت حال سامنے آئے گی، فی الوقت ہم کما حقہ نہیں سمجھ سکتے، وقت ہی بتائے گا کہ اس کی نوعیت کیا ہوگی، جیسے اوقات نماز کے ابواب میں یہ حدیث (نمبر ۱۵۷) گذری ہے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے اثر کے پھیلاؤ سے ہے، مگر چونکہ یہ دوسری دنیا کی بات ہے اس لئے ہم اس کی پوری حقیقت نہیں سمجھ سکتے، اسی طرح یہ بات بھی چونکہ آئندہ پیش آنے والی ہے اس لئے ابھی ہم اس کی تفصیلات نہیں جانتے، مخبر صادق ﷺ نے جو کچھ بتایا ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے۔

[۲۰-] بابُ ماجاء فی طُلُوْعِ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

[۲۱۸۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ، وَالنبیُّ صلی اللہ علیه وسلم جَالِسٌ، فَقَالَ: "يَا أَبَا ذَرٍّ! أَتَدْرِیْ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهٖ؟" قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: "فَإِنَّهَا تَذْهَبُ لِتَسْتَأْذِنَ فِی السُّجُوْدِ، فَيُؤْذَنَ لَهَا، وَكَأَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا: اطْلَعِی مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا" قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: (وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا) وَقَالَ: ذٰلِكَ قِرَاءَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ.

وفى الباب: عَنْ صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، وَحُذَيْفَةَ بنِ أَسِيدٍ، وَأَنَسٍ، وأَبِيْ مُوْسَى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ

یاجوج وماجوج کا خروج

یاجوج وماجوج کے بارے میں اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ وہ عام انسانوں کی طرح حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور حضرت نوح علیہ السلام کی ذریت میں سے ہیں، علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے البدایہ والنہایہ (۲:۱۱۰) میں لکھا ہے کہ صحیح بات یہ ہے کہ وہ عام بنی آدم کی طرح ہیں، اور انہیں کی شکل وصورت اور جسمانی اوصاف رکھتے ہیں۔

اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے فتح الباری (۶:۳۸۶) میں تحریر فرمایا ہے کہ یاجوج وماجوج: یافث بن نوح کی اولاد میں سے دو قبیلے ہیں، اور روح المعانی میں ہے کہ یہی رائے وہب بن منبہ کی ہے، اور متاخرین میں سے بھی اکثر کی یہی رائے ہے۔

رہی یہ بات کہ دنیا کی موجودہ اقوام میں سے یاجوج وماجوج کون ہیں؟ اس کا جواب یقین کے ساتھ نہیں دیا جاسکتا، کیونکہ یاجوج وماجوج بہت قدیم نام ہیں اور مرور ایام کے ساتھ نام بدل جاتے ہیں، آج دنیا میں کوئی قوم ان ناموں سے موسوم نہیں، اس لئے اس کی تعیین دشوار ہے، علماء کی ایک رائے یہ ہے کہ یاجوج وماجوج منگولیا (تاتار) کے ان وحشی قبائل کو کہا جاتا ہے جو یورپ، امریکہ اور روس کی اقوام کے منبع ومنشاء ہیں، ان کے دو بڑے قبیلے موگ اور یوچی کہلاتے تھے جو عربی زبان میں یاجوج وماجوج بن گئے ہیں، واللہ اعلم۔ اور یاجوج وماجوج کا خروج وعروج دجال کے ظہور کی طرح علامات قیامت میں سے ہے۔

حدیث: حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نیند سے بیدار ہوئے، آپ کا چہرہ سرخ ہورہا تھا اور آپ فرما رہے تھے: لا إله إلا الله: آپ نے یہ کلمہ تین بار دہرایا، پھر فرمایا: عربوں کے لئے ہلاکت ہے، اس برائی سے جو نزدیک آپہنچی ہے، آج یاجوج وماجوج کی دیوار اتنی کھول دی گئی، اور آپ نے دس یا نوے کا عقد بنایا، حضرت زینب کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ہم ہلاک کردیئے جائیں گے جبکہ ہمارے اندر نیک لوگ ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: نعم، إذا ظَهَرَ الخُبْثُ: ہاں جب گندگی پھیل جائے۔

تشریح: یہ روایت بخاری (حدیث ۳۵۹۸) میں بھی ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ فرمائیں گے کہ سفیان بن عیینہ نے اس کی سند شاندار پیش کی ہے، انھوں نے اس حدیث کی سند میں چار خواتین کا ذکر کیا ہے: (۱) حضرت زینب بنت ابی سلمہ (۲) حضرت حبیبہ بنت عبیداللہ بن جحش (۳) حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان (۴) اور حضرت زینب بنت جحش،

اول دونبی ﷺ کی ربیبہ ہیں اور آخری دوام المؤمنین ہیں، مگر بخاری میں زہری کے شاگرد شعیب کی روایت ہے اس میں حبیبہ کا واسطہ نہیں، امام ترمذیؒ بھی کہیں گے کہ زہری کے شاگرد معمر کی سند میں حبیبہ کا ذکر نہیں۔

اور جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں جو واقعہ مذکور ہے وہ خواب کا واقعہ ہے، یعنی خواب میں آنحضرت ﷺ نے یہ منظر دیکھا ہے اور خواب اکثر تمثیلی رنگ میں نظر آتا ہے اور اس کی تعبیر ہوتی ہے، چنانچہ اس خواب کی تعبیر آپؐ نے یہ بیان فرمائی کہ عرب کے لئے شرور وفتن کا دور شروع ہونے والا ہے، اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ واقعتاً دیوار میں اس روز اتنا سوراخ ہو گیا تھا، جیسے آنحضرت ﷺ نے ذوالفقار کے بارے میں جنگ احد کے موقع پر خواب دیکھا تھا کہ آپؐ نے اس کو ہلایا تو اس کی دھار جھڑ گئی، اور یہ بات خواب میں آپؐ کو ناگوار ہوئی، بیدار ہونے کے بعد آپؐ نے اس کی تعبیر اس شکست سے بیان فرمائی جو جنگ احد میں پیش آئی۔ ذوالفقار کی دھار حقیقت میں جھڑی نہیں تھی (یاجوج وماجوج کا تذکرہ سورۃ الکہف آیت ۹۴ میں آیا ہے، میں نے تفسیر ہدایت القرآن میں اس کے تمام متعلقات پر تفصیلی کلام کیا ہے، طلبہ اس کو ضرور دیکھ لیں)

[۲۱-] بابُ ماجاء فی خُرُوْجِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ

[۲۱۸٤-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ المَخْزُوْمِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، قَالَتْ: اسْتَيْقَظَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ نَوْمٍ، مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ!" — يُرَدِّدُهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ— "وَيْلٌ لِلْعَرَبِ، مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ، فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ" وَعَقَدَ عَشْرًا، قَالَتْ زَيْنَبُ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَنُهْلَكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ؟ قَالَ: "نَعَمْ إِذَا كَثُرَ الْخُبْثُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ جَوَّدَ سُفْيَانُ هٰذَا الحديثَ، وَقَالَ الْحُمَيْدِيُّ عَنْ سُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ: حَفِظْتُ مِنَ الزُّهْرِيِّ فِىْ هٰذَا الإِسْنَادِ أَرْبَعَ نِسْوَةٍ: زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيْبَةَ، وَهُمَا رَبِيْبَتَا النبيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ زَوْجَيِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى مَعْمَرٌ هٰذَا الحديثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ حَبِيْبَةَ.

بابُ ماجاء فی صَفَةِ الْمَارِقَةِ

خوارج کا حال

اسلام میں جو فتنے سب سے پہلے رونما ہوئے ان میں خوارج کا فتنہ بھی ہے، اس کے آثار حضرت عثمان غنی رضی

اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ہی سے ظاہر ہونے لگے تھے، مگر یہ فرقہ باقاعدہ جنگ صفین کے بعد منصّۂ شہود پر جلوہ گر ہوا، صفین میں جب تحکیم کا واقعہ پیش آیا اور فریقین نے دو شخصوں کو حکم بنایا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس تحکیم پر خوارج ہی نے مجبور کیا تھا، ورنہ حضرت علیؓ تو جنگ جیت چکے تھے، پھر جب نمائندہ نامزد کرنے کا وقت آیا تو حضرت علیؓ: حضرت ابن عباسؓ کو نامزد کرنا چاہتے تھے، مگر ان لوگوں نے حضرت علیؓ کو مجبور کیا کہ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو نامزد کریں، پھر جب پنچایت نے فیصلہ سنایا اور وہ ان کی مرضی کے خلاف ہوا تو انھوں نے کہنا شروع کیا: إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ: فیصلہ تو خدا ہی کا ہے، پس اس حکم خداوندی کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے دونوں فریق کافر ہو گئے، اور وہ باغی جن کی تعداد دس بارہ ہزار تھی حروراء نامی گاؤں میں اکٹھا ہو گئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پہلے اتمام حجت کیا پھر جو لوگ کسی طرح نہ مانے ان سے جنگ کی اور ان کو تتر بتر کر دیا، مگر ان کا نظریہ اور ان کے عقائد آج بھی موجود ہیں، ان کا مشہور عقیدہ ہے کہ مرتکب کبیرہ کافر ہے، اور جب بھی امیر المؤمنین سنت کی خلاف روزی کرے اس کے خلاف بغاوت فرض ہے، اور حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت معاویہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہم سے وہ بیزاری کا اظہار کرتے ہیں اور ان کو کافر قرار دیتے ہیں، غرض یہ دور اول کا بڑا فتنہ تھا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: زمانہ کے آخر میں کچھ لوگ نکلیں گے جو:

۱- نوعمر ہونگے أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ: حقیقت میں مرکب توصیفی ہے یعنی نئی عمر کے لوگ ہونگے۔

۲- عقل کے اوچھے ہونگے، سُفَهاء: سَفِيْهٌ کی جمع ہے: بیوقوف اور أحلام: حُلم کی جمع ہے: عقل۔

۳- يَقْرَؤُنَ الْقُرْآنَ، لَايُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ: قرآن پڑھتے ہونگے جو ان کی ہنسلیوں سے آگے نہیں بڑھے گا، یعنی ان کے دل قرآن کی تعلیمات سے متأثر نہیں ہوں گے۔ التَّرْقُوَة: ہنسلی کی ہڈی، یہ دو ہڈیاں ہوتی ہیں، مجازاً گلا، جمع تَرَاقٍ، بَلَغَتِ الروحُ التَّرَاقِيَ: دم بلب ہو گیا، قرب موت سے کنایہ۔

۴- يقولون من قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ: وہ مسلمانوں کی بعض باتوں کے قائل ہونگے، اس میں من تبعیضیہ ہے اور خَيْرُ البرية سے مسلمان مراد ہیں، سورۃ البینہ آیت ۷ میں ایمان والوں کی یہ صفت آئی ہے، یعنی وہ تمام اسلامی عقائد کے قائل نہیں ہونگے، کچھ باتوں کے قائل ہونگے، اس جملہ کا یہی مطلب ہے، مگر چونکہ ان کا مشہور قول: إن الحكمُ إلا لله: تھا اس لئے شارحین نے ان کے اس قول کو پیش نظر رکھ کر اس جملہ کی شرح کی ہے چنانچہ وہ اس کی شرح میں مختلف نظر آتے ہیں، حالانکہ اس کا مطلب واضح تھا۔

۵- يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدينِ كما يَمْرُقُ السَّهْمُ من الرَّمِيَّةِ: وہ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جس طرح تیر شکار سے نکل جاتا ہے، المَارِق: (اسم فاعل) دائرۂ مذہب سے نکل جانے والا، تیر کی طرح کسی چیز میں سے پار ہو جانے والا۔ الرَّمِيَّة: تیر پھینک کر جو شکار کیا جائے۔ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے، جمع: رَمَايَا۔

فائدہ: اس حدیث میں تو اس فرقے کے اتنے ہی اوصاف آئے ہیں اور اس فرقہ کی تعیین بھی نہیں کی گئی مگر دیگر احادیث میں اور بھی اوصاف آئے ہیں، بخاری شریف کتاب اسْتِتَابَةِ الْمُرْتَدِّيْن باب ۷ میں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہما کی روایات ہیں جن میں اس فرقہ کی تعیین ہے کہ یہ فرقہ خوارج کا ہے، جس کا دوسرا نام حروریہ ہے اور یہی مارقۃ ہے، یہ فرقہ ۳۶ ہجری میں وجود پذیر ہوا، اور ۳۷ ہجری میں نہروان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کا صفایا کیا، مگر چونکہ ان کا بقایا موجود ہے اس لئے قیامت تک ان کے اذناب اس حدیث کا مصداق ہیں۔

[۲۲-] باب ماجاء فی صِفَةِ الْمَارِقَةِ

[۲۱۸۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا أَبُوْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَخْرُجُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ: أَحْدَاثُ الْأَسْنَانِ، سُفَهَاءُ الْأَحْلَامِ، يَقْرَأُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَقُوْلُوْنَ مِنْ قَوْلِ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ"

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رُوِيَ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الحديثِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَصْفُ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ يَقْرَأُوْنَ الْقُرْآنَ، لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ: إِنَّمَا هُمُ الْخَوَارِجُ الْحَرُوْرِيَّةُ وَغَيْرُهُمْ مِنَ الْخَوَارِجِ.

وضاحت: وقد رُوی فی غیر هذا الحدیث إلی آخره میں امام ترمذیؒ نے جو بات بیان کی ہے وہ اوپر فائدہ میں ذکر کی ہے۔ وغیرهم: أی غیر الحروریة یعنی خوارج مراد ہیں، خواہ وہ کسی جگہ کے ہوں کیونکہ مدار عقائد پر ہے۔

بابُ ماجاء فی الْأَثَرَةِ

ترجیح دینے کا بیان

الْأَثَرَة (مصدر) ترجیح دینا، کسی کو کسی سے مقدم کرنا، یہ بات بھی فتنہ کا سبب بن جاتی ہے، اگر نااہل کو ترجیح دی جائے تب تو بہت بڑا فتنہ ہو جاتا ہے، حدیث میں ہے: إذا وُسِّدَ الْأَمْرُ إلی غیر أَهْلِه فانْتَظِرِ السَّاعَةَ: جب حکومت کا کام کسی نااہل کو سپرد کیا جائے تو قیامت کا انتظار کرو، یعنی پھر اتنے فتنے رونما ہونگے کہ معاملہ قابو سے باہر ہو جائے گا، اور اگر اہل کو ترجیح دی جائے تب بھی بعض مرتبہ ترجیح واضح نہیں ہوتی، اس لئے کچھ لوگوں کے لئے

باعث شکایت ہوجاتی ہے، ایسی صورت میں ضروری ہے کہ سربراہ مملکت کسی طرح اس شخص کی ترجیح لوگوں کے سامنے واضح کرے، مثلاً حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنی مجلس میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو جو نوجوان تھے قریب کرتے تھے، مجلس کے اکابر کو اشکال ہوا تو حضرت نے لوگوں سے پوچھا: بتاؤ، سورۃ النصر کے نزول کا کیا مقصد ہے؟ سب نے کہا: اس میں غلبۂ اسلام کی خبر دی گئی ہے، آپؓ نے ابن عباسؓ سے پوچھا: تم بھی یہی کہتے ہو؟ ابن عباسؓ نے کہا: نہیں، اس سورت کے ذریعہ نبی ﷺ کی وفات کی خبر دی گئی ہے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں بھی یہی جانتا ہوں، اس واقعہ کے بعد اہل مجلس نے حضرت ابن عباسؓ کی برتری تسلیم کرلی۔

حدیث (۱): اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک انصاری نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فلاں کو حکومت کا کام سونپا اور مجھے نہیں سونپا (حالانکہ وہ مجھ سے زیادہ اہل نہیں تھا یعنی آپؐ نے اس کو مجھ پر ترجیح دی، نبی ﷺ نے فرمایا: جو عہدہ مانگتا ہے میں اس کو عہدہ نہیں دیتا، تم نے چونکہ کام مانگا تھا اس لئے میں نے تمہیں کام نہیں دیا، میں نے اس کو تم پر ترجیح نہیں دی) بیشک آپ لوگ عنقریب میرے بعد ترجیح دیکھیں گے، یعنی آئندہ جو حکومت کے ذمہ دار ہونگے وہ غیر انصار کو انصار پر ترجیح دیں گے، پس اس وقت تم صبر کرنا، یہاں تک کہ حوض کوثر پر مجھ سے آملو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ لوگ عنقریب میرے بعد ترجیح کا مشاہدہ کریں گے، اور ایسے امور دیکھیں گے جن کو آپ لوگ اوپرا سمجھیں گے'' صحابہ نے عرض کیا: پھر ہمارے لئے کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''حکام کو ان کا حق ادا کرو، اور اللہ سے وہ حق مانگو جو تمہارے لئے ہے'' (یعنی ترجیح کے وقت صبر کرنا، فتنہ پیدا نہ کرنا)

[٢٣-] باب ماجاء في الأَثَرَةِ

[٢١٨٦-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، نَا أَنَسُ بنُ مَالِكٍ، عَنْ أُسَيْدِ بنِ حُضَيْرٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! اسْتَعْمَلْتَ فُلاَنًا، وَلَمْ تَسْتَعْمِلْنِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً، فَاصْبِرُوْا حَتَّى تَلْقَوْنِيْ عَلَى الْحَوْضِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢١٨٧-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ بَعْدِيْ أَثَرَةً، وَأُمُوْرًا تُنْكِرُوْنَهَا '' قَالُوْا: فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: '' أَدُّوْا إِلَيْهِمْ حَقَّهُمْ، واسْأَلُوْا اللّٰهَ الَّذِيْ لَكُمْ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَا أَخْبرَ النبيُّ صلی الله علیه وسلم أَصْحَابَهُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

قیامت تک پیش آنے والی باتیں نبی ﷺ نے صحابہ کو بتادیں

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک دن عصر کی نماز دن میں جلدی پڑھادی، پھر آپؐ تقریر کے لئے کھڑے ہوئے، پس آپؐ نے کوئی ایسی بات نہیں چھوڑی جو قیامت تک پیش آنے والی ہے، مگر وہ بات ہمیں بتلادی، جس نے اس کو یادرکھا: یادرکھا اور جو اس کو بھول گیا: بھول گیا، اور ان باتوں میں سے جو آپؐ نے فرمائیں یہ باتیں تھیں:

۱- بیشک دنیا سرسبز وشیریں ہے، اور بیشک اللہ تعالیٰ تم کو دنیا میں نائب بنانے والے ہیں، پس دیکھنے والے ہیں کہ تم کیسے کام کرتے ہو؟ سنو! پس دنیا سے بچو، اور عورتوں سے بچو!

تشریح: دنیا کو ہری بھری گھاس سے تشبیہ جانوروں کے تعلق سے دی ہے، اور شیریں کے ساتھ انسانوں کے تعلق سے دی ہے، جس طرح جانور ہری گھاس خوب چرتا ہے اور انسان میٹھی چیز خوب کھاتا ہے، دنیا کا حال بھی ایسا ہی ہے، صحابہ کرام کو بھی یہ دنیا ملنے والی تھی مگر دنیا امتحان ہے، اللہ تعالیٰ دنیا دیکر دیکھنا چاہتے ہیں کہ بندے اس کو کس طرح برتتے ہیں، پھر آپؐ نے خصوصیت سے دو حکم دیئے:

ایک: دنیا سے بچنے کا، یعنی ناجائز طریقوں سے دنیا حاصل نہ کی جائے، اور جائز طریقوں سے حاصل کی ہوئی دنیا جائز مصارف میں خرچ کی جائے، اگر اناپ شناپ دنیا کمائی یا اڑائی تو وہ وبالِ جان بن جائے گی۔

دوسرا حکم: عورتوں سے بچنے کا، عورتوں بچوں کی وجہ سے انسان اناپ شناپ دنیا جمع کرتا ہے اور اڑاتا ہے اس لئے خاص طور پر اس معاملہ میں تنبیہ کی۔

اور ان باتوں میں سے جو اس دن آپؐ نے فرمائیں: یہ بات بھی تھی:

۲- سنو! ہرگز نہ روکے کسی کو لوگوں کی ہیبت اس سے کہ وہ حق بات کہے جبکہ وہ اس بات کو جانتا ہو، راوی کہتا ہے: پھر حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ رو پڑے اور فرمایا: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ہم نے بہت سی باتیں دیکھیں پس ہم ڈر گئے! یعنی ہم نے ان غلط باتوں پر نکیر نہ کی۔

اور ان باتوں میں سے جو اس دن آپؐ نے فرمائیں: یہ بات بھی تھی:

۳- سنو! بیشک گاڑا جائے گا ہر بے وفا کے لئے قیامت کے دن ایک جھنڈا اس کی بے وفائی کے بقدر، یعنی جتنی بڑی بے وفائی کی ہوگی اتنا بڑا جھنڈا ہوگا اور کوئی بے وفائی امیر المؤمنین کے ساتھ بے وفائی سے بڑی نہیں، یعنی امیر

المؤمنین سے بیعت کر کے در پردہ اس کی مخالفت کرنا سب سے بڑی بے وفائی ہے، اس کا جھنڈا اس کی سرین کے پاس گاڑا جائے گا، یعنی وہ جھنڈا سرین کی گوشت میں گڑا ہوا ہوگا، اور پیچھے لہرا رہا ہوگا، اور وہ میدان قیامت میں اس کی رسوائی کا ذریعہ بنے گا۔

اوران باتوں میں سے جو ہم نے اس دن یاد رکھیں: یہ بات بھی تھی:

۴- سنو! انسان مختلف درجات میں پیدا کئے گئے ہیں: (۱) ان میں سے کوئی مؤمن جنا جاتا ہے، یعنی مسلمان کے گھر میں پیدا ہوتا ہے، اور مؤمن جیتا ہے، اور مؤمن مرتا ہے (۲) اوران میں سے کوئی کافر جنا جاتا ہے، اور کافر جیتا ہے اور کافر مرتا ہے (۳) اوران میں سے کوئی مؤمن جنا جاتا ہے، اور مؤمن جیتا ہے، اور کافر مرتا ہے (۴) اوران میں سے کوئی کافر جنا جاتا ہے، اور کافر جیتا ہے اور مؤمن مرتا ہے۔

۵- سنو! (۱) اور کسی انسان کو غصہ دیر میں آتا ہے اور جلدی اتر جاتا ہے (۲) اور کسی کو غصہ جلدی آتا ہے اور جلدی اتر جاتا ہے، پس یہ اس کے برابر ہوگیا یعنی ایک کی کمی کی دوسرے سے تلافی ہوگئی (۳) سنو! اوران میں سے کسی کو غصہ جلدی آتا ہے اور دیر سے اترتا ہے...... سنو! اور لوگوں میں بہترین وہ ہے جسے غصہ دیر میں آئے اور جلدی اتر جائے (یہ پہلی قسم ہے) اوران میں بدترین وہ ہے جسے غصہ جلدی آئے اور دیر میں اترے (یہ تیسری قسم ہے)

۶- سنو! (۱) اور بیشک ان میں سے بعض اچھی طرح حق ادا کرنے والے ہوتے ہیں اور اچھی طرح حق کا مطالبہ کرتے ہیں (۲) اوران میں سے بعض حق چکانے میں برے ہوتے ہیں اور حق کا مطالبہ کرنے میں اچھے ہوتے ہیں (۳) اوران میں سے بعض حق چکانے میں اچھے ہوتے ہیں اور حق کا مطالبہ کرنے میں برے ہوتے ہیں، پس یہ اس کے بدل ہوگیا، یعنی ایک کی تلافی دوسرے سے ہوگئی (۴) سنو! اور بیشک ان میں سے بعض ادائیگی میں برے ہوتے ہیں اور مطالبہ میں بھی برے ہوتے ہیں، سنو! اور لوگوں میں بہترین وہ ہے جو حق چکانے میں بھی اچھا ہو اور حق کا مطالبہ کرنے میں بھی اچھا ہو (یہ پہلی قسم ہے) سنو! اور لوگوں میں بدترین وہ ہے جو حق چکانے میں بھی برا ہو اور حق کا مطالبہ کرنے میں بھی برا ہو (یہ چوتھی قسم ہے)

ملحوظہ: ۴-۶ انسانوں کے مختلف درجات کا بیان ہے۔

۷- سنو! اور بیشک غصہ انسان کے دل میں ایک چنگاری ہے، کیا تم دیکھتے نہیں اس کی دونوں آنکھوں کی سرخی کی طرف، اور اس کی گردن کی رگوں کے پھولنے کی طرف؟! پس جو شخص غصہ میں سے کچھ بھی محسوس کرے اسے چاہئے کہ وہ زمین سے چپک جائے، یعنی کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، اور بیٹھا ہو تو لیٹ جائے، اس سے غصہ ہلکا پڑ جائے گا۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نے سورج کو دیکھنا شروع کیا کہ کتنا باقی ہے؟ پس نبی ﷺ نے فرمایا:

۸-سنو! بیشک نہیں باقی رہا ہے دنیا میں سے اس حصہ کی بہ نسبت جو اس میں سے گذر چکا ہے مگر اتنا جتنا بچا ہے تمہارے اس دن سے اس حصہ کی بہ نسبت جو اس میں سے گذر چکا ہے۔

فائدہ: اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جُدعان ہے جو ائمہ جرح وتعدیل کے نزدیک ضعیف ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک صدوق ہے، یہ مسلم شریف اور سنن اربعہ کا راوی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے اس کی حدیث کی تحسین کی ہے، پھر باب میں چند صحابہ کا حوالہ ہے وہ سب بھی یہی بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ان کے سامنے وہ تمام باتیں بیان کیں جو قیامت تک پیش آنے والی ہیں، اور مراد بڑے بڑے واقعات ہیں کیونکہ تمام واقعات کا احاطہ اس مختصر وقت میں ممکن نہیں۔

[۲۴-] بابُ مَا أَخْبَرَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَصْحَابَهُ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

[۲۱۸۸-] حدثنا عِمْرَانُ بنُ مُوْسَى القَزَّازُ الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، نَا عَلِيُّ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِى نَضْرَةَ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا صَلَاةَ الْعَصْرِ بِنَهَارٍ، ثُمَّ قَامَ خَطِيْبًا، فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا يَكُوْنُ إِلَى قِيَامِ السَّاعَةِ إِلَّا أَخْبَرَنَا بِهِ، حَفِظَهُ مَنْ حَفِظَهُ، وَنَسِيَهُ مَنْ نَسِيَهُ، وَكَانَ فِيْمَا قَالَ:

[۱-] " إِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُكُمْ فِيْهَا، فَنَاظِرٌ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ؟ أَلاَ فَاتَّقُوْا الدُّنْيَا، وَاتَّقُوْا النِّسَاءَ"

وَكَانَ فِيْمَا قَالَ:

[۲-] " أَلاَ لاَتَمْنَعَنَّ رَجُلاً هَيْبَةُ النَّاسِ أَنْ يَقُوْلَ بِحَقٍّ، إِذَا عَلِمَهُ" قَالَ: فَبَكَى أَبُوْ سَعِيْدٍ، فَقَالَ: قَدْ وَاللّٰهِ! رَأَيْنَا أَشْيَاءَ، فَهِبْنَا.

وَكَانَ فِيْمَا قَالَ:

[۳-] " أَلاَ إِنَّهُ يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، بِقَدْرِ غَدْرَتِهِ، وَلاَ غَدْرَةَ أَعْظَمُ مِنْ غَدْرَةِ إِمَامِ عَامَةٍ، يُرْكَزُ لِوَاؤُهُ عِنْدَ إِسْتِهِ"

وَكَانَ فِيْمَا حَفِظْنَا يَوْمَئِذٍ:

[۴-] " أَلاَ إِنَّ بَنِى آدَمَ خُلِقُوْا عَلَى طَبَقَاتٍ شَتَّى: فَمِنْهُمْ: مَنْ يُوْلَدُ مُؤْمِنًا، وَيَحْيىَ مُؤْمِنًا، وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا، وَمِنْهُمْ: مَنْ يُوْلَدُ كَافِرًا، وَيَحْيىَ كَافِرًا، وَيَمُوْتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ: مَنْ يُوْلَدُ مُؤْمِنًا،وَيَحْيىَ مُؤْمِنًا، وَيَمُوْتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ: مَنْ يُوْلَدُ كَافِرًا، وَيَحْيىَ كَافِرًا، وَيَمُوْتُ مُؤْمِنًا"

[٥-] " أَلَا! وَإِنَّ مِنْهُمُ: البَطِیءَ الغَضَبِ، سَرِیْعَ الفَیْءِ، وَمِنْهُمْ: سَرِیْعَ الغَضَبِ، سَرِیْعَ الْفَیْءِ، فِتِلْكَ بِتِلْكَ، أَلَا! وَإِنَّ مِنْهُمْ: سَرِیْعَ الغَضَبِ، بَطِیْءَ الفَیْءِ، أَلَا وَخَیْرُهُمْ بَطِیْءُ الغَضَبِ سَرِیْعُ الْفَیْءِ، وَشَرُّهُمْ سَرِیْعُ الْغَضَبِ بَطِیْءُ الفَیْءِ "

[٦-] " أَلَا! وَإِنَّ مِنهُمْ: حَسَنَ القَضَاءِ، حَسَنَ الطَّلَبِ، وَمِنْهُمْ: سَیِّءَ القَضَاءِ، حَسَنَ الطَّلَبِ، وَمِنْهُمْ: حَسَنَ الْقَضَاءِ، سَیِّءَ الطَّلَبِ، فَتِلْكَ بِتِلْكَ، أَلَا وَإِنَّ مِنهُمْ: السَّیِّءَ القَضَاءِ، السَّیِّءَ الطَّلَبِ، أَلَا! وَخَیْرُهُمُ الحَسَنُ الْقَضَاءِ، الحَسَنُ الطَّلَبِ، أَلَا وَشَرُّهُمْ سَیِّءُ القَضَاءِ سَیِّءُ الطَّلَبِ "

[٧-] " أَلَا! وَإِنَّ الغَضَبَ جَمْرَةٌ فِیْ قَلْبِ ابنِ آدَمَ، أَمَا رَأَیْتُمْ إِلَی حُمْرَةِ عَیْنَیْهِ وَانْتِفَاخِ أَوْدَاجِهِ؟ فَمَنْ أَحَسَّ بِشَیْئٍ مِنْ ذٰلِكَ فَلْیَلْصَقْ بِالْأَرْضِ "

قَالَ: وَجَعَلْنَا نَلْتَفِتُ إِلَی الشَّمْسِ، هَلْ بَقِیَ مِنْهَا شَیْئٌ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:

[٨-] " أَلَا إِنَّهُ لَمْ یَبْقَ مِنَ الدُّنْیَا فِیْمَا مَضَی مِنْهَا، إِلَّا كَمَا بَقِیَ مِنْ یَوْمِكُمْ هٰذَا فِیْمَا مَضَی مِنْهُ "

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَفی الباب: عَنِ الْمُغِیْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، وأَبِیْ زَیْدِ بنِ أَخْطَبَ، وَحُذَیْفَةَ، وَأَبِیْ مَرْیَمْ، ذَكَرُوْا: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم حَدَّثَهُمْ بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَی أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ.

بابُ ماجاء فی أَهْلِ الشَّامِ

شام والوں کا تذکرہ

ملک شام کے اب چار ملک بن گئے ہیں: (۱) سوریہ: جس میں دمشق، حمص، حمات اور حلب واقع ہیں (۲) لبنان (۳) اردن جس میں عمان اور خلیج عقبہ ہیں (۴) فلسطین جس میں قدس اور غزہ ہیں۔

شام کے فضائل میں متعدد روایات آئی ہیں، اور بعض روایات میں وہاں کے فتنوں کا بھی ذکر آیا ہے، وہ روایات درج ذیل ہیں:

حدیث (۱): حضرت قرۃ بن ایاس مزنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا:

(۱) إذا فَسَدَ أَهْلُ الشام، فلا خَیْرَ فیکم: جب شام والوں میں بگاڑ آجائے تو تم میں کوئی خیر نہیں (اس کا پہلا ظہور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوا)

(۲) اور فرمایا: لاتزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِیْ مَنْصُوْرِیْنَ، لَایَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حتی تقومَ السَّاعةُ: میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ مدد کیا ہوا رہے گا، ان کو ضرر نہیں پہنچا سکیں گے وہ لوگ جو ان کو رسواء کرنا چاہیں گے، تا آنکہ قیامت

قائم ہوجائے۔

تشریح: امام ترمذیؒ نے امام بخاریؒ کے حوالہ سے حضرت علی بن المدینی رحمہ اللہ کا قول نقل کیا ہے کہ یہ طائفہ منصورہ: محدثین کرام ہیں، آپ کی یہ بات صحیح ہے مگر تمام حقیقت نہیں، بلکہ تمام اہل السنہ والجماعہ اس کا مصداق ہیں، خواہ وہ مفسرین ہوں، محدثین ہوں، فقہاء ہوں، ارباب زوایا ہوں یا ارباب سیف وسناں ہوں، سب اہل حق اس حدیث کا مصداق ہیں۔

حدیث (۲): حضرت معاویہ بن حیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ مجھے کہاں کا حکم دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''یہاں کا'' اور آپ نے اپنے ہاتھ سے شام کی طرف اشارہ کیا۔

تشریح: یہ حدیث مجمل ہے اور ابوداؤد (حدیث ۲۴۸۳) میں ابن حوالہؓ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اسلام کا معاملہ یہاں تک پہنچے گا کہ لوگ مختلف لشکر بن جائیں گے، ایک لشکر شام میں ہوگا، دوسرا یمن میں، تیسرا عراق میں، ابن حوالہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے انتخاب فرمائیں، اگر میں وہ وقت پاؤں، آپؐ نے فرمایا: **عليك بالشام**: تم شام چلے جانا، کیونکہ شام اللہ کی بہترین زمین ہوگی، اور اس کی طرف اللہ کے بہترین بندے سمٹ جائیں گے...... پہلی حدیث میں شام والوں کے بگاڑ کا تذکرہ ہے، اور اس حدیث میں ان کی خوبی کا ذکر ہے، اور دونوں باتیں احوال کے تابع ہیں، احوال اچھے ہوں تو وہ بہترین جگہ ہے، اور فتنے سر ابھاریں تو وہاں جانا مناسب نہیں۔

[۲۵-] باب ماجاء فی أَهْلِ الشَّامِ

[۲۱۸۹-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ قُرَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا فَسَدَ أَهْلُ الشَّامِ فَلاَ خَيْرَ فِيْكُمْ، لاَتَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِيْ مَنْصُوْرِيْنَ، لاَيَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتَّى تَقُوْمَ السَّاعَةُ ''

قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ: قَالَ عَلِيُّ بنُ الْمَدِيْنِيِّ: هُمْ أَصْحَابُ الْحَدِيْثِ.

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ حَوَالَةَ، وابنِ عُمَرَ، وَزَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۱۹۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا بَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! أَيْنَ تَأْمُرُنِيْ؟ قَالَ: '' هَاهُنَا'' وَنَحا بِيَدِهِ نَحْوَ الشَّامِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ لاتَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا: یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

میرے بعد کافر نہ ہوجانا کہ بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتَرْجِعُوْا بعدی کفارًا: یَضْرِبُ بعضُکم رقابَ بعض: میرے بعد دین کا (عملی) انکار کرنے والے نہ ہوجانا کہ بعض بعض کی گردنیں مارنے لگیں۔

تشریح: مسلمانوں کے باہمی نزاعات مونڈنے والے ہیں، اور سرنہیں مونڈتے، دین مونڈتے ہیں، فتنے جب بڑھتے ہیں تو قتل وقتال کی نوبت آتی ہے جو عملی طور پر دین کا انکار ہے، حدیث میں ہے: **سِبَابُ المسلِمِ فُسوقٌ، وقِتَالُهُ کُفرٌ:** مسلمان کو گالی دینا بدکاری ہے اور اس کو قتل کرنا دین کا (عملی) انکار ہے، **اللّٰهم احفظنا منه۔**

[۲۶-] بابُ لاتَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا: یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

[۲۱۹۱-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِیٍّ، نَا یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ، نَا فُضَیْلُ بنُ غَزْوَانَ، ثَنَا عِکْرِمَةُ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " لاتَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا: یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ "

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَرِیْرٍ، وابنِ عُمَرَ، وَکُرْزِ بنِ عَلْقَمَةَ، وَوَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، وَالصُّنَابِحِیِّ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء أَنَّهُ تَکُوْنُ فِتْنَةٌ: الْقَاعِدُ فِیْهَا خَیْرٌ مِنَ الْقَائِمِ

جب فتنے سر ابھاریں تو جوان میں کم سے کم حصہ لے وہ بہتر ہے

حدیث: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں فتنہ رونما ہوا تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''عنقریب فتنہ رونما ہوگا، اس میں بیٹھا ہوا کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا، اور کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا، اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا'' حضرت سعدؓ نے عرض کیا: اگر فتنہ پرداز میرے گھر میں درآئے اور میری طرف اپنا ہاتھ بڑھائے تاکہ مجھے قتل کرے (تو میں کیا کروں؟) آپؐ نے فرمایا: کُنْ کَابْنِ آدم: تم حضرت آدم علیہ السلام کے بہترین لڑکے (ہابیل) کی طرح ہوجانا۔

[۲۷-] بابُ ماجاء أَنَّهُ تَکُوْنُ فِتْنَةٌ: الْقَاعِدُ فِیْهَا خَیْرٌ مِنَ الْقَائِمِ

[۲۱۹۲-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ عَیَّاشِ بنِ عَبَّاسٍ، عَنْ بُکَیْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الأَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ

بنِ سَعِيْدٍ، أَنَّ سَعْدَ بنَ أَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ عِنْدَ فِتْنَةِ عُثْمَانَ بنِ عَفَّانَ: أَشْهَدُ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّهَا سَتكُوْنُ فِتْنَةٌ: الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِنَ الْقَائمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِنَ الْمَاشِيْ، وَالْمَاشِيْ خَيْرٌ مِنَ السَّاعِيْ" قَالَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ دَخلَ عَلَيَّ بَيْتِيْ، وَبَسطَ يَدَهُ إِلَيَّ لِيَقْتُلَنِيْ؟ قَالَ: "كُنْ كَابْنِ آدَمَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَخَبَّابِ بنِ الْأَرَتِّ، وأَبِيْ بَكْرَةَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ وَاقِدٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَخَرْشَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ لَيْثِ بنِ سَعْدٍ، وَزَادَ فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ رَجُلاً، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۴۲۵۷) میں بھی ہے اس میں بُسر بن سعید اور حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے درمیان حسین بن عبدالرحمٰن اشجعی کا واسطہ ہے، اور مسند احمد (۱:۱۸۵) میں ترمذی ہی کی سند ہے، پس صحیح یہی ہے۔

بابُ ماجاء سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ المُظْلِمِ

عنقریب شب تار کے ٹکڑوں جیسے فتنہ ہونگے!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اعمال میں ایسے فتنوں سے سبقت کرو جو تاریک رات کے ٹکڑوں جیسے ہونگے، یعنی ان فتنوں کے آنے سے پہلے نیک اعمال کرلو، جب فتنے آئیں گے تو اعمال صالحہ نہیں کرسکو گے، آدمی صبح کرے گا مؤمن ہونے کی حالت میں اور شام کرے گا کافر ہونے کی حالت میں، اور شام کرے گا مؤمن ہونے کی حالت میں اور صبح کرے گا کافر ہونے کی حالت میں، ان میں سے ایک اپنا دین دنیا کے سامان کے عوض میں بیچ دے گا۔

تشریح: فتنوں کے زمانہ میں احوال بدلتے دیر نہیں لگتی، صبح کچھ اور شام کچھ، اور شام کچھ اور صبح کچھ ہوجاتا ہے، اور آدمی دنیا کی چند کوڑیوں کی خاطر دین بیچ دیتا ہے، اور'' تاریک رات کے ٹکڑوں'' سے مراد سنگین فتنے ہیں جیسے دجال کا فتنہ یا ایسے معاملات ہیں جن میں حق کدھر ہے اس کا پتہ نہ چلے، جیسے حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے زمانہ کا فتنہ۔

حدیث (۲): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ایک رات بیدار ہوئے، پس فرمایا: سبحان اللہ! آج رات کتنے فتنے اتارے گئے! اور کتنے خزانے اتارے گئے! کوئی ہے جو حجرے والیوں کو بیدار کرے؟ یعنی ازواج مطہرات کو جگادے تاکہ وہ عبادت میں مشغول ہوں، ہائے! بہت سی دنیا میں کپڑے پہننے والیاں آخرت میں ننگی ہونگی۔

تشریح: یہ نبی ﷺ کا خواب ہے، اور تعبیر کا محتاج نہیں، آپؐ نے خواب میں فتنوں کو خزانوں کی شکل میں اترتے ہوئے دیکھا، کیونکہ مال و دولت فتنوں کا سامان ہے، جب مال آتا ہے تو آدمی آپے سے باہر ہو جاتا ہے، اور لوگ عبادتوں میں سست پڑ جاتے ہیں، کھاتے پیتے اور عیش کرتے ہیں، اس لئے آپؐ نے خواہش ظاہر کی کہ کوئی ہے جو ازواج مطہرات کو بیدار کردے تاکہ وہ عبادت میں لگیں، فتنے آنے سے پہلے جو کرسکتی ہیں کرلیں اور مال کا اثر فیشن کی شکل میں بھی نمودار ہوتا ہے، عورتیں خاص طور پر ایسے کپڑے پہنتی ہیں جو پردہ کے مقصد کی تکمیل نہیں کرتے، یہی وہ عورتیں ہیں جو دنیا میں کپڑے پہنے ہوئے ہیں، مگر آخرت میں ننگی ہونگی۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور اس کا مضمون وہی ہے جو پہلی حدیث کا ہے کہ قیامت سے پہلے شب تار کے ٹکڑوں جیسے فتنے رونما ہونگے، صبح کو آدمی ان فتنوں میں ایمان کی حالت میں ہوگا، اور شام کو کافر ہو جائے گا، اور شام کو مؤمن ہونے کی حالت میں ہوگا اور صبح کو کافر ہو جائے گا، کچھ لوگ اپنا دین دنیا کے سامان کے بدلے میں بیچ دیں گے۔

حدیث (۴): اور یہ جو پہلی اور تیسری حدیث میں فرمایا ہے کہ آدمی صبح کرے گا مؤمن ہونے کی حالت میں اور شام کرے گا کافر ہونے کی حالت میں، اور شام کرے گا مؤمن ہونے کی حالت میں اور صبح کرے گا کافر ہونے کی حالت میں: اس کی تفسیر میں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا: صبح میں اپنے بھائی کے مال، آبرو اور خون کو حرام سمجھتا ہوگا، اور شام کو حلال سمجھ لے گا، اور شام کو اپنے بھائی کے مال، آبرو اور خون کو حرام سمجھتا ہوگا اور صبح کو حلال سمجھ لے گا، یعنی دن اور رات گذرتے گذرتے خیالات بدل جائیں گے۔ اور حرام کو حرام سمجھنا ایمان ہے اور اس کو حلال سمجھ لینا کفر ہے۔ اور اس تفسیر میں اشارہ ہے کہ یہ فتنے فساد ذات البین کے قبیل کے ہونگے، مسلمانوں کے باہمی نزاعات اور قتل و غارت گری اس کا مصداق ہیں۔

حدیث (۵): حضرت وائل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایک شخص کو نبی ﷺ سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا: بتلائیں: اگر ہم پر ایسے حکام ہوں جو ہمیں ہمارا حق نہ دیں اور ہم سے اپنا حق مانگیں تو ہم کیا کریں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اسْمَعُوْا وأَطِيْعُوْا، فإنَّمَا عليهم ما حُمِّلُوْا، وإنّما عليكم مَا حُمِّلْتُمْ: ان کی بات سنو، اور ان کا کہنا مانو، ان پر وہ ذمہ داری ہے جو ان پر لادی گئی ہے، اور تم پر وہ ذمہ داری ہے جو تم پر لادی گئی ہے۔

تشریح: اس دنیا میں ہر شخص کے حقوق و فرائض ہیں، فرائض ادا کرنے ہیں اور حقوق مانگنے ہیں، لیکن لوگ فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی کرتے ہیں، اور حقوق طلبی میں چست ہوتے ہیں، حالانکہ معاملہ اس کے برعکس ہونا چاہئے، اول فرائض ادا کرنے چاہئیں، پھر حقوق کی خواہش کرنی چاہئے، جیسے ماں باپ پر، استاذ پر، حاکم پر، شوہر پر: اولاد کے، طلبہ کے، پبلک کے اور بیوی کے حقوق ہیں ان کو پہلے ادا کرنا چاہئے، کیونکہ یہ فرض منصبی ہے، پھر اپنے

حقوق کی خواہش کرنی چاہئے، مگر لوگ فرائض تو ادا کرتے نہیں اور حقوق کا مطالبہ شروع کر دیتے ہیں، اس حدیث میں نبی ﷺ نے یہی بات سمجھائی ہے کہ اگر حکام اپنی ذمہ داری پوری نہ کریں اور حقوق کا مطالبہ کریں تو تمہیں اپنی ذمہ داری پہلے پوری کرنی چاہئے، ان کی بات سننی چاہئے اور ان کا حکم ماننا چاہئے، پھر اگر وہ تمہارے حقوق ادا نہیں کریں گے تو وہ خود ماخوذ ہونگے اور تم سبک دوش رہوگے!

[٢٨-] بابُ ماجاء سَتكُوْنُ فِتْنَةٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ المُظْلِمِ

[٢١٩٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا، وَيُمْسِيْ كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيْعُ أَحَدُهُمْ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢١٩٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ هِنْدٍ بِنْتِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم اسْتَيْقَظَ لَيْلَةً، فَقَالَ:" سُبْحَانَ اللّٰهِ! مَاذَا أُنْزِلَ اللَّيْلَةَ مِنَ الْفِتْنَةِ! مَاذَا أُنْزِلَ مِنَ الخَزَائِنِ! مَنْ يُوْقِظُ صَوَاحِبَ الحُجُرَاتِ؟ يَارُبَّ كَاسِيَةٍ فِيْ الدُّنْيَا عَارِيَةٍ فِيْ الآخِرَةِ!" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢١٩٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعْدِ بنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " تَكُوْنُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيْعُ أَقْوَامٌ دِيْنَهُمْ بِعَرَضِ الدُّنْيَا "

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَجُنْدُبٍ، وَالنُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وأَبِيْ مُوْسَى، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢١٩٦-] حدثنا صَالِحُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الحديثِ: " يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا" قَالَ: يُصْبِحُ مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ، وَعِرْضِهِ، وَمَالِهِ، وَيُمْسِي مُسْتَحِلًّا لَهُ، وَيُمْسِي مُحَرِّمًا لِدَمِ أَخِيْهِ، وَعِرْضِهِ، وَمَالِهِ، وَيُصْبِحُ مُسْتَحِلًّا لَهُ "

[٢١٩٧-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، نَايَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ،

عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلِ بنِ حُجْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَجُلٌ يَسْأَلُهُ، فَقَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَلَيْنَا أُمَرَاءُ يَمْنَعُوْنَا حَقَّنَا، وَيَسْأَلُوْنَا حَقَّهُمْ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اسْمَعُوْا، وَأَطِيْعُوْا، فَإِنَّمَا عَلَيْهِمْ مَاحُمِّلُوْا، وإِنَّمَا عَلَيْكُمْ مَا حُمِّلْتُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الهَرْجِ

قتل کی گرم بازاری

هَرَجَ القومُ يَهْرِجُ هَرْجًا: لوگوں کا فتنہ وفساد اور قتل وقتال میں مبتلا ہونا، اردو میں اس کو ہرج مرج یعنی شورش بلوی کہتے ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامًا: يُرْفَعُ فيها العِلْمُ، وَيَكْثُرُ فيها الهَرْجُ: تمہارے آگے ایسے دن ہیں جن میں علم اٹھالیا جائے گا اور ہرج ان دنوں میں زیادہ ہوجائے گا، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! ہرج کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: قتل۔

تشریح: لفظ وَرَاء: اضداد میں سے ہے، پیچھے اور آگے دونوں معنی ہوتے ہیں، یہاں آگے کے معنی ہے، اور علم اٹھالئے جانے کا مطلب یہ ہے کہ علم کی گرم بازاری ختم ہوجائے گی، لوگ فتنوں میں پڑجائیں گے اور فتنے بڑھ کر بلوی کی شکل اختیار کرلیں گے، پس جو شخص آنے والے ان حالات سے واقف ہوگا وہ ان میں کم حصہ لے گا، وہ اپنے کام میں مشغول رہے گا، آج کل فتنوں کا دور ہے، اخبار اور ریڈیو وغیرہ اس کثرت سے سیاسی باتیں پھیلاتے ہیں کہ ہمارے طلبہ بھی ان میں دلچسپی لینے لگتے ہیں، اور ان کی علمی محنت ماند پڑجاتی ہے، طلبۂ عزیز کو چاہئے کہ ان امور کی طرف قطعاً التفات نہ کریں، تاکہ ان کی علمی زندگی برباد نہ ہو۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: العِبادةُ فی الهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ: ہرج میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی طرح ہے، یعنی اس کا عظیم ثواب ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ جب حالات بگڑ جائیں تو بہ تکلف اہتمام سے عبادتوں میں لگے رہیں، ایسے وقت کی عبادتیں بہت مفید ہوتی ہیں۔

[۲۹-] باب ماجاء فی الهَرْجِ

[۲۱۹۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَى، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامًا: يُرْفَعُ فِيْهَا العِلْمُ، وَيَكْثُرُ فِيْهَا الْهَرْجُ"

قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا الْهَرْجُ؟ قَالَ: " الْقَتْلُ "

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَخَالِدِ بنِ الْوَلِيْدِ، وَمَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۱۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنِ الْمُعَلّٰى بنِ زِيَادٍ، رَدَّهُ إِلَى مُعَاوِيَةَ بنِ قُرَّةَ، رَدَّهُ إِلَى مَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ، رَدَّهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " العِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَهِجْرَةٍ إِلَيَّ " هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الْمُعَلّٰى بنِ زِيَادٍ.

وضاحت: رَدَّہ إِلَيَّ: رفع حدیث کا نیا انداز ہے یعنی معلّی نے حدیث کو لوٹایا معاویہ کی طرف أی رَوَى عنه۔

جب تلوار میان سے نکل آتی ہے تو واپس نہیں جاتی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إذَا وُضِعَ السَّيْفُ فى أُمَّتِيْ لم يُرْفَع عنها إلى يوم القيامة: جب میری امت میں تلوار رکھ دی جائے گی یعنی تلوار نکل آئے گی تو پھر قیامت تک امت سے اٹھائی نہیں جائے گی، یعنی پھر فتنے آتے ہی رہیں گے، ایک فتنہ ختم نہیں ہوگا کہ دوسرا شروع ہو جائے گا اور یہی ہرج مرج ہے۔

[۲۲۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِيْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا وُضِعَ السَّيْفُ فِيْ أُمَّتِيْ لَمْ يُرْفَعْ عَنْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ " هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في اتِّخَاذِ السَّيْفِ مِنْ خَشَبٍ

لکڑی کی تلوار بنانے کا حکم

حدیث (۱): عُدیسہ تابعیہ کہتی ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ میرے ابا اُھبان بن صیفی غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان کو اپنے ساتھ جنگ میں شرکت کی دعوت دی، میرے ابا نے ان کو جواب دیا: میرے دوست اور آپ کے چچازاد بھائی نے یعنی نبی ﷺ نے مجھ سے یہ عہد و پیمان لیا ہے کہ جب لوگوں میں اختلاف ہو تو میں لکڑی کی تلوار بنالوں، چنانچہ میں نے بنالی ہے، پس اگر آپؓ چاہیں تو میں اس کو لے کر آپؓ کے ساتھ جنگ میں شرکت کروں، عدیسہ کہتی ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو چھوڑ دیا، یعنی شرکت پر اصرار نہیں کیا۔

حدیث (۲): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فتنوں کے بارے میں فرمایا: كَسِّرُوا فِيها قِسِيَّكم، وقَطِّعُوا فيها أَوْتَارَكم، والزَمُوْا فيها أجوافَ بُيُوْتِكم، وكونوا كَابْنِ آدمَ: توڑ دو تم

فتنوں میں اپنی کمانوں کو، اور کاٹ دو تم ان میں اپنی تانتوں کو، اور چپک جاؤ تم ان میں اپنے گھروں کے بیچ سے یعنی گھروں کے اندر گھس جاؤ، اور ہو جاؤ تم حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کی طرح۔

لغات: القَوْس (مذکر ومؤنث) کمان جس سے تیر چلایا جاتا ہے، جمع أقواسٌ وقِسِيٌّ...... الوَتَرُ: کمان کی تانت، جمع أوتار...... اور حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے سے مراد ہابیل ہیں جن کو قابیل نے قتل کیا تھا مگر انھوں نے ہاتھ نہیں اٹھایا تھا، چنانچہ دارین میں وہی کامیاب رہے۔

[۳۰-] باب ماجاء فی اتِّخَاذِ السَّيْفِ مِنْ خَشَبٍ

[۲۲۰۱-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُدَيْسَةَ بِنْتِ أُهْبَانَ بنِ صَيْفِيٍّ الغِفَارِيِّ، قَالَتْ: جَاءَ عَلِيُّ بنُ أَبِيْ طَالِبٍ إِلَى أَبِيْ، فَدَعَاهُ إِلَى الخُرُوْجِ مَعَهُ، فَقَالَ لَهُ أَبِيْ: إِنَّ خَلِيْلِي وَابْنَ عَمِّكَ عَهِدَ إِلَيَّ إِذَا اخْتَلَفَ النَّاسُ: أَنْ أَتَّخِذَ سَيْفًا مِنْ خَشَبٍ، فَقَدِ اتَّخَذْتُهُ، فَإِنْ شِئْتَ خَرَجْتُ بِهِ مَعَكَ، قَالَتْ: فَتَرَكَهُ.

وفي الباب: عَنْ مُحمدِ بنِ مَسْلَمَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُبَيْدٍ.

[۲۲۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا سَهْلُ بنُ حَمَّادٍ، نَا هَمَّامٌ، نَا مُحمدُ بنُ جُحَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ فِي الْفِتْنَةِ: "كَسِّرُوْا فِيْهَا قِسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوْا فِيْهَا أَوْتَارَكُمْ، وَالْزَمُوْا فِيْهَا أَجْوَافَ بُيُوْتِكُمْ، وَكُوْنُوْا كَابْنِ آدَمَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَعَبْدُ الرحمنِ بنُ ثَرْوَانَ: هُوَ أَبُوْ قَيْسٍ الْأَوْدِيُّ.

بابُ ماجاء فی أَشْرَاطِ السَّاعَةِ

علاماتِ قیامت کا بیان (پہلا باب)

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں تمہیں ایک ایسی حدیث سناتا ہوں جو میں نے نبی ﷺ سے سنی ہے، میرے بعد تم میں سے کوئی نہیں کہے گا کہ اس نے یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے (بصرہ میں وفات پانے والے صحابہ میں حضرت انسؓ آخری صحابی ہیں اس لئے آپؓ نے یہ فرمایا ہے کہ نبی ﷺ سے یہ حدیث سننے والا اب میرے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا) نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ: (۱) علم

اٹھالیا جائے گا (۲) جہل ظاہر ہوگا (۳) زنا پھیل جائے گا (۴) شراب پی جائے گی (۵) عورتیں زیادہ ہوجائیں گی (۶) اور مرد کم ہوجائیں گے، یہاں تک کہ پچاس عورتوں کا سرپرست ایک مرد ہوگا۔

تشریح: یا تو مرد جنگوں میں بہت مارے جائیں گے اس لئے یہ صورتِ حال ہوجائے گی یا لڑکیوں کی افزائش بڑھ جائے گی، دونوں احتمال ہیں۔

حدیث (۲): زبیر بن عدی کہتے ہیں: ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، ہم نے ان سے ان مظالم کا شکوہ کیا جو ہمیں حجاج سے پہنچ رہے تھے، آپؓ نے فرمایا: ما مِنْ عامٍ إلا والذی بعدَہ شرٌّ مِنْہ حتی تَلْقَوْا رَبَّکُمْ: نہیں ہے کوئی سال مگر جو سال اس کے بعد ہے وہ اس سے بھی برا ہے یہاں تک کہ تم اپنے پروردگار سے ملاقات کرو، یعنی صورتِ حال دن بدن خراب ہوتی جائے گی، میں نے یہ بات تمہارے نبی ﷺ سے سنی ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: لاتقومُ السَّاعَۃُ حتی لَایُقَالَ فی الْأَرْضِ اللّٰہُ اللّٰہُ: نہیں برپا ہوگی قیامت یہاں تک کہ نہیں کہا جائے گا زمین میں اللہ اللہ، یعنی جب تک زمین پر اللہ تعالیٰ کا نام لینے والا کوئی بھی باقی ہے قیامت نہیں آئے گی، اور جب کوئی بھی اللہ کا نام لینے والا زمین پر باقی نہیں رہے گا قیامت برپا ہوجائے گی، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صورتِ حال بگڑتی بگڑتی یہاں تک پہنچ جائے گی کہ اللہ کا نام لینے والا کوئی باقی نہیں رہے گا۔

ملحوظہ: اس حدیث کو ابن عدی نے مرفوع کیا ہے، اور خالد بن الحارث نے مرفوع نہیں کیا، امام ترمذیؒ نے اس غیر مرفوع کو اصح قرار دیا ہے مگر حدیث مرفوع کی بھی تحسین کی ہے، یہ عجیب بات ہے!

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: لاتقومُ الساعۃُ حتی یکونَ أَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْیَا لُکَعُ بنُ لُکَعَ: قیامت قائم نہیں ہوگی، یہاں تک کہ لوگوں میں دنیا حاصل کرنے میں سب سے زیادہ نیک بخت: کمینہ کا بیٹا کمینہ ہوگا۔

تشریح: اللُّکَعُ: کمینہ، یہ غیر منصرف ہے کیونکہ الْکَعُ سے معدول ہے، اور کبھی پیار میں چھوٹے بچہ کو بھی لُکَع کہتے ہیں، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دینی بگاڑ یہاں تک پہنچ جائے گا کہ دنیا کے مال ومناصب کے وارث خاندانی بیوقوف ہوجائیں گے، اور انہی کی عزت افزائی ہوگی اور دین داروں کو کوئی پوچھنے والا نہیں ہوگا۔

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: زمین اپنے جگر کے ٹکڑے قے کر ڈالے گی، سونے چاندی کے ستونوں کی شکل میں، یعنی بے حساب خزانے زمین سے نکل آئیں گے۔ اور نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ پھر چور آئے گا اور مال دیکھ کر کہے گا: اسی کی وجہ سے میرا ہاتھ کاٹا گیا، اور قاتل آئے گا اور کہے گا: اسی کی وجہ سے میں نے قتل کیا، اور قطع رحمی کرنے والا آئے گا اور کہے گا: اسی کی وجہ سے میں نے خاندان سے قطع تعلق کیا، پھر وہ لوگ اس مال کو چھوڑ کر چلے جائیں گے، اس میں سے کوئی کچھ بھی نہیں لے گا۔

فائدہ: ان سب روایات میں علاماتِ قیامت کا ذکر ہے، اور اگلے باب میں بھی بہت سی علامتوں کا ذکر آرہا ہے۔

[٣١-] باب ماجاء فى أَشْرَاطِ السَّاعَةِ

[٢٢٠٣-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ: أُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لاَ يُحَدِّثُكُمْ أَحَدٌ بَعْدِىْ: أَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ: أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الجهْلُ،وَيَفْشُوَ الزِّنَا، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَتَكْثُرَ النِّسَاءُ، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، حَتَّى يَكُوْنَ لِخَمْسِيْنَ امْرَأَةٍ قَيِّمٌ وَاحِدٌ“

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ مُوْسَى، وَأَبِىْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٠٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِىِّ، عَنِ الزُّبَيْرِ بنِ عَدِىٍّ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَشَكَوْنَا إِلَيْهِ مَا نَلْقى مِنَ الْحَجَّاجِ، فَقَالَ: ”مَا مِنْ عَامٍ إِلَّا وَالَّذِىْ بَعْدَهُ شَرٌّ مِنْهُ، حَتَّى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ“ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ نَبِيِّكُمْ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٠٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا ابنُ أَبِىْ عَدِىٍّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى لاَيُقَالَ فِىْ الْأَرْضِ: اللّٰهُ اللّٰهُ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ.

[٢٢٠٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو، ح: وَثَنَا عَلِىُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ ابنُ عَبْدِ الرحمنِ الْأَنْصَارِىُّ الْأَشْهَلِىُّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَكُوْنَ أَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ بنُ لُكَعَ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بنِ أَبِىْ عَمْرٍو.

[٢٢٠٧-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، نَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِى هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” تَقِيْئُ الْأَرْضُ أَفْلاَذَ كَبِدِهَا، أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ“ قَالَ: ” فَيَجِيْءُ السَّارِقُ، فَيَقُوْلُ: فِىْ هٰذَا قُطِعَتْ يَدِىْ! وَيَجِيْءُ الْقَاتِلُ، فَيَقُوْلُ: فِىْ هٰذَا قَتَلْتُ! وَيَجِيْءُ الْقَاطِعُ، فَيَقُوْلُ: فِىْ هٰذَا قَطَعْتُ رَحِمِىْ! ثُمَّ يَدَعُوْنَهُ، فَلاَ يَأْخُذُوْنَ مِنْهُ شَيْئًا“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

علاماتِ قیامت کا بیان (دوسرا باب)

یہ باب گذشتہ باب کا ذیلی باب ہے، اس میں بھی علاماتِ قیامت کا بیان ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں تین حدیثیں ذکر کی ہیں، ان میں سے پہلی دو حدیثیں ضعیف ہیں، پہلی حدیث میں فرج بن فضالہ تنّوخی شامی ضعیف راوی ہے، علاوہ ازیں محمد بن عمر کا اپنے دادا حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع نہیں، اور دوسری حدیث کی سند میں رُمیح جذامی مجہول راوی ہے، مگر دونوں حدیثیں ایک دوسرے کی شاہد ہیں، اور تیسری حدیث کی سند میں اختلاف ہے کہ وہ موصول ہے یا مرسل؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جب میری امت پندرہ کام کرے گی تو اس پر بلا اترے گی، پوچھا گیا: یارسول اللہ! وہ پندرہ کام کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا:

۱-**إذا کان المَغْنَمُ دُوَلاً**: جب غنیمت کا مال دولت سمجھا جائے، یعنی بادشاہ اور رئیس اس کو اپنے باپ کا مال سمجھیں اور غریب مسلمانوں پر شرع کے موافق تقسیم نہ کریں۔ المَغْنَمُ: الغنیمۃُ: جمع مَغانِم، جنگ میں بزور حاصل کیا ہوا مال، مجازاً مال مفت، بلا مشقت حاصل شدہ چیز، اور دُوَلاً: دُوْلَۃ یادَوْلَۃٌ کی جمع: دست گرداں چیز یعنی ادل بدل ہونے والی چیز۔ جو کبھی کسی کے پاس ہو اور کبھی کسی کے پاس۔

۲- **و الأَمَانَۃُ مَغْنَمًا**: اور امانت کا مال لوٹ کا مال سمجھا جائے، لوگ امانتوں کو کھا جائیں اور صاحب مال کو واپس نہ کریں۔

۳-**والزَّکوۃُ مَغْرَمًا**: اور زکوٰۃ کو ڈنڈ (ٹیکس) سمجھا جائے، جب زکوۃ کے بارے میں یہ تصور ہو جائے گا تو لوگ زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے، اور اگر کریں گے تو بس برائے نام ادا کریں گے، رضاء ورغبت سے ادا نہیں کریں گے۔

۴-**وَأَطَاعَ الرجلُ زَوْجَتَہُ**: اور آدمی اپنی بیوی کا کہنا مانے، یعنی اس کا ہر جائز ناجائز مطالبہ پورا کرے، اور اس کی غلط سلط باتیں سن کر خاندان سے بگاڑ لے۔

۵-**وَعَقَّ أُمَّہُ**: اور اپنی ماں کی نافرمانی کرے، یعنی ماں کے مقابلہ میں بیوی کو ترجیح دے، اس کی باتیں سنے اور ماں کے ساتھ بدسلوکی کرے۔

۶-**وَبَرَّ صَدِیْقَہ**: اور اپنے دوست کے ساتھ حسن سلوک کرے، اس کے ساتھ نرم مزاجی سے پیش آئے۔

۷-**وَجَفَا أبَاہ**: اور اپنے باپ کے ساتھ ظلم روا رکھے، اس پر ظلم وستم ڈھائے۔

۸-**وارْتفعَتِ الأَصوَاتُ فی الْمَسَاجِدِ**: اور مساجد میں آوازیں بلند کی جائیں یعنی ان پاک جگہوں کا احترام

دل سے نکل جائے، وہاں لوگ باتیں اورشور وشغب کرنے لگیں۔

۹-وَكَانَ زَعِيْمَ الْقَوْمِ أَرْذَلُهُمْ: اورقوم کا ذلیل ان کا سردار بن جائے، یعنی کمینوں کا راج ہو جائے (زعیمَ القوم خبر مقدم ہے)

۱۰-وَأُكْرِمَ الرجلُ مَخَافَةَ شَرِّہ: اور آدمی کی عزت کی جائے اس کی برائی کے ڈر سے، یعنی اس کی شرافت کی وجہ سے نہیں، بلکہ اس کی شرارت کی وجہ سے لوگ اس کا اکرام کریں۔

۱۱-وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ: اورشرابیں پی جائیں، یعنی شراب نوشی عام ہو جائے۔

۱۲-وَلُبِسَ الحَرِيْرُ: اورریشم پہنا جائے، یعنی مردوں میں ریشم پہننے کا رواج چل پڑے۔

۱۳-وَاتُّخِذَتِ القِيَانُ: اورگانے والی باندیاں رکھی جائیں، یعنی گانے کے اسباب فراہم کیے جائیں، قِیَان: القَیْنَۃُ کی جمع ہے: باندی، زیادہ تر اس کا استعمال مغنیہ کے لئے ہوتا ہے۔

۱۴- والمَعَازِفُ: اورآلاتِ لہو اختیار کیے جائیں، المَعَازِف: المِعْزَف کی جمع ہے، باجہ، ساز، آلۂ موسیقی، سارنگی وغیرہ۔

۱۵-وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَوَّلَهَا: اوراس امت کے پچھلے: پہلوں پرلعنت بھیجیں، یعنی لوگ سلف صالحین: محدثین ومجتہدین کی برائی کرنے لگیں۔

تو چاہئے کہ لوگ اس وقت انتظار کریں سرخ آندھی کا یا زمین میں دھنسنے کا، یا شکلوں کے بگڑنے کا، یعنی جب یہ پندرہ باتیں عام ہوں گی تو قیامت قریب آجائے گی، یہی پندرہ باتیں آخری زمانے کے فتنے ہیں۔

دوسری حدیث: میں بھی یہی پندرہ باتیں ہیں، پہلی بات میں المَغْنَم کے بجائے الفَیْء ہے، فَیْ: وہ مال ہے جو لڑے بھڑے بغیر حاصل ہوتا ہے، اور مراد مال مفت ہے، جیسے اداروں کو ملنے والے چندے: اداروں کے ذمہ دار ان کو باپ کا مال سمجھنے لگیں ...... اور چوتھی بات: تُعُلِّمَ لغير الدين ہے، یعنی علم دین خدا کی رضامندی کے لئے نہیں، بلکہ مال وجاہ، فخر وریاء اور نزاع وجدال کے لئے حاصل کیا جائے ...... اور اس حدیث میں چونکہ پندرہ کا عدد مذکور نہیں، اس لئے اس ایک بات کے بڑھنے میں کوئی اشکال نہیں ہوگا، اور اگر پندرہ کا عدد ملحوظ رکھنا ہے تو ظَهَرَتِ القيناتُ والمعازفُ کو ایک شمار کیا جائے ...... أَقْصَى: دور کرنا ...... اس حدیث میں سَاد القبيلةَ فَاسِقُهُمْ ہے، یعنی بدکار آدمی قبیلہ کا سردار بن جائے، یہ جملہ كان زعيمَ القومِ أرذلُهم کے ہم معنی ہے ...... اور اس حدیث کے آخر میں ہے: پس چاہئے کہ لوگ انتظار کریں ان برائیوں کے پائے جانے کے وقت سرخ آندھی کا، اور زمین میں بھونچال کا، اور زمین میں دھنسنے کا، اور شکلیں بگڑنے کا، اور پتھر برسنے کا، اور ایسی قدرتی نشانیوں کا جو پے بہ پے واقع ہونگی، جیسے پرانا ہار جس کا دھاگا کاٹ دیا گیا ہو پس مہرے مسلسل کرنے لگیں، اسی طرح علامات قیامت کا ظہور پے بہ پے ہوگا۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: اس امت میں زمین میں دھنسنا، شکلیں بگڑنا اور پتھر برسنا ہوگا، ایک مسلمان نے سوال کیا: اے اللہ کے رسول! ایسا کب ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: إذا ظَهرَتِ القِيَانُ، والمَعَازِفُ، وشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ: جب گانے والی باندیاں اور آلاتِ لہو ولعب عام ہوجائیں اور شرابیں پی جائیں (اس حدیث کو عبداللہ بن عبدالقدوس نے مرفوع کیا ہے اور اعمش کے دوسرے شاگرد اعمش سے اور وہ عبدالرحمٰن بن سابط سے اور وہ نبی ﷺ سے مرسل روایت کرتے ہیں)

[٣٢-] بابٌ

[٢٢٠٨-] حدثنا صَالِحُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا الفَرَجُ بنُ فَضَالَةَ أَبُوْ فَضَالَةَ الشَّامِيُّ، عَنْ يَحْيى بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عُمَرَ بنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا فَعَلَتْ أُمَّتِيْ خَمْسَ عَشْرَةَ خَصْلَةً: حَلَّ بِهَا البَلاَءُ، قِيْلَ: وَمَا هِيَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِذَا كَانَ المَغْنَمُ دُوَلاً، وَالأَمَانَةُ مغْنَمًا، وَالزَّكَاةُ مَغْرَمًا، وَأَطَاعَ الرَّجُلُ زَوْجَتَه، وَعَقَّ أُمَّهُ، وَبَرَّ صَدِيْقَهُ، وَجَفَا أَبَاهُ، وَارْتفَعَتِ الأَصْوَاتُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَكَانَ زَعِيْمَ الْقَوْمِ أَرْذَلُهُمْ، وأُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهِ، وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ، وَلُبِسَ الْحَرِيْرُ، وَاتُّخِذَتِ الْقِيَانُ، وَالْمَعَازِفُ، وَلَعَنَ آخِرُ هٰذِهِ الأُمَّةِ أَوَّلَهَا: فَلْيَرْتقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ، أَوْ خَسْفًا، أَوْمَسْخًا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى هٰذَا الحديثَ عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الأَنْصَارِيِّ غَيْرَ الفَرَجِ بنِ فَضَالَةَ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَضَعَّفَهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ وَكِيْعٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ.

[٢٢٠٩-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا مُحمدُ بنُ يَزِيْدَ، عَنِ الْمُسْتَلِمِ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ رُمَيْحٍ الجُذَامِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا اتُّخِذَ الفَيْءُ دُوَلاً، وَالأَمَانَةُ مَغْنَمًا، وَالزَّكَاةُ مَغْرَمًا، وَتُعُلِّمَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ، وأَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ، وَعَقَّ أُمَّهُ، وأَدْنَى صَدِيْقَهُ، وأَقْصَى أَبَاهُ، وَظَهَرَتِ الأَصْوَاتُ فِيْ الْمَسَاجِدِ، وَسَادَ الْقَبِيْلَةَ فَاسِقُهُمْ، وَكَانَ زَعِيْمَ الْقَوْمِ أَرْذَلُهُمْ، وأُكْرِمَ الرَّجُلُ مَخافَةَ شَرِّهِ، وَظَهَرَتِ القَيْنَاتُ، وَالْمَعَازِفُ، وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ، وَلَعَنَ آخِرُ هَذِهِ الأُمَّةِ أَوَّلَهَا: فَلْيَرْتقِبُوْا عِنْدَ ذٰلِكَ رِيْحًا حَمْرَاءَ، وَزَلْزَلَةً، وَخَسْفًا، وَمَسْخًا، وَقَذْفًا، وَآيَاتٍ تَتَابَعُ، كَنِظَامٍ بَالٍ قُطِعَ سِلْكُهُ فَتَتَابَعَ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٢١٠-] حدثنا عَبَّادُ بنُ يُعْقُوْبَ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ

هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " فِيْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ خَسْفٌ، وَمَسْخٌ، وَقَذْفٌ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَتَى ذٰلِكَ؟ قَالَ:" إِذَا ظَهَرَتِ القِيَانُ، وَالْمَعَازِفُ، وَشُرِبَتِ الْخُمُوْرُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ سَابِطٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم:" بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ"

ارشادِ نبوی:''میں قیامت کے ساتھ اس طرح بھیجا گیا ہوں''

السا‏عةَ: منصوب ہے اور واو بمعنی مع ہے، یعنی میں قیامت کے ساتھ ان دو انگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہوں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بُعِثْتُ أَنَا فی نَفَسِ السَّاعَةِ، فَسَبَقْتُهَا كَمَا سَبَقَتْ هٰذِه هذه: میں قیامت کے سانس میں مبعوث کیا گیا ہوں یعنی بالکل ساتھ آیا ہوں (نَفَس، بفتح الفاء، سانس) پس میں اس سے اتنا آگے آ گیا ہوں جتنا یہ انگلی اس انگلی سے آگے ہے، آپؐ نے یہ بات اپنی دو انگلیوں: سبابہ اور وسطی کے تعلق سے فرمائی، یعنی درمیانی انگلی ذرا آگے ہے، اسی طرح نبی ﷺ قیامت سے پہلے تشریف لائے ہیں، اور قیامت پیچھے آرہی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: بُعِثْتُ أنا و السَّاعَةَ كهاتَيْنِ: میں قیامت کے ساتھ ان دو انگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہوں، پھر ابوداؤد طیالسیؒ نے (جو حدیث کے راوی ہیں) انگشت شہادت اور درمیانی انگلی سے اشارہ کیا کہ جیسے ان دو انگلیوں میں سے ایک کی دوسری پر زیادتی، یعنی بڑی انگلی بڑھی ہوئی ہے، اسی قدر نبی ﷺ قیامت سے پہلے تشریف لائے ہیں اور مسلم شریف میں ہے: امام شعبہ رحمہ اللہ نے فرمایا: میں نے حضرت قتادہ سے ان کے وعظ میں سنا: كَفَضْلِ إحداهما على الأُخرى: پھر شعبہؒ کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ قتادہ نے یہ بات حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے یا اپنی طرف سے کہی ہے (مسلم حدیث ۲۹۵۱ کتاب الفتن باب ۲۷) اور مسلم ہی میں حضرت انسؓ کی اس روایت کے آخر میں ہے: قال: وضَمَّ السَّبَّابَةَ و الوُسْطى: حضرت انسؓ نے فرمایا: اور نبی ﷺ نے انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ملایا۔

تشریح: پس اس اشارہ کے دو مطلب ہو گئے:

پہلا مطلب: جس طرح دونوں انگلیاں ایک دوسرے سے ملی ہوئی ہیں، نبی ﷺ کی تشریف آوری بھی قیامت سے ملی ہوئی ہے، درمیان میں کسی نبی کا فصل نہیں۔

دوسرا مطلب: نبی ﷺ قیامت سے کچھ پہلے مبعوث ہوئے ہیں، اور قیامت پیچھے آرہی ہے، اب رہی یہ بات

کہ آپ کتنا پہلے آئے ہیں؟ اور قیامت کتنی پیچھے آرہی ہے؟ اس کا قطعی اندازہ لگانا مشکل ہے، کیونکہ شروع سے ڈاٹے کی پیمائش معلوم نہیں (آمد وصرف کا ڈاٹا بنتا ہے اور اس کی پیمائش ہوتی ہے) اس لئے آخر سے اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔

[۳۳-] بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: ''بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ کَهَاتَیْنِ''

[۲۲۱۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ هَیَّاجٍ الأَسَدِیُّ الْکُوْفِیُّ، نَا یَحْیَی بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَرْحَبِیُّ، نَا عُبَیْدَةُ بنُ الأَسْوَدِ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ قَیْسِ بنِ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ الفِهْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: ''بُعِثْتُ أَنَا فِیْ نَفَسِ السَّاعَةِ، فَسَبَقْتُهَا کَمَا سَبَقَتْ هٰذِهِ هٰذِهِ'': لِأُصْبُعَیْهِ: السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَی.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ الْمُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۲۱۲-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَیْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةَ کَهَاتَیْنِ'' وَأَشَارَ أَبُوْدَاوُدَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَی، کَفَضْلِ إِحْدَاهُمَا عَلَی الْأُخْرَی'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وضاحت: آخری جملہ: کفضل ہمارے نسخوں میں فما فضل ہے، تصحیح مسلم شریف سے کی ہے۔

بابُ ماجاء فی قِتَالِ التُرْکِ

ترکوں کے ساتھ جنگ کا تذکرہ

عرب: حضرت نوح علیہ السلام کے صاحبزادے سام کی اولاد ہیں اور ترک وروم: دوسرے صاحبزادے یافث کی اولاد ہیں، اورانہی میں یاجوج وماجوج بھی ہیں، عربوں کے ان کے ساتھ بڑے معرکے پیش آنے والے ہیں، حدیثوں میں اس کی پیشین گوئی ہے، رومیوں کے ساتھ تو معرکے خلفاء راشدین کے زمانہ میں پیش آئے، اور ترکوں کے ساتھ معرکے چنگیز خاں اور ہلاکو خان کے زمانہ میں پیش آئے، جنھوں نے خلافتِ اسلامیہ کو تہ وبالا کردیا، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو توفیق دی اور وہ پاسبان اسلام بن گئے اور خلافت عثمانیہ وجود میں آئی جس نے لمبے عرصہ تک اسلام کی حفاظت کی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-لاتقوم الساعةُ حتی تُقاتِلُوْا قومًا نِعالُهُمُ الشَّعْرُ: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تم جنگ کروایسی قوم سے جن کے چپل بال ہیں۔

تشریح: ''جن کے چپل بال ہیں'' کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں: ایک: ان کے بال اتنے لمبے ہونگے کہ چپلوں تک پہنچے ہوئے ہونگے (یہ مطلب ایک لطیفہ ہے) دوسرا: وہ ایسے چپل پہنتے ہونگے جو بالوں سے بُنے ہوئے ہونگے یا ان کے چپلوں کے چمڑے پر بال ہونگے، یہ مطلب صحیح ہے۔

۲- ولاتقومُ الساعةُ حتی تُقاتلوا قوما كَأَنَّ وُجُوْهَهُم الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ: اور قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ تم جنگ کرو ایسی قوم سے جن کے چہرے گویا تہہ بہ تہہ چمڑا چڑھائی ہوئی ڈھالیں ہیں، المِجَنُّ (بکسر المیم) ڈھال، جمع مَجَانٌّ (بفتح المیم) المُطْرَقَةُ: (اسم مفعول) أَطْرَقَ الشيئَ بِالْجِلْدِ ونحوه: چمڑا وغیرہ چڑھانا، ایک چیز کے حصوں کو ملا دینا، اور ایک روایت میں مُطَرَّقَةٌ ہے، طَرَّقَ الشيئَ کے معنی ہیں: اچھی طرح کوٹنا پیٹنا، پس دونوں لفظوں کے معنی ایک ہیں۔

تشریح: حدیث میں اگرچہ دو الگ الگ جملے ہیں مگر دونوں سے مراد ترک ہیں، اور ان کی یہ علامت کہ وہ بالوں کے یا بالدار چپل پہنے ہوئے ہونگے صرف اس وقت ہوگی جب ان کی عربوں سے جنگ ہوگی، اور دوسری علامت: گویا ان کے چہرے تہہ بہ تہہ چمڑا چڑھائی ہوئی ڈھالیں ہیں، یہ علامت ہمیشہ کے لئے ہے، ترکوں کے چہرے ایسے ہی ہوتے ہیں، پچکے ہوئے اور دبیز ہوتے ہیں میرے استاذ حضرت مولانا محمد ہاشم بخاری صاحب ترک تھے، ان کا چہرہ ایسا ہی تھا۔ اور پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ عربوں کی ہلاکت کا وقت قریب آ گیا ہے، یاجوج وماجوج کی دیوار دس یا نوے کے بقدر کھل گئی ہے، وہ حدیث اور یہ حدیث ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں، چنگیز خان کا خونی معرکہ پیش آچکا ہے وہ ابتدائی معرکہ تھا، اور آخری معرکہ یاجوج وماجوج کے ساتھ پیش آئے گا۔

ملحوظہ: ترکوں میں سے جو مسلمان ہوگئے وہ امت مسلمہ ہیں، اب وہ اس حدیث کا مصداق نہیں، صرف ان کے کفار اس حدیث کا مصداق ہیں، ان کے ساتھ امت مسلمہ کو جنگ لڑنی ہوگی، اور وہ اس امت کے لئے بڑا فتنہ بنیں گے۔

[۳٤-] باب ماجاء في قِتَالِ التُّرْكِ

[۲۲۱۳-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبْدُ الْجَبَّارِ بنُ العَلاَءِ، قَالاَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا نِعَالُهُمُ الشَّعْرُ، وَلاَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا كَأَنَّ وُجُوْهَهُم الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ "

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَبُرَيْدَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَمْرِو بنِ تَغْلِبِ، وَمُعَاوِيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء: إِذَا ذَهَبَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ

جب شہنشاہِ ایران ختم ہوگا تو اور کوئی شہنشاہ نہیں ہوگا

کِسریٰ: جمع أکاسِرَة، ایران کے بادشاہوں کا لقب ہے، اور قیصر: روم کے بادشاہوں کا لقب ہے، عرب سے ملے ہوئے یہ دو سپر پاور تھے اور جزیرۃ العرب پر کسریٰ کی جزوی عملداری بھی تھی، اور قیصر بھی عربوں کو کھانے کے لئے منہ کھولے ہوئے تھا، اور قریش کی معیشت شام وعراق کی تجارت سے وابستہ تھی، اس لئے جب قریش مسلمان ہوئے تو ان کو اندیشہ لاحق ہوا کہ یہ پڑوسی طاقتیں ان کی معیشت تنگ کردیں گی اور ان کے اسفار بند ہوجائیں گے، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کو خوش خبری سنائی کہ جب کسریٰ ختم ہوگا تو اس کے بعد اور کوئی کسریٰ نہیں ہوگا، اور جب قیصر ختم ہوگا تو اس کے بعد اور کوئی قیصر نہیں ہوگا، اور قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! ضرور دونوں کے خزانے راہِ خدا میں خرچ کئے جائیں گے۔

تشریح: یہ مسلمانوں کو خوشخبری سنائی گئی ہے کہ دونوں ملک عنقریب فتح ہونے والے ہیں اور دونوں کی دولتیں مسلمانوں کے ہاتھ آنے والی ہیں، اور راہِ خدا میں خرچ ہونے والی ہیں۔

اور سپر پاور کا خاتمہ بچوں کا کھیل نہیں ہوتا، جب تک بھاری شورش، عام کوشش، زبردست فوج اور اربوں کھربوں دولت خرچ نہ کی جائے یہ بات ممکن نہیں، اس لئے اس کی فتنہ سامانی اظہر من الشّمس ہے، خلافتِ راشدہ کے زمانہ میں ان طاقتوں سے ٹکر شروع ہوئی، ایران تو بہت جلد ختم ہوگیا مگر روم کی مرکزیت ختم کرنے میں عرصہ لگا، لیکن بہرحال یہ دونوں طاقتیں ٹوٹ گئیں —— لَتُنْفَقَنَّ: لام تاکید بانون تاکید، فعل مضارع مجہول، صیغہ واحد مؤنث غائب، اور کنوزُھما: اس کا نائب فاعل۔

[٣٥-] بابُ ماجاء: إِذَا ذَهَبَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ

[٢٢١٤-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا هَلَكَ كِسْرَى فَلاَ كِسْرَى بَعْدَهُ، وَإِذَا هَلَكَ قَيْصَرُ فَلاَ قَيْصَرُ بَعْدَهُ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَتُنْفَقَنَّ كُنُوْزُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ قِبَلِ الحِجَازِ

قیامت سے پہلے حجاز کی طرف سے ایک آگ نکلے گی

حدیث: عنقریب حضرموت سے یا فرمایا: حضرت موت کے سمندر کی جانب سے قیامت سے پہلے ایک آگ

نکلے گی جولوگوں کوجمع کرے گی،صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ہمارے لئے کیا حکم ہے؟ آپؐ نے فرمایا:''تم شام چلے جانا''

تشریح: اس آگ کی نوعیت کیا ہوگی؟ اور وہ لوگوں کوشام کی طرف کیوں جمع کرے گی؟ یہ بات قبل از وقت نہیں بتائی جاسکتی، نہ آگ کی نوعیت متعین کی جاسکتی ہے مگر جب یہ آگ نکلے گی تو لوگوں کے لئے بڑا فتنہ ہوگی، یہی اس حدیث کا اور اس باب کا مقصد ہے۔

[۳۶-] بابٌ لاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى تَخْرُجَ نَارٌ مِنْ قِبَلِ الحِجَازِ

[۲۲۱۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نا حُسَيْنُ بنُ مُحمَّدٍ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِى كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِىْ قِلاَبَةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''سَتَخْرُجُ نَارٌ مِنْ حَضْرَ مَوْتَ أَوْ: مِنْ نَحْوِ بَحْرِحَضْرَ مَوْتَ، قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ تَحْشُرُ النَّاسَ'' قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! فَمَا تَأْمُرُنَا؟ فَقَالَ:'' عَلَيْكُمْ بِالشَّامِ''

وفى الباب: عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ أَسِيْدٍ، وأَنَسٍ، وأَبِىْ هريرةَ، وأَبِىْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء: لاَتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَخْرُجَ كَذَّابُوْنَ

قیامت سے پہلے جھوٹے نبی پیدا ہونگے

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا:لاتقومُ السَّاعةُ حَتَّى يَنْبَعِثَ كَذَّابُوْنَ دَجَّالُوْنَ، قريبٌ مِنْ ثَلاَثِيْنَ، كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّه رسولُ اللّٰهِ: قیامت برپا نہیں ہوگی یہاں تک کہ بڑے جھوٹے بڑے مکار جاگیں گے جوتقریباً تیس ہونگے،سب دعوی کریں گے کہ وہ اللہ کے رسول ہیں۔

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت برپا نہیں ہوگی:(۱) یہاں تک کہ میری امت کے کچھ قبیلے مشرکین کے ساتھ مل جائیں گے (۲) اور یہاں تک کہ وہ مورتیوں کی پوجا کریں گے (۳) اور عنقریب ہونگے میری امت میں تیس بڑے جھوٹے،سب مدعی ہونگے کہ وہ نبی ہیں حالانکہ میں آخری نبی ہوں،میرے بعدکوئی نبی نہیں۔

تشریح: دونوں حدیثوں میں جھوٹی نبوت کے فتنے کا تذکرہ ہے،اور دوسری حدیث میں ارتداد کے فتنے کا بھی تذکرہ ہے، وفات نبوی کے بعد ارتداد کا فتنہ پھیلا اور کچھ قبیلے مشرکین کے ساتھ مل گئے،اورانھوں نے مورتیوں کی پوجا شروع کردی،حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اس فتنہ سے لوہالیا اور اس کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

اور جھوٹی نبوت کا فتنہ مسیلمہ کذاب سے شروع ہوا، اس سے بھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے مقابلہ کیا اور اس کو بھی نیست ونابود کردیا، مگر جھوٹی نبوت کا فتنہ ختم نہیں ہوا، یہ فتنہ قیامت تک جاری رہنے والا فتنہ ہے، اور جس طرح سچی نبوت رحمت ہے، جھوٹی نبوت زحمت ہے، اور تیس کی تعداد سنگین فتنہ پردازوں کی ہے، یعنی ایسے متنبّی جن کی پارٹیاں ہونگی، جن کا سلسلہ چلے گا وہ تقریباً تیس ہونگے، اور وہ لوگوں کے لئے فتنہ بنیں گے، رہے برساتی مینڈک تو ان کا کوئی شمار نہیں، ہر زمانہ میں ایسے متنبّی پیدا ہوتے رہتے ہیں، اور نبی ﷺ نے امت کو دوٹوک بتادیا ہے کہ آخری پیغمبر آپ ﷺ ہیں، آپؐ کے بعد کسی قسم کی کوئی نئی نبوت نہیں، اگر مسلمان اس حقیقت کو سمجھ لیں تو جھوٹی نبوت کے فتنے سے محفوظ ہوجائیں۔

[۳۷-] بابُ ماجاء: لاتقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَخْرُجَ کَذَّابُوْنَ

[۲۲۱۶-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَیْلاَنَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِی هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "لاتقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی یَنْبَعِثَ کَذَّابُوْنَ دَجَّالُوْنَ، قَرِیْبٌ مِنْ ثَلاثِیْنَ، کُلُّهُمْ یَزْعُمُ أَنَّهُ رسولُ اللّٰهِ"

وفی الباب: عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۲۱۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ أَبِی قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِی أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "لاتقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰی تَلْحَقَ قَبَائِلُ مِنْ أُمَّتِی بِالْمُشْرِکِیْنَ، وَحَتّٰی یَعْبُدُوْا الْأَوْثَانَ، وَإِنَّهُ سَیَکُوْنُ فِیْ أُمَّتِیْ ثَلاثُوْنَ کَذَّابُوْنَ، کُلُّهُمْ یَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِیٌّ، وأَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لاَنَبِیَّ بَعْدِیْ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء: فی ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَمُبِیْرٌ

قبیلۂ ثقیف میں بڑا جھوٹا اور ہلاکو ہوگا

ثقیف عرب کا مشہور قبیلہ ہے، طائف اور حنین اس کا مقام تھا، اور کذّاب مبالغہ کا صیغہ ہے، بڑا جھوٹا، اور مُبِیر: اسم فاعل ہے أَبَارَہ سے، جس کے معنی ہیں: ہلاک کرنا، اس کا مجرد بَارَ یَبُوْرُ بَوْرًا ہے، جس کے معنی ہیں: ہلاک ہونا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: "قبیلۂ ثقیف میں ایک بڑا جھوٹا اور ایک ہلاکو ہوگا" علماء نے کذّاب کا مصداق: مختار بن ابی عبید ثقفی کو اور ہلاکو کا مصداق: حجاج بن یوسف ثقفی کو قرار دیا ہے، جس نے علاوہ میدانِ جنگ کے ایک لاکھ بیس ہزار آدمیوں کو ناحق قتل کیا ہے، جن میں بڑے بڑے تابعین اور اولیاء اللہ بھی ہیں۔

فائدہ: مختار بن ابی عبید سن ایک ہجری میں پیدا ہوا، اور سن ۶۷ ہجری میں مارا گیا، بنوامیہ کے خلاف بغاوت کرنے

والوں میں سے تھا اور طائف کا رہنے والا بڑا بہادر آدمی تھا، اس کی بہن حضرت ابن عمرؓ کے نکاح میں تھیں، جن کا نام صفیہ بنت ابی عبید تھا، جب سن ۶۱ ہجری میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے تو یہ بدلہ لینے کے لئے اٹھ کھڑا ہوا، پھر جب حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما خلیفہ ہوئے تو یہ ان کے ساتھ ہو گیا، اسی طرح کے احوال سے گذرتا رہا، یہاں تک کہ ابن زیاد نے اس کو قتل کیا، لوگوں میں اس کے بارے میں مشہور تھا کہ وہ نبوت کا اور نزول وحی کا دعویدار ہے۔

اور حجاج بن یوسف ثقفی ۴۰ ہجری میں پیدا ہوا، اور ۹۵ ہجری میں مرا، طائف اس کی جائے پیدائش ہے، اور شام میں پروان چڑھا، عبدالملک نے اس کو امیر لشکر بنایا تھا، اس نے حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کے ساتھ مکہ میں جنگ کی، کوفہ اور بصرہ کے درمیان واسط شہر بسایا، اس نے قرآن میں اعراب لگوائے اور اپنے بھتیجے محمد بن قاسم کے ذریعہ ہندوستان کے فتح کی داغ بیل ڈالی، غرض اس نے کچھ اچھے کام بھی کئے ہیں مگر اس کی برائی کی کوئی حد نہیں۔

[۳۸-] بابُ ماجاء: فی ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَمُبِیْرٌ

[۲۲۱۸-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا الفَضْلُ بنُ مُوْسَی، عَنْ شَرِیْكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُصْمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: ''فِیْ ثَقِیْفٍ کَذَّابٌ وَمُبِیْرٌ''

وفی الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِیْ بَکْرٍ.

حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ وَاقِدٍ، نا شَرِیْكٌ نَحْوَهُ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ ابنِ عُمَرَ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْكٍ، وَشَرِیْكٌ یَقُوْلُ: عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُصْمٍ، وَإِسْرَائِیْلُ یَقُوْلُ: عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَصْمَةَ.

وَیُقَالُ: الکَذَّابُ: الْمُخْتَارُ بنُ أَبِیْ عُبَیْدٍ، وَالْمُبِیْرُ: الْحَجَّاجُ بنُ یُوْسَفَ، حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ سُلَیْمَانُ بنُ سَلْمِ البَلْخِیُّ، نا النَّضْرُ بنُ شُمَیْلٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، قَالَ: أَحْصَوْا مَا قَتَلَ الْحَجَّاجُ صَبْرًا، فَبَلَغَ مِائَةَ أَلْفٍ وَعِشْرِیْنَ أَلْفَ قَتِیْلٍ.

وضاحت: سند کا ایک راوی عبداللہ ہے اس کے باپ کا نام عُصم ہے یا عصمہ؟ شریک: عُصم کہتے ہیں اور اسرائیل عصمہ۔

بابُ ماجاء فی الْقَرْنِ الثَّالِثِ

تبع تابعین کا بیان

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''لوگوں میں بہترین میرے زمانہ کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے

ملے ہوئے ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے ملے ہوئے ہیں، پھر ایسے لوگ آئیں گے جو پھول جائیں گے، اور موٹاپے کو پسند کریں گے، وہ گواہی دیں گے اس سے پہلے کہ ان سے گواہی طلب کی جائے۔

لغات: تَسَمَّنَ: موٹا ہونا، پھول جانا...... السِّمَنُ: موٹاپا، جسم کی پھلاوٹ...... یہ حدیث محمد بن فضیل نے اسی طرح روایت کی ہے، یعنی اعمش اور ہلال کے درمیان علی بن مدرک کا واسطہ بڑھایا ہے، مگر اعمش کے دوسرے شاگرد جو حفاظ ہیں: یہ واسطہ نہیں بڑھاتے، پھر وکیع رحمہ اللہ کی سند پیش کی ہے ان کی سند میں یہ واسطہ نہیں۔ امام ترمذیؒ نے اسی حدیث کو اصح قرار دیا ہے (مگر حافظ رحمہ اللہ نے النُّکت الظِّراف میں محمد بن فضیل کے دو متابع پیش کئے ہیں، وہ بھی علی بن مدرک کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور علامہ ابوعمر نے اسی کو درست قرار دیا ہے (تحفۃ الاشراف ۸:۱۹۴) پس یہ اضافہ مزید فی متصل الاسناد کے قبیل سے ہوسکتا ہے)

حدیث (۲): حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی پہلی حدیث دوسری سند سے بھی مروی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''میری امت کا بہترین زمانہ وہ ہے جس میں میں مبعوث کیا گیا ہوں یعنی صحابہ کا دور، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، یعنی تابعین کا دور (حضرت عمرانؓ فرماتے ہیں: اور میں نہیں جانتا کہ نبی ﷺ نے تیسرے قرن کا ذکر کیا یا نہیں) پھر ایسے لوگ پیدا ہونگے جو گواہی دیں گے اور وہ گواہی طلب نہیں کئے جائیں گے، اور وہ خیانت کریں گے اور ان پر اعتماد نہیں کیا جائے گا، اور ان میں موٹاپا پھیل جائے گا!''

تشریح: پہلے یہ بات آچکی ہے کہ یہ تینوں ادوار زمانے کی چوڑائی میں اور لمبائی میں ایک ساتھ چلتے ہیں، نبی ﷺ کی حیات میں صحابہ بھی تھے، تابعین بھی تھے، اور تبع تابعین بھی، اور اس روایت میں اگرچہ شک ہے کہ نبی ﷺ نے تیسرے قرن کا ذکر کیا یا نہیں؟ مگر مسلم شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت متعدد طرق سے مروی ہے، اس میں تیسرے قرن کا بھی ذکر ہے، اور یہی امت میں معروف ومشہور ہے، پس یہی صحیح ہے یعنی یہ فضیلت تینوں قرنوں کے لئے ہے۔

اور یہ فضیلت صحبتِ نبوی کی برکت سے ہے، پھر جس قدر زمانۂ نبوی سے دوری ہوتی گئی اثر ماند پڑتا گیا، چنانچہ تین قرنوں کے بعد اثر ختم ہوگیا، لوگوں میں جسم کی اصلاح کا جذبہ بڑھ گیا، اور دل کی اصلاح کا جذبہ گھٹ گیا، اور جب قلوب کا حال درست نہیں رہا تو گواہیوں میں اور امانتوں میں خیانت شروع ہوگئی، اور یہ بات عمومی احوال کے اعتبار سے ہے، سب لوگوں کا یہ حال نہیں ہوا، حدیث میں ہے: ''میری امت کی مثال بارش جیسی ہے جس کے بارے میں معلوم نہیں کہ پہلی بارش مفید ہے یا بعد والی'' پس بعد میں بھی لوگ اچھے احوال والے ہوئے ہیں، اور أبو اب الفتن میں اس حدیث کے ذکر کا منشا یہ ہے کہ جب ایسے برے لوگ پیدا ہونگے اور احوال بگڑ جائیں گے تو وہ لوگوں کے لئے آزمائش بن جائیں گے، لوگ مؤمن ہونے کی وجہ سے ان پر اعتماد کریں گے اور وہ بدباطن ہونے کی

وجہ سے ان کو نقصان پہنچائیں گے، یہی دور مابعد کا فتنہ ہے۔

[۳۹-] باب ماجاء في القَرْنِ الثَّالِثِ

[۲۲۱۹-] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا مُحمدُ بنُ الفُضَيْلِ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ مُدْرِكٍ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِىْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِىْ مِنْ بَعْدِهِمْ قَوْمٌ يَتَسَمَّنُوْنُ، وَيُحِبُّوْنَ السِّمَنَ، يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلُوْهَا"

هٰكَذَا رَوَى مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ هٰذَا الحديثَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ مُدْرِكٍ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَلِيَّ بنَ مُدْرِكٍ.

حدثنا الحُسَيْنُ بنُ حَرَيْثٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنِ الأَعْمَشِ، نَا هِلاَلُ بنُ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ نَحْوَهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ عِنْدِىْ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ فُضَيْلٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۲۲۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بنِ أَوْفَى، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُ أُمَّتِى الْقَرْنُ الَّذِىْ بُعِثْتُ فِيْهِمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ" قَالَ: وَلاَ أَعْلَمُ أَذَكَرَ الثَّالِثَ أَمْ لا؟ " ثُمَّ يَنْشَأُ أَقْوَامٌ يَشْهَدُوْنَ وَلاَ يُسْتَشْهَدُوْنَ، وَيَخُوْنُوْنَ وَلاَ يُؤْتَمَنُوْنَ، وَيَفْشُوْ فِيْهِمُ السِّمَنُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في الْخُلُفَاءِ

خلفاء کا بیان

الخليفة: جانشین، قائم مقام، اور مراد نبی ﷺ کے انداز پر حکومت کرنے والے حضرات ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "میرے بعد بارہ امیر ہونگے" حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ نے کچھ فرمایا، جس کو میں نہیں سمجھ سکا، پس میں نے اس شخص سے جو مجھ سے متصل تھا پوچھا (اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے اپنے ابا حضرت سمرۃ بن جُنادہؓ سے پوچھا) انھوں نے بتایا: نبی ﷺ نے فرمایا: كلُّهم مِن قريش: سب امیر قریش میں سے ہونگے۔

وضاحت: اس حدیث کی پہلی سند سماک بن حرب کی ہے، وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند ابوبکر بن ابی موسی کی ہے وہ بھی حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، پہلی سند معروف ہے اور دوسری غریب ہے، یعنی ابوبکر کا یہ حدیث حضرت جابرؓ سے روایت کرنا انجانا ہے۔

حدیث (۲): زیاد کہتے ہیں: میں ابن عامر کے منبر کے نیچے حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، ابن عامر تقریر کر رہا تھا، اور اس نے باریک کپڑے پہن رکھے تھے، اس پر ابوبلال نے کہا: ہمارے امیر کو دیکھو اس نے بدکاروں جیسے کپڑے پہن رکھے ہیں، پس حضرت ابوبکرۃؓ نے فرمایا: خاموش! میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: مَن أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فی الأَرْضِ أَهَانَهُ اللّٰه: جو زمین میں اللہ کی اتھارٹی کی توہین کرتا ہے اللہ اس کی توہین کرتے ہیں۔

تشریح: پہلی حدیث میں جن بارہ خلفاء کا تذکرہ ہے وہ منہاج نبوت پر حکومت چلانے والے خلفاء ہیں، اور ان کا مسلسل ہونا ضروری نہیں، وہ وقفہ وقفہ سے ہونگے، شروع میں چار خلفاء تو متصل آئے ہیں پھر پانچویں خلیفہ حضرت عمر بن عبدالعزیز ہیں، اسی طرح بعد میں بھی ایسے خلفاء ہوتے رہیں گے جو منہاج نبوت پر حکومت کریں گے، اور قیامت قائم ہونے سے پہلے ایسے بارہ خلفاء ضرور ہونگے۔

اور منہاج نبوت پر خلافت کا مطلب یہ ہے کہ وہ حکومت کو اپنی ملک نہ سمجھے، بلکہ اللہ کی چیز سمجھے اور خود کو صرف رسول اللہ ﷺ کا نائب تصور کرے، اور وہ حکومت سے کوئی ذاتی فائدہ نہ اٹھائے، اور یہ سب خلفاء قریش میں سے ہونگے، اور قیامت سے پہلے ان کی بارہ کی تعداد پوری ہوجائے گی۔

اور دوسری حدیث میں یہ مضمون ہے کہ بادشاہ کا احترام ضروری ہے، اگر لوگ بادشاہ کی شخصیت کا احترام نہیں کریں گے تو وہ حکومت کیسے چلائے گا؟ پھر سلطان عام ہے خواہ ماتحت امیر ہو یا خلیفہ ہو کیونکہ جب سلطان (اتھارٹی) کی تعظیم ضروری ہے تو خلیفہ کی تعظیم بدرجۂ اولیٰ ضروری ہے، اور جو حاکم کا احترام نہیں کرے گا وہ ذلیل ہوگا اور یہی رسوائی اس کے لئے فتنہ (آزمائش) ہوگی، اسی مناسبت سے یہ حدیث ان ابواب میں لائے ہیں۔

[۴۰-] باب ماجاء فی الخُلُفَاءِ

[۲۲۲۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عُمَرُ بنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِیْ اثْنَا عَشَرَ أَمِيْرًا" قَالَ: ثُمَّ تَكَلَّمَ بِشَيْئٍ لَمْ أَفْهَمْهُ، فَسَأَلْتُ الَّذِیْ يَلِيْنِیْ، فَقَالَ: قَالَ: "كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ.

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عُمَرُ بنُ عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بنِ أَبِیْ مُوْسَى، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ،

عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ هٰذَا الحديثِ.
هٰذَا حديثٌ غريبٌ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَبِيْ مُوْسَى، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، وَفِيْ الْبَابِ: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.
[۲۲۲۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا حُمَيْدُ بنُ مِهْرَانَ، عَنْ سَعْدِ بنِ أَوْسٍ، عَنْ زِيَادِ بنِ كُسَيْبِ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ أَبِيْ بَكْرَةَ تَحْتَ مِنْبَرِ ابنِ عَامِرٍ، وَهُوَ يَخْطُبُ، وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ رِقَاقٌ، فَقَالَ أَبُوْ بِلَالٍ: انْظُرُوْا إِلَى أَمِيْرِنَا يَلْبَسُ ثِيَابَ الفُسَّاقِ! فَقَالَ أَبُوْ بَكْرَةَ: اسْكُتْ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ أَهَانَ سُلْطَانَ اللّٰهِ فِيْ الْأَرْضِ أَهَانَهُ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فى الْخِلاَفَةِ

خلافتِ راشدہ کا بیان

حدیث (۱): حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: **الخِلاَفَةُ فى أُمتى ثلاثونَ سَنَةً، ثُمَّ ملكٌ بعد ذلك:** خلافتِ راشدہ میری امت میں تیس سال رہے گی پھر اس کے بعد شہنشاہیت ہوگی، حدیث کے راوی سعید بن جمہان کہتے ہیں: پھر مجھ سے حضرت سفینہؓ نے فرمایا: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت گنو (ان کی خلافت دو سال ہے) پھر فرمایا: اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت گنو (حضرت عمرؓ کی خلافت دس سال اور حضرت عثمانؓ کی خلافت بارہ سال ہے، کل چوبیس سال ہوئے) پھر فرمایا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت گنو (ان کی خلافت چھ سال ہے) پس ہم نے خلافت کو تیس سال پایا۔

سعید بن جمہان کہتے ہیں: میں نے حضرت سفینہؓ سے کہا: بنوامیہ کہتے ہیں: خلافت ان میں ہے، یعنی وہ بھی خلفاء راشدین ہیں، حضرت سفینہ نے فرمایا: زرقاء کے بیٹے جھوٹ بولتے ہیں، وہ بدترین بادشاہ ہیں (اور ملوکیت کی علامت یہ ہے کہ بادشاہ حکومت کو کسی درجہ میں اپنی ملکیت سمجھے، اور اس میں من مانی کرے)

اور باب میں حضرت عمر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کی روایات ہے کہ نبی ﷺ نے خلافت کے سلسلہ میں کوئی وصیت نہیں کی یعنی آپؐ نے خلفاء نامزد نہیں فرمائے۔

حدیث (۲): ابن عمرؓ کہتے ہیں: حضرت عمرؓ سے کہا گیا: کاش آپؓ خلیفہ بناتے، حضرت عمرؓ نے جواب دیا: اگر میں خلیفہ بناؤں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بنایا ہے، یعنی میرے لئے جواز ہے، اور اگر میں خلیفہ نہ بناؤں تو نبی ﷺ نے خلیفہ نہیں بنایا، پس میرے لئے اس کی بھی گنجائش ہے۔

تشریح: مسلم شریف کتاب الإمارة کے شروع میں یہ حدیث مفصل آئی ہے، اس کے آخر میں یہ اضافہ ہے:

ابن عمرؓ کہتے ہیں: جب حضرت عمرؓ نے دونوں کا تذکرہ کیا تو میں سمجھ گیا کہ آپؓ کسی کو خلیفہ نہیں بنائیں گے، آپؓ حضور اقدس ﷺ کے ساتھ کسی کو برابر نہیں کریں گے، چنانچہ آپؓ نے کسی کو معین طور پر خلیفہ نہیں بنایا، بلکہ چھ آدمیوں میں خلافت دائر کی اور حدیث میں جو لمبا مضمون ہے وہ مسلم شریف (حدیث ۱۸۲۳) میں ہے۔

انعقاد خلافت کے مختلف طریقے: انعقاد خلافت کے چار طریقے ہیں:

پہلا طریقہ: ارباب حل وعقد بیعت کے ذریعہ خلیفہ متعین کریں، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت اسی طرح منعقد ہوئی ہے۔

دوسرا طریقہ: موجودہ خلیفہ بعد والے خلیفہ کو نامزد کرے، اور لوگوں کو اس کی اتباع کی وصیت کرے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خلافت اسی طرح منعقد ہوئی ہے۔

تیسرا طریقہ: خلیفہ: خلافت کو ایک جماعت میں دائر کردے، اور کہہ دے کہ ان میں سے ایک کو منتخب کیا جائے، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت اسی طرح منعقد ہوئی ہے۔

چوتھا طریقہ: استیلاء (تغلّب) ہے، یعنی ایسا شخص جو خلافت کی شرطوں کا جامع ہے لوگوں پر غلبہ پالے اور حکومت پر قبضہ جمالے، تو اس سے بھی خلافت منعقد ہوجاتی ہے، حتی کہ عورت کی خلافت بھی اس طرح منعقد ہوجاتی ہے۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کس طرح منعقد ہوئی تھی؟ اس میں اختلاف ہے، اکثر علماء کی رائے یہ ہے کہ آپؓ ان مہاجرین وانصار کے بیعت کرنے سے خلیفہ ہوئے تھے جو بروقت مدینہ منورہ میں موجود تھے، یعنی پہلے طریقہ پر آپؓ کی خلافت منعقد ہوئی تھی، اور دوسری رائے یہ ہے کہ آپؓ کی خلافت کا انعقاد بذریعہ شوری ہوا تھا، مگر یہ رائے ضعیف ہے، اس کی تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۲۲۶) میں ہے۔

[۴۱-] باب ماجاء فی الْخِلاَفَةِ

[۲۲۲۳-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا سُرَيْجُ بنُ النُّعْمَانِ، نَا حَشْرَجُ بنُ نُبَاتَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُمْهَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَفِيْنَةُ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " الْخِلاَفَةُ فِيْ أُمَّتِيْ ثَلاَثُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ مُلْكٌ بَعْدَ ذٰلِكَ" ثُمَّ قَالَ لِيْ سَفِيْنَةُ: أَمْسِكْ خِلاَفَةَ أَبِيْ بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: وَخِلاَفَةَ عُمَرَ، وَخِلاَفَةَ عُثْمَانَ، ثُمَّ قَالَ: أَمْسِكْ خِلاَفَةَ عَلِيٍّ، فَوَجَدْنَاهَا ثَلاَثِيْنَ سَنَةً.

قَالَ سَعِيْدٌ: فَقُلْتُ لَهُ: إِنَّ بَنِيْ أُمَيَّةَ يَزْعُمُوْنَ أَنَّ الْخِلاَفَةَ فِيْهِمْ، قَالَ: كَذَبَ بَنُوْ الزَّرْقَاءِ! بَلْ هُمْ مُلُوْكٌ مِنْ شَرِّ الْمُلُوْكِ.

وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَلِيٍّ، قَالاَ: لَمْ يَعْهَدِ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الْخِلاَفَةِ شَيْئًا، هٰذَا

حديثٌ حسنٌ، قَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُمْهَانَ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِهِ.

[٢٢٢٤-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قِيْلَ لِعُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ: لَوِ اسْتَخْلَفْتَ! قَالَ: إِنْ أَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَإِنْ لَمْ أَسْتَخْلِفْ: لَمْ يَسْتَخْلِفْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وفى الحديثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء أَنَّ الْخُلَفَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ

قیامت تک خلفاء قریش میں سے ہونگے

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوحدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): عبداللہ بن ابوالہذیل کہتے ہیں: قبیلۂ ربیعہ کے کچھ لوگ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، پس قبیلہ بکر بن وائل (یہ قبیلۂ ربیعہ کی شاخ ہے) کے ایک شخص نے کہا: ''قریش یا تو (فسق وعصیان سے) باز آجائیں یا اللہ تعالیٰ اس (حکومت کے) معاملہ کو ان کے علاوہ عام عربوں میں کردیں گے'' پس حضرت عمرو بن العاصؓ نے فرمایا: آپ غلط کہتے ہیں، میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: قُرَيْشٌ وُلاةُ الناسِ فى الْخَيْرِ والشَّرِّ إلى يوم القيامة: قریش لوگوں کے حاکم ہونگے خیر وشر میں قیامت تک۔

تشریح: الوُلَاة: الوالی کی جمع ہے بمعنی حاکم، فرمانروا۔ اور خیر وشر سے مراد زمانہ اسلام اور زمانۂ جاہلیت ہے، یعنی گذشتہ زمانہ میں بھی یہی حاکم تھے اور اب بھی قیامت تک یہی حاکم رہیں گے، اور یہ حدیث مسند احمد میں بھی ہے اور اس کی سند صحیح ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: شب وروز کا یہ سلسلہ ختم نہیں ہوگا یہاں تک کہ آزاد شدہ لوگوں میں سے ایک شخص بادشاہ بنے گا جس کا نام ''جہجاہ'' ہوگا (یہ روایت مسلم شریف (حدیث ۲۹۱۱) میں ہے)

علاوہ ازیں اس مسئلہ سے متعلق یہ حدیثیں بھی ہیں:

حدیث (۳): مسلم شریف میں حضرت ابن مسعود اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ الناسُ تَبَعٌ لِقُرَيشٍ فى الْخَيْرِ وَالشَّرِّ: لوگ خیر وشر میں قریش کے تابع ہونگے، یعنی جاہلیت میں بھی وہی لیڈر تھے اور اب اسلام میں بھی وہی سردار ہونگے۔

حدیث (۴): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی متفق علیہ روایت ہے: لايَزالُ هذا الأَمْرُ فى قُرَيشٍ ما بَقِىَ مِن الناسِ اثْنَان: یہ معاملہ (حکومت) برابر قریش میں رہے گا جب تک لوگوں میں دو آدمی رہیں گے۔

حدیث (۵): مشہور حدیث ہے: الْأَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ: حکومت کے سربراہ قریش میں سے ہوں۔

حدیث (۶): مسند احمد میں سند صحیح سے روایت ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میری موت آئی اور ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ زندہ ہوئے تو میں ان کو خلیفہ بناؤں گا، اور اگر ان کا انتقال ہو گیا تو معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بناؤں گا (حضرت معاذؓ انصاری ہیں قریشی نہیں)

حدیث (۷): نبی ﷺ نے مختلف جنگوں میں عبداللہ بن رواحہ، زید بن حارثہ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہم وغیرہ کو امیر بنایا ہے۔

تشریح: شیعوں کے نزدیک خلیفہ راشد کا ہاشمی بلکہ علوی ہونا شرط ہے، مگر ان کا یہ خیال صحیح نہیں، کیونکہ یہ اشتراط لوگوں کے دلوں میں بدگمانی پیدا کرے گا، کہنے والے کہیں گے: یہ نیا دین اپنے خاندان کی حکومت قائم کرنے کے لئے ہے، علاوہ ازیں خلیفہ کے لئے کسی متعین خاندان میں سے ہونے کی شرط لگانا حرج اور تنگی کا باعث ہے، ممکن ہے اس خاندان میں ایسا آدمی نہ ہو، اور دوسرے خاندان میں ہو (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۲۲۵ میں ہے)

پھر امت اس پر متفق ہے کہ ماتحت امارتوں کے لئے کوئی شرط نہیں، جس میں بھی صلاحیت ہو اس کو حاکم بنایا جاسکتا ہے، اور حدیث نمبر ۷ اس کی دلیل ہے، نبی ﷺ نے مختلف مواقع میں غیر قریشیوں کو بھی امیر بنایا ہے، اور عقلاً بھی یہ بات ضروری ہے، سارے عہدے کسی ایک قوم کے لئے خاص کر دیئے جائیں تو اس میں دشواری ہوگی، اور بدگمانی کا موقع بھی رہے گا۔

رہا خلیفہ (سربراہ اعظم) کا معاملہ تو عام طور پر اہل السنہ والجماعہ کی رائے یہ ہے کہ خلیفہ راشد کا قریشی ہونا ضروری ہے، حدیث میں ہے: ''ائمہ قریش میں سے ہوں'' یہ حدیث چالیس صحابہ سے مروی ہے (فتح الباری ۷: ۳۲) اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ فرماتے ہیں: اس حدیث پر امت کا اجماع ہے (ازالۃ الخفاء) اور حجۃ اللہ البالغہ میں شاہ صاحب نے خلیفہ راشد کے قریشی ہونے کی وجوہ بیان فرمائی ہیں کہ اس کے ذریعہ دین کی تمکین خوب ہوسکتی ہے، اور وہ دین کی سب سے زیادہ حفاظت کرے گا، اور قریشی میں حکومت کرنے کی صلاحیت دوسروں سے زیادہ ہوتی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۲۲۱ میں ہے)

اور میری ناقص رائے اس مسئلہ میں یہ ہے کہ استیلاء وتغلّب کی صورت میں تو کوئی بھی خلیفہ ہوسکتا ہے جیسا کہ باب کی دوسری روایت میں ہے کہ قیامت سے پہلے ایک آزاد شدہ جہجاہ نامی بادشاہ بن جائے گا، یہ وہی تغلّب والی صورت ہے، اور ایسی صورت میں عورت کی سربراہی بھی درست ہے، اس کی خلافت بھی منعقد ہو جائے گی، اور اس کے احکام واجب الاطاعت ہونگے۔

اور اگر استیلاء وتغلب کی صورت نہ ہو بلکہ معاملہ اختیار میں ہو تو پھر دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت: تمام اسلامی دنیا کے خلیفہ کو قریشی ہونا چاہئے، روایات کا مصداق یہی صورت ہے۔
دوسری صورت: اگر یہ بات ممکن نہ ہو بلکہ مسلمانوں کی علحدہ علحدہ حکومتیں ہوں تو ہر ملک کے بادشاہ کا قریشی ہونا ضروری نہیں۔

اور حدیث ۵ وغیرہ اگرچہ عام ہیں مگر حقیقت میں خاص ہیں، وفات نبوی ﷺ کے بعد جو صورتِ حال پیش آنے والی تھی اس میں یہ راہنمائی تھی کہ خلیفہ قریش میں سے چنا جائے، دوسرے قبائل میں سے نہ چنا جائے، اور ایسا عام طور پر ہوتا ہے کہ حدیث بظاہر عام ہوتی ہے مگر حقیقت میں اس کا مصداق خاص ہوتا ہے، اس کی نظیر کتاب الجنائز باب ۵۲ (تحفہ ۳: ۴۵۵) میں گذر چکی ہے۔ واللہ اعلم

[٤٢-] باب ماجاء أَنَّ الْخُلَفَاءَ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَى أَنْ تَقُوْمَ السَّاعَةُ

[٢٢٢٥-] حدثنا حُسَيْنُ بنُ مُحمدٍ البَصْرِيُّ، نَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بنَ أَبِي الْهُزَيْلِ، يَقُوْلُ: كَانَ نَاسٌ مِنْ رِبِيْعَةَ عِنْدَ عَمْرِو بنِ الْعَاصِ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَكْرِ بنِ وَائِلٍ: لَتَنْتَهِيَنَّ قُرَيْشٌ أَوْ لَيَجْعَلَنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْأَمْرَ فِيْ جُمْهُوْرٍ مِنَ الْعَرَبِ غَيْرِهِمْ، فَقَالَ عَمْرُو بنُ الْعَاصِ: كَذَبْتَ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" قُرَيْشٌ وُلَاةُ النَّاسِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حَدِيْثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[٢٢٢٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ بَكْرٍ الحَنَفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَا يَذْهَبُ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ حَتَّى يَمْلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْمَوَالِيْ، يُقَالُ لَهُ: جَهْجَاهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في الأَئِمَّةِ الْمُضِلِّيْنَ

گمراہ کرنے والے سربراہوں کا تذکرہ

اگر حکومت کا سربراہ گمراہ ہوجائے اور وہ لوگوں کو گمراہ کرنے لگے تو وہ پورے ملک کو لے ڈوبے گا، اور اتنا بڑا فتنہ ہوگا کہ لوگ اس کی تاب نہ لاسکیں گے، اور اس باب میں دو حدیثیں ہیں اور دونوں میں گہرا ربط ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّمَا أَخَافُ على أُمَّتِيْ أَئِمَّةً مُضِلِّيْنَ: مجھے اپنی امت کے حق میں گمراہ کرنے والے سربراہوں کا خطرہ ہے۔

تشریح: اس حدیث میں ائمہ سے مراد حکومت کے سربراہ ہیں، دینی راہ نما مراد نہیں، اگرچہ گمراہ دینی رانما بھی بڑا فتنہ ہیں اور اس حدیث کے عموم میں ان کو لیا جاسکتا ہے، مگر ماسِیْقَ لِأَجْلِهِ الکلام گمراہ کرنے والے حکومت کے سربراہ ہیں۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاتَزالُ طَائِفَةٌ من أُمَّتِیْ علی الحقِّ ظاهِرِیْنَ، لایَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُم حتی یَأْتِیَ أَمْرُ اللّٰهِ: میری امت کا ایک گروہ برابر حق پر غالب رہے گا، جو لوگ ان کو رسوا کرنا چاہیں گے وہ ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ آجائے، یعنی قیامت آجائے، یا دین کے دنیا سے اٹھ جانے کا وقت آجائے یا وہ فتنہ فرو ہو جائے۔

تشریح: پہلی حدیث خطرے کی گھنٹی ہے اور دوسری حدیث میں دین کی حفاظت کی بشارت ہے، یعنی ایسے امراء ہونگے جو خود گمراہ ہونگے اور لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کریں گے جس طرح بنوعباس کے دور میں امراء: معتزلہ سے متأثر ہوئے اور انھوں نے خلق قرآن کا مسئلہ کھڑا کیا، جس سے تمام مسلمان خوفزدہ ہوگئے، مگر اللہ تعالیٰ نے امام احمد رحمہ اللہ کو کھڑا کیا، جنھوں نے حکومت کی پرواہ کئے بغیر دین کا بول بالا کیا، اور ایک وقت آیا کہ اس فتنہ نے دم توڑ دیا، اور حق کا بول بالا ہوا۔

اسی طرح ہندوستان میں اکبر بادشاہ نے جب نیا دین: دین الٰہی گھڑا تو مسلمانوں کے لئے موت وزیست کی حالت پیدا ہوگئی، مگر اللہ تعالیٰ نے حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کو کھڑا کیا اور ان کی محنت سے ایک دو بادشاہوں کے بعد وہ فتنہ ختم ہوگیا، اور عالمگیرؒ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے دین کا بول بالا کیا۔ غرض جب بھی ایسی صورت پیش آتی ہے تو اللہ تعالیٰ دین کی حفاظت فرماتے ہیں، اور اہل حق غالب رہتے ہیں، اور اعدائے دین کی مخالفت ان کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتی۔

[۴۳-] بابُ ماجاء فی الْأَئِمَّةِ الْمُضِلِّیْنَ

[۲۲۲۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِیْ أَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّمَا أَخَافُ عَلَى أُمَّتِیْ أَئِمَّةً مُّضِلِّیْنَ" قَالَ: وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: " لاتَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِیْ عَلَى الْحَقِّ، ظَاهِرِينَ، لَايَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتَّى يَأْتِیَ أَمْرُ اللّٰهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی الْمَهْدِیِّ

حضرت مہدی کا تذکرہ

مَهْدِیٌّ: (اسم مفعول) راہ یاب، ہدایت مآب، یعنی جس کی گھٹی میں ہدایت پڑی ہوئی ہو، یہ اسم علم نہیں ہے بلکہ

اسم وصف ہے، اور سب سے پہلے یہ صفت خلفاء راشدین کے لئے استعمال ہوئی ہے، فرمایا: **علیکم بِسُنَّتِيْ وسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الراشدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، تَمَسَّكُوْا بها، وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بالنَّوَاجِذِ:** میرا طریقہ لازم پکڑو، اور میرے ان جانشینوں کا طریقہ لازم پکڑو جو راہ یاب، ہدایت مآب ہیں، ان کے طریقہ کو مضبوط تھامو، اور ان کے طریقے کو ڈاڑھوں سے کاٹو۔ اس حدیث میں چاروں خلفاء کو ''مہدی'' کہا گیا ہے، اور زمانہ کے آخر میں بھی ایک خلیفہ راشد ہونگے، ان کا بھی یہی وصف روایات میں آیا ہے اور درمیان میں بھی بہت سے مہدی (دینی راہ نما) ہونگے، اس باب میں اسی آخری شخصیت کا تذکرہ ہے۔

جاننا چاہئے کہ بہت سے اسلامی فرقوں کا خیال یہ ہے کہ یہ شخصیت پیدا ہوچکی ہے، لیکن تمام اہل السنہ والجماعہ کا خیال ہے کہ ابھی یہ شخصیت پیدا نہیں ہوئی، ظہور مہدی، خروج دجال، نزول عیسیٰ علیہ السلام اور خروج یاجوج وماجوج سب ایک ساتھ پیش آنے والے واقعات ہیں، جن کا سلسلہ ابھی شروع نہیں ہوا۔

اور شیعوں کا خیال یہ ہے کہ ان کے بارہویں امام: مہدی ہیں جو پیدا ہوچکے ہیں اور ایک غار میں چھپے ہوئے ہیں، جب دنیا میں تین سو تیرہ مخلص شیعہ ہوں گے تب ان کا ظہور ہوگا، یہ سب سفسطہ (مغالطہ، وہ قیاس جو وہمیات سے مرکب ہو) ہے، اور خود انھوں نے اپنے منافق ہونے کا اقرار کرلیا۔

علاوہ ازیں: اور بھی فرقے بعض لوگوں کی مہدویت کے قائل ہیں مثلاً: ہندوستان کے مہدوی فرقہ کے لوگ محمد جونپوری کو مہدی مانتے ہیں، اور قادیانی مرزا غلام احمد قادیانی کو مہدی کہتے ہیں، مگر روایات کی روشنی میں یہ سب ڈھکوسلے ہیں، آپ اس باب کی روایات پڑھیں، ان سے صاف معلوم ہوگا کہ ابھی اس شخصیت کا ظہور نہیں ہوا۔

ملحوظہ: حضرت مہدی کے ساتھ ''امام'' یا ''علیہ السلام'' کا اضافہ درست نہیں، مہدی کی امامت کا عقیدہ شیعوں کا ہے، اہل السنہ اس کے قائل نہیں، اور شیعوں کے نزدیک ان کے بارہ امام نبوت کی حقیقت کے حامل تھے اس لئے وہ ان کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام بڑھاتے ہیں، مگر اہل السنہ اس کے قائل نہیں، رہا ''رضی اللہ عنہ'' کا استعمال تو اس کی بھی ضرورت نہیں، کیونکہ ابھی اس شخصیت کا وجود ہی نہیں ہوا، اس لئے صرف مہدی یا حضرت مہدی کہنا چاہئے (۱)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: **لاتَذْهَبُ الدُّنْيا حتى يَمْلِكَ العَرَبَ رجلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُه اسْمِيْ:** دنیا اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک عرب کا مالک نہیں ہوگا، میرے خاندان کا ایک شخص جس کا نام میرے نام کو روندتا ہوگا (یعنی اس کا نام میرے نام کے موافق ہوگا)

(۱) جو لوگ مہدی کی شخصیت کے بارے میں تفصیلات جاننا چاہیں وہ مولانا محمود بارڈولی مدظلہ مدرس جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کی کتاب ''ظہور مہدی کب؟ کہاں؟ اور کس طرح؟'' کا مطالعہ کریں، اس میں اچھی معلومات ہیں اور کتاب قابل اعتماد ہے (مرتب)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: يَلِيْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِيْ يُوَاطِئُ اسْمُه اسْمِيْ: حکومت کا سربراہ بنے گا میرے خاندان کا ایک آدمی جس کا نام میرے نام کو روندتا ہوگا، یہ حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِن الدنيا إِلَّا يَوْمًا، لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذلك اليَوْمَ حَتّٰى يَلِيَ: اگر دنیا کا صرف ایک دن باقی رہ جائے تو بھی اللہ تعالیٰ اس کو اتنا لمبا کر دیں گے کہ وہ شخصیت حاکم بنے گی۔

حدیث (۳): حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم کو ڈر ہوا کہ نبی ﷺ کے بعد کوئی نئی بات پیدا ہو، پس ہم نے نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے فرمایا: بیشک میری امت میں مہدی ظاہر ہونگے، جو پانچ یا سات یا نو تک زندہ رہیں گے (حدیث کے ایک راوی زید عمّی کو شک ہے کہ کونسا عدد فرمایا) حضرت ابو سعید خدریؓ کہتے ہیں: میں نے پوچھا: یہ عدد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: سال (یعنی اتنے سال تک وہ حکومت کریں گے) نبی ﷺ نے فرمایا: پس ان کے پاس ایک شخص آئے گا اور کہے گا: مہدی! مجھے دیجئے، مجھے دیجئے، نبی ﷺ نے فرمایا: پس مہدی لب بھر کر اس کے لئے اس کے کپڑے میں ڈالیں گے جتنا بھی وہ اٹھا سکے گا۔

تشریح: جب نبی ﷺ نے صحابہ کے سامنے تین قرنوں کی خیریت بیان فرمائی اور فرمایا کہ اس کے بعد لوگوں کے احوال بگڑ جائیں گے تو صحابہ سمجھ گئے کہ اس کے بعد فتن وحوادث شروع ہونگے، اس لئے انھوں نے مذکورہ سوال کیا۔ نبی ﷺ نے ان کی فکر دور کرنے کے لئے ظہور مہدی کی خوشخبری دی تا کہ ان کو اطمینان ہو جائے کہ اس خطرناک زمانہ میں بھی ہادیوں کا ظہور ہوگا اور آخر میں بڑے مہدی کا ظہور ہوگا، اور دینی تعلیم اور سنت کی اشاعت کا سلسلہ جاری رہے گا۔

اور حضرت مہدی کی مدت حکومت کے بارے میں جو تین عدد آئے ہیں ان میں تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ پانچ سال لشکر کی تیاری میں صرف ہونگے، پھر دو سال کفار سے جنگ ہوگی، پھر آخری دو سال آپ اطمینان سے حکومت کریں گے مگر یہ زبردستی کی تطبیق ہے، کیونکہ راوی کو شک ہے پس کوئی ایک ہی عدد صحیح ہے، تمام اعداد صحیح نہیں، پھر تطبیق کی کیا ضرورت ہے؟

اور آپ کا مبارک نام محمد ہوگا، آپ کے والد کا نام عبداللہ ہوگا، آپ کا خاندانی تعلق بنو ہاشم سے ہوگا، آپ والد کی طرف سے حَسنی سید ہونگے اور والدہ کی طرف سے حُسینی۔ ابوداؤد (حدیث ۴۲۹۰) میں اس کی صراحت ہے، اور علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے یہ نکتہ بیان کیا ہے کہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے اللہ کی خوشنودی کے لئے خلافت چھوڑ دی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی اولاد میں ایک شخص کو سچی خلافت قائم کرنے کا موقع دیا۔ اور یہ دستور خداوندی ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی خاطر کسی چیز سے دست بردار ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو یا اس کی اولاد کو اس سے بہتر چیز عطا فرماتے ہیں (المنار المُنیف ص: ۱۵۱، فیض القدیر ۶: ۲۷۹)

[٤٤-] باب ماجاء في الْمَهْدِيِّ

[٢٢٢٨-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنُ مُحمدٍ القُرَشِيُّ، نَا أَبِىْ، نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتَّى يَمْلِكَ العَرَبَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِى يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِىْ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، وأُمِّ سَلَمَةَ، وَأَبِىْ هريرةَ؛ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٢٩-] حدثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بنُ الْعَلاَءِ العَطَّارُ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَلِىْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِى يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِىْ" قَالَ عَاصِمٌ: وَنَا أَبُوْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ:" لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمًا لَطَوَّلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اليَوْمَ حَتَّى يَلِىَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٣٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ زَيْداً العَمِىَّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الصِّدِّيْقِ النَّاجِىَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَشِيْنَا أَنْ يَكُوْنَ بَعْدَ نَبِيِّنَا حَدَثٌ، فَسَأَلْنَا نَبِىَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" إِنَّ فِىْ أُمَّتِى الْمَهْدِىَّ يَخْرُجُ، يَعِيْشُ خَمْسًا، أَوْ سَبْعًا، أَوْ تِسْعًا"- زَيْدٌ الشَّاكُّ – قَالَ: قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: سِنِيْنَ، قَالَ:" فَيَجِىْءُ إِلَيْهِ الرَّجُلُ، فَيَقُوْلُ: يَا مَهْدِىُّ! أَعْطِنِىْ، أَعْطِنِىْ" قَالَ:" فَيَحْثِىْ لَهُ فِىْ ثَوْبِهِ مَا اسْتَطَاعَ أَنْ يَحْمِلَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وأَبُوْ الصِّدِّيْقِ النَّاجِىُّ: اسْمُهُ بَكْرُ بنُ عَمْرٍو، وَيُقَالُ بَكْرُ بنُ قَيْسٍ.

بابُ ماجاء فى نُزُوْلِ عِيْسَى ابنِ مَرْيَمَ

نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کا تذکرہ

حضرت مہدی کے زمانہ میں دجال کا خروج ہوگا، اور جب حالات سنگین ہوجائیں گے تو اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان سے اتاریں گے جو دجال کو قتل کریں گے اور اس فتنہ کو فرو کریں گے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! عنقریب یہ واقعہ پیش آئے گا کہ تمہارے درمیان حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے، درانحالیکہ وہ انصاف کرنے والے حاکم ہونگے (یعنی حضرت مہدی کے بعد آپ خلیفۃ المسلمین بنیں گے، اور انصاف کے ساتھ حکومت کریں گے) پس آپ سولی کو توڑ دیں گے، اور

خنزیر کو قتل کریں گے، اور جزیہ کا حکم ختم کر دیں گے، اور مال بہے گا یہاں تک کہ اس کو قبول کرنے والا کوئی نہیں رہے گا۔

تشریح: عیسائیوں نے سولی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نام پر ایجاد کی ہے، اور اس کو مذہبی تقدس عطا کیا ہے، اور خنزیر کی حلت بھی حضرت کے نام لگائی ہے، اس لئے جب آپ حاکم ہونگے تو تمام سولیوں کو توڑ دینے کا اور خنزیر کو قتل کرنے کا حکم دیں گے، اور جزیہ ختم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اب یا تو اسلام قبول ہوگا یا برسر پیکار رہنا ہوگا، کوئی بھی اسلام کے علاوہ کسی مذہب پر باقی رہ کر اسلامی ملک کا شہری نہیں بن سکے گا، اور مال کی فراوانی حضرت مہدی کے زمانہ سے شروع ہو جائے گی جس کی تکمیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ہوگی۔

[۴۵-] بابُ ماجاء فی نُزُوْلِ عِیْسَی ابنِ مَرْیَمَ

[۲۲۳۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هریرة، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لَیُوْشِکَنَّ أَنْ یَنْزِلَ فِیْکُمْ ابنُ مَرْیَمَ حَکَمًا مُقْسِطًا، فَیَکْسِرُ الصَّلِیْبَ، وَیَقْتُلُ الْخِنْزِیْرَ، وَیَضَعُ الْجِزْیَةَ، وَیَفِیْضُ الْمَالُ حَتّٰی لاَ یَقْبَلَهُ أَحَدٌ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی الدَّجَّالِ

دجال کا تذکرہ

دَجَّال: اسم مبالغہ ہے، اس کے معنی ہیں: انتہائی فریب کار، یہ مسیح کذاب کا لقب ہے جس کا آخر زمانہ میں ظہور ہوگا، اور وہ خدائی کا دعوی کرے گا۔ دَجَلَ (ن) دَجْلاً: فریب دینا، دَجَلَ الحقَّ: حق پر باطل کا پردہ ڈالنا، حق پوشی کرنا۔

اور مَسِیْحٌ: فَعِیلٌ کا وزن ہے، مَسَحَ الشیئَ کے معنی ہیں: ہاتھ پھیرنا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی مسیح ہیں اور دجال بھی، مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح بمعنی مَاسِح (ہاتھ پھیرنے والے) ہیں، آپ کے ہاتھ پھیرنے سے بیمار چنگے ہو جاتے تھے، اس لئے آپ کا یہ لقب قرآن میں آیا ہے، اور دجال مَسیح بمعنی مَمْسُوْح (ہاتھ پھیرا ہوا) ہے، اس کی ایک آنکھ پر پیدائشی طور پر ہاتھ پھیرا ہوا ہوگا جس سے وہ آنکھ چوپٹ ہوگئی ہوگی، اس لئے اس کا لقب بھی مسیح ہے، پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح ہدایت ہیں اور دجال مسیح ضلالت!

تورات میں دونوں مسیحوں کی خبر دی گئی تھی، مگر جب مسیح ہدایت یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام تشریف لائے تو یہود نے ان کو مسیح ضلالت سمجھا اور ان کے قتل کے درپے ہوئے، اللہ تعالیٰ نے ان کے شر سے محفوظ رکھ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا، مگر یہود کا خیال یہ ہے کہ انھوں نے مسیح ضلالت کو کیفر کردار تک پہنچا دیا، اور وہ مسیح ہدایت کا

انتظار کررہے ہیں، چنانچہ آخر زمانہ میں جب مسیح ضلالت پیدا ہوگا تو یہود بڑھ کر اس کی پیروی کریں گے اور اسی اشتباہ کو ختم کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ مسیح ہدایت کو آسمان سے اتاریں گے جو مسیح ضلالت کو قتل کریں گے، پس لوگوں کے سامنے یہ بات واضح ہوجائے گی کہ مسیح ہدایت کون ہے اور مسیح ضلالت کون؟

اسی طرح عیسائیوں کو بھی ایک اشتباہ ہے، نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کا مقصد اس کا ازالہ بھی ہے۔ یہ بات سب لوگ جانتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خاتم النّبیین ہیں، آپ انبیائے بنی اسرائیل کے خاتم ہیں اور ہمارے نبی ﷺ بھی خاتم النّبیین ہیں، اور آپؐ سبھی انبیاء کے خاتم ہیں۔ پس عیسیٰ علیہ السلام کے خاتم النّبیین میں الف لام عہدی ہے اور ہمارے نبی ﷺ کے خاتم النّبیین میں الف لام استغراقی ہے، مگر عیسائیوں کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ ان کے خاتم النّبیین میں الف لام استغراقی ہے، اور عیسیٰ علیہ السلام آخری پیغمبر ہیں، اس لئے وہ محمد ﷺ کی نبوت کے قائل نہیں۔ آخر زمانہ میں جب عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوکر دین محمدی کی پیروی کریں گے تب برملا ظاہر ہوجائے گا کہ خاتم النّبیین کامل کون تھا اور مقید کون؟ یہ بھی نزولِ عیسیٰ علیہ السلام کا ایک مقصد ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ دجال کا معاملہ مخفی رکھا گیا ہے، حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ سے تمام انبیاء برابر خروج دجال کی خبر دیتے آئے ہیں، اور اپنی امتوں کو اس کے سنگین فتنہ سے ڈراتے رہے ہیں، یہاں تک کہ نبی پاک ﷺ کا دور آیا، آپؐ نے گذشتہ انبیاء سے بھی واضح اور دوٹوک انداز میں اپنی امت کو اس فتنہ سے ڈرایا، مگر آپؐ کو بھی اس کے زمانہ کا پورا اندازہ نہیں تھا، جیسا کہ روایات سے معلوم ہوتا ہے۔

دجالی فتنے:

اور دجل و تلبیس کے معنی ہیں: حقیقت پر پردہ ڈالنا، پس جو بھی نظریہ باطل پر ملمع چڑھاتا ہے اور اس کو حق باور کراتا ہے وہ دجالی فتنہ ہے، جیسے جھوٹی نبوتوں کے فتنے: دجالی فتنے ہیں، حدیثوں میں ان پر لفظ دجال کا اطلاق آیا ہے، ایسے دجالی فتنے ہمیشہ ظہور پذیر ہوتے رہیں گے، اور آخر میں دجال اکبر کا فتنہ رونما ہوگا جس کا تذکرہ اس باب میں ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- حضرت نوح علیہ السلام کے بعد کوئی پیغمبر ایسے نہیں ہوئے جنھوں نے اپنی قوم کو دجال سے نہ ڈرایا ہو، اور میں بھی آپ حضرات کو دجال سے ڈراتا ہوں۔

۲- پھر نبی ﷺ نے ہمارے سامنے دجال کے احوال بیان فرمائے، اور فرمایا: شاید عنقریب اس کو پالیں بعض وہ لوگ جنھوں نے مجھے دیکھا ہے، یا انھوں نے میرا کلام سنا ہے (یعنی ایک صدی گذرتے گذرتے شاید یہ فتنہ رونما ہوجائے)

۳- صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس دن ہمارے قلوب کا حال کیسا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: مِثْلُهَا أَوْ خَيْرٌ:

آج جیسا یا اس سے بھی بہتر!

تشریح: فتنے جہاں آزمائش کا سبب بنتے ہیں ایمان کی پختگی کا سبب بھی بنتے ہیں، دجال کے دور میں بہت سے مؤمنین کے قلوب کا حال صحابہ جیسا ہوگا یا اس سے بھی بہتر ہوگا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے سامنے تقریر فرمائی، پس اللہ کی تعریف کی، جس کے وہ اہل ہیں، پھر دجال کا تذکرہ کیا اور فرمایا: ''میں آپ لوگوں کو دجال سے ڈراتا ہوں، اور کوئی نبی ایسا نہیں گذرا جس نے اپنی قوم کو دجال سے نہ ڈرایا ہو، اور حضرت نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا ہے، البتہ میں اس کے بارے میں ایک ایسی بات بتاتا ہوں جو کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی، تم جانتے ہو کہ دجال ''کانا'' ہوگا اور اللہ تعالیٰ یقیناً ''کانے'' نہیں (پھر کوئی اس کی خدائی کا دعوی کیسے تسلیم کرے گا؟)

اور امام زہری رحمہ اللہ کی دوسری سند سے یہ مضمون آیا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن فرمایا جبکہ آپ لوگوں کو دجال کے فتنے سے ڈرا رہے تھے: ''تم جانتے ہو کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے پروردگار کو مرنے سے پہلے نہیں دیکھ سکتا (اور دجال تمہیں اپنی زندگی میں نظر آئے گا پھر وہ خدا کیسے ہوسکتا ہے؟!) اور تم یہ بات بھی جانتے ہو کہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''کافر'' لکھا ہوا ہوگا، جس کو ہر وہ شخص پڑھ لے گا جو اس کی حرکتوں کو ناپسند کرے (اور خدا کافر نہیں ہوسکتا کافر اور مؤمن تو بندے ہی ہوتے ہیں)

حدیث (۳): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم سے یہود جنگ کریں گے، پس تم ان پر مسلط کئے جاؤ گے، یعنی تم ان پر غالب آجاؤ گے یہاں تک کہ پتھر پکارے گا: او مسلمان! یہ میرے پیچھے یہودی چھپا ہے اس کو قتل کر''

[٤٦-] باب ماجاء فی الدَّجَّالِ

[٢٢٣٢-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سُرَاقَةَ، عَنْ أَبِیْ عُبَيْدَةَ بنِ الْجَرَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ بَعْدَ نُوْحٍ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ الدَّجَّالَ، وَإِنِّیْ أُنْذِرُكُمُوْهُ'' فَوَصَفَهُ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' لَعَلَّهُ سَيُدْرِكُهُ بَعْضُ مَنْ رَآنِیْ، أَوْ سَمِعَ كَلَامِیْ'' قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! فكَيْفَ قُلُوْبُنَا يَوْمَئِذٍ؟ فقَالَ: '' مِثْلُهَا - يَعْنِی الْيَوْمَ - أَوْ خَيْرٌ''

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، وأَبِیْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِیْ عُبَيْدَةَ بنِ الْجَرَّاحِ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، وأَبُوْ عُبَيْدَةَ بنِ الْجَرَّاحِ: اسْمُهُ عَامِرُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الْجَرَّاحِ.

[٢٢٣٣-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ، فَأَثْنَى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ ذَكَرَ الدَّجَّالَ، فَقَالَ:" إِنِّي لَأُنْذِرُكُمُوْهُ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ قَوْمَهُ، وَلَقَدْ أَنْذَرَ نُوْحٌ قَوْمَهُ، وَلٰكِنْ سَأَقُوْلُ فِيْهِ قَوْلًا لَمْ يَقُلْهُ نَبِيٌّ لِقَوْمِهِ: تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِأَعْوَرَ"

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَأَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ يَوْمَئِذٍ لِلنَّاسِ، وَهُوَ يُحَذِّرُهُمْ فِتْنَةً: " تَعْلَمُوْنَ أَنَّهُ لَنْ يَرَى أَحَدٌ مِنْكُمْ رَبَّهُ حَتَّى يَمُوْتَ، وأَنَّهُ مَكْتُوْبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَأُهُ مَنْ كَرِهَ عَمَلَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٣٤-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمِيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" تُقَاتِلُكُمُ الْيَهُوْدُ، فَتُسَلَّطُوْنَ عَلَيْهِمْ، حَتَّى يَقُوْلَ الْحَجَرُ: يَا مُسْلِمُ! هٰذَا الْيَهُوْدِيُّ وَرَائِي فَاقْتُلْهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ؟

دجال کہاں سے نکلے گا

الکوکب الدری میں ہے کہ خروج دجال دو معنی میں مستعمل ہے، ایک: دجال کا ہم پر نکلنا یعنی مسلمانوں کے مقابلہ میں آنا دوسرے: مطلق نکلنا یعنی اس کا ظہور ہونا۔ پہلے معنی کے اعتبار سے وہ سرزمین مشرق سے نکلے گا، جس کو خراسان کہا جاتا ہے، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے، اور دوسرے معنی کے اعتبار سے اس کا خروج شام اور عراق کے درمیان کی گھاٹی سے ہوگا، جیسا کہ باب ۴۹ کی حدیث میں آرہا ہے۔ اور خراسان: ایک خطہ ہے، جس میں نیشاپور، طوس، مرو، سرخس، بلخ، طالقان، فاریاب اور انبار وغیرہ شہر واقع ہیں اور المنجد میں اس کا نقشہ ہے۔

حدیث: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم سے نبی ﷺ نے بیان کیا کہ دجال سرزمین مشرق سے نکلے گا جس کو خراسان کہا جاتا ہے، اس کی پیروی ایسے لوگ کریں گے جن کے چہرے گویا تہہ بہ تہہ چمڑا جمائی ہوئی ڈھالیں ہیں۔

تشریح: خروج دجال کے سلسلہ میں روایات میں چار جگہوں کا تذکرہ آتا ہے: (۱) شام وعراق کی درمیانی گھاٹی (۲) اصبہان کے مقام یہودیہ (۳) سرزمین مشرق یعنی خراسان (۴) حوز وکرمان۔

اور ان روایات میں تطبیق اس طرح دی گئی ہے کہ دجال کا خروج اولیں شام وعراق کی وسطی گھاٹی سے ہوگا، مگر اس وقت اس کی شہرت نہ ہوگی اور اس کے اعوان وانصار یہودیہ گاؤں میں اس کے منتظر ہونگے، وہ وہاں جائے گا

اوران کوساتھ لے کر پہلا پڑاؤ حوزوکرمان میں کرے گا، پھر مسلمانوں کے خلاف اس کا خروج خراسان سے ہوگا، اور یہودیہ میں جو یہودی اس کا انتظار کررہے ہوں گے وہ ترک نسل کے ہونگے، ان کے چہرے چوڑے اور ناک چپٹی ہوگی، اور پہلے (باب ۴۴) میں عربوں کی ترکوں سے جنگ کا ذکر آیا ہے، شاید وہ یہی جنگ ہو۔ واللہ اعلم

[٤٧-] باب ماجاءَ مِنْ أَيْنَ يَخْرُجُ الدَّجَّالُ؟

[٢٢٣٥-] حدثنا بُنْدَارٌ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، قَالاَ: نَارَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِى عَرُوْبَةَ، عَنْ أَبِى التَّيَّاحِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ سُبَيْعٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِى بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، قَالَ: حدثنا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الدَّجَّالُ يَخْرُجُ مِنْ أَرْضٍ بِالْمَشْرِقِ، يُقَالُ لَهَا: خُرَاسَانَ، يَتْبَعُهُ أَقْوَامٌ، كَأَنَّ وُجُوْهَهُم الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، وَعَائِشَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ سَوْذَبٍ، عَنْ أَبِىْ التَّيَّاحِ.

بابُ ماجاءَ فى عَلاَمَاتِ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ

خروج دجال کی نشانیاں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنگِ عظیم اور قسطنطنیہ کی فتح اور دجال کا خروج سات ماہ میں ہوگا، اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ قسطنطنیہ کی فتح قیامت برپا ہونے کے ساتھ ہوگی۔

تشریح:

۱- قسطنطنیہ روم کا پایۂ تخت تھا، اور قسطنطین بادشاہ کا نام تھا جس نے یہ شہر بسایا تھا، اس شہر کو سب سے پہلے یزید کی سرکردگی میں صحابہ نے فتح کیا، حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا انتقال اسی شہر کے محاصرہ میں ہوا ہے، پھر یہ شہر مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل گیا اور دوسری مرتبہ ترکی کے بادشاہ محمد فاتح رحمہ اللہ نے اس کو فتح کیا، اور اس کا نام استنبول یا اسلام بول رکھا، یہ شہر فی الحال مسلمانوں کے قبضہ میں ہے، آئندہ یہ مسلمانوں کے ہاتھ سے نکل جائے گا، اور خروج دجال سے پہلے حضرت مہدی اس کو فتح کریں گے۔

۲- باب کی روایت ضعیف ہے اس کا ایک راوی ابوبکر بن ابی مریم غسانی شامی ہے، جس کی حدیثیں قابل اعتبار نہیں ہوتیں، اور منذری ؒ نے مختصر سنن ابی داؤد (۶: ۱۶۴) میں امام ترمذی ؒ کا قول: هٰذا حديثٌ غريبٌ لاَنَعرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذا الوجه: نقل کیا ہے، پس ہمارے نسخوں میں جو حسنٌ ہے وہ صحیح نہیں، اور ابوداؤد میں حضرت عبداللہ بن

بسرؓ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنگِ عظیم اور فتح قسطنطنیہ چھ سال میں ہوگا، اور ساتویں سال میں دجال نکلے گا'' امام ابوداؤدؒ نے اس حدیث کو اصح کہا ہے۔

[٤٨-] بابُ ماجاء فی عَلاَمَاتِ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ

[٢٢٣٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا الْحَكَمُ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بنِ أَبِیْ مَرْيَمَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بنِ سُفْيَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ قُطَيْبٍ السَّكُوْنِیِّ، عَنْ أَبِیْ بَحْرِيَّةَ صَاحِبِ مُعَاذٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: '' الْمَلْحَمَةُ الْعُظْمٰی، وَفَتْحُ الْقُسْطَنْطِيْنَةِ، وَخُرُوْجُ الدَّجَّالِ فِیْ سَبْعَةِ أَشْهُرٍ''

وفی الباب: عَنِ الصَّعْبِ بنِ جَثَّامَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٢٣٧-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَحْيَی بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: '' فَتْحُ الْقُسْطَنْطِيْنَةِ مَعَ قِيَامِ السَّاعَةِ'' قَالَ مَحْمُوْدٌ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

وَالْقُسْطَنْطِيْنَةُ: هِیَ مَدِيْنَةُ الرُّوْمِ، تُفْتَحُ عِنْدَ خُرُوْجِ الدَّجَّالِ، وَالْقُسْطَنْطِيْنَةُ قَدْ فُتِحَتْ فِیْ زَمَانِ بَعْضِ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم.

بابُ ماجاء فی فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

دجال کے فتنے کا تذکرہ

اس باب میں جو حدیث ہے وہ اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور مسلم شریف (حدیث ۲۹۳۷) کی روایت ہے۔

حدیث: حضرت نواس بن سمعان کلابی کہتے ہیں:

۱- نبی ﷺ نے ایک صبح دجال کا تذکرہ کیا، پس آپؐ نے کبھی دجال کا معاملہ بڑھایا اور کبھی گھٹایا، یہاں تک کہ ہم نے اس کو کھجوروں کے جھنڈ میں گمان کیا۔

تشریح: خَفَّضَ: پست کیا، رَفَّعَ: بلند کیا، اونچا اٹھایا (دونوں میں ف مشدد ہے) یعنی تقریر میں اس کے فتنہ کی سنگینی اور اس کی ذات کی رسوائی بیان کی، یا یہ مطلب ہے کہ دجال کا حال بیان کرتے ہوئے کبھی آواز بلند ہوگئی، کبھی پست۔ اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ اس کی سب اونچ نیچ سمجھا دی، اور کھجوروں کے جھنڈ میں گمان کرنے کا مطلب یہ ہے کہ صحابہ سمجھے کہ دجال بس آیا۔

۲-حضرت نواسؓ کہتے ہیں: پس ہم نبی ﷺ کے پاس سے ہٹے، یعنی تقریر سن کر گھر چلے گئے، پھر (شام کو) جب ہم آپؐ کی طرف لوٹے تو آپؐ نے یہ چیز یعنی گھبراہٹ ہمارے اندر جانی، پس فرمایا: ما شَأْنُكم: تمہارا کیا حال ہے؟ حضرت نواسؓ کہتے ہیں: ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ نے صبح دجال کا تذکرہ کیا، پس آپؐ نے اس کو پست کیا اور بلند کیا یہاں تک کہ ہم نے اس کو کھجوروں کے جھنڈ میں گمان کیا، یعنی آپؐ نے دجال کا ایسا نقشہ کھینچا کہ ہم ڈر گئے۔

۳- نبی ﷺ نے فرمایا: دجال کے علاوہ کا میں آپ لوگوں کے حق میں زیادہ خطرہ محسوس کرتا ہوں، اگر دجال نکلا اور میں تمہارے درمیان ہوا تو میں اس سے بحث کرکے نمٹ لونگا یعنی تمہاری ضرورت پیش نہیں آئے گی، اور اگر وہ نکلا اور میں تمہارے اندر نہ ہوا تو ہر شخص اپنی طرف سے اس سے بحث کرلیگا، اور اللہ تعالیٰ میرا نائب ہوگا ہر مسلمان پر، یعنی اللہ تعالیٰ دجال سے بحث میں ہر مسلمان کی مدد کرے گا۔

بیشک دجال نوجوان چھوٹے گھنگریالے بال والا ہوگا، اس کی آنکھ موجود ہوگی، وہ عبدالعُزّی بن قَطَن کے ہم شکل ہوگا، پس جو شخص تم میں سے اس کو دیکھے تو چاہئے کہ وہ غار والوں کی سورت کی ابتدائی آیتیں پڑھے۔

تشریح: حَجِيْجٌ: فعيلٌ کا وزن ہے اور حَاجٌّ کے معنی میں ہے یعنی جھگڑنے والا، بحث ومباحثہ کرنے والا...... قَطَطٌ: چھوٹے گھنگریالے بال والا ...... عَيْنُه قائِمَةٌ: مسلم شریف کی روایت میں عَيْنُه طَافِئَةٌ ہے، یعنی اس کی ایک آنکھ کی روشنی جاتی رہی ہوگی، طَفِئَتِ العَيْنُ کے یہی معنی ہیں، یعنی آنکھ ہوگی مگر اس میں روشنی نہیں ہوگی، یہی اس کا کانا ہونا ہے، اور عبدالعزی بن قطن قبیلۂ خزاعہ کا ایک مشرک آدمی تھا جو زمانۂ جاہلیت میں مرگیا تھا، جس کو صحابہ نے دیکھا تھا، اس لئے نبی ﷺ نے دجال کو اس کے ساتھ تشبیہ دی۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن سورۃ الکہف پڑھے وہ آٹھ دن تک ہر فتنہ سے محفوظ رہے گا اور اگر اس ہفتہ میں دجال نکلے گا تو وہ اس کے فتنہ سے بھی محفوظ رہے گا، آج کل فتنوں کا دور ہے، ہر دن نئے دجالی فتنے ظاہر ہوتے ہیں پس لوگوں کو چاہئے کہ سورۃ الکہف کی شروع اور آخر کی دس دس آیتیں یاد کریں اور ان کو بکثرت پڑھیں۔

۴- نبی ﷺ نے فرمایا: دجال شام اور عراق کے درمیان سے نکلے گا، یعنی اس کا پہلا ظہور یہاں سے ہوگا، پس وہ دائیں بائیں فساد پھیلائے گا، اے اللہ کے بندو! ٹھہرو!

تشریح: عَاثَ، عَيْثًا کے معنی ہیں: فساد پھیلانا، بگاڑ اور خرابی پیدا کرنا، اور یا عِبادَ اللّٰہ! اُثْبُتُوْا: نبی ﷺ کا ارشاد ہے، دجال کے زمانہ کے لوگوں سے آپؐ نے فرمایا ہے کہ دجال سے گھبرا کر بھاگو نہیں، جم جاؤ، ڈٹ کر اس کا مقابلہ کرو وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

۵-حضرت نواسؓ کہتے ہیں: ہم نے پوچھا: یارسول اللہ! دجال زمین میں کتنا عرصہ ٹھہرے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: چالیس دن، ایک دن ایک مہینہ کے برابر ہوگا، اور دوسرا دن جمعہ کے برابر ہوگا اور اس کے باقی ایام تمہارے دنوں کی طرح ہونگے۔

تشریح: اسماء بنت یزید بن السکن کی روایت شرح السنہ میں ہے کہ دجال زمین میں چالیس سال ٹھہرے گا، سال مہینہ کی طرح ہوگا، اور مہینہ ہفتہ کی طرح اور ہفتہ دن کی طرح، اور دن جیسے شعلہ بھڑک جاتا ہے۔ مگر حضرت نواسؓ کی حدیث مسلم شریف میں ہے اس لئے وہ اصح ہے، حضرت اسماء کی حدیث اس کے معارض نہیں ہوسکتی، یا یہ کہا جائے کہ ایک بیان درازیٔ ایام کے اعتبار سے ہے اور ایک تخفیف ایام کے اعتبار سے، حضرت نواسؓ کی حدیث میں یہ ہے کہ ایک دن ایک سال کے برابر ہوگا، اور حضرت اسماء کی حدیث میں یہ ہے کہ ایک سال مہینہ کے برابر ہوگا، پس ایک ہی حقیقت کو دو جانبوں سے سمجھایا گیا ہے۔

٦-حضرت نواس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! بتلائیں، وہ دن جو سال کے برابر ہوگا: کیا ہمارے لئے اس میں ایک دن کی نماز کافی ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں بلکہ اس کے لئے اندازہ کرو۔

تشریح: جیسے فجر سے تقریباً چھ گھنٹے کے بعد ظہر پڑھتے ہیں پھر تقریباً تین گھنٹے کے بعد عصر، پھر ڈیڑھ گھنٹے کے بعد مغرب، پھر ڈیڑھ گھنٹے کے بعد عشاء، پھر چھ گھنٹے کے بعد فجر پڑھتے ہیں، اسی طرح وقفہ وقفہ سے اس لمبے دن میں نمازیں پڑھنی ہونگی، اس پورے دن میں پانچ نمازیں کافی نہیں ہونگی، اور علماء کرام نے اس حدیث سے ان ممالک کے لئے نمازوں کا مسئلہ طے کیا ہے جہاں چھ مہینے دن اور چھ مہینے رات ہوتی ہے، وہاں کلینڈر کے حساب سے کاروبار ہوتے ہیں، پس اسی طرح نمازیں بھی ادا کی جائیں گی۔

۷-حضرت نواسؓ کہتے ہیں: ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! دجال زمین میں کتنی تیزی سے گھومے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اس بارش کی طرح گھومے گا جس کے پیچھے ہوا ہو، پس وہ ایک قوم کے پاس آئے گا، پس وہ ان کو (اپنی خدائی کی) دعوت دے گا، پس وہ اس کو جھٹلائیں گے، اور اس پر اس کی بات پھیر دیں گے، پس دجال ان سے پھرے گا، پس لوگوں کے اموال دجال کے پیچھے ہولیں گے، پس لوگ اس حال میں ہوجائیں گے کہ ان کے ہاتھ میں کچھ نہیں رہے گا، پھر دجال اس قوم کے پاس واپس آئے گا پس ان کو دعوت دے گا، پس لوگ اس کی دعوت پر لبیک کہیں گے، اور وہ اس کی تصدیق کریں گے، تو دجال آسمان کو برسنے کا حکم دے گا، پس آسمان برسے گا، اور زمین کو روئیدگی کا حکم دے گا تو زمین گھاس اگائے گی، پس شام کو ان کے مویشی ان پر لوٹیں گے درانحالیکہ ان کی کوہانیں زیادہ سے زیادہ دراز ہونگی، اور ان کی کوکھیں زیادہ سے زیادہ پھولی ہوئی ہونگی، اور ان کے تھن زیادہ سے زیادہ دودھ سے بھرے ہوئے ہونگے، پھر دجال ویرانے میں آئے گا اور اس کو حکم دے گا کہ اپنے خزانے نکال، پس وہ اس ویرانے سے پھرے گا درانحالیکہ خزانے اس کی

پیروی کریں گے،شہد کی مکھیوں کی طرح، پھر دجال ایک نوجوان کو بلائے گا (یہ مدینہ منورہ کا مؤمن ہوگا) جو جوانی سے بھرا ہوا ہوگا، پس اس کو تلوار سے قتل کرے گا (کیونکہ وہ اس کے خدائی کے دعوے کی تکذیب کرے گا) پھر اس کو دو ٹکڑے کردے گا، پھر وہ اس کو بلائے گا یعنی آواز دے گا، پس وہ جوان متوجہ ہوگا درانحالیکہ اس کا چہرہ چمک رہا ہوگا، اور وہ مسکرا رہا ہوگا یعنی وہ زندہ ہوجائے گا، پس دریں اثناء کہ دجال اسی طرح ہوگا یعنی اسی طرح کی کرشمہ سازیاں دکھاتا پھر رہا ہوگا کہ اچانک حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے، دمشق شہر کی مشرقی جانب میں، سفید منارے کے پاس، دو زرد چادریں پہنے ہوئے، اپنا ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے، جب آپ اپنا سر جھکائیں گے تو پانی کے قطرے ٹپکیں گے، اور جب سر اٹھائیں گے تو اس سے موتیوں کی طرح دانے لڑھکیں گے یعنی رخسار پر ڈھلکیں گے۔

تشریح: اِسْتَدْبَرَہ: کسی کے پاس اس کے پیچھے سے آنا ...... السَّارِحَة: مویشی، سَرَحَتِ الْمَاشِيَةُ: مویشی کا چراگاہ میں چرنا ...... الذِّرْوَة: (بکسر الذال وضمّها) چوٹی، بلندی، جمع ذُرًى کہا جاتا ہے: هو فی ذُرْوَةِ النسبِ: وہ اعلی نسب کا ہے ...... أَمَدُّ: (اسم تفضیل) زیادہ لمبا ...... الخَاصِرَةُ: پہلو، سرین کی جڑ سے پسلیوں کے نیچے تک کا درمیانی حصہ، کوکھ، جمع خواصِر ...... أَدَرُّ: (اسم تفضیل) زیادہ دودھ والی، دَرَّ الدَّرُّ: دودھ کا کثرت سے ہونا ...... يَعْسُوْب: شہد کی مکھیوں کی رانی، مراد شہد کی مکھیاں ...... جِزْلَةٌ: ٹکڑا، أَجْزَلَه: کاٹنا، دو ٹکڑے کرنا ...... شَرْقِيٌّ: مشرقی جانب، مابعد کی طرف مضاف ...... مَهْرُوْدَةٌ: زرد رنگ سے رنگا ہوا کپڑا، هَرَّدَ الثَّوْبَ: کپڑے کو ورس میں رنگنا ...... تَحَدَّرَ: ڈھلکنا، نیچے اترنا ...... الجُمَانُ: موتی، اور چاندی کا ڈھلا ہوا موتی، واحد: جُمَانَةٌ۔

۸- نبی ﷺ نے فرمایا: اور عیسیٰ علیہ السلام کے سانس کی بو نہیں پائے گا کوئی شخص مگر وہ مرجائے گا، اور آپ کے سانس کی بو آپ کی نگاہ کے منتہی تک پہنچے گی۔

تشریح: آپ کے سانس کی یہ خصوصیت اسی موقع پر ہوگی، اور یہ عجیب بات ہے: کبھی آپ کی پھونک سے مردے زندہ ہوجاتے تھے اور آج آپ کے سانس سے دجال پگھل جائے گا۔

۹- نبی ﷺ نے فرمایا: پس عیسیٰ علیہ السلام دجال کو ڈھونڈھیں گے، یہاں تک کہ اس کو لدّ شہر کے گیٹ پر پائیں گے، پس وہ اس کو قتل کریں گے (لدّ ایک شہر کا نام ہے جو فلسطین میں ہے)

۱۰- نبی ﷺ نے فرمایا: پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام ٹھہریں گے جتنا اللہ تعالیٰ چاہیں گے۔

تشریح: یہ حضرت مہدی کے بعد کا زمانہ ہے، حضرت مہدی کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام خلیفۃ المسلمین بنیں گے، اور وہ ایک عرصہ تک حکومت کریں گے۔

۱۱- نبی ﷺ نے فرمایا: پھر اللہ تعالیٰ عیسیٰ علیہ السلام کی طرف وحی بھیجیں گے کہ میرے بندوں کو طور پر سمیٹ لو اس لئے کہ میں ایسے بندوں کو بھیج رہا ہوں جن سے مقابلہ کی کسی میں طاقت نہیں ہوگی۔

تشریح: حَوَّز الدَّوَابَّ إلى الماء: چوپایوں کو پانی کی طرف ہانکنا، اور یہ بندے جن سے مقابلہ کی کسی میں طاقت نہیں ہوگی وہ یاجوج و ماجوج ہونگے۔

۱۲- نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ یاجوج و ماجوج کو بھیجیں گے، اور ان کا حال ویسا ہوگا جیسا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''اور وہ (کثرت کی وجہ سے) ہر بلندی (پہاڑ اور ٹیلے) سے پھسلتے ہونگے'' (سورۃ الانبیاء آیت ۹۶)

۱۳- نبی ﷺ نے فرمایا: اور ان کا اگلا قافلہ بحیرہ طبریہ سے گذرے گا، پس وہ اس کا وہ پانی پی جائیں گے جو اس میں ہوگا، پھر وہاں سے ان کا پچھلا قافلہ گذرے گا تو وہ کہیں گے: یقیناً اس بحیرہ میں کبھی پانی رہا ہوگا، پھر وہ چلیں گے یہاں تک کہ بیت المقدس کے پہاڑ پر پہنچیں گے، پس وہ کہیں گے: بخدا! ہم نے زمین کے لوگوں کو ختم کر دیا، اب آؤ جو آسمان میں ہیں ان کو قتل کریں، پس وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے، پس اللہ تعالیٰ ان پر ان کے تیر لوٹائیں گے درانحالیکہ وہ خون سے سرخ ہونگے۔

تشریح: طَبَرِيَّة: ایک شہر ہے جس کی طرف نسبت طبرانی ہے، اس سے لگی ہوئی جو جھیل ہے وہ بحیرہ طبریہ ہے ...... النُّشَّاب: تیر، مفرد: نُشَّابَةٌ۔

۱۴- اور عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی گھیرے جائیں گے یعنی محصور ہو جائیں گے یہاں تک کہ بیل کا سر اس دن ان کے لئے مہنگا ہوگا، آج تمہارے لئے سو دینار سے۔

تشریح: یعنی فاقہ کا یہ حال ہوگا کہ کھانے کی چیزیں بے حد گراں ہو جائیں گی۔

۱۵- نبی ﷺ نے فرمایا: پس عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف رغبت کریں گے۔

تشریح: یعنی سب گڑگڑا کر دعا کریں گے کہ ان کی یہ پریشانی ختم ہو۔

۱۶- نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ یاجوج و ماجوج پر ان کی گردنوں میں نَغَفْ کیڑے کی بیماری بھیجیں گے (نَغَف: وہ کیڑے ہیں جو اونٹ یا بکری کی ناک میں ہو جاتے ہیں) پس وہ سب کے سب ایک ہی دن میں مرجائیں گے۔ فَرْسَى بروزن هَلْكَى: فَرِيْسٌ کی جمع ہے بمعنی قتیل، فَرَسَ الذِئبُ الشاةَ کے معنی ہیں: بھیڑیئے نے بکری کو مار ڈالا، افْتَرَسَ کے بھی یہی معنی ہیں، اور فَرْسَى اور مَوْتَى: مترادف الفاظ ہیں، اور كَمَوْتِ نَفْسٍ واحدةٍ کے معنی ہیں: یکبارگی، ایک نفس کے مرنے کی طرح، یعنی سارے یکبارگی مرجائیں گے۔

۱۷- نبی ﷺ نے فرمایا: اور عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی طور سے نیچے اتریں گے، پس وہ بالشت بھر جگہ نہیں پائیں گے، مگر اس کو بھر دیا ہوگا یاجوج و ماجوج کی چربی نے اور ان کی بدبو نے، اور ان کے خونوں نے، یعنی ان کی سڑاند سے زمین کا برا حال ہو رہا ہوگا۔

۱۸- نبی ﷺ نے فرمایا: پس عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی طرف راغب ہونگے، یعنی پھر

گڑگڑا کر دعا کریں گے۔

۱۹- نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج پر ایسے پرندے بھیجیں گے جو بختی اونٹوں کی گردنوں جیسے ہونگے، پس وہ ان کو اٹھائیں گے، پس وہ ان کو گہرے کھڈ میں ڈالیں گے، اور مسلمان ان کی کمانوں سے اور ان کے تیروں سے اور ان کے ترکشوں سے سات سال تک آگ جلائیں گے، اور اللہ تعالیٰ ان پر ایک بارش بھیجیں گے، نہیں چھپایا جائے گا اس سے کوئی بالوں کا گھر اور نہ کوئی مٹی کا گھر۔

تشریح: البُخت: خراسانی اونٹ ...... المِهْبِل: گہرا کھڈ ...... الجَعْبَة: تیروں کا تھیلا، ترکش، جمع: جِعَابٌ ...... لایُكِنُّ: فعل مضارع منفی مجہول، كَنَّ الشيئَ، يَكُنُّ، كَنًّا: چھپانا، نظروں سے بچانا ...... الوَبَر: اون ...... المَدَر: مٹی کا ڈھیلا۔

۲۰- نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ بارش زمین کو دھودے گی، پس وہ زمین کو چکنی سپاٹ کردے گی (الزَّلَفَة: چکنی چٹان یا پتھر)

۲۱- نبی ﷺ نے فرمایا: پھر زمین سے کہا جائے گا: اپنی پیداوار نکال، اور اپنی برکتیں پھیر، پس اس دن ایک جماعت ایک انار کو کھائے گی (اور سیر ہوجائے گی) اور ایک جماعت ایک انار کے چھلکے میں سایہ حاصل کرے گی، اور دودھ میں برکت ہوگی یہاں تک کہ لوگوں کی ایک جماعت ایک اونٹنی کے دودھ پر اکتفا کرے گی، اور ایک قبیلہ ایک گائے کے دودھ پر اکتفا کرے گا، اور ایک چھوٹا قبیلہ ایک بکری کے دودھ پر اکتفا کرے گا، پس دریں اثنا کہ وہ اسی طرح ہونگے کہ اچانک اللہ تعالیٰ ایک ہوا بھیجیں گے جو ہر مؤمن کی روح قبض کرلے گی، اور جو باقی رہ جائیں گے وہ جماع کریں گے گدھوں کے جماع کرنے کی طرح، یعنی بالکل ننگے ہوکر یا لوگوں کے سامنے بے شرم ہوکر گدھوں کی طرح جماع کریں گے، پس ان لوگوں پر قیامت قائم ہوگی۔

تشریح: قِحْفٌ: (بکسر القاف) کھوپڑی کا ایک حصہ، مراد چھلکا ...... الرِّسْل (بکسر الراء) دودھ ...... الفِئَام: جماعت، گروہ ...... اللَّقْحَةُ (بفتح اللام) بہت دودھ دینے والی اونٹنی ...... الفَخْذُ و الفَخِذُ: قبیلہ کی ایک شاخ ...... التَّهَارُجُ: التَّنَاكُح و التَّسَافُدُ (لسان العرب) اور زمخشری نے اس کا ترجمہ يَتَسَاوَرُوْنَ کیا ہے، تَسَاوَرَ الرجلان کے معنی ہیں: ایک دوسرے پر حملہ کرنا، خود کو اونچا کرنا، اوپر اٹھانا۔

[۴۹-] باب ماجاء في فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

[۲۲۳۸-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، وَعَبْدُ اللهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ – دَخَلَ حَدِيْثُ أَحَدِهِمَا فِيْ حَدِيْثِ الآخَرِ – عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ، عَنْ يَحْيَى بنِ جَابِرٍ

الطَّائِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عَنْ النَّوَّاسِ بنِ سَمْعَانَ الْكِلَابِيِّ، قَالَ:

[١-] ذَكَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الدَّجَّالَ ذَاتَ غَدَاةٍ، فَخَفَّضَ فِيْهِ وَرَفَّعَ، حَتَّى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ.

[٢-] قَالَ: فَانْصَرَفْنَا مِنْ عِنْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَيْهِ، فَعَرَفَ ذٰلِكَ فِيْنَا، فَقَالَ: "مَاشَأْنُكُمْ؟" قَالَ: قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! ذَكَرْتَ الدَّجَّالَ الغَدَاةَ، فَخَفَّضْتَ وَرَفَّعْتَ، حَتّٰى ظَنَنَّاهُ فِيْ طَائِفَةِ النَّخْلِ.

[٣-] قَالَ: "غَيْرُ الدَّجَّالِ أَخْوَفُ لِيْ عَلَيْكُمْ، إِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا فِيْكُمْ، فَأَنَا حَجِيْجُهُ دُوْنَكُمْ، وَإِنْ يَخْرُجْ وَلَسْتُ فِيْكُمْ، فَامْرُؤٌ حَجِيْجُ نَفْسِهِ، وَاللّٰهُ خَلِيْفَتِيْ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ: إِنَّهُ شَابٌّ قَطَطٌ، عَيْنُهُ قَائِمَةٌ، شَبِيْهٌ بِعَبْدِ العُزَّى بنِ قَطَنٍ، فَمَنْ رَآهُ مِنْكُمْ فَلْيَقْرَأْ فَوَاتِحَ سُوْرَةِ أَصْحَابِ الكَهْفِ"

[٤-] قَالَ: "يَخْرُجُ مَا بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ، فَعَاثَ يَمِيْنًا وَشِمَالاً، يَا عِبَادَ اللّٰهِ! اثْبُتُوْا"

[٥-] قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا لَبْثُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: "أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا: يَوْمٌ كَشَهْرٍ، وَيَوْمٌ كَجُمُعَةٍ، وَسَائِرُ أَيَّامِهِ كَأَيَّامِكُمْ"

[٦-] قَالَ: قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ الْيَوْمَ الَّذِيْ كَالسَّنَةِ، أَتَكْفِيْنَا فِيْهِ صَلَاةُ يَوْمٍ؟ قَالَ: "لاَ، وَلٰكِنِ اقْدُرُوْا لَهُ"

[٧-] قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! فَمَا سُرْعَتُهُ فِي الْأَرْضِ؟ قَالَ: "كَالْغَيْثِ اسْتَدْبَرَتْهُ الرِّيْحُ، فَيَأْتِي الْقَوْمَ فَيَدْعُوْهُمْ، فَيُكَذِّبُوْنَهُ، وَيَرُدُّوْنَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ، فَيَنْصَرِفُ عَنْهُمْ، فَتَتْبَعُهُ أَمْوَالُهُمْ، فَيُصْبِحُوْنَ لَيْسَ بِأَيْدِيْهِمْ شَيْئٌ، ثُمَّ يَأْتِي الْقَوْمَ، فَيَدْعُوْهُمْ، فَيَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُ، وَيُصَدِّقُوْنَهُ، فَيَأْمُرُ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ، فَتُمْطِرُ، وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ، فَتُنْبِتُ، فَتَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَتُهُمْ كَأَطْوَلِ مَا كَانَتْ ذُرًى، وَأَمَدِّهِ خَوَاصِرَ، وَأَدَرِّهِ ضُرُوْعًا، ثُمَّ يَأْتِي الخَرِبَةَ، فَيَقُوْلُ لَهَا: أَخْرِجِي كُنُوْزَكِ، فَيَنْصَرِفُ مِنْهَا، فَتَتْبَعُهُ كَيَعَاسِيْبِ النَّحْلِ، ثُمَّ يَدْعُوْا رَجُلاً شَابًّا، مُمْتَلِئًا شَبَابًا، فَيَضْرِبُهُ بِالسَّيْفِ، فَيَقْطَعُهُ جِزْلَتَيْنِ، ثُمَّ يَدْعُوْهُ، فَيُقْبِلُ يَتَهَلَّلُ وَجْهُهُ يَضْحَكُ، فَبَيْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ إِذْ هَبَطَ عِيْسَى بنُ مَرْيَمَ بِشَرْقِيِّ دِمَشْقَ، عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ، بَيْنَ مَهْرُوْدَتَيْنِ، وَاضِعًا يَدَهُ عَلَى أَجْنِحَةِ مَلَكَيْنِ، إِذَا طَأْطَأَ رَأْسَهُ قَطَرَ، وَإِذَا رَفَعَهُ تَحَدَّرَ مِنْهُ جُمَانٌ كَاللُّؤْلُؤِ"

[٨-] قَالَ: "وَلَا يَجِدُ رِيْحَ نَفَسِهِ - يَعْنِيْ أَحَدًا - إِلَّا مَاتَ، وَرِيْحُ نَفَسِهِ مُنْتَهَى بَصَرِهِ"

[٩-] قَالَ: "فَيَطْلُبُهُ حَتَّى يُدْرِكَهُ بِبَابِ لُدٍّ، فَيَقْتُلُهُ"

[١٠-] قَالَ:" فَيَلْبَثُ كَذٰلِكَ مَاشَاءَ اللّٰه"

[١١-] قَالَ:" ثُمَّ يُوْحِي اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنْ حَوِّزْ عِبَادِى إِلَى الطُّوْرِ، فَإِنِّىْ قَدْ أَنْزَلْتُ عِبَادًا لِىْ لاَيَدَ لِأَحدٍ بِقِتَالِهِمْ"

[١٢-] قَالَ:" وَيَبْعَثُ اللّٰهُ يَأْجُوْجَ وَمَأْجُوْجَ، وَهُمْ كَمَا قَالَ اللّٰهُ:﴿ وَهُمْ مِنْ كُلِّ حَدَبٍ يَنْسِلُوْنُ﴾

[١٣-] قَالَ:" وَيَمُرُّ أَوَّلُهُمْ بِبُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ، فَيَشْرَبُ مَا فِيْهَا، ثُمَّ يَمُرُّ بِهَا آخِرُهُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَقَدْ كَانَ بِهٰذِهِ مَرَّةً مَاءٌ، ثُمَّ يَسِيْرُوْنَ حَتَّى يَنْتَهُوْا إِلَى جَبَلِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَيَقُوْلُوْنَ: لَقَدْ قَتَلْنَا مَنْ فِي الْأَرْضِ، فَهَلُمَّ فَلْنَقْتُلْ مَنْ فِي السَّمَاءِ، فَيَرْمُوْنَ بِنُشَّابِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ، فَيَرُدُّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نُشَّابَهُمْ مُحْمَرًّا دَمًا"

[١٤-] وَيُحَاصَرُ عِيْسَى ابنُ مَرْيَمَ وَأَصْحَابُهُ، حَتَّى يَكُوْنَ رَأْسُ الثَّوْرِ يَوْمَئِذٍ خَيْرًا لَهُمْ مِنْ مِائَةِ دِيْنَارٍ لِأَحَدِكُمُ الْيَوْمَ"

[١٥-] قَالَ:" فَيَرْغَبُ عِيْسَى ابنُ مَرْيَمَ إِلَى اللّٰهِ وَأَصْحَابُهُ"

[١٦-] قَالَ:" فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ النَغَفَ فِىْ رِقَابِهِمْ، فَيُصْبِحُوْنَ فَرْسَى مَوْتَى، كَمَوْتِ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ"

[١٧-] قَالَ:" وَيَهْبِطُ عِيْسَى وَأَصْحَابُهُ، فَلاَ يَجِدُ مَوْضِعَ شِبْرٍ إِلَّا وَقَدْ مَلَأَتْهُ زَهْمَتُهُمْ، وَنَتْنُهُمْ، وَدِمَاؤُهُمْ"

[١٨-] قَالَ:" فَيَرْغَبُ عِيسَى إِلَى اللّٰهِ وَأَصْحَابُهُ"

[١٩-] قَالَ:" فَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ طَيْراً كَأَعْنَاقِ الْبُخْتِ، فَتَحْمِلُهُمْ فَتَطْرَحُهُمْ بِالْمَهْبِلِ، وَيَسْتَوْقِدُ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ قِسِيِّهِمْ، وَنُشَّابِهِمْ، وَجِعَابِهِمْ سَبْعَ سِنِيْنَ، وَيُرْسِلُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مَطَرًا لاَيُكَنُّ مِنْهُ بَيْتُ وَبَرٍ وَلاَ مَدَرٍ"

[٢٠-] قَالَ:" فَيَغْسِلُ الْأَرْضَ فَيَتْرُكُهَا كَالزَّلَفَةِ"

[٢١-] قَالَ:" ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ: أَخْرِجِىْ ثَمَرَتَكِ، وَرُدِّىْ بَرَكَتَكِ، فَيَوْمَئِذٍ تَأْكُلُ العِصَابَةُ الرُّمَّانَةَ، وَيَسْتَظِلُّوْنَ بِقِحْفِهَا، وَيُبَارَكُ فِي الرِّسْلِ، حَتَّى أَنَّ الفِئَامَ مِنَ النَّاسِ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللَّقْحَةِ مِنَ الإِبِلِ، وأَنَّ القَبِيْلَةَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللَّقْحَةِ مِنَ الْبَقَرِ، وَإِنَّ الفَخِذَ لَيَكْتَفُوْنَ بِاللَّقْحَةِ مِنَ الْغَنَمِ، فَبَيْنَمَاهُمْ كَذٰلِكَ إِذْ بَعَثَ اللّٰهُ رِيْحًا، فَقَبَضَتْ رُوْحَ كُلِّ مُؤْمِنٍ، وَيَبْقَى سَائِرُ النَّاسِ يَتَهَارَجُوْنَ كَمَا يَتَهَارَجُ الْحُمُرُ، فَعَلَيْهِمْ تَقُوْمُ السَّاعَةُ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ بنِ جَابِرٍ.

بابُ ماجاء فی صِفَةِ الدَّجَّالِ

دجال کی نشانی

حدیث: نبی ﷺ سے دجال کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: سنو! بیشک تمہارا پروردگار ''کانا'' نہیں، سنو! اور بیشک دجال کانا ہوگا، اس کی دائیں آنکھ گویا ابھرا ہوا انگور کا دانہ ہے!

تشریح: طَافِیَۃٌ: اسم فاعل واحد مؤنث، از طَفَا الشیئُ فَوْقَ الماء، یَطْفُو، طَفْوًا وَطُفُوًّا: پانی پر کسی شی کا تیرنا، پانی کے اندر نہ جانا۔ اور ابھی حدیث نمبر ۲۲۳۸ میں عَیْنُه قائمۃٌ آیا ہے، اور مسلم شریف میں اسی حدیث میں عینه طافِئَۃٌ ہے، از طَفِئَتِ النارُ طَفْئًا: آگ کا بجھنا، اور طَفِئتِ العَیْنُ: آنکھ کی روشنی جاتی رہنا، پس سب لفظوں کا حاصل یہ ہے کہ دجال کی دائیں آنکھ ہوگی، مگر اس میں روشنی نہیں ہوگی اور وہ انگور کے دانے کی طرح ابھری ہوئی ہوگی۔

[۵۰-] باب ماجاء فی صِفَةِ الدَّجَّالِ

[۲۲۳۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَی الصَّنْعَانِیُّ، نَا الْمُعْتَمِرُ بنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الدَّجَّالِ؟ فَقَالَ:" أَلَا! إِنَّ رَبَّکُمْ لَیْسَ بِأَعْوَرَ، أَلَا! وَإِنَّهُ أَعْوَرُ، عَیْنُهُ الْیُمْنَی کَأَنَّهَا عِنَبَةٌ طَافِیَةٌ "

وفی الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَحُذَیْفَةَ، وأَبِیْ هریرةَ، وَأَسْمَاءَ، وَجَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَبِیْ بَکْرَةَ، وَعَائِشَةَ، وَأَنَسٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَالْفَلْتَانُ بنُ عَاصِمٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاء فی أَنَّ الدَّجَّالَ لاَیَدْخُلُ الْمَدِیْنَةَ

دجال مدینہ منورہ میں داخل نہیں ہوگا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: دجال مدینہ منورہ پر پہنچے گا، پس وہ ایسے فرشتوں کو پائے گا جو مدینہ منورہ کا پہرہ دے رہے ہونگے، چنانچہ مدینہ منورہ میں اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو طاعون (پلیگ) داخل ہوگا نہ دجال، یعنی مدینہ منورہ بحفاظت خداوندی ان دو آفتوں سے محفوظ رہے گا، دجال احد پہاڑ کے پیچھے تک پہنچے گا، مگر اندر نہیں جاسکے گا، فرشتے اس کے چہرے کو پھیر دیں گے، یعنی اس کی رائے بدل جائے گی، اور وہ دوسری طرف نکل جائے گا (اسی موقع پر یہ قصہ پیش آئے گا کہ ایک نوجوان مدینہ منورہ سے نکلے گا اور دجال کا مقابلہ کرے گا، اور اس کے دعویٰ

خدائی کی تکذیب کرے گا، چنانچہ دجال قتل کر کے اس کے دوٹکڑے کر دے گا، پھر آواز دے گا تو وہ جوان زندہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوگا، وہ اب بھی اس کی تکذیب کرے گا، پس وہ دوبارہ اس کو قتل کرنا چاہے گا مگر نہیں کر سکے گا)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-**الإِيْمَانُ يَمَانٍ:** ایمان تو یمن والوں کا ہے، یَمَنِیٌّ میں سے یاء نسبت حذف کر کے اس کے عوض الف بڑھایا ہے، یہ حدیث یمن والوں کے لئے بڑی فضیلت ہے، یمن والوں میں اخلاص ہوتا ہے اور دل نرم ہوتا ہے، اور وہ نفاق سے دور ہوتے ہیں۔

۲-**والكُفْرُ مِنْ قِبَلِ المَشْرِقِ:** اور کفر مشرق کی جانب سے ہے، یعنی ہمیشہ ادھر ہی سے کفر سر ابھارے گا، مسیلمہ کذاب ادھر ہی کا تھا، اور دجال کا خروج بھی ادھر ہی سے ہوگا۔

۳-**والسَّكِيْنَةُ لِأَهْلِ الغَنَمِ:** اور اطمینان بکریاں پالنے والوں میں ہوتا ہے، ان کی مزاجی کیفیت نرم ہوتی ہے، ان میں وقار ہوتا ہے، کیونکہ جس کی جس چیز کے ساتھ مزاولت ہوتی ہے اس کے اثرات اس میں پیدا ہوتے ہیں، بکریاں مسکین جانور ہیں اس لئے بکریاں پالنے والوں میں تواضع اور سکون ہوتا ہے۔

۴-**والفَخْرُ والرِّيَاءُ في الفَدَّادِيْنَ: أَهْلِ الْخَيْلِ وَأَهْلِ الوَبَرِ:** اور گھمنڈ اور دکھاوا چلانے والوں میں یعنی گھوڑے پالنے والوں میں اور اونٹ پالنے والوں میں ہوتا ہے۔ فَدَّ يَفِدُّ فَدًّا وفَدِيْدًا کے معنی ہیں: سخت آواز ہونا، الفَدَّاد: سخت گفتار، کرخت آواز والا، یعنی جن کے پاس اونٹوں اور گھوڑوں کا بڑا ریوڑ ہوتا ہے ان میں یہ برے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔

۵-اور مسیح دجال آئے گا یعنی مدینہ منورہ کے پاس آئے گا، جب وہ احد پہاڑ کے پیچھے ہوگا تو فرشتے اس کے چہرے کو شام کی طرف پھیر دیں گے اور وہ وہیں ہلاک ہوگا۔

[۵۱-] بابُ ماجاء في أَنَّ الدَّجَّالَ لايَدْخُلُ الْمَدِيْنَةَ

[۲۲۴۰-] حدثنا عَبْدَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، نايَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَأْتِي الدَّجَّالُ الْمَدِيْنَةَ، فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ يَحْرُسُوْنَهَا، فَلَا يَدْخُلُهَا الطَّاعُوْنُ وَلَا الدَّجَّالُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَفَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، وَمِحْجَنٍ، وأُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، وَسَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۲۲۴۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ

هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" الإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْكُفْرُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، وَالسَّكِيْنَةُ لِأَهْلِ الغنَمِ، وَالْفَخْرُ وَالرِّيَاءُ فِي الفَدَّادِيْنَ: أَهْلِ الْخَيْلِ وَأَهْلِ الوَبَرِ، يَأْتِي المَسِيْحُ: إِذَا جَاءَ دُبَرَ أُحُدٍ صَرَفَتِ الْمَلَائِكَةُ وَجْهَهُ قِبَلَ الشَّامِ، وَهُنَالِكَ يَهْلَكُ " هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِيْ قَتْلِ عِيسَى ابنِ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دجال کو قتل کرنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو شہر لُدّ کے گیٹ پر قتل کریں گے (یہ لدّ: فلسطین یا شام میں ایک شہر ہے، دجال بھاگ کر اس شہر میں گھسنا چاہے گا مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہاں پہنچ کر اس کو قتل کریں گے)

[٥٢-] بابُ ماجاء فِيْ قَتْلِ عِيسَى ابنِ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ

[٢٢٤٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ اللّٰهِ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ ثَعْلَبَةَ الأَنْصَارِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ الأَنْصَارِيِّ، مِنْ بَنِيْ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمِّيْ مُجَمِّعَ بنَ جَارِيَةَ الأَنْصَارِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" يَقْتُلُ ابنُ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ"

وفي الباب: عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَنَافِعِ بنِ عُتْبَةَ، وأَبِيْ بَرْزَةَ، وَحُذَيْفَةَ بنِ أَسِيْدٍ، وأَبِيْ هريرةَ، وَكَيْسَانَ، وَعُثْمَانَ بنِ أَبِيْ الْعَاصِ، وَجَابِرٍ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَسَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، وَالنَّوَاسِ بنِ سَمْعَانَ، وَعَمْرِو بنِ عَوْفٍ، وَحُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

دجال کی پیشانی پر ك، ف، ر لکھا ہوگا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی نہیں گذرے مگر انھوں نے اپنی امت کو کانے کذاب سے ڈرایا ہے، سنو! بیشک وہ کانا ہے اور بیشک تمہارا پروردگار کانا نہیں، اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوا ہوگا (کافر الگ الگ حروف میں لکھا ہوا ہوگا یعنی ك، ف، ر تاکہ حروف شناس بھی اس کو پڑھ لے)

[٥٣-] بابٌ

[٢٢٤٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَامِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَقَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الأَعْوَرَ الْكَذَّابَ، أَلَا! إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی ذِکْرِ ابنِ صَیَّادٍ

ابن صیاد کا تذکرہ

ابن صَیَّاد: (شکاری کا لڑکا) اور ابن صَائِد (شکاری کا لڑکا) کا نام صافؔ تھا، یہ مدینہ کے ایک یہودی کا لڑکا تھا، نبی ﷺ کو اس پر دجال ہونے کا شبہ تھا، مگر بعد کے حالات نے ثابت کیا کہ وہ دجال نہیں تھا، وہ واقعہ حرہؔ میں غائب ہوگیا اور پتہ ہی نہیں چلا کہ کدھر گیا اور بعض کہتے ہیں: اس کا انتقال مدینہ میں ہوا۔ واللہ اعلم اور وہ کاہن بھی تھا، یعنی جنّ اس کے تابع تھا اور وہ غیب کی باتیں بتلاتا تھا، اور اس کی کوئی بات صحیح بھی ہوجاتی تھی، اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ قسم کھا کر کہتے تھے کہ ابن صیاد ہی دجال ہے، مگر بعد کے احوال نے ثابت کیا کہ وہ دجال اکبر نہیں تھا، جس کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام بابِ لِدّ پر قتل کریں گے بہر حال اس شخص کا معاملہ عجیب تھا، مگر بعد کے احوال نے معاملہ کلیر کردیا کہ وہ دجال اکبر نہیں تھا۔

فائدہ: بعض باتیں نبی ﷺ کو اجمالی بتائی جاتی تھیں، ان کا تفصیلی علم آپؐ کو بھی نہیں دیا گیا تھا، اور ایسا کرنے میں حکمت و مصلحت ہوتی تھی، مثلاً: جمعہ کے دن ساعتِ مرجوّہ کا علم تعیین کے ساتھ آپؐ کو نہیں دیا گیا تھا، اسی طرح شبِ قدر کا علم بھی تعیین کے ساتھ نہیں دیا گیا تھا، بلکہ ایک رمضان کی شب قدر کا علم دیا گیا تو علامت ایسی مقرر کی جو شبِ قدر گذرنے کے بعد پائی گئی...... ایسی صورت میں نبی ﷺ اندازے سے احوال بیان کرتے تھے، چنانچہ شب قدر اور ساعتِ مرجوۃ کے بارے میں احتمالی مواقع کا آپؐ نے تذکرہ فرمایا، بلکہ امام شافعی رحمہ اللہ نے تو یہ بیان کیا ہے کہ آپؐ لوگوں کے ذہن کے مطابق جواب دیتے تھے (تحفۃ الالمعی ۳: ۱۶۷)

یہی معاملہ دجال کے علم کا تھا، ابن صیاد میں احتمال تھا کہ شاید وہ دجال اکبر ہو، اس لئے آپؐ نے اس کو جانچا، مگر کوئی قطعی بات سامنے نہ آئی، اور حضرت عمرؓ نے قسم کھائی کہ یہی دجال اکبر ہے تو آپؐ نے خاموشی اختیار فرمائی۔

حدیث (۱): حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرا اور ابن صیاد کا ساتھ ہوا، یا تو حج کے لئے جاتے ہوئے یا عمرہ کے لئے جاتے ہوئے، پس لوگ آگے نکل گئے، اور میں اور وہ پیچھے رہ گئے، پس جب میں اس کے

ساتھ تنہا ہوا تو میرے اس سے رونگٹے کھڑے ہوگئے، اور میں اس سے بہت متوحش ہوا، ان باتوں کی وجہ سے جو لوگ اس کے بارے میں کہتے تھے، پس جب میں نے پڑاؤ ڈالا تو میں نے اس سے کہا: اپنا سامان اس جگہ رکھ جہاں وہ درخت ہے یعنی میرے سامان کے ساتھ اپنا سامان مت رکھ اور میرے قریب مت ٹھہر۔

حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: پس اس نے کچھ بکریاں دیکھیں، پس اس نے پیالہ لیا، اور چلا، پس اس نے دوہا، پھر وہ میرے پاس دودھ لایا، اور مجھ سے کہنے لگا: اے ابوسعید! پیو، پس میں نے ناپسند کیا کہ اس کے ہاتھ سے کوئی چیز پیوں ان باتوں کی وجہ سے جو لوگ اس کے بارے میں کہتے ہیں، پس میں نے اس سے کہا کہ یہ دن گرمی کا ہے اور میں اس میں دودھ کو ناپسند کرتا ہوں! (یہ سچا بہانہ تھا)

پس اس نے کہا: اے ابوسعید! میں نے پختہ ارادہ کیا ہے کہ ایک رسی لوں اور اس کو اس درخت سے باندھوں، پھر گلا گھونٹ لوں، ان باتوں کی وجہ سے جو لوگ میرے حق میں اور میرے بارے میں کہتے ہیں، بتاؤ! جن پر میری باتیں پوشیدہ ہوسکتی ہیں (ہوسکتی ہیں) مگر تم پر ہرگز پوشیدہ نہیں ہوسکتیں، آپ لوگ سب سے زیادہ نبی ﷺ کی حدیثوں کو جاننے والے ہو، اے جماعت انصار! کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال کافر ہوگا، اور میں مسلمان ہوں؟ کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال بانجھ ہوگا، اس کی کوئی اولاد نہیں ہوگی، اور میں مدینہ میں اپنی اولاد چھوڑ کر آیا ہوں؟ کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ دجال کے لئے مکہ اور مدینہ حلال نہیں، اور کیا میں مدینہ والوں میں سے نہیں ہوں؟ اور کیا میں آپ کے ساتھ مکہ کی طرف نہیں چل رہا؟

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پس بخدا! وہ برابر اسی قسم کی باتیں کرتا رہا یہاں تک کہ میں نے سوچا: شاید اس کے نام جھوٹی باتیں لگائی گئی ہیں، پھر اس نے کہا: اے ابوسعید! بخدا! میں ضرور بتاتا ہوں آپ کو ایک سچی بات، بخدا! میں دجال کو جانتا ہوں، اور اس کے ماں باپ کو پہچانتا ہوں، اور وہ فی الحال زمین میں کہاں ہے وہ بھی میں جانتا ہوں، پس میں نے کہا: تَبًّا لك سائِرَ اليَوْمِ! تیرا ناس ہو ہمیشہ کے لئے!

[٥٤-] باب ماجاء فی ذِکْرِ ابنِ صَیَّادٍ

[٢٢٤٤-] حدثنا سُفْیَانُ بنُ وَکِیْعٍ، نَا عَبْدُ الأَعْلَی، عَنِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ نَضْرَةٍ، عَنْ أَبِی سَعِیْدٍ، قَالَ: صَحِبَنِیْ ابنُ صَیَّادٍ: إِمَّا حُجَّاجًا، وَإِمَّا مُعْتَمِرِیْنَ، فَانْطَلَقَ النَّاسُ، وَتُرِکْتُ أَنَا وَهُوَ، فَلَمَّا خَلَصْتُ بِهِ اقْشَعْرَرْتُ مِنْهُ، وَاسْتَوْحَشْتُ مِنْهُ، مِمَّا یَقُوْلُ النَّاسُ فِیْهِ، فَلَمَّا نَزَلْتُ، قُلْتُ لَهُ: ضَعْ مَتَاعَكَ حَیْثُ تِلْكَ الشَّجَرَةُ.

قَالَ: فَأَبْصَرَ غَنَمًا، فَأَخَذَ القَدَحَ، فَانْطَلَقَ، فَاسْتَحْلَبَ، ثُمَّ أَتَانِیْ بِلَبَنٍ، فَقَالَ لِیْ: یَا أَبَا سَعِیْدٍ

اشْرَبْ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَشْرَبَ عَنْ يَدِهِ شَيْئًا، لِمَا يَقُوْلُ النَّاسُ فِيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: هٰذَا الْيَوْمُ يَوْمٌ صَائِفٌ، وإِنِّىْ أَكْرَهُ فِيْهِ اللَّبَنَ.

فَقَالَ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ! لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آخُذَ حَبْلاً، فَأُوْثِقَهُ إِلَى الشَّجَرَةِ، ثُمَّ أَخْتَنِقَ لِمَا يَقُوْلُ النَّاسُ لِيْ، وَفِيَّ، أَرَأَيْتَ مَنْ خَفِيَ عَلَيْهِ حَدِيْثِيْ فَلَنْ يَخْفَى عَلَيْكُمْ، أَنْتُمْ أَعْلَمُ النَّاسِ بِحَدِيْثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! يَامَعْشَرَ الْأَنْصَارِ! أَلَمْ يَقُلْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ كَافِرٌ وَأَنَا مُسْلِمٌ؟ أَلَمْ يَقُلْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ عَقِيْمٌ لاَ يُوْلَدُ لَهُ، وَقَدْ خَلَّفْتُ وَلَدِىْ بِالْمَدِيْنَةِ! أَلَمْ يَقُلْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لاَتَحِلُّ لَهُ مَكَّةُ وَالْمَدِيْنَةُ، أَلَسْتُ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ؟ وَهُوَ ذَا أَنْطَلِقُ مَعَكَ إِلَى مَكَّةَ.

قَالَ: فَوَ اللّٰهِ مَازَالَ يَجِيْءُ بِهٰذَا، حَتَّى قُلْتُ: فَلَعَلَّهُ مَكْذُوْبٌ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا سَعِيْدٍ! وَاللّٰهِ لَأُخْبِرَنَّكَ خَبَرًا حَقًّا: وَاللّٰهِ إِنِّىْ لَأَعْرِفُهُ، وأَعْرِفُ وَالِدَهُ، وأَيْنَ هُوَ السَّاعَةَ مِنَ الْأَرْضِ، فَقُلْتُ: تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: یہ حدیث سعید بن ایاس جریری سے امام مسلم (حدیث ۲۹۲۷) نے روایت کی ہے...... إما حجاجا اور معتمرین: صحب کے فاعل ومفعول سے حال ہیں ...... وهو ذا أنطلق: میں ھو ضمیر شان ہے اور ذا سے ابن صیاد مراد ہے اور اس میں تکلم سے غیبت کی طرف التفات ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے چند صحابہ کے ساتھ ابن صیاد کے پاس سے گذرے، ان میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے، ابن صیاد بچوں کے ساتھ بنومغالہ کے قلعہ کے پاس کھیل رہا تھا، اور وہ (ابھی) بچہ تھا، پس اس کو پتا نہیں چلا یہاں تک کہ نبی ﷺ نے اس کی پیٹھ پر اپنا ہاتھ رکھا، اور پوچھا: ''کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟'' اس نے نبی ﷺ کی طرف دیکھا، اور کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ناخواندہ لوگوں کے رسول ہیں، ابن عمرؓ کہتے ہیں: پھر ابن صیاد نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: آمَنْتُ باللّٰهِ وَرُسُلِهِ: ''میں اللہ پر اور اس کے تمام رسولوں پر ایمان رکھتا ہوں'' پھر نبی ﷺ نے پوچھا: تیرے پاس کیا چیز آتی ہے؟ اس نے کہا: ایک سچا اور ایک جھوٹا میرے پاس آتا ہے، یعنی ایک آکر سچی بات بتاتا ہے اور دوسرا جھوٹی بات بتاتا ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: خُلِّطَ عليك الأمرُ: تجھ پر معاملہ گڈمڈ کر دیا گیا، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے تیرے لئے ایک بات چھپائی ہے (بتا وہ کیا

ہے؟) اور نبی ﷺ نے اس کے لئے آیت کریمہ: ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ﴾ چھپائی، پس اس نے کہا: وہ دُخّ ہے یعنی بات کے قریب پہنچ گیا مگر ساری بات نہ بتا سکا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اِخْسَأْ فلن تَعْدُوَ قَدْرَك: ''دور ہو، تو ہرگز نہیں بڑھے گا تیرے رتبہ سے'' یعنی تو بس کاہن ہے اور کاہنوں تک ہی تیرا معاملہ رہے گا، اس سے آگے نہیں بڑھے گا، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے، میں اس کی گردن اڑادوں، نبی ﷺ نے فرمایا: إنْ يَكُ حَقًّا فلن تُسَلَّطْ عليه، وإنْ لاَيُكُ، فلا خَيْرَ لكَ فِيْ قَتْلِه: اگر ابن صیاد ہی واقعی دجال ہے تو تم ہرگز اس پر مسلط نہیں کئے جاؤ گے (کیونکہ اس کے قاتل تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں) اور اگر وہ دجال نہیں ہے تو اس کے قتل میں آپ کے لئے کوئی خیر نہیں (کیونکہ بے گناہ ذمی کا قتل جائز نہیں)

[۲۲۴۵-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بابْنِ صَيَّادٍ فِيْ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِه، مِنْهُمْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الغِلْمَانِ، عِنْدَ أُطُمِ بَنِيْ مَغَالَةَ، وَهُوَ غُلاَمٌ، فَلَمْ يَشْعُرْ حَتَّى ضَرَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ظَهْرَهُ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَالَ: ''أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ؟'' فَنظَرَ إِلَيْهِ ابنُ صَيَّادٍ، قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّكَ رسولُ الْأُمِّيِّيْنَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ ابنُ صَيَّادٍ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: '' آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِه'' ثُمَّ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ''مَايَأْتِيْكَ؟'' قَالَ ابنُ صَيَّادٍ: يَأْتِيْنِيْ صَادِقٌ وَكَاذِبٌ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ''خُلِّطَ عَلَيْكَ الْأَمْرُ'' ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنِّيْ قَدْ خَبَأْتُ لَكَ خَبِيْئًا، وَخَبَأَلَهُ: ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ﴾ فَقَالَ ابنُ صَيَّادٍ: وَهُوَ الدُّخُّ. فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' اخْسَأْ، فَلَنْ تَعْدُوَ قَدْرَكَ'' قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! ائْذَنْ لِيْ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنْ يَكُ حَقًّا فَلَنْ تُسَلَّطْ عَلَيْهِ، وَإِنْ لاَيَكُ فَلاَ خَيْرَ لَكَ فِيْ قَتْلِهِ'' قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: يَعْنِيْ الدَّجَّالَ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۱۳۵۴، مسلم حدیث ۲۹۳۰)...... الأُطْم والأُطُم: قلعہ، بلند مکان، جمع: آطَام وأُطُوم......اِخْسَأْ عنّي: میرے پاس سے دور ہو......حدیث کے راوی عبدالرزاق نے کہا: علیه اور قتله کی ضمیروں کا مرجع دجال ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی ابن صیاد سے مدینہ منورہ کے کسی راستہ میں ملاقات ہوئی، پس آپؐ نے اس کو روک لیا، درانحالیکہ وہ یہودی لڑکا تھا، اور اس کی بالوں کی چوٹیاں تھیں، اور آپؐ

کے ساتھ حضرات ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما تھے، پس نبی ﷺ نے اس سے پوچھا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: کیا آپ گواہی دیتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ پس نبی ﷺ نے فرمایا: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِه وَالْيَوْمِ الآخِرِ: میں اللہ پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر اور آخری دن پر ایمان لایا۔ پھر اس سے نبی ﷺ نے پوچھا: تجھے کیا دکھتا ہے؟ اس نے کہا: میں پانی پر تخت دیکھتا ہوں، نبی ﷺ نے فرمایا: وہ سمندر پر ابلیس کا تخت دیکھتا ہے، پھر نبی ﷺ نے پوچھا: اور تو کیا دیکھتا ہے؟ اس نے کہا: میں ایک سچے کو اور دو جھوٹوں کو، یا کہا: میں دو سچوں کو اور ایک جھوٹے کو دیکھتا ہوں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اس پر معاملہ مشتبہ کر دیا گیا یعنی اس کی معلومات صحیح اور غلط کارل گڈا ہیں، پس تم دونوں اس کو چھوڑ دو یعنی قتل نہ کرو (یہ بات آپؐ نے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما سے فرمائی ہے)

[٢٢٤٦-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نَا عَبْدُ الأَعْلَى، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: لَقِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ابنَ صَيَّادٍ فِيْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِيْنَةِ، فَاحْتَبَسَهُ، وَهُوَ غُلَامٌ يَهُوْدِيٌّ، وَلَهُ ذُؤَابَةٌ، وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَشْهَدُ أَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ؟" فَقَالَ: أَتَشْهَدُ أَنْتَ أَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ" فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَاتَرَى؟" قَالَ: أَرَى عَرْشًا فَوْقَ الْمَاءِ، قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَرَى عَرْشَ إِبْلِيْسَ فَوْقَ الْبَحْرِ" قَالَ: "مَاتَرَى؟" قَالَ: أَرَى صَادِقًا وَكَاذِبَيْنِ، أَوْ: صَادِقَيْنِ وَكَاذِبًا، قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لُبِّسَ عَلَيْهِ، فَدَعَاهُ"

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَحُسَيْنِ بنِ عَلِيٍّ، وابنِ عُمَرَ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، وابنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَابِرٍ، وَحَفْصَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: یہ حدیث بھی مسلم شریف (حدیث ۲۹۲۵) میں ہے۔ اور اس میں آخری جملہ فدعوہ ہے۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: دجال کا باپ اور اس کی ماں تیس سال ٹھہرے رہیں گے، ان کے لئے کوئی اولاد نہ ہوگی، پھر ان کے لئے ایک کانا لڑکا ہوگا جو سب چیزوں سے زیادہ ضرر رساں اور سب چیزوں سے زیادہ بے منفعت ہوگا، اس کی دونوں آنکھیں سوئیں گی، مگر اس کا دل نہیں سوئے گا۔

حضرت ابوبکرہؓ کہتے ہیں: پھر ہمارے سامنے نبی ﷺ نے اس کے والدین کے احوال بیان کئے، اور فرمایا: اس کا باپ دراز قامت، چھریرے بدن کا ہوگا، گویا اس کی ناک چونچ ہے یعنی اس کی ناک لمبی پتلی ہوگی اور اس کی ماں بھاری عورت، لمبی پستانوں والی ہوگی۔

حضرت ابوبکرۃ کہتے ہیں: پس میں نے مدینہ میں یہودیوں میں سے ایک بچہ کے بارے میں سنا، پس میں اور زبیر بن العوام گئے، یہاں تک کہ ہم دونوں اس کے ماں باپ پر داخل ہوئے، پس اچانک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان کئے ہوئے اوصاف ان دونوں میں موجود تھے، ہم نے پوچھا: کیا تم دونوں کی کوئی اولاد ہے؟ پس دونوں نے کہا: ہم تیس سال ٹھہرے رہے، ہماری کوئی اولاد نہیں ہوتی تھی، پھر ہمارے یہاں ایک کانا لڑکا پیدا ہوا جو سب سے زیادہ مضرت رساں اور سب سے زیادہ بے منفعت ہے، اس کی دونوں آنکھیں سوتی ہیں مگر اس کا دل نہیں سوتا، ابوبکرۃؓ کہتے ہیں: پس ہم ان دونوں کے پاس سے نکلے، پس اچانک وہ ایک جھالردار کمبل میں دھوپ میں پڑا ہوا تھا، اور کچھ بڑبڑا رہا تھا، پس اس نے اپنا سر کھولا اور کہا: تم دونوں نے کیا کہا؟ ہم نے کہا: اور کیا تو نے وہ سنا جو ہم نے کہا؟ اس نے کہا: ہاں، میری دونوں آنکھیں سوتی ہیں مگر میرا دل نہیں سوتا۔

[٢٢٤٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَمْكُثُ أَبُوْ الدَّجَّالِ وَأُمُّهُ ثَلاثِيْنَ عَامًا، لاَيُوْلَدُ لَهُمَا وَلَدٌ، ثُمَّ يُوْلَدُ لَهُمَا غُلاَمٌ أَعْوَرُ، أَضَرُّ شَيْءٍ وَأَقَلُّهُ مَنْفَعَةً، تَنامُ عَيْنَاهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ"

ثُمَّ نَعَتَ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ فَقَالَ: " أَبُوْهُ طُوَالٌ، ضَرْبُ اللَّحْمِ، كَأَنَّ أَنْفَهُ مِنْقَارٌ، وأُمُّهُ امْرَأَةٌ فِرْضَاخِيَّةٌ، طَوِيْلَةُ الثَّدْيَيْنِ "

قَالَ أَبُوْ بَكْرَةَ: فَسَمِعْتُ بِمَوْلُوْدٍ فِي الْيَهُوْدِ بِالْمَدِيْنَةِ، فَذَهَبْتُ أَنَاوَالزُّبَيْرُ بنُ الْعَوَّامِ، حَتَّى دَخَلْنَا عَلَى أَبَوَيْهِ، فَإِذَا نَعْتُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهِمَا، قُلْنَا: هَلْ لَكُمَا وَلَدٌ؟ فَقَالاَ: مَكَثْنَا ثَلاثِيْنَ عَامًا لاَيُوْلَدُ لَنَا وَلَدٌ، ثُمَّ وُلِدَ لَنَا غُلاَمٌ أَعْوَرُ، أَضَرُّ شَيْءٍ وأَقَلُّهُ مَنْفَعَةً، تَنَامُ عَيْنَاهُ وَلاَ يَنَامُ قَلْبُهُ.

قَالَ: فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِمَا، فَإِذَا هُوَ مُنْجَدِلٌ فِي الشَّمْسِ فِيْ قَطِيْفَةٍ، وَلَهُ هَمْهَمَةٌ، فَكَشَفَ عَنْ رَأْسِهِ، فَقَالَ: مَا قُلْتُمَا؟ قُلْنَا: وَهَلْ سَمِعْتَ مَا قُلْنَا؟ قَالَ: نَعَمْ، تَنَامُ عَيْنَایَ وَلاَ يَنَامُ قَلْبِي.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ.

وضاحت: یہ حدیث ضعیف ہے، علی بن زید بن جدعان: محدثین کے نزدیک ضعیف ہے، مگر امام ترمذیؒ کے نزدیک: یہ راوی ٹھیک ہے، اس لئے اس کی حدیث کی تحسین کی ہے...... طُوال (بضم الطاء) طویل کا مبالغہ ہے ......فِرْضَاخِيَة: ضخمة عظيمة، وفي النهاية: فِرْضاخية: ضخمة عظيمة الثديين ...... منجدِل: أى مُلْقًى على الجدَالة، وهى الأرض۔

بابٌ

وہ حدیث: جس سے غلط فہمی ہوئی کہ صدی کے ختم پر قیامت آئے گی

حدیث (۱): حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے وفات سے ایک ماہ قبل فرمایا: آپ لوگ مجھ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہو، حالانکہ اس کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے، اور میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں! آج زمین پر کوئی سانس لینے والی جان ایسی نہیں جس پر سو سال آئیں! یعنی سو سال پورے ہوتے ہوتے ہر متنفس مرجائے گا اور یہ قرن ختم ہوجائے گا۔

حدیث (۲): ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنی آخری زندگی میں ایک رات عشاء کی نماز پڑھائی، پھر جب سلام پھیرا، تو آپؐ کھڑے ہوئے اور فرمایا: ''تم اپنی اس رات کو دیکھو، پس بیشک اس رات سے سو سال کے ختم پر ان لوگوں میں سے کوئی باقی نہیں رہے گا جو آج زمین کی پیٹھ پر ہے!'' اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صدی ختم ہوتے ہوتے یہ قرن ختم ہوجائے گا۔

حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں: پس لوگوں نے نبی ﷺ کی اس بات کو غلط سمجھا، اور انھوں نے سو سال کے بارے میں باتیں شروع کردیں کہ صدی کے ختم پر قیامت آجائے گی، حالانکہ آپؐ کی مراد یہ تھی کہ یہ قرن ختم ہوجائے گا۔

تشریح: لوگوں نے اس حدیث کے ذیل میں حیاتِ خضر، حیاتِ عیسیٰ اور حیاتِ جنات کے مسائل چھیڑے ہیں، انھوں نے خیال کیا ہے کہ یہ منطقی کلیہ ہے، پس اس سے کوئی جزئیہ خارج نہیں ہونا چاہئے، حالانکہ یہ خطابی ارشاد ہے، جو اکثری احوال کے اعتبار سے ہوتا ہے، اگر بعض جزئیات اس سے خارج ہوجائیں تو مضر نہیں، غرض: اس حدیث میں مذکورہ مسائل سے تعرض نہیں کیا گیا، ان مسائل کو اور دلائل سے طے کرنا چاہئے اگر ان کو طے کرنا ضروری ہو۔

[۵۵-] بابٌ

[۲۲۴۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَاعَلَى الْأَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوْسَةٌ - يَعْنِى الْيَوْمَ - يَأْتِىْ عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وأَبِىْ سَعِيْدٍ، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۲۴۹-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَبِيْ بَكْرِ بنِ سُلَيْمَانَ - وَهُوَ ابنُ أَبِيْ حَثْمَةَ - أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّى بِنَا رسولُ

اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ صَلاَةَ الْعِشَاءِ، فِيْ آخِرِ حَيَاتِهِ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ، فَقَالَ: '' أَرَأَيْتكُمْ لَيْلَتكُمْ هٰذِهِ، [فَإِنَّ] عَلَى رَأْسِ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا، لاَيَبْقَى مِمَّنْ هُوَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ''

قَالَ ابنُ عُمَرَ: فَوَهَلَ النَّاسُ فِيْ مَقَالَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تِلْكَ، فِيْمَا يَتَحَدَّثُوْنَهُ بِهٰذِهِ الْأَحَادِيْثِ نَحْوَ مِائَةِ سَنَةٍ، وإِنَّمَا قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لاَيَبْقَى مِمَّنْ هُوَ الْيَوْمَ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ أَحَدٌ'' يُرِيْدُ بِذَلِكَ: أَنْ يَنْخَرِمَ ذٰلِكَ الْقَرْنُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث مسلم شریف (حدیث ۲۵۳۸) کتاب فضائل الصحابة باب ۵۳ میں ہے...... اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت بھی مسلم شریف (حدیث ۲۵۳۷) میں ہے، اور [فَإِنَّ] مسلم شریف سے بڑھایا ہے...... وَهَلَ (بفتح الهاء) بمعنی غَلَطَ ہے اور مسلم شریف کی عبارت زیادہ واضح ہے قال ابن عمر: فوَهل الناسُ فی مقالة رسول الله صلى الله عليه وسلم تلك، فيما يَتَحَدَّثون من هذه الأحاديث عن مِئَة سنة الی آخرہ۔

بابُ ماجاء فی النَّهْیِ عَنْ سَبِّ الرِّيَاحِ

ہوا کو برا کہنے کی ممانعت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہوا کو برا مت کہو، پس جب تم دیکھو وہ بات جس کو تم ناپسند کرتے ہو تو کہو: اے اللہ! بے شک ہم آپ سے اس ہوا کی خیر مانگتے ہیں، اور اس کی خیر مانگتے ہیں جو ہوا میں ہے، اور اس کی خیر مانگتے ہیں جس کا ہوا حکم دی گئی ہے، اور ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں اس ہوا کی برائی سے، اور اس کی برائی سے جو ہوا میں ہے اور اس کی برائی سے جس کا ہوا حکم دی گئی ہے''

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت أبواب البر والصلة میں باب اللعنه میں گذر چکی ہے کہ ہوا پر لعنت مت بھیجو، کیونکہ وہ مامور (حکم دی ہوئی) ہے، پس ہوا پر لعنت بھیجنا آمر پر لعنت بھیجنا ہے...... اور کبھی دل کی بھڑاس نکالنی ضروری ہوتی ہے تو مذکورہ دعا کرو، اس سے دل ہلکا ہو جائے گا...... اور کبھی اچھی بری ہوا چلنے سے اچھے برے احوال مراد لئے جاتے ہیں پس یہ زمانے کو برا کہنا ہوا، اور اس کی بھی ممانعت آئی ہے، کیونکہ زمانہ اللہ تعالیٰ ہیں یعنی وہ جس طرح چاہتے ہیں زمانے کو پھیرتے ہیں، پس زمانہ کو برا کہنا اللہ تعالیٰ کو برا کہنا ہے، اسی طرح ہوا کو برا کہنا بھی اللہ تعالیٰ کی برائی تک مفضی ہوتا ہے، پس جب فتنوں کی بری ہوا چلے تو اس کی برائی مت کرو، بلکہ اصلاح کی فکر کرو۔

[٥٦-] باب ماجاء في النَّهْيِ عَنْ سَبِّ الرِّيَاحِ

[٢٢٥٠-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ حَبِيْبِ بنِ الشَّهِيْدِ، نا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، نا الأَعْمَشُ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ تَسُبُّوْا الرِّيْحَ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ مَا تَكْرَهُوْنَ فَقُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ، وَخَيْرِ مَا فِيْهَا، وَخَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ، وَشَرِّ مَافِيْهَا، وَشَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ"

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وأَبِيْ هريرةَ، وَعُثْمَانَ بنِ أَبِيْ الْعَاصِ، وأَنَسٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

کسی جزیرۃ میں مقید دجال اور جسّاسہ کی روایت

حدیث: حضرت فاطمہ بنت قیسؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ منبر پر چڑھے، پس مسکرائے، اور فرمایا: تمیم داری نے مجھ سے ایک بات بیان کی ہے، جس سے مجھے خوشی ہوئی، پس میں پسند کرتا ہوں کہ وہ بات آپ لوگوں سے بیان کروں (انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ) فلسطین کے کچھ لوگ سمندر میں ایک کشتی میں سوار ہوئے، پس کشتی نے ان کے ساتھ چکر لگایا یعنی کشتی ان کے ساتھ راستہ سے بھٹک گئی، یہاں تک کہ سمندر کے جزیروں میں سے کسی جزیرہ میں ان کو ڈال دیا، پس اچانک وہ ایک بہت زیادہ کپڑے پہنے ہوئے یعنی بہت زیادہ بالوں والے جانور کے پاس تھے، جس کے بال بکھرے ہوئے تھے، پس ان لوگوں نے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں جسّاسہ (زبردست جاسوس، بہت سراغ لگانے والا) ہوں، ان لوگوں نے کہا: ہمیں اپنے حالات بتا۔ اس نے کہا: میں نہ تمھیں حالات بتاؤں گا، نہ میں تم سے حالات معلوم کروں گا، بلکہ تم گاؤں کے آخر میں پہنچو، وہاں وہ شخص ہے جو تم کو حالات بتائے گا، پس ہم گاؤں کے آخر میں پہنچے، پس اچانک ایک شخص زنجیر میں جکڑا ہوا ہے، پس اس نے کہا: زُغر کے چشمہ کے بارے میں مجھے بتاؤ؟ (یہ چشمہ شام میں ہے) ہم نے کہا: وہ لبریز ہے اور زور سے بہہ رہا ہے، اس نے کہا: بحیرہ طبریہ کے بارے میں بتاؤ؟ ہم نے کہا: وہ بھی لبریز ہے اور خوب بہہ رہا ہے، اس نے کہا: مجھے بیسان کے نخلستان کے بارے میں بتاؤ جو اردن اور فلسطین کے درمیان ہے، کیا اس میں پھل آنے لگا؟ ہم نے کہا: ہاں، اس نے کہا: مجھے نبی (امّی) کے بارے میں بتاؤ کیا

وہ مبعوث ہوگئے؟ ہم نے کہا: ہاں، اس نے کہا: بتاؤ لوگوں کا ان کے ساتھ کیا معاملہ رہا؟ ہم نے کہا: لوگ بہت تیزی سے ان کی بات قبول کررہے ہیں۔ راوی کہتا ہے: پس وہ کودا ایسا کودنا کہ قریب تھا وہ (کہ بیڑیوں سے نکل جائے) ہم نے پوچھا: تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں دجال ہوں، اور یہ کہ وہ تمام شہروں میں پہنچے گا سوائے طیبہ کے، اور طیبہ مدینہ منورہ ہے۔

تشریح: یہ حدیث قتادہ رحمہ اللہ امام عامر شعبی رحمہ اللہ سے، اور وہ حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں، اور مسلم شریف (حدیث ۲۹۴۲ کتاب الفتن) میں قتادہ کے چار متابع ہیں: عبداللہ بن بریدۃ، غیلان بن جریر، ابوالزناد اور سیار ابوالحکم، یہ چاروں حضرات بھی امام شعبی سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، پس یہ متابعتِ تامہ ہے۔ اور ابوداؤد (حدیث ۴۳۲۵ کتاب الملاحم) میں ابوسلمہ اور مجالد بن سعید کی روایت ہے، یہ دونوں بھی حضرت فاطمہؓ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ پس یہ دونوں عامر شعبیؒ کے متابع ہیں۔ اور ابوداؤد (حدیث ۴۳۲۸) میں ابوسلمہ حضرت جابرؓ سے بھی یہ حدیث روایت کرتے ہیں، پس یہ حضرت فاطمہؓ کی حدیث کے لئے شاہد ہے، اس لئے یہ روایت سند کے اعتبار سے بالکل صحیح ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے بھی اس کی تصحیح کی ہے۔

یہ روایت ترمذی، مسلم اور ابوداؤد کے علاوہ اور کتابوں میں بھی ہے۔ علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے نهاية البداية والنهاية (جلد اول، صفحہ ۹۳) میں اس حدیث کو اس کے تمام طرق کے ساتھ جمع کیا ہے۔ وہاں حاشیہ میں کتاب کے محقق شیخ محمد فہیم ابوعبیہ (رئيس بعثة الأزهر الشريف بلبنان) نے اس حدیث پر سخت تنقید کی ہے، وہ لکھتے ہیں:

هذا الحديث عليه طابع الخيال وسمة الوضع، الأمر الذى يجعلنا تنفى صدوره عن الرسول عليه السلام، الذى لايقول إلا الحق، ولا ينطق عن الهوى، ولو صح صدوره عن الرسول، وعلى المنبر، وفى حشد من الصحابة الكرام: لتوا تر نقله، واتفقت كلمة الرواة على روايته، ولكان فى إطار الحكمة النبوية الهادية، والكلمة المحمدية الحق، ولما كان على ما هو عليه، ولا على بعض منه.

اور علامہ رشید رضا صاحب مصری نے اپنی تفسیر المنار (۹:۴۹۱-۴۹۷) میں اس حدیث پر تفصیلی کلام کیا ہے: وہ بحث کے آخر میں لکھتے ہیں: **وجملة القول فى حديث الجساسة: أن ما فيه من العلل والاختلاف والإشكال من عدة وجوه يدل على أنه مصنوع، وأنه على تقدير صحته ليس له كله حكم المرفوع.**

اور سلسلة لقاء ات الباب المفتوح (۲۸:۸) میں شیخ محمد صالح عثیمین (رکن اللجنة الدائمة سعودی عرب) سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا گیا: **ما قولكم فى حديث الجساسة فى صحيح مسلم؟** تو انھوں نے جواب دیا: **قولنا فيه: أن النفس لا تطمئن إلى صحته عن النبى صلى الله عليه وسلم، لما فى سياق متنه من النكارة، وقد أنكره الشيخ محمد رشيد رضا فى تفسيره إنكارا عظيما، لأن سياقه يبعد أن يكون من كلام النبى صلى الله عليه وسلم۔**

السائل: هل قال به أحد من السلف قبل محمد رشيد رضا؟ الشيخ: لا أعلم، لكن لا يشترط، وأنا لم أتتبع أقوال العلماء فيه، لكن فی نفسی منه شيئ.

مگر ابوعبیہ صاحب کی تنقید تو محدثین کے اصول کے مطابق نہیں، خود اس تنقید پر خیال کی چھاپ ہے، اور جو بات منبر سے کہی جائے اس کا تواتر کے ساتھ منقول ہونا ضروری نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حدیث إنما الأعمال بالنیات منبر پر خطبۂ جمعہ میں بیان کی تھی، مگر یحییٰ بن سعید انصاری رحمہ اللہ تک اس کی ایک ہی سند ہے، اور روایت بالمعنی کی صورت میں راویوں میں الفاظ کا اختلاف ہو ہی جاتا ہے، پس یہ کوئی ایسی بات نہیں کہ اس کی وجہ سے حدیث کو موضوع قرار دیا جائے۔

پھر علامہ سید رشید رضا کی بحث سامنے آئی اور شیخ محمد صالح عُثیمین کی بات بھی علم میں آئی، مگر جب سند صحیح ہے اور مسلم شریف کی روایت ہے تو بے اطمینانی کی کوئی وجہ نہیں۔

البتہ دو باتیں وضاحت طلب ہیں:

پہلی بات: اگر کوئی یہ سوال کرے کہ وہ جزیرہ جس میں دجال قید ہے: کہاں ہے؟ اب تو انسان کے ذرائع معلومات وسیع ہو گئے ہیں، اور جغرافیہ دانوں نے زمین کا چپہ چپہ چھان مارا ہے!

تو اس کا جواب تکملہ فتح الملہم میں مولانا تقی عثمانی دامت برکاتہم نے یہ دیا ہے کہ اب تک انسان کی رسائی سمندروں کے تمام جزائر تک نہیں ہوئی، اور میں کہتا ہوں کہ صرف فیجی کے ایک ہزار جزائر ہیں، ان میں سے چند جزیروں تک ہی لوگ پہنچے ہیں۔

دوسری بات: دجال والی روایت میں اور ابن صیاد والی روایت میں یک گونہ تعارض ہے، اور تطبیق مشکل نظر آتی ہے۔ بذل المجهود (۱۲: ۳۸۹ طبع جدید) میں ہے: قلت: واعلم أن قصة ابن صياد وقصة الدجال فی غاية الإشكال والاشتباه إلخ اشکال یہ ہے کہ اگر دجال کسی جزیرہ میں قید ہے تو نبی ﷺ نے ابن صیاد کا امتحان کیوں کیا؟ اس اشکال کے دو جواب ہیں:

پہلا جواب: ابن صیاد کے امتحان کی روایت مقدم ہے، اور حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ کی روایت مؤخر ہے، کیونکہ آپؓ سنہ ۹ ہجری میں مسلمان ہوئے ہیں۔

دوسرا جواب: حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۱۳: ۳۲۸) میں دیا ہے کہ حقیقی دجال تو وہی ہے جس کو تمیم داری رضی اللہ عنہ نے دیکھا ہے، اور ابن صیاد ایک شیطان تھا جو دجال کی صورت میں ظاہر ہوا تھا، اس لئے اس کی جانچ کرنی پڑی، مگر کوئی واضح بات سامنے نہ آئی۔

ملحوظہ: پہلے تحفۃ الالمعی میں اس حدیث کی تشریح میں جو کچھ لکھا گیا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا، وہ نہایہ والے حاشیہ سے

متاثر ہوکر لکھا گیا تھا، پھر غور کرنے پر یہ بات سامنے آئی کہ حدیث کی سند تو صحیح ہے، اس کے متابع اور شواہد بھی موجود ہیں، اس لئے وہ ساری تشریح حذف کردی گئی، اوراس کی جگہ یہ نئی تشریح لکھی گئی۔

[٥٧-] بابٌ

[٢٢٥١-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، نَا أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَضَحِكَ، فَقَالَ: إِنَّ تَمِيْمًا الدَّارِيَّ حَدَّثَنِىْ بِحَدِيْثٍ، فَفَرِحْتُ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُحَدِّثَكُمْ: إِنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِيْنَ رَكِبُوْا سَفِيْنَةً فِي الْبَحْرِ، فَجَالَتْ بِهِمْ، حَتَّى قَذَفَتْهُمْ فِيْ جَزِيْرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ، فَإِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ لَبَّاسَةٍ نَاشِرَةٍ شَعْرَهَا، فَقَالُوْا: مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، قَالُوْا: فَأَخْبِرِيْنَا، قَالَتْ: لَا أُخْبِرُكُمْ، وَلَا أَسْتَخْبِرُكُمْ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا أَقْصَى الْقَرْيَةِ، فَإِنَّ ثَمَّ مَنْ يُخْبِرُكُمْ وَيَسْتَخْبِرُكُمْ، فَأَتَيْنَا أَقْصَى الْقَرْيَةِ، فَإِذَا رَجُلٌ مُوْثَقٌ بِسِلْسِلَةٍ فَقَالَ: أَخْبِرُوْنِيْ عَنْ عَيْنِ زُغَرَ؟ قُلْنَا: مَلْأَى تَدْفِقُ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِيْ عَنِ الْبُحَيْرَةِ، قُلْنَا: مَلْأَى تَدْفِقُ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِي عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ الَّذِىْ بَيْنَ الْأُرْدُنِ وَفِلَسْطِيْنَ، هَلْ أَطْعَمَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِي عَنِ النبيِّ هَلْ بُعِثَ؟ قُلْنَا: نَعَمْ، قَالَ: أَخْبِرُوْنِيْ كَيْفَ النَّاسُ إِلَيْهِ؟ قُلْنَا: سِرَاعٌ. قَالَ: فَنَزَى نَزْوَةً حَتَّى كَادَ، قُلْنَا: فَمَا أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا الدَّجَّالُ، وَإِنَّهُ يَدْخُلُ الْأَمْصَارَ كُلَّهَا إِلَّا طَيْبَةَ، وَطَيْبَةُ: الْمَدِيْنَةُ.

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ.

لغات وترکیب: جَالَتِ السفينةُ به وأَجَالَتْ: أَدَارَه وحَوَّله عن قصده ...... وفى مسلم: فَلَعِبَ بهم الموج شهراً: وہ ایک ماہ تک موجوں کے رحم وکرم پر رہے...... لَبَّاس: كثير اللباس، وكَنٰى بكثرة لباسها: عن كثرة شعرها ...... ناشِرَةٍ شَعْرَهَا: كالبيان لما قبله ...... ناشرةٍ: بالجر: صفة ثانية لدابة، وشَعْرَها: بالنصب على المفعولية، أى جاعلةٍ شعرَها منتشرةً۔

بابٌ

خودکو رسوانہ کرو

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لاينبغى للمؤمن أن يُذِلَّ نفسَه: مؤمن کے لئے مناسب نہیں کہ خودکو ذلیل

کرے، صحابہ نے پوچھا: خود کو کوئی کیسے ذلیل کرے گا؟ آپؐ نے فرمایا: یَتَعَرَّضُ من البلاء: لما لا یُطِیْقُ: ایسی بلاؤں کے درپے ہو جو اس کی طاقت سے باہر ہوں۔

تشریح: من البلاء: مالا یطیق کا بیانِ مقدم ہے، اصل جملہ اس طرح تھا: یَتعرَّضُ لِمَا لایطیقُ من البلاء۔

اور فقہاء نے اس حدیث سے ضابطہ بنایا ہے کہ خود کو رسوا کرنا جائز نہیں یعنی ایسا کام کرنا (اگرچہ وہ جائز ہو) جس کے نتیجہ میں رسوائی ہو: مناسب نہیں مثلاً: (۱) کرنسی بلیک میں کیش کرانا (۲) بغیر ٹکٹ ریل کا سفر کرنا (۳) ٹیکس چوری کرنا، اور اس کے لئے غلط حساب بنانا (۴) بجلی چوری کرنا اور اس کے لئے میٹر بند کرنا یا گھمانا وغیرہ بہت سی جزئیات ہیں جن کا انجام رسوائی ہے، پکڑے جانے پر عزت خاک میں مل جاتی ہے، اس لئے مؤمن کو اس قسم کے امور سے بچنا چاہئے۔

اور حدیث علی بن زید بن جدعان کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ راوی ٹھیک ہے، اس لئے حدیث کی تحسین کی ہے۔

[۵۸-] بابٌ

[۲۲۵۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَايَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ" قَالُوْا: وَكَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ؟ قَالَ: " يَتعَرَّضُ مِنَ الْبَلَاءِ لِمَا لَايُطِيْقُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

ظالم کی بھی مدد کرو اور مظلوم کی بھی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اُنْصُرْ أَخَاكَ: ظالماً أو مظلوماً: اپنے بھائی کی مدد کرو: خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مظلوم کی مدد کرنا تو سمجھ میں آیا، مگر ظالم کی مدد کیسے کریں؟ آپؐ نے فرمایا: تَكُفُّهُ عن الظلم، فذاك نَصْرُكَ إياه: اس کو ظلم سے روکو، یہ تمہارا اس کی مدد کرنا ہے (یہ حدیث بخاری (حدیث ۲۴۴۴) میں ہے)

[۵۹-] بابٌ

[۲۲۵۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " انْصُرْ أَخَاكَ ظَالِمًا أَوْ مَظْلُوْمًا" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! نَصَرْتُهُ مَظْلُوْمًا، فَكَيْفَ أَنْصُرُهُ ظَالِمًا؟ قَالَ: " تَكُفُّهُ عَنِ الظُّلْمِ، فَذَاكَ نَصْرُكَ إِيَّاهُ"

وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

بادشاہ کی نزدیکی باعث فتنہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-من سَكَنَ البادیةَ جَفَا: جو جنگل میں بسا وہ تندمزاج ہوا، کیونکہ وہ نہ جمعہ وجماعت میں آئے گا نہ مجالس علماء میں شریک ہوگا، پس اس کی طبیعت میں وحشی پنا پیدا ہوجائے گا اور وہ مکارم اخلاق سے دور ہوجائے گا۔ یہ بداوت کا خاصہ ہے، اور فتنہ کے زمانہ میں جنگل میں جا بسنے کی خیریت ایک دوسری جہت سے ہے یعنی وہ أھون البلیتین ہے۔

۲-ومنِ اتَّبَعَ الصیدَ غَفَلَ: اور جو شکار کے پیچھے پڑا وہ غافل ہوا یعنی جس کو شکار کی دھن لگ گئی وہ کسی کرت کا نہ رہا، وہ ہروقت بندوق اٹھائے پھرے گا، اور ضروری کاموں سے بھی بےفکر ہوجائے گا۔

۳-ومن أَتَی أَبوابَ السلطانِ افْتُتِنَ: اور جو بادشاہوں کے دروازوں پر گیا وہ فتنوں میں مبتلا ہوا، کیونکہ اگر وہ بادشاہ کی ہم نوائی کرے گا تو اپنا دین خراب کرے گا، اور نہیں کرے گا تو اپنی دنیا برباد کرے گا، پس ان سے دور کی صاحب سلامت اچھی!

ملحوظہ: یہ حدیث ضعیف ہے، ابوموسیٰ جو وہب بن منبہ سے روایت کرتا ہے: مجہول راوی ہے۔

خوش حالی بھی کبھی فتنوں کا سبب بنتی ہے

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے چالیس آدمیوں کو ایک خیمے میں جمع کیا اور فرمایا: ''بے شک تم دشمن کے مقابلہ میں مدد کئے ہوئے ہو، اور غنیمت حاصل کرنے والے ہو اور تمہارے لئے ممالک فتح کئے جائیں گے، پس جو شخص تم میں سے یہ حالات پائے پس چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرے، اور چاہئے کہ وہ بھلی بات کا حکم دے اور چاہئے کہ وہ بری بات سے روکے، اور جو شخص جان بوجھ کر میرے نام جھوٹ باندھے اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

تشریح: جب کسی قوم میں خوش حالی آتی ہے تو اللہ کا ڈر اٹھ جاتا ہے، لوگوں کے احوال دگرگوں ہوجاتے ہیں اور لوگ اپنی بدعملی کی تائید میں حدیثیں گھڑتے ہیں، یہی خوش حالی کے زمانہ کے فتنے ہیں۔ اس لئے نبی ﷺ نے امت کو خوش حالی کی خوش خبری دی تو ساتھ ہی خرابیوں کی طرف بھی متوجہ کیا (یہ حدیث مسند احمد میں تین بار آئی ہے ۱:۳۸۹ و ۴۰۱ و ۴۳۶) اور مصری نسخہ میں اس دوسری حدیث پر باب بلا ترجمہ ہے۔

[٦٠-] بابٌ

[٢٢٥٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي مُوْسَى، عَنْ وَهْبِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ سَكَنَ الْبَادِيَةَ جَفَا، وَمَنْ اتَّبَعَ الصَّيْدَ غَفَلَ، وَمَنْ أَتَى أَبْوَابَ السُّلْطَانِ افْتَتَنَ"

وفي الباب: عَنْ أَبِي هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عَبَّاسٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ.

[٢٢٥٥-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّكُمْ مَنْصُوْرُوْنَ، وَمُصِيْبُوْنَ، وَمَفْتُوْحٌ لَكُمْ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَاكَ مِنْكُمْ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ، وَلْيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ، وَلْيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَمَنْ يَكْذِبْ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

وہ فتنہ جو سمندر کی طرح موجیں مارتا ہے

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (ساتھیوں سے) پوچھا: کس کو یاد ہے وہ بات جو رسول اللہ ﷺ نے فتنہ کے بارے میں فرمائی ہے؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: مجھے یاد ہے، پھر حضرت حذیفہؓ نے بیان کیا: آدمی کا فتنہ (کوتاہی) اس کی فیملی میں، اس کے مال میں، اس کی اولاد میں، اور اس کے پڑوسی میں، جن کا کفارہ: نماز، روزہ، صدقہ، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بنتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا: ان فتنوں کے بارے میں: میں نہیں پوچھتا، بلکہ اس فتنے کے بارے میں پوچھتا ہوں جو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارے گا! حضرت حذیفہؓ نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ کے درمیان اور اس کے درمیان ایک بند دروازہ ہے یعنی وہ فتنہ آپ کے زمانہ میں نہیں آئے گا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا: وہ دروازہ کھولا جائے گا یا توڑا جائے گا؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: توڑا جائے گا، حضرت عمرؓ نے کہا: تب قیامت تک بند نہیں ہوگا۔

اور حماد کی روایت میں یہ اضافہ ہے: ابووائل کہتے ہیں: میں نے مسروق سے کہا: حضرت حذیفہؓ سے دروازے کے بارے میں پوچھو، مسروق نے پوچھا تو حضرت حذیفہؓ نے بتایا: وہ عمرؓ ہیں (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

تشریح: ابواب الفتن کے شروع میں حجۃ اللہ کے حوالہ سے یہ مضمون آیا ہے کہ فتنے چند قسم کے ہیں: ایک: آدمی کے اندر کا فتنہ ہے، اور وہ یہ ہے کہ آدمی کے احوال بگڑ جائیں، اس کا دل سخت ہو جائے، اور اس کو عبادت میں حلاوت اور مناجات میں لذت محسوس نہ ہو۔ دوسرا: فیملی میں فتنہ ہے، اور وہ نظام خانہ داری کا بگاڑ ہے، اسی طرح اولاد میں فتنہ، مال میں فتنہ اور پڑوسی میں فتنہ رونما ہوتا ہے، جس کی تلافی عبادات سے ہوتی رہتی ہے، اور ایک فتنہ وہ ہے جو سمندر کی طرح موجیں مارتا ہے، یہ نظام مملکت کا بگاڑ ہے۔ یہ فتنہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بعد شروع ہوگا، حضرت کے زمانے تک نظام حکومت صحیح چلتا رہا، اور فتنہ کا دروازہ کھولا نہیں جائے گا، بلکہ توڑا جائے گا، اور جو دروازہ کھولا جائے وہ بند کیا جا سکتا ہے، مگر جو کواڑ توڑ دیئے جائیں ان کے بند کرنے کا سوال ہی نہیں، پس نظام مملکت کے بگاڑ کا فتنہ جب شروع ہوگا تو قیامت تک رکے گا نہیں۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دروازہ ہونے کا مطلب صرف اتنا ہے کہ آپؓ کے زمانہ میں وہ فتنہ نہیں آئے گا، البتہ توڑنے میں آپؓ کی شہادت کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے۔

فائدہ (۱): اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ فتنوں کا علم اس لئے ضروری ہے کہ آدمی فتنوں سے بچے، حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہی کہا ہے کہ اس فتنہ سے آپؓ کیوں ڈرتے ہیں، وہ فتنہ آپؓ کے زمانے میں نہیں آئے گا۔

فائدہ (۲): اوپر حدیث کے ترجمہ میں اشارہ آیا ہے کہ فتنہ سے مراد کوتاہیاں ہیں، اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- آدمی کا فتنہ اس کی فیملی میں: یعنی آدمی گھر والوں کی وجہ سے ایسے قول و فعل کا ارتکاب کرے جو جائز نہیں، مگر وہ کبیرہ گناہ بھی نہ ہوں۔

۲- آدمی کا اپنے مال میں فتنہ: یعنی غلط طریقہ پر مال حاصل کرنا اور غلط جگہوں میں خرچ کرنا یا مالی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کرنا۔

۳- آدمی کا اپنی اولاد میں فتنہ: یعنی اولاد سے حد سے زیادہ محبت کرنا، ان کی وجہ سے خیر کے کاموں سے محروم رہنا یا اولاد کی وجہ سے حلال و حرام کی تمیز کے بغیر مال کمانا۔

۴- آدمی کا اس کے پڑوسی میں فتنہ: یعنی پڑوسی کو ستانا اور اس کی خبر گیری نہ کرنا۔

یہ وہ فتنے (کوتاہیاں) ہیں: جن کی تلافی اعمالِ صالحہ سے ہوتی رہتی ہے، لأن الحسنات يذهبن السيئات!

[٦١-] بابٌ

[٢٢٥٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَعَاصِمِ بنِ بَهْدَلَةَ،

وَحَمَّادٍ، سَمِعُوْا أَبَا وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: أَيُّكُمْ يَحْفَظُ مَاقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الْفِتْنَةِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: أَنَا، قَالَ حُذَيْفَةُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِيْ أَهْلِه، وَمَالِه، وَوَلَدِه، وَجَارِه: تُكَفِّرُهَا الصَّلَاةُ، وَالصَّوْمُ، وَالصَّدَقَةُ، وَالأَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، قَالَ عُمَرُ: لَسْتُ عَنْ هٰذَا أَسْأَلُكَ، وَلٰكِنْ عَنِ الْفِتْنَةِ الَّتِيْ تَمُوْجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، قَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ عُمَرُ: أَيُفْتَحُ أَمْ يُكْسَرُ؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ! قَالَ: إِذَنْ لاَيُغْلَقُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ!

قَالَ أَبُوْ وَائِلٍ فِيْ حَدِيْثِ حَمَّادٍ: فَقُلْتُ لِمَسْرُوْقٍ: سَلْ حُذَيْفَةَ عَنِ الْبَابِ؟ فَسَأَلَهُ فَقَالَ: عُمَرُ؛ هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

امراء کی ہاں میں ہاں ملانا حوض کوثر سے محرومی کا سبب ہے

حدیث: حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ ہم نو تھے: پانچ اور چار، دو عددوں میں سے ایک عرب سے اور دوسرا عجم سے تھا، پس آپؐ نے فرمایا: سنو! کیا تم نے سنا کہ عنقریب میرے بعد کچھ امراء ہونگے، پس جو ان کے پاس گیا، پس ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق کی، اور ان کے ظلم میں ان کی مدد کی تو وہ میرا نہیں اور میں اس کا نہیں اور وہ میرے پاس حوض کوثر پر نہیں پہنچے گا...... اور جو ان کے پاس نہیں گیا، اور ان کے ظلم میں ان کی مدد نہیں کی، اور ان کے جھوٹ میں ان کی تصدیق نہیں کی، پس وہ مجھ سے ہے اور میں اس کا ہوں، اور وہ میرے پاس حوض کوثر پر آئے گا (یہ حدیث تفصیل سے تحفہ ۲: ۵۰۲ کتاب الصلوٰۃ باب ۳۱۷ حدیث ۶۱۴ میں گذر چکی ہے)

سند کی بحث: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تین سندیں بیان کی ہیں، اور تینوں ہارون بن اسحاق ہمدانی کی ہیں: (۱) ہارون ہمدانی: محمد بن عبدالوہاب قنّاد سے، وہ مسعر سے الی آخرہ روایت کرتے ہیں (۲) ہارون: محمد قناد سے، اور وہ سفیان سے، اور وہ ابوحصین سے پہلی سند کی طرح روایت کرتے ہیں (۳) ہارون: محمد قناد سے، وہ سفیان سے، وہ زُبید سے، اور وہ ابراہیم سے (یہ ابراہیم نخعی نہیں ہیں، کوئی اور راوی ہے جو مجہول ہے، اور وہ حضرت کعب سے روایت کرتا ہے)

دین کو تھامنا چنگاری تھامنے کی طرح ہوگا!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: یأتی علی الناس زمانٌ، الصابرُ فیهم علی دینه کَالْقَابِضِ علی الْجَمْرِ:

لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا، جس میں اپنے دین پر جمنے والا: ہاتھ میں چنگاری پکڑنے والے کی طرح ہوگا۔

تشریح: جب فتنوں کا دور آتا ہے، فسق وفجور عام ہوتا ہے اور لوگوں کا ایمان کمزور پڑ جاتا ہے تو دین پر جمنا دوبھر ہوجاتا ہے، اس وقت دین کو مضبوط پکڑنا اتنا ہی مشکل ہوجاتا ہے جتنا چنگاری ہاتھ میں پکڑنا، مگر اس وقت ثواب بھی بڑھ جاتا ہے، حضرت ابوثعلبہ کی حدیث میں ہے: للعامل فيهن أجر خمسين رجلاً يعملون مثل عمله: ان ایام میں دین پر عمل کرنے والے کے لئے پچاس آدمیوں کا اجر ہوگا، جو آج اس کے عمل کے مانند عمل کرتے ہیں، صحابہ نے پوچھا: ان میں سے پچاس آدمیوں کا اجر؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں، تم میں سے پچاس آدمیوں کا اجر! (یہ روایت ترمذی میں آئے گی ورواہ ابن ماجہ، مشکوٰۃ حدیث ۵۱۴۴)

ملحوظہ: یہ حدیث ثلاثی ہے یعنی امام ترمذیؒ اور نبی ﷺ کے درمیان صرف تین واسطے ہیں، اور ترمذی میں یہی ایک حدیث ثلاثی ہے، اور ضعیف ہے، اس کا ایک راوی عمر بن شاکر ضعیف ہے، مگر امام ترمذی کے نزدیک یہ راوی ٹھیک ہے، کیونکہ اس سے متعدد اہل علم نے روایت لی ہے اور یہ راوی شیخ ہے، یہ لفظ صدوق کے ہم معنی ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو مقارب الحدیث کہا ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث کے شواہد ہیں، یہ مضمون حضرت ابوثعلبہ خشنی سے اور حضرت ابوہریرہؓ سے (مسند احمد ۵: ۳۹۰) اور حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے (صحیحہ ۲: ۶۸۳)

نوٹ: اس دوسری حدیث سے پہلے مصری نسخہ میں باب بلا ترجمہ ہے۔

[٦٢-] بابٌ

[٢٢٥٧-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ أَبِىْ حَصِيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَنَحْنُ تِسْعَةٌ: خَمْسَةٌ وَأَرْبَعَةٌ، أَحَدُ الْعَدَدَيْنِ مِنَ الْعَرَبِ، وَالآخَرُ مِنَ الْعَجَمِ، فَقَالَ: "اسْمَعُوْا! هَلْ سَمِعْتُمْ أَنَّهُ سَيَكُوْنُ بَعْدِىْ أُمَرَاءُ، فَمَنْ دَخَلَ عَلَيْهِمْ فَصَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَلَيْسَ مِنِّىْ وَلَسْتُ مِنْهُ، وَلَيْسَ بِوَارِدٍ عَلَيَّ الْحَوْضَ، وَمَنْ لَمْ يَدْخُلْ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، وَلَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، فَهُوَ مِنِّىْ وَأَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَارِدٌ عَلَيَّ الْحَوْضَ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مِسْعَرٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

قَالَ هَارُوْنُ: وَثَنِىْ مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِىْ حَصِيْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَاصِمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

قَالَ هَارُوْنُ: وَثَنِىْ مُحمدٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ – وَلَيْسَ بِالنَّخَعِيِّ – عَنْ

كَعْبِ بنِ عُجْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ مِسْعَرٍ، وفى الباب: عَنْ حُذَيْفَةَ، وابنِ عُمَرَ.

[٢٢٥٨-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بنُ مُوْسَى الفَزَارِيُّ ابنُ ابْنَةِ السُّدِّيِّ الْكُوْفِيُّ، نا عُمَرُ بنُ شَاكِرٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، الصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلَى دِيْنِهِ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعُمَرُ بنُ شَاكِرٍ: رَوَى عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ، وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ.

بابٌ

بہتر اور بدتر لوگ

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ چند بیٹھے ہوئے لوگوں کے پاس کھڑے ہوئے اور فرمایا: "کیا میں نہ بتلاؤں تمہارا بہتر اور تمہارا بدتر؟ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس لوگ خاموش رہے (وہ ڈر گئے کہ معلوم نہیں کون براڈ کلیر ہو اور کون اچھا ثابت ہو، حالانکہ نبی ﷺ عام بات بتانا چاہتے تھے) آپؐ نے یہ بات تین مرتبہ فرمائی، پس ایک شخص (ہمت کرکے) بولا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! ہمیں بتلائیں ہمارا بہتر اور ہمارا بدتر۔ آپؐ نے فرمایا: خيركم من يُرْجى خَيْرُه، ويؤمن شرُّه، وشرُّكم من لايُرْجى خَيْرُه، ولا يؤمن شرُّه: تم میں بہتر وہ شخص ہے جس کی خیر کی امید باندھی جائے اور اس کے شر سے مطمئن رہا جائے، اور تم میں بدتر وہ ہے جس کی خیر کی امید نہ باندھی جائے، اور جس کے شر سے بے خوف نہ رہا جائے۔

تشریح: لوگوں کا یہ شر ہی ان کا فتنہ ہے، پس جس کے شر سے لوگ بے خوف نہ ہوں وہ فتنہ خیز ہے۔

[٦٣-] بابٌ

[٢٢٥٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم وَقَفَ عَلَى نَاسٍ جُلُوْسٍ، فَقَالَ: "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ؟" قَالَ: فَسَكَتُوْا، فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: بَلَى يَارسولَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا، قَالَ: "خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجَى خَيْرُهُ، وَيُؤْمَنُ شَرُّهُ، وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجَى خَيْرُهُ، وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهُ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

جب امت میں اتراہٹ آجائے تو برے لوگ مسلط ہوجائیں گے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب میری امت متکبرانہ چال چلے اور بادشاہوں کی اولاد یعنی روم وفارس کے لڑکے ان کی خدمت کریں تو امت کے برے لوگ ان کے اچھوں پر مسلط کردیئے جائیں گے!''

تشریح: یہ ایک پیشین گوئی ہے، مگر ضروری نہیں کہ روم وفارس کی فتح کے ساتھ ہی یہ صورت حال پیدا ہوجائے، حالات بدلتے بدلتے وقت لگتا ہے، چنانچہ ایک وقت آیا کہ برے اچھوں پر مسلط ہوگئے۔

سند کی بحث: یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک ضعیف ہے، کیونکہ اس کو موسیٰ بن عبیدۃ ربذی ابوعبد العزیز مدنی: عبداللہ بن دینار سے روایت کرتا ہے اور یہ راوی ضعیف ہے، خاص طور پر عبداللہ بن دینار کی روایتوں میں۔ مگر یحییٰ بن سعید انصاری اس کے متابع ہیں، وہ بھی یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے روایت کرتے ہیں، وقد رواہ سے امام ترمذیؒ نے یہی سند پیش کی ہے، پھر امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ دوسری سند (انصاری کی) بے اصل ہے، یہ حدیث صرف موسیٰ کی سند سے معروف ہے (مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس دوسری سند کے بے اصل ہونے کی کوئی دلیل بیان نہیں کی، جبکہ انصاری سے روایت کرنے والے ابومعاویہ، پھر ان سے روایت کرنے والے امام ترمذی کے استاذ محمد بن اسماعیل واسطی دونوں ثقہ ہیں) دوسری دلیل: امام ترمذیؒ نے یہ پیش کی ہے کہ یہ حدیث امام مالک بھی انصاری سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ حدیث کو مرسل کرتے ہیں، وہ عبداللہ بن دینار اور حضرت ابن عمر کا تذکرہ نہیں کرتے (مگر امام مالک رحمہ اللہ ایسا بکثرت کرتے تھے۔ وہ موصول روایات کو مرسل کرتے تھے، پس یہ بھی ابومعاویہ کی سند کے غلط ہونے کی دلیل نہیں بن سکتی، اس لئے میری ناقص رائے یہ ہے کہ یہ حدیث انصاری کی سند سے صحیح ہے)

[٦٤-] بابٌ

[٢٢٦٠-] حدثنا مُوْسَى بنُ عَبْدِ الرحمنِ الْكِنْدِيُّ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بنُ عُبَيدَةَ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:''إِذَا مَشَتْ أُمَّتِيْ الْمُطَيْطَاءَ، وَخَدَمَهَا أَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ: أَبْنَاءُ فَارِسَ وَالرُّوْمِ: سُلِّطَ شِرَارُهَا عَلَى خِيَارِهَا''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدِ الْأَنْصَارِيِّ، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ

بنُ إِسْمَاعِيْلَ الْوَاسِطِيُّ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَلاَ يُعْرَفُ لِحَدِيْثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ أَصْلٌ، إِنَّمَا الْمَعْرُوْفُ حَدِيْثُ مُوْسَى بنِ عُبَيْدَةَ.

وَقَدْ رَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، هٰذَا الحديثَ عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ مُرْسَلاً، وَلَمْ يُذْكَرُ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ.

لغت:المُطَيْطَاء:اتراہٹ،متکبرانہ چال،ہاتھ پھیلا پھیلا کر چلنا۔

عورتوں کی سربراہی کامیابی کی راہ نہیں

حدیث:حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک بات کی وجہ سے جو میں نے نبی ﷺ سے سنی تھی بچالیا، جب کسری مرا تو نبی ﷺ نے پوچھا: ایران والوں نے کس کو بادشاہ بنایا؟ لوگوں نے بتایا: اس کی بیٹی کو، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لن يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَهُمُ امْرَأَةً: وہ قوم ہرگز کامیاب نہ ہوگی جس نے اپنے معاملہ (حکومت) کا ذمہ دار ایک عورت کو بنایا (یہ حدیث بخاری (حدیث ۴۴۲۵) میں ہے)

حضرت ابوبکرہؓ کہتے ہیں: جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بصرہ آئیں تو مجھے نبی ﷺ کی یہ بات یاد آئی، پس اللہ تعالیٰ نے مجھے اس بات کی وجہ سے بچالیا۔

تشریح: کسری کے بعد ایران کا بادشاہ شیرویہ بنا تھا، مگر وہ چھ ماہ کے بعد زہر کھا کر مرگیا تو اس کی بیٹی بوران بادشاہ بنی، کیونکہ شیرویہ کا کوئی بیٹا نہیں تھا، اور بھائیوں کو وہ پہلے ہی موت کی گھاٹ اتار چکا تھا۔ جب نبی ﷺ کو اطلاع ملی کہ ایران والوں نے ملک کا سربراہِ اعظم ایک عورت کو بنایا ہے تو آپؐ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ عورت کی سربراہی کامیابی کی راہ نہیں۔ رہی یہ بات کہ عورت کو سربراہ بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اس کی طرف حدیث میں کوئی اشارہ نہیں۔ اور فقہاء میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک: عورت نہ امیرۃ المؤمنین بنسکتی ہے نہ قاضیہ۔ اور طبری رحمہ اللہ کے نزدیک جائز ہے، امام مالک رحمہ اللہ سے بھی یہی ایک روایت ہے۔ اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک جن معاملات میں عورت گواہ بن سکتی ہے امیر بھی بن سکتی ہے۔

رہی استیلاء وتغلب کی صورت: تو اس میں بالاجماع عورت کی امارت درست ہے، اس کے احکام نافذ اور واجب الاطاعت ہونگے۔ اور الیکشن، پارٹی، ووٹ اور اکثریت: تغلب ہی کی صورت ہے، کیونکہ جمہوریت میں سر گنے جاتے ہیں، بھیجا نہیں دیکھا جاتا۔

اور جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ پیش آیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ میں تھیں، حج کے لئے تشریف لے گئی تھیں، چنانچہ حضرت زبیر اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہما مکہ گئے اور ان کو آمادہ کیا کہ قصاص کا مطالبہ کیا جائے، ادھر حضرت علی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنتے ہی کوفہ منتقل ہو گئے تھے، اس لئے یہ سب حضرات بصرہ گئے، وہاں ان کے ساتھ اجتماعیت ہوگئی اور وہ قصاص کا مطالبہ لے کر کوفہ گئے، وہاں جنگ جمل کا معرکہ پیش آیا، حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ اس حدیث کی وجہ سے ان کے ساتھ شریک نہیں ہوئے اور بھی متعدد صحابہ جنگ میں شریک نہیں ہوئے۔

[٢٢٦١-] حدثنا مُحمدُ بنُ المُثَنّى، ثَنَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، نَا حُمَيْدُ الطَّوِيْلُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: عَصَمَنِيَ اللّٰهُ بِشَيئٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لَمَّا هَلَكَ كِسْرَى، قَالَ: " مَنِ اسْتَخْلَفُوْا؟" قَالُوْا: ابْنَتَهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَنْ يُفْلِحَ قَوْمٌ وَلَّوْا أَمْرَهُمُ امْرَأَةً " قَالَ: فَلَمَّا قَدِمَتْ عَائِشَةُ - يَعْنِي الْبَصْرَةَ - ذَكَرْتُ قَوْلَ رسوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَعَصَمَنِيَ اللّٰهُ بِهِ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بہترین اور بدترین امراء

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "کیا میں تم کو نہ بتلاؤں: تمہارے بہترین امراء اور ان کے بدترین امراء؟...... مسلمانوں کے بہترین امراء وہ ہیں: جن سے تم محبت کرو اور وہ تم سے محبت کریں، اور تم ان کے لئے دعا کرو اور وہ تمہارے لئے دعا کریں...... اور تمہارے بدترین امراء وہ ہیں: جن سے تم دشمنی رکھو، اور وہ تم سے دشمنی رکھیں، اور جن پر تم لعنت بھیجو، اور وہ تم پر لعنت بھیجیں۔

ملحوظہ: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی: محمد بن ابی حمید جس کا لقب حماد تھا: ضعیف ہے، مگر یہ حدیث حضرت عوف بن مالک کی روایت سے مسلم شریف (حدیث ۱۸۵۵) میں ہے۔

[٢٢٦٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، نَا مُحمدُ بنُ أَبِيْ حُمَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخِيَارِ أُمَرَائِكُمْ وَشِرَارِهِمْ؟ خِيَارُهُمْ: الَّذِيْنَ تُحِبُّوْنَهُمْ، وَيُحِبُّوْنَكُمْ، وَتَدْعُوْنَ لَهُمْ، وَيَدْعُوْنَ لَكُمْ، وَشِرَارُ أُمَرَائِكُمْ: الَّذِيْنَ تُبْغِضُوْنَهُمْ، وَيُبْغِضُوْنَكُمْ، وَتَلْعَنُوْنَهُمْ، وَيَلْعَنُوْنَكُمْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ أَبِيْ حُمَيْدٍ، وَمُحمدٌ يُضَعَّفُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

جن امراء کے کام معروف ومنکر: دونوں طرح کے ہوں:

ان کے ساتھ مسلمانوں کا کیا رویہ ہونا چاہئے؟

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب تم پر ایسے امراء ہونگے جن کے بعض کاموں کو تم پہچانتے ہوگے اور بعض کاموں کو تم اوپرا سمجھتے ہوگے یعنی ان کے بعض کام اچھے ہونگے اور بعض برے، پس: (۱) جس نے ان پر زبان سے نکیر کی وہ یقیناً عہدہ برآ ہوگیا (۲) اور جس نے دل سے ناپسند کیا وہ یقیناً ان کے گناہ کے وبال سے بچ گیا (۳) البتہ جو ان کے کاموں پر خوش ہوا اور اس نے ان کی پیروی کی (وہ یقیناً ان کے گناہ میں شریک ہوا)...... عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کیا پس ہم ان سے جنگ نہ کریں؟ یعنی ہاتھ سے ان پر نکیر نہ کریں؟ آپ نے فرمایا: ''نہیں، جب تک وہ نماز پڑھیں''

تشریح: مسلم شریف (حدیث ۱۸۵۵) میں حضرت عوف بن مالک کی روایت میں ہے کہ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم ایسی صورت میں ان سے ترک تعلق نہ کرلیں؟ آپ نے فرمایا: ''نہیں، جب تک وہ تمہارے اندر نماز قائم کریں، سنو! جس پر کوئی حاکم مقرر کیا گیا، پس اس نے دیکھا کہ وہ کسی معصیت کا ارتکاب کرتا ہے تو وہ اس معصیت کو ناپسند کرے جس کا وہ ارتکاب کرتا ہے، اور ہرگز اپنا ہاتھ اس کی اطاعت سے نہ کھینچے''

اور متفق علیہ روایت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکومت کے ذمہ داروں سے جھگڑا کرنے کی ممانعت فرمائی ہے، اور فرمایا: ''مگر یہ کہ تم کھلا کفر دیکھو، جس کی تمہارے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے دلیل ہو'' یعنی دلیل نقلی سے ان کا کفر ثابت ہو (مشکوۃ حدیث ۳۶۶۶)

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں: اگر کوئی ایسا شخص زبردستی حکومت پر غلبہ حاصل کرلے جو شرائط خلافت کا جامع نہ ہو (مثلاً: الیکشن میں اس کی پارٹی جیت جائے) تو اس کی مخالفت میں جلدی نہ کی جائے، کیونکہ اس کو معزول کرنے میں مسلمانوں کی جانیں تلف ہونگی، اور سخت فتنہ برپا ہوگا، اور یقین کے ساتھ معلوم نہیں کہ نتیجہ کیا ہوگا، ہوسکتا ہے: اس سے بھی بدتر کوئی شخص غالب آجائے، پس ایک موہوم مصلحت کے لئے ایسے امر کا ارتکاب نہ کیا جائے جس کی قباحت یقینی ہے۔

ہاں جب خلیفہ ضروریاتِ دین میں سے کسی ضروری امر کے انکار کی وجہ سے کافر ہوجائے، مثلاً: نماز کی فرضیت کا انکار کردے، یا پانچ نمازوں کی فرضیت کا قائل نہ ہو، تو اس سے جنگ کرنا جائز ہے، بلکہ واجب ہے، اور یہ جواز یا وجوب اس لئے ہے کہ ایسی صورت میں خلیفہ مقرر کرنے کی جو مصلحت ہے یعنی اقامتِ دین: وہ فوت ہوجائے گی، بلکہ وہ پوری قوم کو لے ڈوبے گا، اس لئے اس سے برسرپیکار ہونا راہِ خدا میں جہاد کرنا ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۵: ۲۲۸)

[٢٢٦٣-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلَّالُ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا هِشَامُ بنُ حَسَّانٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ ضَبَّةَ بنِ مِحْصَنٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّهُ سَيَكُوْنُ عَلَيْكُمْ أَئِمَّةٌ، تَعْرِفُوْنَ وَتُنْكِرُوْنَ، فَمَنْ أَنْكَرَ فَقَدْ بَرِئَ، وَمَنْ كَرِهَ فَقَدْ سَلِمَ، وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ" فَقِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَلاَ نُقَاتِلُهُمْ؟ قَالَ: "لاَ، مَاصَلُّوْا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۱۸۵۴) میں ہے...... تعرفون وتنكرون: أئمة کی صفتیں ہیں اور دونوں کے مفعول محذوف ہیں، أى تعرفون بعض أفعالهم وتنكرون بعضها...... رضى وتابع کی جزاء محذوف ہے أى فهو الذى شاركهم فى العصيان۔

جینے میں مزہ کب تک ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے امراء تمہارے بہترین لوگ ہوں، اور تمہارے مالدار تمہارے سیر چشم لوگ ہوں اور تمہارے معاملات تمہارے درمیان مشورے سے طے ہوتے ہوں تو زمین کی پیٹھ اس کے پیٹ سے تمہارے لئے بہتر ہے یعنی اس وقت تک جینے میں مزہ ہے...... اور جب تمہارے امراء تمہارے بدترین لوگ ہوں، اور تمہارے مالدار تمہارے کنجوس لوگ ہوں اور تمہارے معاملات تمہاری عورتوں کے حوالے ہوں: تو زمین کا پیٹ تمہارے لئے اس کی پیٹھ سے بہتر ہے یعنی پھر زندگی میں کچھ مزہ نہیں، مرجانا بہتر ہے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، صالح بن بشیر مرّی ابو بشر بصری: ضعیف راوی ہے، اگرچہ وہ نیک زاہد شخص تھا اور یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، دیگر کتب ستہ میں نہیں ہے۔

[٢٢٦٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِيْدٍ الأَشْقَرُ، نَا يُوْنُسُ بنُ مُحمدٍ، وَهَاشِمُ بنُ الْقَاسِمِ، قَالاَ: نَاصَالِحُ الْمُرِّيُّ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا كَانَتْ أُمَرَاؤُكُمْ خِيَارَكُمْ، وأَغْنِيَاؤُكُمْ سُمَحَاءَكُمْ، وأُمُوْرُكُمْ شُوْرَى بَيْنَكُمْ: فَظَهْرُ الأَرْضِ خَيْرٌ لَكُمْ مِنْ بَطْنِهَا، وَإِذَا كَانَتْ أُمَرَاؤُكُمْ شِرَارَكُمْ، وأَغْنِيَاؤُكُمْ بُخَلاَءَكُمْ، وَأُمُوْرُكُمْ إِلَى نَسَائِكُمْ: فَبَطْنُ الأَرْضِ خَيْرٌ لَكُمْ مَنْ ظَهْرِهَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ صَالِحِ الْمُرِّيِّ، وَصَالِحٌ فِىْ حَدِيْثِهِ غَرَائِبُ، لاَيُتَابَعُ عَلَيْهَا، وَهُوَ رَجُلٌ صَالِحٌ.

بابٌ

فتنوں کے زمانہ میں عمل کی اہمیت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ’’تم یعنی صحابہ ایسے زمانہ میں ہو کہ جو شخص تم میں سے اس دین کا دسواں حصہ چھوڑ دے گا جس کا وہ حکم دیا گیا ہے: تو وہ ہلاک ہو جائے گا...... پھر ایسا زمانہ آئے گا کہ جو اس دین کے دسویں حصے پر عمل کرے گا جس کا وہ حکم دیا گیا ہے: تو وہ نجات پا جائے گا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی نعیم بن حماد مروزی ضعیف ہے، ابن عدی نے الکامل میں اس کی ضعیف حدیثوں کا تتبع کیا ہے، یہ حدیث ان میں سے ایک ہے۔ مگر باب میں حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کی حدیث مسند احمد (۵:۱۵۵) میں ہے جو اس حدیث کے لئے شاہد ہے۔

[٦٥-] بابٌ

[٢٢٦٥-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بنُ يَعْقُوْبَ الْجُوْزَجَانِيُّ، نَا نُعَيْمُ بنُ حَمَّادٍ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ’’إِنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ: مَنْ تَرَكَ مِنْكُمْ عُشْرَمَا أُمِرَ بِهِ هَلَكَ، ثُمَّ يَأْتِيْ زَمَانٌ: مَنْ عَمِلَ مِنْهُمْ بِعُشْرِ مَا أُمِرَ بِهِ نَجَا‘‘

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ نُعَيْمِ بنِ حَمَّادٍ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، وَفِيْ الْبَابِ: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وأَبِيْ سَعِيْدٍ.

فتنے مشرق سے سر ابھاریں گے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا: ’’یہاں فتنوں کی سرزمین ہے (اور مشرق کی طرف اشارہ فرمایا) جہاں شیطان کا یا فرمایا: سورج کا سینگ نکلتا ہے‘‘

تشریح: یہ حدیث اگرچہ عام ہے، مگر مراد خاص ہے، اس میں مسیلمۂ کذاب کے فتنہ کی طرف اشارہ ہے یا دجال کے فتنہ کی طرف، مسیلمہ: یمامہ کا باشندہ تھا، جو مدینہ سے مشرق میں نجد کے علاقہ میں واقع ہے، اور دجال کا خروج بھی مشرق سے یعنی خراسان سے ہوگا، جیسا کہ پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی حدیث میں گذر چکا ہے۔

[٢٢٦٦-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: ’’هَاهُنَا أَرْضُ الفِتَنِ — وَأَشَارَ إِلَى الْمَشْرِقِ — حَيْثُ يَطْلَعُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ أَوْ قَالَ: قَرْنُ الشَّمْسِ‘‘ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۷۰۹۲ مسلم شریف حدیث ۲۹۰۵)

مہدی دجال کا پیچھا کہاں سے کہاں تک کریں گے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''خراسان سے سیاہ جھنڈے نکلیں گے، پس ان کو کوئی چیز نہیں پھیرے گی یہاں تک کہ وہ ایلیاء میں گاڑے جائیں گے''

تشریح: اس حدیث میں حضرت مہدی کے لشکر کا تذکرہ ہے، دجال کا خروج خراسان سے ہوگا، حضرت مہدی وہیں سے اس کا پیچھا کریں گے، اوران کا جھنڈا کالا ہوگا یعنی اس کی زمین سفید ہوگی اوراس میں کالی دھاریاں ہونگی اس لئے وہ دور سے کالا نظر آئے گا، نبی ﷺ کا جھنڈا ایسا ہی تھا (تحفۃ الالمعی ۴:۶۰۶) اور ایلیاء یعنی بیت المقدس تک اس کا تعاقب کرتے چلے جائیں گے، کوئی چیز ان کے لئے سد راہ نہیں ہوگی۔ اور مسند احمد (۵:۲۷۷) میں حضرت ثوبان کی روایت ہے: إذا رأيتم الراياتِ السودَ، قد جاء ت من قِبَلِ خراسان: فَائْتُوْهَا، فإن فيها خليفةَ الله المهديَّ: جب تم دیکھو کہ سیاہ جھنڈے خراسان کی طرف سے آرہے ہیں تو تم اس لشکر میں شامل ہو جاؤ، کیونکہ اس میں اللہ کے خلیفہ مہدی ہونگے۔

ملحوظہ: یہ دونوں حدیثیں ضعیف ہیں، ترمذی کی روایت میں رشدین بن سعد ہیں جو ضعیف ہیں، اور مسند احمد کی حضرت ثوبان کی روایت میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں، ان کا حافظہ بھی بگڑ گیا تھا اوراس میں غالباً علی بن زید بن جدعان بھی ہے، وہ بھی ضعیف راوی ہے۔ مگر دونوں کا ضعف ہلکا ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی تحسین کی ہے۔

[۲۲٦۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ ابنِ شِهَابِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ قَبِيْصَةَ بنِ ذُوَيْبٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' يَخْرُجُ مِنْ خُرَاسَانَ رَايَاتٌ سُوْدٌ، فَلاَ يَرُدُّهَا شَيْئٌ حَتَّى تُنْصَبَ بِإِيْلِيَاءَ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ.

﴿الحمد للہ! ابواب الفتن کی تقریر کی ترتیب پوری ہوئی﴾

الحمد للہ! تحفة الألمعی شرح سنن الترمذی کی جلد پنجم مکمل ہوئی، چھٹی جلد أبواب الرُّؤیا سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الرُّؤْيَا

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

خوابوں کا بیان

الرُّؤْيَا: رَآہ یَرَی کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: آنکھ سے دیکھنا، اور دل سے دیکھنا، پھر وہ اسم کے طور پر مستعمل ہے اور الف مقصورۃ کی وجہ سے الدنیا کی طرح غیر منصرف ہے، اور اس کی جمع دُنًی کی طرح رُؤًی ہے۔ اردو میں اس کا ترجمہ ''خواب'' ہے۔ خواب: خوابیدن (سونا) کا حاصل مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: نینداور وہ باتیں جو آدمی نیند میں دیکھتا ہے یعنی سُپنا۔

جاننا چاہئے کہ خیالات کی ریل (Reel) بلاتوقف چلتی رہتی ہے، بیداری میں بھی اور نیند میں بھی مسلسل خیالات آتے رہتے ہیں، حتی کہ نماز میں بھی، اور اگر کوئی شخص کوشش کرے کہ نماز میں خیال نہ آئے تو یہی خیال مسلط ہوجائے گا کہ نماز میں خیال نہیں لانا چاہئے، غرض انسان کے دماغ میں اچھے برے خیالات بارش کی طرح برستے رہتے ہیں، پھر جب وہ وافر مقدار میں جمع ہوجاتے ہیں تو ارادۂ عمل جنم لیتا ہے، پھر اچھا یا برا عمل وجود میں آتا ہے، اور اُن خیالات کے بھی اسباب ہیں، کیونکہ یہ دنیا دارالاسباب ہے، یہاں سنتِ الٰہی یہ ہے کہ ہر چیز کا سبب ہو۔

اور یہ اسباب جاننے اس لئے ضروری ہیں کہ انسان اچھے اسباب اختیار کرے تاکہ اچھے خیالات آئیں، اور نیک عمل کا جذبہ ابھرے، اور برے خیالات کے اسباب سے بچے تاکہ برے خیالات پیدا نہ ہوں اور آدمی برے کام نہ کرے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ (قسم اول، مبحث اول، باب دہم) میں خیالات کے پانچ اسباب بیان کئے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے:

پہلا سبب: جو سب سے بڑا سبب ہے، وہ انسان کی جبلت وفطرت ہے، جبلت: وہ اصلی حالت ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا ہے، ہر انسان کی الگ انداز پر تخلیق ہوئی ہے، حدیث میں ہے: ''اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کی ایک جبلت بنائی ہے جو کبھی نہیں بدلتی، پس اگر کوئی خبر دے کہ فلاں کی فطرت بدل گئی تو اس کی تصدیق نہ کرو''

اس لئے کہ جیسی فطرت ہوگی ویسے ہی خیالات آئیں گے، اچھی فطرت ہوگی تو اچھے خیالات آئیں گے اور بری فطرت ہوگی تو برے خیالات جنم لیں گے۔

دوسرا سبب: انسان کا مادی مزاج ہے، جو کھانے پینے وغیرہ سے بنتا ہے۔ یہ مزاج لوگوں میں مختلف ہوتا ہے، اور اس کو مختلف کیا بھی جاسکتا ہے، کیونکہ یہ مزاج کھانے پینے کی چیزوں سے اور دوسری تدبیروں سے جو انسان کو گھیرے رہتی ہیں وجود میں آتا ہے، آدمی جس قسم کی چیزیں کھاتا پیتا ہے اور جو کچھ پڑھتا ہے یا جن لوگوں کی صحبت میں بیٹھتا ہے ان کی وجہ سے یہ مزاج مختلف ہوتا ہے، اسی لئے شریعت نے حلال وطیب غذا کھانے پر، اچھی صحبت اختیار کرنے پر، اور گندے اشعار سے پیٹ کو محفوظ رکھنے پر زور دیا ہے۔

تیسرا سبب: عادت ومالوف ہے، جس شخص کا جس چیز کے ساتھ بہت زیادہ تعلق ہوتا ہے، اس کو اس چیز کا بار بار خیال آتا ہے، مثلاً جو چائے کا عادی ہے اس کو اس کا خیال آتا ہے، جو بیڑی سگریٹ یا پان تمبا کو کا عادی ہے اس کو ان چیزوں کا خیال آتا ہے، جس کو شراب کی لت پڑی ہوئی ہے اس کے دماغ میں ہر وقت شراب گھسی رہتی ہے، اور جو نماز کا پابند ہے اس کا دل ہمیشہ مسجد میں اٹکا رہتا ہے، اور اس کو بار بار نماز کا خیال آتا ہے۔ وقس علی ہذا۔

چوتھا سبب: اچھے برے اتفاقات ہیں، جیسے: ایک جیب کترا کسی دینی اجتماع میں اپنے مقصد سے گیا، وہاں اس نے کسی مقرر سے کوئی بھلی بات سنی جو اس کے دل میں اتر گئی، اور وہ اس کے لئے باعث انس بن گئی، پس اس کی زندگی بدل گئی، اسی طرح کوئی نیک آدمی بروں کی صحبت میں جا بیٹھا، انھوں نے اس کو ایسی پٹّی پڑھائی کہ زندگی تباہ ہوگئی۔ غرض اس قسم کے اچھے برے اتفاقات بھی خیالات کا سبب بنتے ہیں۔

پانچواں سبب: اچھی بری تاثیر ہے۔ بعض لوگ شیاطین سے متأثر ہوتے ہیں، خواہ وہ شیاطین الانس ہوں یا شیاطین الجن، ان شیاطین کا رنگ آدمی پر چڑھ جاتا ہے، جس کی وجہ سے برے خیالات آنے لگتے ہیں، اور وہ برے اعمال شروع کر دیتا ہے، اور کبھی اس کے برعکس آدمی ملائکہ سے متأثر ہوتا ہے، چاہے وہ نورانی فرشتے ہوں یا صالح انسان، جب ان کا رنگ آدمی پر چڑھتا ہے تو اچھے خیالات آنے لگتے ہیں، اور وہ اچھے اعمال شروع کر دیتا ہے۔

اور خوابوں کا معاملہ: خیالات جیسا ہے یعنی جو خیالات کے اسباب ہیں وہی خوابوں کے بھی اسباب ہیں، اچھے اسباب پیدا ہوتے ہیں تو اچھے خواب نظر آتے ہیں اور برے اسباب جمع ہوتے ہیں تو برے خواب نظر آتے ہیں، البتہ خیالات اور خوابوں میں فرق یہ ہے کہ خیالات میں چیزیں متشکل نہیں ہوتیں، اور خواب میں جو خیالات دل میں گذرتے ہیں وہ دل کی آنکھوں کے سامنے متشکل ہوتے ہیں۔

اور یہ فرق اس وجہ سے ہے کہ بحالت بیداری جب آدمی کچھ خیال کرتا ہے تو دماغ اس میں مستغرق ہو کر نہیں سوچتا کیونکہ بیداری کی حالت میں آنکھ کچھ دیکھ رہی ہے، کان کچھ سن رہا ہے، منہ میں کوئی چیز ہے، جس کا مزہ زبان لے رہی

ہے، ناک کوئی خوشبو یا بدبو سونگھ رہا ہے، اور جسم سے جو چیز مس کررہی ہے اس کا بھی ادراک ہورہا ہے، اور یہ تمام ادراکات دماغ کرتا ہے۔ اس وجہ سے دماغ پوری طرح خیالات کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، پھر جب آدمی سوجاتا ہے تو اس وقت بھی خیالات کا سلسلہ برابر چلتا رہتا ہے، البتہ جب تک نیند گہری ہوتی ہے خواب یاد نہیں رہتے، پھر جب نیند ہلکی پڑتی ہے تو دل میں جو خیالات گذرتے ہیں دماغ ان میں پوری طرح مستغرق ہوکر سوچتا ہے، اس لئے وہ خیالات دل کی نگاہوں کے سامنے متشکل ہوکر نظر آتے ہیں۔

اور یہ تمام خوابوں کی حقیقت کا بیان نہیں، بلکہ صرف ان خوابوں کا بیان ہے جو خیالات ہوتے ہیں، آگے حدیثوں میں خوابوں کی دو قسمیں اور بھی آرہی ہیں، ایک: ڈراؤنا خواب، دوسرا: مبشرات یعنی خوشخبری دینے والے خواب۔ ان خوابوں کی حقیقت جدا ہے، دراؤنے خواب شیطان کا تماشہ ہوتے ہیں جیسے ایک صحابی نے اپنا خواب بیان کیا کہ گویا ان کا سر قلم کردیا گیا، نبی ﷺ مسکرائے اور فرمایا: ''جب شیطان تم میں سے کسی کے ساتھ نیند میں کھلواڑ کرے تو اس کو لوگوں سے بیان نہ کیا کرو'' (رواہ مسلم، مشکوۃ کتاب الرؤیا حدیث ۴۶۱۶) اور مبشرات اللہ تعالیٰ کی طرف سے دکھائے جاتے ہیں۔

پھر جس طرح خیالات: قوت متخیلہ میں مخزونہ (بھرے ہوئے) تصورات میں قوت متصرفہ کی کارستانی سے پیش آتے ہیں اسی انداز پر خواب بھی نظر آتے ہیں، چنانچہ قدیم زمانہ میں کسی نے یہ خواب نہیں دیکھا تھا کہ وہ ہوائی جہاز میں اڑ رہا ہے، کیونکہ اس وقت ہوائی جہاز تصورات میں نہیں تھا، مگر اب لوگ ایسے خواب دیکھتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جزئیاتِ مادیہ کا ادراک کرنے کے لئے قدرت نے حیوانات کو پانچ حواس ظاہرہ عطا کئے ہیں یعنی سامعہ، باصرہ، شامہ، ذائقہ اور لامسہ۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات انسان کو پانچ حواس باطنہ بھی دیئے ہیں، یعنی حس مشترک، خیال، وہم، حافظہ اور متصرفہ۔ حس مشترک کا کام حواس ظاہرہ کی حاصل کی ہوئی صورتوں کو قبول کرنا ہے، پھر حس مشترک ان صورتوں کو خزانۂ خیال میں جمع کردیتی ہے تاکہ وہ بوقت ضرورت کام آئیں۔ اور وہم کا کام محسوس چیزوں کی ان معنوی باتوں کا ادراک کرنا ہے جو حواس ظاہرہ سے حاصل نہیں ہوسکتیں، جیسے بچہ قابلِ محبت ہے اور سانپ قابلِ خوف، اور واہمہ جن معانی کا ادراک کرتا ہے وہ ان مدرکات کو حافظہ میں رکھ لیتا ہے، یہ قوت: واہمہ کے مدرکات کا خزانہ ہے اور قوت متصرفہ کا کام یہ ہے کہ حواس ظاہرہ اور باطنہ کے دونوں خزانوں (خیال وحافظہ) میں جو صورتیں ہوتی ہیں: یہ قوت ان میں سے بعض کو بعض کے ساتھ جوڑتی ہے اور بعض کو بعض سے توڑتی ہے، اور اس طرح تصرف کرکے نئے نئے فارمولے بناتی ہے اور اس کا یہ عمل صرف بیداری ہی میں جاری نہیں رہتا بلکہ نیند میں بھی جاری رہتا ہے، اس لئے طرح طرح کے خواب نظر آتے ہیں، اور یہ خواب تعبیر کے محتاج نہیں ہوتے، یہ بلی کے خواب کے چھیچھڑے ہوتے ہیں، اسی طرح جو خواب شیطان کا ڈراوا ہوتے

ہیں ان کی بھی کوئی تعبیر نہیں ہوتی، تعبیر کے محتاج صرف مبشرات ہوتے ہیں۔

اور یہ بات تعبیر بتانے والا جانتا ہے کہ کونسا خواب کس قسم کا ہے، جب مصر کے بادشاہ نے دربار والوں کے سامنے اپنا خواب بیان کر کے تعبیر چاہی تو وہ لوگ کہنے لگے: یہ یوں ہی پریشان خیالات ہیں (یوسف ۴۴) ان کی یہ بات اگرچہ صحیح نہیں تھی مگر اس سے یہ بات سمجھ میں آئی کہ پریشان خیالات کی تعبیر نہیں ہوتی، اور یہ حدیث ابھی گذری ہے کہ ایک صحابی نے خواب دیکھا کہ گویا ان کا سر کاٹ دیا گیا، نبی ﷺ نے اس کو شیطان کا ڈراوا قرار دیا، غرض تعبیر صرف مبشرات کی ہوتی ہے۔

اور خواب کی تعبیر کے لئے کوئی مقررہ ضابطہ نہیں، جو شخص عالم ہوتا ہے، اور خواب دیکھنے والے کی زبان اور اس کے محاورات سے واقف ہوتا ہے، نیز وہ خواب دیکھنے والے کے احوال سے بھی واقف ہوتا ہے، وہ مختلف قرائن سے معلوم کر لیتا ہے کہ خواب کا کونسا جز مقصود ہے، اور اس کی کیا مراد ہے، مثلاً: مجھ سے ایک شخص نے خواب بیان کیا کہ وہ اکثر اپنے کمرے میں دو چھپکلیوں کو لڑتے ہوئے دیکھتا ہے، میں نے اس سے پوچھا: آپ کے گھر میں عورتیں کون کون ہیں؟ اس نے کہا: ایک میری بیوی ہے اور ایک میری بہن، میں نے پوچھا: وہ آپس میں کبھی لڑتی ہیں؟ کہنے لگا: ہر وقت لڑتی رہتی ہیں، میں نے کہا: وہی لڑائی تجھے خواب میں دکھائی جا رہی ہے۔ یا جیسے حضرت مفتی محمود حسن صاحب گنگوہی قدس سرہ نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک طالب علم نے ان سے اپنا خواب بیان کیا کہ وہ فجر کے بعد جب بھی تلاوت کے لئے بیٹھتا ہے تو پارہ ﴿لَایُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْءِ﴾ سے تلاوت شروع کرتا ہے، حضرت مفتی صاحبؒ نے اس سے کہا: تو لوگوں کی غیبت کرتا ہے، اسے چھوڑ دے۔

غرض اس طرح مختلف مناسبات سے تعبیر دی جاتی ہے، اس کے لئے کوئی مقررہ اصول نہیں، اور ''تعبیر نامۂ خواب'' جو علامہ ابن سیرین رحمہ اللہ کی طرف منسوب ہے اور اردو میں اس کا ترجمہ بھی ہوا ہے وہ ابن سیرین کی نہیں ہے، کسی نے لکھ کر ان کی طرف منسوب کر دی ہے، اور اس میں جو اصولِ تعبیر بیان کئے گئے ہیں وہ ظنی اور تقریبی ہیں، ان اصول سے ہمیشہ تعبیر نہیں نکالی جا سکتی۔

بابٌ: أَنَّ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِن سِتَّةٍ وَأَرْبعِينَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ

مؤمن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے

مؤمن کا خواب یعنی اچھا خواب، جس کو حدیث میں بشری من اللہ (اللہ کی طرف سے خوشخبری) کہا گیا ہے وہ کمالاتِ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-إذا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لم تَكَدْ رُؤْيَا المُؤْمِن تَكْذِبُ: جب زمانہ نزدیک آئے گا تو مؤمن کا خواب قریب نہیں کہ جھوٹا ہو، یعنی اس زمانہ کے خواب اکثر سچے ہونگے۔

تشریح: باب سمع اور کرم سے قَرِبَ کے معنی ہیں: نزدیک ہونا، لگ جانا اور مل جانا، اور باب افتعال سے اقْترب القومُ کے معنی ہیں: ایک دوسرے سے نزدیک ہونا، اور حدیث میں جو اقترابِ زمان آیا ہے اس کی چار تفسیریں کی گئی ہیں:

پہلی تفسیر: قیامت کا نزدیک آنا مراد ہے: آگے حدیث (۲۲۸۶) میں اقترب الزمان کے بجائے فی آخر الزمان آیا ہے، یعنی قیامت کے قریب میں ایسا ہوگا، ان لفظوں سے اس پہلی تفسیر کی تائید ہوتی ہے، مگر احتمال ہے کہ یہ روایت بالمعنی ہو یعنی راوی نے جو سمجھا اس کے مطابق الفاظ بدل دیئے۔

دوسری تفسیر: طَیّ زمان مراد ہے، جس طرح زمین لپیٹی جاتی ہے یعنی اس کے اجزاء ایک دوسرے سے قریب کئے جاتے ہیں، جس کو طیّ ارض کہتے ہیں اسی طرح زمانہ (وقت) بھی لپیٹا جاتا ہے، سال اس طرح گذر جاتا ہے جیسے مہینہ گذر گیا، اور مہینہ جیسے ہفتہ، اور ہفتہ جیسے ایک دن، یہ صورتِ حال قیامت سے پہلے پیش آئے گی، اس زمانہ کے خواب اکثر سچے ہونگے (یہ تفسیر اور پہلی تفسیر قریب ہیں)

تیسری تفسیر: رات دن کا مساوی ہونا مراد ہے یعنی جب رات دن برابر ہوتے ہیں اس وقت کے خواب اکثر سچے ہوتے ہیں، کیونکہ جب رات لمبی ہوتی ہے اور آدمی ضرورت سے زیادہ سوتا ہے تو پراگندہ خیالات آتے ہیں، اور جب رات چھوٹی ہوتی ہے اور نیند پوری نہیں ہوتی تو بھی خواب یاد نہیں رہتے، اور اعتدال کے زمانہ کے خواب عام طور پر سچے ہوتے ہیں۔

چوتھی تفسیر: صبح کی نزدیکی مراد ہے، آگے حدیث (نمبر ۲۲۷۲) آرہی ہے کہ سحری کے وقت کے خواب زیادہ تر سچے ہوتے ہیں۔

فعل کاد کا استعمال:

اور حدیث میں جو فعل کاد آیا ہے وہ جب محل اثبات میں استعمال ہوتا ہے تو فعل کی نفی کرتا ہے، اور جب محل نفی میں استعمال ہوتا ہے تو فعل کا اثبات کرتا ہے، جیسے سورۂ طٰہٰ (آیت ۱۵) میں ہے: ﴿إِنَّ السَّاعَةَ آتِيَةٌ أَكَادُ أُخْفِيهَا﴾: قیامت یقیناً آنے والی ہے، قریب ہوں میں کہ اس کو پوشیدہ رکھوں، یعنی مخلوق کو قیامت کی بھنک نہ پڑنے دوں مگر اللہ کا کرم ہے کہ اللہ نے قیامت کی پیشگی اطلاع دیدی، قیامت کا علم چھپایا نہیں، یہ کاد محل اثبات میں ہے اس لئے فعل (چھپانے) کی نفی کرتا ہے، اور سورۃ البقرہ (آیت ۷۱) میں بنی اسرائیل کی گائے کا واقعہ ہے: ﴿فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ﴾ پھر ان لوگوں نے گائے ذبح کی اور وہ کرتے ہوئے معلوم نہیں ہوتے تھے، یعنی ان کی بہانہ

بازیوں سے ایسا نظر آتا تھا کہ وہ گائے ذبح نہیں کریں گے، مگر بہر حال انھوں نے گائے ذبح کی، یہ کا دمحل نفی میں ہے اس لئے فعل کا اثبات کرتا ہے۔

اوراس حدیث میں چونکہ کا دمحل نفی میں آیا ہے اس لئے اثبات کرے گا، یعنی آخر زمانہ میں مؤمن کا خواب کبھی جھوٹا پڑے گا، مگر ایسا بہت کم ہوگا، اوراس کی وجہ یہ ہے کہ سنگین حالات میں اور فتنوں کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا کرتے ہیں جن سے مؤمن کے ایمان کی حفاظت ہوتی ہے، قیامت کے قریب میں فتنوں کا دور دورہ ہوگا، ایک فتنہ ختم نہیں ہوگا کہ دوسرا فتنہ سر ابھارے گا، اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ مختلف کرشمے دکھائیں گے، جانور انسانوں سے باتیں کریں گے، آدمی کی ران اس کو اس کے گھر والوں کے احوال بتائے گی، اس زمانہ میں مؤمنین کو سچے خواب نظر آئیں گے اور اس طرح اللہ تعالیٰ مؤمنین کے ایمان کی حفاظت فرمائیں گے۔

۲-**وأَصدقهم رُؤْيًا أصدقُهم حديثا**: اور لوگوں میں سب سے زیادہ سچے خواب والا بندہ وہ ہوگا جو لوگوں میں سب سے زیادہ سچی بات کہنے والا ہوگا۔

تشریح: جس طرح عملیات میں صدقِ مقال اور اکلِ حلال کا بڑا دخل ہے اسی طرح خوابوں کے سچے ہونے میں بھی ان دونوں باتوں کا بڑا دخل ہے، جو شخص حلال وطیب چیزیں کھاتا ہے اور ہمیشہ سچ بولتا ہے اس کے خواب زیادہ تر سچے ہوتے ہیں۔

۳-**ورُؤْيَا المسلمِ جزءٌ من ستة وأربعين جزءً من النبوة**: اور مسلمان کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

تشریح: اس حدیث کا شانِ ورود اگلے باب میں آرہا ہے، جب نبی ﷺ نے لوگوں سے فرمایا کہ رسالت اور نبوت منقطع ہوگئی، اب نہ کوئی نیا رسول آئے گا اور نہ نیا نبی، تو صحابہ کو تشویش ہوئی، نبوت کے ذریعہ لوگوں کو خیر کی باتیں معلوم ہوتی ہیں، اب لوگ اس سے محروم ہوگئے تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''مگر خوش کن باتیں ابھی باقی ہیں'' ان کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ امت کو خیر کی باتیں بتلائیں گے، صحابہ نے پوچھا: خوش کن باتیں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''مسلمان کا خواب جو کمالاتِ نبوت میں سے ایک کمال ہے'' پس صحابہ کو اطمینان ہوگیا کہ الحمد للہ! ابھی خیر کا دروازہ پوری طرح بند نہیں ہوا، ایک صورت اب بھی باقی ہے۔

مختلف اعداد میں تطبیق:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ حدیثوں میں پندرہ اعداد آئے ہیں یعنی سچا خواب: نبوت کا کونسا جزء ہے؟ اس سلسلہ میں کم از کم ۲۴ اور زیادہ سے زیادہ ۷۶ کا عدد آیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری (۱۲:۳۶۲) میں ان کو جمع کیا ہے۔ اوران اعداد میں مشہور روایت ۴۶ کی ہے، جیسا کہ اس حدیث میں ہے، یہ روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے اور اگلی روایت حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی ہے، اس میں بھی یہی عدد ہے۔ اور باب دوم کی

روایت میں کوئی عدد نہیں، مطلق ہے کہ مسلمان کا خواب: نبوت کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے، اور باب ٦ حدیث ۲۲۷٦ میں چالیس کا عدد آیا ہے۔ اس اختلافِ عدد کی توجیہ حضرت گنگوہی قدس سرہ نے یہ کی ہے کہ خواب دیکھنے والوں کے صلاح وتقوی کے اختلاف سے نسبتیں مختلف ہوتی ہیں۔ جو شخص جس قدر متقی ہوگا اس کا خواب اسی قدر اہم ہوگا، اور عدد چھوٹا ہوگا۔ مثلاً: صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا خواب: نبوت کا ۲۴واں جزء ہوگا، اور دوسرے صدیقوں کے خواب ۲۵ یا ۲٦ یا ۲۷واں حصہ ہونگے، اسی طرح صالحین کے بھی مختلف درجات ہیں، پس جس قدر ان کے اخلاص میں، صدقِ مقال واکلِ حلال میں، اور نیتوں کی صداقت میں کمی ہوگی عدد بڑھتا جائے گا، اور اوسط عدد یعنی عام صالحین کے خوابوں کی نسبت ۴٦ ہے، یہ ایک بہترین توجیہ ہے (۱)

فائدہ: اور ۴٦ کے عدد کی جو مشہور توجیہ ہے کہ نبوت کی کل مدت ۲۳ سال ہے، اور ان میں سے ابتدا کے ٦ ماہ سچے خوابوں کا زمانہ ہے، اور ۲۳ کا دوگنا ۴٦ ہے پس اس طرح سچے خواب: نبوت کا ۴٦واں حصہ ہوئے۔

اس توجیہ پر خطابی اور ابن بطال نے اشکال کیا ہے کہ سچے خوابوں کا زمانہ ٦ ماہ ہونا کسی روایت میں منصوص نہیں (فتح الباری ۱۲: ۳٦۴) علاوہ ازیں: اس سے ایک عدد کی توجیہ تو ہوجاتی ہے مگر باقی اعداد بغیر توجیہ کے رہ جاتے ہیں، اس لئے یہ توجیہ ٹھیک نہیں، بات وہی دل لگتی ہے جو حضرت گنگوہی قدس سرہ نے بیان فرمائی ہے۔

اور اس کی نظیر: جماعت کی فضیلت کی روایات ہیں۔ عام روایات میں جماعت کا ثواب ۲۵ گنا آیا ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں ۲۷ گنا آیا ہے۔ اس کی ایک توجیہ علماء نے یہ کی ہے کہ یہ ثواب اس صورت میں ہے جبکہ امام پرہیز گار ہو، نمازیوں میں نیک لوگ شامل ہوں اور جماعت بڑی ہو تو یہ ثواب ہے، یعنی خارجی چیزوں کے اثرات پڑتے ہیں، اسی طرح خوابوں کا معاملہ ہے، خواب دیکھنے والوں کی ایمانی حالت جس قدر قوی ہوگی خواب اہم ہوگا، اور وہ کمالاتِ نبوت کا اہم حصہ ہوگا اور نسبت کا عدد چھوٹا ہوگا۔ اور ایمانی حالت کمزور ہوگی یا صدق مقال اور اکل حلال کا اہتمام نہیں ہوگا تو خواب کی اہمیت گھٹ جائے گی اور نسبت ظاہر کرنے والا عدد بڑھ جائے گا، اور عمومی احوال کے اعتبار سے مؤمنین کے خواب: کمالاتِ نبوت کا ۴٦واں حصہ ہوتے ہیں۔

ملحوظہ: اور نسبت دیکھنے کا طریقہ پہلے أبواب البر والصلة میں بیان کیا گیا ہے (دیکھیں باب ٦۵)

۴— والرؤيا ثلاث: فالرؤيا الصالحةُ بُشرى مِن الله؛ والرؤيا مِن تحزين الشيطان؛ والرؤيا مما يُحَدِّثُ بها الرجل نفسَه: خواب کی تین قسمیں ہیں: (۱) نیک خواب: جو اللہ کی طرف سے خوشخبری ہوتا ہے (۲) اور وہ خواب جو

(۱) الکوکب الدری کی عبارت یہ ہے: وجه الجمع: اختلافُ أحوال الرجال في إخلاصهم، وتفاوتُهم في صدق نياتهم یعنی مختلف اعداد میں جمع کرنے کی صورت: لوگوں کے احوال کا اختلاف ہے ان کے اخلاص میں، اور ان کا متفاوت ہونا ہے ان کی نیتوں کے سچے ہونے میں، اسی عبارت کا مطلب حضرت الاستاذ نے اوپر بیان کیا ہے ۱۲

شیطان کا غمگین کرنا ہے (۳) اور وہ خواب جس میں آدمی اپنے دل سے باتیں کرتا ہے، یعنی پراگندہ خیالات۔

تشریح:

۱- رویا صالحہ کی دو قسمیں ہیں: بُشری من اللہ اور رؤیا مَلکی یعنی نیک آدمی کا خواب۔

اول: وہ خواب ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دکھلایا جاتا ہے۔ اور وہ مؤمن کے لئے خوشخبری ہوتا ہے، آگے حدیث میں آرہا ہے: یَراھا المسلمُ أو تُری له: جس کو کوئی مسلمان دیکھتا ہے یا اس کے لئے دیکھا جاتا ہے، جیسے حضرت ام العلاء انصاریہؓ نے حضرت عثمان بن مظعونؓ کو ان کی وفات کے بعد دیکھا کہ ان کے لئے ایک چشمہ جاری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: وہ چشمہ ان کا عمل ہے جو ان کے لئے بہہ رہا ہے۔ یہ حضرت عثمانؓ کے لئے بعد از وفات بشارت ہے۔

دوم: ملکوتی خواب یعنی نیک آدمی کا خواب: یہ خواب آدمی کی خوبیوں اور خرابیوں کا تمثل (پیکر محسوس) ہوتا ہے، اگر خوبی متمثل ہوتی ہے تو وہ محض بشارت ہوتی ہے، اور خرابی متمثل ہوتی ہے تو وہ تنبیہ ہوتی ہے۔ اور وہ بھی نتیجہ کے اعتبار سے بشارت ہوتی ہے۔

۲- شیطان کا ڈراوا یعنی خواب میں شیطان پریشان کرتا ہے، کسی ملعون جانور کی شکل میں انسان کو نظر آتا ہے جس سے آدمی ڈر جاتا ہے اور دل میں وحشت اور خوف پیدا ہوتا ہے، ایسے خوابوں کا علاج آگے آرہا ہے۔

۳- وہ خواب جو خیالات ہوتے ہیں وہ دو طرح کے ہوتے ہیں:

اول: جو ایسی عادت کی بنا پر پیدا ہوتے ہیں جس کا نفس بیداری میں خوگر ہو چکا ہوتا ہے اور وہ عادت قوتِ خیالہ میں محفوظ ہو چکی ہوتی ہے، اور جو چیز خیال میں ہوتی ہے وہ حس مشترک میں ظاہر ہوتی ہے، یعنی اس کے تصورات آتے ہیں، جیسے کوئی شراب کا عادی ہو تو اس کو خواب میں اس کے خیالات آتے ہیں۔

دوم: وہ خیالات ہیں جو فطری طور پر کسی خِلط کے غلبہ سے اور بدن میں اس کی تکلیف کے احساس سے پیدا ہوتے ہیں، جیسے بیمار آدمی خواب دیکھتا ہے کہ اس کے آپریشن کی تیاری ہو رہی ہے، ان خوابوں کی کوئی تعبیر نہیں ہوتی۔ تعبیر صرف مبشرات کی ہوتی ہے۔

فائدہ (۱): اچھے خوابوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کبھی بندوں کو تعلیم بھی دیتے ہیں، جیسے سورۂ ص کی تفسیر (ترمذی ۲: ۱۵۵) میں یہ حدیث آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے خواب میں اللہ تعالیٰ کو بہترین صورت میں دیکھا، پس اللہ تعالیٰ نے پوچھا: فرشتے کس امر میں بحث کر رہے ہیں؟ الخ اس حدیث میں درجات اور کفارات کا بیان ہے یعنی کن اعمال سے مرتبے بلند ہوتے ہیں اور کن اعمال سے گناہ معاف ہوتے ہیں، اسی طرح متعدد خوابوں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو آئندہ پیش آنے والے واقعات سے واقف کیا ہے، اور اب بھی یہ سلسلہ جاری ہے۔

فائدہ(۲): اور خوابوں کی تعبیر جاننے کا کوئی مخصوص طریقہ نہیں، کیونکہ کبھی مسمّی سے اسم مراد ہوتا ہے، کبھی لازم سے ملزوم مراد ہوتا ہے، کبھی صفت سے موصوف مراد ہوتا ہے، اس لئے اس کے لئے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں، یہ بات تعبیر دینے والے کی ذہانت پر موقوف ہے، اس کی کچھ تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵:۵۳۸) میں ہے۔

۵- فإذا رأى أحدكم ما يَكْرَهُ فليقم، ولْيَتْفُلْ، ولا يحدِّثْ به الناسَ: پس جب تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب دیکھے جو اس کو ناپسند ہو تو اٹھ جائے اور تھتکار دے، اور کسی سے خواب بیان نہ کرے۔

تشریح: اچھا خواب نظر آئے تو تین کام کرنے چاہئیں: (۱) اس خواب پر اللہ کی تعریف کرے (۲) اس خواب سے خوش ہو (۳) وہ خواب دوسروں سے بیان کرے، مگر ایسے شخص سے بیان کرے جو خواب دیکھنے والے سے محبت رکھتا ہو، جو اس کو ناپسند کرتا ہو اس سے بیان نہ کرے۔

اور ناپسندیدہ خواب دیکھنے پر چھ کام کرے: (۱) اس خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ چاہے (۲) شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ چاہے (۳) جب نیند سے بیدار ہو تو بائیں طرف تین مرتبہ تھتکار دے (۴) اس خواب کا تذکرہ کسی سے نہ کرے (۵) کم از کم دو نفلیں پڑھے (۶) اور پہلو بدل کر سو رہے۔

۶- نبی ﷺ نے یا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے یا محمد بن سیرین رحمہ اللہ نے فرمایا: مجھے خواب میں بیڑی پسند ہے اور میں طوق کو ناپسند کرتا ہوں کیونکہ بیڑی دین میں مضبوطی کا رمز ہے (اور طوق جہنمیوں کا زیور ہے)

تشریح: حدیث کا یہ جزء مرفوع ہے یا موقوف یا مقطوع؟ اس سلسلہ میں روایات مختلف ہیں، اور بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام خواب میں بیڑی کو پسند کرتے تھے۔ طوق کو ناپسند کرتے تھے۔ اور حضرت گنگوہی کی رائے یہ ہے کہ ایک دوسری سند سے اس کا مرفوع ہونا ثابت ہے، پس اس پر حمل کرنا اولیٰ ہے یعنی یہ جز بھی مرفوع ہے۔

دوسری حدیث: میں جو حضرت عبادہؓ کی ہے صرف تیسرا مضمون ہے، یعنی مؤمن کا خواب نبوت کا ۴۶ واں جزء ہے، اس کی تفسیر پہلے گذر چکی ہے (بیڑی: وہ زنجیر جس سے مجرموں کے ہاتھ باندھتے ہیں)

أبواب الرُّؤْيَا

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابٌ: أَنَّ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِينَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ

[۲۲۶۸-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، نا أَيُّوْبُ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[۱-] إِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ: لَمْ تَكَدْ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ.

[۲-] وَأَصْدَقُهُمْ رُؤْيًا أَصْدَقُهُمْ حَدِيْثًا.

[۳-] وَرُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ.

[٤-] وَالرُّؤْيَا ثَلاَثٌ: فَالرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ بُشْرَى مِنَ اللّٰهِ، وَالرُّؤْيَا مِنْ تَحْزِيْنِ الشَّيْطَانِ، وَالرُّؤْيَا مِمَّا يُحَدِّثُ بِهَا الرَّجُلُ نَفْسَهُ.

[٥-] فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ وَلْيَتْفُلْ وَلاَ يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ.

[٦-] قَالَ: وَأُحِبُّ القَيْدَ فِي النَّوْمِ، وأَكْرَهُ الغُلَّ، القَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ. هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۲۲٦٩-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، سَمِعَ أَنَسًا، يُحَدِّثُ عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ رَزِيْنٍ العُقَيْلِيِّ، وأَنَسٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَوْفِ بنِ مَالِكٍ، وابنِ عُمَرَ، حَدِيْثُ عُبَادَةَ حَدِيْثٌ صحيحٌ.

بابُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

نبوت تکمیل پذیر ہوگئی اور خوش کن باتیں باقی ہیں

حدیث: اس حدیث کا ترجمہ پہلے باب میں آچکا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: رسالت مکمل ہوگئی اور نبوت بھی، اب میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگوں کو یہ بات دشوار معلوم ہوئی کیونکہ خیر کی راہ بند ہوگئی پس نبی ﷺ نے فرمایا: مگر خوش کن باتیں باقی ہیں، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! خوش کن باتیں کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''مسلمان کا خواب، وہ نبوت کے اجزاء میں سے ایک جزء ہے''

تشریح: جن کمالات کے مجموعہ پر نبوت ملتی تھی، جن کو اللہ تعالیٰ اور اللہ کے رسول ہی جانتے ہیں، ان میں سے ایک سچا خواب بھی ہے اور وہ کمالاتِ نبوت کا ایک حصہ ہے، اس ذریعہ سے اللہ تعالیٰ مؤمنین کو غیب کی باتیں بتاتے ہیں۔

[۲-] بابُ ذَهَبَتِ النُّبُوَّةُ وَبَقِيَتِ الْمُبَشِّرَاتُ

[۲۲۷۰-] حدثنا الحَسَنُ بنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نَا عَفَّانُ بنُ مُسْلِمٍ، نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، نَا الْمُخْتَارُ بنُ فُلْفُلٍ، نَا أَنَسُ بنُ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ، فَلاَ رسولَ بَعْدِيْ وَلاَ نَبِيَّ" قَالَ: فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ، فَقَالَ: "لٰكِنِ الْمُبَشِّرَاتُ" فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ؟ قَالَ: "رُؤْيَا الْمُسْلِمِ، وَهِيَ جُزْءٌ مِنْ أَجْزَاءِ النُّبُوَّةِ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُریرۃَ، وَحُذَیْفَۃَ بنِ أَسِیْدٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأُمِّ کُرْزٍ، هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ الْمُخْتَارِ بنِ فُلْفُلٍ.

باب قَوْلِهِ ﴿لَهُمُ الْبُشْرَی فِی الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا﴾

مؤمنین کے لئے دنیوی زندگی میں خوشخبری ہے

سورۂ یونس (آیت ۶۲-۶۴) میں ہے: ﴿أَلَا إِنَّ أَوْلِیَاءَ اللّٰهِ لَاخَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَاهُمْ یَحْزَنُوْنَ، الَّذِیْنَ آمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ، لَهُمُ الْبُشْرَی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الآخِرَۃِ، لَاتَبْدِیْلَ لِکَلِمَاتِ اللّٰهِ، ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ﴾ ترجمہ: سنو! اللہ کے دوستوں کے لئے نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ مغموم ہوتے ہیں، (اللہ تعالیٰ ان کو خوفناک اور غمناک حوادث سے بچاتے ہیں) اور یہ اللہ کے دوست وہ ہیں جو ایمان لائے ہیں اور گناہوں سے پرہیز کرتے ہیں، ان کے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی خوشخبری ہے، اور اللہ کی باتوں کے لئے یعنی ان کے وعدوں میں کوئی فرق نہیں آتا، اور یہ بشارت بڑی کامیابی ہے۔ اور سورۂ حم السجدۃ (آیت ۳۰-۳۲) میں ہے: ﴿إِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ﴾ الآیۃ: یعنی جن لوگوں نے اقرار کیا کہ ہمارا رب اللہ ہے، پھر وہ اس پر مستقیم رہے یعنی اس کو چھوڑا نہیں، تو ان پر فرشتے اترتے ہیں اور وہ کہتے ہیں: تم کچھ اندیشہ نہ کرو، اور نہ رنج کرو، اور تم جنت کی خوشخبری سن لو، جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا رہا ہے اور ہم تمہارے رفیق ہیں دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی، اور تمہارے لئے جنت میں ہر وہ چیز ہے جس کو تمہارا جی چاہے گا، اور تمہارے لئے جنت میں ہر وہ چیز ہوگی جس کو تم مانگو گے، یہ بطور مہمانی کے ہوگا غفور رحیم کی طرف سے، یعنی یہ نعمتیں اکرام کے ساتھ ملیں گی جس طرح مہمان کو ملتی ہیں۔

مؤمنین جب آخرت میں پہنچیں گے تو ان کو جنت کی اور اس کی نعمتوں کی جو خوشخبری ملائکہ دیں گے وہ تو ظاہر ہے، مگر دنیا میں خوشخبری کی کیا صورت ہوتی ہے اس کا تذکرہ درج ذیل روایات میں ہے۔

حدیث (۱): مصر کے ایک شخص نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے ﴿لَهُمُ الْبُشْرَی فِی الْحَیَاۃِ الدُّنْیَا﴾ کی تفسیر پوچھی کہ دنیا میں خوشخبری کس طرح ملتی ہے؟ حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: جب سے میں نے یہ بات نبی ﷺ سے پوچھی ہے کسی نے مجھ سے آپ کے علاوہ یہ بات نہیں پوچھی، ہاں ایک اور شخص نے بھی یہ بات پوچھی تھی، اور جب میں نے نبی ﷺ سے اس کی تفسیر پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے آپ کے علاوہ کسی نے مجھ سے ''بشریٰ'' کے بارے میں نہیں پوچھا۔ اس آیت میں بشریٰ سے مراد نیک خواب ہے جس کو مسلمان دیکھتا ہے، یا اس کے لئے دیکھا جاتا ہے۔

تشریح: یعنی اللہ تعالیٰ نیک خوابوں کے ذریعہ مؤمنین کو ان کے اچھے احوال بتلاتے ہیں، اور اسی قسم کے خوابوں

کے ذریعہ پیر اپنے مریدین کے احوال سے واقف ہوتے ہیں اور ان کے مقاماتِ سلوک کا اندازہ کرتے ہیں، پھر اسی کی بنیاد پر اجازت دیتے ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: أصدق الرؤيا بالأسحار: صبح کے قریب میں دیکھے ہوئے خواب زیادہ تر سچے ہوتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث درّاج کی ہے، وہ ابوالہیثم سے روایت کرتے ہیں، اور دراج کی ابوالہیثم سے روایات مستقیم نہیں ہوتیں...... صبح کے قریب چونکہ نیند پوری ہوجاتی ہے، معدہ خالی ہوجاتا ہے، اور طبیعت کے تقاضے تھم جاتے ہیں اس لئے اس وقت ملائکہ نازل ہوتے ہیں اور مؤمن کو خوش کن خواب دکھاتے ہیں، اسی مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائی گئی ہے۔

حدیث (۳): حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی ہے اس میں بھی وہی مضمون ہے جو پہلی حدیث میں ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اُس حدیث کی تحسین کی ہے، اور اِس حدیث کی سند میں بھی ابوسلمہ اور حضرت عبادہ کے درمیان مجہول واسطہ ہے، پھر بھی یہ حدیث شاہد بن سکتی ہے، اور ہمارے نسخہ میں اگرچہ اس حدیث پر کوئی حکم نہیں، مگر مصری نسخہ میں: قال أبو عيسى: هذا حديثٌ حسنٌ ہے، پس ایک حدیث حسن دوسری حدیث حسن کے لئے شاہد بن سکتی ہے، اور حرب بن شداد نے یہ حدیث یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کی ہے، اور تحدیث کی صراحت کی ہے، اور عمران القطان بصیغہ عن روایت کرتے ہیں۔

[۳-] بابُ قَوْلِهِ: ﴿لَهُمُ الْبُشْرَى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾

[۲۲۷۱-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿لَهُمُ الْبُشْرَى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾ فَقَالَ: مَا سَأَلَنِيْ عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ، إِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ، مُنْذُ سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَاسَأَلَنِيْ عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ أُنْزِلَتْ: هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ، يَرَاهَا الْمُسْلِمُ أَوْ تُرَى لَهُ"

وفي الباب: عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۲۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالْأَسْحَارِ"

[۲۲۷۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا حَرْبُ بنُ شَدَّادٍ، وَعِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ يَحْيَى

بنِ أَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، قَالَ: نُبِئْتُ عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِهِ تَعَالٰى: ﴿لَهُمُ الْبُشْرَى فِی الْحَیَاةِ الدُّنْیَا﴾ قَالَ: "ھِیَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ، یَرَاھَا الْمُؤْمِنُ، أَوْ تُرَی لَهُ" قَالَ حَرْبٌ فِیْ حَدِیْثِهِ: حدثنا یَحْیىَ.

بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم: "مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ"

جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے دیکھا

نبی ﷺ کو خواب میں دیکھنے کے تعلق سے دو متفق علیہ روایتیں ہیں:

پہلی حدیث: مَنْ رآنی فی المنام فَسَیَرَانِی فی الیَقْظَةِ، وَلاَ یَتَمَثَّلُ الشیطانُ بِیْ: جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب بیداری میں مجھے دیکھے گا، اور شیطان میرا پیکر اختیار نہیں کرسکتا۔

تشریح: اس حدیث کا تعلق حیاتِ نبویؐ سے ہے، جب آپ ﷺ بقید حیات تھے اس وقت اگر کوئی آپؐ کو خواب میں دیکھتا تو اس کی تعبیر یہ تھی کہ وہ بیداری میں آپؐ کو دیکھے گا، اور خواب میں آپؐ کو دیکھنا آپؐ ہی کو دیکھنا تھا، کیونکہ شیطان خواب میں بھی آپؐ کی شکل نہیں بنا سکتا۔

دوسری حدیث: مَنْ رَآنِیْ فی المنام فقد رآنی، فإنَّ الشیطانَ لاَیَتَمَثَّلُ بِیْ: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میرا پیکر اختیار نہیں کرسکتا۔

تشریح: یہ حدیث بھی متفق علیہ ہے، اور متقدمین میں سے بعض کی رائے یہ ہے کہ جس نے نبی ﷺ کو آخری زندگی والے حلیہ میں دیکھا: اس نے بالیقین آپؐ کو دیکھا، چنانچہ وہ حضرات خواب دیکھنے والے سے حلیہ دریافت کیا کرتے تھے، اگر خواب دیکھنے والا وہ حلیہ بیان کرتا جو آپؐ کا آخری زندگی میں تھا تو وہ اس خواب کی تصدیق کرتے تھے، ورنہ کہتے کہ آپ نے نبی ﷺ کو خواب میں نہیں دیکھا۔

اور متقدمین کی دوسری رائے یہ ہے کہ جس نے آپؐ کو آپؐ کے حلیہ میں دیکھا خواہ وہ آخری زندگی کا حلیہ ہو یا پہلے کا اس نے آپؐ کو دیکھا اور اگر ایسی حالت میں دیکھا جو آپؐ کا حلیہ کبھی نہیں رہا تو اس نے آپؐ کو نہیں دیکھا۔

اور متأخرین کی رائے یہ ہے کہ خواب دیکھنے والے نے آپؐ کو جس حلیہ میں بھی دیکھا ہو اگرچہ نامناسب حلیہ میں دیکھا ہو اور خواب میں قرائن سے جانا ہو کہ یہ نبی ﷺ ہیں تو وہ آپؐ ہی ہوتے ہیں اور کوئی نہیں ہوتا، خواہ روایات میں منقول حلیہ میں دیکھا ہو یا کسی اور حلیہ میں۔

اور حضرت گنگوہی قدس سرہ فرماتے ہیں: یہی رائے برحق ہے، کیونکہ خواب دیکھنے والے کو جس شخص سے مناسبت ہوتی ہے اس کی شکل میں آپؐ نظر آتے ہیں، نیز خواب دیکھنے والے کی ایمانی حالت، نیت اور امور باطنہ کے اختلاف

سے بھی آپؐ کی زیارت مختلف صورتوں میں ہوتی ہے۔

[٤-] بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: " مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ "

[٢٢٧٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِی الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لاَيَتَمَثَّلُ بِیْ "

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وأَبِیْ قَتَادَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ سَعِيْدٍ، وَجَابِرٍ، وأَنَسٍ، وأَبِیْ مَالِكٍ الْأَشْجَعِیِّ، عَنْ أَبِيْهِ، وَأَبِیْ بَكْرَةَ، وأَبِیْ جُحَيْفَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء إِذَا رَأَى فِی الْمَنَامِ مَا يَكْرَهُ: مَايَصْنَعُ؟

جب ناپسندیدہ خواب نظر آئے تو کیا کرے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے، پس جب تم میں سے کوئی شخص ایسی چیز دیکھے جو اس کو ناپسند ہو تو چاہئے کہ وہ اپنی بائیں طرف تین بار تھتکار دے، اور چاہئے کہ وہ اللہ کی پناہ چاہے، اس خواب کی برائی سے، پس بیشک وہ خواب اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا، یعنی اس عمل سے اس کے وساوس ختم ہوجائیں گے۔

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ نے لفظ رؤیا اچھے خواب کے لئے استعمال کیا ہے اور برے خواب کے لئے لفظ حُلْم استعمال کیا ہے، مگر لغت کے اعتبار سے یہ دونوں لفظ عام ہیں، ہر قسم کے خواب کے لئے دونوں لفظ استعمال ہوتے ہیں...... اور اس حدیث میں ناپسندیدہ خواب دیکھنے کی صورت میں دو کام کرنے کی ہدایت فرمائی ہے، دیگر روایات میں جو آگے آرہی ہے اور اعمال بھی منقول ہیں۔

[٥-] بابُ ماجاء إِذَا رَأَى فِی الْمَنَامِ مَا يَكْرَهُ: مَايَصْنَعُ؟

[٢٢٧٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِی قَتَادَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " الرُّؤْيَا مِنَ اللّٰهِ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ شَيْئًا يَكْرَهُهُ: فَلْيَنْفُثْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، فَإِنَّهَا لاَتَضُرُّهُ "

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وَجَابِرٍ، وَأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی تَعْبِیْرِ الرُّؤْیَا

خوابوں کی تعبیر کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: رُؤْیَا المُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ أَرْبَعِیْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ: مسلمان کا خواب نبوت کا ۴۰ واں حصہ ہے، وھی علی رِجْلِ طَائِرٍ مالم یُتَحَدَّثْ بھا: اوروہ پرندے کے پیروں میں ہوتا ہے جب تک اس کو بیان نہ کیا جائے، فإذا تُحَدِّثَ بھا سَقَطَتْ: پس جب اس کو بیان کیا جائے تو وہ گر جاتا ہے، یعنی اب اس کی تعبیر واقع ہوتی ہے، اوروہ شرمندۂ تعبیر ہوتا ہے۔ حضرت ابورزین عقیلیؓ فرماتے ہیں: میرا خیال ہے نبی ﷺ نے فرمایا: ولا تُحَدِّثْ بھا إلا لَبِیْبًا أَوْ حَبِیْبًا: اورآپ خواب بیان نہ کریں مگر کسی عقلمند سے یا دوست سے۔

پھر یہی حدیث دوسری سند سے ذکر کی ہے، اس میں ہے: ''مسلمان کا خواب نبوت کا ۴۶ واں جزء ہے، اوروہ پرندے کے پیر میں ہوتا ہے جب تک اسے بیان نہ کیا جائے، اور جب اسے بیان کیا جائے تو وہ گر جاتا ہے یعنی اس کی تعبیر واقع ہوتی ہے۔

تشریح: ان دونوں حدیثوں کی سند میں ایک راوی وکیع ہے اس کے باپ کا نام عین کے ساتھ عُدُس ہے یا حاء حطی کے ساتھ حُدُس؟ روات میں اس سلسلہ میں اختلاف ہے، اصح عین کے ساتھ ہے۔

اورعلی رِجْلِ طائر: پرندے کے پیر میں: ایک محاورہ ہے، پرندہ جب پیروں میں کوئی چیز لے کر اڑتا ہے تو وہ چیز گر بھی سکتی ہے، اور پرندہ اس کو لے کر منزل تک پہنچ بھی جاتا ہے، یہی حال خواب کا ہے، جب تک اس کو کسی سے بیان نہ کیا جائے اس کی تعبیر واقع نہیں ہوتی، وہ خواب کے ساتھ رہتی ہے، مگر جب اس کو کسی سے بیان کیا جائے اور وہ تعبیر دیدے تو وہ تعبیر واقع ہوجاتی ہے، اس لئے ہدایت دی کہ خواب کسی عقلمند سے یا دوست سے بیان کرو، عقلمند بے دھڑک تعبیر نہیں دے گا، بلکہ اچھی تعبیر دے گا، اور دوست بھی یا تو اچھی تعبیر دے گا یا خاموش رہے گا، غرض تعبیر سے خواب کا تحقق ہوتا ہے، جب تک اس کی تعبیر نہ نکالی جائے اس کا تحقق نہیں ہوتا، اور اگر خواب دیکھنے والا خود تعبیر کے فن سے واقف ہے تو جب تک اس کے ذہن میں کوئی تعبیر نہ آئے خواب واقع نہیں ہوتا، ہاں جب اس کے ذہن میں کوئی تعبیر آجائے تو اب اس کا تحقق ہوگا۔

[۶-] بابُ ماجاء فی تَعْبِیْرِ الرُّؤْیَا

[۲۲۷۶-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَیْلانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبأَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِیْ یَعْلَی بنُ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ وَکِیْعَ بنَ عُدُسٍ، عَنْ أَبِیْ رَزِیْنٍ العُقَیْلِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم: ''رُؤْیَا

الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ أَرْبَعِينَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ، وَهِيَ عَلَى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُتَحَدَّثْ بِهَا، فَإِذَا تُحُدِّثَ بِهَا سَقَطَتْ " قَالَ: وَأَحْسَبُهُ قَالَ: " وَلاَ تُحَدِّثْ بِهَا إِلاَّ لَبِيبًا أَوْ حَبِيبًا "

[٢٢٧٧-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيِّ الْخَلاَّلُ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا شُعْبَةُ، عَن يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ وَكِيْعِ بنِ عُدُسٍ، عَنْ عَمِّهِ أَبِيْ رَزِيْنٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " رُؤْيَا الْمُسْلِمِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ، وَهِيَ عَلَى رِجْلِ طَائِرٍ مَالَمْ يُحَدِّثْ بِهَا، وَإِذَا حَدَّثَ بِهَا وَقَعَتْ "

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ رَزِيْنٍ العُقَيْلِيُّ: اسْمُهُ لَقِيْطُ بنُ عَامِرٍ، وَرَوَى حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، فَقَالَ: عَنْ وَكِيْعِ بنِ حُدُسٍ، وَقَالَ شُعْبَةُ، وَأَبُوْعَوَانَةَ، وَهُشَيْمٌ: عَنْ يَعْلَى بنِ عَطَاءٍ، عَنْ وَكِيْعِ بنِ عُدُسٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابٌ

جب ناپسندیدہ خواب دیکھے تو کیا کرے؟

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خواب تین قسم کے ہیں: ایک: برحق خواب ہے، دوسرا: وہ خواب ہے جس میں آدمی اپنے دل سے باتیں کرتا ہے، یعنی وہ خیالات ہوتے ہیں، اور تیسرا خواب: شیطان کا غمگین کرنا ہے، پس جو شخص ایسا خواب دیکھے جو اسے ناپسند ہو تو چاہئے کہ وہ اٹھ جائے اور چاہئے کہ وہ نماز پڑھے، اور آپؐ فرمایا کرتے تھے: ''مجھے (پیروں میں) بیڑی پسند ہے، اور (گلے میں) طوق ناپسند ہے، بیڑی دین میں مضبوطی کا رمز ہے'' اور آپؐ فرمایا کرتے تھے: ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو وہ میں ہی ہوتا ہوں، کیونکہ شیطان میں یہ طاقت نہیں کہ وہ میرا پیکر بنائے'' اور آپؐ فرمایا کرتے تھے: ''خواب بیان نہ کرو مگر کسی عالم سے یا کسی خیر خواہ سے'' (اس حدیث کے تمام اجزاء کی شرح پہلے آچکی ہے)

[٧-] بابٌ

[٢٢٧٨-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ أَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، نَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الرُّؤْيَا ثَلاَثٌ: فَرُؤْيَا حَقٌّ، وَرُؤْيَا يُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهُ، وَرُؤْيَا تَحْزِيْنٌ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَمَنْ رَأَى مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ، فَلْيُصَلِّ" وَكَانَ يَقُوْلُ: " يُعْجِبُنِي الْقَيْدُ، وَأَكْرَهُ الغُلَّ: الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ" وَكَانَ يَقُوْلُ: "مَنْ رَآنِيْ فَإِنِّيْ أَنَا هُوَ، فَإِنَّهُ لَيْسَ لِلشَّيْطَانِ أَنْ يَتَمَثَّلَ بِيْ " وَكَانَ يَقُوْلُ: " لاَتُقَصُّ الرُّؤْيَا إِلاَّ عَلَى

عَالِمٍ أَوْ نَاصِحٍ"

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وأَبِیْ بَكْرَةَ، وَأُمِّ الْعَلَاءِ، وَابْنِ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ، وأَبِیْ سَعِیْدٍ، وَجَابِرٍ، وأَبِیْ مُوْسَی، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، حدیثُ أَبِیْ هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فی الَّذِیْ یَكْذِبُ فِیْ حُلْمِهِ

جھوٹا خواب بنانے پر وعید

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ كَذَبَ فِیْ حُلْمِه: كُلِّفَ یَوْمَ الْقِیامةِ عَقْدَ شَعِیْرَةٍ: جو شخص جھوٹا خواب بناتا ہے اسے قیامت کے دن جَو میں گرہ لگانے کا حکم دیا جائے گا۔

یہ الفاظ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث کے ہیں، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: مَنْ تَحَلَّمَ كاذبًا: كُلِّفَ یوم القیامة أَنْ یَعْقِدَ بین شَعِیْرَتَیْنِ، وَلن یَعْقِدَ بَیْنَهُمَا: جس نے جھوٹا خواب بنایا، اسے قیامت کے دن حکم دیا جائے گا کہ وہ جَو کے دو دانوں کے درمیان گرہ لگائے، اور وہ ہرگز ان کے درمیان گرہ نہیں لگا سکے گا (اور جب تک وہ یہ کام نہیں کرے گا سزا جاری رہے گی)

تشریح: كَلَّفَه أَمْرًا کے معنی ہیں: کسی پر مشکل اور با مشقت کام کو لازم کرنا...... اور تَحَلَّم کے معنی ہیں: خواب گڑھ کر بیان کرنا...... یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں، البتہ حضرت علیؓ کی حدیث کی دو سندیں ہیں، پہلی سند میں حدیث کے رفع میں شک ہے اور دوسری سند میں کوئی شک نہیں۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے...... لن یَعْقِدَ بینهما: تعلیق بالمحال ہے، اس کی نظیر پہلے گذری ہے کہ تصویر بنانے والے کو قیامت کے دن مکلّف کیا جائے گا کہ وہ اپنی بنائی ہوئی تصویر میں جان ڈالے، اور جب تک وہ اس میں روح نہیں پھونکے گا سزا جاری رہے گی، اور وہ کبھی بھی اس میں روح نہیں پھونک سکتا، کیونکہ یہ کام خالق ارواح کا ہے، اسی طرح جو کے دانوں میں گرہ لگانا کسی کے بس کی بات نہیں، اور جھوٹے خواب بنانے والے کی سزا کو اس محال امر پر موقوف کر دیا جائے گا، پس اس کی سزا ہمیشہ جاری رہے گی...... اور یہ غایت بیان کئے بغیر سزا کا بیان ہے اور وعید کی حدیثوں میں ایسا کیا جاتا ہے، پس جب اللہ تعالیٰ کا فضل اس کے شامل حال ہوگا —— اور مؤمن کے شامل حال کسی نہ کسی دن اللہ کا فضل ضرور ہوگا —— اس وقت اس کا عذاب موقوف ہوگا۔

فائدہ: لوگ مختلف مقاصد سے جھوٹے خواب گڑھتے ہیں، جس طرح پارٹی مقاصد سے حدیثیں گڑھی جاتی تھیں خواب بھی گڑھے جاتے ہیں، نیز پیر کو دھوکہ دینے کے لئے اور جلدی خلافت حاصل کرنے کے لئے بھی اچھے اچھے خواب گڑھ کر پیر کو سنائے جاتے ہیں، اور کسی کو بدنام کرنے کے لئے یا نیک نام کرنے کے لئے بھی یہ حرکت کی جاتی

ہے، جس پر یہ سخت وعید سنائی گئی ہے، پس لوگوں کو اس حرکت سے باز آجانا چاہئے۔

[٨-] بابُ ماجاءَ فی الَّذِیْ یَکْذِبُ فِیْ حُلْمِهِ

[٢٢٧٩-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَیْلَانَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَی، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ أُرَاهُ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" مَنْ کَذَبَ فِیْ حُلْمِهِ: کُلِّفَ یَوْمَ الْقِیامَةِ عَقْدَ شَعِیْرَةٍ"

حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَی، عَنْ أَبِیْ عَبْدِ الرحمنِ السُّلَمِیِّ، عَنْ عَلِیٍّ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وأَبِیْ هُرَیْرَةَ، وَأَبِیْ شُرِیْحٍ، وَوَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحدِیْثِ الأَوَّلِ.

[٢٢٨٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، نَا أَیُّوْبُ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" مَنْ تَحَلَّمَ کَاذِبًا: کُلِّفَ یَوْمَ الْقِیامَةِ أَنْ یَعْقِدَ بَیْنَ شَعِیْرَتَیْنِ، وَلَنْ یَعْقِدَ بَیْنَهُمَا"

هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ.

باب[فی رُؤْیَا النبیِّ صلی الله علیه وسلم اللَّبَنَ]

نبی ﷺ کا خواب میں دودھ دیکھنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثنا کہ میں سویا ہوا تھا اچانک میرے پاس دودھ کا پیالہ لایا گیا، میں نے اس میں سے کچھ پیا، پھر میں نے اپنا بچا ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: علم۔

تشریح: دودھ اور پانی خواب میں علم کا پیکر اختیار کرتے ہیں، چنانچہ نبی ﷺ نے اس خواب کی تعبیر یہ بیان فرمائی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو علم نبوی سے حظ وافر حاصل ہوگا۔

[٩-] بابٌ[فی رُؤْیَا النبیِّ صلی الله علیه وسلم اللَّبَنَ]

[٢٢٨١-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ عُقَیْلٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ حَمْزَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ:" بَیْنَا أَنَا نَائِمٌ، إِذْ أُتِیْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ،

فَشَرِبْتُ مِنْهُ، ثُمَّ أَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ بنَ الْخَطَّابِ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "العِلْمُ"
وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ بَكْرَةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَلاَمٍ، وَخُزَيْمَةَ، وَالطُّفَيْلِ بنِ سَخْبَرَةَ، وَسَمُرَةَ، وأَبِيْ أُمَامَةَ، وَجَابِرٍ، حَدِيْثُ ابنِ عُمَرَ حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ [في رُؤْيَا النبيِّ صلى الله عليه وسلم القُمُصَ]

نبی ﷺ کا خواب میں کرتے دیکھنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: دریں اثنا کہ میں سویا ہوا تھا میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ میرے سامنے پیش کئے جارہے ہیں درانحالیکہ انھوں نے کرتے پہن رکھے ہیں، کسی کا کرتا پستانوں تک پہنچا ہوا ہے، اور کسی کا اس سے کچھ نیچے تک۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس میرے سامنے حضرت عمر رضی اللہ عنہ پیش کئے گئے، درانحالیکہ انھوں نے ایسا کرتا پہن رکھا تھا جس کو وہ گھسیٹ رہے تھے، یعنی ان کا کرتا زمین سے لگ رہا تھا، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کی تعبیر کیا نکالی؟ آپؐ نے فرمایا: "دین داری"

تشریح: اس حدیث کی پہلی سند میں صحابی کا نام مجہول ہے، اور دوسری سند میں ان کا نام مذکور ہے، اور وہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ہیں، اور یہی دوسری سند اصح ہے...... الثَّدْيُ: پستان: خواہ مرد کی ہو یا عورت کی، جمع ثُدِیٌّ ...... اور کرتے کی تعبیر دینداری متعین نہیں، مذکورہ خواب میں لوگوں نے جس طرح چھوٹے بڑے کرتے پہن رکھے تھے اس تناظر میں اس کی تعبیر دین داری ہے، یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان لوگوں سے دین داری میں بڑھے ہوئے تھے جو اُس منظر میں دکھائے گئے تھے، ان میں حضرت ابوبکر صدیق نہیں تھے، کیونکہ خواب کا مقصد حضرت عمرؓ کی حالت کی وضاحت تھی۔

[١٠-] بابٌ [في رُؤْيَا النبيِّ صلى الله عليه وسلم القُمُصَ]

[٢٢٨٢-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ مُحمدٍ الجَرِيْرِيُّ البَلْخِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ بنِ سَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ، عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ، وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ: مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثَّدْيَ، وَمِنْهُمْ مَا يَبْلُغُ أَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ" قَالَ: " فَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ، وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهُ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الدِّيْنُ"
حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، ثَنِيْ يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ صَالِحِ بنِ كَيْسَانَ، عَنِ

الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ بنِ سَهْلِ بنِ حُنَیْفٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الخُدْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابُ ماجاء فی رُؤْیَا النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِی الْمِیْزَانِ وَالدَّلْوِ

ترازواورڈول میں نبی ﷺ کا خواب

امام ترمذی رحمہ اللہ ہر کتاب کے آخر میں کچھ متفرق حدیثیں ذکر کرتے ہیں جن پر یا تو باب بلاترجمہ قائم کرتے ہیں یا بالکل ہی باب قائم نہیں کرتے۔ أبواب الرؤیا کے آخر میں بھی ایسا ہی کیا ہے...... اور اس باب کے تحت جو پہلی اور تیسری حدیث لائے ہیں، وہ تو باب سے متعلق ہیں، مگر دوسری حدیث کا باب سے کچھ تعلق نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے ایک دن صحابہ سے دریافت کیا: آپ حضرات میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ ایک شخص نے عرض کیا: میں نے دیکھا کہ آسمان سے گویا ایک ترازو اتری، اور آپؐ اور ابوبکرؓ تولے گئے تو آپؐ ابوبکر سے بھاری نکلے، پھر ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما تولے گئے تو حضرت ابوبکرؓ بھاری نکلے، پھر عمر وعثمان رضی اللہ عنہما تولے گئے تو حضرت عمرؓ بھاری نکلے، پھر ترازو اٹھالی گئی، حدیث کے راوی حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ہم نے نبی ﷺ کے چہرے میں ناگواری محسوس کی۔

تشریح: یہ ناگواری شاید اس لئے تھی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے بعد فتنوں کا دور شروع ہوگا، اور خلافت راشدہ متزلزل ہوجائے گی، واللہ اعلم

سفید لباس جنتی ہونے کی علامت

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ سے ورقہ بن نوفل کے (انجام کے) بارے میں پوچھا گیا تو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: ورقہ نے آپؐ کی تصدیق کی تھی، اور آپؐ کے ظہور سے پہلے ان کا انتقال ہوگیا تھا یعنی اگر وہ آپؐ کے ظہور تک زندہ رہتے تو آپ کی تصدیق کرتے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: میں ان کو خواب میں دکھلایا گیا درانحالیکہ وہ سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے، اگر وہ دوزخیوں میں سے ہوتے تو ان پر اس کے علاوہ کوئی اور لباس ہوتا۔

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی عثمان ضعیف ہے اور یہ حدیث باب سے غیر متعلق ہے، اس لئے میں نے اس حدیث پر نیا عنوان لگایا ہے، اور سفید کے علاوہ سبز رنگ بھی اہل جنت کا لباس ہے، پس اگر کسی میت کو ہرے کپڑوں میں دیکھا جائے تو یہ بھی اس کے جنتی ہونے کی علامت ہے۔

حدیث(۳): نبی ﷺ نے خواب دیکھا: لوگ اپنے اونٹوں کو پانی پلانے کے لئے کنویں پر لائے، سب سے پہلے نبی ﷺ نے ڈول لیا، اور اونٹوں کو پانی پلانا شروع کیا، پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے، اور انھوں نے نبی ﷺ سے ڈول لے لیا، تاکہ آپؐ کو آرام ملے، اور انھوں نے کھینچنا شروع کیا، انھوں نے ایک یا دو ڈول کھینچے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آگے بڑھے، اور انھوں نے ڈول لے لیا، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جو ایک یا دو ڈول کھینچے تھے وہ بڑی مشکل سے کھینچے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: واللّٰهُ یَغْفِرُ له: اللہ ان کی بخشش کریں، اس میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی مدت خلافت کے مختصر ہونے کی طرف بھی اشارہ ہے اور ان کے زمانہ میں جو داخلی فتنے کھڑے ہونگے جن سے بڑی مشکل سے نمٹا جائے گا اس کی طرف بھی اشارہ ہے، اور ان داخلی فتنوں کی وجہ سے جو دین کا دائرہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں زیادہ نہیں پھیلا اس پر آپؐ نے فرمایا: واللّٰه یَغْفِر له: یعنی اس میں ان کی کوئی کوتاہی نہیں، پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ڈول لیا تو وہ چرس (کوس) بن گیا یعنی بہت بڑا ڈول بنگیا، حضرت عمرؓ نے پوری قوت سے اس کے ذریعہ پانی نکالنا شروع کیا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِیًّا یَفْرِیْ فَرِیَّهُ: پس میں نے کوئی ایسا باکمال آدمی نہیں دیکھا جس نے ان کے جیسا کارنامہ انجام دیا ہو، یعنی وہ حیرت انگیز طور پر پانی کھینچ کھینچ کر اونٹوں کو پلاتے رہے یہاں تک کہ لوگ اونٹوں کو ہانک کر بٹھانے کی جگہ میں لے گئے، یعنی سب کے اونٹ سیراب ہوگئے۔ عرب دوپہر میں اونٹوں کو سیراب کرنے کے بعد آرام کرنے کے لئے کسی جگہ بٹھاتے تھے، چنانچہ لوگ اونٹوں کو ہانک کر بٹھانے لے گئے (یہ خواب آپؐ کے بعد شیخین رضی اللہ عنہما کی کارکردگی کا پیکر ہے) اور یہ حدیث باب سے متعلق ہے۔

تشریح: **قوله: عن رؤیا النبی صلی اللہ علیه وسلم، وأَبِیْ بکر، وعمر: أی رَوَی ابنُ عُمَرَ عن تلك الرؤیا**: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے نبی ﷺ اور حضرات شیخین کے بارے میں خواب روایت کیا ہے......**ذَنوب**: بڑا ڈول جس میں پانی ہو، جمع ذَنَائِبُ......**الغربُ**: بیل کی کھال سے بنایا ہوا بڑا ڈول، چرس، کوس...... **العَبْقَرِیُّ**: عَبْقَر کی طرف نسبت، پرانے عربوں کے خیال کے مطابق: جنات کا مسکن: عبقر کہلاتا تھا، پھر قابل تعجب مہارت وصلاحیت کو اس کی طرف منسوب کیا جانے لگا، سورۃ الرحمان میں ہے: ﴿عَبْقَرِیٍّ حِسَانٍ﴾ عجیب خوبصورت کپڑے، اسی طرح حیرت انگیز، باکمال اور بے مثال آدمی یا چیز کے لئے یہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے، رجلٌ عَبْقَرِیٌّ: نادرۂ روزگار، غیر معمولی اوصاف کا حامل آدمی ......**الفرِیُّ**: حیرت انگیز بات، عجیب بات، قرآن پاک میں ہے: ﴿قَالُوْا: یَا مَرْیَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا﴾ ان لوگوں نے کہا: اے مریم! تو عجیب چیز لائی!......**فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِیًّا یَفْرِیْ فَرِیَّه**: میں نے ایسا کوئی باکمال شخص نہیں دیکھا جو ان (حضرت عمرؓ) جیسا حیرت انگیز کارنامہ انجام دیتا ہو...... **فَرِیٌّ** کو **فَرْیٌ** بھی پڑھ سکتے ہیں اس کے بھی یہی معنی ہیں......**حتی ضَرَبَ الناسُ بالعَطَنِ**: یہاں تک کہ لوگوں نے مارا، یعنی وہ اونٹوں کو ہانک کر لے گئے بیٹھنے کی جگہ میں، **عَطَن** اور **مَعَاطِن**: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ۔

[١١-] بابُ ماجاء فی رُؤْيَا النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْمِیْزَانِ وَالدَّلْوِ

[٢٢٨٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا الأَنْصَارِیُّ، نَا أَشْعَثُ، عَنِ الحَسَنِ، عَنْ أَبِی بَكْرَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: "مَنْ رَأَى مِنكُمْ رُؤْيًا؟ فَقَالَ رَجُلٌ: أَنَا رَأَيْتُ كَأَنَّ مِيْزَانًا نَزَلَتْ مِنَ السَّمَاءِ، فَوُزِنْتَ أَنْتَ وَأَبُوْ بَكْرٍ، فَرَجَحْتَ أَنْتَ بِأَبِی بَكْرٍ، وَوُزِنَ أَبُوْ بَكْرٍوَعُمَرُ، فَرَجَحَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَوُزِنَ عُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَرَجَحَ عُمَرُ، ثُمَّ رُفِعَ الْمِيْزَانُ، فَرَأَيْنَا الْكَرَاهِيَةَ فِی وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٨٤-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى الأَنْصَارِیُّ، نَا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، نَا عُثْمَانُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ وَرَقَةَ، فَقَالَتْ لَهُ خَدِيْجَةُ: إِنَّهُ كَانَ صَدَّقَكَ، وَإِنَّهُ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَظْهَرَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "أُرِيْتُهُ فِی الْمَنَامِ، وَعَلَيْهِ ثِيَابُ بَيَاضٍ، وَلَوْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذٰلِكَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعُثْمَانُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَيْسَ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ بِالْقَوِیِّ.

[٢٢٨٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا ابنُ جُرَيْجٍ، ثَنِی مُوْسَى بنُ عُقْبَةَ، ثَنِی سَالِمُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ رُؤْيَا النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم وَأَبِی بَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقَالَ: "رَأَيْتُ النَّاسَ اجْتَمَعُوْا، فَنَزَعَ أَبُوْ بَكْرٍ ذَنُوْبًا أَوْ ذَنُوْبَيْنِ، فِيْهِ ضَعْفٌ، وَاللّٰهُ يَغْفِرُ لَهُ، ثُمَّ قَامَ عُمَرُ، فَنَزَعَ، فَاسْتَحَالَتْ غَرْبًا، فَلَمْ أَرَ عَبْقَرِيًّا يَفْرِی فَرِيَّهُ، حَتَّى ضَرَبَ النَّاسُ بِالْعَطَنِ"

وفی الباب: عَنْ أَبِی هُرِيرةَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُمَرَ.

نوٹ: پہلی حدیث کی سند میں انصاری سے مراد محمد بن عبداللہ انصاری ہیں۔

پراگندہ سر والی کالی عورت: وباء کا پیکر محسوس

حدیث: نبی ﷺ نے خواب دیکھا: ایک کالی (حبشن) عورت جس کا سر پراگندہ تھا مدینہ منورہ سے نکلی اور مَهْيَعَةْ یعنی جحفہ میں جا پہنچی، نبی ﷺ نے اس کی تعبیر یہ نکالی کہ مدینہ منورہ کی وباء جحفہ میں منتقل ہوگئی۔

تشریح: مدینہ منورہ ہجرت سے پہلے وبائی شہر تھا، جب مہاجرین وہاں پہنچے تو ہر شخص بیمار ہوگیا، پھر اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی برکت سے وہ وباء مدینہ منورہ سے ہٹادی اور اس کا پیکر محسوس نبی ﷺ کو خواب میں دکھایا۔

[٢٢٨٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا ابنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِی مُوْسَى بنُ عُقْبَةَ، قَالَ:

أَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ رُؤْيَا النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "رَأَيْتُ امْرَأَةً سَوْدَاءَ، ثَائِرَةَ الرَّأْسِ، خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، حَتّٰى قَامَتْ بَمَهْيَعَةَ – وَهِيَ الْجُحْفَةُ – فَأَوَّلْتُهَا: وَبَاءُ الْمَدِيْنَةِ يُنْقَلُ إِلَى الْجُحْفَةِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

ایک حدیث جو پہلے گذر چکی ہے

ابواب الرؤیا کے پہلے باب میں یہ حدیث ایوب سختیانی کے تلمیذ عبدالوہاب ثقفی کی سند سے گذر چکی ہے، یہاں وہی حدیث ان کے دوسرے شاگرد معمر کی سند سے ذکر کی ہے، اور یہ مرفوع حدیث ہے اور ایوب کے تیسرے شاگرد حماد بن زید بھی یہ حدیث روایت کرتے ہیں مگر وہ اس کو موقوف کرتے ہیں، یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں۔

اور یہ حدیث بخاری شریف (حدیث ۷۰۱۷ کتاب التعبیر باب ۲۶) میں محمد بن سیرینؒ کے شاگرد عوف اعرابی کی سند سے ہے جس میں بعض اجزاء مرفوع ہیں اور بعض موقوف، اور اس حدیث کا ترجمہ اور اس کے تمام اجزاء کی تفصیل پہلے باب میں گذر چکی ہے۔

[۲۲۸۷–] أَخْبَرَنَا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعمَرٌ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ لَاتَكَادُ رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ تَكْذِبُ، وأَصْدَقُهُمْ رُؤْيَا أَصْدَقُهُمْ حَدِيْثًا، وَالرُّؤْيَا ثَلَاثٌ: الْحَسَنَةُ: بُشْرَى مِنَ اللّٰهِ، وَالرُّؤْيَا: يُحَدِّثُ الرَّجُلُ بِهَا نَفْسَهُ، وَالرُّؤْيَا: تَحْزِيْنٌ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ رُؤْيَا يَكْرَهُهَا، فَلَا يُحَدِّثْ بِهَا أَحَدًا، وَلْيَقُمْ، فَلْيُصَلِّ"

قَالَ أَبُوْهريرةَ: يُعْجِبُنِي الْقَيدُ، وأَكْرَهُ الْغُلَّ: الْقَيْدُ ثَبَاتٌ فِي الدِّيْنِ. قَالَ: وَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "رُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جَزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ"

وَقَدْ رَوَى عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، هٰذَا الحديثَ عَنْ أَيُّوْبَ مَرْفُوْعًا، وَرَوَى حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوْبَ، وَوَقَفَهُ.

سونے کے کنگن جھوٹے مدعیانِ نبوت کا پیکر

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا گویا میرے ہاتھوں میں سونے کے دو کنگن (کلائی کا ایک زیور) ہیں پس مجھے ان دونوں کے معاملہ نے فکر مند بنایا، پس خواب ہی میں میری طرف وحی کی گئی کہ آپؐ ان

دونوں کنگنوں کو پھونک دیں، پس میں نے ان دونوں پر پھونکا، پس وہ دونوں اڑ گئے، پس میں نے ان کنگنوں کی تعبیر دو جھوٹے نبیوں سے نکالی جن کا ظہور میرے بعد ہوگا، ان میں سے ایک کو مسیلمہ کہا جائے گا جو یمامہ کا باشندہ ہوگا اور دوسرے کو عنسی کہا جائے گا جو یمن کے شہر صنعاء کا باشندہ ہوگا۔

مسیلمہ کے حالات:

مسیلمہ کا اصل نام مسلمہ ہے، نبی ﷺ نے اس کے خط کے جواب میں بطور تحقیر مسیلمہ (مصغّر) لکھا تھا، اس لئے اس کی اسی نام سے شہرت ہوگئی، یہ قبیلۂ بنوحنیفہ کا ایک شخص تھا جس کا مسکن یمامہ تھا، فتح مکہ کے بعد جب اس قبیلہ کا وفد آیا تو مسیلمہ بھی اس کے ساتھ تھا مگر وہ خدمتِ نبوی میں حاضر نہیں ہوا، سامان کی حفاظت کے بہانے پیچھے رہ گیا، اس کی قوم حاضر ہوئی اور ایمان لائی، جب یہ وفد واپس گیا تو مسیلمہ نے نبی ﷺ کو خط لکھا: مِن مسلمة رسولِ اللّٰهِ إلی محمد رسول الله، سلامٌ علیك أَما بعد: فإِنِّیْ قَدْ أُشْرِكْتُ فی الْأَمْرِ مَعَك، وَإِنَّ لنا نَصفَ الْأَرْضِ، وَلِقُرَیْشٍ نصفَها، ولكنَّ قریشاً قومٌ یَعْتَدُوْنَ: یعنی آپؐ کے ساتھ مجھے بھی رسول بنایا گیا ہے اور عرب کی سرزمین ہماری اور قریش کی آدھی آدھی ہے، مگر قریش حد سے بڑھنے والے لوگ ہیں یعنی وہ ساری زمین پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔

نبی ﷺ نے اس کے خط کا یہ جواب لکھا: بسم الله الرحمن الرحیم مِن محمدٍ رسولِ اللّٰه إلی مُسلیمةَ الكذَّابِ السلامُ علی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَی، أَما بعد! فَإِنَّ الْأَرْضَ لِلّٰهِ یُوْرِثُهَا مَنْ یَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ، وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِیْنَ: یعنی اللہ تعالیٰ نہایت مہربان بڑے رحم والے کے نام سے شروع کرتا ہوں، یہ نامہ اللہ کے رسول محمد ﷺ کی طرف سے مہا جھوٹے مسیلمہ کے نام ہے، سلام اس پر جو راہِ ہدایت کی پیروی کرے، حمد وصلوٰۃ کے بعد! زمین اللہ کی ہے وہ اس کا وارث بناتے ہیں اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتے ہیں اور اچھا انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے۔

یہ واقعہ سن ۱۰ ہجری کے آخر کا ہے، اور ابھی اس کا فتنہ پوری طرح ظاہر نہیں ہوا تھا کہ آپ ﷺ کی وفات ہوگئی، آپؐ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ساتھ اس کا سخت معرکہ پیش آیا، جس میں بارہ سو مسلمان شہید ہوئے جس میں چار سو پچاس صحابہ تھے، آخر میں حضرت خالدؓ کامیاب ہوئے اور مسیلمہ: حضرت وحشی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے مارا گیا، اور اس کا فتنہ ختم ہوا۔

اسود عنسی کے حالات:

اس شخص کا اصل نام عَیْهَلَة یا عَبْهَلَة تھا، ذوالخمار اس کا لقب تھا، بڑا شعبدہ باز (کرتب دکھانے والا) تھا، یمن کے قبیلہ مذحج سے اس کا تعلق تھا، جب یمن کے لوگ مسلمان ہوئے تو اس نے بھی اسلام قبول کیا، پھر نبی ﷺ کے زمانہ ہی میں مرتد ہوگیا، اسلام میں یہ پہلا مرتد ہے، پھر اس نے نبوت کا دعوی کیا، اور اپنی قوم کو کرتب دکھا کر گرویدہ

بنالیا، اس کا پورا قبیلہ اس کا تابع ہوگیا، علاوہ ازیں: نجران اور صنعاء پر بھی اس نے قبضہ کرلیا، اس کے پاس فوج اگرچہ صرف سات سو کی تعداد میں تھی مگر اس کا فتنہ جنگل کی آگ کی طرح چاروں طرف پھیل گیا، نبی ﷺ نے یمن کے مسلمانوں کو لکھا کہ اس کے فتنہ سے کسی طرح نمٹا جائے، چنانچہ حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے سن ۱۰ ہجری میں نبی ﷺ کی وفات سے ایک ماہ قبل اس کو قتل کردیا اور اس کا فتنہ ختم ہوا۔

تشریح: اس حدیث میں یَخْرُجان من بعدی ہے یعنی ان دونوں جھوٹے نبیوں کا ظہور میرے بعد ہوگا، اور بخاری شریف (حدیث ۴۳۷۵ کتاب المغازی باب ۷۱) میں ہے: فأَوَّلْتُهُما الكذَّابَيْنِ الَّذَيْنَ أَنَا بَيْنَهُمَا: یعنی میں نے ان دو کنگنوں کی تعبیر ان دومہا جھوٹوں سے نکالی ہے جن کے درمیان: میں ہوں، یعنی صنعاء والا اور یمامہ والا، یہ تعبیر حقیقی ہے اور پہلی تعبیر یعنی یخرُجان من بعدی ظہور وغلبہ کے اعتبار سے ہے۔ اور الکوکب الدری میں ''میرے بعد'' سے مراد: بعد رُؤْيتي هذه لیا ہے یعنی آپؐ کے اس خواب دیکھنے کے بعد وہ دونوں جھوٹے نبی ظاہر ہونگے، پھر اللہ تعالیٰ نے ایسا کیا کہ ایک کا معاملہ تو حیات نبوی ہی میں نمٹ گیا اور دوسرے کا ظہور وغلبہ دور صدیقی میں ہوا۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ اسلام سے پہلے عجمی بادشاہ اپنی شان کے اظہار کے لئے سونے کے کنگن پہنا کرتے تھے، مگر یہ بات اسلام کے مزاج کے خلاف تھی، اس لئے نبی ﷺ کو خواب میں اپنے ہاتھوں میں سونے کے کنگنوں نے فکر بند بنایا کہ یہ کیا آفت ہاتھوں میں آگئی، نیز آدمی دو ہاتھوں کے درمیان ہوتا ہے اور سونا فتنہ کا پیکر بھی ہوتا ہے، اس مجموعہ سے آپؐ نے اس خواب کی وہ تعبیر نکالی تھی۔

اور الکوکب الدری میں یہ بات اس طرح بیان کی گئی ہے کہ دونوں کنگنوں نے نبی ﷺ کے دونوں ہاتھوں پر قبضہ جمالیا، درانحالیکہ ہاتھ کمانے والے اعضاء ہیں، پس گویا ان دونوں کنگنوں نے آپؐ کو اپنے دین کی اشاعت سے اور اپنی قوت کی تشہیر سے روک دیا، اس لئے آپؐ کو یہ کنگن ناگوار گذرے اور ان دونوں کنگنوں کا پھونکنے سے اڑ جانا ان دونوں جھوٹے نبیوں کا خاص جدوجہد کی حاجت کے بغیر ہلاک ہوجانا ہے۔

فائدہ: سونے کے کنگنوں میں اس طرف بھی اشارہ ہوسکتا ہے کہ جھوٹی نبوت کے فتنے ہمیشہ زر (مال) کے بل بوتے پر چلتے ہیں، مگر جب قوت بازو سے ان کا مقابلہ کیا جائے تو وہ دم توڑ دیتے ہیں۔ اور قادیانی کا فتنہ اس لئے ختم نہیں ہوا کہ انگریز کی حکومت کی وجہ سے کسی نے قوتِ بازو سے اس کا مقابلہ نہیں کیا اور شاہ کابل نے اس کو لکھا تھا کہ ''ایں جابیا'' مگر وہ نہیں گیا، ورنہ اس کا کام تمام ہوجاتا۔

[۲۲۸۸-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، نَا أَبُوْ الْيَمَانِ، عَنْ شُعَيْبٍ - وَهُوَ ابنُ أَبِيْ حَمْزَةَ - عَنْ ابْنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنْ نَافِعِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ

رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ فِي يَدَيَّ سِوَارَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ، فَهَمَّنِي شَأْنُهُمَا، فَأُوْحِيَ إِلَيَّ أَنِ انْفُخْهُمَا، فَنَفَخْتُهُمَا، فَطَارَا، فَأَوَّلْتُهُمَا كَاذِبَيْنِ يَخْرُجَانِ مِنْ بَعْدِي، يُقَالُ لِأَحَدِهِمَا مَسْلَمَةُ صَاحِبُ الْيَمَامَةِ، وَالْعَنَسِيُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

ایک خواب جس کی تعبیر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے دی

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور اس نے کہا: میں نے آج رات (خواب میں) ایک سائبان دیکھا، جس سے گھی اور شہد ٹپک رہا تھا اور میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھوں سے پی رہے ہیں، پس کوئی زیادہ پی رہا ہے اور کوئی کم ...... اور میں نے آسمان سے زمین تک ملی ہوئی ایک رسّی دیکھی، پس میں نے آپؐ کو اے اللہ کے رسول! دیکھا کہ آپؐ نے اسے پکڑا، پس آپؐ چڑھ گئے، پھر اس کو آپؐ کے بعد ایک اور شخص نے پکڑا پس وہ چڑھ گیا، پھر اس کے بعد ایک اور آدمی نے پکڑا، پس وہ چڑھ گیا، پھر اس کو ایک اور آدمی نے پکڑا، پس وہ رسّی کے ساتھ کاٹ دیا گیا، پھر وہ رسّی اس کے لئے جوڑی گئی، پس وہ اس کے ذریعہ چڑھ گیا (اور مسلم شریف میں یہ الفاظ ہیں: ثم أَخَذَ به رَجُلٌ آخَرُ فَانْقَطَعَ به، ثُمَّ وُصِلَ لَهُ فَعَلَا: پھر اس رسّی کو ایک اور آدمی نے پکڑا، پس وہ اس رسّی کے ساتھ منقطع ہو گیا، یعنی گر پڑا، پھر وہ رسّی اس کے لئے جوڑی گئی، پس وہ چڑھ گیا...... اور بخاری شریف میں یہ الفاظ ہیں: ثم أَخَذَ به رجلٌ آخرُ فَانْقَطَعَ، ثم وُصِلَ: پھر اس رسّی کو ایک اور آدمی نے پکڑا پس وہ رسّی ٹوٹ گئی پھر جوڑی گئی)

پس حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! بخدا! ضرور موقع دیں آپؐ مجھے کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اس کی تعبیر بیان کریں، پس حضرت ابو بکرؓ نے کہا: رہا سائبان: تو وہ اسلام کا سائبان ہے، اور رہا گھی اور شہد جو ٹپک رہا ہے تو وہ یہ قرآن ہے: اس کی نرمی اور اس کی شیرینی (گھی اور شہد ہیں) اور رہا زیادہ پینے والا اور کم پینے والا تو وہ قرآن سے زیادہ فائدہ اٹھانے والا اور اس سے کم فائدہ اٹھانے والا ہے...... اور رہی آسمان سے زمین تک ملی ہوئی رسّی تو وہ وہ دینِ حق ہے جس پر آپؐ ہیں، پس آپؐ نے اس کو لیا، پس اللہ تعالیٰ آپؐ کو بلند فرمائیں گے، پھر آپؐ کے بعد اس کو ایک اور آدمی پکڑے گا، پس وہ اس کے ذریعہ بلند ہوگا، پھر اس کے بعد ایک اور آدمی پکڑے گا پس وہ اس کے ذریعہ بلند ہوگا، پھر ایک اور آدمی پکڑے گا پس رسّی اس کے ساتھ ٹوٹ جائے گی، یعنی وہ گر پڑے گا، پھر وہ اس کے لئے جوڑی جائے گی، پس وہ اس کے ذریعہ بلند ہوگا (صحیحین میں بھی اس جگہ یہی الفاظ ہیں یعنی یُوَصَّلُ کے بعد لہ بھی ہے)...... اے اللہ کے رسول! مجھے ضرور بتائیں کہ میں نے تعبیر صحیح دی یا میں چوک گیا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: کچھ صحیح دی اور کچھ چوک گئے

......حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میں آپؐ کوقسم دیتا ہوں، میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اے اللہ کے رسول! مجھے ضرور بتلائیں کہ وہ کونسی بات ہے جو میں چوک گیا؟ آپؐ نے فرمایا: قسم مت دو!

تشریح: یہ حدیث صحیح ہے اور متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۷۰۴۶ کتاب التعبیر باب ۴۷، مسلم حدیث ۲۲۶۹ کتاب الرؤیا باب ۳) اس حدیث میں یہ بات زیر بحث آئی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے تعبیر میں کیا چوک ہوئی؟ مگر فیض الباری (۴:۴۹۴) میں ہے کہ جب نبی ﷺ نے یہ بات نہیں بتائی تو اب کون یہ بات بتا سکتا ہے؟ اس لئے اب اس کے درپے ہونا لا حاصل ہے۔

اور الکوکب الدری میں ہے کہ علماء نے تین باتیں کہی ہیں، مگر وہ سب صحیح نہیں:

پہلی بات: حضرت ابوبکرؓ نے گھی اور شہد کی جو تعبیر بیان کی ہے اس میں چوک ہوئی ہے، ان کو قرآن وحدیث سے تعبیر بیان کرنی چاہئے تھی، مگر یہ بات اس لئے صحیح نہیں کہ قرآن وحدیث درحقیقت ایک ہیں، حدیثیں قرآن کی تفسیر ہیں اور قرآن وحدیث دونوں وحی ہیں، تفاوت صرف متلو اور غیر ملتو ہونے کا ہے۔

دوسری بات: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے تعبیر دینے میں جو پیش قدمی کی ہے وہ ان کی چوک تھی، مگر یہ بات اس لئے صحیح نہیں کہ انھوں نے اجازتِ نبوی سے تعبیر دی تھی، پس اس کو بے جا جسارت کیسے کہہ سکتے ہیں؟

تیسری بات: حضرت ابوبکرؓ نے یکے بعد دیگرے رسّی پکڑنے والوں کی تعیین نہیں کی، یہ ان کی چوک تھی، مگر یہ بات بھی صحیح نہیں، کیونکہ اسے زیادہ سے زیادہ کلام میں اجمال کہہ سکتے ہیں، چوک نہیں کہہ سکتے۔

پھر حضرت گنگوہی قدس سرہ نے ایک چوتھی تاویل کی ہے کہ خواب دیکھنے والے کا یہ قول: ثم أَخَذَ به رجلٌ فَقُطِعَ به، ثم وُصِّلَ له فَعَلاَ به: یہ جملہ تعبیر کا محتاج تھا، یعنی یہ بات بیان کرنی ضروری تھی کہ وہ تیسرا شخص جس کی رسّی ٹوٹ جائے گی پھر اسی کے لئے وہ رسّی جوڑی جائے گی یا اس کے نائب اور اس کے خلیفہ کے لئے وہ رسّی جوڑی جائے گی؟ حضرت ابوبکرؓ نے ظاہر الفاظ سے یہ تعبیر دی تھی کہ اسی شخص کے لئے وہ رسّی جوڑی جائے گی، اور وہ اس کے ذریعہ چڑھ جائے گا، حالانکہ مراد یہ نہیں تھی، جس کی رسّی ٹوٹ گئی وہ تو شہید ہوگیا، پھر اس کے بعد رسّی جوڑی گئی اور خلافت راشدہ کا سلسلہ آگے بڑھا، چنانچہ بخاری شریف میں خواب میں وُصِّلَ کے ساتھ لہٗ نہیں ہے، اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی تعبیر میں ہے، پس چوک درحقیقت اسی جگہ ہے۔ واللہ اعلم

فائدہ (۱): اس حدیث میں یہ بات بھی زیر بحث آئی ہے کہ آیا خواب کی فی نفسہ کوئی حقیقت ہوتی ہے یا وہ تعبیر کے تابع ہوتا ہے؟ ایک خیال یہ ہے کہ اس کی اپنی مستقل حقیقت ہوتی ہے، اور یہ حدیث اس کی دلیل ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: أَصَبْتَ بعضاً وَأَخْطَأْتَ بعْضًا: یعنی کچھ تعبیر صحیح دی اور کچھ چوک گئے، یہ جملہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ خواب کی اپنی ایک حقیقت ہے جس میں سے بعض کو حضرت ابوبکرؓ نے پایا اور بعض کو چوک گئے۔

اور دوسری رائے یہ ہے کہ خواب تعبیر کے تابع ہوتا ہے، اور دلیل وہ حدیث ہے جو پہلے گذر چکی ہے کہ خواب پرندے کے پیر میں ہوتا ہے جب تک اس کی تعبیر نہ دی جائے، یعنی تعبیر سے پہلے خواب ہوا میں لٹکا ہوا ہوتا ہے، اس کی تعبیر واقع نہیں ہوتی، جب تعبیر نکالی جاتی ہے تبھی خواب کا تحقق ہوتا ہے۔

اور فیض الباری میں ہے کہ خواب دونوں طرح کے ہوتے ہیں، بعض کی حقیقت مستقرہ ہوتی ہے اور بعض تعبیر کے تابع ہوتے ہیں، اور پہلے گذری ہوئی حدیث: الرُّؤْيا على رِجْلِ طائرٍ: قضیہ مہملہ ہے جو موجبہ جزئیہ کے حکم میں ہوتا ہے، یعنی بعض خواب پرندے کے پیر میں ہوتے ہیں ہر خواب کی یہ صورتِ حال نہیں۔ واللہ اعلم

فائدہ (۲): اور یہ بات پہلے بیان کی جا چکی ہے کہ قسم دینے سے قسم نہیں ہوتی، بلکہ قسم کھانے سے قسم ہوتی ہے، مگر نبی ﷺ نے امت کو جن سات باتوں کا حکم دیا ہے ان میں إبرارُ القَسَم بھی ہے (بخاری حدیث ۱۲۳۹) یعنی قسم دینے والے کی قسم حتی الامکان پوری کرنی چاہئے، پھر نبی ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کی قسم پوری کیوں نہیں کی؟ اور ان کو ان کی چوک کیوں نہیں بتائی؟

اس کا جواب یہ ہے کہ أبرار القسم کا حکم استحبابی ہے، یہ بات اس حدیث سے واضح ہوئی، اگر وہ امر وجوبی ہوتا تو نبی ﷺ ضرور ان کی قسم کو سچا بناتے اور ان کی چوک ان کو بتلاتے، مگر چونکہ مصلحت نہیں تھی کہ ''از پردہ بیروں اُفتد رازے'' اس لئے آپؐ نے خاموشی اختیار فرمائی۔

فائدہ (۳): اور اس حدیث میں سب سے اہم فائدہ یہ ہے کہ بڑوں کو چاہئے کہ چھوٹوں کی تربیت کریں، مثلاً ایک مفتی کے شاگرد ہوں تو اگر کوئی مسئلہ پوچھنے آئے تو وہ شاگردوں کو حکم دے کہ جواب دیں تا کہ ان کی تربیت ہو، اور ان کے مبلغ علم کا پتہ چلے۔

[۲۲۸۹-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ مُحمدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ: أَنَّ رَجُلاً جَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ ظُلَّةً يَنطِفُ مِنْهَا السَّمْنُ وَالْعَسَلُ، وَرَأَيْتُ النَّاسَ يَسْتَقُوْنَ بِأَيْدِيْهِمْ، فَالْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ، وَرَأَيْتُ سَبَبًا وَاصِلاً مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ، فَأَرَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! أَخَذْتَ بِهِ، فَعَلَوْتَ، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ بَعْدَكَ، فَعَلَا، ثُمَّ أَخَذَهُ رَجُلٌ بَعْدَهُ، فَعَلَا، ثُمَّ أَخَذَ بِهِ رَجُلٌ فَقُطِعَ بِهِ، ثُمَّ وُصِّلَ لَهُ فَعَلَا بِهِ.

فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! وَاللّٰهِ لَتَدَعَنِّيْ أَعْبُرُهَا، فَقَالَ اعْبُرْهَا، فَقَالَ: أَمَّا الظُّلَّةُ: فَظُلَّةُ الإِسْلَامِ، وَأَمَّا مَا يَنْطِفُ مِنَ السَّمْنِ وَالْعَسَلِ: فَهٰذَا الْقُرْآنُ: لِيْنُهُ وَحَلَاوَتُهُ، وَأَمَّا الْمُسْتَكْثِرُ وَالْمُسْتَقِلُّ: فَهُوَ الْمُسْتَكْثِرُ مِنَ الْقُرْآنِ وَالْمُسْتَقِلُّ مِنْهُ، وَأَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَاءِ

إِلَى الْأَرْضِ: فَهُوَ الْحَقُّ الَّذِي أَنْتَ عَلَيْهِ، فَأَخَذْتَ بِهِ فَيُعْلِيكَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَأْخُذُ بِهِ بَعْدَكَ رَجُلٌ آخَرُ، فَيَعْلُوْ بِهِ، ثُمَّ يَأْخُذُ بَعْدَهُ رَجُلٌ آخَرُ فَيَعْلُوْ بِهِ، ثُمَّ يَأْخُذُ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهِ، ثُمَّ يُوَصَّلُ لَهُ، فَيَعْلُوْ بِهِ، أَيْ رَسُولَ اللّٰهِ! لَتُحَدِّثَنِّيْ أَصَبْتُ أَمْ أَخْطَأْتُ؟ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ''أَصَبْتَ بَعْضًا وَأَخْطَأْتَ بَعْضًا'' قَالَ: أَقْسَمْتُ بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! يَارسولَ اللّٰهِ! لَتُخْبِرَنِّيْ مَا الَّذِي أَخْطَأْتُ؟ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم'' لَا تُقْسِمْ'' هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

خواب پیش بنی کا ذریعہ

حدیث: حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ فجر کی نماز کے بعد لوگوں کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھتے، اور پوچھتے: آپ لوگوں میں سے آج رات کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟

یہ ایک لمبی حدیث ہے، جب آپؐ نے لوگوں سے یہ بات دریافت کی تو کسی نے کوئی خواب بیان نہیں کیا، پس نبی ﷺ نے اپنی ایک منامی معراج کا تذکرہ کیا کہ آج رات میرے پاس دو آدمی آئے، اور مجھے لے چلے، اور مجھے کئی مناظر دکھائے، یہ حدیث تفصیل سے بخاری شریف کتاب التعبیر کے آخر میں ہے (حدیث نمبر ۷۰۴۷)

تشریح: پیش بنی یعنی آگے کی باتیں جاننے کی بہت سی صورتیں ہیں، ان میں سے ایک خواب بھی ہے، اللہ تعالیٰ خوش کن خوابوں کے ذریعہ بندوں کو آگے کی باتیں بتاتے ہیں، اس لئے نبی ﷺ دریافت فرمایا کرتے تھے کہ کسی نے کوئی تازہ خواب دیکھا ہو تو بیان کرے، کیونکہ بعض خواب پرانے ہوکر اپنی حقیقت کھودیتے ہیں، پس اگر کوئی تازہ خواب بیان کرتا تو اس سے کبھی آگے کی باتوں کی راہنمائی مل جاتی، مثلاً خود نبی ﷺ نے جنگ احد سے پہلے خواب دیکھا تھا جس کی تعبیر آپؐ نے یہ دی تھی کہ ابتداء میں شکست ہوگی، پھر وہ فتح سے بدل جائے گی، اس طرح خوابوں کے ذریعہ پیش بنی کی جاسکتی ہے، اور اسی لئے اچھے خوابوں کی شریعت میں اہمیت ہے۔

[۲۲۹۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى بِنَا الصُّبْحَ، أَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ بِوَجْهِهِ، وَقَالَ: ''هَلْ رَأَى أَحَدٌ مِنكُمْ رُؤْيَا اللَّيْلَةَ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَيُرْوَى عَنْ عَوْفٍ، وَجَرِيْرِ بنِ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قِصَّةٍ طَوِيْلَةٍ، وَهٰكَذَا رَوَى لَنَا بُنْدَارٌ هٰذَا الحديثَ عَنْ وَهْبِ بنِ جَرِيْرٍ مُخْتَصَرًا.

وضاحت: بندار: محمد بن بشار کا لقب ہے، انھوں نے یہ حدیث اتنی ہی روایت کی ہے، وہب کے دیگر تلامذہ مفصل حدیث بیان کرتے ہیں جو بخاری میں ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الشَّهَادَاتِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

گواہیوں کا بیان

گواہیوں کا تعلق قضاء سے ہے، جلد اول میں ابواب البیوع کے ضمن میں ابواب الاحکام (قضا کے ابواب) آئے ہیں، وہاں ایک گواہ اور قسم کے ذریعہ فیصلہ کرنے کی روایت بھی آئی ہے، پس مناسب تھا کہ ابواب الشہادات کی روایات بھی وہیں ذکر کی جاتیں، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان کے لئے یہاں جگہ نکالی ہے، جبکہ آگے پیچھے کے ابواب سے ان کا کوئی تعلق نہیں...... اور ان ابواب میں چار پانچ حدیثیں ذکر کی ہیں جن میں سے دو تین پہلے گذر چکی ہیں، اور ایک حدیث کا دوسری حدیث سے تعارض ہے اس کو حل کیا ہے، اور ایک حدیث میں مسائل کا بیان ہے۔

بابُ ماجاء فی الشهداء: أَيُّهُمْ خَيْرٌ؟

گواہ کونسے اچھے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ؟ الذی يَأْتِی بشهادته قبل أَنْ يُسْأَلَهَا: کیا میں آپ لوگوں کو بہترین گواہ نہ بتلاؤں؟ وہ گواہ جو اپنی گواہی پیش کرے اس سے پہلے کہ اس سے گواہی کا مطالبہ کیا جائے (یہ بہترین گواہ ہے)

تشریح: حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ کی اِس حدیث کا حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی اُس حدیث سے تعارض ہے جو پہلے گذر چکی ہے کہ بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو يَتَسَمَّنُوْنَ: پھولیں گے (تَسَمَّنَ: موٹا ہوجانا، پھول جانا، پھول کر کپا ہوجانا) اور يُحِبُّوْنَ السِّمَنَ: موٹاپے کو پسند کریں گے (السِّمَن (بکسر السین): موٹاپا، جسم کی پھلاوٹ) يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلُوْهَا: وہ گواہی دیں گے اس سے پہلے کہ

ان سے گواہی طلب کی جائے، اس حدیث میں بغیر طلب کے گواہی دینے کو ناپسند کیا گیا ہے جبکہ حضرت زیدؓ کی حدیث میں اس کو پسند کیا گیا ہے۔

اس تعارض کا جواب: یہ ہے کہ وہ سچی گواہی جو کسی کے پاس کسی کے لئے ہو، جس کو وہ جانتا ہو یا نہ جانتا ہو، اس کو صاحب معاملہ کے مطالبہ سے پہلے یا مطالبہ کے بعد فوراً ادا کرنا پسندیدہ ہے، اور ایسا گواہ پسندیدہ ہے، اور جو گواہ گواہی دینے کے لئے بےتاب ہو، اس کی گواہی پسندیدہ نہیں، کیونکہ ایسے گواہ عام طور پر جھوٹے ہوتے ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ کبھی کوئی شخص کسی معاملہ میں گواہ ہوتا ہے مگر صاحب معاملہ کو اس کا پتا نہیں ہوتا، ایسی صورت میں اگر گواہ گواہی کے لئے اقدام نہیں کرے گا تو مسلمان کا حق ضائع ہوگا، پس اسے خود قاضی کے پاس جا کر گواہی دینی چاہئے......اور کبھی اس کی گواہی کا صاحب معاملہ کو علم ہوتا ہے اور وہ اس سے درخواست کرتا ہے کہ میرے لئے قاضی کے پاس گواہی دو، پس ایسی صورت میں جو گواہی دینے میں پس وپیش نہیں کرتا وہ پسندیدہ گواہ ہے......قبلَ أَنْ يُسْأَلَهَا (فعل مجہول) کے یہ دونوں مطلب ہو سکتے ہیں، گواہی کے مطالبہ سے پہلے گواہی دینا جبکہ صاحب معاملہ اس گواہی سے واقف نہ ہو، اور مطالبہ کے بعد فوراً گواہی دینا جبکہ صاحب معاملہ اس کو جانتا ہو، یہ دونوں صورتیں حدیث کا مصداق ہیں، جیسے کہتے ہیں: الجَوَادُ يُعْطِىْ قَبْلَ السوال: سخی آدمی مانگنے سے پہلے دیتا ہے یعنی مانگنے کے بعد فوراً دیتا ہے، دیر نہیں کرتا، یہی مطلب اس حدیث کا بھی ہے کہ مطالبہ کے بعد فوراً گواہی دینے کے لئے تیار ہو جاتا ہے...... نیز یہ حدیث شہادتِ حِسبہ (لوجہ اللہ گواہی دینے) کو بھی شامل ہے، یعنی گواہی دینے پر کوئی اجرت یا خرچہ نہیں لیتا، بلکہ خود قاضی کے پاس جا کر گواہی دیتا ہے تو وہ بہترین گواہ ہے......اور جو لوگ گواہی دینے کے لئے بےتاب رہتے ہیں وہ اچھے گواہ نہیں، کیونکہ وہ عام طور پر جھوٹے ہوتے ہیں۔

ملحوظہ: اس کی مزید تفصیل آخری باب میں بھی آ رہی ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبواب الشَّهَادَاتِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١- بابُ مَاجاءَ فِي الشُّهَدَاءِ: أَيُّهُمْ خَيْرٌ؟]

[٢٢٩١-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحمدِ بنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِىْ عَمْرَةَ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ

الجُهَنِيِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:'' أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ؟ الَّذِىْ يَأْتِىْ بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلَهَا ''

حدثنا أَحْمَدُ بنُ الْحَسَنِ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكٍ، وَبِهِ قَالَ:'' ابْنِ أَبِىْ عَمْرَةَ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَكْثَرُ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِىْ عَمْرَة، وَاخْتَلَفُوْا عَلَى مَالِكٍ فِىْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديثِ: فَرَوَى بَعْضُهُمْ:'' عَنْ أَبِىْ عَمْرَةَ'' وَرَوَى بَعْضُهُمْ:'' عَنْ ابنِ أَبِىْ عَمْرَةَ'' وَهُوَ عَبْدُ الرحمنِ بنُ أَبِىْ عَمْرَةَ الأَنْصَارِيُّ، وَهٰذَا أَصَحُّ عِنْدَنَا، لِأَنَّهُ قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ زَيْدِ بنِ خَالِدٍ غَيْرُ هٰذَا الحديثِ، وَهُوَ صَحِيْحٌ أَيْضًا، وَأَبُوْ عَمْرَةَ: هُوَ مَوْلَى زَيْدِ بنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، وَلَهُ حَدِيْثُ الْغُلُوْلِ لِأَبِىْ عَمْرَةَ.

[۲۲۹۲-] حدثنا بِشْرُ بنُ آدَمَ ابنِ ابْنَةِ أَزْهَرَ السَّمَّانِ، نَا زَيْدُ بنُ الْحُبَابِ، ثَنِىْ أُبَيُّ بنُ عَبَّاسِ بنِ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قَالَ ثَنِىْ أَبُوْ بَكْرِ بنُ مُحمدِ بنِ عَمْرِو بنِ حَزْمٍ، ثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرِو بنِ عُثْمَانَ، ثَنِىْ خَارِجَةُ بنُ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، ثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِىْ عَمْرَةَ، ثَنِىْ زَيْدُ بنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ:'' خَيْرُ الشُّهَدَاءِ مَنْ أَدَّى شَهَادَتَهُ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلَهَا '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: اس حدیث کی سند پر امام ترمذی رحمہ اللہ نے لمبی بحث کی ہے، اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ حدیث امام مالک رحمہ اللہ سے معن بن عیسیٰ قزّاز روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت زید بن خالد جہنیؓ سے روایت کرنے والے راوی کا نام ابوعمرۃ انصاری بتاتے ہیں، مگر یہ نام صحیح نہیں، امام مالکؒ کے دوسرے شاگرد عبداللہ بن مسلمہؒ اس راوی کے نام میں ''ابن'' بڑھاتے ہیں، یہی صحیح نام ہے، اور ابوعمرۃ کے لڑکے کا نام عبدالرحمٰن ہے، حضرت زیدؓ سے عبدالرحمٰن یہ حدیث روایت کرتے ہیں، کیونکہ امام مالکؒ کے علاوہ دیگر روات سے بھی یہ حدیث مروی ہے اور وہ عبدالرحمٰن کے نام کی صراحت کرتے ہیں۔

البتہ یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ ابوعمرۃ جو حضرت زیدؓ کے آزاد کردہ ہیں وہ بھی حضرت زیدؓ سے مالِ غنیمت میں خیانت کی حدیث روایت کرتے ہیں جس کی تخریج ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ اور امام احمدؒ نے کی ہے کہ جنگ خیبر کے موقع پر ایک صاحب کا انتقال ہوا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: صَلُّوْا علی صاحبکم: اپنے آدمی کی نماز پڑھ لو، یعنی نبی ﷺ نے جنازہ پڑھنے سے انکار کیا۔ لوگوں کو حیرت ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: إنَّ صاحبَکم غَلَّ فی سبیل اللہ: تمہارے آدمی نے مالِ غنیمت میں خیانت کی ہے، چنانچہ اس کا سامان چیک کیا گیا تو اس کے سامان میں چند مہرے

ملے، جو دو درہم کی مالیت کے بھی نہیں تھے، یہ حدیث ابو عمرۃ حضرت زیدؓ سے روایت کرتے ہیں مگر باب کی حدیث ان کے لڑکے عبدالرحمٰن حضرت زیدؓ سے روایت کرتے ہیں، پھر حدیث (۲۲۹۲) پیش کی ہے جس کی سند میں امام مالک نہیں ہیں، اس سند سے یہ حدیث ابو عمرۃ کے لڑکے عبدالرحمٰن حضرت زیدؓ سے روایت کرتے ہیں، پس صحیح بات یہی ہے کہ اس حدیث کے راوی عبدالرحمٰن ہیں، ان کے والد نہیں ہیں۔

بابُ ماجاء في مَنْ لاتَجُوْزُ شَهَادَتُهُ

کن لوگوں کی گواہی مقبول نہیں؟

سورۃ البقرہ آیت ۲۸۲ میں گواہوں کے تعلق سے ارشادِ پاک ہے: ﴿مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ﴾ یعنی گواہ ایسے ہونے چاہئیں جن کو تم پسند کرتے ہو، اور گواہوں کی پسندیدگی ان کی چند خوبیوں کی وجہ سے ہوتی ہے، مثلاً عقلمند ہونا، پوری عمر کا ہونا، معاملہ فہم ہونا، قوت گویائی کا مالک ہونا، مسلمان ہونا (جبکہ مدعی علیہ مسلمان ہو) دیندار ہونا، با مروت ہونا اور متہم نہ ہونا وغیرہ۔

اور گواہوں کے معتبر ہونے کے لئے یہ اوصاف اس لئے ضروری ہیں کہ ہر خبر فی نفسہ صدق و کذب کا احتمال رکھتی ہے یعنی ان کی بتلائی ہوئی بات سچی بھی ہوسکتی ہے اور جھوٹی بھی، پس کسی قرینہ ہی سے کسی ایک احتمال کو ترجیح حاصل ہوگی، اور قرینہ یا تو خبر دینے والے میں ہوگا یا بیان کی ہوئی بات میں یا ان کے علاوہ میں، مگر مخبر کی صفات کے علاوہ دوسری کوئی ایسی چیز متعین نہیں کہ جس پر فیصلۂ شرعی کا مدار رکھا جائے اس لئے گواہی کے مقبول ہونے کے لئے مذکورہ صفات کو شرط قرار دیا گیا ہے، پس جو گواہ فاسق و فاجر ہو یعنی کبیرہ گناہوں کا ارتکاب کرتا ہو یا وہاں مظنۂ تہمت ہو کہ وہ جنبہ داری میں یا عداوت میں جھوٹی گواہی دے رہا ہے تو ایسے گواہ کی گواہی شرعاً معتبر نہیں۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گواہی معتبر نہیں:

۱- امانت میں خیانت کرنے والے مرد وزن کی، کیونکہ خیانت کرنے والا دیندار نہیں رہتا، پھر جو امانتوں میں خیانت کرسکتا ہے وہ گواہی میں بھی خیانت کرسکتا ہے۔

۲- اور نہ ایسے مرد کی اور نہ ایسی عورت کی گواہی معتبر ہے جن کو کسی حد میں کوڑے لگائے گئے ہوں، کیونکہ حد: کبیرہ گناہوں ہی پر لگائی جاتی ہے جیسے شراب پینا، زنا کرنا، یا کسی پر زنا کی تہمت لگانا، اور یہ سب کبیرہ گناہ ہیں، پس ایسا شخص فاسق ہوجاتا ہے اس لئے اس کی گواہی معتبر نہیں۔

فائدہ: یہ حکم توبہ سے پہلے کا ہے۔ اگر ایسا شخص جس کو حد میں کوڑے لگائے گئے ہیں سچی پکی توبہ کرلے اور اس کی توبہ پر لوگوں کو اطمینان ہوجائے تو پھر اس کی گواہی قبول کی جائے گی، البتہ جس پر حد قذف جاری ہوئی ہے اس

کی گواہی توبہ کے بعد قبول کی جائے گی یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ ردّ شہادت اس کی سزا کا جز ہے، اور دیگر ائمہ کے نزدیک توبہ کے بعد اس کی شہادت قبول کی جائے گی، اور اس مسئلہ کا تعلق درحقیقت سورۃ النور آیت ۴ و ۵ سے ہے: ﴿إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا﴾ کا استثناء صرف ﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾ سے ہے یا ﴿لَاتَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا﴾ سے بھی ہے؟ اس میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک صرف ﴿أُوْلٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُوْنَ﴾ سے ہے اور دیگر ائمہ کے نزدیک ﴿لَاتَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا﴾ سے بھی ہے۔

۳۔ اور عداوت کی بنا پر عداوت والے کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی، غِمْر کے معنی ہیں: عداوت، کینہ، یہی معنی إِحْنَةٌ کے بھی ہیں، بلکہ حِنَةٌ کے بھی یہی معنی ہیں، اور لام اجلیہ ہے یعنی عداوت والے کی گواہی بر بنائے عداوت قبول نہیں کی جائے گی، جن دو شخصوں میں پرانی عداوت چلی آرہی ہو، ان میں سے ایک کی گواہی دوسرے کے خلاف قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ یہ تہمت کی جگہ ہے، ممکن ہے وہ عداوت کی وجہ سے غلط گواہی دے رہا ہو۔

فائدہ: یہ حدیث دیگر کتابوں میں، بلکہ ترمذی کے مصری نسخہ میں بھی اس طرح ہے: ولا ذی غِمْرٍ لِأَخیه: یعنی عداوت رکھنے والے کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی اس کے اس مسلمان بھائی کے خلاف جس سے اس کو عداوت ہے اور ترمذی کے ہندی نسخہ میں ہے: ولا ذی غِمْرٍ لِإِحْنَةٍ اور مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے۔

۴۔ اور نہ اس شخص کی گواہی قبول کی جائے گی جس کی جھوٹی گواہی کا تجربہ کیا جاچکا ہو، مُجَرَّب: اسم مفعول: تجربہ کیا ہوا، اور شَهَادَةٌ کے بعد کاذبةٌ پوشیدہ ہے، یعنی جس کے بارے میں ثابت ہو چکا ہو کہ اس نے کسی معاملہ میں جھوٹی گواہی دی ہے، تو اب اس کی کسی معاملہ میں گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

۵۔ اور نہ کسی خاندان کے تابع (طفیلی) کی گواہی اس خاندان کے حق میں قبول کی جائے گی، کیونکہ اس میں بھی تہمت کا احتمال ہے، چونکہ اس کی روزی روٹی اس گھر کے ساتھ وابستہ ہے، اس لئے ممکن ہے وہ ان کی طرف داری کرے اور جھوٹی گواہی دے۔

فائدہ: یہ حدیث ترمذیؒ سے جامع الاصول میں نقل ہوئی ہے، وہاں لِأَهْل ہے، میں نے متن میں لام وہاں سے بڑھایا ہے، ہمارے نسخہ میں لام نہیں ہے، یہ کاتب کی غلطی ہے۔

۶۔ اور نہ اس شخص کی گواہی معتبر ہے جو ولاء میں یا رشتہ داری میں متہم ہے، ظَنِیْن: کے معنی ہیں: متہم، اور ولاء: اس تعلق کا نام ہے جو آزاد کرنے والے اور آزاد شدہ کے درمیان قائم ہوتا ہے، پس جو شخص ولاء میں متہم ہے یعنی اپنا انتساب اس شخص کی طرف نہیں کرتا جس نے اس کو آزاد کیا ہے بلکہ کسی اور کی طرف نسبت کرتا ہے اور لوگ یہ بات جانتے ہیں، یا جو شخص اپنے باپ کی طرف اپنا انتساب نہیں کرتا بلکہ غیر باپ کی طرف اپنے کو منسوب کرتا ہے اور لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ یہ شخص جس کی طرف اپنی نسبت کرتا ہے وہ اس کا باپ نہیں ہے تو ایسے دونوں شخصوں کی گواہی

معتبر نہیں، کیونکہ یہ غلط انتساب کبیرہ گناہ ہے، اس لئے وہ دین دار باقی نہیں رہا، نیز جو ایسا فریب کرسکتا ہے وہ گواہی میں بھی فریب کرسکتا ہے، اس لئے اس کی گواہی معتبر نہیں۔

تشریح:

۱- حدیث کے راوی مروان بن معاویہ فزاریؒ نے قانع کے معنی تابع کے کئے ہیں، یعنی وہ شخص جو کسی فیملی کا طفیلی ہو وہیں کھاتا پیتا اور پڑا رہتا ہو تو وہ قانع ہے۔

۲- امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے یعنی ضعیف ہے، کیونکہ اس کا ایک راوی یزید بن زیاد دمشقی متروک راوی ہے، مگر ابوداؤد (حدیث ۳۶۰۰) میں یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے جس کا امام ترمذیؒ نے حوالہ دیا ہے اور اس میں کوئی کلام نہیں، پس یہ حدیث قابل استدلال ہے، اور حسن کے درجہ سے فروتر نہیں (فتح القدیر ۶: ۴۷۸)

۳- پھر امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حدیث کا آخری جزء ہماری سمجھ میں نہیں آیا، یعنی آزاد شدہ کی اور رشتہ دار کی گواہی بر بنائے تہمت قبول نہیں کی جائے گی، یہ بات سمجھ میں نہیں آئی، کیونکہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک رشتہ داری قبول شہادت کے لئے مطلقاً مانع نہیں، پس رشتہ دار کی گواہی بر بنائے تہمت قبول نہیں کی جائے گی، یہ بات کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟ حالانکہ حدیث کا مطلب وہ ہے جو اوپر بیان کیا گیا کہ جو شخص غیر آقا کی طرف اپنی نسبت کرتا ہے یا غیر باپ سے نسب جوڑتا ہے اور لوگ اس کی اس حرکت سے واقف ہیں تو اس کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی، کیونکہ یہ غلط انتساب کبیرہ گناہ ہے۔ غرض حدیث میں مطلق رشتہ دار مراد نہیں، بلکہ نسب میں متہم کی گواہی کے مردود ہونے کا بیان ہے۔

۴- اس کے بعد امام ترمذیؒ نے یہ بات بیان فرمائی ہے کہ رشتہ دار ہونا گواہی میں مانع نہیں، بھائی کی بھائی کے لئے گواہی بالاتفاق معتبر ہے۔ البتہ ماں باپ کی گواہی اولاد کے لئے یا اولاد کی گواہی ماں باپ کے لئے معتبر ہے یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے: حنفیہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک معتبر نہیں، کیونکہ مظنۂ تہمت ہے، اور امام شافعیؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ اگر گواہ عادل ہو تو گواہی قبول کی جائے گی، اور بھائی کی بھائی کے حق میں بالاتفاق گواہی معتبر ہے، اسی طرح دیگر رشتہ داروں کی گواہی بھی قبول کی جائے گی۔

۵- پھر امام شافعی رحمہ اللہ کا قول ذکر کیا ہے کہ ایسے دو شخص جن کے درمیان عداوت ہے ان میں سے ایک کی دوسرے کے خلاف گواہی قبول نہیں کی جائے گی، اور امام شافعی رحمہ اللہ نے عبدالرحمٰن اعرج کی ایک مرسل روایت سے استدلال کیا ہے کہ عداوت والے کی گواہی مقبول نہیں، یہ روایت سنن بیہقی میں ہے، اور باب کی روایت بھی اس کی دلیل ہے کہ عداوت والے کی گواہی مقبول نہیں، اور یہ مسئلہ اتفاقی ہے، اس میں کوئی اختلاف نہیں۔

[۲- بابُ ماجاء فِيْمَنْ لاتَجُوْزُ شَهَادَتُهُ]

[۲۲۹۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ،عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"لَاتَجُوْزُ شَهَادَةُ خَائِنٍ وَلَا خَائِنَةٍ، وَلَا مَجْلُوْدٍ حَدًّا وَلَا مَجْلُوْدَةٍ، وَلَاذِيْ غِمْرٍ:لِإِحْنَةٍ، وَلَا مُجَرَّبِ شَهَادَةٍ، وَلَا الْقَانِعِ لِأَهْلِ الْبَيْتِ لَهُمْ، وَلَا ظَنِيْنٍ فِيْ وَلَاءٍ، وَلَا قَرَابَةٍ"

قَالَ الْفَزَارِيُّ: الْقَانِعُ: التَّابِعُ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بنِ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيِّ، وَيَزِيْدُ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، وَلَا يُعْرَفُ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِهِ. وَفِي الباب عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

وَلَا نَعْرِفُ مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَلَا يَصِحُّ عِنْدَنَا مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ، وَالْعَمَلُ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا: أَنَّ شَهَادَةَ الْقَرِيْبِ جَائِزَةٌ لِقَرَابَتِهِ.

وَاخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ شَهَادَةِ الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ، وَالْوَلَدِ لِلْوَالِدِ: فَلَمْ يُجِزْ أَكْثَرُ أَهْلِ الْعِلْمِ شَهَادَةَ الْوَلَدِ لِلْوَالِدِ، وَلَا الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا كَانَ عَدْلًا، فَشَهَادَةُ الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ جَائِزَةٌ، وَكَذٰلِكَ شَهَادَةُ الْوَلَدِ لِلْوَالِدِ.

وَلَمْ يَخْتَلِفُوْا فِيْ شَهَادَةِ الْأَخِ لِأَخِيْهِ: أَنَّهَا جَائِزَةٌ، وَكَذٰلِكَ شَهَادَةُ كُلِّ قَرِيْبٍ لِقَرَابَتِهِ.

وَقَالَ الشَّافِعِيُّ:لَايَجُوْزُ شَهَادَةُ الرَّجُلِ عَلَى الْآخَرِ،وَإِنْ كَانَ عَدْلًا، إِذَا كَانَ بَيْنَهُمَا عَدَاوَةٌ، وَذَهَبَ إِلَى حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلًا:" لَايَجُوْزُ شَهَادَةُ صَاحِبِ حِنَةٍ" يَعْنِيْ صَاحِبَ عَدَاوَةٍ، وَكَذٰلِكَ مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ، حَيْثُ قَالَ: "لَاتَجُوْزُ شَهَادَةُ صَاحِبِ غِمْرٍ" يَعْنِيْ صَاحِبَ عَدَاوَةٍ.

بابُ ماجاءَ فی شَهَادَةِ الزُّوْرِ

جھوٹی گواہی پر وعید (پہلا باب)

پہلے أبواب البر والصلة، باب عقوق الوالدین میں یہ روایت گذری ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: کیا میں آپ لوگوں کو بڑے گناہوں میں سے بڑا گناہ نہ بتلاؤں؟ صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، ماں باپ کی نافرمانی کرنا، اور جھوٹی گواہی دینا" یا فرمایا: "جھوٹ بولنا" راوی کہتے ہیں: نبی ﷺ یہ بات برابر دوہراتے رہے یہاں تک کہ ہم نے (دل میں) کہا: کاش آپؐ

خاموش ہوجاتے! (تفصیل ابواب البر والصلۃ باب ۴ میں گذر چکی ہے)

دوسری حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تقریر فرمائی جس میں ارشاد فرمایا: ''لوگو! جھوٹی گواہی اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے برابر گردانی گئی ہے'' پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ الحج کی آیت ۳۰ پڑھی: ﴿فَاجْتَنِبُوْا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾ یعنی تم لوگ گندگی سے یعنی بتوں سے کنارہ کش رہو، اور جھوٹی بات سے بھی کنارہ کش رہو (یہ دو باتیں واو عاطفہ کے ساتھ بیان کی گئی ہیں جو مطلق جمع کے لئے ہے، پس دونوں گناہ تقریباً یکساں ہوئے، کیونکہ معطوف معطوف علیہ میں اشتراک ہوتا ہے اور اشراک باللہ کے گناہ کی سنگینی ہر شخص جانتا ہے، پس جان لینا چاہئے کہ جھوٹی گواہی بھی اتنا ہی بڑا گناہ ہے)

تشریح: یہاں مصری نسخہ میں ایک حدیث کا اضافہ ہے، سند کی بحث سمجھنے کے لئے اس کا تذکرہ ضروری ہے، وہ حدیث یہ ہے: حدثنا عبد بن حُميد، ثنا محمد بنُ حُميد، ثنا سفيان — وهو ابن زياد العُصْفريُّ — عن أبيه، عن حبيب بن النعمانِ الأسديِّ، عن خُريم بن فَاتِك الأسدى: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم صَلَّى صلاةَ الصبح، فلما انْصَرفَ قام قَائما، فقال: '' عُدِلَتْ شهادةُ الزُّوْرِ بالشِّرْكِ باللّٰهِ'' ثلاثَ مراتٍ، ثم تَلاَ هذه الآية: ﴿وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾ إلى آخر الآية۔

قال أبو عيسىٰ: هذا عندى أَصَحُّ، وَخُريم بنُ فاتكٍ له صُحْبَةٌ، وقد رَوى عن النبيِّ صلى الله عليه وسلم أحاديثَ، وهو مشهورٌ.

ترجمہ: حضرت خریم اسدیؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز پڑھائی، پھر جب لوگوں کی طرف پھرے تو کھڑے ہوکر تین مرتبہ فرمایا: ''جھوٹی گواہی شرک باللہ کے برابر گردانی گئی ہے'' پھر آپؐ نے مذکورہ آیت تلاوت فرمائی۔

تشریح: ہمارے نسخہ میں بھی سفیان بن زیاد کی روایت ہے، وہ فاتک سے، اور وہ ایمن سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ایمن کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع ہمارے علم میں نہیں، اور مصری نسخہ میں جو روایت ہے وہ بھی اسی سفیان سے مروی ہے، مگر اس کی سند دوسری ہے، اور صحابی کا نام خریم ہے، جو مشہور صحابی ہیں، جن سے متعدد روایتیں مروی ہیں۔ امام ترمذیؒ نے مصری نسخہ میں فرمایا ہے کہ حدیث کی صحیح سند یہی ہے، یعنی یہ حدیث حضرت خریم کی ہے، ایمن کی نہیں ہے۔

[۳– بابُ ماجاءَ فى شَهَادَةِ الزُّوْرِ]

[۲۲۹۴–] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِىْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟'' قَالُوْا: بَلَى يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: '' الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ، أَوْ: قَوْلُ الزُّوْرِ'' قَالَ: فَمَا زَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهَا، حَتَّى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٢٩٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، عَنْ فَاتِكِ بنِ فَضَالَةَ، عَنْ أَيْمَنَ بنِ خُرَيْمٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَامَ خَطِيْبًا، فَقَالَ:" أَيُّهَا النَّاسُ! عُدِلَتْ شَهَادَةُ الزُّوْرِ إِشْرَاكًا بِاللّٰهِ!" ثُمَّ قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿فَاجْتَنِبُوْا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ﴾

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ بنِ زِيَادٍ، وَقَد اخْتَلَفُوْا فِيْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديثِ عَنْ سُفْيَانَ بنِ زِيَادٍ، وَلاَ نَعْرِفُ لِأَيْمَنَ بنِ خُرَيْمٍ سَمَاعًا مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ منه

جھوٹی گواہی پر وعید (دوسرا باب)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے گذر چکی ہے (دیکھیں: أبواب الفتن، باب ماجاء فی القرن الثالث) نبی ﷺ نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ ہیں: جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں (تین مرتبہ مگر پہلے دو ہی مرتبہ آیا ہے) پھر ان کے بعد ایسے لوگ آئیں گے جو پھولیں گے یعنی موٹے ہونگے اور موٹاپے کو پسند کریں گے، وہ گواہی دیں گے اس سے پہلے کہ ان سے گواہی کی درخواست کی جائے۔

تشریح:

۱- یہ امام اعمش رحمہ اللہ کے شاگرد محمد بن فضیل کی روایت ہے، وہ اعمش اور ہلال کے درمیان علی بن مدرک کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور امام اعمش کے دوسرے تلامذہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے، پھر وکیع رحمہ اللہ کی سند لکھی ہے جس میں یہ واسطہ نہیں ہے، پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ محمد بن فضیل کی حدیث سے یہ وکیع کی حدیث اصح ہے۔ (یہ بات پہلے بھی گذری ہے)

۲- اس حدیث میں جھوٹی شہادت کا بیان ہے، اور شہادت کی درخواست کئے جانے سے پہلے شہادت دینے کا مطلب یہ ہے کہ ان کو معاملہ کا گواہ نہیں بنایا گیا، پھر بھی وہ جھوٹی گواہی دینے کے لئے تیار ہیں، اور اس کے لئے بے تاب ہیں۔

اور اس کی دلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وہ حدیث ہے جو پہلے أبواب الفتن باب لزوم الجماعة میں گذری ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے متصل ہیں (دو مرتبہ) پھر جھوٹ پھیل جائے گا یہاں تک کہ آدمی گواہی دے گا درانحالیکہ

وہ گواہ نہیں بنایا گیا یعنی وہ معاملہ کو نہیں جانتا، اور آدمی قسم کھائے گا درانحالیکہ اس کو قسم نہیں کھلائی جائے گی، یعنی بغیر قسم کے مطالبہ کے از خود اقداماً قسم کھائے گا۔ اس حدیث میں یَفْشُوْ الْکَذِبُ: جھوٹ پھیل جائے گا کے بعد گواہی کا تذکرہ قرینہ ہے کہ اس سے جھوٹی گواہی مراد ہے۔

اور ابھی جو حدیث گذری ہے کہ بہترین گواہ وہ ہیں جو گواہی پیش کریں درخواست کئے جانے سے پہلے، اس سے مراد وہ شخص ہے جو کسی معاملہ میں گواہ ہو، پس وہ گواہی دینے سے انکار نہ کرے تو وہ بہترین گواہ ہے، علماء کے نزدیک اس حدیث کا یہی مطلب ہے۔

[٤– بابٌ منه]

[٢٢٩٦–] حدثنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، نَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ مُدْرِكٍ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ — ثَلاَثًا — ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ مِنْ بَعْدِهِمْ يَتَسَمَّنُوْنَ، وَيُحِبُّوْنَ السِّمَنَ، يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلُوْهَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ مُدْرِكٍ، وأَصْحَابُ الْأَعْمَشِ إِنَّمَا رَوَاهُ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ.

حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ هِلاَلِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ فُضَيْلٍ.

وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: " يُعْطُوْنَ الشَّهَادَةَ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلُوْهَا": إِنَّمَا يَعْنِي شَهَادَةَ الزُّوْرِ، يَقُوْلُ: شَهَادَةُ أَحَدِهِمْ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُسْتَشْهَدَ.

وَبَيَانُ هٰذَا: فِيْ حَدِيْثِ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُوْ الْكَذِبُ، حَتَّى يَشْهَدَ الرَّجُلُ وَلاَ يُسْتَشْهَدَ، وَيَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلاَ يُسْتَحْلَفَ"

وَمَعْنَى حَدِيْثِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: قَالَ:" خَيْرُ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَأْتِيْ بِشَهَادَتِهِ قَبْلَ أَنْ يُسْأَلَهَا:" هُوَ: إِذَا اسْتُشْهِدَ الرَّجُلُ عَلَى الشَّيئِ: أَنْ يُؤَدِّيَ شَهَادَتَهُ، وَلاَ يَمْتَنِعَ مِنَ الشَّهَادَةِ، هٰكَذَا وَجْهُ الْحَدِيْثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ.

لغات: فَشَا يَفْشُوْ فَشْوًا وَفُشُوًّا: ظاہر ہونا، پھیلنا، عام ہونا ...... اسْتَشْهَدَ: گواہ بنانا ...... اسْتَحْلَفَ: قسم کھلانا، حلف اٹھوانا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الزُّهْدِ

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

دنیا سے بے رغبتی کا بیان

زَهِدَ فیه، وعنه(س) زُهْدًا وَزَهَادَةً کے معنی ہیں: کسی چیز کو حقارت سے، یا بے رغبتی سے، یا اس سے پریشانی کی بنا پر چھوڑ دینا، اس سے الگ ہوجانا۔ اور زَهِدَ فی الدنیا کے معنی ہیں: دنیا سے بے رغبت ہونا، حلال چیزوں کو محاسبہ کے خوف سے، اور حرام چیزوں کو مؤاخذہ کے اندیشہ سے چھوڑ دینا۔

اور ایک دوسرا لفظ: الرِّقَاق (بکسر الراء) ہے یہ الرَّقِیْق (بفتح الراء) کی جمع ہے اس کے لغوی معنی ہیں: باریک، لطیف، اور اصطلاحی معنی ہیں: وہ باتیں جو دل کو نرم کریں، جن کی وجہ سے دل میں دنیا کی بے رغبتی پیدا ہو اور آخرت کی یاد تازہ ہو، پس زُہد اور رِقاق متقارب المعنی ہیں، چنانچہ حدیث کی کتابوں میں کہیں زہد کا عنوان قائم کرتے ہیں اور کہیں رقاق کا، امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہاں أبواب الزهد کا عنوان قائم کیا ہے، اور آگے أبوابُ صفةِ القیامة والرقائق والورع کا عنوان قائم کیا ہے۔ الرَّقائق: الرقیقة کی جمع ہے، جو الرَّقیق کا مؤنث ہے۔

اور ابن المبارک رحمہ اللہ نے اپنی کتاب: کتابُ الزهد والرِّقاق میں اور امام مسلم رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں دونوں کو جمع کیا ہے، وہ دونوں بابوں کی حدیثیں ایک ساتھ لائے ہیں، پس زہد کی روایات وہ ہیں جن سے آدمی کا دل دنیا سے اکھڑتا ہے، اور رقاق کی روایتیں وہ ہیں جن سے دل میں نرمی پیدا ہوتی ہے، آخرت یاد آتی ہے، اور عمل کا داعیہ ابھرتا ہے۔

اس کے بعد پانچ باتیں جاننی چاہئیں:

پہلی بات: مال بری چیز نہیں، البتہ ضروری ہے کہ مال حلال ذرائع سے حاصل کیا جائے، اگر ناجائز طریقہ سے مال حاصل کیا جائے گا تو وسائل کا خُبث مال میں آجائے گا اور وہ مال برا ہوجائے گا، رہا حلال مال تو وہ قطعاً شریعت کی نظر میں برا نہیں، قرآن کریم نے صرف دو چیزوں کو ''لوگوں کا سہارا'' قرار دیا ہے: ایک: بیت اللہ کو، دوسرے: مال کو۔

سورۃ المائدہ آیت ۹۷ میں کعبہ شریف کے تعلق سے ارشادِ پاک ہے:﴿جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو جو کہ ادب کی جگہ ہے لوگوں کے قائم رہنے کا سبب قرار دیا ہے، یعنی اس کی بقاء تک عالم کا بقاء مقدر ہے، چنانچہ جب کفار اس کو منہدم کردیں گے تو جلد ہی قیامت آجائے گی، اور سورۃ النساء آیت ۵ میں مال کے تعلق سے ارشادِ پاک ہے:﴿وَلاَ تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا﴾ یعنی تم کم عقلوں (یتیموں) کو ان کے وہ مال مت دو جن کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ''مایۂ زندگی'' بنایا ہے، یعنی زندگی مال کے سہارے قائم رہتی ہے، آدمی کے پاس مال ہو تو وہ سر ابھار کر چلتا ہے، ورنہ سگنل ڈاؤن ہوجاتا ہے۔

اسی طرح قرآن وحدیث میں مال اڑانے کی ممانعت فرمائی گئی ہے، مال کو خرچ کرنے کی ترغیب دیتے ہوئے اسراف کی ممانعت کی ہے۔سورۃ الاعراف آیت ۳۱ میں ہے:﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلاَ تُسْرِفُوْا إِنَّهُ لاَيُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ﴾ یعنی کھاؤ، پیو اور اسراف مت کرو، اللہ تعالیٰ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ اور سورۂ بنی اسرائیل (آیات ۲۶-۳۰) میں ارشادِ پاک ہے:''اور رشتہ دار کو اس کا حق دو، اور محتاج کو اور مسافر کو، اور مال کو بے موقع مت اڑاؤ (کیونکہ) بے موقع مال اڑانے والے شیطانوں کے بھائی بند ہیں، اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے، اور اگر اپنے پروردگار کی طرف سے جس رزق کے آنے کی امید ہو اس کے انتظار میں اگر تم کو رشتہ داروں سے پہلو تہی کرنی پڑے تو ان سے نرم بات کہو، اور اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھ مت لو، یعنی غایتِ بخل سے بالکل ہی ہاتھ روک مت لو، اور نہ بالکل ہی ہاتھ کھول دو، ورنہ الزام خوردہ، تہی دست ہوکر بیٹھ رہوگے، آپ کے پروردگار یقیناً جس کے لئے چاہتے ہیں رزق زیادہ کرتے ہیں، اور رزق میں تنگی کرتے ہیں، وہ اپنے بندوں کے احوال سے بخوبی واقف ہیں، اور ان کو اچھی طرح دیکھ رہے ہیں''

ان آیاتِ پاک کا حاصل بھی یہی ہے کہ مال سوچ سمجھ کر خرچ کیا جائے، بے موقع نہ اڑایا جائے، نیز مال پر سانپ بن کر نہ بیٹھا جائے، بلکہ رشتہ داروں اور غریبوں کے حقوق حسبِ استطاعت دیئے جائیں۔

دوسری بات: مال صرف اس دنیا ہی میں کارآمد نہیں، بلکہ دوسری دنیا بنانے میں اور اس کو سنوارنے میں بھی اہم رول ادا کرتا ہے۔حدیث میں ہے کہ غریب صحابہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے اور انھوں نے عرض کیا کہ مالدار صحابہ ہم سے آگے نکلے جارہے ہیں، آپؐ نے پوچھا: کیا بات ہوئی؟ انھوں نے عرض کیا: ہم جو نمازیں پڑھتے ہیں وہ بھی پڑھتے ہیں اور وہ ہماری طرح روزہ بھی رکھتے ہیں اور اللہ نے ان کو مال دیا ہے جس میں سے وہ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں، اس طرح وہ ہم سے آگے نکلے جارہے ہیں۔

مگر لوگوں کا عمومی حال یہ ہے کہ وہ مال دنیا کی آسائش کے لئے یا ناموری کے لئے خرچ کرتے ہیں، دوسری دنیا کو آباد کرنے کے لئے اور اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے مال خرچ کرنے والے بہت کم ہیں، اس لئے

ضروری تھا کہ لوگوں کو اس سے واقف کیا جائے اور ان کی توجہ اس طرف مبذول کی جائے کہ وہ لوجہ اللہ مال خرچ کریں، تا کہ ان کی آخرت آباد ہو، أبوابُ الزهد والرِّقَاق کی حدیثوں میں یہ پہلو خاص طور پر ملحوظ ہے۔

تیسری بات: دنیا کی زینت کفر سے ہے اور آخرت کی زینت ایمان سے ہے، یعنی جو لوگ آخرت کو سرے سے مانتے ہی نہیں، یا جیسا ماننا چاہئے نہیں مانتے ان کی کوششیں اور محنتیں دنیا کے پیچھے ضائع ہوتی ہیں، وہی دنیا میں بڑی بڑی بلڈنگیں بناتے ہیں، جلب منفعت کے لئے نئی نئی چیزیں ایجاد کرتے ہیں اور اس طرح دنیا کو آباد کرتے ہیں مگر آخرت کو ویران کرتے ہیں، وہ آخرت کے لئے کوئی سامان نہیں کرتے۔ اور جو لوگ آخرت پر صحیح ایمان رکھتے ہیں، وہ آخرت کو بھی آباد کرنے کی کوشش کرتے ہیں، کیونکہ وہ حقیقی اور ابدی زندگی ہے، یہ دنیا تو چندروزہ ہے، اس میں گاڑی کسی بھی طرح چل جاتی ہے، آرام سے بھی اور تنگی سے بھی، مگر آخرت کی زندگی سنوارنے کے لئے محنت درکار ہے، محنت کے بغیر آخرت آباد نہیں ہوسکتی۔

اور دنیا چونکہ عاجل (پیش نظر) ہے اور مال کی محبت فطری امر ہے اس لئے کبھی مؤمن بھی دنیا کا ہو کر رہ جاتا ہے اس لئے ضروری تھا کہ اس کو بار بار چوکنا کیا جائے اور اس کو یاد دلایا جائے کہ وہ اپنی تمام تر سعی دنیا کے پیچھے ضائع نہ کرے، اور جو مال ومتاع اس کو میسر آئے اس کو عیش وعشرت میں خرچ نہ کرے، بلکہ دنیا کے جھمیلوں سے زیادہ سے زیادہ وقت بچا کر آخرت کی فکر کرے، اور اپنے مال سامان کو وجوہِ خیر میں خرچ کر کے اپنی آخرت آباد کرے، زہد ورقاق کی حدیثوں کا بنیادی مقصد یہی ذہن بنانا ہے۔

چوتھی بات: قرونِ متوسطہ میں جب تصوف میں عجمی اثرات درآئے تو صوفیا میں یہ خیال قوت پکڑ گیا کہ دنیا فی نفسہ بری چیز ہے، اس لئے دنیا کی طرف مطلق التفات نہیں چاہئے، پھر کچھ لوگ تو صحیح رہے، وہ فاقہ مستی کے ساتھ عبادتوں میں مشغول رہے، مگر زیادہ تر لوگ ظاہرداری سے کام لیتے رہے، بظاہر تارک الدنیا بنے رہے مگر در پردہ سب کچھ کرتے رہے، وہ لوگ عیش وعشرت کی زندگی گذارتے تھے، جیسے سادھوسنتوں اور راہبوں کی یہی صورتِ حال ہے، وہ بظاہر زاہد ہیں مگر حقیقت میں سب کچھ کرتے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی جان لینی چاہئے کہ صحیح مذہب کی تعلیمات فطرت کے تقاضوں کے خلاف نہیں ہوسکتیں، اسلام برحق دین ہے اس کی کوئی تعلیم فطری تقاضوں کو دباتی نہیں، بلکہ ان کے لئے جائز راہیں تجویز کرتی ہے، اور اس کے ساتھ آنے والی زندگی کو آباد کرنے کی بھی تعلیم دیتی ہے، صحابہ کرام میں بڑے بڑے مالدار بھی ہوئے ہیں، اگر مال فی نفسہ بری چیز ہوتی تو وہ حضرات مال کیوں کماتے؟ اور اپنے پاس کیوں رکھتے؟ بعد کے بزرگوں کا بھی یہی حال تھا۔ امام اعظم ابوحنیفہ، پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانی اور خواجہ عبیداللہ احرار رحمہم اللہ کے واقعات پہلے میں نے بیان کئے ہیں، ان حضرات کے پاس بڑی دولت تھی، اور وہ اس دولت کو خوب وجوہ خیر میں خرچ کرتے تھے، پس تصوف میں جو

یہ عام خیال پایا جاتا ہے کہ ''دنیا مطلقاً بری ہے'' یہ خیال صحیح نہیں، دنیا تو آخرت کی کھیتی ہے، یہاں جو بویا ہے وہی آخرت میں کاٹنا ہے، اور کھیتی کے سہارے زندگی گذرتی ہے، پس کھیتی فی نفسہ بری کیسے ہوسکتی ہے؟ اس لئے صحیح نظریہ: در کفے جامِ شریعت، در کفے سندانِ عشق ہے، نہ تو دنیا کی طرف اتنا ڈھل جائے کہ دنیا ہی کا ہوکر رہ جائے، اس کو فرائض کی ادائیگی کی بھی فرصت نہ ملے، اور نہ اس طرح آخرت کا ہوکر رہ جائے اور دنیا سے ہاتھ جھاڑ لے کہ اس کے متعلقین پریشان ہوجائیں، اور دوسروں کے دست نگر بن جائیں، ایسی زندگی بھی اسلامی تعلیمات کی رو سے صحیح نہیں۔

پانچویں بات: ناداری کی دو صورتیں ہیں: اختیاری اور اضطراری۔ اختیاری ناداری پسندیدہ چیز ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: الفَقْرُ فَخْرِیْ: غریبی میرے سر کا تاج ہے، مگر یہ مقام ہر کسی کا حصہ نہیں، ایک لاکھ نیک بندوں میں سے کسی ایک ہی کو یہ مقام میسر آتا ہے، اور اضطراری (نہ چاہتے ہوئے) غریبی بہت بری چیز ہے۔ حدیث شریف میں ہے: کَادَ الْفَقْرُ أن یکون کفراً: محتاجگی کے ڈانڈے کفر سے ملے ہوئے ہیں، یعنی غریبی کی وجہ سے آدمی مرتد بھی ہوسکتا ہے، آئے دن ایسے واقعات پیش آتے رہتے ہیں، اس لئے اسلام نے کمانے کو فرض کیا ہے، حدیث میں ہے: کَسْبُ الحلال فریضةٌ بعد الفریضة: یعنی جب آدمی اول نمبر کے فرائض سے فارغ ہوجائے تو حلال روزی کمانا فرض ہے، اس کے علاوہ کمانے کی ترغیب کے سلسلہ میں بہت روایات ہیں، کیونکہ جب آدمی کے پاس اندوختہ ہوگا تو وہ کسی کا دست نگر نہیں ہوگا، اور نہ شیطان اس کی متاع ایمانی پر ڈاکہ ڈالے گا، زہد کے سلسلہ میں جو روایات آرہی ہیں ان کو پڑھتے ہوئے اس نکتہ کو بھی خاص طور پر ملحوظ رکھنا چاہئے۔

بابٌ: الصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ: نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ

تندرستی اور فارغ بالی دو ایسی نعمتیں ہیں: جن میں اکثر لوگ دھوکہ خوردہ ہیں

لوگ دنیا کے کاموں میں چست ہوتے ہیں، تندرستی میں خوب محنت کرتے ہیں، فرصت کے لمحات سے فائدہ اٹھاتے ہیں اور مشغولیت کے زمانہ کا خیال کرکے پہلے ہی کاموں کو نمٹاتے ہیں، مگر دین کے تعلق سے اور آخرت کی تیاری کے معاملہ میں لوگ ان باتوں کا خیال نہیں کرتے، بلکہ معاملہ الٹا ہوجاتا ہے۔ تندرستی کے زمانہ میں سوچتے ہیں: ابھی عیش کرلیں، جب بوڑھے ہوجائیں گے تو دین کے کاموں میں لگ جائیں گے۔ اسی طرح فرصت کے لمحات بھی ضائع کردیتے ہیں، پھر جب مشغولیت کا زمانہ آتا ہے تو کفِ افسوس ملتے ہیں، طلبہ کا حال بھی اس سے کچھ مختلف نہیں، طالب علمی کا زمانہ تندرستی اور فراغ بالی کا زمانہ ہے جسے وہ لاابالی پن میں گذار دیتے ہیں، پھر جب شادی ہوجاتی ہے، اولاد ہوجاتی ہے، کاروباری مشغولیت بڑھ جاتی ہے تو افسوس کرتے ہیں کہ ہائے ہم نے طالب علمی کی زندگی ضائع کردی، کاش ہم اس کو کارآمد بناتے، پس پہلے ہی ہوش میں آجانا چاہئے تاکہ بعد از وقت پچھتانا نہ پڑے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فیهما کثیرٌ مِنَ النَّاسِ : الصِّحَّۃُ و الْفَرَا غُ:دونعمتیں ایسی ہیں جن میں بہت سے لوگ دھوکہ خوردہ ہیں:تندرستی اورفراغ بالی۔

تشریح:نِعْمَتَان: مبتدا ہے اور مَغْبُوْنٌ: خبر ہے، اور الصِّحَّۃُ وَالفرا غ: هما محذوف کی خبر ہیں، اوراگرآپ چاہیں تومبغونٌ کونعمتان کی صفت بنائیں،اس صورت میں الصحۃ والفراغ خبر ہونگے......مَبغونٌ:اسم مفعول ہے اوراسم مفعول فعل مجہول سے بنتا ہے، غُبِنَ فی البیع کے معنی ہیں: کاروبار میں دھوکا دیا ہوا، خفیہ طور پرنقصان پہنچایا ہوا، پس مَبغونٌ کے معنی ہیں: دھوکا خوردہ، ٹھگ لیا گیا......اورتندرستی کا مفہوم واضح ہےاورفراغ سے فرصت کے لمحات مراد ہیں، حضرت عمررضی اللہ عنہ کا مشہورارشاد ہے:تَعَلَّمُوْا قَبْلَ أَنْ تُسَوَّدُوْا:علم حاصل کرو،اس سے پہلے کہ سردار بنائے جاؤ،یعنی تمہیں کام سپرد ہوجائیں،گھر کی مشغولیت بڑھ جائے اورکاروبار میں پھنس جاؤاس سے پہلے جوتمہیں فرصت کے لمحات میسر ہیں ان کوغنیمت جانواوران میں علم حاصل کرلو،پھر موقع نہیں ملے گا۔

غرض یہ حدیث دین اورآخرت کے معاملات سے متعلق ہےاس میں لوگ دھوکا کھاتے ہیں،اسی لئے یہ حدیث ابواب الزہدمیں لائے ہیں،اور یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، بخاری شریف (حدیث ۶۴۱۲) میں ہے۔

[۱– بابٌ: الصِّحَّۃُ وَالْفَرَا غُ: نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا کَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ]

[۲۲۹۷–] حدثنا صَالِحُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسُوَیْدُ بنُ نَصْرٍ، قَالَ صَالِحٌ: ثَنَا، وَقَالَ سُوَیْدٌ: أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَعِیْدِ بنِ أَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا کَثِیْرٌ مِنَ النَّاسِ: الصِّحَّۃُ وَالْفَرَا غُ"

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا یَحْیىَ بنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ سَعِیْدِ بنِ أَبِیْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

وفی الباب: عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَرَوَاهُ غَیْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَعِیْدِ بنِ أَبِیْ هِنْدٍ، وَرَفَعُوْهُ، وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَعِیْدِ بنِ أَبِیْ هِنْدٍ.

بابٌ مَنِ اتَّقَی الْمَحَارِمَ فَهُوَ أَعْبَدُ النَّاسِ

ممنوعات سے پرہیز کرنا بڑی عبادت ہے

دین کے احکام دوقسموں پر مشتمل ہیں:مأ مور بہ اورمنہی عنہ،یعنی کچھ کاموں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہےاور کچھ کاموں سے روکا گیا ہے، دین کے یہ دونوں ہی حصے اہم ہیں،مگران میں بھی اہم منہیات سے بچنا ہے،اورمأ مورات

پر عمل کرنا اتنا دشوار نہیں جتنا منہیات سے بچنا دشوار ہے، اور مامورات کی ادائیگی سے جس قدر فائدہ پہنچتا ہے منہیات کے ارتکاب سے اس سے زیادہ ضرر پہنچتا ہے۔ اور جلب منفعت سے دفع مضرت مقدم ہے، برتن پر قلعی کرنے سے پہلے اس کو مانجھنا پڑتا ہے، تب جا کر قلعی کھلتی ہے۔ اور ﴿إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ﴾ عام ضابطہ ہے، اس کے تحت یہ بات بھی داخل ہے کہ بعض معاصی نیکیوں کو ختم کر دیتے ہیں، سورۃ الزمر (آیت ۶۵) میں ہے: ﴿لَئِنْ أَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ﴾ اگر آپ شرک کریں گے تو آپ کا سب کیا کرایا غارت ہو جائے گا، اور سورۃ الحجرات (آیت ۲) میں ہے: ﴿وَلَاتَجْهَرُوْا لَهُ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ أَنْ تَحْبَطَ أَعْمَالُكُمْ وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ﴾ یعنی نبی ﷺ کے سامنے ایسے کھل کر مت بولو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے کھل کر بولتے ہو، کبھی تمہارے اعمال برباد ہو جائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو، یعنی اس بے ادبی کے نتیجہ میں کیا کرایا ختم بھی ہو سکتا ہے، ان آیات سے ثابت ہوا کہ بعض گناہ: نیکیوں کو ختم کر دیتے ہیں، اس لئے نیکیوں سے مقدم معاصی سے بچنا ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (ایک دن صحابہ سے) فرمایا: کون ہے جو مجھ سے یہ چند باتیں سیکھ لے، پھر وہ خود ان پر عمل کرے یا وہ باتیں ان لوگوں کو سکھلائے جو ان پر عمل کریں، حضرت ابو ہریرہؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں تیار ہوں، پس آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا اور گن کر پانچ باتیں بتلائیں:

۱- اِتَّقِ الْمَحَارِمَ: تکن أَعْبَدَ النَّاسِ: ناجائز کاموں سے بچو، تم سب سے بڑے عبادت گذار بن جاؤ گے، یعنی اگر کوئی شخص ممنوعات سے پرہیز کرے تو یہ بات نفلی عبادت کی کثرت سے افضل ہے۔ اور حدیث کا یہی جز یہاں مقصود ہے، زُہد (دنیا سے بے رغبتی) کی بنیاد حرام چیزوں سے بچنا ہے، جو بندہ دنیا کی زندگی میں پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہے کسی ناجائز کام کا ارتکاب نہیں کرتا وہ مأمور بہ احکام کی بدرجۂ اولیٰ پیروی کرتا ہے۔ اِتَّقِ: امر واحد مذکر حاضر ہے اتَّقٰی اتِّقَاءً: پرہیز کرنا۔ اور أَعْبَد: أکبر کے وزن پر اسم تفضیل ہے، اور حدیث میں تکُنْ کی خبر ہے، اس لئے منصوب ہے۔

۲- وارْضَ بما قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ: تكُنْ أَغْنَى النَّاسِ: اور اللہ نے جو کچھ تمہاری قسمت میں لکھ دیا ہے اس پر راضی رہو: سب سے بڑے غنی (بے نیاز) بن جاؤ گے، کیونکہ مالداری: مال کی فراوانی کا نام نہیں، بلکہ دل کی بے نیازی کا نام ہے، اور یہ بات اسی کو میسر آتی ہے جو قسمت کے لکھے پر مطمئن ہو، مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ حلال مال کمانے کے لئے کوشش نہ کرے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ دنیا کے پیچھے اندھا دھند نہ پڑ جائے، دینی احکام سے غافل نہ ہو جائے، اور لوگوں کے مالوں پر رال نہ ٹپکائے، مگر مال کمانے کی کوشش برابر جاری رکھے، معطل ہو کر نہ رہ جائے، پھر جو اس کی قسمت میں ہے اور اس کو مل گیا، اس پر راضی اور خوش رہے، یہ شخص سب سے بڑا دل کا بادشاہ ہے اور اس جزء کا تعلق بھی زہد سے ہے۔

۳- وَأَحْسِن إلى جارك: تكن مؤمِنًا: اور اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرو: (کامل) مؤمن بن جاؤ گے،

یعنی پڑوسیوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا کمالِ ایمان کے لئے لازمی امر ہے۔

۴-وَأَحِبَّ للناس مَاتُحِبُّ لِنَفْسِكَ: تكن مسلمًا: اورلوگوں کے لئے وہ چیز پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو: (کامل) مسلمان ہو جاؤ گے، یعنی احکام شرعیہ کی کامل اطاعت کے لئے ضروری ہے کہ آدمی دوسروں کا بہی خواہ ہو، اور جو کچھ اپنے لئے چاہتا ہے دوسروں کے لئے بھی چاہے، تو وہ اعلیٰ درجہ کا مسلمان ہے۔

۵-وَلاَ تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَإِنْ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ القلبَ: اور بہت زیادہ مت ہنسا کرو، کیونکہ زیادہ ہنسنا دل کو مردہ کردیتا ہے، ہنسی عام طور پر لایعنی باتوں کی وجہ سے آتی ہے، اور فضول باتیں دل کو آخرت سے غافل کرتی ہیں، ان سے دل مردہ اور بے حس ہوجاتا ہے، اس لئے اس میں بہت زیادہ مشغول نہیں ہونا چاہئے۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دین کی باتیں دو مقاصد سے سیکھنی چاہئیں: ایک: یہ کہ خود ان پر عمل کرے، دوسرے: یہ کہ اوروں کو پہنچائے تاکہ وہ بھی اس پر عمل کریں، اس حدیث میں أوْ مانعۃ الخلو کا ہے، پس دین سیکھنے کے یہ دونوں مقاصد جمع ہوجائیں تو بہت اچھی بات ہے اور اگر کسی وجہ سے جمع نہ ہوسکیں تو ایک بات تو حاصل ہونی ہی چاہئے، پھر ان میں سے اہم بات پہلی ہے کہ آدمی جو دین سیکھے اس پر خود عمل پیرا ہو، اور اگر کسی وجہ سے خود عمل نہ کرسکے اور دوسروں کو وہ بات پہنچائے تو یہ بھی ایک فائدہ ہے، مگر یہ بات نوافلِ اعمال میں ہے، فرائض میں ایسا کرنا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالاَ تَفْعَلُوْنَ؟ کا مصداق ہے۔

اور جو بندہ ان پانچوں باتوں پر کاربند ہوجائے وہ دنیا ہی میں جنت کا مزہ چکھ لے گا، اس کی زندگی پاک صاف اور بڑے اطمینان والی ہوگی، لوگ اس سے محبت کریں گے، دل اللہ کے ذکر سے زندہ اور شاداب ہوگا، اور آخرت میں وہ اللہ کی رضا اور جنت کی نعمتوں سے ہم کنار ہوگا۔ اللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی (آمین)

[٢- بابٌ مَنِ اتَّقَى الْمَحَارِمَ فَهُوَ أَعْبَدُ النَّاسِ]

[٢٢٩٨-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلاَلِ الصَّوَّافُ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِىْ طَارِقٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَأْخُذُ عَنِّى هٰؤُلاَءِ الْكَلِمَاتِ، فَيَعْمَلُ بِهِنَّ أَوْ يُعَلِّمُ مَنْ يَعْمَلُ بِهِنَّ؟" فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: قُلْتُ: أَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! فَأَخَذَ بِيَدِىْ، فَعَدَّ خَمْسًا، وَقَالَ: "اتَّقِ الْمَحَارِمَ: تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ، وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ: تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ، وَأَحْسِنْ إِلَى جَارِكَ: تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ: تَكُنْ مُسْلِمًا، وَلاَ تُكْثِرِ الضَّحِكَ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بنِ سُلَيْمَانَ، وَالْحَسَنُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِىْ

هُريرةَ شَيْئًا، هٰكَذَا رُوِىَ عَنْ أَيُّوْب، وَيُوْنُس بنِ عُبَيْدٍ، وَعَلِيِّ بنِ زَيْدٍ قَالُوْا: لَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ أَبِيْ هريرةَ.

وَرَوَى أَبُوْ عُبَيْدَةَ النَّاجِيُّ عَنِ الْحَسَنِ هٰذَا الحديثَ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے یعنی جعفر بن سلیمان سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے، اور اسی سند سے یہ حدیث مسند احمد (۲: ۳۱۰) میں مروی ہے، اور اس سند میں دو خرابیاں ہیں: ایک: ابو طارق سعدی بصری مجہول راوی ہے، دوم: حضرت حسن بصریؒ کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے لقاء وسماع نہیں، یہ بات ایوب سختیانی، یونس بن عبید اور علی بن زید نے بیان کی ہے (دوسری رائے یہ ہے کہ سماع ہے۔ حضرت حسنؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں) اور ابو عبیدۃ بکر بن الاسود الناجی (أحد الزُّهَّاد) بھی حضرت حسن بصریؒ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں مگر وہ اس کو حضرت حسن کا قول قرار دیتے ہیں، وہ حضرت ابو ہریرہؓ کا تذکرہ نہیں کرتے، مگر یہ راوی انتہائی درجہ ضعیف ہے، قال ابن حبان: **غَلَبَ عليه التَّقَشُّفُ، حتى غَفَلَ عَنْ تعاهُدِ الحديث، فَصَارَ الْغَالِبَ على حديثه المُعْضَلَاتُ** (لسان المیزان ۲: ۴۷) مگر یہ حدیث امام طبرانی کی معجم صغیر (ص: ۱۰۴) میں محمد بن سیرین: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں جو اس حدیث کی شاہد ہے اس لئے یہ حدیث ٹھیک ہے، اور مولانا عبدالرحمٰن مبارک پوریؒ نے ایک اور شاہد کا بھی تذکرہ کیا ہے۔ قال: **رواه البزّار والبيهقي بنحوه في كتاب الزهد عن مكحول عن واثِلَةَ عنه، وقد سمع مكحولٌ من واثلة:** اس لئے بھی یہ حدیث قابل اعتبار ہے۔

بابُ ماجاء في الْمُبادَرَةِ بِالْعَمَلِ

عمل کرنے میں دیر مت کرو

لوگوں کو چاہئے کہ فرصت کے لمحات غنیمت سمجھیں، اور رضائے الٰہی اور فلاح اخروی حاصل کرنے کے لئے کمر بستہ رہیں، عام طور پر لوگ یوم وفردا کرتے ہیں، اور وقت ضائع کرتے ہیں مگر وہ نہیں جانتے کہ آگے کیا احوال پیش آنے والے ہیں، درج ذیل حدیث پڑھیں:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سات احوال سے پہلے اعمال (آخرت) کرلو: (۱) تم نہیں انتظار کرتے مگر بھلا دینے والی محتاجی کا (۲) یا سرکش بنانے والی مالداری کا (۳) یا بگاڑنے والی بیماری کا (۴) یا انتہائی بڑھاپے کا (۵) یا فنا کرنے والی موت کا (۶) یا دجال کا، پس وہ بن دیکھی برائی ہے جس کا انتظار کیا جارہا ہے (۷) یا قیامت کا، پس قیامت سخت حادثہ اور کڑوا گھونٹ ہے۔

لغات: بَادَرَ مُبَادَرَةً وَبِدَارًا: جلدی کرنا، سبقت کرنا، پہل کرنا، کسی چیز سے آگے نکل جانا...... سَبْعًا: أی خِصَالاً سَبْعًا: سات باتیں یعنی سات احوال پیش آنے سے پہلے نیک کام کرنے میں سبقت کرو...... هَلْ: استفہام انکاری ہے جس میں نفی کے معنی ہیں، اوراس کے مقابل إلا اثبات ہے...... مُنْسٍ: اسم فاعل، أَنْسَاهُ الشیئَ: بھلادینا، کسی چیز سے غافل کردینا، ذہن سے نکال دینا...... غریبی ایسی بری حالت ہے کہ جب آدمی اس سے دوچار ہوتا ہے تو ہر اہم کام بھول جاتا ہے...... مُطْغٍ: اسم فاعل، أَطْغَاهُ الْمَالُ: مال کا کسی کو سرکش بنانا...... مالداری میں انسان آپے سے باہر ہوجاتا ہے اور دولت کے نشے میں وہ کام کرنے لگتا ہے جو اسے نہیں کرنے چاہئیں...... مُفْسِد: اسم فاعل، أَفْسَدَ الشیئَ: بگاڑنا، خراب کرنا...... بیماری کبھی آدمی کو نحیف ونزار کردیتی ہے اور وہ کسی کرت کا نہیں رہتا، نہ دنیا کا کوئی کام کرسکتا ہے نہ عبادت کرسکتا ہے...... الهَرَم (بفتح الراء) بڑھاپا اور الهَرِم (بكسر الراء) انتہائی بوڑھا آدمی جو عمر کی آخری منزل تک پہنچ گیا ہو، سٹھیا جانا...... بڑھاپے کی وجہ سے آدمی حواس باختہ ہوجاتا ہے، عقل ٹھکانے نہیں رہتی پھر عمل کیا کرے گا؟...... مُجْهِز: اسم فاعل، أَجْهَزَ: جلدی سے قتل کردینا، زخمی کا کام تمام کردینا...... موت سے عمل کا قصہ ہی نمٹ جاتا ہے...... أَدْهٰی: بڑی آفت، دَاهِيَةٌ کا اسم تفضیل...... أَمَرُّ: بہت تلخ، مَرَارَةٌ کا اسم تفضیل جس کے معنی ہیں کڑوا اور تلخ۔ سورۃ القمر (آیت ۴۶) میں ہے: ﴿بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ، وَالسَّاعَةُ أَدْهٰى وَأَمَرُّ﴾: بلکہ قیامت ان کا وعدے کا وقت ہے، اور قیامت بڑا سخت حادثہ اور کڑوا گھونٹ ہے۔

تشریح: اس حدیث میں بطور مثال آگے پیش آنے والے سات عوارض کا تذکرہ فرمایا ہے: (۱) آج اگر آدمی خوش حال ہے تو ضروری نہیں کہ یہ حالت باقی رہے، آگے ایسی غریبی پیش آسکتی ہے جو سب کچھ بھلادے، پھر عمل کیسے کرے گا؟ (۲) اور اگر آج حالت ٹھیک ہے تو آگے ایسی مالداری پیش آسکتی ہے جو سرکش بنادے اس وقت آدمی دین سے دور جاپڑے گا (۳) اور آج اگر تندرستی حاصل ہے تو آگے ایسی بیماری پیش آسکتی ہے جو جسم کو ناکارہ بنادے اور دل ودماغ کو خراب کردے، پھر عمل کیسے کرے گا؟ (۴) اور آج اگر جوانی کی نعمت حاصل ہے تو آگے انتہائی بڑھاپا آرہا ہے، اس وقت نہ آنکھ کام کرے گی نہ کان، نہ ہاتھ پیر چلیں گے نہ دل ودماغ کام کریں گے، پھر عمل کیا کرے گا؟ (۵) اور آج اگر زندگی ملی ہوئی ہے تو کل موت آنے والی ہے، جو عمل کا قصہ ہی نمٹادے گی (۶) اور اگر کسی کو دجال کا انتظار ہے کہ جب وہ ظاہر ہوگا تب عمل کریں گے یعنی فتنوں کا دور شروع ہوگا تب مضبوطی سے دین پر عمل پیرا ہونگے، تو جان لینا چاہئے کہ دجال ایک بن دیکھی برائی ہے اور آدمی فتنوں میں تنکوں کی طرح بہہ جاتا ہے اس وقت کون عمل کرسکتا ہے؟ (۷) یا انسان کو قیامت کا انتظار ہے حالانکہ قیامت کے بعد جزاء کا زمانہ شروع ہوتا ہے، عمل کا وقت باقی نہیں رہتا، اور قیامت سخت حادثہ اور کڑوا گھونٹ ہے، دنیا کی سزا اور قبر کی مجازات تو ہلکی ہے مگر قیامت کی مجازات: اللہ کی پناہ!...... بہرحال اس قسم کے احوال پیش آسکتے ہیں، اس وقت عمل مشکل ہوجائے گا، پس چاہئے کہ آدمی آج

کی اچھی حالت کو غنیمت سمجھے اور جو کچھ کر سکتا ہے کر لے، کیونکہ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں!

[۳-] بابُ ماجاء فی الْمُبَادَرَةِ بِالْعَمَلِ

[۲۲۹۹-] حدثنا أَبُوْ مُصْعَبٍ، عَنْ مُحْرِزِ بنِ هَارُوْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هریرۃَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " بَادِرُوْا بِالْأَعْمَالِ سَبْعًا: هَلْ تَنْظُرُوْنَ إِلَّا إِلَی فَقْرٍ مُنْسٍ، أَوْ غِنًی مُطْغٍ، أَوْ مَرَضٍ مُفْسِدٍ، أَوْ هَرَمٍ مُفْنِدٍ، أَوْ مَوْتٍ مُجْهِزٍ، أَوِ الدَّجَّالِ - فَشَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ - أَوِ السَّاعَةِ﴿فَالسَّاعَةُ أَدْهٰی وَأَمَرُّ!﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هریرۃَ، إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحْرِزِ بنِ هَارُوْنَ.

وَرَوَی مَعْمَرٌ هٰذَا الحديثَ عَمَّنْ سَمِعَ سَعِيْدًا الْمَقْبُرِیَّ، عَنْ أَبِیْ هُرِيرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا.

وضاحت: اس حدیث کی سند کا ایک راوی مُحْرِزْ (بروزن مُحْسِنْ، ح ساکن، ر مکسور اور آخر میں نقطے والی ز) ابن ہارون ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے تہذیب اور تقریب میں اس کا نام مُحَرَّر (دوراء کے ساتھ بروزن محمد) ابن عبد اللہ لکھا ہے، یہ عبداللہ دادا ہیں، باپ کا نام ہارون ہے، یہ راوی قبیلہ تیم کا ہے۔ حافظ صاحب نے اس کو متروک قرار دیا ہے۔ اور امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے۔ مگر امام ترمذی رحمہ اللہ اس راوی کے بارے میں خوش گمان ہیں اس لئے اس کی حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔ اور اس حدیث کی ایک دوسری سند معمر کی بھی ہے، مگر اس میں بھی مجہول واسطہ ہے۔ اس لئے یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح نہیں۔

بابُ ماجاء فی ذِکْرِ الْمَوْتِ

موت کو بکثرت یاد کرو

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''لذتوں کو توڑنے والی چیز یعنی موت کو بکثرت یاد کرو''

تشریح: موت ایک ایسی حقیقت ہے جس سے کسی کو انکار نہیں، مگر عام طور پر لوگ اسے بھولے رہتے ہیں اور اس طرح زندگی گذارتے ہیں جیسے موت کبھی آنے والی نہیں، یہی غفلت آخرت کے کاموں سے بے فکر کر دیتی ہے، پس آدمی اگر آخرت والے کام کرنا چاہتا ہے تو اسے اپنے انجام سے غافل نہیں ہونا چاہئے، ہر وقت موت کو یاد کرنا چاہئے، یہ تیر بہدف نسخہ ہے، آزما کر دیکھیں!

[٤-] باب ماجاء فی ذِکْرِ الْمَوْتِ

[٢٣٠٠-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "أَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ" يَعْنِي الْمَوْتَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ، وفی الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

لغت:ھاذِم(ذال کے ساتھ)اسم فاعل ہے،هَذَمَ الشيئَ(ض)هَذْمًا کے معنی ہیں: جلدی سے کاٹنا، یہ لفظ ز کے ساتھ نہیں ہے اس کے دوسرے معنی ہیں: اور یہ حدیث آگے ایک لمبی حدیث کے ضمن میں بھی آرہی ہے جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی ہے جس کا امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہاں حوالہ دیا ہے(مشکوٰۃ میں یہ حدیث کتاب الجنائز(حدیث ۱۶۰۷)میں ہے،اور حضرت ابوسعید خدریؓ کی حدیث کتاب الرقاق(حدیث ۵۳۵۲)میں ہے)

بابُ ماجاء: أَنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الآخِرَةِ

قبر آخرت کی پہلی منزل ہے

موت کے بعد آدمی کو قبر میں پہنچنا ہے،قبر اس کی پہلی منزل ہے،اور قبر درحقیقت عالم برزخ کا نام ہے یعنی اُس عالم کا نام ہے جو اس دنیا اور آخرت کے درمیان حائل ہے،پس جو بھی مرتا ہے: قبر میں پہنچتا ہے، چاہے اس کو جلا دیا جائے،دفن کیا جائے،یا جانور کھا جائیں بہرصورت آدمی قبر میں پہنچتا ہے۔

اور انسان جسم اور روح کے مجموعہ کا نام ہے، بیداری میں یہ دونوں ساتھ ہوتے ہیں اور سونے کی حالت میں دونوں میں فاصلہ ہوجاتا ہے مگر زیادہ فاصلہ نہیں ہوتا البتہ مرنے کے بعد یہ فاصلہ زیادہ ہوجاتا ہے،مگر تعلق برقرار رہتا ہے،جس کی تفصیل(کتاب الجنائز باب ۷۰ تحفہ ۳:۴۸۴)عذاب قبر کے بیان میں گذر چکی ہے۔

اور عالم برزخ: مجازات کا پہلا مقام ہے،قبر میں پہنچتے ہی جزاء وسزا شروع ہوجاتی ہے،اور اُس عالم میں جو اچھی بری واردات پیش آتی ہیں وہ براہ راست روح پر گذرتی ہیں،مگر جسم کے اجزاء بھی اس سے تبعاً متأثر ہوتے ہیں،اس لئے قبر بہت ڈرنے کا مقام ہے،معلوم نہیں وہاں پہنچ کر کیا احوال پیش آئیں،اللہ ہم سب کو قبر کی راحتوں سے ہمکنار فرمائیں اور برزخ کے عذاب سے بچائیں(آمین)

حدیث:ہانی جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں: کہتے ہیں: جب حضرت عثمانؓ کسی قبر کے پاس کھڑے ہوتے تو روتے تھے، یہاں تک کہ آنسوؤں سے ان کی ڈاڑھی تر ہوجاتی تھی،ان سے پوچھا گیا: جنت اور جہنم کا ذکر کیا جاتا ہے تو آپؓ نہیں روتے اور قبر کی وجہ سے اس قدر روتے ہیں،کیا وجہ ہے؟ آپؓ نے جواب دیا:

نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے پس اگر بندہ اس سے نجات پا جائے تو آگے کی منزلیں اس سے زیادہ آسان ہیں، اور اگر قبر کی منزل سے بندہ نجات نہ پا سکے تو اس کے بعد کی منزلیں اس سے اور زیادہ سخت ہیں'' اور حضرت عثمانؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے یہ بھی فرمایا ہے: مارأیتُ مَنْظراً قطُّ إلا القبرُ أَفْظَعُ مِنْهُ: میں نے کبھی کوئی منظر نہیں دیکھا مگر قبر اس سے زیادہ خوفناک ہے!

تشریح: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ جب کسی قبر سے میرا گذر ہوتا ہے تو نبی ﷺ کے یہ ارشادات مجھے یاد آتے ہیں اور فکر وغم میں مبتلا کر دیتے ہیں اور مجھے رونا آجاتا ہے۔

اور تُذْکَرُ الجنَّۃُ وَالنّارُ کو تَذْکُر: معروف بھی پڑھ سکتے ہیں، یعنی آپؓ جنت اور دوزخ کو یاد کرتے ہیں......
اور حضرت عثمانؓ کا آزاد کردہ ہانی ابوسعید بربری معمولی راوی ہے صرف صدوق ہے اس لئے حدیث صرف حسن ہے۔

[٥-] بابُ [ماجاء أَنَّ الْقبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الآخِرَةِ]

[۲۳۰۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا يَحْيىَ بنُ مَعِيْنٍ، نَا هِشَامُ بنُ يُوْسُفَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ بَحِيْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ هَانِئًا مَوْلَى عُثْمَانَ، قَالَ: كَانَ عُثْمَانُ إِذَا وَقَفَ عَلَى قَبْرٍ بَكَى، حَتَّى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ، فَقِيْلَ لَهُ: تُذْكَرُ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَلاَ تَبْكِيْ، وَتَبْكِيْ مِنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الآخِرَةِ، فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ، وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ" قَالَ: وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَارَأَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ إِلاَّ الْقَبْرُ أَفْظَعُ مِنْهُ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بْنِ يُوْسُفَ.

بابُ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ

جو شخص اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے: اللہ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں

حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث کہ جو اللہ سے ملنا پسند کرتا ہے: اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا پسند کرتے ہیں، اور جو اللہ تعالیٰ سے ملنا ناپسند کرتا ہے: اللہ تعالیٰ بھی اس سے ملنا ناپسند کرتے ہیں: یہ حدیث کتاب الجنائز (حدیث ۱۰۵۹) میں گذر چکی ہے، دیکھیں (تحفہ ۳: ۴۷۸)

اور اللہ تعالیٰ سے ملنے کی آرزو اور خواہش وہی بندہ کرتا ہے جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے، اور اس کی مرضیات پر چلتا ہے، اور جس کا اللہ پر ایمان نہیں ہوتا یا وہ اللہ کی مرضی کے مطابق زندگی نہیں گذارتا وہ مرنے کو کبھی پسند نہیں کرتا، پس اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ ایمان والے بنو، اور اللہ کی مرضیات پر چلو، تاکہ اللہ سے ملنے کی امید باندھ سکو، اور اللہ

اس سے ملنا پسند کریں، دوسرے گروہ میں شامل مت ہوؤ، جن کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتے۔

باقی تفصیلات پہلے گذر چکی ہیں، یعنی جب نبی ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ موت سب کو ناپسند ہے، پھر کوئی اللہ سے ملنے کی آرزو کیسے کرسکتا ہے؟ نبی ﷺ نے اس کا جو جواب دیا ہے وہ پہلے تحفۃ الالمعی (۳:۸۷۴) میں گذر چکا ہے، وہاں دیکھ لیا جائے۔

[٦-] بابُ مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ

[٢٣٠٢-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا يُحَدِّثُ عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَ هُ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَعَائِشَةَ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَأَنَسٍ؛ حَدِيْثُ عُبَادَةَ حَدِيْثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِيْ إِنْذَارِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَوْمَهُ

نبی ﷺ کا اپنی قوم کو ڈرانا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب (سورۃ الشعراء کی آیت ۲۱۴) ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی جس میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ آپؐ پہلے اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرائیں تو آپؐ نے سب کو پکار کر جمع کیا، اور ان سے خطاب فرمایا: "اے عبدالمطلب کی بیٹی صفیہ (یعنی نبی ﷺ کی پھوپھی) اور اے محمد (ﷺ) کی بیٹی فاطمہ! اور اے عبدالمطلب کی اولاد یعنی نبی ﷺ کا خاندان! بیشک میں نہیں مالک ہوں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے کسی چیز کا یعنی میں تم کو اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا، تم مجھ سے میرے مال میں سے جو چاہو مانگو، یعنی میں دنیا میں تمہیں مالی فائدہ پہنچا سکتا ہوں، مگر آخرت میں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا، پس ہر شخص کو اپنے انجام کی فکر کرنی چاہئے۔

[٧-] بابُ ماجاء فِيْ إِنْذَارِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَوْمَهُ

[٢٣٠٣-] حدثنا أَبُوْ الْأَشْعَثِ أَحْمَدُ بنُ الْمِقْدَامِ، نَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، نَا هِشَامُ بنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا صَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، يَافَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ، يَابَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ:

إِنِّیْ لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، سَلُوْنِیْ مِنْ مَالِیْ مَا شِئْتُمْ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِیْ مُوْسَی، حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حسنٌ. وَقَدْ رَوَی بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وضاحت: یہ حدیث ابوالمنذر محمد بن عبدالرحمٰن الطُّفاوی البصری کی وجہ سے صرف حسن ہے کیونکہ یہ راوی صرف صدوق ہے اور حدیثوں میں غلطیاں بھی کرتا تھا مگر اس مضمون کی متعدد روایتیں صحیحین میں مروی ہیں، اس لئے حدیث کا مضمون صحیح ہے۔

بابُ ماجاء فِیْ فَضْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

اللہ تعالیٰ کے ڈر سے رونے کی فضیلت

یہ حدیث کہ جہنم میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا جو اللہ کے خوف سے رویا، یہاں تک کہ دودھ تھن میں لوٹے (یہ تعلیق بالمحال ہے، جس طرح نکلا ہوا دودھ تھن میں واپس نہیں جاسکتا: یہ شخص بھی جہنم میں نہیں جاسکتا) اور اللہ کے راستہ کا غبار اور جہنم کی آگ اکٹھا نہیں ہوسکتے، یعنی جو راہِ خدا میں غبار آلود ہوا وہ جہنم میں ہرگز نہیں جائے گا۔ یہ حدیث **أبواب فضائل الجهاد** (باب ۸ حدیث ۱۶۲۵، تحفہ ۴: ۵۶۷) میں گذر چکی ہے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث پہلے (باب ۱۲ ابواب فضائل الجہاد حدیث ۱۶۳۱) میں گذری ہے کہ دو آنکھوں کو جہنم نہیں چھوئے گی: ایک: وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر سے روئی، دوسری: وہ آنکھ جس نے اللہ کے راستہ میں پہرہ دیا، کیونکہ اللہ کے خوف سے جو آنسو نکلتا ہے وہ بڑا قیمتی ہوتا ہے، شاعر کہتا ہے:

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے ❁ قطرے گرے تھے جو عرقِ انفعال کے

پس تنہائی میں، قرآن پڑھتے وقت، نماز میں، اور نبی ﷺ، صحابہ کرام اور اکابر امت کے حالات پڑھتے وقت رونا چاہئے۔

[۸-] بابُ ماجاء فِیْ فَضْلِ الْبُكَاءِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

[۲۳۰۴-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِیِّ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عِيْسٰی بنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم:" لَايَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَكَی مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ، حَتّٰی يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِی الضَّرْعِ، وَلَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ رَیْحَانَةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَمُحَمَّدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: هُوَ مَوْلَی آلِ طَلْحَةَ، مَدِیْنِیٌّ ثِقَةٌ، رَوَی عَنْهُ شُعْبَةُ وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ.

بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: " لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلًا!"

اگرلوگوں پرحقائق کھل جائیں تو وہ ہنسنا بھول جائیں!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اگرتمہیں وہ احوال معلوم ہوجائیں جو میں جانتا ہوں تو تمہارا ہنسنا کم ہوجائے، اورتمہارا رونا زیادہ ہوجائے، یہ حدیث جوعنوان میں ہے: بخاری شریف کی حدیث ہے اور باب کے آخر میں آرہی ہے،اوراس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگراللہ کی شان بے نیازی، اس کے قہروجلال، اورآخرت کے ہولناک مناظر جواللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ پرمنکشف کیے ہیں اگر وہ ساری باتیں لوگوں پر منکشف ہوجائیں تو لوگوں کا چین ختم ہوجائے، وہ بہت کم ہنسیں اورزیادہ تر روتے رہیں۔

حدیث: حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں (غیب کی) وہ چیزیں دیکھتا ہوں جوتم نہیں دیکھتے، اوروہ آوازیں سنتا ہوں جوتم نہیں سنتے، آسمان چرچرارہا ہے، اوراس کے لئے سزاوار یہی ہے کہ وہ چرچرائے، آسمان میں چارانگل جگہ ایسی نہیں جہاں کوئی فرشتہ اللہ کے حضور میں سجدہ کیے ہوئے نہیں ہے، بخدا! اگرتم وہ باتیں جان لو جو میں جانتا ہوں توتم بہت کم ہنسو،اوربہت زیادہ روؤ، اوربستروں پر بیویوں سے لطف اندوز نہ ہوسکو،اورضرورتم گریہ وزاری کرتے ہوئے جنگلوں کی طرف نکل جاؤ، یہ حدیث بیان کرکے حضرت ابوذرؓ نے فرمایا: کاش میں کوئی درخت ہوتا جوکاٹ دیا جاتا!

تشریح: اللہ تعالیٰ نے انسانوں کوخلافتِ ارضی سے سرفراز فرمایا ہے، پس وہ اپنے فریضہ سے اسی وقت سبکدوش ہوسکتے ہیں جب وہ اس دنیا میں چین سے رہیں، اس لئے عالم آخرت کی چیزیں عام انسانوں سے پردۂ غیب میں رکھی گئی ہیں، جیسے قبرکا اوردوزخ کا عذاب، اورقیامت کے لرزہ خیز مناظر، اگر یہ چیزیں انسانوں پرمنکشف کردی جائیں تو وہ اس دنیا میں کوئی بھی کام نہ کرسکیں، بلکہ زیادہ دنوں تک پنپ بھی نہ سکیں، مگرنبی ﷺ پرتبلیغی مقاصد کے لئے یہ چیزیں منکشف کی گئیں، بلکہ معراج میں ایک درجہ میں ان حقائق کا مشاہدہ بھی کرایا گیا، تاکہ وہ امت کوان حقائق سے آگاہ کریں، اب امت کا فرض ہے کہ وہ پیغمبر کے اعتماد واعتبار پران سب باتوں کو مانیں اوران کواپنی دنیوی زندگی کی بنیاد بنائیں، یعنی آنے والی آخرت کی زندگی کو پیش نظر رکھ کر دنیا کوسنواریں، اللہ تعالیٰ بندوں کی عبادت کے محتاج نہیں اللہ کی عبادت کے لئے فرشتے بہت ہیں، فرشتوں کی کثرت سے آسمان چرچرارہا ہے اورچارانگشت جگہ بھی ایسی نہیں جہاں کوئی فرشتہ سربسجود نہ ہو، پھران کومٹھی بھرانسانوں کی بندگی کی کیا ضرورت ہے؟ بلکہ بندوں کوخود اپنی بھلائی کے

لئے بندگی کی ضرورت ہے......اوراس حدیث کا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ پر اتنا اثر ہوتا تھا کہ کبھی ان کی زبان سے بے ساختہ نکل جاتا تھا: ''اے کاش! میں کوئی درخت ہوتا جس کو کاٹ دیا جاتا!'' اور میرے لئے آخرت میں حساب کتاب کا کوئی جھمیلا نہ ہوتا (ماخوذ از معارف الحدیث۲: ۲۸و۲۹)

[۹-] بابُ ماجاء فی قَوْلِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم:

'' لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً!''

[۲۳۰۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ مُوَرِّقٍ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: '' إِنِّیْ أَرَی مَالاَ تَرَوْنَ، وَأَسْمَعَ مَالاَ تَسْمَعُوْنَ، أَطَّتِ السَّمَاءُ، وَحُقَّ لَهَا أَنْ تَأَطَّ، مَا فِيْهَا مَوْضِعُ أَرْبَعِ أَصَابِعَ، إِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهُ لِلّٰهِ سَاجِدًا! وَاللّٰهِ! لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً، وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا، وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْفُرُشِ، وَلَخَرَجْتُمْ إِلَی الصُّعُدَاتِ، تَجْأَرُوْنَ إِلَی اللّٰهِ'' لَوَدِدْتُ أَنِّیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ!

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِیْ هریرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَأَنَسٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَيُرْوَى مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ: أَنَّ أَبَا ذَرٍّ قَالَ: لَوَدِدْتُ أَنِّیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ، وَيُرْوَى عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ مَوْقُوْفًا.

[۲۳۰۶-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِیٍّ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، عَنْ محمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: '' لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيْلاً وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا'' حدیثٌ صحیحٌ.

لغات: أَطَّ يَأَطُّ أَطًّا وَأَطِيْطًا: آواز نکلنا، چرچرانا......حُقَّ (فعل مجہول) له أن يَفْعَلَ كذا: اسے ایسا کرنا ہی چاہئے۔ سورۃ الانشقاق میں ہے: ﴿أَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ﴾ آسمان اپنے رب کا حکم سن لے گا، اور وہ اسی لائق ہے ......تَلَذَّذَ بالشيئِ: مزہ لینا، لطف حاصل کرنا......الصُّعُدات: صُعُدٌ کی جمع، اور وہ صَعِيْدٌ کی جمع ہے، جیسے طُرُقَات: طُرُق کی جمع، اور وہ طریقٌ کی جمع ہے، اور بعض نے صُعْدَةٌ کی جمع کہا ہے، جیسے: ظُلُمات: ظُلْمَةٌ کی جمع ہے اور اس لفظ کے اصل معنی ہیں: سخت، پھر راستوں کو اور بیابانوں کو صُعُدَات کہنے لگے، حدیث میں ہے: إِيَّاكم والقُعودَ فی الصُّعُدَاتِ: تم مکانوں کے سامنے جو راستے ہیں ان میں بیٹھنے سے پرہیز کرو، اور باب کی حدیث میں بیابان اور جنگلات کے معنی ہیں......جَأَرَ، يَجْأَرُ، جَأْرًا: آواز بلند کرنا۔ جَأَرَ إلی اللّٰه: اللہ کے سامنے گڑگڑانا، دعا مانگنا۔ سورۃ المؤمنون آیت ۶۴ میں ہے: ﴿إِذَا هُمْ يَجْأَرُوْنَ﴾ جب اللہ تعالیٰ خوش حال لوگوں کو عذاب میں دھر پکڑیں گے تو وہ

چلائیں گے، اس وقت ان سے کہا جائے گا: ﴿لَاتَجْأَرُوْا الْيَوْمَ إِنَّكُمْ مِنَّا لَاتُنْصَرُوْنَ﴾ اب مت چلاؤ، ہماری طرف سے تمہاری کچھ مدد نہ ہوگی ...... عَضَدَ الشَّجَرَةَ (ن) عَضْدًا: درانتی سے کاٹنا، حرم کی حدیث میں ہے: لَايُعْضَدُ شَجَرُهَا: حرم کے درخت نہ کاٹے جائیں۔

وضاحت: اس حدیث کی سند میں ابراہیم بن مہاجر بجلی کوفی صدوق لین الحفظ ہے، اس لئے حدیث صرف حسن ہے۔

بَابُ ماجاء مَنْ تَكَلَّمَ بِالْكَلِمَةِ لِيُضْحِكَ النَّاسَ

لوگوں کو ہنسانے والی باتیں کرنا

گرمی محفل کے لئے جو باتیں کی جاتی ہیں وہ عام طور پر نامناسب ہوتی ہیں، کبھی ان سے دل آزاری بھی ہوتی ہے اور کبھی وہ لغویات پر مشتمل ہوتی ہیں، خاص طور پر مسخرے قسم کے لوگ جو باتیں کرتے ہیں وہ تو بالکل ہی واہیات ہوتی ہیں، چنانچہ ایسی باتوں کے سلسلہ میں سخت وعید آئی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: آدمی کبھی کوئی بات کہتا ہے جس کی برائی وہ محسوس نہیں کرتا، وہ اس بات کی وجہ سے دوزخ میں ستر سال کی گہرائی میں گر پڑتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اس شخص کے لئے ہلاکت ہے جو بات کہتا ہے تاکہ اس کے ذریعہ لوگوں کو ہنسائے، پس وہ جھوٹ بولتا ہے، اس کے لئے ہلاکت ہے! اس کے لئے ہلاکت ہے!!

تشریح: اگر تفریح طبع کے لئے ایسی بات کہی جائے جو جھوٹی نہ ہو اور اس سے کسی کی دل آزاری نہ ہو تو وہ جائز ہے، دوسری حدیث میں فَيَكْذِبُ کی جو قید ہے وہ پہلی حدیث میں بھی ملحوظ ہے، اور دل آزاری کا معاملہ جھوٹ سے زیادہ سنگین ہے، پس اس کا بھی وہی حکم ہے جو جھوٹ کا ہے۔

فائدہ: جنت میں ''درجات'' ہیں یعنی مقامات نیچے سے اوپر چڑھتے ہیں، اور جہنم میں ''درکات'' ہیں یعنی عذاب کی سختی نیچے کے مقامات میں زیادہ ہے، اور دوزخ میں ستر سالہ مسافت میں گرنے کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی چیز بلندی سے نیچے ڈالی جائے تو وہ ستر سال میں کہاں تک پہنچے گی؟ اتنی گہرائی میں یہ مسخرہ ڈال دیا جاتا ہے۔

[۱۰-] بَابُ ماجاء مَنْ تَكَلَّمَ بِالْكَلِمَةِ لِيُضْحِكَ النَّاسَ

[۲۳۰۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بنِ إِسْحَاقَ، ثَنِيْ مُحمدُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عِيْسَى بنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ الرَّجُلَ

لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ، لاَيَرَى بِهَا بَأْسًا، يَهْوِىْ بِهَا سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا فِي النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۰۸-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا بَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ، ثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ جَدِّىْ، قَالَ: سَمِعْتُ النبىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" وَيْلٌ لِّلَّذِىْ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ، لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ، فَيَكْذِبُ، وَيْلٌ لَهُ! وَيْلٌ لَهُ!!"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

باب: مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ

دین کی خوبی یہ ہے کہ آدمی لایعنی باتیں چھوڑ دے

عَنَى يَعْنِىْ عَنْيًا وَعِنَايَةً: کے معنی ہیں: کسی کے لئے کوئی کام اہم ہونا، پس لایعنی کے معنی ہیں: غیر اہم کام، اردو میں لایعنی کے معنی ہیں: بے فائدہ، فضول، لاحاصل، بے ہودہ اور لغو کام ...... یہ دنیا چونکہ آخرت کی کھیتی ہے، آدمی یہاں جو بوتا ہے وہی آخرت میں کاٹتا ہے، اس لئے مسلمان کو ہمیشہ اچھی باتیں اور اچھے کام کرنے چاہئیں، تاکہ آخرت میں اس کا خوش کن ثمرہ ظاہر ہو، فضول باتوں میں اور بے فائدہ کاموں میں وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک صحابی کا انتقال ہوا۔ کسی نے اس کے حق میں کہا: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ: جنت کی خوشخبری سن لے، نبی ﷺ نے فرمایا: أَوَ لاَ تَدْرِىْ فَلَعَلَّهُ تكلَّم فِيْمَا لاَ يَعْنِيْهِ أَوْ بَخِلَ بِمَا لاَيَنْقُصُهُ: تجھے کیا معلوم (کہ وہ جنتی ہے) ہوسکتا ہے وہ کوئی لایعنی بات بولا ہو، یا ایسی چیز میں بخیلی کی ہو جو اس کے مال کو نہیں گھٹاتی، یعنی کلمۂ خیر کہنے میں بخیلی کی ہو۔

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ قطعیت کے ساتھ کسی کے جنتی یا جہنمی ہونے کا فیصلہ نہیں کرنا چاہئے، آدمی معمولی باتوں سے بھی جہنم میں پہنچ جاتا ہے اور معمولی نیک عمل سے بھی جنت میں پہنچ جاتا ہے، جیسے ایک عورت نے بلّی کو باندھ کر بھوکا مار دیا تو وہ جہنم میں ڈال دی گئی، اسی طرح آدمی کبھی کوئی ایسی بات بولتا ہے جس کو وہ زیادہ برا نہیں سمجھتا مگر وہ اس بات کی برائی کی وجہ سے جہنم کی گہرائی میں ڈال دیا جاتا ہے، یا اس نے کوئی فضول بات کہی ہو، یا ایسی چیز میں بخیلی کی ہو جس سے مال نہیں گھٹتا، اور وہ ان حرکتوں کی وجہ سے جہنم میں ڈال دیا جائے ...... اسی طرح ایک شخص نے راستہ سے کانٹے دار ٹہنی ہٹادی تھی تو اللہ نے اس کو جزائے خیر دی تھی اور جنت میں پہنچادیا تھا، اور ایک بدکار عورت نے پیاسے کتے کو پانی پلایا تھا تو اس کے صلہ میں اس کو جنت مل گئی تھی، پس ہر نیک کام کرنا چاہئے، چاہے معمولی ہو، معلوم نہیں کونسا عمل بارگاہِ خداوندی میں قبول ہوجائے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ: آدمی کے دین کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضول باتوں کو چھوڑ دے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت علی زین العابدین سے مرسل مروی ہے، اور مرسل روایت متقدمین کے نزدیک حجت تھی، امام مالکؒ وغیرہ امام زہریؒ کے مضبوط تلامذہ حدیث کی سند اسی طرح پیش کرتے ہیں، اور قرۃ بن عبدالرحمٰن المعافری المصری نے جو اس کی سند حضرت ابو ہریرہؓ تک پہنچائی ہے اس کو محدثین نے قابل اعتبار نہیں سمجھا، کیونکہ یہ راوی صدوقٌ له مناكير: ہے یعنی ٹھیک ہے مگر اس کی بعض روایتیں نہایت ضعیف ہوتی ہیں۔

[۱۱-] بابٌ: [مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ]

[۲۳۰۹-] حدثنا سُلَيْمَانُ بنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عُمَرُ بنُ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ - يَعْنِيْ رَجُلاً -: أَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَوَ لاَتَدْرِيْ فَلَعَلَّهُ تَكَلَّمَ فِيْمَا لاَ يَعْنِيْهِ، أَوْ بَخِلَ بِمَا لاَيَنْقُصُهُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۲۳۱۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ نَصْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَمَاعَةَ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ قُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۱۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ مِنْ حُسْنِ إِسْلاَمِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالاَ يَعْنِيْهِ"

هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْحُسَيْنِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكٍ.

وضاحت: پہلی حدیث میں من أصحابه کی ضمیر نبی ﷺ کی طرف لوٹتی ہے، یہ حدیث مشکوٰۃ (حدیث ۴۸۴۲) میں ترمذی سے نقل ہوئی ہے، وہاں تُوُفِّيَ رجلٌ من الصحابة ہے......اس کے بعد جو فقال ہے اس کا فاعل کوئی صحابی ہیں، اسی لئے راوی نے يعني رجلاً بڑھایا ہے۔ اور مشکوٰۃ میں فقال رجلٌ: أَبْشِرْ بالجنة ہے جو زیادہ واضح ہے۔ اور یہ حدیث اچھی ہے، اس میں ذرا سی کمی ہے، امام سلیمان اعمش کا سماع حضرت انس رضی اللہ عنہ سے

نہیں ہے...... اور علی زین العابدین رحمہ اللہ جو حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں: حدیث کے مضبوط راوی ہیں، تقریب میں ہے: ثقةٌ، ثَبْتٌ، عابدٌ، فقيهٌ، فاضلٌ، مشهورٌ، وقال الزهريُّ: ما رأيتُ قُرَشِيًّا أفضلَ منه: اور ایسے مضبوط راوی کی مرسل حدیثیں بالاتفاق حجت ہوتی ہیں۔

بابُ ماجاء فی قِلَّةِ الْكَلَامِ

کم بولنے کی فضیلت

عربی کی مثل ہے: قَلَّمَا سَلِمَ مِكْثَارٌ: زیادہ بولنے والا بہت کم (فضول گوئی سے) محفوظ رہتا ہے اور اللہ کے یہاں بیہودہ گوئی پر بھی پکڑ ہوتی ہے، پس سلامتی اس میں ہے کہ آدمی ضروری بات ہی کرے، ہر وقت بولتا ہی نہ رہے، بولنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے ایک زبان دی ہے، اور سننے کے لئے دو کان دیئے ہیں، پس آدمی کو بولنا کم چاہئے اور سننا زیادہ چاہئے، پھر زبان کو بھی اللہ تعالیٰ نے بتیس دانتوں کے کٹھرے میں بند کیا ہے تاکہ وہ ہر وقت چلتی نہ رہے، بلکہ حسب ضرورت ہی بولے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک تم میں سے ایک شخص البتہ بولتا ہے اللہ کی خوشنودی کی بات، وہ نہیں گمان کرتا کہ وہ بات پہنچے گی جہاں تک وہ پہنچی ہے، پس اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس بات کی وجہ سے اپنی خوشنودی لکھ دیتے ہیں، اس دن تک جس میں وہ اللہ سے ملے گا...... اور بیشک تم میں سے ایک شخص البتہ بولتا ہے اللہ کو ناراض کرنے والی بات، وہ نہیں گمان کرتا کہ وہ بات پہنچے گی جہاں تک وہ پہنچی ہے، پس اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنی ناراضگی لکھ دیتے ہیں اس بات کی وجہ سے اس دن تک جس میں وہ اللہ سے ملاقات کرے گا۔

تشریح: حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ بعض معمولی اچھی باتوں سے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ خوش ہوجاتے ہیں اور بعض معمولی بری باتوں سے اللہ تعالیٰ بہت زیادہ ناراض ہوجاتے ہیں، آدمی اتفاقاً کوئی اچھی بات بول دیتا ہے جو اللہ کو خوش کرنے والی ہوتی ہے، اور بولتے وقت اس کا گمان بھی نہیں ہوتا کہ اس کا وہ اجر ملے گا جو آگے آرہا ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس کے لئے دنیا سے لے کر آخرت تک اپنی خوشنودی تجویز فرمادیتے ہیں، اسی طرح آدمی بے خبری میں یا اتفاقاً کوئی بری بات بول دیتا ہے اور وہ نہیں سمجھتا کہ اس کا وہ وبال سامنے آئے گا جو آگے آرہا ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے دنیا سے لے کر آخرت تک اس کے لئے اپنی ناراضگی لکھ دیتے ہیں۔

پس اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ ہر اچھی بات آدمی کو بولنی چاہئے اگرچہ معمولی ہو، ہوسکتا ہے اللہ کو وہ بات پسند آجائے، اور بری بات کبھی منہ سے نہیں نکالنی چاہئے، اگرچہ معمولی ہو، کیونکہ بعض معمولی باتوں کا بھیانک انجام سامنے آئے گا۔ اللہ تعالیٰ اس بندے سے دنیا سے لے کر آخرت تک ناراض ہوجائیں گے اور ایسی بری باتوں سے

بچنا اسی وقت ممکن ہے جب آدمی کم بولنے کی عادت ڈالے، حسب ضرورت ہی گفتگو کرے، تا کہ سَقَطَاتِ کلام (کلام کی لغزشوں) سے محفوظ رہے۔

[۱۲-] بابُ ماجاء فی قِلَّةِ الْكَلَامِ

[۲۳۱۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ جَدِّیْ، قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالَ بنَ الْحَارِثِ الْمُزَنِيَّ، صَاحِبَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ، مَا يَظُنُّ أَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغَتْ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ بِهَا رِضْوَانَهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ، وَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ، مَايَظُنُّ أَنْ تَبْلُغَ مَا بَلَغتْ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا سَخطَهُ إِلَى يَوْمِ يَلْقَاهُ "

وفی الباب: عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو نَحْوَ هٰذَا، وَقَالُوْا: عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ بِلَالِ بنِ الْحَارِثِ، وَرَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ بِلَالِ بنِ الْحَارِثِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ جَدِّهِ.

وضاحت: یہ حدیث محمد بن عمرو بن علقمة بن وقاص اللیثی سے دوطرح سے مروی ہے: عبدة بن سلیمان وغیرہ سند میں محمد بن عمرو کے دادا کا ذکر کرتے ہیں اور امام مالک رحمہ اللہ محمد کے دادا کا ذکر نہیں کرتے، محمد اپنے والد عمرو سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت بلال مزنی سے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس اختلاف میں کوئی فیصلہ نہیں کیا، شاید دونوں سندیں صحیح ہوں۔

بابُ ماجاءَ فِيْ هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ

اللہ کے نزدیک دنیا کی بے قدری

هَانَ الشيئُ عليه (ن) هَوْنًا: کسی چیز کا حقیر اور معمولی ہونا، جاننا چاہئے کہ جس طرح یہ دنیا ایک حقیقی عالم ہے اسی طرح آخرت بھی بالکل واقعی عالم ہے، پھر یہ بھی حقیقت ہے کہ اس دنیا کی ہر چیز فانی ہے، اور آخرت جاودانی ہے، اور وہاں پہنچنے کے بعد انسان بھی غیر فانی ہو جائے گا، نیز آخرت کی نعمتیں اور لذتیں اس دنیا کی نعمتوں اور لذتوں سے بے انتہا فائق ہیں، بلکہ اصلی نعمتیں اور لذتیں آخرت ہی کی ہیں، دنیا کی چیزوں کو ان سے کوئی نسبت نہیں۔

ان باتوں کا تقاضہ یہ ہے کہ انسان کی فکر وسعی بس آخرت ہی کے لئے ہو، اور دنیا سے اس کا تعلق بس ناگزیر ضرورت کے بقدر ہو، اسی لئے حدیثوں میں اس نکتہ پر بہت زیادہ زور دیا گیا ہے کہ انسان دنیا کو بالکل حقیر اور بے

حیثیت سمجھے، اس سے زیادہ جی نہ لگائے، اور اس کو اپنا مقصود ومطلوب نہ بنائے، بلکہ آخرت کو اپنی منزل اور اپنا دائمی وطن یقین کرے اور اس کی کامیابی کے لئے اپنی فکر کو تمام دنیاوی فکروں سے فارغ کرلے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک اگر دنیا کی حیثیت مچھر کے پر کے برابر بھی ہوتی تو اللہ تعالیٰ کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی نہ دیتے۔

تشریح: اللہ ورسول کے نہ ماننے والوں کو اس دنیا میں جو کچھ مل رہا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دنیا حقیر اور بے قیمت ہے، اگر اس کی کچھ بھی قدر وقیمت ہوتی تو اللہ تعالیٰ ان باغیوں کو پانی کا ایک گھونٹ نہ پلاتے، چنانچہ آخرت میں جس کی اللہ کے نزدیک قدر وقیمت ہے، کسی دشمن خدا کو ٹھنڈے پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ملے گا (معارف الحدیث)

فائدہ: یہ حدیث دیگر اسانید سے صحیح ہے، مگر یہاں جو سند ہے وہ ضعیف ہے اس کی سند میں عبدالحمید اور حازم دو ضعیف راوی ہیں۔

حدیث (۲): حضرت مستوردؓ کہتے ہیں: میں اس قافلہ کے ساتھ تھا جو نبی ﷺ کے ساتھ ایک مردار بکری کے بچہ پر ٹھہرا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم دیکھتے نہیں یہ بکری کا بچہ اس کے مالکان کے نزدیک کتنا بے قدر ہے جو انھوں نے اس کو پھینک دیا ہے، صحابہ نے اس کی تائید کی اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس کی بے قدری ہی کی وجہ سے ان لوگوں نے اس کو پھینک دیا ہے، آپؐ نے فرمایا: الدنیا أَهْوَنُ علی الله مِن هذه علی أهلها: دنیا اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بے قدر ہے جتنا یہ مردار بچہ اس کے مالکوں کے نزدیک بے قدر ہے۔

لغت: السَّخْلَةُ: بھیڑ بکری کا بچہ، جمع سَخْلٌ وَسِخَالٌ ...... أَتَرَوْنَ: میں ہمزہ استفہام انکاری ہے جس میں نفی کے معنی ہیں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ: مَلْعُوْنٌ مَافِيْهَا، إِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ، وَمَا وَالَاهُ، وَعَالِمٌ أَوْ مُتَعَلِّمٌ: دنیا ملعون ہے: جو کچھ دنیا میں ہے وہ ملعون ہے، مگر اللہ کی یاد، اور وہ چیزیں جن کا اللہ کی یاد سے تعلق ہے، اور عالم یا متعلّم۔

تشریح: یہ دنیا جو اللہ سے غافل کرنے والی ہے: وہ اور اس کی ہر چیز ذلیل ہے، اور اللہ کی رحمت سے دور ہے، کیونکہ یہ اللہ کو، آخرت کو، اور اپنے انجام کو بھلانے والی ہے، البتہ اگر یہ دنیا اللہ کی یاد کا ذریعہ بن جائے تو پھر وہ پسندیدہ ہے، ملعون نہیں، جن چیزوں کا تعلق اللہ سے، اور اللہ کے دین سے ہوتا ہے وہ بلاشبہ پسندیدہ ہوتی ہیں، کیونکہ وہ اس دنیا کی چیزیں نہیں رہیں وہ آخرت کی چیزیں ہوگئیں۔

ذِكْرُ الله کو مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں اور منصوب بھی، اور یہ استثناء منقطع ہے...... وَالَى فلاناً يُوَالِي مُوَالَاةً وَوِلَاءً: کے معنی ہیں: کسی سے محبت کرنا، ساتھ دینا، اور والاہ کی ضمیر اللہ کی طرف بھی لوٹ سکتی ہے اور ذکر کی طرف بھی، یعنی جو چیزیں

اللہ کے ذکر سے تعلق رکھتی ہیں یا اللہ کے دین سے تعلق رکھتی ہیں وہ لعنت سے مستثنیٰ ہیں، وہ ملعون نہیں، اور عالم اور متعلّم کے درمیان أو اس لئے آیا ہے کہ یہ دونوں باتیں ایک ساتھ جمع نہیں ہوتیں، آدمی پہلے متعلّم ہوتا ہے پھر عالم بنتا ہے۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''دنیا کی مثال آخرت کے تعلق سے ایسی ہے جیسے انگلی دریا میں ڈال کر نکال لی جائے، پھر دیکھا جائے کہ اس پر کتنا پانی لگا؟''

تشریح: حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دنیا آخرت کے مقابلے میں بالکل بے حیثیت ہے، جیسے دریا کے مقابلہ میں انگلی پر لگا ہوا پانی کوئی حیثیت نہیں رکھتا، اسی طرح آخرت سے دنیا کی کوئی نسبت نہیں، پس وہ شخص بڑا ہی گھاٹے میں ہے جو بے قدر دنیا کے پیچھے مرتا ہے، اور آخرت کی تیاری سے غافل رہتا ہے۔

[١٣-] بابُ ماجاءَ فِيْ هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ

[٢٣١٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ: مَا سَقَى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٣١٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ الرَّكْبِ الَّذِيْنَ وَقَفُوْا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى السَّخْلَةِ الْمَيِّتَةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' أَتَرَوْنَ هٰذِهِ هَانَتْ عَلَى أَهْلِهَا حِيْنَ أَلْقَوْهَا؟'' قَالُوْا: مِنْ هَوَانِهَا أَلْقَوْهَا يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: '' الدُّنْيَا أَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلَى أَهْلِهَا''

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وابنِ عُمَرَ، حَدِيْثُ الْمُسْتَوْرِدِ حَدِيْثٌ حسنٌ.

[٢٣١٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نَا عَلِيُّ بنُ ثَابِتٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ ثَابِتِ بنِ ثَوْبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بنَ قُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ ضَمْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ، مَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا، إِلَّا ذِكْرَ اللّٰهِ، وَمَا وَالَاهُ، وَعَالِمٌ أَوْ مُتَعَلِّمٌ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٣١٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ أَبِيْ خَالِدٍ، أَخْبَرَنِيْ قَيْسُ بنُ أَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُسْتَوْرِدًا أَخَا بَنِيْ فِهْرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَاالدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا مِثْلَ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ أُصْبُعَهُ فِي الْيَمِّ، فَلْيَنْظُرْ بِمَاذَا تَرْجِعُ؟'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَاجَاءَ: إِنَّ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

دنیا مؤمن کا قید خانہ اور کافر کا باغ ہے

قید خانہ کی دو خصوصیتیں ہیں:

پہلی خصوصیت: قیدی: قید خانہ میں آزاد نہیں ہوتا، بلکہ ہر کام میں جیلر کے حکم کا پابند ہوتا ہے، جو کھانے کو ملتا ہے کھاتا ہے، جو پینے کو دیا جاتا ہے پیتا ہے، جہاں بیٹھنے یا کھڑے ہونے کا حکم ہوتا ہے بیٹھتا یا کھڑا ہوتا ہے۔ غرض جیل میں اپنی مرضی نہیں چلتی، چار و ناچار ہر معاملہ میں دوسرے کے حکم کی پابندی کرنی پڑتی ہے۔

دوسری خصوصیت: قید خانہ میں قیدی کا جی کبھی نہیں لگتا وہ اس کو اپنا گھر نہیں سمجھتا، بلکہ ہر وقت اس سے نکلنے کا خواہش مند رہتا ہے۔

لطیفہ: ایک جیل بھر گئی، جج نے جیلر کو حکم دیا کہ کوئی بہانہ بنا کر جیل خالی کر دو، جیلر ایک ایک کو بلاتا اور پوچھتا: تم کتنے دن سے جیل میں ہو؟ ایک نے کہا: تین مہینہ سے، جیلر نے اس کو کوئی گفٹ دی اور کہا: جاؤ، پھر دوسرے سے پوچھا: اس نے کہا: ایک سال سے، اس کو بھی کوئی بڑی گفٹ دی اور چلتا کیا، ایک بڑے میاں بیس سال سے جیل میں تھے، انھوں نے سوچا: مجھے تو کوئی بہت بڑا ہدیہ ملے گا، جیلر نے ان سے پوچھا: آپ کب سے یہاں ہیں؟ انھوں نے کہا: بیس سال سے، جیلر نے کہا: ''آپ تو ہماری پرانی یادگار ہیں، آپ یہیں رہیں!'' بڑے میاں بیچارے دل مسوس کر رہ گئے، غرض: بیس سال گذرنے پر بھی ان کا دل جیل میں نہیں لگا۔

اور باغ کی بھی دو خصوصیتیں ہیں:

پہلی خصوصیت: لوگ جب باغ میں تفریح کے لئے جاتے ہیں تو وہاں کوئی قانونی پابندی نہیں ہوتی، ہر شخص آزاد ہوتا ہے، باغ میں جہاں چاہے گھوم سکتا ہے، اگر کسی باغ میں گھومنے میں پابندی ہو تو اس باغ میں تفریح کا کیا مزہ؟

دوسری خصوصیت: جو لوگ باغ میں گھومنے جاتے ہیں، اگر باغ شاندار ہو تو وہاں ان کا دل لگ جاتا ہے، وہ باغ سے واپس لوٹنا نہیں چاہتے، مجبوراً ہی جب وقت تنگ ہوتا ہے تو لوٹتے ہیں۔

اب جاننا چاہئے کہ دنیا کا حال بھی مؤمن کے تعلق سے ایسا ہی ہے اس کو حکم خداوندی اور قانون شریعت کی پابندی کرنی پڑتی ہے، وہ اس دنیا میں آزاد نہیں ہے، اپنی مرضی کی زندگی نہیں گذار سکتا، نہ یہاں اس کی ہر آرزو پوری ہو سکتی ہے، اور مؤمن کا جی دنیا میں کبھی نہیں لگتا، وہ ہر وقت اس دنیا سے نکل کر آخرت میں پہنچنا چاہتا ہے۔

اور کافر کے لئے اس دنیا میں کوئی قانونی پابندی نہیں، وہ جو چاہتا ہے کھاتا ہے، پیتا ہے اور اپنی مرضی کی زندگی گذارتا ہے اور اس کا دل دنیا سے ایسا لگا ہوا ہوتا ہے کہ وہ کبھی یہاں سے نکلنا نہیں چاہتا ﴿يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ

أَلْفَ سَنَةٍ﴾: ان میں سے ہر ایک یہ چاہتا ہے کہ اس کو ہزار برس کی زندگی مل جائے!

اور آخرت میں دونوں کا معاملہ برعکس ہو جائے گا۔ آخرت کافر کا قید خانہ ہے اور مؤمن کی جنت (باغ) مؤمن کے لئے جنت میں کوئی قانونی پابندی نہیں ہوگی، ہر جنتی اپنی مرضی کی زندگی گذارے گا، اور وہاں اس کی ہر آرزو پوری ہوگی، اور لاکھوں برس گذرنے پر بھی کسی جنتی کا دل جنت سے اور جنت کی نعمتوں سے اکتائے گا نہیں، اور نہ کسی کے دل میں جنت سے نکلنے کی خواہش پیدا ہوگی، سورۃ الزخرف میں ہے: ''جنت میں وہ سب کچھ ملے گا جس کو تمہارا دل چاہے گا اور اس کے نظارے سے تمہاری آنکھوں کو لذت اور دل کو سرور حاصل ہوگا، اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے'' اور سورۃ الکہف میں ہے: ''جنتی جنت سے کہیں اور منتقل ہونا نہیں چاہیں گے''

اور کافروں کے لئے دوزخ میں ہر طرح کی پابندیاں ہونگی، زقّوم کھانے کو دیا جائے گا: وہی کھانا پڑے گا۔ اور زخموں کی پیپ پینے کو دی جائے گی وہی پینی پڑے گی، اور جتنا بھی لمبا عرصہ گذر جائے وہاں ان کا دل نہیں لگے گا، وہ جہنم کے جیلر ''مالک'' سے کہیں گے: ''اپنے پروردگار سے عرض کرو کہ وہ ہمارا کام تمام کردے'' مالک ایک ہزار سال کے بعد جواب دیں گے: ''تم ہمیشہ اسی حال میں رہو گے'' (الزخرف ۷۷)

پس اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ مؤمن کو اس دنیا میں حکم الٰہی کی پابندی کرنی چاہئے، اور دنیا سے دل نہیں لگانا چاہئے، نہ دنیا کے عیش کو مقصود ومطلوب بنانا چاہئے، بلکہ آخرت کی تیاری کرنی چاہئے، مؤمن کی جنت آگے ہے۔ اللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی، وَاجْعَلْ آخِرَتَنَا خَيْرًا مِنَ الْأُوْلٰی (آمین)

[۱۴-] بابُ مَاجَاءَ: إِنَّ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ

[۲۳۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِي الْبَابِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو.

بابُ ماجاء: مَثَلُ الدُّنْيَا مَثَلُ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ

دنیا کا حال چار شخصوں کے حال جیسا ہے

حضرت ابو کبشہ انماری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: انھوں نے نبی ﷺ سے سنا، آپؐ نے فرمایا: تین باتیں: ان پر میں قسم کھاتا ہوں، اور ایک بات: جس کو میں تم سے بیان کرتا ہوں، پس تم اس کو یاد رکھو:

وہ تین باتیں جن پر نبی ﷺ نے قسم کھائی ہے:

۱- کسی بندے کا مال صدقہ کی وجہ سے کم نہیں ہوتا، یعنی اپنا مال راہِ خدا میں خرچ کرنے سے کبھی کوئی نادار نہیں ہوجاتا، بلکہ اس سے مال میں برکت ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ خزانۂ غیب سے عوض دیتے ہیں۔
۲- اور کسی بندے پر کوئی ایسا ظلم نہیں کیا گیا جس پر وہ صبر کرے مگر اللہ تعالیٰ اس کی عزت بڑھاتے ہیں، یعنی جب کسی بندے پر کوئی ظلم کرتا ہے اور اس کو ستاتا ہے اور وہ بندہ صبر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے دنیا میں اس کی عزت بڑھاتے ہیں۔
۳- اور کوئی بندہ سوال کا دروازہ نہیں کھولتا، مگر اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتے ہیں، یعنی جو بندہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے کا پیشہ اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر (دل کی) محتاجگی مسلط کردیتے ہیں...... یا نبی ﷺ نے اس کے مانند کوئی اور کلمہ فرمایا (اس کا تعلق آخری بات سے ہے، راوی کو یہ جملہ صحیح یاد نہیں، صرف مضمون یاد ہے)

تشریح: یہ تین باتیں نبی ﷺ نے قسم کھا کر بیان فرمائی ہیں، قسم تاکید کے لئے کھائی جاتی ہے یعنی پوری قوت واعتماد کے ساتھ یہ باتیں بیان فرمائی ہیں۔

اور دنیا کے تعلق سے چار قسم کے آدمی یہ ہیں:

فرمایا: اور میں تم سے ان کے علاوہ ایک اور بات بیان کرتا ہوں، پس تم اس کو یاد رکھو، فرمایا: دنیا چار قسم کے آدمیوں کے لئے ہے یعنی دنیا میں چار طرح کے لوگ ہیں۔

ایک: وہ بندہ ہے جس کو اللہ نے مال اور علم دیا ہے، پس وہ اس مال کے خرچ کرنے میں اللہ سے ڈرتا ہے، وہ اس کے ذریعہ رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے اور اس مال میں اللہ کا جو حق ہے اسے پہچانتا ہے، پس یہ بندہ سب سے اعلیٰ مرتبہ پر فائز ہوگا۔

دوسرا: وہ بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے علم عطا فرمایا ہے، مگر اس کو مال نہیں دیا، پس اس کی پکی نیت ہے اور وہ (دل میں) سوچتا ہے: اگر مجھے مال ملتا تو میں بھی فلاں (پہلی قسم کے آدمی) کی طرح اس کو کام میں لاتا، یعنی اللہ کی ہدایت کے مطابق اس کو مصارف خیر میں خرچ کرتا، پس ان دونوں کا اجر برابر ہے یعنی یہ دوسرا بندہ حسنِ نیت کی وجہ سے ثواب میں پہلے بندے کے برابر ہے۔

تیسرا: بندہ وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا ہے، مگر اس کو علم نہیں دیا، پس وہ اپنے مال میں علم کے بغیر ٹامک ٹوئیاں مارتا ہے، یعنی اس مال کو اندھا دھند غلط راہوں میں خرچ کرتا ہے، وہ اس مال میں اپنے پروردگار سے نہیں ڈرتا، اور نہ اس کے ذریعہ صلہ رحمی کرتا ہے، اور وہ اس مال میں اللہ کا کوئی حق نہیں پہچانتا، پس یہ بندہ نہایت برے مقام میں ہوگا۔

چوتھا: بندہ وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے نہ مال دیا ہے نہ علم، وہ (دل میں) سوچتا ہے: اگر مجھے مال ملتا تو میں بھی

فلاں (عیاش اور فضول خرچ بندے) کی طرح اس کو اڑاتا، پس وہ اپنی نیت کے مطابق ہے، اور دونوں کا وزن برابر ہے، یعنی یہ چوتھا بندہ اپنی بری نیت کی وجہ سے تیسرے بندہ کی طرح گنہ گار ہے۔

تشریح: اچھے برے عمل کی نیت پر اس وقت جزاؤ سزا ہوتی ہے جب وہ عزم کے درجہ میں آجائے، اگر نیکی کا پختہ ارادہ ہو، مگر کسی مجبوری سے نہ کرسکا، تو وہ نیکی اس کے لئے لکھ دی جاتی ہے، یہی حال گناہ کا ہے جب اس کا پختہ ارادہ ہوجائے مگر کسی وجہ سے وہ گناہ نہ کرسکے تو اس کی سزا کا مستحق ہوجاتا ہے۔

دلیل:

۱- حدیث میں ہے: مَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ، وَلَمْ يَعْمَلْهَا، كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، فَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا: (احمد ۱:۲۷۹و۳۶۱) یعنی جو شخص کسی نیکی کا پختہ ارادہ کرے پھر وہ اس کو نہ کرسکے تو اس کے لئے ایک نیکی لکھ دی جاتی ہے اور اگر وہ اس کو کرلے تو وہ نیکی اس کے لئے دس گنا لکھی جاتی ہے۔

۲- اور مشہور حدیث ہے کہ جب دو شخص تلواریں لے کر بھڑتے ہیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنم میں جاتے ہیں، صحابہ نے پوچھا: قاتل کا جہنم میں جانا تو سمجھ میں آیا، کیونکہ وہ ظالم ہے، مگر مقتول جہنم میں کیوں گیا، وہ تو مظلوم ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّهُ كَانَ حَرِيْصًا عَلَى قَتْلِ أَخِيْهِ: یعنی وہ گھر سے بندوق لے کر مرنے کے لئے نہیں نکلا، بلکہ اپنے بھائی کو مارنے کے لئے نکلا ہے، مگر اتفاق سے وہ مار نہیں سکا، مرگیا: اس لئے اس کو بھی اپنے پختہ ارادہ پر سزا ملے گی۔

[۱۵-] بابُ ماجاء: مَثَلُ الدُّنْيَا مَثَلُ أَرْبَعَةِ نَفَرٍ

[۲۳۱۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا عُبَادَةَ بنُ مُسْلِمٍ، نَا يُوْنُسُ بنُ خَبَّابٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الطَّائِيِّ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ: أَنَّهُ قَالَ: ثَنِي أَبُوْ كَبْشَةَ الأَنْمَارِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "ثَلاَثٌ: أُقْسِمُ عَلَيْهِنَّ، وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا، فَاحْفَظُوْهُ"

قَالَ: "مَا نَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ، وَلاَ ظُلِمَ عَبْدٌ مَظْلِمَةً: صَبَرَ عَلَيْهَا، إِلاَّ زَادَهُ اللّٰهُ عِزًّا، وَلاَ فَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلاَّ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ أَوْ: كَلِمَةً نَحْوَهَا"

"وَأُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا، فَاحْفَظُوْهُ" فَقَالَ: "إِنَّمَا الدُّنْيَا لِأَرْبَعَةِ نَفَرٍ:

[۱-] عَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالاً وَعِلْمًا، فَهُوَ يَتَّقِي رَبَّهُ فِيْهِ، وَيَصِلُ بِهِ رَحِمَهُ، وَيَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا، فَهٰذَا بِأَفْضَلِ الْمَنَازِلِ"

[۲-] "وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا، وَلَمْ يَرْزُقْهُ مَالاً، فَهُوَ صَادِقُ النِّيَّةِ، يَقُوْلُ: لَوْ أَنَّ لِي مَالاً لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلاَنٍ، فَهُوَ بِنِيَّتِهِ، فَأَجْرُهُمَا سَوَاءٌ"

[۳-] ” وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالاً، وَلَمْ يَرْزُقْهُ عِلْمًا، يَخْبِطُ فِيْ مَالِهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ، لاَيَتَّقِيْ فِيْهِ رَبَّهُ، وَلاَ يَصِلُ فِيْهِ رَحِمَهُ، وَلاَ يَعْلَمُ لِلّٰهِ فِيْهِ حَقًّا، فَهُوَ بِأَخْبَثِ الْمَنَازِلِ“

[٤-] ” وَعَبْدٍ لَمْ يَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالاً وَلاَ عِلْمًا، فَهُوَ يَقُوْلُ: لَوْ أَنَّ لِيْ مَالاً لَعَمِلْتُ فِيْهِ بِعَمَلِ فُلاَنٍ، فَهُوَ بِنِيَّتِهِ، فَوِزْرُهُمَا سَوَاءٌ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِي هَمِّ الدُّنْيَا وَحُبِّهَا

دنیا کی فکراوراس کی محبت کا بیان

حدیث میں ہے: حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ: دنیا کی محبت ہر گناہ کی جڑ ہے (مشکوٰۃ کتاب الرقاق، حدیث ۵۲۱۳) مگر یہ بات اس وقت ہے جب دنیا سے محبت دنیا کی وجہ سے ہو، مال ومنال سے تعلق عیش کرنے کے لئے ہو، ورنہ یہ قصہ پہلے گذر چکا ہے کہ ایک شخص نے خواجہ عبید اللہ احرارؒ کی خانقاہ کے دروازہ پر لکھا تھا: نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد! وہ کیسا بزرگ جو دولت سمیٹے ہوئے ہے! اور خواجہ صاحب نے اس کے نیچے لکھوایا تھا: وگردارد برائے دوست دارد یعنی اگر کوئی بزرگ مال ودولت اللہ کے لئے رکھتا ہوتو اس میں کوئی حرج نہیں ایسے بندوں کو دنیا سے کچھ محبت نہیں ہوتی، نہ وہ دنیا کی فکر میں پڑ کر آخرت برباد کرتے ہیں، وہ در کفے جام شریعت، در کفے سندانِ عشق کا مصداق ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے جو مال ومنال ان کو عطا فرماتے ہیں وہ اس کو حفاظت سے رکھتے ہیں اور سوچ سمجھ کر راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں، المیہ ان لوگوں کا ہے جن کو دنیا سے محبت ہوتی ہے، وہ دنیا کی فکر میں ایسے غرق ہوتے ہیں کہ احکام شرعیہ کو پس پشت ڈال دیتے ہیں، ایسے ہی بندوں کے لئے حدیثوں میں وعید آئی ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جس پر فاقہ اترا یعنی وہ غریبی سے دوچار ہوا پس اس نے اس فاقہ کو لوگوں کے پاس اتارا یعنی لوگوں سے مانگنا شروع کیا تو اس کا فاقہ بند نہیں کیا جائے گا (تُسَدُّ: فعل مجہول ہے، سَدَّ الثُّلْمَةَ کے معنی ہیں: رخنہ بند کرنا) اور وہ شخص جس پر فاقہ اترا، پس اس نے اس فاقہ کو اللہ کے پاس اتارا یعنی اللہ تعالیٰ سے مانگا، تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو جلدی یا دیر سے روزی عنایت فرمائیں (اور اس کا فاقہ ختم ہوجائے۔ وَشَكَ يَوْشَكُ اور أَوْشَكَ کے معنی ہیں: نزدیک ہونا، یہ فعل مقارب ہے یعنی فعل پر داخل ہوکر اس کے قربِ وقوع پر دلالت کرتا ہے)

حدیث (۲): ابو وائل کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اپنے ماموں ابو ہاشم بن عتبہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیمار پرسی کے لئے گئے، ان کے ماموں بیمار تھے (حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ ابو ہاشمؓ رورہے ہیں) پوچھا: ماموں جان! کیا بات آپؓ کو رلا رہی ہے، کیا کوئی درد آپؓ کو پریشان کررہا ہے یا دنیا کی حرص میں رورہے ہو؟ حضرت ابو ہاشمؓ نے فرمایا: یہ سب باتیں نہیں ہیں، بلکہ نبی ﷺ نے مجھ سے ایک عہد لیا تھا جس پر میں پوری طرح عمل نہیں

کرسکا، نبی ﷺ نے فرمایا تھا: إِنَّمَا يَكْفِيكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ: تیرے لئے مال جمع کرنے سے ایک خادم اور راہِ خدا میں استعمال کی سواری کافی ہے، یعنی بس اتنا ہی مال جمع رکھنا، اور میں آج پا رہا ہوں کہ میں نے دنیا اکٹھی کی ہے (حضرت ابو ہاشم رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد ان کا کل ترکہ تیس درہم تھا، اس میں وہ پیالہ بھی شامل تھا جس میں آٹا گوندھا جاتا تھا اور جس میں آپؓ کھانا نوش فرماتے تھے، اس کو بھی آپؓ دولت اکٹھا کرنا قرار دے رہے ہیں!)

لغت: يُشْئِزُ: أَشْئَزَهُ: مغموم کرنا، پریشان کرنا...... يُبْكِي: إبكاءً، رلانا۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: لاتَتَّخِذُوا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فى الدُّنْيَا: جائداد مت بناؤ پس تم دنیا کی طرف راغب ہوجاؤ۔

تشریح: الضَّيْعَة: جاگیر، نفع بخش جائداد یا کام جیسے تجارت، صنعت وغیرہ۔ دنیا کے جھمیلے جتنے بڑھیں گے اسی قدر مشغولیت بڑھے گی، جائداد اور کاروبار ایسے علائق ہیں جن کی وجہ سے آدمی دنیا کا ہوکر رہ جاتا ہے، اور آخرت کی طرف سے غافل ہوجاتا ہے، لیکن یہ عام بندوں کا حال ہے، بعض اولوالعزم بندے جیسے امام اعظم اور پیرانِ پیر وغیرہ بڑے کاروبار کے ساتھ بھی آخرت کے بڑے کام کرگئے۔

[۱۶-] بابُ ماجاء فِيْ هَمِّ الدُّنْيَا وَحُبِّهَا

[۲۳۱۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ بَشِيْرٍ أَبِيْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ طَارِقِ بنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ نَزَلَتْ بِهِ فَاقَةٌ، فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ، لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ؛ وَمَنْ نَزَلَتْ بِهِ فَاقَةٌ، فَأَنْزَلَهَا بِاللّٰهِ، فَيُوْشِكُ اللّٰهُ لَهُ بِرِزْقٍ عَاجِلٍ أَوْ آجِلٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۲۳۲۰-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: جَاءَ مُعَاوِيَةُ إِلَى أَبِيْ هَاشِمِ بنِ عُتْبَةَ، وَهُوَ مَرِيْضٌ، يَعُوْدُهُ، فَقَالَ: يَاخَالُ مَا يُبْكِيْكَ؟ أَوَجْعٌ يُشْئِزُكَ أَوْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا؟ قَالَ: كُلٌّ لَا، وَلٰكِنْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا، لَمْ آخُذْ بِهِ! قَالَ: "إِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" وَأَجِدُنِيْ الْيَوْمَ قَدْ جَمَعْتُ.

وَقَدْ رَوَاهُ زَائِدَةُ، وَعَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ سَمُرَةَ بنِ سَهْمٍ، قَالَ: دَخَلَ مُعَاوِيَةُ عَلَى أَبِيْ هَاشِمِ بنِ عُتْبَةَ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

وفى الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۳۲۱-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بنِ عَطِيَّةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ سَعْدِ بنِ الْأَخْرَمِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”لَاتَتَّخِذُوْا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فِي الدُّنْيَا “ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فی طُوْلِ الْعُمُرِ لِلْمُؤْمِنِ

حسنِ عمل کی توفیق مل جائے تو زندگی بڑی نعمت ہے

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک بدو نے پوچھا: یارسول اللہ! لوگوں میں بہتر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: مَنْ طَالَ عُمُرُه وَحَسُنَ عَمَلُهُ: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں۔

حدیث (۲): ایک دوسرے شخص نے بھی یہی سوال کیا کہ یارسول اللہ! لوگوں میں بہتر کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال اچھے ہوں، اس نے عرض کیا: اور لوگوں میں برا کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: مَنْ طَالَ عمرُه وَسَاءَ عَمَلُهُ: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کے اعمال برے ہوں۔

تشریح: جس کی زندگی اعمال صالحہ میں بسر ہوتی ہو، اس کو جتنی بھی لمبی زندگی مل جائے خیر ہی خیر ہے، وہ اس کو اعمالِ آخرت میں استعمال کرے گا، اور اس کے برعکس جو بداعمالیوں میں مبتلا ہے اس کی عمر جتنی زیادہ ہوگی برائیوں میں اضافہ ہوگا اور وہ اللہ کی رحمت سے دور ہوگا، پس اگر حسنِ عمل کی توفیق مل جائے تو زندگی بڑی نعمت ہے ورنہ وبالِ جان ہے!

[۱۷-] بابُ ماجاء فی طُوْلِ الْعُمُرِ لِلْمُؤْمِنِ

[۲۳۲۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ خَيْرُ النَّاسِ؟ قَالَ: ”مَنْ طَالَ عُمُرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ“

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۲۳-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، نَا خَالِدُ بنُ الْحَارِثِ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِیْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَیُّ النَّاسِ خَيْرٌ؟ قَالَ: ”مَنْ طَالَ عُمُرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ“ قَالَ: فَأَیُّ النَّاسِ شَرٌّ؟ قَالَ: ”مَنْ طَالَ عُمُرُهُ، وَسَاءَ عَمَلُهُ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث حضرت عبداللہ بن بُسرؓ کی ہے، ترمذی کے نسخوں میں عن عبد الله بن قيسٍ ہے یہ پرانی غلطی ہے، امام احمد رحمہ اللہ نے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن بسرؓ کی روایتوں میں ذکر کی ہے، اور مزّی نے بھی

تحفۃ الاشراف (۴:۲۹۵) میں عبداللہ بن بسر کی حدیثوں میں اس کا تذکرہ کیا ہے، اور مولانا مبارک پوری نے بھی اس غلطی پر تنبیہ کی ہے، اس لئے میں نے کتاب میں تصحیح کردی ہے، اور عبداللہ بن قیس: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا نام ہے، یہ حدیث ان کی نہیں ہے۔

بابُ ماجاء فی أَعْمَارِ هٰذِہ الأُمَّۃِ: مَا بَیْنَ السِّتِّیْنَ إِلٰی سَبْعِیْنَ

اس امت کی عمریں ساٹھ تا ستر سال ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **عُمُرُ أُمَّتِی مِنْ سِتِّیْنَ سَنَۃً إِلٰی سَبْعِیْنَ**: میری امت کی عمریں ساٹھ سال سے ستر سال تک ہیں (اور ابن ماجہ (حدیث ۴۲۳۶) میں یہ اضافہ ہے: **وَأَقَلُّھُمْ مَنْ یَجُوْزُ ذلك**: اور کم ہی لوگ اس سے آگے بڑھتے ہیں)

تشریح: اس امت کی عمریں بالعموم ساٹھ تا ستر سال ہیں، کسی کی اس سے کم رہ جائے یا کسی کی اس سے زیادہ ہوجائے: یہ ممکن ہے، اور اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ جب آدمی ساٹھ سال پورے کرلے تو اسے آخرت کی فکر میں لگ جانا چاہئے، کیونکہ اب اس کی عمر زیادہ باقی نہیں رہی، اسی طرح جب بڑھاپے کے بال نظر آنے لگیں تو آخرت کی تیاری میں لگ جانا چاہئے اور جب عمر ستر سال ہوجائے تو زندگی کو غنیمت جان کر ہر وقت موت کی تیاری میں لگ جانا چاہئے۔

[۱۸-] بابُ ماجاء فی أَعْمَارِ هٰذِہ الأُمَّۃِ: مَا بَیْنَ السِّتِّیْنَ إِلٰی سَبْعِیْنَ

[۲۳۲۴-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بنُ سَعِیْدٍ الْجَوْهَرِیُّ، نَا مُحمدُ بنُ رَبِیْعَۃَ، عَنْ کَامِلٍ أَبِیْ العَلَاءِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرۃَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: " عُمُرُ أُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَۃً إِلٰی سَبْعِیْنَ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُریرۃَ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْہٍ، عَنْ أَبِیْ هریرۃَ.

بابُ ماجا فی تَقَارُبِ الزَّمَانِ

تقاربِ زمان کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ زمانے کے اجزاء ایک دوسرے سے قریب ہوجائیں، اور سال مہینہ کے برابر ہوجائے، مہینہ جمعہ کی طرح، جمعہ ایک دن کی طرح، اور ایک دن ایک گھنٹہ کی طرح

ہوجائے، اور ایک گھنٹہ ایسا ہوجائے جیسے گھاس کے تنکے آگ میں جل جاتے ہیں یعنی یکدم گھنٹہ ختم ہوجائے۔

لغت: ضَرِمَتِ النَّارُ (س) ضَرَمًا: آگ سلگنا، بھڑکنا، اضْطَرَمَتِ النَّارُ: آگ سلگنا، دہکنا، الضَّرْمَة: ایندھن، وہ گھاس پھونس جس سے آگ جلائی جاتی ہے۔

تشریح: اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

پہلا مطلب: قیامت کے قریب طیّ زمان ہوگا جس طرح طی ارض ہوتا ہے یعنی زمین کے اجزاء سمیٹ لئے جاتے ہیں اور قریب قریب کردیئے جاتے ہیں اسی طرح زمانہ کے اجزاء بھی سمیٹ لئے جائیں گے۔ تقارب: باب تفاعُل کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: دو چیزوں کا ایک دوسرے سے نزدیک ہونا یعنی قیامت کے قریب میں زندگی بڑی تیزی سے گذر جائے گی، آج ایسا ہی دور چل رہا ہے، ایسے وقت میں آخرت کی فکر زیادہ کرنی چاہئے اور جو کچھ ممکن ہو کر لینا چاہئے۔

دوسرا مطلب: وقت کی برکت ختم ہوجائے گی یعنی لوگوں کی غفلت بڑھ جائے گی لوگ یوم وفردا کرتے رہیں گے اور موت سامنے آکر کھڑی ہوجائے گی۔

[۱۹-] بابُ ماجاءَ فی تَقَارُبِ الزَّمَانِ

[۲۳۲۵-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا خَالِدُ بنُ مَخْلَدٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ سَعْدِ بنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَقَارَبَ الزَّمَانُ، وَتَكُوْنَ السَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ، وَتَكُوْنَ الْجُمُعَةُ كَالْيَوْمِ، وَيَكُوْنَ الْيَوْمُ كَالسَّاعَةِ، وَتَكُوْنَ السَّاعَةُ كَالضَّرْمَةِ بِالنَّارِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَسَعْدُ بنُ سَعِيْدٍ: هُوَ أَخُوْ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں عبداللہ عمری ہیں، جن کی تضعیف کی گئی ہے اور یحییٰ بن سعید انصاری کے بھائی سعد بھی ہیں جو سیّئ الحفظ ہیں، اس لئے یہ حدیث اس سند سے ضعیف ہے۔

ملحوظہ: اس باب میں وَقِصَر الْأَمَل بھی تھا، مگر چونکہ یہ باب آگے آرہا ہے اس لئے میں نے اس کو حذف کیا ہے۔

بابُ ماجاء فی قِصَرِ الْأَمَلِ

آرزو مختصر رکھنے کا بیان

قَصَر الشیئُ (ن) قَصْرًا وَقِصَرًا: لمبائی میں چھوٹا ہونا، کوتاہ ہونا، ٹھگنا ہونا، القِصَر: طول کی ضد، ٹھگنا پن، شاعر

کہتا ہے: سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں! انسان لمبے پلان بناتا ہے مگر لمحہ کے بعد کیا ہونا ہے: اس کی خبر نہیں! اس لئے احادیث میں امیدیں مختصر رکھنے کی ترغیب دی گئی ہے، اسی سے دل کو چین ملتا ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے میرے جسم کا کوئی حصہ پکڑا (اور بخاری (حدیث ۶۴۱۶) میں ہے: میرا مونڈھا پکڑا، اور ایسا اہتمام شان کے لئے کیا تھا تاکہ جو بات آپؐ فرمائیں ابن عمر اسے غور سے سنیں) فرمایا: كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ، أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ، وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ أَهْلِ الْقُبُوْرِ: دنیا میں پردیسی کی طرح رہو، یا راہ رَو کی طرح، اور خود کو مقبوریں میں شمار کرو۔

تشریح: أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ: اعلی سے ادنی کی طرف اترتا ہے، کیونکہ پردیسی کے پاس مال سامان زیادہ نہیں ہوتا مگر راہ گیر کے پاس اس سے بھی کم ہوتا ہے، اور خود کو مقبورین میں شمار کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہر وقت موت کو پیش نظر رکھو۔

پھر مجاہدؒ کہتے ہیں: مجھ سے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: جب آپ صبح کریں تو اپنے نفس سے شام کے بارے میں بات نہ کریں، اور جب آپ شام کریں تو اپنے نفس سے صبح کے بارے میں بات نہ کریں، یعنی صبح میں شام کی امید نہ باندھیں اور شام میں صبح کی امید نہ باندھیں، یعنی یہ یقین نہ رکھیں کہ آپ شام یا صبح تک زندہ رہیں گے، اور لیں آپ اپنی تندرستی سے اپنی بیماری سے پہلے، اور اپنی زندگی سے اپنی موت سے پہلے یعنی بیمار پڑنے سے پہلے تندرستی کے زمانہ میں جو کچھ کر سکتے ہیں کرلیں، اور موت سے پہلے زندگی کو غنیمت سمجھیں، اور جو کچھ ممکن ہو کرلیں، پس بیشک آپ نہیں جانتے اے بندۂ خدا! کہ کل آپ کا نام کیا ہوگا: زندہ یا مردہ؟ پس جب تک حیاتِ مستعار حاصل ہے: اس سے فائدہ اٹھالیں۔

فائدہ: یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ سے مجاہد بن جَبْر روایت کرتے ہیں، پھر ان سے لیث بن ابی سُلیم اور امام سلیمان اعمش روایت کرتے ہیں، پھر لیث سے سفیان ثوری اور حماد بن زید روایت کرتے ہیں، اعمش کی روایت بخاری شریف میں ہے، اور سفیان اور حماد کی روایتیں ترمذی میں ہیں۔ اور بخاری شریف کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث کا یہ آخری حصہ یعنی إِذَا أَصْبَحْتَ الی آخرہ موقوف ہے یعنی حضرت ابن عمرؓ نے یہ بات مجاہد سے فرمائی ہے۔ اور ترمذی شریف کی روایت سے اس کے مرفوع ہونے کا وہم ہوتا ہے کیونکہ آگے یا عبدَ اللہ! آرہا ہے، مگر اس کو لغوی معنی میں لیا جاسکتا ہے، اس لئے میرا رجحان یہ ہے کہ یہ حضرت ابن عمرؓ کا قول ہے، مرفوع حدیث نہیں، اور حماد کی سند سے روایت ابن ماجہ (حدیث ۴۱۱۴) میں بھی ہے، اور کچھ حضرات کا خیال یہ ہے کہ سلیمان اعمش نے یہ حدیث مجاہد سے نہیں سنی، بلکہ لیث بن ابی سُلیم سے لی ہے۔ واللہ اعلم

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ انسان ہے اور یہ اس کی موت ہے، اور آپؐ نے اپنا ہاتھ اپنی گدی پر رکھا یعنی موت انسان سے لگی ہوئی ہے، پھر آپؐ نے ہاتھ اپنے سامنے

لمبا کیا اور فرمایا: اور وہاں اس کی آرزو ہے! اور وہاں اس کی آرزو ہے!! (ابن ماجہ (حدیث ۴۲۳۲) میں ہے بَسَطَ يَدَهُ أَمَامَهُ: ہاتھ سامنے کی طرف لمبا کیا)

تشریح: گدی پر ہاتھ رکھ کر اشارہ فرمایا کہ موت اس سے لگی ہوئی ہے، اور ہاتھ سیدھا کر کے اشارہ فرمایا کہ انسان کی آرزوئیں بہت دور تک ہیں، یہی آرزوئیں آخرت سے غفلت پیدا کرتی ہیں، حالانکہ دنیاوی زندگی بالکل عارضی اور چند روزہ ہے اور موت کے بعد والی زندگی اصلی اور مستقل زندگی ہے، پس انسان کو دنیا سے زیادہ آخرت کی فکر کرنی چاہئے۔

حدیث (۳): حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ہم پر گذر ہوا، ہم اپنا ایک جھونپڑا ٹھیک کر رہے تھے، پس آپؐ نے پوچھا: ''کیا کر رہے ہو؟'' ہم نے عرض کیا: جھونپڑا بوسیدہ ہو گیا ہے اس کو ٹھیک کر رہے ہیں، آپؐ نے فرمایا: مَا أَرَى الأَمْرَ إِلَّا أَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ: نہیں دیکھتا میں موت کو مگر اس سے جلدی یعنی میرے خیال میں اس جھونپڑے کے گرنے سے پہلے موت آجائے گی۔

تشریح: اس حدیث کا مقصد یہ نہیں ہے کہ بوسیدہ گھر ٹھیک نہ کیا جائے، بلکہ مقصد موت کو یاد دلانا ہے، اور اس پر تنبیہ کرنا ہے کہ آدمی کے مشاغل اس کو موت کی تیاری سے غافل نہ کریں۔

[۲۰-] بابُ ماجاء فی قِصَرِ الأَمَلِ

[۲۳۲۶-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: أَخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِبَعْضِ جَسَدِيْ، قَالَ: '' كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ، وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ أَهْلِ الْقُبُوْرِ''

فَقَالَ لِي ابْنُ عُمَرَ: إِذَا أَصْبَحْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالْمَسَاءِ، وَإِذَا أَمْسَيْتَ فَلَا تُحَدِّثْ نَفْسَكَ بِالصَّبَاحِ، وَخُذْ مِنْ صِحَّتِكَ قَبْلَ سَقَمِكَ، وَمِنْ حَيَاتِكَ قَبْلَ مَوْتِكَ، فَإِنَّكَ لَاتَدْرِيْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ! مَااسْمُكَ غَدًا؟

حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحَدِيْثَ الأَعْمَشُ عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ نَحْوَهُ.

[۲۳۲۷-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' هٰذَا ابنُ آدَمَ، وَهٰذَا أَجَلُهُ'' وَوَضَعَ يَدَهُ عِنْدَ قَفَاهُ، ثُمَّ بَسَطَهَا، فَقَالَ: '' وَثَمَّ أَمَلُهُ، وَثَمَّ أَمَلُهُ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ هٰذَا حَدِيْثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۲۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى السَّفَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: مَرَّ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ نُعَالِجُ خُصًّا لَنَا، فَقَالَ: ''مَاهٰذَا؟'' فَقُلْنَا: قَدْ وَهِيَ، فَنَحْنُ نُصْلِحُهُ، فَقَالَ: ''مَا أَرَى الْأَمْرَ إِلَّا أَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ السَّفَرِ: سَعِيْدُ بنُ يُحْمِدَ، وَيُقَالُ: ابنُ أَحْمَدَ الثَّوْرِيُّ.

بابُ ماجاء: إِنَّ فِتْنَةَ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِى الْمَالِ

اس امت کا خاص فتنہ مال ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر امت کے لئے کوئی آزمائش ہوتی ہے، اور میری امت کی آزمائش مال ہے''

تشریح: فتنہ وہ چیز ہے جس سے آدمی کو پرکھا جائے، قرآن کریم میں مال اور اولاد کو فتنہ کہا گیا ہے، یعنی یہ دو دھاری تلواریں ہیں، ان کو احتیاط سے استعمال کیا جائے تو دشمن کا سر پھوڑیں گی، اور بے احتیاطی سے چلائی جائیں تو اپنا ہی سر زخمی کردیں گی، مال اور اولاد ایسی ہی دو چیزیں ہیں، اگر مال کو صحیح طریقہ پر کمایا جائے اور صحیح راستہ میں خرچ کیا جائے تو اس سے آخرت آباد ہوتی ہے، اسی طرح اولاد کی صحیح تربیت کی جائے اور نیک صالح بنایا جائے تو وہ صدقۂ جاریہ ہوتی ہے، اور اگر مال میں بے احتیاطی برتی جائے، نہ کمانے میں شریعت کی ہدایات کی پابندی کی جائے، نہ خرچ کرنے میں شریعت کی حدود کا خیال رکھا جائے، تو وہ مال آخرت میں وبال ہوگا، اسی طرح اولاد کو جاہل، ناہنجار اور آوارہ چھوڑا جائے تو اولاد آخرت میں گرفت کا ذریعہ بن جائے گی۔

اور گذشتہ امتوں کی آزمائش مختلف طرح سے کی گئی ہے، اور اس امت کی آزمائش مال ومنال کے ذریعہ کی جاتی ہے، اللہ تعالیٰ نے اس امت کو خوب مال عنایت فرمایا ہے، وہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ امت مال کس طرح حاصل کرتی ہے، اور کس طرح خرچ کرتی ہے؟ پس مسلمانوں کو مال کی تحصیل میں اور صرف میں بہت زیادہ محتاط رہنا چاہئے، کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ مال ہمارے لئے وبال جان بن جائے۔

[۲۱-] بابُ ماجاء إِنَّ فِتْنَةَ هٰذِهِ الْأُمَّةِ فِى الْمَالِ

[۲۳۲۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا الحَسَنُ بنُ سَوَّارٍ، نَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ كَعْبِ بنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةً، وَفِتْنَةُ أُمَّتِي الْمَالُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ.

بابُ ماجاء: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وادِيَانِ مِن مَّالٍ لَابْتَغى ثَالِثًا

دولت کی حرص کبھی ختم نہیں ہوتی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اگر آدمی کے پاس سونے سے بھرا ہوا ایک میدان ہوتو وہ چاہے گا کہ اس کے لئے سونے سے بھرا ہوا دوسرا میدان ہو، اور اس کے منہ کو نہیں بھرے گی مگر مٹی، یعنی مال کی ہوس قبر میں جا کر ختم ہوگی، اور اللہ تعالیٰ اس بندے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

تشریح: یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اور صحیحین میں حضرت ابن عباسؓ کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: لَوْ كَانَ لابنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغى ثَالِثًا: امام ترمذیؒ نے اُن الفاظ کو باب میں رکھا ہے۔

مال و دولت کی محبت فطری ہے، مگر حد سے بڑھی ہوئی محبت پسندیدہ نہیں، انسان کا حال یہ ہے کہ اگر دولت سے گھر بھر جائے تو بھی اس کا دل قانع نہیں ہوتا، وہ اس میں اضافہ چاہتا ہے، اور زندگی کے آخری سانس تک اس کی ہوس کا یہی حال رہتا ہے، بس قبر میں جا کر ہی اس کو ننانوے کے پھیر سے چھٹکارا ملتا ہے۔

البتہ جو بندے دولت کے بجائے اپنے دل کا رخ اللہ کی طرف پھیر دیتے ہیں اور اس سے لو لگا لیتے ہیں، ان پر اللہ کی خاص عنایت ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ ان کو غنائے نفس کی دولت عطا فرماتے ہیں، اور وہ قناعت پیشہ بن جاتے ہیں، پھر دنیا میں بھی ان کی زندگی پرسکون اور مزے سے گذرتی ہے (ماخوذ از معارف الحدیث ۲: ۸۰)

[۲۲-] بابُ ماجاء: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وادِيَانِ مِن مَّالٍ لَابْتَغى ثَالِثًا

[۲۳۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ زِيَادٍ، نَا يَعْقُوْبُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ بنِ سَعْدٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ صَالِحِ بنِ كَيْسَانَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ، لَأَحَبَّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ ثَانِيًا، وَلَا يَمْلَأُ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ"

وفى الباب: عَنْ أُبَيِّ بنِ كَعْبٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَائِشَةَ، وَابْنِ الزُّبَيْرِ، وَأَبِيْ وَاقِدٍ، وَجَابِرٍ، وابنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ هُريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

باب ماجاءَ: قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ

بوڑھے کا دل دو باتوں میں جوان ہوتا ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بوڑھے کا دل دو باتوں کی محبت میں جوان ہوتا ہے: ایک: زندگی کی درازی،

دوسری: مال کی فراوانی۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''آدمی بوڑھا ہوتا ہے، اوراس میں دو باتیں جوان ہوتی ہیں: ایک: زندگی کی حرص، دوسری: مال کی حرص۔

تشریح: تجربہ اور مشاہدہ ہے کہ جب زندگی تمام ہونے آتی ہے، اور عقل کمزور پڑ جاتی ہے، تو دو خواہشیں ابھرتی ہیں: ایک: مال کی زیادتی کی خواہش، دوسری: بہت دنوں تک زندہ رہنے کی خواہش۔ لیکن یہ حال عوام کا ہے، جن بندوں نے اپنے نفسوں کی تربیت کرلی ہے، ان کا حال اس سے مختلف ہوتا ہے، ان میں مال ومنال کی محبت اور زندگی کی آرزو کی جگہ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کا جذبہ، اور آخرت کی نعمتوں کا اشتیاق بڑھ جاتا ہے، اور مسلسل بڑھتا رہتا ہے۔

[۲۳-] باب ماجاءَ: قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ

[۲۳۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ الْقَعْقَاعِ بنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' قَلْبُ الشَّيْخِ شَابٌّ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُوْلِ الْحَيَاةِ وَكَثْرَةِ الْمَالِ''

وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' يَهْرَمُ ابنُ آدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: الحِرْصُ عَلَى الْعُمْرِ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: اثْنتين: أى خصلتين: دو باتیں ...... هَرِمَ الرجلُ يَهْرَم (س) هَرَمًا: بڑھاپے کی آخری منزل کو پہنچنا ...... شَبَّ الغلامُ يَشِبُّ (ض) شَبَابًا: لڑکے کا جوان ہونا۔

بابُ ماجاء فى الزَّهَادَةِ فِى الدُّنْيَا

دنیا سے بے رغبتی کا بیان

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''دنیا کی بے رغبتی: حلال کو حرام کرنا نہیں ہے، اور نہ مال کو ضائع کرنا ہے، بلکہ دنیا کی بے رغبتی یہ ہے کہ (۱) آپ اس چیز پر جو آپ کے ہاتھ میں ہے: زیادہ بھروسہ کرنے والے نہ ہوں، اس سے جو اللہ کے ہاتھ میں ہے، یعنی جو کچھ آپ کے پاس ہے: آپ کا اس سے زیادہ بھروسہ اس چیز پر ہونا چاہئے جو اللہ کے پاس ہے (۲) اور یہ کہ آپ اس مصیبت کے ثواب میں، جبکہ وہ مصیبت آپ کو پہنچائی جائے، زیادہ رغبت کرنے والے

ہوں، اس سے کہ وہ مصیبت آپ کے لئے باقی رکھی جاتی یعنی نہ پہنچائی جاتی، یعنی جب آپ کو کوئی تکلیف اور ناخوشگوار حالت پیش آئے تو اس کے اخروی ثواب کی رغبت آپ کے دل میں زیادہ ہونی چاہئے اِس خواہش سے کہ وہ تکلیف اور ناگوار بات آپ کو نہ پہنچائی جاتی۔

تشریح: أَوْثقُ اور أَرْغبُ دونوں اسم تفضیل ہیں، اور ہر اسم تفضیل کے لئے مفضّل اور مُفضل منہ (مفضّل علیہ) ضروری ہیں، جیسے: زیدٌ أَكْبَرُ مِنْ أَخِيْهِ: زید اپنے بھائی سے بڑا ہے، اس میں زید مفضل (ترجیح دیا ہوا) اور بھائی مفضل منہ (جس پر ترجیح دی گئی) ہے، اور مفضّل پہلے آتا ہے اور مفضّل منہ بعد میں، اور اس سے پہلے من تفضیلیہ آتا ہے، پس حدیث کے پہلے جملہ میں ما فی ید اللہ: مفضّل ہے، اور ما فی یدك: مفضل منہ ہے اور یہ بات واضح ہے، اور دوسرے جملہ میں ثوابُ المصيبة: إذا أُصِبْتَ بها مفضل ہے، اور نِعمةُ العافية: إذا أُبْقِيَتِ المصيبة لك مفضل منہ ہے، یعنی حدیث میں مفضل منہ مذکور نہیں اور لو أنَّهَا أُبْقِيَتْ لك مفضل منہ کا جز ہے۔

غرض اس حدیث میں دو باتوں کو زہد قرار دیا گیا ہے اور اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بندوں کو اس دنیا میں عافیت اور راحت کے بجائے تکلیف اور مصیبت کی تمنا کرنی چاہئے، کیونکہ دوسری حدیثوں میں ان کی ممانعت آئی ہے۔ نبی ﷺ نے صحابہ کو ہمیشہ تاکید کی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے عافیت اور خیریت طلب کریں، اور خود آپؐ کا بھی یہی معمول تھا۔

بلکہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب اللہ کے حکم سے کوئی مصیبت یا تکلیف پہنچے تو پھر زُہد (دنیا سے بے رغبتی) کا تقاضہ یہ ہے کہ اس مصیبت یا تکلیف کا جو اجر و ثواب آخرت میں ملنے والا ہے وہ اس کو اس مصیبت یا تکلیف کے نہ پہنچنے سے زیادہ محبوب و مرغوب ہونا چاہئے، کیونکہ اس پر جو اجر و ثواب ملے گا وہ آخرت کی چیز ہے، جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے اور مصیبت نہ پہنچنا عافیت اور راحت ہے، اور وہ اس دنیا کی چیز ہے، اور وہ چند روزہ ہے، پس مؤمن کو باقی رہنے والی چیز میں راغب ہونا چاہئے، فانی کی حرص نہیں کرنی چاہئے۔

[٢٤-] بابُ ماجاء فی الزَّهَادَةِ فِی الدُّنْيَا

[٢٣٣٣-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا عَمْرُو بنُ وَاقِدٍ، نَا يُوْنُسُ بنُ حَلْبَسٍ، عَنْ أَبِی إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ أَبِی ذَرٍّ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "الزَّهَادَةُ فِی الدُّنْيَا: لَيْسَتْ بِتَحْرِيْمِ الْحَلاَلِ، وَلاَ إِضَاعَةِ الْمَالِ، وَلٰكِنَّ الزَّهَادَةَ فِی الدُّنْيَا: أَنْ لاتَكُوْنَ بِمَا فِیْ يَدَيْكَ أَوْثَقَ مِمَّا فِیْ يَدِ اللهِ، وأَنْ تَكُوْنَ فِیْ ثَوَابِ الْمُصِيْبَةِ، إِذَا أَنْتَ أُصِبْتَ بِهَا، أَرْغَبُ فِيْهَا لَوْ أَنَّهَا أُبْقِيَتْ لَكَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيُّ: اسْمُهُ عَائِذُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ؛ وَعَمْرُو بنُ وَاقِدٍ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

وضاحت: یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث ۴۱۰۰) میں بھی ہے اور عمرو بن واقد نہایت درجہ کا ضعیف راوی ہے اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، اور ابن ماجہ میں ابوادریس خولانی کا یہ قول بھی مذکور ہے کہ اس قسم کی حدیثیں خالص سونے کی مثال ہیں، یعنی نہایت قیمتی ہیں۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''انسان کے لئے ان تین باتوں کے علاوہ میں کوئی حق نہیں: (۱) ایسا گھر جس میں سکونت پذیر ہو (۲) اور ایسا کپڑا جس سے ستر پوشی کرے (۳) اور روکھی (بے سالن) روٹی اور پانی۔

تشریح: یہ تین چیزیں انسان کی بنیادی ضرورتیں ہیں، ان کے بغیر کام نہیں چل سکتا، پس اگر کسی کو یہ چیزیں میسر ہیں تو اسے دوسری چیزوں کی حرص نہیں کرنی چاہئے۔ ان پر قناعت کرنی چاہئے، اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ایک دوسری روایت میں لفظ فضلٌ ہے یعنی اور چیزیں ضرورت سے زائد ہیں، اور امام لغت نضر بن شُمیلؒ نے جِلفُ الخبز کا ترجمہ روکھی روٹی یعنی بے سالن روٹی کیا ہے۔

[۲۳۳٤-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نا حُرَيْثُ بنُ السَّائِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ الحَسَنَ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي حُمْرَانُ بنُ أَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ عَفَّانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' لَيْسَ لِابْنِ آدَمَ حَقٌّ فِيْ سِوَى هٰذِهِ الْخِصَالِ: بَيْتٌ يَسْكُنُهُ، وَثَوْبٌ يُوَارِيْ عَوْرَتَهُ، وَجِلْفُ الخُبْزِ وَالْمَاءِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ حَدِيْثُ حُرَيْثِ بنِ السَّائِبِ. وَسَمِعْتُ أَبَا دَاوُدَ سُلَيْمَانَ بنَ سَلْمٍ الْبَلْخِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ: جِلْفُ الْخُبْزِ: يَعْنِي لَيْسَ مَعَهُ إِدَامٌ.

حدیث (۳): حضرت عبداللہ بن الشِّخِّیر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے، آپؐ فرما رہے تھے: ''تمہیں تکاثر (دنیا کے مال سامان پر فخر کرنے) نے غافل کر رکھا ہے'' اور آپؐ نے فرمایا: ''انسان کہتا ہے: (یہ) میرا مال! (وہ) میرا مال! حالانکہ تیرے لئے تیرے مال میں سے نہیں مگر جو تو نے خیرات کیا، پس اس کو آگے بڑھا دیا، یا کھالیا پس اس کو ختم کر دیا، یا پہن لیا پس اس کو بوسیدہ کر دیا یعنی اتنا پہنا کہ وہ پھٹ گیا۔

تشریح: تکاثُر کے معنی ہیں: کمپیٹشن (Competition) مال سامان میں رقابت ومسابقت، یہی چیز انسان کو آخرت سے غافل کرتی ہے، حالانکہ مال کی یہ زیادتی انسان کے کسی کام کی نہیں۔ انسان کی دنیوی ضرورتیں بس کھانا، پینا

اور پہننا ہیں، اور آخرت کی ضرورت صدقہ خیرات ہے، ان کے علاوہ جو بھی ہے وہ یہیں رہ جانے والا ہے۔

[۲۳۳۵-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَقُوْلُ: "أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ" قَالَ: "يَقُوْلُ ابنُ آدَمَ: مَالِيْ! مَالِيْ! وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ إِلَّا مَا تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ، أَوْ أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ، أَوْ لَبِسْتَ فَأَبْلَيْتَ؟" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: "اے انسان اگر تو ضرورت سے زائد مال کو خرچ کرے گا تو تیرے لئے بہتر ہوگا اور اگر تو اس کو روکے گا تو تیرے لئے برا ہوگا، اور تو بقدر ضرورت روزی (رکھنے پر) ملامت نہیں کیا جائے گا، اور تو (خرچ کرنے میں) ان لوگوں سے ابتدا کر جن کے مصارف تیرے ذمہ ہیں، اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ بقدر ضرورت روزی جمع رکھنا زہد کے منافی نہیں، علاوہ ازیں اس حدیث میں چار ہدایتیں ہیں:

۱-فضل یعنی زائد از حاجت مال کو راہِ خدا میں خرچ کرنا انسان کے لئے مفید ہے، اور اس کو روک رکھنا یعنی ضرورت کی جگہ میں بھی خرچ نہ کرنا مضر ہے۔

۲-بقدر ضرورت روزی جمع رکھنے پر کوئی ملامت نہیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جمع شدہ مال ہی میں زکوٰۃ فرض کی ہے۔

۳-خرچ کرنے میں اس کا لحاظ رکھنا چاہئے کہ اہم مصارف میں پہلے خرچ کرے، پھر جو بچے وہ درجہ بدرجہ دوسری جگہوں میں خرچ کرے۔

۴-اور خرچ کرکے بالکل خالی ہاتھ نہ ہو جائے ورنہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پسارنا پڑے گا، جبکہ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے، پس انسان کو ہمیشہ دینے کی پوزیشن میں رہنا چاہئے، مانگنے کی حالت میں نہیں پہنچ جانا چاہئے۔

[۲۳۳۶-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عُمَرُ بنُ يُوْنُسَ، نَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، نَا شَدَّادُ بنُ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا ابنَ آدَمَ! إِنَّكَ إِنْ تَبْذُلِ الْفَضْلَ خَيْرٌ لَكَ، وَإِنْ تُمْسِكْهُ شَرٌّ لَكَ، وَلَا تُلَامُ عَلَى كَفَافٍ، وابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَشَدَّادُ بنُ عَبْدِ اللهِ: يُكْنَى أَبَا عَمَّارٍ.

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: "اگر آپ لوگ اللہ پر بھروسہ کریں، جیسا کہ اس پر بھروسہ کرنے کا حق ہے تو آپ لوگ روزی دیئے جائیں جس طرح پرندے روزی دیئے جاتے ہیں، وہ صبح کو خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو

پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں۔

لغت: خِمَاص: خالی پیٹ: خَمِيْصٌ کی جمع ہے، خَمِيص البطْن: بھوکا...... بِطان: پیٹ بھرا، شکم سیر...... غَدَا يَغْدُوْ غُدُوًّا: صبح کو جانا...... رَاحَ يَرُوْحُ رَوَاحًا: شام کے وقت واپس آنا۔

[۲۳۳۷-] حدثنا عَلِيُّ بنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بنِ شُرَيْحٍ، عَنْ بَكْرِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ أَبِيْ تَمِيْمٍ الجَيْشَانِيِّ، عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ، لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ: تَغْدُوْ خِمَاصًا، وَتَرُوْحُ بِطَانًا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ تَمِيْمٍ الجَيْشَانِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَالِكٍ.

حدیث (۶): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں دو بھائی تھے، ایک نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر رہتا تھا اور دوسرا پیشہ کرتا تھا، پس پیشہ ور نے نبی ﷺ سے اپنے بھائی کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا: "شاید تجھے اس کی وجہ سے روزی ملتی ہے"

تشریح: بخاری شریف کی حدیث میں ہے: هل تُنْصَرُوْن وَتُرْزَقُوْنَ إِلاّ بِضُعفائِكم: نہیں مدد کئے جاتے تم اور نہیں روزی دیئے جاتے تم مگر تمہارے کمزوروں کی وجہ سے، اس حدیث میں بھی نبی ﷺ نے یہی بات فرمائی ہے کہ ممکن ہے تجھے تیرے خستہ حال بھائی کی برکت سے روزی مل رہی ہو، پس تجھے اس کی کفالت کرنی چاہئے، کیونکہ وہ دین کے کام میں لگا ہوا ہے، اور پڑھنے میں مشغول ہے۔

[۲۳۳۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَخَوَانِ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ أَحَدُهُمَا يَأْتِي النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَالآخَرُ يَحْتَرِفُ، فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ أَخَاهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهِ" [هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ]

حدیث (۷): نبی ﷺ نے فرمایا: "جو صبح کے وقت اپنے گھر میں بہ اطمینان ہے، اپنے بدن میں بہ عافیت ہے، اس کے پاس اس دن کی روزی ہے، تو گویا اس کے لئے دنیا سمیٹ دی گئی!"

لغات: أَصْبَحَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا، صبح ہونا...... السِّرب کے اصل معنی ہیں: دل اور نفس، کہا جاتا ہے:

هو آمِنُ السِّرْب: وہ دل کا مطمئن ہے، پھر یہ لفظ ایسے گھر کے لئے استعمال ہونے لگا جو ضرورت کے لئے کافی ہو۔ هو آمِنٌ فی سِرْبِهِ: وہ اپنے بال بچوں میں مطمئن ہے......مُعَافًى: اسم مفعول، عافاه اللّٰهُ: خیریت وعافیت سے رکھنا، صحت وعافیت عطا کرنا، یہاں یہ آخری معنی ہیں......حِيزَ: بروزن قِيلَ: فعل مجہول، حَازَ الشيئَ يَحُوْز حِيَازَةً: اکٹھا کرنا، قبضہ میں لینا، حاصل کرنا۔

تشریح: اس حدیث میں بھی انسان کی بنیادی ضرورتوں کا تذکرہ ہے۔ اگر کسی کے پاس اطمینان سے رہنے کے لئے کُٹیا (جھونپڑی) ہو، جسمانی طور پر وہ بہ عافیت ہو، کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو، اوراس دن کا اس کے پاس گذارہ ہوتو اور کیا چاہئے؟ وہ ساری دنیا کا مالک ہے، اس سے زائد فضول (بے کار) ہے، پس ایسے شخص کو اس کے پاس جو کچھ ہے اس پر قناعت کرنی چاہئے، زیادہ کی حرص نہیں کرنی چاہئے۔

[۲۳۳۹-] حدثنا عَمْرُو بنُ مَالِكٍ، وَمَحْمُوْدُ بنُ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ، قَالاَ: نَا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِي شُمَيْلَةَ الأَنْصَارِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ مِحْصَنٍ الخُطَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَصْبَحَ مِنْكُمْ آمِنًا فِيْ سِرْبِه، مُعَافًى فِيْ جَسَدِهِ، عِنْدَهُ قُوْتُ يَوْمِهِ، فَكَأَنَّمَا حِيزَتْ لَهُ الدُّنْيَا "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَرْوَانَ بنِ مُعَاوِيَةَ، قَوْلُهُ: حِيزَتْ: يَعْنِي جُمِعَتْ. حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا الحُمَيْدِيُّ، نَا مَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء فی الْكَفَافِ، وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ

بقدرِ ضرورت روزی پر صبر کرنا

یہ باب گذشتہ باب سے تعلق رکھتا ہے، کیونکہ آدمی کا بقدرِ ضرورت روزی پر صبر کرنا ہی زہد ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "میرے دوستوں میں میرے نزدیک سب سے زیادہ قابل رشک وہ مؤمن ہے جو چھوٹا کنبہ رکھتا ہو، نماز میں اس کا بڑا حصہ ہو، وہ اپنے رب کی بہترین عبادت کرتا ہو، اور خلوت میں بھی اللہ کی اطاعت کرتا ہو، اور وہ لوگوں میں گمنام ہو، اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کیا جاتا ہو، اور اس کی روزی بقدرِ ضرورت ہو، اور وہ اس پر صابر ہو" پھر نبی ﷺ نے اپنا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا (جیسے ہاتھ جھاڑتے ہیں) پھر فرمایا: "اس کی موت جلدی آگئی! اس پر رونے والیاں کم ہیں! اس کا ترکہ بھی بہت تھوڑا ہے!"

تشریح: یہ ایک جزوی فضیلت ہے یعنی ایک لحاظ سے ایسی زندگی اچھی جو سبک بار ہو، آدمی مال وعیال کے لحاظ

سے ہلکا ہو، نماز اور عبادت سے اس کو خاص دلچسپی ہو، صفتِ احسان کے ساتھ عبادت کرتا ہو، اور خلوت میں بھی فرمانبرداری اس کا شعار ہو، اور لوگوں میں گمنام ہو، کوئی اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ نہ کرتا ہو کہ یہ فلاں بزرگ ہیں، اور اس کی روزی بقدرِ ضرورت ہو اور وہ اس پر صابر وشاکر ہو تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ایسا مؤمن میرے دوستوں میں سب سے زیادہ قابلِ رشک ہے'' پھر آپؐ نے ہاتھ جھاڑنے کی طرح ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا اور فرمایا: وہ دنیا سے یک دم رخصت ہوگیا، پیچھے نہ رونے والیاں چھوڑیں نہ مال سامان کا کچھ جھمیلا، ایسے بندوں کی زندگی بڑی قابلِ رشک ہے، مگر یہ ایک جزوی فضیلت ہے، اور اللہ کے بندوں کے الوان واحوال مختلف ہوتے ہیں، یہ بھی ایک لون ہے اور ایک حالت ہے جو قابلِ رشک ہے۔

لغات: أَغْبَط: اسم تفضیل: بہت زیادہ قابلِ رشک، غَبَطَ فُلاَنًا يَغْبِطُه (ض) غَبْطًا: رشک کرنا، کسی کی خوشحالی دیکھ کر اس کے زوال کی تمنا کئے بغیر اپنے لئے اس حالت کی آرزو کرنا...... الحاذ: پیٹھ، خَفِيفُ الحاذ: ہلکی پیٹھ یعنی جس کی پیٹھ اہل وعیال کی ذمہ داریوں سے بوجھل نہ ہو، کم مال اور چھوٹے کنبے والا...... غامِض: گمنام، غَمَضَ الشيئُ يَغْمُض (ن) غُموضًا: پوشیدہ ہونا، غیر واضح ہونا...... لايُشارُ إليه بالأصابع: غامِضًا: کی تفسیر ہے...... الكفاف: بقدرِ ضرورت روزی...... نَقَرَ (ن) نَقْرًا الشيئَ بالشيئ: ایک چیز کو دوسری چیز پر مارنا۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ پر اس طرح مارا جیسے ہاتھ جھاڑتے ہیں نَقر کے معنی: چٹکی بجانا بھی ہیں، مگر یہاں یہ معنی نہیں، کیونکہ حدیث میں بِيَدَيْه ہے اور چٹکی دو انگلیوں سے بجائی جاتی ہے دو ہاتھوں سے نہیں بجائی جاتی...... عَجَّلَ: جلدی کرنا...... مَنِيَّة: موت، جمع: مَنَايَا ...... بواکِيْ: رونے والیاں، باکِيَةٌ کی جمع ...... تُراث: میراث۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے یہ بات رکھی کہ وہ میرے لئے مکہ کی وادی کے سنگریزوں کو سونے کا بنا دیں یعنی آپ کو اختیار دیا کہ اگر آپؐ دولت مند بننا چاہیں تو مکہ کی وادی کو ہم سونے سے بھر دیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا: میرے پروردگار! (میں اپنے لئے یہ نہیں چاہتا) بلکہ میں ایک دن پیٹ بھر کھاؤں، اور ایک دن بھوکا رہوں، یا فرمایا: تین دن بھوکا رہوں، یا اس کے مانند کلمہ فرمایا، پس جب مجھے بھوک لگے تو میں آپ کے سامنے گڑگڑاؤں، اور آپ کو یاد کروں، اور جب میں شکم سیر ہوؤں تو آپ کا شکر بجالاؤں، اور آپ کی تعریف کروں۔

تشریح: اس حدیث میں کفاف کے اعلیٰ فرد کا بیان ہے، اس سے اوپر کفاف کا کوئی درجہ نہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنے لئے پسند فرمایا ہے، اور یہی فقر اختیاری ہے، جو نہایت پسندیدہ حالت ہے۔

حدیث (۳): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قد أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافًا، وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ: یقیناً کامیاب ہوا وہ جو مسلمان ہوا، اور وہ بقدرِ ضرورت روزی دیا گیا، اور اللہ نے اس کو قناعت شعار بنایا۔

تشریح: قناعت کے معنی ہیں: اپنے حصہ پر یا تھوڑی چیز پر مطمئن ہو جانا۔ زائد کی خواہش نہ کرنا، اس حدیث کا

بھی یہ مطلب نہیں ہے کہ زائد روزی نہ کمائے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ قسمت کی لکھی ہوئی روزی پر صبر کرے۔
حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: طُوْبَى لِمَنْ هُدِىَ للإسلام، وكان عَيْشُهُ كفافا، وَقَنَعَ: اس شخص کے لئے خوش حالی ہے جو اسلام کی راہ دکھایا گیا یعنی مسلمان ہوگیا، اور اس کی روزی بقدر ضرورت ہے، اور وہ اپنی تھوڑی روزی پر مطمئن ہے۔
تشریح: آخری دونوں حدیثوں کا ایک ہی مطلب ہے، اور طُوبیٰ: جنت کا ایک درخت ہے، اور یہ لفظ اسم تفضیل مؤنث ہے اور مراد بھلائی، سعادت اور آخرت کی خوش حالی ہے۔

[۲۵-] بابُ ماجاء في الْكَفَافِ، وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ

[۲۳۴۰-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَيُّوْبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ الْقَاسِمِ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ أَغْبَطَ أَوْلِيَائِىْ عِنْدِىْ: لَمُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ، ذُوْ حَظٍّ مِنَ الصَّلاَةِ، أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ، وَأَطَاعَهُ فِي السِّرِّ، وَكَانَ غَامِضًا فِي النَّاسِ، لاَيُشَارُ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ، وَكَانَ رِزْقُهُ كَفَافًا، فَصَبَرَ عَلَى ذٰلِكَ" ثُمَّ نَقَرَ بِيَدَيْهِ، فَقَالَ: " عُجِّلَتْ مَنِيَّتُهُ، قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ، قَلَّ تُرَاثُهُ"
وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّىْ، لِيَجْعَلَ لِىْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا، قُلْتُ: "لاَ، يَارَبِّ! وَلٰكِنْ أَشْبَعُ يَوْمًا، وَأَجُوْعُ يَوْمًا" - أَوْ قَالَ: ثَلاَثًا، أَوْ: نَحْوَ هٰذَا - " فَإِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ إِلَيْكَ، وَذَكَرْتُكَ، فَإِذَا شَبِعْتُ شَكَرْتُكَ، وَحَمِدْتُكَ"
وفي الباب: عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَالْقَاسِمُ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرحمنِ، وَهُوَ مَوْلَى عَبْدِ الرحمنِ بنِ خَالِدِ بنِ يَزِيْدَ بنِ مُعَاوِيَةَ، وَهُوَ شَامِيٌّ ثِقَةٌ؛ وَعَلِيُّ بنُ يَزِيْدَ: يُضَعَّفُ فِي الحَدِيْثِ، وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الْمَلِكِ.
[۲۳۴۱-] حدثنا الْعَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ بنِ شَرِيْكٍ، عَنْ أَبِىْ عَبْدِ الرحمنِ الحُبُلِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو: أَنَّ رسولَ الله صلى الله عليه وسلم قَالَ: " قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافًا، وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.
[۲۳۴۲-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهُ بنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، ثَنَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، أَخْبَرَنِىْ أَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلاَنِيُّ: أَنَّ أَبَا عَلِيٍّ عَمْرَو بنَ مَالِكٍ الجَنْبِيَّ، أَخْبَرَهُ عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " طُوْبَى لِمَنْ هُدِىَ لِلْإِسْلاَمِ، وَكَانَ عَيْشُهُ كَفَافًا، وَقَنِعَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلاَنِيُّ: اسْمُهُ حُمَيْدُ بنُ هَانِئٍ.

وضاحت: پہلی اور دوسری حدیثوں کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تحسین کی ہے، حالانکہ ان کی سندوں میں علی بن یزید بن ابی زیاد الہانی ابوعبدالملک الدمشقی ہے، جو ابوعبدالرحمٰن قاسم بن عبدالرحمٰن کا خاص شاگرد ہے، اور ضعیف ہے...... علاوہ ازیں عبیداللہ بن زَحر معمولی راوی ہے وہ حدیث میں غلطیاں کرتا تھا...... اور ابوعبدالرحمٰن قاسم بن عبدالرحمٰن: شامی ہے، اور ثقہ راوی ہے، اور وہ عبدالرحمٰن بن خالد کا آزاد کردہ ہے۔

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْفَقْرِ

ناداری کی فضیلت

حدیث: ایک شخص نے نبی ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! بخدا! میں آپؐ سے محبت کرتا ہوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''سوچ لو کیا کہہ رہے ہو؟'' اس نے (سوچ کر) جواب دیا: بخدا! میں آپؐ سے محبت کرتا ہوں، یہ بات اس نے تین مرتبہ کہی، آپؐ نے فرمایا: ''اگر تجھے مجھ سے محبت ہے تو ناداری کے لئے پاکھر پہن کر تیار ہوجا، کیونکہ ناداری اس شخص کی طرف جو مجھ سے محبت کرتا ہے ایسی تیزی سے آتی ہے جیسے نالہ اپنی نہایت تک تیزی سے جاتا ہے''

لغات: أَعِدَّ: فعل امر، صیغہ واحد حاضر، أَعَدَّ فلانًا للأَمْرِ: آمادہ کرنا، یعنی تو اپنے آپ کو ناداری کے لئے آمادہ کرلے...... التَّجْفاف: (بفتح التاء و کسرھا) پاکھر: آہنی پوشاک، جو لڑائی کے وقت ہاتھی گھوڑے وغیرہ کو پہناتے ہیں، یعنی ناداری کے لئے ہتھیار باندھ لے...... عرب میں بہت تیز بارش ہوتی ہے، اور علاقہ پہاڑی ہے جب پہاڑوں سے پانی اترتا ہے تو نالا تیزی سے بہتا ہے، گاڑیوں کو بھی بہالے جاتا ہے، اور اپنے منتہا پر پہنچ کر رکتا ہے۔

تشریح: اور یہ بات پہلے بیان کی گئی ہے کہ فقر (ناداری) کی دو قسمیں ہیں: اختیاری اور اضطراری۔ اختیاری کا مطلب یہ ہے کہ آدمی اپنی خوشی سے اس حالت کو پسند کرے، اور اضطراری فقر یہ ہے کہ انگور کھٹے ہیں، اور نبی ﷺ نے اپنے لئے اختیاری فقر کو پسند کیا تھا، ابھی روایت گذری ہے کہ آپؐ نے ایک دن شکم سیر ہونے کو اور کئی دن فاقہ کو پسند کیا، اور جس شخص کو جس سے سچی محبت ہوتی ہے وہ اس کے احوال کے ساتھ رنگین ہوتا ہے، مشہور جملہ ہے: الرَّجُلُ علی دِیْنِ خَلِیْلِہِ: دوست دوست کی روش پر ہوتا ہے، پس جس کو نبی ﷺ سے سچی محبت ہوگی اس کا حال آپؐ جیسا ہوگا، وہ بھی دین کے کاموں میں لگ جائے گا، اور دنیا کی طرف اس کا التفات نہیں رہے گا۔ اس لئے وہ بھی ناداری سے دوچار ہوگا، آج کل لوگ بزرگوں سے محبت کے دعوے کرتے ہیں، مگر ان کا حال بزرگوں جیسا نہیں ہوتا، محبت کے ایسے دعوے صرف زبانی جمع خرچ ہوتے ہیں، اس لئے نبی ﷺ نے ان صحابی سے فرمایا: سوچ کر کہو، کیا واقعی تمہیں مجھ سے محبت ہے؟ انھوں نے غور کرکے جواب دیا: واقعی مجھے آپؐ سے محبت ہے، تو آپؐ نے ان کو اس محبت کا ظاہر ہونے والا اثر بتایا کہ اب ناداری کے لئے کمر کس لو۔

[۲٦-] بابُ ماجاء فی فَضْلِ الْفَقْرِ

[۲۳٤۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَمْرِو بنِ نَبْهَانَ بنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا رَوْحُ بنُ أَسْلَمَ، نَا شَدَّادٌ أَبُوْ طَلْحَةَ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ أَبِي الْوَازِعِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ للنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ! إِنِّی لَأُحِبُّكَ! فَقَالَ لَهُ:" انْظُرْ مَاتَقُوْلُ؟" قَالَ: وَاللّٰهِ! إِنِّی لَأُحِبُّكَ – ثَلاَثَ مَرَّاتٍ– قَالَ:" إِنْ كُنْتَ تُحِبُّنِیْ، فَأَعِدَّ لِلْفَقْرِ تَجْفَافًا، فَإِنَّ الْفَقْرَ أَسْرَعُ إِلَى مَنْ يُحِبُّنِیْ مِنَ السَّيْلِ إِلَى مُنْتَهَاهُ"

حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نَا أَبِیْ، عَنْ شَدَّادٍ أَبِیْ طَلْحَةَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ الوَازِعِ الرَّاسِبِيُّ: اسْمُهُ جَابِرُ بنُ عَمْرٍو، وَهُوَ بَصْرِيٌّ.

بابُ ماجاء أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ

نادار مہاجرین: مالدار مہاجرین سے پہلے جنت میں جائیں گے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: نادار مہاجرین مالدار مہاجرین سے پانچ سو سال پہلے جنت میں جائیں گے۔

تشریح: یہ پانچ سو سال دنیا کے اعتبار سے ہیں، اور نادار مہاجرین پہلے جنت میں اس لئے جائیں گے کہ ان کے ساتھ حساب کتاب کا بکھیڑا نہیں ہوگا: اس لئے سُبک ساراں سُبک تر روند: جس کا بوجھ ہلکا ہوتا ہے وہ جلدی نکل جاتا ہے...... اور نادار مہاجرین سے صالح متقی صحابہ مراد ہیں، اور ان کے مالداروں سے بھی صالح متقی صحابہ مراد ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ، اور مسکینی کی حالت میں دنیا سے اٹھا، اور مسکینوں کے زمرہ میں میرا حشر فرما''

تشریح: ابھی حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے بارگاہِ خداوندی میں عرض کیا تھا کہ میرے پروردگار! میں ایسی زندگی چاہتا ہوں کہ ایک دن کھانا ملے اور کئی دن نہ ملے، آپؐ نے سوچ کر اپنے لئے ایسی فقیرانہ زندگی پسند فرمائی تھی، کیونکہ آپؐ کا جو مقام ومنصب تھا، اور جو کارِ عظیم آپؐ کے ذمہ تھا، اس کے لئے ایسی ہی فقر ومسکنت کی زندگی زیادہ موزون تھی، کیونکہ امت کی اکثریت نادار ہے، ان کے لئے اسوہ کی ضرورت ہے اور وہ آپؐ کی ذات ہے، رہے امت کے مالدار تو وہ مال کے نشہ میں مست ہیں۔ ان کو کسی اسوہ کی ضرورت نہیں۔ اور اگر کسی کو ہوش آئے تو اس کے لئے بھی آپؐ کی سیرت اسوہ ہوگی

اور جب نبی ﷺ نے مذکورہ دعا فرمائی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: کیوں اے اللہ کے رسول؟ یعنی آپؐ نے مسکینی کے لئے دعا کیوں کی؟ آپؐ نے فرمایا: مساکین مالداروں سے چالیس سال پہلے جنت میں

جائیں گے (پہلے پانچ سو سال آیا ہے اور اس حدیث میں چالیس سال ہیں، یہ اختلاف ناداروں کے حالات اور درجات کے اعتبار سے ہے جو اعلی درجہ کے متقی اور نادار ہیں وہ پانچ سو سال پہلے جنت میں جائیں گے، اور جو کم درجہ والے ہیں وہ چالیس سال پہلے جائیں گے) پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے عائشہ! آپؓ مسکین کو (خالی ہاتھ) نہ پھیریں، چاہے کھجور کا ایک ٹکڑا ہی دیں۔ اے عائشہ! آپؓ غریبوں سے محبت کریں اور ان کو اپنے سے نزدیک کریں: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آپ کو اپنے سے نزدیک کریں گے''

حدیث (۳) کا مضمون بھی وہی ہے جو حدیث نمبر (۱) کا ہے، بس اس میں یہ اضافہ ہے کہ یہ پانچ سو سال آدھا دن ہیں، اس سے قیامت کا آدھا دن مراد نہیں، کیونکہ وہ دن تو پچاس ہزار سال کا ہے، بلکہ اللہ کے یہاں کا آدھا دن مراد ہے۔ سورۃ آلم السجدة میں ہے: ﴿إِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّوْنَ﴾: اللہ کے یہاں کا دن دنیا کے ہزار سال کے برابر ہے، پس یہ پانچ سو سال اس دن کا آدھا ہیں۔

اور حدیث (۴) کا مضمون بھی وہی ہے جو حدیث نمبر (۲) کا ہے یعنی غریب مسلمان مالدار مسلمانوں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔

اور حدیث (۵) کا مضمون حدیث نمبر (۳) کی طرح ہے کہ غریب مسلمان مالداروں سے آدھا دن پہلے جنت میں جائیں گے اور آدھا دن پانچ سو سال ہیں۔

تشریح: جن حدیثوں میں پانچ سو سال کا ذکر ہے ان میں غریب مہاجرین کا ذکر ہے اور جن حدیثوں میں چالیس سال کا ذکر ہے ان میں غریب مسلمانوں کا ذکر ہے اور ظاہر ہے: مہاجرین کا مقام عام مسلمانوں کے مقام سے بلند ہے، اس لئے میں نے کہا تھا کہ عدد کا یہ اختلاف ناداری کے احوال و درجات کے اختلاف کی وجہ سے ہے۔

[۲۷-] بابُ ماجاء أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ

[۲۳۴۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ، نَا زِيَادُ بنُ عَبْدِ اللّهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّهِ صلى الله عليه وسلم:'' فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَعَبْدِ اللّهِ بنِ عَمْرٍو، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۴۵-] حدثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بنُ وَاصِلٍ الْكُوْفِيُّ، نَا ثَابِتُ بنُ مُحمدٍ الْعَابِدُ الْكُوْفِيُّ، نَا الْحَارِثُ بنُ النُّعْمَانِ، نَا اللَّيْثِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رسولَ اللّهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' اللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا، وَأَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا، وَاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ '' فَقَالَتْ عَائِشَةُ: لِمَ يَارسولَ اللّهِ؟

قَالَ: " إِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيائِهِمْ بِأَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا، يَا عَائِشَةُ! لَا تَرُدِّى الْمِسْكِيْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، يَا عَائِشَةُ! أَحِبِّي الْمَسَاكِيْنَ، وَقَرِّبِيْهِمْ، فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[٢٣٤٦-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا قَبِيْصَةُ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ: نِصْفِ يَوْمٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٣٤٧-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَمْرِو بنِ جَابِرٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ بِأَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٢٣٤٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِيْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِنِصْفِ يَوْمٍ، وَهُوَ خَمْسُ مِائَةِ عَامٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِيْ مَعِيْشَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَهْلِهِ

نبی ﷺ اور آپؐ کے گھر والوں کا گذارہ

نبی ﷺ کی ناداری تو اختیاری تھی جیسا کہ بار بار بیان کیا جاچکا ہے، اسی طرح ازواج مطہرات کی ناداری بھی اختیاری تھی، نبی ﷺ جب باغوں اور کھیتوں کی آمدنی ہوتی تھی تو ہر بیوی صاحبہ کو ان کا پورے سال کا نفقہ دے دیا کرتے تھے، مگر ازواج مطہرات اس کو مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ کردیا کرتی تھیں، اور نادار ہوجاتی تھیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ کے گھر میں ایک مہینہ تک آگ نہیں جلتی تھی، کیونکہ پکانے کے لئے کچھ نہیں ہوتا تھا، دودھ اور کھجور پر گذر بسر ہوتا تھا۔ طالب علموں نے پوچھا: وہ خرچہ کیا ہوتا تھا جو نبی ﷺ آپ کو دیا کرتے تھے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: وہ غریب مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ ہوجاتا تھا، ہمارے پاس کچھ نہیں بچتا تھا، پس نبی ﷺ کے گھر والوں کی ناداری بھی اختیاری تھی اور اختیاری ناداری بہت اچھی حالت ہے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں نو روایتیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): مسروقؒ کہتے ہیں: میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا، انھوں نے میرے لئے کھانا منگوایا، اور فرمایا: میں جب بھی کوئی کھانا پیٹ بھر کر کھاتی ہوں، پھر میں رونا چاہتی ہوں تو رو پڑتی ہوں (ما نافیہ ہے اور إلا اثبات ہے اور دونوں کے مجموعہ سے حصر پیدا ہوا ہے) مسروق نے پوچھا: آپؓ کیوں رو پڑتی ہیں؟ فرمایا: مجھے

وہ حالت یاد آتی ہے جس پر نبی ﷺ دنیا سے جدا ہوئے ہیں، یعنی آپؐ کی وفات تک جو ناداری کی حالت تھی وہ مجھے یاد آتی ہے اور رلا دیتی ہے، بخدا ایک دن میں آپؐ دو مرتبہ روٹی اور گوشت سے شکم سیر نہیں ہوئے۔

حدیث (۲) میں یہ ہے کہ آپؐ دو دن مسلسل جو کی روٹی سے شکم سیر نہیں ہوئے، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔

حدیث (۳) یہ ہے کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے گھر والے تین دن تک پے بہ پے گیہوں کی روٹی سے شکم سیر نہیں ہوئے، یہاں تک کہ آپؐ دنیا سے رخصت ہوگئے۔

حدیث (۴) میں یہ ہے کہ نبی ﷺ کے گھر والوں سے جو کی روٹی بچتی نہیں تھی، یعنی ضرورت سے زیادہ نہیں پکتی تھی۔

حدیث (۵) میں ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ اور آپؐ کے گھر والے پے در پے کئی راتیں بھوکے رہتے تھے، وہ رات کا کھانا نہیں پاتے تھے اور ان حضرات کی روٹی عام طور پر جو کی ہوتی تھی (طَوَی بَطْنَه: خود کو بھوکا رکھنا...... طَاوِيًا: اسم فاعل، کان کی خبر ہے...... وأَهْلُه کا عطف رسولُ اللّٰہ پر ہے)

[۲۸-] بابُ ماجاء فِيْ مَعِيْشَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَهْلِهِ

[۲۳۴۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا عَبَّادُ بنُ عَبَّادٍ المُهَلَّبِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَدَعَتْ لِيْ بِطَعَامٍ، وَقَالَتْ: مَا أَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ فَأَشَاءُ أَنْ أَبْكِيَ، إِلَّا بَكَيْتُ، قَالَ: قُلْتُ: لِمَ؟ قَالَتْ: أَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِيْ فَارَقَ عَلَيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الدُّنْيَا، وَاللّٰهِ! مَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مَرَّتَيْنِ فِيْ يَوْمٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۳۵۰-] حدثنا مَحْمُودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بنَ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنِ الأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْ خُبْزِ شَعِيْرٍ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتَّى قُبِضَ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۵۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمدُ بنُ الْعَلَاءِ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: مَا شَبِعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَهْلُهُ ثَلَاثًا تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ، حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۵۲-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا يَحْيىَ بنُ أَبِيْ بُكَيْرٍ، نَا حَرِيْزُ بنُ عُثْمَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُوْلُ: مَاكَانَ يَفْضُلُ عَنْ أَهْلِ بَيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

خُبْزُ الشَّعِيْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۵۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، نَا ثَابِتُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ بِلَالِ بنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَبِيْتُ اللَّيَالِيَ الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا، وَأَهْلُهُ، لَايَجِدُوْنَ عَشَاءً، وَكَانَ أَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزَ الشَّعِيْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۶): نبی ﷺ نے دعا فرمائی: اللّٰھم اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحمدٍ قُوْتًا: اے اللہ! محمد (ﷺ) کے خاندان کی روزی بقائے بدن کے بقدر بنا (القوت: بقدر بقائے بدن خوراک)

تشریح: آل کا لفظ گھر والوں یعنی بیوی بچوں کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور متبعین کے لئے بھی، مگر اس حدیث میں آپؐ کے گھر والے مراد ہیں، اور قوت سے مراد بس اتنی روزی ہے جس سے کام چلتا رہے، نہ تنگی ہو کہ فاقہ کی نوبت آئے اور دست سوال دراز کرنا پڑے، اور نہ اتنی فراغت ہو کہ آئندہ کے لئے بچ جائے، احادیثِ شریفہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ کی گھریلو زندگی اسی طرح گذرتی تھی۔

حدیث (۷) حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کوئی چیز آئندہ کل کے لئے ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے۔

تشریح: جو آج کی ضرورت سے بچتا تھا وہ ضرورت مند مسلمان پر خرچ کر دیا جاتا تھا، اور آج کی ضرورتوں میں بھی کفایت شعاری سے کام لیا جاتا تھا، ٹھاٹھ کا وہاں گذر نہیں تھا۔

حدیث (۸) پہلے گذر چکی ہے: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے میز ٹیبل پر کھانا نہیں کھایا، نہ کبھی آپؐ نے چپاتی کھائی، تا آنکہ آپؐ کی وفات ہوگئی (خِوَانٌ: کے معنی کے لئے دیکھیں: تحفۃ ۵: ۱۲۸ أبواب الأطعمة باب ا......مُرَقَّقٌ: پتلی کی ہوئی، خُبْزٌ مُرقّق: چپاتی)

حدیث (۹) حضرت سہلؓ روایت کرتے ہیں: آپؐ نے وفات تک میدہ نہیں دیکھا، پوچھا گیا: دورِ نبوی میں آپ حضرات کے پاس چھلنیاں ہوتی تھیں؟ جواب دیا: ہمارے پاس چھلنیاں نہیں ہوتی تھیں، پوچھا گیا: پھر جو کس طرح استعمال کرتے تھے؟ جواب دیا: ہم اس میں پھونک مارا کرتے تھے، پس جو کچھ اڑنا ہوتا اڑ جاتا، پھر ہم اس کو بھگو لیتے یعنی ہم اس کو گوندھ لیتے۔

لغت: النَّقِيُّ: میدہ، جمع نِقَاءٌ......الحُوَّارَى: سفید کیا ہوا یعنی میدہ، حَوَّرَ الثَّوْبَ أَوِ الدَّقِيْقَ: سفید کرنا......المُنْخَل: (بضم المیم) چھلنی، جمع مَنَاخِل، نَخَلَ الشیئَ (ن) نَخْلاً: چھاننا، جیسے نَخَلَ الدَّقِيْقَ......ثَرَّى الشيئَ: پانی چھڑکنا۔

[۲۳۵۴-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحمدٍ قُوْتًا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٣٥٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: "كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لَايَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ جَعْفَرِ بنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

[٢٣٥٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا أَبُوْ مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَمْرٍو، نَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى خِوَانٍ، وَلاَ أَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتَّى مَاتَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ.

[٢٣٥٧-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، هُوَ ابنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، نَا أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ قِيْلَ لَهُ: أَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ؟ يَعْنِي الْحُوَّارَى، فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَأَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ، فَقِيْلَ لَهُ: هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: مَاكَانَتْ لَنَا مَنَاخِلُ، قِيْلَ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ؟ قَالَ: كُنَّا نَنْفُخُهُ، فَيَطِيْرُ مِنْهُ مَاطَارَ، ثُمَّ نُثَرِّيْهِ، فَنَعْجِنُهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ.

بابُ ماجاءَ فِي مَعِيْشَةِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا گذارہ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لئے اسوہ نبی پاک ﷺ کی ذات تھی، ہر صحابی آپؐ کے نقش قدم پر چلنے کی پوری کوشش کرتا تھا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں سات حدیثیں ذکر کی ہیں، جن سے صحابہ کی زندگی کا پورا نقشہ نگاہوں کے سامنے آجاتا ہے۔

حدیث (۱): حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں پہلا شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں خون بہایا، یعنی کسی کافر کو قتل کیا، اور میں پہلا شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں تیر چلایا۔ اور میں نے خود کو دیکھا کہ صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ جہاد کر رہا ہوں، جو نہیں کھاتے تھے مگر درخت اور لوبیے جیسی ترکاری کے پتے، یہاں تک کہ

ہم میں سے ایک شخص قضائے حاجت کرتا تھا جس طرح بکری اور اونٹ مینگنی کرتے ہیں۔ اور اب مجھے بنو اسد دین کے احکام سے واقف کرانے لگے ہیں، بخدا! اس صورت میں تو میں نامراد ہوا، اور میرا عمل ضائع ہو گیا۔

حدیث (۲) میں بھی یہی مضمون ہے، حضرت سعدؓ کہتے ہیں: عربوں میں: میں پہلا شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں تیر چلایا، اور ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا کرتے تھے درانحالیکہ ہمارے لئے کھانے کی کوئی چیز نہیں ہوتی تھی، علاوہ لوبیے جیسی ترکاری کے پتّوں کے، اور اس کیکر کے درخت کے، یہاں تک کہ ہم میں سے ایک شخص قضائے حاجت کرتا تھا جس طرح بکری مینگنی کرتی ہے، پھر اب بنو اسد مجھے دین کے احکام سکھاتے ہیں، بخدا! اس صورت میں تو میں نامراد ہوا، اور میرا عمل ضائع ہو گیا۔

لغات: أَهْرَقَ الْمَاءَ: (باب افعال) پانی بہانا، اوپر سے ڈالنا، مجرد: هَرَقَ (ف) هَرْقًا کے بھی یہی معنی ہیں ...... رَأَيْتُنِيْ: میں دو ضمیریں ہیں، تُ واحد متکلم کی ضمیر ہے جو فاعل ہے، پھر ن وقایہ ہے، اور ی واحد متکلم کی ضمیر ہے جو مفعول بہ ہے، ترجمہ: ''دیکھا میں نے مجھ کو جہاد کر رہا ہوں صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ'' ...... الحُبْلَة: لوبیے وغیرہ جیسی ترکاری ...... عَزَّرَ فلاناً على فرائض الدين وأحكامه: دین کے فرائض واحکام سے واقف کرانا، اسی فعل کے معنی: مدد کرنے کے بھی ہیں: ﴿تُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ﴾ یعنی تم ان کی (رسول اللہ ﷺ کی) مدد کرو، اور ان کی تعظیم کرو (الفتح ۹) ...... السَّمَر: ببول کا درخت، بھوک میں اس کے پتے اور اس کی پھلی کھائی جاتی ہے ...... يُعَزِّرُنِيْ: میں دونوں نون میں ادغام ہوا ہے۔

تشریح: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو، جن کے والد کا نام مالک ہے اور جو بڑے درجہ کے صحابی ہیں، عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں اور قدیم الاسلام ہیں: حضرت عمرؓ نے ان کو کوفہ کا گورنر بنایا تھا، قبیلۂ بنو اسد نے حضرت عمرؓ سے ان کی شکایتیں کیں، اور یہ بھی کہا کہ وہ نماز ٹھیک سے نہیں پڑھاتے۔ حضرت عمرؓ نے فوراً ان کو کوفہ سے طلب کر لیا، اور ان کی جگہ دوسرا گورنر مقرر کیا، پھر دو شخص حضرت سعدؓ کے ساتھ کئے کہ وہ ان کو لے کر کوفہ جائیں اور کوفہ کی ہر مسجد میں حضرت سعد کو کھڑا کر کے لوگوں سے پوچھیں کہ ان کو کیا شکایت ہے؟ کسی نے کوئی شکایت نہیں کی، صرف ایک شخص نے تین شکایتیں کیں، حضرت سعدؓ نے اس کو تین دعائیں دیں جو بعد میں اس کے لئے بددعائیں بن گئیں۔ جب یہ حضرات کوفہ سے واپس آئے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ باتیں کہیں جو ان دو روایتوں میں ہیں کہ میں پہلے دن سے اسلام کا ساتھی ہوں، اور انتہائی تنگی کی حالت میں ہم نے دین کی خدمت کی ہے اور نبی ﷺ کے ساتھ جہاد کیا ہے، پھر بھی اگر میں نے دین نہیں سیکھا اور مجھے نماز پڑھنی نہیں آئی تو میں کسی کرت کا نہ رہا، اور میری ساری محنت رائگاں گئی، حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں پہلے سے آپؓ کے بارے میں اچھا گمان رکھتا تھا، مگر جب شکایت آئی تو اس کی تحقیق کرنا میرا فرض تھا۔

[۲۹-] بابُ ماجاء فِي مَعِيْشَةِ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۲۳۵۸-] حدثنا عُمَرُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُجَالِدِ بنِ سَعِيْدٍ، نا أَبِىْ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بنَ أَبِىْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: إِنِّىْ لَأَوَّلُ رَجُلٍ أَهْرَاقَ دَمًا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنِّىْ لَأَوَّلُ رَجُلٍ رَمَى بِسَهْمٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِىْ أَغْزُوْ فِى الْعِصَابَةِ مِنْ أَصْحَابِ مُحمدٍ صلى الله عليه وسلم، مَا نَأْكُلُ إِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِ وَالْحُبْلَةَ، حَتَّى إِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ وَالْبَعِيْرُ، وَأَصْبَحَتْ بَنُوْ أَسَدٍ يُعَزِّرُوْنَنِى فِى الدِّيْنِ، لَقَدْ خِبْتُ إِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِىْ!''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ بَيَانٍ.

[۲۳۵۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ خَالِدٍ، ثَنِىْ قَيْسٌ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ:'' إِنِّىْ أَوَّلُ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ رَمَى بِسَهْمٍ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنَا نَغْزُوْ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا الْحُبْلَةَ وَهٰذَا السَّمَرَ، حَتَّى إِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ، ثُمَّ أَصْبَحَتْ بَنُوْ أَسَدٍ يُعَزِّرُنِّىْ فِى الدِّيْنِ، لَقَدْ خِبْتُ إِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِىْ!''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ عُتْبَةَ بنِ غَزْوَانَ.

وضاحت: سند کے راوی: بیان کا نام: بیان بن بشر احمسی کوفی ہے، یہ بہت مضبوط راوی ہیں ......اور باب میں جو حضرت عتبہؓ کی حدیث ہے وہ مسلم شریف اور ابن ماجہ میں ہے۔

حدیث (۳): محمد بن سیرین رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، آپؓ نے سَنی کے گیرو سے رنگے ہوئے دو کپڑے پہن رکھے تھے، آپؓ نے ان میں سے ایک میں ناک صاف کی، پھر فرمایا: واہ واہ! ابو ہریرہؓ سَنی کے کپڑے سے ناک صاف کرتا ہے، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے خود کو دیکھا درانحالیکہ میں بھوک کی وجہ سے منبر نبوی اور حجرۂ عائشہؓ کے درمیان بے ہوش ہو کر گر پڑتا تھا، پس ایک آنے والا آتا اور میری گردن پر اپنا پیر رکھتا، وہ سمجھتا تھا کہ مجھے دیوانگی ہے، حالانکہ وہ دیوانگی نہیں تھی، وہ چیز بھوک تھی۔

لغات: مَشَّقَ الثوبَ اور أَمْشَقَهُ: کپڑے کو گیرو سے رنگنا، المَشْق: سرخ مٹی (گیرو)......الکتّان: سَن، سَن کا ریشہ جس سے کپڑا بُنا جاتا ہے، سَنی کا کپڑا...... تَمَخَّطَ فلان: ناک صاف کرنا، ناک سے رینٹ نکالنا......بَخْ بَخْ یا بَخٍ بَخٍ: واہ واہ، شاباش......الجُنُوْن: دیوانگی، مراد مرگی ہے۔ مرگی کا جب دورہ پڑتا ہے تو گردن پر پیر رکھ کر لوگ دباتے ہیں جس سے دورہ ختم ہو جاتا ہے۔

حدیث (۴): حضرت فضالہؓ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے تو کچھ لوگ نماز میں بہ حالت قیام فاقہ کی وجہ سے گر پڑتے تھے، اور وہ اصحاب صُفّہ (چبوترے والے) تھے یہاں تک کہ بدّو کہتے: یہ پاگل لوگ ہیں، پھر جب آپؐ نماز سے فارغ ہوتے تو آپؐ ان کی طرف متوجہ ہوتے، اور فرماتے: ''اگر تم لوگ جان لو وہ ثواب جو تمہارے لئے اللہ کے پاس ہے تو تم پسند کرو کہ تمہارا فاقہ اور حاجت اور زیادہ ہو'' حضرت فضالہؓ کہتے ہیں: میں اس دن نبی ﷺ کے ساتھ تھا، یعنی یہ بات میری سنی ہوئی نہیں ہے بلکہ آنکھوں سے دیکھی ہوئی ہے۔

لغت: مجنون کی جمع مکسّر مجانین ہے، جو عام طور پر مستعمل ہے، دوسری جمع مجانون ہے جو شاذ ہے، جیسے: ﴿وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوْا الشَّيَاطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمَانَ﴾ (البقرہ ۱۰۲) میں ایک شاذ قراءت الشَّیاطُوْنُ ہے۔

[۲۳۶۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ محمدِ بنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِىْ هريرةَ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ كَتَّانٍ، فَتَمَخَّطَ فِىْ أَحَدِهِمَا، ثُمَّ قَالَ: بَخْ بَخْ! يَتَمَخَّطُ أَبُوْ هُريرةَ فِى الْكَتَّانِ! لَقَدْ رَأَيْتُنِىْ وَإِنِّىْ لَأَخِرُّ فِيْمَا بَيْنَ مِنْبَرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَحُجْرَةِ عَائِشَةَ مِنَ الْجُوْعِ، مَغْشِيًّا عَلَيَّ، فَيَجِيْءُ الْجَائِىْ فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلَى عُنُقِىْ، يَرَى أَنَّ بِىَ الْجُنُوْنَ، وَمَابِىْ جُنُوْنٌ، وَمَا هُوَ إِلَّا الْجُوْعُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۲۳۶۱-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، ثَنِىْ أَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِىُّ، أَنَّ أَبَا عَلِيٍّ عَمْرَو بنَ مَالِكٍ الْجَنْبِيَّ أَخْبَرَهُ، عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَيْدٍ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا صَلَّى بِالنَّاسِ يَخِرُّ رِجَالٌ مِنْ قَامَتِهِمْ فِى الصَّلَاةِ، مِنَ الْخَصَاصَةِ، وَهُمْ أَصْحَابُ الصُّفَّةِ، حَتَّى تَقُوْلَ الْأَعْرَابُ: هٰؤُلَاءِ مَجَانِيْنُ! أَوْ: مَجَانُوْنُ! فَإِذَا صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَ:'' لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَالَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ، لَأَحْبَبْتُمْ أَنْ تَزْدَادُوْا فَاقَةً وَحَاجَةً '' قَالَ فَضَالَةُ: أَنَا يَوْمَئِذٍ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۵): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی ﷺ ایسے وقت (گھر سے) نکلے جس وقت آپؐ گھر سے نکلا نہیں کرتے تھے، نہ اس وقت میں آپؐ سے کوئی ملتا تھا، پس آپؐ کے پاس ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، آپؐ نے پوچھا: ابوبکرؓ! تمہیں کیا چیز لائی؟ انھوں نے کہا: میں اس لئے نکلا ہوں کہ نبی ﷺ سے ملاقات کروں، ان کے چہرۂ مبارک کو دیکھوں، اور ان کو سلام کروں۔ پھر زیادہ دیر نہیں گذری تھی کہ عمر رضی اللہ عنہ آئے، آپؐ نے پوچھا: عمرؓ! تمہیں کیا چیز لائی؟ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! بھوک لائی ہے! آپؐ نے فرمایا: میں بھی کچھ بھوک پاتا ہوں (حضرت ابوبکرؓ کا بھی یہی حال تھا، اور وہ اسی لئے گھر سے نکلے تھے)

پھر سب أبو الھَیثم بن التَّیِّھان الأنصاری رضی اللہ عنہ کے گھر کی طرف چلے، وہ بہت کھجوروں اور بکریوں والے تھے، اور ان کے پاس کوئی خادم نہیں تھا، پس ان حضرات نے ابوالہیثم کو (گھر میں) نہیں پایا، پس ان کی اہلیہ سے پوچھا: تمہارے میاں کہاں ہیں؟ اہلیہ نے جواب دیا: ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گئے ہیں، پھر زیادہ دیر نہیں گذری تھی کہ ابوالہیثم اپنی مشک کے ساتھ آ گئے، درانحالیکہ مشک زیادہ بھر جانے کی وجہ سے پانی پھینک رہی تھی، پس انھوں نے مشکیزہ رکھا، اور آئے، اور نبی ﷺ سے لپٹ گئے، اور آپؐ پر اپنے ماں باپ کو فدا (قربان) کرنے لگے۔

وہ ان حضرات کو لے کر اپنے باغ کی طرف چلے، اور ان کے لئے فرش بچھایا، پھر وہ کھجور کے درخت کی طرف گئے، اور ایک خوشہ کاٹ لائے، اور اس کو (سب کے سامنے) رکھا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ ہمارے لئے اس کی پکی ہوئی کھجوریں چن کر کیوں نہیں لائے؟'' انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے چاہا کہ آپ حضرات خود انتخاب کریں، یا انھوں نے کہا: آپ حضرات اس کی پکی اور نیم پکی میں سے خود انتخاب کریں، یعنی جس کو جیسی پسند ہو کھائے، پس ان حضرات نے کھایا، اور اس پانی سے پیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس اللہ کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! یہ ان نعمتوں میں سے ہے جن کے بارے میں تم سے قیامت کے دن سوال ہوگا: ٹھنڈا سایہ! عمدہ پکی ہوئی کھجوریں! اور ٹھنڈا پانی! (یہ سورۃ التکاثر کی آخری آیت کی طرف اشارہ ہے: ﴿ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ﴾ پھر اس روز تم سے نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا)

پھر ابوالہیثم چلے تاکہ ان حضرات کے لئے کھانا تیار کریں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی دودھ والا جانور ہرگز ذبح نہ کرنا'' پس انھوں نے ان حضرات کے لئے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا، پس وہ اس کو ان کے پاس لائے، پس انھوں نے کھایا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپؓ کے پاس کوئی خادم نہیں؟'' انھوں نے کہا: نہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ''جب ہمارے پاس قیدی آئیں تو ہمارے پاس آنا'' پھر نبی ﷺ کے پاس دو راُس (دو قیدی) لائے گئے ان کے ساتھ تیسرا نہیں تھا، پس ابوالہیثم آپؐ کے پاس آئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''دو میں سے انتخاب کرلو'' یعنی کوئی ایک لے جاؤ، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپؐ ہی میرے لئے انتخاب کریں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ: جس سے مشورہ لیا جاتا ہے اس پر اعتماد کیا جاتا ہے (پس اس کو صحیح مشورہ دینا چاہئے) یہ غلام لے لو، اس لئے کہ میں نے اس کو نماز پڑھتے دیکھا ہے، اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری وصیت قبول کرو۔

پس ابوالہیثم (غلام لے کر) اپنی بیوی کی طرف چلے، پس اس کو نبی ﷺ کی بات بتلائی، پس ان کی بیوی نے کہا: آپؓ پہنچنے والے نہیں اس بات کو جو نبی ﷺ نے غلام کے بارے میں فرمائی ہے مگر یہ کہ آپؓ اس کو آزاد کردیں، کیونکہ اس کو غلام باقی رکھنا اس کے ساتھ پہلی بدسلوکی ہے، نبی ﷺ کے ارشاد پر صحیح عمل اسی وقت ہوسکتا ہے جب آپؐ اس کو آزاد کردیں، چنانچہ ابوالہیثم رضی اللہ عنہ نے کہا: وہ آزاد ہے!

پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ نے نہ کوئی نبی بھیجا ہے نہ اس کا نائب مگر اس کے لئے دو رازدار ہوتے ہیں، مراد بیویاں ہیں: ایک: اس کو بھلائی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے، اور دوسرا: بس اس کو تباہ کر کے ہی چھوڑتا ہے، اور جو برے رازدار سے بچالیا گیا: وہ بچالیا گیا۔

وضاحت: فِي سَاعَةٍ لَايَخْرُجُ فِيْهَا: یعنی گرمی کی ایک دوپہر میں فاقہ کی وجہ سے نبی ﷺ کو نیند نہیں آئی، اس لئے آپؐ گھر سے نکل کر مسجد میں تشریف لائے، عرب میں دوپہر میں کوئی گھر سے نہیں نکلا کرتا، دھوپ لگ جاتی ہے..... حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی بھوک کی وجہ سے نکلے تھے، مگر انھوں نے اظہار نہیں کیا، وہ وضعدار تھے، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ میں کھرا پن تھا، اس لئے انھوں نے بے تکلف عرض کردیا..... اِسْتَعْذَبَ فلان: میٹھا پانی طلب کرنا..... زَعَبَ الإناءُ يَزْعَبُ (ف) زَعْبًا: برتن کا بھر جانا، زَعَبَتِ الْقِرْبَةُ: مشکیزہ کا زیادہ بھر جانے کی وجہ سے پانی چھینکنا..... القِنْو: کھجور کا خوشہ..... تَنَقَّى الشيئَ: چھانٹنا، چننا..... البِطَانَة: ہم راز، مصاحب، ہم نشین، اس لفظ کے اصل معنی: استر کے ہیں، نیچے لگانے کا کپڑا، بنیان۔ حدیث میں بیوی مراد ہے، کوئی اچھی بیوی ہوتی ہے جو شوہر سے ہر اچھا کام کرواتی ہے اور کوئی بری ہوتی ہے جو شوہر کو ہر برائی میں پھنساتی ہے..... قوله: لاتَأْلُوْهُ: أَلَا يَأْلُوْ (ن) أَلْوًا وَأُلُوًّا: کوشش کرنا، کوتاہی کرنا، لم يَأْلُ جُهْدًا: اس نے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی..... الخَبَال: خرابی، نقصان، ہلاکت، تباہی، قرآن کریم میں ہے: ﴿مَا زَادُوْكُمْ إِلَّا خِبَالاً﴾ منافقین اگر تمہارے ساتھ نکلتے تو وہ دونا فساد کرتے۔

[۲۳۶۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا آدَمُ بنُ أَبِيْ إِيَاسٍ، نا شَيْبَانُ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: خَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَاعَةٍ لَايَخْرُجُ فِيْهَا، وَلَا يَلْقَاهُ فِيْهَا أَحَدٌ، فَأَتَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: "مَاجَاءَ بِكَ يَا أَبَا بَكْرٍ؟" فَقَالَ: خَرَجْتُ أَلْقَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وأَنْظُرُ فِيْ وَجْهِهِ، وَالتَّسْلِيْمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: "مَاجَاءَ بِكَ يَا عُمَرُ؟" قَالَ: "الْجُوْعُ يارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" وَأَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذٰلِكَ"

فَانْطَلَقُوْا إِلَى مَنْزِلِ أَبِي الْهَيْثَمِ بنِ التَّيِّهَانِ الْأَنْصَارِيِّ، وَكَانَ رَجُلاً كَثِيْرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ خَدَمٌ، فَلَمْ يَجِدُوْهُ، فَقَالُوا لِامْرَأَتِهِ: أَيْنَ صَاحِبُكِ؟ فَقَالَتْ: انْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ، وَلَمْ يَلْبَثُوْا أَنْ جَاءَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا، فَوَضَعَهَا، ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَيُفَدِّيْهِ بِأَبِيْهِ وَأُمِّهِ.

ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِمْ إِلَى حَدِيْقَتِهِ، فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى نَخْلَةٍ، فَجَاءَ بِقِنْوٍ، فَوَضَعَهُ. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَفَلَا تَنَقَّيْتَ لَنا مِنْ رُطَبِهِ؟" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أَرَدْتُ أَنْ تَخْتَارُوْا، أَوْ قَالَ: تَخَيَّرُوْا مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ، فَأَكَلُوْا وَشَرِبُوْا مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هٰذَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! مِنَ النَّعِيْمِ الَّذِيْ تُسْأَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: ظِلٌّ بَارِدٌ، وَرُطَبٌ طَيِّبٌ، وَمَاءٌ بَارِدٌ"

فَانْطَلَقَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاتَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ" فَذَبَحَ لَهُمْ عَنَاقًا أَوْ جَدْيًا، فَأَتَاهُمْ بِهَا، فَأَكَلُوْا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ لَكَ خَادِمٌ؟" قَالَ: لاَ. قَالَ: فَإِذَا أَتَانَا سَبْيٌ فَأْتِنَا، فَأُتِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَأْسَيْنِ، لَيْسَ مَعَهُمَا ثَالِثٌ، فَأَتَاهُ أَبُوْ الْهَيْثَمِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اخْتَرْ مِنْهُمَا" فَقَالَ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ اخْتَرْلِيْ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ، خُذْ هٰذَا فَإِنِّيْ رَأَيْتُهُ يُصَلِّيْ، وَاسْتَوْصِ بِهِ مَعْرُوْفًا"

فَانْطَلَقَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ إِلَى امْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ: مَا أَنْتَ بِبَالِغٍ مَا قَالَ فِيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ أَنْ تُعْتِقَهُ، قَالَ: هُوَ عَتِيْقٌ. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا وَلاَ خَلِيْفَةً، إِلاَّ وَلَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لاَ تَأْلُوْهُ خَبَالاً، وَمَنْ يُوْقَ بِطَانَةَ السَّوْءِ فَقَدْ وُقِيَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

حدثنا صَالِحُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ يَوْمًا، وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، فَذَكَرَ نَحْوَ هٰذَا الحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَحَدِيْثُ شَيْبَانَ أَتَمُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ عَوَانَةَ وَأَطْوَلُ، وَشَيْبَانُ ثِقَةٌ عِنْدَهُمْ صَاحِبُ كِتَابٍ.

وضاحت: یہ حدیث عبد الملک بن عُمیر کی ہے ان سے ان کے دوشاگرد روایت کرتے ہیں: ایک: شیبان ابومعاویہ: وہ حدیث کے آخر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کرتے ہیں، دوسرے: ابوعوانہ: وہ آخر میں حضرت ابو ہریرہؓ کا تذکرہ نہیں کرتے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے شیبان کی حدیث کو ترجیح دی ہے، کیونکہ وہ ثقہ ہیں اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، نیز وہ بڑے محدث ہیں، حدیث میں ان کی کتاب ہے (جو مفقود ہے)

حدیث (۶): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے سامنے بھوک کی شکایت کی، اور ہم نے اپنے پیٹوں پر سے کپڑا اٹھا کر دکھایا کہ ہم میں سے ہر ایک نے پیٹ پر ایک ایک پتھر باندھ رکھا ہے، پس آپؐ نے کپڑا اٹھایا تو آپؐ نے دو پتھر باندھ رکھے تھے۔

تشریح: یہ واقعہ غالباً اس وقت کا ہے جب خندق کھودی جارہی تھی، صحابہ نے بھوک سے بے تاب ہوکر اپنی صورتِ حال عرض کی، تو آپؐ نے مجبور ہوکر اپنی صورت حال پیش کی، ورنہ آپؐ کا معمول اپنی حالت ظاہر کرنے کا نہیں تھا۔

حدیث (۷): حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے (لوگوں سے) کہا: کیا تم نہیں ہو کھانے اور پینے میں جو تم چاہتے ہو! یعنی تم بافراغت زندگی گذار رہے ہو، جو چاہتے ہو کھاتے پیتے ہو، بخدا! میں نے تمہارے نبی ﷺ کو دیکھا ہے اور آپؐ نہیں پاتے تھے معمولی کھجوروں میں سے وہ جن سے آپؐ اپنا پیٹ بھر سکیں (الدَّقَل: ردّی کھجور،

سب سے زیادہ خراب کھجور)

[۲۳۶۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ أَبِیْ زِيَادٍ، نا سَيَّارٌ، عَنْ سَهْلِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِیْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ: شَكَوْنَا إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْجُوْعَ، وَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ، فَرَفَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ حَجَرَيْنِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بنَ بَشِيْرٍ يَقُوْلُ: أَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ؟ لَقَدْ رَأَيْتُ نَبِيَّكُمْ، وَمَايَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَايَمْلَأُ بِهِ بَطْنَهُ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. قَالَ أبوعيسىٰ: وَرَوَى أَبُوْ عَوَانَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ نَحْوَ حَدِيْثِ أَبِیْ الْأَحْوَصِ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، عَنْ عُمَرَ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ

مالداری دل کی بے نیازی ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَيْسَ الغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ: سامان کی زیادتی مالداری نہیں، بلکہ نفس کی بے نیازی مالداری ہے۔

تشریح: یہ متفق علیہ روایت ہے اور اس کا تجربہ سے تعلق ہے، مال سامان والے اس قدر پریشان رہتے ہیں کہ ان کو خواب آور گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔ اور غریب جن کا دل بے نیاز ہوتا ہے آرام سے سوتے ہیں، اور یہاں جاننے کی بات یہ ہے کہ اگر دونوں باتیں جمع ہو جائیں یعنی مال سامان بھی ہو اور دل بھی بے نیاز ہو تو کیا کہنے! صحابہ اور بعد کے بزرگوں میں ایسے بہت سے حضرات گذرے ہیں جن کو یہ دونوں باتیں حاصل تھیں، وہ بڑے مالدار بھی تھے اور ان کو اطمینان قلبی بھی حاصل تھا، البتہ اگر یہ دونوں چیزیں الگ الگ ہو جائیں تو پھر قابل رشک دل کا استغناء ہے، مال سامان کی فراوانی کوئی معنی نہیں رکھتی۔

[۳۰-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ

[۲۳٦٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ بُدَيْلِ بنِ قُرَيْشٍ الْيَامِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِیْ حَصِيْنٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی أَخْذِ الْمَالِ بِحَقِّهِ

برحق طور پر مال حاصل کرنا

برحق طور پر مال حاصل کرنے سے مراد جائز ذرائع سے مال کمانا اور اشرافِ نفس کے بغیر ہدیہ لینا ہے۔ اور ناجائز ذرائع سے مال کمانا یا لوگوں سے سوال کرنا یا اشراف کے ساتھ ہدیہ قبول کرنا ناحق طریقہ پر مال حاصل کرنا ہے۔

حدیث: حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا جو سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں، نبی ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتی ہیں کہ ''یہ مال (قومی مال) یقیناً سرسبز وشیریں ہے، جو شخص اس کو برحق طور پر حاصل کرتا ہے اس کے لئے اس میں برکت فرمائی جاتی ہے اور بعض لوگ اللہ اور اللہ کے رسول کے مال میں زبردستی گھسنے والے جس طرح ان کا جی چاہتا ہے: ان کے لئے قیامت کے دن دوزخ کے سوا کچھ نہیں ہوگا!''

تشریح: مال کو جانوروں کے تعلق سے سرسبز کہا گیا ہے جانور سرسبز گھاس بے تحاشہ چرتا ہے، اور اس کو شیریں انسانوں کے تعلق سے کہا گیا ہے، انسان میٹھی چیز کھاتا ہی چلا جاتا ہے، مال کا بھی یہی حال ہے، اس سے آدمی کا پیٹ نہیں بھرتا۔ پھر نبی پاک ﷺ نے مال کی تحصیل کی دو صورتیں بیان فرمائی ہیں۔

پہلی صورت: آدمی برحق طریقہ پر مال حاصل کرے، یعنی جائز ذرائع سے کمائے، اور کوئی ہدیہ ملے اور اس کی طرف نفس نے نہ جھانکا ہو تو اسے لیلے، اس مال میں برکت ہوتی ہے۔

دوسری صورت: اللہ اور اس کے رسول کے مال میں یعنی قومی فنڈ میں من مانی کرنے والا قیامت کے دن جہنم میں جائے گا۔

لغات: رُبَّ: تقلیل کے لئے ہے...... مُتَخَوِّض: اسم فاعل: زبردستی گھسنے والا، تَخَوَّضَ الماءَ: پانی میں گھسنا ...... فیما شاء تْ به نَفْسُه: یعنی اس مال میں من مانی کرنا، اور بے جا تصرف کرنا۔

جو لوگ قومی خزانوں کے ذمہ دار ہوتے ہیں جیسے مدرسوں کے مہتمم، اداروں کے صدور اور حکومت کے سربراہ: وہ قومی فنڈ میں بڑے غیر محتاط ہوتے ہیں، ان کے لئے قیامت کے دن دوزخ کے علاوہ کچھ نہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث کا ایک راوی ابوالولید عبید مدنی ہے، اس کا لقب سَنُوطا (س کا زبر اور ن کا پیش) تھا، یہ راوی ٹھیک ہے۔

[۳۱-] بابُ ماجاء فی أَخْذِ الْمَالِ بِحَقِّهِ

[۲۳۶۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ أَبِيْ الْوَلِيْدِ، قَالَ: سَمِعْتُ خَوْلَةَ بِنْتَ قَيْسٍ، وَكَانَتْ تَحْتَ حَمْزَةَ بِنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، تَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:

”إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، مَنْ أَصَابَهُ بِحَقِّهِ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَ تْ بِهِ نَفْسُهُ مِنْ مَالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ: لَيْسَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِلَّا النَّارُ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الْوَلِيْدِ: اسْمُهُ عُبَيْدُ سَنُوْطَا.

بابٌ

مال کا پُجاری ملعون ہے!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **لُعِنَ عبدُ الدینار، لُعِنَ عبدُ الدِّرهم:** دینار کا بندہ رحمت سے دور کیا گیا ہے، درہم کا بندہ رحمت سے دور کیا گیا ہے۔

تشریح: جولوگ مال ودولت کے پرستار ہیں اور انھوں نے دولت ہی کو اپنا محبوب ومطلوب بنا رکھا ہے وہ لوگ اللہ کی رحمت سے دور ہیں کیونکہ مال ودولت: اسباب معیشت ہیں، اوران کے ذریعہ آخرت کا سامان کیا جاسکتا ہے، وہ بذاتہ مقصود نہیں، بذاتہ مقصود اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہے، وہی پوجی (لائق پرستش) ہیں، پس جو حقیقی معبود کو چھوڑ کر: مال ودولت کا پجاری بن جاتا ہے وہ ملعون (اللہ کی رحمت سے دور کیا ہوا) ہوجاتا ہے۔

اور مال ودولت کی بندگی یہ ہے کہ اس کی طلب میں بندہ ایسا گرفتار ہوجائے کہ اللہ کے احکام کی پابندی باقی نہ رہے، اور حلال وحرام کی تمیز اٹھ جائے، اور اس کے پیچھے ایسا لگ جائے کہ احکاماتِ شرعیہ کو پس پشت ڈال دے۔ اور یہ حدیث بخاری شریف کتاب الرقاق وغیرہ میں ہے، اوراس میں اور بھی مضامین ہیں۔

[۳۲-] بابٌ

[۲۳۶۷-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ، نَا عَبْدُ الْوَارِثُ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”لُعِنَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ، لُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَتَمَّ مِنْ هٰذَا وَأَطْوَلَ.

بابٌ

مال وجاہ کی حرص تباہ کن ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”دو بھوکے بھیڑیے جو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیئے گئے ہوں: ان بکریوں کو اس سے زیادہ خراب نہیں کرسکتے جتنا آدمی کے دین کو مال وجاہ کی حرص تباہ کرتی ہے!“

ترکیب: ما نافیہ ہے، اور جائعان: ذِئبان کی پہلی صفت ہے، جو مبالغہ کے طور پر لائی گئی ہے، اور دوسری صفت جملہ أُرْسِلاَ ہے اور لدینه: جار مجرور أَفْسَدَ سے متعلق ہیں، شَرَف سے متعلق نہیں۔

تشریح: حبِ مال اور حبِ جاہ آدمی کے دین کو بے حد نقصان پہنچاتے ہیں، بکریوں کے ریوڑ میں گھسے ہوئے بھیڑیے بکریوں کو اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتے جتنا یہ دو چیزیں دین کو تباہ کرتی ہیں، مال کی محبت جب چھا جاتی ہے تو آدمی جائز ناجائز کا خیال نہیں رکھتا، اسی طرح جاہ وشرف کی چاہت بھی آدمی کو تباہ کر دیتی ہے، پس ان دونوں سے دامن بچانا چاہئے۔

اور باب میں جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے، جس کے بارے میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس کی سند صحیح نہیں: وہ مسند بزار میں ہے اور منذری نے ترغیب میں لکھا ہے کہ اس کی سند حسن ہے۔

[۳۳-] بابٌ

[۲۳۶۸-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ سَعْدِ بنِ زُرَارَةَ، عَنْ ابْنِ كَعْبِ بنِ مَالِكٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَاذِئْبَانِ جَائِعَانِ، أُرْسِلاَ فِيْ غَنَمٍ، بِأَفْسَدَ لَهَا: مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ: لِدِيْنِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى فِيْ هٰذَا الْبَابِ عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ يَصِحُّ إِسْنَادُهُ.

بابٌ

مؤمن کو دنیا میں کس طرح رہنا چاہئے؟

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں: نبی ﷺ (ایک دن) کھجور کی چٹائی پر سوئے ہوئے تھے، جب اٹھے تو جسم مبارک پر چٹائی کے نشانات پڑ گئے تھے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر آپ حکم دیں تو ہم آپؐ کے لئے بستر بنا دیں، آپؐ نے فرمایا: مَالِي وَللدنيا، مَا أَنَا فِي الدُّنْيَا إِلاَّ كَرَاكِبٍ اسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا: مجھے دنیا سے کیا لینا ہے! میرا حال تو دنیا میں بس اس مسافر جیسا ہے جو سایہ کے لئے کسی درخت کے نیچے اترا، پھر وہ منزل کی طرف چل دیا، اور اس سایہ کو (وہیں) چھوڑ دیا!"

تشریح: جب مسافر درخت کے نیچے اترتا ہے تو راحت کا کوئی انتظام نہیں کرتا جیسا موقع ہوتا ہے پڑ رہتا ہے، البتہ منزل مقصود تک پہنچنے کی فکر اس پر سوار رہتی ہے، نبی ﷺ نے یہی حقیقت حضرت ابن مسعودؓ کو سمجھائی ہے کہ دنیا کی راحتوں کے لئے انتظامات کی فکر میں پڑنا، اور اس کے لئے اپنی صلاحتیوں کو برباد کرنا بالکل بے فائدہ ہے، جو بھی وقت دنیا میں مل جائے اس کو دین کی فکر میں اور آخرت کی تیاری میں لگانا چاہئے۔ اور مؤمن کو دنیا میں اس مسافر کی طرح زندگی گذارنی چاہئے جو سایہ حاصل کرنے کے لئے کسی درخت کے نیچے تھوڑی دیر کے لئے رک گیا ہو، پھر اس سایہ کو وہیں چھوڑ کر آگے بڑھ گیا ہو۔

[۳۴-] بابٌ

[۲۳۶۹-] حدثنا مُوْسَی بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، ثَنِيْ الْمَسْعُوْدِيُّ، نَا عَمْرُو بنُ مُرَّةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: نَامَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَی حَصِيْرٍ، فَقَامَ وَقَدْ أَثَّرَ فِيْ جَنْبِهِ، فَقُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوِ اتَّخَذْنَا لَكَ وِطَاءً، فَقَالَ:" مَالِي وَلِلدُّنْيَا، مَا أَنَا فِي الدُّنْيَا إِلَّا كَرَاكِبٍ اسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا"

وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

صحبت اثر انداز ہوتی ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الرجلُ علی دینِ خلیلِه، فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكم مَنْ يُخَالِلُ؟: آدمی اپنے دوست کے دین (روش) پر ہوتا ہے، پس چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک دیکھے کہ وہ کس سے دوستی کرتا ہے۔

تشریح: عربی کا مشہور مقولہ ہے: عَنِ الْمَرْأِ لاَ تَسْئَلْ، وَاسْئَلْ عَنْ قَرِيْنِهِ: کسی کے بارے میں تحقیق کرنی ہو تو راست اس کے بارے میں مت پوچھو، بلکہ اس کے دوست کے احوال دریافت کرو، کیونکہ جیسا دوست ہوگا ویسا ہی وہ بھی ہوگا، اچھی بری صحبت اثر انداز ہوتی ہے، اور انسان چونکہ مدنی الطبع ہے، اس کے لئے ساتھی ضروری ہیں، اس لئے سوچ کر نیک بندوں سے تعلق قائم کیا جائے، تاکہ ان کی نیکی کا اثر پہنچے، اور بد اطوار لوگوں کی دوستی سے بچا جائے تاکہ وہ تباہ نہ کر دیں۔

[۳۵-] بابٌ

[۲۳۷۰-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، قَالاَ: نَا زُهَيْرُ بنُ مُحمدٍ، ثَنِيْ مُوْسَی

بنُ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الرَّجُلُ عَلَى دِيْنِ خَلِيْلِهِ، فَلْيَنْظُرْ أَحَدُكُمْ مَنْ يُخَالِلُ؟" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

اعمال ہی آخرت تک ساتھ دینے والے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "میت کے ساتھ تین چیزیں جاتی ہیں، پھر دولوٹ آتی ہیں اور ایک باقی رہ جاتی ہے: میت کے ساتھ اس کے گھر والے، اس کا مال اور اس کا عمل جاتا ہے، پھر اس کے گھر والے اور اس کا مال لوٹ آتا ہے اور اس کا عمل اس کے ساتھ باقی رہ جاتا ہے"

تشریح: مال سے مراد جنازہ کی چارپائی اور دیگر ساز وسامان ہے جو ضرورت کی وجہ سے قبرستان تک ساتھ لے جایا جاتا ہے، اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ آدمی اچھے اعمال کرے کیونکہ اعمال ہی آخرت تک ساتھ رہنے والے ہیں، اولاد کو پروان چڑھانے کے لئے، بیوی کی ناز برداری کے لئے، اور مال ودولت کمانے کے لئے اپنی تمام کوششیں خرچ نہ کردے بلکہ بقدر ضرورت ہی ان کاموں میں مشغول ہو اور پوری توجہ اعمالِ آخرت کی طرف مبذول رکھے۔

[٣٦-] بابٌ

[٢٣٧١-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلاَثٌ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ، وَيَبْقَى وَاحِدٌ: يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ، وَمَالُهُ، وَعَمَلُهُ، فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ، وَمَالُهُ، وَيَبْقَى عَمَلُهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ كَثْرَةِ الأَكْلِ

پُرخوری کی ناپسندیدگی

حدیث: نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کسی شخص نے کوئی برتن پیٹ سے زیادہ برا نہیں بھرا، انسان کے لئے ایسے چند لقمے کافی ہیں جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھیں، اور اگر لامحالہ زائد کھانا ہے تو تہائی پیٹ کھانے کے لئے، تہائی پینے کے لئے اور تہائی سانس لینے کے لئے رکھنا چاہئے"

تشریح: کوئی بھی برتن پورا بھر دیا جائے تو وہ چھلکتا ہے، اس لئے کسی بھی برتن کو پورا نہیں بھرنا چاہئے، تھوڑا خالی رکھنا چاہئے، اور پیٹ بھی ایک برتن ہے اس کو پورا بھر لینا تو اور بھی برا ہے، اس سے صحت تباہ ہوجاتی ہے، پھر فرمایا

کہ انسان کو قوتِ لایموت کے بقدر ہی کھانا چاہئے، یعنی اتنا ہی کھانا چاہئے کہ صحت وقوت برقرار رہے، پیٹھ سیدھا کرنے کا یہی مطلب ہے، اور یاد رکھنا چاہئے کہ اتنا ہی کھانا جسم کے لئے مفید ہے اس سے زیادہ آدمی جو کچھ کھاتا ہے وہ رائگاں جاتا ہے، لیکن اگر کسی کا جی نہ بھرے اور وہ زیادہ کھانا چاہے تو پیٹ کے تین حصے کرے، ایک تہائی کھائے، دوسرا تہائی پانی کے لئے خالی رکھے، اور پھیپھڑا جب سانس لیتا ہے تو پھولتا ہے، پس اس کے لئے بھی ایک تہائی خالی رکھے تاکہ بہ سہولت سانس لے سکے، ورنہ سانس لینے میں دشواری ہوگی۔

[۳۷-] باب ماجاء فی كَرَاهِيَةِ كَثْرَةِ الأَكْلِ

[۲۳۷۲-] حدثنا سُوَيْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ، وَحَبِيْبُ بنُ صَالِحٍ، عَنْ يَحْيىَ بنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ، عَنْ مِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبَ، قَالَ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَا مَلَأَ آدِمِيٌّ وِعَاءً شَرًّا مِنْ بَطْنٍ، بِحَسْبِ ابنِ آدَمَ أُكُلَاتٌ، يُقِمْنَ صُلْبَهُ، فَإِنْ كَانَ لاَ مَحَالَةَ، فَثُلُثٌ لِطَعَامِهِ، وَثُلُثٌ لِشَرَابِهِ، وَثُلُثٌ لِنَفَسِهِ"

حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، نا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ نَحْوَهُ، وَقَالَ: الْمِقْدَامُ بنُ مَعْدِيْكَرِبَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ولَمْ يَذْكُرْ سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند میں حضرت مقدامؓ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰه کہتے ہیں اور دوسری سند میں عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں، بس دونوں سندوں میں اتنا ہی فرق ہے۔ محدثین سندوں کا معمولی فرق بھی واضح کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِي الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

ریاء وسمعہ (نیک عمل دکھانے اور سنانے) کا بیان

تمام اچھے اعمال کی روح اور جان اخلاص ہے، اچھے اعمال اگر اس جذبہ سے خالی ہوں اور ان کا مقصد رضائے الٰہی نہ ہو بلکہ نام ونمود یا کوئی اور ایسا ہی جذبہ ہو تو اللہ کے نزدیک ان اعمال کی کوئی قیمت نہیں، ان پر کوئی ثواب نہیں ملتا۔

یہ بات ایک مثال سے سمجھیں: کوئی خادم اپنے مخدوم کو آرام پہنچانے کی اور خوش رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہو مگر اس کا یہ برتاؤ کسی ذاتی غرض سے ہو یا وہ اپنا کوئی کام نکالنا چاہتا ہو تو آپ کے دل میں اس کی اور اس کے برتاؤ کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہوگی، آپ اس کو گھاس اسی وقت ڈالیں گے جب وہ اخلاص سے خدمت کرے، بس فرق اتنا ہے کہ لوگ نیتوں کو نہیں جانتے، اور اللہ تعالیٰ دلوں کی کیفیت سے واقف ہیں، اس لئے عمل میں اگر اخلاص ہوتا ہے

یعنی اچھا کام پروردگار کی خوشنودی کے لئے کیا جاتا ہے تو آخرت میں اس کا بھر پور صلہ ملتا ہے، ورنہ حدیث میں قاری (مولوی) مجاہد اور سخی کا جو حال آرہا ہے اس سے سابقہ پڑے گا، اللہ تعالیٰ سب کو اخلاص وللّٰہیت کی دولت سے نوازیں، اور ریاء ونمود کے ذریعہ اعمال کو رائگاں کرنے سے بچائیں (آمین)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- مَنْ يُرَائِيْ يُرَائِي اللّٰهُ به: جو شخص دکھاوا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کا دکھاوا کریں گے۔ رَاءَ اهُ مُرَاءَ اةً ورِيَاءً کے معنی ہیں: کسی کے سامنے (خلافِ واقعہ) صلاح وتقوی کا اظہار کرنا، اور رَاءَ ى به کے معنی ہیں: بدنام کرنا۔

۲- وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ به: اور جو شخص اپنے عمل کی شہرت کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو رسوا کریں گے، سَمَّعَ (باب تفعیل): سنانا، اور سَمَّعَ به: رسوا کرنا، بری شہرت دینا۔

تشریح: نام ونمود اور اپنے نیک عمل کی تشہیر اور وہ بھی جبکہ خلافِ واقعہ ہو یعنی اللہ کی خوشنودی کے لئے عمل نہ کیا ہو: نہایت بری بات ہے، اللہ تعالیٰ اس عمل کی تشہیر کو ناپسند کرتے ہیں: اور اس کی جزاء دنیا میں رسوائی کے سوا کچھ نہیں، ایسے شخص کا بھانڈا اللہ تعالیٰ چوراہے پر پھوڑتے ہیں، لوگوں میں اس کی اچھی شہرت کے بجائے بری شہرت ہو جاتی ہے۔

۳- مَنْ لاَيَرْحَمِ النَّاسَ لاَيَرْحَمْهُ اللّٰهُ: جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اس پر رحم نہیں کرتے۔

تشریح: یہ حدیث پہلے (أبواب البر والصلة باب ۱۶ حدیث ۱۹۱۹ تحفہ ۵:۲۶۴ میں) گذر چکی ہے، یہاں باب سے اس کا کوئی خاص تعلق نہیں، ضمناً یہ حدیث آئی ہے۔ کیونکہ یہ بھی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے۔

حدیث (۲): ایک ثقہ تابعی شُفَیّ (مصغّر) بن ماتع (ت کے ساتھ) اصبحی نے عقبہ بن مُسلم سے بیان کیا کہ وہ مدینہ منورہ گئے، وہاں اچانک انھوں نے دیکھا کہ ایک صاحب کے پاس لوگوں کی بھیڑ جمع ہے، انھوں نے پوچھا: یہ کون صاحب ہیں؟ لوگوں نے بتایا: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں (شفیّ کہتے ہیں) میں ان کے قریب گیا، یہاں تک کہ ان کے سامنے بیٹھ گیا، وہ لوگوں سے حدیثیں بیان کر رہے تھے، جب وہ چپ ہوئے اور تنہا ہوئے تو میں نے ان سے کہا: میں آپؓ سے درخواست کرتا ہوں حق کی وجہ سے اور حق کی وجہ سے (پہلا حق پردیسی ہونے کا ہے، اور دوسرا طالب علم ہونے کا یا پہلا حق مجمع میں حدیثیں سننے کا ہے اور دوسرا تنہائی میں حدیث سننے کا) مگر (یعنی البتہ) بیان کریں آپؓ مجھ سے کوئی ایسی حدیث جس کو آپ نے نبی ﷺ سے سنا ہے، جس کو آپؓ نے سمجھا ہے اور اس کو جانا ہے۔

تشریح: أَسْأَلُكَ بِحَقٍّ کا ایک مطلب یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ أَسْأَلُكَ حَقًّا غَيْرَ بَاطِلٍ: میں آپؓ سے صحیح بات بیان کرنے کی درخواست کرتا ہوں، اور بِحَقّ کی تکرار محض تاکید کے لئے ہے، اور لَمَّا بمعنی إِلاَّ (مگر) برائے تاکید ہے اور عَقَلَ الشيئَ کے معنی ہیں: کسی چیز کی حقیقت جاننا، پس یہ عَلِمَهُ کا مترادف ہے۔

ترجمہ: پس حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں (یہ کام) کروں گا یعنی آپ کی درخواست منظور ہے،

میں ضرور آپ سے ایسی حدیث بیان کروں گا جو مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمائی ہے، جس کو میں نے خوب سمجھا ہے، اور اس کو جانا ہے، پھر حضرت ابو ہریرہؓ لمبی سسکیاں لینے لگے، پھر وہ تھوڑی دیر ٹھہرے رہے، پھر ہوش میں آئے اور فرمایا: میں ضرور آپ سے ایک ایسی حدیث بیان کروں گا جو مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے اس گھر میں بیان کی ہے، جبکہ ہمارے ساتھ میرے اور ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔

پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بہت ہی زیادہ لمبی سسکیاں لینے لگے، اور بیہوشی کے قریب ہو گئے، پھر آپؓ کو ہوش آیا اور آپؓ نے اپنا چہرہ پونچھا، اور فرمایا: میں کروں گا، میں ضرور آپ سے بیان کروں گا ایک ایسی حدیث جو مجھ سے نبی ﷺ نے بیان کی ہے درانحالیکہ میں اور وہ اس گھر میں تھے، ہمارے ساتھ میرے اور ان کے علاوہ کوئی نہیں تھا۔

پھر حضرت ابو ہریرہؓ بہت لمبی سسکیاں بھرنے لگے، پھر وہ جھکے درانحالیکہ وہ اپنے چہرے پر گرنے والے تھے پس میں ان کو دیر تک ٹیک دیئے رہا، پھر ان کو ہوش آیا۔

لغات: نَشَغَ فلانٌ: اتنی سسکیاں بھرنا کہ بیہوش ہونے کے قریب ہو جائے، لمبا سانس لینا...... خَرَّ الشیئُ: زمین پر گرنا، نیچے کی طرف مائل ہونا، خَارًّا: اسم فاعل حال ہے۔

ترجمہ: پھر فرمایا: مجھ سے نبی ﷺ نے بیان کیا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ بندوں کی طرف اتریں گے تاکہ ان کے درمیان فیصلہ کریں، اور ہر امت گھٹنوں کے بل پڑی ہوئی ہوگی، پس سب سے پہلا وہ شخص جس کو بلایا جائے گا: وہ شخص ہوگا جس نے قرآن جمع کیا ہے، یعنی حفظ کیا ہے۔ اور وہ شخص ہوگا: جو راہِ خدا میں شہید کیا گیا ہے، اور بہت زیادہ مال والا شخص ہوگا۔

۱- پس اللہ تعالیٰ قرآن پڑھنے والے سے پوچھیں گے: کیا میں نے تجھے وہ قرآن نہیں سکھلایا تھا جو میں نے اپنے رسول پر اتارا تھا؟ وہ کہے گا: کیوں نہیں، اے میرے پروردگار! اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: پس تو نے کیا عمل کیا اس قرآن میں جو تو نے جانا؟ وہ کہے گا: میں اس کے ذریعہ نماز پڑھتا تھا، رات کی گھڑیوں میں، اور دن کے اوقات میں! اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: تو جھوٹ کہتا ہے، اور فرشتے بھی کہیں گے تو جھوٹ کہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس سے کہیں گے: بلکہ تو نے چاہا تھا کہ کہا جائے: فلاں قاری ہے (یہی ریاء ونمود ہے) سو وہ بات کہہ دی گئی (یعنی تیرے عمل کی جزاء تجھے دنیا میں مل گئی)

۲- اور مال والا لایا جائے گا، پس اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: کیا نہیں گنجائش کی تھی میں نے تجھ پر یہاں تک کہ نہیں محتاج باقی رکھا تھا میں نے تجھ کو کسی کا؟ وہ جواب دے گا: کیوں نہیں! اے میرے پروردگار! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: پس کیا عمل کیا تو نے اس مال میں جو میں نے تجھے دیا تھا؟ وہ کہے گا: میں صلہ رحمی کیا کرتا تھا، اور خیرات کرتا تھا، پس اللہ تعالیٰ اس سے کہیں گے: تو جھوٹ کہتا ہے اور فرشتے کہیں گے: تو جھوٹ کہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: بلکہ

تو نے چاہا تھا کہ کہا جائے: فلاں سخی ہے سو وہ بات کہہ دی گئی۔

۳- پھر لایا جائے گا وہ شخص جو راہِ خدا میں مارا گیا ہے، پس اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے: کس لئے تو مارا گیا؟ وہ کہے گا: آپ نے اپنے راستہ میں جہاد کا حکم دیا، پس میں لڑا یہاں تک کہ مارا گیا۔ پس اللہ تعالیٰ اس سے کہیں گے تو جھوٹ بولتا ہے اور فرشتے کہیں گے: تو جھوٹ کہتا ہے، اور اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: بلکہ چاہا تھا تو نے کہ کہا جائے: فلاں بڑا بہادر ہے، سو وہ بات کہہ دی گئی۔

پھر نبی ﷺ نے میرے گھٹنے پر ہاتھ مارا، اور فرمایا: اے ابو ہریرہؓ! یہ تین شخص اللہ کی مخلوق میں سے وہ ہیں جن سے قیامت کے دن سب سے پہلے جہنم کی آگ دہکائی جائے گی۔

حدیث کا راوی ولید ابو عثمان مدائنی کہتا ہے: مجھے عقبہ نے بتایا کہ شُفَیّ ہی وہ ہیں جو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تھے پس ان کو یہ حدیث سنائی تھی۔

ابو عثمان کہتے ہیں: مجھ سے علاء بن حکیم نے بیان کیا، اور وہ حضرت معاویہؓ کے جلاد تھے، انھوں نے کہا: حضرت معاویہؓ کے پاس ایک آدمی آیا، پس اس نے حضرت معاویہؓ کو یہ حدیث سنائی، حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہوئے، پس حضرت معاویہؓ نے فرمایا: جب ان لوگوں کے ساتھ یہ برتاؤ کیا جائے گا تو دوسروں کا کیا حال ہوگا؟! پھر حضرت معاویہؓ بہت زیادہ روئے یہاں تک کہ ہم نے خیال کیا کہ وہ ہلاک ہوجائیں گے، پس ہم نے کہا: یہ شخص ہمارے پاس برائی لے کر آیا ہے، پھر حضرت معاویہؓ کو ہوش آیا، اور انھوں نے اپنے چہرے سے پسینہ پونچھا اور فرمایا: اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا﴾ الآیة: (ہود ۱۵ و ۱۶) ترجمہ: جو شخص (اپنے اعمال خیر سے) محض حیات دنیوی کی منفعت اور اس کی رونق حاصل کرنا چاہتا ہے تو ہم ان لوگوں کے اعمال کی جزاء دنیا ہی میں دیدیتے ہیں اور ان کے لئے دنیا میں کچھ کمی نہیں ہوتی یعنی دنیا ہی میں ان اعمال کے عوض میں ان کو نیک نامی، صحت، فراغ بالی، عیش وعشرت اور کثرت اموال واولاد حاصل ہوجاتی ہے، یہ ایسے لوگ ہیں کہ ان کے لئے آخرت میں دوزخ کے علاوہ کچھ نہیں، اور جو کچھ انھوں نے کیا ہے وہ آخرت میں رائگاں جائے گا، اور وہ جو کچھ کررہے ہیں وہ آخرت میں بے اثر ثابت ہوگا (اس آیت میں ان لوگوں کا بیان ہے جن کی نیت: اعمال صالحہ سے بجز دنیا کے کچھ نہ ہو، یہی ریاء وسمعہ ہے جو اعمال کے اخروی بدلہ کو باطل کردیتی ہے)

[۳۸-] بابُ ماجاء فِي الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

[۲۳۷۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "مَنْ يُرَائِي يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ

بِهِ" وَقَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ لَايَرْحَمِ النَّاسَ لَايَرْحَمْهُ اللّٰهُ"

وفى الباب: عَنْ جُنْدُبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٣٧٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا حَيْوَةُ بنُ شُرَيْحٍ، نَا الْوَلِيْدُ بنُ أَبِى الْوَلِيْدِ أَبُوْ عُثْمَانَ الْمَدَائِنِيُّ: أَنَّ عُقْبَةَ بنَ مُسْلِمٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ شُفَيًّا الْأَصْبَحِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّهُ دَخلَ الْمَدِيْنَةَ، فَإِذَا هُوَ بَرَجُلٍ قَدِ اجْتَمعَ عَلَيْهِ النَّاسُ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالُوْا: أَبُوْ هُرَيْرَةَ! فَدَنَوْتُ مِنْهُ، حَتَّى قَعَدْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَهُوَ يُحَدِّثُ النَّاسَ، فَلَمَّا سَكتَ، وَخَلاَ، قُلْتُ لَهُ: أَسْأَلُكَ بِحَقٍّ، وَبِحَقٍّ، لَمَّا حَدَّثْتَنِىْ حَدِيْثًا، سَمِعْتَهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، عَقَلْتَهُ، وَعَلِمْتَهُ.

فَقَالَ أَبُوْ هريرةَ: أَفْعَلُ، لَأُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، عَقَلْتُهُ، وَعَلِمْتُهُ، ثُمَّ نَشَغَ أَبُوْ هريرةَ نَشْغَةً فَمَكَثَ قَلِيْلاً، ثُمَّ أَفَاقَ، فَقَالَ: لَأُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِىْ هٰذَا البَيْتِ، مَا مَعَنَا أَحَدٌ غَيْرِىْ وَغَيْرُهُ.

ثُمَّ نَشَغَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً، ثُمَّ أَفَاقَ، وَمَسَحَ وَجْهَهُ، وَقَالَ: أَفْعَلُ، لَأُحَدِّثَنَّكَ حَدِيْثًا حَدَّثَنِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَا وَهُوَ فِىْ هٰذَا الْبَيْتِ، مَامَعَنَا أَحَدٌ غَيْرِىْ وَغَيْرُهُ.

ثُمَّ نَشَغَ أَبُوْ هريرةَ نَشْغَةً شَدِيْدَةً، ثُمَّ مَالَ خَارًّا عَلَى وَجْهِهِ، فَأَسْنَدْتُهُ طَوِيْلاً، ثُمَّ أَفَاقَ.

فَقَالَ: حَدَّثَنِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، يَنْزِلُ إِلَى الْعِبَادِ لِيَقْضِىَ بَيْنَهُمْ، وَكُلُّ أُمَّةٍ جَاثِيَةٌ، فَأَوَّلُ مَنْ يَدْعُوْ بِهِ: رَجُلٌ جَمعَ الْقُرْآنَ، وَرَجُلٌ قُتِلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ كَثِيْرُ الْمَالِ.

فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِلْقَارِئِ: أَلَمْ أُعَلِّمْكَ مَا أَنْزَلْتُ عَلَى رَسُوْلِىْ؟ قَالَ: بَلٰى يَارَبِّ! قَالَ: فَمَاذَا عَمِلْتَ فِيْمَا عَلِمْتَ؟ قَالَ: كُنْتُ أَقُوْمُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: كَذَبْتَ، وَتَقُوْلُ الْمَلاَئِكَةُ: كَذَبْتَ، وَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: بَلْ أَرَدْتَ أَنْ يُقَالَ: فُلاَنٌ قَارِئٌ، فَقَدْ قِيْلَ ذٰلِكَ.

وَيُؤْتَى بِصَاحِبِ الْمَالِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: أَلَمْ أُوَسِّعْ عَلَيْكَ حَتَّى لَمْ أَدَعْكَ تَحْتَاجُ إِلَى أَحَدٍ؟ قَالَ: بَلٰى يَارَبِّ! قَالَ: فَمَاذَا عَمِلْتَ فِيْمَا آتَيْتُكَ؟ قَالَ: كُنْتُ أَصِلُ الرَّحِمَ، وأَتَصَدَّقُ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: كَذَبْتَ، وَتَقُوْلُ الْمَلاَئِكَةُ: كَذَبْتَ، وَيَقُوْلُ اللّٰهُ: بَلْ أَرَدْتَ أَنْ يُقَالَ: فَلاَنٌ جَوَادٌ، وَقَدْ قِيْلَ ذٰلِكَ.

وَيُؤْتَى بِالَّذِىْ قُتِلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: فِيْمَاذَا قُتِلْتَ؟ فَيَقُوْلُ: أَمَرْتَ بِالْجِهَادِ فِىْ سَبِيْلِكَ، فَقَاتَلْتُ حَتَّى قُتِلْتُ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُ: كَذَبْتَ، وَتَقُوْلُ الْمَلاَئِكَةُ: كَذَبْتَ، وَيَقُوْلُ اللّٰهُ: بَلْ أَرَدْتَ أَنْ يُقَالَ: فَلاَنٌ جَرِىْءٌ، فَقَدْ قِيْلَ ذٰلِكَ.

ثُمَّ ضَرَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى رُكْبَتِيْ، فَقَالَ:'' يَا أَبَا هُريرةَ! أُوْلٰئِكَ الثَّلَاثَةُ أَوَّلُ خَلْقِ اللّٰهِ تُسَعَّرُ بِهِمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

قَالَ الْوَلِيْدُ أَبُوْ عُثْمَانَ الْمَدَائِنِيُّ: فَأَخْبَرَنِيْ عُقْبَةُ: أَنَّ شُفَيًّا هُوَ الَّذِیْ دَخَلَ عَلَى مُعَاوِيَةَ، فَأَخْبَرَهُ بِهٰذَا.

قَالَ أَبُوْ عُثْمَانَ: وَحَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بنُ أَبِيْ حَكِيْمٍ، أَنَّهُ كَانَ سَيَّافًا لِمُعَاوِيَةَ، قَالَ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَأَخْبَرَهُ بِهٰذَا عَنْ أَبِيْ هريرةَ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: قَدْ فُعِلَ بِهٰؤُلَاءِ هٰذَا، فَكَيْفَ بِمَنْ بَقِيَ مِنَ النَّاسِ؟ ثُمَّ بَكَى مُعَاوِيَةُ بُكَاءً شَدِيْدًا، حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ هَالِكٌ، وَقُلْنَا: قَدْ جَاءَ نَا هٰذَا الرَّجُلُ بِشَرٍّ، ثُمَّ أَفَاقَ مُعَاوِيَةُ، وَمَسَحَ عَنْ وَجْهِهِ، وَقَالَ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ:﴿ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَايُبْخَسُوْنَ، أُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ إِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَاصَنَعُوْا فِيْهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

دکھاوا کرنے والے قراء (علماء) کا انجام

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''غم کے گڑھے سے اللہ کی پناہ چاہو'' لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! غم کا گڑھا کیا ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ جہنم کا ایک میدان ہے، جس سے جہنم روزانہ ستر مرتبہ پناہ چاہتی ہے'' (اور ابن ماجہ میں ہے: چار سو مرتبہ پناہ چاہتی ہے) پوچھا گیا: اے اللہ کے رسول! اس میں کون جائے گا؟ فرمایا: ''وہ قراء (علماء) جو اپنے اعمال کا دکھلاوا کرنے والے ہیں''

وضاحت: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، ابن ماجہ (حدیث ۲۵۶) نے بھی اس کی تخریج کی ہے، اور مشکوٰۃ کتاب العلم (حدیث ۲۷۵) میں بھی نقل ہوئی ہے، اس کا ایک راوی عمار بن سیف ضبّی ہے جو ضعیف ہے، اور اس کا استاذ ابو مُعان بصری بھی بس ایسا ہی ہے (اور ابن ماجہ میں ابو معاذ بصری ہے، جس کا نام سلیمان بن ارقم ہے وہ متروک ہے)

تشریح: پہلے لفظ قراء: علماء کو بھی شامل تھا، اس وقت جو لوگ قرآن پڑھے ہوئے ہوتے تھے وہ دین سے بھی واقف ہوتے تھے، بعد میں تفریق ہوگئی، قرآن عمدہ پڑھنے والے ''قراء'' کہلانے لگے۔ اور دین کے واقف ''علماء'' کہلانے لگے، پس اس حدیث کا مصداق دونوں ہی ہیں، جو قراء اور جو علماء اپنے اعمال کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ریاء ونمود کے لئے کام کرتے ہیں وہ اس حدیث کا مصداق ہیں، ان کا انجام بُرا ہوگا، اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائیں (آمین)

لغات: الجُبّ: بڑا کنواں، گڑھا...... الحَزْن (ح کا زبر اور ز ساکن) اسم ہے، جس کے معنی ہیں: رنج وغم، اور الحَزَن (بفتحتین) مصدر ہے جس کے معنی ہیں: رنجیدہ اور غمگین ہونا، حدیث میں دونوں پڑھ سکتے ہیں...... اور جہنم

غم کے اُس میدان سے سومرتبہ اس لئے پناہ مانگتی ہے کہ اس میدان کا عذاب بہت سخت ہے، خود جہنم بھی اس سے پریشان ہے، اس لئے پناہ مانگتی ہے۔

[۳۹-] بابٌ

[۲۳۷۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَمَّارِ بن سَيْفٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ أَبِيْ مُعَانٍ الْبَصْرِيِّ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" تَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ جُبِّ الْحُزْنِ" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا جُبُّ الْحُزْنِ؟ قَالَ:" وَادٍ فِيْ جَهَنَّمَ، يَتَعَوَّذُ مِنْهُ جَهَنَّمُ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ!" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَنْ يَدْخُلُهُ؟ قَالَ:" الْقُرَّاءُوْنَ الْمُرَاؤُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

عمل کُھل جانے پر خوش ہونا ریاء نہیں

حدیث: ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! آدمی ایک عمل کرتا ہے، پس وہ عمل اس کو پسند آتا ہے، پھر جب وہ عمل کھل جاتا ہے یعنی اس سے کوئی واقف ہوجاتا ہے تو اس کو یہ بات اچھی لگتی ہے (پس کیا یہ بات ریاء میں شامل ہے؟) نبی ﷺ نے فرمایا: له أَجْرَانِ: أَجْرُ السِّرِّ، وَأَجْرُ العلانية: اس کے لئے دو ثواب ہیں: پوشیدہ کا ثواب اور آشکارا کا ثواب!

تشریح: اس حدیث کا راوی ابوسفیان شیبانی الأصغر البُرْجُمی الکوفی معمولی راوی ہے: صدوقٌ لهُ أَوْهَامٌ، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کو غریب قرار دیا ہے، نیز حبیب کے دوسرے شاگرد امام اعمش وغیرہ اس حدیث کو مرسل روایت کرتے ہیں۔ یعنی آخر میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں کرتے، مگر اس حدیث کے شواہد ہیں، مشکوٰۃ (حدیث ۵۳۲۲ باب الرياء والسمعة) میں ترمذی کے حوالہ سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث مروی ہے: انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! رات ایسا ہوا کہ میں گھر میں نماز پڑھ رہا تھا، اچانک ایک صاحب آگئے، اور انھوں نے مجھے نماز پڑھتے دیکھ لیا، مجھے یہ بات اچھی لگی کہ انھوں نے مجھے نماز پڑھتے دیکھا، تو کیا یہ بات دکھانے اور سنانے میں شمار ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا: رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا أَبَا هُرِيرة! لَكَ أَجْرَانِ: أَجْرُ السِّرِّ وَأَجْرُ الْعَلَانِيَةِ: ابوہریرہ! تم پر اللہ کی رحمت! تمہارے لئے دو اجر ہیں: پوشیدہ کا اجر اور آشکارا کا اجر۔

اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: ایک شخص عمل خیر کرتا ہے اور لوگ اس عمل کی وجہ سے اس کی تعریف کرتے ہیں تو اس کا کیا حکم ہے؟ یعنی یہ ریاء ہے یا نہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: تِلْكَ عَاجِلُ

بُشْرَى الْمُؤْمِنِ: وہ مؤمن کی جلد ملنے والی خوشخبری ہے!

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے اس حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ بندے نے ایک عمل صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے کیا، کوئی دوسرا جذبہ کارفرما نہیں تھا، مگر جب عمل بارگاہِ خداوندی میں قبول ہوا، تو وہ قبولیت زمین میں اتری اور لوگ اس کی تعریف کرنے لگے اور اس سے محبت کرنے لگے، پس یہ مؤمن کے لئے ایڈوانس خوشخبری ہے، یہ دکھانے اور سنانے کے لئے عمل کرنا نہیں ہے۔

اسی طرح باب کی حدیث اس صورت میں ہے جب خوش ہونا مغلوب ہو، صرف خوش ہونا عمل کا باعث نہ بن سکتا ہو، یعنی خواہ کوئی دیکھتا یا نہ دیکھتا وہ عمل ضرور کرتا، مگر اتفاقاً کسی نے دیکھ لیا تو اس کو اچھا لگا: یہ دکھانا سنانا نہیں، ریاء یہ ہے کہ کوئی دیکھے تو عمل کرے ورنہ نہ کرے...... اور پوشیدہ کا اجر: اس اخلاص کا اجر ہے جو چپکے سے عمل کرنے میں پایا جاتا ہے...... اور آشکارا کا اجر: دین کی سربلندی اور راہِ ہدایت کی اشاعت کا اجر ہے، یعنی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے تہجد تنہائی میں شروع کیا تھا، پس ایک اجر تو چپکے سے عمل کرنے کا ملا، پھر اچانک کسی نے دیکھ لیا جس سے اس کو تہجد کی ترغیب ہوئی پس دوسرا اجر: عمل کو آشکارا کرنے کا ملا (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۳۸۸)

[٤٠-] بابٌ

[٢٣٧٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نا أَبُوْدَاوُدَ، نا أَبُوْ سِنَانٍ الشَّيْبَانِيُّ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! الرَّجُلُ يَعْمَلُ الْعَمَلَ، فَيَسُرُّهُ، فَإِذَا اطُّلِعَ عَلَيْهِ أَعْجَبَهُ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَهُ أَجْرَانِ: أَجْرُ السِّرِّ، وأَجْرُ الْعَلاَنِيَةِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى الأَعْمَشُ وَغَيْرُهُ عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

وَقَدْ فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الحديثَ: "إِذَا اطُّلِعَ عَلَيْهِ فَأَعْجَبَهُ": إِنَّمَا مَعْنَاهُ: أَنْ يُعْجِبَهُ ثَنَاءُ النَّاسِ عَلَيْهِ بِالْخَيْرِ، لِقَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِيْ الأَرْضِ" فَيُعْجِبُهُ ثَنَاءُ النَّاسِ عَلَيْهِ لِهٰذَا، فَأَمَّا إِذَا أَعْجَبَهُ لِيَعْلَمَ النَّاسُ مِنْهُ الْخَيْرَ، وَيُكَرَّمَ، وَيُعَظَّمَ عَلَى ذٰلِكَ، فَهٰذَا رِيَاءٌ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: إِذَا اطُّلِعَ عَلَيْهِ فَأَعْجَبَهُ: رَجَاءَ أَنْ يَعْمَلَ بِعَمَلِهِ، فَيَكُوْنَ لَهُ مِثْلُ أُجُوْرِهِمْ، فَهٰذَا لَهُ مَذْهَبٌ أَيْضًا.

ترجمہ: بعض اہل علم نے اس حدیث کی شرح یہ کی ہے: قوله إذا اطُّلع عليه فَأَعْجَبَهُ: جب اس عمل سے کوئی واقف ہوگیا تو یہ بات اس کو اچھی لگی، اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اس کو خوش کرے لوگوں کا اس عمل پر اچھی تعریف

کرنا، کیونکہ حدیث شریف میں ہے: أنتم شُهداءُ اللّٰه فی الأرض: تم یعنی یہ امت زمین میں اللہ کی گواہ ہے، چنانچہ اس کو خوش کرتا ہے اس عمل پر لوگوں کا تعریف کرنا، اس حدیث کے پیش نظر...... پس رہی وہ صورت جبکہ اس کو یہ بات پسند آئے کہ لوگ اس کا یہ نیک عمل جان لیں اور اس کا اکرام کیا جائے اور اس عمل کی وجہ سے اس کی تعظیم کی جائے تو یہ ریاء ہے...... اور بعض اہل علم نے کہا: جب اس عمل سے لوگ واقف ہو گئے پس اس کو وہ بات اچھی لگی اس امید سے کہ وہ واقف ہونے والا اس کے عمل کے موافق عمل کرے گا (یہی توجیہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے فرمائی ہے) پس اس کو ملے گا عمل کرنے والوں کے ثواب کے مانند (کیونکہ حدیث میں ہے: مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً، فَلَهُ أَجْرُهَا، وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا: جو کوئی اچھا طریقہ جاری کرتا ہے تو اس کو اس پر عمل کا اجر ملتا ہے، اور جو اس راہ پر چلتے ہیں ان کا بھی اجر ملتا ہے) پس اس توجیہ کے لئے بھی جانے کی راہ ہے، یعنی یہ توجیہ بھی اچھی ہے۔

خلاصہ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث کی دو توجیہیں کی ہیں: پہلی توجیہ: وہ ہے جو حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث کی کی ہے کہ جب اس کا عمل اللہ کے یہاں مقبول ہوا اور وہ مقبولیت زمین میں اتری تو لوگوں نے اس نیک بندے کی تعریف شروع کی، تو یہ ریاء نہیں، کیونکہ نیک بندے زمین میں اللہ کے گواہ ہیں، پس ان کی تعریف نیک فال ہے...... دوسری توجیہ امام ترمذیؒ نے وہ کی ہے جو حضرت شاہ صاحبؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث کی کی ہے کہ اس کا یہ عمل دوسروں کے لئے ترغیب کا باعث بنا، اس لئے عمل کے آشکارا ہونے کا بھی ثواب ملے گا...... اور درمیان میں امام ترمذیؒ نے یہ بیان کیا ہے کہ ریاء وسمعہ اس صورت میں ہے جب آدمی چاہے کہ اس کے نیک عمل کا لوگوں کو پتہ چلے، اور لوگ اس نیک عمل کی وجہ سے اس کا اکرام اور تعظیم کریں تو یہ ریاء وسمعہ ہے۔

بابُ الْمَرْءِ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

محبت آخرت میں معیت کا ذریعہ ہے

اس باب میں امام ترمذیؒ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): یہ حدیث اشعث بن سوّار کندی کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر اس باب میں اور بھی روایات ہیں، اس لئے حدیث کے ضعف سے مضمون پر اثر نہیں پڑتا، حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ: آدمی (آخرت میں) اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے۔ وله ما اکتسب: اور اس کے لئے وہ ہوگا جو اس نے کمایا ہے، یعنی وہ اپنے عمل کے مطابق جنت میں اپنے درجہ میں ہوگا، مگر اس کے لئے اپنے محبوب سے ملنے کا موقعہ ہوگا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! قیامت کب برپا ہوگی؟ پس نبی ﷺ نماز کے لئے کھڑے ہوئے یعنی سائل کا جواب نہیں

دیا، کیونکہ نماز کا وقت آ گیا تھا، پھر جب آپؐ نے نماز پوری کی تو پوچھا: قیامت کے بارے میں پوچھنے والا کہاں ہے؟ اس شخص نے عرض کیا: حاضر ہوں اے اللہ کے رسول! پس آپؐ نے پوچھا: تو نے قیامت کے لئے کیا تیاری کر رکھی ہے؟ (جو اتنی بیتابی سے قیامت کا انتظار کر رہا ہے؟) اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے قیامت کے لئے کچھ بہت زیادہ نماز روزہ تیار نہیں کیا، مگر میں اللہ اور اللہ کے رسول سے محبت رکھتا ہوں۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ: آدمی (آخرت میں) اس شخص کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے، وَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ: اور آپ اس کے ساتھ ہونگے جس سے آپ کو محبت ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس میں نے مسلمانوں کو اسلام کے بعد کسی چیز سے اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا وہ حضرات اس بشارت سے خوش ہوئے۔

حدیث (۳): حضرات صفوان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک بلند آواز بدّو آیا، اس نے کہا: اے محمد! (ﷺ) ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے اور وہ اب تک ان کے ساتھ نہیں ملا، یعنی اس کا عمل ان جیسا نہیں ہوا (تو اس کا کیا حکم ہے؟) نبی ﷺ نے فرمایا: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے، یعنی یہ شخص عمل میں اگرچہ پیچھے ہے، مگر وہ ان بندگانِ خدا کے ساتھ کر دیا جائے گا جن سے اس کو اللہ کے لئے اور اللہ کے دین کے لئے محبت ہے۔

تشریح: ساتھ ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ محبّ اور محبوب کا درجہ اور مرتبہ بالکل ایک ہو جائے گا، بلکہ ساتھ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک اپنے اپنے درجہ میں اور اپنے اپنے حال میں ہوگا، مگر ان کو ملاقات کا موقع ملے گا، درجاتِ جنت کا تفاضل ملاقات سے مانع نہیں ہوگا۔ جیسے خادم کا اپنے مخدوم کے ساتھ اور تابع کا اپنے متبوع کے ساتھ ایسا ہی معاملہ ہوتا ہے، اور یہ بھی بہت بڑا شرف اور بہت بڑی نعمت ہے۔

اور یہ حدیث سورۃ النساء کی آیت (۶۹ و ۷۰) کے انداز پر ہے، ارشاد پاک ہے: ''اور جو شخص اللہ اور اللہ کے رسول کا کہنا مانے گا وہ اس شخص کے ساتھ ہوگا، جس پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے، یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صلحاء کے ساتھ ہوگا۔ اور یہ حضرات بہت اچھے رفیق ہیں، یہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے فضل ہے، اور اللہ تعالیٰ کافی جاننے والے ہیں...... اور اس کی وضاحت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی اس حدیث میں ہے جو تفسیر ابن کثیر میں اس آیت کے ذیل میں ابن مَردویہ اور طبرانی کی سند سے نقل ہوئی ہے، اس کا حاصل یہ ہے:

ایک شخص آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اپنی بیوی، اپنی اولاد اور اپنی جان سے بھی زیادہ آپؐ سے محبت ہے، اور میرا حال یہ ہے کہ جب میں اپنے گھر میں ہوتا ہوں اور آپؐ مجھے یاد آتے ہیں تو میں بے قرار ہو جاتا ہوں اور جب تک حاضر خدمت ہو کر آپؐ کو دیکھ نہیں لیتا صبر نہیں آتا، پھر جب میں اپنے مرنے کا اور آپؐ کی وفات کا خیال کرتا ہوں تو بے چین ہو جاتا ہوں۔ آپؐ وفات کے بعد انبیاء علیہم السلام کے بلند

مقام پر ہونگے اور میں اللہ جانے جنت میں جاؤں گا بھی یا نہیں! اور اگر گیا بھی تو اس بلند مقام تک میری رسائی کہاں؟ پس بظاہر آپ کے دیدار سے محرومی رہے گی، یہ بات سوچ کر میں پریشان ہوجاتا ہوں۔ نبی ﷺ نے اس کی بات کا کوئی جواب نہیں دیا، یہاں تک کہ سورۂ نساء کی مذکورہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَمَنْ يُّطِعَ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُوْلٰئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ﴾ الآية اس آیت کے نزول پر نبی ﷺ نے اس کو خوشخبری سنائی کہ جب تم کو سچی محبت ہے اور تم اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہو، تو تم کو اللہ کی مقرب بندوں کی معیت اور رفاقت ضرور نصیب ہوگی۔

یہاں یہ بات جان لینی چاہئے کہ کچھ لوگوں کو محبت کے بارے میں غلط فہمی ہے، وہ محبت اور اطاعت کے باہمی لزوم کو نہیں سمجھتے، محبت کا لازمی تقاضہ اطاعت ہے، اگر محبّ: محبوب کے نقش قدم پر نہ چلے تو وہ جھوٹی اور دکھاوے کی محبت ہے، اور ایسے محبت کرنے والوں کے لئے یہ فضیلت نہیں، یہ فضیلت صرف سچی محبت کرنے والوں کے لئے ہے۔ آج مسلمانوں میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو آقائے مدنی ﷺ سے محبت کا دعوی کرتے ہیں، مگر نماز تک نہیں پڑھتے، ایسی محبت کا آخرت میں کوئی اثر ظاہر نہیں ہوگا، بلکہ ممکن ہے یہ جھوٹی محبت آخرت میں وبال جان بن جائے، اس شخص سے کہا جائے گا کہ محبت نبوی کا دم بھرتا تھا اور دشمنانِ اسلام کے نقش قدم پر چلتا تھا، ڈاڑھی تیری نہیں تھی، لباس تیرا غیر اسلامی تھا، تیری یہ محبت کیسی تھی؟ پھر اس کو اس جھوٹی محبت پر سزا دی جائے: یہ بات ممکن ہے۔

[٤١-] بابُ الْمَرْءِ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

[٢٣٧٧-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ، وَلَهُ مَا اكْتَسَبَ"

وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَصَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، وأَبِيْ هُرَيرةَ، وَأَبِيْ مُوْسَى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ.

[٢٣٧٨-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَتَى قِيَامُ السَّاعَةِ؟ فَقَامَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الصَّلاَةِ، فَلَمَّا قَضَى صَلاَ تَهُ قَالَ: "أَيْنَ السَّائِلُ عَنْ قِيَامِ السَّاعَةِ؟" فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ: "مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟" قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيْرَ صَلاَةٍ وَلاَ صَوْمٍ، إِلاَّ أَنِّيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ، وَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ" فَمَا رَأَيْتُ فَرِحَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ الإِسْلاَمِ فَرَحَهُمْ بِهَا" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢٣٧٩-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا يَحْيَى بنُ آدَمَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ،

عَنْ صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ جَهْوَرِيُّ الصَّوْتِ، فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ! الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمَّا يَلْحَقْ هُوَ بِهِمْ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ مَحْمُوْدٍ.

وضاحت: تیسری حدیث میں سفیان ثوری کے الفاظ عن صفوان بن عسالٍ قال: جاء أعرابی ہیں اور حماد بن زید کے الفاظ عن صفوان بن عسال عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، باقی احمد بن عبدۃ کی حدیث بھی محمود بن غیلان کی حدیث کی طرح ہے، اور کوئی فرق نہیں۔

بابٌ فِيْ حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن رکھنا

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: أَنَا عند ظَنِّ عبدی بِیْ، وأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِیْ: میں میرے ساتھ میرے بندے کے گمان کے پاس ہوں اور میں اس کے ساتھ ہوں، جب وہ مجھے پکارتا ہے۔

تشریح: یہ متفق علیہ حدیث ہے اور اس میں دو مضمون ہیں:

پہلا مضمون: ایمان: خوف ورجاء کی مرکب کیفیت کا نام ہے، مگر غالب رجاء رہنی چاہئے۔ زندگی میں بھی اور موت کے وقت بھی، اگر بندے کا گمان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کی معمولی کوتاہیوں سے درگذر فرمائیں گے تو ایسا ہی ہوگا، اور اگر وہ گمان کرتا ہے کہ اس کی خردہ گیری کی جائے گی یعنی اس کی معمولی باتوں پر بھی پکڑ ہوگی تو ایسا ہی ہوگا، پھر وہ زندگی میں بھی پریشان رہے گا اور موت کے وقت بھی رحمت سے مایوس ہوگا، اس لئے بندے کو اللہ کے ساتھ اچھا گمان رکھنا چاہئے۔

واقعہ: حجاج بن یوسف ثقفی جو بڑا ظالم حاکم گذرا ہے، جب مرضِ موت میں مبتلا ہوا تو اس کو سخت تکلیف سے سابقہ پڑا۔ اس کی ماں نے اس سے کہا: تو نے کرتوت ہی ایسے کئے ہیں کہ تجھے سخت تکلیف ہو، ماں کی یہ بات سن کر وہ سنبھل گیا، اس نے ماں سے پوچھا: امی! بتا اگر آخرت میں میرا فیصلہ تجھے سونپ دیا جائے تو تو میرے لئے کیا فیصلہ کرے گی؟ جنت کا یا جہنم کا؟ ماں نے جواب دیا: بیٹا! میں تو جنت کا فیصلہ کروں گی، اس پر حجاج نے کہا: پس امی سن! میرا خدا مجھ پر تجھ سے زیادہ مہربان ہے! کہتے ہیں: جب اس کی یہ بات حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کو پہنچی تو انھوں نے لوگوں کو منع کیا کہ حجاج کو برا مت کہو، ممکن ہے اللہ تعالیٰ اس کی اس بات پر اس کی بخشش فرمادیں۔

دوسرا مضمون: بندہ جب اللہ سے دعا کرتا ہے یا اللہ کا ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ بندے کے ساتھ ہوتے ہیں، سورۃ البقرہ آیت ۱۸۶ میں بھی یہ مضمون آیا ہے، ارشادِ پاک ہے: ''اور جب آپؐ سے میرے بندے میرے متعلق پوچھیں تو (آپؐ میری طرف سے کہہ دیں): میں قریب ہوں، درخواست کرنے والے کا مطالبہ منظور کر لیتا ہوں جبکہ وہ میری بارگاہ میں درخواست پیش کرتا ہے'' بلکہ بخاری شریف (حدیث ۷۴۰۵) میں یہ بھی ہے کہ اگر بندہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھے کسی مجمع میں یاد کرتا ہے تو میں بھی اس کو ان سے بہتر لوگوں کے مجمع میں یاد کرتا ہوں۔

فائدہ: مفسر قرطبیؒ نے بیان کیا ہے کہ گناہوں پر اصرار کے ساتھ مغفرت کا امیدوار رہنا محض نادانی اور دھوکا خوردگی ہے، یہ تو مرجئہ کا مذہب ہے (کہ ایمان کے ساتھ کوئی گناہ مضر نہیں) (فتح الباری ۱۳: ۳۸۶)

اس کی تفصیل یہ ہے کہ ترغیب اور فضائل کی روایتیں نیک بندوں کے لئے ہیں، کیونکہ ان کی مثال تیار مکان پر پینٹ کی ہے، اگر مکان کا ڈھانچہ تیار ہو، پلاستر ہوا ہوا ہو، تو پینٹ کھلتا ہے، محل خوبصورت نظر آتا ہے، اور اگر ڈھانچہ ہی تیار نہ ہو یعنی آدمی کافر ہو تو پینٹ ہوا میں ہوگا؟ اور اگر بلڈنگ تو تیار ہو، مگر اس پر پلاستر ہوا ہوا نہ ہو، تو پینٹ کچھ نہ کچھ فائدہ دے گا، مگر کوئی خاص فائدہ نہ ہوگا، اسی لئے قرطبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جو بندے کبیرہ گناہوں میں مبتلا ہیں یا فرائض کے تارک ہیں اور خوش گمان ہیں کہ ہماری مغفرت ضرور ہو جائے گی کیونکہ اللہ تعالیٰ غفورٌ رحیمٌ ہیں، تو یہ نفس کی دھوکہ خوردگی ہے، اور یہ بات صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں، مگر ساتھ ہی ان کی پکڑ بھی سخت ہے، اور یہ دونوں باتیں قرآن کریم میں ساتھ ساتھ ہیں۔ سورۃ الحجر (آیات ۴۹ و ۵۰) میں ہے: ''آپؐ میرے بندوں کو اطلاع کر دیں کہ میں بڑا مغفرت اور رحمت والا ہوں اور میری سزا بڑی دردناک ہے''

[٤٢-] بابُ فِيْ حُسْنِ الظَّنِّ بِاللّٰهِ تَعَالٰى

[٢٣٨٠-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ الْأَصَمِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ، وَأَنَا مَعَهُ إِذَا دَعَانِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى الْبِرِّ وَالإِثْمِ

نیکی اور گناہ کا بیان

حدیث: حضرت نوّاس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ سے نیکی اور گناہ کی حقیقت پوچھی، آپؐ نے فرمایا: الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ: نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے، والإثم مَاحَاكَ فِيْ نَفْسِكَ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَّطَّلِعَ

النَّاسُ عَلَيْهِ: اور گناہ وہ کام ہے جو تیرے دل میں جم جائے، اور تو نہ چاہے کہ لوگ اس سے واقف ہوں۔

تشریح: البِرُّ: مختلف استعمالات میں مختلف معانی میں آتا ہے، مگر اس کے عام معنی نیکی کے ہیں، خواہ کوئی سی نیکی ہو۔ پس یہ ایک جامع لفظ ہے اور تمام عقائد حقہ و اعمال صالحہ کو شامل ہے۔ سورۃ البقرہ (آیت ۱۷۷) میں عقائد و اعمال صالحہ کے مجموعہ پر اس کا اطلاق کیا گیا ہے، اور اس حدیث میں ہے کہ البِرّ: اچھے اخلاق کا نام ہے، یعنی لوگوں کے ساتھ میل جول میں اچھا برتاؤ کرنا نیکی ہے، یہ البر کے خاص معنی ہیں یا یہ کہا جائے کہ اس حدیث میں البرّ کا اطلاق: اعمالِ صالحہ کی افضل نوع پر کیا گیا ہے، خواہ یہ افضل ہونا عام ہو یا مخاطب کے لحاظ سے ہو۔

اور الإثم (گناہ): وہ کام ہے کہ آدمی نہ چاہے کہ کوئی اس سے واقف ہو، کیونکہ مؤمن کا دل ایک کسوٹی ہے، کسی کام سے اس کا بے چین ہونا اس کام کے برے ہونے کی دلیل ہے (یہ مضمون تحفہ ۵: ۲۳۵ میں بھی ہے)

لغت: حَاكَ الشيئُ فِيْ صَدْرِهِ، أَوْ قَلْبِهِ، يَحُوك حَوْكًا: دل میں بیٹھ جانا، جم جانا، یعنی گناہ وہ ہے جو دل میں جم جائے، بار بار اس کا خیال آئے، کانٹے کی طرح وہ بات دل میں چبھے: تو یہ علامت ہے کہ وہ گناہ کا کام ہے۔

[۴۳-] بابُ ماجاء فی الْبِرِّ وَالإِثْمِ

[۲۳۸۱-] حدثنا مُوْسَى بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بنُ الْحُبَابِ، نَا مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، ثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النَّوَّاسِ بنِ سَمْعَانَ، أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الْبِرِّ وَالإِثْمِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ، وَالإِثْمُ مَاحَاكَ فِيْ نَفْسِكَ، وَكَرِهْتَ أَنْ يَطَّلِعَ النَّاسُ عَلَيْهِ"

حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَحْوَهُ إِلاَّ أَنَّهُ قَالَ: سَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی سند معاویہ بن صالح کے شاگرد زید بن الحباب کی ہے، اس میں أَنَّ رجلاً سَأَلَ ہے اور دوسری سند عبدالرحمٰن بن مہدی کی ہے، اس میں سَأَلْتُ النبیَّ صلى الله عليه وسلم ہے، یعنی یہ بات خود حضرت نواسؓ نے پوچھی تھی، باقی کوئی فرق نہیں۔

بابُ ماجاء فِي الْحُبِّ فِي اللّٰهِ

اللہ کے لئے محبت کرنے کا بیان

انسان مدنی الطبع ہے، باہمی تعلقات اس کی ناگزیر ضرورت ہے، اور تعلقات کا اعلیٰ معیار "محبت" ہے، لوگوں

میں اُنس ومحبت ہوگی تو وہ ایک دوسرے کو نفع پہنچاسکیں گے، اس کے بغیر نہ خود دوسروں سے مانوس ہوسکتے ہیں اور نہ دوسرے اس سے مانوس ہونگے، پھر محبت کی مختلف وجوہ ہیں، اور بہتر محبت وہ ہے جو بے غرض ہو، اس لئے ضروری ہے کہ مؤمن کی مؤمن سے محبت اللہ کے لئے ہو اور اس کے احکام کے ماتحت ہو، یعنی دوسروں سے مانوس ہونا اور ان کو اپنے سے مانوس کرنا لوجہ اللہ ہو کوئی اور دنیوی غرض اس میں شامل نہ ہو، چنانچہ احادیث میں ایسی محبت کے بہت فضائل آئے ہیں، ایک حدیث میں ہے: ''بندوں کے اعمال میں اللہ کو سب سے زیادہ پسند وہ محبت ہے جو اللہ کے لئے ہو، اور وہ بغض پسند ہے جو اللہ کے لئے ہو'' (ابوداؤد) اور دوسری حدیث قدسی میں ہے: ''میری محبت ان لوگوں کے لئے واجب ہے جو باہم میری وجہ سے محبت کرتے ہیں، میری وجہ سے جڑ کر بیٹھتے ہیں، میری وجہ سے ملاقات کرتے ہیں، اور میری وجہ سے ایک دوسرے پر خرچ کرتے ہیں'' (موطا مالک)

حدیث قدسی: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ''میری عظمت کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرنے والوں کے لئے نور کے ایسے منبر ہونگے جن پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے''

لغات: **الْمُتَحَابُّوْنَ**: ایک دوسرے سے محبت کرنے والے، **تَحَابُّوْا**: باہم محبت کرنا ...... **الجَلَال**: عظمت، بلندی مرتبہ...... **غَبَطَ** (ض) **غَبْطًا فلانًا**: رشک کرنا، کسی کی ترقی یا خوشحالی دیکھ کر اس کے زوال کی تمنا کے بغیر اپنے لئے اس جیسی حالت کی آرزو کرنا۔

تشریح: جس طرح بڑوں کے متعلقین یعنی استاذ کے خواجہ طاش، بزرگوں کے مریدین، اور بادشاہ کے مصاحبین: اپنے بڑے کے لحاظ سے آپس میں خوشگوار تعلقات رکھتے ہیں، اسی طرح مؤمن بندے اللہ کی عظمت وبزرگی کی وجہ سے جو آپس میں محبت کا تعلق رکھتے ہیں: وہ قابل رشک ہے، انبیاء اور شہداء اس تعلق پر رشک کرتے ہیں، مگر اس سے ان کا مرتبہ کچھ بلند نہیں ہوجاتا، آدمی کبھی ایسی چیز کی خواہش کرتا ہے جو اس کے مرتبہ سے کم تر ہوتی ہے، جیسے مرغ کھانے والا کسی کو اچار کھاتا دیکھتا ہے تو اس کے منہ میں پانی آجاتا ہے، علاوہ ازیں: رشک کبھی بمعنی پسندیدگی آتا ہے یعنی انبیاء اور شہداء ان تعلقات کو بنظر استحسان دیکھتے ہیں، **قال الطیبی: یُمکن أن تُحْمَلَ الْغِبْطَةُ هنا علی اسْتِحْسَانِ الأمرِ المرضی المحمود فِعْلُه** (مرقات ۹:۲۵۳)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: سات قسم کے لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے، جس دن ان کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا: (۱) انصاف پرور پیشوا (۲) اور وہ جوان جو اللہ کی عبادت میں پروان چڑھا (۳) اور وہ شخص جس کا دل مسجد میں اٹکا ہوا ہے جبکہ وہ مسجد سے نکلتا ہے، یہاں تک کہ وہ مسجد کی طرف لوٹ آتا ہے (۴) اور وہ دو شخص جو اللہ کے لئے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں، وہ دونوں اس پر اکھٹے ہوتے ہیں اور جدا ہوتے ہیں (۵) اور وہ شخص جس نے اللہ کو تنہائی میں یاد کیا پس اس کی دونوں آنکھیں بہہ پڑیں (۶) اور وہ شخص جس کو خاندانی خوبیوں والی خوبصورت

عورت نے دعوتِ عیش دی، پس اس نے کہہ دیا: میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں (۷) اور وہ شخص جس نے کوئی خیرات کی، پس اس خیرات کو چھپایا، یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ نے نہیں جانا اس کو جو اس کے دائیں ہاتھ نے خرچ کیا۔

تشریح: وہ خوش نصیب بندے جن کو قیامت کے دن اللہ کا سایہ نصیب ہوگا وہ سات میں منحصر نہیں، اس حدیث میں سات کا ذکر بطور مثال ہے، دیگر روایات میں ان کے علاوہ بندوں کا بھی ذکر آیا ہے، یہ بندے بڑے خوش نصیب ہیں۔ میدانِ محشر میں جب سب لوگ انتہائی پریشان ہونگے: یہ بندے اللہ کے سایہ میں آرام سے ہونگے۔

اور اللہ کی عبادت میں پروان چڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ عنفوانِ شباب ہی سے اللہ کے احکام کا پابند ہے، وہ شروع ہی سے اللہ کی عبادت سے دلچسپی رکھتا ہے...... اور مسجد کے ساتھ دل کے اٹکے ہوئے ہونے کا مطلب یہ ہے کہ مسجد سے نکلنے کے بعد اس کو اگلی نماز کا انتظار رہتا ہے، اور وہ اگلی نماز مسجد میں آ کر ہی پڑھتا ہے...... اور اللہ کے لئے دو محبت کرنے والے جو اسی جذبہ سے ملتے ہیں اور اسی جذبہ سے جدا ہوتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کی محبت خالص لوجہ اللہ ہے اور عارضی اور وقتی نہیں، بلکہ دائمی ہے، جب ملتے ہیں تب بھی محبت پائی جاتی ہے اور جدا ہو جاتے ہیں تو بھی محبت باقی رہتی ہے...... اور تنہائی میں اللہ کا ذکر کرتے ہوئے رونا: اخلاص کا پیکر محسوس ہے۔ مجمع میں تو دکھاوے کے آنسو بھی نکلتے ہیں مگر تنہائی میں نکلنے والے آنسو محبت ہی کے آنسو ہوتے ہیں...... حَسَب: کے معنی ہیں: خاندانی خوبیاں، یعنی ایک معزز عورت جو حسین و جمیل بھی ہے اپنے نفس کی طرف راغب کرتی ہے مگر بندہ اللہ کے ڈر کی وجہ سے گناہ سے بچ جاتا ہے...... اور صدقہ برملا کرنا بھی ایک فضیلت رکھتا ہے، سورۃ البقرہ آیت ۲۷۱ میں ہے: ﴿إِنْ تُبْدُوْا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّاهِيَ﴾ اگر تم صدقہ ظاہر کر کے دو تو یہ بھی اچھی بات ہے، کیونکہ کبھی اس سے دوسروں کو ترغیب ہوتی ہے اور چھپا کر غریب کو دینا اور بھی بہتر ہے، اسی آیت میں ہے: ﴿وَإِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ﴾ اور اگر تم صدقہ کو چھپاؤ اور فقیروں کو دو تو یہ اخفاء تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے، اور اس حدیث میں اخفاء کے اعلیٰ درجہ کا بیان ہے کہ اتنا چھپایا کہ بائیں ہاتھ کو بھی پتا نہ چلا کہ دائیں ہاتھ نے کیا دیا، یہ انتہائی درجہ کا اخفاء ہے۔

فائدہ: دوسری حدیث کے شروع میں جو فی ظِلِّه اور إِلَّا ظِلُّه آیا ہے اس میں اضافت تشریف کے لئے ہے اور یہ سایہ مخلوق (پیدا کیا ہوا) ہے اور اس کی حقیقت معلوم نہیں، پس یہ صفات متشابہات کی حدیث نہیں جو ''عرش کے سایہ'' سے اس کی تاویل ضروری ہو، جیسے بیت اللہ میں اضافت تشریف کے لئے ہے، یعنی متبرک جگہ اس لئے اس میں بھی کسی تاویل کی ضرورت نہیں۔

[٤٤-] بابُ ماجاء فِي الْحُبِّ فِيْ اللّٰهِ

[٢٣٨٢-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا كَثِيْرُ بنُ هِشَامٍ، نَا جَعْفَرُ بنُ بُرْقَانَ، نَا حَبِيْبُ بنُ أَبِيْ مَرْزُوْقٍ،

عَنْ عَطَاءِ بنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِيْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ، ثَنِي مُعَاذُ بنُ جَبَلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: الْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ، لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ، يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَاءُ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَعُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، وَأَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ ثُوَبٍ.

[٢٣٨٣-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ خُبَيْبِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ أَوْ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظِلِّهِ يَوْمَ لَاظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ: إِمَامٌ عَادِلٌ، وَشَابٌّ نَشَأَ بِعِبَادَةِ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ كَانَ قَلْبُهُ مُعَلَّقًا بِالْمَسْجِدِ، إِذَا خَرَجَ مِنْهُ، حَتَّى يَعُوْدَ إِلَيْهِ، وَرَجُلَانِ تَحَابَّا فِي اللّٰهِ، فَاجْتَمَعَا عَلَى ذٰلِكَ وَتَفَرَّقَا، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللّٰهَ خَالِيًا، فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، وَرَجُلٌ دَعَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ حَسَبٍ وَجَمَالٍ، فَقَالَ: إِنِّيْ أَخَافُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ فَأَخْفَاهَا حَتَّى لَاتَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِيْنُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ مِثْلَ هٰذَا، وَشَكَّ فِيْهِ، وَقَالَ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ أَوْ عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ رَوَاهُ عَنْ خُبَيْبِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ، فَقَالَ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

حدثنا سَوَّارُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ، وَمُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، قَالَا: نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ بِمَعْنَاهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: " كَانَ قَلْبُهُ مُعَلَّقًا بِالْمَسَاجِدِ" وَقَالَ: "ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سند کی بحث: دوسری حدیث خبیب بن عبدالرحمٰن سے امام مالک رحمہ اللہ بھی روایت کرتے ہیں اور عبیداللہ عمری بھی۔امام مالکؒ کی روایت میں شک ہے کہ یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی؟ اور عبیداللہ عمری کی سند میں شک نہیں، وہ اس حدیث کو حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے امام مالکؒ کی سند لکھی ہے پھر باب کے آخر میں عبیداللہ عمری کی سند لکھی ہے، اور عبیداللہ کی حدیث میں امام مالک کی حدیث سے دو باتیں مختلف ہیں: ایک: امام مالک کی حدیث میں بالمسجد ہے اور عبیداللہ کی حدیث میں بالمساجد جمع ہے، دوسری: امام مالکؒ کی حدیث میں لفظ حَسَب ہے اور عبیداللہ کی حدیث میں مَنْصِبْ ہے، حَسَب کے معنی خاندانی خوبی کے ہیں اور منصِب کے معنی مرتبہ کے ہیں۔

بابُ ماجاء فی إِعْلَامِ الْحُبِّ

محبت کی اطلاع دینا

قلبی محبت تخم کی مثال ہے، اس کی آبیاری کی ضرورت ہے۔ اگر اس کی طرف سے بے التفاتی برتی جائے تو بیج رائگاں جاتا ہے۔ اور کبھی پودا نکلنے کے بعد بھی خشک ہوجاتا ہے۔ اس لئے حدیث شریف میں ایک ہدایت یہ آئی ہے کہ اگر کسی کو کسی سے محبت ہے تو وہ اس کو آگاہ کردے کہ مجھے آپ سے محبت ہے، اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ محبوب کی طرف سے دلداری ہوگی، اور بے التفاتی نہیں پائی جائے گی، یہی دو چیزیں نفیاً اثباتاً محبت کی آبیاری کرتی ہیں، یعنی محبوب کی طرف سے بے التفاتی نہ پائی جائے اور دلداری کی جائے تو محبت پروان چڑھتی ہے، اور دوسری ہدایت یہ دی گئی ہے کہ اپنے محبوب کے احوال سے واقفیت حاصل کرلے، یہ چیز محبت کو پروان چڑھاتی ہے اور اس کے دیگر فوائد بھی ہیں جو آگے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں آرہے ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا أَحَبَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ إِيَّاهُ: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے محبت کرے تو چاہئے کہ وہ اس کو یہ بات بتادے۔

تشریح: محبت اور عقیدت میں من وجہ کی نسبت ہے، کبھی دونوں جمع ہوتے ہیں، یعنی محبت بھی ہوتی ہے اور عقیدت بھی، اور کبھی صرف عقیدت ہوتی ہے، جیسے طلبہ کو استاذ سے، اور مرید کو شیخ سے عقیدت ہوتی ہے، اور کبھی صرف محبت ہوتی ہے، عقیدت نہیں ہوتی، جیسے ماں باپ سے محبت ہوتی ہے، وہاں عقیدت کا معاملہ نہیں ہوتا، عقیدت: خوبیوں کے اعتراف کا نام ہے اور محبت: اس جذبۂ قلبی کا نام ہے کہ محبوب کے بغیر چین نہ آئے، ہر وقت اس کا خیال ستائے، غرض یہ حدیث عقیدت سے متعلق نہیں، بلکہ جذبۂ محبت سے متعلق ہے۔ ایسی صورت میں مستحب یہ ہے کہ محبوب کو اپنی محبت کی اطلاع دیدے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی کسی سے بھائی بندی کرے تو چاہئے کہ وہ اس سے معلوم کرلے کہ اس کا نام کیا ہے؟ اور اس کے والد کا نام کیا ہے؟ اور وہ کس قبیلہ کا ہے؟ پس بیشک یہ بات محبت کو زیادہ جوڑنے والی ہے، یعنی اس سے محبت قوی اور دیرپا ہوتی ہے۔

لغت: آخَى فلانا مُواخاةً وإخاءً: بھائی بنانا ...... أَوْصَل: اسم تفضیل: زیادہ ملانے والا، وَصَلَ الشيئَ بِالشيئِ وَصْلاً: ایک شی کو دوسری شی سے ملانا، جوڑنا۔

تشریح: بیہقی کی شعب الایمان (۶:۴۹۲) میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے ان کو دیکھا کہ وہ کسی کی طرف ملتفت ہیں، آپؐ نے پوچھا: مالك تلتفت؟ آپ اس کی طرف متوجہ کیوں ہیں؟ ابن عمرؓ نے

جواب دیا: میں نے اس شخص سے بھائی بندی کی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب آپ کسی سے محبت کریں تو اس سے اس کا نام پوچھ لیں، اور اس کے والد کا نام پوچھ لیں، اس کے تین فائدے ہیں: اس کی غیر حاضری میں آپ اس کی حفاظت کریں گے، یعنی اس پر کوئی حرف آتا ہوگا تو آپ اس کی مدافعت کریں گے، اور وہ بیمار پڑے گا تو آپ اس کی بیمار پرسی کریں گے۔ اور اگر اس کی وفات ہوجائے گی تو آپ اس کے جنازہ میں شرکت کریں گے (اور یہ باتیں اسی وقت ممکن ہیں جب آپ کو اس کی اچھی طرح معرفت حاصل ہو)

[٤٥-] بابُ ماجاء فی إِعْلَامِ الْحُبِّ

[٢٣٨٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، نَا ثَوْرُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا أَحَبَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ إِيَّاهُ''

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، وَأَنَسٍ، حدیثُ الْمِقْدَامِ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

[٢٣٨٥-] حدثنا هَنَّادٌ، وَقُتَيْبَةُ، قَالَا: نَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ مُسْلِمٍ الْقَصِيْرِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ نُعَامَةَ الضَّبِّیِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِذَا آخَی الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْأَلْهُ عَنِ اسْمِهِ، وَاسْمِ أَبِيْهِ، وَمِمَّنْ هُوَ؟ فَإِنَّهُ أَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَا نَعْرِفُ لِيَزِيْدَ بنِ نُعَامَةَ سَمَاعًا مِنَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَيُرْوَی عَنْ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا الحدیثِ، وَلَا يَصِحُّ إِسْنَادُهُ.

وضاحت: دوسری حدیث اعلی درجہ کی صحیح نہیں۔ عمران بن مسلم القصیر البصری معمولی راوی ہے اور اس کے استاذ سعید کے والد کے نام میں اختلاف ہے، کوئی سلیمان کہتا ہے کوئی سلمان ...... اور اس کے استاذ یزید بن نُعامہ (شتر مرغ) الضَّبِّی صحابی نہیں ہیں، راجح قول یہی ہے، اور ان کی ترمذی میں یہی ایک حدیث ہے...... اور یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہے اور آخر میں فرمایا ہے: تَفَرَّدَ به مَسْلَمَةُ بنُ عَلِیٍّ، عن عُبید الله، وَلَیْس بِالْقَوِیِّ (شعب ٦:٤٩٢) اس لئے امام ترمذیؒ نے یُروی (فعل مجہول) استعمال کیا ہے، اور آخر میں فرمایا ہے کہ اس کی سند صحیح نہیں۔

بابُ کَرَاهِیَةِ المِدْحَةِ وَالْمَدَّاحِیْنَ

تعریف کی اور تعریف کرنے والوں کی ناپسندیدگی

المِدحَة: مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: ستائش، تعریف، وہ وصف جو خوبی کے طور پر بیان کیا جائے ...... اور

المَدَّاح اسم مبالغہ ہے، بہت زیادہ تعریف کرنے والا۔

حدیث (۱): عبداللہ بن سخبرۃ ابومَعمر ازدی بیان کرتے ہیں: ایک شخص کھڑا ہوا، اور اس نے امیروں میں سے ایک امیر کی تعریف کی، حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ اس کے چہرے پر مٹی ڈالنے لگے، اور فرمایا: ہمیں نبی ﷺ نے بہت زیادہ تعریف کرنے والوں کے چہروں میں مٹی ڈالنے کا حکم دیا ہے۔

سند کی بحث: اس حدیث کی دو سندیں ہیں: (۱) مجاہد، عن ابی معمر: یعنی حضرت مقدادؓ کا یہ واقعہ عبداللہ بن سخبرہ ابومعمر ازدی بیان کرتے ہیں (۲) مجاہد، عن ابن عباس: یعنی حضرت مقداد کا یہ واقعہ حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں ...... امام ترمذیؒ نے پہلی سند کو اصح کہا ہے، کیونکہ حبیب بن ابی ثابت بہت مضبوط راوی ہیں، اور یزید بن ابی زیاد ضعیف بھی ہیں، اور بڑھاپے میں ان کے حافظہ میں تبدیلی بھی آگئی تھی ...... اور مصری نسخہ میں عن ابن عباس کے بعد عن المقداد بھی ہے، میں نے اس کو دو کھڑی قوسوں کے درمیان رکھا ہے، کیونکہ یہ واقعہ حضرت ابن عباسؓ کا نہیں ہے بلکہ حضرت مقدادؓ کا ہے۔ ابن عباسؓ اسے روایت کرتے ہیں ...... اور حضرت مقداد کے والد کا نام عمرو ہے، ان کی نسبی نسبت کندی اور کنیت ابومعبد ہے، اور اسود بن عبد یغوث کی طرف نسبی نسبت اس لئے کی جاتی تھی کہ اس نے آپ کو بچپن میں بیٹا بنالیا تھا۔

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے حکم دیا ہے کہ ہم بے حد تعریف کرنے والوں کے منہ پر مٹی ڈالیں۔

تشریح: کسی کے منہ پر تھوڑی تعریف کرنے کی گنجائش ہے، البتہ تعریف کے پل باندھنا جائز نہیں، کیونکہ مبالغہ آرائی میں جھوٹ شامل ہوجاتا ہے، اور ممدوح خود فریبی میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ ایک شخص نے نبی ﷺ کے سامنے دوسرے کی منہ پر تعریف کی، تو آپؐ نے فرمایا: قَتَلْتَ أَخِيك: تونے اپنے بھائی کو ذبح کردیا، یعنی اس کو خود فریبی میں مبتلا کردیا، پس ایسی صورت میں خود ممدوح کو چاہئے کہ کچھ مٹی اٹھا کر اس کے منہ کی طرف پھینک دے، اور اس طرح اپنی ناگواری کا اظہار کرے کہ تیری تعریف سے مجھے کچھ خوشی نہیں، بلکہ ایک درجہ میں ناگواری ہے، لہٰذا تجھے اپنی حرکت سے باز آجانا چاہئے۔

[٤٦-] بابُ كَرَاهِيَةِ المِدْحَةِ وَالْمَدَّاحِيْنَ

[٢٣٨٦-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ فَأَثْنٰى عَلٰى أَمِيْرٍ مِنَ الْأُمَرَاءِ، فَجَعَلَ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ يَحْثُو فِيْ وَجْهِهِ التُّرَابَ، وَقَالَ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَحْثُوَ فِيْ وُجُوْهِ

الْمَدَّاحِيْنَ التُّرَابَ.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هریرةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رَوَی زَائِدَةُ، عَنْ یَزِیْدَ بنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَن ابنِ عَبَّاسٍ، [عَنِ الْمِقْدَادِ] وَحَدِیْثُ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِیْ مَعْمَرٍ أَصَحُّ، وَأَبُوْ مَعْمَرٍ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ سَخْبَرَةَ، وَالْمِقْدَادُ بنُ الأَسْوَدِ: هُوَ الْمِقْدَادُ بنُ عَمْرٍو الْكِنْدِیُّ، وَیُکْنٰی أَبَا مَعْبَدٍ، وَإِنَّمَا نُسِبَ إِلَی الأَسْوَدِ بنِ عَبْدِ یَغُوْثَ: لِأَنَّهُ کَانَ تَبَنَّاهُ، وَهُوَ صَغِیْرٌ.

[۲۳۸۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُثْمَانَ الْکُوْفِیُّ، نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَی، عَنْ سَالِمِ الْخَیَّاطِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ قَالَ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَنْ نَحْثُوَ فِیْ أَفْوَاهِ الْمَدَّاحِیْنَ التُّرَابَ، هٰذَا حدیثٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ هریرةَ.

بابُ مَاجَاءَ فِیْ صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ

نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرنا

صحبت رنگ لاتی ہے، جو عطر فروش کے پاس بیٹھتا ہے خوشبو سونگھتا ہے۔ اور جو لوہار کی بھٹی کے پاس بیٹھتا ہے: کپڑے جلاتا ہے، اور دھواں سونگھتا ہے، اس لئے ہر شخص کو چاہئے کہ ایمان دار دیندار لوگوں کی صحبت اختیار کرے، تاکہ دینی جذبہ بڑھے، اور بداطوار لوگوں سے نہ ملے تاکہ ان کے ضرر سے محفوظ رہے۔

حدیث: نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

۱- لَاتُصَاحِبْ إِلا مُؤْمِنًا: صحبت اختیار مت کر مگر مؤمن کی، اس حدیث میں مؤمن سے دیندار مؤمن مراد ہے، نام نہاد مسلمان مراد نہیں اور جب آدمی میں ایمان ہوتا ہے تو اس کے تقاضے بھی پائے جاتے ہیں، اس کی زندگی دین کی تصویر بن جاتی ہے...... اور مصاحبت سے مراد: ہر وقت کا ساتھ ہے، گاہ بہ گاہ ملنا مراد نہیں، وہ تو کافر سے بھی جائز ہے، کیونکہ عارضی ملاقات کا کوئی خاص اثر ظاہر نہیں ہوتا۔

۲- وَلَا یَأْکُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِیٌّ: اور تیرا کھانا نہ کھائے مگر پرہیزگار آدمی، اس حدیث میں کھانے سے: دعوت ومودت کا کھانا مراد ہے، جن لوگوں سے آدمی کا تعلق ہوتا ہے انہی کو دعوت میں مدعو کرتا ہے، پس پرہیزگار لوگ ہی آدمی کا کھانا اس وقت کھائیں گے جب انہیں سے تعلق ہوگا، پس دونوں حکموں کے درمیان غایت درجہ مناسبت ہے۔

اور اس حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ گنہ گاروں کے ساتھ یا غیر مسلموں کے ساتھ حسن سلوک نہ کیا جائے۔ حسن سلوک تو ہر کلمہ گو کے ساتھ مطلوب ہے اور خیر خیرات ہر جگہ پسندیدہ ہے، بلکہ مراد دوستوں کی کمپنی ہے یعنی آدمی کی کمپنی میں نیک لوگ ہونے چاہئیں، تاکہ وہی اس کی دعوت ومودت کا کھانا کھائیں۔

[۴۷-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ صُحْبَةِ الْمُؤْمِنِ

[۲۳۸۸-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بنِ شُرَيْحٍ، نَا سَالِمُ بنُ غَيْلَانَ، أَنَّ الْوَلِيْدَ بنَ قَيْسٍ التُّجَيْبِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ: سَالِمٌ: أَوْ عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لَاتُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا، وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ" هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: قوله: قال سالمٌ: یعنی سالم بن غیلان کوشک واقع ہوا ہے کہ ولید نے حضرت ابوسعید خدری سے بلاواسطہ روایت کیا ہے یا ابوالہیثم کے واسطہ سے روایت کیا ہے۔

بابٌ فِي الصَّبْرِ عَلَى الْبَلَاءِ

آفتوں پر صبر کرنا

صبر وہمت سے قلعہ فتح ہوتا ہے اور جوانمردی سے منزل سر کی جاتی ہے، پس آدمی کو ہر مصیبت میں صبر وہمت سے کام لینا چاہئے، اور کیسے بھی حالات پیش آئیں گھبرانا نہیں چاہئے، ان شاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إذا أَرَادَ اللّٰهُ بعبده الخيرَ: عَجَّلَ له العُقُوْبَةَ في الدنيا، وإذَا أَرَادَ بعبده الشَّرَّ: أَمْسَكَ عَنْهُ بِذنبه، حتى يُوَافِيَ به يوم القيامة: جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کے ساتھ خیر کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کو جلدی دنیا میں سزا دیتے ہیں، اور جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے ساتھ شر کا ارادہ کرتے ہیں تو گناہ کی وجہ سے اس کو سزا دینے سے رک جاتے ہیں، یہاں تک کہ اس کو قیامت کے دن اس گناہ کی پوری سزا دیں گے۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ دنیا میں پہنچنے والی بلاؤں میں بھی خیر کا پہلو ہوتا ہے، اس سے گناہوں کی دھلائی ہوتی ہے، اور دنیا کی سزا آخرت کی سزا سے ہلکی ہوتی ہے، اس لئے اگر دنیا ہی میں معاملہ نمٹ جائے تو بڑی اچھی بات ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ عِظَمَ الجزَاءِ مَعَ عِظَمِ البلاءِ: جزاء کا بڑا ہونا مصیبت کے بڑا ہونے کے ساتھ ہے، عِظَم: باب کرم کا مصدر ہے جس کے معنی ہیں: بڑا ہونا، یعنی جس قدر مصیبت بڑی ہوگی اسی قدر جزاء بھی بڑی ہوگی، پس مصیبت خواہ کتنی ہی بڑی ہو اس سے گھبرانا نہیں چاہئے، کیونکہ اس کے بدلہ میں اجر بھی بہت بڑا ملے گا۔ وإِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلاهم، فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضٰى، وَمَنْ سَخِطَ فله السُّخْطُ: اور اللہ تعالیٰ جب کسی قوم سے محبت کرتے ہیں تو اس کو بلاؤں میں مبتلا کرتے ہیں، پس جو شخص (اللہ کے فیصلہ پر) راضی رہتا ہے: اس کے لئے اللہ کی

خوشنودی ہے اور جو ناراض ہوتا ہے اس کے لئے اللہ کی ناراضگی ہے، یعنی دنیا میں آزمائشیں انہی بندوں پر آتی ہیں جن سے اللہ کو محبت ہوتی ہے، اب یہ بندوں کا معاملہ ہے کہ وہ اللہ کے فیصلہ پر خوش رہتے ہیں یا ناراض؟ اگر راضی رہیں گے تو وہ اللہ کی رضامندی کے حقدار ہونگے، اور اگر ناراض ہونگے تو ان کے حصہ میں اللہ کی ناراضگی آئے گی۔

حدیث (۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے کسی کی تکلیف نبی ﷺ کی تکلیف سے زیادہ نہیں دیکھی، یعنی وفات کے وقت جس قدر سخت تکلیف آپ ﷺ کو تھی اتنی سخت تکلیف حضرت عائشہؓ نے کسی اور کی نہیں دیکھی، معلوم ہوا کہ دنیوی تکلیف مبغوضیت کی دلیل نہیں، نبی ﷺ سے بڑا کوئی اللہ کا محبوب نہیں ہوسکتا پھر بھی آپ کو بوقت وفات سخت تکلیف تھی، معلوم ہوا کہ دنیوی تکلیفیں محبوبیت کے منافی نہیں۔ پس یہ سمجھنا کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہیں اس لئے تکلیفیں آئی ہیں: صحیح نہیں۔

حدیث (۴): حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''انبیاء کی، پھر درجہ بدرجہ لوگوں کی، آدمی آزمائشوں میں مبتلا کیا جاتا ہے اس کے دین کے اعتبار سے، پس اگر آدمی اپنے دین میں پختہ ہوتا ہے تو اس کی آزمائش سخت ہوتی ہے۔ اور اگر آدمی دین میں پتلا ہوتا ہے تو اس کے دین کے اعتبار سے آزمایا جاتا ہے۔ پس آزمائشیں برابر بندے کے ساتھ لگی رہتی ہیں، یہاں تک کہ اس کو ایسا کر دیتی ہیں کہ وہ زمین پر چلتا ہے درانحالیکہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا''

تشریح: بلائیں اور آفتیں دو مقصد سے آتی ہیں: گناہوں کی تلافی کے لئے، اور درجات کی بلندی کے لئے، اور ایک تیسرا مقصد: نمونۂ عمل بننا بھی ہے، انبیاء کی جو سب سے زیادہ آزمائش ہوتی ہے اس میں یہ تیسرا مقصد کارفرما ہوتا ہے، پھر درجہ بدرجہ آزمائش کم ہوتی رہتی ہے، جو شخص جتنا دین میں فروتر ہوتا ہے اسی قدر اس کی آزمائش کم ہوتی ہے، نیز بڑے لوگوں کے ساتھ اللہ کا یہ معاملہ ہے کہ وہ ان کو دنیا سے پاک صاف کر کے اٹھاتے ہیں، اس لئے مصیبتوں سے گھبرانا نہیں چاہئے۔

اور الأمثل کے معنی ہیں: الأفضل، اور یہ فضیلت اترتی ہوئی ہے، چڑھتی ہوئی نہیں ہے، جیسے فوقیت دو طرح کی ہوتی ہے فی الْکِبَرْ اور فی الصِّغَرِ یعنی ایک فوقیت بڑا ہونے میں ہوتی ہے، دوسری: چھوٹا ہونے میں، جیسے سورۃ البقرۃ (آیت ۲۶) میں فوقیت چھوٹا ہونے میں ہے، ارشاد ہے: ''اللہ تعالیٰ نہیں شرم کرتے اس بات سے کہ وہ کوئی بھی مثال بیان کریں، خواہ وہ مچھر کی ہو یا اس سے معمولی چیز کی'' اسی طرح یہاں بھی افضلیت: فی الصِّغَر ہے یعنی انبیاء سے کم درجہ لوگ، پھر ان سے کم درجہ۔

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: مایَزَالُ البَلاَءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِیْ نَفْسِهِ، وَوَلَدِهِ، وَمَالِهِ، حَتَّی یَلْقَی اللّٰهَ وَمَا عَلَیْهِ خَطِیْئَةٌ: آزمائشیں برابر مؤمن مرد و زن کے ساتھ لگی رہتی ہیں: اس کی ذات میں، اس کی اولاد

میں، اوراس کے مال میں یہاں تک کہ وہ اللہ سے ملاقات کرتا ہے درانحالیکہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

تشریح: اس حدیث کا بھی مطلب وہی ہے جو چوتھی حدیث کا ہے، بس اتنی بات اس میں زائد ہے کہ بلائیں اور آفتیں آدمی کی ذات میں بھی آتی ہیں، اوراس کے متعلقین میں بھی، اولاد میں اور مال وسامان میں بھی، اور وہ سب آدمی کا حساب بے باق کردیتی ہے۔ پس یہ چیزیں گھبرانے کی اور پریشان ہونے کی نہیں ہیں، بلکہ قابل پذیرائی ہیں، پس آدمی کو عافیت طلب کرنی چاہئے، مگر دوسری صورت میں بھی ثواب کی امید رکھنی چاہئے۔

[۴۸-] بابٌ فِي الصَّبْرِ عَلَى الْبَلاَءِ

[۲۳۸۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعْدِ بنِ سِنَانٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدِهِ الْخَيرَ عَجَّلَ لَهُ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا، وَإِذَا أَرَادَ بِعَبْدِهِ الشَّرَّ أَمْسَكَ عَنْهُ بِذَنْبِهِ، حَتَّى يُوَافِيَ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ "

[۲۳۹۰-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ عِظَمَ الْجَزَاءِ مَعَ عِظَمِ الْبَلاَءِ، وَإِنَّ اللّٰهَ إِذَا أَحَبَّ قَوْمًا ابْتَلاَهُمْ، فَمَنْ رَضِيَ فَلَهُ الرِّضَى، وَمَنْ سَخِطَ فَلَهُ السُّخْطُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۳۹۱-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ يَقُوْلُ: قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا رَأَيْتُ الْوَجَعَ عَلَى أَحَدٍ أَشَدَّ مِنْهُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۹۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُصْعَبِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ أَشَدُّ بَلاَءً؟ قَالَ: " الأَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الأَمْثَلُ فَالأَمْثَلُ، يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلَى حَسَبِ دِيْنِهِ، فَإِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهِ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلاَءُهُ، وَإِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهِ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلَى قَدْرِ دِيْنِهِ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلاَءُ بِالْعَبْدِ، حَتَّى يَتْرُكَهُ يَمْشِيْ عَلَى الأَرْضِ، وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۳۹۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا يَزِيْدُ بنُ زُرَيْعٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَايَزَالُ الْبَلاَءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِيْ نَفْسِهِ، وَوَلَدِهِ، وَمَالِهِ، حَتَّى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأُخْتِ حُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ.

وضاحت: چوتھی حدیث کی سند میں ہندوستانی نسخوں میں شريكٌ عن عاصمٍ ہے اور مصری نسخہ میں حماد بن زيد

عن عاصم ہے، اورنسائی کی کبری باب الطب میں اورابن ماجہ فتن کے بیان میں بھی حماد بن زید عن عاصمٍ ہے۔

بابُ ماجاء فی ذَهَابِ الْبَصَرِ

نابینا ہوجانے پر ثواب

انسان پر جو مختلف بلائیں اور آفتیں نازل ہوتی ہیں ان میں ایک بڑی مصیبت نابینا ہوجانا بھی ہے، آنکھوں کی قدر و قیمت نابینا جانتا ہے، بینا نہیں جانتا۔ جب آدمی نابینا ہوجاتا ہے تو ہر کام میں دوسروں کا محتاج ہوجاتا ہے، اور عام طور پر آدمی بڑھاپے میں نابینا ہوتا ہے، اس وقت اور بھی پریشانی کھڑی ہوجاتی ہے، لیکن اگر بندہ صبر کرے، اور اللہ سے ثواب کی امید رکھے تو وہ آخرت میں بہت بڑے اجر کا مستحق ہوگا۔

مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ علاج نہ کرائے، علاج کرانا سنت ہے، اور اب آنکھوں کی اکثر بیماریوں کا علاج دریافت ہوگیا ہے، پس آنکھیں بچانے کی پوری کوشش کرنی چاہئے، پھر بھی اگر چلی جائیں تو صبر و ہمت کے ساتھ زندگی گذارنی چاہئے، ان شاء اللہ وہ اجر عظیم کا مستحق ہوگا۔

حدیث قدسی (۱): اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''جب میں دنیا میں اپنے بندے کی دونوں آنکھیں لے لیتا ہوں تو اس کے لئے میرے پاس جنت کے علاوہ کوئی بدلہ نہیں'' یعنی میں اس کو آخرت میں جنت عطا کرتا ہوں۔

لغت: الکریمۃُ: کریمٌ کی تانیث ہے: ناک، ہاتھ، کان، ڈاڑھ وغیرہ اعضاء کریم (پیارے) ہیں، الکریمتان: دونوں آنکھیں، اس لفظ کے اصل معنی ہیں: قیمتی۔ اور یہ حدیث دوسری سند سے بخاری (حدیث ۵۶۵۳ کتاب المرضی) میں ہے، پس ابوظلال کے ضعف سے کچھ فرق نہیں پڑتا۔

حدیث قدسی (۲): اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''میں جس کی دو پیاری آنکھیں لے لیتا ہوں پس وہ صبر کرتا ہے اور ثواب کی امید رکھتا ہے تو میں اس کے لئے جنت کے علاوہ کسی بدلے سے راضی نہیں ہوتا'' یعنی میں اس کو ضرور جنت عطا کروں گا۔

لغت: الحبیبۃ: محبوب، پیاری، الحبیبتان: دو آنکھیں، اور اس حدیث میں جو صبر و احتساب کی قید ہے وہ پہلی حدیث میں بھی ملحوظ ہے۔

[۴۹-] بابُ ماجاء فی ذَهَابِ الْبَصَرِ

[۲۳۹۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا أَبُوْ ظِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: إِذَا أَخَذْتُ كَرِيْمَتَىْ عَبْدِىْ

فِي الدُّنْيَا: لَمْ يَكُنْ لَهُ جَزَاءٌ عِنْدِيْ إِلَّا الْجَنَّةُ "

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، وَزَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وأَبُوْ ظِلَالٍ: اسْمُهُ هِلَالٌ.

[٢٣٩٥-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، رَفَعَهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: مَنْ أَذْهَبْتُ حَبِيْبَتَيْهِ، فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ: لَمْ أَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ "

وفي الباب: عَنْ عِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

مصیبت زدوں کا اجر قابل رشک ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”جب مصیبت زدوں کو (آخرت میں) ثواب دیا جائے گا تو اہل عافیت قیامت کے دن تمنا کریں گے: اے کاش! ان کی کھالیں دنیا میں قینچیوں سے کتری گئی ہوتیں!“ یعنی وہ ان مصیبت زدوں کے ثواب پر رشک کریں گے، اور تمنا کریں گے کہ کاش انہیں بھی دنیا میں بڑی سے بڑی آفتیں پہنچی ہوتیں، پس وہ بھی آج اجرِ عظیم کے مستحق ہوتے، اور اس حدیث کا سبق بھی یہی ہے کہ دنیا میں بلاؤں اور آزمائشوں سے گھبرانا نہیں چاہئے۔

[٥٠- بابٌ]

[٢٣٩٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، وَيُوْسُفُ بنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَا: نَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ مَغْرَاءَ أَبُوْ زُهَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَوَدُّ أَهْلُ الْعَافِيَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، حِيْنَ يُعْطَى أَهْلُ الْبَلَاءِ الثَّوَابَ: لَوْ أَنَّ جُلُوْدَهُمْ كَانَتْ قُرِضَتْ فِي الدُّنْيَا بِالْمَقَارِيْضِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ طَلْحَةَ بنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

بابٌ

موت کے بعد ہر شخص پچھتائے گا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَامِنْ أَحَدٍ يَمُوْتُ إِلَّا نَدِمَ: جو بھی شخص مرتا ہے: پچھتاتا ہے، لوگوں نے پوچھا:

یارسول اللہ! پچھتانے کی وجہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر نیکوکار ہوتا ہے تو اس پر پچھتاتا ہے کہ اس نے نیکیاں اور زیادہ کیوں نہ کیں، اور اگر بدکار ہوتا ہے تو اس پر پچھتاتا ہے کہ وہ برائیوں سے باز کیوں نہ رہا''

لغت: اِزْدَادَ شَيْئًا لِنَفْسِهِ: کوئی چیز اپنے لئے زیادہ کرنا یا چاہنا...... نَزَعَ عَنِ الْأَمْرِ: کسی چیز سے رکنا۔

ایک فرضی واقعہ: جب سکندر ذوالقرنین آبِ حیات کی تلاش میں تاریکی میں داخل ہوئے تو ساتھ میں چالیس سوار لے گئے تھے، ایک جگہ زمین پر کچھ چمکتا نظر آیا، غیبی آواز آئی کہ جو لے گا وہ بھی پچھتائے گا اور جو نہیں لے گا وہ بھی پچھتائے گا۔ کچھ لوگوں نے سوچا: جب ہر صورت میں پچھتانا ہے تو بوجھ ڈھونے سے کیا فائدہ، انھوں نے کچھ نہیں لیا، اور بعض نے جھک کر زمین پر ہاتھ مارے اور جو کنکر ہاتھ میں آئے، وہ اپنی خُرجیوں میں ڈال لئے، جب تاریکی سے باہر نکلے تو دیکھا کہ وہ قیمتی ہیرے ہیں، پس جنھوں نے لیا تھا وہ پچھتائے کہ ہم نے زیادہ کیوں نہیں لیا، ہماری خُرجیوں میں تو بہت جگہ تھی، اور جنھوں نے نہیں لیا تھا وہ بھی پچھتائے کہ ہائے ہماری قسمت پھوٹی! ہم نے کیوں نہ لیا، یہی حال بندوں کا آخرت میں ہوگا۔

[٥١- بابٌ]

[٢٣٩٧-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا يَحْيىَ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرِيرةَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَامِنْ أَحَدٍ يَمُوْتُ إِلَّا نَدِمَ" قَالُوْا: وَمَانَدَامَتُهُ يارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" إِنْ كَانَ مُحْسِنًا نَدِمَ أَنْ لَايَكُوْنَ ازْدَادَ، وَإِنْ كَانَ مُسِيْئًا نَدِمَ أَنْ لَايَكُوْنَ نَزَعَ"

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَيَحْيىَ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ.

بابٌ

دین کے پردے میں دنیا کمانے والے آزمائشوں میں مبتلا ہوتے ہیں

قرآن کریم میں اہل کتاب کے تعلق سے یہ مضمون آیا ہے کہ جو لوگ دین کے ذریعہ دنیا کماتے ہیں: ان کے لئے جنت کی نعمتوں میں کوئی حصہ نہیں، سورۃ آل عمران (آیت ٧٧) میں ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا: أُوْلٰئِكَ لَاخَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ﴾ ترجمہ: جو لوگ معمولی معاوضہ لیتے ہیں اس عہد و پیمان کے عوض جو انھوں نے اللہ سے کیا ہے، اور اپنی قسموں کے عوض: ان کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں (بلکہ ایسے لوگ اس دنیا میں بھی آزمائشوں میں مبتلا کئے جاتے ہیں اور ایسی سخت مصیبتوں میں پھنس جاتے ہیں کہ خداہ کی پناہ!)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: آخر زمانے میں ایسے لوگ پیدا ہونگے جو دین کے پردے میں دنیا حاصل کریں گے، وہ نرمی ظاہر کرنے کے لئے لوگوں کے سامنے بھیڑ کی کھالیں پہنیں گے (اور مصری نسخہ میں مِنَ اللِّین کے بجائے من الدین ہے، یعنی دینداری کا مظاہرہ کرنے کے لئے لوگوں کے سامنے بھیڑ کی کھالیں پہن کر آئیں گے۔ اور بعض شارحین کہتے ہیں: بھیڑ کی کھالوں سے ان کی اون مراد ہے جس کو عربی میں صُوف کہتے ہیں، یعنی صوفی بن کر وہ لوگوں کے سامنے آئیں گے) ان کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہونگی، اوران کے دل بھیڑیوں کے دل ہونگے، یعنی ان کی ظاہری نرمی لوگوں کو پھانسنے کے لئے ہوگی، حقیقت میں وہ لوگ درندے ہونگے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''کیا میری (ڈھیل کی) وجہ سے تم لوگ دھوکے میں ہو؟ یا میرے سامنے بے باکی دکھا رہے ہو؟ پس میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں! میں ان میں سے بعض پر ضرور ایسی سخت آزمائش بھیجوں گا جو ان میں سے بُردبار کو بھی حیران کر کے رکھ دے گی۔

حدیث (۲) کا بھی یہی مضمون ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: واقعہ یہ ہے کہ میں نے کچھ ایسے لوگ پیدا کئے ہیں جن کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہیں، اوران کے دل ایلوے سے زیادہ کڑوے ہیں، پس میں اپنی ذات کی قسم کھاتا ہوں! میں ضرور ان کے لئے ایسی آزمائش مقدر کروں گا جو ان میں سے بردبار کو بھی حیران کردے گی۔ پس کیا وہ میری ڈھیل کی وجہ سے دھوکا کھا رہے ہیں؟ یا مجھ پر دلیری کر رہے ہیں!

لغات: خَتَلَ یَخْتِلُ خَتْلاً: فریب دینا، دھوکا دینا، چکر دینا، الخَتَّال: بڑا دھوکہ باز، ختَل الدنیا بالدین: دین کے پردہ میں دنیا کمانا ...... أَبِیْ تَغْتَرُّوْنَ؟ أی: بإمهالی تَغْتَرُّوْنَ؟......فبی حَلَفْتُ: أی بعظمتی وجلالی حَلَفْتُ......الصَّبِر: (ص کا زبر ب کا زیر) ایلوا، ایک نہایت کڑوا پودا اوراس کا عرق......أَتَاحَ یُتِیْحُ الشیَّ: مقدر کرنا، تیار کرنا، فراہم کرنا۔

[۵۲- بابٌ]

[۲۳۹۸-] حدثنا سُوَیْدٌ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا یَحْیَی بنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِیْ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم: '' یَخْرُجُ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ، یَخْتِلُوْنَ الدُّنْیَا بِالدِّیْنِ، یَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّأْنِ مِنَ اللِّیْنِ، أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلَی مِنَ السُّكَّرِ، وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ، یَقُوْلُ اللّٰهُ: أَبِیْ تَغْتَرُّوْنَ؟ أَمْ عَلَیَّ تَجْتَرِئُوْنَ؟ فَبِیْ حَلَفْتُ! لَأَبْعَثَنَّ عَلَی أُوْلٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً، تَدَعُ الْحَلِیْمَ مِنْهُمْ حَیْرَانًا '' وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ.

[۲۳۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ سَعِیْدٍ الدَّارِمِیُّ، ثَنَا مُحمدُ بنُ عَبَّادٍ، نَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِیْلَ، نَا حَمْزَةُ بنُ أَبِیْ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِیْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰه علیه وسلم، قَالَ: '' إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَالَ: لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا أَلْسِنَتُهُمْ أَحْلَی مِنَ الْعَسَلِ، وَقُلُوْبُهُمْ أَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ، فَبِیْ حَلَفْتُ!

لَأُتِيْحَنَّهُمْ فِتْنَةً، تَدَعُ الْحلِيْمَ مِنهُمْ حَيْرَانًا، فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ؟ أَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِئُوْنَ؟!
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عُمَرَ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فِي حِفْظِ اللِّسَانِ

زبان کی حفاظت کا بیان

زہد (تصوف) میں زبان کی بہت زیادہ حفاظت کی جاتی ہے، کیونکہ یہ خرمنِ ایمان کو پھونک دیتی ہے، اور لوگوں کی دل آزاری کا سبب بھی بنتی ہے اور تصوف میں سب سے زیادہ اہمیت لوگوں کی دلداری کی ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس باب میں سات حدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): حضرت عقبہؓ نے پوچھا: ما النَّجَاةُ؟ آخرت میں نجات کیسے ہوگی؟ آپؐ نے تین باتیں بتائیں:

۱-أَمْلِكْ عليك لِسَانَكَ: اپنی زبان اپنے قابو میں رکھو یعنی ایسی باتوں سے احتراز کرو جس میں کوئی خیر نہیں۔
أَمْلِكْ: فعل امر، از باب افعال: مالک بنانا۔ لِسانَكَ: مفعول بہ، علی: ضرر کے لئے، یعنی اپنی زبان کو نامناسب باتوں سے قابو میں رکھو، اور صرف وہ باتیں بولو جو تمہارے لئے مفید ہوں۔

۲-وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ: اور چاہئے کہ کشادہ ہو تمہارے لئے تمہارا گھر۔ وَسِعَ الشيئُ يَسَعُ سِعَةً: کشادہ اور فراخ ہونا، اور لام: لام امر ہے، اس کو ساکن بھی پڑھ سکتے ہیں، اور مکسور بھی، اور بَيْتُكَ فاعل ہے، مگر حقیقت میں فاعل: مخاطب ہے۔ قال الطيبي: الأَمْر في الظَّاهِرِ وَارِدٌ على الْبَيْتِ، وَفِي الْحَقِيْقَةِ عَلَى الْمُخَاطَبِ (مرقات ۹: ۱۵۰)

لوگوں میں ایک خاص کمزوری یہ ہے کہ وہ اپنے گھر میں کھانے پینے اور سونے ہی کے لئے آتے ہیں، باقی فرصت کے لمحات ہوٹلوں، چوراہوں اور محفلوں میں گذارتے ہیں، جہاں لغویات کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ اس لئے نبی ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ تمہارے گھر میں تمہارے لئے گنجائش ہونی چاہئے، فرصت کا وقت گھر میں گذارو، تاکہ کچھ نہ کچھ کرو، ورنہ گناہوں سے بچو۔

۳-وَابْكِ عَلَى خَطِيْئَتِكَ: اور اپنی کوتاہیوں پر روؤ، رونا دو طرح کا ہوتا ہے: آنکھ کا رونا اور دل کا رونا، اصل رونا دل کا رونا ہے، یعنی اپنے گناہوں پر پشیمان ہوؤ، ایسا شخص دیر سویر گناہوں سے باز آجاتا ہے، اور جس کو گناہوں پر پریشمانی نہیں وہ کبھی بھی گناہ ترک نہیں کرتا۔

[۵۳-] بابُ ماجاء فِي حِفْظِ اللِّسَانِ

[۲٤۰۰-] حدثنا صَالِحُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، ح: وَثَنَا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ،

عَنْ يَحْيَى بنِ أَيُّوْبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، قَالَ قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا النَّجَاةُ؟ قَالَ:" أَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ، وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ، وابْكِ عَلَى خَطِيْئَتِكِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

اعضاءزبان کے تابع ہیں

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا:''جب انسان صبح کرتا ہے تو تمام اعضاء زبان کے سامنے دست بستہ کھڑے ہوتے ہیں، پس وہ کہتے ہیں: تو ہمارے معاملہ میں اللہ سے ڈر! کیونکہ ہم تیرے ساتھ ہیں، اگر تو سیدھی رہی تو ہم بھی سیدھے رہیں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہوئی تو ہم بھی ٹیڑھے ہوجائیں گے''

لغات: کَفَّرَ لِسَيِّدِهِ: اپنے آقا کے سامنے تعظیماً سر جھکا کر دست بستہ کھڑا ہونا ...... نَحْنُ بِكَ: جار مجرور کا متعلق محذوف ہے، یعنی ہم تیرے ساتھ جڑے ہوئے ہیں (متعلِّقٌ بِكَ)

تشریح: ایک اور حدیث میں ہے کہ جسم میں گوشت کی ایک بوٹی ہے جب وہ سنور جاتی ہے تو سارا جسم سنور جاتا ہے، اور جب وہ بگڑ جاتی ہے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے، سنو! وہ بوٹی دل ہے، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جسم میں بنیادی عضو ''دل'' ہے اور باب کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سارا مدار ''زبان'' پر ہے، اس تعارض کا حل یہ ہے کہ زبان: دل کی ترجمان ہے، کیونکہ دل پوشیدہ عضو ہے اور زبان اس کا نظر آنے والا خلیفہ ہے، پس حقیقت میں مدار دل پر ہے اور ظاہر میں مدار زبان پر ہے۔

[۲۴۰۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، رَفَعَهُ، قَالَ:" إِذَا أَصْبَحَ ابْنُ آدمَ فَإِنَّ الأَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ، فَتَقُوْلُ: اتَّقِ اللّٰهَ فِيْنَا، فَإِنَّمَا نَحْنُ بِكَ، فَإِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا، وَإِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا "

حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ مُوْسَى، هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بنِ زَيْدٍ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

زبان اور شرم گاہ کے گناہ خطرناک ہیں

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ يَتَوَكَّلْ لِیْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ: أَتَوَكَّلْ لَهُ بِالْجَنَّةِ: جو مجھے گارنٹی دے اس عضو کی جو اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے یعنی زبان کی۔ اور اس عضو کی جو اس کے دونوں پیروں

کے درمیان ہے یعنی شرمگاہ کی کہ وہ ان دونوں اعضاء سے کوئی گناہ نہیں کرے گا تو میں اس کو جنت کی گارنٹی دیتا ہوں۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ وَقَاهُ اللّٰهُ شَرَّ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَشَرَّ مَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ: دَخَلَ الْجَنَّةَ: جس کی اللہ تعالیٰ حفاظت فرمائیں اس عضو کی برائی سے جو اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے، اور اس عضو کی برائی سے جو اس کے دونوں پیروں کے درمیان ہے تو وہ جنت میں جائے گا۔

لغات: تَوَكَّلَ الرجلُ بِالْأَمْرِ: کسی کام کی انجام دہی کا ذمہ لینا، ضامن ہونا، گارنٹی دینا...... وَقَى الشيئَ يَقِيْ وَقْيًا: بچانا، حفاظت کرنا۔ وَقَاهُ اللّٰهُ مِنَ السُّوْءِ: اللہ اس کو برائی سے بچائے!

تشریح: پہلی حدیث حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کی ہے، ان سے یہ حدیث ابوحازم روایت کرتے ہیں۔ یہ ابوحازم سلمۃ بن دینار ہیں، جو مدینہ منورہ کے رہنے والے تھے، اور ان کی شہرت ''زاہد'' سے تھی...... اور دوسری حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، ان سے جو ابوحازم روایت کرتے ہیں ان کا نام سلمان اشجعی ہے، یہ عزہ نامی عورت کے آزاد کردہ تھے اور کوفہ کے رہنے والے تھے۔ غرض دونوں ابوحازم الگ الگ ہیں اور دونوں حدیثوں کا خلاصہ یہ ہے کہ زبان اور شرمگاہ کے گناہ خطرناک ہیں، یہی گناہ جہنم میں لے جاتے ہیں، پس اگر کوئی شخص ان دونوں اعضاء کی پوری حفاظت کرے اور زبان اور شرمگاہ کے گناہوں سے بچا رہے تو وہ یقیناً جنت میں جائے گا۔

[٢٤٠٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ، نَا عُمَرُ بنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَتَوَكَّلْ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ: أَتَوَكَّلْ لَهُ بِالْجَنَّةِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[٢٤٠٣-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ وَقَاهُ اللّٰهُ شَرَّ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ، وَشَرَّ مَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ: دَخَلَ الْجَنَّةَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ حَازِمٍ الَّذِيْ رَوَى عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ: هُوَ أَبُوْ حَازِمٍ الزَّاهِدُ مَدِيْنِيٌّ، وَاسْمُهُ سَلَمَةُ بنُ دِيْنَارٍ، وَأَبُوْ حَازِمٍ الَّذِيْ رَوَى عَنْ أَبِيْ هريرةَ: اسْمُهُ سَلْمَانُ الْأَشْجَعِيُّ، مَوْلَى عَزَّةَ الْأَشْجَعِيَّةِ، وَهُوَ الْكُوْفِيُّ.

زبان کا خطرہ سب سے بڑا خطرہ ہے

حدیث (۵): حضرت سفیان ثقفی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھ سے کوئی ایسی بات بیان

فرمائیں جس کو میں مضبوطی سے تھام لوں یعنی اس پر عمل کروں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''کہو! میرا پروردگار اللہ ہے! پھر (اس پر) جم جاؤ'' حضرت سفیانؓ نے پوچھا: یارسول اللہ! میرے حق میں آپؐ سب سے زیادہ خطرہ کس چیز کا محسوس کرتے ہیں؟ آپؐ نے اپنی زبان پکڑی اور فرمایا: ''اس کا''

تشریح: اس حدیث میں دو مضمون ہیں:

پہلا مضمون: اللہ کو اپنا رب مان کر، ایمان وعبدیت کے تقاضوں پر چلنا سب سے اہم بات ہے۔ اللہ پر ایمان لانا تو اسلام کی اساس ہے، اور اس پر استقامت یہ ہے کہ کسی کجی اور انحراف کے بغیر صراط مستقیم پر گامزن رہے، اور ہمیشہ اس کی پیروی کرتا رہے پس باقی کچھ نہیں بچا، سب کچھ اس جامع نصیحت میں آ گیا۔

اور نبی ﷺ نے یہ نصیحت سورۃ الاحقاف (آیت ۱۳) سے اخذ فرمائی ہے، ارشاد پاک ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ، ثُمَّ اسْتَقَامُوْا، فَلاَ خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَهُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾: جن لوگوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے یعنی عقیدۂ توحید کو نبی ﷺ کی تعلیم کے مطابق قبول کرلیا، پھر وہ اس پر جم گئے یعنی اس کو چھوڑا نہیں، بلکہ ایمان کی راہ پر گامزن رہے تو ان لوگوں پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہونگے، اس آیت پاک سے آپؐ نے مذکورہ نصیحت اخذ فرمائی ہے، غرض ایمان کے تقاضوں پر استقامت کے بعد کسی اور سبق کی ضرورت باقی نہیں رہتی، بس یہی نصیحت انسان کے لئے کافی ہے۔

دوسرا مضمون: اعضائے انسانی میں سے انسان کے حق میں سب سے زیادہ خطرناک زبان ہے، نبی ﷺ نے اپنی زبان مبارک پکڑ کر ارشاد فرمایا: اس عضو کی حفاظت کرو، اس کا مجھے تمہارے حق میں سب سے زیادہ خطرہ ہے اور یہ بات ان صحابی کے ساتھ خاص نہیں، ہر شخص کے حق میں سب سے زیادہ خطرہ زبان کا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے شر سے ہماری حفاظت فرمائیں۔

[٢٤٠٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ مَاعِزٍ، عَنْ سُفْيَانَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! حَدِّثْنِي بِأَمْرٍ أَعْتَصِمُ بِهِ، قَالَ: "قُلْ: رَبِّيَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ" قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَخْوَفُ مَا تَخَافُ عَلَيَّ؟ فَأَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ: "هٰذَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سُفْيَانَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيِّ.

فضول باتوں سے دل سخت ہوجاتا ہے

حدیث (۶): نبی ﷺ نے فرمایا: لاَتُكْثِرِ الْكَلاَمَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الْكَلاَمِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ: قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ، وَإِنَّ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللّٰهِ الْقَلْبُ الْقَاسِي: اللہ کے ذکر کے علاوہ بہت زیادہ نہ بولو، اس لئے کہ اللہ

کے ذکر کے علاوہ بہت زیادہ باتیں کرنا دل کو سخت کرتا ہے، اور لوگوں میں اللہ سے بہت زیادہ دور: سخت دل ہے۔

تشریح: ذکر اللہ کے عموم میں تمام دینی باتیں داخل ہیں، جیسا کہ آئندہ حدیث سے معلوم ہوگا، پس حدیث کا مصداق فضول کلام ہے، بے کار باتوں سے دل سخت ہوجاتا ہے اور سخت دل اللہ سے بہت دور پھینکا ہوا ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ اپنی زبان کی حفاظت کریں، تاکہ دل سخت نہ ہوجائے اور بندہ راندۂ درگاہ نہ بن جائے۔

حدیث (۷): نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُّ كَلَامِ ابنِ آدمَ عليه، لاَلَهُ، إلَّا أَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ، أَوْ نَهْيٌ عن المُنْكَرِ، أَوْ ذِكْرُ اللهِ: انسان کی ہر بات اس کے لئے وبال ہے، اس کے لئے مفید نہیں، مگر بھلائی کا حکم دینا، یا برائی سے روکنا، یا اللہ کا ذکر کرنا: مستثنیٰ ہیں، یہ باتیں وبال نہیں، بلکہ کارِ ثواب ہیں۔

[۲٤۰٥-] حدثنا أَبُوْ عَبدِ اللهِ محمدُ بنُ أَبِيْ ثَلْجِ الْبَغْدَادِيُّ، صَاحِبُ أَحْمَدَ بنِ حَنْبَلٍ، ثَنا عَلِيُّ بنُ حَفْصٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ عَبْدِ اللهِ بنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: " لَاتُكْثِرِ الْكَلَامَ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللهِ، فَإِنَّ كَثْرَةَ الْكَلَامِ بِغَيْرِ ذِكْرِ اللهِ: قَسْوَةٌ لِلْقَلْبِ، وَإِنَّ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنَ اللهِ الْقَلْبُ الْقَاسِي"

حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِيْ النَّضْرِ، ثَنِي أَبُوْ النَّضْرِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ حَاطِبٍ.

[۲٤۰٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا يَزِيْدُ بنُ خُنَيْسٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بنَ حَسَّانِ الْمَخْزُوْمِيَّ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ أُمُّ صَالِحٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيْبَةَ زَوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " كُلُ كَلَامِ ابنِ آدَمَ عَلَيْهِ، لَالَهُ، إِلَّا أَمْرٌ بِمَعْرُوْفٍ، أَوْ نَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَرِ، أَوْ ذِكْرُ اللهِ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بنِ يَزِيْدَ بنِ خُنَيْسٍ.

بابٌ

حقوق کی ادائیگی بھی زہد میں شامل ہے

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت سلمان فارسی اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہما میں بھائی بندی کرائی، پس حضرت سلمانؓ اپنے بھائی حضرت ابوالدرداءؓ کی ملاقات کے لئے گئے، انھوں نے حضرت ام الدرداءؓ کو پرانے کپڑے پہنے ہوئے دیکھا، پوچھا: کیا بات ہے آپ پرانے کپڑے پہنے ہوئے کیوں ہیں؟ انھوں نے کہا: آپ کے بھائی ابوالدرداءؓ

کو دنیا سے کچھ مطلب نہیں، پھر جب حضرت ابوالدرداء آئے تو انھوں نے اپنے بھائی کے سامنے کھانا رکھا، اور کہا: نوش فرمایئے، میرا روزہ ہے، حضرت سلمانؓ نے کہا: میں اس وقت تک نہیں کھاؤں گا جب تک آپؓ نہ کھائیں، راوی کہتا ہے: پس حضرت ابوالدرداءؓ نے کھایا یعنی نفل روزہ توڑ دیا، کیونکہ مہمان کے عذر سے نفل روزہ توڑنا جائز ہے۔ پھر جب رات ہوئی تو حضرت ابوالدرداءؓ نفلیں پڑھنے کے لئے کھڑے ہونے لگے، حضرت سلمانؓ نے ان سے کہا: سوجایئے! چنانچہ وہ سوگئے، پھر کچھ وقت کے بعد نفلیں پڑھنے کے لئے کھڑے ہونے لگے تو پھر حضرت سلمانؓ نے کہا: سوجایئے، چنانچہ وہ سوگئے، پھر جب وہ صبح کے قریب ہوئے تو حضرت سلمانؓ نے ان سے کہا: اب اٹھیے، پس دونوں اٹھے اور دونوں نے نماز پڑھی۔ پھر حضرت سلمانؓ نے فرمایا: **إنَّ لِنَفْسِكَ عليك حقًّا**: آپ کے نفس کا آپ پر حق ہے، یعنی جسم کے لئے آرام ضروری ہے۔ **ولربك عليك حقا**: اور آپ کے پروردگار کا آپ پر حق ہے یعنی عبادت بھی ضروری ہے، **ولِضَيْفِكَ عليك حَقًّا**: اور آپ کے مہمان کا آپ پر حق ہے، یعنی اس کی خاطر داری بھی ضروری ہے، اگر اس میں کچھ وقت خرچ ہوا تو وہ ضائع نہیں ہوا، **وإن لِأَهْلِك عليك حقا**: اور آپ کی بیوی کا بھی آپ پر حق ہے، یعنی حقوقِ زوجیت کی ادائیگی بھی ضروری ہے۔ **فَأَعْطِ كُلَّ ذی حقٍّ حَقَّه**: پس آپ ہر حقدار کو اس کا حق دیں (یہی زہد اور یہی تصوف ہے) پھر دونوں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور دونوں نے یہ بات نبی ﷺ کو بتائی، پس آپؐ نے فرمایا: **صَدَقَ سَلمانُ**: سلمان نے صحیح کہا۔ یعنی انھوں نے جو دین کا خلاصہ پیش کیا ہے وہ زہد وتصوف کی جان ہے، اگر آدمی صرف اللہ کا ہوکر رہ جائے، اور حقداروں کے حقوق ادا نہ کرے تو وہ رہبانیت (ترکِ دنیا) ہے، جس کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں۔

[٥٤-] بابٌ

[٢٤٠٧-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا جَعْفَرُ بنُ عَوْنٍ، نَا أَبُو الْعُمَيْسِ، عَنْ عَوْنِ بنِ أَبِی جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: آخَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ سَلْمَانَ وَأَبِی الدَّرْدَاءِ، فَزَارَ سَلْمَانُ أَبَا الدَّرْدَاءِ، فَرَأَى أُمَّ الدَّرْدَاءِ مُتبَذِّلَةً، قَالَ: مَا شَأْنُكِ مُتبَذِّلَةً؟ قَالَتْ: إنَّ أَخَاكَ أَبَا الدَّرْدَاءِ لَيْسَ لَهُ حَاجَةٌ فِی الدُّنْيَا، فَلَمَّا جَاءَ أَبُو الدَّرْدَاءِ قَرَّبَ طَعَامًا، فَقَالَ: كُلْ فَإِنِّی صَائِمٌ، قَالَ: مَا أَنَا بِآكِلٍ حَتَّى تَأْكُلَ، قَالَ: فَأَكَلَ، فَلَمَّا كَانَ اللَّيْلُ ذَهَبَ أَبُو الدَّرْدَاءِ لِيَقُوْمَ، فَقَالَ لَهُ سَلْمَانُ: نَمْ، فنَامَ، ثُمَّ ذَهَبَ لِيَقُوْمَ، قَالَ لَهُ: نَمْ، فَنَامَ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الصُّبْحِ، قَالَ لَهُ سَلْمَانُ: قُمِ الآنَ، فَقَامَا، فَصَلَّيَا، فَقَالَ: إنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِرَبِّكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَلِضَيْفِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَإِنَّ لِأَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، فَأَعْطِ كُلَّ ذِی حَقٍّ حَقَّهُ، فَأَتَيَا النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: " صَدَقَ سَلْمَانُ "

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَأَبُو الْعُمَيْسِ: اسْمُهُ عُتْبَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ أَخُو عَبْدِ الرحمٰنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَسْعُوْدِیِّ.

بابٌ

اللہ کی خوشنودی چاہئے اگرچہ لوگ ناراض ہوجائیں

حدیث: عبدالوہاب جن کے باپ کا نام وَرد (گلاب) ہے، جو مدینہ منورہ کے باشندے تھے، کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو لکھا کہ آپ مجھے خط لکھیں جس میں مجھے نصیحت کریں، اور لمبی بات نہ لکھیں۔ عبدالوہاب کہتے ہیں: حضرت عائشہؓ نے حضرت معاویہؓ کو لکھا: میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ: كفاه اللّٰهُ مُؤْنَةَ الناس: جو شخص اللہ کی خوشنودی ڈھونڈھتا ہے لوگوں کو ناراض کرنے کے ذریعہ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے لوگوں کی پریشانیوں سے کافی ہوجاتے ہیں۔ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا الناس بِسَخَطِ اللّٰهِ: وَكَلَهُ اللّٰهُ إلى الناس: اور جو لوگوں کی خوشنودی چاہتا ہے اللہ کو ناراض کرنے کے ذریعہ تو اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کے حوالہ کردیتے ہیں۔

تشریح: کبھی کوئی ایسا معاملہ پیش آتا ہے کہ اس کے ایک پہلو کو اختیار کرنے میں اللہ کی خوشنودی ہوتی ہے مگر لوگوں کو وہ بات پسند نہیں ہوتی، ایسی صورت میں اللہ کی خوشنودی والے پہلو کو اختیار کرنا ضروری ہے، چاہے لوگ ناراض ہوجائیں۔ اور اگر یہ اندیشہ ہو کہ لوگ اس کو ستائیں گے یا مخالف ہوجائیں گے تو اس سے ڈرنا نہیں چاہئے، اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائیں گے، اور اگر خدانخواستہ اس نے لوگوں کی پسند والا پہلو اختیار کرلیا، اور اللہ کو ناراض کردیا تو اللہ اس کو لوگوں کے حوالہ کردیں گے کہ تو جانے اور لوگ جانیں، مجھ سے کچھ لینا دینا نہیں، پناہ بخدا! جس کو اللہ تعالیٰ چھوڑ دیں اس کا کہاں ٹھکانہ! اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں اور لوگوں کی خواہ مخواہ کی خاطرداریوں سے بچائیں (آمین)

[۵۵-] بابٌ

[۲٤۰۸-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بنِ الْوَرْدِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، قَالَ: كَتَبَ مُعَاوِيَةُ إِلٰى عَائِشَةَ: أَنِ اكْتُبِيْ إِلَيَّ كِتَابًا، تُوْصِيْنِيْ فِيْهِ، وَلَا تُكْثِرِيْ عَلَيَّ، قَالَ: فَكَتَبَتْ عَائِشَةُ إِلٰى مُعَاوِيَةَ: سَلَامٌ عَلَيْكَ، أَمَّا بَعْدُ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنِ الْتَمَسَ رِضَا اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ: كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ، وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَا النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ: وَكَلَهُ اللّٰهُ إِلَى النَّاسِ" وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ.

حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، نَا محمدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَتَبَتْ إِلَى مُعَاوِيَةَ، فَذَكَرَ الحديثَ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ، وَالرَّقَائِقِ، وَالْوَرَعِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قیامت کے احوال، دل کوموم کرنے والی اور پرہیزگاری کی باتیں

پہلے تین باتیں جان لیں:

پہلی بات: ہندوستانی نسخوں میں یہ ابواب علحدہ نہیں ہیں، أبواب الزهد کا تتمہ ہیں۔ اور وہ ابواب أبواب صفة الجنة تک چلے گئے ہیں، مگر مصری نسخہ میں عنوان ہے: أبوابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ، وَالرَّقَائِقِ، وَالْوَرَعِ: یعنی قیامت کے احوال اور دلوں کو نرم کرنے والی باتیں اور پرہیزگاری کا بیان۔ أبواب صفة الجنة تک یہ تین مضمون بیان ہوئے ہیں، پہلے قیامت کے حالات ہیں، پھر رقاق کی حدیثیں ہیں، رِقاق: رَقِيقٌ کی جمع ہے اور رقائق: رقيقة کی جمع ہے یعنی دلوں کو نرم کرنے والی باتیں، پھر وَرَع یعنی احتیاط اور پرہیزگاری کا بیان ہے، پھر جنت کے احوال شروع ہونگے۔

اور ہندوستانی نسخہ میں چونکہ یہ ابواب أبواب الزهد میں داخل ہیں اس لئے یہاں باب تھا بابُ ماجاء في شأن الحساب والقصاص: مگر مصری نسخہ میں یہاں بابٌ في القيامة ہے، پھر تین حدیثوں کے بعد باب ماجاء في شأن الحساب والقصاص ہے، اور یہی مناسب عنوان ہیں۔ اس لئے میں نے مصری نسخہ کی پیروی کی ہے۔

دوسری بات: أبواب الإيمان تک جتنی حدیثیں آرہی ہیں: سب کا تعلق زہد سے ہے، قیامت کا بیان ہو، یا دل کو موم کرنے والی حدیثیں، یا محتاط زندگی گذارنے کی ہدایات، یا جنت اور جہنم کے احوال سب کا تعلق زہد یعنی دل کو دنیا سے اکھاڑنے سے ہے، یہ سب روایات ذہن کو آخرت کی طرف متوجہ کرتی ہیں، پس أبواب الإيمان تک ایک ہی سلسلہ بیان ہے، اور ایک ہی طرح کے مضامین ہیں۔

تیسری بات: قیامت کے احوال آئندہ پیش آنے والے ہیں، یہ احوال اليوم الآخِر میں پیش آئیں گے، یعنی اس دنیا کے آخری دن میں پیش آئیں گے جو پچاس ہزار سال کا دن ہے (سورۃ المعارج آیت ۴) اور مستقبل کی باتیں عام طور پر عصر حاضر کی زبان میں بیان کی جاتی ہیں، اس لئے بعض مرتبہ ان کی پوری حقیقت سمجھ میں نہیں آتی، جب

واقعات رونما ہونگے تب وہ باتیں سمجھ میں آئیں گی، اس لئے اس قسم کی روایات پڑھتے ہوئے جو کچھ روایات میں ہے بس اسی کو سمجھا جائے، دیگر تفصیلات کے پیچھے نہ پڑا جائے۔

بابٌ فی الْقِیَامَةِ

قیامت کا بیان

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر فرمائی ہیں:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی نہیں، مگر اس سے اس کے پروردگار قیامت کے دن باتیں کریں گے، اور بندے اور اللہ کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہوگا، پھر بندہ اپنی دائیں جانب دیکھے گا تو کچھ نہیں دیکھے گا، مگر وہ چیز جو اس نے آگے بھیجی ہے، یعنی اپنے اعمال کو دیکھے گا، پھر وہ اپنی بائیں جانب دیکھے گا، تو وہ کچھ نہیں دیکھے گا مگر وہ چیز جو اس نے آگے بھیجی ہے، پھر وہ اپنے سامنے کی طرف دیکھے گا تو (جہنم کی) آگ اس کا استقبال کرے گی۔ نبی ﷺ نے فرمایا: **مَن اسْتطاع منکم أن یَقِیَ وَجْهَهُ النارَ، ولو بِشِقِّ تمرةٍ، فلیفعل:** جو شخص تم میں سے طاقت رکھتا ہے کہ اپنے چہرے کو آگ سے بچائے، اگرچہ کھجور کے ٹکڑے کے ذریعہ ہو، تو چاہئے کہ وہ ایسا کرے، یعنی صدقہ کے ذریعہ جہنم سے بچنے کا سامان کرے۔

تشریح: اس حدیث کی پہلی سند امام اعمش کے شاگرد ابو معاویہ کی ہے، پھر اسی حدیث کو اعمش سے وکیع بھی روایت کرتے ہیں، ان کے شاگرد ابو السائب کہتے ہیں: ایک دن ہم سے وکیع نے اعمش سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی، جب وہ یہ حدیث بیان کر چکے تو فرمایا: یہاں جو خراسان کے لوگ ہیں وہ ثواب کی امید سے اس حدیث کو خراسان میں پھیلائیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس لئے کہ جہمیہ اس حدیث کا انکار کرتے ہیں۔

جہمیہ: معتزلہ کا ایک فرقہ ہے، اس کا بانی جہم بن صفوان ترمذی ہے، ۱۲۸ ہجری میں یہ شخص قتل کیا گیا، معتزلہ اللہ کی صفاتِ قدیمہ کا انکار کرتے ہیں، وہ ان کو عینِ ذات مانتے ہیں، اسی طرح وہ اللہ کی صفتِ کلام کا بھی انکار کرتے ہیں، ان کے نزدیک اللہ کے متکلم ہونے کا مطلب: کسی محل میں کلام کو پیدا کرنا ہے، جو حروف اور صوت پر مشتمل ہوتا ہے، اسی نظریہ کی بنا پر وہ قرآن کو مخلوق کہتے ہیں، اللہ کے لئے صفتِ کلام نہیں مانتے، اور اس حدیث میں یہ ہے کہ پروردگار قیامت کے دن بندوں سے باتیں کریں گے، پس اللہ کے لئے صفتِ کلام ثابت ہوئی، اس لئے وکیع رحمہ اللہ نے کہا کہ یہ حدیث خراسان میں پہنچاؤ، جہاں جہمیہ کی پھیلائی ہوئی گمراہی پائی جاتی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن انسان کے پیر اس کے پروردگار کے سامنے سے ہٹیں گے نہیں، یہاں تک کہ اس سے پانچ باتوں کے بارے میں پوچھا جائے:

(۱)اس کی زندگی کے بارے میں کہ کس چیز میں اس کو فنا کیا؟ (۲)اس کی جوانی کے بارے میں کہ کس چیز میں اس کو پرانا کیا؟ (۳و۴)اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے اس کو کمایا؟ اور کس جگہ اس کو خرچ کیا؟ (۵)اور کیا عمل کیا اس علم میں جو اس نے جانا؟'' یہ حدیث اس سند سے ضعیف ہے، اس کا ایک راوی حسین بن قیس ضعیف ہے، مگر اس کی اگلی سند صحیح ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''بندے کے دونوں پیر ہٹیں گے نہیں، یہاں تک کہ پوچھا جائے: (۱)اس کی عمر کے بارے میں کہ کس چیز میں اس کو فنا کیا؟ (۲)اس کے علم کے بارے میں کہ کس چیز میں اس کو استعمال کیا؟ (۳و۴)اس کے مال کے بارے میں کہ کہاں سے اس کو کمایا؟ اور کس جگہ خرچ کیا؟ (۵)اور اس کے جسم (جوانی) کے بارے میں کہ کس کام میں اس کو پرانا کیا؟

تشریح: حضرت ابو برزہؓ کی یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور اس کا مضمون واضح ہے، پانچ باتوں کا حساب لازمی طور پر دینا ہے: زندگی کے لمحات کا کہ وہ کس کام میں خرچ ہوئے، اور جو دین وہ جانتا تھا اس کا حساب دینا ہوگا کہ اس پر کتنا عمل کیا؟ اور اگر نہیں جانا تو اس کا جواب دینا ہوگا کہ کیوں نہیں جانا؟ اور مال کے بارے میں دو سوال ہونگے کہ مال کہاں سے کمایا؟ اور کہاں خرچ کیا؟ مال کے سلسلہ میں انسان ان دونوں باتوں میں آزاد نہیں، پابند ہے، اور جسمانی قوت کے زمانہ میں یعنی جوانی میں کیا کیا؟ ان پانچ باتوں کا حساب ضرور دینا ہے۔

فائدہ: مخلوقات میں ملکیت کا تصور نہیں، کائنات کی ہر چیز کے مالک اللہ تعالیٰ ہیں، مخلوق اس سے فائدہ اٹھاتی ہے۔ آپ دیکھیں: کسی جانور کی ملکیت میں کچھ نہیں۔ صرف انسانوں میں عارضی مصلحت سے مجازی ملکیت تسلیم کی گئی ہے۔ اور سورۃ الحدید (آیت ۷) میں یہ بات صاف کردی گئی ہے کہ انسان مال میں اللہ کا نائب ہے، وہ مستقل طور پر مال کا مالک نہیں۔ فرمایا: ﴿أَنفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ﴾ یعنی جس مال میں تم کو اللہ نے اپنا قائم مقام بنایا ہے اس میں سے راہِ خدا میں خرچ کرو۔ جب صورتِ حال یہ ہے تو لامحالہ کمانے کے سلسلہ میں بھی کچھ پابندیاں ہیں اور اس کے خرچ کرنے کے لئے بھی کچھ ضابطے ہیں، جیسے کسی فرم کا منیجر: کاروبار کرکے مال کماتا ہے، پھر دوکان کی ضروریات میں خرچ کرتا ہے تو اس کو دونوں باتوں کا آقا کو حساب دینا ہوتا ہے، اسی طرح بندوں کو بھی اللہ کے سامنے ان دونوں باتوں کا حساب دینا ہوگا (فائدہ ختم ہوا)

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں جس چیز کو شباب (جوانی) کہا گیا ہے اسی کو حضرت ابو برزہؓ کی حدیث میں جسم (بدن) کہا گیا ہے، بچپن کا زمانہ تو کم عقلی اور ناتوانی کا زمانہ ہے، اس لئے بچہ کو مکلّف نہیں بنایا گیا، اور بڑھاپا قوت کے زوال کا زمانہ ہے، اس لئے اس زمانہ میں بھی بہت سے احکام میں تخفیف کردی گئی ہے، مگر جوانی جسم کی توانائی کا زمانہ ہے، اس لئے بیشتر احکام زندگی کے اسی حصہ سے متعلق ہیں، اس لئے اسی زمانہ کا حساب دینا

ہوگا کہ جوانی جیسی قیمتی چیز کن کاموں میں خرچ کی؟

أبواب صفة القيامة، والرَّقَائِقِ، والْوَرَعِ
عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] بابٌ فى القيامة

[٢٤٠٩-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَدِيِّ بنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنكُمْ مِن رَّجُلٍ، إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ، ثُمَّ يَنْظُرُ أَيْمَنَ مِنْهُ، فَلاَ يَرى شَيْئًا، إِلَّا شَيْئًا قَدَّمَهُ، ثُمَّ يَنْظُرُ أَشْأَمَ مِنْهُ، فَلاَ يَرى شَيْئًا، إِلَّا شَيْئًا قَدَّمَهُ، ثُمَّ يَنْظُرُ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ، فَتَسْتَقْبِلُهُ النَّارُ" قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنِ اسْتَطَاعَ مِنكُمْ أَنْ يَقِيَ وَجْهَهُ النَّارَ، وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَلْيَفْعَلْ"

حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ، نَا وَكِيْعٌ يَوْمًا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنِ الْأَعْمَشِ، فَلَمَّا فَرَغَ وَكِيْعٌ مِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: مَنْ كَانَ هٰهُنَا مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ، فَلْيَحْتَسِبْ فِيْ إِظْهَارِ هٰذَا الحديثِ بِخُرَاسَانَ، قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: لِأَنَّ الْجَهْمِيَّةَ يُنكِرُوْنَ هٰذَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٤١٠-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا حُصَيْنُ بنُ نُمَيْرٍ، أَبُوْ مِحْصَنٍ، نَا حُسَيْنُ بنُ قَيْسٍ الرَّحَبِيُّ، نَا عَطَاءُ بنُ أَبِيْ رَبَاحٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لاَتَزَالُ قَدَمَا ابنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ عِنْدِ رَبِّهِ، حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ: عَنْ عُمُرِهِ فِيْمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ شَبَابِهِ فِيْمَا أَبْلاَهُ، وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ، وَفِيْمَا أَنْفَقَهُ، وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُسَيْنِ بنِ قَيْسٍ، وَحُسَيْنٌ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، وَفِي الْبَابِ: عَنْ أَبِيْ بَرْزَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ.

[٢٤١١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، نَا الْأَسْوَدُ بنُ عَامِرٍ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَتَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ حَتّٰى يُسْأَلَ: عَنْ عُمُرِهِ: فِيْمَا أَفْنَاهُ؟ وَعَنْ عِلْمِهِ: فِيْمَا فَعَلَ؟ وَعَنْ مَالِهِ: مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ؟ وَفِيْمَا أَنْفَقَهُ؟ وَعَنْ جِسْمِهِ: فِيْمَا أَبْلاَهُ؟"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَسَعِيْدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ جُرَيْجٍ: هُوَ مَوْلَى أَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، وَأَبُوْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيُّ: اسْمُهُ نَضْلَةُ بنُ عُبَيْدٍ.

بابُ ماجاءَ فِيْ شَأْنِ الْحِسَابِ وَالْقِصَاصِ

حساب اور بدلے کا بیان

حساب: یعنی اعمال کی جانچ پڑتال، اور قصاص: یعنی مجرم سے بدلہ لینا، اور شأن: یعنی کیفیت، حالت، صورت، مگراس باب میں حساب اور قصاص مترادف الفاظ ہیں، قیامت کے دن مجرم سے جو بدلہ لیا جائے گا اس کی صورت کیا ہوگی؟ درج ذیل احادیث میں اس کا بیان ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: ''جانتے ہو مفلس کون ہے؟'' صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم میں مفلس وہ ہے جس کے پاس نہ درہم ہوں نہ سامان۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوۃ لے کر آئے گا، اور اس حال میں آئے گا کہ کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر تہمت لگائی ہوگی، کسی کا مال کھایا ہوگا، کسی کا خون بہایا ہوگا، کسی کو پیٹا ہوگا، پس وہ (مجرم) بیٹھے گا (بدلہ چکانے کے لئے) پس یہ شخص اس کی نیکیوں میں سے بطور بدلہ لے گا، اور یہ دوسرا بھی اس کی نیکیوں میں سے لے گا، پس اگر اس کی نیکیاں ختم ہو گئیں، اس سے پہلے کہ اُن گناہوں کا بدلہ چکا دیا جائے جو اس کے ذمہ ہیں، تو ان لوگوں کے گناہوں میں سے لیا جائے گا اور اس (مجرم) پر ڈالا جائے گا، پھر وہ شخص جہنم میں ڈال دیا جائے گا (یہ اس امت کا فقیر ہے!)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مہربانی فرمائیں اس بندے پر جس کے بھائی کے لئے اس کے پاس کوئی جرم ہے: آبرو میں، یا مال میں، پس وہ اس کے پاس جائے اور اس سے معاف کروالے، اس سے پہلے کہ وہ پکڑا جائے، اور وہاں نہ کوئی دینار ہو نہ کوئی درہم، پھر اگر اس کے لئے نیکیاں ہوں تو اس کی نیکیوں میں سے لیا جائے، اور اگر اس کے لئے نیکیاں نہ ہوں تو اس پر ان لوگوں کے گناہوں میں سے ڈالا جائے۔

حدیث (۳): حقداروں کے حقوق ضرور ادا کئے جائیں گے یہاں تک کہ بے سینگ بکری کے لئے سینگ دار بکری سے انتقام لیا جائے گا۔

لغات: اِقْتَصَّ فلانٌ: بدلہ لینا، قصاص لینا...... مَظْلِمَةٌ: باب ضرب کا مصدر ہے، اور بطور اسم بمعنی ظلم مستعمل ہے...... اسْتَحَلَّ فَلانٌ الشيئَ: کسی سے کوئی چیز حلال کرانا، یعنی معاف کرانا...... الجَلْحَاءُ: الأَجْلَح کا مؤنث: بے سینگ جانور، جَلِحَ (س) الثَّوْرُ: بیل کا بے سینگ ہونا اس کے لئے دوسرا لفظ الجَمَّاء ہے...... الْقَرْنَاءُ: أَقْرَنُ کا مؤنث: لمبے سینگوں والا جانور...... تُقَاد (فعل مجہول) أَقَادَ القَاتِلَ بِالقَتِيْلِ: مقتول کے بدلہ میں قاتل کو مارنا، تُقَادُ: بدلہ لیا جائے گا۔

تشریح: ان حدیثوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ آخرت میں بدلہ لینے کی صورت کیا ہوگی؟ پہلے اہل حقوق کو

نیکیاں دی جائیں گی، پھر جب نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو اہل حقوق کے گناہ مجرم پر ڈالے جائیں گے، کیونکہ وہاں مال سامان نہیں ہوگا، پس بدلہ چکانے کی اس کے علاوہ کوئی صورت نہیں ہوگی۔

رہی یہ بات کہ جانوروں کا بدلہ چکایا جائے گا یا نہیں؟ اس میں اختلاف ہے، امام ابوالحسن اشعریؒ کی طرف یہ بات منسوب ہے کہ جانوروں کا کوئی حساب نہیں، اور تیسری حدیث: صرف تمثیل یعنی پیرایہ بیان ہے، مگر عام رائے یہ ہے کہ جانور بھی دوبارہ پیدا کئے جائیں گے اور ان کا بھی حساب ہوگا، تیسری حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔

[۲-] بابُ ماجاءَ فِيْ شَأْنِ الْحِسَابِ وَالْقِصَاصِ

[۲٤۱۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَتَدْرُوْنَ مَنِ الْمُفْلِسُ؟" قَالُوْا: الْمُفْلِسُ فِيْنَا يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ لاَ دِرْهَمَ لَهُ وَلاَمَتَاعَ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم :" الْمُفْلِسُ مِنْ أُمَّتِيْ: مَنْ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلاَةٍ، وَصِيَامٍ، وَزَكَاةٍ، وَيَأْتِي قَدْ شَتَمَ هٰذَا، وَقَذَفَ هٰذَا، وَأَكَلَ مَالَ هٰذَا، وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا، وَضَرَبَ هٰذَا، فَيَقْعُدُ، فَيَقْتَصُّ هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَإِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ أَنْ يُقْتَصَّ مَا عَلَيْهِ مِنَ الْخَطَايَا: أُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ، فَطُرِحَ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲٤۱۳-] حدثنا هَنَّادٌ، وَنَصْرُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ، قَالاَ: نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ أَبِيْ خَالِدٍ يَزِيْدَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" رَحِمَ اللّٰهُ عَبْدًا! كَانَتْ لِأَخِيْهِ عِنْدَهُ مَظْلِمَةٌ فِيْ عِرْضٍ، أَوْ مَالٍ، فَجَاءَهُ فَاسْتَحَلَّهُ قَبْلَ أَنْ يُؤْخَذَ، وَلَيْسَ ثَمَّ دِيْنَارٌ وَلاَ دِرْهَمٌ، فَإِنْ كَانَتْ لَهُ حَسَنَاتٌ: أُخِذَ مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَإِنْ لَمْ تَكُنْ لَهُ حَسَنَاتٌ: حَمَلُوْا عَلَيْهِ مِنْ سَيِّئَاتِهِمْ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[۲٤۱٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَتُؤَدَّنَّ الْحُقُوْقُ إِلَى أَهْلِهَا، حَتَّى تُقَادَ الشَّاةُ الْجَلْحَاءُ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ أُنَيْسٍ، حديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

قیامت کے دن لوگ پسینے میں ڈوبے ہوئے ہونگے

حدیث (۱): حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو سورج بندوں سے قریب کردیا جائے گا، یہاں تک کہ وہ ایک میل یا فرمایا: دو میل کے بقدر رہ جائے گا (یہ راوی کا شک ہے، اور مسلم شریف میں کمِقدار میل بغیر شک کے ہے) حدیث کے راوی سُلیم بن عامر کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ نبی ﷺ نے کونسا ''میل'' مراد لیا ہے؟ زمین کی مسافت کا میل (MILE) مراد لیا ہے یا سرمہ لگانے کی سلائی مراد لی ہے؟ (شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ نے لَمعات التنقیح میں لکھا ہے کہ سلائی کے معنی مراد لینا بعید ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: پس سورج لوگوں کو پگھلا دے گا، پس لوگ اپنے اعمال کے بقدر پسینے میں ہونگے، کوئی ان میں سے وہ ہوگا جس کو پسینہ اس کی ایڑی تک پکڑے گا اور کوئی وہ ہوگا جس کو پسینہ اس کے گھٹنوں تک پکڑے گا اور کوئی وہ ہوگا جس کو پسینہ اس کی کمر تک پکڑے گا، اور کوئی وہ ہوگا جس کو پسینہ لگام دیدے گا۔ حضرت مقدادؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا: آپؐ اپنے منہ کی طرف اشارہ فرمارہے ہیں کہ پسینہ لگام دے گا لگام دینا، یعنی پسینہ منہ تک پہنچ جائے گا اور لگام کی طرح کلام سے روک دے گا۔

تشریح: مگر اللہ کے نیک بندے اس سے محفوظ رہیں گے، پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص بندوں کو قیامت کے دن جب کوئی سایہ نہیں ہوگا اپنا سایہ عنایت فرمائیں گے اور یہ اضافت تشریف کے لئے ہے اور یہ سایہ مخلوق ہوگا، پس یہ صفاتِ متشابہات کی حدیث نہیں، رہی یہ بات کہ سایہ کس چیز کا ہوگا؟ اس کی تعیین مشکل ہے، اور جو لوگ تاویل کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ عرش کے سایہ میں رکھیں گے یہ بات صحیح نہیں، کیونکہ عرش کوئی مادی چیز نہیں، جس کا سایہ ہو۔

حدیث (۲): سورۃ التطفیف آیت ٦ ہے: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: جس دن تمام لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہونگے، اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ پسینہ میں کھڑے ہونگے، اپنے آدھے کانوں تک'' یعنی لوگ پسینہ میں آدھے کانوں تک شرابور ہونگے، کیونکہ جب سورج ایک میل کے فاصلہ پر آجائے گا تو اس کی تپش کا اندازہ کون کرسکتا ہے؟!

تشریح: یہ حدیث حماد بن زید کے خیال میں حکماً مرفوع ہے، پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے نافع کے دوسرے شاگرد ابن عون کی سند پیش کی ہے، اس میں یہ حدیث صراحتاً مرفوع ہے، اور باب کی دونوں حدیثیں مسلم شریف (کتاب الجنة باب ۱۵) میں ہیں۔

لغات: إذا كان یومُ القیامة: میں کان تامہ ہے، اور یوم القیامة اس کا فاعل ہے...... **أُدْنِیَتْ**: باب افعال سے فعل مجہول ہے، أَدْنٰی یُدْنی إدْنَاءً الشیئَ: قریب کرنا...... **میل** کے دو معنی ہیں: (۱) زمین کا خاص فاصلہ جو قدیم زمانہ میں چار ہزار ذراع کے بقدر ہوتا تھا اور آج کل کے حساب سے سولہ سو نو میٹر ہوتا ہے، حدیث میں یہ معنی مراد ہیں (۲) سرمہ لگانے کی سلائی، حدیث میں یہ معنی مراد نہیں...... **صَهَرَ الشیئَ بالنار** (ف) صَهْرًا: پگھلانا، گلانا، اور حدیث میں مراد پسینہ میں شرابور ہونا ہے...... **الحَقْو**: کوکھ، کمر...... **أَلْجَمَ الدَّابَّةَ**: جانور کو لگام دینا، **أَلْجَمَ المَاءُ فلاناً**: پانی کا منہ تک آنا...... **الرَّشْح**: **العَرَق**: پسینہ۔

[٣-] بابٌ

[٢٤١٥-] حدثنا سُوَیْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ یَزِیْدَ بنِ جَابِرٍ، ثَنِی سُلَیْمُ بنُ عَامِرٍ، نَا الْمِقْدَادُ صَاحِبُ رَسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ: " إِذَا كَانَ یَوْمُ الْقِیَامَةِ: أُدْنِیَتِ الشَّمْسُ مِنَ الْعِبَادِ، حَتّٰی تَكُوْنَ قِیْدَ مِیْلٍ، أَوِ اثْنَتَیْنِ — قَالَ سُلَیْمُ بنُ عَامِرٍ: لَا أَدْرِیْ أَیَّ الْمِیْلَیْنِ عَنَی، أَمَسَافَةَ الأَرْضِ، أَمِ المِیْلَ الَّذِی یُكْحَلُ بِهِ الْعَیْنُ؟ — قَالَ: " فَتَصْهَرُهُمُ الشَّمْسُ، فَیَكُوْنُوْنَ فِی العَرَقِ بِقَدْرِ أَعْمَالِهِمْ: فَمِنْهُمْ مَنْ یَأْخُذُهُ إِلَی عَقِبِهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ یَأْخُذُهُ إِلَی رُكْبَتَیْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ یَأْخُذُهُ إِلَی حَقْوَیْهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ یُلْجِمُهُ إِلْجَامًا " فَرَأَیْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یُشِیْرُ بِیَدِهِ إِلَی فِیْهِ، أَیْ یُلْجِمُهُ إِلْجَامًا.

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، وابنِ عُمَرَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٢٤١٦-] حدثنا أَبُوْ زَكَرِیَّا یَحْیی بنُ دُرُسْتَ الْبَصْرِیُّ، نَا حَمَّادُ بنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ — قَالَ حَمَّادٌ: وَهُوَ عِنْدَنَا مَرْفُوْعٌ —: ﴿یَوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِیْنَ﴾ قَالَ: "یَقُوْمُوْنَ فِی الرَّشْحِ إِلَی أَنْصَافِ آذَانِهِمْ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدثنا هَنَّادٌ، نَا عِیْسَی بنُ یُوْنُسَ، عَنِ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء فِی شَأْنِ الْحشْرِ

قیامت کے دن مخلوق کو جمع کرنے کا بیان

الحشرُ: بابِ نصر وضرب کا مصدر ہے، اس کے معنی ہیں: جمع کرنا، لے چلنا۔ **حَشَرَ اللّٰهُ الْخلْقَ**: قبروں سے

اٹھا کر زندہ کر کے لے چلنا، اور المَحْشَر (بفتح الشین و کسرھا) اکٹھا ہونے کی جگہ، میدانِ حشر، جہاں قیامت کے دن سب مخلوقات کو جمع کیا جائے گا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن لوگ ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کئے ہوئے جیسے وہ پیدا کئے گئے تھے جمع کئے جائیں گے، پھر آپؐ نے سورۃ الانبیاء کی آیت ۱۰۴ پڑھی: ''جس طرح ہم نے پہلی بار آفرینش کی ابتداء کی ہے اسی طرح ہم اس کو دوبارہ لوٹائیں گے، یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے، ہم ضرور اس کو کرنے والے ہیں'' پھر سب سے پہلے مخلوقات میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لباس پہنایا جائے گا (پھر آپؐ کو لباس پہنایا جائے گا، جیسا کہ ابن المبارک نے کتاب الزہد میں بیان کیا ہے) اور میرے ساتھیوں میں سے کچھ کو دائیں اور بائیں ہٹایا جائے گا، پس میں کہونگا: اے میرے پروردگار! یہ میرے صحابہ ہیں (ان کو آنے دیا جائے) پس جواب دیا جائے گا: آپؐ یقیناً نہیں جانتے وہ نئی بات جو انھوں نے آپؐ کے بعد پیدا کی تھی، یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹتے رہے، جب سے آپؐ ان سے جدا ہوئے، پس میں وہی بات کہوں گا جو نیک بندے (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہی ہے: ''اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں، اور اگر آپ ان کو معاف کر دیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں'' (المائدۃ آیت ۱۱۸)

تشریح: یہ حدیث مغیرۃ بن النعمان سے سفیان ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ روایت کرتے ہیں، پہلی سند سفیان کی ہے اور دوسری شعبہ کی ...... حُفاۃٌ: حافٍ: اسم فاعل کی جمع ہے، حَفِیَ یَحْفَی (س) حَفًا: برہنہ پا ہونا ...... عُرَاۃٌ: عارٍ: اسم فاعل کی جمع ہے، عَرِیَ (س) مِنْ ثِیابه، یَعْرَی عُرْیًا: برہنہ ہونا، ننگا ہونا ...... غُرْلًا: أَغْرَل کی جمع ہے: غیر مختون، اور اس کے لئے دوسرا لفظ أَقْلَف ہے، ختنہ میں جو چمڑی کاٹی جاتی ہے اس کو غُرْلة کہتے ہیں ...... قیامت کے دن جو نشأتِ ثانیہ ہوگی اس میں تمام اعضاء کا اعادہ ہوگا، اور جس طرح پہلی بار پیدا کیا گیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کیا جائے گا، پس ختنہ کی جو کھال کاٹ دی جاتی ہے وہ بھی تخلیق میں شامل ہوگی، پھر کیا ہوگا؟ یہ معلوم نہیں، یعنی جنت میں لوگ غیر مختون رہیں گے یا ختنہ کی کھال ہٹا دی جائے گی؟ اس سلسلہ میں روایات میں کچھ نہیں آیا ...... اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو جو سب سے پہلے لباس پہنایا جائے گا: یہ ایک جزوی فضیلت ہے، جیسے خُلّت (انتہائی دوستی) ان کی جزوی فضیلت ہے، پس اس سے نبی ﷺ کی کلی فضیلت پر حرف نہیں آتا۔

اور جن لوگوں کو حوضِ کوثر پر آنے سے روکا جائے گا، اور ان کو دائیں بائیں دھکیل دیا جائے گا: وہ لوگ وہ ہونگے جو حضور ﷺ کے زمانہ میں ایمان لائے تھے، پھر وفاتِ نبوی کے بعد مرتد ہوگئے، مسیلمہ کذاب وغیرہ کے فتنہ کا شکار ہوگئے، اور اسی حال میں مرگئے اس لئے ان کی صحابیت باطل ہوگئی، مگر آپؐ کو اس کی اطلاع نہیں، اس لئے آپؐ نے ان کو ''اصحاب'' فرمایا۔ اور اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نبی ﷺ عالم الغیب نہیں، نہ آپؐ حاضر ناظر ہیں، یہ دونوں صفتیں اللہ تعالیٰ کی ہیں۔

فائدہ: حوضِ کوثر: صراطِ مستقیم کا پیکرِ محسوس ہے، پس جو لوگ اہل السنہ والجماعہ کے عقائد کے حامل ہیں: وہی حوض پر پہنچیں گے اور سیراب ہونگے، اور جو گمراہ فرقوں میں شامل ہیں: ان کو فرشتے دھکے دے کر لائن سے ہٹا دیں گے...... اور حوضِ کوثر: ہر نبی کے لئے ہوگا، مگر ہمارے نبی ﷺ کا حوض سب سے بڑا ہوگا، اور اس پر آبخورے آسمان کے تاروں کے بقدر ہونگے، اور حوض کوثر میدانِ حشر میں ہوگا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ رِجَالاً وَرُكْبَانًا وَتُجَرُّوْنَ عَلَى وُجُوْهِكُمْ: تم یقیناً قیامت کے میدان میں جمع کئے جاؤ گے، پیادہ پا اور سوار، اور تم تمہارے چہروں کے بل گھسیٹے جاؤ گے۔

تشریح: رِجَال: رَاجِل کی جمع ہے: پیادہ پا، اور رُکبان: راکِب کی جمع ہے: اونٹ پر سوار...... ایمان میں کامل لوگ سوار ہو کر میدان محشر میں پہنچیں گے، اور عام مؤمنین پیادہ پا جائیں گے، اور چونکہ ان کی تعداد زیادہ ہوگی اس لئے رِجالاً کو پہلے لایا گیا ہے، اور کفار کو ان کے چہروں کے بل گھسیٹ کر میدان محشر میں لے جایا جائے گا، پھر وہاں سے جہنم کی طرف بھی ان کو ایسے ہی لے جایا جائے گا۔ سورۃ الفرقان (آیت ۳۴) میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلَى وُجُوْهِهِمْ إِلَى جَهَنَّمَ﴾ وہ لوگ اپنے چہروں کے بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے۔

[٤-] بابُ ماجاء فِي شَأْنِ الْحشْرِ

[٢٤١٧-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلاً، كَمَا خُلِقُوْا، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿ كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ، وَعْدًا عَلَيْنَا إِنَّا كُنَّا فَاعِلِيْنَ﴾ وَأَوَّلُ مَنْ يُكْسَى مِنَ الْخَلاَئِقِ إِبْرَاهِيْمُ، وَيُؤْخَذُ مِنْ أَصْحَابِيْ بِرِجَالٍ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ يَارَبِّ! أَصْحَابِيْ! فَيُقَالُ: إِنَّكَ لاَتَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، إِنَّهُمْ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ الْعَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿ إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ، وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَإِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ النُّعْمَانِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

[٢٤١٨-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا بَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّكُمْ تُحْشَرُوْنَ رِجَالاً وَرُكْبَانًا، وَتُجَرُّوْنَ عَلَى وُجُوْهِكُمْ "

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: دونوں حدیثوں کی اسنادی حالت اچھی ہے، پہلی حدیث کے آخر میں مصری نسخہ میں ہے: قال أبو عیسی: هذا حدیث حسن صحیح اور دوسری سند کے بارے میں حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا ہے: إسناده قوی۔

بابُ مَاجَاءَ فِي الْعَرْضِ

اللہ تعالیٰ کے سامنے پیشی کا بیان (پہلا باب)

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن لوگوں کی پیشی تین بار ہوگی، ان میں سے پہلی دو پیشیاں: جھگڑا اور بہانے ہونگے، اور تیسری پیشی میں نامۂ اعمال اڑ اکر ہاتھوں میں پہنچائے جائیں گے، پس کوئی اس کو اپنے دائیں ہاتھ میں لے گا اور کوئی بائیں ہاتھ میں۔

تشریح: ثلاثُ عَرَضَاتٍ: (بفتحتين) أي ثلاث مَرَّاتٍ...... پہلی پیشی میں لوگ اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کریں گے، وہ کہیں گے: ہمیں انبیاء نے دین نہیں پہنچایا، ہم اس سے محض بے خبر تھے، اس لئے انبیاء کو بلایا جائے گا، وہ کہیں گے: ہم نے ان کو دین پہنچایا تھا، پس انبیاء سے گواہ طلب کئے جائیں گے، کیونکہ وہ مدعی ہونگے، وہ امت محمدیہ کو گواہی میں پیش کریں گے، کفار ان گواہوں پر جرح کریں گے کہ یہ ہمارے زمانہ کے لوگ نہیں، یہ کیسے گواہی دیتے ہیں؟ پس گواہوں سے پوچھا جائے گا کہ جب تم ان اقوام کے زمانہ میں نہیں تھے تو تم گواہی کیسے دے رہے ہو؟ یہ امت جواب دے گی: ہمیں یہ باتیں ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی ہیں، چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دربار میں لایا جائے گا، آپؐ عرض کریں گے: پروردگار! میری امت صحیح کہتی ہے، میں نے ان کو یہ باتیں بتائی ہیں، اور میں نے ان کو یہ باتیں اس بنیاد پر بتائی ہیں کہ آپ نے قرآن مجید میں یہ باتیں نازل فرمائی ہیں، پس بات لوٹ کر اللہ تعالیٰ پر چلی جائے گی، اور ان مجرموں کو خواہی نخواہی اعتراف کرنا پڑے گا، اس کے بعد کورٹ کی بساط لپیٹ دی جائے گی۔ پھر دوسری پیشی میں کفار جرم کا اعتراف کریں گے ﴿فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْبِهِمْ﴾ وہ اپنے جرم کا اقرار کریں گے، مگر طرح طرح کے بہانے بنائیں گے، کہیں گے: ہم سے بھول ہوگئی، ہم سے چوک ہوگئی، ہم نادان تھے، ہمیں ہمارے بڑوں نے گمراہ کیا وغیرہ وغیرہ۔ اور اس دوسری پیشی میں بھی معاملہ نمٹے گا نہیں، ابھی ان کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں سنایا جائے گا۔

پھر تیسری پیشی کے وقت نامۂ اعمال اڑائے جائیں گے، وہ لوگوں کے ہاتھوں میں پہنچیں گے، نیک بختوں کے دائیں ہاتھ میں پہنچیں گے اور بدبختوں کے بائیں ہاتھ میں: ''اس دن انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا جتلا دیا جائے گا، اور انسان کا اپنے اعمال سے آگاہ ہونا کچھ اس جتلانے پر موقوف نہیں ہوگا کیونکہ انسان خود اپنی حالت پر خوب مطلع ہوگا، خواہ وہ کتنے ہی بہانے بنائے'' (سورۃ القیامہ آیت ۱۳-۱۵) پھر اس پیشی میں نامۂ اعمال کے مطابق بندوں کے درمیان فیصلے کردیئے جائیں گے، جنتی جنت میں جائیں گے اور جہنمی جہنم میں۔

سند کی بحث: یہ حدیث حضرت حسن بصریؒ: حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے بھی، مگر دونوں روایتیں منقطع ہیں، حضرت حسنؒ کا سماع نہ حضرت ابو ہریرہؓ سے ہے نہ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے، اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی روایت ابن ماجہ (حدیث ۴۲۷۷ کتاب الزھد باب ۳۳) میں ہے۔

[٥-] بابُ مَاجَاءَ فِي الْعَرْضِ

[٢٤١٩-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ عَلِيِّ بنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُعْرَضُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلاثَ عَرَضَاتٍ، فَأَمَّا عَرْضَتَانِ فَجِدَالٌ وَمَعَاذِيْرُ، وَأَمَّا الْعَرْضَةُ الثَّالِثَةُ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ تَطِيْرُ الصُّحُفُ فِيْ الْأَيْدِىْ، فَآخِذٌ بِيَمِيْنِهِ، وَآخِذٌ بِشِمَالِهِ"

وَلايَصِحُّ هٰذَا الحديثُ مِنْ قِبَلِ أَنَّ الْحَسَنَ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْ هُريرةَ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَلِيِّ بنِ عَلِيٍّ، وَهُوَ الرِّفَاعِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

لغت: مَعَاذِیْر: مَعْذِرَۃ کی جمع ہے: حیلے بہانے، یہ لفظ سورۃ القیامہ میں آیا ہے۔

بابٌ مِنْهُ

اللہ تعالیٰ کے سامنے پیشی کا بیان (دوسرا باب)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ: جس سے حساب لینے میں مناقشہ کیا گیا وہ تباہ ہوا، نُوْقِشَ: نَاقَشَهُ مُنَاقَشَةً کا مجہول ہے، جس کے معنی ہیں: کسی کے ساتھ حساب وکتاب میں بحث کرنا، مکمل اور تفصیلی حساب لینا اور ردوکد کرنا...... حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! سورۃ الانشقاق (آیت ۷و۸) میں ہے: ''جس کو نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا: اس سے آسان حساب لیا جائے گا'' اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر وہ شخص جس سے حساب لیا جائے گا: تباہ نہیں ہوگا۔ بعض سے آسان حساب لیا جائے گا۔ نبی ﷺ نے جواب دیا: ذَاكَ الْعَرْضُ: وہ آسان حساب لینا صرف پیش کرنا ہوگا یعنی اس حساب میں مناقشہ نہیں ہوگا، اللہ بندے کو بلا کر اس کے سامنے اس کے سب اعمال رکھ دیں گے، پھر اس کی مغفرت فرمادیں گے، حساب میں جس سے مناقشہ ہوگا اس کی لٹیا ڈوبے گی! اللّٰهم احْفَظْنَا منه!

[٦-] بابٌ مِنْهُ

[٢٤٢٠-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ الْأَسْوَدِ، عَنِ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ

عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أُوْتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ، فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا﴾ قَالَ: "ذَاكَ الْعَرْضُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ أَيُّوْبُ أَيْضًا عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ.

بابٌ مِنْهُ

اللہ تعالیٰ کے سامنے پیشی کا بیان (تیسرا باب)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن انسان لایا جائے گا گویا وہ بکری کا بچہ ہے یعنی ذلیل و بے حیثیت ہوگا، البَذَ جُ: بکری کا بچہ، پس وہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑا کیا جائے گا، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں نے تجھے (مال) دیا تھا، اور میں نے تجھے ازراہ کرم دیا تھا، اور میں نے تجھ پر انعام کیا تھا (تینوں کا مطلب ایک ہے) پس تو نے کیا کیا؟ یعنی میرا دیا ہوا مال کس کام میں خرچ کیا؟ (خَوَّلَهُ الشيئَ: کسی کو ازراہ کرم کوئی چیز دینا) پس بندہ کہے گا: میں نے اس کو جمع رکھا، اور میں نے اس کو بڑھایا، اور میں نے اس کو چھوڑا اس سے زیادہ جتنا تھا وہ، یعنی میں موت پر اس مال کو دنیا میں چھوڑ کر آیا ہوں، پس آپ مجھے لوٹائیں، میں وہ سارا مال آپ کے پاس لے کر آتا ہوں، پس اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: مجھے وہ کام دکھلا جو تو نے آگے بھیجا ہے، یعنی جو مال دنیا میں پیچھے چھوڑ کر آیا ہے وہ مجھے نہیں دیکھنا، مجھے وہ نیک اعمال دکھلا جو تو نے اس مال میں کئے ہیں، بندہ پھر وہی بات عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار! میں نے اس مال کو رکھا، اور اس کو بڑھایا، پس اس کو چھوڑا اس سے زیادہ جتنا تھا، پس مجھے لوٹائیں میں آپ کے پاس وہ سارا مال لے کر آتا ہوں، پس اچانک بندے نے اپنے آگے کوئی نیک کام نہیں بھیجا ہوگا، چنانچہ اس کو دوزخ میں لے جایا جائے گا۔

تشریح: یہ حدیث متعدد روات: حضرت حسن بصریؒ سے ان کا قول روایت کرتے ہیں وہ اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، اسماعیل ہی اس کو مرفوع کرتا ہے جو ضعیف ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: بندے کو قیامت کے دن (اللہ کے سامنے) لایا جائے گا، پس اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: کیا میں نے تجھے سننے دیکھنے کی طاقت، اور مال اولاد نہیں دی تھی؟ اور تیرے لئے چوپایوں اور کھیتی کو مسخر نہیں کیا تھا؟ اور کیا میں نے تجھے اس شان کا نہیں بنایا تھا کہ تو سرداری کرے، اور مال غنیمت کا چوتھائی وصول کرے؟ پس کیا تیرا گمان تھا کہ تو اپنے اس دن سے ملنے والا ہے؟ بندہ کہے گا: نہیں (میں قیامت کا یقین نہیں رکھتا تھا) پس اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے:

آج میں تجھے بھلا دوں گا، یعنی تیری مغفرت نہیں کروں گا، جس طرح تو نے مجھے بھلا دیا تھا۔

تشریح: سورۃ الاعراف (آیت ۵۱) میں بھی یہ مضمون آیا ہے کہ جن لوگوں نے دنیا میں اپنے دین کولہو ولعب بنا رکھا تھا اور جن کو دنیوی زندگانی نے دھوکے میں ڈالے رکھا تھا: آج ہم ان کو بھول جائیں گے جس طرح انھوں نے اپنے اس دن کو بھلا دیا تھا، یعنی اللہ تعالیٰ ان کو عذاب میں چھوڑ دیں گے، ان کی مغفرت نہیں فرمائیں گے، اور ایسا معاملہ کفار ہی کے ساتھ ہوگا، مؤمنین کا حال اس سے مختلف ہوگا، ان سے آسان حساب لیا جائے گا، اور آسان حساب کی مختلف صورتیں ہونگی: ایک یہ کہ وہ بے حساب بخش دیئے جائیں گے۔ دوم: یہ کہ حساب میں مناقشہ نہیں ہوگا، صرف پیشی ہوگی، ان کے سامنے ان کے اعمال رکھ دیئے جائیں، پھر بخشش کردی جائے گی، سوم: یہ کہ دائمی عذاب نہیں ہوگا، یہ بھی آسان حساب کی ایک صورت ہے۔

[۷-] بابٌ مِنْهُ

[۲۴۲۱-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يُجَاءُ بِابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، كَأَنَّهُ بَذَجٌ، فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ تَعَالٰى، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: أَعْطَيْتُكَ، وَخَوَّلْتُكَ، وَأَنْعَمْتُ عَلَيْكَ، فَمَاذَا صَنَعْتَ؟ فَيَقُوْلُ: جَمَعْتُهُ، وَثَمَّرْتُهُ، وَتَرَكْتُهُ أَكْثَرَ مَاكَانَ، فَارْجِعْنِيْ آتِكَ بِهِ كُلِّهِ، فَيَقُوْلُ لَهُ: أَرِنِيْ مَا قَدَّمْتَ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! جَمَعْتُهُ، وَثَمَّرْتُهُ، فَتَرَكْتُهُ أَكْثَرَ مَاكَانَ، فَارْجِعْنِيْ آتِكَ بِهِ كُلِّهِ، فَإِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا، فَيُمْضَى بِهِ إِلَى النَّارِ"

قَالَ أَبُوْ عِيسىٰ: وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَوْلَهُ، وَلَمْ يُسْنِدُوْهُ، وَإِسْمَاعِيْلُ بنُ مُسْلِمٍ يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، وَفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ.

[۲۴۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُحمدٍ الزُّهْرِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا مَالِكُ بنُ سُعَيْرٍ، أَبُوْ مُحمدٍ الْكُوْفِيُّ التَّمِيْمِيُّ، نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَعَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالاَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يُؤْتَى بِالْعَبْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ لَهُ: أَلَمْ أَجْعَلْ لَكَ سَمْعًا، وَبَصَرًا، وَمَالاً، وَوَلَداً، وَسَخَّرْتُ لَكَ الْأَنْعَامَ وَالْحَرْثَ، وَتَرَكْتُكَ تَرْأَسُ وَتَرْبَعُ، فَكُنْتَ تَظُنَّ أَنَّكَ مُلاَقِي يَوْمَكَ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُ: لاَ. فَيَقُوْلُ لَهُ: اَلْيَوْمَ أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِيْ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: اَلْيَوْمَ أَنْسَاكَ كَمَا نَسِيْتَنِي: اَلْيَوْمَ أَتْرُكُكَ فِي الْعَذَابِ، وَكَذَا فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿فَالْيَوْمَ نَنْسَاهُمْ﴾ قَالُوْا: مَعْنَاهُ: اَلْيَوْمَ نَتْرُكُهُمْ فِي الْعَذَابِ.

بابٌ مِنْهُ

اللہ تعالیٰ کے سامنے پیشی کا بیان (چوتھا باب)

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے سورۃ الزلزال کی آیت ۴ تلاوت فرمائی جس میں ہے کہ قیامت کے دن زمین اپنی سب باتیں بیان کردے گی، یہ آیت تلاوت فرما کر نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: جانتے ہو زمین کی باتیں کیا ہونگی؟ صحابہ نے جواب دیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: زمین کی باتیں یہ ہیں کہ وہ ہر بندے اور بندی کے خلاف ان باتوں کی گواہی دے گی جو اس نے زمین کی پیٹھ پر کئے ہیں، زمین کہے گی: تو نے فلاں فلاں دن میری پیٹھ پر یہ یہ کام کئے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: اس کا اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا ہے، چنانچہ اللہ کے حکم کے مطابق زمین ساری باتیں اگل دے گی، کورٹ میں جب مقدمہ چلتا ہے تو دستاویزات کی ضرورت ہوتی ہے، زمین کی یہ گواہی اسی قبیل سے ہوگی۔

[٨-] بابٌ مِنْهُ

[٢٤٢٣-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَاسَعِيْدُ بنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، نَا يَحْيَى بنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمُقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:﴿ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا﴾ قَالَ:" أَتَدْرُوْنَ مَا أَخْبَارُهَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ:" فَإِنَّ أَخْبَارَهَا: أَنْ تَشْهَدَ عَلَى كُلِّ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلَى ظَهْرِهَا، أَنْ تَقُوْلَ: عَمِلَ كَذَا وَكَذَا فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا" قَالَ: "بِهٰذَا أَمَرَهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ مَاجَاءَ فِي الصُّوْرِ

صور اسرافیلؑ کا بیان

الصور: نرسنگا (بڑا سینگ) بگل (BUGLE) قرآن کریم میں دس جگہ صور کا تذکرہ آیا ہے۔

حدیث (۱): ایک بدو نے نبی ﷺ سے اس کی حقیقت پوچھی۔ آپؐ نے فرمایا: قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ: وہ ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا۔

تشریح: سینگ: نوک کی طرف سے باریک ہوتا ہے اور دوسری طرف سے کشادہ ہوتا ہے، اور حضرت اسرافیل علیہ السلام جس صور میں پھونکیں گے، اس کی پوری حقیقت ابھی کوئی نہیں جانتا، نبی ﷺ نے اس کو سینگ سے

تشبیہ دی ہے، اور سینگ کی طرح کے باجے آج بھی بنتے ہیں، اس کا پتلا حصہ منہ میں لے کر پھونکا جائے تو بہت بلند آواز پیدا ہوتی ہے۔ اور صور کی یہ حدیث طویل ہے، جس کو ابویعلی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے اور علامہ ابن کثیر نے اس کو نہایۃ البدایہ (۱:۲۴۵) میں نقل کیا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مجھے کیسے چین آئے، اور سینگ والے نے سینگ اپنے منہ میں لے رکھا ہے، اور کان لگا کر اجازت کا منتظر ہے کہ کب پھونکنے کا حکم ملے تو وہ پھونکے۔ نبی ﷺ کا یہ ارشاد گویا صحابہ پر بھاری ہوا، یعنی صحابہ خوف زدہ ہوگئے کہ جب صور پھونکا جائے گا تو ہمارا کیا حال ہوگا؟ پس آپؐ نے فرمایا: کہو: حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا: اللہ ہمارے لئے کافی ہیں، اور وہ بہترین کارساز ہیں، ہم اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی خالد بن طُہمان ابوالعلاء کوفی معمولی راوی ہے، اس پر شیعہ ہونے کا الزام تھا اور آخر عمر میں اس کا حافظہ بھی بگڑ گیا تھا، اس لئے حدیث صرف حسن ہے...... أَنْعَمُ: فعل مضارع واحد متکلم: میں کیسے خوش ہوؤں، مجھے کیسے چین آئے، نَعِمَ عِيْشُهُ (س) خوش ہونا...... التقَمَ: منہ میں لیا...... حسبنا الله: مبتدا خبر ہیں ...... نعم الوکیل کے بعد ھو مخصوص بالمدح محذوف ہے۔

فائدہ: جب بھی کوئی پریشانی پیش آئے خواہ وہ دنیا کا معاملہ ہو یا آخرت کا تو حسبنا الله ونعم الوکیل، علی الله توکلنا: بار بار کہنا چاہئے، یہ بہت قیمتی ذکر ہے، اس سے بڑی سے بڑی گھبراہٹ دور ہو جاتی ہے۔ طلبہ یہ ذکر یاد کرلیں، اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔

[۹-] بابُ مَاجَاءَ فِي الصُّوْرِ

[۲٤۲٤-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَسْلَمَ العِجْلِيِّ، عَنْ بِشْرِ بنِ شَغَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ الْعَاصِ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: مَا الصُّوْرُ؟ قَالَ: "قَرْنٌ، يُنْفَخُ فِيْهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِهِ.

[۲٤۲٥-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا خَالِدٌ أَبُوْ الْعَلاَءِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَكَيْفَ أَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَاسْتَمَعَ الإِذْنَ، مَتَى يُؤْمَرُ بِالنَّفْخِ، فَيَنْفُخَ" فَكَأَنَّ ذٰلِكَ ثَقُلَ عَلَى أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُمْ: "قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فِي شَأْنِ الصِّرَاطِ

پلِ صراط کا بیان

پل: صراط کا ترجمہ ہے: اصل اور ترجمہ کو ملا کر ایک لفظ بنایا ہے، اردو میں ایسا بہت ہوتا ہے، جیسے آبِ زمزم، پیش امام وغیرہ...... قیامت کا دن اس دنیا کا آخری دن ہے، اور جنت وجہنم دوسری دنیا میں ہیں، قیامت کے دن جب جنت وجہنم کے فیصلے ہوجائیں گے تو لوگ اس دنیا سے دوسری دنیا میں منتقل کئے جائیں گے، وہ ایک پُل (Bridge) کے ذریعہ منتقل کئے جائیں گے، جنتی اس سے پار ہوجائیں گے اور جہنمیوں کو آنکڑے جہنم کی طرف کھینچ لیں گے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مؤمنین کا شعار پلِ صراط پر: اے پروردگار! بچا! بچا!! ہوگا۔

تشریح: الشِّعار: علامت، خاص نشان (Motto) نعرہ، وہ عبارت جس سے کوئی جماعت اپنا تعارف کرائے جیسے مسلمان نعرۂ تکبیر لگاتے ہیں، یہ مسلمانوں کا شعار ہے۔ الله أکبر سے پہچانے جاتے ہیں کہ وہ مسلمان ہیں۔ اسی طرح پلِ صراط پر انبیاء اور امتوں کا شعار: رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ! ہوگا، یعنی ہر ایک کی زبان پر یہی دعا ہوگی، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پلِ صراط کا معاملہ بڑا سنگین ہے، اس سے کون پار ہوتا ہے اور کسے آنکڑے کھینچ لیتے ہیں؟ اس کی کسی کو خبر نہیں، اس لئے اس موقع پر ہر شخص انتہائی درجہ گھبرائے ہوئے ہوگا، اور سلامتی کی دعا کر رہا ہوگا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جو نبی ﷺ کے خادم تھے، آپؐ سے درخواست کی کہ میرے لئے قیامت کے دن سفارش فرمائیں، آپؐ نے فرمایا: أَنَا فَاعِلٌ: میں تمہاری سفارش کروں گا۔ حضرت انسؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں آپؐ کو کہاں تلاش کروں؟ آپؐ نے فرمایا: أُطْلُبْنِیْ أَوَّلَ مَا تَطْلُبُنِیْ عَلَی الصِّرَاطِ: مجھے سب سے پہلے جب تم مجھے تلاش کرو تو پلِ صراط پر تلاش کرنا۔ حضرت انسؓ نے عرض کیا: اگر میری آپؐ سے پلِ صراط پر ملاقات نہ ہو؟ آپؐ نے فرمایا: فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْمِیْزَانِ: پس تم مجھے میزانِ عمل کے پاس تلاش کرنا۔ حضرت انسؓ نے پوچھا: اگر میزانِ عمل کے پاس (بھی) آپؐ مجھے نہ ملیں؟ آپؐ نے فرمایا: فَاطْلُبْنِیْ عِنْدَ الْحَوْضِ: پس آپ مجھے حوضِ کوثر پر تلاش کریں۔ فَإِنِّیْ لاَ أُخطِئُ هذه الثَّلاَثَ المَوَاطِنَ: پس میں ضرور ان تین جگہوں میں مل جاؤں گا (ان جگہوں کو چوکونگا نہیں!)

تشریح: قیامت کے دن ترتیب اس طرح ہوگی، سب سے پہلے میدانِ حشر میں حوضِ کوثر ہوگا، پھر میزانِ عمل، پھر پلِ صراط۔ اور اس حدیث میں اس کے برعکس ہے، پس ممکن ہے یہ ترتیب ہول وشدت یعنی معاملہ کی سنگینی کے اعتبار سے ہو، کیونکہ سب سے سنگین معاملہ پلِ صراط پر ہوگا، اس سے کم میزانِ عمل پر، اور سب سے کم حوضِ کوثر پر، حوض کوثر پر تو صرف یہ ڈر رہے گا کہ فرشتے لائن سے ہٹا نہ دیں، اور میزانِ عمل پر یہ دھڑکا لگا رہے گا کہ کونسا پلڑا جھکتا ہے؟

اور پل صراط کا معاملہ بہت ہی سخت ہے، پس ہول وشدت کے لحاظ سے پہلے پل صراط کا پھر میزانِ عمل کا، پھر حوض کوثر کا تذکرہ کیا، اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ راوی کا تصرف ہو، حرب بن میمون ابوالخطاب انصاری معمولی راوی ہے۔

یہاں دوسرا اشکال یہ ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی ایک روایت ابو داؤد (حدیث ۴۷۵۵ کتاب السنۃ باب ۲۸ فی ذکر المیزان) میں ہے، حضرت عائشہؓ نے نبی ﷺ سے پوچھا: هَلْ تَذْكُرُوْنَ أَهْلِيْكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: کیا آپ حضرات قیامت کے دن اپنے گھر والوں کو یاد کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: تین جگہوں میں کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا: (۱) میزانِ عمل کے پاس: جب تک یہ نہ جان لے کہ اس کی نیکی کا پلڑا بھاری ہوتا ہے یا ہلکا ہوتا ہے (۲) جب نامۂ اعمال دیئے جائیں گے، اور کہا جائے گا: لو پڑھو اپنا نامۂ اعمال: جب تک یہ نہ جان لے کہ اس کا نامہ اعمال کس ہاتھ میں آتا ہے: دائیں ہاتھ میں یا بائیں ہاتھ میں یا پیٹھ کے پیچھے سے دیا جاتا ہے؟ (۳) اور پل صراط پر جب وہ جہنم کی پیٹھ پر رکھ دیا جائے گا...... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ان تین جگہوں میں کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا، اور باب کی حدیث میں یہی تین مقامات نبی ﷺ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو بتائے ہیں کہ تم مجھے ان مقامات میں تلاش کرنا، پھر آپؐ ان کے لئے سفارش کریں گے، یہ تعارض ہے کیونکہ یہ یاد کرنا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ ان تین جگہوں میں ازخود کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا، ہر ایک کو اپنی فکر لاحق ہوگی، مگر کوئی ڈھونڈھ نکالے اور پیچھے پڑ جائے تو آپؐ ان مقامات میں بھی اس کے لئے سفارش کریں گے، کیونکہ آپ ﷺ کا قیام ان مقامات میں امت کی بہبودی کے لئے ہوگا۔

[۱۰-] بابُ ماجاءَ فِي شَأْنِ الصِّرَاطِ

[۲۴۲۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ سَعْدٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " شِعَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الصِّرَاطِ: رَبِّ سَلِّمْ سَلِّمْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ إِسْحَاقَ.

[۲۴۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنِ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِيُّ، نا بَدَلُ بنُ الْمُحَبَّرِ، نَا حَرْبُ بنُ مَيْمُوْنَ الْأَنْصَارِيُّ أَبُوْ الْخَطَّابِ، نَا النَّضْرُ بنُ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَشْفَعَ لِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَقَالَ: " أَنَا فَاعِلٌ" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! فَأَيْنَ أَطْلُبُكَ؟ قَالَ: "اطْلُبْنِيْ أَوَّلَ مَا تَطْلُبُنِيْ، عَلَى الصِّرَاطِ" قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَلْقَكَ عَلَى الصِّرَاطِ؟ قَالَ: "فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَ الْمِيْزَانِ" قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَلْقَكَ عِنْدَ الْمِيْزَانِ؟ قَالَ: " فَاطْلُبْنِيْ عِنْدَ الْحَوْضِ، فَإِنِّيْ لَا أُخْطِئُ هٰذِهِ الثَّلَاثَ الْمَوَاطِنَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فِي الشَّفَاعَةِ

شفاعتِ کبری کا بیان

شَفَعَ لفلانٍ إلى فلان: کسی سے کسی کی سفارش کرنا، اور شَفَّع (از باب تفعیل) فلاناً فی کذا: کسی معاملہ میں سفارش قبول کرنا۔ مُشَفِّع (بکسر الفاء اسم فاعل): سفارش قبول کرنے والا۔ مُشفَّع (بفتح الفاء، اسم مفعول): وہ جس کی سفارش قبول کی جائے۔ قیامت میں جو شفاعتیں ہونگی ان کے بارے میں بکثرت روایات مروی ہیں، وہ سب مل کر تواتر کی حد کو پہنچ جاتی ہیں، مگر کچھ لوگ شفاعت کا انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہیں وہ جو چاہیں کریں، کسی کو کیا اختیار ہے؟ مگر ان کا یہ خیال صحیح نہیں، شفاعت کا مقصد سفارش کرنے والوں کا اعزاز ہے۔ دنیا میں بھی جب کوئی سفارش کرتا ہے تو حاکم مجبور نہیں ہوجاتا، مگر جب حاکم سفارش قبول کرتا ہے تو سفارش کرنے والے کی عزت بڑھتی ہے، اور جس کے لئے سفارش کی ہے وہ زندگی بھر گن گاتا ہے کہ فلاں کی سفارش سے میرا کام ہوگیا، یہی حکمت اخروی شفاعتوں کی بھی ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ آخرت میں نبی ﷺ کی سفارش کئی طرح کی ہوگی، پہلی شفاعت کبری ہوگی، پھر دوسری شفاعتیں ہونگی:

۱- سب سے پہلے جب تمام اہل محشر سراسیمہ ہونگے، حساب کتاب شروع نہیں ہو رہا ہوگا، اور کسی کو لب ہلانے کی مجال نہیں ہوگی اس وقت تمام امتیں مل کر حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک سبھی انبیاء سے درخواست کریں گی کہ وہ ان کے لئے سفارش کریں کہ حساب کتاب شروع ہوجائے، اور مؤمنین کی بے چینی ختم ہو، مگر ہر ایک نفسی نفسی کے عالم میں ہوگا، کوئی شفاعت کی ہمت نہیں کرے گا، تب آخر میں تمام اہل محشر نبی ﷺ سے درخواست کریں گے، آپؐ ہمت کرکے اور اللہ کے لطف وکرم پر اعتماد کرکے آگے بڑھیں گے، اور پوری نیاز مندی اور حسن ادب کے ساتھ اہل محشر کے لئے سفارش کریں گے، جو بارگاہِ جلالت میں قبول ہوگی، پھر ملائکہ اور رب ذوالجلال زمین پر اتریں گے، اور حساب اور فیصلے شروع ہونگے، یہ شفاعت چونکہ تمام اہل محشر کے لئے ہوگی اس لئے اس کو "شفاعت کبری" کہتے ہیں۔

۲- پھر آپؐ اپنی امت کے مختلف درجات کے گنہ گاروں کے لئے سفارش کریں گے، آپؐ کی یہ شفاعت بھی قبول ہوگی اور بے شمار گناہ گار امتی جہنم سے چھٹکارا پائیں گے۔

۳- اسی طرح آپؐ اپنے بہت سے امتیوں کے حق میں ترقی درجات کی بھی استدعاء کریں گے، یہ دعا بھی قبول ہوگی اور ان جنتیوں کے درجات دوبالا ہوجائیں گے۔

۴- اسی طرح کچھ نیک امتیوں کے لئے آپؐ سفارش کریں گے اور ان کو بے حساب جنت میں داخلہ مل جائے گا۔

۵- پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ شفاعت کا دروازہ کھل جائے گا تو امت کے صالحین بھی اپنے متعلقین کے لئے سفارش کریں گے، یہاں تک کہ وہ معصوم بچے جو کم عمری میں فوت ہوئے ہیں: وہ بھی اپنے ماں باپ کے لئے سفارش کریں گے۔

۶- اسی طرح بعض اعمال صالحہ بھی اپنے عاملوں کے لئے سفارش کریں گے، جیسے سورۂ بقرہ اور آل عمران اپنے پڑھنے والوں کے لئے سفارش کریں گی، اور یہ سفارشیں بھی قبول ہوگی۔

۷- اسی طرح انبیائے کرام علیہم السلام بھی اپنی امتوں کے لئے مختلف سفارشیں کریں گے۔

۸- نیز معزز فرشتے بھی بعض انسانوں کے لئے سفارش کریں گے اور یہ سفارشیں بھی قبول کی جائیں گی۔

۹- اور آخر میں رب ذوالجلال اپنی مہربانی سے باقی ماندہ مؤمنین کو جہنم سے نکالیں گے، یہ بھی ایک طرح کی سفارش ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے کی اور اللہ تعالیٰ ہی نے قبول فرمائی۔

مگر یہ بات قطعی ہے کہ اللہ کی مرضی کے بغیر کوئی کسی کو دوزخ سے نہیں نکال سکے گا، نہ سفارش کے لئے زبان کھول سکے گا، آیت الکرسی میں ہے: ﴿مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ﴾ کون ہے وہ جو اس بارگاہ میں ان کی اجازت کے بغیر کسی کے لئے کوئی سفارش کرے؟ اور سورۃ الانبیاء میں ہے: ﴿وَلَا یَشْفَعُوْنَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَی﴾ اور فرشتے سفارش نہیں کریں گے مگر اس کے لئے جس کے لئے اللہ کی مرضی ہوگی۔

غرض شفاعت دراصل سفارش کرنے والوں کی عظمت ومقبولیت کے اظہار کے لئے، اور ان کے اکرام واعزاز کے لئے ہوگی، ورنہ حق تعالیٰ کے کاموں میں اور ان کے فیصلوں میں دخل دینے کی کسی میں مجال نہیں (ماخوذ از معارف الحدیث ۱:۲۴۲ مع اضافہ)

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گوشت لایا گیا، اور آپؐ کے سامنے دست پیش کیا گیا، آپؐ نے اس کو نوش فرمایا، اور آپ کو دست کا گوشت پسند تھا، چنانچہ آپؐ نے گوشت دانتوں سے نوچ نوچ کر کھانا شروع کیا، پھر (کھانے سے فارغ ہوکر) فرمایا:

میں قیامت کے دن تمام لوگوں کا سردار ہونگا: کیا جانتے ہو یہ بات کیوں ہوگی؟ اللہ تعالیٰ تمام اگلوں پچھلوں کو ایک زمین میں اکٹھا کریں گے، پس سب لوگوں کو پکارنے والا سنائے گا، اور سب لوگوں کو نگاہ چیرے گی، اور سورج لوگوں سے قریب ہوجائے گا، پس لوگ غم اور بے چینی کی اس حالت کو پہنچیں گے جس کی وہ طاقت نہیں رکھیں گے، اور اس کو وہ برداشت نہیں کرسکیں گے۔

تشریح: یُسْمِعُهُمُ الدَّاعِي: سب لوگوں کو پکارنے والا سنائے گا یعنی سارے لوگ ایک جگہ اس طرح اکٹھا ہونگے کہ اگر کوئی پکارنے والا پکارے تو سب اس کی آواز سن لیں ...... یَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ: ان کو نظر چیرے گی، یعنی

دیکھنے والا آخر تک ان کو دیکھ سکے گا......اور سورج ایک میل کے فاصلہ پر آجائے گا، جیسا کہ ابھی گذرا۔

ترجمہ: پس لوگ (مؤمنین) ایک دوسرے سے کہیں گے: کیا تم دیکھتے نہیں وہ پریشانی جو تمہیں پہنچ رہی ہے؟ کیا تم دیکھتے نہیں یعنی تلاش کرتے نہیں اس کو جو تمہارے لئے تمہارے پروردگار سے سفارش کرے؟ پس لوگ ایک دوسرے سے کہیں گے: حضرت آدم علیہ السلام کے پاس چلو، پس لوگ حضرت آدمؑ کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: آپ تمام انسانوں کے باپ ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے دستِ مبارک سے پیدا کیا ہے (اضافت تشریف کے لئے ہے) اور آپ میں اپنی روح پھونکی ہے (یہ اضافت بھی تشریف کے لئے ہے) اور فرشتوں کو حکم دیا تھا، پس انھوں نے آپ کو سجدہ کیا تھا (جس سے اللہ کے نزدیک آپ کا مقام ومرتبہ واضح ہوتا ہے) پس آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ وہ حالات جس میں ہم ہیں؟ کیا نہیں دیکھتے آپ اس پریشانی کو جس تک ہم پہنچے ہوئے ہیں؟ پس ان سے آدم علیہ السلام کہیں گے: بیشک میرے پروردگار آج ناراض ہیں، ایسے ناراض کہ اس سے پہلے کبھی ایسے ناراض نہیں ہوئے، اور نہ آج کے بعد کبھی ایسے ناراض ہونگے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے درخت کھانے سے منع کیا تھا، پس میں نے ان کی نافرمانی کی تھی، اس لئے مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے۔ آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، نوح علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے: اے نوح! آپ زمین والوں کی طرف سب سے پہلے رسول ہیں، اللہ نے آپ کا نام عبدِ شکور رکھا ہے، یعنی نوح علیہ السلام بڑے شکر گذار بندے تھے (سورۂ بنی اسرائیل آیت ۳) پس ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا نہیں دیکھتے آپ اس حالت کو جس میں ہم ہیں؟ کیا نہیں دیکھتے آپ اس پریشانی کو جس تک ہم پہنچے ہوئے ہیں؟ پس ان سے نوحؑ کہیں گے: بیشک میرے پروردگار! آج ایسے غضبناک ہیں کہ اس سے پہلے ایسے غضبناک کبھی نہیں ہوئے، اور نہ آئندہ ایسے غضبناک ہونگے، اور میرے لئے ایک مقبول دعا تھی جو میں نے اپنی قوم کی ہلاکت کے لئے کرلی (ہر نبی کے لئے ایک مقبول دعا ہوتی ہے جو لامحالہ قبول کی جاتی ہے، انبیاء نے عام طور پر یہ دعا اپنی امت کے لئے مخصوص رکھی ہے، مگر حضرت نوح علیہ السلام نے یہ دعا اپنی قوم کی ہلاکت کے لئے کرڈالی جو قبول ہوگئی اور قوم غرقاب ہوگئی، پس آپ کے لئے مقبول دعا باقی نہیں رہی، پھر آپ سفارش کس امید پر کریں؟) میں تو اپنے ہی معاملہ میں پریشان ہوں، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ ابراہیم علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور کہیں گے: اے ابراہیم! آپ اللہ کے نبی ہیں، اور تمام اہل زمین میں سے آپ ہی اللہ کے خاص دوست ہیں، پس آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا آپ نہیں دیکھتے وہ حال جس میں ہم ہیں؟ پس ابراہیمؑ جواب دیں گے: بیشک میرے پروردگار آج سخت

غضبناک ہیں، ایسے قبل ازیں کبھی غضبناک نہیں ہوئے، اور بعد ازیں کبھی ایسے غضبناک نہیں ہونگے، اور میں نے تین خلاف واقعہ باتیں کہی ہیں ــــ حدیث کے راوی ابو حیان تیمی نے اُن تینوں خلاف واقعہ باتوں کا اس حدیث میں تذکرہ کیا ہے، مگر امام ترمذیؒ نے ان کو حذف کر دیا ہے ــــ اس لئے مجھے تو اپنی ہی فکر لاحق ہے، میں اپنے ہی معاملہ میں پریشان ہوں، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، پس عرض کریں گے: اے موسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں، اللہ نے آپ کو تمام لوگوں پر اپنی پیغامبری اور اپنی ہم کلامی کے ذریعہ برتری بخشی ہے، آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار سے سفارش کریں، کیا آپ نہیں دیکھتے اس حال کو جس میں ہم ہیں؟ پس موسیٰ جواب دیں گے: بیشک میرے رب آج ایسے سخت غضبناک ہیں کہ اس سے پہلے ایسے غضبناک نہیں ہوئے، اور نہ اس کے بعد ایسے غضبناک ہونگے، اور میں نے ایک ایسے شخص کو مار ڈالا تھا جس کے مارنے کا میں حکم نہیں دیا گیا تھا، اس لئے مجھ پر تو اپنی ہی فکر سوار ہے، آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں۔ آپ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں۔

پس لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے، اور عرض کریں گے: اے عیسیٰ! آپ اللہ کے رسول ہیں، اور آپ اللہ کا کلمہ (بول) ہیں جس کو اللہ نے مریم کی طرف ڈالا، اور آپ اللہ کی روح ہیں (اضافت تشریف کے لئے ہے) اور آپ نے لوگوں سے پالنے میں بات کی ہے، پس آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار کے سامنے سفارش کریں، کیا آپ نہیں دیکھتے وہ حال جس میں ہم ہیں؟ پس عیسیٰ علیہ السلام جواب دیں گے: بیشک میرے پروردگار آج ایسے سخت غضبناک ہیں کہ قبل ازیں ایسے غضبناک نہیں ہوئے، اور بعد ازیں بھی ایسے غضبناک نہیں ہونگے ــــ اور عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی کسی کوتاہی کا تذکرہ نہیں کیا ــــ پس مجھ پر تو اپنی ہی فکر سوار ہے آپ لوگ کسی اور کے پاس جائیں، آپ لوگ محمد ﷺ کے پاس جائیں۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پس لوگ محمد (ﷺ) کے پاس آئیں گے (مسلم میں ہے: میرے پاس آئیں گے) پس وہ عرض کریں گے: اے محمد! (ﷺ) آپ اللہ کے رسول ہیں اور آخری نبی ہیں، اور آپ کے لئے بخش دی گئی ہیں وہ کوتاہیاں جو (صلح حدیبیہ) سے پہلے ہو چکی تھیں اور وہ کوتاہیاں جو بعد میں ہونگی، آپ ہمارے لئے اپنے پروردگار کے پاس سفارش کریں، کیا آپؐ نہیں دیکھتے وہ پریشانی جس میں ہم ہیں؟

پس میں چلوں گا اور عرش کے نیچے پہنچوں گا[1] پس میں اپنے پروردگار کے سامنے سجدہ میں گر پڑوں گا، پھر اللہ

---

(۱) اور ابو یعلی کی روایت میں ہے: فأنطلق حتى آتِي الْفَحْصَ، فأخر ساجداً پس میں چلونگا یہاں تک کہ فحص (گھر) میں پہنچوں گا، پس سجدہ میں گر جاؤنگا، حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا: یا رسول اللہ! فحص کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا موضِعٌ قُدَّامَ العرش: عرش کے سامنے ایک جگہ ہے (نہایہ ۱: ۲۴۸)

تعالیٰ مجھ پر اپنی تعریفوں میں سے اور اپنی بہترین مدح میں سے اس چیز کو کھولیں گے جس کو اللہ نے مجھ سے پہلے کسی پر نہیں کھولا، پھر کہا جائے گا: اے محمد! (ﷺ) اپنا سر اٹھایئے، مانگئے آپ دیئے جائیں گے۔ سفارش کیجئے آپ کی سفارش قبول کی جائے گی، پس میں اپنا سر اٹھاؤں گا۔

(اس کے بعد روایت میں اختصار ہے، بلکہ شفاعت کی سبھی حدیثوں میں شفاعت کبری کا مضمون چھوڑ دیا گیا ہے، یہ مضمون صور کی طویل حدیث میں ہے جو ابو یعلی نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے، اور علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے نہایۃ البدایہ (۱: ۲۴۸) میں اس کو نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کی سفارش قبول فرمائیں گے اور اللہ تعالیٰ بادلوں کے سائبان میں زمین پر اتریں گے، اور فرشتے بھی اتریں گے اور عرش الٰہی کو آٹھ فرشتے اٹھا کر زمین پر رکھیں گے، پھر اس کے بعد حساب کتاب شروع ہوگا، اور شفاعت کی اس حدیث میں آگے امت کے لئے سفارش کا ذکر ہے اور راویوں نے خاص طور پر اس شفاعت کا ذکر اس لئے کیا ہے کہ خوارج وغیرہ شفاعت کا انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جہنم میں جانے کے بعد کوئی نہیں نکلے گا، اس لئے ان کی تردید میں رواۃ اس حدیث میں خاص طور پر نبی ﷺ کی امت کے لئے شفاعت کا ذکر کرتے ہیں)

ترجمہ: پس میں کہوں گا: اے میرے پروردگار! میری امت، اے میرے پروردگار! میری امت، اے میرے پروردگار! میری امت، یعنی میری امت کی بخشش فرما، اس پر رحم فرما! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اے محمد! (ﷺ) آپ اپنی امت میں سے ان لوگوں کو جن کا کوئی حساب نہیں ہونا، جنت کے دروازوں میں سے دائیں دروازے سے داخل کریں اور وہ لوگوں کے ساتھ شریک ہونگے اس کے علاوہ دروازوں میں۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! جنت کے دروازے کے پٹوں میں سے دو پٹوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہوگا جتنا مکہ اور ہجر مقام کے درمیان ہے اور جتنا مکہ اور بُصری شہر کے درمیان ہے۔

تشریح:

۱- نبی ﷺ کو دست کا گوشت پسند تھا: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، مگر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس کی تردید کی ہے، وہ فرماتی ہیں: آپؐ کو دست کا گوشت اس لئے پسند تھا کہ آپؐ کو گوشت کبھی کبھی میسر آتا تھا، اور دست کا گوشت جلدی پک جاتا ہے۔ اس لئے آپؐ اس کو پسند فرماتے تھے، ورنہ فی نفسہ آپؐ کو یہ گوشت پسند نہیں تھا، یہ مضمون پہلے أبو اب الأطعمة (باب ۳۳ تحفہ ۵: ۱۶۹) میں گذر چکا ہے۔

۲- لوگ قیامت کے دن میدانِ حشر میں جمع کر کے چھوڑ دیئے جائیں گے، حساب کتاب کے لئے اللہ تعالیٰ زمین پر نہیں اتریں گے، جب شفاعتِ کبری ہوگی، اس کے بعد ملائکہ اور رب ذوالجلال زمین پر آئیں گے اور قیامت کے معاملات شروع ہونگے۔

۳-قوله: نفسی! أی نفسی هی التی تَسْتَحِقُّ أَن يُشْفَعَ لها: میرا نفس ہی اس کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کے لئے سفارش کی جائے، یعنی مجھے اپنی ہی فکر ہے، میں دوسروں کے لئے کیا سفارش کروں!

۴-اس حدیث میں حضرت نوح علیہ السلام نے معذرت کرتے ہوئے اپنی اس دعا کا تذکرہ کیا ہے جو آپ نے اپنی قوم کی غرقابی کے لئے کی تھی، اور معذرت کا حاصل یہ ہے کہ میں اپنی مقبول دعا استعمال کر چکا، اب شفاعت کے لئے کیا امید لے کر جاؤں! اور بعض شارحین نے اس کا مصداق آپ کی اس دعا کو قرار دیا ہے جو آپ نے اپنے غرق ہو جانے والے بیٹے کے لئے کی تھی۔

۵-اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تین خلافِ واقعہ باتوں کا تذکرہ پہلے (تحفہ ۵:۲۸۴أبو اب البر والصلة باب ۲۶ میں) آچکا ہے۔

۶-اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تذکرہ میں یہ ہے کہ آپ نے اپنی کسی کوتاہی کا ذکر نہیں کیا، مگر ترمذی (۲:۱۴۳) میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی یہ روایت آرہی ہے کہ إنّی عُبِدتُّ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ یعنی لوگوں نے میری پوجا کی اس لئے اگر اللہ نے مجھ سے پوچھ لیا کہ یہ تعلیم تم نے دی تھی؟ تو میں کیا جواب دونگا؟ اس لئے آج سفارش کرنے کی میری ہمت نہیں۔

۷-یارَبِّ أُمتی أی ارحَمْهم، واغْفِرْ لهم: ان پر مہربانی فرما اور ان کی بخشش فرما۔

۸-جنت میں دائیں جانب کا ایک دروازہ اس امت کے لئے خاص ہوگا، اور باقی دوسرے دروازوں سے بھی یہ امت جنت میں داخل ہوگی۔

۹-ہَجر: جزیرۃ العرب میں ایک بستی کا نام ہے جو بحرین کے قریب ہے، اور بُصری ملک شام میں دمشق کے قریب ہے، اور مراد طویل فاصلہ ہے، تحدید کرنا مقصود نہیں۔

۱۰-اہل محشر جو کسی شفیع کی تلاش میں نکلیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ ان کے دل میں یہی بات ڈالیں گے کہ وہ پہلے آدم علیہ السلام کی خدمت میں جائیں، پھر ان کی راہ نمائی اور مشورہ سے نوح علیہ السلام کی خدمت میں جائیں، پھر اسی طرح ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کی خدمت میں پہنچیں اور آخر میں آپ ﷺ کی خدمت میں آئیں۔ یہ سب منجانب اللہ ہوگا، اور ایسا اس لئے ہوگا کہ عملی طور پر سب کو معلوم ہو جائے کہ اس شفاعت کا منصب اور مقام اللہ کے آخری نبی کے لئے مخصوص ہے، اور یہ سب کچھ اللہ کی طرف سے رسول اللہ ﷺ کی عظمت اور رفعت مقام کے اظہار کے لئے ہوگا۔

۱۱-اور یہ روایت متفق علیہ ہے، مسلم شریف کتاب الایمان (باب ۸۴ حدیث ۱۹۴) بخاری شریف (حدیث ۴۷۱۲) (تفسیر سورۂ بنی اسرائیل)

[١١-] بابُ ماجاء فِي الشَّفَاعَةِ

[٢٤٢٨-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبارَكِ، نَا أَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِلَحْمٍ، فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ، فَأَكَلَهُ، وَكَانَ يُعْجِبُهُ، فَنَهَسَ مِنْهُ نَهْسَةً.

ثُمَّ قَالَ: أَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، هَلْ تَدْرُوْنَ لِمَ ذَاكَ؟ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، فَيُسْمِعُهُمُ الدَّاعِيْ، وَيَنْفُذُهُمُ الْبَصَرُ، وَتَدْنُو الشَّمْسُ مِنْهُمْ، فَيَبْلُغُ النَّاسَ مِنَ الْغَمِّ وَالْكَرْبِ مَالاَ يُطِيْقُوْنَ، وَلاَيَتَحَمَّلُوْنَ.

فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: أَلاَ تَرَوْنَ مَا قَدْ بَلَغَكُمْ؟ أَلاَ تَنْظُرُوْنَ مَنْ يَشْفَعُ لَكُمْ إِلٰى رَبِّكُمْ؟ فَيَقُوْلُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: عَلَيْكُمْ بِآدَمَ، فَيَأْتُوْنَ آدَمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ أَبُوْ الْبَشَرِ، خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيْكَ مِنْ رُوْحِهِ، وَأَمَرَ الْمَلاَئِكَةَ فَسَجَدُوْا لَكَ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلاَ تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ أَلاَ تَرَى مَا قَدْ بَلَغَنا؟ فَيَقُوْلُ لَهُمْ آدَمُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ نَهَانِيْ عَنِ الشَّجَرَةِ فَعَصَيْتُهُ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلٰى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلٰى نُوْحٍ.

فَيَأْتُوْنَ نُوْحًا، فَيَقُوْلُوْنَ: يَانُوْحُ! أَنْتَ أَوَّلُ الرُّسُلِ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ، وَقَدْ سَمَّاكَ اللّٰهُ عَبْدًا شَكُوْرًا، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلاَ تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ أَلاَ تَرَى مَا قَدْ بَلَغَنا؟ فَيَقُوْلُ لَهُمْ نُوْحٌ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنَّهُ قَدْ كَانَتْ لِيْ دَعْوَةٌ، دَعَوْتُهَا عَلَى قَوْمِيْ، نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلَى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلَى إِبْرَاهِيْمَ.

فَيَأْتُوْنَ إِبْرَاهِيْمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا إِبْرَاهِيْمُ! أَنْتَ نَبِيُّ اللّٰهِ وَخَلِيْلُهُ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلاَ تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ، فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبْ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّيْ قَدْ كَذَبْتُ ثَلاَثَ كَذِبَاتٍ - فَذَكَرَهُنَّ أَبُوْ حَيَّانَ فِي الْحَدِيْثِ - نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلَى غَيْرِيْ اذْهَبُوْا إِلٰى مُوْسَى.

فَيَأْتُوْنَ مُوْسَى فَيَقُوْلُوْنَ: يَا مُوْسَى! أَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَضَّلَكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهِ وَكَلاَمِهِ عَلَى النَّاسِ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلاَ تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، وَإِنِّيْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا لَمْ أُوْمَرْ بِقَتْلِهَا،نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلَى غَيْرِيْ، اذْهَبُوْا إِلَى عِيْسٰى.

فَيَأْتُوْنَ عِيْسٰى، فَيَقُوْلُوْنَ: يَا عيسىٰ! أَنْتَ رسولُ اللّٰهِ، وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ، وَرُوْحٌ مِنْهُ، وَكَلَّمْتَ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ، اشْفَعْ لَنَا إِلٰى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ عِيسىٰ: إِنَّ رَبِّيْ قَدْ غَضِبَ الْيَوْمَ غَضَبًا لَمْ يَغْضَبْ قَبْلَهُ مِثْلَهُ، وَلَنْ يَغْضَبَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ – وَلَمْ يَذْكُرْ ذَنْبًا – نَفْسِيْ نَفْسِيْ نَفْسِيْ! اذْهَبُوْا إِلَى غَيْرِىْ اذْهَبُوْا إِلَى مُحمدٍ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ: فَيَأْتُوْنَ مُحمدًا صلى الله عليه وسلم فَيَقُوْلُوْنَ: يَا مُحمدُ! أَنْتَ رسولُ اللّٰهِ، وَخَاتِمُ الْأَنْبِيَاءِ، وَغُفِرَ لَكَ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ، أَلَا تَرَى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟

فَأَنْطَلِقُ، فَآتِى تَحْتَ الْعَرْشِ، فَأَخِرُّ سَاجِدًا لِرَبِّيْ، ثُمَّ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيَّ مِنْ مَحَامِدِهِ وَحُسْنِ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلَى أَحَدٍ قَبْلِيْ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا مُحمدُ! ارْفَعْ رَأْسَكَ، سَلْ تُعْطَهُ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِيْ.

فَأَقُوْلُ: يَارَبِّ! أُمَّتِيْ، يَارَبِّ! أُمَّتِيْ، يَارَبِّ أُمَّتِيْ، فَيَقُوْلُ: يَا مُحمدُ أَدْخِلْ مِنْ أُمَّتِكَ مَنْ لَاحِسَابَ عَلَيْهِ مِنَ الْبَابِ الْأَيْمَنِ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَهُمْ شُرَكَاءُ النَّاسِ فِيْمَا سِوَى ذٰلِكَ مِنَ الْأَبْوَابِ.

ثُمَّ قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! إِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيْعِ الْجَنَّةِ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَهَجَرَ، وَكَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَبُصْرَى"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَأَنَسٍ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

شفاعتِ صغریٰ کا بیان

گذشتہ باب کے شروع میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ شفاعتِ کبریٰ کے علاوہ نبی ﷺ اپنی امت کے لئے اور بھی مختلف سفارشیں کریں گے، جن کا بیان اس باب میں ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں سات حدیثیں لکھی ہیں جن میں مختلف شفاعتوں کا ذکر ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: شفاعتي لأهل الكبائر من أُمَّتِيْ: میری سفارش میری امت کے ان لوگوں کے لئے ہوگی جو کبیرہ گناہوں کے مرتکب ہوئے ہونگے (یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے اور یہی حدیث آگے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے)

حدیث (۲): جعفر صادق اپنے والد محمد باقر رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں (آپ علی زین العابدینؒ کے صاحبزادے ہیں) وہ حضرت جابرؓ سے مذکورہ حدیث روایت کرتے ہیں اور اس کے آخر میں ہے: محمد باقر کہتے ہیں:

مجھ سے حضرت جابرؓ نے فرمایا: اے محمد! جو شخص کبیرہ گناہ کرنے والوں میں سے نہیں ہے اس کے لئے شفاعت کی کیا ضرورت ہے؟ یعنی شفاعت کے محتاج تو گنہ گار بندے ہیں۔

تشریح: صغیرہ گناہ تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مٹا دیں گے، بلکہ بعض بندوں کو ان کے بدل نیکیاں عنایت فرمائیں گے، اور یہ بات سورۃ النجم (آیت ۳۲) میں ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمْ﴾ ترجمہ: نیک کام کرنے والے جن کو ان کی نیکیوں کا آخرت میں بہترین بدلہ دیا جائے گا: وہ لوگ ہیں جو کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں، مگر ہلکے ہلکے گناہ مستثنیٰ ہیں، یعنی ہلکے گناہ اگر کبھی ہو جائیں تو اس سے اس نکوکاری میں جس کا یہاں ذکر ہے: خلل نہیں پڑتا۔ مگر اس استثناء کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ صغائر کی اجازت ہے۔

اور جو لوگ کبیرہ گناہوں کے مرتکب ہوئے ہیں وہ پہلے جہنم میں بھیجے جائیں گے، پھر ان کی رستگاری کے لئے سفارش کی ضرورت ہوگی، جو نبی ﷺ کریں گے، اور ان کو جہنم سے چھٹکارا دلائیں گے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے قول کا یہی مطلب ہے کہ صغائر والے تو جہنم میں نہیں جائیں گے، پس ان کو سفارش کی حاجت نہیں ہوگی، شفاعت کی ضرورت اہل کبائر کو ہوگی، اور یہ خاص شفاعت کا بیان ہے، کیونکہ جو شفاعت ترقی درجات کے لئے ہوگی وہ تو متقیوں کے لئے ہوگی۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پروردگار نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ وہ میری امت میں سے ایسے ستر ہزار لوگوں کو جنت میں داخل کریں گے جن کا نہ کوئی حساب ہوگا اور نہ ان کو عذاب ہوگا (پھر) ہر ایک ہزار کے ساتھ ستر ہزار اور ہونگے (پس کل چار ارب نوے کروڑ ہوئے) اور میرے پروردگار کے لپوں میں سے تین لپوں کا (بھی) میرے رب نے مجھ سے وعدہ کیا ہے (اور یہ تعداد مذکورہ تعداد کے علاوہ ہوگی، لپ یعنی مٹھی بھر، اور اللہ کی لپ میں کتنی تعداد آئے گی اس کا کوئی اندازہ نہیں کرسکتا)

تشریح: یہ حدیث شفاعت صغریٰ کے باب میں اس لئے لائی گئی ہے کہ اللہ پاک کا نبی ﷺ سے یہ وعدہ کہ وہ ایک بڑی تعداد کو بے حساب اور بے عذاب جنت میں داخل کریں گے، یہ وعدہ آپ ﷺ کا اعزاز واکرام ہے، پس یہ وعدہ بھی حکمی شفاعت ہے۔ اور آخر میں پروردگار عالم جو تین لپیں بھر کر جہنم سے جنت میں ڈالیں گے یہ بھی حکمی شفاعت ہے، کیونکہ اس کا بھی وعدہ فرمایا گیا ہے۔

حدیث (۴): عبد اللہ بن شقیق کہتے ہیں: میں ایلیاء میں ایک مجمع میں تھا، پس ان میں سے ایک شخص نے بیان کیا کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میری امت کے ایک آدمی کی سفارش کی وجہ سے قبیلہ بنو تمیم کی تعداد سے زیادہ لوگ جنت میں جائیں گے، پوچھا گیا: یا رسول اللہ! یہ امتی آپ کے علاوہ کوئی ہوگا؟ آپ نے فرمایا: ہاں میرے علاوہ ہوگا، پھر جب وہ صاحب یہ حدیث بیان کر کے چلے گئے تو عبد اللہ نے لوگوں سے پوچھا: یہ کون صاحب

تھے؟ لوگوں نے بتایا کہ یہ ابن ابی الجذعاء رضی اللہ عنہ ہیں، ان کا نام عبداللہ ہے، اور ان کی یہی ایک حدیث ہے، اور جذعاء: ذال کے ساتھ بھی ہے اور دال مہملہ کے ساتھ بھی۔

تشریح: ہر نبی اپنی امت کا فرد ہوتا ہے، چنانچہ محمد رسول اللہ کی گواہی جس طرح امتیوں کے لئے ضروری ہے، نبی ﷺ کے لئے بھی ضروری تھی۔ جب مؤذن اذان پکارتا تھا تو نبی ﷺ بھی اس جملہ کا یہی جواب دیتے تھے، چنانچہ صحابہ نے پوچھا کہ وہ امتی جس کی سفارش سے لوگوں کی بڑی تعداد جنت میں جائے گی وہ آپؐ کے علاوہ کوئی اور شخصیت ہوگی یا آپؐ ہی کی سفارش سے یہ تعداد جنت میں جائے گی؟ آپؐ نے فرمایا: وہ میرے علاوہ امتی ہوگا۔

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے کچھ امتی لوگوں کے ایک انبوہ کے لئے سفارش کریں گے، اور کچھ ایک قبیلہ کے لئے اور کچھ ایک ٹولہ کے لئے اور کچھ ایک شخص کے لئے یہاں تک کہ وہ سب جنت میں پہنچ جائیں گے۔

تشریح: الفِئَام: انبوہ، جماعت، گروہ، جمع فُؤُم...... العُصْبَةُ: ٹولہ، جماعت، گروہ۔ قرآن کریم میں ہے: ﴿لَتَنُوْءُ بِالْعُصْبَةِ أُوْلِي الْقُوَّةِ﴾: ایک طاقت ور ٹولے کے لئے قارون کے خزانوں کی چابیوں کا اٹھانا مشکل تھا...... انبوہ کی تعداد قبیلہ سے زیادہ ہوتی ہے اور قبیلہ کی تعداد ٹولے سے زیادہ ہوتی ہے۔

حدیث (۶): حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نبی ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ قیامت کے دن قبائل ربیعہ و مُضر کی تعداد کے بقدر لوگوں کے لئے سفارش کریں گے۔ اور ان کی یہ سفارش قبول کی جائے گی (یہ حدیث مرسل ہے، حضرت حسن بصریؒ نے اس صحابی کا نام نہیں لیا جس سے انھوں نے یہ حدیث سنی ہے)

حدیث (۷): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پاس میرے پروردگار کے پاس سے ایک آنے والا (فرشتہ) آیا، پس اللہ تعالیٰ نے مجھے دو باتوں میں اختیار دیا: ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ میری آدھی امت کو جنت میں داخل فرمائیں، اور دوسری یہ کہ میں امت کے لئے شفارش کروں، پس میں نے شفاعت کو اختیار کیا، اور میری شفاعت ہر اس شخص کے لئے ہوگی جس کی موت اس حال میں آئی ہو کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا ہو۔

تشریح: نبی ﷺ نے دوسری بات یعنی شفاعت کو اس لئے اختیار فرمایا کہ آپ اس کے ذریعہ اپنی پوری امت کو بخشوائیں گے، البتہ نام نہاد امتی مستثنیٰ ہیں، کیونکہ جو شرک کی دلدل میں پھنسا ہو اس کی مغفرت ہرگز نہیں ہوسکتی۔

[۱۲-] بابٌ مِنْهُ

[۲۴۲۹-] حدثنا العَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "شَفَاعَتِيْ لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِيْ"

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٤٣٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ مُحمدِ بنِ ثَابِتٍ البُنَانِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "شَفَاعَتِىْ لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِىْ" قَالَ مُحمدُ بنُ عَلِيٍّ: فَقَالَ لِىْ جَابِرٌ: يَا مُحمدُ! مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْ أَهْلِ الْكَبَائِرِ فَمَا لَهُ وَلِلشَّفَاعَةِ؟ هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٤٣١-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ زِيَادٍ الْأَلْهَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" وَعَدَنِىْ رَبِّىْ أَنْ يُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِىْ سَبْعِيْنَ أَلْفًا، لَاحِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلَا عَذَابَ، مَعَ كُلِّ أَلْفٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا، وَثَلَاثُ حَثَيَاتٍ مِنْ حَثَيَاتِ رَبِّىْ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٤٣٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَهْطٍ بِإِيْلِيَاءَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِنْ أُمَّتِىْ أَكْثَرُ مِنْ بَنِىْ تَمِيْمٍ" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! سَوَاكَ؟ قَالَ: "سِوَاىَ" فَلَمَّا قَامَ: قُلْتُ مَنْ هٰذَا؟ قَالُوْا: هٰذَا ابنُ أَبِىْ الجَذْعَاءِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وابنُ أَبِىْ الْجَذْعَاءِ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ، وَإِنَّمَا يُعْرَفُ لَهُ هٰذَا الحديثُ الْوَاحِدُ.

[٢٤٣٣-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ مِنْ أُمَّتِىْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْفِئَامِ مِنَ النَّاسِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْقَبِيْلَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلْعُصْبَةِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَشْفَعُ لِلرَّجُلِ، حَتَّى يَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٢٤٣٤-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ مُحمدُ بنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ الْكُوْفِيُّ، قَالَ: ثَنَا يَحْيىَ بنُ الْيَمَانِ، عَنْ حُسَيْنِ بنِ جَعْفَرٍ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَشْفَعُ عُثْمَانُ بنُ عَفَّانَ رضى الله عنه يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِمِثْلِ رَبِيْعَةَ وَمُضَرَ"

[٢٤٣٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِى الْمَلِيْحِ، عَنْ عَوْفِ بنِ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَتَانِى آتٍ مِنْ عِنْدِ رَبِّىْ، فَخَيَّرَنِىْ بَيْنَ أَنْ يُدْخِلَ نِصْفَ أُمَّتِىْ الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، وَهِىَ لِمَنْ مَاتَ لَايُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا"

وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ الْمَلِيْحِ، عَنْ رَجُلٍ آخَرَ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرْ عَنْ عَوْفِ بنِ مَالِكٍ.

بابُ ماجاء فِی صِفَةِ الْحَوْضِ

حوضِ کوثر کے احوال

کوثر کے لئے بعض احادیث میں لفظ ''حوض'' استعمال کیا گیا ہے، اور بعض میں نہر، پھر بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نہر جنت کے اندر ہے، اور اکثر احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا محل وقوع جنت کے باہر میدانِ حشر ہے۔ اہل ایمان جنت میں جانے سے پہلے اس حوض سے جس کا پانی نہایت سفید وشفاف اور بے انتہا لذیذ وشیریں ہوگا نوش جاں کریں گے، اور تحقیق یہ ہے کہ کوثر کا اصل مرکز جنت کے اندر ہے، اور میدانِ محشر تک اس کی شاخیں نہروں کی شکل میں آئیں گی اور اس کو حوض اس لئے کہا گیا ہے کہ میدانِ محشر میں سیکڑوں میل کے طول وعرض میں ایک نہایت حسین وجمیل تالاب ہوگا جس میں جنت کے اس چشمہ سے پانی آ کر جمع ہوگا، جیسے واٹر ورکس سے پورے شہر میں پانی سپلائی ہوتا ہے۔

اور حوض کوثر کا رقبہ اتنا بڑا ہوگا کہ ایک راہ رَو اس کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک کی مسافت ایک مہینہ میں طے کر سکے گا، اور ایک حدیث میں یہ ہے کہ اس کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ تک کا فاصلہ عَدَن اور عمان کے درمیان کے فاصلہ کے بقدر ہوگا، بہرحال آخرت کی چیزوں کا صحیح تصور اس دنیا میں نہیں کیا جاسکتا، اس کی واقعی نوعیت اسی وقت سامنے آئے گی جب ہم اس حوض پر پہنچیں گے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے حوض پر آسمان کے ستاروں کی تعداد کے بقدر صُراحی دار لوٹے ہونگے (کیونکہ اس سے پینے والی امت بھی ستاروں کی تعداد کے بقدر ہوگی)

لغت: الأَباریق: الإِبْریق کی جمع ہے، یہ آب ریز کا معرب ہے، جس کے معنی ہیں: کنڈے (ٹونٹی) والا لوٹا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: آخرت میں ہر نبی کا ایک حوض ہوگا اور ان کے درمیان اس پر فخر ہوگا کہ ان میں سے کس کے پاس پینے والے زیادہ آتے ہیں، اور میں امید رکھتا ہوں کہ سب سے زیادہ پینے والے میرے پاس آئیں گے۔

لغت: تَبَاهیٰ: باہم فخر کرنا...... الوارِد: پانی پر آنے والا، وَرَدَ الماءَ: پانی پر آنا...... یہ حدیث سعید بن بشیر کی وجہ سے ضعیف ہے۔

[۱۳-] بابُ ماجاء فِی صِفَةِ الْحَوْضِ

[۲٤۳٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ یَحْیَ، نَا بِشْرُ بنُ شُعَیْبِ بنِ أَبِیْ حَمْزَةَ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، أَخْبَرَنِیْ

أَنَسُ بنُ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ فِيْ حَوْضِيْ مِنَ الأَبَارِيْقِ بِعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٤٣٧-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدِ بنِ نِيْزَكَ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ بَكَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، نَا سَعِيْدُ بنُ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوْضًا، وَإِنَّهُمْ يتَبَاهَوْنَ: أَيُّهُمْ أَكْثَرُ وَارِدَةً؟ وَإِنِّيْ أَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ أَكْثَرَهُمْ وَارِدَةً"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى الأَشْعَثُ بنُ عَبْدِ الْمَلِكِ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ سَمُرَةَ، وَهُوَ أَصَحُّ.

بابُ ماجاء فِي صِفَةِ أَوَانِي الْحَوْضِ

حوض کوثر کے برتنوں کے احوال

حدیث (۱): ابوسلاّم حُبشی، جن کا نام ممطور ہے، جو یمن کے حُبش قبیلہ کی طرف منسوب ہیں، کہتے ہیں: میرے پاس حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے آدمی بھیجا، پس میں ڈاک کی سواری پر بیٹھایا گیا۔ پس جب وہ ان کے پاس پہنچے تو کہا: اے امیر المؤمنین! ڈاک کی سواری میرے لئے بہت تکلیف دہ ثابت ہوئی، پس حضرت عمرؒ نے فرمایا: اے ابوسلاّم! میں نے آپ پر دشواری کرنے کا ارادہ نہیں کیا، بلکہ مجھے آپ کی طرف سے ایک ایسی حدیث پہنچی ہے جو آپ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ نبی ﷺ سے حوض کوثر کے بارے میں روایت کرتے ہیں، پس میں نے پسند کیا کہ آپ مجھے وہ حدیث روبرو سنائیں (اور ابن ماجہ میں ہے: جب ابوسلام ڈاک کی سواری پر سوار ہوکر حضرت عمرؒ کے پاس پہنچے تو آپ نے فرمایا: لقد شَقَقْنَا عليك يا أبا سلَّام في مَرْكَبِكَ: ہم نے آپ کو اے ابوسلام! مشقت میں ڈال دیا آپ کی سواری کے معاملہ میں، یعنی معمولی سواری پر ہم نے آپ کو طلب کیا، کیونکہ اچھی سواری فوری طور پر مہیا نہیں تھی اور میں جلدی حدیث سننا چاہتا تھا۔ ابوسلام نے کہا: بیشک بخدا اے امیر المؤمنین! یعنی واقعی میں اس سواری سے تھک گیا ہوں)

پھر ابوسلام نے کہا: مجھ سے حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ ''میرا حوض عَدَن سے بلقائے عمان تک ہوگا، یعنی میرے حوض کی مسافت اتنی ہوگی، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید ہوگا اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا، اور اس کے آب خورے ستاروں کی تعداد کے بقدر ہونگے جو شخص اس سے ایک دفعہ پیئے گا وہ پھر کبھی پیاسا نہیں ہوگا، اس حوض پر سب سے پہلے پانی پینے کے لئے پہنچنے والے فقرائے مہاجرین ہونگے، جو پراگندہ سر والے میلے کچیلے کپڑوں والے ہونگے، جو خوش عیش عورتوں سے نکاح نہیں کریں گے، اور ان کے لئے

دروازے نہیں کھولے جائیں گے یعنی ان کو خوش آمدید نہیں کہا جائے گا۔

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ نے فرمایا: مگر میں نے تو خوش عیش عورتوں سے نکاح کیا اور میرے لئے دروازے بھی کھولے گئے، میں نے عبدالملک کی بیٹی فاطمہ سے نکاح کیا ہے[1] یعنی یہ دو وصف تو اب میرے اختیار میں نہیں رہے، البتہ میں اپنا سر نہیں دھوؤں گا یہاں تک کہ وہ پراگندہ ہو جائے، اور میں اپنا وہ کپڑا نہیں بدلوں گا جو میرے جسم سے لگا ہوا ہے یہاں تک کہ وہ میلا ہو جائے۔

تشریح:

۱- عدن مشہور شہر ہے، اور عمان شام کا مشہور علاقہ ہے اور بلقاء اس کے قریب ایک بستی ہے، امتیاز کے لئے عمان بلقاء کہا جاتا ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حوض کوثر کی مسافت اتنی ہوگی جتنی عدن اور بلقاء کے درمیان ہے، اور مقصود نپی تُلی پیمائش بیان کرنا نہیں ہے بلکہ حوض کی وسعت کو سمجھانے کے لئے یہ ایک تقریبی بات کہی گئی ہے، یعنی حوض کوثر کی مسافت سیکڑوں میل میں پھیلی ہوئی ہوگی۔

۲- حوض کوثر پر سب سے پہلے پہنچنے والے اور اس سے سیراب ہونے والے وہ غریب مہاجرین ہونگے جن کے سروں کے بال بنے سنورے ہوئے نہیں ہونگے، بلکہ بکھرے ہوئے ہونگے، کیونکہ ان کو بالوں میں ڈالنے کے لئے تیل میسر نہیں ہوگا، اور کپڑے بھی اُجلے نہیں ہونگے بلکہ میلے کچیلے ہونگے، کیونکہ ان کو دھونے کے لئے صابن میسر نہیں ہوگا، اور خوش عیش اور خوش حال گھرانوں کی بیٹیاں ان کے نکاح میں آنے کے لئے تیار نہیں ہونگی، اور اگر وہ کسی کے دروازے پر جائیں تو ان کی حالت زار دیکھ کر کوئی ان کے لئے دروازہ نہیں کھولے گا، اور ان فقرائے مہاجرین کا یہ حال تقشّف اور رہبانیت کی وجہ سے نہیں ہوگا بلکہ دنیا کی بے رغبتی اور دین میں انہاک اور فکر آخرت کے غلبہ کی وجہ سے ہوگا، وہ دنیا میں اس حال میں رہیں گے کہ نہ اپنی صورتوں کو بنانے سنوارنے کی ان کو فکر ہوگی نہ لباس پوشاک کی طرف دھیان ہوگا۔ اور وہ اپنی اس غربت پر خوش ہونگے، چنانچہ آخرت کے انعامات میں وہ مقدم اور فائق رہیں گے۔

لغات: **البَرید**: فارسی لفظ ہے، اور اس سے خچر مراد ہے، اصل لفظ ''بُریدہ دُم'' تھا اور ڈاک کے لئے ایسے ہی خچر استعمال ہوتے تھے، پھر ڈاک کی ہر سواری کو بلکہ ڈاک کو بھی برید کہنے لگے...... **أکواب**: کُوب کی جمع ہے: وہ پیالہ جس میں پکڑنے کا کنڈہ نہ ہو...... **الشُّعْث**: أَشْعَث کی جمع ہے، پراگندہ بال، اور رُءُ وْسًا: تمیز ہے، اور **الدُّنُس**: الدَّنَس کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: میل...... **لَایَنْکِحُوْنَ** کو **لَایُنْکَحُوْنَ** مجہول بھی پڑھ سکتے ہیں، یعنی اگر وہ خوش عیش عورتوں کے پاس منگنی بھیجیں تو ان کی منگنی قبول نہ کی جائے...... **السُّدَد**: السُّدَّة کی جمع ہے: گھر کا دروازہ......

(۱) فاطمہ کے باپ عبدالملک، اور دادا مروان اور چار بھائی (سلیمان، یزید، ہشام اور ولید) اور شوہر خلیفہ ہوئے ہیں، یہ عجیب اتفاق ہے ۱۲

الذی یَلِی جَسَدِی: یعنی اندر کا کپڑا جیسے بنیان، کیونکہ حضرت عمرؓ امیر المؤمنین تھے، اس لئے ظاہری لباس اچھا رکھنا ضروری تھا۔ اور حضرت عمرؓ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ یہ فضیلت مہاجرین کے ساتھ خاص نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! حوض کوثر کے برتنوں کی تعداد کیا ہوگی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اس کے برتن یقیناً آسمان کے تاروں اور اس کے ستاروں کی تعداد سے زیادہ ہونگے، جبکہ آسمان صاف شفاف اور رات تاریک ہو (ایسے وقت ستارے بہت چمکتے ہیں) اور وہ برتن جنت کے برتنوں میں سے ہونگے (پس ان کی چمک دمک اور خوبی کا کیا کہنا!) جو اس حوض سے پیئے گا: وہ پیاسا نہیں ہوگا، اس کے آخر تک جس پر وہ ہے، یعنی قیامت کے پورے دن میں اس کو پھر پیاس نہیں لگے گی، اس حوض کی چوڑائی اس کی لمبائی کے بقدر رہوگی، جیسے عمان اور ایلہ کے درمیان کی مسافت، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا۔

تشریح: یہ حدیث مسلم شریف کتاب الفضائل (باب۹ حدیث۲۳۰۰) میں بھی ہے اور اس میں فی اللَّیْلَة المُظْلِمَةِ سے پہلے أَلَا حرف تنبیہ ہے، یعنی سنو! صاف (یعنی آسمان پر بادل نہ ہوں) اور تاریک رات میں جتنے ستارے نظر آتے ہیں ان سے بھی حوض کوثر کے آبخوروں کی تعداد زیادہ ہوگی...... الکوکب: سورج کے گرد گھومنے والا اور اس سے روشنی حاصل کرنے والا آسمانی جرم جیسے عطارد، زہرہ وغیرہ...... اور النجم: ذاتی روشنی رکھنے والا آسمانی جرم، جیسے سورج اور دیگر تارے جو رات میں نظر آتے ہیں...... أَصْحَی: بے بادل کے دن میں ہونا، صَحَی السماءُ: آسمان کھلنا، یعنی بادل نہ رہنا...... اللیلة المُظلِمة: تاریک رات یعنی جس میں چاند نہ ہو، ایسی رات میں تارے بہت نظر آتے ہیں، کیونکہ چاند کی روشنی بھی بہت سے تاروں کو چھپا دیتی ہے...... مِن آنِیَةِ الْجَنَّةِ: کا متعلق کائنة پوشیدہ ہے، اور مبتداھی بھی پوشیدہ ہے، یعنی حوض کوثر کے برتن جنت سے لائے جائیں گے...... آخِرَ ما علیه: منصوب بنزع خافض ہے أی إلی آخِرِ ما علیه: اس حالت کے آخر تک جس پر وہ ہے یعنی قیامت کے پورے دن میں وہ پیاسا نہیں ہوگا۔

اور باب کے آخر میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: میرے حوض کی مسافت اتنی ہوگی جتنی کوفہ اور حجر اسود کے درمیان کی مسافت ہے (مگر یہ حدیث معلوم نہیں کس کتاب میں ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے رُوِیَ فعل مجہول استعمال کیا ہے، اور صحیح روایت مسلم شریف میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تمہارے آگے حوض ہے جیسے جرباء اور اَذرُح کے درمیان کا فاصلہ، یہ دونوں ملک شام کی بستیاں ہیں اور دونوں کے درمیان تین دن کی مسافت ہے یعنی اڑتالیس میل کا فاصلہ ہوگا (مسلم حدیث ۲۲۹۹) اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو روایت بیان کی ہے وہ اس لئے بھی صحیح نہیں کہ نبی ﷺ کے زمانہ میں کوفہ کا وجود نہیں تھا، یہ شہر حضرت عمر رضی اللہ عنہ

کے زمانہ میں بسایا گیا ہے۔

[١٤-] بابُ ماجاء فِي صِفَةِ أَوَانِي الْحَوْضِ

[٢٤٣٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا يَحْيىَ بنُ صَالِحٍ، نَا مُحمدُ بنُ مُهَاجِرٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ أَبِي سَلَّامٍ الحُبْشِيِّ، قَالَ: بَعَثَ إِلَيَّ عُمَرُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، فَحُمِلْتُ عَلَى الْبَرِيْدِ، فَلَمَّا دَخلَ عَلَيْهِ، قَالَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ مَرْكَبِى الْبَرِيْدَ، فَقَالَ: يَا أَبَا سَلَّامٍ! مَا أَرَدْتُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ، وَلٰكِنْ بَلَغَنِيْ عَنْكَ حَدِيْثٌ، تُحَدِّثُهُ عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْحَوْضِ، فَأَحْبَبْتُ أَنْ تُشَافِهَنِيْ.

قَالَ أَبُوْ سَلَّامٍ، حَدَّثَنِيْ ثَوْبَانُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "حَوْضِيْ مِنْ عَدَنٍ إِلَى عَمَّانَ البَلْقَاءِ، مَاؤُهُ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَأَكْوَابُهُ عَدَدُ نُجُوْمِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرَبَ مِنْهُ شَرْبَةً، لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا أَبَدًا، أَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الشُّعْثُ رُؤُوْسًا، الدُّنُسُ ثِيَابًا، الَّذِيْنَ لاَيَنْكِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ، وَلاَ يُفْتَحُ لَهُمُ السُّدَدُ"

قَالَ عُمَرُ: وَلَكِنِّيْ نَكَحْتُ الْمُتَنَعِّمَاتِ، وَفُتِحَتْ لِيَ السُّدَدُ، نَكَحْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ عَبْدِ الْمَلِكِ، لاجَرَمَ أَنِّيْ لاَ أَغْسِلُ رَأْسِيْ، حَتَّى يَشْعَثَ، وَلاَ أَغْسِلُ ثَوْبِي الَّذِيْ يَلِيْ جَسَدِيْ حَتَّى يَتَّسِخَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مَعْدَانَ بنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ سَلَّامٍ الحُبْشِيُّ: اسْمُهُ مَمْطُوْرٌ.

[٢٤٣٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَبْدِ الصَّمَدِ العَمِّيُّ عَبْدُ الْعَزِيْزُ بنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، نَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا آنِيَةُ الْحَوْضِ؟ قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَآنِيَتُهُ أَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ وَكَواكِبِهَا، فِيْ لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ مُصْحِيَةٍ، مِنْ آنِيَةِ الْجَنَّةِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهَا لَمْ يَظْمَأْ آخِرَ مَا عَلَيْهُ، عَرْضُهُ مِثْلُ طُوْلِهِ: مَا بَيْنَ عَمَّانَ إِلٰى أَيْلَةَ، مَاؤُهُ أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وفي الباب: عَنْ حُذَيْفَةَ بنِ الْيَمَانِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَأَبِيْ بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ، وَابْنِ عُمَرَ، وَحَارِثَةَ بنِ وَهْبٍ، وَالْمُسْتَوْرِدِ بنِ شَدَّادٍ.

وَرُوِىَ عَنْ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "حَوْضِي كَمَا بَيْنَ الْكُوْفَةِ إِلٰى الْحَجَرِ الأَسْوَدِ"

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبو ابُ الرَّقَائِقِ

دل نرم کرنے والی روایتیں

الرَّقَائِق: الرقیقة کی جمع ہے، اور الرِّقَاق: الرَّقیق کی جمع ہے، دونوں کے معنی ہیں: پتلی، اور مراد ہے: دل کو نرم کرنے والی باتیں۔ اب یہاں سے رقاق کی حدیثیں شروع ہوتی ہیں، اب تک جو حدیثیں تھیں وہ قیامت کے احوال سے متعلق تھیں، اور گذشتہ عنوان میں تین باتیں شامل تھیں: قیامت کے احوال، دل کو نرم کرنے والی باتیں، اور پرہیزگاری کا بیان۔ قیامت کے احوال بیان ہو چکے، اب رقاق کی روایتیں شروع ہوتی ہیں۔

بابٌ

اللہ پر بھروسہ کرنے والے بے حساب جنت میں جائیں گے

حدیث: حصین بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: میں حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ کے پاس تھا، انھوں نے پوچھا: گذشتہ رات جو تارا ٹوٹا تھا وہ کس نے دیکھا؟ حصین نے کہا: میں نے دیکھا، پھر انھوں نے کہا: میں نماز نہیں پڑھ رہا تھا بلکہ مجھے بچھو نے ڈسا تھا (تارا تہجد کے وقت ٹوٹا تھا، حصین نے اس کو دیکھا تھا، پھر ان کو خیال آیا کہ شاید حضرت سعیدؒ یہ سمجھیں گے کہ میں اس وقت تہجد کے لئے اٹھا ہوا تھا، اس لئے انھوں نے استدراک کیا کہ میں تہجد نہیں پڑھ رہا تھا، بلکہ مجھے بچھو نے ڈس لیا تھا اس لئے میں سو نہیں سکا تھا) حضرت سعیدؒ نے پوچھا: پھر تم نے کیا کیا؟ میں نے عرض کیا: میں نے جھڑوایا، حضرت سعیدؒ نے کہا: کیوں جھڑوایا؟ میں نے عرض کیا: عامر شعبیؒ نے ہم سے ایک حدیث بیان کی ہے، اس وجہ سے میں نے جھڑوایا۔ حضرت سعیدؒ نے پوچھا: عامر شعبیؒ نے تم سے کیا حدیث بیان کی ہے؟ میں نے کہا: انھوں نے حضرت بُریدہؓ سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی کہ نبی ﷺ نے فرمایا: لا رُقْيَةَ إلا من عينٍ أَوْ حُمَةٍ: جھڑوانا صرف نظر بد یا کسی زہر سے ہے، حضرت سعیدؒ نے کہا: تم نے اچھا کیا کہ جو حدیث تم نے سنی تھی اس پر عمل کیا، مگر ہم سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ حدیث بیان کی کہ جب نبی ﷺ کو معراج میں لے جایا گیا (یہ بڑی معراج نہیں ہے بلکہ کوئی منامی معراج ہے) تو آپؐ ایک نبی کے پاس سے اور چند انبیاء کے پاس سے گذرے

اوران کے ساتھ ایک ''قوم'' تھی، اور دوسرے نبی اور انبیاء کے پاس سے گذرے اوران کے پاس ایک ''گروہ'' تھا، اور تیسرے نبی اور انبیاء کے پاس سے گذرے اوران کے پاس کوئی بھی نہیں تھا، یہاں تک کہ آپؐ ایک بڑے مجمع کے پاس سے گذرے، آپؐ نے (ہمرکاب فرشتے سے) پوچھا: یہ کون ہیں؟ کہا گیا: موسیٰ علیہ السلام اوران کی قوم ہے (نبی ﷺ کا خیال تھا کہ شاید یہ میری امت ہے، اس لئے آپؐ نے پوچھا تھا، مگر بتلایا گیا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی امت ہے) پھر فرشتے نے کہا: آپؐ اپنا سر اٹھائیں اور دیکھیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس اچانک ایک بہت بڑا مجمع تھا، جس نے آسمان کے کنارے کو اِس (دائیں) جانب سے اور اُس (بائیں) جانب سے گھیر رکھا تھا، پس کہا گیا: یہ آپؐ کی امت ہے اوران کے علاوہ آپؐ کی امت میں ایسے ستر ہزار ہیں جو بے حساب جنت میں جائیں گے۔

پھر نبی ﷺ گھر میں تشریف لے گئے، اور صحابہ نے آپؐ سے ان لوگوں کے بارے میں نہیں پوچھا جو بے حساب جنت میں جائیں گے، اور نہ آپؐ نے صحابہ کے لئے اس کی وضاحت کی، پس صحابہ نے کہا: وہ ہم ہونگے، اور کہنے والوں نے کہا: وہ ان لوگوں کے بیٹے ہونگے جو فطرت اسلام پر جنے گئے ہیں، پس نبی ﷺ نکلے اور فرمایا: هم الذين لَايَكْتَوُوْنَ، وَلَايَسْتَرْقُوْنَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وعلى ربهم يتوكَّلُوْن: وہ لوگ وہ ہیں جو گرم لوہے کا داغ نہیں لگواتے، اور نہ وہ جھڑواتے ہیں، اور نہ وہ بدفالی لیتے ہیں، بلکہ اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں، پس حضرت عُکّاشہؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: آپؐ اللہ سے دعا فرمائیں: اللہ مجھے ان میں شامل کرے، آپؐ نے فرمایا: تم ان میں سے ہو، یعنی تمہیں ان میں شامل کرلیا گیا، پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا، اس نے عرض کیا: آپ اللہ سے دعا فرمائیں: اللہ مجھے بھی ان میں شامل کرے، آپؐ نے فرمایا: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ: عکاشہؓ تم سے بازی لے گئے! یعنی اب اجابت کی گھڑی ختم ہوگئی۔ یہ روایت مسلم شریف (حدیث ۲۲۰ کتاب الایمان باب ۹۴) میں ہے، میں نے حدیث جس تفصیل سے بیان کی ہے وہ مسلم شریف کی روایت سے ماخوذ ہے، نیز یہ حدیث بخاری (حدیث ۶۵۴۱) میں بھی ہے مگر مختصر ہے۔

تشریح: قوله: ارْفَعْ رَأْسَكَ: اپنا سر اٹھایئے، اس میں اس امت کے علومرتبہ کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ سر اٹھانے کی ضرورت ایسی ہی صورت میں پیش آتی ہے...... قوله: هم أبناء الذين وُلِدوا على الفطرة والإسلام: حضرت گنگوہی قدس سرہ نے فرمایا: اس میں موصوف کی صفت کی طرف اضافت ہے، یعنی صحابہ کی اولاد مراد ہے جو فطرتِ اسلام پر پیدا ہوئی ہے، پس تقدیر عبارت: هم الأبناءُ الذين وُلِدوا ہے...... اور فطرت اور اسلام مترادف الفاظ ہیں۔

اب دو باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: میں نے حدیث کا جو ابتدائی حصہ مسلم شریف سے نقل کیا ہے، اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ بعض خاص صورتوں میں جھڑوانا جائز ہے، اسی طرح مجبوری کی صورت میں گرم لوہے سے دغوانا بھی جائز ہے، روایات سے یہ بات ثابت ہے، البتہ بدفالی لینا جائز نہیں، ہاں نیک فالی لے سکتے ہیں، مگر یہ توکل کا اعلیٰ درجہ نہیں،

توکل کا اعلی درجہ وہ ہے جو اس حدیث میں آیا ہے، جو لوگ یہ تین کام نہیں کرتے، بلکہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہیں، وہ بے حساب جنت میں جائیں گے۔

دوسری بات: حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کی درخواست قبول ہوئی مگر دوسرے صاحب کی قبول نہ ہوئی، اس کی شارحین نے مختلف وجوہ بیان کی ہیں، مگر صحیح وجہ وہ ہے جو مسلم شریف کی روایت میں آئی ہے کہ حضرت عکاشہ نے دعا کی درخواست کی تھی، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کے لئے دعا فرمائی اور وہ قبول ہوئی، کیونکہ وہ قبولیت کی گھڑی تھی، پھر جب دوسرے صاحب نے درخواست کی تو وہ گھڑی ختم ہو چکی تھی، اس لئے آپؐ نے ان کے لئے دعا نہیں کی، اور فرمایا: عکاشہ سبقت لے گئے اور تم پیچھے رہ گئے!

[۱۵(۱)-] بابٌ

[۲۴٤۰-] حدثنا أَبُوْ حَصِيْنٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بنُ أَحْمَدَ بنِ يُوْنُسَ، نَا عَبْثَرُ بنُ الْقَاسِمِ، عَنْ حُصَيْنٍ: وَهُوَ ابنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا أُسْرِىَ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، جَعَلَ يَمُرُّ بِالنَّبِيِّ وَالنَّبِيِّيْنَ وَمَعَهُمُ الْقَوْمُ، وَالنبيِّ وَالنَّبِيِّيْنَ وَمَعَهُمْ الرَّهْطُ، وَالنَّبِيِّ وَالنَّبِيِّيْنَ وَلَيْسَ مَعَهُمْ أَحَدٌ، حَتَّى مَرَّ بِسَوَادٍ عَظِيْمٍ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قِيْلَ: مُوْسَى وَقَوْمُهُ، وَلٰكِنِ ارْفَعْ رَأْسَكَ، فَانْظُرْ، قَالَ: فَإِذَا هُوَ سَوَادٌ عَظِيْمٌ، قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ مِنْ ذَا الْجَانِبِ وَمِنْ ذَا الْجَانِبِ، فَقِيْلَ: هٰؤُلَاءِ أُمَّتُكَ، وَسِوَى هٰؤُلَاءِ مِنْ أُمَّتِكَ سَبْعُوْنَ أَلْفًا، يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ"

فَدَخَلَ، وَلَمْ يَسْأَلُوْهُ، وَلَمْ يُفَسِّرْ لَهُمْ، فَقَالُوْا: نَحْنُ هُمْ، وَقَالَ قَائِلُوْنَ: هُم أَبْنَاءُ الَّذِيْنَ وُلِدُوْا عَلَى الْفِطْرَةِ وَالإِسْلَامِ، فَخَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" هُمُ الَّذِيْنَ لَايَكْتَوُوْنَ، وَلَايَسْتَرْقُوْنَ، وَلَايَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ"

فَقَامَ عُكَّاشَةُ بنُ مِحْصَنٍ، فَقَالَ: أَنَا مِنْهُمْ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" نعَمْ" ثُمَّ جَاءَهُ آخَرُ، فَقَالَ: أَنَا مِنْهُمْ؟ فَقَالَ:" سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِى هُرَيْرَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

دین پر صحیح طرح عمل ضروری ہے

حدیث: ثابت بنانی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، ایک دن حجاج بن یوسف

نے نماز مؤخر کی تو حضرت انسؓ اس سے بات کرنے کے لئے کھڑے ہونے لگے، پس حجاج کے ضرر کے اندیشہ سے آپ کے برادران نے منع کیا، پس آپؓ مسجد سے اپنی سواری پر بیٹھ کر چل دیئے، اور راستہ میں فرمایا: بخدا! میں نہیں جانتا کوئی چیز اس میں سے جس پر ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں تھے، علاوہ اس کے کہ لوگ لا إله إلا الله پڑھتے ہیں، ایک شخص نے عرض کیا: حضرت! لوگ نماز تو پڑھتے ہیں! آپؓ نے فرمایا: تم ظہر کی نماز مغرب کے وقت میں پڑھتے ہو، کیا یہ نبی ﷺ کی نماز ہے؟ (یہ روایت اس تفصیل کے ساتھ طبقات ابن سعد میں ہے، اور یہاں ابوعمران جونی کی جو روایت ہے وہ مختصر ہے، اور اس میں یہ جملہ ہے: أو لم تَصْنَعُوْا فی صلاتِکم ما قد عَلِمْتُمْ: کیا تم نے نہیں کیا اپنی نماز میں وہ جس کو تم جانتے ہو، اس جملہ کا بھی مطلب وہی ہے جو اوپر بیان کیا گیا، اور یہ حدیث بخاری شریف میں بھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کے دیگر تلامذہ سے مروی ہے (حدیث ۵۲۹ و ۵۳۰)

[۱۶ (۲) - بابٌ]

[۲٤٤۱-] حدثنا محمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَزِيْعٍ الْبَصْرِيُّ، نَا زِيَادُ بنُ الرَّبِيْعِ، نَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَا أَعْرِفُ شَيْئًا مِمَّا كُنَّا عَلَيْهِ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! فَقُلْتُ: أَيْنَ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: أَوَ لَمْ تَصْنَعُوْا فِيْ صَلَاتِكُمْ مَا قَدْ عَلِمْتُمْ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ.

بابٌ

چند برے لوگوں کا تذکرہ

انسان اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے، البتہ صفات واعمال کے اعتبار سے اچھا برا ہوتا ہے، اگر صفاتِ حسنہ کا حامل ہے اور اعمالِ صالحہ پر عامل ہے تو وہ اچھا آدمی ہے، اور اگر صفاتِ سیئہ اور اعمالِ قبیحہ کا مرتکب ہے تو وہ برا آدمی ہے، درج ذیل حدیث میں نو صفات کے حامل کو برا آدمی قرار دیا گیا ہے، پس ان صفات سے کنارہ کش رہنا چاہئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ، وَنَسِىَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالِ: برا ہے وہ بندہ جو تکبر کرتا ہے اور اتراتا ہے، اور بڑے عالی شان کو بھول جاتا ہے۔

تشریح: تَخَيَّلَ الرَّجُلُ: تکبر کرنا...... اختالَ فلانٌ: تکبر کرنا، اترانا...... یہ دونوں فعل مترادف ہیں، البتہ دوسرے میں معنی کی زیادتی ہے، اور وہ پہلے فعل کا تابع ہے اور تاکید کرتا ہے...... الکبیر: سب سے بڑا...... المُتعالِ: عالیشان،

یہ حالت نصبی میں ہے، کیونکہ نَسِیَ کا مفعول ہے، مگر اس کی اصل الْمُتَعَالِیْ ہے، ی کو حذف کر کے لام کے کسرہ کو علامت کے طور پر باقی رکھا گیا ہے اس لئے مکسور ہے، سورۃ الرعد آیت ۹ میں بھی یہ لفظ آیا ہے۔

تکبر اور وہ بھی انتہائی درجہ کا تکبر کہ جسم پر اس کے آثار ظاہر ہوں، آدمی اتراہٹ میں مبتلا ہوجائے: یہ نہایت بری صفت ہے، اور ایسا شخص برا آدمی ہے، آدمی کس برتے پر اپنے کو لمبا کھینچتا ہے، کیا وہ نہیں جانتا کہ اس سے اوپر سب سے بڑے عالی شان اللہ تعالیٰ ہیں! پھر وہ بڑا کیوں بنتا ہے!

۲-بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدَی، وَنَسِیَ الْجَبَّارَ الْأَعْلٰی: برا ہے وہ بندہ جو تکبر کرتا ہے اور زیادتی کرتا ہے، اور زبردست برتر کو بھول جاتا ہے۔

تشریح: تَجَبَّرَ: تکبر کرنا ...... اعْتَدَی: ظلم وزیادتی کرنا ...... الجَبَّار: زبردست ...... الأَعْلٰی: بلند وبالا ...... یہ دونوں فعل بھی مترادف ہیں اور ثانی اول کی تاکید کرتا ہے۔

جو شخص تکبر اور گھمنڈ میں مبتلا ہے، اور اس درجہ مبتلا ہے کہ لوگوں پر ظلم وزیادتی کرتا ہے تو وہ شخص برا ہے، کیا وہ نہیں جانتا کہ اس سے اوپر زبردست برتر وبالا اللہ پاک ہیں، جو اس کی ہر طرح گوشمالی کرسکتے ہیں!

۳-بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ سَهَا وَلَهَی، وَنَسِیَ الْمَقَابِرَ وَالبِلَی: برا ہے وہ بندہ جو (حق سے) غافل ہے اور کھیل کود میں مشغول ہے، اور قبروں کو اور بوسیدہ ہونے کو بھول گیا ہے!

تشریح: المَقْبرَة: (ب پر تینوں اعراب) قبرستان اور قبر، جمع مَقَابِر ...... البِلَی: باب سمع کا مصدر: بوسیدہ ہونا، فنا ہونا۔

وہ شخص بھی برا ہے جو دین سے غافل ہے، اور لہو ولعب میں مشغول ہے، کیا وہ نہیں جانتا کہ آخری منزل قبر ہے اور وہاں گل سڑ جانا ہے، پس اس کے لئے تیاری کیوں نہیں کرتا!

۴-بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ عَتَا وَطَغَی، وَنَسِیَ الْمُبْتَدَأَ وَالْمُنْتَهَی: برا ہے وہ بندہ جو حد سے بڑھتا ہے اور سرکشی کرتا ہے، اور اپنی ابتداء اور انتہا کو بھول جاتا ہے۔

تشریح: عَتَا (ن) عُتُوًّا: حد سے بڑھنا ...... طَغَی یَطْغَی طُغْیَانًا: مناسب حد سے بڑھ جانا ...... الْمُبْتَدَأُ: ابتداء ...... الْمُنْتَهَی: نہایت، آخری حد۔

وہ شخص بھی برا ہے جو حد سے تجاوز کرتا ہے، اور خود کو لمبا کھینچتا ہے، حالانکہ اس کا آغاز مائے مہین (گندہ قطرہ) ہے، اور اس کی نہایت مٹی کی ایک مٹھی ہے، پھر وہ کس زعم میں حد سے تجاوز کرتا ہے!

۵-بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ یَّخْتِلُ الدنیا بالدین: برا ہے وہ بندہ جو دین کی آڑ میں دنیا کماتا ہے۔

تشریح: خَتَلَ یَخْتِلُ خَتْلاً کے معنی ہیں: فریب دینا، چکر دینا، یعنی اس طرح معاملہ کرنا کہ پتا نہ چلے ...... اور بالدین کی ب عوض کے لئے ہے۔

جو شخص دین کی آڑ میں دنیا کماتا ہے وہ بھی برا شخص ہے، دنیا کمانے کے لئے بہت سے وسائل ہیں، ان سے دنیا کیوں نہیں کماتا۔ دین کے نام پر لوگوں کو دھوکا کیوں دیتا ہے! جو شخص یہ کام کرتا ہے وہ نہایت برا شخص ہے!

۶-بِئْسَ العبدُ: عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدينَ بِالشُّبُهَاتِ: برا ہے وہ بندہ جو دین کو مشتبہات کے ذریعہ خراب کرتا ہے۔

تشریح: خَتَلَ (ض) کے اصل معنی ہیں: دھوکہ دینا، اور دوسرے معنی ہیں: بگاڑنا...... اور بالشبهات میں ب سببیہ ہے۔

جو شخص مشتبہ ذرائع آمدنی اختیار کرتا ہے، اور حلال وطیب کمائی کا اہتمام نہیں کرتا: اس کا دین پاکیزہ نہیں رہ سکتا، وہ مشتبہ کمائی کے ذریعہ اپنے دین کو خراب کرتا ہے اس لئے وہ بھی برا شخص ہے۔

۷-بئس العَبْدُ: عَبْدُ طَمَعٍ: يَقُوْدُهُ: برا ہے وہ لالچ کا غلام، جس کو لالچ کھینچتی ہے۔

تشریح: عبدُ طَمَعٍ مضاف مضاف الیہ ہیں...... اور یَقُوْدُہ کی ضمیر فاعل طَمَع کی طرف لوٹتی ہے اور جملہ فعلیہ طمعٌ کی صفت ہے...... لالچ (رغبت) ایک فطری امر ہے، مگر لالچی یعنی وہ شخص جو حرص وطمع میں اس درجہ مبتلا ہو کہ اسی کے پیچھے لگ گیا ہو، وہ برا شخص ہے۔

۸-بئس العبدُ: عَبْدُ هَوًى: يُضِلُّهُ: برا ہے ایسی خواہش کا غلام جو اس کو گمراہ کرتی ہے۔

تشریح: اس جملہ کی ترکیب بھی پہلے جملہ کی طرح ہے...... خواہش بھی فطری امر ہے، مگر وہ خواہش پرست جو خواہشات کے پیچھے پڑ کر دین سے ہٹ جائے، اور گمراہی میں مبتلا ہو جائے: وہ برا شخص ہے۔

۹-بئس العبدُ: عَبْدُ رَغَبٍ يُذِلُّهُ: برا ہے ایسی حرص وطمع کا غلام جو اس کو رسوا کرتی ہے۔

تشریح: عبدُ رَغَبٍ میں بھی اضافت ہے، اور رَغَب مصدر ہے، رَغِبَ فلاناً: خواہش مند ہونا...... رغبتیں اور خواہشیں بھی فطری امر ہیں، مگر ان کے جال میں ایسا پھنس جانا کہ آدمی رسوا ہو کر رہ جائے: نہایت بری بات ہے۔

ملحوظہ: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی ہاشم ضعیف ہے، اور زید خَثْعَمِی مجہول راوی ہے۔

[۱۷(۳)- بابٌ]

[۲٤٤۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ الْأَزْدِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا هَاشِمُ بنُ سَعِيْدٍ الْكُوْفِيُّ، ثَنِيْ زَيْدُ الْخثْعَمِيُّ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ الْخَثْعَمِيَّةِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:

[۱-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ، وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ المتَعَالِ.

[۲-] وَبِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدَى، وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْأَعْلَى.

[۳-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ سَهَى وَلَهَى، وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالبِلَى.
[٤-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ عَتَا وَطَغَى، وَنَسِيَ الْمُبْتَدَأَ وَالْمُنْتَهَى.
[٥-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ.
[٦-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ.
[٧-] بِئْسَ العَبْدُ: عَبْدُ طَمَعٍ: يَقُوْدُهُ.
[٨-] بِئْسَ الْعَبْدُ: عَبْدُ هَوًى: يُضِلُّهُ.
[٩-] بِئْسَ العَبْدُ: عَبْدُ رَغَبٍ: يُذِلُّهُ"
هٰذَا حديثٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

بابٌ

غریبوں کو کھلانے، پلانے اور پہنانے کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- أَيُّمَا مُؤْمِنٍ أَطْعَمَ مُؤْمِنًا عَلَى جُوْعٍ: أَطْعَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ: جو بھی مؤمن کسی مؤمن کو بھوک کی حالت میں کھلائے: اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جنت کے پھلوں میں سے کھلائیں گے۔

۲- وَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَقَى مُؤْمِنًا عَلَى ظَمَأٍ: سَقَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ: اور جو بھی مؤمن کسی مؤمن کو پیاس کی حالت میں پلائے: اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن خالص سربہ مہر شراب میں سے پلائیں گے (الرَّحیق: شراب اور صاف خالص شراب ...... المختوم: سربہ مہر، برتن کے منہ کو مٹی یا موم وغیرہ سے بند کرنا، اسی کو سربہ مہر کہتے ہیں)

۳- وَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ كَسَا مُؤْمِنًا عَلَى عُرْيٍ: كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ: اور جو بھی مؤمن کسی مؤمن کو ننگا ہونے کی حالت میں پہنائے: اس کو اللہ تعالیٰ جنت کا ہرا لباس پہنائیں گے۔

تشریح: خُضْر: أَخْضَر کی جمع ہے، مراد جنت کا ہرا لباس ہے ...... تینوں صورتوں میں جزاء جنس عمل سے ہے یعنی دنیا میں جو عمل کیا ہے آخرت میں اس کی ویسی ہی جزا ملے گی۔

سند کی بحث: اس حدیث کا راوی ابو الجارود الاعمی الکوفی: رافضی تھا، ترمذی میں اس کی یہی ایک حدیث ہے، یحییٰ بن مَعین نے اس کو کذاب کہا ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث ابوسعید خدری سے موقوف بھی مروی ہے، اور وہی ہمارے نزدیک اشبہ بالصواب ہے، مگر یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۱۶۸۲) میں ایک دوسری سند سے مرفوع

مروی ہے، اور امام ابوداؤد نے اس پر سکوت فرمایا ہے، پس یہ حدیث قابل اعتبار ہے۔

[۱۸(٤)-] بابٌ

[۲٤٤۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نَا عَمَّارُ بنُ محمدِ بنِ أُخْتِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، نَا أَبُوْ الْجَارُوْدِ الأَعْمَى، واسْمُهُ: زِيَادُ بنُ الْمُنْذِرِ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[۱-] أَيُّمَا مُؤْمِنٍ أَطْعَمَ مُؤْمِنًا عَلَى جُوْعٍ: أَطْعَمَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ.

[۲-] وَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَقَى مُؤْمِنًا عَلَى ظَمَأٍ: سَقَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ.

[۳-] وَأَيُّمَا مُؤْمِنٍ كَسَا مُؤْمِنًا عَلَى عُرْيٍ: كَسَاهُ اللّٰهُ مِنْ خُضْرِ الْجَنَّةِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ مَوْقُوْفًا، وَهُوَ أَصَحُّ عِنْدَنَا وَأَشْبَهُ.

بابٌ

جنت نہایت قیمتی سامان ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ خَافَ أَدْلَجَ: جو ڈرتا ہے وہ ابتدائے شب سے سفر کرتا ہے، ومَنْ أَدْلَجَ بَلَغَ المنزلَ: اور جو ابتدائے شب سے سفر کرتا ہے وہ منزل مقصود تک پہنچ جاتا ہے، أَلَا إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ: سنو! اللہ کا سامان بہت گراں ہے، أَلَا إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ: سنو! اللہ کا سامان جنت ہے۔

تشریح: جنت بیش قیمت متاع ہے، پس اس کو حاصل کرنے کے لئے بڑی تیاری کی ضرورت ہے، جیسے وہ مسافر جسے دشمن کے شب خوں کا ڈر ہے، شروع رات سے سفر شروع کر دیتا ہے، اور دشمن سے بچ جاتا ہے، اور جو شخص دیر کرتا ہے وہ دشمن کی زد میں آ جاتا ہے، اسی طرح جو زندگی کے لمحات گنواتا ہے: ممکن ہے جنت اس کے ہاتھ نہ آئے، کیونکہ جنت کوئی گرا پڑا سامان نہیں جو ہر کسی کے ہاتھ آ جائے، بلکہ اس کو حاصل کرنے کے لئے بڑی محنت اور تیاری کرنی ضروری ہے، تب کہیں جا کر یہ متاع گرانمایہ ہاتھ آ سکتی ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں اس کے لئے تیاری کرنے کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۱۹(٥)- بابٌ]

[۲٤٤٤-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِيْ النَّضْرِ، ثَنِيْ أَبُوْ النَّضْرِ، نَا أَبُوْ عَقِيْلٍ الثَّقَفِيُّ، نَا أَبُوْ فَرْوَةَ

يَزِيْدُ بنُ سِنَانٍ التَّمِيْمِيُّ، ثَنِیْ بُكَيْرُ بنُ فَيْرُوْزَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”مَنْ خَافَ أَدْلَجَ، وَمَنْ أَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ، أَلَا! إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِيَةٌ، أَلَا! إِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِی النَّضْرِ.

بابٌ

آدمی پرہیزگار کب بن سکتا ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بندہ اس وقت تک پرہیزگاروں میں شامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ چھوڑ نہ دے اس کام کو جس کے کرنے میں سختی نہیں ہے، اس کام سے ڈرتے ہوئے جس کے کرنے میں سختی ہے۔

ترکیب: أَن یکون: لَایَبْلُغُ کا ظرف ہے، اور مضاف مقدر ہے، أی لَایَبْلُغُ العَبْدُ دَرَجَةَ الْمُتَّقِيْنَ...... حَذَرًا: يَدَعُ کا مفعول لہ ہے، أی خوفا مِنْ أَنْ يَقَعَ فيما فيه بأسٌ...... اور مناویؒ نے پوری حدیث کا خلاصہ یہ بیان کیا ہے: يَتْرُكُ فضولَ الحلال حَذَرًا مِنَ الوقوع فی الحرام یعنی بے فائدہ حلال کو چھوڑ دے اس اندیشہ سے کہ وہ حرام میں جا پڑے گا یعنی متقی بننے کے لئے صرف حرام سے بچنا کافی نہیں، بلکہ لایعنی حلال کو بھی چھوڑ دینا ضروری ہے۔

[۲۰(۶)- بابٌ]

[۲۴۴۵-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بنُ أَبِی النَّضْرِ، نا أَبُوْ النَّضْرِ، ثَنِیْ أَبُوْ عَقِيْلٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَقِيْلٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ، ثَنِیْ رَبِيْعَةُ بنُ يَزِيْدَ، وَعَطِيَّةُ بنُ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ السَّعْدِیِّ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم: ”لَا يَبْلُغُ الْعَبْدُ أَنْ يَكُوْنَ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ، حَتّٰى يَدَعَ مَالَا بَأْسَ بِهِ حَذَرًا لِمَا بِهِ بَأْسٌ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

دین کا ولولہ دائم قائم نہیں رہتا

دل کو عربی میں ”قلب“ اس لئے کہتے ہیں کہ وہ ہمیشہ ایک حال پر نہیں رہتا، الٹتا پلٹتا رہتا ہے، چنانچہ کبھی اعمالِ

دینیہ کی طرف رغبت ہوتی ہے، کبھی نہیں ہوتی، سستی چھا جاتی ہے، پس قلب کی اچھی حالت سے فائدہ اٹھانا چاہئے، جب وہ اعمالِ صالحہ کی طرف راغب ہو: عمل کر لینا چاہئے، کیونکہ یہ حالت بدل جائے گی پھر عمل کرنا مشکل ہوگا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر یہ بات ہو کہ تم اس حال پر دائم قائم رہو جس پر تم میرے پاس ہوتے ہو تو ضرور تم پر فرشتے اپنے پروں کے ذریعہ سایہ فگن ہوں''

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، آگے باب ۷۰ (حدیث ۲۵۱۰) میں مفصل آرہی ہے، حضرت حنظلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ہمیں رسول اللہ ﷺ جنت ودوزخ یاد دلاتے تو وہ ہمیں آنکھوں سے نظر آتی، پھر جب ہم ازواج واولاد اور جائداد میں مشغول ہوتے تو یہ حال باقی نہیں رہتا تھا جب یہ بات آپؐ سے عرض کی گئی تو آپ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قلب کے احوال دائم قائم نہیں رہتے، بس بجلی کی طرح کوندتے ہیں، اس لئے جب دل اعمالِ صالحہ کی طرف راغب ہو تو اس حالت کو غنیمت سمجھنا چاہئے، اور جو کچھ ممکن ہو کر لینا چاہئے، اور باب میں اسی مضمون کی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی ہے، جو آگے أبواب صفة الجنة (باب۲ حدیث ۲۵۲۱) میں آرہی ہے۔

[۲۱(۷)- بابٌ]

[۲٤٤٦-] حدثنا عَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ حَنْظَلَةَ الأُسَيِّدِيِّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لَوْ أَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ كَمَا تَكُوْنُوْنَ عِنْدِيْ، لَأَظَلَّتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ أَيْضًا عَنْ حَنْظَلَةَ الأُسَيِّدِيِّ، وَفِي الْبابِ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

بابٌ

چستی کے بعد سستی آجاتی ہے

اس باب کا حاصل بھی وہی ہے جو گذشتہ باب کا تھا، کبھی دل میں اعمالِ صالحہ کا خوب ذوق شوق ہوتا ہے، مگر یہ حالت ہمیشہ باقی نہیں رہتی، کچھ وقت کے بعد سستی طاری ہو جاتی ہے، اس لئے چستی کے زمانہ کو غنیمت سمجھنا چاہئے اور جو کچھ کر سکتا ہو کر لینا چاہئے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک ہر چیز کے لئے چستی ہے، اور ہر چستی کے لئے سستی ہے، پس اگر چستی والا ٹھیک رہا اور اس نے میانہ روی اختیار کی تو اس سے امید باندھو، اور اگر اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا گیا تو اس کو کچھ شمار مت کرو''

لغات: الشِّرَّة: پھرتی، چستی، کہتے ہیں: للشَّباب شِرَّةٌ: جوانی میں نشاط وچستی ہوتی ہے...... الفَتْرَة: کمزوری، سستی، ڈھیلاپن...... صَاحِبُها کی ضمیر شِرَّة کی طرف لوٹتی ہے...... سَدَّدَ: سیدھا چلا، کہتے ہیں: سَدَّدَ اللّٰهُ فلانًا: اللہ تعالیٰ فلاں کو سیدھے راستے پر چلائے...... قَارَبَ فلانٌ فی أمورہ: معاملات میں میانہ روی اختیار کرنا، حد سے نہ بڑھنا...... رَجَا يَرْجُوْ رَجَاءً: امید باندھنا، توقع رکھنا...... عَدَّ يَعُدُّ عَدًّا: شمار کرنا۔

تشریح: کبھی دینی کاموں کا جذبہ ابھرتا ہے، مگر یہ جذبہ دائم نہیں رہتا، کچھ وقت کے بعد طبیعت سست پڑ جاتی ہے، پس اس جذبہ کی قدر کرنی چاہئے، اس وقت جو بھی نیک عمل ممکن ہو کر لینا چاہئے، مگر عمل میں اعتدال ضروری ہے، جو شخص اس حال میں سیدھا چلتا ہے، اور اعتدال پر قائم رہتا ہے اس سے امید باندھو کہ وہ کچھ بنے گا، اور اگر وہ حد سے تجاوز کر جائے، اور اتنا عبادت میں مشغول ہو جائے کہ لوگ اس کی طرف اشارے کرنے لگیں کہ فلاں ایسا عبادت گذار ہے، ویسا عبادت گذار ہے، تو وہ شخص قابل لحاظ نہیں، کیونکہ یہ ہانڈی کا ابال ہے جو تھوڑی دیر میں بیٹھ جائے گا، آدمی انہی اعمال پر برقرار رہ سکتا ہے جن میں اعتدال ہوتا ہے، حدیث میں ہے: نبی ﷺ کو وہ عمل پسند تھا جو ہمیشہ پابندی سے کیا جائے، اور پابندی اعتدال والے اعمال ہی میں ممکن ہے (متفق علیہ مشکوٰۃ حدیث ۱۲۴۲)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''انسان کے برا ہونے کے لئے یہ بات کافی ہے کہ اس کی طرف دینی یا دنیوی معاملہ میں انگلیوں سے اشارہ کیا جائے، علاوہ اس شخص کے جس کی اللہ تعالیٰ حفاظت کریں''

تشریح: یہ حدیث سیوطی رحمہ اللہ نے جامع صغیر میں بیہقی کی شعب الایمان کے حوالہ سے نقل کی ہے، اور مناوی نے فیض القدیر (۴: ۱۹۷) میں اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے، اسی لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے رُوِیَ (فعل مجہول) استعمال کیا ہے۔

جاننا چاہئے کہ دینی معاملات میں انگلیوں سے اشارہ اس شخص کی طرف کیا جاتا ہے جو کوئی بدعت ایجاد کرتا ہے، لوگ اس کا چرچہ کرتے ہیں کہ فلاں یہ بات کہتا ہے، حدیث میں نماز روزہ کی کثرت مراد نہیں، کیونکہ اس میں تعجب کی کوئی بات نہیں، نہ کوئی ایسے شخص کا چرچہ کرتا ہے، اور دنیوی معاملہ میں اس شخص کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا جاتا ہے جو کوئی ایسا امر منکر کرتا ہے جو مسلمانوں میں متعارف نہیں، جیسے کوئی ایسی کاروباری اسکیم چلاتا ہے جو شرعاً درست نہیں، مگر لوگوں کے لئے وہ دلچسپ ہوتی ہے تو لوگ اس کا چرچہ کرتے ہیں۔ اور ایسا شخص برا اس لئے ہے کہ پہلی حالت اس کی دینی جہالت پر دلالت کرتی ہے، اور دوسری حالت اس کی دنیا طلبی کی غمازی کرتی ہے، اور دونوں حالتوں

میں وہ شہرت کا طالب ہوتا ہے، اخلاص اس میں نام کو نہیں ہوتا، اس لئے اس کو برا کہا گیا ہے، اچھا بندہ وہ ہے جو دینی اور دنیوی معاملہ میں ٹھیک ٹھیک چلے، اور صراط مستقیم پر گامزن رہے۔

[۲۲ (۸)- بابٌ مِنْهُ]

[۲٤٤۷-] حدثنا یُوْسُفُ بنُ سَلْمَانَ أَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِیُّ، نَا حَاتِمُ بنُ إِسْمَاعِیْلَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم: "إِنَّ لِكُلِّ شَیْئٍ شِرَّةً، وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً، فَإِنْ صَاحِبُهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوْهُ، وَإِنْ أُشِیْرَ إِلَیْهِ بِالْأَصَابِعِ فَلاَ تَعُدُّوْهُ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲٤٤۸-] وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "بِحَسْبِ امْرِئٍ مِّنَ الشَّرِّ: أَنْ یُشَارَ إِلَیْهِ بِالْأَصَابِعِ فِیْ دِیْنٍ أَوْ دُنْیَا، إِلاَّ مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ"

بابٌ

امیدیں کوتاہ کرنے کا بیان

کبھی انسان پر دنیا کی محبت اس درجہ غالب آجاتی ہے کہ وہ حیاتِ دراز کا خواب دیکھنے لگتا ہے، حالانکہ دنیا کی زندگی عارضی ہے، دائمی زندگی آخرت کی ہے، پس اسی کی تیاری میں مشغول ہونا چاہئے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک مربّع (چوگوشہ) شکل بنائی، اور اس کے درمیان میں ایک لکیر کھینچی، اور ایک دوسری لکیر چوکھٹے سے باہر کھینچی اور درمیانی لکیر کے گرد اور لکیریں بنائیں، اس طرح:

پھر چوکھٹے میں جو لکیر تھی اس کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: "یہ انسان ہے" اور چوکھٹے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: "یہ اس کی اجل (موت کا مقررہ وقت) ہے، جو اس کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے" اور یہ لکیر جو چوکھٹے کے اندر ہے انسان ہے (یہ پہلی بات کی تکرار ہے، تاکہ اگلی بات اس پر متفرع کی جائے) اور یہ (چھوٹی) لکیریں اس کے عوارض (آفات وبلیات) ہیں، اگر وہ ایک سے بچ جاتا ہے تو دوسرا اس کو ڈس لیتا ہے، اور یہ چوکھٹے سے نکلنے والا خط اس کی آرزو ہے، یعنی سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں!......اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ آدمی کو امیدیں کوتاہ

رکھنی چاہئیں، دنیا کی زندگی ایک دن ختم ہونے والی ہے، ہمیشہ قائم ودائم رہنے والے آخرت کی زندگی ہے، پس اسی کی تیاری میں لگے رہنا چاہئے اور دنیا کی طرف توجہ بس بقدرِ ضرورت ہونی چاہئے۔

[۲۳(۹)- بابٌ]

[۲٤٤۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ يَعْلى، عَنِ الرَّبِيْعِ بنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: خَطَّ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطًّا مُرَبَّعًا، وَخَطَّ فِيْ وَسَطِ الْخَطِّ خَطًّا، وَخَطَّ خَارِجًا مِنَ الْخَطِّ خَطًّا، وَحَوْلَ الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ خُطُوْطًا، فَقَالَ:" هٰذَا ابنُ آدَمَ، وَهٰذَا أَجَلُهُ، مُحِيْطٌ بِهِ، وَهٰذَا الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ الإِنْسَانُ، وَهٰذِهِ الْخُطُوْطُ عُرُوْضُهُ، إِنْ نَجا مِنْهُ يَنْهَشُهُ هٰذَا، وَالْخَطُّ الْخَارِجُ الأَمَلُ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

آخری زندگی میں مال اور حیاتِ دراز کی حرص بڑھ جاتی ہے

عجیب بات ہے: جب زندگی ختم ہونے آتی ہے، موت کے آثار نظر آنے لگتے ہیں، قُویٰ جواب دیدیتے ہیں تو آدمی میں جینے کی تمنا بڑھ جاتی ہے۔ اسی طرح جب مال کی چنداں ضرورت باقی نہیں رہتی، آدمی آل اولاد کے جھمیلوں سے نمٹ جاتا ہے، اور مصارفِ زندگی بھی کم ہوجاتے ہیں تو مال کی حرص بڑھ جاتی ہے۔ یہ دو باتیں بڑی ہی عجیب ہیں، مگر واقعی ہیں۔ پس آدمی کو چاہئے کہ ہوسوں پر کنٹرول کرے، اور زندگی کے لمحات کو غنیمت سمجھے، اور جو کچھ آخرت کے لئے کرسکتا ہے کرلے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: يَهْرُمُ ابنُ آدَمَ، وَتَشِبُّ مِنْهُ اثنتان: الحرصُ على المال والحرصُ على العُمُرِ: انسان بوڑھا ہوتا ہے اور اس کی دو باتیں جوان ہوتی ہیں: مال کی حرص اور زندگی کی حرص (متفق علیہ)

لغات: هَرِمَ (س) الرجلُ هَرَمًا: کمزور اور بوڑھا ہونا...... شَبَّ الغلامُ يَشِبُّ (ض) شَبَابًا: لڑکے کا جوان ہونا ...... اثنتان: أی خَصلتان: دو باتیں۔

[۲٤(۱۰)- بابٌ]

[۲٤٥۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَهْرَمُ ابنُ آدَمَ، وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

انسان اسبابِ موت میں گھرا ہوا ہے

یہ حدیث ابواب القدر (تحفہ ۵:۵۱۴) میں گذر چکی ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: انسان متمثل کیا گیا ہے، یعنی نفس الامر میں پیدا کیا گیا ہے درانحالیکہ ننانوے اسباب موت اس کے پہلو کی طرف متوجہ ہیں، اگر چوک جاتے ہیں اس سے یعنی بچ جاتا ہے وہ سارے ہی اسبابِ موت سے، تو جا پڑتا ہے وہ بڑھاپے میں، یہاں تک کہ وہ مر جاتا ہے، یعنی اس سبب موت سے مَفر نہیں (ابواب القدر میں امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی صرف تحسین کی ہے، کیونکہ ابوالعوام عمران بن داوَر القطان معمولی راوی ہے اور حدیثوں میں غلطیاں بھی کرتا تھا، مگر یہاں امام ترمذیؒ نے روایت کی تصحیح کی ہے)

اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ انسان متعدد اسبابِ موت میں گھرا ہوا ہے، کیونکہ زندگی ایک بلبلا ہے، کب ٹوٹ جائے؟ معلوم نہیں، کونسی آفت آگھیرے اس کا اندازہ نہیں، آدمی چلتے چلتے ختم ہو جاتا ہے، پس ہر وقت موت کی تیاری میں لگا رہنا چاہئے۔ لوگ اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ ابھی وہ جوان ہیں، بڑھاپے میں عمل کر لیں گے، یا ابھی بڑھاپے کی ابتداء ہے، آخر میں کچھ کر لیں گے، یہ بڑا دھوکہ ہے، کیا ہم نے بچوں کو اپنے ہاتھوں میں اٹھا کر دفن نہیں کیا؟ کیا جوانوں کو ہم اپنے کندھوں پر اٹھا کر دفن نہیں کر آئے؟ اور کیا ہم دیکھتے نہیں کہ اکثر لوگ بڑھاپے کی آخری حد کو نہیں چھوتے! پس لوگ کس خام خیالی میں مبتلا ہیں؟ عقلمند وہی ہے جو وقت پر چوکنا ہو جائے، کیونکہ گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں!

[۲۵(۱۱)- بابٌ]

[۲۴۵۱-] حدثنا أَبُوْ هُرَيْرَةَ مُحمدُ بنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بنُ قُتَيْبَةَ، نَا أَبُو الْعَوَّامِ، وَهُوَ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مُثِّلَ ابنُ آدَمَ، وَإِلَى جَنْبِهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ مَنِيَّةً، إِنْ أَخْطَأَتْهُ الْمَنَايَا: وَقَعَ فِي الْهَرَمِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

قیامت اور موت آیا چاہتی ہے

اور

کثرت درود شریف کی فضیلت

حدیث: سید القراء حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رات کے دو تہائی گذر جاتے تھے تو

نبی ﷺ اٹھتے تھے، پس فرماتے: اے لوگو! اللہ کو یاد کرو! اللہ کو یاد کرو! ہلا دینے والی بات (نفخۂ اولیٰ) آ گئی، یعنی آیا چاہتی ہے (اور) اس کے پیچھے ایک آنے والی بات (نفخۂ ثانیہ) آ رہی ہے، موت اپنے احوال کے ساتھ آ ئی!

حضرت ابیؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہتا ہوں، پس میں اپنی دعا میں درود کے لئے کتنا وقت رکھوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جتنا چاہو'' میں نے عرض کیا: چوتھائی؟ آپؐ نے فرمایا: ''جتنا چاہو، اور زیادہ کرو تو وہ آپؓ کے لئے بہتر ہوگا'' میں نے عرض کیا: آدھا؟ آپؐ نے فرمایا: ''جتنا چاہو، اور زیادہ کرو تو وہ بہتر ہوگا'' میں نے عرض کیا: دو تہائی؟ آپؐ نے فرمایا: ''جتنا چاہو، اور اگر زیادہ کرو تو بہتر ہوگا'' میں نے عرض کیا: میں اپنی ساری دعا کو آپؐ کے لئے (خاص) کرونگا، آپؐ نے فرمایا: ''تب تمہاری فکروں کی کفایت کی جائے گی، اور تمہارے گناہ بخش دیئے جائیں گے''

ترکیب: تُکْفٰی: فعل مضارع مجہول، صیغہ واحد مذکر حاضر، اور ھَمَّ مفعول ثانی ہے، مفعول اول ضمیر أَنْتَ ہے ......والْهَمُّ: مَا يَقْصُدُه الإنسانُ من الدنيا والآخرة: دنیوی اور اخروی افکار ھَمّ کہلاتے ہیں۔

اس حدیث میں الصلاۃ بمعنی دعا ہے، نماز مراد نہیں۔ اور نبی ﷺ کے تعلق سے الصلاۃ کے معنی: درود کے ہیں، درود فارسی لفظ ہے جس کے معنی ہیں: انتہائی درجہ کا میلان، اور بندوں کے تعلق سے الصلاۃ کے معنی: دعا کے ہیں۔

حضرت ابی بن کعبؓ نے یہ عرض کیا تھا کہ میں بکثرت آپؐ پر درود بھیجنا چاہتا ہوں، پس میرا جو وظیفہ کا وقت ہے، اور اس میں جو میں اپنے لئے دعا کرتا ہوں: اس میں سے کتنا وقت درود شریف کے لئے خاص کروں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو الی آخرہ۔ آخر میں حضرت ابیؓ نے عرض کیا: میں دعا کے سارے وقت میں درود شریف پڑھوں گا، پس آپؐ نے فرمایا: اس صورت میں اللہ تعالیٰ تمہارے افکار کا مداوا کریں گے، یعنی تمہارے دنیوی کام بنادیں گے، اور آخرت میں تمہاری بخشش فرمائیں گے، کیونکہ بندہ دعا میں یہی دو باتیں مانگتا ہے، جو درود شریف کی برکت سے خود بخود حاصل ہونگی، پس یہی کثرتِ درود شریف کی فضیلت ہے، جیسے کوئی شخص تلاوت میں مشغول رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو مانگنے والوں سے زیادہ دیتے ہیں، اسی طرح درود شریف میں مشغول رہنے والے کی مرادیں بے مانگے پوری ہوتی ہیں، یہ درود شریف کی بہت بڑی فضیلت ہے۔

[۲۶ (۱۲)- بابٌ]

[۲۴۵۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نا قَبِيْصَةُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الطُّفَيْلِ بنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا ذَهَبَ ثُلُثَا اللَّيْلِ قَامَ، فَقَالَ: '' يَا أَيُّهَا النَّاسُ! اذْكُرُوْا اللّٰهَ! اذْكُرُوْا اللّٰهَ! جَاءَتِ الرَّاجِفَةُ، تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ، جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ،

جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيْهِ" قَالَ أُبَيٌّ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّي أُكْثِرُ الصَّلاَةَ عَلَيْكَ، فَكَمْ أَجْعَلُ لَكَ مِنْ صَلاَ تِيْ؟ قَالَ:" مَاشِئْتَ" قُلْتُ: الرُّبُعَ؟ قَالَ:" مَاشِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" قُلْتُ: فَالنِّصْفَ؟ قَالَ:" مَاشِئْتَ، وَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ" قُلْتُ: فَالثُّلُثَيْنِ؟ قَالَ:" مَا شِئْتَ، فَإِنْ زِدْتَ فَهُوَ خَيْرٌ" قُلْتُ: أَجْعَلُ لَكَ صَلاَ تِيْ كُلَّهَا؟ قَالَ:" إِذًا تُكْفَى هَمُّكَ، وَيُغْفَرُ ذَنْبُكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

اللہ سے شرم کرو جیسا شرم کرنے کا حق ہے

حیاء کے لغوی معنی ہیں: نفس کا ایسی چیزوں سے باز رہنا جن کو لوگ عموماً برا جانتے ہیں، اور شریعت کی اصطلاح میں حیاء: نفس میں جمی ہوئی اس کیفیت کا نام ہے جس کی وجہ سے نفس بارگاہِ خداوندی میں ایسا پگھل جاتا ہے جیسا نمک پانی میں پگھل جاتا ہے، اور آدمی ان خیالات کی تابع داری کرنے سے رک جاتا ہے جو شریعت کی خلاف ورزی کی طرف مائل کرتے ہیں، حیاء کا انسان کی سیرت سازی میں بڑا دخل ہے، اس وصف کی وجہ سے آدمی بہت سے برے کاموں سے اور بری باتوں سے بچ جاتا ہے، اور اچھے اور شریفانہ کام کرنے لگتا ہے، چنانچہ احادیث میں اس وصف پر بہت زور دیا گیا ہے، صحیحین کی حدیث میں شرم وحیاء کو شجر ایمان کی ایک اہم شاخ قرار دیا ہے، اور بیہقی کی روایت میں حیاء اور ایمان میں چولی دامن کا ساتھ بتایا ہے، یعنی اگر ایک وصف اٹھالیا جاتا ہے تو دوسرا بھی اٹھالیا جاتا ہے، رہی یہ بات کہ حیاء کا مورد کیا کیا چیزیں ہیں؟ تو اس کی تفصیل درج ذیل روایت میں ہے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے حیاء کرو جیسا کہ اس سے حیاء کرنے کا حق ہے، صحابہ نے عرض کیا: الحمدللہ! ہم اللہ سے حیاء کرتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: (تم جو حیاء کرتے ہو) وہ حیاء نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنا جیسا اس سے حیاء کرنے کا حق ہے: یہ ہے کہ آپ سر کی اور جن قُوی کو سر نے جمع کیا ہے: نگہداشت کریں (اس میں کان، آنکھ، ناک اور افکار کی حفاظت کا حکم آگیا) اور پیٹ کی اور ان اعضاء کی جن کو پیٹ نے سمیٹا ہے: نگہداشت کریں (اس میں شہوتِ بطن اور شہوتِ فرج سے بچنے کا حکم آگیا) اور موت اور بوسیدہ ہونے کو یاد کریں، پس جو شخص آخرت کو اپنا مقصد بناتا ہے وہ دنیا کی آرائش سے دستبردار ہو جاتا ہے، اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتا ہے، پس جس نے یہ کام کئے اس نے یقیناً اللہ سے حیاء کی جیسا ان سے حیاء کرنے کا حق ہے۔

تشریح: عرف عام میں اس شخص کو جو طبعی کمزوری کی وجہ سے بعض کام نہیں کرتا: حیاء دار کہا جاتا ہے۔ اسی طرح اس بامروت آدمی کو بھی حیاء دار کہا جاتا ہے جو ایسی باتوں کا ارتکاب نہیں کرتا جن سے چہ میگوئیاں ہوتی ہیں، حالانکہ یہ دونوں باتیں اس حیاء کا مصداق نہیں جو شرعاً مطلوب ہے، شرعی حیا یہ ہے کہ آدمی سر کی اور ان قوی کی جن کو سر نے

جمع کیا ہے، اور پیٹ کی اوران اعضاء کی جن کو پیٹ نے سمیٹا ہے: نگہداشت رکھے، اوران سے صادر ہونے والے گناہوں سے بچے ...... پھر آپ نے اس سبب کی نشاندہی فرمائی جو حیا کا سبب بنتی ہے، اور وہ موت کو اور بوسیدگی کو یاد کرنا ہے، پھر آخر میں یہ فرمایا کہ زہد اور حیا میں چولی دامن کا ساتھ ہے، حیاء کبھی بھی زہد سے علحدہ نہیں ہوتی، فرمایا: جو شخص آخرت کو اپنا مقصد بناتا ہے وہ دنیا کی آرائش کو چھوڑ دیتا ہے، اور آخرت کو دنیا پر ترجیح دیتا ہے، یہی زہد ہے۔

لغات: اِسْتَحْیٰ فلان فلانا: کسی کا کسی سے شرمانا۔ اِسْتَحْیَاہ اور استحیا مِنْہُ دونوں طرح مستعمل ہے...... وَعَی یَعِیْ وَعْیًا الشیئَ: برتن میں جمع کرنا...... حَوَی یَحْوِی حَوَایَۃً الشیئَ: جمع کرنا، سمیٹنا، مشتمل ہونا۔

تشریحات:

اللہ تعالیٰ سے شرماؤ جیسا شرمانے کا حق ہے، یعنی اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا ڈرنے کا حق ہے یعنی کامل تقوی اختیار کرو جس میں تمام معاصی کا چھوڑنا شامل ہے...... اور صحابہ نے عجز کا اعتراف کرتے ہوئے: ''جیسا اللہ سے شرمانے کا حق ہے'' نہیں کہا، بلکہ صرف یہ کہا کہ ہم اللہ سے شرماتے ہیں ...... سر کی حفاظت میں یہ بات بھی شامل ہے کہ غیر اللہ کو سجدہ نہ کیا جائے، نام و نمود کے لئے نماز نہ پڑھی جائے، غیر اللہ کے سامنے سر نہ جھکایا جائے اور تکبر سے سر اونچا نہ کیا جائے ...... اور سر میں یہ قوتیں شامل ہیں: زبان، آنکھ، ناک، کان، دماغ اور حواس باطنہ۔ ان سب کو ناجائز کاموں سے بچانا کما حقہ شرمانا ہے...... اور پیٹ کی حفاظت سے مراد حرام کھانے سے بچنا ہے...... اور پیٹ کے قوی جو پیٹ کے ساتھ لگے ہوئے ہیں وہ شرم گاہ، پاؤں، ہاتھ اور دل ہیں۔ یہ سب اعضاء پیٹ سے متصل ہیں اور ان کی نگہداشت یہ ہے کہ ان کو معاصی میں استعمال نہ کیا جائے، بلکہ اللہ کی خوشنودی میں استعمال کیا جائے...... اور آخرت اور دنیا کی زینت سوکنیں ہیں، دونوں کامل طور پر جمع نہیں ہوسکتیں، ایک خوش ہوتی ہے تو دوسری ناراض ہوجاتی ہے، اس لئے فرمایا: ''جو آخرت کو چاہتا ہے: دنیا کی زینت چھوڑ دیتا ہے'' یعنی اس کے پیچھے نہیں پڑتا۔

سند کی بحث: یہ حدیث صباح بن محمد بن ابی حازم بجلی احمصی کوفی کی وجہ سے ضعیف ہے، یہ راوی موقوف حدیثوں کو مرفوع کر دیا کرتا تھا، اور ذہبیؒ نے (میزان ۲:۳۰۶، ترجمہ ۳۸۴۸ میں) لکھا ہے کہ اس راوی نے حضرت ابن مسعود کے دو قولوں کو مرفوع کر دیا ہے (ان میں سے ایک یہ ہے)

[۲۷ (۱۳)- بابٌ]

[۲۴۵۳-] حدثنا یَحْیَی بنُ مُوْسَی، نَا مُحمدُ بنُ عُبَیْدٍ، عَنْ أَبَانَ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّبَّاحِ بنِ مُحمدٍ، عَنْ مُرَّۃَ الْھَمْدَانِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''اسْتَحْیُوْا مِنَ اللّٰہِ حَقَّ الْحَیَاءِ'' قُلْنَا: یَانَبِیَّ اللّٰہِ! إِنَّا لَنَسْتَحْیِیْ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ! قَالَ: '' لَیْسَ ذَاکَ،

وَلٰكِنَّ الِاسْتِحْيَاءَ مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ: أَنْ تَحْفَظَ الرَّأْسَ، وَمَا وَعَى، وَتَحْفَظَ الْبَطْنَ، وَمَا حَوَى، وَتَتَذَكَّرَ الْمَوْتَ وَالْبِلَى، وَمَنْ أَرَادَ الآخِرَةَ تَرَكَ زِيْنَةَ الدُّنْيَا، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيَى- يَعْنِيْ مِنَ اللّٰهِ - حَقَّ الْحَيَاءِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ أَبَانَ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّبَّاحِ بنِ مُحمدٍ.

بابٌ

عقلمند آدمی نفس کا محاسبہ کرتا ہے

نفس اور اعمال کی پڑتال کرنا عقلمندی کی بات ہے، جس کی عقل نور ایمانی سے منور ہوتی ہے، اور آخرت اس کی نگاہ میں دنیا سے زیادہ اہم ہوتی ہے: وہ ضرور اپنا محاسبہ کرتا ہے، اور محاسبہ کا فائدہ یہ ہے کہ جو غلطیاں سامنے آتی ہیں، انسان آگے ان سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اور جو نیک اعمال صادر ہوتے ہیں ان میں آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-الكَيِّسُ: مَنْ دَانَ نَفسَه، وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الموتِ: دانا (زیرک) وہ ہے جو اپنے نفس سے حساب لے، اور موت کے بعد کے لئے عمل کرے، الكيِّس: زیرک، ہوشیار، عقلمند، كَاسَى الْوَلَدُ يَكِيْسُ كَيْسًا وَكِيَاسَةً: عاقل ہونا، ذہین ہونا، تیز طبع ہونا...... دَانَ فلانٌ نفسَه: حساب کرنا، حساب لینا، دَانَ يَدِيْنُ فلاناً دِيْنًا: زیر کرنا، تابع بنانا۔

۲-والعَاجِزُ: مَنْ أَتْبَعَ نفسَه هواها، وتَمَنَّى على الله: اور درماندہ (بے وقوف) وہ ہے جو اپنے نفس کو اس کی خواہشات کے پیچھے چھوڑے، اور اللہ سے آرزو باندھے، یعنی گناہوں میں مبتلا رہے، نفس کی خواہشات پوری کرتا رہے اور خام خیالی میں مبتلا رہے کہ اللہ تعالیٰ غفور رحیم ہیں، وہ ضرور اس کو بخش دیں گے یہ آخری درجہ کی بے وقوفی ہے۔

حدیث (۲): حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تقریر میں فرمایا: اس سے پہلے اپنا محاسبہ کرو کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔ اور اللہ کے سامنے بڑی پیشی کے لئے (اعمال سے) آراستہ ہو جاؤ، اور قیامت کے دن اس کا حساب ہلکا ہوگا، جو دنیا میں اپنا محاسبہ کرتا ہے (رواه ابن المبارك فى كتاب الزهد (درمنثور ۶:۲۶۱) اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے یُروی (فعل مجہول) استعمال کر کے سند کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے)

حدیث (۳): میمون بن مہران جزری کوفی: جو بڑے فقیہ تھے، اور حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کی طرف سے جزیرہ کے گورنر تھے، فرماتے ہیں: بندہ اس وقت تک پرہیزگار نہیں بن سکتا جب تک وہ اپنے نفس سے حساب نہ لے، جس طرح اپنے ساجھی (کاروبار میں شریک) سے حساب لیتا ہے: کہاں سے اس کا کھانا اور اس کا پہننا ہے؟ (یہ نفس سے حساب لینا ہے، یعنی وہ اپنے ذرائع آمدنی کا جائزہ لیتا رہے)

[۲۸(۱٤)- بابٌ]

[۲٤٥٤-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نَا عِيْسَى بنُ يُوْنُسَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ، ح: وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَمْرُو بنُ عَوْنٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ ضَمْرَةَ بنِ حَبِيْبٍ، عَنْ شَدَّادِ بنِ أَوْسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ، وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ، وَالْعَاجِزُ مَنْ أَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا، وَتَمَنَّى عَلَى اللّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" مَنْ دَانَ نَفْسَهُ" يَقُوْلُ: يُحَاسِبُ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا، قَبْلَ أَنْ يُحَاسَبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

[۲٤٥٥-] وَيُرْوَى عَنْ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: حَاسِبُوْا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوْا، وَتَزَيَّنُوْا لِلْعَرْضِ الْأَكْبَرِ، وَإِنَّمَا يَخِفُّ الْحَسَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا.

[۲٤٥٦-] وَيُرْوَى عَنْ مَيْمُوْنِ بنِ مِهْرَانَ، قَالَ: لَايَكُوْنُ الْعَبْدُ تَقِيًّا حَتَّى يُحَاسِبَ نَفْسَهُ كَمَا يُحَاسِبَ شَرِيْكَهُ: مِنْ أَيْنَ مَطْعَمُهُ وَمَلْبَسُهُ؟

بابٌ

قبر مردے سے کیا کہتی ہے؟

حدیث: نبی ﷺ اپنی نماز کی جگہ میں داخل ہوئے (ملا علی قاری رحمہ اللہ کہتے ہیں: ''نماز کی جگہ'' سے مراد مسجد نہیں، بلکہ جنازہ پڑھنے کی جگہ مراد ہے) پس آپؐ نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو گویا کھل کھلا کر ہنس پڑیں گے، آپؐ نے فرمایا: سنو! اگر تم مزے توڑنے والی چیز (موت) کو بکثرت یاد کرو تو وہ تمہاری توجہ اِس حالت سے ہٹا دے گی جو میں دیکھ رہا ہوں، لہٰذا مزے توڑنے والی چیز موت کو بکثرت یاد کرو، اس لئے کہ قبر پر کوئی دن نہیں گذرتا مگر وہ بولتی ہے، وہ کہتی ہے: میں مسافرت کا گھر ہوں! یعنی جو میرے اندر آتا ہے وہ پردیسی ہوجاتا ہے، میں تنہائی کا گھر ہوں! میں مٹی کا گھر ہوں! میں کیڑوں کا گھر ہوں!

پس جب مؤمن دفن کیا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے: آپ کشادہ جگہ آئے! اور آپ اپنے گھر والوں میں آئے! سنو! بیشک آپ مجھے ان لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب تھے جو میری پیٹھ پر چلتے ہیں، پس آج جب میں آپ کی ذمہ دار بنائی گئی اور آپ میری طرف آگئے تو عنقریب آپ دیکھیں گے کہ میرا برتاؤ آپ کے ساتھ کیسا ہوتا ہے؟ پس وہ اس کے لئے مدنظر تک کشادہ ہوجاتی ہے، اور اس کے لئے جنت کی طرف ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے۔

اور جب بدکار آدمی یا فرمایا: کافر آدمی (راوی کو شک ہے) دفن کیا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے: تیرے لئے یہاں نہ کشادگی ہے اور نہ تو اپنے گھر والوں میں آیا! سن! بیشک تو مجھے ان لوگوں میں سب سے زیادہ مبغوض (ناپسندیدہ) تھا جو میری پیٹھ پر چلتے ہیں، پس آج جب میں تیری ذمہ دار بنائی گئی اور تو میری طرف آ گیا تو عنقریب تو اپنے ساتھ میرا برتاؤ دیکھے گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس قبر اس پر مل جائے گی، یہاں تک کہ اس کے اوپر ہو جائے گی، اور اس کی پسلیاں اِدھر اُدھر ہو جائیں گی۔ راوی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنی انگلیوں سے اشارہ کیا پس بعض کو بعض میں داخل کیا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: اور اس پر ستر اژدہے مسلط کئے جائیں گے، جن میں سے اگر ایک بھی زمین پر پھنکار دے تو زمین رہتی دنیا تک کوئی چیز نہ آگائے، پس وہ اس کو ڈسیں گے اور کاٹیں گے، یہاں تک کہ اس کو حساب کے لئے میدانِ محشر میں لے جایا جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ''قبر یا تو جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے، یا دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے!''

لغات: كَشَرَ عن أَسْنَانِه يَكْشِرُ (ض) كشرًا: ہنستے وقت دانت نکالنا، اكْتَشَرَ الرجلُ: ہنستے وقت خوب دانت نکالنا...... مَرحبًا: خوش آمدید، المَرْحَبْ: کشادگی، فراخی، مَرحباً بك: آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے، آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے۔ لا مَرْحبًا بك: بددعا کے لئے ہے، یعنی خدا کرے تمہارے لئے یہاں جگہ تنگ ہو...... السَّهْلُ: نرم، ہموار جگہ، سَهْلاً: أي أَتَيتَ سَهْلاً: آپ نرم جگہ میں آئے، بوقت ملاقات کہتے ہیں: أهلاً و سهلاً: أي لَقِيْتَ أهلاً، و حَلَلْتَ سَهْلاً: آپ اپنے لوگوں سے ملے، اور آرام والی جگہ میں آئے، اردو میں ایسے موقع پر خوش آمدید کہتے ہیں...... وَلّٰى فلاناً الأَمْرَ: کسی کو کسی کام کا منتظم بنانا، نگراں بنانا، کوئی کام سپرد کرنا...... التَئَمَ يَلْتَئِمُ الشيئُ: جڑنا، مل جانا، اکٹھا ہونا، فَيَلْتَئِمُ عليه: پس قبر اس پر اکٹھا ہو جائے گی...... يُقَيَّضُ (فعل مجہول) قَيَّضَ اللّٰهُ له كذا: اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے یہ چیز مقدر کی...... التِّنِّيْن: اژدہا...... نَهَشَ الحَيَّةُ فلاناً: سانپ کا کسی کو ڈسنا...... خَدَشَ يَخْدِشُ (ض) الشيئَ: زخمی کرنا۔

سند کی بحث: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی عبید اللہ بن الولید الوصّافی ابو اسماعیل الکوفی نہایت کمزور راوی ہے۔

[۲۹(۱۵)- بابٌ]

[۲٤٥۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ أَحْمَدَ، وَهُوَ ابنُ مَدُّوْيَهْ، نَا الْقَاسِمُ بنُ الْحَكَمِ العُرَنِيُّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ الْوَلِيْدِ الْوَصَّافِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: دَخَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُصَلَّاهُ، فَرَأَى نَاسًا كَأَنَّهُمْ يَكْتَشِرُوْنَ، قَالَ:'' أَمَا إِنَّكُمْ لَوْ أَكْثَرْتُمْ ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ، لَشَغَلَكُمْ

عَمَّا أَرَى، فَأَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ: الْمَوْتِ، فَإِنَّهُ لَمْ يَأْتِ عَلَى الْقَبْرِ يَوْمٌ إِلَّا تَكَلَّمَ، فَيَقُوْلُ: أَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ! أَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ! أَنَا بَيْتُ التُّرَابِ! أَنَا بَيْتَ الدُّوْدِ!

فَإِذَا دُفِنَ العَبْدُ الْمُؤْمِنُ، قَالَ لَهُ الْقَبْرُ: مَرْحَبًا وَأَهْلاً! أَمَا إِنْ كُنْتَ لَأَحَبَّ مَنْ يَمْشِيْ عَلَى ظَهْرِيْ إِلَيَّ، فَإِذْ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ، وَصِرْتَ إِلَيَّ، فَسَتَرَى صَنِيْعِيْ بِكَ! فَيَتَّسِعُ لَهُ مَدَّ بَصَرِهِ، وَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى الْجَنَّةِ.

وَإِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ أَوْ: الْكَافِرُ، قَالَ لَهُ الْقَبْرُ: لَامَرْحَبًا! وَلاَ أَهْلاً! أَمَا إِنْ كُنْتَ لَأَبْغَضَ مَنْ يَمْشِيْ عَلَى ظَهْرِيْ إِلَيَّ، فَإِذَ وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ، وَصِرْتَ إِلَيَّ، فَسَتَرَى صَنِيْعِيْ بِكَ!" قَالَ:" فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ، حَتَّى يَلْتَقِيَ عَلَيْهِ، وَتَخْتَلِفَ أَضْلاَعُهُ" قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِأَصَابِعِهِ، فَأَدْخَلَ بَعْضَهَا فِيْ جَوْفِ بَعْضٍ.

قَالَ:"وَيُقَيَّضُ لَهُ سَبْعُوْنَ تِنِّيْنًا، لَوْ أَنَّ وَاحِدًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ، مَا أَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا، فَيَنْهَشْنَهُ، وَيَخْدِشْنَهُ، حَتَّى يُفْضَى بِهِ إِلَى الْحِسَابِ"

قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا الْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، أَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَارِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

سادہ زندگی اختیار کرو

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں (ایک مرتبہ) نبی ﷺ کے پاس گیا، پس اچانک میں نے دیکھا کہ آپ کھجور کے پٹھوں سے بُنی ہوئی چٹائی پر ٹیک لگائے ہوئے ہیں، یعنی لیٹے ہوئے ہیں، پس میں نے چٹائی کے نشان آپ کے پہلو میں دیکھے، اس حدیث میں لمبا مضمون ہے (جس کو امام ترمذی رحمہ اللہ نے کتاب التفسیر (تفسیر سورۃ التحریم) میں بیان کیا ہے، یہ لمبا واقعہ اس موقع کا ہے جب یہ افواہ پھیلی تھی کہ نبی ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی۔ اس وقت حضرت عمرؓ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے، اور یہ منظر دیکھا تھا، نبی ﷺ کرتا اتار کر کھجور کی چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے، جس سے جسم مبارک پر نشان پڑ گئے تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہ منظر دیکھ کر رو پڑے، یہی وہ سادہ زندگی ہے جو امت کے لئے اسوہ ہے...... **قوله: علی رَمْلِ حَصِيْرٍ، وفی الصحیحین: علی رِمال حصیر:** کھجور کے پٹھوں سے بُنی ہوئی چٹائی پر، **رَمَلَ الحَصِيْرَ أی نَسَجَ، أی لم یکن علی السَّریر وِطاءٌ سِوی الحصیر:** چارپائی پر صرف چٹائی بچھی ہوئی تھی، اور کچھ بچھا ہوا نہیں تھا۔

[۳۰(۱٦)- بابٌ]

[۲٤٥٨-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ ثَوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: أَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَإِذَا هُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى رَمْلِ حَصِيْرٍ، فَرَأَيْتُ أَثَرَهُ فِيْ جَنْبِهِ، وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

دنیا میں منافست تباہ کن ہے

منافست یعنی ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا: دینی کاموں میں اچھی بات ہے، سورۃ التطفیف میں ہے: ﴿وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ﴾ یعنی حرص کرنے والوں کو جنت کی نعمتیں حاصل کرنے میں حرص کرنی چاہئے، اور دنیا کی فانی چیزوں میں منافست تباہ کن ہے۔ پس دنیا ضرور کمائی جائے مگر منافست سے بچا جائے۔

حدیث: حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ نے جو قبیلہ بنو عامر بن لُوَی کے حلیف (معاہد، اتحادی) تھے، اور جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ بدر میں شریک تھے، یعنی بدری صحابی تھے، انھوں نے مسور بن مخرمہ کو بتایا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو (صدقات وصول کرنے کے لئے) بھیجا، پس وہ بحرین سے مال لے کر آئے، انصار نے جب حضرت ابوعبیدہ کی آمد کے بارے میں سنا تو وہ فجر کی نماز میں اچانک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آگئے، پس جب آپؐ نے نماز پڑھی اور پھرے تو وہ لوگ آپؐ کے سامنے آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کو دیکھا تو مسکرائے اور فرمایا: ''میرا خیال ہے: آپ لوگوں کو خبر پہنچی ہے کہ ابوعبیدہ کچھ لے کر آئے ہیں؟'' ان لوگوں نے کہا: ہاں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: ''پس خوشخبری سن لو، اور اس چیز کی امید باندھو جو تمہیں خوش کرے'' یعنی ابوعبیدہؓ مال لے کر آئے ہیں اور میں اس کو ابھی تقسیم کروں گا، ''مگر بخدا! میں تم پر محتاجگی سے نہیں ڈرتا، بلکہ مجھے تمہارے بارے میں اس بات کا ڈر ہے کہ تم پر دنیا پھیلا دی جائے، جس طرح تم سے پہلے والوں پر پھیلا دی گئی، پس تم میں دنیا کے مال کے بارے میں منافست پیدا ہو جائے جس طرح پہلے والوں میں منافست پیدا ہوئی، پس وہ دنیا تم کو تباہ کر دے، جس طرح اس نے پہلے والوں کو تباہ کر دیا''

لغات: وَافَى فلاناً: کسی کے پاس اچانک آنا ...... تعَرَّضَ الشيئَ وله: درپے ہونا ...... أَمَّلَهُ تَأْمِيْلاً: امید رکھنا ...... سَرَّهُ يَسُرُّ(ن) سُرُوْرًا وَمَسَرَّةً: خوش کرنا ...... تَنَافَسَ الْقَوْمُ فی كذا: کسی چیز میں باہم مقابلہ کرنا، نقصان

پہنچائے بغیر ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔

[۳۱(۱۷)- بابٌ]

[۲۴۵۹-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مَعْمَرٍ، وَيُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ الْمِسَوَّرَ بنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَمْرَو بنَ عَوْفٍ، وَهُوَ حَلِيْفُ بَنِيْ عَامِرِ بنِ لُؤَيٍّ، وَكَانَ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرَهُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ بنَ الْجَرَّاحِ، فَقَدِمَ بِمَالٍ مِنَ الْبَحْرِيْنِ، فَسَمِعَتِ الْأَنْصَارُ بِقُدُوْمِ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، فَوَافَوْا صَلاَةَ الْفَجْرِ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم انْصَرَفَ، فَتَعَرَّضُوْا لَهُ، فَتَبَسَّمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ رَآهُمْ، ثُمَّ قَالَ:" أَظُنُّكُمْ سَمِعْتُمْ أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ قَدِمَ بِشَيْئٍ؟" قَالُوْا: أَجَلْ، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" فَأَبْشِرُوْا، وَأَمِّلُوْا مَايَسُرُّكُمْ، فَوَا اللّٰهِ! مَا الفَقْرُ أَخْشَى عَلَيْكُمْ، وَلٰكِنْ أَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ تُبْسَطَ الدُّنْيَا عَلَيْكُمْ، كَمَا بُسِطَتْ عَلَى مَنْ قَبْلَكُمْ، فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا، فَتُهْلِكَكُمْ كَمَا أَهْلَكَتْهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

برکت والا اور بے برکتی مال

حدیث: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے مال کا سوال کیا، آپؐ نے مجھے عنایت فرمایا، پھر میں نے مانگا تو آپؐ نے عنایت فرمایا، پھر (تیسری بار) میں نے مانگا تو (بھی) آپ نے عنایت فرمایا، پھر فرمایا: ''اے حکیم! بیشک یہ مال سرسبز وشیریں ہے (مال کو جانوروں کے تعلق سے ہری بھری گھاس کے ساتھ تشبیہ دی ہے، اور انسانوں کے تعلق سے میٹھی چیز کے ساتھ تشبیہ دی ہے) پس جو شخص دریا دلی سے مال لیتا ہے، اس کے لئے اس میں برکت فرمائی جاتی ہے، اور جو شخص نفس کے جھانکنے کے ساتھ مال لیتا ہے، اس کے لئے اس میں برکت نہیں فرمائی جاتی۔ اور وہ اس شخص کی طرح ہوتا ہے جو کھاتا ہے مگر شکم سیر نہیں ہوتا، اور اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے''

تشریح: حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ نے بار بار مال کا سوال کیا: یہی نفس کا جھانکنا ہے، اور اس طرح جو مال حاصل کیا جاتا ہے اس سے کبھی پیٹ نہیں بھرتا، دوسری بات آپؐ نے یہ سمجھائی کہ آدمی کی خوبی مانگنا نہیں ہے، بلکہ دینا ہے، کیونکہ اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔

پس حضرت حکیمؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اس ذات کی قسم جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں آپؐ کے بعد کبھی کسی کا مال نہیں گھٹاؤں گا، تا آنکہ دنیا سے جدا ہو جاؤں، یعنی اب میں کسی سے کچھ نہیں لوں گا، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حضرت حکیمؓ کو بلاتے تاکہ ان کو ان کا عطیہ (وظیفہ) دیں، پس وہ قبول کرنے سے انکار کرتے تھے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کو بلاتے تاکہ وہ ان کو ان کا (وظیفہ) دیں مگر حضرت حکیمؓ ان سے بھی کوئی چیز قبول نہیں کرتے تھے، چنانچہ حضرت عمرؓ نے فرمایا: اے مسلمانو! میں آپ لوگوں کو حکیم کے معاملہ میں گواہ بناتا ہوں: میں ان کے سامنے ان کا وہ حق پیش کرتا ہوں جو ان کا اس مال فی میں ہے پس وہ اس کو لینے سے انکار کرتے ہیں، غرض حضرت حکیمؓ نے وفات تک نبی ﷺ کے بعد کسی سے کوئی چیز نہیں لی۔

لغات: السَّخَاوَة، وَالسَّخَاءُ: فیاضی، دریا دلی، سخاوت نفس، رال نہ ٹپکانا...... **الإشراف:** اوپر سے دیکھنا، اسی معنی میں استشراف بھی ہے، یعنی نگاہ اٹھا کر دیکھنا، اشرافِ نفس: نفس کا جھانکنا، امیدوار رہنا...... رَزَءَ (ف) مَالَه، رُزْءً ا: مال میں سے کچھ لے کر اس میں کمی کرنا۔

[۳۲ (۱۸)- بابٌ]

[۲٤٦٠-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، وَابْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ حَكِيْمَ بنَ حِزَامٍ قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ، ثُمَّ قَالَ: "يَاحَكِيْمُ! إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلاَ يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى"

فَقَالَ حَكِيْمٌ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لاَ أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا، حَتَّى أُفَارِقَ الدُّنْيَا، فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ يَدْعُوْ حَكِيْمًا إِلَى الْعَطَاءِ، فَيَأْبَى أَنْ يَقْبَلَهُ، ثُمَّ إِنَّ عُمَرَ دَعَاهُ لِيُعْطِيَهُ، فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ مِنْهُ شَيْئًا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّيْ أُشْهِدُكُمْ يَامَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَى حَكِيْمٍ أَنِّيْ أَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ، فَيَأْبَى أَنْ يَأْخُذَهُ، فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيْمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ شَيْئًا بَعْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى تُوُفِّيَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

خوش حالی میں پامردی مشکل ہوتی ہے

امتحان ہر حال میں ہوتا ہے، بدحالی میں بھی اور خوش حالی میں بھی، یعنی دونوں حالتوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے

کچھ احکام دیئے ہیں، جن پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے، اور بدحالی کا امتحان آسان ہے، اس میں ثابت قدم رہنا کچھ زیادہ مشکل نہیں، اور خوش حالی کا امتحان سخت ہے، اس میں ثابت قدم رہنا مشکل امر ہے، مگر جس کی اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں اس کے لئے کچھ مشکل نہیں۔

حدیث: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے زمانہ میں بدحالی سے آزمائے گئے، پس ہم نے صبر کیا، یعنی ہم امتحان میں کامیاب ہوئے، پھر آپؐ کے بعد ہم خوش حالی سے آزمائے گئے تو ہم ثابت قدم نہ رہ سکے۔

لغات: الضَّرَّاء: سختی، فقر وفاقہ، تکلیف کی حالت ...... ابْتِلاَء: آزمانا، آزمائش میں ڈال کر صورتِ حال جاننا، ابْتُلِيَ: فعل مجہول ہے...... السَّرَّاء: خوش حالی، آسودگی، مسرت وشادمانی۔

[۳۳(۱۹)- بابٌ]

[۲٤٦۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ صَفْوَانَ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ عَوْفٍ، قَالَ: "ابْتُلِيْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالضَّرَّاءِ فَصَبَرْنَا، ثُمَّ ابْتُلِيْنَا بَعْدَهُ بِالسَّرَّاءِ فَلَمْ نَصْبِرْ" هٰذا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

طالبِ آخرت کا دل مطمئن ہوتا ہے، اور طالبِ دنیا کا پراگندہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو آخرت کی فکر ہوتی ہے یعنی وہ آخرت کی طلب میں لگا رہتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کے دل کو مستغنی کر دیتے ہیں یعنی اس کو قلبی سکون عطا فرماتے ہیں، اس کو محتاجگی کی فکر نہیں ستاتی، اور اللہ تعالیٰ اس کی پراگندہ حالی کو درست فرما دیتے ہیں، اور دنیا اس کے پاس ذلیل ہو کر آتی ہے، یعنی جو اس کے مقدر میں ہوتا ہے ملتا ہے، اور جس شخص کو دنیا کی فکر ہوتی ہے، یعنی وہ دنیا کی طلب میں لگا رہتا ہے: اللہ تعالیٰ اس کی محتاجگی کو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کر دیتے ہیں، یعنی اس کے حال سے محتاجگی ہُویدا ہوتی ہے، اور اس کے احوال کو پراگندہ کر دیتے ہیں، یعنی اس کو جمع خاطر حاصل نہیں ہوتا، اور دنیا اس کو بس اتنی ہی ملتی ہے جتنی اس کے لئے مقدر ہے۔

لغات: الهَمُّ: فکر، رنج، غم ...... الشَّمْل: اجتماعیت، شیرازہ، جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهم: اللہ ان کو متحد کرے، شَتَّتَ شَمْلَهُمْ: اللہ ان میں پھوٹ ڈالے، جَمْعُ الشَّمْلِ: شیرازہ بندی کرنا ...... رَاغِمَة: اسم فاعل واحد مؤنث، رَغِمَ (ف) رَغْمًا: ذلیل ہونا، حقیر ہونا۔

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''اے انسان! میری عبادت کے لئے فارغ ہوجا، میں تیرے سینہ کو بے نیازی سے بھردوں گا، اور تیری محتاجگی کو دور کردوں گا، اور اگر تو ایسا نہیں کرے گا تو میں تیرے دونوں ہاتھوں کو مشغولیت سے بھردوں گا، اور تیری محتاجگی کو دور نہیں کروں گا''

لغت: سَدَّ يَسُدُّ (ن) سَدًّا الثُّلْمَةَ: سوراخ بند کرنا، سَدَّ الْحاجَةَ: ضرورت پوری کرنا۔ سَدَّ الْفَقْرَ: محتاجگی دور کرنا۔

تشریح: جو بندہ آخرت کی فلاح کو اپنا مقصود بناتا ہے، اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا معاملہ یہ ہوتا ہے کہ اس کو قناعت اور جمعیتِ خاطر نصیب ہوتی ہے، اور جو کچھ دنیا اس کے لئے مقدر ہوتی ہے کسی نہ کسی راستہ سے مل جاتی ہے، اور اس کے برعکس جو دنیا کو مطلوب بناتا ہے: محتاجگی اور پریشانی اس پر مسلط کردی جاتی ہے، دیکھنے والے کو اس کے چہرے سے اس کی پریشانی صاف نظر آتی ہے، اور اس کو رات دن دوڑ دھوپ کرنے کے باوجود دنیا بس اتنی ہی ملتی ہے جو اس کے لئے مقدر ہوتی ہے، پس جب واقعہ یہ ہے تو بندے کو چاہئے کہ آخرت کو اپنا مقصود ومطلوب بنائے، اور دنیا کو بس ایک عارضی اور وقتی ضرورت سمجھ کر اس کی صرف اتنی ہی فکر کرے جتنی کسی عارضی اور وقتی چیز کی کی فکر کی جاتی ہے (ماخوذ از معارف الحدیث ۲: ۸۲)

[٣٤ (٢٠)- بابٌ]

[٢٤٦٢-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنِ الرَّبِيْعِ بنِ صَبِيْحٍ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبَانَ، وَهُوَ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' مَنْ كَانَتِ الآخِرَةُ هَمَّهُ: جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهِ، وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ، وأَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ، وَمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا هَمَّهُ: جَعَلَ اللّٰهُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَفَرَّقَ عَلَيْهِ شَمْلَهُ، وَلَمْ يَأْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا مَا قُدِّرَ لَهُ''

[٢٤٦٣-] حدثنا عَلِيُّ بنُ خَشْرَمٍ، نا عِيْسىٰ بنُ يُوْنُسَ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ زَائِدَةَ بنِ نَشِيْطٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ خَالِدٍ الْوَالِبِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: يَا ابْنَ آدَمَ! تفرَّغْ لِعِبَادَتِيْ: أَمْلأْ صَدْرَكَ غِنًى، وَأَسُدَّ فَقْرَكَ، وَإِنْ لاتَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَيْكَ شُغْلاً، وَلَمْ أَسُدَّ فَقْرَكَ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ خَالِدٍ الْوَالِبِيُّ: اسْمُهُ هُرْمُزٌ.

بابٌ

دل کش چیزوں سے دور رہا جائے

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہمارے لئے ایک نقشیں پردہ تھا، جس میں جانداروں کی

تصویریں تھیں، میں نے اس کو اپنے دروازہ پر لٹکایا تھا، رسول اللہ ﷺ نے اس کو دیکھا تو فرمایا: انْزَعِيْه، فإنّه يُذَكِّرُنِيْ الدنيا: اس کو نکال دو، وہ مجھے دنیا یاد دلاتا ہے، صدیقہؓ فرماتی ہیں: اور ہمارے لئے ایک پرانی چادر تھی جس پر ریشمی پھول بوٹے بنے ہوئے تھے ہم اس کو استعمال کرتے تھے۔ اور دوسری حدیث میں صدیقہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کا بستر جس پر آپ لیٹتے تھے چمڑے کا تھا، اور اس کا بھراؤ کھجور کے ریشوں کا تھا۔

لغات: القِرَام: نقشیں پردہ، مختلف رنگوں کا اونی کپڑا جس کا پردہ بنایا جاتا تھا، اور ہودج میں بھی بچھایا جاتا تھا ...... تماثيل: التِّمْثَال کی جمع: وہ تصویر جو کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنی ہوئی ہو، في ثوبه تَماثيلُ: اس کے کپڑے میں جانوروں کی تصویریں ہیں ...... السَّمَل: پرانا اور بوسیدہ کپڑا، کہا جاتا ہے: ثَوْبٌ سَمَلٌ: پرانا کپڑا ...... القَطِيْفَة: جھالردار چادر یا کمبل ...... الوِسَادَة: تکیہ اور گدا، یہاں آخری معنی ہیں ...... اللِّيْف: کھجور کے درخت کے ریشے، کھجور کے پتوں کی جڑ میں ایک جھلی ہوتی ہے جو سوکھ کر گر جاتی ہے، اس کو کوٹ کر برادہ بنا لیتے تھے، پھر اس کو گدوں وغیرہ میں بھرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کا خلاصہ دو باتیں ہیں:

۱- دل لبھانے والی چیزوں سے دور رہا جائے، کیونکہ دنیا کی کشش بری چیز ہے، آدمی اس میں پھنستا چلا جاتا ہے، یہاں تک کہ ٹھاٹھ کی زندگی پر شیفتہ ہو جاتا ہے، اور دنیا میں بری طرح مشغول ہو جاتا ہے، اور آخرت کی تیاری سے غافل ہو جاتا ہے۔

۲- انسان کو سادہ زندگی اختیار کرنی چاہئے، نبی ﷺ کے بستر کا حال آپ نے پڑھا، اس میں کھجور کے ریشے بھرے ہوئے تھے، وہ کیا آرام دہ ہوگا! مگر زندگی گزارنے کے لئے کافی تھا۔

فائدہ: کوئی خوبصورت چیز بے قدری کے محل میں استعمال کی جائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، جیسے پرانی جھالردار چادر جس میں ریشمی پھول تھے نبی ﷺ کے گھر میں استعمال ہوتی تھی، یہ بے قدری کے محل میں استعمال ہے، اسی طرح بے قدری کی جگہ میں چھوٹی سائز کی جانداروں کی تصویروں میں بھی گنجائش ہے، اس سے بھی فساد پیدا نہیں ہوتا۔

[۳۵(۲۱)-] بابٌ

[۲۴٦٤-] حدثنا هَنَّادٌ، أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بنِ عَبْدِ الرحمنِ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ سَعْدِ بنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لَنَا قِرَامُ سِتْرٍ، فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، عَلَى بَابِيْ، فَرَآهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "انْزَعِيْهِ، فَإِنَّهُ يُذَكِّرُنِي الدُّنْيَا" قَالَتْ: وَكَانَ لَنَا سَمَلُ قَطِيْفَةٍ، عَلَمُهَا حَرِيْرٌ، كُنَّا نَلْبَسُهَا. قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲٤٦٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَتْ وِسَادَةُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّتِيْ يَضْطَجِعُ عَلَيْهَا مِنْ أَدَمٍ، حَشْوُهَا لِيْفٌ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

جواللہ کے لئے خرچ ہوگیا: وہی بچ گیا

جواللہ کے لئے خرچ ہوگیا وہی آخرت میں بچ گیا، اور جو دنیا میں بچ گیا وہ دنیا ہی میں رہ گیا، آخرت میں ساتھ نہیں گیا، اس لئے وہ اکارت گیا۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے ایک بکری ذبح کی، آپؐ نے پوچھا: اس میں سے کیا بچ گیا؟ بتایا گیا: اس میں سے کچھ نہیں بچا، صرف شانہ بچ گیا ہے، آپؐ نے فرمایا: **بَقِيَتْ كُلُّهَا، غَيْرُ كَتِفِهَا**: اس میں سے سب بچ گیا، سوائے شانے کے (وہی نہیں بچا)

تشریح: جولوگ بیلنس بناتے ہیں، اوراس کو باقی ماندہ تصور کرتے ہیں، وہ بھول میں ہیں، حقیقت یہ ہے کہ جو راہِ خدا میں خرچ ہوگیا وہی آخرت میں ملنا ہے، باقی تو یہیں پڑا رہتا ہے، ساتھ آنے والے اعمال ہیں، پس لوگوں کو چاہئے کہ جائز جگہوں میں خرچ کرنے میں بخیلی نہ کریں، اور نیت صحیح ہو تو گھر والوں پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہے، وہ بھی آخرت میں آدمی کے اکاونٹ میں جمع ہوتا ہے، پس نیت درست کرکے اپنی اور اپنے گھر والوں کی ضرورت میں دل کھول کر خرچ کرنا چاہئے۔

[۳۶(۲۲)- بابٌ]

[۲٤٦٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّهُمْ ذَبَحُوْا شَاةً، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَابَقِيَ مِنْهَا؟" قَالَتْ: مَابَقِيَ مِنْهَا إِلاَّ كَتِفُهَا، قَالَ: "بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرُ كَتِفِهَا"

هذا حديثٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ مَيْسَرَةَ: هُوَ الْهَمْدَانِيُّ، اسْمُهُ عَمْرُو بنُ شَرَحْبِيْلَ.

بابٌ

ایک ماہ تک کھجور پانی پر گذارہ

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والے ایک ماہ تک ٹھہرے رہتے تھے، یعنی پورا مہینہ گذر جاتا تھا کہ ہم آگ نہیں جلاتے تھے، ہمارا کھانا بس کھجور اور پانی ہوتا تھا۔

ترکیب: إِنْ مخففہ ہے، ضمیر شان اس کا اسم محذوف ہے، اور آل محمدٍ: منصوب علی الاختصاص ہے، اور جملہ نَمْكُث: کان کی خبر ہے۔

تشریح: نبی ﷺ کی اپنے لئے اور اپنے متعلقین کے لئے فقر پسندی فطری اور اختیاری تھی، جو آپؐ کے مقام ومنصب کے لئے مناسب تھی، پس وارثین انبیاء (دینی کاموں میں مشغول لوگوں) کے لئے بھی دولت مندی کی بہ نسبت فقر وناداری کی زندگی افضل وبہتر ہے، اور آل کا لفظ گھر والوں کے لئے یعنی بیوی بچوں کے لئے استعمال ہوتا ہے، اور کبھی متبعین کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں، مگر اس حدیث میں آپؐ کے گھر والے مراد ہیں۔

[٣٧ (٢٣) - بابٌ]

[٢٤٦٧-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كُنَّا آلَ مُحمدٍ نَمْكُثُ شَهْرًا، مَا نَسْتَوْقِدُ نَارًا، إِنْ هُوَ إِلَّا الْمَاءُ وَالتَّمْرُ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

آدھا وسق جَو پر بہت دنوں تک گذارہ

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو ہمارے پاس کچھ (آدھا وسق) جَو تھے، پس ہم نے اس میں سے کھایا، جتنا اللہ نے چاہا، پھر میں نے باندی سے کہا: اس کو ناپ لے، چنانچہ اس نے ان کو ناپا تو زیادہ وقت نہیں گذرا کہ وہ ختم ہوگئے، حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں: اگر ہم اس کو چھوڑے رہتے یعنی نہ ناپتے تو ہم اس میں سے اس سے زیادہ کھاتے یعنی وہ غلہ اور بھی چلتا۔

لغت: شَطْر کے کئی معانی ہیں: (۱) کچھ: یہی معنی یہاں مراد ہیں (۲) نصف (۳) نصف کے قریب (۴) جہت جیسے: ﴿شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وہ جَو آدھا وسق تھے، ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ اور ایک صاع: تین کلو ایک سو اڑتالیس گرام کا۔

یہاں دو سوال ہیں:

پہلا سوال: حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے: كِيْلُو طعامَكم يُبارِكَ لكم فيه (رواہ البخاری، مشکوٰۃ ۴۱۹۸ کتاب الأطعمة) اس حدیث میں اور باب کی حدیث میں تعارض ہے، باب کی حدیث ہے کہ ناپنے سے برکت ختم ہوجاتی ہے اور بخاری کی حدیث میں ہے کہ ناپنے سے برکت ہوتی ہے، اس تعارض کا کیا جواب ہے؟

جواب (۱): بخاری کی حدیث میں خرید وفروخت کے وقت تولنا مراد ہے، تاکہ بائع اور مشتری میں سے کسی کا حق اس کے ساتھ متعلق نہ رہے، اور خرچ کرتے وقت تولنا ٹھیک نہیں، مسلم شریف میں ہے: ایک شخص نے نبی ﷺ سے غلہ مانگا، آپؐ نے اس کو آدھا وسق جَو دیئے، وہ اور اس کی بیوی اور اس کے مہمان اس میں سے کھاتے

رہے، یہاں تک کہ اس کو تولا تو وہ جلدی ختم ہوگئے، اس نے نبی ﷺ سے یہ بات ذکر کی تو آپؐ نے فرمایا: اگر تم اس کو نہ ناپتے تو اس میں سے اور بھی کھاتے، یعنی وہ غلہ تمہارے لئے کئی دنوں تک چلتا۔

جواب (۲): بخاری کی حدیث میں غلہ کی وہ مقدار مراد ہے جو استعمال کے لئے نکالی جاتی ہے، یعنی ناپ تول کر پکانا چاہئے، اس سے غلے میں برکت ہوتی ہے، اور باب کی حدیث میں سارا غلہ تولنا مراد ہے، اس کو تولنے سے بے برکتی ہوجاتی ہے، جیسے حضرت الاستاذ مولانا فخر الدین احمد صاحب قدس سرہ (شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند) آخر سال میں بخاری شریف کے صفحات گننے پر (کہ کتنے صفحات باقی رہے ہیں) سخت ناراض ہوتے تھے، فرماتے تھے: اس سے برکت ختم ہوجاتی ہے اور روزانہ کے سبق کی مقدار متعین تھی، اس کو گنا جاتا تھا کہ سبق کی مقررہ مقدار پوری ہوئی یا نہیں؟

دوسرا سوال: بخاری میں حضرت عمرو بن الحارثؓ سے اور مسلم میں حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے بوقت وفات نہ دینار چھوڑا نہ درہم، نہ اونٹ، نہ غلام، نہ باندی اور نہ کوئی اور چیز، علاوہ سفید خچر، جنگی سامان اور زمین کے، جس کو آپؐ نے وقف کر دیا تھا، اور باب کی حدیث میں ہے کہ آپؐ نے آدھا وسق جو بھی چھوڑے تھے، پس یہ بھی تعارض ہے۔

جواب: یہ جو آپ ﷺ کے نہیں تھے، بلکہ حضرت عائشہؓ کے نفقہ کے تھے، جو ان کو نبی ﷺ نے دیئے تھے۔

[۳۸(۲٤)- بابٌ]

[۲٤٦۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَنَا شَطْرٌ مِنْ شَعِيْرٍ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ قُلْتُ لِلْجَارِيَةِ: كِيْلِيْهِ، فَكَالَتْهُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ فَنِيَ، قَالَتْ: فَلَوْ كُنَّا تَرَكْنَاهُ، لَأَكَلْنَا مِنْهُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، شَطْرٌ: يَعْنى شَيْئًا مِنْ شَعِيْرٍ.

بابٌ

چند مٹھی توشے پر ایک ماہ تک گذارہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کے دین کے معاملہ میں ڈرایا گیا درانحالیکہ کوئی اور نہیں ڈرایا جاتا تھا، اور بخدا! میں اللہ کے دین کے معاملہ میں ستایا گیا، درانحالیکہ کوئی اور نہیں ستایا جاتا تھا، اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ مجھ پر تیس رات دن ایسے گذرے ہیں کہ میرے اور بلالؓ کے لئے کھانے کی کوئی ایسی چیز نہیں تھی، جس کو کوئی جاندار کھائے، علاوہ اس کے جس کو بلالؓ نے اپنی بغل میں دبا رکھا تھا۔

تشریح: رسول اللہ ﷺ اس امت کے پہلے فرد ہیں، اس لئے اللہ کے راستہ میں سب سے پہلے آپؐ ہی کو دھمکایا گیا، اور آپؐ ہی کو ستایا گیا، دوسرے لوگ تو امت میں بعد میں شامل ہوئے ہیں اس لئے دشمنوں نے پہلے آپ کو ڈرایا دھمکایا پھر طرح طرح سے ستایا...... اور اس زمانہ میں آپؐ کی معیشت کی صورتِ حال یہ تھی کہ ایک دفعہ پورا مہینہ اس حال میں گذرا کہ آپؐ کے پاس کھانے کی کوئی چیز نہیں تھی، چند مٹھی توشہ تھا جس کو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنی بغل کے نیچے دبا رکھا تھا، پورے مہینے تک دونوں اسی پر گذارہ کرتے رہے...... اور یہ واقعہ کس موقعہ کا ہے؟ ایک موقعہ تو وہ ہے جبکہ نبی ﷺ طائف تشریف لے گئے تھے، اس وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ ساتھ نہیں تھے، بلکہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ ساتھ تھے۔ اور دوسرا موقعہ سفرِ ہجرت کا ہے اس میں بھی حضرت بلالؓ ساتھ نہیں تھے، بلکہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ساتھ تھے، پس یہ کوئی اور موقعہ ہے، جب نبی ﷺ حضرت بلالؓ کے ساتھ مکہ سے نکلے ہیں، مگر اس واقعہ کی تفصیل مروی نہیں۔

[۳۹(۲۵)- بابٌ]

[۲٤٦۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا رَوْحُ بنُ أَسْلَمَ: أَبُوْ حَاتِمٍ الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، نَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَقَدْ أُخِفْتُ فِي اللّٰهِ، وَمَا يُخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أُوْذِيْتُ فِي اللّٰهِ، وَلَمْ يُؤْذَ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثُوْنَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَمَالِيَ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ، إِلَّا شَيْئٌ يُوَارِيْهِ إِبْطُ بِلَالٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ: حِيْنَ خَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم هَارِبًا مِنْ مَكَّةَ، وَمَعَهُ بِلَالٌ، إِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلَالٍ مِنَ الطَّعَامِ مَا يَحْمِلُ تَحْتَ إِبْطِهِ.

بابٌ

حضرت علیؓ کی ناداری کا حال

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں جاڑے کے ایک دن میں نبی ﷺ کے گھر سے نکلا، میں نے ایک رنگی ہوئی کھال لی، اور اس کو بیچ میں سے کاٹ لیا، اور اپنی گردن میں پہن لیا اور درمیان سے اس کو باندھ لیا، اس کو میں نے کھجور کے پتوں سے باندھا تھا، یعنی باندھنے کے لئے دھاگا بھی میسر نہیں تھا، اور میں سخت بھوکا تھا، اگر نبی ﷺ کے گھر میں کھانا ہوتا تو میں ضرور اس میں سے کھاتا (کیونکہ آپؓ بمنزلہ بیٹے کے تھے، آپ داماد تھے) پس میں کھانے کی کوئی چیز تلاش کرنے کے لئے نکلا، پس میں ایک یہودی کے پاس سے گذرا جو اپنے باغ میں تھا، اور وہ اپنی

چرخی سے سینچائی کررہا تھا، میں نے اس کو دیوار کے سوراخ سے جھانکا، تو اس نے کہا: او بدّو! کیا بات ہے؟ کیا تو چاہتا ہے کہ ایک کھجور کے بدلے میں ایک ڈول نکالے؟ میں نے کہا: ہاں، دروازہ کھول کہ میں اندر آؤں، اس نے دروازہ کھول دیا، پس میں اندر گیا، اس نے مجھے اپنا ڈول دیدیا، پس میں جب کوئی ڈول نکالتا تو وہ مجھے ایک کھجور دیتا، یہاں تک کہ جب میری مٹھی بھرگئی تو میں نے اس کا ڈول رکھ دیا، اور کہا: میری ضرورت پوری ہوگئی، پھر میں نے وہ کھجوریں کھائیں، پھر میں نے پانی سے گھونٹ بھرے، اور پیا، پھر میں مسجد نبوی میں آیا تو میں نے نبی ﷺ کو مسجد میں پایا۔

لغات: الإهاب: کچی کھال ...... مَعْطُون: اسم مفعول: از عَطَنَ الْجلْدَ يَعْطِنُ (ض) عَطْنًا: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا تا کہ نہ سڑے، یعنی کھال کو رنگنا ...... إهابٌ معطون: رنگی ہوئی کھال ...... جَوَّبَ الشيئَ: بیچ سے کاٹنا۔ جواب کو جواب اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ سوال کو کاٹتا ہے ...... حَزَمَ (ض) حَزْمًا: باندھنا، بنڈل بنانا ...... الخُوص: کھجور اور ناریل وغیرہ کے پتے ...... البَكَرة: چرخی، جس سے کوئی وزنی چیز کھینچی جائے ...... اطَّلَعَ: جھانکنا ...... الثُّلْمَة: سوراخ، دراڑ ...... جَرَعَ: گھونٹ گھونٹ پینا۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں محمد بن کعب قرظی اور حضرت علیؓ کے درمیان ایک مجہول واسطہ ہے، مگر یہ ایک معمولی کمزوری ہے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے گھر کے ایک فرد تھے، پس جب حضرت علیؓ کے کھانے کے لئے گھر میں کچھ نہیں تھا تو حضور اکرم ﷺ کے لئے کہاں سے ہوگا؟ اور حضرت علیؓ فاقہ مستی سے مزدوری کرنے پر مجبور ہوئے تھے، مگر نبی ﷺ اس حال میں بھی مسجد میں تشریف فرما تھے، اور امت کی فیض رسانی میں مشغول تھے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کو یعنی اصحاب صفّہ کو بھوک پہنچی، پس نبی ﷺ نے ان کو ایک ایک کھجور تقسیم فرمائی، یعنی دن بھر انھوں نے ایک کھجور پر گذارہ کیا۔

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ہمیں (کسی سریہ میں) بھیجا، درانحالیکہ ہم تین سو آدمی تھے، ہم اپنا توشہ اپنی گردن پر اٹھائے ہوئے تھے، یعنی اس کو اٹھانے کے لئے اونٹ کی ضرورت نہیں تھی، صحابہ نے وہ توشہ اپنے کندھوں پر اٹھا رکھا تھا، پس ہمارا (ساتھ لیا ہوا) توشہ ختم ہوگیا یہاں تک کہ ہم میں سے ایک آدمی کے لئے ہر دن ایک کھجور رہ گئی! آپؓ سے پوچھا گیا: اے ابو عبداللہ! ایک کھجور سے آدمی کا کام کیا چلتا ہوگا؟ حضرت جابرؓ نے فرمایا: جب وہ بھی نہ رہی تب ہمیں اس کی قدر معلوم ہوئی، پھر ہم سمندر پر پہنچے تو وہاں اچانک ایک مچھلی ملی جس کو سمندر نے پھینک دیا تھا، پس ہم نے اس میں سے اٹھارہ دن جتنا چاہا کھایا۔

تشریح: یہ عنبر مچھلی تھی اور طافی نہیں تھی، یعنی مر کر بھول کر پانی کے اوپر نہیں آئی تھی، بلکہ سمندر کا پانی اس سے ہٹ گیا تھا، اس لئے وہ خشکی میں رہ گئی تھی، اور مرگئی تھی، صحابہ نے اس میں سے اٹھارہ دن تک خوب کھایا، کیونکہ یہ اللہ کا رزق تھا۔

[٤٠(٢٦)- بابٌ]

[٢٤٧٠-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، ثَنِيْ يَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بنَ أَبِيْ طَالِبٍ، يَقُوْلُ: خَرَجْتُ فِيْ يَوْمٍ شَاتٍ مِنْ بَيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ أَخَذْتُ إِهَابًا مَعْطُوْنًا، فَجَوَّبْتُ وَسْطَهُ، فَأَدْخَلْتُهُ فِيْ عُنُقِيْ، وَشَدَدْتُ وَسْطِيْ، فَحَزَمْتُهُ بِخُوْصِ النَّخْلِ، وَإِنِّيْ لَشَدِيْدُ الْجُوْعِ، وَلَوْ كَانَ فِيْ بَيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَعَامٌ لَطَعِمْتُ مِنْهُ، فَخَرَجْتُ أَلْتَمِسُ شَيْئًا، فَمَرَرْتُ بِيَهُوْدِيٍّ فِيْ مَالٍ لَهُ، وَهُوَ يَسْقِي بِبَكْرَةٍ لَهُ، فَاطَّلَعْتُ عَلَيْهِ مِنْ ثُلْمَةٍ فِي الْحَائِطِ، فَقَالَ: مَالَكَ يَا أَعْرَابِيُّ! هَلْ لَكَ فِيْ دَلْوٍ بِتَمْرَةٍ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَافْتَحِ الْبَابَ حَتَّى أَدْخُلَ، فَفَتَحَ، فَدَخَلْتُ، فَأَعْطَانِيْ دَلْوَهُ، فَكُلَّمَا نَزَعْتُ دَلْوًا أَعْطَانِيْ تَمْرَةً، حَتَّى إِذَا امْتَلَأَتْ كَفِّيْ، أَرْسَلْتُ دَلْوَهُ، وَقُلْتُ: حَسْبِيْ، فَأَكَلْتُهَا، ثُمَّ جَرَعْتُ مِنَ الْمَاءِ، فَشَرِبْتُ، ثُمَّ جِئْتُ الْمَسْجِدَ فَوَجَدْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٤٧١-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُثْمَانَ النَّهْدِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُريرةَ: أَنَّهُمْ أَصَابَهُمْ جُوْعٌ، فَأَعْطَاهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَمْرَةً تَمْرَةً، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٤٧٢-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ وَهْبِ بنِ كَيْسَانَ، عَنْ جابرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: بَعَثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ ثَلَاثُ مِائَةٍ، نَحْمِلُ زَادَنَا عَلَى رِقَابِنَا، فَفَنِيَ زَادُنَا، حَتَّى كَانَتْ تَكُوْنُ لِلرَّجُلِ مِنَّا كُلَّ يَوْمٍ تَمْرَةٌ، فَقِيْلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ! وَأَيْنَ كَانَتْ تَقَعُ التَّمْرَةُ مِنَ الرَّجُلِ؟ قَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حِيْنَ فَقَدْنَاهَا، فَأَتَيْنَا الْبَحْرَ، فَإِذَا نَحْنُ بِحُوْتٍ، قَدْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ يَوْمًا، مَا أَحْبَبْنَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

حضرت مصعب رضی اللہ عنہ کی خستہ حالی

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت مصعبؓ ہمارے سامنے آ گئے، ان کے جسم پر صرف ایک چادر تھی، جس میں چمڑے کا پیوند لگا ہوا تھا، جب نبی ﷺ

نے ان کو دیکھا تو آبدیدہ ہوگئے، آپؐ کو ان کا وہ ٹھاٹھ یاد آیا جس میں وہ اسلام سے پہلے تھے، اور اس حالت کو بھی دیکھا جس میں وہ آج ہیں۔

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''تمہارا کیا حال ہوگا جب صبح کو تم میں سے ایک آدمی ایک جوڑے میں نکلے گا اور شام کو دوسرے جوڑے میں نکلے گا، یعنی ایک دن میں دو جوڑے بدلے گا۔ اور اس کے سامنے ایک پیالہ رکھا جائے گا اور دوسرا اٹھایا جائے گا (عربوں کے دسترخوان پر سارا کھانا ایک ساتھ نہیں رکھا جاتا تھا بلکہ باری باری لایا جاتا تھا) اور تم اپنے گھروں میں پردے لٹکاؤ گے، جس طرح کعبہ پر پردہ لٹکایا جاتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم اس دن آج سے بہتر ہونگے، اللہ کی عبادت کے لئے فارغ ہونگے، اور ہمارے کام دوسرے لوگ انجام دیں گے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لا، أنتم اليومَ خيرٌ منكم يومئذٍ: نہیں، تم آج بہتر ہو تمہارے اس دن سے۔

سند کی بحث: اس حدیث کی سند میں بھی محمد بن کعب قرظی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک مجہول واسطہ ہے، مگر یہ معمولی کمی ہے، اس لئے حدیث حسن ہے، اور اس حدیث کا راوی یزید بن زیاد مدینہ منورہ کا باشندہ تھا۔ امام مالکؒ وغیرہ متعدد اہل علم نے اس سے روایت کی ہے، پس وہ ثقہ راوی ہے...... اور ایک دوسرے یزید بن زیاد دمشق کے رہنے والے تھے، وہ امام زہریؒ سے روایت کرتے ہیں، اور ان سے وکیع اور مروان روایت کرتے ہیں، یہ راوی بھی ٹھیک ہیں...... اور ایک تیسرا راوی یزید بن ابی زیاد ہے، یعنی ان کے باپ کے نام میں أبی بڑھا ہوا ہے، یہ کوفہ کے رہنے والے تھے، یہ بھی اچھے راوی ہیں، ان سے ثوری، شعبہ اور ابن عیینہ وغیرہ بڑے لوگ روایت کرتے ہیں۔

تشریح: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام ہیں، اسلام قبول کرنے سے پہلے ٹھاٹھ کی زندگی گذارتے تھے، مگر مسلمان ہونے کے بعد دین کے کاموں میں ایسے لگے کہ دنیا کمانے کی فرصت نہ رہی، نبی ﷺ نے ان کو ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ روانہ کیا تھا، تاکہ وہ وہاں کے مسلمانوں کو قرآن پڑھائیں، اور ان کی دینی تربیت کریں، جب نبی ﷺ ہجرت فرما کر قباء وارد ہوئے تو حضرت مصعبؓ ملنے کے لئے آئے، وہ بھی قباء ہی میں رہتے تھے، اس وقت ان کا حال وہ تھا جو اس روایت میں آیا ہے، ان کا یہ حال دیکھ کر نبی ﷺ آبدیدہ ہوگئے، آپؐ نے ان کے ماضی اور حال کا موازنہ کیا کہ کل کیا تھے اور آج کس حال میں ہیں؟ اللہ تعالیٰ ان کو امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائیں، انہی حضرات کی محنتوں سے ہم آج مسلمان ہیں!

[٤١(٢٧)- بابٌ]

[٢٤٧٣-] حدثنا هَنَّادٌ، نا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، قَالَ: ثَنِيْ يَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ كَعْبٍ القُرَظِيِّ، قَالَ: ثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بنَ أَبِيْ طَالِبٍ، يَقُوْلُ: إِنَّا لَجُلُوْسٌ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله

عليه وسلم فِي الْمَسْجِدِ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بنُ عُمَيْرٍ، مَا عَلَيْهِ إِلَّا بُرْدَةٌ لَهُ، مَرْقُوْعَةٌ بِفَرْوٍ، فَلَمَّا رَآهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَكَى، لِلَّذِىْ كَانَ فِيْهِ مِنَ النِّعْمَةِ، وَالَّذِىْ هُوَ فِيْهِ الْيَوْمَ.

ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَيْفَ بِكُمْ! إِذَا غَدَا أَحَدُكُمْ فِيْ حُلَّةٍ، وَرَاحَ فِيْ حُلَّةٍ، وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ، وَرُفِعَتْ أُخْرَى، وَسَتَرْتُمْ بُيُوْتَكُمْ كَمَا تُسْتَرُ الْكَعْبَةُ؟" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ، نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ، وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَا أَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِنْكُمْ يَوْمَئِذٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَيَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ هٰذَا: هُوَ مَدِيْنِيٌّ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ.

وَيَزِيْدُ بنُ زِيَادٍ الدِّمَشْقِيُّ: الَّذِىْ رَوَى عَنِ الزُّهْرِيِّ: رَوَى عَنْهُ وَكِيْعٌ، وَمَرْوَانُ بنُ مُعَاوِيَةَ.

وَيَزِيْدُ بنُ أَبِىْ زِيَادٍ: كُوْفِيٌّ، رَوَى عَنْهُ سُفْيَانُ، وَشُعْبَةُ، وابنُ عُيَيْنَةَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ.

بابٌ

اصحابِ صفہ کی فاقہ مستی

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صفّہ (چبوترے) والے: مسلمانوں کے مہمان تھے (اور یہ جو مشہور ہے کہ طلبہ مہمانانِ رسول ہیں اس کی کچھ اصل میرے علم میں نہیں، اس حدیث میں ان کو مسلمانوں کا مہمان کہا گیا ہے، یعنی تمام مسلمانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ دین حاصل کرنے والے طلبہ کی کفالت کریں) وہ لوگ ٹھکانہ نہیں پکڑتے تھے گھر والوں کی طرف اور نہ مال کی طرف، یعنی ان کی نہ فیملی تھی نہ ان کے پاس مال تھا، اور قسم ہے اس اللہ کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں! بیشک میں اپنے جگر کو زمین سے دبایا کرتا تھا، فاقہ کی وجہ سے یعنی چھاتی کے بل لیٹا تھا اور اپنے پیٹ پر پتھر باندھتا تھا، بھوک کی وجہ سے یعنی جب کھڑا ہوتا تو پتھر باندھ کر کھڑا ہوتا۔ اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ میں ایک دن صحابہ کے اس راستہ میں بیٹھا جس سے وہ گذرا کرتے تھے، پس میرے پاس سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ گذرے، میں نے ان سے اللہ کی کتاب کی ایک آیت کی تفسیر پوچھی، میں نے ان سے یہ تفسیر اس لئے پوچھی تھی کہ وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں، پس وہ چلے گئے، اور ساتھ نہیں لے گئے (یا تو ان کو حضرت ابو ہریرہؓ کے فاقہ کا احساس نہیں ہوا، یا ان کے گھر میں بھی کھانے کو کوئی چیز نہیں ہوگی) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ گذرے، میں نے ان سے بھی کتاب اللہ کی ایک آیت کے بارے میں پوچھا: میں نے ان سے بھی اسی لئے پوچھا تھا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ لے جائیں، پس وہ گذر گئے اور مجھے ساتھ نہیں لے گئے، پھر ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم گذرے، جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو آپؐ

مسکرائے (آپؐ کو ان کی قلبی کیفیت کا اندازہ ہو گیا کہ وہ ہر راستہ چلنے والے سے مسئلے کیوں پوچھ رہے ہیں؟) آپؐ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! میں نے جواب دیا: حاضر ہوں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: میرے ساتھ آؤ، اور آپ چلے، پس میں آپؐ کے پیچھے چلا، آپؐ اپنے گھر میں داخل ہوئے، میں نے اجازت طلب کی، تو مجھے اجازت مل گئی (یہاں سے یہ ادب نکلا کہ اس صورت میں بھی اجازت لینی ضروری ہے)

پس آپؐ نے دودھ کا ایک پیالہ پایا، یعنی گھر میں ایک پیالہ دودھ تھا، پس آپؐ نے پوچھا: یہ دودھ کہاں سے آیا؟ (یہ اس لئے پوچھا کہ غیر ہاشمی ازواج کے لئے اور ان کے موالی کے لئے صدقہ حلال تھا، اور آپؐ کے لئے حرام تھا) جواب دیا گیا: ہمارے لئے یہ دودھ فلاں نے ہدیہ بھیجا ہے (اور ہدیہ آپؐ کے لئے بھی حلال تھا) پس نبی ﷺ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! میں نے عرض کیا: میں حاضر ہوں، آپؐ نے فرمایا: اہل صفہ کے پاس جاؤ، پس ان کو بلا لاؤ، اور وہ مسلمانوں کے مہمان تھے، ان کی نہ کوئی فیملی تھی اور نہ ان کے پاس مال تھا، جب نبی ﷺ کے پاس خیرات آتی تو آپؐ وہ خیرات ان کے پاس بھیج دیتے، اور آپؐ اس میں سے کچھ بھی نہ کھاتے، اور جب آپؐ کے پاس کوئی ہدیہ آتا تو آپؐ ان کو آدمی بھیج کر بلا لیتے، پس آپؐ اس ہدیہ میں سے کھاتے، اور صفہ والوں کو بھی اس ہدیہ میں شریک کرتے، پس مجھے یہ بات ناگوار گزری، میں نے دل میں سوچا: ایک پیالہ چبوترے والوں کے درمیان کیا معنی رکھتا ہے؟ یعنی ایک انار سو بیمار! نیز میں چبوترہ والوں کی طرف حضور ﷺ کا قاصد ہوں، اس لئے آپؐ مجھی سے کہیں گے کہ میں وہ پیالہ ان پر گھماؤں، پس ہوسکتا ہے کہ مجھے اس میں سے کچھ نہ پہنچے، درانحالیکہ میں امید باندھے ہوئے تھا کہ اس میں سے حاصل کروں وہ مقدار جو مجھے بے نیاز کرے، مگر اللہ کی اطاعت اور اس کے رسول کی اطاعت کے بغیر چارہ نہ تھا، پس میں ان کے پاس گیا، اور ان سب کو بلا لایا۔

پس جب وہ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور وہ اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئے تو آپؐ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ! پیالہ لو، اور ان کو دو، میں نے پیالہ لیا، پس میں ایک آدمی کو دیتا، وہ پیتا یہاں تک کہ سیراب ہو جاتا، پھر وہ پیالہ مجھے واپس کرتا، میں وہ پیالہ دوسرے کو دیتا، یہاں تک کہ پلاتا پلاتا میں نبی ﷺ تک پہنچا، درانحالیکہ سب لوگ پی چکے تھے، پس نبی ﷺ نے پیالہ لیا اور اس کو اپنے ہاتھ پر رکھا، پھر آپؐ نے اپنا سر اٹھایا اور مسکرائے اور فرمایا: اے ابو ہریرہ! پیو، پس میں نے پیا، پھر آپؐ نے فرمایا: پیو، پس میں برابر پیتا رہا اور آپؐ فرماتے رہے: پیو، پھر میں نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں اس کے لئے کوئی راہ نہیں پاتا، پس آپؐ نے پیالہ لیا، اور اللہ کی تعریف کی اور بسم اللہ پڑھی اور نوشِ جاں فرمایا۔

لغات: أَوَى المكانَ وَإليه، يَأْوِى (ض) أُوِيًّا: پناہ لینا، لوٹنا ...... اعْتَمَدَ الشيئَ وعليه: سہارا لگانا، ٹیک لگانا ...... اسْتَتْبَعَه: پیچھے چلانا، پیروی کرنا، ساتھ لے چلنا۔

تشریح: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اور دیگر اصحابِ صفہ نے اسی طرح بھوکے رہ کر دین حاصل کیا تھا، اور امت کو پہنچایا تھا، اگر یہ حضرات دین کے لئے یہ مشقتیں برداشت نہ کرتے تو آج ہمارے پاس علم کہاں سے ہوتا؟ فجزاهم الله خيراً۔

[۴۲(۲۸)- بابٌ]

[۲۴۷۴-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، ثَنِيْ عُمَرُ بنُ ذَرٍّ، نَا مُجَاهِدٌ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ الصُّفَّةِ أَضْيَافَ أَهْلِ الإِسْلَامِ، لَايأْوُوْنَ عَلَى أَهْلٍ وَلَامَالٍ، وَاللّٰهِ الَّذِيْ لا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ! إِنْ كُنْتُ لَأَعْتَمِدُ بِكَبِدِيْ عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْجُوْعِ، وَأَشُدُّ الْحَجَرَ عَلَى بَطْنِيْ مِنَ الْجُوْعِ، وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلَى طَرِيْقِهِمُ الَّذِيْ يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ، فَمَرَّ بِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَاسَأَلْتُهُ إِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يفْعَلْ، ثُمَّ مَرَّ عُمَرُ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ آيةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَأَلْتُهُ إِلَّا لِيَسْتَتْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، ثُمَّ مَرَّ أَبُوْ الْقَاسِمِ صلى الله عليه وسلم، فَتبَسَّمَ حِيْنَ رَآنِيْ، وَقَالَ: "أَبَا هُرَيْرَةَ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "الْحَقْ" وَمَضَى، فَاتَّبَعْتُهُ، وَدَخَلَ مَنزِلَهُ، فَاسْتَأْذَنْتُ، فَأُذِنَ لِيْ، فَوَجَدَ قَدَحًا مِنَ اللَّبَنِ، قَالَ: "مِنْ أَيْنَ هٰذَا اللَّبَنُ لَكُمْ؟" قِيْلَ: أَهْدَاهُ لَنَا فُلَانٌ.

فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَبَا هُرَيْرَةَ!" قُلْتُ: لَبَّيْكَ! قَالَ: "الْحَقْ إِلَى أَهْلِ الصُّفَّةِ، فَادْعُهُمْ، وَهُمْ أَضْيَافُ أَهْلِ الإِسْلَامِ، لايَأْوُوْنَ عَلى أَهْلٍ وَلَامَالٍ، إِذَا أَتَتْهُ الصَّدَقَةُ بَعَثَ بِهَا إِلَيْهِمْ، وَلَمْ يتناوَلْ مِنْهَا شَيْئًا، وَإِذَا أَتَتْهُ هَدِيَّةٌ، أَرْسَلَ إِلَيْهِمْ، فَأَصَابَ مِنْهَا، وأَشْرَكَهُمْ فِيْهَا، فَسَاءَنِيْ ذٰلِكَ، وَقُلْتُ: مَاهٰذَا القَدَحُ بَيْنَ أَهْلِ الصُّفَّةِ، وَأَنَا رَسُوْلُهُ إِلَيْهِمْ، فَسَيَأْمُرُنِيْ أَنْ أُدِيْرَهُ عَلَيْهِمْ، فَمَا عَسَى أَنْ يُصِيْبَنِيْ مِنْهُ؟ وَقَدْ كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ أُصِيْبَ مِنْهُ مَا يُغْنِيْنِيْ، وَلَمْ يَكُ بُدٌّ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ وَطَاعَةِ رَسُوْلِهِ، فَأَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ.

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ، فَأَخَذُوْا مَجَالِسَهُمْ، قَالَ: "أَبَا هُرَيْرَةَ! خُذِ الْقَدَحَ فَأَعْطِهِمْ" فَأَخَذْتُ الْقَدَحَ، فَجَعَلْتُ أُنَاوِلُهُ الرَّجُلَ، فَيَشْرَبُ حَتَّى يَرْوَى، ثُمَّ يَرُدُّهُ، فَأُنَاوِلُهُ الآخَرَ، حَتَّى انْتَهَيْتُ بِهِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ رَوِىَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، فَأَخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم القَدَحَ، فَوَضَعَهُ عَلَى يَدِهِ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَتبَسَّمَ، وَقَالَ: "أَبَا هُرَيْرَةَ! اشْرَبْ" فَشَرِبْتُ، ثُمَّ قَالَ: "اشْرَبْ" فَلَمْ أَزَلْ أَشْرَبُ، وَيَقُوْلُ: "اشْرَبْ" ثُمَّ قُلْتُ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا أَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا، فَأَخَذَ الْقَدَحَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَسَمَّى، وَشَرِبَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

دنیا کا شکم سیر: آخرت کا بھوکا!

حدیث: حضرت ابو جُحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے گیہوں اور گوشت کا ثرید کھایا، پھر میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، مجھے بار بار ڈکاریں آرہی تھیں، پس آپؐ نے فرمایا: **كُفَّ عنا جُشَاءَ كَ**: اپنی ڈکار ہم سے دور رکھو، **فإن أكثَرهم شِبَعًا فی الدنیا: أَطْوَلُهم جُوعا یومَ القیامة**: اس لئے کہ جو دنیا میں سب سے زیادہ شکم سیر ہوکر کھاتا ہے وہ قیامت کے دن سب سے زیادہ بھوکا ہوگا، چنانچہ حضرت ابو جُحیفہؓ نے اس واقعہ کے بعد موت تک کبھی شکم سیر ہوکر نہیں کھایا، صبح کھاتے تھے تو شام نہیں کھاتے تھے، اور شام کھاتے تھے تو صبح نہیں کھاتے تھے۔ اور ابن ابی الدنیا کی روایت میں ان کا یہ قول مروی ہے کہ میں نے تیس سال سے پیٹ بھر کر نہیں کھایا۔

سند کی بحث: اس حدیث کی سند میں دو ضعیف راوی ہیں: عبدالعزیز قرشی اور یحییٰ بکّاء۔ اور خود حضرت ابو جُحیفہ سے روایت حاکم میں ہے، منذریؒ نے اس کو بھی ضعیف قرار دیا ہے، لیکن مسند بزار میں اس کی دو سندیں ہیں ان میں سے ایک کے روات ثقہ ہیں۔

[۴۳(۲۹)- بابٌ]

[۲۴۷۵-]حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُرَشِيُّ، ثَنِیْ يَحْيىَ الْبَكَّاءُ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: تَجَشَّأَ رَجُلٌ عِنْدَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: " كُفَّ عَنَّا جُشَاءَ كَ، فَإِنَّ أَكْثَرَهُمْ شِبَعًا فِی الدُّنْيَا: أَطْوَلُهُمْ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وفی الباب: عَنْ أَبِیْ جُحَيْفَةَ.

بابٌ

صحابہ کرام کے لباس کی حالت

حدیث: حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے ابو بردہ سے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! اگر تو ہمیں دیکھتا درانحالیکہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ ہوتے تھے اور ہمیں بارش پہنچتی تو تو گمان کرتا کہ ہماری بُو بھیڑ کی بُو ہے۔

تشریح: دور اول میں صحابہ اونی کپڑے پہنتے تھے، پس جب بارش ہوتی تو صحابہ کے کپڑوں سے بھیڑ کی بو کی طرح بو آتی، اس دور میں سوتی کپڑے میسر نہیں تھے، اور اونی کپڑے بھی اتنے نہیں تھے کہ بارش میں بھیگنے کے بعد

فوراً بدل لیں، اس لئے وہی کپڑے پہنے رہتے تھے اور اس کا انجام یہ ہوتا تھا کہ بدن سے بھیڑ کی طرح بو آتی تھی۔

[٤٤ (٣٠)- بابٌ]

[٢٤٧٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ بن أَبِىْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: يَابُنَىَّ! لَوْ رَأَيْتَنَا وَنَحْنُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَصَابَتْنَا السَّمَاءُ، لَحَسِبْتَ أَنَّ رِيْحَنا رِيْحُ الضَّأْنِ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ: أَنَّهُ كَانَ ثِيَابَهُمُ الصُّوْفُ، فَكَانَ إِذَا أَصَابَهُمُ الْمَطَرُ، يَجِيْءُ مِنْ ثِيَابِهِمْ رِيْحُ الضَّأْنِ.

بابٌ

خاکساری کے طور پر زینت کا لباس چھوڑنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے (زینت کا) لباس چھوڑا اللہ تعالیٰ کے لئے خاکساری کے طور پر درانحالیکہ وہ اس لباس پر قادر ہے تو اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مخلوقات کے سامنے بلائیں گے اور اسے اختیار دیں گے کہ وہ اہل ایمان کے جونسے جوڑوں میں سے چاہے پہنے!

تشریح: اور ابوداؤد کی ایک حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو عزت کا سوٹ پہنائیں گے، اور مخلوقات کے سامنے اس کو اس لئے پہنائیں گے کہ اس کی خوبی کی تشہیر ہو، اس حدیث پر امام ترمذیؒ نے کوئی حکم نہیں لگایا، مگر منذریؒ نے ترغیب میں امام ترمذیؒ سے تحسین نقل کی ہے۔

[٤٥ (٣١)- بابٌ]

[٢٤٧٧-] حدثنا عَبَّاسُ الدُّوْرِىُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نا سَعِيْدُ بنُ أَبِىْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ مَرْحُوْمٍ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ مُعَاذِ بنِ أَنَسٍ الْجُهَنِىِّ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ: دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُؤُوْسِ الْخَلاَئِقِ، حَتَّى يُخَيِّرَهُ مِنْ أَىِّ حُلَلِ الإِيْمَانِ شَاءَ يَلْبَسُهَا"

بابٌ

بے ضرورت تعمیر پر خرچ کرنا (پہلا باب)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: النفقة كُلُّهَا فى سبيل الله إلَّا البناءَ، وَلاَ خَيْرَ فِيْهِ: ہر خرچ کرنا راہِ خدا میں ہے

یعنی اس پر ثواب ملتا ہے مگر تعمیر کا خرچ مستثنیٰ ہے، اس میں کوئی خیر نہیں، یعنی بے ضرورت تعمیر پر خرچ کرنا بے فائدہ ہے، پس حسب ضرورت ہی تعمیر پر خرچ کرنا چاہئے (اور حدیث کے راوی شبیب (بروزن طویل) کے باپ کا نام بشیر ہے یا بشر؟ امام ترمذی رحمہ اللہ کی رائے میں بشر ہے)

[٤٦ (٣٢)- بابٌ]

[٢٤٧٨-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نَا زَافِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ بَشِيْرٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "النَّفَقَةُ كُلُّهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، إِلَّا الْبِنَاءَ، فَلَا خَيْرَ فِيْهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، هٰكَذَا قَالَ مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ: شَبِيْبُ بنُ بَشِيْرٍ، وَإِنَّمَا هُوَ شَبِيْبُ بنُ بِشْرٍ.

بابٌ

بے ضرورت تعمیر پر خرچ کرنا (دوسرا باب)

حدیث: حارثہ کہتے ہیں: ہم حضرت خبّاب رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی بیمار پرسی کے لئے گئے، انھوں نے سات بار گرم لوہے کا داغ لگوایا تھا، پس انھوں نے فرمایا: میری بیماری بہت لمبی ہوگئی، اور میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے کہ "موت کی آرزو مت کرو" اگر یہ ارشاد نہ ہوتا تو میں موت کی آرزو کرتا (تاکہ مرض کی شدت سے نجات ملے) (یہاں تک روایت پہلے گذر چکی ہے: تحفہ ۳: ۴۷۳ حدیث ۹۵۸) اور نبی ﷺ نے فرمایا: يُؤْجَرُ الرجلُ في نَفَقَته إلا التُّرَابَ: آدمی کو ثواب دیا جاتا ہے اس کے خرچ کرنے میں علاوہ مٹی کے، یا فرمایا: مٹی میں خرچ کرنے کا کوئی ثواب نہیں ملتا (یہ حدیث بھی تعمیر پر بے ضرورت خرچ کرنے کے بارے میں ہے)

اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: كُلُّ بناءٍ وبالٌ عليك: ہر تعمیر تیرے حق میں وبال ہے، ابوحمزہ نے پوچھا: ضروری تعمیر کا کیا حکم ہے؟ آپؒ نے فرمایا: اس میں نہ کوئی ثواب ہے نہ کوئی گناہ!

تشریح: مگر میرا خیال ہے کہ ضروری تعمیر میں ثواب ملے گا کیونکہ اس کے بغیر آدمی گذارہ نہیں کرسکتا۔ نبی ﷺ نے بھی مسجد نبوی سے متصل اپنے لئے رہائشی کمرے بنائے تھے، پھر یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ آپ کو بھی اس تعمیر کا کوئی ثواب نہیں ملا!

[٤٧ (٣٣)- بابٌ]

[٢٤٧٩-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: أَتَيْنَا

خَبَّابًا نَعُوْدُهُ، وَقَدِ اكْتَوَى سَبْعَ كَيَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ تَطَاوَلَ مَرَضِيْ، وَلَوْ لاَ أَنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لاَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ" لَتَمَنَّيْتُهُ، وَقَالَ: "يُؤْجَرُ الرَّجُلُ فِيْ نَفقَتِهِ إِلاَّ التُّرَابَ" أَوْ قَالَ: "فِيْ التُّرَابِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢٤٨٠-] حدثنا الْجَارُوْدُ، نَا الفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: كُلُّ بِنَاءٍ وَبَالٌ عَلَيْكَ! قُلْتُ: أَرَأَيْتَ مَالاَبُدَّ مِنْهُ؟ قَالَ: لاَ أَجْرَ وَلاَ وِزْرَ!

بابٌ

دین دار مسلمان کے ساتھ حسن سلوک کرنا

حدیث: حضرت حصین بجلی کوفی کہتے ہیں: ایک سائل آیا اس نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا، آپؓ نے سائل سے پوچھا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں؟ اس نے کہا: ہاں! آپؓ نے پوچھا: کیا تو گواہی دیتا ہے کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں؟ اس نے کہا: ہاں! آپؓ نے پوچھا: اور رمضان کے روزے رکھتا ہے؟ اس نے کہا: ہاں! آپؓ نے فرمایا: تو نے سوال کیا ہے اور سائل کا حق ہے اس لئے ہم پر لازم ہے کہ ہم تیرے ساتھ حسن سلوک کریں، چنانچہ آپؓ نے اس کو ایک کپڑا دیا، پھر یہ حدیث سنائی: مامِنْ مُسْلِمٍ کسا مسلما ثوبا: إلاّ کان فی حفظ الله، مادام منه علیه خِرْقَةٌ: جو بھی مسلمان کسی مسلمان کو کوئی کپڑا پہنائے: وہ اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے جب تک اس کپڑے میں سے اس مسلمان پر کوئی ٹکڑا رہتا ہے۔

تشریح: اور نماز کے بارے میں اس لئے نہیں پوچھا کہ اس دور میں ہر مسلمان نماز پڑھتا تھا...... اور زکوۃ اور حج کے بارے میں اس لئے نہیں پوچھا کہ وہ غریب تھا...... اور حدیث میں ہے: للسَّائل حقٌّ، ولو جاء علی فَرَسٍ: سائل کا حق ہے اگرچہ وہ گھوڑے پر بیٹھ کر آئے ...... اور ہر انسان کے ساتھ بلکہ ہر مخلوق کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں بھی ثواب ہے، مگر مسلمان کے ساتھ خاص طور پر دین دار مسلمان کے ساتھ حسن سلوک کرنے میں بہت اجر وثواب ہے، اگر اس کا تعاون کیا جائے تو تعاون کرنے والا اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے، جب تک اس کی دی ہوئی چیز سے دین دار مسلمان فائدہ اٹھاتا رہتا ہے۔

[٤٨ (٣٤)- بابٌ]

[٢٤٨١-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا خَالِدُ بنُ طَهْمَانَ أَبُوْ الْعَلاَءِ، ثَنِيْ حُصَيْنٌ، قَالَ: جَاءَ سَائِلٌ، فَسَأَلَ ابنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ ابنُ عَبَّاسٍ لِلسَّائِلِ: أَتَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ؟

قَالَ: نعَمْ، قَالَ: أَتَشْهَدُ أَنَّ مُحمداً رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَتَصُوْمُ رَمضَانَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: سَأَلْتَ، وَلِلسَّائِلِ حَقٌّ، إِنَّهُ لَحقٌّ عَلَيْنا أَنْ نَصِلَكَ، فَأَعْطَاهُ ثَوْبًا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَا مِنْ مُسْلِمٍ كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا: إِلَّا كَانَ فِيْ حِفْظِ اللّٰهِ، مَادَامَ مِنْهُ عَلَيْهِ خِرْقَةٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

جنت میں لے جانے والے چند کام

حدیث: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ مدینہ میں وارد ہوئے تو لوگ آپؐ کی طرف دوڑ پڑے اور چرچا ہوا کہ نبی ﷺ تشریف لے آئے! چنانچہ میں بھی لوگوں کے ساتھ آیا تا کہ آپؐ کی زیارت کروں، پس جب میں نے آپؐ کا چہرۂ انور اچھی طرح دیکھا تو میں نے جان لیا کہ آپؐ کا چہرہ جھوٹے کا چہرہ نہیں! (چہرہ: دل کا ترجمان ہوتا ہے، اندرونی کیفیات چہرے پر نمودار ہوتی ہیں، بھلا برا آدمی چہرے سے پہچان لیا جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے بھی چہرۂ انور دیکھتے ہی فیصلہ کرلیا کہ آپؐ سچے نبی ہیں)

اور آپؐ نے جو سب سے پہلی بات فرمائی وہ یہ تھی: "لوگو! سلام کو رواج دو، غریبوں کو کھانا کھلاؤ، اور جب لوگ سورہے ہوں: نماز (تہجد) پڑھو، بے خطر جنت میں جاؤ گے!"

تشریح: سلام کو رواج اس طرح ملتا ہے کہ ہر مسلمان کو سلام کیا جائے، خواہ آدمی اس کو پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو، اور ہر مسلمان کے سلام کا جواب دیا جائے، خواہ آدمی اس کو پہچانتا ہو یا نہ پہنچانتا ہو، بس مسلمان ہونا شرط ہے، اس طرح کرنے سے معاشرہ میں سلام کا رواج چل پڑتا ہے، پھر سلام سے باہمی الفت ومحبت پیدا ہوتی ہے اور محبت سے دینی کاموں میں مدد ملتی ہے، اس طرح سلام دخولِ جنت کا سبب ہے...... اور کھانا کھلانے سے مراد غریبوں کو کھانا کھلانا ہے، خاص طور پر بھوک مری کے زمانہ میں کھلانا بہت بڑا کارِ ثواب ہے...... اور رات میں جب لوگ سوئے ہوں: اٹھ کر تہجد میں مشغول ہونا دینداری کے جذبہ ہی سے ہوتا ہے، اس لئے ایسا شخص بھی اللہ کا مقبول بندہ ہے...... پس یہ تین کام کرنے والا شخص بے خطر جنت میں جائے گا۔

لغات: اِنْجَفَلَ: بہہ جانا، تیزی سے چل پڑنا...... اِسْتَبَانَ الشیئَ: پہچان لینا، واضح طور پر دیکھ لینا۔

[٤٩ (٣٥) - بابٌ]

[٢٤٨٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، وَمُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، وَابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ،

وَيَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَوْفِ بنِ أَبِيْ جَمِيْلَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بنِ أَوْفَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَلَامٍ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ـ يَعْنِي الْمَدِيْنَةَ ـ انْجَفَلَ النَّاسُ إِلَيْهِ، وَقِيْلَ: قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم! فَجِئْتُ فِي النَّاسِ لِأَنْظُرَ إِلَيْهِ، فَلَمَّا اسْتَبَنْتُ وَجْهَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، عَرَفْتُ أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ، وَكَانَ أَوَّلُ شَيْئٍ تَكَلَّمَ بِهِ: أَنْ قَالَ:" يَا أَيُّهَا النَّاسُ! أَفْشُوْا السَّلَامَ، وَأَطْعِمُوْا الطَّعَامَ، وَصَلُّوْا وَالنَّاسُ نِيَامٌ، تَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

حسن سلوک اور غم خواری کے جواب میں دعا دینا

حدیث: جب نبی ﷺ مدینہ منورہ میں فروکش ہوئے تو آپؐ کی خدمت میں مہاجرین آئے، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم نے کوئی قوم نہیں دیکھی جو کثیر مال میں سے زیادہ خرچ کرنے والی ہو، اور جو قلیل مال میں سے بہترین غم خواری کرنے والی ہو: اُس قوم سے جس کے درمیان ہم فروکش ہوئے ہیں، یعنی انصار سے بہتر حسن سلوک کرنے والے اور غم خواری کرنے والے لوگ ہم نے نہیں دیکھے، بخدا! واقعہ یہ ہے کہ انھوں نے ہماری طرف سے محنت کی کفایت کی، یعنی کمانے کی زحمت سے ہمیں بچالیا، اور انھوں نے ہمیں خوشگوار چیزوں میں شریک بنالیا، یعنی راحت وآرام کی چیزوں میں ہمیں ساجھی کرلیا یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ سارا ہی اجر لے جائیں گے (اور ہم تہی دست رہ جائیں گے) نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں، جب تک تم ان کے لئے دعا کرتے رہو اور ان کی تعریف کرتے رہو (تو تم بھی اجر میں برابر کے شریک رہوگے)

لغات اور ترکیب: مِن کثیرٍ: أَبْذَلَ سے متعلق ہے، اور مِنْ قَلِيْلٍ: مُوَاسَاةً سے، اور مِنْ قومٍ: مفضل منہ ہے اور جملہ نزلنا: قوم کی صفت ہے ...... كَفَوْنَا: فعل ماضی، صیغہ جمع مذکر غائب، نَا ضمیر مفعول بہ، كَفَى فلاناً الأَمَرَ يَكْفِيْ (ض) كِفَايَةً: کافی ہونا، کسی معاملہ میں کسی کی قائم مقامی کرنا، یعنی اس کا کام انجام دینا اور اسے بے نیاز کردینا ...... كفاه المُؤْنَةَ: اسے اس کی مشقت سے بچالیا...... المُؤْنَةُ: کلفت، بوجھ، یہی معنی المُؤُوْنَة کے ہیں، مَأَنَ القومَ يَمْأَنُ (ف) مَأْنًا: لوگوں کا خرچ اٹھانا، کھانے پینے کا انتظام کرنا ...... المَهْنَأُ: خوشگوار، من پسند چیز، جمع مَهَانِئُ، هَنَأَ يَهْنَأُ (ف) الطعامَ: کھانے کو مزے دار بنانا۔

[٥٠ (٣٦)- بابٌ]

[٢٤٨٣-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ الْحَسَنِ الْمَرْوَزِيُّ بِمَكَّةَ، نَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، نَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ،

قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ أَتَاهُ الْمُهَاجِرُوْنَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا رَأَيْنا قَوْمًا أَبْذَلَ مِنْ كَثِيْرٍ، وَلاَ أَحْسَنَ مُوَاسَاةً مِنْ قَلِيْلٍ، مِنْ قَوْمٍ نَزَلْنَا بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ، لَقَدْ كَفَوْنَا الْمُؤْنَةَ، وَأَشْرَكُوْنَا فِي الْمَهْنَأِ، حَتّٰى لَقَدْ خِفْنَا أَنْ يَذْهَبُوْا بِالْأَجْرِ كُلِّهِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لاَ، مَادَعَوْتُمُ اللّٰهَ لَهُمْ، وأَثْنَيْتُمْ عَلَيْهِمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

کھا کر شکر بجالانے والا صابر روزہ دار کی طرح ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ:** کھا کر شکر بجالانے والا صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔

تشریح: روزہ دار چونکہ کھانے پینے سے احتراز کرتا ہے، اس لئے اجر پاتا ہے، پس اگر کھانے پینے والا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے تو وہ بھی ثواب کا حقدار ہوتا ہے، اس لئے اللہ کی نعمتوں کو استعمال کرنے کے بعد شکر بجالانا چاہئے۔

[۵۱(۳۷)- بابٌ]

[۲٤۸٤-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ مَعْنٍ الْمَدِيْنِيُّ الْغِفَارِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ بِمَنْزِلَةِ الصَّائِمِ الصَّابِرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

وہ شخص جس پر جہنم کی آگ حرام ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ شخص نہ بتلاؤں جو جہنم پر حرام ہے اور جس پر جہنم حرام ہے؟ (دونوں جملوں کا مفاد ایک ہے، دوسرا جملہ بطور تاکید لایا گیا ہے) ہر قریبی، نرم مزاج، آسان پر (جہنم حرام ہے)

تشریح: یہ تینوں اخلاق متقارب (ایک دوسرے سے ملتے جلتے) ہیں: قریب: یعنی لوگوں سے نزدیک، جس کو لوگ پسند کریں اور محبت رکھیں۔ ھَیِّن: نرم مزاج اور سَھْل: آسان، یعنی خوش اخلاق آدمی جس کا لوگوں کے ساتھ اچھا برتاؤ ہو، اور جس کو لوگ پسند کریں، اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے، یعنی وہ دوزخ میں نہیں جائے گا۔

ملحوظہ: بعض نسخوں میں جواب کے شروع میں علیٰ نہیں ہے، اس صورت میں پہلے جملہ کا جواب ہوگا، یعنی جو

شخص لوگوں کے نزدیک پسندیدہ ہے، نرم مزاج ہے اور اچھے اخلاق کا آدمی ہے وہ دوزخ پر حرام ہے، اور علی کی صورت میں دوسرے جملہ کا جواب ہوگا، یعنی ایسے بندہ پر دوزخ حرام ہے۔

[٥٢(٣٨)- بابٌ]

[٢٤٨٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُوْسَى بنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو الْأَوْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ، وَتَحْرُمُ عَلَيْهِ النَّارُ؟ عَلَى كُلِّ قَرِيْبٍ، هَيِّنٍ، سَهْلٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

گھر کے کام میں حصہ لینا

حدیث: اسود بن یزیدؒ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے پوچھا: نبی ﷺ جب گھر میں ہوتے تھے تو کیا کام کرتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: كان يكون فى مَهْنَةِ أَهْلِه، فَإِذَا حَضَرَتِ الصلاةُ قام، فَصَلَّى: نبی ﷺ اپنے گھر والوں کے کام میں شریک رہتے تھے، پھر جب نماز کا وقت آتا تو آپؐ اٹھتے اور نماز کے لئے تشریف لے جاتے۔

لغت: المَهْنَة: (بفتح الميم و كسرها) کام، مشغلہ، اسی لفظ کا دوسرا ترجمہ پیشہ بھی ہے جس میں آدمی کو خصوصی مہارت ہو، ثِيَابُ مَهْنَة: کام کاج کے کپڑے۔

[٥٣(٣٩)- بابٌ]

[٢٤٨٦-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بنِ يَزِيْدَ، قَالَ: قُلْتُ: يَا عَائِشَةُ! أَيُّ شَيْءٍ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَصْنَعُ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ؟ قَالَتْ: كَانَ يَكُوْنُ فِيْ مَهْنَةِ أَهْلِه، فَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلَاةُ قَامَ فَصَلَّى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

ملاقات اور مجلس میں بیٹھنے کا ادب

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ سے کسی شخص کا سامنا ہوتا، اور وہ آپؐ سے مصافحہ کرتا، تو آپؐ اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے نہیں کھینچتے تھے، یہاں تک کہ وہی ہاتھ کھینچتا، اور آپ اپنا چہرہ اس کے چہرے سے نہیں پھیرتے تھے یہاں تک کہ وہی اپنا چہرہ پھیرتا، اور آپؐ اپنے کسی ہم نشیں کے سامنے اپنے

دونوں گھٹنوں کو بڑھاتے ہوئے (پھیلاتے ہوئے) نہیں دیکھے گئے۔

تشریح: اس حدیث میں چند اخلاقِ حسنہ کا ذکر ہے، جب کسی سے مصافحہ کیا جائے تو اس کی طرف متوجہ رہا جائے، اور جب تک وہی ہاتھ نہ چھوڑ دے اپنا ہاتھ نہ کھینچا جائے، اور جب تک وہ نہ چل پڑے اپنا چہرہ اس سے نہ پھیرا جائے، اور مجلس میں اپنے پیر ساتھی کی طرف لمبے نہ کئے جائیں، یہ بات ہم نشیں کو ناگوار ہوگی، اور یہ بات تواضع اور خاکساری کے بھی خلاف ہے۔

[٥٤(٤٠)- بابٌ]

[٢٤٨٧-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ زَيْدٍ التَّغْلِبِيِّ، عَنْ زَيْدٍ العَمِّيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا اسْتَقْبَلَهُ الرَّجُلُ، فَصَافَحَهُ، لاَ يَنْزِعُ يَدَهُ مِنْ يَدِهِ، حَتَّى يَكُوْنَ الرَّجُلُ يَنْزِعُ، وَلاَ يَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنْ وَجْهِهِ، حَتَّى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ يَصْرِفُهُ، وَلَمْ يُرَ مُقَدِّمًا رُكْبَتَيْهِ بَيْنَ يَدَيْ جَلِيْسٍ لَهُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

متکبروں کا برا انجام

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ایک شخص ان لوگوں میں سے جو تم سے پہلے گذرے ہیں نیا جوڑا پہن کر اتراتا ہوا نکلا (یہ قارون کا واقعہ ہے) پس اللہ تعالیٰ نے زمین کو حکم دیا، زمین نے اس کو پکڑ لیا، پس وہ قیامت تک زمین میں دھنستا چلا جا رہا ہے، یا فرمایا: زمین میں دھنستا رہے گا۔

لغات: تَجَلْجَلَ الشيئُ فى الْأَرْضِ: زمین میں دھنسنا ...... تَلَجْلَجَ الشيئُ: دل میں کوئی بات بار بار آنا، یہاں زمین میں دھنسنے کے معنی ہیں، جس طرح دل میں بار بار آنے والا خیال دل میں حرکت کرتا ہے، زمین میں دھنسنے والا بھی نیچے اترتا چلا جاتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: گھمنڈی لوگ قیامت کے دن بصورتِ انسان چھوٹی چیونٹیوں کے مانند (ذلیل) میدانِ محشر میں جمع کئے جائیں گے، اور ان پر ہر جانب سے رسوائی چھائی ہوئی ہوگی، وہ جہنم میں ایک قید خانہ کی طرف ہانکے جائیں گے، جس کا نام بولس ہے، ان پر سخت آگ چھائی ہوئی ہوگی، وہ جہنمیوں کے عرق سے پلائے جائیں گے، یعنی زہرناک مٹی پلائے جائیں گے۔

لغات: الذَّرُّ: چھوٹی چیونٹیاں ...... بُوْلَس: دوزخ کے ایک قید خانے کا نام ہے، اور یہ لفظ عربی نہیں ہے، کسی

اور زبان کا لفظ ہے......نار الأنیار: آگوں کی آگ یعنی سخت آگ، أَنْیار، نارٌ کی جمع ہے، قاعدہ سے أنوار آنا چاہئے، مگر کبھی واؤ کو ی سے بدل دیتے ہیں......عُصارَة: عرق، جوس، نچوڑ......الخَبال: زہر قاتل، جہنمیوں کی پیپ، ابواب الاشربہ (باب ۱) میں یہ لفظ گذرا ہے، اور طِیْنَة الخبال: عصارۃ سے بدل ہے۔

[٥٥(٤١)- بابٌ]

[٢٤٨٨-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "خَرَجَ رَجُلٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فِيْ حُلَّةٍ لَهُ، يَخْتَالُ فِيْهَا، فَأَمَرَ اللّٰهُ الأَرْضَ، فَأَخَذَتْهُ، فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ - أَوْ قَالَ: يَتَلَجْلَجُ - فِيْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ" قَالَ أبو عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢٤٨٩-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جِدِّهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمْثَالَ الذَّرِّ، فِيْ صُوَرِ الرِّجَالِ، يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ، يُسَاقُوْنَ إِلَى سِجْنٍ فِيْ جَهَنَّمَ، يُسَمَّى بُوْلَسَ، تَعْلُوْهُمْ نَارُ الأَنْيَارِ، يُسْقَوْنَ مِنْ عُصَارَةِ أَهْلِ النَّارِ: طِيْنَةِ الخَبَالِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

غصہ پی جانے کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص غصہ پی جائے درانحالیکہ وہ اس کو اتارنے پر قادر ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو (قیامت کے دن) مخلوقات کے سامنے بلائیں گے، اور اس کو اختیار دیں گے کہ وہ جونسی حور چاہے لیلے"

لغت: كَظَمَ الرجلُ غَيْظَه، يَكْظِم (ض) كَظْمًا: غصہ ضبط کرنا (خواہ معاف کرنے کی شکل میں ہو یا ناراضگی برقرار رہنے کی صورت میں)......نَفَّذَ الأَمْرَ: کسی معاملہ کو عملی جامہ پہنانا۔ نَفَّذَ الشيئَ: آرپار کردینا۔

[٥٦(٤٢)- بابٌ]

[٢٤٩٠-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، وَعَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، قَالَا: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ يَزِيْدَ، نَا سَعِيْدُ بنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، ثَنِيْ أَبُوْ مَرْحُوْمٍ: عَبْدُ الرَّحِيْمِ بنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ مُعَاذِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ كَظَمَ غَيْظًا، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى أَنْ يُنَفِّذَهُ: دَعَاهُ اللّٰهُ عَلَى رُؤُوْسِ الْخَلَائِقِ حَتَّى يُخَيِّرَهُ فِيْ أَيِّ الْحُوْرِ شَاءَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

کمزور کے ساتھ نرمی کرنے وغیرہ کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تین باتیں جس میں ہوں، اس پر اللہ تعالیٰ اپنا بازو پھیلاتے ہیں، یعنی اس پر اللہ کی عنایتیں مبذول ہوتی ہیں اور اس کو جنت میں داخل کرتے ہیں: ایک: کمزور کے ساتھ نرمی کرنا، دوم: ماں باپ پر مہربانی کرنا سوم: غلام باندی کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا'' (یہ حدیث نہایت ضعیف ہے اس کا ایک راوی عبداللہ بن ابراہیم متروک ہے، اور اس کا باپ مجہول ہے)

[٥٧(٤٣)- بابٌ]

[٢٤٩١-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِبْرَاهِيْمَ الْغِفَارِيُّ الْمَدِيْنِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ: نَشَرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ، وَأَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ: الرِّفْقُ بِالضَّعِيْفِ، وَالشَّفَقَةُ عَلَى الْوَالِدَيْنِ، وَالإِحْسَانُ إِلَى الْمَمْلُوْكِ ''
هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

تمام نعمتیں اللہ کے پاس ہیں، اور وہ بڑے سخی ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

۱-يَا عِبَادِي! كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلاَّ مَنْ هَدَيْتُ، فَسَلُوْنِي الْهُدَى: أَهْدِكُمْ: اے میرے بندو! تم سب گمراہ (دین سے بے خبر) ہو، مگر جسے میں راہ دکھاؤں، پس تم مجھ سے ہدایت طلب کرو، میں تمہیں راہ دکھاؤں گا۔

تشریح: خود نبی پاک ﷺ کے تعلق سے ارشادِ پاک ہے ﴿وَوَجَدَكَ ضَالاًّ فَهَدَى﴾ یعنی اللہ نے آپؐ کو (دین سے) بے خبر پایا، پس آپؐ کو باخبر کیا، پھر دوسرا کوئی از خود دین سے باخبر کیسے ہوسکتا ہے؟ وہی شخص ہدایت پاتا ہے جسے اللہ تعالیٰ ہدایت بخشتے ہیں، اسی لئے ہر مؤمن ہر نماز میں دعا کرتا ہے ﴿اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ﴾: اے اللہ ہمیں سیدھا راستہ دکھا! اسی طرح ہدایت پر ثابت قدمی بھی اللہ تعالیٰ ہی سے مانگنی چاہئے۔

۲-وَكُلُّكُمْ فَقِيْرٌ، إِلاَّ مَنْ أَغْنَيْتُ، فَسَلُوْنِي: أَرْزُقْكُمْ: تم سب محتاج ہو، مگر جسے میں بے نیاز کروں، پس تم مجھ سے مانگو میں تمہیں روزی دوں گا۔

تشریح: سورۃ الذاریات میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوْ الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ ہی سب کو روزی پہنچانے والے ہیں، وہ طاقت ور، نہایت قوت والے ہیں۔ اور سورۂ ہود میں ہے: ﴿وَمَامِنْ دَابَّةٍ فِيْ الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا﴾ روئے زمین پر جو بھی رینگنے والا ہے اس کی روزی اللہ کے ذمے ہے، پس ہر بندے کو اللہ ہی سے روزی طلب کرنی چاہئے، وہی روزی عطا فرمانے والے ہیں۔

۳-وَكُلُّكُمْ مُذْنِبٌ إِلَّا مَنْ عَافَيْتُ، فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ: أَنِّيْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلَى الْمَغْفِرَةِ، فَاسْتَغْفَرَنِيْ: غَفَرْتُ لَهُ، وَلَا أُبَالِيْ: اورتم سب گنہ گار ہو، مگر جس کی میں حفاظت کروں (عافاه الله مُعافاةً: محفوظ رکھنا، عافیت سے رکھنا، جیسے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کو ہر قسم کے گناہ سے محفوظ رکھا ہے، رہے وہ بندے جن سے دانستہ یا نادانستہ گناہ ہوجاتے ہیں ان کے بارے میں ارشاد ہے) پس جس شخص کو تم میں سے یقین ہو کہ میں بخشش کرنے پر پوری قدرت رکھنے والا ہوں اور اس نے مجھ سے بخشش طلب کی تو میں اس کو بخش دوں گا، اور میں پروانہیں کرتا (کہ کس نے کتنے گناہ کئے ہیں؟ یا کتنا بڑا گناہ کیا ہے؟ بندے نے خواہ کتنے ہی گناہ کئے ہوں، اگر وہ شرم سار ہوجائے تو میں سب گناہ معاف کردونگا)

۴-وَلَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ، وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ اجْتَمَعُوْا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِي: مَازَادَ ذٰلِكَ فِيْ مُلْكِي جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ: اور اگر یہ بات ہو کہ تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے، اور تمہارے زندے اور تمہارے مردے اور تمہارے تر اور تمہارے خشک یعنی تمہارے جوان اور تمہارے بوڑھے: میرے بندوں میں سے پاکیزہ ترین قلب رکھنے والے بندے کی حالت پر جمع ہوجائیں جیسے سب نبی کریم ﷺ جیسے ہوجائیں تو یہ چیز میری حکومت میں مچھر کے پر کے برابر بھی اضافہ نہیں کرے گی (اور تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے الی آخرہ: اس سے احاطہ مراد ہے یعنی ساری کائنات جمع ہوجائے)

۵-وَلَوْ انَّ أَوَّلَكُمْ وآخِرَكُمْ، وَحَيَّكُمْ وَمَيِّتَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ وَيَابِسَكُمْ: اجْتَمَعُوْا عَلَى أَشْقَى قلبِ عَبْدٍ من عبادى: مَانَقَصَ ذلك مِنْ مُلْكي جناحَ بعوضَةٍ: اور اگر یہ بات ہو کہ تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے، اور تمہارے زندے اور تمہارے مردے اور تمہارے تر اور تمہارے خشک، میرے بندوں میں سے بدبخت ترین بندے کے قلب پر جمع ہوجائیں، مثلاً: سب شیطان لعین جیسے ہوجائیں تو یہ چیز میری حکومت میں سے مچھر کے پر کے برابر گھٹائے گی نہیں!

۶-ولو أن أولكم وآخركم، وحيَّكم وميِّتكم، ورطبكم ويابسَكم: اجتمعوا فى صَعيدٍ واحدٍ، فَسَأَلَ كُلُّ إِنْسَانٍ منكم مَا بَلَغَتْ أُمْنِيَّتُه، فَأَعْطَيْتُ كلَّ سَائِلٍ منكم: مَانَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِى، إلا كما لو أنَّ أَحَدَكُمْ مَرَّ بِالْبَحْرِ، فَغَمَسَ فيه إِبْرَةً، ثُمَّ رَفَعَهَا إِلَيْهِ: اور اگر یہ بات ہو کہ تمہارے اگلے اور تمہارے پچھلے، اور تمہارے زندے اور تمہارے مردے، اور تمہارے تر اور تمہارے خشک: ایک سرزمین میں جمع ہوجائیں اور تم میں سے ہر ایک مانگے وہ جس تک اس کی آرزو پہنچے یعنی اپنی ہر خواہش مانگے، پس میں تم میں سے ہر مانگنے والے کو عطا

کروں، تو یہ چیز میرے ملک میں سے کچھ گھٹائے گی نہیں، مگر جس طرح یہ بات ہے کہ تم میں سے کوئی شخص سمندر پر گذرے پس وہ سمندر میں سوئی ڈبوئے پھر اس سوئی کو اپنی طرف اٹھائے! پس جتنا سمندر میں سے پانی گھٹا، اتنا ہی اللہ کے ملک میں سے گھٹے گا (اور یہ بھی سمجھانے کے لئے مثال ہے، ورنہ حقیقت میں اتنا بھی نہیں گھٹے گا)

ذلك: بأنّي جوَادٌ، واجِدٌ، مَاجِدٌ: أَفْعَلُ مَا أُرِيْدُ: عَطَائِيْ كلامٌ، وَعَذَابِيْ كلامٌ، إِنَّمَا أَمْرِيْ بِشيءٍ إِذَا أَرَدْتُّ أَنْ أَقُوْلَ له: كُنْ، فَيَكُوْن: اور وہ بات یعنی اللہ کے خزانے میں کمی نہ آنا اس وجہ سے ہے کہ میں سخی ہوں، غنی ہوں، بزرگ ہوں، کرتا ہوں جو چاہتا ہوں، میری بخشش حکم ہے اور میری سزا حکم ہے، میرا حکم کسی چیز کے لئے جب میں چاہوں تو بس اس سے کہنا ہے: ''ہو'' پس وہ ہو جاتی ہے۔

ملحوظہ: حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث مسلم شریف **كتاب البر والصلة باب تحريم الظلم** (حدیث ۲۵۷۷) میں بھی ہے مگر اس کے مضامین اس سے کچھ مختلف ہیں۔

تشریح: اس حدیث کا حاصل یہ ہے کہ ہدایت اللہ کے قبضہ میں ہے اور مالداری بھی ان کے اختیار میں ہے، پس بندوں کو چاہئے کہ ہدایت بھی ان سے مانگیں، اور حاجتیں بھی ان سے طلب کریں، وہی حاجت روا ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہی اگر حفاظت کریں تو بندے گناہوں سے معصوم رہ سکتے ہیں، ان کی شان بڑی نرالی ہے، اور جو بندے گنہ گار ہیں وہ اگر اس یقین کے ساتھ مغفرت طلب کریں کہ اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہر گناہ معاف فرما دیتے ہیں، اور ساری کائنات اگر سرور دو عالم ﷺ جیسی ہو جائے تو اللہ کے ملک میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا، اور ساری مخلوق اگر شیطان لعین جیسی ہو جائے تو اللہ کے ملک میں کوئی کمی نہیں آئے گی، اسی طرح اگر تمام مخلوقات اپنی انتہائی آرزو مانگنے لگے اور اللہ سب کو عنایت فرمائیں تو اللہ کے فضل میں کچھ کمی نہیں آئے گی، بس اتنی ہی کمی ہوگی کہ سمندر میں سوئی ڈبو کر نکالی جائے، پھر دیکھا جائے کہ سمندر کے پانی میں کتنی کمی آئی؟ بس اتنی ہی کمی آئے گی، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ سخی ہیں، وہ ہر ایک کی حاجت پوری کرتے ہیں، وہ پانے والے ہیں، یعنی ان کے پاس فضل کی کمی نہیں، وہ بزرگ ہیں، ان کی شان بہت برتر ہے، ان کو دینے لینے میں صرف ''ہو'' کہنے کی ضرورت ہے، بلکہ اس کی بھی ضرورت نہیں، ان کا ارادہ ہی چیزوں کے وجود کے لئے کافی ہے، اس لئے ہر بندے کو اپنی ہر ضرورت اسی سے مانگنی چاہئے، اور پر امید رہنا چاہئے کہ وہ بندوں کی ہر ضرورت پوری کرنے والے ہیں۔

[٥٨ (٤٤)- بابٌ]

[٢٤٩٢-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ:

[۱-] يَاعِبَادِیْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ، إِلاَّ مَنْ هَدَيْتُ، فَسَلُوْنِي الْهُدَى: أَهْدِكُمْ.

[۲-] وَكُلُّكُمْ فَقِيْرٌ، إِلاَّ مَنْ أَغْنَيْتُ، فَسَلُوْنِی: أَرْزُقْكُمْ.

[۳-] وَكُلُّكُمْ مُذْنِبٌ، إِلاَّ مَنْ عَافَيْتُ، فَمَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ: أَنِّیْ ذُوْ قُدْرَةٍ عَلَى الْمَغْفِرَةِ، فَاسْتَغْفَرَنِیْ: غَفَرْتُ لَهُ، وَلاَ أُبَالِیْ!

[٤-] وَلَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ، وَآخِرَكُمْ، وَحَيَّكُمْ، وَمَيِّتَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ، وَيَابِسَكُمْ: اجْتَمَعُوْا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِیْ: مَازَادَ ذٰلِكَ فِیْ مُلْكِیْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ.

[٥-] وَلَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ، وَآخِرَكُمْ، وَحَيَّكُمْ، وَمَيِّتَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ، وَيَابِسَكُمْ: اجْتَمَعُوْا عَلَى أَشْقَى قَلْبِ عَبْدٍ مِنْ عِبَادِیْ: مَانَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِیْ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ.

[٦-] وَلَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ، وَآخِرَكُمْ، وَحَيَّكُمْ، وَمَيِّتَكُمْ، وَرَطْبَكُمْ، وَيَابِسَكُمْ: اجْتَمَعُوْا فِیْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، فَسَأَلَ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْكُمْ مَابَلَغَتْ أُمْنِيَّتُهُ، فَأَعْطَيْتُ كُلَّ سَائِلٍ مِنْكُمْ: مَانَقَصَ ذٰلِكَ مِنْ مُلْكِیْ، إِلاَّ كَمَا لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ مَرَّ بِالْبَحْرِ، فَغَمَسَ فِيْهِ إِبْرَةً، ثُمَّ رَفَعَهَا إِلَيْهِ.

ذٰلِكَ: بِأَنِّیْ جَوَادٌ، وَاجِدٌ، مَاجِدٌ: أَفْعَلُ مَا أُرِيْدُ: عَطَائِیْ كَلاَمٌ، وَعَذَابِیْ كَلاَمٌ، إِنَّمَا أَمْرِیْ لِشَيْئٍ إِذَا أَرَدْتُ أَنْ أَقُوْلَ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ مَعْدِيْكَرِبَ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الوَرَعِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

پرہیزگاری کا بیان

بابٌ

ایک گنہ گار کی مغفرت

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ایک بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے، اگر میں نے یہ بات نہ سنی ہوتی مگر ایک بار یا دو بار، یہاں تک کہ آپؐ نے سات مرتبہ گنا (تو میں یہ بات بیان نہ کرتا) مگر میں نے یہ بات اس سے بھی زیادہ مرتبہ سنی ہے (اس لئے وثوق کے ساتھ بیان کرتا ہوں) میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بنی اسرائیل میں کفل نامی ایک شخص تھا، جو کسی بھی ایسے گناہ سے پرہیز نہیں کرتا تھا جس کو وہ کرنا چاہتا تھا، پس اس کے پاس ایک عورت آئی، اس نے اس کو ساٹھ دینار دیئے اس شرط پر کہ وہ اس سے صحبت کرے، پس جب وہ اپنی بیوی سے مرد کے بیٹھنے کی جگہ میں اس عورت سے بیٹھا تو وہ عورت لرز گئی اور رونے لگی، پس اس نے پوچھا: کیوں رو رہی ہو؟ کیا میں نے تجھے مجبور کیا ہے؟ عورت نے کہا: نہیں، مگر یہ ایک ایسا کام ہے جو میں نے کبھی نہیں کیا، اور نہیں آمادہ کیا مجھے اس کام پر مگر محتاجگی نے، پس کفل نے کہا: تو یہ کام کرنے کے لئے تیار ہوگئی ہے درانحالیکہ تو نے یہ کام کبھی نہیں کیا (پس حیف ہے مجھ پر!) جا! وہ دینار تیرے ہیں اور اس نے کہا: نہیں، بخدا! نہیں نافرمانی کروں گا میں اللہ کی اس واقعہ کے بعد کبھی بھی، پس اس کا اسی رات میں انتقال ہوگیا، پس صبح اس کے دروازہ پر لکھا ہوا ملا کہ اللہ تعالیٰ نے کفل کی بخشش فرما دی!

تشریح: تین غار میں پھنسنے والے آدمیوں کا واقعہ صحیحین میں مروی ہے، اس میں بھی ایک شخص نے اپنی چچازاد بہن کو زنا کرنے کے لئے سو دینار دیئے تھے، پھر اس سے زنا نہیں کیا تھا، وہ واقعہ اور ہے (مسلم شریف حدیث ۲۷۴۳

بخاری شریف حدیث ۳۴۷۴ ۵۹۷) اور یہ کفل نامی شخص کا واقعہ اور ہے..... لو لم أَسْمَعْه کی جزا پوشیدہ ہے أی لم أُحَدِّثْ بِهٰذَا...... من ذنبٍ عَمِلَهُ: عمله جملہ فعلیہ ذنب کی صفت ہے...... أُرْعَدَتْ: فعل مجہول ہے، مگر ترجمہ معروف کا کیا گیا ہے۔ أَرْعَدَ: لرزہ طاری ہونا، کپکپانا ...... مَايُبْكِيْكِ: کیا چیز تجھے رلارہی ہے؟ أَبْكَاه، وَبَكَّاه: رُلانا ...... أَكْرَهْتُكِ سے پہلے ہمزہ استفہام پوشیدہ ہے...... فَأَصْبَحَ مكتوبٌ: تمام نسخوں میں مکتوبٌ حالت رفعی میں ہے مگر بظاہر حالت نصبی میں ہونا چاہئے کیونکہ وہ أَصْبَحَ کی خبر ہے، جس کا ترجمہ ہے: پس صبح میں اس کے دروازہ پر لکھا ہوا ملا، گذشتہ زمانہ میں نیکی اور برائی دروازے پر لکھی ہوئی ملتی تھی، اس امت کی اللہ نے پردہ پوشی کی، اور یہ بات ختم کردی، اب پردہ آخرت میں کھلے گا۔

سند کی بحث: باب کے شروع میں اسباط بن محمد کی سند ہے، جو امام اعمشؒ کے شاگرد ہیں، انھوں نے اس حدیث کو مرفوع کیا ہے، اور شیبان نحوی بصری وغیرہ ان کے متابع ہیں، مگر امام اعمش کے بعض تلامذہ اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، یعنی یہ واقعہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا ہے، نبی ﷺ نے بیان نہیں فرمایا۔

پھر ان سب حضرات کی سند میں عبداللہ رازی اور ابن عمرؓ کے درمیان سعد کا واسطہ ہے، مگر ابوبکر بن عیاش: سعید بن جبیر کا واسطہ لاتے ہیں، یہ بھی امام اعمش کے شاگرد ہیں، مگر ان سے اس سند میں چوک ہوگئی ہے، پس یہ سند محفوظ نہیں، یعنی درمیانی واسطہ سعد مولیٰ طلحہ کا ہے، حضرت سعید بن جبیر کا نہیں ہے۔

اور عبداللہ رازی کوفہ کے باشندے تھے، اور ان کی دادی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سُرِّیَّہ تھیں، سریہ: وہ باندی کہلاتی ہے جسے مولیٰ بیوی کے طور پر استعمال کرتا ہے، یہ لفظ السِّرُّ سے بنا ہے، جس کے معنی ہیں: جماع۔

اور عبداللہ رازی اچھے راوی تھے، کوفہ کے باشندے تھے، اور ان سے عبیدہ اور حجاج وغیرہ روایت کرتے ہیں۔

[٥٩(١)- بابٌ]

[٢٤٩٣-] حدثنا عُبَيْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ الْقُرَشِيُّ، نَا أَبِیْ، نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعْدٍ: مَوْلَى طَلْحَةَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يُحَدِّثُ حَدِيْثًا، لَوْ لَمْ أَسْمَعْهُ إِلَّا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ، حَتَّى عَدَّ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَلٰكِنِّى سَمِعْتُهُ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " كَانَ الْكِفْلُ مِنْ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ لَايَتَوَرَّعُ مِنْ ذَنْبٍ عَمِلَهُ، فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ، فَأَعْطَاهَا سِتِّيْنَ دِيْنَاراً عَلَى أَنْ يَطَأَهَا، فَلَمَّا قَعَدَ مِنْهَا مَقْعَدَ الرَّجُلِ مِنِ امْرَأَتِهِ، أُرْعِدَتْ، وَبَكَتْ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيْكِ؟ أَكْرَهْتُكِ؟ قَالَتْ: لاَ، وَلٰكِنَّهُ عَمَلٌ مَا عَمِلْتُهُ قَطُّ، وَمَا حَمَلَنِیْ عَلَيْهِ إِلَّا الْحَاجَةُ، فَقَالَ: تَفْعَلِيْنَ أَنْتِ هٰذَا، وَمَا فَعَلْتِهِ؟ اذْهَبِیْ فَهِيَ لَكِ، وَقَالَ: لاَ، وَاللّٰهِ! لاَ أَعْصِى

اللّٰهَ بَعْدَهَا أَبَدًا، فَمَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ، فَأَصْبَحَ مَكْتُوْبٌ عَلَى بَابِهِ: إِنَّ اللّٰهَ قَدْ غَفَرَ لِلْكِفْلِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شَيْبَانُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَرَفَعُوْه، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وَرَوَى أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْأَعْمَشِ، فَأَخْطَأَ فِيْهِ، وَقَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَهُوَ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ.

وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيُّ: هُوَ كُوْفِيٌّ، وَكَانَتْ جَدَّتُهُ سُرِّيَّةً لِعَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ.

وَقَدْ رَوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّازِيِّ: عُبَيْدَةُ الضَّبِّيُّ، وَالْحَجَّاجُ بنُ أَرْطَاةَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ.

بابٌ

گناہوں کے تعلق سے مؤمن اور بدکار کا حال

اور

توبہ سے اللہ تعالیٰ کا بے حد خوش ہونا

حدیث (۱): حارث بن سوید کہتے ہیں: ہم سے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے دو باتیں بیان کیں: ایک اپنی طرف سے اور دوسری نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے:

پہلی بات: جو موقوف ہے، حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: مؤمن اپنے گناہوں کو دیکھتا ہے، گویا وہ کسی پہاڑ کے دامن میں ہے اور ڈر رہا ہے کہ وہ پہاڑ اس پر گر پڑے گا، اور بدکار اپنے گناہوں کو اس مکھی کی طرح دیکھتا ہے جو اس کی ناک پر بیٹھ گئی، پس اس نے اس کو یوں کیا، یعنی ہاتھ سے اشارہ کیا اور وہ اڑ گئی۔

تشریح: كَأَنَّهُ فِي أَصْلِ جَبَلٍ: يَرَى کے مفعول ثانی کی جگہ میں ہے، أي يَرَى ذُنوبَه كَالْجَبَلِ: یعنی مؤمن گناہوں سے بہت گھبراتا ہے، کیونکہ اس کے دل میں نور ایمان ہے، اس لئے گناہ کا معاملہ اس پر بھاری ہوتا ہے، وہ گناہ کو اس پہاڑ کی طرح دیکھتا ہے جو بس اس پر گرا ہی چاہتا ہے، اور بدکار کا حال دوسری طرح کا ہوتا ہے، وہ گناہ کو بہت ہی ہلکا سمجھتا ہے، جیسے ناک پر مکھی بیٹھ جاتی ہے تو ہاتھ کے اشارہ سے اس کو اڑا دیتا ہے۔

دوسری بات: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم میں سے ہر ایک کی توبہ سے یقیناً زیادہ خوش ہوتے ہیں، اس شخص سے جو کسی مہلک تباہ کن بیابان میں ہو، اس کے ساتھ اس کی سواری ہو، جس پر اس کا توشہ، اس کا کھانا اور اس کا پینا اور وہ چیز ہو جو اسے سنوارے، پس اس نے اس سواری کو گم کر دیا، پس وہ اس کی طلب میں نکلا یہاں تک کہ

جب اس کو موت نظر آنے لگی تو اس نے کہا: میں اس جگہ کی طرف واپس چلوں جس میں میں نے اپنی اونٹنی کو گم کیا ہے (کیونکہ اونٹ کی عادت ہے کہ اس کو پہلی مرتبہ جہاں بٹھایا جاتا ہے، وہ گھوم پھر کر وہیں آکر بیٹھتا ہے، اس لئے اس آدمی نے خیال کیا کہ شاید میری اونٹنی وہیں آئے، اور نہ آئی تو) اس جگہ میں مر جاؤں، پس وہ اپنی جگہ لوٹ آیا، اور اس کی آنکھ لگ گئی، جب وہ بیدار ہوا تو اچانک اس کی سواری اس کے پاس کھڑی ہے، جس پر اس کا کھانا، اس کا پینا اور وہ چیز ہے جو اس کو سنوارتی ہے (اس وقت مسافر کو کتنی خوشی ہوگی؟ اس کا اندازہ کون کرسکتا ہے! اللہ تعالیٰ کو بندے کی توبہ سے اس سے بھی زیادہ خوشی ہوتی ہے)

تشریح: یہ حدیث صحیحین میں اس سے زیادہ مفصل ہے، غور کیجئے! ایک مسافر اپنی اونٹنی پر سوار ہوکر، اور اس پر کھانے پینے کا سامان لاد کر، دور دراز کے سفر پر نکلا، وہ راستہ میں تھوڑی دیر آرام کرنے کے لئے اترا، جب سوکر اٹھا تو اونٹنی غائب تھی، اور بیابان بے آب وگیاہ ہے، وہ حیران وسراسیمہ ہوکر اونٹنی کی تلاش میں دوڑا بھاگا، مگر کامیاب نہ ہوا، یہاں تک کہ جب گرمی اور پیاس نے اس کو لب دم کر دیا تو اس نے سوچا: شاید میری موت اس بیابان میں مقدر ہے، چنانچہ وہ مرنے کے لئے اسی درخت کے سایہ میں آکر پڑ گیا، آنکھ پھر جھپکی، اور جب کھلی تو اونٹنی پورے ساز وسامان کے ساتھ وہاں موجود تھی، اس وقت اس محروم قسمت مسافر کو اپنی اونٹنی کے مل جانے پر کتنی خوشی ہوگی؟ اسی طرح جب بندہ جرم کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے، اور سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اس مہربان اللہ تعالیٰ کو اس سے بھی زیادہ خوشی ہوتی ہے، پس گنہ گاروں کو مایوس نہیں ہونا چاہئے، انہیں پہلی فرصت میں اپنے خالق ومالک کی طرف رجوع کرنا چاہئے، کیونکہ اس کے لئے اس دروازہ کے علاوہ کوئی دروازہ نہیں!

لغات: لَلّٰهُ: ل کے فتح کے ساتھ، اور یہ ل ابتدائیہ ہے جو تاکید کے لئے لایا جاتا ہے، اردو میں اس کا ترجمہ ''البتہ'' کیا جاتا ہے، اور اللّٰه: مبتداء ہے اور أَفْرَحُ اس کی خبر ہے ...... مِنْ رَجُلٍ: أَفرحُ کا مفضل منہ ہے ...... الفَلاة: بیابان، ایسا ویران جنگل جہاں دور دور تک سبزہ اور پانی نہ ہو، جمع فَلَوَات ...... الدَّوُّ: بڑا جنگل، الدَّوِّيُّ اور الدَّوِّيَّة: جنگل، بیابان، اس میں واؤ مشدد ہے، اور ی نسبت کی ہے، الدَّوُّ کی طرف نسبت ہے ...... مَهْلَكَة: م پر زبر اور ل پر فتح اور کسرہ دونوں: خوفناک اور ہلاکت کی جگہ ...... مَا يُصْلِحُه: وہ چیز جو اس کو سنوارے یعنی اس کی دیگر ضروریات ...... أَدْرَكَه الموت: یعنی اسباب موت، گرمی پیاس وغیرہ۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''ہر انسان خطا کار ہے، اور بہترین خطا کار توبہ کرنے والے بندے ہیں!''

تشریح: توبہ کی حقیقت تین چیزیں ہیں: (۱) جو گناہ ہوگیا ہے اس پر پشیمانی ہو (۲) اور آئندہ اس گناہ سے بچنے کا پختہ ارادہ ہو (۳) اور اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرے، تاکہ وہ اس گناہ کی سزا سے بچ جائے، جیسے کسی نے زہر کھالیا، پھر جب آنتیں کٹنے لگیں اور موت سامنے کھڑی نظر آئی تو اس کو اپنی اس احمقانہ حرکت پر سخت رنج ہوا، اب وہ چاہتا ہے کہ

کسی طرح جان بچ جائے، اور بچ گیا تو آئندہ کبھی ایسی حماقت نہیں کرے گا۔ اسی طرح مؤمن بھی کبھی غفلت میں یا شیطان کے اغواء سے یا نفس امارہ کے فریب دینے سے گناہ کر بیٹھتا ہے مگر جب اسے اللہ یاد آتا ہے اور گناہ کا انجام سوچتا ہے کہ قبر میں اور اس کے بعد اس پر کیا گذرے گی تو وہ اپنی حرکت پر پشیمان ہوتا ہے اور آئندہ ایسی حماقت کرنے سے توبہ کرتا ہے، اور اپنے مالک ومولیٰ سے معافی طلب کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کو بندے کا یہ عمل اتنا خوش کرتا ہے جس کی تمثیل پہلی حدیث میں آئی ہے، اور اس حدیث میں یہ ہے کہ انسان سے گناہ ہو ہی جاتا ہے، پھر بہترین گنہ گار وہ ہے جو بار بار اللہ کی طرف رجوع کرے، جو گناہ پر اصرار کرتا ہے وہ اللہ کا اچھا بندہ نہیں۔

[٦٠(٢)- بابٌ]

[٢٤٩٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ عُمَيْرٍ، عَنِ الْحَارِثِ بنِ سُوَيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بِحَدِيْثَيْنِ: أَحَدُهُمَا عَنْ نَفْسِهِ، وَالآخَرُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَرَى ذُنُوْبَهُ، كَأَنَّهُ فِيْ أَصْلِ جَبَلٍ، يَخَافُ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِ، وَإِنَّ الْفَاجِرَ يَرَى ذُنُوْبَهُ، كَذُبَابٍ وَقَعَ عَلَى أَنْفِهِ، قَالَ بِهِ هٰكَذَا، فَطَارَ.

قَالَ: وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَلّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ أَحَدِكُمْ، مِنْ رَجُلٍ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ دَوِّيَّةٍ مَهْلِكَةٍ، مَعَهُ رَاحِلَتُهُ، عَلَيْهَا زَادُهُ، وَطَعَامُهُ، وَشَرَابُهُ، وَمَا يُصْلِحُهُ، فَأَضَلَّهَا، فَخَرَجَ فِيْ طَلَبِهَا حَتَّى إِذَا أَدْرَكَهُ الْمَوْتُ، قَالَ: أَرْجِعُ إِلَى مَكَانِي الَّذِيْ أَضْلَلْتُهَا فِيْهِ، فَأَمُوْتُ فِيْهِ، فَرَجَعَ إِلَى مَكَانِهِ، فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ، فَاسْتَيْقَظَ، فَإِذَا رَاحِلَتُهُ عِنْدَ رَأْسِهِ، عَلَيْهَا طَعَامُهُ، وَشَرَابُهُ، وَمَا يُصْلِحُهُ"

قال أبو عيسى: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَالنُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٢٤٩٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، نَا عَلِيُّ بنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ، نَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "كُلُّ ابْنِ آدَمَ خَطَّاءٌ، وَخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بنِ مَسْعَدَةَ، عَنْ قَتَادَةَ.

بابٌ

خاموشی میں نجات ہے

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ: جو شخص اللہ پر اور

آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے (اور مہمان کے لئے شبانہ روز ضیافت کا اہتمام کرے) وَمَن كان يُؤْمِنُ باللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ: اور جو شخص اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اس کو چاہئے کہ بھلی بات کہے یا خاموش رہے۔

تشریح: یہ حدیث أبواب البر والصلة (باب ۴۳، تحفہ ۵:۳۰۹) میں حضرت ابوشریح عدوی کی روایت سے گذر چکی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ صَمَتَ نَجَا: جو خاموش رہا وہ نجات پا گیا۔

تشریح: منہ سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے، اور وہ آخرت کے لئے ریکارڈ کر لی جاتی ہے، اور دنیا میں بھی اس کے بھلے برے اثرات ظاہر ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی اس پر جزاؤ سزا مرتب ہوتی ہے، پس آدمی کو چاہئے کہ بھلی بات بولے، ورنہ خاموش رہے، خاموش رہنے والے کی پکڑ نہ دنیا میں ہوتی ہے نہ آخرت میں، اس لئے کہ خاموشی میں نجات ہے۔

[۶۱(۳)-] بابٌ

[۲۴۹۶-] حدثنا سُوَيْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ. وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَنَسٍ، وَأَبِيْ شُرَيْحِ الْكَعْبِيِّ، وَهُوَ الْعَدَوِيُّ، وَاسْمُهُ خُوَيْلِدُ بنُ عَمْرٍو.

[۲۴۹۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرحمنِ الْحُبُلِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ صَمَتَ نَجَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ لَهِيْعَةَ.

بابٌ

مسلمان کسی کو تکلیف نہیں پہنچاتا

حدیث: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا مسلمان بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ: وہ شخص جس کی زبان سے اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

تشریح: اس حدیث میں صرف زبان اور ہاتھ کی ایذا رسانیوں کا ذکر ہے، ورنہ حقیقت میں مسلمان کی شان یہ

ہے کہ وہ لوگوں کو کسی طرح بھی تکلیف نہیں پہنچاتا، ایذاء رسانی اسلام کے منافی ہے، مگر اس سے مراد وہ ایذا رسانی ہے جو بغیر کسی معقول وجہ کے ہو، ورنہ مجرموں کو سزا دینا، ظالموں کی زیادتیوں کو اور مفسدوں کی فساد انگیزوں کو روکنا مسلمان کا فرض منصبی ہے، اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو دنیا امن وراحت سے محروم ہوجائے گی (ماخوذ از معارف الحدیث ۱:۱۴۳)

[٦٢(٤)-] بابٌ

[٢٤٩٨-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، ثَنِيْ بُرَيْدُ بنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ، وَيَدِهِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ مُوْسَى.

بابٌ

کسی کو گناہ پر عار نہیں دلانا چاہئے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ عَيَّرَ أَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتَّى يَعْمَلَهُ: جس نے اپنے مسلمان بھائی کو کسی گناہ پر عار دلائی تو وہ نہیں مرے گا یہاں تک کہ وہ اس گناہ کو کرے گا۔

تشریح: یہ حدیث خالد بن معدان: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، مگر خالد کا حضرت معاذؓ سے لقاء وسماع نہیں، اس لئے حدیث منقطع ہے، اگرچہ خالد کی ملاقات ستر صحابہ سے ہوئی ہے مگر حضرت معاذ کا انتقال چونکہ بہت جلدی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ہوگیا تھا، اس لئے خالد کی ان سے ملاقات نہیں، مگر چونکہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے (بالواسطہ) روایت کرنے والے سارے ہی روات ثقہ ہیں اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی تحسین کی ہے۔

اور یہاں ایک سوال ہے: ذنب کے معنی جرم، گناہ اور غلطی کے ہیں، پس کسی کو گناہ پر عار دلانے کا یہ نتیجہ کیسے نکلا کہ اللہ نے اس عار دلانے والے کو اس گناہ میں مبتلا کیا؟ نہی عن المنکر تو ضروری ہے؟

اس کا دو طرح سے جواب دیا گیا ہے: ایک: عار دلانے کا مطلب ہے: کسی کو برے فعل سے شرم دلانا، طعنہ دینا اور عیب لگانا، اور نہی عن المنکر میں یہ سب کچھ نہیں ہوتا، اس میں خیر خواہی کے جذبہ سے برائی پر نصیحت کی جاتی ہے، اور دوسرا جواب امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ احمد بن منیع نے یہ دیا ہے کہ حدیث میں وہ گناہ مراد ہے جس سے گنہ گار نے توبہ کرلی ہے، پھر بھی کوئی اس گناہ پر اس کو عار دلائے تو یہ جائز نہیں، کیونکہ گناہ سے توبہ کرنے والا گناہ نہ کرنے والے کی طرح ہوجاتا ہے، پس اس کو عار دلانے والا اس سزا کا مستحق ہوگا۔

[٦٣(٥)- بابٌ]

[٢٤٩٩-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا مُحمدُ بنُ الْحَسَنِ بنِ أَبِيْ يَزِيْدَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ ثَوْرِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ عَيَّرَ أَخَاهُ بِذَنْبٍ: لَمْ يَمُتْ حَتَّى يَعْمَلَهُ" قَالَ أَحْمَدُ: قَالُوْا: مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، وَخَالِدُ بنُ مَعْدَانَ لَمْ يُدْرِكْ مُعَاذَ بنَ جَبَلٍ، وَرُوِيَ عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ أَنَّهُ أَدْرَكَ سَبْعِيْنَ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

کسی کی مصیبت پرخوش ہونا وبال لاتا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِأَخِيْكَ، فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ: اپنے مسلمان بھائی کی مصیبت پرخوشی کا اظہار مت کرو، ممکن ہے اللہ اس پرمہربانی فرمائیں اور تجھے اس مصیبت میں گرفتار کردیں!

تشریح: اس حدیث کا ایک راوی امیۃ بن القاسم ہے، حافظ رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ یہ چوک ہے، صحیح نام قاسم بن امیہ حذّاء (موچی) ہے، یہ بصرہ کا راوی ہے اور ٹھیک ہے، اور اس پر ابن حبان نے جو بلاوجہ تنقید کی ہے، امام ترمذیؒ نے اس کا اعتبار نہیں کیا اور حدیث کی تحسین کی ہے۔

اور یہ حدیث حضرت واثلہؓ سے مکحول روایت کرتے ہیں، کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ مکحول کا حضرت واثلہ سے سماع نہیں، مگر امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: مکحول کا تین صحابہ سے سماع ہے، حضرت واثلہؓ سے، حضرت انس بن مالکؓ اور حضرت ابوہند داریؓ سے، اور کہا جاتا ہے کہ مکحول کا صرف ان ہی تین صحابہ سے لقاء وسماع ہے، غرض سند میں انقطاع نہیں ہے، اس لئے روایت ٹھیک ہے۔

[٦٤(٦)-] بابٌ

[٢٥٠٠-] حدثنا عُمَرُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ مُجَالِدِ بنِ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ، نَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، ح: وَثَنَا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، نَا أُمَيَّةُ بنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: نَا حَفْصُ بنُ غِيَاثٍ، عَنْ بُرْدِ بنِ سِنَانٍ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَاتُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِأَخِيْكَ، فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَمَكْحُوْلٌ قَدْ سَمِعَ مِنْ وَاثِلَةَ بنِ الأَسْقَعِ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، وَأَبِى هِنْدٍ الدَّارِيِّ، وَيُقَالُ: إِنَّهُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، إِلَّا مِنْ هٰؤُلَآءِ الثَّلاَثَةِ.

وَمَكْحُوْلٌ الشَّامِيُّ: يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، وَكَانَ عَبْدًا فَأُعْتِقَ.

وَمَكْحُوْلٌ الأَزْدِيُّ: بَصْرِيٌّ، سَمِعَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَيَرْوِى عَنْهُ عُمَارَةُ بنُ زَاذَانَ.

حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ تَمِيْمِ بنِ عَطِيَّةَ، قَالَ: كَثِيْرًا مَا كُنْتُ أَسْمَعُ مَكْحُوْلاً يُسْأَلُ، فَيَقُوْلُ: ندانم.

وضاحت: مکحول دو ہیں: شامی اور بصری۔اس روایت کے راوی مکحول شامی ہیں، جن کی کنیت ابوعبداللہ ہے، یہ پہلے غلام تھے، پھر آزاد ہوئے، اور دوسرے مکحول ازدی بصری ہیں، ان کی کنیت بھی ابوعبداللہ ہے، انھوں نے حضرت عبداللہ بن عمرو سے حدیثیں سنی ہیں، اوران سے عمارۃ بن زاذان روایت کرتا ہے، یہ مکحول اس حدیث کے راوی نہیں، بلکہ مکحول شامی اس حدیث کے راوی ہیں، اور تمیم بن عطیہ کہتے ہیں: حضرت مکحول سے جب کوئی مسئلہ پوچھتا، اوروہ ان کے علم میں نہ ہوتا، تووہ بار ہا فارسی میں جواب دیتے: ندانم: میں نہیں جانتا!

بابٌ

کسی کی نقل اتارنا بھاری گناہ ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَا أُحِبُّ أَنِّىْ حَكَيْتُ أَحَدًا، وَأَنَّ لِىْ كَذَا وَكَذَا: میں نہیں پسند کرتا کہ کسی کی نقل اتاروں، اگرچہ مجھے اتنا اتنا مل جائے۔

تشریح: حَكَى يَحْكِىْ الشيئَ حِكَايَةً: نقل اتارنا، کسی کے فعل کی طرح فعل کرنا۔اور عام طور پر اس کا استعمال بری بات کی نقل اتارنے کے لئے ہوتا ہے...... وَأَنَّ لِىْ جملہ حالیہ ہے اور کذا و کذا: اسم کنایہ ہیں اور مراد دنیا کا مال وسامان ہے۔

حدیث (۲): یہ پہلی ہی حدیث ہے، اور مفصل ہے۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کے سامنے ایک آدمی کی نقل اتاری تو آپؐ نے فرمایا: مجھے یہ بات پسند نہیں کہ میں کسی آدمی کی نقل اتاروں اگرچہ مجھے اتنا اتنا (مال) مل جائے۔

(دوسرا واقعہ) صدیقہؓ کہتی ہیں: میں نے کہا: یارسول اللہ! بیشک صفیہ بنت حُیی ایک عورت ہیں، اور حضرت عائشہؓ نے اپنے ہاتھ سے یوں اشارہ کیا، گویا وہ مراد لے رہی ہیں کہ حضرت صفیہ ٹھگنی ہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لَقَدْ

مَزَجْتِ بِكَلِمَةٍ لَوْ مُزِجَ بِهَا مَاءُ الْبَحْرِ لَمُزِجَ: البتہ واقعہ یہ ہے کہ تم نے (اپنے اعمال کو) ایک ایسی (بری) بات کے ساتھ ملایا ہے کہ اگر اس بری بات کے ساتھ سمندر کا پانی ملایا جاتا تو وہ بگڑ جاتا (اور جو سمندر کے پانی کو بگاڑ دے وہ نامۂ اعمال کو کیوں نہیں بگاڑ سکتا؟) اور آخری مُزِجَ کے معنی ہیں: وہ سمندر پر غالب آجاتا، کیونکہ مغالبہ باب نصر کا خاصہ ہے، اور سمندر پر غالب آنے کا مطلب ہے: اس کو بگاڑ دینا، جیسے پانی پر نجاست غالب آجاتی ہے تو پانی ناپاک ہوجاتا ہے۔

[۶۵(۷)-] بابٌ

[۲۵۰۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الأَقْمَرِ، عَنْ أَبِيْ حُذَيْفَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا أُحِبُّ أَنِّيْ حَكَيْتُ أَحَدًا، وَأَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۵۰۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، وَعَبْدُ الرحمنِ، قَالاَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الأَقْمَرِ، عَنْ أَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَكَيْتُ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً، فَقَالَ: "مَايَسُرُّنِيْ أَنِّيْ حَكَيْتُ رَجُلاً، وَأَنَّ لِيْ كَذَا وَكَذَا" قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ صَفِيَّةَ امْرَأَةٌ، وَقَالَتْ بِيَدِهَا هٰكَذَا، كَأَنَّهَا تَعْنِيْ قَصِيْرَةً، فَقَالَ: "لَقَدْ مَزَجْتِ بِكَلِمَةٍ، لَوْ مُزِجَ بِهَا مَاءُ الْبَحْرِ لَمُزِجَ"

بابٌ

لوگوں کی ایذارسانیوں پر صبر کرنے کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو مسلمان لوگوں کے ساتھ میل جول رکھتا ہے، اور وہ ان کی ایذاءرسانیوں پر صبر کرتا ہے، وہ یقیناً اس مسلمان سے بہتر ہے، جو لوگوں کے ساتھ میل جول رکھتا ہے، اور ان کی ایذارسانیوں پر صبر نہیں کرتا۔

سند کی بحث: یہ حدیث کس صحابی کی ہے؟ یحییٰ بن وثّاب یہ حدیث کسی بڑے صحابی سے روایت کرتے ہیں، اور ان کا خیال یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہے، یعنی یہ ان صحابی کا قول نہیں ہے بلکہ انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے روایت کی ہے، پھر امام اعمش رحمہ اللہ کے شاگرد شعبہؒ کا خیال یہ ہے کہ یہ صحابی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہیں، اور یہ خیال صحیح ہے، کیونکہ ابن ماجہ نے یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ سے روایت کی ہے۔

تشریح: اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ عزلت (گوشہ نشینی) بہتر ہے یا لوگوں سے میل جول رکھنا؟ جو لوگ کہتے

ہیں: لوگوں کے ساتھ میل جول رکھنا، ان کی کڑوی کسیلی باتوں کو برداشت کرنا، ان کو بھلائی کا حکم دینا، ان کو برائی سے روکنا اوران کے ساتھ اچھا معاملہ کرنا گوشہ نشینی سے بہتر ہے: وہ لوگ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں......اورجن کی رائے اس کے خلاف ہے وہ مسلم شریف کی ایک حدیث سے استدلال کرتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہد کے بعد بہترین شخص وہ ہے جو کسی گھاٹی میں علحدہ رہتا ہو، اللہ کی عبادت کرتا ہو، اور لوگوں کو اپنے شر سے بچاتا ہو (مسلم کتاب الامارة باب ۳۴ حدیث ۱۸۸۸)......اوراس سلسلہ میں فیصلہ کن بات یہ ہے کہ لوگوں کے احوال مختلف ہیں، اس لئے حکم بھی مختلف ہے، جو شخص لوگوں کو فائدہ پہنچاسکتا ہے، اوران کی حرکتیں برداشت کرسکتا ہے، اس کے لئے لوگوں سے میل جول رکھنا بہتر ہے، اور جوان کی باتیں برداشت نہیں کرسکتا، نہ وہ ان کو کوئی فائدہ پہنچاسکتا ہے: وہ اگر لوگوں سے علحدہ رہے تو یہی اس کے حق میں بہتر ہے۔

[٦٦(٨)–] بابٌ

[٢٥٠٣–] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نَا ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَحْيىَ بنِ وَثَّابٍ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أُرَاهُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الْمُسْلِمَ إِذَا كَانَ يُخَالِطُ النَّاسَ، وَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ: خَيْرٌ مِنَ الْمُسْلِمِ الَّذِيْ لاَيُخَالِطُ النَّاسَ، وَلاَيَصْبِرُ عَلَى أَذَاهُمْ" قَالَ ابنُ أَبِيْ عَدِيٍّ: كَانَ شُعْبَةُ يَرَى أَنَّهُ ابنُ عُمَرَ.

بابٌ

باہمی معاملات بگاڑنا دین کا ناس کردیتا ہے

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: إِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ، فَإِنَّهَا الحَالِقَة: فساد ذات البین یعنی لوگوں کے ساتھ معاملات بگاڑنے سے بچو کیونکہ یہ چیز مونڈنے والی ہے!

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: فساد ذات البین سے مراد باہمی عداوت اور شدید نفرت ہے، یہ چیز دین کو مونڈ کر رکھ دیتی ہے، جب لوگوں میں عداوتیں اور نفرتیں پیدا ہوتی ہیں تو وہ ایک دوسرے کی بدگوئی کرتے ہیں، اور ایک دوسرے کی ایذا رسانی کے درپے ہوتے ہیں، اس طرح ان کا دین برباد ہوجاتا ہے۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: " کیا میں تمہیں روزے، نماز اور صدقہ کے درجہ سے بہتر چیز نہ بتاؤں؟" صحابہ نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: " وہ اصلاح ذات البین ہے یعنی لوگوں کے ساتھ معاملات کو سنوارنا، کیونکہ فساد ذات البین مونڈنے والی چیز ہے" اور آئندہ حدیث میں جو ضعیف ہے یہ اضافہ ہے: " فساد ذات البین مونڈنے

والا ہے، میں نہیں کہتا کہ وہ بال مونڈتا ہے بلکہ وہ دین مونڈتا ہے‘‘

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’تمہاری طرف رینگ آئی تم سے پہلی امتوں کی بیماری: دوسرے پر جلنا، اور شدید نفرت کرنا، یہی مونڈنے والی ہے، میں نہیں کہتا کہ وہ بالوں کو مونڈتی ہے، بلکہ وہ دین کو مونڈتی ہے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم جنت میں نہیں جاؤ گے تا آنکہ ایمان لاؤ، اور تم ایمان نہیں لاؤ گے تا آنکہ ایک دوسرے سے محبت کرو، پس کیا میں تم کو وہ کام نہ بتلاؤں جو تمہارے لئے محبت کو ثابت کرے؟ سلام کو آپس میں رواج دو!‘‘

تشریح: اس حدیث کی سند میں زبیر کا مولی (آزاد کردہ) مجہول راوی ہے، مگر منذری کہتے ہیں: بزار وبیہقی نے اس کو عمدہ سند سے روایت کیا ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا، البتہ گذشتہ حدیث کے آخر میں یُروی (فعل مجہول) لاکر اس حدیث کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے...... اور حسد (کسی پر جلنا) اور بغضاء (شدید نفرت) ایک ہی طرح کے گناہ ہیں، حسد: بغض سے ناشی ہوتا ہے اس لئے ھی مفرد ضمیر لائی گئی ہے...... اور یَثَبِّتُ: تثبیت باب تفعیل سے ہے اس کے معنی ہیں: جمانا، واقعہ بنانا۔

[٦٧(٩)- بابٌ]

[٢٥٠٤-] حدثنا أَبُوْ يَحيىَ مُحمدُ بنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَغْدَادِيُّ، نا مُعَلَّى بنُ مَنْصُوْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ المَخْرَمِيُّ، هُوَ مِنْ وَلَدِ الْمِسْوَرِ بنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بنِ مُحمدٍ الأَخْنَسِيِّ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ’’إِيَّاكُم وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ، فَإِنَّهَا الْحَالِقَةُ‘‘

قَالَ أَبُوْ عِيسى: هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَسُوْءُ ذَاتِ الْبَيْنِ: إِنَّمَا يَعْنِيْ بِهِ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ، وَقَوْلُهُ: الْحَالِقَةُ: أَنَّهَا تَحْلِقُ الدِّيْنَ.

[٢٥٠٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ سَالِمِ بنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ’’أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِأَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَالصَّلاَةِ وَالصَّدَقَةِ؟‘‘ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: ’’صَلاَحُ ذَاتِ الْبَيْنِ، فَإِنَّ فَسَادَ ذَاتِ الْبَيْنِ هِيَ الْحَالِقَةُ‘‘

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ: ’’هِيَ الْحَالِقَةُ، لاَ أَقُوْلُ: تَحْلِقُ الشَّعْرَ، وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّيْنَ‘‘

[٢٥٠٦-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَرْبِ بنِ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيىَ

بنِ أَبِیْ كَثِیْرٍ، عَنْ یَعِیْشَ بنِ الْوَلِیْدِ، أَنَّ مَوْلًى لِلزُّبَیْرِ حَدَّثَهُ، أَنَّ الزُّبَیْرَ بنَ الْعَوَّامِ حَدَّثَهُ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ”دَبَّ إِلَیْكُمْ دَاءُ الأُمَمِ قَبْلَكُمْ: الحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ، هِیَ الْحَالِقَةُ! لاَ أَقُوْلُ: تَحْلِقُ الشَّعْرَ، وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّیْنَ، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لاَتَدْخُلُوْا الْجَنَّةَ حَتّٰی تُؤْمِنُوْا، وَلاَتُؤْمِنُوْا حَتّٰی تَحَابُّوْا، أَفَلاَ أُنَبِّئُكُمْ بِمَا یُثَبِّتُ ذٰلِكَ لَكُمْ؟ أَفْشُوْا السَّلاَمَ بَیْنَكُمْ“

بابٌ

ظلم اور قطع رحمی کی سزا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”کوئی بھی گناہ زیادہ لائق نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کے کرنے والے کو دنیا میں جلد سزا دیں، اس سزا کے ساتھ جس کو وہ آخرت میں ذخیرہ رکھیں: ظلم اور قطع رحمی سے، یعنی یہی دو گناہ دارین کی سزا کے زیادہ لائق ہیں۔

ترکیب: ما نافیہ ہے، اور مِنْ زائدہ نفی کے استغراق کے لئے ہے...... أَنْ یُعَجِّلَ اللّٰہُ سے پہلے ب مقدر ہے اور جار مجرور أَجْدَرُ سے متعلق ہیں ...... العُقُوبَةَ: یُعَجِّل کا مفعول بہ ہے ...... اور مِنَ الْبَغْيِ: مفضل منہ ہے، اور بَغْیٌ مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: حد سے تجاوز کرنا، دوسروں کے حقوق پر دست درازی کرنا، سرکشی اور ظلم کرنا، اور زمین کو فساد اور بگاڑ سے بھر دینا۔

تشریح: ظلم وزیادتی اور قطع رحمی ایک ہی طرح کے گناہ ہیں، اول عام ہے اور ثانی خاص، یہ دو گناہ ایسے سخت ہیں کہ آخرت میں تو ان کی سزا ملے ہی گی، دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ ان کی سزا دیتے ہیں، اس لئے لوگوں کو ان دو گناہوں سے بچنے کی پوری کوشش کرنی چاہئے۔

فائدہ: گناہوں کی سزا کے سلسلہ میں کوئی واضح قاعدہ وارد نہیں ہوا، البتہ مختلف نصوص سے یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ بعض گناہوں کی پوری سزا دنیا میں دیدی جاتی ہے، یہ گناہ عام طور پر لازم ہوتے ہیں، یعنی ان کا ضرر دوسروں تک نہیں پہنچتا، اور جو گناہ متعدی ہوتے ہیں جیسے ظلم وزیادتی اور قطع رحمی وغیرہ، ان کی سزا دنیا میں بھی ملتی ہے اور آخرت میں بھی، اور ایسا ان گناہوں کی سنگینی کی وجہ سے کیا جاتا ہے، پس معلوم ہوا کہ یہ دو گناہ بہت بھاری ہیں، ان سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

[٦٨(١٠)- بابٌ]

[٢٥٠٧-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِیْلُ بنُ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عُیَیْنَةَ بنِ عَبْدِ الرحمنِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ

أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:" مَامِنْ ذَنْبٍ أَجْدَرُ أَنْ يُعَجِّلَ اللّٰهُ لِصَاحِبِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الدُّنْيَا، مَعَ مَا يَدَّخِرُ لَهُ فِيْ الآخِرَةِ: مِنَ الْبَغْيِ، وَقَطِيْعَةِ الرَّحِمِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

صبر وشکر کا جذبہ کیسے پیدا ہوسکتا ہے؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص میں دو باتیں ہوں اللہ تعالیٰ اس کو شاکر وصابر لکھتے ہیں، اور جس میں یہ دو باتیں نہ ہوں اس کو اللہ تعالیٰ نہ شاکر لکھتے ہیں نہ صابر: (۱) جو دین کے معاملہ میں اس شخص کی طرف دیکھے جو اس سے فائق ہے، پس وہ اس کی پیروی کرے (۲) اور جو دنیا کے معاملہ میں اس شخص کی طرف دیکھے جو اس سے کمتر ہے، پس وہ اللہ کا شکر بجالائے، اس نعمت کا جس کے ذریعہ اللہ نے اس کو اس کم تر پر برتری بخشی ہے، پس اللہ تعالیٰ اس کو شاکر وصابر لکھتے ہیں...... اور جو دین کے معاملہ میں اس شخص کی طرف دیکھے جو کہ وہ اس سے کمتر ہے، اور دنیا کے معاملہ میں اس کی طرف دیکھے جو کہ وہ اس سے بہتر ہے: پس وہ اس نعمت پر افسوس کرے جو اس کے ہاتھ سے نکل گئی، تو اللہ تعالیٰ اس کو نہ شاکر لکھتے ہیں نہ صابر!''

یہ حدیث کس درجہ کی ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث اپنے دو اساتذہ سے روایت کی ہے: ایک: سوید بن نصر سے، ان کی سند میں یہ حدیث عمرو بن شعیب اپنے پردادا حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں جبکہ انھوں نے اپنے پردادا کا زمانہ نہیں پایا، اس لئے یہ سند منقطع ہے، اور دوسرے استاذ: موسیٰ بن حزام ہیں، ان کی سند میں عمرو بن شعیب اپنے ابا سے، اور وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں، یہ سند متصل ہے، نیز آگے جو دوسری حدیث آرہی ہے وہ اس کی شاہد ہے اس لئے یہ حدیث ٹھیک ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: أُنْظُروا إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنكُمْ، وَلاَ تَنْظُرُوْا إِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ، فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَنْ لاَتَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ: اس شخص کی طرف دیکھو جو تم سے کمتر ہے، اور اس شخص کی طرف مت دیکھو جو تم سے بہتر ہے، یہ بات اس کے زیادہ لائق ہے کہ تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو معمولی نہ سمجھو''

لغت: لاَتَزْدَرُوْا: فعل مضارع منفی، صیغہ جمع مذکر حاضر اِزْدَرَی اِزْدِرَاءً: حقیر سمجھنا، باب افتعال سے ہے جس کی ف دال سے بدل گئی ہے۔

تشریح: انسان کی ایک فطری کمزوری یہ ہے کہ جب وہ کسی ایسے شخص کو دیکھتا ہے جو مال ودولت میں، شکل وصورت میں، اور دنیوی وجاہت میں اس سے بہتر ہے تو اس میں طمع اور حرص پیدا ہوتی ہے، اور وہ خیال کرتا ہے کہ اللہ نے اس کو ایسا کیوں نہیں بنایا! اس حدیث میں اس کا علاج بتایا گیا ہے کہ وہ ایسے شخص کو دیکھے جو اس سے ان چیزوں

میں کمتر ہے، اس سے صبر وشکر کا جذبہ پیدا ہوگا، اللہ نے جس حال میں اس کو رکھا ہے اس پر وہ صبر وشکر بجالائے گا البتہ دین کے معاملہ میں ہمیشہ نظران بندوں کی طرف رہنی چاہئے جن کا مقام دین میں بلند ہے، اور ان کی پیروی کرنی چاہئے، اس طرح وہ آخرت کے کاموں میں ترقی کرتا چلا جائے گا۔

[٦٩(١١)- بابٌ]

[٢٥٠٨-] حدثنا سُوَيْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنِ الْمُثَنّٰى بنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا، وَمَنْ لَمْ تَكُوْنَا فِيْهِ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَلَاصَابِرًا: مَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهِ إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَهُ، فَاقْتَدَى بِهِ، وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ إِلَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلَى مَافَضَّلَهُ بِهِ عَلَيْهِ: كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا، وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهِ إِلَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ، وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَهُ، فَأَسِفَ عَلَى مَا فَاتَهُ مِنْهُ: لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَلَا صَابِرًا"

حدثنا مُوْسَى بنُ حِزَامٍ، نا عَلِيُّ بنُ إِسْحَاقَ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، نا الْمُثَنّٰى بنُ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَمْ يَذْكُرْ سُوَيْدٌ: عَنْ أَبِيْهِ فِيْ حَدِيْثِهِ.

[٢٥٠٩-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَوَكِيْعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" انْظُرُوْا إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلَ مِنْكُمْ، وَلَا تَنْظُرُوْا إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ، فَإِنَّهُ أَجْدَرُ أَنْ لَاتَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

احوال دائمی نہیں ہوتے

حال: نفس کی وہ کیفیت ہے جو عارضی اور وقتی ہوتی ہے، پھر جب وہ کیفیت دائمی ہوجاتی ہے تو "مقام" کہلاتی ہے۔ مقامات دائمی ہوتے ہیں مگر احوال دائمی نہیں ہوتے۔

حدیث: حضرت حنظلہ اُسیّدی رضی اللہ عنہ جو کاتبین وحی میں سے ہیں: روتے ہوئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرے، حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: اے حنظلہ! کیا بات ہے؟ انھوں نے کہا: اے ابوبکر! حنظلہ تو منافق ہوگیا، ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتے ہیں، آپؐ ہمیں جنت وجہنم یاد دلاتے ہیں تو گویا ہم (ان کو) آنکھوں

سے دیکھتے ہیں، پھر جب ہم لوٹتے ہیں اور بیویوں میں اور جائداد میں مشغول ہوتے ہیں تو بہت سی باتیں بھول جاتے ہیں، حضرت ابوبکرؓ نے کہا: میرا بھی یہی حال ہے، آؤ! رسول اللہ ﷺ کے پاس چلیں، پس جب نبی ﷺ نے حضرت حنظلہ کو دیکھا تو پوچھا: حنظلہ! کیا بات ہے؟ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! حنظلہ تو منافق ہو گیا، ہم آپؐ کے پاس ہوتے ہیں، آپ ہمیں جنت ودوزخ یاد دلاتے ہیں تو گویا ہم اپنی آنکھوں سے ان کو دیکھتے ہیں، پھر جب ہم لوٹتے ہیں اور بیویوں میں اور جائداد میں مشغول ہوتے ہیں تو بہت سی باتیں بھول جاتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم اس حالت پر ہمیشہ رہو جس حالت پر میرے پاس سے اٹھتے ہو تو تم سے فرشتے مصافحہ کریں تمہاری مجلسوں میں، تمہارے بستروں میں اور تمہاری راہوں میں، مگر اے حنظلہ! گھڑی اور گھڑی (یعنی احوال دائمی نہیں ہوتے، بس بجلی کی طرح کوندتے ہیں) اور آپؐ کے سامنے کچھ حال، اور پیچھے کچھ حال: اس کو حضرت حنظلہؓ نے نفاق سمجھا ہے۔

تشریح: حنظلہ دو ہیں: ایک حنظلۃ الکاتب، جن کے باپ کا نام ربیع ہے، یہ قبیلہ اُسیّد کے ہیں، جو قبیلہ بنو تمیم کی شاخ ہے، یہ حکیم العرب اکثم بن صیفی کے بھتیجے ہیں، یہ واقعہ انہی کا ہے، دوسرے: حنظلۃ الغسیل ہیں، ان کے باپ کا نام ابو عامر راہب ہے، یہ انصاری اوسی ہیں، جنگ احد میں شہید ہوئے ہیں، فرشتوں نے ان کو غسل دیا تھا، کیونکہ وہ حالتِ جنابت میں مارے گئے تھے، یہ واقعہ ان کا نہیں ہے۔

اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خوف وخشیت کی حالت اور آخرت اور دین کی فکر ہمیشہ اعلی درجہ کی باقی نہیں رہتی، حضرت حنظلہؓ اس میں معمولی تغیر اور ذرا سے انحطاط کو دیکھ کر اپنے اوپر نفاق کا شبہ کرنے لگے تھے۔ نبی ﷺ نے ان کو سمجھایا کہ یہ نفاق نہیں ہے، یہ 'حال' ہے جو دائمی نہیں ہوتا۔

لغات: کَأَنَّا رَأْيَ عَيْنٍ: کو دو طرح پڑھ سکتے ہیں: رَأْيَ (منصوب) رَأْيُ (مرفوع) پہلی صورت میں فعل محذوف (نَرى) کا مفعول مطلق ہوگا، أي صِرْنَ كَأَنَّا نرى الجنةَ وَالنَّارَ رَأْيَ عَيْنٍ أي بِأَبْصَارِنَا: اور رفع کی صورت میں مصدر بمعنی اسم فاعل ہوگا، اور عمل مبالغۃً ہوگا، اور مبتداء محذوف ہوگا أي كَأَنَّا الرُّؤْيَةُ: رُؤْيَةُ عَيْنٍ: ...... عَافَسَ الْأُمُوْرَ مُعَافَسَةً: کاموں میں لگنا، کام انجام دینا...... الضَّيْعَةُ: جاگیر، یا نفع بخش جائداد، یا کام جیسے تجارت وصنعت وغیرہ...... سَاعَةً وَسَاعَةً: أي تكون تلك الحالُ ساعة كذا وساعةَ كذا: یعنی احوال میں اتار چڑھاؤ ہوتا رہتا ہے۔

[۷۰(۱۲)- بابٌ]

[۲۵۱۰-] حدثنا بِشْرُ بنُ هِلَالٍ الْبَصْرِيُّ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، ح: ثَنَا هَارُوْنُ بنُ عَبْدِ اللهِ الْبَزَّازُ، نَاسَيَّارٌ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ — وَالْمَعْنَى وَاحِدٌ — عَنْ أَبِي

عُثْمَانَ، عَنْ حَنْظَلَةَ الأُسَيِّدِيِّ، وَكَانَ مِنْ كُتَّابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ مَرَّ بِأَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ يَبْكِيْ، فَقَالَ: مَالَكَ يَا حَنْظَلَةُ؟ قَالَ: نَافَقَ حَنْظَلَةُ! يَا أَبَا بَكْرٍ، نَكُوْنُ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يُذَكِّرُنَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ كَأَنَّا رَأْيَ عَيْنٍ، فَإِذَا رَجَعْنَا عَافَسْنَا الأَزْوَاجَ وَالضَّيْعَةَ، وَنَسِيْنَا كَثِيْرًا، قَالَ: فَوَ اللّٰهِ أَنَا كَذٰلِكَ، انْطَلِقْ بِنَا إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَانْطَلَقْنَا، فَلَمَّا رَآهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَالَكَ يَا حَنْظَلَةُ" قَالَ: نَافَقَ حَنْظَلَةُ! يَارسولَ اللّٰهِ، نَكُوْنُ عِنْدَكَ تُذَكِّرُنَا بِالنَّارِ وَالْجَنَّةِ، حَتّٰى كَأَنَّا رَأْيَ عَيْنٍ؛ فَإِذَا رَجَعْنَا عَافَسْنَا الأَزْوَاجَ وَالضَّيْعَةَ، وَنَسِيْنَا كَثِيْرًا، قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ تَدُوْمُوْنَ عَلَى الْحَالِ الَّتِيْ تَقُوْمُوْنَ بِهَا مِنْ عِنْدِيْ، لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلائِكَةُ فِيْ مَجَالِسِكُمْ، وَعَلٰى فُرُشِكُمْ، وَفِيْ طُرُقِكُمْ، وَلٰكِنْ يَا حَنْظَلَةُ سَاعَةً وَسَاعَةً" قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

جو اپنے لئے پسند کرو وہی ہر مسلمان کے لئے پسند کرو

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَايُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَايُحِبُّ لِنَفْسِهِ: تم میں سے کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے لئے وہ بات پسند کرے جو اپنی ذات کے لئے پسند کرتا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں لایُؤْمِنُ سے کمالِ ایمان کی نفی مراد ہے، ایمان میں کمال اس وقت پیدا ہوتا ہے جب دوسرے مسلمانوں کے لئے عبادتوں میں سے اور جائز کاموں میں سے وہ بات پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے، اور یہ کچھ مشکل امر نہیں، دل میں خیر خواہی کا جذبہ ہو تو یہ بات بہت آسان ہے۔

[(٧١) (١٣)- بابٌ]

[٢٥١١-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَايُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

صرف اللہ تعالیٰ نافع اور ضار ہیں

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں ایک دن نبی ﷺ کے پیچھے تھا، آپؐ نے فرمایا: اے

لڑکے! میں تجھے چند باتیں بتاتا ہوں:

۱-اِحْفَظِ اللّٰهَ: يَحْفَظْكَ: اللہ کی نگہداشت کر، یعنی ان کے احکام کی پیروی کر، اللہ تیری حفاظت کریں گے یعنی دنیا میں تجھے مکروہات سے بچائیں گے، اور آخرت میں تیری انواع عذاب سے حفاظت کریں گے۔

۲-اِحْفَظِ اللّٰهَ: تَجِدْهُ تُجَاهَكَ: اللہ کی حفاظت کر: اللہ کو تو اپنے سامنے پائے گا، اس جملہ کا مطلب بھی وہی ہے جو پہلے جملہ کا ہے، اور تُجَاه میں ت واؤ سے بدلی ہوئی ہے، اصل وُجَاهٌ تھا یعنی سامنے۔

۳-وَإِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللّٰهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ: اور جب تو سوال کرے تو اللہ ہی سے سوال کر، اور جب تو مدد طلب کرے تو اللہ ہی سے مدد طلب کر، یعنی ہر معاملہ میں اللہ کی طرف لُو لگائے رہ، وہی مدد کرنے والے ہیں، دوسرا کوئی مدد نہیں کرسکتا، اور وہی دینے والے ہیں، کسی اور کے پاس کچھ نہیں، نافع اور ضار وہی ہیں۔

۴- واعلم أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوْكَ بِشيءٍ، لَمْ يَنْفَعُوْكَ بشيءٍ، إِلَّا قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ: اور جان لے کہ امت اگر اکٹھا ہوجائے اس بات پر کہ وہ تجھے کچھ نفع پہنچائے تو وہ تجھے کچھ بھی نفع نہیں پہنچاسکتی مگر وہ نفع جو اللہ نے تیرے لئے مقدر کیا ہے۔

۵-وَإِنِ اجْتَمَعُوْا عَلَى أَنْ يَضُرُّوْكَ بشيءٍ، لَمْ يَضُرُّوْكَ إِلَّا بِشيءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ: اور اگر امت اکٹھا ہوجائے اس بات پر کہ وہ تجھے کچھ نقصان پہنچائے تو وہ تجھے کچھ بھی نقصان نہیں پہنچاسکتی، مگر وہ نقصان جو اللہ نے تیرے لئے مقدر کیا ہے۔

رُفِعَتِ الْأَقْلَامُ، وَجَفَّتِ الصُّحُفُ: قلم (لکھ کر) فارغ ہوگیا، اور کاغذ خشک ہوگیا، اس جملہ کا تعلق پچھلی دو باتوں سے ہے، پرانے زمانے میں لوگ کچی سیاہی سے لکھتے تھے، اس وقت جب تک سیاہی گیلی رہتی تھی: اس میں تبدیلی ممکن تھی، لیکن جب قلم اٹھالیا گیا، اور تحریر خشک ہوگئی تو اب اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی، اور مراد یہ ہے کہ قلم تقدیر لکھ کر فارغ ہوگیا، اور تیرا نفع نقصان مقدر ہوچکا، اس لئے لوگ اس کے خلاف نفع نقصان نہیں پہنچاسکتے، تقدیر کا لکھا اٹل ہے۔

[۷۲(۱٤)- بابٌ]

[۲۵۱۲-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ محمدِ بنِ مُوْسَى، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا لَيْثُ بنُ سَعْدٍ، وَابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ قَيْسِ بنِ الْحَجَّاجِ، ح: قَالَ: وَثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، نَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، نَا لَيْثُ بنُ سَعْدٍ، ثَنِيْ قَيْسُ بنُ الْحَجَّاجِ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، فَقَالَ: "يَا غُلَامُ! إِنِّيْ أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ: احْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ،

احْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ، إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللّٰهَ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ، وَاعْلَمْ أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوْكَ بِشَيْئٍ، لَمْ يَنْفَعُوْكَ بِشَيْئٍ، إِلَّا قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ، وَإِنِ اجْتَمَعُوْا عَلَى أَنْ يَضُرُّوْكَ بِشَيْئٍ، لَمْ يَضُرُّوْكَ، إِلَّا بِشَيْئٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ، رُفِعَتِ الْأَقْلَامُ، وَجَفَّتِ الصُّحُفُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

تدبیر اور توکل میں منافات نہیں

حدیث: ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میں اپنے اونٹ کا زانو باندھ کر اللہ پر بھروسہ کروں یا آزاد چھوڑ کر؟ آپؐ نے فرمایا: اعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ: زانو باندھ کر اللہ پر اعتماد کرو۔

تشریح: الکوکب الدری میں ہے: توکل کا سب سے اعلی مرتبہ یہ ہے کہ آدمی اسباب اختیار کرے، مگر ان پر تکیہ نہ کرے، پھر یہ بات ہے کہ اسباب اختیار نہ کرے اور اللہ پر بھروسہ کرے، پھر اس کے بعد توکل کا کوئی درجہ نہیں، یعنی اسباب اختیار کرنا اور ان پر بھروسہ کرنا توکل نہیں بلکہ توکل کے منافی ہے۔

اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ تدبیر اور توکل میں منافات نہیں، اس لئے دونوں کو اختیار کرنا ضروری ہے، سورۂ یوسف (آیات ۶۷ و ۶۸) میں حضرت یعقوب علیہ السلام کا اور ان کے بیٹوں کا قصہ آیا ہے، حضرت یعقوب علیہ السلام نے بن یامین کی حفاظت کے لئے عالم اسباب کے قوانین کے مطابق تمام تدبیریں بتائیں، پھر فرمایا: یہ تدبیر مشیت الٰہی کو نافذ ہونے سے روک نہیں سکتی، اور اصل حفاظت اللہ پاک کی حفاظت ہے، اور مؤمن کا بھروسہ اپنی تدبیروں پر نہیں بلکہ اللہ پاک کے فضل پر ہوتا ہے۔

سند کی بحث: یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے تو منکر یعنی نہایت ضعیف ہے، مگر یہی حدیث حضرت عمرو بن امیہ ضمریؓ سے صحیح ابن حبان میں مروی ہے (تحفہ ۱:۱۷۱ میں بھی امام ترمذیؒ نے یہ بات بیان کی ہے) اور ایسا ہوتا ہے کہ حدیث کسی ایک صحابی کی روایت سے صحیح ہو اور دوسرے صحابی کی روایت سے ضعیف ہو، روات کے اوہام سے کسی کی روایت کسی کی طرف منسوب ہو جاتی ہے۔

[۷۳(۱۵)- بابٌ]

[۲۵۱۳-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، ثَنِيْ يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، نَا الْمُغِيْرَةُ بنُ أَبِيْ قُرَّةَ السَّدُوْسِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رسولَ اللّٰهِ! أَعْقِلُهَا وَأَتَوَكَّلُ، أَوْ أُطْلِقُهَا

وَأَتَوَكَّلُ؟ قَالَ: "اعْقِلْهَا وَتَوَكَّلْ" قَالَ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ: قَالَ يَحْيٰى: وَهٰذَا عِنْدِي حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ.
قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَهٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ عَمْرِو بنِ أُمَيَّةَ الضَّمْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

بابٌ

کھٹک والی بات چھوڑ واور بے کھٹک بات اختیار کرو

حدیث: ابوالحوراء سعدی نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا: آپؓ کو نبی ﷺ کی کیا باتیں یاد ہیں؟ حضرت حسنؓ نے فرمایا:

۱- مجھے یہ یاد ہے کہ میں نے صدقہ کی ایک کھجور منہ میں ڈال لی، نبی ﷺ نے اس کو تھوک کے ساتھ نکال کر کھجوروں کے ڈھیر میں ڈال دیا، ایک شخص نے عرض کیا: اگر یہ بچہ ایک کھجور کھالیتا تو کیا حرج تھا؟ آپؐ نے فرمایا: إنا لا نأْكُلُ الصدقة: ہم زکوٰۃ نہیں کھاتے، یعنی زکوٰۃ ہم پر حرام ہے۔

۲- اور مجھے یہ بات یاد ہے کہ آپؐ نے فرمایا: دَعْ مَايَرِيْبُكَ إِلٰى مَالاَيَرِيْبُكَ، فإن الصِّدْقَ طُمَأْنِيْنَةٌ، وَإِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ: وہ بات چھوڑ جو تیرے دل میں کھٹک پیدا کرے، اور وہ بات اختیار کر جو بے کھٹک ہو، پس سچ طمانینت ہے، اور جھوٹ کھٹک ہے۔

۳- اور یہ بات یاد ہے کہ نبی ﷺ نے مجھے وتروں میں پڑھنے کے لئے یہ دعا سکھائی: اللّٰهُم اهْدِنِیْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ إلخ: (رواہ احمد)

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو فرمایا ہے کہ اس حدیث میں لمبا مضمون ہے، وہ یہی مضمون ہے جو مسند احمد کی روایت میں آیا ہے، یہاں ان میں سے دوسری بات مذکور ہے، اور یُریب کوی کے زبر اور زیر: دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، رَابَ الرَّجُلُ فلانًا: اور أَرَابَ الرجلُ فلاناً: دونوں کے معنی ہیں: شک میں ڈالنا، اور إِلٰى مَا: جار مجرور: ذَاهِبًا مقدر سے متعلق ہیں، یعنی شک والی بات چھوڑ کر اس بات کی طرف جاؤ جو بے کھٹک ہو، پھر نبی ﷺ نے ایک مثال سے اس کی وضاحت فرمائی کہ سچ بولنا دل کو اطمینان بخشتا ہے، اور جھوٹ بولنا الجھن پیدا کرتا ہے، آدمی جھوٹ بول کر کام نکال لیتا ہے، مگر دل میں کانٹا چبھتا رہتا ہے کہ اس نے جھوٹ بولا! اور سچ بولنے سے دل کو اطمینان نصیب ہوتا ہے، اگر چہ سچ بولنے سے کبھی نقصان ہوتا ہے، مگر یہ نقصان اہون (ہلکا) ہے، پس ہر معاملہ میں سچ بولنا چاہئے، اور یہ بات کہ کھٹک والی بات چھوڑ واور بے کھٹک بات اختیار کرو: قاعدہ کلیہ ہے، اس کو ہر جگہ ملحوظ رکھنا چاہئے۔

[۷٤(١٦)- بابٌ]

[٢٥١٤-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ أَبِى مَرْيَمَ، عَنْ أَبِىْ الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ، قَالَ: قُلْتُ لِلْحَسَنِ بنِ عَلِيٍّ: مَا حَفِظْتَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "دَعْ مَايَرِيْبُكَ إِلٰى مَالاَ يَرِيْبُكَ، فَإِنَّ الصِّدْقَ طُمَأْنِيْنَةٌ، وَإِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ"

وفى الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيُّ: اسْمُهُ رَبِيْعَةُ بنُ شَيْبَانَ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ بُرَيْدٍ نَحْوَهُ.

بابٌ

ورع کا مقام عبادت سے بلند ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے سامنے ایک ایسے شخص کا تذکرہ آیا، جو خوب عبادت کرتا تھا، وہ عبادت میں بڑی محنت کرتا تھا، اور ایک دوسرے شخص کا بھی تذکرہ کیا گیا جو پرہیزگار تھا، یعنی مشتبہ چیزوں سے بچتا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لاَیُعْدَلُ بالرِّعَةِ: پرہیزگاری کے برابر کوئی چیز نہیں۔

تشریح: لاَیُعْدَلُ (فعل مجہول) کا مفعول تعمیم کی غرض سے حذف کیا گیا ہے أی لا یُعْدَلَه شیئٌ اور اجتہاد فی العبادۃ کی طرف لوٹنے والی ضمیر مفعول بھی محذوف ہوسکتی ہے یعنی اجتہاد فی العبادہ: ورع کے برابر نہیں، مگر اس صورت میں تعمیم کا فائدہ حاصل نہ ہوگا...... اور رِعَةٌ مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: پرہیزگار ہونا، محتاط ہونا، اور اس کا فعل وَرِعَ یَرَعُ (س) وَرَعًا وَرِعَةً ہے۔ ورع یعنی مشکوک چیزوں سے بچنا دین میں اہم مقام رکھتا ہے، اور حدیث میں ہے کہ بندہ اس مقام تک نہیں پہنچتا کہ وہ پرہیزگاروں میں شمار ہو، جب تک وہ ان چیزوں کو نہ چھوڑ دے جن میں گنجائش ہے، ان چیزوں سے بچنے کے لئے جن میں گنجائش نہیں (مشکوۃ حدیث ۲۷۷۵) یعنی آدمی کی دینداری اس وقت مکمل ہوتی ہے جب وہ مشتبہ چیزوں کو چھوڑ دے، اور وہ بات اختیار کرے جس میں کوئی شک نہیں، یہی اعلی درجہ کی پرہیزگاری ہے۔

[۷۵(١٧)- بابٌ]

[٢٥١٥-] حدثنا زَيْدُ بنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ أَبِىْ الْوَزِيْرِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ جَعْفَرٍ

الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ مُحمدِ بن عَبْدِ الرحمنِ بنِ نُبَيْهٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِعِبَادَةٍ وَاجْتِهَادٍ، وَذُكِرَ آخَرُ بِرِعَةٍ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَايُعْدَلُ بِالرِّعَةِ!" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

جنت میں لے جانے والے تین کام

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو ستھرا (حلال) کھانا کھاتا ہے، اور سنت پر عمل کرتا ہے، اور لوگ اس کی آفتوں سے بچے ہوئے ہیں: وہ جنت میں جائے گا" پس ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ باتیں آج لوگوں میں بہت ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: بعد کی صدیوں میں بھی یہ باتیں ہونگی، یعنی ان پر عمل کچھ مشکل نہیں، اس لئے ہر زمانہ میں مؤمنین ان پر عمل کریں گے۔

تشریح: اس حدیث میں سنت: بدعت کا مقابل ہے اور اس کے معنی ہیں: دینی راہ، دین میں جو بعد کے اضافے ہوئے ہیں وہ بدعات کہلاتے ہیں، جیسے کوئی محل پرانا ہو جائے تو اس میں مکڑیاں جالے تنتی ہیں، پلاستر اکھڑتا ہے، اور صحن میں کھڈے پڑ جاتے ہیں، اسی طرح دین کے ساتھ بھی معاملہ پیش آتا ہے۔ پس جو اصل دین ہے وہی سنت ہے، اور اضافے بدعات ہیں۔

لغت: البَوَائِق: الْبَائِقَة کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: فتنہ، مصیبت، یعنی لوگ اس کی آفات و بلیات سے محفوظ رہیں، وہ کسی کو ضرر نہ پہنچائے۔

[۷۶ (۱۸) - بابٌ]

[۲۵۱٦-] حدثنا هَنَّادٌ، وَأَبُوْ زُرْعَةَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا قَبِيْصَةُ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ هِلَالِ بنِ مِقْلَاصٍ الصَّيْرَفِيِّ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَكَلَ طَيِّبًا، وَعَمِلَ فِيْ سُنَّةٍ، وَأَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهُ: دَخَلَ الْجَنَّةَ" فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ هٰذَا الْيَوْمَ فِي النَّاسِ لَكَثِيْرٌ، قَالَ: "فَسَيَكُوْنُ فِيْ قُرُوْنٍ بَعْدِيْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ إِسْرَائِيْلَ.

حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ، نَا يَحْيَى بنُ أَبِيْ بُكَيْرٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ هِلَالِ بنِ مِقْلَاصٍ نَحْوَ حَدِيْثِ قَبِيْصَةَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ.

بابٌ

وہ کام جن سے ایمان کی تکمیل ہوتی ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ أَعْطَی لِلّٰهِ، وَمَنَعَ لِلّٰهِ، وَأَحَبَّ لِلّٰهِ، وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ، وَأَنْکَحَ لِلّٰهِ: فَقَدِ اسْتَکْمَلَ إِیْمَانَهُ: جس نے اللہ کے لئے دیا، اور اللہ کے لئے روکا، اور اللہ کے لئے محبت کی اور اللہ کے لئے دشمنی کی، اور اللہ کے لئے شادی کرائی تو اس نے یقیناً اپنے ایمان کی تکمیل کی۔

تشریح: یہ حدیث حضرت معاذ جہنی رضی اللہ عنہ کی سند سے تو نہایت ضعیف ہے، مگر ابو داؤد میں یہ حدیث حضرت ابوامامہ سے مروی ہے، اور اس کی سند صحیح ہے، مگر اس میں وَأَنْکَحَ لِلّٰهِ نہیں ہے۔

اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ جو شخص اپنے تمام کاموں کو اللہ کی مرضی کے تابع کر دیتا ہے: کسی سے محبت رکھتا ہے تو اللہ کے لئے رکھتا ہے، شدید نفرت رکھتا ہے تو اللہ کے لئے رکھتا ہے، کسی کو کچھ دیتا ہے یا ہاتھ روک لیتا ہے تو اللہ کی خوشنودی کے لئے ایسا کرتا ہے، اور کسی کا نکاح کراتا ہے یعنی کسی کے نکاح میں دامے، درمے، سخنے، قدمے تعاون کرتا ہے تو وہ اللہ کی خوشنودی کے لئے کرتا ہے: تو یہ کام بندے کے کمالِ ایمان کی دلیل ہیں، اور کامل الایمان شخص آخرت میں جنت کے اونچے درجات پر فائز ہوگا۔

[۷۷(۱۹)- بابٌ]

[۲۵۱۷-] حدثنا عَبَّاسُ الدُّوْرِیُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ یَزِیْدَ، نَا سَعِیْدُ بنُ أَبِی أَیُّوْبَ، عَنْ أَبِی مَرْحُوْمٍ عَبْدِ الرَّحِیْمِ بنِ مَیْمُوْنٍ، عَنْ سَهْلِ بنِ مُعَاذٍ الْجُهَنِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "مَنْ أَعْطَی لِلّٰهِ، وَمَنَعَ لِلّٰهِ، وَأَحَبَّ لِلّٰهِ، وَأَبْغَضَ لِلّٰهِ، وَأَنْکَحَ لِلّٰهِ: فَقَدِ اسْتَکْمَلَ إِیْمَانَهُ" هٰذَا حدیثٌ مُنْکَرٌ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

جنت کے احوال

پہلے چند باتیں سمجھ لیں:

پہلی بات: عالم دو ہیں: یہ دنیا اور وہ دنیا۔ یعنی دنیا اور آخرت، الدنيا: الأَدنی کا مؤنث ہے، جس کے معنی ہیں: الأقرب، اور یہ الدار کی صفت ہے جس کو موصوف کے قائم مقام کیا گیا ہے، پس الدار الدنیا کے معنی ہیں: قریبی دنیا، یعنی وہ عالم جو ہم سے قریب ہے، کتنا قریب ہے؟ جتنا مچھلی سے تالاب قریب ہے، یعنی پانی مچھلی کے چاروں طرف ہے، اسی طرح ہم اس دنیا میں سموئے ہوئے ہیں، اور دنیا ہمارے چاروں طرف ہے۔

اور دوسری دنیا کے لئے لفظ الآخرة ہے، یہ الآخِرُ کا مؤنث ہے، اور یہ بھی الدار کی صفت ہے، اور موصوف کے قائم مقام ہے، اور الآخِرُ کے معنی ہیں: پرے کی دنیا، یعنی اُس طرف کی دنیا جو ہم سے دور ہے۔

اور یہ دونوں عالم حادث ہیں، یعنی پہلے ناپید تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت سے ان کو موجود کیا، پہلے عالم آخرت کو پیدا کیا پھر ہماری یہ دنیا پیدا کی، اور جب دو عالم وجود میں آئے، تو درمیان میں آڑ ضروری ہوئی، جس کا نام عالم برزخ اور عالم قبر ہے۔

پھر عالم آخرت تو ہمیشہ چلنے والا عالم ہے یعنی وہ اپنے آخری سرے کی طرف سے ابدی ہے، اور جنت وجہنم، حور وقصور اور ملائکہ وغیرہ مخلوقات عالم آخرت کی چیزیں ہیں، اور وہ سب چیزیں فی الحال موجود ہیں۔

اور ہماری یہ دنیا ایک دن ختم ہو جائے گی، اس کا الیوم الآخر آنے والا ہے، جس کا دوسرا نام یوم القیامۃ ہے، پھر مخلوقات حساب وکتاب کے بعد عالم آخرت میں منتقل کی جائیں گی، وہ ایک پل سے گذر کر دوسری دنیا میں جائیں گی،

پھر یہ عالم ختم کر دیا جائے گا۔

دوسری بات: عالم آخرت کی جن حقیقتوں پر ایمان لانا ضروری ہے، اور جن پر ایمان لائے بغیر کوئی شخص مؤمن نہیں ہوسکتا، ان میں جنت اور جہنم بھی ہیں، یہی دونوں تمام انسانوں کی آخری منزل اور ابدی ٹھکانہ ہیں، قرآن کریم اور احادیث شریفہ میں جنت اور اس کی نعمتوں کا، اور دوزخ اور اس کی تکلیفوں کا تفصیل سے ذکر آیا ہے، جس کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں میں دوزخ اور اس کے عذاب کا خوف پیدا ہو، اور وہ ان برائیوں سے بچیں جو دوزخ میں لے جانے والی ہیں، اور جنت اور اس کی بہاروں کا شوق پیدا ہو وہ اچھے اعمال کریں اور جنت نشیں بنیں۔

تیسری بات: قرآن کریم میں اور احادیث شریفہ میں جنت وجہنم کے تعلق سے جو کچھ بیان کیا گیا ہے، اس کی پوری حقیقت ابھی سمجھ میں نہیں آسکتی، مشاہدہ کے بعد ہی پوری حقیقت واضح ہوگی، فی الحال ایک اجمالی نقشہ ہی ذہن میں لایا جاسکتا ہے، اور وہ بھی اصل سے کمتر، دنیا میں بھی جب کسی بارونق شہر کے بازاروں کا اور وہاں کے باغوں اور نظاروں کا تذکرہ کیا جاتا ہے تو ذہنوں میں جو تصور قائم ہوتا ہے وہ ہمیشہ اصل کے مقابلہ میں ناقص ہوتا ہے، اس لئے کہ الفاظ حقائق کی پوری طرح تصویر کشی نہیں کرسکتے، اس لئے اس حقیقت کو ذہن میں رکھ کر قرآن وحدیث کے مضامین کو پڑھنا چاہئے۔

چوتھی بات: دوسری دنیا کی حقیقتیں بیان کرنے کے لئے ہماری اس دنیا کے الفاظ مستعار لئے گئے ہیں، اور ہمارے الفاظ کا موضوع لہ اس دنیا کی چیزیں ہیں مثلاً: انگور، کیلا اور بیری وغیرہ کہا جائے تو ہمارے ذہن میں ہماری اسی دنیا کے پھل آتے ہیں، آخرت کے یہ پھل کیسے ہونگے؟ یہ بات ان الفاظ سے ہم پوری طرح نہیں سمجھ سکتے، غرض یہاں بھی ٹھیک وہی معاملہ ہے جو صفات باری کا ہے، وہاں بھی جن الفاظ کے ذریعہ صفات کو بیان کیا گیا ہے ان سے صفات کو کماحقہ نہیں سمجھا جاسکتا، اسی طرح آخرت کی نعمتوں اور آخرت کے عذاب کا بھی پورا ادراک قرآن وحدیث میں آنے والے الفاظ سے نہیں ہوسکتا۔

پانچویں بات: احادیث میں نبی ﷺ نے جنت ودوزخ کے احوال بہت تفصیل سے بیان کئے ہیں، کیونکہ یہ احوال آپؐ کے دیدہ تھے، صرف شنیدہ نہیں تھے، معراج میں آپ ﷺ کو عالم بالا کی سیر کرائی گئی تھی، آسمانوں کے احوال سے واقف کیا گیا تھا، جنت وجہنم کا مشاہدہ کرایا گیا تھا، اور ان گنت عجائبات قدرت دکھائے گئے تھے، تاکہ آپؐ اپنی امت کو دوسری دنیا کا آنکھوں دیکھا حال بتلائیں، چنانچہ دوسری آسمانی کتابوں میں اور دوسرے انبیاء کے اقوال میں یہ باتیں اتنی تفصیل سے نہیں ہیں جتنی تفصیل سے قرآن وحدیث میں ہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ آخرت کے احوال اور جنت وجہنم کے کوائف تمام انبیاء علیہم السلام نے اپنی امتوں کے سامنے بیان کئے ہیں، مگر وہ سب شنیدہ تھے، یعنی وحی کے ذریعہ جن احوال کی ان کو اطلاع دی گئی تھی وہی احوال

انھوں نے اپنی امتوں سے بیان کئے تھے، اور ہمارے نبی ﷺ کو دوسری دنیا کے احوال صرف وحی سے نہیں بتلائے گئے، بلکہ معراج میں موقع پر لے جا کر تفصیلی مشاہدہ کرایا گیا، چنانچہ آپؐ نے جنت وجہنم وغیرہ کے احوال اتنی تفصیل سے امت کو سنائے ہیں کہ گذشتہ کسی نبی نے اتنی تفصیل بیان نہیں کی، اس کی مثال یہ ہے کہ جب کوئی شخص حج کر کے لوٹتا ہے تو ہفتوں، مہینوں حرمین کے احوال لوگوں کو سناتا ہے، اور چھوٹی چھوٹی باتیں بھی بیان کرتا ہے، اور مزے لے لے کر بیان کرتا ہے: تھکتا نہیں، آپؐ معراج کی احادیث پڑھیں اتنی تفصیل سے نبی ﷺ نے عجائباتِ قدرت بیان کئے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے، اور صاف محسوس ہوتا ہے کہ یہ سب باتیں آپؐ کی چشم دید ہیں۔

بابُ مَاجاءَ فِی صِفَةِ شَجَرِ الْجَنَّةِ

جنت کے درختوں کا حال

اس باب میں جنت کے درختوں کے بارے میں دو باتیں بیان کی گئی ہیں: ایک: ان کا سایہ بہت لمبا ہے، دوسری: ان کے تنے جن پر شاخیں نکلتی ہیں: سنہرے ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے، جس کے سایے میں اونٹ سوار سو سال چلے تو بھی اس کو طے نہیں کرسکتا، پھر نبی ﷺ نے یا حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور وہی ظلّ ممدود (لمبا سایہ) ہے (جس کا تذکرہ سورۃ الواقعہ آیت ۳۰ میں آیا ہے)

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے جس کے سایے میں اونٹ سوار سو سال چلے گا (بخاری شریف میں اس حدیث میں یہ اضافہ ہے: لایَقْطَعُھَا، واقْرَءُ وا إنْ شِئْتُمْ ﴿وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ﴾ یعنی اس درخت کو سو سال میں بھی اونٹ سوار طے نہیں کرسکتا، اور تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: ﴿وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ﴾

تشریح: ان حدیثوں میں کسی معین درخت کا ذکر ہے یا ہر درخت کا یہ حال ہے؟ اور معین درخت سے مراد شجر طوبی ہے، جو جنت کا ایک بہت بڑا درخت ہے، جس کی شاخیں جنت کے ہر درجہ میں پہنچی ہوئی ہیں، شارحین کرام کا خیال ہے کہ یہ شجر طوبی کا بیان ہے، ہر درخت کا یہ حال نہیں، اور شجرۃ کی تنکیر سے اس کی تائید ہوتی ہے، اور سایہ کا اطلاق مجازاً ہے۔ کیونکہ جنت میں سورج اور دھوپ نہیں، اس لئے معروف سایہ بھی وہاں نہیں، اور اس کا دراز ہونا ظاہر ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں جو بھی درخت ہے اس کا تنا سونے کا ہے یعنی سنہری ہے (یہ جنت کے ہر درخت کا حال ہے)

بسم الله الرحمن الرحيم

أبو ابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] بابُ مَاجاءَ فِيْ صِفَةِ شَجَرِ الْجَنَّةِ

[٢٥١٨-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ: يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ، لاَيَقْطَعُهَا" قَالَ:" وَذٰلِكَ الظِّلُّ الْمَمْدُوْدُ"

[٢٥١٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:" إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً: يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ"

وفي الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢٥٢٠-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، نَا زِيَادُ بنُ الْحَسَنِ بنِ الْفُرَاتِ القَزَّازُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ إِلَّا وَسَاقُهَا مِنْ ذَهَبٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ حَسَنٌ.

بابُ ماجاء في صِفَةِ الْجَنَّةِ وَنعِيْمِهَا

جنت کا اور اس کی نعمتوں کا حال

باب کی حدیث چار حدیثوں کا مجموعہ ہے:

۱- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہماری یہ حالت کیوں ہے کہ جب ہم آپؐ کے پاس ہوتے ہیں تو ہمارے دل پتلے (نرم) ہوتے ہیں، اور ہم دنیا میں بے رغبت ہوتے ہیں، اور ہم آخرت والوں میں سے ہوتے ہیں، یعنی آخرت کی طرف راغب ہوتے ہیں، پھر جب ہم آپؐ کے پاس سے نکلتے ہیں اور اپنے گھر والوں سے دل بہلاتے ہیں اور اپنی اولاد کو سونگھتے ہیں یعنی چومتے ہیں تو ہم اپنے دلوں کو اوپرا سمجھتے ہیں، یعنی ہمارے دلوں کی

کیفیت بدل جاتی ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر یہ بات ہو کہ تم جب میرے پاس سے نکلو تو ہو وتمہاری اس حالت پر (جو میرے پاس تھی) تو فرشتے تمہاری ملاقات کریں تمہارے گھروں میں!''

تشریح: یعنی آخرت کا شوق ذوق اور ولولہ دائمی نہیں ہوتا، اس میں اتار چڑھاؤ ہوتا ہے، اور یہ مضمون پہلے أبو اب صفةِ القیامة (باب ۲۱) میں حضرت حنظلہ اسیّدیؓ کی حدیث میں مفصل آیا ہے، اور اتنی حدیث مسند احمد میں مروی ہے ...... قوله: کنتم علی حالکم: یہ کنتم: پہلے تکونون کی تکرار ہے، درمیان میں إذا خرجتم من عندی کا فصل آ گیا تھا، اس لئے تکونون کو کنتم کی شکل میں مکرر لایا گیا ہے، اور عربی میں ایسا بہت ہوتا ہے، قرآن میں بھی اس کی مثالیں ہیں اور حدیثوں میں بھی۔

لغات: آنَسَ فلاناً إِينَاسًا: دل بہلانا، وحشت دور کرنا، فهو مُؤْنِسٌ وَأَنِيْسٌ...... أَنْكَرَ الشيئَ: کسی چیز کو نہ پہچاننا، عجیب واجنبی سمجھنا۔

۲- اور اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ نئی مخلوق لائیں جو گناہ کرے اور اللہ تعالیٰ اس کی بخشش کریں۔

تشریح: گناہ بشریت کا خاصہ ہے، اور اللہ تعالیٰ کی مصلحت یہ ہے کہ فرشتوں کی دنیا کے علاوہ بشر کی بھی ایک دنیا ہو، جو گناہ کریں اور توبہ کریں، پس اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کریں، اس لئے اگر انسانوں کا حال فرشتوں جیسا ہو جائے تو وہ بشر نہیں رہے، بلکہ ملائکہ ہو گئے پس اللہ تعالیٰ دوسری مخلوق پیدا کریں گے جس میں بشریت ہوگی اور اس میں بشریت کے تقاضے پائے جائیں گے اور جواب نبوی کا حاصل یہ ہے کہ میرے پاس سے نکلنے کے بعد جو تمہاری حالت بدل جاتی ہے تو یہ کوئی حیرت انگیز بات نہیں، یہ تو بشریت کا خاصّہ ہے۔

۳- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یا رسول اللہ! مخلوق کس چیز سے پیدا کی گئی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: پانی سے (یہ مضمون سورۃ الانبیاء آیت ۳۰ میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ﴾ ہم نے ہر جاندار کو پانی سے بنایا ہے۔ اور سورۃ النور (آیت ۴۵) میں ہے: ﴿وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَابَّةٍ مِنْ مَاءٍ﴾: اللہ تعالیٰ نے ہر چلنے والے جانور کو پانی سے پیدا کیا ہے) حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا: جنت کی تعمیر کس چیز سے ہوئی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''ایک اینٹ چاندی کی ہے اور ایک اینٹ سونے کی، اور اس کا مسالہ (جس سے اینٹوں کو جوڑا گیا ہے) تیز خوشبودار مشک ہے، اور اس کے کنکر موتی اور یاقوت (ہیرے) ہیں، اور اس کی خاک زعفران ہے، جو شخص اس میں داخل ہوگا وہ تروتازہ رہے گا، کبھی بدحال نہیں ہوگا، اور ہمیشہ جیئے گا، کبھی مرے گا نہیں، اور ان کے کپڑے کبھی پرانے نہیں ہونگے، اور ان کی جوانی کبھی ڈھلے گی نہیں!''

لغات: مِلَاط: مسالہ، دیوار چننے کا گارا...... الأذفر: تیز خوشبودار، ذَفِرَ (س) الشيئُ: خوشبو یا بدبو کا تیز ہونا، فَهُوَ: ذَفِرٌ وأَذْفَرُ، وهی: ذَفِرَةٌ وَذَفْرَاءُ، مِسْكٌ أَذْفَرُ، وَذَفِرٌ: انتہائی تیز مہکنے والا مشک...... نَعِمَ يَنْعَمُ (س)

تروتازہ ہونا......یَئِسَ (س) یَأْسًا: بدحال ہونا۔

۴- پھر نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں کی دعا رد نہیں ہوتی: (۱) انصاف پرور حاکم کی (۲) روزہ دار کی جب وہ روزہ کھولتا ہے (۳) اور مظلوم کی بددعا: اللہ تعالیٰ اس کو بادلوں سے اوپر اٹھاتے ہیں، اور اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھولے جاتے ہیں، اور پروردگار تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ''میری عزت کی قسم! میں تیری ضرور مدد کروں گا چاہے تھوڑی دیر بعد ہو!''

[۲-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ الْجَنَّةِ وَنِعِيْمِهَا

[۲۵۲۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ زِيَادٍ الطَّائِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قُلْنَا: يَارسولَ اللهِ! مَالَنَا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا، وَزَهِدْنَا، وَكُنَّا مِنْ أَهْلِ الآخِرَةِ، فَإِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِكَ، فَآنَسْنَا أَهَالِيْنَا، وَشَمَمْنَا أَوْلاَدَنَا: أَنْكَرْنَا أَنْفُسَنَا؟ فَقَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:'' لَوْ أَنَّكُمْ تَكُوْنُوْنَ إِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِيْ، كُنْتُمْ عَلَى حَالِكُمْ ذٰلِكَ، لَزَارَتْكُمُ الْمَلاَئِكَةُ فِيْ بُيُوْتِكُمْ''

'' وَلَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَجَاءَ اللهُ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ، كَيْ يُذْنِبُوْا، فَيَغْفِرَ لَهُمْ''

قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! مِمَّ خُلِقَ الْخَلْقُ؟ قَالَ:'' مِنَ الْمَاءِ'' قُلْتُ: الْجَنَّةُ: مَابِنَاؤُهَا؟ قَالَ: ''لَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَمِلاَطُهَا الْمِسْكُ الأَذْفَرُ، وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ وَالْيَاقُوْتُ، وَتُرْبَتُهَا الزَّعْفَرَانُ، مَنْ يَدْخُلُهَا يَنْعَمُ، لاَيَبْأَسُ، وَيَخْلُدُ، لاَيَمُوْتُ؛ وَلاَ تَبْلىٰ ثِيَابُهُمْ، وَلاَ يَفْنَى شَبَابُهُمْ''

ثُمَّ قَالَ:'' ثَلاَثٌ لاَيُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: الإِمَامُ الْعَادِلُ، وَالصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ، يَرْفَعُهَا فَوْقَ الْغَمَامِ، وَتُفَتَّحُ لَهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ: وَعِزَّتِيْ! لأَنْصُرَنَّكَ، وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ!''

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذٰلِكَ الْقَوِيِّ، وَلَيْسَ هُوَ عِنْدِيْ بِمُتَّصِلٍ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ بِإِسْنَادٍ آخَرَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں زیاد طائی مجہول راوی ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ سے اس کا لقاء بھی نہیں ہے، اس لئے یہ روایت ضعیف ہے......البتہ اس روایت کا پہلا حصہ مسند احمد میں ہے، اور دوسرا حصہ مسلم شریف میں ہے، اور تیسرا حصہ مسند احمد اور دارمی وغیرہ میں ہے، اور چوتھا حصہ مسند احمد اور ابن ماجہ میں ہے، اور آگے ترمذی میں بھی کتاب الدعوات میں آرہا ہے، پس علحدہ علحدہ روایتیں صحیح ہیں......اور منذری نے ترغیب میں لکھا ہے کہ یہ پوری حدیث مسند احمد، مسند بزار، معجم طبرانی اور صحیح ابن حبان میں مروی ہے، امام ترمذیؒ نے قد رُوِیَ سے غالبًا اسی کا ذکر کیا ہے۔

بابُ ماجاء فی صِفَةِ غُرَفِ الْجَنَّةِ

جنت کے بالاخانوں کا حال

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایسے کمرے ہیں جن کا باہر اندر سے نظر آتا ہے، اور اندر باہر سے نظر آتا ہے (پہلے یہ بات عجیب تھی مگر اب عام ہوگئی ہے، مکانوں میں ایسے شیشے لگنے لگے ہیں) ایک بدو اٹھا، اور اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! یہ کمرے کس کے لئے ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ''یہ کمرے ان لوگوں کے لئے ہونگے جو اچھی گفتگو کرتے ہیں، غریبوں کو کھانا کھلاتے ہیں، اور ہمیشہ یعنی بکثرت روزے رکھتے ہیں، اور رات میں اللہ کے لئے نماز پڑھتے ہیں، جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوتے ہیں''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے اس کا ایک راوی عبدالرحمٰن بن اسحاق ابوشیبہ الواسطی ویُقال الکوفی: ضعیف ہے، اور ایک دوسرا راوی بھی عبدالرحمٰن بن اسحاق ہے، مگر وہ مدینہ منورہ کا باشندہ ہے، پھر وہ بصرہ چلا گیا تھا، یہ راوی پہلے راوی سے مضبوط (صدوق) ہے اور مسلم اور سنن اربعہ کا راوی ہے...... اور یہ حدیث پہلے اسی سند اور متن سے أبو اب البر والصلة، باب قول المعروف میں گذر چکی ہے، شرح وہاں کردی گئی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے جن کا نام عبداللہ بن قیس ہے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: (اصطلاحی) جنت میں چاندی کی دوجنتیں (درجے) ہیں، ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے (سب چاندی کا ہے) اور دوجنتیں سونے کی ہیں، ان کے برتن اور جو کچھ ان میں ہے (سب سونے کا ہے) اور نہیں ہے ہمیشہ رہنے کی جنت میں لوگوں کے درمیان اور اس بات کے درمیان کہ وہ اپنے پروردگار کی زیارت کریں، مگر اللہ کے چہرے پر کبریائی (عظمت) کی چادر!

اور جنت میں کھوکھلا (خالی) کئے ہوئے موتی کا ایک خیمہ ہے، اس کی پہنائی (چوڑائی) سات میل ہے، اس کے ہر کونے میں (جنتی کی) ایسی فیملی ہوگی جو دوسرے کو نہیں دیکھے گی، مؤمن ان کے پاس آتا جاتا رہے گا۔

رواۃ کا تعارف: ابوعمران جونی کا نام عبدالملک بن حبیب ہے، اور ابوبکر کا نام معلوم نہیں، اور عبداللہ بن قیس حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا نام ہے۔

ترکیب: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ جَنَّتَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ، آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا: کی خبر محذوف ہے، أی کذلك، یعنی وہ سب چیزیں چاندی کی ہیں...... دوسری ترکیب: فِضَّة خبر مقدم ہے اور آنِيَتُهُمَا وما فیهما مبتدا مؤخر ہے، اور جملہ جنتین کی صفت ہے...... یہی دو ترکیبیں اگلے جملہ کی بھی ہیں...... علی وجهه: رداء الکبریاء کا حال ہے...... اور فی جنة عدن کا تعلق القوم سے ہے، اسی لئے اس کا ترجمہ پہلے کیا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں ایک لمبی بحث ہوئی ہے کہ ''ردائے کبریا'' کیا چیز ہے جو اللہ کے چہرے پر پڑی ہوئی ہوگی؟ اس کا مختصر جواب یہ ہے کہ یہ اللہ کی ایک صفت ہے، مشہور حدیث ہے: الکبریاء ردائی، والعظمة إزاری: بڑائی میری چادر ہے اور عظمت میری لنگی ہے، اور صفات نہ عین ذات ہوتی ہیں نہ غیر ذات، پس یہ سوال ختم ہوگیا کہ ماسوی اللہ نے اللہ کے چہرے کا احاطہ کیسے کیا؟

اور حدیث شریف کا حاصل یہ ہے کہ دنیا میں تو رویت باری کے لئے مانع انسانوں کا ضعفِ بصر بھی ہے، جنت میں یہ مانع تو باقی نہیں رہے گا، البتہ اللہ کی عظمت و کبریائی کی وجہ سے جنتی ہر وقت اللہ کی زیارت نہیں کرسکیں گے، بلکہ جب اللہ تعالیٰ مخلوق کے ساتھ معاملہ کرنے میں اپنے چہرے سے عظمت کی چادر ہٹائیں گے تو جنتیوں کو زیارت نصیب ہوگی، اور اللہ تعالیٰ کی شان اگرچہ اطلاقی ہے، مگر بندوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں وہ خود کو تقییدات کا پابند کرتے ہیں، یہ مضمون تفصیل سے میں نے تفسیر ہدایت القرآن سورۂ بنی اسرائیل کی پہلی آیت کی تفسیر میں بیان کیا ہے۔

[۳-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ غُرَفِ الْجَنَّةِ

[۲۵۲۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَغُرَفًا يُرَى ظُهُوْرُهَا مِنْ بُطُوْنِهَا، وَبُطُوْنُهَا مِنْ ظُهُوْرِهَا'' فَقَامَ إِلَيْهِ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: لِمَنْ هِيَ يَانَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ:'' هِيَ لِمَنْ أَطَابَ الْكَلَامَ، وَأَطْعَمَ الطَّعَامَ، وَأَدَامَ الصِّيَامَ، وَصَلَّى لِلّٰهِ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ فِيْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ إِسْحَاقَ هٰذَا مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وَهُوَ كُوْفِيٌّ، وَعَبْدُ الرحمنِ بنُ إِسْحَاقَ الْقُرَشِيُّ: مَدِيْنِيٌّ، وَهُوَ أَثْبَتُ مِنْ هٰذَا.

[۲۵۲۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''إِنَّ فِي الْجَنَّةِ جَنَّتَيْنِ مِنْ فِضَّةٍ: آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَجَنَّتَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ: آنِيَتُهُمَا وَمَا فِيْهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ، وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوْا إِلٰى رَبِّهِمْ، إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلَى وَجْهِهِ: فِيْ جَنَّةِ عَدْنٍ.

[۲۵۲۴-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَخَيْمَةً مِنْ دُرَّةٍ مُجَوَّفَةٍ، عَرْضُهَا سِتُّوْنَ مِيْلًا، فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنهَا أَهْلٌ، لَايَرَوْنَ الآخَرِيْنَ، يَطُوْفُ عَلَيْهِمُ الْمُؤْمِنُ''

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ حَبِيْبٍ، وَأَبُوْ بَكْرِبْنُ أَبِيْ مُوْسَى: قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: لَايُعْرَفُ اسْمُهُ، وَأَبُوْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ.

بابُ ماجاء في صِفَةِ دَرَجَاتِ الْجَنَّةِ

جنت کے درجات کا حال

الدرجة: کے معنی ہیں: رتبہ، مرتبہ، اور درجہ حسّی بھی ہوتا ہے اور معنوی بھی، اور درجہ ہمیشہ نیچے سے اوپر چڑھتا ہے، کہا جاتا ہے: **له عليه درجةٌ**: اسے اس پر فوقیت حاصل ہے...... نعمتوں اور عزتوں کے لحاظ سے جنت ایک درجہ کی نہیں ہے، بلکہ اس کے متفاوت درجات ہیں، اور نیچے کے درجات سے اوپر کے درجات حسی طور پر بھی اور معنوی طور پر بھی بلند وبالا ہیں، باب کی حدیثوں میں اس کا تذکرہ ہے، اور جہنم کے لئے لفظ ''درکات'' استعمال ہوتا ہے، الدرکات کے معنی ہیں: وہ منزلیں جو ایک دوسرے سے نیچے ہوں۔ غرض فضیلت کے لئے ''درجات'' اور رزالت کے لئے ''درکات'' استعمال ہوتا ہے، قرآن کریم میں ہے: ﴿**إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ**﴾ منافق جہنم کے سب سے نچلے طبقہ میں ہونگے۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں چار حدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں سو درجے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان سو سال ہیں!''

تشریح: یعنی حسّی مسافت بھی سو سالہ ہے، اور معنوی تفاوت بھی اسی قدر ہے، اور بعض روایات میں پانچ سو سالہ مسافت کا ذکر ہے، اور بعض میں اس سے کم وبیش۔ مناوی کہتے ہیں: یہ تفاوت چال کے تیز ہلکے اور میانہ ہونے کے اعتبار سے ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے اور نمازیں پڑھیں اور بیت اللہ کا حج کیا ــــــ عطاء بن یسار کہتے ہیں: مجھے معلوم نہیں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ کا تذکرہ کیا یا نہیں؟ ــــــ تو اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ وہ اس کی بخشش کریں خواہ اس نے راہِ خدا میں ہجرت کی ہو یا اپنی اس سرزمین میں ٹھہرا رہا ہو جس میں وہ جنا گیا ہے۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: کیا میں اس کی لوگوں کو اطلاع نہ کردوں؟ آپؐ نے فرمایا: لوگوں کو چھوڑو کہ عمل کریں، کیونکہ جنت میں سو درجے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان آسمان وزمین کا تفاوت ہے، اور فردوس: جنت کا اعلیٰ اور افضل درجہ ہے، اور اس سے اوپر رحمان کا عرش ہے، اور فردوس سے جنت کی (چار) نہریں پھوٹتی ہیں، پس جب تم اللہ سے مانگو تو فردوس مانگو۔

تشریح:

۱- آخرت میں نجاتِ اولیٰ کے لئے ارکانِ خمسہ کی ادائیگی ضروری ہے، جیسے وضو کی صحت کے لئے اعضاء مغسولہ

کوکم ازکم ایک بار بالاستیعاب دھونا، اور کم ازکم چوتھائی سر کا مسح کرنا ضروری ہے، اور نماز کی صحت کے لئے فرائض ستہ کی ادائیگی ضروری ہے، اسی طرح متعدد روایات میں یہ بات آئی ہے کہ آخرت میں نجات کے لئے اسلام کے ارکانِ خمسہ کی ادائیگی ضروری ہے، جو شخص کبیرہ گناہوں سے بچتے ہوئے ان ارکانِ اسلام پر عمل پیرا ہوگا، وہ اگر دیگر عبادتیں نہیں بھی کرے گا تو مرتے ہی اس کی نجات ہوجائے گی، اور عذاب جہنم سے بچ جائے گا، اور جنت کا حقدار ہوجائے گا، اور یہ مضمون حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ قسم دوم کے شروع میں بیان کیا ہے، نیز آپ نے ارکانِ خمسہ کی تخصیص کی وجہ بھی بیان کی ہے، پھر گناہ کبیرہ اور صغیرہ کی تفصیل کی ہے، یہ مضمون طلبہ کو کامل برہانِ الٰہی (۲:۳۹۲-۳۹۹) میں دیکھنا چاہئے۔

۲- دورِاول میں جہاد کی طرح ہجرت بھی فرض تھی، قرآن وحدیث میں اس پر بہت زور دیا گیا تھا کہ لوگ اپنا وطن چھوڑ کر مدینہ منورہ آجائیں، اور جہاد میں اور دین کے کام میں شرکت کریں، اسی زمانہ میں نبی ﷺ نے حضرت معاذؓ سے یہ ارشاد فرمایا کہ نجات اولیٰ کے لئے ہجرت ضروری نہیں، آدمی نے خواہ ہجرت کی ہو یا نہ کی ہو، اگر اس نے پابندی سے ارکانِ اربعہ پر عمل کیا ہے تو اس کی نجات ضرور ہوگی، اللہ تعالیٰ پر حق کا یہی مطلب ہے، حضرت معاذؓ نے عرض کیا: اگر اجازت ہو تو میں یہ بات لوگوں کو بتلادوں؟ آپؐ نے فرمایا: نہ بتاؤ، لوگوں کو ہجرت کرنے دو اور جہاد میں حصہ لینے دو، کیونکہ جنت میں جانا ہی مطلوب نہیں، بلکہ اس کے بلند درجات حاصل کرنا بھی مطلوب ہے، اور جنت میں سو درجے ہیں، اور ہر دو درجوں کے درمیان حسی اور معنوی تفاوت آسمان وزمین کا ہے۔ اور سب سے اعلیٰ اور بہترین درجہ فردوس ہے (یہ عربی لفظ نہیں ہے، کسی اور زبان کا لفظ ہے، اور اس کے لغوی معنی ہیں: اعلیٰ درجہ کا انگور کا باغ) پھر اس سے اوپر عرش پاک ہے، اور سورۂ محمد (آیت ۱۵) میں جنت کی جن چار نہروں کا ذکر آیا ہے اور آئندہ ایک حدیث میں بھی ان کا تذکرہ آرہا ہے: یہ نہریں فردوس سے نکلتی ہیں، پس جو شخص جنت کے لئے دعا کرے اس کو چاہئے کہ بہشت بریں کی دعا کرے، اور جب فردوس کی دعا کرے گا تو اس کے لائق عمل بھی کرے گا، خالی دعا کرنا اور اس کے لئے اسباب اختیار نہ کرنا نری نادانی ہے، جیسے کوئی اولاد کی دعا کرے اور شادی نہ کرے تو اس کو بے وقوفی کے علاوہ کیا نام دیا جاسکتا ہے؟ اور جنت کے یہ بلند درجات ہجرت اور جہاد سے حاصل ہوتے ہیں، اس لئے اگر لوگوں کو عموماً یہ بات بتادی گئی کہ نجات اولیٰ کے لئے ہجرت اور جہاد ضروری نہیں، تو لوگ سہل انگاری کا شکار ہوجائیں گے، اس لئے یہ بات ابھی نہ بتائی جائے۔

سند کی بحث: یہ حدیث عبدالعزیز دَراوردی کی ہے، اور ان کے متابع ہشام بن سعد ہیں، امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ سند اصح ہے، یعنی یہ حدیث حضرت معاذؓ کی ہے اور اگلے نمبر پر جو ہمام کی سند آرہی ہے وہ حضرت عبادہؓ پر پہنچتی ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو غیر اصح قرار دیا ہے اور حضرت معاذؓ کی روایت منقطع ہے، کیونکہ عطاء کا حضرت معاذؓ سے لقاء وسماع

نہیں، حضرت معاذؓ کی وفات بہت جلدی، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں طاعون عمواس میں ہوگئی تھی، اس لئے عطاء کا ان سے سماع نہیں (مگر عطاء بن یسار کے ایک چوتھے شاگرد ہلال بن علی کی روایت بخاری شریف (حدیث ۲۷۹۰) میں ہے وہ عطاء بن یسار سے اور وہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیث صحیح ہے)

حدیث (۳): حضرت عبادہؓ سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سو درجے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان اتنا تفاوت ہے جتنا آسمان وزمین کے درمیان ہے، اور فردوس ان کا اعلیٰ درجہ ہے، اور وہیں سے جنت کی چار نہریں نکلتی ہیں (جن کا تذکرہ سورۂ محمد آیت ۱۵ میں ہے) اور فردوس سے اوپر عرشِ پاک ہے، پس جب تم دعا کرو تو فردوس کی دعا کرو (اور اس کے لائق عمل کرو) یہ اوپر والی حدیث ہی ہے، امام ترمذیؒ نے اسی کو غیر اصح کہا ہے۔

حدیث (۴): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں سو درجے ہیں، اور اگر یہ بات ہو کہ تمام جہانوں کے لوگ ان درجات میں سے کسی ایک درجہ میں جمع ہوجائیں تو وہ ان سب کے لئے کافی ہوجائے (یہ درجاتِ جنت کی وسعت کا بیان ہے)

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں ابن لہیعہ ہیں جو ضعیف ہیں، نیز درّاج کی ابوالہیثم سے روایتوں میں بھی ضعف ہوتا ہے۔

[٤-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ دَرَجَاتِ الْجَنَّةِ

[٢٥٢٥-] حدثنا عَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ مُحمدِ بنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" فِی الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ، مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٥٢٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالاَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَصَلَّى الصَّلاَةَ، وَحَجَّ الْبَيْتَ – لاَ أَدْرِیْ أَذَكَرَ الزَّكَاةَ أَمْ لاَ– إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ، إِنْ هَاجَرَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، أَوْ مَكَثَ بِأَرْضِهِ الَّتِیْ وُلِدَ بِهَا"

قَالَ مُعَاذٌ: أَلاَ أُخْبِرُ بِهَا النَّاسَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" ذَرِ النَّاسَ يَعْمَلُوْنَ، فَإِنَّ فِی الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ أَعْلَى الْجَنَّةِ وَأَوْسَطُهَا، وَفَوْقَ ذٰلِكَ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ، وَمِنْهَا تُفَجَّرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ" هٰكَذَا رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنْ هِشَامِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ مُعَاذِ

بنِ جَبَلٍ، وَهٰذَا عِندِیْ أَصَحُّ مِنْ حَدِیْثِ هَمَّامٍ، عَنْ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ یَسَارٍ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، وَعَطَاءٌ لَمْ یُدْرِكْ مُعَاذَ بنَ جَبَلٍ، وَمُعَاذٌ قَدِیْمُ الْمَوْتِ، مَاتَ فِیْ خِلَافَةِ عُمَرَ.

[۲۵۲۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرحمنِ، أَنَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، أَنَا هَمَّامٌ، عَنْ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ یَسَارٍ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قَالَ:'' فِی الْجَنَّةِ مِائَةُ دَرَجَةٍ، مَا بَیْنَ كُلِّ دَرَجَتَیْنِ كَمَا بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَالْفِرْدَوْسُ أَعْلَاهَا دَرَجَةً، وَمِنْهَا تُفَجَّرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ الْأَرْبَعَةُ، وَمِنْ فَوْقِهَا یَكُوْنُ العَرْشُ، فَإِذَا سَأَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْأَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ''

حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، نَا یَزِیْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ زَیْدِ بنِ أَسْلَمَ نَحْوَهُ.

[۲۵۲۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا ابنُ لَهِیْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِی الْهَیْثَمِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم، قَالَ:'' إِنَّ فِی الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ، لَوْ أَنَّ الْعَالَمِیْنَ اجْتَمَعُوْا فِیْ إِحْدَاهُنَّ لَوَسِعَتْهُمْ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ.

بابُ ماجاء فِی صِفَةِ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جنتیوں کی عورتوں کا حال

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک جنتیوں کی عورتوں میں سے ہرعورت کا حال یہ ہوگا کہ اس کی پنڈلی کی سفیدی دیکھی جائے گی، ستر جوڑوں کے ورے سے، یہاں تک کہ اس کا گودا دیکھا جائے گا، اور یہ بات اس وجہ سے ہے کہ اللہ تعالیٰ نے (سورۃ الرحمٰن آیت ۵۸ میں) فرمایا ہے: ﴿كَأَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ﴾ یعنی گویا وہ عورتیں یاقوت ومرجان ہیں، پس رہا یاقوت تو وہ ایک پتھر ہے، آپ اگر اس میں دھاگا ڈالیں پھر اس کے خالص حصے کو دیکھیں تو آپ کو وہ دھاگا یاقوت کے ورے سے نظر آئے گا۔

تشریح: یہ بات پہلے نادر تھی، اب عام ہوگئی ہے، گلاس کی ایسی بہت سی چیزیں وجود میں آگئی ہیں جن میں اگر دھاگا ڈالا جائے تو وہ باہر سے نظر آئے گا، اسی طرح یاقوت (ہیرا) بھی ایک پتھر ہے، اگر اس میں دھاگا ڈالا جائے تو یاقوت کا جو صاف حصہ ہے وہاں سے دھاگا نظر آئے گا، یہی حال جنت کی عورتوں کا ہے، انھوں نے خواہ کتنے ہی جوڑے پہن رکھے ہوں، ان کی پنڈلی کا گوراپن نظر آئے گا، بلکہ ان کی نلی کا گودا بھی نظر آئے گا (یہ ان عورتوں کی شفافیت کا بیان ہے)

سند کی بحث: اس حدیث کو عبیدۃ بن حمید نے مرفوع کیا ہے، مگر عطاء بن السائب کے دوسرے شاگرد ابو الاحوص حدیث کو مرفوع نہیں کرتے بلکہ اس کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں، اور جریر وغیرہ ان

کے متابع ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ کا فیصلہ یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے، مرفوع نہیں اور عبیدہ کی حدیث سے ابو الاحوص کی حدیث اصح ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن جنت میں جو پہلی جماعت داخل ہوگی وہ چودہویں کے چاند کی طرح روشن ہوگی، اور دوسری جماعت آسمان میں چمکنے والے بہترین ستارے کی طرح ہوگی، ان میں سے ہر ایک کے لئے دو بیویاں ہونگی، اور ہر بیوی نے ستر جوڑے پہن رکھے ہونگے (مگر) اس کی پنڈلی کا گودا ان جوڑوں کے ورے سے نظر آئے گا!''

تشریح: جنت میں داخل ہونے والی پہلی جماعت: انبیاءِ کرام علیہم السلام کی ہوگی اور دوسری جماعت اولیاء اور صلحاء کی ہوگی، اور اس حدیث میں یہ ہے کہ ہر جنتی کی دو بیویاں ہونگی، اور دوسری حدیث میں یہ ہے کہ معمولی جنتی کی بھی بہتّر بیویاں ہونگی، علماء نے ان میں تطبیق دو طرح سے دی ہے: (۱) دو بیویاں دنیا کی عورتوں میں سے ہونگی، اور باقی جنت کی حوروں میں سے ہونگی۔ اس حدیث میں صرف اول کا بیان ہے، اور دوسری حدیث میں دونوں کا (۲) دو بیویاں ایسی شفاف ہونگی کہ ستر جوڑے پہننے کے بعد بھی ان کی پنڈلی کا گوراپن بلکہ نلی کا گودہ بھی نظر آئے گا، اور باقی ازواج کا یہ حال نہ ہوگا، اور پہلی حدیث میں جو ہر عورت کا یہ حال بیان کیا گیا ہے: اس سے مراد وہی دنیا کی بیویاں ہیں۔

حدیث (۳): دوسری حدیث فضیل بن مرزوق کی تھی، وہی حدیث فراس بن یحییٰ کی سند سے اس طرح مروی ہے: پہلی جماعت جو جنت میں جائے گی، وہ چودہویں کے چاند کی طرح ہوگی، اور دوسری جماعت آسمان میں چمکنے والے بہترین ستارے کی رنگت میں ہوگی، اور جنتیوں میں سے ہر آدمی کے لئے (دنیا کی) دو بیویاں ہونگی اور ہر بیوی نے ستر جوڑے پہن رکھے ہونگے، ان کی پنڈلی کا گودا ان جوڑوں کے ورے سے نظر آئے گا'' (اس کی سند صحیح ہے اور یہ حدیث مسند احمد میں بھی ہے)

[۵-] بابُ ماجاء فِی صِفَةِ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[۲۵۲۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا فَرْوَةُ بنُ أَبِی الْمَغْرَاءِ، نا عَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' إِنَّ الْمَرْأَةَ مِنْ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُرَی بَيَاضُ سَاقِهَا مِنْ وَرَاءِ سَبْعِيْنَ حُلَّةً، حَتَّی يُرَی مُخُّهَا، وَذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالَی يَقُوْلُ: ﴿كَأَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ﴾ فَأَمَّا الْيَاقُوْتُ: فَإِنَّهُ حَجَرٌ، لَوْ أَدْخَلْتَ فِيْهِ سِلْكًا، ثُمَّ اسْتَصْفَيْتَهُ، لَأُرِيْتَهُ مِنْ وَرَائِهِ ''

حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ

مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبِيْدَةَ بنِ حُمَيْدٍ، وَهٰكَذَا رَوَى جَرِيْرٌ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ عَطَاءِ بنِ السَّائِبِ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

[۲۵۳۰-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ أَوَّلَ زُمْرَةٍ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، عَلَى مِثْلِ ضَوْءِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالزُّمْرَةُ الثَّانِيَةُ عَلَى مِثْلِ أَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِي السَّمَاءِ، لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، عَلَى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً، يُرَى مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَائِهَا" هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۵۳۱-] حدثنا الْعَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، نَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلَى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، وَالثَّانِيَةُ عَلَى لَوْنِ أَحْسَنِ كَوْكَبٍ دُرِّيٍّ فِيْ السَّمَاءِ، لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، عَلَى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً، يَبْدُوْ مُخُّ سَاقِهَا مِنْ وَرَائِهَا " هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فى صِفَةِ جِمَاعِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جنتیوں کی مجامعت کا حال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: يُعْطَى المُؤْمِنُ فِي الْجَنَّةِ قوةَ كذا وكذا: من الجِمَاعِ: مؤمن جنت میں اتنی اتنی مرتبہ مجامعت کرنے کی طاقت دیا جائے گا، عرض کیا گیا: اے اللہ کے رسول! کیا مؤمن اس کی طاقت رکھے گا؟ آپؐ نے فرمایا: يُعْطَى قوةَ مِائَةٍ: یعنی وہ سو آدمیوں کی طاقت دیا جائے گا (پھر اس کی طاقت کیوں نہ ہوگی؟)

تشریح: اس حدیث کی سند عمران القطان سے آخر تک یہی ہے، مگر سند صحیح ہے، اور صحیح ابن حبان (حدیث ۷۳۵۷) میں من الجماع کے بجائے من النساء ہے، پس یہ کسی راوی کا اضافہ ہے، اصل حدیث کذا وکذا تک ہے، اور کذا وکذا غیر معلوم المقدار سے کنایہ ہوتا ہے، البتہ کثرتِ کاثرہ یعنی بہت زیادہ تعداد مراد ہوتی ہے، پھر آخر میں تمیز مفرد منصوب آتی ہے، جیسے: اشتریتُ كذا وكذا قلماً: یعنی میں نے بہت قلم خریدے، اور یہ تمیز وضاحت کے لئے ہوتی ہے، اور اس حدیث میں کسی راوی نے اس تمیز کو من بیانیہ لاکر بیان کیا ہے، پھر کسی نے من الجماع کہا اور کسی نے من النساء، اور مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے کہ جنتی بہت مرتبہ مجامعت کرے گا۔ اس پر سوال ہوا کہ بہت سی عورتوں سے یا بہت مرتبہ فارغ ہونا آدمی کے لئے کیونکر ممکن ہوگا؟ آپؐ نے جواب دیا: جنتی کو دنیا کے سو مردوں کی طاقت دی

جائے گی، کیونکہ جنت میں جسم اور جسم کی طاقت بڑھادی جائے گی أبواب صفة جهنم میں جہنمیوں کے تعلق سے جو روایات آرہی ہیں ان پر جنتیوں کو قیاس کیا جائے، پس جنت میں اسی اعتبار سے جنتی فارغ ہوگا۔

اور باب میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی جس حدیث کا حوالہ ہے، وہ نسائی اور مسند احمد میں ہے اور اس کی سند صحیح ہے، وہ حدیث یہ ہے: اہل کتاب میں سے ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے ابوالقاسم! آپ کا خیال ہے کہ جنتی کھائیں گے اور پئیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! ان میں سے ایک آدمی یقیناً کھانے، پینے اور صحبت کرنے میں سو آدمیوں کی طاقت دیا جائے گا۔ اس شخص نے کہا: جو کھائے گا پیئے گا اس کو حاجت بھی پیش آئے گی؟ درانحالیکہ جنت میں تکلیف دہ چیز نہیں آپؐ نے فرمایا: ان کی حاجت پسینہ کی شکل میں نکل جائے گی، ان کی کھالوں سے مشک جیسا خوشبودار پسینہ بہے گا، جس سے ان کے پیٹ ہلکے ہو جائیں گے۔

[٦-] بابُ ماجاءَ فی صِفَةِ جِمَاعِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[۲۵۳۲-] حدثنا مُحمُودُ بنُ غَيْلَانَ، وَمُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، قَالاَ: نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ عِمْرَانَ القَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " يُعْطَى الْمُؤْمِنُ فِي الْجَنَّةِ قُوَّةَ كَذَا وَكَذَا: مِنَ الْجِمَاعِ" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَوَ يُطِيْقُ ذٰلِكَ؟ قَالَ:" يُعْطَى قُوَّةَ مِائَةٍ"

وفی الباب: عَنْ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

بابُ ماجاء فی صِفَةِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جنتیوں کے احوال

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’پہلی جماعت جو جنت میں جائے گی: ان کی صورتیں چودھویں کے چاند کی طرح ہونگی، ان کو نہ تھوک آئے گا، نہ ان کی ناک بہے گی، نہ وہ پاخانہ کریں گے، جنت میں ان کے برتن سونے کے ہونگے، اور ان کی کنگھیاں سونے چاندی کی ہونگی، ان کی دھونی کی انگیٹھی اگر کی ہوگی، اور ان کا پسینہ مشک کی طرح خوشبودار ہوگا، اور ان میں سے ہر ایک کے لئے دو بیویاں ہونگی جن کی پنڈلیوں کا گودا خوبصورتی کی وجہ سے گوشت کے ورے سے نظر آئے گا، اور جنتیوں کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہوگا، اور نہ کوئی دوسرے سے شدید بغض رکھے گا، ان کے دل ایک آدمی کا دل ہونگے، وہ صبح وشام اللہ کی پاکی بیان کریں گے‘‘

تشریح: جنت کی غذا لطیف اور نورانی ہوگی، پیٹ میں اس کا کوئی فُضلہ تیار نہیں ہوگا، بس ایک خوشگوار ڈکار آئے گی اور معدہ ہلکا ہو جائے گا، اور کچھ پسینہ کے راستہ سے نکل جائے گا، مگر پسینہ بھی مشک جیسا خوشبودار ہوگا۔

لغات: بَصَقَ (ن) بَصْقًا: تھوکنا...... تَمَخَّطَ فلانٌ: ناک صاف کرنا، ناک سے رینٹ نکالنا...... تغوَّطَ: پاخانہ کرنا...... مَجَامِرُ: مِجْمَر کی جمع ہے: دھونی کی انگیٹھی جس میں کوئلے جلا کر اس پر خوشبو ڈال کر جلاتے ہیں ......الأُلُوَّة: العُود: اگر کی لکڑی...... من الحُسن میں من اجلیہ ہے یعنی خوبصورتی کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کا گودا نظر آئے گا...... لا اختلافَ بینهم، ولاتبَاغُض: جنتیوں میں نہ اختلاف ہوگا، نہ آپس میں بغض ونفرت ہوگی، اور اس کی وجہ سورۃ الحجر (آیت ۴۷) میں یہ آئی ہے: ﴿وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَى سُرُرٍ مُّتَقَابِلِيْنَ﴾ اور ان کے دلوں میں (دنیا میں) جو کینہ تھا وہ ہم سب دور کر دیں گے، پس سب بھائیوں کی طرح (الفت ومحبت سے) تختوں پر آمنے سامنے بیٹھا کریں گے، اور یہی مضمون سورۃ الاعراف (آیت ۴۳) میں بھی آیا ہے: ﴿وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ﴾ اور جو کچھ (دنیا میں) ان کے دلوں میں غبار تھا ہم اس کو دور کر دیں گے ......قلوبُهم قلبُ رجلٍ واحدٍ: یعنی اتفاق ومحبت میں جنتیوں کے دل ایک دل کی طرح ہونگے...... يُسَبِّحُوْنَ اللّٰه: جس طرح دنیا میں سانس کی آمد ورفت رہتی ہے: جنت میں اللہ کا ذکر جاری رہے گا (اور یہ حدیث متفق علیہ ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-لو أَنَّ مَا يُقِلُّ ظُفُرٌ: مِمَّا في الجنة: بَدَا: لَتَزَخْرَفَتْ ما بين خَوافِقِ السماوات والأرض: اگر یہ بات ہو کہ جتنی مقدار ایک ناخن اٹھاتا ہے اگر اتنی مقدار ان چیزوں میں سے جو جنت میں ہیں، یعنی جنت کی چیزوں میں سے ناخن بھر (دنیا میں) ظاہر ہو جائے تو اس کی وجہ سے مزین ہو جائیں وہ چیزیں جو آسمانوں اور زمین کے کناروں میں ہیں، یعنی چار دانگ عالم روشن اور آراستہ پیراستہ ہو جائے! (اور ''ناخن بھر'' عربی کا محاورہ ہے، اور اردو کا محاورہ ''چٹکی بھر'' ہے یعنی تھوڑا سا، جتنا چٹکی میں سما جائے)

۲- وَلَوْ أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَ، فَبَدَا أَسَاوِرُهُ، لَطَمَسَ ضَوْءَ الشَّمْسِ، كَمَا تَطْمَسُ الشَّمْسُ ضوءَ النجوم: اور اگر یہ بات ہو کہ جنتیوں میں سے کوئی شخص (دنیا کی طرف) جھانک لے پس اس کے کنگن ظاہر ہو جائیں تو وہ سورج کی روشنی کو ماند کر دیں، جس طرح سورج ستاروں کی روشنی کو ماند کر دیتا ہے۔

ترکیب اور لغات: مَايُقِلُّ میں ما موصولہ ہے، اور عائد محذوف ہے أی ما يُقِلُّه، وہ مقدار جس کو اٹھائے، أَقَلَّ الشيئَ: اٹھانا، بلند کرنا، قرآن پاک میں ہے: ﴿حَتّٰى إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالاً سُقْنَاهُ لِبَلَدٍ مَيِّتٍ﴾: یہاں تک کہ جب وہ ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھاتی ہیں تو ہم ان کو کسی خشک زمین کی طرف ہانک لے جاتے ہیں (الاعراف آیت ۵۷) قولہ: مما في الجنة: یہ ماموصولہ کا بیان ہے، یعنی ایک ناخن جنت کی نعمتوں میں سے جو مقدار اٹھائے یعنی

ناخن بھر...... بَدَا (ن) بُدُوًّا: ظاہر ہونا، روشن ہونا...... تَزَخْرَفَ: سجنا، آراستہ ہونا، مزین ہونا اور لہ میں ل اجلیہ ہے أی لأجل ذلك المقدار وسَبَبِه...... خوافق: خَافِقَةٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: جانب، اور دنیا کی چار جانبیں: چار دانگ عالم کہلاتی ہیں، وہی یہاں مراد ہیں اور ما بین إلخ فاعل ہے اور بتاویل الأماکن: فعل مؤنث لایا گیا ہے...... أَسَاوِرُ: أَسْوِرَةٌ کی جمع ہے اور وہ سِوَارٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں: کنگن، چوڑی۔

[٧-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[٢٥٣٣-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِی هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَوَّلُ زُمْرَةٍ تَلِجُ الْجَنَّةَ: صُوْرَتُهُمْ عَلَى صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، لاَ يَبْصُقُوْنَ، وَلاَ يَتَمَخَّطُوْنَ، وَلاَ يَتَغَوَّطُوْنَ، آنِيَتُهُمْ فِيْهَا مِنَ الذَّهَبِ، وأَمْشَاطُهُمْ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَمَجَامِرُهُمْ مِنَ الْأُلُوَّةِ، وَرَشْحُهُمُ الْمِسْكُ، وَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ زَوْجَتَانِ، يُرَى مُخُّ سُوْقِهِمَا مِنْ وَرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الْحُسْنِ، لاَ اخْتِلَافَ بَيْنَهُمْ، وَلاَ تَبَاغُضَ، قُلُوْبُهُمْ قَلْبُ رَجُلٍ وَاحِدٍ، يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَعَشِيًّا " هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٢٥٣٤-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِی حَبِيْبٍ، عَنْ دَاوُدَ بنِ عَامِرِ بنِ سَعْدِ بنِ أَبِی وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَوْ أَنَّ مَا يُقِلُّ ظُفُرٌ مِمَّا فِی الْجَنَّةِ، بَدَا، لَتَزَخْرَفَتْ لَهُ مَا بَيْنَ خَوَافِقِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَلَوْ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ اطَّلَعَ، فَبَدَا أَسَاوِرُهُ لَطَمَسَ ضَوْءَ الشَّمْسِ، كَمَا تَطْمَسُ الشَّمْسُ ضَوْءَ النُّجُوْمِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ ، لاَنَعْرِفُهُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ لَهِيْعَةَ، وَقَدْ رَوَى يَحْيىَ بنُ أَيُّوْبَ هٰذَا الحديثَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ أَبِی حَبِيْبٍ، وَقَالَ: عَنْ عُمَرَ بنِ سَعْدِ بنِ أَبِی وَقَّاصٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: باب کی دوسری حدیث کی پہلی سند میں ابن لہیعہ ہیں جو ضعیف ہیں، مگر اس حدیث کو یزید بن ابی حبیب سے یحیٰ بن ابی ایوب بھی روایت کرتے ہیں، پس وہ ابن لہیعہ کے متابع ہیں، مگر وہ اپنی سند میں داؤد بن عامر بن ابی وقاص عن ابیہ عن جدہ نہیں کہتے، بلکہ عن عمر بن سعد بن ابی وقاص عن النبی ﷺ کہتے ہیں، اور عمر صحابی نہیں اور جس نے ان کا صحابہ میں تذکرہ کیا ہے وہ وہم ہے، ابن معین نے صاف فرمایا ہے کہ جس دن حضرت عمرؓ کا انتقال ہوا اسی دن یہ عمر پیدا ہوئے ہیں، پس یہ روایت مرسل ہے اس لئے ابن لہیعہ کی روایت کے لئے شاہد نہیں بن سکتی۔

بابُ ماجاء فِي صِفَةِ ثِيَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جنتیوں کے کپڑوں کا حال

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنتیوں کے جسم بالوں (رووں) سے خالی ہونگے، وہ بے ریش ہونگے اور سرگیں آنکھوں والے ہونگے، ان کی جوانی کبھی ڈھلے گی نہیں، نہ ان کے کپڑے کبھی پرانے ہونگے''

لغات: **جُرْد**: أجرد کی جمع ہے، جَرِدَ (س) جَرْدًا: جسم کا بالوں (رووں) سے خالی ہونا...... **مُرْد**: **أَمْرَد** کی جمع ہے، مَرِدَ (س) **الغلامُ مَرَدًا**: بے ریش ہونا، داڑھی نکلنے کے قریب ہونا، مگر ظاہر نہ ہونا...... **كَحْلَى** (بفتح الکاف) **كَحِيْل** کی جمع ہے، سرگیں آنکھ والا، **كَحِلَتِ العَيْنُ** (س): پیدائشی طور پر آنکھ کا سرگیں ہونا...... اس حدیث کی یہی ایک سند ہے اس لئے غریب ہے، اور یہ حدیث سنن دارمی میں بھی ہے۔

حدیث (۲): سورۃ الواقعہ (آیت ۳۴) میں ہے: ''اصحابِ یمین کے لئے اونچے اونچے فرش ہونگے'' اس کی تفسیر میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ان کی اونچائی اتنی ہوگی جتنی آسمان وزمین کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہے''

تشریح: **إرْتِفَاعُهَا**: مبتدا ہے، اور لَكَمَا خبر ہے، اور **مسيرة**: ماقبل سے بدل یا اس کا بیان ہے...... اس حدیث میں یہ سمجھنا ہے کہ پانچ سو سال کی مسافت اونچے بستروں کی ہوگی، یا وہ بستر جنت کے جن درجوں میں بچھے ہوئے ہونگے ان درجوں کی یہ بلندی ہوگی؟ یعنی وہ درجے نیچے والے درجوں سے پانچ سو سال کی مسافت کے بقدر بلند ہونگے؟ پس جاننا چاہئے کہ یہ حدیث اول تو رشدین کی وجہ سے ضعیف ہے، پھر حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جنت کے درجات میں جو بستر بچھے ہوئے ہونگے، اس درجہ میں اور دیگر درجات میں پانچ سو سالہ مسافت ہوگی، خود بستر پانچ سو سال کی مسافت کے بقدر اونچے نہیں ہونگے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے بعض اہل علم کے حوالہ سے حدیث کی یہی شرح نقل کی ہے، فرماتے ہیں: حدیث کے معنی یہ ہیں: **إِنَّ الفُرُش فی الدرجات**: درجاتِ جنت میں بچھے ہوئے بستر **وبين الدرجات** اور اس درجے اور دیگر درجات کے درمیان فاصلہ، **كما بين السماء والأرض**: اتنا ہوگا جتنا آسمان وزمین کے درمیان فاصلہ ہے، لیکن اس تفسیر پر سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر قرآن کریم میں ان بستروں کی صفت **مَرفوعة** کیوں لائی گئی ہے، جبکہ وہ خود اونچے نہیں ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اونچا ہونا رتبہ میں بھی ہوتا ہے، یعنی وہ بستر بے حد بلند رتبہ ہونگے، مگر ساتھ ہی ظاہری بلندی بھی کسی درجہ میں مراد لینی ہوگی، رہی پانچ سو سالہ مسافت تو وہ بستروں کی نہیں، بلکہ درجاتِ جنت کی ہوگی۔

[۸-] بابُ ماجاء فِي صِفَةِ ثِيَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[۲۵۳۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَأَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، قَالاَ: نَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَامِرٍ

الأَحْوَلِ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''أَهْلُ الْجَنَّةِ جُرْدٌ مُرْدٌ كَحْلَى، لاَيَفْنَى شَبَابُهُمْ، وَلاَ تَبْلَى ثِيَابُهُمْ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۲۵۳۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ أَبِيْ السَّمْحِ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ:﴿ وَفُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ﴾ قَالَ: ''ارْتِفَاعُهَا لَكَمَا بَيْنَ السَّمَاءَ وَالْأَرْضِ: مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ''

هٰذا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذَ الْحَدِيْثِ: مَعْنَاهُ: أَنَّ الفُرُشَ فِى الدَّرْجَاتِ وَبَيْنَ الدَّرْجَاتِ، كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ.

بابُ ماجاءَ فِى صِفَةِ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

جنت کے پھلوں کا حال

حدیث: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کہتی ہیں: سورۃ النجم (آیت ۱۴) میں جو سدرة المنتهى (باڑ کی بیری) کا ذکر آیا ہے: نبی ﷺ نے اس کا تذکرہ کیا، اور فرمایا: ''اونٹ سوار سدرة المنتهى کی شاخوں کے سایہ میں سو سال چلتا رہے گا'' یا فرمایا: سدرة المنتهى کے سایے سے سو اونٹ سوار سایہ حاصل کریں گے'' — حدیث کے راوی یحییٰ کو شک ہے — ''سدرة المنتهى میں سونے کے پتنگے ہیں، گویا سدرۃ المنتہیٰ کے پھل مٹکے ہیں'' یعنی اس پر اتنے بڑے بڑے بیر لگے ہوئے ہیں۔

لغات: السِّدْرَة: بیری کا درخت ...... المنتهى: سرحد، ساتویں آسمان کے اوپر عرش سے ورے ایک ایسا مقام ہے جس سے آگے ملائکہ وغیرہ نہیں جاسکتے، یہی سدرة المنتهى (باڑ کی بیری) ہے ...... الفَنَن: درخت کی سیدھی شاخ، جمع أفنان، سورۃ الرحمٰن میں ہے: ﴿ذَوَاتَا أَفْنَانٍ﴾: سیدھی شاخوں والے دو باغ ...... الفَراش (بفتح الفاء) تتلی، پروانہ، مفرد فَراشة ...... القُلَّة: پانی کی صراحی، مٹکا، جمع قِلال اور قُلَلٌ۔

[۹-] بابُ ماجاءَ فِى صِفَةِ ثِمَارِ الْجَنَّةِ

[۲۵۳۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا يُوْنُسُ بنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيَى بنِ عَبَّادِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ سِدْرَةَ الْمُنْتَهَى، قَالَ: ''يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّ الْفَنَنِ مِنْهَا مِائَةَ سَنَةٍ، أَوْ: يَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا مِائَةُ رَاكِبٍ — شَكَّ يَحْيَى — فِيْهَا فَرَاشُ الذَّهَبِ، كَأَنَّ ثَمَرَهَا الْقِلاَلُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ طَيْرِ الْجَنَّةِ

جنت کے پرندوں کا حال

حدیث: جب سورۃ الکوثر نازل ہوئی تو صحابہ نے پوچھا: کوثر کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ ایک نہر ہے جو مجھے اللہ نے (جنت میں) عطا فرمائی ہے، اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے، اس نہر میں پرندے ہیں، جن کی گردنیں قصائی (کٹائی) کے اونٹوں کی گردنوں کے برابر ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: إن هٰذه لَنَاعِمَةٌ! یہ پرندے تو یقیناً خوش گوار ہونگے! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان کے کھانے والے (جنتی) ان سے بھی زیادہ خوش گوار ہونگے!''

تشریح: الکوثر کے لغوی معنی ہیں: خیر کثیر، یہ کَثْرۃ سے ماخوذ ہے، اور ثلاثی مزید فیہ ملحق برباعی مجرد ہے اور اصطلاح میں وہ جنت کی ایک نہر کا نام ہے، اور مفسرین کرام نے ان سب نعمتوں کو جو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو دنیا میں یا آخرت میں عطا فرمائی ہیں: الکوثر کا مصداق قرار دیا ہے...... اور الکوثر کا سرچشمہ جنت میں ہے، وہاں سے یہ نہر میدانِ محشر میں آئے گی، اور ایک حوض میں پانی جمع ہوگا جس کا نام حوض کوثر ہے...... أَعْطَانِيْهِ اللّٰهُ میں اللّٰه فاعل ہے، اور ی مفعول اول ہے، اور ہ مفعول ثانی ہے اور ن وقایہ کا ہے...... اور لفظ طیر: مذکر ومؤنث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے...... اور الجُزُر: (بضمتین) الجَزُوْر (بفتح الجیم) کی جمع ہے، قابل ذبح اونٹنی، کٹائی کا جانور (یہ اونٹ چھوٹے قد کے ہوتے ہیں)...... نَعِمَ الشیئُ (س) نَعَمًا وَنَعْمَةً وَنَعِيْمًا: خوشگوار ہونا، خوش منظر ہونا، یعنی وہ پرندے بڑے بھلے لگیں گے...... أَكَلَة: یا تو آكِلٌ کی جمع ہے، جیسے طَلَبة: طالب کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: کھانے والے، یا آكِلَة (بمد الهمزة و كسر الكاف) ہے جو آكِلٌ کی جمع ہے، اور واحد مؤنث کبھی جمع کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے، اس کے معنی بھی ہیں: کھانے والے...... أَنْعَم: (اسم تفضیل) زیادہ خوشگوار، یعنی ان پرندوں سے بھی زیادہ دلچسپ وہ جنتی ہونگے جو ان پرندوں کو کھائیں گے۔

فائدہ: یہ پرندے تو نہر کوثر کے آبی پرندے ہیں، اور جنت میں خشکی کے پرندے بھی ہونگے، جن کا تذکرہ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے، مسند احمد میں ہے: إن طَيْرَ الجنة كأمثالِ البُخْتِ تَرْعَى فى شَجَرِ الْجَنَّةِ: جنت کے پرندے بختی اونٹوں جیسے ہونگے جو جنت کے درختوں میں چریں گے، پس حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! إن هذه الطيرَ ناعمةٌ: یہ پرندے تو بڑے دلچسپ ہونگے، پس نبی ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا: أَكَلَتُهَا أَنْعَمُ مِنْهَا: ان کے کھانے والے ان سے بھی زیادہ خوش گوار ہونگے، وَإِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَأْكُلُ مِنْهَا: اور مجھے امید ہے کہ آپؓ ان پرندوں کو کھانے والوں میں سے ہونگے (اور باب کی حدیث ٹھیک ہے، اور اس کے راوی محمد امام زہری

کے بھتیجے ہیں، اور ثقہ ہیں اور ان کے والد امام زہری کے بھائی ہیں اور وہ بھی ثقہ ہیں)

[۱۰-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ طَيْرِ الْجَنَّةِ

[۲۵۳۸-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَاالْكَوْثَرُ؟ قَالَ: " ذَاكَ نَهْرٌ، أَعْطَانِيْهِ اللّٰهُ - يَعْنِيْ فِي الْجَنَّةِ - أَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، فِيْهِ طَيْرٌ أَعْنَاقُهَا كَأَعْنَاقِ الْجُزُرِ!" قَالَ عُمَرُ: إِنَّ هٰذِهِ لَنَاعِمَةٌ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَكَلَتُهَا أَنْعَمُ مِنْهَا "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَمُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُسْلِمٍ: هُوَ ابنُ أَخِي ابنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ.

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ خَيْلِ الْجَنَّةِ

جنت کے گھوڑوں کا حال

حدیث (۱): کسی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: یارسول اللہ! جنت میں گھوڑے ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ آپ کو جنت میں داخل کریں، پھر آپ چاہیں کہ جنت میں سرخ یاقوت کے کسی گھوڑے پر سوار کئے جائیں جو آپ کو جنت میں جہاں چاہیں اڑا کر لے جائے تو آپ ایسا کریں گے، یعنی اگر آپ کی یہ خواہش ہوگی تو وہ پوری کی جائے گی، اور آپ کے لئے ایسا گھوڑا مہیا کیا جائے گا، مگر وہ گھوڑا دنیا کے گھوڑوں سے مختلف ہوگا، اس کے پیر ہونگے مگر وہ چلے گا نہیں، اڑے گا۔

راوی کہتے ہیں: کسی دوسرے شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا جنت میں اونٹ ہونگے؟ راوی کہتے ہیں: آپؐ نے اس کو وہ جواب نہیں دیا جو اس کے ساتھی کو دیا تھا (بلکہ ایک قاعدہ کلیہ بیان کیا) اور فرمایا: ''اگر اللہ تعالیٰ آپ کو جنت میں داخل کریں تو آپ کو جنت میں ہر وہ چیز ملے گی جو آپ کا دل چاہے گا، اور جس سے آپ کی آنکھ ٹھنڈی ہوگی''

تشریح: إِنِ اللّٰهُ میں إِنْ شرطیہ ہے اور الله: على شريطة التفسير مرفوع ہے، یعنی أَدْخَلَ کا فاعل ہے، وہ مبتدا نہیں ہوسکتا، کیونکہ حرف شرط کے بعد مبتدا نہیں آتا۔

سند کی بحث: یہ حدیث علقمہ سے مسعودی اور ثوری رحمہما اللہ روایت کرتے ہیں، پھر مسعودی کی سند حضرت بریدہؓ پر پہنچتی ہے، مگر یہ سند صحیح نہیں، صحیح سند امام ثوری رحمہ اللہ کی ہے، وہ یہ حدیث عبدالرحمٰن بن سابط سے روایت کرتے ہیں جو

تابعی ہیں، پس یہ حدیث مرسل ہے، اور یہ حدیث اصح اس لئے ہے کہ ثوری: مسعودی سے بدرجہا بہتر ہیں۔

حدیث (۲): ایک بدو آیا اور اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے گھوڑا پسند ہے، پس کیا جنت میں گھوڑے ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: اگر تو جنت میں داخل کیا گیا تو تیرے پاس یاقوت کا گھوڑا لایا جائے گا جس کے دو پر ہونگے، پس تو اس پر سوار کیا جائے گا، پھر وہ تجھے لے کر اڑے گا جہاں تو چاہے گا، یہ حدیث ضعیف ہے، واصل بن السائب ضعیف راوی ہے اور اس کا استاذ ابوسورۃ اس سے بھی زیادہ ضعیف ہے، یہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا بھتیجا تھا، امام بخاری رحمہ اللہ اس کے بارے میں فرماتے ہیں: یہ منکر الحدیث ہے، یعنی اس کی روایات نہایت ضعیف ہوتی ہیں، وہ حضرت ابوایوب انصاریؓ سے ایسی اوپری حدیثیں روایت کرتا ہے جن میں اس کا کوئی ہمنوا نہیں ہوتا (مگر یہ مضمون چونکہ دیگر روایات میں بھی آیا ہے اس لئے سند کے ضعیف ہونے سے مضمون پر اثر نہیں پڑتا)

[١١-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ خَيْلِ الْجَنَّةِ

[٢٥٣٩-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَاصِمُ بنُ عَلِيٍّ، نَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رَجُلاً سَأَلَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلْ فِي الْجَنَّةِ مِنْ خَيْلٍ؟ قَالَ: "إِنِ اللّٰهُ أَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ، فَلاَ تَشَاءُ أَنْ تُحْمَلَ فِيْهَا عَلَى فَرَسٍ، مِنْ يَاقُوْتَةٍ حَمْرَاءَ، وَتَطِيْرُ بِكَ فِي الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْتَ: إِلَّا فَعَلْتَ"

قَالَ: وَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسولَ اللّٰهِ! هَلْ فِي الْجَنَّةِ مِنْ إِبِلٍ؟ قَالَ: فَلَمْ يَقُلْ لَهُ مَاقَالَ لِصَاحِبِه، فَقَالَ: " إِنْ يُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، يَكُن لَكَ فِيْهَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ، وَلَذَّتْ عَيْنُكَ"

حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ سَابِطٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ الْمَسْعُوْدِيِّ.

[٢٥٤٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ سَمُرَةَ الْأَحْمَسِيُّ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ وَاصِلِ بنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْ سَوْرَةَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أُحِبُّ الْخَيْلَ، أَفِي الْجَنَّةِ خَيْلٌ؟ قَالَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنْ أُدْخِلْتَ الْجَنَّةَ، أُتِيْتُ بِفَرَسٍ مِنْ يَاقُوْتَةٍ، لَهُ جَنَاحَانِ، فَحُمِلْتَ عَلَيْهِ، ثُم طَارَ بِكَ حَيْثُ شِئْتَ "

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ، وَلاَ نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ أَيُّوْبَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ سَوْرَةَ: هُوَ ابنُ أَخِيْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ جِدًّا، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: أَبُوْ سَوْرَةَ هٰذَا مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ، يَرْوِیْ مَنَاكِيْرَ عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، لاَيُتَابَعُ عَلَيْهَا.

بابُ ماجاء فِي سِنِّ أَهْلِ الْجَنَّةِ

جنتیوں کی عمروں کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنتی جنت میں داخل ہونگے درانحالیکہ ان کے بدن پر بال (روئیں) نہیں ہونگے، وہ بے ریش ہونگے، وہ سرمگیں آنکھوں والے ہونگے، وہ ۳۰ یا ۳۳ سال کے ہونگے، اور ہمیشہ اسی عمر میں رہیں گے۔

تشریح: اس حدیث میں راوی کو عدد میں شک ہے، مگر مسند احمد وغیرہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جس میں بغیر شک کے ۳۳ سال کا عدد مذکور ہے، اسی طرح حضرت مقدامؓ کی حدیث میں بھی ۳۳ سال کا عدد ہے، اس لئے یہی اصح ہے (اور یہ حدیث سند کے اعتبار سے ٹھیک ہے، اور مسند احمد میں بھی ہے، اور قتادہ کے بعض تلامذہ جو اس حدیث کو مرسل کرتے ہیں وہ روایت بھی مسند احمد میں ہے)

[۱۲-] بابُ ماجاء فِي سِنِّ أَهْلِ الْجَنَّةِ

[۲۵۴۱-] حدثنا أَبُوْ هُرَيْرَةَ محمدُ بنُ فِرَاسٍ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا عِمْرَانُ أَبُوْ الْعَوَّامِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يَدْخُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ جُرْدًا مُرْدًا مُكَحَّلِيْنَ، أَبْنَاءَ ثَلَاثِيْنَ أَوْ: ثَلَاثٍ وَثَلَاثِيْنَ سَنَةً"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَبَعْضُ أَصْحَابِ قَتَادَةَ رَوَوْا هٰذَا عَنْ قَتَادَةَ مُرْسَلًا، وَلَمْ يُسْنِدُوْهُ.

بابُ ماجاء فى كَمْ صَفُّ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟

جنتیوں کی کتنی صفیں ہونگی؟ (اور ان میں اس امت کی نسبت کیا ہوگی؟)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جنتی ایک سو بیس صفیں ہونگے، ان میں سے اسّی صفیں اس امت کی ہونگی، اور چالیس صفیں دوسری امتوں کی، یعنی یہ امت جنت میں دو تہائی ہوگی۔

سند کا حال اور راویوں کا تعارف: یہ حدیث ٹھیک ہے اور اس کی دو سندیں ہیں: پہلی سند ابو سنان ضرار بن مُرّہ کی ہے، وہ محارب سے، وہ سلیمان سے، اور وہ حضرت بریدہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند علقمۃ بن مرثد کی ہے، وہ سلیمان سے مرسل روایت کرتے ہیں، کیونکہ سلیمان تابعی ہیں، مگر علقمہ کے بعض تلامذہ سند میں عن أبیه بڑھاتے ہیں، پس یہ حدیث موصول ہے۔

اور ابو سنان کنیت کے تین راوی ہیں: ایک: یہی ضرار بن مرہ ہیں، یہ کوفہ کے باشندے تھے، خاندانی نسبت الشَّيْبَانِيُّ

الأَ کْبر ہے، یہ بہت مضبوط راوی ہیں ...... دوسرے: ابوسنان: الشیبانی الأصغر ہیں جن کا نام سعید بن سنان ہے، یہ بصرہ کے باشندے تھے، یہ معمولی راوی ہیں ......اور تیسرے ابوسنان شامی ہیں، یہ فلسطین کے رہنے والے تھے، جو بعد میں بصرہ چلے گئے تھے، ان کا نام عیسیٰ بن سنان ہے، یہ قبیلہ بنو حنیفہ کے تھے، اور بصرہ کے محلّہ قسامِلہ میں فروکش ہوگئے تھے، اس لئے حنفی قسملی کہلاتے ہیں، ان کی حدیثیں نرم ہوتی ہیں، یعنی یہ معمولی ثقہ راوی ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک قبّہ میں تقریباً چالیس آدمی نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس آپؐ نے ہم سے پوچھا: ’’کیا تم خوش ہو کہ تم جنتیوں میں چوتھائی ہو؟‘‘ صحابہ نے جواب دیا: جی ہاں، آپؐ نے فرمایا: ’’کیا تم خوش ہو کہ جنتیوں کی تہائی ہو؟‘‘ صحابہ نے جواب دیا: ہاں، آپؐ نے فرمایا: ’’کیا تم خوش ہو کہ جنتیوں کے نصف ہو؟‘‘ (اس کا جواب واضح ہے) بیشک جنت میں نہیں جائے گا مگر مسلمان آدمی (اور) نہیں ہو تم مشرکین کی بہ نسبت مگر کالے بیل کی کھال میں سفید بال کی طرح، یا فرمایا: سرخ بیل کی کھال میں کالے بال کی طرح‘‘

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے اور اس میں دو مضمون ہیں:

پہلا مضمون: اس امت کے بارے میں نبی ﷺ نے پہلے یہ خبر دی کہ جنت میں ان کی تعداد چوتھائی ہوگی، پھر تہائی کی خبر دی، پھر آدھے کی خبر دی، یہ ترقی تدریجاً وحی آنے کی وجہ سے ہوئی ہے، جس طرح وحی آتی گئی، آپ امت کو مطلع فرماتے رہے، اور آخری وحی وہ ہے جو پہلی حدیث میں گذری ہے کہ یہ امت جنتیوں میں دو تہائی ہوگی (یہ دیگر امتوں کی بہ نسبت اس امت کی تعداد کا بیان ہے)

دوسرا مضمون: اور مشرکین یعنی جہنمیوں کی بہ نسبت جنتیوں کی تعداد بہت ہی معمولی ہوگی، کالے بیل کی کھال میں ایک سفید بال کی جو نسبت ہے وہی نسبت جنتیوں اور جہنمیوں میں ہوگی، اور یہ نسبت سمجھنے کے لئے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ کالے بیل کی کھال میں کل کتنے بال ہیں، مگر یہ بات کون بتا سکتا ہے؟ اس لئے نسبت بھی معلوم نہیں ہوسکتی، اور ہمیں اس فکر میں پڑنے کی ضرورت بھی نہیں، کیونکہ حدیث کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ جنتیوں کی تعداد بہت ہی تھوڑی ہوگی، کیونکہ جنت میں مسلمان ہی جائے گا، کفار و مشرکین کا وہاں گذر نہیں۔

اور باب میں حضرت عمران رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے وہ کتاب التفسیر (سورۃ الحج کی تفسیر) میں آئے گی، اور حضرت ابوسعید خدریؓ کی حدیث بخاری مسلم میں ہے۔

[۱۳-] بابُ ماجاء فی کَمْ صَفُّ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟

[۲۵۴۲-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الطَّحَّانُ الْكُوْفِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُحَارِبِ بنِ دِثَارٍ، عَنْ ابنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ’’ أَهْلُ الْجَنَّةِ

عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ، ثَمَانُوْنَ مِنهَا مِنْ هٰذِهِ الأُمَّةِ، وَأَرْبَعُوْنَ مِنْ سَائِرِ الأُمَمِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْسَلاً، وَمِنْهُمْ مَنْ قَالَ: سُلَيْمَانُ بنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ.

وَحَدِيْثُ أَبِیْ سِنَانٍ عَنْ مُحَارِبِ بنِ دِثَارٍحَسَنٌ، وَأَبُوْ سِنَانٍ: اسْمُهُ ضِرَارُ بنُ مُرَّةَ، وَأَبُوْ سِنَانٍ الشَّيْبَانِیُّ:اسْمُهُ سَعِيْدُ بنُ سِنَانٍ، وَهُوَ بَصْرِیٌّ، وَأَبُوْ سِنَانٍ الشَّامِیُّ: اسْمُهُ عِيْسَى بنُ سِنَانٍ، هُوَ الْقَسْمَلِیُّ.

[۲۵۴۳-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بنَ مَيْمُوْنٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فِیْ قُبَّةٍ نَحْوًا مِنْ أَرْبَعِيْنَ، فَقَالَ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:” أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟“ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ:” أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟“ قَالُوْا نَعَمْ، قَالَ:” أَتَرْضَوْنَ أَنْ تَكُوْنُوا شَطْرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ إِنَّ الْجَنَّةَ لاَتَدْخُلُهَا إِلاَّ نَفْسٌ مُسْلِمَةٌ، مَا أَنْتُمْ فِی الشِّرْكِ إِلاَّ كَالشَّعْرَةِ الْبَيْضَاءِ فِیْ جِلْدِ الثَّوْرِ الأَسْوَدِ، أَوْ: كَالشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ فِی جِلْدِ الثَّوْرِ الأَحْمَرِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفی الباب: عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ.

بابُ ماجاءَ فی صِفَةِ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ

جنت کے دروازوں کا حال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میری امت کا دروازہ: جس سے وہ جنت میں جائیں گے: اس کی چوڑائی تیز رفتار اونٹ سوار کی تین سال کی مسافت ہے، تاہم وہ دروازے پر بھینچے جائیں گے، یہاں تک کہ ان کے مونڈھے جگہ سے ہٹنے کے قریب ہوجائیں (مگر کسی کو کسی سے تکلیف نہیں پہنچے گی، کیونکہ جنت آنجا کہ آزارے نباشد: جنت وہ جگہ ہے جہاں کوئی ایذاء رسانی نہیں!)

لغات اور ترکیب: بابُ أُمتی: مبتداء ہے، الذين يدخلُون موصول صلہ مل کر أمة کی صفت ہیں، اورعرضُه: دوسرا مبتدا ہے اور مسيرةٌ اس کی خبر ہے، پھر جملہ: پہلے مبتدا کی خبر ہے اور ثلاثاً: مسيرةٌ کا ظرف ہے، جس کے معنی تین راتیں بھی ہوسکتے ہیں، اور تین سال بھی، اور دوسرے معنی اظہر ہیں، کیونکہ ایک دوسری روایت میں ہے: جنت کے دروازوں کے دو پٹوں کے درمیان چالیس سال کی مسافت ہوگی ...... المُجَوِّدُ: (اسم فاعل) تیز رفتار، جَوَّدَ الْفرسُ فِیْ عدوِہ: تیز دوڑنا ...... يُضْغَطُوْنَ (فعل مجہول) بھینچے جائیں گے، ضَغَطَهُ ضَغْطًا: بھینچنا، دبانا ...... تزول: سرکنا، زَالَ يَزُوْلُ زَوَالاً: الگ ہونا، جگہ سے ہٹنا، اور كاد: محل اثبات میں فعل کی نفی کرتا ہے، یعنی شانے

اترنے کے قریب ہو جائیں گے، اتریں گے نہیں۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی خالد بن ابی بکر کمزور راوی ہے، یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہے، ذہبی نے میزان الاعتدال میں اس راوی کے تذکرہ میں یہ حدیث ذکر کرکے کہا ہے: هٰذا من مناكيره: یہ حدیث اس کی ضعیف حدیثوں میں سے ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا تو وہ اس حدیث کو کسی اور سند سے نہیں جانتے تھے، اور امام بخاری نے یہ بھی فرمایا کہ خالد: حضرت سالم سے ضعیف روایتیں کرتا ہے۔

[١٤-] بابُ ماجاءَ فی صِفَةِ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ

[٢٥٤٤-] حدثنا الفَضْلُ بنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مَعْنُ بنُ عِيْسَى الْقَزَّازُ، عَنْ خَالِدِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ:قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" بَابُ أُمَّتِيْ: الَّذِى يَدْخُلُوْنَ مِنْهُ الْجَنَّةَ: عَرْضُهُ مَسِيْرَةُ الرَّاكِبِ الْمُجَوِّدِ ثَلَاثًا، ثُمَّ إِنَّهُمْ لَيُضْغَطُوْنَ عَلَيْهِ، حَتَّى تَكَادَ مَنَاكِبُهُمْ تَزُوْلُ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَسَأَلْتُ مُحمداً عَنْ هٰذَا الحديثِ: فَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَقَالَ: لِخَالِدِ بنِ أَبِيْ بَكْرٍ مَنَاكِيْرُ: عَنْ سَالِمِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

بابُ ماجاءَ فی سُوْقِ الْجَنَّةِ

جنت کے بازار کا تذکرہ

حدیث: حضرت سعید بن المسیب رحمہ اللہ کی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی، حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ مجھے اور آپ کو جنت کے بازار میں جمع کریں، یعنی وہاں بھی ہماری ملاقات ہو، حضرت سعیدؒ نے پوچھا: کیا جنت میں بازار ہوگا؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا: ہاں، مجھے رسول اللہ ﷺ نے بتلایا ہے کہ جب جنتی جنت میں جائیں گے تو وہ جنت میں اپنے اعمال کی فضیلت کے اعتبار سے اتریں گے، یعنی ان کو ان کے اعمال کے اعتبار سے درجہ ملے گا۔ پھر وہ دنیا کے دنوں میں سے ہفتہ کی مقدار میں اجازت دیئے جائیں گے (یعنی دنیا میں ہفتہ کی جو مقدار ہوتی ہے اتنی مدت گذرنے پر ان کو اجازت دی جائے گی کہ وہ دیدار الٰہی کے لئے جمع ہوں، اور جنت میں اگرچہ سورج نہیں مگر نور کے پردے لٹکائے جائیں گے، جن سے ایام بنیں گے، اور وہاں بھی اجتماع جمعہ کے دن ہوگا) پس وہ اپنے پروردگار کی زیارت کریں گے، اور ان کے لئے عرش الٰہی ظاہر کیا جائے گا، اور جنت کے باغات

میں سے کسی باغ میں اللہ تعالیٰ ان کے سامنے تجلی فرمائیں گے، پس جنتیوں کے لئے: نور کے منبر، موتی کے منبر، یاقوت کے منبر، زبرجد (پنّا، ایک سبز رنگ کا زردی مائل جوہر) کے منبر، سونے کے منبر اور چاندی کے منبر رکھے جائیں گے، اور کمتر جنتی ـــــ اور جنتیوں میں کوئی کمتر نہیں ـــــ مشک و کافور کے ٹیلوں پر بیٹھے گا، وہ نہیں دکھلائے جائیں گے یعنی وہ نہیں سمجھیں گے کہ کرسیوں والے ان سے مجلس کے اعتبار سے بہتر ہیں، یعنی وہ کرسیوں والوں کو اپنے سے بہتر خیال نہیں کریں گے، بلکہ خود کو ان کے برابر سمجھیں گے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا ہم اپنے پروردگار کو دیکھیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں، کیا تم جھگڑا کرتے ہو یا شک کرتے ہو سورج کے اور چودھویں کے چاند کے دیکھنے میں؟'' (یہ جاری مضمون کے درمیان سوال وجواب ہیں)

اور اس مجلس میں کوئی شخص باقی نہیں رہے گا، مگر اس سے اللہ تعالیٰ کھل کر باتیں کریں گے، یہاں تک کہ ان میں سے ایک شخص سے کہیں گے: اے فلاں: فلاں کے بیٹے! کیا تجھے وہ دن یاد ہے جب تو نے یہ یہ کیا تھا؟ پس اللہ تعالیٰ اس کو اس کی بعض بے وفائیاں (گناہ) یاد دلائیں گے جو اس نے دنیا میں کی تھیں، پس بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! کیا آپ نے میری بخشش نہیں فرمادی؟! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیوں نہیں، میری مغفرت کی وسعت کی وجہ ہی سے تو اپنے اس مرتبہ تک پہنچا ہے!

پس دریں اثنا کہ وہ اس حال میں ہونگے یعنی اسی طرح وقت گذرتا رہے گا کہ ان کے اوپر سے ان پر ایک بادل چھائے گا، پس وہ ان پر خوشبو برسائے گا، وہ اس کی خوشبو جیسی کوئی چیز کبھی نہیں پائیں گے، یعنی وہ خوشبو بڑی ہی لاجواب ہوگی، پس ہمارے پروردگار فرمائیں گے: اس عزت وکرامت کی طرف اٹھو جو میں نے تمہارے لئے تیار کی ہے، پس تم جو چاہو (وہاں سے) لے لو، پس ہم ایک بازار میں آئیں گے جس کو فرشتوں نے گھیر رکھا ہوگا، اس میں وہ چیزیں ہونگی جن کے مانند چیزیں آنکھوں نے کبھی نہیں دیکھیں، اور کانوں نے کبھی نہیں سنیں، اور دلوں میں کبھی ان کا خیال نہیں گذرا، پس ہماری طرف وہ چیزیں اٹھائی جائیں گی جو ہم چاہیں گے، درانحالیکہ وہاں خرید وفروخت نہیں ہوگی، یعنی جنتیوں کی پسندیدہ چیزیں مفت ان کے گھروں تک پہنچائی جائیں گی، وہاں چیزیں نہ خریدنی پڑیں گی نہ ڈھونی پڑیں گی۔

اور اس بازار میں جنتی ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس اونچے درجے والا ایک شخص متوجہ ہوگا، پس وہ اپنے سے کمتر درجہ والے سے ملاقات کرے گا ـــــ اور جنتیوں میں کوئی کمتر نہیں ـــــ پس کم درجے والے کو گھبراہٹ میں ڈالے گا وہ لباس جو وہ اونچے درجہ والے پر دیکھے گا، پس ابھی اس سے بات چیت پوری نہیں ہوگی کہ اس کے خیال میں ایسا آئے گا کہ اس کا لباس اس رفیع المرتبہ کے لباس سے بہتر ہے، اور یہ بات اس لئے ہوگی کہ کسی جنتی کے لئے مناسب نہیں کہ وہ جنت میں غمگین ہو (اس لئے اس کم تر کا لباس بہتر ہوجائے گا)

پھر ہم اپنے گھروں کی طرف لوٹیں گے، پس ہماری بیویاں ہمارا استقبال کریں گی، پس وہ ہمیں خوش آمدید کہیں گی، اور کہیں گی: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ آپ لوٹے ہیں درانحالیکہ آپ کے لئے خوبصورتی میں سے اس سے بہتر ہے جس پر آپ ہم سے جدا ہوئے تھے، یعنی آپ گھر سے نکلے اس وقت اتنے حسین نہیں تھے جتنے اب ہیں، پس جنتی کہے گا: آج ہم اپنے عظیم پروردگار کے ساتھ ہم نشیں ہوئے ہیں، اس لئے ہمارے لئے لائق ہے کہ ہم لوٹیں اس کے مانند کے ساتھ جس کے ساتھ ہم لوٹے ہیں!

حدیث کی سند کا حال: یہ حدیث عبدالحمید کی سند سے جانی گئی ہے، اور عبدالحمید: امام اوزاعیؒ کے کاتب (سکریٹری) تھے، وہ مختلف فیہ راوی ہیں (مگر ابن ابی الدنیا نے یہ حدیث ہقل بن زیاد کی سند سے بھی روایت کی ہے، وہ بھی امام اوزاعی کے کاتب تھے، مگر ثقہ تھے، اس لئے یہ روایت ٹھیک ہے)

لغات: تَبَدّٰی: ظاہر ہونا، بَدَا (ن) بُدُوًّا: ظاہر ہونا، روشن ہونا...... تَمَارَی القومُ: باہم جھگڑنا، شک کرنا، سورۃ النجم (آیت ۵۵) میں ہے: ﴿فَبِأَيِّ آلآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰی﴾ پس تو اپنے رب کی کونسی نعمت میں شک کرتا رہے گا...... حاضَرَ القومَ مُحاضَرَةً: کلام میں مقابلہ کرنا، رودررو بات کرنا، فلانٌ حَسَنُ الْمُحَاضَرَة: فلاں حاضر جواب اور خوش گفتار ہے۔ اور مُحاضَرَةً: مفعول مطلق ہے یعنی خوب کھل کر بات چیت ہوگی ...... الغَدَرَات: الغَدْرَة کی جمع ہے، جو الغَدْرُ کے معنی میں ہے، یعنی بے وفائی، خیانت، دھوکا ...... الکرامة: عزت وشرافت ...... قوله: حتی يَتَخَيَّلَ عليه ما هو أَحْسَنُ مِنْهُ: تَخَيَّلَ الشيئُ له وعليه: کسی چیز کا خیال آنا، صورت ذہن میں آنا، ما هو: وہ لباس جو اس رفیع المرتبہ کے لباس سے بہتر ہے، یہ يَتَخَيَّل کا مفعول ہے، اور فاعل حرف جر کے ساتھ آیا ہے...... حَقَّ الأَمْرُ يَحِقُّ حَقًّا: لائق ہونا، ثابت ہونا، سزاوار ہونا، ما انقلبنا کے بعد صلہ محذوف ہے أی ما انقلبنا به۔

تشریح: جنت میں جو بارش ہوگی وہ حسن وجمال کی ہوگی، اور شمال کی جانب سے خوشبودار ہوا چلے گی، جس کی وجہ سے جنتیوں کا حسن دوبالا ہوجائے گا، اور پیچھے گھروں میں بھی حسن وجمال کی بارش ہوگی جس میں جنتیوں کی عورتیں نہائیں گی، اس سے ان کا حسن بھی کئی گنا بڑھ جائے گا، پس جب جنتی گھر لوٹیں گے تو ان کی بیویاں ان سے کہیں گی کہ تم پہلے سے زیادہ خوبصورت ہو تو جنتی بھی اپنی بیویوں سے کہیں گے: خوش نصیب! تم بھی پہلے سے زیادہ خوبصورت ہو، وہ جواب دیں گی کہ آپ کے جانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے جمال کی بارش برسائی، جس میں ہم نے غسل کیا...... اور حسن میں یہ اضافہ ہر ایک ہفتہ کی مقدار میں تاابد ہوتا رہے گا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک بازار ہے جس میں خرید وفروخت نہیں، صرف مردوں اور عورتوں کی صورتیں ہیں: پس جب کوئی شخص کوئی صورت چاہے گا یعنی اس کو کوئی صورت پسند آئے گی تو وہ اس میں داخل ہوجائیگا، یعنی اس کی صورت اس جیسی ہوجائے گی (اس حدیث کی سند میں ابو شیبہ عبدالرحمٰن بن اسحاق معمولی راوی ہے)

[١٥-] بابُ ماجاءَ فی سُوْقِ الْجَنَّةِ

[٢٥٤٥-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا هِشَامُ بنُ عَمَّارٍ، نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بنُ حَبِيْبِ بنِ أَبِی العِشْرِيْنَ، نَا الْأَوْزَاعِیُّ، ثَنَا حَسَّانُ بنُ عَطِيَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّهُ لَقِیَ أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: أَسْأَلُ اللّٰهَ أَنْ يَجْمعَ بَيْنِی وبَيْنَكَ فِیْ سُوْقِ الْجَنَّةِ، فَقَالَ سَعِيْدٌ، أَفِيْهَا سُوْقٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَخْبَرَنِیْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ إِذَا دَخَلُوْهَا: نَزَلُوْا فِيْهَا بِفَضْلِ أَعْمَالِهِمْ، ثُمَّ يُؤْذَنُ فِیْ مِقْدَارِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا، فَيَزُوْرُوْنَ رَبَّهُمْ، وَيُبرزُ لَهُمْ عَرْشُهُ، وَيَتَبَدَّى لَهُمْ فِیْ رَوْضَةٍ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، فَتُوْضَعُ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُوْرٍ، وَمَنابِرُ مِنْ لُؤْلُؤٍ، وَمَنابِرُ مِنْ يَاقُوْتٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ زَبَرْجَدٍ، وَمَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ، وَمَنابِرُ مِنْ فِضَّةٍ، وَيَجْلِسُ أَدْنَاهُمْ ــ وَمَا فِيْهِمْ مِنْ دَنِیٍّ ــ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ، مَا يُرَوْنَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَرَاسِیِّ بِأَفْضَلَ مِنْهُمْ مَجْلِسًا "

قَالَ أَبُوْهُرَيْرَةَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! وَهَلْ نَرَى رَبَّنَا؟ قَالَ:" نَعَمْ، هَلْ تَتَمَارَوْنَ فِیْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟" قُلْنَا: لاَ، قَالَ:" كَذٰلِكَ لاَتَتَمَارَوْنَ فِیْ رُؤْيَةِ رَبِّكُمْ "

وَلاَ يَبْقَى فِیْ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ رَجُلٌ إِلاَّ حَاضَرَهُ اللّٰهُ مُحاضَرَةً، حَتَّى يَقُوْلَ لِلرَّجُلِ مِنْهُمْ: يَا فُلاَنَ بنَ فُلاَنٍ! أَتَذْكُرُ يَوْمَ قُلْتَ كَذَا وَكَذَا، فَيُذَكِّرُهُ بِبَعْضِ غَدَرَاتِهِ فِی الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ أَفَلَمْ تَغْفِرْ لِیْ؟ فَيَقُوْلُ: بَلَى، فَبِسَعَةِ مَغْفِرَتِیْ بَلَغَتْ مَنْزِلَتَكَ هٰذِهِ.

فَبَيْنَاهُمْ عَلَى ذٰلِكَ، غَشِيَتْهُمْ سَحَابَةٌ مِنْ فَوْقِهِمْ، فَأَمْطَرَتْ عَلَيْهِمْ طِيْبًا، لَمْ يَجِدُوْا مِثْلَ رِيْحِهِ شَيْئًا قَطُّ، وَيَقُوْلُ رَبُّنا: قُوْمُوْا إِلٰى مَا أَعْدَدْتُ لَكُمْ مِنَ الْكَرَامَةِ، فَخُذُوْا مَا اشْتَهَيْتُمْ فَنَأْتِی سُوْقًا، قَدْ حَفَّتْ بِهِ الْمَلاَئِكَةُ، فِيْهِ مَالَمْ تَنْظُرِ الْعُيُوْنُ إِلَى مِثْلِهِ، وَلَمْ تَسْمَعِ الآذَانُ، وَلَمْ يَخْطُرْ عَلَى الْقُلُوْبِ، فَيُحْمَلَ إِلَيْنَا مَا اشْتَهَيْنَا، لَيْسَ يُبَاعُ فِيْهَا، وَلاَ يُشْتَرَى.

وَفِیْ ذٰلِكَ السُّوْقِ يَلْقَى أَهْلُ الْجَنَّةِ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، قَالَ: فَيُقْبِلُ الرَّجُلُ ذُوْ الْمَنْزِلَةِ الْمُرْتَفِعَةِ، فَيَلْقَى مَنْ هُوَ دُوْنَهُ ــ وَمَا فِيْهِمْ دَنِیٌّ ــ فَيَرُوْعُهُ مَا يَرَى عَلَيْهِ مِنَ اللِّبَاسِ، فَمَا يَنْقَضِی آخِرُ حَدِيْثِهِ حَتَّى يَتَخَيَّلَ عَلَيْهِ مَا هُوَ أَحْسَنُ مِنْهُ، وَذٰلِكَ: أَنَّهُ لاَ يَنْبَغِیْ لِأَحدٍ أَنْ يَحْزَنَ فِيْهَا.

ثُمَّ نَنْصَرِفُ إِلَى مَنَازِلِنَا، فَتَتَلَقَّانَا أَزْوَاجُنَا، فَيَقُلْنَ: مَرْحَبًا وَأَهْلاً، لَقَدْ جِئْتَ وَإِنَّ لَكَ مِنَ الْجَمَالِ أَفْضَلَ مِمَّا فَارَقْتَنَا عَلَيْهِ، فَيَقُوْلُ: إِنَّا جَالَسْنَا الْيَوْمَ رَبَّنَا الْجَبَّارَ، وَيَحِقُّ لَنَا أَنْ نَنْقَلِبَ بِمِثْلِ مَا انْقَلَبْنَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٥٤٦-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، وَهَنَّادٌ، قَالاَ: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثَنَا عَبْدُ الرحمنِ بنُ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ

بنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا، مَا فِيْهَا شِرًى وَلاَ بَيْعَ، إِلاَّ الصُّوَرَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، فَإِذَا اشْتَهىٰ الرَّجُلُ صُوْرَةً دَخَلَ فِيْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تبارَكَ وَتَعَالٰى

جنت میں دیدارِ الٰہی

اللہ تعالیٰ کا دیدار: وہ سب سے بڑی نعمت ہے جس سے اہل جنت کو نوازا جائے گا، یہ اہل السنہ والجماعہ کا اجماعی عقیدہ ہے، اور قرآن پاک میں اہل ایمان کو اس کی بشارت سنائی گئی ہے: ﴿وُجُوْهٌ يُّوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ، إِلىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾ بہت سے چہرے اس دن بارونق ہونگے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ہونگے (سورۃ القیامہ آیات ۲۲و۲۳) اور کفار کے بارے میں ہے: ﴿إِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَمَحْجُوْبُوْنَ﴾ وہ لوگ اس دن (قیامت کے دن) اپنے رب سے حجاب میں رکھے جائیں گے (سورۃ التطفیف آیت ۱۵) اس آیت کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ اہل ایمان اللہ تعالیٰ سے بے حجاب ہونگے۔

البتہ خوارج، معتزلہ اور بعض مرجۂ آخرت میں دیدارِ الٰہی کے منکر ہیں، وہ کہتے ہیں: مرئی کے لئے جسم ہونا، سفید یا زرد وغیرہ کوئی رنگ دار ہونا اور آنکھوں کی سیدھ میں ہونا ضروری ہے، اور اللہ تعالیٰ نہ جسم ہیں، نہ ان کا کوئی رنگ ہے، نہ وہ کسی جہت میں ہیں، پھر ان کو کیسے دیکھا جاسکتا ہے؟ مگر وہ یہ بھول جاتے ہیں کہ مرئی ہونا یعنی دکھنا اللہ تعالیٰ کی ایک صفت ہے، اور صفات کو ایک حد تک ہی سمجھا جاسکتا ہے، نیز صفات کے بارے میں "کیسے" کا سوال مہمل ہے، پس بغیر کیف کے جنتیوں کو جنت میں اللہ کی زیارت نصیب ہوگی (یہ بات امام ترمذی رحمہ اللہ ابھی باب ۱۹ کے آخر میں بیان کریں گے)

علاوہ ازیں: اللہ تعالیٰ جنت میں جنتیوں کو بہت سی ایسی قوتیں عطا فرمائیں گے جو اس دنیا میں عطا نہیں ہوئیں، ان کو ایسی آنکھیں عطا ہونگی جن کی قوت اتنی محدود اور کمزور نہیں ہوگی جتنی اس دنیا میں ہے، پس رویت کے لئے اس دنیا میں جو شرائط ہیں وہ وہاں نہیں ہونگی، وہاں بغیر مقابلہ اور جہت کے اللہ جل شانہ کے جمال کا نظارہ ممکن ہوسکے گا۔

اور رویت باری کا تذکرہ جب صراحتاً قرآن مجید میں آگیا تو اب احادیث کی ضرورت باقی نہیں رہتی، پھر بھی اس مسئلہ میں اتنی حدیثیں مروی ہیں جو حدتواتر کو پہنچ گئی ہیں۔ امام ترمذیؒ نے ان میں سے چار حدیثیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک رات) ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے، پس آپؐ نے چودھویں کے چاند کی طرف دیکھا، اور فرمایا: "عنقریب تم اپنے پروردگار کے سامنے پیش کئے جاؤگے، پس تم اس کو اس طرح دیکھوگے جیسے اس چاند کو دیکھ رہے ہو، بھیڑ نہیں کرتے تم (یا شک نہیں کرتے تم) اس کی رویت میں، پس اگر تمہارے بس میں یہ بات ہو کہ نہ ہرائے جاؤ تم طلوع آفتاب سے پہلے والی نماز میں اور غروب آفتاب سے پہلے والی

نماز میں تو ایسا کرو یعنی یہ دو نمازیں اہتمام سے پڑھو، اس کے بعد آپؐ نے سورۂ ق کی آیت ۳۹ پڑھی: ''اور اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کرو، سورج نکلنے سے پہلے اور سورج ڈوبنے سے پہلے'' (یہ حدیث متفق علیہ ہے اس میں نماز فجر اور نماز عصر کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ ہے، اس لئے آپؐ نے بھی ان کی تخصیص کی)

لغات: لاتُضَامُّوْن: (بتشدید میم) اور لاتُضَامُوْنُ (بتخفیف میم) دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، مگر مشہور قراءت پہلی ہے، اور پہلی صورت میں ترجمہ ہے: پروردگار کے دیدار کے وقت تم ایک دوسرے سے ملو گے نہیں، یعنی ہجوم نہیں ہوگا، ہر شخص بفراغت اپنی جگہ رہتے ہوئے اللہ کو دیکھے گا، تَضَامَّ الشیئُ کے معنی ہیں: جڑ جانا، مل جانا، اور اس صورت میں ماخذ ضَمّ ہوگا۔ اور دوسری صورت میں ترجمہ یہ ہے: دیدارِ الٰہی کے وقت تم پر ظلم نہیں ہوگا، یعنی کوئی دیکھے، کوئی محروم رہے، ایسا نہیں ہوگا، ضَامَهُ يَضِيْمُ ضَيْمًا کے معنی ہیں: کسی پر ظلم کرنا، حق تلفی کرنا، الضَّيْمُ: ظلم وزیادتی، اور اس صورت میں ماخذ یہی ضَیم ہے...... لاتُغْلَبُ (فعل مجہول) نہ مغلوب کئے جاؤ تم، نہ ہرائے جاؤ تم، غَلَبَهُ وعليه يَغْلِبُ غَلْبًا: زیر کرنا، غالب ہونا، فتح پانا، غُلِبَ على أَمْرِه: کسی معاملہ میں مجبور ہونا۔

تشریح: دنیا میں جب لوگ کسی حسین چیز کو دیکھنے کے لئے لاکھوں کی تعداد میں جمع ہوتے ہیں، اور سب اس کے دیکھنے کے انتہائی درجہ مشتاق ہوتے ہیں تو ایسے موقعے پر بڑی کشمکش اور بڑی زحمت ہوتی ہے، اور اس چیز کو اچھی طرح دیکھنا مشکل ہوتا ہے، مگر چاند کا معاملہ اس سے مختلف ہے، مشرق ومغرب کے سبھی لوگ، بغیر کسی کشمکش اور زحمت کے، پورے اطمینان سے بیک وقت اس کو دیکھتے ہیں، اسی طرح جنت میں حق تعالیٰ کا دیدار ہوگا، بیک وقت بے شمار خوش نصیب بندے اللہ پاک کی زیارت کریں گے، وہاں نہ کوئی دھکا مکی ہوگی، نہ کوئی زحمت وکشمکش پیش آئے گی، سب لوگ سکون واطمینان کے ساتھ جمالِ حق کا نظارہ کریں گے (اور یہ مطلب تَضَامُّوْن (بتشدید میم) کی صورت میں ہے)

اسی طرح جب چودہویں کا چاند سر پر ہوتا ہے تو اس کے دیکھنے والوں کو رویت میں ذرا شک نہیں ہوتا، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی زیارت کرنے والے بھی بیشک اللہ پاک ہی کی زیارت کریں گے، ان کو اس معاملہ میں ادنی شک نہیں ہوگا (اور یہ مطلب تَضَامُوْنَ: بتخفیف میم کی صورت میں ہے)

اور حدیث کے آخر میں نبی ﷺ نے نمازوں کے اہتمام کی تاکید فرمائی ہے، نمازوں کے اہتمام سے آدمی میں جمالِ حق کے دیدار کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے، کیونکہ اعمال کے خواص ہیں: زکوۃ سے بخیلی دور ہوتی ہے، روزہ سے پرہیزگاری پیدا ہوتی ہے، حج سے محبت الٰہی بڑھتی ہے، اسی طرح نماز سے اللہ کے دیدار کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے، پس جو بندے جمالِ حق کو دیکھنے کی آرزومند ہیں وہ پانچوں نمازوں کا اہتمام کریں، اور دو نمازوں کی تخصیص ان کی اہمیت کی وجہ سے ہے، جو ان دو نمازوں کا اہتمام کرے گا وہ باقی نمازوں کا ضرور اہتمام کرے گا۔

[۱٦-] بابُ ماجاء فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تبارَكَ وَتَعالىٰ

[۲۵٤۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ البَجَلِيِّ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنظَرَ إِلَى الْقَمرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَقَالَ:" إِنَّكُمْ ستُعْرَضُوْنَ عَلَى رَبِّكُمْ، فترَوْنَهُ كَما ترَوْنَ هٰذَا الْقَمَرَ، لاَتُضامُّوْنَ فِيْ رُؤْيَتِهِ، فَإِنْ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لاَ تُغْلَبُوْا عَلَى صَلاَةٍ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ، وَصَلاَةٍ قَبْلَ غُرُوْبِها: فَافْعَلُوْا، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ﴾ هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

حدیث (۲): سورۂ یونس آیت ۲٦ میں ہے: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ﴾: جن لوگوں نے نیک کام کئے ہیں ان کے لئے خوبی یعنی جنت ہے اور مزید برآں یعنی دیدارِ الٰہی ہے، اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے تو ایک پکارنے والا پکارے گا: بیشک تمہارے لئے اللہ کے پاس ایک وعدہ ہے‘‘ یعنی ابھی اللہ تعالیٰ تمہیں ایک اور چیز عنایت فرمائیں گے، بندے عرض کریں گے: کیا آپ نے ہمارے چہرے روشن نہیں کئے؟ اور دوزخ سے نجات نہیں بخشی؟ اور جنت میں داخل نہیں کیا؟ یعنی اب اور کیا چیز باقی رہ گئی ہے جو ہمیں عنایت ہوگی؟ فرشتے کہیں گے: کیوں نہیں! یعنی بیشک یہ سب چیزیں تمہیں دیدی گئی ہیں مگر اب بھی ایک نعمت باقی ہے، پس حجاب اٹھایا جائے گا (اور جنتی جمالِ حق کا نظارہ کریں گے) نبی ﷺ نے فرمایا: ’’پس بخدا! نہیں عطا کی ہے اللہ نے ان کو کوئی چیز جو ان کے نزدیک زیادہ محبوب ہو جمال الٰہی کے دیدار سے‘‘ یعنی جنتیوں کو جب دیدارِ الٰہی نصیب ہوگا تو ان کے نزدیک سب سے پیاری چیز یہی دیدار کی نعمت ہوگی۔

تشریح: پردہ اٹھنے کا مطلب وہ ہے جو پہلے ایک حدیث میں گذرا ہے کہ کبریائی کی چادر ہٹے گی، اللہ تعالیٰ اپنی عظمت ورفعت سے نیچے اتریں گے تاکہ بندے ان کی زیارت کرسکیں، اور پہلے یہ بات بتائی گئی ہے کہ اللہ کی شان اگرچہ اطلاقی ہے، مگر بندوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں وہ اپنی کسی کمزوری کی وجہ سے نہیں بلکہ بندوں کی کمزوری کی وجہ سے خاص تقییدی معاملہ فرماتے ہیں۔

ملحوظہ: اس حدیث کو حماد بن سلمہ نے مرفوع متصل کیا ہے، اور ثابت بُنانی سے یہ حدیث سلیمان بن مغیرہ بھی روایت کرتے ہیں، مگر وہ اس کو ابن ابی لیلیٰ کبیر کا قول قرار دیتے ہیں، حدیث کو مرفوع نہیں کرتے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ’’جنتیوں میں جو سب سے کمتر ہوگا وہ اپنے باغات کی طرف، اپنی بیویوں کی طرف، اپنی نعمتوں کی طرف، اپنے خدام کی طرف، اور اپنی مسہریوں کی طرف، ہزار سال کی مسافت تک دیکھے گا‘‘ یعنی اتنی دور تک اس کی نعمتیں پھیلی ہوئی ہونگی۔ ’’اور جنتیوں میں جو اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز ہوگا وہ اللہ کے

چہرے کی طرف صبح وشام دیکھے گا'' پھر نبی ﷺ نے سورۃ القیامہ کی یہ آیتیں پڑھیں: ''بہت سے چہرے اس دن تروتازہ ہونگے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ہونگے''

ملحوظہ: اسرائیل سے آخر تک اس حدیث کی یہی سند ہے، اور اسرائیل کے بہت سے تلامذہ اس حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، مگر اسرائیل کے ساتھی عبدالملک بن اَبجر: ثُوَیر اور ابن عمرؓ کے درمیان مجاہد کا واسطہ بھی بڑھاتے ہیں، اور حدیث کو موقوف کرتے ہیں اور سفیان ثوری ان کے متابع ہیں، وہ بھی واسطہ بڑھاتے ہیں اور حدیث کو ابن عمرؓ کا قول قرار دیتے ہیں۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا تم بھیڑ کرتے ہو چودھویں کے چاند کے دیکھنے میں؟ کیا تم بھیڑ کرتے ہو سورج کے دیکھنے میں؟'' صحابہ نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''پس بیشک تم عنقریب دیکھو گے اپنے پروردگار کو جس طرح چودھویں کے چاند کو دیکھتے ہو، نہیں بھیڑ کرو گے تم اس کے دیکھنے میں''

سند کی بحث: جابر بن نوح جو کہ ضعیف راوی ہے حدیث کی سند حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ تک پہنچاتا ہے، اور یحییٰ بن عیسیٰ رَملی اس کے متابع ہیں، وہ بھی اسی طرح سند بیان کرتے ہیں، اور اعمش کے شاگرد عبداللہ بن ادریس سند حضرت ابوسعید خدریؓ تک پہنچاتے ہیں، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ سند محفوظ نہیں، پہلی ہی سند اصح ہے، کیونکہ اعمش کے متابع سہیل ہیں، وہ بھی اسی طرح سند پیش کرتے ہیں، البتہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے عطاء بن السائب کی سند سے یہی حدیث بخاری و مسلم میں مروی ہے، اور یہاں اگلے باب میں آرہی ہے، پس وہ حدیث بھی صحیح ہے۔

[۲۵۴۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِىْ لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فِىْ قَوْلِهِ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ قَالَ: " إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، نَادَى مُنَادٍ: إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا!" قَالُوْا: أَلَمْ يُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا، وَيُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ؟ قَالُوْا: بَلَى، فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ، قَالَ:" فَوَ اللّٰهِ مَا أَعْطَاهُمْ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِ"

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا أَسْنَدَهُ حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، وَرَفَعَهُ، وَرَوَى سُلَيْمَانُ بنُ الْمُغِيْرَةِ هٰذَا الحديثَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بنِ أَبِىْ لَيْلَى قَوْلَهُ.

[۲۵۴۹-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، أَخْبَرَنِىْ شَبَابَةُ بنُ سَوَّارٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً: لَمَنْ يَنْظُرُ إِلٰى جِنَانِهِ، وَزَوْجَاتِهِ، وَنَعِيْمِهِ، وَخَدَمِهِ، وَسُرُرِهِ: مَسِيْرَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، وأَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ: مَنْ يَنْظُرُ إِلَى وَجْهِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً، ثُمَّ قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ، إِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ إسْرَائِيْلَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ مُرْفُوْعًا، وَرَوَاهُ عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ أَبْجَرَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ مَوْقُوْفًا، وَرَوَاهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ الأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، حدثنا بِذٰلِكَ أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمدُ بنُ الْعَلَاءِ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۲۵۵۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ طَرِيْفٍ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا جَابِرُ بنُ نُوْحٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تُضَامُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟ تُضَامُّوْنَ فِىْ رُؤْيَةِ الشَّمْسِ؟" قَالُوْا: لَا، قَالَ: "فَإِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ الْقَمَرَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، لَاتُضَامُّوْنَ فِىْ رُؤْيَتِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهٰكَذَا رَوَى يَحْيىَ بنُ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَى عَبْدُ اللّٰهِ بنُ إِدْرِيْسَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، وَحَدِيْثُ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَصَحُّ، وَهٰكَذَا رَوَاهُ سُهَيْلُ بنُ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ مِثْلُ هٰذَا الحديثِ، وَهُوَ حَدِيْثٌ صَحِيحٌ أَيْضًا.

بابٌ

اللہ کی رضامندی سب سے بڑی نعمت ہے

حدیث: عطاء بن یسار حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ جنتیوں سے فرمائیں گے: او جنتیو! پس وہ کہیں گے: بار بار حاضر ہیں ہم اے ہمارے پروردگار! اور یہ حاضری ہمارے لئے سعادت ہے، پس اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: کیا تم خوش ہوگئے؟ یعنی جنت میں جو نعمتیں تم کو دی گئی ہیں ان پر تم راضی ہو؟ جنتی عرض کریں گے: ہمارے لئے کیا چیز مانع ہے کہ ہم خوش نہ ہوں، جبکہ آپ نے ہمیں وہ چیزیں عطا فرمائی ہیں جو اپنی مخلوق میں سے کسی کو عطا نہیں فرمائیں؟! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میں تمہیں ان سب سے بہتر چیز دیتا ہوں، جنتی پوچھیں گے: ان سب سے بہتر چیز کیا ہوسکتی ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: اب میں تم پر اپنی خوشنودی اتارتا ہوں، اب میں کبھی تم سے ناراض نہیں ہوؤں گا۔

تشریح: جنت اور جنت کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر نعمت: دیدارِ الٰہی اور دائمی رضا کا تحفہ ہے، سورۃ التوبہ (آیت ۷۲)

میں ہے: ﴿وَرِضْوَانٌ مِنَ اللّٰهِ أَكْبَرُ، ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ﴾ اور (ان سب نعمتوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب (نعمتوں) سے بڑی نعمت ہے، یہی بڑی کامیابی ہے، اس حدیث میں بھی اسی نعمت عظمیٰ کا تذکرہ ہے، اوراعلان رضا اور دیدار الٰہی ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں، اس لئے ان میں افضل کون ہے؟ یہ سوال خارج از بحث ہے۔

[۱۷-] بابٌ

[۲۵۵۱-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا مَالِكُ بنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! فَيَقُوْلُوْنَ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا وَسَعْدَيْكَ! فَيَقُوْلُ: هَلْ رَضِيْتُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَالَنَا لاَنَرْضَى، وَقَدْ أَعْطَيْتَنَا مَالَمْ تُعْطِ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ! فَيَقُوْلُ: أَنَا أُعْطِيْكُمْ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالُوْا: وَأَيُّ شَيْءٍ أَفْضَلُ مِنْ ذٰلِكَ؟ قَالَ: أُحِلَّ عَلَيْكُمْ رِضْوَانِیْ، فَلاَ أَسْخَطُ عَلَيْكُمْ أَبَدًا هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی تَرَائِی أَهْلِ الْجَنَّةِ فِیْ الْغُرَفِ

جنتی بالاخانوں میں سے ایک دوسرے کو دیکھیں گے

تَراءَ ی القومُ: لوگوں کا ایک دوسرے کو دیکھنا ...... فی الغُرَفِ: أی کائناً فی الغُرَفِ: بالاخانوں میں رہتے ہوئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنتی بالاخانوں میں سے ایک دوسرے کو دیکھیں گے، جیسے مشرقی یا مغربی ستارے کو دیکھتے ہیں جو افق میں ڈوب رہا ہو یا نکل رہا ہو، تفاضل درجات کے ساتھ، صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا یہ انبیاء ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! کچھ اور لوگ بھی ہونگے، جو اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لائے ہونگے، اور انھوں نے رسولوں کی تصدیق کی ہوگی۔

تشریح: مشرق یا مغرب میں جو ستارہ غروب ہو رہا ہو یا نکل رہا ہو اس کو لوگ آنکھیں لمبی کر کے دیکھتے ہیں، اور جو ستارہ سر پر ہو اس کو دیکھنے کے لئے آنکھیں لمبی نہیں کرنی پڑتیں، پس حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ جنتی ایک بالاخانہ سے دوسرے بالاخانہ والے کو اسی طرح آنکھیں لمبی کر کے دیکھیں گے، کیونکہ وہ دور فاصلے پر ہونگے ...... اور ''تفاضل درجات کے ساتھ'' کا مطلب یہ ہے کہ ایک جنتی اپنے اونچے درجہ میں ہوگا، اور دوسرا اپنے نیچے درجہ میں ہوگا، پھر بھی ایک دوسرے کو دیکھیں گے، جب جنتی چاہے گا پردہ ہٹے گا، اور بے تکلف دوست کی زیارت ہوگی، اور اس سے باتیں بھی ہونگی، پھر پردہ پڑ جائے گا ...... اور صحابہ کے سوال وجواب کا مطلب یہ ہے کہ صرف انبیاء کرام کو یہ نعمت حاصل نہیں ہوگی، بلکہ دیگر کامل مؤمنین کو بھی اس نعمت سے سرفراز کیا جائے گا۔

[۱۸-] بابُ ماجاء فی تَرَائِی أَهْلِ الْجَنَّةِ فِیْ الغُرَفِ

[۲۵۵۲-] حدثنا سُوَیْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰہِ، نا فُلَیْحُ بنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ ہِلَالِ بنِ عَلِیٍّ، عَنْ عَطَاءِ بنِ یَسَارٍ، عَنْ أَبِیْ ھریرۃَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" إِنَّ أَہْلَ الْجَنَّۃِ لَیَتَرَاءَ وْنَ فِی الْغُرْفَۃِ، کَمَا یَتَرَاءَ وْنَ الْکَوْکَبَ الشَّرْقِیَّ أَوِ الْکَوْکَبَ الْغَرْبِیَّ، الْغَارِبَ فِی الْأُفُقِ أَوِ الطَّالِعَ: فِیْ تَفَاضُلِ الدَّرَجَاتِ" قَالُوْا: یَارسولَ اللّٰہِ! أُوْلٰئِکَ النَّبِیُّوْنَ؟ قَالَ: " بَلٰی، وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! وَأَقْوَامٌ آمَنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَصَدَّقُوْا الْمُرْسَلِیْنَ " ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فِی خُلُوْدِ أَہْلِ الْجَنَّۃِ وَأَہْلِ النَّارِ

جنتی جنت میں اور جہنمی جہنم میں ہمیشہ رہیں گے

یہاں چند باتیں سمجھ لیں:

پہلی بات: جنت ایمان کی دائمی جزاء ہے، اور جہنم کفر کی دائمی سزا۔ کیونکہ ایمان وکفر ابدی حقیقتیں ہیں، وہ صحیح اور غلط عقیدے ہیں، اور عقیدے ہمیشہ باقی رہتے ہیں، پس ان کی جزاؤسزا بھی ہمیشہ باقی رہے گی، اور یہ بات قرآنِ کریم میں جگہ جگہ بیان ہوئی ہے کہ جنت وجہنم ابدی ہیں اور ایمان وکفر کی جزاؤسزا بھی ابدی ہیں۔

دوسری بات: اعمالِ صالحہ اور اعمالِ سیئہ موقّت ومحدود ہیں، مثلاً جب نماز پڑھ کر فارغ ہوتے ہیں تو عمل تمام ہوجاتا ہے، اسی طرح جب زانی زنا کرکے فارغ ہوتا ہے تو اس کا براعمل پورا ہوجاتا ہے، پس قاعدہ سے اعمال کی جزاؤسزا مؤقت ومحدود ہونی چاہئے، مگر مؤمن کے اعمالِ صالحہ ایمان کے تابع کردیئے جائیں گے اس لئے ان کی جزائے خیر مؤبّد ہوگی، اور کفار کے اعمالِ سیئہ کفر کے تابع کردیئے جائیں گے اس لئے ان کی سزا بھی مؤبد ہوگی۔

دلیل:

(۱) سورۂ یوسف آیت ۵۶ و۵۷ ہے: ﴿وَکَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْأَرْضِ، یَتَبَوَّأُ مِنْھَا حَیْثُ یَشَآءُ، نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ، وَلاَ نُضِیْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ. وَلَأَجْرُ الآخِرَۃِ خَیْرٌ لِلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ﴾

ترجمہ: اور ہم نے اس طرح یوسف علیہ السلام کو سرزمین مصر میں بااختیار بنادیا کہ وہ اس میں جہاں چاہیں رہیں (یعنی ابھی تو وہ قیدخانہ میں تھے اور اب آزادی کے ساتھ پورے ملک کی پیداوار پر مامور ہوگئے، اب وہ پورے ملک میں جہاں چاہیں رہ سکتے ہیں) ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی عنایت سے سرفراز کرتے ہیں اور ہم نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے، یعنی ایمان اور اعمالِ صالحہ کا صلہ دنیا میں نہیں دیتے، البتہ رحمت وبرکت سے جسے چاہتے

ہیں نوازتے ہیں، ہر صالح مؤمن کو دنیا میں خوش حالی عطا نہیں فرماتے، مگر ان کا عمل ضائع نہیں ہوگا، اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے، اور آخرت کا اجر کہیں بڑھ کر ہے، ایمان اور تقوی والوں کے لئے یعنی صالح مؤمنین کو ان کے عمل کی جزاء آخرت میں دی جائے گی اور وہ ابدی ہوگی اور یہی ان کے لئے خیر کی بات ہے۔

ان دونوں آیتوں کا حاصل یہ ہے کہ دنیا میں کسی کسی نیک بندے کو اس کی نیکی کی برکت پہنچائی جاتی ہے، ہر کسی کے ساتھ ایسا معاملہ نہیں کیا جاتا، بلکہ اس کے برعکس معاملہ کیا جاتا ہے۔ حدیث میں ہے: أَشَدُّ الناسِ بلاءً الأنبياءُ ثم الأَمْثَلُ فَالأَمْثَلُ: پھر صالح مؤمنین کو اس دنیا میں جو برکات سے نوازا جاتا ہے تو اس کے لئے کوئی قاعدہ اور ضابطہ نہیں، یہ بات اللہ کی حکمت ومشیت کے تابع ہے ﴿مَنْ نَشَآءُ﴾ کا یہی مطلب ہے، اور صالح مؤمنین کے اعمالِ صالحہ ان کے ایمان کے ساتھ باقی رکھے جاتے ہیں اور ان کا اجر آخرت میں دیا جاتا ہے، کیونکہ یہی بات ان کے لئے بہتر ہے، اگر دنیا میں ان کو اجر دیا جائے گا تو وہ محدود وموقت ہوگا، موت پر وہ صلہ ختم ہوجائے گا، اور یہ بات مؤمنین کے لئے مفید نہیں۔

نیز دنیا دار العمل ہے، دار الجزاء نہیں، پس قاعدہ سے اچھے برے کاموں کی جزا وسزا آخرت میں ہوگی، دنیا میں اگر جزاء یا سزا دی جاتی ہے تو وہ کسی مصلحت سے ہوتی ہے، پس یہ سوال ختم ہوگیا کہ اعمالِ صالحہ کی برکت ہر نیک بندے کو دنیا میں بھی پہنچائی جائے اور آخرت میں بھی اجر وثواب دیا جائے تو اس میں کیا حرج ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ایسا اس لئے نہیں کیا جاتا کہ یہ دنیا دار العمل ہے دار الجزاء دوسری دنیا ہے، اس دنیا میں بونا ہے اور دوسری دنیا میں کاٹنا ہے، دونوں باتیں ایک ساتھ جمع نہیں ہوسکتیں، مزدور جب عمل پورا کرتا ہے تبھی اجرت پاتا ہے۔

(۲) سورۃ المدثر (آیات ۴۱-۴۷) میں ہے: جنتی جنتوں میں مجرموں کا حال پوچھیں گے کہ تم کو دوزخ میں کس بات نے داخل کیا؟ وہ کہیں گے: ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے، اور نہ غریب کو کھانا کھلایا کرتے تھے، یعنی زکوٰۃ نہیں دیا کرتے تھے، اور ہم گھسنے والوں کے ساتھ گھسا کرتے تھے، یعنی اسلام کے خلاف باتیں چھانٹنے والوں کا ساتھ دیا کرتے تھے، اور ہم قیامت کے دن کو جھٹلایا کرتے تھے، یہاں تک کہ ہم کو موت آگئی، یعنی خاتمہ ان برے اعمال پر ہوا اس لئے ہم دوزخ میں ہیں۔

ان آیات سے معلوم ہوا کہ جہنم صرف کفر کی سزا نہیں ہے بلکہ کفار کے اعمالِ سیئہ کی بھی سزا ہے۔

تیسری بات: اور مؤمن کے اعمالِ سیئہ ایمان کے تابع نہیں ہوسکتے، کیونکہ دونوں ہم جنس نہیں، اس لئے ان کی سزا دنیا میں، پھر قبر میں، پھر میدانِ حشر میں، پھر جہنم میں دی جائے گی، اور جب سزا پوری ہوجائے گی، حساب بے باق ہوجائے گا، یعنی اگر دنیا میں سزا پوری ہوگئی تو آگے معاملہ صاف ہے ورنہ قبر میں سزا ہوگی۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمہ اللہ نے ایک حدیث لکھی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میری امت کی زیادہ تر

سزائیں قبر میں نمٹ جائیں گی'' (حدیث پوری ہوئی) اور جن کی سزا پوری نہیں ہوگی وہ میدانِ حشر میں معذب ہونگے، اور اگر اس دن میں بھی سزا پوری نہ ہوئی اور وہ نہ بخشے گئے تو باقی سزا پانے کے لئے جہنم میں جانا ہوگا، پھر وہ سفارشوں کی بنا پر یا سزا بھگت کر ایمان کی وجہ سے جنت میں آئیں گے۔

چوتھی بات: اور کفار کے اعمالِ صالحہ کفر کے تابع نہیں ہوسکتے، کیونکہ دونوں ہم جنس نہیں، اس لئے ان کے اعمال صالحہ کی جزاء ان کو دنیا میں دیدی جاتی ہے، ان کی نیکیاں ان کو دنیا میں کھلا دی جاتی ہیں، نعمتوں کی شکل میں یا بلائیں اور آفتیں روکنے کی صورت میں ان کو صلہ دیدیا جاتا ہے، قبر میں اور اس سے آگے کی زندگیوں میں ان کے لئے کوئی جزائے خیر نہیں، یہ مضمون حدیثوں میں آیا ہے، رہی اعانتِ نبوی کی وجہ سے ابوطالب کی سزا میں تخفیف تو وہ ایک استثنائی معاملہ ہے، ہر کسی کو اس پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سب لوگوں کو ایک سرزمین میں جمع کریں گے، پھر ان پر رب العالمین اوپر سے ظاہر ہونگے، یعنی تجلی فرمائیں گے، پس فرمائیں گے: کیا ہر انسان اس کی پیروی نہیں کرتا جس کی وہ عبادت کیا کرتا تھا؟ پس پیکر محسوس بنائی جائے گی سولی والوں کے لئے ان کی سولی، اور مورتیوں والوں کے لئے ان کی مورتیاں، اور آگ کے پجاریوں کے لئے ان کی آگ۔ پس پیروی کریں گے لوگ اس کی جس کی وہ پوجا کرتے تھے، اور باقی رہ جائیں گے مسلمان، پس ان کے اوپر سے رب العالمین ظاہر ہونگے، پس کہیں گے: کیا تم لوگوں کے پیچھے نہیں جاتے؟ تم میرے پیچھے آؤ، میں تمہارا معبود ہوں، میں تمہیں لے چلتا ہوں (اور بخاری ومسلم میں ہے: وتبقَی هذه الأمةُ، فيها منافقوها، فيأتيهم الله في صورةٍ غيرَ صورته التي يَعْرِفون، فيقول: أنا ربكم: اور باقی رہ جائے گی یہ امت، ان میں ان کے منافقین بھی ہونگے، پس ان کے پاس اللہ تعالیٰ ایسی صورت میں آئیں گے جو ان کی اس صورت کے علاوہ ہوگی جس کو مؤمنین پہچانتے ہیں، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں تمہارا پروردگار ہوں) پس مؤمنین کہیں گے: ہم تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں! ہم تجھ سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں! ہمارا پروردگار اللہ ہے، اور یہ ہماری جگہ ہے، یعنی ہم یہیں انتظار کرتے رہیں گے یہاں تک کہ ہم اپنے پروردگار کو دیکھیں، درانحالیکہ وہ ان کو حکم دے رہے ہوں اور ان کو جما رہے ہوں، یعنی ثابت قدم رکھ رہے ہوں، یعنی اللہ تعالیٰ اپنی شان کے ساتھ جلوہ فرما ہوں، اور ان کی شان حکم دینا اور مؤمنین کو ہولناک موقعوں پر ثابت قدم رکھنا ہے۔

صحابہ نے پوچھا: یارسول اللہ! کیا ہم رب العالمین کو دیکھیں گے، آپؐ نے فرمایا: اور کیا تم ایک دوسرے کو ضرر پہنچاتے ہو چودھویں کے چاند کے دیکھنے میں؟ صحابہ نے کہا: نہیں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: پس بیشک تم ایک دوسرے کو ضرر نہیں پہنچاؤ گے رب العالمین کے دیکھنے میں اس وقت میں۔

پھر رب العالمین پردہ فرمالیں گے، پھر (دوبارہ) اوپر سے ظاہر ہونگے، پس ان کو اپنی پہچان کروائیں گے، پھر

فرمائیں گے: میں تمہارا رب ہوں، پس میری پیروی کرو، پس مسلمان اٹھیں گے، یعنی پیروی کے لئے تیار ہوجائیں گے، اور پل صراط رکھا جائے گا، پس آدمی اس پر گذرے گا تیز رفتار گھوڑے اور اونٹ کی طرح، اور مسلمانوں کا بول پل صراط پر سَلِّمْ سَلِّمْ (بچا بچا) ہوگا، اور دوزخی باقی رہ جائیں گے، یعنی تمام مسلمان پل صراط سے گذر جائیں گے، وہاں تک دوزخی انتظار میں رہیں گے، وہ پل صراط سے بعد میں گذریں گے، اگرچہ وہ میدانِ محشر سے اپنے معبودوں کے پیچھے پہلے چلے ہونگے۔

پھر (جب دوزخیوں کا نمبر آئے گا تو) ان میں سے ایک گروہ جہنم میں ڈالا جائے گا، پس (جہنم سے) پوچھا جائے گا: کیا تو بھر گئی؟ وہ کہے گی: کیا کچھ اور ہے؟ یعنی میں ابھی نہیں بھری، پھر (اسی طرح) جہنم میں فوج در فوج ڈالی جاتی رہے گی اور (ہر بار) پوچھا جائے گا: کیا تو بھر گئی؟ وہ کہے گی: کیا کچھ اور ہے؟ پس جب سب لوگ پوری طرح جہنم میں گھسا دیئے جائیں گے، یعنی کوئی جہنمی باہر نہیں رہے گا تو نہایت مہربان اللہ تعالیٰ جہنم میں اپنا پیر رکھیں گے، اور جہنم کے بعض کو بعض کی طرف سمیٹ دیا جائے گا، پھر اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: بس؟ وہ کہے گی: بس! بس! یعنی اب میں بھر گئی۔

پھر جب اللہ تعالیٰ جنتیوں کو جنت میں داخل کردیں گے اور جہنمیوں کو جہنم میں، تو موت کو گریبان سے پکڑ کر لایا جائے گا، پس اس کو اس دیوار پر کھڑا کیا جائے گا جو جنتیوں اور جہنمیوں کے درمیان ہوگی، پھر پکارا جائے گا: او جنتیو! پس وہ ڈرتے ہوئے اوپر سے جھانکیں گے، پھر پکارا جائے گا: او جہنمیو! پس وہ خوش ہوتے ہوئے اوپر سے جھانکیں گے، وہ سفارش کی امید باندھیں گے، پس دونوں سے پوچھا جائے گا: کیا تم اسے پہچانتے ہو؟ پس وہ اور یہ دونوں کہیں گے: ہم اس کو پہچانتے ہیں (یہ) وہی موت ہے جو ہم پر مسلط کی گئی تھی، پس وہ موت لٹائی جائے گی، پس دیوار پر پوری طرح ذبح کردی جائے گی، پھر کہا جائے گا: او جنتیو! جنت میں ہمیشہ رہو، اب موت نہیں! اور او جہنمیو! جہنم میں ہمیشہ رہو، اب موت نہیں!

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو موت کو لایا جائے گا، سیاہ سفید رنگ کے مینڈھے کی شکل میں، پس وہ جنت وجہنم کے درمیان کھڑا کیا جائے گا، پس وہ ذبح کیا جائے گا، درانحالیکہ وہ (جنتی اور جہنمی) دیکھ رہے ہونگے، پس اگر یہ بات ہوتی کہ کوئی خوشی سے مرجاتا تو جنتی ضرور مرجاتے، اور اگر یہ بات ہوتی کہ کوئی غم سے مرجاتا تو دوزخی ضرور مرجاتے۔

تشریح:

۱- پہلی مرتبہ اللہ پاک انجانی شکل میں مؤمنین کے سامنے ظاہر ہونگے، تاکہ ان کا امتحان ہو کہ وہ اپنے رب کو پہچانتے ہیں یا نہیں؟ چنانچہ انجانی شکل ہونے کی وجہ سے مؤمنین پناہ چاہیں گے، مؤمنین اندھا دھند کسی کے پیچھے چلنے والے نہیں، وہ حق کو ٹھوک بجا کر اور پہچان کر اختیار کرتے ہیں ...... اور ترمذی کی حدیث میں تھوڑا مضمون رہ گیا

تھا جو بخاری و مسلم کی روایت سے بڑھایا ہے......اور ترمذی کے ہندوستانی نسخوں میں یہاں عبارت میں تکرار ہے اس کا خیال رکھا جائے۔

۲-تُضَارُّوْن: الضَّرَر سے ہے، جس کے معنی تنگی اور پریشانی کے ہیں، تَضَارًّا: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا، هل تُضَارُّوْن؟ کیا تم ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے ہو؟ یعنی چودھویں کے چاند کے دیکھنے میں کچھ دھکا مکی ہوتی ہے؟......أُوْعِبُوْا: (فعل مجہول) أَوْعَبَ الشيئَ في الشيئِ: کسی چیز میں کوئی چیز پوری طرح گھسا دینا...... أُزْوِى: (فعل مجہول) ربڑ کی طرح بعض اجزاء کو بعض کے ساتھ ملا دینا۔ الزَّوُّ: کے معنی ہیں: ہم نشیں، جوڑی دار، کہتے ہیں: کان تَوًّا فصار زَوًّا: وہ اکیلا تھا پس دو ہو گئے......قَطْ: بمعنی حَسْبُ: کافی، صرف، اس صورت میں ق مفتوح اور ط ساکن ہوتی ہے، اور کبھی شروع میں ف بڑھا کر فقط بھی کہتے ہیں۔

۳-جنتی ڈرتے ہوئے جھانکیں گے، وہ یہ خطرہ محسوس کریں گے کہ کہیں جنت سے نکلنے کا حکم تو نہیں دیا جائے گا! ......اور جہنمی خوش ہونگے کہ شاید چھٹی مل جائے۔

۴-اس حدیث میں اللہ کے قدم کا ذکر آیا ہے، یہ بات صفاتِ متشابہات میں سے ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس مسئلہ پر کتاب الزکوٰۃ میں گفتگو کی ہے، اور ہم نے بھی وہاں مسئلہ کی پوری وضاحت کی ہے (دیکھیں: تحفہ۲:۵۸۳) اور یہاں امام ترمذیؒ نے اس مسئلہ پر جو کچھ لکھا ہے اس کا ترجمہ یہ ہے (خیال رہے کہ عبارت میں اطناب ہے)

نبی ﷺ سے اس قسم کی بہت سی روایات مروی ہیں، جن میں رویت باری کا معاملہ ذکر کیا جاتا ہے کہ لوگ اپنے پروردگار کو دیکھیں گے، اور (جن روایات میں) پیر کا اور ان چیزوں کا تذکرہ ہے جو ان کے مشابہ ہیں، اور اس سلسلہ میں بڑے علماء کا مذہب: جیسے سفیان ثوری، امام مالک، سفیان بن عیینہ، ابن المبارک، وکیع رحمہم اللہ اور ان کے علاوہ: یہ ہے کہ وہ حضرات ان باتوں کا (جو احادیث میں آئی ہیں) عقیدہ رکھتے ہیں، اور کہتے ہیں: یہ حدیثیں روایت کی جائیں، اور ہم ان پر ایمان رکھتے ہیں، اور نہ پوچھا جائے: کیسے؟ اور یہی وہ بات ہے جس کو محدثین نے اختیار کیا ہے کہ یہ چیزیں اسی طرح روایت کی جائیں جس طرح وہ آئی ہیں، اور ان پر ایمان رکھا جائے، اور ان کی تفسیر نہ کی جائے، اور کوئی خیال بھی نہ پکایا جائے، اور نہ پوچھا جائے: کیسے؟ اور یہی اہل علم کا معاملہ ہے جس کو انھوں نے اختیار کیا ہے اور جس کی طرف وہ گئے ہیں......اور حدیث میں نبی ﷺ کے ارشاد: ''پس پہچانوائیں گے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اپنی ذات'' اس ارشاد کے معنی ہیں کہ اللہ تعالیٰ مؤمنین کے سامنے (متعارف صورت میں) تجلی فرمائیں گے۔

[۱۹-] بابُ ماجاءَ فِي خُلُوْدِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ

[۲۵۵۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ

أَبِیْ هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِیْ صَعِيْدٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ يَطْلُعُ عَلَيْهِمْ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ، فَيَقُوْلُ: أَلَا يَتْبَعُ كُلُّ إِنْسَانٍ مَاكَانُوْا يَعْبُدُوْنَ؟ فَيُمَثَّلُ لِصَاحِبِ الصَّلِيْبِ صَلِيْبُهُ، وَلِصَاحِبِ التَّصَاوِيْرِ تَصَاوِيْرُهُ، وَلِصَاحِبِ النَّارِ نَارُهُ، فَيَتْبَعُوْنَ مَاكَانُوا يَعْبُدُوْنَ، وَيَبْقَى الْمُسْلِمُوْنَ، فَيَطْلُعُ عَلَيْهِمْ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ، فَيَقُوْلُ: أَلَا تَتْبَعُوْنَ النَّاسَ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ! اللّٰهُ رَبُّنَا، وَهٰذَا مَكَانُنَا حَتّٰى نَرَى رَبَّنَا، وَهُوَ يَأْمُرُهُمْ وَيُثَبِّتُهُمْ.

قَالُوْا: وَهَلْ نَرَاهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" وَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟" قَالُوْا: لَا، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" فَإِنَّكُمْ لَاتُضَارُّوْنَ فِیْ رُؤْيَتِهِ تِلْكَ السَّاعَةِ.

ثُمَّ يَتَوَارَى ثُمَّ يَطْلُعُ فَيُعَرِّفُهُمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّبِعُوْنِیْ، فَيَقُوْمُ الْمُسْلِمُوْنَ، وَيُوْضَعُ الصِّرَاطُ، فَيَمُرُّ عَلَيْهِ مِثْلَ جِيَادِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ، وَقَوْلُهُمْ عَلَيْهِ سَلِّمْ! سَلِّمْ!

وَيَبْقَى أَهْلُ النَّارِ، فَيُطْرَحُ مِنْهُمْ فِيْهَا فَوْجٌ، فَيُقَالُ: هَلِ امْتَلَأْتِ، فَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ ثُمَّ يُطْرَحُ فِيْهَا فَوْجٌ فَيُقَالُ: هَلِ امْتَلَأْتِ، فَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ حَتّٰى إِذَا أُوْعِبُوْا فِيْهَا وَضَعَ الرَّحْمٰنُ قَدَمَهُ فِيْهَا، وَأُزْوِیَ بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ، ثُمَّ قَالَ: قَطْ؟ قَالَتْ: قَطْ قَطْ!

فَإِذَا أَدْخَلَ اللّٰهُ تَعَالَى أَهْلَ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلَ النَّارِ النَّارَ، أُتِیَ بِالْمَوْتِ مُلَبَّبًا، فَيُوْقَفُ عَلَى السُّوْرِ الَّذِیْ بَيْنَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! فَيَطْلُعُوْنَ خَائِفِيْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا أَهْلَ النَّارِ! فَيَطْلُعُوْنَ مُسْتَبْشِرِيْنَ، يَرْجُوْنَ الشَّفَاعَةَ، فَيُقَالُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ وَلِأَهْلِ النَّارِ: هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ هٰؤُلَاءِ وَهٰؤُلَاءِ: قَدْ عَرَفْنَاهُ، هُوَ الْمَوْتُ الَّذِیْ وُكِّلَ بِنَا، فَيُضْجَعُ، فَيُذْبَحُ ذَبْحًا عَلَى السُّوْرِ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! خُلُوْدٌ لَامَوْتَ! وَيَا أَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ لَامَوْتَ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۵۵۴-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِیْ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، يَرْفَعُهُ، قَالَ:" إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ: أُتِیَ بِالْمَوْتِ كَالْكَبْشِ الْأَمْلَحِ، فَيُوْقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيُذْبَحُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ، فَلَوْ أَنَّ أَحَدًا مَاتَ فَرَحًا لَمَاتَ أَهْلُ الْجَنَّةِ، وَلَوْ أَنَّ أَحَدًا مَاتَ حُزْنًا لَمَاتَ أَهْلُ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وَقَدْ رُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم رِوَايَاتٌ كَثِيْرَةٌ مِثْلُ هٰذَا: مَا يُذْكَرُ فِيْهِ أَمْرُ الرُّؤْيَةِ: أَنَّ النَّاسَ يَرَوْنَ رَبَّهُمْ، وَذِكْرُ الْقَدَمِ، وَمَا أَشْبَهَ هٰذِهِ الْأَشْيَاءَ، وَالْمَذْهَبُ فِیْ هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنَ الْأَئِمَّةِ مِثْلُ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، وَمَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَسُفْيَانَ بنِ عُيَيْنَةَ، وَابْنِ الْمُبَارَكِ، وَوَكِيْعٍ، وَغَيْرِهِمْ: أَنَّهُمْ رَوَوْا هٰذِهِ الْأَشْيَاءَ، وَقَالُوْا: تُرْوَى هٰذِهِ الْأَحَادِيْثُ، وَنُؤْمِنُ بِهَا، وَلَا يُقَالُ كَيْفَ؟ وَهٰذَا الَّذِیْ

اخْتَارَهُ أَهْلُ الحَدِيْثِ: أَنْ يَرْوُوْا هٰذِهِ الْأَشْيَاءَ كَمَا جَاءَ تْ، وَيُؤْمَنُ بِهَا، وَلَا تُفَسَّرُ، وَلَا يُتَوَهَّمُ، وَلَا يُقَالُ كَيْفَ؟ وَهٰذَا أَمْرُ أَهْلِ الْعِلْمِ الَّذِيْ اخْتَارُوْهُ، وَذَهَبُوْا إِلَيْهِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ فِي الحَدِيْثِ: فَيُعَرِّفُهُمْ نَفْسَهُ يَعْنِيْ يَتَجَلَّى لَهُمْ.

بابُ ماجاء: حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

جنت: ناگواریوں کے ساتھ، اور جہنم: خواہشات کے ساتھ گھیری گئی ہے

حَفَّ الشيئَ (ن) حَفًّا: گھیرنا، احاطہ کرنا...... المكاره: الْمَكْرَہْ کی جمع: ناپسندیدہ بات، گراں بار چیز۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: حُفَّتِ الجنةُ بالمَكَارِهِ، وَحُفَّتِ النارُ بالشهوات: جنت ناگواریوں کے ساتھ گھیری گئی ہے، اور دوزخ خواہشات کے ساتھ گھیری گئی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے جنت وجہنم کو پیدا کیا تو جبرئیل علیہ السلام کو جنت کی طرف بھیجا، اور فرمایا: جنت کو دیکھو، اور ان چیزوں کو دیکھو جو میں نے اس میں جنتیوں کے لئے تیار کی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس جبرئیلؑ جنت میں گئے، اور اس کو دیکھا، اور ان چیزوں کو دیکھا جو اللہ نے اس میں جنتیوں کے لئے تیار کی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پھر جبرئیل علیہ السلام اللہ کی طرف لوٹے، اور کہا: آپ کی عزت کی قسم! جو بھی جنت کا حال سنے گا وہ اس میں ضرور جائے گا! پس اللہ تعالیٰ نے جنت کے بارے میں حکم دیا اور وہ ناگواریوں (دشوار کاموں) کے ساتھ گھیری گئی، پھر اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا: جنت کی طرف دوبارہ جاؤ اور اس کو دیکھو اور ان چیزوں کو دیکھو جو میں نے جنت میں جنتیوں کے لئے تیار کی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: جبرئیل اس کی طرف دوبارہ گئے، پس اچانک دیکھا کہ وہ ناگواریوں کے ساتھ گھیری گئی ہے، پس وہ اللہ کی طرف لوٹے اور کہا: آپ کی عزت کی قسم! بخدا! اب تو مجھے ڈر ہے کہ اس میں کوئی بھی داخل نہیں ہوگا۔

پھر اللہ تعالیٰ نے جبرئیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ جہنم کی طرف جاؤ اور اس کو دیکھو، اور ان چیزوں کو دیکھو جو میں نے اس میں جہنمیوں کے لئے تیار کی ہیں، پس اچانک جبرئیلؑ نے دیکھا کہ جہنم کا بعض بعض پر چڑھ رہا ہے، یعنی شعلے خوب بھڑک رہے ہیں، پس جبرئیلؑ اللہ کی طرف لوٹے اور کہا: آپ کی عزت کی قسم! جو بھی جہنم کا حال سنے گا وہ اس میں ہرگز نہیں جائے گا، پس اللہ تعالیٰ نے حکم دیا اور وہ خواہشات کے ساتھ گھیری گئی، پھر جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا: اس کی طرف دوبارہ جاؤ، جبرئیلؑ اس کی طرف دوبارہ گئے اور (لوٹ کر) کہا: آپ کی عزت کی قسم! مجھے اندیشہ ہے کہ اب اس سے کوئی بچ نہیں سکے گا، ہر شخص اس میں پہنچ جائے گا۔

تشریح: جنت میں لے جانے والے اعمال عام طور پر نفس پر گراں ہوتے ہیں، مگر ان کا انجام اور منتہی جنت

ہے، جس میں دائمی عیش اور راحت کا سامان موجود ہے، پس جو جنت کا خواہش مند ہے: وہ اطاعت والی، مجاہدہ کی زندگی گذارے تاکہ جنت میں اپنا مقام حاصل کرے...... اور جہنم میں لے جانے والے گناہ عام طور پر نفس کا تقاضہ ہوتے ہیں، اور نفسانی خواہشات بڑی لذیذ اور مرغوب ہوتی ہے، مگران کا انجام اور منتہی دوزخ کا دردناک عذاب ہے، جس کی ایک لپٹ زندگی بھر کے مزوں کو ختم کردے گی، پس جو شخص جہنم سے بچنا چاہتا ہے وہ نفس کی خواہشوں سے مغلوب ہوکر معاصی کا ارتکاب نہ کرے، بلکہ نفس سے ٹکڑ لے اور ہر طرح کے گناہوں سے بچنے کی کوشش کرے تاکہ جہنم سے بچ جائے: ﴿فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ، وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ﴾: پس جو شخص دوزخ سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا تو وہ پورا کامیاب ہوگیا (آل عمران ۱۸۵)

[۲۰-] بابُ ماجاء: حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ، وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

[۲۵۵۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَمْرُو بنُ عَاصِمٍ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ، وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۵۵۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، نَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، أَرْسَلَ جَبْرَئِيْلَ إِلَى الْجَنَّةِ، فَقَالَ: انْظُرْ إِلَيْهَا، وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيْهَا، قَالَ: فَجَاءَ هَا، فَنَظَرَ إِلَيْهَا، وَإِلَى مَا أَعَدَّ اللّٰهُ لِأَهْلِهَا فِيْهَا، قَالَ: فَرَجَعَ إِلَيْهِ، قَالَ: فَوَعِزَّتِكَ! لَايَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا، فَأَمَرَ بِهَا فَحُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ، فَقَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهَا، فَانْظُرْ إِلَيْهَا، وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيْهَا، قَالَ: فَرَجَعَ إِلَيْهَا، فَإِذَا هِيَ قَدْ حُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ، فَرَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ! لَقَدْ خِفْتُ أَن لَّايَدْخُلَهَا أَحَدٌ.

قَالَ: اذْهَبْ إِلَى النَّارِ، فَانْظُرْ إِلَيْهَا، وَإِلَى مَا أَعْدَدْتُ لِأَهْلِهَا فِيْهَا، فَإِذَا هِيَ يَرْكَبُ بَعْضُهَا بَعْضًا، فَرَجَعَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ! لَايَسْمَعُ بِهَا أَحَدٌ فَيَدْخُلُهَا، فَأَمَرَ بِهَا، فَحُفَّتْ بِالشَّهَوَاتِ، فَقَالَ: ارْجِعْ إِلَيْهَا، فَرَجَعَ إِلَيْهَا، فَقَالَ: وَعِزَّتِكَ! لَقَدْ خَشِيْتُ أَنَّ لَايَبْقَى أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ملحوظہ: ہندی اور مصری نسخوں میں حدیث کا آخری جملہ: لاَيَنْجُو منها أحد تھا جو صحیح نہیں، تصحیح مشکوٰۃ (حدیث ۵۶۹۶) سے کی ہے۔

بابُ ماجاء فی احْتِجَاجِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

جنت وجہنم میں مباحثہ

عربی میں احتجاج ایسی گفتگو کو کہتے ہیں جس سے اپنی مونچھ اونچی ہو اور دوسرے کی ہیٹی ہو، جنت اور جہنم میں ایسی ہی ایک گفتگو ہوئی، جنت نے کہا: میرے اندر ایسے لوگ آئیں گے جو کمزور اور غریب ہونگے، یعنی اچھے لوگ آئیں گے اگرچہ وہ بظاہر خستہ حال ہونگے پس جہنم نے جواب دیا: میرے اندر سرکش اور متکبر لوگ آئیں گے اگرچہ وہ دل کے خراب ہونگے، یعنی ایک کا ظاہر خراب اور باطن اچھا ہوگا، جنت میں جانے والے دل کے آراستہ اور جسم کے بدحال ہونگے، اور جہنم میں جانے والے دل کے خستہ مگر بظاہر پُر شوکت ہونگے، پس اللہ تعالیٰ نے دونوں میں فیصلہ فرمایا کہ تم میں سے ہر ایک کو ایک جزوی فضیلت حاصل ہے، اور دونوں ہی سے مقصد خداوندی کی تکمیل ہوتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنت اور جہنم میں جھگڑا ہوا، پس جنت نے کہا: میرے اندر کمزور اور غریب لوگ آئیں گے، اور دوزخ نے کہا: میرے اندر سرکش اور متکبر لوگ آئیں گے، یعنی ہر ایک نے دوسرے پر اپنی فوقیت جتلائی پس اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے فرمایا: تو میرا عذاب ہے، میں تیرے ذریعہ بدلہ لیتا ہوں جس سے چاہتا ہوں، اور جنت سے فرمایا: تو میری مہربانی ہے، میں تیرے ذریعہ مہربانی کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں۔

تشریح: اور ہمارے لئے اس گفتگو میں سبق یہ ہے کہ سرکشی اور گھمنڈ سے بچنا چاہئے، اور ظاہر کو سنوارنے کے بجائے باطن کی اصلاح کرنی چاہئے، تاکہ جہنم سے بچ جائیں، اور کمزوروں اور غریبوں کو اپنی حالت زار پر نالاں نہیں ہونا چاہئے، یہ حالت تو جنت میں لے جانے والی ہے۔

[۲۱-] بابُ ماجاء فی احْتِجَاجِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ

[۲۵۵۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" احْتَجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ الْجَنَّةُ: يَدْخُلُنِی الضُّعَفَاءُ وَالْمَسَاكِيْنُ، وَقَالَتِ النَّارُ: يَدْخُلُنِی الْجَبَّارُوْنَ وَالْمُتَكَبِّرُوْنَ. فَقَالَ لِلنَّارِ: أَنْتِ عَذَابِیْ، أَنْتَقِمُ بِكِ مِمَّنْ شِئْتُ، وَقَالَ لِلْجَنَّةِ: أَنْتِ رَحْمَتِیْ، أَرْحَمُ بِكِ مَنْ شِئْتُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء: مَا لِأَدْنٰى أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْكَرَامَةِ؟

معمولی درجہ کے جنتی کی کتنی تکریم ہوگی؟

حدیث (۱): نبی ﷺ سے تین باتیں مروی ہیں:

۱-جنتیوں میں مرتبہ کے اعتبار سے معمولی وہ ہوگا جس کے لئے اسّی ہزار خادم (نوکر) اور بہتّر بیویاں ہونگی، اور اس کے لئے موتی، زبرجد اور یاقوت کا (اتنا بڑا) قبہ کھڑا کیا جائے گا جتنا جابیہ اور صنعاء کے درمیان کا فاصلہ ہے (جابیہ ملک شام میں ہے اور صنعاء یمن میں ہے اور دونوں کے درمیان ایک ماہ کی مسافت ہے)

۲-جنتیوں میں سے جو بھی مرتا ہے، خواہ چھوٹا ہو یا بڑا، وہ جنت میں تیس سالہ عمر کی طرف لوٹایا جائے گا، وہ اس سے کبھی نہیں بڑھے گا، یعنی وہ ہمیشہ اسی عمر میں رہے گا، اور یہی حال دوزخیوں کا ہے۔

۳-جنتیوں کو تاج پہنائے جائیں گے، جن کا معمولی موتی مشرق ومغرب کے درمیان کو روشن کردے گا۔

تشریح: یہ تینوں حدیثیں رشدین بن سعد کی وجہ سے ضعیف ہیں، اور مسلم شریف میں ہے کہ **صِغَارُهم دَعَامِيْصُ الجنة**: جنتیوں کے بچے جنت کے کیڑے ہونگے، یعنی بے روک ٹوک بہشت میں آتے جاتے رہیں گے، اور اس حدیث میں ہے کہ چھوٹے بچے بھی تیس سال کی عمر کی طرف لوٹائے جائیں گے، اس تعارض کا ایک جواب یہ ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے، اور دوسرا جواب یہ ہے کہ وہ تیس سال کی عمر کی طرف لوٹائے جانے سے پہلے کا حال ہے۔ اور تیسرا جواب: یہ ہے کہ یہ بچے جنت کی مخلوق ہیں اور صغارھم میں اضافت ادنی ملابست کی وجہ سے ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مؤمن جب جنت میں اولاد چاہے گا تو حمل، وضع حمل اور عمر رسیدگی ایک ہی لمحہ میں اسی طرح ہوجائے گی جس طرح وہ چاہے گا۔

تشریح: اہل علم میں اس مسئلہ میں اختلاف ہے: بعض کی رائے یہ ہے کہ جنت میں صحبت تو ہوگی مگر اولاد نہیں ہوگی، طاؤس، مجاہد اور ابراہیم نخعی رحمہم اللہ سے ایسا ہی منقول ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: حضرت اسحاق بن راہویہؒ نے حدیث: "جب مؤمن جنت میں اولاد چاہے گا تو وہ اولاد ایک لمحہ میں ہوجائے گی، جیسی مؤمن چاہے گا": اس حدیث کی شرح میں حضرت اسحاق رحمہ اللہ نے فرمایا: مگر مؤمن اولاد نہیں چاہے گا، اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضرت ابورزین عُقیلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جنتیوں کے لئے جنت میں اولاد نہیں ہوگی (حضرت ابورزین عقیلی کی حدیث مسند احمد میں ہے کہ نیک بیویاں نیک مردوں کے لئے ہونگی، اور وہ بھی مردوں کی طرح لذت صحبت محسوس کریں گی **غيرَ أن لاَّ توَالُدَ**: مگر جنت میں توالد وتناسل نہیں ہوگا)

[۲۲-] بابُ ماجاء: مَا لِأَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْكَرَامَةِ؟

[۲۵۵۸-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، ثَنِيْ عَمْرُو بنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً: الَّذِيْ لَهُ ثَمَانُوْنَ أَلْفَ خَادِمٍ، وَاثْنَتَانِ وَسَبْعُوْنَ زَوْجَةً، وَتُنْصَبُ لَهُ قُبَّةٌ مِنْ

لُؤْلُؤٌ وَزَبَرْجَدٍ وَيَاقُوْتٍ، كَمَا بَيْنَ الْجَابِيَةِ إِلَى صَنْعَاءَ"

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ صَغِيْرٍ أَوْ كَبِيْرٍ، يُرَدُّوْنَ بَنِيْ ثَلاَثِيْنَ فِي الْجَنَّةِ، لَا يَزِيْدُوْنَ عَلَيْهَا أَبَدًا، وَكَذٰلِكَ أَهْلُ النَّارِ"

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ عَلَيْهِمُ التِّيْجَانُ؛ إِنَّ أَدْنَى لُؤْلُؤَةٍ مِنْهَا لَتُضِيْءُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ.

[۲۵۵۹-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَامِرٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَبِيْ الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمُؤْمِنُ إِذَا اشْتَهَى الْوَلَدَ فِي الْجَنَّةِ: كَانَ حَمْلُهُ وَوَضْعُهُ وَسِنُّهُ فِيْ سَاعَةٍ كَمَا يَشْتَهِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وَقَدِ اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ فِيْ هٰذَا: فَقَالَ بَعْضُهُمْ: فِي الْجَنَّةِ جِمَاعٌ، وَلَايَكُوْنُ وَلَدٌ، هٰكَذَا يُرْوَى عَنْ طَاوُسٍ، وَمُجَاهِدٍ، وَإِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ، وَقَالَ مُحمدٌ: قَالَ إِسْحَاقُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ فِيْ حَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا اشْتَهَى الْمُؤْمِنُ الْوَلَدَ فِيْ الْجَنَّةِ: كَانَ فِيْ سَاعَةٍ كَمَا يَشْتَهِيْ" وَلٰكِنْ لَايَشْتَهِيْ، قَالَ مُحمدٌ: وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ رَزِيْنٍ الْعُقَيْلِيِّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ أَهْلَ الْجَنَّةِ لَايَكُوْنُ لَهُمْ فِيْهَا وَلَدٌ.

وَأَبُوْالصِّدِّيْقِ النَّاجِيُّ: اسْمُهُ بَكْرُ بنُ عَمْرٍو، وَيُقَالُ بَكْرُ بنُ قَيْسٍ.

بابُ ماجاء فی كَلَامِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ

جنت میں گوری بڑی آنکھوں والی عورتوں کا گانا

الحُوْر: الحَوْرَاءُ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: گوری عورت۔ اور العِیْن: العَیْنَاءُ کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: بڑی آنکھوں والی، اور الحور العین جنت کی عورتوں کا لقب ہے، اور اردو میں صرف ''حور'' کہتے ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں گوری رنگت والیوں اور بڑی آنکھوں والیوں (حوروں) کے لئے اجتماع گاہ ہوگی، جس میں وہ بلند آواز سے گائیں گی (اور) اس جیسی آواز مخلوقات نے کبھی نہیں سنی ہوگی:

ہم ہمیشہ رہنے والیاں ہیں، ہم ہلاک نہیں ہونگی ❁ ہم نرم ونازک ہیں، ہم بدحال نہیں ہونگی
ہم خوش ہونے والیاں ہیں، ہم ناراض نہیں ہونگی ❁ خوش گوار ہے جو ہمارے لئے ہے اور ہم جس کیلئے ہیں

لغات: **المُجْتَمَع:** اجتماع گاہ، جلسہ گاہ ...... **بَادَ يَبِيْدُ بَيْدًا:** ہلاک ہوجانا، ختم ہوجانا ...... **النَّاعمة:** **النَّاعِم** کا مؤنث: نرم ونازک، تروتازہ ...... **بَئِسَ يَبْأَسُ** (س) **بَأْسًا وَبُؤْسًا:** بدحال ہونا، غریب ومحتاج ہونا ...... **الطُّوْبى:** خوشگوار حالت۔

[۲۳-] بابُ ماجاء فی کَلَامِ الحُوْرِ العِيْنِ

[۲۵۶۰-] حدثنا هَنَّادٌ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، قَالاَ: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَمُجْتَمَعًا لِلْحُوْرِ الْعِيْنِ، يَرْفَعْنَ بِأَصْوَاتٍ لَمْ يَسْمَعِ الْخَلاَئِقُ مِثْلَهَا، يَقُلْنَ: نَحْنُ الْخَالِدَاتُ فَلاَ نَبِيْدُ، وَنَحْنُ النَّاعِمَاتُ فَلاَ نَبْأَسُ، وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلاَ نَسْخَطُ، طُوْبَى لِمَنْ كَانَ لَنَا وَكُنَّا لَهُ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَأَبِیْ سَعِيْدٍ، وَأَنَسٍ، حَدِيْثُ عَلِيٍّ حديثٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فی صِفَةِ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ

جنت کی نہروں کا حال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جنت میں پانی کا سمندر ہے، شہد کا سمندر ہے، دودھ کا سمندر ہے اور شراب کا سمندر ہے، پھر وہاں سے نہریں پھوٹتی ہیں (اور جنت میں پہنچتی ہیں)

تشریح: ان نہروں کا ذکر سورۂ محمد (آیت ۱۵) میں ہے: ﴿فِيْهَا أَنْهٰرٌ مِنْ مَاءٍ غَيْرِ آسِنٍ، وَأَنْهٰرٌ مِنْ لَبَنٍ لَمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ، وَأَنْهٰرٌ مِنْ خَمْرٍ لَذَّةٍ لِلشّٰرِبِيْنَ، وَأَنْهٰرٌ مِنْ عَسَلٍ مُصَفًّى﴾: جنت میں بہت سی نہریں ایسے پانی کی ہیں جس میں ذرا تغیر نہیں ہوگا (نہ بو میں، نہ رنگ میں نہ مزہ میں) اور بہت سی نہریں دودھ کی ہیں، جن کا ذائقہ ذرا بدلا ہوا نہیں ہوگا، اور بہت سے نہریں شراب کی ہیں جو پینے والوں کو بہت لذیذ معلوم ہوگی، اور بہت سی نہریں صاف شفاف شہد کی ہیں، اور اس حدیث میں ان نہروں کے سرچشمہ کا بیان ہے کہ یہ نہریں جنت کے چار سمندروں سے پوری جنت میں پھیلیں گی۔

[۲۴-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ أَنْهَارِ الْجَنَّةِ

[۲۵۶۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، نَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَحْرَ الْمَاءِ، وَبَحْرَ الْعَسَلِ، وَبَحْرَ اللَّبَنِ،

وَبَحْرَ الْخَمْرِ، ثُمَّ تُشَقَّقُ الْأَنْهَارُ بَعْدُ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَحَكِيْمُ بنُ مُعَاوِيَةَ: هُوَ وَالِدُ بَهْزٍ.

متفرق احادیث

اب متفرق احادیث ذکر کرتے ہیں، جن پر کوئی باب قائم نہیں کیا۔

۱- جنت کے لئے دعا کرنا اور جہنم سے پناہ چاہنا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ جنت کے لئے دعا کرتا ہے (دعا کا یہی ادب ہے: جب بھی دعا کی جائے تین مرتبہ کی جائے) تو جنت کہتی ہے: اے اللہ! اس کو جنت میں داخل فرما (اس میں تکلم سے غیبت کی طرف التفات ہے) اور جو شخص تین مرتبہ جہنم سے پناہ چاہتا ہے تو جہنم کہتی ہے: اے اللہ! اس کو جہنم سے پناہ دے!

تشریح: یہ حدیث ابواسحاق کے شاگرد ابوالاحوص کی ہے، اور یونس ان کے متابع ہیں، وہ بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں، اور ابواسحاق کے کچھ دوسرے شاگرد حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، بلکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں (یہ حدیث نسائی اور ابن ماجہ وغیرہ میں بھی مرفوع ہے) اور حدیث کا مقصد واضح ہے کہ ہر شخص کو بار بار جنت طلب کرنی چاہئے اور جہنم سے پناہ مانگنی چاہئے۔

[۲۵۶۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ الْجَنَّةُ: اللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَمَنِ اسْتَجَارَ مِنَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَتِ النَّارُ: اللّٰهُمَّ أَجِرْهُ مِنَ النَّارِ"
هٰكَذَا رَوَى يُوْنُسُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ هٰذَا الْحَدِيْثَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ عَنْ بُرَيْدِ بنِ أَبِيْ مَرْيَمَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَوْلُهُ.

۲- مشک کے ٹیلوں پر بیٹھنے والے تین آدمی

حدیث: تین قسم کے لوگ مشک کے ٹیلوں پر ہونگے۔ اور راوی کا خیال ہے کہ نبی ﷺ نے یومَ القیامة بھی فرمایا، یعنی قیامت کے دن یہ حضرات مشک کے ٹیلوں پر ہونگے اور ان پر اگلے اور پچھلے رشک کریں گے (رشک کرنے کا مطلب ابواب الزہد باب ۴۴ ماجاء فی الحُبِّ فی اللہ میں بیان کیا گیا ہے) (۱) وہ شخص جو پانچوں نمازوں کی

اذان دیتا ہے، ہر رات دن میں یعنی کیف ما اتفق پانچ اذانیں دینے کی یہ فضیلت نہیں، بلکہ روزانہ سب اذانیں دینے کی یہ فضیلت ہے (۲) اور وہ شخص جو ایسے لوگوں کی امامت کرتا ہے جو اس سے راضی ہیں (۳) اور وہ غلام جو اللہ کا حق بھی ادا کرتا ہے اور اپنے آقاؤں کا حق بھی ادا کرتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث أبواب البر والصلة باب۵۳ (تحفہ ۵:۳۲۳) میں گذر چکی ہے، اور اس کا راوی ابوالیقظان نہایت ضعیف راوی ہے، مگر امام ترمذیؒ اس سے خوش ہیں، اس لئے حدیث کی تحسین کی ہے۔

[۲۵۶۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي الْيَقْظَانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلَاثَةٌ عَلَى كُثْبَانِ الْمِسْكِ - أُرَاهُ قَالَ: يَوْمَ الْقِيَامَةِ - يَغْبِطُهُمُ الْأَوَّلُوْنَ وَالآخَرُوْنَ: رَجُلٌ يُنَادِيْ بِالصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَرَجُلٌ يُؤُمُّ قَوْمًا وَهُمْ بِهِ رَاضُوْنَ، وَعَبْدٌ أَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيْهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، وَأَبُوْ الْيَقْظَانِ: اسْمُهُ عُثْمَانُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَيُقَالُ: ابنُ قَيْسٍ.

۳-وہ لوگ جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں: (۱) وہ شخص جو رات میں اٹھتا ہے، پس وہ (نماز میں) اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتا ہے (۲) اور وہ شخص جو اپنے دائیں ہاتھ سے کوئی خیرات کرتا ہے جس کو وہ چھپاتا ہے، راوی کا خیال ہے کہ اس حدیث میں مِن شماله بھی ہے، یعنی اپنے بائیں ہاتھ سے چھپاتا ہے (۳) اور وہ شخص جو کسی چھوٹے لشکر میں ہوتا ہے، پس اس کے ساتھی ہار جاتے ہیں، پس وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے، یعنی وہ بھاگنے کے بجائے دشمن کا مقابلہ کرتا ہے۔

سند کا حال: اس حدیث کی یہی ایک سند ہے اور وہ صحیح نہیں، صحیح سند امام شعبہ رحمہ اللہ وغیرہ کی ہے جو آخر میں (حدیث ۲۵۶۷) آرہی ہے، اور یہ سند غیر محفوظ اس لئے ہے کہ ابوبکر بن عیاش بہت زیادہ غلطیاں کرتا تھا اور امام شعبہ اعلیٰ درجہ کے راوی ہیں، اور ان کے متابع بھی ہیں، اور ابوبکر کا کوئی متابع نہیں۔

[۲۵۶۴-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا يَحْيىَ بنُ آدَمَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، يَرْفَعُهُ، قَالَ: "ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتْلُوْ كِتَابَ اللّٰهِ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ صَدَقَةً بِيَمِيْنِهِ يُخْفِيْهَا - قَالَ: أُرَاهُ مِنْ شِمَالِهِ - وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ،

فَانْهَزَمَ أَصْحَابُهُ، فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ"
هٰذَا حديثٌ غريبٌ غَيْرُ مَحْفُوْظٍ،وَالصَّحِيْحُ مَارَوَى شُعْبَةُ وَغَيْرُهُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بنِ حِرَاشٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ كَثِيْرُ الْغَلَطِ.

۴-جب دریائے فرات میں خزانہ ظاہر ہوتو اس کوکوئی نہ لے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: عنقریب دریائے فرات (عراق کا ایک دریا) سونے کے خزانے سے ہٹ جائے گا، پس جو شخص اس موقع پر موجود ہو وہ اس میں سے کچھ نہ لے، اور اس حدیث کے دوسرے طریق میں یہ ہے کہ دریائے فرات سونے کے پہاڑ سے ہٹ جائے گا، یعنی بہت بڑا خزانہ ظاہر ہوگا، اور مسلم شریف میں ہے کہ اس خزانہ کو حاصل کرنے کے لئے بڑی جنگ ہوگی، اور سو میں سے ننانوے مارے جائیں گے، ہر شخص چاہے گا کہ وہ خزانہ اس کے ہاتھ آئے، اس لئے نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس خزانہ میں سے کوئی نہ لے'' اس کو حاصل کرنے کے لئے کوئی اپنی جان نہ گنوائے، اور یہ حدیث أبو اب صفة الجنة میں اس لئے لائی گئی ہے کہ اس خزانہ میں سے کچھ نہ لینا جنت میں جانے کا سبب ہے، ورنہ اس حدیث کا اصل محل أبو اب الفتن ہیں۔

[۲۵۶۵-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا عُقْبَةُ بنُ خَالِدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَدِّهِ حَفْصِ بنِ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُوْشِكُ الفُرَاتُ يَحْسِرُ عَنْ كَنْزٍ مِنَ الذَّهَبِ، فَمَنْ حَضَرَهُ فَلَا يَأْخُذْ مِنْهُ شَيْئًا" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۲۵۶٦-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا عُقْبَةُ بنُ خَالِدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ:" يَحْسِرُ عَنْ جَبَلٍ مِنْ ذَهَبٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۵-وہ لوگ جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، اور وہ لوگ جن سے اللہ تعالیٰ سخت نفرت کرتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تین شخصوں سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، اور تین شخصوں سے اللہ تعالیٰ شدید نفرت کرتے ہیں، پس رہے وہ لوگ جن سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں: (۱) وہ شخص ہے جو کسی قوم کے پاس آیا، پس ان سے اللہ کے لئے مانگا، اس نے ان لوگوں سے باہمی کسی رشتہ داری کی وجہ سے نہیں مانگا (بلکہ صرف اللہ کے لئے مانگا) پس ان لوگوں نے اس کو نہ دیا، پس ان میں سے ایک معین شخص پیچھے رہ گیا، اور اس نے اس کو چپکے سے دیدیا، اس کے عطیہ کو اللہ کے سواء اور اس شخص کے سواء جس کو اس نے دیا ہے کوئی نہیں جانتا (۲) اور وہ لوگ جو رات بھر سفر

کرتے رہے یہاں تک کہ جب نیند ان کے نزدیک زیادہ محبوب ہوگئی، ہر اس چیز سے جو نیند کے ساتھ ہم وزن کی جاتی ہے، یعنی میٹھی نیند ہر چیز سے زیادہ شیریں ہوگئی تو انھوں نے اپنے سر رکھے (اور سو گئے) پس ایک آدمی (نماز میں) کھڑا ہوا وہ میری چاپلوسی (خوشامد) کرتا ہے، اور میری آیتیں تلاوت کرتا ہے (۳) اور وہ شخص جو کسی چھوٹے لشکر میں تھا، پس وہ لشکر دشمن سے بھڑا اور ہار گیا، پس وہ آدمی اپنے سینہ کے ساتھ (دشمن کی طرف) متوجہ ہوا یہاں تک کہ مارا گیا، یا فتح مند ہوا۔

اور وہ تین شخص جن سے اللہ تعالیٰ شدید نفرت کرتے ہیں: (۱) بوڑھا زنا کار (۲) گھمنڈی غریب (۳) اور ظلم شعار مالدار ہیں (یہ گناہ ہر شخص سے برے ہیں مگر ان تین شخصوں سے بہت ہی برے ہیں، بوڑھا ہوگیا مگر بدکاری سے باز نہیں آتا، فقیر ہے، ناک مٹی سے رگڑ کھا رہی ہے مگر سرین آسمان پر چڑھی ہوئی ہے، اور اللہ نے مالدار بنایا ہے جس کا تقاضہ حسن سلوک ہے، مگر وہ لوگوں پر ظلم کرتا ہے، تو ان سے زیادہ برے گناہ کیا ہو سکتے ہیں؟ اس لئے اللہ تعالیٰ کو ان لوگوں سے سخت نفرت ہے)

سند کا بیان: یہ روایت منصور کے شاگرد شعبہؒ کی ہے اور پہلے جو حدیث (نمبر ۲۵۶۴) گذری ہے وہ منصور کے شاگرد اعمش کی تھی جس کو ان سے ابوبکر بن عیاش روایت کرتے تھے، وہ سند صحیح نہیں تھی، یہ روایت صحیح ہے، کیونکہ شیبان امام شعبہ کے متابع ہیں۔

[۲۵۶۷-] حدثنا محمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: ثَنا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرِ بنِ الْمُعْتَمِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بنِ ظَبْيَانَ، رَفَعَهُ إِلَى أَبِيْ ذَرٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" ثَلاَثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلاَثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: فَأَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ:

فَرَجُلٌ أَتَى قَوْمًا فَسَأَلَهُمْ بِاللّٰهِ، وَلَمْ يَسْأَلْهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ، فَمَنَعُوْهُ، فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِأَعْيَانِهِمْ، فَأَعْطَاهُ سِرًّا، لاَيَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ إِلاَّ اللّٰهُ، وَالَّذِيْ أَعْطَاهُ.

وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ، حَتَّى إِذَا كَانَ النَّوْمُ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهِ، فَوَضَعُوْا رُؤُوْسَهُمْ، فَقَامَ رَجُلٌ يَتَمَلَّقُنِيْ، وَيَتْلُوْ آيَاتِي.

وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ، فَهُزِمُوْا، فَأَقْبَلَ بِصَدْرِهِ حَتَّى يُقْتَلَ أَوْ يُفْتَحَ لَهُ.

وَالثَّلاَثَةُ الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: الشَّيْخُ الزَّانِيْ، وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ، وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ"

حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، عَنْ شُعْبَةَ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى شَيْبَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ نَحْوَ هٰذَا، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ بَكْرِ بنِ عَيَّاشٍ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ صِفَةِ جَهَنَّمَ

عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم

دوزخ کے احوال

أبواب صفة الجنة کے شروع میں جو تمہیدی باتیں بیان کی گئی ہیں وہ سب باتیں یہاں بھی ملحوظ رہنی چاہئیں، وہاں یہ بیان کیا گیا ہے کہ جنت کی لذتوں اور راحتوں کو اس دنیا کی لذتوں اور راحتوں سے کوئی نسبت نہیں، وہاں کی نعمتیں ابدی ہیں، اور یہاں کی لذتیں اور راحتیں فانی ہیں، اسی طرح دوزخ کی کلفتیں اس دنیا کے دکھوں سے کوئی نسبت نہیں رکھتیں، وہ کلفتیں ابدی ہیں، اور اس دنیا کی تکلیفیں ختم ہونے والی ہیں، اس لئے قرآن وحدیث کے الفاظ سے جس طرح جنت کے عیش وراحت کا جو نقشہ ہمارے ذہنوں میں قائم ہوتا ہے، وہ اصل حقیقت سے بہت ناقص اور کمتر ہوتا ہے، اسی طرح دوزخ کے عذاب کا جو تصور اور نقشہ ہمارے ذہنوں میں ابھرتا ہے وہ بھی ناقص ہوتا ہے، اور اس کی وجہ وہی ہے جو پہلے بیان کی گئی ہے کہ ہماری زبان کے تمام الفاظ ہماری اس دنیا کی چیزوں کے لئے وضع کئے گئے ہیں، پس جب ہم لفظ سیب یا انگور سنتے ہیں تو دنیا کے سیب اور انگور ہمارے ذہن میں آتے ہیں، اسی طرح جب ہم سانپ بچھو کے الفاظ سنتے ہیں تو اس دنیا کے سانپ بچھو ہمارے ذہن میں آتے ہیں، ہم ان لفظوں سے جنت کے سیب اور انگور کا اور جہنم کے سانپ اور بچھو کا پورا اندازہ نہیں کر سکتے، صرف دھندلا سا تصور ہی قائم ہوسکتا ہے۔

اور جنت ودوزخ کے بارے میں قرآن وحدیث میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے اس کا مقصد وہاں کا جغرافیہ بیان کرنا نہیں ہے، نہ وہاں کے حالات کا صحیح نقشہ پیش کرنا ہے، بلکہ اس بیان کا مقصد جنت کا شوق اور دوزخ کا خوف دلا کر اللہ کی رضا والی، اور دوزخ سے بچا کر جنت میں پہنچانے والی زندگی پر اللہ کے بندوں کو آمادہ کرنا ہے، اور اس مقصد کے لئے جنت ودوزخ سے متعلق قرآن وحدیث میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ بالکل کافی وافی ہے۔

بابُ ماجاء فِی صِفَةِ النَّارِ

دوزخ کا حال

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اس دن یعنی قیامت میں جہنم لائی جائے گی، اس کے لئے ستر ہزار لگامیں ہونگی، ہر لگام کے ساتھ ستر ہزار فرشتے ہونگے، جو اس کو گھسیٹ کر لائیں گے۔

تشریح: اس حدیث کو علاء کے شاگرد حفص بن غیاث نے مرفوع کیا ہے، مگر ثوریؒ مرفوع نہیں کرتے، وہ اس کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں...... قیامت کے دن جنت وجہنم کو میدانِ محشر سے قریب لایا جائے گا، سورۂ ق (آیت ۳۱) میں ہے: ﴿وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ﴾ اور جنت متقیوں سے قریب لائی جائے گی، وہ کچھ دور نہ رہے گی، اور سورۃ الشعراء (آیت ۹۰و۹۱) میں ہے: ﴿وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ﴾ اور قیامت کے دن جنت پرہیز گاروں سے نزدیک کردی جائے گی (تاکہ وہ اس کو دیکھیں اور یہ جان کر کہ وہ اس میں جائیں گے خوش ہوں) اور دوزخ گمراہوں کے سامنے ظاہر کی جائے گی (تاکہ کفار اس کو دیکھ کر غم زدہ ہوں) اور اس حدیث میں جہنم کو میدانِ محشر سے قریب لانے کی صورت بیان کی گئی ہے کہ بے شمار فرشتے اس کو گھسیٹ کر لائیں گے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن دوزخ سے ایک گردن نکلے گی، جس کے لئے دیکھنے والی دو آنکھیں ہونگی، سننے والے دو کان ہونگے، اور بولنے والی ایک زبان ہوگی، وہ گردن کہے گی: میں تین شخصوں پر مسلط کی گئی ہوں، ہر سرکش ضدی پر، اور ہر اس شخص پر جو اللہ کے ساتھ کسی کو پکارتا تھا اور تصویریں بنانے والوں پر''

تشریح: جہنم سے نکلنے والی یہ گردن ان تین شخصوں پر اس لئے مسلط کی جائے گی کہ وہ ان کو اٹھا کر جہنم میں پھینک دے، یا اس لئے مسلط کی جائے گی کہ وہ ان تین شخصوں کو میدانِ قیامت میں رسوا کرے، اور الجبار کے معنی ہیں: سرکش، مغرور ومتکبر، یہی معنی العنید کے ہیں، عَنَدَ فلان (ض) عَنْدًا وَعُنُوْدًا: تکبر کرنا، حد سے زیادہ سرکش ونافرمان ہونا، اور تصویر سازوں کی سزا کا بیان أبو اب اللباس (باب ۱۹، تحفہ ۵: ۸۱) میں گذر چکا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ صِفَةِ جَهَنَّمَ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱-] بابُ مَاجاءَ فِیْ صِفَةِ النَّارِ

[۲۵٦۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عُمَرُ بنُ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ، نَا أَبِیْ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ

خَالِدِ الْكَاهِلِيِّ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”يُؤْتَى بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ، لَهَا سَبْعُوْنَ أَلْفَ زِمَامٍ، مَعَ كُلِّ زِمَامٍ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ، يَجُرُّوْنَهَا“

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: وَالثَّوْرِيُّ لَايَرْفَعُهُ، حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بنُ عُمَرَ، وَأَبُوْ عَامِرٍ الْعَقْدِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْعَلَاءِ بنِ خَالِدٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۲۵۶۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاوِيَةَ الجُمَحِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِى صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” يَخْرُجُ عُنُقٌ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَهُ عَيْنَانِ تُبْصِرَانِ، وَأُذُنَانِ تَسْمَعَانِ، وَلِسَانٌ يَنْطِقُ، يَقُوْلُ: إِنِّىْ وُكِّلْتُ بِثَلَاثَةٍ: بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ، وَبِكُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ، وَبِالْمُصَوِّرِيْنَ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء فى صِفَةِ قَعْرِ جَهَنَّمَ

جہنم کی گہرائی کا بیان

حدیث (۱): حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عتبۃ بن غزوان رضی اللہ عنہ نے (جو جلیل القدر صحابی ہیں، مہاجری اور بدری ہیں، اور جنھوں نے بصرہ بسایا ہے) ہمارے اس منبر پر یعنی بصرہ کے منبر پر نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ پتھر کی بڑی چٹان اگر جہنم کے کنارے سے ڈالی جائے اور وہ جہنم میں ستر سال گرتی چلی جائے تو بھی اپنے ٹھکانہ پر نہیں پہنچے گی (پس جہنم کی گہرائی کا اندازہ کون کرسکتا ہے؟)

حدیث (۲): حضرت عتبۃ بن غزوانؓ نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے: أكثِروا ذكرَ النار، فإنَّ حَرَّها شديدٌ، وإنَّ قَعْرَها بعيدٌ، وَإِنَّ مَقامِعَها حديدٌ: دوزخ کو بکثرت یاد کرو، کیونکہ اس کی گرمی سخت ہے، اس کا پیندا (تلی) بہت دور ہے، اور اس کے گُرز لوہے کے ہیں“

لغات: الشَّفير: کنارہ، گوشہ، شفيرُ جهنم: جہنم کا کنارہ...... هَوَى يَهْوِى هَوِيًّا: اوپر سے نیچے گرنا، قرآن مجید میں ہے: ﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى﴾ ستارے کی قسم: جب وہ گرے یعنی غروب ہو...... القَرَار: تلی، آخری تہ...... القَعْرُ: پیندا، تلی، گہرائی...... المقامع: المِقْمَعَة کی جمع: گُرز، مڑے ہوئے کنارے والا لکڑی کا یا لوہے کا ڈنڈا، جس سے ہاتھی وغیرہ کو قابو میں کرنے کے لئے مارتے ہیں، قرآن کریم میں ہے: ﴿وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ﴾ اور دوزخیوں کو مارنے کے لئے لوہے کے گرز ہونگے (الحج آیت ۲۱)

سند کا بیان: یہ دونوں حدیثیں حضرت حسن بصری رحمہ اللہ حضرت عتبۃ بن غزوان رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، مگر حضرت حسنؒ کا حضرت عتبہؓ سے سماع نہیں، حضرت عتبہؓ دورِ فاروقی میں بصرہ میں آئے ہیں، بلکہ

انھوں نے ہی بصرہ بسایا ہے، اور حضرت حسن کی ولادت جب دورِ فاروقی کے دوسال باقی رہ گئے تب ہوئی ہے، اس لئے یہ دونوں روایتیں منقطع ہیں۔

حدیث (۳): سورۃ المدثر (آیت ۱۷) ہے: ﴿سَأُرْهِقُهُ صَعُوْدًا﴾ عنقریب میں کافر کو (مرنے کے بعد) صعود پر چڑھاؤں گا، اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: صَعود آگ کا ایک پہاڑ ہے جس پر کافر ستر سال تک چڑھے گا، یعنی اتنی مدت میں چوٹی پر پہنچے گا، اور وہ جہنم میں گرے گا، اسی طرح تا ابد ہوتا رہے گا (یہ حدیث ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے)

لغت: الخریف: موسم خزاں، پت جھڑ کا زمانہ (اکیس ستمبر سے اکیس دسمبر تک) اور عربی محاورات میں خریف سے پورا سال مراد لیا جاتا ہے، جیسے اردو محاورات میں بہار سے پورا سال مراد لیا جاتا ہے۔

[۲-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ قَعْرِ جَهَنَّمَ

[۲۵۷۰-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا حُسَيْنُ بنُ عَلِيٍّ الجُعْفِيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بنِ عِيَاضٍ، عَنْ هِشَامِ بنِ حَسَّانٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ عُتْبَةُ بنُ غَزْوَانَ عَلَى مِنْبَرِنَا هٰذَا: مِنْبَرِ الْبَصْرَةِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " إِنَّ الصَّخْرَةَ الْعَظِيْمَةَ لَتُلْقَى مِنْ شَفِيْرِ جَهَنَّمَ، فَتَهْوِیْ فِيْهَا سَبْعِيْنَ عَامًا، مَا تُفْضِی إِلَی قَرَارِهَا "

[۲۵۷۱-] قَالَ: وَكَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ: أَكْثِرُوْا ذِكْرَ النَّارِ، فَإِنَّ حَرَّهَا شَدِيْدٌ، وَإِنَّ قَعْرَهَا بَعِيْدٌ، وَإِنَّ مَقَامِعَهَا حَدِيْدٌ.

لَانَعْرِفُ لِلْحَسَنِ سَمَاعًا عَنْ عُتْبَةَ بنِ غَزْوَانَ، وَإِنَّمَا قَدِمَ عُتْبَةُ بنُ غَزْوَانَ الْبَصْرَةَ فِی زَمَنِ عُمَرَ، وَوُلِدَ الحَسَنُ لِسَنَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ.

[۲۵۷۲-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، نَا حَسَنُ بنُ مُوْسَى، عَنْ ابنِ لَهِيْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِی سَعِيْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " الصَّعُوْدُ: جَبَلٌ مِنْ نَارٍ، يَتَصَعَّدُ فِيْهِ الْكَافِرُ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا، وَيَهْوِیْ فِيْهِ كَذٰلِكَ أَبَدًا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ لَهِيْعَةَ.

بابُ ماجاءَ فی عِظَمِ أَهْلِ النَّارِ

جہنمی عظیم الجثّہ ہونگے

حدیث (۱و۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "قیامت کے دن کافر کی ڈاڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی، اور اس کی ران بیضاء

پہاڑ کے برابر ہوگی، اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ تین دن کی مسافت گھیرے گی، جیسے مدینہ سے ربذہ کی مسافت۔

تشریح: پہلی حدیث محمد بن عمار بن حفص قرظی مدنی اپنے نانا محمد بن عمار بن سعد قرظی سے روایت کرتے ہیں، یہ راوی لابأس به ہے، اور اس کے نانا ثقہ ہیں، مگر ان کے استاذ صالح مولی التوأمہ غیر صالح ہیں، وہ صدوق تھے مگر ان کو اختلاط کا عارضہ پیش آ گیا تھا، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلی حدیث کی صرف تحسین کی ہے، تصحیح نہیں کی۔

اور دوسری حدیث کی سند میں مصعب بن مقدام ہیں، جو صرف صدوق ہیں، اور وہ حدیث میں غلطیاں بھی کرتے تھے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسری حدیث کی بھی صرف تحسین کی ہے (مگر یہ حدیث امام مسلم رحمہ اللہ نے ایک دوسری سند سے (حدیث ۲۸۵۱) بیان کی ہے، اس لئے فی نفسہ حدیث صحیح ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: (دوزخ میں) کافر اپنی زبان ایک فرسخ یا دو فرسخ گھسیٹے گا، اس کو لوگ کچلیں گے۔

تشریح: ایک فرسخ تین میل سے کچھ زائد ہوتا ہے (اٹھارہ ہزار فٹ) ...... سَحَبَ الشیئَ (ف) سَحْبًا: زمین پر گھسیٹنا ...... تَوَطَّأَ الشیئَ بِرِجْلِهِ: پاؤں سے کچلنا ...... اس حدیث کا راوی فضل بن یزید تو ٹھیک ہے، اس سے متعدد ائمہ نے روایت کی ہے، مگر اس کا استاذ ابوالمخارق مجہول ہے (مگر منذری وغیرہ کہتے ہیں: یہ راوی ابوالمخارق نہیں ہے بلکہ ابوالعجلان مُحاربی ہے، اور وہ مقبول راوی ہے، نیز منذری نے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے، یعنی یہ ابن عمرؓ کی روایت نہیں، بلکہ حضرت عبداللہ بن عمرو العاصؓ کی روایت ہے)

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: (جہنم میں) کافر کی کھال کی موٹائی بیالیس ہاتھ ہوگی، اور اس کی ڈاڑھ احد پہاڑ کے برابر ہوگی، اور جہنم میں اس کے بیٹھنے کی جگہ مکہ اور مدینہ کے درمیانی فاصلہ کے بقدر ہوگی (یہ حدیث صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم اور مسند احمد میں عمدہ سند کے ساتھ مروی ہے)

[۳-] بابُ ماجاءَ فی عِظَمِ أَهْلِ النَّارِ

[۲۵۷۳-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا مُحمدُ بنُ عَمَّارٍ، ثَنِيْ جَدِّيْ مُحمدُ بنُ عَمَّارٍ، وَصَالِحٌ مَوْلَى التوْأَمَةِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "ضِرْسُ الْكَافِرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِثْلُ أُحُدٍ، وَفَخِذُهُ مِثْلُ الْبَيْضَاءِ، وَمَقْعَدُهُ مِنَ النَّارِ مَسِيْرَةُ ثَلَاثٍ، مِثْلَ الرَّبَذَةِ" قَوْلُهُ مِثْلُ الرَّبَذَةِ يَعْنِیْ بِهِ كَمَا بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَالرَّبَذَةِ، وَالْبَيْضَاءُ جَبَلٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۲۵۷۴-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا مُصْعَبُ بنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، رَفَعَهُ، قَالَ: "ضِرْسُ الْكَافِرِ مِثْلُ أُحُدٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ حَازِمٍ: هُوَ الْأَشْجَعِيُّ، وَاسْمُهُ

سَلْمَانُ مَوْلَى عَزَّةَ الْأَشْجَعِيَّةَ.

[۲۵۷۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَلِيُّ بنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْفَضْلِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي الْمُخَارِقِ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ الْكَافِرَ لَيَسْحَبُ لِسَانَهُ الْفَرْسَخَ وَالْفَرْسَخَيْنِ، يَتَوَطَّأُهُ النَّاسُ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْفَضْلُ بنُ يَزِيْدَ: كُوْفِيٌّ، قَدْ رَوَى عَنْهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ، وَأَبُوْ الْمُخَارِقِ لَيْسَ بِمَعْرُوْفٍ.

[۲۵۷٦-] حدثنا العَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، نَا شَيْبَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''إِنَّ غِلَظَ جِلْدِ الْكَافِرِ: اثْنَانِ وَأَرْبَعُوْنَ ذِرَاعًا، وَإِنَّ ضِرْسَهُ مِثْلُ أُحُدٍ، وَإِنَّ مَجْلِسَهُ مِنْ جَهَنَّمَ: مَا بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِيْنَةِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ.

بابُ ماجاء فی صِفَةِ شَرَابِ أَهْلِ النَّارِ

جہنمیوں کے مشروب کا بیان

حدیث (۱): سورۃ الدخان (آیات ۴۳-۴٦) ہیں: ﴿إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ، طَعَامُ الْأَثِيْمِ، كَالْمُهْلِ، يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ، كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ﴾: زقوم کا درخت بڑے مجرم (یعنی کافر) کا کھانا ہوگا جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا، وہ پیٹ میں ایسا کھولے گا جیسے تیز گرم پانی کھولتا ہے، اس آیت میں جو ﴿كَالْمُهْلِ﴾ ہے اس کی وضاحت کرتے ہوئے نبی ﷺ نے فرمایا: جیسے تیل کی تلچھٹ، پس جب جہنمی اس کو اپنے چہرے سے قریب کرے گا تو اس کے چہرے کی کھال بال سمیت اس میں گر پڑے گی۔

تشریح: العَكَرُ: ہر چیز کی گاد، تلچھٹ ...... الزيت: روغنِ زیتون، دیگر تیلوں کے لئے بھی یہی لفظ ہے ...... الفَرْوَة: بال دار چمڑا، فَرْوَةُ الرأْس: سر کی بال سمیت کھال ...... یہ حدیث رشدین بن سعد کی وجہ سے ضعیف ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک کھولتا پانی جہنمیوں کے سروں پر ریڑھا جائے گا، پس وہ کھولتا پانی پار ہوجائے گا یہاں تک کہ وہ اس کے پیٹ تک پہنچ جائے گا، پس وہ صاف کردے گا ان (آنتوں) کو جو اس کے پیٹ میں ہیں، یہاں تک کہ وہ اس کے پچھلے راستہ سے نکل جائیں گی، اور یہی ''پگھلانا'' ہے، پھر وہ جیسا تھا ویسا ہی کردیا جائے گا۔

لغات: الحميم: کھولتا ہوا گرم پانی (اسی لفظ کے معنی گہرے دوست کے بھی ہیں) ...... نَفَذَ (ن) نُفُوْذًا فيه ومنه: آر پار ہونا، چیر کر دوسری طرف نکل جانا (سورۃ الرحمٰن آیت ۳۳ میں یہ لفظ اسی معنی میں آیا ہے) ...... خَلَصَ (ن) خُلُوْصًا إِلَى الشيئ: پہنچنا ...... سَلَتَ (ن،ض) سَلْتًا: کسی چیز کے اندر کا سب کچھ نکال لینا، صاف کردینا ......

مَرَقَ (ن) مُرُوْقًا: تیزی کے ساتھ دوسری طرف نکل جانا، آر پار ہوجانا ...... صَهَرَ الشيئَ بالنار (ف) صَهْرًا: پگھلانا، گلانا، سورۃ الحج آیت ۱۹و۲۰ میں ہے: ﴿يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُ وْسِهِمُ الْحَمِيْمُ، يُصْهَرُ بِهِ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ﴾ ان کے سر کے اوپر سے تیز گرم پانی چھوڑا جائے گا، جس سے ان کے پیٹ کی چیزیں اور کھالیں سب گل جائیں گی، یہ حدیث پاک اس آیت کی شرح ہے، اس میں جو پیٹ کے اندر کی چیزوں کے گلنے کا ذکر ہے اس کی نبی ﷺ نے وضاحت فرمائی ہے۔

[٤-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ شَرَابِ أَهْلِ النَّارِ

[۲۵۷۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فِیْ قَوْلِهِ: ﴿كَالْمُهْلِ﴾ قَالَ: "كَعَكَرِ الزَّيْتِ، فَإِذَا قَرَّبَهُ إِلَى وَجْهِهِ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ فِيْهِ" هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ، وَرِشْدِيْنُ: قَدْ تُكُلِّمَ فِيْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

[۲۵۷۸-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا سَعِيْدُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِی السَّمْحِ، عَنْ ابنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: " إِنَّ الْحَمِيْمَ لَيُصَبُّ عَلَى رُؤُوْسِهِمْ، فَيَنْفُذُ الْحَمِيْمُ حَتَّى يَخْلُصَ إِلَى جَوْفِهِ، فَيَسْلِتَ مَا فِیْ جَوْفِهِ، حَتَّى يَمْرُقَ مِنْ قَدَمَيْهِ، وَهُوَ" الصَّهْرُ" ثُمَّ يُعَادُ كَمَا كَانَ"

وَابنُ حُجَيْرَةَ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ حُجَيْرَةَ الْمِصْرِیُّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

حدیث (۳): سورۂ ابراہیم (آیت ۱۶و۱۷) میں ہے: ﴿وَيُسْقٰى مِنْ مَآءٍ صَدِيْدٍ، يَتَجَرَّعُهُ، وَلاَيَكَادُ يُسِيْغُهُ﴾ اوراس کو یعنی کافر کو جہنم میں ایسا پانی پینے کو دیا جائے گا جو کہ پیپ اور لہو کے مشابہ ہوگا جس کو وہ گھونٹ گھونٹ پیئے گا، اور وہ اس کو گلے سے آسانی سے اتار نہیں سکے گا، اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: "وہ پیپ نما کھولتا پانی اس کے منہ سے نزدیک کیا جائے گا، پس وہ اس کو ناگوار ہوگا، پس جب وہ اس سے قریب کیا جائے گا تو وہ اس کے چہرے کو بھون ڈالے گا، اوراس کے سر کی کھال بالوں سمیت گر پڑے گی، پھر جب وہ اس کو پیئے گا تو وہ اس کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردے گا، یہاں تک کہ وہ آنتیں اس کے پچھلے راستہ سے نکلیں گی، اور سورۂ محمد (آیت ۱۵) میں اللہ پاک ارشاد فرماتے ہیں: ﴿وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَ هُمْ﴾ اور جہنمیوں کو کھولتا ہوا پانی پینے کو دیا جائے گا جو ان کی انتڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کردے گا، اور سورۃ الکہف (آیت ۲۹) میں ہے: ﴿وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِی الْوُجُوْهَ، بِئْسَ الشَّرَابُ، وَسَاءَ تْ مُرْتَفَقًا﴾ اور اگر جہنمی پیاس سے فریاد کریں گے تو وہ ایسے پانی سے فریاد رسی کئے جائیں گے

جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا، جو مونہوں کو بھون ڈالے گا، کیا ہی برا پانی ہے، اور کیا ہی وہ آرام کی بری جگہ ہے!

سند کے راوی کی تفصیل: یہ حدیث حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے عبید اللہ بن بسر روایت کرتے ہیں، امام بخاریؒ نے بھی اس راوی کا یہی نام لیا ہے، مگر یہ راوی معروف نہیں، صرف اسی حدیث میں اس کا تذکرہ آیا ہے، اور صفوان بن عمرو: حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے اس حدیث کے علاوہ دوسری حدیثیں روایت کرتے ہیں، اور یہ معروف صحابی ہیں، ان کا ایک بھائی اور ایک بہن بھی صحابہ میں شامل ہیں، دونوں نے نبی ﷺ سے حدیثیں سنی ہیں، پس ممکن ہے صفوان جن عبید اللہ سے حضرت ابوامامہؓ کی یہ حدیث روایت کرتے ہیں، وہ حضرت عبداللہ بن بسر کے بھائی ہوں جو خود بھی صحابی ہیں، جنھوں نے نبی ﷺ سے حدیثیں سنی ہیں، مگر وہ یہ حدیث حضرت ابوامامہؓ سے روایت کرتے ہیں۔

[۲۵۷۹-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا صَفْوَانُ بنُ عَمْرٍو، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَيُسْقٰى مِنْ مَاءٍ صَدِيْدٍ، يَتَجَرَّعُهُ﴾ قَالَ: يُقَرَّبُ إِلٰى فِيْهِ، فَيَكْرَهُهُ، فَإِذَا أُدْنِيَ مِنْهُ شَوَى وَجْهَهُ، وَوَقَعَتْ فَرْوَةُ رَأْسِهِ، فَإِذَا شَرِبَهُ قَطَّعَ أَمْعَاءَهُ، حَتَّى يَخْرُجَ مِنْ دُبُرِهِ، يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿وَسُقُوْا مَاءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ﴾ وَيَقُوْلُ: ﴿وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ، بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا﴾

هٰذا حديثٌ غريبٌ، هٰكَذَا قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ: عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، وَلاَ يُعْرَفُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ بُسْرٍ إِلاَّ فِيْ هٰذَا الحديثِ، وَقَدْ رَوَى صَفْوَانُ بنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ، صَاحِبِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم غَيْرَ هٰذَا الحَدِيْثِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ بُسْرٍ: لَهُ أَخٌ، قَدْ سَمِعَ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأُخْتُهُ: قَدْ سَمِعَتْ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ بُسْرٍ الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ صَفْوَانُ بنُ عَمْرٍو، حَدِيْثَ أَبِيْ أُمَامَةَ: لَعَلَّهُ أَنْ يَكُوْنَ أَخَا عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُسْرٍ.

حدیث (۴): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ﴿كَالْمُهْلِ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: ''جیسے زیتون کے تیل کی گاد، پس جب وہ کھولتا ہوا پانی جہنمی سے قریب کیا جائے گا تو اس کے چہرے کی کھال بالوں سمیت اس میں گر پڑے گی''

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جہنم کے چاروں طرف احاطہ کی چار دیواریں ہیں، ہر دیوار کی موٹائی چالیس سال کی مسافت ہے'' (سُرادق: سَرْدَق کی جمع ہے، چاروں طرف سے گھیرنے والی دیوار یا پردہ)

حدیث (۶): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر جہنمیوں کے زخموں سے بہنے والی پیپ کی ایک بالٹی دنیا میں ریڑھ دی جائے تو وہ ساری دنیا کو بدبودار کردے!'' (یہ حدیث رشدین کی وجہ سے ضعیف ہے)

[٢٥٨٠-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، ثَنِيْ عَمْرُو بنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:﴿ كَالْمُهْلِ﴾ قَالَ: كَعَكَرِ الزَّيْتِ، فَإِذَا قُرِّبَ إِلَيْهِ سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ فِيْهِ "

[٢٥٨١-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: قَالَ:" لَسُرَادِقُ النَّارِ أَرْبَعَةُ جُدُرٍ، كِثَفُ كُلِّ جِدَارٍ مَسِيْرَةُ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً "

[٢٥٨٢-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَوْ أَنَّ دَلْوًا مِنْ غَسَّاقٍ، يُهْرَاقُ فِي الدُّنْيَا، لَأَنْتَنَ أَهْلَ الدُّنْيَا"

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ، وَفِيْ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ مَقَالٌ.

حدیث(۷): سورۂ آلِ عمران (آیت۱۰۲) میں ہے:﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اتَّقُوْا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهِ، وَلَاتَمُوْتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُم مُسْلِمُوْنَ﴾ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو، جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے، اور ہرگز نہ مرو مگر سرافگندہ ہونے کی حالت میں! نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی پھر ارشاد فرمایا: ''اگر زقوم کا ایک قطرہ دنیا میں ٹپکا دیا جائے تو وہ دنیا والوں کی معاش تباہ کردے، پس کیا حال ہوگا اس کا جس کو کھانے کے لئے یہ دیا جائے گا؟

تشریح: الزَّقوم: ایک تلخ اور بدبودار درخت، جس کا پھل دوزخیوں کو کھانے کے لئے دیا جائے گا ...... معایش: المعیشة کی جمع: اسبابِ زندگی، ذریعہ، گذر بسر ...... اور اس ارشاد سے پہلے نبی ﷺ نے جو آیت تلاوت فرمائی ہے اس سے تعلق یہ ہے کہ زندگی کے آخری سانس تک احکام الٰہی کی پیروی ضروری ہے، ورنہ ایمان کے باوجود احکام شرعیہ کی خلاف ورزی کی صورت میں جہنم میں جانا پڑے گا، اور وہاں کھانے کو زقوم ملے گا جس کی کرواہٹ اور بدبو کا حال وہ ہے جو اس حدیث میں بیان کیا گیا ہے...... اور آیت پاک میں جو حَقَّ تُقٰتِهِ فرمایا ہے کہ اللہ سے ڈرو جیسا اس سے ڈرنے کا حق ہے: اس کا مطلب یہ ہے کہ کامل تقوی اختیار کرو، یعنی جس طرح کفر وشرک سے بچے ہوئے ہو سب معاصی سے بھی بچو، تقوی کے ادنی درجہ پر اکتفامت کرو، بلکہ اعلی درجہ کا تقوی اختیار کرو۔

[٢٥٨٣-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ:﴿ اتَّقُوْا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَاتَمُوْتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ﴾ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ أَنَّ قَطْرَةً مِنَ الزَّقُّوْمِ، قُطِرَتْ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا، لَأَفْسَدَتْ عَلَى أَهْلِ الدُّنْيَا مَعَايِشَهُمْ، فَكَيْفَ بِمَنْ يَكُوْنُ طَعَامَهُ "هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی صِفَةِ طَعَامِ أَهْلِ النَّارِ

جہنمیوں کے کھانے پینے کی چیزوں کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جہنمیوں پر بھوک مسلط کی جائے گی، پس وہ اس عذاب کے برابر ہو جائے گی جس میں وہ ہونگے، یعنی ان پر بری طرح بھوک مسلط کی جائے گی، اور وہ بھوک تکلیف میں جہنم کے عذاب کے برابر ہو جائے گی، پس وہ فریاد کریں گے، تو فریاد رسی کئے جائیں گے خاردار جھاڑی کے ذریعہ، یعنی خاردار جھاڑی کھانے کے لئے دی جائے گی، جو نہ فربہ کرے گی، نہ بھوک مٹائے گی، پس وہ فریاد کریں گے کہ ہمیں کھانے کے لئے دو، تو وہ فریاد رسی کئے جائیں گے ایسے کھانے سے جو گلے میں پھنسنے والا ہوگا، پس وہ یاد کریں گے کہ وہ دنیا میں پھنسے ہوئے لقموں کو پانی سے اتارا کرتے تھے، پس وہ فریاد کریں گے کہ ہمیں پینے کے لئے پانی دو، پس ان کو (پینے کے لئے) لوہے کے آنکڑوں سے پکڑ کر کھولتا ہوا پانی دیا جائے گا، جب وہ پانی ان کے چہرے سے قریب ہوگا تو وہ ان کے مونہوں کو بھون ڈالے گا، اور جب وہ ان کے پیٹوں میں اترے گا تو وہ آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا، پس وہ کہیں گے: جہنم کے ذمہ دار فرشتوں کو پکارو، پس فرشتے ان کو جواب دیں گے: ''کیا تمہارے پاس تمہارے رسول واضح دلائل کے ساتھ نہیں آئے تھے؟'' وہ جواب دیں گے: کیوں نہیں! فرشتے کہیں گے: پس تم خود ہی پکارو، اور کافروں کی پکار محض بے اثر ہوگی (سورۃ المؤمن آیت ۴۹)

پھر جہنمی کہیں گے: (جہنم کے داروغے) مالک کو پکارو، پس وہ کہیں گے: اے مالک! چاہئے کہ آپ کا پروردگار ہمارا کام تمام کر دے، یعنی ہمیں موت دیدے، نبی ﷺ نے فرمایا: پس مالک ان کو جواب دیں گے: بیشک تم ہمیشہ اسی حال میں رہو گے (الزخرف ۷۷) اعمشؒ کہتے ہیں: مجھے بتلایا گیا ہے کہ جہنمیوں کی پکار اور مالک کے جواب کے درمیان ہزار سال ہونگے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پھر جہنمی کہیں گے: تم اپنے رب کو پکارو، کیونکہ تمہارے رب سے بہتر کوئی نہیں! پس وہ کہیں گے: اے ہمارے رب! ہم کو ہماری بدبختی نے گھیر لیا، بلاشبہ ہم گمراہ تھے، اے ہمارے رب! ہم کو اس سے نکال، پھر اگر ہم دوبارہ ایسا کریں تو ہم پورے قصوروار ہیں (المؤمنون آیت ۱۰۶)

نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ ان کو جواب دیں گے: ''جہنم میں راندے ہوئے پڑے رہو، اور مجھ سے بات نہ کرو! نبی ﷺ نے فرمایا: تب وہ ہر چیز سے مایوس ہو جائیں گے، اور اس وقت چلانا، پچھتانا اور کم بختی کو پکارنا شروع کریں گے۔

امام دارمی رحمہ اللہ کہتے ہیں: لوگ (رواۃ) اس حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، امام دارمیؒ نے یہ بھی فرمایا کہ

اعمش کی اسی سند سے یہ حدیث حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے، مگر قطبہ ثقہ راوی ہیں، اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، پس ان کا حدیث کو مرفوع کرنا مقبول ہے۔

لغات: اسْتَغَاثَه: مدد کے لئے پکارنا......أَغَاثَهُ: مدد کرنا......الضریع: خاردار گھاس، دوزخ کا ایک خاردار اور بہت کڑوا درخت جو نہایت بدبودار ہے، سورۃ الغاشیہ آیت ٦ میں اس کا ذکر آیا ہے......الغُصَّة: گلے میں اٹک جانے والی کھانے پینے کی چیز یا لقمہ، اُچّھو، جمع الغُصَص......أَجَازَ يُجِيزُ اللقمةَ: گلے میں پھنسے ہوئے لقمہ کو اتارنا...... کلالیب: کَلُّوب کی جمع: لوہے کا آنکڑا جس کا منہ کج ہو......الخَزَنَة: الخازن کی جمع: گودام وغیرہ کا محافظ و منتظم......خَسَأَ الکلبُ: دور ہونا، دھتکارا ہوا ہونا، إِخْسَأْ: میرے پاس سے دور ہو، خَسَأَ الکلبَ: دھتکارنا، دور بھگانا......الزَّفِير: چلانے کا شور۔

[٥-] بابُ ماجاء فی صِفَةِ طَعَامِ أَهْلِ النَّارِ

[٢٥٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَاصِمُ بنُ يُوْسُفَ، نَا قُطْبَةُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بنِ عَطِيَّةَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُلْقَى عَلَى أَهْلِ النَّارِ الْجُوْعُ، فَيَعْدِلُ مَاهُمْ فِيْهِ مِنَ الْعَذَابِ، فَيَسْتَغِيْثُوْنَ، فَيُغَاثُوْنَ بِطَعَامٍ مِنْ ضَرِيْعٍ، لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ، فَيَسْتَغِيْثُوْنَ بِالطَّعَامِ، فَيُغَاثُوْنَ بِطَعَامٍ ذِي غُصَّةٍ، فَيَذْكُرُوْنَ أَنَّهُمْ كَانُوْا يُجِيْزُوْنَ الْغُصَصَ فِي الدُّنْيَا بِالشَّرَابِ، فَيَسْتَغِيْثُوْنَ بِالشَّرَابِ، فَيُدْفَعُ إِلَيْهِمُ الحَمِيْمُ بِكَلَالِيْبِ الحَدِيْدِ، فَإِذَا دَنَتْ مِنْ وُجُوْهِهِمْ شَوَتْ وُجُوْهَهُمْ، فَإِذَا دَخَلَتْ بُطُوْنَهُمْ قَطَّعَتْ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: ادْعُوْا خَزَنَةَ جَهَنَّمَ، فَيَقُوْلُوْنَ: ﴿أَوَلَمْ تَكُ تَأْتِيْكُمْ رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنَاتِ؟ قَالُوْا: بَلٰى، قَالُوْا: فَادْعُوْا وَمَا دُعَاءُ الْكَافِرِيْنَ إِلَّا فِيْ ضَلَالٍ﴾ قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: ادْعُوْا مَالِكًا، فَيَقُوْلُوْنَ: ﴿يَامَالِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ﴾ قَالَ: فَيُجِيْبُهُمْ: ﴿إِنَّكُمْ مَاكِثُوْنَ﴾ قَالَ الْأَعْمَشُ: نُبِّئْتُ أَنَّ بَيْنَ دُعَائِهِمْ، وَبَيْنَ إِجَابَةِ مَالِكٍ إِيَّاهُمْ أَلْفَ عَامٍ، قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: ادْعُوْا رَبَّكُمْ، فَلَا أَحَدَ خَيْرٌ مِنْ رَبِّكُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: ﴿رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا، وَكُنَّا قَوْمًا ضَالِّيْنَ، رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْهَا فَإِنْ عُدْنَا فَإِنَّا ظَالِمُوْنَ﴾ قَالَ: فَيُجِيْبُهُمْ: ﴿اخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ﴾ قَالَ: فَعِنْدَ ذٰلِكَ يَئِسُوْا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ، وَعِنْدَ ذٰلِكَ يَأْخُذُوْنَ فِي الزَّفِيْرِ وَالْحَسْرَةِ وَالْوَيْلِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: وَالنَّاسُ لَايَرْفَعُوْنَ هٰذَا الحديثَ، قَالَ: وَإِنَّمَا رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بنِ عَطِيَّةَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ قَوْلُهُ، وَلَيْسَ بِمَرْفُوْعٍ، وَقُطْبَةُ بنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ هُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ.

حدیث (۲): سورۃ المؤمنون (آیت ۱۰۴) میں ہے: ﴿وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ﴾ وہ جہنم میں منہ بگڑے ہوئے ہونگے: اس کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''آگ دوزخی کو بھون ڈالے گی، پس اس کا اوپر کا ہونٹ اٹھ جائے گا، یہاں تک کہ وہ آدھے سر کے برابر ہوجائے گا، اور اس کا نچلا ہونٹ لٹک جائے گا، یہاں تک کہ وہ اس کی ناف کے برابر ہوجائے گا''

لغات: الکالح: بگڑے ہوئے چہرے والا، کھلے ہوئے ہونٹوں والا، جس کے ہونٹ دانتوں سے چھوٹے ہوں، اور دانت دکھائی دیتے ہوں...... شَوَى اللحمَ يَشْوِيْ شَيًّا: آگ میں بھونا...... تَقَلَّصَ الشيئُ: سمٹنا، سکڑنا۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر یہ بات ہو کہ ایسا پتھر ـــــ اور آپؐ نے کھوپڑی کے مانند کی طرف اشارہ کیا ـــــ آسمان سے زمین کی طرف چھوڑا جائے ـــــ درانحالیکہ وہ پانچ سو سالہ مسافت ہے ـــــ تو وہ رات سے پہلے زمین پر پہنچ جائے گا۔ اور اگر یہ بات ہو کہ وہ پتھر زنجیر کے سرے سے چھوڑا جائے تو وہ چالیس سال تک شب و روز چلتا رہے گا، جہنم کی جڑ میں پہنچنے سے پہلے یا فرمایا: جہنم کی تہ میں پہنچنے سے پہلے''

لغات: الرَّصاصة: عام پتھر اور جاری چشمہ کے گرد لگے ہوئے پتھر...... الجُمْجُمَة: کھوپڑی...... السِّلسلة: زنجیر، جس کا ذکر سورۃ الحاقہ آیت ۲۵ میں آیا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں پہلے مثال ہے کہ آسمان و زمین کے درمیان پانچ سو سالہ مسافت ہے، پھر بھی کھوپڑی جیسا بڑا پتھر اگر آسمان سے زمین کی طرف پھینکا جائے تو وہ رات سے پہلے زمین پر پہنچ جائے گا، پھر مسئلہ ہے کہ جہنم کی زنجیر کے سرے سے اتنا بڑا پتھر اگر جہنم میں چھوڑا جائے تو شب و روز مسلسل چالیس سال گرتے رہنے کے باوجود: جہنم کی تہہ میں نہیں پہنچے گا، پس اندازہ کرو جہنم کتنی گہری ہے؟!

[۲۵۸۵-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ يَزِيْدَ أَبِيْ شُجَاعٍ، عَنْ أَبِيْ السَّمْحِ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ﴿وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ﴾ قَالَ: تَشْوِيْهِ النَّارُ، فَتَقَلَّصُ شَفَتُهُ الْعُلْيَا، حَتَّى تَبْلُغَ وَسْطَ رَأْسِهِ، وَتَسْتَرْخِي شَفَتُهُ السُّفْلَى، حَتَّى تَضْرِبَ سُرَّتَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَأَبُوْ الْهَيْثَمِ: اسْمُهُ سُلَيْمَانُ بنُ عَمْرِو بنِ عَبْدٍ الْعُتْوَارِيُّ، وَكَانَ يَتِيْمًا فِيْ حِجْرِ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

[۲۵۸۶-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللهِ، أَنَا سَعِيْدُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ السَّمْحِ، عَنْ عِيسَى بنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرِو بنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:

" لَوْ أَنَّ رَصَاصَةً مِثْلَ هٰذِهِ ــ وَأَشَارَ إِلٰى مِثْلِ الْجُمْجُمَةِ ــ أُرْسِلَتْ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الأَرْضِ ــ وَهِيَ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ ــ لَبَلَغَتْ الأَرْضَ قَبْلَ اللَّيْلِ، وَلَوْ أَنَّهَا أُرْسِلَتْ مِنْ رَأْسِ السِّلْسِلَةِ، لَسَارَتْ أَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا، اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ، قَبْلَ أَنْ تَبْلُغَ أَصْلَهَا أَوْ: قَعْرَهَا " هٰذَا حديثٌ إِسْنَادُهُ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ نارَكُمْ هٰذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ

دنیا کی آگ جہنم کی آگ کاسترّ واں حصہ ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''تمہاری یہ (دنیا کی) آگ جس کو تم جلاتے ہو جہنم کی (آگ کی) گرمی کی نسبت سے سترّ اجزاء میں سے ایک جزء ہے'' یعنی اس کی گرمی دوزخ کی آگ کی گرمی کا ایک بٹا سترّ ($\frac{1}{70}$) ہے صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! بخدا! یہ دنیا کی آگ ہی کافی تھی! یعنی آخرت میں سزا دینے کے لئے یہ دنیوی آگ ہی بہت تھی اس کا جلانا ہی ناقابل برداشت ہے! آپؐ نے فرمایا: ''جہنم کی آگ انہتر (۶۹) گنا برتری بخشی گئی ہے، جو سب یعنی ہر گنا دنیا کی آگ کی گرمی کے برابر ہے''

حدیث (۲): تمہاری یہ (دنیا کی) آگ جہنم کی آگ کے ستر اجزاء میں سے ایک جز ہے، جہنم کی آگ کے ہر گنا کے لئے دنیوی آگ کی حرارت ہے!''

حدیث (۳): ''جہنم کی آگ کو ہزار سال دہکایا گیا تو وہ سرخ ہوئی، پھر اس کو ہزار سال دہکایا گیا تو وہ سفید ہوئی، پھر اس کو ہزار سال دہکایا گیا تو وہ سیاہ ہوئی، پس دوزخ کی آگ سیاہ تاریک ہے (اس آخری حدیث کو صرف یحییٰ بن ابی بُکیر نے مرفوع کیا ہے، دوسرے روات مثلاً: ابن المبارکؒ وغیرہ اس کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول قرار دیتے ہیں اور یہی اصح ہے)

تشریح: دنیا کی بھی سب آگیں حرارت میں یکساں نہیں، بعض بعض سے بڑھی ہوئی ہیں، جیسے لکڑی کی آگ میں گھاس پھونس کی آگ سے زیادہ گرمی ہے، اور پتھر کے کوئلے کی آگ میں اس سے بھی زیادہ حرارت ہے، اور جب بم پھٹتا ہے اور اس سے آگ نکلتی ہے تو اس کا درجۂ حرارت بدرجہا بڑھا ہوا ہوتا ہے، اور اب ایسے آلات ایجاد ہو گئے ہیں جن سے پتا چلا لیا جاتا ہے کہ کس آگ کی گرمی دوسری آگ سے کس درجہ کم یا زیادہ ہے، اس لئے اب یہ بات سمجھنا کچھ مشکل نہیں، کہ دوزخ کی آگ دنیا کی آگ سے ستر گنا حرارت میں بڑھی ہوئی ہے، اور سترّ کا عدد عربی میں محض کثرت کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اس لئے ممکن ہے اس حدیث میں عدد مراد نہ ہو، بلکہ محاورہ کے مطابق کثرت مراد ہو، پس اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ دوزخ کی آگ اپنی گرمی میں اور جلانے کی صفت میں دنیا کی

آگ سے بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہے۔

یہ ارشاد پاک سن کرصحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! سزا دینے کے لئے دنیا کی یہ آگ ہی کافی تھی! اس پر آپؐ نے اور زیادہ واضح لفظوں میں پہلا والا مضمون دوہرایا، کوئی نیا جواب نہیں دیا، یہ اس بات پر تنبیہ ہے کہ بندوں کو آتش دوزخ سے بچنے کی فکر کرنی چاہئے، آخرت کی چیزوں کی تفصیلات جاننے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ کیا ہے، اور جو کچھ وہ کریں گے: سب ٹھیک ہے (ماخوذ از معارف الحدیث ۱:۲۷۶)

قوله: وحديثُ أبی هريرة فی هذا موقوفٌ أصح: ترمذی کے تمام نسخوں میں موقوفٌ ہے، مگر بظاہر موقوفاً حالتِ نصبی میں ہونا چاہئے۔

[٦-] بابُ ماجاءَ أَنَّ نارَكُمْ هٰذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ

[٢٥٨٧-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم قَالَ:" نَارُكُمْ هٰذِهِ الَّتِیْ تُوْقِدُوْنَ جُزْءٌ وَاحِدٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ " قَالُوْا: وَاللّٰهِ! إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: " فَإِنَّهَا فُضِّلَتْ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّيْنَ جُزْءً كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهَمَّامُ بنُ مُنَبِّهٍ: هُوَ أَخُو وَهْبِ بنِ مُنَبِّهٍ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ وَهْبٌ.

[٧-] بابٌ مِنْهُ

[٢٥٨٨-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِیُّ، أَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، أَنَا شَيْبَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم قَالَ:" نَارُكُمْ هٰذِهِ جَزْءٌ مِنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، لِكُلِّ جُزْءٍ مِنْهَا حَرُّهَا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حديثِ أَبِیْ سَعِيْدٍ.

[٢٥٨٩-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الدُّوْرِیُّ الْبَغْدَادِیُّ، نَا يَحْيىَ بنُ أَبِیْ بُكَيْرٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَن أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم، قَالَ:" أُوْقِدَ عَلَى النَّارِ أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى احْمَرَّتْ، ثُمَّ أُوْقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى ابْيَضَّتْ، ثُمَّ أُوْقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ سَنَةٍ حَتَّى اسْوَدَّتْ، فَهِیَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ"

حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، أَوْ رَجُلٍ آخَرَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَحَدِيْثُ أَبِیْ هريرةَ فِیْ هٰذَا مَوْقُوْفٌ أَصَحُّ، وَلاَ أَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ غَيرَ يَحْيىَ بنِ أَبِیْ بُكَيْرٍ، عَنْ شَرِيْكٍ.

بابُ ماجاء أَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَيْنِ، وَمَا ذُكِرَ: مَنْ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيْدِ؟

دوزخ کے دوسانس، اور یہ بات کہ کونسا مسلمان دوزخ سے نکلے گا؟

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دس حدیثیں ذکر کی ہیں، جن میں دو مضمون ہیں: پہلی حدیث باب کے پہلے جزء سے متعلق ہے، اور باقی حدیثیں دوسرے جز سے متعلق ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''دوزخ نے اپنے پروردگار سے شکایت کی، اس نے کہا: میرا بعض بعض کو کھا گیا! پس اللہ نے اس کے لئے دوسانس بنائے، ایک سانس سردی میں، اور ایک سانس گرمی میں، پس رہا سردی میں اس کا سانس تو وہ زمہریر (سخت جاڑا) ہے، اور رہا گرمی میں اس کا سانس تو وہ لُو (بادسموم) ہے''

تشریح: سانس لینے کی دو صورتیں ہیں: ایک: باہر سے ہوا اندر لینا پھر اس کو باہر نکالنا، حیوانات اسی طرح سانس لیتے ہیں، دوسری: اندر کی گیس باہر نکالنا، جمادات اسی طرح سانس لیتے ہیں، انجن اسی طرح گیس پھینکتے ہیں، یہی ان کا سانس لینا ہے، جہنم بھی اسی طرح دوسانس لیتی ہے، ایک گرمیوں میں ایک سردی میں، اس کے سرد سانس سے دنیا میں سخت سردی ہوتی ہے، اور اس کے گرم سانس سے جھلسا دینے والی لو چلتی ہے۔

رہا یہ سوال کہ سردی گرمی کا بظاہر تعلق سورج کے سر کے قریب آنے اور دور ہونے سے ہے، جہنم سے اس کا کچھ تعلق نہیں، اس کا جواب (تحفہ ۱:۴۵۶) اور رحمۃ اللہ (۳:۳۱۱) میں ہے، جہاں یہ حدیث آئی ہے کہ گرمی کی زیادتی جہنم کے پھیلاؤ سے ہے، اور سورۃ الدہر (آیت ۱۳) میں ہے کہ جنت میں نہ تپش ہے نہ جاڑا ﴿لاَيَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَلاَزَمْهَرِيْرًا﴾ اس کے تقابل سے معلوم ہوتا ہے کہ جہنم کے دو طبقے ہیں: ایک میں شدید حرارت ہے، اور دوسری میں شدید سردی، اور دونوں طبقوں کو سال میں ایک مرتبہ گیس باہر پھینکنے کی اجازت ملی ہے، تا کہ ان کی گرمی سردی میں کچھ کمی آئے، اور خود جہنم کو کچھ آرام ملے، اور یہ حدیث بخاری و مسلم کی ہے، اگر چہ یہاں جو سند ہے اس کا ایک راوی مفضل بن صالح اعلی درجہ کا راوی نہیں، مگر صحیحین میں یہ حدیث دوسری سندوں سے مروی ہے اس لئے حدیث صحیح ہے۔

[۸-] بابُ ماجاء أَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَيْنِ، وَمَا ذُكِرَ: مَنْ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيْدِ؟

[۲۵۹۰-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا الْمُفَضَّلُ بنُ صَالِحٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اشْتَكَتِ النَّارُ إِلٰى رَبِّهَا، وَقَالَتْ: أَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا، فَجَعَلَ لَهَا نَفَسَيْنِ: نَفَسًا فِي الشِّتَاءِ، وَنَفَسًا فِي الصَّيْفِ، فَأَمَّا نَفَسُهَا فِي الشِّتَاءِ فَزَمْهَرِيْرٌ، وَأَمَّا نَفَسُهَا فِي الصَّيْفِ فَسَمُوْمٌ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَبِىْ هريرةَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، وَالْمُفَضَّلُ بنُ صَالِحٍ: لَيْسَ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ بِذَاكَ الْحَافِظِ.

حدیث (۲): شعبہ اور ہشام دونوں قتادہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: پھر ہشام کے الفاظ ہیں: ''دوزخ سے نکلے گا'' اور شعبہؒ کے الفاظ ہیں: ''دوزخ سے نکالو'': اس شخص کو جس نے لا إله إلا الله کہا ہے، اور اس کے دل میں جَو کے دانے کے برابر خیر ہے، جہنم سے نکالو اس شخص کو جس نے لا إله إلا الله کہا ہے اور اس کے دل میں گیہوں کے دانہ کے برابر خیر ہے، جہنم سے نکالو اس شخص کو جس نے لا إله إلا الله کہا ہے اور اس کے دل میں ذرہ بھر خیر ہے، اور امام شعبہؒ نے ذَرَّہ کے بجائے ذُرَة کہا ہے، جس کے معنی ہیں: مکئی یا چینے کا دانہ۔

تشریح: ''جہنم سے نکالو'' یہ خطاب قیامت کے دن ان سفارش کرنے والوں سے ہوگا جن کی سفارش قبول کی جائے گی، ان سے کہا جائے گا: تم جس کے لئے سفارش کررہے ہو اگر اس کے دل میں ایمان ہے، اگرچہ کم سے کم درجہ کا ہے، اس کو جہنم سے نکال لو...... دل میں جَو کے دانے کے برابر، یا گیہوں کے دانے کے برابر، یا مکئی کے دانے کے برابر، یا چینے کے دانے کے برابر خیر ہے: اس سے یہی لا إله إلا الله کہنا مراد ہے، یعنی خواہ کسی درجہ کا ایمان ہو، کمزور سے کمزور ایمان ہو اسے بھی جہنم سے نکال لو...... اور اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جَو کے دانے کا وزن گیہوں کے دانے کے وزن سے زیادہ ہے، بعض ممالک میں ایسا ہی ہوتا ہے، مگر عام طور پر دونوں دانے ہم وزن ہوتے ہیں یا گیہوں کا دانہ وزنی ہوتا ہے...... ذرّہ: چھوٹے سے چھوٹا ریزہ، مادّہ کا نہایت چھوٹا ٹکڑا، فرش سے جو گرد اٹھتی ہے اور جو روزن کی دھوپ میں نظر آتی ہے وہ ذرّہ ہے...... اور چینا ایک قسم کا غلہ ہے جو سرسوں کے دانہ کے مشابہ اور اس سے چھوٹا ہوتا ہے، اس کا رنگ بھی پیلا ہوتا ہے، اور اس پر چھلکا ہوتا ہے، چھلکا اتار کر اس کی کھچڑی پکاتے ہیں، اور روٹی بھی پکا سکتے ہیں...... البتہ محدثین کرام نے اس کو امام شعبہؒ کی تصحیف قرار دیا ہے، مسلم شریف میں اس کی صراحت ہے (کتاب الایمان حدیث ۳۲۵) پس حدیث میں صحیح لفظ ذَرّة ہے، قرآن میں بھی یہی لفظ آیا ہے (سورۃ الزلزال)

[۲۵۹۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، وَهِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: قَالَ هِشَامٌ: يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ، وَقَالَ شُعْبَةُ: أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِىْ قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَايَزِنُ شَعِيْرَةً، أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَكَانَ فِى قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَكَانَ فِىْ قَلْبِهِ مَايَزِنُ ذَرَّةً. وَقَالَ شُعْبَةُ: ''مَايَزِنُ ذُرَةً'' مُخَفَّفَةً.

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

حدیث (۳): نبی ﷺ سے مروی ہے کہ (قیامت کے دن) اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ''جہنم سے نکالو اس شخص کو جس نے (ایمان کے ساتھ) کسی دن مجھے یاد کیا ہے، یا کسی موقع پر مجھ سے ڈرا ہے''

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں دوزخ سے نکالا جائے گا: ایک شخص جہنم سے گھسٹتا ہوا نکلے گا (اور اس کو جنت میں جانے کی اجازت دی جائے گی) پس وہ کہے گا: اے میرے رب! لوگوں نے جنت کی سب جگہیں گھیر لی ہیں یعنی جنت میں کوئی جگہ خالی نہیں، پس میں کہاں جاؤں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس سے کہا جائے گا: یعنی فرشتے اللہ کی طرف سے اس سے کہیں گے: جنت کی طرف چل، اور جنت میں داخل ہو، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ جائے گا تا کہ جنت میں داخل ہوے، پس وہ لوگوں کو پائے گا کہ انھوں نے سب جگہیں گھیر لی ہیں، پس وہ واپس آئے گا اور عرض کرے گا: اے میرے رب! لوگوں نے سب جگہیں گھیر لی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس سے کہا جائے گا: کیا تجھے (دنیا کا) وہ زمانہ یاد ہے جس میں تو تھا؟ وہ کہے گا: ہاں، پس اس سے کہا جائے گا: (اب) آرزو کر، یعنی تجھے کتنی جنت چاہئے، اس کی تمنا کر، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ آرزو کرے گا، پس اس سے کہا جائے گا: تیرے لئے وہ ہے جس کی تو نے آرزو کی ہے اور دنیا کا دس گنا (تجھے دیا جاتا ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ کہے گا: کیا آپ میرے ساتھ ٹھٹھا کرتے ہیں درانحالیکہ آپ شہنشاہ ہیں؟ راوی کہتے ہیں: پس بخدا! میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ ہنسے یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں۔

[۲۵۹۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ رَافِعٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ مُبارَكِ بنِ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِى بَكْرِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَقُوْلُ اللّٰهُ: أَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِىْ يَوْمًا، أَوْ خَافَنِىْ فِىْ مَقَامٍ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۲۵۹۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْراهِيمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّىْ لَأَعْرِفُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا: رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنْها زَحْفًا، فيقُوْلُ: يَارَبِّ قَدْ أَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: انْطَلِقْ إِلَى الْجَنَّةِ، فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَذْهَبُ لِيَدْخُلَ، فَيَجِدُ النَّاسَ قَدْ أَخَذُوْا الْمَنازِلَ، فَيَرْجِعُ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! قَدْ أَخَذَ النَّاسُ الْمَنازِلَ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: أَتَذْكُرُ الزَّمَانَ الَّذِىْ كُنْتَ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ، قَالَ: فَيَتَمَنَّى، فَيُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ الَّذِىْ تَمَنَّيْتَ، وَعَشْرَةَ أَضْعَافِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: أَتَسْخَرُبِىْ، وَأَنْتَ الْمَلِكُ! قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَحِكَ، حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں دوزخ سے نکالا جائے گا اور جو

سب سے آخر میں جنت میں داخل کیا جائے گا: ایک آدمی لایا جائے گا، پس اللہ تعالیٰ (فرشتوں کو) حکم دیں گے کہ اس سے اس کے چھوٹے گناہوں کے بارے میں پوچھو، اور اس کے بڑے گناہ چھپا دو، پس اس سے پوچھا جائے گا کہ تو نے فلاں فلاں دن یہ یہ کام کئے ہیں؟ تو نے فلاں فلاں دن یہ یہ کام کئے ہیں؟ (مثلاً بیڑی پی ہے، گٹکا کھایا ہے؟ وہ اقرار کرے گا، اور دل میں ڈر رہا ہوگا کہ بڑے گناہوں کا نمبر آئے گا تو کیا ہوگا؟) نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس سے کہا جائے گا: تیرے ہر گناہ کے بدلہ میں ایک نیکی ہے، یعنی اس کے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیا جائے گا، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ کہے گا: اے میرے رب! بخدا! میں نے کچھ اور بھی گناہ کئے ہیں، جن کو میں یہاں نہیں دیکھتا، یعنی میں نے تو بڑے بڑے کالے کرتوت کئے ہیں وہ گناہ مجھے یہاں نظر نہیں آرہے، وہ گناہ پہلے حاضر کئے جائیں، پھر ان کو نیکیوں سے بدلا جائے، راوی کہتے ہیں: پس بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ ہنس رہے ہیں، یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں!

لغت: أَخْبِؤُا: فعل امر، صیغہ جمع مذکر حاضر ہے، اس کو مجرد اور مزید دونوں بابوں سے پڑھ سکتے ہیں، خَبَأَه (ف) خَبْئًا: چھپانا، أَخْبَأَه کے بھی یہی معنی ہیں۔

[۲۵۹٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَأَعْرِفُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ، وَآخِرَ أَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلاً الجَنَّةَ: يُؤْتَى بِرَجُلٍ، فَيَقُوْلُ: سَلُوْا عَنْ صِغَارِ ذُنُوْبِهِ، وَأَخْبِؤُا كِبَارَهَا، فَيُقَالُ لَهُ: عَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا؟ عَمِلْتَ كَذَا وَكَذَا فِيْ يَوْمِ كَذَا وَكَذَا؟ قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ حَسَنَةً، قَالَ: فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! لَقَدْ عَمِلْتُ أَشْيَاءَ مَا أَرَاهَا هَاهُنَا، قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَضْحَكُ، حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (٦): نبی ﷺ نے فرمایا: دوزخ میں اہل توحید (ایک اللہ کے ماننے والے گنہ گاروں) کو (بھی) سزا دی جائے گی، یعنی جہنم میں صرف کفار نہیں جائیں گے، نافرمان مسلمان بھی جائیں گے، یہاں تک کہ وہ جہنم میں (جل کر) کوئلہ ہو جائیں گے، پھر ان کو رحمت الٰہی پہنچے گی، پس وہ (جہنم سے) نکالے جائیں گے، اور جنت کے دروازوں پر ڈالے جائیں گے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس جنتی ان پر پانی چھڑکیں گے، پس وہ اُگیں گے جس طرح سیلاب کے ساتھ بہہ کر آئے ہوئے کوڑے میں بیج اگتا ہے، پھر وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے۔

لغات: أهلُ التوحید: ایک اللہ کو ماننے والے، اگرچہ ان کا تعلق گمراہ فرقوں سے ہو، مگر ضروری ہے کہ وہ دائرہ ایمان سے باہر نہ ہوئے ہوں تو ان کو بھی جہنم سے نکالا جائے گا...... الحُمَم: حُمَمَة کی جمع: کوئلہ، آگ سے جلی ہوئی

ہر چیز......الغُثَاءُ: کوڑا کرکٹ جو سیلاب کے ساتھ بہہ کر آتا ہے، اس میں مختلف چیزوں کے بیج بھی ہوتے ہیں، جو بعد میں اگتے ہیں، یہی بیج یہاں مراد ہیں......الحُمَالَة: کوڑا کرکٹ جو نالا بہا کر لاتا ہے......اور یہ حدیث مسلم شریف میں مفصل ہے۔

[۲۵۹۵-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يُعَذَّبُ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيْدِ فِى النَّارِ، حَتَّى يَكُوْنُوْا فِيْهَا حُمَمًا، ثُمَّ تُدْرِكُهُمُ الرَّحْمَةُ، فَيُخْرَجُوْنَ، وَيُطْرَحُوْنَ عَلَى أَبْوَابِ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَيَرُشُّ عَلَيْهِمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْمَاءَ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا يَنْبُتُ الغُثَاءُ فِىْ حُمَالَةِ السَّيْلِ، ثُمَّ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ.

حدیث (۷): نبی ﷺ نے فرمایا: دوزخ سے نکالا جائے گا ہر وہ شخص جس کے دل میں ذرہ بھر یعنی کمزور سے کمزور ایمان ہے، حدیث کے راوی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس جس کو شک ہو وہ سورۃ النساء کی آیت ۴۰ پڑھے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ ذرہ بھر ظلم نہ کریں گے۔

تشریح: جس کے دل میں ذرہ بھر بھی ایمان ہوگا اس کو اللہ تعالیٰ ضرور اس کا بدلہ دیں گے، کیونکہ اگر اس کو اس کا بدلہ نہ دیا جائے تو وہ ظلم ہوگا، جس کی اس آیت میں نفی کی گئی ہے، اور ایمان کا بدلہ جنت ہے، پس کمزور سے کمزور ایمان والے کو بھی کسی نہ کسی دن جنت میں ضرور پہنچایا جائے گا۔

[۲۵۹۶-] حدثنا سَلَمَةُ بنُ شَبِيْبٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "يُخْرَجُ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِىْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنَ الإِيْمَانِ" قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: فَمَنْ شَكَّ فَلْيَقْرَأْ﴿ إِنَّ اللّٰهَ لَايَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۸): نبی ﷺ نے فرمایا: دو شخص اُن (مؤمنین) میں سے جو جہنم میں گئے ہیں: بہت زیادہ روئیں گے، چلائیں گے، پس پروردگار حکم دیں گے کہ دونوں کو دوزخ سے نکالو، وہ دونوں نکالے جائیں گے، ان سے اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: تم دونوں اس قدر کیوں رو چلا رہے ہو؟ وہ جواب دیں گے: ہم نے یہ حرکت اس لئے کی ہے کہ آپ ہم پر رحم فرمائیں، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میرا رحم تم پر یہ ہے کہ تم دونوں جاؤ، اور خود کو وہیں ڈالو جہاں تم دوزخ میں تھے، پس دونوں چلیں گے، اور ان میں سے ایک خود کو (جہنم میں) ڈالے گا، پس اللہ تعالیٰ جہنم کو اس کے لئے بردوسلام بنادیں

گے، اور دوسرا کھڑا رہے گا، وہ خود کو (جہنم میں) نہیں ڈالے گا، پس اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے: تجھے کس چیز نے روکا کہ تو خود کو (جہنم میں) ڈالے، جس طرح تیرے ساتھی نے ڈالا ہے؟ وہ عرض کرے گا: اے میرے رب! مجھے امید تھی کہ آپ مجھے جہنم سے نکالنے کے بعد پھر اس میں نہیں لوٹائیں گے، پس پروردگار فرمائیں گے: تیرے لئے تیری امید ہے، یعنی تیری امید پوری کی جاتی ہے، پس دونوں ہی اللہ کی مہربانی سے جنت میں داخل کئے جائیں گے (اس حدیث کی سند میں دو راوی ضعیف ہیں: ایک: رشدین بن سعد، دوسرے عبدالرحمٰن افریقی، مگر دونوں کا ضعف قابل برداشت ہے، رشدین کے حالات کے لئے دیکھیں: تحفہ (۱:۲۷۲) اور افریقی کے حالات کے لئے دیکھیں: تحفہ (۱:۲۸۴)

[۲۵۹۷-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، أَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا رِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ، قَالَ: ثَنِيْ ابنُ أَنْعُمَ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ رَجُلَيْنِ مِمَّنْ دَخَلَ النَّارَ اشْتَدَّ صِيَاحُهُمَا، فَقَالَ الرَّبُّ تبارَكَ وَتعَالٰى: أَخْرِجُوْهُمَا، فَلَمَّا أُخْرِجَا قَالَ لَهُمَا: لِأَيِّ شَيْئٍ اشْتَدَّ صِيَاحُكُمَا؟ قَالاَ: فَعَلْنَا ذٰلِكَ لِتَرْحَمَنَا، قَالَ: رَحْمَتِيْ لَكُمَا: أَنْ تَنْطَلِقَا، فَتُلْقِيَا أَنْفُسَكُمَا حَيْثُ كُنْتُمَا مِنَ النَّارِ، فَيَنْطَلِقَانِ، فَيُلْقِيْ أَحَدُهُمَا نَفْسَهُ، فَيَجْعَلُهَا عَلَيْهِ بَرْدًا وَسَلاَمًا، وَيَقُوْمُ الآخَرُ فَلاَ يُلْقِيْ نَفْسَهُ، فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تبارَكَ وَتعَالٰى: مَا مَنَعَكَ أَنْ تُلْقِيَ نَفْسَكَ كَمَا أَلْقَى صَاحِبُكَ؟ فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! إِنِّي لَأَرْجُوْ أَنْ لاَتُعِيْدَنِيْ فِيْهَا بَعْدَ مَا أَخْرَجْتَنِيْ، فَيَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تبارَكَ وَتعَالٰى: لَكَ رَجَاؤُكَ! فَيُدْخَلاَنِ الْجَنَّةَ جَمِيْعًا بِرَحْمَةِ اللّٰهِ "

إِسْنَادُ هٰذَا الحديثِ ضَعِيْفٌ، لِأَنَّهُ عَنْ رِشْدِيْنَ بنِ سَعْدٍ، وَرِشْدِيْنُ بنُ سَعْدٍ: هُوَ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ، عَنْ ابنِ أَنْعُمَ وَهُوَ الإِفْرِيْقِيُّ، وَالإِفْرِيْقِيُّ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الحَدِيْثِ.

حدیث (۹): نبی ﷺ نے فرمایا: ضرور میری امت کی ایک جماعت میری سفارش کی وجہ سے جہنم سے نکالی جائے گی جو "جہنمی" کہلائیں گے۔

تشریح: نسائی میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ان کو جنتی: جہنمی کہہ کر پکاریں گے، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: هٰؤُلآءِ عُتَقَاءُ اللهِ: یعنی یہ جہنمی نہیں ہیں، بلکہ جہنم سے آزاد کردہ ہیں، اور مسلم شریف میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے، پس اللہ تعالیٰ ان کا یہ نام ہٹا دیں گے، یعنی جنتی اس نام سے پکارنا چھوڑ دیں گے، اور یہ حدیث بخاری شریف میں کتاب الرقاق کے آخر میں ہے (حدیث ۶۵۶۶)

[۲۵۹۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، نَا الحَسَنُ بنُ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَيُخْرَجَنَّ قَوْمٌ مِنْ أُمَّتِيْ

مِنَ النَّارِ بِشَفَاعَتِيْ، يُسَمَّوْنَ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ“
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ رَجَاءٍ العُطَارِدِيُّ: اسْمُهُ عِمْرَانُ بنُ تَيْمٍ، وَيُقَالُ: ابنُ مَلْحَانَ.

حدیث (۱۰): نبی ﷺ نے فرمایا: ما رأَيْتُ مثلَ النار: نَامَ هارِبُها، وَلاَ مِثْلَ الجنة: نَامَ طَالِبُهَا: میں نے دوزخ جیسا حال نہیں دیکھا: اس سے بھاگنے والا سورہا ہے! اور میں نے جنت جیسا حال (بھی) نہیں دیکھا: اس کا چاہنے والا سورہا ہے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی یحییٰ بن عبید اللہ محدثین کے نزدیک ضعیف ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ دونوں کو بیدار رہنا چاہئے، جو جہنم سے بچنا چاہتا ہے اسے جہنم سے بچنے کا سامان کرنا چاہئے، مگر عجیب بات ہے کہ وہ سورہا ہے، اسی طرح جنت کے خواہش مندوں کو بھی جنت کی تیاری میں لگنا چاہئے، مگر عجیب بات ہے کہ وہ بھی سورہا ہے، اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ دونوں بیدار ہو جائیں، اور جہنم سے بچنے کا اور جنت میں جانے کا سامان کریں۔

[۲۵۹۹-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” مَا رَأَيْتُ مِثْلَ النَّارِ: نَامَ هَارِبُهَا، وَلاَ مِثْلَ الْجَنَّةِ: نَامَ طَالِبُهَا “
هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَيَحْيَى بنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ، تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ

دوزخ میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہوگی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے جنت میں جھانکا تو میں نے وہاں زیادہ تعداد غریبوں کی دیکھی، اور میں نے دوزخ میں جھانکا تو میں نے وہاں زیادہ تعداد عورتوں کی دیکھی۔

تشریح: جنت میں غریبوں کی تعداد دو وجہ سے زیادہ ہوگی: پہلی وجہ: دنیا میں غریبوں کی تعداد زیادہ ہے، پس جنت میں بھی ان کی تعداد زیادہ ہوگی۔ دوسری وجہ: غریبوں کو دنیا میں حرام اور ناجائز کاموں سے زیادہ واسطہ نہیں پڑتا، اس لئے آخرت میں بھی ان کے پاس حساب کا جھمیلا نہیں ہوگا: ما ہیچ نہ داریم غم ہیچ نہ داریم!...... اور جہنم میں عورتوں کی تعداد اُس وجہ سے زیادہ ہوگی جو أبواب الإيمان باب ۶ (حدیث ۲۶۱۱) میں آئے گی۔

سند کا بیان: یہ روایت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے، اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے بھی،

اور دونوں حدیثیں ابورجاء عطاردی کی ہیں، پھر ایوب سختیانی نے حضرت ابن عباسؓ تک سند پہنچائی ہے، اورعوف اعرابی نے حضرت عمرانؓ تک، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: دونوں سندوں میں کچھ کمی نہیں، پس ممکن ہے ابورجاء نے دونوں ہی سے یہ حدیث سنی ہو، اس لئے دونوں حدیثیں صحیح ہیں (حضرت عمرانؓ کی حدیث بخاری میں ہے اور حضرت ابن عباسؓ کی حدیث مسلم شریف میں ہے، اور ایوب اور عوف دونوں کے متابع موجود ہیں)

[٩-] بابُ ماجاءَ أَنَّ أَكْثَرَ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ

[٢٦٠٠-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِى رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اطَّلَعْتُ فِى الْجَنَّةِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِى النَّارِ، فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ"

[٢٦٠١-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا ابنُ أَبِى عَدِيٍّ، وَمُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، وَعَبْدُ الوَهَّابِ، قَالُوْا: نَا عَوْفٌ، عَنْ أَبِى رَجَاءٍ العُطَارِدِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اطَّلَعْتُ فِى النَّارِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا النِّسَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِى الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ أَكْثَرَ أَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا يَقُوْلُ عَوْفٌ، عَنْ أَبِى رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَيَقُوْلُ أَيُّوْبُ: عَنْ أَبِى رَجَاءٍ، عَن ابنِ عَبَّاسٍ: وَكِلاَ الإِسْنَادَيْنِ لَيْسَ فِيْهِمَا مَقَالٌ، وَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ أَبُوْ رَجَاءٍ سَمِعَ مِنْهُمَا جَمِيْعًا، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ عَوْفٍ أَيْضًا هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِى رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ.

بابٌ

وہ جہنمی جسے سب سے ہلکا عذاب ہوگا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "دوزخیوں میں عذاب کے اعتبار سے سب سے ہلکا وہ شخص ہے جس کے دونوں پیروں کے تلووں میں دو چنگاریاں ہونگی، جن سے اس کا دماغ کھولے گا!"

لغت: الأَخْمَص: تلوا، پاؤں کا نچلا بیچ کا حصہ جو زمین سے نہیں لگتا۔

تشریح: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث بخاری ومسلم میں اس طرح ہے: "دوزخیوں میں سب سے ہلکے عذاب والا وہ شخص ہوگا جس کی چپلیں اور ان کے تسمے آگ کے ہونگے، ان کی گرمی سے اس کا دماغ اس طرح کھولے گا جس طرح چولہے پر دیگچی کھولتی ہے، وہ نہیں خیال کرے گا کہ کوئی شخص اس سے زیادہ سخت عذاب میں ہے، یعنی وہ خود کو سب سے زیادہ سخت عذاب میں سمجھے گا، حالانکہ وہ دوزخیوں میں سب سے ہلکے عذاب والا ہوگا۔

[١٠-] بابٌ

[٢٦٠٢-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا وَهْبُ بنُ جَرِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بنِ بَشِيْرٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا: رَجُلٌ فِيْ أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ، يَغْلِيْ مِنْهُمَا دِمَاغُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، وَعَبَّاسِ بنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ.

بابٌ

خاکساری اچھا وصف ہے اور گھمنڈ برا!

حدیث: نبی ﷺ نے صحابہ سے پوچھا: کیا میں تمہیں جنتی لوگ نہ بتلاؤں؟ (سوال سے مقصود جواب نہیں ہے، بلکہ توجہ طلب کرنا مقصود ہے، جب لوگ متوجہ ہوئے تو آپؐ نے فرمایا) کُلُّ ضعيفٍ مُتَضَعَّفٍ، لو أَقْسَمَ على اللّٰهِ لَأَ بَرَّهُ: ہر کمزور ناتواں گردانا ہوا: اگر اللہ پر قسم کھالے تو اللہ اس کی قسم ضرور پوری کریں (پھر آپؐ نے دوسرا سوال کیا:) کیا میں تمہیں دوزخی لوگ نہ بتلاؤں؟ (پھر بتایا) کُل عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُتَكَبِّرٍ: ہر اکھڑ مزاج، اکڑ کر چلنے والا گھمنڈی (دوزخی ہے، اور یہ حدیث متفق علیہ ہے)

لغات: كل ضعيفٍ: اور کل عُتُلٍّ سے پہلے هم مبتدا محذوف ہے...... **الضعيف:** کمزور...... **المُتَضَعَّف:** (اسم مفعول) ناتواں قرار دیا ہوا، یعنی جس کو لوگ حقیر سمجھیں، اور اس کی حالت کی کمزوری کی وجہ سے اس پر ظلم کریں، اس کا فعل تَضَعَّفَه ہے، اور بعض نے اس کو مُتَضَعِّف (اسم فاعل) پڑھا ہے، اس صورت میں معنی ہونگے: ناتواں ہونے والا یعنی بے حیثیت، گمنام...... أَبَرَّ اليمينَ: قسم کو پورا کرنا...... **العُتُلّ:** اکھڑ مزاج، عَتَلَهُ (ض) سختی کے ساتھ گھسیٹنا، سورۃ القلم (آیت ۱۳) میں یہ لفظ آیا ہے: ﴿عُتُلٍّ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ﴾ سخت مزاج، علاوہ ازیں: دوسرے خاندان کی طرف منسوب ہونے والا، اور دوسری جگہ فعل استعمال ہوا ہے: ﴿خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ إِلٰى سَوَاءِ الْجَحِيْمِ﴾ اسے پکڑو، اور زور سے گھسیٹ کر جہنم کے بیچ میں ڈالو...... **الجوّاظ:** اکڑ کر چلنے والا، جاظَ (ن) جَوْظًا: اکڑ کر چلنا۔

تشریح: حدیث کا مفہوم سمجھنے کے لئے پہلے دو باتیں سمجھیں:

پہلی بات: دوسری زبانوں کی طرح عربی میں بھی تابع آتا ہے، مگر دوسری زبانوں میں تابع مہمل (بے معنی) ہوتا ہے، اور عربی میں تابع معنی دار ہوتا ہے، اور تابع کے ذریعہ ادنی سے اعلی کی طرف ترقی ہوتی ہے، پھر تابع اور متبوع مل کر ایک مفہوم ادا کرتے ہیں، جیسے سورۃ النساء میں ہے: ﴿نُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا﴾ ہم ان کو نہایت گھنے

سایہ میں داخل کریں گے، یہاں ظِلٌّ کے معنی میں ظَلِیْل نے تاکید پیدا کی ہے، پس یہ ادنی سے اعلی کی طرف ترقی ہے۔اور ایسا دو وجہ سے کیا جاتا ہے: ایک: زبان کی تنگ دامنی کی وجہ سے،لغت میں کوئی ایسا جامع لفظ نہیں ہوتا جو سارا مفہوم ادا کرے، پس چند لفظ ملا کر مفہوم ادا کیا جاتا ہے، دوسری وجہ: منبع (سرچشمہ) کی نشاندہی مقصود ہوتی ہے، جیسے جوضعیف ہوگا اسی کو لوگ ناتواں قرار دیں گے اور اس پر ظلم کریں گے، زبردست کو کوئی ہاتھ نہیں لگاتا، اُس سے سب ڈرتے ہیں، اسی طرح گھمنڈ کا آغاز اکھڑپن سے ہوتا ہے اور درمیانی مرحلہ اترا کر چلنا ہے۔

دوسری بات: دوسری زبانوں میں ایک ہی تابع آتا ہے، کیونکہ وہ مہمل ہوتا ہے، جیسے: کھانا وانا، چائے وائے، بات چیت وغیرہ، اور عربی میں ایک سے زیادہ تابع بھی آتے ہیں، کیونکہ وہ معنی دار ہوتے ہیں، اور ادنی سے اعلی کی طرف ترقی ہوتی ہے، اس لئے متعدد تابع آسکتے ہیں، مگر خیال رہے کہ ایک موصوف کی متعدد صفتیں بھی حرف عطف کے بغیر آتی ہیں، جو موصوف میں قیدیں بڑھاتی ہیں، جیسے: زیدٌ العالمُ الفاضلُ العاقلُ حاضر، اور توابع قید نہیں ہوتے، بلکہ معنی میں زیادتی کرتے ہیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ پہلے جملہ میں مُتضعَّف: ضعیف کا تابع ہے، ضعیفٌ کے معنی ہیں: کمزور، اور متضعّف کے معنی ہیں: کمزور قرار دیا ہوا، یعنی انتہائی ناتواں جس کو لوگ حقیر سمجھتے ہوں، اور دوسرے جملہ میں عُتُلّ کے معنی ہیں: اکھڑ مزاج، جواظ نے اس کے معنی میں زیادتی کی ہے، یعنی سخت مزاجی کے ساتھ اکڑ کر چلنے والا، اور متکبر نے معنی میں اور زیادتی کی ہے یعنی گھمنڈی بھی۔

پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ تواضع اور خاکساری وصفِ محمود ہے، جب وہ انتہائی درجہ کی دینداری کے ساتھ جمع ہو تو وہ جنت نشیں بنانے والا ہے، اس لئے فرمایا: ہر کمزور، کمزور قرار دیا ہوا کہ اگر وہ بظاہر نوشتہ تقدیر کے خلاف قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم پوری کردیں، یہ اس کی انتہائی دینداری کی علامت ہے، پس جب یہ بات تواضع کے ساتھ جمع ہو تو وہ دخولِ جنت کا سبب ہوگی۔ اسی طرح جہنم میں لے جانے والا وصف گھمنڈ ہے، اور اس کے ساتھ کفر وغیرہ کی کوئی قید نہیں، پس مؤمن بھی اگر اکھڑ مزاج اکڑ کر چلنے والا گھمنڈی ہے تو جہنم میں جائے گا، پناہ بخدا!

[۱۱-] بابٌ

[۲۶۰۳-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْبَدِ بنِ خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَارِثَةَ بنَ وَهْبِ الخُزَاعِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ الْجَنَّةِ؟ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ، أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَهْلِ النَّارِ؟ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُتَكَبِّرٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الإيمان

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ایمان کا بیان

أبواب الزهد سے تعلق رکھنے والے ابواب پورے ہوئے، اب ایمان کا بیان شروع کرتے ہیں، کیونکہ قرآن مجید کی متعدد آیات میں عمل صالح کے ساتھ ایمان کی قید آئی ہے، سورۃ النساء (آیت ۱۲۴) میں ہے: ﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصَّالِحَاتِ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ﴾ الآيةَ: جو بھی شخص کوئی نیک کام کرے گا، خواہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ مؤمن ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہونگے، اوران پر ذرّہ بھر ظلم نہ ہوگا۔ اور سورۃ النحل (آیت ۹۷) میں، اور سورۃ المؤمن (آیت ۴۰) میں بھی یہ مضمون آیا ہے، اس لئے اعمالِ صالحہ کے بیان سے فارغ ہوکر اب ایمان کا بیان شروع کرتے ہیں، وہ قید ہونے کے اعتبار سے مؤخر ہے، اگرچہ شرط ہونے کے اعتبار سے مقدم ہے۔

ایمان کے معنی:

ایمان کے لغوی معنی ہیں: تصدیق کرنا، یعنی کسی کے اعتماد واعتبار پر اس کی بات کو سچا ماننا، اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کے پیغمبروں نے جو ایسی حقیقتیں ہم کو بتلائی ہیں جو ہمارے حواس اور آلاتِ ادراک کی حدود سے ماوراء ہیں، اور انھوں نے جو علم وہدایت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں پہنچائی ہے، ان سب باتوں کو سچ ماننا اور ان انبیاء کی تصدیق کرنا، اور ان کے لائے ہوئے دین کو قبول کرنا، یہی ایمانِ شرعی ہے۔ ایمانِ شرعی کا تعلق درحقیقت ایسے امورِ غیب سے ہے جن کو ہم آلاتِ احساس وادراک (آنکھ، ناک، کان وغیرہ) کے ذریعہ معلوم نہیں کرسکتے، اس لئے قرآن کریم میں ایمان کے ساتھ ﴿بِالْغَيْبِ﴾ کی قید آئی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ، ان کی صفات، اور ان کے احکام، رسولوں کی رسالت، ان پر وحی کی آمد، اور مبدأ ومعاد کے تعلق سے: ان حضرات نے جو اطلاعات دی ہیں ان سب کو ان کی سچائی کے اعتماد پر حق جان کر دل سے قبول کرنے کا نام اصطلاحِ شریعت میں ایمان ہے، اور پیغمبر کی اسی قسم کی بتلائی ہوئی باتوں میں سے کسی ایک بات کو بھی نہ ماننا، یا اس کو حق نہ سمجھنا اس کی تکذیب ہے، جو آدمی کو ایمان کے دائرے سے

خارج کر کے کفر کی سرحد میں داخل کر دیتی ہے، غرض مؤمن ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ان تمام باتوں کی جو اللہ تعالیٰ کے پیغمبروں نے اللہ کی طرف سے بتلائی ہیں: تصدیق کرے اور ان کو حق مان کر قبول کرے۔

امورِ ایمان:

امورِ ایمان کو عقائد اسلام بھی کہا جاتا ہے، یہ عقائد اگر پھیلائے جائیں تو بہت ہیں، بہشتی زیور میں پچاس عقیدے بیان کئے ہیں، لیکن اگر ان کو سمیٹا جائے تو وہ چھ عقیدے ہیں، جن کا ذکر حدیث جبرئیل میں آیا ہے، اور جن کو ''ایمان مفصل'' میں لیا گیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ پر، فرشتوں پر، اللہ کی کتابوں پر، اللہ کے رسولوں پر، قیامت کے دن پر (مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر) اور بھلی بری تقدیر پر ایمان لانا، اور اگر مزید سمیٹا جائے تو صرف دو بنیادی عقیدے رہ جاتے ہیں جو کلمہ طیبہ میں لئے گئے ہیں، یعنی توحید اور رسالت محمدی کا اقرار پھر مزید سمیٹا جائے تو بنیادی عقیدہ لا إله إلا الله ہے، مگر یہ وہ لا إله إلا الله ہے جس میں رسالت محمدی وغیرہ تمام عقائد شامل ہیں۔

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: ایک انچ ربڑ لیں، اور اس کو دونوں کناروں سے پکڑ کر کھینچیں تو ایک ہاتھ لمبا ہو جائے گا، پھر چھوڑ دیں تو ایک انچ رہ جائے گا، اسی طرح تمام عقائد سمٹ کر لا إله إلا الله رہ جاتے ہیں، اور وہی پھیل کر پچاس عقیدے بن جاتے ہیں۔

ایمانیات کی تفصیل:

۱- اللہ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے موجود، وحدہ لاشریک لہ، خالق کائنات، اور رب العالمین ہونے کا یقین کیا جائے، اور ہر عیب ونقص سے ان کو پاک اور ہر صفتِ کمال سے ان کو متصف مانا جائے۔

۲- اور فرشتوں پر ایمان لانا یہ ہے کہ مخلوقات میں ان کو ایک مستقل نوع کی حیثیت سے ان کے وجود کو تسلیم کیا جائے، اور یقین کیا جائے کہ وہ اللہ کی پاکیزہ اور محترم مخلوق ہیں، ہر شر اور نافرمانی سے پاک ہیں، ان کا کام اللہ کی بندگی اور ان کی جوڈیوٹیاں ہیں ان کو بخوبی انجام دینا ہے، اور وہی اللہ کے پیغامات رسولوں تک پہنچاتے ہیں۔

۳- اور اللہ کی کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ یقین کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے وقتاً فوقتاً اپنے رسولوں کے ذریعہ ہدایت نامے بھیجے ہیں، ان میں سب سے آخری پیغام قرآن مجید ہے، جو پہلی سب کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے، یعنی گذشتہ کتابوں کی تعلیم کا خلاصہ اور نچوڑ قرآن کریم میں لے لیا گیا ہے، پس یہ آخری کتاب سب سے مستغنی کرنے والی کتاب ہے۔

۴- اور اللہ کے رسولوں پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس حقیقت کو تسلیم کیا جائے کہ اللہ نے اپنے بندوں کی راہنمائی کے لئے وقتاً فوقتاً اور مختلف علاقوں میں اپنے برگزیدہ بندوں کو اپنی ہدایت کا پیغام ودستور دے کر بھیجا

ہے، اورانھوں نے پوری امانت و دیانت کے ساتھ خدا کا وہ پیغام بندوں کو پہنچایا ہے، اور لوگوں کو راہِ راست پر لانے کی پوری پوری کوششیں کی ہیں، یہ سب پیغمبر اللہ کے برگزیدہ اور صادق بندے تھے، اس لئے ان رسولوں کی تصدیق کرنا، اور بحیثیت پیغمبران کا پورا پورا احترام کرنا ایمان کی شرائط میں سے ہے، نیز اس پر ایمان لانا بھی ضروری ہے کہ اس سلسلہ نبوت کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کر دیا گیا ہے، آپؐ خاتم الانبیاء اور اللہ کے آخری رسول ہیں، اب قیامت تک انسانوں کی نجات وفلاح آپؐ ہی کی ہدایت کی پیروی میں منحصر ہے۔

۵-اور اس دنیا کے آخری دن پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اس حقیقت کا یقین کیا جائے کہ یہ دنیا ایک دن فنا کر دی جائے گی، اور اس آخری دن میں اللہ تعالیٰ جزاء وسزا کے فیصلے کریں گے، اور اس کے مطابق لوگ جنت اور جہنم میں جائیں گے، قیامت کا یہ عقیدہ سارے نظام دین کی بنیاد ہے، اگر کوئی اس کا قائل نہ ہو تو پھر کسی دین ومذہب اور تعلیمات وہدایات کو ماننے کی اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی، اور بعث بعد الموت کا عقیدہ یوم آخر کے عقیدے میں شامل ہے۔

اور موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ پہلی موت سے صرف جسم مرتا ہے، روح نہیں مرتی، وہ عالم برزخ میں چلی جاتی ہے، پھر جب اس دنیا کا آخری دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ تمام اجسام کو زمین سے دوبارہ بنائیں گے، پھر ان کی طرف ان کی روحیں لوٹائیں گے، پس نئی زندگی شروع ہو جائے گی، پھر حساب وکتاب ہوگا، جزاء وسزا کے فیصلے ہونگے، اور لوگ جنت وجہنم میں پہنچ کر دم لیں گے، اور وہاں تا ابد نعمتوں میں یا عذاب میں رہیں گے۔

۶-اور بھلی بری تقدیر پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ازل میں اس عالم کے لئے ایک پلاننگ کی ہے، اور یہ بات طے کر دی ہے کہ کیا کیا چیزیں، کونسے عقیدے اور کونسے اعمال انسان کے لئے مفید ہیں، اور کونسے مضر۔ مثلاً: گھی مفید ہے اور زہر مضر ہے، اسی طرح ایمان مفید ہے اور کفر وشرک مضر ہیں، نماز روزہ مفید ہیں اور زنا اور چوری مضر ہیں، یہ اللہ کی ازلی پلاننگ ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے، لوگ مادی چیزوں کی حد تک اللہ تعالیٰ کی تقدیر کو مانتے بھی ہیں اور اس پر عمل پیرا بھی ہیں، تجربہ سے جن چیزوں کا مفید ہونا ثابت ہوتا ہے اس کو اختیار کرتے ہیں، اور مضر چیزوں سے بچتے ہیں، اسی طرح معنویات (ایمان وعمل) کے سلسلہ میں بھی پیغمبروں نے اللہ کی طرف سے جو ہدایات دی ہیں ان کو ماننا اور ان پر مضبوطی سے عمل پیرا ہونا ضروری ہے، اور یہ سب باتیں ازل سے طے ہیں، ایسا نہیں ہے کہ یہ کارخانہ بس یونہی چل رہا ہے، ازل سے اس کے بارے میں اللہ کو کچھ معلوم نہیں، ایسا ماننے کی صورت میں اللہ کی انتہائی عاجزی اور بے چارگی لازم آئے گی (تقدیر الٰہی کی مزید تفصیل ابواب القدر کے شروع میں گذر چکی ہے)

فرشتوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟

انسان چونکہ اللہ کے بندے ہیں، اس لئے اللہ نے ان کو پیدا کرنے کے بعد ان کی جسمانی اور روحانی ضرورتوں کا

انتظام کیا ہے، جسمانی ضرورتیں: جیسے بارش برسانا، زمین سے غلہ اگانا، گرمی سردی کا توازن قائم کرنا وغیرہ، اور روحانی ضرورتیں: ایمان وعمل صالح کی راہنمائی کرنا ہے، تاکہ بندے بہشت میں پہنچیں اور جہنم سے بچیں، اللہ تعالیٰ نے انسان کی جسمانی ضرورتوں کا انتظام تو بلاواسطہ کیا ہے، اور روحانی ضرورتوں کا انتظام نبوت کا سلسلہ قائم کر کے کیا ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ اس دنیا میں انسانوں سے براہ راست خطاب نہیں کرتے، یہ بات ان کی سکت سے باہر ہے، اس لئے وہ اپنے پیغامات فرشتوں کے واسطہ سے انبیائے کرام علیہم السلام کے پاس بھیجتے ہیں، اس لئے فرشتوں پر ایمان لانا ضروری ہے، تاکہ یہ سوال پیدا نہ ہو کہ انبیاء کے پاس یہ ہدایتیں کس ذریعہ سے آئیں؟

گذشتہ نبیوں پر اور گذشتہ کتابوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟

اور گذشتہ نبیوں پر اور گذشتہ کتابوں پر ایمان لانا اس لئے ضروری ہے کہ یہ حضرات ایک ہی ہستی کے نمائندے ہیں، اور ان کی کتابیں ایک ہی سرچشمہ سے نکلی ہوئی نہریں ہیں، سب کا دین متحد ہے اور وہ اسلام ہے: ﴿إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الإِسْلَامِ﴾ البتہ شریعتیں (آئین) مختلف ہیں، کیونکہ زمانوں کے تقاضے مختلف ہیں، مگر سب شریعتیں اللہ کی طرف سے نازل کی ہوئی ہیں، پس خاتم النّبیین ﷺ پر نازل کیا ہوا دین بھی اور اللہ کی کتاب قرآن مجید اور آئین بھی اسی سرچشمہ سے آیا ہے، پس آخری دین اور شریعت کو ماننے کا لازمی تقاضہ یہ ہے کہ گذشتہ دین اور شریعتوں کو اور گذشتہ پیغمبروں کو بھی تسلیم کیا جائے۔

اسلام کے معنی:

اسلام کے لغوی معنی ہیں: سرافگندگی، یعنی خود کو کسی کے سپرد کر دینا، اور بالکل اسی کے تابع اور فرمانبردار ہو جانا، اور اصطلاحی معنی ہیں: اللہ کی نازل کی ہوئی شریعت کو اپنا دستور زندگی بنانا، اور اللہ کے احکام کا مطیع ہونا، سورۃ الحج میں ہے: ﴿إِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ، فَلَهُ أَسْلِمُوْا﴾ اللہ ہی تمہارے ایک معبود ہیں، پس تم اسی کے مطیع ہو جاؤ، اور سورۃ النساء میں ہے: ﴿وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ﴾: اور اس سے بہتر کون ہے جس نے خود کو خدا کے سپرد کر دیا؟ اور سورۂ آل عمران میں ہے: ﴿وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ﴾: جو اسلام کے علاوہ کوئی اور دین چاہے گا وہ اس سے ہرگز قبول نہ ہوگا، اور وہ آخرت میں بڑے گھاٹے میں رہے گا۔

غرض اسلام کی اصل روح اور حقیقت یہی ہے کہ بندہ خود کو کلی طور پر اللہ کے حوالہ کر دے، اور ہر پہلو سے ان کا مطیع وفرمانبردار بن جائے، پھر انبیاء کی شریعتوں میں کچھ مخصوص بنیادی اعمال کا بھی حکم دیا گیا ہے جو دین کے پیکر محسوس ہوتے ہیں، اور اس باطنی حقیقت کی نشو ونما اور اس کی تازگی کا مدار انہی مخصوص ارکان پر ہوتا ہے، اس لئے لوگوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ان کو دستورِ حیات بنائیں، انہی ارکان پر اسلام کا اطلاق کیا جاتا ہے، نبی ﷺ

کی لائی ہوئی شریعت میں یہ ارکان پانچ ہیں: (۱) توحید خداوندی، اور رسالت محمدی کی گواہی دینا، یعنی منکروں کو اسلام کے یہ دو بنیادی عقیدے پہنچانا (۲) نماز (۳) زکوۃ (۴) روزہ (۵) اور بیت اللہ شریف کا حج، ان پانچ چیزوں کو ارکانِ اسلام قرار دیا گیا ہے، آگے حدیث آرہی ہے کہ اسلام کی بنیاد انہی پانچ چیزوں پر ہے۔

مگر نصوص میں ایمان واسلام ایک دوسرے کی جگہ بھی مستعمل ہوئے ہیں، عقائد پر اسلام کا اطلاق کیا گیا ہے، اور اعمال پر ایمان کا، اس لئے طلبہ کو احادیث پڑھتے ہوئے اس کا خیال رکھنا چاہئے۔

بابُ ماجاءَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ

ایمان قبول کرنے پر جنگ بند کرنا ضروری ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّىْ دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ: میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے جنگ کروں، یہاں تک کہ وہ لا إله إلاّ الله کہیں، پس جب انھوں نے یہ بات کہی تو انھوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے مال محفوظ کر لئے، مگر اس کلمہ کے حق کی وجہ سے، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے۔

تشریح: یہ حدیث بہت اہم ہے، اس کے ذیل میں چند باتیں سمجھنی چاہئیں:

پہلی بات: اس حدیث میں جنگ بندی کا بیان ہے، دشمن اگر جنگ کے دوران ایمان لے آئے تو فوراً جنگ بند کرنا ضروری ہے، خواہ اس نے مسلمانوں کو کتنا ہی نقصان پہنچایا ہو، جب وہ ایمان لے آیا تو وہ ہمارا دینی بھائی ہے، اب اس سے لڑنا جائز نہیں اور جس طرح یہ حکم دشمن قوم کے لئے ہے: فرد کے لئے بھی ہے، کوئی فرد دورانِ جنگ صدق دل سے کلمہ پڑھ لے تو اب اس کو قتل کرنا جائز نہیں۔

دوسری بات: اگر یہ حدیث آدھی پڑھی جائے تو غلط فہمی پیدا ہوگی، جیسے ﴿لاتَقْرَبُوا الصَّلوة﴾ پر رک جائیں اور ﴿وَأَنْتُمْ سُكَارىٰ﴾ نہ پڑھیں تو مطلب کچھ سے کچھ ہو جائے گا، اسی طرح اس حدیث سے کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ نبی ﷺ کو جنگ کے ذریعہ دین پھیلانے کا حکم دیا گیا ہے کہ جب تک لوگ ایمان نہ لے آئیں جنگ جاری رکھی جائے، پھر ان لوگوں نے اس پر یہ گل کھلایا کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا ہے، یہ ان کی سخت غلط فہمی ہے، اس حدیث میں جنگ کرنے کا نہیں، بلکہ جنگ بند کرنے کا حکم ہے۔

تیسری بات: لا إله إلاّ الله کہنے سے مراد پورا دین اسلام قبول کرنا ہے، دوسرے باب کی پہلی حدیث میں یہ بات صراحۃً آرہی ہے، محض کلمہ پڑھ لینا مراد نہیں، اور إلا بحقّها کا مطلب یہ ہے کہ اسلام قبول کرنے کے بعد اگر لوگ کوئی ایسا جرم کریں جس کی سزا اللہ کے قانون میں جان یا مال لینا ہو تو حکم خداوندی کے مطابق اس کو سزا دی

جائے گی، ایمان لانے سے اور مسلمان کہلانے سے وہ قانونی گرفت سے بچ نہیں سکیں گے، اور ضمیر مؤنث کلمة الإسلام کی طرف لوٹے گی۔

چوتھی بات: حسابهم على الله: مطلب یہ ہے کہ جو شخص کلمۂ اسلام پڑھ کر اپنا مؤمن ہونا ہمارے سامنے ظاہر کرے، ہم اس کو مؤمن مان کر جنگ بند کر دیں گے، اور اس کے ساتھ مسلمانوں جیسا معاملہ کریں گے، لیکن اگر حقیقت میں اس کی نیت میں کھوٹ ہو تو اس کا حساب آخرت میں اللہ تعالیٰ لیں گے، وہ عالم الغیب ہیں، دلوں کے رازوں سے واقف ہیں، وہ اس کا پورا پورا حساب چکائیں گے۔

پانچویں بات: اور ایمان لانے پر جنگ بند کرنا اس لئے ضروری ہے کہ جہاد کا مقصد اس کے علاوہ کچھ نہیں کہ اللہ کے بندوں کو اللہ کی بندگی کے راستہ پر ڈالا جائے، اور ان کو عذاب ابدی سے بچایا جائے، پس جو شخص اللہ کے دین کو قبول کرلے، اور اللہ کی بندگی کا اقرار کر کے آئین وشریعت پر چلنا منظور کرلے، اس کے ساتھ جہاد کرنے کے کوئی معنی نہیں، اب جنگ موقوف کر دینا ضروری ہے۔

آخری بات: اور جہاد کی نوبت اس وقت آتی ہے جب دعوتِ اسلام اور اللہ کی بندگی کی راہ میں روڑے اٹکائے جائیں، لوگ اللہ کے داعیوں کو دعوت کا موقع نہ دیں، یا مسلمانوں کو ستائیں اور دین پر عمل نہ کرنے دیں تو فتنہ فرو کرنے کے لئے تلوار اٹھانی پڑتی ہے، کیونکہ فتنہ پردازی کرنا، جہاد میں قتل کرنے سے بدرجہا برا ہے۔﴿وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ﴾ (البقرة ۲۱۷) اور ضرر اشد کو ہٹانے کے لئے ضرر اخف کو اختیار کرنا بالکل معقول بات ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی، اور آپؐ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنائے گئے تو دین اسلام کا انکار کیا جس نے انکار کیا عربوں میں سے (کچھ لوگ دین اسلام سے بالکل پھر گئے تھے، جیسے مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی کے متبعین، اور کچھ لوگوں نے ایمان تو نہیں چھوڑا تھا، مگر انھوں نے پایۂ خلافت کو زکوۃ کی ادائیگی سے انکار کر دیا تھا، وہ کہتے تھے: ہم اپنی زکات خود غریبوں میں بانٹیں گے، امیر المؤمنین حضرت ابوبکرؓ کو نہیں دیں گے، پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دونوں فرقوں سے جنگ کا ارادہ کیا، مرتدین کی طرف تو لشکر فوراً روانہ کر دیا، اور صحابہ میں اس مسئلہ میں کوئی اختلاف نہیں ہوا، مگر دوسری جماعت کی طرف جب لشکر بھیجنے کا ارادہ کیا تو صحابہ میں اختلاف ہوا) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: آپؓ لوگوں سے (یعنی مانعین زکوۃ سے) جنگ کیسے کریں گے جبکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے جنگ کروں یہاں تک کہ وہ کہیں: لا إله إلاّ الله اور جس نے لا إله إلاّ الله کہا اس نے مجھ سے اپنا مال اور اپنی جان محفوظ کرلی، مگر حق اسلام کی وجہ سے، اور اس کا حساب اللہ پر ہے؟ یعنی ایمان لانے پر جنگ بند کرنا ضروری ہے، اور یہ مانعین زکوۃ مؤمنین ہیں، ایمان کا انکار نہیں کرتے، پھر ان کے ساتھ جنگ کیسے کی جائے گی؟

حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: بخدا! میں ضرور لڑوں گا اس شخص سے جو نماز اورزکوٰۃ کے درمیان فرق کرتا ہے، کیونکہ زکوٰۃ مال کا حق ہے، یعنی جس طرح نماز بدن کا حق ہے، اور وہ لوگ اجتماعی طور پر نماز قائم کرتے ہیں مگر زکوٰۃ اجماعی طور پر ادا کرنے کے لئے تیار نہیں: میں ان سے ملت کی شیرازہ بندی کے لئے ضرور جنگ کروں گا۔ بخدا! اگر وہ مجھے اونٹ کا پیر باندھنے کی رسّی نہیں دیں گے جس کو وہ نبی ﷺ کو دیا کرتے تھے تو میں ضرور ان سے اس کے نہ دینے پر لڑوں گا۔ پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: بخدا! نہیں تھی وہ بات مگر یہ کہ دیکھی میں نے کہ اللہ نے حضرت ابوبکرؓ کا سینہ کھول دیا ہے جنگ کے لئے تو میں سمجھ گیا کہ وہی بات برحق ہے۔

تشریح: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ یہ سمجھ رہے تھے کہ ان مانعین زکوٰۃ سے بھی بر بنائے ارتداد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جنگ کرنا چاہتے ہیں، اس لئے انھوں نے مذکورہ حدیث سے معارضہ کیا، مگر حضرت ابوبکرؓ نے سمجھایا کہ وہ اس بنیاد پر جنگ نہیں کر رہے، بلکہ ملت کی شیرازہ بندی کے لئے یہ اقدام کر رہے ہیں، جیسے کسی علاقہ کے مسلمان ختنہ نہ کرنے پر اتفاق کرلیں، یا اذان نہ دینے پر اجماع کرلیں تو ان سے جنگ کی جائے گی، اور یہ جنگ بر بنائے ارتداد نہیں ہوگی بلکہ ملت کی اجتماعیت برقرار رکھنے کے لئے ہوگی، اسی طرح حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ جس طرح یہ لوگ اجتماعی طور پر نمازیں ادا کرتے ہیں، اسی طرح نبی ﷺ کے زمانہ سے جو اجتماعی طور پر زکوٰۃ کی ادائیگی کا نظام چلا آرہا ہے اس کو برقرار رکھنا بھی ضروری ہے، اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو تسبیح کے دانے بکھر جائیں گے، اور ملت میں یک جہتی باقی نہیں رہے گی، یہ نکتہ حضرت عمرؓ کی سمجھ میں بہت دیر میں آیا اور اس کے بعد ان کو شرح صدر ہو گیا کہ حضرت ابوبکرؓ کا موقف صحیح ہے، پھر مانعین زکوٰۃ سے قتال کی نوبت نہیں آئی، وہ مدینہ کو زکوتیں بھیجنے کے لئے تیار ہو گئے۔

فائدہ: خلفائے راشدین کی سنتوں کی پیروی ضروری ہے، حدیث شریف میں اس کا حکم دیا گیا ہے، اور یہ وہ سنتیں ہیں جو ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھتی ہیں، اور یہ حضرت ابوبکرؓ کی پہلی سنت (دینی طریقہ) ہے کہ جو کام اجتماعی طور پر انجام دینے ضروری ہیں اگر ان میں افتراق پیدا کیا جائے تو ان سے بھی جنگ کی جائے گی۔

أبوابُ الإيمان

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابُ ماجاءَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ

[۲۶۰۴-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوْهَا،

عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ "

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٦٠٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، واسْتُخْلِفَ أَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَهُ: كَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ، فَقَالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ، لِأَبِيْ بَكْرٍ: كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُوْلُوْا:لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَمَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّيْ مَالَهُ وَنَفْسَهُ، إِلَّا بِحَقِّهِ، وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ؟ فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَاللّٰهِ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ، فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ، وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِيْ عِقَالاً كَانُوْا يُؤَدُّوْنَهُ إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهِ، فَقَالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: فَوَ اللّٰهِ! مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أَبِيْ بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى شُعَيْبُ بنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

وَرَوَى عِمْرَانُ الْقَطَّانُ هٰذَا الحديثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَهُوَ حَدِيْثٌ خَطَأٌ، وَقَدْ خُوْلِفَ عِمْرَانُ فِيْ رِوَايَتِهِ عَنْ مَعْمَرٍ.

وضاحت: باب کی دونوں حدیثیں متفق علیہ ہیں، اور دوسری حدیث عقیل بن خالد کی ہے، اور شعیب بن ابی حمزہ ان کے متابع ہیں، پس یہی سند صحیح ہے، اور عمران القطان بواسطہ معمر یہ حدیث امام زہری سے، وہ حضرت انسؓ سے اور وہ حضرت ابوبکرؓ سے روایت کرتے ہیں، مگر یہ سند چوک ہے، عمران کے علاوہ معمر کے دوسرے شاگرد اس طرح سند بیان نہیں کرتے۔ قد خُوْلِفَ عمران: (عمران مخالفت کئے گئے) کا یہی مطلب ہے۔

بابُ ماجاءَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَيُقِيْمُوْا الصَّلَاةَ

لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہنے کا مطلب پورے دین اسلام کو قبول کرنا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں کے ساتھ جنگ کروں، یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ (حضرت) محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اور یہ کہ وہ ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں، اور یہ کہ وہ ہمارا ذبیحہ کھائیں، اور یہ کہ وہ ہماری طرح نماز پڑھیں، پس جب انھوں

نے یہ کام کیئے تو ہم پر ان کے خون اور ان کے مال حرام ہوگئے، مگر کلمۂ اسلام کے حق کی وجہ سے (اب) ان ایمان لانے والوں کے لئے وہی حقوق ہیں جو مسلمانوں کے لئے ہے، اور ان کے وہی فرائض ہیں جو مسلمانوں کے ہیں۔

تشریح: متفق علیہ روایت میں ہے: حتی یَشْهَدُوا أَنْ لاَإِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَيُؤْمِنُوْا بِیْ، وَبِمَا جِئْتُ بِهِ: یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور مجھ پر ایمان لائیں، اور اس دین پر ایمان لائیں جس کو میں لے کر آیا ہوں، اور بخاری میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے: حتی یَشْهَدُوْا أن لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمدًا رسولُ اللّٰهِ، وَيُقِيْمُوْا الصلاةَ، وَيُؤْتُو الزكوة: یہاں تک کہ وہ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ (حضرت) محمد (مصطفیٰ ﷺ) اللہ کے رسول ہیں، اور نماز کا اہتمام کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، اور باب کی روایت میں ہے کہ وہ ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں، ہمارا ذبیحہ کھائیں، اور ہماری طرح نماز پڑھیں، یعنی کسی اور ڈھنگ سے نماز نہ پڑھیں، یہ سب الفاظ دلیل ہیں کہ لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه کہنے سے مراد پورے دین کو قبول کرنا اور اس پر عمل پیرا ہونا ہے، صرف لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه کہنا مراد نہیں، یہ کلمہ تو یہود و نصاریٰ بھی کہتے ہیں، مگر وہ معتبر نہیں، کیونکہ ہر زمانہ کا لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه الگ ہے، موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه میں موسیٰ رسول اللہ بھی شامل تھا، اور عیسیٰ علیہ السلام کے لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه میں عیسیٰ رسول اللہ بھی شامل تھا، اسی طرح خاتم النّبیین ﷺ کے لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه میں محمد رسول اللہ بھی شامل ہے، پھر جب رسول کی رسالت کا اقرار کر لیا تو رسول اللہ ﷺ کے واسطہ سے جو دین آیا ہے اس کا اقرار کرنا، اور اس پر عمل پیرا ہونا بھی لا إلٰهَ إِلاَّ اللّٰه میں شامل ہوگیا۔

اور حدیث کے آخری جملہ کا مطلب یہ ہے کہ ان نومسلموں میں اور پرانے مسلمانوں میں کوئی فرق نہیں کیا جائے گا، حقوق و فرائض سب کے یکساں ہیں۔

[٢-] بابُ ماجاءَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَيُقِيْمُوْا الصَّلَاةَ

[٢٦٠٦-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ يَعْقُوْبَ الطَّالِقَانِيُّ، أَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ، حَتَّى يَشْهَدُوْا أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، وَأَنْ يَسْتَقْبِلُوْا قِبْلَتَنَا، وَيَأْكُلُوْا ذَبِيْحَتَنَا، وَأَنْ يُصَلُّوْا صَلاَ تَنا، فَإِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ حَرُمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُ هُمْ وَأَمْوَالُهُمْ، إِلاَّ بِحَقِّهَا، لَهُمْ مَالِلْمُسْلِمِيْنَ، وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ"

وفى الباب: عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، وَأَبِىْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيىَ بنُ أَيُّوْبَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ: بُنِيَ الْإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ

اسلام کے ارکان پانچ ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ ستونوں پر قائم کی گئی ہے: (۱) اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اس بات کی گواہی دینا کہ (حضرت) محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں (۲) اور نماز قائم کرنا (۳) اور زکات ادا کرنا (۴) اور رمضان کے روزے رکھنا (۵) اور بیت اللہ شریف کا حج کرنا۔

تشریح:

۱- اس حدیث میں نبی ﷺ نے اسلام کو ایک ایسی عمارت سے تشبیہ دی ہے جو چند ستونوں پر قائم ہو، پس کسی مسلمان کے لئے اس کی قطعاً گنجائش نہیں کہ وہ ان ارکان کے ادا کرنے میں غفلت برتے، کیونکہ یہ اسلام کے بنیادی ستون ہیں، اور مختلف روایات میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ جس طرح وضو کی صحت کے لئے اعضاءِ مغسولہ کو کم از کم ایک بار بالاستیعاب دھونا اور کم از کم چوتھائی سر کا مسح کرنا ضروری ہے، اسی طرح آخرت میں نجات اوّلی کے لئے اسلام کے ارکان خمسہ کی ادائیگی ضروری ہے، جو شخص گناہوں سے بچتے ہوئے ان اعمالِ اسلام پر عمل پیرا ہوگا وہ اگر دیگر طاعات نہ بھی کرے تو بھی اس کی نجات اوّلی ہوگی، وہ عذاب جہنم سے بچ جائے گا، اور جنت کا حق دار ہوگا۔

۲- اور ان ارکانِ خمسہ کو اسلام کی رکنیت کے لئے اس وجہ سے خاص کیا گیا ہے کہ یہ پانچوں اعمال لوگوں کی مشہور عبادتیں ہیں، تمام امتوں نے ان کو اختیار کیا ہے، اور ان کا انتظام کیا ہے، یہود ہوں یا عیسائی، مجوسی ہوں یا عرب جو دین ابراہیمی پر کسی درجہ میں قائم تھے، سب ان طاعات کو اپنائے ہوئے تھے، اگرچہ ان عبادتوں کی ادائیگی کے طریقوں میں ان میں اختلاف تھا، یہود کی نماز کا طریقہ اور تھا اور عیسائیوں کا اور، مگر سب نماز ادا کرتے تھے، یہی حال زکوٰۃ وغیرہ کا تھا، سب ملتوں کے ماننے والے غریبوں پر خرچ کرتے تھے، پس یہ متفق علیہ امور ہیں، اس لئے ان کو رکنیت کے لئے خاص کیا گیا ہے۔ پھر ان طاعاتِ خمسہ میں جو خوبیاں ہیں، وہ دیگر طاعتوں میں نہیں ہیں، اس لئے یہ طاعات رکنیت کے لئے خاص کی گئی ہیں۔

۳- توحید کا اقرار، رسالت محمدی کی تصدیق، اور پوری شریعت کو تسلیم کرنا، اور ان دونوں باتوں کی دعوت دوسروں تک پہنچانا دین کا بنیادی رکن ہے، کیونکہ یہی وہ چیزیں ہیں جن کے ذریعہ موافق ومخالف کے درمیان امتیاز کیا جاسکتا ہے، انہی کی بنیاد پر کسی کے مسلمان ہونے کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے، اور ان میں کوتاہی پر باز پرس کی جاسکتی ہے۔

۴- اور نوع بشری کی نیک بختی کا مدار اور نجات اخروی کا سرمایہ چار اخلاق ہیں: (۱) اخبات یعنی اللہ کے سامنے نیاز مند رہنا (۲) طہارت یعنی پاکی اختیار کرنا (۳) سماحت یعنی فیاضی سے کام لینا (۴) اور عدل وانصاف برتنا۔ اور

نماز کے ذریعہ اخبات ونظافت بدست آتے ہیں، کیونکہ نماز کے لئے پاکی شرط ہے، اور نماز بارگاہ خداوندی میں اعلی درجہ کی نیازمندی ہے، اور زکوٰۃ ادا کرنے سے فیاضی اور عدل کی صفات بدست آتی ہیں، کیونکہ شرائط کا لحاظ کر کے زکوٰۃ کی ادائیگی اعلی درجہ کی فیاضی ہے، اور یہی انصاف کی بات بھی ہے کہ مالدار اللہ کی بخشی ہوئی دولت میں سے غریبوں کا حق ادا کرے۔

پھر انسانوں کے لئے کوئی ایسی عبادت بھی ضروری ہے جو اس کی خواہشات پر قہرمان ہو، تا کہ اس کے ذریعہ نفسانی خواہشات کو دبایا جاسکے، اور ایسی عبادت روزہ ہے، اس مقصد کے لئے اس سے بہتر کوئی عبادت نہیں، اس لئے روزہ کو چوتھا رکن قرار دیا۔

اور اللہ کی شریعتوں میں ایک بنیادی حکم یہ بھی رہا ہے کہ شعائر اللہ کی تعظیم کی جائے، اور اسلام کے اہم شعائر چار ہیں: قرآن مجید، کعبہ شریف، نبی اور نماز۔ حج کی عبادت کعبہ شریف کی تعظیم کے لئے مقرر کی گئی ہے، نیز اس کا ایک اہم مقصد جذبۂ محبت کو مہمیز کرنا بھی ہے، ہر مؤمن کے دل میں محبت الٰہی کی چنگاری موجود ہے، اس کو روشن کرنا اور اس کو بھڑکا کر لاوا بنانا حج کی عبادت کا خاص مقصد ہے۔

فائدہ(۱): اسلام کے فرائض ان ارکانِ خمسہ کے علاوہ بھی ہیں، جیسے: جہاد، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر وغیرہ۔ مگر جو اہمیت وخصوصیت ان پانچ کو حاصل ہے وہ اوروں کو حاصل نہیں، اس لئے اسلام کا رکن صرف انہی کو قرار دیا گیا ہے، اور وہ خصوصیت اور اہمیت یہ ہے کہ یہ پانچ ارکان دینِ اسلام کے لئے بمنزلہ پیکر محسوس کے ہیں، نیز یہی وہ خاص تعبدی امور ہیں جو بالذات مطلوب ومقصود ہیں، ان کی فرضیت کسی عارض کی وجہ سے اور کسی خاص حالت سے وابستہ نہیں، یہ مستقل اور دائمی فرائض ہیں، برخلاف جہاد اور امر بالمعروف کے کہ ان کی یہ حیثیت نہیں، وہ خاص حالات میں اور خاص موقعوں پر فرض ہوتے ہیں۔

فائدہ(۲): لوگوں نے پہلے رکن کو یعنی توحید ورسالت کی گواہی کو جو سب سے اہم رکن ہے، رکنیت سے خارج کر کے ایمانیات میں شامل کر دیا ہے، اس طرح لوگوں میں ارکانِ اربعہ مشہور ہو گئے، حالانکہ گواہی کورٹ میں مدعی علیہ کے سامنے دی جاتی ہے، جب مدعی علیہ مدعی کے دعوی کا انکار کرے۔ اسی طرح ان دو باتوں کی گواہی ان لوگوں کے سامنے دینی ہے جو ان دو عقیدوں کے قائل نہیں، پھر جس طرح کورٹ میں گواہوں کا کام صرف گواہی دینا ہے، اس پر فیصلہ قاضی کرتا ہے، اسی طرح یہاں بھی مسلمانوں کی ذمہ داری غیر مسلموں تک یہ دو دعوتیں پہنچانا ہے، پھر فیصلہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کریں گے، لیکن اگر گواہ کوتاہی کریں، اور وہ گواہی کا فریضہ انجام نہ دیں تو قاضی کس بنیاد پر فیصلہ کرے گا؟ بلکہ ممکن ہے کسی درجہ میں گواہ بھی ماخوذ ہوں کہ تم نے اپنا فریضہ کیوں ادا نہ کیا؟ اگر تم دین کی دعوت دوسروں تک پہنچاتے تو ممکن تھا وہ بھی اللہ کے بندے بن جاتے ہیں، اور جنت میں پہنچ جاتے ہیں، اس لئے یہ امت

کی کوتاہی تصور کی جائے گی، مگر اب امت کا عجیب حال ہوگیا ہے، انھوں نے اس دعوت کو ارکان کی فہرست ہی سے نکال دیا ہے، اور ایمانیات میں داخل کردیا ہے فیا لَلْعَجَب!......اسی طرح امت میں عرصہ سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ متروک ہوگیا ہے حالانکہ تبلیغ: احیائے دین کے لئے ضروری ہے، حدیث میں ہے: بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آيَةً: جس کو دین کی ایک بات معلوم ہو وہ بھی دوسرے مسلمانوں تک وہ بات پہنچائے، اور فریضۂ تبلیغ چھوڑ بیٹھنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ آدھی امت دین سے بے خبر ہوکر رہ گئی فیا لِلأَسَف!......پس جو دین کا بول بالا دیکھنا چاہتے ہیں وہ دعوت وتبلیغ کی محنتوں کے لئے تیار ہوجائیں ان کے بغیر دین کا احیاء نہیں ہوسکتا۔

[٣-] بابُ ماجاءَ: بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ

[٢٦٠٧-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُعَيْرِ بنِ الْخِمْسِ التَّمِيْمِيِّ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " بُنِيَ الإِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: شَهَادَةِ أَنَّ لاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمدًا رَسولُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلاَةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ، وَحَجِّ الْبَيْتِ "

وفى الباب: عَنْ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا، وَسُعَيْرُ بنُ الْخِمْسِ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ.

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ حَنْظَلَةَ بنِ أَبِيْ سُفْيَانَ الْجُمَحِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ خَالِدٍ الْمَخْزُوْمِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی یہ حدیث دو سندوں سے مروی ہے، اور دونوں اعلی درجہ کی صحیح ہیں، اور پہلی سند کا راوی سُعیر (آخر میں ر اور مصغّر) بن الْخِمْس (خ معجمہ مکسورہ پھر م اور آخر میں س مہملہ) تمیمی اچھا راوی ہے، مسلم شریف میں وسوسہ کے بیان میں اس کی ایک حدیث ہے۔

بابُ ماجاء فى وَصْفِ جِبْرَئِيْلَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم الإِيْمَانَ والإِسْلَامَ

حضرت جبرئیل علیہ السلام کے سوالات اور نبی ﷺ کے جوابات

(ایمان، اسلام، احسان، وقتِ قیامت اور علاماتِ قیامت کا بیان)

وَصَفَ الشيئَ يَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً: کے معنی ہیں: کیفیت وحالت بیان کرنا، اچھی یا بری صفت بیان کرنا۔

جاننا چاہئے کہ اس حدیث میں حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے لئے ایمان واسلام کی وضاحت نہیں کی، بلکہ انھوں نے سوالات کئے ہیں، اور نبی ﷺ نے جوابات دیئے ہیں، پس وضاحت درحقیقت نبی ﷺ نے کی ہے مگر چونکہ اس کا سبب حضرت جبرئیل علیہ السلام بنے تھے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے وضاحت کی نسبت حضرت جبرئیلؑ کی طرف کردی، پس یہ نسبت مجازی ہے۔

حدیث: یحییٰ بن یعمر بصری جو بعد میں مَرو میں جابسے تھے، اور وہاں کے قاضی تھے، اور اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی ہیں، کہتے ہیں: سب سے پہلا وہ شخص جس نے تقدیر کے مسئلہ میں گفتگو کی یعنی تقدیر کا انکار کیا وہ مَعبد جُہنی تھا (یہ شخص بصرہ کا باشندہ تھا، پھر بصرہ سے مدینہ چلا آیا تھا، اور یہاں اپنا باطل مذہب پھیلانا چاہتا تھا، حجاج نے اس کو سن ۸۰ ہجری میں قتل کیا) یحییٰ کہتے ہیں: میں اور حُمید بن عبدالرحمٰن حِمیری (جو حدیث کے ثقہ راوی ہیں) نکلے، یہاں تک کہ ہم مدینہ پہنچے، پس ہم نے دل میں کہا: اگر ہماری صحابہ میں سے کسی سے ملاقات ہوئی تو ہم ان سے پوچھیں گے اس (نئی) بات کے بارے میں جو اِن (منکرین تقدیر) لوگوں نے نکالی ہے، پس ہماری ایک صحابی سے ملاقات ہوئی —— وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو مراد لے رہے ہیں —— درانحالیکہ وہ مسجد نبوی سے نکل رہے تھے، پس میں نے اور میرے ساتھی نے ان کو گھیر لیا، اور میں نے گمان کیا کہ میرا ساتھی مجھے گفتگو کا ذمہ دار بنائے گا، چنانچہ میں نے عرض کیا: اے ابو عبدالرحمٰن! کچھ لوگ قرآن کریم پڑھتے ہیں، اور وہ علم کے نشانات بھی تلاش کرتے ہیں، یعنی وہ حدیثیں بھی جمع کرتے ہیں، مگر وہ کہتے ہیں کہ تقدیر کچھ نہیں، معاملہ اچھوتا ہے، یعنی ازل سے اللہ تعالیٰ نے کوئی بات طے نہیں کی، نہ وہ پیش آمدہ واقعات کو ازل سے جانتے ہیں۔

لغات: اِکْتَنَفَ فلاناً: گھیرنا...... وَكَلَ إِلَيْهِ الْأَمْرَ يَكِلُ وَكْلاً وَوُكُوْلاً: کسی کو کوئی معاملہ سونپ کر بے فکر ہو جانا، کسی معاملہ میں کسی کو مختار بنا دینا...... تَقَفَّرَ العلمَ: علم تلاش کرنا، تحصیل علم کی راہوں پر چلنا...... الْأُنُف (بضمتین) جدید، تازہ، اچھوتا، جسے ابھی تک استعمال نہ کیا گیا ہو، الرَّوْضُ الْأُنُف: اچھوتی کیاری، جس میں کسی جانور نے منہ نہ مارا ہو۔

ترجمہ: حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: پس جب آپ کی ان لوگوں سے ملاقات ہو تو آپ انہیں بتلائیں کہ میں ان سے بری ہوں، اور وہ مجھ سے بری ہیں، یعنی میرا ان سے کچھ تعلق نہیں، اور ان کا مجھ سے کچھ تعلق نہیں، قسم ہے اس اللہ کی جس کی عبداللہ قسم کھاتا ہے! اگر یہ بات ہو کہ ان میں سے ایک شخص احد پہاڑ کے بقدر سونا خرچ کرے تو بھی وہ اس سے قبول نہیں کیا جائے گا، یہاں تک کہ وہ تقدیر پر ایمان لائے، اس کے بھلے پر بھی اور اس کے برے پر بھی۔

یحییٰ کہتے ہیں: پھر حضرت ابن عمرؓ نے حدیث بیان کرنی شروع کی، چنانچہ انھوں نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم نبی ﷺ کے پاس تھے، پس ایک شخص آیا، جس کے کپڑے نہایت سفید تھے، اور جس کے بال

نہایت کالے تھے، اس پر سفر کا کوئی اثر محسوس نہیں ہوتا تھا، اور اس کو ہم میں سے کوئی نہیں جانتا تھا، یہاں تک کہ وہ نبی ﷺ کے پاس آیا، پس اس نے اپنا زانو نبی ﷺ کے زانو سے ملا دیا یعنی بالکل قریب ہو کر بیٹھ گیا۔

تشریح: یہ صاحب ایسے وقت میں آئے تھے کہ مجلس نبوی میں صحابہ کا مجمع تھا، اور آپؐ ان سے خطاب فرمارہے تھے، اور کپڑوں کی سفیدی اور بالوں کی سیاہی اور سفر کا کوئی اثر محسوس نہ ہونا: دلالت کرتا تھا کہ کوئی باہر کا آدمی نہیں ہے، اور کسی کا اس کو نہ پہچاننا: دلالت کرتا تھا کہ کوئی باہر کا آدمی ہے، یہ دو متضاد حالتیں ان میں جمع تھیں، اس پر لوگوں کو حیرت ہورہی تھی، وہ حلقہ میں سے گذر کر بالکل نبی ﷺ سے مل کر بیٹھ گئے تاکہ آسانی سے سوال کر سکیں۔

ترجمہ: پھر انھوں نے کہا: اے محمد! ایمان کیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ کی، اس کے فرشتوں کی، اس کی کتابوں کی، اس کے رسولوں کی، اس دنیا کے آخری دن کی اور بھلی بری تقدیر کی تصدیق کریں۔

تشریح: ایمان کے لغوی اور اصطلاحی معنی، اور ایمانیات کی تشریح أبو اب الإيمان کے شروع میں گذر چکی ہے۔ یہاں یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ اس حدیث میں چھ ایمانیات کا تذکرہ ہے، اور ایمان مفصل میں سات کا ذکر ہے، اس میں بعث بعد الموت کا تذکرہ بھی ہے، درحقیقت یہ الیوم الآخر: یعنی قیامت کے دن کو ماننے کا جز ہے، اس لئے اگر سمیٹیں گے تو چھ عقیدے ہونگے، اور پھیلائیں گے تو سات عقیدے ہونگے ...... دوسری بات یہ یاد رکھنی چاہئے کہ سوالات کی صحیح ترتیب یہی ہے جو اس حدیث میں ہے، بعض روایات میں پہلا سوال اسلام کے بارے میں ہے وہ رواۃ کا تصرف ہے۔

ترجمہ: پھر انھوں نے پوچھا: اسلام کیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور اس بات کی گواہی دینا کہ محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اور نماز قائم کرنا، اور زکوٰۃ ادا کرنا، اور بیت اللہ شریف کا حج کرنا اور ماہِ رمضان کے روزے رکھنا۔

تشریح: اسلام کے لغوی اور اصطلاحی معنی اور اسلام کے ارکان خمسہ کی تفصیل بھی أبو اب الإيمان کے شروع میں گذر چکی ہے، نیز باب ۳ میں بھی اس کی تفصیل آچکی ہے۔

ترجمہ: پھر انھوں نے پوچھا: احسان (نکوکردن) کیا ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: احسان (عمل کو عمدہ کرنے کا طریقہ) یہ ہے کہ آپ اللہ کی عبادت کریں گویا آپ اللہ کو دیکھ رہے ہیں، پس اگر آپ اللہ کو نہیں دیکھ رہے تو وہ یقیناً آپ کو دیکھ رہے ہیں۔

تشریح: إحسان: باب افعال کا مصدر ہے، اور اس کا مأخذ حُسن (خوبی) ہے، پس إحسان کے معنی ہیں: نکوکردن، یعنی اچھا بنانا، سائل نے تیسرا سوال یہ کیا ہے کہ اسلام کے ارکانِ خمسہ کو اور دیگر تمام اعمال کو عمدہ طریقہ پر ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ نبی ﷺ نے اس کے دو طریقے بتائے ہیں: ایک اعلیٰ دوسرا ادنیٰ:

پہلا طریقہ: اس دنیا میں حقیقتاً اللہ کا دیدار ممکن نہیں، البتہ ''گویا'' کے درجہ میں ممکن ہے، یعنی استحضاری کیفیت اتنی بڑھ جائے کہ گویا وہ اللہ کو دیکھ رہا ہے، پس اس حالت میں جو عبادت کرے گا وہ نہایت اعلیٰ درجہ کی ہوگی، جیسے غلام اپنے آقا کے احکام کی تعمیل اس وقت کرے جب وہ آقا کے سامنے ہو، اور یقین ہو کہ آقا اسے دیکھ رہا ہے، اس وقت غلام خوش اسلوبی سے وظائفِ خدمت انجام دیتا ہے، یہی حال بندوں کا ہے، جس وقت بندہ یہ محسوس کرے کہ میں اپنے مولیٰ کے سامنے ہوں، اور وہ میرے ہر کام اور ہر حرکت وسکون کو دیکھ رہا ہے، اس وقت اس کی بندگی میں ایک خاص شانِ نیازمندی پیدا ہوگی، اور اس سے اعمال نہایت عمدہ کیفیت کے ساتھ وجود میں آئیں گے۔

دوسرا طریقہ: اور اگر یہ استحضاری حالت نصیب نہ ہو تو پھر اس عقیدہ کو تازہ کر لیا جائے کہ اللہ تعالیٰ بہرحال اسے دیکھ رہے ہیں، سورۃ الانعام (آیت ۱۰۳) میں ہے: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ، وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ، وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ یعنی اس کو تو کسی کی نگاہ محیط نہیں ہوسکتی، مگر وہ سب نگاہوں کو محیط ہو جاتے ہیں، وہ بڑے باریک بیں باخبر ہیں، اس لئے کوئی چیز ان سے مخفی نہیں۔ جب اس عقیدے کے ساتھ عبادت کرے گا تو بھی عبادت شاندار ہوگی، جیسے مکتب کا مدرس استنجے کے لئے گیا، اور روزن سے بچوں کو دیکھ رہا ہے، مگر بچے اس کو نہیں دیکھ رہے، مگر بچوں کو یقین ہے کہ ان کی ہر حالت استاذ کی نگاہ میں ہے، تو بھی بچے سکون کے ساتھ پڑھتے رہیں گے، دنگا فساد نہیں کریں گے، اسی طرح جب بندہ اس یقین کے ساتھ عبادت کرتا ہے کہ وہ اللہ کی نگاہ میں ہے تو بھی شاندار عبادت وجود میں آئے گی۔

فائدہ (۱): جاننا چاہئے کہ یہ حدیث نماز کے ساتھ خاص نہیں، حدیث میں تعبُد کا لفظ ہے، جس کے معنی مطلق عبادت وبندگی کے ہیں، بلکہ ایک حدیث میں تَخْشَی بھی آیا ہے، یعنی تم خدا سے اس طرح ڈرو کہ گویا اس کو دیکھ رہے ہو، اور ایک دوسری روایت میں تَعمَل بھی آیا ہے، ان روایتوں سے واضح ہوا کہ احسان کا تعلق انسان کی پوری زندگی سے ہے۔

فائدہ (۲): فارسی کے دو لفظ ہیں: ایک: نیکو کردن، یہ نیک سے ہے یعنی اچھے اعمال کرنا، دوسرا: نکو کردن، یعنی عمدہ بنانا، احسان کا ترجمہ (بغیری کے) نکو کردن ہے، اور ابوداؤد میں حدیث (نمبر ۲۸۱۴ کتاب الضحایا باب ۱۰) ہے: إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ الإِحْسَانَ على كُلِّ شَيْئٍ، فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوْا الْقِتْلَةَ، وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوْا الذِّبْحَ، وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ، وَلْيُرِحْ ذِبِيْحَتَهُ: اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں عمدہ کرنا فرض کیا ہے، پس جب تم دشمن کو قتل کرو تو بہترین طریقہ پر قتل کرو، یعنی لاش نہ بگاڑو، اور جب تم جانور کو ذبح کرو تو بہترین طریقہ پر ذبح کرو، اور چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک اپنی چھری تیز کر لے، اور چاہئے کہ وہ اپنے ذبیحہ کو آرام پہنچائے، یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے، اور ترمذی میں بھی کتاب الذبائح میں گذر چکی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ احسان یعنی عمدہ کرنے کا تعلق ہر چیز کے ساتھ ہے۔

فائدہ: تصوف کے لئے قرآن کریم اور احادیثِ شریفہ میں یہی احسان کی اصطلاح استعمال کی گئی ہے، فرمایا:

﴿بَلٰى مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ، وَهُوَ مُحْسِنٌ، فَلَهُ أَجْرُهُ عِنْدَ رَبِّهِ﴾ ہاں جس نے خود کو خدا کے سپرد کردیا درانحالیکہ وہ نکوکار بھی ہے تو اس کے لئے اس کے رب کے پاس اس کا اجر ہے۔ اور دوسری جگہ ہے: ﴿وَمَنْ أَحْسَنُ دِيْنًا مِمَّنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ﴾ اور اس سے دین میں اچھا کون جس نے خود کو خدا کے سپرد کردیا، اور ساتھ ہی وہ نکوکار بھی ہے؟ یعنی اعمالِ اسلام کو بہترین طریقہ پر ادا کرتا ہے۔

اور احادیث میں احسان کے علاوہ تصوف کے لئے زہد کی اصطلاح بھی استعمال کی گئی ہے، اسی جلد میں أبو اب الزهد گذر چکے ہیں، پھر جب لوگ خوش حال ہوگئے، اور شاندار کپڑے پہننے لگے، مگر اللہ کے دیندار بندے صوف (اون) کے کپڑے ہی پہنتے رہے، تو وہ صوفی اور ان کا طریقہ تصوف کہلانے لگا، اور حاصل تینوں کا ''تصحیح نیت'' ہے، یعنی احسان کا مقصد، زہد کی غرض، اور تصوف کا حاصل یہ ہے کہ بندہ اپنی نیت درست کرے، اور ہر عمل کو اللہ کے لئے خالص کرے، یہ اخلاص ہی تصوف کی جان ہے، اور وہی احسان سے مراد ہے۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ان سب (سوالوں کے جواب) میں وہ صاحب نبی ﷺ سے کہتے رہے: صَدَقْتَ: آپؐ نے سچ فرمایا، حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس ہمیں اس پر تعجب ہوا کہ وہ شخص پوچھتا بھی ہے اور تصدیق بھی کرتا ہے!

تشریح: پوچھنا دلیل ہے کہ وہ بے خبر ہے، اور تصدیق کرنا دلیل ہے کہ اسے یہ سب باتیں معلوم ہیں، پھر پوچھ کیوں رہا ہے؟ اس پر صحابہ کو بڑی حیرت ہوئی۔

ترجمہ: پھر ان صاحب نے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جس سے یہ سوال کیا جارہا ہے وہ اس کو سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا!

تشریح: قیامت کا خاص وقت جس طرح سائل کو معلوم نہیں تھا، نبی ﷺ کو بھی معلوم نہیں تھا، کیونکہ قیامت کا وقت ان پانچ چیزوں میں ہے جن کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا، پھر آپؐ نے سورۂ لقمان کی آخری آیت تلاوت فرمائی: اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے، اور وہی بارش برساتے ہیں، اور وہی جانتے ہیں جو کچھ بچہ دانی میں ہے، اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کرے گا؟ اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس زمین میں مرے گا؟ اللہ تعالیٰ ہی ان سب باتوں کے جاننے والے باخبر ہیں ...... اور شارحین کرام نے لکھا ہے کہ نبی ﷺ نے قیامت کے سوال کے جواب میں لا أدری! (مجھے اس کا علم نہیں!) فرمانے کے بجائے: یہ پیرایہ اس لئے اختیار فرمایا ہے کہ لوگوں کو معلوم ہوجائے کہ کسی بھی سائل اور کسی بھی مسئول کو اس کا علم نہیں، پھر آیتِ پاک تلاوت کرکے آپؐ نے اس کو اور زیادہ مستحکم فرمادیا۔

ترجمہ: پھر ان صاحب نے پوچھا: پس قیامت کی نشانیاں کیا ہیں؟ یعنی قیامت کا وقتِ خاص معلوم نہیں تو اس کی علامتیں ہی بتائیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کی ایک نشانی یہ ہے کہ باندی اپنی مالکہ کو جنے، اور دوسری نشانی

یہ ہے کہ آپ ننگے پیر، ننگے بدن، قلاش، بکریوں کے چرانے والوں کو دیکھیں کہ عمارتیں بنانے میں ایک دوسرے سے بڑھے جارہے ہیں۔

لغات: رَبَّةٌ: رَبٌّ کا مؤنث: مالک، آقا، سردار......**الحُفَاة**: **الحافی** کی جمع: برہنہ پا......**العُرَاة**: **العاری** کی جمع، برہنہ، ننگا......**العَالَة**: **العائل** کی جمع: غریب، محتاج لوگ......**رِعَاء**: **الرَّاعِی** کی جمع، چرواہا......**تطَاوَلَ**: دراز ہونا، لمبا بننا، غرور وتکبر کرنا......**البُنْیان**: **البِناءُ** کی جمع: عمارت کی ساخت۔

تشریح: نبی ﷺ نے قیامت کی دو نشانیاں بیان فرمائی ہیں:

ایک: باندی اپنی مالکہ کو جنے، یعنی بیٹی ماں پر حکم چلائے......اوراس کی تفصیل یہ ہے کہ جب باندیاں تھیں، اور مولی اس سے صحبت کرتا تھا تو اس سے جو اولاد ہوتی تھی وہ آزاد ہوتی تھی، اور باندی ام ولد بن جاتی تھی، مگر باندی ہی رہتی تھی، اس لئے اولاد بڑی ہو کر ماں پر حکم چلاتی تھی، کیونکہ ماں گھر کی لونڈی ہوتی تھی، اور صرف لڑکے ہی حکم نہیں چلاتے تھے، لڑکیاں بھی حکم چلاتی تھیں، یہ قیامت کی نشانی تھی، یعنی اولاد اتنی بدتمیز ہوجائے کہ ماں باپ کو نوکر سمجھنے لگے، آج کل اولاد کا عام طور پر یہی حال ہے، اگر اولاد نے کچھ پڑھ لکھ لیا تو ماں باپ کی ان کی نگاہوں میں کوئی وقعت باقی نہیں رہتی، وہ ان سے نوکر جیسا معاملہ کرتے ہیں، یہ بات علاماتِ قیامت میں سے ہے۔

دوسری علامت: یہ ہے کہ دولت کی ریل پیل ہوجائے، انتہائی درجہ کے قلاش لوگ بھی تعمیرات میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنے لگیں، پس سمجھنا چاہئے کہ قیامت نزدیک آ گئی!

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس مجھ سے نبی ﷺ کی ملاقات ہوئی، اس واقعہ کے تین دن کے بعد، پس آپؐ نے فرمایا: اے عمر! جانتے ہو سائل کون تھا؟ وہ جبرئیلؑ تھے، وہ تمہارے پاس آئے تھے تاکہ تمہیں تمہارا دین سکھلائیں۔

تشریح: نبی ﷺ کا تین دن کے بعد خبر دینا: اسی روایت میں آیا ہے، پس اس کو یاد رکھنا چاہئے، دوسری روایتوں میں مَلِیًّا آیا ہے، یعنی عرصہ کے بعد، اوراس آخری ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اس لئے تشریف لائے تھے کہ وہ ایسے سوالات کریں جن کے جوابات میں پورے دین کا خلاصہ آجائے، اور صحابہ اس کو محفوظ کرلیں۔

[٤-] بابُ ماجاء فی وَصْفِ جِبْرَئِیْلَ لِلنَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم الإِیْمَانَ والإِسْلاَمَ

[٢٦٠٨-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ، نَا وَکِیْعٌ، عَنْ کَهْمَسِ بنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ یَحْیىَ بنِ یَعْمَرَ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ تکَلَّمَ فِی الْقَدْرِ مَعْبَدٌ الْجُهَنِیُّ، قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَحُمَیْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْیَرِیُّ، حَتَّی أَتَیْنَا الْمَدِیْنَةَ، فَقُلْنَا: لَوْ لَقِیْنَا رَجُلاً مِنْ

أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَسَأَلْنَاهُ عَمَّا أَحْدَثَ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ، فَلَقِيْنَاهُ يَعْنِى عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عُمَرَ، وَهُوَ خَارِجٌ مِنَ الْمَسْجِدِ، قَالَ: فَاكْتَنَفْتُهُ أَنَا وَصَاحِبِىْ، فَظَنَنْتُ أَنَّ صَاحِبِىْ سَيَكِلُ الْكَلَامَ إِلَيَّ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! إِنَّ قَوْمًا يَقْرَأُوْنَ الْقُرْآنَ، وَيَتَقَفَّرُوْنَ الْعِلْمَ، وَيَزْعُمُوْنَ أَن لَّاقَدَرَ، وَأَنَّ الْأَمْرَ أُنُفٌ.

قَالَ: فَإِذَا لَقِيْتَ أُوْلٰئِكَ فَأَخْبِرْهُمْ أَنِّىْ مِنْهُمْ بَرِئٌ، وَأَنَّهُمْ مِنِّى بُرَآءُ. وَالَّذِىْ يَحْلِفُ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ! لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا، مَا قُبِلَ ذٰلِكَ مِنْهُ، حَتَّى يُؤْمِنَ بِالْقَدْرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ.

قَالَ: ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُ، فَقَالَ: قَالَ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ: كُنَّا عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَ رَجُلٌ شَدِيْدُ بَيَاضِ الثِّيَابِ، شَدِيْدُ سَوَادِ الشَّعْرِ، لايُرَى عَلَيْهِ أَثَرُ السَّفَرِ، وَلَا يَعْرِفُهُ مِنَّا أَحَدٌ، حَتَّى أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَلْزَقَ رُكْبَتَهُ بِرُكْبَتِهِ.

ثُمَّ قَالَ: يَا مُحمدُّ! مَا الإِيْمَانُ؟ قَالَ: أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ.

قَالَ: فَمَا الإِسْلَامُ؟ قَالَ: شَهَادَةُ أَنَّ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمدًّا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، وَإِقَامَ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءُ الزَّكَاةِ، وَحَجُّ الْبَيْتِ، وَصُوْمُ رَمَضَانَ.

قَالَ: فَمَا الإِحْسَانُ؟ قَالَ: أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ، فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ.

قَالَ: فِىْ كُلِّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ لَهُ: صَدَقْتَ، قَالَ: فَتَعَجَّبْنَا مِنْهُ يَسْأَلُهُ وَيُصَدِّقُهُ.

قَالَ: فَمَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَاالْمَسْئُوْلُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ.

قَالَ: فَمَا أَمَارَتُهَا؟ قَالَ: أَنْ تَلِدَ الْأَمَةُ رَبَّتَهَا، وَأَنْ تَرَى الْحُفَاةَ الْعُرَاةَ الْعَالَةَ رِعَاءَ الشَّاءِ يَتَطَاوَلُوْنَ فِى الْبُنْيَانِ.

قَالَ عُمَرُ: فَلَقِيَنِىَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ ذٰلِكَ بِثَلَاثٍ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ هَلْ تَدْرِىْ مَنِ السَّائِلُ؟ ذَاكَ جِبْرَئِيْلُ أَتَاكُمْ يُعَلِّمُكُمْ أَمْرَ دِيْنِكُمْ.

حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحمدٍ، نَا ابنُ الْمُبَارَكِ، نَا كَهْمَسُ بنُ الْحَسَنِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، عَنْ كَهْمَسٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

وفى الباب: عَنْ طَلْحَةَ بنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، وَأَبِىْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ نَحْوُ هٰذَا، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ ابنِ عُمَرَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَالصَّحِيْحُ هُوَ عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند کَہْمس کے شاگرد وکیع کی ہے، دوسری ابن المبارک کی، اور تیسری معاذ بن ہشام کی، پس یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اس حدیث کی سندیں اس کے علاوہ اور بھی ہیں، اور ایک سند حضرت ابن عمرؓ پر رک جاتی ہے، یہ صحیح نہیں، یہ حدیث درحقیقت حضرت ابن عمرؓ اپنے والد حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں۔

بابُ مَاجَاءَ فِيْ إِضَافَةِ الْفَرَائِضِ إِلَى الإِيْمَانِ

فرائض کی ایمان کی طرف نسبت

أَضَافَ الشيئَ إليه: کے معنی ہیں: ملانا، شامل کرنا، بڑھانا، اضافہ کرنا، اور باب کا مطلب یہ ہے کہ احادیث میں فرائض (ارکان اسلام) کی ایمان کی طرف اضافت (نسبت) کی گئی ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اعمال ایمان کا جز ہیں، یہ اختلافی مسئلہ ہے، اور اختلاف کا مدار اس پر ہے کہ ایمان کی تعریف کیا ہے؟ اسلامی فرقوں میں ایمان کی تعریف میں اختلاف پایا جاتا ہے، مگر اہل حق کے درمیان اختلاف لفظی ہے:

ماتریدیہ اور جمہور محققین صرف تصدیق قلبی کو ایمان کہتے ہیں، اور سرخسی، بزدوی اور بعض دیگر احناف تصدیق قلبی اور اقرار لسانی کے مجموعہ کو ایمان کہتے ہیں، اور جمہور محدثین، اشاعرہ، معتزلہ اور خوارج تصدیق قلبی، اقرار لسانی اور اعمالِ جوارح کے مجموعہ کا نام ایمان رکھتے ہیں۔

پھر جب ایک دوسرے کے نقطۂ نظر کو سمجھنے کی کوشش کی گئی تو معلوم ہوا کہ اہل حق کے درمیان اختلاف محض لفظی ہے، البتہ گمراہ فرقوں کے ساتھ اختلاف حقیقی ہے، کیونکہ پہلی تعریف نفسِ ایمان کی ہے، جس پر نجات اخروی کا مدار ہے، اور دوسری تعریف میں اقرار لسانی کو دنیوی احکام جاری کرنے کے لئے شرط کے طور پر لیا گیا ہے، اور آخری تعریف ایمانِ کامل کی ہے جو نجات اولی کی ضامن ہے۔

پھر جب مرتکبِ کبیرہ کے کفر واسلام کا مسئلہ سامنے آیا تو یہ راز کھلا کہ اہل حق (جمہور محدثین) نے جو اعمال کو ایمان کا جزء قرار دیا ہے: وہ صرف تکمیلی اور تزئینی جزء قرار دیا ہے، حقیقی جز قرار نہیں دیا۔ چنانچہ انھوں نے مرتکب کبیرہ کو مسلمان مانا، اور معتزلہ اور خوارج اعمال کو ایمان کا حقیقی جزء مانتے ہیں، اس لئے وہ مرتکب کبیرہ کو اسلام سے خارج کرتے ہیں (اس کی مزید تفصیل اگلے باب میں آرہی ہے، نیز تسہیل ادلہ کاملہ ص: ۱۰۵-۱۱۸ اور ایضاح الادلہ ص: ۳۰۱-۳۶۰ میں بھی پوری بحث ہے)

حدیث: نزار بن معد بن عدنان کے دولڑکے تھے ربیعہ اور مضر، جو بعد میں بڑے قبائل بن گئے، پھر ربیعہ کی ایک شاخ عبدالقیس ہے جس کا مقام بحرین، قطیف اور ہجر مقامات تھے، ان کا ایک وفد سن ۸ ہجری میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، اور انھوں نے عرض کیا: ہم (عبد القیس) ربیعہ کی شاخ ہیں، اور ہم آپؐ تک محترم مہینوں (رجب،

ذوالقعدہ، ذوالحجہ اور محرم) ہی میں پہنچ سکتے ہیں (کیونکہ درمیان میں قبائلِ مضر حائل تھے، جن سے قبائل ربیعہ کی ہمیشہ جنگ رہتی تھی، اس لئے وہ مضر کی بستیوں سے گذر کر دیگر مہینوں میں مدینہ منورہ تک نہیں پہنچ سکتے تھے) پس آپؐ ہمیں کسی ایسی بات کا حکم دیں جس کو ہم آپؐ کی طرف سے لے لیں، اور جس کی طرف ہم ان لوگوں کو بلائیں جو ہمارے پیچھے ہیں (قبیلہ عبدالقیس کے یہ حضرات پورے قبیلہ کے نمائندے بن کر خدمت نبوی میں حاضر ہوئے تھے) پس نبی ﷺ نے فرمایا: میں تمہیں چار باتوں کا حکم دیتا ہوں: (۱) اللہ پر ایمان لانے کا، پھر نبی ﷺ نے ان کے لئے اللہ پر ایمان لانے کی وضاحت فرمائی کہ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں (۲) اور نماز کا اہتمام کرنا (۳) اور زکوٰۃ ادا کرنا (۴) اور یہ کہ اس مال کا پانچواں حصہ ادا کریں جو غنیمت میں حاصل کریں (قبائل ربیعہ: قبائل مضر کے ساتھ ہمیشہ برسرِ پیکار رہتے تھے، اس لئے فرمایا: جو غنیمت حاصل ہو اس کا پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو ادا کریں)

لغات اور ترکیب: قوله: هذا الحيَّ مِن ربيعةَ: یہ منصوب علی الاختصاص ہے، یعنی ہم سے ربیعہ کی یہ شاخ عبدالقیس مراد ہے...... الوفد: باحیثیت یا بااقتدار لوگوں کے پاس کسی مقصد سے جانے والی منتخب افراد کی جماعت، ڈیلی گیشن، جمع وفود...... فَسَّرَهَا کی ضمیر إیمان بالله کی طرف راجع ہے، اور مؤنث ضمیر بتاویل خَصلة لائی گئی ہے ...... الإيمان: مجرور ہے، کیونکہ أربع سے بدل ہے، اور شهادةُ مرفوع ہے، کیونکہ مبتداھی محذوف ہے، اور إقَامِ وغیرہ مرفوع اور مجرور دونوں ہو سکتے ہیں، اگر ان کا عطف شهادةُ پر کیا جائے تو مرفوع ہونگے، اور اگر عطف الإيمانِ پر کیا جائے تو مجرور ہونگے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے شهادةُ پر عطف کیا ہے، پس اس صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ اللہ پر ایمان لانے میں: شہادتین، اقامت صلوٰۃ، ایتائے زکوٰۃ اور مال غنیمت کا خمس ادا کرنا: یہ سب باتیں ایمان باللہ میں شامل ہیں، پس حدیث کا تعلق باب سے ظاہر ہے کہ اعمال ایمان کا جز ہیں۔

لیکن اگر دوسری ترکیب کی جائے اور تینوں کا عطف الإيمان پر کیا جائے تو ایمان باللہ کی شرح صرف شہادتین میں منحصر ہوگی، باقی تین اعمال ایمان سے خارج ہوں گے، اور حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ نبی ﷺ نے جو چار باتیں بتانے کے لئے ارشاد فرمایا تھا ان میں سے باقی تین باتیں یہ ہیں، پس اس صورت میں حدیث سے باب ثابت نہیں ہوگا، یعنی اعمال کا جز ایمان ہونا ثابت نہیں ہوگا۔

تشریح: یہ حدیث یہاں مختصر ہے، اس لئے بات پوری طرح واضح نہیں ہوتی۔ یہ حدیث بخاری شریف میں گیارہ مرتبہ آئی ہے، پہلی مرتبہ کتاب الإيمان باب ۴۰ (حدیث ۵۳) میں ہے۔ اور وہ اس طرح ہے: وفد نے عرض کیا: ہمیں کوئی واضح بات بتائیں جو ہم پیچھے والوں کو بتائیں، اور اس کے ذریعہ ہم جنت میں جائیں، اور انھوں نے نبی ﷺ سے شرابوں (نبیذوں) کے بارے میں بھی پوچھا: فَأَمَرَهُمْ بِأَرْبَعٍ وَنَهَاهُمْ عَنْ أَرْبَعٍ: پس نبی ﷺ

نے ان کو چار باتوں کا حکم دیا اور چار برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا، أَمَرَهم بالإيمان بِاللّٰهِ وَحْدَهُ: آپؐ نے ان کو صرف اللہ پر ایمان لانے کا حکم دیا، قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا الإيمانُ بِاللّٰهِ وَحْدَهُ؟! آپؐ نے پوچھا: کیا جانتے ہو صرف اللہ پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ!: انھوں نے جواب دیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، قَالَ: "شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمداً رسولَ اللّٰهِ، وَإِقَامُ الصَّلَاةِ وَإِيْتَاءِ الزَّكوٰةِ، وَصِيَامُ رَمَضَانَ، وَأَنْ تُعْطُوْا مِنَ الْمَغْنَمِ الْخُمْسَ": فرمایا: اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں، اور نماز کا اہتمام کرنا، اور زکوۃ ادا کرنا، اور رمضان کے روزے رکھنا (اور حج کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ وہ ابھی تک فرض نہیں ہوا تھا) اور یہ کہ مالِ غنیمت میں سے پانچواں حصہ مرکزی حکومت کو دو (یہاں بھی دو ترکیبیں ہوسکتی ہیں: اگر الإیمانِ پر عطف کریں تو یہ سب جملے مجرور ہونگے اور نماز، زکوۃ اور روزہ وغیرہ ایمان کی تفسیر سے خارج ہونگے، اور یہ چار باتوں میں سے باقی تین باتیں ہونگی، اور مالِ غنیمت میں سے پانچواں حصہ ادا کرنے کی بات چار باتوں سے زائد ہوگی ...... اور اگر الإیمانُ پر عطف کریں تو یہ سب جملے مرفوع ہونگے اور یہ سب باتیں ایمان کی تفسیر میں داخل ہونگی ...... مگر صحیح ترکیب پہلی ہے، کیونکہ دوسری ترکیب کی صورت میں سوال ہوگا کہ باقی تین باتیں کیا ہیں؟ بعض شارحین نے اس کا جواب دیا ہے کہ راوی ان کو بھول گیا (لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ!) اور نبی ﷺ نے ان کو چار برتنوں کے استعمال سے منع کیا: (۱) ہرے رنگ کا گھڑا جس میں نبیذ تیار کی جاتی تھی (۲) تُونبی یعنی کدو کا برتن (۳) لکڑی کھود کر بنایا ہوا برتن (۴) تارکول پھیرا ہوا برتن ...... پھر آخر میں نبی ﷺ نے فرمایا: یہ سب باتیں یاد رکھو اور یہ سب باتیں ان لوگوں کو بتاؤ جو تمہارے پیچھے ہیں۔

[۵-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ إِضَافَةِ الْفَرَائِضِ إِلَى الإِيْمَانِ

[۲۶۰۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبَّادُ بنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَدِمَ وَفْدُ عَبْدِ الْقَيْسِ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: إِنَّا هٰذَا الْحَيَّ مِنْ رَبِيْعَةَ، وَلَسْنَا نَصِلُ إِلَيْكَ إِلَّا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَمُرْنَا بِشَيْئٍ نَأْخُذُهُ عَنْكَ، وَنَدْعُوْ إِلَيْهِ مَنْ وَرَاءَ نَا، فَقَالَ: "آمُرُكُمْ بِأَرْبَعٍ: الإِيْمَانِ بِاللّٰهِ، ثُمَّ فَسَّرَهَا لَهُمْ: شَهَادَةُ أَنَّ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَإِقَامِ الصَّلَاةِ، وَإِيْتَاءِ الزَّكَاةِ، وَأَنْ تُؤَدُّوْا خُمُسَ مَا غَنِمْتُمْ"

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَأَبُوْ جَمْرَةَ الضُّبَعِيُّ: اسْمُهُ نَصْرُ بنُ عِمْرَانَ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ عَنْ أَبِيْ جَمْرَةَ أَيْضًا، وَزَادَ فِيْهِ:

أَتَدْرُوْنَ مَاالإِيْمَانُ؟ قَالَ: الإِيْمَانُ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَذَكَرَ الحَدِيْثَ.

سَمِعْتُ قُتَيْبَةَ بنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ هٰؤُلَاءِ الْفُقَهَاءِ الْأَشْرَافِ الْأَرْبَعَةِ: مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَاللَّيْثِ بنِ سَعْدٍ، وَعَبَّادِ بنِ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيِّ، وَعَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ، قَالَ قُتَيْبَةُ: وَكُنَّا نَرْضَى أَنْ نَرْجِعَ كُلَّ يَوْمٍ مِنْ عِنْدِ عَبَّادِ بنِ عَبَّادٍ بِحَدِيْثَيْنِ، وَعَبَّادُ بنُ عَبَّادٍ هُوَ مِنْ وَلَدِ الْمُهَلَّبِ بنِ أَبِيْ صُفْرَةَ.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے حدیث کی دوسندیں پیش کی ہیں: ایک: عباد کی، دوسری حماد کی، دونوں حضرات ابو جمرہ کے شاگرد ہیں، اور حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور ابو جمرہ کا نام نصر بن عمران ضُبَعی ہے، اور یہ حدیث ابو جمرۃ سے امام شعبہ بھی روایت کرتے ہیں، اوران کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو ایمان کیا ہے؟ پھر فرمایا: ایمان: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰه کی گواہی دینا ہے، اوراس بات کی گواہی دینا ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں، پھر باقی حدیث وہی ہے جو اوپر گذری۔

قتیبہ کہتے ہیں: میں نے ان چار بزرگ فقہاء جیسے حضرات نہیں دیکھے: ایک: امام مالک، دوسرے: امام لیث بن سعد مصری، تیسرے: عباد بن عباد المُهَلَّبِی اور چوتھے: عبدالوہاب ثقفی، نیز قتیبہ کہتے ہیں: ہمیں اس وقت خوشی ہوتی تھی جب ہم روزانہ عباد بن عباد کے پاس سے (کم ازکم) دو حدیثیں پڑھ کر لوٹتے تھے، اور عباد: مہلّب بن ابی صُفرہ کی اولاد میں سے ہیں (مہلّب فوجی کمانڈر گذرے ہیں، اور جلیل القدر تابعی ہیں، ابواسحاق سبیعی کہتے ہیں: میں نے ان سے افضل امیر نہیں دیکھا)

بَابٌ فِي اسْتِكْمَالِ الإِيْمَانِ، وَزِيَادَتِهِ، وَنُقْصَانِهِ

ایمان کی تکمیل اوراس میں کمی بیشی کا بیان

اسْتَكْمَلَ الشيئَ کے معنی ہیں: پورا کرنا...... ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے یا نہیں؟ یعنی ایمان گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں؟ یہ قدیم اختلافی مسئلہ ہے، کیونکہ ایمان کے دو معنی ہیں، یا یہ کہئے کہ ایمان کی دو قسمیں ہیں: ایک: نفسِ ایمان، دوسری: ایمانِ کامل، جیسے انسان دو طرح کے ہیں: ایک محض انسان، دوسرا کامل انسان، محض انسان: وہ ہے جس پر حیوان ناطق صادق آئے، اگرچہ اس کے دونوں ہاتھ اور دونوں پیر نہ ہوں، اور وہ نہایت بدصورت اور اول نمبر کا احمق ہو پھر بھی انسان ہے، اور کامل انسان: وہ ہے جس کی بناوٹ پوری ہو، فہم وفراست میں یگانہ ہو، حسن وجمال میں یوسفِ زمانہ ہو، طاقت وقوت میں رستمِ دوراں ہو، اور نظافت وطہارت میں فرشتہ ہو: یہ کامل انسان ہے۔

اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ ایمان بھی دو طرح کا ہے، ایک نفسِ ایمان، جس پر نجات اخروی کا مدار ہے، دوسرا کامل ایمان جو نجات اوّلی کا ضامن ہے...... پس بعض حضرات نے نفسِ ایمان کی تعریف کی اور دوسروں نے ایمانِ

کامل کی تعریف کی: اس لئے تعریفیں مختلف ہوگئیں۔

ایمان کی پہلی تعریف:

ماتریدیہ اور جمہور محققین صرف تصدیق قلبی کو ایمان کہتے ہیں: اور اقرار لسانی کو احکام دنیویہ جاری کرنے کے لئے شرط قرار دیتے ہیں، پھر ان حضرات میں اختلاف ہوا کہ اقرار: ایمان کا اصلی جز ہے یا زائد؟ امام اعظم رحمہ اللہ نے الفقه الأكبر میں لکھا ہے: الإيمانُ: هو الإقرارُ والتصديقُ: لیکن امام اعظمؒ نے اس کی صراحت نہیں کی کہ اقرار: ایمان کا حقیقی جز ہے یا اضافی؟ محققین کا خیال ہے کہ اضافی جز ہے۔ دنیا میں کسی کو مسلمان قرار دینے کے لئے اقرار ضروری ہے، ورنہ ایمان بسیط ہے، اس کا کوئی جز نہیں، پس ماتریدیہ کی تعریف میں اور سرخسی اور بزدوی کی تعریف میں کوئی حقیقی اختلاف نہیں۔

اس کی تشریح یہ ہے کہ مؤمن ہونے کے لئے جن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے، ان تمام چیزوں کو دل سے مان لینے کا نام ایمان ہے، ابھی حدیث جبرئیل گذری ہے کہ ایمان یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کو، اس کے فرشتوں کو، اس کی کتابوں کو، اس کے رسولوں کو اور اس دنیا کے آخری دن کو اور بھلی بری تقدیر کو مانیں، حضرت جبرئیلؑ نے اس جوابِ نبوی کی تائید فرمائی ہے، پس جوابِ نبوی اور تائید جبرئیل سے یہ بات واضح ہوئی کہ ایمان صرف تصدیق قلبی کا نام ہے، کیونکہ اس حدیث میں ایمان کا صلہ ب آیا ہے، اور اس صورت میں ایمان کے معنی تصدیق یعنی یقین کرنے کے ہوتے ہیں، اور اس حدیث میں مذکور چھ چیزیں جن کے ماننے کو ایمان قرار دیا گیا ہے وہ مُؤْمَن به اور مُصَدَّق بِه کہلاتی ہیں، اس کی دوسری مختصر تعبیر الإيمانُ بماجاء به الرسول ہے، یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تمام تعلیمات کو دل سے مان لینے کا نام ایمان ہے، اگر ان میں سے کسی ایک چیز کو بھی دل سے نہیں مانے گا تو وہ مؤمن نہیں ہوگا، کافر ہوگا، اسی طرح اگر کوئی شخص ایمان لانے کے بعد مؤمَن به میں سے کسی ایک چیز کا بھی دل سے انکار کر دے تو وہ بھی مؤمن نہیں رہے گا، کافر ہو جائے گا۔

اور ایمان کے بسیط ہونے کی پہلی دلیل یہ ہے کہ متعدد آیتوں میں دل کو ایمان کا محل قرار دیا گیا ہے، مثلاً: ﴿أُولٰئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الإِيْمَانَ﴾ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان ثابت فرما دیا ہے، اور یہ بات ظاہر ہے کہ دل میں صرف تصدیق پائی جاتی ہے، پس اسی کا نام ایمان ہے۔

اور ایمان کے بسیط ہونے کی دوسری دلیل یہ ہے کہ بعض آیتوں میں ایمان کی دل کی طرف نسبت کی گئی ہے، یعنی ایمان کو دل کا فعل بتایا ہے، مثلاً: ﴿قَالُوْا آمَنَّا بِأَفْوَاهِهِمْ، وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ﴾ وہ اپنے مونہوں سے کہتے ہیں: ہم ایمان لائے اور ان کے دلوں نے یقین نہیں کیا، اس قسم کی آیات سے واضح ہوتا ہے کہ ایمان دل کا فعل ہے، اور دل کا فعل تصدیق ہے، پس وہی ایمان ہے۔

ایمان کی دوسری تعریف:

اس کے بالمقابل جمہور محدثین، اشاعرہ، معتزلہ اور خوارج کے نزدیک ایمان تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے، یعنی تصدیق قلبی، اقرار لسانی اور عمل بدنی، ان حضرات نے بھی اپنے موقف کو قرآن وحدیث سے ثابت کرنے کی پوری کوشش کی ہے، پھر جب ان حضرات نے اعمال کو ایمان کا جز قرار دیا تو قدرتی طور پر سوال پیدا ہوا کہ ایمان گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں؟ اور تمام مؤمنین کا ایمان یکساں ہے یا متفاوت؟ کیونکہ اعمال متفاوت ہیں۔ احناف کے نزدیک چونکہ اعمال: ایمان کا جز نہیں اس لئے انھوں نے انکار کیا، اور کہا کہ ایک مؤمن کا ایمان اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کا ایمان برابر ہے، اور تمام مؤمنین ایمان میں یکساں ہیں۔ یعنی ایمان میں کمی بیشی نہیں ہوتی، کیونکہ اعمال: ایمان کا جز نہیں، اور نفسِ تصدیق میں کمی بیشی ممکن نہیں، اور اسی قول کی بنا پر احناف پر یہ الزام لگا کہ یہ حضرات عمل کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، جیسے مرجئہ کہتے ہیں کہ اعمالِ صالحہ تو آخرت میں مفید ہونگے مگر اعمال سیئہ سے انسان کو کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، بلکہ مؤمنین کی تمام برائیاں معاف کردی جائیں گی، بلکہ بعض حضرات نے تو کھل کر امام اعظم رحمہ اللہ اور احناف کو مرجئہ کہہ دیا، حالانکہ امام اعظمؒ نے خود الفقہ الاکبر میں صراحت کی ہے کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ ہماری نیکیاں تو مقبول ہیں اور ہماری برائیاں معاف ہیں، جیسے مرجئہ کہتے ہیں، اور دوسری جگہ فرمایا ہے: آسمان والوں اور زمین والوں کا ایمان مُؤمَن به کے اعتبار سے بڑھتا گھٹتا نہیں، البتہ تصدیق ویقین کے اعتبار سے بڑھتا گھٹتا ہے، یعنی تصدیق ویقین میں شدت وضعف کے اعتبار سے کمی بیشی ہوتی ہے، اور تمام مؤمنین ایمان وتوحید میں یکساں ہیں، اور اعمال میں کمی بیشی ہوتی ہے۔

اختلاف کا راز کھلتا ہے:

پھر جب یہ مسئلہ سامنے آیا کہ مرتکب کبیرہ مؤمن ہے یا نہیں؟ تو معتزلہ اور خوارج نے یہ موقف اختیار کیا کہ وہ ایمان سے خارج ہے، کیونکہ ایمان تین اجزا سے مرکب ہے، اور مرکب کا کوئی بھی جز فوت ہوجائے تو مرکب باقی نہیں رہتا، پس جب عمل صالح نہ رہا کہ اس نے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا تو وہ ایمان سے خارج ہوگیا، اور احناف نے مرتکب کبیرہ کو مؤمن قرار دیا، اسی طرح اشاعرہ اور تمام محدثین نے بھی مرتکب کبیرہ کو مؤمن قرار دیا۔ ایمان سے خارج نہیں کیا، اور جب ان سے پوچھا گیا کہ مرتکب کبیرہ مؤمن کیسے ہوسکتا ہے؟ ایمان تو مرکب ہے؟ یعنی اعمال ایمان کا جز ہیں، پس عمل کے فوت ہونے سے ایمان فوت ہوجانا چاہئے؟ تو انھوں نے جواب دیا کہ اعمال ایمان کا اصلی جز نہیں، بلکہ تکمیلی اور تزئینی جز ہیں، اس لئے ان کے نہ رہنے سے ایمان فوت نہ ہوگا۔

الغرض: اس جگہ محدثین نے معتزلہ اور خوارج کا ساتھ چھوڑ دیا، وہ احناف کے ساتھ ہوگئے، پس واضح ہوگیا کہ

محدثین نے اعمال کوجس ایمان کا جز قرار دیا ہے وہ ایمانِ کامل ہے، اوراحناف نے جو اعمال کو ایمان کا جز قرار نہیں دیا تو وہ نفس ایمان کا جز قرار نہیں دیا، اس طرح جب حقیقت حال کھلی تو معلوم ہوا کہ اہل حق کے درمیان اختلاف حقیقی نہیں، صرف لفظی ہے، ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے: ولِذَا ذَهَبَ الإمَامُ الرازيُّ و كثيرٌ من المتكلمين إلى أَنَّ هٰذَا الخلافَ لفظيٌّ: اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے بھی اس کی صراحت کی ہے کہ یہ اختلاف لفظی ہے۔

تزاید ایمان والی نصوص کا مطلب:

اب رہا یہ سوال کہ قرآن پاک کی بعض آیات سے اور احادیث شریفہ سے ایمان میں کمی زیادتی ثابت ہوتی ہے، مثلاً سورۃ التوبہ (آیت ۱۲۴) ہے: ﴿وَإِذَا مَا أُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهِ إِيْمَانًا﴾ الآیۃ یعنی جب بھی کوئی (نئی) سورت نازل ہوتی ہے تو بعض منافقین (غریب مسلمانوں سے تمسخر کرتے ہوئے) کہتے ہیں: (بتاؤ) اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان بڑھادیا؟ سو (سنو) جو لوگ ایمان دار ہیں: اس سورت نے ان کے ایمان میں اضافہ کیا ہے، اور وہ خوش ہو رہے ہیں۔

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں یہ بات صراحتاً موجود ہے کہ ایمان میں زیادتی احکام واخبار کے بڑھنے کی وجہ سے ہوئی ہے، یعنی جب بھی اللہ کا نیا کلام نازل ہوتا ہے تو مؤمنین کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے، اور ان کی ایمانی کیفیت یعنی خوشی بڑھ جاتی ہے، اور مُؤمن بہ میں یہ اضافہ نزول وحی کے زمانہ میں ہوتا تھا، اب وحی مکمل ہوچکی، اس لئے مؤمن بہ میں اضافہ کی کوئی صورت نہیں۔

اس کی مزید تشریح یہ ہے کہ اسلام کے دور اول میں جتنا قرآن نازل ہوتا تھا بس اتنے پر ایمان لانا ضروری تھا، اسی طرح جو احکام نازل ہو چکے تھے ان پر ایمان لانا مکمل ایمان تھا، پھر جب نئی وحی آتی، اور نئے احکام اترتے تو ان پر بھی ایمان لانا ضروری ہوتا، اس طرح ان حضرات کا ایمان بڑھتا رہتا تھا، مگر وہ زیادتی نفس ایمان میں نہیں ہوتی تھی، بلکہ مُؤْمَن بہ میں ہوتی تھی، یعنی ان چیزوں میں ہوتی تھی جن پر ایمان لانا ضروری تھا، مُؤمن بہ کی اسی زیادتی کو ایمان کی زیادتی قرار دیا گیا تھا............ پھر جب نبوت کا زمانہ ختم ہوگیا، اور وحی مکمل ہوگئی تو اب مؤمن بہ محدود و متعین ہوگیا، اور اب سب لوگوں کے لئے انہی باتوں پر ایمان لانا ضروری ہوگیا، اب ان میں نہ زیادتی ہوسکتی ہے نہ کمی، لہٰذا مؤمن بہ کے اعتبار سے ایمان میں زیادتی کمی کا سوال ختم ہوگیا۔

ہاں تصدیق کے مکملات یعنی اعمال کے اعتبار سے ایمان میں کمی بیشی جاری ہے، اسی طرح تصدیق کی کیفیت یعنی شدت وضعف کے اعتبار سے بھی ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے، مگر کمیت یعنی مقدار کے اعتبار سے ایمان میں کچھ کمی بیشی نہیں ہوتی، کیونکہ ایمان خواہ کتنا ہی قوی ہو، مُؤمن بہ میں کوئی جز نہیں بڑھتا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا: أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ: مؤمنین

میں ایمان کے اعتبار سے کامل ترین: ان میں سب سے زیادہ اچھے اخلاق والا ہے، اوران میں اپنے گھر والوں کے ساتھ سب سے زیادہ نرم برتاؤ کرنے والا ہے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ اس حدیث سے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ اخلاق کی عمدگی سے، اور گھر والوں کے ساتھ نرم برتاؤ کرنے سے ایمان کی تکمیل ہوتی ہے، جس شخص میں یہ دووصف ہونگے اس کا ایمان بڑھا ہوا ہوگا، اور جس میں یہ دووصف سرے سے نہیں ہونگے یا کم ہونگے اس کا ایمان ناقص ہوگا، پس ثابت ہوا کہ اعمال: ایمان کا جز ہیں، اور اعمال صالحہ سے ایمان میں ترقی ہوتی ہے، مگر ظاہر ہے ان اوصاف سے مؤمن بہ میں کوئی اضافہ نہیں ہوتا، اس لئے یہ نفسِ ایمان میں اضافہ نہیں، بلکہ ان اوصاف سے ایمانِ کامل میں اضافہ ہوتا ہے، اور اس کا کوئی منکر نہیں۔

[٦-] بابٌ في اسْتِكْمَالِ الإِيْمَانِ، وَزِيَادَتِهِ، وَنُقْصَانِهِ

[٢٦١٠-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ الْبَغْدَادِيُّ، أَنَا إِسْمَاعِيلُ بنُ عُلَيَّةَ، نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنْ أَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِيْمَانًا: أَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَأَلْطَفُهُمْ بِأَهْلِهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَنَسِ بنِ مَالِكٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَلاَ نَعْرِفُ لِأَبِيْ قِلَابَةَ سَمَاعًا مِنْ عَائِشَةَ، وَقَدْ رَوَى أَبُوْ قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ رَضِيعٍ لِعَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ غَيْرَ هٰذَا الحديثِ، وَأَبُوْ قِلَابَةَ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ زَيْدٍ الْجَرْمِيُّ.

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، أَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: ذَكَرَ أَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ أَبَا قِلَابَةَ، فَقَالَ: كَانَ وَاللّٰهِ مِنَ الْفُقَهَاءِ ذَوِي الأَلْبَابِ.

وضاحت: عبداللہ بن زید جرمی بصری کبار تابعین میں سے ہیں، مگر انھوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حدیث نہیں سنی، اور وہ اس حدیث کے علاوہ دوسری حدیث عبداللہ بن یزید کے واسطے سے روایت کرتے ہیں، یہ حضرت عائشہ کے رضاعی بھائی ہیں، وہ حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں...... اور ایوب سختیانی رحمہ اللہ نے ایک مرتبہ ابوقلابہ کا ذکر کیا تو فرمایا: بخدا! وہ عقلمند فقہاء میں سے تھے۔

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے لوگوں کے سامنے تقریر فرمائی، پہلے دل نرم کرنے والی باتیں بیان فرمائیں، پھر فرمایا: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ: اوخواتین! خیرات کرو، کیونکہ تمہاری تعداد دوزخ میں زیادہ ہے، پس خواتین میں سے ایک نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! ایسا کیوں ہے؟ یعنی جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ کیوں ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا: لِكَثْرَةِ لَعْنِكُنَّ: تمہارے بہت زیادہ

لعنت کرنے کی وجہ سے، راوی کہتا ہے: نبی ﷺ کی مراد: شوہروں کی ناشکری ہے، (یعنی عورتیں شوہروں کو کوستی ہیں، زندگی بھر شوہر بیوی کو ناز سے پالے، پھر اس کی کوئی ایک خواہش پوری نہ کرے تو بعض عورتیں چھوٹتے ہی کہتی ہیں: میں نے تیرے گھر میں آ کر کیا دیکھا ہے، چار ٹھیکرے اور چار چیتھڑے! اور جو لوگوں کا شکر بجا نہیں لاتا وہ اللہ کا بھی شکر بجا نہیں لاتا، اس لئے یہ لعن طعن جہنم میں جانے کا سبب بن جاتا ہے، پھر) فرمایا: وما رأيتُ من ناقصاتِ عقلٍ ودينٍ أَغْلَبَ لذوى الألباب وذوى الرأيِ مِنْكُنَّ!: میں نے کوئی عقل اور دین کی ادھوری ایسی (مخلوق) نہیں دیکھی جو عقل مندوں اور رائے والوں پر تم سے زیادہ غالب آنے والی ہو (یعنی عورت شوہر کو اگرچہ وہ کتنا ہی فرزانہ ہو مٹھی میں کر لیتی ہے، اور ماں باپ سے اور دیگر رشتہ داروں سے لڑا دیتی ہے، نیز اپنی دیگر خواہشات میں بھی شوہر کو استعمال کرتی ہے، اس لئے یہ چیز بھی جہنم میں جانے کا سبب بن جاتی ہے)

پھر خواتین میں سے ایک نے پوچھا: عورت کی عقل اور عورت کا دین ادھورا کیوں ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہے (یہ اس کی عقل کی کمی کی وجہ سے ہے) اور اس کے دین کا نقصان حیض ہے، پس تم میں سے ہر عورت تین چار دن ٹھہری رہتی ہے، نماز نہیں پڑھتی (اگرچہ حالتِ حیض کی نمازیں معاف ہیں، مگر مرد جو تیس دن نماز پڑھتے ہیں اور عورت جو چھبیس دن نماز پڑھتی ہے، دونوں برابر نہیں ہو سکتے، یہ عورتوں کے دین کی کمی کی دلیل ہے)

تشریح: امام ترمذیؒ اس حدیث سے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ جب حالت حیض میں نمازیں نہ پڑھنے سے عورتوں کے دین میں کمی آئی، اور مردوں کے نماز پڑھنے سے ان کے دین میں ترقی ہوئی تو معلوم ہوا کہ اعمال سے دین میں یعنی ایمان میں کمی بیشی ہوتی ہے (مگر یہ تفاوت درجاتِ جنت میں ہوتا ہے، نفس ایمان میں نہیں ہوتا، اس لئے ایمان کامل میں تو اس حدیث سے کمی بیشی ثابت ہوتی ہے، مگر نفس ایمان میں جس پر نجات کا مدار ہے کمی بیشی ثابت نہیں ہوتی)

[۲۶۱۱-] حدثنا أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ هُرَيْمُ بنُ مِسْعَرٍ الْأَزْدِيُّ التِرْمِذِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أَبِىْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ، فَوَعَظَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: '' يَامَعْشَرَ النِّسَاءِ! تَصَدَّقْنَ، فَإِنَّكُنَّ أَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ'' فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: وَلِمَ ذَاكَ؟ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: '' لِكَثْرَةِ لَعْنِكُنَّ'' يَعْنِىْ وَكُفْرِكُنَّ الْعَشِيْرَ، قَالَ: '' وَمَا رَأَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ أَغْلَبَ لِذَوِىْ الْأَلْبَابِ وَذَوِى الرَّأْىِ مِنْكُنَّ'' قَالَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ: وَمَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا وَدِيْنِهَا؟ قَالَ: ''شَهَادَةُ امْرَأَتَيْنِ مِنْكُنَّ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ، وَنُقْصَانُ دِيْنِكُنَّ الْحَيْضَةُ، فَتَمْكُثُ إِحْدَاكُنَّ الثَّلَاثَ وَالْأَرْبَعَ لَاتُصَلِّىْ''

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث(۳): نبی ﷺ نے فرمایا:الإیمانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، فَأَدْنَاهَا: إِمَاطَةُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيْقِ، وَأَرْفَعُهَا: قَوْلُ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ:ایمان کے ستّر سے کچھ زیادہ دروازے ہیں(اوراسی حدیث میں دوسری سند سے یہ ہے کہ ایمان کے چونسٹھ دروازے ہیں) پس ان میں سے معمولی عمل: راستہ سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ہے،اوران میں سے بہترین عمل:لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰه کہنا ہے۔

تشریح:امام ترمذی رحمہ اللہ اس حدیث سے بھی یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ چھوٹے بڑے تمام اعمال ایمان کا جز ہیں، پس ایمان کی تکمیل اعمال ہی سے ہوگی،اوراعمال کی کمی بیشی سے ایمان میں کمی بیشی ہوگی(مگر یہ ایمانِ کامل کا حال ہے، اعمال سے ایمان کو رونق ملتی ہے، اور گناہوں سے ایمان کی شان گھٹتی ہے، اور اس میں کوئی اختلاف نہیں،اختلاف جو کچھ ہے وہ نفس ایمان میں کمی بیشی میں ہے،اور یہ حدیث اس سے ساکت ہے)

اس حدیث میں لفظ باب آیا ہے جس کے معنی ہیں: دروازہ،اوردوسری حدیث میں شعبة آیا ہے جس کے معنی ہیں: شاخ،ٹہنی، نبی ﷺ نے ایمانِ کامل کوسرسبز تناور درخت کے ساتھ تشبیہ دی ہے،اور أدناها کی ضمیر باب کی جمع أبواب کی طرف لوٹتی ہے،اسی طرح أرفعُها کی ضمیر بھی اور لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰه کہنے سے ذکر کرنا مراد ہے،ایمان لانا مراد نہیں۔

اور یہ تشبیہ اس پر دلالت کرتی ہے کہ کمی بیشی کا تعلق ایمانِ کامل سے ہے، کیونکہ اگر درخت کے پتّے جھڑ جائیں، پھل پھول گرجائیں،شاخیں نہ رہیں،صرف تنا باقی رہ جائے تو بھی درخت باقی رہتا ہے،اگرچہ وہ ناقص ہوتا ہے، اسی طرح جو شخص تمام مؤمَن به کو مانتا ہے مگراعمالِ صالحہ نہیں کرتا، بلکہ اعمالِ سیئہ میں مبتلا ہے تو اس کا نفس ایمان موجود ہے،مگر وہ ایمان کامل نہیں، اس لئے اس ایمان کی وجہ سے نہ جنت کا دخول اوّلی نصیب ہوگا نہ وہ درجاتِ عالیہ کا حقدار بنے گا۔

[۲٦۱۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الإِيْمَانُ بِضْعٌ وَسَبْعُوْنَ بَابًا، فَأَدْنَاهَا: إِمَاطَةُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيْقِ، وَأَرْفَعُهَا: قَوْلُ لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى سُهَيْلُ بنُ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَرَوَى عُمَارَةُ بنُ غَزِيَّةَ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الإِيْمَانُ أَرْبَعَةٌ وَسِتُّوْنَ بَابًا " حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ، نَا بَكْرُ بنُ مُضَرَ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ غَزِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند عبداللہ بن دینار کی ہے،اوراس حدیث کو عمارة بھی ابوصالح سے روایت کرتے

ہیں مگران کی حدیث میں چونسٹھ دروازوں کا ذکر ہے، اور یہ اختلاف ایسا ہی ہے جیسا ایک حدیث میں ہے کہ پانچ چیزیں امورفطرت میں سے ہیں، اور دوسری حدیث میں ہے کہ دس چیزیں امورفطرت میں سے ہیں، ان میں کوئی تعارض نہیں، کیونکہ چھوٹا عدد بڑے عدد کا جز ہوتا ہے اور جس طرح وحی آتی رہی: آپؐ اطلاع دیتے رہے، یا یہ کہا جائے کہ ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، بہرحال بڑا عدد لیا جائے گا۔

بابُ ماجاءَ: الْحَيَاءُ مِنَ الإِيْمَانِ

حیا ایمان کا جز ہے

گذشتہ دو بابوں سے ایمان کی بساطت وترکیب کا مسئلہ چل رہا ہے، یعنی اعمال ایمان کا جز ہیں یا نہیں؟ احناف اعمال کو ایمانِ حقیقی کا جز نہیں مانتے، اور محدثین کرام جز مانتے ہیں، یہ باب بھی اسی مسئلہ سے متعلق ہے اور آگے بھی کئی ابواب اسی مسئلہ سے متعلق آرہے ہیں، پہلے اعمالِ صالحہ کے ابواب آئیں گے، جن میں اعمال کا ایمان سے تعلق بیان کیا جائے گا، پھر معاصی کے ابواب آئیں گے، جن کو ایمان کے منافی قرار دیا جائے گا۔ اس باب میں حیا کا جز ایمان ہونا ثابت کرتے ہیں۔

حدیث: بخاری شریف (حدیث ۲۴ و ۶۱۱۸) میں ہے کہ نبی ﷺ ایک ایسے شخص کے پاس سے گذرے، جو اپنے بھائی کو حیا کے سلسلہ میں ملامت کررہا تھا، وہ کہہ رہا تھا: تو اتنا شرماتا ہے کہ اپنا نقصان کرلیتا ہے، نبی ﷺ نے اس کی بات سنی تو فرمایا: **دَعْهُ، فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الإِيْمَانِ**: رہنے دے، حیا ایمان کا جز ہے۔

تشریح: اخلاقِ حسنہ میں حیا کا نہایت اہم مقام ہے، حیا ہی وہ خوبی ہے جو آدمی کو بہت سی برائیوں سے روکتی ہے، اس وجہ سے ایمان اور حیا میں خاص رشتہ ہے...... اور حیا صرف ہم جنسوں سے نہیں کی جاتی بلکہ اصل حیا حق تعالیٰ سے کی جاتی ہے، پہلے أبواب البر والصلة میں باب الحياء گذرا ہے، وہاں یہ حدیث آئی ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ایسی حیا کرو جیسی اس سے حیا کرنی چاہئے، پھر آپؐ نے اس کی وضاحت کی کہ سر کی اور سر میں جو افکار وخیالات ہیں ان کی حفاظت کرو، اور پیٹ کی اور جو کچھ اس میں ہے ان کی نگرانی کرو، اور موت کو اور موت کے بعد قبر میں جو حالت پیش آنی ہے اس کو یاد کرو، جس نے یہ سب کچھ کیا اس نے اللہ سے حیا کی جیسا اس سے حیا کرنے کا حق ہے۔

اور امام ترمذی رحمہ اللہ کا مقصد اس باب سے اور اس حدیث سے یہ ثابت کرنا ہے کہ اعمال ایمان کا جز ہیں، مگر ابواب الایمان کی تمہید کے آخر میں ہم نے یہ بات عرض کی ہے کہ نصوص میں ایمان اور اسلام کا ایک دوسرے پر اطلاق ہوتا ہے، پس اس حدیث میں ایمان سے اسلام مراد ہے۔ علاوہ ازیں: ایمان کے دو معنی ہیں: حقیقی ایمان جس پر نجات کا مدار ہے، اور کامل ایمان جو نجات اولی کا ضامن ہے، اور جس کی وجہ سے جنت کے بلند درجات ملتے

ہیں، اور اختلاف جو کچھ ہے وہ پہلے معنی میں ہے، دوسرے معنی میں کوئی اختلاف نہیں، سب اہل حق متفق ہیں کہ اعمال صالحہ ایمان کامل کا جز ہیں، پس حیا بھی دوسرے معنی کے اعتبار سے ایمان کا جز ہے۔

[۷-] بابُ ماجاءَ: الْحَيَاءُ مِنَ الإيْمَانِ

[۲۶۱۳-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، وَأَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ ـ الْمَعْنَى وَاحِدٌ ـ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِرَجُلٍ، وَهُوَ يَعِظُ أَخَاهُ فِيْ الْحَيَاءِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " الْحَيَاءُ مِنَ الإيْمَانِ " قَالَ أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ فِيْ حَدِيْثِهِ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سَمِعَ رَجُلاً يَعِظُ أَخَاهُ فِيْ الْحَيَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گذرے جبکہ وہ اپنے بھائی کو حیا کے سلسلہ میں نصیحت کر رہا تھا، پس نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: ''حیا ایمان سے ہے'' امام ترمذیؒ کے استاذ احمد بن منیع کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کو حیا کے سلسلہ میں اپنے بھائی کو سمجھاتے ہوئے سنا (یہ الفاظ غیر واضح تھے، اس لئے میں نے بخاری شریف سے حدیث کے الفاظ نقل کئے)

بابُ ماجاءَ فِي حُرْمَةِ الصَّلاَةِ

نماز کی عظمت وتقدیس کا بیان

الحرمةُ کے معنی ہیں: تقدیس، عظمت وعزت، جمع حُرُمَات...... یہ باب بھی گذشتہ سے پیوستہ ہے، نماز بھی اہم عبادت ہے، اس لئے وہ بھی ایمان کا جز ہے۔

حدیث (۱): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا (یہ واقعہ سفر تبوک کا ہے) پس میں ایک دن آپؐ سے قریب ہوا، جبکہ ہم چل رہے تھے (گرمی سخت تھی، ساتھی بکھر گئے تھے، صرف حضرت معاذؓ حضور ﷺ کے ساتھ رہ گئے تھے) پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت میں پہنچائے، اور جو مجھے جہنم سے دور کرے۔ آپؐ نے فرمایا: ''تم نے مجھ سے ایک بڑی بات پوچھی ہے'' یعنی عمل کے اعتبار سے بھاری بات پوچھی ہے، ''مگر وہ اس شخص پر آسان ہے جس کے لئے اللہ تعالیٰ آسان کریں: (۱) اللہ کی عبادت کرو، اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو (۲) اور نماز کا اہتمام کرو (۳) اور زکوۃ ادا کرو (۴) اور رمضان کے روزے رکھو (۵) اور بیت اللہ کا حج کرو''

پھر آپؐ نے فرمایا: کیا میں خیر (بھلائی) کے دروازوں کی طرف آپؓ کی راہنمائی نہ کروں؟ (۱) روزہ ڈھال ہے (۲) اور خیرات گناہوں کو بجھاتی ہے جس طرح پانی آگ کو بجھاتا ہے (۳) اور آدمی کا رات کے درمیان میں نماز پڑھنا (بھی ایسا ہی اہم عمل ہے) حضرت معاذؓ کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ نے سورۃ السجدہ کی (آیات ۱۶و۱۷) پڑھیں: ''ان لوگوں کے پہلو خواب گاہوں سے الگ ہوتے ہیں، وہ اپنے پروردگار کو امید اور خوف سے پکارتے ہیں، اور ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے خرچ کرتے ہیں، پس ان کے اعمال کے صلہ کے طور پر جو آنکھوں کی ٹھنڈک ان کے لئے چھپائی گئی ہے اس کو کوئی نہیں جانتا!''

پھر آپؐ نے فرمایا: کیا میں آپ کو سارے معاملے کا یعنی دین کا سر، اور اس کا ستون، اور اس کی کوہان کی بلندی نہ بتلاؤں؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: معاملے (دین) کا سر اسلام (انقیاد وسرافگندگی) ہے، اور اس کا ستون نماز ہے، اور اس کی کوہان کی بلندی جہاد ہے۔

پھر آپؐ نے فرمایا: ''کیا میں آپؓ کو اس سارے معاملہ کی اصل (جڑ) نہ بتاؤں؟'' میں نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! حضرت معاذ کہتے ہیں: پس آپؐ نے اپنی زبان مبارک پکڑی، اور فرمایا: ''اس کو اپنے خلاف روک لو'' یعنی کوئی نقصان پہنچانے والی بات مت بولو، پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! کیا ہم پکڑے جائیں گے ان باتوں کی وجہ سے جو ہم بولتے ہیں؟ پس آپؐ نے فرمایا: ''اے معاذ! تمہیں تمہاری ماں گم کرے! لوگوں کو دوزخ میں ان کے مونہوں کے بل یا فرمایا: ان کے نتھنوں کے بل ان کی زبان کی کاٹی ہوئی کھیتی ہی تو ڈالتی ہے!''

لغات: الذِّرْوَۃُ (بکسر الذال وضمها) چوٹی، بلندی، کہا جاتا ہے: هو في ذِرْوَة النسب: وہ اعلیٰ نسب کا ہے...... السَّنَام (بفتح السین) کوہان، اونٹ کی کمر پر ابھرا ہوا چربی کا گٹھا، ہر چیز کا بالائی حصہ...... مَلاك الأمر (بفتح المیم): کسی معاملہ کی اصل، روح، جوہر اور خلاصہ۔

تشریح:

۱- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کے سوال کے جواب میں آپ ﷺ نے پہلے ان کو اخلاص کے ساتھ عبادت کا حکم دیا، پھر اسلام کے ارکانِ اربعہ بتائے، اور پہلے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ آخرت میں نجات اوّلی کے لئے پابندی سے یہ کام کرنے ضروری ہیں، جو بھی بندہ صرف اللہ کی عبادت کرے گا، اور ارکانِ اربعہ کا اہتمام کرے گا وہ مرتے ہی جنت میں جائے گا۔

اور یہ کام ایک اعتبار سے آسان ہیں، اور ایک اعتبار سے مشکل ہیں۔ سورۃ البقرہ (آیت ۴۵و۴۶) میں ہے: ﴿وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ، وَإِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ﴾ الآیۃ صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو، یعنی صبر اختیار کرو اور نماز کا اہتمام کرو، اور بیشک نماز دشوار ہے، یعنی پابندی سے روزانہ پانچ مرتبہ نماز پڑھنا بھاری عمل ہے، مگر جن کے قلوب

میں خشوع ہے ان پر کچھ دشوار نہیں۔ اور خاشعین وہ لوگ ہیں جن کو یقین ہے کہ وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں، اوران کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

اس آیت میں نماز میں دونوں پہلو جمع کئے گئے ہیں، دشوار ہونے کا بھی اور آسان ہونے کا بھی، اسی طرح اسلام کے ارکانِ اربعہ کا معاملہ ہے، ایمان دار بندوں پر ان کی پابندی کچھ دشوار نہیں، اور عام لوگوں کے لئے یہ بڑے بھاری اعمال ہیں۔

۲- پھر نبی ﷺ نے خیر کے تین اہم کام بتلائے: ایک نفل روزہ کا اہتمام کرنا، کیونکہ روزہ ڈھال ہے، وہ نفس اور شیطان کے حملوں سے بچاتا ہے، اور جب آدمی کا شیطان اور نفس سے پیچھا چھوٹ جاتا ہے تو گناہوں سے بچنا آسان ہوجاتا ہے، اور دوسری بات: نفلی خیرات کرنا ہے، یہ بھی اللہ کی ناراضگی کو دور کرتی ہے، اور انسان سے گناہ تو ہوہی جاتے ہیں، پس اگر خیرات کا عمل بھی جاری رہے تو وہ گناہوں کو دھودے گا۔ اور تیسری بات: تہجد کی نماز کی ترغیب دی، یہ بھی ایک اہم عمل ہے، اوراس کی تائید میں سورۃ السجدہ کی آیات پڑھیں، جن میں اس عمل کی اور دیگر اعمالِ صالحہ کی جزاء کا بیان ہے، اور حدیث کا یہی حصہ باب سے متعلق ہے، نماز کی تقدیس وتعظیم اسی سے سمجھ میں آتی ہے کہ جب تہجد یعنی نفل نماز کا یہ مقام ومرتبہ ہے تو فرض نمازوں کا مقام تو اس سے اور بھی بلند ہے، پھر آگے نماز کو دین کا ستون قرار دیا ہے۔ اس سے بھی نماز کی عظمت سمجھ میں آتی ہے، پس ثابت ہوا کہ نماز ایمان کامل کا جز ہے۔

پھر نبی ﷺ نے تین اور باتوں کی طرف راہنمائی فرمائی، ایک اسلام کی طرف، یعنی اگر انسان کے مزاج میں انقیادواطاعت اور سرافگندگی کی کیفیت پیدا ہوجائے، اور وہ ہمیشہ احکام الٰہی کے سامنے سر جھکائے رہے تو دین کا سرا اس کے ہاتھ آگیا اور یہی بہترین مسلمان ہیں۔ جیسے ہالی بیل لے کر کھیت میں ہل چلانے جاتا ہے، ایک بیل کو دائیں طرف اور دوسرے کو بائیں طرف پھیرتا ہے، پھر ان کو جُوا دکھاتا ہے، پس جو بہترین بیل ہوتے ہیں وہ سر ڈال کر جوا گردن پر لے لیتے ہیں، یہ بہترین بندوں کی مثال ہے، اللہ نے بھی امانت انسانوں کے سامنے پیش کی ہے (سورۃ الاحزاب آیت ۷۲) پس جو بہترین بندے ہیں وہ سر جھکا کر اس ذمہ داری کو گردن پر لے لیتے ہیں، اور زندگی کے آخری سانس تک اس کو نباہتے ہیں، یہی بات سارے دین کا سر ہے...... اور نماز دین کا ستون ہے، حدیث میں ہے: **الصلاةُ عِمَادُ الدِّين**: نماز دین کا ستون ہے، جو نماز کا اہتمام کرتا ہے، وہ سارے دین کا اہتمام کرتا ہے، اور جو نماز چھوڑ بیٹھتا ہے جبکہ اس میں کچھ خرچ نہیں ہوتا: وہ دین کی دوسری باتیں بدرجہ اولیٰ چھوڑ دیتا ہے...... اوراسلام کی سربلندی جہاد کی رہین منت ہے، جب بھی عملِ جہاد ترک کیا جائے گا: مسلمان رسوائی سے دوچار ہونگے، اور جب بھی عمل جہاد شروع کیا جائے گا: مسلمان سرخ رو ہونگے۔

۳- اور آخر میں آپؐ نے سارے ہی معاملہ کی جڑ بتائی ہے کہ اپنی زبان کو ناجائز باتوں سے روکو، خرابی کی جڑ یہی

زبان ہے، یہیں سے فساد شروع ہوتا ہے، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو اس پر حیرت ہوئی کہ کیا بولنے کی وجہ سے بھی گرفت ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا: بھلے مانس! زبان جو کچ کچ کھیتی کاٹتی ہے اسی کی وجہ سے تو انسانوں کو مونہوں کے بل جہنم میں ڈالا جائے گا (یہ حصر ادّعائی ہے)

فائدہ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ: ایک محاورہ ہے، جس کے معنی ہیں: تجھ کو تیری ماں گم کرے، مگر محاورات کے لغوی معنی نہیں ہوتے، بلکہ محل استعمال کے اعتبار سے جو مرادی معنی ہوتے ہیں وہ مراد لئے جاتے ہیں، پس جو شخص کسی زبان کے رموز سے واقف ہوتا ہے وہ اس زبان کے محاورات براہ راست سمجھ سکتا ہے، اور جو زبان سے اچھی طرح واقف نہیں ہوتا اس کے لئے دوسری زبان کے محاورے میں ترجمہ کرنا پڑتا ہے، اور وہی ترجمہ میں نے کیا ہے: بھلے مانس یا بھولے آدمی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ مسجد سے معاہدہ (Contract) کئے ہوئے ہے تو اس کے لئے ایمان کی گواہی دو، کیونکہ اللہ تعالیٰ سورۃ التوبہ (آیت ۱۸) میں فرماتے ہیں: ''اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا، انہی لوگوں کا کام ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں، اور نماز کی پابندی کرتے ہیں، اور زکوۃ ادا کرتے ہیں، اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، ایسے ہی لوگ: امید ہے کہ مقصود تک پہنچ جائیں''

تشریح: یہ حدیث آگے ابواب التفسیر میں بھی آرہی ہے، اس حدیث سے نماز کا ایمان کے ساتھ جو تعلق ہے وہ واضح طور پر سمجھ میں آتا ہے، مگر مسجد کے ساتھ یہ تعلق کمالِ ایمان کی دلیل ہے، نفسِ ایمان کی جزئیت پر یہ حدیث دلالت نہیں کرتی۔

[۸-] بابُ ماجاءَ فِی حُرْمَةِ الصَّلاَةِ

[۲۶۱۴-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُعَاذٍ الصَّنْعَانِیُّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَاصِمِ بنِ أَبِی النَّجُوْدِ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَأَصْبَحْتُ یَوْمًا قَرِیْبًا مِنْهُ، وَنَحْنُ نَسِیْرُ، فَقُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَخْبِرْنِیْ بِعَمَلٍ یُدْخِلُنِی الْجَنَّةَ، وَیُبَاعِدُنِیْ عَنِ النَّارِ، قَالَ: '' لَقَدْ سَأَلْتَنِیْ عَنْ عَظِیْمٍ، وَإِنَّهُ لَیَسِیْرٌ عَلَی مَنْ یَسَّرَهُ اللّٰهُ عَلَیْهِ: تَعْبُدُ اللّٰهَ، وَلاَ تُشْرِكْ بِهِ شَیْئًا، وَتُقِیْمُ الصَّلاَةَ، وَتُؤْتِی الزَّكَاةَ، وَتَصُوْمُ رَمَضَانَ، وَتَحُجُّ الْبَیْتَ''

ثُمَّ قَالَ: '' أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَی أَبْوَابِ الْخَیْرِ؟ الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِیْئَةَ كَمَا یُطْفِئُ الْمَاءُ النَّارَ، وَصَلاَةُ الرَّجُلِ مِنْ جَوْفِ اللَّیْلِ'' قَالَ: ثُمَّ تَلاَ ﴿تَتَجَافَی جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ﴾ ــ حَتَّی بَلَغَ ــ ﴿یَعْمَلُوْنَ﴾

ثُمَّ قَالَ: " أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِرَأْسِ الْأَمْرِ كُلِّهِ، وَعَمُوْدِهِ، وَذِرْوَةِ سَنَامِهِ؟ قُلْتُ: بَلَى، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: " رَأْسُ الْأَمْرِ الإِسْلَامُ، وَعَمُوْدُهُ الصَّلَاةُ، وَذِرْوَةُ سَنَامِهِ الْجِهَادُ "

ثُمَّ قَالَ:" أَلَا أُخْبِرُكَ بِمَلَاكِ ذٰلِكَ كُلِّهِ؟ قُلْتُ: بَلَى، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَأَخَذَ بِلِسَانِهِ، قَالَ: "كُفَّ عَلَيْكَ هٰذَا!" فَقُلْتُ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! وَإِنَّا لَمُؤَاخَذُوْنَ بِمَا نَتَكَلَّمُ بِهِ؟ فَقَالَ: "ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا مُعَاذُ! وَهَلْ يَكُبُّ النَّاسَ فِي النَّارِ عَلَى وُجُوْهِهِمْ أَوْ: عَلَى مَنَاخِرِهِمْ، إِلَّا حَصَائِدُ أَلْسِنَتِهِمْ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲٦۱۵-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ أَبِيْ السَّمْحِ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ، فَاشْهَدُوْا لَهُ بِالإِيْمَانِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿ إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ، وَالْيَوْمِ الآخِرِ، وَأَقَامَ الصَّلَاةَ، وَآتَى الزَّكَاةَ﴾ الآيةَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاء في تَرْكِ الصَّلَاةِ

نماز چھوڑنے پر سخت وعید

یہ باب بھی گذشتہ سلسلۂ بیان سے جڑا ہوا ہے۔اب تک جوابواب آئے ہیں وہ مثبت پہلو سے آئے ہیں،اور یہ باب منفی پہلو سے ہے،نماز نہ پڑھنے پر احادیث میں جو سخت وعید آئی ہے وہ اس بات کی دلیل ہے کہ نماز ایمان کا جز ہے،کیونکہ ترکِ نماز ایمان کے منافی ہے،اوراس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں:

پہلی حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے،ان سے یہ حدیث ابوسفیان طلحہ بن نافع اور ابوالزبیر محمد بن مسلم روایت کرتے ہیں،پھر ابوسفیان سے سلیمان اعمش روایت کرتے ہیں،اوراعمش کے شاگرد ابومعاویہ کے الفاظ یہ ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا:بَيْنَ الْكُفْرِ وَالإِيْمَانِ:تَرْكُ الصَّلَاةِ: کفراور ایمان کے درمیان یعنی حدفاصل نماز چھوڑنا ہے،یعنی نماز پڑھنا تو ایمانی عمل ہے اور نماز چھوڑنا صریح کفر نہیں ہے، بلکہ ایمان وکفر کے درمیان کا عمل ہے،اور اعمش کے دوسرے شاگرد اسباط بن محمد کی روایت کے الفاظ یہ ہیں:بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ أَوْ: الْكُفْرِ: تَرْكُ الصَّلَاةِ:یعنی بندے کے درمیان اور شرک کے درمیان یا فرمایا: کفر کے درمیان نماز چھوڑنا ہے۔مگر ابوسفیان حضرت جابرؓ کے مضبوط راوی نہیں۔انھوں نے حضرت جابرؓ سے صرف چار حدیثیں سنی ہیں،اور وہ چاروں بخاری شریف میں ہیں(جن کا حوالہ تحفہ ۲:۴۷۹ کے حاشیہ میں ہے) باقی روایتیں انھوں نے ایک صحیفہ سے روایت کی ہیں (جو حضرت جابرؓ کے کسی گمنام شاگرد کا مرتب کیا ہوا تھا) اورابوالزبیر حضرت جابرؓ کے مضبوط راوی ہیں،ان کی روایت

کے الفاظ ہیں: بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْکُفْرِ : تَرْکُ الصَّلاَۃِ: ان کی روایت میں کفر اور شرک کے درمیان شک نہیں ہے، اور اس روایت کے معنی ہیں: بندے اور کفر کے درمیان نماز چھوڑنا ہے۔

تشریح: بین العبد وبین الکفر: خبر مقدم ہے اور تركُ الصلوۃ مبتدا مؤخر ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نماز پڑھنا تو ایمانی عمل ہے، اور نماز نہ پڑھنا بندے اور کفر کے درمیان کی چیز ہے، جیسے آنے جانے والے دو راستوں کے درمیان حد فاصل (Divider) ہوتی ہے جو کسی راستہ کا جز نہیں ہوتی، اسی طرح نماز چھوڑنا نہ ایمانی عمل ہے اور نہ صریح کفر وشرک ہے، بلکہ دونوں کے درمیان کا عمل ہے، پس بالقصد نماز نہ پڑھنے والے کو بھی کافر ومرتد نہیں کہیں گے۔

دوسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: العهدُ الذی بیننا وبینهم: الصلوۃ، فمن ترکها فقد کَفَرَ: نماز ہی وہ عہد وپیمان ہے جو ہمارے اور ان (ایمان قبول کرنے والوں) کے درمیان ہے، پس جس نے نماز چھوڑ دی اس نے دین کا عملی طور پر انکار کردیا۔

تشریح: العهد: خبر مقدم ہے اور تركُ الصلوۃ: مبتدا مؤخر ہے، اور خبر کی تقدیم وتعریف سے حصر پیدا ہوا ہے ...... نماز ایمان کی اہم نشانی اور اسلام کا خاص شعار ہے، پس جو شخص نماز نہیں پڑھتا اس کا اللہ سے اور اسلام سے کچھ تعلق باقی نہیں رہتا، اس نے خود کو ترکِ صلوۃ کرکے ملتِ اسلامیہ سے الگ کرلیا...... اور بینهم سے مراد عام ایمان قبول کرنے والے ہیں، بعض لوگوں نے اس کا مصداق منافقین کو قرار دیا ہے، یہ ٹھیک نہیں۔

تیسری حدیث: جلیل القدر تابعی عبد اللہ بن شقیق عقیلی صحابہ کرام کے بارے میں فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے اصحاب: نماز کے علاوہ کسی بھی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔

تشریح: یہ روایت مرسل نہیں ہے، حضرت عبد اللہ تابعی ہیں، انھوں نے صحابہ کا زمانہ پایا ہے، چنانچہ وہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کرام دین کے دوسرے ارکان واعمال مثلاً روزہ، حج، زکوۃ، جہاد وغیرہ، اور اسی طرح اخلاق ومعاملات میں کوتاہی کرنے کو صرف گناہ اور معصیت سمجھتے تھے، لیکن نماز چونکہ ایمان کی نشانی اور ملتِ اسلامیہ کا خاص شعار ہے اس لئے اس کے ترک کو وہ دینِ اسلام سے بے تعلقی اور ملتِ اسلامیہ سے خروج کی علامت سمجھتے تھے۔

ان حدیثوں کی وجہ سے امام احمد رحمہ اللہ وغیرہ نے یہ سمجھا ہے کہ نماز چھوڑنے سے آدمی قطعاً کافر اور مرتد ہوجاتا ہے، اور اس کا اسلام سے کوئی تعلق باقی نہیں رہتا، اس لئے اگر وہ اس حال میں مرجائے تو اس کی نماز جنازہ نہ پڑھی جائے، اور اس کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن نہ کیا جائے، مگر یہ مذہب متروک ہے، سعودیہ میں بھی اس پر عمل نہیں۔

اور دوسرے اکثر ائمہ کے نزدیک ترکِ نماز اگرچہ کافرانہ عمل ہے، جس کی اسلام میں قطعاً کوئی گنجائش نہیں، مگر وہ صریح کفر نہیں، پس اگر کسی بدبخت نے غفلت سے نماز چھوڑ دی، اور اس نے دل سے نماز کی فرضیت کا انکار نہیں کیا، اور اس کے عقیدے میں کوئی انحراف بھی نہیں آیا تو اگرچہ وہ دنیا وآخرت میں سخت سزا کا مستحق ہے، لیکن اسلام

سے اور ملتِ اسلامیہ سے اس کا تعلق بالکل ٹوٹ نہیں گیا، اور اس پر مرتد کے احکام جاری نہیں ہونگے۔ ان حضرات کے نزدیک مندرجہ بالا احادیث میں جو ترک نماز پر وعید آئی ہے، اس کا مطلب صرف یہ ہے کہ یہ کافرانہ عمل ہے، اور اس گناہ کی انتہائی شدت بیان کرنے کے لئے کفر کی تعبیر اختیار کی گئی ہے، حقیقتاً وہ ایمان سے نکل کر کفر کے دائرہ میں نہیں چلا جاتا، پس ان حدیثوں سے بھی نماز کا ایمانِ حقیقی کا جز ہونا ثابت نہیں ہوتا۔

[۹-] بابُ ماجاء في تَرْكِ الصَّلاَةِ

[۲۶۱۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَرِيْرٌ، وَأَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "بَيْنَ الْكُفْرِ وَالإِيْمَانِ تَرْكُ الصَّلاَةِ"

[۲۶۱۷-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَسْبَاطُ بنُ مُحمدٍ، عَنِ الأَعْمَشِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، قَالَ: "بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الشَّرْكِ أَوِ: الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلاَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ: اسْمُهُ طَلْحَةُ بنُ نَافِعٍ.

[۲۶۱۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلاَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الزُّبَيْرِ: اسْمُهُ مُحمدُ بنُ مُسْلِمِ بنِ تَدْرُسَ.

[۲۶۱۹-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، وَيُوْسُفُ بنُ عِيسَى، قَالاَ: نَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، ح: وَثَنَا أَبُوْ عَمَّارٍ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: نَا عَلِيُّ بنُ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، ح: وَثَنَا مُحمدُ بنُ عَلِيِّ بنِ الْحَسَنِ الشَّقِيْقِيُّ، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: نَا عَلِيُّ بنُ الْحَسَنِ بنِ شَقِيْقٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بنِ وَاقِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمُ الصَّلاَةُ، فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ"

وفي الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۲۶۲۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا بِشْرُ بنُ الْمُفَضَّلِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ شَقِيْقٍ الْعُقَيْلِيِّ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ مُحمدٍ صلى الله عليه وسلم لاَيَرَوْنَ شَيْئًا مِنَ الأَعْمَالِ تَرْكُهُ كُفْرٌ غَيْرَ الصَّلاَةِ.

بابٌ

ایمان کب مزہ دیتا ہے؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ذَاقَ طَعْمَ الإِيْمَانِ، مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلاَمِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ

نَبِيًّا: اس شخص نے ایمان کا مزہ چکھا جو اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر، اور محمد (ﷺ) کے نبی ہونے پر راضی ہوگیا۔

تشریح: جس طرح لذیذ ذائقہ دار مادی غذاؤں میں جو ٹیسٹ ہوتا ہے اس کو وہی شخص پاتا ہے، جس کی قوت ذائقہ ٹھیک ہو، اسی طرح ایمان کی حلاوت بھی اس شخص کو محسوس ہوتی ہے جو پوری خوش دلی سے اللہ تعالیٰ کو اپنا رب، اسلام کو اپنا دین (دستورِ حیات) اور رسول اللہ ﷺ کو اللہ کا نبی تسلیم کرلے، اور آپؐ کے لائے ہوئے دین کی پیروی میں اپنی نجات تصور کرے، اسی بندے کو ایمان کی لذت وحلاوت نصیب ہوتی ہے، اور اسی کا ایمان کامل ایمان ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ طَعْمَ الإِيْمَانِ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْأَ، لاَيُحِبُّهُ إِلاَّ لِلّٰهِ، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ، كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ: تین باتیں جس شخص میں ہوں وہ ایمان کا مزہ محسوس کرتا ہے: (۱) اللہ اور اس کے رسول کی محبت اس میں تمام ماسوا سے زیادہ ہو (۲) اور یہ بات ہو کہ جس سے بھی محبت کرے صرف اللہ کے لئے کرے (۳) اور یہ بات ہو کہ کفر کی طرف پلٹنے کو ـــــ اس کے بعد کہ اللہ نے اس کا کفر سے پیچھا چھڑا دیا ـــــ ایسا ناپسند کرے جیسا آگ میں ڈالے جانے کو ناپسند کرتا ہے۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب بھی یہی ہے کہ ایمان کی حلاوت اسی آدمی کو نصیب ہوتی ہے جو اللہ ورسول کی محبت میں ایسا سرشار ہو کہ ہر چیز سے زیادہ اس کو اللہ ورسول سے محبت ہو، اور اس محبت کا اس کے دل پر ایسا قبضہ ہو کہ اگر وہ کسی اور سے بھی محبت کرے تو اللہ ہی کے لئے کرے، اور دین اسلام اس کو اتنا پیارا ہو کہ اس کو چھوڑنے کا خیال اس کے لئے آگ میں گر جانے کی تکلیف کے برابر ہو۔

نوٹ: پہلی حدیث مسلم شریف کی ہے اور دوسری حدیث متفق علیہ ہے۔

[-۱۰] بابٌ

[-۲۶۲۱] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ الْهَادِ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِبْرَاهِيْمَ بنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَامِرِ بنِ سَعْدٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "ذَاقَ طَعْمَ الإِيْمَانِ مَنْ رَضِيَ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلاَمِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[-۲۶۲۲] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "ثَلاَثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ بِهِنَّ طَعْمَ الإِيْمَانِ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ، لاَيُحِبُّهُ إِلاَّ للّٰهِ، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُوْدَ فِيْ الْكُفْرِ

بَعْدَ إِذْ أَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنهُ، كَمَا يَكْرَهُ أَنْ يُقْذَفَ فِي النَّارِ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ لَايَزْنِي الزَّانِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حالتِ ایمان میں زنا کا صدور نہیں ہوتا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لایزنی الزانی وھو مؤمنٌ: زانی زنا نہیں کرتا جبکہ وہ مؤمن ہو، وَلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ: اور چور چوری نہیں کرتا جبکہ وہ مؤمن ہو، ولکِنَّ التَّوْبَةَ مَعْرُوْضَةٌ: مگر توبہ پیش کی ہوئی ہے یعنی ان گناہوں کے بعد بھی توبہ کا موقع ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب بندہ زنا کرتا ہے تو اس سے ایمان نکل جاتا ہے، پس وہ اس کے سر پر سائبان کی طرح ہو جاتا ہے، پھر جب بندہ اس گناہ سے فارغ ہو جاتا ہے تو ایمان اس کی طرف لوٹ آتا ہے۔

حدیث (۳): حضرت ابوجعفر محمد باقر رحمہ اللہ نے اس حدیث کی شرح میں فرمایا: آدمی ایمان سے اسلام کی طرف نکلتا ہے یعنی ایمان سے تو نکل جاتا ہے مگر دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا۔

حدیث (۴): اور متعدد طرق سے نبی ﷺ سے مروی ہے کہ آپؐ نے زنا اور چوری کے بارے میں فرمایا: مَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا، فَأُقِيْمَ عَلَيْهِ الْحَدُّ فَهُوَ كَفَّارَةُ ذَنْبِهِ: جو ان گناہوں میں سے کسی گناہ کا ارتکاب کرے، پس اس پر حد جاری کی گئی تو وہ اس کے گناہ کا کفارہ ہو جاتی ہے، وَمَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا، فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَهُوَ إِلَى اللّٰهِ تعالى: إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ يَوْمَ الْقِيامَةِ، وَإِنْ شَاءَ غَفَرَلَهُ: اور جس نے ان گناہوں میں سے کسی گناہ کا ارتکاب کیا، پس اللہ نے اس کی پردہ پوشی کی یعنی گناہ ظاہر نہیں ہوا اور سزا نہیں ملی تو وہ معاملہ اللہ کے سپرد ہے، اگر اللہ چاہیں گے تو قیامت کے دن اس کو سزا دیں گے، اور اگر چاہیں گے تو اس کو بخش دیں گے (یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ وغیرہ سے مرفوعاً مروی ہے)

حدیث (۵): پھر مذکورہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی سند سے مروی ہے، اور اس کے الفاظ ہیں: مَنْ أَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُهُ فِي الدُّنْيَا، فَاللّٰهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عَلَى عَبْدِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الآخِرَةِ: جو کسی حد کو پہنچا، پس دنیا میں اس کی سزا جلدی دیدی گئی، تو اللہ تعالیٰ کے انصاف سے یہ بات بہت ہی بعید ہے کہ آخرت میں وہ اس کو دوبارہ سزا دیں، وَمَنْ أَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَعَفَا عَنْهُ، فَاللّٰهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَعُوْدَ فِيْ شَيْءٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ: اور جو شخص کسی حد کو پہنچا، پس اس پر اللہ تعالیٰ نے پردہ ڈال دیا، اور اس سے درگذر کیا تو اللہ تعالیٰ کے کرم سے یہ بات بہت ہی بعید ہے کہ وہ کسی ایسی چیز کی طرف لوٹیں جس سے وہ درگذر کر چکے، یعنی ان شاء اللہ اس کو

آخرت میں سزا نہیں ملے گی۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: تمام اہل علم اس پر متفق ہیں کہ زنا، چوری اور شراب پینے کی وجہ سے کوئی شخص دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا، اور پہلی روایت میں جو فرمایا ہے کہ کبائر کے ارتکاب کے بعد بھی توبہ پیش کی ہوئی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ توبہ کا موقع رہتا ہے، اگر بندہ قولی یا فعلی توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس توبہ کو قبول کر لیتے ہیں...... اور دوسری حدیث میں یہ بیان ہے کہ زنا کرتے وقت اگرچہ ایمان نکل جاتا ہے، مگر وہ چلا نہیں جاتا، بلکہ اس کے سر پر سایہ فگن رہتا ہے، یعنی بندے سے ایمان کا تعلق قائم رہتا ہے، اور گناہ سے فارغ ہونے کے بعد ایمان حسب سابق لوٹ آتا ہے...... اور تیسری روایت میں امام باقر رحمہ اللہ نے یہی حقیقت سمجھائی ہے کہ ایمان تو نکل جاتا ہے مگر اسلام یعنی ظاہری انقیاد باقی رہتا ہے...... پھر آخری دو حدیثوں میں یہ مضمون ہے کہ اگر گناہ کی سزا دنیا میں مل گئی تو آخرت میں حساب بے باق ہو جاتا ہے، اور اگر دنیا میں سزا نہیں ملی تو آخرت میں اس گناہ کی سزا مل بھی سکتی ہے اور معاف بھی ہو سکتی ہے...... اور بالکل آخری حدیث میں یہ مضمون ہے کہ اگر دنیا میں سزا ملی تو آخرت میں اس کو دوبارہ سزا دینا اللہ کے انصاف سے بہت ہی بعید ہے، اور اگر دنیا میں سزا نہ ملی اور اللہ نے اس کی پردہ پوشی کی تو جس ہستی نے اس کی یہاں عزت رکھی ہے اس کے کرم سے کیا بعید ہے کہ وہ آخرت میں بھی اس سے درگذر فرمائیں، پس گنہ گار کو گناہ کی وجہ سے مایوس نہیں ہونا چاہئے، اللہ کی بارگاہ مایوسی کی بارگاہ نہیں، اگر کسی نے سو بار بھی توبہ توڑی ہے: اس کو بھی مایوس نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ صبح کا بھولا اگر شام کو گھر لوٹ آئے تو اس کو دنیا بھولا نہیں کہتی!

[۱۱-] بابُ لَایَزْنِی الزَّانِیْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ

[۲۶۲۳-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، نا عَبِیْدَةُ بنُ حُمَیْدٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " لَایَزْنِی الزَّانِیْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا یَسْرِقُ السَّارِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلٰكِنَّ التَّوْبَةَ مَعْرُوْضَةٌ "

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِیْ أَوْفَی، حَدِیْثُ أَبِیْ هریرةَ حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۶۲۴-] وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هریرةَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " إِذَا زَنَی الْعَبْدُ خَرَجَ مِنْهُ الإِیْمَانُ، فَكَانَ فَوْقَ رَأْسِهِ كَالظُّلَّةِ، فَإِذَا خَرَجَ مِنْ ذٰلِكَ الْعَمَلِ عَادَ إِلَیْهِ الإِیْمَانُ "

[۲۶۲۵-] وَرُوِیَ عَنْ أَبِیْ جَعْفَرٍ مُحمدِ بنِ عَلِیٍّ، أَنَّهُ قَالَ فِیْ هٰذَا: خُرُوْجٌ عَنِ الإِیْمَانِ إِلَی الإِسْلَامِ.

[۲۶۲۶-] وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم أَنَّهُ قَالَ فِي الزِّنَا وَالسَّرِقَةِ: "مَنْ أَصَابَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَهُوَ إِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُ" رَوَى ذٰلِكَ عَلِيُّ بنُ أَبِيْ طَالِبٍ وَعُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ وَخُزَيْمَةُ بنُ ثَابِتٍ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۶۲۷-] حدثنا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بنُ أَبِيْ السَّفَرِ، نَا أَحْمَدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِيُّ، نَا الْحَجَّاجُ بنُ مُحمدٍ، عَنْ يُوْنُسَ بنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ أَصَابَ حَدًّا فَعُجِّلَ عُقُوْبَتُهُ فِي الدُّنْيَا، فَاللّٰهُ أَعْدَلُ مِنْ أَنْ يُثَنِّيَ عَلَى عَبْدِهِ الْعُقُوْبَةَ فِي الآخِرَةِ، وَمَنْ أَصَابَ حَدًّا فَسَتَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَعَفَا عَنْهُ، فَاللّٰهُ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَعُوْدَ فِيْ شَيْئٍ قَدْ عَفَا عَنْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهٰذَا قَوْلُ أَهْلِ الْعِلْمِ لَانَعْلَمُ أَحَدًا كَفَّرَ أَحَدًا بِالزِّنَا وَالسَّرِقَةِ وَشُرْبِ الْخَمَرِ.

بابُ ماجاء: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ: مسلمان وہ ہے جس کی زبان سے اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں، وَالْمُؤْمِنُ مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰى دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ: اور مؤمن وہ ہے جس سے لوگ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کے بارے میں بےخوف ہوں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا مسلمان بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: وہ شخص جس کی زبان سے اور جس کے ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

تشریح: حدیث میں صرف زبان اور ہاتھ کی ایذاء رسانی کا تذکرہ اس لئے کیا گیا ہے کہ عام طور پر انہی دو سے تکلیف پہنچائی جاتی ہے، ورنہ حدیث کا مقصد یہ ہے کہ مسلمان کی شان یہ ہے کہ لوگوں کو اس سے کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ پہنچے ...... اور ابن حبان کی روایت میں اسی حدیث میں المسلمون کے بجائے الناس ہے، یعنی ایک مسلمان کو تمام انسانوں کے لئے بےآزار ہونا چاہئے ...... اور اس حدیث میں جس ایذاء رسانی کو اسلام کے منافی قرار دیا گیا ہے وہ وہ ایذارسانی ہے جو بغیر کسی معقول وجہ کے ہو، مجرموں کو سزا دینا، ظالموں اور مفسدوں کی فساد انگیزیوں کا سدّ باب کرنا: مسلمانوں کا فرض منصبی ہے، اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو دنیا امن وراحت سے محروم

ہوجائے گی (ماخوذ از معارف الحدیث ۱:۱۴۳)

فائدہ: مسلمان کی اصل مُسْلِمْ ہے، اس میں الف نون زائدتان ہیں، جیسے طالب سے طالبان۔

[۱۲-] بابُ ماجاء: الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

[۲۶۲۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ، وَالْمُؤْمِنُ مَنْ أَمِنَهُ النَّاسُ عَلَى دِمَائِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ"

[۲۶۲۹-] وَيُرْوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "أَنَّهُ سُئِلَ أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ" حدثنا بذٰلِكَ إِبْرَاهِيْمُ بنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ: أَيُّ الْمُسْلِمِيْنَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: "مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَحَدِيْثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے اور دوسری حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی۔ امام ترمذیؒ نے دوسری حدیث پہلے بغیر سند کے لکھی ہے پھر اس کی سند پیش کی ہے، اور یُروی (فعل مجہول) استعمال کیا ہے، مگر یہ حدیث صحیح ہے، ضعیف نہیں۔

بابُ ماجاء: إِنَّ الإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا

اسلام کی ابتدا کس مپرسی کی حالت میں ہوئی ہے، اور آگے بھی یہی حال ہوجائے گا

غَرُبَ عَنْ وَطَنِه (ک) غَرَابَةً، وَغُرْبَةً: بے وطن ہونا، پردیسی ہونا، فهو غريبٌ، جمع غُرَبَاءُ، وهي غريبةٌ جمع غرائبُ: اور پردیسی غریب اس لئے ہوتا ہے کہ اس کا کوئی پرسانِ حال نہیں ہوتا۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: إِنَّ الإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ: اسلام کا آغاز کسمپرسی کی حالت میں ہوا ہے، اور عنقریب اس کا پھر وہی حال ہوجائے گا جو ابتداء میں تھا، پس لاچاروں کے لئے خوش حالی ہے!

تشریح: تاریخ میں مکی دور کے مسلمانوں کے احوال پڑھیں، ان کی کس مپرسی کا پورا نقشہ نگاہوں کے سامنے

آجائے گا، دورِ آخر میں پھر مسلمانوں کا یہی حال ہوجائے گا، دینداروں کا کوئی پرسان حال نہیں ہوگا، زمانہ میں وہ نکو بن کر رہ جائیں گے، نبی ﷺ نے ان کو دعا دی، اور خوشخبری سنائی کہ ان کے لئے جنت کی ہر خوشگوار نعمت ہے، طُوْبیٰ: اسم تفضیل مؤنث ہے، اس کے معنی ہیں: ہر خیر و بھلائی، خوش حالی، اور سعادت، یہ لفظ سورۃ الرعد آیت ۲۹ میں آیا ہے: ﴿اَلَّذِیْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ طُوْبیٰ لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ﴾ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کے لئے خوش حالی اور نیک انجامی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ الدينَ لَيَأْرِزُ إلَى الحجاز كَمَا تَأْرِزُ الحَيَّةُ إلَى جُحْرِهَا: دین یقیناً حجاز میں پناہ لے گا، جس طرح سانپ اپنے بل میں پناہ لیتا ہے، أَرَزَ أَرْزًا (ن،ض،ف) کے معنی ہیں: پناہ لینا، سکڑنا، سمٹنا ...... الجُحْر (بتقديم الجيم) بل، سوراخ ...... وَلَيَعْقِلَنَّ الدينُ في الحجاز مَعْقِلَ الأُرْوِيَّةِ من رأسِ الجبل: اور دین ضرور حجاز میں پناہ لے گا: پہاڑی بکرے کے پہاڑ کی چوٹی پر پناہ لینے کی طرح۔ عَقَلَ (ن) إليه عَقْلاً وَعُقُوْلاً: کسی کی پناہ میں آنا، مَعْقِل: مصدر یا اسم ظرف: پناہ لینا، یا پناہ گاہ ...... الأُرْوِيَّة: پہاڑی بکرا (نر و مادہ دونوں کے لئے) جمع أَرَاوِی ...... إنَّ الدينَ بَدَأَ غريباً، ويرجعُ غريبا، فطوبى للغُرَبَاءِ: دین کا آغاز کسمپرسی کی حالت میں ہوا ہے، اور پھر اس کا یہی حال ہوجائے گا، پس خوش حالی ہے بے چارے مسلمانوں کے لئے! ...... الذين يُصْلِحُوْنَ مَا أَفْسَدَ النَّاسُ مِنْ بَعْدِي مِنْ سُنَّتِيْ: اور بے چارے مسلمان وہ ہیں جو میری اس سنت کو سنوارتے ہیں جس کو لوگوں نے میرے بعد بگاڑ دیا ہے۔

تشریح: یہ حدیث کثیر بن عبداللہ کی ہے، اور یہ راوی ضعیف ہے، مگر امام ترمذیؒ اس سے خوش ہیں، اس لئے کبھی وہ اس کی حدیث کی تصحیح کرتے ہیں اور کبھی تحسین، یہاں تحسین کی ہے۔

اور حدیث کے پہلے دونوں جملوں کا مطلب ایک ہے کہ آخر زمانہ میں کفر و الحاد کا ایسا غلبہ ہوگا کہ مسلمانوں کے لئے حجاز کے علاوہ کسی دوسرے ملک میں رہنا دشوار ہوجائے گا، اور دنیا کے تمام مسلمان سمٹ کر حجاز میں یعنی مکہ و مدینہ میں آرہیں گے، وہی جگہ مسلمانوں کے لئے جائے پناہ ہوگی، جیسے سانپ بل سے روزی تلاش کرنے کے لئے نکلتا ہے پھر لوٹ کر وہیں آجاتا ہے، اور پہاڑی بکرا چرنے چگنے کے لئے پہاڑ سے نیچے اترتا ہے، پھر چوٹی پر چڑھ جاتا ہے، اور ایسا اس زمانہ میں ہوگا جب ساری دنیا میں مسلمان کسمپرسی کی حالت میں ہوجائیں، اس وقت جو مسلمان دین کو مضبوط تھامے رہیں گے ان کے لئے آخرت میں ہر نعمت اور ہر خوش حالی ہے۔

[۱۳-] بابُ ماجاء: إنَّ الإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا

[۲۶۳۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الأَحْوَصِ،

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الإِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا كَمَا بَدَأَ، فَطُوْبَى لِلْغُرَبَاءِ!"

وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَجَابِرٍ، وَأَنَسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غَرِيْبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَفْصِ بنِ غِيَاثٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، وَأَبُوْ الأَحْوَصِ: اسْمُهُ عَوْفُ بنُ مَالِكِ بنِ نَضْلَةَ الجُشَمِيُّ، تفَرَّدَ بِهِ حَفْصٌ.

[۲۶۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، ثَنِيْ كَثِيْرُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ عَوْفِ بنِ زَيْدِ بنِ مِلْحَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِنَّ الدِّيْنَ لَيَأْرِزُ إِلَى الْحِجَازِ، كَمَا تَأْرِزُ الْحَيَّةُ إِلَى جُحْرِهَا، وَلَيَعْقِلَنَّ الدِّيْنُ فِي الْحِجَازِ مَعْقِلَ الأُرْوِيَّةِ مِنْ رَأْسِ الْجَبَلِ، إِنَّ الدِّيْنَ بَدَأَ غَرِيْبًا، وَيَرْجِعُ غَرِيْبًا، فَطُوْبَى لِلْغُرَبَاءِ الَّذِيْنَ يُصْلِحُوْنَ مَا أَفْسَدَ النَّاسُ مِنْ بَعْدِيْ مِنْ سُنَّتِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فِي عَلَامَةِ الْمُنَافِقِ

منافق کی علامتیں

منافقت: کے معنی ہیں: دل میں کفر کا ہونا، اورظاہر میں ایمان کا دعوی کرنا، پس منافق: وہ شخص ہے جوایمان ظاہر کرتا ہے، مگروہ بناوٹی ہے، دل میں اس کو یقین نہیں، لوگوں کے ڈر سے یا کسی مصلحت سے ایسا کرتا ہے۔

نبی ﷺ کے زمانہ میں لوگ تین طرح کے تھے: ایک: خالص مؤمن، دوسرے: خالص کافر، تیسرے: منافق، نبی ﷺ کو اللہ تعالی لوگوں کے دلوں کے احوال معلوم کرادیتے تھے، اس لئے اس وقت یہ تین فرقے تھے۔ اب دو فرقے رہ گئے ہیں: مؤمن اور کافر۔ مگر آج بھی ایسا ہوتا ہے کہ کبھی نفاقِ اعتقادی کا پتہ چل جاتا ہے، جیسے کسی کے بارے میں معتبر شہادت سے معلوم ہوا کہ وہ مسلمانوں کے سامنے تو اسلام کا دعوی کرتا ہے، مگر کافروں میں جاکر ان کی رسموں میں شرکت کرتا ہے، مندروں میں جاکر بتوں کے سامنے ڈنڈوت کرتا ہے، تو وہ یقیناً منافق ہے۔

اعتقادی نفاق انسان کی بدترین حالت ہے، اوران منافقین کے بارے میں فرمایا گیا ہے: ﴿إِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِيْ الدَّرْكِ الأَسْفَلِ مِنَ النَّارِ﴾ منافقین دوزخ کے سب سے نچلے طبقے میں ہونگے ...... علاوہ ازیں: بعض بری عادتیں اور بدخصلتیں ایسی ہیں جن کو منافقین سے خاص نسبت ہے، وہ دراصل انہی کی عادتیں اور خصلتیں ہیں، کسی صاحبِ ایمان میں ان کی پرچھائیں بھی نہیں ہونی چاہئے، اس باب میں منافقین کے انہیں اخلاق وعادات کا بیان ہے، اگر بدقسمتی سے کسی مسلمان میں ان میں سے کوئی عادت ہوتو اسے منافقانہ عادت کہا جائے گا، اوراگر کسی میں بدبختی سے

منافقوں والی ساری عادتیں جمع ہوجائیں تو وہ پورا منافق کہلائے گا، مگر ہوگا وہ مسلمان۔ اور ایک مسلمان کے لئے جس طرح یہ ضروری ہے کہ وہ کفر وشرک اور اعتقادی نفاق کی گندگی سے بچے، اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ وہ منافقانہ سیرت وکردار کی گندگی سے بھی اپنے کو محفوظ رکھے۔

اور باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں: پہلی دو حدیثوں میں منافقانہ اعمال واخلاق کا بیان ہے، اور تیسری حدیث میں وعدہ خلافی کے سلسلہ میں ایک مسئلہ ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: آیةُ المنافق ثلاثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ: منافق کی تین نشانیاں ہیں: (۱) جب بات کرے تو جھوٹ بولے (۲) جب وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے (۳) اور جب اس کو امانت سونپی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی متفق علیہ روایت ہے، مگر یہاں اس کی جو پہلی سند ہے اس میں ایک راوی یحییٰ ہے، یہ راوی ٹھیک (صدوق) ہے، مگر وہ غلطیاں بہت کرتا تھا، اور وہی علاء سے یہ حدیث روایت کرتا ہے، اس لئے یہ سند اعلی درجہ کی نہیں، پھر امام ترمذیؒ نے اس کی دوسری سند پیش کی ہے، جو امام مالکؒ کے چچا کی ہے، جن کا نام نافع تھا، وہ اعلی درجہ کی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: چار عادتیں جس شخص میں ہوتی ہیں وہ منافق ہوتا ہے (اور بخاری میں خالصاً بھی ہے، یعنی وہ پکا (Pure) منافق ہوتا ہے) اور اگر کسی میں ان میں سے ایک عادت ہو تو اس میں نفاق کی ایک عادت ہے، یہاں تک کہ وہ اس کو چھوڑ دے: (۱) وہ شخص جب بھی بات کرے تو جھوٹ بولے (۲) اور جب بھی وعدہ کرے تو خلاف ورزی کرے (۳) اور جب بھی کسی سے جھگڑے تو بدزبانی کرے (۴) اور جب عہد وپیمان کرے تو بے وفائی کرے۔

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور متفق علیہ ہے، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: علماء کے نزدیک اس حدیث کا مصداق نفاقِ عملی ہے، کیونکہ نفاقِ اعتقادی نبی ﷺ کے زمانہ میں تھا، یعنی دورِ نبوت میں اس کا پتا چلتا تھا، اب عام طور پر اس کا پتا نہیں چلتا، اس لئے روایات میں اس کا بیان نہیں آیا، پس ان دو روایتوں میں جو نشانیاں بیان کی گئی ہیں وہ عملی منافق کی ہیں، حضرت حسن بصری رحمہ اللہ سے اسی طرح کی بات مروی ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا وَعَدَ الرجلُ، وَيَنْوِي أَنْ يَفِيَ بِهِ، فَلَمْ يَفِ بِهِ، فلاجُنَاحَ عليه: جب کوئی شخص وعدہ کرے اور اس کی نیت ہو کہ وہ وعدہ پورا کرے گا، پھر اس نے وعدہ پورا نہ کیا تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کے دو راوی مجہول ہیں، ابو النعمان اور ابو وقاص۔ اور حدیث کے معنی یہ ہیں کہ اگر وعدہ کرتے وقت وفا کی نیت تھی، پھر کسی عذر سے وفا نہ کیا تو وہ منافقانہ عادت نہیں، منافقانہ عادت یہ ہے کہ

وعدہ کرتے وقت ہی نیت یہ ہو کہ وہ وفا نہیں کرے گا، پھر چاہے اسے وفا کرے مگر یہ منافقانہ خصلت ہے، ایسا جھوٹا وعدہ نہیں کرنا چاہئے۔

[١٤-] بابُ ماجاء فِی عَلامَةِ الْمُنَافِقِ

[٢٦٣٢-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، نَا يَحْيَ بنُ مُحمدِ بنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " آيةُ الْمُنَافِقِ ثَلاَثٌ: إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا ائْتُمِنَ خَانَ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْعَلاَءِ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَفِی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرٍ.

حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِیْ سُهَيْلِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَأَبُوْ سُهَيْلٍ: هُوَ عَمُّ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، وَاسْمُهُ نَافِعُ بنُ مَالِكِ بنِ أَبِیْ عَامِرٍ الْخَوْلاَنِیُّ الْأَصْبَحِیُّ.

[٢٦٣٣-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ مُوْسَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ كَانَ مُنَافِقًا، وَإِنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنْهُنَّ: كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ مِنَ النِّفَاقِ، حَتَّى يَدَعَهَا: مَنْ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَإِذَا خَاصَمَ فَجَرَ، وَإِذَا عَاهَدَ غَدَرَ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَإِنَّمَا مَعْنَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: نِفَاقُ الْعَمَلِ، وَإِنَّمَا كَانَ نِفَاقُ التَّكْذِيْبِ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هٰكَذَا رُوِیَ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ شَيْئٌ مِنْ هٰذَا.

حدثنا الْحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلاَّلُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُرَّةَ، بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٦٣٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ طَهْمَانَ، عَنْ عَلِیِّ بنِ عَبْدِ الْأَعْلٰى، عَنْ أَبِی النُّعْمَانِ، عَنْ أَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ، وَيَنْوِی أَنْ يَفِیَ بِهِ، فَلَمْ يَفِ بِهِ، فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ، عَلِیُّ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَى ثِقَةٌ، وَأَبُوْ النُّعْمَانِ مَجْهُوْلٌ، وَأَبُوْ وَقَّاصٍ مَجْهُوْلٌ.

بابُ ماجاء: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ

مسلمان کو گالی دینا بدکاری ہے

أبواب البر و الصلة، باب۵۱ (تحفہ۵:۳۲۰) میں یہ حدیث اوراس کی شرح گذر چکی ہے۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: قِتَالُ الْمُسْلِمِ أَخَاهُ كَفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوْقٌ: مسلمان کا اپنے بھائی سے جنگ کرنا کفر ہے، اوراس کو گالی دینا بدکاری ہے (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، مگر یہاں اس کی جوسند ہے اس کا راوی عبدالحکیم متروک ہے، مگرامام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی تصحیح کی ہے، کیونکہ اس کے شواہد موجود ہیں)

شاہد حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: سباب المسلم فسوقٌ، وقتاله كفرٌ: مسلمان کو گالی دینا بدکاری ہے، اور اس سے جنگ کرنا کفر ہے، یعنی یہ ایمان کے منافی عمل ہے، پس اس کا گذشتہ مسئلہ سے تعلق ہے یعنی جس طرح اعمالِ صالحہ ایمان کا جز ہیں، اعمالِ سیئہ اس کے منافی اعمال ہیں۔

[۱۵-] بابُ ماجاء: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ

[۲۶۳۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ بَزِيْعٍ، نَا عَبْدُ الْحَكِيْمِ بنُ مَنْصُوْرٍ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "قِتَالُ الْمُسْلِمِ أَخَاهُ كُفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوْقٌ"

وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُغَفَّلٍ، حديثُ ابنِ مَسْعُوْدٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

[۲۶۳۶-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في مَنْ رَمَى أَخَاهُ بِكُفْرٍ

مسلمان پر کفر کی تہمت لگانا بدترین گناہ ہے

رَمَى فلانا بِأَمْرٍ قبيحٍ: کسی پر الزام لگانا، تہمت لگانا۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: بندے پر کوئی منت نہیں، اس مال میں جس کا وہ مالک نہیں (یہ مضمون پہلے

تحفہ۳: ۴۰۷ و۴۶۰ میں گذر چکا ہے) اور مؤمن پر لعن طعن کرنے والا اس سے جنگ کرنے والے کی طرح ہے، اور جو شخص کسی مؤمن پر کفر کی تہمت لگاتا ہے وہ بھی اس سے جنگ کرنے والے کی طرح ہے، اور جو شخص خود کو کسی ذریعہ سے مار ڈالتا ہے اس کو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سزا دیں گے، اُس چیز کے ذریعہ جس سے اس نے اپنے آپ کو مار ڈالا ہے (اس کا بیان بھی تحفہ۵: ۳۸۳ میں گذر چکا ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے اپنے مسلمان بھائی سے کہا: ''وہ کافر ہے'' تو یقیناً لوٹا اس کلمہ کے ساتھ دونوں میں سے ایک''

تشریح: یہ دونوں حدیثیں متفق علیہ ہیں، اور دونوں میں مشترک مضمون یہ ہے کہ مسلمان پر لعن طعن کرنا، اور مسلمان پر کفر کا الزام لگانا: بھاری گناہ ہے، یہ اس کے قتل کے مترادف ہے، اور دوسری حدیث میں یہ بات بھی ہے کہ اگر مخاطب اس الزام کا محل نہیں تو وہ الزام: الزام لگانے والے پر لوٹ آتا ہے، اس کی وہ بری بات رائگاں نہیں جاتی، دونوں میں سے کسی ایک پر ضرور پڑتی ہے، اور یہ بات کسی کو معلوم نہیں کہ مخاطب اس الزام کا سزاوار ہے یا نہیں؟ پس اس طرح کی الزام تراشیوں سے احتراز کرنا چاہئے، اور یہ باب بھی گذشتہ سے پیوستہ ہے۔ یہ لعن طعن اور یہ کفر کا الزام: ایمان کے منافی اعمال ہیں، پس ان کی اضداد یعنی اعمالِ صالحہ ایمان کے اجزا ہیں۔

[۱۶-] بابُ ماجاء فی مَنْ رَمَی أَخَاهُ بِكُفْرٍ

[۲۶۳۷-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا إِسْحَاقُ بنُ يُوسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ثَابِتِ بنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''لَيْسَ عَلَى الْعَبْدِ نَذْرٌ فِيْمَا لَايَمْلِكُ، وَلَاعِنُ الْمُؤْمِنِ كَقَاتِلِهِ، وَمَنْ قَذَفَ مُؤْمِنًا بِكُفْرٍ فَهُوَ كَقَاتِلِهِ، وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بَشَيْئٍ: عَذَّبَهُ اللّٰهُ بِمَا قَتَلَ بِهِ نَفْسَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ''

وفی الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۶۳۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''أَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِأَخِيْهِ: كَافِرٌ، فَقَدْ بَاءَ بِهَا أَحَدُهُمَا '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ: فِيمَنْ يَمُوْتُ وَهُوَ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ

جس کی موت عقیدۂ توحید پر آئے وہ جنتی ہے

دور سے جو مضمون چل رہا تھا وہ پورا ہوا، یعنی اعمالِ صالحہ ایمان کے اجزاء ہیں، اور اعمالِ طالحہ ایمان کے منافی

ہیں: یہ مضمون پورا ہوا۔ اب یہ باب دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، سوال یہ ہے کہ جب ایمان کی حقیقت مرکب ہے، اور وہ تین چیزوں کا مجموعہ ہے، اور اعمالِ صالحہ ایمان کے اجزاء ہیں، اور اعمالِ طالحہ ایمان کے منافی ہیں، تو جو مسلمان بدکاریاں کرتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوا، اس کے بارے میں کیا فیصلہ ہے؟ کیا وہ ایمان کی حالت میں مرا یا وہ مؤمن نہیں؟ امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ باب قائم کر کے بتلایا کہ وہ مؤمن ہے، کیونکہ اعمالِ صالحہ ایمانِ کامل کے اجزاء ہیں، اور اعمالِ سیئہ ایمانِ کامل کے منافی ہیں، نفس ایمان کو یہ چیزیں مس نہیں کرتیں، اصل ایمان ایک بسیط حقیقت ہے، اور اسی کے ماتریدیہ اور جمہور محققین قائل ہیں۔

حدیث (۱): ابوعبداللہ عبدالرحمٰن بن عسیلہ صُنابحی جو کبار تابعین میں سے ہیں، حضرت عبادۃ بن الصامت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت عبادہؓ مرض موت میں تھے، اس لئے صنابحی رونے لگے، حضرت عبادہؓ نے فرمایا: صبر سے کام لو، روتے کیوں ہو؟ بخدا! اگر مجھ سے گواہی طلب کی گئی تو میں ضرور آپ کے لئے گواہی دوں گا، اور اگر میری سفارش قبول کی گئی تو میں ضرور آپ کے لئے سفارش کروں گا، اور اگر میرے بس میں ہوا تو میں ضرور آپ کو نفع پہنچاؤں گا، پھر حضرت عبادہؓ نے فرمایا: بخدا! جو بھی حدیث میں نے نبی ﷺ سے سنی ہے، جس میں تمہارے لئے نفع ہے، وہ حدیث میں نے آپ سے بیان کردی، ایک حدیث کے علاوہ، اور وہ ابھی میں آپ سے بیان کرتا ہوں جبکہ میری روح گھیر لی گئی ہے، یعنی موت کا وقت قریب آگیا ہے، میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ مَن شهد أن لا إلـهَ إلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحمداً رسولُ اللّٰهِ: حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ: جس نے گواہی دی کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور یہ کہ (حضرت) محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں تو اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ حرام کردیں گے۔

تشریح: یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اور مسلم شریف کی روایت ہے، اور یہی مضمون دوسری حدیث میں اس طرح آیا ہے: مَنْ قَالَ لا إله إلا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ: جس نے لا إله إلا اللّٰه کہا وہ جنت میں جائے گا، ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوا کہ ایمان ایک بسیط حقیقت ہے، وہ صرف عقائد کا نام ہے، اور اسی پر دخولِ جنت کا مدار ہے، پس یہ بات محدثین کے موقف کے خلاف ہے، اس لئے امام زہری رحمہ اللہ نے فرمایا: إِنَّمَا كَانَ هٰذَا فِيْ أَوَّلِ الإِسْلَامِ، قَبْلَ نُزُوْلِ الْفَرَائِضِ وَالأَمْرِ وَالنَّهْيِ: یعنی یہ ارشادات دورِ اول کے ہیں، جبکہ فرائض اور اوامر و نواہی کا نزول نہیں ہوا تھا، بعد میں جب اعمالِ صالحہ مامور بہ ہوئے اور اعمالِ سیئہ منہی عنہ ٹھہرے تو وہ ایمان کی حقیقت میں داخل ہوگئے، اور وہ ایمان کے اجزا بن گئے۔

مگر امام ترمذیؒ نے اس توجیہ کو پسند نہیں کیا، اس لئے اہل علم سے دوسری توجیہ نقل کی کہ جو بھی توحید کا قائل ہے، وہ کسی نہ کسی دن جنت میں ضرور جائے گا، اگرچہ اس کو گناہوں کی وجہ سے دوزخ میں بھیجا جائے، مگر وہ دوزخ میں ہمیشہ نہیں رہے گا، کیونکہ سات صحابہ سے ایسی حدیثیں مروی ہیں جن کا مضمون یہ ہے: سَيُخْرَجُ قومٌ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ

التَّوْحِيْدِ، وَيَدْخُلُوْنَ الجنَّةَ: عنقریب کچھ لوگ جو توحید کے قائل ہیں جہنم سے نکالے جائیں گے، اور جنت میں داخل کئے جائیں گے، اور متعدد تابعین سے سورۃ الحجر آیت ۲ ﴿رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ جب توحید کے قائل دوزخ سے نکالے جائیں گے اور جنت میں داخل کئے جائیں گے تو کفار آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے، پھر امام ترمذیؒ نے بطاقہ والی حدیث پیش کی ہے، اس پرچہ میں کلمۂ شہادت ہوگا، اور وہ تمام برائیوں سے بھاری ہوجائے گا، پس امام ترمذیؒ کی گفتگو کا حاصل: امام زہریؒ کی توجیہ پر رد کرنا ہے، اور اس بحث سے یہ بات کھل کر واضح ہوگئی کہ محدثین نے جو کہا ہے کہ اعمال ایمان کا جز ہیں: وہ ہاتھی کے دکھانے کے دانت ہیں، کھانے کے دانت وہ ہیں جو اس بحث میں سامنے آئے ہیں کہ اعمال ایمانِ حقیقی کا جز نہیں۔

[۱۷-] بابٌ: فِيْمَنْ يَمُوْتُ وَهُوَ يَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ

[۲۶۳۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ مُحمدِ بنِ يَحْيىَ بنِ حَبَّانَ، عَنْ ابنِ مُحَيْرِيْزٍ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بنِ الصَّامِتِ، أَنَّهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ، فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: مَهْلاً، لِمَ تَبْكِيْ؟ فَوَ اللّٰهِ لَئِنِ اسْتُشْهِدْتُ لَأَشْهَدَنَّ لَكَ، وَلَئِنْ شُفِّعْتُ لَأَشْفَعَنَّ لَكَ، وَلَئِنِ اسْتَطَعْتُ لَأَنْفعَنَّكَ، ثُمَّ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا مِنْ حَدِيْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لَكُمْ فِيْهِ خَيْرٌ، إِلَّا حَدَّثْتُكُمُوْهُ، إِلَّا حَدِيْثًا وَاحِدًا، وَسَأُحَدِّثُكُمُوْهُ الْيَوْمَ، وَقَدْ أُحِيْطَ بِنَفْسِيْ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّ مُحمداً رَسُوْلُ اللّٰهِ: حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، وَطَلْحَةَ، وَجَابِرٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَزَيْدِ بنِ خَالِدٍ؛ وَالصُّنَابِحِيُّ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عُسَيْلَةَ، أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وَقَدْ رُوِىَ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ: دَخَلَ الْجَنَّةَ " فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ هٰذَا فِيْ أَوَّلِ الإِسْلَامِ، قَبْلَ نُزُوْلِ الْفرَائِضِ، وَالْأَمْرِ، وَالنَّهْيِ.

وَوَجْهُ هٰذَا الحديثِ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّ أَهْلَ التَّوْحِيْدِ سَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، وَإِنْ عُذِّبُوْا فِيْ النَّارِ بِذُنُوْبِهِمْ، فَإِنَّهُمْ لَايُخَلَّدُوْنَ فِي النَّارِ.

وَقَدْ رُوِىَ عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، وَعِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَجَابِرِ بن عَبْدِ اللّٰهِ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، وَأَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " سَيَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ

التَّوْحِيْدِ، وَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ"
وَهٰكَذَا رُوِىَ عَنْ سَعِيْدِ بنِ جُبَيْرٍ، وَإِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ، وَغَيْرِ وَاحِدٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ﴾ قَالُوْا: إِذَا أُخْرِجَ أَهْلُ التَّوْحِيْدِ مِنَ النَّارِ، وَأُدْخِلُوْا الْجَنَّةَ، يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ!

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ قیامت کے دن عنقریب نجات دیں گے میری امت میں سے ایک آدمی کو تمام مخلوقات کے سامنے، پس اس کے سامنے ننانوے دفتر پھیلائیں گے، ہر دفتر منتہائے نظر تک پھیلا ہوا ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے: کیا تو ان گناہوں میں سے کسی چیز کا انکار کرتا ہے؟ کیا تجھ پر میرے نامۂ اعمال لکھنے والے محافظ فرشتوں نے کچھ ظلم کیا ہے؟ بندہ کہے گا: نہیں، اے میرے پروردگار! پس اللہ تعالیٰ پوچھیں گے: کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ بندہ کہے گا: نہیں، اے میرے پروردگار! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیوں نہیں، تیرے لئے ہمارے پاس ایک نیکی ہے، اور تجھ پر آج ظلم نہیں ہوگا، پس اللہ تعالیٰ ایک پرچہ نکالیں گے جس میں ہوگا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمد (ﷺ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: جا تیرے اعمال تُل رہے ہیں، وہاں موجود رہ، بندہ کہے گا: اے میرے پروردگار! اس پرچہ کی کیا حیثیت ہے! اور ان دفتروں سے اس کو کیا نسبت ہے! یعنی نیکی صرف ایک ہے، اور گناہ بے شمار ہیں، پھر ان کو تولنے سے کیا فائدہ؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: تجھ پر آج ظلم نہیں ہوگا (اس لئے تیرے اعمال ضرور تولے جائیں گے) نبی ﷺ نے فرمایا: پھر سارے دفتر ایک پلڑے میں رکھے جائیں گے، اور وہ پرچہ دوسرے پلڑے میں رکھا جائے گا، پس وہ سارے دفتر اوچھے ہو جائیں گے، اور وہ پرچہ بھاری ہو جائے گا، کیونکہ اللہ کے نام سے کوئی چیز بھاری نہیں ہوسکتی۔

تشریح: اس حدیث سے بھی یہ بات ثابت ہوئی کہ نفسِ ایمان بسیط ہے اور وہ صرف عقیدہ ہے، اعمال اس کا جز نہیں، اور البطاقة کے معنی ہیں: ٹکڑا، پرچہ...... اور طَاشَ يَطِيْشُ کے معنی ہیں: اوچھا ہونا، کم ہونا۔

[٢٦٤٠-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا ابنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ لَيْثِ بنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِى عَامِرُ بنُ يَحْيىَ، عَنْ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُعَافِرِيِّ ثُمَّ الْحُبُلِّيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، يَقُوْلُ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ اللّٰهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلاً مِنْ أُمَّتِى عَلَى رُؤُوْسِ الْخَلاَئِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُنْشِرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ سِجِلاًّ، كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلَ مَدِّ الْبَصَرِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَتُنْكِرُ مِنْ هٰذَا شَيْئًا؟ أَظَلَمَكَ كَتَبَتِى الْحَافِظُوْنَ؟ يَقُوْلُ: لاَ، يَارَبِّ! فَيَقُوْلُ: أَفَلَكَ عُذْرٌ؟ فَيَقُوْلُ: لاَ، يَارَبِّ! فَيَقُوْلُ: بَلَى، إِنَّ

لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً، وَإِنَّهُ لاَظُلْمَ عَلَيْكَ الْيَوْمَ، فَيُخْرَجُ بِطَاقَةٌ فِيْهَا: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحمداً عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلُ: احْضُرْ وَزْنَكَ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! مَا هٰذِهِ الْبِطَاقَةُ؟ مَاهٰذِهِ السِّجِلاَّتُ؟ فَقَالَ: فَإِنَّكَ لاَتُظْلَمُ، قَالَ: فَتُوْضَعُ السِّجِلاَّتُ فِيْ كِفَّةٍ، وَالْبِطَاقَةُ فِيْ كِفَّةٍ، فَطَاشَتْ السِّجِلاَّتُ، وَثَقُلَتِ الْبِطَاقَةُ، وَلاَ يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللّٰهِ شَيْئٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَامِرِ بنِ يَحْيىَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَالْبِطَاقَةُ: الْقِطْعَةُ.

بابُ افْتِرَاقِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

امت میں گروہ بندیاں

یہ باب گذشتہ بحث کا آخری باب ہے، اور یہ باب بھی دفع دخل مقدر کے طور پر لایا گیا ہے، سوال یہ ہے کہ معتزلہ اور خوارج وغیرہ ایمان کو مرکب مانتے ہیں، اعمالِ صالحہ کو اس کا جز مانتے ہیں، اور مرتکب کبیرہ کو دائرہ اسلام سے خارج کرتے ہیں، اس کا کیا جواب ہے؟ یہ باب اس کا جواب ہے کہ یہ فرقے گمراہ ہیں، اس لئے ان کے اختلاف کا اعتبار نہیں، نبی ﷺ نے پیشین گوئی فرمائی ہے کہ گذشتہ امتوں کی طرح اس امت میں بھی اختلاف ہوگا، اور ان میں سے ناجی صرف ایک فرقہ ہوگا، باقی سب جہنم میں جائیں گے، اس لئے ان کے عقائد اور ان کے خیالات کا شریعت میں کوئی اعتبار نہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: یہود اکہتّر فرقوں میں بٹ گئے، یا فرمایا: بہتّر فرقوں میں، اور نصاری کی صورت حال بھی یہی رہی، اور میری امت تہتّر فرقوں میں بٹے گی (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ضرور میری امت پر وہ احوال گذریں گے جو بنی اسرائیل پر گذر چکے ہیں، چپل کے چپل کے ساتھ برابر ہونے کی طرح، یعنی گذشتہ امتوں کے احوال میں اور اس امت کے احوال میں سرمو فرق نہیں ہوگا، یہاں تک کہ اگر گذشتہ امتوں میں کوئی شخص ایسا ہوا ہے جس نے اپنی ماں سے برملا بدکاری کی ہے تو میری امت میں بھی ضرور ایسا شخص ہوگا، جو یہ حرکت کرے گا، اور بنی اسرائیل بہتر ملتوں میں بٹ گئے اور میری امت تہتر ملتوں میں بٹ جائے گی، سب فرقے دوزخ میں جائیں گے، ایک ملت کے علاوہ، صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! وہ ایک ملت کونسی ہے؟ آپ ؐ نے فرمایا: ما أنا علیه و أصحابی: وہ ملت جو میرے اور میرے صحابہ کے طریقہ پر ہوگی۔

تشریح:

۱- یہ حدیث مُفَسَّر (اسم مفعول) یا مُفَسِّر (اسم فاعل) ہے یعنی واضح ہے، گذشتہ حدیث میں اُس ایک ملت کی تعیین نہیں کی تھی جو ناجی ہوگی، اس حدیث میں اس کی تعیین ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی صرف تحسین کی

ہے، کیونکہ سند کا ایک راوی افریقی امام ترمذیؒ کے نزدیک ضعیف ہے، مگر حقیقت میں یہ حدیث صحیح ہے کیونکہ افریقی پر جو جرح کی گئی ہے وہ غلط فہمی کی بنیاد پر کی گئی ہے (تحفۃ الالمعی ۱:۳۸۴ میں اس کی تفصیل ہے)

۲- اس حدیث میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ امت گذشتہ امتوں کے نقش قدم پر چلے گی، عملی اور اعتقادی دونوں قسم کی خرابیوں میں، اپنی ماں کے ساتھ برملا بدکاری کرنے کا تذکرہ عملی خرابیوں میں یکسانیت کی مثال ہے۔ اور گروہ بندیاں اعتقادی خرابیوں کی مثال ہیں۔

۳- حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ: یعنی جس طرح ایک چپل دوسرے چپل کے برابر ہوتا ہے، پس یہ تساوی کی مثال ہے، اور بہتّر اور تہتّر کے اعداد تکثیر کے لئے ہیں، عربی میں سات، ستّر اور سات سو کے اعداد تکثیر کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں، تھوڑی تکثیر کے لئے سات، درمیانی تکثیر کے لئے ستر اور بہت زیادہ تکثیر کے لئے سات سو کا عدد استعمال کیا جاتا ہے۔

۴- اور سارے گمراہ فرقے جہنم میں جائیں گے مگر یہ جہنم میں جانا بطور خلود نہیں ہوگا، بلکہ اپنی گمراہی کی سزا پانے کے بعد یہ فرقے بھی اگر اسلام کے دائرے سے باہر نہیں ہوئے تو ناجی ہونگے، اور جہنم سے نکالے جائیں گے، اور ایک فرقہ جو جہنم سے بچ جائے گا وہ عقائد کی بنیاد پر بچ جائے گا، البتہ وہ بھی عملی کوتاہی کی وجہ سے جہنم میں جاسکتا ہے، مگر دونوں کی سزا میں فرق ہوگا، عقائد کی خرابی کی وجہ سے جہنم میں جانے والے کی سزا سخت ہوگی، اور عملی خرابی سے جہنم میں جانے والی کی سزا ہلکی ہوگی، مثلاً دو کپڑے ہیں: ایک پر نہ مٹنے والا داغ لگ گیا ہے اور دوسرا صرف میلا ہے تو دونوں کی دھلائی میں فرق ہوتا ہے۔

۵- اور صحابہ نے صرف فرقہ ناجیہ کی تعیین اس لئے پوچھی کہ وہی مقصود و مطلوب ہے، اسی کی پیروی کرنی ہے، گمراہ فرقوں سے امت کو کیا لینا ہے! ہاں علماء کے لئے ان کے احوال سے واقفیت ضروری ہے۔

۶- اور فرقہ ناجیہ اہل السنہ والجماعہ ہے، **ما أنا عليه**: سنت سے تعبیر ہے، نبی ﷺ کا جو طریقہ ہے وہی سنت ہے، اور سنت ہی حجت ہے، حدیث حجت نہیں، کسی حدیث میں حدیثوں کو مضبوط پکڑنے کا حکم نہیں آیا، تمام حدیثوں میں سنت ہی کو مضبوط پکڑنے کا حکم ہے، اور سنت اور حدیث میں عموم خصوص من وجہ کی نسبت ہے، حدیث: نام ہے ہر اس بات کا جو نبی ﷺ کی طرف منسوب ہے، اور سنت نام ہے: **الطريقة المسلوكة في الدين**: (دینی راہ) کا، پس وہ حدیثیں جو مخصوص ہیں یا منسوخ ہیں یا مؤول ہیں: وہ صرف حدیثیں ہیں، سنت نہیں، اور خلفائے راشدین کی سنتیں صرف سنتیں ہیں، حدیث نہیں، اور جو احادیثِ شریفہ مامور بہ ہیں وہ حدیثیں بھی ہیں اور سنت بھی ...... اور **ما عليه أصحابي** سے مراد: اجماع امت ہے، ابن ماجہ اور ابوداؤد میں یہی حدیث دوسرے صحابہ سے مروی ہے، اس میں لفظ **الجماعة** ہے، یعنی نبی ﷺ سے پوچھا گیا کہ وہ ایک ملت جو ناجی ہوگی وہ کونسی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: **الجماعة**:

یعنی جماعت مسلمین، اسی کا نام اجماعِ امت ہے، پس جس طرح فرقہ اہلِ قرآن گمراہ ہے بلکہ دائرہ اسلام سے خارج ہے، اسی طرح فرقہ اہل حدیث بھی گمراہ ہے، مگر دائرۂ اسلام سے خارج نہیں، اور برحق ملت صرف اہل السنہ والجماعہ ہیں، جو ائمہ اربعہ کی پیروی کرتے ہیں۔

[۱۸-] بابُ افْتِرَاقِ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

[۲٦٤۱-] حدثنا الحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ أَبُوْ عَمَّارٍ، نَا الْفَضْلُ بنُ مُوْسَى، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "تَفرَّقَتِ الْيَهُوْدُ عَلَى إِحْدَى وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، أَو: اثْنَتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً، وَالنَّصارَى مِثْلُ ذٰلِكَ، وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِىْ عَلَى ثَلاَثٍ وَسَبْعِيْنَ فِرْقَةً"

وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَوْفِ بنِ مَالِكٍ، حَدِيْثُ أَبِىْ هُريرةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲٦٤۲-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِىُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ زَيَادِ بنِ أَنْعُمَ الْأَفْرِيْقِىِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أُمَّتِىْ مَا أَتَى عَلَى بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ، حَتَّى إِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ أَتَى أُمَّهُ عَلاَنِيَةً لَكَانَ فِىْ أُمَّتِىْ مَنْ يَصْنَعُ ذٰلِكَ، وَإِنَّ بَنِىْ إِسْرَائِيْلَ تَفرَّقَتْ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِيْنَ مَلَّةً، وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِىْ عَلَى ثَلاَثٍ وَسَبْعِيْنَ مِلَّةً، كُلُّهُمْ فِى النَّارِ إِلاَّ مَلَّةً وَاحِدَةً" قَالُوْا: مَنْ هِىَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِىْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مُفَسَّرٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى خَلَقَ خَلْقَهُ فِىْ ظُلْمَةٍ: اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا ہے (یہ آدھا مضمون ہے، دوسرا آدھا جو اس کا مقابل ہے چھوڑ دیا گیا ہے، اور مجموعہ سے مراد وہ مضمون ہے جو سورۃ الشمس (آیت ۸) میں آیا ہے: ﴿فَأَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوَاهَا﴾ یعنی نفس کو اس کی بدکاری اور اس کی پرہیزگاری الہام فرمائی، یہ الہام تکوینی ہے، چنانچہ قلب میں جو بدی کی طرف میلان پایا جاتا ہے اور جو نیکی کی طرف رجحان ہوتا ہے، یہ باتیں فطرت کا تقاضہ ہیں فألْقَى عليهم من نوره: پس اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا کچھ نور ڈالا، یعنی وحی کے ذریعہ انبیاء کی معرفت لوگوں کو اپنا دین اور اپنا علم پہنچایا، فَمَنْ أَصَابَهُ من ذلك النور اهْتَدَى، وَمَنْ أَخْطَأَهُ ضَلَّ: پس جس شخص کو اس نور میں سے حصہ ملا وہ راہ یاب ہوا، اور جو اس نور کو چوک گیا وہ گمراہ ہوا، یعنی ہدایت وضلالت انسان کا اختیاری عمل ہے، جس نے اللہ کے نازل کئے ہوئے دین کی پیروی کی وہ راہِ راست پر آیا،

اور جو اس دین کو چوک گیا وہ مسلمان کہلانے کے باوجود گمراہ ہوگیا۔ فلذلك أَقُوْلُ: جَفَّ الْقَلَمُ علی علم اللہ: اسی لئے میں (نبی ﷺ) کہتا ہوں: اللہ کے علم کے مطابق قلم تقدیر لکھ کر خشک ہوگیا، پس جو کچھ ہورہا ہے: سب نوشتۂ تقدیر کے مطابق ہورہا ہے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ یہ حدیث اس باب میں لاکر اس طرف اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ مسلمان کہلانے والی امت میں جو فکری اور اعتقادی گمراہی رونما ہوگی، اور فرقے وجود میں آئیں گے، اس کی بنیاد وہ ہوگی جو اس حدیث میں آئی ہے، یعنی فطرتِ انسانی میں خیر وشر دونوں رکھے گئے ہیں، پھر انسان کی وحی کے ذریعہ راہنمائی کی گئی ہے، پھر آگے اس وحی کی پیروی کرنے نہ کرنے کا انسان کو اختیار ہے، پس جو ہدایت پاتا ہے وہ اپنے کسب سے ہدایت پاتا ہے، اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ بھی اپنے اختیاری فعل سے گمراہ ہوتا ہے، پس ساری ذمہ داری انسان کی ہے، اور یہ سب باتیں اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں، اور نہ صرف جانتے ہیں بلکہ سب باتیں لوحِ محفوظ میں لکھ بھی رکھی ہیں۔

فائدہ: في ظلمة: جار مجرور: خلق سے متعلق نہیں، کائناً سے متعلق ہوکر حال ہیں، پھر حال بھی خلق کے فاعل سے نہیں، بلکہ مفعول (مخلوق) کا حال ہیں۔

حدیث (۴): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: أَتَدْرِیْ مَاحقُّ اللّٰہ علی العباد؟ جانتے ہو اللہ کا بندوں پر کیا حق ہے؟ حضرت معاذؓ نے جواب دیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، پس آپؐ نے فرمایا: فَإِنَّ حَقَّهُ علیهم: أن یعبُدوہ، ولایُشْرِکُوْا به شیئًا: اللہ کا بندوں پر حق یہ ہے کہ بندے اس کی عبادت کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کریں (یہ لا إلٰہ إلاَّ اللّٰہ کا مضمون ہے) پھر نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو جب بندے اس طرح عبادت کریں تو ان کا اللہ پر کیا حق ہے؟ حضرت معاذ نے پھر وہی جواب دیا کہ اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں: آپؐ نے فرمایا: بندوں کا اللہ پر حق یہ ہے کہ اللہ ان کو (دائمی طور پر جہنم کی) سزا نہ دیں۔

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے، پس انھوں نے مجھے خوشخبری سنائی کہ جس کی موت اس حال میں آئی کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا تھا تو وہ جنت میں جائے گا۔ نبی ﷺ نے پوچھا: اگرچہ اس نے زنا کیا ہو؟ اگرچہ اس نے چوری کی ہو؟ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: ہاں! یعنی پھر بھی وہ جنت میں جائے گا۔

تشریح: ان آخری دونوں حدیثوں میں یہ مضمون ہے کہ جو بھی توحید پر ہے اور اسی حال میں اس کی موت آئی تو اس کی بخشش ضرور ہوگی، اگرچہ اس نے کبائر کا ارتکاب کیا ہو...... وَإِنْ زَنَی، وَإِنْ سَرَقَ کا سوال پہلے نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے کیا ہے، پھر جب یہ بات نبی ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے بیان کی تو انھوں نے بھی یہی سوال کیا، اور آپؐ نے جواب دیا: وإن زنی وإن سَرَقَ علی رغم أنف أبی ذَرٍّ: یعنی اگرچہ

کبائر کا ارتکاب کیا ہو: وہ جنت میں جائے گا، اگر چہ اس کا جنت میں جانا ابوذرؓ کو نا گوار ہو۔

اوران آخری حدیثوں سے یہ بات بھی واضح ہوئی کہ نجات کا مدار کلمہ توحید پر ہے، اور ایمان ایک بسیط حقیقت ہے، اقرار واعمال اس کا جز نہیں، اقرار صرف دنیا میں احکام جاری کرنے کے لئے ضروری ہے، اور اعمالِ صالحہ اور کبائر سے بچنا ایمان کامل کے لئے شرط ہے، جس کی وجہ سے بندہ نجات اوّلی کا حقدار ہوتا ہے، اور جنت کے بلند درجات پر فائز ہوتا ہے، رہا نفس ایمان کا حامل یعنی توحید کا قائل تو وہ اگر چہ کبائر میں ملوث رہا ہو مگر اللہ تعالیٰ اس کی تمام کوتاہیاں معاف کردیں گے یا وہ سزا پانے کے بعد نجات پائے گا۔

[٢٦٤٣-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بنِ أَبِيْ عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الدَّيْلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ تبَارَكَ وَتَعَالٰى خَلَقَ خَلْقَهُ فِيْ ظُلْمَةٍ، فَأَلْقَى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهِ، فَمَنْ أَصَابَهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ اهْتَدَى، وَمَنْ أَخْطَأَهُ ضَلَّ، فَلِذٰلِكَ أَقُوْلُ: جَفَّ الْقَلَمُ عَلَى عِلْمِ اللّٰهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٢٦٤٤-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَتَدْرِيْ مَا حَقُّ اللّٰهِ عَلَى الْعِبادِ؟ فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" فَإِنَّ حَقَّهُ عَلَيْهِمْ: أَنْ يَعْبُدُوْهُ، وَلَايُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا" قَالَ: "فَتَدْرِيْ مَا حَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ إِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ؟" قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "أَنْ لَايُعَذِّبَهُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ مُعَاذِ بنِ جَبَلٍ.

[٢٦٤٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بنِ رُفَيْعٍ، وَالْأَعْمَشِ، كُلُّهُمْ سَمِعُوْا زَيْدَ بْنَ وَهْبٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَتَانِيْ جِبْرَئِيْلُ فَبَشَّرَنِيْ: أَنَّهُ مَنْ مَاتَ لَايُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا: دَخَلَ الْجَنَّةَ، قُلْتُ: وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ؟ قَالَ: نَعَمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ.

وضاحت: حدیث (۳) کی سند میں ایک راوی السَّیْبَانی ہے، یہ لفظ س مہملہ کے ساتھ ہے، اس راوی کی کنیت ابوزرعہ ہے، اور یہ ثقہ راوی ہے۔ اور اس کی یہ حدیث مسند احمد، متدرک حاکم اور صحیح ابن حبان میں ہے، اور آخری دونوں حدیثیں متفق علیہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ العِلْمِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

علم کا بیان

علم کے لغوی معنی ہیں: جاننا، مگراس کی تعریف میں بڑا اختلاف ہے، یعنی جاننے کی حقیقت کیا ہے؟ یہ بات ابھی تک منقّح نہیں ہوسکی، اسی طرح جاننے والی قوت کونسی ہے: عقل ہے یادل؟ اوراس کا محل کیا ہے؟ یہ بات بھی ابھی تک طےنہیں ہوسکی، مرقاۃ (منطق کی کتاب) میں علم کی پانچ تعریفیں کی گئی ہیں، کیونکہ جب کوئی نئی چیزنظر کے سامنے آتی ہے، مثلاً کسی نے تاج محل نہیں دیکھا، جب وہ تاج محل کے پاس پہنچتا ہےتواس کی صورت ذہن میں آتی ہے۔

۱-اب کوئی کہتا ہے: اس کی صورت کے ذہن میں آنے کا نام علم ہے **(حصولُ صورةِ الشيئ فی العقل)**

۲-اورکوئی کہتا ہے: ذہن میں آئی ہوئی صورت کا نام علم ہے **(الصورة الحاصلة من الشيئ عند العقل)**

۳-اورکوئی ''ذہن'' کے بجائے لفظ مُدرِک (ادراک کرنے والی قوت) استعمال کرتا ہے، اورکہتا ہے: ادراک کرنے والی قوت کے پاس جوصورت آتی ہےاس کا نام علم ہے **(الحاضِرُ عند المُدْرِك)**

۴-اورکوئی کہتا ہے: نفس ناطقہ (انسانی نفس) جب اس صورت کوقبول کرلےتو وہ علم ہے **(قبول النفس لتلك الصورة)** چنانچہ دوشخصوں کے سامنے ایک ہی چیز کی صورت آتی ہے، مگرایک اس کوسمجھ جاتا ہےاوردوسرا نہیں سمجھتا، کیونکہ پہلے کے نفس ناطقہ نے اس صورت کوقبول کرلیا، اوردوسرے کے نفس ناطقہ نے قبول نہیں کیا۔

۵-اورکوئی کہتا ہے: عالم ومعلوم کے درمیان جوتعلق قائم ہوتا ہےاس کا نام علم ہے **(الإضافة الحاصلة بين العالم والمعلوم)**

۶-اورشرح عقائدمیں علم کی تعریف یہ کی ہے: **صفةٌ يَتَجَلّٰى بها المذكورُ، لِمَنْ قامَتْ هى به:** یعنی علم ایک حالت کا نام ہے: جس سے وہ بات واضح ہوجاتی ہے جوعالم کے سامنے ذکر کی جاتی ہے، جبکہ عالم کے ساتھ وہ حالت قائم بھی ہو، یعنی اس میں موجود بھی ہو۔ اوراگر وہ بےوقوف ہےتو اس کے سامنے معلوم کا خواہ کتنا ہی ذکر کیا جائے

اس کو علم حاصل نہیں ہوگا۔

۷-اور ایک تعریف یہ کی گئی ہے کہ علم ایک نور ہے جس سے معلوم واضح ہوجاتا ہے، جیسے آنکھ میں روشنی ہے جس سے دیکھی ہوئی چیز واضح ہوجاتی ہے۔

۸-اور ملا محبّ اللہ بہاری رحمہ اللہ نے سلم میں یہ کہہ کر سپر ڈال دی: الحقُّ أنه مِنْ أَجْلَى البديهيات، كالنور والسُّرُوْرِ نعم تنقيحُ حقيقته عسير جداً: یعنی علم ایک بہت ہی بدیہی چیز ہے، جیسے روشنی اور خوشی، ہر شخص سمجھائے بغیر دونوں کو سمجھتا ہے، مگر اس کی حقیقت منقح کرنا بہت ہی مشکل کام ہے، اس لئے علم کیا ہے؟ اس چکر میں پڑنے کی ضرورت نہیں، ہر شخص جانتا ہے کہ علم کیا ہے؟ عیاں را چہ بیاں!

اور ابواب الایمان کے بعد ابواب العلم اس لئے لائے ہیں کہ ایمان کا مدار معرفت وخشیت پر ہے، سورۃ الفاطر (آیت ۲۸) میں ہے: ﴿إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا﴾ اللہ سے وہی بندے ڈرتے ہیں جو (اس کی عظمت کا) علم رکھتے ہیں، اس آیت میں علماء سے معروف علماء مراد نہیں، بلکہ یہ لفظ اپنے لغوی معنی میں استعمال ہوا ہے، یعنی جو اللہ کی عظمت و کبریائی کو جانتا ہے وہی اللہ پر ایمان لاتا ہے، اور وہی اللہ سے ڈرتا ہے۔

بابٌ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ خَيْراً فَقَّهَهُ فِي الدِّيْنِ

اللہ تعالیٰ کو جس کے ساتھ خیر منظور ہوتی ہے اس کو دین کی سمجھ عطا فرماتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ: اللہ تعالیٰ کو جس کے ساتھ خیر منظور ہوتی ہے اس کو دین کی سمجھ بوجھ عطا فرماتے ہیں۔

تشریح: فَقَّهَه کے معنی ہیں: کسی چیز کو سمجھانا، فقیہ اور قانون داں بنانا...... اور دین کی سمجھ کا ادنی درجہ یہ ہے کہ دین کی اہمیت مؤمن کے لئے واضح ہوجائے، اور وہ دیندار بن جائے، دنیا کی پُر فریب زندگی کے چکر سے نکل جائے، اور احکامِ شرعیہ کی پوری طرح پیروی کرنے لگے، یہ دینی سمجھ اگر کسی مسلمان کو مل جائے تو وہ اس بات کی علامت ہے کہ اللہ تعالیٰ کو اس کے ساتھ خیر منظور ہے، پس جتنے دیندار مسلمان ہیں: سب اس حدیث کا مصداق ہیں۔

اور دین کی سمجھ کا آخری مرحلہ یہ ہے کہ آدمی دین وشریعت سے پوری طرح واقف ہوجائے، قصہ مشہور ہے کہ کسی نے امام محمد رحمہ اللہ کو وفات کے بعد خواب میں دیکھا۔ پوچھا: کیا حال گذرا؟ امام محمدؒ نے فرمایا: مجھے فرشتوں نے اللہ کی بارگاہ میں پیش کیا، اللہ نے مجھ سے فرمایا: محمد! اگر مجھے تیرے ساتھ خیر منظور نہ ہوتی تو میں تجھے اپنا علم نہ دیتا، جا تجھے بخش دیا۔

پس یہ حدیث جس طرح ہر دیندار مسلمان کے لئے بشارت ہے: علماء اور طلباء کے لئے بھی بہت بڑی خوشخبری

ہے، آپ غور کریں: کروڑوں بچے گلیوں میں بھٹکر رہے ہیں، یا اسکولوں میں پڑھ رہے ہیں، اور آپ چند خوش نصیب نفوس کا اللہ تعالیٰ نے دین حاصل کرنے کے لئے انتخاب فرمایا ہے یہ اس بات کی علامت ہے کہ آپ کے ساتھ اللہ کو خیر منظور ہے، پس اس نعمت کی قدر کریں، شکرگزاری سے نعمت بڑھتی ہے، اور طلبہ کی شکرگذاری یہ ہے کہ ہمہ تن علم کی طرف متوجہ رہیں، اور تحصیل علم میں رات دن ایک کردیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبو ابُ العِلْمِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] بابٌ إِذَا أَرَادَ اللّٰهَ بَعَبْدٍ خَيْراً فَقَّهَهُ فِي الدِّيْنِ

[٢٦٤٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ جَعْفَرٍ، أَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِيْ الدِّيْنِ"

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَأَبِيْ هريرةَ، وَمُعَاوِيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ فَضْلِ طَلَبِ الْعِلْمِ

تحصیل علم کی فضیلت

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فيه عِلْمًا، سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ: جو شخص کوئی ایسی راہ چلتا ہے جس میں وہ علم تلاش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کی راہ آسان کردیتے ہیں۔

تشریح: علم دین کی تحصیل کے لئے گھر سے نکلنا مشکل کام ہے، اور ثواب بقدر مشقت ہوتا ہے، اور جنت کی راہ بھی دشوار گذار ہے، جنت ناگواریوں سے گھیری ہوئی ہے، پس جو اللہ کے لئے علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلتا ہے، اور ہر طرح کی مشقتیں برداشت کرتا ہے اس کو اس کا صلہ اس طرح ملتا ہے کہ جنت کا راستہ اس کے لئے آسان کردیا جاتا ہے۔

فائدہ: جنت کا راستہ ایمان وعمل سے آسان ہوتا ہے، پس اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ علم دین حاصل کرنے والے طلبہ کو حاصل کئے ہوئے علم پر عمل پیرا ہونا چاہئے، کیونکہ دین کا علم برائے علم مطلوب نہیں، نہ وہ

برائے دنیا مطلوب ہے، بلکہ وہ برائے عمل مطلوب ہے، پس اگر طلبہ حاصل کئے ہوئے علم پر عمل کریں گے تو تحصیل علم کی غرض پوری ہوگی، اور وہ جنت میں پہنچ جائیں گے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتَّى يَرْجِعَ: جو شخص علم دین حاصل کرنے کے لئے گھر سے نکلتا ہے وہ راہِ خدا میں ہوتا ہے، یہاں تک کہ وہ گھر لوٹ آئے۔

تشریح: اس حدیث میں طالب علم کا مجاہد فی سبیل اللہ کے ساتھ الحاق کیا گیا ہے، اور یہ الحاق اس کے لئے بڑی خوشخبری ہے، اور اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ مجاہد فی سبیل اللہ کا کام جتنا مشکل ہے: طالب علم کا کام بھی اس سے کچھ کم مشکل نہیں، اور ثواب بقدر مشقت ہوتا ہے، پس مجاہد کی طرح طالب عالم بھی بڑے درجات پر فائز ہوگا، اس لئے طلبہ اپنا مقام پہچانیں اور تحصیل علم میں جاں کاہی کا مظاہرہ کریں۔

حدیث (۳): ضعیف حدیث ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ طَلَبَ العلمَ كَانَ كَفَارَةً لِمَا مَضَى: جس نے علم دین حاصل کیا تو وہ اس کے گذشتہ گناہوں کا کفارہ ہوجائے گا، اس کی سند کا ایک راوی ابوداؤد نُفیع اعمی ضعیف راوی ہے، اور اس کا استاذ عبداللہ، اور اس کا استاذ سنجرہ قلیل الروایہ ہیں۔

[۲-] بابُ فَضْلِ طَلَبِ الْعِلْمِ

[۲٦٤٧-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا: سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲٦٤٨-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، نَا خَالِدُ بنُ يَزِيْدَ الْعَتَكِيُّ، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنِ الرَّبِيْعِ بنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتَّى يَرْجِعَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ فَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۲٦٤٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيِّ، نَا مُحمدُ بنُ الْمُعَلَّى، نَا زِيَادُ بنُ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِيْ دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَخْبَرَةَ، عَنْ سَخْبَرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضَى"

هٰذَا حديثٌ ضَعِيْفُ الإِسْنَادِ، أَبُوْ دَاوُدَ: اسْمُهُ نُفَيْعُ الأَعْمَى، يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ، وَلاَ نَعْرِفُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَخْبَرَةَ كَبِيْرَ شَيْئٍ، وَلاَ لِأَبِيْهِ.

بابُ ماجاء فِی کِتْمَانِ الْعِلْمِ

علم چھپانے پر وعید

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ، عَلِمَهُ، ثُمَّ كَتَمَهُ: أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ: جس سے کوئی ایسی دینی بات پوچھی گئی جس کو وہ جانتا ہے، پھر اس نے اس کو چھپایا تو وہ قیامت کے دن آگ کی لگام دیا جائے گا۔

تشریح: علم دین برائے علم مطلوب نہیں، بلکہ علم دین اس لئے حاصل کیا جاتا ہے کہ خود بھی اس پر عمل کرے، اور دوسرے بندوں کو بھی اس پر لائے، پس جو شخص کوئی دینی بات جانتا ہے اور دوسرا مسلمان اس سے واقف نہیں اس لئے پوچھتا ہے، مگر وہ بتاتا نہیں تو وہ تحصیل علم کا مقصد فوت کرتا ہے، اور کسی کام کا جتنا بڑا ثواب ہوتا ہے، اس کی ضد کا اتنا ہی بڑا وبال ہوتا ہے، اس لئے ایسے عالم کو قیامت کے دن جہنم کی لگام دی جائے گی، یعنی ایسا عالم جہنم میں جائے گا، پس سب علم دین حاصل کرنے والوں کو اس حدیث سے سبق لینا چاہئے، اور ہمیشہ یہ حدیث پیش نظر رکھنی چاہئے اور اللہ کے دین سے اللہ کے بندوں کو خوب فائدہ پہنچانا چاہئے۔

[۳-] بابُ ماجاء فِی کِتْمَانِ الْعِلْمِ

[۲٦۵۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ بُدَيْلِ بنِ قُرَيْشٍ الْيَامِيُّ الْكُوْفِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بنِ زَاذَانَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ، عَلِمَهُ، ثُمَّ كَتَمَهُ: أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ“

وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، حديثُ أَبِيْ هريرةَ حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فى الِاسْتِيْصَاءِ بِمَنْ يَطْلُبُ الْعِلْمَ

طالبینِ علم کے ساتھ حسن سلوک کرنا

اسْتَوْصٰى به استيصاءً: کسی کے بارے میں کسی کی وصیت قبول کرنا، اسْتَوْصَى به خيراً: کسی کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرنا، کسی کے ساتھ حسن سلوک کرنا، حدیث میں ہے: اسْتَوْصُوْا بالنِّسَاءِ خَيْراً: عورتوں کے ساتھ حسن سلوک کرنے کی میری وصیت قبول کرو۔

حدیث: حضرت سفیان ثوریؒ: ابو ہارون عبدیؒ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ

کے پاس (تحصیل علم کے لئے) جاتے تھے، تو آپؓ فرماتے تھے: نبی ﷺ کی وصیت کی وجہ سے میں آپ حضرات کو خوش آمدید کہتا ہوں (ب سببیہ ہے) نبی ﷺ نے فرمایا ہے: إِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تَبَعٌ: لوگ تمہارے تابع ہیں (اسی لئے صحابہ کے بعد کے لوگوں کو تابعی کہا جاتا ہے) وَإِنَّ رِجَالاً يَأْتُوْنَكُمْ مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ يَتَفَقَّهُوْنَ فی الدين: اور لوگ تمہارے پاس یعنی صحابہ کے پاس زمین کے کناروں سے آئیں گے تاکہ وہ دین کی سمجھ حاصل کریں (جملہ يتفقهون مستأنفہ ہے اور بیان علت کے لئے آیا ہے) فَإِذَا أَتَوْكم، فَاسْتَوْصُوا بهم خيراً: پس جب وہ تمہارے پاس آئیں تو ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری تاکیدی نصیحت قبول کرو۔

سند کا حال: امام علی بن المدینی کہتے ہیں: یحییٰ بن سعید قطان نے فرمایا: امام شعبہ: ابو ہارون عبدی کو ضعیف قرار دیتے تھے، یحییٰ قطان کہتے ہیں: مگر ابوعون عبداللہ بن عون بصری (جو اعلیٰ درجہ کے ثقہ راوی ہیں، اور بڑے درجہ کے فقیہ ہیں، اور حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ کے ہمعصر ہیں) برابر وفات تک ابو ہارون عبدی سے روایتیں کرتے تھے، یعنی ان کے نزدیک یہ راوی معتبر تھا، پس یہ راوی مختلف فیہ ہے، اور ابو ہارون کا نام عمارة بن جُوین ہے۔

پھر یہی حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے نوح بن قیس کی سند سے ابو ہارون عبدی سے روایت کی ہے، اس میں ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”تمہارے پاس مشرق (عراق) کی طرف سے کچھ لوگ علم حاصل کرنے آئیں گے، پس جب وہ تمہارے پاس آئیں تو تم ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری تاکیدی نصیحت قبول کرو“ ابو ہارون عبدی کہتے ہیں: جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ہمیں دیکھتے تو کہتے: نبی ﷺ کی وصیت کی وجہ سے میں آپ لوگوں کو خوش آمدید کہتا ہوں، یہ حدیث صرف ابو ہارون عبدی روایت کرتے ہیں (اور وہ مختلف فیہ راوی ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا)

[٤-] بابُ ماجاء فی الاِسْتِيْصَاءِ بِمَنْ يَطْلُبُ الْعِلْمَ

[٢٦٥١-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفْرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي هَارُوْنَ، قَالَ: كُنَّا نَأْتِي أَبَا سَعِيْدٍ، فَيَقُوْلُ: مَرْحَبًا بِوَصِيَّةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ” إِنَّ النَّاسَ لَكُمْ تبعٌ، وَإِنَّ رِجَالاً يَأْتُوْنَكُم مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ، يَتَفَقَّهُوْنَ فِي الدِّيْنِ، فَإِذَا أَتَوْكُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِهِمْ خَيْرًا “

قَالَ عَلِيُّ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ: كَانَ شُعْبَةُ يُضَعِّفُ أَبَا هَارُوْنَ الْعَبْدِيَّ، قَالَ يَحْيىَ: وَمَازَالَ ابنُ عَوْنٍ يَرْوِي عَنْ أَبِي هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ، حَتَّى مَاتَ، وَأَبُوْ هَارُوْنَ: اسْمُهُ عُمَارَةُ بنُ جُوَيْنٍ.

[٢٦٥٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا نُوْحُ بنُ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي هَارُوْنَ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ

النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: "یَأْتِیْکُمْ رِجَالٌ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ یَتَعَلَّمُوْنَ، فَإِذَا جَاؤُوْکُمْ فَاسْتَوْصُوْا بِھِمْ خَیْرًا"

قَالَ: فَکَانَ أَبُوْ سَعِیْدٍ إِذَا رَآنَا قَالَ: مَرْحَبًا بِوَصِیَّةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم! وَھٰذَا حدیثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ.

بابُ ماجاء فِی ذَهَابِ الْعِلْمِ

علم اٹھ جانے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰہَ لاَیَقْبِضُ العلمَ انْتِزَاعًا یَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ: اللہ تعالیٰ علم کو چھیننے کے طور پر قبض نہیں کریں گے کہ وہ اس کو لوگوں سے چھین لیں، ولکن یَقْبِضُ العلم بِقَبْضِ العلماء: بلکہ وہ علم کو قبض کریں گے علماء کو قبض کرنے کے ذریعہ، حتی إذا لم یَتْرُكْ عالما اتَّخَذَ الناسُ رؤوسا جھالا: یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ کسی عالم کو باقی نہیں رکھیں گے تو لوگ نہایت نادان سرداروں کو بڑا بنالیں گے۔ فَسُئِلُوْا، فَأَفْتَوْا بغیرِ علمٍ، فَضَلُّوْا وَأَضَلُّوْا: پس وہ مسائل پوچھے جائیں گے، پس وہ علم کے بغیر فتوی دیں گے، پس وہ خود بھی گمراہ ہونگے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

ترکیب: انتزاعاً: یا تو لاَ یَقْبِضُ کا مفعول مطلق ہے: من غیر لفظہ، اس صورت میں جملہ ینتزعہ: انتزاعاً کی صفت ہوگا، اور نوعیت انتزاع کی وضاحت کرے گا، اور یہ بھی احتمال ہے کہ انتزاعاً: بعد میں آنے والے فعل کا مفعول مطلق ہو، اس صورت میں ینتزعہ: جملہ حالیہ ہوگا، یعنی اللہ تعالیٰ لوگوں سے علم دین کو اس طرح نہیں اٹھائیں گے کہ لوگوں کے درمیان سے اس کو اچک لیں، بلکہ عالم اسباب میں اس کی شکل یہ ہوگی کہ علماء یکے بعد دیگرے اٹھتے چلے جائیں گے، پس لوگ جاہلوں کو بڑا بنالیں گے، ان سے مسائل پوچھیں گے، وہ علم کے بغیر اپنی رائے سے فتوی دیں گے، پس وہ خود بھی گمراہ ہونگے، اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ علم کو دین کی حفاظت کے لئے پڑھو پڑھاؤ، اور خوب محنت سے علم حاصل کرو، ورنہ صورتِ حال بگڑ جائے گی، اور اس حدیث سے یہ بات بھی سمجھ میں آئی کہ فتوی ایک اہم ذمہ داری ہے، اس لئے کافی علم کے بغیر اس پر اقدام نہیں کرنا چاہئے۔

حدیث (۲): حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس آپؐ نے اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھائی، پھر فرمایا: هٰذَا أَوَانٌ یُخْتَلَسُ العلمُ مِنَ النَّاسِ حتی لاَیَقْدِرُوْا منه علی شيئٍ: یہ وقت ہے: لوگوں سے علم دین جھپٹ لیا جائے گا، یہاں تک کہ وہ اس میں سے کسی چیز پر قادر نہیں رہیں گے، یعنی علم دین

بالکلیہ اٹھالیا جائے گا، اور یہ مکاشفۂ نبوی ہے، آپؐ کے لئے آئندہ کا حال منکشف کیا گیا ہے، یعنی آئندہ ایسا وقت آرہا ہے کہ دین سارا ہی اٹھالیا جائے گا۔

پس حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ نے (جو بدری صحابی ہیں اور جو وفات نبوی کے وقت حضرموت کے گورنر تھے) عرض کیا: ہم سے علم کیسے جھپٹ لیا جائے گا، جبکہ ہم نے قرآن پڑھ لیا ہے، پس بخدا! ہم ضرور اس کو پڑھتے رہیں گے، اور بخدا! ہم ضرور اس کو اپنی عورتوں کو اور اپنے بیٹوں کو پڑھائیں گے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے زیاد! تجھے تیری ماں گم کرے! میں تو تجھے مدینہ کے سمجھ دار لوگوں میں شمار کرتا تھا! یہ یہود ونصاریٰ کے پاس تورات وانجیل ہیں، پس وہ ان کے کیا کام آرہی ہیں؟ یعنی اللہ کی کتابیں ان کے ہاتھ میں ہوتے ہوئے بھی وہ گمراہ ہوگئے ہیں۔

جبیر بن نُفیر جو یہ حدیث حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کررہے ہیں، کہتے ہیں: پھر میری ملاقات حضرت عبادۃ رضی اللہ عنہ سے ہوئی، پس میں نے کہا: آپؓ نے وہ بات نہیں سنی جو آپؓ کے بھائی ابوالدرداءؓ نے بیان کی؟ پس میں نے ان کو وہ بات بتائی جو حضرت ابوالدرداء نے بیان کی تھی، پس حضرت عبادۃؓ نے فرمایا: ابوالدرداءؓ نے صحیح بیان کیا، اگر تو چاہے تو میں تجھ سے ضرور بیان کروں کہ سب سے پہلے لوگوں سے کونسا علم اٹھایا جائے گا؟ وہ خشوع (اللہ کے سامنے نیازمندی) ہے، قریب ہے وہ زمانہ جب تو جامع مسجد میں جائے پس اس میں کوئی خاشع (عاجزی کرنے والا) نظر نہ آئے۔

سند کا حال: حدیث کا ایک راوی معاویہ بن صالح ہے، یہ ثقہ راوی ہے، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس راوی پر یحییٰ قطان کے علاوہ کسی نے جرح نہیں کی، اور یہ روایت معاویہ سے تو اسی طرح مروی ہے، مگر عبدالرحمٰن کے بعض دوسرے تلامذہ اس کی سند حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، پس اللہ بہتر جانتے ہیں کہ یہ روایت حضرت ابوالدرداءؓ کی ہے یا عوف بن مالکؓ کی؟

تشریح: اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ صرف قرآن، حدیث اور فقہ پڑھنے سے دین باقی نہیں رہے گا، بلکہ جب تک اخلاص کے ساتھ قرآن پڑھا جائے گا دین باقی رہے گا، اور جب اس کو دنیوی مفادات کا ذریعہ بنالیا جائے گا تو دین کا جنازہ نکل جائے گا، جیسا اگلے باب میں آرہا ہے، پس طلبہ کو چاہئے کہ وہ نیت میں اخلاص پیدا کریں، دین کو صرف دین کے لئے حاصل کریں، اور اللہ کی خوشنودی کے لئے اس کو پھیلائیں، اپنا کوئی مفاد اس کے ساتھ وابستہ نہ کریں، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۵-] بابُ ماجاء فِي ذَهَابِ الْعِلْمِ

[۲۶۵۳-] حدثنا هَارُوْنُ بنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بنِ عُرْوَةَ، عَنْ

أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرِو بنِ الْعَاصِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ لاَيَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا، يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلٰكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلُمَاءِ، حَتَّى إِذَا لَمْ يَتْرُكْ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُؤُوْسًا جُهَّالاً، فَسُئِلُوْا، فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوْا وَأَضَلُّوْا "

وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَزِيَادِ بنِ لَبِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَعَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِثْلَ هٰذَا.

[٢٦٥٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِیْ مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عَنِ أَبِیْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَشَخَصَ بِبَصَرِهِ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَالَ: " هٰذَا أَوَانٌ يُخْتَلَسُ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ، حَتَّى لاَيَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلَى شَيْئٍ! "

فَقَالَ زِيَادُ بنُ لَبِيْدٍ الأَنْصَارِيُّ: كَيْفَ يُخْتَلَسُ مِنَّا، وَقَدْ قَرَأْنَا الْقُرْآنَ، فَوَ اللّٰهِ لَنَقْرَأَنَّهُ، وَلَنُقْرِئَنَّهُ نِسَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ نَا؟ قَالَ: " ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يا زِيَادُ! إِنْ كُنْتُ لَأَعُدُّكَ مِنْ فُقَهَاءِ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ! هٰذِهِ التَّوْرَاةُ وَالأَنْجِيْلُ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى، فَمَاذَا تُغْنِیْ عَنْهُمْ؟! "

قَالَ جُبَيْرٌ: فَلَقِيْتُ عُبَادَةَ بنَ الصَّامِتِ، فَقُلْتُ: أَلاَ تَسْمَعُ مَايَقُوْلُ أَخُوْكَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ؟ فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِیْ قَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: صَدَقَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ! إِنْ شِئْتَ لَأُحَدِّثَنَّكَ بِأَوَّلِ عِلْمٍ يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ: الْخُشُوْعُ، يُوْشِكُ أَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَامِعِ، فَلاَ تَرَى فِيْهِ رَجُلاً خَاشِعًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَمُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا تَكَلَّمَ فِيْهِ غَيْرَ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ الْقَطَّانِ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بنِ صَالِحٍ نَحْوُ هٰذَا، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ جُبَيْرِ بنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَوْفِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

بابُ ماجاء فی مَنْ يَطْلُبُ بِعِلْمِهِ الدُّنْيَا

علم دین سے دنیا کمانے پر وعید

علم کی دو قسمیں ہیں: دینی اور دنیوی، دینی علم اللہ کی رضا کے لئے اور دنیوی علم دنیا کمانے کے لئے حاصل کیا جاتا ہے، پھر اگر کوئی دنیوی علم اللہ کی رضا کے لئے حاصل کرے تو اس کی خوبی کے کیا کہنے! اور اگر کوئی دینی علم دنیا کمانے کے لئے حاصل کرے تو اس کی قباحت ظاہر ہے، حدیثوں میں اس پر سخت وعید آئی ہے۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا:مَنْ طَلَبَ العلمَ لِيُجَارِيَ به العلماءَ: جس نے علم دین حاصل کیا تا کہ اس کے ذریعہ علماء سے مقابلہ کرے، جَارَى يُجَارِيْ مُجَارَاةً وجَرَاءً: کسی کے ساتھ دوڑنا، دوڑ میں مقابلہ کرنا، یعنی علم دین اس نیت سے حاصل کیا کہ علماء سے مناظرہ کرے گا، اور اپنا تفوّق جتلائے گا، أو لِيُمَارِيَ به السُّفَهَاءَ: یا اس کے ذریعہ بیوقوفوں سے حجت بازی کرے، مَارَاهُ يُمَارِي مُمَارَاة وَمِراءً: مناظرہ کرنا، بحث مباحثہ کرنا، حجت بازی کرنا، جھگڑا کرنا، وَيَصْرِفَ به وجوهَ النَّاسِ إِلَيْهِ: اور اس علم کے ذریعہ لوگوں کی توجہات اپنی طرف پھیرے (مشکوۃ میں أو ہے) یعنی علماء سے مقابلہ کرے، یا نادانوں سے مناظرہ کرے یا لوگوں کو گرویدہ بنائے :أَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ: تو اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ میں داخل کریں گے (کیونکہ اس نے علم دین صحیح نیت سے حاصل نہیں کیا)

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ ضعیف ہے، اس پر حافظہ کی کمزوری کا اعتراض کیا گیا ہے، مگر حضرت ابو ہریرہؓ کی صحیح حدیث اس کی شاہد ہے (رواہ ابوداؤد وابن ماجہ واحمد، مشکوۃ حدیث ۲۲۷)

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا:مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا لغيرِ الله، أَو: أَرَادَ به غَيْرَ اللّٰهِ، فَلْيَتَبَوَّأْ مقعدَه من النار: جس نے غیر اللہ کے لئے علم دین سیکھا، مثلاً طلب جاہ یا طلب دنیا کے لئے علم دین حاصل کیا یا فرمایا: اس نے علم دین سے غیر اللہ کا ارادہ کیا (أَوْ بظاہر شک کے لئے ہے) تو وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے (کیونکہ اس نے بھی علم دین صحیح نیت سے حاصل نہیں کیا، یہ حدیث منقطع ہے، خالد بن دُریک کا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سماع نہیں)

تشریح: ان دونوں حدیثوں کا سبق یہ ہے کہ علم دین صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے حاصل کرنا چاہئے، دوسری کوئی غرض نہیں ہونی چاہئے، پہلے جب اسلامی حکومت تھی تو قاضی بننے کے لئے، شیخ الاسلام بننے کے لئے، لوگوں سے مناظرہ اور حجت بازی کرنے کے لئے، اپنی بڑائی جتانے کے لئے اور عام لوگوں کو گرویدہ بنانے کے لئے: علم دین حاصل کیا کرتے تھے، یہ مقاصد تو اب نہیں رہے۔ اب کچھ طلبہ بے مقصد علم دین پڑھتے ہیں، ان کی کوئی نیت نہیں ہوتی، وہ صرف اس لئے پڑھنے آتے ہیں کہ ان کے ابا کو جنت میں جانا ہے، باپ چاہتا ہے کہ بیٹا حافظ ہو جائے یا عالم بن جائے تو اسے جنت مل جائے، اس کی یہ نیت صحیح ہے، مگر خود بچے کی کوئی نیت نہیں ہوتی، اس لئے عام طور پر وہ حفظ تو کر لیتے ہیں، کیونکہ بے شعوری کا زمانہ ہوتا ہے، باپ حافظ بنانا چاہتا ہے، اور استاذ سختی کرتا ہے اس لئے وہ حفظ تو مکمل کر لیتا ہے، مگر جب علم دین کی تحصیل کا زمانہ شروع ہوتا ہے تو وہ باشعور ہو جاتا ہے، اب استاذ سختی نہیں کر سکتا، اس لئے باپ کے دباؤ میں مدرسہ میں پڑا رہتا ہے، پڑھتا نہیں، صرف وقت گذاری کر کے مولوی بن جاتا ہے، اس لئے علم سے کورا رہ جاتا ہے، اسی طرح کچھ طلبہ غریب گھر کے ہوتے ہیں، وہ دنیا سنوارنے کے لئے علم دین حاصل کرتے ہیں: یہ سب مقاصد صحیح نہیں، دینی علم کے طالب علموں کو چاہئے کہ وہ پہلے اپنی نیت صحیح کریں، اپنے اندر اللہ کی رضا کے لئے علم دین حاصل کرنے کا جذبہ پیدا کریں، پھر خوب محنت سے پڑھیں، ان شاء اللہ کامیاب ہونگے۔

[٦-] بابُ ماجاء فی مَنْ يَطْلُبُ بِعِلْمِهِ الدُّنْيَا

[٢٦٥٥-] حدثنا أَبُوْ الأَشْعَثِ أَحْمَدُ بنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا أُمَيَّةُ بنُ خَالِدٍ، نَا إِسْحَاقُ بنُ يَحْيىَ بنِ طَلْحَةَ، ثَنِيْ ابنُ كَعْبِ بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُجَارِیَ بِهِ الْعُلَمَاءَ، أَوْ لِيُمَارِیَ بِهِ السُّفَهَاءَ، وَيَصْرِفَ بِهِ وُجُوْهَ النَّاسِ إِلَيْهِ: أَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِسْحَاقُ بنُ يَحْيىَ بنِ طَلْحَةَ لَيْسَ بِذَاكَ الْقَوِیِّ عِنْدَهُمْ، تُكُلِّمَ فِيْهِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

[٢٦٥٦-] حدثنا عَلِيُّ بنُ نَصْرِ بنِ عَلِيٍّ، نَا مُحمدُ بنُ عَبَّادٍ الْهُنَائِيُّ، نَا عَلِيُّ بنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ خَالِدِ بنِ دُرَيْكٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" مَنْ تَعَلَّمَ عِلْمًا لِغَيْرِ اللّٰهِ، أَوْ: أَرَادَ بِهِ غَيْرَ اللّٰهِ: فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

بابُ ماجاء فی الحَثِّ عَلَی تَبْلِيغِ السَّمَاعِ

پڑھی ہوئی حدیثیں دوسروں تک پہنچانے کی فضیلت

پہلے حدیثیں لکھی نہیں جاتی تھیں، صرف زبانی روایتیں کی جاتی تھیں۔ اس وقت یہ حکم تھا کہ جو بھی طالب علم کوئی حدیث سنے، وہ آگے بڑھائے تاکہ لوگ اس سے استفادہ کریں، اور اب جبکہ حدیثیں کتابوں میں لکھ لی گئی ہیں، بات پوری طرح منطبق نہیں رہی، مگر تعلّم کے بعد تعلیم کی اہمیت آج بھی برقرار ہے، اور وجہ وہی ہے، کبھی استاذ سے شاگرد آگے بڑھ جاتا ہے، اس لئے اگر ہر شخص دین کا علم آگے بڑھائے گا تو ممکن ہے اس کے شاگردوں میں کوئی اس سے بھی بڑا باکمال پیدا ہو۔

حدیث (۱): حضرت ابان بن عثمان کہتے ہیں: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ٹھیک دوپہر کے وقت مروان کے پاس سے نکلے (مروان مدینہ منورہ کا گورنر تھا) ہم نے یعنی طلبہ نے آپس میں کہا: مروان نے اس وقت حضرت زیدؓ کو کوئی اہم بات پوچھنے ہی کے لئے بلایا ہے، اس لئے ہم کھڑے ہوئے اور ہم نے حضرت زیدؓ سے وہ بات پوچھی، انھوں نے فرمایا: ہاں مروان نے ہم سے چند حدیثیں پوچھیں، جو ہم نے نبی ﷺ سے سنی ہیں، میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے، آپؐ نے فرمایا: نَضَّرَ اللّٰهُ امْرأً سَمِعَ مِنَّا حديثا، فَحَفِظَهُ، حَتَّی يُبَلِّغَهُ غَيْرَهُ، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلٰی مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيس بفقيهٍ: اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر وتازہ رکھیں جس نے ہم سے کوئی حدیث

سنی، پس اس کو یاد کیا، یہاں تک کہ اس کو اپنے علاوہ تک پہنچایا، کیونکہ بعض مسائل کی بات یاد کرنے والے اس کو اس شخص تک پہنچاتے ہیں جو اس سے بڑا فقیہ ہوتا ہے، اور بعض مسائل کی بات یاد کرنے والے فقیہ نہیں ہوتے۔

تشریح: طالب علموں کا اشتیاق دیکھ کر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے ان کی فضیلت میں ایک حدیث سنائی ہے، ضروری نہیں کہ یہی حدیث مروان کو بھی سنائی ہو، مروان نے جو حدیثیں پوچھی ہونگی، وہ معلوم نہیں کیا ہونگی ...... اللہ تروتازہ رکھیں: یہ علم دین کے طالب علموں کے لئے دعائے نبوی ہے، جو یقیناً بارگاہِ الٰہی میں قبول ہوئی ہے ......
فَحَفِظَهُ: یعنی حدیث سن کر یاد کی، آج کل طلبہ پڑھتے ہیں مگر خواندہ یاد نہیں کرتے، یہ پڑھنا رائگاں جاتا ہے، یہ پڑھنا ہاتھوں میں سوراخ کرکے پانی پینے کی طرح ہے، اس صورت میں جو پانی ڈالا جائے گا: سوراخ سے نکل جائے گا، منہ تک نہیں پہنچے گا، اسی طرح اگر طالب علم خواندہ یاد نہیں کرے گا تو وہ چند دنوں میں پڑھا ہوا بھول جائے گا......
اور حتی يُبَلِّغه غيرَه : کا مطلب یہ نہیں ہے کہ دوسرے کو حدیث پہنچا کر خود بھول جائے، بلکہ اس جملہ میں حدیث پڑھنے کی غرض وغایت بیان کی گئی ہے کہ علم دین پڑھنے کا مقصد یہ ہونا چاہئے کہ اس علم کو آگے بڑھائے، اور اس کو دوسروں تک پہنچائے ...... پھر دوسروں تک حدیث پہنچانے کے دو فائدے ذکر کئے ہیں:

پہلا فائدہ: کبھی ایسا ہوتا ہے کہ حدیث میں کوئی گہرا مسئلہ ہوتا ہے، اور حاملِ حدیث فقیہ تو ہوتا ہے مگر وہ اس درجہ سمجھدار نہیں ہوتا کہ وہ یہ گہرا مسئلہ نکال سکے، البتہ جس کو وہ حدیث پہنچاتا ہے وہ بڑا فقیہ ہوتا ہے، وہ یہ گہرا مسئلہ حدیث سے نکال لیتا ہے، مشہور واقعہ ہے: امام ابو یوسف رحمہ اللہ: حضرت وکیع رحمہ اللہ کے درس میں تحصیل حدیث کے لئے بیٹھے ہوئے تھے، ایک عورت آئی اور اس نے حضرت وکیع سے کوئی مسئلہ پوچھا: انھوں نے جواب دیا: مجھے تیرا مسئلہ معلوم نہیں، امام ابو یوسفؒ نے جن کا نام یعقوب تھا عرض کیا: اگر اجازت ہو تو میں یہ مسئلہ بتادوں، وکیع نے اجازت دیدی، امام ابو یوسف نے مسئلہ بتایا، مسئلہ بالکل صحیح تھا، استاذ خوش ہوئے اور پوچھا: یعقوبؒ! تو نے یہ مسئلہ کہاں سے جانا؟ طالب علم نے کہا: حضرت! یہ مسئلہ میں نے فلاں حدیث سے نکالا ہے، جو آپ نے ہم سے بیان کی ہے، وکیع رحمہ اللہ کہنے لگے: یعقوب! یہ حدیث تو مجھے اس وقت سے یاد ہے جب تیرے ماں باپ ملے بھی نہیں تھے، یعنی تیرا حمل ٹھہرا اس سے پہلے سے یہ حدیث جانتا ہوں، مگر میں آج تک نہیں سمجھ سکا کہ اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلتا ہے۔

دوسرا فائدہ: اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ طالب علم سرے سے فقیہ نہیں ہوتا، پس اگر وہ حدیث آگے نہیں بڑھائے گا تو اس حدیث میں جو مسائل فقیہ ہیں وہ امت کے سامنے نہیں آئیں گے، اور حدیث آگے بڑھائے گا تو وہ کبھی فقیہ تک پہنچے گی اور وہ اس میں سے مسائل دینیہ مستنبط کرے گا، اس لئے علم دین کو روک لینے میں ملت کا نقصان ہے، اور آگے بڑھانے میں ملت کا فائدہ ہے، پس ہر طالب علم کو چاہئے کہ وہ پڑھا ہوا علم آگے بڑھائے۔ واللّٰہُ الموفِّق۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا، فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى

مِنْ سَامِعٍ: اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش وخرم رکھیں جس نے ہم سے کوئی چیز سنی، پس اس کو پہنچائی جیسی اس نے سنی، یعنی بے کم وکاست پہنچائی، کیونکہ بعض پہنچائے ہوئے: سننے والے سے زیادہ یاد کرنے والے ہوتے ہیں (مُبلَّغ: اسم مفعول اور أَوْعیٰ: اسم تفضیل ہے، وَعَی يَعِيْ وَعْيًا: حدیث یا بات کو اچھی طرح سمجھ کر ذہن میں رکھنا، محفوظ کر لینا)

[۷-] بابُ ماجاء فی الحثِّ عَلَی تَبْلِيْغِ السَّمَاعِ

[۲۶۵۷-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ عُمَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، مِنْ وَلَدِ عُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ أَبَانَ بنِ عُثْمَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجَ زَيْدُ بنُ ثَابِتٍ مِنْ عِنْدِ مَرْوَانَ نِصْفَ النَّهَارِ، فَقُلْنَا: مَا بَعَثَ إِلَيْهِ هٰذِهِ السَّاعَةَ إِلَّا لِشَيئٍ يَسْأَلُهُ عَنْهُ، فَقُمْنَا فَسَأَلْنَاهُ، فَقَالَ: نَعَمْ، سَأَلَنَا عَنْ أَشْيَاءَ سَمِعْنَاهَا مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا، فَحَفِظَهُ، حَتَّى يُبَلِّغَهُ غَيْرَهُ، فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ إِلٰى مَنْ هُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ، وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَيْسَ بِفَقِيْهٍ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، وَمُعَاذِ بنِ جَبَلٍ، وَجُبَيْرِ بنُ مُطْعِمٍ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، وَأَنَسٍ، حديثُ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ حديثٌ حسنٌ.

[۲۶۵۸-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بنَ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا، فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ، فَرُبَّ مُبَلَّغٍ أَوْعَى مِنْ سَامِعٍ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ فِي تَعْظِيْمِ الْكِذْبِ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

جھوٹی حدیث بیان کرنے کا وبال

الكِذْب (ك کا زیر اور ذ ساکن) مصدر ہے، جھوٹ بولنا، اور الكَذِب: (ك کا زبر اور ذ کا زیر) اسم ہے جس کے معنی ہیں: جھوٹ...... اس باب میں امام ترمذیؒ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں اور انیس صحابہ کی حدیثوں کا حوالہ دیا ہے، پھر بھی یہ فہرست آدھی ہے، پس یہ حدیث متواتر ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعودؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: جس نے بالقصد مجھ پر جھوٹ باندھا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے، (تبوَّءَ المكان: جگہ بنانا، جگہ لینا)

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتَكْذِبُوْا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ يَلِجُ النَّارَ: مجھ پر جھوٹ مت بولو، کیونکہ جو مجھ پر جھوٹ بولے گا وہ جہنم میں جائے گا (اس حدیث کے راوی منصور بن المعتمر: کوفہ کے رواۃ میں سب سے مضبوط راوی تھے، یہ بات عبدالرحمٰن بن مہدی نے فرمائی ہے، اور دوسرے راوی رِبْعِیٌّ بن حراش نے اسلام قبول کرنے کے بعد کبھی جھوٹ نہیں بولا، یہ بات وکیع نے فرمائی ہے)

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے مجھ پر جھوٹ بولا —— راوی کہتا ہے: میرے خیال میں آپؐ نے ''بالقصد'' بھی فرمایا —— پس چاہئے کہ وہ اپنا گھر دوزخ میں بنالے!

تشریح:

۱- نبی ﷺ کی حیات مبارکہ میں جس طرح صحابہ قرآن کریم کی تبلیغ کرتے تھے، یعنی نیا نازل شدہ قرآن سب مسلمانوں تک پہنچاتے تھے، اوراس کا حکم بھی تھا: بَلِّغُوْا عَنِّيْ وَلَوْ آيَةً: میری طرف سے پہنچاؤ، اگرچہ ایک آیت ہو، اسی طرح حیاتِ نبوی میں صحابہ حدیثیں بھی روایت کرتے تھے، کیونکہ سب صحابہ ہر وقت خدمت نبوی میں حاضر نہیں رہتے تھے، پس جو موجود ہوتے اور کوئی حدیث سنتے تو وہ اس کو دوسرے صحابہ تک پہنچاتے، اس لئے مذکورہ احادیث میں ہدایت دی گئی کہ کوئی شخص نبی ﷺ کی طرف سے غلط بیانی نہ کرے، صحیح بات ہی بے کم وکاست پہنچائے۔

۲- اور یہ حکم حیاتِ نبوی کے ساتھ خاص نہیں، قیامت تک کے لئے امت کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ احادیث بیان کرنے میں پوری احتیاط رکھیں، صحیح روایات ہی بیان کریں، بالقصد کوئی جھوٹی بات حضور ﷺ کی طرف منسوب نہ کریں۔

۳- قرآن کریم تو اللہ کی وہ وحی ہے جس کی حفاظت کی ذمہ داری خود اللہ تعالیٰ نے لی ہے، اس لئے اس میں تو کسی گڑبڑ کا امکان نہیں، مگر احادیث شریفہ میں گڑبڑ کی جاسکتی ہے، کیونکہ الفاظ محفوظ نہیں، اس لئے لوگ دانستہ یا نادانستہ غلط بیانی کرسکتے ہیں، مگر نادانستہ کوئی تبدیلی ہوجانے پر پابندی نہیں لگائی، کیونکہ جہل ونسیان انسان کی فطرت ہے، اس لئے ''دانستہ'' کی قید کے ساتھ غلط بیانی کرنے پر وعید سنائی۔

۴- پھر جب تک نبی ﷺ دنیا میں رونق افروز رہے، آپؐ کی نگرانی قائم رہی، کسی حدیث کے بارے میں تحقیق کرنی ہوتی تو آپؐ کی طرف یا اکابر صحابہ کی طرف رجوع کیا جاتا، پھر بعد کے قرون میں اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی امت کے بہترین افراد کو احادیث وسنن کی تحقیق اور تعلیم وتعلم کے لئے منتخب فرمایا، جنھوں نے پوری دیانت داری کے ساتھ ایسے فنون کی تدوین کی جن کی مدد سے دودھ اور پانی کے درمیان آسانی سے امتیاز کیا جاسکتا ہے، پس آج جو لوگ اناپ شناپ حدیثیں بیان کرتے ہیں ان کی تحقیق فن حدیث کے ذریعہ کی جاسکتی ہے، آج بھی واعظین اور مبلغین جہالت کی وجہ سے بے سروپا باتیں بیان کرتے ہیں، وہ ان حدیثوں کا مصداق ہیں، ان کو محتاط رہنا چاہئے، حدیث کی مذکور وعید کا مصداق نہیں بننا چاہئے۔

[٨-] بابٌ فِي تَعْظِيْمِ الْكِذْبِ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٢٦٥٩-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بنُ عَيَّاشٍ، نَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

[٢٦٦٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ ابْنُ ابْنَةِ السُّدِّيِّ، نَا شَرِيْكُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مَنْصُوْرِ بنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ رِبْعِيِّ بنِ حِرَاشٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ تَكْذِبُوْا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ يَلِجُ النَّارَ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، وَالزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَأَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَمْرِو بنِ عَبْسَةَ، وَعُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَمُعَاوِيَةَ، وَبُرَيْدَةَ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَأَبِيْ أُمَامَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، وَالْمُنْقَعِ، وَأَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، حَدِيْثُ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ: مَنْصُوْرُ بنُ الْمُعْتَمِرِ أَثْبَتُ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، وَقَالَ وَكِيْعٌ: لَمْ يَكْذِبْ رِبْعِيُّ بنُ حِرَاشٍ فِي الإِسْلاَمِ كِذْبَةً.

[٢٦٦١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ بنُ سَعْدٍ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ — حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: مُتَعَمِّدًا — فَلْيَتَبَوَّأْ بَيْتَهُ مِنَ النَّارِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ ماجاءَ فِي مَنْ رَوَى حَدِيْثًا وَهُوَ يُرَى أَنَّهُ كَذِبٌ

جس حدیث کے بارے میں خیال ہو کہ وہ جھوٹ ہے: اس کو روایت کرنا جائز نہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ حَدِيْثًا، وَهُوَ يُرَى أَنَّهُ كَذِبٌ، فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ: جس نے میری طرف سے کوئی حدیث بیان کی درانحالیکہ وہ گمان کرتا ہے کہ وہ جھوٹ ہے تو وہ جھوٹوں میں سے ایک ہے، یا دو جھوٹوں میں سے ایک ہے۔

تشریح:

۱-یَرَی: معروف و مجہول دونوں ہو سکتے ہیں، مگر بہتر مجہول پڑھنا ہے، یَرَی معروف کے معنی ہیں: دیکھتا ہے، یعنی آنکھ سے دیکھتا ہے، اور یُرَی مجہول کے معنی ہیں: دکھایا جاتا ہے، یعنی دل سے دکھایا جاتا ہے، یعنی اس کا گمان اور خیال

ہے،مگر معروف کی صورت میں بھی گمان کے معنی ہوسکتے ہیں،اس لئے دونوں ہی قراءتوں میں گمان کے معنی بہتر ہیں۔

۲-الکاذبین: جمع اور تثنیہ دونوں ہوسکتے ہیں، جمع کی صورت میں ب مکسور اور ن مفتوح ہوگا۔ اور تثنیہ کی صورت میں ب مفتوح اور ن مکسور ہوگا،اور بہتر جمع پڑھنا ہے۔

۳-اس حدیث کا تعلق بھی اسی مضمون سے ہے جو گذشتہ باب میں گذر چکا ہے، گذشتہ باب میں حدیث متعمداً کی قید کے ساتھ آئی تھی، یعنی بالقصد جھوٹی روایت بیان کرنا بڑا گناہ ہے،اور اس حدیث میں اس سے کم تر کا حکم ہے، اگر حدیث بیان کرنے والے کا گمان یہ ہو کہ یہ حدیث صحیح نہیں، پھر بھی وہ بیان کرے تو یہ جائز نہیں، اگر وہ اس کو بیان کرے گا تو اس کا شمار جھوٹوں میں ہوگا، یا وہ دو جھوٹوں میں سے ایک ہوگا، پہلا جھوٹا: حدیث بنانے والا، اور دوسرا جھوٹا: یہ روایت کرنے والا، جعلی سکّہ بنانے والا جس طرح مجرم ہے: اس کا چلانے والا بھی مجرم ہے۔

۴-اور یہ حدیث حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے،اور اس کی سند یہاں (ترمذی میں) ہے،اور امام شعبہ اس کی سند حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ تک لے جاتے ہیں، وہ حدیث مسلم شریف وغیرہ میں ہے،اور امام اعمشؒ وغیرہ اس کی سند حضرت علی رضی اللہ عنہ تک پہنچاتے ہیں، یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے،اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت سمرۃ کی حدیث کو اصح قرار دیا ہے (مگر میرے خیال میں اس کی ضرورت نہیں، سبھی سندیں صحیح ہیں)

۵-امام ترمذیؒ نے امام دارمیؒ سے جن کا نام عبداللہ بن عبدالرحمٰن اور کنیت ابو محمد ہے، تین باتیں پوچھیں ہیں:

۱-ایک شخص کوئی حدیث ایسی سند سے روایت کرتا ہے جس کے بارے میں اس کا خیال ہے کہ یہ سند غلط ہے،تو کیا یہ شخص اس وعید کا مصداق ہے؟

۲-ایک حدیث مرسل روایت کی جاتی ہے،مگر ایک راوی اس کو مسند کرتا ہے تو کیا یہ شخص اس وعید کا مصداق ہے؟

۳-ایک راوی کسی حدیث کی سند الٹ پلٹ کر دیتا ہے تو کیا وہ اس وعید کا مصداق ہے؟

امام دارمیؒ نے جواب دیا: یہ تینوں شخص اس وعید کا مصداق نہیں، یعنی سند میں کوئی گڑبڑ کرنا حدیث کا مصداق نہیں، حدیث کا تعلق متن سے ہے، اگر کوئی شخص ایسی حدیث بیان کرتا ہے جس کی (شریعت میں) کوئی اصل نہیں تو وہ شخص اس حدیث کا مصداق ہے۔

[۹-] بابُ ماجاء فِي مَنْ رَوَى حَدِيْثًا وَهُوَ يُرَى أَنَّهُ كَذِبٌ

[۲۶۶۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بنِ أَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ”مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ حَدِيْثًا، وَهُوَ يُرَى أَنَّهُ كَذِبٌ، فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ“

وفي الباب: عَنْ عَلِيِّ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ، وَسَمُرَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَرَوَى شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا الحديثَ، وَرَوَى الْأَعْمَشُ، وَابْنُ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَأَنَّ حَدِيْثَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ سَمُرَةَ، عِنْدَ أَهْلِ الحديثِ أَصَحُّ.

قَالَ: سَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبَا مُحمدٍ: عَنْ حَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ حَدَّثَ عَنِّيْ حَدِيْثًا وَهُوَ يُرَى أَنَّهُ كَذِبَ: فَهُوَ أَحَدُ الْكَاذِبِيْنَ" قُلْتُ لَهُ: مَنْ رَوَى حَدِيْثًا، وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّ إِسْنَادَهُ خَطَأٌ، أَتَخَافُ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ دَخَلَ فِيْ حَدِيْثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ أَوْ إِذَا رَوَى النَّاسُ حَدِيْثًا مُرْسَلاً: فَأَسْنَدَهُ بَعْضُهُمْ، أَوْ قَلَبَ إِسْنَادَهُ، يَكُوْنُ قَدْ دَخَلَ فِيْ هٰذَا الحديثِ؟ فَقَالَ: لاَ، إِنَّمَا مَعْنَى هٰذَا الحديثِ: إِذَا رَوَى الرَّجُلُ حَدِيْثًا، وَلاَ يُعْرَفُ لِذٰلِكَ الحديثِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَصْلٌ، فَحَدَّثَ بِهِ، فَأَخَافُ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ دَخَلَ فِيْ هٰذَا الحديثِ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابومحمد (امام دارمی) سے نبی ﷺ کی حدیث: ''جس نے میری طرف سے کوئی حدیث بیان کی درانحالیکہ وہ گمان کرتا ہے کہ وہ جھوٹ ہے تو وہ جھوٹوں میں سے ایک ہے'' کے بارے میں پوچھا: میں نے عرض کیا: (۱) جو شخص کوئی حدیث روایت کرتا ہے درانحالیکہ وہ جانتا ہے کہ اس کی سند غلط ہے تو کیا آپ ڈرتے ہیں کہ وہ نبی ﷺ کی اس حدیث کا مصداق ہوگا؟ (۲) یا جب لوگ کوئی حدیث مرسل روایت کرتے ہوں پس بعض اس کو مسند بیان کریں (۳) یا اس کی سند کو الٹ پلٹ کردیں تو کیا وہ اس حدیث کا مصداق ہونگے؟ امام دارمیؒ نے فرمایا: نہیں، اس حدیث کا مطلب اتنا ہی ہے کہ جب آدمی کوئی حدیث روایت کرے اور اس حدیث کی اصل نبی ﷺ سے نہ جانی گئی ہو، پھر بھی اس کو بیان کرے یعنی متن میں گڑ بڑ کرے تو میں ڈرتا ہوں کہ وہ اس حدیث کا مصداق ہوگا۔

بابُ مانُهِيَ عَنْهُ: أَنَّهُ يُقَالُ عِنْدَ حَدِيْثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

حدیث سن کر یہ کہنا کہ قرآن ہمارے لئے کافی ہے: خطرناک گمراہی ہے

(حجیتِ حدیث کا مسئلہ)

باب کا لفظی ترجمہ: اس چیز کا بیان جس سے روکا گیا ہے کہ وہ بات کہی جائے رسول اللہ ﷺ کی حدیث سن کر...... جملہ أَنَّهُ: ما موصولہ کا بیان ہے۔

پہلی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيكَتِهِ، يَأْتِيهِ أَمْرٌ مِمَّا أَمَرْتُ به، أَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ! مَا وَجَدْنَا فِيْ كتابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ: ہرگز میں تم میں سے کسی کو اپنے چھپر کھٹ پر ٹیک لگائے ہوئے نہ پاؤں، جسے میرے اوامر میں سے کوئی امر پہنچے، یا نواہی میں سے کوئی نہی پہنچے، پس وہ کہہ دے کہ میں نہیں جانتا، ہم جو احکام قرآن میں پاتے ہیں اس کی پیروی کریں گے۔

تشریح: قدیم زمانہ سے ایک گمراہی یہ چلی آرہی ہے کہ کچھ لوگ صرف قرآن کریم کو حجت مانتے ہیں، وہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کا کام بس قرآن پہنچانا ہے، اور قرآنی احکام ہی کی تعمیل ضروری ہے، اس کے علاوہ کوئی چیز حجت نہیں، حتی کہ رسول اللہ ﷺ کا قول وفعل بھی حجت اور واجب الاتباع نہیں، یہ فرقہ خود کو "اہل قرآن" کہتا ہے، مگر حقیقت میں وہ "منکرین حدیث" ہیں، یہ لوگ حدیث کی تاریخی حیثیت کا انکار نہیں کرتے بلکہ اس کی حجیت کا انکار کرتے ہیں، نبی ﷺ نے متعدد احادیث میں اس فرقہ کے وجود کی پیشین گوئی فرمائی ہے، ان میں سے ایک حدیث یہ ہے۔

دوسری حدیث: حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! وہ زمانہ قریب ہے کہ ایک آدمی کو میری طرف سے حدیث پہنچے گی، درانحالیکہ وہ اپنے چھپر کھٹ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا، پس وہ کہے گا: ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب ہے، پس جس چیز کو ہم نے اس میں حلال پایا اس کو ہم نے حلال جانا، اور جس چیز کو ہم نے اس میں حرام پایا اس کو ہم نے حرام جانا، حالانکہ اللہ کے رسول نے جو چیزیں حرام کی ہیں وہ بھی ویسی ہی حرام ہیں جیسی اللہ نے حرام کی ہیں۔

تیسری حدیث: حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ایک شخص اپنے چھپر کھٹ پر ٹیک لگائے ہوئے گمان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بس وہی چیزیں حرام کی ہیں جو اس قرآن میں حرام ہیں! سنو! بخدا میں نے بھی احکام دیئے ہیں، اور نصیحتیں کی ہیں، اور بہت سی باتوں سے روکا ہے، جو قرآن کے بقدر ہیں یا اس سے بھی زیادہ (رواہ ابوداؤد، مشکوۃ حدیث ۱۶۴)

پس حجیتِ حدیث کا انکار درحقیقت وہی لوگ کرتے ہیں جو رسول کی حیثیت سے واقف نہیں، اور اس کا صحیح مقام نہیں پہچانتے، قرآن کریم میں غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اللہ کے رسول کی حیثیت صرف ایک پیغامبر اور ڈاکیہ کی نہیں ہے، بلکہ وہ ہادی، قاضی، مطاع، متبوع، امام، حاکم وغیرہ بہت سی صفات کے حامل ہیں، اس لئے ماننا پڑے گا کہ دین کے سلسلہ میں رسول اللہ ﷺ کا ہر امر ونہی، ہر حکم وفیصلہ اور ہر قول وعمل ناطق، واجب التسلیم اور لازم ہے (رحمۃ اللہ ۱:۷۰)

اس کی تفصیل یہ ہے کہ وحی کی دو صورتیں ہیں: صریح اور حکمی، قرآن کریم صریح وحی ہے، جس کے الفاظ بھی اللہ کی طرف سے آئے ہیں، اور وحی کی دوسری صورت یہ ہے کہ اللہ کی طرف سے مضمون آتا ہے، الفاظ نہیں آتے، پھر

مضمون کبھی مفصل اتارا جاتا ہے اور کبھی اصولی رنگ میں، جو مضمون مفصل اتارا جاتا ہے اس کو نبی ﷺ اپنے الفاظ کا جامہ پہنا کر لوگوں کے سامنے بیان کرتے ہیں، اور وہ احادیثِ قدسیہ کہلاتی ہیں، اور جو وحی اصولی رنگ میں آتی ہے اس کو نبی ﷺ پہلے پھیلاتے ہیں، پھر الفاظ کا جامہ پہنا کر بیان کرتے ہیں، اور وہ احادیثِ نبویہ کہلاتی ہیں، مثلاً اسلام کے ارکانِ اربعہ: نماز، زکوٰۃ، روزہ اور حج: قرآن کریم میں مذکور ہیں، مگر ان کی تفصیلات قرآن میں نہیں ہیں، ان کی ذمہ داری نبی ﷺ پر ڈالی گئی تھی، پس اگر کوئی شخص حدیث کو حجت نہیں مانتا تو وہ اسلام کے ارکان اربعہ پر بھی عمل پیرا نہیں ہوسکتا، اسی طرح بہت سے معاملات، مثلاً: دیت کا حکم قرآن میں ہے، مگر اس کی کوئی تفصیل قرآن میں نہیں ہے، اس کی تفصیل احادیث میں ہے، اس لئے حجیتِ حدیث کا انکار درحقیقت احکامِ قرآنی سے گریز ہے، کیونکہ حدیثوں کے بغیر قرآنی احکام پر عمل ممکن نہیں (اور اس مسئلہ پر مفصل گفتگو تحفۃ الالمعی کے مقدمہ میں ہے)

سند کا بیان: ابن عیینہ رحمہ اللہ یہ روایت دو اساتذہ سے روایت کرتے ہیں: ایک: محمد بن المنکدر رسے، اور یہ روایت مرسل ہے، دوم: سالم ابوالنضر سے، اور یہ حدیث مسند ہے، سالم: عبیداللہ سے، اور وہ اپنے ابا ابورافع سے روایت کرتے ہیں، پھر اختلاف ہے کہ اس دوسری سند سے حدیث مرفوع ہے یا موقوف؟ ابن عیینہ کے شاگرد قتیبہ مرفوع نہیں کرتے، اور ان کے علاوہ ابن عیینہ کے دوسرے تلامذہ حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، اور خود سفیان بن عیینہ جب دونوں اساتذہ کی حدیثیں الگ الگ بیان کرتے تھے، اور محمد بن المنکدر رکی حدیث کو سالم کی حدیث سے جدا کرتے تھے، تو پہلی حدیث کو مرسل بیان کرتے تھے اور سالم کی حدیث کو مسند مرفوع کرتے تھے، اور جب وہ دونوں اساتذہ کی سندوں کو جمع کرتے تھے تو اس طرح بیان کرتے تھے جس طرح باب کے شروع حدیث میں ہے، اس لئے پتا نہیں چلتا تھا کہ ابن المنکدر رکی روایت مرسل ہے...... اور ابورافع رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے آزاد کردہ ہیں، ان کا نام اسلم ہے۔

[۱۰-] بابُ مانُهِيَ عَنْهُ: أَنَّهُ يُقَالُ عِنْدَ حَدِيْثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۶۶۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، وَسَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ: — وَغَيْرُهُ رَفَعَهُ — قَالَ: "لَاأُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ مُتَّكِئًا عَلَى أَرِيْكَتِهِ، يَأْتِيهِ أَمْرٌ مِمَّا أَمَرْتُ بِهِ، أَوْ نَهَيْتُ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِيْ! مَا وَجَدْنَا فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ اتَّبَعْنَاهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ ابنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلًا، وَسَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَكَانَ ابنُ عُيَيْنَةَ إِذَا رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَلَى الْإِنْفِرَادِ، بَيَّنَ حَدِيْثَ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، مِنْ حَدِيْثِ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، وَإِذَا جمعَهُمَا رَوَى هٰكَذَا، وَأَبُوْ رَافِعٍ مَوْلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، اسْمُهُ أَسْلَمُ.

[٢٦٦٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا عَبْدُ الرَّحمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا مُعَاوِيَةُ بنُ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ بنِ جَابِرٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ المِقْدَامِ بنِ مَعْدِيْكَرِبَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا هَلْ عَسَى رَجُلٌ يَبْلُغُهُ الحديثُ عَنِّيْ، وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلى أَرِيْكَتِهِ، فَيَقُوْلُ: بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ، فَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَلالاً اسْتَحَلْنَاهُ، وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ حَرامًا حَرَّمْنَاهُ، وَإِنَّ مَا حَرَّمَ رسولُ اللّٰهِ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

وضاحت: أَلْفَاهُ يُلْفِيْ إِلْفَاءً: پانا، اتفاقاً ملنا...... مُتَّكِئًا: حال ہے یا مفعول ثانی ہے...... الأَرِيْكَةُ: چھپر کھٹ، آراستہ تکیہ دار چار پائی یا چوکی...... دوسری حدیث کے شروع میں أَلَا حرف تنبیہ ہے، اور هَلْ بمعنی قد ہے، هَل عَسَى أى قَدْ عَسَى: بالتحقیق قریب آ گیا۔

بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

حدیث لکھنے کی ممانعت پھر اجازت (تدوینِ حدیث کا مسئلہ)

تحفۃ الالمعی کے مقدمہ میں تفصیل سے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ شروع میں بعض مصالح کی بنا پر عمومی طور پر حدیثیں لکھنے سے منع کیا گیا تھا، مگر بعض خاص مواقع پر حدیثیں لکھی بھی گئی تھیں، اس لئے جب وہ عارض ہٹ گیا تو حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ نے حدیثیں جمع کرنے کا حکم دیدیا، اور اس طرح تدوینِ حدیث کا سلسلہ شروع ہوگیا، جو کئی مرحلوں سے گذر کر تکمیل پذیر ہوا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس مسئلہ میں دو باب قائم کئے ہیں، پہلے باب میں ممانعت کی روایت لائے ہیں، اور دوسرے باب میں جواز کی، پہلی روایت میں حدیثیں لکھنے کی ممانعت ہے اور دوسرے باب کی روایتوں سے جواز ثابت ہوتا ہے:

حدیث (۱): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ سے حدیثیں لکھنے کی اجازت طلب کی، آپؐ نے ہمیں اجازت نہیں دی (یہ روایت مسلم شریف میں ان الفاظ سے ہے: لَا تَكْتُبُوْا عَنِّيْ شَيْئًا غَيْرَ الْقُرْآن: میری طرف سے قرآن کے علاوہ کچھ نہ لکھو)

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری صحابی خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، وہ نبی ﷺ سے حدیثیں سنتے تھے، حدیثیں ان کو پسند آتی تھیں، مگر ان کو یاد نہیں رہتی تھیں، انھوں نے نبی ﷺ سے اس کا شکوہ کیا کہ یارسول اللہ! میں آپؐ سے حدیثیں سنتا ہوں، مجھے وہ پسند آتی ہیں، مگر یاد نہیں رہتیں، آپؐ نے فرمایا: اسْتَعِنْ بِيَمِيْنِكَ: اپنے دائیں ہاتھ سے مدد لو، یعنی لکھ لو، اور آپؐ نے اپنے ہاتھ سے لکھنے کی طرف اشارہ کیا

(یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: اس کا ایک راوی خلیل بن مرّہ منکر الحدیث ہے، یعنی اس کی حدیثیں انتہائی درجہ ضعیف ہوتی ہیں)

حدیث (۳): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر تقریر فرمائی، پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے لمبا مضمون بیان کیا (یہ مفصل مضمون بخاری شریف کتاب العلم میں اور مسلم شریف کتاب الحج میں ہے) ایک صحابی ابوشاہؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! (یہ تقریر) میرے لئے لکھ دیں (تاکہ میں اس کو اپنے وطن میں لے جاؤں) نبی ﷺ نے فرمایا: أُكْتُبُوْا لِأَبِيْ شَاهٍ: یہ تقریر ابوشاہ کے لئے لکھ دو (اس روایت سے حدیث لکھنے کا جواز ثابت ہوا)

حدیث (۴): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ میں سے کسی کے پاس مرفوع حدیثیں مجھ سے زیادہ نہیں ہیں، سوائے عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ حدیثیں لکھتے تھے، اور میں نہیں لکھتا تھا (حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نے اجازت نبوی سے حدیثیں لکھی تھیں، اور اپنے صحیفہ کا نام ''صحیفہ صادقہ'' رکھا تھا جو عمرو بن شعیب عن أبیه، عن جده کی سند سے مروی ہے، اس روایت سے تدوین حدیث کا جواز ثابت ہوتا ہے۔ نبی ﷺ نے اپنے زمانہ میں بعض مصالح کی بنا پر وقتی طور پر اگرچہ حدیثیں لکھنے سے منع کیا تھا، مگر حضرت عبداللہؓ کو اس کی اجازت دی تھی، اس لئے جب وہ مانع ہٹ گیا تو تدوین حدیث کے جواز پر امت کا اجماع ہو گیا)

[۱۱-] بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِيَةِ کِتَابَةِ الْعِلْمِ

[۲۶۶۵-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا ابنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَطَاءِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَّا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فِي الْكِتَابَةِ، فَلَمْ يَأْذَنْ لَنَا.

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ أَيْضًا، عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ، وَرَوَاهُ هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بنِ أَسْلَمَ.

[۱۲-] بابُ ماجاءَ فی الرُّخْصَةِ فِيْهِ

[۲۶۶۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنِ الْخَلِيْلِ بنِ مُرَّةَ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ يَجْلِسُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَيَسْمَعُ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم الحَدِيْثَ، فَيُعْجِبُهُ، وَلاَ يَحْفَظُهُ، فَشَكَى ذٰلِكَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَسْمَعُ مِنْكَ الْحَدِيْثَ، فَيُعْجِبُنِيْ، وَلاَ أَحْفَظُهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' اسْتَعِنْ بِيَمِيْنِكَ'' وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ الْخَطَّ.

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ الْقَائِمِ، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بنَ

إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: الْخَلِيْلُ بنُ مُرَّةَ مُنكَرُ الحَدِيْثِ.

[٢٦٦٧-] حدثنا يَحْيىَ بنُ مُوْسَى، وَمَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: نَا الْوَلِيْدُ بنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ، فَذَكَرَ قِصَّةً فِی الْحَدِيْثِ، فَقَالَ أَبُوْ شَاهٍ: اكْتُبُوْا لِیْ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اكْتُبُوْا لِأَبِیْ شَاهٍ" وَفِی الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى شَيْبَانُ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ مِثْلَ هٰذَا.

[٢٦٦٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا سُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَخِيْهِ، وَهُوَ هَمَّامُ بنُ مُنَبِّهٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: لَيْسَ أَحَدٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنِّیْ، إِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بنَ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ، وَكُنْتُ لاَ أَكْتُبُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَوَهْبُ بنُ مُنَبِّهٍ عَنْ أَخِيْهِ، هُوَ هَمَّامُ بنُ مُنَبِّهٍ.

بابُ ماجاءَ فِی الْحَدِيْثِ عَنْ بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ

اسرائیلیات بیان کرنے کا حکم

سب نبیوں کا دین ایک ہے، اور قرآنِ کریم نے اعلان کیا ہے: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾ آج میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کردیا، اور میں نے تم پر اپنا انعام تام کردیا، اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کرلیا، یعنی اب قیامت تک تمہارا یہی دین رہے گا، اس کو منسوخ کرکے دوسرا دین تجویز نہیں کیا جائے گا (المائدہ آیت ۲) اس لئے یہود ونصاریٰ سے دین کی کوئی بات روایت کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اور شریعتیں مختلف رہی ہیں، بنی اسرائیل کی شریعت اور تھی اور نبی ﷺ کی شریعت اور ہے، اس لئے جو باتیں گذشتہ شریعتوں کی قرآن وحدیث میں لے لی گئی ہیں، وہ تو حجت ہیں، باقی باتیں یہود ونصاریٰ کے ساتھ خاص ہیں، اس لئے ان کو نقل کرنے کا بھی سوال نہیں، البتہ انبیائے بنی اسرائیل کے واقعات احادیث میں بہت کم آئے ہیں، اس لئے ان کی تفصیلات اگر اصولِ اسلام کے خلاف نہ ہوں تو بنی اسرائیل سے روایت کی جاسکتی ہیں، مگر مفسرین کرام جو لمبے چوڑے واقعات آیات کے ذیل میں نقل کرتے ہیں وہ اکثر بے سروپا ہوتے ہیں، اس قسم کے واقعات اگر نصِ قرآنی کے خلاف نہ ہوں تو ان کی نہ تصدیق کرنی چاہئے نہ تکذیب، اور نہ ان کو تفسیروں اور تقریروں میں بیان کرنا چاہئے، بخاری شریف میں روایت ہے کہ اہل کتاب

(یہود) عبرانی میں تورات پڑھتے تھے، اور عربی میں مسلمانوں کے لئے اس کی تفسیر کیا کرتے تھے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لاَتُصَدِّقُوْا أَهْلَ الْكِتَابِ وَلاَ تُكَذِّبُوْهُمْ، وقولوا: آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ: اہل کتاب (یہود ونصاری) کی نہ تو تصدیق کرو اور نہ تکذیب کرو، بلکہ کہو: ہم اللہ پر اور اللہ نے جو کچھ (ہم پر) نازل کیا ہے اس پر ایمان لاتے ہیں، یعنی ہمیں تمہاری باتوں کی ضرورت نہیں (بخاری کتاب التفسیر ص۶۴۴ و۱۰۹۳)

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آيَةً: میری طرف سے پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہو۔ آیت سے مراد قرآن کریم کی آیت ہے، یعنی جو نیا قرآن نازل ہو اس کو دوسرے مسلمانوں تک پہنچاؤ، جس کو نیا نازل شدہ قرآن سارا یاد نہ ہو، بلکہ ایک آیت یاد ہو تو وہ اسی کو دوسروں تک پہنچائے۔

۲- وَحَدِّثُوْا عن بنی إسرائیلَ وَلاَ حَرَجَ: اور بنی اسرائیل (یہود ونصاری) سے باتیں نقل کرو، اس میں کچھ حرج نہیں (اس سے مراد واقعاتِ انبیاء کے سلسلہ کی تفصیلات ہیں، دین وشریعت نقل کرنے کی نہ ضرورت ہے نہ اجازت)

۳- وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: اور جو شخص مجھ پر بالقصد جھوٹ بولے وہ اپنے بیٹھنے کی جگہ جہنم میں بنالے، یعنی دوزخ میں اپنی سیٹ ریزرو کرالے! یعنی بنی اسرائیل کی باتیں انہی کی طرف منسوب کرکے بیان کرو، میری طرف اس کی نسبت نہ کرو، جو ایسا کرے گا وہ جہنم میں جائے گا۔

[۱۳-] بابُ ماجاءَ فِی الْحَدِیْثِ عَنْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ

[۲۶۶۹-] حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ، نَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَابِتِ بنِ ثَوْبَانَ الْعَابِدِ الشَّامِيِّ، عَنْ حَسَّانَ بنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ كَبْشَةَ السُّلُوْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آيَةً، وَحَدِّثُوْا عَنْ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ وَلاَ حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ حَسَّانِ بنِ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ كَبْشَةَ السُّلُوْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَاجاءَ أَنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ

خیر کے کام کی راہنمائی کرنے والا خیر کے کام کرنے والے کی طرح ہے

جس طرح خیر وشر کے ارتکاب پر ثواب وعقاب ہوتا ہے اسی طرح ان کاموں کا سبب بننے پر بھی ثواب وعقاب ہوتا

ہے، باب میں امام ترمذیؒ نے چار حدیثیں ذکر کی ہیں، پہلی تین حدیثیں خیر کا سبب بننے پر ثواب ملنے کی ہیں، اور آخری حدیث شر کا سبب بننے پر عقاب کی ہے اور دین سکھلانا بھی خیر کا کام ہے اس مناسبت سے یہ باب أبواب العلم لایا گیا ہے۔

پہلی حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں سواری طلب کرنے کے لئے آیا، اس نے آپؐ کے پاس وہ جانور نہیں پایا، جس پر آپؐ اس کو سوار کریں، اس لئے آپؐ نے اس کی ایک اور شخص کی طرف رہنمائی فرمائی، اس نے اس کو سواری دیدی، وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آیا اور آپؐ کو اس کی اطلاع دی کہ مجھے سواری کا جانور مل گیا، تو آپؐ نے فرمایا: **الدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ:** خیر کے کام کی راہنمائی کرنے والا خیر کے کام کرنے والے کی طرح ہے، یعنی اس کو بھی خیر کا کام کرنے کی طرح ثواب ملے گا، رہی یہ بات کہ کتنا ثواب ملے گا؟ اس کی تعیین مشکل ہے، برابر بھی مل سکتا ہے اور کم وبیش بھی۔

تشریح: اس حدیث کی ایک ہی سند ہے، اس لئے غریب ہے، اور مناوی نے جامع صغیر کی شرح میں لکھا ہے کہ اس کی سند حسن ہے (صحیح اس لئے نہیں کہ اس کے دوراوی ہلکے ہیں: ایک: احمد بن بشیر، دوسرے: اس کے استاذ شبیب بن بشر) اور حضرت ابو مسعود انصاریؓ کی حدیث آگے آرہی ہے، اور حضرت بریدہؓ کی حدیث مسند احمد وغیرہ میں ہے۔

دوسری حدیث: حضرت ابو مسعود انصاریؓ کہتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں سواری کا جانور مانگنے کے لئے آیا، اس نے عرض کیا: میرا سواری کا جانور تھک گیا ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: فلاں شخص کے پاس جا، وہ اس کے پاس گیا، اس نے اس کو سواری کا جانور دے دیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: **مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ:** جس نے کسی کی خیر کی طرف راہنمائی کی تو اس کے لئے بھی اس خیر کے کام کرنے والے کی طرح ثواب ہے (پس جو دین کی تعلیم دیتا ہے: وہ عمل خیر کی طرف راہ نمائی کرتا ہے، پس اس کو بھی عمل کرنے والے کی طرح ثواب ملے گا)

تشریح: اس حدیث کی پہلی سند میں فاعله اور عامله میں شک ہے، مگر دوسری سند میں بالیقین فاعله ہے، اور یہ واقعہ وہی ہے جو پہلی حدیث میں آیا ہے۔

تیسری حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **اشْفَعُوْا، وَلْتُؤْجَرُوْا، وَلْيَقْضِ اللّٰهُ على لسانِ نَبِيِّه مَاشَاءَ:** (میرے پاس لوگوں کے کاموں کے لئے) سفارش کرو، اور چاہئے کہ تم اجر پاؤ، اور چاہئے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے ذریعہ وہ فیصلہ فرمائیں جو وہ چاہیں (پس طالب علموں کے لئے بھی سفارش کرنی چاہئے)

تشریح: اس حدیث میں تین باتیں بیان کی ہیں:

ایک: سفارش کرنی چاہئے، یعنی کوئی شخص اتھارٹی سے کوئی درخواست کرے تو اس پر سفارش لکھنی چاہئے، مثلاً: طالب علم اہتمام سے یا تعلیمات سے اپنا کوئی حق چاہے تو اساتذہ کو اس کی سفارش کرنی چاہئے۔

دوسری بات: سفارش کرنے والے کو سفارش کا ثواب ملے گا، خواہ درخواست دینے والے کا کام ہو یا نہ ہو۔

تیسری بات: سفارش کا قبول کرنا ضروری نہیں، منتظم: ادارہ کی یا حکومت کی مصلحت پیش نظر رکھ کر درخواست قبول بھی کرسکتا ہے اور رد بھی کرسکتا ہے، کیونکہ سفارش اگر ماننی ضروری ہوتو وہ سفارش نہیں رہی، حکم ہوگئی۔

فائدہ: میں بعض مرتبہ طلبہ کی درخواستوں پر سفارش نہیں لکھتا، انکار کردیتا ہوں: اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ میرے نزدیک طالب علم کی درخواست معقول نہیں ہوتی، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ جس کے پاس درخواست دیتا ہے وہ میرا شاگرد ہوتا ہے، مثلاً طالب علم خاص کمرہ کے لئے حلقہ کے ناظم کو درخواست دیتا ہے، اور ناظم میرا شاگرد ہوتا ہے، وہ میری سفارش کو حکم کا درجہ دیتا ہے، اس لئے میں سفارش نہیں کرتا۔

چوتھی حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَامِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا، إِلَّا كَانَ عَلَى ابنِ آدَمَ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا، ذٰلِكَ لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ أَسَنَّ الْقَتْلَ: جو بھی شخص ظلماً قتل کیا جاتا ہے تو حضرت آدم علیہ السلام کے لڑکے (قابیل) پر اس کے خون کا ایک حصہ ہوتا ہے، یعنی گناہ کا ایک دھبہ اس پر بھی لگتا ہے، اور یہ بات اس لئے ہے کہ وہی پہلا شخص ہے جس نے قتل کا طریقہ چلایا ہے (وکیع رحمہ اللہ کی روایت میں أَسَنَّ اور عبدالرزاق کی روایت میں سَنَّ ہے۔ اور دونوں کے معنی ایک ہیں)

لغات: اِسْتَحْمَلَهُ: سواری کا جانور طلب کرنا...... أُبْدِعَ بِیْ (فعل مجہول) کسی کی سواری ہلاک ہوجانا، یا تھک جانا، اور ساتھیوں سے بچھڑ جانا...... اور حضرت آدم علیہ السلام کے پہلے قاتل لڑکے کا نام قابیل تھا، مگر وہ نا قابل تھا، اس نے اپنے بھائی ہابیل کو ناحق قتل کیا تھا...... سَنَّ سُنَّةً اور أَسَنَّ سُنَّةً کے معنی ہیں: واضح اور پختہ راستہ بنانا، کوئی طریقہ جاری کرنا...... قابیل نے قتلِ ناحق کا برا طریقہ چلایا تھا اس لئے قیامت تک جتنے ناحق قتل ہونگے ان کے گناہوں میں سے ایک حصہ قابیل کو بھی پہنچے گا...... اَلْكِفْل: حصہ، قرآن پاک میں ہے: ﴿وَمَنْ يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَهُ كِفْلٌ مِنْهَا﴾ جو شخص بری سفارش کرے یعنی جس کا طریقہ یا غرض غیر مشروع ہو اس کو اس کی وجہ سے اس بری سفارش میں سے ایک حصہ ملے گا (النساء آیت ۸۵) یعنی وہ بھی درخواست کرنے والے کی طرح گنہ گار ہوگا۔

[۱٤-] بابُ مَاجاءَ أَنَّ الدَّالَّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ

[۲٦۷۰-] حدثنا نَصْرُ بنُ عَبْدِ الرحمنِ الْكُوْفِيُّ، نَا أَحْمَدُ بنُ بَشِيْرٍ، عَنْ شَبِيْبِ بنِ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ يَسْتَحْمِلُهُ، فَلَمْ يَجِدْ عِنْدَهُ مَا يَحْمِلُهُ، فَدَلَّهُ عَلَى آخَرَ، فَحَمَلَهُ، فَأَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: "إِنَّ الدَّالَ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٢٦٧١-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِيِّ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَسْتَحْمِلُهُ، فَقَالَ: إِنَّهُ قَدْ أُبْدِعَ بِيْ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِيْتِ فُلاَنًا، فَأَتَاهُ فَحَمَلَهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ دَلَّ عَلَى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ" أَوْ قَالَ: "عَامِلِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ: اسْمُهُ سَعْدُ بنُ إِيَاسٍ، وَأَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِيُّ: اسْمُهُ عُقْبَةُ بنُ عَمْرٍو.

حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَقَالَ: "مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ" وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ.

[٢٦٧٢-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، وَالْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "اشْفَعُوْا، وَلْتُؤْجَرُوْا، وَلْيَقْضِيَ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَاشَاءَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَبُرَيْدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ بُرْدَةَ بنِ أَبِيْ مُوْسَى: قَدْ رَوَى عَنْهُ الثَّوْرِيُّ، وَسُفْيَانُ بنُ عُيَيْنَةَ، وَبُرَيْدٌ يُكْنَى أَبَا بُرْدَةَ، هُوَ ابنُ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ.

[٢٦٧٣-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ نَفْسٍ تُقْتَلُ ظُلْمًا، إِلَّا كَانَ عَلَى ابنِ آدَمَ كِفْلٌ مِنْ دَمِهَا، ذٰلِكَ: لِأَنَّهُ أَوَّلُ مَنْ أَسَنَّ الْقَتْلَ" وَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: "سَنَّ الْقَتْلَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِي مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى فَأُتْبِعَ، أَوْ إِلٰى ضَلَالَةٍ

ہدایت یا گمراہی کی دعوت دی: جس کی لوگوں نے پیروی کی

أَتْبَعَ الشيئَ کے معنی ہیں: پیچھے چلنا، بعد میں آنا، تابع ہونا، اور باب کا لفظی ترجمہ ہے: جس نے ہدایت (دینی بات) کی دعوت دی، پس وہ پیروی کیا گیا، یا کسی گمراہی کی دعوت دی (اور اس کی پیروی کی گئی تو اس کے لئے کیا ثواب وعقاب ہے؟) اور یہ باب گذشتہ باب (باب ماجاء أن الدالَّ علی الخیر کفاعله) سے عام ہے، وہ خیر کے ساتھ خاص تھا، یہ شر کو بھی عام ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے کسی ہدایت (دینی بات) کی دعوت دی تو اس کے لئے ثواب

میں سے ان لوگوں کے ثواب کے مانند ہوگا جو اس کی پیروی کریں گے، نہیں کم کرے گا یہ ثواب ان لوگوں کے ثوابوں میں سے کچھ بھی......اور جس نے کسی گمراہی کی دعوت دی تو اس پر گناہ ہوگا ان لوگوں کے گناہوں کے مانند جو اس کی پیروی کریں گے، نہیں کم کرے گا یہ ان گناہوں میں سے کچھ بھی (یہ حدیث مسلم شریف میں ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی اچھا طریقہ چلایا، پس اس کی اس طریقہ میں پیروی کی گئی تو اس کے لئے اس کا اپنا ثواب ہے اور ان لوگوں کے ثواب کے مانند ہے جو اس کی پیروی کریں گے، درانحالیکہ ان کے ثوابوں میں سے ذرا بھی گھٹایا نہیں جائے گا......اور جس نے کوئی برا طریقہ چلایا، پس اس کی اس طریقہ میں پیروی کی گئی تو اس پر اس کا اپنا گناہ ہوگا، اور ان لوگوں کے گناہوں کے مانند ہوگا جو اس کی پیروی کریں گے، درانحالیکہ ان کے گناہوں میں سے ذرا بھی گھٹایا نہیں جائے گا (یہ حدیث بھی مسلم شریف کی ہے، اور اس حدیث کو حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے متعدد حضرات روایت کرتے ہیں، نیز ان کے دو صاحبزادے: منذر اور عبید اللہ بھی روایت کرتے ہیں، اور باب کی حدیث منذر کی ہے)

[۱۵-] بابُ ماجاءَ فِي مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى فَأُتْبِعَ، أَوْ إِلٰى ضَلاَلَةٍ

[۲۶۷۴-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ دَعَا إِلَى هُدًى: كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ أَجُوْرِ مَنْ يَتَّبِعُهُ، لاَيَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ دَعَا إِلَى ضَلاَلَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الإِثْمِ، مِثْلُ آثَامِ مَنْ يَتَّبِعُهُ، لاَ يَنْقُصُ ذٰلِكَ مَنْ آثَامِهِمْ شَيْئًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۶۷۵-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، قَالَ: نَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ سَنَّ سُنَّةَ خَيْرٍ، فَأُتْبِعَ عَلَيْهَا، فَلَهُ أَجْرُهُ، وَمِثْلُ أُجُوْرِ مَنِ اتَّبَعَهُ، غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةَ شَرٍّ، فَأُتْبِعَ عَلَيْهَا، كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهُ، وَمِثْلُ أَوْزَارِ مَنِ اتَّبَعَهُ، غَيْرَ مَنْقُوْصٍ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا"

وفي الباب: عَنْ حُذَيْفَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا. وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنِ الْمُنْذِرِ بنِ جَرِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم. وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ جَرِيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ الأَخْذِ بِالسُّنَّةِ، وَاجْتِنَابِ الْبِدْعَةِ

سنت کومضبوط پکڑنا اور بدعت سے کنارہ کش رہنا

حدیث (۱): حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک دن فجر کی نماز کے بعد ہمارے سامنے وعظ کہا، اور ایسا مؤثر وعظ کہا کہ اس سے آنسو بہہ پڑے، اور اس سے دل دہل گئے، پس ایک شخص نے کہا: یہ وعظ رخصت کرنے والے کے وعظ کی طرح ہے، یعنی جب کوئی شخص لمبے سفر کے لئے نکلتا ہے تو اپنے متعلقین کو اہم کاموں کی جس طرح تاکید کرتا ہے اس طرح کا یہ وعظ ہے، پس اے اللہ کے رسول! آپ ہم سے کیا عہد و پیمان لینا چاہتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: (۱) میں تم کو اللہ سے ڈرنے کی تاکید کرتا ہوں (۲) اور (حاکم کی) بات سننے اور ماننے کی تاکید کرتا ہوں، اگر چہ وہ (حاکم) حبشی غلام کیوں نہ ہو، کیونکہ جو تم میں سے (دیر تک) زندہ رہے گا وہ بہت اختلافات دیکھے گا (۳) اور تم (دین میں) نئی باتوں سے بچو، اس لئے کہ وہ گمراہی ہے (۴) پس جو شخص تم میں سے وہ (بدعات) پائے تو وہ لازم پکڑے میرا طریقہ اور میرے راہ یاب، ہدایت مآب جانشینوں کا طریقہ، اس کو ڈاڑھوں سے مضبوط پکڑو!

تشریح: اس حدیث میں نبی ﷺ نے امت سے چار باتوں کا عہد لیا ہے:

پہلی بات: اللہ سے ڈرنے کا، کیونکہ یہ سب باتوں کی جڑ ہے، اور اللہ سے ڈرنا بر بنائے محبت ہوتا ہے، بر بنائے خوف نہیں ہوتا، مؤمن بندہ پھونک پھونک کر قدم رکھتا ہے، وہ سوچتا ہے: مجھ سے کوئی ایسی حرکت نہ ہو جائے جس سے میرے مولیٰ ناراض ہو جائیں، اگر ایسا ہو گیا تو میرا کہاں ٹھکانہ ہوگا!

دوسری بات: حکومت کے ذمہ داروں کی بات سننے کی اور ماننے کی تاکید فرمائی ہے، خواہ وہ حاکم معمولی آدمی ہو، کیونکہ جب وہ حاکم بن گیا تو اس کی اطاعت ضروری ہے، اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ آگے بہت اختلافات ہونگے، لوگ حکومت کے خلاف خروج کریں گے، اس وقت حاکم کی بات ماننا اور اس کی تعمیل کرنا ضروری ہے تاکہ اختلاف ختم ہو، کیونکہ جب تک حاکم سے صریح کفر ظاہر نہ ہو اس کی اطاعت سے دست بردار ہونا جائز نہیں۔

تیسری بات: بدعات سے بچنے کا نبی ﷺ نے امت سے عہد و پیمان لیا ہے، کیونکہ دین میں نئی نکالی ہوئی باتیں ہدایت کی باتیں ہرگز نہیں ہوسکتیں، دین مکمل ہو گیا ہے: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ یہ آیت ۱۰ھ میں عرفہ کے دن نازل ہوئی ہے، پس بعد میں جو دین میں اضافے ہونگے وہ ریشم کے کپڑے میں ٹاٹ کا پیوند ہونگے، اس لئے ان سے بچنا ضروری ہے۔

چوتھی بات: جب بدعات کا دور شروع ہو تو طریقہ نبوی سے، اور خلفائے راشدین کے طریقہ سے چپکا رہنا

ضروری ہے، طریقہ نبوی کو مضبوط پکڑنے کی وجہ تو ظاہر ہے، آپ اللہ کے رسول اور نمائندے ہیں، پس آپ کا جو طریقہ ہے وہ اللہ کا طریقہ ہے۔ اس لئے اس کو لازم پکڑنا ضروری ہے، اور یہ بات ہر مسلمان کے لئے بدیہی ہے، اس کے لئے کسی تاکید کی ضرورت نہیں، البتہ خلفائے راشدین پیغمبر نہیں، پھر ان کے طریقے کو لازماً کیوں پکڑا جائے؟ یہ سوال پیدا ہوسکتا ہے، اس لئے نبی ﷺ نے بات آگے بڑھائی کہ ان کی پیروی اس لئے ضروری ہے کہ وہ راشد اور مہدی ہونگے، یعنی وہ راہ یاب ہونگے، ان کا ہر قدم شریعت کے مطابق اٹھے گا، اور ہدایت ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی ہوگی، ان سے عقلاً خطا کا صدور تو ممکن ہے مگر عملاً خطا کا صدور ممکن نہیں، اس لئے خلفاء کی سنت کو بھی ڈاڑھوں سے مضبوط پکڑنا ضروری ہے (اور ائمہ مجتہدین اور دین جاننے والوں کی پیروی بھی اسی بنیاد پر کی جاتی ہے)

فائدہ: اس حدیث میں خلفائے راشدین کی جن سنتوں کی پیروی کا حکم دیا گیا ہے: ان سے مراد ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والی سنتیں ہیں، کیونکہ نبی ﷺ کے زمانہ تک نیشنل حکومت (قومی حکومت) قائم ہوئی تھی، انٹرنیشنل (بین الاقوامی حکومت) قائم نہیں ہوئی تھی، وہ خلفائے راشدین کے زمانہ میں قائم ہوئی، اس لئے اس سلسلہ کے احکام نبی ﷺ نے بیان نہیں فرمائے۔ خلفاء راشدین کے زمانہ میں جب ایسی حکومت قائم ہوئی تو ان حضرات نے بہت سی باتیں ملک وملت کی تنظیم سے تعلق رکھنے والی بیان کیں، مثلاً: ابھی مثال گذری ہے کہ ملت کی شیرازہ بندی کے لئے بھی جنگ ضروری ہے، یہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی سنت ہے، اور بیس رکعت باجماعت تراویح کا نظام حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بنایا ہے، یہ حضرت عمرؓ کی سنت ہے، اول کا تعلق ملک کی تنظیم سے ہے اور ثانی کا ملت کی تنظیم سے۔ پس اگر ان کی پیروی نہیں کی جائے گی تو یہ احکام کہاں سے اخذ کئے جائیں گے؟

اور دین کی دوسری باتوں میں خلفائے راشدین بمنزلۂ مجتہدین امت ہیں، ان کی باتیں لی بھی جاتی ہیں اور چھوڑی بھی جاتی ہیں، کیونکہ دین اگرچہ مکمل ہوگیا ہے، مگر کچھ اجتہادی امور باقی ہیں، جن کا نصوص سے استنباط کیا جاتا ہے، اور یہ کام مجتہدین امت کا ہے، اور ان میں اختلافات بھی ہوئے ہیں، اور ایسے ہی امور میں تقلید کی ضرورت پیش آتی ہے، اور مجتہدین کی تقلید بھی انہی دو بنیادوں پر کی جاتی ہے کہ وہ راشد (راہ یاب) اور مہدی (ہدایت مآب) ہیں، ان سے چوک اگرچہ ممکن ہے، مگر وہ دانستہ غلط بیانی نہیں کرتے، اور تقلید شخصی: حکمی تقلید شخصی ہے، حقیقی تقلید شخصی نہیں ہے، کیونکہ ہر فقہ میں سربراہ کے سارے اقوال نہیں لئے جاتے، چھوڑے بھی جاتے ہیں (اس کی تفصیل میری کتاب: ''دین کی بنیادیں اور تقلید کی ضرورت'' میں ہے)

[۱۶-] بابُ الأَخْذِ بِالسُّنَّةِ، وَاجْتِنَابِ الْبِدْعَةِ

[۲۶۷۶-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا بَقِيَّةُ بنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ بَحِيْرِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ

عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، قَالَ: وَعَظَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا بَعْدَ صَلاَةِ الْغَدَاةِ، مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً، ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ، وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ، فَقَالَ رَجُلٌ: إِنَّ هٰذِهِ مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ، فَبِمَاذَا تَعْهَدُ إِلَيْنَا يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:'' أُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ، وَإِنْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ، فَإِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ يَرَى اخْتِلاَفًا كَثِيْرًا، وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُوْرِ! فَإِنَّهَا ضَلاَلَةٌ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِيْ، وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ، عَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رَوَى ثَوْرُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، حدثنا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَمْرٍو السُّلَمِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَالْعِرْبَاضُ بنُ سَارِيَةَ: يُكْنَى أَبَا نَجِيْحٍ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ حُجْرِ بنِ حُجْرٍ، عَنْ عِرْبَاضِ بنِ سَارِيَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وضاحت: یہ حدیث ابوداؤد، ابن ماجہ اور مسند احمد میں بھی ہے، اور خالد بن معدان سے اس حدیث کو بحیر بن سعد کے علاوہ ثور بن یزید بھی روایت کرتے ہیں، اس لئے یہ حدیث صحیح ہے۔ امام ابوداؤد نے اس حدیث پر سکوت فرمایا ہے، اور منذری نے امام ترمذیؒ کی تصحیح کو برقرار رکھا ہے...... اور حضرت عرباض کی کنیت ابو نجیح ہے، اور یہ حدیث حضرت عرباض سے عبدالرحمٰن سلمی کے علاوہ حُجر بن حُجر بھی روایت کرتے ہیں، ان کی روایت ابوداؤد میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے حضرت بلال بن الحارث رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''جان لو'' حضرت بلالؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا جانوں؟ آپؐ نے فرمایا: جان لو کہ جس نے میرے طریقوں میں سے کسی ایسے طریقہ کو زندہ کیا جو میرے بعد مار دیا گیا تھا یعنی وہ سنت متروک ہوگئی تھی تو اس کے لئے ثواب میں سے ان لوگوں کے مانند ہے جو اس پر عمل کریں گے، اس کے بغیر کہ ان کے ثوابوں میں سے کچھ کم کیا جائے...... اور جس نے گمراہی کی کوئی ایسی بات نکالی جس کو اللہ اور اس کے رسول پسند نہیں کرتے تو اس پر ان لوگوں کے گناہوں کے مانند ہوگا جو اس پر عمل کریں گے (اور) یہ بات لوگوں کے گناہوں میں سے کچھ بھی کم نہیں کرے گی۔

[۲۶۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَرْوَانَ بنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ كَثِيْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جدِّهِ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: لِبِلَالِ بنِ الْحَارِثِ: ''اعْلَمْ!'' قَالَ: مَا أَعْلَمُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:'' إِنَّهُ مَنْ أَحْيَا سُنَّةً مِنْ سُنَّتِيْ، قَدْ أُمِيْتَتْ بَعْدِيْ، كَانَ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلُ مَنْ عَمِلَ بِهَا، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَمَنِ ابْتَدَعَ بِدْعَةَ ضَلَالَةٍ، لَايَرْضَاهَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ آثَامِ مَنْ عَمِلَ بِهَا، لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ أَوْزَارِ النَّاسِ شَيْئًا''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَمُحمدُ بنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا: هُوَ مِصِّيْصِيٌّ، شَامِيٌّ، وَكَثِيْرُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ ابنُ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيُّ.

وضاحت: یہ حدیث صرف حسن ہے، کیونکہ یہ کثیر بن عبداللہ کی روایت ہے، اور یہ راوی ہلکا ہے، مگر اس حدیث کے متعدد شواہد ہیں، اس لئے فی نفسہ حدیث صحیح ہے...... اور محمد بن عیینہ: مصیصی شامی ہیں، مصیصہ: سمندر کے کنارے ایک شہر تھا۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''پیارے بچے! اگر تو اس پر قادر ہو کہ صبح وشام کرے درانحالیکہ تیرے دل میں کسی کی طرف سے کوئی میل نہ ہو تو ایسا کر'' پھر مجھ سے فرمایا: ''پیارے بچے! اور یہ بات میرا طریقہ ہے، اور جس نے میرا طریقہ زندہ کیا: اس نے مجھے زندہ کیا، اور جس نے مجھے زندہ کیا: وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا''

[۲۶۷۸-] حدثنا مُسْلِمُ بنُ حَاتِمٍ الْأَنْصَارِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: قَالَ أَنَسُ بنُ مَالِكٍ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' يَابُنَيَّ! إِنْ قَدَرْتَ أَنْ تُصْبِحَ وَتُمْسِيَ، لَيْسَ فِيْ قَلْبِكَ غِشٌّ لِأَحَدٍ: فَافْعَلْ'' ثُمَّ قَالَ لِيْ:'' يَابُنَيَّ! وَذٰلِكَ مِنْ سُنَّتِيْ، وَمَنْ أَحْيَا سُنَّتِيْ فَقَدْ أَحْيَانِيْ، وَمَنْ أَحْيَانِيْ كَانَ مَعِيْ فِي الْجَنَّةِ'' وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمُحمدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ: ثِقَةٌ، وَأَبُوْهُ ثِقَةٌ، وَعَلِيُّ بنُ زَيْدٍ صَدُوْقٌ، إِلَّا أَنَّهُ رُبَّمَا يَرْفَعُ الشَّيْئَ الَّذِيْ يُوْقِفُهُ غَيْرُهُ، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بنَ بَشَّارٍ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ الْوَلِيْدِ، قَالَ شُعْبَةُ: نَا عَلِيُّ بنُ زَيْدٍ، وَكَانَ رَفَّاعًا، وَلَا نَعْرِفُ لِسَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَنَسٍ رِوَايَةً، إِلَّا هٰذَا الحديثَ بِطُوْلِهِ.

وَقَدْ رَوَى عَبَّادُ الْمِنْقَرِيُّ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيهِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ.

وَذَاكَرْتُ بِهِ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ، وَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَلَمْ يَعْرِفْ لِسَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَنَسٍ هٰذَا الحديثَ، وَلاَ غَيْرَهُ، وَمَاتَ أَنَسُ بنُ مَالِكٍ سَنَةَ ثَلاَثٍ وَتِسْعِيْنَ، وَمَاتَ سَعِيْدُ بنُ الْمُسَيَّبِ بَعْدَهُ بِسَنَتَيْنِ، مَاتَ سَنَةَ خَمْسٍ وَتِسْعِيْنَ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں لمبا مضمون ہے (معلوم نہیں وہ مضمون کیا ہے؟ اور کس کتاب میں ہے؟) اور اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور وہ اعلی درجہ کی نہیں ہے، کیونکہ انصاری اگرچہ ثقہ ہیں، اور ان کے ابا بھی ثقہ ہیں، مگر علی بن زید بن جُدعان صرف صدوق (معمولی راوی) ہیں (مگر دوسرے ائمہ کے نزدیک ضعیف ہیں) اور کبھی وہ موقوف احادیث کو مرفوع کر دیا کرتے تھے، شعبہؒ نے ایک مرتبہ ان کی سند سے حدیث بیان کی تو فرمایا: و کان رَفَّاعًا: یعنی وہ حدیثوں کو بہت زیادہ مرفوع کرنے والے تھے، پس یہ اس راوی میں ایک عیب ہے...... دوسری کمی اس سند میں یہ ہے کہ یہ حضرت سعید بن المسیبؒ کی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، اور حضرت سعید کا حضرت انسؓ سے سماع ہمارے علم میں نہیں، اسی حدیث میں اس کا ذکر آیا ہے، اور عباد منقری سند میں حضرت سعید کا واسطہ نہیں بڑھاتے، علی بن زید حضرت انسؓ سے راست روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کے ساتھ اس حدیث کا مذاکرہ کیا تو امام بخاریؒ کو حضرت سعید کے واسطہ والی سند معلوم نہیں تھی، نیز ان کے علم میں یہ بات بھی نہیں تھی کہ حضرت سعید: حضرت انسؓ سے یہ حدیث یا کوئی اور حدیث روایت کرتے ہیں، اگرچہ حضرت انسؓ کا انتقال ۹۳ ہجری میں ہوا ہے، اور حضرت سعید کا انتقال ان کے دو سال بعد ۹۵ ہجری میں ہوا ہے، مگر دونوں کا لقاء اور سماع ثابت نہیں...... غرض اس سند میں یہ دو کمیاں ہیں: ایک علی بن زید موقوف حدیثوں کو مرفوع کیا کرتے تھے۔ دوسری: سعید کا واسطہ بڑھا ہوا ہے، جو ثابت نہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی صرف تحسین کی ہے، تصحیح نہیں کی۔

بابٌ فی الاِنْتِهَاءِ عَمَّا نَهَى عَنْهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم

منہیات سے احتراز لازم ہے

باب کا لفظی ترجمہ ہے: ان باتوں سے رک جانے کا بیان، جن سے رسول اللہ ﷺ نے منع کیا ہے، یعنی جس طرح اوامر مامور بہ ہیں، نواہی منہی عنہ ہیں، جانبِ فعل میں جو درجہ مامورات کا ہے، وہی درجہ جانبِ ترک میں منہیات کا ہے، کیونکہ شریعت کے دو حصے ہیں: مامورات اور منہیات، پس جس طرح مامورات کا چھوڑنا گناہ ہے،

منہیات کا ارتکاب کرنا بھی گناہ ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اتْرُكُونِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ، فَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ فَخُذُوْا عَنِّيْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبلَكم بكثرةِ سؤالِهم، واختلافِهم على أنبياءِ هم: مجھے چھوڑ دو جب تک میں تمہیں چھوڑے رہوں، یعنی احکام کے بارے میں سوالات مت کرو، جب تک میں کوئی حکم بیان نہ کروں تم مجھ سے مت پوچھو، پھر جب میں تم سے کوئی بات بیان کروں تو اس کو میری طرف سے لے لو، یعنی جب میں کوئی حکم دوں یا کسی بات سے منع کروں تو اس پر مضبوطی سے عمل کرو، کیونکہ تم سے پہلے والے بکثرت سوال کرنے کی وجہ سے، اور اپنے انبیاء کی بات نہ ماننے کی وجہ ہی سے ہلاک ہوئے ہیں، یعنی گذشتہ امتیں اپنے انبیاء سے کرید کرید کر احکام پوچھتی تھیں، پھر جب انبیاء احکام بیان کرتے تو وہ لوگ ان پر عمل پیرا نہیں ہوتے تھے، جس کی وجہ سے وہ امتیں ہلاک کی گئیں، پس تم یہ حرکت نہ کرو، اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ پیغمبر جو بھی حکم دیں خواہ وہ از قبیل اوامر ہو یا از قبیل نواہی: اس پر مضبوطی سے عمل کرنا ضروری ہے۔

[۱۷-] بابُ في الِانْتِهَاءِ عَمَّا نَهَى عَنْهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۶۷۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اتْرُكُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ، فَإِذَا حَدَّثْتُكُمْ فَخُذُوْا عَنِّيْ، فَإِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلَى أَنْبِيَاءِ هِمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء في عَالِمِ الْمَدِيْنَةِ

مدینہ کے عالم کی فضیلت

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: وہ زمانہ نزدیک ہے کہ لوگ اونٹوں کے جگروں کو ماریں گے یعنی لمبے سفر کریں گے وہ علم طلب کر رہے ہونگے، پس وہ مدینہ کے عالم سے بڑا کوئی عالم نہیں پائیں گے۔

تشریح: حدیث کے راوی حضرت سفیان بن عیینہ نے کبھی تو اس حدیث کا مصداق امام مالکؒ کو قرار دیا، اور کبھی عمری زاہد کو، امام مالکؒ کو تو سبھی جانتے ہیں، اور عمری زاہد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پڑپوتے ہیں، ان کا پورا نام عبدالعزیز بن عبداللہ بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب ہے، اور یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا بیان ہے، جو انھوں نے اسحاق بن موسیٰ سے سنا ہے، مگر تہذیب التہذیب میں ہے کہ عمری زاہد: عبدالعزیز کے بیٹے عبداللہ ہیں، جن کا انتقال

۱۸۴ہجری میں ہوا ہے۔ اور امام ترمذیؒ نے عبدالرزاق صنعانی کا قول بواسطہ یحییٰ بن موسیٰ یہ نقل کیا ہے کہ یہ عالم: امام مالک رحمہ اللہ ہیں۔

فائدہ: اس قسم کی مبہم روایات کا مصداق متعین کرنا مشکل ہے، ایسی روایات کے متعدد مصادیق ہوسکتے ہیں، جیسے ایک روایت کا مصداق امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کو بنایا گیا ہے، یہ ظنی مصداق ہے، نیز یہ بھی ضروری نہیں کہ ان روایات کا مصداق کوئی ایک شخص ہو، متعدد حضرات بھی ان کا مصداق ہوسکتے ہیں۔

[۱۸-] بابُ ماجاء فی عَالِمِ الْمَدِیْنَةِ

[۲۶۸۰-] حدثنا الحَسَنُ بنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، وَإِسْحَاقُ بنُ مُوْسَی الْأَنْصَارِیُّ، قَالاَ: نَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ ابنِ جُرَیْجٍ، عَنْ أَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، رِوَایَةً: ” یُوْشِكُ أَنْ یَضْرِبَ النَّاسُ أَکْبَادَ الإِبِلِ، یَطْلُبُوْنَ الْعِلْمَ، فَلاَ یَجِدُوْنَ أَحَدًا أَعْلَمَ مِنْ عَالِمِ الْمَدِیْنَةِ “

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَهُوَ حَدِیْثُ ابنِ عُیَیْنَةَ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ ابنِ عُیَیْنَةَ أَنَّهُ قَالَ فِیْ هٰذَا: ”مِنْ عَالِمِ الْمَدِیْنَةِ “: أَنَّهُ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ.

قَالَ إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَی: وَسَمِعْتُ ابْنَ عُیَیْنَةَ، قَالَ: هُوَ الْعُمَرِیُّ الزَّاهِدُ، وَاسْمُهُ: عَبْدُ الْعَزِیْزِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَمِعْتُ یَحْیَی بنَ مُوْسَی یَقُوْلُ: قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: هُوَ مَالِكُ بنُ أَنَسٍ.

ترجمہ: ابن عیینہؒ سے مروی ہے: انھوں نے اس حدیث میں فرمایا کہ عالم مدینہ سے مراد امام مالک ہیں، اور اسحاق بن موسیٰ کہتے ہیں: میں نے ابن عیینہ سے سنا: انھوں نے فرمایا: وہ عمری زاہد ہیں، اور ان کا نام عبدالعزیز بن عبداللہ ہے، اور میں نے یحییٰ بن موسیٰ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عبدالرزاق نے فرمایا: وہ امام مالک ہیں۔

بابُ ماجاء فِی فَضْلِ الْفِقْهِ عَلَی الْعِبَادَةِ

عبادت پر فقہ (فہم دین) کی برتری

اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں لکھی ہیں، پھر متفرق حدیثیں ہیں جن پر ابواب قائم نہیں کئے۔

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فَقِیْهٌ واحدٌ أَشَدُّ علی الشیطان مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ: ایک ماہر عالم دین شیطان پر ہزار عابدوں سے بھاری ہے۔

سند کا حال: ابن ماجہ (حدیث ۲۲۲) میں اس حدیث میں واحد کا لفظ بھی ہے، اور یہ حدیث رَوح بن جُناح کی وجہ سے نہایت ضعیف ہے، یہ راوی بہت ہی زیادہ کمزور تھا بلکہ اُس پر حدیثیں گڑھنے کا الزام بھی تھا (یہ حدیث علامہ

ابن عبدالبر رحمہ اللہ نے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے مگر اس کی سند میں یزید بن عیاض ہے جو کذاب ہے)

تشریح: شیطان کے لئے دین کے کسی واقف کار عالم کو بچلانا ہزار عابدوں کو بچلانے سے زیادہ مشکل ہے، اور اس کی دو وجہیں ہیں:

پہلی وجہ: عالم دین: دین کا فہم رکھتا ہے، اس لئے اس کو جلدی دھوکا نہیں دیا جا سکتا، اور محض عبادت گذار چونکہ دین کا فہم نہیں رکھتا اس لئے اس کو آسانی سے دھوکا دیا جا سکتا ہے۔

دوسری وجہ: فقیہ اصلاحِ خلق کا کام کرتا ہے، اور عابد اپنے فائدہ کے لئے عبادت کرتا ہے، پس ہزار عابد اپنی عبادت سے خود کو سنواریں گے، اور ایک عالم ایک خلقت کو سنوارے گا، اس طرح وہ شیطان کو ناکوں چنے چبواتا ہے۔

حدیث (۲): قیس بن کثیر (صحیح نام کثیر بن قیس ہے جیسا کہ آگے آرہا ہے) کہتا ہے: ایک شخص مدینہ منورہ سے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، ابوالدرداءؓ دمشق میں تھے، اس سے ابوالدرداءؓ نے پوچھا: اے میرے بھائی! آپ کو یہاں کیا چیز لائی ہے؟ آنے والے نے جواب دیا: مجھے ایک حدیث لائی ہے، مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ آپؓ اس کو نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں، حضرت ابوالدرداءؓ نے پوچھا: کسی اور ضرورت سے تو آپ نہیں آئے؟ اس نے کہا: نہیں، حضرت ابوالدرداءؓ نے پوچھا: آپ کسی کاروبار کے لئے تو نہیں آئے؟ اس نے کہا نہیں، میں صرف اس حدیث کی طلب میں آیا ہوں، اس پر حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے:

۱-مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَبْتَغِيْ فِيْهِ عِلْمًا: سَلَكَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ: جو شخص کسی ایسے راستہ پر چلتا ہے جس میں وہ علم ڈھونڈھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کی طرف ایک راستے پر چلاتے ہیں، یعنی جو جتنا علم دین کی تحصیل میں دوڑ دھوپ کرتا ہے اتنا ہی وہ جنت سے قریب ہوتا ہے (یہ مضمون پہلے ابواب العلم باب ۲ میں گذر چکا ہے)

۲-وَإِنَّ الْمَلاَ ئِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ العِلْمِ: اور فرشتے یقیناً اپنے پر رکھ دیتے ہیں طالب علم کی خوشنودی کے لئے۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ فرشتے طالب علم کے پیروں کے نیچے پَر بچھاتے ہیں، مگر میرے نزدیک اس کا صحیح مطلب یہ ہے کہ فرشتے پَر رکھ دیتے ہیں، یعنی پرواز بند کر دیتے ہیں، جیسے کوئی عالم آرہا ہو تو طالب عالم باادب کھڑا ہو جاتا ہے، اسی طرح آسمان و زمین کے درمیان جو فرشتے آجا رہے ہیں: جب وہ کسی طالب علم کو دیکھتے ہیں تو اس کی تعظیم کے لئے رک جاتے ہیں، اور پرواز بند کر دیتے ہیں، پھر جب وہ طالب علم گذر جاتا ہے تو وہ اپنی راہ لیتے ہیں۔

۳-وَإِنَّ العَالِمَ يَسْتَغْفِرُ له مَنْ فی السماوات وَمَنْ فی الأَرْضِ حَتَّی الحِيْتَانُ فِیْ جَوْفِ الْمَاءِ: اور عالم کے لئے یقیناً دعائے مغفرت کرتے ہیں وہ جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں، یہاں تک کہ پانی میں مچھلیاں بھی۔

۴-وفضلُ العالِمِ علی الْعَابِدِ کَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلَی سَائِرِ الْکَوَاکِبِ: اور عالم دین کی فضیلت عبادت گذار پر ایسی ہے جیسی چاند کی فضیلت دوسرے ستاروں پر، یعنی عالم کا درجہ عابد سے ہزاروں گنا بڑھا ہوا ہے، جیسے چاند کی روشنی دوسرے ستاروں کی روشنی سے ہزاروں گنا بڑھی ہوئی ہے۔

۵-إِنَّ العلماءَ وَرَثَۃُ الأَنْبِيَاءِ، إِنَّ الأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلاَ دِرْهَمًا، إِنَّمَا وَرَّثُوْا العلمَ، فَمَنْ أَخَذَ بِهِ فَقَدْ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ: علماء بالیقین انبیاء کے وارث ہیں، اور انبیاء نے ترکہ میں دینار و درہم نہیں چھوڑے، انھوں نے علم ہی میراث میں چھوڑا ہے، پس جس نے علم حاصل کیا اس نے میراث نبوت میں سے کامل حصہ لیا۔

تشریح: یہ حدیث مسند احمد (۵:۱۹۶) ابوداؤد (حدیث ۳۶۴۱) ابن ماجہ (حدیث ۲۲۳) اور سنن دارمی (۱:۹۸) میں بھی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عاصم بن رجاء سے آخر تک اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور امام ترمذی کے نزدیک یہ سند متصل نہیں، اور حدیث کی اس طرح سند امام ترمذیؒ کے استاذ محمود بن خداش نے بیان کی ہے، دوسرے رواۃ عاصم اور کثیر کے درمیان داؤد بن جمیل کا واسطہ بڑھاتے ہیں (ابوداؤد ۳:۳۱۷ مصری) اور داؤد ضعیف راوی ہے، اور امام ترمذی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ واسطہ والی سند محمود بن خداش کی سند سے اصح ہے، پس یہ حدیث ضعیف ہے۔

تشریح: اس حدیث کے ہر جملہ سے عالم دین کی عبادت گذار پر برتری ثابت ہوتی ہے، جب کوئی شخص طلب علم کے لئے نکلتا ہے تو وہ جنت کی طرف بڑھتا ہے، یہ بات عبادت گذار کو حاصل نہیں، اور فرشتے طالب علم کی نہایت تعظیم کرتے ہیں، یہ بات بھی عابد کو حاصل نہیں، اور ہر مخلوق عالم کے لئے دعا کرتی ہے، اور عالم عابد سے بدرجہا بڑھا ہوا ہے، یہ سب عالم کی برتری کی دلیلیں ہیں، اور آخری اور سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ علماء: انبیاء کے وارث ہیں، اور وارث: مُورِث کے مقام میں ہوتا ہے، اس لئے عالم کے لئے یہ ایک ایسی فضیلت ہے جس کے ہم پلہ کوئی فضیلت نہیں۔

[۱۹-] بابُ ماجاء فِی فَضْلِ الْفِقْهِ عَلَی الْعِبَادَةِ

[۲٦٨١-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ مُوْسَی، نَا الْوَلِيْدُ، هُوَ ابنُ مُسْلِمٍ، نَا رَوْحُ بنُ جُنَاحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "فَقِيْهٌ أَشَدُّ

عَلَى الشَّيْطَانِ مِنْ أَلْفِ عَابِدٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ الْوَلِيْدِ بنِ مُسْلِمٍ.

[۲۶۸۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنِ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ يَزِيْدَ الْوَاسِطِيُّ، نَا عَاصِمُ بنُ رَجَاءِ بنِ حَيْوَةَ، عَن قَيْسِ بنِ كَثِيْرٍ، قَالَ: قَدِمَ رَجُلٌ مِنَ الْمَدِيْنَةِ عَلَى أَبِي الدَّرْدَاءِ، وَهُوَ بِدِمَشْقَ، فَقَالَ: مَا أَقْدَمَكَ يَا أَخِيْ؟ قَالَ: حَدِيْثٌ بَلَغَنِي أَنَّكَ تُحَدِّثُهُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: أَمَاجِئْتَ لِحَاجَةٍ؟ قَالَ: لاَ. قَالَ: أَمَا قَدِمْتَ لِتِجَارَةٍ؟ قَالَ: لاَ، قَالَ: مَا جِئْتُ إِلَّا فِيْ طَلَبِ هٰذَا الحديثِ، قَالَ: فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَبْتَغِي فِيْهِ عِلْمًا: سَلَكَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ، وَإِنَّ الْمَلاَئِكَةَ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ، وَإِنَّ الْعَالِمَ لَيَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَمَنْ فِيْ الْأَرْضِ حَتَّى الْحِيْتَانُ فِي الْمَاءِ، وَفَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلَى سَائِرِ الْكَوَاكِبِ، إِنَّ الْعُلَمَاءَ وَرَثَةُ الْأَنْبِيَاءِ، إِنَّ الْأَنْبِيَاءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَلاَ دِرْهَمًا، إِنَّمَا وَرَّثُوْا الْعِلْمَ، فَمَنْ أَخَذَ بِهِ فَقَدْ أَخَذَ بِحَظٍّ وَافِرٍ"

وَلاَ نَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَاصِمِ بنِ رَجَاءِ بنِ حَيْوَةَ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ عِنْدِيْ بِمُتَّصِلٍ، هٰكَذَا حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بنُ خِدَاشٍ هٰذَا الحديثَ، وَإِنَّمَا يُرْوَى هٰذَا الحديثُ عَنْ عَاصِمِ بنِ رَجَاءِ بنِ حَيْوَةَ، عَنْ دَاوُدَ بنِ جَمِيْلٍ، عَنْ كَثِيْرِ بنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مَحْمُوْدِ بنِ خِدَاشٍ.

عالم کے لئے ایک جامع نصیحت

حدیث: یزید بن سلمہ جُعفی رضی اللہ عنہ جو صحابی ہیں اور جن کی یہی ایک حدیث ہے: انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے آپؐ سے بہت سی حدیثیں سنی ہیں، مجھے اندیشہ ہے کہ ان کی پچھلی، ان کی پہلی کو بھلا دے (جب آدمی بہت ساری باتیں سنتا ہے تو دماغ میں جتنی سمائی ہوتی ہے اتنی ہی باتیں دماغ میں رہتی ہیں، باقی باتیں دماغ سے نکل جاتی ہیں) پس مجھ سے کوئی ایسی بات بیان کیجئے جو ہر چیز کی جڑ بنیاد ہو، نبی ﷺ نے فرمایا: اتَّقِ اللّٰهَ فِيْمَا تَعْلَمُ: ان باتوں میں جن کو تم جانتے ہو اللہ سے ڈرو، یعنی دین کی جو جو باتیں تمہیں معلوم ہیں ان پر عمل کرو، مامورات کو نہ چھوڑو، اور منہیات کا ارتکاب نہ کرو۔

سند کا حال: امام ترمذیؒ کے نزدیک: اس حدیث کی سند متصل نہیں، اس میں انقطاع ہے، کیونکہ سعید بن عمرو بن اَشْوع ہمدانی قاضی کوفہ نے حضرت یزید بن سلمہ رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہیں پایا (اشوع: سعید کے دادا کا نام ہے،

والد کا نام عمرو ہے)

[٢٦٨٣-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ مَسْرُوْقٍ، عَنْ ابنِ أَشْوَعَ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ سَلَمَةَ الجُعْفِيِّ، قَالَ: قَالَ يَزِيْدُ بنُ سَلَمَةَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ سَمِعْتُ مِنْكَ حَدِيْثًا كَثِيْرًا، أَخَافُ أَنْ يُنْسِيَ أَوَّلَهُ آخِرُهُ! فَحَدِّثْنِيْ بِكَلِمَةٍ تَكُوْنُ جِمَاعًا، قَالَ:" اتَّقِ اللّٰهَ فِيْمَا تَعْلَمُ "

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، هُوَ عِنْدِيْ مُرْسَلٌ، وَلَمْ يُدْرِكْ عِنْدِيْ ابنُ أَشْوَعَ: يَزِيْدَ بنَ سَلَمَةَ، وَابْنُ أَشْوَعَ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بنُ أَشْوَعَ.

عالم دین میں دو باتیں ہونی چاہئیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: خَصْلَتَانِ لَاتَجْتَمِعَانِ فِيْ مُنَافِقٍ: حُسْنُ سَمْتٍ وَلَا فِقْهٌ فِي الدين: کسی منافق میں دو باتیں اکٹھا نہیں ہوتیں: سیرت کی عمدگی اور دین کی فقاہت، پس عالم دین میں یہ دونوں باتیں جمع ہونی چاہئیں، اس کی سیرت بھی عمدہ ہونی چاہئے، اور دین میں مہارت بھی ہونی چاہئے، اگر اس کی سیرت عمدہ نہیں ہوگی تو لوگ دین سے بیزار ہوجائیں گے، اور اگر وہ دین کا ماہر نہیں ہوگا تو لوگوں کو گمراہ کرے گا۔

سند کا حال: یہ حدیث خلف بن ایوب عامری ابوسعید بلخی: عوف بن ابی جمیلہ سے روایت کرتا ہے، اور خلف سے ابوکریب محمد بن العلاء روایت کرتا ہے، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں اس شیخ کا حال نہیں جانتا کہ وہ ثقہ تھے یا غیر ثقہ؟ خلف کا شمار فقہاء میں ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے ان کے لئے لفظ شیخ استعمال کیا ہے، مگر یحییٰ بن معین نے ان کی تضعیف کی ہے، اور ان پر مرجئہ ہونے کا الزام بھی لگا تھا، اس لئے یہ روایت اعلی درجہ کی نہیں، البتہ حسن کہہ سکتے ہیں۔

[٢٦٨٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا خَلْفُ بنُ أَيُّوْبَ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَصْلَتَانِ لَاتَجْتَمِعَانِ فِيْ مُنَافِقٍ: حُسْنُ سَمْتٍ وَلَا فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ مِنْ حَدِيْثِ عَوْفٍ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ: خَلْفِ بنِ أَيُّوْبَ الْعَامِرِيِّ، وَلَمْ أَرَ أَحَدًا يَرْوِيْ عَنْهُ غَيْرَ مُحمدِ بنِ الْعَلَاءِ، وَلَا أَدْرِيْ كَيْفَ هُوَ؟

عالم کی عابد پر فضیلت

حدیث (۱): حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے سامنے دو شخصوں کا تذکرہ آیا، ایک عابد کا

اور دوسرے: عالم کا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: فضلُ العالِم على العابد كفضلي على أدناكم: عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی میری فضیلت تم میں سے معمولی آدمی پر، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ اللّٰهَ وَملائِكتَهُ، وَأَهْلَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةُ فِيْ جُحْرِهَا، وَحَتَّى الْحُوْتُ لَيُصَلُّوْنَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ: اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے اور آسمانوں اور زمین والے یہاں تک کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور یہاں تک کہ مچھلیاں: یقیناً رحمت کی دعا کرتے ہیں لوگوں کو خیر کی تعلیم دینے والے کے لئے۔

حدیث (۲): فضیل بن عیاض جو بڑے بزرگوں میں سے ہیں، فرماتے ہیں: عالم باعمل، دین کی تعلیم دینے والا فرشتوں کی دنیا میں ''بڑا آدمی'' کہلاتا ہے۔

تشریح: علامہ ابن عبدالبر مالکیؒ نے جامعُ بيَانِ العلم وَفَضْلِهِ (۶:۲) میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ ارشاد نقل کیا ہے: مَنْ عَلِمَ وَعَمِلَ وَعَلَّمَ فذلك يُدعَى عظيما في ملكوت السماوات: جس نے علم دین حاصل کیا اور اس پر عمل کیا اور وہ علم دوسروں کو سکھلایا تو وہ فرشتوں کی دنیا میں ''بڑا آدمی'' کہلاتا ہے۔

[۲۶۸۵-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، نَا سَلَمَةُ بنُ رَجَاءٍ، نَا الْوَلِيْدُ بنُ جَمِيْلٍ، نَا الْقَاسِمُ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا: عَابِدٌ، وَالآخَرُ عَالِمٌ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِي عَلَى أَدْنَاكُمْ" ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَأَهْلُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةُ فِيْ جُحْرِهَا، وَحَتَّى الْحُوْتُ لَيُصَلُّوْنَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۲۶۸۶-] سَمِعْتُ أَبَا عَمَّارٍ الْحُسَيْنَ بنَ حُرَيْثٍ الْخُزَاعِيَّ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْفُضَيْلَ بنَ عِيَاضٍ يَقُوْلُ: عَالِمٌ عَامِلٌ مُعَلِّمٌ يُدْعَى كَبِيْرًا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوَاتِ.

مؤمن کا خیر سے کبھی پیٹ نہیں بھرتا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَنْ يَشْبَعَ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَيْرٍ يَّسْمَعُهُ حَتَّى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الجَنَّةُ: مؤمن ایسی خیر سے جس کو وہ سنتا ہے ہرگز شکم سیر نہیں ہوتا، یعنی دین کی باتوں سے کبھی اس کا پیٹ نہیں بھرتا، یہاں تک کہ جنت اس کا منتہا ہوتی ہے، یعنی علم دین اس کو جنت میں پہنچادیتا ہے (یہ حدیث دراج کی ابوالہیثم سے ہے، دراج کی روایتیں اس استاذ سے کمزور قرار دی گئی ہیں)

[۲۶۸۷-] حدثنا عُمَرُ بنُ حَفْصٍ الشَّيْبَانِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''لَنْ يَشْبَعَ الْمُؤْمِنُ مِنْ خَيْرٍ يَّسْمَعُهُ حَتَّى يَكُوْنَ مُنْتَهَاهُ الْجَنَّةُ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

دانشمندی کی بات جہاں بھی ملے لے لینی چاہئے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الكلمةُ الحكمةُ ضالَّةُ المؤمنِ، فحيثُ وَجدَها فهو أَحَقُّ بها: دانشمندی کی بات مؤمن کا گم شدہ جانور ہے، پس جہاں بھی وہ اس کو پائے: وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔

تشریح: یہ حدیث كلمةُ الحكمةِ (موصوف کی صفت کی طرف اضافت) اور الكلمةُ الحكيمة کے لفظوں سے بھی مروی ہے، اور حدیث کا مطلب وہ ہے جو شیخ سعدیؒ نے ایک شعر میں بیان کیا ہے:

مرد باید کہ پند گیرد ❁ ور نبشتہ باشد بر دیوار

یعنی نصیحت اگرچہ دیوار پر لکھی ہوئی ہو، اسے لے لینا چاہئے، اور کہتے ہیں: اُنْظُرْ إِلَى مَاقَالَ، وَلاَ تَنْظُرْ إِلَى مَنْ قَالَ: بات کو دیکھو، بات کہنے والے کو مت دیکھو یعنی بات اگر کام کی ہے تو لے لو، یہ مت دیکھو کہ بات کہنے والا اس پر عمل پیرا ہے یا نہیں؟ (یہ حدیث ضعیف ہے اس کا ایک راوی ابراہیم مخزومی متروک ہے)

[۲۶۸۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بنِ الْفَضْلِ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''الْكَلِمَةُ الْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ، فَحَيْثُ وَجَدَهَا فَهُوَ أَحَقُّ بِهَا''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَابْرَاهِيْمُ بنُ الْفَضْلِ الْمَخْزُوْمِيُّ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الاِسْتِیْذَانِ وَالآدَابِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اجازت طلبی اور سلیقہ مندی کی باتیں

استیذان کی حکمت اور اس کے مختلف درجات:

سورۃ النور آیت ۲۷ میں ارشادِ پاک ہے: ''اے ایمان والو! تم اپنے گھروں کے علاوہ دوسرے گھروں میں داخل مت ہوؤ، یہاں تک کہ تم اجازت حاصل کرلو، اور ان کے رہنے والوں کو سلام کرلو''

اور سورۃ النور کی آیات ۵۸ و ۵۹ میں ارشادِ پاک ہے: ''اے ایمان والو! چاہئے کہ تم سے اجازت لیں وہ لوگ جن کے تم مالک ہو، یعنی غلام باندی، اور وہ لوگ جو تم میں سے حد بلوغ کو نہیں پہنچے، تین اوقات میں: صبح کی نماز سے پہلے، اور دوپہر میں جب تم کپڑے اتار دیتے ہو اور عشاء کی نماز کے بعد، یہ تین اوقات تمہارے پردے کے اوقات ہیں، اور ان اوقات کے علاوہ تم پر کچھ الزام نہیں، اور نہ ان پر کچھ الزام ہے، وہ بکثرت تمہارے پاس آنے جانے والے ہیں: ایک دوسرے کے پاس، اس طرح اللہ تعالیٰ صاف صاف احکام بیان فرماتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ جاننے والے حکمت والے ہیں، اور جب تمہارے بچے حد بلوغ کو پہنچیں تو ان کو بھی اسی طرح اجازت لینی چاہئے، جس طرح ان سے پہلے والے لوگ لیتے ہیں''

استیذان کا مسنون طریقہ:

استیذان کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ آنے والا پہلے سلام کرے، پھر نام بتلا کر اجازت طلب کرے، حدیث میں ہے کہ بنو عامر کے ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے اس طرح اجازت طلب کی: أَلِجُ؟ میں اندر آؤں؟ آپؐ نے خادم سے فرمایا: ''یہ شخص استیذان کا طریقہ نہیں جانتا، تم باہر جا کر اس کو طریقہ سکھلاؤ کہ کہے: السلام علیکم، أَأَدْخُلُ؟ تم سلامت رہو! کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ ان صاحب نے آپؐ کی یہ بات سن لی، چنانچہ انھوں نے اسی

طرح اجازت طلب کی، آپؐ نے اجازت دیدی (ابوداؤد حدیث ۵۱۷۷)

اور حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص پہلے سلام نہ کرے اس کو اندر آنے کی اجازت مت دو (مشکوۃ حدیث ۴۶۷۶) اور یہ سلام: سلام استیذان ہے، پس جب اجازت کے بعد گھر میں داخل ہو تو دوبارہ سلام کرے (معارف القرآن) اور آیت میں سلام پر استیذان کی تقدیم کی وجہ یہ ہے کہ آنے والا سلام تو کیا ہی کرتا ہے، لوگ استیذان میں غفلت برتتے ہیں، اس لئے اہمیت ظاہر کرنے کے لئے استیذان کا حکم مقدم کیا گیا۔

استیذان کا حکم دو وجہ سے دیا گیا ہے:

پہلی وجہ: آدمی کبھی تنہائی میں بے تکلف حالت میں ہوتا ہے، اور کبھی کسی ضرورت سے برہنہ ہوتا ہے، پس اگر کوئی اچانک گھر میں گھس آئے گا تو اس کی اس کے ستر پر نظر پڑے گی، اور یہ بات اس کو سخت ناگوار ہوگی۔ حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا: کیا میں اپنی والدہ کے پاس جانے کے لئے اجازت لوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں، اجازت لو'' انھوں نے عرض کیا: میں والدہ کے ساتھ رہتا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''پھر بھی اجازت لو'' انھوں نے عرض کیا: میں اس کا خادم ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''تاہم اجازت لو، کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ اپنی والدہ کو ننگا دیکھو؟'' انھوں نے جواب دیا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''پس اجازت لو'' کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ کسی ضرورت سے ستر کھولے ہوئے ہو، اور اس پر تمہاری نظر پڑ جائے (مشکوۃ حدیث ۴۶۷۴)

فائدہ: گھر میں صرف بیوی ہو تو استیذان واجب نہیں، البتہ مستحب یہ ہے کہ بدوں اطلاع داخل نہ ہو، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے گھر میں کھنکار کر داخل ہوتے تھے، ان کی اہلیہ بیان کرتی ہیں کہ آپؓ کا یہ معمول اس لئے تھا کہ وہ ہمیں ایسی حالت میں نہ دیکھیں جو ان کو پسند نہ ہو (ابن کثیر) اور یہ بھی ممکن ہے کہ پاس پڑوس کی کوئی عورت گھر میں آئی ہوئی ہو، اس لئے اجازت لے کر داخل ہونا ہی مناسب ہے۔

دوسری وجہ: کبھی انسان اپنے گھر میں تنہائی میں کوئی ایسا کام کر رہا ہوتا ہے کہ نہیں چاہتا کہ دوسرا اس سے واقف ہو، پس اگر کوئی شخص بے اجازت اندر گھس آئے گا تو اس کو سخت اذیت پہنچے گی، اور حکم استیذان کی علت ایذاء رسانی سے بچنا، اور حسن معاشرت کے آداب سکھانا ہے، حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ کے گھر میں جھانکا، آپؐ باریک سینگی سے سر مبارک کھجلا رہے تھے، آپؐ نے فرمایا: ''اگر میں جانتا کہ تو گھر میں دیکھ رہا ہے تو تیری آنکھ میں سینگی مارتا، اجازت حاصل کرنے کا حکم آنکھ ہی کی وجہ سے ہے!'' (بخاری حدیث ۶۲۴۱)

استیذان کے تعلق سے لوگ تین طرح کے ہیں:

اول: اجنبی شخص جس سے ملنا جلنا نہیں ہوتا، اس کا حکم یہ ہے کہ وہ صراحتاً اجازت لئے بغیر گھر میں داخل نہ

ہوے، حضرت کلدۃ بن حنبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ (ان کے اخیافی بھائی) صفوان بن امیہؓ نے ان کو دودھ، ہرنی کا بچہ اور چھوٹی ککڑیاں دے کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بھیجا، رسول اللہ ﷺ وادی مکہ کے بالائی حصہ میں قیام فرماتھے، کلدۃ کہتے ہیں: میں یہ چیزیں لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچ گیا، میں نے نہ سلام کیا نہ حاضری کی اجازت چاہی، آپؐ نے فرمایا: ''واپس جاؤ اور کہو: السلام علیکم! أَأَدْخُلُ؟ تم پر سلامتی ہو، کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ (مشکوٰۃ حدیث ۴۶۷۱) رسول اللہ ﷺ نے حضرت کلدۃ کو عملی طور پر استیذان کا طریقہ سکھلایا تاکہ یہ سبق ہمیشہ یاد رہے۔

مسئلہ: اگر کسی کے دروازے پر جا کر اجازت طلب کی: سلام کیا، دروازہ کھٹکھٹایا، یا گھنٹی بجائی، مگر اندر سے کوئی جواب نہیں ملا تو دوبارہ اجازت طلب کرے، پھر جواب نہ ملے تو تیسری مرتبہ اجازت طلب کرے، اگر تیسری مرتبہ بھی جواب نہ ملے تو لوٹ جائے، مسلم شریف (۱۴: ۱۳۲ مصری) میں روایت ہے کہ ''اجازت تین مرتبہ طلب کی جائے، پس اگر تمہیں اجازت دی جائے تو فبہا، ورنہ واپس لوٹ جائے'' اور اس کی وجہ یہ ہے کہ تین مرتبہ استیذان سے تقریباً یہ بات متعین ہو جاتی ہے کہ آواز سن لی گئی ہے، مگر صاحب خانہ یا تو ایسی حالت میں ہے کہ جواب نہیں دے سکتا مثلاً: نماز پڑھ رہا ہے، یا بیت الخلاء میں ہے، یا غسل کر رہا ہے، یا پھر اس کو اس وقت ملنا منظور نہیں، پس ایسی حالت میں جمے رہنا، اور مسلسل دستک دیتے رہنا مصلحت کے خلاف ہے، بلکہ باعث ایذاء ہے، جس سے بچنا واجب ہے (ماخوذ از معارف القرآن ۶: ۳۹۲)

دوم: ایسا غیر محرم جس کے ساتھ ملنا جلنا اور معاشرتی تعلقات ہیں، ایسے شخص کی اجازت طلبی پہلے شخص کی اجازت طلبی سے کم درجہ ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے جو نبی ﷺ کے خادم خاص تھے، آپؐ نے ارشاد فرمایا: إِذْنُكَ عَلَيَّ: أَنْ يُرْفَعَ الحِجَابُ، وَأَنْ تَسْتَمِعَ سِوَادی حتی أَنْهَاكَ (مسلم ۱۴: ۱۵۰ مصری) ترجمہ: میرے پاس آنے کے لئے تمہارے لئے اجازت یہ ہے کہ پردہ اٹھا دیا گیا ہو، یعنی دروازہ کھلا ہوا ہو، اور یہ بات ہے کہ تم (مجھے بات کرتا ہوا) سنو (اور) میری ذات کو (دیکھو) یہاں تک کہ میں تم کو روک دوں، یعنی بیٹھک میں کوئی آیا ہوا ہو، اور دروازہ کھلا ہوا ہو، اور اس آنے والے سے رسول اللہ ﷺ گفتگو فرما رہے ہوں تو خادم خاص حضرت ابن مسعودؓ کو اندر آنے کے لئے اجازت کی ضرورت نہیں، البتہ ان کو روک دیا جائے تو رک جانا ضروری ہے (السِّواد: بکسر السین: آواز، اور اس میں ''وجود'' کے معنی بھی ہیں)

سوم: بچے اور غلام جن سے پردہ واجب نہیں، اس لئے ان کے لئے استیذان کا حکم بھی نہیں، البتہ وہ اوقات جن میں عام طور پر کپڑے اتار دیئے جاتے ہیں: اِن کو بھی اجازت لے کر اندر آنا چاہئے، اور یہ اوقات ملکوں اور قوموں کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں، اور آیتِ کریمہ میں جن تین اوقات کا ذکر ہے ان کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ ان اوقات میں بچے اور غلام گھر میں آیا کرتے ہیں، ان اوقات میں حصر نہیں، مثلاً آدھی رات میں آنا چاہیں تو

بھی اجازت ضروری ہے، مگراس وقت کا ذکر اس لئے نہیں کیا کہ اس وقت بچے اور غلام گھر میں نہیں آیا کرتے۔

مسئلہ: جس شخص کو کسی کے ذریعہ بلایا گیا ہے اگر وہ قاصد کے ساتھ آئے تو اس کو اجازت لینے کی ضرورت نہیں، اس کی طرف قاصد بھیجنا ہی اجازت ہے، حدیث میں ہے: ''آدمی کا آدمی کی طرف قاصد بھیجنا اجازت ہے'' (مشکوٰۃ حدیث ۴٦٧٢) اور ایک روایت میں ہے: جو آدمی بلایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ آئے تو یہی اس کے لئے اندر آنے کی اجازت ہے (حوالہ بالا)

حدیث: نبی ﷺ جب کسی کے دروازے پر پہنچتے تو دروازے کے سامنے کھڑے نہیں ہوتے تھے بلکہ دائیں بائیں کھڑے ہوتے تھے، اور فرماتے: السلام علیکم، السلام علیکم (مشکوٰۃ حدیث ۴٦٧۳) اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس زمانہ میں دروازوں پر پردے نہیں ہوتے تھے، پس اگر پردہ پڑا ہوا ہو، یا کواڑ بند ہوں تو سامنے کھڑا ہونا جائز ہے (رحمۃ اللہ ۵:۵۵۴-۵۵۷)

سلیقہ مندی (آدابِ اسلامی) کی باتیں:

ادب کے معنی ہیں: تہذیب وشائستگی، مَا يُحْمَدُ فِعْلُهُ، وَلَا يُذَمُّ تَرْكُهُ: جس کا کرنا پسندیدہ ہو، اور چھوڑنا برا نہ ہو۔

افراد انسانی میں حاجتوں کا پیش آنا، اور ان حاجتوں میں ایک دوسرے سے فائدہ اٹھانا: ایسے چند آداب کا متقاضی ہے جن کو لوگ باہم برتیں، اور زندگی کو خوشگوار بنائیں، ان آداب میں سے بیشتر ایسے امور ہیں جن کے اصول پر عرب وعجم کا اتفاق ہے، اگرچہ صورتوں اور شکلوں میں اختلاف ہے، ان آداب سے بحث کرنا، اور صالح وفاسد کے درمیان امتیاز کرنا نبی ﷺ کی بعثت کے مقاصد میں سے ایک اہم مقصد ہے، اس لئے یہ آداب حدیثوں میں آئے ہیں، جو ان ابواب میں مذکور ہیں۔

ابواب کا باہمی ارتباط:

امام ترمذی رحمہ اللہ جب احکام سے یعنی عبادت ومعاملات سے فارغ ہوئے، تو ایمان وعلم کی باتیں شروع کیں، اب آخر میں سلیقہ مندی کی باتیں پیش کرتے ہیں، تاکہ معاشرہ خوشگوار بنے، اور لوگوں کے آپس کے تعلقات بہتر ہوں، پھر ابواب الامثال آئیں گے یعنی معنویات کو محسوس بنا کر کس طرح پیش کیا جائے؟ پھر فضائل القرآن، ابواب القراءت اور ابواب التفسیر آئیں گے، اور آخر میں دعوات واذکار کا تذکرہ کر کے مناقب پر کتاب ختم کریں گے۔

بابُ ماجاءَ فِي إِفْشَاءِ السَّلَامِ

سلام کو رواج دینے کا بیان

سورۃ الزمر (آیت ۷۳) میں ارشادِ پاک ہے: ''جب متقی لوگ جنت پر پہنچیں گے تو محافظ فرشتے ان سے کہیں گے:

السلام علیکم: تم پر سلامتی ہو، تم مزے میں رہو، اور جنت میں ہمیشہ رہنے کے لئے داخل ہو جاؤ!''

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! تم جنت میں نہیں جا سکتے جب تک ایمان نہ لاؤ، اور تم (کامل) مؤمن نہیں ہو سکتے جب تک باہم محبت نہ کرو، اور کیا میں تم کو وہ چیز نہ بتاؤں جس کے کرنے سے تم میں باہم محبت پیدا ہو؟ آپس میں سلام کو رواج دو''

تشریح: نبی ﷺ نے سلام کا فائدہ اور اس کی مشروعیت کی وجہ بیان کی ہے۔ سلام محبت پیدا کرتا ہے، اور محبت دخول جنت کا سبب ہے، اس لئے سلام مشروع کیا گیا، اس کی تفصیل یہ ہے کہ دخولِ جنت کے لئے لازمی شرط ایمان ہے، اور کمالِ ایمان کے لئے مسلمانوں کے درمیان رشتۂ الفت و محبت ضروری ہے، کیونکہ یہ وصف اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، اور اس کو حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ سلام کو پھیلانا ہے، پس اس کو رواج دینا چاہئے، جب لوگ خلوص سے ایک دوسرے کو سلام کریں گے اور ان کو خوش آمدید کہیں گے، جس طرح فرشتے جنتیوں کو خوش آمدید کہیں گے تو باہم الفت و محبت پیدا ہوگی، اور وہ جنت میں لے جائے گی (رحمۃ اللہ ۵: ۵۴۵)

بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ الاِسْتِيْذَانِ وَالآدَابِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] باب مَاجَاءَ فِيْ إِفْشَاءِ السَّلَامِ

[٢٦٨٩-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لاتَدْخُلُوا الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا، وَلاَ تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا؛ أَلاَ أَدُلُّكُمْ عَلَى أَمْرٍ إِذَا أَنْتُمْ فَعَلْتُمُوْهُ تَحابَبْتُمْ؟ أَفْشُوْا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ ''

وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَلَامٍ، وَشُرَيْحِ بنِ هَانِئٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، وَالْبَرَاءِ، وَأَنَسٍ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ما ذُكِرَ فِيْ فَضْلِ السَّلَامِ

سلام کی فضیلت (اجر و ثواب)

حدیث: ایک شخص نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اس نے کہا: السلام علیکم: (آپؐ نے اس کے

سلام کا جواب دیا، پھر وہ مجلس میں بیٹھ گیا) آپ ﷺ نے فرمایا: ''دس'' (یعنی اس شخص کے لئے اس کے سلام کی وجہ سے دس نیکیاں لکھی گئیں) پھر ایک اور آدمی آیا، اس نے کہا: السلام علیکم ورحمة الله: (آپ ﷺ نے اس کے سلام کا بھی جواب دیا، پھر وہ آدمی بیٹھ گیا) آپ ﷺ نے فرمایا: ''بیس'' (یعنی اس کے لئے بیس نیکیاں لکھی گئیں) پھر ایک اور آدمی آیا، اس نے کہا: السلام علیکم ورحمة الله وبركاته: (آپ ﷺ نے اس کے سلام کا بھی جواب دیا، اور وہ بھی مجلس میں بیٹھ گیا) آپ ﷺ نے فرمایا: ''تیس'' یعنی اس کے لئے تیس نیکیاں لکھی گئیں۔

تشریح: اس امت کے لئے اللہ تعالیٰ کا کریمانہ قانون: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾ ہے، یعنی نیکی کا اجر دس گنا ملتا ہے، اس لئے پہلے شخص نے چونکہ صرف السلام علیکم کہا تھا، اس لئے اس کے لئے دس نیکیاں ثابت ہوئیں، اور دوسرے نے ورحمة الله بڑھایا اس لئے اس کے لئے بیس نیکیاں ثابت ہوئیں۔ اور تیسرے نے وبركاته بھی بڑھایا، اس لئے اس کے لئے تیس نیکیاں لکھی گئیں...... اسی طرح جواب دینے والے کا بھی اجر وثواب بڑھتا ہے۔

وبركاته پر اضافہ مشروع ہے یا نہیں؟

اور اس سلسلہ میں روایات مختلف ہیں کہ وبركاته پر اضافہ کرنا چاہئے یا نہیں؟ موطا مالک میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: انتهَى السلام إلى البركة: سلام ''برکت'' پر پورا ہوگیا۔ اور بیہقی نے شعب الایمان میں یہ روایت ذکر کی ہے کہ ایک آدمی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا، اس نے کہا: السلام علیکم ورحمة الله وبركاته ومغفرته: تو ابن عمرؓ نے فرمایا: حَسبُك وبركاته: یعنی صرف وبرکاتہ تک اضافہ کرنا چاہئے، یہی بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔

اور چند دوسری روایات سے اضافہ کا جواز ثابت ہوتا ہے، موطا مالک میں حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ انھوں نے سلام کے جواب میں والغاديات والرّائحات بڑھایا، اور امام بخاری رحمہ اللہ کی الأدب المفرد میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ سلام کے جواب میں اضافہ کیا کرتے تھے، چنانچہ ایک شخص آیا اور اس نے کہا: السلام علیکم: ابن عمرؓ نے جواب دیا: السلام علیکم ورحمة الله: پھر وہ شخص دوسری مرتبہ آیا، اور اس نے سلام میں وبركاته کا اضافہ کیا تو حضرت ابن عمرؓ نے جواب میں: وَطِيبُ صلاتِه کا اضافہ کیا، اور ارشادِ پاک ہے: ﴿فَحَيُّوْا بِأَحْسَنَ مِنْهَا﴾ یعنی جب تم کو کوئی سلام کرے تو تم اس سے اچھے الفاظ میں جواب دو، یا ویسے ہی الفاظ کہہ دو (النساء آیت ۸۶) اس آیت سے وبركاته پر اضافہ کا جواز ثابت ہوتا ہے، اور ابوداؤد میں ایک ضعیف حدیث ہے کہ سلام کرنے والے نے ومغفرته بڑھایا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''چالیس'' پھر فرمایا: وهكذا تكونُ الفضائلُ: اسی طرح ثواب بڑھتا رہتا ہے، اور ابن السُّنّی نے ورضوانه کے اضافہ کی بھی روایت ذکر کی ہے، پس فیصلہ کن بات یہ ہے کہ عام طور پر

وبرکاتہ تک ہی اضافہ کرنا چاہئے، لیکن اگر کوئی اور اضافہ کرے تو یہ بھی جائز ہے۔

[۲-] بابُ ما ذُكِرَ فِيْ فَضْلِ السَّلاَمِ

[۲٦٩٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالْحُسَيْنُ بنُ مُحمدٍ الجُرَيْرِيُّ الْبَلْخِيُّ، قَالاَ: نَا مُحمدُ بنُ كَثِيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بنِ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيِّ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِيْ رَجَاءٍ، عَنْ عِمْرَانَ بن حُصَيْنٍ: أَنَّ رَجُلاً جَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "عَشْرٌ"، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ : السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم "عِشْرُوْنَ"، ثُمَّ جَاءَ آخَرُ، فَقَالَ: السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "ثَلاَثُوْنَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، وَفِي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعَلِيٍّ، وَسَهْلِ بنِ حُنَيْفٍ.

بابُ ماجاء فی أَنَّ الِاسْتِئْذَانَ ثَلاَثٌ

اجازت تین مرتبہ طلب کی جائے

اسلامی طریقہ یہ ہے کہ جب کسی سے ملاقات کے لئے جائے تو پہلے سلام کرے اور اجازت مانگے، اگر کوئی جواب نہ ملے تو کچھ وقفہ کے بعد دوسری مرتبہ سلام کرے، اور اجازت طلب کرے، پھر بھی جواب نہ ملے تو کچھ وقفہ کے بعد تیسری مرتبہ یہ عمل کرے، پھر اگر تیسری مرتبہ میں بھی جواب نہ ملے تو واپس لوٹ جائے، اور یہ سمجھے کہ صاحبِ خانہ کسی ضروری کام میں مشغول ہے، یا کسی وجہ سے اس وقت ملنے کے موڈ میں نہیں، اس لئے لوٹ جائے، مزید پریشان نہ کرے۔

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اجازت طلب کی، انھوں نے کہا: السلام علیکم! أَأَدْخُلُ؟ اللہ آپ کو سلامت رکھے! کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ حضرت عمرؓ نے (دل میں) کہا: ''ایک مرتبہ'' یعنی یہ ایک مرتبہ اجازت طلب کی، مگر کسی وجہ سے اجازت نہیں دی، آپؓ کسی کام میں مشغول ہونگے، حضرت ابوموسیٰ اشعری تھوڑی دیر خاموش رہے، پھر کہا: السلام علیکم! أَأَدْخُلُ؟ حضرت عمرؓ نے (دل میں) کہا: ''دو مرتبہ'' پھر حضرت ابوموسیٰ تھوڑی دیر اور خاموش رہے، پھر کہا: السلام علیکم! أَأَدْخُلُ؟ حضرت عمرؓ نے کہا: ''تین مرتبہ'' پھر حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ لوٹ گئے (جب حضرت عمرؓ کام سے فارغ ہوئے) تو دربان سے پوچھا: ابوموسیٰؓ نے کیا کیا؟ یعنی تیسری مرتبہ کے بعد آواز نہیں آئی، کیا بات ہوئی؟ دربان نے کہا: وہ لوٹ گئے، حضرت عمرؓ نے فرمایا: ان کو بلا کر لاؤ، جب ابوموسیٰؓ حضرت عمرؓ کے پاس آئے تو

حضرت عمرؓ نے پوچھا: آپ نے یہ کیا کیا؟ یعنی تین مرتبہ اجازت طلب کرنے کے بعد آپ لوٹ کیوں گئے؟ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: میں نے سنت پر عمل کیا یا فرمایا: یہی سنت ہے (السنة پر دو اعراب پڑھ سکتے ہیں، مرفوع اور منصوب) حضرت عمرؓ نے فرمایا: السنةُ؟ کیا یہ اسلامی طریقہ ہے؟ یعنی تین مرتبہ اجازت طلب کرنے پر اجازت نہ ملے تو لوٹ جانا چاہئے، یہ شرعی مسئلہ ہے؟ آپ اس بات کی کوئی واضح دلیل لائیں، ورنہ میں آپ کو سزا دونگا! حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس ابوموسیٰؓ ہمارے پاس آئے، ہم چند انصاری بیٹھے ہوئے تھے، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا: او جماعتِ انصار! کیا تم نبی ﷺ کی حدیثوں کو دوسروں سے زیادہ جاننے والے نہیں ہو؟ کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کہ اجازت تین مرتبہ طلب کی جائے، پس اگر اجازت دی جائے تو فبہا، ورنہ لوٹ جائے؟ پس لوگ ابوموسیٰ اشعریؓ پر ہنسنے لگے (اور مسلم کی روایت میں ہے کہ ابوسعید خدریؓ نے کہا: تمہارا ایک مسلمان بھائی تمہارے پاس گھبرایا ہوا آیا ہے اور تم ہنس رہے ہو؟ اور امام نوویؒ کہتے ہیں: لوگ اس بات پر ہنسے تھے کہ حضرت عمرؓ کو یہ موٹا سا مسئلہ بھی معلوم نہیں تھا) حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں: پھر میں نے اپنا سر حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی طرف اٹھایا اور کہا: ما أَصابَكَ في هذا مِنَ الْعُقُوْبَةِ فَأَنَا شَرِيْكُك: آپ کو اس معاملہ میں جو سزا ملے گی، اس میں میں آپ کا ساجھی ہوں، کیونکہ میں بھی یہ مسئلہ جانتا ہوں، اور حضرت عمرؓ سے جا کر بیان کروں گا۔ راوی کہتا ہے: پس ابوسعید خدریؓ حضرت عمرؓ کے پاس آئے، اور ان کو یہ بات بتائی حضرت عمرؓ نے کہا: مجھے یہ بات معلوم نہیں تھی!

تشریح: یہاں ایک اشکال اور ایک سوال ہے:

اشکال: آگے حدیث آرہی ہے: حضرت عمرؓ نے فرمایا: اسْتَأْذَنْتُ علی رسول اللهِ صلی الله علیه وسلم ثَلَاثًا، فَأَذِنَ لِیْ: میں نے نبی ﷺ سے تین مرتبہ اجازت طلب کی، تو آپؐ نے مجھے اجازت دیدی، اس سے معلوم ہوا کہ اجازت تین ہی مرتبہ طلب کرنی چاہئے، پھر جب حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان پر اعتراض کیوں کیا؟ اور ان سے واضح دلیل کیوں طلب کی؟

جواب: دو باتیں الگ الگ ہیں: ایک: حضرت عمرؓ نے تین مرتبہ اجازت طلب کی تو ان کو اجازت مل گئی، دوسری بات: تیسری مرتبہ میں بھی اجازت نہ ملے تو لوٹ جانا چاہئے ...... ان میں سے پہلی بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ جانتے تھے، مگر دوسری بات ان کے علم میں نہیں تھی۔ یہ بات حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے ان سے بیان کی تھی، اس لئے حضرت عمرؓ نے اس کی تصدیق طلب کی تھی (اشکال کا یہ جواب امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب کے آخر میں دیا ہے، مگر اشکال و جواب کو ملا دیا ہے اس لئے عبارت پیچیدہ ہوگئی ہے)

سوال: حضرت عمرؓ کے انکار سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ خبر واحد معتبر نہیں، چنانچہ انھوں نے واضح دلیل مانگی کہ کوئی دوسرا شخص لاؤ جس نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہو، حالانکہ اخبار آحاد شریعت میں معتبر ہیں۔

جواب: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اس واقعہ کا اس مسئلہ سے کوئی تعلق نہیں، حضرت عمرؓ نے متعدد واقعات میں خبر واحد قبول کی ہے، جیسے شوہر کی دیت میں سے بیوی کو میراث دینے کا مسئلہ، اور مجوس سے جزیہ لینے کا مسئلہ، ان مسائل میں حضرت عمرؓ نے خبر واحد پر عمل کیا ہے، بلکہ اس واقعہ کا تعلق ''دین کے معاملہ میں احتیاط برتنے'' سے ہے، اگر کسی مسئلہ میں کسی وجہ سے تذبذب ہوتو دلائل کا تتبع کرنا چاہئے، مختلف کتابوں میں وہ مسئلہ دیکھنا چاہئے، جب چند کتابوں میں وہ مسئلہ مل جائے تو دل کو اطمینان نصیب ہوگا، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی اطمینان قلبی کے لئے احیائے موتی کے مشاہدہ کی درخواست کی تھی، چنانچہ جب حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے تائیدی بیان دیا تو حضرت عمرؓ نے تاسف سے کہا: میں بازار میں خرید وفروخت کرتا رہا اس لئے ان مسائل سے ناواقف رہا!

[۳-] بابُ ماجاء فی أَنَّ الإِسْتِئْذَانَ ثَلَاثٌ

[۲۶۹۱-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيْعٍ، نا عَبْدُ الأَعْلَى بنُ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِى نَضْرَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ أَبُوْ مُوْسَى عَلَى عُمَرَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ! أَأَدْخُلُ؟ فَقَالَ عُمَرُ: وَاحِدَةٌ، ثُمَّ سَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ! أَأَدْخُلُ؟ فَقَالَ عُمَرُ: ثِنْتَانِ، ثُمَّ سَكَتَ سَاعَةً، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ! أَأَدْخُلُ؟ فَقَالَ عُمَرُ: ثَلَاثٌ، ثُمَّ رَجَعَ، فَقَالَ عُمَرُ لِلْبَوَّابِ: مَا صَنَعَ؟ قَالَ: رَجَعَ، قَالَ: عَلَيَّ بِهِ، فَلَمَّا جَاءَ هُ، قَالَ: مَا هٰذَا الَّذِىْ صَنَعْتَ؟ قَالَ: السُّنَّةُ، قَالَ: آلسُّنَّةُ؟ وَاللّٰهِ! لَتَأْتِيَنِّىْ عَلَى هٰذَا بِبُرْهَانٍ وَبَيِّنَةٍ، أَوْ لَأَفْعَلَنَّ بِكَ! قَالَ: فَأَتَانَا، وَنَحْنُ رُفْقَةٌ مِنَ الأَنْصَارِ، فَقَالَ: يَامَعْشَرَ الأَنْصَارِ! أَلَسْتُمْ أَعْلَمَ النَّاسِ بِحَدِيْثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ أَلَمْ يَقُلْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الإِسْتِئْذَانُ ثَلَاثٌ، فَإِنْ أُذِنَ لَكَ، وَإِلَّا فَارْجِعْ؟" فَجَعَلَ الْقَوْمُ يُمَازِحُوْنَهُ، قَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: ثُمَّ رَفَعْتُ رَأْسِى إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: مَا أَصَابَكَ فِىْ هٰذَا مِنَ الْعُقُوْبَةِ فَأَنَا شَرِيْكُكَ، قَالَ: فَأَتَى عُمَرَ، فَأَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ، فَقَالَ عُمَرُ: مَا كُنْتُ عَلِمْتُ بِهٰذَا.

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَأُمِّ طَارِقٍ مَوْلَاةِ سَعْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْجُرَيْرِيُّ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بنُ إِيَّاسٍ، يُكْنَى أَبَا مَسْعُوْدٍ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا غَيْرُهُ أَيْضًا عَنْ أَبِى نَضْرَةَ، وَأَبُوْ نَضْرَةَ الْعَبْدِيُّ: اسْمُهُ الْمُنْذِرُ بنُ مَالِكِ بنِ قُطَعَةَ.

[۲۶۹۲-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نا عُمَرُ بنُ يُوْنُسَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ عَمَّارٍ، ثَنِىْ أَبُوْ زُمَيْلٍ، ثَنِى ابنُ عَبَّاسٍ، ثَنِىْ عُمَرُ بنُ الْخَطَّابِ قَالَ: اسْتَأْذَنْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثًا فَأَذِنَ لِىْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ زُمَيْلٍ: اسْمُهُ سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ، وَإِنَّمَا أَنْكَرَ عُمَرُ، عِنْدَنَا، عَلَى أَبِىْ

مُوْسَى حِيْنَ رَوَى أَنَّهُ قَالَ: " الِاسْتِئْذَانُ ثَلَاثٌ، فَإِنْ أُذِنَ لَكَ، وَإِلَّا فَارْجِعْ" وَقَدْ كَانَ عُمَرُ اسْتَأْذَنَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثًا، فَأَذِنَ لَهُ، وَلَمْ يَكُنْ عَلِمَ هٰذَا الَّذِىْ رَوَاهُ أَبُوْ مُوْسَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:" فَإِنْ أُذِنَ لَكَ، وَإِلَّا فَارْجِعْ"

وضاحت: جُریری کا نام سعید بن ایاس اور کنیت ابومسعود ہے۔ یہ راوی جریر بن عباد کی اولاد میں سے تھا، اس لئے جریری نسبت ہے۔

ترجمہ: اور حضرت عمرؓ نے ہمارے نزدیک انکار اسی وجہ سے کیا، ابوموسیٰ اشعریؓ پر، جب انھوں نے یہ حدیث روایت کی کہ الاستئذان ثلاثٌ، فإِنْ أُذِنَ لَك، وَإِلَّا فَارْجِعْ: حالانکہ خود حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے تین مرتبہ اجازت طلب کی تھی، پس ان کو اجازت دی گئی تھی، مگر وہ اس روایت کو نہیں جانتے تھے جو ابوموسیٰ اشعریؓ نے بیان کی کہ اگر تیسری مرتبہ میں بھی اجازت نہ ملے تو لوٹ جائے۔

بابٌ: كَيْفَ رَدُّ السَّلَامِ؟

سلام کا جواب کس طرح دینا چاہئے

قرآنِ کریم میں ہے کہ جس طرح سلام کیا جائے: اس سے بہتر طریقہ پر یا اسی طرح جواب دیا جائے (النساء ۸۶) پس السلام علیکم کے جواب میں وعلیکم السلام کہا جائے، تو یہ ویسا ہی جواب ہوا، اور اگر صرف وعلیکم یا وعلیك (واؤ کے ساتھ) کہا جائے تو یہ بھی کافی ہے، یہ بھی ویسا ہی جواب دینا ہوا۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص مسجد میں آیا، نبی ﷺ مسجد کے کونے میں تشریف فرما تھے، اس نے نماز پڑھی، پھر آیا، اور آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے فرمایا: وعليك! ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنك لم تُصَلِّ!: اور تجھ پر بھی سلامتی ہو، واپس جا اور نماز دوبارہ پڑھ، تو نے نماز نہیں پڑھی، یعنی تیری نماز نہیں ہوئی (یہ لمبی حدیث ہے اور پہلے تحفہ ۲: ۹۸ باب ۱۱۳ میں گذر چکی ہے)

[٤-] بابٌ: كَيْفَ رَدُّ السَّلَامِ؟

[٢٦٩٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ فِي نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَصَلَّى، ثُمَّ جَاءَ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَعَلَيْكَ، ارْجِعْ فَصَلِّ فَإِنَّكَ لَمْ تُصَلِّ" فَذَكَرَ الحديثَ بِطُوْلِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى يَحْيى بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ هٰذَا الحديثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، فَقَالَ: عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَحدِيْثُ يَحْيى بنِ سَعِيْدٍ أَصَحُّ.

بابٌ فى تَبْلِيْغِ السَّلَامِ

کسی سے سلام کہلوانا

جس طرح سلام کرنا مسنون ہے: سلام کہلوانا بھی مسنون ہے، اور جس طرح سلام کا جواب دینا ضروری ہے: آئے ہوئے سلام کا جواب دینا بھی ضروری ہے اور جواب میں سلام لانے والے کو بھی شریک کرنا چاہئے، کہنا چاہئے: علیك وعلیه السلام۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: حضرت جبرئیل علیہ السلام آپ کو سلام کہتے ہیں، حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: ان پر سلامتی ہو، اور اللہ کی مہربانی اور اللہ کی برکت!

تشریح: لوگوں میں ایک غلط طریقہ یہ رائج ہے کہ اگر ان سے کہا جائے: فلاں سے سلام کہنا تو پہلے وہی جواب دیدیتا ہے، پھر جس کو سلام کہلوایا ہے اس کو سلام پہنچاتا ہے، یہ غلط طریقہ ہے، جس کے ذریعہ سلام بھیجا جارہا ہے، اس کے ذمہ جواب نہیں، اس کے ذمہ صرف سلام پہنچانا ہے۔ پھر جب وہ سلام پہنچائے تو جس کو سلام پہنچایا ہے وہ جواب دے گا، اور وہ جواب میں سلام پہنچانے والے کو بھی شامل کرے گا۔

[٥-] بابٌ فى تَبْلِيْغِ السَّلَامِ

[٢٦٩٤-] حدثنا عَلِيُّ بنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ فُضَيْلٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ: أَنَّ عَائشةَ حَدَّثَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهَا: "إِنَّ جِبْرَئِيْلَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ" قَالَتْ: وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ!

وفى الباب: عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ نُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ أَيْضًا عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ.

بابٌ فى فَضْلِ الَّذِىْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ

سلام میں پہل کرنے کی فضیلت

سلام کرنا سنت ہے اور جواب دینا واجب ہے، مگر یہ وہ سنت ہے جس کا ثواب واجب سے زیادہ ہے، کیونکہ

ایک تو اس کوسلام کرنے کا ثواب ملتا ہے، دوسرا الدالُّ علی الخیر کفاعلہ کے ضابطے سے جواب دینے کا ثواب بھی اس کوملتا ہے، اس لئے اس کا ثواب دوگنا ہوجاتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: دو شخص ایک دوسرے سے ملیں تو ان میں سے سلام کی ابتداء کون کرے؟ آپؐ نے فرمایا: أَوْلاَهُمَا بِاللّٰهِ: پہل وہ کرے جو دونوں میں اللہ سے زیادہ قریب ہے، یعنی جو بندہ نیک ہوتا ہے وہ سلام میں پہل کرتا ہے، پس یہ سلام میں پہل کرنے کی فضیلت ہوئی۔ اس کی پہل اس کے نیک بندہ ہونے کی دلیل ہے، پس زہے نصیب!

[٦-] بابٌ فی فَضْلِ الَّذِیْ یَبْدَأُ بِالسَّلاَمِ

[٢٦٩٥-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نا قُرَّانُ بنُ تَمَّامٍ الأَسَدِیُّ، عَنْ أَبِیْ فَرْوَةَ الرَّهَاوِیِّ: یَزِیْدَ بنِ سِنَانٍ، عَنْ سُلَیْمِ بنِ عَامِرٍ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ قَالَ: قِیْلَ: یارسولَ اللّٰهِ! الرَّجُلاَنِ یَلْتَقِیَانِ: أَیُّهُمَا یَبْدَأُ بِالسَّلاَمِ؟ فَقَالَ: "أَوْلاَهُمَا بِاللّٰهِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، قَالَ محمدٌ: أَبُوْ فَرْوَةَ الرَّهَاوِیُّ مُقَارِبُ الْحَدِیْثِ، إِلاَّ أَنَّ ابْنَهُ محمدَ بنَ یَزِیْدَ رَوَی عَنْهُ مَنَاکِیْرَ.

وضاحت: اس حدیث کا راوی ابوفروہ رہاوی مقارب الحدیث ہے، یعنی وہ اپنی حدیثوں کو صحیح حدیثوں سے قریب کرنے والا ہے، یہ ادنی درجہ کی توثیق ہے، البتہ اس کا لڑکا محمد: اپنے ابا سے نہایت ضعیف حدیثیں روایت کرتا ہے، مگر یہاں سند میں اس کا ذکر نہیں۔

بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ إِشَارَةِ الْیَدِ فِی السَّلاَمِ

ہاتھ کے اشارے سے سلام کرنے کی ممانعت

سلام میں کلماتِ سلام کا تلفظ ضروری ہے، اسی طرح جواب میں بھی کلماتِ جواب کا تلفظ ضروری ہے، نیز سلام سنانا بھی ضروری ہے، اور جواب سنانا بھی ضروری ہے۔ پس اگر کوئی صرف اشارے سے سلام کرے، اور کلماتِ سلام منہ سے نہ بولے، تو یہ سلام نہیں، اسی طرح جواب میں صرف ہاتھ سے اشارہ کردینا اور منہ سے کلمات جواب ادا نہ کرنا کافی نہیں، اس سے واجب ادا نہ ہوگا، ہاں اگر وہ شخص دور ہو جس کو سلام کرنا ہے یا جواب دینا ہے، پس کلمات سلام وجواب کے تلفظ کے ساتھ اشارہ بھی کیا تو یہ درست ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَیْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَیْرِنَا: ہم میں سے نہیں وہ شخص جو ہمارے علاوہ کے ساتھ

مشابہت اختیار کرتا ہے۔ لَاتَشَبَّهُوْا باليهود ولابالنصارى: نہ یہود کے ساتھ مشابہت اختیار کرو نہ نصاری کے ساتھ، فإِنَّ تسليم اليَهُوْدِ الإِشَارَةُ بالأَصَابِعِ: پس یہود کے سلام کا طریقہ انگلیوں سے اشارہ کرنا ہے، وتسليمَ النصارى الإِشَارَةُ بِالأَكُفِّ: اور عیسائیوں کے سلام کا طریقہ ہتھیلیوں سے اشارہ کرنا ہے (پس ان کا طریقہ اختیار مت کرو، بلکہ اسلامی طریقہ پر سلام کرو، اور وہ زبان سے سلام کرنا اور جواب دینا ہے، پس بے ضرورت اس کے ساتھ ہاتھ کا اشارہ نہ ملایا جائے (یہ حدیث ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے)

[٧-] بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ إِشَارَةِ الْيَدِ فِی السَّلَامِ

[٢٦٩٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا، لاتَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارَى، فَإِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الإِشَارَةُ بِالأَصَابِعِ، وَتَسْلِيْمَ النَّصَارَى الإِشَارَةُ بِالأَكُفِّ"

هٰذَا حديثٌ إِسْنَادُهُ ضَعِيْفٌ، وَرَوَى ابنُ الْمُبَارَكِ هٰذَا الحديثَ عَنْ ابنِ لَهِيْعَةَ فَلَمْ يَرْفَعْهُ.

بابُ ماجاء فی التَّسْلِيْمِ عَلَى الصِّبْيَانِ

بچوں کو سلام کرنے کا بیان

بچے مستقبل کی امت ہیں، کل ہم نہیں رہیں گے اور وہ ہماری جگہ لیں گے، اس لئے بچوں کی تعلیم وتربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہئے، پس جس طرح بچوں کو تمرین کے لئے نماز پڑھوائی جاتی ہے، اور روزہ رکھوایا جاتا ہے، اسی طرح ان کو سلام بھی کیا جائے، تاکہ وہ سلام کرنا اور جواب دینا سیکھیں، علاوہ ازیں بڑوں کا چھوٹوں کو سلام کرنا تواضع کی دلیل ہے۔

حدیث: سیّار ابوالحکم عَنَزِی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں ثابت بنانی کے ساتھ چل رہا تھا، وہ چند بچوں کے پاس سے گذرے، پس ان کو سلام کیا، اور کہا کہ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ چل رہا تھا، وہ چند بچوں کے پاس سے گذرے تو ان کو سلام کیا، اور کہا: میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، آپ چند بچوں کے پاس سے گذرے تو ان کو سلام کیا۔

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور نسائی کی روایت میں ہے کہ نبی ﷺ انصار کی زیارت کے لئے جاتے تھے، پس ان کے بچوں کو سلام کرتے تھے، اور ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے تھے، اور ان کے لئے دعا کرتے تھے، پس سمجھدار بچوں کو سلام کرنا چاہئے اور ان کے سلام کا جواب بھی دینا چاہئے۔

[۸-] بابُ ماجاء في التَّسْلِيْمِ عَلَى الصِّبْيَانِ

[۲٦۹۷-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بنُ يَحْيىَ الْبَصْرِيُّ، نا أَبُوْ عَتَّابٍ سَهْلُ بنُ حَمَّادٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَيَّارٍ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، فَمَرَّ عَلَى صِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ ثَابِتٌ: كُنْتُ مَعَ أَنَسٍ، فَمَرَّ عَلَى صِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، وَقَالَ أَنَسٌ: كُنْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَمَرَّ عَلَى صِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ ثَابِتٍ، وَرُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء في التَّسْلِيْمِ عَلَى النِّسَاءِ

عورتوں کوسلام کرنے کا بیان

جس طرح مردوں کے لئے ضروری ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کوسلام کریں، اور سلام کوخوب رواج دیں، اسی طرح عورتوں کے لئے بھی یہ بات ضروری ہے، ان کوبھی چاہئے کہ آپس میں ایک دوسرے کوخوب سلام کریں، رہا مردوں کا عورتوں کو، اور عورتوں کا مردوں کوسلام کرنا تو یہ دوصورتوں میں جائز ہے:

ایک: مردوزن محرم ہوں یا میاں بیوی ہوں، یا عورت بہت بوڑھی ہو، یا چھوٹی بچی ہوتو ایک دوسرے کوسلام کرنا جائز ہے۔

دوم: عورت اجنبی ہو، مگراس کوسلام کرنے میں، یا اس کے سلام کرنے میں کوئی تہمت کا اندیشہ نہ ہو، مثلاً: عورتوں کا مجمع ہواوران کوکوئی مردسلام کرے، یا محرم کی موجودگی میں اجنبی عورت کوسلام کرے، یا کوئی عورت مردوں کے مجمع کوسلام کرے تو یہ جائز ہے، کیونکہ ان صورتوں میں فساد کا کوئی اندیشہ نہیں۔

بخاری شریف میں حدیث ہے: صحابہ اس بڑھیا کوسلام کیا کرتے تھے جو ہر جمعہ کوان کی دعوت کیا کرتی تھی، نیز ابھی حدیث گذری ہے کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نبی ﷺ کے ذریعے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کوسلام کہلوایا ہے، اس لئے امام نوویؒ لکھتے ہیں: ''اگر عورتوں کی جماعت ہوتو مرد ان کوسلام کرسکتا ہے، اور اگر عورت ایک ہوتو اس کو عورتیں، اس کا شوہر، اس کا آقا اور اس کا محرم سلام کرسکتا ہے، خواہ عورت خوبصورت ہو یا نہ ہو، رہا اجنبی شخص تو اگر عورت ایسی بڑھیا ہو جو چاہی نہ جاتی ہو تو اس کوسلام کرنا مستحب ہے، اور وہ بھی مرد کوسلام کرسکتی ہے، اور جو بھی ایک دوسرے کوسلام کرے اس کا جواب دینا ضروری ہے، اور اگر عورت جوان ہو، یا ایسی بوڑھی ہو جسے چاہا

جاتا ہوتو اس کو اجنبی شخص سلام نہیں کرے گا، اور نہ وہ اجنبی شخص کو سلام کرے گی، اور ان میں سے جو بھی ایک دوسرے کو سلام کرے وہ جواب کا مستحق نہیں، بلکہ اس کو جواب دینا مکروہ ہے'' (نووی شرح مسلم شریف)

حدیث: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ ایک دن مسجد میں سے گذرے، اور عورتوں کی ایک جماعت بیٹھی ہوئی تھی، آپؐ نے اپنے ہاتھ سے سلام کا اشارہ کیا، یعنی زبان سے بھی سلام کیا اور ہاتھ سے بھی اشارہ کیا، اور حدیث کے راوی عبدالحمید نے ہاتھ سے اشارہ کر کے طلبہ کو سمجھایا۔

سند کا حال: یہ حدیث حسن ہے، امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عبدالحمید کی شہر بن حوشب سے روایتیں ٹھیک ہوتی ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شہر بن حوشب کی حدیثیں اچھی ہوتی ہیں، اور امام بخاریؒ نے شہر بن حوشب کے معاملہ کو قوی کیا، یعنی ان کی توثیق کی، اور امام بخاریؒ نے فرمایا: شہر بن حوشب پر صرف عبداللہ بن عون ابو عون بصری نے کلام کیا ہے، یعنی جرح کی ہے۔ پھر وہ ہلال بن ابی زینب سے روایت کرتے ہیں جب کہ بقول امام احمدؒ یہ راوی متروک ہے، یعنی ابن عون بارش سے بھاگے اور پرنالے کے نیچے کھڑے ہوگئے! ابن عون نے شہر بن حوشب کے بارے میں فرمایا ہے: إِنَّ شَهْرًا نَزَكُوْهُ: یعنی لوگوں نے شہر بن حوشب پر طعن کیا ہے، نیزک: فارسی لفظ ہے، اس کے معنی ہیں: چھوٹا نیزہ، اس کو عربی بنا کر تصریف کی ہے۔ غرض صحیح لفظ یہی ہے، اور جس نے تر کوہ پڑھا ہے وہ تصحیف ہے، کیونکہ اس صورت میں تفسیر کی ضرورت نہیں رہتی، ابن عونؒ کا یہ قول امام مسلمؒ نے بھی اپنی صحیح کے مقدمہ میں بھی ذکر کیا ہے۔

[۹-] بابُ ماجاء فی التَّسْلِيْمِ عَلَى النِّسَاءِ

[۲۶۹۸-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بنُ بَهْرَامٍ، أَنَّهُ سَمِعَ شَهْرَ بنَ حَوْشَبٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَسْمَاءَ بِنْتَ يَزِيْدَ، تُحَدِّثُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ فِي الْمَسْجِدِ يَوْمًا، وَعُصْبَةٌ مِنَ النِّسَاءِ قُعُوْدٌ، فَأَلْوَى بِيَدِهِ بِالتَّسْلِيْمِ، وَأَشَارَ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بِيَدِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: لَابَأْسَ بِحَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بنِ بِهْرَامٍ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ، وَقَالَ مُحمدٌ: شَهْرٌ حَسَنُ الحَدِيْثِ، وَقَوَّى أَمْرَهُ، وَقَالَ: إِنَّمَا تَكَلَّمَ فِيْهِ ابنُ عَوْنٍ، ثُمَّ رَوَى عَنْ هِلَالِ بْنِ أَبِى زَيْنَبَ، عَنْ شَهْرِ بنِ حَوْشَبٍ.

حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا النَّضْرُ بنُ شُمَيْلٍ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، قَالَ: إِنَّ شَهْرًا نزَكُوْهُ، قَالَ أَبُوْ دَاوُدَ: قَالَ النَّضْرُ: نَزَكُوْهُ أَىْ طَعَنُوْا فِيْهِ.

بابُ ماجاء في التَّسْلِيْمِ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ

جب اپنے گھر میں داخل ہوتو سلام کرے

اگر گھر میں کوئی ہے تو اس کو سلام کرے، اور اگر گھر خالی ہے تو کہے: السلامُ علی عباد اللهِ الصالحین: اللہ کے نیک بندوں پر سلام! میرے استاذ شیخ محمود مصری قدس سرہ جب نماز پڑھ کر اپنے کمرے میں آتے تھے تو دروازہ کھول کر اس طرح سلام کرتے تھے، پھر کمرے میں داخل ہوتے تھے، وہ اپنے کمرے میں اکیلے رہتے تھے، ان کے کمرے میں اور کوئی نہیں ہوتا تھا۔ غرض کمرے میں جو ملائکہ اور جنات ہونگے ان کو یہ سلام پہنچے گا، اور وہ خوش ہونگے۔

اور گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنے کا ذکر سورۃ النور (آیت ٦١) میں ہے: ﴿فَإِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلَى أَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبَارَكَةً طَيِّبَةً﴾: جب تم اپنے گھروں میں داخل ہوؤ تو اپنے لوگوں کو سلام کرو جو دعا کے طور پر اللہ کی طرف سے مقرر ہے، اور برکت والی عمدہ چیز ہے، پس آئندہ حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیونکہ یہ مسئلہ قرآن کریم میں ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پیارے بچے! جب تو اپنے گھر والوں کے پاس جائے تو سلام کر، یہ سلام تیرے لئے اور تیرے گھر والوں کے لئے باعث برکت ہے (اس حدیث کی سند میں علی بن زید بن جُدعان ہے جو ضعیف راوی ہے، مگر امام ترمذیؒ اس راوی سے خوش ہیں، اس لئے حدیث کی نہ صرف تحسین کی، بلکہ تصحیح بھی کر ڈالی)

[١٠-] بابُ ماجاء في التَّسْلِيْمِ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ

[٢٦٩٩-] حدثنا أَبُوْحَاتِمٍ الأَنْصَارِيُّ الْبَصْرِيُّ: مُسْلِمُ بْنُ حَاتِمٍ، نَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَابُنَيَّ! إِذَا دَخَلْتَ عَلَى أَهْلِكَ فَسَلِّمْ، تَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَعَلَى أَهْلِ بَيْتِكَ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ السَّلَامِ قَبْلَ الْكَلَامِ

گفتگو سے پہلے سلام

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: السلامُ قَبْلَ الْكَلَامِ: بات چیت سے پہلے سلام ہے، اور اسی سند سے یہ حدیث بھی

مروی ہے کہ لَاتَدْعُوْا أَحَدًا إِلَى الطعامِ حَتَّى يُسَلِّمَ: کسی کو کھانے پر مدعو نہ کرو، جب تک وہ سلام نہ کرے (کیونکہ سلام: اسلام کا شعار ہے، پس جب تک وہ اس کا اظہار نہ کرے، اس کا اکرام مت کرو، اور اس کو کھانے پر مت بلاؤ)

تشریح: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، اس کا راوی عنبسہ اُموی متروک ہے، ابو حاتم نے اس کو حدیثیں گڑھنے کے ساتھ متہم کیا ہے، اور اس کا استاذ محمد بن زاذان مدنی متروک ہے، اور امام ترمذیؒ نہایت ضعیف حدیث کو منکر کہتے ہیں، اور ابن جوزی نے اس حدیث کو موضوع قرار دیا ہے۔

[۱۱-] بابُ السَّلَامِ قَبْلَ الْكَلَامِ

[۲۷۰۰-] حدثنا الفَضْلُ بنُ الصَّبَّاحِ، نَا سَعِيْدُ بنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عَنْبَسَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحمدِ بنِ زَاذَانَ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "السَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ" وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَاتَدْعُوْا أَحَدًا إِلَى الطَّعَامِ حَتَّى يُسَلِّمَ"

هٰذَا حديثٌ مُنْكَرٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، سَمِعْتُ مُحمداً يَقُوْلُ: عَنْبَسَةُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ، ذَاهِبٌ، وَمُحمدُ بنُ زَاذَانَ مُنْكَرُ الحديثِ.

بابُ ماجاءَ في كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلَى الذِّمِّيِّ

ذمی (غیر مسلم) کو سلام کرنا مکروہ ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: یہود و نصاری کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو، پھر جب ان میں سے کوئی تم سے راستہ میں ملاقات کرے تو اس کو تنگ راستہ کی طرف ہٹنے پر مجبور کرو، یعنی خود نہ ہٹو، بلکہ اس کو دائیں بائیں ہٹنے پر مجبور کرو۔

تشریح: یہ حدیث اسی سند سے أبواب السِّيَر باب۴۰ باب ماجاء فی التسليم على أهل الكتاب (تحفہ ۴: ۵۳۶) میں گذر چکی ہے، اور وہاں اس کی شرح کی گئی ہے کہ یہ دونوں حکم یعنی یہود و نصاری کو سلام کرنے میں پہل نہ کرنا، اور آمنا سامنا ہونے کی صورت میں ان کو دائیں بائیں ہٹنے پر مجبور کرنا: یہ دونوں حکم آپؐ نے مسلمانوں کے احساس کمتری کو ختم کرنے کے لئے دیئے تھے، تفصیل وہاں دیکھ لی جائے، پس اس حدیث سے یہ استدلال کرنا کہ غیر مسلم کو سلام کرنا مکروہ ہے، غالباً صحیح نہیں، پس مجبوری ہو مثلاً: غیر مسلم حاکم ہو تو اس کو سلام کیا جاسکتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: یہودیوں کی ایک جماعت نبی ﷺ کے پاس آئی، اور

انھوں نے کہا: السَّامُ عليك: تجھ پر موت واقع ہو، نبی ﷺ نے جواب دیا: عليكم: تم مرو، میں کیوں مروں! حضرت عائشہؓ نے کہا: عليكم السَّامُ واللعنة: تم مرو اور تم پر اللہ کی پھٹکار ہو، نبی ﷺ نے فرمایا: يا عائشة! إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فى الأَمْرِ كُلِّه: اے عائشہ! اللہ ہر معاملہ میں نرمی کو پسند کرتے ہیں، یعنی تم نے سخت جواب دیا، یہ اللہ کو پسند نہیں، حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: آپؐ نے وہ بات نہیں سنی جو انھوں نے کہی؟ نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے جواب میں عليكم کہہ دیا، یعنی ان کی بددعا انہی پر لوٹادی، پس جواب ترکی بہ ترکی ہوگیا۔

ملحوظہ: ایسی صورت میں واؤ کے بغیر عليك کہیں گے پس بددعا قائل پر لوٹ جائے گی، اور اگر واؤ بڑھائیں گے تو معنی بگڑ جائیں گے۔ اس صورت میں قائل بھی بددعا میں شریک ہوگا، اس لئے ایسی صورت میں واؤ کے بغیر جواب دیا جائے۔

[۱۲-] بابُ ماجاءَ فى كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلَى الذِّمِّيِّ

[۲۷۰۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لاَ تَبْدَأُوْا اليَهُوْدَ وَالنَّصارَى بِالسَّلاَمِ، فَإِذَا لَقِيْتُمْ أَحَدَهُمْ فِىْ طَرِيْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ إِلَى أَضْيَقِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۰۲-] حدثنا سَعِيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِىُّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنَّ رَهْطًا مِنَ اليَهُوْدِ دَخَلُوْا عَلَى النبىِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: السَّامُ عَلَيْكَ، فَقَالَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم: " عَلَيْكُمْ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ! فَقَالَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم: " يَا عَائِشَةُ! إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِىْ الأَمْرِ كُلِّهِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: أَلَمْ تَسْمَعْ مَاقَالُوْا؟ قَالَ: " قَدْ قُلْتُ: عَلَيْكُمْ"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ بَصْرَةَ الْغِفَارِىِّ، وَابْنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ، وَأَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُهَنِىِّ، حَدِيْثُ عَائِشَةَ حَدِيْثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فى السَّلاَمِ عَلَى مَجْلِسٍ فِيْهِ الْمُسْلِمُوْنَ وَغَيْرُهُمْ

ایسے مجمع کو سلام کرنا جس میں مسلم اور غیر مسلم ہوں

حدیث: نبی ﷺ ایک ایسی مجلس کے پاس سے گذرے جس میں مسلمان اور یہودی ملے جلے تھے، آپؐ نے ان کو سلام کیا۔

تشریح: علماء نے لکھا ہے: ایسی صورت میں مسلمانوں کی نیت سے سلام کرے، اور اگر غیر مسلم کو سلام کرے تو

محافظ فرشتوں کی نیت سے سلام کرے (أَخْلَاطٌ: خِلْط کی جمع: ہر وہ چیز جو دوسری چیز سے ملے، ملی جلی چیز، مخلوط)

[۱۳-] بابُ ماجاء فی السَّلَامِ عَلَی مَجْلِسٍ فِیْهِ الْمُسْلِمُوْنَ وَغَیْرُهُمْ

[۲۷۰۳-] حدثنا یَحْیىَ بنُ مُوْسَی، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، أَنَّ أُسَامَةَ بنَ زَیْدٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِیْهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ وَالْیَهُوْدِ، فَسَلَّمَ عَلَیْهِمْ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاء فی تَسْلِیْمِ الرَّاکِبِ عَلَی الْمَاشِیْ

سوار کا پیدل کو سلام کرنا

سلام کرنے میں پہل کون کرے؟ اس سلسلہ کی روایات میں تعارض ہے، مثلاً فرمایا: چھوٹی عمر والا بڑی عمر والے کو سلام کرے، دوسری طرف یہ ہے کہ آپ خود بچوں کو سلام کرتے تھے، چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے اس تعارض کا جواب یہ دیا ہے:

دنیا کا عام دستور یہ ہے کہ گھر میں آنے والا گھر والوں کو سلام کرتا ہے، اور ادنی آدمی بڑے کو سلام کرتا ہے۔ نبی ﷺ نے اس رواج کو بحالہ باقی رکھا، چنانچہ چھوٹوں کو حکم دیا کہ بڑوں کو سلام کریں، اور گذرنے والے کو — جو گھر میں آنے والے کے مشابہ ہے — حکم دیا کہ وہ بیٹھے ہوؤں کو سلام کرے، اور تھوڑوں کو — جو تھوڑے ہونے کی وجہ سے ادنی ہیں — حکم دیا کہ وہ زیادہ کو سلام کریں۔

نیز اس میں یہ حکمت بھی ہے کہ اگر آدمی اپنے بڑے اور اشرف کی قدر پہچانے گا، اس کی توقیر کرے گا، اور بڑھ کر اس کو سلام کرے گا تو اس سے سوسائٹی کی شیرازہ بندی ہوگی، اور لوگ باہم مربوط ہونگے، ورنہ بڑوں کا چھوٹوں سے رشتہ ٹوٹ جائے گا، چنانچہ حدیث میں فرمایا کہ جو ہمارے چھوٹوں پر مہربانی نہیں کرتا، اور ہمارے بڑوں کا حق نہیں پہچانتا، وہ ہم میں سے نہیں! (ابوداؤد حدیث ۴۹۴۳)

البتہ نبی ﷺ جانتے تھے کہ سلام لینے میں ایک طرح کی خود پسندی ہے، چھوٹا جب بڑے کو سلام کرتا ہے تو اس کو فخر محسوس ہوتا ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے اپنے فعل سے بڑوں کو تواضع اور خاکساری کی تعلیم دی کہ ان کو سلام کرنے میں پہل کرنی چاہئے، کیونکہ بڑھ کر سلام کرنے والا تکبر سے پاک ہوتا ہے (مشکوۃ حدیث ۴۶۶۶) اور سوار کو جو حکم دیا ہے کہ وہ پیادے کو سلام کرے: اس میں خصوصیت سے یہ بات ملحوظ ہے، کیونکہ سوار لوگوں کے نزدیک بڑی اہمیت والا سمجھا جاتا ہے، اور وہ بھی خود کو بڑا سمجھتا ہے، اس لئے اس کو تاکید کی کہ وہ اپنے اندر تواضع پیدا کرے، اور پیادے

کوسلام کرے۔

خلاصہ جواب: یہ ہے کہ اصل حکم تو یہ ہے کہ چھوٹے بڑوں کوسلام کریں، مگر ایک دوسری مصلحت سے بڑوں کو تلقین کی کہ وہ بھی چھوٹوں کوسلام کریں، تاکہ ان میں تواضع اور خاکساری پیدا ہو (رحمۃ اللہ ۵:۵۴۶)

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: سوار پیدل چلنے والے کوسلام کرے، اور پیدل چلنے والا بیٹھے ہوؤں کوسلام کرے، اور تھوڑے زیادہ کوسلام کریں، اور امام ترمذی کے استاذ محمد بن المثنی کی روایت میں یہ بھی ہے کہ چھوٹا بڑے کوسلام کرے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: گھوڑسوار پیدل چلنے والے کوسلام کرے، اور پیدل چلنے والا کھڑے ہوئے کوسلام کرے، اور تھوڑے زیادہ کوسلام کریں۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: چھوٹا بڑے کوسلام کرے، اور گذرنے والا بیٹھے ہوؤں کوسلام کرے، اور تھوڑے زیادہ کوسلام کریں۔

تشریح: سلام کرنے میں پہل کون کرے؟ اس سلسلہ میں بنیادی ضابطہ یہ ہے کہ چھوٹا بڑے کو اور کم تر بہتر کوسلام کرے، یہی فطری طریقہ ہے، مگر کہیں نبی ﷺ نے بہتر کوسلام میں پہل کرنے کا حکم دیا تاکہ اس میں خاکساری پیدا ہو، یہ حضرت شاہ صاحبؒ کی بات کا خلاصہ ہے، اس کی روشنی میں حدیثوں کو سمجھنا چاہئے۔

[۱۴-] بابُ ماجاء فی تَسْلِیْمِ الرَّاکِبِ عَلَی الْمَاشِیْ

[۲۷۰۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّی، وَإِبْرَاهِیْمُ بنُ یَعْقُوْبَ، قَالاَ: نَا رَوْحُ بنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَبِیْبِ بنِ الشَّهِیْدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" یُسَلِّمُ الرَّاکِبُ عَلَی الْمَاشِیْ، وَالْمَاشِیْ عَلَی الْقَاعِدِ، وَالْقَلِیْلُ عَلَی الْکَثِیْرِ" وَزَادَ ابنُ الْمُثَنَّی فِیْ حَدِیْثِهِ: "وَیُسَلِّمُ الصَّغِیْرُ عَلَی الْکَبِیْرِ"

وفی الباب: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ شِبْلٍ، وَفَضَالَةَ بنِ عُبَیْدٍ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حدیثٌ قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِیْ هریرةَ، وَقَالَ أَیُّوْبُ السَّخْتِیَانِیُّ، وَیُوْنُسُ بنُ عُبَیْدٍ، وَعَلِیُّ بنُ زَیْدٍ: أَنَّ الْحَسَنَ لَمْ یَسْمَعْ مِنْ أَبِیْ هریرةَ.

[۲۷۰۵-] حدثنا سُوَیْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا حَیْوَةُ بنُ شُرَیْحٍ، أَخْبَرَنِیْ أَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِیُّ، عَنْ أَبِیْ عَلِیٍّ الْجَنْبِیِّ، عَنْ فَضَالَةَ بنِ عُبَیْدٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" یُسَلِّمُ الْفَارِسُ عَلَی الْمَاشِیْ، وَالْمَاشِیْ عَلَی الْقَائِمِ، وَالْقَلِیْلُ عَلَی الْکَثِیْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَلِيٍّ الْجَنْبِيُّ: اسْمُهُ عَمْرُو بنُ مَالِكٍ.

[۲۷۰۶-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِی هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیه وسلم: "يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: ایوب سختیانی، یونس اور علی بن زید کہتے ہیں: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے لقاء اور سماع نہیں، پس باب کی پہلی روایت منقطع ہے۔

بابُ التَّسْلِيْمِ عِنْدَ الْقِيَامِ وَالْقُعُوْدِ

آتے وقت اور جاتے وقت سلام کرنا

جس طرح آتے وقت سلام کرنا مسنون ہے، جاتے وقت بھی سلام کرنا مسنون ہے، جیسے ملاقات کے وقت مصافحہ کرنا مسنون ہے، اسی طرح رخصت کے وقت بھی مصافحہ کرنا مسنون ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص کسی مجلس میں پہنچے تو چاہئے کہ سلام کرے، پس اگر اس کی بیٹھنے کی رائے ہو تو بیٹھے، پھر جب وہ اٹھے تو چاہئے کہ سلام کرے، کیونکہ پہلا سلام پچھلے سلام سے زیادہ حق دار نہیں، یعنی جو اہمیت پہلے سلام کی ہے وہی اہمیت جاتے وقت سلام کرنے کی ہے۔

تشریح: سلام رخصت میں تین مصلحتیں ہیں:

پہلی مصلحت: سلام کر کے جانے سے: ناراض ہو کر ناگواری سے چل دینے، اور کسی ضرورت کے لئے جانے اور پھر ایسی ہی صحبت کی طرف لوٹنے کے درمیان امتیاز ہوتا ہے، اگر سلام کر کے گیا ہے تو خوش گیا ہے، ورنہ دوسری بات کا اندیشہ ہے۔

دوسری مصلحت: سلام کر کے رخصت ہوگا تو صاحب مجلس کو اس سے کوئی بات کہنی ہوگی تو کہہ سکے گا، اور چپکے سے چلا گیا تو بات رہ جائے گی۔

تیسری مصلحت: ایک جانا کھسک جانا ہے، جس کی سورۃ النور آیت ۶۳ میں مذمت آئی ہے، پس جو سلام کر کے جائے گا وہ اس عیب سے محفوظ رہے گا (رحمۃ اللہ ۵:۵۴۹)

[۱۵-] بابُ التَّسْلِيْمِ عِنْدَ الْقِيَامِ وَالْقُعُوْدِ

[۲۷۰۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِی هريرةَ، أَنَّ رسولَ

اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا انْتَهى أَحَدُكُمْ إِلَى مَجْلِسٍ فَلْيُسَلِّمْ، فَإِنَّ بَدَالَهُ أَنْ يَجْلِسَ فَلْيَجْلِسْ، ثُمَّ إِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ، فَلَيْسَتِ الْأُوْلَى بِأَحَقَّ مِنَ الآخِرَةِ "

هٰذا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ ابنِ عَجْلَانَ أَيْضًا عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ الاِسْتِئْذَانِ قُبَالَةَ الْبَيْتِ

گھر کے سامنے کھڑے ہوکرا جازت طلب کرنا

امام ترمذی رحمہ اللہ کا یہ باب غیر واضح ہے، درحقیقت امام صاحب کو یہ مسئلہ بیان کرنا ہے کہ دروازے کے سامنے کھڑے ہوکر اجازت طلب نہیں کرنی چاہئے، بلکہ دروازے کی دائیں بائیں جانب کھڑے ہوکر اجازت طلب کرنی چاہئے، مسند احمد میں حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب کسی دروازے پر پہنچ کر اجازت طلب کرتے تو سامنے کھڑے نہیں ہوتے تھے، پس اگر دروازے پر کواڑ یا پردہ نہ ہو، یا دروازہ بند نہ ہوتو اجازت لینے والے کو ایک طرف کھڑے ہوکر اجازت مانگنی چاہئے، تاکہ اجازت سے پہلے گھر میں نظر نہ پڑے، اور اگر دروازہ بند ہوتو سامنے کھڑے ہوکر بھی اجازت مانگ سکتے ہیں، البتہ دروازے کی دَرزوں (سوراخوں) سے جھانکنا نہیں چاہئے، ورنہ اجازت طلبی بے فائدہ ہوگی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱- جس نے پردہ اٹھایا، پس اپنی نظر گھر میں داخل کی، اس کو اجازت دیئے جانے سے پہلے، پس اس نے گھر والے کا ستر دیکھ لیا تو وہ ایک ایسی حد پر پہنچا کہ اس کے لئے جائز نہیں تھا کہ وہ اس حد پر پہنچتا۔

۲- اور اگر یہ بات ہو کہ جب اس نے اپنی نظر گھر میں داخل کی تو کوئی شخص اس کے سامنے آ گیا۔ پس اس نے اس کی دونوں آنکھیں پھوڑ دیں، تو میں اس کو موردالزام قرار نہیں دوں گا۔

۳- اور اگر کوئی شخص ایسے دروازہ پر گذرا جس پر نہ پردہ ہے، نہ وہ بند ہے، پس بے اختیار اس کی نظر اندر چلی گئی، تو اس پر کوئی گناہ نہیں، گناہ گھر والوں پر ہے (کہ انھوں نے پردہ کیوں نہیں چھوڑا، یا دروازہ کیوں نہیں بھیڑا)

لغت: عَیَّرَہ: کسی کو برے فعل پر شرم دلانا، طعنہ دینا، کسی کے فعل یا حال کو قابل مذمت قرار دینا، عیب لگانا۔

[۱۶-] بابُ الاِسْتِئْذَانِ قُبَالَةَ الْبَيْتِ

[۲۷۰۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِّيِّ،

عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم:
[۱-] مَنْ كَشَفَ سِتْرًا، فَأَدْخَلَ بَصَرَهُ فِي الْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ يُؤْذَنَ لَهُ، فَرَأَى عَوْرَةَ أَهْلِهِ، فَقَدْ أَتَى حَدًّا لَايَحِلُّ لَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ.
[۲-] وَلَوْ أَنَّهُ حِيْنَ أَدْخَلَ بَصَرَهُ اسْتَقْبَلَهُ رَجُلٌ، فَفَقَأَ عَيْنَيْهِ مَا عَيَّرْتُ عَلَيْهِ.
[۳-] وَإِنْ مَرَّ رَجُلٌ عَلَى بَابٍ لَاسِتْرَ لَهُ، غَيْرَ مُغْلَقٍ، فَنَظَرَ فَلَا خَطِيْئَةَ عَلَيْهِ، إِنَّمَا الْخَطِيْئَةُ عَلَى أَهْلِ الْبَيْتِ.
وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وَأَبِیْ أُمَامَةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابنِ أَبِیْ لَهِيْعَةَ، وَأَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِّیُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ.

بابُ مَنِ اطَّلَعَ فِیْ دَارِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ

اجازت کے بغیر کسی کے گھر میں جھانکنا

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ اپنے گھر میں تھے، ایک شخص نے آپ کو جھانک کر دیکھا، آپؐ نے چوڑے پھل کے نیزہ سے اس (کو مارنے) کا قصد کیا۔ وہ شخص پیچھے ہٹ گیا (اور بچ گیا، اور بخاری کی روایت میں ہے: آپؐ کے کمروں میں سے کسی کمرے میں ایک شخص نے جھانکا، آپؐ چوڑے پھل کا نیزہ لے کر اٹھے تاکہ اس کو بے خبری میں دھرلیں)

حدیث (۲): حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کے کسی کمرے میں سوراخ سے جھانکا، آپؐ کے ہاتھ میں کنگھا تھا، جس سے آپؐ سر کھجلا رہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكَ تَنْظُرُ: لَطَعَنْتُكَ بها فی عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ: اگر میں جانتا کہ تو دیکھ رہا ہے تو میں کنگھی سے تیری آنکھ میں مارتا، اجازت طلبی نظر ہی کی وجہ سے مقرر کی گئی ہے۔

لغات: اِطَّلَعَ على الشيئ: جھانکنا، جاننا، واقف ہونا...... المِشْقَص: چوڑے پھل کا نیزہ، جمع مَشَاقِص...... المِدْرَی: کنگھا، لکڑی کا ہو یا لوہے کا، یا کسی اور چیز کا۔ دَرَی الرأسَ بِالْمِدْرَی: سر میں کنگھا کرنا۔

تشریح: سورۃ النور آیت ۵۸ میں جو استیذان کا حکم ہے: نبی ﷺ نے اس کی علت بیان فرمائی کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ کسی کے نامناسب احوال پر بے خبری میں نظر نہ پڑ جائے، اس لئے اگر کوئی اجازت ملنے سے پہلے گھر میں جھانکتا ہے تو وہ اجازت طلبی کے مقصد کو فوت کرتا ہے۔

[۱۷-] بابُ مَنِ اطَّلَعَ فِيْ دَارِ قَوْمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِمْ

[۲۷۰۹-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ فِيْ بَيْتِهِ، فَاطَّلَعَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَأَهْوَى إِلَيْهِ بِمِشْقَصٍ، فَتَأَخَّرَ الرَّجُلُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۱۰-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ: أَنَّ رَجُلاً اطَّلَعَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ جُحْرٍ، فِيْ حُجْرَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِدْرَاةٌ، يَحُكُّ بِهَا رَأْسَهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ عَلِمْتُ أَنَّكَ تَنْظُرُ: لَطَعَنْتُكَ بِهَا فِيْ عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الاِسْتِيْذَانُ مِنْ أَجْلِ الْبَصَرِ" وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ التَّسْلِيْمِ قَبْلَ الاِسْتِيْذَانِ

اجازت طلبی سے پہلے سلام کرنا

پہلے سلام کرنا چاہئے یا پہلے اجازت طلب کرنی چاہئے؟ اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ اگر صاحبِ بیت گھر میں قریب ہے، اور وہ آواز سن رہا ہے تو پہلے سلام کرے، پھر اجازت طلب کرے، جیسا پہلی حدیث میں آرہا ہے، اور اگر یہ معلوم نہ ہو کہ گھر میں کوئی ہے یا نہیں؟ اور ہے تو قریب ہے یا دور؟ تو پہلے گھنٹی بجائے، یا دروازہ کھٹکھٹائے، پھر جب رابطہ قائم ہو جائے تو سلام کرے، اور اجازت طلب کرے، اور یہ سلام استیذان ہے، پھر جب گھر میں داخل ہو تو دوبارہ سلام تحیہ کرے۔

حدیث (۱): صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ: جو مشہور دشمنِ اسلام اور دشمنِ رسول (ﷺ) امیہ بن خلف کے لڑکے ہیں، اور بتوفیق الٰہی فتح مکہ کے بعد مسلمان ہو گئے تھے: انھوں نے اپنے اخیافی بھائی کلدۃ بن حنبل رضی اللہ عنہ کو ہدیہ کے طور پر دودھ، کھیس اور چھوٹے کھیرے دے کر نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجا، نبی ﷺ مکہ کے بالائی حصہ میں مقیم تھے، کلدہؓ کہتے ہیں: میں یہ چیزیں لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس گیا، میں نے نہ اجازت طلب کی اور نہ میں نے سلام کیا، پس آپؐ نے فرمایا: واپس جاؤ اور کہو: السلام علیکم! أَأَدْخُلُ؟ آپ پر سلامتی ہو! کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ یہ واقعہ حضرت صفوانؓ کے مسلمان ہونے کے بعد کا ہے، اور حدیث کا راوی عمرو کہتا ہے: میں نے یہ واقعہ حضرت صفوانؓ کے لڑکے امیہ سے بھی سنا ہے، اور انھوں نے کلدۃ سے سننے کا تذکرہ نہیں کیا۔

لغات: اللِّبَأُ: کھیس، پیوسی، جانور کے بچہ دینے کے بعد کا گاڑھا دودھ، جمع أَلْبَاءُ، اور ابوداؤد کی روایت میں

جِدَایَۃٌ ہے، جس کے معنی ہیں: ہرنی کا بچہ......الضَّغْبُوْس: چھوٹا کھیرہ یا ککڑی جمع ضَغَابِیْس۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے اجازت طلب کی، ایک قرض کے معاملہ میں، جو میرے ابا پر تھا، آپ نے پوچھا: مَنْ ھٰذَا؟ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: أَنَا: میں ہوں، آپ نے فرمایا: أَنَا أَنَا! میں! میں! گویا آپ نے اس جواب کو ناپسند کیا۔

تشریح: کون ہے؟ کے جواب میں واضح تعارف چاہئے، جس سے گھر والا سمجھے کہ فلاں ہے، پس اگر اجازت طلب کرنے والے کا کوئی عرف ہو تو اس کو بھی ذکر کرنا چاہئے، اسی طرح آنے والے کے نام کے ساتھ کوئی تعظیمی کلمہ لگتا ہو، جس سے وہ پہچانا جاتا ہو تو اس تعظیمی کلمہ کو بھی ذکر کرنا چاہئے، مثلاً کہے: میں پردھان عبدالستار ہوں۔

[۱۸-] بابُ التَّسْلِیْمِ قَبْلَ الِاسْتِیْذَانِ

[۲۷۱۱-] حدثنا سُفْیَانُ بنُ وَکِیعٍ، نا رَوْحُ بنُ عُبَادَۃَ، عَنْ ابنِ جُرَیْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بنُ أَبِیْ سُفْیَانَ: أَنَّ عَمْرَو بنَ عَبْدِ اللّٰہِ بنِ صَفْوَانَ أَخْبَرَہُ: أَنْ کَلْدَۃَ بْنَ حَنْبَلٍ أَخْبَرَہُ: أَنَّ صَفْوَانَ بنَ أُمَیَّۃَ بَعَثَہُ بِلَبَنٍ، وَلِبَأٍ، وَضَغَابِیْسَ إِلَی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَالنبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِأَعْلَی الْوَادِی، قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَیْہِ، وَلَمْ أَسْتَأْذِنْ، وَلَمْ أُسَلِّمْ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "ارْجِعْ فَقُلْ: السَّلَامُ عَلَیْکُمْ، أَأَدْخُلُ؟" وَذٰلِکَ بَعْدَمَا أَسْلَمَ صَفْوَانُ، قَالَ عَمْرٌو، وَأَخْبَرَنِیْ بِھٰذَا الحدیثِ أُمَیَّۃُ بنُ صَفْوَانَ، وَلَمْ یَقُلْ: سَمِعْتُہُ مِنْ کَلْدَۃَ"

ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لانَعْرِفُہُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ ابنِ جُرَیْجٍ، وَرَوَاہُ أَبُوْ عَاصِمٍ أَیْضًا عَنْ ابنِ جُرَیْجٍ مِثْلَ ھٰذَا.

[۲۷۱۲-] حدثنا سُوَیْدُ بنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَکِ، أَنَا شُعْبَۃُ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جابِرٍ، قَالَ: اسْتَأْذَنْتُ عَلَی النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، فِیْ دَیْنٍ کَانَ عَلَی أَبِیْ، فَقَالَ:" مَنْ ھٰذَا؟" فَقُلْتُ: أَنَا، فَقَالَ:" أَنَا أَنَا" کَأَنَّہُ کَرِہَ ذٰلِکَ. ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فِی کَرَاھِیَۃِ طُرُوْقِ الرَّجُلِ أَھْلَہُ لَیْلاً

سفر سے رات میں اچانک گھر پہنچنا ممنوع ہے

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے صحابہ کو اس بات سے منع کیا کہ وہ (لمبے سفر سے لوٹ کر اچانک) رات میں بیویوں کا دروازہ کھٹکھٹائیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی یہی مضمون بیان کرتے ہیں، پھر فرماتے ہیں: نبی ﷺ کے منع کرنے کے بعد دو شخصوں نے رات میں دروازہ کھٹکھٹایا، تو ان میں سے ہر ایک نے اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو پایا (یہ روایت ابن خزیمہ کی ہے، اور امام ترمذیؒ نے رُوِیَ (فعل مجہول) سے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے)

تشریح: یہ اتفاق تھا کہ دونوں نے اپنی بیویوں کے پاس کسی آدمی کو پایا، اور نبی ﷺ کے زمانے میں ایسے متعدد واقعات پیش آئے ہیں، جن سے لوگ ارشادِ نبوی کی تصدیق کرنے پر مجبور ہوئے ہیں، ان واقعات سے بھی لوگوں کی سمجھ میں آ گیا کہ بے خبری میں گھر نہیں پہنچنا چاہئے، اس کا واضح نقصان لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا، مگر حقیقت میں حکم کی یہ علت نہیں، دوسری حدیثوں میں اس حکم کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ لمبے سفر سے لوٹتے وقت بیویوں کو صفائی کا موقع دینا چاہئے، جب شوہر گھر پر نہیں ہوتا تو بیوی صفائی کا اہتمام نہیں کرتی، نہ اچھے کپڑے پہنتی ہے، اس لئے اگر شوہر رات میں اچانک گھر آ جائے گا تو ممکن ہے اس کو بیوی کی بوسیدہ حالت ناپسند آئے، اس لئے اطلاع کر کے گھر آنا چاہئے، پس اگر فون وغیرہ سے اطلاع کر دی ہے تو رات میں پہنچنے میں کوئی حرج نہیں۔

[۱۹-] بابُ ماجاءَ فِی کَرَاهِیَةِ طُرُوْقِ الرَّجُلِ أَهْلَهُ لَیْلاً

[۲۷۱۳-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، نَا سُفْیَانُ بنُ عُیَیْنَةَ، عَنِ الأَسْوَدِ بنِ قَیْسٍ، عَنْ نُبَیْحٍ العَنَزِیِّ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم نَهَاهُمْ أَنْ یَطْرُقُوْا النِّسَاءَ لَیْلاً.

وفی الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وابْنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

[۲۷۱٤-] وَقَدْ رُوِیَ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم نَهَاهُمْ أَنْ یَطْرُقُوْا النِّسَاءَ لَیْلاً، قَالَ: فَطَرَقَ رَجُلاَنِ بَعْدَ نَهْیِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَوَجَدَ کُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً.

بابُ ماجاء فی تَتْرِیْبِ الْکِتَابِ

لکھے ہوئے پر مٹی چھڑکنے کا بیان

پہلے لوگ کچی سیاہی سے لکھتے تھے، وہ دیر تک خشک نہیں ہوتی تھی، اس لئے سیاہی چوس کاغذ رکھتے تھے، مگر یہ کاغذ ہر شخص کو میسر نہیں تھا، ایسے لوگ تحریر پر مٹی چھڑک لیتے تھے، مٹی سے سیاہی خشک ہو جاتی تھی، پھر اس کو جھاڑ دیتے تھے، اس طرح مفت میں کام بن جاتا تھا، مگر اس سلسلہ میں جو روایت ہے وہ انتہائی ضعیف ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا کَتَبَ أَحَدُکُمْ کتابا، فَلْیُتَرِّبْه، فَإِنَّهُ أَنْجَحُ للحاجَةِ: جب تم میں سے کوئی شخص کوئی تحریر لکھے تو چاہئے کہ اس پر مٹی چھڑک لے، پس بیشک یہ بات

ضرورت کو بہت زیادہ پوری کرنے والی ہے، یعنی مفت میں کام بن جاتا ہے (اس حدیث کا راوی حمزۃ بن ابی حمزہ جعفی جزری نَصیبی متروک، متہم بالوضع ہے، اور اس کے باپ کے نام میں اختلاف ہے، کوئی عمرو کہتا ہے، اور کوئی میمون۔ اور ایسی نہایت ضعیف حدیث کو امام ترمذیؒ ''منکر'' کہتے ہیں)

[۲۰-] بابُ ماجاء فی تَتْرِيْبِ الْكِتَابِ

[۲۷۱۵-] حدثنا مُحمودُ بنُ غَيْلَانَ، نَا شَبَابَةُ، عَنْ حَمْزَةَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِذَا كَتَبَ أَحَدُكُمْ كِتَابًا فَلْيُتَرِّبْهُ، فَإِنَّهُ أَنْجَحُ لِلْحَاجَةِ ''

هٰذَا حديثٌ مُنْكَرٌ، لَانَعْرِفُهُ عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَمْزَةُ: هُوَ ابنُ عَمْرٍو النَّصِيْبِيُّ، وَهُوَ ضَعِيْفٌ فِى الْحَدِيْثِ.

بابٌ

کان پر قلم رکھنے کا فائدہ

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس پہنچا، آپؐ کے پاس ایک کاتب تھا، پس میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ضَعِ القَلَمَ عَلَى أُذُنِكَ، فَإِنَّه أَذْكَرُ لِلْمُمْلَى: (لکھنے کے بعد) قلم اپنے کان پر رکھ لو، اس سے لکھوانے کی بات جلدی یاد آجاتی ہے، یعنی آگے کیا لکھنا ہے یا کیا لکھوانا ہے یہ بات جلدی ذہن میں آجاتی ہے۔

تشریح: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، اس کا راوی عنبسۃ بن عبدالرحمٰن اموی متروک ہے، ابوحاتم نے اس پر حدیثیں گڑھنے کا الزام دھرا ہے، اور دوسرا راوی محمد بن زاذان مدنی بھی متروک ہے...... اور ام سعد کون ہیں؟ اس میں اختلاف ہے: کوئی کہتا ہے: حضرت زیدؓ کی بیٹی ہیں اور کوئی کہتا ہے: ان کی بیوی ہیں، اور کوئی کہتا ہے: یہ مہاجری خاتون ہیں۔ واللہ اعلم

لغت: مُمْلَى (اسم مفعول) لکھوایا ہوا، یا مُمْلِیْ (اسم فاعل) لکھوانے والا۔ أَمْلَى عليه الكتاب: املاء کرانا، مضمون بول کر لکھوانا، یعنی آئندہ جو مضمون لکھنا ہے یا لکھوانا ہے: وہ کان پر قلم رکھنے سے جلدی یاد آجاتا ہے۔

[۲۱-] بابٌ

[۲۷۱٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ اللهِ بنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ مُحمدِ بنِ زَاذَانَ، عَنْ أُمِّ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، وَبَيْنَ يَدَيْهِ كَاتِبٌ،

فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: " ضَعِ الْقَلَمَ عَلَى أُذُنِكَ، فَإِنَّهُ أَذْكَرُ لِلْمُمْلَى"
هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَهُوَ إِسْنَادٌ ضَعِيْفٌ، مُحمدُ بنُ زَاذَانَ، وَعَنْبَسَةُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُضَعَّفَانِ.

بابٌ فِيْ تَعْلِيْمِ السُّرْيَانِيَّةِ

سُریانی زبان سیکھنے کا بیان

دنیا کی ہر زبان دینی یا دنیوی مقاصد سے سیکھنا جائز ہے، اور آزادی کے زمانہ میں علماء کرام نے جو انگریزی سیکھنے کی حرمت کا فتوی دیا تھا وہ ترکِ موالات کے قبیل سے تھا، یعنی انگریزوں سے بے تعلقی ظاہر کرنے کے لئے یہ فتوی دیا گیا تھا۔ پس یہ ایک وقتی بات تھی، دائمی حکم نہیں تھا:

ایک واقعہ: اسی زمانہ کا واقعہ ہے، مولانا ابوالکلام آزاد رحمہ اللہ جو کانگریس کے صدر تھے، ایک مرتبہ وائسرائے سے ملاقات کے لئے گئے، مولانا انگریزی جانتے تھے، مگر ترجمان کی مدد سے گفتگو کر رہے تھے، کسی بات کی ترجمان نے صحیح ترجمانی نہیں کی تو مولانا نے اس کو ٹوکا، اس پر وائسرائے نے کہا: مولانا! جب آپ انگریزی جانتے ہیں تو براہ راست گفتگو کیوں نہیں کرتے؟ درمیان میں ترجمان کی کیا ضرورت ہے؟ مولانا نے جواب دیا: جناب! اگر میں آپ سے انگریزی میں گفتگو کروں تو میری انگریزوں سے لڑائی کیا رہی؟ اس واقعہ میں بڑی عبرت ہے۔

البتہ علماء دین کا کوئی ایسی زبان سیکھنا: جس سے وہ دنیا کے ہو کر رہ جائیں، اور دین حاصل کرنے کا مقصد فوت ہو جائے: ان کے شایانِ شان نہیں۔

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے حکم دیا کہ میں آپؐ کے لئے یہود کی تحریر کے چند کلمات سیکھ لوں، یعنی یہود کی زبان اتنی سیکھ لوں کہ نبی ﷺ کا کام چل جائے، آپؐ کی طرف سے یہود کو خط لکھنا، یا یہود کی طرف سے آئے ہوئے خط کو پڑھنا، حضرت زیدؓ کے لئے آسان ہو جائے، بس اتنی ہی زبان سیکھنے کا آپؐ نے حکم دیا تھا، اور آپؐ نے فرمایا: إِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا آمَنُ يهودَ على كتابي: بخدا! میں یہود پر اپنے خطوط کے سلسلہ میں اعتماد نہیں کرتا، یعنی میں اپنے خطوط ان سے لکھوانا نہیں چاہتا، معلوم نہیں وہ کیا لکھ دیں! حضرت زیدؓ کہتے ہیں: ابھی آدھا مہینہ بھی نہیں گذرا تھا کہ میں نے آپؐ کے لئے یہود کی زبان سیکھ لی (اتنی قلیل مدت میں زبان سیکھ لینا دعائے نبوی کی برکت تھی) حضرت زیدؓ کہتے ہیں: جب میں نے یہود کی زبان سیکھ لی تو جب نبی ﷺ کو یہود کی طرف کوئی خط لکھنے کی ضرورت پیش آتی تو میں ان کی طرف خط لکھتا، اور جب یہودی آپؐ کو خط لکھتے تو میں آپؐ کو ان کا خط پڑھ کر سناتا (اس روایت میں تو یہ صراحت نہیں ہے کہ یہود کی اس زبان کا نام کیا تھا؟ مگر دوسری سند

سے جس کے راوی امام اعمشؒ ہیں یہ صراحت آئی ہے کہ آپؐ نے حضرت زیدؓ کو سریانی زبان کے سیکھنے کا حکم دیا تھا، یہ یہود کی قدیم زبان تھی، جو اب ناپید ہے، اب صرف عبرانی زبان باقی رہ گئی ہے)

[۲۲-] بابٌ فِيْ تَعْلِيْمِ السُّرْيَانِيَّةِ

[۲۷۱۷-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ خَارِجَةَ بنِ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْهِ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، قَالَ: أَمَرَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتَعَلَّمَ لَهُ كَلِمَاتٍ مِنْ كِتَابِ يَهُوْدَ، وَقَالَ: "إِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا آمَنُ يَهُوْدَ عَلَى كِتَابِيْ!" قَالَ: فَمَا مَرَّ بِيْ نَصْفُ شَهْرٍ حَتَّى تَعَلَّمْتُهُ لَهُ، قَالَ: فَلَمَّا تَعَلَّمْتُهُ كَانَ إِذَا كَتَبَ إِلَى يَهُوْدَ كَتَبْتُ إِلَيْهِمْ، وَإِذَا كَتَبُوْا إِلَيْهِ قَرَأْتُ لَهُ كِتَابَهُمْ"

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، وَقَدْ رَوَاهُ الْأَعْمَشُ عَنْ ثَابِتِ بنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ ثَابِتٍ، يَقُوْلُ: أَمَرَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَتَعَلَّمَ السُّرْيَانِيَّةَ.

بابٌ في مُكَاتَبَةِ الْمُشْرِكِيْنَ

مشرکین کے ساتھ خط وکتابت

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے وفات سے پہلے ایران کے بادشاہ کسری کو، روم کے بادشاہ قیصر کو، حبشہ کے بادشاہ نجاشی کو اور اسی طرح ہر قاہر بادشاہ کو خطوط لکھے، جن میں آپؐ نے ان کو اللہ کی طرف بلایا، یعنی دین کی دعوت دی، اور یہ نجاشی وہ نجاشی نہیں جن کی نماز جنازہ نبی ﷺ نے پڑھی ہے (بلکہ ان کے بعد کا کافر بادشاہ ہے) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ غیر مسلموں کے ساتھ خط وکتابت جائز ہے۔

[۲۳-] بابٌ في مُكَاتَبَةِ الْمُشْرِكِيْنَ

[۲۷۱۸-] حدثنا يُوْسُفُ بنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ، نَاعَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَتَبَ قَبْلَ مَوْتِهِ إِلَى كِسْرَى، وَإِلَى قَيْصَرَ، وَإِلَى النَّجَاشِيِّ، وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ: يَدْعُوْهُمْ إِلَى اللّٰهِ، وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِيْ صَلَّى عَلَيْهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ: كَيْفَ يُكْتَبُ إِلَى أَهْلِ الشِّرْكِ؟

مشرکین کو خط کیسے لکھا جائے؟

خط کا ایک سرنامہ ہوتا ہے اور ایک مضمون ہوتا ہے، مضمون تو جو پیش نظر ہو وہ لکھا جائے گا، مگر خط کا سرنامہ کیا ہو؟

اس سلسلہ میں درج ذیل روایت پڑھیں:

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ان سے حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ہرقل شاہِ روم نے ان کی طرف آدمی بھیجا، اور قریش کی ایک جماعت کے ساتھ ان کو بلایا، یہ سب حضرات تجارت کی غرض سے ملک شام گئے ہوئے تھے، چنانچہ وہ سب ہرقل کے پاس پہنچے، پھر ابن عباسؓ نے حدیث بیان کی (یہاں لمبا مضمون ہے جو بخاری شریف کے شروع میں ہے، امام ترمذیؒ نے اس کو حذف کیا ہے) ابوسفیان نے کہا: پھر ہرقل نے نبی ﷺ کا خط منگوایا، اور وہ پڑھا گیا، اچانک اس میں تھا: بسم الله الرحمن الرحيم، مِنْ مُحمدٍ عبد الله ورسوله، إلى هِرَقْلَ عظيمِ الرومِ، السلام على من اتَّبَعَ الهدى، أما بعد! میں شروع کرتا ہوں نہایت مہربان، بڑے عنایت فرما اللہ کے نام سے، یہ خط اللہ کے بندے اور اللہ کے رسول محمد (ﷺ) کی طرف سے، روم کے بڑے آدمی ہرقل کے نام ہے، اس شخص پر سلامتی ہو جو ہدایت کی پیروی کرے، تمہید کے بعد! (اس کے بعد لمبا مضمون ہے جس میں ہرقل کو دین کی دعوت دی گئی ہے)

تشریح: اس حدیث سے تین باتیں ثابت ہوئیں:

پہلی بات: خط اور تحریر کے شروع میں پوری بسم اللہ لکھی جائے، اگرچہ وہ خط یا تحریر غیر مسلم کے نام ہو، ۷۸۶ لکھنے کا جو دستور چل پڑا ہے اس کی کچھ اصل نہیں، اور یہ کہنا کہ خط میں بسم اللہ لکھنے میں بے احتیاطی ہے: بے دلیل بات ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے غیر مسلموں کو جو خطوط لکھے ہیں، ان میں بسم اللہ لکھی ہے، جبکہ یہ یقین نہیں تھا کہ وہ اس تحریر کی حفاظت کریں گے۔

دوسری بات: خط وغیرہ تحریرات میں کاتب اور مکتوب الیہ کا تعارف بھی ہونا چاہئے، نبی ﷺ نے اپنا بھی پورا تعارف کرایا ہے اور مکتوب الیہ کا بھی، اور ضرورت ہو تو اپنے القاب بھی لکھے جائیں اور مکتوب الیہ کے القاب بھی۔

تیسری بات: سلام کا پیرایہ ایسا اختیار کیا جائے کہ نہ سانپ بچے نہ لاٹھی ٹوٹے، موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کو جس طرح سلام کیا تھا (طٰہٰ ۴۷) نبی ﷺ نے بھی وہی طریقہ اختیار کیا ہے۔

[٢٤-] بابٌ: كَيْفَ يُكْتَبُ إِلَى أَهْلِ الشِّرْكِ؟

[٢٧١٩-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ حَرْبٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ هِرَقْلَ أَرْسَلَ إِلَيْهِ فِيْ نفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَكَانُوْا تُجَّارًا بِالشَّامِ، فَأَتَوْهُ، فَذَكَرَ الحَدِيْثَ، قَالَ: ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُرِئَ، فَإِذَا فِيْهِ:" بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحمدٍ

عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ، السَّلَامُ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى، أَمَّا بَعْدُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ: اسْمُهُ صَخْرُ بنُ حَرْبٍ.

بابُ ماجاء فی خَتْمِ الْكِتَابِ

خط پر مہر لگانے کا بیان

کبھی اعتماد کے لئے تحریر پر مہر لگانی پڑتی ہے، کیونکہ الْخَطُّ يُشْبِهُ الْخَطَّ: خط خط کے مشابہ ہوتا ہے، اس لئے تحریر میں دھوکا ہوسکتا ہے، مگر جب تحریر پر مہر لگ جائے تو دھوکہ کا اندیشہ صفر کے درجہ میں رہ جاتا ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ نے شاہانِ عجم کی طرف خطوط لکھنے کا ارادہ کیا تو آپؐ کو یہ بات بتائی گئی کہ شاہانِ عجم صرف وہی خط قبول کرتے ہیں جن پر مہر ہوتی ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے مہر بنوائی (اور اس میں محمد رسول اللہ کندہ کروایا) حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس گویا میں حضور ﷺ کی ہتھیلی میں انگوٹھی کی سفیدی دیکھ رہا ہوں، یعنی وہ منظر آج بھی میری نگاہوں کے سامنے ہے (اور انگوٹھی کس ہاتھ میں پہننی چاہئے؟ اس کی تفصیل ابواب اللباس (تحفہ ۵: ۷۳) میں گذر چکی ہے)

[۲۵-] بابُ ماجاء فی خَتْمِ الْكِتَابِ

[۲۷۲۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، أَخْبَرَنَا مُعَاذُ بنُ هِشَامٍ، ثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا أَرَادَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَكْتُبَ إِلَى الْعَجَمِ، قِيْلَ لَهُ: إِنَّ الْعَجَمَ لَايَقْبَلُوْنَ إِلَّا كِتَابًا عَلَيْهِ خَاتَمٌ، فَاصْطَنَعَ خَاتَمًا، قَالَ: فَكَأَنِّىْ أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِهِ فِىْ كَفِّهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ: كَيْفَ السَّلَامُ؟

سلام کرنے کا طریقہ

اگر کوئی سویا ہوا ہو اور کوئی بیدار ہو تو آہستہ سلام کرنا چاہئے، تاکہ سونے والا بیدار نہ ہو جائے، یہی حکم اس وقت ہے جب کوئی نماز پڑھ رہا ہو، اور کوئی خالی ہو، تو اس طرح سلام کرے کہ نمازی کو تشویش نہ ہو۔

حدیث: حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ عنہ جن کے والد کا نام عمرو بن ثعلبہ ہے، جو بہت قدیم الاسلام ہیں، اور اصحابِ صفہ (غریب صحابہ) میں سے ہیں: بیان کرتے ہیں کہ میں اور میرے دو ساتھی اس حال میں پہنچ گئے کہ

ہمارے کان اور ہماری آنکھیں بھوک کی وجہ سے جواب دے گئیں، پس ہم نے خود کو صحابہ کے سامنے پیش کرنا شروع کیا تاکہ کوئی ہمیں کھلانے کے لئے ساتھ لے جائے، مگر کوئی ہمیں قبول نہیں کرتا تھا یعنی کوئی ہمیں گھر نہیں لے گیا (ان کے یہاں بھی گنجائش نہیں ہوگی) پس ہم نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپؐ ہمیں اپنے گھر لے گئے، وہاں تین بکریاں تھیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ان کا دودھ نکالو، چنانچہ ہم نے ان کا دودھ نکال لیا، اور ہر شخص نے اپنا حصہ پی لیا، اور ہم نے نبی ﷺ کا حصہ رکھ لیا، نبی ﷺ رات میں آئے، اور اس طرح سلام کیا کہ سونے والا بیدار نہ ہو، اور بیدار سُن لے، پھر آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے اور نماز پڑھی، پھر آپؐ اپنے مشروب کے پاس آئے اور اس کو نوش فرمایا (یہ حدیث تفصیل سے مسلم شریف کتاب الأشربة باب ۳۲ حدیث ۲۰۵۵ میں ہے)

تشریح: الجَهْد کے معنی ہیں: تھکن، یہاں معنی ہیں: بھوک، فاقہ ...... خود نبی ﷺ کا بھی فاقہ تھا، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: احْتَلِبُوْا هٰذَا اللَّبَنَ بَيْنَنَا: مسلم شریف میں بَيْنَنَا بھی ہے، یعنی ان بکریوں کا دودھ ہم سب کے لئے نکال لو، یہ شام کا وقت تھا، حضرت مقدادؓ اور ان کے ساتھوں نے وہ بکریاں دوھ لیں، اور اپنا اپنا حصہ پی لیا، اور نبی ﷺ کا حصہ رکھ لیا۔

[۲۶-] بابُ: كَيْفَ السَّلَامُ؟

[۲۷۲۱-] حدثنا سُوَيْدٌ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، نَا ابنُ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ الْمِقْدَادِ بنِ الْأَسْوَدِ، قَالَ: أَقْبَلْتُ أَنَا وَصَاحِبَانِ لِيْ، قَدْ ذَهَبَتْ أَسْمَاعُنَا وَأَبْصَارُنَا مِنَ الجَهْدِ، فَجَعَلْنَا نَعْرِضُ أَنْفُسَنَا عَلَى أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَيْسَ أَحَدٌ يَقْبَلُنَا، فَأَتَيْنَا النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَى بِنَا أَهْلَهُ، فَإِذَا ثَلَاثَةُ أَعْنُزٍ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "احْتَلِبُوْا هٰذَا اللَّبَنَ" وَكُنَّا نَحْتَلِبُهُ، فَيَشْرَبُ كُلُّ إِنْسَانٍ نَصِيْبَهُ، وَنَرْفَعُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَصِيْبَهُ، فَيَجِيْئُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ اللَّيْلِ، فَيُسَلِّمُ تَسْلِيْمًا لَايُوْقِظُ النَّائِمَ، وَيُسْمِعُ الْيَقْظَانَ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ فَيُصَلِّيْ، ثُمَّ يَأْتِيْ شَرَابَهُ فَيَشْرَبُهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلَى مَنْ يَبُوْلُ

استنجاء کرنے والے کو سلام کرنا مکروہ ہے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کو اس حال میں سلام کیا جب آپؐ چھوٹا استنجاء کر رہے تھے، پس آپؐ نے اس کو سلام کا جواب نہ دیا۔

تشریح: واقعہ کی صحیح نوعیت یہ تھی کہ آپؐ پیشاب کر کے لوٹ رہے تھے، اور سلام کرنے والے نے سلام کیا تو آپؐ نے جواب نہ دیا، آپؐ دیوار کی طرف مائل ہوئے اور تیمّم کر کے جواب دیا، یہ حدیث کتاب الطہارۃ (تحفہ ۱:۳۵۱) میں گذر چکی ہے۔ اور وہاں یہ مسئلہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جو شخص بالفعل چھوٹا یا بڑا استنجاء کر رہا ہو اس کو سلام کرنا مکروہ ہے، اور جو پیشاب سے فارغ ہو کر ڈھیلا کر رہا ہو اس کو سلام کرنے کی گنجائش ہے۔

[۲۷-] بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ التَّسْلِيْمِ عَلى مَنْ يَبُوْلُ

[۲۷۲۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، وَنَصْرُ بنُ عَلِيٍّ، قَالَا: نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رَجُلاً سَلَّمَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَبُوْلُ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم السَّلَامَ.

حدثنا مُحمدُ بنُ يَحْيىَ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الضَّحَّاكِ بنِ عُثْمَانَ: بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَفِيْ الباب: عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ الفَغْوَاءِ، وَجَابِرٍ، وَالْبَرَاءِ، وَمُهَاجِرِ بنِ قُنْفُذٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ أَنْ يَقُوْلَ: "عَلَيْكَ السَّلَامُ" مُبْتَدِأً

عليك السلام کے الفاظ سے سلام کرنا مکروہ ہے

سلام کے جواب میں عليك السلام اور وعليك السلام کہہ سکتے ہیں، لیکن سلام کرنے والا اس طرح نہ کہے، سلام کا یہ طریقہ شریعت نے پسند نہیں کیا، حدیث میں اس کو سلام اموات کہا گیا ہے۔ شعراء مرثیہ لکھتے ہیں تو اس طرح سلام کرتے ہیں۔

حدیث: ابوتمیمہ ھُجیمی اپنی قوم کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں: وہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ڈھونڈھا، پس میں آپؐ پر قادر نہ ہوا، یعنی میں نے آپؐ کو نہ پایا (وہ صحابی نو وارد تھے، نبی ﷺ کو پہچانتے نہیں تھے) پس میں بیٹھ گیا، اچانک (وہاں) ایک جماعت تھی جن میں آپؐ بھی تھے، اور میں آپؐ کو پہچانتا نہیں تھا، اور آپ اس جماعت کے لوگوں کے درمیان مصالحت کرا رہے تھے، پھر جب آپؐ کام سے فارغ ہوئے (اور چلنے کے لئے اٹھے) تو آپؐ کے ساتھ ان میں سے بعض حضرات کھڑے ہوئے، پس انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! پس جب میں نے یہ بات سنی تو میں نے آپؐ کو پہچان لیا (پس) میں نے کہا: عليك السلام يا رسول الله! (تین مرتبہ) نبی ﷺ نے فرمایا: عليك السلام مردے کا سلام ہے، یعنی شعراء اس طرح مرثیوں میں میت کو سلام کرتے ہیں،

اس لئے سلام کا یہ انداز مناسب نہیں پھر نبی ﷺ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: جب کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی سے ملے تو چاہئے کہ کہے: السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته: پھر نبی ﷺ نے میرے سلام کا جواب دیا اور تین مرتبہ فرمایا: وعلیك ورحمة الله! اور تجھ پر (بھی) سلامتی اور اللہ کی رحمت ہو!

تشریح: أبو تمیمه، هُجیمی جس صحابی سے یہ حدیث نقل کرتے ہیں، ان کا نام دوسری سند میں آیا ہے، وہ ابوجُری جابر بن سُلیم هُجیمی رضی اللہ عنہ ہیں ...... اور سلام ایک ہی مرتبہ کیا جاتا ہے، اور جواب بھی ایک ہی مرتبہ دیا جاتا ہے، مگر یہ صحابی چونکہ نو وارد اور نو آموز تھے، اس لئے انھوں نے تین مرتبہ سلام کیا، اور غلط طریقہ پر سلام کیا، چنانچہ آپؐ نے پہلے ان کو سلام کرنے کا صحیح طریقہ بتایا، پھر آپؐ نے بھی ان کو تین مرتبہ جواب دیا، یہ تین مرتبہ جواب دینا ان کی دلداری کے لئے تھا، ورنہ شرعاً ایسا کرنا ضروری نہیں۔

حدیث (۲): مذکورہ حدیث دوسری سند سے اس طرح آئی ہے: جابر بن سُلیمؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے کہا: علیك السلام: تو آپؐ نے فرمایا: علیك السلام مت کہو، بلکہ السلام علیکم کہو، پھر روایت میں لمبا مضمون ہے، جو ابوداؤد باب إسبال الإزار میں ہے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب سلام کرتے تھے تو تین مرتبہ سلام کرتے تھے، اور جب کوئی بات فرماتے تھے تو اس کو تین مرتبہ لوٹاتے تھے۔

تشریح: علامہ ابن القیم رحمہ اللہ نے زاد المعاد میں لکھا ہے: ''نبی ﷺ کا یہ طریقہ بڑے مجمعے کو سلام کرنے کی صورت میں تھا، جبکہ ایک سلام سب کو نہیں پہنچ سکتا تھا، تو آپؐ سامنے اور دائیں بائیں الگ الگ سلام کرتے تھے'' پھر علامہ نے یہ بھی لکھا ہے: مَنْ تَأَمَّلَ هَدْیَه: عَلِمَ أَنَّ الأَمْرَ لیس کذلك، وَأَنَّ تَکْرار السلام منه کان أَمْرًا عارضاً فی بعض الأحیان: جو شخص سیرتِ پاک میں غور کرے گا وہ جان لیگا کہ تین مرتبہ سلام کرنا معمول نبوی نہیں تھا، اور کبھی آپؐ کا مکرر سلام کرنا عارضی بات تھی ...... اسی طرح جب آپؐ بڑے مجمع سے خطاب فرماتے تھے تو سامنے، دائیں اور بائیں ایک ہی بات مکرر فرماتے تھے، تا کہ لوگ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیں، اور محفوظ کر لیں۔

[۲۸-] بابُ ماجاء فی کَرَاهِیَةِ أَنْ یَقُوْلَ: ''عَلَیْكَ السَّلَامُ'' مُبْتَدِأً

[۲۷۲۳-] حدثنا سُوَیْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، نا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِیْ تَمِیْمَةَ الْهُجَیْمِیِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ، قَالَ: طَلَبْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم، فَلَمْ أَقْدِرْ عَلَیْهِ، فَجَلَسْتُ، فَإِذَا نَفَرٌ هُوَ فِیْهِمْ، وَلاَ أَعْرِفُهُ، وَهُوَ یُصْلِحُ بَیْنَهُمْ، فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ مَعَهُ بَعْضُهُمْ، فَقَالُوْا: یَارسولَ اللّٰهِ! فَلَمَّا رَأَیْتُ ذٰلِكَ، قُلْتُ: عَلَیْكَ السَّلَامُ یَارسولَ اللّٰهِ! عَلَیْكَ السَّلَامُ یارسولَ اللّٰهِ! عَلَیْكَ السَّلَامُ یَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:

"إِنَّ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ" ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ:" إِذَا لَقِيَ الرَّجُلُ أَخَاهُ الْمُسْلِمَ، فَلْيَقُلْ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ" ثُمَّ رَدَّ عَلَيَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ"

وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ أَبُوْ غِفَارٍ، عَنْ أَبِي تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ أَبِي جُرَيٍّ جابرِ بنِ سُلَيْمٍ الْهُجَيْمِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الحديثَ، وَأَبُوْ تَمِيْمَةَ: اسْمُهُ طَرِيْفُ بنُ مُجَالِدٍ.

[٢٧٢٤-] حدثنا بِذٰلِكَ الْحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ أَبِي غِفَارٍ الْمُثَنَّى بنِ سَعِيْدٍ الطَّائِيِّ، عَنْ أَبِي تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ جَابِرِ بنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: عَلَيْكَ السَّلَامُ، قَالَ:" لَاتَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ، وَلٰكِنْ قُلْ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ" وَذَكَرَ قِصَّةً طَوِيْلَةً، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٧٢٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الْمُثَنَّى، نَا ثُمَامَةُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا سَلَّمَ: سَلَّمَ ثَلَاثًا، وَإِذَا تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ أَعَادَهَا ثَلَاثًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

دینی مجلس میں کوتاہ دستی محرومی ہے!

حدیث (۱): حضرت ابو واقد لیثی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس درمیان کہ نبی ﷺ مسجد میں تشریف فرما تھے، اور لوگ بھی آپؐ کے ساتھ تھے، اچانک تین شخص آئے، ان میں سے دو تو نبی ﷺ کی طرف متوجہ ہوئے، اور ایک چلا گیا، پھر جب وہ دو نبی ﷺ کے پاس پہنچے تو دونوں نے سلام کیا، پس دونوں میں سے ایک نے حلقہ میں جگہ پائی تو وہ اس میں بیٹھ گیا، اور دوسرا لوگوں کے پیچھے بیٹھا، اور تیسرا پیٹھ پھیر کر چلا گیا۔ جب نبی ﷺ (بیان سے) فارغ ہوئے تو فرمایا: سنو! میں تمہیں تین شخصوں کا حال بتاتا ہوں: ان میں سے ایک نے اللہ کی طرف پناہ لی تو اللہ نے اس کو پناہ دی، اور دوسرا شرمایا تو اللہ تعالیٰ (بھی) اس سے شرمائے، اور تیسرے نے روگردانی کی تو اللہ تعالیٰ نے (بھی) اس سے روگردانی کی۔

تشریح: مجلس نبوی میں علم کا دریا بہہ رہا تھا، پس جو صاحب آگے بڑھے، اور حلقہ میں بیٹھے، انھوں نے پالا مارلیا اور جو ہچکچائے اور پیچھے بیٹھے وہ کوتاہ دست رہے، اور جو جگہ نہ پاکر چلے گئے وہ محروم رہے، اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ دینی مجالس مئے خانے ہیں، وہاں بڑھ کر جو جام اٹھالیتا ہے وہی مینا کا حقدار ہوتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب ہم مجلس نبوی میں پہنچتے تھے تو ہم میں سے ہر شخص مجلس کے ختم پر بیٹھتا تھا۔

تشریح: پہلی حدیث میں جو صاحب حلقہ میں گھس کر بیٹھے تھے وہ اس لئے بیٹھے تھے کہ حلقہ میں جگہ تھی، اور دوسری حدیث میں یہ ادب بیان کیا گیا ہے کہ آنے والے کو اگر حلقہ میں جگہ نہ ہو تو زبردستی حلقہ میں نہیں گھسنا چاہئے، بلکہ مجلس کے اختتام پر بیٹھنا چاہئے، یہی حکم جمعہ کے مجمع کے لئے اور سبق کی محفل کے لئے بھی ہے۔

[۲۹-] بابٌ

[۲۷۲۶-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيِّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَالنَّاسُ مَعَهُ، إِذَ أَقْبَلَ ثَلاثَةُ نفرٍ، فَأَقْبَلَ اثْنَانِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَذَهَبَ وَاحِدٌ، فَلَمَّا وَقَفَا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سَلَّمَا، فَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَرَأَى فُرْجَةً فِي الْحَلْقَةِ، فَجلَسَ فِيْهَا، وَأَمَّا الآخَرُ فَجلَسَ خَلْفَهُمْ، وَأَمَّا الآخَرُ فَأَدْبَرَ ذَاهِبًا، فَلَمَّا فَرَغَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ؟ أَمَّا أَحَدُهُمْ: فَأَوَى إِلَى اللّٰهِ فَآوَاهُ اللّٰهُ، وَأَمَّا الآخَرَ: فَاسْتَحْيَى فَاسْتَحْيَى اللّٰهُ مِنْهُ، وَأَمَّا الآخَرُ: فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ: اسْمُهُ الْحَارِثُ بنُ عَوْفٍ، وَأَبُوْ مُرَّةَ: مَوْلَى أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِيْ طَالِبٍ، وَاسْمُهُ: يَزِيْدُ، وَيُقَالُ: مَوْلَى عَقِيْلِ بنِ أَبِيْ طَالِبٍ.

[۲۷۲۷-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كُنَّا إِذَا أَتَيْنَا النبيَّ صلى الله عليه وسلم جَلَسَ أَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِيْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ زُهَيْرُ بنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سِمَاكٍ.

حضرت ابو واقد لیثیؓ کا نام حارث بن عوف ہے، اور ان سے روایت کرنے والے ابو مُرّ ۃ حضرت ام ہانیؓ کے آزاد کردہ ہیں، ان کا نام یزید ہے، اور بعض کہتے ہیں: وہ حضرت عقیلؓ کے آزادہ کردہ ہیں۔

بابُ ماجاء: مَا عَلَى الْجَالِسِ فِي الطَّرِيْقِ؟

راستے پر بیٹھنے والے کی کیا ذمہ داری ہے؟

راستے پر بیٹھنے کو شریعت نے پسند نہیں کیا، مگر کبھی راستوں پر بیٹھنا ناگزیر ہو جاتا ہے، اس لئے اس کی اجازت

ہے، مگراس صورت میں کچھ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں، ان کا خیال رکھنا چاہئے۔

حدیث: ابواسحاق سبیعیؒ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (مگرانھوں نے یہ حدیث ان سے نہیں سنی) وہ کہتے ہیں: نبی ﷺ چند انصار کے پاس سے گذرے، وہ راستہ پر بیٹھے ہوئے تھے، آپؐ نے فرمایا: إِنْ كُنْتُمْ لابُدَّ فاعلين: فَرُدُّوْا السلامَ، وأَعينوا المظلومَ، وَاهْدُوْا السبيلَ: اگرتمہارے لئے راستہ پر بیٹھنے کی مجبوری ہوتو سلام کا جواب دو، مظلوم کی مدد کرو، اور راستہ کی راہنمائی کرو۔

تشریح: حدیث کے پہلے جملہ کا مطلب یہ ہے کہ بےضرورت راستہ پرنہیں بیٹھنا چاہئے، راستہ سے عورتیں بھی گذرتی ہیں، پس نامحرم پر نظر پڑے گی، مگر کبھی لوگوں کے لئے اکٹھا ہونے کی کوئی جگہ نہیں ہوتی، ایسی صورت میں اگر وہ راستہ پر بیٹھیں تو سلام کرنے والے کا جواب دیں، مظلوم کی مدد کریں، اور کوئی راستہ پوچھے تو اس کو راستہ بتلائیں، اور یہ ذمہ داریاں بطور مثال ہیں، ایسی اور بھی ذمہ دایاں ہوسکتی ہیں۔ جولوگوں کو خود سمجھنی چاہئیں۔

[۳۰-] بابُ ماجاء: مَا عَلَى الْجَالِسِ فِى الطَّرِيْقِ؟

[۲۷۲۸-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ – وَلَمْ يَسْمَعْهُ مِنْهُ – : أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِنَاسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَهُمْ جُلُوْسٌ فِىْ الطَّرِيْقِ، فَقَالَ: "إِنْ كُنْتُمْ لاَبُدَّ فَاعِلِيْنَ: فَرُدُّوْا السَّلاَمَ، وَأَعِيْنُوْا الْمَظْلُوْمَ، وَاهْدُوْا السَّبِيْلَ"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، وَأَبِىْ شُرَيْحٍ الْخُزَاعِيِّ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فى الْمُصَافَحَةِ

مصافحہ کا بیان

صَفْحَةُ الْوَرَق کے معنی ہیں: پتّے کا ایک رخ، پس ہاتھ کے دورخ ہیں: ایک: ہتھیلی کی جانب کا، دوسرا: پشت کی جانب کا۔ اور صَافَحَهُ مُصَافَحَةً (باب مُفاعله) کے معنی ہیں: اپنے ہاتھ کے رخ کو دوسرے کے ہاتھ کے رخ کے ساتھ ملانا، اور یہ آدھا مصافحہ ہے، پھر جب ہرایک دوسرا ہاتھ رکھے گا تو دونوں کے ہاتھ کا دوسرا رخ بھی مل جائے گا، اب مصافحہ کامل ہوا، کیونکہ ہرایک کے ہاتھ کے دونوں رخ دوسرے کے ہاتھ کے دونوں رخوں کے ساتھ مل گئے۔

اسی طرح معانقہ بھی باب مفاعلہ کا مصدر ہے، اور عُنُق: (گردن) سے ماخوذ ہے، پس اگر دوشخصوں کی دائیں طرف کی گردنیں ملیں تو یہ آدھا معانقہ ہوا، پھر جب بائیں طرف کی گردنیں بھی ملیں تو پورا معانقہ ہوا، کیونکہ ہرایک کی گردن کی دونوں جانبیں دوسرے کی گردن کی دونوں جانبوں کے ساتھ مل گئیں، اور جولوگ تیسری مرتبہ گردنیں

ملاتے ہیں وہ آبِ زم زم کا پانی پیتے ہیں، اور جو لوگ پہلی مرتبہ بائیں طرف کی گردنیں ملاتے ہیں وہ غلط طریقہ پر معانقہ کرتے ہیں۔

اور کچھ لوگ معانقہ میں گردنیں نہیں ملاتے، صرف سینہ ملاتے ہیں وہ معانقہ نہیں کرتے، بلکہ صَدْرٌ سے مُصَادرہ کرتے ہیں، اور کچھ لوگ سینہ بھی نہیں ملاتے، صرف گال ملاتے ہیں وہ خَدٌّ سے مُخَادَدَہ کرتے ہیں، اور اگر دونوں کے پیٹ بڑے ہوں اور وہی ملیں تو وہ بَطَنٌ سے مُبَاطنہ ہے۔

اور غیر مقلدین جو مصافحہ کے مسئلہ میں مصر ہیں کہ ایک ہی ہاتھ سے مصافحہ ہونا چاہئے یہ ان کی بے جا ضد ہے، اور اہل حق جو اصرار کرتے ہیں کہ دو ہاتھ ہی سے مصافحہ ہوتا ہے، یہ بھی احادیث کی روشنی میں صحیح نہیں، صحیح بات یہ ہے کہ ایک ہاتھ کا مصافحہ ناقص مصافحہ ہے، اگر کوئی اس پر اکتفا کرے تو گنجائش ہے، اور اصل مصافحہ دو ہاتھ سے ہونا چاہئے یہی کامل سنت ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ ملاقات کے وقت سلام کے بعد اگر مصافحہ اور معانقہ بھی کیا جائے، اور آنے والے کو خوش آمدید کہا جائے تو اس سے مودت ومحبت اور فرحت وسرور میں اضافہ ہوتا ہے، اور وحشت ونفرت اور قطع تعلق کا اندیشہ دور ہوتا ہے، یعنی یہ باتیں سلام کے مقصد کی تکمیل کرتی ہیں۔

علاوہ ازیں: حدیث میں ہے کہ جب دو مسلمان آپس میں ملیں، اور مصافحہ کریں، اور دونوں اللہ کی حمد کریں، اور دونوں اللہ تعالیٰ سے مغفرت چاہیں تو دونوں کی مغفرت کردی جاتی ہے، کیونکہ مسلمانوں کے درمیان بشاشت، باہم محبت وملاطفت، اور ذکر الٰہی کی اشاعت رب العالمین کو پسند ہے، اسی لئے مصافحہ کرنے والے مغفرت کے حق دار ہوتے ہیں۔

لیکن مغفرت کا استحقاق اس وقت ہوتا ہے جب ملاقات کے وقت پہلے سلام کیا جائے، حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب صحابہ آپس میں ملتے تھے تو جب تک سلام نہیں کر لیتے تھے مصافحہ نہیں کرتے تھے (مجمع الزوائد ۸: ۳۶) پھر مصافحہ کے ساتھ ہر ایک سلام کی طرح زور سے کہے: يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ: اللہ میری اور آپ کی مغفرت فرمائیں، پھر مزاج پرسی کے وقت دونوں اللہ کی تعریف کریں، اور ہر حال میں اللہ کا شکر بجالائیں، تو دونوں کی مغفرت کردی جاتی ہے، مسند احمد وغیرہ میں روایت ہے کہ جب دو مسلمان آپس میں ملیں تو ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑیں، یعنی مصافحہ کریں، پس اللہ تعالیٰ پر حق ہے کہ وہ دونوں کی دعا میں حاضر ہوں، اور دونوں کو جدا نہ کریں یہاں تک کہ دونوں کو بخش دیں (مجمع الزوائد ۸: ۳۶)

ملحوظہ: لوگوں میں مصافحہ کی دعا کے سلسلہ میں غفلت پائی جاتی ہے، لوگ سلام ہی کو مصافحہ کی دعا سمجھتے ہیں، بلکہ بات یہاں تک پہنچ گئی ہے کہ جو ''مسنون دعائیں'' چھپتی ہیں ان میں مصافحہ کی دعا نہیں ہے، البتہ دہلی سے

جماعت اسلامی نے جو''مسنون دعائیں'' چھاپی ہیں، اس میں مصافحہ کی دعا ہے۔

اور عام طور پر جو''مسنون دعائیں'' چھپتی ہیں، اس میں مصافحہ کی دعا اس لئے نہیں ہے کہ یہ کتاب امام نوویؒ کی کتاب الأذکار اور ابن الجزریؒ کی حصن حصین سامنے رکھ کر مرتب کی گئی ہے، اور ان دونوں کتابوں میں کسی وجہ سے مصافحہ کی دعا نہیں آئی۔ اس لئے مسنون دعاؤں میں وہ دعا رہ گئی، اور اس طرح پوری امت مصافحہ کی دعا سے محروم ہوگئی، پس لوگوں کو چاہئے کہ دعا کا اہتمام کریں، اور یہ سنت زندہ کریں، مردہ سنت کو زندہ کرنے کا بڑا ثواب ہے۔

آدابِ ملاقات:

جب ایک مسلمان کی دوسرے مسلمان سے ملاقات ہوتو سب سے پہلے سلام کرنا چاہئے، یہ **تحیةُ الإسلام** ہے، یعنی ہر مسلمان پر لازم ہے کہ دوسرے مسلمان کو سلامتی کی دعا دے، خواہ اس کو پہچانتا ہو یا نہ پہچانتا ہو، بس اتنا معلوم ہونا چاہئے کہ وہ مسلمان ہے۔

پھر اگر معرفت یا عقیدت ہے تو سلام کے بعد مصافحہ بھی کرنا چاہئے، اور یہ **تحیة المعرفة** ہے، اس سے سلام کی تکمیل ہوتی ہے، اور اگر غایت درجہ معرفت ہے تو مصافحہ کے بجائے معانقہ کرنا چاہئے، معانقہ: مصافحہ کا نعم البدل ہے اور معانقہ کی دعا بھی وہی ہے جو مصافحہ کی ہے، اور اُس دعا کے ساتھ کوئی اور دعا بھی کر سکتے ہیں، اور مصافحہ اور معانقہ کو جمع کرنا آبِ زم زم کا پانی پینا ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے پوچھا: جب ہم میں سے کوئی اپنے بھائی یا اپنے دوست سے ملے تو کیا اس کی اجازت ہے کہ اس کے سامنے جھکے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں (کیونکہ جھکنا رکوع کے مشابہ ہے، اور جس طرح غیر اللہ کے سامنے سجدہ کرنا حرام ہے رکوع کرنا بھی حرام ہے، پس صرف جھکنا یا سلام کے ساتھ جھکنا جس طرح کُورنش بجالاتے ہیں: ممنوع ہے) پھر سائل نے پوچھا: پس کیا اس کی اجازت ہے کہ اس سے لپٹ جائے؟ یعنی اس کو گلے لگائے اور اس کو چومے؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں (کیونکہ اس میں فساد کا اندیشہ ہے) پھر سائل نے پوچھا: پس کیا اس کی اجازت ہے کہ اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑے، اور اس سے مصافحہ کرے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں، اس کی اجازت ہے۔

تشریح: محبت وتعلق کے اظہار کا آخری اور انتہائی درجہ معانقہ اور تقبیل (چومنا) ہے، لیکن اس کی اجازت اسی صورت میں ہے جب موقع محل کے لحاظ سے کسی شرعی مصلحت کے خلاف نہ ہو، اور اس سے کسی برائی یا شک وشبہ کے پیدا ہونے کا اندیشہ نہ ہو، مذکورہ حدیث میں جو معانقہ اور تقبیل کی ممانعت ہے اس کا مطلب دوسری حدیثوں کی روشنی میں یہ ہے کہ ممانعت کا تعلق اس صورت سے ہے جبکہ سینہ سے لگانے اور چومنے میں کسی برائی یا شک وشبہ کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو، ورنہ بہت سے واقعات سے نبی ﷺ کا معانقہ فرمانا اور چومنا ثابت ہے۔

اورمصافحہ کاصحیح طریقہ یہ ہے کہ ہرایک دوسرے کاہاتھ پکڑے، کچھ لوگ صرف انگلیاں ملاتے ہیں، اور کچھ لوگ صرف ہتھیلیاں ملاتے ہیں، ہاتھ پکڑتے نہیں، یہ مصافحہ کاصحیح طریقہ نہیں۔

حدیث (۲): قتادہؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا صحابہ کرام میں مصافحہ کارواج تھا؟ حضرت انسؓ نے فرمایا: جی ہاں۔

[۳۱-] بابُ ماجاءَ فی الْمُصافَحَةِ

[۲۷۲۹-] حدثنا سُوَیْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا حَنْظَلَةُ بنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: یَارسولَ اللّٰهِ! الرَّجُلُ مِنَّا یَلْقٰی أَخَاهُ أَوْ صَدِیْقَهُ، أَیَنْحَنِیْ لَهُ؟ قَالَ:" لَا" قَالَ: أَفَیَلْتَزِمُهُ، وَیُقَبِّلُهُ؟ قَالَ:" لَا" قَالَ: فَیَأْخُذُ بِیَدِهِ، وَیُصَافِحُهُ، قَالَ:" نَعَمْ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

[۲۷۳۰-] حدثنا سُوَیْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بنِ مَالِكٍ: هَلْ کَانَتْ الْمُصَافَحَةُ فِیْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: مِنْ تَمَامِ التَّحِیَّةِ الْأَخْذُ بِالْیَدِ: دعاوسلام کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے جب مصافحہ بھی کیا جائے۔

تشریح: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث غریب ہے، یحییٰ بن سلیم سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے، امام ترمذیؒ نے امام بخاریؒ سے اس سند کے بارے میں پوچھا تو امام بخاریؒ نے اس کو محفوظ شمار نہیں کیا، اور فرمایا: یحییٰ بن سُلیم درحقیقت اس سند سے یہ حدیث بیان کرنا چاہتے تھے: لَاسَمَرَ إِلَّا لِمُصَلٍّ أَوْ مُسَافِرٍ: عشاء کے بعد قصہ گوئی جائز نہیں، مگر تہجد پڑھنے والے کے لئے یا مسافر کے لئے (اس کی تفصیل تحفہ ۱: ۴۶۷ میں گذرچکی ہے) امام بخاریؒ نے فرمایا: مذکورہ حدیث کی سند یہ ہے: منصور: ابواسحاق سے، اور وہ عبدالرحمٰن بن یزید سے یا ان کے علاوہ کسی اور سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتا ہے:"سلام ودعا کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے جب مصافحہ کیا جائے" یعنی یہ حدیث مرفوع نہیں ہے، عبدالرحمٰن بن یزید وغیرہ کا قول ہے۔

[۲۷۳۱-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ عَبْدَةَ الضَّبِّیُّ، نَا یَحْیَی بنُ سُلَیْمٍ الطَّائِفِیُّ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ خَیْثَمَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ:" مِنْ تَمَامِ التَّحِیَّةِ الْأَخْذُ بِالْیَدِ"

وَهٰذَا حدیثٌ غریبٌ، وَلَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ یَحْیَی بنِ سُلَیْمٍ، عَنْ سُفْیَانَ. وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِیْلَ عَنْ هٰذَا الحدیثِ؟ فَلَمْ یَعُدَّهُ مَحْفُوْظًا، وَقَالَ: إِنَّمَا أَرَادَ عِنْدِیْ حَدِیْثَ سُفْیَانَ، عَنْ

مَنْصُوْرٍ، عَنْ خَيْثَمَةٍ، عَنْ مَّنْ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَاسَمَرَ إِلَّا لِمُصَلٍّ أَوْ مُسَافِرٍ"

قَالَ مُحمدٌ: وَإِنَّمَا يُرْوَى عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ يَزِيْدَ، أَوْ غَيْرِهِ، قَالَ:" مِنْ تَمَامِ التَّحِيَّةِ الْأَخْذُ بِالْيَدِ"

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: بیمار کی بیمار پرسی کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے، جب بیمار پرسی کرنے والا اپنا ہاتھ بیمار کے ماتھے پر رکھے، یا فرمایا: اس کے ہاتھ پر رکھے، پھر اس سے پوچھے: کیف أَنْتَ؟ مزاج شریف! اور آپس میں دعاوسلام کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے جب مصافحہ بھی کیا جائے۔

تشریح: اس حدیث میں دو مضمون ہیں: پہلا مضمون یہ ہے کہ جو کسی کی بیمار پرسی کے لئے جائے وہ بیمار کے نزدیک جائے، اور اس کے ماتھے پر یا ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیمار پرسی کرے تو بیمار پرسی کامل ہوگی۔ اور دوسرا مضمون وہی ہے جو اوپر والی حدیث میں ہے۔ اور اس حدیث کی سند بھی ضعیف ہے، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: اس کا راوی: عبید اللہ تو ثقہ ہے، مگر اس کا استاذ علی بن یزید ضعیف ہے، پھر اس کا استاذ قاسم ہے جس کے باپ کا نام عبدالرحمٰن ہے، اور اس کی کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے، یہ راوی ثقہ ہے اور وہ عبدالرحمٰن بن خالد کا آزاد کردہ ہے، اور یہ قاسم شام کا باشندہ تھا، پس اس کا شمار شامی رواۃ میں ہے۔

[۲۷۳۲-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا يَحْيىَ بنُ أَيُّوْبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، أَنَّ رسول اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيْضِ: أَنْ يَضَعَ أَحَدُكُمْ يَدَهُ عَلَى جَبْهَتِهِ، أَوْ قَالَ: عَلَى يَدِهِ، فَيَسْأَلُهُ كَيْفَ هُوَ؟ وَتَمَامُ تَحِيَّتِكُمْ بَيْنَكُمْ الْمُصَافَحَةُ"

هٰذَا إِسْنَادٌ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ، قَالَ مُحمدٌ: عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ زَحْرٍ: ثِقَةٌ، وَعَلِيُّ بنُ يَزِيْدَ: ضَعِيْفٌ، وَالْقَاسِمُ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَيُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَهُوَ ثِقَةٌ، وَهُوَ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ خَالِدِ بنِ يَزِيْدَ بنِ مُعَاوِيَةَ، وَالْقَاسِمُ شَامِيٌّ.

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: جو بھی دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں پس وہ مصافحہ کرتے ہیں تو دونوں کے جدا ہونے سے پہلے دونوں کی مغفرت کردی جاتی ہے۔

تشریح: یہ حدیث اتنی مشہور ہوگئی کہ مصافحہ سے دعا رخصت ہوگئی، حالانکہ حضرت براء رضی اللہ عنہ ہی سے یہ حدیث ابوداؤد میں اس طرح مروی ہے: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَان، فَتَصَافَحَا، وَحَمِدَا اللّٰهَ، وَاسْتَغْفَرَاهُ، غُفِرَلَهُمَا:

اوراس کی سند اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور حادثہ واحدۃ میں مطلق کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے، پس امام ترمذیؒ کی روایت میں اگرچہ استغفار کا ذکر نہیں، مگراس کو بڑھایا جائے گا اور غفر الله لهما اس کا قرینہ ہے......اور حدیث میں واوَ عاطفہ مطلق جمع کے لئے ہے، اور حمد کا موقع مزاج پرسی کا وقت ہے، لوگ عام طور پر اس وقت حمد کرنا بھول جاتے ہیں، اس لئے اہمیت ظاہر کرنے کے لئے اس کو مقدم کیا گیا ہے۔

[۲۷۳۳-] حدثنا سُفْيَانُ بنُ وَكِيعٍ، وَإِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، قَالَا: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الأَجْلَحِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَامِنْ مُسْلِمَيْنَ يَلْتَقِيَانِ، فَيَتَصَافَحَانِ، إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمَا قَبْلَ أَنْ يَتفرَّقَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَيُرْوَى هٰذَا الحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْبَرَاءِ.

بابُ ماجاء فی الْمُعَانَقَةِ وَالْقُبْلَةِ

معانقہ اور چومنے کا بیان

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت زید بن حارثہ کسی سفر سے لوٹ کر مدینہ پہنچے، اس وقت نبی ﷺ میرے گھر میں تھے، حضرت زیدؓ آپؐ سے ملنے آئے، اور دروازہ کھٹکھٹایا، پس نبی ﷺ ان کی طرف اٹھے، درانحالیکہ آپؐ کا بدن کھلا ہوا تھا، اور آپؐ اپنا کپڑا گھسیٹ رہے تھے، صدیقہ فرماتی ہیں: بخدا! میں نے آپؐ کو اس سے پہلے اور اس کے بعد کبھی کسی سے اس طرح کھلے بدن ملتے نہیں دیکھا۔ آپؐ نے حضرت زیدؓ سے معانقہ کیا اور ان کو چوما۔

تشریح: عُریان: ننگے یعنی کھلے بدن، یعنی کرتے کی جگہ جو چادر آپؐ زیب تن فرماتے تھے وہ نہیں تھی۔ اوپر کا آدھا بدن کھلا تھا، اسی حال میں آپؐ نے معانقہ فرمایا......اور کپڑا گھسیٹنے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی گھر میں جس بے تکلف حالت میں ہو، اسی حال میں باہر نکل آئے، تو کہتے ہیں: ''کپڑا گھسیٹتا ہوا نکلا'' یہ ایک محاورہ ہے، اس کے لئے کپڑا گھسیٹنا ضروری نہیں۔

[۳۲-] بابُ ماجاء فی الْمُعَانَقَةِ وَالْقُبْلَةِ

[۲۷۳۴-] حدثنا مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بنُ يَحْيىَ بنِ مُحمدِ بنِ عَبَّادٍ الْمَدِيْنِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ: يَحْيىَ بنُ مُحمدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحمدِ بنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ

عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَدِمَ زَيْدُ بنُ حَارِثَةَ الْمَدِيْنَةَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِيْ، فَأَتَاهُ، فَقَرَعَ الْبَابَ، فَقَامَ إِلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عُرْيَانًا، يَجُرُّ ثَوْبَهُ، وَاللّٰهِ مَا رَأَيْتُهُ عُرْيَانًا قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ، فَاعْتَنَقَهُ، وَقَبَّلَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مَنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فى قُبْلَةِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ

ہاتھ اور پاؤں چومنا

متعدد روایات سے ہاتھوں کو، اور بعض روایات سے پاؤں کو چومنے کا جواز ثابت ہوتا ہے، وہ روایات درج ذیل ہیں:

۱- حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ جب وہ ایک جہاد سے بھاگ کر لوٹے تھے، اور نبی ﷺ نے ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے فرمایا تھا: أَنتم الْعَكَّارُوْنَ، وَأَنَا فِئَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ: تم پلٹ کر حملہ کرنے والے ہو، اور میں مسلمانوں کا مرکز ہوں، ابن عمرؓ کہتے ہیں: فَقَبَّلْنَا يَدَهُ: پس ہم نے آپؐ کے ہاتھ چومے۔

۲- حضرت ابولبابہ اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہما نے جب ان کی توبہ قبول ہوئی: نبی ﷺ کے ہاتھوں کو چوما۔

۳- حضرت زارع رضی اللہ عنہ جو وفد عبدالقیس میں آئے تھے، کہتے ہیں: ہم سواریاں بٹھا کر تیزی سے دوڑے، اور نبی ﷺ کے ہاتھوں کو اور آپؐ کے پیروں کو چوما (یہ روایت ابوداؤد میں ہے) اور حضرت مزیدۃ عصریؓ سے بھی ایسا ہی مروی ہے۔

۴- باب کی روایت میں دو یہودیوں نے نبی ﷺ کے ہاتھ اور پیر کو چوما ہے۔

۵- حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ عنہ نے بھی نبی ﷺ کے ہاتھ کو چوما ہے۔

۶- حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی نبی ﷺ کے ہاتھ کو چوما ہے۔

۷- حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بدو اور درخت کے واقعہ میں انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں آپؐ کا سر اور آپؐ کے پاؤں چوموں، چنانچہ آپؐ نے ان کو اجازت دی۔

۸- حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ نے جب وہ سفر سے لوٹے تو حضرت عمرؓ کے ہاتھ کو چوما۔

۹- حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ابن عباسؓ کے ہاتھ کو چوما، جبکہ انھوں نے حضرت زید کی رکاب تھامی تھی۔

۱۰- حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ہاتھ اور پاؤں کو چوما ہے۔

۱۱- ابو مالک اشجعی نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی سے کہا: آپ اپنا وہ ہاتھ مجھے دیں جس سے آپ نے نبی ﷺ سے بیعت کی ہے، انھوں نے ہاتھ دیا، پس ابو مالک نے اس کو چوما۔

فقہاء کی آراء:

۱- امام مالکؒ ہاتھ پاؤں کی تقبیل کا انکار کرتے ہیں، اور اس سلسلہ کی روایات کو غیر معتبر قرار دیتے ہیں۔

۲- امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کسی کی بزرگی، نیکی، علم اور شرافت کی وجہ سے یا دیگر دینی فضائل کی وجہ سے ہاتھ چومنا مکروہ نہیں، بلکہ مستحب ہے، البتہ کسی کی مالداری کی وجہ سے یا شوکت و دبدبہ کی وجہ سے یا جاہ وجلال کی وجہ سے ہاتھوں کو چومنا سخت مکروہ ہے۔

۳- ہمارے اکابر قدم بوسی کی تو بالکل اجازت نہیں دیتے، کیونکہ وہ ہندوؤں کے فعل کے مشابہ ہے، ہندو اپنے بڑوں کے پاؤں پڑتے ہیں، اور وہ اس کو انتہائی تعظیم خیال کرتے ہیں...... اور دست بوسی کو اگرچہ جائز کہتے ہیں، مگر پسند نہیں کرتے، کیونکہ دست بوسی کے وقت جھکنا پڑتا ہے، اور آدمی رکوع کے مشابہ ہو جاتا ہے، پس وہ سلامی کے سجدہ کی طرح ہو گیا، اس لئے اگر کسی کو چومنا ہے تو پیشانی چومے، نبی ﷺ سے یہی بات ثابت ہے۔

حدیث: حضرت صفوان بن عسالؓ کہتے ہیں: ایک یہودی نے اپنے ساتھی سے کہا: آؤ! اس نبی کے پاس چلیں، اس کے ساتھی نے کہا: ''نبی'' مت کہو، اگر وہ تمہاری بات سن لیں گے تو ان کی چار آنکھیں ہو جائیں گی، یعنی وہ انتہائی درجہ خوش ہونگے کہ یہود نے بھی ان کو نبی تسلیم کرلیا، پھر وہ دونوں نبی ﷺ کے پاس آئے، اور انھوں نے آپؐ سے نو واضح نشانیوں کے بارے میں پوچھا: آپؐ نے فرمایا: وہ نشانیاں یہ ہیں: (۱) اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو (۲) چوری نہ کرو (۳) زنا نہ کرو (۴) اس شخص کو قتل نہ کرو جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق شرعی کی وجہ سے (۵) کسی بے گناہ کو کسی حاکم کے پاس نہ لے جاؤ، تا کہ وہ اس کو قتل کرے، یعنی کسی بے گناہ کی بادشاہ سے شکایت مت کرو، اور اس کو قتل مت کراؤ (۶) جادو نہ کرو (۷) سود نہ کھاؤ (۸) اور کسی پاک دامن عورت پر تہمت نہ لگاؤ (۹) اور بھاگنے کے لئے مڈبھیڑ کے دن پیٹھ نہ پھیرو (۱۰) اور تم پر خاص طور پر اے یہود! یہ بات لازم ہے کہ ہفتہ کے دن میں حد سے مت بڑھو۔ راوی کہتے ہیں: پس انھوں نے نبی ﷺ کے دونوں ہاتھوں اور دونوں پیروں کو چوما، اور انھوں نے کہا: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپؐ اللہ کے نبی ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: پھر تمہیں میری پیروی سے کیا چیز روکتی ہے؟ راوی کہتے ہیں: انھوں نے جواب دیا: داؤد علیہ السلام نے اپنے رب سے دعا کی ہے کہ ان کی اولاد میں ہمیشہ کوئی نہ کوئی نبی ہوتا رہے، اس لئے ہمیں اندیشہ ہے: اگر ہم آپؐ کی پیروی کریں تو ہمیں یہودی قتل کر دیں گے۔

تشریح:

۱- حضرت صفوان کی یہ حدیث کتاب التفسیر، تفسیر سورۂ بنی اسرائیل میں بھی ہے، اور وہاں یہ صراحت ہے کہ ان دونوں نے: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوْسَى تِسْعَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ﴾ کے بارے میں پوچھا تھا یعنی وہ نو نشانیاں کیا ہیں جو اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دی تھیں؟ نیز یہ حدیث مستدرک حاکم (۹:۱) میں بھی ہے، اور امام نسائی کی السنن الکبری (۱۹۸:۵) میں بھی ہے، اور ابن ماجہ (حدیث ۳۷۰۵) میں بھی ہے مگر مختصر ہے۔

۲- كان له أَرْبَعَةُ أَعْيُنٍ: ایک محاورہ ہے، انتہائی خوشی کے موقع پر کہا جاتا ہے کہ اس کی چار آنکھیں ہوگئیں! خوشی کے موقع پر آنکھیں پھیلتی ہیں، اور دور تک دیکھتی ہیں، جیسے حزن وملال کے موقع پر آنکھیں سکڑتی ہیں، اور کم نظر آتا ہے، بلکہ کبھی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے، اور کچھ بھی نظر نہیں آتا۔

۳- سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۱۰۱) میں جن نو واضح نشانیوں کا ذکر ہے وہ یہ ہیں: (۱) عصائے موسیٰ: جو زمین پر ڈالنے سے اژدھا بن جاتا تھا (۲) یدِ بیضاء: جو بغل میں دبا کر نکالنے سے سورج کی طرح چمکنے لگتا تھا (۳) پانی کا سیلاب (۴) ٹڈی دَل (۵) جوئیں یا چیچڑی یا سُرسُری (۶) مینڈک (۷) خون (۸) قحط سالیاں (۹) پھلوں کی کمی —— پہلی دو نشانیاں قرآنِ پاک میں متعدد جگہ مذکور ہیں، اس کے بعد کی چار نشانیاں سورۃ الاعراف (آیت ۱۳۳) میں مذکور ہیں، اور آخری دو نشانیاں سورۃ الاعراف (آیت ۱۳۰) میں مذکور ہیں۔ یہ سب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے واضح معجزات تھے، جو فرعونیوں کی آنکھیں کھولنے کے لئے دیئے گئے تھے، مگر انھوں نے ایمان لانے کا بار بار عہد کر کے بھی خلاف روزی کی، اور بالآخر تباہ ہوئے۔

۴- اور اس حدیث میں ''نو نشانیوں'' کے جواب میں آپؐ نے ''دس احکام'' بیان فرمائے ہیں، یہ ایک بے جوڑ بات ہے، اور اس کی کوئی تاویل بھی ممکن نہیں، درحقیقت یہ عبداللہ بن سَلِمہ (لام کے کسرہ کی تقریب میں صراحت ہے) کا وہم ہے، اس راوی کے بارے میں تقریب میں ہے: صَدوقٌ تَغَيَّرَ حِفْظُهُ: سچا ہے مگر آخر میں اس کی یاد داشت بگڑ گئی تھی، اور امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے نہ تو حضرت صفوانؓ کی کوئی روایت صحیحین میں لی، نہ عبداللہ بن سلمہ کی، یہ صرف سنن اربعہ کا راوی ہے، اس کی وجہ حافظ ابوعبداللہ محمد بن یعقوبؒ سے پوچھی گئی کہ شیخین نے حضرت صفوانؓ کی تمام حدیثیں کیوں چھوڑ دی ہیں؟ انھوں نے جواب دیا: لِفَسَادِ الطريق إليه: حضرت صفوانؓ تک سند کے صحیح نہ ہونے کی وجہ سے (مستدرک حاکم ۱:۱۰) اس لئے میرا خیال ہے کہ حدیث میں صرف عَنْ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ہوگا، تسع کا لفظ عبداللہ نے بڑھایا ہے، بلکہ کتاب التفسیر کی روایت میں پوری آیت لکھی ہے، اس طرح بات کہیں سے کہیں پہنچ گئی، درحقیقت ان یہودیوں نے ان دس واضح احکامات کے بارے میں پوچھا تھا جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیئے تھے، جن میں سے بعض کا تذکرہ آج بھی تورات میں کتاب استثناء باب ۵ میں

موجود ہے، یہود نے ان احکام میں سے بعض کو چھپا دیا تھا، اور ایسا غائب کر دیا تھا کہ ان کے عام علماء کو بھی وہ احکام معلوم نہیں تھے۔

اس لئے انھوں نے خیال کیا کہ جب ہمارے عام علماء ان احکام کو نہیں جانتے تو یہ حضرت کہاں سے جانتے ہونگے! مگر آنحضرت ﷺ تو نبی تھے، آپؐ نے وہ سارے احکام بیان فرما دیئے، ان احکام میں سے نو تو تمام انبیاء کے لئے عام ہیں، اور آخری حکم بنی اسرائیل کے ساتھ خاص ہے۔ غرض آیات سے احکام مراد ہیں، نشانیاں (معجزات) مراد نہیں، اور ان کی تعداد نو نہیں دس ہے، یہ احکام: احکام عشرہ سے مشہور ہیں۔

۵- وَلاَ تُوَلُّوْا الفِرَارَ: الفِرَارَ مفعول لہ ہے، أی لِلْفِرَارِ...... الیھودَ: منصوب علی الاختصاص ہے۔

۶- اور یہود کی آخری بات کا مطلب یہ ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی دعا کی وجہ سے قیامت تک ان کی اولاد میں نبی ہوتے رہیں گے، پس اگر کوئی نبی ظاہر ہوا، اور اس کا جتھا بن گیا تو وہ ہمیں قتل کر دیں گے، اس اندیشہ سے ہم آپ پر ایمان نہیں لاتے۔

مگر ان کی یہ بات غلط تھی، حضرت داؤد علیہ السلام نے ایسی کوئی دعا نہیں کی، اور اگر کی تھی تو یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان کیوں نہیں لائے؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو حضرت داؤد علیہ السلام کی اولاد میں ہیں؟ در حقیقت: ناچنا نہیں، آنگن ٹیڑھا!

[۳۳-] بابُ ماجاء فی قُبْلَةِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ

[۲۷۳۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ، وَأَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ سَلِمَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بنِ عَسَّالٍ، قَالَ: قَالَ يُهُوْدِيٌّ لِصَاحِبِهِ: اذْهَبْ بِنَا إِلَى هٰذَا النبيِّ، فَقَالَ صَاحِبُهُ: لاَتَقُلْ نَبِيٌّ، إِنَّهُ لَوْ سَمِعَكَ كَانَ لَهُ أَرْبَعَةُ أَعْيُنٍ، فَأَتَيَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلاَهُ عَنْ تِسْعِ آياتٍ بَيِّنَاتٍ، فَقَالَ لَهُمْ: "لاَتُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلاَ تُسْرِقُوْا، وَلاَتزْنُوْا، وَلاَ تَقْتُلُوْا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ، وَلاَ تَمْشُوْا بَبَرِيْءٍ إِلَى ذِى سُلْطَانٍ لِيَقْتُلَهُ، وَلاَ تَسْحَرُوْا، وَلاَتأْكُلُوْا الرِّبَا، وَلاَ تَقْذِفُوْا مُحْصَنَةً، وَلاَ تُوَلُّوْا الْفِرَارَ يَوْمَ الزَّحْفِ، وَعَلَيْكُمْ خاصَّةً الْيَهُوْدَ: أَلَّا تَعْتَدُوْا فِي السَّبْتِ، قَالَ: فَقَبَّلُوْا يَدَيْهِ، وَرِجْلَيْهِ، وَقَالُوْا: نَشْهَدُ إِنَّكَ نَبِيٌّ، قَالَ:" فَمَا يَمْنَعُكُمْ أَنْ تَتَّبِعُوْنِّيْ؟" قَالَ: قَالُوْا: إِنَّ دَاوُدَ دَعَا رَبَّهُ أَنْ لاَيَزَالَ مِنْ ذُرِّيَّتِهِ نَبِيٌّ، وَإِنَّا نَخَافُ إِنْ تَبِعْنَاكَ أَنْ تَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ.

وفی الباب: عَنْ يَزِيْدَ بنِ الْأَسْوَدِ، وَابنِ عُمَرَ، وَكَعْبِ بنِ مَالِكٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي مَرْحَبًا

خوش آمدید کہنا

حدیث (۱): ابومُرہ نے جو حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ ہیں: ابوالنضر کو بتلایا کہ انھوں نے ام ہانی کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں فتح مکہ کے دن نبی ﷺ کے پاس گئی، میں نے آپؐ کو نہاتے ہوئے پایا، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کپڑے سے آپؐ کو چھپائے ہوئے تھیں، ام ہانی کہتی ہیں: میں نے سلام کیا، آپؐ نے پوچھا مَن هذه؟ یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا: میں ام ہانی ہوں، آپؐ نے فرمایا: میں ام ہانی کو خوش آمدید کہتا ہوں! پھر اس حدیث میں لمبا مضمون ہے جو صحیحین میں مختلف جگہ مروی ہے اور یہ حدیث پہلے کتاب السیر (تحفہ۴: ۵۱۹) میں گذر چکی ہے۔

حدیث (۲): حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ جو دشمنِ اسلام ابوجہل کے بیٹے ہیں، کہتے ہیں: جس دن میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپؐ نے فرمایا: مرحبا بالراكب المهاجر! یعنی ہجرت کرنے والے اونٹ سوار کو میں خوش آمدید کہتا ہوں۔

تشریح: فتح مکہ کے موقع پر حضرت عکرمہؓ مکہ چھوڑ کر چل دیئے تھے، ان کی بیوی نے ان کے لئے پناہ مانگی، آپؐ نے پناہ دیدی، اور اپنا عمامہ علامت کے طور پر عنایت فرمایا، اور حکم دیا کہ وہ عکرمہ کو بلا لائیں، وہ ساحل پر پہنچیں، عکرمہ جہاز پر سوار ہونے ہی والے تھے، وہ ان کو مکہ واپس لائیں، جب نبی ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپؐ چادر کے بغیر ان کی طرف بڑھے، اور ان کو خوش آمدید کہا اور وہ بھاگ کر جہاں تک پہنچے تھے وہاں سے نبی ﷺ کے پاس لوٹنے کو ہجرت قرار دیا۔ اس حدیث کی سند صحیح نہیں، موسیٰ بن مسعود ضعیف راوی ہے، اور سفیان ثوری کے دوسرے شاگرد عبدالرحمٰن بن مہدی حدیث کو منقطع روایت کرتے ہیں، وہ سند میں مصعب کا ذکر نہیں کرتے، اور یہی سند اصح ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے محمد بن بشارؒ سے سنا، وہ کہتے ہیں: موسیٰ حدیث میں ضعیف ہے، اور خود محمد بن بشار کہتے ہیں: میں نے موسیٰ سے بہت سی حدیثیں لکھی تھیں، پھر میں نے ان کو چھوڑ دیا۔

لغت: المَرْحَبُ (مصدر میمی) کشادگی، فراخی، مرحباً بك: خوش آمدید، آپ کے لئے ہمارے پاس کشادگی ہے، آپ کھلی اور فراخ جگہ میں آئے، لامَرْحبا بك: بددعا کے لئے: خدا کرے تمہارے لئے جگہ تنگ ہو، اور مرحَبًا بمعنی بہت خوب بھی مستعمل ہے۔

[٣٤-] بابُ ماجاءَ فِي مَرْحَبًا

[٢٧٣٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، أَنَّ أَبَا مُرَّةَ مَوْلَى

أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِيْ طَالِبٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ أُمَّ هَانِئٍ تَقُوْلُ: ذَهَبْتُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَامَ الْفَتْحِ، فَوَجَدْتُهُ يَغْتَسِلُ، وَفَاطِمَةُ تَسْتُرُهُ بِثَوْبٍ، قَالَتْ: فَسَلَّمْتُ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذِهِ؟" قُلْتُ: أَنَا أُمُّ هَانِئٍ، قَالَ: "مَرْحَبًا بِأُمِّ هَانِئٍ" فَذَكَرَ قِصَّةً فِي الْحَدِيْثِ، وَهٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۲۷۳۷-] حدثنا عَبْدُ بنُ حُمَيْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نا مُوْسَى بنُ مَسْعُوْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُصْعَبِ بنِ سَعْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ أَبِيْ جَهْلٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ جِئْتُهُ: "مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ"

وفي الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ جُحَيْفَةَ، وَهٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِصَحِيْحٍ، لاَنَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَمُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ: ضَعِيْفٌ فِيْ الْحَدِيْثِ. وَرَوَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ مُصْعَبِ بنِ سَعْدٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ. وَسَمِعْتُ محمدَ بنَ بَشَّارٍ، يَقُوْلُ: مُوْسَى بْنُ مَسْعُوْدٍ ضَعِيْفٌ فِي الْحَدِيْثِ، قَالَ مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ: وَكَتَبْتُ كَثِيْرًا عَنْ مُوْسَى بنِ مَسْعُوْدٍ، ثُمَّ تَرَكْتُهُ.

بابُ ماجاءَ فِي تَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ

چھینکنے والے کو دعا دینا

شَمَّتَ العَاطِسَ: چھینکنے والے کو یر حمك الله کہہ کر دعا دینا۔ مجرد: شَمِتَ بہ: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا...... جب کسی کو چھینک آئے تو الحمدللہ کہے، اور اس کے جواب میں اس کا مسلمان بھائی یر حمك الله کہے، پھر چھینکنے والا یھدیکم الله ویُصلح بالکم کہے، کیونکہ چھینک آنا ایک قسم کی شفاء ہے، اس کے ذریعہ ایسی رطوبت اور ایسے اَبخرے دماغ سے نکلتے ہیں کہ اگر وہ نکلیں تو کسی تکلیف یا بیماری کا اندیشہ پیدا ہو جائے، پس صحت کی حالت میں چھینک آنا اللہ کا فضل ہے، اور اس پر حمد ضروری ہے، نیز چھینک آنے پر حمد کرنا حضرت آدم علیہ السلام کی سنت اور اسلامی شعار ہے، حمد کرنے سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ چھینکنے والا ملت انبیاء کا تابعدار اور ان کی سنتوں پر عمل کرنے کا پختہ عزم رکھتا ہے۔

اور حمد کے جواب میں یر حمك الله کہنا اس وجہ سے مشروع کیا گیا ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے اخلاق کو اپنانا ہے، اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی تحمید کے جواب میں یر حمك الله فرمایا تھا، نیز تحمید کرنے والے کی دین پر اور سنن انبیاء پر استقامت کا یہ حق ہے کہ اس کو یہ دعا دی جائے، اس وجہ سے جواب دینے کو حقوق اسلام میں شمار کیا گیا ہے......

پھر یر حمك الله کا جواب اس لئے مشروع کیا گیا ہے کہ وہ نیکی کا بدلہ نیکی کے باب سے ہے......اور نبی ﷺ کو جب چھینک آتی تو آپؐ اپنے ہاتھ سے یا کپڑے سے منہ ڈھانک لیتے تھے، اور پست آواز میں چھینکتے تھے، کیونکہ چھینکتے وقت

کبھی چہرے کے پٹھے سکڑ جاتے ہیں، اور شکل بدنما ہوجاتی ہے، اس لئے اس وقت منہ ڈھانک لینا چاہئے۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر معروف طریقہ پر چھ حقوق ہیں: (۱) جب ملاقات ہو تو سلام کرے (۲) جب وہ اس کو (دعوت وغیرہ کے لئے) بلائے تو جواب دے (۳) جب وہ چھینکے تو اس کو یرحمك اللہ کہہ کر دعا دے (۴) جب وہ بیمار پڑے تو اس کی بیمار پرسی کرے (۵) جب اس کا انتقال ہوجائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ جائے (۶) اور اس کے لئے وہ بات پسند کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

ترکیب: سِتٌّ موصوف محذوف کی صفت ہے اور بالمعروف محذوف سے متعلق ہے، أی خِصالٌ ستٌّ، مُتَلَبِّسَةٌ بالمعروف۔ اور معروف کے معنی ہیں: جس کی خوبی عقلاً وشرعاً ثابت ہو، اس کی ضد منکر ہے، پس بالمعروف کا مطلب یہ ہے کہ یہ باتیں عرف میں اچھی سمجھی جاتی ہیں، اس لئے ان کو اسلامی حقوق قرار دیا گیا ہے (اس حدیث کا راوی حارث اعور متکلم فیہ راوی ہے)

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے لئے مؤمن پر چھ حقوق ہیں: (۱) جب بیمار پڑے، اس کی بیمار پرسی کرے (۲) جب اس کا انتقال ہوجائے تو جنازہ میں شرکت کرے (۳) جب وہ اس کو (دعوت وغیرہ کے لئے) بلائے تو لبیک کہے (۴) جب اس سے ملاقات ہو تو اس کو سلام کرے (۵) جب وہ چھینکے تو یرحمك اللہ کہہ کر دعا دے (۶) اور اس کی خیر خواہی کرے، خواہ وہ غیر حاضر ہو یا حاضر۔

تشریح: پہلی حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے، اور دوسری حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی، اور دونوں میں آخری بات ایک ہی ہے، صرف تعبیر کا فرق ہے، اور دوسری حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

[۳۵-] بابُ ماجاء فِي تَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ

[۲۷۳۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيْبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَعُوْدُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيَتَّبِعُ جَنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ، وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ أَيُّوْبَ، وَالْبَرَاءِ، وَأَبِيْ مَسْعُوْدٍ، وَهٰذَا حَدِيْثٌ حسنٌ، قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِي الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ.

[۲۷۳۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بنُ سَعِيْدٍ، نَا مُحمدُ بنُ مُوْسَى الْمَخْزُوْمِيُّ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لِلْمُؤْمِنِ

عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ: يَعُوْدُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيَشْهَدُهُ إِذَا مَاتَ، وَيُجِيْبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَنْصَحُ لَهُ إِذَا غَابَ أَوْ شَهِدَ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَمُحمدُ بنُ مُوْسَى الْمَخْزُوْمِيُّ: مَدِيْنِيٌّ ثِقَةٌ، رَوَى عَنْهُ عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، وَابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ.

بابُ مَايَقُوْلُ الْعَاطِسُ إِذَا عَطَسَ؟

جب کسی کو چھینک آئے تو کیا کہے؟

حدیث: نافع کہتے ہیں: ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں چھینک لی، اور کہا: الحمد للہ، والسلام علی رسول اللہ۔ حضرت ابن عمرؓ نے کہا: میں بھی الحمدللہ، والسلام علی رسول اللہ کہتا ہوں (یہ نکیر ہے) نبی ﷺ نے ہمیں اس طرح نہیں سکھایا، ہمیں یہ بات سکھلائی ہے کہ ہم الحمدللہ علی کل حال کہیں۔

تشریح: اس حدیث کی زیاد سے آخر تک ایک سند ہے، مگر حدیث ٹھیک ہے، زیاد ابوخداش یَحْمُدی بصری ثقہ راوی ہے، اور حضرمی (جو خاندان جارود کا آزاد کردہ ہے) مقبول راوی ہے، اور اس کی ترمذی میں یہی ایک حدیث ہے، اور نافع حضرت ابن عمرؓ کے مشہور آزاد کردہ ہیں۔

[۳۶-] بابُ مَايَقُوْلُ الْعَاطِسُ إِذَا عَطَسَ؟

[۲۷۴۰-] حدثنا حُمَيْدُ بنُ مَسْعَدَةَ، نَا زِيَادُ بنُ الرَّبِيْعِ، نَا حَضْرَمِيٌّ: مَوْلَى آلِ الْجَارُوْدِ، عَنْ نَافِعٍ: أَنَّ رَجُلاً عَطَسَ إِلَىٰ جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ! فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَأَنَا أَقُوْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ، وَلَيْسَ هٰكَذَا عَلَّمَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، عَلَّمَنَا أَنْ نَقُوْلَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زِيَادِ بنِ الرَّبِيْعِ.

بابُ ماجاء كَيْفَ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ؟

چھینکنے والے کو کیا دعا دی جائے؟

حدیث (۱): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہود نبی ﷺ کے پاس (بہ تکلف) چھینکا کرتے تھے، اور امید باندھتے تھے کہ آپؐ ان کو یرحمکم اللہ کہہ کر دعا دیں گے۔ مگر آپؐ یهدیکم اللہ ویُصْلِحُ

بالکم کہتے تھے، یعنی اللہ تمہیں ہدایت دے، اور تمہارے احوال ٹھیک کرے، پس یرحمك الله سے دعا صرف مؤمن کو دی جائے اور غیر مسلم کو دعا دینے کی ضرورت پیش آئے تو مذکورہ الفاظ استعمال کئے جائیں۔

حدیث (۲): حضرت سالم بن عبید اشجعی رضی اللہ عنہ سے (جو اصحابِ صفہ میں سے تھے) مروی ہے کہ وہ سفر میں لوگوں کے ساتھ تھے، پس قوم میں سے ایک شخص نے چھینک لی، اور اس نے کہا: **السلام علیکم**۔ حضرت سالمؓ نے جواب دیا: **علیك وعلی أُمِّك**: تجھ پر اور تیری ماں پر (سلام) پس گویا وہ آدمی ناراض ہوا، تو حضرت سالمؓ نے کہا: سن! میں نے نہیں کہی مگر وہی بات جو نبی ﷺ نے کہی ہے، ایک شخص نے نبی ﷺ کے پاس چھینک لی، اور اس نے کہا: **السلام علیکم** نبی ﷺ نے فرمایا: **علیك وعلی أُمِّك**، جب تم میں سے کوئی شخص چھینک لے تو چاہئے کہ کہے: **الحمد لله رب العالمین**، اور چاہئے کہ اس سے کہے وہ شخص جو اس کو جواب دے: **یرحمك الله**۔ اور چاہئے کہ چھینکنے والا کہے: **یَغْفِرُ اللّٰهُ لی ولکم** (اس حدیث کی سند میں منصور کے شاگردوں میں اختلاف ہے، بعض تلامذہ ہلال اور حضرت سالم کے درمیان ایک واسطہ بڑھاتے ہیں)

حدیث (۳): حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی چھینک لے تو چاہئے کہ **الحمدلله علی کل حال**: کہے، اور چاہئے کہ وہ شخص جو اس کو جواب دے یرحمك الله کہے، اور چاہئے کہ وہ یعنی چھینکنے والا یهدیکم الله، ویصلح بالکم کہے''

سند کا بیان: عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ: ابن ابی لیلیٰ کبیر کہلاتے ہیں، ان کے دو بیٹے ہیں: محمد اور عیسیٰ، محمد: ابن ابی لیلیٰ صغیر کہلاتے ہیں، اور وہ کوفہ کے قاضی تھے، مگر حدیث میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں، یہ ابن ابی لیلیٰ صغیر اپنے بھائی عیسیٰ سے، اور وہ اپنے ابا سے، اور وہ حضرت ابوایوب انصاریؓ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، مگر ابن ابی لیلیٰ صغیر اس حدیث کی سند میں مضطرب تھے، کبھی ابن ابی لیلیٰ کبیر کے بعد عن أبی أیوب، عن النبی صلی الله علیه وسلم کہتے تھے، اور کبھی عن علی عن النبی صلی الله لعیه وسلم کہتے تھے (اس کی تفصیل کتاب العلل کی شرح (تحفہ ۱: ۱۲۸) میں گذر چکی ہے)

[۳۷-] بابُ ماجاء: کَیْفَ یُشَمَّتُ الْعَاطِسُ؟

[۲۷۴۱-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِیٍّ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ حَکِیْمِ بنِ دَیْلَمَ، عَنْ أَبِیْ بُرْدَةَ بنِ أَبِیْ مُوْسَی، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی قَالَ: کَانَ الْیَهُوْدُ یَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، یَرْجُوْنَ أَنْ یَقُوْلَ لَهُمْ: یَرْحَمُکُمُ اللّٰهُ، فَیَقُوْلُ: ''یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ، وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ!''

فی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَأَبِیْ أَیُّوْبَ، وَسَالِمِ بنِ عُبَیْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ، وَأَبِیْ هریرةَ، هٰذَا حدیثٌ

حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷٤۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بنِ يَسَافٍ، عَنْ سَالِمِ بنِ عُبَيْدٍ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ الْقَوْمِ فِيْ سَفَرٍ، فَعَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ: عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، فَكَأَنَّ الرَّجُلَ وَجَدَ فِيْ نَفْسِهِ، فَقَالَ: أَمَا إِنِّيْ لَمْ أَقُلْ إِلَّا مَاقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ، إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَلْيَقُلْ لَهُ مَنْ يَرُدُّ عَلَيْهِ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَقُلْ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ"

هٰذَا حديثٌ اخْتَلَفُوْا فِيْ رِوَايَتِهِ عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَقَدْ أَدْخَلُوْا بَيْنَ هِلَالِ بنِ يَسَافٍ وَبَيْنَ سَالِمٍ رَجُلًا.

[۲۷٤۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ ابنُ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَخِيْهِ عِيْسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَلْيَقُلِ الَّذِيْ يَرُدُّ عَلَيْهِ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَلْيَقُلْ هُوَ: يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ، وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ"

حدثنا مُحمدُ بنُ الْمُثَنَّى، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَهٰكَذَا رَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، وَقَالَ: عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَكَانَ ابْنُ أَبِيْ لَيْلَى يَضْطَرِبُ فِيْ هٰذَا الحديثِ، يَقُوْلُ أَحْيَانًا: عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيَقُوْلُ أَحْيَانًا: عَنْ عَلِيٍّ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۷٤٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بنُ يَحْيَى الثَّقَفِيُّ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَا: نَا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَخِيْهِ عِيْسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فِي إِيْجَابِ التَّشْمِيْتِ بِحَمْدِ الْعَاطِسِ

جب چھینکنے والا تحمید کرے تو تشمیت واجب ہے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دو شخصوں نے نبی ﷺ کے پاس چھینک لی، آپؐ نے ان میں سے ایک کو دعا دی، اور دوسرے کو دعا نہیں دی، پس اس شخص نے جس کو آپؐ نے دعا نہیں دی تھی، عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کو یرحمك الله کہہ کر دعا دی، اور مجھے دعا نہیں دی! آپؐ نے فرمایا: "اس نے اللہ کی تعریف کی

اورتو نے اللہ کی تعریف نہیں کی''، یعنی چھینکنے پر جو اللہ کی تعریف کرے گا وہی دعا کا مستحق ہوگا۔

[٣٨-] بابُ ماجاءَ فِي إِيْجَابِ التَّشْمِيْتِ بِحَمْدِ الْعَاطِسِ

[٢٧٤٥-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلَيْنِ عَطَسَا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَشَمَّتَ أَحَدَهُمَا، وَلَمْ يُشَمِّتِ الآخَرَ، فَقَالَ الَّذِيْ لَمْ يُشَمِّتْهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' إِنَّهُ حَمِدَ اللّٰهَ، وَإِنَّكَ لَمْ تَحْمَدْهُ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ كَمْ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ؟

چھینکنے والے کو کتنی مرتبہ دعا دی جائے؟

حدیث (١): حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کے پاس چھینک لی، اور میں موجود تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: یرحمك الله! پھر اس نے دوسری مرتبہ چھینک لی، تو آپؐ نے فرمایا: هٰذَا رَجُلٌ مَزْكُوْمٌ: اس شخص کو نزلہ ہو رہا ہے، یہی حدیث دوسری سند سے مروی ہے اس میں یہ ہے کہ آپؐ نے تیسری مرتبہ چھینکنے پر فرمایا: أَنْتَ مَزْكُوْمٌ: تجھے نزلہ ہو رہا ہے۔ پہلی حدیث حضرت ابن المبارکؒ کی ہے اور دوسری یحییٰ بن سعید کی، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ دوسری سند ابن المبارکؒ کی سند سے اصح ہے، کیونکہ امام شعبہؒ بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں، پس وہ یحییٰ کے متابع ہیں اور ابن المبارک کا کوئی متابع نہیں۔

حدیث (٢): عمر بن اسحاق اپنی والدہ سے جن کا نام حُمیدہ ہے: روایت کرتے ہیں، اور حمیدۃ اپنے ابا سے جن کا نام عبید بن رفاعہ ہے: روایت کرتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: شَمِّتِ العَاطِسَ ثلاثا، فإذا زاد: فإِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ، وَإِنْ شِئْتَ فلا: چھینکنے والے کو تین مرتبہ یرحمك الله کہہ کر دعا دو، پھر اگر وہ اس سے زیادہ چھینکے تو اختیار ہے: چاہو تو اس کو دعا دو، اور اگر چاہو تو نہ دو (یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی عمر مجہول الحال ہے، اور حمیدہ کا بھی حال معلوم نہیں)

تشریح: ان دونوں روایتوں میں گونہ تعارض ہے، پہلی روایت کی پہلی سند میں نبی ﷺ نے صرف ایک مرتبہ دعا دی ہے، اور دوسری سند میں دو مرتبہ دعا دی ہے، اور دوسری حدیث میں تین مرتبہ تک دعا دینے کا حکم ہے، پھر اختیار ہے، اس تعارض کا جواب یہ ہے کہ جب اندازہ ہو جائے کہ چھینکنے والا مریض ہے تو دعا دینا ضروری نہیں، خواہ یہ اندازہ ایک ہی مرتبہ میں ہو جائے یا دو مرتبہ میں، اور تین مرتبہ میں تو چھینکنے والے کا بیمار ہونا یقینی ہے، اور بیمار کو دعا

دینا ضروری نہیں، کیونکہ ممکن ہے وہ چھینکتا ہی رہے، پس کب تک اس کو دعا دی جائے گی؟ پھر چھینک جو راحت ہے اور جس سے ابخرے نکلتے ہیں اور جو اللہ کی نعمت ہے وہ تندرست کی چھینک ہے، بیمار کی چھینک بیماری ہے، اس لئے وہ دعا کا مستحق نہیں۔

[۳۹-] بابُ ماجاءَ كَمْ يُشَمَّتُ الْعَاطِسُ؟

[۲۷۴۶-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا شَاهِدٌ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَرْحَمُكَ اللّٰهُ" ثُمَّ عَطَسَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هٰذَا رَجُلٌ مَزْكُوْمٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۴۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَايَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، نَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ:" أَنْتَ مَزْكُوْمٌ"

هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ الْمُبَارَكِ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ عَمَّارٍ هٰذَا الحديثَ، نَحْوَ رِوَايَةِ يَحْيىَ بنِ سَعِيْدٍ، حدثنا بِذٰلِكَ أَحْمَدُ بنُ الْحَكَمِ الْبَصْرِيُّ، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عِكْرِمَةَ بنِ عَمَّارٍ بِهٰذَا.

[۲۷۴۸-] حدثنا الْقَاسِمُ بنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِيُّ الْكُوْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيْدَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَبِيْ خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عُمَرَ بنِ إِسْحَاقَ بنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أَبِيْهَا، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" شَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلَاثًا، فَإِذَا زَادَ: فَإِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ، وَإِنْ شِئْتَ فَلَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَإِسْنَادُهُ مَجْهُوْلٌ.

بابُ ماجاءَ فِي خَفْضِ الصَّوْتِ، وَتَخْمِيْرِ الْوَجْهِ عِنْدَ الْعُطَاسِ

جب چھینک آئے تو آواز پست کرے، اور چہرہ ڈھانک لے

پہلے یہ بات بیان کی جاچکی ہے کہ کبھی چھینکتے وقت چہرے کے پٹھے سکڑ جاتے ہیں، اور شکل بدنما بن جاتی ہے، اس لئے ہلکی آواز سے چھینک لینی چاہئے، اور ہاتھ سے یا کپڑے سے چہرہ چھپالینا چاہئے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کو جب چھینک آتی تو آپؐ اپنے چہرے کو اپنے ہاتھ سے یا اپنے کپڑے سے ڈھانک لیتے تھے، اور پست آواز سے چھینکتے تھے۔

[٤٠-] بابُ ماجاءَ فِي خَفْضِ الصَّوْتِ، وَتَخْمِيْرِ الْوَجْهِ عِنْدَ العُطَاسِ

[٢٧٤٩-] حدثنا مُحمدُ بنُ وَزِيْرٍ الْوَاسِطِيُّ، نَا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَجْلاَنَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا عَطَسَ: غَطَّى وَجْهَهُ بِيَدِهِ، أَوْ بِثَوْبِه، وَغَضَّ بِهَا صَوْتَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ: إِنَّ اللّٰهَ يحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ

اللہ کو چھینک پسند ہے، اور جماہی ناپسند

چھینک اللہ کو اس لئے پسند ہے کہ وہ صحت کی علامت ہے، اس کے ذریعہ دماغ سے ایسی رطوبت اور اَبخرے خارج ہوتے ہیں کہ اگر وہ نہ نکلیں تو کسی تکلیف کا یا بیماری کا پیش خیمہ بن جائیں...... اور جماہی اللہ تعالیٰ کو ناپسند اس لئے ہے کہ وہ طبیعت کے کسل اور غلبۂ ملال پر دلالت کرتی ہے۔ اور جب آدمی جماہی لینے کے لئے منہ کھولتا ہے تو شیطان ہاہا کرتا ہے، یعنی آدمی کی ہیئت مکروہ ہوجاتی ہے، اس لئے شیطان ہنستا ہے۔

پہلی حدیث: محمد بن عجلان مدنی کی ہے، وہ سعید بن ابی سعید مقبری سے، اور وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (اس سند میں عن أبیه نہیں ہے) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: العُطَاسُ مِنَ اللّٰهِ، وَالتَّثَاؤُبُ من الشَّيْطَان: چھینک اللہ کی طرف سے ہے، اور جماہی شیطان کی طرف سے، پس جب تم میں سے کسی کو جماہی آئے تو اپنے منہ پر اپنا ہاتھ رکھ لے، اور جب وہ ہاہا کرتا ہے تو شیطان اس کے پیٹ میں سے ہنستا ہے، وَإِن اللّٰهَ يحِبُّ العُطَاسَ، ويَكْرَهُ التثاؤُبَ: اور بیشک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتے ہیں، اور جماہی کو ناپسند کرتے ہیں۔

دوسری حدیث: ابن ابی ذئب کی ہے، وہ سعید مقبری سے اور وہ اپنے والد ابوسعید مقبری سے، اور وہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (اس سند میں عن أبیه ہے) نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتے ہیں، اور جماہی کو ناپسند کرتے ہیں، پس جب تم میں سے کوئی چھینکے اور الحمدللہ کہے تو ہر اس شخص پر جو اس تحمید کو سنے لازم ہے کہ یرحمك الله کہے، اور رہی جماہی: پس جب تم میں سے کسی شخص کو جماہی آئے تو چاہئے کہ وہ اس کو روکے جہاں تک اس کے بس میں ہو، اور ہاہا نہ کرے، یہ بات شیطان کی جانب ہی سے ہے، شیطان اس کی وجہ سے ہنستا ہے۔

سند کا بیان: یہ دوسری سند جس میں عن أبیه ہے، محمد بن عجلان کی حدیث سے اصح ہے، کیونکہ ابن ابی ذئب کو سعید مقبری کی حدیثیں خوب محفوظ تھیں، اور وہ محمد بن عجلان سے زیادہ مضبوط راوی ہیں، پھر امام ترمذیؒ نے یحییٰ

قطان سے محمد بن عجلان کا قول نقل کیا ہے، وہ کہتے ہیں: سعید مقبری کی بعض حدیثیں حضرت ابو ہریرہؓ سے بلاواسطہ مروی ہیں، اور بعض میں کسی آدمی کا واسطہ ہے، پس وہ حدیثیں میری کاپیوں میں گڈ مڈ ہوگئیں، اس لئے میں نے سب حدیثوں کو سعیدٌ، عن أبی هريرة کردیا (یہ بات کتاب العلل کی شرح (تحفہ ا:۱۲۷) میں گذر چکی ہے)

[۴۱-] بابُ ماجاءَ: إِنَّ اللّٰهَ يحَبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ

[۲۷۵۰-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْمُقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" العُطَاسُ مِنَ اللّٰهِ، وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلَى فِيْهِ، وَإِذَا قَالَ: آه آه! فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ مِنْ جَوْفِهِ، وَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۷۵۱-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ، نَا يَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، أَخْبَرَنِیْ ابنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بنِ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ العُطَاسَ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ، فَإِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ: فَحَقٌّ عَلَى كُلِّ مَنْ سَمِعَهُ أَنْ يَقُوْلَ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، وَأَمَّا التَّثَاؤُبُ: فَإِذَا تَثَاءَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَااسْتَطَاعَ، وَلَا يَقُوْلُ: هَاه هَاه! فَإِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ، يَضْحَكُ مِنْهُ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عَجْلَانَ، وَابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ أَحْفَظُ لِحَدِيْثِ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ وَأَثْبَتُ مِنْ ابنِ عَجْلَانَ.

وَسَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ العَطَّارَ الْبَصْرِیَّ: يَذْكُرُ عَنْ عَلِیِّ بنِ الْمَدِيْنِیِّ، عَنْ يَحْيَى بنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ مُحمدُ بنُ عَجْلَانَ: أَحَادِيْثُ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ: رَوَى بَعْضَهَا سَعِيْدٌ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، وَبَعْضَهَا سَعِيْدٌ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، فَاخْتَلَطَتْ عَلِیَّ، فَجَعَلْتُهَا عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ أَبِیْ هريرةَ.

بابُ ماجاء أَنَّ العُطَاسَ فِی الصَّلَاةِ مِنَ الشَّيْطَانِ

نماز میں چھینک آنا شیطانی فعل ہے

حدیث: شریک بن عبداللہ نخعی جو صدوق ہیں، مگر غلطیاں بہت کرتے تھے، اور جب سے وہ کوفہ کے قاضی بنائے گئے تھے ان کی یادداشت میں فرق پڑ گیا تھا، وہ ابوالیقظان عثمان بن عُمیر اعمی سے، جو ضعیف راوی ہیں: روایت کرتے ہیں، وہ عدی بن ثابت سے، وہ اپنے ابا سے، اور وہ اپنے دادا سے، جن کا نام معلوم نہیں: روایت کرتے ہیں،

وہ حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، یعنی نبی ﷺ نے فرمایا: ''نماز میں چھینکنا، اونگھنا، جماہی لینا، حیض، قی اور نکسیر: شیطان سے ہیں''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اور اس کا مصداق یہ صورت ہے کہ نماز شروع کرنے سے پہلے کوئی بات نہیں تھی، جونہی نماز شروع کی کہ چھینکیں، جماہیاں، اور اونگھ آنے لگی، یہ سب شیطان کی کارستانی ہے، یہی حال حیض، پلٹی اور نکسیر کا ہے، یہ بھی بری حالتیں ہیں، اور شریعت میں بری حالت کو شیطان کی طرف منسوب کرکے بیان کیا جاتا ہے۔

سند کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ نے امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا: عدی کے دادا کا نام کیا ہے؟ امام بخاریؒ نے لاعلمی ظاہر کی، اور یحییٰ بن معین سے مروی ہے کہ ان کے دادا کا نام دینار ہے، اور پہلے (تحفہ۱:۴۰۲) یہ بات گذری ہے کہ امام ترمذیؒ نے امام بخاریؒ سے ابن معین کا قول ذکر کیا تو انھوں نے اس کو کوئی اہمیت نہیں دی۔

[۴۲-] بابُ ماجاء أَنَّ العُطَاسَ فِي الصَّلاَةِ مِنَ الشَّيْطَانِ

[۲۷۵۲-] حدثنا عَلِيُّ بنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عَنْ أَبِي اليَقْظَانِ، عَنْ عَدِيٍّ، وَهُوَ ابنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَفَعَهُ، قَالَ: '' العُطَاسُ، وَالنُّعَاسُ، وَالتَّثَاؤُبُ فِي الصَّلاَةِ، وَالْحَيْضُ، وَالْقَيْءُ، وَالرُّعَافُ: مِنَ الشَّيْطَانِ ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ، عَنْ أَبِي الْيَقْظَانِ: وَسَأَلْتُ مُحمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ: عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: قُلْتُ لَهُ: مَااسْمُ جَدِّ عَدِيٍّ؟ قَالَ: لاَ أَدْرِيْ، وَذُكِرَ عَنْ يَحْيَى بْنِ مَعِيْنٍ، قَالَ: اسْمُهُ دِيْنَارٌ.

بابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ أَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يُجْلَسُ فِيْهِ

کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنا مکروہ ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے کوئی شخص اپنے بھائی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے، پھر وہ خود اس جگہ میں بیٹھ جائے''، یعنی مجلس سے کسی کو اٹھا کر اس کی جگہ بیٹھنا نہیں چاہئے، بلکہ اہل مجلس سے درخواست کرنی چاہئے کہ کھل جائیں اور گنجائش پیدا کریں۔

حدیث (۲): میں یہ اضافہ ہے کہ اگر کوئی شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے لئے کھڑا ہوتا تو آپؓ اس کی جگہ میں نہیں بیٹھتے تھے۔

تشریح: اس ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ یہ حرکت تکبر اور خود پسندی کی وجہ سے صادر ہوتی ہے، اور اس سے

دوسرے کے دل میں میل آتا ہے، اور کینہ کپٹ پیدا ہوتا ہے، اس لئے اس سے بچنا چاہئے۔
البتہ اگر بیٹھا ہوا شخص کسی کے لئے ایثار کرے، اور وہ اپنی جگہ خالی کردے تو وہ اجر کا مستحق ہوگا، کیونکہ یہ ایک مسلمان کا اکرام اور بڑے کی تعظیم ہے، جو پسندیدہ امر ہے، اور حضرت ابن عمرؓ احتیاطاً نہیں بیٹھتے تھے، یا سدِّ باب مقصود تھا، کیونکہ اٹھنے والا واقعی خوشی سے اٹھا ہے یا شرماشرمی میں اٹھا ہے: اس کا پتہ نہیں چل سکتا۔

[۴۳-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ كَرَاهِيَةِ أَنْ يُقَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يُجْلَسُ فِيْهِ

[۲۷۵۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايُقِيْمُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۵۴-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَايُقِيْمُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ " قَالَ: وَكَانَ الرَّجُلُ يَقُوْمُ لِابْنِ عُمَرَ، فَمَا يَجْلِسُ فِيْهِ.

بابُ ماجاء إِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ رَجَعَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

کوئی شخص اپنی جگہ سے اٹھے، پھر واپس آئے، تو وہ اس جگہ کا زیادہ حقدار ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الرجلُ أَحَقُّ بِمَجْلِسِهِ، وَإِنْ خَرَجَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ عَادَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِمَجْلِسِهِ: آدمی اپنی بیٹھنے کی جگہ کا زیادہ حقدار ہے، یعنی اگر کوئی شخص اپنی جگہ سے کسی ضرورت کے لئے جائے (اور وہاں اپنی کوئی علامت چھوڑ جائے) تو جب وہ واپس آئے: اپنی جگہ کا زیادہ حقدار ہے۔

تشریح: جو شخص کسی مباح جگہ میں مثلاً: مسجد، سرائے، درسگاہ یا کسی اور جگہ میں آکر بیٹھ جاتا ہے تو اس جگہ کے ساتھ اس کا حق متعلق ہوجاتا ہے، اس لئے جب تک وہ اس جگہ سے بے نیاز نہ ہوجائے، اس کو اس جگہ سے بے دخل نہیں کرنا چاہئے، یہ اس کی حق تلفی ہے۔

[۴۴-] بابُ ماجاء إِذَا قَامَ الرَّجُلُ مِنْ مَجْلِسِهِ، ثُمَّ رَجَعَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ

[۲۷۵۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا خَالِدُ بنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ عَمْرِو بنِ يَحْيىَ، عَنْ مُحمدِ بنِ يَحْيىَ بنِ حَبَّانٍ، عَنْ عَمِّهِ وَاسِعِ بنِ حَبَّانَ، عَنْ وَهْبِ بنِ حُذَيْفَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " الرَّجُلُ أَحَقُّ بِمَجْلِسِهِ: وَإِنْ خَرَجَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ عَادَ، فَهُوَ أَحَقُّ بِمَجْلِسِهِ"
هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَأَبِيْ هريرةَ.

بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الْجُلُوْسِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ بِغَيْرِ إِذْنِهِمَا

دوشخصوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر بیٹھنا مکروہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَایَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ یُفَرِّقَ بَیْنَ اثْنَیْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا: کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوشخصوں کے درمیان جدائی کرے، مگر ان کی اجازت سے۔

تشریح: دوشخصوں کے درمیان جبکہ جگہ خالی نہ ہو، ان کی اجازت کے بغیر بیٹھنا: ان کو ایک دوسرے سے جدا کرنا ہے، اس لئے ممنوع ہے، کبھی دوشخص کوئی پوشیدہ بات کرنے کے لئے اور سرگوشی کے لئے اکٹھا بیٹھتے ہیں، پس ان کے درمیان میں گھسنا دونوں کو مکدر کردے گا، اور کبھی دونوں میں انسیت ومحبت ہوتی ہے، جس کی وجہ سے وہ ساتھ بیٹھنا چاہتے ہیں، پس ان کے درمیان میں بیٹھنا ان کو وحشت میں ڈالنا ہے (رحمۃ اللہ ۵:۵۵۹)

[۴۵-] بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الْجُلُوْسِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ بِغَيْرِ إِذْنِهِمَا

[۲۷۵۶-] حدثنا سُوَيْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا أُسَامَةُ بنُ زَيْدٍ، ثَنِيْ عَمْرُو بنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَامِرٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ أَيْضًا.

بابُ ماجاء فى كَرَاهِيَةِ الْقُعُوْدِ وَسْطَ الْحَلْقَةِ

حلقہ کے بیچ میں بیٹھنا مکروہ ہے

حدیث: ابومجلز لاحق بن حمید کہتے ہیں: ایک شخص حلقہ کے بیچ میں بیٹھا، تو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''حضرت محمد ﷺ کی زبان سے وہ شخص ملعون ہے جو حلقہ کے بیچ میں بیٹھتا ہے!''

تشریح: حلقہ کے بیچ میں مسخرہ لوگوں کو ہنسانے کے لئے بیٹھتا ہے، لوگ اس کو چھیڑتے ہیں، اس پر فقرے کستے ہیں، اور وہ الٹا سیدھا جواب دیتا ہے، اس پر لوگ قہقہے لگاتے ہیں، یہ ایک شیطانی فعل ہے، اس لئے اس پر لعنت کی گئی ہے...... نیز جب لوگ حلقہ بنائے ہوئے بیٹھے ہوں تو ہر ایک کا دوسرے سے مواجہہ (آمنا سامنا) ہوتا ہے، پس اگر کوئی شخص حلقہ کے بیچ میں بیٹھ جائے تو لوگوں کا مواجہہ ختم ہوجائے گا، اس لئے ان کو یہ بات سخت ناگوار ہوگی، یہ وجہ بھی اس کے ملعون ہونے کی ہے...... اسی طرح جب کوئی بے تمیز، ادب ناآشنا، حلقہ کے بیچ میں بیٹھ جاتا ہے تو

لوگوں کو یہ بات سخت ناگوار ہوتی ہے، اور وہ اس پر پھٹکار بھیجتے ہیں، جیسے لوگوں کے سایے میں، یا راستے میں بول وبراز کرنے والے پر لوگ پھٹکار بھیجتے ہیں۔

[٤٦-] بابُ ماجاء في كَرَاهِيَةِ الْقُعُوْدِ وَسْطَ الْحَلْقَةِ

[٢٧٥٧-] حدثنا سُوَيْدٌ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ مِجْلَزٍ: أَنَّ رَجُلاً قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: مَلْعُوْنٌ عَلَى لِسَانِ مُحمدٍ، أَوْ: لَعَنَ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ مُحمدٍ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ مِجْلَزٍ: اسْمُهُ لاَحِقُ بنُ حُمَيْدٍ.

بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ قِيَامِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ

کسی کا کسی کے لئے کھڑا ہونا مکروہ ہے

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صحابہ کے نزدیک نبی ﷺ سے زیادہ کوئی شخص محبوب نہیں تھا، اور صحابہ جب آپؐ کو دیکھتے تھے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آپؐ اس کو پسند نہیں کرتے۔

حدیث (۲): ابومجلز کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ (گھر سے) نکلے تو ابن الزبیر اور ابن صفوان کھڑے ہوئے، جب انھوں نے حضرت معاویہؓ کو دیکھا، پس حضرت معاویہؓ نے فرمایا: دونوں بیٹھ جاؤ، میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: من سَرَّه أَنْ يَتَمَثَّلَ له الرجالُ قياماً، فَلْيَتَبَوَّأْ مِنَ النَّارِ: جس کو یہ بات پسند ہو کہ لوگ اس کے سامنے کھڑے رہیں تو وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے! (۱)

تشریح: کسی کا کسی کے لئے کھڑا ہونا دو طرح پر ہوتا ہے: ایک: تعظیم کے لئے، دوسرا: انبساط وفرحت کے طور پر، پھر قیام تعظیمی کی دو صورتیں ہیں: ایک: مسلسل کھڑا رہنا، یعنی جب تک بڑا مجلس میں رہے: لوگ کھڑے رہیں۔ دوم: کھڑے ہوکر بیٹھ جانا، یعنی جب بڑا آئے تو لوگ کھڑے ہوجائیں، پھر جب وہ بیٹھ جائے تو لوگ بھی بیٹھ جائیں، یہ دونوں صورتیں ممنوع ہیں، پہلی صورت مکروہ تحریمی ہے اور دوسری صورت اس سے کم مکروہ ہے، رہا انبساط وفرحت کے طور پر کھڑا ہونا، اور آنے والے کو خوش آمدید کہنا تو یہ نہ صرف جائز ہے، بلکہ مستحسن ہے۔

(۱) اور ابوداؤد میں یہ روایت ہے کہ عبداللہ بن الزبیرؓ کھڑے نہیں ہوئے، بذل میں اس تعارض کا جواب یہ ہے کہ یہ دو واقعے علحدہ علحدہ ہیں۔ ترمذی میں مذکور واقعہ پہلی مرتبہ کا ہے، اس وقت ابن الزبیر اور ابن صفوان: دونوں کھڑے ہوئے تھے، اور ابو داؤد کا واقعہ دوسری مرتبہ کا ہے، اس میں ابن الزبیر کھڑے نہیں ہوئے تھے، کیونکہ ان کے سامنے حدیث آگئی تھی، ایک اور صاحب (ابن عامر) کھڑے ہوئے تھے، جن کو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے منع کیا ۱۲

باب کی پہلی حدیث کا مصداق یہ صورت ہے کہ لوگ بڑے کے آنے پر تعظیم کے لئے کھڑے ہوں، پھر بیٹھ جائیں، صحابہ کرام نبی ﷺ کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آپؐ اس کو ناپسند کرتے ہیں۔

اور دوسری حدیث بڑے کے سامنے مسلسل کھڑے رہنے کے بارے میں ہے۔ مَثُلَ بَین یدیه مُثُولاً کے معنی ہیں: خدمت میں دست بستہ کھڑا رہنا، مگر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بھی اس صورت کے لئے پیش کی ہے جبکہ آنے والے کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو کر بیٹھ جایا جائے، پس یہ صورت بھی حدیث کا مصداق ہوگی۔

اسی طرح حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ لاٹھی ٹیکے ہوئے باہر تشریف لائے، صحابہ آپؐ کی تعظیم کے لئے کھڑے ہوئے، آپؐ نے فرمایا: ''کھڑے مت ہوؤ جس طرح عجمی لوگ کھڑے ہوتے ہیں، ان کے بعض بعض کی تعظیم کرتے ہیں'' اس حدیث کا اصل مصداق بھی بڑے کے سامنے مسلسل کھڑا رہنا ہے، مگر نبی ﷺ نے یہ ارشاد اس موقع پر فرمایا ہے جب صحابہ تعظیم کے لئے کھڑے ہوئے تھے، جو بعد میں بیٹھ گئے تھے، پس معلوم ہوا کہ یہ دوسری صورت بھی حدیث کا مصداق ہے۔

غرض: عجمیوں کی طرح کھڑا رہنا جائز نہیں، ان کا طریقہ یہ تھا کہ نوکر آقا کی خدمت میں، اور رعایا بادشاہ کی خدمت میں کھڑی رہتی تھی، ان کو بیٹھنے کی اجازت نہیں تھی، اور یہ انتہائی درجہ کی تعظیم سمجھی جاتی تھی، جس کی سرحدیں شرک سے ملی ہوئی تھیں، اس لئے اس کی ممانعت کی گئی۔

اسی طرح بڑے کے آنے پر تعظیم کے لئے کھڑا ہونا، پھر بیٹھ جانا بھی ممنوع ہے، نبی ﷺ جب مکان سے باہر تشریف لائے تھے اور صحابہ کھڑے ہوتے تھے تو وہ تعظیم ہی کے لئے کھڑے ہوتے تھے، مُثُول یعنی خدمت میں مسلسل کھڑا رہنا مقصود نہیں تھا، پھر بھی آپؐ نے ممانعت فرمائی، کیونکہ یہی قیام تعظیمی مُثُول تک مفضی ہوتا ہے، اور اس سے مقتدیٰ کا نفس بھی خراب ہو جاتا ہے، اور اگر تعظیم میں غلو شروع ہو جائے تو مقتدِی کا حال بھی برا ہو جاتا ہے، جیسا کہ لوگوں کے احوال میں یہ بات مشاہد ہے۔

اور کسی کے آنے پر فرحت و سرور سے کھڑے ہونے کی، اس کے لئے جھوم جانے کی اور اس کے اکرام اور اس کی خوش دلی کے لئے اٹھنے کی، پھر بیٹھ جانے کی گنجائش ہے۔ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لاتیں تو نبی ﷺ کھڑے ہو کر ان کو چومتے تھے، اور اپنی جگہ بٹھاتے تھے، اسی طرح جب آپؐ ان کے گھر تشریف لے جاتے تو وہ بھی یہی عمل کرتی تھیں۔

اور ہمارے اکابر بھی تعظیم کے لئے کھڑے ہونے کو سخت ناپسند کرتے تھے، البتہ کسی مہمان وغیرہ کے آنے پر فرحت و سرور اور اعزاز و اکرام کے طور پر کھڑے ہونے کو جائز کہتے تھے۔

فائدہ: قیام تعظیمی کے جواز بلکہ استحسان پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے استدلال کیا جاتا ہے،

جنگ بنوقریظہ کے موقع پر حضرت سعدؓ بیمار تھے، اور مدینہ منورہ میں مقیم تھے، فوج کے ساتھ نہیں آئے تھے، پھر جب بنوقریظہ ان کے فیصلہ پر راضی ہوئے تو نبی ﷺ نے ان کو بلوایا، وہ گدھے پر سوار ہوکر آئے، جب نبی ﷺ کی قیام گاہ کے قریب پہنچے تو آپؐ نے ان کے قبیلہ کے لوگوں سے فرمایا: قوموا إلی سیِّدکم: اپنے سردار کی طرف اٹھو (مشکوٰۃ حدیث ۴۶۹۵) اور مسند احمد (۱۴۲:۶) میں ہے: ''اپنے سردار کی طرف اٹھو، اور ان کو اتارو، چنانچہ انھوں نے ان کو اتارا''

اس حدیث سے قیام تعظیمی کے جواز پر استدلال درست نہیں، کیونکہ حدیث میں قوموا لِسیِّدکم نہیں ہے بلکہ قوموا إلی سیِّدکم ہے۔ یعنی ان کے تعاون کے لئے اٹھو، وہ بیمار تھے، ان کو سواری سے اترنے کے لئے مدد کی ضرورت تھی، البتہ لفظ ''سید'' سے شبہ پیدا ہوتا ہے کہ شاید آپؐ نے لوگوں کو قیام تعظیمی کا حکم دیا تھا، اور یہ شبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دل میں بھی پیدا ہوا تھا، مسند احمد کی مذکورہ روایت میں ہے: فقال عُمرُ: سَیِّدُنَا اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ! قَالَ: ''أَنْزِلُوْهُ'' فَأَنْزَلُوْهُ: حضرت عمرؓ نے کہا: ہمارے آقا اللہ عزوجل ہیں! نبی ﷺ نے فرمایا: ''ان کو اتارو'' چنانچہ لوگوں نے ان کو اتارا اس میں اشارہ ہے کہ حضرت عمرؓ نے لفظ سید سے قیام تعظیمی سمجھا تھا، نبی ﷺ نے وضاحت فرمائی کہ تعظیم کے لئے نہیں بلکہ تعاون کے لئے اٹھنا ہے۔

مسئلہ: اگر کوئی شخص بالکل نہ چاہے، مگر دوسرے اکرام وعقیدت ومحبت میں کھڑے ہوں تو ان کو منع کرنا چاہئے، کیونکہ نبی ﷺ کو یہ کھڑا ہونا پسند نہیں تھا، میں نے اپنے اساتذہ سے سنا ہے: جب حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی قدس سرہ درسگاہ میں تشریف لاتے تھے، اور کوئی طالب علم کھڑا ہوتا تھا تو حضرت وہیں رک جاتے تھے، اس کو ڈانٹتے تھے، اور جب تک وہ بیٹھ نہیں جاتا تھا حضرت آگے نہیں بڑھتے تھے۔

[۴۷-] بابُ ماجاء فِی کَرَاهِیَةِ قِیَامِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ

[۲۷۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَفَّانُ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ یَکُنْ شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَیْهِمْ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَکَانُوْا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ یَقُوْمُوْا، لِمَا یَعْلَمُوْنَ مِنْ کَرَاهِیَتِهِ لِذٰلِكَ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

[۲۷۵۹-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَیْلَانَ، نَا قَبِیْصَةُ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ حَبِیْبِ بنِ الشَّهِیْدِ، عَنْ أَبِی مِجْلَزٍ، قَالَ: خَرَجَ مُعَاوِیَةُ، فَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ الزُّبَیْرِ، وَابْنُ صَفْوَانَ، حِیْنَ رَأَوْهُ، فَقَالَ: اجْلِسَا، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: '' مَنْ سَرَّهُ أَنْ یَتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِیَامًا، فَلْیَتَبَوَّأْ مِنَ النَّارِ''

وفی الباب: عَنْ أَبِی أُمَامَةَ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ حَبِیْبِ بْنِ الشَّهِیْدِ، عَنْ أَبِی مِجْلَزٍ، عَنْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فِی تَقْلِیمِ الأَظْفَارِ

ناخن تراشنے کا بیان

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: پانچ باتیں فطری ہیں: (۱) زیر ناف مونڈنا (۲) ختنہ کرانا (۳) مونچھ کاٹنا (۴) بغل کے بال اکھاڑنا (۵) ناخن تراشنا۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: دس باتیں فطری ہیں: (۱) مونچھوں کا کم کرنا (۲) ڈاڑھی کو چھوڑنا (۳) مسواک کرنا (۴) ناک میں پانی کھینچ کر صفائی کرنا (۵) ناخن تراشنا (۶) بدن کے جوڑوں کو دھونا (۷) بغل کے بال اکھاڑنا (۸) زیر ناف مونڈنا (۹) پانی سے استنجاء کرنا، حدیث کے راوی زکریا کہتے ہیں: میرے استاذ مُصعب نے فرمایا: میں دسویں بات بھول گیا، شاید یہ وہ کلی کرنا ہو۔

لغات: اسْتَحَدَّ: استرے وغیرہ سے شرم گاہ کے بال صاف کرنا...... قَصَّ الشَّعْرَ وغیرہ: قینچی سے کاٹنا، کترنا ...... نَتَفَ الشَّعْرَ: بال اکھاڑنا، بال نوچنا...... الإبط: (بسکون الباء وکسرها) بغل...... أَعْفَى الشَّعْرَ: بالوں کو باقی رکھنا، نہ کاٹنا...... اسْتَنْشَقَ الماءَ: سانس کے ذریعہ ناک میں پانی چڑھانا...... الْبَرَاجِمْ: البُرْجُمَة کی جمع: انگلیوں کے جوڑ...... انْتَقَصَ الشیئَ: کم کرنا، گھٹانا، مراد پانی سے استنجاء کرنا ہے، کیونکہ اس سے پیشاب کی آمد رک جاتی ہے۔

تشریح: خَمْسٌ اور عَشْرٌ میں تعارض نہیں، کیونکہ چھوٹا عدد بڑے عدد میں داخل ہوتا ہے، اور ذکرِ عدد نفیِ ماعدا کو مستلزم نہیں ہوتا...... اور فطرت کے لغوی معنی ہیں: ساخت، بناوٹ، اور اصطلاح میں فطرت: ان خصوصی اوصاف اور امتیازی نشانات کا نام ہے جو انسانی حیثیت کے عین مطابق ہوتے ہیں، اور ان سے فرد یا قوم کی شخصیت ممتاز ہوتی ہے، اللہ پاک نے انبیاء کرام کے ذریعہ امتوں کو چند ایسی باتوں کا حکم دیا ہے جن کے ذریعہ وہ اپنی شخصیت کو دنیا کی دیگر اقوام سے ممتاز بنا سکتے ہیں، ایسی باتیں کئی ایک ہیں، باب کی حدیثوں میں ان میں سے دس باتوں کا ذکر ہے۔ اور دیگر احادیث میں اور باتوں کا بھی ذکر آیا ہے۔

[۴۸-] بابُ ماجاءَ فِی تَقْلِیمِ الأَظْفَارِ

[۲۷۶۰-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْحُلْوَانِیُّ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِیْدِ بنِ الْمُسَیَّبِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "خَمْسٌ مِنَ الْفِطْرَةِ: الإِسْتِحْدَادُ، وَالْخِتَانُ، وَقَصُّ الشَّارِبِ، وَنَتْفُ الإِبْطِ، وَتَقْلِیْمُ الأَظْفَارِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۷۶۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَهَنَّادٌ، قَالَا: نَا وَكِيْعٌ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بنِ شَيْبَةَ، عَنْ طَلْقِ بنِ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "عَشْرٌ مِنَ الْفِطْرَةِ: قَصُّ الشَّارِبِ، وَإِعْفَاءُ اللِّحْيَةِ، وَالسِّوَاكُ، وَالِاسْتِنْشَاقُ، وَقَصُّ الْأَظْفَارِ، وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ، وَنَتْفُ الإِبْطِ، وَحَلْقُ الْعَانَةِ، وَانْتِقَاصُ الْمَاءِ" قَالَ زَكَرِيَّا قَالَ مُصْعَبٌ: وَنَسِيْتُ الْعَاشِرَةَ، إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ الْمَضْمَضَةُ.

وفی الباب: عَنْ عَمَّارِ بنِ يَاسِرٍ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: انْتِقَاصُ الْمَاءِ: هُوَ الِاسْتِنْجَاءُ بِالْمَاءِ.

بابُ ماجاءَ فِی تَوْقِيْتِ تَقْلِيْمِ الأَظْفَارِ، وَأَخْذِ الشَّارِبِ

کتنی مدت میں ناخن کاٹنا اور مونچھ لینا ضروری ہے؟

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے لوگوں کے لئے: ناخن تراشنے، مونچھ کاٹنے، اور زیر ناف مونڈنے کی مدت چالیس دن مقرر فرمائی (یہ حدیث صدقۃ بن موسیٰ دقیقی کی ہے، اور یہ راوی صدوق ہے، مگر اس کی حدیثوں میں غلطیاں ہوتی ہیں، چنانچہ یہ حدیث اس راوی کا وہم ہے، صحیح حدیث وہ ہے جو آگے آرہی ہے)

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہمارے لئے مدت مقرر کی گئی: مونچھ کاٹنے، ناخن تراشنے، زیر ناف مونڈنے اور بغل نوچنے کے لئے کہ ہم چالیس دن سے زیادہ (ان چیزوں کو) نہ چھوڑیں (یہی حدیث صحیح ہے، چالیس دن کی مدت چار چیزوں کے لئے مقرر کی گئی ہے۔ پہلی حدیث میں جو تین چیزوں کے لئے مدت مقرر کرنے کا ذکر ہے: وہ صدقۃ بن موسیٰ کا وہم ہے)

مسئلہ: مستحب یہ ہے کہ ہفتہ میں ایک بار مذکورہ کام کرے، اور افضل جمعہ کا دن ہے، پندرہ بیس روز میں ایک بار یہ کام کرلے تو بھی جائز ہے، اور چالیس دن سے زیادہ صفائی نہ کرنا مکروہ تحریمی ہے، جس کی وجہ سے گنہ گار ہوگا، شامی میں ہے: كُرِهَ تَرْكُه تحريماً: نیز اس کی نماز بھی مکروہ ہوگی، اور ایک حدیث میں ہے کہ نبی ﷺ ہر جمعہ کو ناخن اور مونچھ درست فرماتے تھے، اور بیسویں روز زیر ناف اور چالیسویں روز بغل کے بال صاف کرتے تھے (التعلیق الصبیح ۴:۴۰۵)

[۴۹-] بابُ ماجاءَ فِی تَوْقِيْتِ تَقْلِيْمِ الأَظْفَارِ، وَأَخْذِ الشَّارِبِ

[۲۷۶۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ، نَا صَدَقَةُ بنُ مُوْسَى: أَبُوْ مُحمدٍ صَاحِبُ

الدَّقِيْقِ، نَا أَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ وَقَّتَ لَهُمْ فِيْ كُلِّ أَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً: تَقْلِيْمَ الأَظْفَارِ، وَأَخْذَ الشَّارِبِ، وَحَلْقَ الْعَانَةِ"

[۲۷۶۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ أَنَسِ بنِ مَالِكٍ، قَالَ: وُقِّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ، وَتَقْلِيْمِ الأَظْفَارِ، وَحَلْقِ الْعَانَةِ، وَنَتْفِ الإِبْطِ: أَنْ لاَ نَتْرُكَ أَكْثَرَ مِنْ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا"

هٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الأَوَّلِ، وَصَدَقَةُ بنُ مُوْسَى لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِالْحَافِظِ.

بابُ ماجاء فِي قَصِّ الشَّارِبِ

مونچھ کاٹنے کا بیان

مونچھوں کے بارے میں حدیثوں میں پانچ لفظ آئے ہیں: (۱) جَزُّوْا الشَّوَارِبَ: مونچھیں کاٹو، (۲) قَصُّ الشَّارِبِ: مونچھ کترنا (۳) أُحْفُوْا الشوارِبَ: مونچھیں پست کرو (۴) أَنْهِكُوْا الشوارِبَ: مونچھوں کو خوب پست کرو (۵) أَخْذُ الشارِبِ: مونچھ لینا۔

مونڈنے کا ذکر کسی حدیث میں نہیں اس لئے امام مالکؒ کے نزدیک مونڈنا منع ہے، اور احناف کے یہاں بھی مونڈنے کے بدعت ہونے کا ایک قول ہے (درمختار ۵: ۳۵۸، حظر وإباحة فصل فی البیع) اور احناف کے یہاں دوسرا قول مونڈنے کے سنت ہونے کا ہے۔ مُلْتَقَی الأَبْحُر میں اسی کو لیا ہے، لیکن درمختار نے اس کو قِیْلَ سے ذکر کر کے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے، اور مجتبیٰ میں امام طحاوی رحمہ اللہ کے حوالہ سے امام ابوحنیفہ اور صاحبین رحمہم اللہ کی طرف مونڈنے کے سنت ہونے کا قول منسوب کیا ہے۔

اور اختلافِ اقوال کی وجہ یہ ہے کہ مونچھوں کے سلسلہ میں احادیث میں جو پانچ الفاظ آئے ہیں، ان میں سے إحفاء اور إنهاك کی دلالت مبالغہ پر ہے، اور کامل مبالغہ منڈنے میں ہے، اس لئے بعض علماء نے منڈنے کو سنت کہا ہے، لیکن قابل غور یہ پہلو ہے کہ اگر مونڈنا مطلوب ہوتا تو اس کے لئے عربی میں لفظ حلق موجود تھا، اس کو نہ استعمال کرنا اور اس کی جگہ دوسرے الفاظ استعمال کرنا اس طرف مشیر ہے کہ مونڈنا پسندیدہ نہیں، اس لئے احناف کے نزدیک مونڈنے کے سنت ہونے کا قول مرجوح ہے۔

پھر راجح اور افضل صورت کے متعلق احناف کے یہاں تین قول ہیں:

۱- مونچھیں اتنی کاٹی جائیں کہ اوپر کے ہونٹ کا کنارہ ظاہر ہو جائے، یہ صورت بالاجماع سنت ہے۔

۲- مونچھیں بھوؤں کے مانند بنالی جائیں، صاحب ہدایہ نے التَّجْنِيْس والمزید میں یہی مناسب طریقہ لکھا

ہے، اور فتاوی عالمگیری میں بھی اسی کو لیا ہے۔

۳- مونچھیں کتر کر بالکل پست کردی جائیں، کیونکہ پانچوں لفظوں کی دلالت مبالغہ پر ہے، اور امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام مزنی رحمہ اللہ کو مونچھ پست کراتے دیکھا ہے، اور اپنے علماء کو بھی ایسا کرتے دیکھا ہے۔

لہٰذا قول فیصل یہ ہے کہ مونڈنا بدعت تو نہیں، البتہ سنت کترنا ہے، اور وہ بھی مبالغہ کے ساتھ اس طرح کہ تمام بال پست کردیئے جائیں۔

حضرت شیخ مولانا زکریا صاحب قدس سرہ نے خصائل نبوی میں لکھا ہے: ''ایک جماعت علماء سلف کی اس طرف گئی ہے کہ مونچھوں کا منڈانا سنت ہے، لیکن اکثر علماء کی تحقیق یہ ہے کہ کتروانا سنت ہے، لیکن کتروانے میں ایسا مبالغہ ہو کہ مونڈنے کے قریب ہو جائے''

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنی مونچھیں کترتے تھے، یا فرمایا: لیتے تھے۔ اور نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی مونچھیں کترتے تھے۔

حدیث (۲): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: **مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِه فليس منّا:** جو شخص اپنی مونچھ میں سے نہ لے وہ ہم میں سے نہیں! اس میں مِنْ تبعیضیہ ہے، پس کچھ نہ کچھ لینا ضروری ہے، اور مونچھ کے لئے عربی میں لفظ شَارِبْ ہے، جس کے معنی ہیں: پینے والا، زمانہ جاہلیت میں لوگ مونچھیں بڑی بڑی رکھتے تھے، اس لئے جب وہ کوئی چیز پیتے تھے تو مونچھیں اس میں ڈوبتی تھیں، اس لئے وہ شارب کہلانے لگیں۔ اسلام نے اپنا طریقہ الگ کیا اور مونچھیں لینے کا حکم دیا، پس کم از کم اتنی مونچھیں لینا ضروری ہے کہ اوپر کے ہونٹ کا کنارہ ظاہر ہو جائے، ورنہ غیروں کے ساتھ مشابہت لازم آئے گی۔

[۵۰-] بابُ ماجاءَ فِي قَصِّ الشَّارِبِ

[۲۷٦٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ عُمَرَ بنِ الْوَلِيْدِ الْكُوْفِيُّ الْكِنْدِيُّ، نا يَحْيىَ بنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُصُّ أَوْ: يَأْخُذُ مِنْ شَارِبِهِ، قَالَ: "وَكَانَ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ إِبْرَاهِيْمُ يَفْعَلُهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۲۷٦٥-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا عَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنْ يُوْسُفَ بنُ صُهَيْبٍ، عَنْ حَبِيْبِ بنِ يَسَارٍ، عَنْ زَيْدِ بنِ أَرْقَمَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ لَمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا"

وفي الباب: عَنِ الْمُغِيْرَةِ بنِ شُعْبَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحْيىَ بنُ سَعِيْدٍ، عَنْ يُوْسُفَ بنِ صُهَيْبٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فی الأَخْذِ مِنَ اللِّحْیَةِ

ایک مشت سے زائد ڈاڑھی کاٹنے کا بیان

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنی ڈاڑھی میں سے لیا کرتے تھے: اس کی چوڑائی میں سے اور اس کی لمبائی میں سے۔

سند کا حال: یہ حدیث غریب ہے، یعنی اس کی یہی ایک سند ہے، اور اس کے راوی عمر بن ہارون کے بارے میں امام بخاریؒ نے فرمایا: وہ مقارب الحدیث ہے، یعنی وہ اپنی حدیثوں کو صحیح حدیثوں سے قریب کرنے والا ہے، پس یہ ادنی درجہ کی توثیق ہے۔ اور امام بخاریؒ نے یہ بھی فرمایا کہ میرے علم میں اس راوی کی کوئی حدیث بے اصل نہیں ہے، یا فرمایا: یہ راوی متفرد نہیں ہے مگر اس حدیث کے ساتھ کہ نبی ﷺ اپنی ڈاڑھی میں سے لیا کرتے تھے: اس کی چوڑائی میں سے اور اس کی لمبائی میں سے۔ یہ حدیث ہم صرف عمر بن ہارون کی سند سے پہچانتے ہیں۔ اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: میں نے امام بخاریؒ کو دیکھا: ان کی رائے عمر بن ہارون کے بارے میں اچھی تھی...... اور امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے قتیبہ بن سعید کو فرماتے ہوئے سنا کہ عمر بن ہارون صاحب حدیث تھے، یعنی ان سے بہت حدیثیں مروی ہیں، اور وہ اس بات کے قائل تھے کہ ایمان قول وعمل ہے، یعنی محدثین کا جو موقف تھا کہ ایمانِ (کامل) ایک مرکب حقیقت ہے، اور اعمالِ صالحہ اس کا جزء ہیں: عمر بن ہارون اسی قول کے قائل تھے (ان تمام اقوال کا حاصل یہ ہے کہ یہ راوی معتبر ہے)

اور قتیبہؒ کہتے ہیں: ہم سے وکیع نے حدیث بیان کی، ایک شخص سے روایت کرتے ہوئے، جو ثور بن یزید سے روایت کرتا ہے کہ نبی ﷺ نے طائف والوں پر منجنیق (گوپھن) نصب کی (اور اس سے گولہ باری کی) قتیبہ کہتے ہیں: میں نے وکیعؒ سے پوچھا: یہ مبہم راوی کون ہے؟ انھوں نے کہا: تمہارا ساتھی عمر بن ہارون ہے (اس قول میں ہلکا اشارہ عمر بن ہارون کی کمزوری کی طرف ہے)

تشریح: ڈاڑھی ایک مشت رکھنا ضروری ہے، اس سے کم کرنا حرام ہے۔ اور ایک مشت سے بہت زیادہ لمبی ڈاڑھی رکھنا خلافِ سنت ہے، امام محمد رحمہ اللہ نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے روایت کی ہے کہ ڈاڑھی کو چھوڑے رکھنا، یہاں تک کہ وہ گھنی ہوجائے اور بڑھ جائے: یہ ڈاڑھی بڑھانے کا مصداق ہے، اور ڈاڑھی کا قصر کرنا سنت ہے، اور قصر یہ ہے کہ ڈاڑھی کو مٹھی میں لے، جو مٹھی سے بڑھ جائے اس کو کاٹ دے (مگر مٹھی ٹھوڑی کے نیچے سے بھرے، بعض لوگ ٹھوڑی کو بھی مٹھی میں بھر لیتے ہیں یہ صحیح نہیں) کیونکہ ڈاڑھی زینت ہے، اور اس کا بھرپور ہونا کمالِ زینت ہے، اور اس کا غیر معمولی دراز ہونا بھونڈا پن اور خلافِ سنت ہے (اختیار شرح مختار ۴: ۱۶۷ بحوالہ فتاوی رحیمیہ ۳: ۲۱۵)

فائدہ: ڈاڑھی کے بارے میں حدیثوں میں چھ لفظ آئے ہیں:

۱-أَعْفُوْا: یہ باب افعال سے امر ہے جس کے معنی ہیں: ڈاڑھی کو بڑھاؤ تا آنکہ بال زیادہ ہوجائیں اور دراز ہوجائیں۔

۲-أَوْفُوْا: یہ بھی باب افعال سے امر ہے جس کے معنی ہیں: کامل کرنا، تام کرنا، پورا کرنا۔ یہ لفظ مسلم شریف کی روایت میں ہے۔

۳- أَرْخُوْا: یہ بھی باب افعال سے امر ہے، إرخاء: کے معنی ہیں: کسی چیز کو وسیع اور لمبا کرنا، چھوڑ دینا، اور لٹکانا، یہ لفظ بھی مسلم شریف کی روایت میں ہے۔

۴-أَرْجُوْا: یہ بھی باب افعال سے امر ہے، إرجاء کے معنی ہیں: مؤخر کرنا، یعنی بالکل نہ لینا، پورا باقی رہنے دینا، چھوڑ دینا۔

۵-وَفِّرُوْا: یہ باب تفعیل سے امر ہے، نیز باب افعال سے أَوْفِرُوْا بھی آیا ہے، دونوں کے معنی ہیں: زیادہ کرنا، پورا کرنا۔

۶-دَعُوْا: یہ باب فَتَحَ سے امر ہے اور اس کے معنی ہیں: چھوڑ دو۔

ان تمام لفظوں کا حاصل یہ ہے کہ لمبی ڈاڑھی رکھنا مامور بہ ہے، اس لئے واجب ہے، پس جس طرح ڈاڑھی منڈوانا حرام ہے: کترنا اور خشخشی ڈاڑھی رکھنا بھی حرام ہے، کیونکہ یہ وجوب کے منافی ہے، اور اس سے حکم شرعی کا تقاضہ پورا نہیں ہوتا، اور ان سبھی الفاظ کا ظاہری مفہوم یہ ہے کہ ڈاڑھی جتنی بڑھے بڑھنے دی جائے، اس کو کاٹنا اور ہاتھ لگانا منع ہے، اور یہی رائے غیر مقلدین کی ہے، مگر باب کی حدیث سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نبی ﷺ اپنی ریش مبارک کے طول وعرض سے لیتے تھے، پس فعلِ مبارک سے قولِ مبارک کی شرح کی جائے گی، اور قولی احادیث کو ایک مشت کے ساتھ خاص کیا جائے گا، اور غیر مقلدین کا یہ کہنا کہ یہ حدیث ضعیف ہے: صحیح نہیں، آپ نے ابھی دیکھا کہ امام بخاری وغیرہ نے عمر بن ہارون کی توثیق کی ہے، پس یہ روایت اگرچہ اعلی درجہ کی صحیح نہیں، مگر حسن ہے، اس لئے قابل استدلال ہے، اور اس کے ذریعہ قولی احادیث کو مقید کرنا درست ہے۔

علاوہ ازیں: بخاری شریف میں روایت (حدیث ۵۸۹۲) ہے کہ حضرت ابن عمرؓ جن کا خاص ذوق اتباع سنت تھا: جب حج یا عمرہ کرتے اور احرام کھولتے تو اپنی ڈاڑھی مٹھی میں لیتے اور جو زائد ہوتی اس کو کٹوا دیتے، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح (۱۰: ۳۵۰) میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بھی یہی عمل نقل کیا ہے۔ صحابہ کے اس عمل سے باب کی مرفوع روایت کی تائید ہوتی ہے، پس اس پر عمل کرنا ضروری ہے، اور کرمانی نے حضرت ابن عمرؓ کے عمل کی جو تاویل کی ہے اور اس کو حج کے افعال کے ساتھ خاص کیا ہے اس کا جواب فتح الباری میں حافظ رحمہ اللہ نے دیا ہے۔

[۵۱-] بابُ ماجاء في الأَخْذِ مِنَ اللِّحْيَةِ

[۲۷۶٦-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عُمْرُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ: مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَسَمِعْتُ محمدَ بنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: عُمَرُ بنُ هَارُوْنَ مُقَارِبُ الْحَدِيْثِ، لَا أَعْرِفُ لَهُ حَدِيْثًا لَيْسَ لَهُ أَصْلٌ، أَوْ قَالَ: يَتَفَرَّدُ بِهِ: إِلَّا هٰذَا الحَدِيْثَ: "كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهِ: مِنْ عَرْضِهَا وَطُوْلِهَا" وَلَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بنِ هَارُوْنَ، وَرَأَيْتُهُ حَسَنَ الرَّأْيِ فِيْ عُمَرَ بنِ هَارُوْنَ.

وَسَمِعْتُ قُتَيْبَةَ يَقُوْلُ: عُمَرُ بنُ هَارُوْنَ: وَكَانَ صَاحِبَ حَدِيْثٍ، وَكَانَ يَقُوْلُ: "الإِيْمَانُ قَوْلٌ وَعَمَلٌ"

قَالَ قُتَيْبَةُ: نا وَكِيْعُ بنُ الجَرَّاحِ، عَنْ رَجُلٍ، عُنْ ثَوْرِ بنِ يَزِيْدَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَصَبَ الْمِنْجَنِيْقَ عَلَى أَهْلِ الطَّائِفِ، قَالَ قُتَيْبَةُ: قُلْتُ لِوَكِيْعٍ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: صَاحِبُكُمْ عُمَرُ بنُ هَارُوْنَ.

بابُ ماجاء فِي إِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ

ڈاڑھی کو بڑھانے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: أَحْفُوْا الشَّوَارِبَ، وَأَعْفُوْا اللِّحَى: مونچھوں کو پست کرواورڈاڑھی کو بڑھاؤ۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے مونچھوں کو پست کرنے کا اور ڈاڑھی کو بڑھانے کا حکم دیا (یہ دونوں حدیثیں اعلیٰ درجہ کی صحیح ہیں، ابوبکر جو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ ہیں: ثقہ ہیں، اور وہی اس حدیث کے راوی ہیں (یہ حضرت نافع مولیٰ ابن عمر کے لڑکے ہیں، اس لئے یہ بھی مولیٰ ابن عمرؓ ہیں) اور ان کے بھائی عمر بھی ثقہ ہیں (ان کا اس حدیث کی سند سے کوئی تعلق نہیں) اور ان کے تیسرے بھائی عبداللہ ضعیف ہیں (ان کا بھی اس حدیث سے کوئی تعلق نہیں، یہ صرف تینوں بھائیوں کا تعارف ہے)

لغات: أَحْفَى الشيئَ: جڑ سے اکھاڑنا، بالکل صاف کرنا، جیسے أَحْفَى النباتَ اور أَحْفَى الشارب ......أَعْفَى الشَّعْرَ: بالوں کو باقی رکھنا، نہ کاٹنا......اللُّحَى (بضم اللام و کسرھا): اللحية کی جمع ہے: ڈاڑھی، یعنی وہ بال جو نیچے کے جبڑے پر اگتے ہیں، لحیہ کے اصل معنی: جبڑے کے ہیں، پس جو بال گال پر یا گلے پر اگتے ہیں وہ ڈاڑھی میں شامل نہیں۔

[۵۲-] بابُ ماجاء فِي إِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ

[۲۷۶۷-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِيٍ الْخَلاَّلُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَحْفُوْا الشَّوَارِبَ، وَأَعْفُوْا اللِّحَى" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۲۷۶۸-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِإِحْفَاءِ الشَّوَارِبِ، وَإِعْفَاءِ اللِّحَى"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ بَكْرِ بنُ نَافِعٍ: هُوَ مَوْلَى ابنِ عُمَرَ: ثِقَةٌ، وَعُمَرُ بنُ نَافِعٍ ثِقَةٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ نَافِعٍ: مَوْلَى ابنِ عُمَرَ: يُضَعَّفُ.

بابُ ماجاء في وَضْعِ إِحْدَى الرِّجْلَيْنِ عَلَى الأُخْرَى: مُسْتَلْقِيًا

چت لیٹنے کی حالت میں ایک پیر کو دوسرے پیر پر رکھنا

چت لیٹنے کی دوصورتیں ہیں:

ایک: دونوں پیر سیدھے ہوں اور ایک کو دوسرے پر رکھ کر لیٹے، اس میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اس صورت میں ستر کھلنے کا اندیشہ نہیں ہوتا، بلکہ پیر پر پیر رکھنے سے ستر کھلنے سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

دوم: ایک ٹانگ کھڑی کر کے اس پر دوسری ٹانگ رکھنا، یہ ممنوع ہے، کیونکہ اس میں ستر کھلنے کا اندیشہ ہے، البتہ اگر پاجامہ پہن رکھا ہو، تو پھر کراہیت نہیں۔

اور امام ترمذیؒ نے اس مسئلہ میں دو باب قائم کئے ہیں: پہلے باب میں حضرت عبداللہ بن زید بن عاصم مازنی رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں، انھوں نے نبی ﷺ کو مسجد نبوی میں اس طرح چت لیٹے ہوئے دیکھا کہ آپؐ اپنا ایک پیر دوسرے پیر پر رکھے ہوئے تھے (یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور اس کا مصداق پہلی صورت ہے) اور دوسرے باب میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی دو روایتیں لائے ہیں، پہلی روایت پر کوئی حکم نہیں لگایا اور دوسری روایت حسنٌ صحیحٌ ہے۔

پہلی روایت: نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا اسْتَلْقَى أَحَدُكُم على ظَهْرِه: فَلَا يَضَعْ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الأُخْرَى: جب تم میں سے کوئی اپنی پیٹھ پر چت لیٹے تو اپنے دو پیروں میں سے ایک پیر کو دوسرے پیر پر نہ رکھے (یہ حدیث ابو الزبیر کے شاگرد خِداش کی ہے، اور یہ خداش کون ہیں؟ یہ بات امام ترمذیؒ کو معلوم نہیں۔ اور تقریب میں اس کو لیّن

الحديث لکھا ہے)

ملحوظہ: اس حدیث کا متن ہمارے نسخوں میں غلط ہو گیا ہے، دوسری حدیث کا جو متن ہے وہی اس حدیث کا بھی لکھ دیا ہے، میں نے تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

دوسری حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے تین باتوں سے منع کیا: (۱) ٹھوس طریقہ پر کپڑا پہننے سے (۲) ایک کپڑے میں حبوہ بنانے سے (ان دونوں باتوں کی وضاحت ابواب اللباس (تحفہ ۵:۸۸) میں گذر چکی ہے) (۳) اور اس بات سے منع کیا کہ کوئی شخص دو پیروں میں سے ایک پیر کو دوسرے پیر پر رکھ کر سوئے، جبکہ وہ اپنی پیٹھ پر چت لیٹے ہوئے ہو (اس کا مصداق دوسری صورت ہے)

تشریح: دورِ اول میں عرب عموماً تہبند باندھتے تھے، اور تہبند باندھ کر اگر اس طرح چت لیٹا جائے کہ ایک پیر کھڑا کر کے دوسرا پیر اس پر رکھا جائے تو بسا اوقات ستر کھلنے کا اندیشہ پیدا ہو جاتا ہے، اس لئے اس طرح لیٹنے کی ممانعت آئی، البتہ اگر لباس ایسا ہو کہ کشفِ عورت کا اندیشہ نہ ہو، مثلاً پائجامہ پہن رکھا ہو تو اس طرح لیٹنے کی اجازت ہے۔

سند کا حال: سلیمان تیمی سے نیچے اس حدیث کی متعدد سندیں ہیں، اور اوپر یہی ایک سند ہے، اور پہلی حدیث کا راوی خداش کون ہے؟ یہ بات امام ترمذیؒ نہیں جانتے، اس راوی سے سلیمان تیمی نے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں، مگر اس سے حدیث کی حیثیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا، کیونکہ اس حدیث کو ابو الزبیر سے امام لیث بن سعد بھی روایت کرتے ہیں، اور یہ روایت مسلم شریف میں بھی ہے۔ پس یہ حدیث: پہلی حدیث کے لئے شاہد ہے۔

[٥٣-] بابُ ماجاء فی وَضْعِ إِحْدَی الرِّجْلَیْنِ عَلَی الْأُخْرَی: مُسْتَلْقِیًا

[٢٧٦٩-] حدثنا سَعِیْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَبَّادِ بنِ تَمِیْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: أَنَّهُ رَأَی النبیَّ صلی الله علیه وسلم مُسْتَلْقِیًا فِی الْمَسْجِدِ، وَاضِعًا إِحْدَی رِجْلَیْهِ عَلَی الْأُخْرَی.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَعَمُّ عَبَّادِ بنِ تَمِیْمٍ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بنِ زَیْدِ بنِ عَاصِمٍ الْمَازِنِیُّ.

[٥٤-] باب ماجاء فی كَرَاهِیَةٍ فِی ذٰلِكَ

[٢٧٧٠-] حدثنا عُبَیْدُ بنُ أَسْبَاطِ بنِ مُحمدٍ الْقُرَشِیِّ، نَا أَبِیْ، نَا سُلَیْمَانُ التَّیْمِیُّ، عَنْ خِدَاشٍ، عَنْ أَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِذَا اسْتَلْقَی أَحَدُكُمْ عَلَی ظَهْرِهِ: فَلاَ یَضَعْ إِحْدیٰ رِجْلَیْهِ عَلَی الْأُخْرَی"

هٰذَا حديثٌ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، وَلاَ نَعْرِفُ خِدَاشًا هٰذَا مَنْ هُوَ؟ وَقَدْ رَوَى لَهُ سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ غَيْرَ حَدِيْثٍ.

[۲۷۷۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ، وَالإِحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، وَأَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى، وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلَى ظَهْرِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الإِضْطِجَاعِ عَلَى الْبَطْنِ

پیٹ کے بل اوندھا لیٹنے کی ممانعت

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کو پیٹ کے بل اوندھا لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا: إِنَّ هٰذِهِ ضِجْعَةٌ لاَيُحِبُّهَا اللّٰهُ: لیٹنے کا یہ طریقہ اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں (اور ایک روایت میں ہے: ''یہ دوزخیوں کے لیٹنے کا طریقہ ہے'')

تشریح: لیٹنے کا یہ طریقہ اس لئے ممنوع ہے کہ یہ مکروہ اور منکر ہیئت ہے، دوزخیوں کے ساتھ مشابہت اسی حقیقت کو ظاہر کرنے کے لئے ہے۔

[۵۵-] بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الإِضْطِجَاعِ عَلَى الْبَطْنِ

[۲۷۷۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدَةُ بنُ سُلَيْمَانَ، وَعَبْدُ الرَّحِيْمِ، عَنْ مُحمدِ بنِ عَمْرٍو، نَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هريرةَ، قَالَ: رَأَى رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً مُضْطَجِعًا عَلَى بَطْنِهِ، فَقَالَ: '' إِنَّ هٰذِهِ ضِجْعَةٌ لاَيُحِبُّهَا اللّٰهُ ''

وفي الباب: عَنْ طِهْفَةَ، وَابْنِ عُمَرَ، وَرَوَى يَحْيىَ بنُ أَبِي كَثِيْرٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ يَعِيْشَ بنِ طِهْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، وَيُقَالُ: طِخْفَةُ، وَالصَّحِيْحُ: طِهْفَةُ، وَقَالَ بَعْضُ الْحُفَّاظِ: الصَّحِيْحُ: طِخْفَةُ، وَيُقَالُ: طِغْفَةُ، هُوَ مِنَ الصَّحَابَةِ.

وضاحت: باب میں ایک روایت حضرت طِهْفَة رضی اللہ عنہ کی ہے، یحییٰ بن ابی کثیر یہ حدیث ابوسلمہ سے وہ یعیش بن طهفة سے اور وہ اپنے والد طہفہ سے روایت کرتے ہیں، کچھ لوگ ان کا نام طِخْفة (خ کے ساتھ) لیتے ہیں، مگر صحیح طِهْفه ہے۔ اور بعض حفاظ کہتے ہیں: صحیح طِخْفه (خ کے ساتھ) ہے، اور ایک قول طِغْفه (غ کے ساتھ) ہے، یہ غفاری صحابی ہیں اور ان کی روایت ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے (مشکوٰۃ حدیث ۴۷۱۹)

بابُ ماجاءَ فِي حِفْظِ العَوْرَةِ

ستر کی حفاظت کا بیان

حدیث: بہز بن حکیم کے دادا حضرت معاویہ بن حیدة قشیری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہمارے ستر: ہم ان میں سے کیا لائیں اور کیا چھوڑیں؟ یعنی کس کے سامنے ستر کھول سکتے ہیں اور کہاں ستر چھپانا ضروری ہے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: احْفَظْ عَوْرَتَك إلا مِنْ زوجتك أو مِمَّا مَلَكَتْ يمينُك: اپنے ستر کی حفاظت کرو، مگر اپنی بیوی سے، اور ان باندیوں سے جن کے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے پھر پوچھا: ایک آدمی دوسرے آدمی کے ساتھ ہو (تو کیا حکم ہے؟) آپؐ نے فرمایا: إن اسْتَطَعْتَ أَنْ لاَيَرَاهَا أَحَدٌ فافعل: اگر تمہارے بس میں ہو کہ ننگا پا کوئی نہ دیکھے تو ایسا کرو، یعنی کسی مرد کے سامنے ستر کھولنا جائز نہیں، خواہ وہ کتنا ہی قریبی دوست یا رشتہ دار ہو، حضرت معاویہؓ نے پھر پوچھا: اگر آدمی تنہا ہو؟ آپؐ نے فرمایا: فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيَى مِنْهُ: پس اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ حق دار ہیں کہ ان سے شرم کی جائے، یعنی تنہائی میں بھی بے ضرورت ستر نہیں کھولنا چاہئے، کیونکہ آدمی تنہا کب ہوتا ہے؟ اللہ ہر جگہ موجود ہیں!

تشریح: دو شرم گاہیں (بول و براز کی جگہیں) دو فوطے، زیر ناف اور دونوں رانوں کی جڑیں جو زیر ناف سے متصل ہیں: بالاجماع ستر ہیں، اور متعدد روایات اس پر دلالت کرتی ہیں کہ ران بھی ستر ہے (یہ روایات آگے آرہی ہیں) اور گھٹنا امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ستر میں داخل نہیں، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ستر میں شامل ہے، کیونکہ اس میں بھی روایات مختلف ہیں، پس احتیاط اس کو ستر میں شامل کرنے میں ہے (تفصیل رحمۃ اللہ ۵:۵۰ میں ہے)

اور عورت کا ستر وہی ہے جو مرد کا ہے، اس لئے ایک عورت دوسری عورت کے سامنے بدن کے اس حصہ کو بے ضرورت نہیں کھول سکتی، باقی بدن کھول سکتی ہے، البتہ عورت کے لئے ''ستر'' کے علاوہ ''حجاب'' بھی ہے، جو مرد کے لئے نہیں ہے، اس لئے مرد کا باقی بدن ہر کوئی دیکھ سکتا ہے، اجنبی عورت بھی دیکھ سکتی ہے، جبکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو، کیونکہ مرد کا جسم پُرکشش نہیں ہوتا، اور مرد کے مشاغل باقی بدن کھولنے پر مجبور کرتے ہیں، اس لئے اگر اس کو دیکھنے کی ممانعت کی جائے گی تو حرج واقع ہوگا۔

اور عورت کے لئے چونکہ ستر کے ساتھ حجاب بھی ضروری ہے اس لئے اسکے احکام مرد سے مختلف ہیں، اور وہ یہ ہیں:

۱- عورت کا اپنے میاں سے نہ کوئی ستر ہے نہ حجاب مگر بے ضرورت ایک دوسرے کے اعضائے نہانی کو دیکھنا پسندیدہ نہیں، ابن ماجہ (حدیث ۶۶۲ و ۱۹۲۲) اور مسند احمد (۶:۱۹۰) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا قول ہے: ما رأيتُ فرجَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَطّ: میں نے کبھی بھی آپؐ کا ستر نہیں دیکھا۔

۲-محارم سے پیٹ اوراس کے مقابل پیٹھ کا حجاب ہے، اور چہرہ، سر، بال، گردن، کان، بازو، ہاتھ، پاؤں، پنڈلی اور گردن سے متصل سینہ کا بالائی حصہ اوراس کے مقابل کی پیٹھ حجاب سے خارج ہے، جبکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو، اور سینہ کا بالائی حصہ اس لئے مستثنیٰ کیا گیا ہے کہ بچہ کو دودھ پلانے کے لئے یہ حصہ محارم کے سامنے کھولنا پڑتا ہے، اور جب یہ حصہ مستثنیٰ کیا گیا تو اس کے مقابل پیٹھ کا حصہ بھی مستثنیٰ کیا گیا۔

۳-نماز میں چہرہ، دونوں ہتھیلیاں اور دونوں پیر (ٹخنوں سے نیچے) حجاب سے خارج ہیں، باقی سارا بدن ڈھانک کر نماز پڑھنا ضروری ہے۔

۴-اور اجانب سے خوفِ فتنہ کے وقت تمام جسم کا حجاب ہے، اور بوقت ضرورت چہرہ اور ہتھیلیاں کھولنا جائز ہے، اور بے ضرورت کھولنے میں اختلاف ہے، امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ اعضاء حجاب میں شامل نہیں، اور احناف کے نزدیک شامل ہیں۔ احناف ﴿إِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا﴾ کو ضرورت پر اور ﴿يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ﴾ کو بے ضرورت پر محمول کرتے ہیں۔ واللہ اعلم (رحمۃ اللہ ۵:۵۰) یا ﴿إِلَّا مَاظَهَرَ مِنْهَا﴾ کا تعلق محارم سے ہے اور ﴿يُدْنِيْنَ﴾ کا تعلق اجانب سے، اس کی تفصیل میں تفسیر ہدایت القرآن میں کرونگا۔

اور برہنہ ہونا جائز نہیں، اگرچہ تنہائی ہو، مگر ایسی ضرورت کے وقت جائز ہے جس سے چارہ نہ ہو، جیسے قضاء حاجت کے وقت ستر کھولنا، اور یہ ممانعت دووجہ سے ہے:

پہلی وجہ: بارہا ایسا ہوتا ہے کہ کوئی شخص اچانک آجاتا ہے، پس اگر آدمی ننگا ہوگا تو اس کے ستر پر دوسرے کی نظر پڑے گی، اور عار لاحق ہوگا۔

دوسری وجہ: اعمال واخلاق میں دوطرفہ تعلق ہے یعنی جیسے اخلاق ہوتے ہیں ویسے ہی اعمال صادر ہوتے ہیں، اور اخلاق خود اعمال سے پیدا ہوتے ہیں، مثلاً: جو شخص حیادار ہے اس کے نفس پر احتیاط واستحکام کا غلبہ ہوتا ہے، وہ بے شرم اور بے لگام نہیں ہوتا، اس لئے وہ ضرور پردہ کا اہتمام کرتا ہے، اور پردہ کے اہتمام ہی سے حیا کی صفت آدمی میں پیدا ہوتی ہے (رحمۃ اللہ ۵:۵۲)

[۵۶-] بابُ ماجاءَ فِی حِفْظِ العَوْرَةِ

[۲۷۷۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ جَدِّیْ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَوْرَاتُنا مَا نَأْتِی مِنْهَا وَمَا نَذَرُ؟ قَالَ: "احْفَظْ عَوْرَتَكَ إِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ" فَقَالَ: الرَّجُلُ يَكُوْنُ مَعَ الرَّجُلِ؟ قَالَ: "إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ لَا يَرَاهَا أَحَدٌ فَافْعَلْ" قُلْتُ: فَالرَّجُلُ يَكُوْنُ خَالِيًا؟ قَالَ: "فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيَى مِنْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَجَدُّ بَهْزٍ: اسْمُهُ مُعَاوِيَةُ بنُ حَيْدَةَ الْقُشَيْرِيُّ، وَقَدْ رَوَى الجُرَيْرِيُّ، عَنْ حَكِيْمِ بنِ مُعَاوِيَةَ، وَهُوَ وَالِدُ بَهْزٍ.

بابُ ماجاءَ فِي الِاتِّكَاءِ

ٹیک لگانے کا بیان

حدیث میں آیا ہے: لَا آكُلُ مُتَّكِئًا (مشکوۃ حدیث ۴۱۶۸): میں ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتا یعنی کھاتے وقت ٹیک لگانا ممنوع ہے، اس سے شبہ پیدا ہوسکتا ہے کہ عام حالات میں بھی ٹیک لگانا ممنوع ہوگا۔ اس لئے یہ باب قائم کیا کہ عام حالات میں ٹیک لگا کر بیٹھنا جائز ہے۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو گدے پر اپنی بائیں جانب پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں **علی یسارہ:** اسرائیل کے شاگرد اسحاق بن منصور ہی بڑھاتے ہیں، دیگر تلامذہ کی روایتوں میں یہ لفظ نہیں، دوسرے نمبر پر اسرائیل کے شاگرد وکیع کی سند آرہی ہے، اس میں یہ لفظ نہیں، بلکہ حدیث مطلق (عام) ہے، پس دائیں بائیں دونوں جانب ٹیک لگانا جائز ہے۔

[۵۷-] بابُ ماجاءَ فِي الِاتِّكَاءِ

[۲۷۷۴-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ محمدٍ الدُّوْرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ عَلَى يَسَارِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا: عَلَى يَسَارِهِ.

[۲۷۷۵-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَىٰ، نَا وَكِيْعٌ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكِ بنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

اجازت کے بغیر کسی کی مخصوص نشست گاہ پر بیٹھنا ممنوع ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لَايُؤَمُّ الرجلُ فى سُلْطَانِه: کوئی شخص امامت نہ کیا جائے اس کی اتھارٹی میں،

ولايُجْلَسُ علی تَكْرِمَتِهِ فی بيته: اور کسی شخص کی گدی (مخصوص نشست گاہ) پر نہ بیٹھا جائے، اس کے گھر میں إلا بإذنه: مگراس کی اجازت سے (استثناء کا تعلق دونوں مسئلوں سے ہے)

تشریح: اس حدیث میں دو باتوں کی ممانعت کی گئی ہے: ایک: جب کوئی شخص دوسرے کی عملداری میں جائے تو صاحبِ اقتدار کی اجازت کے بغیر امامت نہ کرے۔ دوم: کسی کے گھر میں اس کی مخصوص نشست گاہ پر اس کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھے، کیونکہ یہ دونوں باتیں صاحبِ اقتدار اور صاحبِ خانہ پر شاق گذریں گی (یہ حدیث اسی سند کے ساتھ اس سے مفصل کتاب الصلاۃ باب ۶۱ (تحفہ ۱: ۵۶۸) میں گذر چکی ہے)

[۵۸-] بابٌ

[۲۷۷۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بن رَجَاءٍ، عَنْ أَوْسِ بنِ ضَمْعَجٍ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَايُؤَمُّ الرَّجُلُ فِيْ سُلْطَانِهِ، وَلَا يُجْلَسُ عَلَى تَكْرِمَتِهِ فِيْ بَيْتِهِ، إِلَّا بِإِذْنِهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الرَّجُلَ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ

جانور پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق مالک کا ہے

حدیث: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس درمیان کہ نبی ﷺ چل رہے تھے، اچانک آپؐ کے پاس ایک آدمی آیا، اور اس کے ساتھ گدھا تھا، اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! سوار ہوجائیں، اور وہ آدمی پیچھے ہٹ گیا، نبی ﷺ نے فرمایا: لا، أَنْتَ أَحَقُّ بصدر دابتك، إلا أن تَجْعَلَهُ لِيْ: نہیں، آپ اپنی سواری کے آگے کے حصہ کے زیادہ حقدار ہیں، مگر یہ کہ آپ اس کو میرے لئے کریں (اور مصری نسخہ میں لَأَنْتَ أَحَقُّ إلخ ہے یعنی آپ یقیناً زیادہ حقدار ہیں الی آخرہ) اس شخص نے عرض کیا: میں نے اس کے آگے کا حصہ آپؐ کے لئے کردیا، راوی کہتے ہیں: پس نبی ﷺ سوار ہوئے۔

تشریح: تَأَخَّرَ الرَّجُلُ: آدمی پیچھے ہٹ گیا: کے دو مطلب ہوسکتے ہیں: ایک: اس نے آگے کی جگہ حضور ﷺ کے لئے خالی کردی، اور وہ پیچھے ہٹ گیا، دوسرا: وہ نیچے اتر گیا، اور سواری کی پشت حضور ﷺ کے لئے خالی کردی، اور جواب نبوی کے بھی دو مطلب ہوسکتے ہیں: اول: آگے بیٹھنے کا زیادہ حق آپ کا ہے، یعنی آپ آگے بیٹھیں، میں آپ کے پیچھے بیٹھونگا۔ دوم: سواری آپ کی ہے، اس لئے آپ کا سوار ہونے کا حق زیادہ ہے، مگر یہ کہ آپ وہ حق میرے لئے کردیں...... اور یہ دو مطلب لینے اس لئے ضروری ہیں کہ گدھے پر بڑا ایک ہی آدمی سوار ہوسکتا ہے، دو

بڑے آدمی سوار نہیں ہوسکتے......اور یہی حکم کار وغیرہ کا ہے، اگلی سیٹ پر بیٹھنے کا حق: سواری کے مالک کا ہے، البتہ اگر وہ کسی کے لئے ایثار کرے اور اصرار کر کے اگلی سیٹ پر بٹھائے تو بیٹھنا جائز ہے۔

[۵۹-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الرَّجُلَ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهِ

[۲۷۷۷-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بنُ حُرَيْثٍ، نَا عَلِيُّ بنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ: بُرَيْدَةَ يَقُوْلُ: بَيْنَمَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَمْشِيْ، إِذْ جَاءَ هُ رَجُلٌ، وَمَعَهُ حِمَارٌ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! ارْكَبْ، وَتَأَخَّرَ الرَّجُلُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَ، أَنْتَ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِكَ إِلاَّ أَنْ تَجْعَلَهُ لِيْ " قَالَ قَدْ جَعَلْتُهُ لَكَ، قَالَ: فَرَكِبَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريب.

بابُ ماجاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي اتِّخَاذِ الأَنْمَاطِ

پلنگ پوش (غالیچے) کا استعمال جائز ہے

أَنْمَاط: النَّمْط کی جمع ہے: بستر کا اوپر والا کپڑا، پلنگ پوش، غالیچہ۔

حدیث: جب حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی شادی ہوئی تو نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: هل لكم أَنْمَاطٌ: کیا تمہارے لئے پلنگ پوش ہیں، حضرت جابرؓ نے عرض کیا: وَأَنَّى تكون لنا أَنْمَاطٌ؟ ہمارے پاس پلنگ پوش کہاں ہوتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: أَمَا إِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمْ أَنْمَاطٌ: سنو! بیشک واقعہ یہ ہے کہ عنقریب تمہارے لئے پلنگ پوش ہونگے، حضرت جابرؓ کہتے ہیں: اسی لئے میں اپنی بیوی سے کہتا ہوں: اپنا غالیچہ مجھ سے دور رکھ! وہ جواب دیتی ہے: کیا نبی ﷺ نے یہ نہیں فرمایا: ''بیشک واقعہ یہ ہے کہ عنقریب تمہارے لئے غالیچے ہونگے؟ حضرت جابرؓ کہتے ہیں: پس میں اس کو رہنے دیتا ہوں۔

تشریح: پلنگ پوش اور غالیچہ کا استعمال مباح ٹھاٹھ میں سے ہے، اور ایسی چیزیں اگر فخر ومباہات کے طور پر نہ ہوں تو جائز ہیں، اور اگر ان کے ذریعہ بڑائی اور غرور کا مظاہرہ کرنا مقصود ہو تو وبال جان ہیں۔

[۶۰-] بابُ ماجاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي اتِّخَاذِ الأَنْمَاطِ

[۲۷۷۸-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هَلْ لَكُمْ أَنْمَاطٌ؟" قُلْتُ: وَأَنَّى تَكُوْنُ لَنَا

أَنْمَاطٌ؟ قَالَ:" أَمَا إِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمْ أَنْمَاطٌ" قَالَ: فَأَنَا أَقُوْلُ لِامْرَأَتِیْ: أَخِّرِیْ عَنِّیْ أَنْمَاطَكِ، فَتَقُوْلُ: أَلَمْ يَقُلْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"إِنَّهَا سَتَكُوْنُ لَكُمْ أَنْمَاطٌ؟" قَالَ: فَأَدَعُهَا، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ حسنٌ.

بابُ ماجاء فی رُكُوْبِ ثَلاَثَةٍ عَلی دَابَّةٍ

ایک سواری پر تین آدمیوں کا سوار ہونا

حدیث: حضرت سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے آگے سے کھینچا ہے نبی ﷺ کو اور حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو، آپ کے سفیدی میں سیاہی ملے ہوئے خچر پر، یہاں تک کہ میں نے خچر کو داخل کیا نبی ﷺ کے کمرے کے صحن میں، یہ آپ کے آگے تھے اور یہ آپ کے پیچھے تھے (حجرۃ کا لفظ یہاں صحن کے معنی میں ہے، سواری اسی میں داخل کی جاتی ہے اور یہ لفظ اس معنی میں حدیث ۱۵۹ (تحفہ ۱: ۴۶۱) میں بھی آیا ہے)

تشریح: روایات میں ایک سواری پر تین آدمیوں کے بیٹھنے کی ممانعت آئی ہے، اور یہ روایت جواز کی ہے، پس قول فیصل یہ ہے کہ اگر سواری تین شخصوں کی متحمل ہو تو جائز ہے، ورنہ جائز نہیں۔ اور باب کی روایت میں چونکہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ ابھی بچے تھے اس لئے خچر تین کے لئے متحمل تھا۔

[٦١-] بابُ ماجاء فی رُكُوْبِ ثَلاَثَةٍ عَلی دَابَّةٍ

[٢٧٧٩-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِیُّ، نَا النَّضْرُ بنُ مُحمدٍ، ثَنَا عِكْرِمَةُ بنُ عَمَّارٍ، عَنْ إِيَاسِ بنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَقَدْ قُدْتُ بِنَبِیِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ عَلی بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، حَتّٰی أَدْخَلْتُهُ حُجْرَةَ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا قُدَّامَهُ، وَهٰذَا خَلْفَهُ.

وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَعْفَرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِی نَظْرَةِ الْفُجَاءَةِ

اچانک نظر پڑنے کا بیان

نامحرم پر اچانک نظر پڑ جائے تو معاف ہے، مگر اس نظر کو فوراً ہٹا لینا ضروری ہے، دیکھتے رہنا یا دوبارہ دیکھنا جائز نہیں۔

حدیث (۱): حضرت جریر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے اچانک پڑنے والی نظر کا حکم دریافت

کیا، آپؐ نے مجھے حکم دیا کہ میں اپنی نظر پھیرلوں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اے علی! نظر کے پیچھے نظر نہ ڈالو، اس لئے کہ تمہارے لئے پہلی نظر (جو اچانک پڑی ہے) جائز ہے، اور تمہارے لئے پچھلی (جائز) نہیں۔

تشریح: پہلی نظر جو اچانک پڑ جائے: اس میں آدمی کا اختیار نہیں ہوتا، اس لئے اس سے درگذر کیا گیا، البتہ دوسری نظر اختیاری ہوتی ہے، اس لئے وہ جائز نہیں...... اور اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ پہلی نظر کو دیر تک ٹھہرائے رکھنا بھی دوسری نظر کے حکم میں ہے۔ اور یہ اشارہ اس طرح ہے کہ آپؐ نے الآخرة فرمایا ہے، الثانیة نہیں فرمایا، اور دوسری نظر وہ ہے جو پہلی کے انقطاع کے بعد وجود میں آئے، اور ''پچھلی'' عام ہے، پہلی نظر کی پچھلی حالت بھی پچھلی نظر ہے۔

[۶۲-] بابُ ماجاءَ فِی نَظْرَةِ الْفُجَاءَ ةِ

[۲۷۸۰-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِیْعٍ، نَا هُشَیْمٌ، نَا یُوْنُسُ بنُ عُبَیْدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِی زُرْعَةَ بنِ عَمْرِو بنِ جَرِیْرٍ، عَنْ جَرِیْرِ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ نَظْرَةِ الْفُجَاءَ ةِ، فَأَمَرَنِیْ أَنْ أَصْرِفَ بَصَرِیْ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَأَبُوْ زُرْعَةَ: اسْمُهُ هَرِمٌ.

[۲۷۸۱-] حدثنا عَلِیُّ بنُ حُجْرٍ، نَا شَرِیْكٌ، عَنْ أَبِی رَبِیْعَةَ، عَنِ ابنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، رَفَعَهُ، قَالَ: ''یَا عَلِیُّ لاَ تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ، فَإِنَّ لَكَ الْأُوْلَی، وَلَیْسَتْ لَكَ الْآخِرَةُ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ شَرِیْكٍ.

بابُ ماجاءَ فی احْتِجَابِ النِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ

عورتوں کا مردوں سے پردہ کرنا

عام حالات میں پردہ کرنا: عورتوں پر واجب ہے، مردوں پر واجب نہیں، اور اس کی تین وجوہ ہیں:

پہلی وجہ: پردہ کرنا عورت کی حالت سے ہم آہنگ ہے، اور مرد کے موضوع کے خلاف ہے، مرد کے ذمے دنیا بھر کے کام ہوتے ہیں وہ پردہ کرکے اپنے کام انجام نہیں دے سکتا، اور عورت باہری کاموں سے فارغ ہوتی ہے، اس لئے وہ پردہ کرسکتی ہے۔

دوسری وجہ: پرکشش عورت کا بدن ہے، اس لئے اس کو چھپانا ضروری ہے، اور مرد کے بدن میں کوئی کشش نہیں، اس لئے اگر اس کو عورت بھی دیکھے گی تو کوئی فتنہ نہیں ہوگا۔

تیسری وجہ: دنیا قیمتی چیز کو چھپاتی ہے، اور عورت متاعِ گراں مایہ ہے، پس اسی کو چھپانا چاہئے۔

اور عورتوں کو دیکھنا: مردوں میں عشق وفریفتگی پیدا کرتا ہے، اور مردوں کو دیکھنا بھی عورتوں میں یہی کام کرتا ہے، اور بار بار دیکھنا ناجائز تعلق کا سبب بن جاتا ہے۔ اس لئے شریعت نے عورتوں کو بھی منع کیا کہ وہ مردوں کو دیکھیں، خواہ مرد نابینا ہی کیوں نہ ہو۔ سورۃ النور (آیت ۳۰) میں مردوں کو حکم دیا ہے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور آیت ۳۱ میں یہی حکم عورتوں کو دیا ہے کہ وہ بھی اپنی نگاہیں نیچی رکھیں۔

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ نبہان نے امام زہری رحمہ اللہ سے بیان کیا کہ حضرت ام سلمہؓ نے ان سے بیان کیا کہ وہ اور حضرت میمونہ رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے پاس تھیں، حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں: پس اس درمیان کہ ہم آپؐ کے پاس تھیں: عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ آئے، اور آپؐ کے پاس داخل ہوئے، اور یہ واقعہ ہمیں حجاب کا حکم دیئے جانے کے بعد کا ہے۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: اِحْتَجِبَا منه: دونوں ان سے پردہ کرو، پس میں نے عرض کیا: أَلَيْسَ هُوَ أَعْمَى، لاَيُبْصِرُنَا، وَلاَ يَعْرِفُنَا؟ کیا وہ نابینا نہیں ہیں، وہ نہ ہمیں دیکھتے ہیں نہ ہمیں پہچانتے ہیں؟ نبی ﷺ نے فرمایا: أَفَعَمْيَاوَانِ أَنْتُمَا؟ أَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهِ؟ کیا تم دونوں بھی اندھی ہو؟ کیا تم دونوں ان کو نہیں دیکھتیں؟ (یعنی ان کی طرف سے نہ سہی تمہاری طرف سے تو فتنہ کا اندیشہ ہے؟ اس لئے اس صورت میں بھی پردہ واجب ہے اور اسی اندیشہ کی وجہ سے عورتوں کو نگاہیں نیچی رکھنے کا حکم دیا ہے۔

[٦٣-] بابُ ماجاءَ فی احْتِجَابِ النِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ

[٢٧٨٢-] حدثنا سُوَيْدٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، نا يُونُسُ بنُ يَزِيْدَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ نَبْهَانَ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، أَنَّهَا كَانَتْ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَمَيْمُونَةُ، قَالَتْ: فَبَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَهُ: أَقْبَلَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ، وَذٰلِكَ بَعْدَ مَا أُمِرْنَا بِالْحِجَابِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "احْتَجِبَا مِنْهُ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلَيْسَ هُوَ أَعْمَى لاَيُبْصِرُنَا وَلاَ يَعْرِفُنَا؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَفَعَمْيَاوَانِ أَنْتُمَا؟ أَلَسْتُمَا تُبْصِرَانِهِ؟" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فِي النَّهْيِ عَنِ الدُّخُوْلِ عَلَى النِّسَاءِ، إِلَّا بِإِذْنِ أَزْوَاجِهِنَّ

شوہر کی اجازت کے بغیر عورت کے پاس جانا ممنوع ہے

کبھی کسی عورت سے کوئی ضروری بات کرنی ہوتی ہے اور تنہائی میں کرنی ہوتی ہے، ایسی صورت میں شوہر سے

اجازت لے کر ضروری بات کی جاسکتی ہے۔

حدیث: ذکوان جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے آزاد کردہ ہیں: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے آزادہ کردہ عبدالرحمٰن بن ثابت سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمرو بن العاصؓ نے ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا، وہ ان سے اجازت طلب کررہے تھے، حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا کے پاس جانے کی، حضرت علیؓ نے ان کو اجازت دیدی (پس وہ گئے اور ضروری بات کی) یہاں تک کہ جب وہ اپنی ضرورت سے فارغ ہوئے تو حضرت عمروؓ کے آزادہ کردہ عبدالرحمٰن نے اس بارے میں ان سے پوچھا (کہ آپ نے حضرت علیؓ سے اجازت کیوں لی؟) حضرت عمروؓ نے کہا: نبی ﷺ نے ہمیں منع کیا ہے، یا فرمایا: نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم عورتوں کے پاس ان کے شوہروں کی اجازت کے بغیر جائیں۔

[٦٤-] بابُ ماجاء فِي النَّهْيِ عَنِ الدُّخُوْلِ عَلَى النِّسَاءِ، إلَّا بِإِذْنِ أَزْوَاجِهِنَّ

[٢٧٨٣-] حدثنا سُوَيْدُ بنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللهِ بنُ الْمُبَارَكِ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ مَوْلَى عَمْرِو بنِ الْعَاصِ: أَنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ أَرْسَلَهُ إِلَى عَلِيٍّ، يَسْتَأْذِنُهُ عَلَى أَسْمَاءَ ابْنَةِ عُمَيْسٍ، فَأَذِنَ لَهُ، حَتَّى إِذَا فَرَغَ مِنْ حَاجَتِهِ: سَأَلَ الْمَوْلَى: عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَانَا، أَوْ: نَهَى أَنْ نَدْخُلَ عَلَى النِّسَاءِ بِغَيْرِ إِذْنِ أَزْوَاجِهِنَّ.

وفي الباب: عَنْ عُقْبَةَ بنِ عَامِرٍ، وَعَبْدِ اللهِ بنِ عَمْرٍو، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي تَحْذِيْرِ فِتْنَةِ النِّسَاءِ

عورتوں کا فتنہ سنگین فتنہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَا تَركتُ بعدى فى الناس فتنةً أَضرَّ على الرجالِ مِنَ النِّسَاءِ: میں نے اپنے پیچھے نہیں چھوڑا لوگوں میں کوئی فتنہ مردوں کے حق میں زیادہ ضرر رساں عورتوں سے، یعنی مردوں کے حق میں عورتوں کا فتنہ سنگین فتنہ ہے، اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ مردوں کو عورتوں کے فتنہ سے بچنے کی پوری کوشش کرنی چاہئے، اور عورتوں کا فتنہ مردوں کے لئے مختلف جہتوں سے ہوسکتا ہے، وہ حسن کے فتنے میں مبتلا کرسکتی ہیں، وہ شوہر کی عقل پر قبضہ کرسکتی ہے، اور اس کو خاندان سے لڑاسکتی ہے، وغیرہ۔ اور مردوں کی احتیاط بھی مختلف جہتوں سے ہوتی ہے، مثلاً نامحرم عورت پر نظر نہ ڈالے، یا بیوی کے فریب میں نہ آئے بلکہ اپنی عقل سے کام لے۔

سند کا حال: سلیمان تیمی کے صاحبزادے معتمر کی سند میں آخر میں حضرت اسامہ اور حضرت سعید دونوں کا ذکر

ہے،مگرسلیمان کے دیگر ثقہ تلامذہ آخر میں صرف حضرت اسامہ کا ذکر کرتے ہیں، وہ سند میں حضرت سعید کا ذکر نہیں کرتے ،اور ولا نعلم أحداً: تکرار ہے۔

[٦٥-] بابُ ماجاءَ فِي تَحْذِيْرِ فِتْنَةِ النِّسَاءِ

[٢٧٨٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، نا مُعْتَمِرُ بنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، وَسَعِيْدِ بنِ زَيْدِ بنِ عَمْرِو بنِ نُفَيْلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَا تَرَكْتُ بَعْدِىْ فِيْ النَّاسِ فِتْنَةً أَضَرَّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الثِّقَاتِ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أُسَامَةَ بنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ سَعِيْدِ بنِ زَيْدِ بنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا قَالَ: عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَسَعِيْدِ بنِ زَيْدٍ: غَيْرَ الْمُعْتَمِرِ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ اتِّخَاذِ الْقُصَّةِ

دوسرے کے بال اپنے بالوں میں ملانا مکروہ ہے

القُصَّة کے معنی ہیں: بالوں کا گچھا۔ وہ عورتیں جن کے بال ہلکے ہوتے ہیں وہ دوسرے انسان کے بال اپنے بالوں میں ملاتی ہیں، حدیثوں میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ اور باب کا لفظی ترجمہ ہے: گچھا بنانے کی کراہیت، یا گچھا لینے کی کراہیت، یعنی دوسرے کے بالوں کا گچھا (بہت سارے بال) لے کر اپنے بالوں میں ملانا مکروہ ہے۔

حدیث: حمید کہتے ہیں: انھوں نے مدینہ منورہ میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو تقریر کرتے ہوئے سنا (حضرت معاویہؓ نے ایک پولیس والے سے بالوں کا گچھا لے کر مجمع کو دکھایا اور فرمایا:) اے مدینہ والو! تمہارے علماء کہاں گئے؟ یعنی یہ منکر تمہارے شہر میں پھیل رہا ہے، عورتیں یہ چوٹیاں اپنے بالوں میں ملا رہی ہیں، اور علماء اس کی خبر نہیں لیتے، میں نے نبی ﷺ کو اس گچھے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔ آپ فرماتے ہیں: **إِنَّمَا هَلَكَتْ بنو إسرائيل حِيْنَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ:** بنی اسرائیل اس وقت ہلاک ہوئے جب ان کی عورتوں نے ان گچھوں کا استعمال شروع کیا۔

فائدہ: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ منکر پر نکیر کرنے کی ذمہ داری علماء کی ہے۔ مبلغین کی نہیں، ان کے ذمہ ترغیب کے ذریعہ دین پہنچانا ہے، اور معاشرہ کی اصلاح کرنا علماء کی ذمہ داری ہے، کیونکہ دین کے دو بازو ہیں: دعوت و تبلیغ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ، پہلا کام داعیوں کا ہے اور دوسرا علماء کا، پس ہر ایک کو اپنا فریضہ انجام

دینا چاہئے، اور ہر ایک کو دوسرے کی قدر پہچاننی چاہئے۔

[٦٦-] بابُ ماجاء فی کَرَاهِيَةِ اتِّخَاذِ الْقُصَّةِ

[٢٧٨٥-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ، نَا يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، نَا حُمَيْدُ بنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ مُعَاوِيَةَ خَطَبَ بِالْمَدِيْنَةِ، يَقُوْلُ: أَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ يَا أَهْلَ الْمَدِيْنَةِ؟ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْهَى عَنْ هٰذِهِ الْقُصَّةِ، وَيَقُوْلُ: ”إِنَّمَا هَلَكَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ حِيْنَ اتَّخَذَهَا نِسَاؤُهُمْ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ.

بابُ ماجاءَ فی الْوَاصِلَةِ، وَالْمُسْتَوْصِلَةِ، وَالْوَاشِمَةِ، وَالْمُسْتَوْشِمَةِ

بالوں میں بال ملانے والی، ملوانے والی، اور بدن گودنے والی، اور گدوانے والی: معلون ہیں

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے لعنت بھیجی ہے بدن گودنے والی عورتوں پر، اور بدن گدوانے والی عورتوں پر، اور سنگھار کے لئے چہرے کے بال نوچنے والی عورتوں پر، درانحالیکہ وہ خوبصورتی کو چاہنے والی ہیں، اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنیوالی ہیں۔

تشریح: مُبْتَغِيَاتٍ اور مُغَيِّرَات: حال ہیں، جو لعنت کی علت بیان کرتے ہیں ...... اور وَشَمَ الجِلْدَ يَشِمُ وَشْمًا کے معنی ہیں: کھال کو سوئی سے گود کر اس میں نیل بھرنا، عورتیں خوبصورت بننے کے لئے اس طرح بدن گدواتی ہیں، اور وہ عورت جو اس کا کاروبار کرتی ہے: الواشِمَة ہے، اور گاہک عورت: المستوشمة ہے ...... المُتَنَمِّصَة: (اسم فاعل) تَنَمَّصَتِ المرأَةُ: دھاگے سے پیشانی کے بال اکھاڑنا، اور بال اکھاڑنے والی عورت: النامصة اور اکھڑوالے والی عورت: المُتَنَمِّصَة کہلاتی ہے ...... اور حدیث میں لعنت کے دو سبب بیان کئے گئے ہیں: ایک: مصنوعی خوبصورتی پیدا کرنا دوم: اللہ کی بناوٹ میں تبدیلی کرنا، جب یہ دونوں سبب جمع ہوں تو ممانعت ہے، پس اگر اللہ کی بناوٹ میں کوئی تبدیلی نہ ہو اور اس طرح خوبصورتی پیدا کی جائے کہ کسی کو دھوکا بھی نہ ہو تو جائز ہے، جیسے کالے کے علاوہ کوئی بھی خضاب کرنا وغیرہ۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی، یعنی رحمت سے دور کر دیا: بالوں میں بال ملانے والی کو، اور ملوانے والی کو، اور بدن گودنے والی کو، اور گدوانے والی کو۔ نافع کہتے ہیں: بدن گدوانا مسوڑے میں ہوتا ہے (زمانہ جاہلیت میں عورتیں مسوڑے میں تل بنواتی تھیں، جس کا مقصد حسن و جمال پیدا کرنا ہوتا تھا)

ملحوظہ: یہ حدیث اسی سند سے أبواب اللباس باب ۲۵ (تحفہ ۵:۹۰) میں گذر چکی ہے۔

[۶۷-] بابُ ماجاءَ فی الْوَاصِلَةِ، وَالْمُسْتَوْصِلَةِ، وَالْوَاشِمَةِ، وَالْمُسْتَوْشِمَةِ

[۲۷۸۶-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا عَبِيْدَةُ بنُ حُمَيْدٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمِ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم لَعَنَ الْوَاشِمَاتِ، وَالْمُسْتَوْشِمَاتِ، وَالْمُتَنَمِّصَاتِ: مُبْتَغِيَاتٍ لِلْحُسْنِ، مُغَيِّرَاتٍ خَلْقَ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۸۷-] حدثنا سُوَيْدٌ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ، وَالْمُسْتَوْصِلَةَ، وَالْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ" وَقَالَ نَافِعٌ: الْوَشْمُ: فِي اللِّثَةِ.

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَمَعْقِلِ بنِ يَسَارٍ، وَأَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِیْ بَكْرٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ.

حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا يَحْيَى بنُ سَعِيْدٍ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ يَحْيَى قَوْلَ نَافِعٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: حضرت ابن عمرؓ کی حدیث کی پہلی سند ابن المبارکؒ کی ہے، اس میں نافع کا قول مذکور ہے، اسی حدیث کو یحییٰ بن سعید قطان بھی روایت کرتے ہیں، انھوں نے حضرت نافع کا قول ذکر نہیں کیا (یہاں عبارت ولم يذكروا فيه قولَ نافعٍ (بصیغۂ جمع) تھی، یہ تصحیف ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے) اللِّثَة: مسوڑھا، جمع لِثَات اور لِثّی۔

بابُ ماجاءَ فی الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر، اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت!

اللہ تعالیٰ نے انسان کی دو صنفیں بنائی ہیں: مرد و زن، اور ہر صنف کے لئے کچھ امتیازات گردانے ہیں، اُس کے کچھ حقوق رکھے ہیں اور کچھ فرائض، شریعت ان امتیازات کو باقی رکھنا چاہتی ہے، اور ان حقوق و فرائض کا لحاظ کرتی ہے، پس اگر مرد ہجڑے بن جائیں یا عورتیں مردانی بن جائیں تو یہ ان امتیازات کو رائگاں کرنا ہے۔ اس لئے دونوں پر لعنت بھیجی گئی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ (۵:۵۱۱) میں ہے)

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان عورتوں پر لعنت بھیجی ہے جو مردوں کی مشابہت اختیار کرتی ہیں، اوران مردوں پر لعنت بھیجی ہے جو عورتوں کی مشابہت اختیار کرتے ہیں۔

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مردوں میں سے ہجڑے بننے والوں پر لعنت بھیجی ہے، اور عورتوں میں سے مردانی بننے والیوں پر لعنت بھیجی ہے۔

لغات: المُتَشَبِّهَة (اسم فاعل) تَشَبَّهَ بغیرہ: دوسرے کی شکل وصورت اختیار کرنا، دوسرے جیسا بننا...... المُخَنَّث (اسم مفعول) ہجڑا، خَنَّثَه: ہجڑا بنانا......المُترَجِّلَة (اسم فاعل) تَرَجَّلَتِ الْمَرْأَة: عورت کا مردنما بننا، مردوں کے مشابہ ہونا۔

[۶۸-] بابُ ماجاءَ فی الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ

[۲۷۸۸-] حدثنا مَحمودُ بنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِیُّ، نا شُعْبَةُ، وَهَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ، وَالْمُتَشَبِّهِيْنَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۸۹-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلاَّلُ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيىَ بنِ أَبِیْ كَثِيْرٍ، وَأَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَعَنَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ، وَالْمُترَجِّلاَتِ مِنَ النِّسَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ.

بابُ ماجاءَ فی كَرَاهِيَةِ خُرُوْجِ الْمَرْأَةِ مُتَعَطِّرَةً

عورت کا خوشبودار ہوکر گھر سے نکلنا ممنوع ہے

عورت کی ذات خود پر کشش ہے، پھر اگر وہ معطر ہوکر گھر سے نکلے گی تو فتنہ بالائے فتنہ ہوگا، اور جو شخص نہیں دیکھنا چاہے گا وہ بھی دیکھے گا، اس لئے عورت بوقتِ ضرورت ہی گھر سے نکلے اور ایسا انداز اختیار نہ کرے کہ مردوں کی منظور نظر بن جائے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: كُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ: ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے، یعنی ہر نظر میں بالقوہ بدکاری کی صلاحیت ہے، وَالْمَرْأَةُ إِذَا اسْتَعْطَرَتْ، فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ، فَهِیَ كَذَا وَكَذَا: اور عورت جب خوشبو لگائے، پھر وہ کسی مجلس کے پاس سے گذرے تو وہ ایسی اور ایسی ہے، یعنی وہ بدکار ہے، کیونکہ وہ لوگوں کی نظر کا سبب بنے گی، اور متسبب کے لئے مباشر کا حکم ہے۔ پس گویا وہی بدکار ہے۔

[٦٩-] بابُ ماجاءَ فی کَرَاهِیَةِ خُرُوْجِ الْمَرْأَةِ مُتعطِّرَةً

[٢٧٩٠-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نا یَحْیَی بنُ سَعِیْدٍ القَطَّانُ، عَنْ ثَابِتِ بنِ عُمارَةَ الْحَنَفِیِّ، عَنْ غُنَیْمِ بنِ قَیْسٍ، عَنْ أَبِیْ مُوْسَی، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "کُلُّ عَیْنٍ زَانِیَةٌ، وَالْمَرْأَةُ إِذَا اسْتَعْطَرَتْ، فَمَرَّتْ بِالْمَجْلِسِ، فَهِیَ کِذَا وَکَذَا" یَعْنِیْ زَانِیَةً، وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هریرةَ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ فِی طِیْبِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

مردوں اور عورتوں کی خوشبوؤں کا بیان

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: طِیْبُ الرجال: مَا ظَهَرَ رِیْحُه، وَخَفِیَ لَوْنُهُ، وطیبُ النساء: مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ، وَخَفِیَ ریحُه: مردوں کی خوشبو: جس کی بوظاہر ہو، اور اس کا رنگ پوشیدہ ہو، اور عورتوں کی خوشبو: جس کا رنگ ظاہر ہو، اور اس کی بو پوشیدہ ہو۔

حدیث (۲): حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ خَیْرَ طِیْبِ الرجالِ: مَاظَهَرَ ریحُه، وَخَفِیَ لونُه، وخیرَ طِیْبِ النساءِ: مَاظَهَرَ لَوْنُهُ، وَخَفِیَ رِیْحُهُ: مردوں کی بہترین خوشبو وہ ہے جس کی بو پھیلے، اور اس کا رنگ نظر نہ آئے، اور عورتوں کی بہترین خوشبو وہ ہے جس کا رنگ نظر آئے، اور اس کی بو نہ پھیلے۔ وَنَهی عَنْ مِیْثَرَةِ الْأُرْجُوَان: اور آپؐ نے ارغوانی (سرخ) رنگ کے تکیہ سے منع فرمایا۔

تشریح: وہ خوشبو جس کی بو پھیلے اور اس میں رنگ نہ ہو، جیسے عرقِ گلاب، عطر گلاب، مشک، عنبر اور کافور وغیرہ۔ اور وہ خوشبو جس کا رنگ ظاہر ہو اور اس کی بو پوشیدہ رہے، جیسے زعفران...... عورت گھر میں اپنے شوہر کے لئے جو خوشبو چاہے لگا سکتی ہے، اور اس حدیث میں جو امتیاز کیا گیا ہے وہ خوشبو لگا کر گھر سے نکلنے کی صورت میں ہے...... المِیْثَرَة: وہ تکیہ جس کو گھوڑے کی زین پر رکھ کر سواری کرتے تھے، اس کا بیان أبواب اللباس باب ۲۶ (تحفہ ۵:۹۰) میں گذر چکا ہے ...... الأُرجوان: لال رنگا ہوا کپڑا، ارغوان رنگ کا گہرا سرخ...... مِیْثرة الأرجوان: مصری نسخہ میں اضافت کے ساتھ ہے، اور وہی مناسب ہے، یعنی سواری پر سرخ رنگ کا تکیہ رکھ کر سوار ہونے سے نبی ﷺ نے منع کیا۔

سند کا حال: پہلی حدیث کی دوسری سند میں جو طُفاوی ہیں، ان کے بارے میں امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس راوی کا تذکرہ اسی حدیث میں آیا ہے، اور ہم اس راوی کا نام نہیں جانتے، اور اسماعیل بن علیہ کی حدیث سفیان ثوری کی حدیث سے مفصل ہے، اور وہ ابوداؤد (حدیث ۲۱۷۴) کتاب النکاح کے آخر میں ہے، اور طفاوی

اگرچہ غیر معروف راوی ہیں، مگرامام ترمذیؒ نے ان کی حدیث کی تحسین کی ہے، اس لئے کہ ایک تو یہ تابعی ہیں، جن کی جہالت سے چشم پوشی کی جاتی ہے۔ دوم: حضرت عمرانؓ کی حدیث اس کی شاہد ہے، جس کو دوسرے نمبر پر لائے ہیں، اگرچہ اس کی سند میں بھی انقطاع ہے۔ حسن بصریؒ کا حضرت عمرانؓ سے لقاء اور سماع نہیں۔

[۷۰-] بابُ ماجاء فِي طِيْبِ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ

[۲۷۹۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " طِيْبُ الرِّجَالِ: مَاظَهَرَ رِيْحُهُ، وَخَفِيَ لَوْنُهُ؛ وَطِيْبُ النِّسَاءِ: مَاظَهَرَ لَوْنُهُ، وَخَفِيَ رِيْحُهُ "

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا إِسْمَاعِيْلُ بنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنِ الطُّفَاوِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ، إِلَّا أَنَّ الطُّفَاوِيَّ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا فِيْ هٰذَا الحديثِ، وَلَا نَعْرِفُ اسْمَهُ، وَحِدِيْثُ إِسْمَاعِيْلَ بنِ إِبْرَاهِيْمَ أَتَمُّ وَأَطْوَلُ، وفي الباب: عَنْ عِمْرَانَ بنُ حُصَيْنٍ.

[۲۷۹۲-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، أَنَا أَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ خَيْرَ طِيْبِ الرِّجَالِ: مَاظَهَرَ رِيْحُهُ، وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَخَيْرَ طِيْبِ النِّسَاءِ: مَاظَهَرَ لَوْنُهُ، وَخَفِيَ رِيْحُهُ، وَنَهَى عَنْ مِيْثَرَةِ الْأُرْجُوَانِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء فی كَرَاهِيَةِ رَدِّ الطِّيْبِ

خوشبو لوٹانا مکروہ ہے

خوشبو فرحت پیدا کرتی ہے، اور اس کا استعمال نبیوں کی سنت ہے۔ ابوداؤد اور نسائی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی صحیح حدیث ہے: مَن عُرِضَ عليه طِيْبٌ فلايَرُدُّه، فَإِنَّهُ خَفِيْفُ الْمَحْمِلِ، طَيِّبُ الرَّائِحَةِ: جس کے سامنے کوئی خوشبو پیش کی جائے وہ اس کو واپس نہ کرے، کیونکہ وہ ہلکے بوجھ والی یعنی کم قیمت عمدہ خوشبو ہے۔

ایک واقعہ: حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ عام طور پر ہدیہ قبول نہیں کرتے تھے، ہدیہ پیش کرنے کے لئے پہلے اجازت لینی پڑتی تھی، حضرت کے متعلقین میں ایک غیر مقلد عالم بھی تھے، وہ ایک بڑی شیشی بھر کر عمدہ عطر لائے، حکیم الامتؒ نے لینے سے انکار کردیا، انھوں نے کہا: حدیث میں خوشبو رد کرنے کی ممانعت آئی ہے، حضرتؒ

نے فرمایا: میں اسی حدیث سے رد کررہا ہوں، اس حدیث میں یہ ہے کہ خوشبو اس لئے رد نہیں کرنی چاہئے کہ وہ ہلکے بوجھ والی ہے، یعنی وہ بیش قیمت چیز نہیں، اور یہ بات اس صورت میں ہے جب خوشبو لگانے کے لئے پیش کی جائے، اور یہ جو آپ شیشی بھر کر لائے ہیں یہ تو بیش قیمت ہے، وہ عالم صاحب اپنا سا منہ لے کر رہ گئے، حدیث سمجھنا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔

حدیث (۱): ثمامہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ خوشبو نہیں لوٹایا کرتے تھے، اور حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ (بھی) خوشبو نہیں لوٹایا کرتے تھے (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ثَلَاثٌ لَاتُرَدُّ: الْوَسَائِدُ، وَالدُّهْنُ، وَاللَّبَنُ: تین چیزیں لوٹائی نہیں چاہئیں: تکیہ، تیل (عطر) اور دودھ۔

تشریح: تین میں حصر نہیں، تین کا تذکرہ بطور مثال ہے، اور حدیث کا راوی عبداللہ بن مسلم بن جندب ہذلی مدنی معمولی راوی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو غریب کہا ہے، مگر مناوی نے حدیث کی تحسین کی ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا أُعْطِيَ أَحَدُكم الريحانَ، فلا يَرُدُّهُ، فإِنَّه خَرَجَ مِن الجنة: جب تم میں سے کوئی شخص ناز بو دیا جائے تو وہ اس کو نہ لوٹائے، کیونکہ وہ جنت سے نکلی ہے۔

تشریح: ریحان (ناز بو) ایک خوشبو دار پودہ ہے، اور ہر خوشبو دار پودے کو بھی ریحان کہتے ہیں، اور حدیث میں یہی عام معنی مراد ہیں، سورۃ الواقعہ آیت ۸۹ میں بھی یہ لفظ آیا ہے، جیسے کوئی گلاب کا پھول پیش کرے تو اس کو قبول کرنا چاہئے، اور خَرَجَ من الجنة کا مطلب یہ ہے کہ اس کا جنت سے خصوصی تعلق ہے، یا وہ پسندیدہ چیز ہے، اچھی چیز کو جنت کی طرف اور بری چیز کو جہنم کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

سند کا حال: یہ حدیث مرسل ہے، ابو عثمان نہدی جن کا نام عبداللہ بن ملّ ہے، جلیل القدر تابعی ہیں، انھوں نے نبی ﷺ کا زمانہ پایا ہے، مگر نہ آپؐ کی زیارت کی ہے اور نہ آپؐ سے کوئی حدیث سنی ہے...... اور ان سے روایت کرنے والا راوی حنان اسدی جو حضرت مسدّد کے والد کا چچا ہے: اس کی یہی ایک حدیث ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کو غریب کہا ہے۔

ملحوظہ: یہ حدیث شمائل میں بھی آئی ہے، اور اس کی صحیح سند شمائل میں ہے۔ ترمذی میں اس کی جو سند ہے وہ صحیح نہیں، وہ سند اس طرح تھی: أخبرنا عثمان بن مهدی، نا محمد بن خليفة، نا يزيد بن زُرَيعٍ: جبکہ عثمان بن مہدی نام کا کوئی راوی نہیں، اس لئے میں نے یہاں بھی اس کی وہ سند لکھی ہے جو شمائل (باب ماجاء فی تَعَطُّر رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم) میں ہے، اور شمائل میں ابن ابی حاتم کی کتاب الجرح والتعديل سے یہ بات نقل کی ہے: حَنَانُ الأَسَدِيُّ من بنی أَسَدِ بنِ شَرِيْكٍ، وهو صاحب الرقيق، عمُّ والدِ مسدَّد، ورَوى عن أبی عثمان

النَّهْدِيِّ، وَرَوَى عنه الحجاج بن أبى عثمان الصَّوَاف۔

[۷۱-] بابُ ماجاء فى كَرَاهِيَةِ رَدِّ الطِّيْبِ

[۲۷۹۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا عَزْرَةُ بنُ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ لاَيُرَدُّ الطِّيْبَ، وَقَالَ أَنَسٌ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لاَيُرَدُّ الطِّيْبَ.

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۹۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ أَبِىْ فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ثَلاَثٌ لاَتُرَدُّ: الْوَسَائِدُ، وَالدُّهْنُ، وَاللَّبَنُ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بنُ مُسْلِمٍ: هُوَ ابْنُ جُنْدُبٍ، وَهُوَ مَدِيْنِيٌّ.

[۲۷۹۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ خَلِيْفَةَ، وَعَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، قَالاَ: ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ، عَنْ حَنَانٍ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا أُعْطِيَ أَحَدُكُمْ الرَّيْحَانَ فَلاَ يَرُدُّهُ، فَإِنَّهُ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلاَ نَعْرِفُ لِحَنَانٍ غَيْرَ هٰذَا الحديثِ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَلٍّ، وَقَدْ أَدْرَكَ زَمَنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَرَهُ، وَلَمْ يَسْمَعْ مِنْهُ.

بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ مُبَاشَرَةِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ، وَالْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ

مرد کا مرد سے اور عورت کا عورت سے بغیر حائل کے جسم لگانا ممنوع ہے

حدیث (۱): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک عورت دوسری عورت سے کھلا جسم نہ لگائے، یہاں تک کہ وہ اپنے شوہر سے اس عورت کا حال اس طرح بیان کرے جیسے وہ اس کو دیکھ رہا ہے۔

تشریح: مباشرت یعنی جسم کا جسم سے لگنا شہوت بھڑکانے میں نہایت زود اثر ہے، جو طبق زنی اور اغلام کی خواہش پیدا کرتا ہے، اور ''گویا وہ اس کو دیکھ رہا ہے'' کا مطلب یہ ہے کہ عورت کا عورت سے جسم لگانا بھی مکنون محبت کا سبب بن جاتا ہے، پس بے ساختہ اس لطف اندوزی کا تذکرہ شوہر یا کسی رشتہ دار کے سامنے زبان پر آجاتا ہے، اور وہ ان کی فریفتگی کا سبب بن جاتا ہے۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مرد دوسرے مرد کے ستر کو نہ دیکھے، اور کوئی عورت دوسری عورت کے ستر کو نہ دیکھے (پس غیر جنس کا ستر دیکھنا بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوگا) اور ایک آدمی دوسرے آدمی تک ایک کپڑے میں نہ

پہنچے، یعنی بدن لگا کر نہ سوئے، اور ایک عورت دوسری عورت تک ایک کپڑے میں نہ پہنچے۔

تشریح: ستر دیکھنے کی ممانعت دو وجہ سے ہے:

پہلی وجہ: ستر دیکھنا شہوت کو بھڑکاتا ہے، غیر جنس کا ستر دیکھنے میں تو یہ بات ظاہر ہے، اور ہم جنس میں بھی کبھی اس کی نوبت آجاتی ہے۔ عورتیں بھی کبھی ایک دوسرے پر فریفتہ ہوتی ہیں، اور مرد بھی کبھی ایک دوسرے پر عاشق ہوتے ہیں۔

دوسری وجہ: ستر چھپانا تہذیب کی بنیادی اینٹ ہے۔ دنیا جہاں کے لوگ اعضاء مستورہ کو ''شرم گاہ'' کہتے ہیں، یعنی ان کا کھولنا یا دیکھنا بے حیائی کی بات ہے، اس لئے ممنوع ہے۔

[۷۲-] بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ مُبَاشَرَةِ الرَّجُلِ الرَّجُلَ، وَالْمَرْأَةِ الْمَرْأَةَ

[۲۷۹۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاتُبَاشِرُ الْمَرْأَةُ الْمَرْأَةَ، حَتَّى تَصِفَهَا لِزَوْجِها، كَأَنَّهُ يَنْظُرُ إِلَيْهَا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۷۹۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نَا زَيْدُ بنُ حُبَابٍ، أَخْبَرَنِيْ الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ، أَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بنُ أَسْلَمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لاَيَنْظُرُ الرَّجُلُ إِلَى عَوْرَةِ الرَّجُلِ، وَلاَ تَنْظُرُ الْمَرْأَةُ إِلَى عَوْرَةِ الْمَرْأَةِ، وَلاَ يُفْضِى الرَّجُلُ إِلَى الرَّجُلِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ، وَلاَ تُفْضِى الْمَرْأَةُ إِلَى الْمَرْأَةِ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِيْ حِفْظِ الْعَوْرَةِ

ستر کی حفاظت ضروری ہے

باب کی حدیث ابھی (حدیث ۲۷۷۳ پر) گذری ہے: حضرت معاویہ بن جندبؓ نے پوچھا: اے اللہ کے نبی! ہمارے ستر: کیا آئیں ہم ان میں سے اور کیا چھوڑیں؟ یعنی کہاں ستر کھول سکتے ہیں اور کہاں چھپانا ضروری ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اپنے ستر کی حفاظت کرو، مگر اپنی بیوی سے یا اپنی باندی سے، ان کا دوسرا سوال تھا: جب لوگ ایک جگہ اکٹھا ہوں؟ آپؐ نے فرمایا: اگر تیرے بس میں ہو کہ ستر کو کوئی نہ دیکھے تو ہرگز ستر نہ دکھلا، ان کا تیسرا سوال تھا: جب کوئی شخص تنہائی میں ہو؟ آپؐ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ان سے شرم کی جائے، یعنی تنہائی میں بھی بے ضرورت ستر نہیں کھولنا چاہئے۔

[۷۳-] بابُ ماجاءَ فِيْ حِفْظِ الْعَوْرَةِ

[۲۷۹۸-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيْعٍ، نا مُعَاذُ بنُ مُعَاذٍ، وَيَزِيْدُ بنُ هَارُوْنَ، قَالاَ: نَا بَهْزُ بنُ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! عَوْرَاتُنَا مَا نَأْتِيْ مِنْهَا وَمَا نَذَرُ؟ قَالَ:" احْفَظْ عَوْرَتَكَ، إِلَّا مِنْ زَوْجَتِكَ أَوْ مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ " قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِذَا كَانَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ فِيْ بَعْضٍ؟ قَالَ:" إِنْ اسْتَطَعْتَ أَنْ لاَيَرَاهَا أَحَدٌ فَلاَ تُرِيَنَّهَا " قَالَ: قُلْتُ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! إِذَا كَانَ أَحَدُنَا خَالِيًا؟ قَالَ:" فَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ يُسْتَحْيَىْ مِنْهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

ران بھی ستر ہے

متعدد روایات اس پر دلالت کرتی ہیں کہ ران بھی ستر ہے، اور یہی امام ابوحنیفہ، امام شافعی اور جمہور کا مسلک ہے، اور امام مالک اور امام احمد کی ایک روایت یہ ہے کہ ننگا پا صرف آگے اور پیچھے کی شرم گاہیں ہیں، اور یہی اہل ظاہر کا مسلک ہے۔

ران ستر ہے: اس سلسلہ میں چار روایتیں ہیں، اور چاروں ضعیف ہیں، مگر سب مل کر حسن لغیرہ ہوجاتی ہیں، اس لئے قابل استدلال ہیں، ان میں سے دو روایتیں امام ترمذیؒ نے پیش کی ہیں، اور دو کا حوالہ دیا ہے:

حدیث (۱): حضرت جَرہد رضی اللہ عنہ سے جو اصحابِ صفہ میں سے تھے، مروی ہے: نبی ﷺ مسجد نبوی میں ان کے پاس سے گذرے، درانحالیکہ ان کی ران کھلی تھی، آپؐ نے فرمایا: إِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ: بیشک ران ننگا پا ہے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت جرہدؓ سے ان کے پوتے زرعہ روایت کرتے ہیں، اور زرعہ کا ان کے دادا سے سماع نہیں، اور اس کی دوسری سند میں جرہدؓ کے بیٹے عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے، درانحالیکہ وہ اپنی ران کھولے ہوئے تھے، تو نبی ﷺ نے فرمایا: غَطِّ فَخِذَكَ، فَإِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ: اپنی ران چھپاؤ، کیونکہ وہ ستر میں سے ہے، پھر اسی حدیث کی تیسری سند پیش کی ہے، اس میں حضرت جرہدؓ کے بیٹے عبداللہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، غرض اس کی سند میں اضطراب ہے، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نبی ﷺ کا یہ ارشاد مروی ہے: الفَخِذُ عَوْرَةٌ: ران شرمگاہ ہے، اس کی سند میں ابویحییٰ قتات مشہور ضعیف راوی ہے۔

حدیث (۳): حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ابوداؤد اور ابن ماجہ میں مروی ہے: نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: یا

علي! لَاتُبْرِزْ فَخِذَكَ، وَلَا تَنْظُرْ إِلَى فَخِذِ حَيٍّ، وَلَامَيِّتٍ: اے علی! اپنی ران نہ کھولو، اور نہ کسی زندہ کی ران دیکھو، اور نہ کسی مردہ کی۔

حدیث (۴): نبی ﷺ حضرت معمر رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرے، ان کی دونوں رانیں کھلی تھیں، پس آپؐ نے فرمایا: ''اے معمر! اپنی رانیں ڈھانک لو، کیونکہ دونوں رانیں ستر ہیں'' (یہ روایت امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں تعلیقاً ذکر کی ہے، اور یہ عبداللہ بن جحشؓ کے صاحبزادے محمدؓ کی روایت ہے، اور یہ دونوں باپ بیٹے صحابی ہیں)

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے غلام کا اپنی باندی سے نکاح کردے تو ہرگز وہ باندی کے ستر کو نہ دیکھے۔ اور ایک روایت میں ہے: پس وہ ہرگز نہ دیکھے اس حصہ کو جو ناف سے نیچے اور گھٹنے کے اوپر ہے (رواهما أبو داؤد، وإسناده حسنٌ، مشکوٰۃ حدیث ۳۱۱۱)

اور دو روایتیں اس پر دلالت کرتی ہیں کہ ران ستر نہیں، سند کے اعتبار سے یہ روایتیں قوی ہیں:

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: جنگ خیبر کے موقع پر نبی ﷺ نے اپنی ران سے لنگی ہٹائی، یہاں تک کہ حضرت انسؓ نے آپؐ کی ران کی سفیدی دیکھی (بخاری حدیث ۳۷۱) یہ روایت قوی ہے، جو ران کے ستر نہ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ اپنی ران کھولے ہوئے تشریف فرما تھے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے آنے کی اجازت چاہی، آپؐ نے ان کو اجازت دیدی، اور آپؐ اسی حال میں رہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی تو ان کو بھی اجازت دیدی، اور آپؐ اسی حال میں رہے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اجازت چاہی تو آپؐ نے ران پر اپنا کپڑا ڈال دیا (یہ روایت مسند احمد میں ہے)

اور اختلافِ روایات کی صورت میں احتیاط کی بات یہ ہے کہ ران کو ستر قرار دیا جائے، یہی بات شریعت کے قواعد سے ہم آہنگ ہے، جب مُحرم و مُبیح دلائل جمع ہوتے ہیں تو محرم کو ترجیح دی جاتی ہے، یہی بات امام بخاریؒ نے فرمائی ہے: (کتاب الصلاۃ (باب۱۲) باب ما يُذْكَرُ في الفَخِذ)

فائدہ: گھٹنہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک ستر میں شامل نہیں، اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ستر ہے، کیونکہ اس میں بھی روایات مختلف ہیں، ابھی روایت گذری ہے: ''ہرگز نہ دیکھے کوئی اس حصہ کو جو ناف سے نیچے اور گھٹنے سے اوپر ہے'' یہ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ گھٹنہ ستر نہیں، اور سنن دار قطنی (۱:۲۳۱) میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ضعیف روایت ہے کہ گھٹنہ ستر میں شامل ہے، اور بخاری شریف (حدیث ۳۶۹۵) میں یہ واقعہ مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ پانی کی جگہ میں تشریف فرما تھے۔ اور دونوں یا ایک گھٹنہ کھلا ہوا تھا، حضرت عثمانؓ آئے، آپؐ نے ان کو ڈھانک لیا، اس لئے احتیاط کی بات یہ ہے کہ گھٹنے کو بھی ستر میں شامل کیا جائے۔

اور گھٹنہ درحقیقت کوئی عضو نہیں، وہ ران اور پنڈلی کی ہڈیوں کا سنگم ہے، اور ران کی ہڈی قول مختار کے مطابق ستر ہے اور پنڈلی کی ہڈی ستر نہیں، پس محرم و مبیح دلائل جمع ہوئے، اور ایسی صورت میں محرم کو ترجیح دی جاتی ہے، پس گھٹنے کا ستر ہونا راجح ہے۔

[۷۴-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ

[۲۷۹۹-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ النَّضرِ مَوْلَی عُمَرَ بنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنْ زُرْعَةَ بنِ مُسْلِمِ بنِ جَرْهَدٍ الأَسْلَمِیِّ، عَنْ جَدِّهِ جَرْهَدٍ، قَالَ: مَرَّ النبیُّ صلی الله علیه وسلم بِجَرْهَدٍ فِیْ الْمَسْجِدِ، وَقَدِ انْکَشَفَ فَخِذُهُ، قَالَ: "إِنَّ الْفَخِذَ عَوْرَةٌ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، مَا أُرَی إِسْنَادَهُ بِمُتَّصِلٍ.

[۲۸۰۰-] حدثنا الحَسَنُ بنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ ابْنُ جَرْهَدٍ، عَنْ أَبِیْهِ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم مَرَّ بِهِ، وَهُوَ کَاشِفٌ عَنْ فَخِذِهِ، فَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: "غَطِّ فَخِذَكَ، فَإِنَّهَا مِنَ الْعَوْرَةِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

[۲۸۰۱-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَی، نَا یَحْیَی بنُ آدَمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ مُحمدِ بنِ عَقِیْلٍ، عَن عَبْدِ اللّٰهِ بنِ جَرْهَدٍ الأَسْلَمِیِّ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "الفَخِذُ عَوْرَةٌ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۲۸۰۲-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَی الْکُوْفِیُّ، نَا یَحْیَی بْنُ آدَمَ، نَا إِسْرَائِیْلُ، عَنْ أَبِیْ یَحْیَی، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "الفَخِذُ عَوْرَةٌ"

وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَجْشٍ، وَلِعَبْدِ اللّٰهِ بنِ حَجْشٍ صَحْبَةٌ، وَلِابْنِهِ مُحمدٍ صُحْبَةٌ.

بابُ ماجاء فِی النَّظَافَةِ

نظافت وصفائی کا بیان

نظافت کے معنی ہیں: صفائی، پاکیزگی، اور تنظیف کے معنی ہیں: صفائی، آراستگی، اور باب کَرُم سے نَظُفَ نَظَافَةً کے معنی ہیں: صاف ستھرا ہونا، غلاظت اور میل کچیل سے دور ہونا...... اسلام میں طہارت کی طرح نظافت کی بھی بڑی اہمیت ہے، امامت کی ترجیحات میں بھی الأَنْظَفُ ثَوْبًا (پاکیزہ کپڑے والے) کو لیا گیا ہے، پس طلبہ کو چاہئے کہ صاف ستھرے رہیں، اور اپنے کمروں کو بھی صاف ستھرا رکھیں، کمروں میں ہر چیز سلیقہ سے ہونی چاہئے،

سامان بے ترتیب نہیں ہونا چاہئے، یہ بات اسلام کے مزاج کے خلاف ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ، يُحِبُّ الطَّيِّبَ: اللہ تعالیٰ پاکیزہ ہیں: پاکیزگی کو پسند کرتے ہیں۔ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ: ستھرے ہیں: صفائی کو پسند کرتے ہیں، كريمٌ يُحِبُّ الكَرَمَ: فیاض ہیں: فیاضی کو پسند کرتے ہیں، جَوَادٌ يحِبُّ الجُوْدَ: سخی ہیں: سخاوت کو پسند کرتے ہیں (جَوَاد اور جَوَّاد: دونوں صحیح ہیں) فَنَظِّفُوْا أَفْنِيَتَكُمْ، وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ: پس اپنے آنگنوں کو صاف رکھو، اور یہود کی مشابہت اختیار نہ کرو (یہود کے آنگن گندے رہتے ہیں، کوڑے سے بھرے رہتے ہیں، پس آدمی کو چاہئے کہ صرف گھر ہی کو صاف نہ رکھے بلکہ صحن کو بھی صاف رکھے)

سند کا حال: یہ حدیث صالح بن ابی حسان: حضرت سعید بن المسیبؒ سے روایت کرتے ہیں، حضرت سعید جلیل القدر تابعی ہیں، پس یہ روایت مرسل ہے، مگر حضرت سعید کے مراسیل بالاتفاق مقبول ہیں، پھر صالح کہتے ہیں: میں نے یہ روایت مہاجر بن مسمار زہری سے ذکر کی، یہ سعد مدنی کے آزاد کردہ ہیں، اور مقبول راوی ہیں۔ پس مہاجر نے کہا: مجھ سے یہ حدیث حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عامر نے بیان کی، وہ اپنے والد سے، اور وہ نبی ﷺ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔ اب حدیث مرفوع ہوگئی، اور حضرت سعید کی روایت میں أفنیتکم میں شک تھا، مگر حضرت سعد کی روایت میں یہ لفظ ہے، اس میں صاف نَظِّفُوْا أفنيتكم ہے۔ مگر صالح کا شاگرد خالد غیر صالح ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث قرار دیا ہے، اور ابن حبان کہتے ہیں: یہ راوی ثقہ راویوں سے موضوع حدیثیں روایت کرتا ہے، اس لئے یہ روایت نہایت ضعیف ہے۔

[۷۵-] بابُ ماجاء فِي النَّظَافَةِ

[۲۸۰۳-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، نَا خَالِدُ بنُ إِلْيَاسَ، عَنْ صَالِحِ بنِ أَبِيْ حَسَّانٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ: " إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطَّيِّبَ، نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ، كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ، جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ، فَنَظِّفُوْا - أُرَاهُ قَالَ - أَفْنِيَتَكُمْ، وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ" قَالَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ مِسْمَارٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: " نَظِّفُوْا أَفْنِيَتَكُمْ " هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَخَالِدُ بنُ إِلْيَاسَ: يُضَعَّفُ، وَيُقَالُ: ابنُ إِيَاسٍ.

بابُ ماجاء فِي الِاسْتِتَارِ عِنْدَ الْجِمَاعِ

صحبت کے وقت پردہ کرنا

میاں بیوی میں کسی عضو کا پردہ نہیں، زوجین ایک دوسرے کے جسم کے ہر حصہ کو دیکھ سکتے ہیں، مگر سلیقہ مندی کی بات

یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کا ستر نہ دیکھیں، نہ ننگے ہوکر صحبت کریں، بلکہ کوئی چادر وغیرہ اوڑھ کر مباشرت کریں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِيَّاكُمْ وَالتَّعَرِّىَ: ننگے ہونے سے بچو (یہ حکم عام ہے، صحبت کرنے کے ساتھ خاص نہیں) فِإِنَّ مَعَكُمْ مَنْ لاَيُفَارِقُكُمْ إِلَّا عِنْدَ الْغَائِطِ، وحِيْنَ يُفْضِىْ الرجلُ إلٰى أَهْلِه: اس لئے کہ تمہارے ساتھ وہ (فرشتے) ہیں جو تم سے جدا نہیں ہوتے، مگر بڑے استنجے کے وقت، اور جب آدمی اپنی بیوی سے صحبت کرتا ہے، فَاسْتَحْيُوْهُمْ وَأَكْرِمُوْهُمْ: پس ان سے شرم کرو اور ان کا اکرام کرو۔

تشریح: اس حدیث کا سبق یہ ہے کہ آدمی کو بے ضرورت ننگا نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ نامہ اعمال لکھنے والے فرشتے ہر وقت ساتھ رہتے ہیں، پس ان سے شرمانا چاہئے، اور ان کا اکرام کرنا چاہئے، اگر آدمی ننگا ہوگا تو فرشتوں کو تکلیف ہوگی، وہ وہاں سے ہٹنے پر مجبور ہونگے، البتہ مجبوری کی حالت میں ستر کھولنا جائز ہے، جیسے بڑے استنجے کے وقت ستر کھولنا، کیونکہ ستر کھولے بغیر استنجاء ممکن نہیں۔

سوال: حدیث کا باب سے کیا تعلق ہے؟ حدیث اس پر دلالت کرتی ہے کہ بوقتِ صحبت ننگا ہونا جائز ہے، جیسے بڑے استنجے کے وقت ننگا ہونا جائز ہے، اور باب میں یہ بات ہے کہ اس وقت پردہ کرنا چاہئے۔

جواب: حدیث کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بوقت جماع ننگا ہونا جائز ہے، بلکہ حدیث میں فرشتوں کے علحدہ ہونے کی دو مثالیں دی ہیں: ایک: بڑے استنجے کی حالت، دوسری: جماع کی حالت۔ ان میں سے پہلی حالت مجبوری کی حالت ہے اور دوسری حالت مجبوری کی حالت نہیں، اس لئے دونوں حالتوں کا حکم مختلف ہوگا۔

سند کا بیان: حدیث کا راوی أبو مُحَيَّاة کا نام یحیٰ بن یعلی تیمی کوفی ہے، یہ ثقہ راوی ہے، مگر لیث بن ابی سُلیم کا حافظہ آخر عمر میں بگڑ گیا تھا اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے۔

[۷۶-] بابُ ماجاء فِى الِاسْتِتَارِ عِنْدَ الْجِمَاعِ

[۲۸۰٤-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مُحَمَّدِ بنِ نِيْزَكَ الْبَغْدَادِيُّ، نَا الْأَسْوَدُ بنُ عَامِرٍ، نَا أَبُوْ مَحَيَّاةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِيَّاكُمْ وَالتَّعَرِّىَّ! فَإِنَّ مَعَكُمْ مَنْ لاَيُفَارِقُكُمْ إِلَّا عِنْدَ الْغَائِطِ، وَحِيْنَ يُفْضِىْ الرَّجُلُ إِلَى أَهْلِهِ، فَاسْتَحْيُوْهُمْ وَأَكْرِمُوْهُمْ"
هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ مُحَيَّاةَ: اسْمُهُ يَحْيىَ بْنُ يَعْلَى.

بابُ ماجاءَ فِى دُخُوْلِ الْحَمَّامِ

نہانے کے ہوٹل میں جانا

جن ملکوں میں پانی کی قلت ہے، وہاں نہانے کے ہوٹل ہوتے ہیں، سب لوگ: مرد اور عورتیں وہاں جا کر

نہاتے ہیں، اس لئے وہاں بے پردگی بہت ہوتی ہے، پس عورتوں کو تو وہاں جانا ہی نہیں چاہئے، وہ اپنے گھروں میں نہائیں، اور مرد لنگی باندھ کر جائیں، صرف جانگیہ چڈی پہن کر اور لنگی کندھے پر ڈال کر نہ جائیں۔

پہلی حدیث: میں تین حکم ہیں:

۱-مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلَا يُدْخِلْ حَليلَتَه الحمامَ: جوشخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی بیوی کو حمام میں نہ لے جائے۔

۲-ومَنْ كَانَ يُؤْمِنُ باللّٰهِ واليومِ الآخر فلا يَدْخُلِ الحمامَ بغير إِزَارٍ: جوشخص اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ لنگی کے بغیر حمام میں نہ جائے۔

۳-وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ باللّٰهِ واليوم الآخِرِ فلا يَجْلِسْ على مَائِدَةٍ يُدَارُ عَليهم الخَمْرُ: اور جوشخص اللہ پر، اور قیامت کے دن پر یقین رکھتا ہے وہ ایسے دستر خوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چلایا جارہا ہے۔

سند کا حال: اس حدیث کی سند میں لیث بن ابی سُلیم ہیں، یہ راوی صدوق (ٹھیک) ہیں، مگر کبھی وہ حدیث میں غلطی کرتے ہیں، یہ بات امام بخاری رحمہ اللہ نے بیان کی ہے، اور امام بخاریؒ نے امام احمدؒ کا یہ قول نقل کیا ہے: ليثٌ لَايُفْرَحُ بحديثِه: لیث کی حدیثیں خوش کن نہیں ہوتیں! (یہ جرح کا ایک انداز ہے)

دوسری حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: نبی ﷺ نے (پہلے) مردوں کو اور عورتوں کو حماموں میں جانے سے منع کیا تھا، پھر مردوں کو لنگیاں پہن کر جانے کی اجازت دی۔

سند کا حال: اس کی سند کا راوی عبداللہ بن شداد ابوالحسن اعرج صدوق ہے، مگر اس کا استاذ ابوعذرة مجہول ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے، اور کتاب میں یہ ہے کہ ابوعذرة نے نبی ﷺ کا زمانہ پایا ہے، مگر تقریب میں ہے کہ جس نے یہ بات کہی ہے وہ اس کا وہم ہے، اور امام ترمذیؒ بھی آخر میں خود فرماتے ہیں: وإسناده ليس بذاك القائم: اس حدیث کی سند کچھ زیادہ قوی نہیں، یہ بات اسی صورت میں صحیح ہوسکتی ہے کہ ابوعُذرة مجہول ہو، ورنہ اور رُوات تو ٹھیک ہیں۔

تیسری حدیث: ابوالملیح ہُذلی کہتے ہیں: حِمص کی کچھ عورتیں یا شام کی کچھ عورتیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تم ہی وہ عورتیں ہو جہاں کی عورتیں (نہانے کے لئے) حماموں میں جاتی ہیں؟ میں نے نبی ﷺ سے سنا ہے: مَا مِنِ امْرَأَةٍ تَضَعُ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِ زوجها، إِلَّا هَتَكَتِ السِّتْرَ بينها وبين رَبِّهَا: جو بھی عورت اپنے کپڑے اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ میں نکالتی ہے تو وہ اپنے اور اپنے پروردگار کے درمیان پردہ دری کرتی ہے (ما نافیہ ہے، مِنْ زائدہ ہے۔ نفی کی تاکید کے لئے آیا ہے۔ اور إلاّ اثبات کے لئے ہے، ترجمہ میں ان کو چھوڑ دیا ہے اور حصر کا مفہوم پیدا کر دیا ہے)

[٧٧-] بابُ ماجاءَ فِي دُخُوْلِ الْحَمَّامِ

[٢٨٠٥-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا مُصْعَبُ بنُ الْمِقْدَامِ، عَنِ الْحَسَنِ بنِ صَالِحٍ، عَنْ لَيْثِ بنِ أَبِىْ سُلَيْمٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُدْخِلْ حِلِيْلَتَهُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يَدْخُلِ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ إِزَارٍ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يَجْلِسْ عَلَى مَائِدَةٍ يُدَارُ عَلَيْهِمُ الْخَمْرُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ طَاوُسٍ عَنْ جَابِرٍ، إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

قَالَ مُحمدُ بنُ إِسْمَاعِيْلَ: لَيْثُ بنُ أَبِىْ سُلَيْمٍ صَدُوْقٌ، وَرُبَمَايِهِمُ فِي الشَّيْئِ، وَقَالَ مُحمدٌ: قَالَ أَحْمَدُ بنُ حَنْبَلٍ: لَيْثٌ لاَ يُفْرَحُ بِحَدِيْثِهِ.

[٢٨٠٦-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا حَمَّادُ بنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ شَدَّادٍ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ عُذْرَةَ – وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم – عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم: نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنِ الْحَمَّامَاتِ، ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ فِي الْمَيَازِرِ،

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بنِ سَلَمَةَ، وَإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِذَاكَ الْقَائِمِ.

[٢٨٠٧-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ أَبِىْ الْجَعْدِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِىْ الْمَلِيْحِ الْهُذَلِيِّ: أَنَّ نِسَاءً مِنْ أَهْلِ حِمْصَ أَوْ: مِنْ أَهْلِ الشَّامِ دَخَلْنَ عَلَى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: أَنْتُنَّ اللاَّتِي يَدْخُلْنَ نِسَاءُ كُنَّ الْحَمَّامَاتِ، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" مَامِنِ امْرَأَةٍ تَضَعُ ثِيَابَهَا فِيْ غَيْرِ بَيْتِ زَوْجِهَا، إِلاَّ هَتَكَتِ السِّتْرَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ رَبِّهَا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْمَلاَئِكَةَ لاَتَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ وَلاَ كَلْبٌ

جس گھر میں جاندار کی تصویر ہو یا کتا ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے

جانداروں کی تصویروں میں مورتیوں کے معنی ہیں، یعنی وہ پرستش کی چیز ہیں اور فرشتوں کو شرک اور مشرکین سے شدید نفرت ہے، اس لئے ضروری ہے کہ تصویروں سے فرشتے نفرت کریں، چنانچہ وہ کسی ایسی جگہ میں داخل نہیں ہوتے جہاں کسی جاندار کی تصویر ہوتی ہے...... اور جاہلیت کے لوگ کتا پالنے کے شوقین تھے، جب کہ کتا ایک ملعون جانور ہے، فرشتوں کو اس سے اذیت پہنچتی ہے، اور کتے کو شیاطین سے مناسبت ہے، اس لئے بےضرورت کتا پالنے کو

حرام قرار دیا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لاتَدْخُلُ الْمَلاَئِکَةُ بَیْتًا فِیْهِ کلبٌ، وَلاَ صُوْرَةُ تماثیلَ: فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا جاندار کی تصویر ہے۔

تشریح: یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ہے، اس میں صورةُ تماثیلَ (اضافت کے ساتھ) ہے، یہ دونوں لفظ تقریباً ہم معنی ہیں، اور اضافت ایسی ہے جیسی ثَوبُ قَمیصٍ میں، اور یہی حدیث حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، ان کی روایت میں اسحاق بن عبداللہ کو شک ہے کہ تماثِیلُ فرمایا یا صورةٌ فرمایا، اور اس میں کتے کا ذکر نہیں...... تماثیل: تِمْثَال کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: مجسمہ، پتھر کا تراشا ہوا یا تانبے پیتل وغیرہ کا ڈھلا ہوا مجسمہ، جو کسی انسان یا حیوان وغیرہ کی عکاسی کرتا ہو، دوسرے معنی ہیں: وہ تصویر جو کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنی ہوئی ہو، کہتے ہیں: فی ثَوْبه تماثیلُ: اس کے کپڑوں میں جانداروں کی تصویریں ہیں، حدیث میں یہی معنی مراد ہیں، اور اس کی وضاحت کے لئے لفظ صورة بڑھایا ہے، یعنی ہر تصویر ملائکہ کے لئے مانع نہیں، صرف جاندار کی تصویر جو بڑی اور واضح ہو مانع بنتی ہے...... اور کتا مطلقاً مانع ہے یا جس کتے کا پالنا ممنوع ہے وہ مانع ہے؟ اس میں دونوں رائیں ہیں، اور راجح رائے یہ ہے کہ جس کتے کا پالنا جائز نہیں، وہ مراد ہے، اور شکاری کتا اور کھیتی اور بکریوں کی حفاظت کا کتا جس کے پالنے کی اجازت ہے وہ مانع نہیں...... اور فرشتوں سے مراد رحمت کے فرشتے ہیں، نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتے اور روح قبض کرنے والے فرشتے مراد نہیں، کیونکہ کراماً کاتبین ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں، اور ملک الموت وقت پر روح قبض کرتے ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے، پس انھوں نے کہا: میں گذشتہ رات آپؐ کے پاس آیا تھا، پس نہیں روکا مجھے آپؐ کے پاس اس گھر میں داخل ہونے سے جس میں آپؐ تشریف فرما تھے، مگر اس بات نے کہ گھر کے دروازے میں مردوں کی تصویر تھی، اور گھر میں باریک پردہ تھا، جس میں جاندار کی تصویر تھی، اور گھر میں ایک کتا تھا (یہ تین چیزیں میرے لئے مانع بنیں) پس آپؐ حکم دیجئے کہ اس تصویر کا جو دروازے پر ہے سر کاٹ دیا جائے، پس وہ درخت کی شکل کی طرح بن جائے، اور پردے کے بارے میں حکم دیجئے کہ اسے پھاڑ دیا جائے، اور اس سے ایسے دو تکیے بنالئے جائیں جو زمین پر پڑے رہیں، جن کو روندا جائے اور کتے کے بارے میں حکم دیجئے کہ وہ نکال دیا جائے، چنانچہ نبی ﷺ نے ایسا کیا، اور وہ کتا حضرت حسینؓ کا یا حضرت حسنؓ کا پلّا تھا، ان کے چارپائی پر تہہ بہ تہہ رکھے ہوئے سامان کے نیچے چھپا ہوا تھا، چنانچہ نبی ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا، پس وہ نکالا گیا۔

تشریح: یہ روایت مسلم شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس طرح مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ گذشتہ رات مجھ سے ملیں گے، مگر نہیں آئے، پس نبی ﷺ

کے دل میں ایک کتے کے پلّے کا خیال آیا جو ہمارے ایک فرش کے نیچے تھا، چنانچہ نبی ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا، پس وہ نکالا گیا، پھر آپؐ نے اپنے ہاتھ میں پانی لیا، اور اس کی جگہ کو دھویا، پھر جب حضرت جبرئیل علیہ السلام آپؐ سے ملے تو انھوں نے فرمایا: إنَّا لانَدْخُلُ بیْتًا فیہ کلبٌ ولا صورۃٌ: ہم کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی کتا یا کوئی تصویر ہو، چنانچہ نبی ﷺ نے کتوں کو قتل کرنے کا حکم دیا، یہاں تک کہ آپؐ چھوٹے باغ کے کتے کو بھی مار ڈالنے کا حکم دیتے تھے، البتہ بڑے باغ کے کتے کو چھوڑ دیتے تھے (مسلم شریف حدیث ۲۱۰۵، ابو داؤد حدیث ۴۱۵۷ کتاب اللباس باب ۴۵) اور یہ حدیث نسائی اور مسند احمد میں بھی ہے۔

اس حدیث سے دو باتیں حل ہوگئیں: ایک: صاحبزادوں نے کتے کا پلا کیوں پالا تھا، جبکہ کتا گھر میں رکھنا ممنوع ہے؟ دوسری: آپؐ کے گھر کے دروازے پر پردے میں مردوں کی تصویر کیوں تھی جبکہ تصویر حرام ہے؟ ان دونوں باتوں کا جواب یہ نکلا کہ یہ واقعات ممانعت سے پہلے کے ہیں، کتوں کے قتل کا حکم اس واقعہ کے بعد دیا گیا ہے، اس سے پہلے سبھی لوگوں کے یہاں کتے تھے، پس اگر صاحبزادوں نے کتے کا پلا پالا تو اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں، اسی طرح پردے میں اگر تصویریں تھیں تو یہ بھی حرمت سے پہلے کا واقعہ ہے...... نَضَد: (بفتح الضاد) چارپائی پر تہہ بہ تہہ رکھا ہوا سامان۔

ملحوظہ: تصویر کی حرمت کا بیان أبواب اللباس باب ۱۸ و ۱۹ (تحفہ ۵:۷۷) میں گذر چکا ہے، غیر جاندار کی تصویر جائز ہے، اور جاندار کی تصویر جب واضح اور نمایاں جگہ میں ہو: ناجائز ہے، البتہ اگر چھوٹی غیر واضح ہو، یا پامالی کی جگہ میں ہو جس پر بیٹھا جائے یا چلا جائے تو اس کی گنجائش ہے، اور کتا ملعون جانور ہے، اس کو شیطان سے مناسبت ہے، حدیث میں ہے: "کالا بھجنگا کتا شیطان ہے" (مشکوٰۃ حدیث ۴۱۰۰) مگر کتے میں کچھ خوبیاں بھی ہیں جو دوسرے جانوروں میں نہیں، اس کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے، وہ بکریوں وغیرہ کی حفاظت کرتا ہے، اور اب تو اس سے بہت سے کام لئے جاتے ہیں، پس ایسے کتے جن کا پالنا جائز ہے، حدیث سے مستثنیٰ ہونگے، اور دلیل مسلم شریف کی روایت ہے کہ آپؐ بڑے باغ کے کتے کو چھوڑ دیتے تھے، کیونکہ اس کی ضرورت تھی۔

[۷۸-] بابُ ماجاءَ أنَّ الْمَلاَئِکَۃَ لاتَدْخُلُ بَیْتًا فِیْہِ صُوْرَۃٌ وَلاَ کَلْبٌ

[۲۸۰۸-] حدثنا سَلَمَۃُ بْنُ شَبِیْبٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلاَّلُ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ — وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ — قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّہْرِیِّ، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ بنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَۃَ، أَنَّہُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا طَلْحَۃَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: "لاتَدْخُلُ الْمَلاَئِکَۃُ بَیْتًا فِیْہِ کَلْبٌ، وَلاَ صُوْرَۃُ تَمَاثِیْلَ" وَہٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۸۰۹-] حدثنا أَحْمَدُ بنُ مَنِيعٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِىْ طَلْحَةَ، أَنَّ رَافِعَ بْنَ إِسْحَاقَ أَخْبَرَهُ، قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ طَلْحَةَ عَلَى أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، نَعُوْدُهُ، فَقَالَ أَبُوْ سَعِيْدٍ: أَخْبَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَاتَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، أَوْ: صُوْرَةٌ، شَكَّ إِسْحَاقُ: لَايَدْرِىْ أَيَّهُمَا قَالَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۸۱۰-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا يُوْنُسُ بْنُ أَبِىْ إِسْحَاقَ، نَا مُجَاهِدٌ، نَا أَبُوْهُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَتَانِىْ جِبْرَئِيْلُ، فَقَالَ: إِنِّىْ كُنْتُ أَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ، فَلَمْ يَمْنَعْنِىْ أَنْ أَكُوْنَ دَخَلْتُ عَلَيْكَ الْبَيْتَ الَّذِى كُنْتَ فِيْهِ، إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فِىْ بَابِ الْبَيْتِ تِمْثَالُ الرِّجَالِ، وَكَانَ فِى الْبَيْتِ قِرَامُ سِتْرٍ، فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، وَكَانَ فِى الْبَيْتِ كَلْبٌ، فَمُرْ بِرَأْسِ التِّمْثَالِ الَّذِىْ بِالْبَابِ فَلْيُقْطَعْ، فَيَصِيْرَ كَهَيْئَةِ الشَّجَرَةِ، وَمُرْ بِالسِّتْرِ فَلْيُقْطَعْ، وَيُجْعَلْ مِنْهُ وِسَادَتَيْنِ مُنْتَبَذَتَيْنِ تُوْطَآنِ، وَمُرْ بِالْكَلْبِ فَيُخْرَجْ" فَفَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ ذٰلِكَ الْكَلْبُ جِرْوًا لِلْحُسَيْنِ أَوْ لِلْحَسَنِ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُ، فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِىْ طَلْحَةَ.

بابُ ماجاءَ فِى كَرَاهِيَةِ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے گیروا (گہرا گلابی) کپڑا مکروہ ہے

یہ مسئلہ ابواب اللباس باب ۵ (تحفہ ۵:۵۹) اور کتاب الصلوۃ باب ۸۲ میں گذر چکا ہے۔

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص گذرا جس نے دو سرخ کپڑے پہن رکھے تھے، اس نے نبی ﷺ کو سلام کیا، آپؐ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

تشریح: سرخ رنگ کے کپڑوں کے بارے میں روایات مختلف ہیں، اس روایت سے کراہیت مستفاد ہوتی ہے، مگر اس کی سند میں ابو یحییٰ قتات ہے جو بہت اچھا راوی نہیں، علاوہ ازیں: چھوٹا سرخ تکیہ جس کو گھوڑسوار اپنے نیچے رکھتا تھا اس کی بھی حدیث میں ممانعت آئی ہے، مگر اس حدیث کا لباس سے قریبی تعلق نہیں۔

دوسری طرف: حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کسی پٹھے والے کو سرخ جوڑے میں نبی ﷺ سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا۔ اس حدیث سے سرخ رنگ کا جواز ثابت ہوتا ہے، اور فقہاء کرام کے یہاں بھی مختلف اقوال ہیں، تقریباً آٹھ قول ہیں، ان میں سے ایک قول استحباب کا بھی ہے، اور سرخ ٹوپی کی اجازت تو بالاتفاق مروی ہے (شامی ۵:۲۵۳)

خلاصہ یہ ہے کہ تیز سرخ رنگ مردوں کے لئے ناپسندیدہ ہے، یعنی مکروہ تنزیہی ہے، اور ہلکا سرخ رنگ اور سیاہی مائل سرخی یعنی براؤن رنگ بغیر کراہیت کے جائز ہے (تفصیل ابواب اللباس باب ۴ (تحفہ ۵:۵۷) میں گذر چکی ہے)

اور امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: علماء کے نزدیک گیروے رنگ کا کپڑا تو مکروہ ہے، البتہ سرخ رنگ کا کپڑا خواہ وہ سرخ مٹی سے رنگا ہوا ہو یا اس کے علاوہ کسی اور رنگ سے: اس کی گنجائش ہے، جبکہ وہ گیروا نہ ہو...... المَدَر: مٹی، ڈھیلا، لیس دار مٹی۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے، اور قسّی کپڑا پہننے سے، اور سرخ رنگ کے کپڑے سے، اور جَو کی شراب سے منع فرمایا (یہ حدیث کتاب الصلاۃ باب ۸۲ میں گذر چکی ہے، وہاں المِیْثَرَۃ کے بجائے المُعَصْفَر ہے، مِیْثَرَۃ کے معنی ہیں: سرخ تکیہ۔ اور امام ترمذیؒ نے علماء سے سرخ رنگ کی گنجائش نقل کی ہے، اس لئے اس حدیث میں میثرۃ سے گیروا رنگ مراد لیا ہے...... اور الجُعَّۃ کے معنی حدیث کے راوی ابوالاحوص نے بیان کئے ہیں کہ یہ جَو کی شراب ہے، جو مصر میں بنائی جاتی تھی۔

حدیث (۳): حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہمیں نبی ﷺ نے سات باتوں کا حکم دیا، اور سات باتوں سے منع کیا، ہمیں حکم دیا: جنازوں کے ساتھ جانے کا، اور بیماروں کی بیمار پرسی کرنے کا، اور چھینکنے والے کو دعا دے کر خوش کرنے کا، اور دعوت قبول کرنے کا، اور مظلوم کی مدد کرنے کا، اور قسم دینے والے کا کام کر دینے کا، اور سلام کا جواب دینے کا۔ اور ہمیں سات باتوں سے منع کیا: سونے کی انگوٹھی سے، یا فرمایا: سونے کی رینگ سے، اور چاندی کے برتن سے، اور ریشم، دیبا، استبرق اور قسی کپڑا پہننے سے (اور مَیاثِر پر بیٹھنے سے، اس ساتویں چیز کا ذکر اسی حدیث میں بخاری شریف (حدیث ۵۶۳۵) میں ہے، اور حریر، دیبا اور استبرق ریشم کی قسمیں ہیں، اور قسی کپڑے کی ممانعت امام ترمذیؒ کے نزدیک گیروا رنگ ہونے کی وجہ سے ہے، اس لئے وہ یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں)

[۷۹-] بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ لُبْسِ الْمُعَصْفَرِ لِلرِّجَالِ

[۲۸۱۱-] حدثنا عَبَّاسُ بنُ مُحمدٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بنُ مَنْصُوْرٍ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِي يَحْيىَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ عَمْرٍو، قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانَ أَحْمَرَانِ، فَسَلَّمَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم السَّلَامَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُمْ كَرِهُوْا لُبْسَ الْمُعَصْفَرِ، وَرَأَوْا أَنَّ مَاصُبِغَ بِالْحُمْرَةِ: بِالْمَدَرِ أَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ، فَلاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا لَمْ يَكُنْ مُعَصْفَرًا.

[۲۸۱۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيْمَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ

بْنُ أَبِىْ طَالِبٍ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، وَعَنِ الْقَسِيِّ، وَعَنِ الْمَيْثَرَةِ، وَعَنِ الجُعَّةِ " قَالَ أَبُوْ الأَحْوَصِ: وَهُوَ شَرَابٌ يُتَّخَذُ بِمِصْرَ مِنَ الشَّعِيْرِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٨١٣-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بنُ جَعْفَرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الأَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدِ بنِ مُقَرِّنٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِسَبْعٍ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: أَمَرَنَا بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَعِيَادَةِ الْمَرِيْضِ، وَتَشْمِيْتِ الْعَاطِسِ، وَإِجَابَةِ الدَّاعِيْ، وَنَصْرِ المَظْلُوْمِ، وَإِبْرَارِ المُقْسِمِ، وَرَدِّ السَّلَامِ، وَنَهَانَا عَنْ سَبْعٍ: عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ، أَوْ: حَلْقَةِ الذَّهَبِ، وَآنِيَةِ الْفِضَّةِ، وَلُبْسِ الْحَرِيْرِ، وَالدِّيْبَاجِ، وَالإِسْتَبْرَقِ، وَالقَسِّيِّ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَشْعَثُ بنُ سُلَيْمٍ: هُوَ أَشْعَثُ بنُ أَبِىْ الشَّعْثَاءِ، وَأَبُوْ الشَّعْثَاءِ: اسْمُهُ سُلَيْمُ بْنُ أَسْوَدَ.

بابُ ماجاءَ فِى لُبْسِ الْبَيَاضِ

سفید کپڑا پہننے کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اِلْبَسُوْا الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ: سفید کپڑا پہنو، اس لئے کہ وہ زیادہ پاکیزہ اور زیادہ ستھرا ہے، اور اسی میں اپنے مردوں کو کفناؤ (یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ کی سند سے پہلے (حدیث ۹۷۷) کتاب الجنائز باب ۱۷ میں گذر چکی ہے، اور اس حدیث میں سفید کپڑے کے دو فائدے ذکر کئے ہیں: ایک: اس کا زیادہ پاکیزہ ہونا، دوسرا: اس کا زیادہ ستھرا ہونا، سفید کپڑے پر داغ جلدی نظر آتا ہے، اس لئے اگر کوئی ناپاکی یا کوئی گندگی یا کوئی میل کچیل لگے گا تو فوراً محسوس ہوگا، اور آدمی اس کو دھوڈالے گا۔ اور رنگین کپڑے میں گندگی محسوس نہیں ہوتی، اور آدمی گندہ کپڑا پہنے رہتا ہے (یہ دونوں فائدے ایک قبیل کے ہیں)

[٨٠-] بابُ ماجاءَ فِى لُبْسِ الْبَيَاضِ

[٢٨١٤-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِىْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ أَبِىْ شَبِيْبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اِلْبَسُوْا الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَابْنِ عُمَرَ.

بابُ ماجاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ لُبْسِ الْحُمْرَةِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے سرخ کپڑا پہننا جائز ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ایک صاف فضا والی رات میں دیکھا، پس میں کبھی نبی ﷺ کو دیکھتا اور کبھی چاند کو، اور آپؐ نے سرخ جوڑا زیب تن فرما رکھا تھا، پس اچانک آپؐ میرے نزدیک چاند سے زیادہ خوبصورت تھے۔

تشریح: الإضْحِيَانُ مِنَ الأَيَّامِ: صاف فضا والا دن، جس میں بادل نہ ہوں...... یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے، یا حضرت براء رضی اللہ عنہ کی؟ امام ترمذیؒ نے دونوں سندیں ذکر کیں، پھر فرمایا: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے پوچھا تو ان کے خیال میں دونوں حدیثیں صحیح ہیں، یعنی حضرت جابرؓ کا بھی یہ فیصلہ ہے اور حضرت براءؓ کا بھی...... اور مردوں کے لئے تیز سرخ رنگ تو ناپسندیدہ ہے اور ہلکا سرخ رنگ بغیر کراہیت کے جائز ہے۔ اور نبی ﷺ نے جو سرخ جوڑا پہن رکھا تھا اس کا مطلب سفیان ثوری رحمہ اللہ نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ یمن کا بنا ہوا حِبَرَة کپڑا تھا جس کی زمین سفید ہوتی تھی اور اس میں سرخ دھاریاں ہوتی تھیں (تحفہ ۱: ۵۱۳)

ملحوظہ: وفی الحدیث کلامٌ أکثرُ من هذا: یعنی حضرت براء کی حدیث اتنی مختصر نہیں ہے بلکہ مفصل ہے، جو شمائل ترمذی کے شروع میں آئی ہے، اور حدیث ۱۷۱۴ أبواب اللباس (تحفہ ۵: ۵۹) میں بھی آچکی ہے۔

[٨١-] بابُ ماجاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ لُبْسِ الْحُمْرَةِ لِلرِّجَالِ

[٢٨١٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْأَشْعَثِ، وَهُوَ ابْنُ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ لَيْلَةٍ إِضْحِيَانٍ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَإِلَى الْقَمَرِ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، فَإِذَا هُوَ عِنْدِيْ أَحْسَنُ مِنَ الْقَمَرِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَشْعَثَ.

[٢٨١٦-] وَرَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حُلَّةً حَمْرَاءَ، حدثنا بِذٰلِكَ مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ ح: وحدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ بِهٰذَا.

وفي الحديث كَلَامٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، سَأَلْتُ مُحمدًا: فَقُلْتُ لَهُ: حديثُ أَبِيْ إِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ أَصَحُّ أَوْ حَدِيْثُ جَابِرِ بْنِ سُمَرَةَ؟ فَرَأَى كِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحًا، وفي الباب: عَنِ الْبَرَاءِ، وَأَبِيْ جُحَيْفَةَ.

بابُ ماجاءَ فِي الثَّوْبِ الأَخْضَرِ

سبز کپڑے کا بیان

سبز رنگ جنت کا رنگ ہے، سورۃ الدہر (آیت ۲۱) میں ہے: ﴿عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ﴾ جنتیوں کے اوپر کے کپڑے: باریک سبز ریشم اور دبیز ریشم کے ہونگے، اور سورۃ الرحمٰن (آیت ۷۶) میں ہے: ﴿مُتَّكِئِيْنَ عَلَى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ﴾ وہ لوگ سبز مشجر (وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوئی ہوں) اور عجیب خوبصورت کپڑوں (کے فرشوں) پر ٹیک لگائے ہوئے ہونگے، اور سورۃ الکہف (آیت ۳۱) میں ہے: ﴿يَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ﴾ وہ سبز رنگ کے باریک اور دبیز ریشم پہنیں گے۔ اور احادیث میں ہے کہ جنتیوں کا عام لباس سبز ہوگا، اور سبز رنگ نگاہ کے لئے بھی مفید ہے۔

حدیث: حضرت ابو رِمثہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا درانحالیکہ آپؐ پر دو سبز چادریں تھیں۔

تشریح: بعض علماء نے اس حدیث کی بنا پر لکھا ہے کہ سبز لباس سنت ہے، مگر یہ بات ضعیف ہے، صرف زیب تن فرمانے سے سنت ہونا ثابت نہیں ہوتا، زیادہ سے زیادہ استحباب ثابت ہوتا ہے۔

[۸۲-] بابُ ماجاءَ فِي الثَّوْبِ الأَخْضَرِ

[۲۸۱۷-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِيَادِ بْنِ لَقِيْطٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ رِمْثَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ أَخْضَرَانِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ إِيَادٍ، وَأَبُوْ رِمْثَةَ التَّيْمِيُّ: اسْمُهُ حَبِيْبُ بْنُ حَيَّانَ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ رِفَاعَةُ بْنُ يَثْرِبِيٍّ.

وضاحت: حضرت ابو رمثہ بَلَوِیؓ کے نام میں اختلاف ہے: کوئی حبیب بن حیان کہتا ہے (اور تقریب میں حیان بن وُہیب ہے) اور کوئی رفاعة بن يَثْرِبی (اور کوئی اس کے برعکس) کہتا ہے (اور کوئی عمارة بن يثربی اور کوئی جندب اور کوئی خشخاش کہتا ہے، ابن سعد کہتے ہیں: ان کا انتقال افریقہ میں ہوا ہے)

بابُ ماجاءَ فی الثَّوْبِ الأَسْوَدِ

کالے کپڑے کا بیان

سیاہ رنگ جائز ہے، بلکہ درمختار (۵: ۵۳۳ فی مسائل شتّى، قبيل الفرائض) میں مندوب لکھا ہے، کیونکہ فتح مکہ

کے دن جب نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپؐ کے سر پر سیاہ عمامہ تھا (ترمذی حدیث ۱۷۲۶)

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ایک صبح (گھر سے) نکلے درانحالیکہ آپؐ پر کالے بالوں کی چادر تھی۔

تشریح: مِرْط: اونی چادر جو لنگی کی جگہ پہنی جاتی تھی، اور مسلم شریف میں ہے: وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ: آپؐ پر کجاوے کی تصویروں والی اونی چادر تھی۔

[۸۳-] بابُ ماجاءَ فی الثَّوْبِ الْأَسْوَدِ

[۲۸۱۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ صَفِيَّةَ ابْنَةِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ، وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فی الثَّوْبِ الْأَصْفَرِ

پیلے کپڑے کا بیان

حدیث: حضرت قَیلة رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے، پھر انھوں نے لمبی حدیث بیان کی (یہ لمبی روایت طبرانی کی معجم کبیر جلد ۲۵ کے شروع میں ہے) یہاں تک کہ ایک شخص آیا درانحالیکہ سورج اونچا ہو گیا تھا، پس اس نے کہا: السلام علیك یارسول الله، آپؐ نے جواب دیا: وعلیك السلام ورحمة الله، اور آپؐ پر —— حضرت قیلہؓ نبی ﷺ کو مراد لے رہی ہیں —— دو چھوٹے پرانے کپڑے تھے، جو دونوں زعفران سے رنگے ہوئے تھے، جن کا رنگ اڑ گیا تھا، یا پھیکا پڑ گیا تھا۔ اور آپؐ کے ہاتھ میں پتے توڑی ہوئی کھجور کے درخت کی شاخ تھی۔

لغات: أسمال: سَمَل کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: پرانا، بوسیدہ کپڑا۔ اور أسمال مفرد کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے......مُلَيَّة: مُلاءَ ة کی تصغیر ہے، چھوٹی چادر، پلنگ پر بچھانے کی چادر کو بھی مُلاءَ ة کہتے ہیں...... کانتا بزعفران میں جار مجرور کا متعلق محذوف ہے، أی مصبوغَتَیْنِ بزعفران......نَفَضَ الثوبُ أو الصِّبْغ(ن)نفوضا: رنگ اڑ جانا، یا پھیکا پڑ جانا......العَسیب: پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ۔

تشریح: زعفران میں رنگی ہوئی چادریں جب رنگ پھیکا پڑ جائے تو وہ پیلی ہو جاتی ہیں، اس مناسبت سے یہ حدیث اس باب میں لائے ہیں، اور یہ حدیث لمبی حدیث کے ٹکڑے ہیں، اس لئے بے ربط ہو گئے ہیں۔ حضرت قیلہؓ اسلام قبول کرنے کے بعد ایک قافلہ کے ساتھ مدینہ منورہ آئیں، وہ فجر کی نماز کے وقت مسجد نبوی میں پہنچیں، نماز کے بعد

نبی ﷺ کی مجلس شروع ہوئی تو وہ مردوں کے پیچھے بیٹھ گئیں، مگر وہ نبی ﷺ کو پہچانتی نہیں تھیں، اور نبی ﷺ معمولی کپڑے پہنے ہوئے تھے، دو چھوٹی پرانی چادریں جو زعفران سے رنگی ہوئی تھیں اور جن کا رنگ اڑ چکا تھا: زیب تن فرما رکھی تھیں، اور آپؐ کے ہاتھ میں کھجور کی چھڑی تھی، اور آپ قُر فُصاء نشست یعنی اکڑوں (سرین کے بل بیٹھ کر دونوں رانوں کو پیٹ سے ملانا اور دونوں ہاتھوں کا پنڈلیوں کے اوپر حلقہ بنانا) بیٹھے تھے، اس لئے حضرت قیلہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کو پہچان نہ سکیں، جب سورج بلند ہوا تو کوئی صحابی آئے، اور انھوں نے السلام علیك یارسول اللّٰہ کہا، آپؐ نے جواب دیا، اس سے حضرت قیلہؓ پہچان گئیں کہ نبی ﷺ آپ ہیں، پھر آگے لمبا واقعہ ہے جو معجم طبرانی میں ہے۔

[۸۴-] بابُ ماجاءَ فی الثَّوْبِ الأَصْفَرِ

[۲۸۱۹-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ الصَّفَّارُ أَبُوْ عُثْمَانَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَسَّانٍ، أَنَّهُ حَدَّثَتْهُ جَدَّتَاهُ صَفِيَّةُ بِنْتُ عُلَيْبَةَ، وَدُحَيْبَةُ بِنْتُ عُلَيْبَةَ، حَدَّثَتَاهُ عَنْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ، وَكَانَتَا رَبِيْبَتَيْهَا، وَقِيْلَةُ جَدَّةُ أَبِيْهِمَا: أُمُّ أُمِّهِ، أَنَّهَا قَالَتْ: قَدِمْنَا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَتِ الحديثَ بِطُوْلِهِ، حَتَّى جَاءَ رَجُلٌ، وَقَدِ ارْتَفَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ" وَعَلَيْهِ – تَعْنِيْ النبيَّ صلى الله عليه وسلم – أَسْمَالُ مُلَيَّتَيْنِ، كَانَتَا بِزَعْفَرَانٍ، وَقَدْ نَفَضَتَا، وَمَعَهُ عَسِيْبُ نَخْلَةٍ، حديثُ قِيْلَةَ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بنِ حَسَّانٍ.

وضاحت: یہ حدیث عبداللہ بن حسان اپنی دو دادیوں سے روایت کرتے ہیں، دُحَیْبَة تو ان کی حقیقی دادی ہیں، اور صَفیّة دادی کی بہن ہیں، یہ دونوں دادیاں حضرت قیلہؓ سے روایت کرتی ہیں، اور دونوں حضرت قیلہؓ کی پروردہ ہیں، اور حضرت قیلہؓ دونوں کے والد کی نانی ہیں۔

ترجمہ: عبداللہ بن حسان کہتے ہیں: ان سے اُن کی دو دادیوں: صفیہ بنت عُلیبہ اور دُحیبہ بنت علیبہ نے حدیث بیان کی، دونوں نے عبداللہ سے حدیث بیان کی قیلہ بنت مخرمہ سے روایت کرتے ہوئے، اور وہ دونوں حضرت قیلہؓ کی پروردہ تھیں، اور قیلہ ان دونوں کے والد کی نانی تھیں، قیلہ نے کہا: ہم نبی ﷺ کے پاس پہنچے الی آخرہ۔

بابُ ماجاءَ فِی کَرَاهِيَةِ التَّزَعْفُرِ وَالْخَلُوْقِ لِلرِّجَالِ

مردوں کے لئے زعفرانی خوشبو مکروہ ہے

تَزَعْفُر: زعفران سے رنگین ہونا...... الخَلوقُ والخِلاَق: ایک قسم کی خوشبو، جس کا بڑا حصہ زعفران ہوتا تھا......

اورعطف تفسیری ہے، خَلوق اورتزَعْفُر: ہم معنی ہیں......امام ترمذیؒ نے امام شعبہؒ سے جوتفسیر نقل کی ہے: اس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ دونوں ہم معنی ہیں، پس زنانی خوشبوجس کا غالب جزءزعفران ہوتا ہے، جس کوخلوق کہتے ہیں: مردوں کے لئے ممنوع ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مردوں کوزعفران سے رنگین ہونے کی ممانعت فرمائی، یعنی خلوق استعمال کرنے کی ممانعت فرمائی۔ یہی حدیث حضرت امام شعبہؒ روایت کرتے ہیں، ان کی روایت میں للرجال کا لفظ نہیں ہے، مگروہ مراد ہے۔ اورامام شعبہؒ نے فرمایا: مردوں کے لئے تزَعْفُر کی کراہیت کا مطلب یہ ہے کہ مردزعفران سے رنگین ہو، یعنی مردزعفرانی خوشبولگائے یہ ممنوع ہے (اور درمختار میں ہے: وکُرِہَ لُبس المعصفر والمزعفر الأحمر والأصفر للرجال: مردوں کے لئے گیروے رنگ کا کپڑا اورزعفرانی کپڑا، خواہ سرخ ہوخواہ زرد، مکروہ ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے ایک شخص کوخلوق لگائے ہوئے دیکھا پس فرمایا: اذْهَبْ فاغْسِلْهُ، ثُمَّ اغْسِلْهُ، ثُمَّ لَاتُعُدْ: جااس کودھوڈال، پھراس کوڈھوڈال، یعنی خوب مبالغہ سے دھوڈال، پھرنہ لوٹ، یعنی آئندہ خلوق استعمال نہ کرنا کیونکہ یہ زنانی خوشبوہے۔

[۸۵-] بابُ ماجاءَ فِی کَرَاهِیَةِ التَّزَعْفُرِ وَالْخَلُوْقِ لِلرِّجَالِ

[۲۸۲۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۸۲۱-] وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُلَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهَى عَنِ التَّزَعْفُرِ، حدثنا بذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا آدَمُ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: وَمَعْنَى كَرَاهِيَةِ التَّزَعْفُرِ لِلرِّجَالِ: أَنْ يَتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ، يَعْنِيْ أَنْ يَتَطَيَّبَ بِهِ.

[۲۸۲۲-] حدثنا مُحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَفْصِ بْنَ عُمَرَ، يُحِدِّثُ عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَبْصَرَ رَجُلًا مُتَخَلِّقًا، قَالَ: " اذْهَبْ فَاغْسِلْهُ، ثُمَّ اغْسِلْهُ، ثُمَّ لَاتَعُدْ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدِ اخْتَلَفَ بَعْضُهُمْ فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: مَنْ سَمِعَ مِنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَدِيْمًا فَسَمَاعُهُ صَحِيحٌ، وَسَمَاعُ شُعْبَةَ وَسُفْيَانَ مِنْ

عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ صحيحٌ، إلَّا حَدِيْثَيْنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زَاذَانَ. قَالَ شُعْبَةُ: سَمِعْتُهُمَا مِنْهُ بِأَخرَةٍ، يُقَالُ: إِنَّ عَطَاءَ بْنَ السَّائِبِ كَانَ فِيْ آخِرِ عُمْرِهِ قَدْ سَاءَ حِفْظُهُ، وفي الباب: عَنْ عَمَّارٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَأَنَسٍ.

وضاحت: یہ حدیث عطاء بن السائب سے امام شعبہؒ روایت کرتے ہیں، اور عطاء کے دوسرے تلامذہ اور طرح سے سند بیان کرتے ہیں، مگر شعبہ کی سند راجح ہے، کیونکہ یحییٰ قطان نے فرمایا ہے: جس نے عطاء سے قدیم زمانہ میں سنا ہے اس کا سننا معتبر ہے، اور شعبہ اور سفیان کا عطاء سے سننا بھی معتبر ہے مگر عطاء کی زاذان سے دو حدیثیں مستثنیٰ ہیں، شعبہؒ کہتے ہیں: میں نے یہ دو حدیثیں عطاء سے آخری زندگی میں سنی ہیں، اور کہا جاتا ہے کہ عطاء کا حافظہ آخر عمر میں بگڑ گیا تھا۔

بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الْحَرِيْرِ والدِّيْبَاجِ

ریشم اور دیبا کی ممانعت

یہ مسئلہ ابواب اللباس (تحفہ ۵:۵۲) میں گذر چکا ہے، وہاں تفصیل ہے، دیکھ لی جائے ...... **الحریر:** ریشم، ریشمی کپڑا اور ریشم: أَبْرِیشم کا مخفف ہے، اور حریر: اس تار کو بھی کہتے ہیں جو ریشم کا کیڑا کوئے کی شکل میں بنا تا ہے، یعنی کچے ریشم کو جس کا ابھی کپڑا نہیں بنا گیا حریر کہتے ہیں۔ اور اس تار کا کپڑا بھی حریر کہلاتا ہے...... **الدیباج:** ریشمیں، قیمتی کپڑا جس کا تانا بانا ریشم کا ہو، یہ دیبا کا معرب ہے جو خاص قسم کا ریشمی کپڑا ہوتا ہے...... پس یہاں بھی عطف تفسیری ہے اور حریر سے مراد دیبا ہے، کیونکہ کچا ریشم استعمال نہیں کیا جاتا اور کوئی تکیے میں بھرے تو جائز ہے، کیونکہ وہ حد لباس میں نہیں آتا، پس جن روایات میں حرَّم الحریر آیا ہے، اس سے مراد دیبا یعنی ریشمی کپڑا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَن لَبِسَ الحَرِيْرَ فی الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِيْ الآخِرَةِ: جس نے دنیا میں ریشم پہنا وہ آخرت میں اس کو نہیں پہنے گا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث شام کے سفر میں مقام جابیہ میں بیان کی تھی جبکہ آپؓ نے فوج کے سامنے تقریر کی تھی)

[۸۶-] بابُ ماجاء فِي كَرَاهِيَةِ الْحَرِيْرِ والدِّيْبَاجِ

[۲۸۲۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الأَزْرَقُ، ثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ مَوْلَى أَسْمَاءَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ: يَذْكُرُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِيْ الآخِرَةِ"

وفی الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَحُذَيْفَةَ، وَأَنَسٍ، وَغَيْرِ وَاحِدٍ، قَدْ ذَكَرْنَاهُ فِي كِتَابِ اللِّبَاسِ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُمَرَ، وَمَوْلَى أَسْمَاءَ ابْنَةِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ، وَيُكْنَى أَبَا عُمَرَ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ عَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، وَعَمْرُو بنِ دِيْنَارٍ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ہم نے اس کو کتاب اللباس میں ذکر کیا ہے، یعنی یہ مسئلہ۔اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث پہلے کتاب اللباس میں آچکی ہے......اور سند میں جو''مولی اسماء'' آیا ہے، اس راوی کا نام عبداللہ بن کیسان ہے، اور اس کی کنیت ابوعمر ہے، اس سے عطاء اور عمرو بن دینار روایت کرتے ہیں، اور اسماءؓ سے مراد صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی ہیں، یہ عبداللہ ان کے آزاد کردہ ہیں۔

بابٌ

قَبا (چوغے) کا بیان

القَباء: جُبّہ، چوغہ، شیروانی جیسا ایک ڈھیلا لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔جمع: أَقْبِیَة۔ نبی ﷺ کے زمانہ میں یہ چوغے ریشمی بھی ہوتے تھے، اور ریشم کی حرمت نازل ہونے سے پہلے ایسا جبہ آپؐ نے زیب تن بھی فرمایا ہے، اور باب کی حدیث میں ہے کہ ایک جبہ حضرت مخرمہ رضی اللہ عنہ کے لئے آپؐ نے بچا رکھا تھا، یہ قبا ریشمی ہوسکتی ہے، اور حرمت نازل ہونے کے بعد بھی آپؐ نے ایک ایسا جبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بخشا تھا، جب وہ پہن کر آئے تو آپؐ نے ناگواری ظاہر فرمائی، اور فرمایا: میں نے یہ پہننے کے لئے نہیں دیا، بلکہ اس کو بیچ کر فائدہ اٹھاؤ، معلوم ہوا کہ ریشم پہننا تو ناجائز ہے مگر بیچنا خریدنا جائز ہے۔

حدیث: حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جبّے تقسیم فرمائے، اور مخرمہؓ کو کچھ نہ دیا، مخرمہؓ نے مجھ سے کہا: پیارے بچے! ہمیں نبی ﷺ کی خدمت میں لے چل (مخرمہؓ بوڑھے ہوگئے تھے) مسورؓ کہتے ہیں: میں ان کو لے گیا، انھوں نے کہا: اندر جا، اور نبی ﷺ کو میرے لئے بلا لا (مسورؓ بھی نابالغ تھے) میں نے (اندر جاکر) آپؐ کو مخرمہ کے لئے بلایا، پس نبی ﷺ باہر نکلے، درانحالیکہ آپؐ پر ان جبوں میں سے ایک جبہ تھا (پہن نہیں رکھا تھا، بلکہ ہاتھ میں لے رکھا تھا) پس آپؐ نے فرمایا: خَبَأْتُ لك هٰذا: میں نے یہ جبہ آپ کے لئے محفوظ رکھا ہے، مسورؓ کہتے ہیں: پس مخرمہؓ نے اس کو دیکھا، اور کہا: مخرمہ خوش ہوگیا!

تشریح: اگر یہ جبہ ریشمی تھا تو یہ واقعہ حرمت ریشم سے پہلے کا ہے، اور اگر بعد کا ہے تو یہ جبہ فائدہ اٹھانے کے لئے دیا ہے، پہننے کے لئے نہیں دیا، اور یہ بھی ممکن ہے کہ چوغہ ریشمی نہ ہو۔

[۸۷-] بابٌ

[۲۸۲٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَسَمَ أَقْبِيَةً، وَلَمْ يُعْطِ مَخْرَمَةَ شَيْئًا، فَقَالَ مَخْرَمَةُ: يَابُنَيَّ! انْطَلِقْ بِنَا إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، قَالَ: ادْخُلْ، فَادْعُهُ لِيْ، فَدَعَوْتُهُ لَهُ، فَخَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ قَبَاءٌ مِنْهَا، فَقَالَ:" خَبَأْتُ لَكَ هٰذَا " قَالَ: فَنَظَرَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: رَضِيَ مَخْرَمَةُ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ

اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند ہے کہ بندے پر اللہ کی نعمت کا اثر دیکھیں

بعض لوگ بڑائی کے اظہار کے لئے یا فیشن کے طور پر بہت عمدہ لباس پہنتے ہیں، اور اس مد میں بے جا اسراف کرتے ہیں: جو ممنوع ہے۔ اور بعض کنجوسی کی وجہ سے یا گنوار پن کی وجہ سے صاحبِ استطاعت ہونے کے باوجود پھٹے حال میں رہتے ہیں: یہ بھی ٹھیک نہیں۔ جب کسی بندے پر اللہ کا فضل ہو تو اسے اس حال میں رہنا چاہئے کہ اللہ کی نعمت کا اثر اس پر ظاہر ہو۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ على عَبْدِه: اللہ تعالیٰ یقیناً اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اس کے بندے پر اس کی نعمت کا اثر دیکھا جائے۔

تشریح: ایک دوسری حدیث میں ہے کہ سادگی اور خستہ حالی ایمان کا شعبہ ہے، ان دونوں حدیثوں میں بظاہر تعارض ہے، مگر حقیقت میں کوئی تعارض نہیں۔ دونوں حدیثوں کا مصداق الگ الگ ہے، جو لوگ اللہ کی دی ہوئی مالی وسعت کے باوجود محض کنجوسی سے یا طبیعت کے لاابالی پن کی وجہ سے پھٹے حال میں رہتے ہیں، ان کے لئے فرمایا ہے کہ جب کسی بندے پر اللہ کا فضل ہو تو اس کے رہن سہن اور اس کے لباس میں اس کا اثر محسوس ہونا چاہئے، اور جن حدیثوں میں سادگی کی تعلیم دی گئی ہے اس کے مخاطب وہ لوگ ہیں جو لباس کی بہتری کو بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں، وہ آدمی کی قدر و قیمت کا معیار اور پیمانہ اس کو سمجھتے ہیں، ان سے کہا گیا ہے کہ اچھے لباس کا اہتمام نہ کرنا اور معمولی کپڑوں میں خستہ حالوں کی طرح رہنا: ایمان کی ایک شان ہے۔ اور یہی اصلاح و تربیت کا طریقہ ہے، جو لوگ افراط اور غلو میں مبتلا ہیں ان سے ان کے حال کے مطابق کلام کیا جائے، اور جو تفریط کے شکار ہیں ان سے ان کے حسب حال کلام کیا جائے۔

[۸۸-] بابُ ماجاءَ أَنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ

[۲۸۲۵-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفرَانِيُّ، نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُرَى أَثَرُ نِعْمَتِهِ عَلَى عَبْدِهِ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْهِ، وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فِي الْخُفِّ الأَسْوَدِ

سیاہ موزے کا بیان

جوحکم سیاہ عمامے کا ہے وہی سیاہ لباس کا اور سیاہ موزے کا ہے۔ جبکہ سیاہ لباس میں روافض کے ساتھ مشابہت نہ ہو۔

حدیث: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نجاشی رحمہ اللہ نے نبی ﷺ کی خدمت میں دو سادہ کالے چمڑے کے موزے ہدیہ بھیجے، آپؐ نے ان دونوں کو پہنا، پھر وضو فرمائی تو ان دونوں پر مسح کیا۔

[۸۹-] بابُ ماجاءَ فِي الْخُفِّ الأَسْوَدِ

[۲۸۲۶-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ دَلْهَمِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ حُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النَّجَاشِيَّ أَهْدَى لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خُفَّيْنِ أَسْوَدَيْنِ سَاذَجَيْنِ، فَلَبِسَهُمَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ دَلْهَمٍ، وَرَوَاهُ مُحمدُ بنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ دَلْهَمٍ.

بابُ ماجاءَ فِي النَّهْيِ عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ

سفید بالوں کو چننا ممنوع ہے

سر یا ڈاڑھی کے سفید بالوں کو اکھاڑنا یا قینچی سے چن کر نکالنا مکروہ ہے، نبی ﷺ نے بڑھاپے کے سفید بالوں کو نوچنے سے منع فرمایا ہے، اور فرمایا ہے کہ وہ مسلمان کا نور ہیں!

علاوہ ازیں: مسلم شریف میں ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ کوئی شخص اپنے سر یا ڈاڑھی کے سفید بالوں کو اکھاڑے، اور ابوداؤد میں ہے کہ سفید بال نہ اکھاڑو، جو شخص بحالتِ اسلام بوڑھا ہوا: وہ

(بڑھاپا) اس مسلمان کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا، اور دیلمی میں حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ جو شخص سفید بال اکھاڑے گا: قیامت کے دن وہ بال نیزہ بن جائے گا، جس سے اس کو بھونکا جائے گا۔

اور درمختار میں ہے: سفید بال اکھاڑنے میں کوئی حرج نہیں، جبکہ بقصد زینت ایسا نہ کرے، لیکن عام طور پر جو لوگ ایسا کرتے ہیں ان کے فعل سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ زنیت کے ارادہ سے ایسا کرتے ہیں، تاکہ بالوں کی سفیدی ظاہر نہ ہو، اور وہ جوان معلوم ہوں، اس لئے حدیث میں اس کی ممانعت آئی۔

[۹۰-] بابُ ماجاءَ فِي النَّهْيِ عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ

[۲۸۲۷-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَهى عَنْ نَتْفِ الشَّيْبِ، وَقَالَ: "إِنَّهُ نُوْرُ الْمُسْلِمِ"

هٰذا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْحَارِثِ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ

جس سے مشورہ لیا جاتا ہے اس پر بھروسہ کیا جاتا ہے

الْمُسْتَشَار: (اسم مفعول) وہ شخص جس سے مشورہ لیا جائے ...... مُؤْتَمَنٌ (اسم مفعول) بھروسہ کیا ہوا...... آدمی اسی سے مشورہ لیتا ہے جس کو اپنا خیر خواہ سمجھتا ہے، اور اس اعتماد پر مشورہ کرتا ہے کہ وہ اس کو صحیح بات بتائے گا، پس اس کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچانی چاہئے، جو بات اس کے لئے مفید ہو وہی بتانی چاہئے، اور اس کے بھید کا افشاء بھی نہیں کرنا چاہئے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جو اپنے مسلمان بھائی کو کوئی ایسا مشورہ دے جس کے بارے میں وہ جانتا ہے کہ اس کی بھلائی اس کے علاوہ میں ہے تو یقیناً اس نے اس کے ساتھ خیانت کی۔

اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے حدیث المستشار مُؤْتَمَن: دوسندوں سے ذکر کی ہے، پہلی سند میں عبدالرحمٰن بن محمد بن زید بن جُدعان کی دادی غیر معروف ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے، البتہ دوسری سند صحیح ہے، اور شیبان نحوی سے آخر تک ایک ہی سند ہے، مگر شیبان صاحبِ کتاب محدث ہیں، اور ان کی حدیثیں صحیح ہیں، اور ان کے استاذ عبدالملک مضبوط راوی ہیں، وہ خود کہتے ہیں: إِنِّيْ لَأُحَدِّثُ بالحديث ، فَمَا أَخْرِمُ مِنْهُ حَرْفًا: میں حدیث بیان کرتا ہوں تو اس میں سے ایک حرف کم نہیں کرتا۔

[۹۱-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ

[۲۸۲۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ جُدْعَانَ، عَنْ جَدَّتِهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ"

وفى الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أُمِّ سَلَمَةَ.

[۲۸۲۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، نَا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، قَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ شَيْبَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّحْوِيِّ، وَشَيْبَانُ: هُوَ صَاحِبُ كِتَابٍ، وَهُوَ صَحِيْحُ الحديثِ، وَيُكْنَى أَبَا مُعَاوِيَةَ.

حدثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ العَلَاءِ العَطَّارُ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ: إِنِّي لَأُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ، فَمَا أَخْرِمُ مِنْهُ حَرْفًا.

بابُ ماجاءَ فِي الشُّؤْمِ

بدشگونی (نحوست) کا بیان

دومسئلوں میں روایات متعارض ہیں: ایک: مرض کا تعدیہ، اس میں لاعَدْوی کی روایت بھی ہے، اور فِرَّ مِن المجذوم کی روایت بھی ہے۔ پہلی روایت سے چھوت چھات کی نفی ہوتی ہے، اور دوسری روایت سے اثبات ہوتا ہے۔ دوم: نحوست کا مسئلہ، اس میں لاشُؤْمَ کی روایت بھی ہے اور الشُّؤْمُ فی ثلاثةٍ کی بھی، اور ایک تیسری روایت بین بین ہے، یعنی إن کان الشُّؤْمُ فی شیئٍ۔ پہلی روایت سے نحوست کی نفی ہوتی ہے، اور دوسری روایت سے اثبات ہوتا ہے، اور تیسری روایت سے احتمال پیدا ہوتا ہے۔

اور دونوں مسئلوں میں تطبیق ایک ہے، یعنی فی نفسہ دونوں باتیں منتفی ہیں اور لغیرہ دونوں باتیں ثابت ہیں، یعنی کوئی بیماری بذاتِ خود دوسرے کو نہیں لگتی، مگر بعض بیماریوں میں مریض کے ساتھ اختلاط من جملۂ اسبابِ مرض ہے، اس لئے ایسے مریضوں سے دور رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسی طرح نحوست کا عقیدہ اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے۔ اسلام کسی چیز میں فی نفسہ نحوست نہیں مانتا، مگر موافق ناموافق آنے کے اعتبار سے بعض چیزوں میں خوبی اور خرابی ہوتی ہے، اس لئے فرمایا: "نحوست تین چیزوں میں ہے: عورت میں، گھر میں اور چوپائے (گھوڑے) میں" یہ تین

چیزیں بطور مثال ذکر کی ہیں، چونکہ یہ تین چیزیں انسان سے قریبی تعلق رکھتی ہیں اس لئے اگر یہ تین چیزیں موافق آئیں تو زہے نصیب! اور اگر ناموافق ہوئیں تو پریشانی کی کوئی حد نہیں رہے گی، اور دوسری حدیث میں ہے: ''اگر کسی چیز میں نحوست ہوتی تو عورت، چوپائے اور گھر میں ہوتی'' یعنی جن چیزوں کے ساتھ مزاولت وقتی ہوتی ہے ان میں موافقت ناموافقت کا بہت زیادہ خیال کرنا ضروری نہیں، مگر جن چیزوں سے ہمیشہ کا ساتھ ہوتا ہے ان میں اس بات کا خیال رکھنا ضروری ہے، اور تیسری حدیث میں ہے: لاشُؤْمَ: نحوست کا عقیدہ غلط ہے۔ وَقَدْ یکونُ الیُمْنُ فی الدار والمرأة والفَرَسِ: البتہ کبھی گھر، عورت اور گھوڑے میں برکت ہوتی ہے، یعنی یہ چیزیں کبھی موافق آتی ہیں، اس کا مفہوم مخالف یہ ہے کہ یہ چیزیں کبھی ناموافق بھی ہوتی ہیں، پس اس حدیث میں دونوں باتوں کا ایک ساتھ اثبات ہے، اول: اسلام کسی چیز میں نحوست کا قائل نہیں۔ دوم: موافق وناموافق ہونے کے اعتبار سے برکت ونحوست ہوسکتی ہے، اور ہر چیز میں ہوسکتی ہے، مگر جن چیزوں کے ساتھ بکثرت مزاولت رہتی ہے ان میں اس بات کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے، اگر گھر، عورت اور گھوڑا ناموافق ثابت ہوں تو ان کو بدل دینا چاہئے۔

[۹۲-] بابُ ماجاءَ فِی الشُّؤْمِ

[۲۸۳۰-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْهِمَا: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:'' الشُّؤْمُ فِیْ ثَلاَثَةٍ: فِی الْمَرْأَةِ، وَالْمَسْکَنِ، وَالدَّابَّةِ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَبَعْضُ أَصْحَابِ الزُّهْرِیِّ لاَیَذْکُرُوْنَ فِیْهِ: عَنْ حَمْزَةَ، وَإِنَّمَا یَقُوْلُوْنَ: عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

وَهٰکَذَا رَوَی لَنَا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ هٰذَا الحدیثَ، عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْهِمَا، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

حدثنا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، نَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ یَذْکُرْ فِیْهِ سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: عَنْ حَمْزَةَ.

وَرِوَایَةُ سَعِیْدٍ أَصَحُّ: لِأَنَّ عَلِیَّ بْنَ المَدِیْنِیِّ، وَالْحُمَیْدِیَّ، رَوَیَا عَنْ سُفْیَانَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، وَذَکَرا عَنْ سُفْیَانَ، قَالَ: لَمْ یَرْوِ لَنَا الزُّهْرِیُّ هٰذَا الحدیثَ إِلَّا عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ. وَرَوَی مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، هٰذَا الحدیثَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، وَقَالَ: عَنْ سَالِمٍ وَحَمْزَةَ ابْنَیْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِیْهِمَا.

وفي الباب: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَائِشَةَ، وَأَنَسٍ.

[۲۸۳۱-] وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "إِنْ كَانَ الشُّؤْمُ فِيْ شَيْئٍ: فَفِيَ الْمَرْأَةِ، وَالدَّابَّةِ، وَالْمَسْكَنِ"

[۲۸۳۲-] وَقَدْ رَوَى حَكِيْمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "لَاشُؤْمَ، وَقَدْ يَكُوْنُ الْيُمْنُ فِي الدَّارِ، وَالْمَرْأَةِ، وَالْفَرَسِ" حدثنا بِذٰلِكَ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ جَابِرٍ الطَّائِيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِهٰذَا.

وضاحت: پہلی حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنے استاذ ابن ابی عمر سے روایت کی ہے، وہ ابن عیینہ کے شاگرد ہیں، اورانھوں نے اپنی سند میں امام زہری رحمہ اللہ کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے دو صاحبزادوں کا یعنی سالم اورحمزہ کا تذکرہ کیا ہے کہ وہ دونوں اپنے ابا سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، مگرابن عیینہؒ کے علاوہ امام زہریؒ کے دوسرے تلامذہ اس حدیث کی سند میں حمزہؒ کا ذکرنہیں کرتے، صرف سالم کا ذکرکرتے ہیں...... پھرامام ترمذیؒ نے فرمایا: ابن ابی عمر نے ہمارے لئے ابن عیینہ سے یہ حدیث اسی طرح روایت کی ہے، یعنی انھوں نے حمزہ کا بھی ذکرکیا ہے، پھرابن عیینہ کے دوسرے شاگرد سعید مخزومی کی سند لکھی ہے، انھوں نے سند میں حمزہ کا ذکرنہیں کیا۔ پھرامام ترمذیؒ فرماتے ہیں: سعید مخزومی کی روایت اصح ہے، کیونکہ ابن عیینہ کے دو دوسرے شاگرد علی بن المدینی اور حمیدی بھی ابن عیینہ سے یہ روایت کرتے ہیں، اور وہ زہریؒ کے بعد صرف سالم کا ذکرکرتے ہیں، اور وہ دونوں سفیان بن عیینہ کا یہ قول بھی نقل کرتے ہیں کہ ہمارے لئے زہری نے یہ حدیث صرف سالم سے روایت کی ہے...... مگر امام مالکؒ بھی زہریؒ سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، اور وہ سند میں حمزہ کا بھی ذکرکرتے ہیں، پس یہ بات ابن عیینہ کی بات سے ٹکراتی ہے...... اورپہلی دوحدیثوں میں الدابۃ سے مراد گھوڑا ہے جیسا کہ تیسری حدیث میں آیا ہے۔

ملحوظہ: رويا عن سفيان کے بعد عن الزهري، عن سالم، عن أبيه، وذكرا عن سفيان قال: یہ عبارت ہمارے نسخہ میں رہ گئی ہے، مصری نسخہ سے بڑھائی ہے، اس کے بغیر مضمون ناتمام رہتا ہے۔

بابُ ماجاءَ: لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

تیسرے کو چھوڑ کر دو شخص سرگوشی نہ کریں

اگرکسی جگہ تین شخص ہوں، اوران میں سے دو سرگوشی کرنے لگیں تو تیسرا پریشان ہوگا، اس لئے حدیث میں ایسا کرنے کی ممانعت آئی ہے، البتہ اگرچاریازیادہ آدمی ہوں توان میں سے دو شخص سرگوشی کرسکتے ہیں، کیونکہ جو باقی

بچیں گے وہ آپس میں باتیں کریں گے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً، فَلَا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُوْنَ صَاحِبِهِمَا: جب آپ لوگ تین ہوں تو دو شخص اپنے ساتھی کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں، یہ امام اعمش کے شاگرد ابو معاویہ کے الفاظ ہیں۔ اور ان کے دوسرے شاگرد سفیان کے الفاظ یہ ہیں: لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثالثِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ: تیسرے کو چھوڑ کر دو شخص سرگوشی نہ کریں، کیونکہ یہ بات تیسرے کو غمگین کرے گی، اور ایک تیسری روایت کے الفاظ یہ ہیں: لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ وَاحِدٍ: فَإِنَّ ذٰلِكَ يُؤْذِى الْمُؤْمِنَ، وَاللّٰهُ يَكْرَهُ أَذَى الْمُؤْمِنِ: ایک کو چھوڑ کر دو شخص سرگوشی نہ کریں، کیونکہ یہ بات مؤمن کو اذیت پہنچائے گی، اور اللہ تعالیٰ مؤمن کی اذیت کو ناپسند کرتے ہیں۔

لغت: تَنَاجَى الْقَوْمُ: آپس میں رازدارانہ گفتگو کرنا...... اِنْتَجَى الْقَوْمُ: باہم سرگوشی کرنا۔

[۹۳-] بابُ ماجاءَ: لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ

[۲۸۳۳-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ح: وَثَنَا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا كُنْتُمْ ثَلَاثَةً فَلَا يَنْتَجِي اثْنَانِ دُوْنَ صَاحِبِهِمَا" وَقَالَ سُفْيَانُ فِيْ حَدِيْثِهِ: " لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الثَّالِثِ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يُحْزِنُهُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۸۳٤-] وَقَدْ رُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: " لَايَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ وَاحِدٍ، فَإِنَّ ذٰلِكَ يُؤْذِى الْمُؤْمِنَ، وَاللّٰهُ يَكْرَهُ أَذَى الْمُؤْمِنِ "

وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَبِيْ هريرةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ.

بابُ ماجاءَ فِي العِدَةِ

وعدے کا بیان

وعدہ ایک اخلاقی قرض ہے، اس لئے اگر کسی سے کوئی وعدہ کیا ہے تو اس کو پورا کرنا چاہئے۔ اسی طرح اگر کسی نے کوئی وعدہ کیا ہو، اور وہ شخص اپنی زندگی میں اس کو پورا نہ کرسکا ہو تو اس کے پسماندگان اور جانشینوں کو چاہئے کہ وہ مرحوم کا وعدہ پورا کریں، اور یہ بھی اخلاقی بات ہے، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے خلافت سنبھالنے کے بعد نبی ﷺ کے کئے ہوئے تمام وعدے پورے کئے ہیں۔

حدیث: ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا: آپؐ گورے اور بوڑھے تھے (دوسری

روایت میں ہے کہ آپؐ کے سر اور ڈاڑھی میں سترہ بال سفید ہوئے تھے، اس زمانہ میں اتنے بالوں کا سفید ہونا بڑھاپا سمجھا جاتا تھا) اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ (اوپر کے آدھے بدن میں) آپؐ کے مشابہ (ہم شکل) تھے، اور نبی ﷺ نے ہمارے (قبیلہ کے) لئے تیرہ جوان اونٹنیوں کا حکم دیا تھا، پس ہم (مدینہ منورہ) گئے، یعنی چلے تاکہ ان اونٹنیوں کو وصول کریں، پس ہمیں آپؐ کی وفات کی خبر پہنچی، پس انھوں نے ہمیں کچھ نہیں دیا (کیونکہ ابھی حکومت کا کوئی ذمہ دار نہیں بنا تھا) پھر جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے یعنی انھوں نے زمام حکومت سنبھالی تو اعلان کیا: جس کے لئے نبی ﷺ کے پاس کوئی وعدہ ہے وہ آئے، پس میں ان کی طرف کھڑا ہوا، اور میں نے ان کو (نبی ﷺ کا وعدہ) بتلایا، پس ابوبکرؓ نے ہمارے لئے ان اونٹنیوں کا حکم دیا۔

[٩٤-] بابُ ماجاءَ فِي العِدَةِ

[٢٨٣٥-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْكُوْفِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبْيَضَ، قَدْ شَابَ، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ، وَأَمَرَلَنَا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ قَلُوْصًا، فَذَهَبْنَا نَقْبِضُهَا، فَأَتَانَا مَوْتُهُ، فَلَمْ يُعْطُوْنَا شَيْئًا، فَلَمَّا قَامَ أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِدَةٌ فَلْيَجِئْ، فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَأَمَرَلَنَا بِهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ هٰذَا الحديثَ، بِإِسْنَادٍ لَهُ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ نَحْوَ هٰذَا.

وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ، وَلَمْ يَزِيْدُوْا عَلَى هٰذَا.

[٢٨٣٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، نَا أَبُوْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ.

وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَ هٰذَا، وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ وَأَبُوْ جُحَيْفَةَ: اسْمُهُ وَهْبٌ السُّوَائِيُّ.

وضاحت: اس حدیث میں تین مضمون ہیں: پہلا مضمون: وكان الحسن بن علي يشبهه: تک ہے، دوسرا مضمون: أَمَرلنا سے لم يُعْطُونا شيئًا تک ہے، اور تیسرا مضمون: فلما قَامَ أبوبكر سے آخر تک ہے (بخاری، مسلم اور ترمذی پہلے مضمون پر متفق ہیں، اور دوسرے مضمون پر بخاری اور ترمذی متفق ہیں، اور تیسرا مضمون صرف ترمذی میں ہے، یہ بات ابن الجزری نے جامع الأصول میں بیان کی ہے) اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ تینوں مضمون

اسماعیل بن ابی خالد کے شاگرد محمد بن فضیل کی روایت میں ہیں، اور مروان بن معاویہ بھی اپنی سند سے ابوجحیفہؓ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، یعنی مروان: محمد بن فضیل کے متابع ہیں، ان کی روایت میں بھی تینوں مضمون ہیں، مگر اسماعیل کے دیگر تلامذہ حدیث میں صرف پہلا مضمون بیان کرتے ہیں، باقی دو مضمون ذکر نہیں کرتے، چنانچہ باب کے آخر میں امام ترمذیؒ نے یحییٰ بن سعید قطان کی سند سے پہلا ہی مضمون روایت کیا ہے...... اور حضرت ابوجحیفہؓ مشہور صحابی ہیں، ان کا نام وہب ہے، اور ان کی نسبت سُوائی ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي: فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ

نبی ﷺ کا: ''میرے ماں باپ آپ پر قربان!'' کہنا

فَدَاهُ يَفْدِيْ فَدًى وَفِدًى وَفِدَاءً: جان بچانا، فدیہ دینا، کسی کو مال کے بدلے قید وغیرہ سے چھڑانا...... فَدَى بحياتِه أو بِنَفْسِهِ: کسی پر جان نثار کرنا، فِداك أَبِيْ وَأُمِّيْ: میرے ماں باپ آپ پر قربان!...... المُفَدَّى: جس پر جان قربان کی گئی، محبوبِ خلائق...... جان نثار کرنا آخری درجہ کا جذبہ ہے، اس کا مطلب ہے: جو مصیبت مخاطب پر آنے والی ہے وہ متکلم پر آئے، مخاطب بچ جائے، یا وہ مصیبت متکلم کے ماں باپ پر آئے اور مخاطب بچ جائے، یہ بہت بڑا ایثار ہے، نبی ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بنوقریظہ کے احوال معلوم کرنے کے لئے بھیجا، جب وہ لوٹ کر آئے اور احوال بتائے تو آپؐ نے فرمایا: فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ: میرے ماں باپ آپؓ پر قربان! اسی طرح جنگ احد کے موقع پر بھی آپؐ نے ان سے فرمایا: ''تیر چلاؤ! آپ پر میرے ماں باپ قربان!'' اور دوسری روایت میں ہے: آپؐ نے فرمایا: إِرْمِ أَيُّهَا الغُلَامُ الحَزَوَّرُ: اے طاقت ور لڑکے! تیر چلا، اور حضرت سعدؓ کے علاوہ کسی کے لئے نبی ﷺ نے ماں باپ دونوں کو جمع نہیں فرمایا۔ یہ حضرت سعدؓ کے لئے بہت بڑی فضیلت ہے۔

حدیث (۱): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ما سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم جَمَعَ أَبَوَيْهِ لِأَحَدٍ غَيْرَ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ: میں نے نبی ﷺ کو حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے علاوہ کسی کے لئے اپنے والدین کو جمع کرتے ہوئے نہیں سنا، یعنی کسی سے فداك أبي وأمي نہیں کہا، پھر یہی حدیث دوسری سند سے لائے ہیں، اس میں اضافہ ہے، حضرت علیؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے ماں باپ کو کسی کے لئے جمع نہیں کیا مگر حضرت سعدؓ کے لئے، ان سے جنگ احد کے موقع پر فرمایا: ''تیر چلا! تجھ پر میرے ماں باپ قربان!'' اور ان سے یہ بھی فرمایا: ''تیر چلا اے طاقت ور لڑکے'' (الحَزَوَّر: طاقت ور لڑکا، طاقت ور آدمی)

حدیث (۲): حضرت سعدؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے جنگ احد کے موقع پر میرے لئے اپنے ماں باپ کو جمع کیا (اور آخر میں امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں، یعنی حضرت علیؓ سے بھی یہ بات مروی ہے،

اور حضرت سعدؓ سے بھی۔اور دونوں سے سعید بن المسیب روایت کرتے ہیں)

[۹۵-] بابُ ماجاءَ فِي: فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ!

[۲۸۳۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الجَوْهَرِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: مَاسَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم جَمَعَ أَبَوَيْهِ لِأَحدٍ غَيْرَ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ.

[۲۸۳۸-] أَخْبَرَنَا الحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ جُدْعَانَ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، سَمِعَا سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ: قَالَ عَلِيٌّ: مَاجَمَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَاهُ وَأُمَّهُ لِأَحدٍ، إِلَّا لِسَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ: ارْمِ فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ! وَقَالَ لَهُ:" ارْمِ أَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ"

وفي الباب: عَنِ الزُّبَيْرِ، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِىَ مَنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ.

[۲۸۳۹-] وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: جَمَعَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ، حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: جَمَعَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَكِلَا الْحَدِيْثَيْنِ صَحِيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي: يَابُنَيَّ!

نبی ﷺ کا: "اے میرے پیارے بچے!" کہنا

بُنَيّ: ابن کی تصغیر ہے، اور پیار کے لئے ہے، اور اپنے بچہ کے علاوہ کے لئے بھی یہ لفظ استعمال کرتے ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ان کو یا بُنَیَّ کہہ کر پکارا۔

[۹۶-] بابُ ماجاءَ فِي: يَابُنَيَّ!

[۲۸۴۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، نَا أَبُوْ عُثْمَانَ: شَيْخٌ لَهُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ:" يَابُنَيَّ "

وفي الباب: عَنِ الْمُغِيْرَةِ، وَعُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ،

وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَنَسٍ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ هٰذَا: شَيْخٌ ثِقَةٌ، وَهُوَ الجَعْدُ بْنُ عُثْمَانَ، وَيُقَالُ: ابنُ دِيْنَارٍ، وَهُوَ بَصْرِيٌّ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَشُعْبَةُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ.

وضاحت: ابوعوانہ کے استاذ ابوعثمان ثقہ راوی ہیں، شیخٌ له: ابوعوانہ کے خاص استاذ، اوران کا نام جعد بن عثمان ہے، اورکوئی جعد بن دینار کہتا ہے، یہ بصرہ کے باشندے تھے، اوران سے یونس اورامام شعبہ وغیرہ بڑے لوگ روایت کرتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِي تَعْجِيْلِ اسْمِ الْمَوْلُوْدِ

نومولود کا نام جلدی رکھنا

بچے کا نام پیدائش سے پہلے بھی رکھا جاسکتا ہے، بعض بزرگوں کے واقعات میں ہے کہ انھوں نے پیدائش سے پہلے ہی نام رکھا تھا، اور پیدائش کے دن بھی نام رکھا جاسکتا ہے، اور بعد میں بھی رکھا جاسکتا ہے، مگر بہت زیادہ تاخیر نہیں کرنی چاہئے، ساتویں دن تو نام رکھ ہی لینا چاہئے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے بچے کی پیدائش کے ساتویں دن نام رکھنے کا، اوراس سے تکلیف دہ چیز کو دور کرنے کا، اور عقیقہ کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: العَقُّ: مصدر ہے: عقیقہ کرنا، ساتویں دن بچے کے سر کے بال اور ناخن کاٹ لئے جائیں، اور بچہ قوی ہوتو ختنہ بھی کرالی جائے، یہ بال، ناخن اور ختنہ کی چمڑی أذی (تکلیف دہ چیز) ہیں، اور ساتویں دن بچہ کا عقیقہ کیا جائے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے عقیقہ کی سات حکمتیں بیان کی ہیں (رحمۃ اللہ ۵:۱۸۷)

[۹۷-] بابُ ماجاءَ فِي تَعْجِيْلِ اسْمِ الْمَوْلُوْدِ

[۲۸۴۱-] حدثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، ثَنِيْ عَمِّي يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِتَسْمِيَةِ الْمَوْلُوْدِ يَوْمَ سَابِعِهِ، وَوَضْعِ الأَذَى عَنْهُ، وَالْعَقِّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الأَسْمَاءِ؟

اچھے نام کونسے ہیں؟

حدیث میں ہے: ''اللہ تعالیٰ کو ناموں میں زیادہ پسند عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں'' کیونکہ ان ناموں میں بندگی کا

اظہار بھی ہے، اور اللہ کا وصفِ معروف کے ساتھ تعارف بھی ہے، اور جس نام میں یہ دونوں باتیں جمع ہوں وہ نام اللہ کو زیادہ پسند ہے، پھر عبداللہ اور عبدالرحمٰن اگر بطور مثال ہیں تو عبدالرحیم اور عبدالقیوم وغیرہ نام بھی پسندیدہ ہیں، اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ کا رجحان یہ ہے کہ یہی دو نام مراد ہیں، اور یہ نام اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب دو وجہ سے ہیں:

پہلی وجہ: شریعت نے معاشرہ کی اصلاح کے لئے جو تدابیر اختیار کی ہیں ان میں سے ایک تدبیر یہ ہے کہ دنیوی معاملات میں ذکر الٰہی شامل کیا جائے، تاکہ وہ دعوت حق کا ذریعہ بن جائے (رحمۃ اللہ ۲:۵۷۱) پس جب بچہ کا نام عبداللہ یا عبدالرحمٰن ہوگا، اور اس نام سے پکارا جائے گا تو توحید کی یاد تازہ ہوگی۔

دوسری وجہ: عرب وعجم میں اپنے معبودوں کے نام سے نام رکھنے کا رواج ہے، پس جب نبی ﷺ کی بعثت نشان ہائے توحید کو قائم کرنے کے لئے ہوئی تو ضروری ہوا کہ ناموں میں بھی اس کا لحاظ کیا جائے، اور ایسے نام رکھے جائیں جن سے توحید کا اعلان ہو۔

سوال: ان دو ناموں کے علاوہ اور بھی نام ہیں، جن میں عبد کی اضافت اللہ کی کسی صفت کی طرف کی جاتی ہے، جیسے عبدالرحیم، عبدالحلیم، عبدالسمیع وغیرہ، اور ان سے بھی توحید کا اعلان ہوتا ہے، پھر مذکورہ دو نام ہی اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب کیوں ہیں؟

جواب: یہ دو نام اللہ کے مشہور نام ہیں، اللہ تو اسم عَلَم (ذاتی نام) ہے اور الرحمن: صفت خاصہ ہے، غیر اللہ پر ان دونوں ناموں کا اطلاق نہیں ہوتا، اور دیگر صفات کا اطلاق غیر اللہ پر بھی ہوتا ہے، اس لئے یہی دو نام اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہیں۔

[۹۸-] بابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْأَسْمَاءِ؟

[۲۸٤۲-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ: أَبُوْ عَمْرٍو الْوَرَّاقُ الْبَصْرِيُّ، نا مُعَمَّرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ الزَّنْجِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ: عَبْدُ اللّٰهِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ مَاجَاءَ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْأَسْمَاءِ؟

ناپسندیدہ نام کونسے ہیں؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لَأَنْهَيَنَّ أَنْ يُسَمَّى رَافِعٌ، وَبَرَكَةٌ، وَيَسَارٌ: البتہ ضرور منع کروں گا میں اس

بات سے کہ بچے کا نام رافع (بلند ہونے والا) اور بَرَکة (نیک بختی، نمو، برکت) اور یَسَار (آسانی، نفع بخش) رکھا جائے، اور یہی روایت مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ارادہ فرمایا تھا کہ یَعلی، بَرَکة، أفلح، یسار، نافع، اور اس جیسے ناموں سے منع کریں، پھر میں نے آپؐ کو دیکھا کہ آپؐ نے خاموشی اختیار کی، پھر آپؐ کی وفات ہوئی، اور آپؐ نے ان سے نہیں روکا (مشکوۃ حدیث ۴۷۵۴)

تشریح: یہ حدیث ابواحمد زبیری: عن جابر، عن عمر کی سند سے روایت کرتے ہیں، اور ابواحمد بڑے محدث ہیں، مگر محدثین کے نزدیک مشہور یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی ہے، اس کی سند میں عن عمر نہیں ہے، اور مسلم شریف کی جس روایت کا ہم نے اوپر حوالہ دیا ہے وہ بھی اس کا قرینہ ہے کہ یہ حضرت جابرؓ کی حدیث ہے۔

حدیث (۲): حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: تم اپنے لڑکے کا نام رَبَاح (نفع، فائدہ) مت رکھو، اور أَفْلح (کامیابی) بھی مت رکھو، اور یَسَار (آسانی، مالداری) اور نجیح (فتح مندی) بھی مت رکھو، کیونکہ اگر تم پوچھو گے: کیا وہ وہاں ہے؟ اور وہ وہاں نہیں ہوگا تو جواب دیا جائے گا: نہیں ہے۔

تشریح: اس حدیث میں جن ناموں کی ممانعت ہے اس کی وجہ خود نبی ﷺ نے بیان فرمائی ہے کہ ان ناموں میں بدفالی کا پہلو نکل سکتا ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اگر ان کے مسمّی کو پکارا جائے گا، اور وہ موجود نہیں ہوگا، تو جواب دیا جائے گا: نہیں ہے، مثلاً کسی کا نام أَفلح (کامیابی) ہے، اور کسی نے آواز دی: أَثَمَّ هُوَ؟ کیا گھر میں کامیابی ہے؟ اور وہ نہیں ہوگا تو جواب دیا جائے گا: نہیں ہے، یعنی گھر میں کامیابی نہیں ہے، یہ ایک طرح کی بدفالی ہے۔

رفع تعارض: ان دونوں حدیثوں میں تعارض ہے، پہلی حدیث ان ناموں کے جواز پر دلالت کرتی ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے ممانعت کا ارادہ فرمایا تھا، مگر آپؐ نے وفات تک ان سے نہیں روکا، اور دوسری حدیث میں صریح ممانعت وارد ہے، اور مدلل ہے۔

اس تعارض کا حل یہ ہے کہ دوسری روایت میں نہی شرعی نہیں، بلکہ ارشادی ہے، یعنی شرعاً یہ نام ناجائز نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ یہ نام نہ رکھے جائیں، یہ نبی ﷺ نے لوگوں کو ایک مشورہ دیا ہے، اور ان کو بھلائی کی بات بتائی ہے، اور یہ توجیہ اس لئے ضروری ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کثرت سے یہ نام رکھتے تھے، اگر ناجائز ہوتے تو کیوں رکھتے؟

[۹۹-] بابُ مَاجَاءَ مَا يُكْرَهُ مِنَ الأَسْمَاءِ؟

[۲۸۴۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَأَنْهَيَنَّ أَنْ يُسَمَّى رَافِعٌ، وَبَرَكَةٌ، وَيَسَارٌ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، هٰكَذَا رَوَاهُ أَبُوْ أَحْمَدَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ، وَأَبُوْ

أَحْمَدَ: ثِقَةٌ حَافِظٌ، وَالْمَشْهُوْرُ عِنْدَ النَّاسِ هٰذَا الحديثُ: عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، لَيْسَ فِيْهِ: عَنْ عُمَرُ.

[٢٨٤٤-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عُمَيْلَةَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”لَاتُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحَ، وَلَا أَفْلَحَ، وَلَايَسَارَ وَلَا نَجِيْحَ، يُقَالُ: أَثَمَّ هُوَ؟ فَيُقَالُ: لَا“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

نہایت بیہودہ نام

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ کے نزدیک نہایت بیہودہ نام: وہ شخص ہے جو ”شہنشاہ“ کہلاتا ہے (اور ایک روایت میں ہے: اللہ کے علاوہ کوئی بادشاہ نہیں!)

تشریح: شہنشاہ (بڑا بادشاہ) بیہودہ نام (خطاب) اس لئے ہے کہ دین کی بنیادی تعلیم: اللہ تعالیٰ کی تعظیم اور ان کے برابر کسی کو نہ گردانناہے، اور کسی چیز کی تعظیم اور اس کے نام کی تعظیم میں چولی دامن کا ساتھ ہے، محترم چیز کا نام بھی احترام سے لیا جاتا ہے، اور نام کا احترام ذات کے احترام کا سبب بن جاتا ہے، پس ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کا نام کسی کو نہ دیا جائے، خاص طور پر وہ نام جو انتہائی تعظیم پر دلالت کرتا ہے، یعنی کسی کو ”بادشاہوں کا بادشاہ“ نہ کہا جائے، ورنہ وہ نام بادشاہ کی تقدیس تک پہنچا دے گا، اور وہ خدا بن جائے گا۔

[٢٨٤٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَيْمُوْنٍ الْمَكِّيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، يَبْلُغُ بِهِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ” أَخْنَعُ اسْمٍ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: رَجُلٌ تَسَمَّى بِمَلِكِ الْأَمْلَاكِ“ قَالَ سُفْيَانُ: شَاهَانِ شَاه“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَخْنَعُ: يَعْنِيْ أَقْبَحُ.

وضاحت: حضرت سفیان بن عیینہؒ نے مَلِكَ الأملاك کا ترجمہ ”شاہانِ شاہ“ کیا ہے، یہ ترکیب مقلوبی ہے، اور اردو فارسی میں ایسی ترکیبیں عام ہیں، جیسے: سعید احمد، رشید احمد وغیرہ۔ ان میں صفت کو مقدم کیا گیا ہے، پس اصل ”شاہِ شاہاں“ ہے، اور یہی شہنشاہ بنا ہے...... اور أَخْنَع (اسم تفضیل) کے معنی ہیں: نہایت قبیح، نہایت بیہودہ، خَنَعَ (ف) خَنْعًا: برا کام کر کے اس پر شرمانا اور سر نیچا کرنا۔

بابُ ماجاءَ فِي تَغْيِيْرِ الْأَسْمَاءِ

برے ناموں کو بدل دینا

اولاد کے باپ پر تین حق ہیں:

ایک: نیک عورت سے شادی کرنا، تاکہ اس کی کوکھ سے نیک اولاد پیدا ہو، کیونکہ ماں کے صلاح وفساد کا اولاد پر اثر پڑتا ہے۔

دوم: جب اولاد پیدا ہو تو اس کا اچھا نام رکھنا، کیونکہ حدیث میں ہے: ہر نام کا حصہ ہے، یعنی جیسا نام ہوگا ویسا مسمّی ہوگا۔ عاقل نام ہوگا اور اس کو بار بار اس نام سے پکارا جائے گا تو اس میں عقلمندی پیدا ہوگی۔ اور اگر ''بدھو'' نام رکھا جائے گا اور اس کو بار بار اس نام سے پکارا جائے گا تو وہ ناسمجھ بن جائے گا۔

سوم: اولاد کی اچھی تربیت کرنا۔ حدیث میں ہے: کسی باپ نے اچھی تربیت سے بہتر اولاد کو کوئی ہدیہ نہیں دیا۔ یعنی اولاد کے لئے مال چھوڑنے سے بہتر یہ ہے کہ ان کی دینی تربیت پر مال خرچ کیا جائے، اس سے بہتر اولاد کے لئے کوئی گفٹ نہیں۔

پس اگر کسی بچہ کا برا نام چل پڑے تو اس کو روکنا چاہئے، جیسے: گڈو، پپو وغیرہ، اسی طرح اگر کسی وجہ سے نامناسب نام رکھ دیا تو علم ہونے پر اس کو بدل دینا چاہئے، نبی ﷺ نے ایک لڑکی جس کا نام عاصية (نافرمان) تھا اس کو بدل کر جميلة (خوبصورت) کر دیا تھا، نیز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ہر برے نام کو بدل دیا کرتے تھے۔

[١٠٠-] بابُ ماجاءَ فِي تَغْيِيرِ الْأَسْمَاءِ

[٢٨٤٦-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَأَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم غَيَّرَ اسْمَ عَاصِيَةَ، وَقَالَ: "أَنْتِ جَمِيْلَةٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَإِنَّمَا أَسْنَدَهُ يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا عَنْ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ نَافِعٍ، أَنَّ عُمَرَ مُرْسَلاً. وفي الباب: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَعَبْدِ اللهِ بْنِ سَلَامٍ، وَعَبْدِ اللهِ بْنِ مُطِيْعٍ، وَعَائِشَةَ، وَالْحَكَمِ بْنِ سَعِيْدٍ، وَمُسْلِمٍ، وَأُسَامَةَ بْنِ أَخْدَرِيٍّ، وَشُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ أَبِيْهِ، وَخَيْثَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ.

[٢٨٤٧-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْبَصْرِيِّ، نَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُغَيِّرُ الِاسْمَ الْقَبِيْحَ.

قَالَ أَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ: وَرُبَمَا قَالَ عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ فِيْ هٰذَا الحديثِ: هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ.

سند کا بیان: پہلی حدیث یحییٰ قطان کی ہے، انھوں نے نافع کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا تذکرہ کیا ہے، اور عبید اللہ کے دوسرے شاگرد نافع کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہیں، پس یہ روایت منقطع ہے، کیونکہ نافع نے حضرت عمرؓ کا زمانہ نہیں پایا...... اور دوسری روایت دو طرح سے مروی ہے: آخر میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ذکر ہے یا نہیں؟ امام ترمذیؒ کے استاذ ابوبکر کہتے ہیں: میرے استاذ عمر بن علی مقدّمی کبھی سند کے آخر میں عن عائشة نہیں بڑھاتے تھے، یعنی روایت کو مرسل کرتے تھے (مگر باب میں متعدد روایات ہیں جن میں یہ مضمون ہے کہ نبی ﷺ برے ناموں کو بدل دیا کرتے تھے، اس لئے ان دونوں روایتوں کی سندوں میں اختلاف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا)

بابُ ماجاءَ فِي أَسْمَاءِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے پانچ خاص نام

ربط: ناموں کے ابواب کے سلسلہ میں یہ باب اس لئے لائے ہیں کہ محمد اور احمد پسندیدہ نام ہیں، کیونکہ لوگ قابل احترام اسلاف کے ناموں پر نام رکھتے ہیں، اور یہ دونوں نام سرورِ کونین ﷺ کے ہیں، نیز ان ناموں سے بھی دین اسلام کا تعارف ہوتا ہے، اور اس کی شان بلند ہوتی ہے، کیونکہ یہ نام رکھنے میں اس بات کا اعتراف ہے کہ نام رکھنے والے اور جس کا نام رکھا گیا ہے: سب حضرت خاتم النّبیین ﷺ کے لائے ہوئے دین کو ماننے والے ہیں۔

نام دو طرح کے ہیں: ذاتی اور وصفی:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نام دو طرح کے ہیں: ایک: اسم علم یعنی ذاتی نام: جو شخصیت کی تعیین کے لئے ہوتا ہے، دوسرا وصفی نام جو خوبیوں کے اظہار کے لئے ہوتا ہے، اور اسم علم تو ایک ہوتا ہے مگر اسم وصف متعدد ہو سکتے ہیں، کیونکہ کبھی کسی ذات میں اتنی خوبیاں جمع ہوتی ہیں کہ ایک لفظ ان کی ترجمانی کے لئے کافی نہیں ہوتا، اس لئے متعدد اسمائے اوصاف استعمال کئے جاتے ہیں۔ جیسے: حضرتِ اقدس (بڑے حضرت) قطب الارشاد (دینی راہنمائی کا مرکز) محدثِ کبیر، مصلحِ اعظم، داعیِ سنت، ماحیِ بدعت، مولانا مولوی رشید احمد گنگوہی صاحب قدس سرہٗ، اس میں رشید احمد اسم علم ہے، باقی سب اسمائے اوصاف ہیں، جو حضرت گنگوہیؒ کی خوبیوں کو ظاہر کرنے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔

اعلام منقول ہوتے ہیں یا مرتجل؟

پھر اسم علم میں عام طور پر معنی کا لحاظ نہیں ہوتا، مگر متقدمین ان میں بھی معنی کا لحاظ کرتے تھے۔ سلم العلوم میں یہ مسئلہ آیا ہے کہ اعلام منقول ہوتے ہیں یا مرتجل؟ یعنی نام معنی کا لحاظ کر کے رکھے جاتے ہیں یا ان میں معنی کا لحاظ نہیں ہوتا؟ وہ اِرْتِجَالاً یعنی بے ساختہ، فی البدیہہ، بے سوچے سمجھے رکھے جاتے ہیں؟ اس سلسلہ میں فیصلہ کن بات یہ ہے کہ متقدمین معنی کا لحاظ کر کے نام رکھتے تھے، اس لئے وہ منقول ہوتے تھے، مگر بعد میں الل ٹپ نام رکھے جانے

لگے، کالے حبشی کا نام ''کافور'' رکھنے لگے، اس لئے اعلام مرتجل ہوگئے۔

جیسے ''اللہ'' اسم علم ہے، مگر اس میں معبودیت کے معنی ہیں، اور محمد (ﷺ) بھی اسم علم ہے مگر اس میں ستودگی کے معنی ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے دیگر بے شمار نام اسمائے صفات ہیں، وہ اللہ تعالیٰ کے کمالات کے اظہار کے لئے ہیں، اسی طرح نبی ﷺ کے بھی بہت سے نام ہیں، بعض نے تو ان کی تعداد ننانوے تک پہنچائی ہے، یہ سب نام اسمائے صفات ہیں، ان سے آپؐ کی خوبیوں کا اظہار مقصود ہے۔

متعدد ہم معنی نام:

اور یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ بعض خوبیوں کے اظہار کے لئے متعدد الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، جو ہم معنی ہوتے ہیں، جیسے: اللہ تعالیٰ الحکم بھی ہیں، اور العدل بھی، یہ دونوں نام تقریباً ہم معنی ہیں۔ اسی طرح نبی ﷺ کے بعض نام بھی ہم معنی ہیں، جیسے: حَاشِر اور عاقب: دونوں میں ختم نبوت کے معنی ہیں، مگر ان میں اعتباری فرق بھی ہوتا ہے۔

نبی ﷺ کے ناموں میں سے کونسے نام رکھے جائیں؟

نبی ﷺ کے ایسے نام جو آپؐ کے ساتھ خاص ہیں، جیسے خاتم النّبیین یا عاقب وحاشر: ایسے نام بچوں کے نہیں رکھنے چاہئیں، بعض لوگ ''محمد شفیع'' نام رکھتے ہیں: یہ ٹھیک نہیں، کیونکہ ختم نبوت اور شفاعت نبی ﷺ کے مخصوص اوصاف ہیں، پس ''محمد شفیع'' نام رکھنا ایسا ہے جیسے ''محمد آخری نبی'' نام رکھنا، اس کی نظیر یہ ہے: اللہ کے کمالات اور خوبیاں اپنے اندر پیدا کرنی چاہئیں، مگر جو خوبیاں اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں، جیسے: واحد اور أَحد (اکیلا) ہونا اور عظمت وکبریائی: اللہ تعالیٰ کی مخصوص صفات ہیں، وہ اپنے اندر پیدا نہیں کرنی چاہئیں، مخلوقات کو اللہ تعالیٰ نے أزواج (جوڑا جوڑا) بنایا ہے، چنانچہ ازدواجی زندگی مسنون ہے، اور تواضع اور خاکساری مطلوب ہے۔

نبی ﷺ کے پانچ خاص نام:

پہلا نام: محمد (ﷺ) یہ حَمَّدَہُ (باب تفعیل: بار بار تعریف کرنا) سے اسم مفعول ہے، جس کے معنی ہیں: ستودہ، تعریف کیا ہوا، یہ خاندانی نام ہے، اور اس میں معنی کا لحاظ بھی ہے، یعنی وہ شخصیت جس کی ہر کسی نے تعریف کی ہے، اللہ تعالیٰ نے بھی تعریف کی ہے، نبیوں نے بھی تعریف کی ہے، اپنوں نے بھی تعریف کی ہے، اور پرایوں نے بھی تعریف کی ہے، ابھی ماضی قریب میں ایک عیسائی نے ''سو بڑے آدمی'' نامی کتاب لکھی ہے، اس میں اول نمبر نبی ﷺ کو دیا ہے۔ اور ہندوؤں کی مذہبی کتابوں میں آپؐ کی پیش خبری دو ناموں سے آئی ہے: ایک: نراشش، دوسرا: کلکی اوتار۔ سنسکرت کا لفظ نراشش: محمد کے ہم معنی ہے، یعنی وہ شخصیت جو تعریف کی ہوئی ہے، اور دوسرا لفظ خاتم النّبیین کا ہم معنی ہے۔

دوسرا نام: أَحْمَدْ (ﷺ) اسم تفضیل بروزن أَكْبَر ہے: سب سے زیادہ تعریف کرنے والا، یعنی اللہ کی

کائنات میں ایسا کوئی نہیں جس نے اللہ تعالیٰ کی اتنی تعریف کی ہو جتنی آپؐ نے کی ہے، انبیائے بنی اسرائیل کی کتابوں میں آپؐ کی پیش خبری اسی نام سے تھی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی اسی نام سے بشارت دی ہے، جس کا تذکرہ سورۃ الصّف (آیت ۶) میں ہے، اور انجیل میں یونانی لفظ پیرا کلیٹس (Peroclitus) استعمال ہوا تھا، جس کا معرب ''فارقلیط'' ہے، یہ لفظ احمد کے ہم معنی ہے، یعنی اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا۔

تیسرا نام: ماحی (مٹانے والا) مَحَا الشیئَ (ن) مَحْوًا: مٹانا، اثر زائل کرنا، یعنی دنیا سے کفر کا خاتمہ کرنے والا، اس نام کی وجہ تسمیہ حدیث میں یہ آئی ہے: الذی یَمْحُوْ اللّٰہُ بِیَ الکُفْرَ یعنی میرا نام ماحی اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائیں گے، اور مٹانے کا مطلب وہ ہے جو سورۃ الصّف (آیت ۹) میں آیا ہے: ﴿هُوَ الَّذِیْ أَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدَی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهُ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ﴾ وہ اللہ ایسا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے، گو مشرکین کیسے ہی ناخوش ہوں یعنی مٹانے سے غلبہ مراد ہے۔

چوتھا نام: حَاشِر (جمع کرنے والا) حَشَرَهُمْ (ن،ض) حَشْرًا: جمع کرنا اور لے چلنا، اس نام کی وجہ تسمیہ حدیث میں یہ آئی ہے: الذی یُحْشَرُ الناسُ علی قَدَمَیَّ: میرا نام حَاشِر اس لئے ہے کہ لوگ میرے دونوں قدموں پر جمع کئے جائیں گے، یعنی آپ ﷺ آخری نبی ہیں، آپ کے زمانہ میں قیامت قائم ہوگی، اور لوگ میدانِ حشر میں جمع کئے جائیں گے، آپؐ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں، جس کے قدموں پر لوگوں کو میدانِ محشر میں جمع کیا جائے، پس اس لفظ میں ختم نبوت کا مفہوم بھی شامل ہے۔

پانچواں نام: عَاقِبْ (پیچھے آنے والا) عَقَبَه کے معنی ہیں: پیچھے آنا، اور اس نام کی وجہ تسمیہ حدیث میں یہ آئی ہے: الذی لیس بعدی نبیٌّ: میرا نام عاقِب اس لئے ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، یعنی آپؐ خاتم النّبیین ہیں، تمام انبیاء کے بعد آنے والے ہیں، آپؐ کے بعد کوئی نیا نبی آنے والا نہیں، اس لئے آپ عاقب ہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے چند نام ہیں: میں محمد (ستودہ) ہوں، میں احمد (بے حد اللہ کی تعریف کرنے والا) ہوں میں ماحی (مٹانے والا) ہوں: اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائیں گے، میں حاشر (جمع کرنے والا) ہوں: اللہ تعالیٰ میرے دونوں قدموں پر یعنی میرے زمانۂ نبوت میں لوگوں کو (میدانِ حشر میں) جمع کریں گے، اور میں عاقب (پیچھے آنے والا) ہوں یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

[۱۰۱-] بابُ ماجاءَ فِی أَسْمَاءِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۲۸۴۸-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، نا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:'' إِنَّ لِیْ أَسْمَاءَ: أَنَا مُحَمَّدٌ، وَأَنَا

أَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِيْ: الَّذِيْ يَمْحُوْ اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، وَأَنَا الْحَاشِرُ: الَّذِيْ يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمَيَّ، وَأَنَا الْعَاقِبُ: الَّذِيْ لَيْسَ بَعْدِيْ نَبِيٌّ" هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْجَمْعِ بَيْنَ اسْمِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَكُنْيَتِهِ

نبی ﷺ کے نام اور کنیت کو جمع کرنے کی ممانعت

نبی ﷺ کا نام پاک محمد (ﷺ) تھا اور کنیت ابوالقاسم (ﷺ) تھی، اور دونوں کو جمع کرنے کی ممانعت آپؐ کے زمانہ کے ساتھ خاص تھی، وجہ بعد میں آرہی ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اس بات کی ممانعت فرمائی کہ کوئی شخص آپ کے نام اور آپؐ کی کنیت کے درمیان جمع کرے، اور وہ ''محمد ابوالقاسم'' نام رکھے۔

حدیث (۲): حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: إِذَا تَسَمَّيْتُمْ بِيْ، فَلَاتَكْتَنُوْا بِي: جب تم میرا نام رکھو تو میری کنیت مت رکھو۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے بازار میں ایک شخص کو آواز دیتے ہوئے سنا: ''اے ابوالقاسم!'' آپؐ متوجہ ہوئے، اس نے کہا: میں آپؐ کو مراد نہیں لے رہا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتَكْتَنُوا بكنيتي: میری کنیت کے ساتھ کنیت مت رکھو۔

حدیث (۴): حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! اگر آپؐ کے بعد میرا کوئی لڑکا پیدا ہو تو میں اس کا نام آپؐ کے نام کے ساتھ محمد، اور آپ کی کنیت ابوالقاسم رکھوں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! حضرت علیؓ کہتے ہیں: پس یہ میرے لئے اجازت ہے (چنانچہ وفاتِ نبوی کے بعد قبیلہ یمامہ (مسیلمہ کذاب) کے ساتھ جنگ ہوئی، اور مالِ غنیمت میں حضرت علیؓ کو باندی ملی، اس کے بطن سے ایک صاحبزادے پیدا ہوئے، آپؓ نے ان کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھی، مگر بعد میں وہ ابن الحنفیہ سے مشہور ہوگئے)

تشریح: باب کی پہلی تین روایتوں میں جو ممانعت ہے وہ دورِ نبوی کے ساتھ خاص ہے، تاکہ نبی ﷺ کے لئے یہ بات باعث الجھن نہ بنے (اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے رحمۃ اللہ ۵: ۷۰ میں ابوالقاسم کنیت رکھنے کی ممانعت کی تین وجوہ اور بھی بیان کی ہیں) کیونکہ صحابہ وغیرہ آپؐ کو نام سے نہیں پکارتے تھے، مسلمان یارسول اللہ! کہہ کر خطاب کرتے تھے، اور یہود وغیرہ ابوالقاسم کہتے تھے، اس لئے نام رکھنے میں کوئی حرج نہیں تھا، مگر ابوالقاسم کنیت رکھنے میں اشتباہ کا اندیشہ تھا، جیسا کہ تیسری حدیث میں آیا ہے، اور آپؐ کی وفات کے بعد ایسا کوئی اندیشہ باقی نہ رہا اس لئے آخری حدیث میں آپؐ نے دونوں کو جمع کرنے کی اجازت دیدی، اور حضرت علیؓ کا یہ ارشاد کہ یہ

اجازت میرے لئے تھی: علماء کا خیال ہے کہ تخصیص کی کوئی وجہ نہیں، بلکہ یہ اجازت عام ہے۔

[۱۰۲-] بابُ ماجاءَ فِی کَرَاهِیَةِ الْجَمْعِ بَیْنَ اسْمِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَکُنْیَتِهِ

[۲۸۴۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا اللَّیْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم نَهَی أَنْ یَجْمَعَ أَحَدٌ بَیْنَ اسْمِهِ وَکُنْیَتِهِ، وَیُسَمِّی مُحمداً أَبَا الْقَاسِمِ.

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۸۵۰-] حدثنا الحُسَیْنُ بْنَ حُرَیْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَی، عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" إِذَا تَسَمَّیْتُمْ بِیْ فَلاَ تَکَنَّوا بِیْ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَقَدْ کَرِهَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنْ یَجْمَعَ الرَّجُلُ بَیْنَ اسْمِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم وَکُنْیَتِهِ، وَقَدْ فَعَلَ ذٰلِكَ بَعْضُهُمْ.

[۲۸۵۱-] وَرُوِیَ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً فِی السُّوْقِ، یُنَادِیْ: یَا أَبَا الْقَاسِمِ، فَالْتَفَتَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: لَمْ أَعْنِكَ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: "لَا تَکَنَّوْا بِکُنْیَتِیْ" حدثنا بِذٰلِكَ الحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلَّالُ، نَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم بِهٰذَا، وَفِی الْحَدِیْثِ مَا یَدُلُّ عَلَی کَرَاهِیَةِ أَنْ یُکَنَّی أَبَا الْقَاسِمِ.

[۲۸۵۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ، نَا فِطْرُ بْنُ خَلِیْفَةَ، ثَنِیْ مُنْذِرٌ: وَهُوَ الثَّوْرِیُّ، عَنْ مُحمدٍ: وَهُوَ ابْنُ الْحَنَفِیَّةِ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، أَنَّهُ قَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَیْتَ إِنْ وُلِدَ لِیْ بَعْدَكَ: أُسَمِّیْهِ مُحمداً، وَأُکَنِّیْهِ بِکُنْیَتِكَ؟ قَالَ:" نَعَمْ" قَالَ: فَکَانَتْ رُخْصَةً فِیَّ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ ماجاءَ: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکْمَةً

بعض اشعار پُر حکمت ہوتے ہیں

اشعار کے باب میں روایات مختلف آئی ہیں، ایک حدیث میں ہے:" آدمی کا پیٹ ایسی پیپ سے بھر جائے جو اس کے پیٹ کو خراب کردے، اس سے بہتر ہے کہ وہ (گندے) اشعار سے بھر جائے (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۴۷۹۴ یہ حدیث آگے آرہی ہے حدیث ۲۸۶۰) اور اشعار کی تعریف میں درج ذیل روایات ہیں:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِکْمَةً: بعض اشعار پُر حکمت ہوتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث یحیٰ بن عبدالملک بن ابی غَنِیّہ (یہ معمولی راوی ہے) کے شاگرد ابوسعید اشج (جو امام ترمذیؒ

کے استاذ ہیں) مرفوع کرتے ہیں، اور ابوغنیّہ کے دوسرے شاگرد موقوف بیان کرتے ہیں، یعنی یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے، مگر دیگر اسانید سے یہ حدیث ابن مسعودؓ سے مرفوع مروی ہے، اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی سند سے بخاری شریف میں ہے، اس لئے یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا: بعض اشعار پُر حکمت ہوتے ہیں۔

تشریح: حُكم اور حِكْمَةٌ ہم معنی ہیں، سورۂ مریم آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَآتَيْنَاهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا﴾ اور ہم نے یحییٰ کو لڑکپن ہی میں حکمت (خاص سمجھ) عطا فرمائی تھی، اور بعض محدثین اس کو حِکَمًا جمع حِکْمَةٌ پڑھتے ہیں۔

رفع تعارض: ان حدیثوں کے مصداق الگ الگ ہیں، کیونکہ اشعار: کلام ہیں، پس اچھا کلام اچھا ہے، اور برا کلام برا ہے، سنن دار قطنی میں سند حسن سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ نبی ﷺ کے سامنے اشعار کا تذکرہ کیا گیا، آپؐ نے فرمایا: هو كلامٌ: فَحَسَنُه حَسَنٌ، وَقبيحُه قبيحٌ: اشعار بھی ایک کلام ہیں، پس جو اچھے اشعار ہیں وہ اچھے ہیں، اور جو برے اشعار ہیں وہ برے ہیں (مشکوۃ حدیث ۴۸۰۷)

[۱۰۳-] بابُ ماجاءَ: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

[۲۸۵۳-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نا يَحْيىَ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِيْ غَنِيَّةَ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، إِنَّمَا رَفَعَهُ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ غَنِيَّةَ، وَرَوَى غَيْرُهُ عَنْ أَبِيْ غَنِيَّةَ هٰذَا الحديثَ مَوْقُوْفًا.

وقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وفى الباب: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَعَائِشَةَ، وَبُرَيْدَةَ، وَكَثِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ.

[۲۸۵۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِيْ إِنْشَادِ الشِّعْرِ

زور سے اشعار پڑھنا

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے لئے مسجد

نبوی میں منبر (کوئی اونچی چیز) رکھتے تھے، حضرت حسان اس پر کھڑے ہوتے تھے، اور رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مُفَاخَرَة (کسی کے مقابلہ میں اپنی برتری ثابت کرنا) یا فرمایا: مُنافَحة (دفاع کرنا، کسی کی حمایت وطرفداری کرنا) کرتے تھے، اور نبی ﷺ فرماتے تھے: إنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بروح الْقُدُس: ما يُفَاخِرُ، أَوْ: يُنافِحُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: اللہ تعالیٰ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ حسانؓ کی مدد کرتے ہیں، جب تک (ماوقتیہ ہے) وہ نبی ﷺ کی طرف سے مفاخرہ یا فرمایا: منافحہ کرتے ہیں۔

تشریح: کفار کے شعراء: اسلام کی، مسلمانوں کی اور نبی ﷺ کی ہجو کیا کرتے تھے، حضرت حسانؓ اس کا جواب دیتے تھے، اور وہ اشعار مسجد نبوی میں سنائے جاتے تھے، تاکہ مجمع سن کر اشعار منتقل کرے، اور وہ اشعار مکہ تک پہنچیں، اس زمانہ میں بات پھیلانے کا یہی طریقہ تھا۔

سند کا بیان: اس حدیث کی امام ترمذیؒ نے دو سندیں پیش کی ہیں، پہلی سند میں عبدالرحمٰن بن ابی الزناد: حضرت ہشام سے روایت کرتے ہیں، پھر وہ حضرت عروہ سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند میں وہ اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت عروہ سے، اس سند میں ہشام کا واسطہ نہیں۔

[۱۰۴-] بابُ ماجاءَ فِيْ إِنْشَادِ الشِّعْرِ

[۲۸۵۵-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الفَزَارِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالاَ: نَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَضَعُ لِحَسَّانَ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ، يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَائِمًا، يُفَاخِرُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَتْ: يُنَافِحُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَيَقُوْلُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ: مَا يُفَاخِرُ أَوْ: يُنَافِحُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم"

حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالاَ: نَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَالْبَرَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَهُوَ حَدِيْثُ ابنِ أَبِي الزِّنَادِ.

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ عمرة القضاء کے لئے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ آپؐ کے سامنے چل رہے تھے، اور وہ یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

خَلُّوْا بنی الكفَّارِ عن سَبِيْلِهِ ۞ الْيَوْمَ نَضْرِبْكُمْ على تَنْزِيْلِهِ

اے کافروں کے بچو! آپؐ کی راہ سے ہٹو÷ ہم آج تم کو بجائیں گے نبیؐ کے فروکش ہونے کی وجہ سے

ضَرْبًا يُزِيْلُ الهَامَ عَنْ مِقْيلِهِ ۞ وَيُذْهِلُ الخليلَ عَنْ خَلِيْلِهِ
ایسا بجانا جو کھوپڑی کو اس کے ٹھکانے سے جدا کردے گا ÷ اور جگری دوست کو اسکے جگری دوست سے بے خبر کردیگا

لغات: خَلّٰى عن سبيلِه: راستہ چھوڑ دینا...... بني الكفار: منادی ہے...... نَضْرِبْكم میں بضرورتِ شعری کی وجہ سے ساکن ہے...... التنزيل: تھوڑا تھوڑا اتارنا، اگر ضمیر نبی ﷺ کی طرف لوٹائی جائے، کیونکہ سبیلہ کی ضمیر آپؐ کی طرف لوٹتی ہے تو معنی ہونگے: نبی ﷺ کا مکہ میں نزول فرمانا، تشریف لانا، مگر شارحین کرام عام طور پر تنزیل سے قرآن مجید کا تھوڑا تھوڑا اتارنا مراد لیتے ہیں، یعنی چونکہ دین اسلام آ گیا ہے، اس لئے ہم تم کو بجائیں گے کیونکہ تم اس کے مقابلہ پر آ گئے ہو...... الهام: کھوپڑی...... المَقِيْل: قیلولہ کی جگہ، یہاں کھوپڑی کے گردن پر بیٹھنے کی جگہ مراد ہے، یعنی ہم تمہاری گردن سے کھوپڑی کو ہٹا دیں گے، تمہارا سر اڑا دیں گے۔

پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ سے کہا: اے ابن رواحہ! نبی ﷺ کے سامنے اور حرم محترم میں آپ اشعار پڑھ رہے ہیں! نبی ﷺ نے فرمایا: خَلِّ عنه يَا عُمَرُ! فَهِيَ أَسْرَعُ فيهم مِنْ نَضْحِ النَّبْلِ: ان کو چھوڑو عمر! یہ اشعار کفار میں تیر برسانے سے زیادہ کارگر ہیں۔

تشریح: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس سند سے غریب ہے، یہ حدیث عبدالرزاق نے جعفر بن سلیمان سے روایت کی ہے، اور یہی حدیث عبدالرزاق: معمر سے بھی روایت کرتے ہیں، اور دونوں کا مضمون یہ ہے کہ عمرۃ القضاء میں نبی ﷺ کے سامنے عبداللہ بن رواحہ اشعار پڑھتے ہوئے چل رہے تھے، مگر دیگر احادیث میں یہ مضمون ہے کہ جب نبی ﷺ عمرۃ القضاء میں مکہ میں داخل ہوئے تو حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ آپؐ کے سامنے تھے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: بعض محدثین کے نزدیک یہ حدیث اصح ہے، کیونکہ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ جنگ موتہ میں شہید ہو گئے تھے، اور عمرۃ القضاء کا واقعہ اس کے بعد کا ہے (مگر حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ امام ترمذی کی بہت بڑی بھول ہے، عمرۃ القضاء کا واقعہ جنگ موتہ سے پہلے کا ہے، عمرۃ القضاء میں زید بن حارثہ، جعفر طیار اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کے درمیان حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کے بارے میں نزاع ہوا تھا، جبکہ حضرت زید بن حارثہؓ اور حضرت جعفر طیارؓ بھی جنگ موتہ میں شہید ہوئے ہیں)

[۲۸۵۶-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ فِيْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ، وَعَبْدُ اللهِ بْنُ رَوَاحَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ يَمْشِيْ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

خَلُّوْا بَنِيْ الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيْلِهِ ۞ الْيَوْمَ نَضْرِبْكُمْ عَلَى تَنْزِيْلِهِ

ضَرْبًا يُزِيْلُ الْهَامَ عَنْ مَقِيْلِهِ ۞ وَيُذْهِلُ الخَلِيْلَ عَنْ خَلِيْلِهِ
فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا ابْنَ رَوَاحَةَ! بَيْنَ يَدَىْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَفِيْ حَرَمِ اللّٰهِ تَقُوْلُ الشِّعْرَ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَلِّ عَنْهُ يَا عُمَرُ، فَهِيَ أَسْرَعُ فِيْهِمْ مِنْ نَضْحِ النَّبْلِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ هٰذَا الحديثَ أَيْضًا عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ نَحْوَ هٰذَا.

وَرُوِيَ فِيْ غَيْرِ هٰذَا الحديثِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ فِيْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ، وَكَعْبُ بْنُ مَالِكٍ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَهٰذَا أَصَحُّ عِنْدَ بَعْضِ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، لِأَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ، وَإِنَّمَا كَانَتْ عُمْرَةُ الْقَضَاءِ بَعْدَ ذٰلِكَ.

حدیث (۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا: کیا نبی ﷺ کوئی شعر استشہاد میں پڑھتے تھے؟ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: عبداللہ بن رواحہؓ کے یہ اشعار مثال میں پیش کرتے تھے: وَيَأْتِيْكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ: اور تیرے پاس وہ شخص خبریں لائے گا جس کو تو نے توشہ نہیں دیا۔ پورا شعر اس طرح ہے:

سَتُبْدِيْ لَكَ الأَيَّامُ مَا كُنْتَ جَاهِلاً ۞ وَيَأْتِيك بالأَخْبَارِ من لم تُزَوِّدِ

عنقریب تیرے سامنے لائے گا زمانہ وہ باتیں جس کو تو نہیں جانتا ÷ اور تیرے پاس خبریں لائے گا وہ شخص جس کو تو نے توشہ نہیں دیا۔

یعنی تجربات سے مفت میں تجھے احوال معلوم ہوجائیں گے۔ زمانہ گذرنے کے ساتھ بہت سی باتیں خودبخود معلوم ہوجاتی ہیں۔ اور یہ شعر درحقیقت جاہلی شاعر طرفۃ بن العبد کا ہے، جو سبعہ معلقہ میں دوسرے معلقہ میں ہے، حضرت عائشہؓ نے حضرت حسانؓ سے یہ شعر سنا ہوگا اس لئے ان کی طرف منسوب کردیا۔

[۲۸۵۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا شَرِيْكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ: قِيْلَ لَهَا: هَلْ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَمَثَّلُ بِشَيْئٍ مِنَ الشِّعْرِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ ابنِ رَوَاحَةَ، وَيَقُوْلُ: وَيَأْتِيْكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ، وفى الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: أَشْعَرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا العَرَبُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا! كُلُّ شَيْئٍ مَاخَلَا اللّٰهَ بَاطِلُ: بہترین شعر جو عربوں نے کہا ہے: لبید بن ربیعہ کا شعر ہے: سنو! اللہ کے علاوہ جو کچھ ہے باطل (ناپائدار) ہے۔ پورے اشعار اس طرح ہیں:

أَلَا! كُلُّ شَيْئٍ مَا خَلاَ اللّٰهَ بَاطِلُ ۞ وَكُلُّ نَعِيْمِ الدُّنْيَا لَامَحَالَةَ زَائِلُ
سنو! جوبھی چیز اللہ کے علاوہ ہے وہ ناپائدار ہے÷ اور دنیا کی ہر نعمت بالیقین زائل ہونے والی ہے۔
نَعِيْمُك فى الدنيا غُرُوْرٌ وَحَسْرَةٌ ۞ وَعَيْشُكَ فى الدنيا مَحَالٌ وَبَاطِلٌ
تیری دنیوی نعمتیں دھوکا اور پچھتاوا ہیں÷ اور دنیا کا تیرا عیش ناممکن اور باطل ہے

حدیث (۵): حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس سو مرتبہ سے زیادہ بیٹھا ہوں، آپؐ کے صحابہ ایک دوسرے کو اشعار سناتے تھے، اور جاہلیت کی بہت سی باتیں کرتے تھے، اور نبی ﷺ خاموش رہتے تھے، البتہ کبھی ان کے ساتھ مسکراتے تھے (یعنی نبی ﷺ نے شعراء کے اچھے اشعار سنے ہیں)

[۲۸۵۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نا شَرِيْكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " أَشْعَرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا العَرَبُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْئٍ مَاخَلاَ اللّٰهَ بَاطِلُ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ.

[۲۸۵۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ، فَكَانَ أَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ، وَيَتَذَاكَرُوْنَ أَشْيَاءَ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَهُوَ سَاكِتٌ، فَرُبَّمَا يَتَبَسَّمُ مَعَهُمْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ زُهَيْرٌ عَنْ سِمَاكٍ أَيْضًا.

بابُ ماجاءَ: لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا

اشعار سے پیٹ بھرنے سے بہتر ہے پیپ سے پیٹ بھرنا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لَأَنْ يَمْتَلِئَ جوفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا: خَيْرٌ له مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا: یہ بات کہ تم میں سے ایک کا پیٹ پیپ سے بھر جائے یقیناً اس سے بہتر ہے کہ وہ اشعار سے بھر جائے۔

دوسری حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، اس کے الفاظ بھی وہی ہیں جو پہلی حدیث کے ہیں، البتہ اس میں قَيْحًا کی صفت جملہ فعلیہ يَرِيْهِ آئی ہے، جس کے معنی ہیں: ایسی پیپ جو اس کے پیٹ کو خراب کردے، رَاهَ يَرِيْهُ رَيْهًا: لہریں مارنا، یعنی پیپ کا پیٹ میں جوش مارنا، اور پیٹ کو خراب کردینا۔

میرا حال: جب میں مظاہر علوم سہارن پور میں طالب علم تھا اور ابھی نابالغ تھا: اس وقت جنون کی حد تک

مشاعرے سننے کا شوق پیدا ہوگیا تھا، اور خود بھی تک بندی کرتا تھا، واصل تخلص رکھ رکھا تھا، حضرت الاستاذ مولانا مفتی محمد یحییٰ صاحب قدس سرہ جو میرے سرپرست تھے، میرے حال سے واقف ہوئے، انھوں نے مجھے بلا کر یہ حدیث سنائی، اس کے بعد میرا حال یہ ہوگیا کہ میں نے وہ سب کاپیاں پھاڑ کر پھینک دیں جن میں مشاعرے لکھ رکھے تھے، اور وہ ہزاروں اشعار جو مجھے یاد تھے رفتہ رفتہ بھول گیا۔ اوراب یہ حال ہوگیا ہے کہ اشعار پڑھتا ہوں تو وزن ٹوٹ جاتا ہے، صحیح شعر نہیں پڑھ سکتا، بلکہ پڑھتے پڑھتے بھول جاتا ہوں، فالحمدللہ علی ذلك، وجزی اللّٰہُ أستاذی خیراً، وغفرَ له، وَبَرَّدَ مضجعَه!

[١٠٥-] بابُ ماجاءَ: لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا

[٢٨٦٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِىْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا: خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٨٦١-] حدثنا عِيْسَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّمْلِيُّ، نَا عَمِّى يَحْيىَ بْنُ عِيْسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ أَحَدِكُمْ قَيْحًا يَرِيْهِ: خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا"

وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَأَبِىْ الدَّرْدَاءِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِى الْفَصَاحَةِ وَالْبَيَانِ

فصاحت وبیان کا بیان

کلام میں بناوٹ کرنا، بہ تکلف فصاحت کا مظاہرہ کرنا، گلا پھاڑ پھاڑ کر بولنا، اشعار کی بہتات کرنا اور اس قسم کی دوسری باتوں میں وقت برباد کرنا ایک طرح کا سامان تفریح ہے، جو دین ودنیا سے غافل کرتا ہے، اور تفاخر اور نام ونمود کا باعث بنتا ہے، اس لئے شریعت نے اس کو پسند نہیں کیا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ، الذى يَتَخَلَّلُ بلسانه كما تَتَخَلَّلُ البَقَرَةُ: اللہ تعالیٰ لوگوں میں سے اس فصیح آدمی کو یقیناً نہایت ناپسند کرتے ہیں جو کلام کو زبان سے لپیٹتا ہے، جس طرح گائے گھاس کو زبان سے لپیٹتی ہے۔

لغت: تَخَلَّلَ البقرةُ بلِسَانها: گائے کا گھاس کو زبان سے لپیٹنا، تَخَلَّلَ الكلامَ بلسانه: آدمی کا منہ پھاڑ پھاڑ

کر بات کرنا۔

تشریح: فطری اور خداداد فصاحت وبلاغت نعمتِ خداوندی ہے، نبی ﷺ کا ارشاد ہے: أَنَا أَفْصَحُکم: میں تم میں فصیح ترین ہوں، اور آگے روایت آرہی ہے کہ حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کو بھی فصاحت وبلاغت میں کمال حاصل تھا، مگر بناوٹ اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں، اس حدیث میں اسی کی برائی ہے، البتہ مشق وتمرین کے مرحلہ میں طالب علم فصیح گفتگو کرنے کی مشق کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں۔

[۱۰۶-] بابُ ماجاءَ فِی الْفَصَاحَةِ وَالْبَیَانِ

[۲۸۶۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى الصَّنْعَانِیُّ، نَا عُمَرُ بْنُ عَلِیٍّ الْمُقَدَّمِیُّ، نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِیُّ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عَاصِمٍ، سَمِعَهُ یُحَدِّثُ عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ یُبْغِضُ الْبَلِیْغَ مِنَ الرِّجَالِ، الَّذِیْ یَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهِ کَمَا تَتَخَلَّلُ الْبَقَرَةُ " هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وفی الباب: عَنْ سَعْدٍ.

بابٌ

چند آدابِ زندگی جن کا تذکرہ پہلے آچکا ہے

ابواب الاطعمہ باب ۱۵، حدیث ۱۸۰۶ (تحفہ ۵: ۱۵۸) میں یہ حدیث تفصیل سے آئی ہے کہ برتن کو ڈھانک دو، اور مشکیزوں کا منہ باندھ لو، اور دروازے بھیڑ لو، اور بتیاں گل کردو، کیونکہ چھوٹا شرارتی (چوہا) کبھی بتّی گھسیٹتا ہے اور گھر والوں کو جلا دیتا ہے، یعنی چوہا کوئی چیز کھینچ کر چولہے میں لاتا ہے، پھر جب وہ جل جاتی ہے تو گھسیٹ کر لے چلتا ہے، اور سارا گھر جلا دیتا ہے۔ اس حدیث کے تمام اجزاء کی تفصیل محولہ بالا مقام میں گذر چکی ہے۔

[۱۰۷-] بابٌ

[۲۸۶۳-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ کَثِیْرِ بْنِ شِنْظِیْرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله علیه وسلم: " خَمِّرُوْا الآنِیَةَ، وَأَوْکُوْا الأَسْقِیَةَ، وَأَجِیْفُوْا الأَبْوَابَ، وَأَطْفِئُوْا الْمَصَابِیْحَ، فَإِنَّ الْفُوَیْسِقَةَ رُبَّمَا جَرَّتِ الْفَتِیْلَةَ، فَأَحْرَقَتْ أَهْلَ الْبَیْتِ "

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، قَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ، عَنْ جَابِرٍ عَنِ النبیِّ صلى الله علیه وسلم.

بابٌ

خوش حالی اور خشک سالی میں سفر کرنے کا طریقہ

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: **إِذَا سَافَرْتُمْ فِي الخِصْبِ، فَأَعْطُوْا الإِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الأَرْضِ**: جب آپ لوگ خوش حالی میں سفر کریں تو اونٹوں کو زمین سے ان کا حصہ دو، یعنی اونٹوں کو چراتے ہوئے سفر کرو۔ **وَإِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا نِقْيَهَا**: اور جب قحط سالی کے زمانہ میں سفر کرو تو اونٹوں کے ساتھ سبقت کروان کی نلی کے گھی سے، یعنی جلدی سفر پورا کرو، تاکہ اونٹ نہایت دبلے نہ ہوجائیں، اور ان کی نلیوں کا گھی ختم نہ ہوجائے، کیونکہ جب وہ گھر پہنچیں گے تبھی ان کو چارہ ملے گا (النِّقْي: ہڈی کا گودا، جمع أَنْقَاءٌ۔ اور بھا کی ضمیر الإبل کی طرف لوٹتی ہے) **وَإِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوْا الطَّرِيْقَ، فَإِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ، وَمَأْوَى الهَوَامِّ بِاللَّيْلِ**: اور جب رات کے آخری حصہ میں آرام کے لئے پڑاؤ ڈالو تو راستہ سے بچو، یعنی راستہ سے ہٹ کر پڑاؤ ڈالو، کیونکہ راستے رات میں چوپایوں کی راہیں اور زہریلے کیڑوں کا ٹھکانہ ہیں (رات میں شیر وغیرہ راستوں سے گذرتے ہیں اور سانپ بچھو راستہ پر آکر پڑ جاتے ہیں، اس لئے راستہ سے ہٹ کر آرام کرو)

[١٠٨-] بابٌ

[٢٨٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِذَا سَافَرْتُمْ فِي الخِصْبِ، فَأَعْطُوْا الإِبِلَ حَظَّهَا مِنَ الأَرْضِ، وَإِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا نِقْيَهَا، وَإِذَا عَرَّسْتُمْ فَاجْتَنِبُوْا الطَّرِيْقَ، فَإِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ، وَمَأْوَى الْهَوَامِّ بِاللَّيْلِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ وَجَابِرٍ.

بابٌ

سپاٹ چھت پر سونے کی ممانعت

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اس بات سے منع کیا کہ آدمی ایسی چھت پر سوئے جس پر کوئی روک نہ ہو۔

تشریح: ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی گھر کی ایسی چھت پر رات میں سوئے جس پر رکاوٹ نہ ہو تو اللہ کی ذمہ داری ختم ہوگئی (مشکوۃ حدیث ۴۷۲۰) اور منڈیر بغیر کی چھت پر رات میں سونے کی ممانعت اس اندیشہ سے ہے کہ

آدمی کی آنکھ کھلے اور وہ چل دے، اور رات کی تاریکی اور نیند کی غفلت میں وہ چھت سے نیچے گر جائے، پس اس نے خود کو ہلاک کیا، جبکہ اللہ پاک کا ارشاد ہے: ''اپنے ہاتھوں یعنی باختیار خود ہلاکت میں نہ پڑو'' (سورۃ البقرہ آیت ۱۹۵) اس شخص نے اللہ کے اس حکم پر عمل نہیں کیا، اس لئے اگر وہ گر کر ہلاک ہو جائے، یا چوٹ کھائے تو وہ خود اس کا ذمہ دار ہے۔

[۱۰۹-] بابٌ

[۲۸۶۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يَنَامَ الرَّجُلُ عَلَى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَبْدِ الْجَبَّارِ بْنُ عُمَرَ الْأَيْلِيُّ يُضَعَّفُ.

وعظ کہنے میں لوگوں کے نشاط کا خیال رکھا جائے

اس حدیث پر باب نہیں ہے، مگر ہونا چاہئے، کیونکہ یہ حدیث مستقل مضمون ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: كان رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ، مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا: نبی ﷺ نصیحت کے ذریعہ وقفہ وقفہ سے ہماری نگہداشت (ذہنی تربیت) کیا کرتے تھے، ہمارے اکتا جانے کے اندیشہ سے (ہمارے دلوں کے اچاٹ ہو جانے کے ڈر سے)

لغات: تَخَوَّلَه بِالْمَوْعِظَةِ: نصیحت سے کسی کی نگہداشت کرنا، ذہنی تربیت کرنا ...... في الأيام: الموعظةِ کی صفت ہے، أي بالموعظةِ الكائنةِ في الأيّام: یعنی روز روز وعظ نہیں کہا کرتے تھے، بلکہ وقفہ وقفہ سے وعظ کہتے تھے ...... سَئِمَ (س) سَآمًا وَسَآمَةً: دل اچاٹ ہونا، اکتانا، طبیعت کا گھبرانا۔ مَخَافَةَ السَّآمَةِ (مرکب اضافی) يَتَخَوَّلُنَا کا مفعول لہ ہے، اور السَّآمة: المَلَالَةُ کے وزن پر اور اس کے ہم معنی ہے ...... اور علينا: السَّآمة سے متعلق بھی ہوسکتا ہے، اور السَّآمَةُ کی صفت بھی بن سکتا ہے، أي مَخَافَةَ السَّآمَة الطارية علينا، اور حال اور محذوف سے متعلق بھی ہوسکتا ہے۔

[۲۸۶۶-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَةِ فِي الْأَيَّامِ، مَخَافَةَ السَّآمَةِ عَلَيْنَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، ثَنِیْ شَقِيْقُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوَهُ.

بابٌ

اللہ تعالیٰ کو وہ عمل پسند ہے جو مسلسل کیا جائے، اگرچہ تھوڑا ہو

حدیث (۱): حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا گیا کہ نبی ﷺ کو کونسا عمل زیادہ پسند تھا؟ دونوں نے جواب دیا: مَادِيْمَ عليه، وَإِنْ قَلَّ: جو عمل پابندی سے کیا جائے، اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: كان أَحَبُّ العَمَلِ إلى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَادِيْمَ عليه: نبی ﷺ کو سب سے زیادہ وہ عمل پسند تھا جس کو پابندی سے کیا جائے (کیونکہ قطرہ قطرہ دریا شود، اور کنکر کنکر پہاڑ شود، اور جوش میں بہت سارا عمل کرنا پھر سست پڑ جانا: اس خرگوش کا عمل ہے جو راستہ میں سو گیا تھا، اور منزل پر نہیں پہنچ سکا تھا۔ پس عبادت گذاروں کو تسلسل کے ساتھ عبادت کرنی چاہئے اور طلبہ کو پابندی سے مطالعہ کرنا چاہئے۔

[١١٠-] بابٌ

[٢٨٦٧-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، قَالَ: سُئِلَتْ عَائِشَةُ وَأُمُّ سَلَمَةَ: أَیُّ الْعَمَلِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتَا: مَادِيْمَ عَلَيْهِ، وَإِنْ قَلَّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٢٨٦٨-] وَقَدْ رُوِیَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ أَحَبُّ الْعَمَلِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَادِيْمَ عَلَيْهِ.

حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیُّ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبو ابُ الأَمْثَالِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

معقول کو محسوس بنا کر پیش کرنا

أمثال: مَثَلَ (بفتحتین) کی جمع ہے، یہ لفظ متعدد معانی میں استعمال کیا جاتا ہے:

۱- بمعنی مِثْل (بکسرٍ فسکونٍ) یعنی مانند، جیسے: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾ جو شخص نیک کام کرے گا اس کو اس کا دس گنا بدلہ ملے گا (الانعام آیت ۱۶۰)

۲- حالت اور حالتِ عجیبہ، جیسے: ﴿مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ﴾ اس باغ کا حال جس کا پرہیز گاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (سورۃ الرعد آیت ۳۷ سورۂ محمد آیت ۱۵) اور ﴿وَلَهُ الْمَثَلُ الْأَعْلَى فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ﴾ اور اللہ ہی کی شان برتر ہے آسمان وزمین میں (الروم ۲۷)

۳- معقول کو محسوس بنا کر پیش کرنا (تقريبُ المعقول مِن المحسوس) قرآن وحدیث میں عام طور پر یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے، قرآن کریم میں اس کی بے شمار مثالیں ہیں، اور ان ابواب کی تمام حدیثوں میں بھی یہ لفظ اسی معنی میں ہے۔

معنویات کو محسوس کر کے پیش کرنا مشکل امر ہے، قرآن کریم میں بے شمار حقائق کو محسوس مثالوں کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے، جیسے نفاق ایک معنوی چیز ہے، وہ دل کی کیفیت کا نام ہے، مگر سورۃ البقرۃ (آیات ۱۷-۲۰) میں اس معنوی حقیقت کو دو محسوس مثالوں کے ذریعے سمجھایا گیا ہے، پھر اللہ تعالیٰ تو قادر مطلق ہیں، مگر نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو بھی اللہ تعالیٰ نے اس کا خصوصی ملکہ عنایت فرمایا تھا، آپؐ بے شمار حقائق کو محسوس مثالوں کے ذریعہ عام فہم بنا دیتے تھے، اس باب کی حدیثیں اس کی شاہد عدل ہیں۔

اور حدیث کی کتابوں میں أبو اب الأمثال علحدہ کر کے اس لئے بیان کئے جاتے ہیں کہ وارثینِ انبیاء یعنی علماء یہ فن سیکھیں، وہ بھی معنویات کو محسوس طور پر بیان کریں، تا کہ دقیق مضامین عام لوگوں کے لئے بھی قابل فہم بن

جائیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ ابواب بہت مختصر لکھے ہیں، آپؒ ان ابواب میں صرف وہ حدیثیں لائے ہیں جن میں لفظ مِثْل یا اس کی جمع أَمثال آئی ہے، حالانکہ معقول کو محسوس بنانے کے لئے اس لفظ کا استعمال ضروری نہیں، جیسے: دارقطنی کی روایت ہے: إِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَن: کوڑی کے سبزہ سے بچو! پوچھا گیا: یارسول اللہ! کوڑی کا سبزہ کیا ہوتا ہے؟ فرمایا: المرأَةُ الحَسْنَاءُ في المَنْبتِ السَّوْءِ: برے خاندان کی گوری عورت! برسات میں کوڑی پر سبزہ لہلہاتا ہے، مگر اس کے نیچے گندگی ہوتی ہے، یہی حال نکمے خاندان کی گوری عورت کا ہے، پس اگر لفظ مِثْل اور أمثال سے قطع نظر کر کے روایات جمع کی جائیں تو یہ ابواب بہت طویل ہو سکتے ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِي مَثَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لِعِبَادِهِ

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے ایک مثال بیان فرمائی

مثال: ایک سیدھا راستہ ہے، اس کی دونوں جانبوں میں دیواریں ہیں، اور دیواروں میں کھلے ہوئے دروازے ہیں، اور دروازوں پر منقش پردے پڑے ہوئے ہیں، یہ سیدھا راستہ ''اسلام'' ہے، اور اس کی دونوں جانبوں میں کھڑی دیواریں حدود اللّٰہ (اللہ کے دین کی سرحدیں) ہیں، اور ان میں گمراہی کے دروازے ہیں، یعنی خواہشات میں بہہ جانے کے مواقع ہیں، اور ان پر منقش پردے پڑے ہوئے ہیں، یعنی وہ خواہشات دل لبھانے والی ہیں، جب مؤمن بندہ اس راستہ میں داخل ہوتا ہے تو راستہ کے سرے (چیک پوسٹ) پر ایک شخص نصیحت کرتا ہے کہ سیدھے چلے جاؤ، دائیں بائیں نہ مڑنا، اور کوئی پردہ نہ اٹھانا، ورنہ آپ گمراہ ہو جائیں گے، یہ ناصح اللہ کی کتاب ''قرآنِ کریم'' ہے، جو اس مؤمن کو جو صراطِ مستقیم پر چلنا چاہتا ہے واضح طور پر سمجھا دیتا ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۹) میں ہے: ﴿إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِیْ لِلَّتِیْ هِیَ أَقْوَمُ﴾: یہ قرآن بلاشبہ ایسے طریقے کی راہ نمائی کرتا ہے جو بالکل سیدھا ہے، یعنی اسلام کی راہ نمائی کرتا ہے۔ پھر جب بندہ اس راستہ میں داخل ہوتا ہے تو راستہ کے دوسرے سرے پر ایک اور شخص ہے جو پکار کر کہتا ہے: اے بندۂ خدا! سیدھا چلا آ، دائیں بائیں نہ دیکھ، ورنہ گمراہ ہو جائے گا، یہ شخص جو راستہ کے دوسرے سرے پر کھڑا پکار رہا ہے یہ ''مؤمن کا ضمیر'' ہے۔ پھر جب بندہ راستہ سے پار ہو جاتا ہے تو آگے جنت کا علاقہ شروع ہوتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ایک مثال بیان فرمائی: ایک سیدھا راستہ ہے (صراطا: مَثَل سے بدل ہے) راستہ کی دونوں جانبوں میں دو دیواریں ہیں (زُور: درحقیقت سُوْر تھا، س کو ز سے بدلا ہے) ان دیواروں میں کھلے ہوئے دروازے ہیں (اور) دروازوں پر (منقش) پردے پڑے ہوئے ہیں، اور ایک پکارنے والا راستہ کے سرے (چیک پوسٹ) پر پکارتا ہے (یہ داعی اللہ کی کتاب ہے) اور ایک دوسرا داعی اس سے اوپر پکار رہا ہے (یعنی راستہ

کے دوسرے سرے پر کھڑا پکار رہا ہے (یہ داعی مؤمن کا ضمیر ہے) اور اللہ تعالیٰ دار السلام (جنت) کی طرف بلا رہے ہیں (یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ سب انتظام اس لئے کیا ہے کہ اللہ کے بندے جنت میں جائیں) اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں سیدھے راستہ کی طرف راہنمائی کرتے ہیں (یعنی سب بندے جنت میں نہیں پہنچتے، بلکہ جسے توفیق ملتی ہے وہی جنت میں پہنچتے ہیں) اور وہ دروازے جو راستہ کی دونوں جانبوں میں ہیں، وہ اللہ کی مقرر کردہ حدیں ہیں (ان حدود سے باہر جانے کی اجازت نہیں، جو شخص اس حد سے باہر ہوجاتا ہے تو وہ فاسق کہلاتا ہے) پس کوئی شخص اللہ کی حدود (حرام کاموں) میں واقع نہیں ہوتا جب تک پردہ نہ کھولے۔ اور جو شخص راستہ کے اوپر سے بلا رہا ہے وہ مؤمن کے لئے پروردگار کی طرف سے ناصح ہے (اسی کو میں نے ''مؤمن کے ضمیر'' سے تعبیر کیا ہے)

بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ الأمثال

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابُ ماجاءَ فِی مَثَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ لِعِبَادِهِ

[۲۸۶۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ، نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ بَحِيْرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سِمْعَانَ الْكِلَابِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' إِنَّ اللّٰهَ ضَرَبَ مَثَلاً: صِرَاطًا مُسْتَقِيْمًا، عَلَى كَنَفَيِ الصِّرَاطِ زُوْرَانِ، لَهُمَا أَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ، عَلَى الْأَبْوَابِ سُتُوْرٌ، وَدَاعٍ يَدْعُوْ عَلَى رَأْسِ الصِّرَاطِ، وَدَاعٍ يَدْعُوْ فَوْقَهُ، وَاللّٰهُ يَدْعُوْ إِلَى دَارِ السَّلَامِ، وَيَهْدِیْ مَنْ يَشَاءُ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ، وَالْأَبْوَابُ الَّتِیْ عَلَى كَنَفَيِ الصِّرَاطِ: حُدُوْدُ اللّٰهِ، فَلَا يَقَعُ أَحَدٌ فِیْ حُدُوْدِ اللّٰهِ حَتَّى يَكْشِفَ السِّتْرَ، وَالَّذِیْ يَدْعُوْ مِنْ فَوْقِهِ: وَاعِظُ رَبِّهِ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ زَكَرِيَّا بْنَ عَدِيٍّ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ إِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ: خُذُوْا عَنْ بَقِيَّةَ مَا حَدَّثَكُمْ عَنِ الثِّقَاتِ، وَلَا تَأْخُذُوْا عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ مَا حَدَّثَكُمْ عَنِ الثِّقَاتِ، وَلَا غَيْرِ الثِّقَاتِ.

وضاحت: امام عبداللہ دارمیؒ نے ابواسحاق فزاریؒ کا قول نقل کیا ہے کہ بقیۃ بن الولید کی وہ حدیثیں لو جو وہ ثقہ راویوں سے بیان کریں، اور اسماعیل بن عیاش کی کوئی روایت نہ لو، خواہ ان کا استاذ ثقہ ہو یا غیر ثقہ (ان دونوں راویوں کے بارے میں تفصیل پہلے (تحفہ ۱: ۳۶۰) میں گذر چکی ہے)

فرشتوں نے نبی ﷺ کی ایک مثال بیان کی

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ایک دن ہمارے پاس تشریف لائے، اور فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا: گویا حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے سر کے پاس اور حضرت میکائیل علیہ السلام میرے پیروں کے پاس ہیں، ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہتا ہے: آپ ﷺ کے لئے کوئی مثال بیان کرو، دوسرے نے (مجھ سے) کہا: سماعت فرمائیں! اللہ کرے آپ کا کان سنے! اور سمجھیں! اللہ کرے آپ کا دل سمجھے!

مثال: آپ کا اور آپ کی امت کا حال اس بادشاہ کے حال جیسا ہے جس نے کوئی حویلی بنائی، پھر اس میں ایک ہال تیار کیا، پھر اس ہال میں دعوت کا انتظام کیا، پھر ایک قاصد روانہ کیا، جو لوگوں کو کھانے پر بلائے، پس کچھ لوگوں نے قاصد کی بات مانی، اور کچھ لوگوں نے اس کو نظر انداز کر دیا۔

تطبیق: پس اللہ تعالیٰ: بادشاہ ہیں، اور حویلی: دین اسلام ہے، اور ہال: جنت ہے، جس میں دسترخوان بچھا ہوا ہے، اور آپ (ﷺ) اللہ کے قاصد ہیں، جو شخص آپ کی بات پر لبیک کہے گا: دائرۂ اسلام میں آئے گا، اور جو اسلام میں داخل ہوگا جنت میں جائے گا، اور جو جنت میں جائے گا جنت کی نعمتیں کھائے گا۔

تشریح: كَأَنَّ جبرئيلَ: حضرت جبرئیل اور حضرت میکائیل علیہما السلام کے ساتھ اور بھی فرشتے تھے، جیسا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی آئندہ روایت میں آرہا ہے..... اسْمَعْ اور اعْقِلْ: نبی ﷺ سے خطاب ہے، اور سَمِعَتْ أُذُنُكَ اور عَقَلَ قَلْبُكَ: دعائیہ جملے ہیں...... الدار: حویلی، بڑا مکان، جس میں بہت سے کمرے ہوں، اور البیت: حویلی کا کوئی خاص کمرہ، جیسے درمیان کا بڑا ہال۔

[۲۸۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِىْ هِلاَلٍ، أَنَّ جابرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الأَنْصارِيَّ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، فَقَالَ: " إِنِّى رَأَيْتُ فِى الْمَنَامِ كَأَنَّ جِبْرَئِيْلَ عِنْدَ رَأْسِىْ، وَمِيْكَائِيْلَ عِنْدَ رِجْلَىَّ، يَقُوْلُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: اضْرِبْ لَهُ مَثَلاً، فَقَالَ: اسْمَعْ، سَمِعَتْ أُذُنُكَ! وَاعْقِلْ، عَقَلَ قَلْبُكَ! إِنَّمَا مَثَلُكَ وَمَثَلُ أُمَّتِكَ، كَمَثَلِ مَلِكٍ اتَّخَذَ دَارًا، ثُمَّ بَنَى فِيْهَا بَيْتًا، ثُمَّ جَعَلَ فِيْهَا مَائِدَةً، ثُمَّ بَعَثَ رَسُوْلاً يَدْعُو النَّاسَ إِلَى طَعَامِهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ أَجَابَ الرَّسُوْلَ، وَمِنْهُمْ مَنْ تَرَكَهُ، فَاللّٰهُ هُوَ الْمَلِكُ، وَالدَّارُ: الإِسْلاَمُ، وَالْبَيْتُ: الجَنَّةُ، وَأَنْتَ يَامُحمدُ! رَسُوْلٌ، مَنْ أَجَابَكَ: دَخَلَ الإِسْلاَمَ، وَمَنْ دَخَلَ الإِسْلاَمَ: دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ: أَكَلَ مَا فِيْهَا "

هٰذَا حديثٌ مُرْسَلٌ، سَعِيْدُ بْنُ أَبِىْ هِلاَلٍ لَمْ يُدْرِكْ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وفى الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ بِإِسْنَادٍ أَصَحَّ مِنْ هٰذَا.

وضاحت: اس حدیث کی سند میں انقطاع ہے، سعید بن ابی ہلال کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے لقا اور سماع نہیں (مگر یہ حدیث دوسری سند سے بخاری شریف (حدیث ۷۲۸۱ کتاب الاعتصام باب۲) میں ہے)

لیلۃ الجن کا واقعہ اور فرشتوں کی بیان کی ہوئی مثال

حدیث (۳): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (مکی دور میں ایک مرتبہ) نبی ﷺ نے عشا کی نماز پڑھی، پھر آپؐ لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے، پس عبداللہ بن مسعودؓ کا ہاتھ پکڑا، یہاں تک کہ آپؐ ان کو مکہ کے پتھریلی میدان کی طرف لے گئے، پس آپؐ نے ان کو بٹھایا، اور ان پر ایک خط کھینچا، پھر فرمایا: ''آپ ہرگز اپنے خط سے نہ نکلیں، پس بیشک شان یہ ہے کہ آپؓ کے پاس کچھ مرد آئیں گے، آپ ان سے بات نہ کریں، کیونکہ وہ بھی آپ سے بات نہیں کریں گے''

پھر نبی ﷺ جہاں آپؐ نے چاہا تشریف لے گئے، پس دریں اثنا کہ میں اپنے خط میں تھا اچانک میرے پاس کچھ مرد آئے، جیسے وہ ''جاٹ'' ہیں (یہ قوم سوڈان اور ہندوستان میں بستی ہے) ان کے بال اور ان کے جسم (اگر یہ دونوں منصوب بنزع خافض ہیں تو ان کا مطلب یہ ہے کہ ان کے بال اور جسم جاٹوں جیسے تھے۔ اور اگر مرفوع اور مبتدا ہیں تو خبر محذوف ہوگی، أی أَشْعَارُهم وأَجْسَامُهم مَثَلُ الزُّطِّ: مطلب اس صورت میں بھی وہی ہے کہ ان کے بال اور ان کے جسم جاٹوں جیسے تھے) نہیں دیکھتا میں ننگا پا، اور نہیں دیکھتا میں کھال (یعنی انھوں نے اگرچہ کپڑے نہیں پہن رکھے تھے، مگر ان کا ستر اور ان کی کھال نظر نہیں آرہی تھی) وہ لوگ میرے پاس پہنچے، مگر خط سے آگے نہیں بڑھے، پھر وہ نبی ﷺ کی طرف گئے یہاں تک کہ جب رات آخر ہوگئی (پھر بھی وہ لوگ نہیں لوٹے) لیکن نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے، جبکہ میں بیٹھا ہوا تھا، آپؐ نے فرمایا: ''واقعہ یہ ہے کہ دکھلایا گیا میں اس رات سے'' (یعنی میں یہ پوری رات نہیں سویا) پھر آپؐ میرے پاس لکیر میں داخل ہوئے، اور میری ران کو تکیہ بنا کر سو گئے۔ اور نبی ﷺ جب سوتے تھے تو خراٹے لیتے تھے (یہاں تک لیلۃ الجن کا واقعہ ہے جس کا تذکرہ پہلے (تحفہ ۱:۳۴۷ میں) آچکا ہے) پس دریں اثنا کہ میں بیٹھا ہوا تھا، اور نبی ﷺ میری ران کو تکیہ بنا کر سوئے ہوئے تھے: اچانک میرے پاس کچھ مرد آئے، جنھوں نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے، اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، اس خوبصورتی کو جو ان کے ساتھ تھی (یعنی وہ لوگ نہایت خوبصورت تھے) پس وہ میرے پاس پہنچے، ان میں سے ایک جماعت نبی ﷺ کے پاس بیٹھی، اور ان میں سے دوسری جماعت آپؐ کے پیروں کے پاس بیٹھی (یہ فرشتے تھے اور ان میں جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام بھی تھے، جیسا کہ اس سے پہلی روایت میں آیا ہے) پھر انھوں نے آپس میں کہا: ہم نے کبھی کوئی بندہ ایسا نہیں دیکھا جو دیا گیا ہو ان کمالات کے مانند جو یہ نبی ﷺ دیئے گئے ہیں، ان کی دونوں

آنکھیں سوتی ہیں، مگران کا دل بیدار ہے، ان کی کوئی مثال بیان کرو:

مثال: آپؐ کا حال اس آقا کے حال جیسا ہے جس نے کوئی حویلی بنائی، پھر دعوت کا انتظام کیا، اور لوگوں کو اپنے کھانے اور پینے کی طرف بلایا، پس جس نے اس کی دعوت پر لبیک کہا اس نے اس کے کھانے میں سے کھایا، اور اس کے پینے میں سے پیا، اور جس نے اس کی دعوت پر لبیک نہیں کہا، تو آقا نے عاقَبَه: اس کو سزا دی، یا فرمایا: عَذّبَه: اس کو سزا دی، پھر وہ حضرات چلے گئے۔

اور اس وقت نبی ﷺ بیدار ہوئے، آپؐ نے فرمایا: ''میں نے وہ باتیں سنیں جو ان حضرات نے کہیں، اور کیا تم جانتے ہو: وہ لوگ کون تھے؟'' میں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''وہ فرشتے تھے، اور کیا تم جانتے ہو اس مثال کو جو ان حضرات نے بیان کی؟'' میں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''وہ مثال جو ان حضرات نے بیان کی (یہ ہے:)

تطبیق: اللہ تعالیٰ نے جنت بنائی، اور اس کی طرف اپنے بندوں کو دعوت دی، پس جس نے اس دعوت پر لبیک کہا: وہ جنت میں آیا، اور جس نے اس دعوت پر لبیک نہیں کہا: عَاقَبَه: اللہ نے اس کو سزا دی، یا فرمایا: عَذَّبَه: اللہ نے اس کو سزا دی۔

[٢٨٧١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ أَبِى عَدِيٍّ، عَنْ جَعْفرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ أَبِىْ تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِيِّ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم العِشَاءَ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَخَذَ بِيَدِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، حَتَّى خَرَجَ بِهِ إِلَى بَطْحَاءِ مَكَّةَ، فَأَجْلَسَهُ، ثُمَّ خَطَّ عَلَيْهِ خَطًّا، ثُمَّ قَالَ: " لاتَبْرَحَنَّ خَطَّكَ، فَإِنَّهُ سَيَنْتَهِىْ إِلَيْكَ رِجَالٌ، فَلاَ تُكَلِّمْهُمْ، فَإِنَّهُمْ لَنْ يُكَلِّمُوْكَ"

ثُمَّ مَضَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَيْثُ أَرَادَ، فَبَيْنَا أَنَا جَالِسٌ فِىْ خَطِّى إِذْ أَتَانِى رِجَالٌ كَأَنَّهُمُ الزُّطُّ: أَشْعَارُهُمْ وَأَجْسَامُهُمْ، لا أَرَى عَوْرَةً، وَلاَ أَرَى قِشْرًا، وَيَنْتَهُوْنَ إِلَيَّ، وَلاَيُجَاوِزُوْنَ الْخَطَّ، ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، لكِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ جَاءَ نِىْ، وَأَنَا جَالِسٌ، فَقَالَ: "لَقَدْ أُرَانِىْ مُنْذُ اللَّيْلَةَ " ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ فِىْ خَطِّى، فَتَوَسَّدَ فَخِذِىْ، فَرَقَدَ، وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَقَدَ نَفَخَ.

فَبَيْنَا أَنَا قَاعِدٌ وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَوَسِّدٌ فَخِذِىْ، إِذَا أَنَا بِرِجَالٍ، عَلَيْهِمْ ثِيَابٌ بِيْضٌ، اللّٰهُ أَعْلَمُ مَا بِهِمْ مِنَ الْجَمَالِ، فَانْتَهَوْا إِلَيَّ، فَجَلَسَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رَأْسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَطَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رِجْلَيْهِ، ثُمَّ قَالُوْا بَيْنَهُمْ: مَا رَأَيْنَا عَبْدًا قَطُّ أُوْتِىَ مِثْلَ مَا أُوْتِىَ هٰذَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، إِنَّ عَيْنَيْهِ تنَامَانِ، وَقَلْبَهُ يَقْظَانُ، اضْرِبُوْا لَهُ مَثَلاً:

مَثَلُ سَيِّدٍ بَنَى قَصْراً، ثُمَّ جعَلَ مَائِدَةً، فَدَعَا النَّاسَ إِلَى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ، فَمَنْ أَجَابَهُ أَكَلَ مِنْ طَعَامِهِ، وَشَرِبَ مِنْ شَرَابِهِ، وَمَنْ لَمْ يُجِبْهُ عَاقَبَهُ، أَوْ قَالَ: عَذَّبَهُ، ثُمَّ ارْتَفَعُوْا.
وَاسْتَيْقَظَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ مَاقَالَ هٰؤُلاَءِ، وَهَلْ تَدْرِىْ مَنْ هُمْ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: هُمُ الْمَلاَئِكَةُ، فَتَدْرِىْ مَا الْمَثَلُ الَّذِىْ ضَرَبُوْهُ؟ فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: المَثَلُ الَّذِىْ ضَرَبُوْهُ:
الرَّحْمٰنُ: بَنَى الْجَنَّةَ، وَدَعَى إِلَيْهَا عِبَادَهُ، فَمَنْ أَجَابَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ لَمْ يُجِبْهُ عَاقَبَهُ أَوْ: عَذَّبَهُ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ تَمِيْمَةَ: اسْمُهُ طَرِيْفُ بْنُ مُجَالِدٍ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَلٍّ، وَسُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ: قَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ عَنْهُ مُعْتَمِرٌ، وَهُوَ سُلَيْمَانُ بْنُ طَرْخَانَ، وَلَمْ يَكُنْ تَيْمِيًّا، وَإِنَّمَا كَانَ يَنْزِلُ فِي بَنِي تَيْمٍ، فَنُسِبَ إِلَيْهِمْ، قَالَ عَلِيٌّ: قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ: مَا رَأَيْتُ أَخْوَفَ لِلّٰهِ مِنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ.

وضاحت: یہ حدیث مسند احمد اور صحیح ابن خزیمہ میں بھی ہے، اور اس کے راوی ابوتمیمہ کا نام طریف بن مجالد ہے، اور اس کے بعد کے راوی ابوعثمان نہدی کا نام عبدالرحمٰن بن ملّ (میم پر تینوں اعراب) ہے، اور یہ حدیث ابوتمیمہ ھجیمی سے معتمر بن سلیمان نے بھی اپنے ابا کے واسطے سے روایت کی ہے یہ حدیث مسند احمد (۱:۳۹۹) میں ہے، اور معتمر کے ابا کا نام: سلیمان بن طرخان تیمی ہے، اور وہ قبیلہ تیم کے نہیں تھے، بلکہ بنوتیم میں فروکش ہو گئے تھے، اس لئے ان کی طرف منسوب کئے گئے، اور امام یحییٰ قطان فرماتے ہیں: ما رأیتُ أَخْوَفَ للّٰہِ من سلیمان التیمیِّ: میں نے سلیمان تیمی رحمہ اللہ سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا، یعنی یہ اللہ کے نیک بندے تھے۔
ملحوظہ: حدیث کے بعد کی عبارت ہمارے نسخوں میں صحیح نہیں، میں نے مصری نسخہ سے عبارت کی تصحیح کی ہے۔

بابُ ماجاءَ: مَثَلُ النَّبِيِّ وَالأَنْبِيَاءِ صلى الله عليه وَعَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ

نبی ﷺ نے اپنی اور دوسرے انبیاء کی مثال بیان فرمائی

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "میرا حال اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کا حال اس آدمی جیسا ہے جس نے کوئی حویلی بنائی، پس اس کو مکمل کیا، اور اس کو شاندار بنایا، مگر ایک اینٹ کی جگہ (خالی تھی) پس لوگ اس حویلی میں آنے لگے، اور اسے حیرت سے دیکھنے لگے، اور کہنے لگے: ایک اینٹ کی جگہ کیوں نہیں (بھری گئی؟!)
تطبیق: وہ شخص جس نے حویلی بنائی: اللہ تعالیٰ ہیں، اور حویلی: دین اسلام ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کیا گیا ہے، اور اس کی اینٹیں انبیاء کرام علیہم السلام کی مبارک شخصیات ہیں، لوگ یہ قصر نبوت دیکھتے تھے، اور حیرت

زدہ رہ جاتے تھے، اور تبصرہ کرتے تھے کہ حویلی بڑی شاندار ہے! مگر جب وہ دیکھتے کہ ابھی ایک اینٹ کی جگہ خالی ہے تو وہ کہتے: یہ جگہ کیوں نہیں بھری گئی؟ کاش یہ بھی بھر جاتی! نبی ﷺ نے فرمایا: وہ آخری اینٹ میں ہوں، مجھ پر سلسلۂ نبوت پورا ہو گیا، اب قصر نبوت میں کسی اینٹ کی گنجائش نہیں، اب اگر کوئی جھوٹی نبوت کا دعوی کرتا ہے تو وہ قصر نبوت کی شان گھٹاتا ہے۔

[۲-] بابُ ماجاءَ: مَثَلُ النَّبِيِّ وَالْأَنْبِيَاءِ صلى الله عليه وَعَلَيْهِمْ أَجْمَعِيْنَ وَسَلَّمَ

[۲۸۷۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا مُحمدُ بْنُ سِنَانٍ، نَا سَلِيْمُ بْنُ حَيَّانَ، نَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَرَجُلٍ بَنَى دَارًا، فَأَكْمَلَهَا وَأَحْسَنَهَا، إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ، فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُوْنَهَا، وَيَتَعَجَّبُوْنَ مِنْهَا، وَيَقُوْلُوْنَ: لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ!"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاء مَثَلُ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ

شرک، نماز، روزہ، صدقہ اور ذکر اللہ کی مثالیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت یحییٰ علیہ السلام کو پانچ باتوں کا حکم دیا کہ وہ ان پر عمل کریں، اور بنی اسرائیل کو حکم دیں کہ وہ ان پر عمل کریں، اور بیشک یحییٰ علیہ السلام قریب تھے کہ ان باتوں (کے بتانے) میں دیر کرتے (یہاں کاد محلِ اثبات میں ہے، جو فعل کی نفی کرتا ہے، یعنی ابھی دیر نہیں کی تھی) پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو پانچ باتوں کا حکم دیا ہے، تاکہ آپ ان پر عمل کریں، اور بنی اسرائیل کو حکم دیں کہ وہ ان پر عمل کریں، پس یا تو آپ ان کو حکم دیں یا میں ان کو حکم دونگا۔

یحییٰ علیہ السلام نے کہا: اگر آپ نے مجھ سے یہ باتیں بتانے میں سبقت کی تو مجھے اندیشہ ہے کہ مجھے زمین میں دھنسا دیا جائے، یا فرمایا: مجھے سزا دی جائے، یعنی آپ یہ باتیں نہ بتائیں، میں ہی بتاؤں گا، چنانچہ آپ نے لوگوں کو بیت المقدس میں جمع کیا، پس مسجد بھر گئی، اور لوگ بالکنیوں میں بیٹھے (الشُّرَف: الشُّرْفَة کی جمع ہے: بالکنی، گیلری، عمارت کے اندر نکلا ہوا چھوٹا سا حصہ جہاں سے عمارت کو دیکھا جا سکے) پس یحییٰ علیہ السلام نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے پانچ باتوں کا حکم دیا ہے تاکہ میں خود بھی ان پر عمل کروں اور آپ لوگوں کو بھی ان کا حکم دوں، تاکہ آپ لوگ بھی ان پر عمل کریں۔

ان میں سے پہلی مثال: یہ ہے کہ آپ لوگ اللہ کی عبادت کریں، اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں، اور اس شخص کی مثال جو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے اس شخص جیسی ہے جس نے کوئی غلام اپنے ذاتی مال سے: سونے یا چاندی سے خریدا، پس اس نے (غلام سے) کہا: یہ میرا گھر ہے، اور یہ میرا کام ہے، پس تو کام کر، اور آمدنی مجھے دے، پس وہ کام کرنے لگا، اور آمدنی اپنے آقا کے علاوہ کو دینے لگا، بتاؤ تم میں سے کون راضی ہوگا کہ اس کا غلام ایسا کرے؟

دوسری بات: اور بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہیں نماز کا حکم دیا ہے، پس جب تم نماز پڑھو تو ادھر اُدھر نہ جھانکو، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ بندے کی نماز میں اپنا چہرہ اس کے چہرہ کے سامنے کر دیتے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ بندے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، جب تک وہ ادھر اُدھر نہ جھانکے۔

تیسری بات: اور اللہ نے تمہیں روزوں کا حکم دیا ہے، اور روزوں کی مثال اس شخص جیسی ہے جو کسی مجمع میں ہو، اس کے پاس ایسی تھیلی ہو جس میں مشک ہو، پس سب لوگ حیرت کر رہے ہوں، یا فرمایا: مشک کی خوشبو ان کو حیرت میں ڈالے ہوئے ہو اور بیشک روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے نزدیک مشک کی بو سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

چوتھی بات: اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں خیرات کرنے کا حکم دیا ہے، اور اس کی مثال اس آدمی جیسی ہے جس کو دشمن نے قید کیا ہو، پس انھوں نے اس کے ہاتھ کو اس کی گردن سے باندھ دیا ہو، اور انھوں نے اس کو آگے بڑھایا ہو تا کہ اس کی گردن ماریں، پس اس شخص نے کہا: میں تم سے اپنی جان چھڑاتا ہوں، قلیل وکثیر کے ذریعے، یعنی جو کچھ بھی میرے پاس ہے لے لو اور مجھے چھوڑ دو، چنانچہ اس نے اپنے نفس کا ان لوگوں کو بدلہ دیدیا (اور وہ قتل سے بچ گیا، اسی طرح خیرات جہنم سے بچاتی ہے)

پانچویں بات: اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے کہ تم اللہ کو یاد کرو، کیونکہ ذکر اللہ کی مثال اس شخص جیسی ہے جس کے پیچھے دشمن تیزی سے چلا آرہا ہو، یہاں تک کہ جب وہ شخص کسی مضبوط قلعہ پر پہنچا تو اس نے اپنے آپ کو ان دشمنوں سے محفوظ کر لیا، اسی طرح بندہ شیطان سے اپنے آپ کو محفوظ نہیں کرسکتا مگر ذکر اللہ کے ذریعہ (پیچھے پڑا ہوا دشمن شیطان ہے اور مضبوط قلعہ ذکر اللہ ہے)

(پھر) نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور میں بھی آپ لوگوں کو ایسی ہی پانچ باتوں کا حکم دیتا ہوں جن کا اللہ نے مجھے حکم دیا ہے: (۱) امیر کی بات سننا (۲) امیر کی فرمانبرداری کرنا (۳) جہاد کرنا (۴) ہجرت کرنا (۵) جماعت مسلمین کے ساتھ لگا رہنا، یعنی ملت میں افتراق پیدا نہ کرنا، کیونکہ جو شخص جماعتِ مسلمین سے بالشت بھر جدا ہوا اس نے اسلام کا پھندا اپنی گردن سے نکال دیا، مگر یہ کہ وہ جماعت کی طرف لوٹ آئے (اور جماعت بھی اس کو قبول کر لے) اور جو شخص جاہلیت جیسی پکاریں پکارتا ہے وہ یقیناً جہنم کے انگاروں میں سے ہے...... پس ایک شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول!

اگر چہ وہ نماز پڑھتا ہواور روزہ رکھتا ہو؟ آپؐ نے فرمایا: اگر چہ وہ نماز پڑھتا ہواور روزہ رکھتا ہو......پس تم اللہ کی پکار کے ساتھ پکارو (دہائی دو) وہ پکار جس سے اللہ تعالیٰ نے تم مسلمانوں اور مؤمنوں کا نام رکھا ہے (کہو:) اے اللہ کے بندو (آؤ، اور میری مدد کرو)

تشریحات:

۱- ہجرت کی تین قسمیں ہیں: (۱) دارالکفر سے دارالاسلام کی طرف ہجرت: جبکہ دارالکفر میں دین پر عمل کرنا نہایت دشوار ہو (۲) دارالبدعت سے دارالسنّت کی طرف ہجرت، یعنی جہاں بدعت کا دور دورہ ہو، اور کوئی امید نہ ہو کہ لوگ سنت پر عمل کریں گے تو وہاں سے ہٹ جاؤ، اور ایسی جگہ چلے جاؤ جہاں لوگ سنت پر عمل پیرا ہوں (۳) گناہ کی جگہ سے، توبہ کی جگہ کی طرف ہجرت۔ حدیث میں اس شخص کا واقعہ آیا ہے جس نے سو قتل کرنے کے بعد ایک عالم کے ہاتھ پر توبہ کی تھی، اس عالم نے توبہ کے بعد اس شخص کو مشورہ دیا تھا کہ تیرا علاقہ برائی کا علاقہ ہے، پس تو فلاں جگہ چلا جا، جہاں نیک لوگ بستے ہیں، چنانچہ وہ چلا مگر راستہ میں اس کی موت کا وقت آگیا (الی آخرہ) اور حدیث میں ہے: الْمُهَاجِرُ مَنْ هَجَرَ ما نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ: (کھرا) مہاجر وہ ہے جو ممنوعات شرعیہ کو چھوڑ دے، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب وہ گناہوں کے علاقہ کو چھوڑ دے۔

۲- اور پانچواں حکم جماعتِ مسلمین کے ساتھ لگے رہنے کا ہے، جو اجتماعیت کو پارہ پارہ کرتا ہے، چاہے وہ بالشت بھر اجتماعیت سے ہٹے، وہ رفتہ رفتہ اسلام ہی سے نکل جاتا ہے، البتہ اگر وہ اجتماعیت کی طرف لوٹ آئے اور جماعت اس کو قبول بھی کرلے تو پھر وہ حلقہ بگوش اسلام ہو جاتا ہے (یُرَاجع: باب مفاعلة سے ہے، یعنی وہ جماعتِ مسلمین کی طرف لوٹے، اور جماعت اس کو قبول کرے)

۳- اور جماعتِ مسلمین سے علحدہ ہونے کی صورت یہ ہوتی ہے کہ جب کوئی معاملہ پیش آتا ہے تو آدمی عصبیت والی پکاریں پکارتا ہے، جیسے کسی طالب علم کے ساتھ کسی شہری کا کوئی معاملہ پیش آیا تو چاہے طالب علم ناحق ہو مگر وہ طلبہ کو مدد کے لئے پکارتا ہے، اور طلبہ سوچے سمجھے بغیر اس کی مدد کے لئے دوڑتے ہیں، یہ جماعتِ مسلمین میں افتراق پیدا کرنے کی کوشش ہے، اور ایسے لوگ جہنم کا ایندھن ہونگے (جُثَى: الجَثْوَة (ج پر تینوں اعراب) کی جمع ہے: انگارہ)

۴- پھر فرمایا: جماعتِ مسلمین میں افتراق پیدا کرنے والا اگر چہ نماز روزہ کا پابند ہو: جہنم میں جائے گا (اور یہ سوال وجواب جملہ معترضہ ہیں)

۵- اور ایسی صورت میں جب کسی کو مدد کے لئے پکارنا پڑے تو یا عبادَ اللّٰه! کہہ کر پکارنا چاہئے، کہو: اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو، اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کا اور مؤمنین کا یہی نام رکھا ہے، سب مسلمان اللہ کے بندے ہیں، اور

ایک جماعت ہیں، یَا لَلْأَنْصَار! یا یَا لَلْمُهَاجِرِیْن جیسی جاہلیت والی پکاریں مت پکارو، اس سے جماعت میں افتراق پیدا ہوتا ہے۔

[٣-] بابُ ماجاء مَثَلُ الصَّلاَةِ وَالصِّيَامِ وَالصَّدَقَةِ

[٢٨٧٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، نَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ: أَنَّ أَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْحَارِثَ الْأَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ يَحْيىٰ بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ: أَنْ يَعْمَلَ بِهَا، وَيَأْمُرَ بنى إِسْرَائِيْلَ أَنْ يَعْمَلُوْا بِهَا، وَإِنَّهُ كَادَ أَنْ يُبْطِئَ بِهَا، فَقَالَ عِيْسَى: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَكَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ: لِتَعْمَلَ بِهَا، وَتَأْمُرَ بَنِي إِسْرَائِيْلَ أَنْ يَعْمَلُوْا بِهَا، فَإِمَّا أَنْ تَأْمُرَهُمْ، وَإِمَّا أَنْ آمُرَهُمْ.

فَقَالَ يَحْيىَ: أَخْشَى إِنْ سَبَقْتَنِي بِهَا أَنْ يُخْسَفَ بِيْ، أَوْ: أُعَذَّبَ، فَجَمَعَ النَّاسَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَامْتَلَأَ، وَقَعَدُوْا عَلَى الشُّرَفِ، فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِي بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ: أَنْ أَعْمَلَ بِهِنَّ، وَآمُرَكُمْ أَنْ تَعْمَلُوْا بِهِنَّ:

أَوَّلُهُنَّ: أَنْ تَعْبُدُوْا اللّٰهَ، وَلاَ تُشْرِكُوْا بِهِ شَيْئًا، وَإِنَّ مَثَلَ مَنْ أَشْرَكَ بِاللّٰهِ: كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ: بِذَهَبٍ أَوْ وَرِقٍ، فَقَالَ هٰذِهِ دَارِيْ، وَهٰذَا عَمَلِيْ، فَاعْمَلْ، وَأَدِّ إِلَيَّ، فَكَانَ يَعْمَلُ، وَيُؤَدِّيْ إِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَأَيُّكُمْ يَرْضَى أَنْ يَكُوْنَ عَبْدُهُ كَذٰلِكَ؟

[٢-] وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَكُمْ بِالصَّلاَةِ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَلاَ تَلْتَفِتُوْا، فَإِنَّ اللّٰهَ يَنْصِبُ وَجْهَهَ لِوَجْه عَبْدِهِ فِيْ صَلاَتِهِ، مَالَمْ يَلْتَفِتْ.

[٣-] وأَمَرَكُمْ بِالصِّيَامِ، فَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ فِيْ عِصَابَةٍ، مَعَهُ صُرَّةٌ فِيْهَا مِسْكٌ، فَكُلُّهُمْ يَعْجِبُ، أَوْ: يُعْجِبُهُ رِيْحُهَا، وَإِنَّ رِيْحَ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ.

[٤-] وَأَمَرَكُمْ بِالصَّدَقَةِ، فَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَسَرَهُ الْعَدُوُّ، فَأَوْثَقُوْا يَدَهُ إِلَى عُنُقِهِ، وَقَدَّمُوْهُ لِيَضْرِبُوْا عُنُقَهُ، فَقَالَ: أَنَا أَفْدِيْهِ مِنْكُمْ بِالْقَلِيْلِ وَالْكَثِيْرِ، فَفَدَا نَفْسَهُ مِنْهُمْ.

[٥-] وَأَمَرَكُمْ أَنْ تَذْكُرُوْا اللّٰهَ، فَإِنَّ مَثَلَ ذٰلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ خَرَجَ الْعَدُوُّ فِيْ أَثَرِهِ سِرَاعًا، حَتَّى إِذَا أَتَى عَلَى حِصْنٍ حَصِيْنٍ، فَأَحْرَزَ نَفْسَهُ مِنْهُمْ، كَذٰلِكَ الْعَبْدُ لَايُحْرِزُ نَفْسَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ إِلَّا بِذِكْرِ اللّٰهِ.

قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَأَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ: اللّٰهُ أَمَرَنِيْ بِهِنَّ: السَّمْعِ، وَالطَّاعَةِ، وَالْجِهَادِ، وَالهِجْرَةِ، وَالْجَمَاعَةِ، فَإِنَّهُ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيْدَ شِبْرٍ، فَقَدْ خَلَعَ رِبْقَةَ الإِسْلَامِ مِنْ

عُنُقِهِ، إلاَّ أَنْ يُرَاجِعَ، وَمَنِ ادَّعَى دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّهُ مِنْ جُثَى جَهَنَّمَ" ـــ فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَإِنْ صَلَّى وَصَامَ؟ فَقَالَ:" وَإِنْ صَلَّى وَصَامَ" ـــ " فَادْعُوْا بِدَعْوَى اللّٰهِ الَّذِىْ سَمَاكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ: عِبَادَ اللّٰهِ!"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، قَالَ محمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ: الحَارِثُ الْأَشْعَرِيُّ لَهُ صُحْبَةٌ، وَلَهُ غَيْرُ هٰذَا الحديثِ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا أَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَّامٍ، عَنِ الْحَارِثِ الْأَشْعَرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ سَلَّامٍ: اسْمُهُ مَمْطُوْرٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ.

وضاحت: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اور ترمذی کے علاوہ صحیح ابن خزیمہ، صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں بھی ہے، اور نسائی میں بھی اس کا کچھ حصہ ہے...... اس حدیث کے راوی حضرت حارث بن الحارث اشعریؓ شامی صحابی ہیں، امام بخاریؒ فرماتے ہیں: ان سے اس کے علاوہ حدیث بھی مروی ہے (اور یہ حدیث ان سے صرف ابوسلّام روایت کرتے ہیں)...... پھر امام ترمذیؒ نے حدیث کی دوسری سند پیش کی ہے، اس میں ابوداؤد طیالسی: موسیٰ بن اسماعیل منقری کے متابع ہیں، وہ بھی یہ حدیث ابان بن یزید سے روایت کرتے ہیں...... پھر آخر میں ابان کی متابعت میں علی بن المبارک کی سند پیش کی ہے، وہ بھی یحییٰ بن ابی کثیر سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں...... پھر یحییٰ سے آخر تک ایک سند ہے، اور ابوسلام: یزید بن سلام کے دادا ہیں اور ان کا نام ممطور ہے۔

ملحوظہ: سندوں کی بحث کے آخر میں جو هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ آیا ہے وہ بلا وجہ کی عبارت ہے۔

بابُ ماجاءَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَارِئِ لِلْقُرْآنِ وَغَيْرِ الْقَارِئِ

قرآن پڑھنے والے اور نہ پڑھنے والے مؤمن کی مثال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: وہ مؤمن جو قرآن کریم پڑھتا ہے اس کا حال تُرنج لیموں جیسا ہے، اس کی خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور اس کا مزہ بھی۔ اور وہ مؤمن جو قرآن کریم نہیں پڑھتا اس کا حال کھجور جیسا ہے، جس میں کوئی خوشبو نہیں ہوتی، مگر اس کا مزہ میٹھا ہوتا ہے، اور وہ (عملی) منافق جو قرآن کریم پڑھتا ہے اس کا حال خوشبودار پھول جیسا ہے، جس کی بو عمدہ ہوتی ہے، مگر اس کا مزہ کڑوا ہوتا ہے، اور وہ (عملی) منافق جو قرآن کریم نہیں پڑھتا، اس کا حال اندرائن جیسا ہے، جس کی بو بھی کڑوی ہوتی ہے اور اس کا مزہ بھی کڑوا ہوتا ہے۔

تشریح: تُرنج لیموں: پپیتا جیسا ایک قسم کا بڑا لیموں ہے، اردو میں اس کو مالٹا بھی کہتے ہیں، یہ ایک مشہور پھل ہے جو ترش وشیریں ہوتا ہے، اوراس کی خوشبو عمدہ ہوتی ہے...... اور الرَّیْحانة: ہر خوشبودار پودے کو اور پھول کو کہتے ہیں، جیسے تُلسی، نازبو اور گلاب کا پھول وغیرہ...... اور الحنظلة: (اندرائن) زمین پر پھیلنے والا ایک پودا ہے اس پر خربوزے جیسے بہت ہی چھوٹے پھل لگتے ہیں، جو نہایت کڑوے ہوتے ہیں۔

[٤-] بابُ ماجاءَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الْقَارِئِ لِلْقُرْآنِ وَغَيْرِ الْقَارِئِ

[٢٨٧٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْأُتْرُنْجَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا طَيِّبٌ، وَمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِيْ لَايَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ التَّمْرَةِ، لَارِيْحَ لَهَا وَطَعْمُهَا حُلْوٌ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الرَّيْحَانَةِ، رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَطَعْمُهَا مُرٌّ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِيْ لَايَقْرَأُ الْقُرْآنَ كَمَثَلِ الْحَنْظَلَةِ، رِيْحُهَا مُرٌّ وَطَعْمُهَا مُرٌّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ أَيْضًا.

مؤمن کی دو مثالیں

پہلی مثال: نبی ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا حال کھیتی جیسا ہے، ہوائیں برابر کھیتی کو جھکاتی ہیں، اسی طرح مؤمن کو بھی برابر آزمائشیں پہنچتی ہیں، اور منافق کا حال درختِ صنوبر جیسا ہے، وہ نہیں ہلتا تا آنکہ وہ جڑ سے اکھاڑ دیا جاتا ہے۔

تشریح: مثال کے طور پر گیہوں کے کھیت کو ہوائیں الٹی پلٹتی رہتی ہیں، جب مشرق کی طرف سے ہوا چلتی ہے تو سارے پودے مغرب کی طرف جھک جاتے ہیں، پھر جب مغرب کی طرف سے ہوا چلتی ہے تو سارا کھیت مشرق کی طرف جھک جاتا ہے، اسی طرح مؤمن بندہ بھی مختلف حالات سے گذرتا ہے، اوراس کے گناہ دھلتے رہتے ہیں، اور منافق کی مثال صنوبر کے درخت جیسی ہے، آپ لوگوں نے صنوبر کا درخت نہیں دیکھا، میں نے بھی نہیں دیکھا، یہ ایک قسم کا سَرو ہے جس سے معشوق کے قد اوراس کے خرام کو تشبیہ دی جاتی ہے، پس آپ اس کے بجائے "سفیدے" کی مثال لے لیں، سڑکوں کے کنارے نیل گری کے درخت کھڑے ہیں، ہوائیں ان پر اثر انداز نہیں ہوتیں، وہ کسی طرف نہیں جھکتے، مگر جس دن گرتے ہیں جڑ سے اکھڑ کر گرتے ہیں، اسی طرح منافق کی جب پکڑ ہوتی ہے تو یکبارگی ہوتی ہے۔

دوسری مثال: ایک مرتبہ نبی ﷺ الجُمّار: کھجور کے درخت کا گوند جو چربی کی طرح سفید ہوتا ہے، صحابہ کے ساتھ نوش فرما رہے تھے، اس موقعہ پر آپؐ نے فرمایا: درختوں میں ایک درخت ایسا ہے جس کے پتے (پت جھڑ کے موسم میں) نہیں گرتے، اور وہ درخت مؤمن کی مثال ہے، یعنی جیسے مؤمن سراپا خیر و برکت ہے، اس درخت کا بھی

ہر جزء کارآمد ہے، بتاؤ وہ کونسا درخت ہے؟ حدیث کے راوی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: پس لوگ جنگل کے درختوں میں سوچنے لگے کہ ایسا درخت کونسا ہے؟ اور میرے دل میں خیال آیا کہ وہ کھجور کا درخت ہے (آپؓ کے دل میں یہ خیال اس لئے آیا تھا کہ نبی ﷺ کھجور کا گوند کھا رہے تھے، پھر جب کسی نے جواب نہ دیا) تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ کھجور کا درخت ہے''، پس میں شرمندہ ہوگیا، یعنی میں یہ نہ کہہ سکا کہ میرے دل میں یہ جواب آیا تھا، حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں: پھر میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ جواب میرے دل میں آیا تھا، پس حضرت عمرؓ نے فرمایا: اگر تم جواب دیتے تو مجھے زیادہ خوشی ہوتی اس سے کہ مجھے اتنا اتنا مال مل جائے!

تشریح: علماء نے اس حدیث سے چند مسائل نکالے ہیں:

۱- استاذ کو چاہئے کہ طلبہ کی استعداد کو جانچتا رہے، اور کبھی کبھی ان سے ذرا پیچیدہ سوال کرے، اور دیکھے کہ کس کا مبلغ علم کیا ہے؟

۲- مگر بالکل اندھا سوال نہ کرے، ایسا سوال کرے کہ جواب تک پہنچنے کا کوئی قرینہ موجود ہو، جیسے نبی ﷺ نے کھجور کا گوند کھاتے ہوئے یہ سوال کیا تھا، جو صحابہ کی جواب کی طرف راہنمائی کر رہا تھا، اور حضرت ابن عمرؓ کے ذہن میں اُسی قرینہ سے جواب آیا تھا، اور حدیث میں جو اغلوطات (چیستانوں) سے منع کیا گیا ہے، وہ ایسی ہی اندھی باتوں کی ممانعت ہے جن میں کوئی قرینہ موجود نہ ہو۔

۳- طالب علم کو چاہئے کہ جو بھی جواب ذہن میں آئے، پیش کرے، اگر جواب غلط ہوگا تو استاذ تنبیہ کرے گا، اگر وہ خاموش رہے گا تو اس کی صلاحیت کا اندازہ کیسے ہوگا؟

۴- بیٹے کی ترقی باپ کے لئے خوشی کا سبب ہوتی ہے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسی کا اظہار کیا ہے کہ اگر تم صحابہ کے سامنے یہ جواب دیتے تو میرا سر فخر سے اونچا ہو جاتا، قرآن میں بھی ہے: ﴿وَبَنِيْنَ شُهُوْدًا﴾ یعنی اگر بیٹے ایسے قابل ہوں کہ وہ باپ کے ساتھ محفل میں شریک ہوں تو یہ بات باپ کے لئے قابل فخر اور لائق عزت ہے۔

[٢٨٧٥-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ، لَاتَزَالُ الرِّيَاحُ تُفَيِّئُهُ، وَلَايَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيْبُهُ بَلَاءٌ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ كَمَثَلِ شَجَرَةِ الْأُرْزِ، لَاتَهْتَزُّ حَتَّى تُسْتَحْصَدَ''، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٨٧٦-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً لَا يَسْقُطُ وَرَقُهَا، وَهِيَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ، حَدِّثُوْنِيْ مَا هِيَ؟ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَوَقَعَ النَّاسُ فِيْ شَجَرِ الْبَوَادِيْ، وَوَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ أَنَّهَا النَّخْلَةُ، فَقَالَ

النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم: " هِیَ النَّخْلَةُ " فَاسْتَحْیَیْتُ یَعْنِی أَنْ أَقُوْلَ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَحَدَّثْتُ عُمَرَ بِالَّذِیْ وَقَعَ فِیْ نَفْسِیْ، فَقَالَ: لَأَنْ تَکُوْنَ قُلْتَهَا أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ أَنْ یَکُوْنَ لِیْ کَذَا وَکَذَا" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وفی الباب: عَنْ أَبِیْ هریرةَ.

بابُ ماجاءَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ

پانچ نمازوں کی مثال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بتلاؤ! اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر کوئی نہر ہو، جس میں وہ روزانہ پانچ مرتبہ نہاتا ہو، تو کیا اس کے جسم پر کچھ میل باقی رہے گا؟ صحابہ نے عرض کیا: اس کے میل میں سے کچھ بھی باقی نہیں رہے گا، آپؐ نے فرمایا: یہ پانچ نمازوں کی مثال ہے، اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ گناہوں کو مٹادیتے ہیں۔

تشریح: الدَّرَن (میل کچیل) سے صغائر مراد ہیں، کبائر گہرے دھبے ہیں جو توبہ ہی سے مٹ سکتے ہیں۔ چنانچہ مسلم شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: الصلواتُ الخَمْسُ مُکَفِّرَاتٌ لِمَا بَیْنَهُنَّ إِذَا اجْتُنِبَتِ الْکَبَائِرُ: پانچ نمازیں ان گناہوں کے لئے جو ان کے درمیان ہوئے ہیں کفارہ ہیں جب کبیرہ گناہوں سے بچا جائے (مشکوٰۃ حدیث ۵۶۴ کتاب الصلاۃ کی پہلی حدیث، اور مشکوٰۃ (حدیث ۲۸۶) میں بحوالہ مسلم شریف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی یہ روایت مروی ہے)

[۵-] بابُ ماجاءَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ

[۲۸۷۷-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ ابنِ الْهَادِ، عَنْ محمدِ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِالرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: " أَرَأَیْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِکُمْ، یَغْتَسِلُ فِیْهِ کُلَّ یَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ، هَلْ یَبْقَی مِنْ دَرَنِهِ شَیْئٌ؟ " قَالُوْا: لَایَبْقَی مِنْ دَرَنِهِ شَیْئٌ، قَالَ: "فَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ، یَمْحُوْ اللّٰهُ بِهِنَّ الْخَطَایَا " وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ الْقُرَشِیُّ، عَنْ ابنِ الْهَادِ نَحْوَهُ.

بابٌ

اس امت کی مثال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: مَثَلُ أُمَّتِیْ مَثَلُ المَطَرِ، لَایُدْرَی أَوَّلُه خَیْرٌ أَمْ آخِرُهُ: میری امت کا حال

بارش جیسا ہے، نہیں معلوم کہ شروع کی بارش بہتر ہے یا آخر کی؟

تشریح: مَثَلُ المَطَر: خبر بھی ہوسکتا ہے اور منصوب بنزع خافض بھی، أی کَمَثَلِ المَطَر......اور بارش کبھی شروع کی بابرکت ہوتی ہے اور کبھی آخر کی، اور کوئی نہیں جانتا کہ کونسی بارش بابرکت ہے؟ یہی حال کمالات کے تعلق سے امتِ محمد ﷺ کا ہے......اور اس حدیث میں آخر امت کی جزوی فضیلت ہے، کلی فضیلت قرون مشهود لها بالخير کے لئے ثابت ہے، یعنی بعد کے ادوار میں بھی کچھ ایسے باکمال لوگ ہوسکتے ہیں جو قرون ثلاثہ میں نہیں ہوئے، کسی نے کہا ہے: كَمْ تَرَكَ الأوّلُ لِلآخِرِ: اگلوں نے پچھلوں کے لئے بہت کچھ چھوڑا ہے! یعنی بعض خوبیاں آخری دور کے لئے باقی ہیں۔

[-٦] بابٌ

[-٢٨٧٨] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيىَ الأَبَحُّ، عَنْ ثَابِتِ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَثَلُ أُمَّتِیْ مَثَلُ الْمَطَرِ، لاَیُدْرَی أَوَّلُهُ خَیْرٌ أَمْ آخِرُهُ"

وفى الباب: عَنْ عَمَّارٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَابْنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَيُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِیٍّ: أَنَّهُ كَانَ يُثَبِّتُ حَمَّادَ بْنَ يَحْيىَ الأَبَحَّ، وَكَانَ يَقُوْلُ: هُوَ مِنْ شُيُوْخِنَا.

وضاحت: حدیث کے راوی حماد بن یحییٰ الأَبَحّ (ح مشدد) ابوبکر سُلمی بصری صدوق راوی ہے، مگر اس کی روایتوں میں غلطی ہوتی ہے، اور حضرت ابن مہدیؒ اس راوی کو ثقہ قرار دیتے تھے: يُثَبِّتُ یعنی جمایا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے: هو مِنْ شُيُوْخِنَا: وہ ہمارے اساتذہ میں سے ہیں، لفظ شیخ سے معمولی درجہ کی تعدیل ہوتی ہے (اور حافظ رحمہ اللہ نے فتح الباری میں فرمایا ہے: هو حديثٌ حسنٌ، له طُرُقٌ، قد يَرْتَقِیْ بها إلى الصحة: یعنی یہ حدیث صحیح لغیرہ ہے)

بابُ ماجاءَ مَثَلُ ابْنِ آدَمَ، وَأَجَلِهِ، وَأَمَلِهِ

آدمی اس کی موت اور اس کی آرزو کی مثال

حدیث: حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے دو کنکریاں پھینکیں، ایک قریب، دوسری دور، پھر فرمایا: جانتے ہو یہ دو کنکریاں کس بات کی مثال ہیں؟ صحابہ نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: وہ (دور گئی ہوئی کنکری) آرزو ہے، اور یہ (نزدیک والی کنکری) موت کا مقررہ وقت ہے، یعنی

موت قریب ہے، اور آرزوئیں لمبی ہیں، سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں!

[٧-] بابُ ماجاءَ مَثَلُ ابْنِ آدَمَ، وَأَجَلِهِ، وَأَمَلِهِ

[٢٨٧٩-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا خَلَّادُ بْنُ يَحْيىَ، نَا بَشِيْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ؛ قَالَ: قَالَ النَبِيُّ صلى الله عليه وسلم:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا مَثَلُ هٰذِهِ وَهٰذِهِ؟" وَرَمَى بِحَصَاتَيْنِ، قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" هٰذَاك الأَمَلُ، وَهٰذَاكَ الأَجَلُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

لوگوں کی صلاحیتوں کی مثال

اب أبواب الأمثال کے آخر میں کچھ متفرق حدیثیں ہیں، جن پر امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابواب قائم نہیں کئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الناسُ كإبلٍ مِأَةٍ لاتَجِدُ فيها رَاحِلَةً أو: لاتَجِدُ فيها إلا راحِلَةً: لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں، جن میں آپ سواری کے قابل ایک اونٹ بھی نہیں پائیں گے، یا فرمایا: جن میں سواری کے قابل آپ صرف ایک اونٹ پاتے ہیں۔

تشریح: امام زہری رحمہ اللہ کے شاگرد معمر کی روایت میں لایَجد الرجلُ فیها راحلةً ہے، یعنی سو اونٹوں میں ایک بھی سواری کے قابل نہیں، اور امام زہری کے دوسرے شاگرد سفیان بن عیینہ کی روایت میں شک ہے کہ نبی ﷺ نے لاتجد فیها راحلةً فرمایا، یا لاتجد فیها إلا راحلة فرمایا (إلا میں شک ہے) پہلی صورت میں حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ سو اونٹوں میں سواری کے قابل ایک بھی نہیں، اور دوسری صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ سو اونٹوں میں ایک اونٹ سواری کے قابل ہے۔ یہ انسانوں کی اعلی صلاحیتوں کی مثال ہے، جیسے ہر اونٹ سواری کے قابل نہیں ہوتا، کوئی ہی اونٹ سواری کے قابل ہوتا ہے، اسی طرح اعلی صلاحیتوں کے لوگ ایک فیصد ہوتے ہیں یا اس سے بھی کم۔

[٢٨٨٠-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا النَّاسُ كَإِبِلٍ مِائَةٍ، لَايَجِدُ الرَّجُلُ فِيْهَا رَاحِلَةً " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٨٨١-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عَبدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَقَالَ:" لَاتَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً أَوْ: لَاتَجِدُ فِيْهَا إِلَّا رَاحِلَةً "

امت کے تعلق سے نبی ﷺ کی مثال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میری اور میری امت کی مثال اس شخص جیسی ہے جس نے کوئی آگ جلائی، پس جانوراور پروانے اس میں گرنے لگے، پس میں تمہاری کمریں پکڑنے والا ہوں، اورتم زبردستی اس میں گھسے جارہے ہو۔

تشریح: الفَرَاش: (بفتح الفاء) تتلی، پروانہ، واحد فَرَاشة...... الحُجَز: الحُجْزَة کی جمع: کمر پر ازار باندھنے کی جگہ، پاجامہ کا کمر بند باندھنے کی جگہ، نیفہ...... تَقَحَّمُوْنَ (باب تفعّل) اس میں ایک ت محذوف ہے، اِقْتَحَمَ اور تَقَحَّمَ کے معنی ہیں: انجام سے بے پرواہ ہوکر کسی بڑے کام میں گھسنا، بیڑا اٹھانا۔

تطبیق: آگ جلانے والے اللہ تعالیٰ ہیں، اللہ تعالیٰ نے مجرموں کے لئے دوزخ تیار کی ہے، اورلوگ اندھا دھند دوزخ کی طرف بڑھے جارہے ہیں، اور نبی ﷺ ان کو کمر سے پکڑ کر روک رہے ہیں کہ اللہ کے بندو! کہاں جارہے ہو؟ کس گڑھے میں گررہے ہو؟ سوچو، سمجھواور خود کو جہنم سے بچاؤ!

[۲۸۸۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " إِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُ أُمَّتِيْ كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَاراً، فَجَعَلَتِ الدَّوَابُّ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيْهَا، فَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ، وَأَنْتُمْ تَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

یہود ونصاری اور اس امت کی مثال

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: تمہاری مدتِ عمر: ان امتوں کی بہ نسبت جو تم سے پہلے گذر چکی ہیں، بس اتنی ہی ہے جتنا عصر کی نماز اور غروب شمس کے درمیان وقت ہے، اورتمہارا حال اور یہود ونصاری کا حال بس اس شخص جیسا ہے جس نے کام کے لئے نوکر رکھے، پس اس نے کہا: کون ہے جو میرے لئے دوپہر تک کام کرے، ایک ایک قیراط پر؟ پس یہود نے ایک ایک قیراط پر کام کیا (پھر وہ کام کی مدت پوری کرکے اجرت لے کر چلے گئے) پھر اس شخص نے کہا: کون ہے جو میرے لئے دوپہر سے نماز عصر تک ایک ایک قیراط پر کام کرے؟ پس نصاری نے ایک ایک قیراط پر کام کیا، یعنی وہ بھی اپنی مدت پوری کرکے اپنی اجرت لے کر چلے گئے۔ پھر تم لوگ کام کررہے ہو، نماز عصر سے غروب شمس تک دو دو قیراطوں پر، پس یہود ونصاری غضبناک ہوئے، انھوں نے کہا: کام ہم نے زیادہ کیا، اور مزدوری ہم نے کم پائی! پس مالک نے کہا: کیا میں نے تمہارے حق میں کچھ بھی تم پر ظلم کیا ہے؟ انھوں نے کہا: نہیں، پس مالک نے کہا: فِإنَّه فضلي، أُوْتيه مَنْ أَشَاءُ: پس وہ میری مہربانی ہے، میں جسے چاہوں دوں۔

تشریح: اس حدیث میں اس امت کی دو مثالیں ہیں، پہلی مثال اس بات کی ہے کہ اس امت کی مدتِ عمل یہود ونصاری کے اعتبار سے تھوڑی ہے، اور دوسری مثال اس بات کی ہے کہ یہ امت اجر وثواب میں گذشتہ امتوں سے بڑھی ہوئی ہے، کیونکہ اس امت کے لئے نیکی دس گنا بڑھائی جاتی ہے۔ یہود ونصاری کے لئے یہ ضابطہ نہیں تھا۔

اور دونوں مثالوں کی تفصیل یہ ہے کہ کسی کو کوئی تعمیر کروانی ہے، اور اس کا خیال ہے کہ کام دو پہر تک نمٹ جائے گا، اس لئے وہ آدھے دن کے مزدور لایا، اور ان کی مزدوری ایک ایک قیراط (درہم کا چھٹا حصہ) طے کی، مگر جب دو پہر ہوئی تو دیکھا: کام ابھی باقی ہے، اور مالک کو ان مزدوروں کا کام پسند بھی نہیں آیا، اس لئے اس نے ان کو مقررہ مزدوری دے کر رخصت کر دیا، پھر وہ دوسرے مزدور لایا، اس کا خیال تھا کہ عصر تک کام نمٹ جائے گا، اس نے ان کی مزدوری بھی ایک ایک قیراط مقرر کی، مگر انھوں نے بھی کچھ ڈھنگ سے کام نہیں کیا، عصر کا وقت آ گیا، اور کام ابھی باقی تھا، چنانچہ اس نے مزدوروں کو مقررہ مزدوری دے کر رخصت کر دیا، پھر وہ تیسرے مزدور لایا، اور ان سے کہا: سورج ڈوبنے سے پہلے کام مکمل کرنا ہے، اور میں تمھیں ڈبل مزدوری دونگا، یعنی دو دو قیراط دوں گا، چنانچہ ان مزدوروں نے لگ لپٹ کر سورج ڈوبنے سے پہلے کام تمام کر دیا، مالک نے خوش ہو کر ان کو دو دو قیراط دیئے، پس پہلے دونوں مزدور لڑنے کے لئے آ گئے کہ ہم نے کام زیادہ کیا، اور ہمیں اجرت کم ملی، آقا نے ان سے پوچھا: میں نے تم سے جو مزدوری طے کی تھی وہ پوری دی یا اس میں کچھ کمی کی؟ انھوں نے کہا: نہیں، ہمیں آپ نے پوری مزدوری دی، پس مالک نے کہا: میں نے تیسرے مزدوروں کو جو زائد مزدوری دی ہے وہ میرا انعام ہے، میں اپنی خوشی سے جس کو جو چاہوں دوں، تمہاری میرے جیب پر کچھ اجارہ داری تو نہیں!

[٢٨٨٣-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّمَا أَجَلُكُمْ فِيْمَا خَلاَ مِنَ الْأُمَمِ، كَمَا بَيْنَ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلَى مَغَارِبِ الشَّمْسِ، وَإِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارَى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالاً، فَقَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ إِلَى نِصْفِ النَّهَارِ عَلَى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ عَلَى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ إِلَى صَلاَةِ الْعَصْرِ عَلَى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ فَعَمِلَتِ النَّصَارَى عَلَى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ أَنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلاَةِ الْعَصْرِ إِلَى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلَى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، فَغَضِبَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى وَقَالُوْا: نَحْنُ أَكْثَرُ عَمَلاً وَأَقَلُّ عَطَاءً! فَقَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ حَقِّكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: فَإِنَّهُ فَضْلِيْ أُوْتِيْهِ مَنْ أَشَاءُ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبو ابُ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قرآنِ کریم کے فضائل

قرآنِ کریم کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ وہ اللہ کا کلام ہے، اور اللہ کا کلام اللہ کی صفت ہے، اور صفت اور موصوف کا درجہ ایک ہوتا ہے، پس قرآنِ کریم کے لئے اس سے بڑی کوئی فضیلت نہیں ہوسکتی، اور اس لئے حکمت الٰہی نے چاہا کہ:

قرآنِ کریم کی تلاوت کی ترغیب دی جائے، اس کی تلاوت کے فضائل بیان کئے جائیں، نیز بعض مخصوص سورتوں اور آیتوں کے بھی فضائل بیان کئے جائیں، اس لئے:

۱- ایک روایت میں قرآنِ کریم کی آیتوں کے پڑھنے اور سیکھنے کو موٹی تازی اونچی کوہان والی اونٹنیوں سے بہتر قرار دیا گیا (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۱۰) اور دوسری حدیث میں نماز میں تین آیتیں پڑھنے کو جاندار گابھن اونٹنیوں سے بہتر قرار دیا (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۱۱) یہ روایات تمثیلی پیرایۂ بیان ہیں، آیاتِ کریمہ کی تلاوت سے حاصل ہونے والے معنوی فائدہ (اجر وثواب) کو ایک ایسی محسوس مثال کے ذریعہ واضح کیا گیا ہے جس سے بہتر کوئی مال عربوں کے نزدیک نہیں تھا۔

۲- اور جس نے قرآن میں مہارت پیدا کی: اس کو ملائکہ کے ساتھ تشبیہ دی (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۱۲)

۳- اور بتایا کہ جس نے قرآن پڑھا اس کو ہر حرف کے بدلے ایک نیکی ملے گی، پھر وہ ایک نیکی بھی دس نیکیوں کے برابر ہوگی (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۳۷)

۴- اور تلاوتِ قرآن کے تعلق سے لوگوں کے درجات بیان کئے، فرمایا: جو مسلمان قرآن پڑھتا ہے وہ ترنج لیموں کی طرح ہے، جس کی بو اور مزہ دونوں عمدہ ہوتے ہیں، اور جو مسلمان قرآن نہیں پڑھتا وہ کھجور کی طرح ہے، جس میں بو تو نہیں ہوتی مگر مزہ عمدہ ہوتا ہے، اور جو (عملی) منافق قرآن نہیں پڑھتا وہ اندرائن کی طرح ہے، اس میں خوشبو

بھی نہیں ہوتی اور مزہ بھی تلخ ہوتا ہے، اور جو (عملی) منافق قرآن پڑھتا ہے وہ خوشبودار پھول کی طرح ہے، جس کی بو اچھی ہوتی ہے، مگر مزہ تلخ ہوتا ہے (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۱۴)

۵- اور یہ بات بتائی کہ قرآن کی سورتیں قیامت کے دن پیکر محسوس اختیار کریں گی، جن کو دیکھا چھویا جاسکے گا، وہ اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے جھگڑا کریں گی (مشکوٰۃ حدیث ۲۱۲۰ و۲۱۲۱) اور اس جھگڑے کی حقیقت یہ ہے کہ قاری کی نجات وعذاب کے اسباب میں تعارض سامنے آئے گا، اس کے گناہ اس کی بربادی کو چاہیں گے، اور قرآن کی تلاوت نجات کو، اور بالآخر سبب نجات یعنی تلاوتِ قرآن کو دیگر اسبابِ ہلاکت پر ترجیح حاصل ہوگی، اور وہ بندہ ناجی ہوگا۔

۶- اور احادیث میں خاص سورتوں اور آیتوں کی فضیلت بیان کی، جیسے سورۂ کہف، سورۃ الملک، سورۃ الفاتحہ، سورۃ البقرۃ اور سورۂ آل عمران وغیرہ کے فضائل بیان کئے، اور آیت الکرسی، سورۃ الاخلاص، مؤذتین وغیرہ کا امتیاز بیان کیا تاکہ لوگ ان کو وظیفہ بنائیں۔

اور یہ تفاضل بچند وجوہ ہے:

اول: وہ سورت یا آیت جو صفاتِ الٰہیہ میں غور وفکر کے لئے زیادہ مفید ہے، اور اس میں صفاتِ الٰہیہ کے تعلق سے جامعیت اور ہمہ گیری کی صفت پائی جاتی ہے، جیسے آیت الکرسی، سورۃ الحشر کی آخری تین آیتیں اور سورۃ الاخلاص وغیرہ، ان آیتوں کا درجہ قرآنِ کریم میں ایسا ہے جیسا اسمائے الٰہیہ میں ''اسم اعظم'' کا درجہ ہے۔

دوم: کوئی سورت ایسی ہے جس کا نزول بندوں کے ورد (وظیفہ) کے لئے ہوا ہے یعنی اس کا نزول اس لئے ہوا ہے کہ لوگ جانیں کہ وہ اپنے پروردگار کا تقرب کیسے حاصل کریں؟ جیسے سورۂ فاتحہ، اس کا درجہ قرآن کی دوسری سورتوں کے مقابلہ میں ایسا ہے جیسا عبادات میں فرائض کا درجہ ہے۔

سوم: وہ سورتیں جو جامع ترین ہیں، جیسے زَہراوَین یعنی سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران۔ سورۂ بقرہ میں اسلام کے اصول وعقائد اور احکام شریعت کا جتنا تفصیلی تذکرہ ہے اتنا کسی دوسری صورت میں نہیں ہے، اسی لئے اس سورت کو قرآن میں سب سے مقدم رکھا گیا ہے، اور اس کو ''قرآن کی کوہان'' قرار دیا گیا ہے۔ اور حدیث میں خبر دی گئی ہے کہ جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے اس گھر میں شیطان نہیں آسکتا، اور سورۂ آل عمران میں مجادلات اور جنگی معاملات کی جتنی تفصیل ہے اتنی کسی دوسری سورت میں نہیں ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۷۸-۳۷۹)

بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

سورۃ الفاتحہ کی فضیلت

سورۃ الفاتحہ ایک بیش بہا دولت ہے، جو اس امت کے علاوہ کسی امت کو نہیں ملی، مسلمان اس کی جتنی بھی قدر کریں

کم ہے، اس میں صرف دینی فائدے ہی نہیں، دنیوی پریشانیوں، بیماریوں اور بلاؤں کا علاج بھی ہے، حدیث میں ہے: سورۃ الفاتحہ ہر بیماری کی شفا ہے (رواہ الدارمی) پس اس مبارک سورت کا جس قدر ورد رکھا جائے باعثِ خیر وبرکت ہے، اور وہ اسی مقصد سے عطا فرمائی گئی ہے، چنانچہ نماز کی ہر رکعت میں اس کا پڑھنا لازمی قرار دیا گیا ہے۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ گھر سے نکل کر حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے (آپؐ کو معلوم نہیں تھا کہ حضرت ابی نماز پڑھ رہے ہیں) چنانچہ آپؐ نے پکارا: یا أُبَیّ! اے ابیّ! مگر وہ نماز پڑھ رہے تھے، اس لئے حضرت ابیؓ متوجہ تو ہوئے مگر جواب نہیں دیا، اور نماز پڑھتے رہے، اور ہلکی نماز پڑھی۔ پھر نبی ﷺ کی طرف مڑے اور سلام کیا تو آپؐ نے سلام کا جواب دیا، اور پوچھا: اے ابی! کس چیز نے آپؓ کو روکا اس سے کہ آپؓ مجھے جواب دیں، جبکہ میں نے آپؓ کو پکارا تھا؟ حضرت ابیؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نماز میں تھا، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا آپ نے اس قرآن میں جو میری طرف وحی کیا گیا ہے یہ بات نہیں پائی کہ تم اللہ اور اس کے رسول کی بات پر لبیک کہو، جب وہ تمہیں پکاریں، کیونکہ وہ تمہیں زندگی بخش چیز کی طرف بلاتے ہیں؟ (سورۂ انفال آیت ۲۴) حضرت ابیؓ نے جواب دیا: کیوں نہیں! یعنی یہ آیت بیشک قرآنِ کریم میں ہے، اور میں نہیں لوٹوں گا اگر اللہ نے چاہا، یعنی ان شاء اللہ آئندہ یہ غلطی نہیں کروں گا، نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم پسند کرتے ہو کہ میں تمہیں ایک ایسی سورت سکھلاؤں جس کے مانند سورت نہ تو تورات میں نازل کی گئی ہے، نہ انجیل میں، نہ زبور میں اور نہ قرآن (کے باقی حصہ) میں؟ حضرت ابی نے کہا: ہاں! اے اللہ کے رسول! یعنی ایسی سورت مجھے ضرور سکھلائیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تم نماز میں کس طرح پڑھتے ہو؟ یعنی قراءت کہاں سے شروع کرتے ہو؟ راوی کہتا ہے: پس حضرت ابیؓ نے سورۂ فاتحہ پڑھی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ”اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے! نہ تو تورات میں، نہ انجیل میں، نہ زبور میں، اور نہ قرآن میں سورۂ فاتحہ کے مانند کوئی سورت اتاری گئی ہے! اور بیشک سورۂ فاتحہ بار بار دہرائے جانے والے قرآن کی سات آیتیں ہیں، اور قرآنِ عظیم (جس کا تذکرہ سورۃ الحجر آیت ۸۷ میں ہے) اللہ کی وہ کتاب ہے جو میں دیا گیا ہوں“

تشریحات:

۱- یہ مسئلہ علماء کے نزدیک طے شدہ ہے کہ اگر نبی ﷺ اپنی حیاتِ مبارکہ میں کسی کو پکاریں، اور وہ نماز پڑھ رہا ہو تو فوراً جواب دینا ضروری ہے، پھر رہی یہ بات کہ جواب دینے سے نماز باقی رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ یہ الگ مسئلہ ہے، اس کی نظیر: وہ حدیث ہے جو پہلے گذر چکی ہے کہ نماز میں سانپ یا بچھو نظر پڑیں تو ان کو مار ڈالو، رہی یہ بات کہ سانپ بچھو مارنے سے نماز رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ یہ الگ بات ہے، جو نماز کی صحت وفساد کے دیگر اصولوں سے طے کی جائے گی۔ اس حدیث کا سبق تو بس اتنا ہے کہ سانپ بچھو کو جانے مت دو، ورنہ وہ ضرر پہنچائیں گے، اسی طرح

ندائے نبوی پر لبیک کہنا واجب ہے، رہی یہ بات کہ جواب دینے سے نماز باقی رہے گی یا ٹوٹ جائے گی؟ یہ بات دوسرے اصولوں سے طے کی جائے گی۔ اوراب اس کو طے کرنے کی ضرورت بھی نہیں ہے۔

۲- اورسورۃ الانفال میں جو حکم ہے اس کو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ جانتے تھے، مگر یہ نہیں سمجھتے تھے کہ اس کا عموم نماز تک ہے، نماز پڑھتے ہوئے بھی نبی ﷺ کی ندا کا جواب دینا چاہئے: یہ بات آج حضرت ابیؓ کے سامنے آئی، چنانچہ انھوں نے کہا: میں آئندہ یہ غلطی نہیں کروں گا۔

۳- یہاں ایک طالب عالمانہ سوال ہے: نبی ﷺ نے پکارا اور حضرت ابیؓ نے جواب دینے میں ذرا دیر کردی تو اس میں کیا حرج ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ کبھی کوئی خاص علم ذہن میں آتا ہے، جو نبی ﷺ امت کو بتلانا چاہتے ہیں، پس اگر امتی فوراً متوجہ ہوجائے گا تو وہ بات اس کو بتادی جائے گی، تاخیر کرنے کی صورت میں کبھی وہ بات ذہن سے نکل جاتی ہے، جیسا کہ روایت میں ہے: نبی ﷺ ایک مرتبہ شب قدر کی تعیین کے لئے گھر سے نکلے، اور مسجد میں دو شخصوں میں جھگڑا ہورہا تھا، آپؐ ان کا جھگڑا نمٹانے میں لگ گئے اور شبِ قدر کا علم اٹھالیا گیا، اسی طرح اس دن نبی ﷺ قرآنِ کریم کی سب سے اہم سورت بتلانا چاہتے تھے، پس اگر حضرت ابیؓ فوراً متوجہ نہ ہوتے تو امت کا نقصان ہوتا، قرآنِ کریم میں جو ﴿لِمَا يُحْيِيكُمْ﴾ ہے اس کا یہی مطلب ہے کہ نبی ﷺ تمہیں حیات بخش باتیں بتانا چاہتے ہیں، پس ان کی پکار پر فوراً لبیک کہو۔

۴- سورۃ الحجر آیت ۸۷ میں ہے: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنٰكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ﴾ اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ ہم نے آپؐ کو بار بار دہرائی جانے والی کتاب کی آیتوں میں سے سات آیتیں اور قرآنِ عظیم عطا فرمایا ہے۔ المَثَانِیْ: مَثْنٰی کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: دودو، اس کا مصدر ثِنْی ہے، جس کے معنی ہیں: دوہرا کرنا، تکرار کرنا، اعادہ کرنا۔ اور یہ مضمون سورۃ الزمر کی تیسویں آیت میں صراحتاً آیا ہے کہ قرآنِ کریم بار بار دہرائی جانے والی کتاب ہے، اور سورۃ الفاتحہ بار بار دوہرائی جانے والی کتاب کی سات آیتیں ہیں، سورۃ الحجر کی آیت میں اس کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کرنا اس کی اہمیت پر دلالت کرتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ ہم نے آپ کو سورۃ الفاتحہ عطا فرمائی ہے، بلکہ فرمایا: سات آیتیں عطا فرمائیں، اس میں دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: سات آیتیں کہہ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ ان کا یاد کرنا کچھ مشکل نہیں، سات ہی تو آیتیں ہیں، پس جن کا حافظہ نہایت کمزور ہے وہ بھی ہمت نہ ہاریں!

دوسری حکمت: نماز میں اس سورت کو سات وقفوں میں پڑھنا چاہئے، نبی ﷺ اسی طرح پڑھتے تھے، حضرت ام سلمۃ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان فرمائی ہے (حضرت ام سلمہؓ کی یہ حدیث آگے آرہی ہے)

اوراس کی وجہ یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ ایک دعا ہے، اوراس کی ہر آیت سائل کی زبان سے نکلی ہوئی ایک صدا ہے، اور اس کے پڑھنے کا قدرتی طریقہ سوال کا انداز ہے، جب کوئی سائل کسی کے آگے کھڑا ہوتا ہے اوراس کی مدح وثنا کرکے مطلب عرض کرتا ہے تو وہ ایسا بالکل نہیں کرتا کہ ایک مقرر کی طرح مسلسل تقریر کرنا شروع کردے، اور ایک ہی سانس میں سب کچھ کہہ ڈالے، بلکہ طلب ونیاز کے لہجہ میں ٹھہر ٹھہر کر ایک ایک بات کہتا ہے، مثلاً کہتا ہے: آپ فیاض ہیں! آپ کریم ہیں! آپ کی سخاوت کی دھوم ہے! اگر آپ سے نہ مانگوں تو کس سے مانگوں! سائل ان میں سے ہر بول ٹھہر ٹھہر کر کہتا ہے، یہ جملے بیشک مطلب کے اعتبار سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، مگر بات ایک جملہ میں پوری نہیں ہوجاتی، اورطرز خطاب کا اداشناس جانتا ہے کہ زور کلام اور حسن تخاطب کے لئے کہاں وقفہ کرنا چاہئے اور کہاں نہیں کرنا چاہئے۔

۵- اورحدیث کے آخری جزءو القرآنُ العظیمُ: الذی أُعْطِیْتُه کے دو مطلب ہیں:

پہلا مطلب: جوزیادہ صحیح ہے: یہ ہے کہ قرآنِ عظیم سے مراد وہ پوری کتاب ہے جس میں سورۂ فاتحہ بھی شامل ہے، اورقرآن کی سات آیتوں (سورۂ فاتحہ) کی تخصیص ان کی اہمیت کی وجہ سے کی گئی ہے۔

دوسرا مطلب: سورۃ الحجر کی آیت میں: ﴿وَالْقُرْآنَ الْعَظِیْمَ﴾ کا عطف ﴿سَبْعًا﴾ پر کیا جائے، اور عطفِ تفسیری لیا جائے، تو قرآن عظیم سے مراد بھی سورۂ فاتحہ ہوگی، مگر باب کی حدیث قرینہ ہے کہ پہلا مطلب صحیح ہے، اور آیتِ کریمہ میں عطف تفسیری نہیں ہے، بلکہ معطوف، معطوف علیہ میں فی الجملہ مغایرت ہے۔

أبوابُ فَضَائِلِ الْقُرْآن

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] بابُ ماجاءَ فِي فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[٢٨٨٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ عَلَى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَا أُبَيُّ!" وَهُوَ يُصَلِّيْ، فَالْتَفَتَ أُبَيٌّ، فَلَمْ يُجِبْهُ، وَصَلّٰى أُبَيٌّ فَخَفَّفَ، ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَعَلَيْكَ السَّلَامُ! مَا مَنَعَكَ يَا أُبَيُّ! أَنْ تُجِيْبَنِيْ إِذْ دَعَوْتُكَ؟" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ فِي الصَّلَاةِ، قَالَ:" أَفَلَمْ تَجِدْ فِيْمَا أَوْحَى اللّٰهُ إِلَيَّ أَنِ اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ إِذَا دَعَاكُمْ لِمَا

يُحْيِيكُمْ؟" قَالَ: بَلَى، وَلاَ أَعُوْدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. قَالَ:" أَتُحِبُّ أَنْ أُعَلِّمَكَ سُوْرَةً لَمْ يُنْزَلْ فِيْ التَّوْرَاةِ، وَلاَ فِيْ الإِنْجِيْلِ، وَلاَ فِيْ الزَّبُوْرِ، وَلاَ فِيْ الْقُرْآنِ، مِثْلُهَا؟" قَالَ: نَعَمْ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" كَيْفَ تَقْرَأُ فِيْ الصَّلاَةِ؟" قَالَ: فَقَرَأَ أُمَّ الْقُرْآنِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! مَا أُنْزِلَتْ فِيْ التَّوْرَاةِ، وَلاَ فِيْ الإِنْجِيْلِ، وَلاَ فِي الزَّبُوْرِ، وَلاَ فِيْ الْفُرْقَانِ مِثْلُهَا، وَإِنَّهَا سَبْعٌ مِنَ الْمَثَانِيْ، وَالْقُرْآنُ الْعَظِيْمُ: الَّذِيْ أُعْطِيْتُهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

بابُ ماجاءَ فِيْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَآيَةِ الْكُرْسِيِّ

سورۃ البقرہ اور آیت الکرسی کی فضیلت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: لَاتَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ مَقَابِرَ: اپنے گھروں کو قبرستان مت بناؤ (یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت سے پہلے حدیث ۴۶۰ کتاب الصلوٰۃ باب ۲۱۶ تحفہ ۲: ۲۹۹ میں گذر چکی ہے) اور علماء نے اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں: ایک: گھروں میں نمازیں پڑھی جائیں، تاکہ گھروں میں برکت ہو، اور گھر والوں کو بھی ترغیب ہو۔ دوم: گھروں میں تدفین نہ کی جائے، تدفین گورغریباں میں کی جائے (اور حدیث کے اگلے ٹکڑے سے پہلے مطلب کی تائید ہوتی ہے)

آگے فرمایا: وَإِنَّ البيتَ الذي تُقْرَأُ الْبَقَرَةُ فِيْهِ: لَايَدْخُلُهُ الشَّيْطَانُ: اور وہ گھر جس میں سورۃ البقرہ پڑھی جائے اس میں یقیناً شیطان داخل نہیں ہوتا (جیسا کہ باب کی چوتھی حدیث میں آرہا ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: لکل شيئٍ سَنَامٌ: ہر چیز کے لئے کوہان ہے، یعنی اس کا ایک حصہ اعلی اور افضل ہوتا ہے، وَإِنَّ سَنَامَ القرآنِ سورةُ البَقَرَةِ: اور قرآن کی کوہان یقیناً سورۃ البقرہ ہے، یعنی سورۃ البقرہ قرآن کی سب سے اعلی اور افضل سورت ہے، وفيها آيةٌ هي سيِّدةُ آيِ القرآن: هي آية الكرسِيِّ: اور سورۃ البقرہ میں ایک آیت ہے جو قرآن کی آیتوں کی سردار ہے، وہ آیت الکرسی ہے (آیۃ کے آخر سے ۃ نکال دی تو جمع بن گئی، اور اس حدیث کی سند میں حکیم بن جبیر ہیں جن پر امام شعبہ رحمہ اللہ نے جرح کی ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے، حالانکہ امام شعبہؒ کی حکیم بن جبیر پر جرح کو محدثین نے قبول نہیں کیا (تحفہ ۲: ۵۶۵ میں یہ بات گذر چکی ہے) اس لئے یہ حدیث کم از کم حسن ضرور ہے)

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص حٰمٓ المؤمن (شروع سے) إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ تک، اور آیت الکرسی پڑھے جب وہ صبح کرے تو وہ ان دونوں کی وجہ سے حفاظت کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ شام کرے۔ اور جو شخص دونوں

کو پڑھے جب وہ شام کرے تو وہ ان کی وجہ سے حفاظت کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ صبح کرے"

تشریح: آیت الکرسی سورۃ البقرہ کی آیت ۲۵۵ ہے، اور سورۃ المؤمن کی شروع کی تین آیتیں یہ ہیں: ﴿حٰمٓ ① تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ② غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ، ذِى الطَّوْلِ، لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ③﴾ حٰمٓ، یہ کتاب اتاری گئی ہے اللہ کی طرف سے جو زبردست، ہر چیز کے جاننے والے ہیں، جو گناہ بخشنے والے، توبہ قبول کرنے والے، سخت سزا دینے والے، قدرت والے ہیں، ان کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، انہی کے پاس سب کو جانا ہے.......... اور قاری کو اختیار ہے کہ یہ آیتیں پہلے پڑھے پھر آیت الکرسی پڑھے یا اس کے برعکس کرے، اور یہ حدیث عبدالرحمٰن مُلیکی کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر فضائل میں ضعیف روایتیں معتبر ہیں۔

[۲-] بابُ ماجاءَ فِیْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَآيَةِ الْكُرْسِيِّ

[۲۸۸۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَاتَجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ مَقَابِرَ، وَإِنَّ الْبَيْتَ الَّذِىْ تُقْرَأُ الْبَقَرَةُ فِيْهِ لَايَدْخُلُهُ الشَّيْطَانُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۸۸۶-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا حُسَيْنُ الجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِى صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لِكُلِّ شَيْئٍ سَنَامٌ، وَإِنَّ سَنَامَ الْقُرْآنِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ، وَفِيْهَا آيَةٌ هِىَ سَيِّدَةُ آىِ الْقُرْآنِ:هِىَ آيَةُ الْكُرْسِيِّ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ شُعْبَةُ، وَضَعَّفَهُ.

[۲۸۸۷-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ الْمُغِيْرَةِ: أَبُوْ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ الْمَدِيْنِىُّ، نا ابْنُ أَبِىْ فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُلَيْكِيِّ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ حٰمٓ الْمُؤْمِنُ - إلى - إِلَيْهِ الْمَصِيْرُ، وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ حِيْنَ يُصْبِحُ حُفِظَ بِهِمَا حَتَّى يُمْسِى، وَمَنْ قَرَأَهُمَا حِيْنَ يُمْسِى، حُفِظَ بِهِمَا حَتَّى يُصْبِحَ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ بَكْرِ بْنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ الْمُلَيْكِيِّ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

حدیث (۴): حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ان کے گھر میں ایک سامان کی الماری تھی، اس میں چھوہارے تھے، پس بھوت آتا تھا، اور وہ اس میں سے لیتا تھا، حضرت ابوایوبؓ نے اس کی نبی ﷺ سے شکایت کی، آپؐ نے فرمایا: "جب تم اس کو دیکھو تو کہنا: اللہ کے نام سے: رسول اللہ ﷺ کے پاس چل" راوی کہتا

ہے: پس حضرت ابوایوبؓ نے اس بھوت کو پکڑا، اس نے قسم کھائی کہ وہ آئندہ نہیں آئے گا، چنانچہ حضرت ابوایوبؓ نے اس کو چھوڑ دیا، پھر حضرت ابوایوبؓ نبی ﷺ کے پاس آئے، آپؐ نے پوچھا: مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ؟ تمہارے قیدی کا کیا رہا؟ حضرت ابوایوبؓ نے کہا: اس نے قسم کھائی ہے کہ وہ پھر نہیں آئے گا، نبی ﷺ نے فرمایا: كَذَبَتْ، وهي مُعَاوِدَةٌ لِلْكَذِبِ: اس نے جھوٹ بولا، اور وہ جھوٹ بولنے کا عادی ہے، راوی کہتا ہے: پھر حضرت ابوایوبؓ نے اس کو پکڑا، اس نے پھر قسم کھائی کہ وہ دوبارہ نہیں آئے گا، چنانچہ اس کو چھوڑ دیا، پھر حضرت ابوایوبؓ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، آپؐ نے پوچھا: مافَعَلَ أَسِيْرُكَ: تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ حضرت ابوایوبؓ نے کہا: اس نے قسم کھائی ہے کہ وہ دوبارہ نہیں آئے گا، آپؐ نے فرمایا: كذبتْ، وهي مُعَاوِدَةٌ لِلْكَذِبِ: اس نے جھوٹ کہا، اور وہ جھوٹ بولنے کا عادی ہے، پس حضرت ابوایوبؓ نے اس کو پکڑا، اور کہا: میں تجھے چھوڑنے کا نہیں، یہاں تک کہ میں تجھے نبی ﷺ کے پاس لے جاؤں، اس بھوت نے کہا: میں آپ کو ایک بات بتاتا ہوں، اور وہ آیت الکرسی ہے، آپ اس کو اپنے گھر میں پڑھیں تو نہ شیطان آپ کے قریب آسکے گا اور نہ غیر شیطان۔ پس حضرت ابوایوبؓ نبی ﷺ کے پاس آئے، آپؐ نے پوچھا: مافَعَلَ أَسِيْرُكَ: تمہارے قیدی کا معاملہ کیا رہا؟ راوی کہتا ہے: پس حضرت ابوایوبؓ نے حضور ﷺ کو وہ بات بتلائی جو اس بھوت نے بتلائی تھی، نبی ﷺ نے فرمایا: صَدَقَتْ، وهي كَذُوْبٌ: اس نے سچ کہا، درانحالیکہ وہ جھوٹا ہے یعنی جھوٹا بھی کبھی سچ بولتا ہے، اس لئے اس نے جو بات کہی ہے وہ صحیح ہے، آیت الکرسی کی یہ خاصیت ہے کہ جس گھر میں اسے پڑھا جائے وہاں شیطان نہیں آتا۔

تشریح: شیطان ایک نہیں ہے، بے شمار ہیں، کیونکہ ہر شریر جن شیطان ہے، اور عزازیل شیطانِ اکبر ہے، اسی کا لقب ابلیس ہے، پس اس حدیث میں شیطان سے عام شریر جن مراد ہے...... السَّهْوَة: کے بہت معانی ہیں، یہاں سامان کی الماری، طاقچہ، مچان مراد ہے...... الغُوْل: جن بھوت جو مختلف شکلوں میں ظاہر ہوتا ہے، اردو میں اس کو چھلاوہ اور غول بیابانی کہتے ہیں۔ عربوں کا نظریہ تھا کہ یہ شیاطین کی ایک قسم ہے جو بیابان میں مختلف شکلوں میں آکر لوگوں کو راستہ سے بھٹکا دیتی ہے، یا ہلاک کر دیتی ہے، اس خیال کی حدیث میں نفی کی گئی ہے۔ اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اس نکتہ پر گفتگو کی ہے کہ کیا یہ بات بے اصل ہے؟ (تفصیل کے لئے دیکھیں رحمۃ اللہ ۵:۵۲۸) اور یہاں الغُول سے شریر شیاطین مراد ہیں جو جنات کی ایک قسم ہیں، اور ان کا وجود یقینی ہے، وہ آتے ہیں اور گھر میں چوری کرتے ہیں، جیب میں سے پیسے نکال لیتے ہیں، ایسے واقعات بہت پیش آتے ہیں، اس کا علاج آیت الکرسی ہے، اس کا گھر میں پڑھنا، جیب میں لکھ کر رکھنا شیاطین کے ضرر سے بچاتا ہے...... المُعَاوِدَة: اسم فاعل واحد مؤنث: عَاوَدَ الشيئَ: کسی چیز کا عادی ہونا...... اور ایسا ہی واقعہ بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا، اور نسائی میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کا، اور طبرانی میں ابواسید انصاری رضی اللہ عنہ کا، اور ابن ابی الدنیا میں زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کا

ہے، یعنی اس قسم کے واقعات متعدد صحابہ کے ساتھ پیش آئے ہیں، اور آج بھی پیش آتے ہیں، مگر آج شیطان نظر نہیں آتا اور سامان چوری ہوجاتا ہے، صحابہ کو وہ نظر آتا تھا، جیسے نبی ﷺ کو ایک مرتبہ نماز میں شیطان نظر آیا تھا، اور اس نے آپؐ کی نماز خراب کرنی چاہی تھی اور آپؐ نے اس کو پکڑ کر باندھ دینے کا ارادہ کیا تھا، پھر سلیمان علیہ السلام کا خیال آیا، تو چھوڑ دیا تھا۔

[۲۸۸۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَخِيْهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيِّ: أَنَّهُ كَانَتْ لَهُ سَهْوَةٌ، فِيْهَا تَمْرٌ، فَكَانَتْ تَجِيْءُ الغُوْلُ، فَتَأْخُذُ مِنْهُ، فَشَكَى ذٰلِكَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" اذْهَبْ، إِذَا رَأَيْتَهَا، فَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ: أَجِيْبِيْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم" قَالَ: فَأَخَذَهَا، فَحَلَفَتْ أَنْ لاَتَعُوْدَ، فَأَرْسَلَهَا، فَجَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:"مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ؟" قَالَ: حَلَفَتْ أَنْ لاَتَعُوْدَ قَالَ: "كَذَبَتْ! وَهِيَ مُعَاوِدَةٌ لِلْكَذِبِ" قَالَ: فَأَخَذَهَا، فَحَلَفَتْ أَنْ لاَتُعُوْدَ، فَأَرْسَلَهَا، فَجَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ؟" قَالَ: حَلَفَتْ أَنْ لاَتَعُوْدَ، فَقَالَ:" كَذَبَتْ، وَهِيَ مُعَاوِدَةٌ لِلْكَذِبِ" فَأَخَذَهَا، فَقَالَ: مَا أَنَا بِتَارِكِكِ، حَتَّى أَذْهَبَ بِكِ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: إِنِّيْ ذَاكِرَةٌ لَكَ شَيْئًا: آيَةَ الْكُرْسِيِّ، اقْرَأْهَا فِيْ بَيْتِكَ، فَلاَ يَقْرُبُكَ شَيْطَانٌ، وَلاَ غَيْرُهُ، فَجَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" مَافَعَلَ أَسِيْرُكَ؟" قَالَ: فَأَخْبَرَهُ بِمَا قَالَتْ، قَالَ: "صَدَقَتْ، وَهِيَ كَذُوْبٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

حدیث (۵): حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک وفد بھیجا، اور وہ متعدد حضرات پر مشتمل تھا، نبی ﷺ نے ان سے قرآنِ کریم پڑھوایا، ان میں سے ہر ایک نے پڑھا، یعنی جو کچھ جس کو یاد تھا وہ اس نے پڑھا، پس نبی ﷺ (پڑھواتے پڑھواتے) ان میں سے ایک بالکل ہی نوعمر شخص پر آئے، اور فرمایا: مَامَعَكَ يافلانُ؟ آپ کو کتنا قرآن یاد ہے؟ اس نے کہا: مجھے یہ اور یہ یاد ہے، اور سورۃ البقرۃ یاد ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: اذْهَبْ فَأَنْتَ أَمِيْرُهُمْ: جا تو اس وفد کا امیر ہے یعنی ان صاحب کو سورۃ البقرۃ یاد ہونے کی وجہ سے امارت مل گئی، یہی اس سورت کی فضیلت ہے۔

پھر وفد کے معزز لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: بخدا! نہیں روکا مجھے سورۃ البقرہ سیکھنے سے مگر اس اندیشہ نے کہ میں اس سورت کا حق ادا نہیں کرسکوں گا، یعنی نماز میں اس کی تلاوت کر کے اس کو یاد نہیں رکھ سکوں گا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: تَعَلَّمُوْا القرآنَ، وَاقْرَأُوْهُ: قرآن سیکھو اور اس کو پڑھو۔ فَإِن مَثَلَ الْقرآن لِمَنْ تعَلَّمَهُ، فَقرَأَه، وَقَامَ بِهِ،

كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا، يَفُوحُ ريحه فى كلِّ مكانٍ: پس بیشک قرآن کی مثال اس شخص کے لئے جو قرآن سیکھے، پس اس کو پڑھے اوراس پر عمل کرے: اس تھیلے جیسی ہے جو مشک سے بھرا ہوا ہو، جس کی خوشبو ہر چہار جانب پھیل رہی ہو، وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهُ، فَيَرْقُدُ، وهو فى جَوْفِهِ، كَمَثَلِ جرابٍ أُوْكِىَ على مِسْكٍ: اوراس شخص کی مثال جس نے قرآن سیکھا پس سو گیا درانحالیکہ وہ قرآن اس کے پیٹ میں ہے: اس کی مثال اس تھیلے جیسی ہے جس میں مشک بھر کر باندھ دیا گیا ہو، یعنی اس کی خوشبو باہر نہ نکل رہی ہو، اگر چہ اس کے اندر مشک بھری ہوئی ہو۔

حدیث (۶): اور باب میں مسلم شریف میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا: اے ابوالمنذر! جانتے ہو تمہارے پاس قرآن کی سب سے بڑی آیت کونسی ہے؟ انھوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی سوال ان سے دوبارہ کیا، حضرت ابیؓ نے جواب دیا: ﴿اللّٰهُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ یعنی قرآن کی سب سے بڑی آیت مرتبہ کے اعتبار سے آیت الکرسی ہے، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا: لِيَهْنِكَ العلمُ يا أَبا المنذر! اے ابوالمنذر! تمہیں علم مبارک ہو! (مشکوۃ حدیث ۲۱۲۲) یعنی تمہارے ذہن میں صحیح جواب آ گیا، یہ علم تمہیں مبارک ہو۔

[۲۸۸۹-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْخَلاَّلُ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، نا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى أَبِيْ أَحْمَدَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: بَعَثَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْثًا، وَهُمْ ذُوْ عَدَدٍ، فَاسْتَقْرَأَهُمْ، فَاسْتَقْرَأَ كُلَّ رَجُلٍ مِنْهُمْ، يَعْنِيْ مَا مَعَهُ مِنَ الْقُرآنِ، فَأَتَى عَلَى رَجُلٍ مِنْ أَحْدَثِهِمْ سِنًّا، فَقَالَ: "مَا مَعَكَ يَا فُلاَنُ؟" فَقَالَ: مَعِيْ كَذَا وَكَذَا، وَسُوْرَةُ الْبَقَرَةِ، فَقَالَ: "أَمَعَكَ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ؟" قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: "اذْهَبْ فَأَنْتَ أَمِيْرُهُمْ"

فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ أَشْرَافِهِمْ: وَاللّٰهِ مَا مَنَعَنِيْ أَنْ أَتَعَلَّمَ الْبَقَرَةَ، إِلاَّ خَشْيَةَ أَنْ لاَأَقُوْمَ بِهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تَعَلَّمُوْا الْقُرْآنَ، وَاقْرَأُوْهُ، فَإِنَّ مَثَلَ الْقُرْآنِ لِمَنْ تَعَلَّمَهُ، فَقَرَأَهُ، وَقَامَ بِهِ، كَمَثَلِ جِرَابٍ مَحْشُوٍّ مِسْكًا، يَفُوْحُ رِيْحُهُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ، وَمَثَلُ مَنْ تَعَلَّمَهُ، فَيَرْقُدُ، وَهُوَ فِيْ جَوْفِهِ، كَمَثَلِ جِرَابٍ أُوْكِيَ عَلَى مِسْكٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى أَبِيْ أَحْمَدَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً نَحْوَهُ، حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ مَوْلَى أَبِيْ أَحْمَدَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وفى الباب: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ.

بابُ مَاجاءَ فی آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

سورۃ البقرۃ کی آخری دوآیتوں کی فضیلت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ الآیَتَیْنِ مِنْ آخِرِ سورةِ البَقَرَةِ فِیْ لَیْلَةٍ: کَفَتَاهُ: جس نے کسی رات میں سورۃ البقرۃ کی آخری دوآیتیں پڑھیں تو وہ اس کے لئے کافی ہیں۔

تشریح: سورۃ البقرۃ کی آخری دوآیتیں یہ ہیں:

﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَیْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، کُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلاَئِکَتِهِ وَکُتُبِهِ وَرُسُلِهِ، لاَنُفَرِّقُ بَیْنَ أَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهِ، وَقَالُوْا: سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا، غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَیْكَ الْمَصِیْرُ۞ لاَیُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَهَا، لَهَا مَاکَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَااکْتَسَبَتْ، رَبَّنَا لاَتُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِیْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا، رَبَّنَا وَلاَتَحْمِلْ عَلَیْنَا إِصْرًا کَمَا حَمَلْتَهُ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا، رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَالاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ، وَاعْفُ عَنَّا، وَاغْفِرْلَنَا، وَارْحَمْنَا، أَنْتَ مَوْلٰنَا، فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ﴾

ترجمہ: رسول اس چیز پر اعتقاد رکھتے ہیں جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے، اور مؤمنین بھی، سب کے سب ایمان لائے اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے رسولوں پر، (وہ کہتے ہیں:) ہم اس کے پیغمبروں میں سے کسی میں تفریق نہیں کرتے، یعنی کسی نبی کو مانیں، اور کسی کو نہ مانیں: ہم ایسا نہیں کرتے، بلکہ تمام انبیاء پر ایمان رکھتے ہیں، اور سب نے یوں کہا: ہم نے (اللہ کا ارشاد) سنا اور خوشی سے مانا، الٰہی! ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں، اور آپ ہی کی طرف ہم سب کو لوٹنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کو مکلّف نہیں بناتے مگر اسی کا جو اس کے اختیار میں ہے، اس کو ثواب بھی اسی کا ملے گا جو وہ اپنے ارادہ سے کرے، اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوگا جو وہ اپنے ارادہ سے کرے (وہ دعا کرتے ہیں) اے ہمارے رب! ہماری دارو گیر نہ فرما، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں! اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجیں جیسے ہم سے پہلے والے لوگوں پر آپ نے بھیجے ہیں، اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی ایسا بار نہ ڈالیں جس کو ہم سہار نہ سکیں، اور ہم سے درگذر فرما، ہمیں بخش دے، اور ہم پر رحم فرما، آپ ہمارے کارساز ہیں، پس آپ ہم کو کافروں پر غالب فرمادیں (اور حدیث میں ہے کہ یہ سب دعائیں قبول ہوئیں)

اور کَفَتَاہ: وہ دونوں آیتیں اس کے لئے کافی ہوجائیں گی: اس کے تین مطلب بیان کئے گئے ہیں:

پہلا مطلب: اگر وہ اس رات میں تہجد اور تہجد میں قرآنِ کریم نہیں پڑھے گا تو بھی اس کو تہجد کا (اصلی) ثواب مل جائے گا، اس مطلب کی تائید حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث سے ہوتی ہے، فرمایا: مَنْ قَرَأَ خاتِمَةَ سورةِ البَقَرَةِ حتی یَخْتُمَها فی لَیْلَةٍ: أَجْزَأَتْ عنه قیامَ تلك اللیلةِ: (رواہ الدیلمی، کنز العمال حدیث ۲۵۷۴) یعنی جس

نے کسی رات میں سورۃ البقرۃ کی آخری آیتیں پڑھیں، یہاں تک کہ ان کو ختم کیا تو وہ آیتیں اس کی طرف سے اس رات کے نوافل سے کافی ہوجائیں گی۔

دوسرا مطلب: وہ شخص اس رات میں شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا، شیاطین الانس اور شیاطین الجن اس کو ضرر نہیں پہنچا سکیں گے، اور اس مطلب کی تائید حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کی آئندہ حدیث سے ہوتی ہے۔

تیسرا مطلب: حدیث عام ہے، یہ آیتیں ہر برائی اور ہر خطرہ سے بچالیتی ہیں، اور علم معانی کے قواعد کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ حدیث کو عام رکھا جائے، کیونکہ قاعدہ مسلمہ ہے کہ متعلق کا حذف تعمیم پر دلالت کرتا ہے (لِیَذْهَبَ الذهنُ كُلَّ مَذْهَبٍ) پس پہلی دو صورتیں بھی اس مطلب میں شامل ہوجائیں گی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے سے دو ہزار سال پہلے ایک نوشتہ لکھا، اس میں سے دو آیتیں اتاریں، جن کے ذریعہ سورۃ البقرۃ کو پورا کیا، نہیں پڑھی جاتیں وہ آیتیں کسی گھر میں تین راتیں، پھر نزدیک آجائے اس گھر سے کوئی شیطان! (چہ جائے کہ وہ اس گھر میں داخل ہوجائے)

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے یہ مضمون تفصیل سے بیان کیا ہے کہ تقدیر الٰہی پانچ مختلف مراحل میں ظاہر ہوئی ہے: پہلی مرتبہ: اللہ کے علم ازلی میں تمام چیزوں کے اندازے ٹھہرائے گئے ہیں، دوسری مرتبہ: تخلیق ارض وسماء سے پچاس ہزار سال پہلے عرش کی قوت خیالیہ میں سب چیزیں موجود ہوئی ہیں، تیسری مرتبہ: تخلیق آدم کے بعد جب عہد الست لیا گیا اس وقت تقدیر کا تحقق ہوا ہے، چوتھی مرتبہ: شکم مادر میں جب روح پڑنے کا وقت آتا ہے تو تقدیر کا ایک گونہ تحقق ہوتا ہے، اور پانچویں مرتبہ: دنیا میں واقعہ رونما ہونے سے کچھ پہلے تقدیر پائی جاتی ہے (رحمۃ اللہ ۱:۶۶۹)

پس اس حدیث میں تخلیقِ ارض وسماء سے دو ہزار سال پہلے جس نوشتہ کا ذکر ہے وہ بھی مراحل تقدیر میں سے کوئی مرحلہ ہے، جس کا حضرت شاہ صاحبؒ نے ذکر نہیں کیا، اس لئے کہ حضرتؒ نے بڑے اور کلی مراحل ذکر کئے ہیں، چھوٹے اور جزوی مراحل ذکر نہیں کئے، اور یہ ایسا ہی کوئی چھوٹا ظہور تقدیر کا مرحلہ ہے۔

ملحوظہ: اس حدیث کی سند میں دو راویوں کی نسبت الجَرْمی آئی ہے، یہ قبیلۂ جرم بن ریّان کی طرف نسبت ہے، اور اشعث کی نسبت تو صحیح ہے، مگر ابوالاشعث کی نسبت میں امام ترمذیؒ سے تسامح ہوا ہے، ابوالاشعث کا نام شراحیل بن آدہ ہے، اور ان کی نسبت صنعانی ہے، اور یہ وطنی نسبت ہے اور پہلے (حدیث ۱۳۹۴ ابواب الدیات باب ۱۴ میں) یہی الصنعانی نسبت آئی ہے، پس یہی صحیح نسبت ہے۔

[۳-] بابُ مَاجاءَ فِی آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

[۲۸۹۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ

بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” مَنْ قَرَأَ الآيَتَيْنِ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِيْ لَيْلَةٍ: كَفَتَاهُ “ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۸۹۱-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الجَرْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ أَبِيْ الْأَشْعَثِ الجَرْمِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ” إِنَّ اللّٰهَ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِأَلْفَى عَامٍ، أَنْزَلَ مِنْهُ آيَتَيْنِ، خَتَمَ بِهِمَا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، وَلَا يُقْرَآنِ فِيْ دَارٍ ثَلَاثَ لَيَالٍ فَيَقْرَبُهَا شَيْطَانٌ “ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ في سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ

سورۂ آل عمران کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: (قیامت کے دن) قرآنِ کریم آئے گا، اور اس کے وہ پڑھنے والے (بھی) آئیں گے جو دنیا میں اس پر عمل کرتے تھے، اس (قرآن یا قرآن پڑھنے والوں) کے آگے سورۃ البقرۃ اور سورۂ آل عمران ہونگی، حدیث کے راوی حضرت نوّاس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ نے ان دونوں سورتوں کے لئے تین مثالیں یعنی پیکرِ محسوس بیان فرمائے جن کو میں اب تک نہیں بھولا، فرمایا: یأتیانِ کَأَنَّهُمَا غَيَايَتَان، وَبَيْنَهُمَا شَرْقٌ: وہ دونوں سورتیں آئیں گی گویا وہ دونوں دو سائبان ہیں، اور ان دونوں کے درمیان روشنی ہوگی (جو ان دونوں کو ایک دوسرے سے جدا کرے گی) أَوْ كَأَنَّهُمَا غمامتان سَوْدَاوَان: یا گویا وہ دونوں دو سیاہ بادل ہونگے، أو كَأَنَّهُمَا ظُلَّةٌ مِنْ طَيْرٍ صَوَافَّ: یا گویا وہ دونوں قطار میں اڑنے والے پرندوں کا سائبان ہونگے، تُجَادِلَانِ عن صاحبهما: وہ جھگڑیں گی اپنے پڑھنے والوں کی طرف سے۔

تشریح: ابھی أبواب فضائل القرآن کی تمہید میں یہ بات گذری ہے اور یہ بات شاہ ولی اللہ صاحب رحمہ اللہ نے بیان کی ہے کہ اس جھگڑے کی حقیقت یہ ہے کہ قاری کی نجات وعذاب کے اسباب میں تعارض سامنے آئے گا، اس کے گناہ اس کی بربادی کو چاہیں گے، اور زہراوَین کی تلاوت نجات کو، اور بالآخر سببِ نجات یعنی تلاوت زہراوین کو دیگر اسباب ہلاکت پر ترجیح حاصل ہوگی، اور وہ بندہ ناجی ہوگا ...... اور تَقْدُمه کی ضمیر کا مرجع قرآن بھی ہوسکتا ہے اور اہل قرآن بھی ...... اور الغَيَايَة کے معنی ہیں: سائبان، جیسے بادل وغیرہ ...... اور شَرْقٌ کے معنی ہیں: ضَوْءٌ ونورٌ۔ اور بعض نے کشادگی کے معنی بھی کئے ہیں، یعنی دونوں سورتیں علحدہ علحدہ ہونگی ...... اور أو دونوں جگہ تنویع کے لئے ہے، شک راوی کے لئے نہیں ہے ...... اور الغَمَامَةُ : أي السَّحَابَة: بادل ...... سَوْدَاوَانِ: دونوں بادل سیاہ ہونگے، یعنی گھنے

ہونے کی وجہ سے کالے نظر آئیں گے...... ظُلَّة: سائبان...... صَوَافُّ: صَافَّة کی جمع ہے، بروزن دَوَابُّ، اور یہ غیر منصرف ہے، اور اس کے معنی ہیں: اڑنے کی حالت میں پرندوں کا پر کھولے ہوئے ہونا۔

رہی یہ بات کہ قرآن کے اور زہراوین کے قیامت کے دن آنے کا کیا مطلب ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے پڑھنے کا ثواب قیامت کے دن آئے گا، بعض اہل علم نے اس حدیث کی اور اس سے ملتی جلتی حدیثوں کی یہی شرح کی ہے کہ قیامت کے دن قرآن پڑھنے کا ثواب آئے گا، کیونکہ پڑھنا ایک معنوی چیز ہے، اس کے آنے کی کوئی صورت نہیں، اور اسی حدیث میں اس تفسیر کا قرینہ موجود ہے، فرمایا: وأهلُه الذين يَعْمَلُوْن به في الدنيا: اور اس کے وہ پڑھنے والے بھی آئیں گے جو دنیا میں اس پر عمل کرتے تھے، ظاہر ہے پڑھنے والے الگ ہیں اور یہ آنے والے الگ ہیں، اس لئے لامحالہ ان کے عمل کا ثواب مراد لیا جائے گا۔

مگر اشکال پھر بھی باقی رہتا ہے، اگر قرآن اور زہراوین معنوی چیزیں ہیں تو ثواب بھی معنوی چیز ہے، وہ کیسے آئے گا؟ اس لئے صحیح بات وہ ہے جو حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے حجۃ اللہ البالغہ میں فرمائی ہے کہ یہ عالم مثال کے احوال ہیں، اس عالم میں تمام معنویات متمثل ہونگی، ان کو وہاں پیکر محسوس ملے گا۔ حضرت شاہ صاحبؒ نے باب عالم المثال میں اپنے اس دعوی پر بے شمار دلیلیں پیش کی ہیں، ان کو دیکھنا چاہئے۔

ایک دوسری حدیث کی تفصیل: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ماخَلَقَ اللّٰهُ مِنْ سَمَاءٍ وَلَا أَرْضٍ: أَعْظَمَ مِنْ آيَةِ الكرسِيِّ: اللہ تعالیٰ نے آیت الکرسی سے بڑی کوئی مخلوق پیدا نہیں کی، نہ آسمان نہ زمین، سفیان بن عیینہ نے اس حدیث کی تفسیر یہ کی ہے کہ آیت الکرسی اللہ کا کلام ہے، اور اللہ کا کلام اللہ کی صفت ہے، پس وہ ہر مخلوق سے بڑی ہے، آسمان سے بھی اور زمین سے بھی (مگر اس تفسیر پر اشکال یہ ہے کہ یہ بات آیت الکرسی کے ساتھ خاص نہیں، سارے ہی قرآن کا یہ حال ہے، پھر حدیث میں آیت الکرسی کے تعلق سے یہ بات کیوں فرمائی گئی؟ اس لئے یہاں بھی حضرت شاہ صاحبؒ کی توجیہ ہی چلے گی کہ آیت الکرسی کو عالم مثال میں جو پیکر محسوس ملے گا وہ آسمان وزمین سے بڑا ہوگا)

[٤-] بابُ ماجاءَ في سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ

[٢٨٩٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا هِشَامُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ: أَبُوْ عَبْدِ الْمَلِكِ العَطَّارُ، نا مُحمدُ بْنُ شُعَيْبٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ نَوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "يَأْتِي الْقُرْآنُ، وَأَهْلُهُ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ بِهِ فِي الدُّنْيَا، تَقْدُمُهُ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ" قَالَ نَوَّاسٌ: وَضَرَبَ لَهُمَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

ثَلاثَةَ أَمْثَالٍ، مَا نَسِيْتُهُنَّ بَعْدُ، قَالَ:" يَأْتِيَانِ كَأَنَّهُمَا غَيَايَتَانِ، وَبَيْنَهُمَا شَرْقٌ، أَوْ كَأَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ سَوْدَاوَانِ، أَوْ كَأَنَّهُمَا ظُلَّةٌ مِنْ طَيْرٍ صَوَّافَّ: تُجَادِلَانِ عَنْ صَاحِبِهِمَا "

وفي الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَأَبِي أُمَامَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُ يَجِيْءُ ثَوَابُ قِرَاءَ تِهِ، كَذَا فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الحديثِ، وَمَا يُشْبِهُ هٰذَا مِنَ الْأَحَادِيْثِ: أَنَّهُ يَجِيْءُ ثَوَابُ قِرَاءَ ةِ الْقُرْآنِ.

وفي حَدِيْثِ نَوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مَايَدُلُّ عَلَى مَافَسَّرُوْا، إِذْ قَالَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم:" وَأَهْلُهُ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ بِهِ فِيْ الدُّنْيَا" فَفِي هٰذَا دَلَالَةٌ: أَنَّهُ يَجِيْءُ ثَوَابُ العَمَلِ.

[۲۸۹۳-] وَأَخْبَرَنِي مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلُ، نَا الحُمَيْدِيُّ، قَالَ: قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ فِيْ تَفْسِيْرِ حديثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ:" مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ سَمَاءٍ وَلاَ أَرْضٍ: أَعْظَمَ مِنْ آيَةِ الْكُرْسِيِّ " قَالَ سُفْيَانُ: لِأَنَّ آيَةَ الْكُرْسِيِّ هُوَ كَلَامُ اللّٰهِ، وَكَلَامُ اللّٰهِ أَعْظَمُ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ: مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ.

بابُ ماجاءَ فِيْ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

سورۃ الکہف کی فضیلت

حدیث(۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثنا کہ ایک شخص سورۃ الکہف پڑھ رہا تھا (یہ واقعہ حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کا ہے) اچانک اس نے دیکھا: اس کا گھوڑا بدک رہا ہے، پس اس نے (نماز ہی میں) دیکھا، پس اچانک بادل کی طرح یا سائبان کی طرح کوئی چیز ہے، پس وہ صحابی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور آپؐ سے ماجرا بیان کیا، آپؐ نے فرمایا: تلك السكينةُ، نَزَلَتْ مع القرآن، أو: نَزَلَتْ على القرآن: وہ سکینت تھی جو قرآن کے ساتھ اتری تھی، یا فرمایا: قرآن پڑھنے کی وجہ سے اتری تھی۔

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ ثلاثَ آياتٍ مِنْ أَوَّلِ الكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ: جو شخص سورۂ کہف کی ابتدائی تین آیتیں پڑھے گا وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھا جائے گا۔

تشریح: اس حدیث میں تین آیتیں پڑھنے کا تذکرہ ہے، اور اسی روایت میں مسلم شریف میں دس آیتیں پڑھنے کا تذکرہ ہے، اور ایسی صورت میں زائد عدد لیا جاتا ہے...... دوسری بات قابل توجہ یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت قتادہ سے امام شعبہ روایت کرتے ہیں، اس میں سورۃ الکہف کی شروع کی تین آیتوں کا تذکرہ ہے، اور مسلم شریف میں اسی سند سے سورۂ کہف کی آخری آیتوں کا تذکرہ ہے۔ اسی طرح قتادہ کے دوسرے تلامذہ کی روایتوں میں بھی اختلاف ہے،

پس جمع کرنے کی صورت یہ ہے کہ اول وآخر دونوں کو مراد لیا جائے، اور اس سورت کا پہلا اور آخری رکوع ہر شخص یاد کرے، اور روزانہ نماز میں ایک بار اس کو پڑھے، اور نماز میں موقع نہ ملے تو سوتے وقت یا کسی دوسرے وقت ایک بار پڑھے، ان شاء اللہ وہ دجال کے فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

[٥-] بابُ ماجاءَ فِيْ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

[٢٨٩٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْكَهْفِ، إِذْ رَأَى دَابَّتَهُ تَرْكُضُ، فَنَظَرَ، فَإِذَا مِثْلُ الغَمَامَةِ أَوْ: السَّحَابَةِ، فَأَتَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "تِلْكَ السَّكِيْنَةُ، نَزَلَتْ مَعَ الْقُرْآنِ، أَوْ: نَزَلَتْ عَلَى الْقُرْآنِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ.

[٢٨٩٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ الكَهْفِ عُصِمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ"

قَالَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ: نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي يٰسٓ

یٰسٓ شریف کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْبًا: بیشک ہر چیز کے لئے دل ہے، وَقَلْبُ القرآن يٰسٓ: اور قرآن کا دل یٰسٓ شریف ہے، ومَنْ قَرَأَ يٰسٓ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِقِرَاءَتِهَا قِرَاءَةَ الْقرآنِ عَشْرَ مَرَّاتٍ: اور جو شخص یٰسٓ شریف پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس کو پڑھنے کی وجہ سے دس مرتبہ قرآن پڑھنے کا ثواب لکھیں گے۔

تشریح: یٰسٓ شریف کو قرآن کا دل تین وجوہ سے کہا گیا ہے:

پہلی وجہ: دل سے اشارہ درمیان کی طرف ہوتا ہے، اور یٰسٓ مثانی میں سے ہے جو مئین اور سَبعِ طُوَل سے چھوٹی اور مفصّلات سے بڑی ہے، اس طرح وہ قرآن کا درمیان اور دل ہے (قرآن پاک کی سورتیں آیات کی تعداد وغیرہ کے اعتبار سے چار حصوں میں منقسم ہیں: (۱) طُوَل: لمبی سورتیں (۲) مِئِین: جس میں سو یا کچھ زیادہ یا کچھ کم آیتیں ہیں

(۳)مَثَانی: جن میں سو سے کافی کم آیتیں ہیں (۴) مفصّلات: جن میں بہت کم آیتیں ہیں، اور یٰسٓ شریف میں تراسی آیتیں ہیں اوراس کا شمار مثانی میں ہے)

دوسری وجہ: دل سے اشارہ جسم کے اہم جز کی طرف ہوتا ہے، اور اس سورت میں شہرانطاکیہ کے ایک بزرگ حبیب نجار کی جو تقریر آئی ہے: اس میں توکل، تفویض اور توحید کی تعلیم ہے، یہ مضامین آیات (۲۲-۲۵) میں ہیں، ان اہم مضامین کی وجہ سے اس کو قرآن کا دل کہا ہے۔

تیسری وجہ: دل پر حیات کا مدار ہے، وہی مایۂ زندگانی ہے، اور اس سورت میں تدبر و تفکر کی جملہ انواع موجود ہیں، اس لئے اس کو قرآن کا قلب کہا گیا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۷۹)

سند کا حال: امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسنٌ غریبٌ کہا ہے، یعنی حمید سے آخر تک حدیث کی ایک سند ہے، اور فرماتے ہیں: بصرہ والے قتادہ کی اس حدیث کو اسی سند سے جانتے تھے، اور اس کا راوی ہارون جس کی کنیت ابومحمد تھی مجہول راوی ہے، اس لئے یہ حدیث صرف حسن ہے۔

اور یٰسٓ شریف کی فضیلت میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے بھی ایک حدیث مروی ہے جس کی تخریج حکیم ترمذی نے اپنی کتاب نوادر الأصول میں کی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی سند صحیح نہیں، اور باب میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے وہ بزار نے روایت کی ہے...... اور وفی الباب کا اعادہ طولِ فصل کی وجہ سے کیا ہے۔

[٦-] بابُ ماجاءَ فِي يٰسٓ

[٢٨٩٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، وَسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، قَالَا: نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ هَارُوْنَ أَبِيْ مُحمدٍ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِكُلِّ شَيْئٍ قَلْبًا، وَقَلْبُ الْقُرْآنِ يٰسٓ، وَمَنْ قَرَأَ يٰسٓ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِقِرَاءَ تِهَا قِرَآءَ ةَ الْقُرْآنِ عَشْرَ مَرَّاتٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَبِالْبَصْرَةِ لَايَعْرِفُوْنَ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَهَارُوْنُ أَبُوْ مُحمدٍ: شَيْخٌ مَجْهُوْلٌ.

حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، نَا قُتَيْبَةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بِهٰذَا، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَلَا يَصِحُّ حَدِيْثُ أَبِيْ بَكْرٍ مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ، وَإِسْنَادُهُ ضَعِيْفٌ. وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

بابُ ماجاءَ فِي حمٓ الدُّخَان

سورۂ دخان کی فضیلت

سورۃ الدخان قرآن کریم کی چوالیسویں سورت ہے، اور پچیسویں پارہ میں ہے، اس میں کل تین رکوع ہیں۔

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص کسی بھی رات سورہ حمٓ الدخان پڑھتا ہے تو صبح تک اس کے لئے ستر ہزار فرشتے استغفار کرتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی عمر بن ابی خثعم نہایت ضعیف راوی ہے، امام بخاریؒ نے اس کو منکر الحدیث قرار دیا ہے۔

حدیث(۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ حمٓ الدُّخَانَ فی لَيْلَةِ الجُمُعَةِ: غُفِرَ له: جو شخص جمعہ کی رات میں سورۃ الدخان پڑھے گا اس کی بخشش کردی جائے گی۔

تشریح: یہ حدیث بھی ضعیف ہے، اس کا راوی ہشام ابوالمقدام ضعیف راوی ہے، نیز حسن بصری کا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع بھی نہیں، یہ بات ایوب سختیانی، یونس اور علی بن زید نے بیان کی ہے کہ حسن بصری رحمہ اللہ کا حضرت ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں۔

[۷-] بابُ ماجاءَ فِي حمٓ الدُّخَانُ

[۲۸۹۷-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ خَثْعَمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ حمٓ الدُّخَانَ فِيْ لَيْلَةٍ: أَصْبَحَ يَسْتَغْفِرُ لَهُ سَبْعُوْنَ أَلْفَ مَلَكٍ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعُمَرُ بْنِ أَبِيْ خَثْعَمٍ يُضَعَّفُ، قَالَ مُحمدٌ: هُوَ مُنْكَرُ الحَدِيْثِ.

[۲۸۹۸-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ هِشَامٍ أَبِيْ الْمِقْدَامِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ حمٓ الدُّخَانَ فِيْ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ: غُفِرَ لَهُ "

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَهِشَامٌ أَبُوْ الْمِقْدَامِ: يُضَعَّفُ، وَلَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ أَبِيْ هريرةَ، هٰكَذَا قَالَ أَيُّوْبُ، وَيُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَعَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ.

بابُ ماجاءَ فِی سُوْرَةِ المُلْكِ

سورۃ الملک کی فضیلت

سورۃ الملک انتیسویں پارے کی پہلی سورت ہے، اس کی فضیلت میں درج ذیل حدیثیں آئی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی ﷺ کے صحابہ میں سے کسی نے اپنا خیمہ ایک قبر پر گاڑا، وہ گمان نہیں کرتے تھے کہ وہ قبر ہے، پس اچانک وہ کسی انسان کی قبر تھی، جو سورۃ الملک پڑھ رہا تھا، یہاں تک کہ اس نے سورت پوری کی (ان صحابی نے یہ سورت خواب میں یا بیداری میں سنی) پس وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنا خیمہ ایک قبر پر گاڑا، اور میں گمان نہیں کرتا تھا کہ وہ قبر ہے، پس اچانک اس میں ایک انسان سورۃ الملک پڑھ رہا تھا، یہاں تک کہ اس نے اس سورت کو ختم کیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: هی المَانِعَةُ! هی الْمُنْجِيَةُ! تُنْجِيْهِ من عذاب القبر: سورۃ الملک (عذابِ قبر کو) روکنے والی ہے! وہ نجات دینے والی ہے! اپنے قاری کو عذابِ قبر سے نجات دیتی ہے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی یحییٰ ضعیف ہے، اور اس کا باپ معمولی راوی ہے، وہ حدیثوں میں غلطیاں کرتا تھا، اور باب میں جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے وہ آگے آرہی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ سُوْرَةً مِن القرآن: ثلاثون آيةً، شَفَعَتْ لرجلٍ حتی غُفِرَ له، وهی: تبارك الذی بیده الملك: قرآنِ کریم میں ایک سورت ہے جس کی تیس آیتیں ہیں، اس نے ایک آدمی کی سفارش کی، یہاں تک کہ وہ بخش دیا گیا، اور وہ سورۃ الملک ہے۔

تشریح: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس سرہ نے لکھا ہے کہ یہ کسی امتی کا واقعہ ہے جس کو نبی ﷺ نے اپنے مکاشفہ میں دیکھا ہے، اور یہ امتی کوئی ایسے صحابی بھی ہوسکتے ہیں جن کی آپؐ کے سامنے وفات ہوگئی ہو، نیز بعد میں موجود ہونے والے امتی بھی ہوسکتے ہیں، کیونکہ کشف میں آئندہ پیش آنے والے واقعات بھی نظر آتے ہیں، اور سورۂ سجدہ میں بھی تیس آیتیں ہیں، مگر وہ مراد نہیں (رحمۃ اللہ ۴: ۳۸۰)

[۸-] بابُ ماجاءَ فِی سُوْرَةِ المُلْكِ

[۲۸۹۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِی الشَّوَارِبِ، نَا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِی الْجَوْزَاءِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ ضَرَبَ بَعْضُ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم خِبَآءَهُ عَلَى قَبْرٍ، وَهُوَ لَايَحْسَبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا قَبْرُ إِنْسَانٍ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ، حَتَّى خَتَمَهَا، فَأَتَى النبیَّ

صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! ضَرَبْتُ خِبَائِيْ عَلَى قَبْرٍ، وَأَنَا لاَ أَحْسَبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيْهِ إِنْسَانٌ، يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْمُلْكِ، حَتَّى خَتَمَهَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" هِيَ الْمَانِعَةُ! هِيَ الْمَنْجِيَةُ: تُنْجِيْهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

[۲۹۰۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبَّاسٍ الْجُشَمِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ سُوْرَةً مِنَ الْقُرْآنِ: ثَلاَثُوْنَ آيَةً، شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتَّى غُفِرَ لَهُ، وَهِيَ: تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ جب تک الٓم، تنزیلُ السجدة اور سورة الملک نہیں پڑھ لیتے تھے سوتے نہیں تھے۔

تشریح: سورۂ الٓم تنزیلُ الکتٰب: قرآنِ کریم کی تیسویں سورت ہے، جو اکیسویں پارے میں ہے، جس کو جمعہ کے دن فجر کی نماز میں پڑھا جاتا ہے، اور یہ حدیث آگے ابواب الدعوات میں بھی آئے گی۔

سند کا بیان: یہ حدیث مشہور بزرگ فُضیل بن عیاض رحمہ اللہ: لیث بن ابی سُلیم سے روایت کرتے ہیں، اور لیث سے یہ حدیث اور بھی متعدد روات اسی طرح روایت کرتے ہیں، اور مغیرة بن مسلم: لیث کے متابع ہیں، وہ بھی ابوالزبیر سے اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے اسی طرح روایت کرتے ہیں......... مگر زُہیر کے خیال میں ابوالزبیر نے یہ حدیث حضرت جابرؓ سے نہیں سنی، انھوں نے خود ابوالزبیر سے پوچھا تھا کہ آپ نے حضرت جابرؓ سے سنا ہے کہ وہ یہ حدیث ذکر کرتے ہوں؟ ابوالزبیر نے جواب دیا: مجھے یہ حدیث صفوان نے یا کہا: ابن صفوان نے بتائی ہے، گویا زہیر نے اس کا انکار کیا کہ یہ حدیث ابوالزبیر: حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، ان کے نزدیک بیچ میں صفوان کا واسطہ ہے اور صفوان اور ابن صفوان ایک ہیں، ان کا پورا نام: صفوان بن عبد الله بن صفوان بن أميّه قرشی ہے پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے ابوالاحوص کی سند پیش کی ہے، وہ بھی لیث سے اسی طرح روایت کرتے ہیں، پس وہ فضیل کے متابع ہیں۔

حدیث (۴): حضرت طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ دو سورتیں یعنی الٓم السجدة اور سورة الملک قرآن کی ہر سورت سے ستر نیکیوں کے ساتھ برتر ہیں، اور سنن دارمی میں ساٹھ نیکیوں کا ذکر ہے۔

تشریح: یہ ان دونوں سورتوں کا انعامی ثواب ہے، اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ سورة البقرہ سے افضل ہوں کیونکہ سورة البقرة کا انعامی ثواب بے حد ہے۔ علاوہ ازیں: یہ ایک تابعی کا قول ہے، حدیث مرفوع نہیں۔

[۲۹۰۱-] حدثنا هُرَيْمُ بْنُ مِسْعَرٍ، نَا الفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لاَيَنَامُ حَتَّى يَقْرَأَ الٓم تَنْزِيْلُ، وَتبارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ"

هٰذَا حديثٌ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِيْ سُلَيْمٍ مِثْلَ هٰذَا، وَرَوَاهُ مُغِيْرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَرَوَى زُهَيْرٌ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الزُّبَيْرِ: سَمِعْتَ مِنْ جَابِرٍ يَذْكُرُ هٰذَا الحديثَ؟ فَقَالَ أَبُوْ الزُّبَيْرِ: إِنَّمَا أَخْبَرَنِيْهِ صَفْوَانُ، أَوْ: ابْنُ صَفْوَانَ، وَكَأَنَّ زُهَيْرًا أَنْكَرَ أَنْ يَكُوْنَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ.

حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْالْأَحْوَصِ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[٢٩٠٢-] حدثنا هُرَيْمُ بْنُ مِسْعَرٍ، نَا الفُضَيْلُ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، قَالَ: تَفْضُلَانِ عَلَى كُلِّ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ بِسَبْعِيْنَ حَسَنَةً.

بابُ ماجاءَ فِي إِذَا زُلْزِلَتْ

سورۃ الزلزال کی فضیلت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ إِذَا زلزلت: عُدِلَتْ له بِنِصْفِ القرآن: جس نے سورۃ الزلزال پڑھی: وہ اس کے لئے آدھے قرآن کے برابر گردانی جائے گی۔ وَمَنْ قَرَأَ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ: عُدِلَتْ لَهُ بِرُبْعِ القرآن: اور جس نے سورۃ الکافرون پڑھی: وہ اس کے لئے چوتھائی قرآن کے برابر گردانی جائے گی، وَمَنْ قَرَأَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ: عُدِلَتْ له بِثُلُثِ القُرْآن: اور جس نے قل هو الله أحد پڑھی: وہ اس کے لئے تہائی قرآن کے برابر گردانی جائے گی۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، حسن بن سَلْم مجہول راوی ہے، امام ترمذیؒ نے اس کے لئے لفظ شیخ استعمال کیا ہے جو ادنی درجہ کی تعدیل ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے اپنے صحابہ میں سے ایک سے پوچھا: اے فلاں! کیا تو نے نکاح کرلیا؟ اس نے جواب دیا: نہیں، بخدا! اے اللہ کے رسول! اور میرے پاس وہ سامان بھی نہیں کہ میں نکاح کروں، نبی ﷺ نے پوچھا: کیا تجھے قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ یاد نہیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''تہائی قرآن!'' پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تجھے سورۃ النصر یاد نہیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''چوتھائی قرآن!'' پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تجھے سورۃ الکافرون یاد نہیں؟ اس نے کہا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''چوتھائی قرآن!'' پھر آپؐ نے پوچھا: کیا تجھے سورۃ الزلزال یاد نہیں؟ اس نے جواب دیا: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: ''چوتھائی قرآن!'' پھر آپؐ نے فرمایا: تَزَوَّجْ! تَزَوَّجْ! نکاح کر، نکاح کر، کیونکہ تجھے قرآنِ کریم کا کافی حصہ یاد ہے۔

تشریح: اس قسم کی روایات جن میں بعض سورتوں کو قرآن کریم کے کسی حصہ کے برابر گردانا گیا ہے: علماء کرام نے ایسی حدیثوں کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

پہلا مطلب: یہ قرآنِ کریم کے مضامین کی مختلف اعتبارات سے تقسیم ہے، جیسے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: نَزَلَ القرآنُ علی خَمْسَةٍ أَوْجُهٍ: حلالٍ، وحرامٍ، وَمُحْكَمٍ، ومُتَشَابِهٍ، وأَمْثَالٍ: قرآنِ کریم پانچ طرح کے مضامین پر مشتمل ہے، حلال، حرام، محکم، متشابہ اور امثلہ، پس حلال کو حلال جانو، اور حرام کو حرام جانو، اور محکم پر عمل کرو، اور متشابہ پر ایمان لاؤ، اور امثال کے ذریعہ عبرت حاصل کرو (مشکوۃ، کتاب الایمان، باب الاعتصام حدیث ۱۸۲، درمنثور ۲: ۶)

اسی طرح مختلف اعتبارات سے قرآنِ کریم کے مضامین کی تقسیم کی گئی ہے، مثلاً: علوم قرآن تین ہیں: توحید، احکام، اور تہذیب اخلاق۔ اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ میں توحید کا بیان ہے، پس وہ تہائی قرآن ہوا۔

اور قرآنِ کریم دو قسم کے احوال پر مشتمل ہے: دنیوی اور اخروی، اور سورۃ الزلزال میں آخرت کا بیان ہے، اس لئے وہ نصف قرآن ہوئی۔

اور قرآنِ کریم میں توحید فی العبادۃ اور توحید فی العقیدۃ کا بیان ہے، نیز دنیوی اور اخروی احکام ہیں، اور سورۃ الکافرون میں توحید فی العبادت کا مضمون ہے، اس لئے وہ چوتھائی قرآن ہوئی۔

اسی طرح سورۃ النصر کو چوتھائی قرآن کہا ہے، اور ایک روایت میں سورۃ الزلزال کو چوتھائی قرآن کہا ہے، ان کی تخریج بھی اسی طرح کرلی جائے۔

سوال: پہلی حدیث میں سورۃ الزلزال کو نصف قرآن کہا گیا ہے، اور دوسری حدیث میں چوتھائی قرآن۔ یہ دونوں باتیں کیسے جمع ہونگی؟

جواب: ان کی تخریج مختلف ہے، جیسے ایک حدیث میں ہے کہ جماعت سے نماز پڑھنے کا ثواب پچیس گنا ہے، اور دوسری حدیث میں ہے کہ ستائیس گنا ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ میں دونوں کی مختلف تخریجیں کی ہیں، یعنی ایک اعتبار سے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے میں پچیس فائدے ہیں اور دوسرے اعتبار سے ستائیس۔ پس جس زاویہ سے دیکھا جائے گا اس کا اعتبار ہوگا (دیکھیں: رحمۃ اللہ ۳: ۵۷۵)

اسی طرح سورۃ الزلزال کے نصف قرآن ہونے کی تخریج تو گذر چکی، اور چوتھائی قرآن ہونے کی تخریج یہ ہے کہ قرآنِ کریم چار قسم کے مضامین پر مشتمل ہے: عقائد، احکام، تہذیبِ اخلاق اور مسائل معاد (آخرت سے تعلق رکھنے والی باتیں) اور سورۃ الزلزال چوتھی قسم کے مسائل پر مشتمل ہے اس لئے وہ چوتھائی قرآن ہے۔

دوسرا مطلب: یہ روایتیں ان سورتوں کے انعامی ثواب کا بیان ہیں، مثلاً سورۃ الاخلاص پر جو انعامی ثواب ملتا ہے وہ تہائی قرآن کے اصلی ثواب کے برابر ہے، اس کی تفصیل پہلے کئی بار گذر چکی ہے (تحفہ ۱: ۵۴۷ و ۳: ۵۴۳)

فائدہ: یہ دوسرا مطلب مشہور ہے اور پہلا مطلب اصح ہے، کیونکہ دوسرا مطلب لینے کی صورت میں سورۃ الزلزال

کا سورۃ الاخلاص سے افضل ہونا لازم آئے گا کیونکہ سورۃ الزلزال کونصف قرآن کہا گیا ہے، اور سورۃ الاخلاص کوتہائی قرآن، اور اس افضلیت کا کوئی قائل نہیں، اس لئے پہلا مطلب اصح ہے، واللہ اعلم!

[۹-] بابُ ماجاءَ فِي إِذَا زُلْزِلَتْ

[۲۹۰۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مُوْسَى الجُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا الحَسَنُ بْنُ سَلْمِ بْنِ صَالِحِ العِجْلِيُّ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ: إِذَا زُلْزِلَتْ: عُدِلَتْ لَهُ بِنِصْفِ الْقُرْآنِ، وَمَنْ قَرَأَ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ: عُدِلَتْ لَهُ بِرُبْعِ الْقُرْآنِ، وَمَنْ قَرَأَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ: عُدِلَتْ لَهُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ: الحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ، وَفِى الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

[۲۹۰۴-] حدثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ العَمِّيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنِى ابْنُ أَبِى فُدَيْكٍ، أَخْبَرَنِى سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِرَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ: "هَلْ تَزَوَّجْتَ يَا فُلَانُ؟" قَالَ: لَا، وَاللّٰهِ! يَارسولَ اللّٰهِ! وَلَا عِنْدِى مَا أَتَزَوَّجُ! قَالَ:" أَلَيْسَ مَعَكَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ؟" قَالَ: بَلَى، قَالَ: "ثُلُثُ الْقُرْآن" قَالَ:" أَلَيْسَ مَعَكَ: إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ؟" قَالَ: بَلَى قَالَ:" رُبْعُ الْقُرْآنِ" قَالَ:" أَلَيْسَ مَعَكَ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ؟" قَالَ: بَلَى، قَالَ:" رُبْعُ الْقُرْآنِ" قَالَ:" أَلَيْسَ مَعَكَ: إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ؟" قَالَ: بَلَى، قَالَ:" رُبْعُ الْقُرْآنِ" قَالَ:" تَزَوَّجْ! تَزَوَّجْ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماجاءَ فى سُوْرَةِ الإِخْلَاصِ، وَفِىْ سُوْرَةِ إِذَا زُلْزِلَتْ

سورۃ الاخلاص اور سورۃ الزلزال کی فضیلت

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سورۃ الزلزال آدھے قرآن کے برابر ہے، اور سورۃ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے، اور سورۃ الکافرون چوتھائی قرآن کے برابر ہے (یہ حدیث ضعیف ہے، یمان بن المغیرہ ضعیف راوی ہے، اس راوی کی روایتیں صرف ترمذی میں ہیں)

[۱۰-] بابُ ماجاءَ فى سُوْرَةِ الإِخْلَاصِ، وَفِىْ سُوْرَةِ إِذَا زُلْزِلَتْ

[۲۹۰۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا يَمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ العَنَزِيُّ، نَا عَطَاءٌ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا زُلْزِلَتْ: تَعْدِلُ نِصْفَ الْقُرْآنِ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ

أَحَدٌ: تَعْدِلُ ثَلُثَ الْقُرْآنِ، وَقُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ: تَعْدِلُ رُبُعَ الْقُرْآنِ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَمَانِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ.

بابُ ماجاءَ فِي سورةِ الإِخْلَاصِ

سورۃ الاخلاص کی فضیلت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے ایک شخص عاجز ہے اس سے کہ ہر رات میں تہائی قرآن پڑھے؟ جس نے اللہ الواحد الصمد یعنی سورۃ الاخلاص پڑھی اس نے تہائی قرآن پڑھا۔

سند کا حال: یہ حدیث زائدہ: منصور سے روایت کرتے ہیں، اور ان کے متابع اسرائیل اور فضیل بن عیاض ہیں، اور امام شعبہ وغیرہ ثقہ رواۃ بھی یہ حدیث منصور سے روایت کرتے ہیں مگر ان کی سندوں میں اختلاف ہے۔

[۱۱-] بابُ ماجاءَ فِي سورةِ الإِخْلَاصِ

[۲۹۰۶-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا زَائِدَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ رَبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ امْرَأَةِ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ فِيْ لَيْلَةٍ ثُلُثَ الْقُرْآنِ؟ مَنْ قَرَأَ: اللّٰهُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ: فَقَدْ قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَقَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَأَنَسٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَأَبِيْ مَسْعُوْدٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَلَانَعْرِفُ أَحَدًا رَوَى هٰذَا الحديثَ أَحْسَنَ مِنْ رِوَايَةِ زَائِدَةَ، وَتَابَعَهُ عَلَى رِوَايَتِهِ إِسْرَائِيْلُ، وَالْفُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الثِّقَاتِ هٰذَا الحديثَ عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَاضْطَرَبُوْا فِيْهِ.

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ آرہا تھا، آپؐ نے ایک شخص کو قُلْ ھُوَ اللّٰہ پڑھتے ہوئے سنا، آپؐ نے فرمایا: وَجَبَتْ: ثابت ہوگئی، حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا: کیا چیز ثابت ہوگئی؟ آپؐ نے فرمایا: ''جنت ثابت ہوگئی''

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے روزانہ دوسو مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھی اس کے پچاس سال کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے، مگر یہ کہ اس کے ذمہ قرض (حق العبد) ہو''

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص اپنے بستر پر سونے کا ارادہ کرے، پس وہ اپنی داہنی کروٹ پر لیٹے، پھر قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَد سو مرتبہ پڑھے، تو جب قیامت کا دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائیں گے: اے میرے بندے! اپنی دائیں جانب سے جنت میں داخل ہوجا'' (دایاں متبرک ہے، اور چونکہ وہ دائیں پہلو پر لیٹتا تھا اس لئے اس کو اشرف جانب سے جنت میں جانے کا حکم ملے گا)

[۲۹۰۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ ابنِ حُنَيْنٍ: مَوْلًى لآلِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، أَوْ: مَوْلَى زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، قَالَ: أَقْبَلْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَسَمِعَ رَجُلاً يَقْرَأُ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''وَجَبَتْ'' قُلْتُ: مَاوَجَبَتْ؟ قَالَ: ''الجَنَّةُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، وَابْنُ حُنَيْنٍ: هُوَ عُبَيْدُ بْنُ حُنَيْنٍ.

[۲۹۰۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ، نَا حَاتِمُ بْنُ مَيْمُوْنٍ: أَبُوْ سَهْلٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''مَنْ قَرَأَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَتَيْ مَرَّةً: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ: مُحِيَ عَنْهُ ذُنُوْبُ خَمْسِيْنَ سَنَةً، إِلَّا أَنْ يَكُوْنَ عَلَيْهِ دَيْنٌ''

[۲۹۰۹-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنَامَ عَلَى فِرَاشِهِ، فَنَامَ عَلَى يَمِيْنِهِ، ثُمَّ قَرَأَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ: مِائَةَ مَرَّةٍ، فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ، يَقُوْلُ لَهُ الرَّبُّ تبارَكَ وَتَعَالٰى: يَاعَبْدِيْ! ادْخُلْ عَلَى يَمِيْنِكَ الْجَنَّةَ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ أَيْضًا عَنْ ثَابِتٍ.

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: اکٹھے ہوجاؤ، میں تمہیں تہائی قرآن سناؤں، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس جو لوگ جمع ہوسکتے تھے جمع ہوگئے، پھر نبی ﷺ گھر میں سے نکلے، اور آپؐ نے قل هو الله أحد پڑھی، پھر آپؐ گھر میں تشریف لے گئے، پس ہمارے بعض نے بعض سے کہا: بیشک میں گمان کرتا ہوں اس (گھر میں جانے) کو کوئی خبر، جو آپؐ کے پاس آسمان سے آئی ہے، پس وہی چیز آپؐ کو گھر میں لے گئی ہے (یعنی صحابہ یہ سمجھے کہ اچانک کوئی عارض پیش آگیا، جس کی وجہ سے آپؐ تہائی قرآن پڑھے بغیر گھر میں تشریف لے گئے، مثلاً: کوئی وحی آنی ہوگی جس کو سننے کے لئے آپؐ اندر تشریف لے گئے ہونگے) پھر نبی ﷺ باہر تشریف لائے تو فرمایا: ''میں نے آپ حضرات

سے کہا تھا کہ میں آپ لوگوں کے سامنے تہائی قرآن پڑھوں گا (سو وہ میں نے آپ لوگوں کو پڑھ کر سنادیا) سنو! اور بیشک سورۃ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔

تشریح: حَشَدَ القومُ (ض) حُشُوْدًا: لوگوں کا اکٹھا ہونا...... یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۸۱۲) میں بھی ہے، اور ترمذی کے نسخہ میں عبارت گڑبڑ ہوگئی ہے، میں نے عبارت کی تصحیح مسلم شریف سے کی ہے، ترمذی میں عبارت اس طرح تھی: فقال بعضنا لبعض: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: فإنی سأقرأ علیکم ثلث القرآن، إنّی لأُری هذا خبرٌ: جاء ہ من السماء: یہ عبارت صحیح نہیں، صحیح عبارت وہ ہے جو متن میں لکھی گئی ہے...... اور خبَرٌ: هو محذوف کی خبر ہے، اور جامع الاصول میں خبراً ہے وہ بھی تصحیف ہے۔

حدیث (۶): نبی ﷺ نے فرمایا: قل هو اللّٰهُ أحَدٌ: تَعْدِلُ ثُلُثَ القرآن: سورۃ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔

[۲۹۱۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا یَحْییَ بْنُ سَعِیْدٍ، نَا یَزِیْدُ بْنُ کَیْسَانَ، ثَنِیْ أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "احْشُدُوْا، فَإِنِّیْ سَأَقْرَأُ عَلَیْکُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ!" قَالَ: فَحَشَدَ مَنْ حَشَدَ، ثُمَّ خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَرَأَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، ثُمَّ دَخَلَ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: إِنِّیْ لَأُرَی هٰذَا: خَبَرٌ جاءَ ہُ مِنَ السَّمَاءِ، فَذَاكَ الَّذِی أَدْخَلَهُ، ثُمَّ خَرَجَ نَبِیُّ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: "إِنِّیْ قُلْتُ لَکُمْ: سَأَقْرَأُ عَلَیْکُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ، أَلَا وَإِنَّهَا تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ حَازِمٍ الْأَشْجَعِیُّ: اسْمُهُ سَلْمَانُ.

[۲۹۱۱-] حدثنا العَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِیُّ، نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، نَاسُلَیْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، ثَنِیْ سُهَیْلُ بْنُ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ: تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدیث (۷): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قبا کی مسجد میں ایک انصاری صحابی لوگوں کی امامت کیا کرتے تھے، وہ جب بھی کوئی سورت شروع کرتے، جس کو وہ لوگوں کے لئے نماز میں پڑھتے، ان سورتوں میں سے جس کو وہ پڑھتے، تو قل هو الله أحد سے پڑھنا شروع کرتے، یہاں تک کہ فارغ ہوتے، پھر وہ اس کے ساتھ کوئی اور سورت ملاتے، اور وہ ایسا ہر رکعت میں کرتے تھے، پس ان کے ساتھیوں نے ان سے گفتگو کی، اور کہا: آپ یہ سورت پڑھتے ہیں، پھر آپ اس کو کافی نہیں سمجھتے، چنانچہ آپ دوسری سورت بھی پڑھتے ہیں، پس یا تو آپ اسی کو پڑھیں، یا

آپ اس کو رہنے دیں، اور کوئی اور سورت پڑھیں، انھوں نے جواب دیا: میں اس سورت کو چھوڑنے والا نہیں، اگر آپ لوگ پسند کریں کہ میں اس سورت کے ساتھ آپ لوگوں کی امامت کروں تو میں ایسا کرسکتا ہوں، اور اگر آپ اس بات کو ناپسند کریں تو میں آپ حضرات کو چھوڑ دوں گا، یعنی امامت چھوڑ دوں گا، اور وہ لوگ ان صحابی کو اپنے سے افضل سمجھتے تھے، اور وہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ ان کے علاوہ کوئی اور ان کی امامت کرے، چنانچہ جب وہ حضرات نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپؐ کو یہ واقعہ بتلایا، آپؐ نے پوچھا: اے فلاں! کیا چیز روکتی ہے تجھ کو اُس سے جس کا تیرے ساتھی تجھ کو حکم دیتے ہیں؟ اور کیا چیز ابھارتی ہے تجھ کو اس بات پر کہ تو ہر رکعت میں اس سورت کو پڑھے؟ انھوں نے جواب دیا: اے اللہ کے رسول! مجھے اس سورت سے محبت ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس کی محبت تجھے جنت میں لے جائے گی''

تشریح: یہ حدیث بخاری شریف میں بھی تعلیقاً یعنی بغیر سند کے ہے، اور صحیحین میں صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایسا ہی ایک واقعہ دوسرے صحابی کا بھی مروی ہے، جو لشکر کے امیر بنا کر بھیجے گئے تھے، وہ نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پہلے کوئی سورت پڑھتے پھر آخر میں قل هو الله أحد پڑھتے، پس نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: ایسا کیوں کرتے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: اس سورت میں اللہ کی صفات کا بیان ہے، اس لئے مجھے اس کا پڑھنا پسند ہے، پس آپؐ نے ان کو خوشخبری سنائی کہ اللہ بھی ان سے محبت کرتے ہیں۔ یہ دونوں واقعے علحدہ علحدہ ہیں۔

حدیث (۸): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے اس سورت سے یعنی قل هو الله أحد سے محبت ہے، آپؐ نے فرمایا: إِنَّ حُبَّكَ إِيَّاهَا يُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ: تجھے اس سورت سے جو محبت ہے وہ تجھے جنت میں لے جائے گی۔

[۲۹۱۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، ثَنِيْ عَبْدُ الْعَزِيْزُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يَؤُمُّهُمْ فِيْ مَسْجِدِ قُبَاءٍ، فَكَانَ كُلَّمَا افْتَتَحَ سُوْرَةً، يَقْرَأُ بِهَا لَهُمْ فِيْ الصَّلَاةِ، مِمَّا يَقْرَأُ بِهِ: افْتَتَحَ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهَا، ثُمَّ يَقْرَأُ سُوْرَةً أُخْرَى مَعَهَا، وَكَانَ يَصْنَعُ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ، فَكَلَّمَهُ أَصْحَابُهُ، فَقَالُوْا: إِنَّكَ تَقْرَأُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ، ثُمَّ لَاتَرَى أَنَّهَا تُجزئُكَ، حَتَّى تَقْرَأَ بِسُوْرَةٍ أُخرَى، فَإِمَّا أَنْ تَقْرَأَ بِهَا، وَإِمَّا أَنْ تَدَعَهَا، وَتَقْرَأَ بِسُوْرَةٍ أُخْرَى، قَالَ: مَا أَنَا بِتَارِكِهَا، إِنْ أَحْبَبْتُمْ أَنْ أَؤُمَّكُمْ بِهَا فَعَلْتُ، وَإِنْ كَرِهْتُمْ تَرَكْتُكُمْ، وَكَانُوْا يَرَوْنَهُ أَفْضَلَهُمْ، وَكَرِهُوْا أَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ، فَلَمَّا أَتَاهُمُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَخْبَرُوْهُ الخبرَ، فَقَالَ: " يَافُلَانُ! مَا يَمْنَعُكَ مِمَّا يَأْمُرُ بِهِ أَصْحَابُكَ؟ وَمَا يَحْمِلُكَ أَنْ تَقْرَأَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ؟" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أُحِبُّهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ

حُبَّهَا أَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ثَابِتٍ البُنَانِيِّ.

[۲۹۱۳-] وَقَدْ رَوَى مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَن ثَابِتٍ البُنَانِيِّ عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّىْ أُحِبُّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، قَالَ:" إِنَّ حُبَّكَ إِيَّاهَا يُدْخِلُكَ الْجَنَّةَ " حدثنا بِذٰلِكَ أَبُوْدَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الأَشْعَثِ، نَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، نَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ بِهٰذَا.

وضاحت: ساتویں حدیث میں یہ جملہ: فكان كلما افتتح سورةً، يقرأ بها لهم فى الصلاة، مما يقرأ به: افتتح بقل هو الله أحد: یہ جملہ ہمارے نسخہ میں اور طرح سے ہے، میں نے اس کی تصحیح جامع الاصول (۲۳۶:۶، حدیث ۳۴۶۸) سے کی ہے...... اور آخری حدیث کے بعد حدثنا بذلك إلخ مصری نسخہ سے بڑھایا ہے۔

بابُ ماجاءَ فى الْمُعَوِّذَتَيْنِ

پناہ میں رکھنے والی دوسورتوں کی فضیلت

المُعَوِّذة: (اسم فاعل) پناہ میں رکھنے والی، مراد: سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مجھ پر چند آیتیں اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائی ہیں، جن کے مانند نہیں دیکھی گئیں، وہ آیتیں سورۃ الناس اور سورۃ الفلق ہیں۔

حدیث (۲): حضرت عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے حکم دیا کہ میں ہر نماز کے بعد مُعَوِّذتین پڑھا کروں، (اگر کوئی ان کا ورد رکھے تو ان شاء اللہ سحر اور آسیب سے محفوظ رہے گا، اور یہی فائدہ اس صورت میں بھی حاصل ہوگا، جب ان سورتوں کو پڑھ کر سوتے وقت اپنے جسم پر دم کرے)

[۱۲-] بابُ ماجاءَ فى الْمُعَوِّذَتَيْنِ

[۲۹۱۴-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِىْ خَالِدٍ، أَخْبَرَنِىْ قَيْسُ بْنُ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الجُهَنِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ آيَاتٍ، لَمْ يُرَمِثْلُهُنَّ: قُلْ: أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، إِلٰى آخِرِ السُّوْرَةِ، وَقُلْ: أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، إِلٰى آخِرِ السُّوْرَةِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۹۱۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: أَمَرَنِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ أَقْرَأَ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ فِىْ دُبُرِ كُلِّ صَلاَةٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِي فَضْلِ قَارِئِ الْقُرْآنِ

قرآنِ کریم کی تلاوت کرنے والے کی فضیلت

تجربہ کی بات ہے اگر کوئی شخص میری کتاب کا مطالعہ کرتا ہے تو مجھے اس سے محبت ہوجاتی ہے، اور قرآنِ کریم اللہ کی کتاب ہے، پس جو شخص قرآنِ کریم کی تلاوت کرے گا، یا کسی اور طرح سے اس سے مزاولت رکھے گا: اللہ تعالیٰ کو اس بندے سے محبت ہوجائے گی، آگے یہ حدیث قدسی آرہی ہے ''جس کو قرآنِ پاک میرے ذکر سے اور مجھ سے مانگنے سے مشغول رکھے، میں اس کو مانگنے والوں کو جو دیتا ہوں اس سے بہتر دیتا ہوں، اور اللہ کے کلام کی برتری دوسرے کلاموں پر ایسی ہے جیسی اللہ کی برتری اللہ کی مخلوق پر''

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: الذی يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وهو مَاهِرٌ به، مع السَّفَرَةِ الكِرامِ البَرَرَةِ: جو شخص قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس کا ماہر (حافظ یا حافظ جیسا ناظرہ خواں) ہے تو وہ نیک ومکرم نامۂ اعمال لکھنے والوں کے ساتھ ہوگا، والذی يَقْرَأُ وهو عليه شاقٌّ: فَلَهُ أَجْرَانِ: اور جو قرآن پڑھتا ہے درانحالیکہ وہ اس پر دشوار ہے یعنی اٹک اٹک کر پڑھتا ہے تو اس کے لئے دو ثواب ہیں۔

لغات: السَّفَرَة: السَّافِرُ کی جمع ہے، جیسے الكَتَبَة: الكاتب کی جمع ہے، اور السَّافِر کے معنی ہیں: کاتب، لکھنے والا، نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں میں سے ایک ...... الكِرَام: الكريم کی جمع ہے: معزز ومکرم ...... البَرَرَة: البارُّ کی جمع ہے: نیک صالح، فرمانبردار ...... یہ تین صفتیں نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کی ہیں، جو سورۂ عَبَس (آیت ۱۵ و۱۶) میں آئی ہیں ...... اور یہ حدیث متفق علیہ ہے ...... اور ہشام کی سند میں وهو شديدٌ عليه ہے، اور شعبہ کی سند میں وهو عليه شاقٌّ ہے اور مطلب دونوں کا ایک ہے۔

تشریح: ماہر قرآن کو جو اصلی اور فضلی ثواب ملتا ہے وہ عام ناظرہ خواں کے دو ثوابوں سے بڑھا ہوا ہوتا ہے، اس لئے اس حدیث سے دوم کی اول پر فضیلت ثابت نہیں ہوتی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ القرآنَ فَاسْتَظْهَرَه: جس نے قرآنِ کریم پڑھا پس اس کو حفظ کیا، فَأَحَلَّ حلالَهُ، وَحَرَّمَ حَرَامَهُ: پس اس نے قرآن کے حلال کو حلال کیا، اور اس کے حرام کو حرام کیا، یعنی قرآنی احکامات پر اثباتاً ونفیاً عمل کیا، أَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِ الجنة: تو اللہ تعالیٰ اس کو اس عمل کی وجہ سے جنت میں داخل کریں گے۔ وَشَفَّعَهُ فِيْ عَشْرَةٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ، كُلُّهم قَدْ وَجَبَتْ له النارُ: اور اللہ تعالیٰ اس کی سفارش قبول فرمائیں گے، اس کی فیملی کے ایسے دس افراد کے حق میں جن کے لئے دوزخ ثابت ہوچکی ہے۔

لغت: اِسْتَظْهَرَ الشيئَ: حفظ کرنا، بغیر دیکھے زبانی پڑھنا ...... شَفَّعَ فلاناً في كذا: کسی معاملہ میں کسی کی سفارش

قبول کرنا، مُشَفَّعٌ (اسم مفعول) مقبول الشفاعة: جس کی سفارش مانی گئی ہو۔

تشریحات:

۱- خوارج وغیرہ گمراہ فرقے کہتے ہیں: آخرت میں شفاعت صرف بلندئ درجات کے لئے ہوگی، جہنم سے رستگاری کے لئے نہیں ہوگی، کیونکہ ان کے نزدیک مرتکبِ کبیرہ کافر ہے، وہ ہمیشہ جہنم میں رہنے والا ہے...... اس حدیث سے ان کی تردید ہوتی ہے، اس حدیث سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ حافظ قرآن جس کا قرآن پر عمل بھی ہو، اس کی سفارش اس کے گھرانے کے ایسے دس شخصوں کے حق میں قبول کی جائے گی جن کے لئے دوزخ ثابت ہو چکی ہوگی۔

۲- لوگ حافظ کے فضائل میں حدیثیں ادھوری بیان کرتے ہیں۔ حافظ کی فضیلت دو باتوں پر مبنی ہے۔ ایک: وہ قرآنِ کریم کو اچھی طرح حفظ کرلے۔ دوم: وہ قرآنی احکامات پر عمل کرے، تبھی اس کے لئے حدیث میں مذکور فضیلت ہے۔

اسی طرح ابوداؤد شریف کی ایک حدیث بھی مقررین امت کے سامنے ناتمام لاتے ہیں، نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَرَأَ القرآنَ، وَعَمِلَ به: أُلْبِسَ والداه تاجاً يومَ القيامةِ، ضَوْءُه أَحْسَنُ مِنْ ضَوْءِ الشمسِ فِي بيوتِ الدنيا، لو كانت فيكم، فما ظَنُّكم بالذى عَمِلَ بهٰذا: جس نے قرآنِ کریم پڑھا، یعنی حفظ کیا، اور اس پر عمل کیا تو اس کے والدین کو قیامت کے دن ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے زیادہ اچھی ہوگی، اگر وہ سورج تمہارے گھروں میں ہو، یعنی اگر سورج کسی کے گھر میں آجائے تو گھر کتنا روشن ہوگا؟ اس سے بھی زیادہ وہ تاج روشن ہوگا، پس تمہارا کیا خیال ہے اس حافظ کے بارے میں جس نے قرآنِ کریم پر عمل کیا ہے!

اس حدیث کو مقررین حفظِ قرآن کے جلسوں میں بیان کرتے ہیں، اور عَمِلَ بِه کی قید چھوڑ دیتے ہیں، حالانکہ والدین کے لئے یہ فضیلت اسی صورت میں ہے جب وہ بچے کو قرآن حفظ کرائیں، اور اس کو اتنی تعلیم دیں کہ وہ قرآن کو سمجھنے لگے اور اس کی ایسی تربیت کریں کہ وہ قرآنی احکام پر عمل کرنے لگے تب اس کے والدین کو قیامت کے دن تاج ملے گا، رہا وہ حافظ جس نے زندگی بھر قرآنی احکام پر عمل کیا: اس کو کیا اجر ملے گا؟ اس کا کون اندازہ کرسکتا ہے؟!

غرض اس حدیث کو بھی صحیح طریقہ پر پیش کرنے کی ضرورت ہے، اولاد کو صرف حافظ بنانے پر حدیث میں مذکور فضیلت حاصل نہیں ہوگی، بلکہ حدیث میں مذکور قیود کا لحاظ رکھنا بھی ضروری ہے۔

۳- یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی: حفص بن سلیمان ابوعُمر الاسدی البزّاز الکوفی متروک ہے، اور اس کا استاذ کثیر بن زاذان مجہول ہے، اس لئے امام ترمذی رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ اس حدیث کی سند صحیح نہیں۔ اور بزاز کے معنی ہیں: پارچہ فروش۔

۴- یہ حفص: امام حفص ہیں، جو فن قراءت کے امام ہیں، جن کی قراءت ہم پڑھتے ہیں، آپ امام عاصم کے شاگرد ہیں۔ امام عاصم تو فن حدیث میں صدوق ہیں، مگر حفص متروک ہیں، اور ایسے بہت رواۃ ہیں، جو دوسرے فنون میں

امام ہیں، اور روایتِ حدیث میں ضعیف قرار دیئے گئے ہیں، جیسے محمد بن اسحاق (امام المغازی) واقدی (امام المغازی) قاضی ابن لہیعہ، قاضی شریک نخعی، قاضی ابن ابی لیلیٰ (صغیر) وغیرہ۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لکل فن رجال، آدمی کا جو اصل فن ہوتا ہے اس کی طرف توجہ زیادہ رہتی ہے، دوسری باتوں کا وہ بقدرِ ضرورت اہتمام نہیں کرتا، اس لئے وہ ان میں کچارہ جاتا ہے...... اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا معاملہ ان سے مختلف ہے، ان کو حدیث میں کمزور حسد کی بنا پر قرار دیا گیا ہے، چنانچہ آج تک ان کی کسی روایت میں وہم کی نشاندہی کسی نے نہیں کی، ان کی مسند موجود ہے، مگر کوئی اس کی کسی روایت پر انگلی نہیں رکھ سکتا، پھر جن لوگوں نے ان کو ضعیف قرار دیا ہے وہ سب دور مابعد کے ہیں۔ ان کے کسی معاصر محدث نے اس قسم کی کوئی نکتہ چینی نہیں کی، مگر حسد کا برا ہو، وہ عجیب گل کھلاتا ہے۔

[١٣-] بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ قَارِئِ الْقُرْآنِ

[٢٩١٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا شُعْبَةُ، وَهِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الَّذِیْ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَهُوَ مَاهِرٌ بِهِ: مَعَ السَّفَرَةِ الكِرَامِ الْبَرَرَةِ، وَالَّذِیْ يَقْرَأُهُ — قَالَ هِشَامٌ: وَهُوَ شَدِيْدٌ عَلَيْهِ — قَالَ شُعْبَةُ: وَهُوَ عَلَيْهِ شَاقٌّ: فَلَهُ أَجْرَانِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٩١٧-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَاسْتَظْهَرَهُ، فَأَحَلَّ حَلَالَهُ، وَحَرَّمَ حَرَامَهُ: أَدْخَلَهُ اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ، وَشَفَّعَهُ فِیْ عَشْرَةٍ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ، كُلُّهُمْ قَدْ وَجَبَتْ لَهُ النَّارُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِصَحِيْحٍ، وَحَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ أَبُوْ عُمَرَ: بَزَازٌ كُوْفِیٌّ، يُضَعَّفُ فِی الْحَدِيْثِ.

بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ الْقُرْآنِ

قرآنِ کریم کی فضیلت

حدیث: حارث اعورؒ کہتے ہیں: میں مسجدِ کوفہ سے گذرا، پس اچانک لوگ (علوم دینیہ کے طالبان) باتوں میں مشغول تھے، میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، میں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ لوگوں کو نہیں دیکھتے: وہ باتوں میں مشغول ہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: کیا وہ واقعی ایسا کررہے ہیں؟ میں نے کہا: ہاں! حضرت علیؓ نے فرمایا: سن! میں نے نبی ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سنو! ایک بڑا فتنہ آنے والا ہے، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ!

اس سے بچنے کی کیا سبیل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: اللہ کی کتاب (اس فتنہ سے بچاسکتی ہے) اس میں گذشتہ امتوں کے (سبق آموز) واقعات ہیں، اور آئندہ کی اطلاعات ہیں، اور حال کے لئے فیصلے ہیں، اور اس کے ارشادات فیصلہ کن ہیں، وہ دل لگی کی باتیں نہیں ہیں، جو بھی سرکش اس کو چھوڑ دے گا اللہ اس کو توڑ دے گا، اور جو قرآن سے ہٹ کر ہدایت تلاش کرے گا اللہ اس کو گمراہ کرے گا، اور وہ اللہ کی مضبوط رسی ہے، اور وہ پُر حکمت نصیحت نامہ ہے، اور وہ سیدھا راستہ ہے، قرانِ کریم ہی وہ کتاب ہے جس سے خیالات میں کجی نہیں آتی، اور زبانیں اس میں گڑبڑ نہیں کرتیں، یعنی تحریف نہیں کرسکتیں، یا زبانیں قرآن کے ساتھ مشتبہ نہیں ہوتیں، اہل علم کبھی اس سے سیر نہیں ہوتے، وہ کثرتِ مزاولت سے پرانا نہیں ہوتا، یعنی طبیعت کبھی اس سے اکتاتی نہیں، اور اس کے حیرت انگیز مضامین کبھی ختم نہیں ہوتے، قرآنِ کریم کی شان یہ ہے کہ جب اس کو جنات نے سنا تو وہ بے اختیار پکار اٹھے: ''ہم نے ایک عجیب قرآن سنا، جو بھلائی کی طرف راہنمائی کرتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے'' (سورۃ الجن آیت ۱و۲) جس نے قرآنِ کریم کے موافق بات کہی اس نے سچی بات کہی، اور جس نے قرآنِ کریم پر عمل کیا وہ اجر وثواب کا حقدار ہوا، اور جس نے قرآن کے موافق فیصلہ کیا اس نے عدل وانصاف والا فیصلہ کیا، اور جس نے قرآن کی طرف دعوت دی وہ سیدھے راستہ کی طرف راہنمائی کیا گیا، اے کانے! تو اس حدیث کو اپنے ذہن میں محفوظ کرلے (حضرت حارث کانے تھے، اور ان کا بھتیجا مجہول ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی سند کو مجہول قرار دیا ہے، اور خود حارث میں بھی کلام ہے، ان کا حافظہ بھی کچھ زیادہ اچھا نہیں تھا)

تشریح: قوله: هو الذى لايَزِيْغُ به الأَهْواءُ: قرآنِ کریم ایک ایسی کتاب ہے جس سے خیالات میں کجی نہیں آتی، جیسے بعض کتابیں جو گمراہ لوگوں کی لکھی ہوئی ہیں خیالات کو کج کردیتی ہیں، ان کے پڑھنے سے ذہن بگڑ جاتا ہے، مگر قرآنِ کریم ایک ایسی کتاب ہے جس سے کوئی غلط اثر مرتب نہیں ہوتا...... اور سورۃ الرعد میں جو ہے: ﴿قُلْ إِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَاءُ، وَيَهْدِىْ إِلَيْهِ مَنْ أَنَابَ﴾: آپ کہہ دیجئے! اللہ تعالیٰ جس کو چاہیں (نازل کردہ آیات سے) گمراہ کردیتے ہیں، اور جو شخص ان کی طرف متوجہ ہوتا ہے اس کی اپنی طرف راہنمائی کرتے ہیں (آیت ۲۷)...... اس کا جواب سورۂ ابراہیم میں ہے: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِىْ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِىْ الآخِرَةِ ، وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظَّالِمِيْنَ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَايَشَاءُ﴾: اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات (کلمہ طیبہ) کے ذریعے دنیا اور آخرت میں مضبوط رکھتے ہیں، اور ظالموں کو یعنی اپنے پیروں پر کلہاڑی مارنے والوں کو بچلا دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں (آیت ۲۷) یعنی گمراہی قرآن سے پیدا نہیں ہوتی، بلکہ انسان کی بے راہ روی اس کا سبب بنتی ہے، جو شخص اپنا نفع نقصان نہیں سوچتا وہ گمراہ ہوجاتا ہے...... قوله: لاتَلْتَبِسُ به الأَلْسِنَةُ: قرآن کے ساتھ زبانیں مشتبہ نہیں ہوتیں، یعنی اللہ کے کلام میں اور غیر کے کلام میں، حتی کہ نبی ﷺ کے کلام میں بھی امتیاز کرنا آسان ہے، قرآنِ کریم کا اپنا انداز ہے، اور لوگوں کا کلام اس سے مختلف ہے...... قوله: وَلاَ يَخْلُقُ: خَلَقَ يَخْلُقُ (ن) الثَّوْبُ: پرانا ہونا، بوسیدہ

ہونا، یہی معنی أَخْلَقَ الثَّوْبُ کے ہیں، پس لاَیَخْلُق اور لاَیُخْلِقُ دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں، اور اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ قرآنِ کریم خواہ کتنا ہی پڑھا جائے: ہر مرتبہ وہ نیا کلام معلوم ہوتا ہے، اور اس میں جو حکم ونکات پوشیدہ ہیں وہ بے انتہا ہیں، قیامت تک علماء اس میں غور کرتے رہیں گے، اور نئی نئی باتیں نکالتے رہیں گے۔

[١٤-] بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ الْقُرْآنِ

[٢٩١٨-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، نَا حَمْزَةُ الزَّيَّاتُ، عَنْ أَبِیْ الْمُخْتَارِ الطَّائِيِّ، عَنْ ابنِ أَخِی الْحَارِثِ الأَعْوَرِ، عَنِ الْحَارِثِ الأَعْوَرِ، قَالَ: مَرَرْتُ فِیْ الْمَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ يَخُوْضُوْنَ فِیْ الأَحَادِيْثِ، فَدَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَلاَ تَرَى النَّاسَ قَدْ خَاضُوْا فِیْ الأَحَادِيْثِ؟! قَالَ: أَوَقَدْ فَعَلُوْهَا؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: أَمَا إِنِّیْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" أَلاَ، إِنَّهَا سَتَكُوْنُ فِتْنَةٌ" فَقُلْتُ: مَاالْمَخْرَجُ مِنْهَا؟ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" كِتَابُ اللّٰهِ: فِيْهِ نَبَأُ مَا قَبْلَكُمْ، وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ، وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ، وَهُوَ الْفَصْلُ، لَيْسَ بِالْهَزْلِ، مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ، وَمَنْ ابْتَغَى الْهُدَى فِیْ غَيْرِهِ أَضَلَّهُ اللّٰهُ، وَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِيْنُ، وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيْمُ، وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيْمُ، هُوَ الَّذِیْ لاَيَزِيْغُ بِهِ الأَهْوَاءُ، وَلاَ تَلْتَبِسُ بِهِ الأَلْسِنَةُ، وَلاَ يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ، وَلاَ يَخْلُقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ، وَلاَ تَنْقَضِیْ عَجَائِبُهُ، هُوَ الَّذِیْ لَمْ تَنْتَهِ الْجِنُّ إِذْ سَمِعَتْهُ حَتَّى قَالُوْا:﴿ إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَّهْدِیْ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ﴾ مَنْ قَالَ بِهِ صَدَقَ، وَمَنْ عَمِلَ بِهِ أُجِرَ، وَمَنْ حَكَمَ بِهِ عَدَلَ، وَمَنْ دَعَا إِلَيْهِ هُدِیَ إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ " خُذْهَا إِلَيْكَ يَا أَعْوَرُ!

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، وَإِسْنَادُهُ مَجْهُوْلٌ، وَفِی حَدِيْثِ الْحَارِثِ مَقَالٌ.

بابُ ماجاءَ فِی تَعْلِيْمِ الْقُرْآنِ

قرآنِ کریم کی تعلیم کا اجر

اس باب میں ایک حدیث ہے، جو حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ: تم میں بہتر وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور اس کو سکھلایا۔

تشریح: سیکھنا اور سکھلانا عام ہے، خواہ الفاظ سیکھے، ناظرہ اور تجوید پڑھے، یا معانی سیکھے یعنی تفسیر پڑھے: ہر صورت کو حدیث عام ہے، اسی طرح ناظرہ پڑھانا یا تفسیر پڑھانا: دونوں کو حدیث شامل ہے۔

اورحدیث کے راوی ابوعبدالرحمٰن سلمی کہتے ہیں: اسی حدیث نے مجھے اس جگہ بٹھلایا ہے، یعنی میں اسی حدیث کی وجہ سے قرآنِ کریم کی تعلیم میں لگا ہوا ہوں، ابوعبدالرحمٰن سلمی کوفہ کے باشندے تھے، ان کا نام عبداللہ بن حبیب ہے، اور ان کا شمار قاریوں میں ہے، اوران کے ابا صحابی ہیں، اور ابوعبدالرحمٰن حدیث کے مضبوط راوی ہیں، انھوں نے قرآنِ کریم کی تعلیم کا کام: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانے سے حجاج کے زمانہ تک کیا ہے، یہ بہتر سال کا عرصہ ہے۔

[١٥-] بابُ ماجاءَ فِي تَعْلِيْمِ الْقُرْآنِ

[٢٩١٩-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ"

قَالَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: فَذَاكَ الَّذِيْ أَقْعَدَنِيْ مَقْعَدِيْ هٰذَا، وَعَلَّمَ الْقُرْآنَ فِيْ زَمَانِ عُثْمَانَ حَتَّى بَلَغَ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوْسُفَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٢٩٢٠-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُثْمَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَيْرُكُمْ أَوْ: أَفْضَلُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ"

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَسُفْيَانُ لاَيَذْكُرُ فِيْهِ: عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ.

وَقَدْ رَوَى يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ هٰذَا الحديثَ عَنْ سُفْيَانَ، وَشُعْبَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَشُعْبَةَ.

قَالَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ: وَهٰكَذَا ذَكَرَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَشُعْبَةَ، غَيْرَ مَرَّةٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ: وَأَصْحَابُ سُفْيَانَ لاَيَذْكُرُوْنَ فِيْهِ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ: وَهُوَ أَصَحُّ.

قَالَ أَبُوْ عِيْسٰى: وَقَدْ زَادَ شُعْبَةُ فِيْ إِسْنَادِ هٰذَا الحديثِ: سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، وَكَأَنَّ حَدِيْثَ سُفْيَانَ أَشْبَهُ.

قَالَ عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: قَالَ يَحْيىَ بنُ سَعِيدٍ: مَا أَحَدٌ يَعْدِلُ عِنْدِىْ شُعْبَةَ، وَإِذَا خَالَفَهُ سُفْيَانُ أَخَذْتُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ.

سَمِعْتُ أَبَا عَمَّارٍ، يَذْكُرُ عَنْ وَكِيعٍ، قَالَ: قَالَ شُعْبَةُ: سُفْيَانُ أَحْفَظُ مِنِّىْ، وَمَا حَدَّثَنِىْ سُفْيَانُ عَنْ أَحَدٍ بَشِيْئٍ، فَسَأَلْتُهُ، إِلاَّ وَجَدْتُهُ كَمَا حَدَّثَنِىْ، وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ وَسَعْدٍ.

[٢٩٢١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ.

سند کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی سند پر لمبی بحث کی ہے، اس حدیث کو امام شعبہؒ: علقمہؒ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ سعد بن عبیدۃ سے، اور وہ ابوعبدالرحمٰن سلمی سے، اور وہ حضرت عثمانؓ سے، مگر سفیان ثوریؒ سعد بن عبادہ کا واسطہ نہیں بڑھاتے، اور ان کی روایت میں خیر کم اور أفضلکم میں شک ہے...... پھر امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے: جس طرح بشر بن السَّری: سعد کے واسطہ کے بغیر روایت کرتے ہیں: عبدالرحمٰن بن مہدی وغیرہ بھی سفیان ثوری سے بغیر واسطہ کے روایت کرتے ہیں...... البتہ یحییٰ بن سعید قطان یہ حدیث سفیان اور شعبہ دونوں سے روایت کرتے ہیں، اور وہ سعد بن عبیدۃ کا واسطہ بڑھاتے ہیں۔ امام ترمذیؒ کے استاذ محمد بن بشار کہتے ہیں: یحییٰ قطان کی سند اسی طرح واسطہ کے ساتھ ہے، مگر سفیان کے دیگر تلامذہ سفیان کی سند میں سعد کا واسطہ نہیں بڑھاتے، اور یہی سند اصح ہے...... پھر امام ترمذیؒ نے بھی یہی فیصلہ کیا ہے کہ شعبہ نے حضرت سعد کا واسطہ بڑھایا ہے، مگر سفیان کی سند صحت سے زیادہ مشابہ ہے، کیونکہ یحییٰ قطان فرماتے ہیں: میرے نزدیک کوئی شخص شعبہ کے برابر نہیں، مگر جب سفیان ان کی مخالفت کریں، تو میں سفیان کا قول لیتا ہوں...... بلکہ امام وکیع خود امام شعبہؒ کا قول نقل کرتے ہیں کہ سفیان کو مجھ سے زیادہ حدیثیں یاد تھیں، سفیان نے جب بھی مجھ سے کوئی حدیث بیان کی، پس میں نے اس حدیث کے بارے میں تحقیق کی تو میں نے اس کو ایسا ہی پایا جیسا سفیان ثوریؒ نے مجھ سے بیان کیا تھا...... اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث باب کے آخر میں ہے، اور حضرت سعد کی حدیث ابن ماجہ اور دارمی میں ہے...... اور حضرت علیؓ کی روایت میں جو راوی عبدالرحمٰن بن اسحاق ہے اس کی کنیت ابوشیبہ ہے، اور وہ کوفہ کا باشندہ ہے اور ضعیف ہے، اور وہی اس حدیث کو روایت کرتا ہے۔

ملحوظہ: امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں: شعبہ اور ثوری: دونوں کی سندیں لی ہیں، شعبہ کی سند جس میں سعد بن عبیدۃ کا واسطہ ہے اس کا نمبر ۵۰۲۷ ہے، اور ثوری کی سند جس میں سعد بن عبیدۃ کا واسطہ نہیں ہے، اس کا نمبر ۵۰۲۸ ہے، پس شعبہ رحمہ اللہ کی سند مزید فی متصل الاسناد ہوگی اور ترجیح کی ضرورت نہیں رہے گی۔

بابُ ماجاءَ فی مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنَ الْقُرْآنِ مَالَهُ مِنَ الْأَجْرِ؟

جوشخص قرآن کاایک حرف پڑھےاس کے لئے کتنا ثواب ہے؟

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے اللہ کی کتاب کا ایک حرف پڑھا: اس کے لئے اس کی وجہ سے ایک نیکی ہے، اور نیکی دس گنا ہے'' یعنی اس امت کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ نیکی دس گنا بڑھائی جاتی ہے (پھر نبی ﷺ نے فرمایا:) ''میں نہیں کہتا کہ الٓم ایک حرف ہے، بلکہ الف: ایک حرف ہے، لام: ایک حرف ہے، اور م: ایک حرف ہے''

تشریح: یہ حدیث صحیح ہے، دارمی نے بھی اس کی تخریج کی ہے، اس کا ایک راوی محمد بن کعب قرظی ہے، اس کے بارے میں قتیبہؒ کہتے ہیں: اس کی ولادت نبی ﷺ کے زمانہ میں ہوئی ہے، مگر یہ قتیبہ کا وہم ہے، نبی ﷺ کے زمانہ میں اس کے والد پیدا ہوئے ہیں، اور جب بنوقریظہ قتل کئے گئے تھے تو وہ نابالغ تھے، چنانچہ وہ چھوڑ دیئے گئے تھے، ان کے والد کا نام: کعب بن سُلیم بن اَسد ہے، اور محمد جن کی کنیت ابوحمزہ ہے، یہ سن ۴۰ ہجری میں پیدا ہوئے ہیں، اور کوفہ میں رہتے تھے، اور ثقہ راوی ہیں، اور اس حدیث کی اس کے علاوہ اور بھی سندیں ہیں، مثلاً: ابوالاحوص اس حدیث کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، پھر بعض رواۃ مرفوع کرتے ہیں اور بعض موقوف۔

قرآن پڑھنے والا جنت میں برابر ترقی کرتا رہے گا

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن قرآنِ کریم آئے گا اور کہے گا: اے میرے پروردگار! اس (پڑھنے والے) کو زیور پہنائیں، چنانچہ وہ کرامت کا تاج پہنایا جائے گا، پھر قرآن کہے گا: اے میرے پروردگار! اس کو اور مزین کریں، چنانچہ اس کو کرامت کی پوشاک پہنائی جائے گی، پھر قرآن کہے گا: اے میرے پروردگار! اس سے راضی ہوجائیں، پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: میں اس سے راضی ہوگیا، پس اس بندے سے کہا جائے گا: ''پڑھ اور چڑھ'' اور وہ ہر آیت کے بدلے ایک نیکی دیا جائے گا۔

تشریح: اس حدیث کو امام شعبہؒ کے شاگرد عبدالصمد نے مرفوع کیا ہے، اور محمد بن جعفر غندر نے موقوف کیا ہے، اور امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح قرار دیا ہے، اس لئے کہ غندر امام شعبہ کے پروردہ تھے اور وہ ان کے مضبوط راوی ہیں۔

اور مصری نسخہ میں یہ حدیث اگلے باب میں ہے، اور وہی مناسب ہے، اور ترمذی کے ہندی نسخہ میں یَجیئُ صاحبُ القرآن ہے، اور جامع الاصول (حدیث ۶۲۸۰) میں بھی ایسا ہی ہے مگر مصری نسخہ میں لفظ صاحب نہیں ہے، اور یہی صحیح نسخہ ہے...... اور حَلِّہ: تَحْلِیَۃٌ سے امر ہے، حَلَّیْتُہ أُحَلِّیْہِ تَحْلِیَۃً کے معنی ہیں: زیور پہنانا، مزین کرنا...... الکرامۃ: عزت، شرافت...... الحُلَّۃ: صاف اور نئے کپڑوں کا جوڑا...... ارْقَ: (فعل امر) رَقِیَ یَرْقَی رَقْیًا: چڑھنا، ترقی کرنا۔

فائدہ: قرآنِ کریم کبھی ختم نہیں ہوتا، کیونکہ بہترین قاری الحَالُّ الْمُرْتَحِلْ ہے یعنی جو قرآن پورا ہوتے ہی دوسرا شروع کردے، پس قاری تا ابد پڑھتا رہے گا اور درجوں میں چڑھتا رہے گا۔

[١٦-] بابُ ماجاءَ فی مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنَ الْقُرْآنِ مَالَهُ مِنَ الْأَجْرِ؟

[٢٩٢٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ بَكْرٍ الحَنَفِيُّ، نَا الضَّحَاكُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ بْنِ مُوْسَى، قَالَ: سَمِعْتُ مُحمدَ بْنَ كَعْبٍ القُرَظِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَرَأَ حَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهُ بِهِ حَسَنَةٌ، وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، لاَ أَقُوْلُ: آلم حَرْفٌ، وَلَكِنْ أَلِفٌ حَرْفٌ، وَلاَمٌ حَرْفٌ، وَمِيْمٌ حَرْفٌ"

هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، سَمِعْتُ قُتَيْبَةَ بْنَ سَعِيْدٍ يَقُوْلُ: بَلَغَنِيْ أَنَّ مُحمدَ بْنَ كَعْبٍ القُرَظِيَّ وُلِدَ فِيْ حَيَاةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيُرْوَى هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، رَوَاهُ أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: رَفَعَهُ بَعْضُهُمْ، وَوَقَفَهُ بَعْضُهُمْ عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَمُحمدُ بْنُ كَعْبٍ القُرَظِيُّ يُكْنَى أَبَا حَمْزَةَ.

[٢٩٢٣-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يَجِيْئُ الْقُرْآنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! حَلِّهِ، فَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَارَبِّ! زِدْهُ، فَيُلْبَسُ حُلَّةَ الكَرَامَةِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَارَبِّ! ارْضَ عَنْهُ، فَيَقُوْلُ: رَضِيْتُ عَنْهُ، فَيُقَالُ لَهُ: اقْرَأْ وَارْقَ، وَيُعْطَى بِكُلِّ آيَةٍ حَسَنَةً" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ عِنْدَنَا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الصَّمَدِ، عَنْ شُعْبَةَ.

بابٌ

قرآنِ کریم اللہ کے تقرب کا بہترین ذریعہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے تین باتیں فرمائیں:

۱-مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِيْ شَيْئٍ: أَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ: يُصَلِّيهِمَا: نہیں سنی اللہ تعالیٰ نے کسی بندہ کی کوئی بات، ان دورکعتوں سے بہتر: جن کو وہ پڑھتا ہے، یعنی جب بندہ نماز کا دوگانہ پڑھتا ہے اور اس میں قرآنِ کریم کی تلاوت کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس تلاوت کو سماعت فرماتے ہیں، اور اس کو پسند کرتے ہیں، بندے کی یہی بات وہ بہترین بات ہے

جس کواللہ تعالیٰ سنتے ہیں (یہ قرآنِ پاک پڑھنے کی فضیلت ہے)

۲-وَإِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ على رَأْسِ العَبْدِ مَادام في صَلاَ تِه: اور نیکی بندے کے سر پر چھڑکی جاتی ہے جب تک وہ اپنی نماز میں رہتا ہے، یعنی جس طرح گل پاشی کی جاتی ہے، اسی طرح بندہ کے سر پر نیکی کی بارش ہوتی ہے۔

۳-وَمَا تَقَرَّبَ العِبَادُ إلى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ بِمِثْلِ مَاخَرَجَ مِنْهُ: اور بندوں نے اللہ تعالیٰ کی نزدیکی حاصل نہیں کی اس چیز کے مانند کے ذریعہ جو اللہ سے صادر ہوئی ہے، یعنی قرآنِ کریم جو اللہ کا کلام ہے اس کے ذریعہ بندے جس قدر اللہ تعالیٰ کی نزدیکی حاصل کرتے ہیں اتنی نزدیکی کسی اور عبادت کے ذریعہ حاصل نہیں کر سکتے۔

تشریح: اس حدیث کی پہلی سند میں زید بن ارطاۃ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اور دوسری سند میں جبیر بن نُفیر سے روایت کرتے ہیں، اور جبیر تابعی ہیں، اس لئے حدیث مرسل ہے، اور ان کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: إِنَّكُمْ لن تَرجعوا إلى اللّٰه بِأَفْضَلَ مِمَّا خَرَجَ مِنْهُ: تم ہرگز نہیں لوٹو گے اللہ تعالیٰ کی طرف اس چیز سے بہتر کے ذریعہ جو اللہ تعالیٰ سے صادر ہوئی ہے، ان لفظوں کا بھی وہی مطلب ہے جو پہلے لفظوں کا ہے، یعنی قرآنِ کریم اللہ کے تقرب کا بہترین ذریعہ ہے۔

پھر آخر میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلی حدیث پر کلام کیا ہے کہ اس کی ایک ہی سند ہے، اور اس کا راوی بکر ضعیف ہے، ابن المبارکؒ نے اس پر جرح کی ہے، اور آخر حیات میں تو اس کو بالکل ہی چھوڑ دیا تھا۔ غرض یہ حدیث دونوں سندوں سے ضعیف ہے، پہلی بکر کی وجہ سے، اور دوسری مرسل ہونے کی وجہ سے۔

[١٧-] بابٌ

[٢٩٢٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا أَبُوْ النَّضْرِ، نَا بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِيْ سُلَيْمٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا أَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِيْ شَيْئٍ: أَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ: يُصَلِّيْهِمَا، وَإِنَّ الْبِرَّ لَيُذَرُّ عَلَى رَأْسِ الْعَبْدِ مَادَامَ فِيْ صَلاَ تِهِ، وَمَا تَقَرَّبَ العِبَادُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ بِمِثْلِ مَا خَرَجَ مِنْهُ" قَالَ أَبُوْ النَّضْرِ: يَعْنِي الْقُرْآنَ.

[٢٩٢٥-] وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنُ نُفَيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مُرْسَلٌ، حدثنا بذٰلِكَ إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ العَلاَءِ بْنِ الحَارِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّكُمْ لَنْ تَرْجِعُوْا إِلَى اللّٰهِ بِأَفْضَلَ مِمَّا خَرَجَ مِنْهُ" يَعْنِي الْقُرْآنَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَبَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ: قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ، وَتَرَكَهُ فِيْ آخِرِ أَمْرِهِ.

بابٌ

جو پیٹ قرآن سے خالی ہے وہ اجڑا ہوا گھر ہے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ الَّذِیْ لَیْسَ فِیْ جَوْفِهِ شَیْئٌ مِنَ الْقُرْآن كَالْبَیْتِ الْخَرِبِ: وہ شخص جس کے پیٹ میں کچھ بھی قرآن نہیں، وہ اجڑے ہوئے گھر کی طرح ہے (یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: صاحبِ قرآن سے (جنت میں) کہا جائے گا: پڑھ اور چڑھ، اور آہستہ آہستہ پڑھ، جس طرح تو دنیا میں آہستہ آہستہ پڑھتا تھا، پس بیشک تیرا مقام اس آخری آیت کے پاس ہے جس کو تو پڑھے گا۔

تشریح: پہلے یہ بتایا ہے کہ قرآنِ کریم کی کوئی نہایت نہیں، پس قاری قرآن برابر جنت کے درجات میں چڑھتا رہے گا، اور اس حدیث میں اشارہ ہے کہ قرآن فرفر پڑھنا ٹھیک نہیں، قرآن ترتیل کے ساتھ یعنی ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہئے تاکہ آخرت میں بھی اسی طرح پڑھ سکے، اور جنت کے بلند سے بلند درجات حاصل کر سکے۔

[-۱۸] بابٌ

[-۲۹۲٦] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ، نَا جَرِیْرٌ، عَنْ قَابُوْسِ بْنِ أَبِیْ ظَبْیَانَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " إِنَّ الَّذِیْ لَیْسَ فِیْ جَوْفِهِ شَیْئٌ مِنَ الْقُرْآنِ كَالْبَیْتِ الخَرِبِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[-۲۹۲۷] حدثنا مُحمودُ بْنُ غَیْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفَرِیُّ، وَأَبُوْ نُعَیْمٍ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِی النَّجُوْدِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: " یُقَالُ - یَعْنِیْ لِصَاحِبِ الْقُرْآنِ-: اقْرَأْ، وَارْتَقِ، وَرَتِّلْ، كَمَا كُنْتَ تُرَتِّلُ فِی الدُّنْیَا، فَإِنَّ مَنْزِلَتَكَ عِنْدَ آخِرِ آیَةٍ تَقْرَأُ بِهَا " هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ عَاصِمٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

بابٌ

قرآنِ کریم کو بھول جانا بہت بڑا گناہ ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: میرے سامنے امت کا ثواب پیش کیا گیا، یہاں تک کہ وہ تنکا بھی پیش کیا گیا جس کو آدمی مسجد سے نکالتا ہے یعنی یہ بھی کارِ ثواب ہے۔ اور میرے سامنے میری امت کے گناہ پیش کئے گئے، پس میں

نے کوئی گناہ اس سے بڑا نہیں دیکھا کہ کوئی شخص قرآن کی کوئی سورت یا کوئی آیت دیا گیا ہو پھر وہ اس کو بھول جائے۔

تشریح: قرآن کی کسی سورت کو حفظ کرنے کے بعد بھول جانا بہت بڑا گناہ ہے۔ اور حضرت الاستاذ مفتی سید مہدی حسن صاحب قدس سرہ (صدر مفتی دارالعلوم دیوبند) نے فرمایا: بھولنا یہ ہے کہ ناظرہ (اندر دیکھ کر) بھی نہ پڑھ سکے، تب یہ وعید ہے۔

[۱۹-] باب

[۲۹۲۸-] حدثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْوَرَّاقُ الْبغدادِيُّ، نَا عَبْدُ الْمَجِيْدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنِ المُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: عُرِضَتْ عَلَيَّ أَجُوْرُ أُمَّتِيْ، حَتَّى الْقَذَاةُ يُخْرِجُهَا الرَّجُلُ مِنَ الْمَسْجِدِ، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ ذُنُوْبُ أُمَّتِيْ، فَلَمْ أَرَ ذَنْبًا أَعْظَمَ مِنْ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ أَوْ: آيَةٍ أُوْتِيَهَا رَجُلٌ، ثُمَّ نَسِيَهَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَذَاكَرْتُ بِهِ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ فَلَمْ يَعْرِفْهُ، وَاسْتَغْرَبَهُ.

قَالَ مُحمدٌ: وَلَا أَعْرِفُ لِلْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ سَمَاعًا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، إِلَّا قَوْلَهُ: حَدَّثَنِيْ مَنْ شَهِدَ خُطْبَةَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُوْلُ: لَا نَعْرِفُ لِلْمُطَّلِبِ سَمَاعًا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَأَنْكَرَ عَلِيُّ بْنُ المَدِيْنِيِّ أَنْ يَكُوْنَ الْمُطَّلِبُ سَمِعَ مِنْ أَنَسٍ.

سند کا بیان: یہ حدیث ضعیف ہے، امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے امام بخاریؒ کے ساتھ اس حدیث کا مذاکرہ کیا تو امام بخاریؒ کو یہ حدیث معلوم نہیں تھی، اور انھوں نے اس حدیث کو بہت ہی اوپرا سمجھا، اور امام بخاریؒ نے یہ بھی فرمایا کہ مُطَّلب کا سماع کسی بھی صحابی سے نہیں ہے، پس وہ جو یہ حدیث حضرت انسؓ سے روایت کرتا ہے: صحیح نہیں، البتہ مطّلب کا یہ قول کہ "مجھ سے اس شخص نے بیان کیا جس نے نبی ﷺ کی تقریر سنی ہے": یہ قول ثابت ہے، اس لئے فی الجملہ کسی صحابی سے ملاقات ہونا ثابت ہے، اور یہی بات امام عبداللہ دارمی نے کہی ہے کہ مطّلب کا کسی صحابی سے سماع نہیں، بلکہ عبداللہ دارمی نے تو یہ بھی فرمایا ہے کہ حضرت علی بن المدینی نے مطّلب کے حضرت انسؓ سے سماع کا انکار کیا ہے۔

بابٌ

قرآنِ کریم کے ذریعہ سوال نہ کیا جائے

حدیث (۱): حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت عمران رضی اللہ عنہ ایک شخص کے پاس سے گذرے، جو قرآن

پڑھ رہا تھا، پھر اس نے مانگا، تو حضرت عمرانؓ نے إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پڑھا، پھر کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: مَنْ قَرَأَ القرآنَ، فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ به: جو قرآنِ کریم پڑھے تو چاہئے کہ اس کے ذریعہ اللہ سے مانگے، فَإِنَّهُ سَيَجِيْئُ أَقْوَامٌ يَقْرَؤُوْنَ القرآنَ، يَسْأَلُوْنَ به الناس: کیونکہ عنقریب ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن پڑھیں گے، اور اس کے ذریعہ لوگوں سے مانگیں گے، یعنی اب وہ دور آگیا، میں نے اپنی آنکھوں سے ایسے لوگ دیکھ لئے۔

[۲۰-] بابٌ

[۲۹۲۹-] حدثنا مُحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّهُ مَرَّ عَلَى قَارِئٍ يَقْرَأُ، ثُمَّ سَأَلَ، فَاسْتَرْجَعَ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فَلْيَسْأَلِ اللّٰهَ بِهِ، فَإِنَّهُ سَيَجِيْئُ أَقْوَامٌ يَقْرَؤُوْنَ الْقُرْآنَ يَسْأَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ"

وَقَالَ مُحمودٌ: هٰذَا خَيْثَمَةُ الْبَصْرِيُّ الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ، وَلَيْسَ هُوَ خَيْثَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَخَيْثَمَةُ هٰذَا: شَيْخٌ بَصْرِيٌّ، يُكْنَى أَبَا نَصْرٍ، قَدْ رَوَى عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَحَادِيْثَ، وَقَدْ رَوَى جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ عَنْ خَيْثَمَةَ هٰذَا أَيْضًا أَحَادِيْثَ.

راوی کا تعارف: ایک بہت مضبوط راوی خَیْثَمۃ بن عبدالرحمٰن ابوسبرۃ جُعفی کوفی ہیں، اس حدیث کی سند میں وہ نہیں ہیں، امام ترمذیؒ کے استاذ محمود بن غیلان کہتے ہیں: یہ راوی خیثمۃ بن ابی خیثمۃ ابونصر بصری ہے، جو لیّن الحدیث ہے، جس سے جابر جعفی روایت کرتا ہے، پھر بھی امام ترمذیؒ نے حدیث کی تحسین کی ہے، کیونکہ آپ معمولی راوی کی حدیث کی بھی تحسین کرتے ہیں، پھر فرماتے ہیں: یہ خیثمہ بصرہ کا باشندہ تھا، اس کی کنیت ابونصر ہے، امام ترمذیؒ نے اس کے لئے لفظ شیخ استعمال کیا ہے، یہ معمولی درجہ کی تعدیل ہے، اس خیثمہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کئی حدیثیں روایت کی ہیں۔

جو قرآن کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال سمجھتا ہے وہ قرآن پر ایمان نہیں رکھتا

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: مَا آمَنَ بِالقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَه: وہ شخص قرآنِ کریم پر ایمان نہیں رکھتا جو قرآنِ کریم کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حلال سمجھتا ہے۔

لغات: اِسْتَحَلَّ الشيئَ: حلال وجائز سمجھنا...... مَحَارِمُ: اَلْمَحْرَمُ کی جمع: ناجائز کام، حرام کی ہوئی چیزیں۔

تشریح: یہ حدیث اُس حدیث کے انداز پر ہے جو پہلے (حدیث ۱۳۶ کتاب الطہارۃ باب ۱۰۱ تحفہ ۱:۴۱۸ میں) گذر چکی ہے کہ جو حائضہ سے صحبت کرے یا بیوی کی پچھلی راہ میں اپنی ضرورت پوری کرے یا کاہن یعنی غیب کی باتیں بتانے والے کے پاس جائے وہ اس دین کو نہیں مانتا جو محمد (ﷺ) پر اتارا گیا ہے، اسی طرح جو قرآنِ کریم کی حرام کی ہوئی چیزوں کو مثلاً شراب اور زنا کو حلال سمجھتا ہے وہ قرآنِ کریم پر ایمان نہیں رکھتا۔

[۲۹۳۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ الْوَاسِطِيُّ، نَا وَكِيْعٌ، نَا أَبُوْفَرْوَةَ يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي الْمُبَارَكِ، عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا آمَنَ بِالْقُرْآنِ مَنِ اسْتَحَلَّ مَحَارِمَهُ"

وَقَدْ رَوَى مُحمدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنَ سِنَانٍ، عَنْ أَبِيْهِ هٰذَا الحديثَ، فَزَادَ فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ: عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ صُهَيْبٍ، وَلاَ يُتَابَعُ محمدُ بْنُ يَزِيْدَ عَلَى رِوَايَتِهِ، وَهُوَ ضَعِيْفٌ، وَأَبُوْ الْمُبَارَكِ: رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ.

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ، وَقَدْ خُوْلِفَ وَكِيْعٌ فِيْ رِوَايَتِهِ، وَقَالَ مُحمدٌ: أَبُوْ فَرْوَةَ يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ الرُّهَاوِيُّ: لَيْسَ بِحَدِيْثِهِ بَأْسٌ، إِلاَّ رِوَايَةَ ابْنِهِ مُحمدٍ عَنْهُ، فَإِنَّهُ يَرْوِيْ عَنْهُ مَنَاكِيْرَ.

سند کا حال: یہ حدیث ابوفروہ یزید بن سنان: ابوالمبارک سے روایت کرتا ہے، اور وہ حضرت صہیبؓ سے روایت کرتا ہے...... یہی حدیث ابوفروہ کا لڑکا محمد بھی اپنے ابا سے روایت کرتا ہے، مگر وہ سند میں ابوالمبارک کے بعد دو راوی بڑھاتا ہے: عن مجاهد، عن سعيد بن المسيب۔ مگر محمد کا کوئی متابع نہیں، اور وہ خود ضعیف راوی ہے، نیز حدیث کا راوی ابوالمبارک مجہول ہے، اس لئے اس حدیث کی سند ٹھیک نہیں، نیز ابوفروہ سے وکیعؒ جس طرح نقل کرتے ہیں: ابوفروہ کے دوسرے شاگرد اس کے خلاف نقل کرتے ہیں، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ابوفروہ ٹھیک راوی ہے، اس کا نام یزید بن سنان ہے، اور اس کی نسبت رُہاوی ہے، اس کی حدیث میں کوئی خرابی نہیں، مگر اس سے اس کا بیٹا محمد جو روایتیں کرتا ہے وہ صحیح نہیں، وہ اپنے ابا سے نہایت ضعیف حدیثیں روایت کرتا ہے۔

قرآنِ کریم جہراً پڑھنا افضل ہے یا سراً؟

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: الجَاهِرُ بالقرآن كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ، وَالمُسِرُّ بالقرآن كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ: جہراً قرآنِ کریم پڑھنے والا علانیہ خیرات کرنے والے کی طرح ہے، اور سراً قرآنِ کریم پڑھنے والا پوشیدہ خیرات کرنے والے کی طرح ہے۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: سراً قرآنِ کریم پڑھنا جہراً پڑھنے سے افضل ہے، کیونکہ پوشیدہ خیرات کرنا علانیہ خیرات کرنے سے افضل ہے، اور اس کی وجہ اہل علم کے نزدیک یہ ہے کہ سراً قرآنِ کریم پڑھنے والا خود

پسندی سے بچا رہتا ہے۔ جو پوشیدہ عمل کرتا ہے اس کے حق میں خود پسندی کا اتنا خطرہ نہیں: جتنا برملا عمل کرنے والے کے حق میں ہے (امام ترمذیؒ کی بات پوری ہوئی)

مگر پوشیدہ خیرات کرنا ہر حال میں افضل نہیں، کبھی برملا خیرات کرنا بھی افضل ہوتا ہے، سورۃ البقرۃ (آیت ۲۷۱) میں ہے: ﴿إِنْ تُبْدُوْا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّاهِيَ، وَإِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ﴾: اگر تم صدقات ظاہر کر کے دو تو بھی اچھی بات ہے، اور اگر ان کا اخفا کرو اور فقیروں کو دو تو یہ اخفاء تمہارے لئے بہتر ہے، علماء نے اس آیت کی تفسیر میں لکھا ہے: اگر کسی مقام میں کسی عارض سے اظہار مفید ہو تو وہ افضل ہوگا، پس اسی طرح اگر کسی موقع پر جہراً قرآنِ کریم پڑھنا مفید یا ضروری ہو تو اس وقت وہی افضل ہوگا۔

[۲۹۳۱-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ بُحَيْرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ الحَضْرَمِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "الجَاهِرُ بِالْقُرْآنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ، وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْآنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ: أَنَّ الَّذِيْ يُسِرُّ بِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ أَفْضَلُ مِنَ الَّذِيْ يَجْهَرُ بِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ، لِأَنَّ صَدَقَةَ السِّرِّ أَفْضَلُ عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ صَدَقَةِ العَلَانِيَةِ.

وَإِنَّمَا مَعْنَى هٰذَا عِنْدَ أَهْلِ الْعِلْمِ: لِكَيْ يَأْمَنَ الرَّجُلُ مِنَ الْعُجْبِ، لِأَنَّ الَّذِيْ يُسِرُّ بِالْعَمَلِ لَايُخَافُ عَلَيْهِ بِالْعُجْبِ: مَا يُخَافُ عَلَيْهِ فِي العَلَانِيَةِ.

بابٌ

سونے سے پہلے کونسی سورتیں پڑھے؟

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ نہیں سویا کرتے تھے یہاں تک کہ سورۂ بنی اسرائیل اور سورۃ الزمر پڑھتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کی سند کا ایک راوی ابولبابہ بصرہ کا رہنے والا تھا، امام ترمذیؒ نے اس کے لئے لفظ شیخ استعمال کیا ہے، پس یہ معمولی ثقہ راوی ہے، حماد بن زید نے اس راوی سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں، اور امام بخاریؒ نے التاریخ الکبیر (ق ۱ جلد ۴ نمبر ۱۵۹۳) میں اس راوی کا نام مروان بتایا ہے۔

حدیث (۲): حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ نے اپنے شاگرد عبداللہ سے بیان کیا کہ نبی ﷺ سونے سے پہلے مُسبِّحات پڑھا کرتے تھے، اور فرماتے تھے: ان میں ایک آیت ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے۔

تشریح: المُسَبِّحَة: (اسم فاعل واحد مؤنث) تسبیح پڑھنے والی، یہ نسبت مجازی ہے، درحقیقت تسبیح پڑھنے والا قاری ہوتا ہے، اور سورتوں کو تسبیح پڑھنے والا مجازاً کہا گیا ہے، اور مُسَبِّحات: وہ سورتیں ہیں جن کے شروع میں سبحان یاسَبَّحَ (فعل ماضی) یایُسَبِّحُ (فعل مضارع) یاسَبِّحْ (فعل امر) ہے، اور وہ سات سورتیں ہیں: سورۂ بنی اسرائیل، الحدید، الحشر، الصف، الجمعه، التغابن، الأعلی......اور جس طرح اللہ کے ناموں میں ''اسم اعظم'' ہے اور وہ چھپایا گیا ہے اور رمضان میں شب قدر ہے اور وہ چھپائی گئی ہے، اسی طرح ان سورتوں میں کوئی آیت ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے، مگر اس کو بھی اسم اعظم اور شب قدر کی طرح چھپایا گیا ہے تا کہ لوگ اس کو تلاش کریں، اور اس بہانے یہ سب سورتیں پڑھیں۔

[٢١-] بابٌ

[٢٩٣٢-] حدثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِیْ لُبَابَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم لَايَنَامُ حَتَّی يَقْرَأَ بَنِیْ إِسْرَائِيْلَ، وَالزُّمَرَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ لُبَابَةَ هٰذَا: شَيْخٌ بَصْرِیٌّ، قَدْ رَوَی عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ غَيْرَ حَدِيْثٍ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ مَرْوَانُ، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ فِیْ كِتَابِ التَّارِيْخِ.

[٢٩٣٣-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ بِلَالٍ، عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ: أَنَّهُ حَدَّثَهُ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ يَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ قَبْلَ أَنْ يَرْقُدَ، يَقُوْلُ: '' إِنَّ فِيهِنَّ آيَةً خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ آيَةٍ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: دوسری حدیث کی سند میں بقیہ بن الولید ہے جو بَحیر بن سعد سے روایت کرتا ہے، اور بقیہ: کثیر التدلیس ہے، اور وہ بصیغۂ عن روایت کرتا ہے، اس لئے یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح نہیں۔

بابٌ

سورۃ الحشر کی آخری تین آیتوں کی فضیلت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے تین مرتبہ کہا جب اس نے صبح کی: أعوذ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ العَلِيْمِ، مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ: پھر اس نے سورۃ الحشر کی آخری تین آیتیں پڑھیں تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ستر ہزار فرشتوں کو لگاتے ہیں جو اس پر درود بھیجتے ہیں، یعنی اس کے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں، یہاں تک کہ وہ شام کرتا ہے، اور اگر وہ اس دن میں مر گیا تو شہید ہونے کی حالت میں مرتا ہے، اور جو شخص ان کو پڑھتا ہے جب وہ شام کرتا ہے تو وہ بھی اسی مرتبہ میں ہوتا ہے (اس حدیث کی سند میں خالد بن طہمان ابو العلاء الخفّاف الکوفی ہے، یہ صدوق ہے، مگر وفات سے

دس سال پہلے اس کا حافظہ بگڑ گیا تھا، اس لئے یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی نہیں)

[۲۲-] بابٌ

[۲۹۳٤-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ: أَبُوْ العَلاَءِ الخَفَّافُ، ثَنِیْ نَافِعُ بْنُ أَبِیْ نَافِعٍ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:" مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبحُ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ، مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ، وَقَرَأَ ثَلاَثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ: وَكَّلَ اللّٰهُ بِهِ سَبْعِيْنَ أَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰی يُمْسِیَ، وَإِنْ مَاتَ فِیْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيْدًا، وَمَنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِیْ كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاءَ كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النبیِّ صلی الله علیه وسلم؟

نبی ﷺ کس طرح قرآنِ کریم پڑھتے تھے؟

حدیث (۱): یعلیٰؒ نے ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے: نبی ﷺ کے قرآن اور نماز پڑھنے کے بارے میں پوچھا: ام سلمہؓ نے کہا: تم نبی ﷺ کی نماز کا حال معلوم کر کے کیا کرو گے؟ یعنی آپؐ کی طرح نماز (تہجد) پڑھنا تمہارے بس کی بات نہیں، آپؐ نماز پڑھتے تھے، پھر جتنی دیر نماز پڑھی ہے سوتے تھے، پھر جتنی دیر سوئے ہیں نماز پڑھتے تھے، پھر جتنی دیر نماز پڑھی ہے سوتے تھے، یہاں تک کہ صبح ہو جاتی تھی، پھر حضرت ام سلمہؓ نے نبی ﷺ کے قرآن پڑھنے کا حال بیان کیا، پس اچانک وہ واضح طور پر ایک ایک حرف پڑھنا بیان کر رہی ہیں۔

تشریح: مَالَكُمْ وَصَلاَتَه؟ أی مَاتَصْنَعُوْنَ بِصلاَ تِهِ؟ آپؐ کی نماز کا حال معلوم کر کے کیا کرو گے؟...... نَعَتَ (ف) نَعْتًا: حالت بیان کرنا...... مُفَسَّرَةً: واضح...... حَرْفًا حَرْفًا: یعنی اس طرح پڑھتے تھے کہ ایک ایک حرف جدا ہوتا تھا، کوئی گننا چاہے تو گن سکتا تھا۔

[۲۳-] بابُ ماجاءَ كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ النبیِّ صلی الله علیه وسلم؟

[۲۹۳۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَی بْنِ مَمْلَكٍ: أَنَّهُ سَأَلَ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، عَنْ قِرَاءَةِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم وَصَلاَتِهِ؟ فَقَالَتْ: مَالَكُمْ وَصَلاَ تَهُ؟ كَانَ يُصَلِّیْ، ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَا صَلّٰی، ثُمَّ يُصَلِّیْ قَدْرَ مَانَامَ، ثُمَّ يَنَامُ قَدْرَ مَاصَلّٰی،

حَتَّى يُصْبِحَ، ثُمَّ نَعَتَتْ قِرَاءَتَهُ، فَإِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ.

وَقَدْ رَوَى ابْنُ جُرَيْجٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُقَطِّعُ قِرَاءَتَهُ" وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ أَصَحُّ.

سند کا بیان: اس حدیث کی دو سندیں ہیں: پہلی سند: امام لیث: ابن ابی ملیکہ سے، وہ یعلی سے اور وہ ام سلمہؓ سے روایت کرتے ہیں۔ دوسری سند: ابن جریج: ابن ابی ملیکہ سے، اور وہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت کرتے ہیں، اس سند میں یعلی کا واسطہ نہیں (یہ سند أبواب القراءة کے پہلے باب میں آرہی ہے، اور وہاں تفصیل ہے) اور اس سند سے حدیث کا مضمون یہ ہے کہ نبی ﷺ ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھا کرتے تھے، پھر امام ترمذیؒ نے لیث کی سند کو اصح قرار دیا ہے، کیونکہ ان کی سند میں ایک راوی بڑھ گیا ہے، جس سے وہ سند نازل ہوگئی ہے، اور امام ترمذیؒ کا مزاج یہ ہے کہ وہ جس سند میں کمزوری ہوتی ہے اسی کو ترجیح دیتے ہیں۔

حدیث (۲): عبداللہ بن ابی قیسؒ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نبی ﷺ کے وتروں (تہجد کی نماز) کے بارے میں پوچھا کہ نبی ﷺ وتر کب پڑھا کرتے تھے؟ شروع رات میں یا آخر رات میں؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: نبی ﷺ یہ سب کیا کرتے تھے، یعنی کبھی شروع رات میں وتر پڑھتے تھے، کبھی آخر رات میں۔ راوی نے کہا: اس اللہ کی تعریف ہے جس نے معاملہ میں گنجائش رکھی...... پھر اس نے پوچھا: نبی ﷺ (تہجد میں) قرآن کس طرح پڑھتے تھے؟ سرًا پڑھتے تھے یا جہرًا؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: یہ سب آپؐ کیا کرتے تھے یعنی کبھی آپؐ نے سرًا پڑھا ہے، کبھی جہرًا۔ عبداللہ کہتے ہیں: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے معاملہ میں گنجائش رکھی...... عبداللہ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: پس جنابت میں آپؐ کس طرح عمل کیا کرتے تھے؟ کیا سونے سے پہلے نہاتے تھے یا نہانے سے پہلے سوتے تھے؟ صدیقہؓ نے جواب دیا: یہ سب آپؐ کیا کرتے تھے، کبھی نہاتے تھے پھر سوتے تھے، اور کبھی وضو کرتے تھے پھر سوتے تھے، میں نے کہا: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے معاملہ میں گنجائش رکھی۔

تشریح: عبداللہ بن ابی قیس کی یہ حدیث اسی سند سے مختصراً گذر چکی ہے (دیکھیں: حدیث ۴۵۷ کتاب الصلوٰۃ باب ۲۱۵ تحفہ ۲: ۲۹۸) اور یہ حدیث مسلم شریف کی ہے، اس لئے اعلی درجہ کی صحیح ہے۔

[٢٩٣٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ قَيْسٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ وِتْرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: كَيْفَ كَانَ يُوْتِرُ: مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ أَمْ مِنْ آخِرِهِ؟

فَقَالَتْ: كُلَّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَصْنَعُ، رُبَّمَا أَوْتَرَ مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ، وَرُبَّمَا أَوْتَرَ مِنْ آخِرِهِ، قُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِيْ الْأَمْرِ سَعَةً، فَقُلْتُ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَ تُهُ: أَكَانَ يُسِرُّ بِالْقِرَاءَ ةِ أَمْ يَجْهَرُ؟ قَالَتْ: كُلَّ ذٰلِكَ كَانَ يَفْعَلُ، قَدْ كَانَ رُبَّمَا أَسَرَّ وَرُبَّمَا جَهَرَ، قَالَ: فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِيْ الْأَمْرِ سَعَةً، قَالَ: قُلْتُ: فَكَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ فِيْ الجَنَابَةِ: أَكَانَ يَغْتَسِلُ قَبْلَ أَنْ يَنَامَ، أَمْ يَنَامُ قَبْلَ أَنْ يَغْتَسِلَ؟ قَالَتْ: كُلَّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ، رُبَّمَا اغْتَسَلَ فَنَامَ، وَرُبَّمَا تَوَضَّأَ فَنَامَ، قُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِيْ الْأَمْرِ سَعَةً" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

قرآنِ کریم کی تبلیغ ضروری ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ خود کو ٹھہرنے کی جگہ میں یعنی منی میں لوگوں کے سامنے پیش کیا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کیا کوئی آدمی ہے جو مجھے اپنی قوم میں لے جائے، اس لئے کہ قریش نے مجھے اس بات سے روک دیا ہے کہ میں اپنے پروردگار کا کلام پہنچاؤں۔

تشریح: نبی ﷺ اپنے چچا ابوطالب کی وفات کے بعد پہلے طائف گئے تھے، اور قبیلہ ثقیف کو دعوت دی تھی کہ وہ آپؐ کو ٹھکانہ دیں، مگر انھوں نے انکار کر دیا، آپؐ مکہ واپس آئے اور حج کے موسم میں عرب کے قبائل کے سامنے خود کو پیش کیا، مگر کوئی تیار نہ ہوا کہ وہ آپؐ کو اپنے قبیلہ میں لے جائے، اور آپؐ کی حمایت ونصرت کرے، یہاں تک کہ مدینہ منورہ کے انصار نے ہامی بھری، اور انھوں نے منی کی گھاٹی میں آپؐ سے بیعت کی، اور وہ آپؐ کو مدینہ منورہ لے گئے، اسی لئے آپؐ نے ان کا نام "انصار" رکھا...... اور یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ ان ابواب میں شاید اس لئے لائے ہیں کہ جب آپؐ لوگوں (غیر مسلموں) کے سامنے قرآن پڑھتے تھے تو ترتیل کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے تاکہ وہ قرآن میں غور کریں، اور قرآن کے مضامین سے فائدہ اٹھائیں۔

[٢٤-] بابٌ

[٢٩٣٧-] حدثنا محمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَنَا إِسْرَائِيْلُ، نَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِيْ الجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَعْرِضُ نَفْسَهُ بِالْمَوْقِفِ، فَقَالَ:" أَلَا رَجُلٌ يَحْمِلُنِيْ إِلٰى قَوْمِهِ، فَإِنَّ قُرَيْشًا قَدْ مَنَعُوْنِيْ أَنْ أُبَلِّغَ كَلَامَ رَبِّيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

قرآنِ کریم کی دوخاص فضیلتیں

اس باب میں جوحدیث ہے وہ حدیث قدسی اورحدیث نبوی کا مجموعہ ہے۔

حدیث قدسی: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: **مَنْ شَغَلَهُ القرآنُ عَنْ ذكرى ومَسْأَلَتِى: أَعْطَيْتُهُ أَفْضَلَ مَا أُعْطِى السائلين**: جس کوقرآن کریم میرے ذکر سے اور مجھ سے مانگنے سے مشغول کردے: میں اس کواس سے بہتر دیتا ہوں جومیں مانگنے والوں کودیتا ہوں۔

حدیث نبوی: **وفَضْلُ كلامِ اللّٰهِ على سَائِرِ الكلام كفضل الله على خَلْقِه**: اور اللہ کے کلام کی برتری دوسرے کلاموں پرایسی ہے جیسے اللہ کی برتری اللہ کی خلقت پر۔

تشریح: اللہ کا کلام اللہ کی صفت ہے، اورصفت موصوف کے احکام ایک ہوتے ہیں، اس لئے اللہ کا کلام دوسرے کلاموں سے ایسا برتر ہے جیسے اللہ کی فضیلت اللہ کی مخلوقات پر............اور جوشخص قرآنِ کریم پڑھنے پڑھانے میں لگا رہتا ہے، اوراس کواللہ کے ذکر کا موقع نہیں ملتا، اور اللہ سے مانگنے کی فرصت نہیں ملتی اللہ تعالیٰ اس کو بے حساب دیتے ہیں، مانگنے والوں کوجتنا دیتے ہیں اس سے کہیں زیادہ دیتے ہیں۔

[۲۵-] بابٌ

[۲۹۳۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ العَبْدِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ الحَسَنِ بْنِ أَبِىْ يَزِيْدَ الهَمْدَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَقُوْلُ الرَّبُّ تبَارَكَ وَتَعَالٰى: مَنْ شَغَلَهُ الْقُرْآنُ عَنْ ذِكْرِىْ وَمَسَأَلَتِىْ: أَعْطَيْتُهُ أَفْضَلَ مَا أُعْطِىْ السَّائِلِيْنَ، وَفَضْلُ كَلاَمِ اللّٰهِ على سَائِرِ الكَلاَمِ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلَى خَلْقِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ القِرَاءَ ةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قراءتوں کا بیان

قرآنِ کریم کے بعض کلمات مختلف طرح سے مروی ہیں، مثلاً سورۂ فاتحہ میں مالك بھی مروی ہے اور مَلِكِ بھی، اور دونوں کے معنی ایک ہیں: ایسی قراءتوں کا ان ابواب میں تذکرہ ہے۔

باب ماجاء فی قراء ة: مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ

۱-مالك اور ملك کی قراءتیں

سورۂ فاتحہ کی تیسری آیت ہے: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾: عاصم اور کسائی نے اس کو مَالك (الف کے ساتھ) اور باقی قراء نے مَلِكْ (الف کے بغیر اور ل کے زیر کے ساتھ) پڑھا ہے، ابوعبید قاسم بن سلّام بغدادی بھی مَلِك پڑھتے تھے، اور اسی کو ترجیح دیتے تھے، آپ لغت حدیث کے امام ہیں، اور فن قراءت میں آپ کی تصنیف ہے، مگر آپ کا شمار قراء سبعہ میں نہیں۔ اور مَلِك کے معنی ہیں: بادشاہ، اور بادشاہ مالک ہوتا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن بادشاہ بھی ہونگے اور مالک بھی۔

حدیث (۱): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ سورۂ فاتحہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھا کرتے تھے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ پڑھ کر رک جاتے تھے، پھر ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ پڑھ کر رک جاتے تھے، پھر ﴿مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ پڑھتے تھے۔

تشریح: یہ ابن جریج کے شاگرد یحییٰ بن سعید اموی کی روایت ہے، انھوں نے ابن ابی ملیکہ اور حضرت ام سلمہؓ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں بڑھایا، اور ان کی روایت میں مالك کے بجائے مَلِك ہے۔ لیکن ابن ابی ملیکہ کے دوسرے شاگرد امام لیث بن سعد: ابن ابی ملیکہ اور حضرت ام سلمہؓ کے درمیان یعلی بن مَمْلك کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور ان کی روایت میں وكانَ يَقْرَأُ مَلِكِ يوم الدين نہیں ہے، صرف پہلا مضمون ہے کہ نبی ﷺ سورۂ فاتحہ کی ہر آیت علاحدہ پڑھتے تھے۔ اور امام ترمذیؒ کا فیصلہ یہ ہے کہ امام لیث کی سند اصح ہے، کیونکہ اس میں واسطہ بڑھ گیا ہے، اس لئے وہ سند نازل

ہوگئی، اور امام صاحبؒ ایسی ہی سند کو ترجیح دیتے ہیں۔ مگر دوسرے حضرات دونوں سندوں کو صحیح کہتے ہیں، اور امام لیث کی سند میں راوی کے اضافہ کو مزید فی متصل الاسناد قرار دیتے ہیں، کیونکہ ابن ابی ملیکہ کا حضرت ام سلمہؓ سے سماع ہے، پھر دونوں سندوں سے حدیث کا متن کم وبیش آیا ہے، اس لئے دونوں سندیں صحیح ہیں۔

حدیث (۲): امام زہری رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: نبی ﷺ اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ـــــ اور امام زہری کا خیال ہے کہ حضرت انسؓ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا بھی ذکر کیا ـــــ یہ سب حضرات **مالك يوم الدين** پڑھا کرتے تھے۔

تشریح: یہ حدیث ایوب بن سُوید ہی روایت کرتا ہے، اور ایوب معمولی راوی ہے۔ امام ترمذیؒ نے اس کے لئے لفظ شیخ استعمال کیا ہے، اور امام زہریؒ کے دوسرے تلامذہ اس کو مرسل روایت کرتے ہیں، یعنی یہ امام زہریؒ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ پڑھا کرتے تھے (اور امام زہری کی مرسل روایتیں ضعیف ہوتی ہیں) اور امام زہریؒ کے ایک شاگرد معمر: امام زہری سے، وہ سعید بن المسیب سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ اور ابوبکرؓ وعمرؓ ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ پڑھا کرتے تھے، مگر یہ روایت بھی مرسل ہے، کیونکہ سعید بن المسیّب تابعی ہیں، اگرچہ حضرت سعید کی مراسیل بالاتفاق مقبول ہیں، مگر امام زہریؒ کی مراسیل ضعیف ہوتی ہیں۔

خلاصہ: یہ کہ روایتیں اگرچہ دونوں قراءتوں کی مضبوط نہیں، مگر مسئلہ کا مدار روایات پر نہیں، بلکہ نقل وتواتر اور تعامل پر ہے، اور قراءِ سبعہ سے دونوں قراءتیں متواتر منقول ہیں، اس لئے دونوں صحیح ہیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

أبوابُ القراءةِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١– بابُ ماجاء في قراءة: مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ]

[٢٩٣٩–] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُقَطِّعُ قِرَاءَ تَهُ، يَقْرَأُ: ﴿الْحَمْدُ للّٰهِ رَبِّ الْعَالِمِيْنَ﴾ ثُمَّ يَقِفُ ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ ثُمَّ يَقِفُ، وَكَانَ يَقْرَأُهَا: ﴿مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَبِهِ يَقْرَأُ أَبُوْ عُبَيْدٍ، وَيَخْتَارُهُ، هٰكَذَا رَوَى يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ وَغَيْرُهُ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، لِأَنَّ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ رَوَى هٰذَا الحديثَ عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّهَا وَصَفَتْ قِرَاءَةَ

النبيِّ صلى الله عليه وسلم حَرْفًا حَرْفًا،وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ أَصَحُّ، وَلَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ اللَّيْثِ: وَكَانَ يَقْرَأُ﴿مَلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

[٢٩٤٠-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، نَا أَيُّوْبُ بْنُ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيُّ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ - وَأُرَاهُ قَالَ: وَعُثْمَانَ - كَانُوْا يَقْرَؤُوْنَ: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هٰذَا الشَّيْخِ: أَيُّوْبَ بْنِ سُوَيْدٍ الرَّمْلِيِّ.

وَقَدْ رَوَى بَعْضُ أَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الحديثَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، كَانُوْا يَقْرَؤُوْنَ ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

وَرَوَى عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، كَانُوْا يَقْرَؤُوْنَ: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

بابُ ماجاء فی قراء ة: العينُ بِالْعَيْنِ

العَيْنُ (مرفوع) کی قراءت

سورۃ المائدہ آیت ۴۵ اس طرح ہے:﴿وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَا أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ، وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ، وَالْأَنْفَ بِالْأَنْفِ، وَالْأُذُنَ بِالْأُذُنِ، وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ، وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ﴾:اورہم نے ان (بنی اسرائیل) پراس (تورات) میں یہ بات لکھ دی کہ جان کے بدلے میں جان،آنکھ کے بدلے میں آنکھ،ناک کے بدلے میں ناک،کان کے بدلے میں کان،دانت کے بدلے میں دانت،اورزخموں میں برابری ہے۔

اس آیت میں العینَ اور الأنفَ وغیرہ النفسَ پر معطوف ہیں،اس لئے سب منصوب ہیں،اوردوسری قراءت میں یہ سب مرفوع ہیں، وہ إنَّ کے اسم کے محل پرعطف کرتے ہیں، إنَّ: جملہ اسمیہ خبریہ پر داخل ہوتا ہے،اوراس کا اسم درحقیقت مبتدا ہوتا ہے،اس لئے محلاً مرفوع ہوتا ہے،چنانچہ اس پرعطف کرکے بعد کے سب الفاظ مرفوع پڑھے گئے ہیں،کسائی نے والجروحُ تک سب کومرفوع پڑھا ہے،اورابن کثیر،ابوعمرواورابوعامر نے صرف الجروحُ کومرفوع پڑھا ہےاور باقی سب قراء نے سب کومنصوب پڑھا ہے۔

تشریح: یہ حدیث یونس بن یزید سے صرف عبداللہ بن المبارکؒ روایت کرتے ہیں،اور یونس کے استاذ ابوعلی بن یزید:یونس بن یزید کے بھائی ہیں،اورابوعبید بھی اس حدیث کی وجہ سے﴿وَالعَيْنُ بِالعَيْنِ﴾ پڑھتے ہیں۔

[٢-] بابٌ

[٢٩٤١-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا ابْنُ الْمُبارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِى عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ: ﴿أَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ، وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ﴾

حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نا ابنُ الْمُبارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ بِهٰذَا الإِسْنادِ نَحْوَهُ.

وَأَبُوْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ: هُوَ أَخُوْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، قَالَ مُحمدٌ: تَفَرَّدَ ابْنُ الْمُبارَكِ بِهٰذَا الحديثِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، وَهٰكَذَا قَرَأَ أَبُوْعُبَيْدٍ: ﴿وَالْعَيْنُ بِالْعَيْنِ﴾ اتِّبَاعًا لِهٰذَا الحديثِ.

بابُ ماجاءَ فِى قِرَاءَةِ: هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ

٣- هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ کی قراءت

سورۃ المائدہ آیت ۱۱۲ ہے: ﴿إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ أَنْ يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ؟ قَالَ: اتَّقُوْا اللّٰهَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾: وہ وقت قابل ذکر ہے جب حواریین نے عرض کیا: اے عیسیٰ بن مریم! کیا آپ کے پروردگار ایسا کرسکتے ہیں کہ ہم پر آسمان سے کچھ کھانا اتاریں؟ آپ نے جواب دیا: خدا سے ڈرو، اگر تم ایمان والے ہو، یعنی بے ضرورت معجزات کی فرمائش مت کرو۔

حدیث: حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت میں هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ پڑھا ہے، یعنی کیا آپ ایسا کرسکتے ہیں کہ اپنے پروردگار سے درخواست کریں، أى هل تُطِيْقُ أَنْ تَسْأَلَ رَبَّكَ، اور یہ کسائی کی قراءت ہے باقی قراء هل يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ پڑھتے ہیں، اور یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں رشدین بن سعد ہیں جو ضعیف ہیں، اور افریقی بھی امام ترمذیؒ کی رائے میں ضعیف ہیں، ان دونوں راویوں کا تذکرہ پہلے گذر چکا ہے (دیکھیں: تحفہ ۱: ۲۷۲ و ۲۸۴)

[٣- بابُ ماجاءَ فِى قِرَاءَةِ: هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ]

[٢٩٤٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ أَنْعَمَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ: هَلْ تَسْتَطِيْعُ رَبَّكَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ، وَرِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادِ بْنِ أَنْعَمَ الْأَفْرِيْقِيُّ: يُضَعَّفَانِ فِيْ الحديثِ.

بابُ ماجاء فی قراءة: إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ

۴-إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ کی قراءت

سورۂ ہود آیت ۴۶ ہے: ﴿قَالَ يٰنُوْحُ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ، إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ، فَلَا تَسْئَلْنِ مَالَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ، إِنِّیْ أَعِظُكَ أَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجَاهِلِيْنَ﴾ ترجمہ: اللہ نے ارشاد فرمایا: اے نوح! بیشک یہ (بیٹا) تمہارے (نجات پانے والے) گھر والوں میں سے نہیں ہے، کیونکہ وہ نیک نہیں ہے، پس آپ مجھ سے ایسی بات کی درخواست نہ کریں جس کے بارے میں آپ کو کچھ علم نہیں، میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں، کہیں ایسا نہ ہو کہ آپ نادان ہو جائیں۔

اس آیت میں ضمیر ''ہ'' إِنَّ کا اسم ہے، اور عَمَلٌ غَيْرُ صالح: مرکب اضافی اس کی خبر ہے، اور عَمَلٌ مصدر ہے، اس کا حمل مبالغہ کے طور پر ہے، جیسے: زيدٌ عدلٌ: زید انصاف ہے، حالانکہ وہ انصاف کرنے والا ہے، اسی طرح یہ بیٹا ''تباہ کار عمل'' ہے، اگرچہ حقیقت میں وہ برا عمل کرنے والا ہے۔

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ اس کو إِنَّهُ عَمِلَ غيرَ صَالِحٍ پڑھا کرتے تھے، یعنی مصدر کے بجائے فعل ماضی پڑھتے تھے۔ اور غیرَ صالح کو مفعول بناتے تھے، اور یہ کسائی کی قراءت ہے، باقی قراء وہ قراءت پڑھتے ہیں جو اوپر مذکور ہوئی، اور حضرت ام سلمہؓ کی اس حدیث کی سند ثابت بنانی سے آخر تک یہی ہے، اور یہ حدیث شہر بن حوشب: حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے بھی روایت کرتے ہیں، اور مشہور محدث و مفسر عبد بن حمید کا خیال یہ ہے کہ یہ ام سلمہ حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ ہیں، ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ نہیں ہیں، یعنی عبد بن حمید کے نزدیک دونوں حدیثیں ایک ہیں، نیز عبد بن حمید یہ بھی کہتے ہیں کہ شہر بن حوشب نے ام سلمہ انصاریہ سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں (پس یہ حدیث بھی انہی سے مروی ہے)

لیکن الکوکب الدری کے حاشیہ میں حضرت شیخ رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ یہ روایت ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ سے بھی مروی ہے، اور حضرت ام سلمہ انصاریہؓ سے بھی، مسند احمد میں یہ حضرت ام المؤمنین ام سلمہؓ کے مُسند میں دو سندوں سے مروی ہے، اور اسماء بنت یزید کے مُسند میں ایک سند سے مروی ہے، اسی طرح ابوداؤد طیالسی نے بھی ام المؤمنین ام سلمہؓ اور حضرت اسماءؓ دونوں سے یہ حدیث روایت کی ہے، اس لئے عبد بن حمید نے جو دونوں حدیثوں کو ایک کیا ہے وہ صحیح نہیں۔

[٤- باب ماجاء فی قراءة: إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ]

[٢٩٤٣-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ البَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَفْصٍ، نَا ثَابِتُ البُنَانِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰه علیه وسلم كَانَ يَقْرَأُهَا: إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ.

هٰذَا حديثٌ قَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ ثَابِتِ البُنَانِيِّ نَحْوَ هٰذَا، وَهُوَ حَدِيْثُ ثَابِتِ البُنَانِيِّ، وَقَدْ رُوِیَ

هٰذَا الحديثُ أَيْضًا عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ.

وَسَمِعْتُ عَبْدَ بْنَ حُمَيْدٍ يَقُوْلُ: أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ: هِيَ أُمُّ سَلَمَةَ الأَنْصَارِيَّةُ، كِلاَ الْحَدِيْثَيْنِ عِنْدِيْ وَاحِدٌ، وَقَدْ رَوَى شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ غَيرَ حَدِيْثٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ الأَنْصَارِيَّةِ، وَهِيَ أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

[۲۹٤٤-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، وَحَبَّانُ بْنُ هِلاَلٍ، قَالاَ: ثَنَا هَارُوْنُ النَّحْوِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: إِنَّهُ عَمِلَ غَيْرَ صَالِحٍ.

بابُ ماجاء في قراءة: مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا

۵-مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا کی قراءت

سورۃ الکہف آیت ۷٦ ہے: ﴿قَالَ إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلاَ تُصٰحِبْنِيْ، قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّيْ عُذْرًا﴾: موسیٰ نے کہا: اگر میں آپ سے اس کے بعد کسی امر کے بارے میں پوچھوں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں، آپ میری طرف سے یقیناً عذر کو پہنچ گئے، یعنی آپ نے بہت درگذر کرلیا، اب اگر آپ ساتھ نہ رکھیں تو آپ معذور ہونگے۔

حدیث: حضرت ابن عباسؓ: حضرت ابی بن کعبؓ سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا پڑھا، یعنی لَدُنِّيْ کی نون کو تشدید کے ساتھ پڑھا، اور یہی سب قاریوں کی قراءت ہے، مگر نافع: لَدُنِيْ (دال کے پیش اور نون کے زیر کے ساتھ بغیر تشدید کے) پڑھتے ہیں۔

وضاحت: اصل لفظ لَدُنْ ہے، عام قراء اس میں نون وقایہ بڑھاتے ہیں، تا کہ لفظ کا آخر کسرہ سے محفوظ رہے، جیسے مِنْ اور عَنْ میں نون وقایہ بڑھا کر مِنِّيْ اور عَنِّيْ کہتے ہیں، مگر نافع نون وقایہ نہیں بڑھاتے، بلکہ لَدُنْ کی نون ساکن کو کسرہ دے کر لَدُنِي پڑھتے ہیں۔ اور باب کی حدیث ابوالجاریہ کی وجہ سے ضعیف ہے، یہ راوی مجہول ہے، اللہ جانے کون ہے؟ اس کا نام بھی معلوم نہیں! مگر متواتر قراءتوں کا مدار تعامل پر ہوتا ہے، روایتوں پر نہیں۔

[۵- بابُ ماجاءَ في قراءة: مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا]

[۲۹٤۵-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ البَصْرِيُّ، نَا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، نَا أَبُوْ الْجَارِيَةِ الْعَبْدِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَرَأَ: قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّيْ عُذْرًا: مُثَقَّلَةً.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ ثِقَةٌ، وَأَبُوْ الجَارِيَةِ الْعَبْدِيُّ: شَيْخٌ: مَجْهُوْلٌ، لاَأَدْرِيْ مَنْ هُوَ؟ وَلاَ نَعْرِفُ اسْمَهُ.

بابُ ماجاءَ فی قراءة: فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ

۶- فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ کی قراءت

سورۃ الکہف آیت ۸۶ ہے: ﴿حَتّٰی إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ، وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا﴾: یہاں تک کہ جب ذوالقرنین غروبِ آفتاب کے موقع پر پہنچے، یعنی جہتِ مغرب میں آبادی کے منتہی پر پہنچے تو انھوں نے آفتاب کو ایک سیاہ کیچڑ کے چشمے میں ڈوبتے ہوئے پایا (سمندر کے پانی کا رنگ عام طور پر سیاہ ہوتا ہے، کیونکہ اس کے نیچے سیاہ کیچڑ ہوتی ہے، اور ذوالقرنین کی نگاہ چونکہ سمندر سے آگے نہیں جارہی تھی اس لئے ان کو سیاہ سمندر میں سورج ڈوبتا ہوا نظر آیا) اس آیت میں عام قراء حَمِئَة پڑھتے ہیں، یعنی ح کے بعد الف نہیں بڑھاتے، اور م کے بعد ی کے بجائے ہمزہ پڑھتے ہیں، یہی ابن عباس، نافع، ابن کثیر، ابوعمرو اور حفص کی قراءت ہے، اور ابن عامر، حمزہ، کسائی وغیرہ حَامِيَة پڑھتے ہیں، یعنی ح کے بعد الف اور م کے بعد ی پڑھتے ہیں، اور حَمِئَة کے معنی ہیں: سیاہ کیچڑ، اور حامية کے معنی ہیں: سخت گرم، سورۃ القارعہ کی آخری آیت ہے: ﴿نَارٌ حَامِيَةٌ﴾ دہکتی ہوئی آگ۔

حدیث: حضرت ابن عباسؓ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ﴿فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ﴾ پڑھا۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ مرفوع حدیث غریب ہے، اس کی یہی ایک سند ہے، اور صحیح بات یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس طرح پڑھا کرتے تھے (اور حضرت ابن عباسؓ نے قرآن حضرت ابی بن کعبؓ سے پڑھا ہے) اور یہ واقعہ مروی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما میں اس لفظ کے پڑھنے میں اختلاف ہوا، چنانچہ دونوں نے کعب احبار سے پوچھا کہ تورات میں اس واقعہ میں سورج کا کس چیز میں ڈوبنا بیان ہوا ہے؟ کالے کیچڑ میں یا گرم پانی میں؟ کعب نے جواب دیا: تورات میں: تَغْرُبُ فِیْ مَاءٍ وَطِیْنٍ: ہے۔ پس حَمِئَة صحیح ہے، حَامِيَة کی تائید تورات سے نہیں ہوتی۔

اسی طرح یہ واقعہ بھی مروی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حامية پڑھا، تو ابن عباسؓ نے ٹوکا کہ صحیح لفظ حَمِئَة ہے، حضرت معاویہؓ نے حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے پوچھا کہ آپ کس طرح پڑھتے ہیں؟ انھوں نے جواب دیا: آپ کی طرح حامية پڑھتا ہوں، حضرت ابن عباسؓ نے حضرت معاویہؓ سے کہا: قرآن میرے گھر میں اترا ہے، پھر انھوں نے کعب احبار کے پاس آدمی بھیجا تو انھوں نے مذکورہ جواب دیا۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ان واقعات سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مذکورہ روایت صحیح نہیں، اگر حضرت ابن عباسؓ کے پاس حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہوتی تو وہ کعب احبار سے کیوں پوچھتے!

[٦- بابُ ماجاءَ فی قراءة: فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ]

[٢٩٤٦-] حدثنا یَحْییَ بْنُ مُوْسَی، نَا مُعَلَّی بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ محمدِ بْنِ دِیْنَارٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ مِصْدَعٍ: أَبِیْ یَحْییَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَرَأَ: فِیْ عَیْنٍ حَمِئَةٍ.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالصَّحِیْحُ مَارُوِیَ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: قِرَاءَ تُهُ، وَیُرْوَی أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَعَمْرَو بنَ العَاصِ اخْتَلَفَا فِیْ قِرَاءَ ةِ هٰذِهِ الآیَةِ، وَارْتَفَعَا إِلَی کَعْبِ الْأَحْبَارِ فِیْ ذٰلِكَ، فَلَوْ کَانَتْ عِنْدَهُ رِوَایَةٌ عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، لاسْتَغْنَی بِرِوَایَتِهِ، وَلَمْ یَحْتَجْ إِلَی کَعْبٍ.

بابُ ماجاءَ فی قراءة: غَلَبَتِ الرُّوْمُ

۷- غَلَبَتِ الرُّوْمُ کی قراءت

سورۃ الروم کی اس طرح ابتداء ہوتی ہے:﴿الٓمّ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِیْ أَدْنَی الْأَرْضِ، وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَیَغْلِبُوْنَ، فِیْ بِضْعِ سِنِیْنَ، لِلّٰهِ الْأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ، وَیَوْمَئِذٍ یَّفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ (آیات ۱-۴) ترجمہ: الٓمّ رومی جزیرۃ العرب سے قریبی جگہ میں ہار گئے، اور وہ اپنے ہارنے کے بعد عنقریب تین سے لے کر نو سال میں غالب آجائیں گے، اللہ ہی کا پہلے بھی اختیار تھا اور پیچھے بھی، اور اس دن مسلمان خوش ہونگے۔

تفسیر: روم اور فارس جو زمانہ نبوت میں دو سُپر پاور تھے: ان میں مقام اذرعات اور بُصری کے درمیان لڑائی ہوئی، اور رومی ہار گئے، مشرکین مکہ مسلمانوں سے کہنے لگے: تم اور رومی اہل کتاب ہو، اور ہم اور ایرانی مشرک ہیں، پس ایران کا روم پر غالب آنا ہمارے لئے نیک فال ہے، ہم بھی اسی طرح تم پر غالب آئیں گے، اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں، ان میں یہ پیشین گوئی ہے کہ نو سال کے اندر اندر رومی ایرانیوں پر غالب آجائیں گے، چنانچہ اس واقعہ کے ساتویں سال پھر دونوں کا مقابلہ ہوا، اور رومی غالب آگئے، اور یہ پیشین گوئی پوری ہوئی۔ یہ سورت مکی ہے، یعنی یہ واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے، پھر ہجرت کے بعد سن ۲ ہجری میں جنگ بدر ہوئی، جس دن بدر میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی، اسی دن یہ خبر پہنچی کہ رومی جیت گئے، اس سے مسلمانوں کی خوشی دوبالا ہوگئی، اور مشرکین مکہ کو افسوس بالائے افسوس ہوا۔

حدیث: عطیہ عوفی: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب بدر کا دن آیا تو رومی ایرانیوں پر فتح یاب ہوئے، اور یہ بات مسلمانوں کو پسند آئی، پس الٓمّ غَلَبَتِ الرُّوْمُ (آیات ۱-۴) نازل ہوئیں۔ حضرت ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: پس مسلمان ایرانیوں پر رومیوں کے غلبہ سے خوش ہوئے۔

امام ترمذیؒ کے استاذ نصر بن علی جہضمی اسی طرح غَلَبَتِ الرُّوْمُ (فعل معروف) پڑھتے ہیں، یعنی رومی جیت گئے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: غَلَبت (معروف) اور غُلِبَتْ (مجہول) دونوں طرح پڑھا گیا ہے، اور غُلبت (مجہول) کا

مطلب وہ ہے جواوپر بیان کیا گیا کہ رومی پہلے ہارے پھر جیتے۔

تشریح: مگر یہ روایت قطعاً قابل اعتبار نہیں، قرائے سبعہ میں سے کسی نے اس طرح نہیں پڑھا، اور یہ قراءت واقعہ کے بھی خلاف ہے، اور عطیہ عوفی میں تین خرابیاں تھیں: وہ مدلِّس تھا اور مدلس کا عنعنہ معتبر نہیں ہوتا اور وہ اکثر ائمہ جرح وتعدیل کے نزدیک ضعیف ہے، اور وہ کلبی سے تفسیر لیا کرتا تھا، اور اس نے کلبی کی کنیت ابوسعید رکھ رکھی تھی، چنانچہ وہ عن أبی سعید کہہ کر روایت کرتا، اور دھوکا دیتا کہ وہ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت کررہا ہے، نیز یہ سورت مکی ہے، پس ان آیات کے جنگ بدر کے موقع پر نازل ہونے کی بات صحیح نہیں...... علاوہ ازیں: اس قراءت کا ﴿وَهُمْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ﴾ سے تعارض ہے، اس لئے یہ روایت قطعاً غیر معتبر ہے اس کی مزید تفصیل سورۃ الروم کی تفسیر میں آئے گی۔

[٧- بابُ ماجاءَ فی قراء ة: غَلَبَتِ الرُّوْمُ]

[٢٩٤٧-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلَى فَارِسَ، فَأَعْجَبَ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَنَزَلَتْ: ﴿الٓمٓ، غَلَبَتِ الرُّوْمُ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ قَالَ: فَفَرِحَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِظُهُوْرِ الرُّوْمِ عَلَى فَارِسَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَيُقْرَأُ: غَلَبَتْ، وَغُلِبَتْ، يَقُوْلُ: كَانَتْ غُلِبَتْ، ثُمَّ غَلَبَتْ، هٰكَذَا قَرَأَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ: غَلَبَتْ.

بابُ ماجاءَ فی قراء ة: مِنْ ضُعْفٍ

٨- مِنْ ضُعْفٍ کی قراءت

سورۃ الروم آیت ۵۴ ہے: ﴿اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِنْ ضُعْفٍ، ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً، ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَشَيْبَةً، يَخْلُقُ مَايَشَآءُ، وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ﴾ ترجمہ: اللہ ایسے ہیں جنھوں نے تم کو ناتوانی (بچپن کی ابتدائی حالت) میں پیدا کیا، پھر ناتوانی کے بعد توانائی (جوانی) بنائی، پھر توانائی کے بعد ضعف اور بڑھاپا گردانا، وہ جو چاہتے ہیں پیدا کرتے ہیں، اور وہ خوب جاننے والے، بڑی قدرت والے ہیں۔

عاصم اور حمزہ نے ضَعْفٌ (بالفتح) پڑھا ہے، اور دوسرے قراء ضُعْفٌ (بالضم) پڑھتے ہیں، اسی کو حفص نے بھی اختیار کیا ہے، جن کی قراءت ہم پڑھتے ہیں، اگرچہ حفص امام عاصم کے شاگرد ہیں، مگر انھوں نے ضمہ کے ساتھ پڑھا ہے، اس لئے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: انھوں نے نبی ﷺ کے سامنے خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ پڑھا، تو آپؐ نے لقمہ دیا من ضُعْفٍ پڑھو (ضمہ کے ساتھ قریش کی لغت ہے، اور فتح بنوتمیم کی لغت ہے، اور قرآنِ کریم

قریش کی لغت میں نازل ہوا ہے، اس لئے راجح ضمہ ہے، اگرچہ فتح بھی درست ہے)

[۸- بابُ ماجاءَ فی قراء ة: مِنْ ضُعْفٍ]

[۲۹۴۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نَا نُعَيْمُ بْنُ مَيْسَرَةَ النَّحْوِيُّ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ العَوْفِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّهُ قَرَأَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم: خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ، فَقَالَ: "مِنْ ضُعْفٍ"

حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابُ ماجاءَ فی قراء ة: فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

۹-فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ کی قراءت

سورۃ القمر میں ﴿فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ﴾ بار بار آیا ہے، یعنی کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟ مُدَّكِرْ کی اصل مُذْتَكِرْ ہے، پہلے ت کو دال مہملہ سے بدلا، پھر ذ (معجمہ) کو بھی د (مہملہ) سے بدلا، پھر دونوں میں ادغام کیا، یہی عام قراءت ہے، اور باب کی حدیث بخاری شریف (حدیث ۳۳۴۱) کی ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے سامنے فهل من مذَّكِرٍ (ذ معجمہ مشددة کے ساتھ) پڑھا، تو نبی ﷺ نے لقمہ دیا: فهل من مُدَّكِرٍ پڑھو (اور بخاری کی ایک روایت میں ہے: ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فهل من مدَّكر (د مہملہ کے ساتھ) پڑھتے ہوئے سنا ہے، چنانچہ تمام قراء اسی طرح پڑھتے ہیں)

[۹- بابُ ماجاءَ فی قراء ة: فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ]

[۲۹۴۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْرَأُ: فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فی قراء ة: فَرُوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيْمٍ

۱۰- فَرُوْحٌ (بضم الراء) کی قراءت

سورۃ الواقعہ آیت ۸۹ ہے: ﴿فَرُوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّتُ نَعِيْمٍ﴾: پس (مقربین کے لئے) راحت اور روزی اور

نعمت کا باغ ہے، اس آیت میں مشہور قراءت رَوْحٌ (بفتح الراء) ہے اور تمام قراء اسی طرح پڑھتے ہیں، مگر یعقوب ضمہ کے ساتھ پڑھتے ہیں، اور قتادہ نے رُوح کے معنی رحمت کے کئے ہیں، اور رَوْحٌ کے معنی راحت کے ہیں، اور رَیْحان کے معنی رزق کے ہیں، اور یعقوب قاری کی دلیل باب کی حدیث ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ فرُوح وریحان وجنت نعیم پڑھا کرتے تھے، مگر یہ حدیث ہارون اعور ہی کی سند سے پہچانی گئی ہے، ہارون قاری تھے اور ثقہ تھے، مگر ان پر منکر تقدیر ہونے کا الزام تھا۔

[۱۰– باب ماجاءَ فی قراء ة: فَرُوْحٌ وَّرَیْحَانٌ وَّجَنَّتُ نَعِیْمٍ]

[۲۹۵۰–] حدثنا بِشْرُ بْنُ هِلاَلٍ الصَّوَّافُ البَصْرِیُّ، نَا جَعْفَرُ بنُ سُلَیْمَانَ الضُّبَعِیُّ، عَنْ هَارُوْنَ الْأَعْوَرِ، عَنْ بُدَیْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِیْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ یَقْرَأُ: فَرُوْحٌ وَرَیْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِیْمٍ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لاَنعرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ هَارُوْنَ الْأَعْوَرِ.

بابُ ماجاءَ فی قراء ة: وَالذَّکَرِ وَالْأُنْثٰی

۱۱–وَالذَّکَرِ وَالْأُنْثٰي کی قراءت

سورۃ اللیل کی ابتداء ہے: ﴿وَاللَّیْلِ إِذَا یَغْشَی، وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰی، وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْأُنْثٰی، إِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی﴾: قسم ہے رات کی جب وہ (آفتاب یا دن کو) چھپائے، اور قسم ہے دن کی جب وہ روشن ہو جائے، اور قسم ہے اس ذات کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا: بیشک تمہاری کوششیں (اعمال) مختلف ہیں.......... تیسری آیت میں تمام قراء ما خَلَقَ پڑھتے ہیں، مگر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت میں ماخلق نہیں تھا اور واو قسمیہ تھا، علماء نے ابن مسعودؓ کی قراءت کی تاویل کی ہے کہ یہ کلمہ بعد میں نازل ہوا ہوگا، اور حضرت ابن مسعودؓ کو اس کی اطلاع نہیں ہوئی ہوگی۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے خاص شاگرد علقمہؒ کہتے ہیں: ہم شام گئے تو ہمارے پاس حضرت ابوالدرداءؓ آئے، انھوں نے پوچھا: کیا تم میں کوئی شخص ہے جو مجھے عبداللہ بن مسعودؓ کی قراءت پڑھ کر سنائے، علقمہ کہتے ہیں: پس لوگوں نے میری طرف اشارہ کیا، پس میں نے کہا: ہاں، یعنی میں ابن مسعودؓ کی قراءت پڑھ کر سنا سکتا ہوں، حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: اس آیت کو یعنی واللیل إذا یغشی کو آپ نے ابن مسعودؓ کو کس طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے؟ علقمہ نے کہا: میں نے ان کو اس طرح پڑھتے ہوئے سنا ہے: واللیل إذا یغشی، والنهار إذا تجلی، والذکرِ والأنثی: پس ابوالدرداء نے فرمایا: میں نے بھی اسی طرح نبی ﷺ سے سنا ہے، اور یہ لوگ مجھ سے چاہتے ہیں کہ میں اس کو پڑھوں وماخَلَقَ (بڑھا کر) پس میں ان کی پیروی نہیں کرتا، یہ روایت متفق علیہ ہے اور اس کی تاویل ابھی گذر چکی۔

[۱۱ – باب ماجاءَ فی قراء ة:وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى]

[۲۹۵۱–] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَدِمْنَا الشَّامَ، فَأَتَانَا أَبُوْ الدَّرْدَاءِ، فَقَالَ: أَفِيْكُمْ أَحَدٌ يَقْرَأُ عَلَيَّ قِرَاءَ ةَ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: فَأَشَارُوْا إِلَيَّ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَ عَبْدَ اللّٰهِ يَقْرَأُ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى﴾؟ قَالَ: قُلْتُ سَمِعْتُهُ يَقْرَؤُهَا: وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى، وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى، فَقَالَ أَبُوْ الدَّرْدَاءِ: وَأَنَا وَاللّٰهِ هٰكَذَا سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُوَ يَقْرَؤُهَا، وَهٰؤُلَاءِ يُرِيْدُوْنَنِيْ أَنْ أَقْرَأَهَا: وَمَا خَلَقَ: فَلاَ أُتَابِعُهُمْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا قِرَاءَ ةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ: وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى، وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلَّى، وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى.

بابُ ماجاءَ فی قراء ة:إِنِّیْ أَنَا الرَّزَّاقُ ذُوْ الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ

۱۲–إِنِّیْ أَنَا الرَّزَّاقُ کی قراءت

سورۃ الذاریات آیت ۵۸ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوْ الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ﴾ بیشک اللہ تعالیٰ ہی رزق پہنچانے والے، نہایت قوت والے ہیں۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے إنی أنا الرزاق ذو القوة المتین پڑھایا ہے، یعنی اللہ اسم ظاہر کی جگہ ی ضمیر متکلم، اور ھو ضمیر غائب کی جگہ أنا ضمیر واحد متکلم پڑھائی ہے، مگر قاریوں میں سے کسی نے اس طرح نہیں پڑھا، قراءت متواترہ ھو کے ساتھ ہے، اور یہ حدیث صحیح ہے اور اس کی تاویل وہی ہے جو وماخلق الذکر والأنثی میں گذری ہے۔

[۱۲ – باب ماجاءَ فی قراء ة: إِنِّیْ أَنَا الرَّزَّاقُ ذُوْ الْقُوَّةِ الْمَتِیْنُ]

[۲۹۵۲–] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: أَقْرَأَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: إِنِّيْ أَنَا الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء فی قراء ة: سُکَارٰی

۱۳–سُکَارٰی کی قراءت

سورۃ الحج کی دوسری آیت ہے: ﴿وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَاهُمْ بِسُكَارٰى﴾ اور تو اے مخاطب! لوگوں کو

مست (نشہ کی حالت میں) دیکھے گا، حالانکہ وہ واقع میں مست (نشہ میں) نہیں ہونگے۔

اس آیت میں سُکاری قراءتِ متواترہ ہے، اور حمزہ اور کسائی دونوں جگہ سَکْرَی بروزن عَطْشَی پڑھتے ہیں، اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ﴿وَتَرَی النَّاسَ سُکَارىٰ وَمَاهُمْ بِسُکَارَى﴾ پڑھا، یہ روایت آگے ابواب الحج کی تفسیر میں بھی آرہی ہے، مگر یہ روایت صحیح نہیں، کیونکہ حضرت قتادہ کا حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوالطفیلؓ سے تو سماع ہے، مگر باقی کسی صحابی سے سماع نہیں، اور یہ روایت حضرت عمرانؓ سے ہے، پس وہ منقطع ہے۔ اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث میرے نزدیک مختصر ہے، مفصل حدیث سورۃ الحج کی تفسیر میں آرہی ہے، وہاں قتادہ: حضرت حسن بصری سے اور وہ حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس آپؐ نے پڑھا: ﴿یٰاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ﴾ إلخ یہ پوری مفصل حدیث سورۃ الحج کی تفسیر میں آرہی ہے، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حکم بن عبدالملک کی یہ حدیث اس مفصل حدیث کا اختصار ہے، اور مفصل حدیث میں حضرت حسن بصری کا واسطہ موجود ہے، پس یہ روایت صحیح ہے۔

[۱۳- باب ماجاءَ فی قراءة: سُکَارىٰ]

[۲۹۵۳-] حدثنا أَبُوْ زُرْعَةَ، وَالْفَضْلُ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا الحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، عَنِ الْحَکَمِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَرَأَ: وَتَرَی النَّاسَ سُکَارَی، وَمَاهُمْ بِسُکَارَی.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَهٰکَذَا رَوَی الْحَکَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، وَلاَ نَعْرِفُ لِقَتَادَةَ سَمَاعًا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، إِلاَّ مِنْ أَنَسٍ، وَأَبِی الطُّفَیْلِ، وَهٰذَا عِنْدِیْ مُخْتَصَرٌ، إِنَّمَا یُرْوَی عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ، قَالَ: کُنَّا مَعَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَقَرَأَ: یَا أَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ الحدیثَ بِطُوْلِهِ، وَحَدِیْثُ الْحَکَمِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عِنْدِیْ مُخْتَصَرٌ مِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ.

بابٌ

۱۴- قرآنِ کریم کو یاد رکھنے کی تاکید

اب ابواب القراءۃ کے آخر میں پانچ باب ہیں، ایک باب کے علاوہ باقی ابواب کا أبواب القراءة سے کوئی قریبی تعلق نہیں، ان کو أبواب فضائل القرآن میں آنا چاہئے تھا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بری ہے وہ چیز جو ان میں سے ایک کے لئے ہے، یا فرمایا: تم میں سے ایک کے لئے ہے کہ کہے: نَسِیْتُ آیَةَ کَیْتَ وَکَیْتَ: میں فلاں فلاں آیت بھول گیا (یہ بے ادبی کی بات ہے) بَلْ هُوَ نُسِّیَ:

بلکہ وہ بھلا دیا گیا (یہ بولنے کا ادب ہے) پس قرآنِ کریم کو یاد کرو، قسم ہے اس اللہ کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! قرآن یقیناً زیادہ بھاگ جانے والا ہے مردوں کے سینوں سے: چوپایوں سے بھی ان کے پاؤں کی رسی سے۔

تشریح: بئسما: میں ما نکرہ موصوفہ بمعنی شیئٌ ہے، اور أن یقولَ: مخصوص بالذم ہے، أی: بئس شیئًا کائنا للرجل. جیسے: ﴿بِئْسَ مَا اشْتَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ أَنْ يَكْفُرُوْا بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ﴾[البقرة۹۰]...... کیت و کیت أی کذا و کذا...... اور مذکورہ ادب کی نظیر پہلے (حدیث ۱۷۲ کتاب الصلوٰۃ باب ۱۵، تحفہ ۱: ۴۷۶ میں) گذر چکی ہے، فرمایا: الذی تَفُوْتُه صَلاَةُ العَصْرِ: وہ شخص جس کے ہاتھ سے عصر کی نماز نکل گئی، یہ بولنے کا ادب ہے، اور یہ کہنا کہ اس نے عصر کی نماز چھوڑ دی: یہ بے ادبی کی بات ہے، کیونکہ مسلمان نماز نہیں چھوڑ سکتا...... نُسِّیَ (فعل ماضی مجہول) أَنْساهُ الشیئَ، وناسَاه، ونَسَّاه: کسی چیز سے غافل کرنا، بھلانا...... اسْتَذْکَرَ الشیئَ: یاد کرنا...... تَفَصَّی مِن الشیئِ: چھٹکارا پانا، بندش سے نکل جانا، أَشَدُّ تفَصِّیًا: اسم تفضیل ہے...... اور مِنْ صُدُوْرِ الرجال: میں اشارہ ہے کہ قرآنِ کریم حفظ کرنا مردوں کی ذمہ داری ہے، عورتوں کی یہ ذمہ داری نہیں...... النَّعَم: چوپایہ، خاص طور پر اونٹ، جمع: أَنْعَام...... العُقُل (بضمتین) العِقَال کی جمع ہے، اونٹ کے پیر باندھنے کی رسی۔

فائدہ: قرآنِ کریم جلدی بھول جانے کی وجہ یہ ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے، پس وہ اللہ کی طرح بے نیاز ہے، اس لئے جو شخص اس کو یاد رکھنے کا پورا اہتمام کرتا ہے اسی کو یاد رہتا ہے، اور جو غفلت برتتا ہے اس کے دل سے رخصت ہو جاتا ہے۔

[۱٤- بابٌ]

[۲۹٥٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: بِئْسَمَا لِأَحَدِهِمْ، أَوْ: لِأَحَدِكُمْ، أَنْ يَقُوْلُ: نَسِيْتُ آيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ، بَلْ هُوَ نُسِّيَ، فَاسْتَذْكِرُوْا الْقُرْآنَ، فَوَ الَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَهُوَ أَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ، مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ

۱۵- قرآنِ کریم سات حرفوں پر اتارا گیا ہے

سات کا عدد عربی میں تکثیر کے لئے آتا ہے، قرآنِ کریم کو شروع میں متعدد طریقوں پر پڑھنے کی اجازت تھی، بعد میں جب اس توسّع کی ضرورت باقی نہ رہی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو لغتِ قریش پر جمع کر دیا جس میں قرآن نازل ہوا تھا، اور جس کو نزول کے ساتھ لکھ کر محفوظ کر لیا گیا تھا۔

حدیث(۱): حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ملاقات ہوئی، آپؐ نے فرمایا: اے جبرئیل! میں ناخواندہ امت کی طرف مبعوث کیا گیا ہو، جن میں بوڑھی عورت، بوڑھا مرد، بچہ، بچی اور وہ شخص بھی ہے جس نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی (پس سب کے لئے ایک انداز پر قرآن پڑھنا دشوار ہے، آپ اللہ تعالیٰ سے یہ بات عرض کریں) پس جب حضرت جبرئیل علیہ السلام دوسری مرتبہ آئے تو انھوں نے کہا: **یا محمد! إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ:** اے محمد! (ﷺ) قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نے مختلف طرح سے قرآنِ کریم پڑھنے کی اجازت دیدی ہے (اس کی تفصیل آئندہ حدیث کی شرح میں آرہی ہے، اور یہ حدیث مسلم شریف کی ہے)

حدیث(۲): حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ہشام بن حکیم رضی اللہ عنہ کے پاس سے گذرا، درانحالیکہ وہ نبی ﷺ کی زندگی میں سورۃ الفرقان پڑھ رہے تھے، پس میں نے کان لگا کر ان کا پڑھنا سنا، پس اچانک وہ بہت سارے وہ الفاظ پڑھ رہے تھے جو مجھے نبی ﷺ نے نہیں پڑھائے تھے، پس میں قریب تھا کہ ان پر نماز میں حملہ کردوں، پس میں نے ان کو مہلت دی، یہاں تک کہ انھوں نے سلام پھیرا، پس جب انھوں نے سلام پھیرا تو میں نے ان کو ان کی چادر کے ساتھ گریبان پکڑ کر کھینچا، اور پوچھا: آپ کو یہ سورت کس نے پڑھائی ہے، جس طرح میں نے آپ کو پڑھتے ہوئے سنا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: مجھے یہ سورت نبی ﷺ نے پڑھائی ہے، میں نے ان سے کہا: بخدا! تم جھوٹ بولتے ہو، نبی ﷺ نے یہی سورت مجھے بھی پڑھائی ہے جس کو تم پڑھتے ہو، پس میں ان کو کھینچ کر نبی ﷺ کے پاس لے گیا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے ان کو سورۃ الفرقان پڑھتے ہوئے سنا ہے، ایسے لفظوں سے جو آپؐ نے مجھے نہیں پڑھائے، حالانکہ آپؐ ہی نے مجھے سورۃ الفرقان پڑھائی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: اے عمرؓ! ان کو چھوڑ دو، اور اے ہشامؓ! پڑھو، پس ہشامؓ نے آپؐ کے سامنے اسی طرح پڑھا جس طرح میں نے سنا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: **هٰكَذَا أُنْزِلَتْ:** اسی طرح اتاری گئی ہے، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: اے عمر! تم پڑھو، پس میں نے اس طرح پڑھا جس طرح نبی ﷺ نے مجھ کو پڑھایا تھا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: **هكذا أُنْزِلَتْ:** اسی طرح یہ سورت اتاری گئی ہے، پھر نبی ﷺ نے فرمایا: **إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ على سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، فَاقْرَءُ وْا مَاتَيَسَّرَ مِنْهُ:** یہ قرآن سات حرفوں پر اتارا گیا ہے، پس پڑھو جو بھی اس میں سے آسان ہو۔

لغات: **سَاوَرَهُ مُسَاوَرَةً وَسِوَارًا:** کسی پر حملہ آور ہونا...... **لَبَّبَ الرَّجُلَ:** کسی کا گریبان پکڑ کر کھینچنا۔

تشریحات:

۱- یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، اور متفق علیہ ہے، اور اس مضمون کی روایات متعدد صحابہ سے مروی ہیں، امام ترمذیؒ نے بھی وفی الباب میں متعدد صحابہ کا حوالہ دیا ہے، ان کے علاوہ دیگر صحابہ سے بھی یہ حدیث مروی ہے۔ مگر ان

میں سے متفق علیہ روایت یہی ایک ہے، باقی روایتیں دوسری کتابوں میں ہیں۔

۲-اس حدیث کی متعدد تفسیریں کی گئی ہیں، تقریباً پینتیس تفسیریں مروی ہیں، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قد اخْتَلَفَ العلماءُ فی الْمُرَادِ بالأَحْرُفِ السَّبْعَةِ عَلَی أَقْوَالٍ کَثِیْرَةٍ، بَلَّغَهَا أَبُوْ حَاتم بن حِبَّانَ إِلَی خَمْسَةٍ وَثلاَ ثِیْنَ قولاً، وَقَالَ الْمُنْذِرِیْ: أَکْثَرُهَا غَیْرُ مُخْتَارٍ: (فتح الباری ۲۶:۹) ترجمہ: علماء میں اختلاف ہے کہ ''سات حروف'' سے کیا مراد ہے؟ ان کے بہت سے اقوال ہیں، ابو حاتم بن حبان نے ان کی تعداد ۳۵ تک پہنچائی ہے اور منذری کہتے ہیں کہ ان میں سے بیشتر اقوال غیر پسندیدہ ہیں۔ ان ۳۵ اقوال میں سے ایک مشہور قول یہ ہے کہ ان سے مراد سات متواتر قراءتیں ہیں، مگر یہ قول بھی صحیح نہیں، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قَالَ أَبُوْ شَامَةَ: ظَنَّ قَوْمٌ أَنَّ القِرَاءَ اتِ السبعَ الموجودةَ الآن هی التی أُرِیْدَتْ فی الحدیث، وهو خِلافُ إجماع أهل العلمِ قَاطِبَةً، وَإِنَّمَا یَظُنُّ ذٰلِكَ بَعْضُ أَهْلِ الجَهْلِ: (فتح الباری ۳۰:۹) ترجمہ: ابو شامہؒ کہتے ہیں: لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ آج جو سات قراءتیں پائی جاتی ہیں وہی حدیث کی مراد ہیں، یہ بات تمام اہل علم کے اجماع کے خلاف ہے، اور یہ بات بعض نادانوں ہی کا گمان ہے۔ اور اس قول کے فساد کی ایک دلیل یہ ہے کہ قراءتیں سات میں منحصر نہیں، دس تو متواتر ہیں، باقی چار غیر متواتر بھی ہیں، پس وہ اس حدیث کا مصداق کیسے ہوسکتی ہیں؟

۳-اس حدیث کا صحیح مطلب یہ ہے کہ شروع میں قرآن کریم کو حافظے کی مدد سے پڑھنے میں گنجائش رکھی گئی تھی، معنی کی حفاظت کے ساتھ اگر الفاظ میں بتدیلی ہوجائے تو اس کی اجازت تھی، اس وقت اس کی سخت ضرورت تھی، پھر بعد میں جب ضرورت باقی نہ رہی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو اُس لغتِ قریش پر جمع کردیا جس کو نزول کے ساتھ ہی لکھ کر محفوظ کرلیا گیا تھا۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ قرآنِ کریم کا حفظ کرنا نزول کے ساتھ ہی شروع ہوگیا تھا، اور اہل لسان کے لئے دشواری یہ ہے کہ وہ رٹے بغیر کسی کلام کو ایک نہج پر نہیں پڑھ سکتے، اور عرب ذہین قوم تھی، رٹنا اس کے بس کی بات نہیں تھی، اور ناخواندہ بھی تھی، لکھا ہوا قرآن سامنے رکھ کر سب لوگوں کے لئے پڑھنا بھی دشوار تھا، نیز اس وقت قرآن کے نسخے بھی عام نہیں ہوئے تھے، اس لئے مضمون کی حفاظت کرتے ہوئے الفاظ بدل کر پڑھنے کی اجازت دی گئی تھی، حضرت عمر اور حضرت ہشام رضی اللہ عنہما کا یہ واقعہ اس بات کی واضح دلیل ہے، یہ دونوں حضرات قریشی تھے، ان میں نہ لہجوں کا اختلاف تھا، نہ لغات کا نہ قواعد کا، پھر بھی دونوں حضرات اپنے اپنے انداز پر سورۃ الفرقان پڑھ رہے تھے، یعنی ان کے الفاظ مختلف تھے، اور دونوں ہی کی نبی ﷺ نے تصویب فرمائی، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے جب معنی کی حفاظت کرتے ہوئے الفاظ میں تبدیلی کی اجازت ہو، اس کے علاوہ اس حدیث کا اور کوئی مفہوم سمجھ میں نہیں آتا۔

علاوہ ازیں: عرب کے بعض قبائل کچھ حروف کا تلفظ نہیں کرسکتے تھے، آج بھی بعض مصری ج کا تلفظ نہیں کرسکتے وہ

گ پڑھتے ہیں، اور بعض قبائل کے لہجے مختلف تھے، کوئی امالہ کرتا تھا کوئی نہیں کرتا تھا، اور بعض قبائل کے قواعد الگ تھے، کوئی معرفہ بنانے کے لئے ال لگاتا تھا اور کوئی م، جیسے الرجلُ اور مَرَّجُلُ۔ اسی طرح اور بھی اختلافات تھے، چنانچہ سب قبائل کو ابتداء میں لغتِ قریش پر جمع کرنا دشوار تھا، اور قرآن لغتِ قریش میں نازل ہوا تھا، اور اسی کو لکھ کر محفوظ کیا گیا تھا، مگر جب پہلی امت کے لئے اس کو یاد کرنے میں دشواری محسوس کی گئی تو نبی ﷺ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام سے گنجائش طلب کی، جس کا ذکر باب کی پہلی روایت میں آیا ہے، چنانچہ شروع میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے معنی کی حفاظت کرتے ہوئے الفاظ میں تبدیلی کی اجازت دی گئی، پھر جب تمام قبائل ایک امت بن گئے اور وہ لغتِ قریش سے آشنا بھی ہوگئے اور لکھے ہوئے قرآنِ کریم بھی عام ہوگئے اور نئی نسل نے قرآن حفظ کرنا شروع کیا تو یہ عارضی اجازت ختم کردی گئی، حضرت عثمانؓ نے اپنے دورِ خلافت میں ایسے تمام مصاحف جلا دیئے جو مختلف طرح سے لکھے گئے تھے، اور مسلمانوں کو لغتِ قریش پر جمع کردیا، اس لئے اب وہ گنجائش باقی نہیں رہی۔ اب مختلف الفاظ سے قرآن پڑھنا جائز نہیں، بلکہ مصحف میں جس طرح لکھا گیا ہے اسی طرح قرآن پڑھنا ضروری ہے۔

مثال سے وضاحت: سورۃ الفرقان کی پہلی آیت ہے: ﴿تَبَارَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرًا﴾ اس آیت میں اگر کوئی نَزَّلَ کی جگہ أَنْزَلَ پڑھے یا الفرقان کی جگہ القرآن پڑھے یا علی عبدہ کی جگہ علی محمدٍ پڑھے، یا للعلمین کی جگہ للناس پڑھے یا نَذِیْرًا کی جگہ بشیرًا پڑھے تو شروع میں اس کی گنجائش تھی، کیونکہ ذہین اہلِ لسان جنھوں نے تلقین کے ذریعہ قرآن یاد کیا ہوا ان سے ایسی تبدیلی ممکن تھی، اس لئے اس کی اجازت دی گئی، بعد میں جب اس گنجائش کی ضرورت نہ رہی تو یہ اجازت ختم کردی گئی۔

اور میں نے حدیث کا یہ مطلب امام طحاوی رحمہ اللہ کے قول سے سمجھا ہے، جو مجمع البحار سے حاشیہ میں نقل کیا ہے: **قال الطحاوی: كان السبعةُ فی أَوَّلِ الأَمْرِ لِضَرُوْرَةِ اخْتِلَافِهِمْ لُغَةً، فلما ارْتَفَعَتْ بكثرةِ الناس: عادتَ إلی واحدٍ** (مجمع البحار) امام طحاوی فرماتے ہیں: سات (متعدد) طرح سے قرآنِ کریم پڑھنے کی اجازت شروع میں تھی، عربوں کے لہجوں کے اختلاف کی وجہ سے، یہ ایک ضرورت تھی، پھر جب لوگوں کے زیادہ ہوجانے کی وجہ سے لغات کا اختلاف ختم ہوگیا تو وہ سات طریقے ایک طریقہ کی طرف لوٹ گئے۔

فائدہ: اور جو سات یا دس متواتر قراءتیں مروی ہیں وہ اسی مصحف عثمانی میں پڑھی جاتی ہیں، جو لغتِ قریش میں لکھا گیا ہے، اور ان کا ثبوت تعامل (اجماع) سے ہے، جو اصولِ شرع میں سے ایک اصل ہے، پس یہ سب قراءتیں معتبر ہیں۔

مگر ان متواتر قراءتوں کا باب کی حدیث سے کوئی تعلق نہیں، کیونکہ یہ سب قراءتیں مصحفِ عثمانی میں پڑھی جاتی ہیں، ان میں لہجوں کا اختلاف، طریقِ ادا کا اختلاف اور طرق تحسین کا اختلاف ملحوظ ہے۔ البتہ أبواب القراءۃ میں جو دوسری روایتیں ہیں ان کو باب کی حدیث سے جوڑا جاسکتا ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ مالك کو مَلِك پڑھنے کی گنجائش بھی ابتداء میں

تھی، بعد میں یہ اجازت ختم کردی گئی، اسی طرح وما خلق کے بغیر والذکر والأنثی پڑھنے کا معاملہ ہے۔

مسئلہ: فنِ قراءت میں جو سات یا دس طریقے تواتر کے ساتھ مروی ہیں ان میں سے کسی بھی طریقہ پر نماز میں قرآنِ کریم پڑھا جائے تو نماز درست ہے، اسی طرح أبواب القراءۃ میں جو مختلف قراءتیں مروی ہیں ان میں سے بھی جو متواتر قراءتیں ہیں ان کو نماز میں پڑھنا جائز ہے، اور البحر الرائق میں ہے کہ قراءتِ شاذّہ پڑھنے سے نماز فاسد ہوجائے گی، لیکن النہر الفائق میں ہے: الأَوْجَهُ: أَنَّهُ لاَتَفْسُدُ: مدلل بات یہ ہے کہ نماز فاسد نہیں ہوگی، البتہ یہاں دو باتیں جان لینی چاہئیں:

پہلی بات: جس طرح درسگاہ میں چند قراءتیں ملاکر پڑھی جاتی ہیں یہ خارج نماز میں بھی مکروہ ہے، پھر نماز میں اس کی اجازت کیسے ہوسکتی ہے؟ درمختار میں ہے: قراءۃُ القرآن بقراءۃٍ معروفۃٍ وَشَاذّۃٍ: دفعةً واحدةً مکروہٌ (درمختار ۵:۲۹۹) مگر اس طرح نماز میں قراءتوں کا کھچڑا کوئی نہیں پکاتا، اس لئے یہ بات میں نے بس یونہی ذکر کی ہے۔

دوسری بات: جس علاقہ میں جو قراءت معروف ہو وہی نماز میں پڑھنی چاہئے، تاکہ مَنْهَجِيَّتْ باقی رہے، اور لوگوں میں خلفشار نہ ہو، اور امام سے اگر غلطی ہوجائے تو پیچھے سے کوئی لقمہ دے سکے۔

مثلاً ہندوستان میں بلکہ اب تو ساری دنیا میں امام حفص کی قراءت پڑھی جاتی ہے، اس لئے نماز میں اسی کو پڑھنا چاہئے، بعض قراء جہری نماز میں غیر حفص کی قراءت پڑھتے ہیں: یہ ٹھیک نہیں، وہ کہتے ہیں کہ دوسری قراءتوں کا رواج ختم ہوگیا ہے، اس لئے ہم ان کو رواج دینے کے لئے پڑھتے ہیں، اور مردہ سنت کو زندہ کرتے ہیں۔

مگر اس سے عوام میں خلفشار ہوتا ہے، میرا تجربہ ہے: نیویارک (امریکہ) میں عشاء کی نماز میں ایک امام صاحب نے سورہ والضُّحیٰ حفص کے علاوہ کسی اور قراءت میں پڑھی، لوگوں نے نماز کے بعد ہنگامہ بپا کیا کہ یہ کیا پڑھا! نماز نہیں ہوئی! مجھے ایک گھنٹہ تقریر کرنی پڑی کہ یہ بھی ایک قراءت متواترہ ہے، اور اس کو پڑھنے سے بھی نماز ہوجاتی ہے۔

اسی طرح دوسری قراءت پڑھنے میں امام سے کوئی غلطی ہوجائے تو پیچھے کوئی لقمہ دینے والا نہیں ہوگا، کیونکہ اس قراءت کا جاننے والا پیچھے کوئی نہیں ہوگا، نیز یہ بات مَنْهَجِيَّتْ کے بھی خلاف ہے، اور یہ کہنا کہ سب قراءتیں متواتر ہیں: بیشک درست ہے، مگر جو معروف قراءت ہے وہ بھی تو متواتر ہے، پھر اس کو چھوڑ کر دوسری قراءت پڑھنے کی کیا ضرورت ہے؟!

ایک واقعہ: حضرت شاہ اسماعیل شہید رحمہ اللہ نے جب نماز میں رفع یدین اور آمین بالجہر شروع کیا تو دہلی میں لوگوں میں خلفشار ہوا، ان کے چچا استاذ حضرت شاہ عبدالقادر صاحب رحمہ اللہ نے ان کو منع کیا، انھوں نے جواب دیا: یہ سنت ہے، اور مردہ سنت کو زندہ کرنے کا بڑا ثواب ہے، شاہ عبدالقادر صاحبؒ نے جواب دیا: یہ ثواب اس سنت کو زندہ کرنے کا ہے جس کے مقابل بدعت ہو، اور رفع یدین اور آمین بالجہر ایسی سنتیں ہیں جن کے مقابل بھی سنتیں ہیں، اس لئے احیاءِ سنت کی فضیلت ان سنتوں کو زندہ کرنے کے لئے نہیں ہے۔

اسی طرح جس علاقہ میں جو قراءت معروف ہے وہ بھی سنت ہے اور اس کے مقابل دوسری متواتر قراءتیں بھی سنت ہیں، پھر معروف قراءت کو چھوڑ کر غیر معروف قراءت کو پڑھنا کیسے مناسب قرار دیا جا سکتا ہے؟

اور جاننا چاہئے کہ غیر معروف قراءت پڑھنے کے پیچھے دو جذبے کارفرما ہو سکتے ہیں: ایک: احیائے فن کا جذبہ، دوسرا: خودنمائی کا شوق، قراء کہتے تو یہ ہیں کہ ہم فن کو زندہ کرنا چاہتے ہیں، مگر لوگوں کی بدگمانی یہ ہے کہ وہ خودنمائی کے لئے ایسا کرتے ہیں، پس اگر حقیقت میں یہی بات ہو یا لوگ ایسا گمان کرتے ہوں تو پھر قراء کو چاہئے کہ وہ اپنی اور لوگوں کی نماز خراب نہ کریں۔ واللہ الموفق۔

[١٥-] بابُ ماجاءَ أَنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ

[٢٩٥٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا الحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، نَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: لَقِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جِبْرَئِيْلَ، فَقَالَ: "يَا جِبْرَئِيْلُ! إِنِّيْ بُعِثْتُ إِلَى أُمَّةٍ أُمِّيِّيْنَ: مِنْهُمُ العَجُوْزُ، وَالشَّيْخُ الكَبِيْرُ، وَالغُلَامُ، وَالْجَارِيَةُ، وَالرَّجُلُ الَّذِيْ لَمْ يَقْرَأْ كِتَابًا قَطُّ" قَالَ: "يَا مُحمدُّ! إِنَّ الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ أَحْرُفٍ"

وفي الباب: عَنْ عُمَرَ، وَحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، وَأَبِيْ هريرةَ، وَأُمِّ أَيُّوْبَ، وَهِيَ: امْرَأَةُ أَبِيْ أَيُّوْبَ الأَنْصَارِيِّ، وَسَمُرَةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ جُهَيْمِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِيَ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ.

[٢٩٥٦-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِ، أَخْبَرَاهُ: أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: مَرَرْتُ بِهِشَامِ بْنِ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ، وَهُوَ يَقْرَأُ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ فِيْ حَيَاةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاسْتَمَعْتُ قِرَاءَ تَهُ، فَإِذَا هُوَ يَقْرَأُ عَلَى حُرُوْفٍ كَثِيْرَةٍ، لَمْ يُقْرِئْنِيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكِدْتُ أُسَاوِرُهُ فِيْ الصَّلَاةِ، فَنَظَرْتُه حَتَّى سَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ لَبَّبْتُهُ بِرِدَائِهِ، فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ سَمِعْتُكَ تَقْرَؤُهَا؟ فَقَالَ أَقْرَأَنِيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ لَهُ: كَذَبْتَ وَاللّٰهِ! إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَهُوَ أَقْرَأَنِيْ هٰذِهِ السُّوْرَةَ الَّتِيْ تَقْرَأُهَا، فَانْطَلَقْتُ أَقُوْدُهُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا يَقْرَأُ سُوْرَةَ الفُرْقَانِ عَلَى حُرُوْفٍ لَمْ تُقْرِئْنِيْهَا، وَأَنْتَ أَقْرَأْتَنِيْ سُوْرَةَ الْفُرْقَانِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَرْسِلْهُ يَاعُمَرُ، اقْرَأْ يَاهِشَامُ" فَقَرَأَ عَلَيْهِ الْقِرَاءَ ةَ الَّتِيْ سَمِعْتُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اقْرَأْ يَا عُمَرُ!" فَقَرَأْتُ القَرَاءَ ةَ الَّتِيْ

أَقْرَأَنِیْ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " هٰكَذَا أُنْزِلَتْ" ثُمَّ قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: " إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ أُنْزِلَ عَلٰی سَبْعَةِ أَحْرُفٍ، فَاقْرَأُوْا مَاتَيَسَّرَ مِنْهُ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ.

بابٌ

۱۶-قرآن پڑھنے پڑھانے کی فضیلت

پہلے دوجگہ (تحفہ ۴: ۳۵۷و۵: ۲۷۰) یہ حدیث گذری ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے مسلمان بھائی کی دنیا کی بے چینیوں میں سے کوئی بے چینی دور کی تو اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کے دن کی بے چینیوں میں سے کوئی بڑی بے چینی دور فرمائیں گے، اور جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا: اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے، اور جو شخص دنیا میں کسی تنگ دست پر آسانی کرے گا: اللہ تعالیٰ اس پر دنیا اور آخرت میں آسانی فرمائیں گے، اور اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں ہوتے ہیں جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہوتا ہے (یہاں تک مضمون حدیث ۱۴۰۹ و۱۹۲۷ میں گذر چکا ہے) اور جو شخص کوئی ایسی راہ چلتا ہے جس میں وہ علم تلاش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کی راہ آسان کرتے ہیں (یہ مضمون پہلے حدیث ۲۶۴۷ أبواب العلم باب۲ میں گذر چکا ہے) پھر اس کے بعد دو مضمون اس حدیث میں زائد ہیں، جو پہلے نہیں آئے۔

۱-وما قَعَدَ قومٌ فی مسجدٍ يتلون كتابَ اللّٰه، ويَتَدَارَسُوْنَه بَيْنَهم: إِلَّا نَزَلَتْ عليهم السَّكِيْنَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرحمةُ، وَحَفَّتْهُمُ الْملائِكَةُ: اور جو لوگ کسی مسجد میں بیٹھتے ہیں درانحالیکہ وہ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں، اور وہ آپس میں اللہ کی کتاب کو پڑھتے پڑھاتے ہیں تو ان پر سکینت نازل ہوتی ہے، اور ان پر رحمت الٰہی چھا جاتی ہے، اور ان کو فرشتے گھیر لیتے ہیں (یہ قرآنِ کریم پڑھنے پڑھانے والوں کی خاص فضیلت ہے، اور قرآن کا پڑھنا عام ہے، الفاظ سیکھنا، تجوید سیکھنا، اور اس کی تفسیر جاننا سب حدیث کا مصداق ہیں، اور سکینت سے مراد سکون ذہنی اور اطمینان قلبی ہے)

۲-وَمَنْ أَبْطَأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِه نَسَبُهُ: اور جس شخص کو اس کا عمل پیچھے کردے اس کا نسب اس کو آگے نہیں کرسکتا۔

تشریح: عمل سے اخروی زندگی بنتی ہے، اگر نیک عمل کرے گا تو آخرت میں بامراد ہوگا، ورنہ نامراد ہوگا، اور نسب آخرت میں نجات کا سبب نہیں بن سکتا، ہاں رفعِ درجات کا سبب بن سکتا ہے، پس جو بداعمالیوں میں مبتلا رہا اور اس کی وجہ سے وہ جنت کی طرف نہیں بڑھ سکا: اس کا کسی بڑے آدمی سے نسبی تعلق آخرت میں کچھ کام نہیں آئے گا، اور اس آخری بات

کا تعلق حدیث میں مذکور تمام باتوں سے ہے، حدیث میں متعدد نیک کاموں کی ترغیب دی گئی ہے، اور آخر میں فرمایا ہے کہ یہ اعمال کرو، یہی آخرت میں باعث نجات ہونگے، اور اگر عمل میں پیچھے رہ گئے تو نسب تمہیں جنت میں نہیں لے جائے گا۔

[۱۶-] بابٌ

[۲۹۵۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرة، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ نَفَّسَ عَنْ أَخِيْهِ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ الدُّنْيَا: نَفَّسَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرَبِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمِنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَمَنْ يَسَّرَ عَلَى مُعْسِرٍ: يَسَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ، وَاللّٰهُ فِيْ عَوْنِ العَبْدِ مَاكَانَ الْعَبْدُ فِيْ عَوْنِ أَخِيْهِ، وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَّلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا: سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ، وَمَا قَعَدَ قَوْمٌ فِيْ مَسْجِدٍ يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ، وَيَتَدَارَسُوْنَهُ بَيْنَهُمْ: إِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَمَنْ أَبْطَأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ"

هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ هٰذَا الحديثِ، وَرَوَى أَسْبَاطُ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: حُدِّثْتُ عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فَذَكَرَ بَعْضَ هٰذَا الحديثِ.

وضاحت: اسباط بن محمد کی روایت جس میں امام اعمش اور ابوصالح کے درمیان مجہول واسطہ ہے پہلے گذر چکی ہے (دیکھیں: حدیث ۱۹۱۷ أبواب البر باب ۱۹ تحفہ ۵:۱۷۲)

بابٌ

۱۷- قرآنِ کریم کتنے دن میں ختم کیا جائے؟

قرآن ختم کرنے کے لئے کوئی حد متعین نہیں، کم وبیش وقت میں ختم کر سکتے ہیں، البتہ امت میں ہمیشہ قرآنِ پاک زیادہ سے زیادہ پڑھنے کا عمل رہا ہے، بہت سے ایسے باہمت لوگ گذرے ہیں اور آج بھی موجود ہیں جو روزانہ ایک قرآن ختم کرتے ہیں، اور ایک دو دن نہیں بلکہ زندگی بھر کا ان کا یہ معمول ہے، اور ایسے لوگ بھی کچھ کم نہیں جو منزل فیل کا ورد رکھتے ہیں، یعنی تین دن میں قرآن ختم کرتے ہیں، پہلی منزل سورۂ فاتحہ سے، دوسری سورۂ یونس سے اور تیسری سورۂ لقمان سے شروع ہوتی ہے، اور ایسے لوگوں کی تعداد تو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا جو سات دن میں قرآنِ پاک ختم کرتے ہیں، یہ لوگ فَمِيْ بِشَوْقٍ کا ورد رکھتے ہیں۔ پہلی منزل سورۃ الفاتحہ سے، دوسری سورۃ المائدہ سے، تیسری سورۂ یونس سے،

چوتھی سورۂ بنی اسرائیل سے، پانچویں سورۃ الشعراء سے، چھٹی والصّٰفّٰت سے اور ساتویں سورۂ ق سے آخر قرآن تک ہے اور یہی منزلیں قرآنِ پاک میں لکھی ہوئی ہیں، پس قرآن ختم کرنے کا سب سے افضل یہی طریقہ ہے۔

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں کتنے دن میں قرآن ختم کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ایک ماہ میں ختم کرو'' میں نے عرض کیا: میں اس سے بہتر کی طاقت رکھتا ہوں، یعنی اس سے جلدی ختم کرسکتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: ''بیس دن میں ختم کرو'' میں نے عرض کیا: میں اس سے بہتر کی طاقت رکھتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: ''پندرہ دن میں ختم کرو'' میں نے عرض کیا: میں اس سے بہتر کی طاقت رکھتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: ''دس دن میں ختم کرو'' میں نے عرض کیا: میں اس سے بہتر کی طاقت رکھتا ہوں، آپؐ نے فرمایا: ''پانچ دن میں ختم کرو'' میں نے عرض کیا: میں اس سے بہتر کی طاقت رکھتا ہوں، حضرت عبداللہؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے مجھے اجازت نہ دی، یعنی پانچ دن سے کم میں ختم کرنے کی اجازت نہ دی (اور بخاری (حدیث ۵۰۵۴) میں ہے کہ حضرت عبداللہ نے عرض کیا: **إِنِّیْ أَجِدُ قُوَّةً، قَالَ: فَاقْرَأْهُ فِیْ سَبْعٍ، وَلاَتَزِدْ علی ذلك:** سات دن میں پڑھو، اس سے جلدی ختم نہ کرو)

حدیث (۲): حضرت عبداللہ بن عمروؓ ہی سے مروی ہے: نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: **إِقْرَأِ الْقُرْآنَ فِیْ أَرْبَعِیْنَ:** چالیس دن میں قرآنِ کریم ختم کرو۔

حدیث (۳): حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ہی سے یہ بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: **لَمْ یَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ القرآنَ فِیْ أَقَلَّ مِنْ ثَلاَثٍ:** وہ شخص قرآنِ کریم نہیں سمجھا جس نے تین دن سے کم میں قرآن ختم کیا (یہ حدیث **أبو اب القراء ة** کے بالکل آخر میں آرہی ہے)

تشریح: حضرت اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کم از کم چالیس دن میں تو ایک قرآن ختم کرنا ہی چاہئے، کیونکہ نبی ﷺ نے چالیس دن میں قرآن ختم کرنے کا حکم دیا ہے ...... اور بعض اہل علم کہتے ہیں: تین دن سے کم میں قرآن ختم نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ حدیث میں ہے: ''جو تین دن سے کم میں قرآن ختم کرتا ہے وہ قرآن نہیں سمجھتا'' ...... اور بعض اہل علم تین دن سے کم میں قرآن ختم کرنے کی اجازت دیتے ہیں، کیونکہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ایک رکعت میں قرآنِ کریم پڑھا کرتے تھے، اور اس ایک رکعت سے اپنی تہجد کی نماز کو طاق بنایا کرتے تھے، یعنی وتر کی آخری رکعت میں پورا قرآن پڑھتے تھے، یہ روایت محمد بن نصر کی قیام اللیل میں ہے، اور ضعیف ہے، اور حضرت سعید بن جبیرؒ سے مروی ہے: انھوں نے کعبہ شریف میں ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھا (ان کے علاوہ اکابر سے اور بھی متعدد روایتیں ہیں جن کو حضرت مولانا ابوالحسنات عبدالحیٔ لکھنوی قدس سرہ کی کتاب **إقامة الحُجّة علی أَنَّ الإِکْثَارَ فی التعَبُّد لیس ببدعةٍ** میں دیکھا جاسکتا ہے) ...... اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا اہل علم کے نزدیک مستحب ہے (کیونکہ نبی ﷺ اسی طرح پڑھتے تھے، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ تین دن سے کم میں قرآن ختم نہیں

کیا کرتے تھے، پس بزرگوں کے عمل کو جواز پر محمول کریں گے، اور نبی ﷺ کے معمول کو اپنا معمول بنائیں گے)

[١٧-] بابٌ

[٢٩٥٨-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ محمدٍ القُرَشِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! فِيْ كَمْ أَقْرَأُ الْقُرْآنَ؟ قَالَ: "اخْتِمْهُ فِيْ شَهْرٍ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: " اخْتِمْهُ فِيْ عِشْرِيْنَ" قُلْتُ: إِنِّى أُطِيْقُ أَفْضَلَ مَنْ ذٰلِكَ، قَالَ: "اخْتِمْهُ فِيْ خَمْسَةَ عَشَرَ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ: " اخْتِمْهُ فِيْ عَشْرٍ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: " اخْتِمْهُ فِيْ خَمْسٍ" قُلْتُ: إِنِّيْ أُطِيْقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَمَا رَخَّصَ لِيْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو.

[٢٩٥٩-] وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " لَمْ يَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ"

وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ: " اقْرَأِ الْقُرْآنَ فِيْ أَرْبَعِيْنَ "

وَقَالَ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: وَلَانُحِبُّ لِلرَّجُلِ أَنْ يَأْتِيَ عَلَيْهِ أَكْثَرُ مِنْ أَرْبَعِيْنَ يَوْمًا، وَلَمْ يَقْرَأِ الْقُرْآنَ: بِهٰذَا الحديثِ.

وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ العِلْمِ: لَا يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ، لِلْحَدِيْثِ الَّذِيْ رُوِيَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَخَّصَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ.

[٢٩٦٠-] وَرُوِيَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ فِيْ رَكْعَةٍ: يُوْتِرُ بِهَا.

[٢٩٦١-] وَرُوِيَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِيْ رَكْعَةٍ فِيْ الْكَعْبَةِ.

والتَّرْتِيْلُ فِيْ الْقِرَاءَ ةِ أَحَبُّ إِلَى أَهْلِ الْعِلْمِ.

[٢٩٦٢-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ النَّضْرِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ الحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ:" اقْرَأِ الْقُرْآنَ فِيْ أَرْبَعِيْنَ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٢٩٦٣-] وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ فِيْ أَرْبَعِيْنَ.

١٨-ایک قرآن ختم کرکے فوراً دوسرا قرآن شروع کرنا بہترین عمل ہے

حدیث: ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ کو کونسا عمل سب سے زیادہ پسند ہے؟ آپؐ نے فرمایا: الحالُّ المُرْتَحِلُ: منزل پر فروکش ہونے والا، پھر وہاں سے کوچ کرنے والا مسافر، یعنی وہ مسافر جو دورانِ سفر کسی منزل میں آرام کے لئے اترے، پھر وہاں سے آگے سفر شروع کردے۔ اس بندے کا عمل اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے۔ اسی طرح جو شخص اپنے کام کو کسی مرحلہ پر پہنچا کر موقوف نہیں کرتا بلکہ آگے بڑھتا ہے وہ بھی اس حدیث کا مصداق ہے۔ پس تلاوت بھی ایک مسلسل عمل ہے، اس کی کوئی آخری منزل نہیں، اس لئے ایک قرآن ختم کرکے فوراً دوسرا قرآن شروع کردینا چاہئے۔

اسی حدیث کی بناء پر رمضان شریف میں تراویح کی آخری رکعت میں دوسرا قرآن شروع کرکے ﴿الْمُفْلِحُوْنَ﴾ تک پڑھنے کا معمول ہے، مگر حفاظِ کرام عام طور پر اگلے دن المفلحون سے نہیں پڑھتے، بلکہ اِدھر اُدھر سے پڑھتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں۔

ملحوظہ: آخری حدیث گذشتہ عنوان کے تحت لکھی ہے۔

[٢٩٦٤-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، نَا الهَيْثَمُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ثَنَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الْعَمَلِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ قَالَ: "الحَالُّ الْمُرْتَحِلُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا صَالِحُ الْمُرِّيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَهٰذَا عِنْدِيْ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ الرَّبِيْعِ.

[٢٩٦٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَمْ يَفْقَهْ مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ فِيْ أَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ تَفْسِيْرِ الْقُرْآنِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

قرآنِ کریم کی تفسیر

اصولِ شرع (دین کے بنیادی مآخذ) تین ہیں: قرآنِ کریم، سنت نبوی اور اجماع امت۔ ان میں اصل قرآنِ کریم ہے، اس کو متن کی حیثیت حاصل ہے، وہ اللہ کا کلام ہے، اس کے الفاظ میں حضرت جبرئیل علیہ السلام اور نبی ﷺ کا کوئی دخل نہیں، البتہ اس کی تبیین وتشریح نبی ﷺ کے ذمہ رکھی گئی ہے، سورۃ النحل (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَانُزِلَّ إِلَيْهِمْ﴾: اور ہم نے آپؐ پر یہ قرآن اتارا تا کہ آپؐ جو وحی لوگوں کی طرف بھیجی گئی ہے اس کو کھول کر بیان کریں۔ اور سورۃ القیامہ (آیت ۱۹) میں نبی ﷺ کی تشریحات کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کیا ہے، ارشاد فرمایا: ﴿فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾ پس جب ہم قرآن پڑھیں، یعنی ہمارا فرشتہ وحی نازل کرے تو آپؐ اس کی پیروی کریں، یعنی آپؐ وحی بغور سنیں اور اس کو دوہرانے کی طرف متوجہ نہ ہوں، پھر اس کا بیان کرانا ہمارے ذمہ ہے، یعنی اس وحی کو آپؐ کے دل ودماغ میں محفوظ کرنا، پھر لوگوں کے سامنے اس کو پڑھوانا اور لوگوں کو سمجھانا ہمارے ذمہ ہے، ہم یہ کام آپؐ سے لیں گے، اور اس کی وجہ سورۃ النجم میں یہ بیان فرمائی ہے: ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى، عَلَّمَهُ شَدِيْدُ الْقُوَى﴾ یعنی پیغمبر علیہ السلام اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے، وہ جو کچھ پیش کرتے ہیں وحی ہوتی ہے، جو ان کی طرف بھیجی جاتی ہے، وہ وحی ان کو ایک فرشتہ تعلیم دیتا ہے جو بڑا طاقت ور ہے۔

غرض تمام احادیث شریفہ قرآنِ کریم کی تبیین وتشریح ہیں، اور اجماع امت چونکہ آثار پر مبنی ہوتا ہے اس لئے اس کا مرجع بھی قرآنِ کریم ہے، اس طرح تفسیر قرآن کی روایتیں محدود نہیں رہتیں، بلکہ تمام حدیثیں قرآنِ کریم کی تفسیر بن جاتی ہیں، مگر وہ تمام روایتیں أبواب التفسیر میں ذکر نہیں کی جاتیں، کچھ مخصوص روایت ہی ذکر کی جاتی ہیں، جن کا تعلق یا تو بنیادی مسائل سے ہوتا ہے، یا شانِ نزول سے، یا آیات کے مضمرات سے، یا دیگر نکات سے، پس یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ اب جو ابواب شروع ہو رہے ہیں ان میں مذکور روایات ہی تفسیری روایات ہیں، یہ تو ان روایات کا بعض حصہ ہیں۔

بابُ ماجاءَ فِی الَّذِیْ یُفَسِّرُ الْقُرآنَ بِرَأْیِهِ

تفسیر بالرائے پر وعید

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَالَ فِیْ الْقُرْآنِ بِغَیْرِ عِلْمٍ فَلْیَتبوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: جس نے قرآنِ کریم میں علم کے بغیر گفتگو کی اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے!

تشریح: تفسیر کرنے کے لئے صلاحیت ضروری ہے، علم کے بغیر جو تفسیر کرے گا وہ تفسیر بالرای ہوگی، اور علماء نے تفسیر کرنے کے لئے پندرہ علوم ضروری قرار دیئے ہیں، جو یہ ہیں: لغت، نحو، صرف واشتقاق، معانی، بیان، بدیع، قراءت، اصولِ دین (علم کلام) اصولِ فقہ، اسبابِ نزول، واقعات کی تفصیلات، ناسخ ومنسوخ، علم فقہ، وہ احادیث جن میں قرآن کے اجمال وابہام کی وضاحت ہے، اور تفسیر کرنے کی خداداد صلاحیت............ان پندرہ کو اگر سمیٹا جائے تو پانچ علوم ضروری ٹھہرتے ہیں: اول: عربیت کی بھرپور صلاحیت، جس میں لغت، نحو، صرف واشتقاق، معانی، بیان اور بدیع آجاتے ہیں۔ دوم: احادیث کا علم، جن میں اسبابِ نزول، واقعات کی تفصیلات اور ناسخ ومنسوخ کا بیان آجاتا ہے، سوم: علم کلام، کیونکہ جو اسلامی عقائد سے واقف نہیں وہ تفسیر کیسے کرسکتا ہے؟ چہارم: علم فقہ، اس کے بغیر مفسر قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتا ہے، پنجم: تفسیر کرنے کی خداداد صلاحیت......ان علوم کے بغیر تفسیر قرآن پر اقدام کرنا اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا ہے۔

حدیث (۲): پہلی حدیث جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، دوسری سند سے اس طرح آئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: اتَّقُوْا الحدیثَ عَنِّیْ إِلَّا مَا عَلِمْتُمْ: میری طرف سے باتیں بیان کرنے سے بچو، مگر وہ جو تم جانتے ہو بیان کرسکتے ہو، فَمَنْ کَذَبَ عَلَیَّ متعمِّدًا فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: پس جو شخص مجھ پر بالقصد جھوٹ باندھے اس کو چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے، وَمَنْ قَالَ فی القرآن بِرَأْیِهِ فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ: اور جو شخص اپنی رائے سے قرآن میں گفتگو کرے اسے چاہئے کہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنالے۔

تشریح: حدیث کے شروع میں ہدایت ہے کہ میری طرف سے ایسی باتیں بیان کرنے سے بچو جو تم نہیں جانتے، پھر اس کی دو مثالیں دی ہیں: اول: غلط احادیث بیان کرنا، دوم: تفسیر بالرائے کرنا، اول کو اہمیت دینے کے لئے مقدم کیا ہے، ورنہ اہم دوسری بات ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: مَنْ قَالَ فی القرآن بِرَأْیِهِ، فَأَصَابَ، فَقَدْ أَخْطَأَ: جس نے قرآن میں اپنی رائے سے گفتگو کی، پس اگر اس نے درست بات کہی تو بھی اس نے یقیناً غلطی کی یعنی اگر اس کی بات اتفاقاً درست ہوگئی تو بھی یہ طریقہ غلط ہے، کیونکہ ضروری نہیں کہ مفسر کی ایسی ہر بات درست ہو، اور جب آدمی کو ایسا کرنے کی عادت پڑجاتی ہے تو پھر وہ قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتا ہے۔

تشریح: تفسیر قرآن میں عقل کا استعمال ممنوع نہیں، قرآنِ کریم جگہ جگہ عقل کو استعمال کرنے کی دعوت دیتا ہے، پھر وہ قرآن فہمی میں عقل کے استعمال سے کیسے روک سکتا ہے؟ بلکہ ان حدیثوں میں ''رائے'' سے مراد ''نظریہ'' ہے۔ پہلے ایک نظریہ قائم کرنا پھر اس نقطۂ نظر سے قرآن پڑھنا، اور قرآن کو اس کے مطابق بنانا: تفسیر بالرائے ہے، جو حرام ہے، جیسے ایک صاحب نے حالاتِ زمانہ سے متأثر ہوکر نظریہ قائم کیا کہ نبوت کا مقصد دنیا میں اللہ کی حکومت قائم کرنا ہے، پس جو پیغمبر اس میں کامیاب ہوئے وہی اپنے مشن میں کامیاب ہوئے، اور جو انبیاء حکومتِ الٰہیہ قائم نہ کرسکے: وہ اپنے مشن میں ناکام رہے، توبہ! توبہ!

پھر جب انھوں نے اپنے اس نظریہ کی تائید قرآنِ کریم سے نہ پائی تو انھوں نے ''قرآن کی چار بنیادی اصطلاحیں'' نامی کتاب لکھی، اور الٰہ، رب، عبادت اور دین کو وہ معنی پہنائے جو چودہ صدیوں سے امت نہیں جانتی تھی، اور اس طرح انھوں نے اپنا نظریہ قرآنِ کریم میں داخل کیا، یہ تفسیر بالرای ہے۔

تفسیر بالرای کی ایک نظیر: اسی دور میں یعنی جنگ آزادی کے زمانہ میں حضرت مولانا عبید اللہ سندھی قدس سرہ نے قیام روس کے زمانہ میں اشتراکیت (کمیونزم) سے متأثر ہوکر ایک نظریہ قائم کیا، پھر انھوں نے حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کے فلسفہ کی اپنے نظریہ کے مطابق تشریح کی، اور انھوں نے حضرت شاہ صاحب قدس سرہ کو ایک ایسا نظریہ اوڑھایا جو مجھے حجۃ اللہ البالغہ میں کہیں نظر نہیں آیا، میں نے حجۃ اللہ کی اللہ کے فضل سے شرح لکھی ہے، اور اس میں کوشش کی ہے کہ حضرت شاہ صاحبؒ ہی کی بات سمجھاؤں، اپنی یا کسی اور کی بات اس میں نہ ملاؤں، مجھے حجۃ اللہ میں ان باتوں میں سے کوئی بات نہیں ملی جو مولانا سندھیؒ نے تحریک ولی اللہ کی تشریح میں پیش کی ہیں، یہ بھی تفسیر بالرای کی ایک نظیر ہے۔

ایک اور نظیر: تبلیغی جماعت کا معاملہ ہے، اس جماعت نے ''جہاد'' کے تعلق سے اپنا ایک خاص نظریہ بنایا ہے، وہ اپنے ہی کام کو جہاد کا مصداق سمجھتے ہیں، چنانچہ قرآن وحدیث میں جہاد کے تعلق سے جو کچھ آیا ہے وہ اس کو اپنے کام پر فٹ کرتے ہیں، اور انھوں نے اپنی جماعت کے مطالعہ کے لئے مشکوٰۃ شریف سے جو ابواب منتخب کئے ہیں ان میں بھی پوری کتاب الجہاد اڑھائی ہے، یہ بھی جہاد کی تفسیر بالرای ہے۔

ملحوظہ: تفسیر بالرای کی وضاحت: علامہ کشمیری قدس سرہ نے فیض الباری (۴:۱۵۰) میں اور حضرت نانوتوی قدس سرہ نے تحذیر الناس عن انکار اثر ابن عباس (ص:۳۶و۳۷) میں کی ہے، جو خاصّے کی چیز ہے، طلبہ اس کو ضرور دیکھیں اور میں نے وہ دونوں تفسیریں الفوز الکبیر کی عربی شرح العون الکبیر کے مقدمہ میں نقل کی ہیں، وہاں بھی دیکھی جاسکتی ہیں اور رحمۃ اللہ الواسعہ (۴:۱۳۹) میں دونوں بزرگوں کے افادات پر مشتمل ایک مضمون ہے، اس کو ضرور دیکھا جائے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ جب اور جہاں حالات سازگار ہوں: حکومتِ الٰہیہ قائم کرنا مقاصدِ نبوت میں سے ایک

اہم مقصد ہے، مگر وہ تعلیماتِ انبیاء کی ایک شاخ ہے، بلکہ اہم شاخ ہے، مگر وہ درخت کا تنا نہیں، اگر اس کو اصل (تنا) بنادیا جائے اور دین کی تمام تعلیمات کو اس پر متفرع کیا جائے تو یہ غلطی ہوگی۔

ایک واقعہ: شہر لندن میں خلافت کمیٹی کے نوجوان میرے پاس ایک مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے آئے، انھوں نے سوال کیا: خلافت کا احیاء ضروری ہے یا نہیں؟ میں نے کہا: ضروری ہے! وہ کہنے لگے: پھر آپ ہماری تحریک میں شریک کیوں نہیں ہوتے؟ میں نے کہا: ابھی ایک سوال باقی ہے؟ وہ کہنے لگے: وہ کیا ہے؟ میں نے کہا: اب یہ پوچھو کہ کہاں؟ کہنے لگے: ہاں یہ سوال رہ گیا، میں نے کہا: جب اور جہاں حالات سازگار ہوں وہاں احیائے خلافت ضروری ہے۔ آپ حضرات مصر جائیں، ٹرکی جائیں، عراق اور ایران جائیں، پاکستان اور بنگلہ دیش جائیں، اور وہاں احیائے خلافت کی سعی کریں، وہ مسلمانوں کے ملک ہیں، وہاں اس کے امکانات ہیں، وہ کہنے لگے: ان ملکوں میں تو گردن اڑتی ہے! میں نے کہا: پھر اللہ کے بندو! اس ملک (برطانیہ) میں جہاں مسلمانوں کو اطمینان سے سانس لینے کا موقع ملا ہے، اور یہاں ابھی احیائے خلافت کا کوئی امکان نہیں: یہاں اس کی تحریک چلا کر مسلمانوں کا چین کیوں برباد کرتے ہو؟ یہاں جو امکانات ہیں یعنی دعوت وتبلیغ کے جو مواقع ہیں ان سے فائدہ کیوں نہیں اٹھاتے؟ (فائدہ پورا ہوا)

پھر باب کے آخر میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے ایک سوال کا جواب دیا ہے:

سوال: حضرت مجاہد اور حضرت قتادہ وغیرہ تابعین جو تفسیریں بیان کرتے ہیں: وہ ان کی اپنی رائیں ہوتی ہیں۔ ان کا کوئی مستند نہیں ہوتا، پس کیا وہ بھی تفسیر بالرای کے زمرہ میں آتی ہیں؟

جواب: امام ترمذیؒ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ ان حضرات نے اپنی طرف سے کچھ نہیں کہا، انھوں نے یہ باتیں صحابہ سے سنی ہیں، اور صحابہ نے وہ باتیں نبی ﷺ سے لی ہیں، خود حضرت قتادہ سے مروی ہے کہ میں نے قرآن کی ہر آیت کے بارے میں صحابہ سے کچھ نہ کچھ سنا ہے، اور مجاہد کہتے ہیں: اگر مجھے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی شاگردی کا موقع ملتا تو مجھے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے وہ بہت سی باتیں نہ پوچھنی پڑتیں جو میں نے ان سے پوچھی ہیں، ان روایات سے معلوم ہوا کہ ان حضرات کی تفسیریں نقل پر مبنی ہیں، عقل پر مبنی نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

أبوابُ تفسير القرآن

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[١-] بابُ ماجاءَ فِي الَّذِيْ يُفَسِّرُ الْقُرْآنَ بِرَأْيِهِ

[٢٩٦٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ

جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَالَ فِيْ الْقُرْآنِ بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۹٦۷-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا سُوَيْدُ بْنُ عَمْرٍو الْكَلْبِيُّ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" اتَّقُوْا الحديثَ عَنِّيْ إِلَّا مَا عَلِمْتُمْ، فَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَ فِيْ الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۲۹٦۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِيْ حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، نَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُوَ: ابْنُ أَبِيْ حَزْمٍ، أَخُوْ حَزْمٍ القُطَعِيِّ، ثَنَا أَبُوْ عِمْرَانَ الجَوْنِيُّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَالَ فِيْ الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَأَصَابَ فَقَدْ أَخْطَأَ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الحديثِ فِيْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ حَزْمٍ، وَهٰكَذَا رُوِيَ عَنْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَغَيْرِهِمْ: أَنَّهُمْ شَدَّدُوْا فِيْ هٰذَا: فِيْ أَنْ يُفَسَّرَ الْقُرْآنُ بِغَيْرِ عِلْمٍ.

وَأَمَّا الَّذِيْ رُوِيَ عَنْ مُجَاهِدٍ وَقَتَادَةَ وَغَيْرِهِمَا مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَنَّهُمْ فَسَّرُوْا الْقُرْآنَ، فَلَيْسَ الظَّنُّ بِهِمْ: أَنَّهُمْ قَالُوْا فِيْ الْقُرْآنِ، أَوْ فَسَّرُوْهُ بِغَيْرِ عِلْمٍ، أَوْ مِنْ قِبَلِ أَنْفُسِهِمْ.

وَقَدْ رُوِيَ عَنْهُمْ مَايَدُلُّ عَلَى مَا قُلْنَا: أَنَّهُمْ لَمْ يَقُوْلُوْا مِنْ قِبَلِ أَنْفُسِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ:

حدثنا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْبَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: مَافِي الْقُرْآنِ آيَةٌ إِلَّا وَقَدْ سَمِعْتُ فِيْهَا شَيْئًا.

حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: قَالَ مُجَاهِدٌ: لَوْ كُنْتُ قَرَأْتُ قِرَاءَةَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، لَمْ أَحْتَجْ أَنْ أَسْأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ كَثِيْرٍ مِنَ الْقُرْآنِ مِمَّا سَأَلْتُ.

ترجمہ: اوراسی طرح یعنی جس طرح حدیثوں میں وعیدیں آئی ہیں، صحابہ وغیرہ بعض اہل علم سے روایت کیا گیا ہے کہ انھوں نے اس مسئلہ میں سختی کی ہے، یعنی اس بات میں سختی کی ہے کہ علم کے بغیر قرآن کی تفسیر کی جائے......اور رہی وہ بات جو مجاہد اور قتادہ وغیرہ اہل علم سے روایت کی جاتی ہے کہ انھوں نے قرآن کی تفسیر کی ہے (بغیر بنیاد کے) پس ان کے بارے میں یہ گمان نہیں کیا جاسکتا کہ انھوں نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا ہے، یا علم کے بغیر انھوں نے تفسیر کی ہے، یا اپنی طرف سے انھوں نے تفسیر کی ہے، کیونکہ ان سے وہ باتیں مروی ہیں جو ہماری کہی ہوئی بات کی دلیل ہیں کہ انھوں نے علم کے بغیر اپنی طرف سے یہ باتیں نہیں کہیں (پھر قتادہ اور حضرت مجاہد رحمہما اللہ کے اقوال ہیں، ان کا ترجمہ اوپر آ گیا)

وَمِنْ سُوْرَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

سورۂ فاتحہ کی تفسیر

۱- سورۂ فاتحہ کی اہمیت

حدیث(۱): نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی نماز پڑھی اوراس نے فاتحہ نہ پڑھی، تو وہ نماز خِداج ہے، وہ نماز خداج ہے، یعنی ناتمام ہے، طالب عالم نے پوچھا: اے ابو ہریرہؓ! کبھی میں امام کے پیچھے ہوتا ہوں (اس وقت کیا کروں؟) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے فارسی! اس وقت فاتحہ کو اپنے دل میں سوچ[1]، اس لئے کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں نے نماز (فاتحہ) اپنے اور اپنے بندوں کے درمیان آدھی آدھی بانٹ دی ہے، اس کی آدھی میرے لئے ہے، اوراس کی آدھی میرے بندے کے لئے ہے، اور میرے بندے کے لئے وہ بات ہے جو اس نے مانگی ہے، یعنی اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے، بندہ پڑھتا ہے: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو سارے جہانوں کا پالنہار ہے! پس اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے بندے نے میری تعریف کی'' پھر بندہ کہتا ہے: ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾: جو بے حد مہربان، نہایت رحم والے ہیں! تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے بندے نے میری ثنا کی'' پھر بندہ کہتا ہے: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾: وہ روز جزاء کے مالک ہیں! تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی'' اور یہ میرے لئے ہے، یعنی یہاں تک کی تین آیتوں میں اللہ کی حمد وثنا ہے، اور میرے اور میرے بندے کے درمیان: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾: ہے، جس کا ترجمہ ہے: ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں، اور آپ ہی سے مدد چاہتے ہیں، اس آیت کا آدھا مضمون اللہ تعالیٰ سے متعلق ہے، اور باقی آدھے میں بندے نے اپنی حاجت طلب کی ہے، پھر سورت کے آخر تک میرے بندے کے لئے ہے، اور میرے بندے کے لئے وہ بات ہے جو اس نے مانگی ہے، وہ کہتا ہے: ﴿إِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ، صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ، غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلاَ الضَّالِّيْنَ﴾: ہمیں سیدھا راستہ دکھا، ان لوگوں کا راستہ جن پر آپ نے انعام فرمایا، ان لوگوں کا راستہ نہیں جن پر آپ کا غضب نازل ہوا اور نہ ان لوگوں کا راستہ جو گمراہ ہوئے۔

تشریح: سورۃ الفاتحہ ایک جامع دعا ہے، بندوں کے جذبات کی ترجمانی کرنے کے لئے نازل کی گئی ہے، اس میں بندوں کو یہ سکھایا گیا ہے کہ وہ اللہ کی حمد وثنا کیسے کریں؟ اور وہ صرف اسی کے لئے بندگی کا اعتراف کیسے کریں؟ اور صرف اسی سے مدد کیسے چاہیں؟ اور صراط مستقیم کی جو خیر کی تمام انواع کے لئے جامع ہے: درخواست کیسے کریں؟ اور

---

(۱) اِقْرَأْهَا فِيْ نَفْسِكَ کا یہی ترجمہ اور مطلب ہے، تفصیل پہلے تحفہ (۱۲۲:۲) میں گذری ہے ۱۲

جن پر خدا کا غضب بھڑکا، اور جو راہِ راست سے دور جا پڑے: ان سے پناہ کیسے چاہیں؟ اور بہترین دعا وہ ہے جو جامع ہو، اور فاتحہ ایسی ہی ایک دعا ہے، اس لئے اس کو نماز کے لئے متعین کیا گیا ہے۔

پھر ائمہ میں اختلاف ہوا ہے: ائمہ ثلاثہ کے نزدیک ہر نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ پڑھنا فرض ہے، فاتحہ پڑھے بغیر نماز نہیں ہوگی، اور حنفیہ کے نزدیک فاتحہ پڑھنا واجب ہے، اگر بھول سے فاتحہ چھوٹ جائے تو سجدۂ سہو سے تلافی ہو جائے گی، اور اگر بالقصد چھوڑ دے تو نماز واجب الاعادہ ہوگی، اور یہ اختلاف عملی طور پر غیر اہم ہے، کیونکہ سبھی مسلمان نماز کی ہر رکعت میں فاتحہ پڑھتے ہیں، فرض ماننے والے بھی اور واجب کہنے والے بھی۔ اور اختلاف کا اثر صرف ایک نادر صورت میں ظاہر ہوتا ہے، اور وہ بھول کر فاتحہ رہ جانے کی صورت ہے، اور بس۔ اور یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۲۲ کتاب الصلوٰۃ باب ۱۱۹ تحفہ ۲: ۱۲۱ میں) گذر چکی ہے، اور وہاں اس مسئلہ پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔

اور یہاں مقصود فاتحہ کی اہمیت بیان کرنا ہے، اور یہ اہمیت دو طرح سے ہے: **ایک**: سورۃ الفاتحہ کو صلاۃ (نماز) کہا گیا ہے، یعنی گویا فاتحہ ہی نماز ہے، اور نماز کی اہمیت اظہر من الشّمس ہے پس اسی کے بقدر فاتحہ بھی اہم ہے۔ **دوم**: جب بندہ فاتحہ پڑھتا ہے تو ہر آیت پر اللہ تعالیٰ جواب دیتے ہیں، یہ بھی سورۃ الفاتحہ کی اہمیت کی ایک وجہ ہے، اس لئے بندوں کو نماز کے علاوہ بھی دعاؤں میں سورۃ الفاتحہ پڑھنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔

نیز اس حدیث میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر بھی ہے۔ اور وہ اس طرح کہ اس کا مضمون دو حصوں میں تقسیم ہے۔ آدھے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا ہے، اور آدھے میں بندے کی التجا ہے۔ اور یہ حمد وثنا اللہ تعالیٰ کو بے حد پسند ہے، جو ہر آیت پر اللہ تعالیٰ کے جواب دینے سے سمجھ میں آتی ہے...... اور جو بندے کی دعا ہے وہ ضرور قبول کی جاتی ہے، چنانچہ فاتحہ کے بعد فوراً سورت پڑھی جاتی ہے، یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے صراط مستقیم کی نشاندہی ہے، کیونکہ قرآنِ کریم ﴿هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ﴾ ہے۔ اگر بندے قرآنِ کریم کی ہدایات پر عمل کریں تو ان کی دنیا کی زندگی بھی سنور جائے اور وہ آخرت میں بھی کامیاب اور بامراد ہو جائیں۔

[۲-] وَمِنْ سُوْرَةِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[۲۹۶۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَنْ صَلَّى صَلَاةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ: فَهِىَ خِدَاجٌ، فَهِىَ خِدَاجٌ: غَيْرُ تَمَامٍ" قَالَ: قُلْتُ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ! إِنِّىْ أَحْيَانًا أَكُوْنُ وَرَاءَ الإِمَامِ؟ قَالَ: يَا ابْنَ الْفَارِسِىِّ! فَاقْرَأْهَا فِىْ نَفْسِكَ، فَإِنِّىْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: قَسَمْتُ الصَّلَاةَ بَيْنِىْ وَبَيْنَ عَبْدِىْ نِصْفَيْنِ، فَنِصْفُهَا لِىْ، وَنِصْفُهَا لِعَبْدِىْ، وَلِعَبْدِىْ مَاسَأَلَ، يَقْرَأُ الْعَبْدُ،

فَيَقُوْلُ: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: حَمِدَنِي عَبْدِيْ، فَيَقُوْلُ: ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: أَثْنٰى عَلَيَّ عَبْدِيْ، فَيَقُوْلُ: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ فَيَقُوْلُ: مَجَّدَنِي عَبْدِيْ، وَهٰذَا لِيْ؛ وَبَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾ وَآخِرُ السُّوْرَةِ لِعَبْدِيْ، وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ، يَقُوْلُ: ﴿اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ، صِرَاطَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ، غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا الحديثِ.

وَرَوَى ابْنُ جُرَيْجٍ، وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ العَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي السَّائِبِ مَوْلَى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا.

وَرَوَى ابْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ العَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، وَأَبُوْ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا.

[۲۹۷۰-] حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، وَيَعْقُوْبُ بْنُ سُفْيَانَ الفَارِسِيُّ، قَالَا: ثَنَا ابْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ العَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ، وَأَبُوْ السَّائِبِ مَوْلَى هِشَامِ بْنِ زُهْرَةَ، وَكَانَا جَلِيْسَيْنِ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ صَلَّى صَلَاةً لَمْ يَقْرَأْ فِيْهَا بِأُمِّ الْقُرْآنِ: فَهِيَ خِدَاجٌ، فَهِيَ خِدَاجٌ: غَيْرُ تَمَامٍ"

وَلَيْسَ فِيْ حَدِيْثِ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ أُوَيْسٍ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، وَسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الحديثِ، فَقَالَ: كِلَا الحَدِيْثَيْنِ صَحِيْحٌ، وَاحْتَجَّ بِحَدِيْثِ ابْنِ أَبِيْ أُوَيْسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ العَلَاءِ.

وضاحت: باب کے شروع میں علاء بن عبدالرحمٰن کے شاگرد عبدالعزیز کی سند ہے۔ امام شعبہ اور اسماعیل بن جعفر وغیرہ بھی اسی طرح سند پیش کرتے ہیں...... اور دوسری سند ابن جریج اور امام مالک کی ہے وہ علاء کے بعد ان کے والد عبدالرحمٰن کا واسطہ نہیں بڑھاتے، بلکہ ابوالسائب کا واسطہ بڑھاتے ہیں...... اور تیسری سند ابن ابی اُویس کی ہے وہ علاء کے بعد ان کے والد عبدالرحمٰن کا اور ابوالسائب کا: دونوں کا واسطہ بڑھاتے ہیں۔ یہ دونوں حضرات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے ہم نشین تھے، اور ان کی روایت غیرُ تمامٍ تک ہے، آگے کا مضمون اس میں نہیں ہے۔ اور امام ترمذیؒ نے امام ابوزرعہؒ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا ہے، انھوں نے فرمایا: دونوں سندیں صحیح ہیں، یعنی جس میں علاء کے بعد عبدالرحمٰن کا واسطہ ہے وہ بھی صحیح ہے، اور جس میں علاء کے بعد ابوالسائب کا واسطہ ہے وہ بھی صحیح ہے، اور دلیل میں انھوں نے اسماعیل بن ابی اویس کی روایت پیش کی ہے کہ انھوں نے سند میں دونوں کو جمع کیا ہے، معلوم ہوا کہ دونوں حضرات یہ حدیث حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں۔

نوٹ: ہمارے نسخوں میں باب کے بعد بسم اللہ ہے اور آگے بھی ہر باب کے بعد بسم اللہ ہے، مگر مصری نسخہ میں نہیں ہے، اس لئے اس کو حذف کیا گیا ہے۔

۲۔ مغضوب علیھم اور ضالّین کی مثالیں

امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کی حدیث دوسندوں سے روایت کی ہے: ایک کا متن مفصل لکھا ہے، اور دوسری کا مختصر۔ اور دونوں میں یہ مضمون ہے: الیھودُ مَغْضُوْبٌ علیھم، وَالنَّصَارَی ضُلاَّلٌ: یہود وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کا غضب بھڑکا ہے، اور عیسائی گمراہ ہیں، اور ان دوقوموں کا تذکرہ بطور مثال ہے، نزولِ قرآن کے وقت اس کی مثالیں مسلمانوں میں نہیں پائی جاتی تھیں، اس وقت یہود ونصاری ہی اس کے مصداق تھے، اس لئے مثال میں ان کو پیش کیا گیا ہے، پھر جب نبی ﷺ کی امت میں اختلافات شروع ہوئے اور گمراہ فرقے وجود میں آئے تو اس کی مثالیں نبی ﷺ کی امت میں بھی مل سکتی ہیں، جو گمراہ فرقے فِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ (انتہائی درجہ کی گمراہی میں) ہیں وہ مغضوب علیھم کا مصداق ہیں، اور جو اختلاف میں اتنی دور نہیں نکل گئے وہ ضالین کا مصداق ہیں، رہے قادیانی وغیرہ فرقے تو ان کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب ٹرین کی ایک پٹری دوسری پٹری سے جدا ہوتی ہے تو ایک انچ کے فاصلہ سے جدا ہوتی ہے، پھر بڑھتے بڑھتے دونوں لائنوں میں مشرق ومغرب کا بعد ہوجاتا ہے، یہ شروع کا اختلاف فی شقاق قریب ہے، اور ایسے لوگوں کے راہِ راست پر آنے کی امید ہوتی ہے، اس لئے وہ فرقے ''گمراہ'' ہیں، یعنی صراطِ مستقیم سے ہٹ گئے ہیں، اور جو لوگ اختلاف کرتے ہوئے اتنی دور نکل گئے ہیں کہ صراط مستقیم اور ان کی روش کے درمیان بُعد المشرقَیْن ہوگیا ہے، اور ان کے واپس لوٹنے کی کوئی امید نہیں رہی، وہ مغضوب علیھم کا مصداق ہیں۔

پس ہر مؤمن کو جو سورۂ فاتحہ پڑھتا ہے: انتہائی کوشش کرنی چاہئے کہ صراط مستقیم سے چمٹا رہے، ورنہ سورۂ فاتحہ کے آخر میں جن دو فرقوں کا ذکر ہے ان میں سے کسی ایک میں شامل ہوجائے گا، وہ اللہ کے ان بندوں میں شامل نہیں رہے گا جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے، یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے زُمرے میں اس کا شمار نہیں ہوگا۔

حدیث: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، جبکہ آپؐ مسجد میں تشریف فرماتھے (حضرت عدیؓ پہلے عیسائی تھے، اور اسلام کے سخت مخالف تھے) پس لوگوں نے کہا: یہ عدی بن حاتم ہیں، اور میں امان طلب کئے بغیر اور کوئی تحریر حاصل کئے بغیر خدمتِ نبوی میں پہنچا تھا، پس جب میں نبی ﷺ کی طرف دیدیا گیا یعنی آپؐ کا مجھ پر قابو ہوگیا تو آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑا، اور آپ اس سے پہلے فرماچکے تھے کہ ''مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ عدی کا ہاتھ میرے ہاتھ میں دیدیں گے''

حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ مجھے لے کر کھڑے ہوئے، پس آپؐ سے ایک عورت نے ملاقات کی، اس کے ساتھ ایک بچہ تھا، دونوں نے کہا: ہمیں آپؐ سے کچھ حاجت ہے۔ نبی ﷺ ان دونوں کے ساتھ کھڑے ہو گئے، یہاں تک کہ دونوں کی حاجت پوری کر دی (حضرت عدیؓ نے یہ بات نبی ﷺ کی تواضع کے طور پر بیان کی ہے) پھر نبی ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا، یہاں تک کہ مجھے اپنے گھر میں لے گئے، پس آپؐ کے لئے ایک لڑکی نے گدا ڈالا، آپؐ اس پر بیٹھ گئے، اور میں آپؐ کے سامنے بیٹھا، پس آپؐ نے اللہ کی تعریف کی، اور اللہ کی ثنا بیان کی، پھر فرمایا: ''آپ کو کیا چیز بھگا رہی ہے اس سے کہ آپ کہیں: لا إله إلا الله؟ پس کیا آپ اللہ کے سوا کوئی معبود جانتے ہیں؟'' حضرت عدیؓ نے کہا: نہیں، یعنی اور کوئی معبود نہیں ہے، اس کے بعد آپؐ تھوڑی دیر بات فرماتے رہے، پھر آپؐ نے فرمایا: ''کیا آپ اس بات سے بھاگ رہے ہیں کہ کہیں: اللہ سب سے بڑے ہیں، تو کیا آپ جانتے ہیں کہ اللہ سے بڑی بھی کوئی چیز ہے؟'' حضرت عدیؓ نے عرض کیا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: ''پس بیشک یہود وہ لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کا غضب اترا، اور نصاریٰ گمراہ ہیں'' یعنی تم جس مذہب پر ہو وہ گمراہی ہے، حضرت عدیؓ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: میں حنیف و مسلم ہوں (حنیف: باطل ادیان سے یکسو ہو کر: دین حق کی طرف مائل ہونے والا، اور مسلم: دین حق کے سامنے سرافگندہ) حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کا چہرہ دیکھا خوشی سے کھل گیا۔

حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پھر آپؐ نے میرے متعلق حکم دیا، اور میں ایک انصاری آدمی کا مہمان بنا دیا گیا، میں نبی ﷺ کی خدمت میں دن کے دونوں کناروں میں (صبح و شام) حاضر ہوتا تھا، حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پس دریں اثنا کہ میں ایک شام آپؐ کے پاس تھا، اچانک آپؐ کے پاس ایک قوم آئی جو اونی کپڑے پہنے ہوئے تھی، سفید و سیاہ دھاری دار چادروں میں سے، حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے نماز پڑھی، اور (تقریر کے لئے) کھڑے ہوئے، پس آنے والے لوگوں پر ابھارا، یعنی ان پر صدقہ کرنے کی ترغیب دی، فرمایا: ''اگرچہ ایک صاع غلہ ہو! اگرچہ آدھے صاع کے ذریعہ ہو! اگرچہ ایک مٹھی ہو! اگرچہ مٹھی سے کم ہو! بچائے تم میں سے ہر ایک اپنا چہرہ دوزخ کی گرمی سے —— یا فرمایا: دوزخ کی آگ سے —— اگرچہ ایک کھجور کے ذریعہ ہو! اگرچہ کھجور کے ایک حصہ کے ذریعہ ہو! پس بیشک تم میں سے ہر ایک اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنے والا ہے، اور اللہ تعالیٰ اس سے پوچھنے والے ہیں وہ بات جو میں تمہیں بتا رہا ہوں (اللہ تعالیٰ پوچھیں گے:) کیا میں نے تیرے لئے شنوائی اور بینائی نہیں بنائی تھی؟ وہ کہے گا: کیوں نہیں! پس اللہ تعالیٰ کہیں گے: کیا میں نے تیرے لئے مال اور اولاد نہیں بنائی تھی؟ پس وہ کہے گا: کیوں نہیں! پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کہاں ہے وہ عمل جو تو نے اپنی ذات کے لئے آگے بھیجا ہے؟ پس وہ اپنے آگے پیچھے، دائیں اور بائیں دیکھے گا، پس وہ کوئی ایسی چیز نہیں پائے گا جس کے ذریعہ وہ اپنے چہرے کو جہنم کی گرمی سے بچا سکے (اس لئے) چاہئے کہ بچائے تم میں سے ہر ایک اپنے چہرے کو دوزخ سے، اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے کے ذریعہ ہو، پس اگر وہ نہ پائے تو بھلی بات کے ذریعہ بچائے،

پس بیشک میں تم پر فاقہ کا اندیشہ نہیں کرتا، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرنے والے ہیں، اور تمہیں دینے والے ہیں، یہاں تک کہ ایک ہودج نشیں عورت سفر کرے گی، یثرب اور حیرہ کے درمیان، اس کو زیادہ سے زیادہ جس بات کا خطرہ ہوگا وہ اپنی سواری پر چوری کا ڈر ہوگا'' (اس کے علاوہ کوئی ڈر نہیں ہوگا) پس میں نے اپنے دل میں کہا: قبیلۂ طَئی کے چور کہاں چلے جائیں گے؟ (یعنی اس قبیلہ کے چور تو مشہور ہیں: وہ اس عورت کو لوٹ کیوں نہ لیں گے؟ اس وقت ان کی سمجھ ہی میں یہ بات نہیں آرہی تھی کہ اسلام کی برکت سے اس درجہ امن وامان ہو جائے گا)

[۲۹۷۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ، أَنَا عَمْرُو بْنُ أَبِى قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ جَالِسٌ فِى الْمَسْجِدِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: هٰذَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، وَجِئْتُ بِغَيْرِ أَمَانٍ وَلاَ كِتَابٍ، فَلَمَّا دُفِعْتُ إِلَيْهِ، أَخَذَ بِيَدِىْ، وَقَدْ كَانَ قَالَ قَبْلَ ذٰلِكَ: " إِنِّىْ لَأَرْجُوْ أَنْ يَجْعَلَ اللّٰهُ يَدَهُ فِىْ يَدِىْ"

قَالَ: فَقَامَ بِىْ، فَلَقِيَتْهُ امْرَأَةٌ وَصَبِىٌّ مَعَهَا، فَقَالاَ: إِنَّ لَنَا إِلَيْكَ حَاجَةً، فَقَامَ مَعَهُمَا حَتَّى قَضَى حَاجَتَهُمَا، ثُمَّ أَخَذَ بِيَدِىْ حَتَّى أَتَى بِىْ دَارَهُ، فَأَلْقَتْ لَهُ الْوَلِيْدَةُ وِسَادَةً، فَجَلَسَ عَلَيْهَا، وَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" مَا يُفِرُّكَ أَنْ تَقُوْلَ: لاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ؟ فَهَلْ تَعْلَمُ مِنْ إِلٰهٍ سِوَى اللّٰهِ؟" قَالَ: قُلْتُ: لاَ، قَالَ: ثُمَّ تَكَلَّمَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ:" أَتَفِرُّ مِنْ أَنْ تَقُوْلَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، فَهَلْ تَعْلَمُ شَيْئًا أَكْبَرَ مِنَ اللّٰهِ؟" قَالَ: قُلْتُ: لاَ، قَالَ:"فَإِنَّ الْيَهُوْدَ مَغْضُوْبٌ عَلَيْهِمْ، وَإِنَّ النَّصَارَى ضُلاَّلٌ" قَالَ: قُلْتُ: فَإِنِّىْ حَنِيْفٌ مُسْلِمٌ! قَالَ: فَرَأَيْتُ وَجْهَهُ تَبَسَّطَ فَرَحًا.

قَالَ: ثُمَّ أَمَرَ بِىْ، فَأُنْزِلْتُ عِنْدَ رَجُلٍ مِنَ الأَنْصَارِ، جَعَلْتُ أَغْشَاهُ طَرَفَيِ النَّهَارِ، قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا عِنْدَهُ عَشِيَّةً، إِذْ جَاءَهُ قَوْمٌ فِىْ ثِيَابٍ مِنَ الصُّوْفِ مِنْ هٰذِهِ النِّمَارِ، قَالَ: فَصَلَّى، وَقَامَ: فَحَثَّ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ قَالَ:"وَلَوْ صَاعٌ! وَلَوْ بِنِصْفِ صَاعٍ! وَلَوْ قُبْضَةٌ! وَلَوْ بِبَعْضِ قُبْضَةٍ! يَقِى أَحَدُكُمْ وَجْهَهُ حَرَّ جَهَنَّمَ أَوْ: النَّارَ، وَلَوْ بِتَمْرَةٍ! وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ! فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لاَقِى اللّٰهَ، وَقَائِلٌ لَهُ مَا أَقُوْلُ لَكُمْ: أَلَمْ أَجْعَلْ لَكَ سَمْعًا وَبَصَرًا؟ فَيَقُوْلُ: بَلَى! فَيَقُوْلُ: أَلَمْ أَجْعَلْ لَكَ مَالاً وَوَلَدًا؟ فَيَقُوْلُ: بَلَى! فَيَقُوْلُ: أَيْنَ مَا قَدَّمْتَ لِنَفْسِكَ؟ فَيَنْظُرُ قُدَّامَهُ، وَبَعْدَهُ، وَعَنْ يَمِيْنِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ. ثُمَّ لاَيَجِدُ شَيْئًا يَقِى بِهِ وَجْهَهُ حَرَّ جَهَنَّمَ، لِيَقِ أَحَدُكُمْ وَجْهَهُ النَّارَ، وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ، فَإِنِّى لاَأَخَافُ عَلَيْكُمُ الْفَاقَةَ، فَإِنَّ اللّٰهَ نَاصِرُكُمْ وَمُعْطِيكُمْ، حَتَّى تَسِيْرَ الظَّعِيْنَةُ فِيْمَا بَيْنَ يَثْرِبَ وَالْحِيْرَةِ، أَكْثَرُ مَايُخَافُ عَلَى مَطِيَّتِهَا السَّرَقَ" فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ فِىْ نَفْسِى: فَأَيْنَ لُصُوْصُ طَيِّئٍ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، وَرَوَى شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم الحديثَ بِطُوْلِهِ.

[۲۹۷۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالاَ: نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الْيَهُوْدُ مَغْضُوْبٌ عَلَيْهِمْ، وَالنَّصَارَى ضُلاَّلٌ" فَذَكَرَ الحديثَ بِطُوْلِهِ.

وضاحت: سماک بن حرب سے آخر تک اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور جس طرح عمرو بن ابی قیس نے سند بیان کی ہے، اسی طرح امام شعبہؒ نے بھی سند بیان کی ہے، اور یہ حدیث مفصل ترمذی ہی میں ہے، بخاری و مسلم میں یہ حدیث مختصر ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

سورۃ البقرۃ کی تفسیر

۱- انسانوں میں رنگت اور اخلاق کا اختلاف مٹی کا اثر ہے

سورۃ البقرۃ آیت ۳۰ میں انسان کی تخلیق اور زمین میں اس کی نیابت کا تذکرہ آیا ہے، اس مناسبت سے درج ذیل حدیث پڑھیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ایک ایسی مٹھی سے پیدا کیا جو اللہ نے ساری زمین سے بھری، پس آدمؑ کی اولاد زمین کے مطابق آئی، ان میں کوئی سرخ، کوئی سفید، کوئی سیاہ، اور کوئی ان رنگوں کے درمیان ہے، نیز کوئی نرم مزاج، کوئی اکھڑ مزاج، کوئی گندی طبیعت اور کوئی پاکیزہ طبیعت ہے"

لغات: القَدْر: مطابق، جیسے جاءَ الشیئُ علی قَدْرِ الشیئِ: یہ چیز فلاں چیز کے مطابق آئی، هٰذَا قَدْرُ ذاك: یہ اس کے برابر (مساوی) ہے...... الحَزْنُ: اکھڑ مزاج آدمی، جمع حُزُنٌ۔

تشریح: حضرت آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں، اور مٹی بھی کسی ایک جگہ سے نہیں لی، بلکہ پوری زمین سے لی ہے، اس لئے زمین کے موافق انسانوں کے رنگ اور اخلاق پیدا ہوئے...... اور رنگوں میں تین بنیادی رنگ ہیں: سرخ، سفید اور سیاہ، باقی رنگ ان کے مرکبات ہیں، اور وہ بہت ہیں...... اور یہ دونوں باتیں آدمِ اول سے کس طرح صادر ہوئیں؟ یہ بات معلوم نہیں، البتہ آدمِ ثانی یعنی حضرت نوح علیہ السلام کے بعد یہ رنگ ان کے تین لڑکوں میں نمودار ہوئے، اور اس طرح سرخ و سفید اور سیاہ قومیں وجود میں آئیں، پھر مختلف رنگوں کا آمیزہ وجود میں آیا، اسی طرح اخلاق

یعنی نرم مزاجی، سخت مزاجی، طبیعت کی کثافت و لطافت بھی قوموں میں تقسیم ہوئی، کوئی قوم نرم مزاج ہوئی تو کوئی اکھڑ مزاج، کوئی قوم کثیف طبیعت ہوئی تو کوئی لطیف طبیعت۔ غرض یہ سب اختلافات اس مٹی سے رونما ہوئے ہیں جس سے انسان کا خمیر تیار کیا گیا تھا۔

[۳-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

[۲۹۷۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، وَابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، وَمُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَعَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالُوْا: نَا عَوْفُ بْنُ أَبِيْ جَمِيْلَةَ الْأَعْرَابِيُّ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ مِنْ قُبْضَةٍ، قَبَضَهَا مِنْ جَمِيْعِ الْأَرْضِ، فَجَاءَ بَنُوْ آدَمَ عَلَى قَدْرِ الْأَرْضِ، فَجَاءَ مِنْهُمُ الْأَحْمَرُ، وَالْأَبْيَضُ، وَالْأَسْوَدُ، وَبَيْنَ ذٰلِكَ، وَالسَّهْلُ، وَالْحَزْنُ، وَالْخَبِيْثُ، وَالطَّيِّبُ" قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲- بنی اسرائیل کی بیہودہ گوئی

سورۃ البقرۃ (آیات ۵۸و۵۹) میں بنی اسرائیل کا ایک واقعہ آیا ہے: جب اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم دیا کہ وہ میدانِ تیہ سے نکل کر ایک بستی میں داخل ہوں، اور وہ وہاں جس جگہ سے جو رغبت ہو بے تکلف کھائیں، مگر دروازہ میں جھکتے ہوئے داخل ہوں، اور منہ سے کہیں: توبہ! توبہ! ﴿وَادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ﴾ اللہ تعالیٰ ان کی خطا معاف کر دیں گے، اور ان کے نیکوکاروں کو اور بھی نعمتیں دیں گے ﴿فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلاً غَيْرَ الَّذِیْ قِيْلَ لَهُمْ﴾ پس ان ظالموں نے بدل ڈالا ایک اور کلمہ: جو اس کلمہ کے خلاف تھا جس کے کہنے کا ان کو حکم دیا گیا تھا، اس تبدیلی کی تفصیل درج ذیل روایت میں ہے:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے ﴿وَادْخُلُوْا الْبَابَ سُجَّدًا﴾ کی تفسیر میں فرمایا: "وہ لوگ اپنی سرین زمین پر سرکتے ہوئے داخل ہوئے"

لغت: تَزَحَّفَ إليه: کسی کے پاس سرک کر پہنچنا...... الوَرِك: سرین، ران کا بالائی حصہ۔

حدیث (۲): اور ﴿فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلاً غَيْرَ الَّذِیْ قِيْلَ لَهُمْ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: انھوں نے حَبَّةٌ فی شعیرۃ کہا (یہ مہمل جملہ ہے، حَبَّة کے معنی ہیں: غلہ، دانہ، اور شعیرۃ کے معنی ہیں: علامت، اور ایک نسخہ میں شَعَرَة ہے جس کے معنی ہیں: ایک بال)

تشریح: ان لوگوں نے ﴿سُجَّدًا﴾ پر تو اس طرح عمل کیا کہ سرینوں کے بل سرکتے ہوئے داخل ہوئے، اور ﴿حِطَّةٌ﴾ کے بجائے "گون میں غلہ" کہتے ہوئے داخل ہوئے، چنانچہ ان ظالموں پر اللہ تعالیٰ نے ایک آفت سماوی

بھیجی، جس سے تھوڑی دیر میں ستر ہزار لوگ ہلاک ہوگئے۔

[۲۹۷٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِیْ هريرة، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ قَوْلِهِ تَعَالَی: ﴿ادْخُلُوْ الْبَابَ سُجَّدًا﴾ قَالَ: "دَخَلُوْا مُتَزَحِّفِيْنَ عَلَى أَوْرَاكِهِمْ" أَیْ مُنْحَرِفِيْنَ.

[۲۹۷۵-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلاً غَيْرَ الَّذِیْ قِيْلَ لَهُمْ﴾ قَالَ: "قَالُوْا: حَبَّةٌ فِیْ شَعِيْرَةٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳- قبلہ معلوم نہ ہوتو جہت تحری قبلہ ہے

اگر کسی کو قبلہ معلوم نہ ہوتو جہتِ تحری قبلہ ہے، جس جانب ظن غالب ہو اس طرف نماز پڑھے، اور یہ نماز درست ہوگی، بعد میں اگر خطا ظاہر ہوتو بھی نماز درست ہے، اعادہ ضروری نہیں، اس سلسلہ میں درج ذیل روایات ہیں۔

حدیث (۱): حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک سفر میں اندھیری رات میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس ہماری سمجھ میں نہ آیا کہ قبلہ کس طرف ہے؟ اس لئے ہر شخص نے اپنے سامنے کی جانب (تہجد کی) نماز پڑھی، یعنی ہر ایک نے تحری کی، اور جدھر قبلہ سمجھ میں آیا ادھر تہجد کی نماز پڑھی، پھر جب فجر کی اذان ہوئی، اور لوگ نبی ﷺ کے پاس نماز کے لئے جمع ہوئے تو ان کی خطا ظاہر ہوئی، فرماتے ہیں: پس جب ہم نے صبح کی تو ہم نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، پس سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۱۵ نازل ہوئی: ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ، فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ کی ملک ہیں (سب سمتیں) مشرق بھی اور مغرب بھی، پس تم جس طرف منہ کرو اُدھر (ہی) اللہ تعالیٰ کا رخ ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ (تمام جہات کو) محیط ہیں، بڑے جاننے والے ہیں۔

تشریح: نماز میں جو کعبہ شریف کی طرف منہ کیا جاتا ہے: وہ ملت کی شیرازہ بندی کے لئے ہے، کعبہ شریف معبود نہیں ہے، معبود اللہ کی ذات ہے، پس سمتِ قبلہ معلوم نہ ہونے کی صورت میں جہت تحری کی طرف جو نماز پڑھی جائے وہ صحیح ہے، اس لئے کہ وہ نماز اللہ کے لئے پڑھی گئی ہے، اور یہ حدیث اگرچہ ابوالربیع اشعث السمان کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر آئندہ حدیث صحیح ہے، اس لئے حدیث کے ضعف سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ اپنے اونٹ پر نفل نماز پڑھا کرتے تھے جدھر بھی سواری آپؐ کے ساتھ متوجہ ہوتی، اور یہ واقعہ اس وقت کا ہے جب نبی ﷺ مکہ سے مدینہ کی طرف آرہے تھے (پس اس صورت میں کعبہ کی طرف پیٹھ بھی ہوسکتی ہے) پھر حضرت ابن عمرؓ نے یہ آیت پڑھی: ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ﴾ الآیۃ: اور ابن عمرؓ نے فرمایا: اس صورت کے بارے میں یہ آیت نازل کی گئی ہے۔

تشریح: نفل نماز میں جب مجبوری ہو استقبالِ قبلہ ضروری نہیں، یہ انفرادی عبادت ہے، اور ملت کی شیرازہ بندی فرض نماز میں ضروری ہے، فرض نماز ہی اجتماعی طور پر ادا کی جاتی ہے، اور نفل نماز انفرادی معاملہ ہے اس لئے مجبوری کی حالت میں استقبالِ کعبہ کی شرط ختم کردی گئی ہے۔

حدیث (۳): حضرت قتادہ رحمہ اللہ سے مروی ہے: انھوں نے آیتِ پاک ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ، فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾ کے بارے میں فرمایا: یہ آیت منسوخ ہے، اور ناسخ سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۴۴ ہے: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ یعنی آپ اپنا چہرہ (نماز میں) مسجد حرام (کعبہ) کی طرف پھیریں۔ اس آیت میں شَطْر کے معنی ہیں: تِلْقَاءَ: جانب، یعنی مسجدِ حرام کی جانب اپنا چہرہ پھیریں۔

تشریح: حضرت قتادہ نے جو نسخ کی بات کہی ہے: اس کا کوئی قائل نہیں، علماء کے نزدیک دونوں آیتوں کے مصداق الگ الگ ہیں ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ﴾ کا مصداق مجبوری کی حالت ہے، اور ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ﴾ کا مصداق وہ حالت ہے جب قبلہ معلوم ہو، اور اس کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنے میں کوئی مجبوری نہ ہو۔

حدیث (۴): اور مجاہدؒ سے ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾ کے بارے میں مروی ہے کہ "اس جانب اللہ کا رخ ہے"، یعنی مجبوری کی صورت میں یا تحری کی صورت میں جس طرف بھی رخ کرکے نماز پڑھی جائے درست ہے، کیونکہ اللہ کا رخ ہر طرف ہے، اور اس کی نماز اللہ کے لئے ہے، اس لئے درست ہے۔

لطیفہ: ایک مُلحد نے ایک عالم سے پوچھا: اللہ کا رخ کدھر ہے؟ عالم نے جواب دیا: ہر طرف! اس نے پوچھا: کیسے؟ انھوں نے پوچھا: آپ کے سامنے یہ چراغ جل رہا ہے، اس کے نور کا رخ کس طرف ہے؟ ملحد نے جواب دیا: ہر طرف! ان عالم صاحب نے جواب دیا: جب ایک مخلوق کا رخ ہر طرف ہوسکتا ہے تو خالق کا رخ ہر طرف کیوں نہیں ہوسکتا؟

[٢٩٧٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا أَشْعَثُ السَّمَّانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فِيْ لَيْلَةٍ مُظْلِمَةٍ، فَلَمْ نَدْرِ أَيْنَ الْقِبْلَةُ؟ فَصَلَّى كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا عَلَى حِيَالِهِ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ: ﴿فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَشْعَثِ السَّمَّانِ: أَبِي الرَّبِيْعِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَأَشْعَثُ: يُضَعَّفُ فِي الْحَدِيْثِ.

[٢٩٧٧-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، أَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ

تَطَوُّعًا، حَيْثُما تَوَجَّهتْ بِهِ، وَهُوَ جَاءٍ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ قَرَأَ ابْنُ عُمَرَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ﴾ الآيَةَ، وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَفِيْ هٰذَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۹۷۸-] وَيُرْوَى عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾: هِيَ مَنْسُوْخَةٌ، نَسَخَتْهَا: ﴿فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ أى: تِلْقَاءَ هُ، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِيْ الشَّوَارِبِ، نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ.

[۲۹۷۹-] وَيُرْوَى عَنْ مُجَاهِدٍ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ﴾: فَثَمَّ قِبْلَةُ اللّٰهِ، حدثنا بِذٰلِكَ أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمدُ بْنُ العَلَاءِ، نَا وَكِيْعٌ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ عَرَبِيٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ بِهٰذَا.

۴-مقام ابراہیم پر دوگانۂ طواف پڑھنا

سورۃ البقرۃ آیت ۱۲۵ میں ہے: ﴿وَاتَّخِذُوْ مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾: اور مقامِ ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنالیا کرو، اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے:

حدیث: دوسندوں سے یہ حدیث مروی ہے: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کاش ہم مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھتے! یعنی اس طرح نماز پڑھتے کہ مقام ابراہیم بھی سامنے ہوتا اور کعبہ بھی، پس آیتِ پاک ﴿وَاتَّخِذُوْ مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ نازل ہوئی۔

تشریح: یہ موافقاتِ عمرؓ میں سے ایک ہے، چند احکام پہلے حضرت عمرؓ کے ذہن میں آئے ہیں، پھر ان کے مطابق وحی نازل ہوئی ہے، ان میں سے ایک یہ ہے، حضرت عمرؓ کے ذہن میں پہلے یہ بات آئی کہ مقام ابراہیم کے پاس مذکورہ طریق پر نماز پڑھی جائے تو بہتر ہے، چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی، پھر جب نبی ﷺ نے عمرہ فرمایا تو طواف سے فارغ ہوکر مقام ابراہیم پر اسی طرح دوگانۂ طواف ادا فرمایا، اور وہاں یہ آیت تلاوت فرمائی، اور یہ مضمون پہلے (کتاب الحج باب ۳۳ تحفہ ۳: ۲۵۶ حدیث ۲۴۷ میں) گذر چکا ہے۔

[۲۹۸۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوْ صَلَّيْنَا خَلْفَ الْمَقَامِ، فَنَزَلَتْ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۹۸۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوْ اتَّخَذْتَ مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى! فَنَزَلَتْ: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنِ ابنِ عُمَرَ.

۵- بیت المقدس کو عارضی قبلہ بنانے کی حکمت

دوسرے پارے کے شروع (سورۃ البقرۃ آیات ۱۴۲-۱۵۲) میں تحویلِ قبلہ کا اور اس کی حکمتوں کا مفصل تذکرہ ہے، اور اس پر اٹھنے والے ایک سوال کا جواب بھی ہے۔

آیات ۱۴۲ و ۱۴۳ یہ ہیں: ﴿سَيَقُوْلُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَاوَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ كَانُوْا عَلَيْهَا، قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ، يَهْدِیْ مَنْ يَشَآءُ إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ. وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾

ترجمہ: اب یہ بیوقوف لوگ (یہود) ضرور کہیں گے کہ ان (مسلمانوں) کو ان کے (سابق) قبلہ سے جس کی طرف وہ منہ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے یعنی بیت المقدس سے کس چیز نے پھیر دیا؟ آپؐ جواب دیں: مشرق و مغرب اللہ کے لئے ہیں، یعنی قبلہ ملت کی شیرازہ بندی کے لئے ہوتا ہے، وہ بذاتِ خود مقصود نہیں ہوتا، بلکہ وہ حقیقت میں ''قبلہ نما'' ہوتا ہے، اور معبود حقیقی اللہ تعالیٰ ہیں اور ان کے تعلق سے مغرب و مشرق یکساں ہیں، پس وہ جس جانب کا حکم دیں وہی قبلہ ہے، اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتے ہیں سیدھے راستہ تک پہنچاتے ہیں، پس ہجرت کے بعد جو بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم دیا تھا وہ بھی درست تھا، اور اب جو بیت اللہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم دیا ہے: وہ اس سے بہتر ہے، کیونکہ یہ قبلہ اس امت کے لئے زیادہ مناسب ہے، اور اس طرح یعنی دونوں قبلوں کی طرف نماز پڑھوا کر ہم نے تمہیں (ہر پہلو سے) ایک نہایت معتدل امت بنا دیا ہے تاکہ تم (مخالف) لوگوں کے مقابلہ میں (انبیاء کے لئے) گواہ بنو، اور رسول اللہ ﷺ تمہارے لئے گواہ بنیں۔

تشریح: پہلے تحویل قبلہ پر اعتراض کا حاکمانہ جواب دیا ہے، پھر دوسری آیت میں اس کا حکیمانہ جواب دیا ہے اور دونوں قبلوں کی طرف اس امت سے نماز اس لئے پڑھوائی گئی ہے کہ اس امت کے مزاج میں اعتدال پیدا ہو، چنانچہ اس امت کو دونوں قبلوں سے یکساں محبت ہے، اور دونوں قبلوں سے جن انبیاء کرام کا تعلق رہا ہے ان سے بھی یکساں محبت ہے، کسی قبلہ سے اور اس قبلہ سے تعلق رکھنے والے انبیاء سے اس امت کو کوئی بیر نہیں۔

اور اس امت کے مزاج میں یہ اعتدال اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ قیامت کے دن جب امتوں سے سوال کیا جائے گا کہ ان کے انبیاء نے ان کو دین پہنچایا تھا یا نہیں؟ تو قومیں انکار کر دیں گی، پس انبیاء سے گواہ طلب کئے جائیں گے، انبیائے کرام اس امت کو گواہ کے طور پر پیش کریں گے، کیونکہ گواہ مدعی کے ذمہ ہوتے ہیں، اور انبیاء اس بات کے مدعی ہونگے کہ انھوں نے دین پہنچایا ہے، اور گواہ ایسے ہونے چاہئیں کہ جن کے حق میں گواہی دیں، ان سے نہ غایت درجہ قرب ہو، نہ بُعد، اسی لئے بیٹے کی گواہی باپ کے حق میں معتبر نہیں، اور دشمنی رکھنے والے کی گواہی بھی معتبر

نہیں، اور یہ امت ایسی ہی معتدل امت ہے اس کو گذشتہ انبیاء سے نہ غایت درجہ قرب ہے، کیونکہ یہ امت ان انبیاء کی امت نہیں ہے، نہ اس امت کو ان انبیاء سے کوئی دشمنی ہے، کیونکہ یہ امت ان انبیاء پر بھی ایمان رکھتی ہے، اس طرح یہ امت قابل گواہی بن گئی ہے۔

پھر جب انبیاء کی امتیں گواہوں پر جرح کریں گی کہ یہ لوگ ہمارے زمانہ کے نہیں ہیں، پھر وہ کیسے گواہی دے رہے ہیں؟ تو یہ امت جواب دے گی کہ ہمیں یہ باتیں ہمارے پیغمبر نے بتائی ہیں، اور وہ سچے تھے، چنانچہ نبی ﷺ کو لایا جائے گا اور آپؐ گواہی دیں گے کہ میری امت نے سچی گواہی دی ہے، یہ باتیں ان کو میں نے بتائی ہیں، اور میں نے یہ باتیں ان کو اللہ کی کتاب کی بنیاد پر بتائی ہیں ﴿وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا؟﴾ اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ سچا کون ہوسکتا ہے؟ اس طرح میدانِ قیامت میں معاملہ انبیاء کے حق میں فیصل ہوگا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا﴾ کی تفسیر میں فرمایا: عَدْلًا: یعنی اس امت کو معتدل امت بنایا گیا ہے۔

لغت: الوَسَط: ہر معتدل ومتوسط چیز، درمیانی درجہ کی چیز، یہی معنی عَدَلَ الشيئَ يَعْدِلُ عَدْلًا: کے ہیں، یعنی سیدھا کرنا، برابر کرنا۔

حدیث (۲): پہلی حدیث دوسری سند سے مفصل آئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: نوح علیہ السلام بلائے جائیں گے، ان سے پوچھا جائے گا: کیا آپ نے دین پہنچایا؟ وہ کہیں گے: ہاں، پس ان کی قوم بلائی جائے گی، اور ان سے پوچھا جائے گا: کیا نوح علیہ السلام نے تمہیں دین پہنچایا؟ وہ جواب دیں گے: ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، اور نہ ہمارے پاس کوئی اور شخص آیا، پس نوح علیہ السلام سے کہا جائے گا: آپ کے گواہ کون ہیں؟ وہ کہیں گے: حضرت محمد ﷺ اور ان کی امت، نبی ﷺ نے فرمایا: پس تمہیں لایا جائے گا، تم گواہی دو گے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے یقیناً دین پہنچایا ہے، یہی مضمون اس ارشادِ پاک میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ﴾ الآيةَ: اور وَسَطً کے معنی ہیں: معتدل۔

فائدہ: تین مضمون ملتے جلتے ہیں، اس لئے ان کو الگ الگ سمجھ لینا چاہئے، اور ان سے متعلقہ آیتوں کو بھی ذہن نشین کرلینا چاہئے۔ عام طور پر ان میں اشتباہ واقع ہوا ہے۔

پہلا مضمون: قیامت کے دن تمام انبیاء اپنی اپنی امتوں کے خلاف گواہیاں دیں گے، اور حضور اقدس ﷺ اپنی امت دعوت کے خلاف گواہی دیں گے، یہ مضمون صرف دوجگہ آیا ہے، سورۃ النساء آیت ۴۰ میں اور سورۃ النحل آیت ۸۹ میں، سورۃ النساء میں مقصود منظر کشی ہے اور سورۃ النحل میں مقصود مضمون کو مدلل کرنا ہے۔

دوسرا مضمون: قیامت کے دن امت محمدیہ پچھلی تمام امتوں کے خلاف، انبیاء کرام کی حمایت میں گواہی دے گی، اور جب ان امتوں کی طرف سے اعتراض ہوگا کہ یہ امت سب سے آخری امت ہے، انھوں نے ہمارا زمانہ نہیں پایا

پھر یہ گواہی کیسے دے رہے ہیں؟ تو آنحضور ﷺ تشریف لاکر گواہی دیں گے کہ بلاشبہ میری امت جو کچھ کہہ رہی ہے سچ کہہ رہی ہے، ان کو مجھ سے اور قرآن سے ایسا ہی معلوم ہوا ہے............ یہ مضمون صرف یہاں (سورۃ البقرۃ آیت ۱۴۳ میں) آیا ہے۔

تیسرا مضمون: آنحضور ﷺ اپنے زمانہ کے لوگوں کے خلاف گواہی دیں گے، اور آپؐ کی امت اپنے اپنے زمانے کے لوگوں کے خلاف گواہی دے گی، یہ مضمون صرف سورۃ الحج آیت ۷۸ میں آیا ہے (تفسیر ہدایت القرآن ۵:۱۵۸)

[۲۹۸۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فِيْ قَوْلِه:﴿ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا﴾: قَالَ:" عَدْلاً" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۲۹۸۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، نا الأَعْمَشُ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يُدْعَى نُوْحٌ، فَيُقَالُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُدْعَى قَوْمُهُ، فَيُقَالُ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا أَتَانَا مِنْ نَذِيْرٍ، وَمَا أَتَانَا مِنْ أَحَدٍ، فَيُقَالُ: مَنْ شُهُوْدُكَ؟ فَيُقُوْلُ: مُحمدٌ وَأُمَّتُهُ، قَالَ: فَيُؤْتَى بِكُمْ، تَشْهَدُوْنَ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، فَذَلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ، وَيَكُوْنُ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا﴾: وَالْوَسَطُ: العَدْلُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنِ الأَعْمَشِ نَحْوَهُ.

۶-تحویلِ قبلہ کا بیان

حدیث: جب نبی ﷺ مدینہ منورہ میں تشریف لائے تو سولہ یا سترہ مہینے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھی، اور نبی ﷺ اس بات کو پسند کرتے تھے کہ آپؐ کعبہ شریف کی طرف متوجہ کئے جائیں، چنانچہ یہ آیت پاک نازل ہوئی: ﴿قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِيْ السَّمَاءِ﴾ الآيَةَ: ترجمہ: ہم آپؐ کا بار بار آسمان کی طرف منہ پھیرنا دیکھ رہے ہیں، یعنی آپؐ وحی کا انتظار کر رہے ہیں کہ تحویل قبلہ کا حکم آئے، پس ہم آپؐ کو اس قبلہ کی طرف متوجہ کر دیتے ہیں جو آپؐ کو پسند ہے، سو آپؐ اپنا چہرہ نماز میں مسجد حرام (کعبہ) کی طرف پھیر لیں، چنانچہ آپؐ کعبہ شریف کی طرف متوجہ کر دیئے گئے، اور آپؐ اس بات کو پسند کیا کرتے تھے، پس ایک شخص نے آپؐ کے ساتھ عصر کی نماز پڑھی، راوی کہتے ہیں: پھر وہ شخص انصار کی ایک قوم پر گذرا جو عصر کی نماز میں بیت المقدس کی طرف رخ کئے ہوئے تھے، پس اس شخص نے کہا: وہ گواہی دیتا ہے یعنی قسم کھا کر بیان کرتا ہے کہ اس نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی ہے، اور یہ کہ آپؐ کعبہ شریف کی طرف پھیر دیئے گئے ہیں، راوی کہتے ہیں: پس وہ لوگ رکوع کی حالت ہی میں کعبہ شریف کی طرف پھر گئے...... یہ

روایت حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے، اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت میں یہ ہے کہ وہ نماز فجر میں رکوع کی حالت میں تھے۔

تشریح: تحویل قبلہ کا حکم مسجد بنوسلمہ میں ظہر کی نماز پڑھتے ہوئے نازل ہوا تھا، آپؐ نے دو رکعتیں پڑھائی تھیں کہ نماز کے اندر ہی وحی آئی، پس آپؐ اور صحابہ شمال کی جانب سے جنوب کی جانب پلٹ گئے، اور بقیہ دو رکعتیں کعبہ شریف کی طرف پڑھیں، اسی لئے مسجد بنوسلمہ کو مسجد القبلتین کہتے ہیں، پھر آپؐ نے عصر کی نماز مسجدِ نبوی میں کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے پڑھائی۔ یہاں سے ایک صحابی عصر پڑھ کر بنو حارثہ کی مسجد کے پاس سے گذرے، وہاں انھوں نے گواہی دی کہ قبلہ بدل گیا ہے، چنانچہ سب لوگ نماز کے اندر ہی بیت اللہ کی طرف گھوم گئے، پھر اگلے دن ایک صحابی مسجدِ نبوی میں فجر پڑھ کر قبا پہنچے جو مدینہ سے تین چار میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں تھا، وہاں لوگ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھ رہے تھے، جب انھوں نے تحویل قبلہ کی خبر دی تو وہ سب بھی نماز ہی کے اندر کعبہ شریف کی طرف پھر گئے (اور یہ حدیثیں انہی سندوں کے ساتھ پہلے (حدیث ۳۴۹ و ۳۵۰ کتاب الصلوۃ باب ۱۴۱، تحفہ ۲: ۱۶۵ میں) گذر چکی ہیں، تفصیل وہاں دیکھ لی جائے۔

[٢٩٨٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحاقَ، عَنِ الْبَراءِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، صَلَّى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ أَوْ سَبْعَةَ عشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ أَنْ يُوَجَّهَ إِلَى الْكَعْبَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿ قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ، فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا، فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ﴾ فَوُجِّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، وَكَانَ يُحِبُّ ذٰلِكَ، فَصَلّٰى رَجُلٌ مَعَهُ العَصْرَ، قَالَ: ثُمَّ مَرَّ عَلَى قَوْمٍ مِنَ الأَنْصارِ، وَهُمْ رُكُوْعٌ فِيْ صَلاَةِ العَصْرِ، نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ: هُوَ يَشْهَدُ أَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَّهُ قَدْ وُجِّهَ إِلَى الْكَعْبَةِ، قَالَ: فَانْحَرَفُوْا وَهُمْ رُكُوْعٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ.

[٢٩٨٥-] حدثنا هَنَّادٌ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانُوْا رُكُوْعًا فِيْ صَلاَةِ الْفَجْرِ.

وفي الباب: عَنْ عَمْرِو بنِ عَوْفٍ الْمُزَنِيِّ، وَابْنِ عُمَرَ، وَعُمَارَةَ بْنِ أَوْسٍ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، حديثُ ابْنِ عُمَرَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۷- تحویل قبلہ پر ایک سوال کا جواب

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کعبہ شریف کی طرف متوجہ کیا گیا تو لوگوں

نے پوچھا: یارسول اللہ! ہمارے ان بھائیوں کا کیا حال ہوگا جو بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنے کی حالت میں چلے گئے؟ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾: اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ تمہارے ایمان کو ضائع کردیں، یعنی وہ مؤمنین مغفور لھم ہیں، کیونکہ بخشش کا مدار ایمان پر ہے، اعمال تو اس کے لئے مددگار ہیں، اس لئے جب ان صحابہ کا ایمان کھرا تھا تو وہ ضرور بخشے جائیں گے، اگرچہ انھوں نے کعبہ شریف کی طرف کوئی نماز نہیں پڑھی، بیت المقدس کے قبلہ ہونے کی حالت میں ایمان لائے، پھر اس کی طرف نماز پڑھی، اور اسی حال میں وہ دنیا سے رخصت ہوگئے، کعبہ شریف کی طرف ان کو نماز پڑھنے کا موقع نہیں ملا، پھر بھی وہ بربنائے ایمان مغفور لھم ہیں۔

[۲۹۸۶-] حدثنا هَنَّادٌ، وَأَبُوْ عَمَّارٍ، قَالاَ: نَاوَكِيْعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا وُجِّهَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْكَعْبَةِ، قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! كَيْفَ بِإِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يُصَلُّوْنَ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَمَاكَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ إِيْمَانَكُمْ﴾ الآيَةَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۸- سعی واجب ہے اور لا جناح کی تعبیر اس کے منافی نہیں

حج میں صفا و مروہ کی سعی کا کیا حکم ہے: اس مسئلہ میں تین رائیں ہیں:

پہلی رائے: امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب، امام مالک رحمہ اللہ کی مشہور روایت اور امام احمد رحمہ اللہ کی صحیح ترین روایت یہ ہے کہ سعی حج کا رکن ہے، اس کے بغیر حج نہیں ہوگا۔

دوسری رائے: امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب اور امام مالکؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ سعی واجب ہے، اگر وہ رہ جائے تو دم سے اس کی تلافی ہوجائے گی۔

تیسری رائے: بعض سلف جیسے حضرت ابن عباسؓ، حضرت انسؓ، ابن سیرین، عطاء بن ابی رباح اور مجاہد رحمہم اللہ کی رائے یہ تھی کہ سعی سنت اور مستحب ہے، حج کے لئے طوافِ زیارت ضروری ہے، سعی ضروری نہیں، جس نے طواف کرلیا اس کا حج ہوگیا، یہی امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت ہے۔

حدیث: حضرت عروہؒ نے اپنی خالہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عرض کیا: اگر کوئی شخص صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کرے تو میں اس پر کوئی چیز واجب نہیں سمجھتا، اور میں اس کی پرواہ نہیں کرتا کہ ان کے درمیان طواف نہ کیا جائے، یعنی میں قرآنِ کریم سے یہی سمجھتا ہوں کہ سعی سنت ہے، ضروری نہیں، حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میرے بھانجے! بری ہے وہ بات جو تم نے کہی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سعی کی ہے اور مسلمان بھی سعی کرتے ہیں، یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبتِ تامہ کے ساتھ سعی کی ہے، اور یہی مسلمانوں کا معمول ہے، پس یہ دلیلِ وجوب ہے۔

پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے سورۃ البقرۃ آیت ۱۵۸ میں جو ﴿فَلاَجُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ ہے اس کا پس منظر بیان کیا، فرمایا: جو لوگ مشلّل مقام میں واقع مورتی کے لئے احرام باندھتے تھے وہ صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

﴿ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِاعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا، وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ﴾

ترجمہ: صفا اور مروہ اللہ کے دین کی یادگاریں ہیں، پس جو شخص بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے: اس پر ذرا بھی گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کے درمیان طواف کرے (اسی کا نام سعی ہے) اور جو شخص خوشی سے کوئی امر خیر کرے تو اللہ تعالیٰ بڑے قدر دان، خوب جاننے والے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر بات ایسی ہوتی جیسی آپ کہتے ہیں تو تعبیر: ﴿فَلاَجُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ لَّايَطَّوَّفَ بِهِمَا﴾: (لا بڑھا کر) ہوتی، یعنی اگر کوئی صفا و مروہ کی سعی نہ کرے تو اس پر ذرا بھی گناہ نہیں۔

تشریح: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے نہایت دقیق فرق بیان کیا ہے، طلبہ غور کریں، آیت میں تعبیر ہے: لاَجُنَاحَ عَلَيْهِ أَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا: یعنی صفا و مروہ کی سعی کرنے میں ذرا بھی گناہ نہیں، یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے، اباحت کی تعبیر لا بڑھا کر لاجناح عليه أن لايطوف بهما ہے، یعنی اگر کوئی صفا و مروہ کی سعی نہ کرے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔

جیسے کہیں: اگر کوئی ظہر سے پہلے چار سنتیں نہ پڑھے تو اس پر کچھ گناہ نہیں، یہ استحباب کی تعبیر ہے، لیکن اگر کہا جائے کہ کوئی ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھے تو اس میں کوئی گناہ نہیں، تو یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہوگی، بلکہ اس کی کوئی اور وجہ ہوگی۔

وہ وجہ حضرت عائشہؓ نے سمجھائی کہ اسلام سے پہلے منات کے پجاری منات کے نام سے حج کا احرام باندھتے تھے، یعنی وہ اس بت کے معتقد تھے اس لئے وہ کعبہ شریف کا طواف تو کرتے تھے، مگر صفا و مروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے، اور جو لوگ اساف و نائلہ کے نام سے احرام باندھتے تھے یعنی جو ان بتوں کے معتقد تھے وہ کعبہ کا طواف کرنے کے بعد صفا و مروہ کے درمیان سعی بھی کرتے تھے۔ پھر جب اسلام کا زمانہ آیا، اور صفا و مروہ سے وہ مورتیاں ہٹادی گئیں، اور صفا و مروہ کی سعی کا حکم دیا گیا تو منات کے پجاریوں کو سعی میں حرج محسوس ہوا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی میں کچھ گناہ نہیں، کیونکہ یہ سعی ان مورتیوں کی وجہ سے نہیں کی جاتی، بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں پہاڑیاں اللہ کے دین کی خاص نشانیاں ہیں۔

اس کی نظیر: وہ تعبیر ہے جو سفر میں نماز قصر کرنے کے سلسلہ میں سورۃ النساء آیت ۱۰۱ میں آئی ہے: ﴿وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ﴾: یعنی جب تم زمین میں سفر کرو تو تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم نماز قصر کرو، یعنی نماز کم پڑھو۔ ائمہ ثلاثہ نے اس کو اباحت کی تعبیر سمجھا ہے، چنانچہ ان کے نزدیک اتمام جائز ہے، مگر

احناف کے نزدیک یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے، اباحت کی تعبیر اس وقت ہوتی جب آیت اس طرح ہوتی: **فليس عليكم جناح أن أتمّوا صلاتكم:** یعنی تم پر کچھ گناہ نہیں کہ تم نماز پوری پڑھو، اگر یہ تعبیر ہوتی تو قصر جائز ہوتا، احناف کے نزدیک قصر واجب ہے، اتمام جائز نہیں، رہی یہ بات کہ یہ تعبیر کیوں ہے؟ اس کا جواب تحفۃ الالمعی (۴۲۲:۲) میں گذر چکا ہے۔

(باقی حدیث) امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: پس میں نے یہ بات ابوبکر بن عبدالرحمٰن سے ذکر کی (یہ بڑے آدمی ہیں، ثقہ، فقیہ اور عابد ہیں، کتب ستہ میں ان کی روایتیں ہیں) پس ان کو یہ بات بہت پسند آئی اور انھوں نے کہا: یہ ہے علم! یعنی حضرت عائشہؓ نے جو بات فرمائی ہے وہ نہایت گہری بات ہے (پھر ابوبکر نے تعبیر لاجناح کی دوسری وجہ بیان فرمائی:) اور میں نے اہل علم سے سنا ہے کہ جو عرب صفا ومروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے وہ کہتے تھے کہ ان پتھروں (اساف ونائلہ) کے درمیان سعی کرنا جاہلیت کی بات ہے، اور دوسرے انصار (یہ دوسرے: وہ پہلے ہی ہیں) کہتے تھے کہ سورۃ الحج (آیت ۲۹) میں صرف بیت اللہ کے طواف کا حکم دیا گیا ہے، فرمایا: ﴿وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ﴾ اور ہمیں صفا ومروہ کے درمیان سعی کا حکم نہیں دیا گیا، پس آیتِ پاک: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ نازل ہوئی، ابوبکر کہتے ہیں: میرا خیال یہ ہے کہ یہ آیت دونوں ہی فریقوں کے حق میں نازل ہوئی ہے۔

تشریح: ایک فریق تو وہ ہے جس کا حضرت عائشہؓ نے تذکرہ کیا ہے۔ جو منات کے لئے احرام باندھتے تھے، وہ صفا ومروہ کے درمیان سعی نہیں کرتے تھے۔ اور دوسرا فریق وہ تھا جو کہتا تھا کہ قرآن میں صرف کعبہ کے طواف کا حکم ہے، صفا ومروہ کے درمیان سعی کا حکم نہیں، سعی زمانہ جاہلیت کی ریت ہے، اور وہ مورتیوں کی وجہ سے کی جاتی تھی، اس لئے سعی کوئی شرعی چیز نہیں۔

ان دونوں فریقوں کی وجہ سے یہ آیت نازل ہوئی، اور دونوں فریقوں کو اس آیت کے ذریعہ یہ بات سمجھائی گئی کہ صفا ومروہ کی سعی اللہ کے دین کی نشانیاں ہونے کی وجہ سے ہے، مورتیوں کی وجہ سے نہیں ہے، پس بے تکلف ان کی سعی کرو، اور دوسرے فریق سے کہا گیا کہ لو اب قرآن میں صفا ومروہ کے درمیان سعی کا حکم بھی آ گیا، پس اب کعبہ کے طواف کے بعد ان کی بھی سعی کرو، اور اس دوسرے فریق کا تذکرہ درج ذیل حدیث میں بھی ہے:

حدیث (۲): عاصم احول نے حضرت انسؓ سے صفا ومروہ کی سعی کے بارے میں پوچھا: انھوں نے جواب دیا: صفا ومروہ کی سعی جاہلیت کی علامتوں میں سے تھی، پھر جب اسلام کا دور آیا تو ہم ان دونوں کے درمیان سعی سے رک گئے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''صفا ومروہ اللہ کے دین کی نشانیوں میں سے ہیں، پس جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ کرے تو اس پر کچھ گناہ نہیں کہ وہ ان دونوں کے درمیان سعی کرے'' حضرت انسؓ نے فرمایا: دونوں کے درمیان سعی کرنا امر خیر (نفل) ہے اور جو شخص خوشی سے کوئی امر خیر کرے تو اللہ تعالیٰ بڑے قدرداں، خوب جاننے والے ہیں۔

تشریح: آیت کے آخر میں جو ﴿مَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا﴾ ہے حضرت انسؓ نے اس کو صفا ومروہ کی سعی سے متعلق کیا

ہے، اور فرمایا ہے کہ یہ سعی تطوع یعنی نفلی عبادت ہے، حالانکہ اس کا تعلق حج وعمرہ سے ہے، حج زندگی میں ایک بار فرض ہے، اس سے زائد نفل ہے، اور عمرہ میں اختلاف ہے، احناف کے نزدیک عمرہ تطوع ہے، پس نفلی حج اور عمرہ کے تعلق سے فرمایا کہ جو شخص خوشی سے کوئی خیر کا کام کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے شکر گذار ہونگے، یعنی ثواب عنایت فرمائیں گے، اور وہ اس بات کو خوب جانتے ہیں کہ کس کو کتنا ثواب ملنا چاہئے؟ سعی سے اس جملہ کا تعلق نہیں ہے، جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے۔

[۲۹۸۷-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِیَّ، یُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: مَا أَرَی عَلَی أَحدٍ لَمْ یَطُفْ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ شَیْئًا، وَمَا أُبَالِیْ أَنْ لاَأَطُوْفَ بَیْنَهُمَا، فَقَالَتْ: بِئْسَمَا قُلْتَ یَا ابْنَ أُخْتِیْ! طَافَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَطَافَ الْمُسْلِمُوْنَ.

وَإِنَّمَا کَانَ مَنْ أَهَلَّ لِمَنَاةِ الطَّاغِیَةِ الَّتِیْ بِالْمُشَلَّلِ، لاَیَطُوْفُوْنَ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: ﴿فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَّطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ وَلَوْ کَانَتْ کَمَا تَقُوْلُ، لَکَانَتْ: فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ لاَ یَطَّوَّفَ بِهِمَا.

قَالَ الزُّهْرِیُّ: فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِأَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، فَأَعْجَبَهُ ذٰلِكَ، وَقَالَ: إِنَّ هٰذَا لَعِلْمٌ! وَلَقَدْ سَمِعْتُ رِجَالاً مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ: إِنَّمَا کَانَ مَنْ لاَیَطُوْفُ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ مِنَ الْعَرَبِ، یَقُوْلُوْنَ: إِنَّ طَوَافَنَا بَیْنَ هٰذَیْنِ الْحَجَرَیْنِ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِیَّةِ، وَقَالَ آخَرُوْنَ مِنَ الْأَنْصَارِ: إِنَّمَا أُمِرْنَا بِالطَّوَافِ بِالْبَیْتِ، وَلَمْ نُؤْمَرْ بِهِ بَیْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰی: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ قَالَ أَبُوْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: فَأُرَاهَا قَدْ نَزَلَتْ فِیْ هٰؤُلاَءِ، وَهٰؤُلاَءِ، هذا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۲۹۸۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نَا یَزِیْدُ بْنُ أَبِیْ حَکِیْمٍ، عَنْ سُفْیَانَ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ؟ فَقَالَ: کَانَ مِنْ شَعَائِرِ الْجَاهِلِیَّةِ، قَالَ: فَلَمَّا کَانَ الإِسْلاَمُ أَمْسَکْنَا عَنْهُمَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَّطَّوَّفَ بِهِمَا﴾ قَالَ: هُمَا تَطَوُّعٌ: ﴿وَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْراً فَإِنَّ اللّٰهَ شَاکِرٌ عَلِیْمٌ﴾ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

۹- سعی صفا سے شروع کرنا واجب ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں تشریف لائے تو بیت اللہ کا سات

مرتبہ طواف کیا، پھر سورۃ البقرۃ کی آیت ۱۲۵ پڑھی: ﴿وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ پھر مقام ابراہیم کے پیچھے دوگانہ طواف ادا فرمایا، پھر آپ حجر اسود پر آئے، اور اس کا استلام کیا، پھر فرمایا: ہم سعی اس پہاڑی سے شروع کریں گے جس کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے پہلے کیا ہے، پھر آپؐ نے آیت: ﴿إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ پڑھی۔

تشریح: آیت پاک میں صفا کی تقدیم اتفاقی بھی ہوسکتی تھی، مگر نبی ﷺ کے قول وفعل سے معلوم ہوا کہ یہ تقدیم اتفاقی نہیں ہے، بلکہ قصدی ہے، اور صفا سے سعی شروع کرنا واجب ہے، اور اس پر تمام امت کا اتفاق ہے، پس اگر کوئی مروہ سے سعی شروع کرے تو پہلا چکر بیکار جائے گا، اور حضرت جابرؓ کی یہ حدیث اسی سند سے پہلے (حدیث ۸۵۲، ابواب الحج باب ۳۸ تحفہ ۳: ۲۶۲ میں) گذر چکی ہے۔

[۲۹۸۹-] حدثنا ابنُ أَبِي عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ مَكَّةَ طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، فَقَرَأَ: ﴿ وَاتِّخِذُوْا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى﴾ فَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ، ثُمَّ أَتَى الْحَجَرَ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ قَالَ: نَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهِ، وَقَرَأَ: ﴿ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۰- پہلے نیند آنے پر اگلا روزہ شروع ہوجاتا تھا: بعد میں یہ حکم ختم کردیا گیا

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: صحابہ کرام کا یہ حال تھا: جب کوئی آدمی روزے سے ہوتا تھا، پس افطار کا وقت آتا، اور وہ افطار کرنے سے پہلے سوجاتا تو وہ اس رات میں بھی نہیں کھا سکتا تھا، نہ اگلے دن کھا سکتا تھا، یہاں تک کہ شام کرتا تھا۔

پھر یہ واقعہ پیش آیا کہ قیس بن صرمہ انصاری رضی اللہ عنہ روزے سے تھے، جب افطار کا وقت ہوا تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے اور پوچھا: کیا آپ کے پاس کچھ کھانا ہے؟ بیوی نے کہا: نہیں، مگر میں جاتی ہوں اور آپ کے لئے کھانا تلاش کرتی ہوں، اور وہ دن بھر مزدوری کرتے رہے تھے، پس ان کی آنکھ لگ گئی، اور ان کی بیوی آئی، جب اس نے ان کو دیکھا تو کہا: ''ہائے حرماں نصیبی!''

پھر جب اگلا دن آدھا ہوگیا تو وہ بیہوش ہوگئے، یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی گئی تو یہ آیت نازل ہوئی: ﴿ أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نَسَاءِ كُمْ﴾: تم لوگوں کے لئے روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے ساتھ مشغول ہونا حلال کیا گیا، پس لوگ اس سے بہت ہی خوش ہوئے، آگے ہے: ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾: یعنی حکم آیا کہ کھاؤ، پیو، یہاں تک کہ صبح کی سفید لکیر (رات کی) سیاہ لکیر سے جدا ہوجائے، یعنی صبح صادق تک کھا پی سکتے ہو (اس آیت کے نزول کے بعد: روزے کا وقت: صبح صادق سے

غروب آفتاب تک قرار پایا)

[۲۹۹۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ بْنِ يُوْنُس، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِذَا كَانَ الرَّجُلُ صَائِمًا، فَحَضَرَ الإِفْطَارُ، فَنَامَ قَبْلَ أَنْ يُفْطِرَ، لَمْ يَأْكُلْ لَيْلَتَهُ، وَلَا يَوْمَهُ حَتَّى يُمْسِيَ.

وَإِنَّ قَيْسَ بْنَ صِرْمَةَ الأَنْصَارِيَّ كَانَ صَائِمًا، فَلَمَّا حَضَرَهُ الإِفْطَارُ أَتَى امْرَأَتَهُ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكِ طَعَامٌ؟ فَقَالَتْ: لَا، وَلٰكِنْ أَنْطَلِقُ، فَأَطْلُبُ لَكَ، وَكَانَ يَوْمَهُ يَعْمَلُ، فَغَلَبَتْهُ عَيْنُهُ، وَجَاءَتْهُ امْرَأَتُهُ، فَلَمَّا رَأَتْهُ، قَالَتْ: خَيْبَةً لَكَ!

فَلَمَّا انْتَصَفَ النَّهَارُ غُشِيَ عَلَيْهِ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَاءِ كُمْ﴾ فَفَرِحُوْا بِهَا فَرَحًا شَدِيْدًا ﴿وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۱- دعا ہی عبادت ہے

روزوں کے بیان کے درمیان یہ آیت آئی ہے: ﴿وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ، أُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ، فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ، وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ، لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ﴾ ترجمہ: جب آپؐ سے میرے بندے میرے بارے میں پوچھیں تو (آپؐ میری طرف سے ان کو بتلادیں کہ) میں قریب ہوں، دعا کرنے والے کی دعا کو قبول کرتا ہوں، جب وہ مجھ سے دعا کرتا ہے، پس لوگوں کو چاہئے کہ میرا حکم مانیں اور مجھ پر ایمان لائیں، تاکہ وہ فلاح پائیں (آیت ۱۸۶)

اور سورۃ المؤمن کی آیت ۶۰ ہے: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ، إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ﴾: ترجمہ: اور تمہارے پروردگار نے فرمایا: مجھ کو پکارو میں تمہاری درخواست قبول کروں گا، جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم میں داخل ہونگے۔

اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: الدعاء هو العبادة: دعا ہی عبادت ہے اور دوسری حدیث میں ہے: الدعاءُ مُخُّ العبادة: دعا عبادت کا مغز ہے، یعنی جوہر ہے، پس ہر عبادت کے ساتھ دعا ہونی چاہئے، رمضان میں اور روزوں میں بھی دعا کا اہتمام کرنا چاہئے (یہ حدیث امام ترمذیؒ نے یہاں بھی ذکر کی ہے اور سورۃ المؤمن کی تفسیر میں بھی اور یہی اس کا اصل محل ہے، پھر ابواب الدعوات میں بھی لائے ہیں)

[۲۹۹۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ يُسَيْعٍ الْكِنْدِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ

بَشِيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمْ: ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ قَالَ: "الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ" وَقَرَأَ: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ: ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ﴿ دَاخِرِيْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۲- صبح کے سفید دھاگے اور رات کے سیاہ دھاگے سے کیا مراد ہے؟

حدیث (۱): حضرت عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی: ''یہاں تک کہ تمہارے لئے فجر کا سفید دھاگا رات کے سیاہ دھاگے سے واضح ہوجائے'' تو مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ دن کی سفیدی ہے، جب وہ رات کی سیاہی سے جدا ہوجائے'' (تفصیل آئندہ حدیث میں ہے)

حدیث (۲): حضرت عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے روزے کے بارے میں پوچھا کہ روزہ کب سے شروع ہوتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: جب تمہارے لئے سفید دھاگا سیاہ دھاگے سے واضح ہوجائے (تو روزہ شروع ہوگیا) حضرت عدیؓ کہتے ہیں: پس میں نے (اونٹ باندھنے کی) دو رسیاں لیں: ایک سفید، دوسری کالی، میں ان دونوں کو دیکھتا تھا، اور جب تک وہ ایک دوسرے سے جدا معلوم نہیں ہوتی تھیں کھاتا تھا، پس نبی ﷺ نے مجھ سے ایک بات فرمائی، جو حدیث کے راوی حضرت سفیان ثوریؒ کو یاد نہیں رہی (وہ بات یہ تھی: آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا تکیہ بڑا چوڑا ہے'' کہ اس کے نیچے رات اور دن آگئے!) پس نبی ﷺ نے فرمایا: وہ شب و روز ہیں، یعنی سفید دھاگے سے مراد صبح کی روشنی ہے، اور سیاہ دھاگے سے مراد رات کی سیاہی ہے۔

تشریح: ﴿مِنَ الْفَجْرِ﴾ کا مطلب اتنا واضح نہیں تھا کہ ہر کوئی سمجھ لیتا، اس لئے حضرت عدیؓ کو غلط فہمی ہوئی، پھر جب نبی ﷺ نے اس کی وضاحت کی تو بات صاف ہوگئی، اب کوئی اشتباہ باقی نہ رہا (اور یہ مضمون کتاب الصوم باب ۱۵ تحفہ ۳: ۴۷ میں گذر چکا ہے)

[۲۹۹۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، أَنَا حُصَيْنٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، نَا عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ﴾ قَالَ لِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّمَا ذٰلِكَ بَيَاضُ النَّهَارِ مِنْ سَوَادِ اللَّيْلِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا مُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلُ ذٰلِكَ.

[۲۹۹۳-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ الصَّوْمِ؟ فَقَالَ:" حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ

الأَسْوَدِ، قَالَ: فَأَخَذْتُ عِقَالَيْنِ: أَحَدُهُمَا أَبْيَضُ، وَالآخَرُ أَسْوَدُ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، فَقَالَ لِي رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، لَمْ يَحْفَظْهُ سُفْيَانُ، فَقَالَ: " إِنَّمَا هُوَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۳- اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت پڑو: کا صحیح مطلب

سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۵ ہے: ﴿وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلاَ تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ، وَأَحْسِنُوْا إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ ترجمہ: اور تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو، اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت پڑو، اور اچھے کام کرو، بیشک اللہ تعالیٰ اچھے کام کرنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔ اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: اسلم تُجَیْبی کہتے ہیں: ہم روم کے شہر (قسطنطينيه) میں تھے، پس رومیوں نے ہماری طرف لشکر کی ایک بڑی صف نکالی، یعنی وہ بھاری جمعیت کے ساتھ ہمارے سامنے آئے، پس مسلمانوں میں سے بھی ان کی طرف ان کے مانند یا ان سے بھی زیادہ نکلے، اور شہر والوں پر عقبۃ بن عامر امیر تھے، اور لشکر پر فضالۃ بن عبید کمانڈر تھے، پس مسلمانوں میں سے ایک شخص نے رومیوں کے لشکر پر حملہ کیا، یہاں تک کہ وہ ان کے اندر گھس گیا، پس لوگ چلائے اور انھوں نے کہا: "سبحان اللہ! یہ شخص خود اپنے ہاتھ تباہی میں ڈال رہا ہے!"

پس حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور انھوں نے فرمایا: لوگو! تم اس آیت کا یہ مطلب سمجھتے ہو (کہ بہادری کا مظاہرہ کرنا خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے) حالانکہ یہ آیت ہم انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے: جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخشی اور اس کے مددگار بہت ہوگئے تو ہمارے بعض نے بعض سے نبی ﷺ سے چھپا کر کہا: ہمارے کاروبار ضائع ہوگئے، اور اللہ تعالیٰ نے اسلام کو عزت بخش دی ہے، اور اس کے مددگار بہت ہوگئے ہیں، پس کاش ہم اپنے کاروبار میں ٹھہرتے اور اس میں سے جو برباد ہوگیا ہے اس کو سنوارتے، پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ پر یہ آیت نازل فرمائی، اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کی تردید کی جو ہم نے کہی تھی، فرمایا: "اللہ کے راستہ میں خرچ کرو، اور خود اپنے ہاتھوں تباہی میں مت پڑو!" پس تباہی اموال میں ٹھہرنا، ان کو سنوارنا اور جہاد چھوڑنا ہے، چنانچہ حضرت ابوایوب انصاریؓ برابر راہِ خدا میں (جہاد میں) حاضر رہے، یہاں تک کہ روم کی زمین ہی میں دفن کئے گئے۔

تشریح: عام طور پر لوگ اس آیت کا مطلب یہ سمجھتے ہیں کہ اندھا دھند خطرہ میں نہیں کودنا چاہئے، اور یہ مطلب اگرچہ ایک درجہ میں صحیح ہے، لیکن اگر کوئی بہادری کا مظاہرہ کرے، دشمن پر رعب طاری کرے اور مسلمانوں کو بہادری پر ابھارے تو یہ بھی صحیح مقصد ہے، اور حدیث میں مذکور واقعہ میں جس شخص نے اقدام کیا تھا وہ بہادری کا مظاہرہ کررہا تھا، اور مسلمانوں کو بہادری پر ابھار رہا تھا، اس لئے حضرت ابوایوب انصاریؓ نے اس کو آیت کا مصداق قرار نہیں دیا، بلکہ اس کا

شانِ نزول بیان کیا کہ انصار نے جب جائدادوں میں مشغول ہونے کا ارادہ کیا تو ان کو سمجھایا گیا کہ مسلمانوں کی عزت راہِ خدا میں مال خرچ کرنے میں اور جہاد کرنے میں ہے، بیلوں کی دُمیں پکڑ کر کھیتی میں لگ جانا اور کارخانوں کی چابیاں تھام کر کاروبار میں مشغول ہو جانا تباہی کا پیش خیمہ ہے، قرآنِ کریم نے اس کو اپنے ہاتھوں تباہی میں پڑنا قرار دیا ہے، اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کی سیرت اس کی بہترین مثال ہے، وہ بڑھاپے میں بھی اس فوج میں شامل تھے جو قسطنطینیہ فتح کرنے کے لئے گیا تھا، اور وہیں حضرت کی وفات ہوئی ہے، اور شہر قسطنطینیہ ہی میں آپؓ مدفون ہیں، میں نے آپؓ کے مزار پر حاضری دی ہے، مگر مجھے مزار دیکھ کر یقین نہیں آیا کہ وہ اصلی مزار ہے، تفصیل کا یہ موقعہ نہیں۔

[۲۹۹٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ: أَبُوْ عَاصِمٍ النَّبِيْلُ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِي حَبِيْبٍ، عَنْ أَسْلَمَ أَبِي عِمْرَانَ التُّجِيْبِيِّ، قَالَ: كُنَّا بِمَدِيْنَةِ الرُّوْمِ، فَأَخْرَجُوْا إِلَيْنَا صَفًّا عَظِيْمًا مِنَ الرُّوْمِ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِثْلُهُمْ أَوْ أَكْثَرُ، وَعَلَى أَهْلِ مِصْرَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ، وَعَلى الْجَمَاعَةِ فَضَالَةُ بْنُ عُبَيْدٍ، فَحَمَلَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَى صَفِّ الرُّوْمِ، حَتَّى دَخَلَ عَلَيْهِمْ، فَصَاحَ النَّاسُ، وَقَالُوْا: سُبْحَانَ اللّٰهِ! يُلْقِي بِيَدَيْهِ إِلَى التَّهْلُكَةِ!

فَقَامَ أَبُوْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيُّ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّكُمْ لَتُأَوِّلُوْنَ هٰذِهِ الْآيَةَ هٰذَا التَّأْوِيْلَ، وَإِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْنَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ: لَمَّا أَعَزَّ اللّٰهُ الْإِسْلَامَ، وَكَثُرَ نَاصِرُوْهُ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ سِرًّا دُوْنَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ أَمْوَالَنَا قَدْ ضَاعَتْ، وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَعَزَّ الْإِسْلَامَ، وَكَثُرَ نَاصِرُوْهُ، فَلَوْ أَقَمْنَا فِيْ أَمْوَالِنَا، فَأَصْلَحْنَا مَاضَاعَ مِنْهَا! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى عَلَى نَبِيِّهِ صلى اللّٰهِ عليه وسلم، يَرُدُّ عَلَيْنَا مَا قُلْنَا: ﴿وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ﴾ فَكَانَتِ التَّهْلُكَةُ: الْإِقَامَةَ عَلَى الْأَمْوَالِ، وَإِصْلَاحَهَا، وَتَرْكَنَا الغَزْوَ، فَمَا زَالَ أَبُوْ أَيُّوْبَ شَاخِصًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتَّى دُفِنَ بِأَرْضِ الرُّوْمِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۱۴- عذر کی وجہ سے ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کیا جائے تو فدیہ واجب ہے

اگر حالتِ احرام میں کوئی ایسی تکلیف لاحق ہو جائے کہ ممنوعاتِ احرام سے بچنا سخت دشوار ہو جائے تو اس ممنوع کے ارتکاب کی اجازت ہے، مگر فدیہ ادا کرنا ہوگا، سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۶ میں یہ حکم ہے اور حدیث میں اس کی تفصیل ہے:

حدیث (۱): حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! میرے ہی بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے اور میں ہی یقیناً اس آیت سے مراد لیا گیا ہوں ﴿فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ، أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾ پس جو شخص تم میں سے بیمار ہو، یا اس کے سر

میں کچھ تکلیف ہو، تو وہ سر منڈا کر اس کا فدیہ دیدے: روزوں سے، یا خیرات سے یا قربانی سے۔

حضرت کعبؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ میدانِ حدیبیہ میں تھے، درانحالیکہ ہم احرام میں تھے، اور ہمیں مشرکین نے روک رکھا تھا، اور میری زلفیں تھیں، پس جوئیں میرے چہرے پر گرنے لگیں، پس نبی ﷺ میرے پاس سے گذرے، آپؐ نے پوچھا: گویا آپ کے سر کے کیڑے آپ کو پریشان کرتے ہیں! حضرت کعبؓ نے عرض کیا: جی ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس سر منڈوا دو، اور یہ آیت نازل ہوئی۔

حدیث کے راوی حضرت مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: روزے تین ہیں، اور کھانا کھلانا چھ مسکینوں کو ہے، اور قربانی کرنا ایک بکری یا زیادہ کا ہے۔

تشریح: اس حدیث کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین سندیں پیش کی ہیں: اول: مجاہد کی ہے، دوم: ابن ابی لیلیٰ کبیر کی ہے، سوم: عبداللہ بن معقل کی ہے، یہ تینوں حضرات: حضرت کعب سے روایت کرتے ہیں اور مجاہدؒ: ابن ابی لیلیٰ کبیر کے واسطہ سے بھی یہ حدیث روایت کرتے ہیں جو باب کے آخر میں ہے۔

حدیث (۲): حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے پاس نبی ﷺ تشریف لائے جبکہ میں ہانڈی پکا رہا تھا، اور جوئیں میری پیشانی پر یا کہا: میری بھنوؤں پر جھڑ رہی تھیں، آپؐ نے پوچھا: ''آپؐ کو یہ کیڑے پریشان کرتے ہیں؟ میں نے کہا: جی ہاں، آپؐ نے فرمایا: پس اپنا سر منڈوا دو اور ایک قربانی کرو، یا تین دن کے روزے رکھو، یا چھ غریبوں کو کھلانا کھلاؤ، حدیث کے راوی ایوب سختیانی کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ ان میں سے کس سے نبی ﷺ نے ابتدا کی۔

تشریح: فدیہ: تین روزے، یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلانا یا قربانی کرنا ہے، اور آدمی کو تینوں میں اختیار ہے، جو چاہے کرے، اور اگر بغیر عذر کے ممنوعاتِ احرام کا ارتکاب کرے گا تو دم واجب ہوگا، اور یہ مسئلہ پہلے (کتاب الحج باب ۱۰۵ تحفہ ۳: ۳۵۹) میں گذر چکا ہے، اور فدیہ مقرر کرنے کی وجہ حضرت شاہ صاحب قدس سرہ نے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۲۵۱ میں) بیان کی ہے۔

[۲۹۹۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا هُشَيْمٌ، أَنَا مُغِيْرَةُ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَفِيَّ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ، وَلإِيَّايَ عَنَى بِهَا: ﴿فَمَنْ كَانَ مِنكُمْ مَرِيْضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ﴾

قَالَ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِالْحُدَيْبِيَّةِ، وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ، وَقَدْ حَصَرَنَا الْمُشْرِكُوْنَ، وَكَانَتْ لِيْ وَفْرَةٌ، فَجَعَلَتِ الْهَوَامُّ تَسَاقَطُ عَلَى وَجْهِيْ، فَمَرَّ بِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: ''كَأَنَّ هَوَامَّ رَأْسِكَ تُؤْذِيْكَ!'' قَالَ: قُلْتُ: نعَمْ، قَالَ: فَاحْلِقْ، وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ.

قَالَ مُجاهِدٌ: الصِّيَامُ: ثَلاثَةُ أَيَّامٍ، وَالطَّعَامُ: لِسِتَّةِ مَسَاكِيْنَ، وَالنُّسُكُ: شَاةٌ فَصَاعِدًا"

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ مُجاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِ ذٰلِكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ، أَيْضًا عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِ هٰذَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الإِصْبَهَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلٍ نَحْوَ هٰذَا.

[۲۹۹۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ مُجاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، قَالَ: أَتَى عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا أُوْقِدُ تَحْتَ قِدْرٍ، وَالقَمْلُ يَتَنَاثَرُ عَلَى جَبْهَتِيْ، أَوْ قَالَ: حَاجِبِيْ، فَقَالَ: أَيُؤْذِيْكَ هَوَامُّكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ:" فَاحْلِقْ رَأْسَكَ، وَانْسُكْ نَسِيْكَةً، أَوْ صُمْ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ، أَوْ أَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ" قَالَ أَيُّوْبُ: لاَ أَدْرِيْ بِأَيَّتِهِنَّ بَدَأَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۵-احکامِ حج کی جامع حدیث

سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۷ میں اور بعد کی آیتوں میں حج کے احکام ہیں، اس سلسلہ میں ایک جامع حدیث درج ذیل ہے:

حدیث: عبدالرحمٰن بن یعمر سے مروی ہے: نجد کے کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، جبکہ آپؐ عرفہ میں وقوف کئے ہوئے تھے، وہ لوگ نجد سے سیدھے عرفہ میں آئے تھے، وقت تنگ ہونے کی وجہ سے مکہ نہیں گئے تھے، انھوں نے مسئلہ پوچھا، آپؐ نے ان کو مسئلہ بتایا، پھر منادی کروائی: ''حج عرفات ہی ہے! حج عرفات ہی ہے!'' یعنی حج کا اہم ترین رکن وقوفِ عرفہ ہے: ''منی کے تین دن ہیں'' یعنی گیارہ بارہ اور تیرہ: ''پس جو شخص دودنوں میں جلدی کرے تو اس پر کوئی گناہ نہیں'' یعنی تیرہ کی رمی ضروری نہیں: ''اور جو شخص تاخیر کرے تو اس پر بھی کوئی گناہ نہیں، اور جس نے مزدلفہ کی رات میں صبح صادق سے پہلے وقوفِ عرفہ کرلیا اس نے یقیناً حج پالیا''

امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ ابن ابی عمر کہتے ہیں: حضرت سفیان بن عیینہؒ نے فرمایا: یہ بہترین حدیث ہے، جس کو ثوریؒ نے روایت کیا یعنی یہ نہایت مختصر اور جامع حدیث ہے، اس میں پورے حج کا نچوڑ اور خلاصہ آگیا ہے، یہ حدیث پہلے کتاب الحج (باب ۵۷ تحفہ ۳: ۲۹۳) میں گذرچکی ہے، مسائل کی تفصیل وہاں ہے۔

[۲۹۹۷-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الحَجُّ عَرَفَاتٌ، الحَجُّ عَرَفَاتٌ،

الْحَجُّ عَرفَاتٌ، أَيَّامُ مِنى ثَلاثٌ، فَمَنْ تَعجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلا إِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ أَدْرَكَ عَرفَةَ قَبْلَ أَنْ يَطْلُعَ الفَجْرُ فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ "
قَالَ ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ: قَالَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ: وَهٰذَا أَجْوَدُ حَدِيْثٍ رَوَاهُ الثَّوْرِيُّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ.

۱۶- سخت جھگڑالو آدمی اللہ تعالیٰ کو نہایت ناپسند ہے

سورۃ البقرۃ آیت ۲۰۴ میں اخنس بن شریق کا تذکرہ آیا ہے، یہ شخص بڑا فصیح و بلیغ تھا، خدمتِ نبوی میں حاضر ہوتا، اور قسمیں کھا کر اسلام کا جھوٹا دعوی کرتا، پھر جب مجلس سے اٹھ کر جاتا تو فساد و شرارت اور مخلوق کی ایذارسانی میں مشغول ہوجاتا، اس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا، وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلَى مَا فِيْ قَلْبِهِ، وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ﴾ ترجمہ: اور بعضا آدمی ایسا ہے کہ آپ کو اس کی بات دنیا کی زندگی میں مزے دار معلوم ہوتی ہے، اور وہ اللہ کو اس بات پر گواہ بناتا ہے جو اس کے دل میں ہے، اور وہ نہایت سخت جھگڑالو ہے۔

اور نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: أَبْغَضُ الرجالِ إلى الله الأَلَدُّ الخَصِمُ: لوگوں میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ مبغوض: نہایت سخت جھگڑالو آدمی ہے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور أَلَدُّ: اسم تفضیل ہے، لَدَّ فلاناً (ن) لَدًّا: کسی سے بہت جھگڑنا، سخت دشمنی رکھنا، اور الخَصِم: صفت کا صیغہ ہے اس کے معنی ہیں: جھگڑے کا ماہر، چاہے جھگڑا نہ کرے، قرآنِ کریم میں مشرکین قریش کے بارے میں آیا ہے: ﴿بَلْ هُوَ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ﴾ بلکہ وہ لوگ جھگڑے کے ماہر ہیں۔

[۲۹۹۸-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَبْغَضُ الرِّجَالِ إِلَى اللّٰهِ الأَلَدُّ الْخَصِمُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

۱۷- حائضہ سے کتنا قرب جائز ہے؟

سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۲ ہے: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ، قُلْ: هُوَ أَذًى، فَاعْتَزِلُوْا النِّسَاءَ فِيْ الْمَحِيْضِ، وَلاَ تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ، فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللّٰهُ، إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ﴾ ترجمہ: اور لوگ آپؐ سے حیض کا حکم پوچھتے ہیں، آپؐ فرمادیں: وہ گندی چیز ہے، پس تم حیض کے زمانہ میں عورتوں سے علحدہ رہو، اور ان کے نزدیک مت جاؤ، یہاں تک کہ وہ پاک ہوجائیں، پھر جب وہ اچھی طرح پاک ہوجائیں تو ان کے پاس آؤ، جہاں سے اللہ نے تمہیں آنے کا حکم دیا ہے، یعنی آگے کی راہ سے، بیشک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں، اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔

اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہود کا طریقہ تھا کہ جب ان میں سے کوئی عورت حائضہ ہوتی تو وہ اس کو اپنے ساتھ کھلاتے پلاتے نہیں تھے، اور اس کے ساتھ کمرے میں بھی نہیں رہتے تھے، پس نبی ﷺ سے اس بارے میں حکم شرعی دریافت کیا گیا، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ، قُلْ: هُوَ أَذًى﴾ پس نبی ﷺ نے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ ان کے ساتھ کھائیں پئیں، اور ان کے ساتھ کمروں میں رہیں، اور صحبت کے علاوہ ہر برتاؤ کریں۔

پھر جب یہ آیت یہود کو پہنچی تو انھوں نے کہا: یہ (پیغمبر) نہیں چاہتا کہ ہمارے معاملہ میں سے کسی بھی چیز کو چھوڑے مگر وہ ہماری اس میں ضرور مخالفت کرے گا، یعنی ہماری شریعت کے ہر حکم کی مخالفت کرنا اس نبی کا مطمح نظر ہے، راوی کہتے ہیں: پس حضرت عباد اور حضرت اُسید رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، اور انھوں نے آپؐ کو یہ بات بتلائی اور انھوں نے یہ بھی عرض کیا کہ یارسول اللہ! کیا پس ہم حائضہ عورتوں سے حالتِ حیض میں صحبت بھی نہ کریں؟ یعنی جب شریعتِ یہود کی مخالفت ہی ٹھہری تو پوری مخالفت کرنی چاہئے، پس نبی ﷺ کا چہرہ بدل گیا، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ آپؐ ان دونوں پر سخت ناراض ہوئے ہیں، چنانچہ وہ دونوں اٹھ کھڑے ہوئے، پس ان دونوں کے سامنے دودھ کا ہدیہ آیا، یعنی کوئی شخص نبی ﷺ کی خدمت میں دودھ کا ہدیہ لے کر آرہا تھا، اس سے ان دونوں کی ملاقات ہوئی، پس نبی ﷺ نے دونوں کے پیچھے آدمی بھیجا اور دونوں کو دودھ پلایا، پس ہم سمجھے کہ آپؐ ان دونوں سے ناراض نہیں ہوئے (بلکہ یہود پر ناراض ہوئے تھے)

تشریح: حالتِ حیض میں ناف سے گھٹنے تک عورت کے بدن کو دیکھنا، اور کپڑے کی آڑ کے بغیر ہاتھ لگانا جائز نہیں، باقی ہر معاملہ درست ہے، اور حائضہ کو ساتھ لٹانے کا مسئلہ اور حائضہ کا بچا ہوا کھانا کھانے کا مسئلہ، اور حائضہ سے صحبت کرنے کی حرمت اور کفارے کا بیان کتاب الطہارۃ (باب ۹۸ حدیث ۱۳۳ تحفہ ۱: ۴۱۵) میں آچکا ہے۔

[۲۹۹۹-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَتِ الْيَهُوْدُ إِذَا حَاضَتِ امْرَأَةٌ مِنْهُمْ: لَمْ يُوَاكِلُوْهَا، وَلَمْ يُشَارِبُوْهَا، وَلَمْ يُجَامِعُوْهَا فِيْ الْبُيُوْتِ، فَسُئِلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ ذٰلِكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبَارَكَ وَتَعَالىٰ: ﴿وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ؟ قُلْ هُوَ أَذًى﴾ فَأَمَرَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُوَاكِلُوْهُنَّ، وَيُشَارِبُوْهُنَّ، وَأَنْ يَكُوْنُوْا مَعَهُنَّ فِيْ الْبُيُوْتِ، وَأَنْ يَفْعَلُوْا كُلَّ شَيْئٍ مَا خَلاَ النِّكَاحَ.

فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ: مَايُرِيْدُ أَنْ يَدَعَ مِنْ أَمْرِنَا شَيْئًا إِلَّا خَالَفَنَا فِيْهِ! قَالَ: فَجَاءَ عَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ، وَأُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَخْبَرَاهُ بِذٰلِكَ، وَقَالَا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَلاَ نَنْكِحُهُنَّ فِيْ

الْمَحِيْضِ؟ فَتمعَّرَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى ظَنَنَّا أَنَّهُ قَدْ غَضِبَ عَلَيْهِمَا، فَقَامَا، فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا هَدِيَّةٌ مِنْ لَبَنٍ، فَأَرْسَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَثْرِهِمَا، فَسَقَاهُمَا، فَعَلِمْنَا أَنَّهُ لَمْ يَغْضَبْ عَلَيْهِمَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلٰى، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

۱۸- بیوی سے صحبت صرف آگے کی راہ میں جائز ہے، خواہ کسی طرح سے کی جائے

سورۃ البقرۃ آیت ۲۲۳ ہے: ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾: تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں، سو اپنے کھیت میں جس طرح سے چاہو آؤ، حَرْث کے معنی ہیں: کھیت، یعنی پیداوار کی جگہ، اور وہ صرف آگے کی راہ ہے، پچھلی راہ فَرْث (گوبر کی جگہ) ہے، پس صحبت صرف آگے کی راہ میں جائز ہے، البتہ اس کے لئے کوئی خاص طریقہ مقرر نہیں، جس طرح چاہے اگلی راہ میں صحبت کرسکتا ہے، حتی کہ پیچھے سے بھی آگے کی راہ میں صحبت کرسکتا ہے۔

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہود کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص بیوی سے آگے کی راہ میں پیچھے سے صحبت کرے تو بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہے، اس پر آیت ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ﴾ نازل ہوئی، اور ان کے قول کی تردید کی گئی کہ یہ خیال محض وہم ہے۔

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ معین سوراخ میں صحبت کی جائے، الصِّمام (بکسر الصاد) شیشی کی ڈاٹ کو کہتے ہیں، اور مراد عورت کی آگے کی شرم گاہ ہے، اور أَنّٰى: بمعنی کیف ہے یعنی صحبت کا طریقہ جو بھی ہو، مگر محلِ صحبت متعین ہونا چاہئے۔

حدیث (۳): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! میں تباہ ہوگیا! آپؐ نے پوچھا: کس چیز نے تم کو تباہ کردیا؟ انھوں نے کہا: آج رات میں نے اپنی سواری کو گھمادیا، یعنی پیچھے رہ کر بیوی سے آگے کی راہ میں صحبت کی۔ راوی کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کچھ جواب نہ دیا، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى شِئْتُمْ﴾ یعنی خواہ سامنے رہ کر صحبت کرو، خواہ پیچھے رہ کر: دونوں صورتیں جائز ہیں، البتہ پچھلی راہ سے اور حالتِ حیض سے بچنا ضروری ہے (یہ حدیث ابوداؤد اور ابن ماجہ میں بھی ہے، اور اس کے دوراوی یعقوب اور جعفر صرف صدوق ہیں، اور وہ غلطیاں بھی کرتے تھے، اس لئے حدیث کی صرف تحسین کی ہے)

[۳۰۰۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ: كَانَتِ الْيَهُوْدُ تَقُوْلُ: مَنْ أَتَى امْرَأَتَهُ فِيْ قُبُلِهَا مِنْ دُبُرِهَا: كَانَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ، فَنَزَلَتْ: ﴿نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنّٰى

شَئْتُمْ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۰۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ خُثَيْمٍ، عَنْ ابنِ سَابِطٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِه: ﴿نِسَاؤُ كُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾: يَعْنِيْ صِمَامًا وَاحِدًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَابْنُ خُثَيْمٍ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، وَابْنُ سَابِطٍ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابِطٍ الجُمَحِيُّ الْمَكِّيُّ، وَحَفْصَةُ: هِيَ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَيُرْوَى: "فِيْ صِمَامٍ وَاحِدٍ"

[۳۰۰۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، نَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَشْعَرِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ عُمَرُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! هَلَكْتُ! قَالَ: "وَمَا أَهْلَكَكَ؟" قَالَ: حَوَّلْتُ رَحْلِيَ اللَّيْلَةَ! قَالَ: فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، قَالَ: فَأُنْزِلَتْ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿نِسَاؤُ كُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوْا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ﴾: أَقْبِلْ، وَأَدْبِرْ، وَاتَّقِ الدُّبُرَ، وَالْحِيْضَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَيَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَشْعَرِيُّ: هُوَ يَعْقُوْبُ القُمِّيُّ.

وضاحت: ایک روایت میں یعنی ہے اور دوسری روایت میں فی ہے، اور مطلب دونوں صورتوں میں ایک ہے، دونوں الفاظ أَنّٰی شِئْتُمْ کی تفسیر ہیں۔

۱۹- ولیوں کو نصیحت کہ وہ مطلقہ عورتوں کو اپنی پسند کا نکاح کرنے سے نہ روکیں

سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۲ ہے: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ، فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَّنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ، ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ، ذٰلِكُمْ أَزْكَى لَكُمْ وَأَطْهَرُ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لاَتَعْلَمُوْنَ﴾

ترجمہ: اور جب تم عورتوں کو طلاق دو، پھر وہ اپنی میعاد (عدت) پوری کرلیں تو تم ان کو اس بات سے مت روکو کہ وہ اپنے (سابق) شوہروں سے نکاح کریں، جبکہ وہ باہم معروف طریقہ پر رضامند ہوجائیں، اس بات کے ذریعہ اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، یہ بات تمہارے لئے زیادہ صفائی کی اور زیادہ پاکیزگی کی ہے، اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۔

اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، انھوں نے عہدِ نبوی میں ایک مسلمان سے اپنی بہن کا نکاح کردیا، وہ اس کے پاس رہی، جب تک رہی، پھر اس نے اس کو ایک طلاق دیدی، اور اس کو نکاح میں واپس نہیں لیا، یہاں تک کہ عدت گذر گئی، پھر اس نے اس عورت کو چاہا اور عورت نے بھی اس مرد کو چاہا، پھر اس شخص نے منگنی بھیجنے والوں کے ساتھ اس عورت کی منگنی بھیجی، پس حضرت معقلؓ نے اس سے کہا: او کمینے! میں نے تجھے اس عورت کے ذریعہ عزت بخشی، میں نے تیرا اس سے نکاح کیا، پھر تو نے اس کو طلاق دیدی، بخدا! اب وہ تیری طرف کبھی نہیں لوٹے گی، تیری زندگی کے آخری سانس تک۔ حضرت معقلؓ کہتے ہیں: پھر اللہ تعالیٰ نے اس مرد کی اس عورت کی طرف، اور اس عورت کی اپنے شوہر کی طرف حاجت جانی، تو مذکورہ آیت نازل فرمائی۔ جب حضرت معقلؓ نے وہ آیت سنی تو کہا: میں نے اپنے پروردگار کی بات سن لی، اور میں اس کو مانتا ہوں، پھر انھوں نے اس شوہر کو بلایا اور کہا: میں تیرا (اپنی بہن سے) نکاح کرتا ہوں، اور میں تیری عزت بڑھاتا ہوں۔

عاقلہ بالغہ عورت کے نکاح کا زیادہ اختیار عورت کا ہے یا ولی کا؟

امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے ذیل میں یہ مسئلہ چھیڑا ہے کہ عاقلہ بالغہ عورت کے نکاح میں ولی کی اجازت کس درجہ ضروری ہے؟ آیا عورت کا حق زیادہ ہے یا ولی کا؟ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ولی کی اجازت کے بغیر عاقلہ بالغہ عورت کا نکاح نہیں ہوسکتا، کیونکہ حضرت معقلؓ کی بہن بیوہ تھیں، پس اگر عورت کو ولی کی اجازت کے بغیر اپنے نکاح کا اختیار ہوتا تو وہ خود اپنا نکاح کرلیتیں، اور انہیں اپنے ولی حضرت معقلؓ کی اجازت کی ضرورت نہ ہوتی، جبکہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اولیاء سے خطاب فرمایا ہے، اور ارشاد فرمایا ہے کہ: ''تم ان کو اس بات سے مت روکو کہ وہ اپنے شوہروں سے نکاح کریں'' پس یہ آیت اس بات کی دلیل ہے کہ نکاح کرانے کا معاملہ اولیاء کو سپرد کیا گیا ہے، عورتوں کی رضامندی کے ساتھ، یعنی عورتوں کی رضامندی کو بھی نکاح میں شامل کرنا ضروری ہے، مگر نکاح کرانے کا اختیار اولیاء کا ہے (یہ ائمہ ثلاثہ اور صاحبین کی رائے ہے، اور ان کی دلیل حدیث: **لانکاح إلا بولی** ہے، اور امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک عاقلہ بالغہ عورت خود اپنا نکاح کرسکتی ہے، البتہ اگر اس نے بے جوڑ نکاح کیا ہے تو ولی کو اعتراض کا حق ہے، اور یہ بحث تفصیل سے کتاب النکاح (باب ۱۵ تحفہ ۳: ۵۲۳) میں گذر چکی ہے)

فائدہ: حضرت امام ترمذی رحمہ اللہ نے جو کچھ فرمایا ہے وہ سر آنکھوں پر، مگر دو باتیں غور طلب ہیں:

پہلی بات: آیتِ پاک میں نکاح کرانے کا اختیار اولیاء کو سپرد نہیں کیا گیا، بلکہ ان کو اس بات سے روکا گیا ہے کہ اگر عورتیں اپنے سابق شوہروں سے نکاح کرنا چاہیں تو اولیاء ان کو نہ روکیں، کیونکہ یہ غیر کے حق میں دخل دینا ہے، پس اس سے یہ بات صاف معلوم ہوئی کہ عاقلہ بالغہ کا اپنے نکاح کا حق اولیاء سے زیادہ ہے۔

دوسری بات: یَنْکِحْنَ کا فاعل ضمیر ھُنَّ ہے، اور فعل کی فاعل کی طرف اسناد حقیقی بھی ہوتی ہے اور مجازی بھی، مگر بے ضرورت قرآنِ کریم میں مجاز کا ارتکاب نہیں کیا جاتا، پس آیت سے ثابت ہوا کہ نکاح کرنے والی خود عورتیں ہیں، اوران کا حق اپنے نکاح میں اپنے اولیاء سے زیادہ ہے، اور حدیث میں اس کی صراحت ہے، پہلے حدیث (نمبر ۱۰۸۹) گذری ہے: الأَيِّمُ أَحَقُّ بِنفسها مِنْ وَلِيِّهَا: بیوہ عورت اپنی ذات کے بارے میں فیصلہ کرنے کا حق اپنے ولی سے زیادہ رکھتی ہے، امام اعظم رحمہ اللہ نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے، امام ترمذیؒ نے (تحفہ ۳: ۵۲۱ میں) اس استدلال پر بھی اعتراض کیا ہے، جس کا تفصیلی جواب وہاں دیدیا گیا ہے۔

[۳۰۰۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ: أَنَّهُ زَوَّجَ أُخْتَهُ رَجُلاً مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَتْ عِنْدَهُ مَاكَانَتْ، ثُمَّ طَلَّقَهَا تَطْلِيْقَةً لَمْ يُرَاجِعْهَا، حَتَّى انْقَضَتِ العِدَّةُ، فَهَوِيَهَا وَهَوِيَتْهُ، ثُمَّ خَطَبَهَا مَعَ الْخُطَّابِ، فَقَالَ لَهُ: يَالُكَعُ! أَكْرَمْتُكَ بِهَا، وَزَوَّجْتُكَهَا، فَطَلَّقْتَهَا! وَاللّٰهِ لاتَرْجِعُ إِلَيْكَ أَبَدًا، آخِرَ مَا عَلَيْكَ! قَالَ: فَعَلِمَ اللّٰهُ حَاجَتَهُ إِلَيْهَا، وَحَاجَتَهَا إِلَى بَعْلِهَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالىٰ: ﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ﴾ إِلَى قَوْلِهِ﴿ وَأَنْتُمْ لاتَعْلَمُوْنَ﴾ فَلَمَّا سَمِعَهَا مَعْقِلٌ، قَالَ: سَمْعًا لِرَبِّيْ وَطَاعَةً! ثُمَّ دَعَاهُ، فَقَالَ: أُزَوِّجُكَ، وَأُكْرِمُكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْحَسَنِ.

وَفِي الْحَدِيْثِ دَلاَلَةٌ عَلَى أَنَّهُ لايَجُوْزُ النِّكَاحُ بِغَيْرِ وَلِيٍّ، لِأَنَّ أُخْتَ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ كَانَتْ ثَيِّبًا، فَلَوْ كَانَ الْأَمْرُ إِلَيْهَا، دُوْنَ وَلِيِّهَا، لَزَوَّجَتْ نَفْسَهَا، وَلَمْ تَحْتَجْ إِلَى وَلِيِّهَا مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، وَإِنَّمَا خَاطَبَ اللّٰهُ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ الْأَوْلِيَاءَ، فَقَالَ: ﴿فَلاَ تَعْضُلُوْهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ﴾ فَفِيْ هٰذِهِ الآيَةِ دَلاَلَةٌ عَلَى أَنَّ الْأَمْرَ إِلَى الْأَوْلِيَاءِ فِيْ التَّزْوِيجِ مَعَ رِضَاهُنَّ.

۲۰- درمیانی نماز سے عصر کی نماز مراد ہے

سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۸ ہے: ﴿حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى، وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ﴾: ترجمہ: سب نمازوں کی محافظت کرو، اور درمیانی نماز کی، اور اللہ کے سامنے عاجز بن کر کھڑے ہوؤ......اور باب میں متعدد صحیح مرفوع حدیثیں ہیں جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بیچ کی نماز عصر کی نماز ہے، کیونکہ اس کے ایک طرف میں دن کی دو نمازیں: فجر اور ظہر ہیں، اور دوسری طرف میں رات کی دو نمازیں: مغرب اور عشا ہیں......اور عاجزی کی تفسیر حدیث میں خاموشی سے آئی ہے، اور اسی آیت سے نماز میں باتیں کرنے کی ممانعت ہوئی ہے، پہلے نماز میں باتیں کرنا جائز تھا، بعد میں اس کی ممانعت کی گئی، جیسا کہ اگلے باب میں حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آرہا ہے۔

حدیث (۱): ابویونس جو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ ہیں: کہتے ہیں: مجھے حضرت عائشہؓ نے حکم دیا کہ میں ان کے لئے قرآن کا ایک نسخہ لکھوں، اور فرمایا: جب تم ﴿حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى﴾ پر پہنچو تو مجھے خبر کرنا، پس جب میں اس پر پہنچا تو میں نے ان کو اطلاع دی، انھوں نے یہ آیت اس طرح لکھوائی: حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى، وَصَلَاةِ العَصْرِ، وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ: (وصلاةُ العصر میں واوٴ عطف تفسیری ہے، یعنی صلاۃ وسطی سے صلاۃ عصر مراد ہے) اور حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں نے اس کو نبی ﷺ سے سنا ہے۔

تشریح: اور باب میں حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کی جس حدیث کا حوالہ ہے، وہ موطا مالک (کتاب صلاۃ الجماعۃ حدیث ۲۶) میں ہے: عمرو بن رافع رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت حفصہؓ کے لئے قرآن کریم کا ایک نسخہ لکھ رہا تھا، انھوں نے کہا: جب تم اس آیت پر پہنچو تو مجھے بتلانا، چنانچہ جب وہ اس آیت پر پہنچے تو حضرت حفصہؓ نے لکھوایا: حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى، وَصَلَاةِ العَصْرِ، وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ۔

اور باب میں دوسری مرفوع روایت حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''درمیانی نماز عصر کی نماز ہے'' اور باب کی تیسری روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر جب آپؐ کی عصر کی نماز قضا ہوئی تھی، فرمایا تھا: ''اللہ مشرکین کی قبروں کو اور ان کے گھروں کو آگ سے بھر دیں، جیسا انھوں نے ہمیں درمیانی نماز سے مشغول کر دیا، یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا'' ...... پھر باب میں آخری مرفوع روایت حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: درمیانی نماز عصر کی نماز ہے۔

تشریح: حضرت سمرہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیثیں پہلے (تحفہ ۱: ۴۸۴ میں) گذر چکی ہیں، ان تمام مرفوع روایات سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ درمیانی نماز عصر کی نماز ہے، مگر حضرت عائشہ اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ درمیانی نماز ظہر کی نماز ہے، اور ابن عباس اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ درمیانی نماز صبح کی نماز ہے، پس سوال یہ ہے کہ مرفوع حدیث موجود ہوتے ہوئے ان حضرات نے آیت کی دوسری تفسیر کیوں کی؟ اس کا جواب تحفہ (۱: ۴۸۶) میں دیا گیا ہے، البتہ یہاں ایک دوسرا سوال ہے کہ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما نے صلاۃ العصر: قرآن میں کیوں لکھوایا، یہ تو تفسیر ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ اس وقت کی بات ہے جب أُنْزِلَ الْقُرْآنُ على سبعةِ أَحْرُفٍ پر عمل تھا، یعنی حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے لغت قریش پر سب لوگوں کو جمع نہیں کیا تھا، اس وقت ایسا قرآن میں تصرف جائز تھا، اور أنزل القرآن کی شرح أبواب القراءۃ میں گذر چکی ہے۔

[۳۰۰٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، حَ: وحدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ أَبِي يُوْنُسَ مَوْلَى عَائِشَةَ، قَالَ: أَمَرَتْنِي عَائِشَةُ أَنْ أَكْتُبَ لَهَا مُصْحَفًا،

وَقَالَتْ: إِذَا بَلَغْتَ هٰذِهِ الآيَةَ فَآذِنِّيْ: ﴿حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلاَةِ الْوُسْطٰى﴾ فَلَمَّا بَلَغْتُهَا آذَنْتُهَا، فَأَمْلَتْ عَلَيَّ:" حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلاَةِ الْوُسْطَى، وَصَلاَةِ الْعَصْرِ، وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ" وَقَالَتْ: سَمِعْتُهَا مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

وفى الباب: عَنْ حَفْصَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٠٠٥-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، نَا الحَسَنُ، عَنْ سَمُرَةَ بْنُ جُنْدُبٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" صَلاَةُ الْوُسْطَى صَلاَةُ الْعَصْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٠٠٦-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ حَسَّانِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، أَنَّ عَلِيًّا حَدَّثَهُ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ: "اللّٰهُمَّ امْلأْ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ نَاراً، كَمَا شَغَلُوْنَا عَنْ صَلاَةِ الْوُسْطَى، حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ، وَأَبُوْ حَسَّانٍ الْأَعْرَجُ: اسْمُهُ مُسْلِمٌ.

[٣٠٠٧-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ النَّضْرِ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " صَلاَةُ الْوُسْطَى صَلاَةُ الْعَصْرِ"

وفى الباب: عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَأَبِيْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ، وَأَبِيْ هريرةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

٢١- پہلے نماز میں گفتگو جائز تھی، پھراس کی ممانعت کردی گئی

حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ہم نماز میں نبی ﷺ کے زمانہ میں (ضروری) باتیں کیا کرتے تھے، پھر جب آیت: ﴿وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ﴾: نازل ہوئی تو ہمیں چپ رہنے کا حکم دیا گیا، اور دوسری سند سے حدیث میں یہ زیادتی ہے: ''اور ہم بات کرنے سے روک دیئے گئے''

تشریح: الکوکب الدری میں ہے کہ یہ نسخ مدنی دور میں ہوا ہے، کیونکہ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ مکہ میں نہیں تھے......اور کلام فی الصلوۃ کا مسئلہ اختلافی ہے، حنفیہ کے نزدیک نماز میں کلام کی مطلق گنجائش نہیں، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک فی الجملہ (کچھ نہ کچھ) کلام کی گنجائش ہے، پھر ان کے مذہب میں مختلف اقوال ہیں، اور امام مالک اور امام احمد رحمہما اللہ کے بھی مختلف اقوال ہیں۔ تفصیل تحفہ (۲۳۱:۲) میں گذر چکی ہے، اور حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث حنفیہ کی دلیل ہے۔

[۳۰۰۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَمُحمدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ شُبَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: "كُنَّا نَتَكَلَّمُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الصَّلاَةِ، فَنَزَلَتْ: ﴿وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قَانِتِيْنَ﴾ فَأُمِرْنَا بِالسُّكُوْتِ.

[۳۰۰۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: وَنُهِيْنَا عَنِ الْكَلاَمِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيُّ: اسْمُهُ سَعْدُ بْنُ إِيَاسٍ.

۲۲-راہِ خدامیں عمدہ چیز خرچ کی جائے

سورۃ البقرۃ آیت ۲۶۷ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ، وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ، وَلاَ تَيَمَّمُوْا الْخَبِيْثَ مِنْهُ، تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِآخِذِيْهِ إِلَّا أَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ، وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! اپنی کمائی میں سے عمدہ چیز خرچ کیا کرو، اوراس میں سے (بھی) جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالی ہے، اوراس (کمائی اور پیداوار) میں سے نکمی چیز کا قصد نہ کرو، تم (وہ نکمی چیز) خرچ کرتے ہو جبکہ تم اس کے لینے کے روادار نہیں ہوتے، مگر یہ کہ تم چشم پوشی کرو (تو اور بات ہے) اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ بے نیاز ستودہ ہیں۔

اس آیت کا شانِ نزول درج ذیل روایت ہے:

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے آیتِ پاک: ﴿وَلاَ تَيَمَّمُوْا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ یہ آیت ہم جماعت انصار کے حق میں نازل ہوئی ہے، ہم کھجوروں والے تھے، پس آدمی اپنے کھجور کے درخت سے لایا کرتا تھا اس کی کثرت وقلت کے مطابق، یعنی جس کے پاس کھجور کے درخت زیادہ ہوتے تھے وہ زیادہ لاتا تھا اور کم ہوتے تھے وہ کم لاتا تھا اور آدمی ایک گچھا اور دو گچھے لایا کرتا تھا، پس اس کو مسجد میں لٹکاتا تھا، اور صفہ (چبوترے) والوں کے لئے کوئی کھانے کا انتظام نہیں تھا، پس ان میں سے ایک جب مسجد میں آتا تو وہ گچھے کے پاس آتا، پس وہ اس کو اپنی لاٹھی سے مارتا، پس گدری اور پکی کھجوریں گرتیں اور وہ کھاتا۔

اور کچھ لوگ ان میں سے: جو خیر کے کاموں کی رغبت نہیں رکھتے تھے: آدمی لاتا تھا ایسا گچھا جس میں ردی اور سوکھی ہوئی کھجوریں ہوتی تھیں، اور ایسا گچھا جو ٹوٹ چکا ہوتا تھا، یعنی اس میں سے بہت سی کھجوریں توڑ لی گئی ہوتی تھیں، پس وہ اس کو مسجد میں لٹکاتا تھا، پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت نازل فرمائی، حضرت براءؓ کہتے ہیں: اگر یہ بات ہو کہ تم میں سے کسی کو ہدیہ پیش کیا جائے اس جیسی چیز کا جو اس نے دی ہے تو وہ اس کو نہیں لیتا تھا، مگر چشم پوشی کرتے ہوئے، یا شرماتے ہوئے۔ حضرت براءؓ کہتے ہیں: پس ہم اس کے بعد تھے: ہم میں سے ایک شخص لایا کرتا تھا اس چیز کا کارآمد

حصہ جواس کے پاس ہوتی تھی، یعنی اچھی کھجوریں لاکر لٹکا تا تھا۔

لغات: القِنْو: (بکسر القاف وضمّها) پختہ کھجوروں سے بھرا ہوا گچھا، جمع أقناء، وقِنوان...... الشِّيْصُ: ردی اور خراب کھجوریں...... الحَشَفُ مِنَ التَّمْرِ: خراب کھجوریں جو پکنے سے پہلے سوکھ جاتی ہیں، ان میں نہ گٹھلی ہوتی ہے نہ گودہ، نہ جھلّی نہ مٹھاس۔

تشریح: غریبوں پر خرچ کرنے کی دونوعیتیں ہیں:

پہلی: اجروثواب حاصل کرنے کے لئے خرچ کرنا، یعنی غریب کی حاجت روائی پیش نظر نہ ہو۔ اس صورت میں اچھی چیز خرچ کرنے کا حکم ہے، اس آیت میں بھی یہ حکم ہے، اور سورۂ آل عمران آیت ۹۲ میں بھی یہ حکم ہے، فرمایا: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾: تم خیر کامل کبھی حاصل نہ کرسکوگے، جب تک تم اپنی پیاری چیز خرچ نہ کرو۔

دوسری: کسی غریب کا تعاون کرنا، یعنی اس کی حاجت روائی پیش نظر ہو، مثلاً: ایک حاجت مند سردی کے زمانہ میں لحاف یا چادر مانگتا ہے، اس صورت میں یہ ضروری نہیں کہ گھر میں جو بہتر سے بہتر لحاف یا چادر ہو وہ دی جائے، بلکہ جو ضرورت سے زائد ہو وہ دینا بھی درست ہے، اس کا بھی اجروثواب ملے گا، سورۃ البقرۃ آیت ۲۱۹ میں ہے: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ؟ قُلِ الْعَفْوَ﴾: لوگ آپؐ سے پوچھتے ہیں (خیرات میں) کیا خرچ کیا کریں؟ آپؐ جواب دیں: جو ضرورت سے زائد ہو (وہ خرچ کرو) جلالین میں العفو کا ترجمہ: الفاضل عن الحاجة کیا ہے، پھر جلالین ہی میں یہ بھی ہے کہ لاتنفقوا مما تحتاجون إليه، تُضَيِّعُوْا أَنْفُسَكم: یعنی اپنی ضرورت کی چیزیں خرچ مت کیا کرو، ورنہ خود کو برباد کرلوگے۔

[۳۰۱۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ، عَنِ الْبَرَاءِ: ﴿وَلَا تَيَمَّمُوْا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ﴾ قَالَ: نَزَلَتْ فِيْنَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ: كُنَّا أَصْحَابَ نَخْلٍ، فَكَانَ الرَّجُلُ يَأْتِي مِنْ نَخْلِهِ عَلَى قَدْرِ كَثْرَتِهِ وَقِلَّتِهِ، وَكَانَ الرَّجُلُ يَأْتِيْ بِالْقِنْوِ وَالْقِنْوَيْنِ فَيُعَلِّقُهُ فِي الْمَسْجِدِ، وَكَانَ أَهْلُ الصُّفَّةِ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ، فَكَانَ أَحَدُهُمْ إِذَا جَاءَ: أَتَى الْقِنْوَ، فَضَرَبَهُ بِعَصَاهُ، فَيَسْقُطُ الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ فَيَأْكُلُ.

وَكَانَ نَاسٌ مِمَّنْ لَايَرْغَبُ فِي الْخَيْرِ: يَأْتِي الرَّجُلُ بِالْقِنْوِ: فِيْهِ الشِّيْصُ وَالْحَشَفُ، وَبِالْقِنْوِ: قَدْ انْكَسَرَ، فَيُعَلِّقُهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ، وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُمْ مِنَ الْأَرْضِ، وَلَا تَيَمَّمُوْا الْخَبِيْثَ مِنْهُ، تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِآخِذِيْهِ إِلَّا أَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ﴾ قَالَ: لَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أُهْدِيَ إِلَيْهِ مِثْلُ مَا أَعْطَى: لَمْ يَأْخُذْهُ، إِلَّا عَلَى إِغْمَاضٍ أَوْ حَيَاءٍ، قَالَ: فَكُنَّا بَعْدَ ذٰلِكَ: يَأْتِيْ أَحَدُنَا بِصَالِحِ مَا عِنْدَهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَأَبُوْ مَالِكٍ: هُوَ الْغِفَارِيُّ، وَيُقَالُ: اسْمُهُ غَزْوَانُ، وَقَدْ رَوَى الثَّوْرِيُّ عَنِ السُّدِّيِّ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

وضاحت: اسرائیل کے علاوہ سفیان ثوری نے بھی یہ حدیث سدّی سے مختصراً روایت کی ہے۔

۲۳-شیطان پٹّی پڑھاتا ہے، اور فرشتہ وعدہ کرتا ہے

سورۃ البقرۃ آیت ۲۶۸ ہے: ﴿الشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ، وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَغْفِرَةً مِنْهُ وَفَضْلاً، وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ﴾ ترجمہ: شیطان تم سے محتاجگی کا وعدہ کرتا ہے، یعنی کہتا ہے: اگر خرچ کروگے تو محتاج ہوجاؤگے، اور وہ تمھیں بری بات کا حکم دیتا ہے، یعنی بخل یا فضول خرچی کا مشورہ دیتا ہے، اور اللہ تعالیٰ تم سے اپنی طرف سے گناہ معاف کرنے کا اور زیادہ دینے کا وعدہ کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ وسعت والے خوب جاننے والے ہیں۔

اس آیتِ پاک کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: شیطان انسان کے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے، اور فرشتہ الہام کرتا ہے، رہا شیطان کا وسوسہ تو وہ برائی (بدحالی) سے ڈرانا ہے، اور دین حق (اجر کے وعدے) کو جھٹلانا ہے، اور رہا فرشتہ کا الہام تو وہ بھلائی کا وعدہ کرتا ہے اور دین حق کی تصدیق کرتا ہے...... پس جو شخص یہ باتیں (اپنے دل میں) پائے: وہ جان لے کہ وہ بات اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، پس وہ اللہ کا شکر بجالائے، اور جو شخص دوسرا خیال پائے وہ شیطان سے اللہ کی پناہ چاہے، پھر نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

لغات: اللَّمَّةُ: دل میں آنے والا اچھا یا برا خیال، اچھا خیال: ''الہام'' کہلاتا ہے، اور برا خیال ''وسوسہ''۔ لَمَّ (ن) بِفلانٍ: لَمًّا کے معنی ہیں: کسی کے پاس آکر ٹھہر جانا، کسی سے گاہ بہ گاہ ملنا، جیسے طالب عالم گھر گیا، کسی نے اس سے پوچھا آپ دیوبند میں فلاں کو جانتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: أَنَا أُلِمُّ به: میری اس سے دید شنید ہے، یعنی گاہ بہ گاہ ملنا ہوتا ہے، اسی سے لَمَّة بنا ہے، کیونکہ وسوسہ اور الہام بھی کبھی کبھی ہوتا ہے...... إيعادٌ: مصدر ہے، أَوْعَدَ فلانا کے دو معنی ہیں: (۱) کسی سے وعدہ کرنا (۲) کسی کو دھمکی دینا، اس لئے إيعادٌ بالشرِّ میں دھمکی دینے اور ڈرانے کے معنی ہیں، اور إيعادٌ بالخير میں وعدہ کرنے کے معنی ہیں۔

[۳۰۱۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ آدَمَ، وَلِلْمَلَكِ لَمَّةً، فَأَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ: فَإِيْعَادٌ بِالشَّرِّ، وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ، وَأَمَّا لَمَّةُ الْمَلَكِ: فَإِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ، وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِكَ فَلْيَعْلَمْ أَنَّهُ مِنَ اللّٰهِ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ، وَمَنْ وَجَدَ الأُخْرَى، فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ

الشَّيْطَانِ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿الشَّيْطَانُ يَعِدُكُم الْفَقْرَ، وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاءِ﴾ الآيَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَهُوَ حَدِيْثُ أَبِيْ الأَحْوَصِ، لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ الأَحْوَصِ.

۲۴-مؤمن کے لئے ضروری ہے کہ پاک چیزیں کھائے

اللہ تعالیٰ جس طرح عمدہ خیرات کو پسند کرتے ہیں، پاک چیزیں کھانے کو بھی پسند کرتے ہیں۔ کھانے اور کھلانے کے احکام ایک ہیں، فقہاء نے لکھا ہے: ناپاک چیز بیل بھینس کو کھلانا بھی جائز نہیں، اور مری ہوئی مرغی بلی کو کھلانا بھی جائز نہیں، کیونکہ جو چیز خود نہیں کھا سکتے: دوسرے کو بھی نہیں کھلا سکتے، اور اس سلسلہ میں درج ذیل حدیث میں تین باتیں ہیں:

۱- ستھری چیزیں اللہ کے راستہ میں خرچ کرو، کیونکہ اللہ ستھرے ہیں، وہ ستھری چیز ہی قبول فرماتے ہیں۔

۲- پاکیزہ چیزیں کھاؤ، اور حرام چیزوں سے بچو، اللہ تعالیٰ نے سورۃ المؤمنون (آیت ۵۱) میں پیغمبروں کو نفیس چیزیں کھانے کا حکم دیا ہے، اور یہی حکم سورۃ البقرۃ آیت ۱۷۳ میں مؤمنین کو دیا ہے۔

۳- اگر پیٹ میں حرام لقمہ ہے، اور جسم پر حرام لباس ہے تو اس کی کوئی دعا قبول نہیں کی جائے گی، چاہے وہ دور دراز کا سفر کرکے، حرم مکی میں پہنچ کر دعا کرے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! بیشک اللہ تعالیٰ ستھرے ہیں، اور وہ قبول نہیں کرتے مگر ستھری چیز (یہ پہلی بات ہے) اور بیشک اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو حکم دیا ہے اس بات کا جس کا رسولوں کو حکم دیا ہے، چنانچہ فرمایا: ﴿يٰأَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا، إِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ﴾ اے پیغمبرو! تم نفیس چیزیں کھاؤ اور نیک کام کرو، بیشک میں ان کاموں کو جو تم کرتے ہو خوب جانتا ہوں (سورۃ المؤمنون آیت ۵۱) اور ارشاد فرمایا: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ، وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ﴾: اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تم کو دی ہیں ان میں سے کھاؤ، اور اللہ تعالیٰ کا شکر بجالاؤ، اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو (سورۃ البقرہ آیت ۱۷۲) (یہ دوسری بات ہوئی) راوی کہتے ہیں: اور نبی ﷺ نے ایسے شخص کا تذکرہ کیا جو لمبا سفر کرتا ہے، پراگندہ جسم ہوتا ہے، اپنا ہاتھ آسمان کی طرف لمبا کرتا ہے (اور کہتا ہے) اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! درانحالیکہ اس کا کھانا حرام ہے، اور اس کا پینا حرام ہے، اور اس کا کپڑا حرام ہے، اور وہ حرام مال سے غذا دیا گیا ہے، پس اس کی دعا کہاں قبول ہوسکتی ہے؟ (یہ تیسری بات ہے، دعا کی قبولیت کے لئے حلال لقمہ کھانا اور حلال لباس پہننا لازم ہے)

[۳۰۱۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ، وَلاَ

يَقْبَلُ إِلاَّ طَيِّبًا، وَإِنَّ اللّٰهَ أَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا أَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ، فَقَالَ: ﴿يَا أَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا إِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ﴾ وَقَالَ: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْن آمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَارَزَقْنَاكُمْ﴾ قَالَ: وَذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ، أَشْعَثَ، أَغْبَرَ، يَمُدُّ يَدَهُ إِلَى السَّمَاءِ: يَارَبِّ! يَارَبِّ! وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ، وَمَشْرَبُهُ حَرَامٌ، وَمَلْبَسُهُ حَرَامٌ، وَغُذِيَ بِالْحَرَامِ، فَأَنّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ؟!"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، وَأَبُوْ حَازِمٍ: هُوَ الْأَشْجَعِيُّ، اسْمُه: سَلْمَانُ مَوْلَى عَزَّةَ الْأَشْجَعِيَّةِ.

۲۵-خیالات پر بھی مواخذہ ہوتا ہے

دل میں جو خیالات آتے ہیں وہ تین طرح کے ہوتے ہیں:

اول: وہ خیالات جن کا دل ہی سے تعلق ہوتا ہے، قول وفعل سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہوتا، جیسے عقائد صحیحہ اور فاسدہ، یہ باتیں اگر وسوسہ کے درجہ میں ہیں یعنی وہ خیالات دل میں جمے نہیں ہیں تو ان پر کوئی مؤاخذہ نہیں، البتہ اگر وہ عزم کے درجہ میں پہنچ جائیں تو ان پر جزاوسزا ہوگی۔

دوم: وہ خیالات جن کا تعلق ''قول'' سے ہے، جیسے دل میں بیوی کو طلاق دینے کا خیال آیا، یا قسم کھانے کا یا غلام آزاد کرنے کا، یا مطلقہ بیوی کو نکاح میں واپس لینے کا ارادہ ہوا تو جب تک زبان سے ان باتوں کا تکلم نہیں کرے گا: وہ اعمال وجود میں نہیں آئیں گے۔

سوم: وہ خیالات جن کا تعلق ''عمل'' سے ہے، جیسے زنا کرنا، قتل کرنا، چوری کرنا وغیرہ۔ ان پر مؤاخذہ اس وقت ہوگا جب اس فعل کا صدور ہو جائے، پس اگر کسی نے دل میں ٹھانا کہ زنا کرنا ہے، یا قتل کرنا ہے تو جب تک یہ افعال صادر نہ ہوں، دنیا وآخرت میں ان پر کوئی مؤاخذہ نہیں۔

البتہ اگر گناہ کا صدور نیت صحیح ہونے کے باوجود کسی مانع کی وجہ سے نہ ہو تو اس پر آخرت میں مؤاخذہ ہوگا، جیسے دو شخص تلواریں لے کر بھڑے، پھر ایک نے دوسرے کو قتل کر دیا تو دونوں جہنم میں جائیں گے، آخرت میں دونوں ہی قاتل ٹھہریں گے، کیونکہ جو مارا گیا وہ مرنے کے لئے نہیں آیا تھا، بلکہ وہ اپنے بھائی کو مارنے کے لئے آیا تھا، مگر اتفاق کہ وہ مار نہ سکا، مر گیا، اس لئے اللہ کے یہاں وہ بھی قاتل لکھا جائے گا۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۸۴ نازل ہوئی: ﴿لِلّٰهِ مَافِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ، وَإِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾: ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے وہ سب کچھ جو آسمانوں میں ہے اور وہ سب کچھ جو زمین میں ہے، اور جو باتیں تمہارے دلوں میں ہیں، ان کو اگر تم ظاہر کر دیا

پوشیدہ رکھو: اللہ تعالیٰ تم سے اس کا حساب لیں گے (ما فی أنفسکم سے مراد: امور قلبیہ اختیاریہ ہیں، وساوس مراد نہیں)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس آیت نے ہمیں غمگین کردیا، ہم نے سوچا: ہم میں سے ہر ایک اپنے دل سے باتیں کرتا ہے، یعنی ہر ایک کے دل میں خیالات آتے ہیں، پس اگر اس کی وجہ سے وہ دارو گیر کیا جائے گا تو ہم نہیں جانتے کہ ان میں سے کونسی بات بخشی جائے گی، اور کونسی بات نہیں بخشی جائے گی؟ پس اس کے بعد آیت ۲۸۶ ﴿لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا، لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ﴾ نازل ہوئی، یعنی اللہ تعالیٰ کسی کو مکلّف نہیں بناتے، مگر اس کا جو اس کی استطاعت میں ہے، اس کو ثواب بھی اسی کا ملے گا جو اس نے کمایا ہے یعنی ارادہ سے کیا ہے، اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوگا جو اس نے ارادہ سے کیا ہے، پس اس دوسری آیت نے پہلی آیت کو منسوخ کردیا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، سُدّی کبیر جن کا نام اسماعیل بن عبدالرحمٰن ہے صدوق راوی ہے، مگر اس پر شیعہ ہونے کا الزام تھا، اور اس کا استاذ مجہول ہے، جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا۔

اور اس حدیث میں جو ناسخ ومنسوخ کی بات کہی گئی ہے وہ بھی محل نظر ہے، کیونکہ دو مسئلے بالکل الگ الگ ہیں: ایک: دل کی کن باتوں پر مؤاخذہ ہوگا اور کن باتوں پر مؤاخذہ نہیں ہوگا؟ دوم: اللہ تعالیٰ بندوں کو کن باتوں کا مکلّف بناتے ہیں اور کن باتوں کا مکلّف نہیں بناتے؟ یہ دو بالکل مختلف باتیں ہیں اور پہلی بات کا تعلق پہلی آیت سے ہے اور دوسری کا دوسری سے، اس لئے اس حدیث میں جو ناسخ ومنسوخ کی بات کہی گئی ہے وہ قابل غور ہے۔

[۳۰۱۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيًّا، يَقُوْلُ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿إِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ، فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ﴾ الآيَةَ: أَحْزَنَتْنَا. قَالَ: قُلْنَا: يُحِدِّثُ أَحَدُنَا نَفْسَهُ، فَيُحَاسَبُ بِهِ: لَانَدْرِيْ مَا يُغْفَرُ مِنْهُ، وَمَالَا يُغْفَرُ مِنْهُ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا: ﴿لَايُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا، لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ﴾

۲۶-بعض گناہ دنیا ہی میں نمٹا دیئے جاتے ہیں

حدیث: امیہ بنت عبداللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۸۴ ہے: ﴿إِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾: اگر تم ظاہر کرو ان باتوں کو جو تمہارے دلوں میں ہیں یا ان کو پوشیدہ رکھو: اللہ تعالیٰ تم سے ان کے بارے میں دارو گیر کریں گے، اور سورۃ النساء کی آیت ۱۲۳ ہے: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً يُجْزَ بِهِ﴾: جو بھی شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کی سزا دیا جائے گا، امیہ نے ان دونوں آیتوں کے بارے میں حضرت

عائشہؓ سے پوچھا: حضرت عائشہؓ نے فرمایا: جب سے میں نے یہ بات نبی ﷺ سے پوچھی ہے آج تک کسی نے ان کے بارے میں مجھ سے نہیں پوچھا، نبی ﷺ نے میرے سوال کے جواب میں فرمایا تھا: یہ (محاسبہ اور جزاء) اللہ کا بندے پر عتاب ہے، اس بخار اور حادثہ کے ذریعہ جو اس کو پہنچتا ہے، یعنی دنیا ہی میں یہ محاسبہ ہوتا ہے اور سزا ملتی ہے، یہاں تک کہ پونجی: جس کو وہ کرتے کی جیب میں رکھتا ہے، پس وہ اس کو گم کرتا ہے، پس وہ اس کی وجہ سے گھبرا جاتا ہے (تو اس کی وجہ سے بھی اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں) یہاں تک کہ بندہ گناہوں سے نکل جاتا ہے جس طرح سرخ سونا بھٹی سے (صاف ہوکر) نکلتا ہے۔

تشریح: مجازات کا سلسلہ دنیوی زندگی سے شروع ہوجاتا ہے، بعض اعمال کی جزاؤ سزا دنیا ہی میں دیدی جاتی ہے، مثلاً والدین کے ساتھ حسن سلوک کا بدلہ دنیا میں ضرور ملتا ہے، اور ماں باپ کی نافرمانی کی، ناپ تول میں کمی کرنے کی اور سود کھانے کی سزا بھی دنیا میں ضرور ملتی ہے، اور یہ سزا گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے، چنانچہ آگے معاملہ صاف ہوجاتا ہے، بلکہ جن لوگوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو خیر منظور ہوتی ہے ان کو دنیا ہی میں طرح طرح کی تکلیفوں سے دوچار کیا جاتا ہے اور گناہوں سے پاک صاف کرکے ان کو اٹھایا جاتا ہے۔

پس حدیث شریف کا حاصل یہ ہے کہ دل میں آنے والے خیالات پر جو داروگیر ہوتی ہے، اور برائی کا جو بدلہ دیا جاتا ہے وہ ضروری نہیں کہ آخرت میں دیا جائے، بہت سے گناہوں پر پکڑ اور بہت سی برائیوں کی سزا اسی دنیا میں نمٹا دی جاتی ہے۔

[۳۰۱٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نا الحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أُمَيَّةَ، أَنَّهَا سَأَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تبارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿إِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾ وَعَنْ قَوْلِه: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً ا يُجْزَ بِهِ﴾ فَقَالَتْ: مَا سَأَلَنِيْ عَنْهَا أَحَدٌ مُنْذُ سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" هٰذِهِ مُعَاتَبَةُ اللّٰهِ العَبْدَ بِمَا يُصِيْبُهُ مِنَ الْحُمَّى وَالنَّكْبَةِ، حَتَّى البِضَاعَةِ يَضَعُهَا فِيْ يَدِ قَمِيْصِهِ، فَيَفْقِدُهَا، فَيَفْزَعُ لَهَا، حَتَّى إِنَّ الْعَبْدَ لَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ الْأَحْمَرُ مِنَ الْكِيْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَائِشَةَ، لاَنعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

۲۷- تکلیفِ شرعی کن امور کی دی جاتی ہے؟

تکلیف مالایُطاق جائز نہیں، یعنی شریعت ایسے امور کا حکم نہیں دیتی جو انسان کے بس میں نہیں، پھر مالایطاق کی دو قسمیں ہیں:

اول: وہ کام جو سرے سے بندے کی قدرت میں نہیں، جیسے اندھے کو دیکھنے کا حکم دینا، یا اپاہج کو دوڑنے کا حکم دینا، ایسے مالایطاق امور کی تکلیف شرعاً ممتنع ہے۔

دوم: وہ امور جو بندے کی قدرت میں ہیں، مگر شاق اور دشوار ہیں، جیسے شروع اسلام میں تہجد کی نماز فرض کی گئی تھی، جو ایک مشکل امر تھا، ایسے مالایطاق امور کا حکم دیا جاسکتا ہے، چنانچہ شروع اسلام میں یہ حکم دیا گیا تھا، اور صحابہ نے سال بھر تہجد پڑھا تھا، پھر یہ حکم ختم کردیا گیا، کیونکہ ایسے امور میں بھی شریعت بندوں کی سہولت کا خیال رکھتی ہے، مثلاً حائضہ کی نمازیں معاف کردیں، اور سفر میں نمازیں قصر کرنے کی، اور رمضان کا روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی، یہ سب سہولت کے پیشِ نظر ہوا ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب آیتِ پاک: ﴿إِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾: نازل ہوئی تو صحابہ کے دلوں میں اس آیت کی وجہ سے ایک ایسی چیز داخل ہوئی جو کسی اور چیز کی وجہ سے داخل نہیں ہوئی تھی، پس انھوں نے نبی ﷺ سے یہ بات عرض کی (کہ جب تمام قلبی واردات پر داروگیر ہوگی تو معاملہ بڑا سنگین ہوجائے گا!) پس نبی ﷺ نے فرمایا: کہو: ﴿سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا﴾: ہم نے سنا اور ہم نے فرمانبرداری کی، پس اللہ تعالیٰ نے صحابہ کے دلوں میں اطمینان ڈالا، اور آیتِ پاک ﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ، لَانُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُّسُلِهِ، وَقَالُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ﴾ نازل فرمائی۔

ترجمہ: اللہ کے رسول (ﷺ) ایمان لائے اس چیز پر جو ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور مؤمنین بھی۔ سب یقین رکھتے ہیں اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر (اور وہ کہتے ہیں:) ہم اس کے پیغمبروں میں تفریق نہیں کرتے، انھوں نے کہا: ہم نے آپ کا ارشاد سنا اور خوشی سے مانا، ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں، اے ہمارے پروردگار! اور آپ ہی کی طرف ہم سب کو لوٹنا ہے!......اور اس کے بعد کی آیت بھی نازل فرمائی، جو یہ ہے:

﴿لَايُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا، لَهَا مَاكَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَااكْتَسَبَتْ، رَبَّنَا لَاتُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا﴾ ترجمہ: اللہ تعالیٰ کسی کو مکلّف نہیں بناتے مگر اس کا جو اس کے اختیار میں ہے، اس کو ثواب بھی اسی کا ملتا ہے جو وہ ارادہ سے کرتا ہے، اور اس پر عذاب بھی اسی کا ہوتا ہے جس کا وہ ارادہ کرے، اے ہمارے پروردگار! ہماری داروگیر نہ فرما، اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قَدْ فَعَلْتُ: یعنی میں ان امور پر تمہاری داروگیر نہیں کروں گا ﴿رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا﴾: اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی سخت حکم نہ بھیجیں، جس طرح ہم سے پہلے والوں پر آپ نے احکام بھیجے ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قَدْ فَعَلْتُ: یعنی میں ایسے

بھاری احکام بھی تم پر نازل نہیں کروں گا ﴿ رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَالاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ، وَاعْفُ عَنَّا، وَاغْفِرْ لَنَا، وَارْحَمْنَا، أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ﴾ اے ہمارے پروردگار! اور ہم پر کوئی ایسا بار نہ ڈالیں جس کو ہم سہار نہ سکیں، اور ہم سے درگذر فرمائیں، اور ہماری بخشش فرمائیں، اور ہم پر مہربانی فرمائیں، آپ ہمارے کارساز ہیں، پس آپ ہم کو کافروں پر غالب کردیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قد فَعَلْتُ: یعنی میں تمہاری یہ سب خواہشیں پوری کروں گا، امت کی یہ سب دعائیں اللہ تعالیٰ نے قبول فرمالی ہیں، اور موقع بہ موقع اس کا ظہور ہوتا رہتا ہے، چنانچہ دین آسان کرکے نازل فرمایا۔ حدیث میں ہے: الدینُ یُسْرٌ: اللہ نے دین نہایت آسان بھیجا ہے، پس ہمت کرکے اس پر عمل کرو اور دوسری دعائیں بھی مقبول ہوئی ہیں۔

[۳۰۱۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ آدَمَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿إِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْ أَنْفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ﴾ دَخَلَ قُلُوْبَهُمْ مِنْهُ شَيْئٌ لَّمْ يَدْخُلْ مِنْ شَيْئٍ، فَقَالُوْا للنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: قُوْلُوْا: سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا، فَأَلْقَى اللّٰهُ الإِيْمَانَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبارَكَ وَتعَالَى: ﴿آمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ﴾ الآيَةَ، ﴿لاَيُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلاَّ وُسْعَهَا، لَهَا مَاكَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَااكْتَسَبَتْ، رَبَّنَا لاَتُؤَاخِذْنَا إِنْ نَّسِيْنَا أَوْ أَخْطَأْنَا﴾ قَالَ: "قَدْ فَعَلْتُ" ﴿رَبَّنَا وَلاَ تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا﴾ قَالَ: " قَدْ فَعَلْتُ" ﴿ رَبَّنَا وَلاَ تُحَمِّلْنَا مَالاَ طَاقَةَ لَنَا بِهِ، وَاعْفُ عَنَّا، وَاغْفِرْ لَنَا، وَارْحَمْنَا، أَنْتَ﴾ الآيَةَ، قَالَ: " قَدْ فَعَلْتُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هريرةَ؛ وَآدَمُ بْنُ سُلَيْمَانَ: يُقَالُ: هُوَ وَالِدُ يَحْيىَ بْنِ آدَمَ.

وَمِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ

سورۃ آلِ عمران کی تفسیر

۱- آیاتِ متشابہات میں غور وخوض جائز نہیں

سورۂ آل عمران کی آیت ۷ ہے: ﴿ هُوَ الَّذِیْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ، وَأُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ، فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَأْوِيْلِهِ، وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيْلَهُ إِلاَّ اللّٰهُ، وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ: آمَنَّا بِهِ، كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا، وَمَا يَذَّكَّرُ إِلاَّ أُوْلُوْا الْأَلْبَابِ﴾

ترجمہ: اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے تم پر کتاب نازل کی، جس کی بعض آیتیں محکم ہیں، اور وہی کتاب کا مدار علیہ ہیں، اور دوسری متشابہات ہیں: پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے، وہ کتاب کے اس حصہ کے پیچھے پڑتے ہیں جس کی مراد غیر واضح ہے: فتنہ پیدا کرنے کی غرض سے، اور اس کا مطلب جاننے کی نیت سے، حالانکہ اس کا مطلب اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور علم میں پختہ کار کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لاتے ہیں، سب (آیتیں) ہمارے پروردگار کی طرف سے ہیں، اور نصیحت وہی قبول کرتے ہیں جو خالص عقل رکھتے ہیں۔

لغات: مُحْکَمَۃٌ: (اسم مفعول واحد مؤنث) مضبوط کی ہوئی، فیصلہ کی ہوئی، یعنی وہ آیتیں جن کی مراد بالکل واضح ہے، حَکَمَ بِالْأَمْرِ (ن) حُکْمًا: فیصلہ کرنا، اور حَکَمَ الشیئَ: مضبوط کرنا...... المُتَشَابِهَۃُ (اسم فاعل واحد مؤنث) یکساں، ہم شکل، تَشَابَهَ الْأَمْرَان: دو چیزوں میں فرق نہ رہنا، یکساں اور ہم شکل ہوجانا۔

آیت کا شانِ نزول:

سنہ ۹ھ میں یمن سے عیسائیوں کے مذہبی لوگوں کا ایک وفد مدینہ میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، انھوں نے نبی ﷺ سے ''عیسائیت'' کے موضوع پر گفتگو کی، سورۂ آل عمران کی شروع کی ۹۰ آیتیں اسی سلسلہ میں نازل ہوئی ہیں، اور بات یہاں سے شروع کی ہے کہ معبود اللہ تعالیٰ ہی ہیں (حضرت عیسیٰ علیہ السلام معبود نہیں) کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی وہ ہستی ہیں جو زندہ (جاوید) ہیں، اور سب چیزوں کو سنبھالنے والے ہیں (اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام تمہارے خیال کے مطابق سولی دیدیئے گئے ہیں، اور تم ان کو قَیُّوْم بھی نہیں مانتے، پھر وہ معبود کیسے ہوسکتے ہیں؟)

پھر یہ مضمون بیان کیا ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے پہلے اپنی کتابیں تورات وانجیل نازل فرمائی ہیں، اسی طرح اب قرآنِ کریم نازل فرمایا ہے، پہلی کتابیں بھی لوگوں کو ہدایت کے لئے دی تھیں اور یہ قرآن بھی ''فرقان'' ہے، جو حق وباطل کے درمیان امتیاز کرنے والی کتاب ہے۔

پھر اس پر دھمکی ہے کہ جو قرآنِ کریم کا انکار کرے گا: وہ سخت سزا پائے گا، اور یہ منکرین اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں، کیونکہ آسمان وزمین کی کوئی چیز اللہ تعالیٰ سے مخفی نہیں، اور بھلا وہ ہستی جو شکم مادر میں جس طرح چاہتی ہے پیدا کرتی ہے: وہ اپنی مخلوقات سے بے خبر کیسے ہوسکتی ہے؟ اور جب وہی خالق ہیں تو وہی معبود بھی ہیں، وہ زبردست حکمت والے ہیں۔

پھر یہ مضمون بیان کیا ہے کہ تمام آسمانی کتابوں میں دو طرح کی آیتیں نازل کی جاتی ہیں: بعض کی مراد واضح ہوتی ہے، اور ان پر تعلیمات انبیاء کا اصل مدار ہوتا ہے، اور بعض آیتیں مشتبہ المراد ہوتی ہیں جیسے انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو 'بیٹا'' کہہ کر خطاب کیا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے لئے لفظ 'باپ' استعمال کیا ہے۔ یہ مشتبہ المراد الفاظ ہیں، کیونکہ باپ بیٹا نسبی بھی ہوتا ہے اور پیار کے لئے بھی یہ الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں، اور اس قسم کی مشتبہ آیتوں پر دین کی بنیاد نہیں ہوتی، ان کو محکم آیتوں کی طرف لوٹانا ضروری ہوتا ہے، جب انجیل میں یہ بات واضح کردی گئی کہ اللہ کا کوئی ہمسر

نہیں، اللہ کی کوئی بیوی نہیں، اور اللہ کی کوئی اولاد نہیں تو پھر باپ بیٹے نسبی کیسے ہو سکتے ہیں؟ غرض یہ مضمون ''گفتہ آید درحدیث دیگراں'' کے طور پر بیان ہوا ہے۔ فرماتے ہیں: اللہ نے آپؐ پر قرآن نازل کیا، جس کی بعض آیتیں محکم ہیں، اور وہی کتاب کی بنیادی آیتیں ہیں، اور دوسری آیتیں مشتبہ المراد ہیں، یعنی غیر ظاہر المعنی ہیں، ان کو ظاہر المعنی آیتوں کے موافق بنانا ضروری ہے، مگر کج فطرت لوگ ان متشابہ آیات کے پیچھے پڑتے ہیں، ان کا مقصد کبھی شورش بپا کرنا ہوتا ہے اور کبھی ان کی مراد تک پہنچنا ہوتا ہے، حالانکہ اس کی حقیقی مراد اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اور پختہ کار علماء کا طریقہ تو یہ ہے کہ وہ ان پر ایمان لاتے ہیں، ان آیات کو اللہ کی طرف سے سمجھتے ہیں، اور جتنی بات سمجھ میں آتی ہے اس پر اکتفا کرتے ہیں، اس میں زیادہ غور وخوض نہیں کرتے، اور یہ ایک نصیحت ہے جس کو وہی لوگ قبول کرتے ہیں جن کی عقلیں خالص ہیں، جن پر رنگ چڑھے ہوئے نہیں ہیں۔

مگر یہ دنیا چونکہ خیر وشر کا مجموعہ ہے، ہمیشہ ایسے لوگ رہے ہیں جو آیات متشابہات میں غور وخوض کرتے رہے ہیں، پھر جو الٹا سیدھا مطلب ان کی سمجھ میں آتا ہے اس کو دین کی بنیاد بناتے ہیں، چنانچہ عیسائیوں میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ''ابنیت'' کا عقیدہ اسی طرح پیدا ہوا، غرض اس آیت سے یہ مضمون عیسائی علماء کو سمجھایا گیا ہے۔

محکم کا مطلب:

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ محکم: وہ کلام ہے جس سے زبان کا جاننے والا ایک ہی معنی سمجھتا ہے، اور پوری بات سمجھ جاتا ہے۔ کوئی خفا باقی نہیں رہتا، مگر اعتبار اگلے عربوں کی سمجھ کا ہے، ہمارے زمانہ کے محققین جو بال کی کھال نکالنے کے عادی ہیں ان کی سمجھ کا اعتبار نہیں، کیونکہ فضول تحقیقات لا علاج بیماری ہیں، وہ محکم کو مبہم اور معلوم کو نا معلوم بنادیتی ہیں۔

اور متشابہ کی دو قسمیں ہیں:

۱- کامل متشابہ، جس کے کوئی معنی ذہن میں نہیں آتے، ایسے متشابہ حروف مقطعات ہیں، جو سورتوں کے شروع میں ہیں۔

۲- ایسی متشابہ باتیں جن کو ایک حد تک ہی جانا جا سکتا ہے، آخر تک ان کو نہیں جانا سکتا، یہ اللہ کی صفات اور امور آخرت ہیں، ان حقائق کو بیان کرنے کے لئے جو الفاظ استعمال کئے گئے ہیں، وہ ہماری لغت کے ہیں، اور ہماری لغت کے الفاظ ہمارے مشاہدے میں آنے والی چیزوں کے لئے وضع کئے گئے ہیں، اور اللہ کی صفات ہمارے مشاہدہ سے ماوراء ہیں، اسی طرح امور آخرت: جنت وجہنم، ان کی نعمتیں اور نَقْمَتیں، ملائکہ اور حور وقصور وغیرہ سب ہماری نگاہوں سے اوجھل ہیں، اس لئے ہم قرآن وحدیث میں استعمال کئے ہوئے الفاظ کو موضوع لہ کے دائرہ تک ہی سمجھ سکتے ہیں، ان کی پوری حقیقت کا ہم ادراک نہیں کر سکتے، جیسے انجیل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے بیٹا اور اللہ تعالیٰ کے لئے باپ کے الفاظ استعمال کئے گئے، ظاہر ہے ان دونوں لفظوں کی حقیقت ہمارے درمیان توالد وتناسل ہے، مگر اللہ تعالیٰ کی شان ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ﴾ ہے، اس لئے ان لفظوں کی حقیقت ہم ایک حد تک ہی سمجھ سکتے ہیں، آخر تک نہیں سمجھ

سکتے یعنی ہم یہی کہیں گے کہ ابوت وبنوت سے مراد: گہرا تعلق ہے، حقیقۃً باپ بیٹا ہونا مراد نہیں۔

اور اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل روایات آئی ہیں، جن میں آیات متشابہات میں غور وخوض کرنے کی ممانعت ہے:

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ سے ﴿هُوَ الَّذِىْ أَرْسَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ﴾ الآیۃ کے بارے میں پوچھا گیا۔ آپؐ نے فرمایا: إِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ، فَأُوْلٰئِكَ الذين سَمَّاهُمُ اللّٰهُ، فَاحْذَرُوْهُمْ: جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو قرآن کے متشابہات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں تو یہی لوگ وہ ہیں جن کا اللہ نے تذکرہ کیا ہے، پس ان سے بچو۔

یہی حدیث دوسرے طریق سے آئی ہے، اس میں ابو عامر صالح بن رستم خزّاز کے الفاظ ہیں: فَإِذَا رَأَيْتِهِمْ فَاعْرِفِيْهِمْ: نبی ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا: پس جب تم ان لوگوں کو دیکھو (جو متشابہات کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں) تو تم ان کو پہچان لو (اور ان سے دور رہو) اور یزید بن ابراہیم کے الفاظ ہیں: فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمْ فَاعْرِفُوْهُمْ: نبی ﷺ نے امت سے فرمایا: جب تم ان کو دیکھو تو ان کو پہچان لو (اور ان سے کنارہ کش رہو) آپؐ نے یہ بات دو یا تین مرتبہ فرمائی۔

تشریح: اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح عیسائی: انجیل کے متشابہات کی وجہ سے گمراہ ہوئے، اسی طرح اس امت میں بھی ایسے لوگ پیدا ہونگے جو قرآن کے متشابہات کے پیچھے پڑیں گے، چنانچہ اس امت میں بھی پہلی گمراہی صفاتِ باری تعالیٰ میں غور کرنے کی وجہ سے پیدا ہوئی، مُعَطِّلَة، مُجَسِّمَة، مؤَوِّلَة اور مُشَبِّهَة فرقے: صفات میں انتہائی غور وخوض کرنے کی وجہ ہی سے پیدا ہوئے ہیں، ایسی صورت میں اس آیت میں حکم دیا گیا ہے کہ ایسے لوگوں سے دور رہا جائے، تاکہ آدمی ان کے فتنہ سے محفوظ رہے۔

[٤-] وَمِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ

[۳۰۱۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، نَا يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا ابْنُ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿هُوَ الَّذِىْ أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ﴾ إلى آخرِ الآيَةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ، فَأُوْلٰئِكَ الَّذِيْنَ سَمَّاهُمُ اللّٰهُ، فَاحْذَرُوْهُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ ابنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَائِشَةَ.

[۳۰۱۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِىُّ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ: وَهُوَ الْخَزَّازُ، وَيَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، كِلَاهُمَا: عَنْ ابنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، قَالَ يَزِيْدُ: عَنْ ابنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ

عَائِشَةَ، وَلَمْ يُذْكُرْ أَبُوْ عَامِرٍ: الْقَاسِمَ، قَالَتْ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِهِ: ﴿فَأَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَاتَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيْلِهِ﴾ قَالَ: فَإِذَا رَأَيْتِهِمْ فَاعْرِفِيْهِمْ، وَقَالَ يَزِيْدُ: فَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُمْ فَاعْرِفُوْهُمْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، وَإِنَّمَا ذَكَرَهُ يَزِيْدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ:عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ: فِيْ هٰذَا الحديثِ، وَابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، وَقَدْ سَمِعَ مِنْ عَائِشَةَ أَيْضًا.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند یزید بن ابراہیم کی ہے، وہ ابن ابی ملیکہ اور حضرت عائشہؓ کے درمیان قاسم بن محمد کا واسطہ بڑھاتے ہیں، مگر حضرت ایوب سختیانی رحمہ اللہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے، پھر امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی دوسری سند پیش کی ہے، وہ ابو عامر خزاز اور یزید دونوں کی مشترک سند ہے، مگر یزید: قاسم کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اور ابو عامر واسطہ نہیں بڑھاتے، نیز حدیث کے آخری جملے میں بھی دونوں میں اختلاف ہے، پھر امام ترمذیؒ نے فرمایا: اس حدیث میں قاسم کا واسطہ صرف یزید بڑھاتے ہیں، ابن ابی ملیکہ کے دیگر متعدد تلامذہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے (پس صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث ابن ابی ملیکہ بلا واسطہ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیث متفق علیہ ہے)

۲- نبی ﷺ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے خاص تعلق ہے

سورۂ آل عمران کی آیت ۶۸ ہے: ﴿إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ، وَهٰذَا النَّبِيُّ، وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا، وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ ترجمہ: بیشک سب لوگوں میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ زیادہ خصوصیت رکھنے والے: یقیناً وہ لوگ ہیں جنھوں نے (ان کے زمانہ میں) ان کا اتباع کیا، اور یہ نبی (ﷺ) اور یہ ایمان والے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے حامی ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: إِنَّ وَلِيِّيَ أَبِي وخليلُ ربّي: بیشک مجھ سے خاص تعلق رکھنے والے میرے ابا اور میرے پروردگار کے خاص دوست (حضرت ابراہیم علیہ السلام) ہیں، پھر آپؐ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

تشریح: وُلاَةٌ: وَلِيٌّ کی جمع ہے، جس کے معنی یہاں خاص تعلق رکھنے والا کے ہیں، یعنی ہر نبی کا گذشتہ انبیاء میں سے کسی کے ساتھ خاص تعلق ہوتا ہے، جیسے انبیاء بنی اسرائیل کا خاص تعلق حضرت یعقوب علیہ السلام سے ہے، پھر ان کے واسطے سے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہے، پھر ان کے واسطے سے حضرت نوح علیہ السلام سے ہے، پھر ان کے واسطے سے حضرت آدم علیہ السلام سے ہے، اور ہمارے پیغمبر ﷺ کا خاص تعلق حضرت اسماعیل علیہ السلام سے ہے، پھر ان کے واسطہ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہے (آخر تک)

اور ایسی صورت میں اوپر والے واسطوں کا اثر ماتحت نبوت میں آتا ہے، چنانچہ انبیائے بنی اسرائیل کی شریعتوں میں حضرت یعقوب علیہ السلام کے احوال کا اثر پایا جاتا ہے، اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ملت اسماعیلی اور ملتِ ابراہیمی پر مبعوث ہوئے ہیں، اس لئے آپؐ کی شریعت میں ان دونوں ملتوں کے اثرات ہیں۔

اور آیتِ پاک: ﴿إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ﴾ اس ذیل میں آئی ہے کہ اہل کتاب دعوی کرتے تھے کہ ہم ملتِ ابراہیمی پر ہیں، اسی طرح مشرکین بھی دعوی کرتے تھے، وہ کہتے تھے: ہم حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور ملتِ ابراہیمی پر ہیں، ان دونوں فرقوں سے اس آیت میں کہا گیا ہے کہ تمہارا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کوئی تعلق نہیں، ان سے قریبی تعلق ان مؤمنین کا تھا جو ان کے زمانہ میں ان پر ایمان لائے تھے، اور اب یہ پیغمبر اور ان پر ایمان لانے والے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے قریبی تعلق رکھتے ہیں، اور یہی ان کی ملت پر ہیں۔

[۳۰۱۸-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ وُلاَةً مِنَ النَّبِيِّيْنَ، وَإِنَّ وَلِيِّيَ أَبِيْ، وَخَلِيْلُ رَبِّيْ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿ إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ، وَهٰذَا النَّبِيُّ، وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا، وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾

حدثنا مَحمودٌ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ، وَلَمْ يَقُلْ فِيْهِ: عَنْ مَسْرُوْقٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، وَأَبُوْ الضُّحٰى: اسْمُهُ مُسْلِمُ بْنُ صُبَيْحٍ.

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ أَبِيْ نُعَيْمٍ، وَلَيْسَ فِيْهِ: عَنْ مَسْرُوْقٍ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند سفیان ثوریؒ کے شاگرد ابو احمد زبیری کی ہے، انھوں نے ابوالضُّحیٰ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے درمیان مسروق کا واسطہ بڑھایا ہے...... اور دوسری سند سفیان ثوریؒ کے شاگرد ابونُعیم فضل بن دُکین کی ہے، انھوں نے یہ واسطہ نہیں بڑھایا...... اور امام ترمذیؒ کے نزدیک بغیر واسطہ کی سند اصح ہے...... پھر سفیان ثوری کے شاگرد وکیعؒ کی سند پیش کی ہے، وہ ابونُعیم کے متابع ہیں، ان کی سند میں بھی عن مسروقٍ نہیں ہے۔

۳- عدالت میں جھوٹی قسم کھانے کا وبال

سورۂ آل عمران آیت ۷۷ ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلاً، أُوْلٰئِكَ لاَخَلاَقَ لَهُمْ فِيْ الآخِرَةِ وَلاَ يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ يُزَكِّيْهِمْ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾

ترجمہ: بیشک جولوگ حقیر معاوضہ لیتے ہیں اس عہد و پیمان کے بدلے میں جو انھوں نے اللہ تعالیٰ سے کیا ہے، اور اپنی قسموں کے عوض میں: ان لوگوں کے لئے آخرت میں کچھ حصہ نہیں، نہ (آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان سے (لطف کے ساتھ) کلام فرمائیں گے، اور نہ ان کی طرف قیامت کے دن (محبت سے) دیکھیں گے، اور نہ ان کو (گناہوں سے) پاک صاف کریں گے، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے!

اس آیت کا شانِ نزول حدیث میں درج ذیل آیا ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کوئی قسم کھائی درانحالیکہ وہ اس میں بدکار ہے، یعنی جھوٹی قسم کھائی تاکہ اس کے ذریعہ کسی مسلمان کا مال ہڑپ کر جائے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہونگے۔

جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان کی تو حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ نے کہا: بخدا! یہ ارشاد میرے ہی واقعہ میں آپؐ نے فرمایا ہے، میرے درمیان اور ایک یہودی کے درمیان ایک زمین میں جھگڑا تھا، اس نے وہ زمین مجھے دینے سے انکار کر دیا، پس میں نے اس کو نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا، آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''کیا تیرے پاس گواہ ہیں؟'' میں نے کہا: نہیں، پس آپؐ نے یہودی سے فرمایا: ''قسم کھا'' میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اب تو یہ قسم کھالے گا، اور میرا مال ہڑپ کر جائے گا، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیتِ پاک نازل فرمائی (یہ حدیث پہلے (حدیث ۱۲۵۴) أبواب البیوع باب ۴۳ تحفہ ۴: ۱۹۶ میں گذر چکی ہے)

[۳۰۱۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ حَلَفَ عَلَى يَمِيْنٍ، وَهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ، لِيَقْتَطِعَ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ: لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ "

فَقَالَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ: فِيَّ وَاللّٰهِ! كَانَ ذٰلِكَ، كَانَ بَيْنِيْ وَبَيْنَ رَجُلٍ مِنَ الْيَهُوْدِ أَرْضٌ، فَجَحَدَنِيْ، فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَكَ بَيِّنَةٌ؟" قُلْتُ: لَا، فَقَالَ لِلْيَهُوْدِيِّ: " احْلِفْ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِذَنْ يَحْلِفُ، فَيَذْهَبُ بِمَالِيْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿ إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ ابنِ أَبِيْ أَوْفَى.

۴- آیتِ پاک ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ کا نزول اور اس پر صحابہ کا عمل

سورۂ آل عمران آیت ۹۲ ہے: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ، وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْئٍ فَإِنَّ اللّٰهَ بِهِ عَلِيْمٌ﴾ ترجمہ: تم خیر کامل کبھی حاصل نہ کرسکو گے جب تک اپنی پیاری چیز خرچ نہ کرو، اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اس کو

اللہ تعالیٰ خوب جانتے ہیں (کہ وہ تمہاری پسندیدہ چیز ہے یا نہیں)

جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے اپنا محبوب گھوڑا خیرات کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خیبر کی جائداد وقف کی، اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا باغ اللہ کے راستہ میں پیش کیا، جس کا تذکرہ درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ﴾ نازل ہوئی یا فرمایا: ﴿مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا﴾ نازل ہوئی (یہ سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۴۵ ہے) تو حضرت ابوطلحہؓ نے عرض کیا: اوران کی ملکیت میں ایک باغ تھا: اے اللہ کے رسول! میرا باغ اللہ کے لئے ہے، اور اگر میرے بس میں ہوتا کہ میں اس کو چپکے سے پیش کرتا تو میں اس کو برملا پیش نہ کرتا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: آپؓ باغ کو اپنے رشتہ داروں میں تقسیم کردیں (چنانچہ انھوں نے اپنے خاندان کے غریبوں میں وہ باغ بانٹ دیا)

لغت: قَرَابَة: رشتہ داری...... أَقْرَبِیْن: رشتہ دار، اضافت کی وجہ سے نون گر گیا ہے۔

[۳۰۲۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، نَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿لَنْ تَنَالُوْا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ﴾ أَوْ: ﴿مَنْ ذَا الَّذِی يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا﴾ قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ – وَكَانَ لَهُ حَائِطٌ – يَارسولَ اللّٰهِ! حَائِطِیْ لِلّٰهِ، وَلَوِاسْتَطَعْتُ أَنْ أُسِرَّهُ لَمْ أُعْلِنْهُ، فَقَالَ: "اجْعَلْهُ فِیْ قَرَابَتِكَ، أَوْ: أَقْرَبِيْكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

۵- فرضیتِ حج کی آیت، اور چند سوالات

سورۂ آل عمران آیت ۹۷ ہے: ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾: اور اللہ کے لئے لوگوں کے ذمے بیت اللہ کا حج کرنا ہے، اس شخص کے ذمہ جو وہاں تک پہنچنے کی طاقت رکھتا ہے۔

حدیث: جب یہ آیتِ پاک نازل ہوئی تو ایک شخص نے کھڑے ہوکر پوچھا: اے اللہ کے رسول! حاجی کون ہے؟ یعنی حاجی کا بہترین حال کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: الشَّعِثُ التَّفِلُ: بکھرے ہوئے میلے بالوں والا، اور میلے کچیلے بدن والا (دورِ نبوی میں بہت دنوں تک احرام رکھنا پڑتا تھا، اس لئے محرم کا ایسا حال ہوجاتا تھا) پھر دوسرا شخص کھڑا ہوا اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کونسا حج افضل ہے؟ آپؐ نے فرمایا: العَجُّ وَالثَّجُّ: جہراً تلبیہ پڑھنا اور خون بہانا (یہ مضمون کتاب الحج باب ۱۴ حدیث ۸۱۹ تحفہ ۳: ۲۲۲ میں گذر چکا ہے) پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا اس نے پوچھا: ﴿مَنِ

اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ میں سبیل سے کیا مراد ہے؟ آپؐ نے فرمایا: زادوراحلہ یعنی توشہ اور سواری (اور یہ مضمون کتاب الحج باب۴ حدیث۸۰۳ تحفہ۳:۲۰۵ میں گذر چکا ہے)

[۳۰۲۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: سَمِعْتُ محمدَ بْنَ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: مَنْ الْحَاجُّ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" الشَّعِثُ التَّفِلُ!" فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: أَيُّ الْحَجِّ أَفْضَلُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" العَجُّ وَالثَّجُّ" فَقَامَ رَجُلٌ آخَرُ، فقَالَ: مَاالسَّبِيْلُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" الزَّادُ وَالرَّاحِلَةُ"

هٰذَا حديثٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدَ الْخُوْزِيِّ الْمَكِّيِّ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَزِيْدَ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وضاحت: اس حدیث کا راوی ابراہیم بن یزید الخُوزی المکی متکلم فیہ راوی ہے، اس لئے امام مالکؒ اس حدیث کو نہیں لیتے، اور وہ حج کی فرضیت کے لئے زادوراحلہ کو شرط قرار نہیں دیتے، تفصیل کتاب الحج میں گذر چکی ہے۔

٦- آیتِ مباہلہ اور اس پر عمل کی تیاری

سورہ آل عمران کی آیت ٦١ ہے: ﴿فَمَنْ حَاجَّكَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَاجَاءَ كَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ: تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ كُمْ وَنِسَاءَ نَا وَنِسَاءَ كُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ، ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ﴾

ترجمہ: پس جو شخص آپؐ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں اب بھی حجت کرے، آپؐ کے پاس علم (قطعی) آجانے کے بعد تو آپؐ فرمائیں: آؤ! ہم بلالیں اپنے بیٹوں کو اور تم (بلالو) اپنے بیٹوں کو، اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو اور اپنی ذاتوں کو اور تمہاری ذاتوں کو، پھر ہم گڑگڑا کر دعا کریں، پس ہم اللہ کی لعنت جھوٹوں پر بھیجیں۔

تفسیر: اس آیت میں ''اپنی ذاتوں سے'' مراد اہل مباہلہ ہیں، اور اپنی عورتوں سے مراد بیویاں وغیرہ ہیں، اور اپنے بیٹوں سے مراد بیٹے، پوتے، نواسے ہیں، خاص صلبی اولاد مراد نہیں، بلکہ اولاد کی اولاد بھی اس کا مصداق ہے، وہ بھی عرفاً اولاد کے مانند سمجھی جاتی ہے، چنانچہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے حضرات علی، فاطمہ اور حسنین رضی اللہ عنہم کو بلایا، اور فرمایا: ''الٰہی! یہ میرے گھر والے ہیں'' یعنی آپ ان حضرات کو لے کر مباہلہ کرنے کے لئے گھر سے نکلے، مگر نجران کے نصاریٰ نے مشورہ کر کے جواب دیا کہ ہم آپؐ سے مباہلہ کرنا نہیں چاہتے، بلکہ مصالحت کرنا چاہتے ہیں، چنانچہ انھوں نے حکومت اسلامیہ کی ماتحتی قبول کر لی، اور مصالحت کر کے واپس ہو گئے۔

فائدہ: پہلے تحفۃ الالمعی (۲:۱۴۳) میں یہ بات گذر چکی ہے کہ چارتن (علی، فاطمہ اور حسنین رضی اللہ عنہم) نبی ﷺ کی دعا کی برکت سے اہل بیت میں شامل کئے گئے ہیں، اور آیتِ مباہلہ میں لفظ ''اہل بیت'' نہیں تھا، صرف بیٹوں،

عورتوں اور خود کو مباہلہ میں شامل ہونا تھا، اور چونکہ آپ ﷺ کی نرینہ اولاد حیات نہیں تھی، اس لئے آپؐ نے مباہلہ کے لئے اپنے دونوں نواسوں اور داماد کو بلایا، اور بذاتِ خود بھی مباہلہ کے لئے تیار ہوئے، اور بیویوں کو بلانے کے بجائے بیٹی کو بلایا، کیونکہ یہ بھی آپؐ کی دعا کی برکت سے اہل بیت میں شامل ہو چکی تھیں، اور نواسے چونکہ چھوٹے تھے اس لئے بھی ان کے ساتھ ان کی ماں کا ہونا ضروری تھا۔

[۳۰۲۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ كُمْ، وَنِسَاءَ نَا وَنِسَاءَ كُمْ﴾ الآيَةَ، دَعَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا، وَفَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۷- قیامت کے دن کچھ چہرے سفید اور کچھ چہرے سیاہ ہونگے

سورۂ آل عمران آیات ۱۰۵-۱۰۷ میں یہ مضمون ہے کہ تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنھوں نے باہم تفریق کی اور باہم اختلاف کر لیا ان کے پاس واضح احکام پہنچنے کے بعد، اور ان لوگوں کے لئے اس دن سزائے عظیم ہوگی جس دن بعض چہرے سفید اور بعض چہرے سیاہ ہونگے، رہے وہ چہرے جو سیاہ ہونگے تو ان سے کہا جائے گا: کیا تم اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے تھے؟ سو اپنے کفر کے سبب سزا چکھو! اور جن لوگوں کے چہرے سفید ہونگے: وہ اللہ کی رحمت میں ہونگے۔

تفسیر: ان آیات میں جس تفریق واختلاف کی مذمت ہے اس سے مراد وہ تفریق ہے جو اصولِ دین میں یا فروعِ دین میں نفسانیت کی وجہ سے ہو، اور جو اختلاف غیر واضح فروع میں ہوتا ہے یا نص صریح نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے، یا نصوص میں ظاہری تعارض کی وجہ سے ہوتا ہے تو ایسی فروع میں اختلاف ناگزیر ہوتا ہے اس لئے وہ آیت کا مصداق نہیں۔

اس آیت کی ایک مثال خوارج کا معاملہ ہے، یہ لوگ جنگ صفین کے بعد حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما سے اختلاف کر کے حروراء مقام میں جمع ہوئے، ان کا لیڈر نافع بن الازرق تھا، اس لئے خوارج ازارقہ بھی کہلاتے ہیں، ان سے حضرت علیؓ نے لوہا لیا، اور ان کو کیفر کردار تک پہنچایا، جب ان خوارج کے سر دمشق میں لائے گئے، اور راستہ پر نصب کئے گئے، اور وہاں سے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ گذرے تو انھوں نے دمشق کے راستہ پر یہ سر نصب کئے ہوئے دیکھے، پس فرمایا: كِلابُ النار: یہ لوگ دوزخ کے کتے ہیں (مبتدا أصحابُ هذه الرؤس پوشیدہ ہے) شَرُّ قَتْلَى تحتَ أديمِ السماء: یہ آسمان کی نچلی سطح کے نیچے بدترین مقتول ہیں (یہ مبتدا کی دوسری خبر ہے) خَيْرُ قَتْلَى: مَنْ قَتَلُوْهُ: بہترین مقتول وہ ہیں جن کو ان لوگوں نے قتل کیا ہے (خَيْرُ قَتْلَى: مبتدا ہے اور مَنْ قَتَلُوْهُ: خبر ہے، اور جمع کی ضمیر أصحاب الرؤس کی طرف لوٹتی ہے، اور منصوب ضمیر مَنْ کی طرف) پھر حضرت ابوامامہؓ نے آیت: ﴿يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ﴾ آخر تک

پڑھی، یعنی ان خوارج کو اس آیت کا مصداق قرار دیا۔ ابوغالب نے (جن کا نام حَزَوَّر ہے) حضرت ابوامامہؓ سے پوچھا: کیا آپؓ نے یہ بات نبی ﷺ سے سنی ہے؟ حضرت ابوامامہؓ نے کہا: اگر میں نے یہ بات نبی ﷺ سے نہ سنی ہوتی مگر ایک بار یا دو بار یا تین بار یا چار بار یہاں تک کہ سات بار شمار کیا: تو میں یہ بات آپ لوگوں سے بیان نہ کرتا۔

تشریح: الخوارجُ كلابُ النار: مستقل حدیث ہے جو ابن ماجہ (حدیث ۱۷۳) میں ہے، اور شَرُّ قَتْلَى دوسری حدیث ہے جو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ بھی ابن ماجہ (حدیث ۱۷۶) میں ہے، یہ حدیث حضرت ابوامامہؓ نے نبی ﷺ سے بار بار سنی ہے، اس حدیث میں یہ بھی ہے: قد كان هؤلاء مسلمين فصاروا كفاراً: یہ خوارج پہلے مسلمان تھے، پھر خروج (بغاوت) کرنے کی وجہ سے کافر ہو گئے، اس لئے یہ بدترین مقتول ہیں، اور ان کا مقابلہ کرتے ہوئے حضرت علیؓ کی فوج کے جو لوگ مارے گئے وہ بہترین شہید ہیں۔

[۳۰۲۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ رَبِيْعٍ: وَهُوَ ابْنُ صَبِيْحٍ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ غَالِبٍ، قَالَ: رَأَى أَبُوْ أُمَامَةَ رُؤُوْسًا مَنْصُوْبَةً عَلَى دَرْجِ دِمَشْقَ، فَقَالَ أَبُوْ أُمَامَةَ: كِلَابُ النَّارِ، شَرُّ قَتْلَى تَحْتَ أَدِيْمِ السَّمَاءِ، خَيْرُ قَتْلَى مَنْ قَتَلُوْهُ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ. قُلْتُ لِأَبِيْ أُمَامَةَ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَوْ لَمْ أَسْمَعْهُ إِلَّا مَرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا أَوْ أَرْبَعًا حَتَّى عَدَّ سَبْعًا: مَا حَدَّثْتُكُمُوْهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ غَالِبٍ: اسْمُهُ حَزَوَّرٌ، وَأَبُوْ أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ: اسْمُهُ صُدَيُّ بْنُ عَجْلَانَ، وَهُوَ سَيِّدُ بَاهِلَةَ.

۸- یہ امت بہترین اور معزز ترین امت ہے

سورۂ آل عمران آیت ۱۱۰ ہے: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾: تم بہترین امت ہو جو لوگوں کی فائدہ رسانی کے لئے نکالی گئی ہو، اس آیتِ پاک کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: أَنتم تُتِمُّوْنَ سبعين أُمةً، أنتم خيرُها وأكرمُها على الله: تم ستر امتوں کو مکمل کرنے والی امت ہو، تم ان میں بہترین ہو، اور تم اللہ کے نزدیک ان میں سے معزز ترین ہو۔

تشریح: أَتَمَّ الشيئَ کے معنی ہیں: پورا کرنا، مکمل کرنا، اور ستّر کا عدد تکثیر کے لئے ہے، یعنی پہلے بہت سی امتیں گذر چکی ہیں، اور تم آخری امت ہو، اور تمام امتوں سے بہتر اور معزز ہو، کیونکہ اس امت کے ذمے نبیوں والا کام رکھا گیا ہے، اس لئے اس کی اہمیت بڑھ گئی ہے اور اس کی فضیلت سوا ہو گئی ہے۔

فائدہ: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا ہے: اس سے مراد خاص صحابہ کرام ہیں، اور بعد کے لوگوں میں سے وہ لوگ مراد ہیں جو صحابہ کرام کے عقائد پر ہوں اور ان کے جیسے کام کریں: وہ بہترین لوگ ہیں،

جولوگوں کی نفع رسانی کے لئے وجود میں لائے گئے ہیں، پس گمراہ فرقے اس آیت کا مصداق نہیں، بلکہ وہ اہل حق بھی جو صحابہ والا کام نہیں کرتے، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر نہیں کرتے، دین کی تبلیغ واشاعت اور تعلیم وتعلّم میں حصہ نہیں لیتے، بلکہ تن پروری میں مشغول ہیں وہ بھی اس آیت کا مصداق نہیں، اور یہ بات سیاقِ آیت سے بالکل ظاہر ہے، اور تفصیل رحمۃ اللہ (۲: ۵۱) میں ہے۔

[٣٠٢٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّهُ سَمِعَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾ قَالَ: "أَنْتُمْ تُتِمُّوْنَ سَبْعِيْنَ أُمَّةً، أَنْتُمْ خَيْرُهَا وَأَكْرَمُهَا عَلَى اللهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ نَحْوَ هٰذَا، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: ﴿كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ﴾

۹- ہدایت وضلالت اللہ کے اختیار میں ہے

سورۂ آل عمران آیت ۱۲۸ ہے: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾: آپ کا کچھ اختیار نہیں، یا تو اللہ تعالیٰ ان کی طرف توجہ فرمائیں گے یا ان کو سزا دیں گے، کیونکہ وہ ظالم ہیں۔

آیت کا شانِ نزول:

غزوۂ احد میں نبی ﷺ کا دندانِ مبارک شہید ہوگیا تھا، اور چہرۂ مبارک زخمی ہوگیا تھا، اس وقت آپؐ نے فرمایا: "وہ قوم کیسے فلاح پاسکتی ہے جس نے اپنے نبی کے ساتھ یہ معاملہ کیا، جبکہ وہ ان کو خدا کی طرف بلا رہا ہے؟!" اس وقت یہ آیتِ پاک نازل ہوئی، اور آپؐ کو بددعا کرنے سے روک دیا گیا۔ اس سلسلہ میں درج ذیل روایات پڑھیں:

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ احد کے موقع پر آپؐ کا ایک دانت توڑ دیا گیا (الرَّباعية: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والے دانت، یہ چار ہوتے ہیں، دو اوپر اور دو نیچے، ان میں سے ایک دانت کا کچھ حصہ شہید ہوگیا تھا) اور آپؐ کا چہرہ زخمی کردیا گیا، آپؐ کی پیشانی میں ایک زخم آیا تھا، یہاں تک کہ خون آپؐ کے چہرے پر بہنے لگا تھا۔ پس آپؐ نے ارشاد فرمایا: "وہ قوم کیسے کامیاب ہوسکتی ہے جس نے اپنے نبی کے ساتھ یہ معاملہ کیا، درانحالیکہ وہ ان کو اللہ کی طرف بلا رہا ہے؟!" پس آیت: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل ہوئی۔

حدیث (۲): مذکورہ حدیث ان لفظوں سے بھی آئی ہے: نبی ﷺ کے چہرۂ مبارک میں زخم آیا، اور آپؐ کا دانت شہید کردیا گیا، اور آپؐ کے شانے پر سخت چوٹ ماری گئی (امام ترمذیؒ کے استاذ عبد بن حمید نے آخر میں کہا ہے کہ یہ یزید بن ہارون کی غلطی ہے، چوٹ شانے پر نہیں بلکہ ماتھے پر آئی تھی) پس خون آپؐ کے چہرے پر بہنے لگا، آپؐ اس کو

پونچھ رہے تھے،اور فرمارہے تھے: ''وہ قوم کیسے کامیاب ہوسکتی ہے،جس نے اپنے نبی کے ساتھ یہ معاملہ کیا، درانحالیکہ وہ ان کو اللہ کی طرف بلارہاہے؟!'' پس اللہ تعالیٰ نے ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل کیا۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے جنگ احد کے موقع پر چار شخصوں پر لعنت بھیجی، فرمایا: اے اللہ! ابوسفیان کو اپنی رحمت سے دور فرما! اے اللہ! حارث بن ہشام کو اپنی رحمت سے دور فرما! اے اللہ! صفوان بن امیہ کو اپنی رحمت سے دور فرما! راوی کہتے ہیں: پس آیت ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل ہوئی، پس اللہ تعالیٰ نے ان تینوں پر توجہ فرمائی، چنانچہ وہ تینوں مسلمان ہوئے اور ان کا اسلام بہترین ثابت ہوا۔

تشریح: حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے والد ہیں، فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے اور حنین وطائف کی جنگوں میں شریک رہے...... اور حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ: ابوجہل کے بھائی ہیں، ابوجہل تو بدر میں مارا گیا مگر حارث بچ گئے، پھر فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے، اور ان کا اسلام بھی اچھا رہا، ان کا شمار بڑے صحابہ میں ہے، وہ شام میں جہاد کرتے رہے یہاں تک کہ طاعون عمواس میں شہید ہوئے...... اور حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ فتح مکہ کے دن بھاگ گئے تھے، پھر لوٹ کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حنین وطائف کی جنگوں میں بحالت کفر شریک رہے، پھر ایمان لائے اور جنگ یرموک میں شہید ہوئے...... اور چوتھے حضرت سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ ہیں، حدیبیہ کی صلح میں آپ ہی فریق مقابل تھے، اور فتح مکہ کے موقع پر جب نبی ﷺ نے لوگوں سے سوال کیا تھا: ماذا تقولو ن؟ تمہارا کیا خیال ہے؟ میں تمہارے ساتھ کیا معاملہ کروں گا؟ تو حضرت سہیلؓ نے جواب دیا تھا: نقولُ خیراً، وَنَظُنُّ خیراً، أَخٌ کریمٌ وابْنُ أَخٍ کریمٍ وقد قَدَرْتَ: ہم اچھی بات سوچ رہے ہیں، اور اچھا گمان باندھ رہے ہیں، آپ شریف بھائی اور شریف بھتیجے ہیں اور آپؐ کا ہاتھ بالا ہوگیا ہے، آپؐ نے ان کا یہ جواب بہت پسند کیا اور ارشاد فرمایا: لاتثریب علیکم الیوم، أنتم الطلقاء! جاؤ سب کو معاف کردیا، آج پچھلی باتوں پر شرمندہ بھی نہیں کیا جائے گا۔

حدیث (۴): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ (مذکورہ) چار شخصوں کے لئے بددعا کیا کرتے تھے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ﴾ نازل فرمائی، اور اللہ تعالیٰ نے ان چاروں کو ہدایت نصیب فرمائی۔

تشریح: ان سب روایات کا حاصل یہ ہے کہ ہدایت کا اختیار اللہ کا ہے، محبوب رب العالمین ﷺ کا بھی اس معاملہ میں کوئی اختیار نہیں، اگر آپؐ کا کچھ اختیار ہوتا تو عم محترم ابوطالب کے معاملہ میں ہوتا، جبکہ ان کے معاملہ میں ارشادِ پاک ہے: ﴿إِنَّكَ لَاتَهْدِيْ مَنْ أَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ﴾ آپؐ جس کو چاہیں ہدایت نہیں دے سکتے، بلکہ اللہ جس کو چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہی ہدایت پانے والوں کو خوب جانتے ہیں!

فائدہ: روایات میں مذکور آیت کے شانِ نزول کے سلسلہ میں قبائل رعل وذکوان کا واقعہ بھی آیا ہے، ان قبائل نے چند صحابہ کو دھوکہ دے کر شہید کیا تھا، جس سے نبی ﷺ کو بڑا صدمہ پہنچا تھا، چنانچہ آپؐ نے ایک مہینہ تک فجر کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھی اوران قبائل کے لئے بددعا کی، پھر یہ آیت نازل ہوئی تو آپ نے بددعا موقوف کردی۔

یہ واقعہ احد کے بعد کا ہے، اس لئے اصل شانِ نزول احد کا واقعہ ہے، اور رعل وذکوان والے واقعہ کو بھی صحابہ نے آیت کا مصداق قرار دیا ہے، اور صحابہ ایسا کرتے تھے، تفصیل الفوز الکبیر میں ہے (دیکھیں الخیر الکثیر ص:۲۸۷)

[۳۰۲۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كُسِرَتْ رَبَاعِيَّتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَشُجَّ وَجْهُهُ شَجَّةً فِيْ جَبْهَتِهِ، حَتَّى سَالَ الدَّمُ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَالَ: "كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ فَعَلُوْا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ، وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ إِلَى اللّٰهِ!؟" فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ﴾ إلى آخِرِهَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۲۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ: نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شُجَّ فِيْ وَجْهِهِ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَّتُهُ، وَرُمِيَ رَمْيَةً عَلَى كَتِفِهِ، فَجَعَلَ الدَّمُ يَسِيْلُ عَلَى وَجْهِهِ، وَهُوَ يَمْسَحُهُ، وَيَقُوْلُ: "كَيْفَ تُفْلِحُ أُمَّةٌ فَعَلُوْا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ، وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ إِلَى اللّٰهِ؟" فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾ سَمِعْتُ عَبْدَ بْنَ حُمَيْدٍ يَقُوْلُ: غَلَطَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ فِيْ هٰذَا، هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۲۷-] حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ الْكُوْفِيُّ، نَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ: "اللّٰهُمَّ الْعَنْ أَبَا سُفْيَانَ! اللّٰهُمَّ الْعَنِ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ! اللّٰهُمَّ الْعَنْ صَفْوَانَ بْنَ أُمَيَّةَ!" قَالَ فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ، أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ﴾ فَتَابَ عَلَيْهِمْ، فَأَسْلَمُوْا فَحَسُنَ إِسْلَامُهُمْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ عُمَرَ بْنِ حَمْزَةَ، عَنْ سَالِمٍ، وَكَذَا رَوَاهُ الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ.

[۳۰۲۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ الْبَصْرِيُّ، نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَدْعُو عَلَى أَرْبَعَةِ نَفَرٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْئٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ﴾ فَهَدَاهُمُ اللّٰهُ لِلإِسْلَامِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَرَوَاهُ يَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ، عَنْ ابنِ عَجْلاَنَ.

۱۰-نماز ذکراللہ کا بہترین ذریعہ ہے

سورۃ العنکبوت آیت ۴۵ ہے: ﴿أُتْلُ مَا أُوْحِيَ إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ، إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ، وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَاتَصْنَعُوْنَ﴾ ترجمہ: آپؐ وہ کتاب پڑھیں جو آپؐ پر وحی کی گئی ہے، اور نماز کی پابندی کریں، بیشک نماز بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے روکتی ہے، اور اللہ کی یاد اس سے بھی بڑی چیز ہے، اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو جانتے ہیں۔

اس آیت میں نماز کا ایک فائدہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ بے حیائی اور ناجائز کاموں سے روکتی ہے، جیسے نالائق بیٹے کو نیک باپ بدچلنی سے روکتا ہے، مگر کبھی بیٹا نہیں مانتا، یہی حال نماز کا ہے، وہ نمازی بندے کو برائیوں سے روکتی ہے مگر کبھی نمازی اس کی نہیں سنتا...... اور نماز کا دوسرا بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ اللہ کی یاد کا بہترین ذریعہ ہے ﴿وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ﴾ کا یہی مطلب ہے۔

چنانچہ سورۂ آل عمران آیات ۱۳۴و۱۳۵ میں متقیوں (خدا سے ڈرنے والوں) کا حال بیان کیا گیا ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں جو فراغت اور تنگی میں خرچ کرتے ہیں، اور غصہ کو ضبط کرتے ہیں، اور لوگوں سے درگذر کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ایسے نیکوکاروں کو محبوب رکھتے ہیں، اور وہ ایسے لوگ ہیں کہ جب وہ کوئی بے حیائی کا کام کر گذرتے ہیں، یا ایسا کام کر لیتے ہیں جن سے خود ان کی ذاتوں کو نقصان پہنچتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتے ہیں، اور اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے سوا گناہوں کو بخشنے والا کون ہے؟ اور وہ لوگ اپنے کئے پر جانتے بوجھتے اصرار نہیں کرتے۔

یعنی متقیوں کے لئے ضروری نہیں ہے کہ کبھی ان سے کوئی گناہ صادر نہ ہو، ہاں متقی کے لئے یہ ضروری ہے کہ جب بھی اس سے کوئی گناہ صادر ہو جائے وہ اللہ کو یاد کرے اور اپنے گناہوں کی معافی چاہے۔

اس آیتِ پاک سے نبی ﷺ نے صلاۃ التوبہ مشروع فرمائی ہے، یعنی جب کسی سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو پاکی حاصل کرے (نہانے کی ضرورت ہو تو نہائے، ورنہ وضو کرے) پھر کم از کم دو نفلیں توبہ کی نیت سے پڑھے، پھر گڑگڑا کر دعا کرے، امید ہے اللہ تعالیٰ اس کو معاف فرمادیں گے۔

اور باب کی حدیث پہلے تحفۃ الالمعی (۲۴۱:۲) میں گذر چکی ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ایک ایسا شخص تھا کہ جب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی حدیث سنتا تو اللہ تعالیٰ مجھے اس سے فائدہ پہنچاتے، جو وہ چاہتے کہ مجھے اس سے فائدہ پہنچائیں، یعنی جس قدر ممکن ہوتا میں اس پر عمل کرتا، اور جب مجھ سے آپؐ کے صحابہ میں سے کوئی

شخص حدیث بیان کرتا تو میں اس سے قسم لیتا (کہ کیا تو نے خود یہ حدیث نبی ﷺ سے سنی ہے؟) پس جب وہ میرے سامنے قسم کھالیتا تو میں اس کو سچا قرار دیتا (اور اس حدیث پر بھی عمل کرتا، حضرت علی رضی اللہ عنہ کی احتیاط کا یہ ضابطہ فنِ اصولِ حدیث میں نہیں لیا گیا) اور بیشک شان یہ ہے کہ مجھ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی، اور ابوبکرؓ نے سچ کہا، یعنی ان کے صدیق ہونے کی وجہ سے میں نے ان سے قسم نہیں لی، انھوں نے فرمایا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو بھی شخص کوئی گناہ کرے، پھر اٹھے اور پاکی حاصل کرے، پھر نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے گناہ کی معافی مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کا گناہ معاف کر دیتے ہیں، پھر نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی۔

تشریح: اس آیت سے نبی ﷺ نے صلوۃ التوبہ مشروع فرمائی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے کی بہت سی شکلیں ہوسکتی ہیں، ان میں سب سے اعلیٰ صورت ''نماز'' ہے، نماز کا مقصد اور اس کا سب سے بڑا فائدہ اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے، پس اگر صلوۃ التوبہ پڑھ کر توبہ کی جائے تو اللہ تعالیٰ بندے کے گناہ پر قلم عفو پھیر دیتے ہیں، باقی تفصیل محولہ بالا جگہ میں دیکھیں۔

[۳۰۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ أَسْمَاءَ بْنِ الحَكَمِ الفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ: إِنِّيْ كُنْتُ رَجُلاً إِذَا سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثًا، نَفَعَنِي اللّٰهُ مِنْهُ بِمَاشَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِيْ، وَإِذَا حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ اسْتَحْلَفْتُهُ، فَإِذَا حَلَفَ لِيْ صَدَّقْتُهُ.

وَإِنَّهُ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَصَدَقَ أَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''مَامِنْ رَجُلٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، ثُمَّ يَقُوْمُ فَيَتَطَهَّرُ، ثُمَّ يُصَلِّيْ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ: إِلَّا غَفَرَ لَهُ'' ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَالَّذِيْنَ إِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوْا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوْا اللّٰهَ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ.

هٰذَا حديثٌ قَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَرَفَعُوْهُ، وَرَوَاهُ مِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، فَلَمْ يَرْفَعَاهُ، وَلَا نَعْرِفُ لِأَسْمَاءَ إِلَّا هٰذَا الحديثَ.

۱۱- دورانِ جنگ اونگھ آنا نزولِ رحمت کی نشانی ہے

سورۂ آل عمران آیت ۱۴۵ ہے: ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا﴾ الآية: ترجمہ: پھر اللہ تعالیٰ نے بے چینی کے بعد تم پر چین اتارا، یعنی اونگھ بھیجی جو تم میں سے ایک جماعت پر چھائی جا رہی تھی، اور دوسری جماعت کو اپنی جان کی فکر تھی، وہ اللہ کے بارے میں غلط گمان کر رہے تھے، جس طرح کا گمان زمانۂ جاہلیت میں کیا کرتے تھے، وہ کہتے تھے: کیا ہمارا معاملے میں کچھ اختیار ہے؟ آپ فرمائیں: سارا اختیار اللہ کا ہے، وہ لوگ اپنے دلوں میں ایسی

باتیں چھپاتے ہیں جن کو وہ آپ سے ظاہر نہیں کرتے، کہتے ہیں: اگر ہمارا جنگ میں کچھ اختیار ہوتا تو ہم یہاں مارے نہ جاتے، آپ فرمادیں: اگر تم لوگ اپنے گھروں میں ہوتے تب بھی جن لوگوں کے لئے مارا جانا مقدر ہو چکا ہے: وہ لوگ ان مقامات کی طرف ضرور نکلتے، جہاں وہ گرے ہیں، یعنی مرے ہیں۔ اور یہ (جنگ احد میں) جو کچھ ہوا اس لئے ہوا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے باطن کی آزمائش کریں، اور تاکہ تمہارے دلوں کی باتوں کو صاف کریں۔ اور اللہ تعالیٰ سب باطن کی باتوں کو خوب جاننے والے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل دو روایتیں آئی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے جنگ احد کے دن اپنا سر اٹھایا، پس میں دیکھنے لگا، اس دن صحابہ میں سے کوئی نہیں تھا، مگر وہ اونگھ کی وجہ سے اپنی ڈھال کے نیچے ہل رہا تھا، ارشادِ پاک ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا﴾ میں اسی کا تذکرہ ہے۔

لغت: مَادَ الشيئُ (ض) مَيْدًا وَمَيْدَانًا: ہلنا، جھومنا۔

حدیث (۲): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم پر نیند چھاگئی، جبکہ ہم جنگ احد کے دن اپنی صفوں میں کھڑے تھے، حضرت ابوطلحہؓ نے بیان کیا کہ وہ بھی ان لوگوں میں سے تھے جن پر اس دن اونگھ چھائی جارہی تھی، حضرت ابوطلحہؓ کہتے ہیں: پس میری تلوار میرے ہاتھ سے گرجاتی تھی، اور میں اس کو لیتا تھا، پھر وہ میرے ہاتھ سے گرجاتی تھی اور میں اس کو لیتا تھا...... اور دوسری جماعت جس کا اس آیت میں ذکر ہے: منافقین تھے ان کو بس اپنی ذاتوں کی پڑی تھی، وہ نہایت بزدل، نہایت خوفزدہ اور دین کو سب سے زیادہ رسوا کرنے والے تھے۔

لغت: أَجْبَنُ، أَرْعَبُ اور أَخْذَلُ: اسمائے تفضیل ہیں، اور ترکیب میں حال واقع ہوئے ہیں ...... مَصَافٌّ: مَصَفٌّ کی جمع ہے، جنگ میں کھڑے ہونے کی جگہ یعنی لائن۔

[۳۰۳۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: رَفَعْتُ رَأْسِيْ يَوْمَ أُحُدٍ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ، وَمَا مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ إِلَّا يَمِيْدُ تَحْتَ جَحْفَتِهِ مِنَ النُّعَاسِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الزُّبَيْرِ مِثْلَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۳۱-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا عَبْدُ الْأَعْلٰى، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ قَالَ: غُشِيْنَا، وَنَحْنُ فِيْ مَصَافِّنَا يَوْمَ أُحُدٍ، حَدَّثَ أَنَّهُ كَانَ فِيْمَنْ غَشِيَهُ النُّعَاسُ يَوْمَئِذٍ، قَالَ: فَجَعَلَ سَيْفِيْ يَسْقُطُ مِنْ يَدِيْ وَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ مِنْ يَدِيْ وَآخُذُهُ.

وَالطَّائِفَةُ الأُخْرَى: الْمُنَافِقُوْنَ، لَيْسَ لَهُمْ هَمٌّ إِلاَّ أَنْفُسَهُمْ، أَجْبَنَ قَوْمٍ، وَأَرْعَبَهُ، وَأَخْذَلَهُ لِلْحَقِّ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۲-مالِ غنیمت میں پیغمبر علیہ السلام خیانت نہیں کر سکتے

سورۂ آل عمران آیت ۱۶۱ ہے: ﴿وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ﴾ یعنی نبی ﷺ کی یہ شان نہیں کہ وہ مالِ غنیمت میں خیانت کریں، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس کا شانِ نزول بیان کرتے ہیں کہ جنگ بدر کے موقع پر مالِ غنیمت میں سے ایک جھالردار سرخ چادر گم ہوگئی، کچھ لوگوں نے کہا: شاید نبی ﷺ نے لی ہوگی، اس پر یہ آیتِ پاک نازل ہوئی کہ نبی معصوم ہوتا ہے، اور مالِ غنیمت میں خیانت کرنا کبیرہ گناہ ہے، پس اس کا صدور نبی ﷺ سے ممکن نہیں۔

[۳۰۳۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، نَا مِقْسَمٌ، قَالَ: قَالَ ابنُ عَبَّاسٍ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ﴾ فِيْ قَطِيْفَةٍ حَمْرَاءَ، افْتُقِدَتْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقَالَ: بَعْضُ النَّاسِ لَعَلَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَهَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبارَكَ وتعالىٰ: ﴿وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ﴾ إِلىٰ آخِرِ الآيَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ السَّلاَمِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ خُصَيْفٍ نَحْوَ هٰذَا، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ.

۱۳-شہداء کا مقام ومرتبہ، اوران کی انتہائی خواہش

سورۂ آل عمران آیت ۱۶۹ ہے: ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا، بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ، فَرِحِيْنَ بِمَا آتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ، وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِنْ خَلْفِهِمْ: أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَهُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾

ترجمہ: اور آپ (اے مخاطب) ان لوگوں کو مردہ خیال نہ کریں جو اللہ کی راہ میں مارے گئے، بلکہ وہ لوگ زندہ ہیں، اپنے پروردگار کے پاس روزی دیئے جاتے ہیں، وہ خوش ہیں اس چیز سے جو ان کو اللہ نے اپنے فضل سے عنایت فرمائی ہے، اور جو لوگ (ابھی) ان کے پاس نہیں پہنچے (بلکہ) ان سے پیچھے رہ گئے ہیں ان کی حالت پر بھی وہ خوش ہیں، ان کو نہ کسی طرح کا خوف ہے، نہ وہ غمگین ہوتے ہیں (یہ وہ خاص فضل ہے جو اللہ نے ان کو عنایت فرمایا ہے)

اس آیت میں شہداء کا جو مقام ومرتبہ بیان کیا گیا ہے، اس کی تفصیل درج ذیل روایات میں ہے:

حدیث (۱): حضرت جابر کے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما جنگ احد میں شہید ہوگئے تھے، اس وقت حضرت جابرؓ قریب البلوغ تھے، وہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ کی ملاقات ہوئی، آپؐ نے مجھ سے پوچھا: یاجابرُ! مالی أَرَاكَ

مُنْكَسِرًا: جابر! کیا بات ہے میں آپ کو شکستہ خاطر دیکھ رہا ہوں؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ابا شہید کر دیئے گئے، اور انھوں نے بچے اور قرضہ چھوڑا ہے جو میری پریشانی کا سبب ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: أَلاَ أُبَشِّرُكَ بِمَا لَقِيَ اللّٰهُ بِهِ أَبَاكَ؟ کیا میں تم کو خوشخبری نہ سناؤں اس حالت کے ذریعہ جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ابا سے ملاقات کی ہے؟ حضرت جابرؓ نے عرض کیا: کیوں نہیں اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی سے بات نہیں کی، مگر پردہ کی اوٹ سے، اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے ابا کو زندہ کیا، پس ان سے رودر روبات کی، فرمایا: اے میرے بندے! مجھ سے آرزو کر، میں تجھے دوں گا، آپ کے ابا نے جواب دیا: اے میرے پروردگار! مجھے زندہ کریں تاکہ میں آپ کی راہ میں دوبارہ مارا جاؤں، پروردگار عالم نے فرمایا: میری طرف سے یہ بات پہلے سے طے ہو چکی ہے کہ مرے ہوئے واپس نہیں لوٹتے حضرت جابرؓ کہتے ہیں: اور اللہ نے یہ آیت نازل کی کہ ان لوگوں کو جو راہِ خدا میں مارے گئے ہیں مرے ہوئے خیال مت کرو، یہ حدیث اگرچہ صرف موسیٰ سے مروی ہے مگر علی بن المدینی وغیرہ بڑے محدثین یہ حدیث موسیٰ سے روایت کرتے ہیں، اس لئے یہ حدیث ٹھیک ہے، اور طلحہ کے علاوہ ابن عقیل بھی حضرت جابرؓ سے اس حدیث کا کچھ حصہ روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ان سے آیتِ پاک: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا﴾ الآية: کی تفسیر پوچھی گئی، یعنی اللہ کے پاس شہداء کو جو روزی دی جاتی ہے اس کی کیا نوعیت ہوتی ہے؟ حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: سنو! ہم نے یہ بات نبی ﷺ سے پوچھی ہے، پس ہمیں بتلایا گیا کہ شہداء کی روحیں ہرے پرندوں میں ہوتی ہیں، جنت میں جہاں چاہیں چرتی ہیں، یعنی سبز رنگ کے ہیلی کاپٹروں میں بیٹھ کر جنت میں جاتی ہیں، اور اس کے پھل کھاتی ہیں، پھر عرش سے لٹکے ہوئے فانوسوں میں بسیرا کرتی ہیں، پس ان کی طرف تیرے پروردگار نے ایک خاص طرح سے جھانکا، پس پوچھا: کیا تم کچھ اور چاہتے ہو جو میں تمہیں دوں؟ شہداء نے جواب دیا: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اور کیا چاہئے، ہم جنت میں جہاں چاہتے ہیں چرتے ہیں؟ پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر دوسری مرتبہ جھانکا، اور پوچھا: کیا کوئی اور چیز چاہتے ہو جو میں تمہیں دوں؟ پس جب شہداء نے دیکھا کہ وہ نہیں چھوڑے جاتے، یعنی اللہ تعالیٰ بار بار دریافت کرتے ہیں تو انھوں نے جواب دیا: آپ ہماری روحیں ہمارے جسموں میں لوٹا دیں، تاکہ ہم دنیا کی طرف لوٹیں، اور آپ کی راہ میں دوسری مرتبہ مارے جائیں۔

یہ مسروق کی حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے، اور ابو عبیدۃ کی روایت بھی ایسی ہی ہے، مگر اس میں ایک مضمون زائد ہے کہ ہمارا اسلام ہمارے نبی ﷺ کو پہنچائیں، اور انہیں اطلاع دیں کہ ہم بالیقین خوش ہو گئے، اور ہم سے خوش ہوا گیا، یعنی اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہو گئے ہیں۔

[۳۰۳۳-] حدثنا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، نَا مُوْسَى بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: لَقِيَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم، فَقَالَ لِیْ:" یَاجَابِرُ! مَالِیْ أَرَاكَ مُنْكَسِرًا؟" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! اسْتُشْهِدَ أَبِیْ، وَتَرَكَ عِيَالاً وَدَيْنًا، قَالَ، قَالَ:" أَلاَ أَبَشِّرُكَ بِمَا لَقِیَ اللّٰهُ بِهِ أَبَاكَ؟" قَالَ: بَلٰى، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "مَاكَلَّمَ اللّٰهُ أَحَدًا قَطُّ إِلَّا مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ، وَأَحْيٰى أَبَاكَ فَكَلَّمَهُ كِفَاحًا، وَقَالَ: يَا عَبْدِیْ! تَمَنَّ عَلَیَّ: أُعْطِيْكَ، قَالَ: يَارَبِّ! تُحْيِيْنِیْ، فَأُقْتَلَ فِيْكَ ثَانِيَةً، قَالَ الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: إِنَّهُ قَدْ سَبَقَ مِنِّیْ أَنَّهُمْ لاَيَرْجِعُوْنَ" قَالَ: وَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا﴾ الآيَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، وَرَوَاهُ عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِيْنِیُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ أَهْلِ الْحَدِيْثِ هٰكَذَا عَنْ مُوْسَى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

[٣٠٣٤-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا، بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ﴾ فَقَالَ: أَمَا إِنَّا قَدْ سَأَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ، فَأُخْبِرْنَا أَنَّ أَرْوَاحَهُمْ فِیْ طَيْرٍ خُضْرٍ، تَسْرَحُ فِی الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ، وَتَأْوِیْ إِلَى قَنَادِيْلَ مُعَلَّقَةٍ بِالْعَرْشِ، فَاطَّلَعَ إِلَيْهِمْ رَبُّكَ اطِّلاَعَةً، فَقَالَ:" هَلْ تَسْتَزِيْدُوْنَ شَيْئًا فَأَزِيْدُكُمْ؟" قَالُوْا: رَبَّنَا! وَمَا نَسْتَزِيْدُ، وَنَحْنُ فِی الْجَنَّةِ نَسْرَحُ حَيْثُ شِئْنَا؟ ثُمَّ اطَّلَعَ عَلَيْهِمُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: "هَلْ تَسْتَزِيْدُوْنَ شَيْئًا فَأَزِيْدُكُمْ؟" فَلَمَّا رَأَوْا أَنَّهُمْ لاَيُتْرَكُوْنَ، قَالُوْا: تُعِيْدُ أَرْوَاحَنَا فِیْ أَجْسَادِنَا، حَتَّى نَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا، فَنُقْتَلَ فِیْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً أُخْرَى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٠٣٥-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِیْ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ مِثْلَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: وَتُقْرِئُ نَبِيَّنَا السَّلاَمَ، وَتُخْبِرُهُ أَنْ قَدْرَضِيْنَا، وَرُضِیَ عَنَّا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

۱۴- جس مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کی گئی: وہ قیامت کے دن سانپ بن کر گلے میں لپٹے گا

سورہ آل عمران آیت ۱۸۰ ہے: ﴿وَلاَ يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ: هُوَ خَيْرًا لَهُمْ، بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ، سَيُطَوَّقُوْنَ مَابَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ ترجمہ: اور ہرگز خیال نہ کریں وہ لوگ جو ایسی چیز میں بخیلی کرتے ہیں جو ان کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دی ہے کہ یہ بات ان کے لئے کچھ اچھی ہے، بلکہ یہ بخیلی ان کے لئے بہت بری ہے، وہ لوگ قیامت کے دن اُس مال کا طوق پہنائے جائیں گے جس میں انھوں نے بخیلی کی ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی آدمی اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا: اللہ تعالیٰ (اس مال کو) قیامت کے دن اس کی گردن میں سانپ بنائیں گے، پھر نبی ﷺ نے مذکورہ آیت شروع سے پڑھی، اور

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کبھی بیان کیا کہ آپ ﷺ نے ﴿سَيُطَوَّقُوْنَ﴾ سے آیت پڑھی۔

تشریح: مال میں سے اللہ کا حق (زکوٰۃ) نکال دیا جائے تو باقی مال پاک ہوجاتا ہے، اور وہ آخرت میں وبال نہیں بنتا، اور آیت پاک کا مصداق وہ مال ہے جس میں سے زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو۔

(باقی حدیث) پس جس نے اپنے مسلمان بھائی کا مال ہڑپ کیا (جھوٹی) قسم کے ذریعہ، تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملے گا درانحالیکہ اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہونگے، پھر نبی ﷺ نے آیت ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ﴾ پڑھی (یہ حدیث ابھی گذری ہے)

[۳۰۳٦-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ جَامِعٍ: وَهُوَ ابْنُ أَبِیْ رَاشِدٍ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، يَبْلُغُ بِهِ النبیَّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: مَامِنْ رَجُلٍ لَايُؤَدِّیْ زَكَاةَ مَالِهِ إِلَّا جَعَلَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِیْ عُنُقِهِ شُجَاعًا، ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: ﴿لَاتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ﴾ الآيَةَ، وَقَالَ مَرَّةً: قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مِصْدَاقَهُ: ﴿سَيُطَوَّقُوْنَ مَابَخِلُوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ وَمَنِ اقْتَطَعَ مَالَ أَخِيْهِ الْمُسْلِمِ بِيَمِيْنٍ: لَقِیَ اللّٰهَ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ، ثُمَّ قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مِصْدَاقَهُ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ﴾ الآيَةَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَعْنٰی قَوْلِهِ: شُجَاعًا أَقْرَعَ: يَعْنِی حَيَّةً.

۱۵- جو شخص دوزخ سے بچ گیا اور جنت میں پہنچ گیا اس کی چاندی ہوگئی

سورۂ آل عمران آیت ۱۸۵ ہے: ﴿كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ، وَإِنَّمَا تُوَفَّوْنَ أُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾ ترجمہ: ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے، اور تمہیں تمہارے کاموں کا پورا پورا بدلہ قیامت کے دن ہی چکایا جائے گا، پس جو شخص دوزخ سے بچا لیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا وہ پورا کامیاب ہوگیا، اور دنیوی زندگی تو بس دھوکے کی ٹٹی ہے!...... اور نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جنت میں ایک کوڑے کی جگہ یقیناً دنیا ومافیہا سے بہتر ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اگر تمہارا جی چاہے تو آیت ﴿فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ﴾ پڑھو۔

تشریح: جب فوج کسی جگہ پڑاؤ کرتی تھی تو لوگ اپنے لئے جگہ ریزرو کرتے تھے اور علامت کے طور پر کوڑا رکھ دیتے تھے، جس سے ایک آدمی کے قیام کے بقدر جگہ ریزرو ہوجاتی تھی، اگر کسی کو جنت میں اتنی جگہ بھی مل جائے تو زہے نصیب! وہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہے، کیونکہ دنیا کی ہر نعمت ختم ہونے والی ہے، باقی رہنے والی نعمتیں آخرت کی ہیں، اور باقی رہنے والی چیز اگرچہ تھوڑی ہو، فنا ہونے والی چیز سے بہتر ہوتی ہے (یہ مضمون تحفہ (۵۸۲:۴) میں گذر چکا ہے)

[۳۰۳۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَسَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" إِنَّ مَوْضِعَ سَوْطٍ فِیْ الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا، اقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ:﴿ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ، وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ، وَمَا الحَیَاةُ الدُّنْیَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

۱۶- اپنے کیے پر خوش ہونا، اور نہ کیے پر تعریف کا خواہاں ہونا: اہل کتاب کا شیوہ ہے

سورۂ آل عمران کی آیت ۱۸۸ ہے:﴿لاتَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا وَیُحِبُّوْنَ أَنْ یُحْمَدُوْا بِمَا لَمْ یَفْعَلُوْا، فَلاَ تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِنَ الْعَذَابِ، وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِیْمٌ﴾ترجمہ: آپ ہرگز گمان نہ کریں ان لوگوں کو جو اپنے کردار پر خوش ہوتے ہیں، اور چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف کی جائے اس کام پر جو انھوں نے نہیں کیا، تو ایسے لوگوں کو آپ عذاب سے بچا ہوا خیال نہ کریں، ان کو دردناک سزا ہوگی۔

تفسیر: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود سے کوئی بات دریافت کی، مثلاً یہ معلوم کیا کہ تورات میں میرے اور میری امت کے اوصاف کیا کیا آئے ہیں؟ یہود نے مختصر جواب دیا، چند باتیں بتائیں، اور باقی کو گول کر گئے، پھر جب وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے رخصت ہوئے تو جو باتیں انھوں نے بتائی تھیں اس پر خوش ہوئے، اور وہ اس کے امیدوار ہوئے کہ جو باتیں انھوں نے نہیں بتائیں ان پر بھی ان کی تعریف کی جائے، پس قرآنِ کریم نے یہ آیت نازل کی کہ ان نالائقوں کو عذاب سے بچا ہوا خیال نہ کریں، ان کو آخرت میں دردناک سزا ہوگی۔

اس آیت کو اگر عام رکھا جائے یعنی مسلمانوں کے حق میں بھی مانا جائے تو اس پر وہ اشکال ہوگا جو درج ذیل روایت میں مروان نے کیا ہے:

حدیث: حمید کہتے ہیں: مروان بن الحکم نے (جبکہ وہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے مدینہ کا گورنر تھا) حضرت ابن عباسؓ کے پاس آدمی بھیجا کہ ان سے کہہ: بخدا! اگر ہر وہ شخص سزا دیا جائے گا جو خوش ہوتا ہے اس چیز پر جو وہ دیا گیا ہے، اور وہ پسند کرتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اس بات پر جو اس نے نہیں کی: تو ہم سب بخدا ضرور سزا دیئے جائیں گے، کیونکہ ہم میں سے ہر شخص میں یہ دو باتیں پائی جاتی ہیں، ہر شخص اس بات سے خوش ہوتا ہے جو وہ دیا گیا ہے، اور ہر شخص ناکردہ نیک عمل پر تعریف کا خواہاں ہوتا ہے۔

پس حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: مالکم ولهذه الآیة؟ تمہارا اس آیت سے کیا تعلق ہے؟ یہ آیت تو اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی ہے، پھر حضرت ابن عباسؓ نے اس آیت سے اوپر والی آیت پڑھی، وہ یہ ہے:﴿وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ الَّذِیْنَ أُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَیِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلاَ تَكْتُمُوْنَهُ، فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِیْلاً،

فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ﴾

ترجمہ: اور جب اللہ تعالیٰ نے اہل کتاب سے عہد و پیمان لیا کہ وہ اپنی کتاب کو عام لوگوں کے روبرو ظاہر کریں گے اور اس کو چھپائیں گے نہیں، پس ان لوگوں نے اس حکم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے ڈال دیا، اور اس کے عوض میں حقیر معاوضہ لے لیا، پس بری ہے وہ چیز جس کو وہ لے رہے ہیں یعنی تورات میں جو نبی آخر الزماں ﷺ کی اور آپؐ کی امت کی صفات ہیں: ان کو لوگوں کے روبرو ظاہر کریں گے، ان کو چھپائیں گے نہیں، مگر انھوں نے اس حکم کو نظر انداز کر دیا، اور دنیوی مفاد کی خاطر انھوں نے وہ سب باتیں چھپالیں پھر حضرت ابن عباسؓ نے ﴿وَلاَ تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا﴾ پڑھی، اور اس طرح بتایا کہ یہ آیت پہلے سلسلۂ بیان سے جڑی ہوئی ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: نبی ﷺ نے اہل کتاب سے ایک بات پوچھی (جو ان کی کتابوں میں تھی) پس انھوں نے اس کو چھپایا اور انھوں نے آپؐ کو اس کے علاوہ بات بتلائی، پس وہ نکلے یعنی رخصت ہوئے، اور انھوں نے آپؐ کو ایسا دکھلایا کہ انھوں نے آپؐ کو وہ بات بتلادی ہے جو آپؐ نے ان سے دریافت کی ہے، اور وہ آپؐ سے تعریف کے خواہاں ہوئے، اس (غلط) بات کے بتانے کی وجہ سے، اور وہ خوش ہوئے، اپنی اس کتاب (تورات) پر جو وہ دیئے گئے ہیں، اور اس بات پر جو آپؐ نے ان سے پوچھی تھی۔

تشریح: نبی ﷺ نے ان سے جو بات پوچھی تھی وہ بات انھوں نے چھپائی تھی، اور انھوں نے آپؐ کو اس کے علاوہ بات بتائی تھی یعنی جو خاص علامت ان سے پوچھی گئی تھی: وہ تو نہیں بتلائی، اور دوسری بات بتلائی جو مطلوب نہیں تھی، اور انھوں نے ایسا مظاہرہ (دکھاوا) کیا کہ گویا انھوں نے آپؐ کو وہ بات بتلادی ہے جو آپؐ نے ان سے پوچھی ہے، اور وہ اس پر تعریف کے خواہاں ہوئے، یعنی انھوں نے چاہا کہ نبی ﷺ ان کا شکریہ ادا کریں...... اور وہ لوگ اس بات پر خوش ہوئے کہ ان کے پاس تورات ہے، اور نبی آخر الزماں ﷺ بھی اس کی باتوں کے محتاج ہیں، چنانچہ وہ بھی ضرورت پڑنے پر اس کی طرف رجوع کرتے ہیں...... بہرحال حضرت ابن عباسؓ نے جواب یہ دیا کہ اس آیت کا تعلق مسلمانوں سے نہیں ہے، بلکہ اہل کتاب سے ہے۔

فائدہ: بخاری شریف میں اس آیت کا ایک شانِ نزول حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ بھی مروی ہے کہ عہد نبوی میں منافقین میں سے چند لوگوں کا طریقہ یہ تھا کہ جب نبی ﷺ کسی غزوہ کے لئے تشریف لے جاتے تو وہ لوگ آپؐ سے پیچھے رہ جاتے، اور رسول اللہ ﷺ کے جانے کے بعد وہ اپنے پیچھے رہنے پر خوش ہوتے، پھر جب آپؐ مراجعت فرما ہوتے تو وہ آپؐ کے سامنے بہانے بناتے، اور قسمیں کھاتے، اور وہ پسند کرتے کہ ان کی ایسے کام پر تعریف کی جائے جو انھوں نے نہیں کیا، یعنی جہاد میں شرکت نہ کرنے پر بھی ان کی تعریف کی جائے، اس پر آیتِ پاک: ﴿لاَتَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا﴾ نازل ہوئی (بخاری حدیث ۴۵۶۷)

تشریح: ان دونوں باتوں میں کچھ تعارض نہیں، دونوں کا مفاد ایک ہے، اپنے برے کردار پر خوش ہونا جیسے منافقین پیچھے رہتے تھے اور اس پر خوش ہوتے تھے، اور یہود صحیح بات نہیں بتاتے تھے اور اس پر خوش ہوتے تھے، اور نہ کئے ہوئے کام پر تعریف کا خواہاں ہونا: یہ دونوں باتیں مجموعی طور پر بری ہیں، ایسے لوگوں کے لئے آیت میں وعید آئی ہے...... رہا وہ شخص جو اللہ کی بلا واسطہ یا بالواسطہ بخشی ہوئی نعمتوں پر خوش ہوتا ہے: وہ اس آیت کا مصداق نہیں ہے، البتہ جو نا کردہ نیک عمل پر تعریف کا خواہاں ہوتا ہے وہ اس آیت کا مصداق ہے۔

ملحوظہ: روایت میں مروان کا قول اس طرح ہے: لَئِنْ كان كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بما أُوْتِيَ: بخدا! اگر ہر شخص جو خوش ہوتا ہے اس چیز پر جو وہ دیا گیا ہے: یہ بات صحیح نہیں، آیتِ کریمہ میں: ﴿يَفْرَحُوْا بِمَا أَتَوْا﴾ ہے، یعنی جو اپنے کردار پر خوش ہوتا ہے، اور روایت میں تصحیف بھی سمجھ میں نہیں آتی، کیونکہ بخاری شریف (حدیث ۴۵۶۸) میں بھی اسی طرح ہے، پس ممکن ہے مروان آیت کو صحیح نہ سمجھا ہو یا اس کی قراءت بما أَتَوْا کی جگہ بِما أُوْتِيَ ہو۔ واللہ اعلم

[۳۰۳۸-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ: أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ أَخْبَرَهُ، أَنَّ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ قَالَ: اذْهَبْ يَارَافِعُ - لِبَوَّابِهِ - إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْ لَهُ: لَئِنْ كَانَ كُلُّ امْرِئٍ فَرِحَ بِمَا أُوْتِيَ، وَأَحَبَّ أَنْ يُحْمَدَ بِمَا لَمْ يَفْعَلْ: مُعَذَّبًا، لَنُعَذَّبَنَّ أَجْمَعُوْنَ.

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: مَالَكُمْ وَلِهٰذِهِ الآيَةِ؟ إِنَّمَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ فِيْ أَهْلِ الْكِتَابِ، ثُمَّ تَلَا ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿وَإِذْ أَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ أُوْتُوْا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ﴾ وَتَلَا: ﴿وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَا أَتَوْا وَيُحِبُّوْنَ أَنْ يُحْمَدُوْا بِمَالَمْ يَفْعَلُوْا﴾

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: سَأَلَهُمُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَنْ شَيْئٍ فَكَتَمُوْهُ، وَأَخْبَرُوْهُ بِغَيْرِهِ، فَخَرَجُوْا، وَقَدْ أَرَوْهُ أَنْ قَدْ أَخْبَرُوْهُ بِمَا سَأَلَهُمْ عَنْهُ، وَاسْتُحْمَدُوْا بِذٰلِكَ إِلَيْهِ، وَفَرِحُوْا بِمَا أُوْتُوْا مِنْ كِتَابِهِمْ، وَمَا سَأَلَهُمْ عَنْهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

وَمِنْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ

سورۃ النساء کی تفسیر

۱- آیاتِ میراث کا شانِ نزول

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بیمار پڑا، پس نبی ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے،

اس وقت مجھ پر بیہوشی طاری تھی، پس جب مجھے ہوش آیا تو میں نے عرض کیا: میں اپنے مال میں کس طرح فیصلہ کروں؟ آپؐ چپ رہے، کوئی جواب نہ دیا، یہاں تک کہ آیات: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ نازل ہوئیں۔

تشریح: یہ روایت پہلے (حدیث ۲۰۹۶ أبواب الفرائض باب ٦ میں) گذر چکی ہے، مگر یہ روایت صحیح نہیں، پھر أبواب الفرائض (باب۷) میں یہی روایت حضرت ابن عیینہ کی سند سے آئی ہے، اس میں ہے کہ آیت: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ﴾ اس موقع پر نازل ہوئی ہے، یہ بات صحیح ہے، اور آیت: ﴿يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ﴾ حضرت سعد بن الربیع کی دولڑکیوں کے معاملہ میں نازل ہوئی ہے، اور یہ روایت پہلے (حدیث ۲۰۹۲ أبواب الفرائض باب۳ تحفہ ۵:۴۲۹ میں) گذر چکی ہے۔

[٥-] وَمِنْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ

[٣٠٣٩-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، نَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: مَرِضْتُ، فَأَتَانِيْ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْدُنِيْ، وَقَدْ أُغْمِيَ عَلَيَّ، فَلَمَّا أَفَقْتُ، قُلْتُ: كَيْفَ أَقْضِي فِيْ مَالِيْ؟ فَسَكَتَ عَنِّيْ، حَتَّى نَزَلَتْ﴿ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْ أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ.

حدثنا الفَضْلُ بْنُ صَبَّاحٍ البَغْدَادِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَفِيْ حَدِيْثِ الْفَضْلِ بْنِ صَبَّاحٍ كَلَامٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا.

وضاحت: باب کی پہلی روایت عبد بن حمید کی ہے، وہ یحیٰ بن آدم سے، اور وہ حضرت ابن عیینہ سے، اور وہ محمد بن المنکدر سے، اور وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: محمد بن المنکدر سے اس طرح روایت کرنے والے بہت سے حضرات ہیں، یعنی وہ سب ابن عیینہ کے متابع ہیں...... پھر امام ترمذیؒ نے اس حدیث کی دوسری سند ان کے شاگرد فضل کی پیش کی ہے، پھر فرمایا ہے: فضل کی حدیث میں اس سے زائد مضمون ہے، فضل کی یہی روایت أبواب الفرائض (باب۷ حدیث ۲۰۹۷ تحفہ ۵:۴۳۵) میں گذر چکی ہے، مگر اس کا مضمون باب کی حدیث سے مختلف ہے، اس میں حضرت جابرؓ کے واقعہ میں ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلَالَةِ﴾ کا نازل ہونا بیان کیا گیا ہے، اور وہی صحیح ہے۔

۲-شوہر والی عورتیں حرام ہیں، مگر جو باندی بنائی جائیں وہ حلال ہیں

سورۃ النساء آیت ۲۴ میں ہے: ﴿وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾: اور شوہر والی عورتیں

(بھی) حرام ہیں، مگر وہ عورتیں جن کے مالک ہوجائیں تمہارے دائیں ہاتھ، یعنی جو تمہاری مملوک ہوجائیں وہ حلال ہیں۔ اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ جنگ اوطاس میں کچھ عورتیں قید ہوئیں، وہ شادی شدہ تھیں، ان کے قبیلوں میں ان کے شوہر زندہ تھے، وہ میدانِ جنگ سے بھاگ گئے تھے، جب وہ عورتیں باندیاں بنائی گئیں تو کچھ لوگوں کو ان سے صحبت کرنے میں حرج محسوس ہوا، اس پر آیتِ پاک ﴿وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ نازل ہوئی، یعنی جو عورتیں شوہر والی ہیں مگر وہ باندیاں بنالی گئیں وہ حکم سے مستثنیٰ ہیں، ان سے صحبت جائز ہے۔

[۳۰۴۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، نَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيىَ، نَا قَتَادَةُ، عَنْ أَبِى الْخَلِيْلِ، عَنْ أَبِى عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أَوْطَاسٍ: أَصَبْنَا نِسَاءً، لَهُنَّ أَزْوَاجٌ فِى الْمُشْرِكِيْنَ، فَكَرِهَهُنَّ رِجَالٌ مِنَّا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالىٰ:﴿ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النَّسَاءِ إِلَّا مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ .

[۳۰۴۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنَا هُشَيْمٌ، نَا عُثْمَانُ الْبَتِّيُّ، عَنْ أَبِى الْخَلِيْلِ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: أَصَبْنَا سَبَايَا يَوْمَ أَوْطَاسٍ، لَهُنَّ أَزْوَاجٌ فِىْ قَوْمِهِنَّ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ:﴿ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النَّسَاءِ إِلَّا مَامَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ،وَهٰكَذَا رَوَى الثَّوْرِيُّ،عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ،عَنْ أَبِى الْخَلِيْلِ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَيْسَ فِىْ هٰذَا الحديثِ: عَنْ أَبِى عَلْقَمَةَ، وَلاَ أَعْلَمُ أَنَّ أَحَدًا ذَكَرَ: أَبَا عَلْقَمَةَ فِىْ هٰذَا الحديثِ إِلَّا مَاذَكَرَ هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ، وَأَبُوْ الْخَلِيْلِ: اسْمُهُ صَالِحُ بْنُ أَبِى مَرْيَمِ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث دوسندوں سے پیش کی ہے، پہلی سند میں ابوالخلیل اور حضرت ابوسعید خدریؓ کے درمیان ابوعلقمہ ہاشمی کا واسطہ ہے، اور دوسری سند میں یہ واسطہ نہیں ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں یہ واسطہ صرف ہمام بڑھاتے ہیں، کوئی اور راوی یہ واسطہ نہیں بڑھاتا۔ اور یہ حدیث ان سندوں کے ساتھ کتاب النکاح (باب ۳۴ تحفہ ۳: ۵۶۴) میں گذر چکی ہے۔

۳- بڑے کبیرہ گناہ کیا ہیں؟

سورۃ النساء آیت ۳۱ ہے: ﴿إِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّـآتِكُمْ وَنُدْخِلْكُمْ مُدْخَلاً كَرِيْمًا﴾ یعنی جن کاموں (گناہوں) سے تم کو منع کیا جاتا ہے ان میں جو بھاری گناہ ہیں اگر تم ان سے بچتے رہے تو ہم تمہاری ہلکی برائیاں تم سے دور کردیں گے، اور ہم تم کو ایک معزز جگہ میں داخل کریں گے۔

تفسیر: کبیرہ گناہ کی تعریف میں بہت اقوال ہیں، جامع ترین قول یہ ہے کہ (۱) جس گناہ پر کوئی وعید آئی ہو (۲) یا

حد مقرر کی گئی ہو (۳) یا اس گناہ پر لعنت آئی ہو (۴) یا اس میں خرابی کسی ایسے گناہ کے برابر یا زیادہ ہو جس پر وعید یا حد یا لعنت آئی ہے (۵) یا وہ کام آدمی نے دین میں سستی کی راہ سے کیا ہو تو وہ کبیرہ گناہ ہے، اور اس کا مقابل صغیرہ ہے، اور باب کی حدیثوں میں جو کبائر بیان ہوئے ہیں، وہ أکبر الکبائر (بڑے کبیرہ گناہ) ہیں، تمام کبیرہ گناہوں کا باب کی حدیثوں میں احاطہ نہیں کیا گیا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے کبائر کی تفسیر میں فرمایا: (۱) وہ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) والدین کی نافرمانی کرنا (۳) کسی کو ناحق قتل کرنا (۴) اور جھوٹ بولنا ہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں آپ لوگوں کے سامنے بڑے گناہوں میں سے بھی بڑے گناہ بیان نہ کروں؟'' صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں، اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا اور والدین کی نافرمانی کرنا'' راوی کہتے ہیں: اور آپؐ سیدھے بیٹھ گئے، پہلے آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے، پھر فرمایا: ''اور جھوٹی گواہی'' یا فرمایا: ''جھوٹی بات'' راوی کہتے ہیں: آپؐ یہ (آخری) بات بار بار دُہراتے رہے، یہاں تک کہ ہم نے (دل میں) کہا: کاش آپؐ خاموش ہو جاتے!

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''کبیرہ گناہوں میں سے بڑے گناہوں میں سے: (۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) والدین کی نافرمانی کرنا (۳) گناہ میں ڈبا دینے والی قسم کھانا یعنی جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا ہیں (۴) اور نہیں قسم کھائی کسی قسم کھانے والے نے اللہ تعالیٰ کی: روکنے کے طور پر قسم کھانا، یعنی عدالت میں قاضی کے سامنے مدعی علیہ پر جو قسم عائد ہوتی ہے وہ قسم کھانا، پس داخل کیا اس نے اس قسم میں (جھوٹ) مچھر کے پَر کے برابر، مگر وہ قسم اس کے دل میں قیامت تک ایک دھبہ بنا دی جائے گی، یعنی وہ قسم کانٹا بن کر اس کے دل میں قیامت تک چبھتی رہے گی۔

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: بڑے گناہ (۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) اور والدین کی نافرمانی کرنا ہیں، یا فرمایا: جھوٹی قسم ہیں یہ حدیث کے راوی امام شعبہؒ کا شک ہے۔

تشریح: اور متفق علیہ حدیث میں ہے: اجتنبوا السبعَ الموبقات: سات تباہ کرنے والے گناہوں سے بچو، صحابہؓ نے پوچھا: وہ کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: (۱) اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا (۲) جادو کرنا (کرانا) (۳) اس شخص کو قتل کرنا جس کا قتل اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے، مگر کسی حق شرعی کی وجہ سے (۴) سود کھانا (۵) یتیم کا مال کھانا (۶) مُڈبھیڑ کے دن پیٹھ پھیرنا (۷) اور ایمان دار، گناہ سے بے خبر، پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانا (مشکوٰۃ حدیث ۵۲)

لغات: غَمَسَ الشیئَ فی الماء: ڈبونا، غوطہ دینا، غَمَسَ الیمینُ الکاذبۃُ صَاحِبَھَا فی الإثم: جھوٹی قسم کا قسم کھانے والے کو گناہ میں ڈبونا...... یمینَ صَبْرٍ: روکنے کے طور پر کھائی جانے والی قسم یعنی جو قسم عدالت میں مدعی علیہ پر عائد ہوتی ہے: وہ قسم کھانا اور اس میں ذرا سا بھی جھوٹ ملانا بڑا وبال لاتا ہے۔

[٣٠٤٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ شُعْبَةَ، نَا عَبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِي الْكَبَائِرِ، قَالَ:" الشِّرْكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ، وَقَتْلُ النَّفْسِ، وَقَوْلُ الزُّوْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، وَقَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، وَلَا يَصِحُّ.

[٣٠٤٣-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، نَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" قَالُوْا: بَلَى يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: وَجَلَسَ، وَكَانَ مُتَّكِئًا، قَالَ:"وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ" أَوْ:" قَوْلُ الزُّوْرِ" قَالَ: فَمَا زَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهَا، حَتَّى قُلْنَا لَيْتَهُ سَكَتَ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[٣٠٤٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، نَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُنَيْسٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مِنْ أَكْبَرِ الْكَبَائِرِ: الشِّرْكَ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ، وَالْيَمِيْنَ الْغَمُوْسَ، وَمَا حَلَفَ حَالِفٌ بِاللّٰهِ يَمِيْنَ صَبْرٍ، فَأَدْخَلَ فِيْهَا مِثْلَ جَنَاحِ بَعُوْضَةٍ، إِلَّا جُعِلَتْ نُكْتَةً فِيْ قَلْبِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ أُمَامَةَ الْأَنْصَارِيُّ: هُوَ ابْنُ ثَعْلَبَةَ، وَلَا نَعْرِفُ اسْمَهُ، وَقَدْ رَوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَحَادِيْثَ.

[٣٠٤٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الكَبَائِرُ: الْإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" أَوْ قَالَ:" الْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ" شَكَّ شُعْبَةُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں چار حدیثیں ذکر کی ہیں، پہلی حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ہے، اور یہ حدیث أبواب البیوع (باب۳ تحفہ۴: ۱۰۷) میں گذر چکی ہے، اس کی سند میں عبیداللہ ایک راوی ہے، اس کا صحیح نام یہی ہے، شعبہؒ کے شاگرد روح بن عبادۃ نے اس کا نام عبداللہ بیان کیا ہے، جو صحیح نہیں .... دوسری حدیث حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کی ہے، یہ بھی پہلے دو مرتبہ گذر چکی ہے، أبواب البر والصلۃ (باب۴ تحفہ۵: ۲۲۵) میں (اور

لَیْتَه سَکَتَ کی شرح اسی جگہ کی گئی ہے) پھر یہ حدیث أبواب الشهادات میں بھی آئی ہے، اور یہ متفق علیہ روایت ہے ......اور تیسری روایت عبداللہ بن اُنیس جہنی رضی اللہ عنہ کی ہے، یہ صحابی ہیں، اور ان سے روایت کرنے والے ابوامامہ انصاری رضی اللہ عنہ بھی صحابی ہیں، اور وہ نبی ﷺ سے متعدد حدیثیں روایت کرتے ہیں...... اور چوتھی حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی ہے، اور یہ حدیث بخاری میں ہے۔

۴- دنیوی احکام میں عورتوں کا مردوں سے کم درجہ ہونا، اور آخرت میں برابر ہونا

سورۃ النساء آیت ۳۲ ہے: ﴿وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ، لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا، وَلِلنِّسَاءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ، وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا﴾ ترجمہ: اور تم کسی ایسی بات کی تمنا مت کرو جس میں اللہ تعالیٰ نے بعضوں کو بعضوں پر برتری بخشی ہے (جیسے مرد ہونا، یا مردوں کا حصہ دونا ہونا، یا ان کی شہادت کا کامل ہونا وغیرہ مردوں کی خصوصیات ہیں، عورتیں ان کی تمنا نہ کریں۔ اور عورت ہونا، حیض کے زمانے میں نمازیں معاف ہونا اور بچہ جننا، اس کو دودھ پلانا اور ان کی پرورش کرنا: عورتوں کے امتیازات ہیں: مرد ان کی آرزو نہ کریں) مردوں کے لئے حصہ ہے ان کاموں میں سے جو انھوں نے کیا، اور عورتوں کے لئے حصہ ہے ان کاموں میں سے جو انھوں نے کیا، اور اللہ تعالیٰ سے ان کے فضل کی درخواست کیا کرو، بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جاننے والے ہیں۔

تفسیر: بعض مصالح سے عورتوں کے اور مردوں کے دنیوی احکام مختلف ہیں، مثلاً عورتوں کے ذمہ کوئی بھاری ذمہ داری نہیں، کیونکہ عورتیں صنفِ نازک ہیں، جیسے جہاد کرنا، حکومت چلانا، اپنے خرچے کے لئے کمانا وغیرہ عورتوں کے ذمے نہیں، مردوں کے ذمے ہے۔ اسی طرح عورتوں کا میراث میں مردوں سے آدھا حصہ ہے، کیونکہ عورتوں کے ذمے مصارف نہیں، اور عورتیں دو طرف سے میراث پاتی ہیں: سسرال یعنی شوہر اور شوہر کی اولاد کی طرف سے بھی، اور میکے یعنی اپنے ماں، باپ، بھائی، بہن وغیرہ کی طرف سے بھی، اس طرح ان کی میراث کامل ہوجاتی ہے۔

غرض: اس آیت میں اسی دنیوی تفاوت کا ذکر ہے، فرمایا: اگر اللہ نے عورت کو عورت بنایا ہے تو وہ مرد ہونے کی تمنا نہ کرے، اسی طرح مرد مہینہ میں تیس دن نماز پڑھتا ہے، اور عورت ماہواری کے دنوں میں نماز نہیں پڑھتی تو وہ اس کی تمنا نہ کرے کہ کاش وہ بھی تیس دن نماز پڑھتی، یہ اللہ کی تقسیم ہے، وہ جس صنف کو جو نعمت بخشیں دوسری صنف کو اس کی تمنا نہیں کرنی چاہئے، اسی طرح عورتوں کو حمل کی، وضع حمل کی، بچے کو دودھ پلانے کی، اور اولاد کو پالنے پوسنے کی جو فضیلت حاصل ہے: اس کی مرد تمنا نہ کریں کہ کاش وہ بھی عورت ہوتے تو ان کاموں کا ثواب حاصل کرتے! اللہ تعالیٰ نے ہر صنف کا دائرۂ کار الگ رکھا ہے۔ مردوں کے لئے ان کے اعمال کا حصہ ہے اور عورتوں کے لئے ان کے اعمال

کا۔ ہاں ہر صنف اپنے دائرہ میں رہتے ہوئے زیادتی اعمال کی درخواست کرسکتی ہے، مثلاً: جو باتیں مردوں کے ساتھ خاص ہیں جیسے عورتوں اور بچوں پر خرچ کرنا، اس میں مرد اگر یہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو بہتر سے بہتر عورتوں اور بچوں کی کفالت کی توفیق عطا فرمائیں تو وہ ایسا کرسکتے ہیں۔ اسی طرح عورتیں اگر دعا کریں کہ اولاد کے تعلق سے ان پر جو فریضہ عائد ہوتا ہے اس کو بہتر سے بہتر طریقہ پر انجام دینے کی اللہ تعالیٰ ان کو توفیق عطا فرمائیں، اور وہ اولاد سے جان نہ چرائیں تو ان کو ایسی دعا کرنی چاہئے۔

باب کی پہلی حدیث ہے: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: مرد جہاد کرتے ہیں اور عورتیں جہاد نہیں کرتیں، اور ہمارے لئے آدھی میراث ہی ہے، پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت نازل فرمائی، اور دنیوی احکام کے تفاوت کو ''اللہ کا فضل'' قرار دیا۔

اور آخرت کے احکام میں مرد وزن میں کوئی تفاوت نہیں، سب برابر ہیں، سورۃ الاحزاب کی آیت ۳۵ ہے: ﴿إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ﴾ الآية: اس آیت میں پہلے دس باتوں کا تذکرہ کیا ہے اور مردوں اور عورتوں کو دوش بدوش ذکر کیا ہے، پھر فرمایا ہے کہ یہ دس کام کرنے والے مردوں اور عورتوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے مغفرت اور اجر عظیم تیار کیا ہے، وہ دس باتیں یہ ہیں: (۱) اسلام: یعنی فرمانبرداری والے کام کرنے والے مرد اور عورتیں (۲) ایمان: یعنی اسلامی عقائد کے حامل مرد اور عورتیں (۳) قنوت: یعنی اللہ کی فرمانبرداری کرنے والے مرد اور عورتیں (۴) راست بازی: یعنی سچے مرد اور سچی عورتیں (۵) صبر: یعنی ہمت سے کام لینے والے مرد اور عورتیں (۶) خشوع: یعنی عاجزی کرنے والے مرد اور عورتیں (۷) صدقہ: یعنی خیرات کرنے والے مرد اور عورتیں (۸) روزہ رکھنے والے مرد اور روزہ رکھنے والی عورتیں (۹) اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں (۱۰) اور بکثرت اللہ کو یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں: ان سب کے لئے آخرت میں اللہ تعالیٰ نے بخشش اور اجرِ عظیم تیار کر رکھا ہے، یعنی اخروی درجات میں مردوں اور عورتوں میں کوئی تفاوت نہیں۔

اور اسی سلسلہ میں سورۂ آل عمران کی آیت ۱۹۵ بھی نازل ہوئی ہے: ﴿فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّيْ لَا أُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى، بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ﴾ ترجمہ: پس ان کے رب نے ان کی درخواست منظور کرلی کہ میں کسی شخص کے کام کو جو تم میں سے کرنے والا ہے اکارت نہیں کروں گا، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، یعنی دونوں کے لئے یکساں قانون ہے، کیونکہ تم آپس میں ایک دوسرے کے جزو ہو، یعنی مرد اور عورتیں ایک ہی نوع سے ہیں گو دو صنفیں ہیں۔

حدیث (۱): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: مرد جہاد کرتے ہیں اور عورتیں جہاد نہیں کرتیں، اور ہمارے لئے آدھی میراث ہی ہے، یعنی دنیوی احکام میں یہ تفاوت کیوں ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے آیت: ﴿وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ

بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ﴾ نازل فرمائی (اوران کو بتایا کہ یہ اللہ کی تقسیم ہے اس میں حکمتیں ہیں، پس مردوں کو اور عورتوں کو اللہ کی تقسیم پر راضی رہنا چاہئے) مجاہد کہتے ہیں: اور اللہ تعالیٰ نے عورتوں کے سلسلہ میں ﴿إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ﴾ نازل فرمائی (اس میں اخروی احکام میں مساوات کا بیان ہے) اور حضرت ام سلمہؓ پہلی وہ ہودہ نشیں عورت ہیں جو مدینہ منورہ ہجرت کر کے آئی ہیں۔

تشریح: ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا پہلے اپنے چچازاد بھائی حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں، مکہ سے یہ جوڑا ہجرت کر کے حبشہ چلا گیا تھا، پھر ہجرت کے بعد دونوں میاں بیوی ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے، اس طرح یہ ہجرت کرنے والی پہلی خاتون ہیں، پھر حضرت ابوسلمہؓ کے انتقال کے بعد ان کا نکاح نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا۔

حدیث (۲): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نہیں سنتی کہ اللہ تعالیٰ نے ہجرت کے سلسلہ میں عورتوں کا تذکرہ کیا ہو، یعنی کسی آیت میں عورتوں کی ہجرت کا تذکرہ نہیں آیا، تو کیا عورتوں کی ہجرت مقبول نہیں؟ پس اللہ تعالیٰ نے آیت: ﴿أَنِّيْ لاَ أُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ﴾ نازل فرمائی اور بتایا کہ عورتوں کا بھی ہر نیک عمل مقبول ہے، کسی کا کوئی عمل ضائع نہیں ہوتا، آخرت میں مرد اور عورتیں نیک اعمال کے تعلق سے مساوی ہیں۔

[۳۰۴۶-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَر، نا سُفْيَانُ، عَنِ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: "يَغْزُوْ الرِّجَالُ وَلاَ تَغْزُوْ النِّسَاءُ، وَإِنَّمَا لَنَا نِصْفُ الْمِيْرَاثِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبَارَكَ وَتعَالٰى: ﴿وَلاَ تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ﴾ قَالَ مُجَاهِدٌ: وَأَنْزَلَ فِيْهَا: ﴿إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ﴾ وَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ أَوَّلَ ظَعِيْنَةٍ قَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ مُهَاجِرَةً.

هٰذَا حديثٌ مرسلٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ مُرْسَلاً: أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَذَا وَكَذَا.

[۳۰۴۷-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ وَلَدِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! لاَ أَسْمَعُ اللّٰهَ ذَكَرَ النِّسَاءَ فِي الْهِجْرَةِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبَارَكَ وَتعَالٰى: ﴿أَنِّيْ لاَ أُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ: مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى: بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ﴾

وضاحت: پہلی حدیث کے دونوں جزء مجاہد رحمہ اللہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت کرتے ہیں، مگر یہ سند منقطع ہے، کیونکہ مجاہدؒ کا حضرت ام سلمہؓ سے لقاء نہیں، اور اسی پہلی حدیث کی دوسری سند میں مجاہدؒ ام سلمہؓ سے روایت نہیں کرتے بلکہ ان کی بات نقل کرتے ہیں، پس یہ حدیث مرسل ہے......اور باب کی دوسری حدیث حضرت ام سلمہؓ سے ان کے لڑکے سلمہ روایت کرتے ہیں، پھر ان سے عمرو بن دینار روایت کرتے ہیں، پس یہ سند موصول ہے۔

۵-دوسرے سے قرآن سننے میں بھی ایک فائدہ ہے

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے نبی ﷺ نے حکم دیا کہ میں آپؐ کے سامنے قرآنِ کریم پڑھوں، جبکہ آپؐ منبر پر تشریف فرما تھے، پس میں نے آپؐ کے سامنے سورۃ النساء سے پڑھنا شروع کیا، یہاں تک کہ جب میں اس آیت پر پہنچا: ﴿فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا﴾: اس وقت کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ حاضر کریں گے، اور آپؐ کو ان لوگوں پر گواہی دینے کے لئے حاضر کریں گے؟ (الآیۃ ۴۱) تو نبی ﷺ نے اپنے ہاتھ سے مجھے اشارہ کیا، پس میں نے آپؐ کی طرف دیکھا درانحالیکہ آپؐ کی دونوں آنکھیں آنسو بہا رہی تھیں۔

آیت کا مطلب: جن لوگوں نے اللہ کے احکام دنیا میں نہیں مانے، ان کے مقدمہ کی پیشی کے وقت بطور سرکاری گواہ کے انبیاءِ کرام علیہم السلام کے اظہارات سنے جائیں گے، اور جو معاملات انبیاء کرام کی موجودگی میں پیش آئے ہیں، وہ سب ظاہر کردیئے جائیں گے، اور انبیاء کی شہادت کے بعد ان کے مخالفین پر جرم عائد کردیا جائے گا، اور ان کو سزا ہوگی، ہمارے نبی ﷺ کو بھی اس وقت اپنے مخالفین کے سامنے بطور گواہ پیش کیا جائے گا، اور یہ مضمون سورۃ النحل آیت ۸۹ میں بھی آیا ہے۔

سند کا بیان: یہ حدیث امام اعمشؒ کے شاگرد ابوالاحوصؒ کی ہے، انھوں نے ابراہیم نخعیؒ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے درمیان علقمہ کا واسطہ بڑھایا ہے، مگر یہ سند صحیح نہیں، صحیح سند یہ ہے کہ ابراہیم نخعی اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے درمیان عبیدۃ سلمانی کا واسطہ ہے، چنانچہ دوسرے نمبر پر اسی سند سے حدیث لائے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: اقْرَأْ عَلَيَّ: مجھے قرآن سناؤ، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپؐ کو قرآن سناؤں درانحالیکہ قرآن آپؐ پر اترا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: إِنِّيْ أُحِبُّ أنْ أَسْمَعَه من غيري: میں چاہتا ہوں کہ اپنے علاوہ سے قرآن سنوں، پس میں نے آپؐ کے سامنے سورۃ النساء پڑھی، یہاں تک کہ جب میں ﴿وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا﴾ پر پہنچا تو ابن مسعودؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کی دونوں آنکھوں کو آنسو بہاتے ہوئے دیکھا۔

لغات: غَمَزَ بيده: ہاتھ سے اشارہ کرنا، غَمَزَه بالعين: آنکھ سے اشارہ کرنا ...... دَمَعَتِ العينُ (ف) دَمْعًا: آنکھ سے آنسو جاری ہونا، اشکبار ہونا ...... هَمَلَتِ العَيْنُ (ن،ض) هَمْلاً: آنکھ سے آنسو ڈھلک کر بہنا، آنسوؤں کی جھڑی لگنا۔

تشریح: جس طرح خود قرآنِ کریم پڑھنے کا فائدہ ہے، اسی طرح دوسرے سے قرآن سننے کا بھی ایک فائدہ ہے، اور یہ دونوں فائدے مطلوب ہیں، مگر ریڈیو اور ٹیپ ریکارڈ سے قرآن سننے پر اکتفا کرنا اور خود نہ پڑھنا بڑی محرومی کی بات

ہے، اصل خود پڑھنا ہے، البتہ دوسرے سے سننے کا بھی ایک فائدہ ہے، جس کو لفظوں میں بیان نہیں کیا جاسکتا، تجربہ سے اس کا تعلق ہے۔ اور یہ مسئلہ تو اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے مگر قرآنِ کریم کی تفسیر سے اس حدیث کا کوئی تعلق نہیں۔

[۳۰۴۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَمَرَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْهِ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ، حَتَّى إِذَا بَلَغْتُ: ﴿ فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ، وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا﴾ غَمَزَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ وَعَيْنَاهُ تَدْمَعَانِ.

هَكَذَا رَوَى أَبُوْ الأَحْوَصِ عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَإِنَّمَا هُوَ: إِبْرَاهِيْمُ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ.

[۳۰۴۹-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اقْرَأْ عَلَيَّ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: "إِنِّيْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِيْ" فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ، حَتَّى بَلَغْتُ: ﴿ وَجِئْنَا بِكَ عَلَى هٰؤُلَاءِ شَهِيْدًا﴾ قَالَ: فَرَأَيْتُ عَيْنَيِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم تَهْمُلَانِ، هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ الأَحْوَصِ.

حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الأَعْمَشِ، نَحْوَ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ بْنِ هِشَامٍ.

۶- نشہ کی حالت میں نماز جائز نہیں

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ہمارے لئے کھانا تیار کیا، پس ہمیں (کھانے پر) بلایا اور ہمیں شراب پلائی (یہ واقعہ اس زمانہ کا ہے جب شراب حلال تھی) پس شراب نے ہم سے لیا یعنی ہم پر شراب اثر انداز ہوگئی، نشہ چڑھ گیا، اور نماز کا وقت آگیا، تو لوگوں نے مجھے آگے بڑھایا، پس میں نے پڑھا: قُلْ يٰأَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ، وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ: آپ فرمادیں: اے کافرو! میں اُس کو نہیں پوجتا جس کو تم پوجتے ہو، اور ہم اس کو پوجتے ہیں جس کو تم پوجتے ہو (یہ غلط پڑھ دیا، یہ دو باتوں میں تعارض ہے) پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ النساء کی آیت ۴۳ نازل فرمائی، جس میں ایمان والوں کو حکم دیا کہ تم نماز کے قریب مت جاؤ، جبکہ تم نشہ میں ہو، یہاں تک کہ تم سمجھو کہ منہ سے کیا کہتے ہو۔

تشریح: نشہ کی حالت میں نماز جائز نہیں، اور نمازیں اپنے اوقات میں پڑھنی ضروری ہیں، اس لئے اوقاتِ نماز میں نشہ کا استعمال مت کرو، ایسا نہ ہو کہ تمہارے منہ سے کوئی غلط کلمہ نکل جائے، اور یہ حکم اس وقت تھا جب شراب حلال

تھی، پھر جب شراب حرام ہوگئی تو اب نہ نماز کے وقت میں پینا جائز ہے، نہ غیر نماز کے وقت میں، مگر یہ حکم اب بھی باقی ہے کہ نشہ کی حالت میں نماز پڑھنا جائز نہیں۔

[۳۰۵۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، قَالَ: صَنَعَ لَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ طَعَامًا، فَدَعَانَا، وَسَقَانَا مِنَ الْخَمْرِ، فَأَخَذَتِ الْخَمْرُ مِنَّا، وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَدَّمُوْنِي، فَقَرَأْتُ: قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ، وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَقْرَبُوْا الصَّلَاةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَى حَتَّى تَعْلَمُوْا مَاتَقُوْلُوْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۷- باہمی اختلافات کا شریعت سے فیصلہ کرانا ضروری ہے

سورۃ النساء کی آیت ۶۵ ہے: ﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَايُؤْمِنُوْنَ حَتَّى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَايَجِدُوْا فِيْ أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ ترجمہ: قسم ہے آپؐ کے پروردگار کی! یہ لوگ ایمان دار نہ ہونگے جب تک وہ اپنے ایسے معاملات میں جن میں جھگڑا واقع ہو، آپؐ سے تصفیہ نہ کرائیں، پھر وہ آپؐ کے تصفیہ کے سلسلہ میں اپنے دلوں میں کوئی تنگی نہ پائیں اور پوری طرح سر تسلیم خم کرلیں۔

تفسیر: آیت کے شروع میں جو لا ہے وہ درحقیقت یحکموك پر داخل ہے، اور تحکیم: کے معنی ہیں: پنچ بنانا، فیصلہ کروانا، اور حکم بنانے کے تین مراتب ہیں: ایک: اعتقاد سے، دوم: زبان سے، سوم: عمل سے، اعتقاد سے حکم بنانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ عقیدہ رکھا جائے کہ ہر دنیوی نزاع کا فیصلہ شریعت سے کرانا ضروری ہے، پھر زبان سے اس کا اقرار بھی کرے، اور عمل سے اس کا مظاہرہ بھی کرے، یعنی اپنے مقدمات غیر مسلم جج کے سامنے نہ لے جائے، بلکہ دین جاننے والوں سے اس کا فیصلہ کرائے۔

پہلا مرتبہ تصدیق وایمان کا ہے، اس کا نہ ہونا عند اللہ کفر ہے، منافقین میں اسی کی کمی تھی، اور دوسرا مرتبہ اقرار کا ہے، اس کا نہ ہونا عند الناس کفر ہے، اور آخری مرتبہ صلاح وتقوی کا ہے، اور اس کا نہ ہونا فسق ہے، اور تنگی سے مراد طبعی تنگی نہیں ہے، وہ تو معاف ہے، بلکہ ایمانی تنگی مراد ہے۔

اور باب کی حدیث پہلے أبواب البیوع (باب ۸۸ تحفہ ۴: ۲۸۸) میں گذر چکی ہے: ایک انصاری نے نبی ﷺ کے سامنے حضرت زبیرؓ سے حَرَّۃ کی ان نالیوں کے بارے میں جھگڑا کیا جو ان کے کھجور کے باغات کو سیراب کرتی تھیں، پس انصاری نے کہا: پانی کو چھوڑ دیجئے کہ میرے باغ میں آئے، حضرت زبیرؓ نے انکار کیا، پس وہ لوگ نبی ﷺ کی خدمت میں جھگڑا لے کر حاضر ہوئے، آپؐ نے حضرت زبیرؓ سے فرمایا: ”اے زبیر! (کھیت) سیراب کرلو، پھر پانی

اپنے پڑوسی کی طرف جانے دو'' پس انصاری غضبناک ہوا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ فیصلہ آپؐ نے اس لئے کیا ہے کہ زبیر آپؐ کے پھوپھی زاد بھائی ہیں، پس نبی ﷺ کا چہرہ (غصہ سے) بدل گیا، اور فرمایا: ''اے زبیر! اپنے باغ کو سیراب کرو، پھر پانی روکے رکھو تا آنکہ وہ منڈیر تک پہنچ جائے، یعنی کھیت لبالب بھر جائے'' (پہلا فیصلہ آپؐ نے انصاری کی رعایت میں کیا تھا، مگر وہ نہیں سمجھے، اس لئے آپؐ نے دوسرا فیصلہ شریعت کے مطابق کیا) حضرت زبیرؓ کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ یہ آیت ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ﴾ اسی سلسلہ میں نازل ہوئی ہے۔

[۳۰۵۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ: أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الأَنْصَارِ خاصَمَ الزُّبَيْرَ، فِيْ شِرَاجِ الحَرَّةِ الَّتِيْ يَسْقُوْنَ بِهَا النَّخْلَ، فَقَالَ الأَنْصَارِيُّ: سَرِّحِ الْمَاءَ يَمُرُّ، فَأَبَى عَلَيْهِ، فَاخْتَصَمُوْا إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِلزُّبَيْرِ: " اسْقِ يَا زُبَيْرُ وَأَرْسِلِ الْمَاءَ إِلَى جَارِكَ" فَغَضِبَ الأَنْصَارِيُّ، وَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْ كَانَ ابْنَ عَمَّتِكَ! فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: "يَازُبَيْرُ! اسْقِ، وَاحْبِسِ الْمَاءَ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى الْجُدُرِ" فَقَالَ الزُّبَيْرُ: إِنِّيْ لَأَحْسَبُ هٰذِهِ الآيَةَ نَزَلَتْ فِيْ ذٰلِكَ: ﴿فَلاَ وَرَبِّكَ لاَيُؤْمِنُوْنَ حَتَّى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ﴾

سَمِعْتُ مُحمدًا يَقُوْلُ: قَدْ رَوَى ابْنُ وَهْبٍ هٰذَا الحديثَ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، وَيُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، نَحْوَ هٰذَا الحديثِ، وَرَوَى شُعَيْبُ بْنُ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور امام بخاریؒ نے کتاب الصلح میں شعیب کی حدیث بھی ذکر کی ہے، جس میں عبداللہ کا ذکر نہیں ہے، اور امام بخاریؒ فرماتے ہیں: عبداللہ بن الزبیرؓ کے اضافہ کے ساتھ یہ حدیث امام لیث سے صرف قتیبہ روایت نہیں کرتے بلکہ عبداللہ بن وہب بھی روایت کرتے ہیں، پس یہ قتیبہ کے متابع ہیں، اور امام زہری سے صرف امام لیث ہی روایت نہیں کرتے، بلکہ یونس بھی اسی طرح روایت کرتے ہیں، پس یونس امام لیث کے متابع ہیں (ویونسُ مرفوع ہے، اور اس کا عطف ابنُ وهبٍ پر ہے)

۸- نبی ﷺ نے مصلحت سے منافقین کو قتل نہیں کیا

سورۃ النساء کی آیت ۸۸ ہے: ﴿فَمَالَكُمْ فِيْ الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ أَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا، أَتُرِيْدُوْنَ أَنْ تَهْدُوْا مَنْ أَضَلَّ اللّٰهُ، وَمَنْ يُضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهُ سَبِيْلاً﴾ ترجمہ: پس تم کو کیا ہوا کہ ان منافقوں کے باب میں دو گروہ ہو گئے ہو؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو الٹا پھیر دیا ہے ان کی بدعملی کی وجہ سے! کیا تم چاہتے ہو کہ ایسے لوگوں کو

ہدایت کرو جن کو اللہ تعالیٰ نے گمراہی میں ڈال دیا ہے، اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہی میں ڈال دیں اس کے لئے تم ہرگز کوئی سبیل نہیں پاؤ گے۔

آیت کا شانِ نزول: اس آیت کے شانِ نزول میں متعدد روایات آئی ہیں، کیونکہ متعدد واقعات آیت کا مصداق ہوسکتے ہیں، ان میں سے ایک واقعہ درج ذیل ہے:

جنگ احد کے لئے جب لشکر مقام شوط پر پہنچا تو رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے تمرُّد اختیار کیا، اور ایک تہائی لشکر یعنی تین سو افراد لے کر یہ کہتا ہوا واپس لوٹ گیا کہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم خواہ مخواہ اپنی جان کیوں گنوائیں، ہم نے مشورہ دیا تھا کہ مدینہ میں رہ کر مقابلہ کیا جائے، مگر ہماری بات نہیں مانی گئی، اس لئے ہم واپس جاتے ہیں۔

مگر ان کی علحدگی کا سبب درحقیقت یہ نہیں تھا، ورنہ وہ شروع ہی سے لشکر کے ساتھ نہ آتے، حقیقی سبب یہ تھا کہ وہ اس نازک موقعہ پر اسلامی لشکر میں کھلبلی مچانا چاہتے تھے، چنانچہ قبیلہ اوس میں سے بنوحارثہ کے اور قبیلہ خزرج میں سے بنوسلمہ کے قدم بھی اکھڑنے لگے، اور وہ واپسی کی سوچنے لگے، مگر اللہ تعالیٰ نے ان کی دستگیری فرمائی، اور وہ ارادۂ واپسی کے بعد جم گئے۔

پھر جب جنگ نمٹ گئی اور اس میں مسلمانوں کو کامیابی حاصل ہوئی تو صحابہ میں ان منافقین کے بارے میں اختلاف ہوا، کسی کی رائے تھی کہ سب کو قتل کردیا جائے، اور کسی کی رائے اس کے خلاف تھی، چنانچہ نبی ﷺ نے ان لوگوں سے درگذر فرمایا۔

ایسی ہی ایک بدتمیزی عبداللہ بن ابی کی اس وقت سامنے آئی تھی جب اس نے کہا تھا: جب ہم مدینہ لوٹ کر جائیں گے تو عزت والا وہاں سے ذلیل کو نکال باہر کرے گا (سورۃ المنافقین آیت ۸) اس وقت بھی نبی ﷺ سے اجازت چاہی گئی تھی کہ عبداللہ کو قتل کردیا جائے، بلکہ ان کے بیٹے نے اس کی پیش کش کی تھی، مگر آپ ﷺ نے یہ فرما کر صحابہ کو روک دیا کہ لوگ قیامت تک پروپیگنڈہ کریں گے کہ محمد (ﷺ) نے اپنے ساتھیوں کو بھی نہیں بخشا! ان کو بھی تہہ تیغ کیا! اسی مصلحت کے پیش نظر نبی ﷺ نے احد کی جنگ کے موقع پر جو واقعہ پیش آیا تھا اس میں بھی منافقین سے درگذر کیا تھا۔

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ﴿فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنَافِقِينَ﴾ کے بارے میں فرمایا: جنگ احد کے موقع پر صحابہ میں سے کچھ لوگ واپس لوٹ گئے، پس لوگ ان کے بارے میں دو جماعتیں ہوگئے، ان میں سے ایک جماعت کہتی تھی: واپس لوٹنے والوں کو آپ ﷺ قتل کردیں، اور دوسری جماعت کہتی تھی: نہیں، پس یہ آیتِ پاک نازل ہوئی، اور آپ ﷺ نے (ان منافقین کو قتل نہیں کیا بلکہ) فرمایا: ”مدینہ منورہ طیبہ (ستھرا شہر) ہے“ اور فرمایا: ”مدینہ منورہ گندگی کو اس طرح دور کردیتا ہے جس طرح آگ لوہے کے میل کو دور کردیتی ہے“ یعنی ان منافقین کا لوٹ جانا اور جنگ میں شریک نہ ہونا ہی خیر تھا، اگر وہ شریک ہوتے تو نہ معلوم کیا فساد برپا کرتے؟

[٣٠٥٢-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، أَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ قَالَ: رَجَعَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ، فَكَانَ النَّاسُ فِيْهِمْ فَرِيْقَيْنِ: فَرِيْقٌ مِنْهُمْ يَقُوْلُ: اقْتُلْهُمْ، وَفَرِيْقٌ يَقُوْلُ: لاَ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿فَمَالَكُمْ فِي الْمُنَافِقِيْنَ فِئَتَيْنِ﴾ فَقَالَ: "إِنَّهَا طَيْبَةُ" وَقَالَ: " إِنَّهَا تَنْفِي الْخَبَثَ كَمَا تَنْفِي النَّارُ خَبثَ الْحَدِيْدِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۹- مؤمن کو عمداً قتل کرنے والے کی توبہ قبول ہوگی

اہل السنہ والجماعہ کا اجماعی عقیدہ ہے کہ ہر کبیرہ گناہ بخشا جائے گا، کیونکہ قرآنِ کریم میں دو جگہ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَيَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ، وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَآءُ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو تو نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، اور جو گناہ اس سے فروتر ہیں ان کو جس کے لئے چاہیں گے بخش دیں گے۔

اور سورۃ النساء آیت ۹۳ ہے: ﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَآءُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَأَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا﴾ ترجمہ: اور جو شخص کسی مسلمان کو قصداً قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہے گا، اور اللہ تعالیٰ اس پر غضبناک ہونگے، اور اس کو اپنی رحمت سے دور کردیں گے، اور اس کے لئے اللہ نے بڑی سزا تیار کر رکھی ہے۔

اس آیت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مؤمن کو قتل کرنے والے کی بخشش نہ ہوگی، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی بات مروی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: "مقتول قیامت کے دن قاتل کو لائے گا، اس کی پیشانی کے بال اور اس کا سر مقتول کے ہاتھ میں ہوگا، اور مقتول کی رگوں سے خون بہہ رہا ہوگا۔ وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! اس نے مجھے قتل کیا ہے، یہاں تک کہ قریب کرے گا وہ اس کو عرش الٰہی سے" راوی کہتا ہے: پس لوگوں نے حضرت ابن عباسؓ کے سامنے توبہ کا ذکر کیا کہ آیا اس قاتل کی توبہ قبول ہوگی یا نہیں؟ تو حضرت ابن عباسؓ نے یہ آیت پڑھی ﴿وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا﴾ اور فرمایا: یہ آیت منسوخ نہیں کی گئی، اور نہ اس میں کوئی تبدیلی کی گئی ہے، پس اس کے لئے توبہ کا کیا سوال ہے؟

تشریح: اس مسئلہ کی تفصیل أبواب الديات باب ۷ (تحفہ ۴: ۳۲۸) میں گذر چکی ہے۔ وہاں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ حضرت ابن عباسؓ کا یہ قول مصلحتاً تھا، ورنہ ان کے نزدیک بھی قتل مؤمن کا گناہ سچی توبہ سے معاف ہوجاتا ہے۔

[۳۰۵۳-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نا شَبَابَةُ، نا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَجِيْءُ الْمَقْتُوْلُ بِالْقَاتِلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، نَاصِيَتُهُ وَرَأْسُهُ بِيَدِهِ، وَأَوْدَاجُهُ تَشْخَبُ دَمًا، يَقُوْلُ: يَارَبِّ! قَتَلَنِيْ هٰذَا، حَتَّى يُدْنِيَهُ مِنَ الْعَرْشِ" قَالَ: فَذَكَرُوْا لِابْنِ عَبَّاسٍ التَّوْبَةَ، فَتَلَا هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاءُهُ جَهَنَّمُ﴾ قَالَ: مَا نُسِخَتْ هٰذِهِ الآيَةُ، وَلَا بُدِّلَتْ، وَأَنّٰى لَهُ التَّوْبَةُ؟

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عَمْرِو بنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۱۰- ایمان کے معاملہ میں احتیاط ضروری ہے

سورۃ النساء آیت ۹۴ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقَى إِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا، تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا، فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ، كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا﴾

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں سفر کرو تو ہر کام تحقیق سے کرو، اور ایسے شخص کے بارے میں جو تمہارے سامنے اطاعت ظاہر کرے یہ مت کہو کہ تو مسلمان نہیں، چاہتے ہو تم دنیوی زندگی کا سامان، پس اللہ کے پاس بہت غنیمتیں ہیں، تم بھی پہلے ایسے ہی تھے، پس اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا، پس ہر کام تحقیق کر کے کیا کرو، بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کی پوری خبر رکھنے والے۔

اس آیتِ پاک کے متعدد شانِ نزول روایات میں آئے ہیں، ان میں سے دو روایتیں درج ذیل ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: بنوسُلیم کا ایک آدمی صحابہ کی ایک جماعت کے پاس سے گذرا، درانحالیکہ اس کے ساتھ اس کی بکریاں تھیں، پس اس نے صحابہ کو سلام کیا، صحابہ نے کہا: اس شخص نے تمہیں سلام نہیں کیا مگر تا کہ پناہ حاصل کرے وہ تم سے، یعنی تلوار سے بچنے کے لئے سلام کیا ہے، پس وہ اٹھے اور اس کو قتل کر دیا، اور اس کی بکریاں لے لیں، پس وہ ان بکریوں کو نبی ﷺ کے پاس لائے تو یہ آیتِ پاک نازل ہوئی۔

حدیث (۲): مسلم شریف (حدیث ۹۶) میں حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کا واقعہ ہے، انھوں نے ایک شخص کو لا إلٰہ إلا اللہ کہنے کے بعد قتل کر دیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: "تم نے اس کو کلمہ پڑھنے کے باوجود قتل کر دیا؟" حضرت اسامہؓ نے عرض کیا: اس نے تلوار کے خوف سے کلمہ پڑھا تھا، آپؐ نے فرمایا: أَفَلَا شَقَقْتَ عن قلبه حتى تَعْلَمَ أَقَالَهَا أم لا؟: پس کیا تم نے اس کا دل نہیں چیرا کہ تم جانتے کہ اس نے دل سے کلمہ پڑھا ہے یا نہیں؟

تشریح: آیتِ پاک سے اوراس کے شانِ نزول کی دونوں روایتوں سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ایمان کے معاملہ میں انتہائی احتیاط چاہئے، اورظاہر پرعمل کرنا چاہئے، کیونکہ قلبی کیفیت کا کوئی ادراک نہیں کرسکتا، پس اگر ایمان کی کوئی قولی یا فعلی علامت پائی جائے تو اس کا اعتبار کرکے اس پر اسلام کے احکام جاری کرنے چاہئیں، کفر والا معاملہ اس کے ساتھ نہیں کرنا چاہئے۔

[۳۰۵٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِیْ رِزْمَةَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَرَّ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ سُلَيْمٍ، عَلَى نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَهُ غَنَمٌ لَهُ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، قَالُوْا: مَاسَلَّمَ عَلَيْكُمْ إِلَّا لِيَتَعَوَّذَ مِنْكُمْ، فَقَامُوْا، وَقَتَلُوْهُ، وَأَخَذُوْا غَنَمَهُ، فَأَتَوْا بِهَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا، وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ أَلْقَى إِلَيْكُمُ السَّلَامَ: لَسْتَ مُؤْمِنًا﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَفِی الباب: عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ.

۱۱- جہاد کرنے والوں اور نہ کرنے والوں میں موازنہ اور معذوروں کا حکم

سورۃ النساء آیات ۹۵ و ۹۶ ہیں: ﴿لَايَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ، فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً، وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى، وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا. دَرَجٰتٍ مِنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً، وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾

ترجمہ: یکساں نہیں وہ مسلمان جو بلا کسی عذر کے گھر میں بیٹھے رہتے ہیں، اور وہ مسلمان جو اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو بلند درجہ میں برتری بخشی ہے جو اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں، ان لوگوں پر جو بیٹھے رہنے والے ہیں، اور ہر ایک سے اللہ تعالیٰ نے اچھے گھر (جنت) کا وعدہ کر رکھا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو گھر میں بیٹھنے والوں پر اجرِ عظیم میں برتری بخشی ہے، یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بہت سے درجے اور مغفرت اور رحمت، اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت فرمانے والے، اور بے حد مہربانی فرمانے والے ہیں۔

ترکیب: من المؤمنين: القاعدون کی پہلی صفت ہے، اور غير أولی الضرر: دوسری صفت ہے...... اور درجاتٍ منه: اور مغفرة اور رحمة، أجراً عظيما سے بدل ہیں۔

ان آیات کے ذیل میں دو سوال ہیں:

پہلا سوال: پہلی آیت میں تین مرتبہ قاعدین کا ذکر آیا ہے، اور پہلی جگہ غير أولی الضرر کی قید آئی ہے، مگر

دوسری دو جگہوں میں یہ قید نہیں آئی، پس کیا وہاں بھی یہ قید ملحوظ ہوگی؟

دوسرا سوال: پہلی آیت میں درجة (مفرد) آیا ہے، اور دوسری آیت میں درجات (جمع) آیا ہے، ان میں کیا فرق ہے؟ یعنی درجة سے کیا مراد ہے اور درجات سے کیا مراد ہے؟

جواب: غیر أولی الضرر کی قید آگے بھی دونوں جگہ ملحوظ ہے، اور درجة سے نفس جہاد کے اعتبار سے درجہ کا تفاوت مراد ہے، اور درجات سے: جہاد کے علاوہ دیگر اعمال کی وجہ سے درجات کا تفاوت مراد ہے۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ جو غیر معذور لوگ جہاد سے پیچھے رہتے ہیں وہ مرتبہ میں ان لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جو اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کے راستہ میں جہاد کرتے ہیں (یہ بالا جمال تفاوت کا بیان ہے، پھر فرمایا) اللہ تعالیٰ نے اپنے مالوں اور اپنی جانوں کے ذریعہ جہاد کرنے والوں کو ایک بڑے درجہ میں برتری بخشی ہے: بے عذر پیچھے رہنے والوں پر (یہ نفس جہاد کے اعتبار سے تفاوت درجات کا بیان ہے) اور فریقین میں سے ہر ایک سے اللہ تعالیٰ نے جنت کا وعدہ کیا ہے، کیونکہ دخول جنت کے لئے جہاد شرط نہیں۔ بخاری شریف کی روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لایا، اور نماز کا اہتمام کیا، اور رمضان کے روزے رکھے (اور مال کی زکوٰۃ ادا کی اور حج فرض ہوا تو حج کیا اور کبیرہ گناہوں سے بچا رہا تو) اللہ تعالیٰ پر لازم ہے کہ اس کو جنت میں داخل کریں، اس نے اللہ کے راستہ میں جہاد کیا ہو، یا اپنی اس سرزمین میں بیٹھا رہا ہو جس میں وہ جنا گیا ہے'' صحابہ نے عرض کیا: پس کیا ہم لوگوں کو یہ خوشخبری نہ سنادیں؟ آپؐ نے فرمایا: (نہیں کیونکہ) ''جنت میں سو درجے ہیں، جو اللہ تعالیٰ نے راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کے لئے تیار کئے ہیں، ہر دو درجوں کے درمیان آسمان وزمین کا تفاوت ہے، پس جب تم اللہ سے مانگو تو فردوس (بہشت بریں) مانگو، کیونکہ وہ جنت کا بہترین اور اعلیٰ ترین درجہ ہے، اور اس سے اوپر رحمٰن کا عرش ہے، اور فردوس سے جنت کی نہریں نکلتی ہیں'' (مشکوٰۃ حدیث ۳۷۸۷) اس حدیث میں نبی ﷺ نے جو بات ارشاد فرمائی ہے وہ اسی آیت سے مستفاد ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جہاد کرنے والوں کو بغیر عذر بیٹھے رہنے والوں پر بڑے اجر میں برتری بخشی ہے، اس میں ان درجات کا بیان ہے جس کا تذکرہ سورۃ التوبہ آیت ۱۲۰ و ۱۲۱ میں آیا ہے:

﴿مَاكَانَ لِأَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِنَ الْأَعْرَابِ أَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَلَايَرْغَبُوْا بِأَنْفُسِهِمْ عَنْ نَفْسِهِ، ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ لَايُصِيْبُهُمْ ظَمَأٌ وَّلَا نَصَبٌ وَلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَايَطَؤُنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَايَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهِ عَمَلٌ صَالِحٌ، إِنَّ اللّٰهَ لَايُضِيْعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ٥ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ أَحْسَنَ مَاكَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

ترجمہ: مدینہ کے رہنے والوں کے لئے اور جو دیہاتی ان کے اردگرد ہیں ان کے لئے یہ زیبا نہیں تھا کہ وہ رسول اللہ ﷺ سے پیچھے رہتے، اور نہ یہ زیبا تھا کہ اپنی جانوں کو ان کی جان سے زیادہ عزیز رکھتے، اور یہ بات اس وجہ سے ہے کہ

مجاہدین کو اللہ کی راہ میں جو پیاس لگتی ہے اور جو ماندگی پہنچتی ہے اور جو بھوک لگتی ہے، اور وہ جو چلنا چلتے ہیں جو کفار کے لئے موجب غیظ ہوتا ہے اور وہ دشمنوں کی جو خبر لیتے ہیں ان سب پر ان کے نام ایک ایک نیک کام لکھا جاتا ہے، بیشک اللہ تعالیٰ مخلصین کا اجر ضائع نہیں کرتے، اور وہ جو کچھ چھوٹا بڑا خرچ کرتے ہیں اور جتنے میدان طے کرتے ہیں یہ سب بھی ان کے نام (نیکیوں میں) لکھا جاتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ ان کو ان کے (ان سب) کاموں کا اچھے سے اچھا بدلہ دیں۔

یہی وہ اعمال جہاد ہیں جس کو پہلی آیت میں اجر عظیم سے تعبیر کیا ہے، پھر اس سے بدل لائے ہیں کہ وہ اجر عظیم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ملنے والے بہت سے مراتب ہیں، اور ان مجاہدین کی اللہ تعالیٰ بخشش بھی فرمائیں گے اور ان پر مہربانی بھی فرمائیں گے۔

رہے معذور مؤمنین جیسے: اندھے، لولے، لُنجے، تو وہ مجاہدین کے ساتھ ملحق ہیں، تبوک سے واپسی پر نبی ﷺ نے فرمایا تھا: ''مدینہ میں کچھ لوگ ہیں کہ نہیں چلے تم کوئی چال اور نہیں طے کیا تم نے کوئی میدان مگر وہ تمہارے ساتھ تھے، کیونکہ ان کو عذر نے روک رکھا ہے'' اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ معذور مؤمنین، مجاہدین کے ساتھ ملحق ہیں۔

اب اس سلسلہ میں باب کی روایات پڑھیں:

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیتِ پاک: ﴿لَايَسْتَوِی الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو حضرت عمرو بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور وہ نابینا تھے، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے لئے کیا حکم ہے، میں نابینا ہوں؟ پس اللہ تعالیٰ نے ﴿غَيْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾ نازل فرمایا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے پاس شانے کی ہڈی اور دوات لاؤ'' یا فرمایا: ''تختی اور دوات لاؤ''

تشریح: حضرت عمرو بن ام مکتومؓ کا صحابہ میں بڑا مقام تھا، وہ ثانی مؤذن تھے، اور جب نبی ﷺ کسی غزوہ میں تشریف لے جاتے تھے تو ان کو مدینہ میں اپنا نائب بناتے تھے، تیرہ مرتبہ آپؐ نے ان کو اپنا نائب بنایا ہے، اور ام مکتوم ان کی والدہ ہیں، اور ان کا نام عمرو ہے یا عبداللہ؟ اسی طرح ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔

اور جب یہ آیتِ پاک نازل ہوئی تھی تو ﴿غَيْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾ نازل نہیں کیا گیا تھا، آیت اس طرح نازل کی گئی تھی: ﴿لَايَسْتَوِی الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِی سَبِيْلِ اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ﴾ اور نزول کے ساتھ ہی یہ آیت لکھوا بھی دی گئی تھی، پھر جب آپؐ نے مجمع میں یہ آیت پڑھ کر سنائی تو حضرت ابن ام مکتومؓ نے کھڑے ہوکر اپنا عذر پیش کیا، تو آپؐ پر آثار وحی طاری ہوئے، اور ﴿غَيْرُ أُوْلِی الضَّرَرِ﴾ نازل ہوا، چنانچہ شانے کی ہڈی یا تختی منگوا کر آیتِ کریمہ میں اس کا اضافہ کیا گیا۔

اور ایسا اس لئے کیا گیا کہ احکام کی آیتیں اسی طرح نازل کی جاتی تھیں، پہلے معاشرہ میں واقعہ رونما ہوتا تھا، پھر جب لوگوں کے ذہنوں میں حکم شرعی کی طلب پیدا ہوتی تھی تو متعلقہ آیتیں نازل کی جاتی تھیں، جن کو سنتے ہی صحابہ

مطلب سمجھ جاتے تھے،ان کو سمجھانا نہیں پڑتا تھا۔جیسے ہدایہ آخرین کا ایک مسئلہ استاذ سمجھاتے سمجھاتے تھک جاتا ہے، پھر بھی آدھے طلبہ نہیں سمجھتے ،اور یہی واقعہ ایک گاؤں میں رونما ہوتا ہے، گاؤں والے امام صاحب سے صورت واقعہ لکھوا کر دارالافتاء کو بھیجتے ہیں، مفتی صاحب چند سطروں میں جواب دیتے ہیں، جب جواب گاؤں میں پہنچتا ہے،اور امام صاحب گاؤں والوں کو جمع کر کے فتوی سناتے ہیں تو سب اس مسئلہ کو کما حقہ سمجھ جاتے ہیں، کیونکہ صورتِ واقعہ پہلے سے ان کے سامنے ہوتی ہے،اسی طرح آیات احکام کے نزول میں اس کا لحاظ رکھا جاتا تھا کہ پہلے واقعہ رونما ہو پھر متعلقہ آیتیں نازل کی جائیں،اس آیت میں بھی اگر ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ پہلے نازل کر دیا جاتا تو شاید سب لوگ اس کا مصداق نہ سمجھ سکتے ،اس لئے اتنا حصہ روک لیا گیا، پھر جب ابن ام مکتومؓ نے سوال کیا اور اس کے جواب میں یہ ٹکڑا نازل کیا گیا تو سب لوگ سمجھ گئے کہ معذور ایسے ہوتے ہیں، جن کا آیت میں استثناء کیا گیا ہے۔

[۳۰۵۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ:﴿ لَايَسْتَوِىْ الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ الآيَةَ، جَاءَ عَمْرُو بْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ ضَرِيْرَ الْبَصَرِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا تَأْمُرُنِيْ إِنِّيْ ضَرِيْرُ الْبَصَرِ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الآيَةَ:﴿ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ الآيَةَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِيْتُوْنِيْ بِالكَتِفِ وَالدَّوَاةِ، أَوْ: اللَّوْحِ وَالدَّوَاةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُقَالُ: عَمْرُو بْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَيُقَالُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَائِدَةَ، وَأُمُّ مَكْتُوْمٍ: أُمُّهُ.

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہمانے فرمایا: ''غیر معذور بدر کے جہاد سے پیچھے رہنے والے مسلمان اور میدانِ بدر کی طرف نکلنے والے مسلمان برابر نہیں۔جب غزوۂ بدر پیش آیا تو عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! ہم دونوں نابینا ہیں،تو کیا ہمارے لئے کچھ سہولت ہے؟ پس ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ نازل ہوا،اب آیت اس طرح ہوگئی:﴿لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ الآية :یہاں تک حضرت ابن عباس کا قول ہے، آگے حضرت ابن جریج کی تفسیر ہے جو حدیث میں مدرج ہے،فرمایا: فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى القَاعِدِيْنَ دَرَجَةً: یہ بیٹھنے والے غیر معذور لوگ ہیں یعنی یہاں بھی ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ کی قید ملحوظ ہے،اسی طرح ﴿ فَضَّلَ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا، دَرَجَاتٍ مِنْهُ﴾ میں بھی قاعدین سے غیر معذور قاعدین مراد ہیں، یعنی یہاں بھی غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ کی قید ملحوظ ہے۔

تشریح: ابن جریج بڑے محدث اور فقیہ تھے، ان کا نام عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج ہے......اور مقسم یا تو عبد

اللہ بن الحارث کے آزاد کردہ ہیں یا حضرت ابن عباسؓ کے آزاد کردہ ہیں، اوران کی کنیت ابوالقاسم ہے...... لَمَّا نَزَلَتْ غزوۃُ بدرٍ: میں نَزَلَتْ بمعنی وَقَعَتْ ہے...... اورعبداللہ بن جحشؓ نابینا نہیں تھے، بلکہ ان کے بھائی ابواحمد نابینا تھے، جن کا نام صرف عبد تھا، ترمذی کی روایت میں تسامح ہے۔

[۳۰۵۶-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، نَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْكَرِيْمِ، سَمِعَ مِقْسَمًا مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، يُحَدِّثُ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ: عَنْ بَدْرٍ، وَالْخَارِجُوْنَ إِلَى بَدْرٍ.

لَمَّا نَزَلَتْ غَزْوَةُ بَدْرٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَحْشٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ: إِنَّا أَعْمَيَانِ يَارَسولَ اللّٰهِ! فَهَلْ لَنَا رُخْصَةٌ؟ فَنَزَلَتْ: ﴿لَايَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ وَ﴿ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ دَرَجَةً﴾ فَهٰؤُلاَءِ الْقَاعِدُوْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ: فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ أَجْرًا عَظِيْمًا: دَرَجَاتٍ مِنْهُ: عَلَى الْقَاعِدِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَمِقْسَمٌ: يُقَالُ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، وَيُقَالُ: مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَمِقْسَمٌ: يُكْنَى أَبَا الْقَاسِمِ.

حدیث (۳): حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے مسجدِ نبوی میں مروان بن الحکم کو بیٹھا ہوا دیکھا (یہ تابعی اور مدینہ کے گورنر تھے) پس میں آیا یہاں تک کہ ان کے پہلو میں بیٹھ گیا، پس انھوں نے ہمیں بتلایا کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے ان کو بتلایا کہ نبی ﷺ نے ان سے لکھوایا: لایستوی القاعدون من المؤمنین والمجاهدون فی سبیل الله: حضرت زیدؓ کہتے ہیں: پس آپؐ کے پاس حضرت ابن ام مکتومؓ آئے درانحالیکہ آپؐ مجھے وہ آیت لکھوا رہے تھے، پس انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! بخدا اگر میرے بس میں جہاد ہوتا تو میں ضرور جہاد کرتا، اور وہ نابینا آدمی تھے، پس اللہ نے اپنے رسول پر وحی نازل کی، درانحالیکہ آپؐ کی ران میری ران پر تھی، یعنی آثارِ وحی شروع ہوتے ہی آپؐ کی ران حضرت زید کی ران پر گرگئی، پس وہ بوجھل ہوگئی یہاں تک کہ میری ران نے کچل جانے کا ارادہ کیا، پھر آپؐ سے وہ کیفیت کھول دی گئی تو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾ نازل کیا۔

تشریح: حضرت ابن ام مکتوم نابینا ہونے کے باوجود حضرت عمرؓ کے زمانہ میں جنگ قادسیہ میں شریک ہوئے ہیں، ان کے ہاتھ میں جھنڈی بھی تھی، اور اسی جنگ میں آپؓ شہید ہوئے ہیں...... اور اس حدیث کو حضرت سہلؓ جو صحابی ہیں مروان سے روایت کرتے ہیں جو تابعی ہیں، پھر مروان حضرت زیدؓ سے روایت کرتے ہیں جو صحابی ہیں۔ مروان نبی ﷺ کے زمانہ میں پیدا ہوئے تھے مگر انھوں نے نبی ﷺ کو نہ دیکھا ہے، نہ آپؐ سے کچھ سنا ہے۔

[۳۰۵۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ السَّاعِدِيُّ، قَالَ: رَأَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ فَأَقْبَلْتُ حَتَّى جَلَسْتُ إِلَى جَنْبِهِ، فَأَخْبَرَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمْلَى عَلَيْهِ: لَايَسْتَوِى الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، قَالَ: فَجَاءَهُ ابْنُ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ! لَوْ أَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ، وَكَانَ رَجُلاً أَعْمَى، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَى رَسُوْلِهِ، وَفَخِذُهُ عَلَى فَخِذِيْ، فَثَقُلَتْ، حَتَّى هَمَّتْ تَرُضُّ فَخِذِيْ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ: ﴿غَيْرُ أُوْلِي الضَّرَرِ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِيْ هٰذَا الحديثِ رِوَايَةُ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم عَنْ رَجُلٍ مِنَ التَّابِعِيْنَ، رَوَى سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ الأَنْصَارِيُّ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، وَمَرْوَانُ لَمْ يَسْمَعْ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ.

۱۲-سفر میں قصر کا حکم اللہ کی خیرات ہے

سورۃ النساء آیت ۱۰۱ ہے: ﴿وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ، إِنْ خِفْتُمْ أَنْ يَفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، إِنَّ الْكَافِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُبِيْنًا﴾ ترجمہ: اور جب تم زمین میں سفر کرو (جس کی مقدار تین منزل ہو) تو تم کو اس میں کوئی گناہ نہ ہوگا کہ تم نماز کو کم کردو، یعنی ظہر، عصر اور عشا کے فرض چار کی جگہ دو پڑھو، اگر تم کو اندیشہ ہو کہ کافر لوگ تم کو پریشان کریں گے، بیشک کافر لوگ تمہارے کھلے دشمن ہیں۔

تفسیر: اس آیت میں دو مضمون ہیں: ایک: قصر کا حکم، دوم: یہ رخصت اس وقت ہے جب کافروں کی طرف سے خطرہ ہو، مگر بعد میں جب پورا جزیرۃ العرب مسلمان ہوگیا اور مکہ اور مدینہ کے درمیان کوئی کافر باقی نہ رہا اور حجۃ الوداع کے موقع پر آپ ﷺ کے ساتھ ایک لاکھ سے زائد صحابہ تھے، اس وقت بھی نبی ﷺ نے پورے سفر میں اور حج کے دنوں میں قصر فرمایا، اس لئے سوال پیدا ہوا کہ آیتِ پاک میں قصر کی اجازت مشروط ہے، جب کافروں کی طرف سے خطرہ ہو تبھی قصر جائز ہے، چنانچہ نبی ﷺ سے اس سلسلہ میں سوال کیا گیا، آپ ﷺ نے فرمایا: صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بها عليكم، فاقبلوا صَدَقَته: (قصر) ایک خیرات ہے، اللہ نے وہ خیرات تم کو دی ہے، پس اللہ کی خیرات قبول کرو۔

تشریح: خیرات واپس نہیں ہوسکتی، اللہ تعالیٰ نے جب قصر کا حکم بھیجا تھا تو مشروط بھیجا تھا، مگر چونکہ وہ اللہ کی خیرات تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو واپس نہیں لیا، کوئی خطرہ نہ ہو تب بھی قصر کا حکم باقی ہے۔

اور آیتِ پاک میں دوسرا مضمون یہ ہے کہ سفر میں قصر کرنے میں کوئی گناہ نہیں، ائمہ ثلاثہ نے اس کو اباحت کی تعبیر

سمجھا ہے، اس لئے انھوں نے سفر میں اتمام کی بھی اجازت دی ہے، مگر امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک یہ اباحت کی تعبیر نہیں ہے، بلکہ ان لوگوں کے دلوں سے بوجھ ہٹانے کے لئے یہ تعبیر ہے جو ہمیشہ حضر میں پوری نماز پڑھتے ہیں، جب ان سے سفر میں قصر کرنے کے لئے کہا جائے گا تو ان کے دلوں پر بوجھ پڑے گا، اس لئے یہ تعبیر اختیار کی ہے (اس کی تفصیل تحفۃ الالمعی ۲:۴۲۲ میں گذر چکی ہے) امام اعظم نے صَدَقَة کو قصر کے حکم کے ساتھ بھی متعلق کیا ہے، صرف شرط کے ساتھ متعلق نہیں کیا، اسی لئے حنفیہ کے نزدیک سفر شرعی میں قصر واجب ہے۔

حدیث: یعلی بن امیہؓ کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: اللہ کا ارشاد ہے: ﴿أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلاَةِ إِنْ خِفْتُمْ﴾ اور اب لوگ مطمئن ہو چکے ہیں، کفار کا کوئی خطرہ باقی نہیں رہا پھر بھی قصر کا حکم کیسے باقی ہے؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا: مجھے بھی اس بات پر حیرت ہوئی تھی، جس پر تمہیں حیرت ہو رہی ہے، چنانچہ میں نے نبی ﷺ سے اپنی الجھن بیان کی، تو آپؐ نے فرمایا: ''یہ ایک خیرات ہے جو اللہ نے تم کو دی ہے، پس اللہ کی خیرات کو قبول کرو''

[۳۰۵۸-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا ابنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ عَمَّارٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهْ، عَنْ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ، قَالَ: قُلْتُ لِعُمَرَ: إِنَّمَا قَالَ اللّٰهُ: ﴿أَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلاَةِ إِنْ خِفْتُمْ﴾ وَقَدْ أَمِنَ النَّاسُ، فَقَالَ عُمَرُ: عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ''صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ، فَاقْبَلُوْا صَدَقَتَهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۳- نمازِ خوف کی مشروعیت

سورۃ النساء آیت ۱۰۲ میں بحالتِ خوف نماز پڑھنے کا خاص طریقہ بیان کیا گیا ہے، فرمایا: ''جب آپ (ﷺ) لوگوں میں تشریف رکھتے ہوں، اور آپؐ اُن کو نماز پڑھانا چاہیں تو چاہئے کہ ان میں سے ایک گروہ آپؐ کے ساتھ کھڑا ہو، اور وہ لوگ اپنے ہتھیار لے لیں، پھر جب وہ لوگ سجدہ کرلیں تو وہ تمہارے پیچھے ہو جائیں، اور دوسرا گروہ جنھوں نے ابھی نماز نہیں پڑھی (امام کے پیچھے) آجائے، اور آپؐ کے ساتھ نماز پڑھے، اور یہ لوگ بھی اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار لے لیں، کافر تو یہ چاہتے ہیں کہ اگر تم اپنے ہتھیاروں اور سامانوں سے غافل ہو جاؤ تو وہ تم پر یکبارگی ٹوٹ پڑیں''

اس آیت کا شانِ نزول حدیث میں یہ آیا ہے:

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ ضُجنان اور عسفان کے درمیان اترے، یعنی وہاں آپؐ کا دشمن سے مقابلہ ہوا، پس مشرکین نے کہا: اِن لوگوں کے لئے ایک نماز ہے جو اُن کو اپنے باپوں اور بیٹوں سے بھی زیادہ محبوب ہے، اور وہ عصر کی نماز ہے، پس تم اپنا معاملہ جمع کرلو، یعنی تیار ہو جاؤ، اور ان پر یکبارگی حملہ کردو، اس

وقت حضرت جبرئیل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس آئے، اور آپؐ کو حکم دیا کہ آپؐ اپنے صحابہ کو دو حصوں میں بانٹ دیں، پس آپؐ ان کو یعنی ایک جماعت کو نماز پڑھائیں، اور دوسری جماعت ان کے پیچھے کھڑی رہے، اور چاہئے کہ وہ (نماز پڑھنے والے) اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار لے لیں، یعنی مسلح ہو کر نماز پڑھیں، پھر دوسرے لوگ آئیں اور وہ آپؐ کے ساتھ ایک رکعت پڑھیں، اور چاہئے کہ وہ لوگ بھی اپنے بچاؤ کا سامان اور اپنے ہتھیار لے لیں، پس لوگوں کے لئے ایک ایک رکعت ہوگی اور نبی ﷺ کے لئے دو رکعتیں ہونگی۔

تشریح: صلوۃ الخوف کا بیان کتاب الصلوۃ باب ۲۸۳ (تحفہ ۲: ۴۴۸) میں گذر چکا ہے۔ اور روایات میں صلوۃ الخوف پڑھنے کی بہت سی صورتیں آئی ہیں، اس لئے ہر طرح نمازِ خوف پڑھی جاسکتی ہے، اور افضل صورت میں اختلاف ہے، حنفیہ کے نزدیک جو صورت اس حدیث میں آئی ہے وہ افضل ہے، کیونکہ وہ آیت کے بیان سے اقرب ہے، اور ائمہ ثلاثہ کے نزدیک حضرت سہل بن ابی حثمہؓ کی روایت میں جو صورت آئی ہے وہ افضل ہے، تفصیل محولہ بالا جگہ میں گذر چکی ہے۔

[۳۰۵۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْهُنَائِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَقِيْقٍ، قَالَ: نا أَبُوْ هريرةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَزَلَ بَيْنَ ضُجْنَانَ وَعُسْفَانَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: إِنَّ لِهٰؤُلَاءِ صَلَاةً، هِيَ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِنْ آبَائِهِمْ وَأَبْنَائِهِمْ، وَهِيَ الْعَصْرُ، فَأَجْمِعُوْا أَمْرَكُمْ، فَمِيْلُوْا عَلَيْهِمْ مَيْلَةً وَاحِدَةً، وَأَنَّ جِبْرِيْلَ أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَمَرَهُ أَنْ يَقْسِمَ أَصْحَابَهُ شَطْرَيْنِ، فَيُصَلِّي بِهِمْ، وَتَقُوْمُ طَائِفَةٌ أُخْرَى وَرَاءَ هُمْ، وَلْيَأْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ، ثُمَّ يَأْتِيْ الآخَرُوْنَ، وَيُصَلُّوْنَ مَعَهُ رَكْعَةً وَاحِدَةً، ثُمَّ يَأْخُذُ هٰؤُلَاءِ حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ، فَتَكُوْنُ لَهُمْ رَكْعَةً رَكْعَةً، وَلِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَانِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ. وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَجَابِرٍ، وَأَبِيْ عَيَّاشٍ الزُّرَقِيِّ، وَابْنِ عُمَرَ، وَحُذَيْفَةَ، وَأَبِيْ بَكْرَةَ، وَسَهْلِ بْنِ أَبِيْ حَثْمَةَ؛ وَأَبُوْ عَيَّاشٍ الزُّرَقِيُّ: اسْمُهُ زَيْدُ بْنُ الصَّامِتِ.

۱۴- سورۃ النساء کی چند آیات کا شانِ نزول

سورۃ النساء کی آیات ۱۰۵-۱۱۶ کا نزول ایک خاص واقعہ میں ہوا ہے۔

واقعہ: بنو اُبیرق ایک خاندان تھا، اس میں ایک شخص بشیر نامی منافق تھا، اس نے حضرت رفاعہ رضی اللہ عنہ کی بخاری (کوٹھری) میں نقب دے کر کچھ آٹا اور کچھ ہتھیار جو اس میں رکھے ہوئے تھے چرالئے، صبح کو یہ چیزیں پاس پڑوس میں تلاش کی گئیں، اور بعض قرائن سے بشیر پر شبہ ہوا۔

بنوابیرق نے جو کہ بشیر کے شریک حال تھے اپنی براءت کے لئے حضرت لبید رضی اللہ عنہ کا نام لے دیا، حضرت رفاعہؓ نے اپنے بھتیجے حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ کی خدمت میں بھیج کر اس واقعہ کی اطلاع کی، آپؐ نے تحقیق کا وعدہ فرمایا۔

جب بنوابیرق کو یہ خبر پہنچی کہ معاملہ نبی ﷺ تک پہنچ گیا ہے اور آپؐ نے تحقیق کا وعدہ فرمایا ہے تو وہ لوگ ایک شخص کے پاس جو اسی خاندان کا تھا جس کا نام اُسیر تھا جمع ہوئے، اور باہمی مشورہ کر کے نبی ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کیا: حضرت قتادہؓ اور حضرت رفاعہؓ نے بغیر گواہوں کے ایک مسلمان اور دیندار گھرانے پر چوری کی الزام لگایا ہے، اور ان کا مقصود یہ تھا کہ نبی ﷺ اس معاملہ میں ان کی طرفداری کریں، آپؐ نے طرف داری تو نہیں کی، البتہ اتنا ہوا کہ جب حضرت قتادہؓ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تو آپؐ نے فرمایا: ''تم ایسے لوگوں پر بے سند کیوں الزام لگاتے ہو؟'' حضرت قتادہؓ نے آ کر اپنے چچا حضرت رفاعہؓ کو اس کی اطلاع دی، وہ اللہ پر بھروسہ کر کے خاموش ہو گئے، اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں، پھر چوری ثابت ہو گئی، اور مال برآمد ہوا، جو مالک کو دلایا گیا چنانچہ بشیر ناخوش ہو کر مرتد ہو گیا، اور مکہ جا کر مشرکوں میں مل گیا، مگر وہاں بھی اس کو چین نصیب نہ ہوا، جس عورت کے مکان میں جا کر ٹھہرا تھا، جب اس کو حضرت حسان رضی اللہ عنہ کے اشعار پہنچے تو اس نے بشیر کو نکال باہر کیا، یہ شخص ادھر اُدھر بھٹکتا رہا، آخر اس نے ایک اور شخص کے مکان میں نقب لگایا، پس دیوار اس کے اوپر گر گئی اور وہ وہیں دب کر مر گیا۔

اب آپ باب کی روایت پڑھیں، اس کے ضمن میں متعلقہ آیات لکھی جائیں گی:

حدیث: حضرت قتادۃ بن النعمانؓ کہتے ہیں: ہمارے ہی قبیلہ کا ایک خاندان تھا، وہ لوگ ''اُبیرق کی اولاد'' کہلاتے تھے، یہ تین بھائی تھے، بشر، بشیر (مصغّر یا مکبّر) اور مبشر، بشیر منافق آدمی تھا، اشعار کہتا تھا، ان میں صحابہ کی ہجو کرتا تھا، پھر وہ ان اشعار کا بعض عربوں کی طرف غلط انتساب کر دیتا تھا، اور کہتا تھا: فلاں نے ایسا کہا ہے، فلاں نے ایسا کہا ہے، پس جب صحابہ نے وہ اشعار سنے تو کہا: بخدا! یہ اشعار نہیں کہے مگر اسی خبیث نے، یا جیسا کہا: اس آدمی نے یعنی قائل کے قول میں لفظ الخبیث تھا یا نہیں؟ اس میں راوی کو شک ہے، اور صحابہ نے کہا: ابیرق کے بیٹے ہی نے یہ اشعار کہے ہیں۔

حضرت قتادہؓ بیان کرتے ہیں: بنوابیرق زمانہ جاہلیت میں اور زمانہ اسلام میں حاجت منداور فاقہ مست فیملی تھی، اور اُس زمانہ میں مدینہ منورہ میں لوگوں کی عام خوراک کھجور اور جَو تھی، اور جس آدمی کے لئے کچھ مالداری ہوتی، اور ملک شام سے باربردار اونٹ گیہوں کا آٹا لاتے تو وہ شخص اس میں سے خرید لیتا، اور وہ اس آٹے کو اپنے لئے مخصوص کر لیتا، اور رہے بال بچے تو ان کی خوراک کھجور اور جَو ہی تھی۔

پس ملک شام سے باربردار اونٹ آئے۔ میرے چچا رفاعۃ بن زیدؓ نے آٹے کی ایک بوری خرید لی، اور اس کو اپنی ایک کوٹھری میں رکھ دی، پس کوٹھری میں نقب لگایا گیا اور غلہ اور ہتھیار لے لئے گئے۔

پس جب صبح ہوئی تو میرے پاس میرے چچا رفاعہؓ آئے، اور کہا: بھتیجے! ہم پر ہماری اس رات میں زیادتی کی گئی، اس طرح کہ ہماری کوٹھری میں نقب لگایا گیا، اور ہمارا غلہ اور ہمارے ہتھیار چلے گئے۔

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: پس ہم نے محلّہ میں تلاشی لی، اور ہم نے پوچھ گچھ کی، تو ہم سے کہا گیا کہ ہم نے بالیقین بنوابیرق کو دیکھا ہے: انھوں نے اس رات میں آگ جلائی ہے، اور جہاں تک ہمارا خیال ہے وہ آگ تمہارے کھانے ہی پر جلائی گئی ہے۔

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: اور بنوابیرق نے کہا تھا کہ ہم نے بھی محلے میں تحقیق کی ہے، بخدا! نہیں دیکھتے ہم تمہارا آدمی (چور) مگر لبید بن سہل کو جو ہمارے ہی خاندان کا ایک آدمی تھا، جس کے لئے نیکی اور اسلام تھا، یعنی وہ مخلص مسلمان اور نیک آدمی تھا، پس جب حضرت لبیدؓ نے یہ بات سنی تو انھوں نے اپنی تلوار سونت لی، اور کہا: کیا میں چوری کروں گا؟ پس بخدا! ضرور مل جائے گی تم سے یہ تلوار، یا واضح کرو تم یہ چوری، بنوابیرق نے کہا: اے آدمی! ہم سے پرے ہو، آپ اس چوری کے ذمہ دار نہیں (اس طرح بنوابیرق نے حضرت لبیدؓ کو مطمئن کر دیا)

(حضرت قتادہؓ کہتے ہیں) پس ہم نے محلّہ میں تفتیش جاری رکھی، یہاں تک کہ ہمیں ذرا شک نہیں رہا کہ بنوابیرق ہی چوری کرنے والے ہیں، پس مجھ سے میرے چچا نے کہا: اے میرے بھتیجے! کاش تو نبی ﷺ کے پاس جاتا، اور آپؐ سے اس معاملہ کا تذکرہ کرتا۔

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: پس میں نبی ﷺ کے پاس آیا، اور میں نے عرض کیا: ہمارے خاندان کی ایک فیملی کے لوگ گنوار ہیں، انھوں نے میرے چچا رفاعہؓ کا قصد کیا، پس ان کی بخاری میں نقب لگایا، اور ان کے ہتھیار اور ان کا غلہ لے لیا، پس چاہئے کہ وہ ہمیں ہمارے ہتھیار واپس کر دیں، رہا غلہ تو ہمیں اس کی حاجت نہیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: سَآمُرُ فی ذٰلك: عنقریب میں اس معاملہ میں حکم دوں گا، یعنی اس معاملہ کی تحقیق کی جائے گی۔

پس جب بنوابیرق نے سنا تو وہ اپنے ایک آدمی کے پاس آئے جس کو اُسیر بن عروہ کہا جاتا تھا، پس انھوں نے اس سے اس معاملہ میں گفتگو کی، اور محلّہ والوں میں سے کچھ لوگ اس معاملہ میں ان کے ساتھ ہو گئے۔

پس انھوں نے کہا: یارسول اللہ! قتادہ نے اور اس کے چچا نے ہم میں سے ایک ایسے گھرانے کا قصد کیا ہے جو اسلام اور نیکی والے ہیں، انھوں نے ان پر بغیر گواہی اور بغیر تحقیق کے چوری کا الزام لگایا ہے۔

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، پس میں نے آپؐ سے گفتگو کی تو آپؐ نے فرمایا: ''تم نے قصد کیا ایک ایسے گھر والوں کا جن کے بارے میں اسلام اور نیکی کا تذکرہ کیا جاتا ہے، تم الزام لگاتے ہو ان پر چوری کا بغیر تحقیق اور گواہوں کے!''

حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: پس لوٹا میں اور آرزو کی میں نے کہ میں اپنے کچھ مال سے نکل جاتا، یعنی میرا کچھ مال چلا

جاتا، اور میں اس معاملہ میں نبی ﷺ سے گفتگو نہ کرتا، پس میرے پاس میرے چچا رفاعہؓ آئے، پس انھوں نے پوچھا: بھتیجے! تو نے کیا کیا؟ تو میں نے ان کو وہ بات بتائی جو مجھ سے نبی ﷺ نے فرمائی تھی، پس انھوں نے کہا: اللّٰہُ المستعان: ہم اس معاملہ میں اللہ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں، پھر زیادہ وقت نہیں گذرا کہ قرآنِ کریم نازل ہوا۔

(آیات ۱۰۵و۱۰۶) ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ، وَلاَ تَكُنْ لِلْخَائِنِيْنَ خَصِيْمًا○ وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا﴾

ترجمہ: بیشک ہم نے آپؐ کی طرف یہ قرآن اتارا ہے جو دینِ حق پر مشتمل ہے، تاکہ آپؐ لوگوں کے درمیان فیصلہ کریں اس کے موافق جو اللہ نے آپؐ کو بتلایا ہے، اور آپ خائنوں کی طرف داری نہ کریں، یعنی بنوابیرق کی طرفداری نہ کریں، اور آپ استغفار کریں اس بات سے جو آپؐ نے قتادہ سے کہی ہے، کیونکہ وہ بات نبی ﷺ کے مقام رفیع کے موافق نہ تھی، اس لئے آپؐ کو استغفار کا حکم دیا، بلاشبہ اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے، بڑی رحمت والے ہیں۔

(آیات ۱۰۷-۱۱۰) ﴿وَلاَتُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيْمًا○ يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلاَ يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَالاَ يَرْضَى مِنَ الْقَوْلِ، وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا○ هٰأَنْتُمْ هٰؤُلآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا، فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَمْ مَّنْ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلاً○ وَمَنْ يَعْمَلْ سُوْءً ا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا﴾

ترجمہ: اور آپؐ اُن لوگوں کی طرف سے کوئی جواب دہی نہ کریں جو اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں، یعنی بنوابیرق کی حمایت نہ کریں، بیشک اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو نہیں چاہتے جو بڑا خیانت کرنے والا، بڑا گناہ کرنے والا ہے، جو لوگوں سے تو چھپتا ہے اور اللہ تعالیٰ سے نہیں شرماتا، جبکہ اللہ تعالیٰ اس وقت ان کے ساتھ تھے جب وہ اللہ کی مرضی کے خلاف رات میں جمع ہو کر باتیں کر رہے تھے، اور اللہ تعالیٰ ان کے سب اعمال کو اپنے گھیرے میں لئے ہوئے ہیں، سنو! تم یہی تو ہو کہ دنیوی زندگی میں ان کی طرف سے جواب دہی کر رہے ہو (یہ بنوابیرق کے حمایتوں سے خطاب ہے) پس اللہ تعالیٰ کے سامنے قیامت کے دن ان کی طرف سے جواب دہی کون کرے گا؟ یا وہ شخص کون ہوگا جو ان کا کام بنائے؟ اور جو بھی شخص کوئی برائی کرے یا اپنے پیروں پر کلہاڑی مارے، پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بڑی مغفرت والا، بڑی رحمت والا پائے گا، یعنی اگر بنوابیرق توبہ کرلیں تو اللہ تعالیٰ ان کو معاف کردیں گے۔

(آیات ۱۱۱و۱۱۲) ﴿وَمَنْ يَّكْسِبْ إِثْمًا فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُ عَلَى نَفْسِهِ، وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا○ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْئَةً أَوْ إِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهِ بَرِيْأً فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُبِيْنًا﴾

ترجمہ: اور جو بھی شخص گناہ کا کام کرتا ہے تو اس کا ضرر اس کی ذات کو پہنچتا ہے، اور اللہ تعالیٰ بڑے علم والے، بڑی حکمت والے ہیں، اور جو بھی شخص کوئی چھوٹا گناہ کرے یا بڑا گناہ، پھر اس کی تہمت کسی بے گناہ پر لگائے تو اس نے بڑا

بھاری بہتان اورصریح گناہ اپنے اوپر لادا، یعنی بنوابیرق نے حضرت لبیدؓ پر جوالزام لگایا تھا وہ بھاری بہتان اورصریح گناہ تھا۔

(آیات ۱۱۳و۱۱۴)﴿وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ لَهَمَّتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ أَنْ يُّضِلُّوْكَ، وَمَا يُضِلُّوْنَ إِلَّا أَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْئٍ، وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَالَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ، وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا۝ لَاخَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِنْ نَجْوٰهُمْ إِلَّا مَنْ أَمَرَ بِصَدَقَةٍ أَوْ مَعْرُوْفٍ، أَوْ إِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ، وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ أَجْرًا عَظِيْمًا۝﴾

ترجمہ: اوراگرآپؐ پراللہ کافضل اوراس کی مہربانی نہ ہوتی توان لوگوں میں سے ایک گروہ نےتو آپؐ کوغلطی میں ڈالنے کاارادہ کرہی لیا تھا،اورغلطی میں نہیں ڈالتے وہ مگراپنی جانوں کو،یعنی اس کاضررانہی کو پہنچے گا،اوروہ آپؐ کوذرہ بھر ضررنہیں پہنچاسکتے،اوراللہ تعالیٰ نے آپؐ پرکتاب اورعلم کی باتیں نازل فرمائی ہیں،اورآپؐ کووہ باتیں بتلائی ہیں جوآپؐ نہیں جانتے تھے،اورآپؐ پراللہ تعالیٰ کابڑافضل ہے،اکثرلوگوں کی سرگوشیوں میں کچھ خیرنہیں ہوتی،ہاں مگرجولوگ ایسے ہیں جوخیرات کی یاکسی اورنیک کام کی یالوگوں میں مصالحت کی ترغیب دیتے ہیں (تویہ سرگوشیاں اورباہمی مشورے خیر کےکام ہیں)اورجوشخص اللہ تعالیٰ کی رضاجوئی کے لئے یہ کام کرےگا:اس کوہم عنقریب اجرعظیم عنایت فرمائیں گے۔

آگے حدیث: پس جب قرآنِ کریم نازل ہواتو نبی ﷺ کے پاس ہتھیارلائے گئے،پس آپؐ نے وہ ہتھیار حضرت رفاعہؓ کوواپس کردیئے،حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: جب میں اپنے چچاکے پاس ہتھیارلےکرآیا،اوروہ زمانہ جاہلیت میں بوڑھے ہوچکے تھے،رتوندے ہوگئے تھے یاکہا:انتہائی بوڑھے ہوگئے تھے،یہ امام ترمذی کاشک ہے،یعنی حدیث میں عَشَا(بڑی ش کےساتھ)ہے یاعَسَا(چھوٹی س کےساتھ)عَشَا یَعْشُوْ عَشْوًا کے معنی ہیں: رتوندا ہونا، اورعَسَا یَعْسُوْ عَسْوًا کےمعنی ہیں: عمررسیدہ ہونا،یعنی حضرت رفاعہؓ کا یہ حال مسلمان ہونے سے پہلے ہوچکا تھا، حضرت قتادہؓ کہتے ہیں: اورمیں ان کےاسلام کوکھوٹ والاسمجھتا تھا،یعنی حضرت قتادہؓ کےنزدیک اپنے چچاکا اسلام بس برائے نام تھا،پس جب میں ان کےپاس آیاتووہ کہنے لگے:اےبھتیجے!یہ ہتھیارراہِ خدامیں ہیں،یعنی انھوں نےوہ ہتھیار جہادکے لئے دیدیئے،پس میں نے جاناکہ ان کا اسلام کھرا تھا۔پس جب قرآنِ کریم اتراتوبشیرمشرکین کےساتھ مل گیا،یعنی اگروہ پہلے درپردہ کافرتھاتواب کھل کرکافرہوگیا،اوراگروہ پہلے مسلمان تھاتواب مرتدہوگیا(اوروہ مدینہ منورہ سے بھاگ کرمکہ چلاگیا)پس وہ سُلافہ نامی عورت کامہمان بنا،پس اللہ تعالیٰ نے آیات ۱۱۵و۱۱۶نازل فرمائیں:

﴿وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ، وَسَاءَتْ مَصِيْرًا۝ إِنَّ اللّٰهَ لَايَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ، وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا۝﴾

ترجمہ: اورجوشخص رسول کی مخالفت کرےاس کےبعدکہ اس کے لئے امرحق واضح ہوچکا،اورمسلمانوں کاراستہ

چھوڑ کر دوسرے راستہ پر چلے تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے، اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے، اور وہ جانے کی بری جگہ ہے! (یہ عام مسلمانوں سے اور خاص طور پر بنو ابیرق کے خاندان سے خطاب ہے کہ وہ بنو ابیرق کا ساتھ چھوڑ کر نبی ﷺ کے فیصلہ پر چلیں، اور عام مسلمانوں کی راہ اپنائیں، بنو ابیرق کی حمایت نہ کریں) بیشک اللہ تعالیٰ اس بات کو تو نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، اور اس کے سوا جتنے گناہ ہیں ان کو جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے۔ اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے وہ بڑی دور کی گمراہی میں جا پڑا۔

باقی حدیث: پس جب وہ سلافہ نامی عورت کا مہمان بنا تو حضرت حسان رضی اللہ عنہ نے چند اشعار میں اس عورت کو مطعون کیا (پس جب اس عورت کو وہ اشعار پہنچے) تو اس نے بشیر کا کجاوہ لیا، اور اس کو اپنے سر پر اٹھایا، پھر وہ بشیر کو لے کر نکلی، اور اس کو پتھریلی زمین میں پھینک دیا، یعنی مکہ سے باہر لا کر دھکا دیدیا، پھر اس نے کہا: تو ہدیہ لایا ہے میرے لئے حسان کے اشعار کا، تو میرے لئے خیر کی کوئی بات لا ہی نہیں سکتا۔

لغات: نَحلَ (ن،ف) نَحلاً وَنُحُولاً: کسی کی طرف کوئی غلط بات منسوب کرنا ...... الضَّافِطَةُ: بار بردار اونٹ، ضَفَطَ (ن) بالحَبلِ ضَفْطًا: رسّی سے مضبوط باندھنا ...... الدَّرمَك: سفید آٹا، میدہ، دَرْمَكَ الشيئَ: کوٹنا، پیسنا، باریک کرنا ...... المَشْرَبة: کوٹھری، بخاری ...... المَدْخُوْل: عیب دار۔

ملحوظہ: بعض روایات میں خاندان ابیرق کے منافق کا نام بجائے بُشیر کے طُعْمَة آیا ہے، اور بعض روایات میں یہ ہے کہ بنو ابیرق نے پہلے چوری حضرت لبیدؓ کے نام لگائی تھی، پھر جب بات بنتی نظر نہ آئی تو ایک یہودی کے سر الزام تھوپا۔

[۳۰۶۰-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِيْ شُعَيْبٍ: أَبُوْ مُسْلِمٍ الحَرَّانِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ سَلَمَةَ الحَرَّانِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، قَالَ: كَانَ أَهْلُ بَيْتٍ مِنَّا، يُقَالُ لَهُمْ: بَنُوْ أُبَيْرِقٍ: بِشْرٌ، وَبُشَيْرٌ، وَمُبَشِّرٌ، وَكَانَ بُشَيْرٌ رَجُلاً مُنَافِقًا، يَقُوْلُ الشِّعْرَ، يَهْجُوْ بِهِ أَصْحَابَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ يَنْحَلُهُ بَعْضَ الْعَرَبِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: قَالَ فَلاَنٌ: كَذَا وَكَذَا، قَالَ فَلاَنٌ: كَذَا وَكَذَا، فَإِذَا سَمِعَ أَصْحَابُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذٰلِكَ الشِّعْرَ، قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَايَقُوْلُ هٰذَا الشِّعْرَ إِلَّا هٰذَا الْخَبِيْثُ – أَوْ كَمَا قَالَ الرَّجُلُ – وَقَالُوْا: ابْنُ الأُبَيْرِقِ قَالَهَا.

قَالَ: وَكَانُوْا أَهْلَ بَيْتِ حَاجَةٍ وَفَاقَةٍ فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ وَالإِسْلاَمِ، وَكَانَ النَّاسُ إِنَّمَا طَعَامُهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ التَّمْرُ وَالشَّعِيْرُ، وَكَانَ الرَّجُلُ إِذَا كَانَ لَهُ يَسَارٌ، فَقَدِمَتْ ضَافِطَةٌ مِنَ الشَّامِ مِنَ الدَّرْمَكِ، ابْتَاعَ الرَّجُلُ مِنْهَا، فَخَصَّ بِهَا نَفْسَهُ، وَأَمَّا العِيَالُ: فَإِنَّمَا طَعَامُهُمُ التَّمْرُ وَالشَّعِيْرُ.

فَقَدِمَتْ ضَافِطَةٌ مِنَ الشَّامِ، فَابْتَاعَ عَمِّيْ رِفَاعَةُ بْنُ زَيْدٍ حِمْلاً مِنَ الدَّرْمَكِ، فَجَعَلَهُ فِيْ مَشْرَبَةٍ لَهُ، وَفِيْ الْمَشْرَبَةِ سِلاَحٌ: دِرْعٌ وَسَيْفٌ، فَعُدِيَ عَلَيْهِ مِنْ تَحْتَ الْبَيْتِ، فَنُقِبَتِ الْمَشْرَبَةُ، وَأُخِذَ الطَّعَامُ وَالسِّلاَحُ.

فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَانِیْ عَمِّیْ رِفَاعَةُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِیْ! إِنَّهُ قَدْ عُدِیَ عَلَيْنَا فِیْ لَيْلَتِنَا هٰذِهِ، فَنُقِّبَتْ مَشْرَبَتُنَا، وَذُهِبَ بِطَعَامِنَا وَسِلاَحِنَا.

قَالَ: فَتَحَسَّسْنَا فِیْ الدَّارِ، وَسَأَلْنَا، فَقِيْلَ لَنَا: قَدْ رَأَيْنَا بَنِیْ أُبَيْرِقٍ اسْتَوْقَدُوْا فِیْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَلاَ نَرَى فِيْمَا نَرَى إِلَّا عَلَى بَعْضِ طَعَامِكُمْ.

قَالَ: وَكَانَ بَنُوْ أُبَيْرِقٍ قَالُوْا: وَنَحْنُ نَسْأَلُ فِیْ الدَّارِ، وَاللّٰهِ! مَا نَرَى صَاحِبَكُمْ إِلَّا لَبِيْدَ بْنَ سَهْلٍ: رَجُلٌ مِنَّا، لَهُ صَلاَحٌ وَإِسْلاَمٌ، فَلَمَّا سَمِعَ لَبِيْدٌ اخْتَرَطَ سَيْفَهُ، وَقَالَ: أَنَا أَسْرِقُ؟ فَوَ اللّٰهِ لَيُخَالِطَنَّكُمْ هٰذَا السَّيْفُ، أَوْ لَتُبَيِّنُنَّ هٰذِهِ السَّرِقَةَ، قَالُوْا: إِلَيْكَ عَنَّا أَيُّهَا الرَّجُلُ، فَمَا أَنْتَ بِصَاحِبِهَا.

فَسَأَلْنَا فِیْ الدَّارِ حَتَّى لَمْ نَشُكَّ أَنَّهُمْ أَصْحَابُهَا، فَقَالَ لِیْ عَمِّیْ: يَا ابْنَ أَخِیْ! لَوْ أَتَيْتَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتَ ذٰلِكَ لَهُ.

قَالَ قَتَادَةُ: فَأَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقُلْتُ: إِنَّ أَهْلَ بَيْتٍ مِنَّا أَهْلَ جَفَاءٍ، عَمِدُوْا إِلَى عَمِّیْ رِفَاعَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَنَقَّبُوْا مَشْرَبَةً لَهُ، وَأَخَذُوْا سِلاَحَهُ وَطَعَامَهُ، فَلْيَرُدُّوْا عَلَيْنَا سِلاَحَنَا، فَأَمَّا الطَّعَامُ فَلاَ حَاجَةَ لَنَا فِيْهِ، فَقَالَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم: "سَآمُرُ فِیْ ذٰلِكَ"

فَلَمَّا سَمِعَ بَنُوْ أُبَيْرِقٍ: أَتَوْا رَجُلاً مِنْهُمْ، يُقَالُ لَهُ: أُسَيْرُ بْنُ عُرْوَةَ، فَكَلَّمُوْهُ فِیْ ذٰلِكَ، وَاجْتَمَعَ فِیْ ذٰلِكَ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ الدَّارِ.

فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ قَتَادَةَ بْنَ النُّعْمَانِ وَعَمَّهُ عَمِدَا إِلَى أَهْلِ بَيْتٍ مِنَّا: أَهْلِ إِسْلاَمٍ وَصَلاَحٍ، يَرْمُوْنَهُمْ بِالسَّرِقَةِ مِنْ غَيْرِ بَيِّنَةٍ، وَلاَ ثَبْتٍ.

قَالَ قَتَادَةُ: فَأَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَلَّمْتُهُ، فَقَالَ: "عَمِدْتَ إِلَى أَهْلِ بَيْتٍ، ذُكِرَ مِنْهُمْ إِسْلاَمٌ وَصَلاَحٌ، تَرْمِيْهِمْ بِالسَّرِقَةِ عَلَى غَيْرِ ثَبْتٍ وَبَيِّنَةٍ!"

قَالَ: فَرَجَعْتُ، وَلَوَدِدْتُ أَنِّیْ خَرَجْتُ مِنْ بَعْضِ مَالِیْ، وَلَمْ أُكَلِّمْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ ذٰلِكَ، فَأَتَانِیْ عَمِّیْ رِفَاعَةُ، فَقَالَ: يَاابْنَ أَخِیْ! مَا صَنَعْتَ؟ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: اللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ نَزَلَ الْقُرْآنُ: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللّٰهُ، وَلاَ تَكُنْ لِلْخَائِنِيْنَ خَصِيْمًا﴾ بَنِیْ أُبَيْرِقٍ ﴿وَاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ﴾ مِمَّا قُلْتَ لِقَتَادَةَ ﴿إِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَحِيْمًا، وَلاَ تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ أَنْفُسَهُمْ إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا أَثِيْمًا، يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلاَ يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿رَحِيْمًا﴾ أَیْ لَوِ اسْتَغْفَرُوْا اللّٰهَ لَغَفَرَ لَهُمْ ﴿وَمَنْ يَكْسِبْ إِثْمًا فَإِنَّمَا يَكْسِبُهُ عَلَى نَفْسِهِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَإِثْمًا مُبِيْنًا﴾

قَوْلَهُمْ لِلَبِيْدٍ﴾ وَلَوْلاَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾

فَلَمَّا نَزَلَ الْقُرْآنُ، أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالسِّلاَحِ، فَرَدَّهُ إِلٰى رِفَاعَةَ. فَقَالَ قَتَادَةُ: لَمَّا أَتَيْتُ عَمِّيْ بِالسِّلاَحِ، وَكَانَ شَيْخًا قَدْ عَشَا، أَوْ: عَسَا – الشَّكُّ مِنْ أَبِيْ عِيْسَى – فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكُنْتُ أُرَى إِسْلاَمَهُ مَدْخُوْلاً، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ، قَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ! هُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَعَرَفْتُ أَنَّ إِسْلاَمَهُ كَانَ صَحِيْحًا.

فَلَمَّا نَزَلَ الْقُرْآنُ لَحِقَ بُشَيْرٌ بِالْمُشْرِكِيْنَ، فَنَزَلَ عَلَى سُلاَفَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ سُمَيَّةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَمَنْ يُشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيْرًا، إِنَّ اللّٰهَ لاَيَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ، وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ، وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيْدًا﴾

فَلَمَّا نَزَلَ عَلَى سُلاَفَةَ، رَمَاهَا حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ بِأَبْيَاتٍ مِنْ شِعْرٍ، فَأَخَذَتْ رَحْلَهُ، فَوَضَعَتْهُ عَلَى رَأْسِهَا، ثُمَّ خَرَجَتْ بِهِ، فَرَمَتْ بِهِ فِيْ الْأَبْطَحِ، ثُمَّ قَالَتْ: أَهْدَيْتَ لِيْ شِعْرَ حَسَّانٍ! مَا كُنْتَ تَأْتِيْنِيْ بِخَيْرٍ!

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَ نَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَهُ غَيْرَ مُحمدِ بْنِ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيِّ، وَرَوَى يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ مُرْسَلاً، لَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ. وَقَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ: هُوَ أَخُوْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ لِأُمِّهِ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ: اسْمُهُ سَعْدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ.

وضاحت: اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، محمد بن سلمۃ حرّانی ہی اس طرح حدیث کو مرفوع کرتا ہے، اور محمد بن اسحاق کے دیگر تلامذہ یونس وغیرہ اس حدیث کو منقطع روایت کرتے ہیں، وہ عاصم کے بعد عن أبيه عن جده نہیں بڑھاتے، اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے اخیافی (ماں شریک) بھائی ہیں، اور حضرت ابوسعید خدریؓ کا نام: سعد بن مالک بن سنان ہے۔

۱۵- ڈھارس بندھانے والی آیت

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآنِ کریم کی کوئی آیت مجھے اس آیت سے زیادہ محبوب نہیں: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لاَيَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ اس بات کو تو نہیں بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، اور اس کے علاوہ جتنے گناہ ہیں ان کو جس کے لئے منظور ہوگا بخش دیں گے (اور مشرک اگر مسلمان ہوجائے تو وہ مشرک نہ رہا، اس لئے اب وہ دائمی سزا بھی باقی نہ رہے گی، اسی طرح اگر مرتکبِ کبیرہ توبہ کرلے تو وہ بھی مرتکب کبیرہ نہ رہا لأن التائب من الذنب كمن لاذنب له)

تشریح: یہ آیت سورۃ النساء میں دوجگہ آئی ہے (آیت ۴۸ و۱۱۶) پہلی جگہ مخاطب یہود ہیں، اور دوسری جگہ مشرکین، اورانہی آیات کی وجہ سے اہل السنہ والجماعہ کا عقیدہ ہے کہ کفروشرک کے علاوہ ہر گناہ قابل معافی ہے، مرتکبِ کبیرہ اگرچہ توبہ کئے بغیر مرگیا ہو: اس کی بھی آخرت میں بخشش ہوگی، اس لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ آیت مجھے بہت محبوب ہے، کیونکہ یہ ڈھارس بندھانے والی اور امید دلانے والی آیت ہے۔

[۳۰۶۱-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ الْبَغْدَادِيُّ، ناالنَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ ثُوَيْرٍ: وَهُوَ ابْنُ أَبِيْ فَاخِتَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: مَافِي الْقُرْآنِ آيَةٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَايَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ، وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ﴾

وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ فَاخِتَةَ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ عِلَاقَةَ، وَثُوَيْرٌ: يُكْنَى أَبَا جَهْمٍ، وَهُوَ رَجُلٌ كُوْفِيٌّ، وَقَدْ سَمِعَ مِنِ ابنِ عُمَرَ، وَابْنِ الزُّبَيْرِ؛ وَابْنُ مَهْدِيٍّ كَانَ يَغْمِزُهُ قَلِيْلًا.

وضاحت: یہ ثویر کی حدیث ہے، اس کی کنیت ابوجہم تھی، یہ کوفہ کا رہنے والا تھا اس نے حضرت ابن عمر اور حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما سے حدیثیں سنی ہیں، اور عبدالرحمٰن بن مہدی اس کی تضعیف کیا کرتے تھے، وہ اس سے روایتیں نہیں کرتے تھے، اور دوسرے بہت سے ائمہ نے بھی اس پر جرح کی ہے، اس لئے یہ راوی ضعیف ہے، اور اس کا باپ ابوفاختہ ثقہ راوی ہے، اس کا نام سعید بن علاقہ ہے، اس نے بھی متعدد صحابہ سے روایتیں سنی ہیں۔

۱۶-کلفتیں مؤمن کے لئے کفارہ ہیں

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سورۃ النساء کی آیت ۱۲۳ نازل ہوئی: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً يُجْزَ بِهِ﴾ یعنی جو بھی شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کی سزا دیا جائے گا، پس مسلمانوں پر یہ آیت بھاری ہوئی، انھوں نے نبی ﷺ سے عرض کیا کہ جب ہر شخص کو اس کی برائی کا بدلہ دیا جائے گا تو آخرت میں سزا سے کون بچ سکے گا؟ پس نبی ﷺ نے فرمایا: قَارِبُوْا، وَسَدِّدُوْا، وفی کل ما يُصِيْبُ المؤمنَ كفارةٌ، حتى الشَّوْكَةَ: يُشَاكُهَا، والنَّكْبَةَ: يُنْكَبُهَا: دین میں میانہ روی اختیار کرو، یعنی حد سے نہ بڑھو، اور سیدھے راستہ پر چلو، اور ہر اس چیز سے جو مؤمن کو پہنچتی ہے گناہ معاف ہوتے ہیں، یہاں تک کہ وہ کانٹا جو مؤمن کو چبھایا جاتا ہے اور وہ حادثہ جو مؤمن کو پہنچایا جاتا ہے۔

لغات: قَارَبَ فلانٌ فی أُمُوْرِہِ: معاملات میں میانہ روی اختیار کرنا، حد سے نہ بڑھنا...... سَدَّدَ الشيئَ: سیدھا اور درست کرنا...... يُشَاكُها (فعل مجھول) شَاكَ فلاناً فلانٌ: کانٹا چبھانا، تکلیف پہنچانا...... النكبة: مصیبت، حادثہ، يُنْكَبُها (فعل مجھول) نَكَبَ الدَّهْرُ فلاناً: زمانہ کا کسی پر مصیبت لانا۔

تشریح: اس آیت کے بارے میں اگلے عنوان کے تحت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی روایت بھی آرہی ہے،

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے کہ مؤمن کو جو بخار یا تکلیف پہنچتی ہے، یا کانٹا چبھتا ہے: وہ اس کے گناہوں کا کفارہ بنتا ہے، یہاں تک کہ کوئی شخص اپنی کوئی چیز ایک جیب میں تلاش کرے، مگر وہ دوسری جیب میں ہو، اس لئے وہ نہ ملے تو اتنی مشقت بھی اس کے گناہوں کا کفارہ بنتی ہے، اس لئے مؤمن کو اس آیت سے گھبرانا نہیں چاہئے، البتہ اس آیت کے شروع میں ہے: ﴿لَيْسَ بِأَمَانِيِّكُمْ وَلاَ أَمَانِيِّ أَهْلِ الْكِتَابِ﴾ یعنی نہ تمہاری تمناؤں سے کام چلتا ہے اور نہ اہل کتاب کی تمناؤں سے، یعنی خالی امیدیں باندھنا اور گناہوں میں مبتلا رہنا: مؤمن کی شان نہیں، مؤمن کو چاہئے کہ نیک عمل کرتا رہے، اور برائیوں سے بچتا رہے، اور کوئی چھوٹی بڑی برائی ہو جائے تو مایوس نہ ہو، اور یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے، اس کا راوی ابن مُحَیْصِنْ بہت اچھا راوی ہے، اس کا نام عمر بن عبدالرحمٰن ہے۔

[۳۰۶۲-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِیْ زِيَادٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالاَ: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ ابنِ مُحَيْصِنٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً ا يُجْزَ بِهِ﴾ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، فَشَكَوْا ذٰلِكَ إِلَى النبیِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "قَارِبُوْا، وَسَدِّدُوْا، وَفِیْ كُلِّ مَا يُصِيْبُ الْمُؤْمِنَ كَفَّارَةٌ، حَتَّى الشَّوْكَةَ: يُشَاكُهَا، وَالنَّكْبَةَ: يُنْكَبُهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَابْنُ مُحَيْصِنٍ: اسْمُهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَيْصِنٍ.

۱۷-مؤمن گناہوں سے پاک صاف کر کے اٹھایا جاتا ہے

حدیث: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس تھا، پس آپؐ پر یہ آیت نازل کی گئی: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً ا يُجْزَ بِهِ، وَلاَ يَجِدْ لَهُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَلاَنَصِيْرًا﴾ جو شخص کوئی بھی برا کام کرے گا: وہ اس کی وجہ سے سزا دیا جائے گا، اور اس کو اللہ کے علاوہ نہ کوئی یار ملے گا نہ کوئی مددگار۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: "اے ابوبکرؓ! کیا میں آپ کو نہ پڑھاؤں وہ آیت جو مجھ پر نازل کی گئی ہے؟" میں نے عرض کیا: کیوں نہیں، اے اللہ کے رسول! حضرت ابوبکرؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے مجھے وہ آیت پڑھائی، پس نہیں جانتا ہوں میں مگر یہ بات کہ میں نے اپنی پیٹھ میں شکستگی محسوس کی، پس میں نے اس کی وجہ سے انگڑائی لی، نبی ﷺ نے فرمایا: "آپ کا کیا حال ہے اے ابوبکرؓ! میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اور ہم میں سے کس نے کوئی برائی نہیں کی؟ اور بیشک ہم ضرور بدلہ دیئے جائیں گے ان کاموں کا جو ہم نے کئے ہیں (پس سزا سے کون بچ سکے گا؟) نبی ﷺ نے فرمایا: "رہے آپ اے ابوبکر اور (نیک) مسلمان! تو وہ بدلہ دیئے جائیں گے ان برائیوں کا دنیا ہی میں یہاں تک کہ ملاقات کرو گے تم اللہ سے درانحالیکہ نہیں ہو گا تمہارے لئے کوئی گناہ، رہے دوسرے لوگ یعنی نڈر مسلمان اور کافر تو اکٹھا کی جائیں گی وہ برائیاں ان کے لئے، یہاں تک کہ بدلہ دیئے جائیں گے وہ اس کا قیامت کے دن"

تشریح: ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جس مؤمن کے ساتھ اللہ کو خیر منظور ہوتی ہے، اس کو دنیا میں الاؤں بلاؤں میں مبتلا کیا جاتا ہے، پھر جب وہ گناہوں سے پاک صاف ہوجاتا ہے تو اس کو اٹھایا جاتا ہے، پس المؤمنون سے مراد کامل مؤمنین ہیں، اور الآخرون کا مصداق نام نہاد مسلمان اور کافر ہیں۔

لغات: اقْتِصامًا: (باب افتعال) ٹوٹن، شکستگی، اور بعض نسخوں میں انْقِصامًا (باب انفعال) ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں، اور مصری نسخہ میں انْفِصامًا ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں، انْفَصَمَ الشيئُ: ٹوٹنا (الگ ہوئے بغیر) ...... تَمَطَّأَ الرجلُ وَتَمَطَّى: انگڑائی لینا، مصری نسخہ میں فَتَمَطَّيْتُ ہے ...... يَجْتَمِعُ: اکٹھا ہوتی ہیں، اور مصری نسخہ میں فَيُجْمَعُ ہے، یعنی اکٹھا کی جاتی ہیں وہ برائیاں اس کے لئے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں گفتگو ہے، اس کا راوی موسیٰ حدیث میں ضعیف قرار دیا گیا ہے، امام یحییٰ قطان اور امام احمد رحمہما اللہ نے اس راوی کو ضعیف قرار دیا ہے، اور اس کا استاذ ابن سباع کا مولیٰ مجہول راوی ہے۔ یہ سند میں دوسری خرابی ہے، اور یہ حدیث اس کے علاوہ سند سے بھی حضرت ابوبکرؓ سے مروی ہے، مگر وہ سند بھی صحیح نہیں، دوسری سند سے یہ روایت مسند احمد میں ہے، اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی باب میں جو روایت ہے وہ میں نے اوپر بیان کردی۔

[۳۰۶۳-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأُنْزِلَتْ عَلَيْهِ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿مَنْ يَعْمَلْ سُوْءً ا يُجْزَ بِهِ، وَلاَ يَجِدْ لَهُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَلاَ نَصِيْرًا﴾ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا بَكْرٍ! أَلاَ أُقْرِئُكَ آيَةً أُنْزِلَتْ عَلَيَّ؟" قُلْتُ: بَلَى يارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَأَقْرَأَنِيْهَا، فَلاَ أَعْلَمُ إِلاَّ أَنِّيْ وَجَدْتُ فِيْ ظَهْرِى اقْتِصامًا، فَتَمَطَّأْتُ لَهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا شَأْنُكَ يَا أَبَابَكْرٍ؟" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! وَأَيُّنَا لَمْ يَعْمَلْ سُوْءً، وَإِنَّا لَمَجْزِيُّوْنَ بِمَا عَمِلْنَا! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا أَنْتَ يَا أَبَا بَكْرٍ وَالْمُؤْمِنُوْنَ: فَتُجْزَوْنَ بِذٰلِكَ فِيْ الدُّنْيَا، حَتَّى تَلْقَوُا اللّٰهَ وَلَيْسَ لَكُمْ ذُنُوْبٌ، وَأَمَّا الآخَرُوْنَ فَيَجْتَمِعُ ذٰلِكَ لَهُمْ، حَتَّى يُجْزَوْا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَفِيْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ، ضَعَّفَهُ يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، وَأَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ؛ وَمَوْلَى ابْنِ سِبَاعٍ مَجْهُوْلٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، وَلَيْسَ لَهُ إِسْنَادٌ صَحِيْحٌ أَيْضًا، وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ.

۱۸-نزاع سے بہتر صلح ہے

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت سودۃ رضی اللہ عنہا نے اندیشہ محسوس کیا کہ نبی ﷺ ان کو چھوڑ دیں گے، پس انھوں نے عرض کیا: آپؐ مجھے طلاق نہ دیں، اور مجھے روکے رکھیں، اور میری باری کا دن عائشہؓ کے لئے کردیں، چنانچہ آپؐ نے ایسا کیا، پس سورۃ النساء کی آیت ۱۲۸ نازل ہوئی: ﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾

پوری آیت کا ترجمہ: اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر سے نافرمانی (بددماغی) یا بے پرواہی کا ڈر ہو تو اگر وہ دونوں باہم ایک خاص طور پر مصالحت کرلیں تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں، اور صلح (نزاع سے) بہتر ہے، حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں: پس وہ چیز جس پر دونوں نے مصالحت کرلی ہے: درست ہے، اور مسند ابوداؤد طیالسی میں صراحت ہے کہ یہ حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے۔

تشریح: ابن سعد کی ایک مرسل روایت میں ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت سودۃ کو طلاق دیدی تھی، پھر ان کی درخواست پر رجوع کرلیا تھا، یہ بات غالباً صحیح نہیں، اور ابن سعد کی روایت بھی صحیح نہیں، وہ مرسل روایت ہے، ترمذی شریف کی یہ روایت ہی صحیح ہے کہ آپؐ نے ان کو طلاق نہیں دی تھی، مگر حضرت سودۃؓ نے کچھ قرائن سے ایسا محسوس کیا تھا کہ آپؐ ان کو طلاق دیدیں گے، چنانچہ انھوں نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کو بخش دی، نبی ﷺ نے اس کو قبول فرمالیا، کیونکہ انھوں نے خود عرض کیا تھا کہ ان کو زن وشوئی کے معاملات سے اب دلچسپی نہیں رہی ...... اور ایک خاص طور پر صلح کرنے کا مطلب یہ ہے کہ شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے اپنے حقوق چھوڑ دیئے جائیں، اور مصالحت کرلی جائے تو یہ درست ہے، جیسے عورت مہر چھوڑ دے، نان ونفقہ چھوڑ دے یا شوہر کی متعدد بیویاں ہونے کی صورت میں اپنا رات کا حق چھوڑ دے تو یہ درست ہے۔ حدیث میں ہے: الصُّلْحُ جائزٌ بين المسلمين إلا صُلْحًا حَرَّمَ حلالاً أَوْ أَحَلَّ حرامًا: مسلمانوں کے درمیان ہر صلح جائز ہے، البتہ جو صلح کسی حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال کرے وہ جائز نہیں۔ یہ حدیث (الصلح جائز) پہلے أبواب البیوع باب ۷۹ (تحفہ ۴:۲۷۶) میں گذر چکی ہے۔

[۳۰۶٤-] حدثنا محمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَشِيَتْ سَوْدَةُ أُنْ يُطَلِّقَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: لَا تُطَلِّقْنِيْ، وَأَمْسِكْنِيْ، وَاجْعَلْ يَوْمِيْ لِعَائِشَةَ، فَفَعَلَ، فَنَزَلَتْ: ﴿فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا، وَالصُّلْحُ خَيْرٌ﴾ فَمَا اصْطَلَحَا عَلَيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ جَائِزٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۱۹-سورۃ النساء کی آخری آیت: احکام میراث کی آخری آیت ہے

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آخری آیت جو اتاری گئی، یا کہا: آخری چیز جو اتاری گئی ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ: اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ﴾ ہے۔

تشریح: یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے، اور مسلم شریف میں اس روایت میں یہ بھی ہے کہ آخری پوری سورت جو اتاری گئی وہ سورۃ التوبہ ہے، اور (احکام میراث کی) آخری آیت جو اتاری گئی وہ کلالہ کی آیت ہے، یعنی سورۃ النساء کی آخری آیت، اور کلالہ کی تعریف آئندہ عنوان کے تحت آرہی ہے۔

[۳۰۶۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: آخِرُ آيَةٍ أُنْزِلَتْ، أَوْ: آخِرُ شَيْئٍ أُنْزِلَ: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ: اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ؟﴾
هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ السَّفَرِ: اسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ أَحْمَدَ، وَيُقَالُ: ابْنُ يُحْمِدَ الثَّوْرِيُّ.

۲۰-کلالہ کی تعریف

کلالة: مصدر ہے، كَلَّ (ض) كُلُوْلاً و كَلاَلَةً کے معنی ہیں: کمزور ہونا، اور میراث کی اصطلاح میں کلالہ: وہ شخص ہے جو مرنے کے بعد اپنے پیچھے نہ باپ چھوڑے اور نہ ایسی اولاد چھوڑے جو اس کی وارث ہو، بلکہ اس کا وارث کوئی قرابتی ہو، جیسے بھائی بہن وغیرہ، اور ایسا شخص جس کے اصول وفروع نہ ہوں کمزور سمجھا جاتا ہے۔

اور کلالہ کا ذکر سورۃ النساء میں دو جگہ آیا ہے۔ آیت ۱۲ میں ہے: ﴿وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُوْرَثُ كَلاَلَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ﴾ الآیۃ یعنی اگر کوئی شخص جس کی میراث دوسرے کو مل رہی ہو: کلالہ ہو یا کوئی عورت ایسی ہی ہو یعنی وہ کلالہ ہو، اور اس کا (اخیافی) بھائی یا بہن ہو (تو اس کا میراث میں وہ حصہ ہے جو آیت میں بیان کیا گیا ہے) یہ آیت سردیوں میں نازل ہوئی ہے، اور اس میں اخیافی بھائی بہن کی میراث کا بیان ہے، اور اس آیت میں اجمال ہے، کلالہ کی تعریف مذکور نہیں...... اور دوسری آیت سورۃ النساء کی آخری آیت ہے: ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلاَلَةِ: إِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ، لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَلَهُ أُخْتٌ﴾ الآیۃ یعنی لوگ آپؐ سے فتوی پوچھتے ہیں؟ آپؐ بتادیں: اللہ تعالیٰ تم کو کلالہ کے بارے میں فتوی دیتے ہیں: اگر کوئی شخص مرجائے، جس کی کوئی اولاد نہ ہو، اور اس کی بہن ہو (تو اس کا میراث میں وہ حصہ ہے جو آگے آیت میں بیان کیا گیا ہے) یہ آیت گرمیوں میں نازل ہوئی ہے اور اس میں کلالہ کی تعریف ہے۔ فرمایا: ﴿لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ﴾ یعنی میت کی اولاد نہ ہو، اور یہ آدھی بات ہے، باقی آدھی: ولا والد ہے یعنی اس کا باپ بھی نہ ہو تو وہ کلالہ ہے اور یہ آدھا مضمون فہم سامع پر اعتماد کرکے چھوڑ دیا گیا ہے، جس کی وضاحت مراسیل ابی داؤد میں ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن کی

روایت میں ہے کہ ایک شخص خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا اور اس نے کلالہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: کیا تم نے وہ آیت نہیں سنی جو گرمیوں میں نازل کی گئی ہے: ﴿یَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلَالَةِ﴾؟ فمن لم یترك ولداً ولا والداً فورثته كلالة: جس نے نہ اولاد چھوڑی نہ باپ تو اس کے ورثہ کلالہ ہیں، اور حاکم نے اس روایت کو عن أبی هریرۃ سے موصول کیا ہے (درمنثور ۲:۲۴۹) اور دارمی وغیرہ میں یہی تعریف حضرت ابوبکرؓ سے مروی ہے، اور مصنف عبدالرزاق میں عمرو بن شرحبیل نے اس پر صحابہ کا اجماع نقل کیا ہے (درمنثور ۲:۲۵۰)

حدیث: حضرت براءؓ کہتے ہیں: ایک شخص (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، اور پوچھا کہ کلالہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: ''تمہارے لئے موسم گرما کی آیت کافی ہے'' یعنی کلالہ کی وضاحت اس میں ہے۔

تشریح: اس حدیث میں ترمذی اور ابوداؤد (حدیث ۲۸۹۲) میں آیتِ پاک: ﴿یَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ یُفْتِیْکُمْ فِی الْکَلَالَةِ﴾ کا بھی حدیث میں تذکرہ ہے، مگر مسند احمد (۴:۲۹۳) میں حدیث میں آیت مذکور نہیں، اس کا متن اس طرح ہے: قال: جاء رجل إلی رسول اللہ علیه وسلم، وسأله عن الكلالة؟ فقال: '' تكفيك آيةُ الصيف: ایک شخص یعنی حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور آپ سے کلالہ کے بارے میں دریافت کیا، تو آپ نے فرمایا: ''تمہارے لئے گرمی کی آیت کافی ہے'' ...... یہی صحیح متن ہے، یعنی حدیث میں آیت کا تذکرہ نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ یہی آیت گرمی کی آیت ہے، پس بہتر یہ تھا کہ امام ترمذی اس حدیث کو آیت ۱۲ کی تفسیر میں ذکر کرتے، کیونکہ اُس میں اجمال ہے، جس کی تفصیل اِس آخری آیت میں ہے، جس کا نبی ﷺ نے حوالہ دیا ہے۔

فائدہ: کلالہ کی تعریف تو وہی ہے جو اوپر گذری، یعنی من لا وَلَدَ له ولا والد: جس کی نہ اولاد ہو، نہ باپ، مگر دو مسئلوں میں اختلاف ہے:

پہلا مسئلہ: لفظ ولد: لغت میں عام ہے، اس کے معنی ہیں: اولاد، خواہ مذکر ہو یا مؤنث، اور خواہ صلبی ہو یا نیچے کی (پوتا، پوتی، نواسا، نواسی) مگر بابِ میراث میں اگر میت کی مذکر اولاد ہو یا مذکر اولاد کی مذکر اولاد (پوتے) ہوں تب تو ہر طرح کے بھائی بہن (اخیافی، علاتی اور حقیقی) بالاتفاق محروم رہتے ہیں، لیکن اگر میت کی صرف مؤنث اولاد (بیٹیاں) ہو تو بالاتفاق بھائی بہن وارث ہوتے ہیں، بھائی تیسرے نمبر میں عصبہ بنفسہ ہوتے ہیں اور بہنیں: اپنے بھائیوں کے ساتھ عصبہ بالغیر ہوتی ہیں، اور اگر صرف بہنیں (لڑکیوں کے ساتھ) ہوں تو وہ عصبہ مع الغیر ہوتی ہیں۔ حدیث میں ہے: اجعلوا الأخوات مع البنات عصبة: بہنوں کو بیٹیوں کے ساتھ عصبہ بناؤ، یہ حدیث ان لفظوں سے اگرچہ ثابت نہیں، مگر اس کا مضمون صحیحین کی حدیث سے ثابت ہے۔ بخاری شریف میں دو حدیثیں (حدیث ۶۷۴۱ و ۶۷۴۲) ہیں: (۱) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کے زمانہ میں بیٹی کے لئے نصف کا اور بہن کے لئے نصف کا فیصلہ کیا (۲) اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک مسئلہ میں فرمایا: میں اس میں نبی ﷺ کا فیصلہ کرتا ہوں: بیٹی کے لئے نصف ہے، اور پوتی کے لئے سدس اور باقی

بہن کے لئے ہے...... اس لئے کلالہ کی تعریف میں ولد سے عام معنی مراد نہیں، بلکہ مذکر اولاد مراد ہے۔

دوسرا مسئلہ: والد کا لفظ بھی لغت میں عام ہے، باپ دادا سب کو شامل ہے، مگر بابِ میراث میں اگر میت کا باپ ہو تو ہر طرح کے بھائی بہن بالاتفاق محروم ہوتے ہیں، اور اگر میت کا دادا ہو تو اختلاف ہے: امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک: دادا کی وجہ سے بھی ہر طرح کے بھائی بہن محروم ہوتے ہیں، ان کے نزدیک لفظ ''والد'' عام ہے، اور باپ کے ساتھ خاص کرنے کی کوئی وجہ نہیں اس لئے فتوی اسی پر ہے...... اور صاحبین کے نزدیک: دادا کے ساتھ بھائی بہن وارث ہوتے ہیں، وہ لفظ والد کو باپ کے ساتھ خاص کرتے ہیں، کیونکہ لفظ ولد جب مذکر اولاد کے ساتھ خاص ہے، تو لفظ والد بھی باپ کے ساتھ خاص ہوگا۔

[٣٠٦٦-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارَسولَ اللّٰهِ! ﴿يَسْتَفْتُوْنَكَ؟ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْ الْكَلاَلَةِ؟﴾ قَالَ: فَمَا الْكَلاَلَةُ؟ فَقَالَ لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ''تُجزِئُكَ آيَةُ الصَّيْفِ''

وَمِنْ سُوْرَةِ المائدة

سورۃ المائدۃ کی تفسیر

۱- ایک انتہائی اہم آیت

سورۃ المائدہ کی آیت تین میں ہے: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلاَمَ دِيْنًا﴾ ترجمہ: آج میں نے یعنی اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے تمہارے دین کو کامل کر دیا (قوت میں بھی کہ کفار مایوس ہوگئے، اور احکام وقواعد میں بھی کہ سب نازل کر دیئے) اور میں نے تم پر اپنا انعام تام کر دیا، اور میں نے اسلام کو تمہارا دین بننے کے لئے پسند کر لیا، یعنی اب قیامت تک تمہارا دین یہی رہے گا، اس کو منسوخ کر کے دوسرا دین تجویز نہیں کیا جائے گا۔

تفسیر: اکمال کا مطلب یہ ہے کہ نزولِ قرآن سے جو مقصود تھا وہ پورا ہوگیا، اور وہ مقصود انسانوں کو دین وشریعت عطا فرمانا تھا...... اور اتمام کا مطلب یہ ہے کہ اب کسی دوسری چیز کی ضرورت باقی نہیں رہی...... اور اس آیت میں دین کی نسبت مسلمانوں کی طرف کی ہے، کیونکہ دین کا ظہور وغلبہ اُن کی محنت سے ہوتا ہے۔ اور نعمت کی نسبت اپنی طرف کی ہے، کیونکہ دین کی تکمیل براہ راست اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوئی ہے...... اور اکمالِ دین کا یہ مطلب نہیں ہے کہ پہلے انبیاء

علیہم السلام کا دین ناقص تھا۔ دین تو ہر نبی کا اس کے زمانے کے اعتبار سے کامل تھا، مگر جو دین ان کے زمانے اور ان کی قوم کے اعتبار سے کامل تھا، وہ اگلے زمانے اور اگلی قوموں کے اعتبار سے نامکمل تھا۔ جیسے بچپن کا کرتا: اُس عمر کے اعتبار سے کامل ہوتا ہے، مگر جوانی کے زمانے کے اعتبار سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اسی طرح اب زمانے کے شباب کے زمانے میں جو شریعت سب سے آخر میں نازل کی گئی ہے: وہ ہر جہت اور ہر لحاظ سے کامل و مکمل ہے، اس لئے اب رہتی دنیا تک نئی شریعت کی ضرورت باقی نہیں رہی، یہی دین تا قیامت لوگوں کی نجات کے لئے کافی ہے۔

آیت کا زمانۂ نزول اور مقامِ نزول: یہ آیت ۱۰ھ میں عرفہ کے دن نازل ہوئی ہے، اور اتفاق سے وہ دن جمعہ کا دن تھا، اور یہ آیت میدانِ عرفات میں جبلِ رحمت کے پاس عصر کی نماز کے بعد نازل ہوئی ہے، جو قبولیتِ دعا کی گھڑی ہے۔ اور اس وقت مسلمانوں کا سب سے بڑا اجتماع ہو رہا تھا، جس میں ڈیڑھ لاکھ پروانے شمع نبوت کے گرد جمع تھے، یہ اجتماع ہر سال اسی جگہ ہوتا ہے، پس جگہ بھی بابرکت، وقت بھی بابرکت، دن بھی بابرکت اور دو عیدوں کے اجتماع کا دن تھا۔

حدیث (۱): طارق بن شہابؒ کہتے ہیں: ایک یہودی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: اے امیر المؤمنین! اگر یہ آیت: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ ہم پر نازل کی جاتی، یعنی ہمارے دین و شریعت کو کامل و مکمل قرار دیا جاتا تو ہم اس دن میں (جس دن میں یہ آیت نازل کی جاتی) عید (خوشی) منایا کرتے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: ''مجھے بالیقین معلوم ہے کہ یہ آیت کس دن میں اتاری گئی ہے: عرفہ کے دن میں، جمعہ کے دن میں یہ آیت نازل کی گئی ہے (یہ اعلی درجہ کی صحیح حدیث ہے)

حدیث (۲): یہی واقعہ عمار بن ابی عمار نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف منسوب کر کے بیان کیا ہے، وہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباسؓ نے آیت: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ﴾ پڑھی، اس وقت آپؓ کے پاس ایک یہودی تھا، اس نے کہا: اگر یہ آیت ہم پر اتاری جاتی تو ہم اس دن میں عید (خوشی) منایا کرتے! حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: یہ آیت دو عیدوں کے اجتماع کے موقعہ پر نازل کی گئی ہے، یعنی جمعہ کے دن میں اور عرفہ کے دن میں (یہ روایت اعلی درجہ کی نہیں ہے، صرف حسن ہے، کیونکہ عمار بن ابی عمار صدوق (اچھے) راوی تھے، مگر کبھی وہ روایت میں غلطی بھی کرتے تھے، امام مسلمؒ نے تو ان کی روایت لی ہے، مگر امام بخاریؒ نے ان کی روایت نہیں لی۔ علاوہ ازیں: یہ واقعہ حضرت عمرؓ کا مشہور ہے، حضرت ابن عباسؓ کا یہ واقعہ ہے: یہ بات غریب (انوکھی، انجانی) ہے، اور تعدد واقعہ کا احتمال: محض احتمال ہے، اور یہ روایت صرف ترمذی میں ہے، باقی کتبِ خمسہ میں نہیں ہے، اور پہلی روایت متفق علیہ ہے)

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جواب کی وضاحت یہ ہے کہ ہم اس آیت کی غیر معمولی اہمیت سے ناواقف نہیں ہیں، مگر ہمیں اس کے نزول کے دن میں کوئی تقریب منعقد کرنے کی ضرورت نہیں، کیونکہ یہ آیت دو عیدوں کے اجتماع کے موقعہ پر نازل کی گئی ہے۔ پھر ان میں سے جمعہ کا دن تو اِدھر اُدھر ہو جاتا ہے، مگر عرفہ کا دن اسی جگہ ہے، اور ہر

سال جہاں یہ آیت نازل ہوئی ہے: لاکھوں کا اجتماع ہوتا ہے، وہی اجتماع ہمارے لئے کافی ہے، کوئی دوسری تقریب منعقد کرنے کی ہمیں ضرورت نہیں۔

[٦-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْمَائِدَةِ

[٣٠٦٧-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عن مِسْعَرٍ، وَغَيْرِهِ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ لِعُمَرَ بنِ الْخَطَّابِ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! لَوْ عَلَيْنَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾: لَاتَّخَذْنَا ذٰلِكَ الْيَوْمَ عِيْدًا، فَقَالَ عُمَرُ: إِنِّیْ لَأَعْلَمُ أَیَّ يَوْمٍ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: أُنْزِلَتْ يَوْمَ عَرَفَةَ، فِیْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٠٦٨-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا يَزِيدُ بنُ هَارُوْنَ، نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِیْ عَمَّارٍ، قَالَ: قَرَأَ ابْنُ عَبَّاسٍ: ﴿اَلْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ، وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِیْ، وَرَضِيْتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِيْنًا﴾ وَعِنْدَهُ يَهُوْدِیٌّ، فَقَالَ: لَوْ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عَلَيْنَا: لَاتَّخَذْنَا يَوْمَهَا عِيْدًا، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَإِنَّهَا نَزَلَتْ فِیْ يَوْمِ عِيْدَيْنِ: فِیْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ، وَيَوْمِ عَرَفَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابنِ عَبَّاسٍ.

۲- اللہ تعالیٰ فیاض وکریم ہیں

سورۃ المائدۃ کی آیت ۶۴ ہے: ﴿وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ: يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ، غُلَّتْ أَيْدِيْهِمْ! وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا، بَلْ يَدَاهُ مَبْسُوْطَتٰنِ، يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ﴾ ترجمہ: اور یہود نے کہا: اللہ تعالیٰ کا ہاتھ بند ہوگیا ہے۔ انہی کے ہاتھ بند ہوں! اور وہ اپنے اس کہنے کی وجہ سے رحمت سے دور کردیئے گئے، بلکہ ان کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، خرچ کرتے ہیں جس طرح چاہتے ہیں۔

شانِ نزول: جب نبی ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ میں فروکش ہوئے تو یہود نے انتہائی درجہ بغض وعناد کا مظاہرہ کیا۔ اس وقت حکمتِ الٰہی نے چاہا کہ ان کی روزی تنگ کی جائے، چنانچہ پیداوار گھٹ گئی اور آمدنیاں کم ہوگئیں۔ سورۃ الاعراف آیت ۹۴ میں اس حکمت کا ذکر ہے، فرمایا: ''اور ہم نے کسی بستی میں کوئی نبی نہیں بھیجا، مگر وہاں کے رہنے والوں کو ہم نے محتاجی اور بیماری میں پکڑا، تاکہ وہ ڈھیلے پڑیں!''...... اسی اصول کے پیشِ نظر یہود کا رزق تنگ کیا گیا، مگر وہ ڈھیلے تو کیا پڑتے، الٹے عناد وسرکشی پر اتر آئے۔ یہاں تک کہ اللہ پاک کی شان میں گستاخی کر ڈالی، اور مذکورہ بکواس کی، اللہ تعالیٰ نے پہلے تو ان کو ترکی بہ ترکی جواب دیا کہ اللہ کرے انہیں کے ہاتھ بند ہوجائیں! اور یہ

ان کے بکواس کی ایک طرح کی سزا ہے...... پھر ان کے اس بیہودہ قول کی جزاء بیان فرمائی کہ وہ اس کہنے کی وجہ سے ملعون قرار دیئے گئے، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی شانِ عالی بیان فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تو بڑے جواد وکریم ہیں، اس کے دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، جس طرح چاہتے ہیں خرچ کرتے ہیں......اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے، اس سے اللہ تعالیٰ کی فیاضی پر مزید روشنی پڑتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-**یمینُ الرحمن ملْأی:** نہایت مہربان ہستی کا دایاں ہاتھ بھرا ہوا ہے۔**مَلْأیٰ:** **مَلْآنُ** کا مؤنث ہے، اور ہاتھ بھرا ہوا ہونا: کنایہ ہے، انتہائی مالداری سے، اور اس بات کا پیرایۂ بیان ہے کہ مخلوق اندازہ نہیں کرسکتی اتنا رزق اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔اور نام پاک اللہ کے بجائے صفت الرحمن اس لئے لائی گئی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی فیاضی پر دلالت کرے، کیونکہ جو نہایت مہربان ہوتا ہے: وہ بے دریغ خرچ کرتا ہے، کبھی ہاتھ نہیں روکتا، جب بھی کوئی حاجت مند سامنے آتا ہے: خوب داد ودہش کرتا ہے......**سَحَّاءُ:** وہ ہاتھ بخشش کے لئے ہمہ وقت کھلا رہتا ہے۔**سَحَّاء:** اسم ممدود ہے، اس لئے غیر منصرف ہے، اور اس کا فعل لازم ہے، اس لئے اس سے اسم تفضیل نہیں آتا، اسی لفظ میں مبالغہ کے معنی ہیں۔ **سَحَّ الماءُ:** پانی کا اوپر سے نیچے بہنا، گرنا، برسنا۔

۲-**لایَغِیْضُهَا اللیلُ والنهارُ:** اس ہاتھ کو شب وروز نہیں گھٹاتے، ھا کا مرجع یمین ہے، بتاویل یَدٌ، اور یَدٌ مؤنث سماعی ہے، اور **اللیلُ والنهارُ:** فاعل ہیں، **غَاضَ** (ض) **الماءُ:** پانی کا گھٹنا، زمین میں اتر جانا۔سورۂ ہود میں ہے: ﴿وَغَاضَ الْمَاءُ﴾: طوفانِ نوحؑ کا پانی گھٹ گیا۔اور شب وروز نہیں گھٹاتے: یعنی وہ ہمہ وقت خرچ کرتے ہیں، پھر بھی ان کے خزانوں میں کچھ کمی نہیں آتی۔

۳- **أرأیتم: مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السماواتِ والأرض؟** بتاؤ، کتنا کچھ خرچ کیا ہے جب سے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے؟ ......**ما:** مصدریہ موصولہ اور استفہامیہ دونوں ہوسکتا ہے۔ترجمہ استفہامیہ کا کیا ہے......اور بخاری شریف میں **والأرض** بھی ہے...... **فإنه لم یَغِضْ مافی یمینه:** پس بیشک اس خرچ کرنے نے نہیں گھٹایا اس کو جو اللہ تعالیٰ کے دائیں ہاتھ میں ہے......**فإنه** کی ضمیر انفاق کی طرف لوٹتی ہے جو **أنفق** سے مفہوم ہوتا ہے۔

۴-**وعرشُه علی الماء:** اور ان کا تختِ شاہی پانی پر تھا، بخاری شریف میں **کان** بھی ہے۔اور یہ ارشاد: ایک سوال مقدر کا جواب ہے: سوال یہ ہے کہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق سے پہلے اللہ تعالیٰ کی شان کیا تھی؟ جواب دیا: اس وقت ان کی حکومت پانی پر تھی۔

۵-**وبیده الأخری المیزان: یَخْفِضُ ویَرْفَعُ:** اور ان کے دوسرے ہاتھ میں ترازو ہے: وہ جھکاتے ہیں اور اٹھاتے ہیں۔اور **بیده الأخری:** اس لئے کہا اور **بشماله** اس لئے نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، ان

کا کوئی ہاتھ بایاں نہیں، کیونکہ لفظ ''دایاں'' قوت وکمال پر دلالت کرتا ہے، اور لفظ ''بایاں'' کمی، ضعف اور کمزوری پر، اور اللہ تعالیٰ کی جملہ صفات: صفاتِ کمالیہ ہیں، اور ''ہاتھ'' بھی ایک صفت ہے، پس اس میں بھی نقص نہیں ہوسکتا، اس لئے ان کے دونوں ہاتھ دائیں ہیں، چنانچہ لفظ ''بائیں'' سے احتراز کرتے ہوئے فرمایا: ''ان کے دوسرے ہاتھ میں''

اور یہ بھی ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کے پاس بے انتہا خزانے ہیں: تو پھر بعض لوگ غریب کیوں ہیں؟ اور یہود پر روزی تنگ کیوں ہورہی ہے؟ جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم بھی ہیں، اس لئے بے اندازہ روزی عنایت نہیں فرماتے۔ بندوں کی مصلحتیں دیکھتے ہیں اور دیتے ہیں، کسی کو کم دیتے ہیں کسی کو زیادہ، جیسے ہم اپنے چھوٹے بچوں کو خرچ کے لئے پیسے کم دیتے ہیں اور بڑوں کو زیادہ، ایسا بچوں کی مصلحت کے پیش نظر کیا جاتا ہے، حالانکہ ہمیں چھوٹی اولاد سے محبت زیادہ ہوتی ہے...... اور ''ترازو جھکانا'' کنایہ ہے زیادہ دینے سے، جھکتا تولنے کا یہی مطلب ہوتا ہے، اور ''ترازو اٹھانا'' کنایہ ہے کم دینے سے...... اور ''ترازو'' سے مراد: مخلوق کے درمیان رزق کی تقسیم ہے۔

صفاتِ متشابہات کے سلسلہ میں صحیح موقف: یہ حدیث صفاتِ متشابہات سے بھری ہوئی ہے، تقریباً ہر جملہ میں اللہ تعالیٰ کی کوئی ایسی صفت بیان ہوئی ہے جو ہماری صفات سے ملتی جلتی ہے، ایسی صفات کے سلسلہ میں اہل السنہ والجماعہ کا موقف تنزیہ مع التفویض ہے۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث اس آیت: ﴿وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ﴾ کی تفسیر ہے، اور اس حدیث کے بارے میں ائمہ فرماتے ہیں: اس پر ایمان لایا جائے، جس طرح وہ آئی ہے، یعنی اس کو ظاہر پر محمول کیا جائے، اور اللہ تعالیٰ کے لئے یہ صفات ثابت کی جائیں، اس کے بغیر کہ اس کی کوئی تفسیر کی جائے، یا کوئی خیال پکایا جائے، یہی بات متعدد ائمہ نے فرمائی ہے، مثلاً: امام سفیان ثوری، امام مالک، حضرت ابن عیینہ اور حضرت ابن المبارکؒ نے یہی بات کہی ہے کہ یہ حدیثیں بیان کی جائیں (ان کو چھپایا نہ جائے، اس ڈر سے کہ ان سے گمراہ فرقے استدلال کریں گے) اور ان پر ایمان لایا جائے، اور یہ نہ پوچھا جائے کہ یہ صفات کیسی ہیں؟ (کیونکہ اللہ تعالیٰ کی صفات کو ایک حد تک ہی سمجھا جاسکتا ہے، پوری طرح نہیں سمجھا جاسکتا، اور اس مسئلہ پر تفصیلی گفتگو تحفہ ۲: ۵۸۳ میں آچکی ہے)

[۳۰۶۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَمِيْنُ الرَّحْمٰنِ مَلْأَى، سَحَّاءُ، لَايَغِيْضُهَا اللَّيْلُ وَالنَّهارُ" قَالَ: " أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ؟ فَإِنَّهُ لَمْ يَغِضْ مَافِی يَمِيْنِهِ، وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، وَبِيَدِهِ الْأُخْرَى الْمِيْزَانُ، يَخْفِضُ وَيَرْفَعُ"

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰذَا الحديثُ فِیْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الْآيَةِ: ﴿وَقَالَتْ الْيَهُوْدُ: يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ، غُلَّتْ أَيْدِيْهِمْ!﴾ الآيَةَ، وَهٰذَا الحديثُ: قَالَ الْأَئِمَّةُ: يُؤْمَنُ بِهِ كَمَا جَاءَ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يُفَسَّرَ، أَوْ

يُتوَهَّمَ، هٰكَذَا قَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ، مِنْهُمْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، وَمَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ، وَابْنُ الْمُبَارَكِ: أَنَّهُ تُرْوَى هٰذِهِ الأَشْيَاءُ، وَيُؤْمَنُ بِهَا، وَلَايُقَالُ: كَيْفَ؟

۳- جسے اللہ رکھے اُسے کون چکھے!

سورۃ المائدۃ کی آیت ٦٧ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ، وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ، وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ، إِنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِيْنَ﴾ ترجمہ: اے پیغمبر! جو کچھ آپؐ کے رب کی جانب سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے: آپؐ وہ سب کچھ پہنچایئے، اور اگر آپ ایسا نہ کریں گے تو آپؐ نے اللہ کی پیغامبری کا حق ادا نہیں کیا، اور اللہ تعالیٰ آپؐ کو لوگوں سے محفوظ رکھیں گے، بیشک اللہ تعالیٰ کافروں کو راہ نہیں دیتے (کہ وہ اس کے رسول کو آخری درجہ کا ضرر پہنچائیں)

تفسیر: واللہ یعصمك من الناس: دعوت وتبلیغ کے سلسلہ میں آیا ہے، مگر یہ ارشاد عام ہے، درج ذیل حدیث اس کی دلیل ہے۔

حدیث: حضرت صدیقہ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کا پہرہ دیا جاتا تھا، یہاں تک کہ آیتِ پاک: ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ نازل ہوئی، پس نبی ﷺ نے خیمہ سے اپنا سر نکالا، اور پہرے داروں سے کہہ دیا: لوگو! لوٹ جاؤ، اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت کا وعدہ فرمالیا ہے۔

سند کا بیان: یہ حدیث سعید بن ایاس جُریری سے حارث بن عبید نے روایت کی ہے اور موصول کی ہے، یعنی آخر میں حضرت عائشہؓ کا ذکر کیا ہے۔ اور جریری کے دوسرے شاگرد نے حدیث کو مرسل کیا ہے، آخر میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں کیا، اور یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، باقی کتبِ خمسہ میں نہیں ہے۔ اور جامع الاصول میں یہ حدیث ترمذی سے نقل ہوئی ہے اس میں یُحْرَسُ کے بعد لیلاً بھی ہے۔

سوال: جب اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی حفاظت کا وعدہ فرمایا ہے: تو آپؐ غزوۂ احد میں زخمی کیوں ہوئے؟ اور اس کے علاوہ اور طرح سے کفار نے اور یہود نے آپؐ کو کیوں ستایا؟

جواب: ۱- یہ واقعات نزولِ آیت سے پہلے کے ہیں ۲- آیت میں آخری درجہ کا گزند پہنچانا مراد ہے۔

[۳۰۷۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، نَا الحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُحْرَسُ، حَتَّى نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ﴾ فَأَخْرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأْسَهُ مِنَ الْقُبَّةِ، فَقَالَ لَهُمْ: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ! انْصَرِفُوْا، فَقَدْ عَصَمَنِيَ اللّٰهُ"

هذا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُحْرَسُ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ.

۴- تبلیغ کی محنت اس حد تک ضروری ہے کہ بے دین مسلمان اچھی طرح دیندار بن جائیں

سورۃ المائدۃ کی آیات ۷۸تا۸۱ ہیں: ﴿لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ كَانُوْا لَايَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ، لَبِئْسَ مَاكَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا، لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنْفُسُهُمْ أَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُوْنَ ۝ وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِنْهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾

ترجمہ: داؤد وعیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے ذریعے لعنت بھیجی گئی ان لوگوں پر جو بنی اسرائیل میں سے کافر ہوگئے، یہ لعنت اس سبب سے تھی کہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے نکل گئے (زبور وانجیل میں ان لوگوں پر لعنت بھیجی گئی تھی، جیسے قرآن میں بھی ﴿فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَافِرِيْنَ﴾ آیا ہے، چونکہ یہ کتابیں حضرت داؤد اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام پر نازل ہوئی ہیں، اس لئے یہ مضمون ان کی زبان سے ظاہر ہوا) وہ لوگ ایک دوسرے کو روکا نہیں کرتے تھے، اس برے کام سے جو وہ کرتے تھے، یقیناً ان کا فعل نہایت ہی برا تھا (پہلی آیت میں بنی اسرائیل کے کفار کا ذکر ہے اور اس آیت میں بددین لوگوں کا، یہ لوگ کبائر میں مبتلا تھے، ''ان کا فعل نہایت ہی برا تھا'': کا یہی مطلب ہے کہ وہ بڑے گناہوں میں مبتلا ہوگئے تھے، اور ان میں جو نیک لوگ تھے وہ ان برے لوگوں کو ان کی برائی سے روکتے نہیں تھے، بلکہ) آپ ان میں سے بہت سے لوگوں کو دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں (یعنی بددین لوگوں سے دوستی جائز نہیں، اور یہ لوگ تو کفار سے دوستی رکھتے ہیں، پس پستی کا کوئی حد سے گذرنا دیکھے!) جو کام انھوں نے آگے بھیجے ہیں وہ بہت ہی برے ہیں، بایں وجہ کہ اللہ تعالیٰ ان سے سخت ناراض ہوگئے ہیں اور وہ عذاب میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور اگر وہ لوگ اللہ پر اور رسول پر اور اس کتاب پر ایمان لاتے جو ان کے پاس بھیجی گئی ہے تو وہ ان کفار کو کبھی دوست نہ بناتے، مگر ان میں سے بیشتر لوگ حد اطاعت سے خارج ہیں (مدینہ کے یہود نے مسلمانوں کی عداوت میں مشرکین مکہ سے دوستی کی تھی اور ان کو جنگ میں ہر تعاون کی پیش کش کی تھی: ان یہود کی طرف ان آیتوں میں اشارہ ہے)

آیتِ پاک: ﴿كَانُوْا لَايَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ فَعَلُوْهُ﴾ کی تفسیر میں درج ذیل حدیث وارد ہوئی ہے:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب بنی اسرائیل معاصی (گناہوں) میں مبتلا ہوئے تو ان کو ان کے علماء نے روکا، پس وہ نہیں رُکے، پس ان کی محفلوں میں علماء نے ان کی ہم نشینی اختیار کی، اور ان کے ساتھ کھایا پیا، پس اللہ تعالیٰ نے ان کے بعض کے قلوب کو بعض پر مارا (اس حدیث میں علی ہے اور آئندہ حدیث میں ب ہے، اور دونوں صورتوں

میں مطلب یہ ہے کہ ان کے دل ایک جیسے ہو گئے، اچھے بھی برے ہو گئے) اور ان کو داؤد وعیسیٰ علیہما السلام کی بددعا کی وجہ سے ملعون کردیا گیا، یعنی رحمت سے دور کردیا: ''یہ بات ان کی نافرمانی کی وجہ سے ہوئی، اور اس وجہ سے ہوئی کہ وہ حد سے گذر گئے تھے''...... حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ سیدھے بیٹھ گئے، اس سے پہلے آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے، اور فرمایا: ''نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے! یہاں تک کہ ان کو چوکھٹے میں بند کردو، اچھی طرح بند کرنا''

تشریح: لا (نہیں) کا مطلب یہ ہے کہ تم معذور نہیں سمجھے جاؤ گے، تم بریٔ الذمہ نہیں ہوؤ گے، تم معاف نہیں کئے جاؤ گے اور تم عذاب سے بچ نہیں سکو گے: حتی تَأْطِرُوْهُمْ أَطْرًا: یہاں تک کہ تم ان کو اچھی طرح چوکھٹے میں کردو، أَطَّرَ الشيئَ تَأْطِيْرًا اور أَطَرَ الشيئَ أَطْرًا کے معنی ہیں: فریم کرنا، چوکھٹے میں بند کرنا، اور اگلی روایت میں علی الحق بھی ہے، یعنی جب تک تم ان کو دین میں پوری طرح نہ لے آؤ تمہاری معافی نہیں ہوسکتی، پس اصلاح احوال کی محنت اس حد تک ضروری ہے کہ بے دین لوگ پوری طرح دین کے دائرے میں آجائیں۔

حدیث (۲): یہ پہلی ہی حدیث ہے جو دوسری سند سے بایں الفاظ آئی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بنی اسرائیل میں جب اعمال میں کوتاہی رونما ہوئی، تو ایک شخص ان میں سے اپنے بھائی کو دیکھتا کہ وہ گناہ میں مبتلا ہے، پس وہ اس کو اس گناہ سے روکتا تھا، پھر جب آئندہ کل آیا یعنی کچھ عرصہ گذر گیا تو نہیں روکا اس کو اس گناہ نے جو اس نے اس سے دیکھا اس بات سے کہ وہ اس کے ساتھ ہم پیالہ اور ہم نوالہ بنے، اور اس بات سے کہ وہ اس کے ساتھ اختلاط رکھے، پس مارا اللہ تعالیٰ نے ان کے بعض کے قلوب کو بعض کے ساتھ یعنی اچھے لوگوں کے دل بھی سخت ہو گئے، اور ان کے حق میں قرآن نازل ہوا، اور آپؐ نے ﴿لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ سے ﴿كَثِيْرًا مِنْهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾ تک آیتیں پڑھیں۔ ابن مسعودؓ کہتے ہیں: اور نبی ﷺ ٹیک لگائے ہوئے تھے، پس آپؐ سیدھے بیٹھ گئے، اور فرمایا: ''نہیں، یہاں تک کہ تم ظالم کا ہاتھ پکڑو، اور اس کو دین حق کے چوکھٹے میں اچھی طرح لے آؤ''

سند کا بیان: یہ حدیث علی بن بَذِیْمَة جزری سے چار حضرات روایت کرتے ہیں: (۱) قاضی شریک بن عبداللہ نخعی، ان کی روایت باب کے شروع میں ہے، اور ان کی روایت میں سند کے آخر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے (۲) حضرت سفیان ثوری، ان کی روایت دوسرے نمبر پر ہے، وہ اپنی سند کے آخر میں حضرت ابن مسعودؓ کا ذکر نہیں کرتے، اس لئے ان کی سند مرسل ہے (۳) محمد بن مسلم بن ابی الوضاح: اور ان کے شاگردوں میں اختلاف ہے، کوئی سند میں ابن مسعودؓ کا ذکر کرتا ہے اور کوئی نہیں کرتا (۴) ابوداؤد طیالسی: وہ آخر میں ابن مسعود کا ذکر کرتے ہیں، اور یہ حدیث ابوداؤد نے محمد بن بشار سے نہ صرف بیان کی ہے، بلکہ ان کو املاء بھی کرائی ہے۔

فائدہ: ابوعبیدۃ: حضرت ابن مسعودؓ کے والا تبار صاحبزادے ہیں، مگر ان کا اپنے ابا سے سماع نہیں، انھوں نے

احادیث ابا کے شاگردوں سے حاصل کی ہیں، اور چونکہ اس دور میں سند کا سلسلہ شروع نہیں ہوا تھا، اس لئے یہ بات یاد نہیں رکھی کہ کونسی حدیث کس سے لی ہے، چنانچہ وہ عن ابن مسعود کہہ کر روایت کرتے تھے، اور بالاجماع ابوعبیدۃ کی مرسل روایتیں حجت ہیں، کیونکہ حضرت ابن مسعودؓ کے تمام تلامذہ ثقہ تھے، اور ابوعبیدۃ نے انہی سے پڑھا ہے۔

[٣٠٧١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نايَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بِذِيْمَةَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ فِيْ المَعَاصِيْ، فَنَهَتْهُمْ عُلَمَاءُهُمْ، فَلَمْ يَنْتَهُوْا، فَجَالَسُوْهُمْ فِيْ مَجَالِسِهِمْ، وَوَاكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ، فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ عَلَى بَعْضٍ، وَلَعَنَهُمْ عَلَى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ: ﴿ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ﴾ قَالَ: فَجَلَسَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَقَالَ:" لَا،وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! حَتَّى تَأْطِرُوْهُمْ أَطْرًا"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: قَالَ يَزِيْدُ: وَكَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ لايَقُوْلُ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ أَبِيْ الوَضَّاحِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَبَعْضُهُمْ يَقُوْلُ: عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: مُرْسَلٌ.

[٣٠٧٢-] حدثنا مُحمدُ بنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفيانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ لَمَّا وَقَعَ فِيْهِمُ النَّقْصُ، كَانَ الرَّجُلُ فِيْهِمْ: يَرَى أَخَاهُ يَقَعُ عَلَى الذَّنْبِ، فَيَنْهَاهُ عَنْهُ، فَإِذَا كَانَ الغَدُ لَمْ يَمْنَعْهُ مَا رَأَى مِنْهُ: أَنْ يَكُوْنَ أَكِيْلَهُ، وَشَرِيْبَهُ، وَخَلِيْطَهُ، فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ، وَنَزَلَ فِيْهِمُ الْقُرْآنُ، فَقَالَ: ﴿لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوُدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ، ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ﴾ وَقَرَأَ حَتَّى بَلَغَ: ﴿وَلَوْكَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ، وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ، مَااتَّخَذُوْهُمْ أَوْلِيَاءَ، وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِنْهُمْ فَاسِقُوْنَ﴾ قَالَ: وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا فَجَلَسَ، فَقَالَ:" لَا، حَتَّى تَأْخُذُوْا عَلَى يَدِ الظَّالِمِ، فَتَأْطِرُوْهُ عَلَى الْحَقِّ أَطْرًا"

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، وَأَمْلَاهُ عَلَيَّ، نَا مُحمدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ أَبِيْ الوَضَّاحِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيْمَةَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ.

ترکیب: کان کا اسم الغدُ ہے اور جملہ لم یمنعه خبر ہے...... ما رأى منه فاعل ہے لم یمنعه کا اور أن یکون مفعول بہ ہے، اور أن سے پہلے مِن پوشیدہ ہے۔

۵- حلال چیزوں کو حرام کرنے کی ممانعت

سورۃ المائدہ آیات ۸۷ و ۸۸ ہیں: ﴿يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ○ وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تمہارے لئے حلال کی ہیں (خواہ وہ کھانے پینے کی چیزیں ہوں یا پہننے اوڑھنے کی یا منکوحات کی قسم سے ہوں) ان میں سے ستھری چیزوں کو حرام مت کرو (اس حکم کی دلیل: اس کے ساتھ ہے، یعنی اللہ تعالیٰ نے پاکیزہ اور طیب چیزوں ہی کو حلال کیا ہے، پھر ان کو حرام کرنے کا کیا مطلب!) اور حدود سے آگے مت نکلو (تحریم حلال اور تحلیل حرام: حدود کی خلاف ورزی ہے) بیشک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔ اور اللہ تعالیٰ نے جو چیزیں تم کو بطور روزی دی ہیں: ان میں سے حلال ستھری چیزیں کھاؤ، اور اس اللہ سے ڈرو جن پر تم ایمان رکھتے ہو (یعنی تحریم حلال اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہے، اس لئے اس کا ارتکاب مت کرو)

اس آیت کا شانِ نزول درج ذیل حدیث ہے:

حدیث: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! جب میں گوشت کھاتا ہوں تو میری عورتوں کی طرف رغبت بڑھ جاتی ہے، اور مجھ پر شہوت کا غلبہ ہوجاتا ہے، اس لئے میں نے اپنے اوپر گوشت کو حرام کرلیا ہے؟ پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیتیں نازل فرمائیں (جن میں ایسا کرنے کی ممانعت فرمائی)

تشریح: دو چیزوں میں فرق ہے: ایک: کسی حلال کو حرام کرلینا، یہ قطعاً جائز نہیں، یہ تشریع میں دخل اندازی ہے، اس لئے مذکورہ آیت میں اس کو ''حدود کی خلاف ورزی'' قرار دیا ہے۔ اور دوسری چیز ہے: ناموافق چیزوں سے پرہیز کرنا، یہ جائز ہے، کیونکہ ہر حلال چیز کو کھانا ضروری نہیں، پس اگر کسی کی بیوی نہ ہو، اور نکاح کے اسباب بھی نہ ہوں، اور وہ گوشت انڈا نہ کھائے تو اس میں کچھ حرج نہیں، یہ حدود کی خلاف روزی نہیں۔

مسئلہ: اگر کسی نے نادانی سے کسی حلال چیز کو حرام کرلیا، یا نہ کھانے کی قسم کھالی، تو اس کو استعمال کرنا ضروری ہے۔ اور قسم توڑ دینا واجب ہے، اور دونوں صورتوں میں قسم توڑنے کا کفارہ دینا ہوگا۔ اور یہ مسئلہ سورۃ التحریم میں ہے۔

[۳۰۷۳-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بنُ عَلِيٍّ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ، نَا عِكْرِمَةُ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَجُلًا أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ إِذَا أَصَبْتُ اللَّحْمَ انْتَشَرْتُ لِلنِّسَاءِ، وَأَخَذَتْنِيْ شَهْوَتِيْ، فَحَرَّمْتُ عَلَيَّ اللَّحْمَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتُحَرِّمُوْا طَيِّبَاتِ

مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ، وَلاَ تَعْتَدُوْا إِنَّ اللّٰهَ لاَيُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ، وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلاَلاً طَيِّبًا﴾
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ مِنْ غَيْرِ حَدِيْثِ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ مُرْسَلاً، لَيْسَ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَرَوَاهُ خَالِدُ الحَذَّاء عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلاً.

وضاحت: یہ حدیث بعض روات عثمان بن سعد کے علاوہ عکرمہ کے دیگر تلامذہ سے مرسل روایت کرتے ہیں، مثلاً عکرمہ کے شاگرد خالد حذاء عکرمہ سے مرسل روایت کرتے ہیں۔

٦-شراب کی حرمت تدریجاً نازل ہوئی ہے

سورۃ النحل کی آیت ٦٧ ہے: ﴿وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيْلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا﴾ ترجمہ: اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے: تم اس سے سکر (کھجور کی شراب) اور کھانے کی عمدہ چیزیں بناتے ہو۔ اس آیت میں ایک لطیف اشارہ تھا کہ خمر (انگوری شراب) آئندہ حرام ہوگی، کیونکہ موضع امتنان (احسان یاد دلانے کے موقع) میں اس کا ذکر چھوڑ دیا تھا، جبکہ جاہلیت میں انگور کا زیادہ استعمال شراب کے لئے ہوتا تھا، تاہم خمر کا ذکر نہ کرنا: بلاوجہ نہیں ہوسکتا تھا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دعا کی: اللّٰهم بَيِّنْ لنا فى الخمر بيانَ شِفَاءٍ: اے اللہ! ہمارے لئے خمر کے سلسلہ میں تشفی بخش حکم نازل فرمایئے! حضرت عمرؓ اس کی تحریم چاہتے تھے...... چنانچہ ایک وقت کے بعد سورۃ البقرۃ کی آیت ۲۱۹ نازل ہوئی۔ اور لوگوں کو بتایا کہ شراب اور جوے میں بڑی خرابی ہے، اور لوگوں کے لئے کچھ فوائد ہیں، مگر حرام اب بھی نہیں فرمائی۔ جب حضرت عمرؓ کو بلا کر یہ آیت سنائی گئی تو آپؓ نے پھر وہی دعا کی کہ الٰہی! خمر کے سلسلہ میں تشفی بخش حکم نازل فرمائیں!...... چنانچہ کچھ وقت کے بعد سورۃ النساء کی آیت ۴۳ نازل ہوئی، جس میں لوگوں کو نماز کے اوقات میں شراب پینے سے روک دیا گیا، مگر شراب اب بھی حرام نہیں کی۔ جب حضرت عمرؓ کو بلا کر یہ آیت سنائی گئی تو حضرت عمرؓ نے پھر وہی دعا کی کہ الٰہی! خمر کے سلسلہ میں تشفی بخش حکم نازل فرمائیں!...... چنانچہ آخر میں سورۃ المائدۃ کی آیات ۹۰ و ۹۱ نازل ہوئیں، اور ان کے ذریعہ شراب کی قطعی ممانعت کردی۔ جب حضرت عمرؓ کو بلا کر یہ آیات سنائی گئیں تو ان کو تشفی ہوگئی، اور انھوں نے فهل أنتم منتهون؟ (تو کیا تم باز آنے والے ہو؟) کے جواب میں فرمایا: ''ہم باز آگئے! ہم باز آگئے!! (اس کی تفصیل ابواب الاشربہ، تحفہ ۵: ۲۰۳ میں گذر چکی ہے)

[۳۰۷٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا إِسْرَائِيْلُ، نا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِيْ الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ، فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِيْ الْبَقْرَةِ: ﴿يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ؟ قُلْ: فِيْهِمَا إِثْمٌ كَبِيْرٌ﴾ الآيَةَ، فَدُعِيَ عُمَرَ، فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ، قَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِيْ الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ، فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِيْ النِّسَاءِ: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْن آمَنُوْا لاَتَقْرَبُوْا

الصَّلَاةَ، وَأَنْتُمْ سُكَارٰى﴾ فَدُعِيَ عُمَرُ، فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ، فَنَزَلَتِ الَّتِيْ فِي الْمَائِدَةِ: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُوْنَ﴾ فَدُعِيَ عُمَرُ، فَقُرِئَتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: انْتَهَيْنَا! انْتَهَيْنَا!

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ إِسْرَائِيْلَ مُرْسَلاً، حدثنا مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، نَا وَكِيعٌ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ: أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَيِّنْ لَنَا فِي الْخَمْرِ بَيَانَ شِفَاءٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ يُوْسُفَ.

سند کی وضاحت: یہ حدیث اسرائیل سے محمد بن یوسف فریابی اور وکیع بن الجراح روایت کرتے ہیں، فریابی کی سند میں عمرو بن شرحبیل (جن کی کنیت ابومیسرۃ ہے) حضرت عمرؓ سے روایت کرتے ہیں، وہ عن عمر کہتے ہیں۔ اور وکیع کی سند میں یہی ابومیسرۃ أن عمر کہہ کر حدیث بیان کرتے ہیں، حضرت عمرؓ سے روایت نہیں کرتے ...... امام ترمذیؒ نے اسی روایت کو اصح کہا ہے، کیونکہ یہ روایت مرسل ہوگئی ہے، اسی کمزوری کی وجہ سے امام صاحب نے اس کو ترجیح دی ہے، کیونکہ حضرت کا یہی مزاج ہے، حالانکہ ابوداؤد شریف میں اسماعیل بن جعفر، اور مسند احمد میں خلف بن ولید: محمد بن یوسف کے متابع ہیں، ان کی سندوں میں بھی عن عمر ہے، پس یہی سند صحیح ہے، کیونکہ امام وکیع اگرچہ فریابی سے احفظ ہیں، مگر ان کا کوئی متابع نہیں۔

۷- جب شراب حلال تھی: اس وقت پینا کوئی گناہ نہیں تھا

سورۃ المائدہ کی آیت ۹۳ ہے: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا: إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ، ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا، ثُمَّ اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ ترجمہ: ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے کوئی گناہ نہیں اس چیز میں جس کو انھوں نے کھایا: جبکہ وہ ڈرتے رہے ہوں، اور ایمان رکھتے ہوں، اور انھوں نے نیک کام کئے ہوں، پھر وہ ڈرتے رہیں، اور ایمان رکھیں، پھر وہ ڈرتے رہیں اور عمدہ کام کریں، اور اللہ تعالیٰ نکوکاروں کو دوست رکھتے ہیں۔

شانِ نزول: اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل دو روایتیں آئی ہیں:

پہلی روایت: حضرت براء رضی اللہ عنہ کی ہے۔ اس کو حضرت براءؓ سے ابواسحاق سبیعی نقل کرتے ہیں، پھر ان سے ان کے پوتے اسرائیل اور امام شعبہ روایت کرتے ہیں۔ اور دونوں روایتوں کا مضمون ایک ہے: حضرت براءؓ کہتے ہیں: کچھ صحابہ شراب حرام ہونے سے پہلے وفات پاگئے، پھر جب شراب حرام کی گئی تو کچھ لوگوں نے پوچھا: ہمارے ان ساتھیوں کا کیا حشر ہوگا جو شراب پیتے ہوئے فوت ہوئے ہیں؟ اس پر مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

دوسری روایت: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب شراب کی حرمت نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! جولوگ اس حال میں وفات پاگئے کہ وہ شراب پیتے تھے: ان کا کیا حال ہوگا؟ پس یہ آیت اتری (لَمَّا نزَلَ کاتعلق قالوا سے ہے)

یہ آیت وفات پائے ہوئے حضرات کے حق میں بھی ہے اور زندوں کے حق میں بھی چنانچہ باب کی آخری روایت حضرت ابن مسعودؓ کی ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: أَنْتَ منهم: آپ ان لوگوں میں سے ہیں جن کا اس آیت میں ذکر ہے، یعنی یہ آیت صرف وفات یافتہ صحابہ ہی کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ جو حضرات ابھی زندہ ہیں ان کا بھی اس میں ذکر ہے۔

تفسیر: یہ آیتِ پاک قرآن فہمی کے اعتبار سے مشکل آیت ہے۔ متجددین اس آیت سے یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ دین میں اصل اہمیت عمل کی ہے، کھانے پینے، پہننے اوڑھنے اور وضع قطع کے سلسلہ میں کوئی پابندی نہیں، ان کا مشہور قول ہے: در عمل کوش، وہر چہ خواہی بپوش! عمل کرتے رہو اور جو چاہو پہنو!...... اور قرآنِ پاک کا مطالعہ کرنے والے کو آیت میں تکرار محسوس ہوتا ہے، اس لئے آیتِ پاک کو اچھی طرح سمجھیں ...... مذکورہ روایات کی روشنی میں آیتِ پاک میں تین باتیں ہیں:

پہلی بات: یہ آیت ان صحابہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو تحریم خمر سے پہلے وفات پاگئے تھے، شراب کی حرمت فتح مکہ کے سال نازل ہوئی ہے، صحابۂ کرام نے وفات یافتہ حضرات کے بارے میں سوال کیا کہ یارسول اللہ! ان مسلمانوں کا کیا حال ہوگا جو تحریم خمر سے پہلے شراب پیتے تھے، اور وہ اسی حال میں دنیا سے رخصت ہوگئے، مثلاً جنگ احد میں متعدد صحابہ شراب پی کر میدان میں اترے تھے، اور وہ جنگ میں کام آگئے تھے، ان کا کیا حشر ہوگا؟ اس سوال کے جواب میں یہ آیت اتری، اور جواب کا حاصل یہ ہے کہ جب وہ حضرات مؤمن تھے، اور نیک کام کرتے تھے، اور اس وقت شراب حلال تھی تو اس کا پینا کوئی گناہ نہیں تھا، بس شرط یہ ہے کہ وہ تقوی کی زندگی اپنائے ہوئے ہوں، یعنی ہر ناجائز کام سے بچتے رہے ہوں اور ایماندار بھی ہوں اور نیک کام کرتے رہے ہوں تو اس زمانہ میں شراب پینے کی وجہ سے وہ ماخوذ نہیں ہونگے۔

دوسری بات: باب کی آخری روایت سے معلوم ہوا کہ یہ آیت ان صحابہ کے حق میں بھی ہے جو تحریم خمر کے بعد زندہ رہے، ان کے بارے میں فرمایا کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں، اور اب شراب نہ پیئیں اور ایماندار رہیں یعنی ایمان کے تقاضے پورے کریں اور نیک کام کریں تو وہ بھی کامیاب ہونگے۔

تیسری بات: ایمان وعمل ایک ترقی پذیر عمل ہے، اور اس کی نہایت مرتبہ احسان ہے، جس کو بعد میں تصوف سے تعبیر کیا جانے لگا، پس زندہ رہنے والے حضرات کو چاہئے کہ وہ اپنی ایمانی حالت اور نیک کاموں میں برابر ترقی کرتے

رہیں، اور مرتبہ احسان تک پہنچیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے بندوں سے خصوصی محبت رکھتے ہیں، اس لئے وہ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے بننے کی کوشش برابر جاری رکھیں۔

تطبیق: پس آیت میں: ﴿إِذَا مَااتَّقَوْا، وَآمَنُوْا، وَعَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ﴾ تک پہلی بات ہے، اور: ﴿ثُمَّ اتَّقَوْا وَآمَنُوْا﴾ میں دوسری بات ہے، اور ﴿ثُمَّ اتَّقَوْا وَأَحْسَنُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ﴾ میں تیسری بات ہے۔ پس آیت میں تکرار نہیں، اور آزاد فکر لوگوں کا استدلال بھی صحیح نہیں، کیونکہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ ہر زمانے اور ہر حال میں جو چیزیں حرام ہیں: ان سے بچنا ضروری ہے، اور یہی تقوی (پرہیزگاری) ہے، مثلاً عام حالات میں فوٹو بنوانا حرام ہے، پس بے ضرورت اس کا ارتکاب تقوی کے منافی ہے، اور بعض دینی اور دنیوی ضرورتوں کے لئے، جن کا ضرورت ہونا مفتیانِ کرام نے تسلیم کیا ہو، فوٹو بنوانا جائز ہے: پس یہ عمل تقوی کے منافی نہیں۔

[۳۰۷۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: مَاتَ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَبْلَ أَنْ تُحَرَّمَ الْخَمْرُ، فَلَمَّا حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالَ رِجَالٌ: كَيْفَ بِأَصْحَابِنَا، وَقَدْ مَاتُوْا يَشْرِبُوْنَ الْخَمْرَ؟ فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ، فِيْمَا طَعِمُوْا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۷۶-] وقد رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ أَيْضًا: حدثنا بِذَلِكَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ: مَاتَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ، فَلَمَّا نَزَلَتْ تَحْرِيْمُهَا، قَالَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: فَكَيْفَ بِأَصْحَابِنَا الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يَشْرَبُوْنَهَا؟ قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا﴾ الآية، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۷۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ رِزْمَةَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالُوْا: يارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ الَّذِيْنَ مَاتُوْا، وَهُمْ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ؟ لَمَّا نَزَلَ تَحْرِيْمُ الْخَمْرِ فَنَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ﴾ هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۷۸-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْا إِذَا مَا اتَّقَوْا وَآمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ﴾ قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنْتَ مِنْهُمْ"، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۸-فضول باتیں پوچھنے کی ممانعت

سورۃ المائدۃ کی آیت ۱۰۱ ہے: ﴿یٰأَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لاَ تَسْئَلُوْا عَنْ أَشْیَاءَ اِنْ تُبْدَ لَکُمْ تَسُؤْکُمْ، وَإِنْ تَسْئَلُوْا عَنْهَا حِیْنَ یُنَزَّلُ الْقُرْآنُ تُبْدَ لَکُمْ، عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا، وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! ایسی باتیں مت پوچھو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کردی جائیں تو وہ تمہیں بری لگیں، اور اگر تم زمانۂ نزولِ قرآن میں وہ باتیں پوچھوگے تو وہ تم پر ظاہر کردی جائیں گی، اللہ تعالیٰ نے گذشتہ سوالات سے درگذر فرمایا، اور وہ بڑی مغفرت والے، بڑے بردبار ہیں۔

درج ذیل روایتوں میں فضول باتوں کی دو مثالیں آئی ہیں:

پہلی مثال: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب آیتِ پاک ﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَیْهِ سَبِیْلاً﴾ نازل ہوئی تو صحابہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا ہر سال حج کرنا ضروری ہے؟ آپ خاموش رہے، صحابہ نے دوبارہ پوچھا تو بھی آپ خاموش رہے، جب تیسری (یا چوتھی) بار یہ بات پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا: نہیں یعنی حج زندگی میں ایک ہی مرتبہ فرض ہے، پھر آپ نے فرمایا کہ اگر میں ''ہاں'' کہہ دیتا تو ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا، پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ المائدۃ کی مذکورہ آیت نازل فرمائی (یہ حدیث اسی سند سے کتاب الحج میں گذر چکی ہے، حدیث ۸۰۴ تحفہ ۳: ۲۰۷ اور وہاں سند کا حال بھی سمجھایا ہے، اور فی الباب کا مطلب ہے: اس مسئلہ میں یعنی حج زندگی میں ایک بار فرض ہے یا ہر سال؟ اور یہاں اگرچہ کتاب میں باب نہیں ہے، مگر وہ معہود ذہنی ہے)

دوسری مثال: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! میرے والد کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: تیرے والد فلاں ہیں، پس مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی۔

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی قریشی کے نسب میں بعض لوگ شک کرتے تھے، چنانچہ انھوں نے مذکورہ سوال کیا، اور آپ نے حذافہ ہی کو ان کا والد بتایا، پھر مذکورہ آیت نازل ہوئی، اور لوگوں کو اس قسم کے سوالات سے منع کردیا گیا، کیونکہ فرض کرو: اگر نفس الامر میں حضرت عبداللہ کے والد حذافہ نہ ہوتے اور حقیقتِ حال کھول دی جاتی تو وہ رہتی دنیا تک رسوا ہوجاتے۔

اور پہلی قسم کے سوال کا تذکرہ ایک دوسری حدیث میں بھی آیا ہے، فرمایا: أعظمُ المسلمین جُرْمًا: من سأل عن شیئ لم یُحَرَّمْ، فَحُرِّمَ من أَجْلِ مَسْأَلَتِهِ: سب سے بڑا مجرم وہ مسلمان ہے: جس نے کوئی ایسی بات پوچھی جو حرام نہیں کی گئی تھی، پس وہ اس کے پوچھنے کی وجہ سے حرام کردی گئی۔ جیسے پہلی مثال میں نبی ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں ''ہاں'' کہہ دیتا تو ہر سال حج کرنا فرض ہوجاتا، اور تم اس کو کرنہ سکتے! پس ایسی باتیں کیوں پوچھتے ہو؟ جو احکام دیئے جائیں ان پر عمل کرو۔

اور آیت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ضرورت کی دینی باتیں بھی نہ پوچھی جائیں، حدیث میں ہے: شَفَاءُ الْعِیِّ السوالُ:

درماندہ کی شفاء پوچھنے ہی میں ہے،اورقرآنِ کریم میں ہے:﴿فَاسْئَلُوْا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَاتَعْلَمُوْنَ﴾:اگرتم دین کی باتیں نہیں جانتے تو جاننے والوں سے پوچھو......اوراس آیت میں بھی اس کا اشارہ ہے۔آیت میں ایسے سوال کی ممانعت ہے کہ اگراس کا جواب دے دیا جائے تو وہ برا لگے،ظاہر ہے: دینی باتیں دریافت کرنے میں یہ علت (وجہ) نہیں پائی جاتی،اس لئے وہ آیت کا مصداق نہیں۔

[۳۰۷۹-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، نَا مَنْصُوْرُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الأَعْلَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ:﴿وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيْلاً﴾ قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! فِيْ كُلِّ عَامٍ؟ فَسَكَتَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! فِيْ كُلِّ عَامٍ؟ قَالَ: لاَ، وَلَوْ قُلْتُ: نَعَمْ، لَوَجَبَتْ! وَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حديثِ عَلِيٍّ، وفي الباب: عن أَبِيْ هريرةَ، وَابْنِ عَباسٍ.

[۳۰۸۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَعْمَرٍ: أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِيْ مُوْسَى بْنُ أَنَسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ أَبِيْ؟ قَالَ: "أَبُوْكَ فُلاَنٌ"، قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَسْأَلُوْا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَلَكُمْ تَسُؤْكُمْ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۹-اصلاح حال کی کوشش کے بعد آدمی معذور ہے

سورۃ المائدۃ کی آیت ۱۰۵ ہے:﴿ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ، لاَيَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾
ترجمہ:اے ایمان والو!تم بس اپنی فکر کرو!جب تم راہِ راست پر ہوتو جوشخص گمراہ ہوا وہ تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا۔

تفسیر:یہ آیت اگر سرسری طور پر پڑھی جائے تو اس سے یہ غلط فہمی ہوسکتی ہے کہ اصلاح احوال کی کوشش ضروری نہیں، ہرشخص اپنے عمل کا ذمہ دار ہے،جوجیسا کرے گا ویسا بھرے گا،اگر ہم بذاتِ خود دین پر صحیح طرح عمل پیرا ہوں تو برخود غلط قسم کے لوگوں کی ہم پر کوئی ذمہ داری نہیں، جائیں وہ جہنم کی بھاڑ میں!......آیت پاک کو اس طرح سمجھنا صحیح نہیں،اگر اصلاح حال کی ضرورت نہ ہوتی تو بعثت انبیاء کی ضرورت کیا تھی؟اور باب کی پہلی حدیث میں صراحت ہے کہ امکان بھر لوگوں کو برائیوں سے روکنا ضروری ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ سبھی لوگوں کو سزا میں دھرلیں گے...... ہاں اصلاح حال کی پوری کوشش کرنے کے بعد بھی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہوتو انسان معذور ہے،باب کی دوسری حدیث میں یہی مضمون ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو: "اے لوگو! تم بس اپنی فکر کرو، جب تم راہِ راست پر ہوتو جوشخص گمراہ ہوا وہ تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچائے گا" اور میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا

ہے کہ ”لوگ ظالم کو (ظلم کرتا ہوا) دیکھیں، اور اس کا ہاتھ نہ پکڑیں یعنی اس کو ظلم سے نہ روکیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی سزا ان سبھی کو عام کردیں، یعنی بروں کے ساتھ اچھوں کو بھی عذاب میں دھر لیں! (یہ حدیث اسی سند سے ابواب الفتن باب ۸ حدیث ۲۱۶۵ تحفہ ۵: ۵۳۷ میں گذر چکی ہے)

حدیث (۲): ابوامیہ شعبانی کہتے ہیں: میں حضرت ابوثعلبہ خُشَنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے ان سے عرض کیا: آپ اس آیت میں کس طرح کریں گے؟ یعنی اس آیت کو سرسری پڑھنے سے جو اشکال پیش آتا ہے: اس کا جواب آپ کے پاس کیا ہوگا؟ حضرت ابوثعلبہ نے پوچھا: کونسی آیت؟ میں نے عرض کیا: ارشاد پاک: ﴿ يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ، لاَيَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ ابوثعلبہ نے فرمایا: سن! بخدا! تو نے اس آیت کے بارے میں اچھی طرح واقف ہی سے سوال کیا ہے، میں نے اس آیت کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے پوچھا تھا، آپؐ نے فرمایا: ”بلکہ ایک دوسرے کو بھلائی کا حکم دو، اور ایک دوسرے کو برائی سے روکو، یہاں تک کہ جب تم دیکھو ایسی بخیلی کو جس کی پیروی کی جارہی ہے، اور ایسی خواہش کو جس کے پیچھے چلا جارہا ہے، اور ایسی دنیا کو جسے ترجیح دی جارہی ہے، اور ہر صاحب رائے اپنی رائے پر اترا رہا ہو تو خاص اپنے آپ کو لازم پکڑو، اور عوام کا خیال چھوڑ دو، کیونکہ تمہارے آگے یقیناً ایسا زمانہ آرہا ہے کہ اس میں دین پر جمنا چنگاری کو ہاتھ میں پکڑنے کی طرح ہوجائے گا، اس زمانہ میں دین پر عمل کرنے والے کے لئے ایسے پچاس آدمیوں کے ثواب کے بقدر ہوگا جو تمہارے جیسا عمل کرتے ہوں گے“ ...... حدیث کے راوی حضرت عبداللہ بن المبارک کہتے ہیں: عتبۃ بن ابی حکیم کے علاوہ دوسرے استاذ نے اس حدیث میں مجھ سے یہ زائد مضمون بھی بیان کیا ہے: پوچھا گیا: یارسول اللہ! ہم میں سے یعنی صحابہ میں سے پچاس آدمیوں کا اجر یا اس زمانہ کے لوگوں میں سے پچاس آدمیوں کا اجر؟ آپؐ نے فرمایا: ”نہیں، بلکہ تم میں سے پچاس آدمیوں کا اجر“ (اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی محنت کے بعد ﴿عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ﴾ کا نمبر آتا ہے ...... اور ارشاد نبوی کے شروع میں بل کا مطلب یہ ہے کہ آیت کا یہ مطلب سمجھنا درست نہیں کہ اصلاح حال کی کوشش ضروری نہیں، بلکہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ضروری ہے، یہاں تک کہ اصلاح سے مایوسی ہوجائے)

[۳۰۸۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، أَنَّهُ قَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لاَيَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ وَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ” إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوْا ظَالِمًا، فَلَمْ يَأْخُذُوْا عَلَى يَدَيْهِ، أَوْشَكَ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ مِنْهُ“

هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ نَحْوَ هٰذَا الحديثِ مَرْفُوْعًا، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

[۳۰۸۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا عُتْبَةُ بْنُ أَبِى حَكِيْمٍ، نَا عَمْرُو بْنُ جَارِيَةَ اللَّخْمِيُّ، عَنْ أَبِىْ أُمَيَّةَ الشَّعْبَانِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ أَبَا ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيَّ، فَقُلْتُ لَهُ: كَيْفَ تَصْنَعُ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ؟ قَالَ: أَيَّةُ آيَةٍ؟ قُلْتُ: قَوْلُهُ تَعَالیٰ:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَايَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ﴾ قَالَ: أَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَأَلْتَ عَنْهَا خَبِيْرًا، سَأَلْتُ عَنْهَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ، حَتَّى إِذَا رَأَيْتَ شُحًّا مُطَاعًا، وَهَوًى مُتَّبَعًا، وَدُنْيَا مُؤَثَّرَةً، وَإِعْجَابَ كُلِّ ذِىْ رَأْيٍ بِرَأْيِهِ، فَعَلَيْكَ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعِ الْعَوَّامَّ، فَإِنَّ مِنْ وَرَائِكُمْ أَيَّامًا: الصَّبْرُ فِيْهِنَّ مِثْلُ الْقَبْضِ عَلَى الْجَمْرِ، لِلْعَامِلِ فِيْهِنَّ مِثْلُ أَجْرِ خَمْسِيْنَ رَجُلًا، يَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِكُمْ"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ: وَزَادَنِىْ غَيْرُ عُتْبَةَ: قِيْلَ:يَارسولَ اللّٰهِ أَجْرُ خَمْسِيْنَ رَجُلًا مِنَّا أَوْ مِنْهُمْ؟ قَالَ:" لَا، بَلْ أَجْرُ خَمْسِيْنَ رَجُلًا مِنْكُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۱۰-غیر مسلم وصی کی قسم پر کیا ہوا فیصلہ خیانت ظاہر ہونے پر ورثاء کی قسموں سے بدل جائے گا

سورۃ المائدہ کی آیات ۱۰۶-۱۰۸ ایک خاص معاملہ میں نازل ہوئی ہیں۔ اور شانِ نزول کا واقعہ روایتوں میں مختلف طرح سے آیا ہے۔ اور مفسرین نے آیتوں کی مختلف تفسیریں کی ہیں، اس وجہ سے یہ آیتیں تفسیر کے اعتبار سے مشکل ترین آیتیں بن گئی ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے شانِ نزول کے سلسلہ میں دو روایتیں ذکر کی ہیں۔ ان میں سے پہلی روایت جس کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ: حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں: صحیح نہیں۔ اس کی سند میں ابوالنضر محمد بن السائب الکلبی (مشہور مفسر) ہے، اور یہ راوی متروک ہے۔ اور دوسری روایت جو خود حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا بیان ہے: صحیح ہے۔ یہ روایت بخاری شریف (حدیث ۲۷۸۰) میں ہے، مگر یہ روایت مختصر ہے، اس سے حقیقتِ حال پوری طرح واضح نہیں ہوتی، تفسیر درمنثور میں ان کے علاوہ بھی روایات ہیں۔ پہلے آپ باب کی دو روایتیں سنیں، پھر متعلقہ آیتوں کی تفسیر کی جائے گی۔

حدیث (۱): حضرت ابن عباسؓ: حضرت تمیم داریؓ سے، آیتِ کریمہ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ کی تفسیر میں روایت کرتے ہیں۔ حضرت تمیمؓ کہتے ہیں: میرے اور عدی بن بدّاء کے علاوہ سب لوگ ان آیتوں سے الگ ہیں، یعنی ہم دو ہی سے ان کا تعلق ہے، ہم دو ہی ان کا شانِ نزول ہیں (بَرِئَ من فلانٍ کے معنی ہیں: الگ ہونا، یعنی ہم دو کے علاوہ سب لوگ ان آیتوں سے الگ ہیں، اُن سے اِن آیتوں کا کچھ تعلق نہیں) اور وہ دونوں

عیسائی تھے، اسلام قبول کرنے سے پہلے ملک شام آتے جاتے تھے۔ پس دونوں ایک مرتبہ اپنی تجارت کے سلسلہ میں ملک شام گئے، ان کے پاس بنوسہم قبیلہ کا ایک مولی (آزاد کردہ) اپنا تجارتی مال لے کر وارد ہوا۔ جس کو بُدیل بن ابی مریم کہا جاتا تھا (یہ صاحب مسلمان تھے) اور اس کے ساتھ چاندی کا ایک پیالہ تھا، وہ اس کے ساتھ بادشاہ کا ارادہ کرتا تھا یعنی بادشاہ کے ہاتھ اس کو فروخت کرنے کا ارادہ تھا، کیونکہ وہی اس کی صحیح قیمت دے سکتا تھا۔ اور وہ پیالہ اس شخص کے تجارتی مال میں سب سے قیمتی چیز تھا (عُظْمُ الشيئ کے معنی ہیں: اکثر حصہ، بڑا حصہ، اہم حصہ، اس کے لئے دوسرا لفظ، مُعْظَم ہے، جیسے مُعْظَمُ سُكَّانِ البلد أغنياء: شہر کے اکثر باشندے مالدار ہیں) وہ صاحب (ملک شام پہنچ کر) بیمار پڑے، پس انھوں نے ان دو کو وصیت کی، اور ان دونوں کو حکم دیا کہ وہ اس کے گھر والوں کو جو کچھ اس نے چھوڑا ہے: پہنچا دیں۔

تمیم داری کہتے ہیں: پس جب وہ مر گیا تو ہم نے وہ جام لیا اور ہم نے اس کو ایک ہزار درہم میں بیچ دیا، پھر میں نے اور عدی نے وہ رقم بانٹ لی، پھر جب ہم اس کے گھر والوں کے پاس آئے تو ہم نے ان کو وہ سامان دیا جو ہمارے ساتھ تھا۔ اور ان لوگوں نے (سامان میں) جام نہ پایا، پس ان لوگوں نے ہم سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو ہم نے کہا: اس کے علاوہ اس شخص نے کچھ نہیں چھوڑا، اور ہمیں اس کے علاوہ کچھ نہیں دیا۔

تمیمؓ کہتے ہیں: پس جب میں نے اسلام قبول کیا، نبی ﷺ کے مدینہ میں وارد ہونے کے بعد، تو میں نے اس گناہ سے توبہ کرنے کا ارادہ کیا (تأَثَّم من الذنب: گناہ سے توبہ کرنا، استغفار کرنا) چنانچہ میں اس کے گھر والوں کے پاس گیا، اور ان کو ساری بات بتائی، اور میں نے ان کو پانچ سو درہم ادا کر دیئے، اور ان کو بتلایا کہ میرے ساتھی کے پاس اتنی ہی رقم ہے، وہ لوگ اس کو نبی ﷺ کے پاس لائے، آپؐ نے ان لوگوں سے گواہ طلب کئے تو انھوں نے گواہ نہ پائے، پس نبی ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ وہ اس سے ایسے الفاظ سے قسم لیں جن سے اس کے مذہب والوں کے نزدیک قسم بھاری ہوجاتی ہے، چنانچہ اس نے قسم کھالی، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ سے ﴿أَوْ يَخَافُوْا أَنْ تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ﴾ تک، پس عمرو بن العاص اور ایک اور شخص کھڑے ہوئے، اور ان دونوں نے قسم کھائی، پس اس سے پانچ سو درہم وصول کئے گئے۔

روایت کا حال: یہ روایت غریب ہے، اس کی یہی ایک سند ہے، اور یہ روایت قطعاً صحیح نہیں، اس کا راوی ابوالنضر جس سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں: وہ امام ترمذیؒ کے نزدیک: محمد بن السائب الکلبی ہے، اس کی کنیت ابوالنضر تھی، اس کو محدثین نے متروک قرار دیا ہے۔ امام ترمذیؒ کہتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ محمد بن السائب الکلبی کی کنیت ابوالنضر تھی۔ اور اسی طبقہ کے ایک نہایت مضبوط راوی سالم بن ابی امیہ بھی ہیں، ان کی کنیت بھی ابوالنضر تھی، وہ مدینہ کے باشندے تھے (اور کلبی کوفی تھا) اور وہ باذان سے (یا بادام سے جن کی کنیت ابوصالح تھی اور جو ام ہانی کے آزاد کردہ ہیں) ان سے سالم ابوالنضر روایت نہیں کرتے (اس لئے یہ ابوالنضر: محمد بن السائب

الکلبی ہی ہے) اور یہ روایت خود حضرت ابن عباسؓ سے بھی مختصراً مروی ہے (یہ ساری بات غالباً امام بخاریؒ کی ہے) اور حضرت ابن عباسؓ کی وہ مختصر روایت درج ذیل ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: قبیلہ بنوسہم کا ایک آدمی: تمیم داری اور عدی بن بداء کے ساتھ نکلا، پس سہمی کا ایک ایسی سرزمین میں انتقال ہوگیا جہاں کوئی مسلمان نہیں تھا، پس جب وہ دونوں اس کا ترکہ لے کر آئے تو ورثاء نے چاندی کا ایک پیالہ کم پایا جو کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتّروں سے آراستہ کیا ہوا تھا (مُخوَّص: اسم مفعول: خَوَّصَ التاجَ: کھجور کے پتوں جیسے سونے کے پتّروں سے تاج کو آراستہ کرنا) پس نبی ﷺ نے ان دونوں کو حلف دلوایا، پھر ورثاء نے جام مکہ میں پایا، پس کہا گیا: ہم نے اس کو تمیم داری اور عدی سے خریدا ہے، پس سہمی کے ورثاء میں سے دو شخص کھڑے ہوئے، اور انھوں نے قسم کھائی کہ ہماری گواہی یقیناً ان لوگوں کی گواہی سے (قبولیت کی) زیادہ حقدار ہے، اور یہ کہ یہ جام ان کے آدمی کا ہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور ان کے سلسلہ میں یہ آیت نازل ہوئی۔

چند وضاحتیں:

۱- سہمی نے اپنے سامان کی ایک لسٹ بنا کر سامان میں رکھ دی تھی، جس کی تمیم وعدی کو خبر نہیں تھی، ورثاء نے جب سامان کھولا تو وہ لسٹ برآمد ہوئی، اس سے شبہ ہوا، چنانچہ پہلی مرتبہ تمیم وعدی نے قسمیں کھائیں، اور فیصلہ ان کے حق میں کردیا گیا، اس وقت صرف پہلی آیت نازل ہوئی تھی، پھر جب وہ جام مکہ میں ملا اور معاملہ کھلا تو دوسری اور تیسری آیتیں نازل ہوئیں، اور ورثاء نے قسمیں کھائیں، اور اب دوسرا فیصلہ کیا گیا۔

۲- اسلامی اصول یہ ہے کہ گواہ مدعی کے ذمے ہوتے ہیں، اور قسم منکر پر۔ پہلے تمیم وعدی خیانت کے منکر تھے، اور ورثاء کے پاس خیانت کے گواہ نہیں تھے، اس لئے ان سے قسمیں لی گئیں...... پھر جب جام سنار کے یہاں ملا، اور ان دونوں سے دریافت کیا گیا تو انھوں نے کہا: ہم نے یہ جام مرحوم سے خرید لیا تھا، اور پہلے یہ بات اس لئے ظاہر نہیں کی تھی کہ ہمارے پاس خریدنے کے گواہ نہیں تھے، ورثاء نے بیع کا انکار کیا، اس لئے اب قسمیں ان سے لی گئیں، کیونکہ اب وہ بیع کے منکر تھے، اور دوسرا فیصلہ کیا گیا۔

متعلقہ آیتیں: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِنْكُمْ أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُمْ مُصِيْبَةُ الْمَوْتِ، تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لَانَشْتَرِيْ بِهِ ثَمَنًا وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى، وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللّٰهِ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِيْنَ ○ فَإِنْ عُثِرَ عَلٰى أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرَانِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا، إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ ذٰلِكَ أَدْنٰى أَنْ يَّأْتُوْا بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُوْا أَنْ تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ، وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا، وَاللّٰهُ لَايَهْدِيْ

الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ﴾ ترجمہ: اے ایمان والو! تمہارے درمیان گواہی (چاہئے) جب تم میں سے کسی کے پاس موت آ کھڑی ہو، وصیت کرتے وقت (حین: شهادة کا بھی ظرف ہوسکتا ہے اور حضر کا بھی، اور دونوں صورتوں میں مطلب ایک ہوگا، یعنی وصیت پر گواہ بنائے یا جب قربِ موت میں وصیت کرے اس وقت گواہ بنائے، اور یہ گواہ بنانا مستحب ہے، ضروری نہیں، وصیت گواہی کے بغیر بھی درست ہے، جیسے سورۃ الطلاق کی دوسری آیت میں رجعت پر گواہ بنانے کا حکم ہے، یہ حکم بھی استحبابی ہے) تم میں سے یعنی مسلمانوں میں سے دو دیندار آدمیوں کو (گواہ بنایا جائے، یہ اصل حکم ہے) یا تمہارے علاوہ (غیر مسلموں) میں سے دو شخصوں (کو گواہ بنائے) اگر تم نے کسی سرزمین میں سفر کیا ہو (اور وہاں مسلمان نہ ہوں) اور تمہیں موت کا حادثہ پہنچے (اور یہ گواہ محض گواہ بھی ہو سکتے ہیں، جبکہ وصیت تحریری شکل میں ہو، اور وصی یا وکیل بھی ہو سکتے ہیں) روکو تم ان دو گواہوں کو نماز کے بعد، پس وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں، اگر تمہیں شک ہو (اس کا تعلق صرف غیر مسلموں کو گواہ بنانے کے ساتھ ہے، یعنی اگر کسی وجہ سے تمہیں شبہ ہو کہ انھوں نے وصیت کی ہوئی چیز میں خیانت کی ہے یا وصیت کے بیان میں یا موصی لہٗ کے بیان میں غلط بیانی کی ہے، جیسا کہ شانِ نزول کے واقعہ میں تمیم اور عدی نے جام لے لیا تھا، اور سامان کی لسٹ سے شبہ ہوا تھا کہ ان کا یہ بیان غلط ہے کہ مرحوم نے بس یہی سامان چھوڑا ہے تو ان سے عصر کی نماز کے بعد یا کسی اور نماز کے بعد قاضی قسم لے، اور چونکہ وہ غیر مسلم ہیں اس لئے مکلّف کرے کہ وہ مسجد میں آ کر قسم کھائیں، روکنے کا یہی مطلب ہے، اور اگر ایسا کوئی شبہ نہ ہو تو قسم لینے کی ضرورت نہیں، اور جب وہ قسم کھائیں تو قسم کے ساتھ یہ بھی کہیں:) نہیں خریدتے ہم یعنی نہیں حاصل کرتے ہم قسم کے ذریعہ کچھ بھی عوض، اگرچہ ہو وہ شخص (جس کے حق میں ہم گواہی دے رہے ہیں) قرابت دار اور نہیں چھپاتے ہم اللہ کی گواہی کو (یعنی بالکل صحیح اور بے لاگ گواہی دے رہے ہیں، اور ﴿لَا نَشْتَرِیْ بِهٖ ثَمَنًا قَلِیْلًا﴾ میں ثمن بمعنی نفع ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ جھوٹی قسم کھا کر خود کوئی نفع حاصل نہیں کر رہے ہے، اور ﴿وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى﴾ کا تعلق اس صورت کے ساتھ ہے جبکہ وہ موصی لہٗ کے حق میں غلط بیانی کر رہے ہوں یعنی ہم نہ کوئی رشوت لے رہے ہیں نہ تعلقات کی پاسداری کر رہے ہیں) بیشک ہم اس حالت میں سخت گنہ گار ہونگے (یہ سارا مضمون بھی وہ قسم کے ساتھ ادا کریں)

(جب تمیم وعدی کا معاملہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عدالت میں آیا تو صرف یہ آیت نازل ہوئی، اور ان دونوں کو قسم کھلا کر مقدمہ فیصل کر دیا گیا کہ سامان بس اتنا ہی تھا، اور ان دونوں پر ورثاء کا کوئی مطالبہ باقی نہیں رہا...... پھر جب خیانت کھلی اور جام سنار کے پاس ملا، اور اس نے کہا کہ میں نے یہ جام تمیم وعدی سے خریدا ہے، اور تمیم وعدی نے دعوی کیا کہ ہم نے یہ جام مرحوم سے خریدا ہے، اور پہلے یہ بات اس لئے نہیں بتائی تھی کہ بیع کا ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں تھا، مگر ورثاء کو ان کے اس بیان پر اطمینان نہیں ہوا، تو وہ مقدمہ دوبارہ بارگاہِ نبوت میں لے آئے، اس پر اگلی دو آیتیں

نازل ہوئیں:)

دوسری آیت: پھر اگر اس بات کی اطلاع ہوجائے کہ وہ دونوں کسی گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں (عَثَرَ عليه (فعل معروف) وہ اس پر مطلع ہوا، عُثِرَ عليه (فعل مجہول): اس پر مطلع ہوا گیا، اِسْتَحَقَّا إِثْمًا: وہ دونوں کسی گناہ کے حقدار ہوئے، یعنی مرتکب ہوئے) پس دوسرے دو شخص کھڑے ہوں پہلے دو کی جگہ میں، ان لوگوں میں سے جن کے مقابلہ میں گناہ کا ارتکاب ہوا ہے، اور وہ میت کے قریبی لوگ ہوں (اِسْتَحَقَّ عليه: اس کے خلاف یعنی اس کے مقابلہ میں حقدار ہوجانا...... اور: الْأَوْلَيَانِ: الْأَوْلٰى بمعنى الأقرب کا تثنیہ ہے، اور حالتِ رفعی میں ہے، اس لئے کہ وہ الآخران سے بدل ہے) پس وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں (اور قسم کے ساتھ یہ مضمون بھی ادا کریں کہ) ہماری گواہی یقیناً ان دونوں کی گواہی سے زیادہ راست ہے، اور ہم نے ذرا تجاوز نہیں کیا (اگر ہم نے تجاوز کیا ہوتو) ہم ایسی حالت میں یقیناً سخت ظالم ہونگے (چنانچہ عمرو بن العاص جو سہمی مرحوم کے آزاد کرنے والے تھے) اور ایک اور شخص کھڑے ہوئے اور انھوں نے اس طرح قسم کھائی تو مقدمہ دوبارہ ان کے حق میں فیصل کیا گیا، اور تمیم وعدی کو جام کا ضامن بنایا گیا)

دوبارہ فیصلہ کرنے کی حکمت: (پھر تیسری آیت میں دوبارہ فیصلہ کرنے کی حکمت بیان فرمائی:) یہ (یعنی مقدمہ کا دوبارہ فیصلہ کرنا) قریب ذریعہ ہے، اس امر کا کہ وہ (پہلے گواہ) واقعہ کوٹھیک طور پر ظاہر کریں یا اس بات سے ڈریں کہ ان سے قسمیں لینے کے بعد پھر قسمیں (ورثاء کی طرف) متوجہ کی جائیں گی (اور پانسہ پلٹ جائے گا، اس خوف سے وہ پہلے ہی صحیح بات بیان کریں) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو، اور (اللہ کا حکم) سنو، اور اللہ تعالیٰ حد اطاعت سے نکلنے والوں کی صحیح راہ نمائی نہیں کرتے۔

فائدہ: آیتِ کریمہ: ﴿ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ﴾ تک تمہید ہے، اس میں بوقت وصیت گواہ بنانے کا استحبابی حکم ہے، پھر ﴿أَوْ آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ﴾ سے تین آیتوں کے ختم تک غیر مسلموں کو گواہ بنانے کا اور اس سلسلہ میں پیش آنے والی صورتوں کا تذکرہ ہے۔

سوال: اگر مسلمان گواہ ایسی گڑبڑ کریں تو ان کا بھی یہی حکم ہوگا یا کچھ اور حکم ہوگا؟

جواب: دیندار مسلمان تو ایسی گڑبڑ کر ہی نہیں سکتے، اور ناہنجار مسلمان ایسا کریں تو ان کا مسئلہ دائرۂ اجتہاد میں ہوگا۔ میری ناقص رائے یہ ہے کہ ان کے مقدمہ کی بھی دوبارہ سماعت ہوگی، اور دوسرا فیصلہ کیا جائے گا۔

[۳۰۸۳-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِيْ شُعَيْبِ الْحَرَّانِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ بَاذَانَ مَوْلَى أُمِّ هَانِئٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ فِيْ

هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ قَالَ: بَرِئَ النَّاسُ مِنْهَا غَيْرِىْ وَغَيْرَ عَدِىِّ بْنِ بَدَّاءٍ، وَكَانَا نَصْرَانِيَّيْنِ، يَخْتَلِفَانِ إِلَى الشَّامِ قَبْلَ الإِسْلَامِ، فَأَتَيَا الشَّامَ لِتِجَارَتِهِمَا، وَقَدِمَ عَلَيْهِمَا مَوْلًى لِبَنِىْ سَهْمٍ، يُقَالُ لَهُ: بُدَيْلُ بْنُ أَبِىْ مَرْيَمَ بِتِجَارَةٍ، وَمَعَهُ جَامٌ مِنْ فِضَّةٍ، يُرِيْدُ بِهِ المَلِكَ، وَهُوَ عُظْمُ تِجَارَتِهِ، فَمَرِضَ، فَأَوْصَى إِلَيْهِمَا، وَأَمَرَهُمَا أَنْ يُبَلِّغَا مَا تَرَكَ أَهْلَهُ.

قَالَ تَمِيْمٌ: فَلَمَّا مَاتَ، أَخَذْنَا ذٰلِكَ الْجَامَ، فَبِعْنَاهُ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ، ثُمَّ اقْتَسَمْنَاهُ أَنَا وَعَدِىُّ بْنُ بَدَّاءٍ، فَلَمَّا أَتَيْنَا إِلٰى أَهْلِهِ: دَفَعْنَا إِلَيْهِمْ مَاكَانَ مَعَنَا، وَفَقَدُوْا الْجَامَ، فَسَأَلُوْنَا عَنْهُ، فَقُلْنَا: مَا تَرَكَ غَيْرَ هٰذَا، وَمَا دَفَعَ إِلَيْنَا غَيْرَهُ.

قَالَ تَمِيْمٌ: فَلَمَّا أَسْلَمْتُ بَعْدَ قُدُوْمِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، تَأَثَّمْتُ مِنْ ذٰلِكَ، فَأَتَيْتُ أَهْلَهُ، فَأَخْبَرْتُهُمْ الْخَبَرَ، وَأَدَّيْتُ إِلَيْهِمْ خَمْسَمِائَةِ دِرْهَمٍ، وَأَخْبَرْتُهُمْ أَنَّ عِنْدَ صَاحِبِىْ مِثْلَهَا، فَأَتَوْا بِهِ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُمُ الْبَيِّنَةَ، فَلَمْ يَجِدُوْا، فَأَمَرَهُمْ أَنْ يَسْتَحْلِفُوْهُ بِمَا يَعْظُمُ بِهِ عَلَى أَهْلِ دِيْنِهِ، فَحَلَفَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ:﴿ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿ أَوْ يَخَافُوْا أَنْ تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ﴾ فَقَامَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ، وَرَجُلٌ آخَرُ، فَحَلَفَا، فَنُزِعَتِ الْخَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ مِنْ عَدِىِّ بْنِ بَدَّاءٍ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِصحيحٍ، وَأَبُوْ النَّضْرِ الَّذِىْ رَوَى عَنْهُ مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ هٰذَا الحديثَ هُوَ عِنْدِىْ مُحمدُ بْنُ السَّائِبِ الْكَلْبِىُّ، يُكْنَى أَبَا النَّضْرِ، وَقَدْ تَرَكَهُ أَهْلُ العِلْمِ بِالْحَدِيْثِ، وَهُوَ صَاحِبُ التَّفْسِيْرِ، سَمِعْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ: مُحمدُ بْنُ سَائِبٍ الْكَلْبِىُّ، يُكْنَى أَبَا النَّضْرِ، وَلَا نَعْرِفُ لِسَالِمٍ أَبِىْ النَّضْرِ الْمَدِيْنِىِّ رِوَايَةً عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ مَوْلَى أُمِّ هَانِئٍ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ شَيْئٌ مِنْ هٰذَاعَلَى الإِخْتِصَارِ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٣٠٨٤-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا يَحْيَ بْنُ آدَمَ، عَنْ ابنِ أَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ أَبِى الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَنِىْ سَهْمٍ مَعَ تَمِيْمٍ الدَّارِىِّ وَعَدِىِّ بْنِ بَدَّاءٍ، فَمَاتَ السَّهْمِىُّ بِأَرْضٍ لَيْسَ بِهَا مُسْلِمٌ، فَلَمَّا قَدِمَا بِتَرِكَتِهِ، فَقَدُوْا جَامًا مِنْ فِضَّةٍ، مُخَوَّصًا بِالذَّهَبِ، فَأَحْلَفَهُمَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ وَجَدُوْا الْجَامَ بِمَكَّةَ، فَقِيْلَ: اشْتَرَيْنَاهُ مِنْ تَمِيْمٍ وَعَدِيٍّ، فَقَامَ رَجُلَانِ مِنْ أَوْلِيَاءِ السَّهْمِىِّ، فَحَلَفَا: بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا، وَأَنَّ الْجَامَ لِصَاحِبِهِمْ، قَالَ: وَفِيْهِمْ نَزَلَتْ:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ﴾ ، هذا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهُوَ حديثُ ابنُ أَبِىْ زَائِدَةَ.

۱۱-حواریوں پر مائدہ اترنے کا بیان

سورۃ المائدۃ آیات (۱۱۲-۱۱۵) میں یہ واقعہ ہے کہ حواریوں نے کہا: اے عیسیٰ بن مریم! کیا آپ کے پروردگار ہم پر آسمان سے کھانے کا خوان اتار سکتے ہیں؟ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: ''خدا سے ڈرو اگر تم مؤمن ہو، یعنی اللہ کو مت آزماؤ، اور معجزہ کا مطالبہ مت کرو، انھوں نے عرض کیا: ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس خوان سے کھائیں، اور ہمارے دل مطمئن ہوں، اور ہمیں معلوم ہوجائے کہ جو کچھ آپ نے ہم سے کہا ہے: وہ سچ ہے، اور ہم اس پر گواہ رہیں یعنی ہمارا مقصود اللہ تعالیٰ کو آزمانا نہیں ہے، نہ ایمان لانے کے لئے ہم معجزہ کی فرمائش کررہے ہیں، بلکہ دوسرے چند جائز مقاصد سے ہم یہ درخواست کررہے ہیں...... عیسیٰ علیہ السلام نے دعا کی: الٰہی! ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے ایک خوان نازل فرمائیں، جو ہمارے لئے: ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لئے عید (خوشی) کا دن قرار پائے، اور آپ کی طرف سے (میری صداقت کی) ایک نشانی ہو...... اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اس کو تم پر نازل کرنے والا ہوں، مگر اس کے بعد جو تم میں سے انکار کرے گا اسے میں ایسی سزادوں گا جو دنیا میں کسی کو نہ دی ہوگی۔

یہ مائدہ اترا تھا یا نہیں؟ قرآنِ کریم میں اس کی کوئی صراحت نہیں، اور کوئی صحیح مرفوع حدیث بھی موجود نہیں، اور باب میں جو روایت ہے وہ مرفوع نہیں ہے، حضرت عمار رضی اللہ عنہ کا قول ہے، اور مفسرین میں اختلاف ہے، حضرت مجاہد اور حضرت حسن بصری رحمہما اللہ صاف انکار کرتے تھے، اور عام رائے یہ ہے کہ خوان اترا تھا، پھر لوگوں نے اس میں خیانت کی تو اترنا بند ہوگیا، پس ممکن ہے وہ نازل ہوا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ حواریوں نے اس کے خوفناک انجام سے ڈر کر مطالبہ واپس لے لیا ہو، بہرحال کوئی قطعی بات کہنا ممکن نہیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''آسمان سے خوان روٹی اور گوشت کی شکل میں نازل ہوا (خبزاً ولحماً: تمیز ہیں) اور ان کو حکم دیا گیا کہ خیانت نہ کریں، اور آئندہ کے لئے ذخیرہ نہ کریں، مگر انھوں نے خیانت کی، اور ذخیرہ کیا، اور آئندہ کے لئے اٹھا رکھا تو وہ لوگ بندروں اور سوروں کی شکل میں مسخ کردیئے گئے''

سند کا حال: یہ حدیث غریب ہے، سفیان بن حبیب سے آخر تک یہی سند ہے، اور سفیان کے شاگرد حسن ہی اس کو مرفوع کرتے ہیں، دوسرے متعدد تلامذہ ابو عاصم وغیرہ اس کو موقوف بیان کرتے ہیں، یعنی یہ حضرت عمارؓ کا قول ہے، نبی ﷺ کا ارشاد نہیں ہے...... پھر امام ترمذیؒ نے سفیان کے شاگرد حمید کی سند بیان کی ہے، وہ حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، اور امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے کہ یہ سند حسن کی مرفوع سند سے اصح ہے، اور حدیثِ مرفوع کی ہمارے علم میں کوئی اصل نہیں (اور اس روایت کو اربابِ صحاح میں سے امام ترمذیؒ کے علاوہ کسی نے نہیں لیا)

[۳۰۸۵-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ الْبَصْرِيُّ، نا سُفيانُ بْنُ حَبِيْبٍ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلاَسٍ

بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَلَحْمًا، وَأُمِرُوْا أَنْ لَّايَخُوْنُوْا، وَلاَ يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ، فَخَانُوْا، وَادَّخَرُوْا، وَرَفَعُوْا لِغَدٍ، فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ أَبُوْ عَاصِمٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلاَسٍ، عَنْ عَمَّارٍ مَوْقُوْفاً، وَلاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزَعَةَ.

حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيْبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِن حديثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزَعَةَ، وَلاَ نَعْلَمُ لِلْحَدِيْثِ الْمَرْفُوْعِ أَصْلاً.

۱۲- اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کی دلیل ان کے سامنے کردی

سورۃ المائدۃ آیات (۱۱۶-۱۱۸) میں یہ بات آئی ہے کہ قیامت کے دن تمام رسولوں سے ان کی امتوں کے روبرو برملا سوال وجواب ہونگے۔ اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بھی سوال ہوگا، جن کو کروڑوں انسانوں نے خدائی کا درجہ دے رکھا تھا۔ ان سے سوال ہوگا کہ کیا آپ نے لوگوں کو یہ تعلیم دی تھی کہ مجھے اور میری ماں کو خدا کے سوا معبود مانو؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جواب دیں گے: آپ کی ذات پاک ہے یعنی خدائی میں آپ کا کوئی شریک وسہیم نہیں، پھر میں ایسی نازیبا بات کیسے کہہ سکتا ہوں؟ مجھ کو لائق نہیں کہ میں ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھے کوئی حق نہیں، اگر میں نے ایسی بات کہی ہوتی تو وہ آپ کے علم میں ہوتی، آپ جو کچھ میرے جی میں ہے اس کو جانتے ہیں، اور میں اس کو نہیں جانتا جو آپ کے جی میں ہے، بیشک آپ ہی چھپی باتوں کو خوب جاننے والے ہیں، میں نے تو ان سے بس یہ بات کہی تھی جس کے کہنے کا آپ نے مجھ کو حکم دیا تھا کہ اللہ کی بندگی کرو، جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی، اور میں ان کے احوال سے باخبر رہا جب تک میں ان میں رہا، یعنی میری دنیا میں موجودگی تک کسی نے مجھے اور میری ماں کو معبود نہیں بنایا، پھر جب آپ نے مجھے اٹھالیا تو آپ ہی ان کے نگہبان تھے، اور آپ تو ہر چیز کے نگہبان ہیں، اگر آپ ان کو سزا دیں تو وہ آپ کے بندے ہیں یعنی آپ کو سزا دینے کا پورا حق ہے، اور اگر آپ ان کو معاف فرمادیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں۔

یہ سوال وجواب قرآنِ کریم میں دو مقاصد سے نازل کئے گئے ہیں:

پہلا مقصد: جو ظاہر ہے کہ دنیا میں یہ سوال وجواب عیسائیوں کو سنائے گئے ہیں، تاکہ ان کو معلوم ہوجائے کہ وہ جس کو معبود مان رہے ہیں وہ تو خود قیامت کے دن اپنی بندگی کا اقرار کریں گے، اور ان کی بہتان تراشی سے براءت ظاہر کریں گے۔

دوسرا مقصد: جو دقیق ہے، اور وہ باب کی صحیح حدیث میں آیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے سامنے ان کا جواب دنیا ہی

میں کردیا گیا تا کہ وہ اس کو لے لیں، اور قیامت کے دن جب انتہائی خوف ناک منظر ہوگا، وہ بے خوف ہوکر یہ جواب عرض کریں۔

فائدہ: اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزولِ قرآن کے بعد دنیا میں تشریف لائیں گے، جبھی ان کے سامنے ان کا یہ جواب آئے گا، آپ نزول کے بعد قرآنِ کریم پڑھیں گے، اور اپنے اس جواب سے واقف ہونگے، اور قیامت کے دن یہ جواب عرض کریں گے، ورنہ اللہ کے علاوہ کوئی عالم الغیب نہیں، پھر ان کو کیسے اپنے اس جواب کا علم ہوگا؟

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: عیسیٰؑ اپنی دلیل ڈالے گئے، تا کہ وہ اُسے لے لیں، پہلے اللہ تعالیٰ نے ان کے سامنے سوال ڈالا، اپنے اس ارشاد میں: ﴿وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيْسٰى ابْنَ مَرْيَمَ﴾ سے ﴿مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ تک یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنے سوال سے بھی واقف کیا کہ قیامت کے دن ان سے کیا سوال کیا جائے گا؟ پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے نبی ﷺ سے روایت کرتے ہوئے کہا: ''پس اللہ تعالیٰ نے ان کے سامنے ان کی دلیل ڈالی، تا کہ وہ اس کو لے لیں: ﴿سُبْحَانَكَ﴾ سے آخر تک اسی کا بیان ہے۔

لغت: لَقَّاهُ الشيئَ يُلَقِّیٰ: کسی کے سامنے کوئی چیز لانا، ڈالنا، تا کہ وہ اس کو لے لے۔ يُلَقّٰى: مضارع مجہول ہے، اور عیسی نائب فاعل اور حجتَه مفعول ثانی ہے۔

[۳۰۸۶-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: يُلَقَّى عِيْسَى حُجَّتَهُ، فَلَقَّاهُ اللّٰهُ فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ: يَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ؟﴾ قَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: '' فَلَقَّاهُ اللّٰهُ: ﴿سُبْحَانَكَ مَايَكُوْنُ لِيْ أَنْ أَقُوْلَ مَالَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ﴾ الآيَةَ كُلَّهَا، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۳- قرآنِ کریم کی آخری سورت

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: آخری سورتیں جو نازل کی گئی ہیں: وہ سورۃ المائدۃ اور سورۃ الفتح یعنی سورۃ النصر ہیں، یہی بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے کہ آخری سورت: سورۃ النصر ہے (اور بخاری و مسلم میں حضرت براءؓ سے مروی ہے کہ آخری آیت کلالہ کی آیت ہے اور آخری سورت: سورۂ براءت ہے مگر ان میں سے کوئی روایت مرفوع نہیں، یہ سب صحابہ کے اندازے ہیں، جس کے علم میں جو بات تھی وہ اس نے بیان کی فلامنافاة بينهما)

[۳۰۸۷-] حدثنا قُتَيبَةُ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ حُيَيٍّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِّيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: آخِرُ سُوْرَةٍ أُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْمَائِدَةِ وَالْفَتْحِ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: آخِرُ سُوْرَةٍ أُنْزِلَتْ: إِذَاجَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الأنعام

سورۃ الانعام کی تفسیر

۱- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلّی

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت وتبلیغ کا کام شروع کیا تو مشرکین مکہ نے نہ صرف تکذیب کی، بلکہ پھبتیاں کسیں اور تمسخر کیا۔ قرآنِ کریم میں ایسے موقعہ پر آیات نازل فرما کر آپ کی تسلی کی جاتی تھی، اسی سلسلہ کی ایک کڑی سورۃ الانعام کی آیت ۳۳ بھی ہے: ﴿قَدْ نَعْلَمُ إِنَّهُ لَيَحْزُنُكَ الَّذِىْ يَقُوْلُوْنَ، فَإِنَّهُمْ لاَيُكَذِّبُوْنَكَ، وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِآيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ﴾ ترجمہ: ہم خوب جانتے ہیں کہ آپ کو وہ باتیں مغموم کرتی ہیں جو وہ (کفار) کہتے ہیں، سو وہ آپ کو نہیں جھٹلاتے، بلکہ یہ ظالم لوگ اللہ تعالیٰ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

اور حدیث: میں ہے کہ ابوجہل علیہ اللعنۃ نے ایک مرتبہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا کہ ہم آپ کی تکذیب نہیں کرتے (آپ تو ہمارے نزدیک سچے ہیں) بلکہ ہم اس قرآن کی تکذیب کرتے ہیں جو آپ پیش کرتے ہیں، اس پر مذکورہ آیت نازل ہوئی، جس میں کہا گیا کہ آپ غم نہ کھائیں، اللہ تعالیٰ خود ان کو سمجھ لیں گے!

[۷-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْأَنْعَامِ

[۳۰۸۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ نَاجِيَةَ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ أَبَا جَهْلٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم: إِنَّا لاَنُكَذِّبُكَ، وَلٰكِنْ نُكَذِّبُ بِمَا جِئْتَ بِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالىٰ: ﴿فَإِنَّهُمْ لاَيُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظَّالِمِيْنَ بِآيَاتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ﴾
حدثنا إسحاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الرحمنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عن سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ نَاجِيَةَ: أَنَّ أَبَا جَهْلٍ قَالَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

سند کی وضاحت: یہ حدیث سفیان ثوریؒ سے معاویہ بن ہشام قصّار کوفی (صدوق لہٗ اوہام) اور حضرت عبد

الرحمٰن بن مہدی (ثقة ثَبْت) روایت کرتے ہیں۔ اول کی سند کے آخر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے، اور ثانی کی سند میں نہیں، امام ترمذی رحمہ اللہ نے اسی مرسل روایت کو اصح کہا ہے (مگر مستدرک حاکم میں اسرائیل کی سند ہے، وہ اپنے دادا ابو اسحاق سے روایت کرتے ہیں، وہ بھی سند میں حضرت علیؓ کا تذکرہ کرتے ہیں، پس پہلی سند صحیح ہے)

۲-وہ آیت جو کفار کے حق میں نازل ہوئی ہے، مگر عام ہے

سورۃ الانعام مکی سورت ہے، اس کی آیت ۶۵ ہے: ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ، أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا، وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾ ترجمہ: آپؐ (مکذبین سے) کہہ دیں: اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہیں کہ تم پر کوئی عذاب تمہارے اوپر سے بھیج دیں (جیسے سنگ باری، طوفانی ہوا اور بارش) یا تمہارے پاؤں تلے سے (بھیج دیں، جیسے زلزلہ، غرقابی اور زمین میں دھنسنا) یا تمہیں گروہ گروہ کرکے آپس میں بھڑا دیں، اور تمہارے بعض کو بعض کی سختی (لڑائی) چکھائیں۔

لغت اور ترکیب: لَبَسَ (ض) عليه الْأَمْرَ لَبْسًا: کوئی چیز مشتبہ اور پیچیدہ کرنا کہ اس کی حقیقت نہ پہچانی جائے، سورۃ البقرۃ آیت ۴۲ میں ہے: ﴿وَلَا تَلْبِسُوْا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ﴾: حق کو باطل کے ساتھ ملا کر گڈ مڈ نہ کرو......اور شِيَعًا: شيعة کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: گروہ، فرقہ، ایک نظریہ کی حامل پارٹی، اور ترکیب میں شِيَعًا حال واقع ہے۔

تفسیر: یہ آیت کفار کے تعلق سے نازل ہوئی ہے، مگر درج ذیل حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت مسلمانوں کو بھی عام ہے:

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل کی گئی کہ آپ کہہ دیدیں: ''اللہ تعالیٰ اس پر قادر ہیں کہ تم پر کوئی عذاب تمہارے اوپر سے بھیج دیں یا تمہارے پاؤں تلے سے!'' تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اللہ تعالیٰ کی ذات کی پناہ چاہتا ہوں!'' اس استعاذہ میں اشارہ ہے کہ یہ دونوں عذاب مسلمانوں پر بھی آسکتے ہیں، چنانچہ آپؐ نے ان دونوں عذابوں سے پناہ چاہی، اور آپؐ کی یہ دعا قبول ہوئی، جیسا کہ آئندہ حدیث میں ہے، پھر جب اگلا ٹکڑا نازل ہوا کہ یا وہ تمہیں گروہ گروہ کرکے آپس میں بھڑا دیں، اور تمہارے بعض کو بعض کی سختی چکھائیں تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ (عذاب) ہلکا ہے!'' یا فرمایا: ''یہ آسان ہے!'' یعنی عذاب کی یہ نوعیت آپؐ نے گوارہ فرمالی (بخاری شریف میں یہ حدیث تین جگہ آئی ہے (حدیث ۴۶۲۸ و۷۳۱۳ و۷۴۰۶) اور عمرو بن دینار کے شاگرد حماد بن زید کی روایت میں ھاتان کے بجائے ھذا ہے، اور یہی صحیح ہے، کیونکہ یہ تیسرا عذاب: ایک عذاب ہے، دو نہیں ہیں)

اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہے تھے، آپؐ کا گذر مسجدِ بنی معاویہ پر ہوا، آپؐ مسجد میں تشریف لے گئے، اور دو رکعتیں پڑھیں، ہم نے بھی دو رکعتیں ادا کیں،

پھر آپؐ دعا میں مشغول ہوئے، اور بہت دیر تک دعا فرماتے رہے، پھر ارشاد فرمایا: ''میں نے اپنے رب سے تین باتیں مانگی: دو دی گئیں اور ایک سے میں روک دیا گیا، میں نے مانگا کہ اللہ تعالیٰ میری امت کو غرقاب نہ کریں، اللہ تعالیٰ نے میری یہ دعا قبول فرمائی، پھر میں نے مانگا کہ اللہ تعالیٰ میری امت کو قحط سالی اور بھوک کے ذریعہ ہلاک نہ کریں، تو یہ دعا بھی قبول فرمالی، پھر میں نے مانگا کہ اللہ تعالیٰ میری امت کو باہمی جنگ وجدال سے تباہ نہ کریں تو مجھے اس دعا سے روک دیا گیا'' (اس مضمون کی روایتیں حضرت خباب اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہیں، جو پہلے ابواب الفتن (حدیث ۲۱۷۲ و ۲۱۷۳) میں گذر چکی ہیں، تحفہ ۵: ۵۴۶)

حدیث (۲): حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب آیت پاک ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''سنو! بیشک یہ آیت پوری ہونے والی ہے، اور اب تک اس کی تاویل نہیں آئی'' یعنی مکذبین پر ابھی تک یہ دو عذاب نہیں آئے، مگر آئیں گے (اللہ تعالیٰ اس وقت مسلمانوں کی حفاظت فرمائیں!)

[۳۰۸۹-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: لَمَّا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ، أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَعُوْذُ بِوَجْهِكَ!" فَلَمَّا نَزَلَتْ: ﴿أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا، وَيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ﴾ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "هَاتَانِ أَهْوَنُ"، أَوْ: "هَاتَانِ أَيْسَرُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۰۹۰-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ مَرْيَمَ الْغَسَّانِيِّ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿قُلْ: هُوَ الْقَادِرُ عَلٰى أَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ، أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ﴾ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَمَا إِنَّهَا كَائِنَةٌ، وَلَمْ يَأْتِ تَأْوِيْلُهَا بَعْدُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

وضاحت: دوسری حدیث اعلی درجہ کی نہیں، کیونکہ یہ اسماعیل بن عیاش کی روایت ہے، اور ان کی روایت شامی اساتذہ سے معتبر ہوتی ہے، اور ابوبکر شامی ہیں، نیز استاذ الاستاذ راشد بھی شامی ہیں، اور وہ ثقہ بھی ہیں، مگر اسماعیل کثیر الارسال ہیں، اس لئے یہ حدیث فروتر ہوگئی ہے، اور یہ حدیث باقی کتبِ خمسہ میں نہیں ہے، البتہ مسند احمد میں ہے۔

۳- ظلم سے ظلم عظیم مراد ہے

سورۃ الانعام کی آیت ۸۲ ہے: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ: أُولٰئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ، وَهُمْ مُهْتَدُوْنَ﴾: جو لوگ ایمان لائے، اور انھوں نے اپنے ایمان کو ظلم (شرک) کے ساتھ گڈمڈ نہیں کیا، انہی کے لئے دلجمعی ہے اور وہی

راہِ راست پر ہیں۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو مسلمانوں پر یہ آیت شاق گذری، انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کون ایسا ہے جس نے اپنے نفس پر ظلم نہیں کیا؟ یعنی ہر شخص سے کچھ نہ کچھ ناانصافی ہو ہی جاتی ہے، اور آیت میں عذاب سے مامون ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ اس نے ایمان کے ساتھ ذرا بھی ظلم نہ کیا ہو، پھر عذاب سے کون بچ سکے گا! نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ مراد نہیں'' یعنی عملی ظلم اور ناانصافی مراد نہیں، بلکہ ''وہ شرک ہی ہے'' یعنی عقیدے کی ناانصافی مراد ہے، اور لفظ ظلم قرآن کریم میں اس معنی میں بھی آیا ہے، کیا نہیں سنی تم نے وہ بات جو لقمان نے اپنے بیٹے سے کہی ہے: اے میرے بیٹے! اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرا، بیشک شرک بھاری ظلم (گناہ) ہے!'' (سورۃ لقمان آیت ۱۳)

تشریح: ظلم کے اصل معنی ہیں: وضعُ الشيئِ في غير مَحلِّه: کسی چیز کو نامناسب جگہ میں رکھ دینا، مشکیزے کا دودھ بے وقت استعمال کرلیا جائے تو کہتے ہیں: ظلمتُ السقاءَ، اور استعمال کردہ دودھ ظلیم کہلاتا ہے، اسی طرح زمین بے موقع کھودی جائے تو کہتے ہیں: ظلمتُ الأرضَ، اور وہ جگہ أرض مظلومة کہلاتی ہے...... پھر ظلم کا استعمال حق سے تجاوز کرنے کے لئے ہونے لگا، خواہ تجاوز قلیل ہو یا کثیر، اور خواہ تجاوز اعتقادی ہو یا عملی، چنانچہ گناہ صغیرہ اور کبیرہ اور شرک ونفاق اور بدعملی پر اس کا اطلاق ہونے لگا، قرآنِ کریم میں یہ سب اطلاقات آئے ہیں، مذکورہ آیت میں صحابہ نے ظلم سے عملی گناہ مراد لے لیا، اس لئے اشکال ہوا، نبی ﷺ نے وضاحت فرمائی کہ اس آیت میں ظلم سے اعتقادی مراد ہے، اور اس کی نظیر پیش فرمائی، چنانچہ صحابہ کا اشکال رفع ہوگیا۔

فائدہ: اس آیت میں تو ظلم سے نبی ﷺ کی تصریح کے مطابق ''شرک'' مراد ہے، عام گناہ مراد نہیں، البتہ بظلم: نکرہ تحت النفی ہے، اس لئے شرک عام ہے، کھلے طور پر مشرک اور بت پرست ہوجائے: یہ تو مراد ہے ہی، اور جو غیر اللہ کو نہیں پوجتا، اور کلمۂ اسلام پڑھتا ہے، مگر کسی فرشتہ یا رسول یا ولی کو اللہ تعالیٰ کی بعض صفاتِ خاصہ میں شریک ٹھہراتا ہے، اور ان کے مزارات کو حاجت روا سمجھتا ہے: یہ شرک بھی آیت میں مراد ہے، اللہ تعالیٰ ہماری اس شرک سے بھی حفاظت فرمائیں (آمین)

[۳۰۹۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، نَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْا إِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ﴾ شَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَأَيُّنَا لَايَظْلِمُ نَفْسَهُ؟ قَالَ: لَيْسَ ذٰلِكَ، إِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ، أَلَمْ تَسْمَعُوْا مَاقَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ: ﴿يَابُنَيَّ لَاتُشْرِكْ بِاللّٰهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۴- نگاہیں اللہ تعالیٰ کونہیں پاسکتیں، اور وہ سب نگاہوں کو پاتے ہیں

سورۃ الانعام کی آیت ۱۰۳ ہے: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ، وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ، وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾: نگاہیں اللہ تعالیٰ کونہیں پاسکتیں، اور وہ سب نگاہوں کو پاتے ہیں، اور وہ نہایت باریک بیں باخبر ہیں۔

تفسیر: أَدْرَكَ الشيئَ: کے معنی ہیں: پانا، حاصل کرنا، جیسے أَدْرَكَ الصلاةَ: نماز پالی، أدرك القطار: ٹرین پالی، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ادراک کی تفسیر ''احاطہ'' سے کی ہے، یعنی مخلوقات اس طرح اللہ تعالیٰ کونہیں دیکھ سکتیں کہ وہ اس کی ذات کا احاطہ کرلیں، اور ان کی پوری حقیقت سمجھ جائیں۔

اس آیت کے ذیل میں تین مسئلے آتے ہیں:

پہلا مسئلہ: اہل السنہ والجماعہ کا عقیدہ ہے کہ اس عالم دنیا میں حق تعالیٰ کی ذات کا مشاہدہ اور زیارت نہیں ہوسکتی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جب یہ درخواست کی تھی کہ اے میرے رب! مجھے اپنی زیارت کرادیجئے تو جواب ملا تھا: ﴿لَنْ تَرَانِيْ﴾: آپ ہرگز مجھے نہیں دیکھ سکتے (سورۃ الاعراف آیت ۱۴۳) ظاہر ہے جب موسیٰ علیہ السلام جیسا جلیل القدر پیغمبر نہیں دیکھ سکتا تو کسی جنّ وبشر کی کیا مجال ہے کہ وہ اللہ پاک کو اس دنیا میں دیکھ سکے۔

دوسرا مسئلہ: آخرت میں مؤمنین کو اللہ پاک کی زیارت نصیب ہوگی، اور یہ مسئلہ بھی اہل حق کے نزدیک اجماعی ہے، کیونکہ قرآنِ کریم اور احادیث قویہ متواترہ سے یہ بات ثابت ہے، سورۃ القیامہ میں ہے: ''قیامت کے دن بہت سے چہرے تروتازہ (ہشاش بشاش) ہونگے، اور وہ اپنے رب کو دیکھنے والے ہونگے'' اور احادیث میں بھی یہ مضمون بہ صراحتِ تام آیا ہے، البتہ گمراہ فرقے (خوارج ومعتزلہ) آخرت میں بھی رویت کا انکار کرتے ہیں، اور وہ اس آیت سے استدلال کرتے ہیں کہ نگاہیں اللہ تعالیٰ کونہیں پاسکتیں، پھر دیکھنا کیسے ممکن ہے؟ اور ان کے نزدیک آیت عام ہے، اس دنیا کے ساتھ تخصیص کی کوئی دلیل نہیں، اور اہل حق کے نزدیک سورۃ القیامہ کی آیت کی وجہ سے آیت اس دنیا کی رویت کے ساتھ خاص ہے۔

تیسرا مسئلہ: شبِ معراج میں نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا تھا یا نہیں؟ یہ مسئلہ صحابہ کے زمانہ سے اختلافی چلا آرہا ہے۔ حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما رویت کا انکار کرتے تھے، جیسا کہ باب کی روایت میں ہے، اور حضرت ابن عباسؓ رویت کے قائل تھے، پھر تابعین میں سے حضرت حسن بصری اور حضرت عروۃ رحمہما اللہ کی رائے بھی یہی تھی۔

اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ یہ مسئلہ ذوجہتین ہے، چونکہ معراج جسمانی تھی، اس لئے دیکھنے والی نظر اس عالم کی نظر تھی، اور مکان (جگہ) چونکہ فوق السماوات تھا، اس لئے یہ معاملہ دوسرے عالم کا تھا، پس پہلی جہت سے یہ مسئلہ اس

آیت کے ذیل میں آتا ہے، چنانچہ حضرت عائشہؓ نے انکارِ رویت پر اسی آیت سے استدلال کیا ہے، اور حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت مختلف ہے، ایک مرفوع روایت میں ہے: نورٌ أنّٰی أَراہ: اللہ تعالیٰ نور ہیں، میں ان کو کیسے دیکھتا! اور دوسری مرفوع روایت میں ہے: رأیتُ نوراً: میں نے اللہ تعالیٰ کا نور دیکھا، اور یہ دونوں روایتیں مسلم شریف میں ہیں، اور مسلم شریف ہی میں حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے: رآہٗ بقلبہ: یعنی وہ رویت قلبی کے قائل تھے، رویتِ بصری کے مدعی نہیں تھے، نیز حضرت ابن عباسؓ نے دیگر جن آیات سے استدلال کیا ہے وہ بھی محل نظر ہے، ان آیات کی صحیح تفسیر وہ ہے جو حضرت عائشہؓ نے بیان کی ہے، کیونکہ انھوں نے یہ بات نبی ﷺ سے دریافت کی ہے، اس لئے ان کی تفسیر مرفوع ہے۔ اور مسئلہ کا عمل سے کوئی تعلق نہیں، اس لئے توقف بہتر ہے۔

حدیث: حضرت مسروق بن الاجدع: جن کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے خاص تعلق تھا، جن کو حضرت عائشہؓ نے بیٹا بنایا تھا: کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہؓ کے پاس ٹیک لگا کر بیٹھا تھا، پس حضرت عائشہؓ نے فرمایا: ''اے ابو عائشہ! تین باتیں ہیں: جو ان میں سے کوئی بھی بات بولتا ہے: وہ اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا الزام لگاتا ہے:

۱- جو کہتا ہے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے: اس نے یقیناً اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا الزام لگایا (یہ دیگر صحابہ کے بیان پر نقد ہے) اور حضرت عائشہؓ نے دو آیتوں سے استدلال کیا:

پہلی آیت: سورۃ الانعام کی آیت ۱۰۳ ہے: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''اللہ تعالیٰ کو نگاہیں نہیں پاسکتیں، اور وہ سب نگاہوں کو پاتے ہیں، اور وہ نہایت باریک بیں بڑے باخبر ہیں'' اس آیت سے استدلال اوپر آ گیا کہ چونکہ دیکھنے والے نظر اس عالم کی چیز تھی، اس لئے رویت ممکن نہیں تھی۔

دوسری آیت: سورۃ الشوریٰ کی آیت ۵۱ ہے، اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''اور کسی بشر کی یہ شان نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سے (رو در رو) کلام فرمائیں، ہاں الہام کے ذریعہ یا پردے کی اوٹ سے'' (کلام فرما سکتے ہیں) اور نبی ﷺ بھی بشر تھے، اس عالم میں بھی اور معراج میں بھی، پس رویت اور رو در رو کلام کیسے ممکن ہو سکتا ہے!

مسروق کہتے ہیں: میں ٹیک لگائے ہوئے تھا، پس میں سیدھا بیٹھ گیا، اور میں نے عرض کیا: اے ام المؤمنین! مجھے آپ مہلت دیں، اور مجھے آپ جلدی نہ کرائیں (یعنی آگے دوسری بات ابھی نہ فرمائیں، مجھے یہ مسئلہ بوجھنے دیں، مجھے اس مسئلہ کے سلسلہ میں کچھ عرض کرنا ہے) کیا اللہ تعالیٰ نہیں فرماتے: ''اور انھوں نے ان کو ایک دفعہ اور بھی دیکھا ہے'' (سورۃ النجم آیت ۱۳) ''اور انھوں نے ان کو صاف آسمان کے کنارے پر دیکھا ہے'' (سورۃ التکویر آیت ۲۳) (یہ دونوں حضرت ابن عباسؓ کے استدلالات ہیں، جو مسروق نے پیش کئے ہیں، انھوں نے دونوں آیتوں میں رآہٗ کی ضمیر مفعول کا مرجع اللہ تعالیٰ کو قرار دیا ہے، یعنی نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں بخدا! پہلی وہ شخص ہوں جس نے ان آیتوں کے بارے میں رسول اللہ

ﷺ سے پوچھا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''وہ جبرئیل ہی تھے، میں نے ان کو ان کی اس صورت پر نہیں دیکھا جس پر وہ پیدا کئے گئے ہیں، علاوہ ان دومرتبہ کے، میں نے ان کو آسمان سے اترتا ہوا دیکھا، درانحالیکہ ان کی خلقت کی بڑائی آسمان وزمین کے درمیان کو بھرنے والی تھی'' (یہ حدیث مرفوع ہے، پس ہُ کا مرجع متعین ہوگیا، اور حضرت ابن عباسؓ کا استدلال محل نظر ہوگیا)

۲-اور جو کہتا ہے کہ محمد ﷺ نے کوئی چیز چھپائی ہے، اس وحی میں سے جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر نازل کی ہے، تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا الزام لگایا، اللہ تعالیٰ سورۃ المائدہ (آیت ۶۷) میں فرماتے ہیں: ''اے رسول! جو کچھ آپؐ کے رب کی طرف سے آپؐ پر نازل کیا گیا ہے: آپؐ وہ سب کچھ پہنچادیجئے'' (یہ شیعوں کے پروپیگنڈے کا رد ہے کہ قرآن کے دس پارے آپؐ نے امت کو نہیں پہنچائے، خاص اپنے خاندان کو دیئے ہیں، جو امام غائب لے کر غائب ہوگئے ہیں)

۳-اور جو شخص کہتا ہے کہ آپ ﷺ جانتے تھے جو کچھ آئندہ کل ہونے والا ہے: تو اس نے اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا الزام لگایا، جبکہ اللہ تعالیٰ سورۃ النمل (آیت ۶۵) میں فرماتے ہیں: ''جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہیں: ان میں سے کوئی بھی غیب کی بات نہیں جانتا'' (یہ بریلویوں کے عقیدہ کا رد ہے وہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو جمیع ما کان وما یکون کا علم دیدیا ہے، سبحانك هذا بهتانٌ عظيم!)

[۳۰۹۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْأَزْرَقُ، نا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: كُنْتُ مُتَّكِئًا عِنْدَ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَا أَبَا عَائِشَةَ! ثَلَاثٌ مَنْ تَكَلَّمَ بِوَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ فَقَدْ أَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ:

[۱-] مَنْ زَعَمَ أَنَّ مُحمدًا رَأَى رَبَّهُ فَقَدْ أَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ، وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ، وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ، وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ﴾ ﴿وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللّٰهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ﴾

وَكُنْتُ مُتَّكِئًا فَجَلَسْتُ، فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَنْظِرِيْنِيْ وَلَا تُعْجِلِيْنِيْ، أَلَيْسَ اللّٰهُ تَعَالَى يَقُوْلُ: ﴿وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى﴾ ﴿وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِيْنِ﴾؟

قَالَتْ: أَنَا وَاللّٰهِ أَوَّلُ مَنْ سَأَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ هٰذَا، قَالَ: '' إِنَّمَا ذٰلِكَ جِبْرِيْلُ، مَا رَأَيْتُهُ فِيْ الصُّوْرَةِ الَّتِيْ خُلِقَ فِيْهَا غَيْرَ هَاتَيْنِ الْمَرَّتَيْنِ، رَأَيْتُهُ مُنْهَبِطًا مِنَ السَّمَاءِ، سَادًّا عِظَمُ خَلْقِهِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ''

[۲-] وَمَنْ زَعَمَ أَنَّ مُحمداً كَتَمَ شَيْئًا مِمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَقَدْ أَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ، يَقُوْلُ اللّٰهُ: ﴿يَا أَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ﴾

[۳-] وَمَنْ زَعَمَ أَنَّهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ غَدٍ، فَقَدْ أَعْظَمَ الْفِرْيَةَ عَلَى اللّٰهِ، وَاللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿لَايَعْلَمُ مَنْ فِيْ

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللّٰهُ﴾
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمَسْرُوْقُ بْنُ الْأَجْدَعِ: يُكْنَى أَبَا عَائِشَةَ.

لغات: الفِرْيَةُ: جھوٹ، جھوٹا الزام، جمع فِرًى...... أَنْظِرِيْنِيْ: از باب افعال: أَنْظَرَ فلاناً: کسی کو غور کرنے کا موقع دینا...... لاتُعْجِلِيْنِيْ: از باب افعال: أَعْجَلَ فلاناً: کسی سے جلدی کرانا، غور وفکر کا موقعہ نہ دینا...... سَادٌّ: اسم فاعل: بھرنے والا...... عِظَمُ: سَادّ کا فاعل ہے، عظم: صغر کی ضد ہے...... اور یہ حدیث متفق علیہ ہے...... اور مسروق نے اپنی بیٹی کا نام عائشہ رکھا تھا، اس لئے ان کی کنیت ابو عائشہ ہے۔

۵- مردار کی حرمت پر اعتراض کا جواب

ماکول اللحم دموی جانور کی حلت کے لئے دو شرطیں ہیں: شرعی طور پر ذبح کرنا، اور ذبح کرتے وقت اللہ کا نام لینا، اگر ان میں سے ایک بھی شرط فوت ہو جائے تو وہ جانور حرام ہے...... اور پہلی شرط اس لئے ہے کہ دم مسفوح جو صحت کے لئے انتہائی مضر ہے: نکل جائے، اور دوسری شرط اس لئے ہے کہ قربانی کی دو قسمیں ہیں: خاص اور عام، قربانی کے دنوں میں اور حج کے موقعہ پر جو قربانیاں کی جاتی ہیں وہ خاص قربانیاں ہیں، اور پورے سال کھانے کے لئے جو جانور ذبح کئے جاتے ہیں وہ عام قربانی ہے، اور ان کی قربانی کی صورت یہی ہے کہ ذبیحہ پر اللہ کا نام لیا جائے...... اس لئے مردار اور غیر اللہ کے نام پر ذبح کیا ہوا جانور حرام ہے۔ تفصیل میری تفسیر ہدایت القرآن میں سورۃ الحج کی تفسیر میں ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: کچھ لوگ نبی ﷺ کے پاس آئے، اور انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! کیا ہم کھائیں اس کو جس کو ہم مار ڈالیں، اور ہم نہ کھائیں اس کو جس کو اللہ تعالیٰ ماریں؟ (یہ شبہ درحقیقت مشرکین کا تھا، انھوں نے یہ شوشہ چھوڑا تھا کہ مسلمان اپنے مارے ہوئے کو یعنی ذبح کئے ہوئے جانور کو تو کھاتے ہیں اور اللہ کے مارے ہوئے کو یعنی مردار کو حرام کہتے ہیں، یہ کیسی الٹی بات ہے؟ مشرکین کا یہ شبہ بعض مسلمانوں نے نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو) اللہ تعالیٰ نے ﴿فَكُلُوْا﴾ سے ﴿لَمُشْرِكُوْنَ﴾ تک چار آیتیں نازل فرمائیں۔

فرمایا: ''سو تم کھاؤ اس جانور میں سے جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہے، اگر تمہارا اس کے حکموں پر ایمان ہے۔ اور کیا وجہ ہے کہ تم نہیں کھاتے اس جانور میں سے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے ان سب جانوروں کی تفصیل بتادی ہے جن کو تم پر حرام کیا ہے، البتہ اگر تم اس کے کھانے پر مجبور ہو جاؤ (تو وہ حلال ہے) اور بہت سے لوگ بہکاتے پھرتے ہیں اپنے غلط خیالات کے ذریعہ بغیر تحقیق کے، اور اللہ تعالیٰ حد سے نکل جانے والوں کو خوب جانتے ہیں۔ اور تم ظاہری گناہ کو بھی چھوڑو اور باطنی گناہ کو بھی چھوڑو، جو لوگ گناہ کرتے ہیں وہ عنقریب اپنے کئے کی سزا پائیں گے۔ اور اس جانور میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا، بیشک اس کا کھانا گناہ کا کام ہے اور شیاطین اپنے رفیقوں

کے دل میں (شبہات) ڈالتے ہیں تاکہ وہ تم سے جھگڑیں، اور اگر تم نے ان کا کہنا مانا تو تم بھی یقیناً مشرک ٹھہرے!

حاصل جواب: یہ ہے کہ تم مسلمان ہو، اللہ کے احکام کا التزام کئے ہوئے ہو، اور اللہ تعالیٰ نے حرام وحلال کی تفصیل بتادی ہے، پس اس پر چلتے رہو، اور حلال پر حرام ہونے کا، اور حرام پر حلال ہونے کا شبہ مت کرو، اور مشرکین کے وساوس کی طرف التفات نہ کرو (بیان القرآن)

[۳۰۹۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ الْحَرَشِيُّ، نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَتَى نَاسٌ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَأْكُلُ مَا نَقْتُلُ، وَلاَ نَأْكُلُ مَا يَقْتُلُ اللّٰهُ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كُنْتُمْ بِآيَاتِهِ مُؤْمِنِيْنَ﴾ إلى قَوْلِهِ ﴿وَإِنْ أَطَعْتُمُوْهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ أَيْضًا، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

۶- احکام عشرۃ پر مشتمل آیات کی اہمیت

سورۃ الانعام کی تین آیتیں (آیات ۱۵۱-۱۵۳) نہایت اہم آیتیں ہیں، ان میں دس احکام مذکور ہیں۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان کی اہمیت درج ذیل روایت میں ظاہر کی ہے:

حدیث: حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: جس کو خوش کرے یہ بات کہ دیکھے وہ اس صحیفہ کو جس پر حضرت محمد ﷺ کی مہر لگی ہوئی ہے تو چاہئے کہ وہ یہ (تین) آیتیں پڑھے: ﴿قُلْ: تَعَالَوْا أَتْلُ مَاحَرَّمَ رَبُّكُمْ﴾ سے ﴿لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ تک۔

تشریح: مہری کاغذ کی اہمیت ہر شخص جانتا ہے، حضرت ابن مسعودؓ نے اس تعبیر سے ان آیاتِ پاک کی اہمیت ظاہر کی ہے۔ اور ان آیتوں میں جو دس احکام ہیں، وہ یہ ہیں: ۱- اللہ تعالیٰ کے ساتھ عبادت واطاعت میں کسی کو ساجھی نہ ٹھہرانا ۲- والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا ۳- فقر وافلاس کی وجہ سے اولاد کو قتل نہ کرنا ۴- بے حیائی کے کاموں سے دور رہنا، نہ علانیہ وہ کام کرنا نہ پوشیدہ طور پر ۵- کسی کو ناحق قتل نہ کرنا ۶- یتیم کا مال ناحق طور پر نہ کھانا ۷- ناپ تول میں کمی نہ کرنا ۸- انصاف کی بات کہنا، اگرچہ وہ قرابت دار کے خلاف پڑے ۹- اللہ تعالیٰ کے عہد کو پورا کرنا ۱۰- صراطِ مستقیم کو اپنانا اور دوسری راہوں پر نہ چلنا...... اور سورۃ بنی اسرائیل کے تیسرے اور چوتھے رکوع میں بھی ایسے ہی اہم بارہ احکام ہیں، جن کی تفصیل ہدایت القرآن میں ہے۔

[۳۰۹۴-] حدثنا الفَضْلُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ دَاوُدَ الْأَوْدِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ،

عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى الصَّحِيْفَةِ الَّتِىْ عَلَيْهَا خَاتَمُ محمدٍ صلى الله عليه وسلم، فَلْيَقْرَأْ هٰؤُلَآءِ الآيَاتِ: ﴿ قُلْ تَعَالَوْا أَتْلُ مَاحَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ﴾ إِلٰى قَوْلِهِ ﴿لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۷- قیامت کی ایک نشانی: سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے

سورۃ الانعام کا بڑا حصہ مشرکین عرب کے عقائد واعمال کی اصلاح اوران کے شبہات وسوالات کے جواب میں نازل ہوا ہے۔ اورآخر میں (آیت ۱۵۸ میں) ارشادِ پاک ہے: ﴿هَلْ يَنْظُرُوْنَ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمُ الْمَلاَئِكَةُ، أَوْ يَأْتِيَ رَبُّكَ، أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيٰتِ رَبِّكَ﴾: نہیں انتظار کرتے وہ مگراس کا کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یاان کے پاس آپ کارب آئے، یا آپ کے رب کی کوئی بڑی نشانی آئے یعنی سورج مغرب سے نکل آئے، پہلی حدیث میں یہی تفسیر آئی ہے اور یہ تفسیر بطور مثال ہے، اس میں حصر نہیں، کیونکہ آگے آیت ہے: ﴿يَوْمَ يَأْتِيْ بَعْضُ آيٰتِ رَبِّكَ لاَيَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا﴾ اس کی تفسیر میں دوسری حدیث میں یہ ارشادِ نبوی آیا ہے کہ تین چیزیں ہیں: جب وہ نکلیں گی توکسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہیں آئے گا جو پہلے سے ایمان نہیں لایا: اور وہ تین چیزیں: دجال، دابۃ الارض اورسورج کا مغرب سے نکلنا ہیں (جب یہ علامتیں پائی جائیں گی تو ایمان اورتوبہ کا دروازہ بند ہوجائے گا)

[۳۰۹۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى: ﴿أَوْ يَأْتِيَ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ﴾ قَالَ: "طُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۳۰۹۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "ثَلاَثٌ إِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعْ نَفْسًا إِيْمَانُهَا، لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ: الدَّجَّالُ، وَالدَّابَّةُ، وَطُلُوْعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا أَوْ: مِنَ الْمَغْرِبِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۸- نیکی کا کریمانہ اور گناہ کا منصفانہ ضابطہ

سورۃ المائدۃ (آیت ۱۶۰) میں یہ ضابطہ بیان ہوا ہے: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا، وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلاَ يُجْزٰى إِلَّا مِثْلَهَا، وَهُمْ لاَيُظْلَمُوْنَ﴾: جوشخص کوئی نیکی لایا تواس کے لئے اس کا دس گنا ہے، اورجوکوئی برائی لایا تو وہ نہیں سزا دیا جائے گا مگر اس کے برابر، اوروہ لوگ ظلم نہیں کئے جائیں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تبارک تعالیٰ فرماتے ہیں، اوران کا ارشاد برحق ہے کہ جب میرا بندہ نیکی کا ارادہ کرے تو تم (اے فرشتو!) اس کے لئے ایک نیکی لکھ لو، پھر اگر وہ اس کو کرے تو اس کے لئے اس کا دس گنا لکھو، اور جب وہ کسی برائی کا ارادہ کرے تو اس کو (ابھی) مت لکھو، پھر اگر وہ برائی کرے تو تم اس کو اس کے مانند لکھو، یعنی ایک ہی گناہ لکھو' اور کبھی فرمایا: ''پھر اگر وہ اس کو نہ کرے تو اس کے لئے ایک نیکی لکھو' پھر آپ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

تشریح: نیکی کا اجر بڑھانا فضل ہے اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والے ہیں، اور گناہ کی سزا بڑھانا ظلم ہے، اور اللہ کی بارگاہ میں ظلم کا گذر نہیں، چنانچہ نیکی کا پختہ ارادہ کرتے ہی ایک نیکی لکھ لی جاتی ہے، پھر چاہے وہ کسی مانع کی وجہ سے نیکی نہ کرسکے۔ اور جب نیکی کر لیتا ہے تو کم از کم دس گنا اجر لکھا جاتا ہے............ اور برائی کا پختہ ارادہ کرنے پر کوئی گناہ نہیں لکھا جاتا، اور برائی کرنے پر ایک ہی گناہ لکھا جاتا ہے، بلکہ اگر اللہ سے ڈر کر گناہ سے باز آجائے تو اس کے لئے ایک نیکی لکھی جاتی ہے، اور کسی مانع کی وجہ سے گناہ نہ کرسکے تو نہ نیکی لکھی جاتی ہے، نہ گناہ۔

[۳۰۹۷-] حدثنا ابنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:'' قَالَ اللّٰهُ تبارَكَ وَتعَالٰی، وَقَوْلُهُ الْحَقُّ: إِذَا هَمَّ عَبْدِیْ بِحَسَنَةٍ، فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَإِذَا هَمَّ بِسَیِّئَةٍ فَلاَ تَكْتُبُوْهَا، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا بِمِثْلِهَا، فَإِنْ تَرَكَهَا، وَرُبَّمَا قَالَ: فَإِنْ لَمْ یَعْمَلْ بِهَا، فَاكْتُبُوْهَا لَهُ حَسَنَةً، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا﴾ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الأعراف

سورۃ الاعراف کی تفسیر

۱- ذراسی تجلی نے پہاڑ کے پرخچے اڑادیئے

سورۃ الاعراف (آیت ۱۴۳) میں ہے کہ طور پہاڑ پر تورات عطا فرمانے کے لئے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چالیس دن کے لئے بلایا گیا، جب مدت پوری ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ان سے لطف وعنایت کی باتیں کیں، اس موقعہ پر انھوں نے شدتِ اشتیاق سے درخواست کی کہ پروردگار! مجھے اپنا جلوہ دکھائیں، میں آپ کی زیارت سے مشرف ہونا چاہتا ہوں، اُدھر سے جواب ملا: تم مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکتے (دنیا میں اللہ تعالیٰ کا دیدار عقلاً ممکن ہے، جبھی موسیٰ علیہ السلام نے درخواست کی تھی، مگر شرعاً ممتنع ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان بلکہ اس دنیا کی ہر مخلوق ضعیف ہے، وہ تجلی کو سہار نہیں سکتی، اللہ تعالیٰ کی جانب میں کوئی استحالہ نہیں، ورنہ لن اُریٰ فرماتے کہ میں دیکھا نہیں جاسکتا، پھر ارشاد فرمایا:) لیکن تم

سامنے والے پہاڑ کی طرف دیکھتے رہو، اگر وہ اپنی جگہ برقرار رہے تو تم بھی عنقریب مجھے دیکھو گے: ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا، وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا﴾: پھر جب موسیٰ کے پروردگار نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اس کے پرخچے اڑ گئے، اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے! اور یہ اقل قلیل تجلی تھی، جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے مذکورہ آیت تلاوت فرما کر ہاتھ کی چھوٹی انگلی (خنصر) کے سرے پر انگوٹھا رکھ کر ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نور کا صرف اتنا سا حصہ ظاہر کیا گیا تھا جس سے پہاڑ دھنس گیا، اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے!

[۸-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْأَعْرَافِ

[۳۰۹۸-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى: رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا﴾ قَالَ حَمَّادٌ: هٰكَذَا، وَأَمْسَكَ سُلَيْمَانُ بِطَرْفِ إِبْهَامِهِ عَلَى أَنْمُلَةِ أُصْبُعِهِ الْيُمْنٰى، قَالَ: "فَسَاخَ الْجَبَلُ، وَخَرَّ مُوْسَى صَعِقًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

حدثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الْوَرَّاقُ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

حدیث کا لفظی ترجمہ: نبی ﷺ نے آیت: ﴿فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا﴾ پڑھی، حماد نے اشارہ کیا: اس طرح (یہ اشارہ درحقیقت نبی ﷺ نے فرمایا تھا) اور سلیمان بن حرب نے اپنے انگوٹھے کے کنارے سے اپنی دائیں انگلی کے پورے کو پکڑا (پھر) نبی ﷺ نے فرمایا: "پس پہاڑ دھنس گیا، اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے" (سَاخَتْ قوائِمُه: پیروں کا زمین میں دھنس جانا)

۲- عہد الست کی تفصیل

سورۃ الاعراف (آیات ۱۷۲و۱۷۳) میں عہد الست کا ذکر ہے: ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِىْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ، قَالُوْا بَلٰى، شَهِدْنَا، أَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ () أَوْ تَقُوْلُوْا إِنَّمَا أَشْرَكَ آبَاؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْ بَعْدِهِمْ، أَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ﴾

ترجمہ: اور جب لیا آپ کے پروردگار نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو، اور گواہ بنایا ان کو ان کی ذاتوں پر یعنی خود انہی سے قول وقرار لیا، پوچھا: کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں؟ انھوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! ہم اقرار

کرتے ہیں (کہ آپ ہی ہمارے رب ہیں، اور یہ قول وقرار اس لئے لیا تھا کہ) کہیں تم قیامت کے دن یہ کہنے نہ لگو کہ ہم کو اس کی یعنی صرف اللہ کے معبود ہونے کی کچھ خبر نہ تھی (اس لئے ہم شرک میں مبتلا ہوگئے) یا یہ کہنے نہ لگو کہ شرک تو ہم سے پہلے ہمارے بڑوں نے کیا تھا، اور ہم تو ان کے پیچھے ان کی اولاد تھے، تو کیا آپ ہمیں سزا دیں گے، اس کام کی جو گمراہوں نے کیا؟ یعنی عادۃً اصل کا اثر نسل میں آتا ہے، اس لئے ہم بے خطا ہیں۔

پہلی حدیث: میں عہدِ الست کی یہ تفصیل آئی ہے: مسلم بن یسار جُہنی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا: آپؓ نے جواب دیا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے: آپ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا: آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے پہلے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، پھر ان کی پیٹھ پر اپنا دایاں ہاتھ پھیرا، تو اس سے ایک ذریت نکالی، پس فرمایا: ان لوگوں کو میں نے جنت کے لئے پیدا کیا ہے، اور یہ لوگ جنت ہی کے کام کریں گے، پھر ان کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا تو اس سے ایک دوسری ذریت نکالی، پس فرمایا: ان لوگوں کو میں نے جہنم کے لئے پیدا کیا ہے، اور یہ لوگ جہنم ہی کے کام کریں گے''

پس ایک آدمی نے عرض کیا: پھر عمل کس لئے ہے، اے اللہ کے رسول! پس آپؐ نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کو جنت کے لئے پیدا فرماتے ہیں تو وہ اہل جنت ہی کے کام کرنے لگتا ہے، یہاں تک کہ اس کا خاتمہ کسی ایسے عمل پر ہوتا ہے جو جنت والوں کا کام ہے، پس اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرتے ہیں، اور جب اللہ تعالیٰ کسی کو دوزخ کے لئے بناتے ہیں تو وہ دوزخ ہی کے کاموں میں لگ جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کا خاتمہ کسی ایسے عمل پر ہوتا ہے جو جہنمیوں کا کام ہے، پس اللہ تعالیٰ اس کو جہنم میں داخل کرتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں انقطاع ہے، کیونکہ مسلم کی حضرت عمرؓ سے ملاقات نہیں، اور امام مالکؒ نے یہ حدیث اسی طرح روایت کی ہے، مگر ابوداؤد میں مسلم اور حضرت عمرؓ کے درمیان نُعیم بن ربیعہ کا واسطہ ہے، اور یہ دونوں راوی اعلیٰ درجہ کے نہیں، اس لئے حدیث صرف حسن ہے، مگر یہ حدیث دوسری بہت سی صحیح سندوں کے ساتھ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اس لئے مضمونِ حدیث صحیح ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا تو ان کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا، پس ان کی پیٹھ سے گر پڑی ہر وہ جان جس کو اللہ تعالیٰ قیامت تک آدم کی نسل سے پیدا کرنے والے ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ہر انسان کی دونوں آنکھوں کے درمیان ''نور کی ایک چمک'' گردانی، پھر ان کو آدمؑ کے سامنے پیش کیا، آدمؑ نے پوچھا: اے میرے رب! یہ لوگ کون ہیں؟ فرمایا: یہ لوگ آپ کی نسل ہیں، پھر آدم علیہ السلام نے ان میں سے ایک شخص کو دیکھا، پس آپ کو پسند آئی وہ چمک جو اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان تھی، پس عرض کیا: اے میرے رب! یہ کون ہے؟ فرمایا: یہ آپ کی نسل میں سے آخر زمانہ کا ایک آدمی ہے، جس کا نام داؤدؑ ہے، آدمؑ نے پوچھا: اے میرے

رب! اورآپ نے اس کی کتنی عمر تجویز فرمائی ہے؟ فرمایا: ساٹھ سال، آدمؑ نے عرض کیا: اے میرے رب! اس کی زندگی میں میری عمر میں سے چالیس سال کا اضافہ فرمادیں۔

پھر جب آدم علیہ السلام کی زندگی پوری ہوگئی تو ان کے پاس ملک الموت آئے، آدمؑ نے کہا: کیا میری زندگی کے ابھی چالیس سال باقی نہیں؟ فرشتہ نے کہا: کیا آپ وہ اپنے بیٹے داؤدؑ کو نہیں دے چکے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس آدمؑ نے انکار کیا، پس ان کی نسل نے بھی انکار کیا، اور آدمؑ بھول گئے، پس ان کی نسل بھی بھولی، اور آدمؑ سے چوک ہوگئی، پس ان کی نسل سے بھی چوک ہوگئی!''

تشریح: ان دونوں حدیثوں کی شرح میں چند باتیں عرض ہیں:

۱- احادیث میں ذریت کو آدم علیہ السلام کی پیٹھ سے لینے یعنی نکالنے کا ذکر ہے، اور مذکورہ آیت میں اولادِ آدمؑ کی پیٹھ سے نکالنے کا تذکرہ ہے۔ اور تطبیق اس کی یہ ہے کہ آدم علیہ السلام کی پشت سے ان لوگوں کو نکالا گیا تھا جو بلاواسطہ آدم علیہ السلام سے پیدا ہونے والے تھے، پھر ان کی نسل کی پشت سے دوسروں کو، اسی طرح جس ترتیب سے اس دنیا میں اولاد آدم پیدا ہونے والی تھی، اسی ترتیب سے ان کی پشتوں سے نکالا گیا تھا (معارف القرآن) یعنی آدھا مضمون قرآن میں ہے اور آدھا حدیثوں میں۔ اور صورتِ واقعہ دونوں سے مل کر مکمل ہوتی ہے۔

۲- پہلے (تحفہ ۵: ۴۸۷) یہ بات آچکی ہے کہ تقدیر کے مسئلہ کی دو جانبیں ہیں: ایک: اللہ کی جانب ہے کہ سب کچھ ازل سے طے شدہ ہے، اور ہر چیز اللہ تعالیٰ ازل سے جانتے ہیں کیونکہ اگر ایسا نہیں ہوگا تو اللہ کا علم ناقص ہوگا۔ مگر یہ صرف عقیدہ ہے، اور یہی اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت ہے .... اور دوسری: بندوں کی جانب ہے، جو عمل کی جانب ہے، یعنی ہم کو یہ حکم ہے کہ ہم اپنے اختیار تمیزی سے اچھے کام کریں، تاکہ اچھے انجام سے ہم کنار ہوں، کیونکہ یہ دنیا دارالاسباب ہے، یہاں ہر چیز کا سبب ہے، جس سے مسببات وجود میں آتے ہیں، اور تقدیر الٰہی میں صرف مسببات نہیں ہیں، بلکہ اسباب بھی ہیں، پس جو جنت میں جائے گا وہ اس کے اسباب کی وجہ سے جائے گا، اور جو جہنم میں جائے گا وہ بھی اس کے اسباب کی وجہ سے جائے گا، چنانچہ پہلی حدیث میں پہلے نبی ﷺ نے تقدیر الٰہی کی پہلی جانب بیان فرمائی کہ جنت میں جانے والے اور جہنم میں جانے والے ازل سے طے ہیں، اور اللہ تعالیٰ ان سب کو ازل سے جانتے ہیں، چنانچہ پہلی مرتبہ میں آدم کی پشت سے جنتی نکالے گئے، اور دوسری مرتبہ میں جہنمی .... پھر جب ایک صحابی نے سوال کیا — اور یہ سوال خود حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا — تو آپؐ نے تقدیر کے مسئلہ کی دوسری جانب ان کے سامنے رکھی کہ جنت وجہنم انسان کے اختیاری اعمال کا ثمرہ اور نتیجہ ہیں، اور انسان اسی جانب کا مکلّف ہے۔

۳- عہدِ الست میں جو ذریت نکالی گئی تھی وہ صرف ارواح نہیں تھیں، بلکہ ان کے ساتھ مثالی اجسام بھی تھے، حدیث میں کأمثال الذُّر آیا ہے، یعنی وہ ارواح چھوٹی چیونٹیوں کی شکل میں تھیں، علاوہ ازیں احادیث میں ان کے رنگ سیاہ

وسفید مذکور ہیں یاان کی پیشانی کی چمک کا تذکرہ ہے، اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ صرف ارواح بلا اجسام نہیں تھیں، کیونکہ روح کا کوئی رنگ نہیں ہوتا، یہ اوصاف جسم کے ساتھ ہی قائم ہوتے ہیں۔ البتہ اس وقت یہ خاکی اجسام نہیں تھے۔

۴- عہد الست میں جو اقرار ربوبیت لیا گیا تھا اس کا مقصد معرفت کا بیج دل میں ڈالنا تھا، اور یہ بات بالخاصہ اثر رکھنے والی ہے، پس وہ واقعہ کسی کو یاد ہو یا نہ ہو، اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے، چنانچہ ہر انسان کی فطرت میں حق تعالیٰ کی جو محبت وعظمت پائی جاتی ہے وہ اسی واقعہ کا اثر ہے............اور بالخاصہ اثر کی مثال: نومولود کے کان میں اذان واقامت کہنا ہے، بچہ اگرچہ اس وقت ان کلمات کے معانی نہیں جانتا، نہ بڑے ہونے کے بعد کسی کو یاد ہے کہ اس کے کان میں اذان واقامت کہی گئی تھی؟ مگر اقرار ازلی کو قوت پہنچانے کے لئے کانوں کی راہ سے جو ایمان کی تخم ریزی کی جاتی ہے وہ بڑے ہونے کے بعد اپنا رنگ دکھاتی ہے۔

[۳۰۹۹-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْآيَةِ: ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ عَلٰى أَنْفُسِهِمْ، أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ؟ قَالُوْا: بَلٰى شَهِدْنَا، أَنْ تَقُوْلُوْا يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غَافِلِيْنَ﴾ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنْهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ بِيَمِيْنِهِ، فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ، وَبِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ، فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ، وَبِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ"

فَقَالَ الرَّجُلُ: فَفِيْمَ الْعَمَلُ؟ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنَّ اللّٰهَ إِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ أَعْمَالِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيُدْخِلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، وَإِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ، حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ أَعْمَالِ أَهْلِ النَّارِ، فَيُدْخِلَهُ اللّٰهُ النَّارَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَمُسْلِمُ بْنُ يَسَارٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُمَرَ، وَقَدْ ذَكَرَ بَعْضُهُمْ فِيْ هٰذَا الْإِسْنَادِ بَيْنَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ وَبَيْنَ عُمَرَ رَجُلًا.

[۳۱۰۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مَسَحَ ظَهْرَهُ، فَسَقَطَ مِنْ ظَهْرِهِ كُلُّ نَسَمَةٍ هُوَ خَالِقُهَا مِنْ ذُرِّيَّتِهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَجَعَلَ بَيْنَ عَيْنَيْ كُلِّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ وَبِيْصًا مِنْ نُوْرٍ، ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلٰى آدَمَ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ! مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَرَأَى رَجُلًا مِنْهُمْ، فَأَعْجَبَهُ

وَبِيْصُ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ! مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا رَجُلٌ مِنْ آخِرِ الْأُمَمِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ، يُقَالُ لَهُ دَاوُدُ، قَالَ: رَبِّ وَكَمْ جَعَلْتَ عُمُرَهُ؟ قَالَ: سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: أَيْ رَبِّ! زِدْهُ مِنْ عُمُرِيْ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً.

فَلَمَّا انْقَضَى عُمْرُ آدَمَ جَاءَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ: أَوَلَمْ يَبْقَ مِنْ عُمُرِيْ أَرْبَعُوْنَ سَنَةً؟ قَالَ: أَوَلَمْ تُعْطِهَا لِابْنِكَ دَاوُدَ؟ قَالَ: فَجَحَدَ آدَمُ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ آدَمُ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَخَطِئَ آدَمُ فَخَطِئَتْ ذُرِّيَّتُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وقد رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هريرةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

۳- اللہ کی بخشی ہوئی اولاد میں غیر اللہ کو ساجھی بنانا

سورۃ الاعراف (آیت ۱۸۹و۱۹۰) میں عام انسانوں کی حالت کا نقشہ کھینچا گیا ہے: ﴿هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ إِلَيْهَا، فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلاً خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهِ، فَلَمَّا أَثْقَلَتْ دَعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ آتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ فَلَمَّا آتٰهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهُ شُرَكَاءَ فِيْمَا آتٰهُمَا، فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ﴾ ترجمہ: اللہ وہی ہیں جنھوں نے تم کو ایک نفس سے پیدا کیا، اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا، تاکہ اس کو اس کے پاس پہنچ کر سکون حاصل ہو، پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا تو اسے ہلکا سا حمل رہ گیا، پس وہ اس کے ساتھ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ بوجھل ہوگئی تو دونوں نے اپنے پالنہار اللہ کو پکارا کہ اگر آپ ہم کو بھلی چنگی اولاد عنایت فرمائیں گے تو ہم آپ کے شکر گزار ہونگے ۝ پھر جب اللہ تعالیٰ نے ان کو بھلی چنگی اولاد عنایت فرمائی تو گردانے دونوں نے اللہ تعالیٰ کے لئے بھاگیدار اس اولاد میں جو اللہ نے ان کو عنایت فرمائی تھی، سو اللہ تعالیٰ برتر ہیں ان کے شریک ٹھہرانے سے!

اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: حضرت سمرۃؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب دادی حواء رضی اللہ عنہا کے حمل ٹھہرا تو ان کے پاس ابلیس آیا، اور حضرت حواء کی کوئی اولاد زندہ نہیں رہتی تھی، پس شیطان نے کہا: آپ اس کا نام عبدالحارث رکھیں، چنانچہ دادی نے اس کا نام عبدالحارث رکھا، پس وہ زندہ رہا، اور تھا یہ نام رکھنا شیطان کے اشارے سے اور اس کے حکم سے۔

تشریح: یہ حدیث پرلے درجہ کی ضعیف ہے، اور اندیشہ ہے کہ موضوع ہو، اس میں درج ذیل خرابیاں ہیں:

۱- عبدالصمد بن عبدالوارث کے شاگرد محمد بن المثنی نے اس کو مرفوع کیا ہے، یعنی نبی ﷺ کا قول قرار دیا ہے، جبکہ عبدالصمد کے دیگر تلامذہ اس کو مرفوع نہیں کرتے، بلکہ حضرت سمرۃ کا قول قرار دیتے ہیں (یہ بات امام ترمذی رحمہ اللہ نے بیان کی ہے) اور یہی بات صحیح معلوم ہوتی ہے کہ یہ روایت مرفوع نہیں ہے، بلکہ حضرت سمرۃؓ کی تفسیر ہے، اور ایسی ہی تفسیر حضرت ابیؓ سے بھی مروی ہے۔

۲- اس حدیث کا راوی عمر بن ابراہیم عبدی بصری اگرچہ فی نفسہ صدوق (معمولی ثقہ راوی) ہے، مگر قتادہ کی روایتوں میں ضعیف ہے، امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: هو يروى عن قتادة مناكير، يُخَالَفُ: ابراہیم: حضرت قتادہ سے منکر (نہایت ضعیف) حدیثیں روایت کرتا ہے، اور وہ مخالفت کیا جاتا ہے، یعنی قتادہ کے دوسرے تلامذہ اس کے خلاف روایت کرتے ہیں۔ اور یہی بات ابن عدی نے بھی کہی ہے، اس لئے ابراہیم کی یہ روایت لینے کے قابل نہیں۔

۳- حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے — جو یہ حدیث حضرت سمرۃ سے روایت کرتے ہیں — آیت کی تفسیر اس حدیث کے خلاف کی ہے، انھوں نے ایک روایت میں عام کفار کو اس کا مصداق قرار دیا ہے (كانوا فى بعض أهل الملل، وليس بآدم) (هذا في الكفار، يدعون الله، فإذا آتاهما صالحا هَوَّدُوْا ونَصَّرُوْا) پس اگر یہ حدیث حضرت حسنؒ کے پاس ہوتی تو وہ اس کے خلاف دوسری تفسیر نہ کرتے۔

۴- حضرت ابن عباسؓ نے بھی آیت کی یہ تفسیر کی ہے کہ آدم علیہ السلام نے شرک نہیں کیا، بلکہ آیت کا شروع کا حصہ شکر پر مشتمل ہے۔ اور آخری حصے میں بعد کے لوگوں کی حالت کا نقشہ کھینچا گیا ہے (ما أشرك آدم، إن أولها شكر، وآخرها مَثَلٌ ضربه لمن بعده) (یہ سب تفسیریں درمنثور میں ہیں)

آیت کا شروع کا حصہ: ہمارے اکابر نے آیت کے ابتدائی حصہ کو حضرت آدم وحواء سے متعلق کیا ہے، فوائد شبیری میں ہے: ''بیشک ابتداء: ﴿هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ، وَجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا﴾ میں بطور تمہید آدم وحواء کا ذکر تھا، مگر اس کے بعد مطلق مرد وعورت کے ذکر کی طرف منتقل ہو گئے، اور ایسا بہت جگہ ہوتا ہے کہ شخص کے ذکر سے جنس کے ذکر کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں'' ...... لیکن اگر اس کو شکر کا عام مضمون قرار دیا جائے، جیسا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ہے، تو یہ اور بھی اچھی بات ہوگی، اس صورت میں آیت کے ابتدائی حصہ کا مطلب یہ ہوگا کہ خدا کی اس نعمت کو یاد کرو کہ اس نے تم کو نفسِ انسانی سے پیدا کیا، کسی اور نفسِ حیوانی سے پیدا نہیں کیا، یعنی تمہیں اشرف المخلوقات بنایا...... پھر دوسرا احسان یہ فرمایا کہ اس کا جوڑا بھی اسی جنس سے بنایا، تاکہ تھکے ماندے مرد کو اہلیہ کے پاس پہنچ کر سکون ملے، اگر جوڑا خلافِ جنس سے بنا دیا جاتا تو یہ راحت وسکون کہاں نصیب ہوتا؟ لیکن ناہنجار انسان نے ان دونوں نعمتوں کا شکر کس طرح ادا کیا؟ اس طرح کہ جب زوجین میں مقاربت ہوئی اور حمل ٹھہرا، تو شروع شروع میں تو حمل کا پتہ ہی نہیں چلا، عورت حسب معمول چلتی پھرتی رہی، مگر جب پیٹ بھاری ہو گیا، اور حمل کا یقین ہو گیا تو لگے دونوں گڑگڑانے کہ پروردگار! اگر آپ ہمیں بھلا چنگا بچہ دیں گے تو ہم شکر گذار ہونگے، مگر جب اللہ تعالیٰ نے اس تیسری نعمت سے بھی بہرہ ور فرما دیا تو دونوں نے اللہ کے لئے ساجھی بنائے اس بچہ میں جو اللہ نے ان کو دیا یعنی اس تیسری نعمت کی اس طرح ناشکری کی کہ کسی نے تو عقیدہ جمالیا کہ یہ اولاد فلاں زندہ یا مردہ ولی نے ہمیں دی ہے، اور کسی نے غیر اللہ کی نذر ونیاز شروع کر دی، اور کسی نے بچہ کو لے جا کر کسی چوکھٹ کے سامنے اس کی پیشانی ٹیک دی، اور کسی نے بچہ کا نام ایسا رکھ دیا جس سے شرک کی بو آتی

ہے، جیسے نبی بخش، غلام رسول، اور غلام جیلانی وغیرہ، غرض مانگا اللہ سے، دیا اللہ نے اور نام لگا دیا غیروں کے!

[۳۱۰۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا عُمَرُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَمَّا حَمَلَتْ حَوَّاءُ طَافَ بِهَا إِبْلِيْسُ، وَكَانَ لَايَعِيْشُ لَهَا وَلَدٌ، فَقَالَ: سَمِّيْهِ عَبْدَ الْحَارِثِ، فَسَمَّتْهُ عَبْدَ الْحَارِثِ، فَعَاشَ، وَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ وَحْيِ الشَّيْطَانِ وَأَمْرِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عُمَرَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

ملحوظہ: امام ترمذیؒ نے حدیث کی تحسین کی ہے، مگر طلبہ جانتے ہیں کہ امام ترمذیؒ کا حسن: فن کے حسن سے فروتر ہوتا ہے۔ امام ترمذیؒ کا حسن: ضعیف حدیث کے ساتھ جمع ہوتا ہے، اس لئے امام ترمذی کی تحسین سے دھوکہ نہ کھائیں۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الأنفال

سورۃ الانفال کی تفسیر

۱- مالِ غنیمت اللہ اور رسول کے لئے ہے

غزوۂ بدر کفر واسلام کا پہلا معرکہ تھا، جب اس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی اور کچھ مالِ غنیمت ہاتھ آیا تو صحابہ کرام میں اس کی تقسیم کے سلسلہ میں نزاع پیش آیا، اس کی تفصیل حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے جس کا امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں حوالہ دیا ہے، یہ حدیث مسند احمد اور ابن ماجہ وغیرہ میں ہے:

حضرت عبادہؓ کہتے ہیں: ہم سب غزوۂ بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے، دونوں فریقوں میں گھمسان کی جنگ کے بعد دشمن پسپا ہو گیا، اور ہمارے لشکر کے تین حصے ہو گئے: کچھ لوگوں نے دشمن کا تعاقب کیا، تاکہ وہ پھر واپس نہ آئیں، اور کچھ لوگ کفار کے چھوڑے ہوئے سامان کے جمع کرنے میں لگ گئے، اور کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کے گرد جمع رہے تاکہ چھپا ہوا دشمن ناگہانی حملہ نہ کردے، جب جنگ ختم ہوگئی، اور رات کو ہر شخص اپنے ٹھکانے پر پہنچا تو جن لوگوں نے مالِ غنیمت جمع کیا تھا: کہنے لگے کہ یہ مال تو ہم نے جمع کیا ہے، اس لئے اس میں ہمارے سوا کسی کا حصہ نہیں، اور جو لوگ دشمن کے تعاقب میں گئے تھے، انھوں نے کہا کہ تم لوگ ہم سے زیادہ اس کے حقدار نہیں، کیونکہ ہم نے ہی دشمن کو پسپا کیا تھا، اور تمہارے لئے یہ موقع فراہم کیا تھا کہ تم بے فکر ہو کر مالِ غنیمت جمع کرلو، اور جو لوگ آپ ﷺ کی

حفاظت کے لئے آپؐ کے گرد جمع رہے تھے، انھوں نے کہا کہ ہم چاہتے تو ہم بھی مالِ غنیمت جمع کرنے میں تمہارے ساتھ شریک ہوسکتے تھے، مگر ہم آنحضرت ﷺ کی حفاظت میں مشغول رہے، جو جہاد کا سب سے اہم مقصد تھا، اس لئے ہم بھی اس کے مستحق ہیں، جب یہ گفتگو رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو درج ذیل آیت نازل ہوئی: ﴿يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ، قُلِ: الْأَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ، فَاتَّقُوْا اللّٰهَ، وَأَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ، وَأَطِيْعُوْا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِيْنَ﴾

ترجمہ: لوگ آپؐ سے غنیمت کا حکم پوچھتے ہیں؟ آپ کہہ دیں: مالِ غنیمت اللہ کا اور رسول کا ہے، پس تم اللہ سے ڈرو، اور آپس میں صلح کرو، اور اللہ کا اور اللہ کے رسول کا حکم مانو اگر تم ایماندار ہو (اس آیت کے نزول پر نبی ﷺ نے مالِ غنیمت تمام لوگوں پر مساوی تقسیم فرمایا، یعنی تینوں فریقوں کو مالِ غنیمت میں سے حصہ دیا)

دوسرا واقعہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غزوۂ بدر میں میرے بھائی عمیر شہید ہوگئے، میں نے ان کے بدلے میں سعید بن العاص کو قتل کردیا، اور اس کی تلوار لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں چاہتا تھا کہ وہ تلوار مجھے مل جائے، مگر آپؐ نے حکم دیا کہ اسے مالِ غنیمت میں جمع کردو، مجھے دھچکا لگا کہ میرا بھائی شہید ہوگیا، اور میں نے اس کے قاتل کو مار گرایا، اور اس کی تلوار حاصل کرلی، مگر وہ بھی مجھ سے لے لی گئی، مگر میں تعمیل ارشاد کے لئے مجبور تھا، جب میں وہ تلوار مالِ غنیمت میں جمع کرنے کے لئے چلا تو ابھی دور نہیں گیا تھا کہ رسول اللہ ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی، اور آپؐ نے مجھے بلوا کر وہ تلوار مجھے عنایت فرمادی (اس طرح روایت مسند احمد میں ہے)

[۹-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْأَنْفَالِ

[۳۱۰۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ، جِئْتُ بِسَيْفٍ، فَقُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَفٰى صَدْرِىْ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ - أَوْ: نَحْوَ هٰذَا - هَبْ لِىْ هٰذَا السَّيْفَ، فَقَالَ: " هٰذَا لَيْسَ لِىْ وَلَالَكَ" فَقُلْتُ: عَسَى أَنْ يُعْطَى هٰذَا مَنْ لَايُبْلِىْ بَلَائِىْ، فَجَاءَ نِىْ الرَّسُوْلُ، فَقَالَ: " إِنَّكَ سَأَلْتَنِىْ وَلَيْسَ لِىْ، وَإِنَّهُ قَدْ صَارَ لِىْ، وَهُوَ لَكَ" قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿يَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ﴾ الآية.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ سِمَاكٌ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ أَيْضًا، وفى البابِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

حدیث کا ترجمہ: حضرت سعدؓ کہتے ہیں: جب بدر کا دن تھا تو میں تلوار لے کر آیا، اور عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے میرے دل کو مشرکوں سے شفا بخشی — یا ایسا ہی کوئی جملہ کہا — پس یہ تلوار مجھے عنایت فرمائیں! نبی ﷺ نے فرمایا: ''تلوار نہ میری ہے نہ آپ کی'' میں نے (دل میں) کہا: اب یہ تلوار اس شخص کو دی جائے گی جس نے جنگ

میں میرے جیسی بہادری نہیں دکھائی (اَبْلَی فی الأمر: پوری کوشش کرنا۔ اَبْلَی فی الحرب: جنگ میں پوری بہادری دکھانا) پس میرے پاس قاصد آیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''تم نے مجھ سے (یہ تلوار) مانگی تھی، درانحالیکہ وہ میرے لئے نہیں تھی، اور اب وہ میرے لئے ہوگئی ہے، اس لئے اب وہ آپ کے لئے ہے'' حضرت سعدؓ کہتے ہیں؛ پس آیت: ﴿یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْأَنْفَالِ﴾ نازل ہوئی (یہ تقدیم وتاخیر ہے، آیت پہلے نازل ہوئی تھی، اوراس کی رو سے آپؐ کو اختیار مل گیا تھا، چنانچہ آپؐ نے وہ تلوار حضرت سعدؓ کو عنایت فرمائی)

۲- دعائے نبوی کی برکت سے جنگِ بدر میں فرشتوں کی کمک آئی

بدر کا معرکہ اسلام کا پہلا معرکہ تھا، مسلمانوں کی تعداد بہت تھوڑی تھی، ان کی نفری صرف تین سو تیرہ تھی، اور سب بے سروسامان تھے، کیونکہ وہ مقابلہ کے لئے تیار ہوکر نہیں نکلے تھے، اوران کے مقابلہ میں تگنی تعداد کا لشکر جرّار تھا، جو پورے سازوسامان کے ساتھ اور ہتھیاروں سے لیس ہوکر نکلا تھا، اس لئے مسلمانوں کے لئے یہ سخت آزمائش کی گھڑی تھی۔ چنانچہ جب نبی ﷺ نے میدان میں صفیں درست فرمالیں، تو آپؐ اس جھونپڑی میں تشریف لے گئے جو آپؐ کے قیام کے لئے صحابہ نے میدانِ بدر میں تیار کی تھی۔ آپؐ نے وہاں پروردگار عالم سے خوب گڑگڑا کر دعا کی، آپ نے عرض کیا: ''اے اللہ! آپ نے مجھ سے جو عدہ کیا ہے اس کو پورا فرمائیں! اے اللہ! میں آپ سے آپ کے عہد اور وعدے کا سوال کرتا ہوں! اے اللہ! اگر آج یہ گروہ ہلاک ہوگیا تو آپ کی عبادت نہ کی جائے گی! اے اللہ! اگر آپ چاہیں تو آج کے بعد کبھی آپ کی عبادت نہ کی جائے!''...... اس طرح خوب تضرع سے دعا کی، یہاں تک کہ آپؐ کی چادر مبارک آپ کے دونوں کندھوں سے گرگئی...... جب دیر ہوگئی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اندر تشریف لے گئے، چادر درست کی اور عرض پرداز ہوئے: ''اے اللہ کے رسول! آپؐ نے بڑے الحاح کے ساتھ اپنے رب سے دعا کرلی، اب بس کریں، اللہ آپ کو رسوا نہیں کرے گا، اللہ آپ کی ضرور مدد فرمائے گا۔ اسی وقت وحی آئی کہ ''میں ایسے ایک ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد کروں گا جو آگے پیچھے آئیں گے'' کیونکہ کفار کی تعداد ایک ہزار تھی...... اس کے بعد رسول اللہ ﷺ چھپر سے باہر تشریف لائے، آپؐ نے زرہ پہن رکھی تھی، آپؐ پُرجوش آگے بڑھ رہے تھے، اور فرما رہے تھے: ''عنقریب یہ جتھ شکست کھائے گا، اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گا!''...... پھر جنگ شروع ہوئی، اور چند لمحوں میں فیصلہ ہوگیا، چودہ صحابہ شہید ہوئے اور ستر کافر مارے گئے اور اتنے ہی قید ہوئے، یہ نصرتِ خداوندی کا کرشمہ تھا۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے مشرکین کی طرف دیکھا، درانحالیکہ وہ ایک ہزار تھے، اور آپؐ کے ساتھی تین سو دس اور کچھ زیادہ تھے، پس نبی ﷺ قبلہ کی طرف متوجہ ہوئے، اوراپنے دونوں ہاتھ دعا کے لئے لمبے کئے، اوراپنے پروردگار کو پکارنا شروع کیا: ''الٰہی! آپ میرے لئے اپنا وہ وعدہ پورا فرمائیں جو آپ نے

مجھ سے کیا ہے، الٰہی! اگر آپ مسلمانوں کی اس جماعت کو ہلاک کردیں تو زمین میں کوئی آپ کی عبادت کرنے والا نہ ہوگا''...... آپؐ برابر اپنے رب کو پکارتے رہے، قبلہ کی طرف دونوں ہاتھ لمبے کرکے، یہاں تک کہ آپؐ کی چادر شانے سے گرگئی...... پس آپؐ کے پاس ابوبکرؓ آئے، اور انھوں نے آپؐ کی چادر لی، پس اس کو آپؐ کے شانوں پر ڈال دیا، پھر پیچھے سے انھوں نے آپؐ کو اپنی باہوں میں بھرلیا، اور عرض کیا: ''اے اللہ کے نبی! کافی ہوگئی آپؐ کے لیے آپؐ کی اپیل اپنے پروردگار سے! پس بیشک وہ عنقریب پورا کریں گے آپؐ کے لیے اپنے اس وعدے کو جو انھوں نے آپؐ سے کیا ہے، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّىْ مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ﴾ ترجمہ: یاد کرو جب تم فریاد کررہے تھے اپنے پروردگار سے، پس جواب دیا اللہ نے تمھیں کہ میں کمک بھیجنے والا ہوں، تمہارے لئے ایک ہزار فرشتوں کی جو سلسلہ وار چلے آئیں گے...... اس طرح اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں میں فرشتوں کے ذریعہ اضافہ فرمایا...... امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ واقعہ جنگِ بدر کے موقعہ پر پیش آیا تھا۔

تشریح: یہاں دو سوال حل طلب ہیں:

پہلا سوال: فرشتوں کی تعداد یہاں ایک ہزار ہے، اور سورۃ آل عمران (آیات ۱۲۴و۱۲۵) میں تین ہزار اور پانچ ہزار ہے، اس اختلافِ عدد کا کیا جواب ہے؟

جواب: جنگ بدر میں ایک ہزار فرشتے آئے تھے، جس کا تذکرہ یہاں ہے، اور جنگ احد میں تین ہزار فرشتے اترے تھے، اور پانچ ہزار کا وعدہ اس تقدیر پر تھا کہ کفار اسی وقت پلٹ جائیں، مگر وہ نہیں پلٹے، مسلمانوں نے حمراء الاسد تک ان کا تعاقب کیا، چنانچہ انھوں نے مکہ پہنچ کر دم لیا۔ سورۃ آل عمران میں یہ مضمون: ﴿وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَأَنْتُمْ أَذِلَّةٌ﴾ سے متصل آیا ہے، اس لئے یہ خیال پیدا ہوا کہ یہ بدر میں آنے والی کمک کا ذکر ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں، وہ احد میں اترنے والے فرشتوں کا ذکر ہے، ملائکہ بدر و احد کے علاوہ غزوۂ حنین میں بھی اترے ہیں، جس کا تذکرہ سورۃ التوبہ (آیت ۲۶) میں ہے۔

دوسرا سوال: نزول ملائکہ کی کیا حکمت ہے؟ کیا وہ جنگ کرتے ہیں؟ اگر وہ لڑتے ہیں تو ایک فرشتہ کفار کے لئے کافی ہے، اتنی بڑی تعداد کی کیا ضرورت ہے؟

جواب: نزول ملائکہ کی حکمت قرآنِ کریم میں سورۃ الانفال اور سورۃ آل عمران میں مذکور ہے: ﴿وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلاَّ بُشْرَى لَكُمْ، وَلِتَطْمَئِنَّ بِهِ قُلُوْبُكُمْ، وَمَا النَّصْرُ إِلاَّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ امداد محض اس لئے بھیجی ہے کہ وہ بشارت ہو، اور اس کی وجہ سے مسلمانوں کو قرار آئے، اور نصرت تو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتی ہے، وہ زبردست حکمت والے ہیں۔ یہی مضمون آل عمران (آیت ۱۲۶) میں بھی ہے۔ یعنی ملائکہ عموماً لڑتے نہیں، وہ مجاہدین کے کاموں میں کمک پہنچاتے ہیں، فوج کی نفری بڑھاتے ہیں، اور کفار کو نظر آتے ہیں، تاکہ ان

پر دہشت طاری ہو: ﴿سَأُلْقِیْ فِیْ قُلُوْبِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا الرُّعْبَ﴾ کا یہی مطلب ہے، اور آج فرشتے دشمن کا بم ناکارہ کردیتے ہیں یا ایسی جگہ گرادیتے ہیں جہاں مسلمانوں کا نقصان نہ ہو، اور مسلمانوں کی میزائل ٹھکانے پر گراتے ہیں، اور اس قسم کے دوسرے کام کرتے ہیں، مثلاً مجاہدین کا حوصلہ بڑھاتے ہیں، اور ان کو میدان میں جماتے ہیں۔

حجۃ اللہ کی شرح رحمۃ اللہ (۱:۲۱۹) میں ہے: ''دوگروہ باہم بھڑتے ہیں، فرشتے آتے ہیں، ایک گروہ کے دل میں شجاعت اور جوانمردی کے خیالات پیدا کرتے ہیں، اور موقعہ کے مناسب ایسی باتیں اور ایسے خیالات دل میں پیدا کرتے ہیں کہ ان میں بہادری کی روح دوڑ جاتی ہے، اور یہ فرشتے فتح وظفر کے وسائل اور تدبیریں بھی الہام کرتے ہیں، ان کے تیر وتفنگ اور اسلحہ جات میں قوت پیدا کرتے ہیں، جس سے ان کی کامیابی یقینی ہوجاتی ہے، اور دوسرے گروہ کے دل میں اس کے برخلاف جذبات ابھارتے ہیں تاکہ جو کچھ منشا خداوندی ہے وہ پورا ہوجائے''

[۳۱۰۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ الْيَمَامِيُّ، نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا أَبُوْ زُمَيْلٍ، ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ، ثَنِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ: نَظَرَ نَبِیُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الْمُشْرِكِيْنَ، وَهُمْ أَلْفٌ، وَأَصْحَابُهُ ثَلاثُمِائَةٍ وَبِضْعَةَ عَشَرَ رَجُلاً، فَاسْتَقْبَلَ نَبِیُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقِبْلَةَ، ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ، وَجَعَلَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ: "اَللّٰهُمَّ! أَنْجِزْ لِیْ مَاوَعَدْتَّنِیْ، اَللّٰهُمَّ! إِنَّكَ إِنْ تُهْلِكْ هٰذِهِ الْعِصَابَةَ مِنْ أَهْلِ الإِسْلَامِ لَاتُعْبَدْ فِی الْأَرْضِ" فَمَا زَالَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ مَادًّا يَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتّٰى سَقَطَ رِدَاؤُهُ مِنْ مَنْكِبَيْهِ، فَأَتَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ، فَأَلْقَاهُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ الْتَزَمَهُ مِنْ وَرَائِهِ، وَقَالَ: يَانَبِیَّ اللّٰهِ! كَفَاكَ مُنَاشَدَتَكَ رَبَّكَ، فَإِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿إِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ، فَاسْتَجَابَ لَكُمْ: أَنِّیْ مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِيْنَ﴾ فَأَمَدَّهُمُ اللّٰهُ بِالْمَلَائِكَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حديثِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ حديثِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِیْ زُمَيْلٍ، وَأَبُوْ زُمَيْلٍ: اسْمُهُ سِمَاكٌ الْحَنَفِیُّ، قَالَ: وَإِنَّمَا كَانَ هٰذَا يَوْمَ بَدْرٍ.

لغات: هَتَفَ به: کسی کو پکارنا، بلانا......أَنْجَزَ الشيئَ: پورا کرنا، پایۂ تکمیل کو پہنچانا......المناشدة: اپیل، نَاشَدَهُ مناشدة: مطالبہ کرنا، اپیل کرنا......التزمه: ان سے اپنا بدن لگالیا، باہوں میں لے لیا......اور مناشدتك: كفاك کا فاعل بھی ہوسکتا ہے اور مفعول بھی، بہتر مفعول بنانا ہے......اور دعا اگرچہ نبی ﷺ نے مانگی تھی مگر وہ سب صحابہ کی طرف سے بھی تھی، اس لئے ﴿تَسْتَغِيْثُوْنَ﴾ جمع کا صیغہ آیا ہے۔

۳- حضرت عباس کا آیتِ کریمہ سے عجیب استنباط

سورۃ الانفال کی آیت ۷ ہے: ﴿وَإِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ إِحْدَى الطَّآئِفَتَيْنِ أَنَّهَا لَكُمْ وَتَوَدُّوْنَ أَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ

تَكُوْنُ لَكُمْ وَيُرِيْدُ اللّٰهُ أَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكَافِرِيْنَ﴾ ترجمہ: اور یاد کرو جب اللہ تعالیٰ نے تم سے دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کیا کہ وہ تمہارے لئے ہے، اور تم چاہتے تھے کہ غیر مسلح جماعت تمہارے ہاتھ آجائے، اور اللہ تعالیٰ چاہتے تھے کہ حق کو اپنے کلمات سے ثابت کریں اور کافروں کی جڑ بنیاد اکھاڑ دیں!

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ جنگ بدر سے فارغ ہو گئے تو آپؐ سے کہا گیا: آپؐ تجارتی قافلہ کو جا پکڑیں، اس سے ورے کوئی چیز مانع نہیں یعنی اب اس کا پکڑنا آسان ہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس آپؐ کو حضرت عباسؓ نے پکارا، درانحالیکہ وہ اپنی قید میں تھے: ''ایسا کرنا ٹھیک نہیں!'' اور انھوں نے کہا: ''اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ سے دو جماعتوں میں سے ایک کا وعدہ کیا ہے، اور اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو وہ چیز دیدی جس کا آپؐ سے وعدہ کیا ہے'' پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ نے سچ کہا!'' یعنی آیتِ کریمہ سے یہ استنباط بالکل صحیح ہے۔

تشریح: تجارتی قافلہ سے مراد: ابوسفیان کا تجارتی قافلہ ہے، اسی کو بچانے کے لئے مکہ سے ایک ہزار کفار نکلے تھے، جو میدانِ بدر میں کام آگئے، اور تجارتی قافلہ راستہ بدل کر بچ گیا، جب آپؐ جنگ بدر سے فارغ ہوئے تو آپ کو مشورہ دیا گیا کہ اب تجارتی قافلہ کا تعاقب کیا جائے، اب اس کو پکڑنے میں کوئی مانع نہیں، حضرت عباسؓ نے منع کیا، وہ اگرچہ دل سے مسلمان تھے، مگر لحاظ میں کفار کے ساتھ آئے تھے اور گرفتار ہوئے تھے، انھوں نے اس اقدام سے منع کیا اور آیت سے یہ بات مستنبط کی، چنانچہ نبی ﷺ نے ان کی بات مان لی اور تجارتی قافلہ کا تعاقب نہیں کیا۔

[۳۱۰٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا فَرَغَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ بَدْرٍ، قِيْلَ لَهُ: عَلَيْكَ الْعِيْرَ، لَيْسَ دُوْنَها شَيْئٌ، قَالَ: فَنَادَاهُ الْعَبَّاسُ، وَهُوَ فِيْ وَثَاقِهِ: لَايَصْلُحُ، وَقَالَ: لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى وَعَدَكَ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ، وَقَدْ أَعْطَاكَ مَا وَعَدَكَ، قَالَ: "صَدَقْتَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

۴- جب تک امت استغفار کرتی رہے گی: عذاب سے محفوظ رہے گی

سورۃ الانفال (آیت ۳۲) میں کفارِ مکہ کی یہ دعا ہے کہ الٰہی! اگر یہ دینِ اسلام واقعی دین برحق ہے، تو پھر ہمیں مہلت کیوں مل رہی ہے؟ ہم پر پتھر کیوں نہیں برسائے جاتے؟ یا کسی اور دردناک عذاب میں ہمیں کیوں مبتلا نہیں کیا جاتا؟......

اور آیت ۳۳ میں اس کا جواب ہے: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾ یعنی اللہ تعالیٰ ایسا نہ کریں گے کہ ان لوگوں میں آپؐ کے ہوتے ہوئے ان کو عذاب دیں، اور نہ اللہ تعالیٰ ان کو سزا دینے والے ہیں درانحالیکہ وہ استغفار کرتے ہوں ...... یعنی نزولِ عذاب سے دو چیزیں مانع ہیں: ایک: ان کے درمیان نبی ﷺ کا وجود مبارک، دوم: ان کا استغفار کرنا (وہ لوگ طواف وتلبیہ وغیرہ میں غفرانك کہتے تھے) یہ دونوں امان کفار کے

ساتھ خاص نہیں، امتِ اجابہ یعنی مسلمانوں کے لئے بھی یہ دونوں امان ہیں، درج ذیل حدیث اس کی دلیل ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھ پر (سورۃ الانفال کی آیت ۳۳ میں) میری امت (اجابہ) کے لئے دو امان (سامانِ حفاظت) اتارے ہیں، فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کریں گے کہ لوگوں میں آپؐ کے ہوتے ہوئے ان کو عذاب دیں، اور نہ اللہ تعالیٰ ان کو سزا دیں گے، درانحالیکہ وہ گناہوں کی بخشش طلب کرتے ہوں پس جب میں (دنیا سے) چلا جاؤنگا تو ان میں استغفار کو قیامت تک کے لئے چھوڑ جاؤنگا'' (پس جب تک مسلمان اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی طلب کرتے رہیں گے عذاب سے محفوظ رہیں گے)

[۳۱۰۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا ابنُ نُمَيْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ يُوْسُفَ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ أَبِىْ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَىَّ أَمَانَيْنِ لِأُمَّتِىْ: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ، وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾ فَإِذَا مَضَيْتُ تَرَكْتُ فِيْهِمُ الِاسْتِغْفَارَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ"

هذا حديثٌ غريبٌ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ يُضَعَّفُ فِىْ الحديثِ.

۵- سامانِ جنگ میں تیر اندازی کی اہمیت

سورۃ الانفال (آیت ۶۰) میں حکم ہے کہ کفار کے لئے جس قدر تم سے ہو سکے سامانِ جنگ تیار کرو، پھر سامانِ جنگ کی تفصیل کرتے ہوئے فرمایا ہے: یعنی مقابلہ کی قوت جمع کرو (من قوة: ما کا بیان ہے) اور نبی ﷺ نے درج ذیل حدیث میں ''قوت'' کی تفسیر تیر اندازی سے فرمائی ہے، اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی ہے:

حدیث: حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے منبر پر یہ آیت پڑھی: ﴿وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ﴾ اور فرمایا: ''سنو! بیشک قوت تیر اندازی ہے — یہ بات تین بار فرمائی — سنو! بیشک اللہ تعالیٰ عنقریب تمہارے لئے زمین کو فتح کریں گے، یعنی فتوحات کا دور دورہ ہوگا، اور تم عنقریب محنت سے بے نیاز کر دیئے جاؤ گے، یعنی کام کرنے کے لئے نوکر چاکر ہو جائیں گے، پس ہرگز عاجز نہ رہ جائے تم میں سے کوئی اس بات سے کہ وہ اپنے تیروں سے دل بہلائے'' یعنی فرصت کے اُن لمحات کو غنیمت جاننا اور تیر اندازی کی خوب مشق کرنا۔

تشریح: لفظ قوت ایک جامع لفظ ہے، ہر طرح کا جنگی سامان، اسلحہ، ایٹمی قوت، ٹینک، لڑاکا طیارے، آب دوز کشتیاں، بندوق، توپ، ہوائی جہاز، آہن پوش کروزر، میزائل وغیرہ سب اس لفظ کے تحت آ جاتے ہیں، اور نبی ﷺ نے مذکورہ ارشاد میں اپنے زمانہ کے مؤثر ترین جنگی سامان کو قوت کا مصداق قرار دیا ہے، اس زمانہ میں تیر اندازی: ہتھیاروں میں سب سے زیادہ کارگر تھی، پس مسلمانوں کو یہ نکتہ سمجھ لینا چاہئے کہ سامانِ جنگ میں اہمیت ان اسلحہ کو

حاصل ہے جو مقابل پر کاری ضرب لگا سکیں، اور دشمن کے پاس اس کا توڑ نہ ہو۔

[۳۱۰۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نا وَكِيْعٌ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ رَجُلٍ لَمْ يُسَمِّهِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ عَلَى الْمِنْبَرِ: ﴿وَأَعِدُّوْا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ﴾ قَالَ: أَلَا! إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ — ثَلَاثَ مَرَّاتٍ — أَلَا! إِنَّ اللّٰهَ سَيَفْتَحُ لَكُمُ الأَرْضَ، وَسَتُكْفَوْنَ الْمَؤُوْنَةَ، فَلَا يَعْجِزَنَّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَلْهُوَ بِأَسْهُمِهِ"

وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، وَحَدِيْثُ وَكِيْعٍ أَصَحُّ، وَصَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ لَمْ يُدْرِكْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، وَقَدْ أَدْرَكَ ابْنَ عُمَرَ.

۶- اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے سے آیا ہوا نوشتہ (قطعی حکم) کیا ہے؟

سورۃ الانفال کی آیات (۶۷-۶۹) ہیں: ﴿مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ، تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا، وَاللّٰهُ يُرِيْدُ الآخِرَةَ، وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○لَوْلَا كِتٰبٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا، وَاتَّقُوْا اللّٰهَ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ ترجمہ: کسی بھی نبی کی شایانِ شان یہ بات نہیں کہ اس کے لئے قیدی ہوں، جب تک وہ زمین میں اچھی طرح قتل نہ کرلے، تم دنیا کا مال واسباب چاہتے ہو، اور اللہ تعالیٰ آخرت (کی مصلحت) چاہتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ زبردست بڑی حکمت والے ہیں ○ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نوشتہ (قطعی حکم) پہلے سے نہ آیا ہوتا تو جو مال تم نے لیا ہے اس کی وجہ سے تم پر کوئی بھاری عذاب واقع ہوجاتا ○ پس جو کچھ تم نے غنیمت میں پایا ہے اس کو حلال پاک سمجھ کر کھاؤ، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والے بڑے مہربان ہیں۔

ان آیات کی تفسیر میں درج ذیل دو روایتیں آئی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ حدیث مرفوع روایت کرتے ہیں کہ "نہیں حلال کی گئیں غنیمتیں تم سے پہلے کسی بھی کالے سروالوں کے لئے، آسمان سے آگ اترتی تھی پس وہ غنیمت کو کھا جاتی تھی"

تشریح: یہ مرفوع حدیث صحیح ہے، غنیمت کی حلّت ہمارے نبی ﷺ کی دیگر انبیاء پر، اور آپؐ کی امت کی دیگر امتوں پر برتری کے قبیل سے ہے، مسلم شریف میں روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "میں چھ باتوں کے ذریعہ دوسرے انبیاء پر برتری دیا گیا ہوں" ان میں سے تیسری بات یہ بیان فرمائی ہے کہ "میرے لئے غنیمت کو حلال کیا گیا ہے" اور نبی کی برتری میں امت کی برتری مضمر ہوتی ہے (تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ ۲: ۵۰۸ قسم اول، مبحث ۶ باب ۲۰ میں ہے)

باقی روایت: امام سلیمان اعمش رحمہ اللہ نے کہا: پس اب کون کہتا ہے یہ بات مگر ابو ہریرۃ: پس جب بدر کا دن آیا

تو لوگ غنیمتوں میں پڑ گئے اس سے پہلے کہ غنیمت ان کے لئے حلال کی جاتی، پس اللہ تعالیٰ نے اتارا: ﴿لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾ یعنی اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نوشتہ پہلے سے نہ آیا ہوتا تو جو امر تم نے اختیار کیا ہے: اس میں تم پر کوئی بھاری عذاب واقع ہو جاتا۔ یعنی تم نے جو حلّت غنیمت سے پہلے بدر میں غنیمتیں جمع کیں وہ تمہارا سخت قابلِ سرزنش عمل تھا۔

تشریح: اب یعنی مذکورہ حدیث کی روشنی میں، کون کہتا ہے یہ بات مگر ابو ہریرہؓ یعنی آگے جو تفسیر آرہی ہے وہ حضرت ابو ہریرہؓ ہی کرتے ہیں، دوسرا کوئی یہ تفسیر نہیں کرتا۔ اور یہ تفسیر صحیح نہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ غنیمت گذشتہ امتوں کے لئے حلال نہیں تھی، نبی ﷺ کی امت ہی کے لئے حلال کی گئی ہے، مگر جنگ بدر تک غنیمت کی حلّت نازل نہیں ہوئی تھی، اس کی کوئی دلیل نہیں، اور اس تفسیر پر ﴿كِتٰبٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ﴾ کا مصداق: نفس الامر میں غنیمت کی حلّت ہوگی، مگر یہ بات بھی صحیح نہیں، آگے ﴿فِيمَا أَخَذْتُمْ﴾ آرہا ہے، یعنی جو مال تم نے (فدیہ میں) لیا ہے، اس سے بھی یہ بات بے جوڑ ہے، پس آیات کی صحیح تفسیر وہ ہے جو دوسری حدیث میں آرہی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب بدر کا دن آیا، اور قیدی لائے گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''آپ حضرات کیا کہتے ہیں ان قیدیوں کے بارے میں؟'' — پھر ابن مسعودؓ نے حدیث میں لمبا مضمون بیان کیا — پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز چھٹکارا نہ پائے ان میں سے کوئی مگر فدیہ کے ساتھ یا گردن مارنے کے ساتھ'' یعنی یا تو فدیہ دے یا گردن ماردی جائے گی ...... ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! سہیل بن بیضاء کو مستثنیٰ فرمادیں، کیونکہ میں نے ان کو اسلام کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا ہے، یعنی وہ پہلے سے مسلمان تھے، نماز پڑھتے تھے، اور بدر کی جنگ میں وہ زبردستی لائے گئے تھے...... ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ خاموش رہے...... ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس نہیں دیکھا میں نے مجھ کو کسی دن میں زیادہ ڈرنے والا اس بات سے کہ مجھ پر آسمان سے پتھر برسیں: مجھ سے اس دن میں یعنی یہی ایک دن ایسا تھا کہ مجھے خطرہ محسوس ہوا کہ کہیں آسمان سے مجھ پر پتھر نہ برسیں، کیونکہ اس وقت نبی ﷺ جلال میں تھے، اور مذکورہ ارشاد فرمایا تھا، اور ابن مسعودؓ نے گویا اس کی مخالفت کی تھی، اور ایک شخص کو مستثنیٰ کرنے کی درخواست کی تھی، چنانچہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خاموشی سے سہم گئے، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مگر سہیل بن بیضاء مستثنیٰ ہیں'' یعنی درخواست قبول فرمالی، اور آپؐ نے سہیل کو مستثنیٰ کردیا، تب ابن مسعودؓ کی جان میں جان آئی...... ابن مسعودؓ کہتے ہیں: اور قرآن حضرت عمرؓ کی رائے کے موافق اترا: ﴿مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ﴾ سے تین آیتوں کے ختم تک۔

تشریح: حدیث کے اس آخری جزء کی وضاحت یہ ہے کہ جب بدر کے قیدیوں کا مسئلہ پیش ہوا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام وحی لائے کہ آپؐ صحابہ کو دو باتوں میں اختیار دیں: اگر وہ چاہیں تو قیدیوں کو قتل کرکے دشمن کی شوکت کو ہمیشہ

کے لئے ختم کردیں، اور اگر وہ چاہیں تو فدیہ (جنگ کا ہرجانہ) لے کر ان کو چھوڑ دیں، مگر اس صورت میں آئندہ سال اتنے ہی مسلمان شہید ہونگے...... اس وحی میں ہلکا سا اشارہ تھا کہ یہ دوسری صورت اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں...... پھر حضرت عمر اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہما نے رائے دی کہ قیدیوں میں سے جو جس کا عزیز ہے وہی اس کو قتل کرے تاکہ مشرکوں کو معلوم ہوجائے کہ ہمارے دلوں میں اللہ اور اس کے رسول کی محبت: قرابت داری سے زیادہ ہے...... اور صدیق اکبر اور دوسرے صحابہ نے مشورہ دیا کہ فدیہ لے کر ان کو آزاد کردیا جائے، تاکہ مسلمان جنگ کا ساز وسامان درست کرسکیں...... رحمتِ عالم نے یہ دوسری رائے پسند کی اور فدیہ لے کر چھوڑ دینے کا فیصلہ فرمادیا...... اس پر یہ تین آیتیں اتریں، ان آیتوں نے حضرت عمرؓ کے موقف کی تائید کی، مگر جو فیصلہ کیا گیا تھا اس کو برقرار رکھا...... اس تفسیر پر: ﴿كِتٰبٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ﴾ کا مصداق وہ وحی غیر متلو ہے جو حضرت جبرئیل علیہ السلام لائے تھے، یعنی چونکہ پہلے صحابہ کو اختیار دیا جاچکا تھا اس لئے اس منشأ خداوندی کے خلاف فیصلہ پر گرفت نہیں کی گئی، اور ﴿فِيْمَا أَخَذْتُمْ﴾ اور ﴿مِمَّا غَنِمْتُمْ﴾ کا مصداق زرِ فدیہ ہے (باقی آیات کی تفسیر ہدایت القرآن میں دیکھیں)

[۳۱۰۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، أَخْبَرَنِىْ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِأَحَدٍ سُوْدِ الرُّؤُوْسِ مِنْ قَبْلِكُمْ، كَانَتْ تَنْزِلُ نَارٌ مِنَ السَّمَاءِ فَتَأْكُلُهَا"

قَالَ سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ: فَمَنْ يَقُوْلُ هٰذَا إِلَّا أَبُوْ هُرَيْرَةَ الآنَ: فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ: وَقَعُوْا فِيْ الْغَنَائِمِ قَبْلَ أَنْ تَحِلَّ لَهُمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَا أَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۱۰۸-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِىْ عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ، وَجِيْءَ بِالْأُسَارَى، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَاتَقُوْلُوْنَ فِيْ هٰؤُلَاءِ الْأُسَارىٰ؟" - فَذَكَرَ فِي الْحَدِيْثِ قِصَّةً - فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَايَنْفَلِتَنَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ إِلَّا بِفِدَاءٍ، أَوْ ضَرْبِ عُنُقٍ" فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِلَّا سُهَيْلَ بْنَ بَيْضَاءَ، فَإِنِّىْ سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ الإِسْلَامَ، قَالَ: فَسَكَتَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَمَا رَأَيْتُنِىْ فِيْ يَوْمٍ أَخْوَفَ أَنْ تَقَعَ عَلَيَّ حِجَارَةٌ مِنَ السَّمَاءِ مِنِّىْ فِىْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، حَتّٰى قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِلَّا سُهَيْلَ بْنَ الْبَيْضَاءِ"

قَالَ: وَنَزَلَ الْقُرْآنُ بِقَوْلِ عُمَرَ: ﴿مَاكَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُوْنَ لَهُ أَسْرىٰ حَتّٰى يُثْخِنَ فِيْ الْأَرْضِ﴾ إلى آخِرِ الْآيَاتِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْهِ.

چند وضاحتیں:

۱- پہلی حدیث میں سُوْدِ الرُّؤُوْسِ: أَحَدٍ کی صفت کاشفہ ہے، جو تزئینِ کلام کے لئے لائی گئی ہے، اور کالے سروالوں سے مراد انسان ہیں۔ سورۃ الانعام (آیت ۳۸) میں ﴿یَطِیْرُ بِجَنَاحَیْهِ﴾ اور حدیث جمعہ میں: طَلَعَتْ فیه الشمس اور قریشی عورتوں کے تذکرہ میں رَكِبْنَ الإبلَ: ایسی ہی صفاتِ کاشفہ ہیں، جو تزئین کلام کے لئے لائی گئی ہیں ...... اور پہلی حدیث میں: فلما کان یوم بدر إلخ حضرت ابوہریرہؓ کا قول ہے، حدیث نہیں ہے۔

۲- دوسری حدیث: پہلے بھی اسی سند سے مختصراً آئی ہے (حدیث ۱۷۰۴ تحفہ ۴: ۶۳۱) اور اس میں جو لمبا مضمون ہے وہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے صحابہ سے بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں مشورہ کیا، یہ مفصل مضمون بغوی میں ہے، اور وہاں سے تحفۃ الاحوذی (۴: ۳۷) میں نقل ہوا ہے۔

۳- دوسری حدیث میں سہیل بن بیضاء کا ذکر ہے، یہ دو بھائی تھے: سہل اور سہیل، دونوں مسلمان ہوئے تھے، اور نبی ﷺ کے زمانہ میں دونوں کا انتقال ہوگیا تھا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ نبی ﷺ نے دونوں کا جنازہ مسجد نبوی میں پڑھا تھا۔ اور اس حدیث میں سہل کا ذکر ہونا چاہئے تھا، وہی ہجرت سے پہلے مسلمان ہوئے ہیں، اور حضرت ابن مسعودؓ نے ان کو نماز پڑھتے دیکھا تھا، جنگ بدر میں وہ مجبور کر کے لائے گئے تھے، چنانچہ ابن مسعودؓ کی شہادت پر ان کو فدیہ سے مستثنیٰ کر دیا گیا۔

ترکیب: دوسری حدیث میں: رَأَیْتُنی: میں تُ فاعل ہے، نون وقایہ کے لئے ہے اور ی مفعول اول ہے اور أخوف (اسم تفضیل) مفعول ثانی ہے، اور منی میں من تفضیلیہ ہے اور أَنْ سے پہلے من جارہ محذوف ہے، اور فی ذلك الیوم: أخوف کا ظرف ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ التوبة

سورۃ التوبہ کی تفسیر

۱- انفال و براءت کے درمیان بسم اللہ نہ لکھنے کی وجہ

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کس چیز نے آپ حضرات کو ابھارا کہ آپ لوگوں نے انفال کا قصد کیا — درانحالیکہ وہ مثانی میں سے ہے — اور براءت کا قصد کیا — درانحالیکہ وہ مئین میں سے ہے — پس آپ حضرات نے دونوں کو ملایا، اور ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی سطر نہیں لکھی، اور آپ حضرات نے ان کو لمبی سات سورتوں میں رکھا؟ کس چیز نے آپ حضرات کو ایسا کرنے پر ابھارا؟

......پس حضرت عثمانؓ نے فرمایا: نبی ﷺ تھے کہ بیت جاتا تھا آپ پر زمانہ، درانحالیکہ آپؐ پر متعدد سورتیں اتاری جاتی تھیں، یعنی متعدد سورتوں کے نزول کا سلسلہ ایک ساتھ جاری رہتا تھا، اور عرصہ دراز گذرنے پر وہ سورتیں مکمل ہوتی تھیں۔ پس جب آپؐ پر کوئی چیز اترتی تو آپؐ بعض لکھنے والے صحابہ کو بلاتے، اور فرماتے: ان آیتوں کو اُس سورت میں رکھو جس میں یہ اور یہ مضمون ذکر کیا گیا ہے، اسی طرح جب آپؐ پر ایک آیت اترتی تو بھی فرماتے: اس آیت کو اُس سورت میں رکھو جس میں ایسا اور ایسا مضمون ذکر کیا گیا ہے......اور سورۃ الانفال اُن ابتدائی سورتوں میں سے ہے جو مدینہ میں نازل ہوئی تھیں، اور سورۃ البراءت قرآن کی آخری سورتوں میں سے تھی، اور سورۃ البراءت کا مضمون سورۃ الانفال کے مضمون سے ملتا جلتا تھا، اس لئے میں نے گمان کیا کہ براءت: انفال میں سے ہے یعنی سورۃ البراءۃ: سورۃ الانفال کا جزء ہے، پس رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی اور آپؐ نے ہمارے لئے وضاحت نہیں فرمائی کہ براءت: انفال سے ہے، اس وجہ سے میں نے دونوں کو ملا دیا، اور ان کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں لکھی، پھر میں نے دونوں کو لمبی سورتوں میں رکھ دیا۔

تشریح:

۱- آیتوں کے کم وبیش ہونے کے اعتبار سے قرآن کی سورتیں چار قسموں میں منقسم ہیں: ۱- سبع طول: سات بڑی سورتیں، جو سورۃ بقرہ سے شروع ہو کر سورۂ توبہ پر ختم ہوتی ہیں ۲- مِئون (حالتِ رفعی میں) اور مِئین (حالتِ نصبی وجری میں) وہ سورتیں جن میں سو یا سو سے کچھ زائد آیتیں ہیں ۳- مَثانی: مَثنیٰ کی جمع: بار بار پھیری جانے والی سورتیں، یعنی وہ سورتیں جن میں سو سے کم آیتیں ہیں ۴- مفصلات: وہ سورتیں جن میں چھوٹی چھوٹی آیتیں ہیں، یہ سورۃ قٓ سے آخر تک ہیں (اور یہ بات اکثری ہے کلی نہیں) اور سورۃ الانفال میں ۷۵ آیتیں ہیں، پس وہ مثانی میں سے ہے، اور سورۃ البراءۃ میں ۱۲۹ آیتیں ہیں، پس وہ مئین میں سے ہے، اور ان دونوں کا مجموعہ ۲۰۴ آیتیں ہیں، اس طرح وہ سبع طول میں شمار کی گئیں۔

۲- اوپر حدیث کا لفظی ترجمہ کیا ہے، اس سے بات سمجھ میں آجائے گی۔ البتہ حضرت عثمانؓ کا جواب شاید لفظی ترجمہ سے سمجھ میں نہ آئے، ان کے جواب کا حاصل یہ ہے کہ قرآنِ کریم ۲۳ سال کے طویل عرصہ میں تھوڑا تھوڑا اترا ہے ایک ہی سورت کی آیتیں مختلف اوقات میں نازل ہوتی تھیں۔ اور جبرئیل امین جب وحی لے کر آتے تھے تو ساتھ ہی یہ حکم الٰہی بھی لاتے تھے کہ یہ آیت فلاں سورت میں فلاں آیت کے بعد رکھی جائے، اسی کے مطابق رسول اللہ ﷺ وحی لکھنے والوں سے لکھوا دیتے تھے۔

اسی طرح جب ایک سورت ختم ہو کر دوسری سورت شروع ہوتی تھی تو بسم اللہ نازل ہوتی تھی، جس سے سمجھ لیا جاتا تھا کہ پہلی سورت ختم ہوگئی، اور اب دوسری سورت شروع ہوئی، قرآنِ پاک کی تمام سورتوں میں ایسا ہی ہوتا رہا ہے۔

لیکن سورۂ توبہ کے شروع میں عام دستور کے مطابق بسم اللہ نازل نہیں ہوئی، نہ رسول اللہ ﷺ نے وحی لکھنے والوں کو یہاں بسم اللہ لکھنے کی ہدایت فرمائی، اس لئے دورِ عثمانی میں جب قرآنِ کریم کو کتابی صورت میں جمع کیا گیا تو یہ دیکھ کر کہ مضامین کے اعتبار سے سورۂ توبہ کی سورہ انفال سے مناسبت ہے اور دورِ نبوی میں یہ دونوں سورتیں قَرِیْنَتَیْن (ملی ہوئی) کہلاتی تھیں، اس لئے دونوں کو ساتھ ملایا گیا، اور نزول کے اعتبار سے سورۂ انفال مدنی زندگی کے آغاز میں غزوۂ بدر کے موقعہ پر نازل ہوئی تھی، اور سورۂ توبہ مدنی زندگی کے بالکل آخری دور میں نازل ہوئی تھی، اس لئے دونوں کو ایک بھی نہیں کیا، اس طرح حضرت عثمانؓ اور تمام صحابہ کرام نے فیصلہ کیا کہ ان دونوں سورتوں کو ملا کر شروع کی سات بڑی سورتوں میں شمار کیا جائے، اور پہلے سورۂ انفال رکھی جائے اور اس کے بعد سورۂ توبہ، اور درمیان میں بسم اللہ نہ لکھی جائے، البتہ درمیان میں خالی جگہ چھوڑ دی جائے تا کہ دونوں سورتوں کو ایک نہ سمجھ لیا جائے۔

[١٠-] ومن سورة التوبة

[٣١٠٩-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَمُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَابْنُ أَبِى عَدِيٍّ، وَسَهْلُ بْنِ يُوْسُفَ، قَالُوْا: نَا عَوْفُ بْنُ أَبِى جَمِيْلَةَ، ثَنِى يَزِيْدُ الفارسى، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: مَا حَمَلَكُمْ أَنْ عَمَدْتُّمْ إِلَى الْأَنْفَالِ - وَهِىَ مِنَ الْمَثَانِىْ - وَإِلَى بَرَاءَ ةٍ - وَهِىَ مِنَ الْمِئِيْنَ - فَقَرَنْتُمْ بَيْنَهُمَا، وَلَمْ تَكْتُبُوْا بَيْنَهُمَا سَطَرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرحمن الرحيم، وَوَضَعْتُمُوْهَا فِى السَّبْعِ الطُّوَلِ؟ مَا حَمَلَكُمْ عَلىٰ ذٰلِكَ؟

فَقَالَ عُثْمَانُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِمَّا يَأْتِىْ عَلَيْهِ الزَّمَانُ، وَهُوَ تُنْزَلُ عَلِيْهِ السُّوَرُ ذَوَاتُ الْعَدَدِ، فَكَانَ إِذَا نَزَلَ عليهِ الشيئُ: دَعَا بَعْضَ مَنْ كَانَ يَكْتُبُ، فَيَقُوْلُ: ضَعُوْا هٰؤُلَاءِ الآيَاتِ فِىْ السُّوْرَةِ الَّتِىْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَكَذَا، فَإِذَا نَزَلَتْ عَلَيْهِ الآيَةُ، فَيَقُوْلُ: ضَعُوْا هٰذِهِ الآيَةَ فِىْ السُّوْرَةِ الَّتِىْ يُذْكَرُ فِيْهَا كَذَا وَكَذَا، وَكَانَتِ الْأَنفالُ مِنْ أَوَائِلِ مَا نَزَلَتْ بِالْمَدِيْنَةِ، وَكَانَتْ بَرَاءَ ةُ مِنْ آخِرِ الْقُرْآنِ، وَكَانَتْ قِصَّتُهَا شَبِيْهَةً بِقِصَّتِهَا، فَظَنَنْتُ أَنَّهَا مِنْهَا، فَقُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يُبَيِّنْ لَنَا أَنَّهَا مِنْهَا، فَمِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ قَرَنْتُ بَيْنَهُمَا وَلَمْ أَكْتُبْ بَيْنَهُمَا سَطْرَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، فَوَضَعْتُهَا فِىْ السَّبْعِ الطُّوَلِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، لانَعرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عَوْفٍ، عَنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ؛ وَيَزِيْدُ الْفَارِسِيُّ: هُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ، مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ؛ وَيَزِيْدُ بْنُ أَبَانِ الرَّقَاشِيُّ: هُوَ مِنَ التَّابِعِيْنَ، مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، وَهُوَ أَصْغَرُ مِنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ؛ وَيَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ إِنَّمَا يَرْوِىْ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ.

وضاحت: اس حدیث کی سند عوف بن ابی جمیلہ سے آخر تک ایک ہے......اور یزید فارسی تابعی بصری ہیں...... اور یزید بن ابان رقاشی بھی تابعی بصری ہیں، اور یزید فارسی سے چھوٹے ہیں اور یزید رقاشی: حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی سے روایت کرتے ہیں۔

۲- بڑا اور چھوٹا حج

عمرہ کو حج اصغر (چھوٹا حج) کہتے ہیں، اس لئے اس سے ممتاز کرنے کے لئے سورۃ البراءۃ (آیت ۳) میں حج کو حج اکبر کہا گیا ہے۔ پس ہر سال کا حج: حج اکبر ہوتا ہے، اور عوام میں جو مشہور ہے کہ جس سال جمعہ کے روز عرفہ ہو وہ حج اکبری ہوتا ہے، یہ عوامی بات ہے، شریعت میں اس کی کچھ اصل نہیں، البتہ جمعہ کے روز وقوفِ عرفہ ایک فضیلت رکھتا ہے مگر سورۃ البراءۃ میں جو الحج الأکبر آیا ہے: اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

حدیث: حضرت عمرو بن الاحوص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ حجۃ الوداع میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے (آپؐ تقریر کرنے کے لئے کھڑے ہوئے) پس اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی، پھر لوگوں کو وعظ ونصیحت فرمائی:

۱- پھر آپؐ نے پوچھا: ''کونسا دن حرمت وعظمت کے اعتبار سے سب سے بڑا دن ہے؟'' (اَحْرَمُ: اسم تفضیل ہے، اور آپؐ نے یہ سوال تین مرتبہ کیا) پس لوگوں نے جواب دیا: بڑے حج کا دن (عظمت وحرمت کے اعتبار سے سب سے بڑا دن ہے) اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''بیشک تمہارے خون اور تمہارے مال اور تمہاری عزتیں تم پر حرام ہیں، جیسے اس دن کی حرمت، تمہارے اس شہر میں، تمہارے اس مہینہ میں یعنی جس طرح حج کے دنوں میں، حرم شریف میں اور ماہ ذی الحجہ میں حرمتیں پامال کرنا جائز نہیں، اسی طرح مسلمانوں کی مذکورہ تینوں چیزوں میں بھی دست درازی جائز نہیں۔

۲- سنو! کوئی جنایت کرنے والا جنایت نہیں کرتا مگر اپنی ذات پر، یعنی اس کا ضرر اسی کو پہنچتا ہے، جو کرتا ہے وہی بھرتا ہے، دوسرا اس کا ذمہ دار نہیں ہوتا۔

۳- سنو! کوئی جنایت کرنے والا اپنی اولاد پر جنایت نہیں کرتا، اور نہ کوئی اولاد اپنے باپ پر جنایت کرتی ہے، یعنی باپ کا گناہ اولاد کے سر، اور اولاد کا گناہ باپ کے سر نہیں پڑتا، ہر ایک اپنے کئے کا ذمہ دار ہوتا ہے، یہ نمبر (۲) میں مذکور کلی کی ایک جزئی ہے، بالتخصیص آپؐ نے منع فرمایا کہ مقتول کے عوض میں قاتل کے باپ یا اولاد کو قتل نہ کیا جائے (یہاں تک حدیث پہلے گذر چکی ہے، حدیث ۲۱۵۷ تحفہ ۵:۵۲۷)

۴- سنو! بیشک مسلمان: مسلمان کا بھائی ہے، پس کسی مسلمان کے لئے حلال نہیں اس کے مسلمان بھائی کی کوئی چیز، مگر جس کو وہ خود حلال کر دے۔

۵- سنو! اور بیشک زمانہ جاہلیت کا ہر سود ختم کر دیا جاتا ہے، تمہارے لئے تمہارے اصل اموال ہیں، نہ تم کسی پر ظلم

کرنے پاؤ گے اور نہ کوئی تم پر ظلم کرنے پائے گا، علاوہ عباس بن عبدالمطلب کے سود کے، پس وہ سارا ہی ختم کر دیا جاتا ہے۔

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں جو لوگوں نے سودی قرضے دے رکھے تھے: حجۃ الوداع کے موقعہ پر ان کا سود ختم کر دیا گیا، اور اصل مال جو قرض دیا گیا تھا اس کا مطالبہ باقی رکھا، حضرت عباسؓ کے معاملہ میں بھی ایسا ہی کیا گیا۔ کیونکہ اصل قرض کی رقم بھی اگر ختم کر دی جاتی تو ارباب اموال پر ظلم ہوتا، اور سود بھی دلوایا جاتا تو غریبوں پر ظلم ہوتا۔

اور اس حدیث میں جو غَیْرَ رِبَا العباس (غیر: حرفِ استثناء کے ساتھ) آیا ہے: وہ صحیح نہیں، صحیح تعبیر مسلم شریف (حدیث ۱۲۱۸ کتاب الحج حدیث ۱۴۷) میں ہے: وَرِبَا الجاهلية موضوع، وَأَوَّلُ رِبًّا أضع: رِبَانا: رِبَا عباس بن عبد المطلب، فإنه موضوع كُلّه: جاہلیت کا سود ختم کر دیا گیا، اور پہلا سود جس کو میں ختم کرتا ہوں: ہمارا سود ہے، یعنی عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے، پس وہ سارا ہی ختم کر دیا گیا۔

اور غَیْرَ سے یہ غلط فہمی ہوتی ہے کہ حضرت عباسؓ کا سود تو سارا ختم کر دیا، اور دوسروں کے سود کا جزوی مطالبہ باقی رکھا، حالانکہ ایسا نہیں کیا گیا تھا، بلکہ سب کا سود کا مطالبہ ختم کر دیا گیا تھا، بس اصل اموال کا مطالبہ باقی رکھا تھا۔

۶- سنو! اور بیشک ہر خونی مطالبہ جو جاہلیت میں تھا: ختم کر دیا جاتا ہے، اور جاہلیت کے خونوں میں سے پہلا خون کا مطالبہ جس کو میں ختم کرتا ہوں: وہ حارث بن عبدالمطلب کا خون ہے، وہ بنو لیث میں دودھ پیتا تھا، پس اس کو ہذیل نے قتل کیا تھا۔

تشریح: خاندان عبدالمطلب کا ایک شیر خوار بچہ، جس کا نام ایاس بن ربیعۃ بن الحارث بن عبدالمطلب تھا، قبیلہ بنو لیث میں دودھ پیتا تھا، ایک جنگ میں قبیلۂ ہذیل کے آدمی نے اس کو پتھر مارا، جس سے وہ مر گیا، اس کا خون کا مطالبہ باقی تھا، آپؐ نے سب سے پہلے اس کو ختم کیا، اسی طرح اور لوگوں کے جاہلیت کے خونی مطالبے بھی ختم کر دیئے۔

۷- سنو! عورتوں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری وصیت (تاکید) قبول کرو، کیونکہ عورتیں تمہارے پاس قیدی ہی ہیں، تم مالک نہیں ہو عورتوں سے کسی چیز کے اس کے علاوہ یعنی تمہیں صرف حق احتباس حاصل ہے، اس سے زیادہ تمہارا کوئی حق نہیں، مگر یہ کہ وہ نافرمانی کریں، یعنی اس حق کو قبول نہ کریں، اِدھر اُدھر بھٹکتی پھریں، پس اگر وہ نافرمانی کریں تو ان کو خواب گاہوں میں چھوڑ دو یعنی ان کو ساتھ نہ لٹاؤ، صحبت سے ان کو محروم رکھو، پھر بھی باز نہ آئیں تو ان کو ایسی مار مارو جو سخت نہ ہو، پس اگر وہ تمہارا کہنا ماننے لگیں تو تم ان پر کوئی راہ نہ ڈھونڈھو یعنی اب خواہ مخواہ پریشان مت کرو۔

۸- سنو! بیشک تمہارا تمہاری عورتوں پر حق ہے، اور تمہاری عورتوں کا تم پر حق ہے:

(الف) پس رہا تمہارا حق تمہاری عورتوں پر: تو تمہارے بستر کو نہ روندے وہ شخص جس کو تم ناپسند کرتے ہو، اور ان لوگوں کو گھر میں آنے کی اجازت نہ دیں جن کو تم ناپسند کرتے ہو (عطف تفسیری ہے اور دونوں جملوں کا مطلب ایک ہے)

(ب) سنو: اور عورتوں کا تم پر یہ حق ہے کہ تم ان کے پہننے اور کھانے کو اچھا کرو۔

نوٹ: آخری دونمبر مع شرح پہلے آچکے ہیں، دیکھیں حدیث ۱۱۴۶ تحفہ ۳: ۶۰۲ (کتاب النکاح)

[٣١١٠-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْأَحْوَصِ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ: أَنَّهُ شَهِدَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، وَذَكَّرَ وَوَعَظَ:

[١-] ثُمَّ قَالَ: "أَيُّ يَوْمٍ أَحْرَمُ؟ أَيُّ يَوْمٍ أَحْرَمُ؟ أَيُّ يَوْمٍ أَحْرَمُ؟" قَالَ: فَقَالَ النَّاسُ: يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا، فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا.

[٢-] أَلَا! لَايَجْنِيْ جَانٍ إِلَّا عَلَى نَفْسِهِ.

[٣-] وَلَايَجْنِيْ وَالِدٌ عَلَى وَلَدِهِ، وَلَا وَلَدٌ عَلَى وَالِدِهِ.

[٤-] أَلَا! إِنَّ الْمُسْلِمَ أَخُو الْمُسْلِمِ، فَلَيْسَ يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ مِنْ أَخِيْهِ شَيْئٌ، إِلَّا مَا أَحَلَّ مِنْ نَفْسِهِ.

[٥-] أَلَا! وَإِنَّ كُلَّ رِبًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ، لَكُمْ رُؤُوْسُ أَمْوَالِكُمْ، لَاتَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ، غَيْرَ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَإِنَّهُ مَوْضُوْعٌ كُلُّهُ.

[٦-] أَلَا! وَإِنَّ كُلَّ دَمٍ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ، وَأَوَّلُ دَمٍ أَضَعُ مِنْ دَمِ الْجَاهِلِيَّةِ: دَمُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، كَانَ مُسْتَرْضِعًا فِيْ بَنِيْ لَيْثٍ، فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ.

[٧-] أَلَا! وَاسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَيْرًا، فَإِنَّمَا هُنَّ عَوَانٌ عِنْدَكُمْ، لَيْسَ تَمْلِكُوْنَ مِنْهُنَّ شَيْئًا غَيْرَ ذٰلِكَ، إِلَّا أَنْ يَأْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ، فَإِنْ فَعَلْنَ فَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ، وَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ، فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا.

[٨-] أَلَا! وَإِنَّ لَكُمْ عَلَى نَسَائِكُمْ حَقًّا، وَلِنِسَائِكُمْ عَلَيْكُمْ حَقًّا:

[الف-] فَأَمَّا حَقُّكُمْ عَلَى نِسَائِكُمْ فَلَايُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ مَنْ تَكْرَهُوْنَ، وَلَا يَأْذَنَّ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لِمَنْ تَكْرَهُوْنَ.

[ب-] أَلَا! وَإِنَّ حَقَّهُنَّ عَلَيْكُمْ: أَنْ تُحْسِنُوْا إِلَيْهِنَّ فِيْ كِسْوَتِهِنَّ وَطَعَامِهِنَّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ شَبِيْبِ بْنِ غَرْقَدَةَ.

٣- بڑے حج کا دن کونسا ہے؟

سورۃ البراءۃ (آیت ۳) میں ہے کہ براءت (بیزاری، قطع تعلق) کا اعلان ''بڑے حج کے دن'' کیا جائے، اور حج کے پانچ ایام (۸-۱۲) ہیں، پس اعلان کس دن کیا جائے؟ اعلان کرنے کے لئے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھیجا گیا تھا،

انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا کہ بڑے حج کا دن کونسا ہے؟ یعنی میں اعلان کس دن کروں؟ آپؐ نے فرمایا: یوم النحر یعنی ۱۰ ذی الحجہ کو اعلان کیا جائے، یہ حدیث حضرت علیؓ سے موقوفاً بھی مروی ہے، امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح کہا ہے، دس تاریخ کو لوگ مزدلفہ سے منی آجاتے ہیں، اس لئے اس دن اعلان کرنے کا حکم دیا۔

[۳۱۱۱-] حدثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا أَبِیْ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَنْ يَوْمِ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ؟ فَقَالَ: "يَوْمُ النَّحْرِ"

[۳۱۱۲-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: يَوْمُ الْحَجِّ الْأَكْبَرِ يَوْمُ النَّحْرِ.

هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، لِأَنَّهُ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِیْ إسحاقَ، عَنِ الْحارثِ، عَن عَلِیٍّ مَوْقُوْفًا، وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ إِلَّا مَا رُوِیَ عن مُحمدِ بْنِ إِسحاقَ.

۴- براءت کا اعلان حضرت علیؓ سے کیوں کرایا؟

جنگِ حنین وطائف سے فارغ ہوکر مدینہ لوٹنے کے بعد نبی ﷺ نے ۹ ہجری میں حج کرانے کے لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا، اس کے بعد سورہ براءت کا ابتدائی حصہ نازل ہوا، جس میں مشرکین سے کئے ہوئے عہد و پیمان کو ختم کرنے کا حکم دیا، نبی ﷺ نے اس اعلان کی ذمہ داری حضرت علی رضی اللہ عنہ کو سونپی، اور اپنی اونٹنی دے کر پیچھے سے روانہ کیا، حضرت علیؓ کی حضرت ابوبکرؓ سے ملاقات مقام عرج یا وادی ضَجْنان میں ہوئی، حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: امیر ہو یا مامور؟ حضرت علیؓ نے کہا: مامور ہوں، پھر دونوں آگے بڑھے، حضرت ابوبکرؓ نے حج کرایا، اور دس تاریخ کو حضرت علیؓ نے اعلانات کئے۔

اور رسول اللہ ﷺ نے اعلان کی ذمہ داری حضرت علیؓ کو اس لئے سونپی تھی کہ خون اور مال کے عہد و پیمان کے سلسلہ میں عرب کا دستور یہ تھا کہ اس کا اعلان یا تو سردار خود کرے یا اس کے خاندان کا کوئی فرد کرے، خاندان سے باہر کے کسی شخص کا اعلان تسلیم نہیں کیا جاتا تھا۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے سورہ براءت حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ بھیجی، پھر آپؐ نے ان کو بلایا، اور فرمایا: "کسی کے لئے مناسب نہیں کہ پہنچائے وہ یہ مگر میرے خاندان کا کوئی آدمی" چنانچہ آپؐ نے حضرت علیؓ کو بلایا، پس ان کو یہ اعلان دیا۔

تشریح: یہ حماد بن سلمہ کی روایت ہے، اور ان کا حافظہ آخر میں بگڑ گیا تھا، چنانچہ امام بخاری نے صحیح میں ان کی

روایت نہیں لی، اور ابن سعد کہتے ہیں: کان کثیرَ الحدیث، وربما حَدَّث بالحدیث المنکر: حماد بن سلمہ کثیر الحدیث تھے، اور کبھی نہایت ضعیف حدیث بیان کرتے تھے (تہذیب ۳: ۱۵) اس لئے یہ روایت صحیح نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ابوبکرؓ کو بھیجا، اور ان کو حکم دیا کہ وہ ان باتوں کا اعلان کریں، پھر ان کے پیچھے حضرت علیؓ کو بھیجا، پس دریں اثنا کہ ابوبکرؓ بعض راستہ میں تھے، اچانک انھوں نے نبی ﷺ کی اونٹنی قصواء کی آواز سنی، پس ابوبکرؓ گھبرا کر نکلے، انھوں نے گمان کیا کہ وہ رسول اللہ ﷺ ہیں، پس اچانک وہ علیؓ تھے، پس ابوبکرؓ نے علیؓ کو رسول اللہ ﷺ کی تحریر دی، اور علیؓ کو حکم دیا کہ وہ ان باتوں کا اعلان کریں، پس دونوں چلے، اور دونوں نے حج کیا۔ پس علیؓ ایام تشریق میں کھڑے ہوئے اور اعلان کیا کہ ہر مشرک سے اللہ اور اس کے رسول کی ذمہ داری ختم ہے، پس تم گھومو پھرو زمین میں چار ماہ، اور ہرگز حج نہ کرے اس سال کے بعد مشرک، اور ہرگز طواف نہ کرے کوئی ننگا بیت اللہ کا، اور جنت میں نہیں جائے گا مگر مؤمن، اور علیؓ اعلان کرتے تھے، پس جب تھک جاتے تو ابوبکرؓ کھڑے ہوتے اور وہ اعلان کرتے۔

تشریح: یہ روایت بھی صحیح نہیں، یہ سفیان بن حسین کی روایت ہے، اور یہ راوی امام زہری کی روایتوں میں تو بالاتفاق ضعیف ہے، اور دیگر اساتذہ کی روایتوں میں بھی صد فی صد قابل اعتماد نہیں، چنانچہ امام بخاریؒ نے اس کی روایت صرف تعلیقاً لی ہے، اور ابن سعد کہتے ہیں: ثقة يُخْطِئُ في حديثه كثيرا: ثقہ ہے مگر اس کی حدیثوں میں بہت زیادہ غلطیاں ہوتی ہیں (تہذیب) پس صحیح حدیث نسائی میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی ہے (جامع الاصول ۲: ۲۳۶ حدیث ۲۴۶) اور اسی حدیث کا خلاصہ عنوان کے بعد لکھا ہے۔

[۳۱۱۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ، قَالاَ: نَاحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَعَثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِبَرَاءَةٍ مَعَ أَبِيْ بَكْرٍ، ثُمَّ دَعَاهُ، فَقَالَ: "لاَيَنْبَغِيْ لِأَحَدٍ أَنْ يُبَلِّغَ هٰذَا إِلاَّ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِيْ" فَدَعَا عَلِيًّا، فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حديثِ أَنَسٍ.

[۳۱۱٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، نَا سُفْيَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَعَثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَبَا بَكْرٍ، وَأَمَرَهُ أَنْ يُنَادِىَ بِهٰؤُلاَءِ الْكَلِمَاتِ، ثُمَّ أَتْبَعَهُ عَلِيًّا، فَبَيْنَا أَبُوْ بَكْرٍ فِيْ بَعْضِ الطَّرِيْقِ إِذْ سَمِعَ رُغَاءَ نَاقَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا هُوَ عَلِيٌّ، فَدَفَعَ إِلَيْهِ كِتَابَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَمَرَ عَلِيًّا أَنْ يُنَادِىَ بِهٰؤُلاَءِ الْكَلِمَاتِ، فَانْطَلَقَا، فَحَجَّا، فَقَامَ عَلِيٌّ أَيَّامَ التَّشْرِيْقِ فَنَادَى: "ذِمَّةُ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ بَرِيْئَةٌ مِنْ كُلِّ مُشْرِكٍ، فَسِيْحُوْا فِي الْأَرْضِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ، وَلاَ يَحُجَّنَّ بَعْدَ الْعَامِ مُشْرِكٌ، وَلاَ يَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ،

وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مُؤْمِنٌ" وَكَانَ عَلِيٌّ يُنَادِي، فَإِذَا عَيِيَ قَامَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَنَادَى بِهَا.
وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۵-حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا کیا اعلانات کئے تھے؟

حدیث: زید نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: حج کے موقعہ پر آپ کن باتوں کا اعلان کرنے کے لئے بھیجے گئے تھے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: چار باتوں کا اعلان کرنے کے لئے مجھے بھیجا گیا تھا: ۱-ہرگز کوئی ننگا بیت اللہ کا طواف نہ کرے ۲-اور جس قبیلہ کے درمیان اور نبی ﷺ کے درمیان کوئی عہد و پیمان ہے تو وہ اس کی میعاد تک باقی رہے گا، اور جس کے لئے کوئی عہد نہیں: اس کو چار ماہ کی مہلت دی جاتی ہے ۳-اور جنت میں صرف مؤمن ہی جائے گا ۴-اور اس سال کے بعد مشرکین اور مؤمنین ایک ساتھ اکٹھا نہیں ہونگے یعنی آئندہ کسی بھی مشرک کو حج کے لئے آنے کی اجازت نہ ہوگی۔

حوالہ: یہ حدیث کتاب الحج باب ۴۴ میں مع شرح گذر چکی ہے (تحفہ ۳:۲۷۰) اور کچھ تفصیل آئندہ حدیث کی شرح میں آرہی ہے۔

[۳۱۱۵-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ يُثَيِّعٍ، قَالَ: سَأَلْنَا عَلِيًّا: بِأَيِّ شَيْئٍ بُعِثْتَ فِي الْحِجَّةِ؟ قَالَ: بُعِثْتُ بِأَرْبَعٍ: لَايَطُوْفَنَّ بِالْبَيْتِ عُرْيَانٌ، وَمَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّ عَهْدٌ فَهُوَ إِلَى مُدَّتِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ عَهْدٌ فَأَجَلُهُ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا نَفْسٌ مُؤْمِنَةٌ، وَلَايَجْتَمِعُ الْمُشْرِكُوْنَ وَالْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ حديثُ ابن عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِيْ إسْحاقَ، وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عن أَبِيْ إِسْحَاقَ، عن بَعْضِ أَصْحَابِهِ، عَنْ عَلِيٍّ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

٦-مساجد کی حقیقی تعمیر اعمالِ توحید سے ہوتی ہے

سورۃ التوبہ کی آیت ۱۸ ہے: ﴿إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلٰوةَ وَآتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰى أُولٰئِكَ أَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ﴾ ترجمہ: اللہ کی مسجدیں بس وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر یقین رکھتے ہیں، اور نماز کی پابندی کرتے ہیں، اور زکات ادا کرتے ہیں، اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے، ایسے لوگوں کے بارے میں توقع ہے کہ وہ اپنے مقصود (جنت و نجات) تک پہنچ جائیں۔

تفسیر: مشرکین مکہ اپنی مشرکانہ رسوم کو عبادت اور مسجد حرام کی تعمیر کا نام دیتے تھے، اور وہ اس پر فخر کرتے تھے کہ ہم

بیت اللہ اور مسجد حرام کے متولی اور اس کی عمارت کے ذمہ دار ہیں، چنانچہ آیت ۱۷ میں فرمایا کہ مشرکوں میں یہ لیاقت ہی نہیں کہ وہ اللہ کی مسجدوں کو آباد کریں، درانحالیکہ وہ خود اپنے کفر کا اقرار کررہے ہیں، پھر مذکورہ آیت ۱۸ میں مثبت پہلو سے بتایا کہ مساجد کی تعمیر اور آبادی صرف انہی لوگوں کے ہاتھوں انجام پاسکتی ہے جو عقیدہ اور عمل کے اعتبار سے احکام الٰہی کے پابند ہوں، اور جو اللہ کے احکام پر عمل کرنے میں کسی سے نہ ڈرتے ہوں۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ مسجد سے معاہدہ کئے ہوئے ہے تو اس کے لئے ایمان کی گواہی دو، کیونکہ اللہ تعالیٰ سورۃ التوبہ میں فرماتے ہیں: ''اللہ کی مسجدوں کو آباد کرنا انہی لوگوں کا کام ہے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں (الی آخرہ) یہ حدیث ابواب الایمان میں گذرچکی ہے (باب ۸ حدیث ۲۶۱۴ تحفہ ۶:۴۰۱) اس حدیث سے نماز کا ایمان کے ساتھ جو تعلق ہے وہ واضح طور پر سمجھ میں آتا ہے، اور مسجد کے ساتھ یہ تعلق کمالِ ایمان کی دلیل ہے، نیز اس حدیث سے یہ بات بھی واضح ہوتی ہے کہ مساجد کی حقیقی تعمیر، اعمالِ توحید سے ہوتی ہے، چنانچہ ۹ ہجری میں جو اعلانات کئے گئے ان میں یہ اعلان بھی تھا کہ کوئی شخص بیت اللہ کا ننگے ہوکر طواف نہیں کرے گا، جیسا کہ مشرکین کی ریت تھی، اور آئندہ سال مشرک حج کے لئے نہیں آسکے گا، یعنی بیت اللہ میں کسی مشرکانہ عمل کی اجازت نہیں ہوگی، مشرکانہ عبادات درحقیقت عبادت اور مسجد حرام کی آبادی نہیں، بلکہ ویرانی ہیں۔

[۳۱۱۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِى الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّجُلَ يَعْتَادُ الْمَسْجِدَ فَاشْهَدُوْا لَهُ بِالإِيْمَانِ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالىٰ: ﴿إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللّٰهِ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ﴾

[۳۱۱۷-] حدثنا ابنُ أَبِىْ عُمَرَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِى الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: "يَتَعَاهَدُ الْمَسْجِدَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ الْهَيْثَمِ: اسْمُهُ سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ الْعُتْوَارِىُّ، وَكَانَ يَتِيْمًا فِىْ حِجْرِ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ.

وضاحت: دراج کی ابوالہیثم سے روایتیں ضعیف ہوتی ہیں، اور ابوالہیثم کے دادا کا نام صرف عبد ہے اور العتواری نسبت ہے۔ یہ راوی یتیم تھا، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس کی پرورش کی تھی۔

۷-لسانِ ذاکر، قلبِ شاکر اور مؤمن بیوی بہترین ذخیرہ کرنے کی چیزیں ہیں

سورۃ التوبہ (آیت ۳۴) میں ہے: ''اور جو لوگ سونا چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں، اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، انھیں دردناک سزا کی خوش خبری سنادیں، جس دن جہنم میں اس سونے اور چاندی پر آگ دہکائی جائے گی،

پھر اس سے ان کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا (اور کہا جائے گا:) یہ ہے وہ دولت جو تم نے اپنے واسطے جمع کر رکھی تھی، سو اب اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزہ چکھو!''

تفسیر: مال جمع کرنا برا نہیں، مال تو لوگوں کے لئے ''سہارا'' ہے، البتہ غلط طریقوں سے دولت اکٹھا کرنا، یا جائز طریقوں سے کمانا اور اس کو سینت کر رکھنا یعنی اس میں سے اللہ کے حقوق ادا نہ کرنا برا ہے، جس پر مذکورہ وعید آئی ہے۔

حدیث: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیتِ پاک: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ﴾ نازل ہوئی تو ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، پس بعض صحابہ نے کہا: سونے اور چاندی کے بارے میں تو یہ آیت اتاری گئی ہے، پس کاش ہم جانتے کہ کونسا مال بہتر ہے، تو ہم اس کو جمع کرتے؟! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''بہتر سے بہتر مال: اللہ کو یاد کرنے والی زبان اور شکر گذار دل اور ایماندار بیوی ہے جو ایمانی کاموں میں اس کی مدد کرے'' (یہ حدیث سالم: حضرت ثوبان سے روایت کرتے ہیں، مگر سالم کا ان سے لقاء اور سماع نہیں، اگرچہ سالم کی متعدد صحابہ سے ملاقات ہوئی ہے مگر حضرت ثوبان سے ملاقات نہیں ہوئی، اس لئے سند میں انقطاع ہے، یہ بات امام بخاریؒ نے بیان کی ہے)

[۳۱۱۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ﴾ قَالَ: كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِه: أُنْزِلَتْ فِي الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، لَوْ عَلِمْنَا أَيُّ الْمَالِ خَيْرٌ، فَنَتَّخِذَهُ؟! فَقَالَ: "أَفْضَلُهُ لِسَانٌ ذَاكِرٌ، وَقَلْبٌ شَاكِرٌ، وَزَوْجَةٌ مُؤْمِنَةٌ: تُعِيْنُهُ عَلَى إِيْمَانِهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، سَأَلْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ، فَقُلْتُ لَهُ: سَالِمُ بْنُ أَبِي الْجَعْدِ: سَمِعَ مِنْ ثَوْبَانَ؟ قَالَ: لاَ، قُلْتُ لَهُ: مِمَّنْ سَمِعَ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ: سَمِعَ مِنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَذَكَرَ غَيْرَ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

۸- اماموں اور ولیوں کے لئے تحلیل وتحریم کا اختیار تسلیم کرنا ان کو ربّ بنانا ہے

سورۃ التوبہ (آیت ۳۱) میں ہے: ''انھوں نے (یہود ونصاری نے) اپنے علماء اور اولیاء کو اللہ کے سوا اپنا ربّ ٹھہرالیا ہے''

حدیث: حضرت عدی رضی اللہ عنہ جو حاتم طائی کے لڑکے ہیں اور جو پہلے عیسائی تھے، جب نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ان کی گردن میں سونے کی صلیب پڑی ہوئی تھی، آپؐ نے فرمایا: ''عدی! اپنی گردن سے یہ بت نکال پھینکو!'' (عیسائی صلیب کی پوجا کرتے ہیں) اور حضرت عدی نے نبی ﷺ کو سورۂ براءت کی مذکورہ آیت پڑھتے ہوئے سنا تو انھوں نے پوچھا: ہم اپنے علماء اور مشائخ کو ربّ نہیں مانتے، نہ ہم ان کی پوجا کرتے ہیں، پھر قرآن کا یہ بیان کیسے درست ہوسکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''سنو! وہ لوگ یقیناً ان کی عبادت نہیں کیا کرتے تھے، مگر جب وہ لوگ

ان کے لئے کسی چیز کو حلال کرتے تو وہ اس کو حلال مان لیتے تھے، اور جب وہ ان پر کسی چیز کو حرام کرتے تو وہ اس کو حرام سمجھ لیتے تھے!'' یہ تحلیل وتحریم کا ان کو اختیار دینا بھی ان کو رب بنانا ہے، کیونکہ احکام دینے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کا ہے: ﴿إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلّٰهِ﴾ اللہ کے رسولوں کو بھی یہ اختیار حاصل نہیں، تا بہ ائمہ واولیاء چہ رسد!

فائدہ: مجتہدین کی معروف تقلید اس آیت کے ذیل میں نہیں آتی، اور ابن حزم جو لائے ہیں وہ ان کے مزاج کی ناہمواری کی وجہ سے ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے اس کی وضاحت فرمائی ہے، کیونکہ ائمہ کی تقلید من حیث هو هو نہیں کی جاتی، بلکہ من حیث انہ نائب عن الشریعۃ کی جاتی ہے، اور اسی حیثیت سے رسول اللہ کی بھی تقلید کی جاتی ہے۔

اور یہ جو کہا جاتا ہے کہ تقلید: نام ہے: دلیل کے مطالبہ کے بغیر کسی کی بات مان لینے کا: تو یہ بات صحیح ہے، کیونکہ دلیل کا سمجھنا ہر کہ ومہ کا کام نہیں، اور جس میں اتنی صلاحیت ہے وہ تقلید ہی کیوں کرے گا؟ رہی یہ بات کہ ائمہ کے اقوال کی دلیل جاننی چاہئے یا نہیں؟ یہ دوسری بات ہے اور چاروں مکاتب فکر کی کتابیں بیانِ دلائل سے بھری پڑی ہیں، معلوم ہوا کہ جن میں دلائل کے ادراک کی صلاحیت ہے ان کو ائمہ کے اقوال کے دلائل کا تتبع کرنا چاہئے۔

[۳۱۱۹-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ غُطَيْفِ بْنِ أَعْيَنَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَفِيْ عُنُقِيْ صَلِيْبٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَقَالَ: '' يَاعَدِيُّ اطْرَحْ عَنْكَ هٰذَا الْوَثَنَ!'' وَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ فِي سُوْرَةِ بَرَاءَةٍ: ﴿ اتَّخَذُوْا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ﴾ قَالَ: '' أَمَا إِنَّهُمْ لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْبُدُوْنَهُمْ، وَلٰكِنَّهُمْ كَانُوْا إِذَا أَحَلُّوْا لَهُمْ شَيْئًا اسْتَحَلُّوْهُ، وَإِذَا حَرَّمُوْا عَلَيْهِمْ شَيْئًا حَرَّمُوْهُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِن حديثِ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، وَغُطَيْفُ بْنُ أَعْيَنَ: لَيْسَ بِمَعْرُوْفٍ فِيْ الحديثِ.

۹- جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے!

حدیث: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ میں نے نبی ﷺ سے عرض کیا درانحالیکہ ہم غارِ ثور میں تھے: ''اگر ان میں سے ایک اپنے قدموں کی طرف دیکھے گا تو وہ ہمیں اپنے پیروں کے نیچے دیکھ لے گا!'' پس آپؐ نے فرمایا: ''ابوبکر! ان دو کی نسبت تمہارا کیا خیال ہے جن کا تیسرا اللہ ہے!''

تشریح: کوہ ثور پر دو غار ہیں: ایک: کشادہ اور کھلا ہوا، اس میں چھپا نہیں جا سکتا، تین چار آدمی اس میں آرام سے لیٹ سکتے ہیں، اس میں ٹھنڈی ریت ہے، میں اس میں سنت ادا کرنے کے لئے لیٹا تو سو گیا، دوسرا: تنگ، جس میں دو آدمی مشکل سے بیٹھ سکتے ہیں، اور اس کے بعد پہاڑ کی ڈھلان شروع ہو جاتی ہے، اس طرف اترنا بھی ممکن نہیں، یہ

چھپنے کے قابل جگہ ہے، اوراس میں چھپے ہوئے آدمیوں کے بالکل سر پر ایک سوراخ ہے، میں اس غار میں بھی داخل ہوا ہوں، آپ ﷺ خطرہ کے وقت اس میں چھپتے تھے، اور خطرہ ٹل جانے پر باہر کے کشادہ غار میں آرام فرماتے تھے، کفار تلاش کرتے ہوئے اسی تنگ غار کے اوپر پہنچ گئے تھے، اس وقت حضرت ابوبکرؓ نے مذکورہ بات کہی تھی، اور آپؐ نے مذکورہ جواب دیا تھا، جس کا تذکرہ سورۃ التوبہ (آیت ۴۰) میں ہے۔

[۳۱۲۰-] حدثنا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَنَا هَمَّامٌ، أَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: قُلْتُ للنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ فِي الْغَارِ: لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ يَنْظُرُ إِلَى قَدَمَيْهِ لَأَبْصَرَنَا تَحتَ قَدَمَيْهِ: فَقَالَ: "يَا أَبَا بَكْرٍ! مَاظَنُّكَ بِاثْنَيْنِ اللّٰهُ ثَالِثُهُمَا؟!"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا يُرْوَى مَنْ حديثِ هَمَّامٍ، وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ هَمَّامٍ نَحْوَ هٰذَا.

۱۰- منافق کا جنازہ پڑھنا، دعائے مغفرت کرنا اور کفن دفن میں شریک ہونا حرام ہے

مدینہ میں بارہ منافقوں کا ایک گروہ تھا، جو ہر موقع پر رسول اللہ ﷺ کی، مسلمانوں کی اور اسلام کی مخالفت پر کمر بستہ رہتا تھا، ان کا سردار عبداللہ بن ابی تھا، تبوک سے واپسی کے چند ہی روز بعد اس کا انتقال ہوگیا، اس کا لڑکا بھی عبداللہ تھا، وہ مخلص وفادار مسلمان تھے، انھوں نے درخواست کی کہ آپؐ ان کو کفن میں لگانے کے لئے کرتہ عنایت فرمائیں، آپؐ نے عنایت فرمایا، انھوں نے دوسری درخواست کی کہ آپؐ اس کا جنازہ پڑھائیں، آپؐ اس کے لئے بھی تیار ہوگئے، کیونکہ ابھی تک آپؐ کو اس سے روکا نہیں گیا تھا۔ اسی سورت کی آیت اسّی ویں: ﴿اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ﴾ نازل ہوچکی تھی، مگر اس میں استغفار یا جنازہ پڑھنے کی ممانعت نہیں تھی، صرف یہ بات تھی کہ منافقوں کے لئے استغفار بے سود ہے، چنانچہ آپؐ نے جنازہ پڑھنے کا بھی وعدہ فرمالیا، وقت پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بہ اصرار منع کیا، مگر آپؐ نے فرمایا: "مجھے استغفار سے منع نہیں کیا گیا، آزاد رکھا گیا ہے کہ استغفار کروں یا نہ کروں" چنانچہ آپؐ نے اس کا جنازہ پڑھا، اور قبرستان بھی تشریف لے گئے، پھر جلد ہی آیت ۸۴ نازل ہوئی، اور صاف طور پر منافقوں، کافروں اور مشرکوں کا جنازہ پڑھنے سے، استغفار کرنے سے، بلکہ کفن دفن میں شرکت کرنے سے بھی روک دیا گیا، چنانچہ آپؐ نے پھر کسی منافق کا جنازہ نہیں پڑھا۔

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب عبداللہ بن ابی کا انتقال ہوا، تو رسول اللہ ﷺ اس کا جنازہ پڑھنے کے لئے بلائے گئے، پس آپؐ اس کے لئے چلے، پس جب آپؐ اس کے جنازہ پر کھڑے ہوئے، آپؐ نماز پڑھنا چاہتے تھے کہ میں آڑے آگیا، یہاں تک کہ میں آپؐ

کے سینہ کے سامنے کھڑا ہوگیا۔ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیا آپؐ اللہ کے دشمن عبداللہ بن ابی کا جنازہ پڑھائیں گے، جس نے فلاں فلاں دن یہ یہ کہا ہے؟ حضرت عمرؓ اس کے واقعات گنا رہے تھے۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں: اور رسول اللہ ﷺ مسکرا رہے تھے، یہاں تک کہ جب میں نے آپؐ کی مخالفت بہت زیادہ کی تو آپؐ نے فرمایا: ''عمر! پیچھے ہٹو، مجھے اختیار دیا گیا ہے، پس میں نے نماز جنازہ پڑھنے کو اختیار کیا ہے، مجھ سے کہا گیا ہے: ''خواہ آپؐ ان کے لئے استغفار کریں یا نہ کریں (بے سود ہے) اگر آپؐ ان کے لئے ستر بار بھی استغفار کریں گے: اللہ تعالیٰ ان کو ہرگز نہیں بخشیں گے'' اگر میں جانتا کہ اگر میں ستر مرتبہ سے زیادہ اس کی بخشش چاہوں گا پس وہ بخشا جائے گا: تو میں ستر مرتبہ سے زیادہ اس کے لئے استغفار کرتا''

حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پھر آپؐ نے اس کی نماز جنازہ پڑھی، اور اس کے جنازے کے ساتھ چلے، اور اس کی قبر پر کھڑے رہے، یہاں تک کہ دفن نمٹ گیا، حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس مجھے خود پر حیرت ہوتی ہے، اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے جو جرأت کی اس پر مجھے تعجب ہوتا ہے، جبکہ اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، یعنی مجھے اس معاملہ میں دخل نہیں دینا چاہئے تھا، پس بخدا! نہیں گذرا مگر تھوڑا وقت یہاں تک کہ یہ دو آیتیں اتریں: ''اور نہ جنازہ پڑھیں آپؐ ان میں سے کسی کا، اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں'' آخر آیت تک۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس اس واقعہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے کسی منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھی، اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوئے، یہاں تک کہ اللہ نے آپؐ کو اٹھا لیا۔

تشریح: یہ روایت بخاری شریف میں ہے (حدیث ۱۳۶۶ و ۴۶۷۱) اس میں بھی نزلتِ الآیتان ہے، مگر آیت ۸۴ ہی کا ذکر ہے، اور یہاں الآیتان بھی ہے اور إلی آخر الآیة بھی ہے، میرا خیال ہے کہ الآیتان صحیح ہے، اس موقعہ پر آیات (۸۴ و ۸۵) نازل ہوئی ہیں، رُوات نے صرف ایک آیت ذکر کی ہے۔

قوله: فعجبٌ لی إلخ بخاری میں اس طرح ہے: **فَعَجِبْتُ بعدُ من جُرْأَتِيْ علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یَوْمَئِذٍ، واللہ ورسوله أعلم**: یہ زیادہ واضح جملہ ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: عبداللہ بن ابی کے لڑکے حضرت عبداللہ: رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئے، جب ان کے باپ کا انتقال ہوا، پس انھوں نے درخواست کی کہ آپؐ مجھے اپنا کرتہ عنایت فرمائیں تاکہ میں باپ کے کفن میں لگاؤں، اور آپؐ اس کا جنازہ پڑھیں اور اس کے لئے دعائے مغفرت فرمائیں، چنانچہ آپؐ نے اس کو اپنا کرتہ عنایت فرمایا، اور فرمایا: ''جب تم فارغ ہوجاؤ تو مجھے اطلاع کرنا''...... پس جب آپؐ نے نماز پڑھنی چاہی تو آپ کو عمرؓ نے کھینچا، اور عرض کیا: کیا اللہ نے آپؐ کو منافقین کا جنازہ پڑھنے سے منع نہیں کیا؟ پس آپؐ نے فرمایا: ''میں دو اختیاروں کے درمیان ہوں: چاہوں تو ان کے لئے استغفار کروں اور چاہوں تو

نہ کروں'' پس آپؐ نے اس کا جنازہ پڑھا، پس اللہ تعالیٰ نے اتارا: ''اور نہ جنازہ پڑھیں آپؐ ان میں سے کسی کا، اور نہ اس کی قبر پر کھڑے ہوں'' چنانچہ آپؐ نے منافقین پر نماز پڑھنا چھوڑ دیا۔

[۳۱۲۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِي يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: لَمَّا تُوُفِّيَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، دُعِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِلصَّلاَةِ عَلَيْهِ، فَقَامَ إِلَيْهِ، فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِ يُرِيْدُ الصَّلاَةَ: تَحَوَّلْتُ، حَتَّى قُمْتُ فِيْ صَدْرِهِ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَعَلَى عَدُوِّ اللّٰهِ: عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ: الْقَائِلِ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا: كَذَا وَكَذَا، يَعُدُّ أَيَّامَهُ؟!

قَالَ: ورسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَبَسَّمُ، حَتَّى إِذَا أَكْثَرْتُ عَلَيْهِ، قَالَ:" أَخِّرْ عَنِّيْ يَاعُمَرُ! إِنِّي قَدْ خُيِّرْتُ، فَاخْتَرْتُ، قَدْ قِيْلَ لِيْ: ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْلاَ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ، إِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ﴾ لَوْ أَعْلَمُ أَنِّيْ لَوْ زِدْتُ عَلَى السَّبْعِيْنَ غُفِرَ لَهُ: لَزِدْتُ.

قَالَ: ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهِ، وَمَشَى مَعَهُ، فَقَامَ عَلَى قَبْرِهِ، حَتَّى فُرِغَ مِنْهُ. قَالَ: فَعَجَبٌ لِيْ، وَجُرْأَتِيْ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ، فَوَ اللّٰهِ مَاكَانَ إِلاَّ يَسِيْرًا حَتَّى نَزَلَتْ هَاتَانِ الآيَتَانِ: ﴿وَلاَتُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلاَتَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ﴾ إلى آخرِ الآيَةِ.

قَالَ: فَمَا صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعْدَهُ عَلَى مُنَافِقٍ، وَلاَقَامَ عَلَى قَبْرِهِ حَتَّى قَبَضَهُ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۳۱۲۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، نَا نَافِعٌ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: جَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ مَاتَ أَبُوْهُ، فَقَالَ: أَعْطِنِيْ قَمِيْصَكَ أُكَفِّنْهُ، وَصَلِّ عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفِرْ لَهُ، فَأَعْطَاهُ قَمِيْصَهُ، وَقَالَ:" إِذَا فَرَغْتُمْ فَآذِنُوْنِيْ" فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يُصَلِّيَ جَذَبَهُ عُمَرُ، وَقَالَ: أَلَيْسَ قَدْ نَهَى اللّٰهُ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ؟ فَقَالَ: أَنَا بَيْنَ الْخِيَرَتَيْنِ: ﴿اسْتَغْفِرْ لَهُمْ أَوْ لاَ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ﴾ فَصَلَّى عَلَيْهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلاَتُصَلِّ عَلَى أَحَدٍ مِّنْهُمْ مَاتَ أَبَدًا وَلاَ تَقُمْ عَلَى قَبْرِهِ﴾ فَتَرَكَ الصَّلاَةَ عَلَيْهِمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۱- وہ مسجد جس کی بنیاد تقوی پر رکھی گئی ہے: وہ کونسی مسجد ہے؟

سورۃ التوبہ کی آیت ۱۰۸ ہے: ﴿لاَتَقُمْ فِيْهِ أَبَدًا، لَمَسْجِدٌ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ، فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ أَنْ يَّتَطَهَّرُوْا، وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ﴾

ترجمہ: آپؐ اس (مسجد ضرار) میں کبھی بھی (نماز کے لئے) کھڑے نہ ہوں، البتہ وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوی پر رکھی گئی ہے یعنی مسجد قبا: وہ (واقعی) اس لائق ہے کہ آپؐ اس میں (نماز کے لئے) کھڑے ہوں، اس میں ایسے لوگ ہیں جو خوب پاک ہونے کو پسند کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ خوب پاک ہونے والوں کو پسند کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو حدیثیں ذکر کی ہیں، پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا مصداق مسجدِ نبوی ہے، اور دوسری حدیث میں صراحت ہے کہ اس کا مصداق مسجدِ قبا ہے، یہ بظاہر تعارض ہے، مگر حقیقت میں تعارض نہیں، مسجد قبا شانِ نزول کے اعتبار سے آیت کا مصداق ہے، اور مسجدِ نبوی الفاظ کے عموم کے اعتبار سے، بلکہ دنیا کی ہر وہ مسجد آیت کا مصداق ہے جس کی خشتِ اول تقوی پر رکھی گئی ہو۔

حدیث (۱): حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دو شخصوں میں مباحثہ ہوا، اس مسجد کے بارے میں جس کی بنیاد پہلے ہی دن سے تقوی پر رکھی گئی ہے، پس ایک شخص نے کہا: وہ قباء کی مسجد ہے، اور دوسرے نے کہا: وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد ہے، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''وہ میری یہ مسجد ہے''

حوالہ: یہ حدیث انیس بن ابی یحییٰ کی سند سے پہلے گذر چکی ہے، اور وہ حدیث اس حدیث سے اتم ہے، اور اس کی شرح پہلے کی جاچکی ہے، جس سے آئندہ حدیث سے اس حدیث کا تعارض ختم ہوجاتا ہے، دیکھیں (حدیث ۳۲۳ تحفہ ۲: ۱۴۲)

حدیث (۲): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یہ آیت قبا والوں کے حق میں نازل ہوئی ہے یعنی ﴿فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ أَنْ يَتَطَهَّرُوْا﴾ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: وہ لوگ پانی سے استنجاء کرتے تھے، چنانچہ ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی یونس بن الحارث ضعیف ہے، اور اس کا استاذ ابراہیم مجہول ہے، اور یہ حدیث ابو داؤد (حدیث ۴۴) اور ابن ماجہ (حدیث ۳۵۷) میں بھی اسی سند سے ہے، اور ابن ماجہ (حدیث ۳۵۵) میں ابو ایوب انصاری، جابر بن عبد اللہ اور انس بن مالک سے بھی یہ مضمون مروی ہے، مگر وہ حدیث بھی ضعیف ہے، اور محمد بن عبد اللہ بن سلام کی حدیث مسند احمد میں ہے، اور ان روایات کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک بار آپؐ قبا تشریف لے گئے، اور لوگوں سے دریافت کیا کہ آپ لوگوں نے پاک صاف ہونے کا کونسا طریقہ اپنا رکھا ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کی تعریف کی ہے؟ ان حضرات نے جواب دیا: ہمارا کوئی خاص معمول نہیں، البتہ ہم ڈھیلے کے بعد پانی سے استنجاء کرتے ہیں، اس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''بس یہی بات ہے، پس تم اس کو لازم پکڑے رہو'' ...... امام نوویؒ کہتے ہیں: اس روایت میں معروف صرف پانی سے استنجاء کرنے کا ذکر ہے، پانی اور ڈھیلوں کو جمع کرنے کا ذکر صحیح نہیں۔

[۳۱۲۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِيْ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: تَمَارَى رَجُلَانِ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِيْ أُسِّسَ عَلَى التَّقْوَى مِنْ أَوَّلِ يَوْمٍ،

فَقَالَ رَجُلٌ: هُوَ مَسْجِدُ قُبَاءٍ، وَقَالَ الآخَرُ: هُوَ مَسْجِدُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هُوَ مَسْجِدِيْ هٰذَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، رَوَاهُ أُنَيْس بْنُ أَبِي يَحْيىَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

[۳۱۲٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ بْنُ هِشَامٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرِيرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْ أَهْلِ قُبَاءٍ": ﴿فِيْهِ رِجَالٌ يُحِبُّوْنَ أَنْ يَتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ﴾ قَالَ: كَانُوْا يَسْتَنْجُوْنَ بِالْمَاءِ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ فِيْهِمْ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَمُحمدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ.

۱۲- کافر کے لئے استغفار کرنا جائز نہیں

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک صحابی کو اپنے والدین کے لئے جو شرک کی حالت میں وفات پا چکے تھے: دعائے مغفرت کرتے ہوئے پایا، آپؓ نے اس پر حیرت کا اظہار کیا اور کہا: کیا آپ اپنے والدین کے لئے استغفار کرتے ہیں درانحالیکہ ان کا شرک کی حالت میں انتقال ہوا ہے؟! ان صحابی نے جواب دیا: کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت نہیں کی تھی، درانحالکہ اس کا شرک کی حالت میں انتقال ہوا تھا؟ پس حضرت علیؓ نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی تو یہ آیت نازل ہوئی کہ "نبی اور مؤمنوں کے لئے زیبا نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کریں، چاہے وہ ان کے رشتے دار ہی کیوں نہ ہوں، ان پر یہ بات کھل جانے کے بعد کہ وہ لوگ دوزخی ہیں۔ اور ابراہیمؑ کا اپنے باپ کے لئے دعائے مغفرت کرنا ایک وعدے کی وجہ ہی سے تھا جو آپ نے اس سے کیا تھا، پھر جب ان پر یہ بات کھل گئی کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، واقعہ یہ ہے کہ ابراہیمؑ بڑے ہی رقیق القلب، حلیم المزاج تھے (التوبہ آیات ۱۱۳و۱۱۴)

تشریح: حضرت ابراہیم علیہ السلام جب ہجرت کر کے بیت المقدس روانہ ہوئے تو آخری بات جو انھوں نے اپنے باپ سے کہی تھی وہ یہ تھی: "میں آپ کے لئے اپنے رب سے دعائے مغفرت کرونگا، بیشک وہ مجھ پر نہایت مہربان ہے" (مریم ۴۷) چنانچہ آپ نے اس کے لئے حسب وعدہ دعائے مغفرت کی، جس کا تذکرہ سورۃ ابراہیم (آیت ۴۱) اور سورۃ الشعراء (آیت ۸۶) میں ہے، مگر یہ دعا اس کی حیات میں کی تھی، اور کافر کی حیات میں دعائے مغفرت کا مطلب

اس کے لئے ہدایت طلبی کی دعا کرنا ہوتا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ اس کو ایمان نصیب فرمائیں تا کہ آخرت میں اس کی مغفرت ہو، اور یہ اب بھی جائز ہے، پھر جب ان کے باپ کا انتقال حالتِ کفر میں ہو گیا تو آپ نے اس کے لئے دعا موقوف کردی...... اِدھر مسلمانوں کو مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کرنے سے روکا نہیں کیا تھا، چنانچہ نبی ﷺ اور مسلمان اپنے مشرک رشتہ داروں کے لئے دعائے مغفرت کرتے تھے، اس سلسلہ میں پہلا واقعہ ابو طالب کا پیش آیا، آپؐ نے آخری بات اس سے یہ کہی تھی کہ ''مجھے جب تک اللہ تعالیٰ منع نہیں کریں گے: میں برابر آپ کے لئے دعائے مغفرت کرتا رہوں گا'' پھر یہ واقعہ پیش آیا جو حدیث باب میں ہے، اس کے بعد اُن دو آیتوں کے ذریعہ واضح احکام دیئے گئے، اب کافر کا جنازہ پڑھنا، اس کے لئے دعائے مغفرت کرنا، اعزاز کی خاطر اس کی قبر پر کھڑا ہونا، اس کی میت کی زیارت کے لئے جانا اور اس کے کفن دفن میں شریک ہونا حرام ہے۔

[۳۱۲۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْخَلِيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلاً يَسْتَغْفِرُ لِأَبَوَيْهِ، وَهُمَا مُشْرِكَانِ، فَقُلْتُ لَهُ: أَتَسْتَغْفِرُ لِأَبَوَيْكَ وَهُمَا مُشْرِكَانِ؟ فَقَالَ: أَوَلَيْسَ اسْتَغْفَرَ إِبْرَاهِيْمُ لِأَبِيْهِ، وَهُوَ مُشْرِكٌ؟ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَنَزَلَتْ: ﴿مَاكَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ آمَنُوْا أَنْ يَسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وفي الباب عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْهِ.

۱۳- جنگ تبوک سے تین پیچھے رہ جانے والوں کا واقعہ

سورۃ التوبہ (آیات ۱۱۷-۱۱۹) میں ہے: ''اللہ تعالیٰ یقیناً مہربان ہوئے نبی پر اور ان مہاجرین وانصار پر جنھوں نے تنگی کے وقت میں نبی کی پیروی کی، اس کے بعد کہ ان میں سے کچھ لوگوں کے دل ڈگمگانے کے قریب ہو گئے تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر مہربانی فرمائی۔ واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر شفقت و مہربانی فرمانے والے ہیں ○ اور ان تین پر بھی جو چھوڑ دیئے گئے تھے، یہاں تک کہ جب ان پر زمین باوجود اپنی وسعت کے تنگ ہو گئی، اور ان پر ان کی اپنی جانیں بھی بار ہونے لگیں، اور وہ سمجھ گئے کہ اللہ تعالیٰ سے بھاگ کر کوئی جائے پناہ نہیں، علاوہ اللہ کے دامن رحمت کے، تو پھر اللہ پاک ان پر مہربان ہوئے، تا کہ وہ اللہ کی طرف پلٹ آئیں، واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بہت ہی زیادہ توبہ قبول کرنے والے، نہایت مہربانی فرمانے والے ہیں ○ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، اور سچوں کے ساتھی بنو!''

تشریح: وہ تین حضرات جن سے کہہ دیا گیا تھا کہ اللہ کے فیصلے کا انتظار کرو، اور عام مسلمانوں کو حکم دیدیا گیا تھا کہ جب تک اللہ پاک کا حکم نہ آئے ان سے کسی قسم کا معاشرتی تعلق نہ رکھا جائے: وہ تین حضرات یہ تھے:

۱- حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ۔ آپ قبیلہ خزرج کے بنوسلمہ خاندان سے تعلق رکھتے تھے، عقبۂ ثانیہ کی

بیعت میں آپ نے شرکت فرمائی تھی، اور بدر وتبوک کے علاوہ تمام معرکوں میں شریک رہے ہیں، آپ رسول اللہ ﷺ کے تین شاعروں میں سے ایک تھے، آپؓ نے تبوک سے اپنے پیچھے رہ جانے کا واقعہ تفصیل سے بیان کیا ہے، جو حدیث باب میں آرہا ہے۔

۲- حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ۔ آپ کا تعلق انصار کے قبیلہ بنو واقف سے تھا، بدر اور بعد کے تمام معرکوں میں شریک رہے ہیں، صرف تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے، لعان کی آیتیں آپ ہی کے واقعہ میں نازل ہوئی ہیں۔

۳- حضرت مرارۃ بن الربیع رضی اللہ عنہ۔ آپ کا تعلق اوس کے خاندان بنو عمرو بن عوف سے تھا، آپ بھی بدر اور بعد کے تمام معرکوں میں شریک رہے ہیں، صرف تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے۔

ان تینوں صاحبوں کا مفصل واقعہ حضرت کعب بن مالکؓ نے درج ذیل روایت میں بیان کیا ہے:

حدیث: حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ سے کسی بھی ایسی جنگ میں جو آپؐ نے لڑی ہے: پیچھے نہیں رہا، یہاں تک کہ غزوۂ تبوک پیش آیا، علاوہ غزوۂ بدر کے، اور نبی ﷺ نے کسی کی بھی سرزنش نہیں کی تھی جو بدر سے پیچھے رہ گیا تھا، آپؐ صرف تجارتی قافلہ ہی کے ارادے سے نکلے تھے، پس قریش اپنے تجارتی قافلہ کی فریادرسی کرتے ہوئے نکلے، پس دونوں فریقوں میں مڈبھیڑ ہوگئی، پہلے سے طے شدہ پروگرام کے بغیر، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے (سورۃ الانفال آیت ۴۲ میں) فرمایا ہے۔ اور میری زندگی کی قسم! رسول اللہ ﷺ کے غزوات میں لوگوں کے نزدیک سب سے اشرف غزوۂ بدر ہے، اور نہیں پسند کرتا میں غزوۂ بدر کی حاضری کو: میری شبِ عقبہ کی بیعت کی جگہ میں، جبکہ ہم نے اسلام کی حمایت ونصرت کا معاہدہ کیا تھا، یعنی مجھے شب عقبہ کی حاضری: غزوۂ بدر کی حاضری سے زیادہ محبوب ہے، اگرچہ غزوۂ بدر کی لوگوں میں زیادہ شہرت ہے، پھر نہیں پیچھے رہا میں بدر کے بعد نبی ﷺ سے، یہاں تک کہ غزوۂ تبوک پیش آیا، اور وہ آخری جنگ تھی جو آپؐ نے لڑی ہے، اور نبی ﷺ نے لوگوں کو سفر کی (پہلے ہی) اطلاع دیدی تھی، پھر حضرت کعبؓ نے لمبی حدیث ذکر کی (امام ترمذی روایت کو مختصر کر رہے ہیں)

حضرت کعبؓ نے کہا: پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں چلا، پس اچانک آپؐ مسجد میں تشریف فرما تھے، اور آپؐ کے گرد مسلمان تھے، اور آپؐ کا چہرہ دمک رہا تھا چاند کے چمکنے کی طرح، اور جب بھی آپؐ کسی چیز سے خوش ہوتے تھے تو آپؐ کا چہرہ دمک جاتا تھا، پس میں حاضر ہوا، اور آپؐ کے سامنے بیٹھ گیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''خوش خبری سن لو اے کعب بن مالک! بہترین دن کی جو تم پر آیا ہے جب سے تم کو تمہاری ماں نے جنا ہے!'' یعنی یہ دن تمہاری زندگی کا سب سے بہتر دن ہے، یہ دن تمہیں مبارک ہو! پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! کیا اللہ کی طرف سے ہے یا آپؐ کی طرف سے؟ یعنی میری توبہ کی قبولیت، پس آپؐ نے فرمایا: (میری طرف سے نہیں ہے) بلکہ اللہ کی طرف سے ہے، پھر آپؐ نے یہ آیتیں پڑھیں ﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ﴾ الآیۃ۔

حضرت کعبؓ کہتے ہیں: اور یہ آیت بھی ہمارے معاملہ میں نازل ہوئی ہے: ''اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھی بنو!'' حضرت کعبؓ کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! بیشک میری توبہ میں سے ہے کہ نہ بات کہوں میں مگر سچ یعنی آئندہ ہمیشہ سچی بات کرونگا، کبھی جھوٹ نہ بولونگا، اور یہ کہ علاحدہ ہو جاؤں میں اپنے سارے مال سے، خیرات کے طور پر اللہ کے لئے اور اس کے رسول کے لئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اپنے پاس اپنا کچھ مال روکے رہو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے!'' پس میں نے عرض کیا: پس میں اپنا وہ حصہ روک لیتا ہوں جو خیبر میں ہے۔

حضرت کعبؓ کہتے ہیں: پس نہیں انعام فرمایا اللہ تعالیٰ نے مجھ پر کوئی انعام — اسلام کے بعد — زیادہ بڑا میرے نزدیک: میرے سچ بولنے سے رسول اللہ ﷺ کے سامنے، جب میں نے اور میرے دو ساتھیوں نے آپؐ سے سچ بولا، اور ہم نے جھوٹ نہیں بولا، ورنہ ہم تباہ ہو جاتے جس طرح منافقین (جھوٹ بول کر) تباہ ہو گئے۔ اور بیشک میں البتہ امید رکھتا ہوں یعنی میرا غالب گمان ہے کہ اللہ نے نہیں آزمایا ہوگا کسی کو بھی سچ بولنے کی وجہ سے، جیسا اللہ نے مجھے آزمایا ہے۔ میں نے اس واقعہ کے بعد کبھی بھی جان بوجھ کر جھوٹ نہیں بولا، اور بیشک مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ میری حفاظت فرمائیں گے، میری باقی زندگی میں بھی!

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے روایت مختصر کردی ہے، پوری روایت بخاری شریف میں ہے اور اس کا ترجمہ میری تفسیر ہدایت القرآن میں ہے۔

[۳۱۲۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، حَتَّى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكٍ، إِلَّا بَدْرًا، وَلَمْ يُعَاتِبِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم أَحَدًا تَخَلَّفَ عَنْ بَدْرٍ، إِنَّمَا خَرَجَ يُرِيْدُ الْعِيْرَ، فَخَرَجَتْ قُرَيْشٌ مُغِيْثِيْنَ لِعِيْرِهِمْ، فَالْتَقَوْا عَنْ غَيْرِ مَوْعِدٍ، كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالىٰ، وَلَعَمْرِيْ! إِنَّ أَشْرَفَ مَشَاهِدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي النَّاسِ لَبَدْرٌ، وَمَا أُحِبُّ أَنِّيْ كُنْتُ شَهِدْتُّهَا مَكَانَ بَيْعَتِيْ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ، حَيْثُ تَوَاثَقْنَا عَلَى الإِسْلَامِ، ثُمَّ لَمْ أَتَخَلَّفْ بَعْدُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى كَانَتْ غَزْوَةُ تَبُوْكٍ، وَهِيَ آخِرُ غَزْوَةٍ غَزَاهَا، وَآذَنَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم النَّاسَ بِالرَّحِيْلِ، فَذَكَرَ الحديثَ بِطُوْلِهِ.

قَالَ: فَانْطَلَقْتُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا هُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ، وَحَوْلَهُ الْمُسْلِمُوْنَ، وَهُوَ يَسْتَنِيْرُ كَاسْتِنَارَةِ الْقَمَرِ، وَكَانَ إِذَا سُرَّ بِالْأَمْرِ اسْتَنَارَ، فَجِئْتُ، فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ: "أَبْشِرْ يَا كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ بِخَيْرِ يَوْمٍ، أَتَى عَلَيْكَ مُنْذُ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ" فَقُلْتُ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ، أَمِنْ عِنْدِ اللّٰهِ أَمْ مِنْ عِنْدِكَ؟ فَقَالَ: "بَلْ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ" ثُمَّ تَلَا هٰؤُلَاءِ الآيَاتِ: ﴿لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِيْنَ

وَالْأَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَاكَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَحِيْمٌ﴾

قَالَ: وَفِيْنَا أُنْزِلَتْ أَيْضًا: ﴿اتَّقُوْا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ﴾ قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! إِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ أَنْ لَا أُحَدِّثَ إِلَّا صِدْقًا، وَأَنْ أَنْخَلِعَ مِنْ مَالِيْ كُلِّهِ، صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُوْلِهِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَمْسِكْ عَلَيْكَ بَعْضَ مَالِكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" فَقُلْتُ: فَإِنِّيْ أُمْسِكُ سَهْمِيَ الَّذِيْ بِخَيْبَرَ.

قَالَ: فَمَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ نِعْمَةً بَعْدَ الإِسْلَامِ أَعْظَمَ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ صِدْقِيْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حِيْنَ صَدَقْتُهُ أَنَا وَصَاحِبَایَ، وَلَانَكُوْنُ كَذَبْنَا، فَهَلَكْنَا كَمَا هَلَكُوْا، وَإِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ لَايَكُوْنَ اللّٰهُ أَبْلَى أَحَدًا فِي الصِّدْقِ مِثْلَ الَّذِيْ أَبْلَانِيْ، مَا تَعَمَّدْتُّ لِكَذِبَةٍ بَعْدُ، وَإِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ يَحْفَظَنِيَ اللّٰهُ فِيْمَا بَقِيَ.

وَقَدْ رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الحديثُ بِخِلَافِ هٰذَا الإِسْنَادِ: قَدْ قِيْلَ: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ كَعْبٍ، وَقَدْ قِيْلَ غَيْرُ هٰذَا، وَرَوَى يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ هٰذَا الحديثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ [كَعْبِ بْنِ] مَالِكٍ، أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ.

سند کی وضاحت: حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے دو بیٹے ہیں: عبدالرحمٰن اور عبداللہ، اور عبداللہ کے بیٹے کا نام بھی عبدالرحمٰن ہے جو حضرت کعبؓ کے پوتے ہیں، یہ حدیث حضرت کعب سے کونسے صاحبزادے روایت کرتے ہیں؟ باب کے شروع میں امام زہریؒ کے شاگرد معمر کی روایت ہے، ان کی سند میں عبدالرحمٰن اپنے ابا حضرت کعبؓ سے روایت کرتے ہیں، دوسری سند میں عبدالرحمٰن پوتے اپنے ابا عبداللہ سے اور وہ اپنے ابا حضرت کعبؓ سے روایت کرتے ہیں، اور امام زہریؒ کے شاگرد یونس کی سند بھی اسی طرح ہے۔ حضرت امام ترمذیؒ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا کہ اصح سند کونسی ہے؟ کیونکہ دونوں صاحبزادے یہ روایت کرتے ہوں یہ بات ممکن ہے۔

۱۴- جمعِ قرآن کی تاریخ

جمع قرآن کے لفظ سے لوگوں کو دھوکہ ہوتا ہے، لوگ ایسا سمجھتے ہیں کہ قرآنِ کریم نبی ﷺ کے زمانہ میں جمع نہیں تھا، صحابہ نے اس کو جمع کیا ہے، حالانکہ یہ بات صحیح نہیں۔ قرآن مکمل جمع اور مرتب تھا، اور اسی طرح حافظوں کو یاد بھی تھا۔ مگر وہ ایک جگہ اکٹھا لکھا ہوا نہیں تھا، اور حکومت کی تحویل میں بھی نہیں رکھا گیا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس کو سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا، جیسا کہ باب کی پہلی روایت میں ہے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حسبِ سابق وہ مسلمانوں کو سونپ دیا، اور وہ گنجائش موقوف کردی جو أُنزل القرآنُ علی سبعة أحرف کے ذریعہ دی گئی تھی، اور اس

گنجائش کے مطابق جومختلف قرآن لوگوں نے لکھ رکھے تھے ان کو جلا دیا، نیز سارا قرآن ایک ساتھ ''مصحف'' میں لکھا ہوا بھی نہیں تھا، ہرسورت علاحدہ علاحدہ لکھی ہوئی تھی، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ان کو کتابی شکل دی گئی، اور دو سورتوں میں فصل کرنے کے لئے درمیان میں بسم اللہ لکھی گئی، کیونکہ بسم اللہ فصل کرنے ہی کے لئے نازل کی گئی تھی۔

جمع قرآن پر مفصل گفتگو تحفۃ الالمعی کے مقدمہ میں (۱:۶۱-۶۶) ہے، اس کی ضرور مراجعت کر لی جائے، اور یہاں جو دو روایتیں ہیں ان کا سلیس ترجمہ بھی وہاں ہے۔ پہلی روایت میں دورِ صدیقی میں جمع قرآن کا بیان ہے، اور دوسری روایت میں دورِ عثمانی میں جمع قرآن کا بیان ہے، اور یہ دونوں روایتیں سورۃ التوبہ کے آخر میں اس لئے لائی گئی ہیں کہ سورۃ التوبہ کی آخری دو آیتیں پہلی جمع کے وقت دستیاب نہیں ہوئی تھیں۔

دورِ صدیقی میں پورا قرآنِ کریم سرکاری ریکارڈ میں لیا گیا

حدیث: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جنگ یمامہ کے موقعہ پر مجھے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بلوایا، میں پہنچا تو ان کے پاس حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ حضرت ابو بکرؓ نے کہا: میرے پاس عمرؓ آئے اور کہا: جنگِ یمامہ میں حفاظ قرآن کی سخت خوں ریزی ہوئی ہے، اور مجھے اندیشہ ہے کہ اگر حفاظِ قرآن کی اسی طرح ساری جنگوں میں خوں ریزی ہوتی رہی تو بہت سارا قرآن ضائع ہو جائے گا، پس میں مناسب سمجھتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا یعنی سرکاری ریکارڈ میں لینے کا حکم دیں، حضرت ابو بکرؓ نے حضرت عمرؓ سے کہا: میں وہ کام کیسے کروں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟! حضرت عمرؓ نے کہا: وہ بخدا اچھا کام ہے، پھر عمرؓ برابر مجھ سے اس معاملہ میں رجوع کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرا سینہ کھول دیا اس کام کے لئے جس کے لئے عمرؓ کا سینہ کھول دیا تھا، اور میں نے بھی اس سلسلہ میں وہ بات دیکھی جو انھوں نے دیکھی ہے...... حضرت زیدؓ کہتے ہیں: حضرت ابو بکرؓ نے کہا: آپ جوان عقلمند آدمی ہیں، ہم آپ پر بدگمانی نہیں کرتے، آپ رسول اللہ ﷺ کے لئے وحی لکھا کرتے تھے، پس آپ قرآن تلاش کریں یعنی اس کی اصل تحریریں حاصل کریں...... حضرت زیدؓ کہتے ہیں: بخدا! اگر وہ حضرات مجھے حکم دیتے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا تو وہ مجھ پر اس کام سے زیادہ بھاری نہ ہوتا، میں نے کہا: آپ دونوں وہ کام کیسے کرتے ہیں جس کو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟! حضرت ابو بکرؓ نے کہا: وہ بخدا! اچھا کام ہے، پس برابر ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما اس معاملہ میں مجھ سے رجوع کرتے رہے، یہاں تک کہ اللہ نے میرا سینہ کھول دیا اس کام کے لئے جس کے لئے ان دونوں حضرات کا سینہ کھول دیا تھا، پس میں نے قرآن تلاش کیا، میں اس کو اکٹھا کرتا تھا، پرچوں سے، کھجور کی شاخوں سے، سفید باریک پتھروں سے اور لوگوں کے سینوں سے، پس میں نے سورۃ التوبہ کی آخری آیت حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس پائی، یعنی ﴿لَقَدْ جَاءَكُمْ﴾ سے آخر سورت تک۔

تشریح: بخاری شریف (فضائلِ قرآن) میں ابوخذیمۃ بن اوس ہے، اور وہی صحیح ہے، اور حضرت خزیمۃ بن ثابتؓ کے پاس دوسری مرتبہ جمع کے وقت سورۃ الاحزاب کی آیت ملی تھی۔

[۳۱۲۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، قَالَ: بَعَثَ إِلَيَّ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، مَقْتَلَ أَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَإِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عِنْدَهُ، فَقَالَ: إِنَّ عُمَرَ قَدْ أَتَانِيْ، فَقَالَ: إِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ يَوْمَ الْيَمَامَةِ، وَإِنِّيْ لَأَخْشَى أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِالْقُرَّاءِ فِيْ الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا، فَيَذْهَبَ قُرْآنٌ كَثِيْرٌ، وَإِنِّيْ أَرَى أَنْ تَأْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ: كَيْفَ أَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ، حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِيْ لِلَّذِيْ شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَأَيْتُ فِيْهِ الَّذِيْ رَأَى.

قَالَ زَيْدٌ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: إِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ لانَتَّهِمُكَ، قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْوَحْيَ، فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ، قَالَ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِيْ نَقْلَ جَبَلٍ مِنَ الْجِبَالِ: مَاكَانَ أَثْقَلَ عَلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ، قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِيْ فِيْ ذٰلِكَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ: أَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَالْعُسُبِ، وَاللِّخَافِ — يَعْنِيْ الْحِجَارَةَ — وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، فَوَجَدْتُ آخِرَ سُوْرَةِ بَرَاءَةٍ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ: ﴿لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَحِيْمٌ، فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ: حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حل لغات: اِسْتَحَرَّ القتلُ: سخت خوں ریزی ہونا، مادہ حَرّ ...... مَقْتَلٌ: جنگ، قتل کی جگہ ...... الرِّقَاع: الرُّقْعَة کی جمع: پرچہ، کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا جس پر لکھا جائے ...... العُسُب: العَسِيْب کی جمع: پتے توڑی ہوئی کھجور کی شاخ ...... اللِّخاف: اللَّخْفَة کی جمع: سفید باریک چوڑا پتھر ...... دوراول میں انہی چیزوں پر لکھا جاتا تھا ...... صدورِ الرجال: مردوں کے سینوں سے یعنی اصلی تحریروں کو حافظوں کے حفظ سے ملایا جاتا تھا۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو موجودہ قرآن پر جمع کیا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ عنہ سفر سے لوٹ کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ اور حضرت عثمانؓ لڑنے کے لئے روانہ کیا کرتے تھے شام والوں کو آرمینیہ اور آذربیجان فتح کرنے کے لئے عراق والوں کے ساتھ یعنی حضرت حذیفہؓ بھی اس جہاد میں گئے تھے، پس حضرت

حذیفہؓ نے ان کا (لشکریوں کا) قرآن میں اختلاف دیکھا، پس انھوں نے حضرت عثمانؓ سے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ امت کی خبر لیں اس سے پہلے کہ وہ قرآن میں مختلف ہو جائیں، جس طرح یہود ونصاریٰ مختلف ہو گئے۔ پس حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آدمی بھیجا کہ آپ ہمارے پاس نوشتے بھیج دیں، ہم ان کو مصحف میں نقل کریں گے، پھر ان نوشتوں کو آپ کی طرف لوٹا دیں گے، پس حضرت حفصہؓ نے وہ نوشتے حضرت عثمانؓ کے پاس بھیج دیئے، پس حضرت عثمانؓ نے حضرات زید بن ثابت، سعید بن العاص، عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام اور عبد اللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم کو بلایا (اور حکم دیا) کہ تم ان نوشتوں کو مصاحف میں نقل کرو، اور تین قریشی حضرات سے کہا: جس میں تم اور زید بن ثابت اختلاف کرو تو اس کو قریش کی لغت میں لکھو، کیونکہ قرآن انہی کی زبان میں اترا ہے، یہاں تک کہ انھوں نے ان نوشتوں کو مصاحف میں لکھا، پھر حضرت عثمانؓ نے مملکت کے ہر حصہ میں ایک مصحف بھیج دیا، ان مصاحف میں سے جو ان حضرات نے لکھے تھے (یہاں تک روایت بخاری میں ہے، حدیث ۴۹۸۷)

امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور مجھ سے خارجۃ بن زید بن ثابت نے بیان کیا کہ زید بن ثابت نے فرمایا: میں نے سورۃ الاحزاب کی ایک آیت گم پائی، جس کو میں نبی ﷺ کو پڑھتے ہوئے سنا کرتا تھا، وہ آیت: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ الآیۃ ہے۔ پس میں نے اس کو تلاش کیا تو اس کو حضرت خزیمۃ بن ثابت کے پاس پایا، یا کہا: ابوخزیمہ کے پاس پایا، پس میں نے اس کو اس کی سورت میں ملا دیا۔

امام زہری کہتے ہیں: پس ان حضرات میں اس دن اختلاف ہوا تابوت اور تابوہ میں (یہ لفظ سورۃ البقرۃ آیت ۲۴۸ میں آیا ہے) پس قریشی حضرات نے تابوت کہا، اور زید بن ثابت نے تابوہ کہا، پس ان کا اختلاف حضرت عثمانؓ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو آپؓ نے فرمایا: تابوت لکھو، کیونکہ قرآن قریش کی زبان میں اترا ہے۔

امام زہریؒ کہتے ہیں: پس مجھے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ نے بتلایا کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو حضرت زیدؓ کا مصاحف لکھنا ناگوار ہوا، اور انھوں نے کہا: ''اے مسلمانو! کیا علاحدہ رکھا جاؤں گا میں مصاحف لکھنے سے، اور ذمہ دار بنے گا مصاحف کا ایک معمولی آدمی! بخدا! میں مسلمان ہوا ہوں، اور وہ کافر باپ کی پیٹھ میں تھا'' وہ زید بن ثابتؓ کو مراد لے رہے تھے، اور اسی وجہ سے عبد اللہ بن مسعودؓ نے کہا: ''اے عراقیو! چھپاؤ ان مصاحف کو جو تمہارے پاس ہیں، اور ان کا پتہ کسی کو نہ چلنے دو، پس بیشک اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''جو شخص کوئی چیز چھپائے گا وہ قیامت کے دن اس چیز کے ساتھ آئے گا جس کو اس نے چھپایا ہے'' (سورۃ آل عمران آیت ۱۶۱ یہ آیت مالِ غنیمت میں خیانت کے بارے میں ہے) پس ملاقات کرو تم اللہ سے اپنے مصاحف کے ساتھ''......امام زہریؒ کہتے ہیں: پس مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ یہ چیز ابن مسعودؓ کی باتوں میں سے بڑے درجے کے صحابہ میں سے بہت سے حضرات نے ناپسند کی (کیونکہ حضرت ابن مسعودؓ کوفہ میں تھے، اور مصاحف کی تیاری کا کام مدینہ میں ہو رہا تھا، پس ان کو کمیٹی میں

کیسے شامل کیا جاسکتا تھا؟ اور حضرت زیدؓ کو یہ کام پہلی مرتبہ نہیں سونپا گیا تھا، وہ دورِ صدیقی میں بھی جمع قرآن کا کام کرچکے تھے، اس لئے وہی اس کام کے زیادہ حقدار تھے، اور حضرت ابن مسعودؓ کی ناراضگی بلا وجہ تھی)

[۳۱۲۸-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ حُذَيْفَةَ قَدِمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، وَكَانَ يُغَازِىْ أَهْلَ الشَّامِ فِيْ فَتْحِ أَرْمِيْنِيَّةَ، وَأَذْرَبِيْجَانَ مَعَ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَرَأَى حُذَيْفَةُ اخْتِلاَفَهُمْ فِيْ الْقُرْآنِ، فَقَالَ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَدْرِكْ هٰذِهِ الأُمَّةَ قَبْلَ أَنْ يَخْتَلِفُوْا فِيْ الْكِتَابِ، كَمَا اخْتَلَفَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارَى، فَأَرْسَلَ إِلَى حَفْصَةَ أَنْ أَرْسِلِي إِلَيْنَا بِالصُّحُفِ، نَنْسَخُهَا فِيْ الْمَصَاحِفِ، ثُمَّ نَرُدُّهَا إِلَيْكِ، فَأَرْسَلَتْ حَفْصَةُ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ بِالصُّحُفِ، فَأَرْسَلَ عُثْمَانُ إِلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ: أَنِ انْسَخُوْا الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لِلرَّهْطِ الْقُرَشِيِّيْنَ الثَّلاَثَةِ: مَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ أَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَإِنَّمَا نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، حَتَّى نَسَخُوْا الصُّحُفَ فِيْ الْمَصَاحِفِ، بَعَثَ عُثْمَانُ إِلَى كُلِّ أُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِنْ تِلْكَ الْمَصَاحِفِ الَّتِيْ نَسَخُوْا.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَحَدَّثَنِيْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدٍ، أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ: فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْأَحْزَابِ كُنْتُ أَسْمَعُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقْرَؤُهَا: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ﴾ فَالْتَمَسْتُهَا، فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ، أَوْ: أَبِيْ خُزَيْمَةَ، فَأَلْحَقْتُهَا فِيْ سُوْرَتِهَا.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَاخْتَلَفُوْا يَوْمَئِذٍ فِيْ التَّابُوْتِ وَالتَّابُوْهِ، فَقَالَ الْقُرَشِيُّوْنَ: التَّابُوْتُ، وَقَالَ زَيْدٌ: التَّابُوْهُ، فَرُفِعَ اخْتِلاَفُهُمْ إِلَى عُثْمَانَ، فَقَالَ: اكْتُبُوْهُ التَّابُوْتَ، فَإِنَّهُ نَزَلَ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَأَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ كَرِهَ لِزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ نَسْخَ الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ! أُعْزَلُ عَنْ نَسْخِ كِتَابَةِ الْمَصَاحِفِ، وَيَتَوَلَّاهَا رَجُلٌ، وَاللّٰهِ لَقَدْ أَسْلَمْتُ وَإِنَّهُ لَفِيْ صُلْبِ رَجُلٍ كَافِرٍ، يُرِيْدُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَلِذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ: يَا أَهْلَ الْعِرَاقِ اكْتُمُوْا الْمَصَاحِفَ الَّتِيْ عِنْدَكُمْ، وَغُلُّوْهَا، فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ فَالْقَوُا اللّٰهَ بِالْمَصَاحِفِ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَبَلَغَنِيْ أَنَّ ذٰلِكَ كَرِهَ مِنْ مَقَالَةِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رِجَالٌ مِنْ أَفَاضِلِ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ حديثُ الزُّهْرِيِّ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِهِ.

وَمِنْ سُوْرَةِ يونس

سورۂ یونس کی تفسیر

۱-جنت میں سب سے بڑی نعمت دیدارِ الٰہی ہے

حدیث: سورۂ یونس (آیت ۲۶) میں ہے: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ﴾: جن لوگوں نے نیک کام کئے ان کے لئے خوبی یعنی جنت ہے، اور مزید برآں یعنی دیدارِ الٰہی ہے، اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب جنتی جنت میں پہنچ جائیں گے تو ایک پکارنے والا پکارے گا: بیشک تمہارے لئے اللہ کے پاس ایک وعدہ ہے'' یعنی ابھی اللہ تعالیٰ تمہیں ایک اور چیز عنایت فرمائیں گے، بندے عرض کریں گے: کیا انھوں نے ہمارے چہرے روشن نہیں کئے؟ اور دوزخ سے نجات نہیں بخشی؟ اور جنت میں داخل نہیں کیا؟ فرشتے کہیں گے: کیوں نہیں! یعنی بیشک یہ سب چیزیں تمہیں دیدی گئی ہیں، مگر اب بھی ایک نعمت باقی ہے، پس حجاب اٹھایا جائے گا (اور جنتی جمالِ حق کا نظارہ کریں گے) نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس بخدا! نہیں عطا کی اللہ نے ان کو کوئی چیز جو ان کے نزدیک زیادہ محبوب ہو جمالِ الٰہی کے دیدار سے''

حوالہ: یہ حدیث اسی سند سے پہلے ابواب صفۃ الجنۃ (باب ۱۶ حدیث ۲۵۴۸ تحفہ ۶: ۳۲۵) میں گذر چکی ہے۔

[۱۱-] ومن سُوْرَةِ يُوْنُسَ

[۳۱۲۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ تَعَالىٰ: ﴿لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ﴾ قَالَ: '' إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، نَادَى مُنَادٍ: إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ مَوْعِدًا، قَالُوْا: أَلَمْ يُبَيِّضْ وُجُوْهَنَا، وَيُنَجِّنَا مِنَ النَّارِ، وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ؟ قَالُوْا: بَلٰى، فَيُكْشَفُ الْحِجَابُ'' قَالَ: '' فَوَ اللّٰهِ مَا أَعْطَاهُمْ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِ''

حديثُ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ هٰكَذَا رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ مَرْفُوْعًا، وَرَوَى سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ هٰذَا الحديثَ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى قَوْلَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ صُهَيْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: ہمارے نسخوں میں حدیث میں يُنَجِّيْنَا: ی کے ساتھ ہے، جبکہ لم کی وجہ سے حرف علت گرنا چاہئے، اور پہلے جہاں یہ حدیث آئی ہے: ی نہیں ہے، چنانچہ میں نے یہاں بھی ی حذف کردی ہے......اور قالوا: بلى: بھی

یہاں نہیں ہے، مگر پہلے ہے اس لئے یہاں بھی اس کو بڑھایا ہے۔

۲-مؤمن کو دنیا میں خوشخبری خواب کے ذریعہ ملتی ہے

حدیث: مصر کے ایک شخص نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے: ﴿لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾ کی تفسیر پوچھی کہ مؤمن کو دنیا میں خوش خبری کس طرح ملتی ہے؟ حضرت ابوالدرداءؓ نے فرمایا: جب سے میں نے یہ بات نبی ﷺ سے پوچھی ہے کسی نے مجھ سے آپ کے علاوہ یہ بات نہیں پوچھی، ہاں ایک اور شخص نے بھی یہ بات پوچھی تھی، اور جب میں نے نبی ﷺ سے اس کی تفسیر پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: جب سے یہ آیت نازل ہوئی ہے آپ کے علاوہ کسی نے بھی مجھ سے ''بشریٰ'' کے بارے میں نہیں پوچھا۔ اس آیت میں بشریٰ سے مراد نیک خواب ہے، جس کو مسلمان دیکھتا ہے، یا وہ اس کے لئے دیکھا جاتا ہے۔

حوالہ: یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۲۷۱ ابواب الرؤیا باب ۳ تحفہ ۶:۵۹ میں) آچکی ہے، اور حضرت عبادۃ بن الصامت کی حدیث بھی اسی باب میں ہے، اور ہمارے نسخوں میں متن ناقص تھا، پہلے مکمل ہے، چنانچہ یہاں بھی متن حسب سابق کر دیا ہے۔

[۳۱۳۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ ابن الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا﴾ قَالَ: مَا سَأَلَنِيْ عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ، إِلَّا رَجُلٌ وَاحِدٌ، مُنْذُ سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْهَا: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَا سَأَلَنِيْ عَنْهَا أَحَدٌ غَيْرُكَ مُنْذُ أُنْزِلَتْ! هِيَ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ، يَرَاهَا الْمُسْلِمُ أَوْ تُرَى لَهُ"

حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ السَّمَّانِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ مِصْرَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَيْسَ فِيْهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، وفى الباب: عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

سند کی وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی دو سندیں پیش کی ہیں۔ پہلی سند دو طریق سے ہے، پہلا طریق ابن المنکدر کا ہے، اس میں عطاء بن یسار کا ذکر ہے، دوسرا طریق ابو صالح کا ہے، اس میں بھی عطاء کا ذکر ہے اور دوسری سند مستقل ہے، اس میں عطاء کا تذکرہ نہیں۔

۳- فرعون کے منہ میں کیچ بھردینے کی روایت

سورۃ یونس (آیات ۹۰-۹۲) میں ہے: ''اور ہم نے بنی اسرائیل کو دریا کے پار اتار دیا، پھر فرعون اور اس کے لشکر نے شرارت اور زیادتی کے ارادے سے ان کا پیچھا کیا، تا آنکہ جب وہ ڈوبنے لگا تو بولا: میں یقین کرتا ہوں کہ اس ہستی کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں، اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوتا ہوں، کیا اب؟ حالانکہ پیشتر تو نے برابر نافرمانی کی، اور قطعی فسادیوں میں سے تھا! پس آج ہم تیری لاش کو نجات دیں گے، تاکہ تو اپنے پیچھے والوں کے لئے (عبرت کی) نشانی بنے، اور بیشک بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے قطعاً غافل ہیں۔

اور فرعون کے بوقتِ نزع ایمان لانے کے سلسلہ میں ایک روایت دوسندوں سے آئی ہے:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب اللہ تعالیٰ نے فرعون کو غرقاب کیا تو اس نے کہا: ''میں یقین کرتا ہوں کہ اس ہستی کے سوا کوئی معبود نہیں، جس پر بنی اسرائیل ایمان رکھتے ہیں'' پس جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا: ''اے محمد! اگر آپؐ مجھے دیکھتے درانحالیکہ میں دریا کی کالی کیچ ہاتھ میں لئے ہوئے تھا، اور اس کو فرعون کے منہ میں ٹھونس رہا تھا، اس اندیشہ سے کہ کہیں اس کو رحمتِ الٰہی نہ پالے (تو آپؐ کو بڑی حیرت ہوتی!)

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسن کہا ہے، جبکہ اس کی سند میں علی بن زید بن جُدعان: مشہور ضعیف راوی ہے، اور اس کا استاذ یوسف بن مہران بصری بھی بس ایسا ہی راوی ہے، وہ لَیِّنُ الحدیث ہے، اور اس سے صرف ابن جُدعان ہی روایت کرتا ہے، پس وہ مجهول الذات بھی ہے، اس لئے یہ حدیث حسن نہیں، بلکہ ضعیف ہے۔

حدیث (۲): مذکورہ بالا حدیث امام شعبہ رحمہ اللہ: عدی بن ثابت اور عطاء بن السائب سے روایت کرتے ہیں، اور وہ دونوں سعید بن جبیر سے، اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، اور ان دونوں (عدی اور عطاء) میں سے ایک نے حدیث کو مرفوع کیا ہے (اور دوسرے نے اس کو ابن عباس کا قول قرار دیا ہے) کہ انھوں نے یعنی نبی ﷺ نے ذکر کیا کہ جبرئیل علیہ السلام نے فرعون کے منہ میں کیچ ٹھونسنی شروع کی، اس اندیشہ سے کہ کہیں وہ لا إله إلا الله کہہ لے، پس اس پر اللہ مہربانی فرمائیں، یا کہا کہ اس ڈر سے کہ اللہ اس پر مہربانی کریں۔

تشریح: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے، مگر ساتھ ہی غریبٌ بھی کہا ہے، کیونکہ عدی بن ثابت اگرچہ ثقہ راوی ہیں، مگر عطاء بن السائب معمولی راوی (صدوق) ہیں، اور آخر میں ان کا حافظہ بھی بگڑ گیا تھا، اور یہ معلوم نہیں کہ اس حدیث کو ان دونوں میں سے کس نے مرفوع کیا ہے؟

اور یہ حدیث پہلی سند سے مسند احمد وغیرہ میں ہے، مگر کتبِ خمسہ میں نہیں ہے، اور دوسری سند سے مسند ابوداؤد طیالسی میں ہے، اور کتبِ خمسہ میں سے کسی کتاب میں نہیں ہے، اس لئے یہ مرفوع حدیث ثابت نہیں، ہاں ابن عباسؓ

کا قول ہوسکتا ہے، مگر حضرت ابن عباسؓ کی یہ تفسیر قرآن کے بیان کے معارض ہے، قرآن کہتا ہے: ’’کیا اب؟‘‘ یعنی اب جبکہ نزع کا وقت آ گیا ایمان لاتا ہے! اب ایمان لانے کا وقت کہاں رہا؟ نزع کا ایمان معتبر نہیں، پھر اس کے منہ میں مٹی بھرنے سے کیا فائدہ؟

پس اس روایت پر امام رازیؒ نے تفسیر میں جو اعتراضات کئے ہیں: وہ درست ہیں، اور خازن رحمہ اللہ نے جو حدیث کی تصحیح کی ہے، اور اعتراضات کے جواب دینے کی کوشش کی ہے: وہ بے فائدہ ہے، اور الکوکب الدری میں یہاں بیاض ہے، معلوم نہیں حضرت گنگوہی قدس سرہ کی اس حدیث کے بارے میں کیا رائے تھی؟

[۳۱۳۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَهْرَانَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَمَّا أَغْرَقَ اللّٰهُ فِرْعَوْنَ: ﴿قَالَ: آمَنْتُ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا الَّذِىْ آمَنَتْ بِهِ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ﴾ فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ: يَا مُحَمَّدُ! لَوْ رَأَيْتَنِىْ، وَأَنَا آخُذُ مِنْ حَالِ الْبَحْرِ، وَأَدُسُّهُ فِىْ فِيْهِ: مَخَافَةَ أَنْ تُدْرِكَهُ الرَّحْمَةُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۱۳۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، ذَكَرَ أَحَدُهُمَا عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ جِبْرَئِيْلَ جَعَلَ يَدُسُّ فِىْ فِيِّ فِرْعَوْنَ الطِّيْنَ: خَشْيَةَ أَنْ يَقُوْلَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَيَرْحَمَهُ اللّٰهُ، أَوْ: خَشْيَةَ أَنْ يَرْحَمَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

وَمِنْ سُوْرَةِ هود

سورۂ ہود علیہ السلام کی تفسیر

۱- کائنات کا آغاز کس طرح ہوا؟

سورۂ ہود (آیت ۷) میں ہے: ﴿وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِىْ سِتَّةِ أَيَّامٍ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلاً﴾ ترجمہ: اور وہ (اللہ) ایسے ہیں کہ آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں (چھ ادوار) میں پیدا کیا، اور ان کا تختِ شاہی پانی پر تھا: تاکہ وہ تم کو آزمائیں کہ تم میں سب سے اچھے عمل کرنے والا کون ہے؟

اس قسم کی آیات کی تفسیر میں دو حدیثیں مروی ہیں۔ ایک روایت بخاری شریف میں ہے (یہ روایت ترمذی شریف میں بھی بالکل آخر میں آرہی ہے، مگر وہ مختصر ہے، بخاری میں مفصل ہے) اور دوسری روایت یہاں ہے (یہ روایت ابن ماجہ (حدیث ۱۸۲) اور مسند احمد (۴: ۱۱و۱۲) میں بھی ہے پہلے آپ بخاری شریف کی روایت پڑھیں:

حدیث (۱): حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: قبیلۂ بنوتمیم کے کچھ لوگ (مالی تعاون کی امید لے کر) آئے (اس وقت آپؐ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا) پس آپؐ نے فرمایا: اِقْبَلُوْا الْبُشْریٰ یابنی تمیم: اے خاندانِ تمیم کے لوگو! خوش خبری قبول کرو یعنی برکتیں اور دعائیں لے جاؤ ان لوگوں نے دو مرتبہ کہا: آپؐ نے ہمیں خوش خبری دی، پس کچھ (مال) دیجئے، پس آپؐ کا چہرہ بدل گیا (کیونکہ دینے کے لئے کچھ نہیں تھا) پھر آپؐ کے پاس یمن کے کچھ لوگ آئے (آپؐ نے خیال فرمایا کہ یہ لوگ بھی مالی تعاون کی امید لے کر آئے ہیں) چنانچہ (ان سے بھی) آپؐ نے فرمایا: ''خوش خبری قبول کرو اے یمن والو! جبکہ اس کو بنوتمیم نے قبول نہیں کیا'' ان لوگوں نے عرض کیا: ہم خوش خبری قبول کرتے ہیں اے اللہ کے رسول! (اور انھوں نے کہا: ہم مال کے لئے نہیں آئے، بلکہ علم حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں) ہم اس لئے آئے ہیں کہ آپؐ سے اس کائنات کے آغاز کے بارے میں دریافت کریں (آپؐ ان کے جواب سے خوش ہوئے) پس آپؐ نے فرمایا: كان الله ولم يكن شيئ غيره (وفي رواية: قبله) وكان عرشه على الماء، وكتب في الذكر كل شيئ، وخلق السماوات والأرض: اللہ پاک تھے، اور ان کے علاوہ کوئی چیز نہیں تھی (اور بخاری ہی کی ایک روایت میں ہے کہ اللہ سے پہلے کوئی چیز نہیں تھی) اور ان کا تختِ شاہی پانی پر تھا، اور اللہ نے ہر چیز لوح محفوظ میں لکھ دی، اور آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا (حدیث ۳۱۹۱ و ۷۴۱۸) پھر ایسا ہوا کہ کسی نے حضرت عمرانؓ سے کہا: تمہارا اونٹ چل دیا، چنانچہ وہ اپنے اونٹ کی طلب میں چلے گئے، اور آگے کا مضمون نہیں سن سکے، فیا للأسف!

حدیث (۲): حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! اپنی مخلوقات کو پیدا کرنے سے پہلے ہمارے پروردگار کہاں تھے؟ آپؐ نے فرمایا: كان في عَمَاءٍ، ما تحته هواء، وما فوقَه هواء، وخلق عرشَه على الماء: اللہ تعالیٰ بادل میں تھے، اس سے نیچے خلا تھا، اور اس سے اوپر خلا تھا، اور اللہ نے اپنا عرش پانی پر پیدا کیا۔

تشریح: یہ دوسری حدیث جو ترمذی میں ہے معرکۃ الآراء ہے، آپ پہلے چند متفرق باتیں سمجھ لیں:

۱- یہ حدیث ٹھیک ہے، امام ترمذی نے اس کو حسن کہا ہے، بعض لوگ اس کی تضعیف کرتے ہیں، یہ ٹھیک نہیں کیونکہ حضرت عمرانؓ کی مذکورہ بالا حدیث اس کی شاہد ہے۔

۲- تمام کتابوں میں: قَبل أن يَخْلُقَ خَلْقَه ہے، یعنی کائنات پیدا کرنے سے پہلے پروردگار عالم کہاں تھے؟ مگر مسند احمد میں یہ حدیث دو جگہ آئی ہے، پہلی جگہ (۱۱:۴) یزید بن ہارون کی روایت ہے، اس میں وہی الفاظ ہیں جو یہاں ترمذی میں ہیں۔ اور دوسری جگہ (۱۲:۴) بہز بن حکیم کی روایت ہے، ان کے الفاظ ہیں: قبل أن يخلق السماواتِ والأرضَ: آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے سے پہلے پروردگار عالم کہاں تھے؟ اور ایک حدیث دوسری حدیث کی شرح کرتی ہے، پس سوال مطلق کائنات کے آغاز کے بارے میں نہیں تھا، بلکہ اس عالم مشاہد کے آغاز کے بارے میں تھا۔

۳- لفظ العَمَاء: ممدود بھی ہوسکتا ہے اور مقصور بھی، العماء (ممدود) کے معنی ہیں: بادل، اور العمیٰ اور العما

(مقصور) کے معنی ہیں: لیس معه شیئ: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کچھ نہیں تھا، یہ ترجمہ امام ترمذی کے استاذ الاستاذ یزید بن ہارون نے کیا ہے، جو کتاب میں ہے، مگر شراح عام طور پر پہلا ترجمہ کرتے ہیں، پس وہی ترجمہ صحیح ہے، کیونکہ اگلے جملوں سے جوڑ بھی اسی صورت میں ہوتا ہے۔

۴- ما تحته اور ما فوقه میں ما کیسا ہے؟ نافیہ یا موصولہ؟ شارحین نے دونوں احتمال ذکر کئے ہیں، ما نافیہ کی صورت میں ترجمہ ہوگا: اس (بادل) سے نیچے ہوا نہیں تھی، نہ اس کے اوپر ہوا تھی۔ اور ما موصولہ کی صورت میں ترجمہ ہوگا: اس (بادل) سے نیچے ہوا تھی اور اس کے اوپر بھی ہوا تھی۔

۵- هواء سے کیا مراد ہے؟ کیا وہ ہوا مراد ہے جو عناصر اربعہ میں سے ایک عنصر ہے، اور جو کرۂ ارض کو محیط ہے یا اس کے معنی خلا (خالی جگہ) کے ہیں، کیونکہ عربی میں ہر خالی چیز کو بھی هواء کہتے ہیں، کہا جاتا ہے: قلب هواء: خالی دل، اور سورۃ ابراہیم (آیت ۴۳) میں ہے: ﴿وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ﴾: ان کے دل خالی (بدحواس) تھے۔ شارحین کرام نے دونوں احتمال ذکر کئے ہیں، میرے نزدیک هواء بمعنی خلا راجح ہے، یعنی اس بادل سے اوپر اور نیچے خلا تھا یعنی بالفعل کوئی مخلوق موجود نہیں تھی، ابن ماجہ کی روایت میں ہے: وما ثَمَّ خلق: وہاں کوئی مخلوق نہیں تھی، یہ تقریباً صراحت ہے کہ هواء بمعنی خلا ہے، کیونکہ کرۂ ہوا تو خود ایک مخلوق ہے۔

۶- یہ بادل: جس کا اس حدیث میں ذکر ہے: کیا ہے؟ کیا یہ اللہ کی کوئی صفت ہے یا یہ کوئی مخلوق ہے؟ عام طور پر شارحین نے اس کو اللہ کی صفت قرار دیا ہے، اور اللہ کی صفات کو ایک حد تک ہی سمجھا جا سکتا ہے، پس اس کی زیادہ کاوش ٹھیک نہیں۔

لیکن محققین کی رائے یہ ہے کہ یہ بادل اللہ کی صفت نہیں ہے، بلکہ ایک مخلوق ہے، اور اس لفظ سے وجود منبسط کو تعبیر کیا گیا ہے۔ وجودِ مُنْبَسِطْ: یعنی پھیلا ہوا وجود، جو عالم مشاہد کا مادۂ تخلیق ہے، جیسے سورج نکلتا ہے تو فضا میں ایک نور (دھوپ) پھیل جاتا ہے، جس میں تقطیعات (ڈیزائنیں) نہیں ہوتیں، پھر جب وہ نور روشن دان سے گذر کر گھر میں آتا ہے تو اس میں روشن دان کی ڈیزائنوں کے مطابق ڈیزائنیں بن جاتی ہیں، اور دھوپ کی مختلف شکلیں رونما ہو جاتی ہیں، اور یہ شکلیں عدم دھوپ کے احاطے سے پیدا ہوتی ہیں...... اسی طرح زمین وآسمان کی تخلیق سے پہلے اللہ تعالیٰ نے ایک وجود پیدا کیا تھا، اور یہ وجودِ خالق نہیں تھا، بلکہ وجودِ مخلوق تھا، اسی وجود مخلوق کو اس حدیث میں بادل سے تعبیر کیا گیا ہے، تخلیقِ ارض وسماء سے پہلے یہ وجود ہر سو پھیلا ہوا تھا، جیسے آفتاب کا نور فضا میں پھیلا ہوا ہوتا ہے، پھر اس وجود منبسط کے حصے بنے، اس طرح کہ ان کو عدموں نے گھیرا تو مخلوقات وجود میں آئیں، پس اس عالم مشاہد کی تمام مخلوقات ایک ہی وجودِ مخلوق کے حصے ہیں۔ اور اسی کا نام وحدت الوجود ہے، مگر ابن الوقت بات سمجھے نہیں، اور وجود مخلوق کو وجودِ خالق کے ساتھ متحد کر دیا، اور أنا الحق کا نعرہ بلند کر دیا، یہ ان کی ناسمجھی تھی۔

اس کی دوسری مثال: پانی اور اس میں اٹھنے والے بلبلے ہیں، بلبلے اٹھتے رہتے ہیں، ٹوٹتے رہتے ہیں اور اسی پانی میں ملتے رہتے ہیں...... غرض تخلیق ارض وسماء سے پہلے پانی پیدا کیا جاچکا تھا، اور عرش معلیٰ اسی پر بچھایا گیا تھا، پھر اس بادل (وجود مخلوق) کو جو فضا میں پھیلا ہوا تھا: عالم مشاہد (آسمان وزمین) کی صورت میں جلوہ گر کیا، اور اس طرح یہ کائنات وجود میں آئی۔ بس حدیث کا اتنا ہی مطلب ہے، اس کے علاوہ جو کچھ کہا گیا ہے: وہ موشگافی ہے۔

سوال: سائل نے سوال کیا ہے: أین کان ربنا: اور أین: مکان دریافت کرنے کے لئے آتا ہے، اور جواب میں فرمایا ہے: فی عماء: اور فی ظرفیت کے لئے آتا ہے: پس کیا اللہ تعالیٰ مکانی ہیں؟ یعنی ان کے لئے کوئی مکان ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نہ زمانی ہیں نہ مکانی یعنی وہ نہ زمانے کے محتاج ہیں نہ مکان کے، کیونکہ زمان ومکان انہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ پس خالق: اپنی مخلوق کا محتاج کیسے ہوسکتا ہے!...... البتہ خالق کا اپنی مخلوق کے ساتھ تعلق قائم ہوسکتا ہے، الرحمن علی العرش استوی میں اور ء أمنتم من فی السماء میں، اور وھو معکم أین ما کنتم میں اسی تعلق کا بیان ہے، اسی طرح سوال میں جو أین ہے اور جواب میں جو فی ہے: ان سے بھی یہی تعلق مراد ہے، مکانیتِ واقعی اور ظرفیتِ حقیقی مراد نہیں۔

[۱۲-] وَمِنْ سُوْرَةِ هُوْدٍ

[۳۱۳۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ وَكِيْعِ بْنِ حُدُسٍ، عَنْ عَمِّهِ أَبِىْ رَزِيْنٍ، قَالَ: قُلْتُ: يارسولَ اللّٰهِ! أَيْنَ كَانَ رَبُّنَا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ خَلْقَهُ؟ قَالَ: ”كَانَ فِيْ عَمَاءٍ: مَا تَحْتَهُ هَوَاءٌ، وَمَا فَوْقَهُ هَوَاءٌ، وَخَلَقَ عَرْشَهُ عَلَى الْمَاءِ“ قَالَ أَحْمَدُ: قَالَ يَزِيْدُ: الْعَمَا: أَىْ لَيْسَ مَعَهُ شَيْئٌ.

هَكَذَا يَقُوْلُ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ: وَكِيْعُ بْنُ حُدُسٍ، وَيَقُوْلُ شُعْبَةُ، وَأَبُوْ عَوَانَةَ، وَهُشَيْمٌ: وَكِيْعُ بْنُ عُدُسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

وضاحت: حدیث کے راوی: وکیع کے والد کا نام حُدُس (ح کے ساتھ) ہے یا عُدُس (عین کے ساتھ)؟ اس میں اختلاف ہے، صحیح عدس (عین کے ساتھ) ہے۔

۲- اللہ پاک ظالم کو مہلت دیتے ہیں

سورۂ ہود (آیت ۱۰۲) ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرىٰ وَهِىَ ظَالِمَةٌ، إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيْمٌ شَدِيْدٌ﴾ ترجمہ: اور ایسی ہوتی ہے آپ کے رب کی پکڑ، جب وہ پکڑتے ہیں بستیوں کو درانحالیکہ وہ ظلم کرنے والی ہوتی ہیں، بیشک ان کی

پکڑ دردناک سخت ہے!......اور متفق علیہ حدیث میں ہے: إن اللّٰه يُمْلِي الظالمَ، حتی إذا أخذه لم يُفلِته: اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتے ہیں، پھر جب اس کو پکڑتے ہیں تو چھوڑتے نہیں، أَمْلَاهُ اللّٰه: اللہ کا کسی کی زندگی کو طول دینا اور فائدہ اٹھانے دینا......أَفْلَتَ الشيئَ: چھوڑ دینا، نکلنے دینا، جیسے أَفْلَتَ الحبلَ من يده: رسّی اپنے ہاتھ سے چھوڑ دی۔

تشریح: اس آیت میں اور اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کے قانونِ امہال کا ذکر ہے، قرآنِ کریم میں جگہ جگہ اللہ کے اس قانون کا تذکرہ آیا ہے، سورۃ القلم (آیت ۴۵) میں ہے: ﴿وَأُمْلِيْ لَهُمْ، إِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ﴾: اور میں ان کو مہلت دیتا ہوں یعنی دنیا میں ایک دم عذاب نازل نہیں کردیتا، بیشک میری تدبیر بڑی مضبوط ہے، یعنی جب پکڑتا ہوں تو کوئی بچ نہیں سکتا۔ پس ظالم (شرک وکفر کرنے والے اور عملی ظلم کرنے والے) مطمئن نہ ہوجائیں اور اللہ کی پکڑ سے بے خوف نہ ہوجائیں، وہ دیر سویر ان کو ضرور پکڑیں گے، اور جب پکڑیں گے تو جڑ موڑ سے کھود دیں گے!

[۳۱۳۴-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يُمْلِيْ - وَرُبَّمَا قَالَ: يُمْهِلُ - الظَّالِمَ، حَتَّى إِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ" ثُمَّ قَرَأَ:﴿وَكَذٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَى وَهِيَ ظَالِمَةٌ﴾ الآيَة.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى أَبُوْ أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ نَحْوَهُ، وَقَالَ:" يُمْلِيْ"

حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنْ أَبِيْ أُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَقَالَ:" يُمْلِيْ" وَلَمْ يَشُكَّ فِيْهِ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اس کو بُرید سے ابو معاویہ اور ابو اسامہ روایت کرتے ہیں، ابو معاویہ کی روایت میں شک ہے کہ حدیث میں يُمْلِيْ ہے یا يُمْهِلُ؟ دونوں کے معنی ایک ہیں، اور ابو اسامہ کی روایت میں شک کے بغیر یملی ہے۔

۳- نیک بختی اور بدبختی ازل سے طے ہے، مگر انسان عمل کا مکلّف ہے

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سورہ ہود کی (آیت ۱۰۵) نازل ہوئی: ﴿فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيْدٌ﴾ یعنی اہل محشر میں سے کچھ لوگ بدبخت ہونگے اور کچھ لوگ نیک بخت: تو میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: اے اللہ کے نبی! پس ہم کس بنا پر عمل کرتے ہیں؟ کسی ایسی بات پر جس سے نمٹا جاچکا ہے، یا کسی ایسی بات پر جس سے ابھی نہیں نمٹا گیا؟ یعنی بدبخت ہونا اور نیک بخت ہونا قیامت کے دن انسان کے عمل کی بنیاد پر طے ہوگا یا یہ بات پہلے سے طے شدہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "(نہیں) بلکہ ایسی بات پر (ہم عمل کرتے ہیں) جس سے نمٹا جاچکا ہے، اور قلم تقدیر اس کو لکھ چکے ہیں: اے عمر! یعنی نیک بخت اور بدبخت ہونا ازل سے طے ہے (یہ تقدیر کا اللہ کی جانب کا پہلو ہے) مگر ہر شخص کے لئے وہ کام

آسان کیا گیا ہے جس کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے'' (یہ عمل کی جانب ہے یعنی انسان ازلی تقدیر کے مطابق عمل کا مکلّف ہے)
حوالہ: یہ حدیث دوسری سند سے پہلے آچکی ہے (حدیث ۲۱۳۵ ابواب القدر باب ۳ تحفہ ۴۹۲:۵) وہاں شرح دیکھیں۔

[۳۱۳۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ: هُوَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيْدٌ﴾ سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! فَعَلَى مَا نَعْمَلُ؟ عَلَى شَيْئٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، أَوْ عَلَى شَيْئٍ لَمْ يُفْرَغْ مِنْهُ؟ قَالَ:'' بَلْ عَلَى شَيْئٍ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ، وَجَرَتْ بِهِ الأَقْلَامُ، يَا عُمَرُ! وَلٰكِنْ كُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو.

۴- نیکیاں گناہوں کو مٹادیتی ہیں

سورۂ ہودؑ (آیت ۱۱۴) میں ہے: ﴿وَأَقِمِ الصَّلاَةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ، ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰاكِرِيْنَ﴾ ترجمہ: اور دن کے دونوں سروں پر اور رات کے ابتدائی حصہ میں نماز کا اہتمام کیجئے یعنی پانچ نمازیں پابندی سے پڑھئے، بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹادیتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت پذیر ہونے والوں کے لئے۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین حدیثیں ذکر کی ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود کی، حضرت معاذ بن جبل کی، اور حضرت ابوالیَسَر کعب بن عمرو بن عباد سَلمی انصاری بدری کی رضی اللہ عنہم:

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اس نے عرض کیا: میں نے مدینہ کے آخری حصہ میں ایک عورت کو چھیڑا ہے (عَالَجَ الأَمْرَ: کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرنا، عَالَجَ امرأةً: زنا کرنے کی کوشش کرنا) اور میں اسے پہنچا ہوں اس سے ورے کہ میں اس سے صحبت کروں یعنی میں نے صحبت کے علاوہ اس سے ناجائز فائدہ اٹھایا ہے، اور میں یہ ہوں یعنی آپؐ کے پاس حاضر ہوں، پس آپؐ میرے بارے میں جو چاہیں فیصلہ کریں۔ پس اس سے حضرت عمرؓ نے کہا: اللہ نے تیری پردہ پوشی کی، پس کاش تو بھی اپنی پردہ پوشی کرتا یعنی اپنا معاملہ نبی ﷺ کے سامنے نہ رکھتا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو کوئی جواب نہ دیا، پس وہ آدمی چلا گیا، پھر نبی ﷺ نے اس کے پیچھے آدمی بھیجا، اور اس کو بلایا، اور اس کو یہ آیت پڑھ کر سنائی: ''دن کے دونوں سروں پر اور رات کے ابتدائی حصہ میں نماز کا اہتمام کیجئے، بیشک نیکیاں برائیوں کو مٹادیتی ہیں، یہ ایک نصیحت ہے نصیحت پذیر ہونے والوں کے لئے'' پس حاضرین میں سے ایک شخص نے پوچھا: کیا یہ بات خاص طور پر اسی شخص کے لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (نہیں) ''بلکہ سبھی لوگوں کے لئے ہے''

یہی حدیث دوسری سند سے اس طرح ہے: ابن مسعودؓ کہتے ہیں: ایک شخص نے ایک عورت کا ناجائز بوسہ لیا، پس وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، اور اس نے آپؐ سے اس گناہ کا کفارہ معلوم کیا، پس آیتِ کریمہ: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ﴾ نازل ہوئی، پس اس شخص نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! کیا یہ آیت میرے ہی لئے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: لك ولمن عمل بها من أمتي: آپ کے لئے ہے، اور میری امت میں سے جو بھی اس آیت پر عمل کرے: اس کے لئے ہے، یعنی جو بھی پانچوں نمازیں پابندی سے پڑھے گا اس کے لئے یہ فضیلت ہے۔

حدیث (۲): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوا، اور اس نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! بتائیں: ایک شخص ایک عورت سے ملاقات کرتا ہے، اور ان کے درمیان کوئی جان پہچان نہیں ہوتی، پس نہیں کرتا آدمی اپنی بیوی سے کوئی چیز مگر وہ اس عورت سے کرتا ہے، یعنی ہر فائدہ اس سے اٹھاتا ہے، البتہ وہ اس سے صحبت نہیں کرتا۔ حضرت معاذؓ کہتے ہیں: پس اللہ تعالیٰ نے آیت: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ﴾ نازل فرمائی، پس اس کو نبی ﷺ نے حکم دیا کہ وضوء کرے اور نماز پڑھے۔ حضرت معاذؓ نے پوچھا: کیا یہ آیت اسی شخص کے لئے خاص ہے یا سب مؤمنوں کے لئے عام ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (نہیں) ''بلکہ سب مؤمنوں کے لئے ہے''

حدیث (۳): حضرت ابوالیسر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک عورت میرے پاس کھجوریں خریدنے کے لئے آئی، میں نے اس سے کہا: گھر میں اس سے اچھی کھجوریں ہیں، وہ میرے ساتھ گھر میں داخل ہوئی، پس میں نے اس کا قصد کیا اور اس کو چوما، پس میں حضرت ابوبکرؓ کے پاس آیا، اور ان سے یہ معاملہ ذکر کیا، انھوں نے کہا: اپنا معاملہ چھپالو، اور توبہ کرو، اور یہ بات کسی کو نہ بتلاؤ۔ مگر میں صبر نہ کرسکا، چنانچہ عمرؓ کے پاس آیا، اور ان سے یہ معاملہ ذکر کیا، انھوں نے بھی کہا: اپنا معاملہ چھپالو، اور توبہ کرو، اور یہ بات کسی کو نہ بتلاؤ، مگر میں صبر نہ کرسکا، چنانچہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور آپؐ سے یہ معاملہ ذکر کیا، آپؐ نے فرمایا: ''کیا تم نے غازی (مجاہد فی سبیل اللہ) کے پیچھے اس کے گھر والوں کے ساتھ یہ حرکت کی؟!'' اس عورت کا شوہر جہاد میں گیا ہوا تھا، پس اس کے گھر والوں کی اچھی خبر گیری کرنی چاہئے تھی، بجائے اس کے تم نے اس کی بیوی کے ساتھ یہ نازیبا حرکت کی؟! یہاں تک کہ اس شخص نے تمنا کی کہ کاش اس نے اسلام قبول نہ کیا ہوتا مگر اسی گھڑی میں (تاکہ اس کا یہ گناہ معاف ہوجاتا) یہاں تک کہ اس نے گمان کیا کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہے یعنی وہ تباہ ہوا۔

حضرت ابوالیسرؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ دیر تک سر جھکائے رہے، یہاں تک کہ آپؐ کی طرف وحی کی گئی ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ﴾ ابوالیسر کہتے ہیں: پس میں آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوا، پس آپؐ نے یہ آیت مجھ کو پڑھ کر سنائی، پس آپؐ کے صحابہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ! کیا یہ آیت اسی شخص کے لئے خاص ہے یا سب لوگوں کے عام ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (نہیں) ''بلکہ یہ آیت سبھی لوگوں کے لئے عام ہے''

تشریح: ان حدیثوں کے علاوہ ایک حدیث پہلے (حدیث ۲۱۰ تحفہ ۱: ۵۳۸ میں) گذری ہے کہ "پانچ نمازیں اور جمعہ سے جمعہ کفارہ ہیں ان گناہوں کے لئے جو ان کے درمیان ہوئے ہیں، جب تک کہ نہ چھایا جائے کبیرہ گناہوں پر" یعنی کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہ کیا جائے اس حدیث کو مذکورہ بالا حدیثوں کے ساتھ ملایا جائے تو آیتِ کریمہ کا مطلب یہ منقح ہوتا ہے کہ کبیرہ گناہ کے مقدمات: نیکیوں سے معاف ہوجاتے ہیں، سیئات سے یہی گناہ مراد ہیں۔ البتہ اگر کوئی مقدمات سے گذر کر کبیرہ گناہ بھی کر گزرے تو اب توبہ ضروری ہے، نمازوں سے وہ کبیرہ گناہ مع اس کے مقدمات کے معاف نہیں ہوگا۔

[۳۱۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: إِنِّيْ عَالَجْتُ امْرَأَةً فِيْ أَقْصَى الْمَدِيْنَةِ، وَإِنِّيْ أَصَبْتُ مِنْهَا مَا دُوْنَ أَنْ أَمَسَّهَا، وَأَنَا هٰذَا، فَاقْضِ فِيَّ مَا شِئْتَ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: لَقَدْ سَتَرَكَ اللّٰهُ، لَوْ سَتَرْتَ عَلَى نَفْسِكَ! فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ، فَأَتْبَعَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا، فَدَعَاهُ، فَتَلَا عَلَيْهِ: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ، ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ﴾ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: هٰذَا لَهُ خَاصَّةً؟ قَالَ: "بَلْ لِلنَّاسِ كَافَّةً"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى إِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، وَالْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَرَوَى شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

وَرَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

وَرِوَايَةُ هٰؤُلَاءِ أَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ الثَّوْرِيِّ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىٰ النَّيْسَابُوْرِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَسِمَاكٍ: عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرحمنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنِ الْأَعْمَشِ.

وَقَدْ رَوَى سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۱۳۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ رَجُلاً أَصَابَ مِنَ امْرَأَةٍ قُبْلَةَ حَرَامٍ، فَأَتَى النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُ عَنْ كَفَّارَتِهَا، فَنَزَلَتْ: ﴿أَقِمِ الصَّلاَةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ﴾ الآية، فَقَالَ الرَّجُلُ: أَلِيَ هٰذِهِ يَارسولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: "لَكَ وَلِمَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ أُمَّتِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سندوں کا بیان: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی یہ حدیث دو سندوں سے مروی ہے:

پہلی سند: دو طرح سے مروی ہے: (الف) ابوالاحوص، اسرائیل اور شعبہ: تینوں یہ حدیث سماک بن حرب سے، وہ ابراہیم نخعی سے، وہ علقمہ اور اسود سے، اور وہ دونوں ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں۔ البتہ امام شعبہ صرف اسود کا ذکر کرتے ہیں، علقمہ کا تذکرہ نہیں کرتے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان حضرات کی سند کو اصح کہا ہے (ابوالاحوص اور امام شعبہ کی سند سے یہ حدیث مسلم شریف میں ہے: حدیث ۲۷۶۳) (ب) سفیان ثوری رحمہ اللہ: یہ حدیث سماک بن حرب سے، وہ ابراہیم نخعی سے، وہ عبدالرحمٰن بن یزید سے، اور وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں، البتہ محمد بن یوسف: امام ثوری کے اساتذہ میں سماک کے ساتھ سلیمان اعمش کا بھی تذکرہ کرتے ہیں، مگر فضل بن موسیٰ صرف سماک کا ذکر کرتے ہیں، امام ترمذی نے اس سند کو غیر اصح کہا ہے، کیونکہ ثوری کا کوئی متابع نہیں۔

دوسری سند: سلیمان تیمی کی ہے، وہ ابوعثمان سے، اور وہ ابن مسعودؓ سے روایت کرتے ہیں، اس سند سے یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

[۳۱۳۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ رَجُلاً لَقِيَ امْرَأَةً، وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا مَعْرِفَةٌ، فَلَيْسَ يَأْتِي الرَّجُلُ إِلَى امْرَأَتِهِ شَيْئًا، إِلَّا قَدْ أَتَى هُوَ إِلَيْهَا، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يُجَامِعْهَا؟ قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿أَقِمِ الصَّلاَةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ﴾ فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ وَيُصَلِّيَ، قَالَ مُعَاذٌ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَهِيَ لَهُ خَاصَّةً أَمْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً؟ قَالَ: "بَلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ عَامَّةً"

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلَى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ مَاتَ فِيْ خِلاَفَةِ عُمَرَ، وَقُتِلَ عُمَرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلَى غُلاَمٌ صَغِيْرٌ، ابنُ سِتِّ سِنِيْنَ، وَقَدْ رَوَى عَنْ عُمَرَ وَرَآهُ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً.

سند کی وضاحت: حضرت معاذؓ کی یہ حدیث منقطع ہے، کیونکہ ابن ابی لیلیٰ کبیر کا حضرت معاذ سے لقاء نہیں، حضرت معاذ کا انتقال حضرت عمرؓ کی خلافت کے زمانہ میں طاعون عمواس میں ہوا ہے، اور ابن ابی لیلیٰ کبیر: شہادت عمر فاروق کے وقت چھ سال کے تھے، انھوں نے حضرت عمرؓ کو دیکھا ہے اور ان سے روایت بھی کی ہے، مگر حضرت معاذ سے لقاء اور سماع نہیں، اور امام شعبہ کی روایت مرسل ہے، وہ سند کے آخر میں حضرت معاذ کا تذکرہ نہیں کرتے۔

[۳۱۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِي الْيَسَرِ، قَالَ: أَتَتْنِي امْرَأَةٌ تَبْتَاعُ تَمْراً، فَقُلْتُ: إِنَّ فِي الْبَيْتِ تَمْرًا لَطَيِّبٌ مِنْهُ، فَدَخَلَتْ مَعِي فِي الْبَيْتِ، فَأَهْوَيْتُ إِلَيْهَا، فَقَبَّلْتُهَا، فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اسْتُرْ عَلَى نَفْسِكَ، وَتُبْ، وَلاَ تُخْبِرْ أَحَدًا، فَلَمْ أَصْبِرْ، فَأَتَيْتُ عُمَرَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: اسْتُرْ عَلَى نَفْسِكَ، وَتُبْ، وَلاَ تُخْبِرْ أَحَدًا، فَلَمْ أَصْبِرْ، فَأَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ: "أَخَلَفْتَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فِيْ أَهْلِهِ بِمِثْلِ هٰذَا؟!" حَتَّى تَمَنَّى أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ أَسْلَمَ إِلَّا تِلْكَ السَّاعَةَ، حَتَّى ظَنَّ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ.

قَالَ: وَأَطْرَقَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَوِيْلًا حَتَّى أُوْحِيَ إِلَيْهِ: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفِيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ، إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذَّاكِرِيْنَ﴾ قَالَ أَبُوْ الْيَسَرِ: فَأَتَيْتُهُ، فَقَرَأَهَا عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَصْحَابُهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلِهٰذَا خَاصَّةً أَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً؟ قَالَ: "بَلْ لِلنَّاسِ عَامَّةً"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَقَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ: ضَعَّفَهُ وَكِيْعٌ وَغَيْرُهُ، وَرَوَى شَرِيْكٌ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا الحديثَ، مِثْلَ رِوَايَةِ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ.

وفي الباب: عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، وَوَاثِلَةَ بْنِ الأَسْقَعِ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَأَبُوْ الْيَسَرِ: اسْمُهُ كَعْبُ بْنُ عَمْرٍو.

وضاحت: قیس ضعیف راوی ہے، مگر شریک اس کے متابع ہیں اس لئے حدیث ٹھیک ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ يوسف

سورہ یوسفؑ کی تفسیر

۱- ایں خانہ ہمہ آفتاب است

حدیث: نبی ﷺ سے دریافت کیا گیا: مَن أكرمُ الناس؟ لوگوں میں سب سے زیادہ شریف ومعزز کون ہے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: أَتْقَاهُمْ لِلّٰہِ!: جوان میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے! لوگوں نے کہا: ہم اس کے بارے میں دریافت نہیں کرتے یعنی دینی فضیلت دریافت کرنا مقصود نہیں، پس آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ شریف ومعزز یوسف علیہ السلام ہیں، وہ اللہ کے نبی تھے، اور نبی (یعقوب علیہ السلام) کے صاحبزادے تھے، اور نبی (اسحاق علیہ السلام) کے پوتے تھے، اور اللہ کے دوست (ابراہیم علیہ السلام) کے پڑپوتے تھے، پس این خانہ ہمہ آفتاب است! لوگوں نے کہا: ہم اس کے بارے میں بھی دریافت نہیں کرتے یعنی یوسف علیہ السلام بیشک دنیا میں معزز ومکرم تھے، مگر یہ گذشتہ لوگوں میں سے تھے، پس آپ ﷺ نے فرمایا: تو آپ لوگ عرب کی کھانوں (قبائل) کے بارے میں مجھ سے پوچھ رہے ہو؟ لوگ کھانیں ہیں، یعنی جس طرح سونے چاندی کی کھانیں مختلف طرح کی ہوتی ہیں، کسی میں سے اعلیٰ درجہ کا سونا نکلتا ہے، اور کسی میں سے کم درجہ کا، یہی حال قبائلِ عرب کا ہے: **خیارهم فی الجاهلیة خیارهم فی الإسلام إذا فَقُهُوْا**: جو لوگ زمانہ جاہلیت میں بہتر تھے، وہ زمانۂ اسلام میں بھی بہتر ہیں، بشرطیکہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔ اور مخاطبین اس سے واقف تھے کہ زمانہ جاہلیت میں کس قبیلہ کا کیا مقام تھا، مثلاً قریش سب سے افضل قبیلہ تھا، اب وہ یہ جاننا چاہتے تھے کہ زمانۂ اسلام میں کس قبیلہ کا کیا مقام ہے؟ نبی ﷺ نے جواب دیا کہ وہی فضیلت زمانہ اسلام میں بھی برقرار ہے، بس ایک شرط کا اضافہ ہوگیا ہے کہ وہ مسلمان ہوکر دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں، تو وہی افضل ہونگے، اس کی نظیر ساداتِ کرام ہیں، ان کی فضیلت بھی اسی شرط کے ساتھ مقید ہے (یہ حدیث بخاری شریف میں ہے، حدیث ۳۳۸۳ ترمذی کی روایت مختصر ہے، اس لئے بخاری کی روایت لکھی گئی ہے)

۲- یوسف علیہ السلام کی پامردی کی تعریف

سورۂ یوسفؑ (آیت ۵۰) میں ہے کہ جب ساقی نے بادشاہ کو یوسف علیہ السلام کی بتائی ہوئی تعبیر سنائی تو بادشاہ نے حکم دیا کہ ان کو میرے پاس لاؤ، پس جب ان کے پاس قاصد پہنچا تو انھوں نے کہا: تم اپنی سرکار کے پاس واپس جاؤ، اور ان سے پوچھو کہ ان عورتوں کا کیا معاملہ ہے، جنھوں نے اپنے ہاتھ لہولہان کرلئے تھے؟ یعنی میری رہائی سے پہلے اس معاملہ کی صفائی ہوجانی چاہئے، چنانچہ بادشاہ نے معاملہ کی پوری تحقیق کی، اور جب آپ کی بے گناہی ثابت ہوگئی تب آپ جیل خانہ سے نکل کر بادشاہ کے پاس حاضر ہوئے۔

حضور پاک ﷺ نے حضرت یوسف علیہ السلام کی بلند حوصلگی اور پامردی کی یہ فرما کر داد دی کہ ''اگر میں اتنی مدت قید خانہ میں رہتا، جتنا یوسف علیہ السلام رہے تھے، پھر مجھے بلایا جاتا تو میں بلانے والے کے ساتھ فوراً ہولیتا''

۳- حضرت لوط علیہ السلام کے بعد انبیاء مضبوط جتھے ہی میں مبعوث کئے گئے

حضرت لوط علیہ السلام سدوم کی طرف مبعوث کئے گئے تھے، آپ اس قوم کا فرد نہیں تھے، جب ان کی قوم پر عذاب

کا وقت آیا، تو فرشتے مہمان بن کر لوط علیہ السلام کے گھر پہنچے، قوم کو بھنک پڑی تو وہ دوڑی آئی، اور وہ پہلے سے بدکاریاں کیا کرتے تھے، حضرت لوط علیہ السلام نے ان کو ہر چند سمجھایا، مگر وہ ماننے والے کہاں تھے؟ حضرت لوط علیہ السلام بہت پریشان ہوئے، اور بے بسی کی حالت میں آپ کی زبان سے نکل گیا: ﴿لَوْ أَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّةً أَوْ آوِیْ إِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ﴾: کاش میرے اندر تم سے نمٹنے کا بَل ہوتا، یا میں کسی مضبوط پایے کی پناہ پکڑے ہوئے ہوتا! (سورۂ ہود آیت ۸۰) یعنی اگر مجھ میں بذاتِ خود تم سے مقابلہ کی طاقت ہوتی، یا میرا کوئی مضبوط اور طاقتور کنبہ اور جتھا ہوتا تو میں تم کو تمہاری شرارت کا مزہ چکھاتا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: لوط علیہ السلام خاندان سے بھی زیادہ مضبوط پایے کی یعنی اللہ تعالیٰ کی پناہ پکڑے ہوئے تھے، مگر اس وقت سخت گھبراہٹ میں ادھر خیال نہ گیا، اور مذکورہ بات بے ساختہ آپ کی زبان سے نکل گئی، اور اس وقت کی حالت کی سنگینی کا اس سے بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے کہ لوط علیہ السلام کے بعد اللہ تعالیٰ نے جو بھی نبی مبعوث فرمایا وہ قوم کے جتّھے ہی میں مبعوث فرمایا، تاکہ نازک وقت میں خاندان کا تعاون حاصل ہوسکے جیسے ہمارے نبی ﷺ کا جب اہل مکہ نے بائیکاٹ کیا، اور آپ کو ایک گھاٹی میں پناہ لینے پر مجبور کردیا، تو آپؐ کی قوم: بنو ہاشم نے آپؐ کا ساتھ دیا حالانکہ وہ لوگ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے۔

[۱۳-] وَمِنْ سُوْرَةِ یُوْسُفَ

[۳۱٤۰-] حدثنا الحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ الْخُزَاعِیُّ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَی، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ الْکَرِیْمَ بْنَ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ بْنِ الْکَرِیْمِ: یُوْسُفَ بْنَ یَعْقُوْبَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِیْمَ"

قَالَ: "وَلَوْ لَبِثْتُ فِی السِّجْنِ مَا لَبِثَ یُوْسُفُ، ثُمَّ جَاءَ نِیَ الرَّسُوْلُ أَجَبْتُ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَلَمَّا جَاءَ هُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ إِلٰی رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَابَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِیْ قَطَّعْنَ أَیْدِیَهُنَّ﴾

قَالَ: وَرَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَی لَوْطٍ! إِنْ کَانَ لَیَأْوِیْ إِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ، فَمَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ بَعْدِهِ نَبِیًّا إِلَّا فِیْ ذِرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ"

حدثنا أَبُوْ کُرَیْبٍ، نَا عَبْدَةُ، وَعَبْدُ الرَّحِیْمِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو نَحْوَ حَدِیْثِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسَی، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: "مَابَعَثَ اللّٰهُ بَعْدَهُ نَبِیًّا إِلَّا فِیْ ثَرْوَةٍ مِنْ قَوْمِهِ" قَالَ مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو: الثَّرْوَةُ: الْکَثْرَةُ وَالْمَنْعَةُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ رِوَایَةِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسَی، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ.

ترجمہ: بیشک کریم (شریف ومعزز) ولدِ کریم، ولد کریم، ولد کریم: یوسف علیہ السلام، ولدِ یعقوب علیہ السلام، ولدِ

اسحاق علیہ السلام، ولدِ ابراہیم علیہ السلام ہیں (یوسفَ: پہلے الکریم سے بدل ہے)...... نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر ٹھہرتا میں قید خانہ میں جتنا یوسف علیہ السلام ٹھہرے تھے (آپ نو سال قید خانہ میں رہے تھے) پھر میرے پاس قاصد آتا تو میں لبیک کہتا'' ...... نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوط علیہ السلام پر اللہ کی رحمت ہو! بیشک وہ (إنْ: مخففہ ہے) یقیناً مضبوط پایے کی طرف ٹھکانہ حاصل کیے ہوئے تھے، (یعنی ان کو اللہ کی پناہ حاصل تھی، وہ اللہ کو پکارتے تو لمحہ بھر میں قوم کا بیڑا غرق ہوجاتا مگر انتہائی پریشانی میں اس طرف توجہ نہ گئی، اور بے ساختہ وہ بات ان کی زبان سے نکل گئی) پس اللہ تعالیٰ نے لوطؑ کے بعد کوئی پیغمبر مبعوث نہیں فرمایا مگر قوم کے اعلیٰ نسب میں، اور دوسری روایت میں ہے: قوم کی بڑی تعداد میں یعنی جتھے میں۔

لغات: الذُرْوَة: (ذال کا ضمہ اور کسرہ): چوٹی، بلندی، ذُرْوَةُ النسب: اعلیٰ نسب، جمع ذُرًا، یہ لفظ فضل بن موسیٰ کی روایت میں ہے...... اور عبدۃ اور عبدالرحیم کی روایت میں ثَرْوَة ہے، جس کے معنی ہیں: لوگوں کا انبوہ، کثیر تعداد، امام ترمذیؒ نے اسی روایت کو اصح قرار دیا ہے...... اور حدیث کے راوی محمد بن عمرو نے ثروۃ کا ترجمہ کثرت اور طاقت وعزت سے کیا ہے، هو في مَنْعَةٍ: اسے طاقت وعزت حاصل ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ الرعد

سورۃ الرعد کی تفسیر

۱- گرج کی حقیقت کیا ہے؟

سورۃ الرعد (آیت ۱۳) میں ہے: ﴿وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ، وَالْمَلَائِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهِ﴾: اور گرج فرشتہ اللہ کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرتا ہے، اور دوسرے فرشتے (بھی) اس کی ہیبت سے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: یہود نبی ﷺ کے پاس آئے، پس انھوں نے پوچھا: اے ابوالقاسم! ہمیں الرعد (گرج) کے بارے میں بتلائیے: وہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ اللہ پاک کے ایک فرشتے ہیں، جو بادل پر مقرر ہیں، ان کے ہاتھ میں آگ کا کوڑا ہے، جس سے وہ بادل کو ہانک کرلے جاتے ہیں جہاں اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں'' .... ان لوگوں نے پوچھا: جو آواز ہم سنتے ہیں: اس کی حقیقت کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ بادل کو جھڑکنا ہے، جب فرشتہ اس کو جھڑکتا ہے، یہاں تک کہ وہ اس جگہ تک پہنچتا ہے جہاں وہ حکم دیا گیا ہے'' ان لوگوں نے کہا: آپؐ نے صحیح کہا (ان لوگوں کی تصدیق سے معلوم ہوا کہ پہلی آسمانی کتابوں میں بھی یہی بیان تھا)

تشریح: فلسفہ اور سائنس بجلی اور گرج کی جو حقیقت بیان کرتے ہیں: وہ ان چیزوں کا ظاہری پہلو ہے، شریعت نے ان کے باطنی پہلو کی طرف توجہ دلائی ہے، پس دونوں باتوں میں کوئی تعارض نہیں، جیسے گرمی کی شدت کا تعلق بہ

ظاہر سورج سے ہے، اور یہ باطن جہنم کے اثرات پھیلنے سے ہے، جیسا کہ حدیث میں آیا ہے (حدیث ۱۵۷ تحفہ ۱:۴۵۶)

۲- حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے لئے کیا چیزیں حرام کی تھیں؟

سورہ آل عمران (آیت ۹۳) میں ہے: ﴿كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِبَنِیْ إِسْرَائِیْلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَائِیْلُ عَلٰی نَفْسِهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرَاةُ﴾: سب کھانے کی چیزیں بنی اسرائیل کے لئے حلال تھیں، علاوہ ان چیزوں کے جن کو یعقوبؑ نے اپنے اوپر حرام کر لیا تھا نزول تورات سے پہلے۔

حدیث: یہود نے پوچھا: پس ہمیں بتلایئے ان چیزوں کے بارے میں جن کو یعقوبؑ نے اپنے لئے حرام کر لیا تھا؟ آپؐ نے فرمایا: یعقوبؑ کو عرق النسا کی تکلیف ہوئی، پس نہیں پائی آپ نے کوئی چیز جو اس کے مناسب ہو، سوائے اونٹ کے گوشت اور دودھ کے، پس آپ نے ان کو حرام کر لیا ان لوگوں نے کہا: آپؐ نے صحیح کہا۔

تشریح: عِرْقُ النَّسَا: چڈوں سے ٹخنوں تک پہنچنے والا درد ...... نَسِیَ (س) فلانٌ نَسًی: درد عرق النسا میں مبتلا ہونا۔ اس مرض میں اونٹ کا گوشت اور دودھ مضر ہے، یُلَائِمُهُ: اس بیماری سے مناسبت رکھنے والی چیز، وہ چیز جس سے بیماری پیدا ہو یا بیماری کو بڑھاوا ملے، چنانچہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ دونوں چیزیں اپنے لئے حرام کر لیں، اگرچہ یہ دونوں چیزیں آپ کو بے حد مرغوب تھیں، پھر ان کی اولاد نے ان کی پیروی کی تو تورات میں یہ دونوں چیزیں بنی اسرائیل کے لئے حرام کر دی گئیں۔

[۱۴-] وَمِنْ سُوْرَةِ الرَّعْدِ

[۳۱۴۱-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْوَلِيْدِ – وَكَانَ يَكُوْنُ فِيْ بَنِيْ عِجْلٍ – عَنْ بُكَيْرِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقْبَلَتْ يَهُوْدُ إِلَی النبیِّ صلی الله عليه وسلم، فَقَالُوْا: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! أَخْبِرْنَا عَنِ الرَّعْدِ: ماهُوَ؟ قَالَ:" مَلَكٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ، مُوَكَّلٌ بِالسَّحَابِ، مَعَهُ مَخَارِيْقُ مِنْ نَارٍ، يَسُوْقُ بِهَا السَّحَابَ حَيْثُ شَاءَ اللّٰهُ" فَقَالُوْا: فَمَا هٰذَا الصَّوْتُ الَّذِیْ نَسْمَعُ؟ قَالَ:" زَجْرَةٌ بِالسَّحَابِ إِذَا زَجَرَهُ، حَتّٰى يَنْتَهِیَ إِلَی حَيْثُ أُمِرَ" قَالُوْا: صَدَقْتَ!

فَقَالُوْا: فَأَخْبِرْنَا عَمَّا حَرَّمَ إِسْرَائِيْلُ عَلٰی نَفْسِهِ؟ قَالَ:" اشْتَكٰی عِرْقَ النَّسَا، فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا يُلَائِمُهُ إِلَّا لُحُوْمَ الإِبِلِ وَأَلْبَانَهَا، فَلِذٰلِكَ حَرَّمَهَا" قَالُوْا: صَدَقْتَ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

وضاحت: كان يكون في بني عِجْلٍ: أي كان يسكن في بني عِجْل: یہ راوی کوفی تھا، اور عجلی کہلاتا ہے، کیونکہ اس کی بود و باش بنی عجل میں تھی ...... المِخْرَاق: کپڑے کا کوڑا، رومال وغیرہ بٹ کر ایسے کوڑے سے بچے ایک

دوسرے کو مارتے ہیں، جمع مَخَارِيْق...... زَجْرَة: جھڑکی، ڈانٹ...... یلائمه کی ضمیر عرق النسا کی طرف لوٹتی ہے۔

۳- پھلوں میں بعض کو بعض پر ترجیح دینے کا مطلب

سورۃ الرعد (آیت ۴) میں ہے: ''اور زمین میں خطّے ہیں پاس پاس (ایک دوسرے سے ملے ہوئے) اور انگور کے باغات، اور کھیت اور کھجور کے درخت: جڑ ملے ہوئے اور بغیر جڑ ملے ہوئے، ایک ہی پانی سے سیراب کئے جاتے ہیں، اور ہم بعض کو بعض پر پھل میں فوقیت دیتے ہیں، بیشک اس میں ان لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں جو سمجھتے ہیں'' یعنی زمین اگرچہ ایک ہے، اور ایک ہی پانی سے سیراب کی جاتی ہے، مگر ہر درخت کا پھل یکساں نہیں ہوتا، کسی جگہ اعلی درجہ کا پھل پیدا ہوتا ہے، اور کسی جگہ ادنی درجہ کا، کسی کا مزہ کچھ ہوتا ہے اور کسی کا کچھ، جیسے کسی درخت سے الدَّقَلْ: ردّی کھجور حاصل ہوتی ہے، اور کسی سے الفَارِسِیّ: عمدہ کھجور حاصل ہوتی ہے، اسی طرح کسی درخت کا پھل میٹھا ہوتا ہے، کسی کا کھٹا، اس میں سمجھ داروں کے لئے یقیناً نشانیاں ہیں، تفضیل کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کہیں انگور پیدا ہوتا ہے کہیں آم، کیونکہ یہ اختلاف تو بیج کے اختلاف سے ہوتا ہے، اور وہ بدیہی ہے، بلکہ مراد یہ ہے کہ ایک ہی بیج سے مختلف قسم کے پھل حاصل ہوتے ہیں۔

[۳۱۴۲-] حدثنا مَحمودُ بْنُ خِدَاشٍ الْبَغْدَادِيُّ، نَا سَيْفُ بْنُ مُحمدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ فِيْ الْأُكُلِ﴾ قَالَ: " الدَّقَلُ، وَالْفَارِسِيُّ، وَالْحُلْوُ، وَالْحَامِضُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ زَيْدُ بْنُ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَ هٰذَا، وَسَيْفُ بْنُ مُحمدٍ: هُوَ أَخُوْ عَمَّارِ بْنِ مُحمدٍ، وَعَمَّارٌ أَثْبَتَ مِنْهُ، وَهُوَ ابْنُ أُخْتِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ.

حدیث کا راوی: سیف بن محمد: حضرت سفیان ثوری کا بھانجا ہے، اور نکما راوی ہے (کذّبوہ) اور اس کا بھائی عمار بن محمد ثوری ابو الیقظان کوفی: سیف سے اچھا راوی ہے (صدوق یُخْطِئُ) مگر چونکہ زید متابع ہیں اس لئے حدیث کو حسن کہا ہے۔

سُوْرَةُ ابراهيم

سورۂ ابراہیم کی تفسیر

۱- اچھے اور بے کار درخت کی مثالیں

سورۂ ابراہیم علیہ السلام (آیات ۲۴-۲۶) میں ہے کہ پاکیزہ بات (کلمہ طیبہ اور ایمان کی بات) کی مثال اچھی

ذات کا درخت ہے، اور اصح روایت کے مطابق حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اچھی ذات کے درخت کی مثال کھجور کے درخت سے دی ہے، اور گندی بات (کلمۂ کفر اور باطل عقیدہ) کی مثال بے کار درخت ہے، اور حضرت انسؓ نے اس کی مثال اندرائن سے دی ہے، جس کو کسان زمین میں جمنے نہیں دیتا، دیکھتے ہی اکھاڑ پھینکتا ہے۔ اندرائن: سیب کی طرح کا پھل ہے، مگر اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے، اور اس کا گودا انتہائی تلخ ہوتا ہے۔

[۱۵-] سُوْرَةُ إِبْرَاهِيْمَ

[۳۱۴۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِقِنَاعٍ، عَلَيْهِ رُطَبٌ، فَقَالَ: ﴿مَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ: أَصْلُهَا ثَابِتٌ، وَفَرْعُهَا فِيْ السَّمَاءِ، تُؤْتِيْ أُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا﴾ قَالَ: "هِيَ النَّخْلَةُ" ﴿وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَالَهَا مِنْ قَرَارٍ﴾ قَالَ:" هِيَ الْحَنْظَلَةُ" قَالَ: فَأَخْبَرْتُ بِذٰلِكَ أَبَا الْعَالِيَةِ، فَقَالَ: صَدَقَ وَأَحْسَنَ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بْنِ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ قَوْلَ أَبِيْ الْعَالِيَةِ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِثْلَ هٰذَا مَوْقُوْفًا، وَلَا نَعْلَمُ أَحَدًا رَفَعَهُ غَيْرَ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وَرَوَاهُ مَعْمَرٌ وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

ترجمہ: حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی خدمت میں ایک تھال لایا گیا، اس میں تازہ کھجوریں تھیں، پس آپؐ نے آیت: ﴿مَثَلُ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ﴾ پڑھی، اور فرمایا: اچھی ذات کا درخت کھجور کا درخت ہے پھر آیت: ﴿مَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيْثَةٍ﴾ پڑھی، اور فرمایا: بے کار درخت اندرائن کا پودا ہے، حدیث کا راوی شعیب کہتا ہے: میں نے یہ حدیث ابوالعالیہ رفیع بن مہران ریاحی سے ذکر کی تو انھوں نے کہا: حضرت انسؓ نے سچ کہا، اور بہترین مثال دی...... امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو صرف حماد بن سلمہ مرفوع کرتے ہیں (اس راوی کا حافظہ آخر عمر میں بگڑ گیا تھا) اور شعیب کے لڑکے ابوبکر بھی اس حدیث کو اپنے ابا سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ مرفوع نہیں کرتے (بلکہ اس کو حضرت انسؓ کا قول قرار دیتے ہیں) اور وہ ابوالعالیہ کا قول بھی ذکر نہیں کرتے، اور یہ موقوف حدیث اصح ہے، کیونکہ معمر اور حماد بن زید وغیرہ بھی اس کو موقوف ہی روایت کرتے ہیں، پس اس کا موقوف ہونا ہی اصح ہے۔ پھر آخر میں حماد بن زید کی سند سے موقوف روایت ذکر کی ہے۔

۲-اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو دارین میں پکی بات پر مضبوط رکھتے ہیں

سورہ ابراہیم (آیت ۲۷) میں ہے: ’’اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پکی بات کے ذریعہ دنیا کی زندگی میں (قبر کی زندگی میں) اور آخرت میں مضبوط رکھتے ہیں‘‘ خواہ دنیا میں کیسی ہی آفات و بلیات آئیں، کتنا ہی سخت امتحان ہو، مؤمن کلمہ طیبہ کی بدولت ثابت قدم رہتا ہے، اور قبر میں منکر و نکیر کے سوالوں کے صحیح جواب دیتا ہے، اور جب محشر کا ہولناک منظر ہوگا تو وہ کلمہ کی بدولت نہایت مطمئن ہوگا، اسے ادنی گھبراہٹ لاحق نہ ہوگی۔

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے آیت پاک: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: ’’قبر میں جب اس سے پوچھا جائے گا: تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ اور تیسرا نبی کون ہے؟ (تو اللہ تعالیٰ مؤمن کو ثابت قدم رکھیں گے، یہ حدیث یہاں بہت ہی مختصر ہے، ابوداؤد میں مفصل ہے (کتاب السنہ حدیث ۴۷۵۳ باب ۲۷) اور اس کا ترجمہ میری تفسیر ہدایت القرآن (۴:۱۶۳) میں ہے۔

[۳۱۴۴-] حدثنا مَحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فِيْ قَوْلِهِ: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِيْ الآخِرَةِ﴾ قَالَ: ’’فِي الْقَبْرِ إِذَا قِيْلَ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ وَمَا دِيْنُكَ؟ وَمَنْ نَبِيُّكَ؟‘‘ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-جب زمین دوسری زمین سے بدلی جائے گی تو لوگ کہاں ہونگے؟

سورۂ ابراہیمؑ (آیت ۴۸) میں ہے: ’’جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدلی جائے گی، اور آسمان بھی‘‘......اس تبدیلی کی کیفیت کیا ہوگی؟ یہ بات اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، کوئی کہتا ہے: آسمان و زمین کی ذوات بدلی جائیں گی، اور کوئی کہتا ہے: صفات بدلی جائیں گی......اور جس وقت یہ تبدیلی واقع ہوگی: لوگ کہاں ہونگے؟ یہ بات ایک یہودی نے بھی پوچھی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بھی، مسلم شریف میں حضرت ثوبانؓ سے مروی ہے کہ ایک یہودی عالم نے پوچھا: جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدلی جائے گی: اس دن لوگ کہاں ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ’’پل صراط کے ورے ایک اندھیرے میں ہونگے‘‘ (هم فى الظلمة دونَ الجِسْر) (مسلم شریف کتاب الحیض حدیث ۳۱۵) اور یہی بات حضرت عائشہؓ نے بھی پوچھی تھی تو آپؐ نے فرمایا: ’’لوگ پل صراط پر ہونگے‘‘ (یہ حدیث مسلم شریف میں بھی ہے، کتاب صفات المنافقین حدیث ۲۷۹۱) اور مکمل جواب حضرت ثوبانؓ کی مذکورہ حدیث میں ہے کہ مخلوقات اس وقت ’’عدم کی تاریکی‘‘ میں ہونگی، یعنی یہ تبدیلی دو نفخوں کے درمیان میں واقع ہوگی، جبکہ کوئی مخلوق موجود نہ ہوگی۔

[۳۱۴۵-] حدثنا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: تَلَتْ عَائِشَةُ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ﴾ قَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! فَأَيْنَ يَكُوْنُ النَّاسُ؟ قَالَ: "عَلَى الصِّرَاطِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ عَائِشَةَ.

سُوْرَةُ الحِجْرِ

سورۃ الحجر کی تفسیر

۱- آگے ہونے والوں اور پیچھے رہنے والوں کی ایک مثال

سورۃ الحجر کی (آیت ۲۴) ہے: ﴿وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ، وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِيْنَ﴾: ہم یقیناً تم میں سے آگے ہونے والوں کو جانتے ہیں، اور تم میں سے پیچھے رہنے والوں کو بھی جانتے ہیں، یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کا اندازہ ٹھہرایا ہے، قوموں کے تقدم وتاخر کا بھی اور آدمی کی زندگی اور موت کا بھی، پس جو پیدا ہوتا ہے مقررہ اندازے سے پیدا ہوتا ہے، اور جو مرتا ہے وہ بھی مقررہ اندازے سے مرتا ہے، اور سب کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے کہ کون پہلے مرے گا اور کون پیچھے، اور پھر ایسا ضرور ہونے والا ہے کہ اللہ تعالیٰ سب کو ان کے اعمال کا بدلہ چکانے کے لئے اپنے حضور میں جمع کریں گے۔

یہ آیت کا ماسیق لاجلہ الکلام ہے، اور حضرت ابوالجوزاء اوس بن عبداللہ ربعی نے بطور مثال اس کی ایک اور تفسیر کی ہے:

حدیث: ایک عورت جو نبی ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتی تھی: لوگوں میں سب سے زیادہ خوبصورت عورت تھی، اور (اس کی وجہ سے) بعض لوگ آگے بڑھتے تھے، تاکہ وہ پہلی صف میں کھڑے ہوں، تاکہ وہ اس عورت کو نہ دیکھیں، اور بعض لوگ پیچھے رہتے تھے، یہاں تک کہ وہ آخری صف میں کھڑے ہوتے تھے، پس جب وہ رکوع کرتا تھا تو اپنے بغل کے نیچے سے دیکھتا تھا، پس یہ آیت نازل ہوئی کہ اللہ تعالیٰ تم میں سے آگے ہونے والوں کو بھی جانتے ہیں، اور پیچھے رہنے والوں کو بھی۔

تشریح: اس حدیث کو نوح حدانی موصول کرتا ہے یعنی ابوالجوزاء کے بعد حضرت ابن عباسؓ کا تذکرہ کرتا ہے، اور یہ راوی صدوق ہے، اور جعفر بن سلیمان سند ابوالجوزاء پر روک دیتا ہے، اس کی سند سے یہ روایت مصنف عبدالرزاق میں ہے، یہ راوی بھی صدوق ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے نرمی سے اس کی حدیث کو ترجیح دی ہے، فرمایا: هذا أشبه أن يكون أَصَحَّ من حديث نوح: یہ حدیث اس بات کے مشابہ ہے کہ وہ نوح کی حدیث سے زیادہ صحیح ہو۔

[۱۶-] سُوْرَةُ الْحِجْرِ

[۳۱۴۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا نُوْحُ بْنُ قَيْسٍ الْحُدَّانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنْ ابنِ

عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتِ امْرَأَةٌ تُصَلِّيْ خَلْفَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَسْنَاءَ مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ، وَكَانَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَتَقَدَّمُ، حَتَّى يَكُوْنَ فِيْ الصَّفِّ الْأَوَّلِ، لِأَنْ لَّايَرَاهَا، وَيَسْتَأْخِرُ بَعْضُهُمْ، حَتَّى يَكُوْنَ فِيْ الصَّفِّ الْمُؤَخَّرِ، فَإِذَا رَكَعَ نَظَرَ مِنْ تَحْتِ إِبْطَيْهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تعالىٰ: ﴿وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ، وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَأْخِرِيْنَ﴾

وَرَوَى جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَهٰذَا أَشْبَهُ أَنْ يَكُوْنَ أَصَحَّ مِنْ حَدِيْثِ نُوْحٍ.

۲-جہنم کا ایک دروازہ باغیوں کے لئے ہے

سورۃ الحجر (آیت ۴۴) ہے: ﴿لَهَا سَبْعَةُ أَبْوَابٍ: لِكُلِّ بَابٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ مَقْسُوْمٌ﴾: جہنم کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کے لئے لوگوں کے الگ الگ حصے ہیں۔ اور حدیث میں ہے کہ جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ان مسلمانوں کے لئے ہے جو امتِ محمدیہ پر تلوار اٹھاتے ہیں یعنی حکومت سے بغاوت کرتے ہیں۔ مگر حدیث کا راوی جنید مستور بھی ہے اور حضرت ابن عمرؓ سے اس کا لقاء وسماع بھی نہیں، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے، پس اس کی بنا پر باغیوں کے حق میں کوئی قطعی فیصلہ نہیں کیا جاسکتا۔

[۳۱٤۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ جُنَيْدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لِجَهَنَّمَ سَبْعَةُ أَبْوَابٍ: بَابٌ مِنْهَا لِمَنْ سَلَّ السَّيْفَ عَلَى أُمَّتِيْ" أَوْ قَالَ: "عَلَى أُمَّةِ مُحمدٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ.

۳-سورۃ الفاتحہ کے نام اوراس کی فضیلت

سورۃ الحجر (آیت ۸۷) ہے: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَاكَ سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْآنَ الْعَظِيْمَ﴾: ہم نے آپؐ کو باربار دہرائی جانے والی سات آیتیں اور قرآن عظیم عطا فرمایا ہے یعنی ہم نے آپؐ کو وہ دولت عطا فرمائی ہے جس کے آگے دنیا کی سب نعمتیں ہیچ ہیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "الحمد للہ یعنی سورۃ الفاتحہ: ام القرآن، ام الکتاب اور السبع المثانی ہے (یہ سورت الفاتحہ کے تین نام ہیں) اور آیت کریمہ میں مِنْ بیانیہ ہے، جیسے خاتمٌ من فضةٍ میں من بیانیہ ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے تورات وانجیل میں ام القرآن جیسی کوئی سورت نازل نہیں فرمائی، اور وہی سبع مثانی (باربار دہرائی جانے والی سات آیتیں) ہیں، اور اسی کے بارے میں حدیث قدسی میں ہے کہ وہ میرے

اور میرے بندے کے درمیان بانٹی ہوئی ہے، اور میرے بندے کے لئے وہ ہے جو اس نے (سورۃ فاتحہ میں) مانگا ہے"

تشریح: یہ حدیث علاء بن عبدالرحمٰن سے عبدالحمید اور عبدالعزیز روایت کرتے ہیں، عبدالعزیز دراوردی کی حدیث مفصل ہے، جو پہلے فضائل القرآن کے پہلے باب (باب ماجاء فی فضل فاتحة الكتاب) میں گذر چکی ہے، اور حدیث قَسَّمْتُ الصلاةَ سورہ فاتحہ کی تفسیر میں آچکی ہے۔

[۳۱۴۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ: أُمُّ الْقُرْآنِ، وَأُمُّ الْكِتَابِ، وَالسَّبْعُ الْمَثَانِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۱۴۹-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ مِثْلَ أُمِّ الْقُرْآنِ، وَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ، وَهِيَ مَقْسُوْمَةٌ بَيْنِيْ وَبَيْنَ عَبْدِيْ، وَلِعَبْدِيْ مَا سَأَلَ"

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ عَلَى أُبَيٍّ، وَهُوَ: يُصَلِّيْ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، حديثُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحمدٍ أَطْوَلُ وَأَتَمُّ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

۴- مؤمن کی فراست سے ڈرو

سورۃ الحجر (آیت ۷۵) ہے: ﴿إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾: بیشک اس میں یعنی قوم لوطؑ کی تباہی کے واقعہ میں بصیرت والوں کے لئے کئی ایک نشانیاں ہیں۔ متوسم: وہ شخص ہے جو علامات وقرائن دیکھ کر اپنی فراست وذکاوت سے پوشیدہ بات کا پتہ لگالے، تَوَسَّمَ الشيئَ فيه: کسی میں کوئی چیز تاڑنا، عقل وفراست سے جان لینا یا علامت سے پہچاننا، جیسے تَوَسَّمَ فيه الخير: اسے اس میں خیر نظر آئی...... حضرت ابن عباسؓ نے متوسمین کی تفسیر ناظرین (غور کرنے والوں) سے کی ہے، اور حضرت قتادہؒ نے معتبرین (سبق حاصل کرنے والوں) سے، اور مقاتلؒ نے متفکرین (سوچنے والوں) سے، اور مجاہدؒ نے متفرسین (تاڑنے والوں) سے، امام ترمذیؒ نے حدیث کے بعد حضرت مجاہدؒ کی تفسیر بیان کی ہے۔ اور حدیث قرینہ ہے کہ مجاہدؒ کی تفسیر راجح ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: اِتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمؤمنِ، فإنه يَنْظُرُ بنور الله: مؤمن (کامل) کی فراست سے

ڈرو، کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔ پھر نبی ﷺ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

حدیث کا درجہ: ابن جوزی رحمہ اللہ نے اس حدیث کو موضوع قرار دیا ہے، اور موضوعات ابن جوزی کے تعقبات میں ہے کہ یہ حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے، اور امام ترمذیؒ نے حدیث کو غریب کہا ہے، اس کی سند میں مصعب ہے، ذہبی نے اس کو ضعفاء میں شمار کیا ہے، اور ابن حبان نے اس کو کثیر الغلط کہا ہے، علاوہ ازیں: عطیہ عوفی بھی بس ایسا ہی راوی ہے ...... مگر یہ حدیث چار اور صحابہ سے بھی مروی ہے: ۱- حضرت ابوامامہ سے (اس کی سند میں عبداللہ بن صالح کاتب اللیث ہے جو غیر صالح ہے) ۲- حضرت ابن عمرؓ سے (اس کی سند میں مؤمل بن سعید رحبی ہے، جو متروک اور منکر الحدیث ہے) ۳- حضرت ثوبانؓ سے۔ ۴- حضرت انسؓ سے (یہ دونوں روایتیں تفسیر طبری میں ہیں، اور ضعیف ہیں)...... اور سخاوی نے سب کو جمع کر کے مجموعہ پر ضعیف کا حکم لگایا ہے، مگر ہیثمی نے کہا ہے کہ طبرانی کی سند حسن ہے (یہ سب اقوال فیض القدیر میں ہیں) اور میری رائے میں یہ حدیث حسن لغیرہ ہے۔

حدیث کا مطلب: فراست کے معنی ہیں: دانائی، تیز فہمی، سمجھ داری، قیافہ شناسی۔ **فَرَسَ الْأَمْرَ (ض) فِرَاسَةً:** بھانپ لینا، تاڑ جانا، سمجھ جانا، بات کی تہ کو پہنچ جانا...... اس کے بعد جاننا چاہئے کہ فراست وذکاوت سے پوشیدہ بات کا پتہ لگانے کی صلاحیت ہر شخص میں ہوتی ہے، اس میں مؤمن کی کچھ خصوصیت نہیں، آیتِ کریمہ میں بھی عام لوگوں سے خطاب ہے کہ قوم لوطؑ کے واقعہ میں ہر بابصیرت کے لئے کئی ایک نشانیاں ہیں، پس حدیث میں مؤمن سے مؤمن کامل مراد ہے، اور خطاب عام مؤمنین سے ہے۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ فراست اور کرامت کے ڈانڈے (سرحدیں) ملے ہوئے ہیں، اور کرامتِ اولیاء برحق ہے، قرآن وحدیث سے اس کا پکا ثبوت ہے، پس حدیث کے مضمون میں کیا استبعاد رہ جاتا ہے؟...... اور ڈرنے کا مطلب ماننا ہے، آدمی کبھی کوئی نازیبا کام کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ کسی کو کیا پتہ چلے گا، مگر جب وہ کسی بزرگ کی خدمت میں جاتا ہے تو وہ اس کی حرکت کو تاڑ لیتا ہے، اسلاف سے ایسے بہت سے واقعات مروی ہیں جن میں بزرگوں نے ایسی باتیں بھانپ لی ہیں، اور لوگ ان کو ان بزرگوں کی کرامتیں شمار کرتے ہیں، حالانکہ وہ ان کی مؤمنانہ فراست سے صادر ہوئی ہوتی ہیں، کیونکہ مؤمن کامل میں صرف فطری ذکاوت ہی نہیں ہوتی، بلکہ اس میں نور ایمانی بھی ہوتا ہے، اس لئے اس کی نگاہ غضب کی نگاہ ہوتی ہے، پس بزرگوں کی ایسی باتیں مانو، ان کا انکار مت کرو۔

[۳۱۵۰-] حدثنا محمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي الطَّيِّبِ، نَا مُصْعَبُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اتَّقُوْا فِرَاسَةَ الْمُؤْمِنِ، فَإِنَّهُ يَنْظُرُ بِنُوْرِ اللّٰهِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ فِىْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿إِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِيْنَ﴾ قَالَ: لِلْمُتفرِّسِيْنَ.

۵-لوگوں سے اعمال کی باز پرس ضرور ہوگی

سورۃ الحجر (آیات ۹۱-۹۳) ہیں: ﴿الَّذِيْنَ جَعَلُوْا الْقُرْآنَ عِضِيْنَ ○فَوَرَبِّكَ لَنَسْئَلَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ ○عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾: جن لوگوں نے قرآن کو جھوٹا ٹھہرایا ہے، تیرے رب کی قسم! ہم ان سے ضرور باز پرس کریں گے، ان کے ان اعمال کی جو وہ کرتے رہے ہیں، یعنی قرآن کو جھوٹا ٹھہرانے کے علاوہ بھی جو جو حرکتیں وہ کرتے رہے ہیں: ان سبھی اعمال کی باز پرس ہوگی۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ سے: ﴿عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ کی تفسیر میں نقل کرتے ہیں کہ ان لوگوں سے لا إلٰہ إلا اللہ کے بارے میں پوچھا جائے گا یعنی وہ ایمان کیوں نہیں لائے (یہ حدیث ضعیف ہے، بشر راوی مجہول ہے، اور لیث ہی اس کو مرفوع کرتے ہیں، اور عبداللہ بن ادریس اس کو موقوف کرتے ہیں، یعنی یہ حضرت انسؓ کا قول ہے، ارشادِ نبوی نہیں ہے۔

[۳۱۵۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِىْ سُلَيْمٍ، عَنْ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ قَوْلِهِ: ﴿لَنَسْأَلَنَّهُمْ أَجْمَعِيْنَ، عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾ قَالَ: "عَنْ قَوْلِ لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ اللّٰهُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ أَبِىْ سُلَيْمٍ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِىْ سُلَيْمٍ، عَنْ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

وَمِنْ سُوْرَةِ النَّحْلِ

سورۃ النحل کی تفسیر

۱-زوال کے وقت ہر مخلوق اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے

سورۃ النحل (آیت ۴۸) ہے: ''اور کیا ان لوگوں نے اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی وہ چیزیں نہیں دیکھیں جن کے سایے اللہ تعالیٰ کے حضور میں سجدہ کرتے ہوئے ایک جانب سے دوسری جانب ڈھل جاتے ہیں اظہار عاجزی کرتے ہوئے! (سایوں کی یہی اطاعت شعاری ان کا سجدہ ہے)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

۱-زوال کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں گنی جاتی ہیں ان کے مانند کے ساتھ نماز تہجد سے یعنی چار سنتِ زوال کا ثواب تہجد کی چار رکعتوں کے برابر ہے (اس حدیث سے شوافع سنتِ زوال کو مستقل نماز شمار کرتے ہیں)

۲-اور کوئی چیز نہیں مگر وہ اللہ کی پاکی بیان کرتی ہے، اس گھڑی میں یعنی بوقتِ زوال ہر مخلوق تسبیح وتقدیس میں لگ جاتی ہے، پس بندوں کو بھی اس وقت میں نماز پڑھنی چاہئے، اس نماز کا بڑا ثواب ہے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، علی بن عاصم معمولی راوی ہے (صدوق) اور حدیثوں میں غلطیاں بھی کرتا تھا، اوران پر اصرار بھی کرتا تھا، اوراس کا استاذ یحییٰ بن مسلم بکّاء ضعیف راوی ہے، بگّاء: اللہ کی یاد میں بہت رونے والا، یہ بزرگ آدمی تھے، مگر حدیث میں ضعیف تھے۔

[۱۷-] ومِنْ سُوْرَةِ النَّحْلِ

[۳۱۵۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ يَحْيىَ الْبَكَّاءِ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرْبَعٌ قَبْلَ الظُّهْرِ بَعْدَ الزَّوَالِ تُحْسَبُ بِمِثْلِهِنَّ مِنْ صَلاَةِ السَّحَرِ"، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَلَيْسَ مِنْ شَيْئٍ إِلَّا وَهُوَ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تِلْكَ السَّاعَةَ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿يَتَفَيَّؤُ ظِلاَلُهُ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِلّٰهِ وَهُمْ دَاخِرُوْنَ﴾ الآيَةَ كُلَّهَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَلِيِّ بْنِ عَاصِمٍ.

لغت: السَّحَر: رات کا آخری اور فجر سے کچھ پہلے کا وقت، پو پھٹنے سے پہلے کا وقت...... الآيَةَ كلَّها: یعنی آیت شروع سے پوری پڑھیں۔

۲-بدلہ لینے میں ظلم سے تجاوز نہ ہو

سورۃ النحل کی (آیت ۱۲۶) ہے: ﴿وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهِ، وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِلصَّابِرِيْنَ﴾: اور اگر تم بدلہ لو تو بس اسی قدر بدلہ لو جس قدر تم پر زیادتی کی گئی ہے، اور اگر تم صبر کرو تو یہ بات یقیناً صبر کرنے والوں کے لئے بہتر ہے، یعنی مظلوم کو بدلہ لینے کا حق ہے، مگر شرط یہ ہے کہ بدلہ لینے میں مقدار ظلم سے تجاوز نہ ہو۔

حدیث: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب جنگ احد ہوئی تو انصار میں سے چونسٹھ اور مہاجرین میں سے چھ صحابہ شہید ہوئے، جن میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہا بھی تھے، پس مشرکین نے ان کی لاشیں بگاڑیں، پس انصار نے کہا: بخدا! اگر پہنچے ہم مشرکین سے اس جیسے کسی دن کو یعنی جب بھی ہمارا موقع آئے گا تو ہم ان

پر زیادتی کریں گے۔ حضرت ابیؓ کہتے ہیں: پس جب فتح مکہ کا دن آیا تو ایک انصاری نے کہا: ''آج کے بعد قریش نہیں ہونگے!'' یعنی آج ہم سب کا صفایا کردیں گے، پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت نازل فرمائی، اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''قوم سے ہاتھ روک لو، علاوہ چار آدمیوں کے'' یعنی آیت کے آخر میں جو صبر کرنے کا حکم ہے: نبی ﷺ نے اس پر عمل کیا، برابر کا بدلہ بھی نہیں لیا۔

لغت: لَنُرْبِیَنَّ: أَرْبیٰ اِرْبَاءً: اوپر پہنچانا، زیادہ کرنا...... اور وہ چار شخص جن کو مستثنیٰ کیا گیا تھا: یہ ہیں: عکرمۃ بن ابی جہل، عبداللہ بن خطل، مِقْیَس بن صبابہ اور عبداللہ بن سعد بن ابی السرح...... ان کے علاوہ دو عورتیں بھی مستثنیٰ کی گئی تھیں...... مگر حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بعد میں مسلمان ہوگئے اور ان کو امن دیدیا گیا۔

[۳۱۵۳-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَی، عَنْ عِیْسَی بْنِ عُبَیْدٍ، عَنِ الرَّبِیْعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِی الْعَالِیَةِ، قَالَ: ثَنِیْ أُبَیُّ بْنُ کَعْبٍ، قَالَ: لَمَّا کَانَ یَوْمُ أُحُدٍ: أُصِیْبَ مِنَ الْأَنْصَارِ أَرْبَعَةٌ وَسِتُّوْنَ رَجُلًا، وَمِنَ الْمُهَاجِرِیْنَ سِتَّةٌ، مِنهُمْ حَمْزَةُ، فَمَثَّلُوْا بِهِمْ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: لَئِنْ أَصَبْنَا مِنهُمْ یَوْمًا مِثْلَ هٰذَا لَنُرْبِیَنَّ عَلَیْهِمْ، قَالَ: فَلَمَّا کَانَ یَوْمُ فَتْحِ مَکَّةَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالیٰ: ﴿وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهِ، وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَیْرٌ لِلصَّابِرِیْنَ﴾ فَقَالَ رَجُلٌ: لَاقُرَیْشَ بَعْدَ الْیَوْمِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللّٰه علیه وسلم: ''کُفُّوْا عَنِ الْقَوْمِ إِلَّا أَرْبَعَةً'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ أُبَیِّ بْنِ کَعْبٍ.

وضاحت: حدیث میں تقدیم وتاخیر ہے، فقال رجل مقدم ہے اور فأنزل مؤخر ہے، صحیح ترتیب مسند احمد (۱۳۵:۵) میں ہے۔

وَمِنْ سُوْرَةِ بَنِیْ إِسْرَائِیْلَ

سورۂ بنی اسرائیل کی تفسیر

۱- معراج کے سلسلہ کی چند روایات

ہجرت سے کچھ پہلے اسراء ومعراج کا واقعہ پیش آیا ہے، مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کا سفر ''اسراء'' کہلاتا ہے، اور مسجدِ اقصیٰ سے آسمانوں کے اوپر تک کی سیر ''معراج'' کہلاتی ہے، سورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں اس واقعہ کا تذکرہ ہے، اس مناسبت سے معراج کی روایتیں ذکر کرتے ہیں۔ معراج کی روایتیں متواتر ہیں، علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے تفسیر میں ۲۵ صحابۂ کرام کے نام لکھے ہیں، جن سے معراج کی حدیثیں مروی ہیں، اور آخر میں لکھا ہے کہ معراج کی حدیثوں پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے، اور ملحدوں اور زندیقوں نے ان سے اعراض کیا ہے۔

پہلی حدیث: میں معراج میں چند اولوالعزم انبیاء سے ملاقات کا تذکرہ ہے، آپؐ نے ان کا حلیہ بیان فرمایا ہے:
۱- حضرت موسیٰ علیہ السلام چھریرے بدن کے تھے، سر کے بال نہ بالکل سیدھے تھے نہ گھونگھریالے، قبیلۂ شنوءہ کے آدمیوں جیسے معلوم ہوتے تھے۔ ۲- حضرت عیسیٰ علیہ السلام میانہ قد گوری رنگت کے تھے، اور گویا ابھی غسل خانہ سے نہا کر نکلے ہیں۔ ۳- حضرت ابراہیم علیہ السلام: نبی ﷺ کے ہم شکل تھے۔

پھر اسی حدیث میں یہ واقعہ بھی مذکور ہے کہ جب آپؐ بیت المقدس سے تحیۃ المسجد پڑھ کر نکلے تو جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کے سامنے شراب کا جام اور دودھ کا پیالہ پیش کیا، آپؐ نے دودھ کا پیالہ اختیار فرمایا، حضرت جبرئیلؑ نے کہا: ''آپؐ نے فطرت (اسلام) کو اختیار فرمایا''

دوسری اور تیسری حدیث: میں براق کا تذکرہ ہے، بُراق: بَرق سے ہے، جس کے معنی ہیں: بجلی، اور اس سواری کو بُراق اس کی برق رفتاری کی وجہ سے کہا گیا ہے، یہ سواری جنت سے لائی گئی تھی، وہ سفید لانبے قد کا ایک چوپایہ تھا، گدھے سے کچھ بڑا اور خچر سے کچھ چھوٹا، اور یہ جو مشہور ہے کہ اس کا چہرہ عورت جیسا اور جسم گھوڑے جیسا تھا: یہ محض بے اصل بات ہے۔ اس کی تیز رفتاری کا حال یہ تھا کہ وہ اپنا پیر منتہائے نظر پر رکھتا تھا، آپؐ اس پر سوار ہو کر بیت المقدس پہنچے، اور اس کو اس کنڈے سے باندھ دیا جس سے انبیاء علیہ السلام اپنی سواریاں باندھا کرتے تھے، پھر آپؐ بیت المقدس میں تشریف لے گئے، اور وہاں تحیۃ المسجد پڑھی۔

چوتھی حدیث: میں بیت المقدس منکشف کئے جانے کا تذکرہ ہے، جب قریش نے معراج کے واقعہ کو جھٹلایا اور آپؐ سے بیت المقدس کی علامتیں پوچھیں تو اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو آپؐ کے لئے منکشف کر دیا، آپؐ نے اس کو دیکھ کر قریش کو سب علامتیں بتائیں، مگر کتے کی دم ٹیڑھی! کوئی بھی ایمان نہ لایا۔

[۱۸-] وَمِنْ سُوْرَةِ بَنِي إِسْرَائِيْلَ

[۳۱۵٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "حِيْنَ أُسْرِيَ بِيْ لَقِيْتُ مُوْسَى" قَالَ: فَنَعَتَهُ: "فَإِذَا رَجُلٌ" - قَالَ: حَسِبْتُهُ قَالَ:- "مُضْطَرِبٌ، الرَّجِلُ الرَّأْسِ، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَةَ" قَالَ: "وَلَقِيْتُ عِيْسَى" - قَالَ: فَنَعَتَهُ، قَالَ:- "رَبْعَةٌ أَحْمَرُ، كَأَنَّهُ خَرَجَ مِنْ دِيْمَاسٍ" يَعْنِي الْحَمَّامَ "وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ" قَالَ: "وَأَنَا أَشْبَهُ وَلَدِهِ بِهِ"

قَالَ: "وَأُتِيْتُ بِإِنَائَيْنِ: أَحَدُهُمَا لَبَنٌ، وَالآخَرُ فِيْهِ خَمْرٌ، فَقِيْلَ لِيْ: خُذْ أَيَّهُمَا شِئْتَ، فَأَخَذْتُ اللَّبَنَ، فَشَرِبْتُهُ، فَقِيْلَ لِيْ: هُدِيْتَ لِلْفِطْرَةِ، أَوْ: أَصَبْتَ الْفِطْرَةَ، أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَخَذْتَ الْخَمْرَ: غَوَتْ أُمَّتُكَ، هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب مجھے رات میں لے جایا گیا تو میری ملاقات موسیٰ علیہ السلام سے ہوئی۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے موسیٰ علیہ السلام کا حلیہ بیان کیا، (فرمایا:) ''پس اچانک ایک آدمی'' حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: گمان کیا میں نے کہ آپؐ نے فرمایا: ''چھریرے'' یعنی میانہ، نہ دبلے نہ موٹے: ''اور سر کے بال نہ بالکل سیدھے نہ گھونگھریالے، گویا وہ قبیلۂ شنوءہ کے کوئی آدمی ہیں''...... نبی ﷺ نے فرمایا: ''اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کی'' حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے ان کا (بھی) حلیہ بیان کیا، فرمایا: ''میانہ قد، گوری رنگت کے، گویا وہ غسل خانے سے (نہا کر) نکلے ہیں''......اور میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا، فرمایا: ''اور میں ان کی اولاد میں سب سے زیادہ ان سے مشابہ ہوں''......فرمایا: ''اور میرے پاس دو برتن لائے گئے، ان میں سے ایک میں دودھ اور دوسرے میں شراب تھی، پس مجھ سے کہا گیا: جونسا پیالہ آپؐ چاہیں لے لیں، پس میں نے دودھ کا پیالہ لے لیا، اور میں نے اس کو پی لیا، پس مجھ سے کہا گیا: آپؐ فطرت (اسلام) کی طرف راہ نمائی کئے گئے'' یا کہا: ''آپؐ نے فطرت کو پالیا، سنیں! اگر آپؐ شراب کا پیالہ لیتے تو آپؐ کی امت گمراہ ہو جاتی''

حل عبارت: أسری به: رات میں لے چلنا، سفر معراج رات میں کرایا گیا تھا...... نَعَتَ (ف) نَعْتًا: حال بیان کرنا...... مُضْطَرِبٌ: چھریرے بدن کا...... الرَّجِلُ: میانہ بال، نہ بالکل سیدھے نہ گھونگھریالے، یہ رجل کی دوسری صفت ہے...... رَبْعَة: میانہ قد، نہ لامبے نہ ٹھگنے...... دِیْماس: غسل خانہ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسی حال میں آسمان پر اٹھائے گئے تھے، اور وہ اسی حال میں ہیں۔

[٣١٥٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أُتِيَ بِالْبُرَاقِ، لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِهِ، مُلْجَمًا، مُسْرَجًا، فَاسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ جِبْرَئِيْلُ: أَبِمُحَمَّدٍ تَفْعَلُ هٰذَا؟! فَمَا رَكِبَكَ أَحَدٌ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْهُ! قَالَ: فَارْفَضَّ عَرَقًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ.

[٣١٥٦-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا أَبُوْ تُمَيْلَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ جُنَادَةَ، عَنْ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَمَّا انْتَهَيْنَا إِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ جِبْرَئِيْلُ بِأُصْبُعِهِ، فَخَرَقَ بِهِ الْحَجَرَ، وَشَدَّ بِهِ الْبُرَاقَ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[٣١٥٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَمَّا كَذَّبَتْنِيْ قُرَيْشٌ، قُمْتُ فِيْ الْحِجْرِ، فَجَلَّى اللّٰهُ لِيَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ، فَطَفِقْتُ أُخْبِرُهُمْ عَنْ آيَاتِهِ، وَأَنَا أَنْظُرُ إِلَيْهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وفي الباب: عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِيْ ذَرٍّ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ.

ترجمہ: حدیث (۳۱۵۵) حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس براق لایا گیا، جس رات میں آپؐ کو لے جایا گیا، درانحالیکہ وہ لگام دیا ہوا، زین باندھا ہوا تھا، پس آپؐ کو اس پر سوار ہوتے ہوئے دشواری محسوس ہوئی یعنی براق رام نہیں ہوا پس اس سے حضرت جبرئیل (علیہ السلام) نے کہا: ''کیا محمد ﷺ کے ساتھ تو یہ معاملہ کرتا ہے؟! پس محمد ﷺ سے اللہ کے نزدیک کوئی زیادہ معزز شخص تجھ پر سوار نہیں ہوا! پس براق کا (یہ بات سن کر) پسینہ چھوٹ گیا (اور وہ سواری کے لئے رام ہو گیا)

حدیث (۳۱۵۶): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب مجھے قریش نے جھٹلایا تو میں حطیم میں کھڑا ہوا، پس اللہ تعالیٰ نے میرے لئے بیت المقدس کو منکشف کر دیا، پس میں نے ان کو بیت المقدس کی نشانیاں بتانی شروع کیں، درانحالیکہ میں اس کی طرف دیکھ رہا تھا''

لغات: **المُلْجَم**: لگام لگایا ہوا، از باب افعال...... **المُسْرَج**: زین کسا ہوا، **أَسْرَجَ الْفرسَ**: گھوڑے پر زین کسنا ...... **اِسْتَصْعَبَ الأَمْرَ**: مشکل محسوس کرنا، دشوار سمجھنا، **اِسْتَصْعَبَ علیه**: آپؐ کو اس پر سوار ہونے میں دشواری محسوس ہوئی...... **اِرْفَضَّ العَرَقُ**: پسینہ بہنا، ٹپکنا...... **قَالَ** کا صلہ جب باء آتا ہے تو اشارہ کرنے کے معنی ہوتے ہیں...... **جَلّٰی تَجْلِيَةً**: منکشف کرنا، کھول دینا۔

۲-معراج بیداری میں ہوئی تھی یا خواب میں؟

معراج: بیداری میں ہوئی تھی یا خواب میں؟ حضرت عائشہ، حضرت معاویہ اور حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہم کی طرف یہ بات منسوب کی گئی ہے کہ آپؐ نے یہ واقعات بحالتِ خواب دیکھے ہیں، ان حضرات کا مستدل سورہ بنی اسرائیل کی آیت (٦٠) ہے: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِيْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ، وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِيْ الْقُرْآنِ﴾: اور ہم نے آپؐ کو (شب معراج میں) جو مشاہدہ کرایا تھا: وہ لوگوں کی آزمائش ہی کے لئے تھا، اور وہ درخت بھی جس کی قرآن میں مذمت کی گئی ہے۔ اس آیت میں معراج کے واقعہ کو رؤیا (خواب) کہا گیا ہے۔

اور جمہور امت کی رائے یہ ہے کہ اسراء و معراج بیداری میں پیش آئے ہیں، یعنی روح و جسم کے ساتھ معراج ہوئی ہے، ان کے دلائل ہدایت القرآن (۵:۳۱) میں ہیں، اور آیت ٦٠ میں جو اس واقعہ کو رؤیا کہا گیا ہے تو ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ وہ رؤیا آنکھ کا دیکھنا تھا جو شب معراج میں آپؐ کو دکھایا گیا تھا۔

رُؤْيَا: رَأَى يَرَىٰ کا مصدر ہے، جس کے معنی بصارت یا بصیرت سے دیکھنے کے ہیں، نیز فُعْلیٰ کے وزن پر اسم بھی ہے، اس وقت خواب کے معنی ہونگے۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: معراج میں جو نشانیاں دکھلائی گئی تھیں وہ امور غیب میں سے تھیں، اور رویتِ شہادت سے مختلف تھیں، اس لئے ان کو عالم غیب کے مشابہ قرار دے کر رؤیا سے تعبیر کیا گیا

ہے(قاله ابن حجر رحمه الله فی الفتح ۱۲:۳۰)

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے آیتِ پاک: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِیْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِلنَّاسِ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ وہ آنکھ کا دیکھنا تھا، نبی ﷺ کو وہ واقعات دکھلائے گئے، جس رات آپؐ کو بیت المقدس لے جایا گیا......اور آپؐ نے آیت پاک: ﴿والشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِیْ الْقُرْآن﴾ کی تفسیر میں فرمایا: ''وہ زقّوم کا درخت ہے''

ان دونوں باتوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱- کفار یہ مطالبہ کرتے تھے کہ آپؐ آسمان پر چڑھ کر دکھائیں: ﴿أَوْ تَرْقٰی فِیْ السَّمَاءِ﴾ ان سے اس آیت میں کہا گیا کہ یہ معجزہ تم کو تمہاری فرمائش سے پہلے دکھایا جاچکا ہے۔ شب معراج میں آپؐ کو ساتوں آسمانوں کی سیر کرائی گئی ہے، اور عجائباتِ قدرت کا مشاہدہ کرایا گیا ہے۔ مگر اس مشاہدہ سے منکرین کو کیا حاصل ہوا؟ انھوں نے اس مشاہدہ کا مذاق اڑایا، اور نبی ﷺ پر جھوٹے اور جنونی ہونے کے الزامات لگائے۔

۲- مشرکین کا یہ مطالبہ بھی تھا کہ آپؐ آسمان سے لکھی ہوئی کتاب لے آئیں، جسے ہم خود پڑھیں: ﴿حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَقْرَؤُهُ﴾ اور ظاہر ہے نبی آسمان سے جو کتاب لائے گا: اس میں آسمانی خبریں ہونگی، پس کیا یہ لوگ اس کو مان لیں گے؟ دیکھو! قرآن میں ایک ناپسندیدہ درخت زقّوم کی خبر دی گئی ہے، جو دوزخ کی تہ میں پیدا ہوتا ہے، جس کو دوزخی کھائیں گے، اس خبر کو مکہ والوں نے کس طرح لیا؟ ابوجہل نے کہا: ''لو جی بھڑکتی آگ میں ہرا درخت!'' دوسرا بولا: ''زقّوم: یمنی زبان میں کھجور اور مکھن کو کہتے ہیں!'' تیسرے نے دعا کی: ''الٰہی! ہمارے گھروں کو زقّوم سے بھر دے!'' پس کس امید پر مشرکین کے مطالبات پورے کئے جائیں؟ (ہدایت القرآن ۵:۹۶)

[۳۱۵۸-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْ قَوْلِهِ تَعَالٰی: ﴿وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِیْ أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ﴾ قَالَ: هِیَ رُؤْيَا عَيْنٍ، أُرِيَهَا النَّبِیُّ صلی الله عليه وسلم، لَيْلَةَ أُسْرِیَ بِهِ إِلَی بَيْتِ الْمَقْدِسِ ﴿وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِیْ الْقُرْآنِ﴾ قَالَ: هِیَ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳- صبح کی قراءت فرشتوں کی حاضری کا وقت ہے

سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۷۸) میں ہے: ﴿إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾: بیشک فجر کی قراءت حاضری کا وقت ہے۔ اس کی تفسیر حدیث میں یہ آئی ہے کہ اس قراءت کے وقت رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔

اور اس کی تفصیل احادیث شریفہ میں یہ آئی ہے کہ فجر اور عصر کے وقت: دن اور رات کے فرشتوں کی ڈیوٹیاں بدلتی ہیں، اور فجر کی نماز میں چونکہ جہری قراءت ہے: اس لئے آنے جانے والے فرشتے نماز فجر میں اللہ کا کلام سننے کے

لئے شریک ہوتے ہیں۔

[۳۱۵۹-] حدثنا عُبَيْدُ بْنُ أَسْبَاطِ بْنِ محمدٍ الْقُرَشِيُّ الْكُوْفِيُّ، نا أَبِيْ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فِيْ قَوْلِهِ تعَالَى: ﴿وَقُرْآنَ الْفَجْرِ، إِنَّ قُرْآنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا﴾: "تَشْهَدُهُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَمَلَائِكَةُ النَّهَارِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حدثنا بِذٰلِكَ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ.

وضاحت: حدیث کی پہلی سند: اسباط بن محمد کی ہے، ان کی سند کے آخر میں صرف حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے، اور دوسری سند: علی بن مسہر کی ہے، وہ سند کے آخر میں حضرت ابو ہریرہؓ کے ساتھ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بھی ذکر کرتے ہیں۔

۴- قیامت کے دن سب لوگ اپنے پیشواؤں کے ساتھ بلائے جائیں گے

سورۃ بنی اسرائیل (آیات ۷۱و۷۲) میں ہے: "اس دن کو یاد کرو جب ہم تمام انسانوں کو ان کے پیشواؤں کے ساتھ بلائیں گے: پھر جن لوگوں کو نامۂ اعمال ان کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا: وہ اپنا نامۂ اعمال پڑھیں گے، اور ان پر ذرہ برابر ظلم نہ کیا جائے گا۔ اور جو شخص اس دنیا میں اندھا ہے وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا، بلکہ وہ اور بھی گم کردۂ راہ ہوگا!"

اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے آیتِ کریمہ: ﴿يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: "ان میں سے (اہل محشر میں سے) ایک شخص بلایا جائے گا یعنی اس کے نام کی آواز لگے گی، پس وہ اس کا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، اور اس کے لئے اس کے جسم میں ساٹھ ہاتھ کا اضافہ کیا جائے گا، اور اس کا چہرہ روشن کیا جائے گا، اور اس کے سر پر چمکتے ہوئے موتی کا تاج رکھا جائے گا۔ پس وہ اپنے ساتھیوں کی طرف چلے گا، پس وہ اس کو دور سے دیکھیں گے، اور کہیں گے: الٰہی! اس کو ہمارے پاس لا، اور ہمارے لئے اس میں برکت فرما، یہاں تک کہ وہ ان کے پاس آئے گا، پس وہ ان سے کہے گا: خوش ہوجاؤ، تم میں سے ہر شخص کے لئے اس کے مانند ہے...... اور رہا کافر: تو اس کا چہرہ سیاہ کیا جائے گا، اور اس کے لئے اس کے جسم میں ساٹھ ہاتھ کا اضافہ کیا جائے گا، جیسا آدم علیہ السلام کا قد ہے، اور وہ (کانٹوں کا) تاج پہنایا جائے گا، پس اس کو اس کے ساتھی

دیکھیں گے، اور کہیں گے: ہم اس شخص کے شر سے اللہ کی پناہ چاہتے ہیں! الٰہی! اس کو ہمارے پاس نہ لا، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ ان کے پاس آئے گا، وہ کہیں گے: الٰہی! اس کو پیچھے کر (اور أَخْزِهِ ہے تو ترجمہ ہوگا: اس کو رسوا کر) پس وہ کہے گا: اللہ تمہیں رحمت سے دور کرے پس بیشک تم میں سے ہر شخص کے لئے اس کے مانند ہے۔

حدیث کا حال: اس حدیث کی سند میں السُّدِّیُ الکبیر: اسماعیل بن عبدالرحمٰن غنیمت راوی ہے، صدوق ہے مگر حدیث میں غلطیاں کرتا تھا، اور اس کا باپ عبدالرحمٰن بن ابی کریمہ مجہول الحال راوی ہے اور یہ حدیث امام ترمذیؒ کے علاوہ بزار ہی نے اس سند سے روایت کی ہے، اس لئے یہ روایت اعلیٰ درجہ کی نہیں...... اور السُّدِّیُّ الصغیر محمد بن مروان متروک راوی ہے (تمیز)...... السُّدَّة کے معنی ہیں: دروازے کے آگے کی جگہ، یہ راوی اپنے گھر کے دروازے پر دکان لگایا کرتا تھا اس لئے اس کا یہ لقب ہو گیا تھا۔

[۳۱۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ تَعَالىٰ: ﴿يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ﴾ قَالَ: يُدْعَى أَحَدُهُمْ، فَيُعْطَى كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ، وَيُمَدُّ لَهُ فِيْ جِسْمِهِ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا، وَيُبَيَّضُ وَجْهُهُ، وَيُجْعَلُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ يَتَلَأْلَأُ، فَيَنْطَلِقُ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَيَرَوْنَهُ مِنْ بُعْدٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: اللّٰهُمَّ ائْتِنَا بِهٰذَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ هٰذَا، حَتَّى يَأْتِيَهُمْ، فَيَقُوْلُ لَهُمْ: أَبْشِرُوْا، لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلُ هٰذَا.

وَأَمَّا الْكَافِرُ: فَيُسَوَّدُ وَجْهُهُ، وَيُمَدُّ لَهُ فِيْ جِسْمِهِ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا، عَلَى صُوْرَةِ آدَمَ، وَيُلْبَسُ تَاجًا، فَيَرَاهُ أَصْحَابُهُ، فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا! اللّٰهُمَّ لَا تَأْتِنَا بِهٰذَا، قَالَ: فَيَأْتِيْهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: اللّٰهُمَّ أَخِّرْهُ، فَيَقُوْلُ: أَبْعَدَكُمُ اللّٰهُ! فَإِنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلَ هٰذَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، والسُّدِّيُّ: اسْمُهُ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

۵- مقام محمود شفاعتِ کبریٰ کا مقام ہے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ارشاد پاک: ﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهِ، نَافِلَةً لَكَ، عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾: اور رات میں: پس قرآن سے تہجد کی نماز پڑھئے (یہ نماز) زائد ہے آپؐ کے لئے، ہو سکتا ہے آپؐ کا پروردگار آپؐ کو مقام محمود (ستودہ مرتبے) پر فائز کردے: اس آیت کی تفسیر میں نبیؐ نے فرمایا، درانحالیکہ آپؐ سے اس کی تفسیر پوچھی گئی تھی: پس فرمایا: ''وہ شفاعتِ کبریٰ ہے''

تشریح: مقام محمود کا لفظی ترجمہ ہے: تعریف کیا ہوا مرتبہ، اور آیت میں شفاعت کبریٰ کا مقام مراد ہے۔ قیامت کے دن جب اولین و آخرین میدان حشر میں اکٹھا ہونگے، اور حساب کتاب شروع نہیں ہو رہا ہوگا، اور ساری خلقت پریشان

ہوگی، اور چاہے گی کہ کوئی بندۂ خدا سفارش کرے تا کہ حساب شروع ہو جائے، پس تمام مؤمنین تمام انبیاء سے درخواست کریں گے، مگر وہ دن اتنا ہولناک ہوگا کہ کوئی پیغمبر شفاعت کی ہمت نہ کرے گا، اس وقت آنحضرت ﷺ شفاعت کریں گے، اس وقت ہر شخص کی زبان پر آپ کی تعریف ہوگی، گویا اس دن عظمتِ محمدی پوری شان کے ساتھ جلوہ گر ہوگی۔

[۳۱۶۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيْدَ الزَّعَافِرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾ وَسُئِلَ عَنْهَا، قَالَ: "هِيَ الشَّفَاعَةُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَدَاوُدُ الزِّعَافِرِيُّ: هُوَ دَاوُدُ الْأَوْدِيُّ، ابْنُ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَهُوَ عَمُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ إِدْرِيْسَ.

۶- حق آیا اور باطل رفو چکر ہوا!

سورہ بنی اسرائیل کی آیت (۸۱) ہے: ﴿قُلْ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾: اور اعلان کیجئے: حق آیا اور باطل گیا، باطل بلا شبہ مٹنے والا ہے۔ اس آیت کے الفاظ اگرچہ عام ہیں، مگر یہ آیت مکہ مکرمہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے یعنی مکہ میں حق کا غلبہ ہوگا اور باطل مٹ جائے گا، چنانچہ ایسا ہی ہوا، فتح مکہ کے دن کعبہ شریف میں جو تین سو ساٹھ بت تھے: وہ سب نبی ﷺ کے ایک اشارے سے اوندھے منہ گر پڑے، اس وقت آپ کی زبانِ مبارک پر یہ آیت اور سورۂ سبا کی آیت (۴۹) تھی: ﴿قُلْ: جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ﴾ اعلان کیجئے: حق آیا اور باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا!

[۳۱۶۲-] حدثنا ابنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: دَخَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ، وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّوْنَ نُصُبًا، فَجَعَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَطْعَنُهَا بِمِخْصَرَةٍ فِيْ يَدِهِ، وَرُبَّمَا قَالَ: بِعَوْدٍ، وَيَقُوْلُ: ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا﴾ ﴿جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ ابنِ عُمَرَ.

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے سال مکہ میں داخل ہوئے، اور کعبہ کے گرد ۳۶۰ بت تھے، پس نبی ﷺ نے ان کو چوکا دینا شروع کیا اس چھڑی سے جو آپ کے ہاتھ میں تھی — اور کبھی ابن مسعودؓ نے کہا: لکڑی سے — اور آپ کہتے تھے: "حق آ گیا اور باطل رفو چکر ہوا، بیشک باطل دم توڑنے ہی والا ہے"

’’حق آ گیا اور باطل نہ تو کسی چیز کو پیدا کرے اور نہ پھیر کر لائے!‘‘

لغات: النُّصُب: مورتی وغیرہ جو پوجا کے لئے قائم کی جائے، جمع أَنْصَاب...... طَعَنَه: نیزہ وغیرہ کا چوکا دینا ...... المِخْصَرَة: لاٹھی، چھڑی وغیرہ جس پر ٹیک لگائی جائے ...... العود: کوئی بھی لکڑی ...... أَبْدَأَ الشيئَ: پیدا کرنا، شروع کرنا۔

۷- ہجرت کے وقت مژدۂ جانفزا

سورہ بنی اسرائیل (آیت ۸۰) میں ایک دعا تلقین کی گئی ہے: ﴿وَقُلْ رَّبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَصِيْرًا﴾: اور دعا کیجئے: میرے پروردگار! مجھے بہترین طریقہ پر داخل فرما، اور بہترین طریقہ پر نکال، اور مجھے اپنی طرف سے مدد کیا ہوا غلبہ عطا فرما!...... اس دعا میں اس طرف اشارہ تھا کہ اب مکہ چھوڑنے کا وقت قریب آ گیا ہے، اور یہ بھی اشارہ تھا کہ یہ چھوڑنا ہمیشہ کے لئے چھوڑنا نہیں ہے، بلکہ دوبارہ مکہ میں واپسی ہوگی، اور یہ بھی صاف اشارہ تھا کہ قوت وغلبہ ملنے کا وقت قریب آ گیا ہے۔ چنانچہ بعد کے حالات نے اس دعا کی حرف بہ حرف تصدیق کی، آپؐ بہ حفاظتِ خداوندی دشمنوں کے نرغے سے نکل کر مدینہ منورہ تشریف لے گئے، وہاں پورے اعزاز کے ساتھ آپؐ کا استقبال کیا گیا، اور آٹھ ہی سال کے بعد مکہ مکرمہ میں فاتحانہ داخلہ ہوا، اور دس سال کے قلیل عرصہ میں وہ حکومت وغلبہ نصیب ہوا کہ جزیرۃ العرب میں مسلمانوں سے کوئی آنکھ ملانے والا نہ رہا...... اس آیت کے الفاظ بھی اگرچہ عام ہیں، مگر یہ آیتِ کریمہ بھی مکہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے، داخل کرنے سے مکہ میں داخل کرنا مراد ہے، اور نکالنے سے مکہ سے نکالنا مراد ہے، اور داخل کرنے کو تفاؤلاً (نیک فالی کے طور پر) مقدم کیا گیا ہے۔

[۳۱۶۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا جَرِيْرٌ، عَنْ قَابُوْسِ بْنِ أَبِيْ ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ، ثُمَّ أُمِرَ بِالْهِجْرَةِ، فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ: ﴿وَقُلْ رَبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِيْ مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيْرًا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ مکہ میں تھے، پھر آپؐ کو ہجرت کا حکم دیا گیا، پس آپؐ پر یہ آیت نازل ہوئی، یعنی ہجرت سے کچھ قبل یہ آیت نازل ہوئی۔

۸- یہود ومشرکین روح کی حقیقت نہیں جان سکتے

مشرکین مکہ نے رسول اللہ ﷺ کی صداقت جانچنے کے لئے مشاورت کی۔ اور طے کیا کہ وہ جو کلام پیش کرتے ہیں، اور اس کو اللہ کا کلام بتاتے ہیں: اس کو جانچا جائے۔ خود تو علوم انبیاء سے واقف نہیں تھے، اس لئے ایک وفد مدینہ

بھیجا، علمائے یہود نے ان کو تین سوالات بتلائے، اور یہ بھی بتایا کہ اگر وہ سچے نبی ہیں تو دو کا جواب دیں گے اور ایک کا جواب نہیں دیں گے، اور اگر وہ شخص جھوٹا ہے تو تینوں کا جواب دے گا، یا کسی کا بھی جواب نہیں دے گا۔ وہ تین سوالات یہ تھے: ۱- ان جوانوں کا حال بتاؤ جو قدیم زمانہ میں بادشاہ سے ڈر کر ایک غار میں چلے گئے تھے۔ ۲- اس بادشاہ کا حال سناؤ جس نے مشرق و مغرب کا سفر کیا تھا۔ ۳- روح کی حقیقت کیا ہے؟

وفد نے واپس آکر رسول اللہ ﷺ سے یہی سوالات کئے، قرآنِ کریم میں جوابات نازل ہوئے، پہلے دو سوالوں کے جوابات سورۂ کہف میں ہیں، اور روح کے بارے میں جواب یہاں، سورۂ بنی اسرائیل (آیت ۸۵) میں ہے، فرمایا: لوگ آپؐ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں؟ آپؐ جواب دیں کہ روح میرے رب کے حکم سے ایک چیز ہے، اور تم بس تھوڑا سا ہی علم دیئے گئے ہو۔ یعنی روح ایک وجودی چیز ہے، جب وہ حکم خداوندی سے حیوان میں آموجود ہوتی ہے تو حیوان جی اٹھتا ہے، اور جب وہ چیز بدن سے نکل جاتی ہے تو جاندار مر جاتا ہے، بس روح کے بارے میں اتنی ہی بات تم لوگ سمجھ سکتے ہو، اس سے زیادہ نہیں سمجھ سکتے، کیونکہ تمہیں (یہود و مشرکین کو) بس تھوڑا سا ہی علم دیا گیا ہے، جو روحانیت کو سمجھنے کے لئے کافی نہیں۔ کیونکہ کسی بھی مسئلہ کو سمجھنے کے لئے علم کی ایک مقدار ضروری ہے، کندۂ ناتراش کو آسمان کی حقیقت نہیں سمجھائی جاسکتی، اور جنت وجہنم (روحانیات) کے احوال سے پوری طرح واقف نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ ماورائے مادیات کو جھانکنے کی سب میں صلاحیت نہیں ہوتی۔

اس آیت کے شانِ نزول کے سلسلہ میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو روایتیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: قریش نے یہود سے کہا: ہمیں کوئی بات بتلاؤ جو ہم اس شخص سے پوچھیں، پس یہود نے کہا: اس سے روح کے بارے میں پوچھو، چنانچہ انھوں نے آپؐ سے روح کے بارے میں پوچھا، پس اللہ تعالیٰ نے آیت: ﴿وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ﴾ نازل فرمائی، یہود نے کہا: ہم بڑا علم دیئے گئے ہیں، ہم تورات دیئے گئے ہیں، اور جو شخص تورات دیا گیا وہ یقیناً بڑی خیر دیا گیا، اس پر سورۃ الکہف کی (آیت ۱۰۹) نازل ہوئی: ”آپؐ ان سے کہہ دیجئے کہ اگر میرے رب کی باتیں لکھنے کے لئے سمندر روشنائی بن جائیں، تو وہ میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائیں گے، اگرچہ اس سمندر کے مانند دوسرا سمندر ہم اس کی مدد کے لئے لے آئیں“

تشریح: آیت کے آخر میں یہود پر چوٹ ہے کہ چہ پدّی اور چہ پدّی کا شوربا! تمہارا مبلغ علم ہی کیا ہے جو تمہیں روح کی حقیقت سمجھائی جائے، یہود یہ چوٹ برداشت نہ کر سکے اور انھوں نے مذکورہ بات کہی کہ ہم حاملین تورات ہیں، اور تورات میں بڑا علم ہے، پس ہم تھوڑا نہیں، بلکہ بڑا علم دیئے گئے ہیں، اس پر ان سے کہا گیا کہ تورات تو اللہ کے علم کا ایک ذرہ ہے، اللہ کا علم تو غیر متناہی ہے، پس تمہارا یہ دعوی کہ تم سب کچھ جانتے ہو، اور ہر مسئلہ سمجھ سکتے ہو: درست نہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ مدینہ کے ایک کھیت میں چل رہا تھا

(اور بخاری شریف میں حَرْث کے بجائے خِرَب ہے یعنی ویرانے میں چل رہا تھا) اور آپؐ کھجور کی ٹہنی پر ٹیک لگائے ہوئے چل رہے تھے، پس آپؐ یہود کی ایک جماعت کے پاس سے گذرے، پس ان کے بعض نے کہا: کاش تم ان سے کوئی بات پوچھتے یعنی امتحان لیتے، پس بعض نے کہا: تم ان سے کچھ مت پوچھو، کیونکہ وہ تمہیں ایسی بات سنائیں گے جو تمہیں پسند نہیں آئے گی، پس انھوں نے کہا: اے ابوالقاسم! ہمیں روح کے بارے میں بتائیں؟ پس نبی ﷺ ایک گھڑی کھڑے رہے، اور اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا، پس میں سمجھ گیا کہ آپؐ کی طرف وحی کی جارہی ہے، یہاں تک کہ وحی چڑھ گئی یعنی بند ہوگئی تو آپؐ نے فرمایا: ''روح میرے رب کے حکم سے ایک چیز ہے، اور تم لوگ نہیں دیئے گئے علم میں سے مگر تھوڑا سا!''

سوال: یہ آیت تو ہجرت سے پہلے مکہ میں نازل ہوچکی تھی، اب دوبارہ نازل ہونے کا کیا مطلب؟

جواب: تکرار نزول ہوتا تھا، بعض آیتیں اور بعض سورتیں مکرر نازل کی گئی ہیں۔ اور اس کا مقصد کبھی تو اس آیت اور اس سورت کی اہمیت واضح کرنا ہوتا تھا، اور کبھی پیش آمدہ صورت کے جواب کی طرف متوجہ کرنا ہوتا تھا کہ اس سوال کا جواب فلاں آیت میں ہے۔

[۳۱٦٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَتْ قُرَيْشٌ لِيَهُوْدَ: أَعْطُوْنَا شَيْئًا نَسْأَلُ عَنْهُ هٰذَا الرَّجُلَ، فَقَالَ: سَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، فَسَأَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿وَيَسْأَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ؟ قُلِ: الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ، وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾ قَالُوْا: أُوْتِيْنَا عِلْمًا كَبِيْرًا، أُوْتِيْنَا التَّوْرَاةَ، وَمَنْ أُوْتِيَ التَّوْرَاةَ فَقَدْ أُوْتِيَ خَيْرًا كَبِيْرًا، فَأُنْزِلَتْ: ﴿قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۱٦٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كُنْتُ أَمْشِيْ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَرْثٍ بِالْمَدِيْنَةِ؟ وَهُوَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى عَسِيْبٍ، فَمَرَّ بِنَفَرٍ مِنَ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَوْ سَأَلْتُمُوْهُ! فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَاتَسْأَلُوْهُ، فَإِنَّهُ يُسْمِعُكُمْ مَاتَكْرَهُوْنَ! فَقَالُوْا: يَا أَبَا الْقَاسِمِ! حَدِّثْنَا عَنِ الرُّوْحِ؟ فَقَامَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم سَاعَةً، وَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَعَرَفْتُ أَنَّهُ يُوْحَى إِلَيْهِ، حَتّٰى صَعَدَ الْوَحْيُ، ثُمَّ قَالَ: ﴿الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ، وَمَا أُوْتِيْتُمْ مِنَ الْعِلْمِ إِلَّا قَلِيْلاً﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۹- قیامت کے دن کفار منہ کے بل کیسے چلیں گے؟

سورہ بنی اسرائیل (آیت ۹۷) ہے: ﴿وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَبُكْمًا وَصُمًّا﴾: اور ہم

قیامت کے دن ان کو منہ کے بل چلا کر، اور اندھا بہرا اور گونگا بنا کر میدانِ حشر میں اکٹھا کریں گے...... کفار کو قیامت کے دن منہ کے بل کیسے چلایا جائے گا؟ اس کا جواب درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ قیامت کے دن میدانِ محشر میں تین طرح سے جمع کئے جائیں گے: ایک قسم: پیدل ہوگی، دوسری: سوار ہوگی اور تیسری ان کے مونہوں کے بل چل رہی ہوگی۔ ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! کفار اپنے مونہوں کے بل کیسے چلیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جو اللہ پیروں سے چلاتا ہے وہ بیشک اس پر قادر ہے کہ ان کو مونہوں کے بل چلائے، سنو! وہ منہ کے بل چلیں گے، اور ہر ٹیلے کانٹے سے بچتے ہوئے چلیں گے''

اور دوسری حدیث میں ہے کہ تم میدانِ محشر میں جمع کئے جاؤ گے پیدل اور سوار، اور گھسیٹے جاؤ گے تمہارے چہروں پر (پس منہ کے بل چلنے کی کیفیت تو ہم نہیں جانتے، البتہ اس پر ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسا کرنے پر قادر ہیں) (اور یہ دوسری حدیث پہلے ابواب صفۃ القیامہ باب۴ تحفہ ۶: ۱۹۵ میں گذر چکی ہے)

[۳۱۶۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةَ أَصْنَافٍ: صِنْفًا مُشَاةً، وَصِنْفًا رُكْبَانًا، وَصِنْفًا عَلَى وُجُوْهِهِمْ" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ يَمْشُوْنَ عَلَى وُجُوْهِهِمْ؟ قَالَ: " إِنَّ الَّذِىْ أَمْشَاهُمْ عَلَى أَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُمْشِيَهُمْ عَلَى وُجُوْهِهِمْ، أَمَا! إِنَّهُمْ يَتَّقُوْنَ بِوُجُوْهِهِمْ كُلَّ حَدَبٍ وَشَوْكَةٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى وُهَيْبٌ، عَنْ ابنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

[۳۱۶۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ رِجَالاً وَرُكْبَانًا، وَتُجَرُّوْنَ عَلَى وُجُوْهِكُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ .

۱۰- موسیٰ علیہ السلام کے نو واضح معجزات

سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۱۰۱) میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو نو واضح نشانیاں عطا فرمائی تھیں، یہ نو واضح نشانیاں: موسیٰ علیہ السلام کے نو واضح معجزات تھے، اور وہ یہ تھے: ۱- عصائے موسیٰ۔ ۲- ید بیضاء۔ ۳- پانی کا سیلاب۔ ۴- ٹڈی دَل ۵- جوئیں یا چیچڑی یا سُرسُری ۶- مینڈک ۷- خون ۸- قحط سالیاں ۹- پھلوں کی کمی...... مگر یہاں حدیث میں احکام عشرۃ بیان کئے گئے ہیں، یہ عبداللہ بن سلمہ کا وہم ہے۔ اور یہ حدیث پہلے أبواب الاستیذان والآداب (باب

۳۳ تحفہ ٦: ٥٠٧) میں گذر چکی ہے، وہاں ترجمہ بھی ہے اور حدیث کی پوری تفصیل ہے، وہاں دیکھ لی جائے۔

[٣١٦٨-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، وَأَبُوْ الْوَلِيْدِ – وَاللَّفْظُ: لَفْظُ يَزِيْدَ، وَالْمَعْنى وَاحِدٌ – عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ: أَنَّ يَهُوْدِيَّيْنِ قَالَ أَحَدُهُمَا لَصَاحِبِهِ: اذْهَبْ بِنَا إِلَى هٰذَا النَّبِيِّ، نَسْأَلُهُ، قَالَ: لَاتَقُلْ لَهُ نَبِيٌّ، فَإِنَّهُ إِنْ يَسْمَعْهَا تَقُوْلُ لَهُ نَبِيٌّ كَانَتْ لَهُ أَرْبَعَةُ أَعْيُنٍ، فَأَتَيَا النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَاهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالىٰ: ﴿وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوْسَى تِسْعَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ﴾ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَاتُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَاتَزْنُوْا، وَلَاتَقْتُلُوْا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ، وَلَا تَسْرِقُوْا، وَلَا تَسْحَرُوْا، وَلَا تَمْشُوْا بِبَرِيْءٍ إِلَى سُلْطَانٍ فَيَقْتُلَهُ، وَلَا تَأْكُلُوْا الرِّبَا، وَلَا تَقْذِفُوْا مُحْصَنَةً، وَلَا تَفِرُّوْا مِنَ الزَّحْفِ – شَكَّ شُعْبَةُ – وَعَلَيْكُمُ الْيَهُوْدَ خَاصَّةً: أَلَّا تَعْتَدُوْا فِيْ السَّبْتِ، فَقَبَّلَا يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ، وَقَالَا: نَشْهَدُ أَنَّكَ نَبِيٌّ! قَالَ: " فَمَا يَمْنَعُكُمَا أَنْ تُسْلِمَا؟" قَالَا: إِنَّ دَاوُدَ دَعَا اللّٰهَ أَنْ لَّايَزَالَ فِيْ ذُرِّيَّتِهِ نَبِيٌّ، وَإِنَّا نَخَافُ إِنْ أَسْلَمْنَا أَنْ تَقْتُلَنَا الْيَهُوْدُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

١١- ﴿وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ کا شان نزول

سورۃ بنی اسرائیل آیت (۱۱۰) میں ہے: آپؐ اپنی نماز نہ بہت زیادہ بلند آواز سے پڑھیں، اور نہ بالکل ہی پست آواز سے، بلکہ دونوں میں درمیانی راہ اختیار کریں...... اس آیت کا شانِ نزول درج ذیل روایت میں آیا ہے:

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آیتِ کریمہ: ﴿وَلَاتَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا﴾ مکہ میں نازل ہوئی ہے، نبی ﷺ جب (نماز میں) قرآن بلند آواز سے پڑھتے تو مشرکین برا کہتے قرآن کو، قرآن اتارنے والے کو اور اس کو جو قرآن لایا ہے، یعنی نبی ﷺ کو، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری کہ آپؐ نماز میں بلند آواز سے قرآن نہ پڑھیں کہ برا کہا جائے قرآن کو، قرآن اتارنے والے کو اور قرآن لانے والے کو، اور نہ آپؐ آواز پست کریں اپنے ساتھیوں سے، بلکہ ایسا پڑھیں کہ ان کو سنا دیں، تا کہ وہ آپؐ سے قرآن لے لیں۔

یہ روایت ابو بشر جعفر بن ایاس کے شاگرد امام شعبہ کی ہے، اور ان کی روایت مرسل ہے، وہ سند کے آخر میں حضرت ابن عباسؓ کا تذکرہ نہیں کرتے۔ اور یہی حدیث ابو بشر سے ہشیم بھی روایت کرتے ہیں، ان کی حدیث موصول ہے، سند کے آخر میں حضرت ابن عباسؓ کا ذکر ہے، اور صحیحین میں یہی روایت ہے، ہشیم کی روایت اس طرح ہے:

حضرت ابن عباسؓ نے: ﴿وَلَاتَجْهَرْ﴾ الآیۃ کی تفسیر میں فرمایا: یہ آیت اتری جبکہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں چھپے ہوئے تھے یعنی علی الاعلان اسلام پیش نہیں کر سکتے تھے، اور جب آپؐ اپنے صحابہ کے ساتھ نماز پڑھتے تو قرآن بلند

آواز سے پڑھتے، مشرکین جب اس کو سنتے تو وہ قرآن کو اور قرآن اتارنے والے کو یعنی اللہ تعالیٰ کو اور قرآن لانے والے کو گالیاں دیتے، چنانچہ اللہ نے اپنے نبی ﷺ کو حکم دیا کہ آپ نماز میں قرآن بہت بلند آواز سے نہ پڑھیں کہ مشرکین سنیں اور قرآن کو برا کہیں، اور اپنے ساتھیوں سے پوشیدہ بھی نہ کریں، اور دونوں میں درمیانی راہ اختیار کریں۔

تشریح: یہ حکم کفار کے درمیان ہی عمل کرنے کے لئے نہیں ہے، بلکہ عام ہے، ایک واقعہ میں نبی ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا تھا کہ آپ ذرا زور سے پڑھا کریں، کیونکہ بہت آہستہ پڑھنے سے طبیعت اکتا جاتی ہے، اور حضرت عمرؓ سے فرمایا تھا کہ آپ ذرا آہستہ پڑھیں، کیونکہ بہت بلند آواز سے پڑھنا تھکا دیتا ہے، پس معتدل راہ ہی بہتر ہے۔

[۳۱۶۹-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ - وَلَمْ يَذْكُرْ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ - وَهُشَيْمٍ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا﴾ قَالَ: نَزَلَتْ بِمَكَّةَ، كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ سَبَّهُ الْمُشْرِكُوْنَ، وَمَنْ أَنْزَلَهُ، وَمَنْ جَاءَ بِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ﴾ فَيُسَبَّ الْقُرْآنُ، وَمَنْ أَنْزَلَهُ، وَمَنْ جَاءَ بِهِ، ﴿وَلاَتُخَافِتْ بِهَا﴾ عَنْ أَصْحَابِكَ، بِأَنْ تُسْمِعَهُمْ، حَتَّى يَأْخُذُوْا عَنْكَ الْقُرْآنَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۱۷۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا أَبُوْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَلاَتَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا، وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلاً﴾ قَالَ: نَزَلَتْ وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُخْتَفٍ بِمَكَّةَ، وَكَانَ إِذَا صَلَّى بِأَصْحَابِهِ رَفَعَ صَوْتَهُ بِالْقُرْآنِ، فَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ إِذَا سَمِعُوْا شَتَمُوْا الْقُرْآنَ، وَمَنْ أَنْزَلَهُ، وَمَنْ جَاءَ بِهِ، فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالىٰ لِنَبِيِّهِ: ﴿وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاَتِكَ﴾ أى بِقِرَاءَ تِكَ، فَيَسْمَعَ الْمُشْرِكُوْنَ، فَيُسَبُّ الْقُرْآنُ ﴿وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا﴾ عَنْ أَصْحَابِكَ ﴿وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلاً﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۲-معراج کی دو باتوں کا حضرت حذیفہؓ نے انکار کیا

امام ترمذی رحمہ اللہ سورہ بنی اسرائیل کی تفسیر کے آخر میں دو متفرق روایتیں لائے ہیں، پہلی روایت کا تعلق معراج کے واقعہ سے ہے، پس یہ روایت سورت کے شروع میں آنی چاہئے تھی، جیسا کہ امام نسائی رحمہ اللہ سنن کبری میں شروع میں لائے ہیں۔ اور دوسری روایت شفاعت کبری کی ہے، اس کو آیت (۷۹) کی تفسیر میں لانا چاہئے تھا، کیونکہ اس میں ''مقام محمود'' کا ذکر ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے معراج کی دو باتوں کا انکار کیا ہے: بیت المقدس میں تحیۃ المسجد پڑھنے کا اور بُراق کو

کنڈے سے باندھنے کا، مگر یہ دونوں باتیں صحیح روایتوں سے ثابت ہیں، اس لئے اس کو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی شاذ رائے قرار دیں گے۔

حدیث: زِرُّ بنُ حُبَیْش جو جلیل القدر تابعی ہیں: کہتے ہیں: میں نے حضرت حذیفہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے بیت المقدس میں نماز پڑھی تھی؟ انھوں نے کہا: نہیں، میں نے کہا: کیوں نہیں! یعنی پڑھی تھی (واقعہ کی صحیح نوعیت مسند احمد (۵:۳۸۷) میں ہے: زر بن حبیش جو مخضرم تابعی ہیں ایسے وقت حضرت حذیفہؓ کے پاس پہنچے کہ وہ اسراء کا واقعہ بیان کررہے تھے، وہ کہہ رہے تھے کہ نبی ﷺ بیت المقدس میں داخل نہیں ہوئے، بلکہ بُراق سے اترے بھی نہیں، سیدھے آسمان پر چڑھے، اس پر زرؒ نے کہا: نہیں، بلکہ اس رات نبی ﷺ بیت المقدس میں داخل ہوئے تھے، اور اس میں نماز بھی پڑھی تھی) حضرت حذیفہؓ نے پوچھا: اے سر کے بال اڑے ہوئے (گنجے!) آپ کا نام کیا ہے؟ میں آپ کو شکل سے تو جانتا ہوں، مگر نام نہیں جانتا، زر نے کہا: میں زر بن حبیش ہوں۔ انھوں نے کہا: آپ کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی کہ نبی ﷺ نے اس رات بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے؟ زر نے جواب دیا: مجھے یہ بات قرآن سے معلوم ہوئی ہے، میرے اور آپ کے درمیان قرآن ہے، حضرت حذیفہؓ نے کہا: ''جو قرآن سے بات کرتا ہے وہ کامیاب ہوتا ہے!'' آپ وہ آیت پڑھیں جس سے آپ نے یہ بات سمجھی ہے، زرؒ نے آیتِ کریمہ: ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ أَسْرٰی بِعَبْدِهِ لَیْلاً مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَی الْمَسْجِدِ الأَقْصَی﴾ پڑھی، حضرت حذیفہؓ نے کہا: اس میں تو یہ بات نہیں ہے کہ آپ نے بیت المقدس میں نماز پڑھی ہے، کیا آپ اس آیت میں یہ بات صراحۃً پاتے ہیں؟ زرؒ نے کہا: نہیں یعنی یہ بات صراحۃً قرآن میں نہیں ہے۔ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: ''اگر آپؐ نے اس میں نماز پڑھی ہوتی تو تم پر اس میں نماز پڑھنا لازم کیا جاتا جس طرح بیت اللہ میں نماز پڑھنا تم پر لازم کیا گیا ہے'' (اور مسند احمد میں ہے: بخدا! وہ دونوں (آنحضرت اور جبرئیل علیہما السلام) براق سے نہیں اترے، یہاں تک کہ دونوں کے لئے آسمانوں کے دروازے کھولے گئے، یہاں یہ مضمون بعد میں آیا ہے)

زر نے پوچھا: یہ براق کیا چیز ہے؟ حضرت حذیفہؓ نے کہا: وہ اس طرح لمبا (اور ہاتھ سے اشارہ کرکے لمبائی سمجھائی) سفید چوپایہ تھا، جو اپنا قدم منتہائے نظر پر رکھتا تھا، وہ آپؐ کے پاس لایا گیا (جس پر آپؐ اور جبرئیل علیہما السلام سوار ہوئے، جبرئیل آگے بیٹھے اور آپؐ ردیف تھے) پھر دونوں براق کی پیٹھ سے جدا نہیں ہوئے یہاں تک کہ دونوں نے جنت وجہنم دیکھی، اور آخرت کا وعدہ زیادہ جامع ہے یعنی آپؐ نے اس موقع پر جنت وجہنم کی صرف زیارت کی تھی، تفصیل سے آپؐ جنت کو آخرت میں دیکھیں گے، پھر دونوں جیسے گئے تھے ویسے ہی لوٹ آئے، کہیں ٹھہرے نہیں۔

حضرت حذیفہؓ نے کہا: اور لوگ بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے براق کو باندھا (یہ بات بھی صحیح نہیں) کیوں باندھا؟ کیا اس لئے کہ وہ بھاگ جاتا؟ (کیسے بھاگ جاتا:) اس کو آپؐ کے لئے غیب وشہادت کے جاننے والے اللہ ہی نے

مسخر کیا تھا۔

تشریح: اگر معراج میں جاتے ہوئے آپ نے بیت المقدس میں تحیۃ المسجد نہیں پڑھی اور واپسی میں وہاں انبیاء کی امامت بھی نہیں کی تو پھر وہاں لے جانے کا فائدہ کیا؟ آسمان پر تو مکے سے سیدھے بھی چڑھ سکتے تھے! اور مسجد حرام کی طرح مسجد اقصی میں نماز پڑھنے کی فضیلت بھی حدیث میں آئی ہے، یہی وہاں نماز پڑھنے کو لازم کرتا ہے...... اور آپؐ آسمانوں میں براق کے ذریعہ نہیں چڑھے تھے، بلکہ سیڑھی لگائی گئی تھی، اسی لئے اس سفر کو معراج کہا جاتا ہے، معراج کے معنی ہیں: سیڑھی، اور براق وہیں بندھا رہا تھا، واپسی میں اس سواری کو پھر استعمال کیا گیا تھا، اور سواری پر بیت المقدس لے جانا اور سواری کو وہاں باندھنا عالم اسباب کی رعایت سے تھا، اس عالم میں: اسباب کی رعایت ضروری ہے...... اور جیسے گئے تھے ویسے واپس بھی نہیں آئے تھے، کیونکہ اسی معراج میں نمازیں فرض ہوئی ہیں، اور آپؐ بار بار موسیٰ علیہ السلام کے پاس اور بارگاہِ خداوندی میں آتے جاتے رہے ہیں، تاکہ نمازوں میں تخفیف ہو، بہرحال حضرت حذیفہؓ کی یہ سب باتیں شاذ رائے ہیں۔

[٣١٧١-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِيْ النَّجُوْدِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: قُلْتُ لِحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: أَصَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ؟ قَالَ: لاَ، قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: أَنْتَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ يَا أَصْلَعُ! بِمَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ؟ قُلْتُ: بِالْقُرْآنِ، بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ الْقُرْآنُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: مَنِ احْتَجَّ بِالْقُرْآنِ فَقَدْ أَفْلَحَ – قَالَ سُفْيَانُ: يَقُوْلُ: قَدِ احْتَجَّ، وَرُبَّمَا قَالَ: قَدْ فَلَجَ – فَقَالَ: ﴿سُبْحَانَ الَّذِىْ أَسْرَى بِعَبْدِهِ لَيْلاً مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ إِلَى الْمَسْجِدِ الأَقْصَى﴾ قَالَ: أَفَتَرَاهُ صَلَّى فِيْهِ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: لَوْ صَلَّى فِيْهِ لَكُتِبَتْ عَلَيْكُمُ الصَّلاَةُ فِيْهِ، كَمَا كُتِبَتْ الصَّلاَةُ فِيْ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ، قَالَ حُذَيْفَةُ: قَدْ أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِدَابَّةٍ طَوِيْلَةِ الظَّهْرِ، مَمْدُوْدَةٍ هٰكَذَا، خَطْوُهُ مَدَّ بَصَرِهِ، فَمَا زَايَلاَ ظَهْرَ الْبُرَاقِ، حَتَّى رَأَيَا الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَوَعْدَ الآخِرَةِ أَجْمَعَ، ثُمَّ رَجَعَا عَوْدَهُمَا عَلَى بَدْئِهِمَا، قَالَ: وَيَتَحَدَّثُوْنَ أَنَّهُ رَبَطَهُ، لِمَا؟ لِيَفِرَّ مِنْهُ! وَإِنَّمَا سَخَّرَهُ لَهُ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحتیں: سفیان ثوریؒ نے درمیان میں حضرت حذیفہؓ کے قول: مَنِ احْتَجَّ بالقرآن فقد أَفْلَحَ کی وضاحت کی ہے کہ آپؓ کی مراد فقد أَفْلَحَ سے قَدِ احْتَجَّ ہے یعنی وہ مضبوط اور صحیح دلیل لایا، کامیاب ہونے کا یہ مطلب ہے، یقول: یعنی حضرت حذیفہ قد أفلح سے قَدِ احْتَجَّ کہنا چاہتے ہیں، أى أتى بالحجة الصحيحة ...... اور حضرت سفیان نے کبھی قد أفلح کی جگہ قَدْ فَلَجَ کہا، فَلَجَ (ن) بِحُجَّتِهِ کے معنی ہیں: اپنی دلیل سے دوسرے کو مغلوب کر دینا، فَلَجَتْ

حُجَّتُهُ: اس کی دلیل کارگر ہوئی...... طویلةُ الظهر: لمبی پیٹھ کا جس پر دو شخص بسہولت بیٹھ سکیں...... ممدودة هكذا: حضرت حذیفہؓ نے اشارہ کر کے اس کی پیٹھ کا لمبا ہونا سمجھایا...... رَجَعَ عَوْدَه علی بَدْئِه: محاورہ ہے: لوٹا وہ اپنا لوٹنا اپنے آغاز پر یعنی جیسا گیا تھا ویسا ہی واپس آ گیا، منزل پر پہنچ کر رکا نہیں۔

١٣-شفاعتِ کبریٰ کی ایک روایت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا:

١- میں قیامت کے دن اولادِ آدم (تمام انسانوں) کا سردار ہوؤنگا، اور یہ بات فخر سے نہیں کہتا (بلکہ اظہارِ واقعہ کے طور پر کہتا ہوں)

٢- اور میرے ہاتھ میں اللہ کی حمد کا جھنڈا ہوگا، اور یہ بات بھی میں فخر سے نہیں کہتا (لشکر میں جھنڈا اس شخص کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو فوج میں سب سے زیادہ بہادر ہوتا ہے، اس کے ساتھ تشبیہ دے کر یہ بات فرمائی گئی ہے یعنی قیامت کے دن سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی تعریف میں کرونگا) اور اس دن آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ سبھی انبیاء میرے جھنڈے تلے ہونگے یعنی اللہ کی حمد کرنا سب آپؐ سے سیکھیں گے۔

٣- اور میں پہلا شخص ہونگا جس سے زمین (قبر) پھٹے گی، اور یہ بات بھی میں فخر سے نہیں کہتا۔

آپؐ نے فرمایا: پس لوگ تین بار سخت گھبراہٹ میں مبتلا ہونگے (ایک: حساب کتاب شروع ہونے سے پہلے، جس کی تفصیل آگے آ رہی ہے، دوسری: جب اللہ کے سامنے پیشی ہوگی، اور یہ پیشی بھی تین مرتبہ ہوگی، جس کی تفصیل پہلے (تحفہ ٦: ١٩٦ میں) آ چکی ہے، اور تیسری بار: جب نامۂ اعمال اڑائے جائیں گے)

پہلی گھبراہٹ کی تفصیل: پس لوگ آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے۔ اور کہیں گے: آپ ہمارے ابا ہیں، آپ اپنے رب کے پاس ہمارے لئے سفارش کریں، وہ کہیں گے: میں نے ایک بڑی کوتاہی کی ہے، جس کی وجہ سے میں زمین پر اتار دیا گیا، لیکن تم نوح (علیہ السلام) کے پاس جاؤ، لوگ نوح کے پاس جائیں گے، وہ کہیں گے: میں نے زمین والوں کے لئے ایک سخت بددعا کی ہے، چنانچہ وہ ہلاک کر دیئے گئے، لیکن تم ابراہیم (علیہ السلام) کے پاس جاؤ، لوگ ابراہیمؑ کے پاس جائیں گے، وہ کہیں گے: میں نے تین خلافِ واقعہ (توریہ والی) باتیں کہی ہیں —— پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نہیں تھی ان میں سے کوئی خلافِ واقعہ بات مگر مدافعت کی ابراہیمؑ نے اس کے ذریعہ اسلام سے (اس کی تفصیل تحفہ ٥: ٢٨٤ أبواب البر والصلة باب ٢٦ میں گذر چکی ہے) —— لیکن تم موسیٰ (علیہ السلام) کے پاس جاؤ، پس لوگ موسیٰؑ کے پاس جائیں گے۔ وہ کہیں گے: میں نے ایک شخص کو قتل کیا ہے، لیکن تم عیسیٰ (علیہ السلام) کے پاس جاؤ، پس لوگ عیسیٰ کے پاس جائیں گے، وہ کہیں گے: میری اللہ کے ورے پوجا کی گئی ہے، لیکن تم محمد ﷺ

کے پاس جاؤ۔ آپؐ نے فرمایا: پس لوگ میرے پاس آئیں گے، چنانچہ میں ان کے ساتھ چلونگا۔

علی بن زید بن جدعان کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پس گویا میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں یعنی آپؐ نے جو آئندہ بات فرمائی ہے وہ گویا میں ابھی سن رہا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: ''پس میں جنت کے دروازے کا حلقہ (چھلا، کڑا) پکڑونگا، پس میں اس کو زور سے کھٹکھٹاؤنگا، پس پوچھا جائے گا: کون؟ پس جواب دیا جائے گا: محمد ﷺ ہیں، پس فرشتے میرے لئے دروازہ کھولیں گے، اور مجھے خوش آمدید کہیں گے، پس وہ کہیں گے: مرحبا (آپؐ کشادہ جگہ میں آئے!) پس میں سجدہ میں گر پڑونگا، پس اللہ تعالیٰ مجھے حمد وثنا الہام فرمائیں گے، پس مجھ سے کہا جائے گا: آپؐ اپنا سر اٹھایئے، اور مانگئے، دیئے جائیں گے، اور سفارش کیجئے، سفارش قبول کئے جائیں گے، اور کہئے، آپؐ کی بات سنی جائے گی، اور یہی وہ ''مقام محمود'' ہے جس کے بارے میں ارشادِ پاک ہے: ﴿عَسٰی أَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا﴾: بعید نہیں کہ آپؐ کے پروردگار آپ کو مقام محمود (ستودہ مرتبے) پر فائز کردیں۔

سفیان ثوری رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی نہیں مگر یہی کلمہ کہ ''میں جنت کے دروازے کا حلقہ پکڑونگا، پس اس کو زور سے کھٹکھٹاؤنگا''

لغات: اِنْشَقَّ: پھٹنا، شگاف پڑنا...... مَاحَلَه مُمَاحَلَةً و مِحَالاً: کسی کے ساتھ کید ومکر کرنا، طاقت آزمائی کرنا۔ مجرد: مَحَلَ (ف) بالأمر مَحْلاً: کسی کام کے لئے چال چلنا، حدیث میں مَاحَلَ بِمَنْی دَافَعَ ہے...... قَعْقَعَ الشیئَ: کسی چیز میں حرکت کی بنا پر زوردار آواز ہونا، خشک چیز کو ہلا کر آواز نکالنا، کھٹکھٹانا۔

ملحوظہ: قال أنس سے مرحباً تک شفاعتِ خاصہ کا مضمون درمیان میں آگیا ہے، اور شفاعتِ کبری کی حدیثوں میں عام طور پر ایسا ہوا ہے، اس کی تفصیل پہلے (تحفہ ۶:۲۰۴ میں) گذر چکی ہے، جہاں شفاعتِ کبری کی حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے آئی ہے۔

[۳۱۷۲-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم: أَنَا سَیِّدُ وُلْدِ آدَمَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَلاَ فَخْرَ، وَبِیَدِیْ لِوَاءُ الْحَمْدِ، وَلاَ فَخْرَ، وَمَا مِنْ نَبِیٍّ یَوْمَئِذٍ، آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ، إِلاَّ تَحْتَ لِوَائِیْ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ یَّنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ، وَلاَ فَخْرَ"

قَالَ: فَیَفْزَعُ النَّاسُ ثَلاَثَ فَزَعَاتٍ، فَیَأْتُوْنَ آدَمَ، فَیَقُوْلُوْنَ: أَنْتَ أَبُوْنَا آدَمُ، فَاشْفَعْ لَنَا إِلَی رَبِّکَ، فَیَقُوْلُ: إِنِّیْ أَذْنَبْتُ ذَنْبًا، أُهْبِطْتُ مِنْهُ إِلَی الأَرْضِ، وَلٰکِنِ ائْتُوْا نُوْحًا، فَیَأْتُوْنَ نُوْحًا، فَیَقُوْلُ: إِنِّیْ دَعَوْتُ عَلَی أَهْلِ الأَرْضِ دَعْوَةً، فَأُهْلِکُوْا، وَلٰکِنِ اذْهَبُوْا إِلَی إِبْرَاهِیْمَ، فَیَأْتُوْنَ إِبْرَاهِیْمَ، فَیَقُوْلُ: إِنِّیْ کَذَبْتُ ثَلاَثَ کَذِبَاتٍ — ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم: مَا مِنْهَا کَذِبَةٌ إِلاَّ مَاحَلَ بِهَا عَنْ

دِيْنِ اللّٰهِ – وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُوْسَى، فَيَأْتُوْنَ مُوْسَى، فَيَقُوْلُ: إِنِّيْ قَدْ قَتَلْتُ نَفْسًا، وَلٰكِنِ ائْتُوْا عِيْسَى، فَيَأْتُوْنَ عِيْسَى، فَيَقُوْلُ: إِنِّيْ عُبِدْتُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ، وَلٰكِنِ ائْتُوْا مُحَمَّدًا صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَيَأْتُوْنِّيْ، فَأَنْطَلِقُ مَعَهُمْ"

قَالَ ابْنُ جُدْعَانَ: قَالَ أَنَسٌ:" فَكَأَنِّيْ أَنْظُرُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَآخُذُ بِحَلَقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ، فَأُقَعْقِعُهَا، فَيُقَالُ: مَنْ هٰذَا؟ فَيُقَالُ: مُحمدٌ، فَيَفْتَحُوْنَ لِيْ، وَيُرَحِّبُوْنَ بِيْ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَرْحَبًا، فَأَخِرُّ سَاجِدًا، فَيُلْهِمُنِيْ اللّٰهُ مِنَ الثَّنَاءِ وَالْحَمْدِ، فَيُقَالُ لِيْ: ارْفَعْ رَأْسَكَ، وَسَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَقُلْ يُسْمَعْ لِقَوْلِكَ، وَهُوَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ: ﴿عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُوْدًا﴾ قَالَ سُفْيَانُ: لَيْسَ عَنْ أَنَسٍ إِلَّا هٰذِهِ الْكَلِمَةَ: " فَآخُذُ بِحَلَقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ، فَأُقَعْقِعُهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ الحديثَ بِطُوْلِهِ.

سُوْرَةُ الكَهْفِ

سورۃ الکہف کی تفسیر

۱- جو موسیٰ: خضر سے ملنے گئے تھے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے

سورۃ الکہف (آیت ۶۰) سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک تعلیمی سفر نامہ شروع ہوتا ہے۔ یہ واقعہ بنی اسرائیل کے پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ہے، مگر یہود نے اس واقعہ میں اپنے پیغمبر کی کسر شان سمجھی، چنانچہ انھوں نے اس واقعہ کو ایک فرضی موسیٰ سے جوڑ دیا، نوف بِکالی ایک تابعی ہیں، وہ کعب احبار کی بیوی کے لڑکے تھے، اور انھوں نے کعب احبار کے گھر میں تربیت پائی تھی، اور کعب احبار کتبِ یہود کے بڑے عالم تھے، ان سے نوف نے یہ بات حاصل کی کہ قرآن میں جس موسیٰ کا واقعہ ہے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ نہیں، بلکہ وہ ایک اور موسیٰ کا واقعہ ہے، جس کے باپ کا نام میشان تھا، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام عمران تھا۔ حضرت سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے نوف کی یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ذکر کی تو آپؓ نے نوف کی بات کی پرزور تردید کی، اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت سے پورا واقعہ تفصیل سے سنایا، جو درج ذیل ہے:

سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ نوف بن فضالہ بکالی کہتا ہے کہ بنی اسرائیل کے پیغمبر موسیٰ علیہ السلام: خضر والے موسیٰ نہیں ہیں۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا: "اللہ کا دشمن جھوٹ کہتا ہے، میں نے

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل میں وعظ کہا، وعظ کے بعد ان سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سب سے بڑا عالم کون ہے؟ آپ نے جواب دیا: میں سب سے بڑا عالم ہوں! پس اللہ تعالیٰ نے بر بنائے تعلق اظہار ناراضگی کیا تاکہ وہ اپنی اصلاح کریں (عَتَبَ علیه کا یہی مفہوم ہے) کیونکہ انھوں نے علم کو اللہ کی طرف نہیں پھیرا (انہیں جواب دینا چاہئے تھا کہ اللّٰہ أعلم: اللہ بہتر جانتے ہیں!) پس اللہ تعالیٰ نے ان کے پاس وحی بھیجی کہ میرے بندوں میں سے ایک بندہ دو دریاؤں کے سنگم پر ہے، وہ آپ سے بڑا عالم ہے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا: پروردگار! میں ان تک کیسے پہنچ سکتا ہوں؟ اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: ''آپ ایک مچھلی کھجور سے بنی ہوئی ٹوکری میں لے لیں، پس جہاں آپ مچھلی کو گم کریں: وہ بندہ وہیں ہے۔ پس موسیٰؑ چلے، اور ان کے ساتھ ان کا خادم یوشع بن نون بھی چلا، پس موسیٰ نے ایک مچھلی ٹوکری میں رکھ لی (یہ مچھلی کھانے کے لئے نہیں تھی، بلکہ نشانِ راہ کے طور پر تھی) پس وہ اور ان کا خادم چلتے رہے، یہاں تک کہ دونوں پتھر کی ایک چٹان پر آئے، پس موسیٰ اور خادم سو گئے (پھر اٹھ کر دونوں آگے چل دیئے اور مچھلی والی ٹوکری وہیں بھول گئے) پس مچھلی نے ٹوکری میں حرکت کی، یہاں تک کہ وہ ٹوکری سے نکل گئی، پس وہ سمندر میں چلی گئی۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ نے مچھلی سے پانی کا بہاؤ روک دیا، یہاں تک کہ پانی طاق کی طرح ہو گیا، اور وہ طاق مچھلی کے لئے سرنگ تھا، اور موسیٰ اور ان کے خادم کے لئے حیرت زا تھا، پس دونوں اپنا باقی دن اور اپنی رات چلتے رہے، اور موسیٰ علیہ السلام کا ساتھی یہ بات آپ کو بتلانا بھول گیا (کہ مچھلی والی ٹوکری پیچھے رہ گئی ہے) پس جب موسیٰ نے صبح کی تو خادم سے کہا: ''ہمارا ناشتہ لاؤ، آج کے سفر میں تو ہم تھک گئے!'' نبی ﷺ نے فرمایا: ''اور نہیں تھکے موسیٰ یہاں تک کہ اس جگہ سے آگے بڑھ گئے جس کا وہ حکم دیئے گئے تھے'' یعنی بامقصد محنت سے آدمی نہیں تھکتا، اور بے مقصد محنت تھکا دیتی ہے، اور نفس الامری بات کا قلب صافی پر اثر پڑتا ہے۔ خادم نے کہا: ارے! ہم جب اس چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں اس مچھلی کو بھول گیا، اور شیطان ہی نے مجھے بھلایا کہ میں اس کو یاد کروں (یعنی غفلت کی وجہ سے نہیں بھولا، بلکہ کم بخت شیطان نے بھلا دیا، اور ایسا بھلا دیا کہ اس پورے وقت میں اس کا خیال ہی نہیں آیا) اور اس مچھلی نے عجیب طریقہ سے دریا میں اپنی راہ لی (یہ اللہ کا کلام ہے کہ اب مچھلی تھیلے میں نہیں رہی تھی، سمندر میں جا چکی تھی) موسیٰ نے کہا: ''اسی جگہ کی ہمیں تلاش تھی، پس دونوں اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے لوٹے'' نبی ﷺ نے فرمایا: وہ دونوں اپنے نشانِ قدم دیکھتے ہوئے چل رہے تھے (تاکہ راستہ بھول کر کہیں سے کہیں نہ نکل جائیں)

سفیان بن عیینہؒ کہتے ہیں: کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اس چٹان کے پاس آبِ حیات کا چشمہ تھا، اس کا پانی جس مردے پر بھی گرتا وہ جی اٹھتا تھا، سفیان کہتے ہیں: اور اس مچھلی میں سے کچھ حصہ کھا لیا گیا تھا، پس اس پر پانی ٹپکا تو وہ زندہ ہو گئی (یہ دونوں عوامی باتیں ہیں، ان کی کچھ اصل نہیں)

[۱۹-] سُوْرَةُ الكَهْفِ

[۳۱۷۳-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ نَوْفًا الْبِكَالِيَّ يَزْعُمُ: أَنَّ مُوْسَى صَاحِبَ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ لَيْسَ بِمُوْسَى صَاحِبِ الْخَضِرِ، قَالَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللّٰهِ! سَمِعْتُ أُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: قَامَ مُوْسَى خَطِيْبًا فِيْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَسُئِلَ: أَيُّ النَّاسِ أَعْلَمُ؟ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ. فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، إِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ إِلَيْهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ: أَنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِيْ بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ أَعْلَمُ مِنْكَ، قَالَ مُوْسَى: أَيْ رَبِّ! فَكَيْفَ لِيْ بِهِ؟ فَقَالَ لَهُ: احْمِلْ حُوْتًا فِيْ مِكْتَلٍ، فَحَيْثُ تَفْقِدُ الْحُوْتَ فَهُوَ ثَمَّ، فَانْطَلَقَ، وَانْطَلَقَ مَعَهُ فَتَاهُ، وَهُوَ يُوْشَعُ بْنُ نُوْنٍ، فَجَعَلَ مُوْسَى حُوْتًا فِيْ مِكْتَلٍ، فَانْطَلَقَ هُوَ وَفَتَاهُ يَمْشِيَانِ حَتَّى إِذَا أَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَرَقَدَ مُوْسَى وَفَتَاهُ، فَاضْطَرَبَ الْحُوْتُ فِيْ الْمِكْتَلِ، حَتَّى خَرَجَ مِنَ الْمِكْتَلِ، فَسَقَطَ فِيْ الْبَحْرِ، قَالَ: فَأَمْسَكَ اللّٰهُ عَنْهُ جِرْيَةَ الْمَاءِ، حَتَّى كَانَ مِثْلَ الطَّاقِ، وَكَانَ لِلْحُوْتِ سَرَبًا، وَكَانَ لِمُوْسَى وَفَتَاهُ عَجَبًا، فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتِهِمَا، وَنَسِيَ صَاحِبُ مُوْسَى أَنْ يُخْبِرَهُ، فَلَمَّا أَصْبَحَ مُوْسَى قَالَ لِفَتَاهُ: ﴿آتِنَا غَدَاءَ نَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا﴾ قَالَ: وَلَمْ يَنْصَبْ حَتَّى جَاوَزَ الْمَكَانَ الَّذِيْ أُمِرَ بِهِ.﴿قَالَ: أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ، وَمَا أَنْسَانِيْهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ، وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهُ فِيْ الْبَحْرِ عَجَبًا، قَالَ﴾ مُوْسَى: ﴿ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ، فَارْتَدَّا عَلَى آثَارِهِمَا قَصَصًا﴾ قَالَ: يَقُصَّانِ آثَارَهُمَا.

قَالَ سُفْيَانُ: يَزْعُمُ نَاسٌ أَنَّ تِلْكَ الصَّخْرَةَ عِنْدَهَا عَيْنُ الْحَيَاةِ، لَايُصِيْبُ مَاءُ هَا مَيِّتًا إِلَّا عَاشَ، قَالَ: وَكَانَ الْحُوْتُ قَدْ أُكِلَ مِنْهُ، فَلَمَّا قُطِرَ عَلَيْهِ الْمَاءُ عَاشَ.

(باقی حدیث) نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ دونوں اپنے پیروں کے نشانات کی پیروی کرتے رہے، یہاں تک کہ دونوں اس چٹان پر آئے، پس انھوں نے ایک شخص کو دیکھا جو کپڑا اوڑھے ہوئے لیتا تھا، موسیٰ علیہ السلام نے اس کو سلام کیا، اس شخص نے پوچھا: آپ کے علاقہ میں سلام کہاں سے آیا؟ یعنی یہ علاقہ تو غیر مسلموں کا ہے، آپ کون ہیں؟ موسیٰ نے کہا: میں موسیٰ ہوں، اس بندے نے پوچھا: بنی اسرائیل کے موسیٰ؟ موسیٰ نے کہا: ہاں، اس بندے نے کہا: اے موسیٰ! آپ اللہ کے علوم میں سے ایک ایسا علم سکھلائے گئے ہیں جس کو میں نہیں جانتا یعنی علم شریعت، اور میں اللہ کے علوم میں سے ایک ایسا علم سکھلایا گیا ہوں جس کو آپ نہیں جانتے یعنی علم تکوین۔

پس موسیٰ نے کہا: کیا میں آپ کے ساتھ رہ سکتا ہوں، اس مقصد سے کہ آپ مجھے اس رشد و ہدایت کی تعلیم دیں

جس کی آپ کو تعلیم دی گئی ہے؟ اس بندے نے جواب دیا: آپ میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کرسکیں گے، اور آپ ایسی باتوں پر کیسے صبر کرسکتے ہیں جن کی حقیقت سے آپ پوری طرح واقف نہیں؟! موسیٰ نے کہا: اگر اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صابر پائیں گے، اور میں آپ کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہ کرونگا۔ ان سے خضر نے کہا: اگر آپ میرے ساتھ چلتے ہیں تو آپ مجھ سے کوئی بات نہ پوچھیں، یہاں تک کہ میں خود ہی آپ کے سامنے اس کا تذکرہ کروں، موسیٰ نے کہا: بہتر ہے! پس خضر اور موسیٰ علیہما السلام نے ساحل سمندر پر چلنا شروع کیا، پس ان کے پاس سے ایک کشتی گذری، پس دونوں نے کشتی والوں سے بات کی کہ وہ ان کو کشتی میں لے لیں، پس انھوں نے خضر کو پہچان لیا اور دونوں کو بغیر اجرت کے سوار کرلیا، پس خضر نے کشتی کے تختوں میں سے ایک تختے کا قصد کیا، پس اس کو اکھاڑ دیا۔ موسیٰ نے ان سے کہا: بیچاروں نے ہمیں بغیر اجرت کے بٹھالیا! پس آپ نے ان کی کشتی کا قصد کیا، پس اس کو پھاڑ دیا، تاکہ آپ کشتی والوں کو ڈبودیں، یہ تو آپ نے بڑی بھاری حرکت کرڈالی! اس بندے نے کہا: کیا میں نے کہا نہ تھا کہ آپ میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کرسکیں گے؟! موسیٰ نے کہا: بھول چوک پر آپ میری گرفت نہ کریں، اور آپ مجھ پر میرے معاملہ میں تنگی نہ ڈالیں! پھر دونوں کشتی سے نکلے، پس دریں اثنا کہ وہ ساحل پر چل رہے تھے، اچانک ایک لڑکا جو بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، خضر نے اس کا سر پکڑا، پس اس کو اپنے ہاتھ سے اکھاڑ دیا اور اس کو مار ڈالا۔ پس ان سے موسیٰ نے کہا: ارے رے! آپ نے ایک بے گناہ کی جان لے لی، جس نے کسی کا خون نہیں کیا، بخدا! آپ نے بہت ہی برا کام کیا! اس بندے نے کہا: کیا میں نے آپ سے کہا نہ تھا کہ آپ میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کرسکیں گے؟ —— نبی ﷺ نے فرمایا: اور یہ بات پہلی بات سے سخت ہے (کیونکہ اس مرتبہ انھوں نے ﴿لَكَ﴾ بڑھایا ہے، اور الفاظ کی زیادتی معنی کی زیادتی پر دلالت کرتی ہے) —— موسیٰ نے کہا: اگر میں اس کے بعد آپ سے کچھ پوچھوں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں، کیونکہ آپ نے میرے لئے کوئی عذر باقی نہیں چھوڑا —— پھر دونوں چلے، یہاں تک کہ وہ دونوں ایک بستی والوں کے پاس پہنچے تو دونوں نے گاؤں والوں سے کھانا مانگا، پس گاؤں والوں نے ضیافت کرنے سے انکار کردیا، پس دونوں نے گاؤں میں ایک دیوار دیکھی جو گرنا چاہتی تھی —— نبی ﷺ نے فرمایا: وہ دیوار جھک رہی تھی —— پس خضر نے اپنے ہاتھ سے یوں اشارہ کیا، پس اس کو سیدھا کردیا، پس ان سے موسیٰ علیہ السلام نے کہا: یہ ایسے لوگ ہیں جن کے پاس ہم آئے، پس انھوں نے ہمیں مہمان نہیں بنایا، اور ہمیں کھانا نہیں کھلایا، پس اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لیتے! اس بندے نے کہا: اب میرا اور آپ کا ساتھ ختم ہوا، اب میں آپ کو ان باتوں کی حقیقت بتاتا ہوں جن پر آپ صبر نہیں کرسکے (اس کے بعد کا مضمون قرآن کریم میں ہے)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ موسیٰ پر مہربانی فرمائیں! ہماری خواہش تھی کہ وہ صبر کرتے تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں ان کی باتیں سناتے!'' —— راوی کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے فرمایا: پہلی بات موسیٰ علیہ السلام نے وعدہ بھول

کر کہی تھی (اور باقی دو باتیں وعدہ یاد ہوتے ہوئے بالقصد کہی تھیں) —— نبی ﷺ نے فرمایا: اور ایک چڑیا آئی، وہ کشتی کے کنارے پر بیٹھی، پھر اس نے سمندر میں چونچ ماری، پس خضر نے موسیٰ سے کہا: ''نہیں گھٹایا میرے علم نے اور آپ کے علم نے اللہ کے علم میں سے مگر جتنا گھٹایا اس چڑیا نے سمندر میں سے!'' —— سعید بن جبیر کہتے ہیں: اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پڑھا کرتے تھے: وکان أمامهم (اور ہماری قراءت وَرَاءَ هم ہے) ملك يأخذ كل سفينة صالحة (عمدہ کشتی، ہماری قراءت میں صالحة نہیں ہے) غصبا......اور پڑھا کرتے تھے: وأما الغلام فكان كافراً (فكان كافراً ہماری قراءت میں نہیں ہے) یہ تفسیری جملے ہیں جن کے اضافہ کی پہلے گنجائش تھی، پھر جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے امت کو لغت قریش پر جمع کیا تو اب اس قسم کے اضافے کی گنجائش نہیں رہی۔

قَالَ: فَقَصَّا آثَارَهُمَا حَتَّى أَتَيَا الصَّخْرَةَ، فَرَأَى رَجُلاً مُسَجًّى عَلَيْهِ بِثَوْبٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ مُوْسَى، فَقَالَ: أَنّٰى بِأَرْضِكَ السَّلَامُ؟ فَقَالَ: أَنَا مُوْسَى، فَقَالَ: مُوْسَى بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: يَا مُوْسَى! إِنَّكَ عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَهُ اللّٰهُ لاَ أَعْلَمُهُ، وَأَنَا عَلَى عِلْمٍ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَنِيْهِ لاَتَعْلَمُهُ.

فَقَالَ مُوْسَى: ﴿هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَى أَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا؟ قَالَ: إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا، وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَى مَالَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا؟ قَالَ: سَتَجِدُنِيْ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَلاَ أَعْصِيْ لَكَ أَمْرًا﴾ قَالَ لَهُ الخَضِرُ: ﴿فَإِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلاَ تَسْأَلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا﴾ قَالَ: نَعَمْ. فَانْطَلَقَ الْخَضِرُ وَمُوْسَى يَمْشِيَانِ عَلَى سَاحِلِ البَحْرِ، فَمَرَّتْ بِهِمَا سَفِيْنَةٌ، فَكَلَّمَاهُمْ أَنْ يَحْمِلُوْهُمَا، فَعَرَفُوْا الْخَضِرَ، فَحَمَلُوْهُمَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَعَمِدَ الْخَضِرُ إِلَى لَوْحٍ مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِيْنَةِ فَنَزَعَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوْسَى: قَوْمٌ حَمَلُوْنَا بِغَيْرِ نَوْلٍ، فَعَمِدْتَ إِلَى سَفِيْنَتِهِمْ فَخَرَقْتَهَا ﴿لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا، لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا، قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا؟ قَالَ: لاَتُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلاَ تُرْهِقْنِيْ مِنْ أَمْرِيْ عُسْرًا﴾ ثُمَّ خَرَجَا مِنَ السَّفِيْنَةِ، فَبَيْنَمَا هُمَا يَمْشِيَانِ عَلَى السَّاحِلِ، وَإِذَا غُلَامٌ يَلْعَبُ مَعَ الغِلْمَانِ، فَأَخَذَ الْخَضِرُ بِرَأْسِهِ، فَاقْتَلَعَهُ بِيَدِهِ، فَقَتَلَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوْسَى: ﴿أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ، لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا، قَالَ: أَلَمْ أَقُلْ لَكَ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا﴾ قَالَ: وَهٰذِهِ أَشَدُّ مِنَ الْأُوْلَى. ﴿قَالَ: إِنْ سَأَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلاَ تُصَاحِبْنِيْ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَدُنِّيْ عُذْرًا، فَانْطَلَقَا حَتَّى إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا، فَأَبَوْا أَنْ يُضَيِّفُوْهُمَا، فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ أَنْ يَنْقَضَّ﴾ يَقُوْلُ: مَائِلٌ، فَقَالَ الْخَضِرُ بِيَدِهِ هٰكَذَا، فَأَقَامَهُ، فَقَالَ لَهُ مُوْسَى: قَوْمٌ أَتَيْنَاهُمْ فَلَمْ يُضَيِّفُوْنَا وَلَمْ يُطْعِمُوْنَا ﴿لَوْ شِئْتَ لَاتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا، قَالَ: هٰذَا فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيْلِ مَالَمْ تَسْتَطِعْ عَلَيْهِ صَبْرًا﴾

قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسَى! لَوَدِدْنَا أَنَّهُ كَانَ صَبَرَ، حَتَّى يَقُصَّ عَلَيْنَا

مِنْ أَخْبَارِهِمَا“ قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” الْأُوْلَى كَانَتْ مِنْ مُوْسَى نِسْيَانًا“ قَالَ: وَجَاءَ عُصْفُوْرٌ حَتَّى وَقَعَ عَلَى حَرْفِ السَّفِيْنَةِ، ثُمَّ نَقَرَ فِيْ الْبَحْرِ، فَقَالَ لَهُ الْخَضِرُ:” مَا نَقَصَ عِلْمِيْ وَعِلْمُكَ مِنْ عِلْمِ اللّٰهِ إِلَّا مِثْلَ مَا نَقَصَ هٰذَا الْعُصْفُوْرُ مِنَ الْبَحْرِ!“

قَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: وَكَانَ – يَعْنِيْ ابْنَ عَبَّاسٍ – يَقْرَأُ: وَكَانَ أَمَامَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِيْنَةٍ صَالِحَةٍ غَصْبًا، وَكَانَ يَقْرَأُ: وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ كَافِرًا“

حدیث کی سندیں: مذکورہ حدیث متفق علیہ ہے، امام ترمذیؒ نے اس کی تین سندیں ذکر کی ہیں:

۱- سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ یہ حدیث عمرو بن دینار سے، وہ سعید بن جبیر سے، اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں، یہ سند باب کے شروع میں ہے، اور اس سند سے حدیث بخاری شریف (نمبر ۱۲۲ کتاب العلم باب ۴۳) میں ہے۔ سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ بڑے محدث ہیں، امام مالکؒ کے درجہ کے ہیں، مگر وہ تدلیس کرتے تھے، البتہ وہ ثقہ استاذ ہی کا نام چھپاتے تھے (تقریب) یہ حدیث انھوں نے حضرت عمرو بن دینار سے سنی ہے، امام ترمذیؒ نے ابومزاحم سمرقندی کی سند سے علی بن المدینی کا قول نقل کیا ہے کہ میں نے ایک مرتبہ حج کیا، اور میرا خاص مقصد یہ تھا کہ میں سفیان سے معلوم کروں کہ انھوں نے یہ حدیث عمرو سے سنی ہے یا نہیں؟ کیونکہ جب پہلی مرتبہ علی مدینی نے سفیان سے یہ حدیث سنی تھی تو انھوں نے بصیغہ عن روایت کی تھی، پھر معلوم کرنے پر انھوں نے أخبرنا کہہ کر یہ حدیث سنائی۔

۲- ابواسحاق سبیعی ہمدانی یہ حدیث سعید بن جبیر سے، وہ حضرت ابن عباسؓ سے، اور وہ حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سند آگے امام ترمذی نے ذکر کی ہے، اس میں ایک زائد مضمون بھی ہے۔

۳- امام زہری یہ حدیث عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے، وہ ابن عباسؓ سے، اور وہ ابی بن کعبؓ سے روایت کرتے ہیں، اس سند سے حدیث بخاری شریف (نمبر ۷۴) میں ہے، اس کا ابتدائی حصہ اس طرح ہے: ابن عباس اور حُر بن قیس میں اختلاف ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جس بندے سے ملنے گئے تھے: وہ خضر تھے یا کوئی اور شخص تھے؟ ابن عباسؓ نے کہا: وہ خضر تھے، حر کی رائے کچھ اور تھی۔ یہ بحث چل رہی تھی کہ وہاں سے حضرت ابی بن کعبؓ گذرے، ابن عباسؓ نے ان کو بلایا، اور دریافت کیا کہ آپ نے اس سلسلہ میں نبی ﷺ سے کیا سنا ہے؟ پس انھوں نے یہ حدیث بیان کی۔

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ أَبُوْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ أَبُوْ مُزَاحِمٍ السَّمَرْقَنْدِيُّ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ: حَجَجْتُ حَجَّةً، وَلَيْسَ لِيْ هِمَّةٌ إِلَّا أَنْ أَسْمَعَ

مِنْ سُفْيَانَ يَذْكُرُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ الْخَبَرَ، حَتَّى سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، وَقَدْ كُنْتُ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ سُفْيَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ، وَلَمْ يَذْكُرِ الْخَبَرَ.

ترجمہ: ابومزاحم سمرقندی کہتے ہیں: علی بن المدینی نے کہا: میں نے ایک حج کیا: میری خاص توجہ (میرا خاص مقصد اس سفر میں) نہیں تھی، مگر یہ کہ میں سفیان سے سنوں کہ وہ اس حدیث میں خبر (أخبرنا) ذکر کرتے ہیں؟ یہاں تک کہ میں نے ان کو حدثنا عمرو بن دینار کہتے ہوئے سنا، اور میں سفیان سے یہ حدیث پہلے سن چکا تھا، مگر اس وقت انھوں نے خبر کا ذکر نہیں کیا تھا، یعنی أخبرنا یا حدثنا کہہ کر حدیث بیان نہیں کی تھی، بلکہ لفظ عن سے روایت کی تھی (سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ مکہ مکرمہ کے باشندے تھے)

۲- خضر نے جس لڑکے کو مار ڈالا تھا: اس کی سرشت میں کفر تھا

سورۃ الکہف (آیت ۸۰) میں ہے: ''رہا لڑکا: پس اس کے ماں باپ ایمان دار تھے، پس ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ لڑکا ان دونوں پر سرکشی اور کفر سے چھا جائے گا، اس لئے ہم نے چاہا کہ ان کے پروردگار اس کے بدلے میں ان کو ایسی اولاد عطا فرمائیں جو پاکیزگی میں اس سے بہتر ہو، اور شفقت میں اس سے بڑھ کر ہو''

حدیث: ابواسحاق کی سند سے مذکورہ بالا حدیث مروی ہے: اس میں یہ اضافہ ہے کہ خضر نے جس لڑکے کو مار ڈالا تھا: وہ چھاپا گیا تھا جس دن چھاپا گیا تھا کفر کی حالت میں یعنی اس کی سرشت اور افتادِ طبع کافر واقع ہوئی تھی (پس اگر وہ بڑا ہوتا تو کافر ہوتا، اور اپنے ماں باپ پر سرکشی اور کفر سے چھا جاتا، اس لئے لڑکے کا مارا جانا اس کے والدین کے حق میں رحمت اور ان کے دین کی حفاظت کا ذریعہ بن گیا)

ملحوظہ: یہاں اگر ذہن میں کوئی سوال پیدا ہو تو اس کا جواب ہدایت القرآن (۵: ۲۱۷) میں ہے۔

۳- خِضر کی وجہ تسمیہ

خَضِر (خاء کا زبر اور ضاد کا زیر) اور خِضْر (خاء کا زیر اور ضاد کا زبر) کے معنی ہیں: سبزہ زار، سرسبز مقام، اور حدیث میں ہے کہ اس بندے کو خضر اس وجہ سے کہا گیا کہ وہ ایک مرتبہ سفید سوکھی ہوئی زمین پر بیٹھے تو وہ یکا یک سرسبز ہو کر لہلہانے لگی (یہ روایت بخاری میں بھی ہے) اور اس میں اختلاف ہے کہ آپ انسان تھے یا فرشتے تھے؟ پھر انسان تھے تو ولی تھے یا نبی؟ اور کیا اب تک وہ حیات ہیں یا وفات پا چکے ہیں؟ نصوص میں اس سلسلہ میں کوئی صراحت نہیں، اور علماء ومفسرین کی آراء مختلف ہیں، اور قرینِ قیاس یہ ہے کہ آپ انسان نہیں تھے، بلکہ خاص قسم کے فرشتے تھے، جن کو رجال الغیب کہا جاتا ہے، رجال اس لئے کہ زمینی فرشتے عناصر کی اسٹیم سے پیدا ہوتے ہیں، آسمانی فرشتوں کی طرح نور محض سے پیدا

نہیں ہوتے، اورغیب اس لئے کہ وہ عام طور پر نظر نہیں آتے، کیونکہ وہ لطیف مادّہ سے پیدا کئے جاتے ہیں۔

[۳۱۷٤-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، نَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "الغُلَامُ الَّذِيْ قَتَلَهُ الْخَضِرُ طُبِعَ يَوْمَ طُبِعَ كَافِرًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۱۷۵-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّمَا سُمِّيَ الْخَضِرُ: لِأَنَّهُ جَلَسَ عَلَى فَرْوَةٍ بَيْضَاءَ، فَاهْتَزَّتْ تَحْتَهُ خَضِرًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۴- یاجوج وماجوج روزانہ سدّ سکندری کھودتے ہیں

سورۃ الکہف (آیت ۹۴) میں ہے: ''لوگوں نے عرض کیا: اے ذوالقرنین! یاجوج وماجوج اس سرزمین میں آکر فساد مچاتے ہیں، پس کیا ہم آپ کے لئے کچھ خرچ بایں شرط مقرر کردیں کہ آپ ہمارے اوران کے درمیان کوئی روک بنادیں؟'' ــــ تاکہ وہ ہمارے علاقے میں گھس کر ہمیں پریشان نہ کریں ــــ یاجوج وماجوج کے بارے میں تمام صحیح روایات، محدثین، مفسرین اور مؤرخین متفق ہیں کہ وہ حضرت نوح علیہ السلام کے صاحبزادے یافث کی اولاد ہیں، وہ کوئی عجیب الخلقت مخلوق نہیں ہیں، بلکہ دنیائے انسان کی عام آبادی کی طرح وہ بھی انسان ہیں۔ اب آپ ان کے بارے میں درج ذیل حدیث پڑھیں:

حدیث: ابورافع نُفَیع صائغ (سنار) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے روایت کرتا ہے، وہ نبی ﷺ سے سدّ سکندری کے بارے میں روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''یاجوج وماجوج روزانہ سد سکندری کو کھودتے ہیں، یہاں تک کہ جب اس میں سوراخ کرنے کے قریب ہوجاتے ہیں تو ان کا سردار کہتا ہے: لوٹ جاؤ یعنی اب کام ختم کرو، اب یہ اس قابل ہوگئی ہے کہ کل تم اس کو کھود ڈالو گے'' ــــ نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس اس کو اللہ تعالیٰ لوٹادیتے ہیں یعنی کردیتے ہیں پہلے سے بھی زیادہ مضبوط، یہاں تک کہ جب ان کی مقررہ مدت آجائے گی، اور اللہ تعالیٰ چاہیں گے کہ ان کو لوگوں پر بھیج دیں تو ان کا سردار کہے گا: اب واپس چلو، کل ان شاءاللہ تم اس کو کھود ڈالو گے، اور اس نے استثناء کیا یعنی ان شاءاللہ کہا''

نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس وہ دوسرے دن لوٹیں گے، پس وہ اس کو پائیں گے اس حالت پر جس حالت پر انھوں نے اس کو چھوڑا تھا، پس وہ اس میں سوراخ کردیں گے، اور وہ لوگوں پر نکل پڑیں گے، پس وہ پانی پی جائیں گے، اور لوگ ان سے بھاگیں گے، پس وہ آسمان کی طرف اپنے تیر پھینکیں گے، پس تیر لوٹیں گے درانحالیکہ وہ خون میں رنگین

کئے ہوئے ہونگے، پس وہ بے رحمی اور سرکشی کے طور پر کہیں گے: ہم نے غلبہ پالیا زمین والوں پر، اور ہم بلند ہو گئے آسمان والوں پر، پس اللہ تعالیٰ ان پر ناک کے کیڑے بھیجیں گے ان کی گدیوں میں، پس وہ ہلاک ہو جائیں گے''

نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! بیشک زمین کے جانور (درندے ان کو کھا کر) موٹے ہو جائیں گے، اور پھولے نہ سمائیں گے، اور بہت ہی مشکور ہونگے ان کا گوشت ملنے کی وجہ سے''

تشریح: یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اور کعب احبار سے مروی روایت میں ہے کہ وہ روزانہ دیوار کو چاٹتے ہیں (يَلْحَسُوْنَهُ) اور یہی روایت لوگوں میں مشہور ہے، مگر کعب احبار کی یہ روایت عام کتابوں میں نہیں ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے عبد بن حمید کی مسند کا حوالہ دیا ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ کی یہ حدیث ابن ماجہ، مسند احمد، صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم وغیرہ کتابوں میں ہے، اور سب کتابوں میں یہی سند ہے: **قتادة، عن أبي رافع، عن أبي هريرة، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم**، پھر قتادہ کے نیچے اس کی متعدد سندیں ہیں، اور اس حدیث کی ایک دوسری سند **عاصم عن أبي صالح، عن أبي هريرة** بھی ہے، مگر اس سند سے یہ روایت موقوف ہے، مرفوع نہیں، یعنی یہ حضرت ابو ہریرہ کا قول ہے، نبی ﷺ کا ارشاد نہیں، اور یہ سند عبد بن حمید کی کتاب میں ہے **كما ذكره الحافظ** —— پھر ابن حجر رحمہ اللہ نے اس حدیث کے لئے ایک شاہد بھی ذکر کیا ہے، اور وہ حضرت حذیفہؓ کی حدیث ہے، جو ابن مردویہ نے روایت کی ہے، مگر اس کی سند بے حد ضعیف ہے یعنی وہ متابعت کے قابل نہیں۔

الغرض: حضرت ابو ہریرہؓ کی اس حدیث کو عام طور پر صحیح سمجھا جاتا ہے، البانی نے بھی اس کو **سلسلة الأحاديث الصحيحة** میں (نمبر ۱۷۳۵) ذکر کیا ہے، مگر ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں اس پر سخت تنقید کی ہے، وہ کہتے ہیں: اس کی سند اگرچہ عمدہ ہے، مگر آنحضرت ﷺ کی طرف اس کی نسبت غلط ہے (**إسناده جيد، ولكن متنه في رفعه نكارة**) نیز وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس قسم کی ایک اسرائیلی کہانی کعب احبار سے بھی مروی ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ اکثر کعب احبار کے پاس بیٹھتے تھے، اس لئے ممکن ہے حضرت ابو ہریرہؓ نے یہ مضمون کعب احبار سے سنا ہو، اور ایک کہانی کے طور پر بیان کیا ہو، پھر نیچے کے کسی راوی نے غلط فہمی سے اس کو مرفوع کر دیا ہو —— اس کے علاوہ علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے درایۃً بھی دو اعتراض کئے ہیں: ایک: یہ حدیث قرآن کے خلاف ہے، دوسرا: یہ حدیث صحیح حدیث کے خلاف ہے، تفصیل کے لئے تفسیر ابن کثیر دیکھیں —— علاوہ ازیں: اس کی سند میں دو کمزوریاں اور بھی ہیں:

۱- قتادہ مدلس ہیں، حافظ فرماتے ہیں: ابن مردویہ کی روایت میں قتادہ اور ابو رافع کے درمیان ایک راوی کا واسطہ ہے (فتح الباری ۱۳: ۱۰۹) اور امام ابو داؤد فرماتے ہیں: قتادہ نے ابو رافع سے کوئی حدیث نہیں سنی: **قال أبو داود: يقالُ: قتادة لم يسمع من أبي رافع، زاد في نسخة: شيئًا** (بذل ۱۰: ۱۲۸) پس یہ روایت منقطع ہے۔

۲-ابورافع: کعب احبار کے بھی شاگرد ہیں، اس لئے بہت ممکن ہے انھوں نے یہ روایت کعب احبار سے سنی ہو، اور حضرت ابو ہریرہؓ کی طرف منسوب کردی ہو، اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ اس کی سند میں عن حدیث أبی ھریرۃ ہے، معلوم نہیں لفظ حدیث کیوں بڑھایا ہے، شاید ابورافع نے حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیثیں سناتے ہوئے درمیان میں یہ کہانی بھی سنائی ہو، جو درحقیقت کعب احبار سے سنی ہوئی ہے، اور اس کو قتادہ کے مجہول استاذ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی طرف منسوب کردیا ہے۔

عجیب بات: اور ابورافع کے حالات میں حافظ نے تہذیب التہذیب میں ایک عجیب بات لکھی ہے۔ خود ابورافع بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے ساتھ دل لگی کیا کرتے تھے، اور فرمایا کرتے تھے: أکذب الناس الصائغ: صائغ سب سے بڑا جھوٹا ہے! اور یہ بھی فرماتے تھے کہ الیومَ وغدا: آج بھی اور آئندہ بھی، حالانکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا مزاج دل لگی کرنے کا نہیں تھا، پھر یہ دل لگی تو عجیب ہے، کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ قلندر ہرچہ گوید دیدہ گوید! اور کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ انہی ابورافع نے یہ حدیث نبی ﷺ کی طرف منسوب کردی ہو! کیونکہ ابوصالح بہرحال صائغ سے مضبوط راوی ہیں، اور وہ حدیث کو موقوف بیان کرتے ہیں، واللہ اعلم بالصواب (ہدایت القرآن ۵: ۲۳۴-۲۳۶)

ملحوظہ: اس حدیث میں یاجوج وماجوج کے خروج کے بعد کے جو احوال ہیں: وہ صحیح ہیں، دیگر روایات میں بھی یہ باتیں آئی ہیں، صرف شروع کا مضمون یعنی دیوار چاٹنے کا یا کھودنے کا مضمون اسرائیلی ہے۔ یہ مضمون اسی روایت میں ہے۔

[۳۱۷۶-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ، وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدِ بْنِ بَشَّارٍ - قَالُوْا: أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ حَدِيْثِ أَبِیْ هريرةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم فِی السَّدِّ، قَالَ: " يَحْفُرُوْنَهُ كُلَّ يَوْمٍ، حَتّٰى إِذَا كَادُوْا يَخْرِقُوْنَهُ، قَالَ الَّذِیْ عَلَيْهِمْ: ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهُ غَدًا، قَالَ: فَيُعِيْدُهُ اللّٰهُ كَأَمْثَلِ مَاكَانَ، حَتّٰى إِذَا بَلَغَ مُدَّتَهُمْ، وَأَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَبْعَثَهُمْ عَلَى النَّاسِ، قَالَ الَّذِیْ عَلَيْهِمْ: ارْجِعُوْا فَسَتَخْرِقُوْنَهُ غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، وَاسْتَثْنٰى، قَالَ: فَيَرْجِعُوْنَ، فَيَجِدُوْنَهُ كَهَيْئَتِهِ حِيْنَ تَرَكُوْهُ، فَيَخْرِقُوْنَهُ، وَيَخْرُجُوْنَ عَلَى النَّاسِ، فَيَسْتَقُوْنَ الْمِيَاهَ، وَيَفِرُّ النَّاسُ مِنْهُمْ، فَيَرْمُوْنَ بِسِهَامِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ، فَتَرْجِعُ مُخْضَبَةً بِالدِّمَاءِ، فَيَقُوْلُوْنَ: قَهَرْنَا مَنْ فِی الْأَرْضِ، وَعَلَوْنَا مَنْ فِی السَّمَاءِ، قَسْوَةً وَعُلُوًّا، فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ نَغَفًا فِیْ أَقْفَائِهِمْ، فَيُهْلَكُوْنَ" قَالَ: "فَوَ الَّذِیْ نَفْسُ مُحمدٍ بِيَدِهِ! إِنَّ دَوَابَّ الْأَرْضِ تَسْمَنُ، وَتَبْطَرُ، وَتَشْكَرُ شُكْرًا مِنْ لُحُوْمِهِمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِثْلَ هٰذَا.

۵-اللہ تعالیٰ بھاگی داری والی عبادت سے بے نیاز ہیں

سورۃ الکہف کی آخری آیت ہے: ''جو شخص اپنے پروردگار سے ملاقات کا آرزومند ہے اس کو چاہئے کہ نیک عمل کرے، اور اپنے پروردگار کے ساتھ عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے''

حدیث: جب اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کریں گے قیامت کے دن کے لئے، جس میں کوئی شک نہیں تو ایک منادی پکارے گا: ''جس نے اللہ کے لئے کئے ہوئے کام میں کسی کو شریک کیا ہے وہ اپنا بدلہ اسی سے مانگے، کیونکہ اللہ تعالیٰ شرکاء میں سب سے زیادہ بھاگی داری سے بے نیاز ہیں!''

تشریح: شرک عام ہے: خواہ شرک جلی ہو یا خفی۔ شرک جلی: وہ ہے جو مشرکین کرتے ہیں، اور شرک خفی: ریاء ونمود کا نام ہے۔ اور جس طرح شرک جلی سے عمل باطل ہوجاتا ہے ریاکاری بھی عمل کا ناس کردیتی ہے، ہر وہ عمل جو دنیوی غرض سے کیا گیا ہو، شہرت ووجاہت اس سے مقصود ہو، اور لوگوں کو دکھلانے اور سنانے کا جذبہ کارفرما ہو وہ عمل مقبول نہیں، نیت کا کھوٹ عمل کو ضائع کردیتا ہے۔

[۳۱۷۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا مُحمدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ابنِ مِيْنَاءَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ فَضَالَةَ الْأَنْصَارِيِّ – وَكَانَ مِنَ الصَّحَابَةِ – قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''إِذَا جَمَعَ اللّٰهُ النَّاسَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ لِيَوْمٍ لَارَيْبَ فِيْهِ، نَادىٰ مُنَادٍ: مَنْ كَانَ أَشْرَكَ فِيْ عَمَلٍ عَمِلَهُ لِلّٰهِ أَحَدًا، فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهُ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ أَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ بَكْرٍ.

۶-دیوار کے نیچے سونا چاندی دفن تھا

سورۃ الکہف (آیت ۸۲) ہے: ''اور رہی دیوار: تو وہ دو یتیم لڑکوں کی تھی، جو اس شہر میں رہتے تھے، اور اس کے نیچے ان کا خزانہ مدفون تھا، اور ان کا باپ نیک آدمی تھا'' —— اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اس دیوار کے نیچے سونے چاندی کا ذخیرہ تھا (جو ان کے باپ سے ان کو میراث میں پہنچا تھا، اگر دیوار گر پڑتی تو وہ مال ظاہر ہوجاتا اور بدنیت لوگ اٹھالیتے، اس لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت خضر کو بھیج کر دیوار درست کرادی) اور مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: علمی کتابیں دفن تھیں، مگر پہلا قول اصح ہے، کیونکہ وہ حدیث میں ہے، اگرچہ یہ حدیث ضعیف ہے، یزید صنعانی ضعیف راوی ہے۔

ملحوظہ: یہ حدیث یہاں خلافِ ترتیب آگئی ہے، اس کو پہلے اپنے موقع پر آنا چاہئے تھا۔

[۳۱۷۸-] حدثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحمدِ بْنِ فُضَيْلٍ الْجَزَرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَكَانَ تَحْتَهُ كَنْزٌ لَّهُمَا﴾ قَالَ: "ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ"

حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلاَّلُ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يُوْسُفَ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ مَكْحُوْلٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

وَمِنْ سُوْرَةِ مَرْيَمَ

سورۂ مریم کی تفسیر

۱-حضرت مریمؓ: ہارون کی بہن کیسے ہیں؟

سورۂ مریم (آیت ۲۸) ہے: ''اے ہارون کی بہن! تیرا باپ کوئی برا آدمی نہ تھا، اور نہ تیری ماں کوئی آوارہ عورت تھی''، یعنی پھر تو یہ کیا کر بیٹھی؟ —— حضرت مریمؓ: ہارون کی بہن کیسے ہیں؟ اس کا جواب درج ذیل حدیث میں ہے اور یہ حدیث صحیح ہے، مسلم شریف کی روایت ہے:

حدیث: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے نجران بھیجا، وہاں لوگوں نے (عیسائیوں نے) مجھ سے پوچھا: کیا تم ''اے ہارون کی بہن!'' نہیں پڑھتے، یعنی قرآن میں ایسا نہیں ہے؟ حالانکہ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے درمیان لمبی مدت ہے (پھر حضرت مریم حضرت ہارون علیہ السلام کی بہن کیسے ہوسکتی ہیں؟) پس میری سمجھ میں نہ آیا کہ میں ان کو کیا جواب دوں، پھر جب میں نبی ﷺ کی طرف لوٹا تو میں نے آپؐ کو یہ بات بتلائی، آپؐ نے فرمایا: ''تم نے انہیں کیوں نہیں بتلایا کہ وہ لوگ اپنے انبیاء کے ناموں سے اور گذشتہ نیک لوگوں کے ناموں سے بچوں کے نام رکھتے تھے'' —— یعنی ہارون سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی ہارون علیہ السلام مراد نہیں ہیں، بلکہ ان کا حقیقی بھائی ہارون مراد ہے —— اور دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت مریم رضی اللہ عنہا: حضرت ہارون علیہ السلام کی نسل سے تھیں، اور عربی میں خاندان کا فرد ہونا ظاہر کرنے کے لئے أخ اور أخت کا استعمال کرتے ہیں، جیسے: ﴿وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ﴾ کیونکہ ہود علیہ السلام خاندانِ عاد سے تھے، عاد ان کے مورثِ اعلیٰ تھے —— اور یہ دونوں باتیں جمع ہوسکتی ہیں، اس طرح کہ وہ حضرت ہارون کی نسل سے بھی ہوں اور ان کا حقیقی بھائی بھی ہارون ہو۔

[۲۰-] وَمِنْ سُوْرَةِ مَرْيَمَ

[۳۱۷۹-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، وَأَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: نَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ أَبِيْهِ،

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: بَعَثَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى نَجْرَانَ، فَقَالُوْا لِيْ: أَلَسْتُم تَقْرَءُ وْنَ:﴿يَا أُخْتَ هَارُوْنَ﴾؟ وَقَدْ كَانَ بَيْنَ مُوْسَى وَعِيْسَى مَاكَانَ، فَلَمْ أَدْرِ مَا أُجِيْبُهُمْ، فَرَجَعْتُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ:" أَلَا أَخْبَرْتَهُمْ أَنَّهُمْ كَانُوْا يُسَمُّوْنَ بِأَنْبِيَائِهِمْ وَالصَّالِحِيْنَ قَبْلَهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ إِدْرِيْسَ.

۲- قیامت کا دن کفار کے لئے پچھتاوے کا دن ہوگا

سورۂ مریم کی آیت (۳۹) ہے:﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ﴾: اور آپ ان کو پچھتاوے کے دن سے ڈرائیں جبکہ معاملہ نمٹادیا جائے گا — قیامت کا دن کفار کے لئے پچھتاوے کا دن ہوگا، اور مؤمنین کے لئے خوشی کا دن ہوگا، جیسا کہ درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے آیت کریمہ: ﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ﴾ پڑھی، اور فرمایا: ”موت کو لایا جائے گا گویا وہ چت کبرا مینڈھا ہے، یہاں تک کہ اس کو جنت وجہنم کے درمیان دیوار پر کھڑا کیا جائے گا، پھر پکارا جائے گا: اوجنتیو! پس وہ گردنیں لمبی کر کے دیکھیں گے، اور پکارا جائے گا: اوجہنمیو! پس وہ گردنیں لمبی کر کے دیکھیں گے، پس پوچھا جائے گا: کیا تم اسے پہچانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں! یہ موت ہے! پس وہ مینڈھا لٹایا جائے گا اور ذبح کر دیا جائے گا۔ پس اگر نہ ہوتی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ نے جنتیوں کے لئے زندگی اور بقاء کا فیصلہ کیا ہے: تو وہ ضرور (خوشی سے) مرجاتے۔ اور اگر نہ ہوتی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ نے جہنمیوں کے لئے جہنم میں زندگی اور بقاء کا فیصلہ کیا ہے: تو وہ ضرور غم سے مرجاتے (یہ حدیث پہلے عطیہ عوفی کی سند سے گذر چکی ہے، حدیث ۲۵۵۴، ابواب صفۃ الجنۃ باب ۱۹ تحفہ ۶: ۳۳۲)

لغات: اِشْرَأَبَّ إليه وله اِشْرِئْبَابًا: گردن لمبی کر کے دیکھنا...... التَّرَح: رنج وغم، جمع أَتْرَاح۔

[۳۱۸۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا النَّضْرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ: أَبُوْ الْمُغِيْرَةِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَأَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ﴾ قَالَ:" يُؤْتَى بِالْمَوْتِ كَأَنَّهُ كَبْشٌ أَمْلَحُ، حَتَّى يُوْقَفَ عَلَى السُّوْرِ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، فَيُقَالُ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ! فَيَشْرَئِبُّوْنَ، وَيُقَالُ: يَا أَهْلَ النَّارِ! فَيَشْرَئِبُّوْنَ، فَيُقَالُ: هَلْ تَعْرِفُوْنَ هٰذَا؟ فَيَقُوْلُوْنَ: نَعَمْ هٰذَا الْمَوْتُ، فَيُضْجَعُ فَيُذْبَحُ، فَلَوْلَا أَنَّ اللّٰهَ قَضَى لِأَهْلِ الْجَنَّةِ الْحَيَاةَ وَالْبَقَاءَ لَمَاتُوْا فَرَحًا، وَلَوْ لَا أَنَّ اللّٰهَ قَضَى لِأَهْلِ النَّارِ الْحَيَاةَ فِيْهَا وَالْبَقَاءَ لَمَاتُوْا تَرَحًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-اللہ تعالیٰ نے ادریس علیہ السلام کو بلند مرتبہ عطا فرمایا ہے

سورۃ مریم (آیت ۵۷) ہے: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا﴾: اور ہم نے ان کو بلند مرتبہ عطا فرمایا —— چنانچہ وہ چوتھے آسمان میں ہیں، جیسا کہ باب کی حدیث میں ہے —— اور روایات میں جو آیا ہے کہ ان کی ایک فرشتے سے دوستی تھی، وہ ان کو پروں میں چھپا کر آسمان میں لے گیا اور وہ وہاں زندہ ہیں: یہ اسرائیلی روایت ہے، ابن کثیر رحمہ اللہ نے ان روایات پر تنقید کی ہے، اور حافظ رحمہ اللہ نے بھی ان کی تردید کی ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب مجھے معراج میں لے جایا گیا تو میں نے ادریس علیہ السلام کو چوتھے آسمان میں دیکھا'' حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے بھی اسی مضمون کی روایت مروی ہے جس کی تخریج ابن مردویہ نے کی ہے...... اور باب کی حدیث شیبان نحوی نے عن قتادة، عن أنس کی سند سے روایت کی ہے، اور سعید اور ہمام وغیرہ عن أنس، عن مالك بن صَعْصَعَة روایت کرتے ہیں، یہ معراج کی لمبی حدیث ہے، اور اس سند سے حدیث مسلم شریف میں ہے، اور یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ: حضرت ابوذر سے بھی روایت کرتے ہیں، جو متفق علیہ ہے۔

[۳۱۸۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ، نَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَرَفَعْنَاهُ مَكَانًا عَلِيًّا﴾ قَالَ: حدثنا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' لَمَّا عُرِجَ بِيْ رَأَيْتُ إِدْرِيْسَ فِيْ السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَدْ رَوَى سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، وَهَمَّامٌ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثَ الْمِعْرَاجِ بِطُوْلِهِ، وَهٰذَا عِنْدِيْ مُخْتَصَرٌ مِنْ ذٰلِكَ.

۴-جبرئیلؑ بھی آپؐ کے پاس آنے میں حکم الٰہی کے پابند ہیں

سورہ مریمؑ (آیت ۶۴) میں ہے: ''اور ہم نہیں اترتے مگر آپؐ کے رب کے حکم سے'' —— اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ ایک مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کئی روز تک تشریف نہیں لائے، کفار نے کہنا شروع کیا: محمد کو اس کے رب نے چھوڑ دیا، اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رنجیدہ ہوئے، پھر جب جبرئیل آئے تو آپؐ نے فرمایا: ''جتنا آپ آتے ہیں اس سے زیادہ کیوں نہیں آتے'' اس پر یہ آیت نازل ہوئی (بخاری حدیث ۴۷۳۱) اس آیت میں حضرت جبرئیل کی زبان سے جواب دیا گیا ہے کہ ہم مامور بندے ہیں، حکم الٰہی کے بغیر نہیں آسکتے، ہمارا آنا جانا ان کے حکم کے تابع ہے، جب ان کی حکمت

ہوتی ہے: ہمیں اترنے کا حکم دیتے ہیں، ہر زمانہ، ہر مکان اور ہر حال کا علم انہی کو ہے، وہی ہر چیز کے مالک ہیں، اور ان کا ہر کام بروقت اور برمحل ہوتا ہے، پس میرے آنے میں تاخیر سے کوئی یہ خیال نہ کرے کہ اللہ نے اپنے حبیب کو چھوڑ دیا ہے یا ان کو بھول گئے ہیں، بھول چوک اور نسیان کی ان کی بارگاہ تک رسائی نہیں۔

اور یہ آیت جنت کے تذکرے کے ضمن میں اس لئے رکھی گئی ہے کہ جنت بھی مؤمن بندوں کو ضرور ملنے والی ہے، مگر اس کا ایک وقت مقرر ہے، اور اللہ تعالیٰ بندوں کے تمام احوال سے واقف ہیں، جب ان کی حکمت کا تقاضہ ہوگا: قیامت قائم ہوگی، اور جنتی جنت میں جائیں گے، جنت ملنے میں تاخیر ہونے سے مؤمن بندے یہ خیال نہ کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو بھول گئے ہیں۔

[۳۱۸۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، نَا عُمَرُ بْنُ ذَرٍّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِجِبْرَئِيْلَ: "مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَزُوْرَنَا أَكْثَرَ مِمَّا تَزُوْرَنَا؟" قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۵- ہر ایک کو جہنم پر وارد ہونا ہے

سورۃ مریم کی (آیت ۷۱) ہے: "تم میں سے کوئی نہیں، مگر وہ جہنم پر پہنچنے والا ہے، یہ بات آپ کے پروردگار پر لازم ومقرر ہے" —— یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ بات طے کردی ہے کہ ہر انسان کو جہنم پر ضرور پہنچنا ہے، کیونکہ جنت کی گذرگاہ دوزخ کے اوپر سے ہے، پل صراط جہنم کی پیٹھ پر بچھایا جائے گا، جس سے سب کو گذرنا ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ متقیوں کو وہاں سے صحیح سلامت گزار دیں گے، اور کفار اس کا ایندھن بن کر رہ جائیں گے۔

حدیث: سدّی کبیر اسماعیل بن عبد الرحمٰن کہتے ہیں: میں نے مرۃ ہمدانی سے آیتِ پاک: ﴿وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا﴾ کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "لوگ دوزخ میں وارد ہونگے، پھر وہ اس سے اپنے اعمال کے اعتبار سے نکلیں گے، پس ان کا پہلا بجلی چمکنے کی طرح (گذر جائے گا) پھر (دوسرا) ہوا کی طرح، پھر گھوڑے کے اچھل کر لگائی جانے والی جست کی طرح، پھر اپنے کجاوے میں اونٹ سوار کی طرح، پھر آدمی کے دوڑنے کی طرح، پھر آدمی کے چلنے کی طرح"

سند کا بیان: یہ حدیث اسرائیل نے سدّی کبیر سے، انھوں نے مرۃ ہمدانی سے، انھوں نے ابن مسعودؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے، اور امام شعبہؒ بھی اس حدیث کو سدی سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، سند کو ابن مسعودؓ پر روک دیتے ہیں، اور ان کا قول قرار دیتے ہیں، پھر یحییٰ بن سعید قطانؒ کی سند پیش کی ہے، انھوں نے یہ

حدیث شعبہؒ سے موقوفاً روایت کی ہے کہ ابن مسعودؓ نے فرمایا: ''لوگ جہنم میں وارد ہونگے، پھر وہ اپنے اعمال کے اعتبار سے اس سے نکلیں گے'' پھر عبدالرحمٰن بن مہدی کی روایت ہے، وہ بھی یہ حدیث امام شعبہؒ سے موقوفاً روایت کرتے ہیں، اس روایت میں یہ بھی ہے کہ میں نے شعبہؒ سے کہا کہ اسرائیل نے یہ حدیث مجھ سے مرفوعاً بیان کی ہے پس آپ موقوفاً کیوں بیان کرتے ہیں؟ شعبہؒ نے کہا: میں نے بھی سدی سے یہ روایت مرفوعاً سنی ہے، مگر میں اس (رفع) کو بالقصد چھوڑتا ہوں یعنی مرفوع نہیں کرتا (اور اس کی وجہ غالباً یہ ہوگی کہ سدی حدیثوں میں غلطی کرتے تھے (صدوق یَهِمُ) اس لئے امام شعبہ کو یہ اچھا معلوم ہوا کہ اس کی سند ابن مسعودؓ پر روک دیں)

[۳۱۸۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيَّ، عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَإِنْ مِّنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا﴾ فَحَدَّثَنِيْ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُمْ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَرِدُ النَّاسُ النَّارَ، ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ عَنْهَا بِأَعْمَالِهِمْ، فَأَوَّلُهُمْ كَلَمْحِ الْبَرْقِ، ثُمَّ كَالرِّيْحِ، ثُمَّ كَحُضْرِ الْفَرَسِ، ثُمَّ كَالرَّاكِبِ فِيْ رَحْلِهِ، ثُمَّ كَشَدِّ الرَّجُلِ، ثُمَّ كَمَشْيِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنِ السُّدِّيِّ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[۳۱۸۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ مُرَّةَ، قَالَ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا﴾ قَالَ: "يَرِدُوْنَهَا، ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ"

[۳۱۸۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ السُّدِّيِّ بِمِثْلِهِ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: قُلْتُ لِشُعْبَةَ: إِنْ إِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنِيْ عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ شُعْبَةُ: وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنَ السُّدِّيِّ مَرْفُوْعًا، وَلٰكِنِّيْ أَدَعُهُ عَمْدًا.

۶- ہر مخلوق صالح مؤمن سے محبت کرتی ہے

سورۃ مریم (آیت ۹۶) ہے: ''جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے: عنقریب اللہ تعالیٰ ان کے لئے محبت گردانیں گے'' یعنی لوگوں کے دلوں میں اور دیگر مخلوقات کے دلوں میں اللہ تعالیٰ مؤمنین صالحین کی محبت پیدا فرمائیں گے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو جبرئیل علیہ السلام کو پکار کر کہتے ہیں: ''میں فلاں آدمی سے محبت کرتا ہوں پس تم بھی اس سے محبت کرو'' —— نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس جبرئیلؑ آسمانوں میں اس کی منادی کرتے ہیں، پھر اتاری جاتی ہے اس کے لئے محبت زمین والوں میں، پس یہ اللہ کا ارشاد ہے: جو لوگ ایمان لائے، اور انھوں نے نیک کام کئے: عنقریب اللہ تعالیٰ ان کے لئے محبت گردانیں گے''

—— اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے نفرت کرتے ہیں تو جبرئیل سے پکار کر کہتے ہیں: میں فلاں بندے سے نفرت کرتا ہوں، پس جبرئیل آسمان میں منادی کرتے ہیں، پھر اس کے لئے زمین میں نفرت اتاری جاتی ہے (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[۳۱۸۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا أَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا نَادَى جِبْرَئِيْلَ: إِنِّيْ قَدْ أَحْبَبْتُ فُلاَنًا فَأَحِبَّهُ" قَالَ:" فَيُنَادِيْ فِيْ السَّمَاءِ، ثُمَّ تُنْزَلُ لَهُ الْمَحَبَّةُ فِيْ أَهْلِ الْأَرْضِ، فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوْا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا﴾ وَإِذَا أَبْغَضَ اللّٰهُ عَبْدًا: نَادَى جِبْرَئِيْلَ: إِنِّيْ قَدْ أَبْغَضْتُ فُلاَنًا، فَيُنَادِيْ فِيْ السَّمَاءِ، ثُمَّ تُنْزَلُ لَهُ الْبَغْضَاءُ فِيْ الْأَرْضِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوُ هٰذَا.

۷- خوش عیش متکبر کافروں کا حال

سورۃ مریم کی (آیت ۷۷) ہے: "کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا: جس نے ہماری آیتوں کا انکار کیا، اور اس نے کہا: میں ضرور مال اور اولاد دیا جاؤنگا" —— اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے: حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ کا کچھ قرضہ عاص بن وائل پر نکلتا تھا، آپؓ نے اس سے قرض کا مطالبہ کیا۔ اس نے کہا: اگر تو محمد (ﷺ) کا انکار کرے تو میں تیرا قرضہ ادا کروں، حضرت خبابؓ نے جواب دیا: اگر تو مر کر زندہ ہو تو بھی میں یہ کام نہیں کرسکتا، اس نے کہا: کیا میں مر کر زندہ ہوؤنگا؟ اگر ایسا ہوا تو اس وقت بھی میرے پاس مال اور اولاد ہوگی، میں اسی وقت تیرا قرضہ چکاؤنگا (بخاری حدیث ۴۷۳۵) اور یہ کسی ایک شخص کا حال نہیں، ہر خوش عیش متکبر کافر اسی خبط میں مبتلا ہے۔

[۳۱۸۷-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ خَبَّابَ بْنَ الْأَرَتِّ يَقُوْلُ: جِئْتُ الْعَاصَ بْنَ وَائِلٍ السَّهْمِيَّ: أَتَقَاضَاهُ حَقًّا لِيْ عِنْدَهُ، فَقَالَ: لاَ أُعْطِيْكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، فَقُلْتُ: لاَ، حَتَّى تَمُوْتَ، ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَإِنِّيْ لَمَيِّتٌ ثُمَّ مَبْعُوْثٌ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: إِنَّ لِيْ هُنَاكَ مَالاً وَوَلَدًا فَأَقْضِيْكَ، فَنَزَلَتْ: ﴿أَفَرَأَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوْتَيَنَّ مَالاً وَوَلَدًا﴾ الآيَةَ.

حدثنا هَنَادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَمِنْ سُوْرَةِ طٰهٰ

سورہ طٰہٰ کی تفسیر

اگر نماز بھول جائے یا سوتا رہ جائے تو یاد آنے پر یا بیدار ہونے پر فوراً پڑھ لے

سورہ طٰہٰ (آیت ۱۴) میں ہے: ﴿وَأَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِىْ﴾: آپ میری یاد کے لئے نماز کا اہتمام کریں — اور یہ نماز کا سب سے اہم فائدہ ہے (سورۃ العنکبوت آیت ۴۵) ذَكَرَ يَذْكُرُ کے مصادر یہ ہیں: ذِكْرًا، ذُكْرًا، ذِكْرىٰ، تِذْكَارًا: سب کے معنی ہیں: (۱) یاد کرنا (دل اور زبان سے) یاد رکھنا (۲) ذہن میں آنا، مستحضر کرنا یعنی بھولنے کے بعد یاد آ جانا۔

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ خیبر سے لوٹے تو ایک پوری رات چلتے رہے، یہاں تک کہ آپؐ کو نیند نے پالیا، پس آپؐ نے اونٹ بٹھایا، اور رات کے پچھلے حصہ میں آرام کے لئے اترے، پھر فرمایا: اے بلال! ہمارے لئے رات کی حفاظت کر، راوی کہتے ہیں: پس بلال نے نماز (تہجد) پڑھی، پھر اپنے کجاوے سے ٹیک لگائی، درانحالیکہ وہ مشرق کی طرف منہ کرنے والے تھے، پس ان پر ان کی دونوں آنکھیں غالب آ گئیں، اور وہ سو گئے، پس ان میں سے کوئی بیدار نہیں ہوا، اور تھے ان میں سب سے پہلے بیدار ہونے والے: نبی ﷺ، پس آپؐ نے فرمایا: ''اے بلال!'' (کیا ہوا؟ نماز کے لئے کیوں نہیں اٹھایا؟) بلالؓ نے کہا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اے اللہ کے رسول! پکڑ لیا میری روح کو اس نے جس نے آپؐ کی روح کو پکڑ لیا۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوچ کرو'' پھر (آگے جا کر) اونٹ بٹھایا، پس آپؐ نے وضوء کی، پھر نماز کھڑی کی یعنی حضرت بلالؓ نے تکبیر کہی، پھر آپؐ نے باطمینان نماز پڑھی، وقت میں اپنے نماز پڑھنے کی طرح، پھر پڑھا: ﴿أَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِىْ﴾: یاد آنے پر نماز کا اہتمام کرو (مسلم شریف میں ہے کہ امام زہری رحمہ اللہ لِلذِّكْرىٰ (ال بڑھا کر) پڑھتے تھے یعنی جب نماز یاد آ جائے تو پڑھ لو)

تشریح: اگر کوئی شخص نماز کے پورے وقت میں سوتا رہ جائے یا نماز کو بھول جائے تو اس کو چاہئے کہ بیدار ہونے یا یاد آنے کے بعد فوراً نماز پڑھ لے اگر ایسا کرے گا تو نماز قضاء کرنے کا گناہ نہیں ہوگا، بھول چوک معاف ہے (یہ مسئلہ تحفہ ۱: ۴۷۷ میں گذر چکا ہے، وہاں یہ واقعہ بھی تفصیل سے ہے)

سند کا حال: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کی سند محفوظ نہیں۔ امام زہریؒ کے دیگر حفاظ تلامذہ سند کے آخر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کرتے، اور صالح راوی غیر صالح ہے، اس پر یحییٰ قطان نے حافظہ کی کمزوری کی وجہ سے جرح کی ہے۔

ملحوظہ: امام ترمذیؒ کی یہ بات اس سند کے ساتھ خاص ہے، اور حدیث صحیح ہے، مسلم شریف (حدیث ۶۸۰) میں امام زہریؒ کے شاگرد یونس کی سند سے یہ حدیث مروی ہے، اس میں بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا ذکر ہے۔

لغات: كَلَأَه (ف) كَلْئًا: حفاظت کرنا، قرآن میں ہے: ﴿قُلْ: مَنْ يَكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ﴾: پوچھو: رات اور دن میں رحمان (کے عذاب سے) تمہاری کون حفاظت کرتا ہے؟...... تَسَانَدَ إليه: ٹیک لگانا، سہارا لینا۔

[۲۱-] وَمِنْ سُوْرَةِ طٰهٰ

[۳۱۸۸-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، نَا صَالِحُ بْنُ أَبِى الْأَخْضَرِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، قَالَ:" لَمَّا قَفَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ خَيْبَرَ، أَسْرَى لَيْلَةً حَتَّى أَدْرَكَهُ الْكَرَى: أَنَاخَ، فَعَرَّسَ ثُمَّ قَالَ: يَابِلَالُ اكْلَأْ لَنَا اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَصَلَّى بِلَالٌ، ثُمَّ تَسَانَدَ إِلَى رَاحِلَتِهِ، مُسْتَقْبَلَ الْفَجْرِ، فَغَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ فَنَامَ، فَلَمْ يَسْتَيْقِظْ أَحَدٌ مِنْهُمْ، وَكَانَ أَوَّلَهُمْ اسْتِيْقَاظًا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" أَيْ بِلَالُ!" فَقَالَ بِلَالٌ: بِأَبِىْ أَنْتَ يَارسولَ اللّٰهِ، أَخَذَ بِنَفْسِىْ الَّذِىْ أَخَذَ بِنَفْسِكَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اقْتَادُوْا" ثُمَّ أَنَاخَ فَتَوَضَّأَ، فَأَقَامَ الصَّلَاةَ، ثُمَّ صَلَّى مِثْلَ صَلَاتِهِ فِي الْوَقْتِ فِىْ تَمَكُّثٍ، ثُمَّ قَالَ:" أَقِمِ الصَّلَاةَ لِذِكْرِىْ"

هٰذَا حديثٌ غيرُ مَحْفُوْظٍ، رَوَاهُ غَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْحُفَّاظِ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ أَبِىْ هريرةَ، وَصَالِحُ بْنُ أَبِى الْأَخْضَرِ يُضَعَّفُ فِى الْحَدِيْثِ، ضَعَّفَهُ يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ وَغَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الْأَنْبِيَاءِ

سورۃ الانبیاء کی تفسیر

۱- قیامت کے دن انصاف کی ترازو قائم کی جائے گی

سورۃ الانبیاء (آیت ۴۷) ہے:" اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازوئیں قائم کریں گے، پس کسی کا ذرا حق نہیں مارا جائے گا" —— یعنی غایتِ انصاف سے تول ہوگا، کسی کو اس کی بدعملی کی واجبی سزا سے زیادہ سزا نہیں دی جائے گی، اور اس کی مثال درج ذیل حدیث ہے:

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھا، اور عرض کیا:

اے اللہ کے رسول! میرے غلام ہیں جو مجھ سے جھوٹ بولتے ہیں، میرے ساتھ خیانت کرتے ہیں، اور میرے احکام کی نافرمانی کرتے ہیں، اور میں ان کو گالی دیتا ہوں، اور ان کو مارتا ہوں، پس میرا اور ان کا معاملہ (آخرت میں) کیا رہے گا؟ —— آپؐ نے فرمایا: ''گنی جائے گی وہ خیانت جو انھوں نے کی ہے، اور وہ نافرمانی جو انھوں نے کی ہے، اور وہ جھوٹ جو انھوں نے بولا ہے، اور گنا جائے گا آپ کا ان کو سزا دینا؟ پس:

۱- اگر آپ کا ان کو سزا دینا ان کے گناہوں کے بقدر ہوگا تو معاملہ برابر ہو جائے گا، نہ آپ کے لئے کچھ نفع ہوگا، نہ آپ پر کچھ وبال ہوگا۔

۲- اور اگر آپ کا ان کو سزا دینا ان کے گناہوں سے کم ہوگا تو آپ کے لئے کچھ بچ جائے گا۔

۳- اور اگر آپ کا ان کو سزا دینا، ان کے گناہوں سے زائد ہوگا تو ان کے لئے آپ سے زیادتی کا بدلہ لیا جائے گا۔

راوی کہتا ہے: پس وہ شخص ایک طرف چلا گیا، اور رونے چلانے لگا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: کیا آپ نے اللہ کی کتاب نہیں پڑھی: ''اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازوئیں رکھیں گے، پس کسی کا ذرا حق نہیں مارا جائے گا؟''

پس اس شخص نے کہا: بخدا! یارسول اللہ! نہیں پاتا میں اپنے لئے اور ان کے لئے کوئی چیز بہتر ان کی جدائی سے، میں آپؐ کو گواہ بناتا ہوں کہ وہ سب آزاد ہیں!

[۲۲-] مِنْ سُوْرَةِ الْأَنْبِيَاءِ

[۳۱۸۹-] حدثنا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسَى الْبَغْدَادِيُّ، وَالْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ: أَبُوْ نُوْحٍ، نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَجُلاً قَعَدَ بَيْنَ يَدَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ لِيْ مَمْلُوْكِيْنَ: يَكْذِبُوْنَنِيْ، وَيَخُوْنُوْنَنِيْ، وَيَعْصُوْنَنِيْ، وَأَشْتِمُهُمْ، وَأَضْرِبُهُمْ، فَكَيْفَ أَنَا مِنْهُمْ؟

قَالَ:'' يُحْسَبُ مَاخَانُوْكَ، وَعَصَوْكَ، وَكَذَّبُوْكَ، وَعِقَابُكَ إِيَّاهُمْ، فَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ بِقَدْرِ ذُنُوْبِهِمْ: كَانَ كَفَافًا: لاَلَكَ وَلاَ عَلَيْكَ، وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ دُوْنَ ذُنُوْبِهِمْ: كَانَ فَضْلاً لَكَ، وَإِنْ كَانَ عِقَابُكَ إِيَّاهُمْ فَوْقَ ذُنُوْبِهِم اقْتُصَّ لَهُمْ مِنْكَ الْفَضْلُ''

قَالَ: فَتَنَحَّى الرَّجُلُ، فَجَعَلَ يَبْكِيْ، وَيَهْتِفُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' أَمَا تَقْرَأُ كِتَابَ اللّٰهِ: ﴿وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلاَ تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا﴾ الآيَةَ؟ فَقَالَ الرَّجُلُ: واللّٰهِ! يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَجِدُ لِيْ وَلَهُمْ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ مُفَارَقَتِهِمْ، أُشْهِدُكَ أَنَّهُمْ أَحْرَارٌ كُلُّهُمْ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَزْوَانَ، وَقَدْ رَوَى أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَزْوَانَ هٰذَا الحديثَ.

وضاحت: یہ حدیث غریب ہے، یعنی عبدالرحمٰن سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے، مگر سند ٹھیک ہے، ابونوح عبدالرحمٰن بن غزوان جن کا لقب قُراد (چچڑی) تھا ثقہ راوی ہیں، البتہ کچھ حدیثیں ایسی ہیں جن کو یہی راوی روایت کرتا ہے۔

۲- ویل: جہنم کی ایک گہری وادی ہے

سورۃ الانبیاء میں دوجگہ (آیت ۱۴ و ۹۷) لفظ ''ویل'' آیا ہے جس کے لغوی معنی ہلاکت، تباہی اور بربادی کے ہیں، جیسے: ﴿وَیْلٌ لِّلْمُکَذِّبِیْنَ﴾: تکذیب کرنے والوں کے لئے تباہی اور بربادی ہے۔ اور ایک ضعیف حدیث میں یہ ہے کہ ویل: جہنم کی ایک وادی (میدان) کا نام ہے، جس میں کافر چالیس سال تک گرتا رہے گا، اس کی تہ میں پہنچنے سے پہلے، یہ حدیث عبداللہ بن لہیعہ کی ہے، جو ضعیف راوی ہے، نیز دراج کی ابوالہیثم سے روایتیں بھی ضعیف ہوتی ہیں۔

[۳۱۹۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نَا الحَسَنُ بْنُ مُوْسَی، نَا ابْنُ لَهِیْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِیْ الْهَیْثَمِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: "الوَیْلُ: وَادٍ فِیْ جَهَنَّمَ، یَهْوِیْ فِیْهِ الْکَافِرُ أَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا، قَبْلَ أَنْ یَبْلُغَ قَعْرَهُ"
هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ لَهِیْعَةَ.

۳- حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تین خلافِ واقعہ باتیں

سورۃ الانبیاء (آیت ۶۳) میں: ﴿بَلْ فَعَلَهُ کَبِیْرُهُمْ هٰذَا﴾: آیا ہے، اس مناسبت سے یہ روایت پڑھیں:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ابراہیم علیہ السلام نے کبھی کسی معاملہ میں خلافِ واقعہ بات نہیں کہی، علاوہ تین موقعوں کے، فرمایا: میں بیمار ہوں، حالانکہ آپ بیمار نہیں تھے، اور آپ نے سارہؓ کو اپنی بہن کہا، اور آپ نے فرمایا: ان کے اس بڑے نے یہ کیا ہے (حالانکہ وہ کام آپ نے کیا تھا، مگر یہ تینوں باتیں از قبیل توریہ تھیں، صریح جھوٹ نہیں تھیں، تفصیل تحفۃ الالمعی (۵: ۲۸۴) میں گذر چکی ہے)

[۳۱۹۱-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ الأُمَوِیُّ، ثَنِیْ أَبِیْ، نَا محمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "لَمْ یَکْذِبْ إِبْرَاهِیْمُ عَلَیْه السَّلَامُ فِیْ شَیْئٍ قَطُّ إِلَّا فِیْ ثَلَاثٍ: قَوْلِهِ: إِنِّیْ سَقِیْمٌ، وَلَمْ یَکُنْ سَقِیْمًا، وَقَوْلِهِ لِسَارَةَ: أُخْتِیْ، وَقَوْلِهِ: بَلْ فَعَلَهُ کَبِیْرُهُمْ هٰذَا" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

۴- دوسری زندگی: پہلی زندگی کی طرح ہوگی

سورۃ الانبیاء (آیت ۱۰۴) میں ہے: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ﴾: جس طرح پہلی بار ہم نے آفرینش کی ابتداء کی ہے: ہم اس کو دوبارہ بنائیں گے، اس کی تھوڑی تفصیل درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ وعظ ونصیحت کے لئے کھڑے ہوئے، پس فرمایا:

۱- اے لوگو! بیشک تم اللہ کے پاس جمع کئے جاؤ گے، ننگے بدن، غیر مختون ہونے کی حالت میں، پھر آپؐ نے یہ آیت پڑھی: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ﴾: جس طرح ہم نے پہلی بار آفرینش کی ابتداء کی ہے: ہم اس کو دوبارہ بنائیں گے، یہ ہمارے ذمے وعدہ ہے، ہم ضرور اس کو کر کے رہیں گے یعنی جیسی سہولت سے مخلوقات کو پہلی بار پیدا کیا ہے: اسی طرح دوبارہ بنادیں گے، یہ ایک حتمی وعدہ ہے، جو ضرور پورا ہوکر رہے گا۔ فرمایا: ''سب سے پہلے مخلوقات میں سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لباس پہنایا جائے گا'' (پھر آپؐ کو لباس پہنایا جائے گا، جیسا کہ ابن المبارک نے کتاب الزہد میں بیان کیا ہے)

۲- اور بیشک شان یہ ہے کہ عنقریب لائے جائیں گے میری امت کے کچھ مرد، پس ان کو ہٹایا جائے گا بائیں طرف، پس میں کہونگا: ''اے میرے پروردگار! یہ میرے صحابہ ہیں'' ان کو آنے دیا جائے، پس جواب دیا جائے گا: ''آپؐ نہیں جانتے وہ نئی بات جو انھوں نے آپؐ کے بعد پیدا کی تھی، پس میں کہونگا وہ بات جو نیک بندے (عیسیٰ علیہ السلام) نے کہی ہے: ''اور میں ان پر گواہ تھا جب تک میں ان میں رہا، پھر جب آپ نے مجھے اٹھالیا تو آپ ان پر مطلع رہے، اور آپ ہر چیز کی پوری خبر رکھتے ہیں، اگر آپ ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں، اور اگر آپ ان کو معاف کردیں تو آپ زبردست حکمت والے ہیں (المائدہ آیت ۱۱۸) پس جواب دیا جائے گا: ''یہ لوگ برابر اپنی ایڑیوں پر پلٹتے رہے جب سے آپؐ ان سے جدا ہوئے'' (وہ لوگ آپؐ کی وفات کے بعد مرتد ہوگئے تھے، مسیلمہ کذاب وغیرہ کے فتنہ کا شکار ہوگئے تھے، اور اسی حال میں مرگئے تھے، اس لئے ان کی صحابیت باطل ہوگئی (یہ حدیث تحفہ ۶: ۱۹۴ حدیث ۲۴۱۷ میں گذرچکی ہے)

[۳۱۹۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، قَالُوْا: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَامَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِالْمَوْعِظَةِ، فَقَالَ:

[۱-] يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّكُمْ مَحْشُوْرُوْنَ إِلَى اللهِ عُرَاةً غُرْلاً، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿كَمَا بَدَأْنَا أَوَّلَ خَلْقٍ نُعِيْدُهُ﴾ إِلٰى آخِرِ الآيَةِ.

قَالَ: "أَوَّلُ مَنْ يُكْسَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِبْرَاهِيْمُ"

[۲-] وَإِنَّهُ سَيُؤْتَى بِرِجَالٍ مِنْ أُمَّتِيْ فَيُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ، فَأَقُوْلُ: رَبِّ! أَصْحَابِيْ، فَيُقَالُ: إِنَّكَ لَاتَدْرِيْ مَا أَحْدَثُوْا بَعْدَكَ، فَأَقُوْلُ كَمَا قَالَ العَبْدُ الصَّالِحُ: ﴿وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَا دُمْتُ فِيْهِمْ، فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ أَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ، وَأَنْتَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ شَهِيْدٌ، إِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَإِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَإِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ﴾ الآيَةَ، فَيُقَالُ:" هٰؤُلَاءِ لَمْ يَزَالُوْا مُرْتَدِّيْنَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ مُنْذُ فَارَقْتَهُمْ"

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ النُّعْمَانِ نَحْوَهُ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الْحَجِّ

سورۃ الحج کی تفسیر

۱- قیامت کے دن کی سنگینی کا ایک خاص پہلو

سورۃ الحج کے شروع میں ارشادِ پاک ہے: ”اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو! (اس کے احکام کی خلاف ورزی مت کرو، اس کے دین کو قبول کرو، اور اس کی ہدایات پر عمل کرو، حساب کا دن آنے والا ہے، اور قیامت برپا ہونے والی ہے) قیامت کا زلزلہ (بھونچال) یقیناً بھاری چیز ہے (اس دن زمین کی حالت اس کشتی جیسی ہوگی جو موجوں کے تھپیڑوں سے ڈگمگا رہی ہو، یا اس قندیل جیسی ہوگی جو ہوا کے جھونکوں سے جھول رہی ہو، اس دن زمین کی آبادی پر کیا گذرے گی؟) جس دن تم اس (زلزلہ) کو دیکھو گے: ہر دودھ پلانے والی عورت اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی، اور ہر حمل والی عورت اپنے حمل کو ڈال دے گی، اور تمہیں لوگ مدہوش نظر آئیں گے، حالانکہ وہ مدہوش نہیں ہونگے، بلکہ اللہ کا عذاب سخت ہوگا!“ جس سے لوگوں کا یہ حال ہو جائے گا۔

یہ تو قیامت کی سنگینی کا ایک پہلو ہے۔ دوسرا پہلو وہ ہے جو درج ذیل حدیثوں میں آیا ہے۔ قیامت کے دن جب آدم علیہ السلام کو حکم ملے گا کہ جہنم کا وفد روانہ کیجئے، اور آدم علیہ السلام دریافت کریں گے کہ اس وفد کی تعداد کیا ہے؟ تو جواب ملے گا کہ ہزار میں سے ۹۹۹ جہنم میں روانہ کئے جائیں، اور ایک جنت کے لئے علاحدہ کیا جائے، سوچو! اس اعلان کے وقت اہل محشر کا کیا حال ہوگا؟ اس وقت کی ان کی پریشانی کا اندازہ کون کرسکتا ہے؟ یہ بھی قیامت کا ایک زلزلہ ہے!

حدیث (۱): حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سورۃ الحج کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں تو آپؐ سفر میں تھے، آپؐ نے لوگوں سے پوچھا: جانتے ہو قیامت کا دن کیسا ہوگا؟ لوگوں نے جواب دیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: وہ ایک ایسا دن ہے کہ اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام سے فرمائیں گے: جہنم کا وفد روانہ کیجئے! آدم علیہ السلام

پوچھیں گے: اے میرے پروردگار! جہنم کا وفد کتنا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ۹۹۹ دوزخ میں اور ایک جنت میں!

پس مسلمانوں نے رونا شروع کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا: میانہ روی اختیار کرو، اور سیدھے راستہ پر چلو، کیونکہ نہیں تھی کبھی بھی نبوت مگر تھی اس سے پہلے جاہلیت یعنی جاہلیت کا لمبا دور گذرنے کے بعد نبوت کا زمانہ آتا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس لیا جائے گا عدد جاہلیت سے، پس اگر عدد پورا ہوگیا تو ٹھیک ہے، ورنہ منافقین سے وہ عدد پورا کیا جائے گا یعنی جاہلیت کا زمانہ: لمبا زمانہ ہے، ان میں سے ۹۹۹ لئے جائیں گے، اور اگر عدد کی تکمیل کے لئے ضرورت ہوئی تو زمانہ اسلام کے منافقین (عملی) سے وہ تعداد پوری کی جائے گی، اور نہیں ہے تمہارا حال یعنی امتِ اجابہ کے صالحین کا حال اور دوسری امتوں کا حال یعنی امتِ دعوت کے لوگوں کا حال یعنی نسبت: مگر چوپایے کے دست میں نشان کی طرح (یا ابھرے ہوئے گوشت کی طرح) یا اونٹ کے پہلو میں تل کی طرح یعنی امتِ اجابہ کے صالحین کی تعداد بہت ہی کم ہے، اور کفار کی اور منافقین کی تعداد بہت زیادہ ہے، پس مذکورہ عدد پر تعجب نہیں ہونا چاہئے۔

پھر فرمایا: ''بیشک میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں کا چوتھائی ہوؤ گے'' پس صحابہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا...... پھر آپؐ نے فرمایا: ''بیشک میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں کا تہائی ہوؤ گے!'' پس صحابہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا...... پھر آپؐ نے فرمایا: ''بیشک میں امید کرتا ہوں کہ تم جنتیوں کا نصف ہوؤ گے!'' پس صحابہ نے نعرۂ تکبیر بلند کیا...... حضرت عمرانؓ کہتے ہیں: میں نہیں جانتا کہ آپؐ نے دو تہائی کا ذکر کیا یا نہیں؟

تشریح: قیامت کے دن یہ کام آدم علیہ السلام سے اس لئے لیا جائے گا کہ وہ سب انسانوں کے باپ ہیں، اور پہلے یہ حدیث گذری ہے کہ سب نیک و بد روحیں آدم علیہ السلام کے دائیں بائیں ہیں، اس لئے وہ سب کو اچھی طرح جانتے ہیں اور ایسا ہی شخص لوگوں کو چھانٹ سکتا ہے...... اور جنت میں اس امت کی تعداد کا ذکر پہلے (حدیث ۲۵۴۳ تحفہ ۶:۳۱۶ میں) گذر چکا ہے۔

حدیث (۲): حضرت عمرانؓ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے، پس صحابہ دورانِ سفر آگے پیچھے ہوگئے، پس نبی ﷺ نے سورۃ الحج کی شروع کی دو آیتیں بلند آواز سے پڑھیں۔ پس جب صحابہ نے یہ آیتیں سنیں تو انھوں نے اپنی سواریوں کو تیز کردیا، اور انھوں نے سمجھ لیا کہ آپؐ کوئی بات فرمانے والے ہیں۔ پس (جب لوگ جمع ہوگئے تو) آپؐ نے فرمایا: ''کیا جانتے ہو وہ (قیامت کا) دن کیسا ہوگا؟'' صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ''وہ ایسا دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ آدم علیہ السلام کو پکاریں گے، اور فرمائیں گے: اے آدم! جہنم کا وفد روانہ کیجئے، وہ پوچھیں گے: جہنم کے وفد کی تعداد کیا ہے؟ پس اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ۹۹۹ دوزخ کی طرف (بھیجیں) اور ایک جنت کی طرف! پس لوگ مایوس ہوگئے (کہ ہمارا نمبر تو آنے سے رہا) یہاں تک کہ ہنسنے والی ڈاڑھیں ظاہر نہیں کرتے تھے، یعنی کھل کر نہیں ہنستے تھے، پس جب آپؐ نے وہ حالت دیکھی جو صحابہ کی ہوگئی تھی تو

آپؐ نے فرمایا: عمل کرو اور خوش ہو جاؤ، پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! بیشک تم دو مخلوقوں کے ساتھ ہوؤ گے، نہیں ہونگی وہ دونوں مخلوقیں کسی چیز کے ساتھ مگر وہ اس کو بہت زیادہ کردیں گی: (۱) یاجوج و ماجوج اور وہ انسان جو مر گئے یعنی گذشتہ امتوں کے کفار (۲) اور ابلیس کی اولاد یعنی کافر جنات (ان دونوں کی بڑی تعداد ہے، اس لئے یہ دونوں جس کے ساتھ ہونگے ان کی تعداد بے حساب ہوگی، پس ۹۹۹ ان میں سے پورے کئے جائیں گے) راوی کہتے ہیں: پس کھول دیا گیا لوگوں سے کچھ وہ غم جو وہ پاتے تھے، یعنی صحابہ کو کچھ اطمینان ہوا...... فرمایا: ''عمل کرو، اور خوش ہو جاؤ (کہ جنت میں تمہارا نمبر ضرور لگے گا) پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! نہیں ہو تم لوگوں میں مگر اونٹ کے پہلو میں تل کی طرح یا چوپایے کے ہاتھ میں نشان کی طرح!

لغات: **البَعْث**: وفد، **بعَثَه إليه**: بھیجنا...... **أَنْشَأَ يَبْكُوْنَ**: رونا شروع کیا...... **قَارَبَ فلان في أموره**: معاملات میں میانہ روی اختیار کرنا، حد سے نہ بڑھنا...... **سَدَّدَه الله**: اللہ اس کو سیدھے راستے پر چلائے...... **الرَّقْمة**: چوپایے کی کہنی کے اندر پیدا ہونے والی ایک بیماری، ابھرا ہوا گوشت یا سیاہ داغ...... **الشَّامة**: تل، **شَامَ (ض) شَيْمًا**: کھال پر تل یا مسّا ہونا...... **تَفَاوَتَ الشيئان**: دو چیزوں میں مقدار کے لحاظ سے فرق ہونا، حدیث میں: چلنے میں آگے پیچھے ہونا مراد ہے...... **حَثَّه (ن) حَثًّا**: برانگیختہ کرنا، ابھارنا، اکسانا...... **الضاحكة**: ہنستے وقت دکھائی دینے والا دانت، اگلے دانتوں کے قریب والی ڈاڑھ...... **سَرَّى عنه**: غم اور تکلیف دور کرنا۔

[۲۳-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْحَجِّ

[۳۱۹۳-] حدثنا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ ابنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: لَمَّا نزلَتْ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ، إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْئٌ عَظِيْمٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ﴾ قَالَ: أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ الآيَةُ وَهُوَ فِيْ سَفَرٍ، قَالَ: ''أَتَدْرُوْنَ أَيُّ يَوْمٍ ذٰلِكَ؟'' قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:'' ذٰلِكَ يَوْمٌ يَقُوْلُ اللّٰهُ لِآدَمَ: ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، قَالَ: يَارَبِّ! وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ قَالَ: تِسْعُمِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ فِيْ النَّارِ، وَوَاحِدٌ إِلَى الْجَنَّةِ.

فَأَنْشَأَ الْمُسْلِمُوْنَ يَبْكُوْنَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' قَارِبُوْا، وَسَدِّدُوْا، فَإِنَّهَا لَمْ تَكُنْ نُبُوَّةٌ قَطُّ إِلَّا كَانَ بَيْنَ يَدَيْهَا جاهِلِيَّةٌ!'' قَالَ:'' فَيُؤْخَذُ الْعَدَدُ مِنَ الْجَاهِلِيَّةِ، فَإِنْ تَمَّتْ، وَإِلَّا كُمِّلَتْ مِنَ الْمُنَافِقِيْنَ. وَمَا مَثَلُكُمْ وَالْأُمَمِ إِلَّا كَمَثَلِ الرَّقْمَةِ فِيْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ، أَوْ كَالشَّامَةِ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ''

ثُمَّ قَالَ:'' إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا رُبعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ'' فَكَبَّرُوْا، ثُمَّ قَالَ:'' إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا ثُلُثَ أَهْلِ الْجَنَّةِ'' فَكَبَّرُوْا، ثُمَّ قَالَ:''إِنِّيْ لَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنُوْا نِصفَ أَهْلِ الْجَنَّةِ'' فَكَبَّرُوْا، قَالَ: وَلَا أَدْرِيْ

قَالَ: الثُّلُثَيْنِ أَمْ لَا؟

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٣١٩٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا هِشَامُ بْنُ أَبِى عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِىْ سَفرٍ، فَتَفَاوَتَ بَيْنَ أَصْحَابِهِ فِىْ السَّيْرِ، فَرَفَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَوْتَهُ بِهَا تَيْنِ الآيَتَيْنِ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ، إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْئٌ عَظِيْمٌ﴾ إِلَى قَوْلِهِ: ﴿وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ﴾

فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ أَصْحَابُهُ حَثُّوْا الْمَطِيَّ، وَعَرَفُوْا أَنَّهُ عِنْدَ قَوْلٍ يَقُوْلُهُ، فَقَالَ: " هَلْ تَدْرُوْنَ أَىُّ يَوْمٍ ذٰلِكَ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" ذٰلِكَ يَوْمٌ يُنَادِىْ اللّٰهُ فِيْهِ آدَمَ، فَيُنَادِيْهِ رَبُّهُ، فَيَقُوْلُ: يَا آدَمُ ابْعَثْ بَعْثَ النَّارِ، فَيَقُوْلُ: أَىْ رَبِّ وَمَا بَعْثُ النَّارِ؟ فَيَقُوْلُ: مِنْ كُلِّ أَلْفٍ تِسْعُمِائَةٍ وَتِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ إِلَى النَّارِ، وَوَاحِدٌ إِلَى الْجَنَّةِ!"

فَيَئِسَ الْقَوْمُ حَتَّى مَا أَبْدَوْا بِضَاحِكَةٍ، فَلَمَّا رَأَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّذِىْ بِأَصْحَابِهِ، قَالَ:" اعْمَلُوْا، وَأَبْشِرُوْا، فَوَ الَّذِىْ نَفْسُ مُحمدٍ بِيَدِهِ! إِنَّكُمْ لَمَعَ خَلِيْقَتَيْنِ، مَا كَانَتَا مَعَ شَيْئٍ إِلَّا كَثَّرَتَاهُ: يَأْجُوْجُ وَمَأْجُوْجُ، وَمَنْ مَاتَ مِنْ بَنِىْ آدَمَ، وَبَنِىْ إِبْلِيْسَ!"

قَالَ: فَسُرِّىَ عَنِ الْقَوْمِ بَعْضُ الَّذِىْ يَجِدُوْنَ، قَالَ:" اعْمَلُوْا، وَأَبْشِرُوْا، فَوَ الَّذِىْ نَفْسُ مُحمدٍ بِيَدِهِ! مَا أَنْتُمْ فِىْ النَّاسِ إِلَّا كَالشَّامَةِ فِىْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ، أَوْ كَالرَّقْمَةِ فِىْ ذِرَاعِ الدَّابَّةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲-بیت اللہ شریف عتیق ہے

سورۃ الحج (آیت ۳۳) میں بیت اللہ شریف کی صفت عتیق آئی ہے، عتیق کے ایک معنی آزاد کے ہیں، اور حدیث میں اس کی وجہ تسمیہ یہ آئی ہے کہ بیت اللہ کا نام عتیق (آزاد) اس لئے رکھا گیا ہے کہ کبھی کوئی سرکش اس پر غلبہ نہیں پا سکا ہاتھی والوں نے جب اس کو ڈھانے کے لئے چڑھائی کی تو اللہ تعالیٰ نے ان کا بھرتا بنادیا...... اور عتیق کے ایک معنی: پرانا بھی ہیں، اس معنی کے لحاظ سے بھی بیت اللہ عتیق ہے، کیونکہ یہ زمین پر پہلا گھر ہے جو اللہ کی بندگی کے لئے بنایا گیا ہے...... اور ایک معنی لفظ عتیق کے: واجب التکریم بھی ہیں، اس معنی کے اعتبار سے بھی یہ گھر عتیق ہے، غرض مختلف وجوہ سے اس گھر کو عتیق کہا گیا ہے۔

[۳۱۹۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: ثَنِیْ اللَّيْثُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّمَا سُمِّیَ البَيْتُ: الْعَتِيْقَ، لِأَنَّهُ لَمْ يَظْهَرْ عَلَيْهِ جَبَّارٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِیَ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

۳-اجازتِ جہاد کی وجہ

سورۃ الحج کی (آیت ۳۹) ہے: ﴿أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا﴾: (لڑنے کی) اجازت دی گئی ان لوگوں کو جن کے ساتھ جنگ کی جاتی ہے، بایں وجہ کہ وہ مظلوم ہیں ــــ یہ سب سے پہلی آیت ہے جو کفار سے قتال کی اجازت کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے۔ اس سے پہلے ستر سے زیادہ آیتوں میں قتال سے منع کیا گیا تھا، اس وقت حکم یہ تھا کہ کفار کے مظالم پر صبر کیا جائے، پھر ہجرت کے بعد یہ آیت نازل ہوئی۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کو مکہ سے نکالا گیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (دل میں) کہا: ان لوگوں نے اپنے نبی کو نکالا ہے، پس یہ ضرور تباہ ہونگے! پھر جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں (پہلے ہی) سمجھ گیا تھا کہ اب جنگ کی اجازت مل جائے گی، پھر اس کے بعد اس قسم کی کئی آیتیں نازل ہوئیں، جن میں جہاد کی اجازت ہی نہیں، بلکہ صریح حکم تھا۔

تشریح: اس آیت میں جہاد کی اجازت کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کفار مسلمانوں پر چڑھائی کرنے والے ہیں، اس لئے مسلمانوں کو اپنا وجود باقی رکھنے کے لئے مقابلہ کی اجازت دینی ضروری ہے، اس کی تفصیل ہدایت القرآن (۵: ۴۸۴) میں ہے۔

[۳۱۹۶-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِیْ، وَإِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ البَطِيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا أُخْرِجَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم مِنْ مَكَّةَ، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَخْرَجُوْا نَبِيَّهُمْ لَيُهْلَكُنَّ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى: ﴿أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا، وَإِنَّ اللّٰهَ عَلَى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ﴾ الآيَةَ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ سَيَكُوْنُ قِتَالٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، وَغَيْرُهُ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُسْلِمٍ البَطِيْنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَيْسَ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ

سورۃ المؤمنین کی تفسیر

۱- وہ سات احکام جن پر کوئی پورا پورا عمل کرے تو جنت میں جائے گا

سورۃ المؤمنین کے شروع میں گیارہ آیتیں ہیں، ان میں سات احکام ہیں، اگر ان پر کوئی شخص پورا پورا عمل کرے تو جنت میں جائے گا: وہ آیات یہ ہیں: ''یقیناً کامیابی حاصل کی ان مؤمنین نے جو: (۱) اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں (۲) اور جو بے کار باتوں سے کنارہ کشی کرنے والے ہیں (۳) اور جو زکوۃ ادا کرنے والے ہیں (۴) اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں، مگر اپنی بیویوں سے، اور ان عورتوں سے جن کے مالک ہیں ان کے دائیں ہاتھ، پس یقیناً وہ ملامت کیے ہوئے نہیں ہیں، البتہ جو کوئی اس کے علاوہ چاہے وہ حد سے نکل جانے والا ہے (۵و۶) اور جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد و پیمان کی حفاظت کرنے والے ہیں (۷) اور جو اپنی نمازوں کی پابندی کرنے والے ہیں —— یہی لوگ وارث ہونے والے ہیں، جو بہشت بریں کے وارث ہونگے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے''

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ پر وحی نازل ہوتی تو آپؐ کے چہرے کے پاس شہد کی مکھیوں جیسی بھنبھناہٹ سنائی دیتی، پس ایک دن آپؐ پر وحی نازل کی گئی، پس ہم تھوڑی دیر ٹھہرے رہے، پھر آپؐ سے وہ کیفیت کھولی گئی، پس آپؐ نے قبلہ کی طرف منہ کیا، اور اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے، اور دعا کی: اللّٰهم زِدْنَا ولاتَنْقُصْنَا: الٰہی! ہمیں بڑھا، گھٹا نہیں، وَأَكْرِمْنَا ولاتُهِنَّا: اور ہمیں عزت عطا فرما، ذلت سے دوچار نہ فرما، وأَعْطِنَا ولا تَحْرِمْنَا: اور ہمیں عنایت فرما، محروم نہ فرما، وآثِرْنَا ولاتُؤْثِرْ علينا: اور ہمیں ترجیح دے، اور ہم پر دوسروں کو ترجیح نہ دے۔ وأَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا: اور ہمیں خوش کردے اور ہم سے خوش ہوجا —— پھر فرمایا: ''مجھ پر (ابھی) دس آیتیں اتاری گئی ہیں (آیتیں گیارہ ہیں، مگر عرب کسر کو چھوڑ دیتے ہیں) جو ان پر پورا پورا عمل کرے گا جنت میں جائے گا'' پھر آپؐ نے مذکورہ آیتیں تلاوت فرمائیں۔

حدیث کا حال اور سند کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث پر کوئی حکم نہیں لگایا، صرف سند پر بحث کی ہے۔ اور امام نسائی نے سنن کبری میں اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے، کیونکہ یونس بن سُلیم مجہول راوی ہے، اور وہی اس حدیث کو روایت کرتا ہے۔

امام ترمذیؒ نے باب کے شروع میں یحییٰ اور عبد وغیرہ کی سند لکھی ہے، اس میں یونس بن سُلیم کے بعد یونس بن یزید کا واسطہ نہیں ہے، پھر حدیث ذکر کرنے کے بعد محمد بن ابان کی سند لکھی ہے، اس میں یہ واسطہ ہے، اور اس سند کو امام

ترمذیؒ نے اصح کہا ہے، کیونکہ امام احمد، ابن المدینی اور ابن راہویہ کی سندوں میں بھی یونس بن یزید کا واسطہ ہے۔

پھر فرمایا ہے کہ عبدالرزاق صنعانی رحمہ اللہ کے قدیم تلامذہ یہ واسطہ ذکر کرتے ہیں، مگر بعض تلامذہ یہ واسطہ ذکر نہیں کرتے، اور جس نے یونس بن یزید کا تذکرہ کیا ہے وہی سند صحیح ہے، اور عبدالرزاق کے تلامذہ میں یہ اختلاف اس وجہ سے ہوا ہے کہ خود عبدالرزاق کبھی واسطہ ذکر کرتے تھے اور کبھی ذکر نہیں کرتے تھے (اس لئے تلامذہ میں اختلاف ہوگیا)

[٢٤-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ

[٣١٩٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ– الْمَعْنَى وَاحِدٌ – قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ: سُمِعَ عِنْدَ وَجْهِهِ كَدَوِيِّ النَّحْلِ، فَأُنْزِلَ عَلَيْهِ يَوْمًا، فَمَكَثْنَا سَاعَةً، فَسُرِّيَ عَنْهُ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ، وَقَالَ:" اللّٰهُمَّ زِدْنَا وَلاَ تَنْقُصْنَا، وَأَكْرِمْنَا وَلاَ تُهِنَّا، وَأَعْطِنَا وَلاَ تَحْرِمْنَا، وَآثِرْنَا وَلاَ تُؤْثِرْ عَلَيْنَا، وَأَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا" ثُمَّ قَالَ:" أُنْزِلَ عَلَيَّ عَشْرُ آيَاتٍ، مَنْ أَقَامَهُنَّ دَخَلَ الْجَنَّةَ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ﴾ حَتَّى خَتَمَ عَشَرَ آيَاتٍ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ، عُنْ يُوْنَسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ، سَمِعْتُ إِسْحَاقَ بْنَ مَنْصُوْرٍ، يَقُوْلُ: رَوَى أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، وَعَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، وَإِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ هٰذَا الحديثَ، وَمَنْ سَمِعَ مِنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَدِيْمًا، فَإِنَّهُمْ إِنَّمَا يَذْكُرُوْنَ فِيْهِ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، وَبَعْضُهُمْ لاَيَذْكُرُ فِيْهِ: عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، وَمَنْ ذَكَرَ فِيْهِ: عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ فَهُوَ أَصَحُّ، وَكَانَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ رُبَّمَا ذَكَرَ فِي هٰذَا الحديثِ يُوْنُسَ بْنَ يَزِيْدَ، وَرُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْهُ.

٢- فردوس: جنت کا سب سے بلند درجہ ہے

سورۃ المؤمنین کی (آیت ۱۱) میں فردوس کا ذکر آیا ہے، اس کے معنی ہیں: مکمل لوازم والا باغ، سرسبز وشاداب باغ (مذکر ہے مگر کبھی مؤنث بھی آتا ہے) یہ لفظ معرب ہے، اور تمام زبانوں میں معروف ہے، اور جنت کے لئے مستعمل ہے، انگریزی میں اس کا تلفظ پیرے دائز (Pradise) ہے، جس کے معنی ہیں: جنتِ عدن ہمیشہ رہنے کا باغ اور جنت کا سب سے بلند درجہ۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کی پھوپھی رُبیّع نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں

ان کا بیٹا جنگِ بدر میں شہید ہوا تھا، اسے ایسا تیر لگا تھا جس کے مارنے والا کا پتہ نہیں چلا تھا (وہ پانی بھر رہے تھے اور تیر لگا تھا) چنانچہ وہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں، اور عرض کیا: مجھے حارثہ کے حال سے واقف کریں، اگر وہ خیر کو پہنچا ہے یعنی اس کو شہادت کا مرتبہ ملا ہے تو میں ثواب کی امید رکھونگی، اور صبر کرونگی، اور اگر وہ خیر کو نہیں پہنچا (یعنی اس کو شہادت کا مرتبہ نہیں ملا، کیونکہ اس کو دشمنوں نے نہیں مارا تھا، بلکہ انجانا تیر لگا تھا) تو میں اس کے لئے انتھک دعا کروں گی پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے حارثہ کی ماں! بیشک جنت میں بہت باغات ہیں، اور بیشک آپ کے بیٹے نے فردوس کا اعلی درجہ حاصل کیا ہے، اور فردوس: جنت کا ٹیلہ (بلند حصہ) اور اس کا درمیانی حصہ یعنی اس کا بہترین حصہ ہے (یہ حدیث بخاری شریف میں بھی ہے)

[۳۱۹۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ أَتَتْ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ ابْنُهَا حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ: كَانَ أُصِيْبَ يَوْمَ بَدْرٍ، أَصَابَهُ سَهْمٌ غَرْبٌ، فَأَتَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: أَخْبِرْنِيْ عَنْ حَارِثَةَ: لَئِنْ كَانَ أَصَابَ خَيْرًا احْتَسَبْتُ وَصَبَرْتُ، وَإِنْ لَمْ يُصِبِ الْخَيْرَ اجْتَهَدْتُ فِيْ الدُّعَاءِ! فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: '' يَا أُمَّ حَارِثَةَ! إِنَّهَا جِنَانٌ فِيْ جَنَّةٍ، وَإِنَّ ابْنَكِ أَصَابَ الفِرْدَوْسَ الْأَعْلَى، وَالْفِرْدَوْسُ: رَبْوَةُ الْجَنَّةِ وَأَوْسَطُهَا وَأَفْضَلُهَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ.

۳- بھلائیوں کی طرف دوڑنے والے مؤمنین

سورۃ المؤمنین (آیات ۵۷-۶۱) میں بھلائی کی طرف دوڑنے والے مؤمنین کا تذکرہ ہے، ان کے حالات میں خاص طور پر چار باتیں ذکر کی گئی ہیں: ۱- وہ لوگ اپنے رب کی ہیبت سے ڈرنے والے ہیں۔ ۲- وہ اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں۔ ۳- وہ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتے ۴- وہ جو کچھ دیتے ہیں اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل خوفزدہ ہوتے ہیں، بایں وجہ کہ ان کو اپنے پروردگار کے پاس جانا ہے، یعنی ان کی عطا و بخشش اللہ کے لئے ہوتی ہے، اور ان کو یہ دھڑ کا لگا رہتا ہے کہ معلوم نہیں ہماری خیرات بارگاہ خداوندی میں قبول ہوئی یا نہیں! یعنی وہ اپنے عمل پر مغرور نہیں ہوتے، نیکی کر کے بھی ڈرتے رہتے ہیں۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا: ''جو لوگ دیتے ہیں جو کچھ دیتے ہیں درانحالیکہ ان کے دل خوف زدہ ہوتے ہیں'' حضرت عائشہؓ نے پوچھا: کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں (پھر اللہ سے ڈرتے ہیں اور توبہ کرتے ہیں؟) آپؐ نے فرمایا: ''نہیں، اے صدیق کی بیٹی! بلکہ وہ لوگ مراد ہیں جو نماز پڑھتے ہیں، اور روزے رکھتے ہیں، اور خیرات کرتے ہیں،

اس حال میں کہ وہ ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کے یہ اعمال قبول نہ کئے جائیں، یہی لوگ جلدی جلدی فائدے حاصل کررہے ہیں، اوروہ ان کی طرف سبقت کرنے والے ہیں" یعنی ان نیک بندوں کا حال صدقات وخیرات کے علاوہ دوسرے اعمال میں بھی یہی ہوتا ہے۔

[٣١٩٩-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِیْدِ بْنِ وَهْبٍ: أَیِ الْهَمْدَانِیِّ: أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَتْ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنْ هٰذِهِ الآیَةِ: ﴿وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَا آتَوْا وَقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ﴾ قَالَتْ عَائِشَةُ: أَهُمُ الَّذِیْنَ یَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَ وَیَسْرِقُوْنَ؟ قَالَ:" لاَ، یَا بِنْتَ الصِّدِّیْقِ! وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِیْنَ یَصُوْمُوْنَ، وَیُصَلُّوْنَ، وَیَتَصَدَّقُوْنَ، وَهُمْ یَخَافُوْنَ أَنْ لاَ تُقْبَلَ مِنْهُمْ، أُوْلٰئِكَ الَّذِیْنَ یُسَارِعُوْنَ فِیْ الْخَیْرَاتِ وَهُمْ لَهَا سَابِقُوْنَ"

وَرُوِیَ هٰذَا الحدیثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا.

وضاحت: امام ترمذیؒ نے اس حدیث پر بھی کوئی حکم نہیں لگایا۔ یہ حدیث منقطع ہے، عبدالرحمٰن ہمدانی ثقہ راوی ہیں، مگر حضرت عائشہؓ سے ان کا لقاء اور سماع نہیں۔

۴- بگڑے ہوئے منہ والے

سورۃ المؤمنون (آیت ۱۰۴) میں ان لوگوں کی سزا کا ذکر ہے جن کا پلڑا ہلکا ہوگا، فرمایا: ﴿تَلْفَحُ وَجُوْهَهُمُ النَّارُ، وَهُمْ فِیْهَا كَالِحُوْنَ﴾: ان کے چہروں کو آگ جھلسے گی، اور وہ اس میں بگڑے ہوئے منہ والے ہونگے۔

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: "ان کو جہنم کی آگ بھونے گی، پس ان کا اوپر کا ہونٹ اوپر اٹھ جائے گا، یہاں تک کہ آدھے سر کو پہنچ جائے گا، اور ان کا نیچے کا ہونٹ لٹک جائے گا، یہاں تک کہ ان کی ناف کو چھولے گا۔ پناہ بخدا!

[٣٢٠٠-] حدثنا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ یَزِیْدَ: أَبِیْ شُجَاعٍ، عَنْ أَبِیْ السَّمْحِ، عَنْ أَبِیْ الْهَیْثَمِ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: ﴿وَهُمْ فِیْهَا كَالِحُوْنَ﴾ قَالَ: تَشْوِیْهِ النَّارُ، فَتَقَلَّصُ شَفَتُهُ الْعُلْیَا حَتَّى تَبْلُغَ وَسْطَ رَأْسِهِ، وَتَسْتَرْخِیْ شَفَتُهُ السُّفْلٰى حَتَّى تَضْرِبَ سُرَّتَهُ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ.

سُوْرَةُ النُّوْرِ

سورۃ النور کی تفسیر

۱-زنا انتہائی درجہ کی برائی ہے: اس لئے حرام ہے

سورۃ النور کی تیسری آیت ہے: ﴿الزَّانِیْ لَایَنْکِحُ إِلَّا زَانِیَةً أَوْ مُشْرِکَةً، وَالزَّانِیَةُ لَایَنْکِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ، وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ﴾ ترجمہ: زانی نکاح نہیں کرتا مگر زانیہ سے یا مشرکہ سے، اور زانیہ کے ساتھ نکاح نہیں کرتا مگر زانی یا مشرک، اور وہ کام (زنا) مؤمنین پر حرام کیا گیا ہے...... اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص کا نام مرثد بن ابی مرثد تھا۔ وہ ایسا آدمی تھا جو مکہ سے قیدیوں کو اٹھاتا تھا (جن مسلمانوں کو ان کے رشتہ داروں نے قید کر رکھا تھا تاکہ وہ ہجرت کر کے مدینہ چلے نہ جائیں، ان کو یہ صحابی اٹھا لاتے تھے) یہاں تک کہ ان کو مدینہ لے آتے تھے۔ عبداللہ کہتے ہیں: اور مکے میں ایک رنڈی تھی جس کا نام عناق تھا، اور وہ (زمانۂ جاہلیت میں) مرثد کی دوست تھی، اور مرثد نے مکہ کے قیدیوں میں سے ایک سے وعدہ کیا تھا کہ وہ اس کو اٹھائیں گے۔

مرثد کہتے ہیں: پس میں آیا، یہاں تک کہ میں ایک چاندنی رات میں مکہ کی دیواروں میں سے ایک دیوار کے سایے تک پہنچا۔ مرثد نے کہا: پس عناق آئی، اور اس نے دیوار کے پہلو میں میرے سایے کی سیاہی دیکھی، پس جب وہ میرے پاس پہنچی تو اس نے مجھے پہچان لیا۔ اس نے پوچھا: مرثد؟ میں نے کہا: مرثد، اس نے کہا: مرحبا واہلاً: خوش آمدید! آجاؤ، یہ رات ہمارے پاس گذارو، میں نے کہا: اے عناق! اللہ نے زنا حرام کر دیا ہے، وہ کہنے لگی: اے محلّہ والو! یہ شخص تمہارے قیدیوں کو اٹھا لے جاتا ہے۔ مرثد نے کہا: پس آٹھ آدمیوں نے میرا پیچھا کیا، اور میں خندمہ پہاڑ کی طرف چلا، پس میں ایک غار یا کھوہ میں پہنچا، اور اس میں داخل ہو گیا، پس وہ لوگ آئے یہاں تک کہ میرے سر پر کھڑے ہوئے، اور انھوں نے پیشاب کیا، اور ان کا سارا پیشاب میرے سر پر گرا، اور اللہ نے ان کو مجھ سے اندھا کر دیا۔

مرثد نے کہا: پھر وہ لوٹ گئے، اور میں اپنے آدمی کی طرف لوٹا، پس میں نے اس کو اٹھایا، اور وہ بھاری آدمی تھا، یہاں تک کہ میں اذخر مقام میں پہنچا، پس میں نے اس سے اس کی بیڑیاں کھول دیں، اور میں اس کو اٹھا کر لے چلا، اور وہ میری مدد کرتا تھا یعنی کبھی خود بھی چلتا تھا۔ یہاں تک کہ میں مدینہ آیا۔

پس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! میں عناق سے شادی کر لوں؟

پس رسول اللہ ﷺ رک گئے اور مجھے کوئی جواب نہ دیا، یہاں تک کہ مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے مرثد! زانی نکاح نہیں کرتا مگر زانیہ سے یا مشرکہ سے، اور زانیہ سے نکاح نہیں کرتا مگر زانی یا مشرک: پس تم اس سے نکاح مت کرو''

تشریح: اس آیت میں زنا کی انتہائی برائی بیان کی گئی ہے، مسئلہ بیان نہیں کیا گیا، لاَیَنْکِحُ اور لاَیَنْکِحُهَا: فعل مضارع منفی ہیں، فعل نہی نہیں ہیں، یعنی ایک بات کی خبر دی گئی ہے، ممانعت نہیں کی گئی۔ اور آیت کا حاصل یہ ہے کہ زنا اس قدر برا کام ہے کہ بدکار کی رغبت نیک عورت کی طرف نہیں ہوتی، نہ بدکار عورت کی طرف نیک آدمی کی رغبت ہوتی ہے، چنانچہ زنا مؤمنین پر حرام کیا گیا، اور اس کی روک تھام کے لئے وہ سزا تجویز کی گئی جو اس سے پہلی آیت میں مذکور ہے۔

مسئلہ: مشرک مرد و زن سے نکاح کسی حال میں جائز نہیں، اور نیک آدمی کا زانیہ کے ساتھ، اور نیک عورت کا زانی کے ساتھ، اور زانی اور زانیہ کا باہمی نکاح جائز ہے، صحابہ کا ایسی عورتوں سے نکاح کرنا ثابت ہے، اور اگر ذٰلك (اسم اشارہ بعید) کا مشار الیہ نکاح کو بنایا جائے تو یہ ممانعت از قبیل مشورہ ہوگی، جیسے بدوّ صلاح سے پہلے پھلوں کی بیع کی ممانعت حدیث میں آئی ہے، یہ ممانعت بھی از قبیلِ مشورہ ہے، جیسا کہ بخاری شریف میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس کی صراحت کی ہے، پس نبی ﷺ نے حضرت مرثدؓ کو مشورہ دیا کہ عناق مسلمان ہوجائے تو بھی تمہیں اس سے نکاح نہیں کرنا چاہئے...... حضرت مرثد اور ان کے والد ابو مرثد دونوں جلیل القدر صحابی ہیں، دونوں بدری ہیں، اور مرثدؓ ۳ ہجری میں جنگ احد میں شہید ہوئے ہیں۔

[۲۵-] سُوْرَةُ النُّوْرِ

[۳۲۰۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ الأَخْنَسِ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: مَرْثَدُ بْنُ أَبِيْ مَرْثَدٍ، وَكَانَ رَجُلاً يَحْمِلُ الأَسْرَى مِنْ مَكَّةَ، حَتَّى يَأْتِيَ بِهِمُ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ: وَكَانَتِ امْرَأَةٌ بَغِيٌّ بِمَكَّةَ، يُقَالُ لَهَا: عَنَاقُ، وَكَانَتْ صَدِيْقَةً لَهُ، وَأَنَّهُ كَانَ وَعَدَ رَجُلاً مِنْ أُسَارَى مَكَّةَ: يَحْتَمِلُهُ.

قَالَ: فَجِئْتُ، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى ظِلِّ حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ مَكَّةَ، فِيْ لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ، قَالَ: فَجَاءَ تْ عَنَاقُ، فَأَبْصَرَتْ سَوَادَ ظِلِّي بِجَنْبِ الْحَائِطِ، فَلَمَّا انتهَتْ إِلَيَّ عَرَفَتْ، فَقَالَتْ: مَرْثَدٌ؟ فَقُلْتُ: مَرْثَدٌ، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا وَأَهْلاً! هَلُمَّ فَبِتْ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ، قُلْتُ: يَا عَنَاقُ! حَرَّمَ اللهُ الزِّنَا، قَالَتْ: يَا أَهْلَ الْخِيَامِ! هٰذَا الرَّجُلُ يَحْتَمِلُ أُسَرَاءَ كُمْ! قَالَ: فَتَبِعَنِي ثَمَانِيَةٌ، وَسَلَكْتُ الْخَنْدَمَةَ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى غَارٍ أَوْ كَهْفٍ، فَدَخَلْتُ، فَجَاءُ وْا حَتَّى قَامُوْا عَلَى رَأْسِيْ، فَبَالُوْا، فَظَلَّ بَوْلُهُمْ عَلَى رَأْسِيْ، وَعَمَّاهُمُ اللهُ عَنِّيْ.

قَالَ: ثُمَّ رَجَعُوْا، وَرَجَعْتُ إِلَى صَاحِبِيْ، فَحَمَلْتُهُ، وَكَانَ رَجُلاً ثَقِيْلاً، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى الإِذْخِرِ، فَفَكَكْتُ عَنْهُ أَكْبُلَهُ، فَجَعَلْتُ أَحْمِلُهُ، وَيُعِيْنُنِيْ، حَتَّى قَدِمْتَ الْمَدِيْنَةَ.

فَأَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْكِحُ عَنَاقًا؟ فَأَمْسَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَرُدَّ عَلَى شَيْئًا، حَتَّى نَزَلَتْ: ﴿الزَّانِيْ لاَيَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً، وَالزَّانِيَةُ لاَيَنْكِحُهَا إِلاَّ زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ﴾ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا مَرْثَدُ! الزَّانِيْ لاَيَنْكِحُ إِلاَّ زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً، وَالزَّانِيَةُ لاَيَنْكِحُهَا إِلاَّ زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ، فَلاَ تَنْكِحْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ.

٢- آیاتِ لعان کا شانِ نزول

سورۃ النور کی آیت ۴ میں زنا کی تہمت لگانے کا حکم بیان ہوا ہے کہ تہمت لگانے والا چار عینی گواہ پیش کرے، ورنہ اس پر حد قذف لگائی جائے، یہ حکم عام لوگوں کے حق میں ممکن العمل ہے، کیونکہ زنا دیکھنے والے کو اگر چار گواہ میسر نہ ہوں گے تو وہ خاموش رہے گا، اور حد قذف سے بچ جائے گا، مگر شوہر کا معاملہ اس سے مختلف ہے، زنا تنہائی میں ہوتا ہے، اور شوہر اپنے گھر کے احوال سے واقف ہوتا ہے، اور اس کے سامنے ایسے قرائن آتے ہیں جو دوسروں کے سامنے نہیں آتے، اور نہ اس کی غیرت یہ بات گوارہ کرسکتی ہے کہ اپنی بیوی کے زنا پر چار گواہ بنائے، پس اس خانگی معاملہ پر شوہر سے گواہ کیسے طلب کئے جاسکتے ہیں؟...... پھر زمانۂ نبوت میں حد قذف کا حکم نازل ہونے کے بعد یکے بعد دیگرے ایسے دو واقعے پیش آئے جن میں شوہروں نے اپنی بیویوں کو غیر مرد کے ساتھ بدفعلی کرتے ہوئے دیکھا، اور انھوں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو سورۃ النور کی آیات (۶-۹) نازل ہوئیں، اور شوہر کا حکم عام لوگوں کے حکم سے علاحدہ کردیا گیا، یہی آیاتِ لعان ہیں اور وہ دو واقعے: حضرت ہلال بن امیہ اور حضرت عویمر عجلانی رضی اللہ عنہما کے واقعات ہیں، جو درج ذیل روایات میں آئے ہیں:

حدیث (۱): یہ حدیث پہلے اسی سند اور اسی متن کے ساتھ آچکی ہے، دیکھیں: (حدیث ۱۱۸۷ تحفہ ۴:۹۹) وہاں ترجمہ بھی ہے، اور متعلقہ مسائل بھی۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ ہلال بن امیہ نے نبی ﷺ کے سامنے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''گواہ لاؤ، ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد لگے گی!'' ہلال نے عرض کیا: یارسول اللہ! جب ہم میں سے کوئی شخص کسی مرد کو اپنی بیوی پر دیکھے تو کیا وہ گواہ ڈھونڈھنے جائے؟ مگر نبی ﷺ یہی فرماتے رہے کہ گواہ لاؤ، ورنہ تمہاری پیٹھ پر حد لگے گی! پس ہلال نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس

نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں یقیناً سچا ہوں، اور ضرور اتاری جائے گی میرے معاملہ میں وہ وحی جو میری پیٹھ کو حد سے بری کردے گی، پس آیاتِ لعان اتریں۔ راوی کہتے ہیں: پس نبی ﷺ لوٹے، اور ان دونوں کے پاس آدمی بھیجا، وہ دونوں آئے، پس ہلال کھڑے ہوئے اور انھوں نے گواہی دی، اور نبی ﷺ فرمار ہے تھے: ''اللہ تعالیٰ یقیناً جانتے ہیں کہ تم دو میں سے ایک جھوٹا ہے پس کیا تم میں سے کوئی توبہ کرتا ہے؟'' پھر عورت کھڑی ہوئی، اور اس نے گواہی دی، پھر جب پانچویں قسم کا نمبر آیا کہ اللہ کا غضب نازل ہو عورت پر اگر مرد سچا ہے، تو لوگوں نے کہا: یہ گواہی واجب کرنے والی ہے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس عورت ہچکچائی اور پیچھے ہٹی، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ عنقریب رجوع کرلے گی، پس اس نے کہا: میں اپنی قوم کو زمانہ بھر کے لئے رسوا نہیں کرونگی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''عورت کو دیکھو، اگر اس نے بچہ جنا سرمگیں آنکھوں والا، کامل سرینوں والا، پر گوشت پنڈلیوں والا تو وہ شریک بن سحماء کا ہے، پس اس نے ایسا ہی بچہ جنا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر نہ ہوتا کتاب اللہ کا حکم جو نافذ ہو چکا تو میرا اور اس کا معاملہ عجیب ہوتا'' (اور بخاری شریف میں ہے کہ ''اگر میں کسی کو گواہوں کے بغیر سنگسار کرتا تو اس عورت کو کرتا'')

[٣٢٠٢-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلاعِنَيْنِ فِيْ إِمَارَةِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَمَا دَرَيْتُ مَا أَقُوْلُ، فَقُمْتُ مِنْ مَكَانِيْ إِلَى مَنْزِلِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَاسْتَأْذَنْتُ عَلَيْهِ، فَقِيلَ لِيْ: إِنَّهُ قَائِلٌ، فَسَمِعَ كَلامِيْ، فَقَالَ: ابْنُ جُبَيْرٍ؟ ادْخُلْ مَا جَاءَ بِكَ إِلَّا حَاجَةٌ.

قَالَ: فَدَخَلْتُ، فَإِذَا هُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْدَعَةَ رَحْلٍ لَهُ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! الْمُتَلاعِنَانِ: أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا؟ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! نَعَمْ، إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلانُ بْنُ فُلانٍ، أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ لَوْ أَنَّ أَحَدَنَا رَأَى امْرَأَتَهُ عَلَى فَاحِشَةٍ، كَيْفَ يَصْنَعُ؟ إِنْ تَكَلَّمَ تَكَلَّمَ بِأَمْرٍ عَظِيْمٍ، وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى أَمْرٍ عَظِيْمٍ، فَسَكَتَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَلَمْ يُجِبْهُ.

فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: إِنَّ الَّذِيْ سَأَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيْتُ بِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ الآيَاتِ فِيْ سُوْرَةِ النُّوْرِ: ﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ، فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ﴾ حَتّٰى خَتَمَ الآيَاتِ، قَالَ: فَدَعَا الرَّجُلَ فَتَلاهُنَّ عَلَيْهِ، وَوَعَظَهُ، وذَكَّرَهُ، وَأَخْبَرَهُ أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الآخِرَةِ، فَقَالَ: لا، وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا، ثُمَّ ثَنَّى بِالْمَرْأَةِ، وَوَعَظَهَا، وَذَكَّرَهَا، وَأَخْبَرَهَا أَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا أَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الآخِرَةِ، فَقَالَتْ: لا، وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا صَدَقَ، قَالَ: فَبَدَأَ بِالرَّجُلِ، فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ، وَالْخَامِسَةَ أَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، ثُمَّ ثَنَّى بِالْمَرْأَةِ، فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ،

وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ، ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا.

وفي الباب: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٢٠٣-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا مُحمدُ بْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، قَالَ: ثَنِيْ عِكْرِمَةُ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ هِلاَلَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَأَتَهُ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" البَيِّنَةَ، وَإِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ" قَالَ: فَقَالَ هِلاَلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِذَا رَأَى أَحَدُنَا رَجُلاً عَلَى امْرَأَتِهِ، أَيَلْتَمِسُ البَيِّنَةَ؟ فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "البَيِّنَةَ، وَإِلَّا حَدٌّ فِيْ ظَهْرِكَ" قَالَ: فَقَالَ هِلاَلٌ: والَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! إِنِّيْ لَصَادِقٌ،وَلَيُنْزِلَنَّ فِيْ أَمْرِيْ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِيْ مِنَ الْحَدِّ، فَنَزَلَ:﴿وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ، إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾ فَقَرَأَ إِلَى أَنْ بَلَغَ: ﴿وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾ قَالَ: فَانْصَرَفَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمَا، فَجَاءَ ا، فَقَامَ هِلاَلُ بْنُ أُمَيَّةَ فَشَهِدَ، والنبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ، فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ!" ثُمَّ قَامَتْ فَشَهِدَتْ، فَلَمَّا كَانَتْ عِنْدَ الْخَامِسَةِ: ﴿أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ﴾ قَالُوْا لَهَا: إِنَّهَا مُوْجِبَةٌ! فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَتَلَكَّأَتْ، وَنَكَسَتْ، حَتَّى ظَنَنَّا أَنْ سَتَرْجِعَ، فَقَالَتْ: لاَ أَفْضَحُ قَوْمِيْ سَائِرَ اليَوْمِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَبْصِرُوْهَا، فَإِنْ جَاءَ تْ بِهِ أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ، سَابِغَ الْأَلْيَتَيْنِ، خَدَلَّجَ السَّاقَيْنِ، فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ سَحْمَاءَ، فَجَاءَ تْ بِهِ كَذٰلِكَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ لاَ مَا مَضَى مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ لَكَانَ لَنَا وَلَهَا شَأْنٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهٰكَذَا رَوَى عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَرَوَاهُ أَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

لغات: تَلَكَّأَ عنه: توقف کرنا، ہچکچانا، پس وپیش کرنا ...... نَكَسَ(ن) رأسه: شرمندگی سے سر جھکانا ...... الخَدَلَّج: جس کے بازو اور پنڈلیاں پُر گوشت ہوں۔

۳- حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کا واقعہ

سورۃ النور کی (آیات ۱۱-۲۰) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت اور بے گناہی کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہیں، اوپر زنا کی سزا کے بعد تہمتِ زنا کی سزا کا بیان آیا ہے، یعنی اگر کسی پر زنا کا الزام لگایا جائے تو ضروری ہے کہ الزام لگانے والا اس کو چار عینی گواہوں سے ثابت کرے، ورنہ حد قذف کے اسّی کوڑے لگائے جائیں گے، ممکن ہے اس سزا

کو کوئی زیادہ سمجھے، وہ کہے کہ کسی کو صرف ''زانی'' کہنے کی اتنی بڑی سزا کیسے مناسب ہے؟! اس لئے حدقذف کے بیان کے بعد تہمتِ زنا کا ایک واقعہ ذکر کیا گیا ہے، تاکہ یہ بات سمجھ میں آجائے کہ زنا کی تہمت معمولی بات نہیں، یہ بہت سنگین جرم ہے، اور اس کی یہ سزا زیادہ نہیں، بلکہ واجبی ہے۔

اور وہ واقعہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر تہمت کا واقعہ ہے۔ غزوۂ خندق کے بعد غزوۂ مُریسیع یا غزوۂ بنی المصطلق پیش آیا ہے، اور نبی ﷺ کا دستور تھا کہ جب آپؐ سفر میں جاتے تو ازواج مطہرات کے درمیان قرعہ اندازی فرماتے، جس کا نام نکلتا اس کو ساتھ لے جاتے، اس غزوہ میں حضرت عائشہؓ کا نام نکلا، چنانچہ وہ ساتھ گئیں۔ غزوہ سے واپسی میں ایک جگہ لشکر نے پڑاؤ ڈالا، جب روانگی کا اعلان ہوا تو حضرت عائشہؓ قضائے حاجت کے لئے گئیں، اور اپنی بہن کا ہار جسے عاریۃً لے گئی تھیں کھو بیٹھیں، احساس ہوتے ہی اس جگہ واپس گئیں، اسی دوران ہودج اٹھانے والے آئے اور انھوں نے ہودج اونٹ پر باندھ کر اونٹ کو قطار میں روانہ کردیا، انھوں نے خیال کیا کہ حضرت عائشہؓ اندر ہونگی، وہ ہودج کے ہلکے پن پر اس لئے نہ چونکے کہ حضرت عائشہؓ نوعمر، ہلکے پھلکے بدن کی تھیں، نیز ہودج کئی آدمی مل کر اٹھاتے تھے اس لئے بھی ہلکے پن کا احسان نہ ہوا ـــــ بہرحال جب حضرت عائشہؓ ہار ڈھونڈ کر واپس آئیں تو قافلہ روانہ ہوچکا تھا، اور وہاں ہو کا عالم تھا۔ وہ اس خیال سے وہیں رُک گئیں کہ جب لوگ ان کو نہ پائیں گے تو تلاش کرتے ہوئے وہیں آئیں گے۔ وہاں بیٹھے بیٹھے ان کی آنکھ لگ گئی ـــــ دوسری طرف قدرت نے یہ سامان کیا کہ حضرت صفوان بن معطّل رضی اللہ عنہ قافلہ کے پیچھے چلنے پر مقرر کئے گئے تھے تاکہ گری پڑی چیز اٹھاتے آئیں۔ وہ صبح کے وقت اس جگہ پہنچے، ابھی روشنی پوری نہ ہوئی تھی۔ انھوں نے دور سے دیکھا کہ کوئی سو رہا ہے، قریب پہنچے تو حضرت صدیقہؓ کو دیکھ کر پہچان لیا، کیونکہ انھوں نے پردے کے احکام نازل ہونے سے پہلے ان کو دیکھا تھا۔ انھوں نے زور سے پڑھا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ! یہ آواز سن کر حضرت عائشہؓ بیدار ہوئیں اور خود کو سنبھال لیا، اور چہرہ ڈھانپ لیا۔ حضرت صفوانؓ نے اپنا اونٹ قریب لاکر بٹھایا، اور اونٹ کے پیر پر پیر رکھ کر کھڑے ہوگئے، حضرت عائشہؓ اس پر سوار ہوگئیں، حضرت صفوانؓ نے ان سے کچھ نہ پوچھا، خاموش اونٹ کی نکیل پکڑ کر چلتے رہے اور ٹھیک دوپہر کے وقت جبکہ لشکر پڑاؤ ڈال چکا تھا قافلہ میں جا پہنچے۔

اس واقعہ سے رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی کو ایک بات ہاتھ لگ گئی، وہ اس سے پہلے اسی غزوہ میں وہ دو باتیں کہہ چکا تھا جو سورۃ المنافقین (آیات ۷و۸) میں مذکور ہیں: ایک: یہ کہ مہاجرین کا تعاون بند کردیا جائے۔ دوم: یہ کہ مدینہ سے ذلیل لوگوں کو نکال دیا جائے۔ اب اس اللہ کے دشمن کو بھڑاس نکالنے کا ایک اور موقع مل گیا اور اس نے واہی تباہی بکنا شروع کیا۔ مدینہ پہنچ کر وہ مجلس جماتا اور یہ موضوع چھیڑ دیتا۔ خود خاموش رہتا اور دوسروں سے تہمت کے خاکے میں رنگ بھرواتا، اور اس کو پھیلاتا بڑھاتا۔ اس کی اس پروپیگنڈہ مہم میں دو مخلص مرد اور ایک مخلص عورت بھی

حصہ دار بن گئے: ایک: حضرت حسان رضی اللہ عنہ جو نبی ﷺ کے شاعر تھے اور ہمیشہ آپؐ کی اور اسلام کی طرف سے مدافعت کرتے تھے۔ دوم: حضرت مِسْطَح رضی اللہ عنہ جو بدری صحابی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خالہ زاد بہن کے لڑکے تھے۔ اور نادار تھے اس لئے حضرت ابوبکرؓ ہی ان کی کفالت کرتے تھے۔ سوم: حضرت حَمنہ بنت جحش رضی اللہ عنہا جو نبی ﷺ کی سالی، حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی بہن، اور حضرت طلحہ بن عبید اللہ کی بیوی تھیں۔ ان لوگوں نے اس تہمت کا جم کر پروپیگنڈہ کیا۔

اُدھر حضرت عائشہؓ کا حال یہ تھا کہ وہ غزوۃ سے واپس آتے ہی بیمار پڑ گئیں، اور ایک مہینہ تک مسلسل بیمار رہیں۔ انہیں اس تہمت کے بارے میں کچھ علم نہیں تھا۔ البتہ انہیں یہ بات کھٹکی تھی کہ بیماری کے زمانے میں نبی ﷺ کی طرف سے جو ملاطفت وعنایات ہوا کرتی تھیں وہ اب نظر نہیں آرہی تھیں۔ بیماری سے اٹھنے کے بعد وہ ایک رات مسطح کی ماں کے ساتھ قضائے حاجت کے لئے جنگل گئیں۔ اتفاق سے ام مسطح نے ٹھوکر کھائی اور ان کے منہ سے بے ساختہ نکل گیا: ”مسطح تباہ ہو!“ حضرت عائشہؓ نے ان کو ٹوکا کہ آپ ایک بدری صحابی کو بددعا دے رہی ہیں! وہ کہنے لگیں: ”اری ناداں! کیا تو نے اس کی باتیں نہیں سنیں؟!“ حضرت عائشہؓ نے پوچھا: ”اس کی باتیں کیا ہیں؟“ مسطح کی ماں نے تہمت کا واقعہ سنایا۔ بس سنتے ہی ان کا مرض بڑھ گیا۔ گھر لوٹ کر انھوں نے خبر کا ٹھیک ٹھیک پتہ لگانے کے لئے رسول اللہ ﷺ سے والدین کے گھر جانے کی اجازت چاہی، آپؐ نے اجازت دیدی، میکے جا کر والدہ صاحبہ سے پوچھا: ”امّی! لوگ کیا باتیں کرتے ہیں؟“ والدہ نے کہا: ”بیٹی! زیادہ اثر قبول نہ کر، بخدا! ایسا شاذ ونادر ہی ہوتا ہے کہ کوئی خوبصورت عورت کسی شوہر کی محبوبہ ہو اور اس کی سوکنیں ہوں مگر ایسی باتیں بکثرت پیش آتی ہیں“ جب حضرت عائشہؓ کو صورتِ حال کا یقینی طور پر علم ہو گیا تو وہ بے اختیار رونے لگیں اور پھر دو راتیں اور ایک دن روتے روتے گذار دیئے۔ اس درمیان میں نہ نیند کا سرمہ لگایا، نہ آنسوں کی جھڑی رکی، اور ان کے والدین کو اندیشہ لاحق ہو گیا کہ روتے روتے کلیجہ نہ پھٹ جائے!

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے میکے جانے کے بعد رسول اللہ ﷺ نے گھر کے لوگوں سے تحقیق کی، سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے پوچھا، جن کی بہن اس طوفان میں شریک تھیں کہ ”تم عائشہ کے بارے میں کیا جانتی ہو؟“ انھوں نے کہا: ”یارسول اللہ! خدا کی قسم! میں ان کے اندر بھلائی کے سوا کچھ نہیں جانتی“ پھر آپؐ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا۔ انھوں نے کہا: ”یارسول اللہ! آپؐ اپنی اہلیہ کو زوجیت میں برقرار رکھیں، ہم خیر کے سوا کوئی بات نہیں جانتے“ پھر آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: انھوں نے کہا: ”یارسول اللہ! اللہ نے آپؐ پر کچھ تنگی نہیں کی، اور عورتیں ان کے علاوہ بہت ہیں، اور آپؐ خادمہ سے دریافت کریں وہ صحیح بات بتادے گی“ آخر میں آپؐ نے خادمہ حضرت بریرۃ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: ”اے بریرۃ! کیا تم نے کوئی شبہ کی بات دیکھی ہے؟“ اس نے کہا: ”اس خدا کی قسم جس نے آپؐ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں نے ان میں کوئی ایسی بات نہیں دیکھی جس پر

شبہ کیا جائے، البتہ اتنی بات ہے کہ وہ نوعمر لڑکی ہیں آٹا گوندھ کر رکھ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر کھا جاتی ہے!''

تحقیق حال سے جب عائشہؓ کی بے گناہی روز روشن کی طرح واضح ہوگئی تو آپؐ نے تقریر فرمائی۔ ارشاد فرمایا: ''مسلمانو! کون ہے جو مجھے اس شخص کے حملوں سے بچائے جس نے میرے گھر والوں پر تہمت لگا کر مجھے اذیت پہنچائی ہے؟ بخدا! میں نے نہ تو اپنی بیوی میں کوئی برائی دیکھی، نہ اس شخص میں جس کے تعلق سے تہمت لگائی گئی ہے، وہ شخص میری غیر موجودگی میں کبھی میرے گھر میں نہیں آیا'' —— اس پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا: ''یا رسول اللہ! اگر وہ ہمارے قبیلہ کا ہے تو ہم اس کی گردن مار دیں گے، اور اگر ہمارے بھائی خزرجیوں میں سے ہے تو آپؐ ہمیں حکم دیں ہم اس کی تعمیل کریں گے'' —— یہ سن کر رئیسِ خزرج حضرت سعد بن عبادہؓ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: ''بخدا! تم اسے قتل نہیں کر سکتے'' اس پر حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ جو حضرت سعد کے چچا زاد بھائی تھے کھڑے ہوئے اور کہا: ''بخدا! تم جھوٹ کہتے ہو، ہم ضرور اس کو قتل کریں گے، اور تم منافق ہو، منافقوں کی حمایت کرتے ہو!'' اس پر مسجد نبوی میں ایک ہنگامہ بپا ہوگیا اور اوس وخزرج قریب تھے کہ دست وگریباں ہوجائیں۔ نبی ﷺ نے مشکل سے حالات پر قابو پایا اور منبر سے اتر آئے۔

اُدھر حضرت عائشہ کو ان کے والدین تسلی دے رہے تھے۔ اسی حالت میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے۔ کلمۂ شہادت پر مشتمل خطبہ پڑھا اور فرمایا: ''عائشہ! مجھے تمہارے بارے میں ایسی اور ایسی باتیں پہنچی ہیں۔ اگر تم اس سے بری ہو تو اللہ تعالیٰ عنقریب تمہاری براءت ظاہر فرمادیں گے۔ اور اگر خدانخواستہ تم سے کوئی گناہ سرزد ہوگیا ہے تو توبہ کرو اور اللہ سے معافی مانگو، کیونکہ بندہ جب اپنے گناہ کا اقرار کرکے اللہ کے حضور توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرلیتے ہیں'' —— یہ بات سنتے ہی حضرت عائشہؓ کے آنسو تھم گئے، اب انہیں آنسو کا ایک قطرہ بھی محسوس نہ ہو رہا تھا۔ انھوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا: ''ابا! آپ رسول اللہ ﷺ کو جواب دیں'' انھوں نے کہا: ''بیٹی! میری سمجھ میں نہیں آرہا کہ میں کیا جواب دوں!'' یہی بات انھوں نے اپنی امی ام رومان سے کہی، انھوں نے بھی یہی جواب دیا، تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے خود ہی کہا: ''واللہ! میں جانتی ہوں کہ یہ باتیں سنتے سنتے آپ لوگوں کے دلوں میں اچھی طرح بیٹھ گئی ہیں، اور آپ لوگوں نے ان کا یقین کرلیا ہے، اب اگر میں کہوں کہ میں بری ہوں، اور اللہ جانتا ہے کہ میں بری ہوں، تو آپ لوگ میری بات سچ نہ سمجھیں گے۔ اور اگر میں جرم کا اعتراف کرلوں، حالانکہ اللہ خوب جانتے ہیں کہ میں اس سے بری ہوں، تو آپ لوگ صحیح مان لیں گے، ایسی صورت میں میرے لئے اور آپ لوگوں کے لئے وہی مَثَل (مضمون) ہے جو یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی ہے: ﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ! وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ﴾ یعنی صبر بہتر ہے! اور اللہ تعالیٰ ہی مدد خواستہ ہیں اس بات پر جو تم بیان کرتے ہو!'' —— یہ کہہ کر حضرت عائشہؓ اپنے بستر پر جا لیٹیں اور منہ دوسری طرف کرلیا۔ اسی وقت رسول اللہ ﷺ پر نزولِ وحی کے آثار نمودار ہونے شروع ہوگئے۔ جب آپؐ پر وحی نازل

ہوتی تھی تو نا قابل بیان بوجھ پڑتا تھا اور سخت سردی کے زمانہ میں آپؐ کی پیشانی سے موتیوں جیسے پسینے کے قطرے ٹپکنے لگتے تھے، جب یہ کیفیت رفع ہوئی تو آپؐ مسکرا رہے تھے، اور آپؐ نے پہلی بات جو فرمائی وہ یہ تھی: ''عائشہ! خوش ہو جاؤ، اللہ نے تمھیں بری کر دیا!'' ان کی والدہ نے کہا: ''بیٹی! اٹھو اور رسول اللہ ﷺ کا شکریہ ادا کرو!'' انھوں نے ناز سے کہا: ''میں کسی کا شکریہ ادا نہیں کرتی، میں صرف اپنے اللہ کا احسان مانتی ہوں!'' —— یہ وہ واقعہ ہے جس میں یہ دس آیتیں نازل ہوئی ہیں۔ اس واقعہ سے اندازہ لگایا جائے کہ تہمتِ زنا کوئی معمولی جرم نہیں، وہ ایسا سنگین جرم ہے کہ اس سے پورا اسلامی معاشرہ تہ وبالا ہو جاتا ہے، جس پر تہمت لگائی جاتی ہے اس کا برا حال ہو جاتا ہے، اور اس کے متعلقین کے لئے یہ الزام سوہانِ روح بن جاتا ہے، اس لئے اگر اس کی سزا اسّی کوڑے تجویز کی گئی تو وہ ہر طرح قرینِ صواب ہے۔

[٣٢٠٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا ذُكِرَ مِنْ شَأْنِیْ الَّذِیْ ذُكِرَ، وَمَا عَلِمْتُ بِهِ، قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیَّ خَطِيْبًا، فَتَشَهَّدَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ: "أَمَّا بَعْدُ: أَشِيْرُوا عَلَیَّ فِی أُنَاسٍ أَبَنُوْا أَهْلِیْ، وَاللّٰهِ! مَا عَلِمْتُ عَلَى أَهْلِیْ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ، وَأَبَنُوْا بِمَنْ؟ وَاللّٰهِ! مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ مِنْ سُوْءٍ قَطُّ، وَلَا دَخَلَ بَيْتِیْ قَطُّ إِلَّا وَأَنَا حَاضِرٌ، وَلَا غِبْتُ فِیْ سَفَرٍ إِلَّا غَابَ مَعِیْ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَالَ: ائْذَنْ لِیْ يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْ أَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، وَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْخَزْرَجِ، وَكَانَتْ أُمُّ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنْ رَهْطِ ذٰلِكَ الرَّجُلِ، فَقَالَ: كَذَبْتَ! أَمَا وَاللّٰهِ! أَنْ لَوْ كَانُوْا مِنَ الْأَوْسِ مَا أَحْبَبْتَ أَنْ تَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ، حَتَّى كَادَ أَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الْأَوْسِ وَالْخَزْرَجِ شَرٌّ فِی الْمَسْجِدِ، وَمَا عَلِمْتُ بِهِ.

فَلَمَّا كَانَ مَسَاءُ ذٰلِكَ الْيَوْمِ، خَرَجْتُ لِبَعْضِ حَاجَتِیْ، وَمَعِی أُمُّ مِسْطَحٍ، فَعَثَرَتْ، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: أَیْ أُمِّ! تَسُبِّيْنَ ابْنَكِ؟ فَسَكَتَتْ، ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّانِيَةَ، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَقُلْتُ لَهَا: أَیْ أُمِّ! تَسُبِّيْنَ ابْنَكِ؟ فَسَكَتَتْ، ثُمَّ عَثَرَتِ الثَّالِثَةَ، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ! فَانْتَهَرْتُهَا، فَقُلْتُ لَهَا: أَیْ أُمِّ! تَسُبِّيْنَ ابْنَكِ؟ فَقَالَتْ: واللّٰهِ! مَا أَسُبُّهُ إِلَّا فِيْكِ! فَقُلْتُ: فِیْ أَیِّ شَأْنِیْ؟ قَالَتْ: فَبَقَرَتْ لِیَ الْحَدِيْثَ، وَقُلْتُ: قَدْ كَانَ هٰذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ.

واللّٰهِ! لَقَدْ رَجَعْتُ إِلَى بَيْتِیْ، وَكَأَنَّ الَّذِیْ خَرَجْتُ لَهُ لَمْ أَخْرُجْ، لَاأَجِدُ مِنْهُ قَلِيْلًا وَلَا كَثِيْرًا، وَوُعِكْتُ، فَقُلْتُ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَرْسِلْنِیْ إِلَى بَيْتِ أَبِیْ، فَأَرْسَلَ مَعِیَ الْغُلَامَ، فَدَخَلْتُ الدَّارَ، فَوَجَدْتُ أُمَّ رُوْمَانَ فِی السُّفْلِ، وَأَبُوْ بَكْرٍ فَوْقَ الْبَيْتِ يَقْرَأُ، فَقَالَتْ أُمِّیْ: مَا جَاءَ بِكِ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتْ: فَأَخْبَرْتُهَا، وَذَكَرْتُ لَهَا الحديثَ، فَإِذَا هُوَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مَا بَلَغَ مِنِّیْ، فَقَالَتْ: يَابُنَيَّةُ! خَفِّفِی عَلَيْكِ الشَّأْنَ، فَإِنَّهُ واللّٰهِ! لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَأَةٌ حَسْنَاءُ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا، لَهَا ضَرَائِرُ إِلَّا حَسَدْنَهَا، وَقِيْلَ

فِيْهَا، فَإِذَا هِيَ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهَا مَا بَلَغَ مِنِّيْ، قَالَتْ: قُلْتُ: وَقَدْ عَلِمَ بِهِ أَبِيْ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قُلْتُ: وَرسولُ اللّٰهِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، واسْتَعْبَرْتُ، وَبَكَيْتُ، فَسَمِعَ أَبُوْ بَكْرٍ صَوْتِي، وَهُوَ فَوْقَ البَيْتِ يَقْرَأُ، فَنزَلَ، فَقَالَ لِأُمِّيْ: مَاشَأْنُهَا؟ قَالَتْ: بَلَغَهَا الَّذِيْ ذُكِرَ مِنْ شَأْنِهَا، فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ، فَقَالَ: أَقْسَمْتُ عَلَيْكِ يَا بُنَيَّةُ! إِلَّا رَجَعْتِ إِلٰى بَيْتِكِ، فَرَجَعْتُ، وَلَقَدْ جَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى بَيْتِيْ، وَسَأَلَ عَنِّيْ خَادِمَتِيْ، فَقَالَتْ: لَا، وَاللّٰهِ! مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا عَيْبًا، إِلَّا أَنَّهَا كَانَتْ تَرْقُدُ، حَتَّى تَدْخُلَ الشَّاةُ، فَتَأْكُلَ خَمِيْرَتَهَا، أَوْ: عَجِيْنَتَهَا، وَانْتَهَرَهَا بَعْضُ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: أَصْدِقِيْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى أَسْقَطُوْا لَهَا بِهِ، فَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ! مَا عَلِمْتُ عَلَيْهَا إِلَّا مَا يَعْلَمُ الصَّائِغُ عَلَى تِبْرِ الذَّهَبِ الْأَحْمَرِ.

فَبَلَغَ الْأَمْرُ ذٰلِكَ الرَّجُلَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُ، فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ! مَا كَشَفْتُ كَنَفَ أُنْثَى قَطُّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُتِلَ شَهِيْدًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ.

قَالَتْ: وَأَصْبَحَ أَبَوَايَ عِنْدِيْ، فَلَمْ يَزَالَا عِنْدِيْ حَتَّى دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ صَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ دَخَلَ، وَقَدِ اكْتَنَفَ أَبَوَايَ عَنْ يَمِيْنِيْ وَشِمَالِيْ، فَتَشَهَّدَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَحَمِدَ اللّٰهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قَالَ:" أَمَّا بَعْدُ: يَا عَائِشَةُ! إِنْ كُنْتِ قَارَفْتِ سُوْءًا، أَوْ ظَلَمْتِ، فَتُوْبِيْ إِلَى اللّٰهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ"

قَالَتْ: وَقَدْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، وَهِيَ جَالِسَةٌ بِالْبَابِ، فَقُلْتُ: أَلَا تَسْتَحْيِيْ مِنْ هٰذِهِ الْمَرْأَةِ أَنْ تَذْكُرَ شَيْئًا؟

وَوَعَظَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَالْتَفَتُّ إِلَى أَبِيْ، فَقُلْتُ: أَجِبْهُ، قَالَ: فَمَاذَا أَقُوْلُ؟ فَالْتَفَتُّ إِلَى أُمِّيْ، فَقُلْتُ: أَجِيْبِيْهِ، قَالَتْ: أَقُوْلُ مَاذَا؟ قَالَتْ: فَلَمَّا لَمْ يُجِيْبَا، تَشَهَّدْتُ، فَحَمِدْتُ اللّٰهَ، وَأَثْنَيْتُ عَلَيْهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، ثُمَّ قُلْتُ:"أَمَا وَاللّٰهِ! لَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ: إِنِّيْ لَمْ أَفْعَلْ، وَاللّٰهُ يَشْهَدُ إِنِّيْ لَصَادِقَةٌ، مَاذَاكَ بِنَافِعِيْ عِنْدَكُمْ لِيْ، لَقَدْ تُكُلِّمْتُمْ، وَأُشْرِبَتْ قُلُوْبُكُمْ، وَلَئِنْ قُلْتُ: إِنِّيْ قَدْ فَعَلْتُ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّيْ لَمْ أَفْعَلْ، لَتَقُوْلُنَّ: إِنَّهَا قَدْ بَاءَتْ بِهَا عَلَى نَفْسِهَا، وَإِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا أَجِدُ لِيْ وَلَكُمْ مَثَلًا – قَالَتْ: وَالْتَمَسْتُ اسْمَ يَعْقُوْبَ، فَلَمْ أَقْدِرْ عَلَيْهِ – إِلَّا أَبَا يُوْسُفَ، حِيْنَ قَالَ:﴿فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ، وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَاتَصِفُوْنَ﴾

قَالَتْ: وَأُنْزِلَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ سَاعَتِهِ، فَسَكَتْنَا، فَرُفِعَ عَنْهُ، وَإِنِّيْ لَأَتَبَيَّنُ السُّرُوْرَ فِيْ وَجْهِهِ، وَهُوَ يَمْسَحُ جَبِيْنَهُ، وَيَقُوْلُ:" أَبْشِرِيْ يَا عَائِشَةُ! قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَاءَتَكِ"

قَالَتْ: فَكُنْتُ أَشَدَّ مَا كُنْتُ غَضَبًا، فَقَالَ لِيْ أَبَوَايَ: قُوْمِيْ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: لَا، وَاللّٰهِ! لَاأَقُوْمُ إِلَيْهِ، وَلَا أَحْمَدُهُ، وَلَا أَحْمَدُ كُمَا، وَلٰكِنْ أَحْمَدُ اللّٰهَ الَّذِيْ أَنْزَلَ بَرَاءَتِيْ، لَقَدْ سَمِعْتُمُوْهُ فَمَا أَنْكَرْتُمُوْهُ،

وَلاَغَيَّرْتُمُوْهُ.

وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُوْلُ: أَمَّا زَيْنَبُ ابْنَةُ جَحْشٍ فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِدِيْنِهَا، فَلَمْ تَقُلْ إِلَّا خَيْرًا، وَأَمَّا أُخْتُهَا حَمْنَةُ فَهَلَكَتْ فِيْمَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِىْ يَتَكَلَّمُ فِيْهِ مِسْطَحٌ، وَحَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ، وَالْمُنَافِقُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، وَكَانَ يَسْتَوْشِيْهِ، وَيَجْمَعُهُ، وَهُوَ الَّذِىْ تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ: هُوَ وَحَمْنَةُ.

قَالَتْ: فَحَلَفَ أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ لَّايَنْفَعَ مِسْطَحًا بِنَافِعَةٍ أَبَدًا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَلاَ يَأْتَلِ أُوْلُوْا الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ﴾ يَعْنِى أَبَا بَكْرٍ: ﴿أَنْ يُؤْتُوْا أُوْلِى الْقُرْبٰى وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْمُهَاجِرِيْنَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ يَعْنِى مِسْطَحًا، إِلَى قَوْلِهِ: ﴿أَلَا تُحِبُّوْنَ أَنْ يَغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ؟ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ﴾ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلٰى وَاللّٰهِ يَا رَبَّنَا! إِنَّا لَنُحِبُّ أَنْ تَغْفِرَ لَنَا، وَعَادَ لَهُ بِمَا كَانَ يَصْنَعُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، وَقَدْ رَوٰى يُوْنُس بْنُ يَزِيْدَ، وَمَعْمَرٌ، وَغِيْرُ وَاحِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، وَعَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ هٰذَا الحديثَ أَطْوَلَ مِنْ حَدِيْثِ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ وَأَتَمَّ.

لغات اور بعض جملوں کا ترجمہ: قولها: لَمَّا ذُكر من شأني: جب ذکر کیا گیا میرے معاملہ سے وہ جو ذکر کیا گیا، اور میں نے اس کو نہیں جانا یعنی مجھ پر تہمت لگائی گئی اور طرح طرح کی باتیں ہونے لگیں، مگر مجھے اس معاملہ میں کچھ معلوم نہیں تھا، کیونکہ وہ سفر سے لوٹتے ہی بیمار پڑ گئی تھیں...... قوله: أشيروا عليَّ: مجھے مشورہ دو ان لوگوں کے بارے میں جنھوں نے میرے گھر والوں پر تہمت لگائی ہے (أَبَنَ (ن،ض) فلانًا: تہمت لگانا) بخدا! میں نہیں جانتا اپنی بیوی میں کوئی برائی کبھی بھی، اور انھوں نے تہمت لگائی ہے ایسے شخص کے ساتھ کہ بخدا! میں اس میں نہیں جانتا کوئی برائی کبھی بھی، اور نہیں آیا وہ میرے گھر میں کبھی مگر جبکہ میں گھر میں موجود ہوتا ہوں، اور نہیں غائب رہا ہوں میں کسی سفر میں مگر وہ غائب رہا ہے میرے ساتھ...... قولها: حتى كاد أن يكون: یہاں تک کہ قریب تھا کہ اوس وخزرج کے درمیان مسجد میں برائی (جھگڑا) ہو جائے، اور مجھے اس واقعہ کی کچھ خبر نہیں ہوئی (جو مسجد میں پیش آیا)...... لبعض حاجتي: یعنی بڑے استنجے کے لئے...... عَثَرَ (ن،ض) عَثْرًا وَعِثَارًا: ٹھوکر کھا کر گر جانا، کہتے ہیں: من سَلَكَ الْجَدَدَ أَمِنَ الْعِثَارَ: جو ہموار جگہ چلتا ہے اسے ٹھوکر نہیں لگتی...... تَعِسَ (س،ف) تَعْسًا: پھسل کر منہ کے بل گرنا، ہلاک ہونا...... أَیْ أُمِّ: اے ماں! بڑی عمر ہونے کی وجہ سے ماں کہا ہے...... بقَر (ن) بَقْرًا: واضح کرنا، پیٹ پھاڑنا...... قولها: وكأن الذی خرجتُ لها: اور گویا وہ ضرورت (بڑے استنجے کی حاجت) جس کے لئے میں نکلی تھی: نہیں پاتی تھی میں اس میں سے: نہ تھوڑی نہ زیادہ یعنی حاجت غائب ہوگئی، اور مجھے بخار چڑھ گیا، یعنی جو بخار اترا تھا وہ پھر چڑھ گیا...... السُّفْل (بكسر السين وضمها) زیریں...... قولها: فإذا هو لم يبلغ: پس اچانک وہ بات نہیں پہنچی ام رومان سے اس کو جو

مجھ سے پہنچی تھی، یعنی ان کو یہ بات سن کر اتنا افسوس نہیں ہوا جتنا مجھے ہوا تھا...... واسْتَعْبَرْتُ: میں اشکبار ہوگئی...... قولها: ولقد جاء رسول الله: یعنی جب عائشہؓ اپنے ابا کے گھر چلی گئیں تو پیچھے نبی ﷺ نے معاملہ کی تحقیق کی...... خميرة اور عجينة: گوندھا ہوا آٹا...... قوله حتی أَسْقَطُوْا لها به: یہاں تک کہ لوگوں نے اس لونڈی (بریرہؓ) کو سخت سست کہا، یہ سَقْطُ الكلام سے بنا ہے، یعنی نکمی گفتگو کرنا...... نبی ﷺ کے حکم سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے لونڈی کو دھمکایا تا کہ وہ صحیح بات بتادے...... پس اس نے کہا: سبحان اللہ! بخدا! نہیں جانتی میں عائشہؓ کے بارے میں مگر وہ جو جانتا ہے سنار سرخ سونے کے ٹکڑوں کے بارے میں، یعنی سنار کھرے سونے کو پہچان لیتا ہے، اسی طرح میں عائشہ رضی اللہ عنہا کو بخوبی جانتی ہوں...... اِسْتَوْشَى الحديثَ: بات کی اصلیت کا پتہ لگانے کے لئے تحقیق کرنا...... حضرت صفوان رضی اللہ عنہ ۱۹ ہجری میں غزوۂ ارمینیہ میں شہید ہوئے ہیں۔

نوٹ: امام زہری رحمہ اللہ کی مفصل حدیث بخاری (حدیث ۴۷۵۰) میں ہے۔

۴- حضرت عائشہؓ پر تہمت کے معاملہ میں تین کو حد قذف لگی

جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی براءت نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے منبر سے وہ آیتیں پڑھ کر لوگوں کو سنائیں، پھر منبر سے اتر کر دو مردوں اور ایک عورت کے بارے میں حکم دیا، پس ان کو حد قذف لگائی گئی (دو مرد: حضرت حسان اور حضرت مسطح رضی اللہ عنہما، اور ایک عورت: حضرت حمنہ رضی اللہ عنہا، اور رئیس المنافقین اس لئے بچ گیا کہ وہ چالاک تھا، اس نے خود کچھ نہیں کہا تھا، دوسروں سے کہلوایا تھا)

[۳۲۰۵-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا نَزَلَ عُذْرِيْ، قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنْبَرِ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ، وَتَلاَ الْقُرْآنَ، فَلَمَّا نَزَلَ أَمَرَ بِرَجُلَيْنِ وَامْرَأَةٍ، فَضُرِبُوْا حَدَّهُمْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ.

وَمِنْ سُوْرَةِ الْفُرْقَانِ

سورۃ الفرقان کی تفسیر

ترتیب وار تین بڑے گناہوں کا تذکرہ

سورۃ الفرقان (آیت ۶۸) میں تین کبیرہ گناہوں کا تذکرہ آیا ہے: ''اور جو لوگ اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کی پرستش نہیں کرتے، اور جس کا قتل اللہ نے حرام کیا ہے اس کو قتل نہیں کرتے مگر حق کی وجہ سے، اور وہ زنا نہیں کرتے، اور جو شخص

ایسے کام کرے گا اس کو سزا سے سابقہ پڑے گا'' —— یہ تین گناہ ترتیب وار ہیں، جیسا کہ درج ذیل حدیث سے واضح ہوتا ہے:

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یارسول اللہ! سب سے بڑا گناہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (سب سے بڑا گناہ) یہ ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے لئے ہم سر گردانیں، درانحالیکہ اس نے آپ کو پیدا کیا ہے (یہ قضية قياساتُها معها ہے یعنی بات کی دلیل اس کے ساتھ ہے، جب وہی آپ کا خالق ہے تو کوئی دوسرا اس کا ہم سر کیسے ہوجائے گا؟) ابن مسعودؓ نے پوچھا: پھر کونسا گناہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (اس کے بعد گناہ) یہ ہے کہ آپ اپنی اولاد کو مار ڈالیں، اس ڈر سے کہ وہ آپ کے ساتھ کھائے گی یعنی آپ کے رزق میں حصہ دار بنے گی، ابن مسعودؓ نے پوچھا: پھر کونسا گناہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: (اس کے بعد گناہ) یہ ہے کہ آپ اپنے پڑوسی کی بیوی سے زنا کریں، پھر نبی ﷺ نے مذکورہ بالا آیتیں پڑھیں، یعنی ترتیب آپؐ نے اس آیت سے اخذ فرمائی ہے۔

سند کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ حدیث ثوری اور شعبہ رحمہما اللہ کی سندوں سے ذکر کی ہے، ثوری کی سند میں ابومیسرة عمرو بن شرحبیل کا واسطہ بڑھا ہوا ہے، شعبہ کی سند میں یہ واسطہ نہیں، اور واسطہ بڑھنے سے سند سافل ہوجاتی ہے، اس لئے امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح کہا ہے (حالانکہ شعبہ کی سند بھی صحیح ہے، خود ثوری رحمہ اللہ: واصل احدب سے بلا واسطہ روایت کرتے ہیں، اور یہ سند بخاری شریف (حدیث ۴۷۶۱) میں ہے، پس دونوں سندیں صحیح ہیں، اور ثوریؒ کی منصور اور اعمش سے جو سند ہے وہ مزید فی متصل الاسناد ہے)

نوٹ: سفیان ثوری کی پہلی سند جو واصل احدب سے ہے، اس میں بخاری میں عمرو کا واسطہ نہیں ہے، اس لئے اس کو صرف حسن کہا ہے، بلکہ مصری نسخہ میں غریبٌ بھی ہے۔

[۲٦-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْفُرْقَانِ

[۳۲۰٦-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ: عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ؟ قَالَ:'' أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا، وَهُوَ خَلَقَكَ'' قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ:'' أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَطْعَمَ مَعَكَ'' قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ:'' أَنْ تَزْنِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ'' هٰذَا حَدِيْثٌ حسنٌ.

حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۲۰۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ: أَبُوْ زَيْدٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِيْ

وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ؟ قَالَ: ''أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا، وَهُوَ خَلَقَكَ، وَأَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مِنْ أَجْلِ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ، أَوْ: مِنْ طَعَامِكَ، وَأَنْ تَزْنِيَ بِحَلِيْلَةِ جَارِكَ'' قَالَ: وَتَلاَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَالَّذِيْنَ لاَيَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ، وَلاَ يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ إِلاَّ بِالْحَقِّ، وَلاَ يَزْنُوْنَ، وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا، يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهِ مُهَانًا﴾

حديثُ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ وَالأعمشِ أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ شعْبَةَ، عَنْ وَاصِلٍ، لِأَنَّهُ زَادَ فِي إِسْنَادِهِ رَجُلاً.

حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، نَا محمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَهٰكَذَا رَوَى شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ.

سورةُ الشُّعْرَاءِ

سورۃ الشعراء کی تفسیر

تبلیغ پہلے نزدیک کے لوگوں کو کی جائے

سورۃ الشعراء (آیت ۲۱۴) ہے: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾: یعنی آپؐ پہلے اپنے نزدیک کے کنبہ کو ڈرائیں، دعوت وتبلیغ کا یہی اصول ہے، پہلے نزدیک کے لوگوں کو دین پہنچانا چاہئے، ان کا دوسروں سے زیادہ حق ہے، پھر درجہ بدرجہ تمام لوگوں پر دین کی محنت کی جائے، اصلاح معاشرہ کے سلسلہ میں بھی اس ترتیب کا خیال رکھنا چاہئے۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب آیت: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ''اے عبدالمطلب کی بیٹی صفیہ (یعنی آپؐ کی پھوپھی) اور اے محمد (ﷺ) کی بیٹی فاطمہ؟ اور اے عبد المطلب کی اولاد! (یعنی آپ کا خاندان) بیشک میں نہیں مالک ہوں تمہارے لئے اللہ تعالیٰ (کے عذاب) سے کسی چیز کا یعنی میں تم کو اللہ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا، تم مجھ سے میرے مال میں سے جو چاہو مانگو یعنی میں دنیا میں تم کو مالی فائدہ پہنچا سکتا ہوں، مگر آخرت میں کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا، پس ہر شخص کو اپنے انجام کی فکر کرنی چاہئے۔

تشریح: یہ حدیث پہلے اسی سند ومتن سے گذری ہے (حدیث ۲۳۰۳ تحفہ ۶:۱۰۰) پہلے امام ترمذیؒ نے حدیث کی صرف تحسین کی تھی، اور یہاں تصحیح کی ہے، یہ مسلم شریف کی روایت ہے، پس یہ حدیث صحیح ہے، کیونکہ آگے بھی اس مضمون کی روایتیں آرہی ہیں اوریا صفيةَ بنتَ عبد المطلب: میں صفیة پر رفع اور نصب دونوں جائز ہیں اور بنتَ پر صرف نصب۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیت ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی

تو رسول اللہ ﷺ نے قریش کو جمع کیا، پس خاص کیا اور عام کیا یعنی خاص وعام سب کو خطاب کیا۔ فرمایا: ''قریش کے لوگو! خود کو جہنم سے بچاؤ! میں اللہ کے یہاں تمہارے لئے نہ کسی نفع کا مالک ہوں نہ کسی ضرر کا! ......اے عبد مناف کی اولاد! خود کو جہنم سے بچاؤ! میں اللہ کے یہاں تمہارے لئے نہ کسی نفع کا مالک ہوں نہ کسی ضرر کا! ......اے قصی کی اولاد! خود کو جہنم سے بچاؤ! میں اللہ کے یہاں تمہارے لئے نہ کسی نفع کا مالک ہوں نہ کسی ضرر کا! ......اے عبدالمطلب کی اولاد! خود کو جہنم سے بچاؤ! میں اللہ کے یہاں تمہارے لئے نہ کسی نفع کا مالک ہوں نہ کسی ضرر کا! ......اے محمد (ﷺ) کی بیٹی فاطمہ! آپ خود کو جہنم سے بچائیں! بیشک میں مالک نہیں آپ کے لئے کسی ضرر کا اور نہ کسی نفع کا، بیشک آپ کی میرے ساتھ رشتہ داری ہے (تم میری بیٹی ہو) اور عنقریب میں اس کو گیلا کرونگا تر چیزوں سے! یعنی صلہ رحمی کرونگا (عرب گیلا کرنے سے جوڑنا اور سوکھانے سے توڑنا مراد لیتے ہیں) بَلَّ (ن) بَلًّا، وَبِلَّةً، وَبَلَلاً، وَبَلاَلاً: پانی وغیرہ سے تر کرنا۔

حدیث (۳): حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیت: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ نازل ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں ڈالیں، اور بلند آواز سے پکارا: اے عبد مناف کی اولاد! ہائے آنے والی مصیبت! (عرب یہ صدا اس وقت لگاتے تھے جب صبح سویرے دشمن حملہ آور ہو، پھر ہر وقت اس لفظ سے پکارا جانے لگا)

حوالہ: دوسری حدیث مسلم شریف (حدیث ۲۰۴ کتاب الایمان) میں ہے، اور باب کی حدیثوں میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث مسند احمد میں ہے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی حدیث متفق علیہ ہے، اور آگے سورۃ تبت کی تفسیر میں آرہی ہے...... اور حضرت ابوموسیٰ کی آخری حدیث تفسیر طبری میں مرسل وموصول دونوں طرح مروی ہے، اور اس کے ہم معنی حدیث حضرت ابن عباسؓ سے مسلم شریف (حدیث ۲۰۸) میں ہے۔

[۲۷-] سُوْرَةُ الشُّعْرَاءِ

[۳۲۰۸-] حدثنا أَبُوْ الْأَشْعَثِ: أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعَجَلِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، نَاهِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَاصَفِيَّةَ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! يَافَاطِمَةَ بِنْتَ مُحمدٍ! يَا بَنِىْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! إِنِّي لاَأَمْلِكُ لَكُم مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، سَلُوْنِي مِنْ مَالِيْ مَاشِئْتُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا رَوَى وَكِيْعٌ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، نَحْوَ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيِّ.

وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ، وَفِي الباب: عَنْ عَلِيٍّ وَابْنِ عَبَّاسٍ.

[٣٢٠٩-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ جَمَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه قُرَيْشًا، فَخَصَّ وَعَمَّ، فَقَالَ:" يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، يَا مَعْشَرَ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللّٰهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، يَا مَعْشَرَ بَنِيْ قُصَيٍّ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، يَا مَعْشَرَ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ! أَنْقِذُوْا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، يَافَاطِمَةَ بِنْتَ مُحمدٍ! أَنْقِذِيْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ، فَإِنِّيْ لاَ أَمْلِكُ لَكِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، إِنَّ لَكِ رَحِمًا، وَسَأَبُلُّهَا بِبَلاَلِهَا "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَعْنَاهُ.

[٣٢١٠-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نا أَبُوْ زَيْدٍ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: ثَنِي الْأَشْعَرِيُّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ: ﴿وَأَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْأَقْرَبِيْنَ﴾ وَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أُصْبُعَيْهِ فِيْ أُذُنَيْهِ، فَرَفَعَ صَوْتَهُ، فَقَالَ: يَابَنِي عَبْدِ مَنَافٍ! يَا صَبَاحَاهْ! "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حديثِ أَبِيْ مُوْسَى، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَهُوَ أَصَحُّ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْ مُوْسَى.

سُورةُ النَّمْلِ

سورۃ النمل کی تفسیر

قیامت کے قریب زمین سے ایک جانور نکلے گا

سورۃ النمل کی (آیت ۸۲) ہے: ﴿وَإِذَاوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ أَخْرَجْنَا لَهُمْ دَابَّةً مِنَ الْأَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ ، أَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِآيَاتِنَا لاَيُوْقِنُوْنَ﴾ ترجمہ: اور جب وعدہ (قیامت کا) ان پر پورا ہونے کو ہوگا تو ہم ان کے لئے زمین سے ایک جانور نکالیں گے جو ان سے باتیں کرے گا، اس لئے کہ لوگ ہماری آیتوں کا یقین نہیں کرتے یعنی زمین سے

لوگوں کے زندہ ہوکر نکلنے پر ایمان نہیں لاتے، اس لئے قیامت کے قریب ان کو یہ کرشمہ دکھایا جائے گا۔ زمین سے ایک جانور نکلے گا، اور لوگوں سے باتیں کرے گا، پھر بعث بعد الموت میں کیا استبعاد باقی رہ جائے گا؟!

تفسیر: یاجوج وماجوج کی طرح دابۃ الارض کے بارے میں بھی بہت سے رطب ویابس اقوال اور روایات تفاسیر میں ہیں، مگر معتبر روایات سے بس اتنا ثابت ہے کہ قیامت سے پہلے مکہ کا ایک پہاڑ پھٹے گا، اس میں سے ایک جانور نکلے گا جو لوگوں سے باتیں کرے گا لوگوں کو بتائے گا کہ اب قیامت نزدیک ہے، اور سچے ایمان والوں کو اور چھپے منکروں کو نشان دے کر جدا کردے گا (فوائد شبیری)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''ایک جانور نکلے گا، اس کے ساتھ سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی اور موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی ہوگی، وہ لاٹھی سے مؤمن کے چہرے کو چمکائے گا، اور انگوٹھی سے کافر کی ناک پر مہر لگائے گا، یہاں تک کہ لوگ دسترخوان پر جمع ہونگے، پس یہ کہے گا: اے مؤمن! اور یہ کہے گا: اے کافر! یعنی مؤمن وکافر کو پہچاننا آسان ہوجائے گا، ان کے چہروں سے یہ بات ہویدا ہوگی۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، ابو خالد اوس بن ابی اوس حجازی جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے: مجہول راوی ہے...... اور علی بن زید بن جُدعان: مشہور ضعیف راوی ہے...... اور حماد بن سلمہ کا حافظہ آخر عمر میں بگڑ گیا تھا۔ اور یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث ۴۰۶۶) میں بھی حماد کی سند سے ہے، اور اس میں أهل الخُوان کے بجائے أهل الحَوَاءِ ہے، حَوْاء: وہ گھر جو کسی چشمہ پر ہوں یعنی چھوٹا گاؤں...... نیز یہ حدیث مسند احمد (۲۹۵:۲) میں بھی حماد کی سند سے ہے، اور اس میں أهل الخُوان ہے...... غرض: نشان لگانے کا مضمون تو صحیح روایات سے ثابت ہے (سلسلة الأحاديث الصحيحه حديث۳۲۲) مگر سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی اور موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی کی بات صحیح حدیث سے ثابت نہیں۔

[٢٨-] سُوْرَةُ النَّمْلِ

[٣٢١١-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَوْسِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''تَخْرُجُ الدَّابَّةُ، مَعَهَا خَاتَمُ سُلَيْمَانَ، وَعَصَا مُوْسَى، فَتَجْلُوْ وَجْهَ الْمُؤْمِنِ بِالْعَصَا، وَتَخْتِمُ أَنْفَ الْكَافِرِ بِالْخَاتَمِ، حَتَّى إِنَّ أَهْلَ الْخُوَانِ لَيَجْتَمِعُوْنَ، فَيَقُوْلُ هٰذَا: يَا مُؤْمِنُ! وَيَقُوْلُ هٰذَا: يَا كَافِرُ!''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ فِيْ دَابَّةِ الْأَرْضِ، وَفِي الْبَابِ: عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، وَحُذَيْفَةَ بْنِ أُسَيْدٍ.

سُوْرَةُ الْقَصَصِ

سورۃ القصص کی تفسیر

اللہ تعالیٰ جسے چاہیں راہ پر لاویں

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب سے کہا: ''آپ لا إلٰه إلا اللّٰہَ کہہ لیں: میں آپ کے لئے قیامت کے دن اس کلمہ کی گواہی دوں گا'' ...... ابو طالب نے جواب دیا: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ قریش مجھے اس کلمہ کے ذریعہ طعنہ دیں گے (وہ کہیں گے:) ابو طالب کو یہ بات کہنے پر گھبراہٹ ہی نے آمادہ کیا! تو میں اس کلمہ کے ذریعہ آپ کی آنکھ ٹھنڈی کرتا ...... پس اللہ پاک نے یہ آیت نازل فرمائی: ﴿إِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ أَحْبَبْتَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَشَاءُ، وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ﴾: آپ جس کو چاہیں راہ پر نہیں لا سکتے، بلکہ اللہ جس کو چاہیں راہ پر لاتے ہیں، اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتے ہیں (سورۃ القصص آیت ۵۶)

تشریح: جس سے داعی کو طبعی محبت ہو، یا اس کا دل چاہتا ہو کہ فلاں کو ہدایت مل جائے: ضروری نہیں کہ ایسا ہو جائے، داعی کا کام صرف راستہ بتانا ہے، آگے کا اختیار اللہ تعالیٰ کا ہے، کس میں ایمان کی استعداد ولیاقت ہے: یہ بات بھی وہی جانتے ہیں، بہر حال اس آیت کے ذریعہ آپ کی تسلی فرمائی کہ آپ اپنے خاص محسن کے ایمان نہ لانے سے مغموم نہ ہوں، جس قدر آپ کا فرض تھا وہ آپ نے ادا کر دیا، آگے اللہ کا اختیار ہے۔

[۲۹-] سُوْرَةُ الْقَصَصِ

[۳۲۱۲-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ، قَالَ: ثَنِیْ أَبُوْحَازِمٍ الْأَشْجَعِیُّ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعَمِّهِ: قُلْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَشْهَدْ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ'' قَالَ: لَوْ لَا أَنْ تُعَيِّرَنِیْ بِهَا قُرَيْشٌ: إِنَّمَا يَحْمِلُهُ عَلَيْهِ الْجَزَعُ! لَأَقْرَرْتُ بِهَا عَيْنَكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّكَ لَاتَهْدِیْ مَنْ أَحْبَبْتَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَشَاءُ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ.

سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ

سورۃ العنکبوت کی تفسیر

۱- اللہ کی نافرمانی کے کام میں کسی کی اطاعت نہیں

سورۃ العنکبوت (آیت ۸) اور سورۃ لقمان (آیت ۱۵) میں یہ مضمون ہے کہ ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک ضروری

ہے، لیکن اگر وہ اولاد پر دباؤ ڈالیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے تو ان کی اطاعت جائز نہیں، اور حدیث میں قاعدہ کلیہ ہے: لاطاعة لمخلوق فی معصية الخالق : کسی بھی مخلوق کی بات ماننا جائز نہیں، خالق تعالیٰ کی نافرمانی والے کام میں، مثلاً وہ کہے کہ نماز مت پڑھ، روزہ مت رکھ، کسی کو ناحق قتل کر تو اس کی اطاعت جائز نہیں۔

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میرے بارے میں چار آیتیں نازل ہوئی ہیں، پھر انھوں نے (لمبا) مضمون ذکر کیا (یہ تفصیلی روایت مسلم شریف (حدیث ۱۷۴۸) کتاب الفضائل، فضل سعد بن ابی وقاص میں ہے، اوران چار آیات میں سے ایک آیت کا واقعہ یہاں ہے:) اور حضرت سعدؓ کی ماں نے کہا (جب وہ مسلمان ہوگئے:) کیا اللہ نے ماں کے ساتھ حسنِ سلوک کا حکم نہیں دیا؟ بخدا! میں نہ کھانا کھاؤنگی، نہ پانی پیونگی: یہاں تک کہ مرجاؤنگی یا تو کفر اختیار کرے! یعنی اسلام سے پھر جائے اور کفر کی طرف لوٹ جائے! حضرت سعدؓ کہتے ہیں: پس جب رشتہ دار چاہتے کہ اس کو کھلائیں تو اس کا منہ پھاڑتے (اور کھلاتے) پس یہ آیت نازل ہوئی: ''اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے، لیکن اگر وہ دونوں تجھ پر زور ڈالیں کہ تو ایسی چیز کو میرا شریک ٹھہرائے جس کے شریک ہونے کی کوئی دلیل تیرے پاس نہیں، یعنی وہ محض بے اصل عقیدہ ہے تو تو ان کا کہنا مت مان'' (سورۃ العنکبوت آیت ۸) اور سورۃ لقمان (آیت ۱۵) میں ہے: ''اور تو دنیا میں ان کے ساتھ خوبی سے بسر کر، اور اسی شخص کی راہ پر چل جو میری طرف رجوع ہوا ہے'' یعنی میرے احکام کا معتقد اور ان پر عامل رہ۔

[۳۰-] سُوْرَةُ العَنْكَبُوْتِ

[۳۲۱۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُصْعَبَ بْنَ سَعْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ سَعْدٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ فِيَّ أَرْبَعُ آيَاتٍ، فَذَكَرَ قِصَّةً، وَقَالَتْ أُمُّ سَعْدٍ: أَلَيْسَ قَدْ أَمَرَ اللّٰهُ بِالْبِرِّ؟ وَاللّٰهِ! لاَ أَطْعَمُ طَعَامًا، وَلاَ أَشْرَبُ شَرَابًا، حَتَّى أَمُوْتَ أَوْ تَكْفُرَ! قَالَ: فَكَانُوْا إِذَا أَرَادُوْا أَنْ يُطْعِمُوْهَا شَجَرُوْا فَاهَا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَوَصَّيْنَا الإِنْسَانَ بِوَالِدَيْنِ حُسْنًا، وَإِنْ جَاهَدَاكَ لِتُشْرِكَ بِيْ﴾ الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲-لوطؑ کی قوم اپنی محفلوں میں نامعقول حرکتیں کرتی تھی

سورۃ العنکبوت (آیت ۲۹) میں قوم لوط علیہ السلام کے منکرات کے تذکرہ میں ہے: ''اور تم اپنی مجلسوں میں نامعقول حرکتیں کرتے ہو'' حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کی مرفوع حدیث میں اس کی وضاحت یہ آئی ہے: ''وہ لوگ زمین والوں پر یعنی پردیسیوں پر لاٹھی لکڑی پھینکتے تھے اور ان کا ٹھٹھا کرتے تھے'' اور تفاسیر میں ان کی اور بھی نامعقول حرکتوں کا ذکر آیا

ہے، مثلاً: مجلس میں گوز مارنا، لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا، کبوتر بازی کرنا، مرغے اور مینڈھے لڑانا، ایک دوسرے پر بطور مذاق تھوکنا وغیرہ (حَذَفَ بالعصا ونحوها: لاٹھی یا ڈنڈا پھینک کر مارنا)

[۳۲۱٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَتَأْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ﴾ قَالَ: "كَانُوْا يَحْذِفُوْنَ أَهْلَ الأَرْضِ، وَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَاتِمِ بْنِ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ سِمَاكٍ.

سورة الروم

سورۃ الروم کی تفسیر

۱- غَلَبَتْ کی قراءت صحیح نہیں

سورۃ الروم کی ابتدا اس طرح ہوئی ہے: ﴿الٓمٓ ○ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ فِيْ أَدْنَى الأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ○ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ لِلّٰهِ الأَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ، وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ بِنَصْرِ اللّٰهِ، يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ، وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ○﴾ ترجمہ: الم○ رومی ہار گئے ○ قریبی جگہ میں، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب آجائیں گے ○ تین سال سے لے کر نو سال کے اندر پہلے ہی اختیار اللہ ہی کا تھا اور پیچھے بھی، اور اس دن مسلمان خوش ہونگے ○ اللہ کی امداد پر، وہ جس کی چاہتے ہیں مدد کرتے ہیں، اور وہ زبردست بڑے مہربان ہیں......

اس میں دوسری آیت کا پہلا کلمہ غُلِبَتْ: فعل مجہول ہے۔ اور ایک روایت میں یہ کلمہ غَلَبَتْ: معروف پڑھا گیا ہے، مگر یہ قراءت صحیح نہیں، قراء میں سے کسی نے اس کو معروف نہیں پڑھا۔ اور یہ حدیث اسی سند ومتن کے ساتھ پہلے اسی جلد میں ابواب القراءۃ (باب ٦ حدیث ۲۹۴۷) میں گذر چکی ہے، وہاں پوری تفصیل ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں ......اور دھوکہ ﴿غَلَبِهِمْ﴾ سے لگا ہے، حالانکہ یہ مصدر مجہول ہے، جس کا ترجمہ ہے: مغلوب ہونا، اور قرینہ ﴿سَيَغْلِبُوْنَ﴾ ہے، جس کا ترجمہ ہے: عنقریب غالب آئیں گے، اور ظاہر ہے کہ اگر پہلا لفظ غَلَبَتْ ہے تو غالب ہونے کے بعد دوبارہ غالب آنے کے کوئی معنی نہیں۔

[۳۱-] سُوْرَةُ الروم

[۳۲۱۵-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سُلَيْمَانَ الأَعْمَشِ،

عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلَى فَارِسَ، فَأَعْجَبَ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنِيْنَ، فَنَزَلَتْ: ﴿آلٓمّٓ، غَلَبَتِ الرُّوْمُ﴾ إِلٰى قَوْلِه ﴿يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ، بِنَصْرِ اللّٰهِ﴾ قَالَ: فَفَرِحَ الْمُؤْمِنُوْنَ بِظُهُوْرِ الرُّوْمِ عَلَى فَارِسَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، هٰكَذَا قَرَأَ نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ: غَلَبَتْ الرُّوْمُ.

۲-سورۃ الروم کی شروع کی آیتوں کا شانِ نزول

جزیرۃ العرب سے لگی ہوئی دو بھاری حکومتیں: روم وفارس تھیں، یہ حکومتیں اس وقت کی دو سپر پاور تھیں، ان میں مدتِ دراز سے آپس میں ٹکر چلی آرہی تھی، ۶۰۲ء سے ۶۱۴ء کے بعد تک ان میں حریفانہ نبرد آزمائی کا سلسلہ جاری رہا، نبی ﷺ کی ولادت مبارکہ ۵۷۰ء میں ہوئی ہے، اور بعثت ۶۱۰ء میں، آپؐ کی بعثت کے بعد روم اور فارس میں مقام اذرعات وبُصری کے درمیان لڑائی ہوئی اور رومی مغلوب ہوگئے، خسرو پرویز نے رومن امپائر کو مہلک اور فیصلہ کن شکست دیدی، شام، مصر اور ایشیائے کوچک سب ممالک رومیوں کے ہاتھ سے نکل گئے، اور رومی اپنے دار السلطنت میں پناہ گیزیں ہونے پر مجبور ہوگئے، جب یہ خبر مکہ مکرمہ پہنچی تو مشرکوں نے بغلیں بجائیں، وہ مسلمانوں سے کہنے لگے: ''تم اور رومی اہل کتاب ہو، اور ہم اور فارسی ہم مشرب ہیں، پس روم پر فارس کا غالب آنا ہمارے لئے نیک فال ہے، ہم بھی تم پر غالب آئیں گے'' —— اس پر سورۃ الروم کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں، جن میں پیشین گوئی کی گئی کہ نو سال کے اندر اندر رومی فارسیوں پر غالب آجائیں گے، مگر حالات سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ یہ بات ناممکن ہے، لیکن مسلمانوں کا اللہ کے وعدے پر یقین تھا، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مشرکینِ مکہ سے اس پر شرط بدی، جیسا کہ باب کی روایات میں ہے...... پھر اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ ساتویں برس پھر دونوں کا مقابلہ ہوا، اور رومی غالب آگئے، جس سے وہ پیشین گوئی پوری ہوئی...... اور اس درمیان مسلمانوں نے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی، پھر ۲ ہجری میں میدانِ بدر میں مسلمانوں اور مشرکوں کے درمیان جنگ ہوئی، جس میں مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی، اور اسی دن رومیوں کے غلبہ کی خبر پہنچی، چنانچہ مسلمانوں کی خوشی دوبالا ہوگئی، اور کفار کی مکھی تیل میں گری!

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے آیتِ کریمہ: ﴿آلٓمّٓ ○ غُلِبَتِ الرُّوْمُ ○ فِیْ أَدْنَى الْأَرْضِ﴾ کی تفسیر میں فرمایا: غُلِبَتْ وغَلَبَتْ: رومی پہلے ہارے، پھر جیتے، غُلِبَتِ الروم أولاً، ثم غَلَبَتْ بعد بضع سنين، پھر حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تفصیل بیان کی، فرمایا: مشرکین یہ بات پسند کرتے تھے کہ فارس کی رومیوں پر جیت ہو، اس لئے کہ وہ اور فارس والے مورتیوں کو پوجنے والے تھے۔ اور مسلمان پسند کرتے تھے کہ رومی فارسیوں کے مقابلہ میں جیتیں، اس لئے کہ رومی اللہ کی کتاب کو ماننے والے تھے، پس مشرکین نے (جب فارسیوں کی فتح کی خبر آئی تو)

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اس کا تذکرہ کیا (کہ دیکھو ہماری پارٹی جیتی، اسی طرح ہم بھی تم کو زیر کریں گے!) پس حضرت ابوبکرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا (کہ مشرکین ہمارا منہ چڑاتے ہیں، اس پر سورۃ الروم کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''سنو! بیشک رومی عنقریب غالب آئیں گے'' پس حضرت ابوبکرؓ نے اس بات کا تذکرہ مشرکین سے کیا تو ان لوگوں نے کہا: ''ہمارے اور اپنے درمیان کوئی مدت مقرر کیجئے، پس اگر ہم غالب آئے یعنی دوبارہ جنگ ہوئی اور ہماری پارٹی جیتی تو ہمارے لئے یہ اور یہ ہوگا، اور اگر تم غالب آئے تو تمہارے لئے یہ اور یہ ہوگا'' پس حضرت ابوبکرؓ نے پانچ سال کی مدت مقرر کی، پس رومی اس مدت میں غالب نہ آئے، پس مسلمانوں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی، تو آپؐ نے فرمایا: ''تم نے دس سال سے کم مدت کیوں مقرر نہ کی؟'' یعنی لفظِ بِضْع تین تا نو پر بولا جاتا ہے، پس آخری مدت نو سال مقرر کرنی چاہئے تھی راوی کہتا ہے: میرے خیال میں دون کے بعد العشر بھی ہے، راوی کہتا ہے: سعید بن جبیر نے کہا: بِضْع کا لفظ دس سے کم کے لئے ہے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: پھر رومی پانچ سال کے بعد (ساتویں سال میں) جیتے، ابن عباسؓ کہتے ہیں: اسی کا تذکرہ ان آیات میں ہے، سفیان ثوریؒ کہتے ہیں: میں نے یہ بات سنی ہے کہ جنگ بدر کے دن رومی: فارسیوں پر غالب آئے۔

[۳۲۱۶-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ الفَزَارِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿آلٓمٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ، فِيْ أَدْنَى الْأَرْضِ﴾ قَالَ: غُلِبَتْ، وَغَلَبَتْ.

قَالَ: كَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ يَظْهَرَ أَهْلُ فَارِسَ عَلَى الرُّوْمِ، لِأَنَّهُمْ وَإِيَّاهُمْ أَهْلُ الْأَوْثَانِ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يُحِبُّوْنَ أَنْ يَظْهَرَ الرُّوْمُ عَلَى فَارِسَ، لِأَنَّهُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ، فَذَكَرُوْهُ لِأَبِيْ بَكْرٍ، فَذَكَرَهُ أَبُوْبَكْرٍ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَمَا إِنَّهُمْ سَيَغْلِبُوْنَ" فَذَكَرَهُ أَبُوْ بَكْرٍ لَهُمْ، فَقَالُوْا: اجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ أَجَلاً، فَإِنْ ظَهَرْنَا كَانَ لَنَا كَذَا وَكَذَا، وَإِنْ ظَهَرْتُمْ كَانَ لَكُمْ كَذَا وَكَذَا، فَجَعَلَ أَجَلاً خَمْسَ سِنِيْنَ، فَلَمْ يَظْهَرُوْا، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "أَلَّا جَعَلْتَهُ إِلٰى دُوْنٍ" قَالَ: أُرَاهُ الْعَشْرَ، قَالَ: قَالَ سَعِيْدٌ: "والْبِضْعُ: مَا دُوْنَ الْعَشْرِ" قَالَ: ثُمَّ ظَهَرَتِ الرُّوْمُ بَعْدُ، قَالَ: فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالٰى: ﴿آلٓمٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ﴾ قَالَ سُفْيَانُ: سَمِعْتُ أَنَّهُمْ ظَهَرُوْا عَلَيْهِمْ يَوْمَ بَدْرٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ.

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا،

ان کے شرط لگانے کے معاملہ میں، یعنی: ﴿آلمّٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾ والے معاملہ میں: ''اے ابوبکر! آپ نے احتیاط والا پہلو کیوں نہ اختیار کیا، کیونکہ لفظ بضع تین سے نو کے درمیان پر بولا جاتا ہے'' (پس تین سال کی مدت مقرر کرنا یا درمیانی کوئی مدت مقرر کرنا احتیاط کے خلاف ہے، آپ کو چاہئے تھا کہ آپ آخری مدت نو سال مقرر کرتے، احتیاط کی بات یہی تھی)

حدیث (۳): حضرت نیار بن مکرم اسلمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیات: ﴿آلمّٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾ نازل ہوئیں تو فارسی جس دن یہ آیات نازل ہوئیں رومیوں پر غلبہ پائے ہوئے تھے، اور مسلمان فارسیوں پر رومیوں کے غلبہ کے خواہشمند تھے، کیونکہ وہ اور رومی اہل کتاب تھے، اور اسی کا تذکرہ اس آیت میں ہے: ''اس دن مسلمان خوش ہونگے، اللہ کی مدد سے، وہ مدد کرتے ہیں جس کی چاہتے ہیں، اور وہ زبردست بڑے رحم والے ہیں'' اور قریش فارسیوں کا غلبہ پسند کرتے تھے، کیونکہ وہ اور فارسی نہ اہل کتاب تھے نہ مرنے کے بعد زندہ ہونے کے قائل تھے...... پس جب اللہ نے یہ آیت اتاری تو ابوبکرؓ نکلے، درانحالیکہ مکہ کے اطراف میں اعلان کررہے تھے: ''رومی ہار گئے عرب سے لگی ہوئی سرزمین میں، اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہونگے چند سالوں میں'' پس قریش کے کچھ لوگوں نے ابوبکرؓ سے کہا: پس یہ بات ہمارے اور تمہارے درمیان ہے، تمہارے نبی گمان کرتے ہیں کہ رومی عنقریب غالب آئیں گے فارسیوں پر چند سالوں میں، پس ہم اس بات پر شرط کیوں نہ لگائیں؟ ابوبکرؓ نے کہا: ضرور لگائیں، اور یہ واقعہ بازی حرام ہونے سے پہلے کا ہے، پس ابوبکر اور مشرکین نے بازی لگائی، اور انھوں نے شرط پر اتفاق کیا، انھوں نے ابوبکرؓ سے کہا: آپ بضع کو تین تا نو میں سے کتنا گردانتے ہیں؟ پس مقرر کیجئے ہمارے اور اپنے درمیان ایک مدت جس پر ہم رکیں، راوی کہتے ہیں: پس انھوں نے چھ سال مقرر کئے، پس چھ سال گذر گئے اس سے پہلے کہ رومی غالب آئیں، پس مشرکوں نے ابوبکرؓ سے شرط کی رقم لے لی، پھر جب ساتواں سال آیا تو رومی فارسیوں پر غالب آئے، پس مسلمانوں نے ابوبکر کی خردہ گیری کی، ان کے چھ سال مدت مقرر کرنے کی وجہ سے، عیب نکالنے والوں نے کہا: اللہ تعالیٰ نے بضع سنین فرمایا ہے۔ راوی کہتا ہے: اور اس موقعہ پر بہت سے لوگ مسلمان ہوگئے۔

تشریح: اس روایت کی امام ترمذیؒ نے تصحیح کی ہے، مگر اس میں اختلاف ہے کہ حدیث کے راوی نیار بن مکرم اسلمی صحابی ہیں یا تابعی؟ ایک رائے یہ ہے کہ یہ تابعی ہیں، پس روایت مرسل ہے۔ علاوہ ازیں: اس میں بھی اختلاف ہے کہ شرط کی رقم مشرکوں نے وصول کی تھی یا حضرت ابوبکرؓ نے؟ یعنی بازی کون جیتا تھا؟ اس روایت میں ہے کہ مشرکوں نے بازی جیتی تھی اور انھوں نے ہی شرط کی رقم وصول کی تھی، اور الکوکب الدری میں حضرت گنگوہی نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے، مگر دوسری روایت میں ہے کہ جنگ بدر کے بعد شرط کے سو اونٹ حضرت ابوبکرؓ نے وصول کئے تھے، اور وہ ان کو لے کر خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے تھے تو آپ ﷺ نے ان کو صدقہ کرنے کا حکم دیا تھا، بہر حال یہ واقعہ کے متعلقات میں اختلاف ہے، جو زیادہ اہمیت کا حامل نہیں۔

لغات: نَاحَبَه مُنَاحَبَة: ہار جیت کی بازی لگانا، شرط باندھنا، مناحبة: مضاف ہے آیت کی طرف...... اِحْتَاط للأمر: محتاط ہونا، مصلحت اندیشی سے کام لینا...... رَاهَنَه مراهنة: کسی سے کسی بات کی بازی لگانا، شرط باندھنا...... اِرْتَهَنَ: کسی سے کوئی چیز بطور گروی لینا یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور مشرکوں نے ایک دوسرے سے توثیق کے لئے گروی (ضامن) لے لئے...... تَوَاضَعَ القومُ على الأمر: لوگوں کا کسی بات پر متفق ہونا...... الرهان: گروی یعنی فریقین شرط پر متفق ہو گئے۔

[۳۲۱۷-] أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا مُحمدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الجُمَحِيُّ، ثَنِيْ ابْنُ شِهَابِ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأَبِيْ بَكْرٍ فِيْ مُنَاحَبَةِ: ﴿آلٓمٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ﴾: أَلَّا احْتَطْتَّ يَا أَبَا بَكْرٍ! فَإِنَّ البِضْعَ مَا بَيْنَ ثَلَاثٍ إِلَى تِسْعٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

[۳۲۱۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ اسْمَاعِيْلُ، نَا اسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ أُوَيْسٍ، ثَنِيْ ابْنُ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْ الزِّنَادِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ نِيَارِ بْنِ مُكْرَمٍ الْأَسْلَمِيِّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿آلٓمٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْ أَدْنَى الْأَرْضِ، وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ﴾ فَكَانَتْ فَارِسُ يَوْمَ نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ، قَاهِرِيْنَ لِلرُّوْمِ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ يُحِبُّوْنَ ظُهُوْرَ الرُّوْمِ عَلَيْهِمْ، لِأَنَّهُمْ وَإِيَّاهُمْ أَهْلُ كِتَابٍ، وَفِيْ ذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالَى: ﴿وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ بِنَصْرِ اللّٰهِ، يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ﴾ وَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُحِبُّ ظُهُوْرَ فَارِسَ، لِأَنَّهُمْ وَإِيَّاهُمْ لَيْسُوْا بِأَهْلِ كِتَابٍ، وَلَا إِيْمَانٍ بِبَعْثٍ، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الآيَةَ، خَرَجَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ يَصِيْحُ فِيْ نَوَاحِي مَكَّةَ: ﴿آلٓمٓ، غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِيْ أَدْنَى الْأَرْضِ، وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ﴾ قَالَ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ لِأَبِيْ بَكْرٍ: فَذٰلِكَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ، زَعَمَ صَاحِبُكَ أَنَّ الرُّوْمَ سَتَغْلِبُ فَارِسَ فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ، أَفَلَا نُرَاهِنُكَ عَلَى ذٰلِكَ؟ قَالَ: بَلَى، وَذٰلِكَ قَبْلَ تَحْرِيْمِ الرِّهَانِ، فَارْتَهَنَ أَبُوْ بَكْرٍ وَالْمُشْرِكُوْنَ، وَتَوَاضَعُوْا الرِّهَانَ، وَقَالُوْا لِأَبِيْ بَكْرٍ: كَمْ تَجْعَلُ الْبِضْعَ، ثَلَاثَ سِنِيْنَ إِلَى تِسْعِ سِنِيْنَ؟ فَسَمِّ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ وَسَطًا تَنْتَهِيْ إِلَيْهِ، قَالَ: فَسَمَّوْا بَيْنَهُمْ سِتَّ سِنِيْنَ، قَالَ: فَمَضَتِ السِّتُّ سِنِيْنَ، قَبْلَ أَنْ يَظْهَرُوْا، فَأَخَذَ الْمُشْرِكُوْنَ رَهْنَ أَبِيْ بَكْرٍ، فَلَمَّا دَخَلَتْ السَّنَةُ السَّابِعَةُ، ظَهَرَتِ الرُّوْمُ عَلَى فَارِسَ، فَعَابَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَى أَبِيْ بَكْرٍ تَسْمِيَةَ سِتِّ سِنِيْنَ، قَالَ: لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ: ﴿فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ﴾ قَالَ: وَأَسْلَمَ عِنْدَ ذٰلِكَ نَاسٌ كَثِيْرٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ الزِّنَادِ.

سورة لقمان

سورہ لقمان کی تفسیر

اللہ سے غافل کرنے والی باتیں

سورہ لقمان (آیت ۶) میں نیکوکاروں کے تذکرے کے بعد بدکاروں کا ذکر ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ، وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا، أُوْلٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ﴾ ترجمہ: اور بعضا آدمی ایسا ہے جو اللہ سے غافل کرنے والی باتیں خریدتا ہے، تاکہ وہ نادانی کے ساتھ راہِ خدا سے روکے، اور راہِ خدا کی ہنسی اڑائے، انہی لوگوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔

شانِ نزول: نضر بن الحارث جو رؤسائے مکہ میں سے تھا بغرض تجارت ایران جاتا تھا، اور وہاں سے شاہانِ فارس کے قصے خرید کر لاتا تھا، اور مکہ والوں کو جمع کر کے کہتا تھا: محمد تمہیں عاد وثمود کے واقعات سناتے ہیں، آؤ میں تمہیں رستم واسفندیار اور شاہانِ ایران کے قصے سناؤں، نیز اس نے ایک گانے والی باندی بھی خریدی تھی جو لوگوں کے دل لبھاتی تھی: اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ آیت کریمہ میں لهو الحديث عام ہے، ہر ناچ رنگ، کھیل تماشہ، قصے کہانیاں اور تفریحات جو اللہ کی یاد سے غافل کریں: لهو الحديث ہیں، اور تعمیم کی دلیل درج ذیل حدیث ہے:

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''گانے والی باندیوں کو نہ تو بیچو، اور نہ ان کو خریدو، اور نہ ان کو گانا سکھاؤ، اور ان کی تجارت میں کوئی خیر نہیں، اور ان کی قیمت حرام ہے، اور اسی طرح کے معاملات میں یہ آیت نازل ہوئی ہے: ''بعضے لوگ ایسے ہیں جو کھیل کی باتوں کو خریدتے ہیں تاکہ اللہ کی راہ سے لوگوں کو گمراہ کریں'' (یہ حدیث اسی سند ومتن کے ساتھ پہلے (حدیث ۱۲۶۷ کتاب البیوع باب ۵۱ تحفہ ۴: ۲۰۸ میں) گذر چکی ہے، وہاں حدیث کی شرح ہے)

[۳۲-] سورة لقمان

[۳۲۱۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ، عَنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاتَبِيْعُوْا الْقَيْنَاتِ، وَلَا تَشْتَرُوْهُنَّ، وَلَا تُعَلِّمُوْهُنَّ، وَلَا خَيرَ فِىْ تِجَارَةٍ فِيْهِنَّ، وَثَمَنُهُنَّ حَرَامٌ، وَفِىْ مِثْلِ هٰذَا أُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِىْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ إِلَى آخِرِ الآيَةِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا يُرْوَى مِنْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ، وَالْقَاسِمُ ثِقَةٌ، وَعَلِيُّ بْنُ يَزِيْدَ يُضَعَّفُ فِىْ الحديثِ، قَالَهُ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ.

سورة السجدة

سورۃ السجدۃ کی تفسیر

۱- وہ لوگ جن کے پہلو خوابگاہوں سے علاحدہ رہتے ہیں

سورۃ السجدۃ (آیت ۱۶) میں اعلی درجہ کے مؤمنین کے تذکرہ میں ہے: ﴿تَتَجَافَى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾: ان کے پہلو خوابگاہوں سے علاحدہ رہتے ہیں، اور وہ لوگ اپنے رب کو امید وخوف سے پکارتے ہیں، اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے خرچ کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں دو حدیثیں آئی ہیں: ۱- حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی مرفوع حدیث میں نماز تہجد کو اس کا مصداق قرار دیا ہے (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۶۱۴ ابواب الایمان باب ۸ تحفہ ۶: ۴۰۱) میں گذر چکی ہے) ۲- اور باب کی موقوف حدیث میں مغرب وعشاء کے درمیان نوافل پڑھنے کو اس کا مصداق بتایا ہے...... اور دونوں میں کوئی تعارض نہیں، نمازِ تہجد آیت کا اعلی مصداق ہے، اور مغرب وعشاء کے درمیان نوافل پڑھنا ادنی مصداق ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے آیتِ کریمہ: ﴿تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ یہ آیت اس نماز کا انتظار کرنے کے سلسلہ میں نازل ہوئی ہے جس کو لوگ عتمہ کہتے ہو، یعنی مغرب کے بعد عشاء کے انتظار میں مسجد میں رک جانا اور نوافل میں مشغول رہنا آیتِ کریمہ کا مصداق ہے، یہ بھی پہلو کا خوابگاہوں سے علاحدہ ہونا ہے۔

[۳۳-] سُوْرَةُ السجدة

[۳۲۲۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ زِيَادٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأُوَيْسِىُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ﴾: نَزَلَتْ فِى انْتِظَارِ الصَّلَاةِ الَّتِىْ تُدْعَى الْعَتَمَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲- اعلی درجہ کے جنتیوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان

سورۃ السجدہ کی (آیت ۱۷) ہے: ﴿فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِىَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ، جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾: پس نہیں جانتا کوئی شخص وہ آنکھوں کی ٹھنڈک جو ان (اعلی درجہ کے نیک لوگوں) کے لئے خزانۂ غیب میں موجود ہے،

یہ ان کے لئے ان کے اعمال کا صلہ ہے!

حدیثِ قدسی: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''میں نے اپنے (اعلی درجہ کے) نیک بندوں کے لئے وہ نعمتیں تیار کی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، اور نہ کسی کان نے سنا ہے، اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال گذرا ہے!'' پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''اسی کا ذکر قرآنِ کریم کی اس آیت میں ہے: ''پس کوئی شخص نہیں جانتا وہ آنکھوں کی ٹھنڈک جو ان کے لئے چھپائی گئی ہے، ان کاموں کی جزاء کے طور پر جو وہ کیا کرتے تھے'' (یہ متفق علیہ روایت ہے)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے سوال کیا: اے پروردگار! جنتیوں میں سب سے فروتر مرتبہ والا کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وہ شخص جو جنتیوں کے جنت میں داخل ہونے کے بعد آئے گا یعنی جنت میں سب سے آخر میں داخل ہونے والا سب سے کم رتبہ جنتی ہوگا، پس اس سے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جا! وہ کہے گا: کیسے داخل ہوؤں، درانحالیکہ لوگ اپنی منزلوں میں اتر چکے ہیں، اور وہ اپنے ٹھکانے لے چکے ہیں؟ یعنی جنت بھر چکی ہے، میں کہاں جاؤں؟ ...... پس اس سے کہا جائے گا: کیا تو اس پر راضی ہے کہ تیرے لئے ہو جو دنیا کے بادشاہوں میں سے ایک کے لئے ہوتا ہے؟ وہ جواب دے گا: ہاں! اے میرے رب! میں راضی ہوں ...... پس اس سے کہا جائے گا: تیرے لئے یہ ہے، اور اس کے مانند، اور اس کے مانند، اور اس کے مانند یعنی چار بادشاہوں کی املاک کے بقدر (اور مسلم شریف کی روایت میں: مثلہ: پانچ مرتبہ ہے یعنی چھ بادشاہوں کے بقدر) پس وہ کہے گا: میں راضی ہوں، اے میرے رب! ...... پس اس سے کہا جائے گا: تیرے لئے یہ ہے اور اس کا دس گنا یعنی ۶×۱۰=۶۰ بادشاہوں کے بقدر، پس وہ کہے گا: میں خوش ہوں، اے میرے رب! ...... پس اس سے کہا جائے گا: تیرے لئے اس کے ساتھ وہ ہے جس کو تیرا جی چاہے گا، اور جس سے تیری آنکھ لطف اندوز ہوگی! (یہ ادنی جنتی کا حال ہے)

اور مسلم شریف (حدیث ۱۸۹ کتاب الایمان باب ۸۴) کی روایت میں یہ اضافہ ہے: موسیٰ علیہ السلام نے پوچھا: اے میرے رب! اور اعلی مرتبہ کا جنتی کون ہے؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''یہی لوگ ہیں جن کا میں نے ارادہ کیا ہے یعنی جنت درحقیقت انہی لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے۔ میں نے ان کی کرامت کا پودا اپنے ہاتھ سے گاڑا ہے، اور اس کرامت پر مہر کردی ہے، اس کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، اور نہ کسی کان نے سنا ہے، اور نہ کسی انسان کے دل میں اس کا خیال گذرا ہے'' ...... پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس کا ذکر قرآنِ کریم میں ہے: ''پس نہیں جانتا کوئی شخص اس آنکھ کی ٹھنڈک کو جو ان کے لئے چھپائی گئی ہے!''

تشریح: حدیث کا یہ آخری حصہ جو مسلم شریف سے نقل کیا ہے: اس کا ہونا ضروری ہے، اسی سے آیتِ کریمہ کی تفسیر ہوتی ہے، امام ترمذیؒ نے جو حدیث مختصر کردی ہے وہ ٹھیک نہیں کیا ...... اور آیت میں جن نعمتوں کو: ''آنکھوں کی ٹھنڈک'' کہا ہے، اسی کو حدیث میں ''کرامت کا پودا'' کہا ہے ...... اور جنت درحقیقت انہی اعلی درجہ کے مؤمنوں کے لئے تیار

کی گئی ہے، سورۃ الملک (آیت۲) میں ہے: اللہ نے موت وحیات کو پیدا کیا یعنی دنیا کی یہ زندگی بنائی، جس میں مرنا اور جینا ہے تا کہ وہ لوگوں کو جانچیں کہ ان میں سب سے زیادہ اچھا عمل کرنے والا کون ہے؟ یہ مضمون سورۃ الکہف (آیت ۷) میں بھی آیا ہے۔

[٣٢٢١-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، یَبْلُغُ بِهِ النَّبِیَّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی: " أَعْدَدْتُّ لِعِبَادِیَ الصَّالِحِیْنَ: مَالاَ عَیْنٌ رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَخَطَرَ عَلَی قَلْبِ بَشَرٍ، وَتَصْدِیْقُ ذٰلِكَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِیَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْیُنٍ، جَزَاءً بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ﴾ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٣٢٢٢-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِیْفٍ، وَعَبْدِ الْمَلِكِ: هُوَ ابْنُ أَبْجَرَ: سَمِعَا الشَّعْبِیَّ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَی الْمِنْبَرِ، یَرْفَعُهُ إِلَی النبیِّ صلی الله علیه وسلم، یَقُوْلُ: إِنَّ مُوْسَی سَأَلَ رَبَّهُ، فَقَالَ: أَیْ رَبِّ! أَیُّ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَدْنَی مَنْزِلَةً؟ قَالَ: رَجُلٌ یَأْتِی بَعْدَ مَا یَدْخُلُ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، فَیُقَالُ لَهُ: ادْخُلْ، فَیَقُوْلُ: كَیْفَ أَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلُوْا مَنَازِلَهُمْ، وَأَخَذُوْا أَخَذَاتِهِمْ؟ قَالَ: فَیُقَالُ لَهُ: أَتَرْضَی أَنْ یَكُوْنَ لَكَ مَاكَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوْكِ الدُّنْیَا؟ فَیَقُوْلُ: نَعَمْ، أَیْ رَبِّ! قَدْ رَضِیْتُ، فَیُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ هٰذَا، وَمِثْلَهُ، وَمِثْلَهُ، وَمِثْلَهُ، فَیَقُوْلُ: قَدْ رَضِیْتُ، أَیْ رَبِّ! فَیُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ هٰذَا، وَعَشْرَةُ أَمْثَالِهِ، فَیَقُوْلُ: رَضِیْتُ، أَیْ رَبِّ! فَیُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ، وَلَذَّتْ عَیْنُكَ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَرَوَی بَعْضُهُمْ هٰذَا الحدیثَ عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنِ الْمُغِیْرَةِ، وَلَمْ یَرْفَعْهُ، وَالْمَرْفُوْعُ أَصَحُّ.

سُوْرَةُ الأَحْزَابِ

سورۃ الاحزاب کی تفسیر

۱- جاہلیت کی تین غلط باتیں

سورۃ الاحزاب (آیت۴) میں جاہلیت کی تین غلط باتوں کی تردید ہے: ﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَیْنِ فِیْ جَوْفِهِ، وَمَا جَعَلَ أَزْوَاجَكُمُ اللاَّئِیْ تُظَاهِرُوْنَ مِنْهُنَّ أُمَّهَاتِكُمْ، وَمَا جَعَلَ أَدعِیَاءَ كُمْ أَبْنَاءَ كُمْ، ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِأَفْوَاهِكُمْ، وَاللّٰهُ یَقُوْلُ الْحَقَّ، وَهُوَ یَهْدِی السَّبِیْلَ﴾: اللہ تعالیٰ نے کسی شخص کے سینے میں دو دل نہیں بنائے، اور تمہاری ان بیویوں کو جن سے تم ظہار کرتے ہو تمہاری مائیں نہیں بنایا، اور تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے حقیقی بیٹے

نہیں بنایا، یہ صرف تمہارے منہ کی باتیں ہیں، اور اللہ تعالیٰ حق بات فرماتے ہیں، اور وہی سیدھا راستہ دکھلاتے ہیں۔

یہ تینوں باتیں جاہلیت کی مشہور غلط باتیں تھیں، ذہین اور بہادر آدمی کو ''دو دلا'' کہتے تھے، حالانکہ کسی کے سینے میں دو دل نہیں ہوتے، اور شوہر بیوی کو ہمیشہ کے لئے حرام کرنے کے لئے أنتِ علی کظھر أمی (تو میرے لئے میری ماں کی پیٹھ کی طرح ہے) کہا کرتا تھا یعنی اس طرح بیوی کو ماں بناتا تھا، حالانکہ ایسا کہنے سے بیوی: ماں نہیں بن جاتی، اسی طرح متبنی کو تمام احکام میں حقیقی بیٹے کی طرح گردانتے تھے، جو قطعاً غلط تھا، بیٹا وہی ہوتا ہے جو نطفے سے پیدا ہوتا ہے، صرف زبانی جمع خرچ کر لینے سے غیر کا بیٹا اپنا بیٹا نہیں بن جاتا...... اور سیاقِ کلام سے مقصود تیسری غلطی کا رفع کرنا ہے، مگر تقویت کے لئے دو غلطیاں اور بھی رفع کر دیں، اور پہلی بات تو بالکل ظاہر البطلان تھی، پھر بھی اس کے بطلان کو ذکر کیا، تاکہ وہ باقی دو باتوں کے بطلان کے لئے تمہید بن جائے، اور یہ آیات درحقیقت حضرت زید اور حضرت زینب رضی اللہ عنہما کے واقعہ میں نازل ہوئی ہیں۔ مگر ان میں سے پہلی بات کے شانِ نزول میں درج ذیل ضعیف روایت آئی ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اگرچہ اس کی تحسین کی ہے، مگر حقیقت میں وہ حدیث قابوس کی وجہ سے ضعیف ہے۔

حدیث: حصین بن جندب ابوظبیان جنبی کہتا ہے: ہم نے ابن عباسؓ سے آیتِ کریمہ: ﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهِ﴾ کے بارے میں پوچھا کہ اس سے کیا مراد ہے؟ ابن عباسؓ نے کہا: ایک دن نبی ﷺ نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے، پس آپؐ کے دل میں کوئی بات کھٹکی، پس ان منافقوں نے جو آپؐ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہا: تم دیکھتے نہیں کہ ان کے لئے دو دل ہیں: ایک دل تمہارے ساتھ ہے، اور دوسرا دل صحابہ کے ساتھ ہے، اس پر یہ آیت اتری کہ اللہ نے کسی کے لئے اس کے سینے میں دو دل نہیں بنائے۔

[٣٤-] سُوْرَةُ الْأَحْزَابِ

[٣٢٢٣-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا صَاعِدٌ الحَرَّانِيُّ، نَا زُهَيْرٌ، نَا قَابُوْسُ بْنُ أَبِيْ ظَبْيَانَ: أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ، قَالَ: قُلْنَا لِابْنِ عَبَّاسٍ: أَرَأَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهِ﴾: مَا عَنَى بِذٰلِكَ؟ قَالَ: قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا يُصَلِّيْ، فَخَطَرَ خَطْرَةً، فَقَالَ الْمُنَافِقُوْنَ الَّذِيْنَ يُصَلُّوْنَ مَعَهُ: أَلَا تَرَى أَنَّ لَهُ قَلْبَيْنِ: قَلْبًا مَعَكُمْ، وَقَلْبًا مَعَهُمْ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿مَاجَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهِ﴾

حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِيْ أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، نَا زُهَيْرٌ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

٢- صحابہ نے وہ بات سچ کر دکھلائی جس کا انھوں نے اللہ سے عہد کیا تھا

سورۃ الاحزاب کی (آیت ٢٣) ہے: ﴿مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى

نَحْبَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾: مؤمنین میں کچھ لوگ ایسے ہیں جنھوں نے اللہ سے جس بات کا عہد کیا تھا اس کو سچ کر دکھلایا، پھر ان میں سے بعض نے اپنی نذر پوری کرلی، اور بعض ابھی انتظار میں ہیں، اور انھوں نے (اپنی نذر میں) ذرا تبدیلی نہیں کی۔

تفسیر: پہلے (آیت ۱۵) میں منافقین کا ذکر آیا ہے: ﴿وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوْا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ: لَايُوَلُّوْنَ الْأَدْبَارَ، وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلاً﴾: اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ یہ لوگ پہلے اللہ تعالیٰ سے عہد کر چکے ہیں کہ وہ پیٹھ نہ پھیریں گے، اور اللہ سے جو عہد کیا جاتا ہے اس کی باز پرس ہوتی ہے...... منافقین نے یہ عہد اس وقت کیا تھا جبکہ جنگ بدر میں وہ شرکت نہیں کر سکے تھے، پس بعض منافقین نے مفت احسان رکھنے کے طور پر کہا کہ افسوس! ہم شریک نہ ہو سکے، اگر ہم شریک ہوتے تو ایسا کرتے ویسا کرتے، مگر جب وقت آیا اور غزوۂ احزاب سامنے آیا تو سب قلعی کھل گئی...... ان کے بالمقابل وہ مخلص مؤمنین تھے جنھوں نے اللہ سے کیا ہوا عہد پورا کیا، جو بعد کی جنگوں میں جم کر لڑے، پھر ان میں سے بعض نے تو جامِ شہادت نوش کیا، اور بعض ابھی بقید حیات ہیں، جیسے حضرت انس بن النضر اور ان کے رفقاء رضی اللہ عنہم۔ یہ حضرات بھی اتفاق سے غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے، جس کا انہیں بڑا افسوس تھا، اور انھوں نے عہد کیا تھا کہ اب اگر کوئی جہاد ہوگا تو وہ اس میں جان توڑ کوشش کریں گے یعنی میدان سے منہ نہ موڑیں گے گو مارے جائیں، چنانچہ ان میں سے بعض نے تو اپنی نذر پوری کرلی، وہ ڈٹ کر مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہو گئے، اور بعض ابھی مشتاقِ شہادت ہیں۔

حدیث (۱): ثابت بنانی کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''میرے چچا انس بن النضرؓ: جن کے نام پر میرا نام رکھا گیا ہے، جنگ بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک نہیں ہو سکے تھے، پس یہ بات ان پر شاق گذری تھی، چنانچہ انھوں نے کہا: (افسوس!) پہلا موقعہ جس میں نبی ﷺ شریک تھے: میں اس سے غیر حاضر رہا! سنو، بخدا! اگر مجھے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کوئی اور موقعہ دکھلایا تو اللہ تعالیٰ ضرور دیکھیں گے وہ کارنامہ جو میں انجام دونگا!'' حضرت انسؓ (بھتیجے) کہتے ہیں: پس وہ ڈر گئے کہ اس سے آگے کچھ کہیں یعنی بس اتنا ہی عہد کیا، زیادہ حد ادب!...... چنانچہ اگلے سال وہ جنگ احد میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک ہوئے، پس حضرت سعد بن معاذؓ سے ان کا آمنا سامنا ہوا (حضرت سعد مشرکین کی طرف سے آرہے تھے اور حضرت انس ان کی طرف جا رہے تھے کہ آمنا سامنا ہو گیا) پس حضرت انسؓ (چچا) نے کہا: ''واہ واہ! جنت کی خوشبو آرہی ہے احد پہاڑ کے ورے سے!...... پھر وہ لڑے یہاں تک کہ شہید کر دیئے گئے، پس پائے گئے ان کے جسم میں اسّی سے زیادہ تلوار کے زخم، اور نیزہ کے زخم اور تیر کے زخم!...... میری پھوپھی رُبَیِّع بنت النضر کہتی ہیں: پس میں نے اپنے بھائی کو نہیں پہچانا مگر ان کے پوروں کے ذریعہ۔ اور یہ آیت نازل ہوئی: ''مؤمنین میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جنھوں نے اللہ سے جس بات کا عہد کیا تھا اس کو سچ کر دکھلایا'' الی آخرہ۔

نوٹ: یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۱۹۰۳) کتاب الامارہ (نمبر ۱۴۸) میں بھی ہے، اور کھڑی دوقوسوں کے درمیان [الذی] مسلم شریف سے بڑھایا ہے۔

[٣٢٢٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مُحمدٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبارَكِ، نا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنسٍ، قَالَ: قَالَ عَمِّيْ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ[الَّذِيْ] سُمِّيْتُ بِهِ، لَمْ يَشْهَدْ بَدْرًا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَبُرَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: أَوَّلُ مَشْهَدٍ قَدْ شَهِدَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غِبْتُ عَنْهُ، أَمَا وَاللّٰهِ! لَئِنْ أَرَانِيَ اللّٰهُ مَشْهَدًا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا أَصْنَعُ! قَالَ: فَهَابَ أَنْ يَقُوْلَ غَيْرَهَا، فَشَهِدَ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْعَامِ الْقَابِلِ، فَاسْتَقْبَلَهُ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عَمْرٍو أَيْنَ؟ قَالَ: وَاهًا لِرِيْحِ الْجَنَّةِ! أَجِدُهَا دُوْنَ أُحُدٍ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، فَوُجِدَ فِيْ جَسَدِهِ بِضْعٌ وَثَمَانُوْنَ: مِنْ بَيْنِ ضَرْبَةٍ وَطَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ، قَالَتْ عَمَّتِيْ الرُّبَيِّعُ بِنْتُ النَّضْرِ: فَمَا عَرَفْتُ أَخِيْ إِلَّا بِبَنَانِهِ، وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوْا اللّٰهَ عَلَيْهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلاً﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۲): حمید طویل: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے چچا (انس بن النضرؓ) جنگِ بدر میں غیر حاضر رہے تھے، پس انھوں نے کہا: ''میں اس پہلے موقعہ سے غیر حاضر رہا جس میں رسول اللہ ﷺ نے مشرکین سے جہاد کیا! بخدا! اگر اللہ نے مجھے شریک کیا مشرکین کے ساتھ کسی جنگ میں تو اللہ تعالیٰ ضرور دیکھیں گے کہ میں کیا کارنامہ انجام دیتا ہوں؟ پس جب جنگ احد کا موقعہ آیا تو مسلمان کھل گئے یعنی پسپا ہوگئے، پس حضرت انسؓ (چچا) نے کہا: ''الٰہی! میں آپ کے سامنے بے تعلقی کا اظہار کرتا ہوں اس سے جو یہ لوگ لائے یعنی مشرکین، اور معذرت خواہ ہوں اس سے جو ان لوگوں نے کیا یعنی ان کے ساتھیوں نے۔ پھر وہ آگے بڑھے، پس حضرت سعدؓ سے ان کی ملاقات ہوئی، پس حضرت سعدؓ نے کہا: ''میرے بھائی! جو کچھ آپ کریں گے: میں آپ کے ساتھ ہوں'' (پھر دونوں نے کفار پر حملہ کیا، پھر جنگ ختم ہونے پر حضرت سعدؓ نے نبی ﷺ سے کہا) پس میں نہیں کر سکا جو کچھ انھوں نے کیا یعنی انھوں نے جام شہادت نوش کیا اور میں محروم رہا...... پس حضرت انسؓ (بھتیجے) نے ان میں اسّی سے زیادہ: تلوار کے زخم، اور بھالے کے زخم، اور تیر کے زخم پائے، پس ہم ان کے اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں کہا کرتے تھے: یہ آیت ان کے حق میں نازل ہوئی ہے: ''بعض ان میں سے اپنی نذر پوری کر چکے اور بعض مشتاق ہیں''...... حدیث کے راوی یزید کہتے ہیں: شروع سے آیت مراد ہے۔

نوٹ: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۲۸۰۵ و ۴۰۴۸) اور فلقیہ سعد کے بعد جامع الاصول (حدیث

۶۰۵۷ ج ۹ ص ۱۷۹) میں عبارت اس طرح ہے: فقال: يا سعدَ بْنَ معاذ! هذه الجنةُ، وربِّ النضر! (كذا) إنى أجد ريحها من دون أحد، فقال سعد: فما استطعتُ على ما صنع، قال أنس: فوجدنا به إلخ۔

[۳۲۲۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ عَمَّهُ غَابَ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ، فَقَالَ: غِبْتُ عَنْ أَوَّلِ قِتَالٍ قَاتَلَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمُشْرِكِيْنَ، لإِنِ اللّٰهُ أَشْهَدَنِى قِتَالاً لِلْمُشْرِكِيْنَ، لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ كَيْفَ أَصْنَعُ؟ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْكَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّى أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا جَاءُ وْا بِهِ هٰؤُلَاءِ، يَعْنِى الْمُشْرِكِيْنَ، وَأَعْتَذِرُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هٰؤُلَاءِ، يَعْنِى أَصْحَابَهُ، ثُمَّ تَقَدَّمَ، فَلَقِيَهُ سَعْدٌ، فَقَالَ: يَا أَخِىْ! مَا فَعَلْتَ أَنَا مَعَكَ، فَلَمْ أَسْتَطِعْ أَنْ أَصْنَعَ مَا صَنَعَ، فَوَجَدَ فِيْهِ بِضْعًا وَّثَمَانِيْنَ بَيْنَ ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ، وَطَعْنَةٍ بِرُمْحٍ، وَرَمْيَةٍ بِسَهْمٍ، فَكُنَّا نَقُوْلُ: فِيْهِ وَفِىْ أَصْحَابِهِ نَزَلَتْ: ﴿فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَنْ يَنْتَظِرُ﴾ قَالَ يَزِيْدُ: يَعْنِى الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ. وَاسْمُ عَمِّهِ أَنَسُ بْنُ النَّضْرِ.

۳- نذر پوری کرنے والے وہ لوگ بھی ہیں جو جم کر لڑے مگر شہید نہیں ہوئے

حضرت طلحہ بن عبید اللہ قرشی تیمی رضی اللہ عنہ: عشرۂ مبشرۃ میں سے، آٹھ سابقینِ اسلام میں سے، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر پانچ اسلام قبول کرنے والوں میں سے، اور چھ اصحابِ شوری (حضرت عمرؓ کے خلافت کے لئے نامزد کردہ لوگوں) میں سے ہیں۔ جنگِ بدر کے موقعہ پر آپ تجارت کے لئے شام گئے ہوئے تھے، مگر نبی ﷺ نے ان کو جنگ بدر کی غنیمت میں اور اجر وثواب میں حصہ دار بنالیا تھا، پھر جنگِ احد میں آپ نے شرکت فرمائی، اور اس میں بڑا کارنامہ انجام دیا، وہ نبی ﷺ کے لئے ڈھال بنے رہے، اور اپنے ہاتھ سے تیر روکتے رہے، یہاں تک کہ ان کا ایک ہاتھ شل ہوگیا۔ نبی ﷺ نے درج ذیل واقعہ میں ان کو ﴿مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ﴾ کا مصداق قرار دیا ہے، معلوم ہوا کہ نذر پوری کرنے والے وہی حضرات نہیں ہیں جو جنگ احد میں شہید ہوئے، بلکہ جنھوں نے ڈٹ کر جنگ لڑی وہ بھی آیت کا مصداق ہیں، اگرچہ وہ جنگ میں شہید نہیں ہوئے۔

حدیث (۱): حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے موسیٰ کہتے ہیں: میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا۔ انھوں نے کہا: کیا میں آپ کو خوش خبری نہ سناؤں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! حضرت معاویہؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''طلحہ ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنی نذر پوری کرلی!'' (آپؐ نے یہ بات آئندہ واقعہ میں فرمائی ہے)

حدیث (۲): حضرت طلحہؓ کے دو صاحبزادے: موسی اور عیسیٰ: اپنے ابا حضرت طلحہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ

نے ایک نادان بدّو سے کہا: تو نبی ﷺ سے اس شخص کے بارے میں پوچھ جس نے اپنی نذر پوری کرلی یعنی آیت کا مصداق معلوم کرکہ کون ہے؟ صحابہ آپؐ سے سوال کرنے پر دلیری نہیں کرتے تھے، وہ آپؐ کی تعظیم کرتے تھے، اور آپؐ سے ڈرتے تھے، پس اس بدّو نے پوچھا۔ آپؐ نے اس سے اعراض کیا یعنی جواب نہیں دیا۔ اس نے پھر پوچھا اب بھی آپؐ نے اعراض کیا، اس نے تیسری مرتبہ پوچھا اب بھی آپؐ نے روگردانی کی، حضرت طلحہؓ کہتے ہیں: پھر میں اچانک مسجد کے دروازے سے نمودار ہوا، میں نے ہرے رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے، جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: ''وہ شخص کہاں ہے جو ﴿مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ﴾ کا مصداق پوچھ رہا تھا؟'' اس بدّو نے کہا: حاضر ہوں یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: ''یہ شخص ان لوگوں میں سے ہے جس نے اپنی نذر پوری کرلی ہے!'' کیونکہ جنگ احد میں یہ بندہ جم کر لڑا ہے۔

[۳۲۲٦-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحمدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيىَ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: أَلاَ أُبَشِّرُكَ؟ قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: '' طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَإِنَّمَا رُوِيَ هٰذَا عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْهِ.

[۳۲۲۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيىَ، عَنْ مُوْسَى وَعِيْسَى ابْنَىْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْهِمَا طَلْحَةَ: أَنَّ أَصْحَابَ رسول اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا لِأَعْرَابِيٍّ جَاهِلٍ: سَلْهُ عَنْ مَّنْ قَضَى نَحْبَهُ، مَنْ هُوَ؟ وَكَانُوْا لاَيَجْتَرِءُوْنَ عَلَى مَسْأَلَتِهِ، يُوَقِّرُوْنَهُ وَيَهَابُوْنَهُ،فَسَأَلَهُ الْأَعْرَابِيُّ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ إِنِّيْ اطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، وَعَلَيَّ ثِيَابٌ خُضْرٌ، فَلَمَّا رَآنِيْ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' أَيْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ؟'' قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: أَنَا، يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' هٰذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ يُوْنُسَ بْنِ بُكَيْرٍ.

۴- نبی ﷺ کا ازواج کو اختیار دینا، اور ازواج کا آپؐ کو اختیار کرنا

سورۃ الاحزاب (آیات ۲۸و۲۹) میں ہے: ''اے پیغمبر آپؐ اپنی بیویوں سے کہہ دیں: اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی بہار چاہتی ہو تو آؤ میں تم کو کچھ متاع دیدوں، اور تم کو خوبی کے ساتھ رخصت کردوں () اور اگر تم اللہ کو چاہتی ہو، اور اس کے رسول کو، اور آخرت کے گھر کو تو یقیناً اللہ نے تم میں سے نیک کرداروں کے لئے اجر عظیم تیار کر رکھا ہے''

شانِ نزول: بنونضیر اور بنوقریظہ کی فتوحات کے بعد آنحضرت ﷺ کی آمدنی بڑھ گئی تھی، ازواج مطہرات کو

اس وقت یہ خیال ہوا کہ اب ہمیں مزید نفقہ ملنا چاہئے، چنانچہ سب ازواج نے مل کر نبی ﷺ کے سامنے اپنا یہ مطالبہ رکھا، آپ کو اس سے بڑا رنج ہوا، کیونکہ آمدنی ضرور بڑھی تھی مگر ساتھ ہی مسلمانوں کی ضروریات بھی بڑھی تھیں، اسلام تیزی سے پھیلنا شروع ہوا تھا، اور نو مسلموں کی معاشی کفالت حکومت کی ذمہ داری تھی، علاوہ ازیں: اللہ نے اپنے حبیب کے لئے جو معیار زندگی پسند فرمایا تھا: اس سے بھی یہ مطالبہ میل نہیں کھاتا تھا، چنانچہ آپ نے قسم کھالی کہ آپ ایک ماہ تک گھر میں تشریف نہیں لے جائیں گے، اور آپ ایک بالاخانہ میں فروکش ہوگئے، ایک ماہ کے بعد یہ دو آیتیں اتریں، یہ آیاتِ تخییر کہلاتی ہیں، یعنی ازواج سے صاف صاف کہہ دیا جائے کہ وہ دو راستوں میں سے ایک کا انتخاب کریں: اگر وہ دنیا کی عیش و بہار چاہتی ہیں تو طلاق لے لیں اور جہاں چاہیں چلی جائیں، اور اگر اللہ اور رسول کی خوشنودی اور آخرت کے اعلیٰ مراتب چاہتی ہیں تو موجودہ حالت پر قناعت کریں۔

یہ آیتیں مہینہ پورا ہونے پر نازل ہوئی تھیں، نزول آیات کے بعد آپ گھر میں تشریف لائے، اور سب سے پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو اللہ کا حکم سنایا، انھوں نے اللہ و رسول کی مرضی کو اختیار کیا، پھر سب ازواج نے ایسا ہی کیا، اور سب نے دنیا کے عیش و عشرت کا خیال دل سے نکال ڈالا۔

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: جب رسول اللہ ﷺ حکم دیئے گئے کہ وہ اپنی ازواج کو اختیار دیں تو آپ نے مجھ سے ابتدا کی، اور فرمایا: ”عائشہ! میں تم سے ایک بات کہنے والا ہوں، پس تم پر اس بات میں کچھ حرج نہیں کہ تم جواب دینے میں جلدی نہ کرو، یہاں تک کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کرلو“ صدیقہؓ کہتی ہیں: آپ بالیقین جانتے تھے کہ میرے والدین مجھے آپ سے جدا ہونے کا مشورہ نہیں دیں گے، صدیقہ کہتی ہیں: پھر آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ﴾ سے ﴿أَجْرًا عَظِیْمًا﴾ تک ...... میں نے کہا: اس میں سے کس معاملہ میں: میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ میں تو اللہ کو، اور اللہ کے رسول کو، اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں، اور آپ کی سب ازواج نے بھی ایسا ہی کیا جیسا میں نے کیا (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[۳۲۲۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا أُمِرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتَخْيِيْرِ أَزْوَاجِهِ، بَدَأَ بِيْ، فَقَالَ: ”يَا عَائِشَةُ! إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا، فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَسْتَعْجِلِيْ، حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ“ قَالَتْ: وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَايَ لَمْ يَكُوْنَا لِيَأْمُرَانِيْ بِفِرَاقِهِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ: إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ﴾ حَتّٰى بَلَغَ ﴿لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيْمًا﴾ قُلْتُ: فِيْ أَيِّ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ، وَفَعَلَ أَزْوَاجُ النبيِّ صلى

الله عليه وسلم مِثْلَ مَا فَعَلْتُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا أَيْضًا عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ.

۵- چہارتن کی اہل البیت میں شمولیت

چہارتن یعنی حضرات فاطمہ، حسن، حسین اور علی رضی اللہ عنہم کی اہل البیت میں شمولیت: دعائے نبوی کی برکت سے ہوئی ہے، اہل البیت کا اصل مصداق ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ہیں۔ کیونکہ سورۃ الاحزاب میں آیاتِ تخییر کے بعد پانچ آیتوں میں ازواج ہی کے لئے مختلف ہدایات، نصائح اور فضائل بیان ہوئے ہیں، اور ان کے درمیان میں یہ آیت آئی ہے: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾: اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ اے نبی کے گھر والو تم سے آلودگی کو دور رکھے، اور تم کو ہر طرح سے پاک صاف کرے، أهل البيت میں الف لام عہدی ہے، اور مراد نبی ﷺ کا گھر ہے، اور آپؐ کے گھر والوں سے مراد آپؐ کی ازواج ہیں، اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ پورے رکوع میں خطاب ازواج ہی سے ہے، اور سورۃ ہود رکوع ۷ میں بھی أهل البيت سے حضرت سارہؓ مراد ہیں، جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اہلیہ تھیں۔ مگر آیت عام ہے، کیونکہ عنکم اور یطهر کم میں مذکر ضمیریں استعمال ہوئی ہیں، اس لئے نزولِ آیت کے ساتھ ہی نبی ﷺ نے چارتن کو ایک کمبل میں لے کر دعا کی: ''الٰہی! یہ بھی میرے گھر والے ہیں'' یہ دعا اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی جیسا کہ دوسری حدیث میں آپ کا چارتن کو اہل البیت سے خطاب فرمانا مروی ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ کے پروردہ حضرت عمر بن ابی سلمہ کہتے ہیں: جب حضرت ام سلمہؓ کے گھر میں نبی ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ اے نبی کے گھر والو تم سے آلودگی کو دور رکھے، اور تم کو ہر طرح سے پاک وصاف کرے'' تو آپؐ نے حضرات فاطمہ، حسن اور حسین رضی اللہ عنہم کو بلایا، پس ان کو ایک چادر اوڑھائی، اور حضرت علیؓ آپؐ کی پیٹھ کے پیچھے تھے، پس ان کو بھی کمبل اوڑھائی، پھر دعا فرمائی: ''الٰہی! یہ لوگ (بھی) میرے گھر والے ہیں، پس ان سے گندگی کو دور کیجئے، اور ان کو خوب پاک صاف کیجئے''...... حضرت ام سلمہؓ نے کہا: اور میں (بھی) ان کے ساتھ ہوں اے اللہ کے نبی! آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنی جگہ رہو، اور تم بڑی خیر پر ہو''

تشریحات:

۱- چارتن کے لئے دعا کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ وہ آیت کا مصداقِ اولیں نہیں تھے، آیت ازواج مطہرات کے بارے میں نازل ہوئی تھی، مگر چونکہ آیت کا اسلوب عام تھا، اس میں مؤنث کے بجائے مذکر ضمیریں استعمال ہوئی تھیں، اس لئے اس میں مردوں کی شمولیت کی بھی گنجائش تھی، چنانچہ آپؐ نے دعا فرمائی، اور آپؐ کی دعا کی برکت سے چارتن بھی آیت میں شامل کر لئے گئے۔

۲- حضرت ام سلمہؓ بھی چادر کے نیچے آنا چاہتی تھیں، مگراس کی ضرورت نہیں تھی، اس لئے ان سے فرمایا: ''تم اپنی جگہ رہو، اورتم بڑی خیر پر ہو'' یعنی تم تو آیت کا شانِ نزول ہو، آیت تم ازواج مطہرات کے بارے ہی میں نازل ہوئی ہے، پس تم آیت کا مصداقِ اولیں ہو، تمہیں دعائے نبوی کی حاجت نہیں، اس کی تفصیل پہلے تحفہ (۲:۱۴۳) میں آچکی ہے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: جب رسول اللہ ﷺ نماز فجر کے لئے گھر سے نکلتے تو چھ ماہ تک حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے سے گذرا کرتے، اور فرماتے: ''نماز کے لئے اٹھ جاؤ اے نبی کے گھر والو! اللہ تعالیٰ کو یہی منظور ہے کہ وہ تم سے آلودگی کو دور کریں، اور تم کو خوب پاک صاف کریں'' (اس خطاب سے معلوم ہوا کہ آپؐ کی اس دعا نے بارگاہِ خداوندی میں شرفِ قبولیت حاصل کرلیا تھا، مگراس روایت سے یہ سمجھنا کہ اہل بیت یہی چارتن ہیں: صحیح نہیں، بخاری شریف کی روایت میں اس طرح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو سلام کرنا بھی مروی ہے، حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ کی حدیث میں ہے: **فانطلق إلى حجرة عائشة، فقال: " السلام عليكم أهل البيت ورحمة الله** (جامع الاصول۲:۳۸۶ حدیث ۷۶۳)

نوٹ: امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس حدیث کی تحسین کی ہے، مگراس کی سند میں علی بن زید بن جُدعان ہے، جو مشہور ضعیف راوی ہے، اور حماد بن سلمہ کا حافظہ بھی آخر عمر میں بگڑ گیا تھا، اس لئے یہ حدیث ضعیف ہے۔

[۳۲۲۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا مُحمدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَصْبَهَانِيُّ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ: رَبِيْبِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ فِيْ بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَدَعَا فَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا، فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: " اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِيْ، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ، وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا" قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ، يَانَبِيَّ اللّٰهِ! قَالَ: " أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ، وَأَنْتِ عَلَى خَيْرٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ.

[۳۲۳۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَمُرُّ بِبَابِ فَاطِمَةَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ، إِذَا خَرَجَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، يَقُوْلُ: " الصَّلَاةَ يا أَهْلَ الْبَيْتِ: ﴿ إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، وفى البابِ: عَنْ أَبِي الْحَمْرَاءِ، وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، وَأُمِّ سَلَمَةَ.

۶-متبنی کی بیوی سے نکاح کے سلسلہ کی آیتوں کا شانِ نزول

۱-حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ قبیلۂ کعب کے تھے، ان کی والدہ ان کو لے کر اپنے میکے گئیں، وہاں دشمن قبیلہ نے حملہ کیا، اور مالِ غنیمت میں حضرت زید کو بھی لوٹ لے گئے، اس وقت آپ قریب البلوغ تھے، پھر غارت گروں نے ان کو بازار عکاظ میں فروخت کر دیا۔ حکیم بن حزام نے ان کو چار سو درہم میں اپنی پھوپھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے خرید لیا، پھر حضرت خدیجہؓ سے نبی ﷺ کا نکاح ہوا تو حضرت خدیجہؓ نے یہ غلام آپؐ کو بخش دیا۔

۲-اُدھر حضرت زید کا باپ حارثہ اپنے بیٹے کے فراق میں تڑپتا تھا، وہ برابر حضرت زید کو تلاش کرتا تھا، یہاں تک کہ ایک سال حج کے موقعہ پر زید کے قبیلہ کے کچھ لوگوں نے زید کو منی میں نبی ﷺ کے ساتھ دیکھا اور پہچان لیا۔ انھوں نے جا کر حارثہ کو اطلاع دی، وہ اپنے بھائی کے ساتھ زرفدیہ لے کر مکہ آیا، اور نبی ﷺ سے ملا، اور درخواست کی کہ آپؐ زرفدیہ لے کر زید کو آزاد کر دیں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس سے بہتر بات پیش کروں؟'' حارثہ نے کہا: ضرور، آپ نے زید کو بلایا، اور پوچھا: ان لوگوں کو جانتے ہو؟ زید نے کہا: ہاں جانتا ہوں، یہ میرے ابا ہیں اور یہ میرے چچا ہیں، آپؐ نے فرمایا: ''یہ تمہیں لینے آئے ہیں، اب تمہیں اختیار ہے، چاہو تو میرے ساتھ رہو، اور چاہو تو ان کے ساتھ چلے جاؤ'' ...... حضرت زید نے آپؐ کے ساتھ رہنے کو ترجیح دی، اس پر آپؐ نے خوش ہو کر زید کو کعبہ کے پاس حطیم میں لے جا کر اعلان عام کیا کہ آج سے زید میرا بیٹا ہے، چنانچہ ان کے باپ اور چچا خوش ہو کر لوٹ گئے۔

۳-پھر ایک وقت آیا کہ آپؐ نے زید کا نکاح اپنی پھوپھی امیمہ بنت عبد المطلب کی بیٹی حضرت زینب بنت جحش سے کرنا چاہا، چونکہ حضرت زید پر غلامی کا داغ لگا ہوا تھا، اس لئے حضرت زینب کو اور ان کے بھائی کو یہ نکاح منظور نہ ہوا، پس سورۃ الاحزاب کی آیت (۳۶) نازل ہوئی: ﴿وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلاَ مُؤْمِنَةٍ﴾ الآیۃ: نہیں رہتا کسی ایماندار مرد کے لئے اور نہ کسی ایماندار عورت کے لئے، جبکہ اللہ اور اس کے رسول کوئی بات طے کر دیں: کچھ بھی اختیار ان کو اپنے معاملہ میں، اور جو اللہ اور اس کے رسول کا کہنا نہیں مانے گا: وہ صریح گمراہی میں جا پڑے گا ...... اس آیت کے نزول پر بھائی بہن حضرت زید سے نکاح پر راضی ہو گئے اور یہ نکاح ہو گیا۔

۴-مگر طبیعتوں میں عدم موافقت کی وجہ سے نکاح راس نہیں آیا، ہر وقت خرخشہ رہنے لگا، حضرت زیدؓ باپ ہونے کے ناتے نبی ﷺ سے حضرت زینت کی شکایت کرتے اور آپ سمجھاتے کہ زینب نے میری وجہ سے یہ نکاح منظور کیا ہے، اسے نبھاؤ، اگر تم اس کو طلاق دیدو گے تو ایک اور دھبہ اس پر لگے گا، لوگ اس کو طعنہ دیں گے کہ تجھے غلام نے بھی نہیں رکھا: ﴿أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ، وَاتَّقِ اللّٰهَ﴾ کا یہی مطلب ہے۔

۵-پھر ایک وقت آیا کہ حضرت زیدؓ نے تنگ آ کر حضرت زینب کو طلاق دیدی، اور وہ عدت میں بیٹھ گئیں، اِدھر

نبی ﷺ اس سوچ میں پڑگئے کہ زینب پر سے یہ داغ کیسے دھویا جائے؟ اوران کی دل جوئی کی کیا صورت ہو؟ بس یہی ایک صورت سمجھ میں آتی تھی کہ عدت کے بعد آپؐ خودان سے نکاح کرلیں، اس سے نہ صرف یہ کہ داغ دھل جائے گا بلکہ فخر سے ان کا سر آسمان کو چھونے لگے گا۔ اور اسلام میں متبنی سے نکاح جائز ہے، سورۃ النساء (آیت ۲۳) میں محرمات کے بیان میں ہے ﴿وَحَلاَ ئِلُ أَبْنَاءِ كُمُ الَّذِيْنَ مِنْ أَصْلاَبِكُمْ﴾ یعنی تمہارے ان بیٹوں کی بیویاں تم پر حرام ہیں جو تمہاری نسل سے ہیں، اور متبنی نطفے کی اولاد نہیں، پس اس کی بیوی سے نکاح جائز ہے...... مگر جاہلیت کے تصورات میں متبنی: حقیقی بیٹا سمجھا جاتا تھا، اور اس کی بیوی کو ''بہو'' کہتے تھے اور اس سے نکاح حرام سمجھتے تھے، اس لئے آپؐ کو اندیشہ تھا کہ اگر آپؐ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کیا تو ایک طوفان کھڑا ہوجائے گا...... پھر جب زینب کی عدت پوری ہوئی تو سورۃ الاحزاب کی آیت ۳۷ نازل ہوئی، اور آپؐ نے حضرت زینبؓ سے نکاح کرلیا: ﴿وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ، وَتَخْشَى النَّاسَ، وَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَاهُ﴾ کا یہی مطلب ہے یعنی آپؐ زینبؓ کی عدت کے زمانہ میں دل میں ایک بات سوچ رہے تھے جس کو بعد عدت اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والے تھے، اور آپ لوگوں کے پروپیگنڈے سے ڈر رہے تھے، حالانکہ اللہ پاک اس کے زیادہ حقدار ہیں کہ آپؐ ان سے ڈریں یعنی نبی کی پہلی ترجیح اللہ کے احکام کو روبعمل لانے کی ہونی چاہئے، لوگ خواہ کچھ بھی کہیں: نبی کو اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہئے۔

۶- پھر جیسا کہ اندیشہ تھا: اس نکاح کے بعد طوفانِ بدتمیزی اٹھ کھڑا ہوا، اور کفار نے وہ کہا جو نہیں کہنا چاہئے تھا، انھوں نے بہو پر دل آجانے کا شاخسانہ نکالا، اور دانستہ یا نادانستہ ان لغویات کا اثر روایات میں درآیا، پس قرآن وحدیث کے طالب علم کو اس سے ہوشیار رہنا چاہئے۔

۷- متبنی کے سلسلہ میں سب سے پہلے سورۃ الاحزاب کی آیت ۵ میں اس تصور کو باطل قرار دیا کہ متبنی: حقیقی بیٹے کی طرح ہوتا ہے، اور اس سلسلہ میں یہاں تک احکام دیئے کہ متبنی کو اس کے باپ کی طرف منسوب کرکے پکارا جائے، گود لینے والے کی طرف اس کی ولدیت کی نسبت نہ کی جائے...... پھر سورۃ الاحزاب کی آیت ۴۰ میں اس کی صراحت کی کہ آپؐ کا کوئی نسبی بیٹا حد بلوغ کو نہیں پہنچا، پس کوئی عورت آپؐ کی بہو نہیں ہوسکتی...... پھر آیت ۳۷ میں آپؐ کو حضرت زینب سے نکاح کا حکم دیا، اور ساتھ ہی اس نکاح کی حکمت واضح کی کہ اس سے جاہلیت کی ایک رسم ٹوٹے گی، اور ایک غیر اسلامی تصور کا بالکلیہ خاتمہ ہوجائے گا۔ چنانچہ اس نکاح سے یہ مسئلہ دو اور دو: چار کی طرح واضح ہوگیا کہ متبنی تمام احکام میں اجنبی کی طرح ہے، وہ حقیقی بیٹے اور بیٹی کی طرح نہیں۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

۱- اگر رسول اللہ ﷺ وحی میں سے کسی چیز کو چھپاتے تو وہ اس آیت کو چھپاتے: ''اور یاد کرو جب آپؐ اس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام فرمایا ـــــ یعنی اسلام کے ذریعہ یعنی اس کو دولتِ اسلام سے سرفراز فرمایا ـــــ اور

آپؐ نے بھی اس پر انعام کیا — یعنی آزاد کرنے کے ذریعہ، چنانچہ نبی ﷺ نے اس کو آزاد کیا — روک رکھ تو اپنے پاس اپنی بیوی کو، اور اللہ سے ڈر، اور آپؐ اپنے دل میں وہ بات چھپا رہے تھے، جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والے تھے، اور آپؐ لوگوں سے ڈر رہے تھے، حالانکہ اللہ تعالیٰ اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ آپؐ ان سے ڈریں (یہی وہ جگہ ہے جس کے سہارے عشقِ زینب کی داستان گھڑی گئی، حالانکہ وہ بات قطعاً غلط تھی، آیت کریمہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں، پس اگر آپؐ وحی کا کوئی حصہ چھپاتے تو اس حصہ کو چھپاتے تا کہ لوگوں کو آپؐ کی طرف غلط بات منسوب کرنے کا موقعہ نہ ملتا) پھر جب زید نے اس عورت سے حاجت پوری کرلی (یعنی طلاق دیدی اور عدت بھی گذر گئی، مطلقہ کی عدت بھی شوہر کا حق ہے) تو ہم نے آپؐ سے اس عورت کا نکاح کردیا (پھر دنیا میں بھی باقاعدہ نکاح ہوا) تا کہ مسلمانوں پر کوئی تنگی نہ ہو ان کے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں کے معاملہ میں جبکہ وہ ان سے اپنی حاجت پوری کرلیں، اور اللہ کا معاملہ ہوکر رہنے والا ہے'' (آیت ۳۷)

۲- اور جب رسول اللہ ﷺ نے حضرت زینب سے نکاح کرلیا تو لوگوں نے کہا: اپنے بیٹے کی بیوی (بہو) سے نکاح کرلیا! پس یہ آیت اتری ''محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، بلکہ اللہ کے رسول ہیں، اور سب نبیوں کے ختم پر ہیں'' (آیت ۴۰)

تشریح: لکن استدراک کے لئے آتا ہے، یعنی کلام سابق سے پیدا ہونے والے وہم کو رفع کرنے کے لئے آتا ہے، جب اس بات کی نفی کی کہ آپ ﷺ کا کوئی صاحبزادہ حد بلوغ کو نہیں پہنچا، پس کوئی عورت آپؐ کی بہو نہیں ہوسکتی، تو وہم پیدا ہوا کہ اس میں تو آپؐ کی کسرشان ہے، بالغ مذکر اولاد کا ہونا فخر وعزت کی بات ہے، آپ ﷺ کو اس سے محروم کیوں رکھا گیا؟ لکن سے اس کا جواب دیا:

اور جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی مصلحت سے آپ ﷺ کی نرینہ اولاد زندہ نہ رہی تو کیا حرج ہے، آپؐ کی روحانی اولاد بے حساب ہے، آپ کی امت کے مؤمنین آپؐ کے روحانی بیٹے ہیں، کیونکہ ان کو ایمان آپؐ کی بدولت ملا ہے، اور گذشتہ تمام امتوں کے مؤمنین آپؐ کے روحانی پوتے ہیں، کیونکہ گذشتہ نبیوں کو فیض نبوت آپؐ سے پہنچا ہے، آپ وصفِ نبوت کے ساتھ بالذات متصف ہیں اور وہ بالعرض، کیونکہ آپ خاتم النّبیین (نبیوں کی مہر) بھی ہیں، پس ان کی امتیں آپؐ کی بالواسطہ امتیں ہیں۔ پس جس کے اتنے روحانی بیٹے پوتے ہوں: اگر اس کی دو چار نسبی اولاد زندہ نہ رہی تو اس میں کیا کسرشان ہے؟! (اس کی تفصیل حضرت اقدس مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی قدس سرہ کے ''فتوی تحذیر الناس عن انکار اثر ابن عباس'' میں، اور میرے رسالے: ''قادیانی وسوسے'' میں ہے)

۳- اور نبی ﷺ نے حضرت زیدؓ کو اپنا بیٹا بنالیا تھا، جبکہ وہ چھوٹے تھے، پس وہ ٹھہرے رہے یہاں تک کہ جوان مرد ہوگئے، ان کو زید بن محمد کہا جاتا تھا، پس یہ آیت نازل ہوئی کہ تم ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کرکے

پکارو، یہ اللہ کے نزدیک انصاف کی بات ہے، اور اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو وہ تمہارے بھائی اور تمہارے آزاد کردہ ہیں ـــــ پس کہو: فلاں: فلاں کا آزاد کردہ ہے، اور فلاں: فلاں کا بھائی ہے ـــــ یہ بات اللہ کے نزدیک راستی کی ہے یعنی اللہ کے نزدیک مبنی بر انصاف ہے (آیت ۵) (یہ حدیث ضعیف ہے، داؤد بن زبرقان متروک (نہایت ضعیف) راوی ہے)

اور یہ حدیث دوسری سند سے بھی آئی ہے، جس میں امام شعبی اور حضرت عائشہؓ کے درمیان حضرت مسروق کا واسطہ بڑھا ہوا ہے، وہ روایت اس طرح ہے: عائشہؓ کہتی ہیں: اگر نبی ﷺ وحی میں سے کچھ بھی چھپاتے تو آپؐ اس آیت کو چھپاتے: ''اور یاد کرو جب آپ کہہ رہے تھے اس شخص سے جس پر اللہ نے انعام کیا، اور جس پر آپؐ نے انعام کیا'' یہ حرف اس کی درازی کے ساتھ روایت نہیں کیا گیا یعنی اس دوسری سند سے روایت بس اتنی ہی ہے، پھر امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس مختصر روایت کو اس کی پوری سند کے ساتھ لکھا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمد کہا کرتے تھے، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: ''تم ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کر کے پکارا کرو، یہ بات اللہ کے نزدیک زیادہ راستی کی بات ہے'' (یہ روایت متفق علیہ ہے)

حدیث (۳): امام شعبی رحمہ اللہ نے ارشادِ باری تعالیٰ: ''محمد (ﷺ) نہیں تھے تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ'' کی تفسیر میں فرمایا: نبی ﷺ کے لئے زندہ نہیں رہتا تھا تم میں سے کوئی مذکر لڑکا (یہ روایت مرسل ہے)

[۳۲۳۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

[۱-] لَوْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَاتِمًا شَيْئًا مِّنَ الْوَحْيِ: لَكَتَمَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَإِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ﴾ يَعْنِيْ بِالإِسْلاَمِ ﴿وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ﴾ يَعْنِيْ بِالْعِتْقِ، فَأَعْتَقْتَهُ ﴿أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ، وَاتَّقِ اللّٰهَ، وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ، وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللّٰهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَاهُ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلاً﴾

[۲-] وَأَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا تزَوَّجَهَا، قَالُوْا: تَزَوَّجَ حَلِيْلَةَ ابْنِهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿مَاكَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ، وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ﴾

[۳-] وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَبَنَّاهُ وَهُوَ صَغِيْرٌ، فَلَبِثَ حَتَّى صَارَ رَجُلاً، يُقَالُ لَهُ: زَيْدُ بْنُ مُحمدٍ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿اُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ، فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوْا آبَاءَ هُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِيْ الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ﴾ فُلاَنٌ مَوْلَى فُلاَنٍ، وَفُلاَنٌ أَخُو فُلاَنٍ﴿ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ يَعْنِيْ أَعْدَلُ عِنْدَ اللّٰهِ.

هٰذَا حديثٌ: قَدْ رُوِىَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِىْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِىِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَوْ كَانَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم كَاتِمًا شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ لَكَتَمَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَإِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِىْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ﴾ هٰذَا الْحَرْفُ لَمْ يُرْوَ بِطُوْلِهِ.

[۳۲۳۲-] حدثنا بِذَلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَضَّاحِ الكُوْفِىُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِىْ هِنْدٍ، ح: وَأَنَا مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، نا ابْنُ أَبِىْ عَدِىٍّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِىْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِىِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَوْ كَانَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم كَاتِمًا شَيْئًا مِنَ الْوَحْيِ لِكَتَمَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَإِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِىْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَنْعَمْتَ عَلَيْهِ﴾ الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۲۳۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: مَا كُنَّا نَدْعُوْ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحمدٍ، حَتَّى نَزَلَ الْقُرْآنُ: ﴿أُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۲۳۴-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ قَزْعَةَ الْبَصْرِىُّ، نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِىْ هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِىِّ، فِىْ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿مَا كَانَ مُحمدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ﴾ قَالَ: مَا كَانَ لِيَعِيْشَ لَهُ فِيْكُمْ وَلَدٌ ذَكَرٌ.

۷-عورتوں کا مردوں کے دوش بدوش تذکرہ

بعض ازواج مطہرات نے کہا کہ قرآن میں اکثر جگہ مردوں ہی کا ذکر ہے، عورتوں کا کہیں تذکرہ نہیں، اسی طرح بعض نیک بخت عورتوں کو خیال ہوا کہ سورۃ الاحزاب کے چوتھے رکوع میں ازواج مطہرات کا ذکر تو آیا، مگر عام عورتوں کا کچھ حال بیان نہیں ہوا، اس پر سورۃ الاحزاب کی (آیت ۳۵) نازل ہوئی، اور اس میں مردوں کے ساتھ عورتوں کا بھی تذکرہ کیا گیا تاکہ ان کو تسلی ہوجائے کہ عورت ہو یا مرد کسی کی محنت اور کمائی اللہ کے یہاں ضائع نہیں جاتی، اور جس طرح مردوں کے لئے روحانی اور اخلاقی ترقی کرنے کے مواقع حاصل ہیں: عورتوں کے لئے بھی یہ میدان کھلا ہوا ہے۔ اور یہ تذکرہ صرف عورتوں کی تسلی کے لئے کیا گیا ہے، ورنہ جو احکام مردوں کے لئے قرآن میں آئے ہیں وہی احکام عموماً عورتوں پر بھی عائد ہوتے ہیں، جداگانہ ان کا نام لینے کی ضرورت نہیں۔ ہاں صنفی احکام عورتوں کے الگ ہیں، اور وہ ان کا نام لے کر بیان کئے گئے ہیں، اور نوعی احکام ایک ہیں، اور ان میں عورتیں مردوں کے تابع ہیں۔

حدیث: ام عمارۃ انصاریہ رضی اللہ عنہا خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئیں، اور عرض کیا: نہیں دیکھتی میں ہر چیز کو مگر مردوں کے لئے یعنی قرآن میں سب جگہ احکام کے بیان میں صرف مردوں کا تذکرہ ہے، اور نہیں دیکھتی میں کہ ذکر کی جاتی ہوں عورتیں کسی چیز کے ساتھ یعنی عورتوں کا تو مردوں کے ساتھ ذکر ہی نہیں آتا (اس کی کیا وجہ ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنی

بندیوں کو کیوں بھول جاتے ہیں!) پس یہ آیت اتری اور اس میں مردوں کے دوش بدوش عورتوں کا بھی ذکر کیا گیا: ''بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں، اور ایماندار مرد اور ایماندار عورتیں'' آخر آیت تک۔

[۳۲۳۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا محمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أُمِّ عُمَارَةَ الْأَنْصَارِيَّةِ: أَنَّهَا أَتَتِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: مَا أَرَى كُلَّ شَيْئٍ إِلَّا لِلرِّجَالِ، وَمَا أَرَى النِّسَاءَ يُذْكَرْنَ بِشَيْئٍ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ الآيَةَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۸- ام المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا امتیاز

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: ''پس جب زید نے اس عورت سے اپنی حاجت پوری کر لی تو ہم نے آپؐ کا اس کے ساتھ نکاح کر دیا'' ......تو حضرت زینب دیگر ازواج پر فخر کیا کرتی تھیں، کہتی تھیں: ''تمہارے نکاح تمہارے اولیاء نے کئے، اور میرا نکاح سات آسمانوں کے اوپر سے اللہ تعالیٰ نے کیا'' (یہ روایت بخاری شریف میں بھی ہے)

تشریح: اس میں روایات مختلف ہیں کہ دنیا میں بھی نکاح ہوا یا نہیں؟ مذکورہ روایت اس پر دلالت کرتی ہے کہ دنیا میں نکاح نہیں ہوا، کیونکہ اگر دنیا میں نکاح ہوا ہوتا تو حضرت زینبؓ کا امتیاز کیا رہتا!......اور دوسری روایت میں حضرت زید بن حارثہؓ کے بدست منگنی بھیجنا مروی ہے، اگر دنیا میں نکاح نہ ہوا ہوتا تو منگنی بھیجنے کی کیا ضرورت تھی؟ اور یہ احتمال کہ نزول وحی سے پہلے منگنی بھیجی ہوگی: صحیح نہیں کیونکہ آپؐ نے یہ نکاح کرنا نزولِ وحی کے بعد ہی طے کیا ہے...... اور اب اس کا قطعی فیصلہ کرنا نہ ممکن ہے، نہ اس کی ضرورت ہے۔

[۳۲۳۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا محمدُ بْنُ الفَضْلِ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الايَةُ فِيْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ: ﴿فَلَمَّا قَضَى زَيْدٌ مِنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنَاكَهَا﴾ قَالَ: فَكَانَتْ تَفْتَخِرُ عَلَى نِسَاءِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، تَقُوْلُ: زَوَّجَكُنَّ أَهْلُوْكُنَّ، وَزَوَّجَنِيَ اللّٰهُ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۹- نبی ﷺ کے لئے حلتِ نکاح کے لئے ہجرت کی شرط

سورۃ الاحزاب (آیت ۵۰) میں نبی ﷺ کے لئے چچا اور پھوپھی کی لڑکیاں، اور ماموں اور خالہ کی لڑکیاں بایں

شرط حلال کی گئی ہیں کہ انھوں نے ہجرت کی ہو، یہ خاص شرط آپ ہی کے لئے تھی، امت کے لئے یہ شرط نہیں، اور غیر خاندان کی عورتوں سے نکاح کے لئے آپ کے لئے بھی یہ شرط نہیں تھی، اور اس شرط کی حکمت کی طرف (آیت ۵۰): ﴿لِكَيْلاَ يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ﴾ میں اشارہ آیا ہے کہ یہ شرط رفع حرج کے لئے ہے، جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

حدیث: حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے پاس نکاح کا پیغام بھیجا، میں نے معذرت کی، آپ نے معذرت قبول فرمالی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آیت: ﴿إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ﴾ نازل فرمائی، پس میں آپ کے لئے حلال نہ رہی، کیونکہ میں نے ہجرت نہیں کی تھی، میں طلقاء میں سے تھی (طلقاء: طلیق کی جمع ہے، اس کے لغوی معنی ہیں: آزاد کردہ، اور اصطلاح میں طلقاء: وہ لوگ ہیں جو فتح مکہ کے دن مسلمان ہوئے، اور ان سے کوئی تعرض نہیں کیا گیا)

تشریح: حضرت ام ہانی بنت ابی طالب: نبی ﷺ کی چچازاد بہن تھیں، آپ نے دومرتبہ ان سے نکاح کرنا چاہا: پہلی مرتبہ: قبل نبوت آپ نے اپنے چچا سے ام ہانی کو چاہا، اور اتفاق سے اسی زمانہ میں هُبَیْرۃ نے بھی چاہا، ابو طالب نے ھبیرۃ سے نکاح کر دیا۔ اور آپ سے معذرت کی کہ ہم ھبیرۃ کے خاندان کی لڑکی لے چکے ہیں، والکریم یکافِئُ الکریم: شریف آدمی شریف آدمی کے احسان کا بدلہ چکاتا ہے..... پھر جب ام ہانی مسلمان ہوئیں اور ھبیرۃ مسلمان نہ ہوا تو دونوں میں تفریق ہوگئی ...... پس نبی ﷺ نے ام ہانی کو دوبارہ چاہا، انھوں نے یہ عذر پیش کیا کہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں، اس لئے مجھے اندیشہ ہے کہ میں آپ کا حق ادا نہ کرسکوں گی، آپ نے ان کی یہ معذرت قبول فرمالی، اس حدیث میں اسی کا تذکرہ ہے..... پھر جب بچے بڑے ہوگئے تو ام ہانی آپ سے نکاح کے لئے تیار ہوگئیں، مگر اب مذکورہ بالا آیت نازل ہو چکی تھی، چنانچہ آپ نے نکاح سے انکار کر دیا، کیونکہ اب وہ آپ کے لئے حلال نہیں رہی تھیں، انھوں نے ہجرت نہیں کی تھی۔

[۳۲۳۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِىْ طَالِبٍ، قَالَتْ: خَطَبَنِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاعْتَذَرْتُ إِلَيْهِ، فَعَذَرَنِىْ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللاَّتِىْ آتَيْتَ أُجُوْرَهُنَّ، وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّا آفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ، وَبَنَاتِ عَمِّكَ، وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ، وَبَنَاتِ خَالِكَ، وَبَنَاتِ خَالاَتِكَ اللاَّتِىْ هَاجَرْنَ مَعَكَ﴾ الآيَةَ، قَالَتْ: فَلَمْ أَكُنْ أَحِلُّ لَهُ، لِأَنِّىْ لَمْ أُهَاجِرْ، كُنْتُ مِنَ الطُّلَقَاءِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ السُّدِّيِّ.

وضاحت: سدی: اسماعیل بن عبدالرحمٰن سدی کبیر ہے، جو معمولی راوی ہے......اور ابو صالح: جو حضرت ام ہانی کا آزاد کردہ ہے، اس کا نام باذام تھا، یہ ضعیف راوی ہے...... آیت کا ترجمہ: اے نبی! ہم نے آپ کے لئے آپ کی وہ

بیویاں حلال کیں جن کو آپؐ ان کے مہر دے چکے ہیں، اور وہ عورتیں بھی جو آپؐ کی مملوکہ ہیں، جو اللہ نے آپؐ کو غنیمت میں دلوائی ہیں، اور آپؐ کے چچا کی بیٹیاں، اور آپؐ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور آپؐ کے ماموں کی بیٹیاں اور آپؐ کی خالاؤں کی بیٹیاں، جنھوں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت کی ہے۔

۱۰- حضرت زینبؓ کے معاملہ میں ایک روایت: جس کا انداز بیان صحیح نہیں

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب حضرت زینب بنت جحش کے معاملہ میں یہ آیت نازل ہوئی: ''اور آپؐ اپنے دل میں وہ بات چھپاتے تھے جس کو اللہ تعالیٰ ظاہر کرنے والے تھے'' تو زید شکایت کرنے آئے، پس انھوں نے زینب کو طلاق دینے کا ارادہ کیا، پس انھوں نے نبی ﷺ سے مشورہ کیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اپنے پاس اپنی بیوی کو روکے رکھو، اور اللہ سے ڈرو''

تشریح: یہ انداز بیان صحیح نہیں، لَمَّا کی جزاء جوجاء زید کو بنایا ہے: یہ درست نہیں، یہ اندازِ بیان غلط فہمی پیدا کرنے والا ہے، صحیح انداز بیان بخاری شریف میں ہے، بخاری شریف میں یہ حدیث حماد بن زید کی سند سے دو جگہ آئی ہے:

پہلی جگہ: (حدیث ۴۷۸۷) حماد بن زید کے شاگرد معلّٰی بن منصور کی روایت ہے، جو بہت مختصر ہے: عن أنس بن مالك رضی الله عنه: أن هذه الآية: ﴿وَتُخْفِي فِيْ نَفْسِكَ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ﴾: نزلت فی شأن زینب ابنة جحش وزید بن حارثه (بس اتنی ہی روایت ہے)

دوسری جگہ: (حدیث ۷۴۲۰) حماد بن زید کے شاگرد محمد مقدمی کی روایت ہے، جو مفصل ہے: عن أنس، قال: جاء زید بن حارثة یشکو، فجعل النبی صلی الله علیه وسلم یقول: " اتق الله، وأمسك علیك زوجك" قال أنس: لو كان رسول الله صلی الله علیه وسلم كَاتِمًا شیئًا لَكَتَمَ هذه، فكانت زینب تفخر علی أزواج النبی صلی الله علیه وسلم ، تقول: " زَوَّجَكُنَّ أهالیكُنَّ، وزَوَّجَنِیْ اللّٰهُ تعالی من فوق سبع سماوات!" وعن ثابت: ﴿وَتُخْفِي فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ، وَتَخْشَى النَّاسَ﴾: نزلت فی شأن زینب وزید بن حارثة.

ان روایات سے معلوم ہوا کہ یہ دونوں مضمون علاحدہ علاحدہ ہیں، اور ترمذی کی روایت میں جو دونوں کو ملا کر شرط و جزاء بنایا ہے: یہ انداز بیان صحیح نہیں، اس سے غلط فہمی پیدا ہوسکتی ہے، بلکہ ہوئی۔

[۳۲۳۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَتُخْفِي فِيْ نَفْسِكَ مَااللّٰهُ مُبْدِيْهِ﴾ فِيْ شَأْنِ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ: جَاءَ زَيْدٌ يَشْكُوْ، فَهَمَّ بِطَلَاقِهَا، فَاسْتَأْمَرَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: ﴿أَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۱-آیتِ کریمہ: ﴿لَایَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ﴾ منسوخ ہے یا نہیں؟

سورۃ الاحزاب میں تین آیتیں (۵۰-۵۲) نبی ﷺ کے تعلق سے نازل ہوئی ہیں، ان میں یہ مضمون ہے کہ آپؐ کے لئے کن عورتوں سے نکاح جائز ہے اور کن عورتوں سے نکاح جائز نہیں؟ ان میں سے آخری آیت: ﴿لَایَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ﴾ میں اختلاف ہوا ہے کہ وہ منسوخ ہے یا نہیں؟ حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما کی رائے یہ تھی کہ یہ آیت منسوخ ہے، حضرت عائشہ کی روایت ترمذی میں ہے، فرماتی ہیں: ''رسول اللہ ﷺ کی وفات نہیں ہوئی یہاں تک کہ آپؐ کے لئے سب عورتیں حلال کردی گئیں'' (یہ حدیث مسند احمد اور نسائی میں بھی ہے، اور صحیح ہے) اور ام سلمہؓ کی حدیث ابن ابی حاتم نے روایت کی ہے: قالت: لم يَمُتْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حتى أحل الله له أن يتزوج من النساء ماشاء، إلا ذات محرم، وذلك قول الله تعالىٰ: ﴿تُرْجِىْ مَنْ شَاءُ مِنْهُنَّ﴾ الآية (تحفة الأحوذی ۴: ۱۶۷) یعنی ناسخ آیتِ کریمہ: ﴿تُرْجِىْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ﴾ ہے، جو تلاوت میں مقدم ہے، جیسے شوہر کی وفات کے بعد عدت کے سلسلہ کی ناسخ آیت (سورۃ البقرۃ آیت ۲۳۴) تلاوت میں مقدم ہے، اور منسوخ آیت (سورۃ البقرۃ آیت ۲۴۰) تلاوت میں مؤخر ہے، اسی طرح یہاں بھی ناسخ آیت تلاوت میں مقدم ہے، اور منسوخ آیت مؤخر، اور اس صورت میں ﴿مِنْ بَعْدُ﴾ کا مضاف الیہ التِسْعُ اللاتی اخترنك محذوف منوی ہوگا، یعنی آیت تخییر نازل ہونے کے بعد جن نو ازواج نے آپؐ کو اختیار کیا ہے وہی آپؐ کے لئے حلال ہیں، ان کے علاوہ عورتیں آپؐ کے لئے حلال نہیں، تفسیر جلالین میں یہی تقدیر عبارت نکالی گئی ہے، پس لامحالہ یہ آیت منسوخ ہوگی۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی رائے یہ تھی کہ یہ آیت منسوخ نہیں، ان کے نزدیک ﴿مِنْ بَعْدُ﴾ کا مضاف الیہ الأصنافُ الأربعةُ المذكورةُ فی الآية الخمسين ہے یعنی: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ الّٰتِىْ آتَيْتَ أُجُوْرَهُنَّ﴾ الآیۃ میں جن چار قسم کی عورتوں کی حلت کا بیان ہے ان کے علاوہ عورتیں آپؐ کے لئے حلال نہیں، اور اس تقدیر پر آیت کو منسوخ ماننے کی ضرورت نہیں، اور آیت: ﴿تُرْجِىْ﴾ باری مقرر کرنے کے سلسلہ میں ہے، اس مسئلہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

اس مضمون کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے پہلے تینوں آیتوں کو پیش نظر لانا ضروری ہے:

سب سے پہلے آیت (۵۰) لیں، اس میں نبی ﷺ کے تعلق سے چار خاص احکام دیئے گئے ہیں:

پہلا حکم: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِیُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ الّٰتِىْ آتَيْتَ أُجُوْرَهُنَّ﴾: اے پیغمبر! ہم نے آپؐ کے لئے آپؐ کی وہ بیویاں حلال کیں جن کو آپؐ نے ان کے مہر دیدیئے...... جس وقت یہ آیت نازل ہوئی اس وقت آپؐ کے نکاح میں چار سے زیادہ بیویاں موجود تھیں، جبکہ عام مسلمانوں کے لئے چار ہی عورتیں جمع کرنا جائز ہے، مگر یہ آپؐ کی

خصوصیت ہے کہ چار سے زیادہ عورتیں نکاح میں جمع کرنا آپؐ کے لئے حلال کیا گیا۔

دوسرا حکم: ﴿وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ﴾: اور وہ عورتیں جو آپؐ کی مملوکہ ہیں، جن کو اللہ نے آپؐ پر لوٹایا ہے یعنی باندیاں آپؐ کے لئے حلال کی گئی ہیں، مگر خریدی ہوئی نہیں، بلکہ مالِ غنیمت یا مال فئ میں حاصل شدہ جیسے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو خیبر کی غنیمت سے آپؐ نے لیا، پھر ان کو آزاد کر کے نکاح کر لیا، اور بادشاہ روم مقوقس نے حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا کو بطور ہدیہ بھیجا، اور آپؐ نے ان کو سُرِّيَّة بنایا، کیونکہ یہ مال فئ میں حاصل ہوئی تھیں، فئ: وہ مال ہے جو کفار سے بطور مصالحت حاصل ہو، اور ہدیہ بھی اسی باب سے ہے۔

تیسرا حکم: ﴿وَبَنَاتِ عَمِّكَ، وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ، وَبَنَاتِ خَالِكَ، وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ﴾: آپؐ کے چچا کی، پھوپھیوں کی، ماموں کی اور خالاؤں کی وہ بیٹیاں حلال کی گئیں جنھوں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت کی ہے یعنی ددھیالی اور ننھیالی عورتیں بھی حلال کی گئیں، مگر اس شرط کے ساتھ کہ انھوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کی ہو، پس غیر مہاجرات حلال نہیں، جیسا کہ ام ہانی کی روایت (۳۲۴۷) میں ابھی گذرا۔

چوتھا حکم: ﴿وَامْرَأَةً مُّؤْمِنَةً، إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ، إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا﴾: اور کوئی بھی مسلمان عورت: اگر وہ اپنا نفس نبی کو ہبہ کر دے، اگر نبی ﷺ اس سے نکاح کرنا چاہیں تو وہ بھی حلال ہے یعنی بغیر مہر کے آپؐ اس سے نکاح کر سکتے ہیں۔

اس کے بعد چاروں احکام سے متعلق ارشاد ہے: ﴿خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾: یہ چاروں احکام آپؐ کے لئے مخصوص ہیں، مؤمنین کے لئے یہ احکام نہیں ہیں: ﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْ أَزْوَاجِهِمْ، وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ﴾: ہم جانتے ہیں وہ احکام جو ہم نے ان پر ان کی بیویوں اور ان کی باندیوں کے سلسلہ میں مقرر کئے ہیں، یعنی امت ایک ساتھ چار ہی بیویاں کر سکتی ہے، اور ددھیالی اور ننھیالی عورتوں سے نکاح کرنے کے لئے ہجرت کی شرط نہیں، اور بغیر مہر کے نکاح درست نہیں، اور خرید کر بھی باندیوں کو سُرِّيَّة بنایا جا سکتا ہے...... پھر مذکورہ بالا چاروں احکام کی حکمت بیان فرمائی ہے: ﴿لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ﴾: تاکہ آپؐ پر کسی قسم کی تنگی نہ ہو...... سوال: مذکورہ احکام میں قیود و شروط بڑھانے سے تو تنگی ہوگی، سہولت کیا ہوگی؟...... جواب: ان قیود و شروط سے روحانی پریشانی اور تنگ دلی رفع کرنا مقصود ہے، اور یہ بھی ایک طرح کی سہولت ہے...... چار سے زیادہ بیویوں سے نکاح کی اجازت دینے میں رفع حرج تو ظاہر ہے...... اور خریدی ہوئی باندیوں کی بھیڑ جمع کرنے کی اجازت نہ دینے میں بھی رفع حرج مقصود ہے، کیونکہ باندیوں کا ٹولہ آدمی کو نہ دین کا رکھتا ہے نہ دنیا کا، ہر وقت ایک سے بڑھ کر ایک دل لبھاتی ہے اور آدمی ان کی گود سے نہیں نکلتا...... اور خاندانی عورتوں کی حلت کے لئے ہجرت کی شرط اس لئے لگائی ہے کہ ان کو خاندانی ہونے پر ناز اور فخر ہوتا ہے، حضرت زینب بنت جحشؓ جو آپؐ کی پھوپھی زاد بہن تھیں: دیگر ازواج پر اپنی رشتہ داری کی بنا پر فخر کیا

کرتی تھیں، بلکہ کبھی آپؐ کے سامنے بھی اس کا اظہار کرتی تھیں، اس لئے اس کا علاج ہجرت کی شرط سے کیا، ہجرت وہی عورت کرتی ہے جس کو اسلام سے اور اللہ اور اس کے رسول سے بے پناہ محبت ہوتی ہے، اور وہ دین کے لئے ہر طرح کی تکلیفیں جھیل چکی ہوتی ہے، پس وہ نبی کے گھر میں آکر سکون کا باعث ہوگی، مزید کسی پریشانی کا سبب نہیں بنے گی......اور آخری حکم میں رفع حرج کا پہلو واضح ہے۔

پھر دوسری آیت شروع ہوتی ہے: ﴿تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ، وَتُؤْوِی إِلَیْكَ مَنْ تَشَآءُ﴾: آپؐ مؤخر کردیں ان میں سے جس کو چاہیں، اور اپنے پاس ٹھہرائیں جس کو چاہیں (إرجاء: مؤخر کرنا، پیچھے ہٹانا......إیواء: اپنے پاس ٹھہرانا، پناہ دینا)

اس آیت کے سمجھنے میں اختلاف ہوا ہے: ایک رائے میں اس کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ پر ازواج کے سلسلہ میں باری مقرر کرنا واجب نہیں، بلکہ کسی کو باری سے نکال دینا بھی جائز ہے، چنانچہ آپؐ نے حضرت سودہ رضی اللہ عنہا کو باری سے مستثنیٰ کردیا تھا......اور دوسری رائے میں اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ جس کو چاہیں نکاح سے مؤخر کردیں یعنی طلاق دیدیں، اور جس کو چاہیں اپنے پاس ٹھکانہ دیں، یعنی اس سے نکاح کرلیں، پس تمام عورتوں سے نکاح کرنا آپؐ کے لئے حلال ہوگیا، اور آئندہ آیت منسوخ ہوگئی......لیکن سیاق کلام اس پر دلالت کرتا ہے کہ پہلی رائے صحیح ہے، فرمایا: ﴿وَمَنِ ابْتَغَیْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَاجُنَاحَ عَلَیْكَ﴾: اور جس کو آپؐ ان عورتوں میں سے چاہیں جن کو آپؐ نے علاحدہ کردیا ہے تو بھی آپؐ پر کوئی گناہ نہیں، یعنی جس کو باری سے نکال دیا ہے: اس کے پاس شب باشی کریں تو اس میں بھی کچھ گناہ نہیں، کیونکہ باری سے نکالنے سے وہ مطلقہ نہیں ہوجاتی، بدستور بیوی رہتی ہے۔

پھر اس حکم کی حکمت بیان کی ہے کہ باری مقرر کرنا آپؐ پر واجب کیوں نہیں؟ فرمایا: ﴿ذٰلِكَ أَدْنٰی أَنْ تَقَرَّ أَعْیُنُهُنَّ، وَلَا یَحْزَنَّ، وَیَرْضَیْنَ بِمَا آتَیْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ﴾: یہ بات اس سے قریب تر ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں، اور وہ آزردہ خاطر نہ ہوں، اور جو کچھ بھی آپؐ ان کو دیدیں اس پر وہ سب کی سب خوش رہیں (کیونکہ ناراضگی کا سبب استحقاق ہوتا ہے، جب آدمی اپنا حق سمجھتا ہے، پھر وہ نہیں ملتا تو رنج ہوتا ہے، اس لئے جب باری کا استحقاق ختم کردیا تو اب جو کچھ بھی ازواج کو مل جائے گا: وہ اس کو آپؐ کی مہربانی سمجھیں گی، اور اس پر خوش رہیں گی۔

اس کے بعد تیسری آیت ہے: ﴿لَایَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ، وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ، وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ، إِلَّا مَا مَلَكَتْ یَمِیْنُكَ﴾: آپؐ کے لئے حلال نہیں ان کے علاوہ عورتیں (یعنی نو بیویوں کے علاوہ عورتیں یا آیت ۵۰ میں مذکور چار قسم کی عورتوں کے علاوہ عورتیں) اور نہ یہ بات حلال ہے کہ آپ ان بیویوں کی جگہ دوسری بیویاں کرلیں، اگرچہ آپؐ کو ان (دوسریوں) کا حسن بھلا لگے، البتہ جو آپؐ کی مملوکہ ہیں وہ مستثنیٰ ہیں (ان میں تبدیلی بھی جائز ہے اور اضافہ بھی، اور مما أفاء الله علیك کی قید یہاں بھی ملحوظ ہے)

فائدہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب ازواج مطہرات نے آپؐ کو اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ صلہ دیا کہ آپ ﷺ کو ان نو ازواج کے لئے خاص کر دیا، اب آپؐ کے لئے ان کے سوا کسی سے نکاح جائز نہیں رہا (رواہ البیہقی فی سننہ) اس روایت سے اس تقدیر کی تائید ہوتی ہے جو حضرت عائشہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے اختیار کی ہے۔ البتہ اس صورت میں سوال ہوگا کہ منسوخ آیت کو بعد میں کیوں لایا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ آیت میں جو امتنان کا پہلو ہے وہ منسوخ نہیں ہوا، اور اس کا سابقہ آیت سے تعلق ہے، اس لئے ناسخ آیت کو پہلے لایا گیا اور منسوخ آیت کو آخر میں لایا گیا...... مگر یہ تقدیر ﴿تُرْجِی﴾ کی اوپر جو تفسیر کی گئی ہے: اس کے منافی ہے، کیونکہ جب گذشتہ آیت میں آپؐ کو اختیار دیا گیا کہ جسے چاہیں طلاق دیدیں، اور جس سے چاہیں نکاح کرلیں تو تخصیص کا فائدہ کیا ہوا؟ یہ تو الٹا ازواج کا نقصان ہوا! پس بہتر تقدیر وہ ہے جو ابن عباسؓ کے قول پر نکالی گئی ہے۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: نبی ﷺ روکے گئے مختلف قسم کی عورتوں سے، مگر ہجرت کرنے والی مسلمان عورتیں مستثنیٰ ہیں (ان سے آپؐ نکاح کرسکتے ہیں، اور یہ اصنافِ اربعہ میں سے پہلی صنف کا بیان ہے، جس کا تذکرہ پہلے آیت ۵۰ میں آگیا ہے) پھر ابن عباسؓ نے یہ آیت پڑھی: ''آپؐ کے لئے حلال نہیں ان کے علاوہ یعنی اصناف اربعہ کے علاوہ عورتیں، اور نہ یہ بات حلال ہے کہ آپؐ ان بیویوں کی جگہ دوسری بیویاں کرلیں، اگرچہ آپؐ کو ان (دوسریوں) کا حسن بھلا لگے، البتہ وہ عورتیں جو آپؐ کی مملوکہ ہیں وہ مستثنیٰ ہیں'' پس اللہ نے (آپ کے لئے) مسلمان باندیوں کو حلال کیا (کتابی عورت اور کتابی باندی آپؐ کے لئے حلال نہیں تھی، جیسا کہ آگے آرہا ہے، اور یہ دوسری صنف ہوئی) اور مسلمان عورت کو حلال کیا، اگر وہ اپنا نفس نبی ﷺ کو بخش دے (یہ تیسری صنف ہوئی) اور حرام کردیا اسلام کے علاوہ کوئی بھی دین رکھنے والی عورت کو (یہ درمیان میں فائدہ ہے) پھر ابن عباسؓ نے یہ آیت پڑھی: ''اور جو ایمان لانے سے انکار کرے تو یقیناً اس کے اعمال اکارت گئے، اور وہ آخرت میں گھاٹا پانے والوں میں سے ہے'' (یہ سورۃ المائدہ کی آیت ۵ ہے، اس میں امت کو کتابی عورتوں سے نکاح کرنے کی اجازت دی ہے، مگر آخر میں اس کی ناپسندیدگی کی طرف اشارہ کیا ہے کہ ایسی عورت سے نکاح کرنے سے کیا فائدہ، وہ دنیا میں تو رفیقِ حیات بنے گی، مگر آخرت میں وہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں جائے گی، پس مسلمان کو چاہئے کہ مسلمان عورت سے نکاح کرے، تاکہ وہ دنیا و آخرت میں ساتھ رہے، پس جب کتابی عورت سے نکاح امت کے لئے بھی ناپسندیدہ ہے تو ایسی عورت سے آپؐ کا نکاح کرنا حرام ہے) پھر ابن عباسؓ نے (آیت ۵۰) پڑھی، جس میں چاروں اصناف کا بیان ہے، پھر فرمایا: ''اور حرام کردی اللہ نے ان کے علاوہ عورتوں کی اصناف کو'' (پس یہی چار قسمیں حلال رہیں، اور وہی ﴿مِنْ بَعْدُ﴾ کا مضاف الیہ منوی ہیں، ان کے علاوہ دوسری کوئی عورت حلال نہیں) (دوسری حدیث کا ترجمہ اوپر آگیا ہے)

[۳۲۳۹-] حدثنا عَبْدٌ، نا رَوْحٌ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: نُهِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ أَصْنَافِ النِّسَاءِ، إِلَّا مَا كَانَ مِنَ الْمُؤْمِنَاتِ الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَ: ﴿لَايَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ، وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ، وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ، إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ﴾ فَأَحَلَّ اللّٰهُ فَتَيَاتِكُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ﴿وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ﴾ وَحَرَّمَ كُلَّ ذَاتِ دِيْنٍ غَيْرَ الإِسْلَامِ، ثُمَّ قَالَ: ﴿وَمَنْ يَكْفُرْ بِالإِيْمَانِ، فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهُ، وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾ وَقَالَ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ! إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِيْ آتَيْتَ أُجُوْرَهُنَّ، وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ، مِمَّا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ وَحَرَّمَ مَاسِوَى ذٰلِكَ مِنْ أَصْنَافِ النِّسَاءِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامٍ، سَمِعْتُ أَحْمَدَ بْنَ الْحَسَنِ، يَذْكُرُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: لَابَأْسَ بِحَدِيْثِ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ بَهْرَامٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ.

[۳۲۴۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عَطَاءٍ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: مَامَاتَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى أُحِلَّ لَهُ النِّسَاءُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۲- اسلامی معاشرت کے چند آداب واحکام

سورۃ الاحزاب (آیت ۵۳) میں اسلامی معاشرت کے چند آداب واحکام بیان ہوئے ہیں، فرمایا: ''اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل مت ہوؤ، مگر یہ کہ تم کو کھانے کے لئے اجازت دی جائے، نہ انتظار کرنے والے ہوؤ تم اس کے پکنے کا یعنی بے اجازت تو جاؤ مت، اور دعوت ہو تب بھی بہت پہلے سے نہ پہنچ جاؤ، بلکہ جب تمہیں بلایا جائے تب جاؤ یعنی دعوت کا جو وقت دیا جائے اس وقت پر پہنچو، پھر جب کھانا کھا چکو تو منتشر ہو جاؤ، اور باتوں میں جی لگا کر بیٹھے نہ رہو، اس سے نبی ﷺ کو تکلیف پہنچتی ہے، پس وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ صاف بات کہنے میں کسی کا لحاظ نہیں کرتے''

اس آیت میں تین آداب واحکام ہیں: ۱- بغیر اجازت کے کسی کے گھر میں نہ جانا۔ ۲- دعوت ہو تب بھی وقت سے پہلے نہ پہنچ جانا۔ ۳- کھانے سے فارغ ہو کر منتشر ہو جانا، تاکہ اہل خانہ آرام کر سکیں اور گھر والے کھانا کھا سکیں۔

اس آیت کے شانِ نزول کے سلسلہ کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تین روایتیں ذکر کی ہیں:

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی اپنی بیویوں میں سے ایک بیوی کے ساتھ رخصتی عمل میں آئی (یہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کی رخصتی کا واقعہ ہے) پس آپؐ نے مجھے بھیجا، میں نے لوگوں

کوکھانے کے لئے بلایا، پس جب وہ کھا چکے اور نکل گئے تو رسول اللہ ﷺ اٹھ کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر کی طرف چلے، پس دو شخصوں کو بیٹھا ہوا دیکھا یعنی حضرت زینبؓ کے کمرے میں دو شخص بیٹھے تھے، پس آپؐ لوٹ کر واپس آئے، پس وہ دونوں شخص اٹھے، اور نکل گئے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی، اور حدیث میں لمبا مضمون ہے۔

حدیث (۲): اشہل کہتے ہیں: ہم سے عبداللہ بن عون نے عمرو بن سعید سے روایت کرتے ہوئے یہ حدیث بیان کی (ابنُ عون: مبتدا اور حدثناہ خبر ہے) وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، انھوں نے کہا: میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، آپؐ ایک بیوی صاحبہ کے دروازے پر آئے جس کے ساتھ زفاف عمل میں آیا تھا، پس اچانک اس عورت کے پاس کچھ لوگ تھے، پس آپؐ چلے اور اپنی حاجت پوری کی، پس آپؐ روک لئے گئے، پھر آپؐ لوٹے، اور اس عورت کے پاس کچھ لوگ تھے، پس آپ چلے اور اپنی حاجت پوری کی، پس لوٹے درانحالیکہ وہ لوگ نکل چکے تھے۔ انسؓ کہتے ہیں: پس آپ داخل ہوئے، اور میرے اور اپنے درمیان پردہ چھوڑ دیا۔ انسؓ کہتے ہیں: پس میں نے اس کا ابو طلحہؓ سے ذکر کیا، انسؓ کہتے ہیں: پس ابوطلحہؓ نے کہا: اگر ایسا ہوا ہے جیسا تم بیان کرتے ہو تو ضرور اس معاملہ میں کوئی وحی اترے گی، انسؓ کہتے ہیں: پس پردہ کی آیت نازل ہوئی (حجاب کی آیتیں یہاں سے شروع ہوتی ہیں)

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے نکاح کیا، پس آپؐ نے اپنی بیوی کے ساتھ زفاف فرمایا، انسؓ کہتے ہیں: پس میری والدہ ام سلیمؓ نے ملیدہ تیار کیا (الحَیْس: کھجور، پنیر (یا ستّو) اور گھی ملا کر بنایا ہوا کھانا) پس اس کو ایک بڑے برتن میں گردانا، پس انھوں نے کہا: انس! اس کو نبی ﷺ کے پاس لے جا، اور آپؐ سے کہہ: ''یہ میری امی نے آپؐ کے پاس بھیجا ہے، اور وہ آپؐ کو سلام کہتی ہیں، اور کہتی ہیں کہ یہ ہماری طرف سے آپؐ کے لئے ایک معمولی چیز ہے، اے اللہ کے رسول!'' انسؓ کہتے ہیں: پس میں اس کو نبی ﷺ کے پاس لے گیا، اور میں نے کہا: ''میری امی آپؐ کو سلام کہتی ہیں، اور کہتی ہیں: یہ آپؐ کے لئے ہماری طرف سے معمولی چیز ہے'' پس آپؐ نے فرمایا: ''اس کو رکھ دو'' پھر فرمایا: میرے لئے فلاں، فلاں اور فلاں کو اور جس سے تمہاری ملاقات ہو بلا لاؤ، اور آپؐ نے چند آدمیوں کے نام لئے۔ انسؓ کہتے ہیں: پس میں نے ان لوگوں کو بلایا جن کا آپؐ نے نام لیا تھا، اور جس سے میری ملاقات ہوئی ...... جعد راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا: ان لوگوں کی تعداد کیا تھی؟ انھوں نے کہا: تقریباً تین سو، انسؓ کہتے ہیں: اور مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے انس! وہ بڑا برتن لاؤ'' انسؓ کہتے ہیں: پس لوگ داخل ہوئے یہاں تک کہ چبوترہ اور کمرہ بھر گیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''چاہئے کہ دس دس آدمی حلقہ بنالیں، اور چاہئے کہ ہر شخص اپنے سامنے سے کھائے'' آپؐ نے فرمایا: ''کھاؤ'' یہاں تک کہ سب شکم سیر ہو گئے، انسؓ کہتے ہیں: پس ایک جماعت نکل گئی، اور دوسری آئی، یہاں تک کہ سب نے کھا لیا، انسؓ کہتے ہیں: پس مجھ سے نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے انس! اٹھالو'' پس میں نے وہ بڑا برتن اٹھالیا، پس میں نہیں جانتا کہ جب میں نے رکھا تھا اس وقت زیادہ

تھا یا جب میں نے اٹھایا؟......انسؓ کہتے ہیں: اوران میں سے کچھ لوگ نبی ﷺ کے گھر میں بیٹھے ہوئے باتیں کرتے رہے، اوررسول اللہ ﷺ بیٹھے ہوئے تھے، اورآپؐ کی اہلیہ صاحبہ دیوار کی طرف اپنا منہ کئے ہوئے تھیں، پس لوگ نبی ﷺ پر بھاری ہوگئے، پس نبی ﷺ نکلے، اورآپؐ نے اپنی بیویوں کو سلام کیا، پھر آپؐ لوٹے، پس جب ان لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ لوٹ آئے ہیں تو انھوں نے گمان کیا کہ وہ نبی ﷺ پر بوجھ بن گئے ہیں تو انھوں نے دروازے کی طرف سبقت کی اور وہ سارے نکل گئے، اور نبی ﷺ آئے یہاں تک کہ آپؐ نے پردہ لٹکا دیا، اورآپؐ اندر تشریف لے گئے، اور میں کمرے میں بیٹھا ہوا تھا، پس آپؐ نہیں ٹھہرے مگر تھوڑی دیر، یہاں تک کہ آپؐ میری طرف نکلے، اور یہ آیتیں اتاری گئیں، پس آپؐ نکلے، اوران کو لوگوں کے سامنے پڑھا: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ، وَلٰكِنْ إِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا، فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا، وَلَا مُسْتَأْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ، إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ﴾......جعد کہتے ہیں: حضرت انسؓ نے کہا: ''میں لوگوں میں ان آیات کے ساتھ سب سے زیادہ قریب زمانہ والا ہوں'' یعنی نزولِ آیات کے وقت میں نبی ﷺ کے پاس حاضر تھا اور کوئی وہاں موجود نہیں تھا۔ اور نبی ﷺ کی ازواج پردے میں کردی گئیں یعنی ان آیات کے نزول پر ازواج مطہرات نے پردہ شروع کردیا۔

تشریح: حضرت زینبؓ کے ولیمہ کا اور نزولِ حجاب کا یہ واقعہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مختلف طرح سے مروی ہے، کیونکہ جب کوئی واقعہ بار بار بیان کیا جاتا ہے اور روایت بالمعنی ہو تو بعض معمولی باتوں میں تقدیم وتاخیر اور تبدیلی ہوجاتی ہے۔ ان تمام روایات کا خلاصہ یہ ہے:

حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے ولیمہ میں آپؐ نے ایک بکری ذبح کی تھی اور حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے بھی ملیدہ بنا کر بھیجا تھا، یہ گویا اس دعوت کا ''میٹھا'' تھا۔ ان دونوں کھانوں میں برکت ہوئی، تقریباً تین سو آدمیوں نے ان کو شکم سیر ہوکر کھایا، پھر جب لوگ کھانے سے فارغ ہوگئے تو چلے گئے، مگر چند صحابہ بیٹھے ہوئے باتیں کرتے رہے، آپؐ تنہائی چاہتے تھے اور یہ لوگ اٹھتے نہیں تھے، چنانچہ آپؐ خود اٹھ کر گھر سے نکل گئے، اور دیگر ازواج کو سلام کرنے کے لئے تشریف لے گئے، اور مقصد یہ تھا کہ جب صاحبِ خانہ گھر سے نکل جائے گا تو وہ لوگ اٹھ جائیں گے، مگر ان کو احساس نہ ہوا، آپ سب ازواج کے یہاں ہوکر لوٹے تو بھی وہ لوگ بیٹھے ہوئے باتیں کررہے تھے، آپؐ گھر آکر پھر لوٹ گئے، جب دوسری مرتبہ لوٹے تو ان لوگوں کو احساس ہوا، اور وہ جلدی سے گھر سے نکل گئے، آپؐ گھر میں داخل ہوئے اور پردہ چھوڑ دیا یعنی تنہائی کرلی، اندر یہ آیتیں نازل ہوئیں، اور آپؐ نے باہر آکر لوگوں کو یہ آیتیں سنائیں۔

[٣٢٤١-] حدثنا عُمَرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَنَى رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم بِامْرَأَةٍ مِنْ نِسَائِهِ، فَأَرْسَلَنِيْ، فَدَعَوْتُ قَوْمًا إِلَى الطَّعَامِ،

فَلَمَّا أَكَلُوْا وَخَرَجُوْا، قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْطَلِقًا قِبَلَ بَيْتِ عَائِشَةَ، فَرَآى رَجُلَيْنِ جَالِسَيْنِ، فَانْصَرَفَ رَاجِعًا، فَقَامَ الرَّجُلَانِ، فَخَرَجَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلَّا أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ﴾ وفى الحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ بَيَانٍ، وَرَوَى ثَابتٌ، عَنْ أَنَسٍ هٰذَا الحديثَ بِطُوْلِهِ.

[۳۲۴۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ المُثَنَّى، نَا أَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ، قَالَ: ابْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَاهُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَتَى بَابَ امْرَأَةٍ عَرَّسَ بِهَا، فَإِذَا عِنْدَهَا قَوْمٌ، فَانْطَلَقَ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، فَاحْتُبِسَ، ثُمَّ رَجَعَ، وَعِنْدَهَا قَوْمٌ، فَانْطَلَقَ فَقَضَى حَاجَتَهُ، فَرَجَعَ، وَقَدْ خَرَجُوْا، قَالَ: فَدَخَلَ، وَأَرْخَى بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ سِتْرًا، قَالَ: فَذَكَرْتُهُ لِأَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: فَقَالَ: لَئِنْ كَانَ كَمَا تَقُوْلُ لَيُنْزِلَنَّ فِيْ هٰذَا شَيْئٌ، قَالَ: فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الوَجْهِ، وَعَمْرُو بْنُ سَعِيْدٍ: يُقَالُ لَهُ الأَصْلَعُ.

[۳۲۴۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنِ الْجَعْدِ: أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: تَزَوَّجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ بِأَهْلِهِ، قَالَ: فَصَنَعَتْ أُمِّيْ أُمُّ سُلَيْمٍ حَيْسًا، فَجَعَلَتْهُ فِيْ تَوْرٍ، فَقَالَتْ: يَا أَنَسُ! اذْهَبْ بِهٰذَا إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْ لَهُ: بَعَثَتْ بِهٰذَا إِلَيْكَ أُمِّيْ، وَهِيَ تُقْرِؤُكَ السَّلَامَ، وَتَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا لَكَ مِنَّا قَلِيْلٌ، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: إِنَّ أُمِّيْ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَتَقُوْلُ: إِنَّ هٰذَا مِنَّالَكَ قَلِيْلٌ! فَقَالَ: "ضَعْهُ"، ثُمَّ قَالَ: "اذْهَبْ، فَادْعُ لِيْ فُلَانًا، وَفُلَانًا، وَفُلَانًا، وَمَنْ لَقِيْتَ" وَسَمَّى رِجَالاً، قَالَ: فَدَعَوْتُ مَنْ سَمَّى، وَمَنْ لَقِيْتُ.

قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: عَدَدُ كَمْ كَانُوْا؟ قَالَ: زَهَاءُ ثَلَاثِمِائَةٍ، قَالَ: وَقَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَا أَنَسُ! هَاتِ بِالتَّوْرِ، قَالَ: فَدَخَلُوْا حَتَّى امْتَلَأَتِ الصُّفَّةُ وَالْحُجْرَةُ، فَقَالَ: رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: لِيَتَحَلَّقْ عَشْرَةٌ عَشْرَةٌ، وَلْيَأْكُلْ كُلُّ إِنْسَانٍ مِمَّا يَلِيْهِ، قَالَ: فَأَكَلُوْا، حَتَّى شَبِعُوْا.

قَالَ: فَخَرَجَتْ طَائِفَةٌ، وَدَخَلَتْ طَائِفَةٌ، حَتَّى أَكَلُوْا كُلُّهُمْ، قَالَ: فَقَالَ لِيْ: يَا أَنَسُ! ارْفَعْ، قَالَ: فَرَفَعْتُ، فَمَا أَدْرِيْ حِيْنَ وَضَعْتُ كَانَ أَكْثَرَ أَمْ حِيْنَ رَفَعْتُ؟

قَالَ: وَجَلَسَ طَوَائِفُ مِنْهُمْ، يَتَحَدَّثُوْنَ فِيْ بَيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ، وَزَوْجَتُهُ مُوَلِّيَةٌ وَجْهَهَا إِلَى الْحَائِطِ، فَثَقُلُوْا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَخَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَلَّمَ عَلَى نِسَائِهِ، ثُمَّ رَجَعَ، فَلَمَّا رَأَوْا رسولَ اللّٰهِ

صلى الله عليه وسلم قَدْ رَجَعَ، ظَنُّوْا أَنَّهُم قَدْ ثَقُلُوْا عَلَيْهِ، فَابْتَدَرُوْا الْبَابَ، فَخَرَجُوْا كُلُّهُم، وَجَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى أَرْخَى السِّتْرَ، وَدَخَلَ، وَأَنَا جَالِسٌ فِي الْحِجْرَةِ، فَلَمْ يَلْبَثْ إلاَّ يَسِيْرًا حَتّٰى خَرَجَ عَلَيَّ، وَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَاتُ، فَخَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله لعيه وسلم فَقَرَأَهُنَّ عَلَى النَّاسِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ إِلاَّ أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَى طَعَامٍ غَيْرَ نَاظِرِيْنَ إِنَاهُ، وَلٰكِنْ إِذَادُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا، فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا، وَلاَ مُسْتَأْنِسِينَ لِحَدِيْثٍ، إِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى النَّبِيَّ﴾ إِلى آخِرِ الآيَةِ.

قَالَ الجَعْدُ: قَالَ أَنَس: أَنَا أَحْدَثُ النَّاسِ عَهْدًا بِهٰذِهِ الآيَاتِ، وَحُجِبْنَ نِسَاءُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْجَعْدُ: هُوَ ابْنُ عُثْمَانَ، وَيُقَالُ: هُوَ ابْنُ دِيْنَارٍ، وَيُكْنَى أَبَا عُثْمَانَ، بَصْرِيٌّ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، رَوَى عَنْهُ يُوْنُس بْنُ عُبَيْدٍ، وَشُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ.

۱۳- نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا طریقہ

سورۃ الاحزاب (آیت ۵۶) میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلاَئِكَتَهُ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ، يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ، وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾: بیشک اللہ تعالیٰ اور ان کے فرشتے ان پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں (پس) اے ایمان والو! تم بھی آپؐ پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجو...... صلاۃ کے اصل معنی ہیں: انتہائی درجہ کا میلان، اور نسبت کے اختلاف سے اس کی شکلیں مختلف ہوتی ہیں، اس کی تفصیل کتاب الصلاۃ کے شروع (تحفہ ۱: ۴۳۷) میں گذر چکی ہے، وہاں دیکھ لی جائے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن زید بن عبد ربہ رضی اللہ عنہ: جن کو خواب میں نماز والی اذان دکھلائی گئی ہے: ان کے صاحبزادے محمد کہتے ہیں کہ ان کو حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ ہمارے یہاں نبی ﷺ تشریف لائے، ہم حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کی محفل میں بیٹھے ہوئے تھے، پس آپؐ سے بشیر بن سعدؓ نے پوچھا: ہمیں اللہ تعالیٰ نے آپؐ پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے، پس ہم آپؐ پر درود کیسے بھیجیں؟ راوی کہتے ہیں: پس آپؐ خاموش رہے، یہاں تک کہ ہم نے گمان کیا کہ وہ شخص نہ پوچھتا (تو بہتر تھا) پھر آپؐ نے فرمایا: ''کہو: اللّٰهم صلِّ على محمد وعلى آل محمد، كما صليت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم، وبارك على محمد وعلى آل محمد، كما باركت على إبراهيم وعلى آل إبراهيم، في العالمين، إنك حميد مجيد: اے اللہ! رحمتِ خاصہ نازل فرما محمد پر اور محمدؐ کے خاندان پر، جس طرح آپ نے رحمتِ خاصہ نازل فرمائی ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کے خاندان پر، اور برکت فرما محمدؐ پر اور محمدؐ کے خاندان پر، جس طرح آپ نے برکت فرمائی ابراہیمؑ پر اور ابراہیمؑ کے خاندان پر، تمام جہانوں میں یعنی جس طرح تمام دنیا جہاں کے لوگوں میں ابراہیمؑ کو اور ابراہیم کے خاندان کو رحمت و برکت کے ساتھ خاص فرمایا، اسی طرح ان دونوں کے ساتھ محمدؐ کو اور محمد کے خاندان کو خاص فرما، بیشک آپ ستودہ اور بزرگ ہستی ہیں...... اور سلام

اس طرح بھیجو جس طرح تم (التحیات میں) سکھائے گئے ہو۔

تشریح: درود کے صیغے روایتوں میں مختلف آئے ہیں، ان میں سے کوئی بھی درود بھیج سکتے ہیں، بلکہ نئے الفاظ سے بھی درود بھیجنا جائز ہے، اور حضرت کعب بن عجرہؓ کی روایت میں جو درود آیا ہے وہ پہلے (حدیث ۴۹۴ تحفہ ۲: ۳۴۶ میں) گذر چکا ہے...... اور ہر وہ درود جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر ہے: وہ درودِ ابراہیمی ہے، اور وہ سب سے افضل درود ہے، ہم نماز میں وہی درود بھیجتے ہیں۔

[۳۲۴۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُجْمِرِ: أَنَّ مُحمدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّ - وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ الَّذِىْ كَانَ أُرِيَ النِّدَاءَ بِالصَّلَاةِ - أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِىْ مَسْعُوْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: أَتَانَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ فِىْ مَجْلِسِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، فَقَالَ لَهُ بَشِيْرُ بْنُ سَعْدٍ: أَمَرَنَا اللّٰهُ أَنْ نُصَلِّيَ عَلَيْكَ، فَكَيْفَ نُصَلِّيْ عَلَيْكَ؟ قَالَ: فَسَكَتَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ لَمْ يَسْأَلْهُ، ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قُوْلُوْا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحمدٍ، وَعَلَى آلِ مُحمدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحمدٍ، وَعَلَى آلِ مُحمدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيْمَ، وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، فِى الْعَالَمِيْنَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ، وَالسَّلَامُ كَمَا قَدْ عُلِّمْتُمْ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَأَبِىْ حُمَيْدٍ، وَكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، وَطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ خَارِجَةَ، وَيُقَالُ: ابْنُ جَارِيَةَ، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۴- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ایذا دہی کا واقعہ

سورۃ الاحزاب کے آخر میں (آیت ۶۹) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسَى، فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾: اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح مت ہو جاؤ جنھوں نے (تہمت تراش کر) موسیٰ کو ایذاء پہنچائی، پس ان کو اللہ تعالیٰ نے بری ثابت کر دیا، اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑے معزز تھے!

اور تہمت تراشنے کا واقعہ یہ ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: موسیٰ علیہ السلام شرمیلے بہت پردہ کرنے والے آدمی تھے، ان کے شرم کرنے کی وجہ سے ان کی کھال سے کوئی چیز نہیں دیکھی جاتی تھی، پس ان کو تکلیف پہنچائی بنی اسرائیل میں سے جس نے تکلیف پہنچائی، ان لوگوں نے کہا: نہیں پردہ کرتے موسیٰ اس قدر پردہ کرنا، مگر ان کی کھال میں کسی عیب کی وجہ سے: یا تو برص ہے، یا خصیوں میں پانی بھر گیا ہے، یا کوئی اور آفت ہے۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ ان کو بری کر دیں اس بات سے

جوانھوں نے کہی، اور بیشک موسیٰ علیہ السلام ایک دن بالکل تنہا ہوئے، پس انھوں نے اپنے کپڑے ایک پتھر پر رکھے، پھر وہ نہائے، پس جب وہ فارغ ہوئے تو اپنے کپڑوں کی طرف متوجہ ہوئے تاکہ ان کو لیں، اور بیشک پتھر دوڑنے لگا ان کے کپڑے لے کر، پس موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی لی، اور پتھر کا پیچھا کیا، پس وہ کہنے لگے: پتھر میرے کپڑے! پتھر میرے کپڑے! یہاں تک کہ پتھر بنی اسرائیل کی ایک جماعت کے پاس پہنچ گیا۔ پس انھوں نے موسیٰ علیہ السلام کو ننگے ہونے کی حالت میں دیکھا، درانحالیکہ آپ بناوٹ کے اعتبار سے لوگوں میں سب سے اچھے تھے، اور آپ ان باتوں سے پاک تھے جو وہ کہا کرتے تھے...... راوی کہتا ہے: اور پتھر رک گیا، پس آپ نے اپنے کپڑے لئے اور ان کو پہن لیا، اور پتھر کو اپنی لاٹھی سے مارنا شروع کیا، پس بخدا! پتھر میں یقیناً اثر ہے ان کی لاٹھی کے اثر سے: تین یا چار یا پانچ یعنی پتھر میں اتنے نشان پڑ گئے، یہ واقعہ بیان فرما کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قرآن کی مذکورہ آیت کا یہی مطلب ہے'' یعنی اس میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے۔

تشریحات:

۱- موسیٰ علیہ السلام کو تکلیف پہنچانے کے اور بھی واقعات پیش آئے ہیں، مثلاً: بنی اسرائیل کا آپ سے یہ کہنا کہ آپ اور آپ کے رب جایئے، اور عمالقہ سے لڑیئے، ہم تو یہاں سے سرکنے والے نہیں! (المائدہ آیت ۲۴) اور ان کا یہ کہنا کہ ہمارے لئے بھی ایسا (مجسم) معبود بنا دیجئے جیسا ان مورتی بچاریوں کے لئے ہے (الاعراف ۱۳۸) یا بنی اسرائیل کے بے وقوفوں کا یہ کہنا کہ موسیٰ نے طور پر لے جا کر ہمارے ستر آدمیوں کو مار ڈالا، اور ان ستر کا یہ کہنا کہ ہم نے آواز تو سنی ہے، مگر اللہ کو دیکھا نہیں (الاعراف ۱۵۵) وغیرہ بہت سے ایذا رسانی کے واقعات پیش آئے ہیں، ان میں سے ایک یہ واقعہ بھی ہے جو متفق علیہ حدیث میں آیا ہے۔

۲- انبیائے کرام عالی نسب ہوتے ہیں جیسا کہ بخاری کی روایت میں ہے، تاکہ لوگ ان کی طرف التفات کریں، چنانچہ کبھی گرے پڑے نسب میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوئے، اسی طرح انبیاء میں کوئی ایسا جسمانی عیب بھی نہیں ہوتا جس سے لوگوں کو گھن آئے، چنانچہ کوئی نبی اندھا، بہرا، لونجا اور گونگا نہیں ہوا، اور ایوب علیہ السلام کو بہ حکمتِ الٰہی جو ابتلاء پیش آیا تھا وہ چند روز کی تکلیف تھی، پھر وہ ختم ہو گئی تھی، اور حالت پہلے سے بہتر ہو گئی تھی۔

۳- اس آیت کے ذریعہ مسلمانوں کو جو فہمائش کی گئی ہے اس کا سلسلہ (آیت ۵۷) سے چلا آرہا ہے، ازواج مطہرات (عائشہ، صفیہ اور زینب رضی اللہ عنہن) کے معاملات میں منافقوں نے آپ کو بے حد تکلیف پہنچائی ہے، چنانچہ اس آیت کے ذریعہ مسلمانوں کو نصیحت کی گئی ہے کہ وہ ایسی حرکتوں اور ایسی باتوں سے احتراز کریں، کیونکہ اللہ کے رسول کو اذیت پہنچانے والے کا انجام برا ہوتا ہے۔

۴- ﴿وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾ سے ثابت ہوا کہ بعض بندوں کی اللہ کے نزدیک ''حیثیت'' ہوتی ہے، عزت

کے اسی مقام کے لئے شجروں میں بجاہِ فلاں استعمال کیا گیا ہے، مگر اب لفظ جاہ کے معنی بدل گئے ہیں، اس کا استعمال لفظ جلال کے ساتھ ہوتا ہے اور جاہ وجلال کے معنی ہیں: دبدبہ، اور اللہ تعالیٰ کے آگے کسی کا دبدبہ نہیں چلتا، پس اب بزرگوں کے شجروں میں اس لفظ کا استعمال مناسب نہیں، جیسے لفظ میاں کسی زمانہ میں بہت بڑی ہستی کے معنی میں استعمال ہوتا تھا، اس وقت لوگ اللہ میاں کہتے تھے، مگر اب 'میاں' شوہر کے لئے خاص ہوکر رہ گیا ہے، اس لئے اب عام طور پر لوگ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال نہیں کرتے، یہی حال لفظ جاہ کا ہوگیا ہے، اب عام طور پر لوگوں کے ذہنوں میں اس کے معنی بدل گئے ہیں، اس لئے اس سے احتراز اولی ہے۔

[٣٢٤٥-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ عَوْفٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَمُحمدٍ، وَخِلاَسٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ مُوْسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَ رَجُلاً حَيِيًّا سِتِّيْرًا، مَا يُرَى مِنْ جِلْدِهِ شَيْئٌ اسْتِحْيَاءً مِنْهُ، فَآذَاهُ مَنْ آذَاهُ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَقَالُوْا: مَا يَسْتَتِرُ هٰذَا التَّسَتُّرَ إِلَّا مِنْ عَيْبٍ بِجِلْدِهِ: إِمَّا بَرَصٌ، وَإِمَّا أُدْرَةٌ، وَإِمَّا آفَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ أَرَادَ أَنْ يُبَرِّئَهُ مِمَّا قَالُوْا، وَإِنَّ مُوْسَى خَلاَ يَوْمًا وَحْدَهُ، فَوَضَعَ ثِيَابَهُ عَلَى حَجَرٍ، ثُمَّ اغْتَسَلَ، فَلَمَّا فَرَغَ أَقْبَلَ إِلَى ثِيَابِهِ، لِيَأْخُذَهَا، وَإِنَّ الْحجرَ عَدَا بِثَوْبِهِ، فَأَخَذَ مُوْسَى عَصَاهُ، فَطَلَبَ الْحَجَرَ، فَجعَلَ يَقُوْلُ: ثَوْبِيْ حجرُ! ثَوْبِيْ حَجرُ! حَتَّى انْتَهَى إِلَى مَلَأٍ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ، فَرَأَوْهُ عُرْيَانًا، أَحْسَنَ النَّاسِ خَلْقًا، وَأَبْرَأَهُ مِمَّا كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ.

قَالَ: وَقَامَ الْحَجَرُ، فَأَخَذَ ثَوْبَهُ، فَلَبِسَهُ، وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا بِعَصَاهُ، فَوَ اللّٰهِ إِنَّ بِالْحَجرِلَنَدَبًا مِنْ أَثَرِعَصَاهُ ثَلاَثًا، أَوْ أَرْبَعًا، أَوْ خَمْسًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ آذَوْا مُوْسَى، فَبَرَّأَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا، وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

سورةُ سَبَأٍ

سورۂ سبا کی تفسیر

۱- سبا ایک آدمی کا نام ہے، جس سے دس عرب قبیلے وجود میں آئے

سورۂ سبا (آیات ۱۵-۲۱) میں قوم سبا کا ذکر آیا ہے، سبا: بہت سے قحطانی قبائل کا جد امجد ہے، کہتے ہیں: اس کا اصل نام عبد شمس تھا، وہ جنگیں بہت لڑتا تھا اور لوگوں کو قید کرتا تھا: اس لئے سبا سے مشہور ہوگیا۔ سَبَا عَدُوَّہ کے معنی ہیں: قید کرنا۔

حدیث: حضرت فروہ غُطیفی مرادی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کیا:

یارسول اللہ! کیا میں نہ لڑوں ان لوگوں سے جنھوں نے میری قوم میں سے پیٹھ پھیری ہے، ان لوگوں کے ذریعہ جوان میں سے متوجہ ہوئے ہیں؟ یعنی میں اپنے قبیلہ کے مؤمنوں کو ساتھ لے کر کفار سے جہاد نہ کروں؟ آپؐ نے مجھے ان کے ساتھ لڑنے کی اجازت دیدی، اور مجھے امیر مقرر کردیا، پس جب میں آپؐ کے پاس سے نکلا تو آپؐ نے میرے بارے میں پوچھا کہ غطیفی نے کیا کیا؟ یعنی وہ ہے یا چلا گیا؟ پس آپؐ بتلائے گئے کہ میں روانہ ہو چکا ہوں۔ فروہ کہتے ہیں: پس آپؐ نے میرے پیچھے آدمی بھیجا اور مجھے واپس بلایا، میں آپؐ کے پاس واپس آیا درانحالیکہ آپؐ اپنے صحابہ کی جماعت میں بیٹھے ہوئے تھے، آپؐ نے فرمایا: ''قوم کو اسلام کی دعوت دو، جو ان میں سے اسلام لے آئے اس سے اسلام قبول کرلو، اور جو اسلام نہ لائے ان کے بارے میں جلدی نہ کرو، یہاں تک کہ میں آپ کو حکم دوں''

فروہ کہتے ہیں: اور سبا کے بارے میں اتارا گیا جو اتارا گیا یعنی ان کے بارے میں سورۂ سبا کی آیات (۱۵-۲۱) نازل ہوئیں تو ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! سبا کیا ہے؟ کوئی زمین ہے یا عورت؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ نہ زمین ہے نہ عورت، بلکہ مرد ہے، جس نے عرب کے دس قبیلے جنے ہیں، ان میں سے چھ یمن میں بس گئے، اور ان میں سے چار شام میں چلے گئے، پس رہے وہ جو شام میں بسے: وہ لخم، جُذام، غسان اور عاملہ ہیں، اور رہے وہ جو یمن میں بسے: وہ ازد، اشعر، کندہ، مذحج اور انمار ہیں'' پس ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! انمار کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''جن سے خثعم اور بجیلہ ہیں'' (اس حدیث کی یہی ایک سند ہے مگر سند ٹھیک ہے)

[۳۵-] سُوْرَةُ سبأ

[۳۲۴۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ: نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ النَّخَعِيِّ، قَالَ: ثَنِيْ أَبُوْ سَبْرَةَ النَّخَعِيُّ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ مُسَيْكٍ الْمُرَادِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلاَ أُقَاتِلُ مَنْ أَدْبَرَ مِنْ قَوْمِيْ بِمَنْ أَقْبَلَ مِنْهُمْ؟ فَأَذِنَ لِيْ فِيْ قِتَالِهِمْ، وَأَمَّرَنِيْ، فَلَمَّا خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهِ، سَأَلَ عَنِّيْ: مَا فَعَلَ الغُطَيْفِيُّ؟ فَأُخْبِرَ أَنِّيْ قَدْ سِرْتُ، قَالَ: فَأَرْسَلَ فِيْ أَثَرِيْ، فَرَدَّنِيْ، فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ فِيْ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: ادْعُ الْقَوْمَ، فَمَنْ أَسْلَمَ مِنْهُمْ فَأَقْبَلْ مِنْهُ، وَمَنْ لَمْ يُسْلِمْ فَلاَ تَعْجَلْ حَتَّى أُحْدِثَ إِلَيْكَ''

قَالَ: وَأُنْزِلَ فِيْ سَبَأٍ مَا أُنْزِلَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا سَبَأٌ: أَرْضٌ أَوِ امرَأَةٌ؟ قَالَ: ''لَيْسَ بِأَرْضٍ وَلاَ امْرَأَةٍ، وَلٰكِنَّهُ رَجُلٌ وَلَدَ عَشْرَةً مِنَ الْعَرَبِ، فَتَيَامَنَ مِنْهُمْ سِتَّةٌ، وَتَشَاءَ مَ مِنْهُمْ أَرْبَعَةٌ، فَأَمَّا الَّذِيْنَ تَشَاءَ مُوْا: فَلَخْمٌ، وَجُذَامٌ، وَغَسَّانُ، وَعَامِلَةُ، وَأَمَّا الَّذِيْنَ تَيَامَنُوْا: فَالأَزْدُ، وَالأَشْعَرُوْنَ، وَحِمْيَرُ، وَكِنْدَةُ، وَمَذْحِجٌ، وَأَنْمَارٌ'' فَقَالَ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَنْمَارٌ؟ قَالَ: ''الَّذِيْنَ مِنْهُمْ خَثْعَمُ، وَبَجِيْلَةُ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ.

۲-جب حکم الٰہی نازل ہوتا ہے تو فرشتوں کا کیا حال ہوتا ہے؟

سورۃ سبا (آیت ۲۳) ہے: ﴿وَلاَ تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهُ إِلاَّ لِمَنْ أَذِنَ لَهُ، حَتّٰى إِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ، قَالُوْا: مَاذَا، قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ﴾: اور اللہ تعالیٰ کے یہاں سفارش کارآمد نہیں، مگر اس کے لئے جس کے لئے وہ سفارش کی اجازت دیں، یہاں تک کہ جب ان (فرشتوں) کے دلوں سے گھبراہٹ دور کی جاتی ہے تو وہ (نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے) پوچھتے ہیں: تمہارے رب نے کیا حکم دیا؟ وہ جواب دیتے ہیں: برحق فرمایا! اور وہ عالی شان سب سے بڑے ہیں۔

تفسیر: اس آیت کے پہلے جزء میں ان مشرکین کی تردید ہے جو اپنی مورتیوں کو سفارشی مانتے ہیں، وہ کہتے ہیں: یہ اللہ کے مقبول بندے ہیں، یہ جس کی سفارش کریں گے اس کا بیڑا پار ہو جائے گا: ﴿وَيَقُوْلُوْنَ: هٰؤُلآَءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ﴾: اور وہ کہتے ہیں: یہ مورتیاں ہمارے لئے سفارشی ہیں اللہ کے یہاں (یونس ۱۸) ان لوگوں سے اس آیت میں کہا گیا کہ اللہ کے یہاں سفارش کارآمد نہیں، مگر اس کے لئے جس کے لئے وہ سفارش کی اجازت دیں۔

اس کے بعد سوالِ مقدر کے جواب کے طور پر فرشتوں کا حال بیان کیا ہے:

سوال: قیامت کے دن کچھ بندوں کو سفارش کی اجازت ملے گی، اور ان کی سفارش قبول بھی کی جائے گی، یہ اجازت ظاہر ہے کہ مقبولانِ بارگاہ الٰہی کو ملے گی، پس ثابت ہوا کہ کچھ بندے مقبولِ بارگاہ ہیں، یہی بات مشرکین کہتے ہیں، ان کے نزدیک ان کی مورتیاں مقبول بارگاہ ہیں، وہ جو چاہیں گے اللہ سے کرالیں گے۔

جواب: بیشک کچھ بندے مقبولِ بارگاہ ہیں، مگر وہ زبردست نہیں ہیں کہ جو چاہیں کرالیں، مثلاً: ملائکہ مقبولِ بارگاہ ہیں، مگر ان کا حال یہ ہے کہ جب حکم الٰہی نازل ہوتا ہے تو ان میں تاب نہیں رہتی، وہ مدہوش سے ہو جاتے ہیں، پھر جب ان کے حواس بحال ہوتے ہیں تو وہ اوپر والے فرشتوں سے حکم الٰہی کی تفصیلات معلوم کرتے ہیں، اور اس کی تعمیل کرتے ہیں۔

یہ مضمون آیت کریمہ میں مختصر آیا ہے، اس کی تفصیل حدیث شریف میں ہے، مگر امام ترمذی رحمہ اللہ نے حسبِ عادت حدیث مختصر لکھی ہے، بخاری شریف میں یہ حدیث مفصل ہے، وہی ذیل میں لکھی جاتی ہے:

حدیث (۱): جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی امر کا فیصلہ فرماتے ہیں یعنی فرشتوں کو اس امر کی وحی کی جاتی ہے، تو فرشتے اپنے پر مارتے ہیں، وحی کے سامنے عاجزی اور فروتنی ظاہر کرنے کے لئے (اور ان کا حال مدہوش جیسا ہو جاتا ہے) گویا وہ وحی چکنے پتھر پر لوہے کی زنجیر ہے، یعنی فرشتوں کو ایسی آواز سنائی دیتی ہے جیسی چکنے پتھر پر لوہے کی زنجیر کھینچنے سے پیدا ہوتی ہے، پھر جب ان کے دلوں میں گھبراہٹ دور ہوتی ہے تو نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے پوچھتے ہیں: تمہارے پروردگار نے کیا فرمایا؟ اوپر والے فرشتے جواب دیتے ہیں: برحق فرمایا! یعنی اوپر والے

فرشتے نیچے والے فرشتوں کو امر الٰہی سے آگاہ کرتے ہیں، اور ساتھ ہی یہ بھی کہتے ہیں کہ اللہ کا فرمان برحق ہے، اور اللہ تعالیٰ برتر اور بڑے ہیں!

پس ان کلمات کو بات چرانے والے جنات سنتے ہیں۔ اور بات چرانے والے جنات اس طرح ان کے بعض بعض پر ہوتے ہیں — اور سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے اس کو اپنی ہتھیلی سے سمجھایا، انھوں نے ہتھیلی کو گمایا یعنی اس کو اپنی طرف کیا، اور اپنی انگلیوں کے درمیان کشادگی کی اور سمجھایا کہ اس طرح وہ اوپر نیچے فاصلہ سے ہوتے ہیں — پس جنّی کوئی بات سن لیتا ہے، اور وہ اس کو اس جنّی کی طرف ڈالتا ہے جو اس سے نیچے ہے، پھر وہ دوسرا اس کو اس جنّی کی طرف ڈالتا ہے جو اس سے نیچے ہے، یہاں تک کہ آخری جنّی اس بات کو جادوگر کی طرف یا فرمایا: غیب کی خبریں دینے والے کی طرف ڈالتا ہے، پس کبھی تو آگ کا دہکتا ہوا انگارہ پالیتا ہے اس سے پہلے کہ وہ اس بات کو ڈالے، اور کبھی وہ اس بات کو ڈال دیتا ہے، اس سے پہلے کہ وہ انگارہ اس کو پالے، پس کاہن اس بات کے ساتھ سو جھوٹ ملاتا ہے، پس کہا جاتا ہے: اس نے ہم سے فلاں فلاں دن فلاں فلاں بات کہی تھی، پس اس کی تصدیق کی جاتی ہے اس بات کی وجہ سے جو آسمان سے سنی گئی ہے یعنی ایک بات کے سچ ہونے کی وجہ سے اس کی ساری باتیں مان لی جاتی ہیں (بخاری حدیث ۴۷۰۱ و ۴۸۰۰)

حدیث (۲): حضرت علی زین العابدین (جو اعلی درجہ کے ثقہ راوی ہیں) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں: ابن عباسؓ نے فرمایا: دریں اثنا کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کی ایک جماعت میں تشریف فرما تھے کہ اچانک ایک ستارہ ٹوٹا، جس سے فضاء روشن ہوگئی، آپؐ نے پوچھا: ''اس طرح کے موقعہ پر آپ لوگ زمانۂ جاہلیت میں کیا کہا کرتے تھے، جبکہ آپ لوگ اس کو دیکھتے تھے؟'' (سوال کا مقصد جاننا نہیں تھا، نبی ﷺ جانتے تھے کہ کیا کہا جاتا تھا، بلکہ سوال کا مقصد اس بات کا استحضار اور اس خیال کی تردید ہے) لوگوں نے جواب دیا: ہم کہا کرتے تھے: کوئی بڑا آدمی مرے گا یا کوئی بڑا آدمی پیدا ہوگا۔ آپؐ نے فرمایا: ''نہ کسی کی موت کے لئے ستارہ ٹوٹتا ہے نہ پیدا ہونے کے لئے، بلکہ ہمارے پروردگار — جن کا نام پاک برکت والا ہے اور جن کی شان بلند ہے — جب کسی امر کا فیصلہ فرماتے ہیں تو حاملینِ عرش فرشتے تسبیح پڑھتے ہیں، پھر اس آسمان کے فرشتے تسبیح پڑھتے ہیں جو ان سے متصل ہے، پھر وہ جو ان سے متصل ہے، یہاں تک کہ تسبیح اس آسمانِ دنیا تک پہنچتی ہے، پھر چھٹے آسمان والے: ساتویں آسمان والوں سے پوچھتے ہیں: تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس وہ ان کو بتلاتے ہیں، پھر ہر آسمان والے دریافت کرتے ہیں، یہاں تک کہ خبر آسمانِ دنیا والوں تک پہنچتی ہے...... اور شیاطین بات کو جھپٹ لیتے ہیں، پس وہ دہکتے انگارے سے مارے جاتے ہیں (یہ ٹوٹنے والے ستارے کی حقیقت ہے) پس شیاطین اس بات کو اپنے دوستوں کی طرف ڈالتے ہیں، پس جو بات شیاطین کے دوست بتاتے ہیں ٹھیک طرح سے وہ سچ ہوتی ہے، مگر شیاطین کے دوست اس میں تحریف کر دیتے ہیں، اور اس میں اضافہ کر دیتے ہیں''

تشریح: اس حدیث کی سند اعلی درجہ کی ہے، اور یہ حدیث مسند احمد میں ہے، باقی کتب خمسہ میں نہیں ہے، البتہ یہ حدیث حضرت ابن عباسؓ اُن بعض انصار سے بھی روایت کرتے ہیں جو اس موقعہ پر نبی ﷺ کے ساتھ تھے، یہ روایت مسلم شریف (حدیث ۲۲۲۹ کتاب السلام حدیث ۱۲۴) میں ہے۔

سوال: پہلی حدیث میں ہے کہ فرشتے بے ہوش ہوجاتے ہیں، اور دوسری حدیث میں ہے کہ وہ تسبیح میں لگ جاتے ہیں، یعنی ان کو ہوش رہتا ہے: یہ تعارض ہے؟ نیز جب وہ ہوش میں ہوتے ہیں تو نزول وحی کے بعد نیچے والے فرشتے اوپر والے فرشتوں سے کیوں پوچھتے ہیں؟

جواب: فرشتے بالکل بے ہوش نہیں ہوجاتے، بلکہ وہ تسبیح میں لگ جاتے ہیں، اور اس میں اتنے منہمک ہوجاتے ہیں کہ وحی کا پوری طرح ادراک نہیں کر پاتے، اس لئے اوپر والے فرشتوں سے دریافت کرتے ہیں۔

[۳۲۴۷-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِذَا قَضَى اللّٰهُ فِي السَّمَاءِ أَمْرًا، ضَرَبَتِ الْمَلاَئِكَةُ بِأَجْنِحَتِهَا، خُضْعَانًا لِقَوْلِهِ، كَأَنَّهَا سِلْسِلَةٌ عَلَى صَفْوَانٍ، فَإِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ، قَالُوْا: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالُوْا: الْحَقَّ، وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ! قَالَ: وَالشَّيَاطِيْنُ بَعْضُهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۲۴۸-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، نَا عَبْدُ الأَعْلَى، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: بَيْنَمَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ فِيْ نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، إِذْ رُمِيَ بِنَجْمٍ، فَاسْتَنَارَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ لِمِثْلِ هٰذَا فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا رَأَيْتُمُوْهُ؟" قَالُوْا: كُنَّا نَقُوْلُ: يَمُوْتُ عَظِيْمٌ، أَوْ يُوْلَدُ عَظِيْمٌ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" فَإِنَّهُ لاَيُرْمَى بِهِ لِمَوْتِ أَحَدٍ، وَلاَ لِحَيَاتِهِ، وَلٰكِنَّ رَبَّنَا تَبَارَكَ اسْمُهُ وَتَعَالَى إِذَا قَضَى أَمْرًا: سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ سَبَّحَ أَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، حَتَّى يَبْلُغَ التَّسْبِيْحُ إِلَى هٰذِهِ السَّمَاءِ، ثُمَّ سَأَلَ أَهْلُ السَّمَاءِ السَّادِسَةِ أَهْلَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ قَالَ: فَيُخْبِرُوْنَهُمْ، ثُمَّ يَسْتَخْبِرُ أَهْلُ كُلِّ سَمَاءٍ، حَتَّى يَبْلُغَ الخَبْرُ أَهْلَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا.

وَتَخْتَطِفُ الشَّيَاطِيْنُ السَّمْعَ، فَيُرْمَوْنَ، فَيَقْذِفُوْنَهُ إِلَى أَوْلِيَائِهِمْ، فَمَا جَاءُوْا بِهِ عَلَى وَجْهِهِ فَهُوَ حَقٌّ، وَلٰكِنَّهُمْ يُحَرِّفُوْنَهُ وَيَزِيْدُوْنَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ رِجَالٍ مِنَ الأَنْصَارِ، قَالُوْا: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

سُوْرَةُ الْمَلائِكَةِ

سورۃ الفاطر کی تفسیر

امتِ محمدیہ کی تین قسمیں اور تینوں جنتی ہیں

سورۃ الفاطر کی (جس کا دوسرا نام سورۃ الملائکہ ہے) آیت ۳۲ ہے: ﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا، فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ، وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ، وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللهِ، ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ﴾: پھر ہم نے قرآنِ کریم کا وارث بنایا ان لوگوں کو جن کو ہم نے اپنے بندوں میں سے چُن لیا، پس ان میں سے کچھ اپنی حق تلفی کرنے والے ہیں، اور ان میں کچھ میانہ روی اختیار کرنے والے ہیں، اور ان میں سے کچھ بہ توفیقِ خداوندی نیکیوں میں ترقی کرنے والے ہیں، یہی وہ بڑی فضیلت ہے (جس کی تفصیل اگلی آیت میں ہے)

تفسیر: اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ پر قرآنِ کریم اتارا، جو برحق کتاب ہے، جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے (یہ آیت ۳۱ کا مضمون ہے) پھر آپ ﷺ کے توسط سے یہ کتاب امت مسلمہ کو ملی، جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے منتخب فرمایا یعنی دولتِ اسلام سے ان کو نوازا، پھر زمانہ گذرنے کے ساتھ ان کی تین قسمیں ہوگئیں:

۱- اپنی حق تلفی کرنے والے: یعنی فرائض وواجبات کے تارک، اور محرمات کا ارتکاب کرنے والے۔

۲- میانہ رَو: یعنی فرائض وواجبات کو ادا کرنے والے اور محرمات سے بچنے والے۔

۳- نیکیوں میں سبک رفتار: یعنی واجبات کے ساتھ مستحبات کو بھی ادا کرنے والے، اور محرمات کے ساتھ مکروہات سے بھی بچنے والے۔

یہ تینوں قسم کے امتی بہرحال جنت میں جائیں گے، مگر کیفیتِ دخول، زمانۂ دخول اور درجات جنت کے اعتبار سے تفاوت ہوگا، حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے: ''جو سابق بالخیرات ہیں وہ تو بے حساب جنت میں جائیں گے، اور جو میانہ رَو ہیں ان سے ہلکا حساب لیا جائے گا، اور اپنی حق تلفی کرنے والے یعنی اعمال میں کوتاہی کرنے والے اور گناہوں میں مبتلا ہونے والے: ان پر آخرت میں سخت رنج وغم طاری ہوگا، پھر ان کو بھی جنت میں داخلہ مل جائے گا، اور ان کے سب رنج وغم دور ہوجائیں گے (معارف القرآن ملخصاً)

حدیث: ولید سے مروی ہے کہ انھوں نے قبیلۂ ثقیف کے ایک شخص سے سنا، جو قبیلہ کنانہ کے ایک شخص سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتا ہے، وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مذکورہ آیت کی تفسیر میں فرمایا: ''یہ سب لوگ یعنی تینوں قسمیں ایک درجہ میں ہیں، اور وہ سب جنت میں

جائیں گے“(دوسرا جملہ پہلے جملہ کی تفسیر ہے، ایک درجہ میں ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ سب جنت میں جائیں)

تشریح: اس حدیث کی سند میں دوراوی مجہول ہیں، مگر امام ترمذیؒ نے اس کی تحسین کی ہے، کیونکہ تفسیر ابن کثیر میں اس کے بہت شواہد ہیں۔ اور آیت کی یہی تفسیر صحیح ہے، دیگر تمام اقوال جو تفسیروں میں ہیں: صحیح نہیں ﴿ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ﴾ سے کفار مراد نہیں ہیں۔

[٣٦-] سُوْرَةُ الْمَلَائِكَةِ

[٣٢٤٩-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَمُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَا: نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ الْعَيْزَارِ، أَنَّهُ سَمِعَ رَجُلاً مِنْ ثَقِيْفٍ، يُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِنْ كِنَانَةَ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا، فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ، وَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ، وَمِنْهُمْ سَابِقٌ بِالْخَيْرَاتِ بِإِذْنِ اللّٰهِ﴾ قَالَ: " هٰؤُلَآءِ كُلُّهُمْ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ، وَكُلُّهُمْ فِي الْجَنَّةِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ.

سورۃ یٰس

سورۂ یٰس کی تفسیر

۱- اعمال کی طرح ان کے آثار بھی لکھے جاتے ہیں

جس طرح انسان کے اعمال لکھے جاتے ہیں: اُن کے آثار بھی لکھے جاتے ہیں، اور آثار سے مراد: اعمال کے ثمرات ونتائج ہیں جو بعد میں ظاہر ہوتے ہیں، یا باقی رہتے ہیں، مثلاً: کسی عالم نے لوگوں کو دین کی تعلیم دی، شاگرد تیار کیے یا کوئی تصنیف کی تو یہ اس کے اعمال ہیں، پھر شاگردوں سے اور کتابوں سے مسلمانوں کو فائدہ پہنچا تو وہ اس کے آثار ہیں، یا کسی نے کوئی وقف کیا تو یہ اس کا عمل ہے، اور لوگوں نے اس سے جو فائدہ اٹھایا: وہ وقف کا اثر اور نتیجہ ہے۔

اور یہ قاعدہ صرف اعمالِ صالحہ کے لئے نہیں ہے، بلکہ برے اعمال اور ان کے برے آثار وثمرات بھی لکھے جاتے ہیں، حدیث میں ہے: ”جس نے کوئی اچھا طریقہ جاری کیا تو اس کو اس کا ثواب ملے گا، اور جتنے آدمی اس طریقہ پر عمل کریں گے ان کا بھی ثواب اس کو ملے گا، بغیر اس کے کہ ان عمل کرنے والوں کے ثواب میں کوئی کمی آئے ...... اور جس نے کوئی برا طریقہ جاری کیا تو اس کو اس کا گناہ ہوگا، اور جتنے آدمی اس برے طریقے پر چلیں گے ان کا گناہ بھی اس کو ہوگا، بغیر اس کے کہ عمل کرنے والوں کے گناہوں میں کچھ کمی آئے“ پھر نبی ﷺ نے سورۂ یٰس کی آیت ۱۲ پڑھی: ﴿وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَآثَارَهُمْ﴾: اور لکھتے ہیں ہم ان کاموں کو جو انھوں نے آگے بھیجے، اور وہ آثار جو

انھوں نے پیچھے چھوڑے۔

اور آثار میں نشانہائے قدم بھی آتے ہیں، حدیث میں ہے کہ آدمی نماز کے لئے جو مسجد کی طرف چلتا ہے تو اس کے ہر قدم پر نیکی لکھی جاتی ہے:

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار کا قبیلہ بنوسلمہ مدینہ کے کنارے میں بسا ہوا تھا، انھوں نے وہاں سے مسجدِ نبوی کے قریب منتقل ہونا چاہا تو نبی ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے پیروں کے نشانات لکھے جاتے ہیں، پس منتقل مت ہوؤ'' اور آپؐ نے استشہاد کے طور پر یہ آیت پڑھی۔

۲-سورج اپنے مستقر تک چلتا رہے گا

حدیث: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں غروبِ آفتاب کے وقت مسجدِ نبوی میں پہنچا، آپؐ تشریف فرما تھے، آپؐ نے پوچھا: ابوذرؓ جانتے ہو یہ سورج کہاں جاتا ہے؟ انھوں نے عرض کیا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ''یہ جاتا ہے، پس وہ سجدہ کرنے کی اجازت طلب کرتا ہے، پس اس کو اجازت دیدی جاتی ہے، اور گویا اس سے کہا گیا: جہاں سے آیا ہے وہیں سے طلوع ہو، پس وہ اپنے ڈوبنے کی جگہ سے طلوع کرے گا، پھر آپؐ نے پڑھا: ﴿وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَهَا﴾ یہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قراءت ہے، اور سورۂ یٰس کی اصل آیت ۳۸ اس طرح ہے: ﴿والشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا﴾ اور یہ حدیث اسی سند اور متن کے ساتھ ابواب الفتن (حدیث ۲۱۸۳ تحفہ۵: ۵۶۰) میں گذر چکی ہے، وہاں اس کی شرح کی گئی ہے۔

[۳۷-] سُوْرَة يٰس

[۳۲۵۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ وَزِيْرٍ الْوَاسِطِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ يُوْسُفَ الْأَزْرَقُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَتْ بَنُوْ سَلِمَةَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَدِيْنَةِ، فَأَرَادُوْا النُّقْلَةَ إِلَى قُرْبِ الْمَسْجِدِ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿إِنَّا نَحْنُ نُحْيِيْ الْمَوْتَى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَآثَارَهُمْ﴾ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ آثَارَكُمْ تُكْتَبُ فَلاَ تَنْتَقِلُوْا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الثَّوْرِيِّ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ: هُوَ طَرِيْفٌ السَّعْدِيُّ.

[۳۲۵۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ حِيْنَ غَابَتِ الشَّمْسُ، وَالنبيُّ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " يَا أَبَا ذَرٍّ! أَتَدْرِيْ أَيْنَ تَذْهَبُ هٰذِهِ؟" قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: "فَإِنَّهَا تَذْهَبُ فَتَسْتَأْذِنُ فِيْ السُّجُوْدِ، فَيُؤْذَنُ لَهَا، وَكَأَنَّهَا قَدْ قِيْلَ لَهَا: اطْلُعِيْ مِنْ حَيْثُ جِئْتِ، فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا"

قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ: ﴿وَذٰلِكَ مُسْتَقَرٌّ لَّهَا﴾ قَالَ: وَذَلِكَ فِيْ قِرَاءَةِ عَبْدِ اللّٰهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة والصَّافَّات

سورۃ الصافات کی تفسیر

۱- قیامت کے دن جہنمیوں سے ایک سوال ہوگا

سورۃ الصافات (آیات ۲۲-۲۶) میں ہے: (فرشتوں کو حکم ہوگا:) جمع کرلو ظالموں کو یعنی کفر وشرک کے بانیوں کو اور ان کے ہم مشربوں کو یعنی ان کے تابعین کو، پھر ان سب کو دوزخ کا راستہ دکھلاؤ یعنی اُدھر ہانک کر لے جاؤ (پھر یہ حکم ہوگا:) اور ان کو (ذرا) ٹھہراؤ، ان سے کچھ پوچھنا ہے (پھر ان سے یہ سوال ہوگا:) کیا بات ہے کہ اب تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟ یعنی جس طرح دنیا میں تم نے ان کو بہکایا اور اپنے پیچھے چلایا، اب ان کی دستگیری کیوں نہیں کرتے؟ بلکہ وہ سب کے سب اس روز سر افگندہ ہونگے یعنی ان سے کوئی جواب بن نہ پڑے گا۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''نہیں ہے کوئی (کفر وشرک کی) دعوت دینے والا، جس نے کسی چیز (گمراہی) کی طرف بلایا ہے، مگر ہوگا وہ داعی ٹھہرایا ہوا قیامت کے دن، چپکا ہوا ہوگا وہ اس مدعو سے، وہ اس سے پیچھا نہیں چھڑا سکے گا، اگرچہ بلایا ہوا ایک آدمی نے ایک ہی آدمی کو، پھر آپؐ نے یہ آیتیں پڑھیں: ''اور ٹھہراؤ ان کو، ان سے ایک بات پوچھنی ہے: تمہیں کیا ہوگیا جو ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟!'' (یہ روایت ضعیف ہے، لیث کا حافظہ بگڑ گیا تھا، اور بشیر مجہول راوی ہے)

۲- حضرت یونس علیہ السلام کی امت کی تعداد

سورۃ الصافات (آیت ۱۴۷) میں ہے: ﴿وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَى مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيْدُوْنَ﴾: اور ہم نے ان کو ایک لاکھ یا اس سے بھی زیادہ آدمیوں کی طرف بھیجا...... اور حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے زائد کی تفسیر پوچھی تو آپؐ نے فرمایا: ''بیس ہزار'' (یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں ایک مجہول راوی ہے) چنانچہ زائد کی اور تفسیریں بھی آئی ہیں۔

سوال: اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہیں، ان کو اظہار شک کی کیا ضرورت ہے جو یہ فرمایا کہ وہ ایک لاکھ یا اس سے زیادہ آدمی؟ یعنی قطعی تعداد کیوں بیان نہ کی؟

جواب: یہ أو شک کے لئے نہیں ہے، بلکہ یہ بمعنی ''بھی'' ہے یعنی یونس علیہ السلام ایک بڑی امت کی طرف بھیجے گئے تھے، جن کی تعداد ایک لاکھ سے بھی زیادہ تھی۔

۳- پوری دنیا نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں کی اولاد ہے

حضرت نوح علیہ السلام کے زمانہ میں جو طوفان آیا تھا، اس میں کشتی والوں کے علاوہ سب ہلاک ہوگئے تھے، اس کے بعد ساری دنیا کی نسل حضرت نوح علیہ السلام کے تین بیٹوں سے چلی، سورۃ الصافات کی (آیت ۷۷) میں ہے: ﴿وَجَعَلْنَا ذُرِيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِيْنَ﴾: اور ہم نے انہی کی اولاد کو باقی رہنے والا بنایا۔ اور حدیث میں ان کے نام حام، سام اور یافث آئے ہیں (یافث: ثاء کے ساتھ بھی آیا ہے اور تاء کے ساتھ یافت بھی آیا ہے، بلکہ یفث بھی آیا ہے)

اور دوسری حدیث میں ہے کہ سام: عربوں کے جدامجد ہیں، حام: حبشیوں کے، اور یافث: رومیوں کے۔

فائدہ: مؤرخین کہتے ہیں: سام کی اولاد سے: عرب اور فارس ہیں، اور حام کی اولاد سے افریقی ممالک کی کالی نسلیں ہے، اور یافث کی اولاد سے ترک، منگول اور یاجوج وماجوج ہیں (اور پہلی روایت میں سعید بن بشیر ضعیف راوی ہے اور دوسری حدیث کی سند ٹھیک ہے، مگر امام ترمذیؒ نے اس پر کوئی حکم نہیں لگایا)

[۳۸-] سُوْرَةُ وَالصَّافَاتِ

[۳۲۵۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نا لَيْثُ بْنُ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا مِنْ دَاعٍ دَعَا إِلَى شَيْئٍ، إِلَّا كَانَ مَوْقُوْفًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَازِمًا لَهُ، لَايُفَارِقُهُ، وَإِنْ دَعَا رَجُلٌ رَجُلاً،" ثُمَّ قَرَأَ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَقِفُوْهُمْ إِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ، مَالَكُمْ لَاتَنَاصَرُوْنَ؟﴾ هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۳۲۵۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِي العَالِيَةِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تعالىٰ: ﴿وَأَرْسَلْنَاهُ إِلَى مِائَةِ أَلْفٍ أَوْ يَزِيْدُوْنَ﴾ قَالَ: " عِشْرُوْنَ أَلْفًا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۳۲۵٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نا مُحمدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ، نا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فِيْ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالى: ﴿وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهُ هُمُ الْبَاقِيْنَ﴾ قَالَ: " حَامٌ، وَسَامٌ، وَيَافِثُ" بالثَّاءِ.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَيُقَالُ: يَافِتُ، وَيَافِثُ بِالتَّاءِ وَالثَّاءِ، وَيُقَالُ: يَفَثُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سَعِيْدِ بْنِ بَشِيْرٍ.

[۳۲۵۵-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ العَقَدِيُّ، نا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ

الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "سَامٌ أَبُوْ الْعَرَبِ، وَحَامٌ أَبُوْ الحَبَشِ، وَيَافِثٌ، أَبُوْ الرُّوْمِ"

سورة صٓ

سورہ صاد کی تفسیر

۱-ایک کلمہ جس سے عرب وعجم تابعدار ہوجائیں

صورہ صاد کے شروع میں ہے: "صاد، قسم ہے نصیحت بھرے قرآن کی! بلکہ وہ لوگ جنھوں نے (اسلام کا) انکار کیا: تعصب ومخالفت پر اترے ہوئے ہیں یعنی نبی ﷺ تو اصلی اور فطری دین پیش کررہے ہیں، مگر منکرین تعصب وعناد پر اترے ہوئے ہیں، ان سے پہلے بہت سی امتوں کو ہم ہلاک کرچکے ہیں، پس انھوں نے ہائے پکاری جبکہ وقتِ خلاصی نہ رہا (پس یہ منکرین بھی ہوش میں آجائیں، کہیں ان کا بھی براحشر نہ ہو!) اور ان کفار نے اس بات پر تعجب کیا کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک ڈرانے والا (پیغمبر) آیا (حالانکہ یہ بات کچھ تعجب کی نہیں تھی، پہلے بھی انسان ہی رسول آتے رہے ہیں) اور کافروں نے کہا: یہ شخص جادوگر (اور) بڑا جھوٹا ہے! کیا اس نے بہت سے معبودوں کی جگہ ایک معبود کردیا؟ یہ بات یقیناً بڑی ہی عجیب بات ہے۔ اور ان کے رؤسا یہ کہتے ہوئے چل دیئے کہ چلو، اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، یہ یقیناً کوئی مطلب کی بات ہے، ہم نے تو یہ بات پچھلے دین میں نہیں سنی، یعنی ہمارے آباء واجداد تو اس عقیدے سے واقف نہیں تھے، نہیں ہے یہ بات مگر من گھڑت!

روایت میں ان آیات کا شانِ نزول یہ آیا ہے:

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ابوطالب بیمار ہوئے، پس ان کے پاس قریش کے لوگ آئے، اور ان کے پاس نبی ﷺ بھی آئے (دوسری روایت میں ہے کہ رؤسائے قریش نے ابوطالب سے شکایت کی کہ آپ کا بھتیجا ہمارے معبودوں کی برائی کرتا ہے، اور یہ اور یہ کہتا ہے، اس پر ابوطالب نے نبی ﷺ کو بلایا، چنانچہ آپؐ تشریف لائے) اور ابوطالب کے پاس ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ تھی، پس ابوجہل کھڑا ہوا تاکہ وہ نبی ﷺ کو روک دے یعنی ابوجہل اس جگہ بیٹھ گیا تاکہ نبی ﷺ اپنے چچا کے قریب نہ بیٹھ سکیں، کہیں ایسا نہ ہو کہ بھتیجے کو دیکھ کر ابوطالب کا دل پگھل جائے!

ابن عباسؓ کہتے ہیں: اور قریش کے لوگوں نے ابوطالب کے سامنے نبی ﷺ کا شکوہ کیا، پس ابوطالب نے کہا: بھتیجے! تم اپنی قوم سے کیا چاہتے ہو؟ یعنی اپنی قوم کے خداؤں کی برائی کیوں کرتے ہو؟ آپؐ نے فرمایا: "میں ان سے

ایک ایسی بات چاہتا ہوں جس کی وجہ سے تمام عرب ان کے فرمان بردار ہوجائیں، اور عجم ان کو جزیہ دینے لگیں!'' ابوطالب نے پوچھا: ایک ہی بات! آپؐ نے فرمایا: ''ایک ہی بات!'' آپؐ نے فرمایا: چچا! کہہ لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں!'' پس قریش کے لوگوں نے کہا: ہم ایک معبود کو مان لیں؟ ہم نے تو یہ بات پچھلے مذہب میں نہیں سنی! نہیں ہے یہ بات مگر من گھڑت!...... ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس قریش کے بارے میں مذکورہ آیتیں نازل ہوئیں۔

سند کا ایک راوی: اس حدیث کی سند میں امام اعمش کا استاذ یحییٰ ہے۔ یہ کون راوی ہے؟ امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ عبد بن حمید نے کہا: یحییٰ بن عباد کوفی ہے (اس کو یحییٰ بن عمارہ بھی کہا جاتا ہے، یہ مقبول راوی ہے) اور بندار کی سند میں ہے کہ امام اعمش نے خود فرمایا کہ یہ یحییٰ بن عمارہ ہے (اور ہمارے نسخہ میں صرف حسنٌ ہے اور مصری نسخہ میں صحیحٌ بھی ہے، اور قاعدہ سے ہمارا نسخہ صحیح ہے، کیونکہ یحییٰ ایسا راوی نہیں کہ اس کی حدیث کی تصحیح کی جائے)

[-۳۹] سُوْرَةُ صٓ

[-۳۲۵۶] حدثنا مُحمودُ بْنُ غَيْلَانَ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ – المَعْنى وَاحِدٌ – قَالَا: نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ يَحْيىَ– قَالَ عَبْدٌ: هُوَ ابْنُ عَبَّادٍ–عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرِضَ أَبُوْطَالِبٍ، فَجَاءَ تْهُ قُرَيْشٌ، وَجَاءَ هُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَ أَبِيْ طَالِبٍ مَجْلِسُ رَجُلٍ، فَقَامَ أَبُوْ جَهْلٍ كَيْ يَمْنَعَهُ.

قَالَ: وَشَكَوْهُ إِلَى أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: يَا ابْنَ أَخِيْ! مَا تُرِيْدُ مِنْ قَوْمِكَ؟ قَالَ: أُرِيْدُ مِنْهُمْ كَلِمَةً تَدِيْنُ لَهُمْ بِهَا العَرَبُ، وَتُؤَدِّيْ إِلَيْهِمُ الْعَجَمُ الْجِزْيَةَ، قَالَ: كَلِمَةً وَاحِدَةً؟ قَالَ: كَلِمَةً وَاحِدَةً! فَقَالَ: يَا عَمِّ! قُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَقَالُوْا: إِلٰهًا وَاحِدًا؟ مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الآخِرَةِ، إِنْ هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ، قَالَ: فَنزَلَ فِيْهِمُ الْقُرْآنُ: ﴿ص وَالْقُرْانِ ذِي الذِّكْرِ، بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَشِقَاقٍ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الآخِرَةِ، إِنْ هٰذَا إِلَّا اخْتِلَاقٌ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الأَعْمَشِ نَحْوَ هٰذَا الحديثِ، وَقَالَ: يَحْيىَ بْنُ عُمَارَةَ.

۲- ملأ اعلیٰ اور ان کے کام

سورۂ صاد (آیت ۶۹) ہے: ﴿مَاكَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْأَعْلَى إِذْ يَخْتَصِمُوْنَ﴾: مجھے مجلس بالا کے بارے میں کچھ خبر نہیں تھی جب وہ بحث کر رہے تھے...... مَلَأَ: بھرنا، اور مَلَأٌ: اسم جمع، جس کی جمع أَمْلَاء ہے، یہ لفظ قوم کے

سرداروں کے لئے ہے، کیونکہ قوم کا سردار جب میر محفل ہوتا ہے تو لوگوں کے دلوں کو ہیبت وعظمت سے اور ان کی آنکھوں کو اپنے حسن وجمال سے بھر دیتا ہے۔ جب کسی مجمع میں کوئی عام آدمی آتا ہے تو کوئی اس کو نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا، مگر جب کوئی بڑا آدمی آتا ہے تو سارا مجمع ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے لگتا ہے، اس لئے ایسے بڑے لوگ ملأ کہلاتے ہیں۔

آیتِ بالا میں یہ لفظ معزز فرشتوں کے لئے استعمال کیا گیا ہے، اس کا مقابل ملأ سافل ہے، یعنی چھوٹے درجے کے فرشتے۔ قرآنِ کریم میں لفظ ملأ اعلی اسی ایک جگہ آیا ہے، البتہ سورۃ المؤمن (آیات ۷-۹) میں ان کے کاموں کا ذکر ہے، اور احادیث میں بکثرت یہ لفظ استعمال کیا گیا ہے اور ان کے کاموں پر روشنی ڈالی گئی ہے، حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے ملأ اعلی کے سلسلہ میں ایک مستقل باب قائم کیا ہے، اور ان کے بارے میں سات باتیں بیان کی ہیں (رحمۃ اللہ الواسعہ ۱:۲۰۶)

ان میں سے ساتویں بات یہ ہے کہ مختلف زمانوں میں جو شریعتیں نازل ہوتی ہیں، وہ پہلے ملأ اعلی میں ٹھہرتی ہیں، پھر وہاں سے انبیاء پر نازل ہوتی ہیں، جیسے بجلی گھر سے بجلی پہلے پاور ہاؤس میں آکر جمع ہوتی ہے، پھر وہاں سے شہر میں سپلائی ہوتی ہے۔ اور باب کی حدیثوں میں ملأ اعلی میں بحث وتمحیص کے بعد اس امت کے لئے جو امور طے پائے ہیں: ان سے نبی ﷺ کو ایک منامی معراج میں واقف کیا گیا ہے، یہ بھی وحی کی ایک صورت ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں: ایک حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے اس کو دو سندوں سے ذکر کیا ہے، پہلی سند: ایوب سختیانی رحمہ اللہ کی ہے، اس میں ابو قلابہ اور حضرت ابن عباسؓ کے درمیان کوئی واسطہ نہیں، اور دوسری سند: قتادہؒ کی ہے، اس میں ابو قلابہ اور ابن عباس کے درمیان خالد بن اللجلاج کا واسطہ ہے، اور دوسری حدیث: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی ہے:

حدیث (۱): بسند ایوب سختیانی رحمہ اللہ: نبی ﷺ نے فرمایا: ''آج رات میرے پاس میرے پروردگار ربتارک وتعالی بہترین صورت میں آئے ـــــ ابو قلابہ کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ابن عباسؓ نے فی المنام بھی کہا یعنی خواب میں آئے ـــــ پس اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: ''اے محمدؐ! کیا آپ جانتے ہیں: کس مسئلہ میں ملأ اعلی بحث کر رہے ہیں؟'' نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے عرض کیا: ''نہیں!'' نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس اللہ تعالیٰ نے میرے دونوں شانوں کے درمیان اپنا ہاتھ رکھا، یہاں تک کہ میں نے ہاتھوں کی ٹھنڈک اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان پائی ـــــ یا فرمایا: اپنے سینہ کے بالائی حصہ میں پائی ـــــ پس میں نے وہ باتیں جان لیں جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں (پھر) اللہ تعالیٰ نے پوچھا: اے محمدؐ! کیا آپؐ جانتے ہیں: کس مسئلہ میں ملأ اعلی بحث وتمحیص کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کیا: ہاں! کفارات (گناہوں کو مٹانے والے امور) میں (بحث ہو رہی ہے) اور کفارات یہ ہیں: (۱) نماز کے بعد مسجد میں ٹھہرنا (۲) اور پیروں سے چل کر (مسجد کی) جماعتوں میں شرکت کے لئے جانا (۳) اور ناگواریوں میں (بھی) وضو کامل کرنا

......جس نے یہ کام کئے وہ خیریت کے ساتھ زندگی گذارے گا، اور وہ خوبی کے ساتھ مرے گا، اور وہ اپنے گناہوں سے نکل جائے گا جیسے اس دن تھا جب اس کو اس کی ماں نے جنا تھا''

اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''اے محمدؐ! جب آپؐ نماز پڑھیں تو کہیں: اللّٰهم إني أسألك فِعلَ الخيرات، وترك المنكرات، وحُبَّ المساكينِ، وإذا أردت بعبادك فتنةً، فَاقْبِضْنِي إليك غَيْرَ مَفْتُوْنٍ: اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں نیکی کے کام کرنے کا، اور برائیوں کو چھوڑنے کا، اور بے کسوں سے محبت کرنے کا، اور جب آپ اپنے بندوں کو کسی آزمائش میں مبتلا کرنا چاہیں تو مجھے اپنی طرف اٹھالیں اس حال میں کہ میں کسی آزمائش میں مبتلا نہ کیا گیا ہوں''

نبی ﷺ نے فرمایا: ''اور درجات یعنی مراتب بلند کرنے والے کام یہ ہیں: (۱) سلام کو رواج دینا (۲) اور غریبوں کو کھانا کھلانا (۳) اور رات میں نماز پڑھنا درانحالیکہ لوگ سوئے ہوئے ہوں''

[۳۲۵۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ أَيُّوْب، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' أَتَانِيْ اللَّيْلَةَ رَبِّيْ تبَارَكَ وَتعَالَى فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ – قَالَ: أَحْسَبُهُ قَالَ: فِيْ الْمَنَامِ – فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ! هَلْ تَدْرِيْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قَالَ: قُلْتُ: لاَ، قَالَ: فَوَضَعَ يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ، أَوْ قَالَ: فِيْ نَحْرِيْ، فَعَلِمْتُ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ، قَالَ: يَا مُحمدُ! هَلْ تَدْرِيْ فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فِي الْكَفَّارَاتِ، وَالْكَفَّارَاتُ: الْمَكْثُ فِي الْمَسْجِدِ بَعْدَ الصَّلاَةِ، وَالْمَشْيُ عَلَى الْأَقْدَامِ إِلَى الْجَمَاعَاتِ، وإِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِيْ الْمَكَارِهِ، وَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ عَاشَ بِخَيْرٍ، وَمَاتَ بِخَيْرٍ، وَكَانَ مِنْ خَطِيْئَتِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

وَقَالَ: يَا مُحمدُ! إِذَا صَلَّيْتَ فَقُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ، وَإِذَا أَرَدْتَ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ، غَيْرَ مَفْتُوْنٍ.

قَالَ: وَالدَّرَجَاتُ: إِفْشَاءُ السَّلاَمِ، وَإِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَالصَّلاَةُ بِاللَّيْلِ، وَالنَّاسُ نِيَامٌ.

حدیث (۲): مذکورہ بالا حدیث میں ابوقلابہ کے شاگردوں نے ابوقلابہ اور ابن عباسؓ کے درمیان ایک راوی کا اضافہ کیا ہے، مثلاً قتادہ رحمہ اللہ سند میں خالد بن لجلاج کو بڑھاتے ہیں، پھر قتادہ کی سند سے حدیث لکھی ہے...... لبیك وسَعْدَيْك: میں بارگاہِ عالی میں بار بار حاضر ہوں، اور بار بار آپ کی عبادت کو اپنی سعادت سمجھتا ہوں...... فعلمتُ ما بين المشرق والمغرب: پس جان لی میں نے وہ چیزیں جو مشرق ومغرب کے درمیان ہیں (اس سے معلوم ہوا کہ گذشتہ حدیث میں جو تعبیر تھی وہ راوی کا تصرف تھا، اور وہ تعبیر مجازی تھی، بلکہ اس حدیث میں جو تعبیر ہے وہ بھی مجازی ہے، صحیح تعبیر آگے حضرت معاذؓ کی حدیث میں آرہی ہے)...... قلت: فی الدرجات إلخ: اس حدیث میں تعبیر میں

راوی نے خلط کردیا ہے، گذشتہ حدیث میں جو درجات اور کفارات کا علاحدہ علاحدہ تذکرہ تھا وہی صحیح تھا۔

وَقَدْ ذَكَرُوْا بَيْنَ أَبِيْ قِلَابَةَ وَبَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ هٰذَا الحديثِ رَجُلاً، وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ:

[۳۲۵۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" أَتَانِيْ رَبِّيْ فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ، فَقَالَ: يَامُحمدُ! فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ: فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قُلْتُ: رَبِّ لَا أَدْرِيْ! فَوَضَعَ يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ، فَعَلِمْتُ مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، فَقَالَ: يَامُحمدُ! فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ! قَالَ: فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قُلْتُ: فِيْ الدَّرَجَاتِ، وَالْكَفَّارَاتِ، وَفِيْ نَقْلِ الأَقْدَامِ إِلَى الْجُمُعَاتِ، وَإِسْبَاغِ الْوُضُوْءِ فِي الْمَكْرُوهَاتِ، وانْتِظَارِ الصَّلَاةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، وَمَنْ يُحَافِظُ عَلَيْهِنَّ عَاشَ بِخَيْرٍ، وَمَاتَ بِخَيْرٍ، وَكَانَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، قَالَ وفي الباب: عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَائِشٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: مذکورہ بالا حدیث جو حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے: وہی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے بھی مرفوعاً مروی ہے، اور اس کے شروع میں کچھ اضافہ بھی ہے، اور وہ مفصل بھی ہے، اور وہ اس طرح ہے:

حدیث (۳): حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک صبح نبی ﷺ فجر کی نماز پڑھانے کے لئے دیر سے تشریف لائے، یہاں تک کہ ہم قریب تھے کہ سورج کی ٹکیہ کو دیکھ لیں، پس آپؐ تیزی سے نکلے، اور اقامت کہی گئی، پس آپؐ نے نماز پڑھی، اور مختصر نماز پڑھی، پھر جب سلام پھیرا تو زور سے آواز دی، اور ہم سے فرمایا: ''اپنی صفوں میں رہو جیسے ہو'' پھر آپؐ ہماری طرف مڑے، اور فرمایا: ''سنو! میں آپ لوگوں سے وہ بات بیان کرتا ہوں جس نے مجھے فجر کی نماز سے روک لیا، میں رات میں اٹھا، وضو کیا، اور جتنی میرے مقدر میں تھی نماز پڑھی، پھر میں نماز میں اونگھنے لگا، یہاں تک کہ میں بوجھل ہوگیا یعنی نیند گہری ہوگئی، پس اچانک میں نے اپنے پروردگار کو بہترین صورت میں دیکھا، اللہ نے فرمایا: اے محمد! میں نے عرض کیا: حاضر ہوں! اے میرے رب! اللہ نے دریافت کیا: ملأ اعلی کس معاملہ میں گفتگو کر رہے ہیں؟ میں نے عرض کیا: مجھے معلوم نہیں! — اللہ تعالیٰ نے یہ بات تین بار فرمائی — آپؐ نے فرمایا: ''پھر میں نے اللہ پاک کو دیکھا، اللہ نے اپنی ہتھیلی میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھی، یہاں تک کہ میں نے اللہ کے پوروں کی ٹھنڈک اپنی دونوں چھاتیوں کے درمیان محسوس کی، پس میرے لئے ہر چیز واضح ہوگئی یعنی ملأ اعلی کی پوری گفتگو واضح

ہوگئی (یہ اصل تعبیر ہے اور گذشتہ دونوں حدیثوں میں جو تعبیریں آئیں ہیں وہ مجازی تعبیریں ہیں) اور میں نے جان لیا (کہ ملأاعلی کس مسئلہ میں گفتگو کررہے ہیں) پھر اللہ نے فرمایا: اے محمدؐ! میں نے عرض کیا: حاضر ہوں اے میرے رب! اللہ نے دریافت کیا: کس بارے میں ملأاعلی گفتگو کررہے ہیں؟ میں نے عرض کیا: گناہ مٹانے والے کاموں کے بارے میں (گفتگو کررہے ہیں) اللہ نے دریافت کیا: وہ کام کیا ہیں؟ میں نے عرض کیا: ۱- پیروں سے چل کر جماعت میں شریک ہونا۔۲- نمازوں کے بعد مسجد میں بیٹھنا۔۳- ناگواریوں کے باوجود وضو مکمل کرنا...... اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: پھر کن باتوں میں (گفتگو ہورہی ہے؟) میں نے عرض کیا: درجات بلند کرنے والے کاموں میں (گفتگو ہورہی ہے) اللہ تعالیٰ نے پوچھا: وہ کیا ہیں؟ میں نے عرض کیا: ۱- (محتاجوں کو) کھانا کھلانا۔۲- (لوگوں سے) نرم بات کرنا ۳- اور رات میں (تہجد کی) نماز پڑھنا جبکہ لوگ سوئے ہوئے ہوں ...... اللہ نے فرمایا: آپ دعا مانگیں، پس میں نے دعا مانگی: اے اللہ! بیشک میں آپ سے سوال کرتا ہوں نیکی کے کام کرنے کا، اور منکرات کو چھوڑنے کا، اور غریبوں سے محبت کرنے کا، اور اس بات کا کہ آپ میری مغفرت فرمائیں، اور مجھ پر مہربانی فرمائیں، اور جب آپ کسی قوم کو آزمائش میں مبتلا کرنا چاہیں تو مجھے اٹھالیں درانحالیکہ میں آزمائش میں مبتلا نہ کیا گیا ہوں، اور میں آپ سے آپ کی محبت مانگتا ہوں اور ان لوگوں کی محبت مانگتا ہوں جو آپ سے محبت کرتے ہیں اور اس عمل کی محبت مانگتا ہوں جو مجھے آپ کی محبت سے قریب کردے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پس یہ دعا برحق ہے یعنی بہت قیمتی ہے، پس اس کو پڑھو، پھر اس کو سکھلاؤ''

حدیث کی سندیں: یہ حدیث تین سندوں سے مروی ہے:

۱- زید بن سلام روایت کرتے ہیں ابوسلام سے، وہ عبدالرحمٰن بن عائش حضرمی سکسکی سے، وہ مالک بن یخامر سکسکی سے، وہ حضرت معاذ سے (امام بخاری رحمہ اللہ نے اس سند کو صحیح قرار دیا ہے، اور امام ترمذیؒ نے اسی سند سے حدیث لکھی ہے)

۲- ولید بن مسلم روایت کرتے ہیں عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر سے، وہ خالد بن لجلاج سے، وہ عبدالرحمٰن بن عائش حضرمی سے، وہ نبی ﷺ سے (امام بخاری نے اس سند کو غیر محفوظ کہا ہے، خالد کا اضافہ سند میں صحیح نہیں)

۳- بشر بن بکر روایت کرتے ہیں عبدالرحمٰن بن یزید بن جابر سے، وہ عبدالرحمٰن بن عائش سے، وہ نبی ﷺ سے (اس میں خالد کا واسطہ نہیں، امام بخاری نے فرمایا کہ یہ سند دوسری سند سے اصح ہے، مگر یہ روایت مرسل ہے، کیونکہ عبد الرحمٰن بن عائش صحابی نہیں)

ملحوظہ: حدیث (۳۲۵۹) حاشیہ میں ہے، حوض میں نہیں ہے، اور اس سے اوپر کی عبارت جس میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث کا ذکر ہے وہ حوض میں ہے۔

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِطُوْلِهِ، وَقَالَ:"إِنِّيْ نَعَسْتُ، فَاسْتَثْقَلْتُ نَوْمًا، فَرَأَيْتُ رَبِّيْ فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ، فَقَالَ: فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟"

[٣٢٥٩-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ: أَبُوْهَانِئٍ السُكَّرِيُّ، ثَنَا جَهْضَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلاَّمٍ، عَنْ أَبِيْ سَلاَّمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَائِشٍ الْحَضْرَمِيِّ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ السَّكْسَكِيِّ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: احْتُبِسَ عَنَّا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ مِنْ صَلاَةِ الصُّبْحِ، حَتّٰى كِدْنَا نَتَرَاءَ ى عَيْنَ الشَّمْسِ، فَخَرَجَ سَرِيْعًا، فَثُوِّبَ بِالصَّلاَةِ، فَصَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَتَجَوَّزَ فِيْ صَلاَتِهِ، فَلَمَّا سَلَّمَ دَعَا بِصَوْتِهِ، فَقَالَ لَنَا: عَلَى مَصَافِّكُمْ كَمَا أَنْتُمْ، ثُمَّ انْفَتَلَ إِلَيْنَا، فَقَالَ:" أَمَا إِنِّيْ سَأُحَدِّثُكُمْ مَاحَبَسَنِيْ عَنْكُمُ الْغَدَاةَ، إِنِّيْ قُمْتُ مِنَ اللَّيْلِ، فَتَوَضَّأْتُ، فَصَلَّيْتُ مَا قُدِّرَ لِيْ، فَنَعَسْتُ فِيْ صَلاَ تِيْ، فَاسْتَثْقَلْتُ، فَإِذَا أَنَا بِرَبِّيْ تَبَارَكَ وَتَعَالى فِيْ أَحْسَنِ صُوْرَةٍ، فَقَالَ: يَامُحمدُ! قُلْتُ: رَبِّ! لَبَّيْكَ، قَالَ: فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قُلْتُ: لاَ أَدْرِيْ رَبِّ! – قَالَهَا ثَلاَثًا – قَالَ: فَرَأَيْتُهُ وَضَعَ كَفَّهُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، قَدْ وَجَدْتُ بَرْدَ أَنَامِلِهِ بَيْنَ ثَدْيَيَّ، فَتَجَلّٰى لِيْ كُلُّ شَيْئٍ، وَعَرَفْتُ، فَقَالَ: يَامحمدُ! قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَبِّ! قَالَ: فِيْمَ يَخْتَصِمُ الْمَلأُ الأَعْلَى؟ قُلْتُ: فِيْ الْكَفَّارَاتِ، قَالَ: مَاهُنَّ؟ قُلْتُ: مَشْيُ الأَقْدَامِ إِلَى الْجَمَاعَاتِ، وَالْجُلُوْسُ فِيْ الْمَسَاجِدِ بَعْدَ الصَّلَوَاتِ، وَإِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ فِيْ الْمَكْرُوْهَاتِ، قَالَ: ثُمَّ فِيْمَ؟[قُلْتُ: فِي الدَّرَجَاتِ، قَالَ: مَا هُنَّ؟] قُلْتُ: إِطْعَامُ الطَّعَامِ، وَلِيْنُ الْكَلاَمِ، وَالصَّلاَةُ بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ.

قَالَ: سَلْ، قُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ، وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ، وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ، وَأَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ، وَإِذَا أَرَدْتَ فِتْنَةً فِيْ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِيْ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ، وَأَسْأَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ، وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُ إِلَى حَبِّكَ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّهَا حَقٌّ، فَادْرُسُوْهَا، ثُمَّ تَعَلَّمُوْهَا"

قَالَ أَبُوْ عِيْسىٰ: هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، سَأَلْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ عَنْ هٰذَا الحديثِ، فَقَالَ: هٰذَا صَحِيحٌ، وَقَالَ: هٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ اللَّجْلاَجِ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنُ بْنُ الْعَايِشِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الحَدِيْثَ، وَهٰذَا غَيْرُ مَحْفُوْظٍ، هٰكَذَا ذَكَرَ الْوَلِيْدُ فِيْ حَدِيْثِهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

بْنِ عَايِشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.
وَرَوَى بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، هٰذَا الحديثَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَايِشٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَايِشٍ لَمْ يَسْمَعْ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

ملحوظہ: کھڑی دو قوسوں کے درمیان عبارت میں نے بڑھائی ہے، اس کے بغیر بات مکمل نہیں ہوتی۔

سورة الزُّمر

سورۃ الزمر کی تفسیر

۱- آخرت میں کفار کے ساتھ دوبارہ آویزش ہوگی

سورۃ الزمر (آیات ۳۰ و ۳۱) میں ہے: ''بیشک آپ (نبی ﷺ) کو بھی مرنا ہے اور ان (مخالفین) کو بھی مرنا ہے، پھر تم قیامت کے دن اپنے پروردگار کے پاس جھگڑو گے!'' یعنی وہاں پھر آویزش ہوگی، اور حق و باطل کا آخری فیصلہ ہوگا۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب آیتِ کریمہ: ﴿ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ﴾: نازل ہوئی تو حضرت زبیرؓ نے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا ہمارے خلاف دوبارہ جھگڑا کیا جائے گا، اس کے بعد جو دنیا میں ہمارے درمیان ہو چکا؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں!'' حضرت زبیرؓ نے کہا: ''تب تو معاملہ بہت سنگین ہوگا!''

تشریح: آخرت میں مظلوم: ظالموں کے خلاف اللہ کی عدالت میں مقدمات دائر کریں گے، وہاں ان کے اظہارات سنے جائیں گے، اور فیصلہ کیا جائے گا، اور ہر حقدار کو حق دلایا جائے گا، اس وقت کفار نے جو مسلمانوں کو ستایا ہے اس کا بھی بدلہ دلایا جائے گا، اس لئے وہ دن ان ظالموں کے حق میں بہت ہی سخت دن ہوگا۔

۲- اللہ کی بارگاہ ناامیدی کی بارگاہ نہیں

سورۃ الزمر (آیت ۵۳) ہے: ''اے میرے وہ بندو جنھوں نے اپنے حق میں زیادتی کی ہے! یعنی جو کافر ہیں، مشرک ہیں یا گنہ گار ہیں: تم اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہوؤ، بیشک اللہ تعالیٰ ہر گناہ معاف فرمادیں گے''...... اس کے بعد نبی ﷺ نے بطور تفسیر فرمایا: ''اور وہ پرواہ نہیں کریں گے'' یعنی ان کے لئے یہ کام کچھ دشوار نہیں ہوگا، گناہ خواہ کیسا ہی سنگین ہو، بندے نے کفر و شرک کا ارتکاب کیا ہو یا اس سے کم درجہ کا کوئی گناہ کیا ہو، اور خواہ گناہوں کی کتنی ہی مقدار ہو، اگر بندہ سچی توبہ کرے تو اللہ تعالیٰ سب کو معاف فرمادیں گے۔

[٤٠-] سُوْرَةُ الزُّمَر

[٣٢٦٠-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ یَحْیی بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿ثُمَّ إِنَّكُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ﴾ قَالَ الزُّبَیْرُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَتُكَرَّرُ عَلَیْنَا الْخُصُوْمَةُ بَعْدَ الَّذِیْ كَانَ بَیْنَنَا فِی الدُّنْیَا؟ قَالَ: "نعم" فَقَالَ: إِنَّ الْأَمْرَ إِذَنْ لَشَدِیْدٌ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[٣٢٦١-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نَا حَبَّانُ بْنُ هِلاَلٍ، وَسُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، قَالُوْا: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقْرَأُ: ﴿یاعِبَادِیَ الَّذِیْنَ أَسْرَفُوْا عَلَی أَنْفُسِهِمْ! لاتَقْنَطُوْا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ، إِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا﴾: وَلاَ یُبَالِیْ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ثَابِتٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ.

۳- اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کا بیان

سورۃ الزمر کی (آیت ٦٧) ہے: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ، وَالْأَرْضُ جَمِیْعًا قَبْضَتُهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِیَّاتٌ بِیَمِیْنِهِ، سُبْحَانَهُ وَتَعَالَی عَمَّا یُشْرِكُوْنَ﴾: اوران لوگوں نے یعنی مشرکوں نے اللہ کی عظمت جیسی پہچاننی چاہئے تھی: نہیں پہچانی! اور قیامت کے دن ساری زمین ان کی مٹھی میں ہوگی، اور تمام آسمان ان کے دائیں ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہونگے، ان کی ذات پاک ہے، اور لوگوں کے شرک سے برتر ہے —— ان کو بھاگیداروں کی کچھ ضرورت نہیں، وہ اپنی کائنات کا انتظام خود سنبھال سکتے ہیں اور سنبھالے ہوئے ہیں —— اور اللہ کی قدرتِ کاملہ کا علم مشرکین کو تو نہیں ہے، مگر اہل کتاب اس سے واقف ہیں، درج ذیل دو حدیثوں میں اسی کا بیان ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی عالم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے محمدؐ! اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) آسمانوں کو ایک انگلی میں تھامیں گے، اور پہاڑوں کو دوسری میں، اور زمینوں کو تیسری میں، اور دیگر مخلوقات کو چوتھی میں، پھر فرمائیں گے: "میں شہنشاہ ہوں!" —— ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم اتنے ہنسے کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں، اور آپؐ نے مذکورہ آیت پڑھی (یعنی دیکھو! مشرکین نے تو اللہ کی جیسی قدر پہچاننی چاہئے تھی نہیں پہچانی، مگر یہ یہودی عالم اس کو جانتا ہے، وہ بھی وہی بات بیان کرتا ہے جو مذکورہ آیت میں ہے) اور اسی حدیث کے دوسرے طریق میں ہے کہ آپؐ ہنسے تعجب وتصدیق کے طور پر یعنی آپؐ کو اس پر تعجب ہوا کہ یہ مضمون یہود کی کتابوں میں بھی ہے، اور آپؐ نے ہنس کر اس یہودی عالم کی تصدیق کی کہ اس نے صحیح بات بیان کی۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک یہودی عالم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گذرا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: ''اے یہودی! ہم سے بیان کر'' یعنی اللہ کی عظمت کا تذکرہ کرکہ تمہارے یہاں اس کا کیا تصور ہے؟ پس اس نے کہا: اے ابوالقاسم! آپ کس طرح کہیں گے یعنی میں جو بات بیان کرتا ہوں اس کے بارے میں آپ کیا فرمائیں گے: جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن آسمانوں کو اس انگلی پر رکھیں گے، اور زمینوں کو اس پر، اور پانی کو اس پر، اور پہاڑوں کو اس پر، اور دیگر مخلوقات کو اس پر (یہودی کی بات پوری ہوئی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہنس کر اس کی تصدیق کی کہ یہ اللہ کی قدرت وعظمت کا صحیح تصور ہے) حدیث کے راوی ابوجعفر محمد بن الصلت نے پہلے اپنی چھوٹی انگلی سے اشارہ کیا، پھر اس کے بعد دوسری انگلی سے اشارہ کیا، یہاں تک کہ وہ انگوٹھے تک پہنچے، پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت اتاری یعنی اس آیت میں بھی وہی مضمون ہے جو اس یہودی عالم نے بیان کیا ہے۔

[٣٢٦٢-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نَا سُفْيَانُ، ثَنِيْ مَنْصُوْرٌ، وَسُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ يَهُوْدِيٌّ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَامُحَمَّدُ! إِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْجِبَالَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْأَرْضِيْنَ عَلَى إِصْبَعٍ، وَالْخَلَائِقَ عَلَى إِصْبَعٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ: أَنَا الْمَلِكُ، قَالَ: فَضَحِكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٢٦٣-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، نَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: فَضَحِكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم تَعَجُّبًا وَتَصْدِيْقًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٢٦٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بْنُ الصَّلْتِ، نَا أَبُوْ كُدَيْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْ الضُّحَى، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ مَرَّ يَهُوْدِيٌّ بِالنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: يَا يَهُوْدِيُّ! حَدِّثْنَا، فَقَالَ: كَيْفَ تَقُوْلُ يَا أَبَا الْقَاسِمِ! إِذَا وَضَعَ اللّٰهُ السَّمَاوَاتِ عَلَى ذِهِ، وَالْأَرَضِيْنَ عَلَى ذِهِ، وَالْمَاءَ عَلَى ذِهِ، وَالْجِبَالَ عَلَى ذِهِ، وَسَائِرَ الْخَلْقِ عَلَى ذِهِ؟ وَأَشَارَ مُحمدُ بْنُ الصَّلْتِ أَبُوْ جَعْفَرٍ بِخِنْصَرِهِ أَوَّلًا، ثُمَّ تَابَعَ، حَتَّى بَلَغَ الإِبْهَامَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿وَمَا قَدَرُوْا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ كُدَيْنَةَ: اسْمُهُ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ، وَرَأَيْتُ مَحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ رَوَى هٰذَا الحديثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ شُجَاعٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الصَّلْتِ.

۴- قیامت کے دن صور پھونکا جائے گا

سورۃ الزمر (آیت ۶۸) ہے: ﴿وَنُفِخَ فِيْ الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِيْ الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ﴾: اور صور میں پھونکا جائے گا، جس سے آسمانوں اور زمین والوں کے ہوش اڑ جائیں گے، مگر جس کو اللہ تعالیٰ چاہیں وہ بے ہوش نہیں ہوگا۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''مجھے کیسے چین آئے، اور سینگ والے نے سینگ اپنے منہ میں لے رکھا ہے، اور اس نے اپنی پیشانی جھکائی ہے، اور اپنا کان لگایا ہے، انتظار کرتا ہے وہ کہ کب پھونکنے کا حکم ملے تو پھونکے —— مسلمانوں نے عرض کیا: پس ہم کیا کہیں اے اللہ کے رسول؟ آپؐ نے فرمایا: ''کہو: اللہ ہمارے لئے کافی ہے، اور وہ بہترین کارساز ہے، ہم اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں!''

حدیث (۲): ایک بدّو نے نبی ﷺ سے پوچھا: صور کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ ایک سینگ ہے جس میں پھونکا جائے گا''

ملحوظہ: یہ دونوں حدیثیں پہلے (ابواب صفۃ القیامۃ، باب ۹ حدیث ۲۴۲۴ و ۲۴۲۵ تحفہ ۶: ۲۰۱ میں) گذر چکی ہیں، اور دوسری حدیث کے راوی بشر کے باپ کا نام شَغَاف (غین کے ساتھ) ہے، پہلے جو شَفَاف (فاء کے ساتھ) آیا ہے، وہ غلط ہے۔ اس کو صحیح کرلیں۔

[۳۲۶۵-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''كَيْفَ أَنْعَمُ! وَقَدِ الْتَقَمَ صَاحِبُ الْقَرْنِ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ، وَأَصْغَى سَمْعَهُ، يَنْتَظِرُ أَنْ يُؤْمَرَ أَنْ يَنْفُخَ، فَيَنْفُخَ''

قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: فَكَيْفَ نَقُوْلُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، تَوَكَّلْنَا عَلَى اللّٰهِ'' وَرُبَّمَا قَالَ سُفْيَانُ: ''عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۲۶۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَسْلَمَ الْعِجْلِيِّ، عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ أَعْرَابِيٌّ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا الصُّوْرُ؟ قَالَ: ''قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ.

۵- ﴿إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ﴾ کا مصداق

سورۃ الزمر (آیت ۶۸) میں ہے: قیامت کے دن (پہلی بار) صور میں پھونکا جائے گا، پس بے ہوش ہوجائیں گے

جولوگ آسمانوں میں ہیں، اور جولوگ زمین میں ہیں، مگر جس کواللہ تعالیٰ چاہیں (وہ بے ہوش نہیں ہوگا) پھر دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا، پس اچانک وہ کھڑے ہوئے دیکھ رہے ہونگے —— اس آیت میں جواستثناء ہے: اس کا مصداق کون ہے؟ درمنثور کی روایات کے مطابق چارفرشتے: جبرئیل، میکائیل، اسرافیل اور ملک الموت (عزرائیل) ہیں، اور بعض روایات میں عرش کے اٹھانے والے فرشتے بھی ان میں شامل ہیں، یعنی پہلی مرتبہ جب صور پھونکا جائے گا توان کو موت نہیں آئے گی، مگراس کے بعد کسی وقت ان کو بھی موت آئے گی، اور سوائے ذاتِ حق کے کوئی زندہ نہیں رہے گا، جیسا کہ سورۃ الرحمٰن (آیت ۲۷) میں اس کی صراحت ہے، اور ابن کثیر نے لکھا ہے کہ سب سے آخر میں ملک الموت کو موت آئے گی —— اس سلسلہ میں درج ذیل حدیث میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بھی درجۂ احتمال میں استثناء آیا ہے:

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک یہودی نے مدینہ کے بازار میں کہا: نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس نے موسیٰؑ کوتمام انسانوں میں برگزیدہ کیا! پس ایک انصاری نے اپنا ہاتھ اٹھایا، اور زور سے اس کے چہرے پر مارا، اور کہا: تو یہ کہتا ہے جبکہ ہمارے درمیان نبی ﷺ موجود ہیں؟ (یہودی نے نبی ﷺ سے نالش کی) آپؐ نے مذکورہ آیات پڑھیں، اور فرمایا: ''میں سب سے پہلا وہ شخص ہوؤنگا جواپنا سر اٹھاؤنگا، پس اچانک موسیٰ عرش کے پایوں میں سے ایک پایہ پکڑے ہوئے ہونگے، پس میں نہیں جانتا کہ انھوں نے مجھ سے پہلے سر اٹھایا یعنی زندہ ہوئے یا وہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کواللہ تعالیٰ نے مستثنیٰ کیا ہے؟ اور جس نے کہا کہ میں حضرت یونس علیہ السلام سے بہتر ہوں اس نے یقیناً غلط کہا!'' (یہ متفق علیہ روایت ہے، اور بخاری شریف میں سات جگہ آئی ہے (حدیث ۲۴۱۱) اور بخاری میں یہاں سے مفصل آئی ہے)

تشریح: حضرت یونس علیہ السلام قوم کوعذاب کی خبر دے کر بغیر اذن الٰہی کے وہاں سے چل دیئے تھے اور ہمارے نبی ﷺ مکہ میں جمے رہے تھے، تا آنکہ آپؐ کو ہجرت کی اجازت ملی، پس اگر کوئی ان دونوں باتوں میں موازنہ کرے اور آپؐ کی فضیلت بیان کرے تو یہ غلط طریقہ ہے، تفضیل انبیاء برحق ہے،، مگر کسی بھی نبی کی تنقیص جائز نہیں، اور نہ ایسا انداز اختیار کرنا جائز ہے جس سے تنقیص لازم آئے، پس یہودی نے قسم کھائی تھی تو وہ اس کا معاملہ تھا، اس کے مقابلہ میں انصاری نے جو قسم کھائی اس سے موسیٰ علیہ السلام کی تنقیص کا پہلو نکلتا ہے جو مناسب نہیں تھا، بس آپؐ نے یہی فیصلہ فرمایا، اور چپت کا بدلہ نہیں دلوایا، کیونکہ اس میں خود یہودی کا قصور تھا، اس نے ایک مسلمان کا منہ چڑانے کے لئے ایسی قسم کھائی تھی، اس لئے اس نے اپنے منہ کی کھائی!

[۳۲۶۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو، نَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ يَهُوْدِیٌّ فِیْ سُوْقِ الْمَدِيْنَةِ: لاَ، وَالَّذِیْ اصْطَفَی مُوْسَی عَلَی الْبَشَرِ! قَالَ: فَرَفَعَ رَجُلٌ مِنَ

الأَنْصَارِ يَدَهُ، فَصَكَّ بِهَا وَجْهَهُ، قَالَ: تَقُوْلُ هٰذَا وَفِيْنَا نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَنُفِخَ فِيْ الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِيْ الأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ أُخْرَى فَإِذَا هُمْ قِيَامٌ يَنْظُرُوْنَ﴾ فَأَكُوْنُ أَوَّلَ مَنْ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَإِذَا مُوْسَى آخِذٌ بِقَائِمَةٍ مِنْ قَوَائِمِ الْعَرْشِ، فَلاَ أَدْرِيْ أَرَفَعَ رَأْسَهُ قَبْلِيْ أَمْ كَانَ مِمَّنِ اسْتَثْنَى اللّٰهُ؟ وَمَنْ قَالَ: أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُوْنُسَ بْنِ مَتَّى: فَقَدْ كَذَبَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۶- جنت میں حیاتِ ابدی، تندرستی، جوانی اور خوش حالی حاصل ہوگی

سورۃ الزمر کی (آیت ۷۴) ہے: ﴿وَقَالُوْا: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهُ، وَأَوْرَثَنَا الأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاءُ، فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِيْنَ﴾: اور جنتی کہیں گے: اللہ کا شکر ہے جس نے ہم سے کیا ہوا اپنا وعدہ پورا کیا، اور ہم کو جنت کی زمین کا مالک بنایا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں رہیں، پس نیک عمل کرنے والوں کا بدلہ کیسا اچھا ہے!

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (جنت میں) ایک منادی پکارے گا: تمہارے لئے یہ بات ہے کہ (سدا) زندہ رہو، پس نہ مرو کبھی بھی، اور تمہارے لئے یہ بات ہے کہ (سدا) تندرست رہو، پس نہ بیمار پڑو کبھی بھی، اور تمہارے لئے یہ بات ہے کہ (سدا) جوان رہو، پس نہ بوڑھے ہوؤ کبھی بھی، اور تمہارے لئے یہ بات ہے کہ (سدا) خوش حال رہو، پس نہ بدحال ہوؤ کبھی بھی، یہی اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "یہ وہ جنت ہے جس کے تم مالک بنادیئے گئے اپنے ان اعمال کے صلہ میں جو تم کیا کرتے تھے" (سورۃ الزخرف ۷۲)

ملحوظہ: یہ امام ترمذی رحمہ اللہ کا تسامح ہے، یہ حدیث سورۃ الزخرف کی تفسیر میں لانی چاہئے تھی۔

[۳۲۶۸-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا الثَّوْرِيُّ، نَا أَبُوْ إِسْحَاقَ: أَنَّ الأَغَرَّ أَبَا مُسْلِمٍ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يُنَادِي مُنَادٍ: إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَحْيَوْا فَلاَ تَمُوْتُوْا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوْا فَلاَ تَسْقَمُوْا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوْا فَلاَ تَهْرَمُوْا أَبَدًا، وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَنْعَمُوْا فَلاَ تَبْأَسُوْا أَبَدًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ تَعَالَى: ﴿وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ أُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴾

وَرَوَى ابْنُ الْمُبَارَكِ وَغَيْرُهُ هٰذَا الحديثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ وَلَمْ يَرْفَعُوْهُ.

۷- جہنم میں بے پناہ گنجائش ہے

حدیث: مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پوچھا: جانتے ہو جہنم کی گنجائش کتنی ہے؟ میں

نے جواب دیا: نہیں! ابن عباسؓ نے فرمایا: ہاں! بخدا! نہیں جانتے ہو تم! مجھ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان کیا کہ انھوں نے: ﴿وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ﴾ کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا، وہ کہتی ہیں: میں نے پوچھا: اس دن لوگ کہاں ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: ''جہنم کے پل پر'' (جب جہنم کا پل اتنا وسیع ہے جس پر ساری خلقت سما جائے تو اندازہ کرو جہنم میں کتنی گنجائش ہوگی؟)

تشریح: اسی طرح کی حدیث سورہ ابراہیم میں: ﴿يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ﴾ کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور اس حدیث میں جو لمبا مضمون ہے: وہ معلوم نہیں کس کتاب میں ہے۔

[٣٢٦٩-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَتَدْرِيْ مَا سَعَةُ جَهَنَّمَ؟ قُلْتُ: لاَ، قَالَ: أَجَلْ، وَاللّٰهِ! مَا تَدْرِيْ، حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ أَنَّهَا سَأَلَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ قَوْلِهِ: ﴿وَالْأَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِيْنِهِ﴾ قَالَتْ: قُلْتُ: فَأَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ يارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ''

وفى الحديثِ قِصَّةٌ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سورة المؤمن

سورۃ المؤمن کی تفسیر

دعا عینِ عبادت ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: الدعاءُ هو العبادة: دعا ہی عبادت ہے، پھر آپ نے فرمایا: ''اور تمہارے پروردگار نے فرمایا: مجھے پکارو (دعا کرو) میں تمہاری درخواست قبول کرونگا، بیشک جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں: وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم میں داخل ہونگے (سورۃ المؤمن آیت ٦٠)

تشریح: یہ حدیث پہلے سورۃ البقرہ (آیت ١٨٦) کی تفسیر میں گذر چکی ہے، اور آگے کتاب الدعوات میں بھی آرہی ہے۔ اور آیت سے استدلال اس طرح ہے کہ پہلے ﴿أُدْعُوْنِيْ﴾ سے دعا کا حکم دیا، پھر اسی کو ﴿عِبَادَتِيْ﴾ میں اپنی عبادت قرار دیا، پس معلوم ہوا کہ دعا عینِ عبادت ہے۔

[٤١-] سُوْرَةُ الْمُؤمن

[٣٢٧٠-] حدثنا بُنْدَارٌ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، وَالْأَعْمَشِ، عَنْ ذَرٍّ،

عَنْ يُسَيِّعَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ''الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ'' ثُمَّ قَالَ: ﴿وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ، إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِي سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة السجدة

سورۂ حٰمٓ السجدة کی تفسیر

۱- اللہ تعالیٰ ہر بات سنتے ہیں اور ان کو سب اعمال کی خبر ہے

سورۂ حٰمٓ السجدة کی (آیات ۲۲و۲۳) ہیں: ''اور تم خود کو اس بات سے نہیں چھپا سکتے کہ تمہارے کان، تمہاری آنکھیں اور تمہاری کھالیں تمہارے خلاف گواہی دیں، بلکہ تم اس خیال میں رہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر نہیں، اور تمہارے اسی گمان نے جو تم نے اپنے رب کے بارے میں باندھا تھا: تم کو غارت کیا، پس تم (ابدی) خسارے میں پڑ گئے''

اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بیت اللہ کے پاس تین شخصوں میں بحث ہوئی، دو قریشی تھے اور ایک ثقفی، یا دو ثقفی تھے اور ایک قریشی، ان کے دلوں کا فہم برائے نام تھا، اور ان کے پیٹوں کی چربی بہت زیادہ تھی، پس ان میں سے ایک نے کہا: تمہارا کیا خیال ہے: اللہ تعالیٰ وہ باتیں سن رہے ہیں جو ہم کر رہے ہیں؟ پس دوسرے نے کہا: اگر ہم زور سے باتیں کریں تو سنتے ہیں، اور اگر ہم چپکے سے باتیں کریں تو نہیں سنتے، پس تیسرے نے کہا: اگر وہ سنتے ہیں جب ہم زور سے باتیں کریں تو وہ سنتے ہیں جب ہم چپکے سے باتیں کریں یعنی دونوں صورتیں ان کے نزدیک یکساں ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیتیں نازل فرمائیں۔

حدیث (۲): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا تھا (وہ وہاں دعا میں مشغول ہونگے) پس تین شخص آئے، جن کے پیٹوں کی چربی بہت تھی، اور ان کے دلوں کی سمجھ بہت ہی کم تھی، ایک قریشی تھا اور دو اس کے سسرالی رشتے دار ثقفی تھے، یا ایک ثقفی تھا اور دو اس کے سسرالی رشتے دار قریشی تھے، پس انھوں نے کوئی ایسی گفتگو کی جسے میں نہیں سمجھ سکا، پھر ان میں سے ایک نے کہا: تمہارا کیا خیال ہے: اللہ تعالیٰ ہماری یہ بات سنتے ہیں؟ دوسرے نے جواب دیا: جب ہم اپنی آواز بلند کرتے ہیں تو وہ اس کو سنتے ہیں، اور جب ہم اپنی آواز بلند نہیں کرتے تو وہ اس کو نہیں سنتے! پس تیسرے نے کہا: اگر وہ اس میں سے کچھ بھی سنتے ہیں تو وہ ساری ہی بات سنتے ہیں!

ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ سے اس کا تذکرہ کیا تو اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیتیں نازل فرمائیں۔

ترکیب: قلیلٌ اور کثیرٌ: خبر مقدم ہیں، اور مرکب اضافی مبتدا مؤخر ہے...... ختَن: جمع أختان: بیوی کی طرف کے سسرالی رشتہ دار۔

تشریح: موٹا عقل کا کھوٹا ہوتا ہے، مگر اس میں استثناء بھی ہے، امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ما رأيتُ سَمِينًا عاقلاً إلا محمدَ بْنَ الحسن: میں نے کوئی موٹا عقلمند آدمی نہیں دیکھا، مگر امام محمد رحمہ اللہ اس سے مستثنیٰ ہیں...... اسی طرح میرے شیخ حضرت اقدس شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ بہت موٹے تھے، مگر ان کے فہم وفراست کا جواب نہیں تھا...... اسی طرح مذکورہ تین شخصوں میں سے تیسرا شخص بھی مستثنیٰ ہے، اس نے جو بات کہی ہے وہ باون تولہ پاؤرتی ہے!

[٤٢-] سُوْرَة السجدة

[٣٢٧١-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: اخْتَصَمَ عِنْدَ الْبَيْتِ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، قُرَشِيَّانِ وَثَقَفِيٌّ، أَوْ ثَقَفِيَّانِ وَقُرَشِيٌّ، قَلِيْلٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ، كَثِيْرٌ شَحْمُ بُطُوْنِهِمْ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَوْنَ اللّٰهَ يَسْمَعُ مَا نَقُوْلُ؟ فَقَالَ الآخَرُ: يَسْمَعُ إِنْ جَهَرْنَا، وَلاَ يَسْمَعُ إِنْ أَخْفَيْنَا، وَقَالَ الآخَرُ: إِنْ كَانَ يَسْمَعُ إِذَا جَهَرْنَا: فَهُوَ يَسْمَعُ إِذَا أَخْفَيْنَا، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٢٧٢-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا مُعَاوِيَةُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنْتُ مُسْتَتِرًا بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَجَاءَ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، كَثِيْرٌ شُحُوْمُ بُطُوْنِهِمْ، قَلِيْلٌ فِقْهُ قُلُوْبِهِمْ: قُرَشِيٌّ وَخَتَنَاهُ ثَقَفِيَّانِ، أَوْ ثَقَفِيٌّ وَخَتَنَاهُ قُرَشِيَّانِ، فَتَكَلَّمُوْا بِكَلاَمٍ لَمْ أَفْهَمْهُ، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: أَتَرَوْنَ أَنَّ اللّٰهَ يَسْمَعُ كَلاَمَنَا هٰذَا؟ فَقَالَ الآخَرُ: إِنَّا إِذَا رَفَعْنَا أَصْوَاتَنَا سَمِعَهُ، وَإِذَا لَمْ نَرْفَعْ أَصْوَاتَنَا لَمْ يَسْمَعْهُ، فَقَالَ الآخَرُ: إِنْ سَمِعَ مِنْهُ شَيْئًا: سَمِعَهُ كُلَّهُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلاَ أَبْصَارُكُمْ وَلاَجُلُوْدُكُمْ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿فَأَصْبَحْتُمْ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

حدثنا مُحمودُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَهُ.

۲-ستقامت: موت تک ایمان کے تقاضوں پر جمنا ہے

سورۃ حٰمٓ السجدۃ (آیت ۳۰) اور سورۃ الاحقاف (آیت ۱۳) میں استقامت پر خوش خبری سنائی گئی ہے:

پہلی جگہ ہے: ''بیشک جن لوگوں نے کہا: ''ہمارا رب اللہ ہے'' یعنی شرک وکفر سے براءت ظاہر کرکے ایمان وتوحید کی راہ اختیار کرلی، پھر وہ لوگ مستقیم رہے یعنی ایمان کے تقاضوں پر چلتے رہے تو ان پر فرشتے اترتے ہیں (اور خوشخبری سناتے ہیں) کہ تم اندیشہ مت کرو، اور رنج مت کرو، اور تم اس جنت کی خوش خبری سن لو جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے''

اور دوسری جگہ ہے: ''جن لوگوں نے کہا: ''ہمارا رب اللہ ہے'' پھر وہ اس پر مستقیم رہے تو یقیناً ان پر نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہونگے''

ایمان کے بعد استقامت کیا ہے؟ اس کی تفسیر درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے آیتِ کریمہ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا: رَبُّنَا اللّٰهُ! ثُمَّ اسْتَقَامُوْا﴾ پڑھی، (پھر) فرمایا: ''لوگوں نے بالیقین یہ بات کہی یعنی ایمان تو لائے، مگر ان میں سے اکثر نے کفرِ عملی اختیار کیا یعنی پھر وہ ایمان کے تقاضوں پر چلے نہیں تو وہ استقامت والے نہیں، اور مذکورہ دونوں آیتوں میں جو بشارتیں ہیں: وہ استقامت والوں کے لئے ہیں، پس جو کلمۂ توحید پر مرا یعنی اس کلمہ کے تقاضے بھی پورے کرتا رہا: وہی ان لوگوں میں سے ہے جو مستقیم رہا، یعنی اسی کے لئے وہ بشارتیں ہیں (اللہ تعالیٰ ہمیں ایمان کے تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائیں، اور مرتے دم تک مسلمان رکھیں، آمین!)

[۳۲۷۳-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ، ثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِيْ حَزْمٍ الْقُطَعِيُّ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَرَأَ: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا﴾ قَالَ: '' قَدْ قَالَ النَّاسُ، ثُمَّ كَفَرَ أَكْثَرُهُمْ، فَمَنْ مَاتَ عَلَيْهَا فَهُوَ مِمَّنِ اسْتَقَامَ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، سَمِعْتُ أَبَا زُرْعَةَ يَقُوْلُ: رَوَى عَفَّانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَلِيٍّ حَدِيْثًا.

وضاحت: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ ابوحفص عمرو بن علی فلاّس: ثقہ راوی ہیں، ان کے استاذ عفان بن مسلم نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے، یہ بات پہلے بھی کتاب الصلاۃ (تحفہ ۲: ۲۴۷) میں آچکی ہے۔

سورۃ الشوری

سورۃ الشوریٰ کی تفسیر

۱-مودّت فی القُربیٰ کی صحیح تفسیر

سورۃ الشوریٰ (آیت ۲۳) میں ہے: ﴿قُلْ: لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا، إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى﴾: آپ کہیں: میں تم

سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ طلب نہیں کرتا، مگر رشتہ داری کی محبت (کا خواستگار ہوں)

تفسیر: ایک نہایت ضعیف روایت میں ہے کہ آپؐ سے پوچھا گیا: آپؐ کے وہ رشتہ دار کون ہیں جن سے محبت رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''فاطمہؓ اور ان کی اولاد'' اس روایت کا راوی حسین اشقر سڑا ہوا شیعہ ہے، اس لئے یہ روایت قطعاً قابلِ اعتبار نہیں، آیت کی صحیح تفسیر وہ ہے جو درج ذیل متفق علیہ روایت میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے:

حدیث: طاؤس رحمہ اللہ کہتے ہیں: حضرت ابن عباسؓ سے آیتِ کریمہ: ﴿**قُلْ: لاَ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا، إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِيْ الْقُرْبَى**﴾ کے بارے میں پوچھا گیا: پس سعید بن جبیر رحمہ اللہ نے کہا: ''نبی ﷺ کے خاندانی رشتہ دار مراد ہیں'' یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور ان کی اولاد مراد ہے، ان سے محبت رکھنا مامور بہ ہے، پس حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: کیا تمہیں یہ بات معلوم ہے کہ قریش کا کوئی بطن ایسا نہیں تھا جس میں رسول اللہ ﷺ کی رشتہ داری نہ ہو؟ اسی کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''مگر یہ کہ جوڑو تم اس رشتہ داری کو جو میرے اور تمہارے درمیان ہے'' یعنی میں تبلیغ پر تم سے کچھ نہیں چاہتا، بس یہ چاہتا ہوں کہ تمہارے اکثر قبائل میں میری رشتہ داری اور قرابتیں ہیں، پس تم اس کی پاسداری کرو، اور مجھے تکلیف نہ پہنچاؤ!

تشریح: بخاری شریف (حدیث ۴۸۱۸) میں أَعَلِمتَ کی جگہ عَجِلْتَ ہے، یعنی تم نے آیت کی تفسیر کرنے میں جلدی کی، اور بے سوچے سمجھے ہی بات کہہ دی، یہ آیت کی صحیح تفسیر نہیں ہے، نزولِ آیت کے وقت حضرت فاطمہؓ بچی تھیں، اس وقت ان کی کوئی اولاد نہیں تھی، پھر یہ بات کفار سے کہی جارہی ہے، ان سے یہ بات کہنے کا کوئی تُک نہیں...... **قبیلہ:** جب پھٹتا ہے تو بطون پیدا ہوتے ہیں، اور بطون جب پھٹتے ہیں تو افخاذ (و: فَخِذ) پیدا ہوتے ہیں، نبی ﷺ کی قریش کے ہر بطن میں رشتہ داری تھی...... اور **إلا المودة:** استثناء منقطع ہے کیونکہ یہ کوئی اجر نہیں ہے جو اس کو استثناء متصل قرار دیا جائے، بلکہ اس کو مجازاً اور ادعاءً معاوضہ قرار دیا ہے۔

[۴۳-] سُوْرَةُ الشُّوْرىٰ

[۳۲۷۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ طَاوُسًا، قَالَ: سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿قُلْ: لاَ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِيْ الْقُرْبَى﴾ فَقَالَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ: قُرْبَى آلِ مُحمدٍ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: أَعَلِمْتَ أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَكُنْ بَطْنٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِلَّا كَانَ لَهُ فِيْهِمْ قَرَابَةٌ؟ فَقَالَ: '' إِلَّا أَنْ تَصِلُوْا مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ مِنَ الْقَرَابَةِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

۲- بلائیں آدمی کے کرتوتوں کا نتیجہ ہوتی ہیں

سورۃ الشوری کی (آیت ۳۰) ہے:﴿وَمَا أَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ، وَيَعْفُوا عَنْ كَثِيرٍ﴾:اور جو بھی مصیبت تمہیں پہنچتی ہے وہ تمہارے ہاتھوں کے کئے ہوئے کاموں کا نتیجہ ہوتی ہے،اور اللہ تعالیٰ بہت سی حرکتوں سے درگذر فرماتے ہیں۔

حدیث:قبیلہ بنومرۃ کا ایک شیخ (معزز آدمی) بیان کرتا ہے (یہ راوی مجہول ہے) کہ میں کوفہ میں آیا تو مجھے قاضی بلال کی آزمائش کی خبر دی گئی، میں نے (دل میں) کہا:بیشک اس (کی آزمائش) میں بڑی عبرت ہے،پس میں ان کے پاس گیا،وہ اپنے اس گھر میں جس کو انھوں نے بنایا تھا:محبوس تھے۔بنومرۃ کا شیخ کہتا ہے:اور اچانک ان کا سب ٹھاٹھ بدل چکا تھا،ایذا دہی اور پٹائی سے،اور اچانک وہ اِدھر اُدھر سے اٹھائی ہوئی چیزوں میں تھے یعنی بس معمولی سامان اُن کے پاس تھا، پس میں نے کہا:اللہ کا شکر ہے (کہ تیرا دور ختم ہوا، یہ قاضی ظالم تھا) اے بلال!بخدا!میں نے تجھے دیکھا ہے اس حال میں کہ تو ہمارے پاس سے گذرتا تھا،اور اپنی ناک غبار نہ ہونے کے باوجود پکڑے رہتا تھا،اور آج تو اس حال میں ہے؟! بلال نے پوچھا:تو کس قبیلہ کا ہے؟میں نے کہا:خاندان بنی مرۃ بن عباد کا ہوں،بلال نے کہا:کیا میں تجھ سے ایک حدیث بیان نہ کروں،ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ تجھے اس سے فائدہ پہنچائیں؟میں نے کہا:بیان کیجئے،بلال نے کہا:مجھ سے میرے ابا ابوبردۃ نے بیان کیا،وہ اپنے ابا حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا:''نہیں پہنچتی کسی کو کوئی مصیبت،پس جو اس سے اوپر ہے یا اس سے نیچے ہے:مگر وہ کسی گناہ کی وجہ سے ہوتی ہے،اور وہ گناہ جن سے اللہ تعالیٰ درگذر فرماتے ہیں وہ ان سے بہت زیادہ ہیں''ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں:پھر نبی ﷺ نے مذکورہ آیت پڑھی۔

تشریح:یہ حدیث اگرچہ ضعیف ہے،مگر یہ مضمون آیت سے ثابت ہے اور دیگر روایات میں بھی آیا ہے......اور یہ عمومی وجہ کا بیان ہے،کیونکہ تکلیفیں بچوں اور معصوموں کو بھی پہنچتی ہیں،مگر اس کی دوسری حکمت ہوتی ہے،مثلاً رفع درجات وغیرہ،اور حاکم کی روایت میں ہے کہ مؤمن کو جن گناہوں کی سزا دنیا میں دیدی جاتی ہے:آخرت میں ان پر سزا نہیں دی جاتی،دنیا کی یہ بلائیں کفارۂ سیئات بن جاتی ہیں۔

فائدہ:قاضی بلال:خالد بن عبداللہ قسری کا دوست تھا،جب ہشام نے خالد کو عراق کا گورنر بنایا تو اس نے بلال کو ۱۰۹ھ میں بصرہ کا قاضی بنایا،کہتے ہیں:یہ سب سے پہلا قاضی تھا جس نے فیصلوں میں ناانصافی کی،پھر یوسف بن عمر ثقفی گورنر بنا تو اس نے خالد اور اس کے آدمیوں کو سخت سزائیں دیں،اس نے ۱۲۰ھ میں قاضی بلال کو قتل کردیا۔

[۳۲۷۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَمْرُ بْنُ عَاصِمٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَازِعِ، قَالَ: ثَنِي شَيْخٌ مِنْ بَنِي مُرَّةَ قَالَ: قَدِمْتُ الْكُوفَةَ، فَأُخْبِرْتُ عَنْ بِلَالِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، فَقُلْتُ: إِنَّ فِيهِ لَمُعْتَبَرًا، فَأَتَيْتُهُ، وَهُوَ مَحْبُوسٌ

فِيْ دَارِهِ الَّتِيْ قَدْ كَانَ بَنَى، قَالَ: وَإِذَا كُلُّ شَيْئٍ مِنْهُ قَدْ تَغَيَّرَ: مِنَ الْعَذَابِ وَالضَّرْبِ، وَإِذَا هُوَ فِيْ قُشَاشٍ، فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ! يَابِلَالُ! لَقَدْ رَأَيْتُكَ وَأَنْتَ تَمُرُّ بِنَا وَتُمْسِكُ بِأَنْفِكَ مِنْ غَيْرِ غُبَارٍ، وَأَنْتَ فِيْ حَالِكَ هٰذِهِ الْيَوْمَ، فَقَالَ: مِمَّنْ أَنْتَ؟ فَقُلْتُ: مِنْ بَنِيْ مُرَّةَ بْنِ عَبَّادٍ، فَقَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا، عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَنْفَعَكَ بِهِ؟ قُلْتُ: هَاتِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ: أَبُوْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَبِيْ مُوْسَى: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَاتُصِيْبُ عَبْدًا نَكْبَةٌ، فَمَا فَوْقَهَا أَوْ دُوْنَهَا، إِلَّا بِذَنْبٍ، وَمَا يَعْفُوْ اللّٰهُ عَنْهُ أَكْثَرُ" قَالَ: وَقَرَأَ ﴿وَمَا أَصَابَكُمْ مِنْ مُصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ﴾ هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سورة الزخرف

سورہ الزخرف کی تفسیر

ہدایت کے بعد گمراہ ہونے والوں کو بات سمجھانا مشکل ہوتا ہے

عام جاہلوں (دین سے ناواقفوں) کو اور سادہ گمراہوں کو بات سمجھانا آسان ہے، وہ آسانی سے اپنی غلطی سمجھ جاتے ہیں، مگر جو لوگ کبھی ہدایت پر ہوتے ہیں، پھر وہ گمراہ ہوجاتے ہیں، اور اپنی گمراہی کو دین بنالیتے ہیں، جیسے مودودی، غیر مقلد اور رضاخانی بدعتی: ان کو ان کی گمراہی سمجھانا بہت دشوار ہوتا ہے، وہ بحث وتکرار کا ایک ایسا سلسلہ شروع کردیتے ہیں جس کی کوئی نہایت نہیں ہوتی، وہ واضح حقائق کو بھی نظر انداز کردیتے ہیں، سادہ بدعتیوں کو ان کی گمراہی سمجھانا آسان ہے، جب قرآن وحدیث سے ان کو بات سمجھائی جاتی ہے تو وہ اپنی بدعات چھوڑ دیتے ہیں، مگر جب وہ رضاخانی بن جاتے ہیں اور بدعات ہی کو دین تصور کرلیتے ہیں تو اب قرآن وحدیث کے واضح حقائق کا ان کو قائل کرنا بھی دشوار ہوجاتا ہے، وہ بحث شروع کردیتے ہیں، اور ان کے عوام ان کی بات پر نعرے لگانے لگتے ہیں، اور وہ ایسا طوفانِ بدتمیزی بپا کرتے ہیں کہ داعی حق زچ ہوکر رہ جاتا ہے۔

اس کی ایک مثال: جب سورۃ الانبیاء کی (آیات ۹۸و۹۹) نازل ہوئیں: ﴿إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ، أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُوْنَ﴾: بیشک تم اور جن کو تم اللہ کے ورے پوجتے ہو: سب جہنم کا ایندھن بنوگے، اور تم سب اس میں داخل ہوؤگے، اگر تمہارے معبود واقعی معبود ہوتے تو وہ جہنم میں کبھی نہ جاتے، اور تم سب جہنم میں ہمیشہ ہمیشہ رہوگے ـــــــ جب یہ آیتیں نازل ہوئیں تو عبداللہ بن الزِّبَعْریٰ نے (جو اس وقت کافر تھا) کہا: اس کا بہترین جواب میرے پاس ہے، اور وہ یہ ہے کہ نصاریٰ عیسیٰ علیہ السلام کی عبادت کرتے ہیں پس کیا وہ بھی جہنم میں

جائیں گے؟ یہ بات سن کر مشرکین بغلیں بجانے لگے کہ واہ خوب جواب ہے!

اس پر سورۃ الزخرف کی (آیات ۵۷-۵۹) نازل ہوئیں: ''اور جب ابن مریم کا عجیب مضمون بیان کیا گیا تو اچانک آپؐ کی قوم (قریش) اس مضمون کی وجہ سے چلانے لگی، اور انھوں نے کہا: کیا ہمارے معبود بہتر ہیں یا وہ؟ یعنی ہمارے معبود تو جہنم میں جائیں اور عیسیٰ علیہ السلام جہنم میں نہ جائیں: یہ کیا بات ہوئی؟ نہیں بیان کی انھوں نے وہ مثال آپؐ کے سامنے مگر جھگڑنے کے طور پر یعنی وہ خود دونوں میں فرق جانتے ہیں، مگر ان کا مقصود اس مثال سے جھگڑا کھڑا کرنا ہے، بلکہ وہ لوگ جھگڑالو قوم ہیں یعنی ان کی گھٹی میں یہ بات پڑی ہوئی ہے، نہیں ہیں وہ (عیسیٰ) مگر ہمارے ایک ایسے بندے جن پر ہم نے (خاص) انعام فرمایا ہے، اور ہم نے ان کو بنی اسرائیل کے لئے (اپنی قدرت کا) ایک نمونہ بنایا ہے (پس وہ جہنم سے دور رکھے جائیں گے اور تمہارے معبودوں میں یہ بات نہیں، اس لئے وہ جہنم میں جائیں گے)

ان آیاتِ پاک سے نبی ﷺ نے ایک قاعدہ بنایا: ماضلَّ قومٌ بعدَ هدًى کانوا علیه إلا أُوتوا الجدَلَ: نہیں گمراہ ہوتی کوئی قوم، ہدایت کے بعد جس پر وہ تھے، مگر وہ جھگڑا دیئے جاتے ہیں یعنی جب بھی کوئی قوم ہدایت پر ہوتی ہے، پھر وہ گمراہ ہو جاتی تو وہ جھگڑالو بن جاتی ہے، اب اس کو بات سمجھانا بہت مشکل ہو جاتا ہے (الخَصِم: جھگڑا کرنے کا ماہر، چاہے جھگڑا نہ کرے)

[٤٤-] سُوْرَةُ الزخرف

[٣٢٧٦-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبَدِيُّ، وَيَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ غَالِبٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَاضَلَّ قَوْمٌ بَعْدَ هُدًى كَانُوْا عَلَيْهِ إِلَّا أُوْتُوْا الْجَدْلَ" ثُمَّ تَلَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿مَاضَرَبُوْهُ لَكَ إِلَّا جَدَلًا، بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ حَجَّاجِ بْنِ دِيْنَارٍ، وَحَجَّاجٌ: ثِقَةٌ مُقَارِبُ الْحَدِيْثِ، وَأَبُوْ غَالِبٍ: اسْمُهُ حَزَوَّرٌ.

سورة الدخان

سورۂ دخان کی تفسیر

۱-واضح دھویں کی پیشین گوئی پوری ہوچکی

سورۃ الدخان (آیات ۱۰-۱۶) ہیں: ''پس انتظار کرو اس دن کا جب آسمان واضح دھواں لائے گا() جو سب لوگوں کو

عام ہو جائے گا، یہ دردناک عذاب ہے () اے ہمارے پروردگار! ہم سے اس عذاب کو دور فرما! ہم ضرور ایمان لے آئیں گے () ان کو نصیحت کہاں حاصل ہوگی؟! اوران کے پاس واضح شان والا رسول آچکا ہے () پھر ان لوگوں نے اس سے سرتابی کی اور کہا: سکھلایا ہوا پاگل ہے () ہم چندے اس عذاب کو ہٹائیں گے، مگر تم پلٹ جاؤ گے () جس دن ہم سخت پکڑ پکڑیں گے: اس دن ہم پورا پورا بدلہ لیں گے''

اور بخاری (حدیث ۴۷۶۷) میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: خمسٌ قد مَضَيْنَ: الدخانُ، والقمر، والرومُ، والْبَطْشَةُ، واللِّزَامُ: پانچ پیشین گوئیاں پوری ہوچکیں ہیں: ایک: دھویں کی پیشین گوئی جو مذکورہ آیات میں ہے، دوسری: شق القمر کی پیشین گوئی جس کا ذکر سورۃ القمر کے شروع میں ہے، تیسری: رومیوں کے دوبارہ جیتنے کی پیشین گوئی، جس کا ذکر سورۃ الروم کے شروع میں ہے، چوتھی: سخت پکڑ کی خبر، جس کا ذکر مذکورہ آیات میں ہے، پانچویں: وبال آنے کی خبر، جس کا ذکر سورۃ الفرقان کی آخر آیت میں ہے۔

غرض: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قطعی رائے یہ تھی کہ ''واضح دھویں'' کی پیشین گوئی واقع ہوچکی ہے، ان کے نزدیک اس کا مصداق مکہ مکرمہ کا قحط تھا، جو نبی ﷺ کی بددعا سے ان پر مسلط کیا گیا تھا، جس سے وہ بھوکوں مرنے لگے تھے، مردار اور ہڈیاں تک ان کو کھانی پڑی تھیں، اور بھوک کی شدت سے ان کو آسمان وزمین کے درمیان دھواں دھواں نظر آتا تھا، درج ذیل روایت میں اسی کا تذکرہ ہے:

حدیث: شعبہ رحمہ اللہ: سلیمان اعمش اور منصور بن المعتمر سے روایت کرتے ہیں، ان دونوں نے ابوالضحی مسلم بن صُبَیح کوفی سے سنا، وہ مسروق بن الاجدع سے روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: مسروق کہتے ہیں: ایک شخص حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: ایک واعظ اپنے وعظ میں کہہ رہا ہے کہ زمین سے دھواں نکلے گا، اور وہ کفار کے کانوں کو پکڑے گا، اور مؤمن کو زکام کی طرح محسوس ہوگا، مسروق کہتے ہیں: پس ابن مسعودؓ غصے ہوئے، اور وہ ٹیک لگائے ہوئے تھے پس وہ سیدھے بیٹھ گئے، پھر فرمایا:

''جب تم میں سے کسی سے کوئی ایسی بات پوچھی جائے جسے وہ جانتا ہے تو چاہئے کہ وہ بات کہے — منصور نے فلیقل به کی جگہ فَلْيُخْبِرْ به کہا ہے، یعنی چاہئے کہ وہ بات بتائے — اور جب اس سے کسی ایسی بات کے بارے میں پوچھا جائے جسے وہ نہیں جانتا تو چاہئے کہ کہے: الله أعلم: اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں! کیونکہ آدمی کے علم میں سے یہ بات ہے کہ جب اس سے کوئی ایسی بات پوچھی جائے جسے وہ نہیں جانتا تو کہے: الله أعلم! یعنی نہ جاننے کو جاننا بھی علم ہے، اور اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا ہے: ﴿قُلْ: مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾: آپؐ کہیں: میں تم سے اس (تبلیغ) پر کچھ معاوضہ نہیں چاہتا، اور میں بناوٹ کرنے والوں میں سے نہیں ہوں (سورۂ ص ۸۶) یعنی جو بات علم کے بغیر محض گمان سے کہی جاتی ہے وہ ''بناوٹ'' ہوتی ہے، اور بناوٹ کرنا نبی ﷺ کا طریقہ نہیں تھا (یہاں تک

تمہیدی مضمون ہے)

بیشک رسول اللہ ﷺ نے جب قریش کو دیکھا کہ انھوں نے آپؐ کے خلاف سر اٹھایا ہے، تو آپؐ نے دعا کی: ''الٰہی! قریش کے خلاف میری مدد فرما، یوسف علیہ السلام کے سات سالہ قحط جیسے سات سالوں سے!'' پس ان کو قحط سالی نے پکڑ لیا، پس گن لیا قحط نے ہر چیز کو (اور بخاری (حدیث ۱۰۰۷) میں حَصَّتْ ہے، حَصَّ الشیئَ کے معنی ہیں: زائل کرنا) یعنی قحط نے سب اندوختہ ختم کر دیا۔ یہاں تک کہ انھوں نے چمڑے اور مردار کھائے ــــ اور اعمش ومنصور میں سے ایک نے المیتۃ کی جگہ العظام کہا ہے، یعنی انھوں نے ہڈیاں کھائیں ــــ ابن مسعودؓ نے فرمایا: ''اور زمین سے دھویں جیسا نکلنے لگا''، یعنی ان کو ایسا محسوس ہونے لگا۔

ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس آپؐ کے پاس ابو سفیان آیا، اور اس نے کہا: بیشک آپؐ کی قوم ہلاک ہوگئی، پس آپ ان کے لئے دعا کریں ــــ اعمش نے کہا: پس یہ یعنی ابن مسعودؓ کا مذکورہ بیان ارشادِ باری تعالیٰ: ﴿یَوْمَ تَأْتِیْ السَّمَاءُ﴾ کے لئے ہے، یعنی یہ اس کی تفسیر ہے، اور منصور نے کہا: یہ بیان: ﴿رَبَّنَا اکْشِفْ﴾ کے لئے ہے یعنی اس آیت کی تفسیر ہے (دونوں آیتیں ایک ہی سلسلہ کی ہیں) ــــ پس (ابن مسعودؓ نے فرمایا:) کیا آخرت کا عذاب کھولا جائے گا؟ (یہ اس واعظ کے قول کی تردید ہے) ــــ ابن مسعودؓ نے فرمایا: بَطْشۃ (پکڑ) لِزَام (وبال) دخان (دھواں) اور دونوں میں سے ایک نے کہا: (أحدھم کی جگہ صحیح أحدھما ہے) قمر یعنی شق القمر، اور دوسرے نے کہا: روم یعنی رومیوں کا غالب آنا (یہ پانچ پیشین گوئیاں پوری ہو چکی ہیں) ــــ امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مشرکین مکہ پر وبال بدر کے دن آیا تھا۔

تشریح: دخان مبین کے بارے میں دو رائیں ہیں: ایک: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے ہے جو اوپر آچکی، اور یہ حدیث متفق علیہ ہے، بخاری شریف میں بارہ جگہ آئی ہے۔ دوسری رائے: حضرت علی، ابن عباس، ابن عمر اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کی ہے کہ یہ علاماتِ قیامت میں سے ایک علامت ہے، جو قیامت کے بالکل قریب میں ظاہر ہوگی، مسلم شریف (حدیث ۲۹۰۱ کتاب الفتن) میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی مرفوع روایت ہے کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک تم دس علامتیں نہ دیکھ لو، ان دس میں دخان کا بھی ذکر ہے۔ اور تفسیر طبری میں حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں تمہیں تین چیزوں سے ڈراتا ہوں: ایک: دخان سے جو مؤمن کے لئے صرف ایک طرح کا زکام پیدا کرے گا، اور کافر کے تمام بدن میں بھر جائے گا، یہاں تک کہ اس کے کان آنکھ اور تمام مسامات سے نکلے گا۔ دوسری چیز: دابۃ الارض ہے، یہ ایک عجیب قسم کا جانور ہے جو زمین سے نکلے گا، تیسری چیز: دجال ہے (ابن کثیر کہتے ہیں: اس حدیث کی سند عمدہ ہے)

تطبیق: اور دونوں قولوں میں تطبیق یہ ہے کہ یہاں دو چیزیں ہیں: ایک: دخان مبین: واضح دھواں۔ دوم: محض دخان،

علاماتِ قیامت میں یہ دوم ہے۔ اول کا ذکر سورۃ الدخان میں ہے، اور دوم کا تذکرہ قرآن میں نہیں ہے، صرف حدیثوں میں ہے، اور یہ بات حضرت ابن مسعودؓ سے بھی مروی ہے، فرمایا: ''دخان دو ہیں: ایک گذر چکا، اور دوسرا جو باقی ہے وہ آسمان وزمین کی درمیانی فضا کو بھر دے گا، اور مؤمن کو اس سے صرف زکام کی کیفیت پیدا ہوگی، اور کافر کے تمام منافذ کو پھاڑ ڈالے گا'' یہ روایت روح المعانی میں ہے، میرے خیال میں یہ بہترین تطبیق ہے، اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے واعظ پر رد اس لئے کیا کہ وہ سورۂ دخان کی آیات کی تفسیر میں یہ بات بیان کر رہا تھا جو غلط تھا: اس دخان کا تذکرہ صرف حدیثوں میں آیا ہے۔

[٤٥-] سُوْرَةُ الدُّخَانِ

[٣٢٧٧-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْجُدِّيُّ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، وَمَنْصُوْرٍ، سَمِعَا أَبَا الضُّحٰى، يُحَدِّثُ عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: إِنَّ قَاصًّا يَقُصُّ: يَقُوْلُ: إِنَّهُ يَخْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ الدُّخَانُ، فَيَأْخُذُ بِمَسَامِعِ الْكُفَّارِ، وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، قَالَ: فَغَضِبَ، وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَجَلَسَ، ثُمَّ قَالَ:

إِذَا سُئِلَ أَحَدُكُمْ عَمَّا يَعْلَمُ فَلْيَقُلْ بِهِ — قَالَ مَنْصُوْرٌ: فَلْيُخْبِرْ بِهِ — وَإِذَا سُئِلَ عَمَّا لَايَعْلَمُ، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ أَعْلَمُ! فَإِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِنَبِيِّهِ: ﴿قُلْ: مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ﴾

إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَمَّا رَأَى قُرَيْشًا اسْتَعْصَوْا عَلَيْهِ، قَالَ:'' اللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسَبْعِ يُوْسُفَ'' فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ، فَأَحْصَتْ كُلَّ شَيْءٍ، حَتّٰى أَكَلُوْا الْجُلُوْدَ وَالْمَيْتَةَ — وَقَالَ أَحَدُهُمَا الْعِظَامَ — قَالَ: وَجَعَلَ يَخْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ.

قَالَ: فَأَتَاهُ أَبُوْ سُفْيَانَ، فَقَالَ: إِنَّ قَوْمَكَ قَدْ هَلَكُوْا، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُمْ، قَالَ: فَهٰذَا لِقَوْلِهِ: ﴿يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِيْنٍ، يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾ قَالَ مَنْصُوْرٌ: هٰذَا لِقَوْلِهِ: ﴿رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ﴾ فَهَلْ يُكْشَفُ عَذَابُ الْآخِرَةِ؟

قَالَ: مَضَى الْبَطْشَةُ، وَاللِّزَامُ، وَالدُّخَانُ وَقَالَ أَحَدُهُمْ: الْقَمَرُ، وَقَالَ الْآخَرُ: الرُّوْمُ.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: اللِّزَامُ: يَوْمُ بَدْرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲- مرنے پر آسمان وزمین کا رونا

سورۃ الدخان (آیت ۲۹) ہے: ﴿فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَآءُ وَالْأَرْضُ، وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ﴾: پس ان (فرعونیوں) پر آسمان وزمین نہیں روئے، اور نہ وہ مہلت دیئے گئے ـــــ آسمان وزمین کا یہ رونا حقیقت ہے یا مجاز؟

درج ذیل روایت اس کے حقیقت ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی بھی مؤمن مگر اس کے لئے (آسمان میں) دو دروازے ہیں: ایک سے اس کا عمل چڑھتا ہے، اور دوسرے سے اس کی روزی اترتی ہے، پس جب مؤمن مرتا ہے تو دونوں دروازے اس پر روتے ہیں، مذکورہ آیتِ کریمہ میں یہی مضمون ہے۔

تشریح: آیت کے مفہوم مخالف سے استدلال کیا گیا ہے، جب آسمان وزمین فرعونیوں کی تباہی پر نہیں روئے تو معلوم ہوا کہ مؤمن کی موت پر دونوں روتے ہیں، مذکورہ حدیث سے یہ مفہوم مخالف ثابت ہے، اور زمین کو آسمان پر قیاس کیا جائے گا، زمین کی وہ جگہیں جہاں مؤمن عبادت کرتا ہے مؤمن کو روتی ہیں۔ اور یہ بات شرعاً ثابت ہے کہ ہر مخلوق باشعور ہے اور تسبیح خواں ہے، البتہ یہ ضروری نہیں کہ آسمان وزمین کا رونا ہمارے رونے کی طرح ہو، ان کے رونے کی کیفیت مختلف ہوسکتی ہے، جس کی حقیقت ہمیں معلوم نہیں، مثلاً: افسوس کرنا ان کا رونا ہو۔

مگر یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، موسیٰ اگرچہ عبادت گذار تھا مگر ضعیف راوی ہے، اسی طرح یزید بھی زاہد تھا مگر ضعیف راوی ہے، ان کی روایتیں صرف ترمذی اور ابن ماجہ میں ہیں، اس لئے بعض حضرات نے اس حدیث کا اعتبار نہیں کیا، اور آیت کو مجاز واستعارہ قرار دیا ہے، ان کے نزدیک آسمان وزمین کا حقیقۃً رونا مراد نہیں، بلکہ آیت کا مقصد یہ ہے کہ فرعونیوں کا وجود ایسا بے کار تھا کہ اس کے ختم ہوجانے پر کسی کو بھی افسوس نہیں ہوا۔

[۳۲۷۸-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا مِنْ مُؤْمِنٍ إِلَّا وَلَهُ بَابَانِ: بَابٌ يَصْعَدُ مِنْهُ عَمَلُهُ، وَبَابٌ يَنْزِلُ مِنْهُ رِزْقُهُ، فَإِذَا مَاتَ بَكَيَا عَلَيْهِ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: ﴿فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوْا مُنْظَرِيْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، وَيَزِيْدُ بْنُ أَبَانِ الرَّقَاشِيُّ: يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ.

سورة الأحقاف

سورۃ الاحقاف کی تفسیر

۱- بنی اسرائیل کے گواہ سے مراد حضرت عبداللہ بن سلامؓ ہیں

حدیث: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کا بھتیجا (جو مجہول راوی ہے) کہتا ہے کہ جب حضرت عثمان رضی

اللہ عنہ ارادہ کیے گئے یعنی بلوائیوں نے ان کو قتل کرنا چاہا تو عبداللہ بن سلام (ان کے پاس) آئے، پس ان سے حضرت عثمان نے پوچھا: آپ کو کیا چیز لائی ہے؟ یعنی آپ کیوں آئے ہیں؟ ابن سلام نے کہا: میں آپ کی مدد کے لئے آیا ہوں، حضرت عثمانؓ نے کہا: آپ لوگوں کے پاس باہر جائیں اور ان کو مجھ سے دور کریں، کیونکہ آپ کا باہر ہونا میرے لئے بہتر ہے آپ کے اندر ہونے سے، یعنی یہاں اندر آپ مجھے کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے، اور باہر جاکر بلوائیوں کو روک سکتے ہیں، چنانچہ عبداللہ بن سلام لوگوں کی طرف نکلے، اور فرمایا: ''لوگو! میرا نام زمانۂ جاہلیت میں یہ تھا (آپ کا نام پہلے حصین تھا) پس رسول اللہ ﷺ نے میرا نام عبداللہ رکھا (یہ ایک فضیلت ہوئی) اور میرے بارے میں قرآن کی چند آیتیں نازل ہوئیں:

۱- میرے بارے میں (سورۃ الاحقاف کی آیت ۱۰) نازل ہوئی: ''آپؐ کہیں: مجھے بتاؤ: اگر یہ قرآن منجانب اللہ ہو، اور تم اس کے منکر ہو، اور بنی اسرائیل میں سے ایک گواہ اس جیسی کتاب پر گواہی دے کر ایمان لے آئے اور تم تکبر ہی کرتے رہو (تو بتاؤ تم کیسے ہو؟ تمہارا شیوہ مبنی بر انصاف ہے یا مبنی بر ظلم؟) بیشک اللہ تعالیٰ ناانصافوں کو منزلِ مقصود تک نہیں پہنچاتے''

۲- اور میرے بارے میں سورۃ الرعد کی آخری آیت نازل ہوئی: ''اور یہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ آپؐ اللہ کے بھیجے ہوئے نہیں ہیں! آپ کہہ دیں: میرے اور تمہارے درمیان (میری نبوت پر) اللہ تعالیٰ کافی گواہ ہیں اور وہ شخص (بھی) جس کے پاس کتاب (تورات) کا علم ہے''

(اپنا تعارف کرا کر فرمایا:) بیشک اللہ تعالیٰ کی تم سے میان میں کی ہوئی ایک تلوار ہے یعنی ابھی تک امت میں تلوار نہیں چلی، اور بیشک فرشتے تمہارے پڑوسی ہیں تمہارے اس شہر (مدینہ منورہ) میں جس میں تمہارے نبی ﷺ فروکش ہوئے ہیں، یعنی یہ شہر متبرک شہر ہے۔ پس اللہ سے ڈرو اس شخص کے حق میں اس سے کہ تم ان کو قتل کرو، پس بخدا! اگر تم نے ان کو قتل کیا تو تم ضرور اپنے پڑوسی فرشتوں کو دھتکار دو گے یعنی تم اس شہر کی حرمت کو پامال کرو گے، اور تم ضرور سونت لو گے اپنے سے میان میں کی ہوئی اللہ کی تلوار کو، پھر وہ قیامت تک میان میں واپس نہیں کی جائے گی، یعنی قتل وقتال کا ایک غیر متناہی سلسلہ شروع ہو جائے گا ــــــ ابن سلام کا بھتیجا کہتا ہے: پس لوگوں نے کہا: ''اس یہودی کو بھی قتل کرو اور عثمان کو بھی قتل کرو''

سند کا حال: حدیث کی یہ سند ضعیف ہے، حضرت ابن سلامؓ کا بھتیجا مجہول راوی ہے، اور اس کی ایک دوسری سند ہے: شعیب: عبدالملک سے روایت کرتے ہیں، وہ ابن سلام کے پوتے سے روایت کرتے ہیں، وہ اپنے دادا ابن سلامؓ سے روایت کرتا ہے، آگے کتاب المناقب میں حضرت ابن سلامؓ کے فضائل میں یہ سند آ رہی ہے، وہاں صراحت ہے کہ اس پوتے کا نام عمر تھا، اور یہ بھی مجہول راوی ہے، مگر فضائل میں ضعیف حدیث کا اعتبار کر لیا جاتا ہے۔

[٤٦-] سُوْرَة الأحقاف

[٣٢٧٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدٍ الكِنْدِيُّ، نا أَبُوْ مُحَيَّاةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ أَخِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: لَمَّا أُرِيْدَ عُثْمَانُ، جاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: مَاجاءَ بِكَ؟ قَالَ: جِئْتُ فِيْ نُصْرَتِكَ، قَالَ: اخْرُجْ إِلَى النَّاسِ فَاطْرُدْهُمْ عَنِّيْ، فَإِنَّكَ خَارِجٌ خَيْرٌ لِيْ مِنْكَ دَاخِلٌ، قَالَ: فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ إِلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّهُ كَانَ اسْمِيْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فُلَانٌ، فَسَمَّانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ اللّٰهِ، وَنَزَلَتْ فِيَّ آياتٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، نَزَلَتْ فِيَّ: ﴿وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ، إِنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِيْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ﴾ وَنَزَلَتْ فِيَّ: ﴿كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ، وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ﴾

إِنَّ لِلّٰهِ سَيْفًا مَغْمُوْدًا عَنْكُمْ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ قَدْ جَاوَرَتْكُمْ فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا الَّذِيْ نَزَلَ فِيْهِ نَبِيُّكُمْ، فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِي هٰذَا الرَّجُلِ أَنْ تَقْتُلُوْهُ، فَوَ اللّٰهِ إِنْ قَتَلْتُمُوْهُ لَتَطْرُدُنَّ جِيْرَانَكُمُ الْمَلَائِكَةَ، وَلَتَسُلُّنَّ سَيْفَ اللّٰهِ المَغْمُوْدَ عَنْكُمْ، فَلَا يُغْمَدُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَقَالُوْا: اقْتُلُوْا اليَهُوْدِيَّ، وَاقْتُلُوْا عُثْمَانَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ مُحمدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ.

۲-گھن گرج والے بادل میں عذاب بھی ہوسکتا ہے

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم گھن گرج والا بادل دیکھتے تو آگے پیچھے ہوتے یعنی بے چین ہوتے، پھر جب وہ برسنا شروع ہوتا تو آپؐ کی بے چینی دور ہوجاتی، صدیقہ کہتی ہیں: پس میں نے آپؐ سے اس بارے میں پوچھا (کہ آپؐ کی یہ کیفیت کیوں ہوجاتی ہے؟) تو آپؐ نے فرمایا: ''میں کیا جانوں یعنی کیا پتہ شاید وہ ویسا بادل ہو جیسا اس آیت میں ہے: ''پس جب عاد نے عذاب کو دیکھا، بادل کی شکل میں، جو ان کے میدانوں کی طرف آرہا تھا تو انھوں نے (خوشی سے) کہا: یہ بادل ہے جو ہم پر برسے گا! نہیں، یہ وہی عذاب ہے، جس کے بارے میں تم جلدی مچاتے تھے: ایک آندھی ہے جس میں دردناک عذاب ہے'' (احقاف ۲۴)

سوال: سورۃ الانفال (آیت ۳۳) میں ہے: ﴿وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَأَنْتَ فِيْهِمْ﴾: اور اللہ تعالیٰ ایسے نہیں کہ آپؐ کے ان میں ہوتے ہوئے عذاب دیں —— پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم بادل دیکھ کر پریشان کیوں ہوتے تھے؟

جواب: نفی تباہ کن عذاب کی ہے یعنی ایسا عذاب جو پوری قوم کو تہس نہس کردے: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں نہیں آئے گا، مگر چھوٹا موٹا عذاب آسکتا ہے، اور عذاب بہر حال عذاب ہے، خواہ کتنا ہی معمولی ہو، وہ اللہ کے غصے کی

وجہ سے ہوتا ہے، پس اس سے ڈرنا چاہئے۔

[۳۲۸۰-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ: أَبُوْ عَمْرٍو الْبَصْرِيُّ، نا مُحمدُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَأَى مَخِيْلَةً، أَقْبَلَ وَأَدْبَرَ، فَإِذَا مَطَرَتْ سُرِّيَ عَنْهُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ لَهُ، فَقَالَ:" وَمَا أَدْرِيْ لَعَلَّهُ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: ﴿فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُسْتَقْبِلَ أَوْدِيَتِهِمْ، قَالُوْا: هٰذَا عَارِضٌ مُمْطِرُنَا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

لغت: مَخِيْلَةٌ: گھن گرج والا بادل جس کے برسنے کی امید ہو...... سَرَّى عنه: غم اور تکلیف دور کرنا۔

۳- جنات بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہیں

انسانوں کی طرح جنّات بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہیں، جنّات: نبوت کے معاملات میں انسانوں کے تابع ہیں، جیسے عورتیں اس معاملہ میں مردوں کے تابع ہیں کیونکہ نبی ورسول ہمیشہ مرد ہی ہوئے ہیں، اسی طرح نبی ورسول ہمیشہ انسان ہوئے ہیں، اور عورتیں مردوں کے اور جنات انسانوں کے تابع رہے ہیں، مرد ہی عورتوں کو اور انسان ہی جنات کو دین پہنچاتے ہیں۔ البتہ حکومت میں جنات مستقل ہیں، ان کی اپنی حکومت علاحدہ ہے، اور عورتیں اس معاملہ میں بھی مردوں کے تابع ہیں، البتہ سلیمان علیہ السلام کے زمانہ میں حکومت کے معاملہ میں بھی جنات انسانوں کے تابع تھے ......سورۃ الاحقاف (آیت ۲۹) میں جنات کے قرآنِ کریم سننے کا، اس سے متأثر ہونے کا، ایمان لانے کا، پھر لوٹ کر کاردعوت انجام دینے کا تذکرہ ہے، اس مناسبت سے درج ذیل حدیث پڑھیں:

حدیث: علقمہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا لیلۃ الجن میں آپ حضرات میں سے کوئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا؟ ابن مسعودؓ نے جواب دیا: ہم میں سے کوئی آپؐ کے ساتھ نہیں تھا، البتہ ہم نے آپؐ کو ایک رات گم پایا درانحالیکہ آپؐ مکہ میں تھے یعنی لیلۃ الجن کا یہ واقعہ ہجرت سے پہلے کا ہے، پس ہم نے کہا: دھوکہ دے کر بےخبری میں مار ڈالے گئے یا اڑا لئے گئے یعنی اغوا کر لئے گئے یا معلوم نہیں آپؐ کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا؟ پس ہم نے وہ رات گذاری بد سے بدتر رات جو کسی قوم نے گذاری ہے، یہاں تک کہ ہم نے صبح کی یا کہا: آپؐ علی الصباح تھے، پس اچانک ہم نے آپؐ کو جبل حراء کی طرف سے آتا ہوا دیکھا۔

ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس صحابہ نے آپؐ سے اپنے اس حال کا تذکرہ کیا جس میں وہ تھے: پس آپؐ نے فرمایا: ''میرے پاس جنات کا نمائندہ آیا، پس میں ان کے پاس گیا، اور میں نے ان کو قرآن سنایا'' —— ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس آپؐ چلے، اور ہمیں ان کے نشانات اور ان کی آگ کے آثار دکھائے۔

امام عامر شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور جنات نے آپؐ سے توشہ مانگا، اور وہ لوگ جزیرۃ کے جنات تھے، پس آپؐ

نے فرمایا: ''ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا، جو تمہارے ہاتھوں میں آئے، خوب گوشت سے بھری ہوئی ہوگی جیسی پہلے تھی، اور ہر مینگنی یا فرمایا: گوبر: تمہارے چوپایوں کے لئے چارہ ہوگا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''لہٰذا تم ان چیزوں سے استنجا مت کرو، کیونکہ یہ دونوں چیزیں تمہارے (دینی) بھائی جنات کی خوراک ہیں''

تشریح: یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۱ کتاب الطہارۃ، تحفہ ۱:۲۳۱) آچکی ہے، وہاں اس کی تفصیل ہے کہ جنات کو انسانوں کا بھائی کس اعتبار سے کہا گیا ہے؟ اور لید اور ہڈی جنات کی خوراک کیسے ہیں؟ اور حدیث کی سندوں پر بھی وہاں کلام کیا گیا ہے۔ البتہ یہاں روایات میں دو اختلافات کا ذکر ضروری ہے:

پہلا اختلاف: اس روایت میں جو اسماعیل بن علیہ کی ہے یہ ہے کہ لیلۃ الجن میں نبی ﷺ کے ساتھ صحابہ میں سے کوئی نہیں تھا، اور یہی روایت پہلے (کتاب الطہارۃ باب ۱۴ تحفہ ۱:۲۳۱) آئی ہے: اس میں ہے: عن عبد الله: أنه كان مع النبی صلی الله علیه وسلم لیلةَ الجن: یعنی لیلۃ الجن میں ابن مسعودؓ آپؐ کے ساتھ تھے، اور نبیذ سے وضوء کی روایت میں بھی ابن مسعودؓ کا آپؐ کے ساتھ ہونا مصرح ہے، پس تطبیق کی دو صورتیں ہیں:

۱- یا تو یہ کہا جائے کہ لیلۃ الجن متعدد ہیں، کسی میں کوئی ساتھ نہیں تھا، اور کسی میں ابن مسعودؓ ساتھ تھے، جزیرہ کے جنات کی تعلیم کے موقع پر آپؐ کے ساتھ کوئی نہیں تھا، اور باب کی حدیث میں یہی واقعہ ہے۔ اور نَصِیْبِیْن کے جنات کی تعلیم کے موقعہ پر ابن مسعودؓ ساتھ تھے، اور اسی واقعہ میں آپؐ نے نبیذ سے وضوء فرمائی ہے۔

۲- یا یہ کہا جائے کہ خاص اُس مقام میں جہاں جنات سے آپؐ کی ملاقات ہوئی: کوئی نہیں تھا، ابن مسعودؓ راستہ میں بٹھا دیئے گئے تھے۔

دوسرا اختلاف: داؤد بن ابی ہند کے شاگرد اسماعیل بن علیہ کی اس روایت میں یہ ہے کہ ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا یعنی مردار کی ہڈی گوشت سے بھری ہوئی ملے گی، اور داؤد کے دوسرے شاگرد عبدالاعلی کی روایت مسلم شریف (حدیث ۴۵۰ کتاب الصلاۃ حدیث ۱۵۰) میں ہے: لكم كلُّ عظمٍ ذُكر اسم الله عليه يقع في أيديكم أَوْفَرَ مايكون لحماً: یعنی مذبوحہ جانور کی ہڈی پر گوشت بھرا ہوا ملے گا، اس اختلاف میں بھی تطبیق کی دو صورتیں ہیں:

۱- یا تو یہ کہا جائے کہ كلٌّ حَفِظَ مالم يَحْفَظْهُ الآخر: ہر راوی نے آدھی بات یاد رکھی ہے، پس مذبوحہ اور مردار: دونوں کی ہڈیوں پر گوشت ملے گا۔

۲- یا یہ کہا جائے کہ مسلم شریف کی روایت کو ترجیح حاصل ہے، پس مذبوحہ کی ہڈی پر گوشت ملے گا۔

سوال (۱): جنات کا وجود انسان سے مقدم ہے، اور جنات مکلّف مخلوق ہیں، پھر تخلیقِ آدمؑ سے پہلے ان کو دین کیسے پہنچتا تھا؟

جواب: اس وقت جنات ہی میں سے رسول و نبی مبعوث ہوتے ہونگے، مگر جب اللہ کا خلیفہ انسان وجود میں

آ گیا تو ان میں نبوت ورسالت کا سلسلہ موقوف کردیا گیا، اب وہ اس معاملہ میں انسانوں کے تابع ہیں۔

سوال (۲): جنات: انسانوں سے اب کس طرح علوم حاصل کرتے ہیں؟ کیا وہ ہماری درسگاہوں میں حاضر ہوکر علم حاصل کرتے ہیں؟

جواب: یہ بات ممکن ہے، مگر ضروری نہیں، کیونکہ نبی ﷺ کے بعد جس طرح انسانوں میں تعلیم وتعلّم کا سلسلہ جاری ہوا ہے، اسی طرح جنات میں بھی یہ سلسلہ جاری ہوا ہے، اب وہ اپنی درسگاہوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں، اور کبھی ہماری درسگاہوں سے بھی استفادہ کرتے ہیں۔ واللہ اعلم

[۳۲۸۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ دَاوُدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ: هَلْ صَحِبَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةَ الْجِنِّ مِنْكُمْ أَحَدٌ؟ قَالَ: مَاصَحِبَهُ مِنَّا أَحَدٌ، وَلٰكِنِ افْتَقَدْنَاهُ ذَاتَ لَيْلَةٍ، وَهُوَ بِمَكَّةَ، فَقُلْنَا: اغْتِيْلَ، اسْتُطِيْرَ، مَا فُعِلَ بِهِ؟ فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ بَاتَ بِهَا قَوْمٌ، حَتَّى إِذَا أَصْبَحْنَا أَوْ: كَانَ فِيْ وَجْهِ الصُّبْحِ، إِذَا نَحْنُ بِهِ يَجِيْءُ مِنْ قِبَلِ حِرَاءٍ، قَالَ: فَذَكَرُوْا لَهُ الَّذِيْ كَانُوْا فِيْهِ، قَالَ: فَقَالَ: "أَتَانِيْ دَاعِي الْجِنِّ، فَأَتَيْتُهُمْ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِمْ" قَالَ: فَانْطَلَقَ، فَأَرَانَا آثَارَهُمْ، وَآثَارَ نِيْرَانِهِمْ.

قَالَ الشَّعْبِيُّ: وَسَأَلُوْ الزَّادَ، وَكَانُوْا مِنْ جِنِّ الْجَزِيْرَةِ، فَقَالَ: "كُلُّ عَظْمٍ لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِيْ أَيْدِيْكُمْ أَوْفَرَ مَا كَانَ لَحْمًا، وَكُلُّ بَعْرَةٍ، أَوْ: رَوْثَةٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ" فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَلاَ تَسْتَنْجُوْا بِهِمَا، فَإِنَّهُمَا زَادُ إِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة محمد صلى الله عليه وسلم

سورۂ محمد ﷺ کی تفسیر

۱- نبی ﷺ کا بکثرت استغفار فرمانا

سورۂ محمد کی (آیت ۱۹) ہے: ﴿فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ﴾: پس آپ جان لیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور معافی مانگیں آپ اپنے گناہ کی اور ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کے لئے، اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں تمہارے چلنے پھرنے کی جگہ کو یعنی عارضی قیامگاہ کو اور تمہارے (مستقل) رہنے سہنے کی جگہ کو۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "میں اللہ تعالیٰ سے ایک دن میں ستّر مرتبہ معافی مانگتا ہوں" —— اور دوسری

روایت میں ہے کہ میں ایک دن میں اللہ تعالیٰ سے سومرتبہ معافی مانگتا ہوں (اور یہی روایت بخاری شریف (حدیث ۶۳۰۷) میں ہے کہ میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں، ایک دن میں ستّر مرتبہ سے زیادہ! —— پس مؤمنین کو بھی اسوۂ نبوی پر عمل کرتے ہوئے بکثرت استغفار کرنا چاہئے، اور صرف اپنے ہی لئے نہیں، بلکہ سب مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کے لئے بھی استغفار کرنا چاہئے۔

سوال: استغفار (معافی مانگنا) گناہ کی خبر دیتا ہے، جبکہ انبیاء سب معصوم (بے گناہ) ہیں، پھر نبی ﷺ کو استغفار کا حکم کیوں دیا؟

جواب: استغفار کے مادّے: غ، ف، ر کے اصل معنی ہیں: چھپانا۔ غَفَرَ الشيئَ: چھپانا، غَفَرَ المتاعَ في الوِعاء: کسی ظرف میں سامان رکھ کر چھپانا، غَفَر اللّٰه له ذنبه: گناہ چھپانا اور معاف کرنا، الغِفارة: عورتوں کا سر کا رومال، جو سر کے صرف اگلے اور پچھلے حصہ کو ڈھانپتا ہے، الغِفِيْرَة: ڈھکنا، المِغْفَر: خود جو لڑائی میں سر پر پہنا جاتا ہے...... پس استغفار کا اصل مفہوم ہے: رحمت میں ڈھانکنے کی دعا کرنا، اگر گناہ ہو تو اس کو معاف کر کے، ورنہ بدرجہ اولی، کیونکہ گنہ گار تو ممکن ہے رحمت میں نہ لیا جائے، مگر معصوم (بے گناہ) ضرور رحمت میں چھپالیا جائے گا۔ غرض استغفار: عصمت کے منافی نہیں، بلکہ دونوں میں گہرا جوڑ ہے۔

[۴۷-] سُوْرَةُ محمد صلى الله عليه وسلم

[۳۲۸۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: ﴿وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾ فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنِّيْ لَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِيْ الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۲۸۳-] وَيُرْوَىٰ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "إِنِّيْ لَأَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِيْ الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ" رَوَاهُ مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

۲- ایمان ثریا پر ہوتا تب بھی فارس کے کچھ لوگ اس کو حاصل کر لیتے

سورۃ محمدؐ کی آخری آیت ہے: ﴿وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ، ثُمَّ لَايَكُوْنُوْا أَمْثَالَكُمْ﴾: اور اگر تم روگردانی کرو گے یعنی اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری جگہ دوسری قوم کو لے آئے گا، پھر وہ تم جیسے (بخیل) نہیں ہونگے (بلکہ وہ دل کھول کر راہِ خدا میں خرچ کریں گے) —— اور سورۃ الجمعہ کے شروع میں امت کی دو قسمیں کی ہیں: جزیرۃ العرب کے باشندے اور ان کے علاوہ لوگ، پہلی قسم کی طرف نبی ﷺ کی بعثت بلاواسطہ ہوئی ہے، اور

دوسری قسم کی طرف: پہلی قسم کے توسط سے —— ان دونوں آیتوں کی تفسیر میں درج ذیل حدیث وارد ہوئی ہے:

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک دن یہ آیت تلاوت فرمائی: ﴿وَإِنْ تَتَوَلَّوْا﴾ الآیة، پس صحابہ نے پوچھا: ہماری جگہ کس کو لایا جائے گا؟ آپؐ نے سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے کندھے پر (ہاتھ) مارا، اور فرمایا: ''یہ اور اس کی قوم''

یہ حدیث صحیح ہے، مگر اس کی یہ سند ضعیف ہے، اس میں ایک مجہول راوی ہے، اور یہی حدیث دوسری سند سے اس طرح ہے:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ میں سے کچھ لوگوں نے پوچھا: یا رسول اللہ! یہ کون لوگ ہیں جن کا اللہ تعالیٰ نے تذکرہ کیا ہے کہ اگر تم نے روگردانی کی تو ان کو ہماری جگہ لایا جائے گا، پھر وہ ہم جیسے نہ ہونگے؟ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: اور سلمان فارسیؓ نبی ﷺ کے پہلو میں تھے، پس نبی ﷺ نے ان کی ران پر ہاتھ مارا، اور فرمایا: ''یہ اور اس کے ساتھی، اور قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر ایمان ثریا پر لٹکا ہوا ہوتا تو بھی اس کو فارس کے کچھ لوگ حاصل کر لیتے!''

حدیث کی یہ دوسری سند بھی ضعیف ہے، اس میں عبداللہ بن جعفر ہیں، جو علی بن المدینی کے والد ہیں، اور ضعیف ہیں، مگر اس کی ایک تیسری سند سورۃ الجمعہ میں آرہی ہے، اور اسی سند سے یہ حدیث بخاری شریف (حدیث ۴۸۹۷) میں ہے پس اس حدیث کا سورۂ محمدؐ کی آخری آیت سے تعلق نہیں، بلکہ سورۃ الجمعہ کی آیت: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ﴾ سے تعلق ہے۔

ملحوظہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ علی بن حجر نے براہ راست عبداللہ بن جعفر سے بہت سی روایتیں کی ہیں، مگر یہ حدیث انھوں نے اسماعیل بن جعفر کے واسطے سے سنی ہے، اور سورۃ الجمعہ والی روایت علی بن حجر براہِ راست عبداللہ بن جعفر سے روایت کرتے ہیں، مگر بخاری میں عبداللہ بن جعفر کے خواجہ طاش سلیمان بن بلال کی روایت ہے جو صحیح ہے۔

[۳۲۸٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هريرةَ، قَالَ: تَلاَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هٰذِهِ الآيَةَ يَوْمًا: ﴿وَإِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لاَيَكُوْنُوْا أَمْثَالَكُمْ﴾ قَالُوْا: وَمَنْ يُسْتَبْدَلُ بِنَا؟ قَالَ: فَضَرَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى مَنْكِبِ سَلْمَانَ، ثُمَّ قَالَ: "هٰذَا وَقَوْمُهُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَفِىْ إِسْنَادِهِ مَقَالٌ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ أَيْضًا هٰذَا الحديثَ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

[۳۲۸٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ نَجِيْحٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ ذَكَرَ اللّٰهُ: إِنْ تَوَلَّيْنَا اسْتُبْدِلُوْا بِنَا ثُمَّ لَايَكُوْنُوْا أَمْثَالَنَا؟ قَالَ: وَكَانَ سَلْمَانُ بِجَنْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: فَضَرَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخِذَ سَلْمَانَ، وَقَالَ: "هٰذَا وَأَصْحَابُهُ، وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ كَانَ الإِيْمَانُ مَنُوْطًا بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِنْ فَارِسَ"

وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جعْفَرِ بْنِ نَجِيْحٍ: هُوَ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ، فَقَدْ رَوَى عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جعْفَرٍ الْكَثِيْرَ، وَثَنَا عَلِيٌّ بِهٰذَا الحديثِ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ جعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنَ جعْفَرِ بْنِ نَجِيْحٍ.

سورة الفتح

سورۃ الفتح کی تفسیر

ا- صلح حدیبیہ فتح مبین ہوئی

صلح حدیبیہ کی دفعات مسلمانوں کی توقعات کے خلاف تھیں، ان دفعات سے مسلمانوں کے جذبات اس قدر مجروح ہوئے تھے کہ وہ غم سے نڈھال تھے، اور سب سے زیادہ غم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو تھا، انھوں نے خدمتِ نبوی میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول! کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "کیوں نہیں" انھوں نے پوچھا: ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم رسید نہیں ہونگے؟ آپؐ نے فرمایا: "کیوں نہیں!" انھوں نے کہا: پھر ہم اپنے دین کی رسوائی کیوں برداشت کریں؟ آپؐ نے فرمایا: "اے خطاب کے لڑکے! میں اللہ کا رسول ہوں، اس کی نافرمانی نہیں کرسکتا، وہ میری مدد کرے گا، اور مجھے ہرگز ضائع نہیں کرے گا" انھوں نے پوچھا: کیا آپؐ نے ہم سے یہ نہیں کہا تھا کہ ہم بیت اللہ پر پہنچیں گے، اور اس کا طواف کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: "کیوں نہیں! مگر کیا میں نے یہ بھی کہا تھا کہ ہم اسی سال یہ کام کریں گے؟ انھوں نے کہا: نہیں، آپؐ نے فرمایا: "تم بہر حال بیت اللہ کے پاس پہنچو گے، اور اس کا طواف کروگے" —— اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے، اور ان سے بھی یہی گفتگو کی، انھوں نے بھی ٹھیک وہی جواب دیا جو نبی ﷺ نے دیا تھا، البتہ اتنا اضافہ کیا کہ اے آدمی! تو آپؐ کی رکاب تھامے رہ، یہاں تک کہ موت آجائے، کیونکہ بخدا! آپؐ برحق نبی ہیں۔

صلح کی تکمیل کے بعد قربانیاں کرکے سب نے احرام کھول دیا، اور قافلہ مدینہ کی طرف لوٹا، راستہ میں سورۃ الفتح نازل ہوئی، اور اس میں صلح حدیبیہ کو فتح مبین قرار دیا گیا، نبی ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلا کر یہ سورت سنائی، بعد میں حضرت عمرؓ کو اپنی تقصیر کا احساس ہوا تو وہ سخت نادم ہوئے، خود کہتے ہیں: میں نے اس روز جو گستاخی کی تھی اور جو

باتیں کہی تھیں، ان سے ڈر کر میں نے بہت سے اعمال کئے، برابر صدقہ وخیرات کرتا رہا، روزے رکھتا رہا، نماز پڑھتا رہا، غلام آزاد کرتا رہا، یہاں تک کہ اب مجھے خیر کی امید ہے۔

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم کسی سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس میں نے نبی ﷺ سے گفتگو کی تو آپؐ خاموش رہے، پھر میں نے آپؐ سے گفتگو کی تو بھی آپؐ خاموش رہے، پھر میں نے اپنی سواری تیز کردی، اور میں ایک طرف کو ہوگیا، اور میں نے (دل میں) کہا: اے ابن خطاب! تجھے تیری ماں گم کرے یعنی تو مرگیا ہوتا تو اچھا تھا، تو نے تین مرتبہ نبی ﷺ سے اصرار کیا (مگر) ہر بار آپؐ نے تجھے کوئی جواب نہ دیا، تو کس قدر لائق ہے کہ تیرے بارے میں قرآن نازل ہو! —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس فوراً ہی میں نے ایک پکارنے والے کو سنا جو مجھے پکار رہا تھا، پس میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؐ نے فرمایا: ''اے ابن خطاب! بخدا! مجھ پر اس رات ایک سورت اتاری گئی ہے، نہیں پسند کرتا میں کہ ہوں میرے لئے اس کے بدل وہ چیزیں جن پر سورج طلوع کرتا ہے'' یعنی پوری دنیا سے وہ سورت مجھے زیادہ محبوب ہے، مراد سورۃ الفتح ہے (یہ حدیث بخاری (حدیث ۴۱۷۷) میں ہے)

تشریح: سورۃ الفتح کی پہلی آیت ہے: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾: بیشک ہم نے آپؐ کو کھلی فتح دی —— صلح حدیبیہ: کھلی فتح اس طرح بنی کہ جنگ کی ڈبیہ دس سال کے لئے بند ہوگئی، اور مکہ اور مدینہ کے درمیان آمد ورفت شروع ہوئی، اور لوگوں کو کھلے ذہن سے اسلام کو سمجھنے کا موقعہ ملا، اور تیزی سے اسلام پھیلنا شروع ہوا، چنانچہ حدیبیہ کے سال شمع نبوت کے گرد پندرہ سو پروانے تھے، اور اس کے دو سال بعد فتح مکہ کے موقعہ پر نبی ﷺ کے جلو میں دس ہزار کا لشکر جرار تھا، یہ صلح حدیبیہ کی برکت تھی۔

لغات: تَنَحّٰی: ایک کنارہ یا ایک گوشہ میں ہوجانا، ایک طرف ہوجانا...... نَزَرَ (ن) فلانا: اصرار کرکے لینا...... ما أخلقك: فعل تعجب ہے...... مَانَشِبَ أن قال كذا: اس نے فوراً ہی ایسا کہا۔

[٤٨-] سُوْرَةَ الفتح

[٣٢٨٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَكَلَّمْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَكَتَ، ثُمَّ كَلَّمْتُهُ فَسَكَتَ، فَحَرَّكْتُ رَاحِلَتِيْ، فَتَنَحَّيْتُ، فَقُلْتُ: ثَكِلَتْكَ أُمُّكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! نَزَرْتَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلاَثَ مَرَّاتٍ، كُلَّ ذٰلِكَ لاَيُكَلِّمُكَ، مَا أَخْلَقَكَ بِأَنْ يَنْزِلَ فِيْكَ قُرْآنٌ! قَالَ: فَمَا نَشِبْتُ أَنْ سَمِعْتُ صَارِخًا يَصْرُخُ بِيْ، قَالَ: فَجِئْتُ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! لَقَدْ أُنْزِلَ

عَلَيَّ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ سُوْرَةٌ، مَا أُحِبَّ أَنَّ لِيْ بِهَا مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِيْنًا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۲- نبی ﷺ کی ہر کوتاہی معاف اور مؤمنین کے لئے جنت کی بشارت

صلح حدیبیہ کے نتیجہ میں تین باتیں حاصل ہوئیں:

پہلی بات: ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، وَيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ، وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُسْتَقِيْمًا، وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا﴾: تاکہ اللہ تعالیٰ معاف فرمادیں آپؐ کی وہ کوتاہیاں جو پہلے ہوچکی ہیں اور جو بعد میں ہونگی، اور آپؐ پر اپنے احسانات کی تکمیل فرمادیں، اور آپؐ کو سیدھے راستے پر استوار رکھیں، اور اللہ آپؐ کو ایسا غلبہ دیں جس میں عزت ہی عزت ہو! (جس کے بعد آپؐ کو کسی سے دبنا نہ پڑے) —— یعنی صلح حدیبیہ کے نتیجہ میں خود آپ ﷺ کو چار باتیں حاصل ہوئیں:

۱- اگلی پچھلی تمام کوتاہیوں سے درگذر فرمانے کا اعلان۔

۲- احسانات خداوندی کی تکمیل یعنی شانِ نبوت کی سربلندی کی اطلاع کہ اب آپؐ کا، قرآن کا اور دین اسلام کا شہرہ شروع ہوگا، اور اسلام کی اشاعت خوب ہوگی۔

۳- ماضی کی طرح آئندہ بھی صراط مستقیم پر استوار رکھنے کی بشارت۔

۴- باعزت غلبہ کی پیش خبری جو فتح مکہ کی صورت میں حاصل ہوئی۔

ان میں سے پہلی بات کی تفصیل یہ ہے کہ پہلے (تحفہ ۱: ۱۹۲ میں) یہ بات آچکی ہے کہ گناہوں کے چار درجے ہیں: معصیت (نافرمانی) سیئہ (برائی) خطیئہ (غلطی) اور ذنب (کوتاہی، عیب) ذنب: گناہوں کا سب سے ادنی درجہ ہے، کوتاہی جو آدمی کو عیب دار کردے: ذنب کہلاتی ہے، اور یہ بات بھی لوگوں کے خیالات کے اعتبار سے ہے، کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ صلح حدیبیہ میں آپ ﷺ سے چوک ہوگئی ہے، یہ صلح ٹھیک نہیں ہوئی، اس سے کافروں کا ہاتھ اوپر ہوگیا ہے، ان کو سنایا گیا کہ ہم نے اپنے نبی کی ہر کوتاہی معاف کردی، اب تم کون ہو اس طرح کا گمان کرنے والے؟ یہ ہے اس اعلان کی حقیقت، ورنہ انبیاء سب معصوم ہوتے ہیں، ان سے ادنی درجہ کا گناہ بھی نہیں ہوسکتا، یہ اعلان محض گمان کرنے والوں کے گمان کے اعتبار سے کیا گیا ہے۔

دوسری بات: ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ الآیة: تاکہ اللہ تعالیٰ مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو ایسے باغات میں داخل کریں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اور تاکہ ان سے ان کی برائیاں مٹادے، اور یہ اللہ کے نزدیک یعنی آخرت میں بڑی کامیابی ہے —— یعنی صلح حدیبیہ کے موقع پر بیعتِ رضوان کی

صورت میں جوصحابہ کا جذبہ ایمانی سامنے آیا تھا: اس کے صلہ میں ان کوسدا بہار جنت ملے گی، اوران کی سب خطائیں معاف کردی جائیں گی، جن میں نبی ﷺ سے کوتاہی کی بدگمانی بھی شامل ہے۔اور اسلام کی اشاعت خوب ہوگی، مردوں کوبھی ایمان نصیب ہوگا اور عورتوں کوبھی۔

تیسری بات: ﴿وَيُعَذِّبَ الْمُنَافِقِيْنَ﴾الآية: تاکہ اللہ تعالیٰ منافق مردوں اور منافق عورتوں کواور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کوسزا دیں، جواللہ کے (دین کے، اللہ کے رسول کے، اوراللہ کی فوج کے) بارے میں برے گمان رکھتے ہیں، براوقت انہی پر پڑنے والا ہے، اور (آخرت میں) اللہ تعالیٰ ان پرغضبناک ہونگے اوران کورحمت سے دور کردیں گے، اوران کے لئے اللہ نے دوزخ تیار کررکھی ہے، اوروہ بہت ہی براٹھکانہ ہے! —— یعنی اس صلح سے منافقوں اور مشرکوں کی آرزوئیں خاک میں مل جائیں گی، اوران پر براوقت جلد آنا ہے، دیکھتے رہیں آگے کیا ہوتا ہے!

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حدیبیہ سے واپسی میں نبی ﷺ پر آیت: ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ﴾ اتاری گئی، پس آپؐ نے فرمایا: ''بخدا! مجھ پر ایک ایسی آیت اتری ہے جو مجھے زیادہ محبوب ہے ان سب چیزوں سے جو زمین میں ہیں'' پھر نبی ﷺ نے لوگوں کو یہ آیت پڑھ کر سنائی —— پس لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! آپؐ کو یہ آیت مبارک! آپؐ کے لئے اللہ تعالیٰ نے واضح کردیا وہ جو آپؐ کے ساتھ کیا جائے گا، پس ہمارے ساتھ کیا کیا جائے گا؟ اس پر یہ آیت اتری: ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ الآیۃ۔

ملحوظہ: باب میں حضرت مُجَمِّع بن جاریہ کی حدیث ہے، یہ حدیث ابوداؤد (حدیث ۲۷۳۶ کتاب الجہاد باب ۱۴۸) میں ہے۔

[۳۲۸۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُنْزِلَتْ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿لِيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَّةِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ، أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا عَلَى الْأَرْضِ" ثُمَّ قَرَأَهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم عَلَيْهِمْ، فَقَالُوْا: هَنِيْئًا مَرِيْئًا لَكَ يَارسولَ اللّٰهِ! لَقَدْ بَيَّنَ لَكَ اللّٰهُ مَاذَا يُفْعَلُ بِكَ؟ فَمَاذَا يُفْعَلُ بِنَا؟ فَنَزَلَتْ عَلَيْهِ: ﴿لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ﴾ حَتَّى بَلَغَ ﴿فَوْزًا عَظِيْمًا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ.

۳-اللہ نے شرانگیزی کرنے والوں کی چال خاک میں ملادی

مکہ والوں نے پہلے تو ٹھان لی تھی کہ آپؐ کواور مسلمانوں کوعمرہ کرنے کے لئے مکہ میں داخل نہیں ہونے دیا جائے گا قریش نے احابیش (کنانہ اور خزاعہ) کو اکٹھا کرکے جنگ کا تہیہ کرلیا تھا، حتی کہ جب آپؐ نے سفارت بھیجی کہ ہم لڑنے

نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں تو انھوں نے سفیر (حضرت عثمانؓ) کو روک لیا، اس کی خبر مسلمانوں کے کیمپ میں اس طرح پہنچی کہ حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا گیا، پس جنگ ناگزیر ہوگئی، اور آپؐ نے کیکر کے ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر صحابہ سے آخر دم تک لڑنے کی بیعت لی، اس کی خبر جب قریش کو پہنچی تو وہ ڈھیلے پڑ گئے، کیونکہ پندرہ سو آدمی جب سر سے کفن باندھ لیں تو وہ ہزاروں پر بھاری ہوجاتے ہیں، چنانچہ کفار نے فوراً حضرت عثمان کو واپس بھیج دیا، اور اپنی طرف سے مصالحت کی گفتگو کرنے کے لئے سفارت روانہ کی —— مگر یہ بات ان کے پرجوش نوجوانوں کو پسند نہیں آئی، گرم خون جوش زن ہوتا ہے، اس وقت ہوش نہیں رہتا، اس لئے انھوں نے صلح میں رخنہ ڈالنے کے لئے ایک پروگرام بنایا، طے کیا کہ رات کی تاریکی میں مسلمانوں کے لشکر میں گھس جائیں، اور ہنگامہ برپا کر دیں پس جنگ کی آگ بھڑک اٹھے گی۔ چنانچہ رات کی تاریکی میں ستّر جوان جبل تنعیم کے راستے اتر آئے، اور انھوں نے مسلمانوں کے کیمپ میں چپکے سے گھسنے کی کوشش کی، مگر پہرے داروں نے سب کو گرفتار کر لیا، اور صبح ان کو آپؐ کی خدمت میں پیش کیا، آپؐ نے صلح کی خاطر سب کو معاف کر دیا اس کا تذکرہ سورۃ الفتح (آیت ۲۴) میں ہے: ”اللہ تعالیٰ وہ ہیں جنھوں نے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے عین مکہ میں روک دیئے، اس کے بعد کہ تم کو ان پر قابو دیدیا تھا، اور اللہ تعالیٰ تمہارے سب کاموں کو دیکھ رہے تھے“

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فجر کی نماز کے وقت اسّی آدمی رسول اللہ ﷺ پر اور آپؐ کے صحابہ پر تنعیم پہاڑ سے اتر آئے، وہ لوگ آپؐ کو قتل کرنا چاہتے تھے، پس وہ بری طرح پکڑے گئے، اور نبی ﷺ نے ان کو آزاد کر دیا۔ پس مذکورہ آیت نازل ہوئی، یعنی مذکورہ آیت میں اسی واقعہ کا تذکرہ ہے۔

[۳۲۸۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: ثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ ثَمَانِيْنَ هَبَطُوْا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ، مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيْمِ عِنْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَهُمْ يُرِيْدُوْنَ أَنْ يَقْتُلُوْهُ، فَأُخِذُوْا أَخْذًا، فَأَعْتَقَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ﴾ الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۴- اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو 'ادب کی بات' پر قائم رکھا

صلح حدیبیہ میں کئی موڑ ایسے آئے تھے کہ مسلمان بے قابو ہوجاتے، مگر ہر موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے ان کو تھام لیا، اور انھوں نے حرم وکعبہ کی حرمت کو پامال نہ ہونے دیا، سب سے پہلے مشرکین نے اصرار کیا کہ اس سال عمرہ کئے بغیر واپس جاؤ، یہ بات ناقابل برداشت تھی، مگر نبی ﷺ نے اس کو مان لیا، پھر جب معاہدہ لکھا جانے لگا تو انھوں نے بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھنے پر اعتراض کیا، پھر نام پاک محمدؐ کے ساتھ وصف 'رسول اللہ' برداشت نہ کیا، یہ سب نادانی والی ضدیں تھیں، مگر آپؐ نے اور صحابہ نے وہ سب نازیبا مطالبے مان لئے اور صلح ہوگئی، اس کا تذکرہ سورۃ الفتح (آیت ۲۶)

میں ہے کہ جب کفار نے اپنے دلوں میں نادانی کی ضد کو جگہ دی، تو اللہ نے اپنے رسول پر اور مسلمانوں پر طمانینت نازل کی، یعنی انھوں نے تحمل سے کام لیا، اور ان کو ادب کی بات پر جمائے رکھا، اور وہ اس کے زیادہ لائق اور اس کے اہل تھے، یعنی کفار حرمتِ کعبہ وحرم کا کیا خیال رکھتے، اس کا لحاظ صرف مسلمانوں نے کیا، کیونکہ شعائر اللہ کی عظمت کا پورا خیال مسلمان ہی رکھ سکتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے ایک حدیث لکھی ہے، جس میں کلمة التقوی کی تفسیر کلمہ طیبہ لا إلٰه إلا الله سے کی گئی ہے۔ یہ تفسیر صحیح ہے، کیونکہ مسلمانوں نے جو ادب کی بات ملحوظ رکھی تھی وہ اسی کلمہ کا تقاضہ تھا، مگر اس حدیث کی شروع سے آخر تک یہی ایک سند ہے، اور اس کا ایک راوی ثُوَیر نہایت ضعیف ہے، یہ شخص پکا رافضی تھا۔

[۳۲۸۹-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ قَزْعَةَ الْبَصْرِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيْبٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَى﴾ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ قَزْعَةَ، وَسَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ عَنْ هٰذَا الحديثِ، فَلَمْ يَعْرِفْهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سورة الحجرات

سورۃ الحجرات کی تفسیر

۱- نبی ﷺ کی آواز سے آواز بلند کرنے کی ممانعت

سورۃ الحجرات کی (آیت۲) ہے: اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبیؐ کی آواز سے بلند مت کرو، اور ان کے سامنے اس طرح زور سے مت بولو جس طرح تم آپس میں زور سے بولتے ہو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد ہوجائیں اور تم کو خبر بھی نہ ہو!

اس آیت کے شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث: حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ اقرع بن حابسؓ نبی ﷺ کے پاس آئے، پس حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان کو اُن کی قوم کا امیر بنادیں، حضرت عمرؓ نے کہا: یارسول اللہ! ان کو امیر نہ بنائیں، پس دونوں میں نبی ﷺ کے سامنے گفتگو ہوئی، یہاں تک کہ دونوں کی آوازیں بلند ہوگئیں، پس حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ سے کہا: آپ کا ارادہ بس مجھ سے اختلاف کرنا ہے، حضرت عمرؓ نے کہا: میرا ارادہ آپ سے

اختلاف کرنے کا نہیں ہے (بلکہ جو بات میں نے مناسب سمجھی عرض کی) پس مذکورہ آیت نازل ہوئی —— راوی کہتے ہیں: اور حضرت عمرؓ نزولِ آیت کے بعد جب نبی ﷺ کے سامنے بات کرتے تو وہ اپنی بات نہیں سناتے تھے، یہاں تک کہ ان سے دریافت کرنا پڑتا تھا کہ انھوں نے کیا کہا —— اور عبداللہ بن الزبیرؓ نے اپنے نانا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کیا (کہ نزولِ آیت کے بعد ان کا کیا حال ہو گیا تھا)

تشریح: ترمذی کی یہ روایت ٹھیک نہیں، مؤمّل (بروزن محمد) کا حافظہ خراب تھا، بخاری شریف (حدیث ۴۳۶۷) میں یہ حدیث اس طرح ہے: بنو تمیم کا ایک قافلہ نبی ﷺ کے پاس آیا، پس حضرت ابوبکرؓ نے کہا: قعقاع بن معبد کو امیر بنائیں، اور حضرت عمرؓ نے کہا: اقرع بن حابس کو امیر بنائیں —— اور بخاری شریف (حدیث ۷۳۰۲) میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کا حال نزولِ آیت کے بعد یہ ہو گیا تھا کہ وہ بہت چپکے سے بات کرتے تھے: إذا حدَّث النبيَّ صلى الله عليه وسلم بحديث: حَدَّثه كأخي السِّرار۔

[۴۹-] سُوْرَةِ الحجرات

[۳۲۹۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا مُؤَمَّلُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ بْنَ جَمِيْلٍ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: ثَنَا ابْنُ أَبِىْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: ثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ: أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ قَدِمَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارسولَ اللّٰهِ! اسْتَعْمِلْهُ عَلَى قَوْمِهِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَاتَسْتَعْمِلْهُ يَارسولَ اللّٰهِ! فَتَكَلَّمَا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى ارْتَفَعَتْ أَصْوَاتُهُمَا، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ لِعُمَرَ: مَاأَرَدْتَ إِلَّا خِلَافِىْ، فَقَالَ عُمَرُ: مَا أَرَدْتُ خِلَافَكَ، قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْا أَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النبيِّ﴾

قَالَ: وَكَانَ عُمَرُ بَعْدَ ذٰلِكَ، إِذَا تَكَلَّمَ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، لَمْ يُسْمِعْ كَلَامَهُ، حَتَّى يُسْتَفْهِمَهُ، قَالَ: وَمَا ذَكَرَ ابْنُ الزَّبَيْرِ جَدَّهُ يَعْنِىْ أَبَا بَكْرٍ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ ابنِ أَبِىْ مُلَيْكَةَ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ.

۲- نبی ﷺ کو گھر کے باہر سے پکارنے کی ممانعت

سورۃ الحجرات (آیات ۴و۵) میں ہے: ''جو لوگ آپؐ کو کمروں کے باہر سے پکارتے ہیں: ان میں سے بیشتر بے عقل ہیں، اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ آپؐ ان کے پاس آتے تو یہ ان کے لئے بہتر ہوتا —— ان آیتوں کے

شانِ نزول میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث: بنوتمیم کا وفد جو ستر آدمیوں پر مشتمل تھا، دوپہر کے وقت مدینہ منورہ پہنچا، نبی ﷺ گھر میں آرام فرمارہے تھے، اقرع بن حابس نے زور سے پکارا: محمد! باہر نکلئے! محمد! باہر نکلئے! آپؐ تشریف لے آئے، اس نے کہا: اے محمد! إن حَمْدِي زَيْنٌ، وَإِنَّ ذَمِّيْ شَيْن: میرا تعریف کرنا مزین کرتا ہے، اور میرا برائی کرنا عیب دار کرتا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''یہ اللہ کی شان ہے!''

سوال: نبی ﷺ آج دنیا میں تشریف فرما نہیں، پھر یہ احکام قرآن میں کیوں باقی ہیں؟

جواب: نبی ﷺ کے ورثاء (علماء ومشائخ) موجود ہیں، یہ آداب ان کے ساتھ بھی برتے جائیں گے، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جب کسی صحابی سے حدیث لینے کے لئے جاتے تھے تو دروازے پر بیٹھ جاتے تھے، دستک نہیں دیتے تھے، جب وہ صحابی خود باہر تشریف لاتے تب دریافت کرتے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ابوعبیدۃ کا بھی یہی حال تھا، فرماتے ہیں: میں نے کبھی کسی عالم کے دروازے پر پہنچ کر دستک نہیں دی، بلکہ انتظار کرتا تھا، جب وہ نکلتے تو ملاقات کرتا (روح المعانی)

[۳۲۹۱-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَرَاءِ الْحُجُرَاتِ﴾ قَالَ: قَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ حَمْدِى زَيْنٌ، وَإِنَّ ذَمِّى شَيْنٌ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "ذَاكَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۳- ایک دوسرے کو برے لقب سے مت پکارو

سورۂ حجرات کے شروع میں نبی ﷺ کے حقوق وآداب کا بیان ہے، پھر عام مسلمانوں کے حقوق وآدابِ معاشرت کا بیان شروع ہوا ہے۔ آیات (۹و۱۰) میں مسلمانوں کی جماعتی زندگی کی اصلاح کا بیان ہے، پھر آیات (۱۱و۱۲) میں اشخاص وافراد کے باہمی حقوق وآدابِ معاشرت کا بیان ہے، آیت (۱۱) میں تین باتوں کی ممانعت فرمائی ہے: ۱- کسی مسلمان کے ساتھ تمسخر واستہزاء کرنا جائز نہیں۔ ۲- کسی پر طعنہ زنی کرنا ممنوع ہے۔ ۳- کسی کو ایسے لقب سے ذکر کرنا جس سے اس کی توہین ہو یا وہ اس کو برا مانے: جائز نہیں۔ لقب: اصلی نام کے علاوہ وہ نام ہے جو مدح یا ذم کے طور پر پڑ جاتا ہے، جیسے لنگڑا، لولا، اندھا وغیرہ، ایسے نام سے کسی کو پکارنا جائز نہیں، حضرت ابوجبیرۃ انصاری کہتے ہیں: یہ آیت ہمارے بارے میں نازل ہوئی ہے، جب نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے تو ہم میں اکثر آدمی ایسے تھے جن کے دو یا تین نام تھے، ان میں سے بعض نام ایسے تھے جو عار دلانے اور تحقیر وتوہین کے لئے مشہور کر دیئے گئے تھے،

جب ان کو ان برے ناموں سے پکارا جاتا تھا تو وہ ناراض ہوتے تھے، پس یہ آیت نازل ہوئی کہ ایک دوسرے کو برے ناموں سے مت پکارو، اس سے معاشرتی تعلقات خراب ہوتے ہیں —— البتہ اگر کسی کا کوئی برا نام اتنا مشہور ہو گیا ہو کہ وہ اس کے بغیر پہچانا ہی نہ جاتا ہو، جیسے رواۃ میں امام سلیمان اعمش (چندھیا) یا عبدالرحمٰن اعرج (لنگڑا) تو ان کو ان ناموں سے ذکر کرنے کی علماء نے اجازت دی ہے، بشرطیکہ مقصود تحقیر وتذلیل نہ ہو۔

فائدہ: سنت یہ ہے کہ لوگوں کو اچھے القاب سے یاد کیا جائے، چنانچہ نبی ﷺ نے خاص خاص صحابہ کو کچھ القاب دیئے ہیں، جیسے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو صدیق اور عتیق، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فاروق، حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کو اسد اللہ اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو سیف اللہ کے القاب سے نوازا ہے۔

[۳۲۹۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ الْبَصْرِيُّ، نا أَبُوْ زَيْدٍ صَاحِبُ الْهَرَوِيِّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ جَبِيْرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا يَكُوْنُ لَهُ الاِسْمَانِ وَالثَّلَاثَةُ، فَيُدْعَىٰ بِبَعْضِهَا، فَعَسَى أَنْ يَكْرَهَ، قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ يَحْيىَ بْنُ خَلَفٍ، نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ جَبِيْرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ نَحْوَهُ، وَأَبُوْ جَبِيْرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ: هُوَ أَخُوْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْأَنْصَارِيِّ.

۴- قرآن وحدیث کی پیروی اپنی رائے پر عمل کرنے سے بہتر ہے

ایک واقعہ پیش آیا: نبی ﷺ نے ولید بن عقبہ کو قبیلہ بنو المصطلق میں زکاتیں وصول کرنے کے لئے بھیجا، قبیلہ کے لوگوں کو چونکہ معلوم تھا کہ فلاں تاریخ میں رسول اللہ ﷺ کا عامل آئے گا، اس لئے وہ بستی سے باہر استقبال کے لئے نکلے، ولید نے سمجھا کہ پرانی دشمنی کی وجہ سے یہ لوگ مجھے قتل کرنے آئے ہیں، وہ واپس لوٹ آئے اور نبی ﷺ کو اطلاع دی کہ ان لوگوں نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا، اور میرے قتل کے درپے ہو گئے، آپؐ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ کو بھیجا، اور ہدایت فرمائی کہ خوب تحقیق کے بعد اقدام کرنا، حضرت خالدؓ نے تحقیق کی تو سب بات بوگس نکلی، حضرت خالدؓ نے واپس آکر نبی ﷺ کو سارا واقعہ بتایا، پس سورۂ حجرات کی آیت (۶) نازل ہوئی کہ اگر کوئی غیر معتمد شخص تمہارے پاس کوئی خبر لائے تو بے تحقیق اقدام مت کرو، ورنہ سخت ضرر پہنچنے کا اندیشہ ہے، پھر آیت ۷ میں فرمایا: ’’اور جان لو کہ تم میں رسول اللہ ﷺ موجود ہیں، اگر وہ بہت سے معاملات میں تمہارا کہنا مانیں تو تم کو بڑی مضرت پہنچے‘‘ —— یہ حکم اب بھی باقی ہے، البتہ اب قرآن وحدیث رسول اللہ ﷺ کے قائم مقام ہیں، اب قرآن وحدیث کی پیروی ضروری ہے، اپنی صوابدید پر عمل کرنے سے یہ بات بہتر ہے، حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے یہ بات

بیان فرمائی ہے:

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے آیتِ کریمہ: ﴿وَاعْلَمُوْا﴾ پڑھی اور فرمایا: یہ تمہارے نبی ﷺ ہیں، ان کے پاس وحی آتی ہے، اور یہ تمہارے بہترین پیشوا ہیں (مراد صحابہ کرام ہیں) اگر نبی ﷺ بہت سے معاملات میں ان کی پیروی کرتے تو ان کو ضرور ضرر پہنچتا، پس آج تمہارا (تابعین کا) کیا حال ہے؟ یعنی تمہیں تو ضرور نبی ﷺ کی پیروی کرنی چاہئے، ورنہ تم سخت ضرر سے دوچار ہوؤ گے —— حضرت ابوسعید خدریؓ کا یہ قول مختصر ہے، حضرت قتادہ رحمہ اللہ کے قول میں اس کی پوری وضاحت ہے، قال هؤلاء أصحابُ النبی صلی الله علیه وسلم: لو أطاعهم نبیُّ الله صلی الله علیه وسلم فی کثیر من الأمر لعنتوا، فأنتم والله! أسخفُ قلباً، وأطیش عقولاً فاتَّهَم رجلٌ رأیَه، وانْتَصَحَ کتابَ اللّٰهِ، فَإِنَّ کتابَ الله ثقةٌ لمن أخذ به، وانتهی إلیه، وأن ماسوی کتابِ اللّٰهِ تغریر: یہ صحابہ کرام ہیں، اگر نبی ﷺ بہت سے معاملات میں ان کا کہنا مانتے تو وہ ضرور مشقت میں پڑ جاتے، پس تم بخدا! کمزور دل والے اور خفیف عقلوں والے ہو، پس اگر کوئی شخص اپنی رائے کو متہم گردانے، اور اللہ کی کتاب سے نصیحت حاصل کرے (تو یہ بہتر ہے) کیونکہ اللہ کی کتاب قابل اعتماد ہے، اس کے لئے جو اس پر عمل کرے، اور جو اس تک پہنچ کر رک جائے، اور کتاب اللہ کے سوا جو کچھ ہے وہ دھوکہ خوردگی ہے (درمنثور عن عبد بن حمید، وابن جریر)

ملحوظہ: یہ روایت پہلے آنی چاہئے تھی، کیونکہ یہ (آیت ۱۱) کی تفسیر ہے۔

[۳۲۹۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ، عَنْ أَبِیْ نَضْرَةَ، قَالَ: قَرَأَ أَبُوْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیُّ: ﴿وَاعْلَمُوْا أَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِیْ كَثِيْرٍ مِنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُّمْ﴾ قَالَ: هٰذَا نَبِيُّكُمْ يُوْحَى إِلَيْهِ، وَخِيَارُ أَئِمَّتِكُمْ، لَوْ أَطَاعَهُمْ فِیْ كَثِيْرٍ مِنَ الْأَمْرِ لَعَنِتُوْا، فَكَيْفَ بِكُمُ الْيَوْمَ؟

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ، قَالَ عَلِیُّ بْنُ الْمَدِيْنِیِّ: سَأَلْتُ يَحْيىَ بْنَ سَعِيْدٍ الْقَطَّانَ: عَنِ الْمُسْتَمِرِّ بْنِ الرَّيَّانِ؟ فَقَالَ: ثِقَةٌ.

لغت: عَنِتَ (س) فلانٌ: مشقت میں پڑنا، تکلیف اٹھانا۔

۵- نسب وخاندان پر اترانے کی ممانعت

سورۂ حجرات میں آدابِ معاشرت کی تعلیم کے بعد (آیت ۱۳) میں انسانی مساوات کی ایک جامع تعلیم ہے، فرمایا: ''اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا، پھر تم کو مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنایا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو، بیشک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ شخص ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے'' —— پس انسانی مساوات کا تقاضہ یہ ہے کہ کوئی انسان دوسرے کو کم تر اور ذلیل نہ سمجھے، اور اپنے نسب وخاندان پر نہ اترائے، کیونکہ تفاخر سے باہمی

نفرت وعداوت پیدا ہوتی ہے، جو فساد معاشرہ کی جڑ ہے۔ درج ذیل احادیث میں بھی مساوات کی تعلیم ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے دن لوگوں سے خطاب فرمایا، اور ارشاد فرمایا: ''لوگو! اللہ تعالیٰ نے تم سے دور کر دی جاہلیت کی نخوت، اور جاہلیت کا آباء واجداد پر اترانا، اب لوگ دو طرح کے ہیں: ۱- نیک، پرہیزگار، اور اللہ کے نزدیک معزز آدمی ۲- بدکار، بدبخت اور اللہ کے نزدیک ذلیل آدمی، سب انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا ہے، پھر آپ نے سورۂ حجرات کی آیت ۱۳ تلاوت فرمائی۔

تشریح: اس حدیث کی سند ضعیف ہے، اس میں حضرت علی بن المدینی کے والد عبداللہ بن جعفر ہیں، جو ضعیف راوی ہیں، مگر مضمون صحیح ہے، کیونکہ باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو ترمذی شریف کی بالکل آخری حدیث ہے، اور باب میں حضرت ابن عباسؓ کی حدیث بھی ہے، جو مسند ابوداؤد طیالسی اور شعب الایمان بیہقی میں ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''حسب مال ہے، اور عزت پرہیزگاری ہے''

تشریح: اس حدیث کی امام ترمذی رحمہ اللہ نے تصحیح کی ہے، مگر یہ حدیث صحیح نہیں، سلاّم بڑے آدمی ہیں، مگر ان کی حضرت قتادہ سے حدیثیں ضعیف ہوتی ہیں، تقریب میں اس کی صراحت ہے —— حسب: خاندانی خوبیاں، چنانچہ حسب ونسب ایک ساتھ استعمال کئے جاتے ہیں، رہا مال تو وہ ڈھلتی چھاؤں ہے، اس کا کچھ اعتبار نہیں۔

[۳۲۹۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، فَقَالَ: "يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ، وَتَعَاظُمَهَا بِآبَائِهَا، فَالنَّاسُ رَجُلَانِ: رَجُلٌ بَرٌّ تَقِيٌّ كَرِيْمٌ عَلَى اللّٰهِ، وَفَاجِرٌ شَقِيٌّ هَيِّنٌ عَلَى اللّٰهِ، وَالنَّاسُ بَنُوْ آدَمَ، وَخَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنَ التُّرَابِ، قَالَ اللّٰهُ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ يُضَعَّفُ، ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ وَغَيْرُهُ، وَهُوَ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ، وَفِي البابِ: عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ.

[۳۲۹۵-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْبَغْدَادِيُّ الْأَعْرَجُ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ أَبِيْ مُطِيْعٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "الحَسَبُ الْمَالُ، وَالْكَرَمُ التَّقْوَى"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ مِنْ حَدِيْثِ سَمُرَةَ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سَلَّامِ بْنِ أَبِيْ مُطِيْعٍ.

سورۃ قٓ

سورۂ قاف کی تفسیر

جہنم کی بے پناہ وسعت کا بیان

سورۃ قاف کی (آیت ۳۰) ہے: ﴿يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ: هَلِ امْتَلأْتِ؟ وَتَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟!﴾: جس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے: کیا تو بھر گئی؟ اور وہ جواب دے گی: کیا کچھ اور ہے؟ یعنی میں ابھی نہیں بھری!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جہنم برابر کہتی رہے گی: کیا کچھ اور ہے؟ یعنی میں ابھی نہیں بھری، یہاں تک کہ رب العزت اس میں اپنا پیر رکھیں گے، اور جہنم کا بعض بعض کی طرف سمیٹ دیا جائے گا! پس وہ کہے گی: بس بس! (یعنی اب میں بھر گئی) قسم ہے آپ کی عزت کی!

تشریح: باب میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے، وہ پہلے (حدیث ۲۵۵۳ ابواب صفۃ الجنۃ باب ۱۹ تحفہ ۶:۳۳۲) آچکی ہے، اس کی شرح میں قدم وغیرہ صفاتِ متشابہات کی تفصیل ہے۔

ایک واقعہ: یورپ کی کسی یونیورسٹی کے عربی داں پروفیسران ایک اتوار کو اکٹھا ہوئے، ان میں ایک مسلمان تھا، باقی یہودی، عیسائی تھے، مجلس میں یہ بات زیر بحث آئی کہ قرآن چیلنج کرتا ہے کہ مجھ جیسا کلام کوئی نہیں بنا سکتا، یہ کیا بات ہوئی؟ ہم عربی جانتے ہیں، عربی میں کتابیں لکھتے ہیں، پھر قرآن جیسی عربی کیوں نہیں لکھ سکتے؟ مسلمان پروفیسر نے ان سے کہا: آپ حضرات جنت وجہنم کو مانتے ہیں، ان کی بے پناہ وسعت کے بھی قائل ہیں، آپ حضرات ایسا کریں کہ ایک جملہ میں جہنم کی زیادہ سے زیادہ وسعت بیان کریں، ہم اگلے اتوار کو جمع ہونگے، چنانچہ ان حضرات نے ہفتہ بھر محنت کی، اور انھوں نے جملے بنائے: **إن جهنم لوسيعة جداً، إن جهنم لفسيحة جداً** وغیرہ، اگلے اتوار کو انھوں نے وہ جملے سنائے پس مسلمان پروفیسر نے یہ آیت پیش کی کہ دیکھیں: قرآن ایک جملہ میں جہنم کی وسعت کس طرح بیان کرتا ہے؟ وہ لوگ آیت سن کر دنگ رہ گئے، اور سب نے اعتراف کیا کہ ان کے جملے آیت کی گرد پا کو بھی نہیں پہنچ سکے۔

[۵۰-] سُوْرَة ق

[۳۲۹۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، نَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " لَاتَزَالُ جَهَنَّمُ تَقُوْلُ: هَلْ مِنْ مَزِيْدٍ؟ حَتَّى يَضَعَ فِيْهَا رَبُّ الْعِزَّةِ قَدَمَهُ، فَتَقُوْلُ: قَطْ! قَطْ! وَعِزَّتِكَ! وَيُزْوَى بَعْضُهَا إِلَى بَعْضٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

سورۃ الذاریات

سورۃ الذاریات کی تفسیر

قوم عاد پر انگوٹھی کے حلقہ کے بقدر ہوا چھوڑ گئی تھی

جب ہود علیہ السلام کی قوم نے کفر کے سوا ہر چیز کو ماننے سے انکار کر دیا، تو حق تعالیٰ نے تین سال تک مسلسل بارش کو روک دیا، جب جان پر بن آئی تو انھوں نے ستّر آدمیوں کا ایک وفد حرم مکہ کو روانہ کیا، تا کہ وہاں جا کر پانی کے لئے دعا کریں، اس وقت کعبہ شریف کی عمارت نہیں تھی، وہ نوح علیہ السلام کے طوفان میں ڈھ پڑی تھی، مگر اس کی جگہ معلوم تھی، اور عاد نوح علیہ السلام کے بعد ہلاک ہونے والی پہلی قوم ہے، اور اس زمانہ میں دستور یہ تھا کہ جب کوئی سخت آفت آتی تو حرم شریف میں جا کر اللہ تعالیٰ سے کشائش کی دعا کیا کرتے تھے۔

یہ وفد ایک ماہ تک معاویہ بن بکر کا مہمان رہا، اور مزے سے وہاں مے نوشی کرتا رہا، اس کی دو لونڈیاں تھیں جو ان کو گانا سنایا کرتی تھیں، جب میزبان تنگ آگیا تو اس نے کچھ اشعار نظم کر کے لونڈیوں کو دیئے، ان اشعار میں قوم عاد کی بدحالی پر توجہ دلائی گئی تھی، اور وفد کو اپنے فرض کی بجا آوری کی طرف متوجہ کیا گیا تھا، جب لونڈیوں نے وہ اشعار گائے تو وفد کو ہوش آیا، اور وہ حرم محترم گئے اور بارش کی دعا کی، رئیس وفد قَیل بن عنز تھا، جب اس نے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے تین بدلیاں بھیجیں: سفید، سرخ اور سیاہ، اور آسمان سے آواز آئی کہ وہ تینوں ابروں میں سے کسی ایک کو پسند کرے، اس نے سیاہ ابر کو پسند کیا، یہ عذاب کا بادل تھا، فوراً تیز و تند ہوا چلنے لگی، اور آٹھ دن اور سات راتیں مسلسل چلتی رہی، جس نے ان کو اور ان کی آبادیوں کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا، سورۃ الذاریات (آیات ۴۱و۴۲) میں اس کا تذکرہ ہے: ﴿وَفِیْ عَادٍ إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ○ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْئٍ أَتَتْ عَلَيْهِ إِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ﴾: اور عاد کے واقعہ میں بھی سامانِ عبرت ہے: یاد کرو جب ہم نے ان پر نامبارک ہوا بھیجی، وہ جس چیز پر بھی گذرتی تھی اس کو چورے کی طرح کر کے رکھ دیتی تھی۔ اور سورۃ القمر (آیات ۱۹و۲۰) میں ہے: ہم نے ان پر ایک تند ہوا بھیجی، ایک دائمی نحوست والے دن میں، وہ ہوا لوگوں کو اس طرح اکھاڑ پھینکتی تھی جیسے وہ اکھڑی ہوئی کھجور کے تنے ہوں، یعنی تنومند مضبوط باڈی کے انسان اس طرح بے حس و حرکت پڑے ہوئے نظر آتے تھے جیسے تیز آندھی میں تناور درخت گر جاتا تھا۔

حدیث (۱): قبیلۂ ربیعہ کے ایک صاحب کہتے ہیں: میں مدینہ آیا، پس میں نبی ﷺ کے پاس گھر میں گیا، پس میں نے آپؐ کے سامنے عاد کے قاصد (قَیل بن عنز) کا ذکر کیا، پس میں نے کہا: میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ ہوؤں میں عاد کے قاصد کی طرح (یہی عاد کے قاصد کا تذکرہ کرنا مقصود ہے) پس نبی ﷺ نے پوچھا: عاد کے قاصد کا

کیا واقعہ ہے؟ میں نے کہا: اُس واقعہ سے باخبر پر آپ گرے (یعنی میں اس واقعہ کو خوب جانتا ہوں) بیشک عاد جب قحط سالی میں مبتلا ہوئے تو انھوں نے قَیل نامی آدمی کو بھیجا، پس وہ بکر بن وائل کا مہمان بنا، پس بکر نے اس کی شراب سے تواضع کی، اور جراد نامی دو باندیوں نے اس کو گانا سنایا، پھر وہ جبالِ مَهرَۃ کے ارادے سے نکلا (اور مسند احمد (۴۸۲:۳) میں ہے کہ وہ جبالِ تہامہ کے ارادے سے نکلا) پس اس نے کہا یعنی دعا کی: اے اللہ! میں آپ کے پاس نہیں آیا کسی بیمار کے لئے کہ اس کا علاج کراؤں، اور نہ کسی قیدی کے لئے کہ اس کو فدیہ دے کر چھڑاؤں، یعنی یہ دعائیں کرنے نہیں آیا، پس آپ اپنے بندے کو پلائیں جو کچھ آپ اس کو پلانے والے ہیں، اور اس کے ساتھ بکر بن معاویہ کو بھی پلائیں، اس نے شکریہ ادا کیا معاویہ کی اس شراب کا جو معاویہ نے اس کو پلائی تھی یعنی میں بارش کی دعا کرنے کے لئے آیا ہوں، پس آپ ہمیں سیراب کریں اور ساتھ ہی معاویہ کو بھی، اور اس کو دعا میں شامل اس لئے کیا کہ اس نے ان کی شراب سے تواضع کی تھی، اس لئے دعا میں اس کو شامل کر کے اس کی میزبانی کا شکریہ ادا کیا، پس بلند کئے گئے اس کے لئے بادل، پس اس سے کہا گیا: ان میں سے ایک کو پسند کر، اس نے ان میں سے کالے بادل کو پسند کیا، پس اس سے کہا گیا: **خُذْهَا رَمَادًا رِمْدِدًا، لاتَذَرُ من عادٍ أحداً**: لے تو بادلوں کو راکھ بنانے والی آگ کے طور پر، جو عاد کے کسی بھی فرد کو نہیں چھوڑے گی! —— اور نبی ﷺ نے ذکر کیا کہ نہیں چھوڑی گئی ان پر ہوا میں سے مگر اس حلقہ کے بقدر یعنی انگوٹھی کے حلقہ کے بقدر، پھر آپ نے آیت پڑھی: ﴿إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ﴾ الآیۃ۔

لغت: رَمَادٌ رِمْدِدٌ: موصوف صفت ہیں، اور صفت مبالغہ کے لئے لائی گئی ہے، یعنی خوب جلائے گی کہ راکھ کی بھی راکھ بن جائے گی۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ اسم جامد سے مصدر بنا کر مبالغہ کے لئے صفت لاتے ہیں، جیسے **لَيْلٌ أَلْيَلُ، يَوْمٌ أَيْوَمُ ظِلٌّ ظَلِيْلٌ** وغیرہ۔

سند کا بیان: سفیان بن عیینہ کی روایت میں صحابی کا نام مذکور نہیں، اور سلّام ابوالمنذر کے دوسرے تلامذہ نے اس کا نام حارث بن حسان بتایا ہے، اور کوئی حارث بن یزید کہتا ہے، جیسا کہ زید بن حُباب کی آئندہ روایت میں ہے۔

حدیث (۲): حارث بن یزید بکری کہتے ہیں: میں مدینہ آیا، پس مسجدِ نبوی میں داخل ہوا تو وہ اچانک لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی تھی، اور اچانک کالے پرچم لہرا رہے تھے، اور اچانک بلال رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے سامنے تلوار گلے میں لٹکائے ہوئے تھے، میں نے پوچھا: لوگوں کا کیا حال ہے؟ لوگوں نے بتایا: نبی ﷺ حضرت عمرو بن العاص کو کسی مہم پر بھیج رہے ہیں (یہ غزوۂ ذات السلاسل کا ذکر ہے) پھر حدیث ابن عیینہ کی حدیث کی طرح ہے۔

[۵۱-] سُوْرَةُ الذَّارِيَاتِ

[۳۲۹۷-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَّامٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُوْدِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ

رَجُلٍ مِنْ رَبِيْعَةَ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ عِنْدَهُ وَافِدَ عَادٍ، فَقُلْتُ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ أَنْ أَكُوْنَ مِثْلَ وَافِدِ عَادٍ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:وَمَا وَافِدُ عَادٍ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: عَلَى الْخَبِيْرِ بِهَا سَقَطْتَّ: إِنَّ عَادًا لَمَّا أُقْحِطَتْ بَعَثَتْ قَيْلًا، فَنزَلَ عَلَى بَكْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَسَقَاهُ الْخَمْرَ، وَغَنَّتْهُ الْجَرَادَتَانِ، ثُمَّ خَرَجَ يُرِيْدُ جِبَالَ مَهْرَةَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّىْ لَمْ آتِكَ لِمَرِيْضٍ فَأُدَاوِيْهِ، وَلاَ لِأَسِيْرٍ فَأُفَادِيْهِ، فَاسْقِ عَبْدَكَ مَا كُنْتَ مُسْقِيَهُ، وَاسْقِ مَعَهُ بَكْرَ بْنَ مُعَاوِيَةَ، يَشْكُرُ لَهُ الْخَمْرَ الَّذِىْ سَقَاهُ، فَرُفِعَ لَهُ سَحَابَاتٌ، فَقِيْلَ لَهُ: اخْتَرْ إِحْدَاهُنَّ، فَاخْتَارَ السَّوْدَاءَ مِنْهُنَّ، فَقِيْلَ لَهُ: خُذْهَا رَمَادًا رِمْدِدًا، لاَتَذَرُ مِنْ عَادٍ أَحَدًا، وَذَكَرَ أَنَّهُ لَمْ يُرْسِلْ عَلَيْهِمْ مِنَ الرِّيْحِ إِلَّا قَدْرَ هٰذِهِ الْحَلْقَةِ، يَعْنِىْ حَلْقَةَ الْخَاتَمِ، ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِذْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ، مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ أَتَتْ عَلَيْهِ﴾ الآيَةَ.

وَقَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سَلَّامٍ أَبِى الْمُنْذِرِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِى النَّجُوْدِ، عَنْ أَبِى وَائِلٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَسَّانٍ، وَيُقَالُ: الحَارِثُ بْنَ يَزِيْدَ.

[۳۲۹۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، نَا سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّحْوِىُّ: أَبُوْ الْمُنْذِرِ، نَا عَاصِمُ بْنُ أَبِى النَّجُوْدِ، عَنْ أَبِى وَائِلٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَزِيْدَ البَكْرِىِّ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَإِذَا هُوَ غَاصٌّ بِالنَّاسِ، وَإِذَا رَايَاتٌ سُوْدٌ تَخْفِقُ، وَإِذَا بِلاَلٌ مُتَقَلِّدُ السَّيْفِ بَيْنَ يَدَىْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: مَا شَأْنُ النَّاسِ؟ قَالُوْا: يُرِيْدُ أَنْ يَبْعَثَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ وَجْهًا، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ نَحْوًا مِنْ حَدِيْثِ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ بِمَعْنَاهُ، وَيُقَالُ لَهُ: الْحَارِثُ بْنُ حَسَّانٍ.

سورة الطور

سورۃ الطّور کی تفسیر

اِدبارالنجوم اوراَدبارالسجود کی تفسیر

سورۂ قٓ کی (آیت۴۰) ہے:﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَأَدْبَارَ السُّجُوْدِ﴾:اوررات کے کچھ حصہ میں اللہ کی پاکی بیان کیجئے اورسجدوں کے پیچھے بھی،اورسورۃ الطّور کی (آیت۴۹) ہے:﴿وَمِنَ اللَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَإِدْبَارَ النُّجُوْمِ﴾:اور رات کے کچھ حصہ میں اللہ کی پاکی بیان کیجئے اورستاروں کے پیٹھ پھیرنے کے وقت بھی۔اورحضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوع حدیث مروی ہے کہ اِدبارالنجوم: فجر کی نماز سے پہلے کی دوسنتیں ہیں،اوراَدبارالسجود:مغرب کے بعدکی دوسنتیں ہیں،مگر یہ حدیث ضعیف ہے،رشدین بن کریب ضعیف راوی ہے،اورمجاہدرحمہ اللہ سے مروی ہے کہ سجود

سے فرض نمازیں مراد ہیں، یعنی نمازوں کے بعد مرفوع حدیث میں جو تسبیحات آئی ہیں وہ پڑھی جائیں —— اور ادبار النجوم سے فجر کی سنتیں، فجر کے فرض اور ان کے بعد کی تسبیحات مراد ہیں —— اور رشدین اور اس کے بھائی محمد کے بارے میں جو کلام کیا ہے وہ پہلے (ابواب الاشربہ باب ۱۴ تحفہ ۵: ۲۲۸ میں) آچکا ہے، وہاں دیکھ لیں، اور ابو محمد: امام دارمی کی کنیت ہے۔

[۵۲-] سُوْرَةُ الطُّوْرِ

[۳۲۹۹-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِدْبَارُ النُّجُوْمِ: الرَّكْعَتَانِ قَبْلَ الفَجْرِ، وَأَدْبَارُ السُّجُوْدِ: الرَّكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ الفُضَيْلِ، عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ؛ سَأَلْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ: عَنْ مُحمدٍ وَرِشْدِيْنَ ابْنَىْ كُرَيْبٍ: أَيُّهُمَا أَوْثَقُ؟ فَقَالَ: مَا أَقْرَبَهُمَا! وَمُحمدٌ عِنْدِىْ أَرْجَحُ، وَسَأَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: مَا أَقْرَبَهُمَا! وَرِشْدِيْنُ بْنُ كُرَيْبٍ أَرْجَحُهُمَا عِنْدِىْ، قَالَ: وَالْقَوْلُ مَاقَالَ أَبُوْ مُحمدٍ، وَرِشْدِيْنُ أَرْجَحُ مِنْ مُحمدٍ، وَأَقْدَمُهُ، وَقَدْ أَدْرَكَ رِشْدِيْنُ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَرَآهُ.

ترجمہ: امام ترمذی رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں نے امام بخاری رحمہ اللہ سے کریب کے دونوں بیٹوں: محمد اور رشدین کے بارے میں پوچھا کہ ان میں سے کون زیادہ قابل اعتماد ہے؟ انھوں نے فرمایا: دونوں ایک جیسے ہیں، یعنی دونوں ضعیف ہیں اور محمد میرے نزدیک بہتر ہیں۔ اور میں نے امام دارمی سے اس بارے میں پوچھا؟ تو انھوں نے بھی یہی بات فرمائی اور فرمایا کہ میرے نزدیک رشدین دونوں میں بہتر ہے، امام ترمذیؒ کہتے ہیں: بات وہ معتبر ہے جو امام دارمی نے فرمائی، رشدین: محمد سے بہتر ہے، اور اس کا زمانہ مقدم ہے، رشدین نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا زمانہ پایا ہے اور ان کو دیکھا ہے۔

سورة النَّجْمِ

سورۃ النجم کی تفسیر

۱-سدرۃ المنتہی کے متعلق چار باتیں

۱-سدرۃ المنتہی کی وجہ تسمیہ: سدرۃ کے معنی ہیں: بیری کا درخت، اور المنتھی کے معنی ہیں: باڑ، سرحد......

ساتویں آسمان سے آگے ایک مقام ہے، اس کا نام سدرۃ المنتہی ہے یعنی باڑ کی بیری، باب کی حدیث میں اس کی دو وجہ تسمیہ آئی ہیں: ۱- جو چیزیں زمین سے چڑھتی ہیں، اور جو چیزیں آسمان سے اترتی ہیں: وہ اس سرحد پر رک جاتی ہیں، اس لئے اس کا نام سدرۃ المنتہی ہے۔ ۲- مخلوقات کا علم اس بیری کے درخت تک پہنچ کر رک جاتا ہے یعنی مخلوقات ان چیزوں کو نہیں جانتیں جو اس سے اوپر ہیں، اس لئے اس کا نام سدرۃ المنتہی ہے۔

۲- سدرۃ کہاں ہے؟ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی باب کی روایت میں یہ ہے کہ سدرۃ المنتہی چھٹے آسمان میں ہے، اور مسلم شریف (حدیث ۱۶۲ کتاب الایمان حدیث ۲۵۹) میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ سدرۃ المنتہی ساتویں آسمان کے اوپر ہے، قاضی عیاضؒ نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے، اور یہی جمہور کا قول ہے، اور اس سرحد کا نام 'منتہی' بھی اس کا قرینہ ہے کہ وہ ساتویں آسمان سے اوپر ہے۔

۳- سدرۃ پر کیا چیزیں چھارہی ہیں؟ سورۃ النجم (آیت ۱۶) میں ہے: ﴿إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى﴾: جب اس سدرۃ کو لپیٹ رہی تھیں وہ چیزیں جو لپیٹ رہی تھیں۔ اس اجمال کی شرح میں سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: سدرۃ پر سونے کے پتنگے (پروانے) چھارہے ہیں، پھر سفیان نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا، اور اس کو ہلایا اور کہا کہ اس طرح پتنگے چھارہے ہیں، یعنی سفیانؒ نے اشارے سے پروانوں کی حرکت اور ان کا اضطراب سمجھایا۔

۴- سدرۃ کے پاس نبی ﷺ کو تین چیزیں دی گئیں: ۱- وہاں آپؐ پر پانچ نمازیں فرض کی گئیں۔ ۲- وہاں آپؐ کو سورۃ البقرۃ کی آخری آیتیں (آمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک) عطا فرمائی گئیں، یعنی یہ آیتیں وہاں نازل ہوئیں ۳- وہاں آپؐ کو یہ خوش خبری سنائی گئی کہ اگر آپؐ کی امت شرک سے بچی رہی تو اس کے تمام کبائر دیر سویر معاف کردیئے جائیں گے۔

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ سدرۃ المنتہی پر پہنچے —— ابن مسعودؓ نے (وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے) فرمایا: وہاں پہنچ کر رک جاتی ہیں جو چیزیں زمین سے چڑھتی ہیں، اور جو چیزیں اوپر سے اترتی ہیں —— پس اللہ تعالیٰ نے سدرۃ کے پاس آپؐ کو ایسی تین چیزیں عطا فرمائیں جو آپؐ سے پہلے کسی نبی کو عطا نہیں فرمائیں: آپؐ پر پانچ نمازیں فرض کیں، اور آپؐ کو سورۃ البقرۃ کی آخری آیتیں دیں، اور آپؐ کی امت کے کبائر معاف کئے، بشرطیکہ وہ اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں —— اور ابن مسعودؓ نے آیت کریمہ: ﴿إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى﴾ کی تفسیر میں فرمایا کہ سدرۃ چھٹے آسمان میں ہے —— اور سفیان بن عیینہؒ نے کہا: سونے کے پتنگے (سدرۃ پر چھارہے ہیں) اور سفیان نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا، پس اس کو ہلایا —— اور مالک بن مغول کے علاوہ نے (دوسری وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے) کہا: سدرۃ تک پہنچ کر رک جاتا ہے مخلوقات کا علم یعنی مخلوقات نہیں جانتی جو کچھ اس سے اوپر ہے۔

ملحوظہ: یہ حدیث مسلم شریف (حدیث ۱۷۳ کتاب الایمان نمبر ۲۷۹) میں ہے، اس میں مالک بن مغول اور طلحہ بن مصرف کے درمیان زبیر بن عدی کا واسطہ ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے یہ واسطہ ذکر نہیں کیا، کیونکہ مالک کا طلحہ سے سماع ہے، پس یہ واسطہ مزید فی متصل الاسناد ہے۔

[٥٣-] سُوْرَةُ النَّجْمِ

[٣٣٠٠-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: لَمَّا بَلَغَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سِدْرَةَ الْمُنْتَهَى، قَالَ: انْتَهَى إِلَيْهَا مَا يَعْرُجُ مِنَ الْأَرْضِ، وَمَا يَنْزِلُ مِنْ فَوْقٍ، فَأَعْطَاهُ اللّٰهُ عِنْدَهَا ثَلاَثًا، لَمْ يُعْطِهِنَّ نَبِيًّا كَانَ قَبْلَهُ: فُرِضَتْ عَلَيْهِ الصَّلاَةُ خَمْسًا، وَأُعْطِيَ خَوَاتِيْمَ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ، وَغَفَرَ لِأُمَّتِهِ الْمُقْحِمَاتِ، مَالَمْ يُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا. قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: ﴿إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى﴾ قَالَ: السِّدْرَةُ فِيْ السَّمَاءِ السَّادِسَةِ، قَالَ سُفْيَانُ: فَرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَأَشَارَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ: فَأَرْعَدَهَا. وَقَالَ غَيْرُ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ: إِلَيْهَا يَنْتَهِى عِلْمُ الْخَلْقِ، لاَ عِلْمَ لَهُمْ بِمَا فَوْقَ ذٰلِكَ، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲-معراج میں نبی ﷺ رویتِ باری سے مشرف ہوئے یا نہیں؟

شبِ معراج میں نبی ﷺ رویتِ باری سے مشرف ہوئے یا نہیں؟ یہ مسئلہ صحابہ کے زمانہ سے اختلافی چلا آرہا ہے۔ حضرت ابن مسعود اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما رویت کا انکار کرتے تھے، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما رویت کے قائل تھے، پھر تابعین میں سے حضرت حسن بصری اور حضرت عروہ رحمہما اللہ کی بھی یہی رائے تھی —— اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ مسئلہ ذوجہتین ہے، چونکہ معراج جسمانی تھی اس لئے دیکھنے والی نظر اس عالم کی تھی، اور رویت ممکن نہیں تھی، اور جگہ چونکہ فوق السماوات تھی، اس لئے یہ معاملہ دوسرے عالم کا تھا، اور رویت ممکن تھی، اور اس اختلاف کا اثر سورۃ النجم کی ابتدائی آیات کے سمجھنے میں بھی ظاہر ہوا ہے، لہٰذا پہلے وہ آیات پڑھ لیں۔

﴿وَالنَّجْمِ إِذَا هَوٰى ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۝ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى ۝ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۝ ذُوْ مِرَّةٍ، فَاسْتَوٰى ۝ وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلٰى ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى ۝ فَأَوْحٰى إِلٰى عَبْدِهٖ مَا أَوْحٰى ۝ مَاكَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَآى ۝ أَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَايَرٰى ۝ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرٰى ۝ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَأْوٰى ۝ إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۝ مَازَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَآى مِنْ آيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى﴾

ترجمہ: قسم ہے ستارے کی جب وہ غروب ہونے لگے () تمہارے ساتھی یعنی نبی ﷺ نہ راہ سے بھٹکے اور نہ غلط راستہ پر پڑ گئے (قسم اِس مدعی کی دلیل ہے یعنی جس طرح ستارہ غروب ہو کر بھٹک نہیں جاتا، اسی طرح آپؐ بھی نہ گمراہ ہوئے، نہ غلط راستہ پر پڑ گئے۔ ضلال: یہ ہے کہ صحیح راستہ چھوڑ کر غلط راستہ پر چل دے، اور غوایت: یہ ہے کہ غیر راہ کو راہ سمجھ کر چلتا رہے) اور وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتے، نہیں ہے ان کی بات مگر ایسی وحی جو ان کی طرف کی گئی ہے، ان کو سکھلاتا ہے بڑا طاقتور مضبوط باڈی والا فرشتہ یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام، پس وہ صاف نمودار ہوا درانحالیکہ وہ آسمان کے بلند کنارے پر تھا، پھر وہ فرشتہ نزدیک آیا، پھر اور بھی نزدیک آیا، پس رہ گیا وہ دو کمانوں کے فاصلہ پر یا اس سے بھی کم، پس اللہ نے اپنے بندے کی طرف وحی کی جو وحی کرنی تھی، دل نے دیکھی ہوئی چیز میں کوئی غلطی نہیں کی، پس کیا تم ان سے اس دیکھی ہوئی چیز میں جھگڑتے ہو؟ اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ انھوں نے اس فرشتہ کو ایک دفعہ اور بھی دیکھا ہے، سدرۃ المنتہی کے پاس، جس کے قریب جنت الماوی (رہنے کا باغ) ہے، جب سدرۃ کو لپٹ رہی تھیں وہ چیزیں جو لپٹ رہی تھیں، نگاہ نہ تو ہٹی اور نہ بڑھی، البتہ واقعہ یہ ہے کہ انھوں نے اپنے پروردگار کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں۔

ان آیاتِ پاک میں دو مرتبہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصل صورت میں دیکھنے کا تذکرہ آیا ہے۔ پہلی مرتبہ: غارِ حراء سے واپسی میں محلّہ اجیاد میں آپؐ نے جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں دیکھا ہے، اور دوسری مرتبہ: معراج میں سدرۃ کے پاس دیکھا ہے۔ ان آیات کا رویت باری تعالیٰ سے کچھ تعلق نہیں، مگر کچھ حضرات کو غلط فہمی ہوئی، اور انھوں نے ان آیات کو رویت باری سے جوڑ دیا۔

اور حضرت ابن عباسؓ سے دونوں طرح کی روایات آئی ہیں: مطلق رویت کی بھی اور مقید بھی، یعنی نبی ﷺ نے اپنے دل سے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے، اور اس میں نہ کوئی اشکال ہے نہ اختلاف، پس مطلق روایات کو بھی مقید پر محمول کرنا چاہئے —— اور کعب احبار کے قول کا کچھ اعتبار نہیں —— اور حضرت ابو ذرؓ سے روایات مختلف آئی ہیں، جیسا کہ آگے آرہا ہے —— اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس باب میں سات روایتیں ذکر کی ہیں —— اور یہ مسئلہ پہلے بھی اسی جلد میں سورۃ الانعام کی (آیت ۱۰۳) کی تفسیر میں آچکا ہے، حدیث (۳۰۹۲) کی تمہید دیکھیں۔

حدیث (۱): ابو اسحاق سلیمان شیبانی نے زر بن حُبیش سے آیتِ کریمہ: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾ کی تفسیر پوچھی، زر نے کہا: مجھے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بتلایا کہ نبی ﷺ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، درانحالیکہ ان کے چھ سو بازو (پر) تھے، یعنی اس آیت میں اللہ تعالیٰ کا نزدیک آنا اور دو کمانوں کے فاصلہ پر رہ جانا یا اس سے بھی کم، اور نبی ﷺ کا جمال خداوندی کو دیکھنا مراد نہیں، جیسا کہ کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے (اور یہ حدیث متفق علیہ ہے، بخاری حدیث ۴۸۵۷، مسلم حدیث ۱۷۴ کتاب الایمان)

[۳۳۰۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، نَا الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَأَلْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ عَنْ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنٰى﴾ فَقَالَ: أَخْبَرَنِيْ ابْنُ مَسْعُوْدٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى جِبْرَائِيْلَ، وَلَهُ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

حدیث (۲): امام عامر شعبی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: میدانِ عرفات میں حضرت ابن عباسؓ کی کعب احبار سے ملاقات ہوئی ابن عباسؓ نے کعب احبار سے کوئی بات پوچھی (غالباً رویتِ باری کے بارے میں پوچھا ہوگا) پس کعب احبار نے اتنی زور سے تکبیر کہی کہ پہاڑ گونج اٹھے، پس ابن عباسؓ نے کہا: ''ہم بنو ہاشم ہیں!'' یعنی آپ کے نعرے سے متأثر ہونے والے نہیں، پس کعب نے کہا: اللہ تعالیٰ نے اپنی رویت اور اپنی ہم کلامی: محمد و موسیٰ علیہما السلام کے درمیان بانٹ دی ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دو مرتبہ موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا (ایک مرتبہ: جب آپ کو نبوت سے سرفراز کیا گیا، اور دوسری مرتبہ: جب آپ کو تورات عنایت فرمائی گئی) اور محمد ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دو مرتبہ دیکھا (جس کا تذکرہ سورۃ النجم کے شروع میں ہے، یہ غلط فہمی ہے)

مسروق کہتے ہیں: پس میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا، میں نے پوچھا: کیا محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے؟ (جیسا کہ کعب احبار کہتے ہیں) حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تم نے منہ سے ایسی بات نکالی ہے کہ میرے تو رونگٹے کھڑے ہو گئے! میں نے عرض کیا: ذرا ٹھہریں یعنی آگے نہ چلیں، پھر میں نے یہ آیت پڑھی: ''بخدا! واقعہ یہ ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے پروردگار کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں'' اور رویتِ باری بھی ایک بڑی نشانی ہے، پس آیت سے رویتِ باری ثابت ہوئی (یہ آیت نہیں پڑھی تھی، بلکہ وَلَقَدْ رَآهُ پڑھی تھی) حضرت عائشہؓ نے فرمایا: تجھے کہاں لے جایا جا رہا ہے؟! یعنی آیت کا غلط مطلب تجھے کس نے سمجھا دیا؟ وہ یعنی دکھنے والے حضرت جبرئیل علیہ السلام ہی ہیں (سن!) جو تجھے بتائے کہ محمد ﷺ نے اپنے رب کو دیکھا ہے یا کہے کہ آپؐ نے کوئی چیز چھپائی ہے اس میں سے جس کا آپ حکم دیئے گئے ہیں (جیسا کہ شیعہ کہتے ہیں) یا آپؐ ان پانچ باتوں کو جانتے ہیں جن کا تذکرہ سورۃ لقمان کی آخری آیت میں ہے (جیسا کہ رضا خانی کہتے ہیں) تو اس نے یقیناً آپؐ پر بہت بڑا الزام لگایا، بلکہ آپؐ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا ہے، اور ان کو ان کی اصلی صورت میں نہیں دیکھا مگر دو مرتبہ: ایک مرتبہ: سدرۃ المنتہی کے پاس، اور ایک مرتبہ: محلّہ جیاد میں، درانحالیکہ ان کے چھ سو بازو تھے، اور ان کے وجود نے آسمان کے کنارے کو بھر رکھا تھا (یہ حدیث شعبی کے شاگرد مجالد بن سعید کی ہے، اور ان کے دوسرے شاگرد داؤد بن ابی ھند کی روایت پہلے اسی جلد میں (حدیث ۳۰۹۲) آچکی ہے، مگر وہ روایت اس روایت سے مختصر ہے، اس میں شروع کا حصہ نہیں)

[۳۳۰۲-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ مَجالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، قَالَ: لَقِیَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَعْبًا بِعَرَفَةَ، فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ، فَكَبَّرَ حَتَّى جَاوَبَتْهُ الْجِبَالُ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّا بَنُوْ هَاشِمٍ! فَقَالَ كَعْبٌ: إِنَّ اللّٰهَ قَسَمَ رُؤْيَتَهُ وَكَلَامَهُ بَيْنَ مُحمدٍ وَمُوْسٰى، فَكَلَّمَ مُوْسٰى مَرَّتَيْنِ، وَرَآهُ مُحمدٌ مَرَّتَيْنِ.

فَقَالَ مَسْرُوْقٌ: فَدَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: هَلْ رَآى مُحَمَّدٌ رَبَّهُ؟ فَقَالَتْ: لَقَدْ تكَلَّمْتَ بِشَيْءٍ قَفَّ لَهُ شَعْرِیْ، قُلْتُ: رُوَيْدًا، ثُمَّ قَرَأْتُ: ﴿لَقَدْ رَآى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى﴾ فَقَالَتْ: أَيْنَ يُذْهَبُ بِكَ؟ إِنَّمَا هُوَ جِبْرَائِيْلُ، مَنْ أَخْبَرَكَ أَنَّ مُحمدًا رَآى رَبَّهُ، أَوْ كَتَمَ شَيْئًا مِمَّا أُمِرَ بِهِ، أَوْ يَعْلَمُ الْخَمْسَ الَّتِیْ قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ﴾ فَقَدْ أَعْظَمَ الْفِرْيَةَ، وَلٰكِنَّهُ رَآى جِبْرَائِيْلَ، لَمْ يَرَهُ فِیْ صُوْرَتِهِ إِلَّا مَرَّتَيْنِ: مَرَّةً عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى، وَمَرَّةً فِیْ جِيَادٍ، لَهُ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ، قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ.

وَقَدْ رَوٰى دَاوُدُ بْنُ أَبِیْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا الحديثِ، وَحَدِيْثُ دَاوُدَ أَقْصَرُ مِنْ حَدِيْثِ مُجَالِدٍ.

حدیث (۳): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''حضرت محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے'' عکرمہ نے عرض کیا: کیا اللہ تعالیٰ نہیں فرماتے: ''ان کو نگاہیں نہیں پاسکتیں، اور وہ سب نگاہوں کو پاتے ہیں؟'' (سورۃ الانعام آیت ۱۰۳) حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا: ''بھولے مانس! وہ بات جب ہے جب اللہ تعالیٰ اپنے اُس نور کے ساتھ تجلی فرمائیں جو کہ وہ ان کا نور ہے یعنی تجلی کبری کو کوئی نہیں دیکھ سکتا، مگر جب وہ تنزل فرمائیں تو رویت ممکن ہے، اور بالیقین محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دو مرتبہ دیکھا ہے (یہ روایت مطلق ہے)

حدیث (۴): حضرت ابن عباسؓ نے تین مختلف آیتیں پڑھیں، اور فرمایا: ''بالیقین نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے (یہ روایت بھی مطلق ہے)

حدیث (۵): حضرت ابن عباسؓ نے آیت: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَآى﴾ پڑھی اور فرمایا: ''نبی ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو اپنے دل سے دیکھا ہے (یہ روایت مقید ہے، پس مطلق روایتوں کو بھی اس پر محمول کریں گے کہ ان میں بھی دل سے دیکھنا مراد ہے)

حدیث (۶): عبداللہ بن شقیقؒ نے حضرت ابو ذرؓ سے کہا: اگر میں نبی ﷺ کا زمانہ پاتا تو آپؐ سے ضرور پوچھتا، حضرت ابو ذرؓ نے پوچھا: کس بارے میں پوچھتا؟ میں نے کہا: میں آپؐ سے پوچھتا کہ محمد ﷺ نے اپنے پروردگار کو دیکھا ہے؟ حضرت ابوذرؓ نے کہا: میں نے آپؐ سے (یہ بات) پوچھی ہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میں نے نور دیکھا ہے (ان کی ذات کو) میں کہاں دیکھ سکتا تھا؟! (نوراً سے پہلے عامل رَأَيْتُ پوشیدہ ہے، اور ایک روایت میں نورٌ:

حالتِ رفعی میں ہے یعنی اللہ تعالیٰ تو نور ہیں، اس صورت میں ھو مبتدا محذوف ہوگا، أَنّٰی أراہ: میں ان کو کہاں دیکھتا یعنی دیکھنا ممکن نہیں تھا)

حدیث (۷): حضرت ابن مسعودؓ نے آیت کریمہ: ﴿مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَآىٰ﴾ پڑھی اور فرمایا: نبی ﷺ نے جبرئیل علیہ السلام کو سبز ریشمی جوڑے میں دیکھا، انھوں نے آسمان وزمین کے درمیان کو بھر رکھا تھا (آیت کی یہی تفسیر صحیح ہے)

[۳۳۰۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ نَبْهَانَ بْنِ صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ، نَا سَلْمُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: رَأَى مُحمدٌ رَبَّهُ، قُلْتُ: أَلَيْسَ اللّٰهُ يَقُوْلُ: ﴿لَاتُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ﴾؟ قَالَ: وَيْحَكَ! ذَاكَ إِذَا تَجَلَّى بِنُوْرِهِ الَّذِىْ هُوَ نُوْرُهُ، وَقَدْ رَأَى مُحمدٌ رَبَّهُ مَرَّتَيْنِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۳۰۴-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الْأَمَوِيُّ، نَا أَبِىْ، نَا مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، فِىْ قَوْلِ اللّٰهِ: ﴿وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى، عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى﴾ ﴿فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ﴾ ﴿فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَدْ رَآهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۳۰۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَابْنُ أَبِىْ رِزْمَةَ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ﴿مَاكَذَبَ الْفُؤَادُ مَارَأَىٰ﴾ قَالَ: رَآهُ بِقَلْبِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۳۰۶-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التُّسْتَرِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِىْ ذَرٍّ: لَوْ أَدْرَكْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: عَمَّا كُنْتَ تَسْأَلُهُ؟ قُلْتُ: أَسْأَلُهُ هَلْ رَأَى مُحمدٌ رَبَّهُ؟ فَقَالَ: قَدْ سَأَلْتُهُ، فَقَالَ: نُوْرًا، أَنَّى أَرَاهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۳۰۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِىْ رِزْمَةَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: ﴿مَاكَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى﴾ قَالَ: رَأَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جِبْرَائِيْلَ فِىْ حُلَّةٍ مِنْ رَفْرَفٍ، قَدْ مَلَأَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-کوئی بندہ ایسا نہیں جس نے چھوٹے گناہ نہ کئے ہوں

سورۃ النجم کی (آیت ۳۲) ہے: ﴿الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الْأَثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ﴾: نیکوکار بندے وہ ہیں

جوکبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں، مگر گناہ کی آلودگی مستثنیٰ ہے ـــــ یہ استثناء منقطع ہے، لَمم: کبائر میں شامل نہیں۔ لَمم: اسم ہے، اورلَمَّ به اور أَلَمَّ به کے معنی ہیں: گاہ بہ گاہ جمع ہونا، کبھی کبھار ملاقات ہونا، آپ گھر جائیں، اور کوئی پوچھے: آپ دیوبند میں فلاں صاحب کو جانتے ہیں؟ آپ کہیں: أَنا أَلِمُّ به: تو اس کا مطلب ہوگا: میری ان سے دید شنید ہے ـــــ اور آیت میں مراد وہ ہلکے ہلکے گناہ ہیں جو کبھی کبھار صادر ہوجاتے ہیں، جن پر شرع میں کوئی خاص سزا مقرر نہیں، جیسے بدنظری، بوسہ، مساس اور قلبی خطرات وغیرہ۔

اور ایسے گناہوں کا استثناء اس لئے کیا ہے کہ ان سے انبیاء کے علاوہ کوئی بچا ہوا نہیں، پس اگر ان کا استثناء نہ کیا جاتا تو کوئی بھی نیکوکار نہ ہوتا، نبی ﷺ نے امیۃ بن الصلت کا درج ذیل شعر پڑھ کر اس حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

إِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ! تَغْفِرْ جَمًّا ۞ وَأَيُّ عَبدٍ لك لاَ أَلَمَّا؟!

ترجمہ: الٰہی! اگر آپ گناہوں کو بخشیں تو سارے ہی گناہوں کو بخشیں ÷ کیونکہ چھوٹے چھوٹے گناہ تو کوئی بندہ ایسا نہیں جس نے نہ کئے ہوں!

[۳۳۰۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ: أَبُوْ عُثْمَانَ البَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: ﴿الَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبَائِرَ الإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ إِلَّا اللَّمَمَ﴾ قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:

إِنْ تَغْفِرِ اللّٰهُمَّ! تَغْفِرْ جَمًّا ۞ وَأَيُّ عَبدٍ لك لاَ أَلَمَّا؟!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زَكَرِيَّا بْنِ إِسْحَاقَ.

سورة القمر

سورۃ القمر کی تفسیر

۱- معجزۂ شق القمر کا بیان

سورۃ القمر کی (آیات ۱-۳) ہیں: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ○ وَإِنْ يَرَوْا آيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ○ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْا أَهْوَآءَ هُمْ وَكُلُّ أَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ﴾: قیامت نزدیک آپہنچی، اور چاند شق ہوگیا یعنی چاند کا یہ پھٹنا جس طرح نبی ﷺ کا معجزہ اور آپ کی صداقت کی دلیل ہے اسی طرح وہ قربِ قیامت کی نشانی بھی ہے، اور لوگ اگر کوئی معجزہ دیکھتے ہیں تو روگردانی کرتے ہیں، اور کہتے ہیں: ''یہ جادو ہے، جو ابھی ختم ہوا جاتا ہے!'' اور انھوں نے جھٹلایا، اور اپنی خواہشات کی پیروی کی، اور ہر بات کو قرار آجانا ہے، یعنی وقت آنے پر لوگوں کو نبی ﷺ کی

صداقت معلوم ہوجائے گی ـــــ ان آیات میں معجزۂ شق القمر کا بیان ہے اوراس کی تفصیل پہلے ابواب الفتن (باب ۱۸ باب ماجاء في انشقاق القمر، تحفہ۵:۵۵۴) میں آچکی ہے، وہاں دیکھ لی جائے۔

حدیث (۱): حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثنا کہ ہم منی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے: چاند کے دوٹکڑے ہوئے، ایک ٹکڑا پہاڑ کے پیچھے چلا گیا، اور دوسرا ٹکڑا پہاڑ کے ورے رہا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''گواہ رہو'' ابن مسعودؓ آیت: ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ مراد لے رہے ہیں یعنی آپؐ نے اس آیت کی تفسیر کی ہے (یہ حدیث متفق علیہ ہے) الفِلْتَة: ٹکڑا، پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مکہ والوں نے نبی ﷺ سے کوئی نشانی طلب کی پس چاند مکہ میں دو مرتبہ پھٹا (یہ قتادہ کے شاگرد معمر کی روایت ہے اور شعبہ کی روایت میں بخاری شریف میں فأراهم القمر شقتين ہے، اور یہی روایت صحیح ہے، یعنی معجزۂ شق القمر دو مرتبہ پیش نہیں آیا، بلکہ چاند کے دو حصے ہوئے تھے) پس ﴿اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ﴾ سے ﴿سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ﴾ تک آیتیں نازل ہوئیں، اور مستمر کے معنی ذاھب: ختم ہونے والا: ہیں (یہ حدیث بھی متفق علیہ ہے)

تشریح: مستمر کے مشہور معنی: دیر تک دائم وقائم رہنے والا ہیں، مگر عربی زبان میں یہ لفظ کبھی مَرَّ اور اسْتَمَرَّ سے گذر جانے اور ختم ہوجانے کے معنی میں بھی آتا ہے، آیت میں یہی معنی ہیں یعنی جادو کا اثر دیر تک نہیں چلا کرتا، وہ گذر جائے گا اور ختم ہوجائے گا۔

حدیث (۳): حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا: نبی ﷺ کے زمانہ میں چاند پھٹا، پس نبی ﷺ نے ہم سے فرمایا: ''گواہ رہو!'' (یہ حدیث بھی متفق علیہ ہے)

حدیث (۴): ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں چاند پھٹا، پس آپؐ نے فرمایا: ''گواہ رہو!'' (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۱۷۹) آچکی ہے اور یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

حدیث (۵): حضرت جبیر بن مُطعم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے زمانہ میں چاند پھٹا، یہاں تک کہ وہ دو ٹکڑے ہوگیا، اِس پہاڑ پر اور اُس پہاڑ پر، پس لوگوں نے کہا: ہم پر محمد (ﷺ) نے جادو کردیا، پس ان کے بعض نے کہا: اگر انھوں نے ہم پر جادو کیا ہے تو وہ سب لوگوں پر جادو نہیں کرسکتے (یہ روایت بیہقی میں ہے اور بیہقی میں حضرت ابن مسعودؓ کی روایت میں ہے: مشرکین مکہ نے کہا: محمد! تم نے ہم پر جادو کردیا، ہم باہر سے آنے والے مسافروں کا انتظار کرتے ہیں، ہم ان سے دریافت کریں گے، کیونکہ یہ ناممکن ہے کہ محمد (ﷺ) تمام لوگوں پر جادو کردیں، اگر وہ بھی ہماری طرح دیکھنا بیان کریں گے تو سچ ہے، اور اگر وہ کہیں کہ ہم نے نہیں دیکھا تو سمجھنا کہ محمد (ﷺ) نے تم پر سحر کیا ہے، چنانچہ مسافروں سے دریافت کیا گیا، ہر طرف سے آنے والے مسافروں نے اپنا مشاہدہ بیان کیا کہ انھوں

نے چاند کو پھٹا ہوا دیکھا ہے، مگر ان شہادتوں کے باوجود معاندین ایمان نہ لائے، اور کہا کہ یہ سحر مستمر ہے، یعنی دور تک اس کا اثر ہوگیا ہے، عنقریب اس کا اثر زائل ہو جائے گا، اس وقت سورۂ قمر کی ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں)

فائدہ: جناب ابوالاعلی مودودی صاحب نے تفسیر تفہیم القرآن میں ایک خواہ مخواہ کا احتمال ذکر کیا ہے کہ ''چاند پھٹ جائے گا'' یعنی آئندہ یہ واقعہ پیش آئے گا، اگرچہ مودودی صاحب نے اس احتمال کی تردید کی ہے، مگر قاری کا ذہن پراگندہ کر کے رکھ دیا ہے۔

جناب مودودی صاحب شق القمر کو ایک کائناتی حادثہ مانتے ہیں، اور در پردہ اس کے معجزہ ہونے کی نفی کرتے ہیں، حالانکہ یہ واقعہ اگر معجزہ نہیں تھا تو دوسری اور تیسری آیتیں بے معنی ہو جاتی ہیں —— درحقیقت متنورین کا ذہن خوارق کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں، تفہیم القرآن میں سورۃ القمر کے حواشی ۱۹ و ۲۰ دیکھیں، حضرت صالح علیہ السلام کا اونٹنی کا معجزہ مودودی صاحب نے کس طرح بیان کیا ہے!

سوال: اگر شق القمر معجزہ تھا، اور قوم کی طلب پر یہ معجزہ دکھایا گیا تھا تو جب قوم ایمان نہ لائی تو ان کو سنت اللہ کے مطابق ہلاک کیوں نہیں کیا گیا؟

جواب: یہ مطالبہ قومی حیثیت سے نہیں تھا، بلکہ چند افراد کا مطالبہ تھا، جیسے حضرت رکانہ نے کشتی کا مطالبہ کیا، اور آپؐ نے کشتی ماری، پھر بھی وہ ایمان نہیں لائے، مگر نہ ان کو ہلاک کیا گیا، نہ مکہ والوں کو، اس لئے کہ یہ معجزہ کا شخصی مطالبہ تھا۔

[٥٤-] سُوْرَةُ القمر

[٣٣٠٩-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمِنًى، فَانْشَقَّ الْقَمَرُ فِلْقَتَيْنِ: فِلْقَةً مِنْ وَرَاءِ الْجَبَلِ، وَفِلْقَةً دُوْنَهُ، فَقَالَ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اشْهَدُوْا!" يَعْنِيْ: ﴿اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣١٠-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: سَأَلَ أَهْلُ مَكَّةَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم آيَةً، فَانْشَقَّ الْقَمَرُ بِمَكَّةَ مَرَّتَيْنِ، فَنَزَلَتْ: ﴿اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿سِحْرٌ مُسْتَمِرٌّ﴾ يَقُوْلُ: ذَاهِبٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣١١-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ أَبِيْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَنَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اشْهَدُوْا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣١٢-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْدَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ

عُمَرَ، قَالَ: انْفَلَقَ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اشْهَدُوْا " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣١٣-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُعْطِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى صَارَ فِرْقَتَيْنِ: عَلَى هٰذَا الْجَبَلِ، وَعَلَى هٰذَا الْجَبَلِ، فَقَالُوْا: سَحَرَنَا مُحمدٌ! فَقَالَ بَعْضُهُمْ: لَئِنْ كَانَ سَحَرَنَا فَمَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَسْحَرَ النَّاسَ كُلَّهُمْ.

وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُحمدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ نَحْوَهُ.

۲- تقدیر کا تذکرہ قرآن میں

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مشرکینِ قریش آئے درانحالیکہ وہ نبی ﷺ سے تقدیر کے مسئلہ میں بحث کررہے تھے، پس سورۃ القمر کی (آیات ۴۸و۴۹) نازل ہوئیں: "جس دن یہ لوگ اپنے مونہوں کے بل جہنم میں گھسیٹے جائیں گے، اوران سے کہا جائے گا: دوزخ کی آگ کا مزہ چکھو! بیشک ہم نے ہر چیز کو اندازے سے پیدا کیا ہے" یہی تقدیر الٰہی ہے (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۱۵۵) ابواب القدر کے آخر (تحفہ ۵: ۵۱۸) میں گذر چکی ہے، اور تقدیر کے مسئلہ پر ابواب القدر کی تمہید میں گفتگو آچکی ہے)

[٣٣١٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَأَبُوْ بَكْرٍ: بُنْدَارٌ، قَالاَ: ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَخْزُوْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: جَاءَ مُشْرِكُوْ قُرَيْشٍ، يُخَاصِمُوْنَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْقَدْرِ، فَنَزَلَتْ: ﴿يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِيْ النَّارِ عَلَى وُجُوْهِهِمْ: ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرٍ، إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة الرحمن

سورۃ الرحمٰن کی تفسیر

جواب طلب آیات کا جواب

سورۃ الرحمٰن میں اکتیس مرتبہ یہ آیت آئی ہے: ﴿فَبِأَيِّ آلآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَان؟﴾ یعنی اے جن وانس! (اوپر کی

آیات میں تمہارے پروردگار کی جونعمتیں بیان کی گئی ہیں: ان میں سے)تم کس کس نعمت کوجھٹلاؤ گے؟ اس کا جواب یہ ہے: لابشيئ من نِعَمِكَ ربنا! نكذب، فلك الحمد! اے ہمارے رب! ہم آپ کی کسی نعمت کونہیں جھٹلاتے، ہم آپ کا شکر بجالاتے ہیں۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ گھر میں سے اپنے صحابہ کے پاس آئے، پس ان کے سامنے سورۃ الرحمٰن از اول تا آخر پڑھی، صحابہ خاموشی سے سنتے رہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میں نے لیلۃ الجن میں یہ سورت جنات کے سامنے پڑھی، وہ تم سے جواب کے اعتبار سے اچھے تھے، میں نے ان کے سامنے جب بھی یہ آیت پڑھی، انھوں نے جواب دیا: ''نہیں! اے ہمارے رب! ہم آپ کی نعمتوں میں سے کسی نعمت کونہیں جھٹلاتے، ہم آپ کی نعمتوں کا شکر بجالاتے ہیں!'' (اس حدیث کا ایک راوی زہیر بن محمد ہے، اس پر جو کلام کیا گیا ہے وہ پہلے (کتاب الصلاۃ، باب ۱۰۹ تحفہ ۹۱:۲ میں) گذر چکا ہے، وہاں دیکھ لیا جائے) قوله: مَرْدُوْدًا: أی ردًّا و جواباً۔

تشریح: قرآنِ کریم میں کچھ آیات جواب طلب ہیں: وہاں جواب دینا چاہئے، کیا یہ ادب کی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ سوال کریں اور بندہ بت بنا رہے؟ سورۃ الرحمان میں مختلف نعمتوں کا تذکرہ ہے، اور ہر نعمت کے تذکرہ کے بعد دریافت کیا گیا ہے: ''اے جن وانس! تم اپنے رب کی کون کونسی نعمتوں کا انکار کروگے؟'' اس کا وہ جواب دینا چاہئے جو جنات نے دیا ہے، فرض نماز میں یہ جواب دل میں دیا جائے اور نفل نماز میں زبان سے بھی جواب دیا جاسکتا ہے، اور ایسی جواب طلب آیات کو حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے حجۃ اللہ میں جمع کیا ہے (دیکھیں رحمۃ اللہ الواسعہ ۴۳۰:۳)

[۵۵-] سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ

[۳۳۱۵-] حدثنا عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ وَاقِدٍ: أَبُوْ مُسْلِمٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى أَصْحَابِهِ، فَقَرَأَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةَ الرَّحْمٰنِ، مِنْ أَوَّلِهَا إِلَى آخِرِهَا، فَسَكَتُوْا، فَقَالَ:" لَقَدْ قَرَأْتُهَا عَلَى الْجِنِّ لَيْلَةَ الْجِنِّ، فَكَانُوْا أَحْسَنَ مَرْدُوْدًا مِّنْكُمْ، كُنْتُ كُلَّمَا أَتَيْتُ عَلَى قَوْلِهِ: ﴿فَبِأَيِّ آلآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ﴾ قَالُوْا: لاَبِشَيْئٍ مِنْ نِعَمِكَ رَبَّنَا! نُكَذِّبُ، فَلَكَ الْحَمْدُ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحمدٍ، قَالَ أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ: كَأَنَّ زُهَيْرَ بْنَ مُحمدٍ الَّذِىْ وَقَعَ بِالشَّامِ، لَيْسَ هُوَ الَّذِىْ يُرْوَى عَنْهُ بِالْعِرَاقِ، كَأَنَّهُ رَجُلٌ آخَرُ، قَلَبُوْا اسْمَهُ، يَعْنِىْ لِمَا يَرْوُوْنَ عَنْهُ مِنَ الْمَنَاكِيْرِ، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ، يَقُوْلُ: أَهْلُ الشَّامِ يَرْوُوْنَ عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحمدٍ مَنَا كِيْرَ، وَأَهْلُ الْعِرَاقِ يَرْوُوْنَ عَنْهُ أَحَادِيْثَ مُقَارِبَةً.

سورة الواقعة

سورۃ الواقعہ کی تفسیر

۱-جنتیوں کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک کا سامان

حدیث قدسی: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ''میں نے اپنے (اعلیٰ درجہ کے) نیک بندوں کے لئے وہ نعمتیں تیار کی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، اور نہ کسی کان نے سنا ہے، اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال گذرا ہے'' پھر نبی ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''پس کوئی شخص نہیں جانتا وہ آنکھوں کی ٹھنڈک جو ان کے لئے چھپائی گئی ہے، ان کاموں کی جزاء کے طور پر جو وہ کیا کرتے تھے'' (یہ متفق علیہ روایت ہے، اور پہلے اسی جلد (حدیث ۳۲۲۰) میں سورۃ السجدۃ کی تفسیر میں گذر چکی ہے اور یہاں یہ حدیث آئندہ مضمون کی وجہ سے لائی گئی ہے)

۲-جنت میں لمبا سایہ

سورۃ الواقعہ (آیت ۳۰) میں اصحاب الیمین کو ملنے والی نعمتوں کے تذکرہ میں ہے: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ، وَمَاءٍ مَّسْكُوْبٍ﴾: اور لمبا سایہ اور چلتا ہوا پانی (ملے گا)

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک درخت ہے، جس کے سایے میں اونٹ سوار سو سال تک چلے تب بھی اس کو طے نہیں کرسکتا'' پھر نبی ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''اور لمبا سایہ'' (یہ حدیث پہلے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی سند سے ابواب صفۃ الجنۃ (باب احادیث ۲۵۱۸ تحفہ ۶: ۲۹۶) میں گذر چکی ہے) — یہی بات حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں بھی ہے جو باب کے آخر میں ہے۔

۳-جنت میں ایک کوڑے کی جگہ کی قیمت

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنت میں ایک کوڑے کی جگہ یقیناً دنیا ومافیہا سے بہتر ہے'' پھر نبی ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھو: ''پس جو دوزخ سے بچالیا گیا، اور جنت میں داخل کیا گیا: وہ پورا کامیاب ہوگیا، اور دنیوی زندگی تو بس دھوکے کی ٹٹی ہے!'' (یہ حدیث اسی جلد میں سورۃ آل عمران کی تفسیر (حدیث ۳۰۳۷) میں آچکی ہے)

[۵۶-] سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ

[۳۳۱۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَعَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: نا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[١-] يَقُوْلُ اللّٰهُ:" أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِيْنَ، مَالاَ عَيْنٌ رَأَتْ، وَلاَ أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلاَ خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ" فَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَلاَ تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ﴾

[٢-] وَفِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ: يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مَائَةَ عَامٍ، لاَيَقْطَعُهَا، وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَظِلٍّ مَمْدُوْدٍ﴾

[٣-] وَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِيْ الْجَنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا، وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ؛ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣١٧-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً: يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ، لاَيَقْطَعُهَا" وَاقْرَأُوْا إِنْ شِئْتُمْ: ﴿وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ، وَمَاءٍ مَسْكُوْبٍ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفي البابِ: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

۴- جنت میں اونچے بستر

سورۃ الواقعہ (آیت ۳۴) میں ہے: اصحاب یمین کے لئے اونچے بستر ہونگے، اس کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''بستروں کی اونچائی جیسے آسمان وزمین کے درمیان کا فاصلہ، اور آسمان وزمین کے درمیان کا فاصلہ پانچ سوسالہ مسافت ہے'' (یہ حدیث اسی سند سے تحفہ ۶: ۳۱۲ حدیث ۲۵۳۶ میں آچکی ہے اور رشدین کی وجہ سے ضعیف ہے)

تشریح: اس حدیث میں یہ سمجھنا ہے کہ پانچ سوسال کی مسافت اونچے بستروں کی ہوگی یا وہ بستر جنت کے جن درجوں میں ہونگے: ان درجوں کی یہ بلندی ہوگی؟ یعنی وہ درجے نیچے والے درجوں سے پانچ سوسال کی مسافت کے بقدر بلند ہونگے؟ پس جاننا چاہئے کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جنت کے درجات میں جو اونچے یعنی بیش بہا بستر بچھے ہوئے ہونگے: اس درجہ میں اور نیچے والے درجہ میں پانچ سوسالہ مسافت ہوگی، خود بستر پانچ سوسال کی مسافت کے بقدر اونچے نہیں ہونگے، تفصیل پہلے (تحفہ ۶: ۳۱۱ میں) گذر چکی ہے۔

امام ترمذیؒ کی عبارت کا ترجمہ: اور بعض اہل علم نے کہا: حدیث ارتفاعُها كما بين السماء والأرض کا مطلب یہ ہے کہ اونچے (قیمتی) بستروں کی اونچائی درجاتِ جنت میں ہوگی، اور ان درجات کا حال یہ ہوگا کہ ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہوگا جتنا آسمان وزمین کے درمیان ہے۔

[٣٣١٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿وَفُرُشٍ مَرْفُوْعَةٍ﴾ قَالَ: "ارْتِفَاعُهَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، وَمَسِيْرَةُ مَا بَيْنَهُمَا خَمْسُمِائَةِ عَامٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: مَعْنَى هٰذَا الْحَدِيْثِ: وارْتِفَاعُهَا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، قَالَ: ارْتِفَاعُ الْفُرُشِ الْمَرْفُوْعَةِ فِيْ الدَّرَجَاتِ، وَالدَّرَجَاتُ: مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ.

۵- انسان شکر گذار ہونے کے بجائے تکذیب کرتا ہے

سورۃ الواقعہ (آیت ۸۲) میں نعمتِ قرآن کے تذکرہ کے بعد ہے: ﴿وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ﴾: اور گردانتے ہو تم اپنی روزی (حصہ) اس بات کو کہ تم تکذیب کرتے ہو، یعنی چاہئے تو یہ تھا کہ تم نعمتِ قرآن کا شکر بجالاتے، اس پر ایمان لاتے، اور اس کے احکام کی تعمیل کرتے، مگر تم الٹے اس کی تکذیب کے درپے ہو! —— رزقکم: مفعول اول ہے، اور رزق کے لغوی معنی ہیں: روزی، غذا، حصہ اور أنکم تکذبون مفعول ثانی ہے، اور نبی ﷺ نے رزق کی تفسیر ''شکر'' سے فرمائی ہے شکرُکم أی هو شكرُكم۔ پھر اس کی ایک مثال بیان فرمائی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ بارش برساتے ہیں تو لوگ بجائے شکر گذار ہونے کے کہتے ہیں: فلاں فلاں نچھتّر لگا تو بارش ہوئی، اور فلاں فلاں ستارہ طلوع ہوا تو بارش ہوئی، یہ نعمت کی ناشکری ہے، لوگوں کو کہنا چاہئے تھا کہ اللہ کے فضل سے بارش ہوئی۔ اسی طرح کا معاملہ لوگوں نے قرآن کے ساتھ کیا ہے، بجائے شکر گذار ہونے کے تکذیب پر اتر آئے ہیں۔

[۳۳۱۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ أَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ﴾ قَالَ: " شُكْرُكُمْ: تَقُوْلُوْنَ: مُطِرْنَا بَنَوْءِ كَذَا وَكَذَا، وَبِنَجْمِ كَذَا وَكَذَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، رَوَى سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى هٰذَا الحديثَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۶- مؤمن عورتیں جنت میں جوان رعنا ہونگی

سورۃ الواقعہ کی (آیت ۳۵) ہے: ﴿إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً﴾: بیشک ہم نے بنایا ان عورتوں کو خاص طور پر بنانا، نبی ﷺ نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا: ''بیشک خاص طور پر بنائی ہوئی عورتوں میں سے وہ عورتیں بھی ہونگی جو دنیا میں بوڑھی، چوندھی اور گوشۂ چشم پر سفید میل جمی ہوئی ہیں (ان کو حسین شکل وصورت میں جوان رعنا کردیا جائے گا)

۷- سورۃ الواقعہ بڑی پُرتاثیر سورت ہے

حدیث: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ بوڑھے ہوگئے! آپؐ نے فرمایا:

''مجھے سورۂ ہود، سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات، سورۂ نبأ اور سورۂ تکویر نے بوڑھا کردیا'' یعنی یہ سورتیں اس قدر پرتاثیر ہیں کہ اگر انسان صحیح اثر قبول کرے تو اس کی حالت دگرگوں ہوجائے۔

[۳۳۲۰-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْخُزَاعِيُّ الْمَرْوَزِيُّ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبَانٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِهِ: ﴿إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً﴾ قَالَ: ''إِنَّ مِنَ الْمُنْشَآتِ اللاَّئِيْ كُنَّ فِي الدُّنْيَا عَجَائِزَ عُمْشًا رُمْصًا''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، وَيَزِيْدُ بْنُ أَبَانٍ الرَّقَاشِيُّ يُضَعَّفَانِ فِي الْحَدِيْثِ.

[۳۳۲۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ شِبْتَ! قَالَ:'' شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ، وَالْوَاقِعَةُ، وَالْمُرْسَلاَتُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَ لُوْنَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَى عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ نَحْوَ هٰذَا، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ مَيْسَرَةَ شَيْئٌ مِنْ هٰذَا مُرْسَلٌ.

سورة الحديد

سورۃ الحدید کی تفسیر

آسمان وزمین وغیرہ کے کچھ احوال

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثنا کہ نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہ بیٹھے ہوئے تھے: اچانک ان پر ایک بادل آیا:

۱- پس نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو یہ کیا ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ''یہ عنان (پیش آنے والا، نمودار ہونے والا بادل) ہے، یہ زمین کو پانی فراہم کرنے والے اونٹ ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو ہانک کرلے جاتے ہیں ایسے لوگوں کی طرف جو اللہ کے شکر گذار نہیں ہوتے، اور جو اس سے بارش نہیں مانگتے یعنی اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے بے طلب لوگوں کو بارش عنایت فرماتے ہیں۔

۲- پھر پوچھا: جانتے ہو تم سے اوپر کیا ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا:

’’بیشک وہ رقیع (مضبوط بنایا ہوا آسمان) ہے، محفوظ چھت اور روکی ہوئی موج ہے یعنی وہ زمین والوں کے لئے محفوظ چھت کا کام کرتا ہے، اور اس کا مادّہ سیال چیز جیسا ہے، جیسے دریا کی موج روک دی گئی ہو، اور سورۃ حٰمٓ السجدۃ (آیت ۱۱) میں ہے: ﴿ثُمَّ اسْتَوَى إِلَى السَّمَاءِ وَهِيَ دُخَانٌ﴾: پھر اللہ تعالیٰ آسمان (بنانے) کی طرف متوجہ ہوئے درانحالیکہ وہ دھواں تھا، اس سے زیادہ آسمان کی حقیقت معلوم نہیں۔

۳- پھر پوچھا: جانتے ہو تمہارے درمیان اور آسمان کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ’’تمہارے اور اس کے درمیان پانچ سو سالہ مسافت یعنی بے حد فاصلہ ہے‘‘

۴- پھر پوچھا: جانتے ہو اس سے اوپر کیا ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ’’اس سے اوپر دوسرا آسمان ہے، اور دونوں آسمانوں کے درمیان پانچ سو سالہ مسافت ہے‘‘ — یہاں تک کہ آپؐ نے سات آسمان گنے، ہر دو آسمانوں کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا آسمان و زمین کے درمیان ہے۔

۵- پھر پوچھا: جانتے ہو اس سے اوپر کیا ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ’’اس سے اوپر عرشِ الٰہی ہے، اور اس کے اور آسمان کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا آسمانوں کے درمیان ہے‘‘

۶- پھر پوچھا: جانتے ہو تمہارے نیچے کیا چیز ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ’’پس بیشک وہ زمین ہے‘‘

۷- پھر پوچھا: جانتے ہو اس چیز کو جو زمین کے بعد ہے؟ صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپؐ نے فرمایا: ’’پس بیشک اس کے نیچے دوسری زمین ہے، دونوں زمینوں کے درمیان پانچ سو سالہ مسافت ہے‘‘ — یہاں تک کہ آپؐ نے سات زمینیں شمار کیں، ہر دو زمینوں کے درمیان پانچ سو سالہ مسافت ہے۔

۸- پھر فرمایا: ’’قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمد (ﷺ) کی جان ہے! اگر تم کوئی رسّی لٹکاؤ نچلی زمین کی طرف تو وہ اللہ تعالیٰ پر گرے گی‘‘ پھر آپؐ نے سورۃ الحدید کی (آیت ۳) پڑھی: ’’وہی پہلے، وہی پچھلے، وہی ظاہر اور وہی باطن ہیں، اور وہ ہر چیز کو خوب جانتے ہیں!‘‘

حدیث کا حال: اس حدیث کی یہی ایک سند ہے (اور اس حدیث کو امام احمد، ابن ابی حاتم اور بزار نے روایت کیا ہے، اور ابن کثیرؒ کہتے ہیں: ابن جریر طبری نے بھی اس حدیث کو قتادہ رحمہ اللہ سے مرسل روایت کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ذُکر لنا: ہم سے بیان کیا گیا، اور شاید یہی محفوظ ہے یعنی یہ روایت موصول نہیں ہے، بلکہ مرسل ہے، اور ترمذی میں جو روایت موصول ہے وہ بھی منقطع ہے) کیونکہ ایوب سختیانی، یونس بن عبید ثقفی اور علی بن زید بن جُدعان کہتے ہیں: حضرت حسن بصری رحمہ اللہ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث نہیں سنی (پس یہ حدیث ضعیف ہے)

حدیث کا مطلب: اور بعض اہل علم نے اس حدیث (کے آخری مضمون) کی تفسیر کی ہے کہ وہ رسّی اللہ کے علم،

قدرت اور اقتدار ہی پر گرے گی، اور اللہ کا علم، قدرت اور اقتدار ہر جگہ ہے (اسی سورت کی (آیت ۴) میں ہے: ﴿وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ﴾: وہ تمہارے ساتھ ہیں جہاں بھی تم ہوؤ) اور وہ خود عرش (تخت شاہی) پر ہیں، جیسا کہ انھوں نے اپنی کتاب میں (سات جگہ یہ) بیان کیا ہے (اور عرش پر ہونے کی حقیقت بھی وہی جانتے ہیں، غرض: اللہ پر رسّی گرنے کی یہ تاویل ضروری ہے کہ وہ رسّی ان کے علم پر، قدرت پر اور اقتدار پر گرے گی، ذات پر گرنا مراد نہیں اسی طرح عرش پر متمکن ہونے کی تاویل بھی ضروری ہے کہ اس سے استعلاء مراد ہے، یعنی آسمانوں اور زمین کو چھ ادوار میں پیدا کر کے خود ان کا کنٹرول سنبھالا، وہ خود تختِ شاہی پر جلوہ افروز ہیں، اپنی کائنات کا نظام کسی اور کے ہاتھ میں نہیں دیدیا جیسا کہ مشرکین کا خیال ہے، مگر اس تاویل کے ساتھ مبدأ کا ثبوت ماننا بھی ضروری ہے، یعنی اللہ پاک کا عرش سے تعلق ماننا بھی ضروری ہے)

[٥٧-] سُوْرَةُ الحَدِيْدِ

[٣٣٢٢-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَغيْرُ وَاحِدٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالُوْا: نَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، نَاشَيْبَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَ الْحَسَنُ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: بَيْنَمَا نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ وَأَصْحَابُهُ، إِذْ أَتَى عَلَيْهِمْ سَحَابٌ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[١-] " هَلْ تَدْرُوْنَ ماهٰذا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" هٰذَا العَنَانُ، هٰذِهِ رَوَايَا الأَرْضِ، يَسُوْقُهُ اللّٰهُ إِلَى قَوْمٍ لاَيَشْكُرُوْنَهُ وَلاَيَدْعُوْنَهُ"

[٢-] ثُمَّ قَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَكُمْ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" فَإِنَّهَا الرَّقِيْعُ، سَقْفٌ مَحْفُوْظٌ، وَمَوْجٌ مَكْفُوْفٌ"

[٣-] ثُمَّ قَالَ:"هَلْ تَدْرُوْنَ كَمْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا خَمْسُمِائَةِ سَنَةٍ"

[٤-] ثُمَّ قَالَ:"هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَ ذٰلِكَ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" فَإِنَّ فَوْقَ ذٰلِكَ سَمَاءَيْنِ، مَا بَيْنَهُمَا مَسِيرَةُ خَمْسُمِائَةِ عَامٍ" حَتَّى عَدَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ، مَابَيْنَ كُلِّ سَمَاءَيْنِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ.

[٥-] ثُمَّ قَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا فَوْقَ ذٰلِكَ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" فَإِنَّ فَوْقَ ذٰلِكَ الْعَرْشَ، وَبَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ بُعْدُ مَابَيْنَ السَّمَاءَيْنِ"

[٦-] ثُمَّ قَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الَّذِىْ تَحتَكُمْ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ:" فَإِنَّهَا الأَرْضُ"

[٧-] ثُمَّ قَالَ:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا الَّذِىْ بَعْدَ ذٰلِكَ؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: " فَإِنَّ تَحْتَهَا أَرْضًا

أُخْرَى، بَيْنَهُمَا مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ" حَتَّى عَدَّ سَبْعَ أَرْضِيْنَ، بَيْنَ كُلِّ أَرْضَيْنِ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ.

[٨-] ثُمَّ قَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحمدٍ بِيَدِهِ! لَوْ أَنَّكُمْ دَلَّيْتُمْ بِحَبْلٍ إِلَى الْأَرْضِ السُّفْلَى لَهَبَطَ عَلَى اللهِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ، وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَيُرْوَى عَنْ أَيُّوْبَ، وَيُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، وَعَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، قَالُوْا: لَمْ يَسْمَعِ الْحَسَنُ مِنْ أَبِيْ هريرةَ.

وَفَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الحديثَ، فَقَالُوْا: إِنَّمَا هَبَطَ عَلَى عِلْمِ اللهِ، وَقُدْرَتِهِ، وَسُلْطَانِهِ، وَعِلْمُ اللهِ وَقُدْرَتُهُ وَسُلْطَانُهُ فِيْ كُلِّ مَكَانٍ، وَهُوَ عَلَى الْعَرْشِ كَمَا وَصَفَ فِيْ كِتَابِهِ.

سورة المجادلة

سورۃ المجادلہ کی تفسیر

۱-آیاتِ ظہار کا شانِ نزول

سورۃ المجادلہ کے شروع میں ظہار کا حکم ہے، ان آیات کا شانِ نزول درج ذیل واقعہ ہے، یہ حدیث مختصر طور پر ظہار کے بیان میں گذر چکی ہے:

حدیث: حضرت سلمۃ بن صخر انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک ایسا آدمی تھا جو عورتوں سے صحبت کرنے کی وہ طاقت دیا گیا تھا جو میرا غیر نہیں دیا گیا تھا، پس جب رمضان آیا تو میں نے اپنی بیوی سے ظہار کرلیا، یہاں تک کہ رمضان گذر جائے یعنی موقت ظہار کرلیا، اس اندیشہ سے کہ میں بیوی سے پہنچوں رات میں، پس مسلسل رہوں میں اس عمل میں یہاں تک کہ پالے مجھے دن، اور میں قادر نہ ہوؤں کہ رک جاؤں، پس دریں اثنا کہ وہ ایک رات میری خدمت کررہی تھی: اچانک میرے لئے عورت سے کچھ (پازیب) کھل گیا، پس میں اس پر کودا، پس جب میں نے صبح کی تو میں صبح ہی اپنی قوم کے پاس گیا، اور میں نے ان کو اپنا واقعہ بتلایا، اور میں نے کہا: میرے ساتھ نبی ﷺ کے پاس چلو، تاکہ میں آپ کو اپنا معاملہ بتلاؤں، ان لوگوں نے کہا: نہیں، بخدا! ہم نہیں کریں گے، ہم ڈرتے ہیں کہ ہمارے بارے میں قرآن نازل ہو، یا ہمارے بارے میں رسول اللہ ﷺ کوئی بات فرمائیں، جس کا عار ہم پر باقی رہ جائے، بلکہ آپ جائیں اور جو آپ کا جی چاہے کریں۔

سلمۃ کہتے ہیں: پس میں نکلا، اور میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے آپ کو اپنا واقعہ بتلایا، آپؐ نے فرمایا: "کیا تم نے یہ کام کیا؟" میں نے کہا: جی ہاں! مجھ سے یہ حرکت ہوگئی! آپ نے دوبارہ فرمایا: "کیا تم نے یہ کام

کیا؟'' میں نے دوبارہ کہا: جی ہاں! مجھ سے یہ حرکت ہوگئی! آپؐ نے تیسری مرتبہ فرمایا: ''کیا تم نے یہ کام کیا؟'' میں نے عرض کیا: جی ہاں! میں نے یہ حرکت کی ہے، اور یہ میں آپؐ کے سامنے حاضر ہوں، پس آپ مجھ پر اللہ کا حکم نافذ فرمائیں، میں اس کے لئے صبر کرنے والا ہوں یعنی جو بھی سزا دی جائے گی برداشت کروں گا۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''گردن (غلام) آزاد کرو'' سلمہ کہتے ہیں: میں نے اپنے دونوں ہاتھ اپنی گردن پر مارے، اور کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! میں اس گردن کے علاوہ کا مالک نہیں ہوں! آپ نے فرمایا: ''تو دو ماہ کے روزے رکھو'' میں نے کہا: یا رسول اللہ! نہیں پہنچی مجھے وہ چیز جو پہنچی مگر روزوں کی وجہ سے! آپؐ نے فرمایا: ''تو ساٹھ غریبوں کو کھانا کھلاؤ'' میں نے کہا: قسم ہے اس ذات کی جس نے آپؐ کو دین حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے! بخدا! واقعہ یہ ہے کہ ہم نے ہماری یہ رات بھوکے ہونے کی حالت میں گذاری ہے، ہمارے لئے شام کا کھانا نہیں تھا! آپؐ نے فرمایا: ''بنو زُریق کی زکوٰۃ والے کے پاس جاؤ، اور اس سے کہو کہ وہ تمہیں زکوٰۃ دے، پس تم اپنی طرف سے اس میں سے ایک وسق (۶۰ صاع) غریبوں کو کھلاؤ، پھر باقی سے اپنے اور اپنے بال بچوں پر مدد حاصل کرو''

سلمہ کہتے ہیں: پس میں اپنی قوم کی طرف لوٹا، اور میں نے ان سے کہا: میں نے تمہارے پاس تنگی اور بری رائے پائی، اور میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس کشادگی اور برکت پائی، آپؐ نے میرے لئے زکوٰۃ کا حکم دیا، پس تم مجھے زکوٰۃ دو، پس انھوں نے مجھے زکوٰۃ دی۔

حدیث کا حال: امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: میرے نزدیک سلیمان بن یسار نے سلمہ بن صخر سے حدیث نہیں سنی (پس یہ حدیث منقطع ہے) اور سلمۃ کا نام سلمان بھی بیان کیا جاتا ہے، اور باب میں خولہ بنت ثعلبہ کی روایت ہے، یہ اوس بن الصامت کی بیوی ہیں (ان کی حدیث ابوداؤد میں ہے)

ملحوظہ: ظہار کیا ہے؟ اور اس کا کفارہ کیا ہے؟ اور مقید ظہار کا حکم کیا ہے؟ یہ باتیں تحفہ (۴:۹۳ کتاب الطلاق باب ۱۹) میں آچکی ہیں۔ اور جو شخص کفارہ ادا کرنے پر قادر نہ ہو اس کا کیا حکم ہے؟ اور شبق (جماع کی شدید خواہش) عذر ہے یا نہیں؟ یہ باتیں تحفہ (۳:۹۶ کتاب الصوم) میں آچکی ہیں، وہاں دیکھ لی جائیں۔

[۵۸-] سُوْرَۃُ الْمُجَادَلَۃِ

[۳۳۲۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِّیٍ الْحُلْوَانِیُّ – الْمَعْنَی وَاحِدٌ – قَالَا: نَایَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ یَسَارٍ، عَنْ سَلَمَۃَ بْنِ صَخْرٍ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ: کُنْتُ رَجُلاً قَدْ أُوْتِیْتُ مِنْ جِمَاعِ النِّسَاءِ مَالَمْ یُؤْتَ غَیْرِیْ، فَلَمَّا دَخَلَ رَمَضَانُ

تَظَاهَرْتُ مِنِ امْرَأَتِیْ، حَتّٰی یَنْسَلِخَ رَمَضَانُ، فَرَقًا مِنْ أَنْ أُصِیبَ مِنْهَا فِیْ لَیْلِیْ، فَأَتَتَابَعُ فِیْ ذٰلِكَ إِلَی أَنْ یُدْرِکَنِیْ النَّهَارُ، وَأَنَا لَاأَقْدِرُ أَنْ أَنْزِعَ، فَبَیْنَمَا هِیَ تَخْدِمُنِیْ ذَاتَ لَیْلَةٍ، إِذْ تَکَشَّفَ لِیْ مِنْهَا شَیْئٌ، فَوَثَبْتُ عَلَیْهَا، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ غَدَوْتُ عَلَی قَوْمِیْ، فَأَخْبَرْتُهُمْ خَبَرِیْ، فَقُلْتُ: انْطَلِقُوْا مَعِیْ إِلَی رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأُخْبِرُهُ بِأَمْرِیْ، فَقَالُوْا: لَا، وَاللّٰهِ! لَانَفْعَلُ، نَتَخَوَّفُ أَنْ یَنْزِلَ فِیْنَا قُرْآنٌ، أَوْ یَقُوْلَ فِیْنَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مَقَالَةً، یَبْقَی عَلَیْنَا عَارُهَا، وَلٰکِنِ اذْهَبْ أَنْتَ، فَاصْنَعْ مَا بَدَالَكَ.

قَالَ: فَخَرَجْتُ، فَأَتَیْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَخْبَرْتُهُ خَبَرِیْ، فَقَالَ:" أَنْتَ بِذَاكَ؟" قُلْتُ: أَنَا بِذَاكَ، قَالَ:" أَنْتَ بِذَاكَ؟" قُلْتُ: أَنَا بِذَاكَ، قَالَ: "أَنْتَ بِذَاكَ؟" قُلْتُ: أَنَا بِذَاكَ، وَهَا أَنَاذَا، فَأَمْضِ فِیَّ حُکْمَ اللّٰهِ، فَإِنِّیْ صَابِرٌ لِذٰلِكَ.

قَالَ:" أَعْتِقْ رَقَبَةً" قَالَ: فَضَرَبْتُ صَفْحَةَ عُنُقِیْ بِیَدَیَّ، فَقُلْتُ: لَا، وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! مَا أَصْبَحْتُ أَمْلِكُ غَیْرَهَا، قَالَ:" فَصُمْ شَهْرَیْنِ" قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! وَهَلْ أَصَابَنِیْ مَا أَصَابَنِیْ إِلَّا فِیْ الصِّیَامِ؟ قَالَ:" فَأَطْعِمْ سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا" قُلْتُ: وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ! لَقَدْ بِتْنَا لَیْلَتَنَا هٰذِهِ وَحْشَی، مَالَنَا عَشَاءٌ! قَالَ:" اذْهَبْ إِلَی صَاحِبِ صَدَقَةِ بَنِیْ زُرَیْقٍ، فَقُلْ لَهُ، فَلْیَدْفَعْهَا إِلَیْكَ، فَأَطْعِمْ عَنْكَ مِنْهَا وَسْقًا سِتِّیْنَ مِسْکِیْنًا، ثُمَّ اسْتَعِنْ بِسَائِرِهِ عَلَیْكَ وَعَلَی عِیَالِكَ"

قَالَ: فَرَجَعْتُ إِلَی قَوْمِیْ، فَقُلْتُ: وَجَدْتُ عِنْدَکُمُ الضِّیْقَ، وَسُوْءَ الرَّأْیِ، وَوَجَدْتُ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم السَّعَةَ، وَالْبَرَکَةَ، أَمَرَ لِیْ بِصَدَقَتِکُمْ، فَادْفَعُوْهَا إِلَیَّ، فَدَفَعُوْهَا إِلَیَّ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، قَالَ مُحمدٌ: سُلَیْمَانُ بْنُ یَسَارٍ: لَمْ یَسْمَعْ عِنْدِیْ مِنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ، قَالَ: وَیُقَالُ: سَلَمَةُ بْنُ صَخْرٍ، وَیُقَالُ: سَلْمَانُ بْنُ صَخْرٍ، وفی البابِ: عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ ثَعْلَبَةَ، وَهِیَ امْرَأَةُ أَوْسِ بْنِ الصَّامِتِ.

۲-سلام میں یہود کی شرارت

سورۃ المجادلہ (آیت ۸) میں ہے: ﴿وَإِذَا جَاءُ وْكَ حَيَّوْكَ بِمَالَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ﴾: اور جب وہ لوگ آپؐ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو ایسے الفاظ سے سلام کرتے ہیں جن سے اللہ نے آپ کو سلام نہیں کیا۔ اللہ کا سلام یہ ہے: ﴿سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ﴾ ﴿سَلَامٌ عَلَی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی﴾ اور ان کے سلام کا تذکرہ درج ذیل حدیث میں ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک یہودی نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہ کے پاس آیا، پس اس نے کہا: **السَّام علیکم**: تم مرو! پس لوگوں نے اس کو جواب دیا، نبی ﷺ نے فرمایا: ''جانتے ہو اس نے کیا کہا؟'' صحابہ نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، اے اللہ کے نبی! آپؐ نے فرمایا: ''اس نے سلام نہیں کیا، بلکہ اس نے

ایسا اور ایسا کہا، میرے پاس اسے واپس لاؤ، چنانچہ صحابہ اس کو واپس لائے، آپؐ نے اس سے پوچھا: تو نے السَّام علیکم کہا؟ اس نے کہا: ہاں، اس وقت نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تمہیں اہل کتاب (یہود) میں سے کوئی سلام کرے تو کہو: علیك ماقلت: جو تو نے کہا وہ تجھ پر! یعنی تو مر! مذکورہ آیت میں اسی کا ذکر ہے۔

[٣٣٢٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا يُوْنُسُ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، نَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: أَنَّ يَهُوْدِيًّا أَتَى عَلَى نَبِيِّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَصْحَابِهِ، فَقَالَ: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَرَدَّ عَلَيْهِ الْقَوْمُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "هَلْ تَدْرُوْنَ مَاقَالَ هٰذَا؟" قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ! قَالَ: "لَا، وَلٰكِنَّهُ قَالَ كَذَا وَكَذَا، رُدُّوْهُ عَلَيَّ" فَرَدُّوْهُ، فَقَالَ: قُلْتَ: السَّامُ عَلَيْكُمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: "إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا: عَلَيْكَ مَا قُلْتَ" قَالَ: ﴿وَإِذَا جَاءُ وْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-سرگوشی سے پہلے خیرات کا حکم

سورہ المجادلہ (آیت ۱۲) میں ہے: اگر کوئی باحیثیت آدمی نبی ﷺ سے تنہائی میں کوئی بات کرنا چاہے تو پہلے غریبوں کو کچھ خیرات دے، اور بے حیثیت لوگوں کو اس سے مستثنیٰ رکھا گیا، اس پر صرف حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عمل کیا، عام طور پر اس پر عمل کی نوبت نہیں آئی، پھر یہ حکم (آیت ۱۳) کے ذریعہ منسوخ کر دیا گیا، اس سلسلہ کی ایک حدیث یہ ہے:

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سورۃ المجادلہ کی (آیت ۱۲) نازل ہوئی تو نبی ﷺ نے مجھ سے پوچھا: ''تمہاری کیا رائے ہے: ایک دینار تجویز کیا جائے؟'' (حضرت علیؓ نے ایک دینار صدقہ کر کے تخلیہ کا وقت لیا تھا) حضرت علیؓ نے عرض کیا: لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے، آپؐ نے فرمایا: ''پس آدھا دینار؟'' حضرت علیؓ نے کہا: لوگ اس کی (بھی) طاقت نہیں رکھتے، آپؐ نے پوچھا: ''پھر کتنی مقدار تجویز کی جائے؟'' حضرت علیؓ نے کہا: جَو کے دانے کے بقدر سونا (تقریباً آدھا گرام) آپؐ نے فرمایا: ''بیشک تم بہت ہی کم مقدار مقرر کرنے والے ہو!'' یعنی اتنی معمولی مقدار مقرر کرنا بے فائدہ ہے، کیونکہ اس حکم کا مقصد یہ تھا کہ لوگ آپؐ کا وقت ضائع نہ کریں، اور خیرات کی اتنی معمولی مقدار مقرر کرنے سے یہ مقصد حاصل نہیں ہوگا، حضرت علیؓ کہتے ہیں: پس (آیت ۱۳) نازل ہوئی (اور یہ حکم اٹھا دیا گیا) حضرت علیؓ کہتے ہیں: پس میری وجہ سے اللہ نے اس امت سے تخفیف کر دی۔

[٣٣٢٥-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلْقَمَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ

أَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿يٰـأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً﴾ قَالَ لِيْ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: مَا تَرَى: دِيْنَارٌ؟ قُلْتُ: لَايُطِيْقُوْنَهُ، قَالَ: فَنِصْفُ دِيْنَارٍ؟ قُلْتُ: لَايُطِيْقُوْنَهُ، قَالَ: فَكَمْ؟: قُلْتُ: شَعِيْرَةً، قَالَ:" إِنَّكَ لَزَهِيْدٌ!" قَالَ: فَنَزَلَتْ: ﴿أَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَىْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ﴾ الآيَةَ، قَالَ: فَبِىَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: شَعِيْرَةً، يَعْنِىْ وَزْنَ شَعِيْرَةٍ مِنْ ذَهَبٍ.

سورة الحشر

سورۃ الحشر کی تفسیر

۱-جنگی مصلحت سے باغات اجاڑ نا جائز ہے

ربیع الاول ۴ ہجری میں غزوۂ بنوالنضیر پیش آیا، اسلامی افواج نے ان کا محاصرہ کیا، وہ اپنے قلعوں اور گڑھیوں میں پناہ گزیں ہوگئے، اور قلعہ کی فصیل سے تیر اور پتھر برسانے لگے، چاروں طرف کھجوروں کے باغات تھے، جو ان کے لئے سپر کا کام دے رہے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے حکم دیا کہ درختوں کو کاٹ کر جلا دیا جائے، اس سلسلہ میں دورائیں ہوئیں: ایک: یہ کہ ایسا کرنا جنگی مصلحت کا تقاضا ہے، دوسری: یہ کہ یہ اپنا نقصان کرنا ہے، کیونکہ کل یہ باغات ہمارے ہونگے، چنانچہ سورۃ الحشر کی (آیت ۵) نازل ہوئی، اور اس نے دونوں رایوں کو سراہا، فرمایا: ﴿مَا قَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ، أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُوْلِهَا: فَبِإِذْنِ اللّٰهِ، وَلِيُخْزِىَ الْفَاسِقِيْنَ﴾: جو کھجوروں کے درخت تم نے کاٹ ڈالے یا ان کو ان کی جڑوں پر کھڑا رہنے دیا: سو (دونوں باتیں) اللہ کی اجازت سے ہیں، یعنی منشأ خداوندی کے موافق ہیں، اور تاکہ اللہ تعالیٰ حد سے تجاوز کرنے والے (یہودیوں) کو ذلیل کریں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے بنونضیر کے بُوَیْرَۃ نامی نخلستان کو جلایا اور کاٹا تو یہ آیت نازل ہوئی، اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے لِيْنَةَ کے معنی: کھجور کے درخت کے کئے ہیں (درحقیقت لینۃ کے معنی ہیں: عجوہ کے علاوہ کھجور کے ہر قسم کے درخت) اور فرمایا کہ فاسقوں کو ذلیل اس طرح کیا کہ ان کو ان کے قلعوں سے نیچے اتار دیا یعنی وہ مجبور ہوگئے کہ جلاوطن ہوجائیں، اور ابن عباسؓ کہتے ہیں: مسلمان کھجوروں کے درخت کاٹنے کا حکم دیئے گئے، پس ان کے سینوں میں کھٹک پیدا ہوئی، اور انھوں نے کہا: ہم نے کچھ درخت کاٹے اور کچھ چھوڑ دیئے، ہمیں نبی ﷺ سے پوچھنا چاہئے کہ ہم نے جو درخت کاٹے ان پر ہمیں کچھ ثواب ملے گا؟ اور ہم نے جو درخت چھوڑ دیئے ان پر کچھ گناہ ہوگا؟ پس اللہ

تعالیٰ نے مذکورہ آیت نازل فرمائی (اوران کو بتایا گیا کہ دونوں باتوں پر ثواب ملے گا، گناہ کسی بات پر نہیں ہوگا)

فائدہ: یہ دوسری حدیث یعنی ابن عباسؓ کی تفسیر امام بخاری رحمہ اللہ نے امام ترمذیؒ سے سنی ہے، اسی طرح ایک اورحدیث جو ترمذی (۲:۲۱۴باب مناقب علی) میں آئے گی: وہ بھی امام بخاریؒ نے امام ترمذیؒ سے سنی ہے، یہ امام ترمذیؒ کے لئے بہت بڑی فضیلت ہے کہ ان کے استاذ نے ان سے دو حدیثیں روایت کی ہیں۔

[۵۹-] سُوْرَةُ الْحَشْرِ

[۳۳۲۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: حَرَّقَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَخْلَ بَنِى النَّضِيْرِ وَقَطَعَ، وَهِىَ الْبُوَيْرَةُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿مَاقَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ، أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُوْلِهَا، فَبِإِذْنِ اللّٰهِ، وَلِيُخْزِىَ الْفَاسِقِيْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۳۲۷-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ مُحمدِ الزَّعْفَرَانِيُّ، نَا عَفَّانُ، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، نَا حَبِيْبُ بْنُ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ فِىْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: ﴿مَا قَطَعْتُم مِنْ لِيْنَةٍ، أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُوْلِهَا﴾ قَالَ: اللِّيْنَةُ: النَّخْلَةُ ﴿وَلِيُخْزِىَ الْفَاسِقِيْنَ﴾ قَالَ: اسْتَنْزَلُوْهُمْ مِنْ حُصُوْنِهِمْ.

قَالَ: وَأُمِرُوْا بِقَطْعِ النَّخْلِ، فَحَكَّ فِى صُدُوْرِهِمْ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: قَدْ قَطَعْنَا بَعْضًا، وَتَرَكْنَا بَعْضًا، فَلَنَسْأَلُنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: هَلْ لَنَا فِيْمَا قَطَعْنَا مِنْ أَجْرٍ؟ وَهَلْ عَلَيْنَا فِيْمَا تَرَكْنَا مِنْ وِزْرٍ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿مَاقَطَعْتُمْ مِنْ لِيْنَةٍ أَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلَى أُصُوْلِهَا﴾ الآيَةَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ هَارُوْنَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، قَالَ أَبُوْ عِيْسٰى: سَمِعَ مِنِّى مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ هٰذَا الحديثَ.

۲- دوسروں کو مقدم رکھنے کی ایک مثال

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری صحابی (حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ) کے پاس ایک مہمان نے رات گذاری، ان کے پاس نہیں تھا مگر ان کا اور ان کے بچوں کا کھانا، پس انھوں نے اپنی اہلیہ سے کہا: آپ بچوں کو (پھسلا کر) سلا دیں، اور چراغ گل کر دیں، اور مہمان کے سامنے وہ کھانا رکھ دیں جو آپ کے پاس ہے، پس یہ آیت نازل ہوئی: ''وہ اپنے سے مقدم رکھتے ہیں اگرچہ ان کا فاقہ ہی ہو!'' —— اور یہ کوئی نادر واقعہ نہیں،

صحابہ کی سوانح ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے، تفسیر قرطبی میں اور وہاں سے معارف القرآن میں ایسے بہت سے واقعات نقل کئے ہیں۔

[۳۳۲۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ: أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ بَاتَ بِهِ ضَيْفٌ، فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ إِلَّا قُوْتَهُ وَقُوْتَ صِبْيَانِهِ، فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: نَوِّمِيْ الصِّبْيَةَ، وَأَطْفِئِي السِّرَاجَ، وَقَرِّبِيْ لِلضَّيْفِ مَا عِنْدَكِ، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَيُؤْثِرُوْنَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة الممتحنة

سورہ ممتحنہ کی تفسیر

۱- فتح مکہ کی تیاری اور اخفائے حال کی سعی

حدیبیہ میں جو صلح ہوئی تھی: قریش نے اس کی دھجیاں اڑا دیں، انھوں نے بنوبکر کی بنوخزاعہ کے خلاف مدد کی۔ بنوخزاعہ نے جو آپؐ کے حلیف تھے مدینہ پہنچ کر واقعہ کی اطلاع دی، آپ ﷺ نے قریش کو سبق سکھانے کا پکا ارادہ کرلیا، اس طرح فتح مکہ کی تقریب نکل آئی، مگر حرم شریف کا احترام بھی پیش نظر تھا، چنانچہ کمالِ رازداری سے تیاری شروع کی، اور دعا فرمائی: ''الٰہی! جاسوسوں کو اندھا کردے، اور خبروں کو قریش تک پہنچنے سے روک دے'' (تاکہ لشکر ایک دم ان کے سر پر جا پہنچے، اور کسی بڑی جنگ کی نوبت نہ آئے)

جنگ کی تیاری جاری تھی کہ حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ نے قریش کو ایک خط لکھ کر اطلاع دی کہ نبی ﷺ تمہارا ارادہ کررہے ہیں، اور تم ہرگز ان کا مقابلہ نہ کرسکوگے، انھوں نے یہ خط ایک عورت کے ذریعہ روانہ کیا، نبی ﷺ کو وحی سے اس کی اطلاع ملی آپؐ نے وہ خط پکڑوالیا، تفصیل حضرت علی رضی اللہ عنہ کی درج ذیل روایت میں ہے:

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھے، زبیر بن العوام کو اور مقداد بن الاسود کو بھیجا، اور فرمایا: ''چلو، یہاں تک کہ روضۂ خاخ پر پہنچو، وہاں اونٹ پر سوار ایک عورت ملے گی، اس کے پاس ایک خط ہے، وہ خط اس عورت سے لے لو، اور میرے پاس لے آؤ۔ پس ہم نکلے، ہمارے گھوڑے ہمارے ساتھ سرپٹ دوڑ رہے تھے، یہاں تک کہ ہم روضہ پہنچے، پس اچانک ہمیں اونٹ پر سوار ایک عورت ملی، ہم نے کہا: خط نکال! اس نے کہا: میرے پاس کوئی خط نہیں! ہم نے کہا: ''یا تو خط نکال یا کپڑے نکال!'' یعنی ہم تیری جامہ تلاشی لیں گے۔

حضرت علیؓ کہتے ہیں: پس اس نے اپنے موباف (چوٹی میں باندھنے کے کپڑے) سے وہ خط نکالا، ہم اس کو رسول

اللہ ﷺ کے پاس لائے، پس اچانک وہ خط حاطب بن ابی بلتعہ کی طرف سے تھا، مکہ کے چند مشرکین کے نام، حاطب نے ان کو نبی ﷺ کی مہم کی کچھ اطلاع دی تھی، پس آپؐ نے پوچھا: ''حاطب! یہ کیا معاملہ ہے؟'' انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے بارے میں فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کریں، میں ایک ایسا شخص ہوں جو قریش کے ساتھ چپکا ہوا (حلیف) ہوں، میں ان کے خاندان کا نہیں ہوں، اور آپؐ کے ساتھ جو مہاجرین ہیں ان کی (قریش کے ساتھ) رشتہ داریاں ہیں، وہ ان رشتہ داریوں کی وجہ سے مکہ میں جو ان کے بال بچے اور مال سامان ہے اس کی حفاظت کریں گے، پس میں نے چاہا کہ جب یہ چیز میرے ہاتھ سے نکل گئی، یعنی میرا قریش سے نسبی تعلق نہیں ہے تو میں ان پر کوئی احسان کروں تا کہ وہ میرے اقرباء کی حفاظت کریں، میں نے یہ حرکت کفر کی وجہ سے، اپنے دین سے پلٹنے کی وجہ سے اور کفر پر راضی ہونے کی وجہ سے نہیں کی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''سچ کہا!'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: مجھے موقع دیں اے اللہ کے رسول! کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں! آپؐ نے فرمایا: یہ بدر میں شریک ہوئے ہیں، اور تمہیں کیا معلوم! شاید اللہ تعالیٰ نے بدریوں کے احوال جان لئے، پس فرمایا: ''جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا!''

حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور اس سلسلہ میں پوری سورہ ممتحنہ نازل ہوئی، فرمایا: ''اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست مت بناؤ کہ تم ان کی طرف محبت ڈالو'' آخر تک سورت پڑھیں۔

سند کا بیان: عمرو بن دینار کہتے ہیں: میں نے حضرت ابورافع (مولی رسول اللہ ﷺ) کے صاحبزادے عبید اللہ کو دیکھا ہے، وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سکریٹری تھے، اور یہ حدیث عبید اللہ کے علاوہ ابوعبدالرحمٰن سلمیؒ بھی حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں، اور اکثر روایات میں: لتخرجن الكتاب أو لتلقين الثياب ہے یعنی تو ضرور خط نکال، یا ضرور کپڑے نکال، اور بعض روایات میں یہ جملہ اس طرح ہے: لتخرجن الكتاب أو لَنُجَرِّدَنَّك: تو ضرور خط نکال یا ہم تجھے ننگا کریں گے یعنی جامہ تلاشی لیں گے (یہ حدیث ابن ماجہ کے علاوہ سبھی کتب ستہ میں ہے)

سوال: بدریوں کے بارے میں جو بات اس حدیث میں ہے: وہ اللہ پاک نے کہاں فرمائی ہے؟ یعنی یہ مضمون کونسی آیت یا حدیث میں آیا ہے؟

جواب: یہ بات اسی حدیث کے اقتضاء سے ثابت ہے، ما ثبت باقتضاء النص کا یہی مطلب ہے، کسی اور نص کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، اور اس کی نظیر تحفہ (۳:۵۳) میں گذر چکی ہے۔

[٦٠-] سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ

[۳۳۲۹-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَاسُفْیَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحمدٍ – هُوَ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ – عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ رَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ، یَقُوْلُ: بَعَثَنَا رسولُ اللّٰهِ صلی

الله عليه وسلم أَنَا، وَالزُّبَيْرَ، وَالْمِقْدَادَ بْنَ الأَسْوَدِ، فَقَالَ: انْطَلِقُوْا حَتَّى تَأْتُوْا رَوْضَةَ خَاخٍ، فَإِنَّ بِهَا ظَعِيْنَةً، مَعَهَا كِتَابٌ، فَخُذُوْهُ مِنْهَا، فَأْتُوْنِيْ بِهِ، فَخَرَجْنَا تَتَعَادَى بِنَا خَيْلُنَا، حَتَّى أَتَيْنَا الرَّوْضَةَ، فَإِذَا نَحْنُ بِالظَّعِيْنَةِ، فَقُلْنَا: أَخْرِجِيْ الْكِتَابَ، فَقَالَتْ: مَا مَعِيْ مِنْ كِتَابٍ، قُلْنَا: لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ.

قَالَ: فَأَخْرَجَتْهُ مِنْ عِقَاصِهَا، قَالَ: فَأَتَيْنَا بِهِ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا هُوَ مِنْ حَاطِبِ بْنِ أَبِيْ بَلْتَعَةَ، إِلَى أُنَاسٍ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمكَّةَ، يُخْبِرُهُمْ بِبَعْضِ أَمْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" مَا هٰذَا يَاحَاطِبُ؟" قَالَ: لاَتَعْجَلْ عَلَيَّ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ امْرَأً مُلْصَقًا فِيْ قُرَيْشٍ، وَلَمْ أَكُنْ مِنْ أَنْفُسِهَا، وَكَانَ مَنْ مَعَكَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ لَهُمْ قَرَابَاتٌ، يَحْمُوْنَ بِهَا أَهْلِيْهِمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِمكَّةَ، فَأَحْبَبْتُ إِذْ فَاتَنِيْ ذٰلِكَ مِنْ نَسَبٍ فِيْهِمْ: أَنْ أَتَّخِذَ فِيْهِمْ يَدًا، يَحْمُوْنَ بِهَا قَرَابَتِيْ، وَمَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ كُفْرًا، وَارْتِدَادًا عَنْ دِيْنِيْ، وَلاَ رِضًى بِالْكُفْرِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "صَدَقَ" فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: دَعْنِيْ يَارسولَ اللّٰهِ! أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، فَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ، فَقَالَ:" اعْمَلُوْا مَاشِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ!"

قَالَ: وَفِيْهِ أُنْزِلَتْ هٰذِهِ السُّوْرَةُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لاَتَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَاءَ، تُلْقُوْنَ إِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ﴾ السُّوْرَةَ.

قَالَ عَمْرٌو: وَقَدْ رَأَيْتُ ابْنَ أَبِيْ رَافِعٍ، وَكَانَ كَاتِبًا لِعَلِيٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ عُمَرَ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، هٰذَا الحديثَ نَحْوَ هٰذَا، وَذَكَرُوْا هٰذَا الْحَرْفَ: فَقَالُوْا: لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَتُلْقِيَنَّ الثِّيَابَ.

وَهٰذَا حديثٌ قَدْ رُوِيَ أَيْضًا عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ نَحْوَ هٰذَا الحديثِ، وَذَكَرَ بَعْضُهُمْ فِيْهِ: لَتُخْرِجِنَّ الْكِتَابَ أَوْ لَنُجَرِّدَنَّكِ.

۲- مسلمان عورتوں کا امتحان اور بیعت

سورۃ ممتحنہ (آیت۱۰) میں ہے: جب مسلمان عورتیں دارالحرب سے ہجرت کر کے آئیں تو ان کا امتحان لیا جائے کہ واقعی وہ ایمان لائی ہیں، یا کسی اور مقصد سے ہجرت کر کے آئی ہیں؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ ان کا امتحان اسی سورت (آیت۱۲) سے لیا کرتے تھے، اس میں جن چھ باتوں کا ذکر ہے ان کا اقرار لیتے تھے، اور یہی ان کو بیعت کرنا تھا۔ وہ چھ باتیں یہ ہیں: ۱- وہ شرک نہیں کریں گی۔ ۲- وہ چوری نہیں کریں گی۔ ۳- وہ

بدکاری نہیں کریں گی۔ ۴- وہ اپنے بچوں کو قتل نہیں کریں گی۔ ۵- وہ بہتان کی اولاد نہیں لائیں گی۔ ۶- وہ مشروع باتوں میں نبی ﷺ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کریں گی......اور نبی ﷺ کا معمول یہ تھا کہ آپؐ بیعت لیتے وقت عورتوں کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں نہیں لیتے تھے، بلکہ یا تو زبانی اقرار کراتے تھے یا کوئی کپڑا پکڑا کر بیعت لیتے تھے۔

حدیث: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ آزمائش نہیں کیا کرتے تھے مگر اس آیت سے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''جب آپؐ کے پاس مسلمان عورتیں بیعت ہونے کے لئے آئیں'' —— اور معمر اپنی دوسری سند سے صدیقہؓ کا یہ قول بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کے ہاتھ نے کسی عورت کا ہاتھ نہیں چھویا، سوائے اس عورت کے جس کے آپؐ مالک ہوتے تھے یعنی بیوی اور باندی، بیوی ملکِ نکاح میں ہوتی ہے اور باندی ملکِ یمین میں (یہ حدیث بخاری میں ہے)

[۳۳۳۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَمْتَحِنُ إِلَّا بِالْآيَةِ الَّتِيْ قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِذَا جَاءَ كَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ﴾ الآيَةَ.

قَالَ مَعْمَرٌ: فَأَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: مَا مَسَّتْ يَدُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَ امْرَأَةٍ، إِلَّا امْرَأَةً يَمْلِكُهَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-نوحہ ماتم کرنے کی ممانعت

نوحہ ماتم کرنا یعنی میت پر زور زور سے رونا، چیخ وپکار کرنا یا میت کے مبالغہ آمیز فضائل بیان کرنا: قطعاً ممنوع ہے، تحفہ (۳: ۴۰۴) میں اس کی تفصیل آچکی ہے۔ مسلمان ہونے والی عورتوں سے جن چھ باتوں کا اقرار لیا جاتا تھا ان میں: ﴿لَايَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ﴾ بھی تھا، یعنی عورتیں مشروع باتوں میں آپؐ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کریں گی (ممتحنہ ۱۲) اس آیت کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: ام سلمہ انصاریہؓ (جن کا نام اسماء بنت یزید تھا) کہتی ہیں: (بیعت ہونے والی) عورتوں میں سے ایک نے پوچھا: وہ معروف جس کی خلاف ورزی ہمارے لئے جائز نہیں: کیا ہے؟ آپؐ نے (بطور مثال) فرمایا: ''نوحہ مت کرو'' (ام سلمہ کہتی ہیں:) میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! فلاں خاندان والوں نے میرے چچا کی موت کے وقت رونے میں ہمارا تعاون کیا ہے، اور میرے لئے اس کا حق ادا کرنا ضروری ہے (اور آج ان کے یہاں موت ہوگئی ہے) پس آپؐ نے مجھے اجازت دینے سے انکار کیا، پس میں بار بار آپ کے پاس آئیں، آپؐ نے مجھے ان کا حق ادا کرنے کی اجازت دی، پس نہیں نوحہ کیا میں نے ان کا حق ادا کرنے کے بعد، اور نہ ان کی اس میت کے علاوہ پر نوحہ کیا آج کی گھڑی تک، اور نہیں باقی رہی (بیعت کرنے والی) عورتوں میں سے کوئی میرے سوا مگر اس نے نوحہ کیا۔

اسی طرح متفق علیہ روایت میں ہے کہ جب ام عطیہؓ بیعت ہونے آئیں، اور آپؐ نے شرط لگائی کہ وہ نوحہ نہیں کریں گی تو انھوں نے عرض کیا: فلانی عورت نے نوحہ کرنے میں میری مدد کی ہے، اس لئے میرے لئے ضروری ہے کہ میں اس کی مدد کروں پس آپؐ نے صرف اس کی مدد کرنے کی اجازت دی (مسلم حدیث ۹۳۷) پس جاننا چاہئے کہ ان دونوں روایتوں میں نوحہ کرنے کی جو اجازت دی ہے وہ تشریع کے وقت کی ترخیص ہے، جب کوئی نیا قانون بنتا ہے، اور کوئی الجھن پیش آتی ہے تو رعایت دی جاتی ہے، مگر اس سے مسئلہ نہیں بدلتا۔

لغت: اِسْعاد: رونے میں مدد کرنے کے ساتھ خاص ہے، کہا جاتا ہے: أَسْعَدَتِ النَّائِحَةُ الثَّكلى: نوحہ کرنے والی عورت نے بچہ گم کرنے والی عورت کی رونے میں مدد کی۔

ملحوظہ: فأتيتُه مراراً: ہمارے نسخہ میں فعَاتَبْتُه مراراً ہے، جو غلط ہے، تصحیح مصری نسخہ سے کی ہے۔

[۳۳۳۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نا يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ شَهْرَ بْنَ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا أُمُّ سَلَمَةَ الأَنْصَارِيَّةُ، قَالَتْ: قَالَتِ امْرَأَةٌ مِنَ النِّسْوَةِ: مَا هٰذَا الْمَعْرُوْفُ الَّذِىْ لَا يَنْبَغِىْ لَنَا أَنْ نَعْصِيَكَ فِيْهِ؟ قَالَ: "لَاتَنُحْنَ" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ بَنِىْ فُلَانٍ قَدْ أَسْعَدُوْنِىْ عَلَى عَمِّىْ، وَلَا بُدَّ لِىْ مِنْ قَضَائِهِمْ، فَأَبَى عَلَىَّ، فَأَتَيْتُهُ مِرَارًا، فَأَذِنَ لِىْ فِىْ قَضَائِهِنَّ، فَلَمْ أَنُحْ بَعْدَ قَضَائِهِنَّ، وَلَا عَلَى غَيْرِهِ حَتَّى السَّاعَةِ، وَلَمْ يَبْقَ مِنَ النِّسْوَةِ امْرَأَةٌ إِلَّا وَقَدْ نَاحَتْ غَيْرِىْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَفِيْهِ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ: أُمُّ سَلَمَةَ الأَنْصَارِيَّةُ: هِىَ أَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيْدَ بْنِ السَّكَنِ.

سورة الصَّفِّ

سورۃ الصّف کی تفسیر

اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل جہاد فی سبیل اللہ ہے

حدیث: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ کی ایک جماعت نے آپس میں مذاکرہ کیا کہ اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل کونسا ہے؟ تو ہم اس پر عمل کریں (اور ایک روایت میں ہے کہ بعض نے کہا: اگر ہمیں معلوم ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل کونسا ہے؟ تو ہم جان و مال کی بازی لگا دیں! اور مسند احمد (۴۵۲:۵) میں یہ بھی ہے کہ ان حضرات نے چاہا کہ کوئی صاحب جا کر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات دریافت کریں، مگر کسی کی ہمت نہ ہوئی) پس اللہ تعالیٰ نے سورۃ الصّف نازل فرمائی (اور آپؐ

نے سب کو نام بنام بلایا، اوران کو یہ سورت پڑھ کر سنائی، جو اسی وقت نازل ہوئی تھی)

عبداللہ بن سلامؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے یہ سورت ہمیں پڑھ کر سنائی، اور ابو سلمہ کہتے ہیں: ہمیں عبداللہ بن سلام نے یہ سورت پڑھ کر سنائی، اور یحییٰ بن ابی کثیر کہتے ہیں: ہمیں ابو سلمۃ نے یہ سورت پڑھ کر سنائی [اور اوزاعی کہتے ہیں: ہمیں یحییٰ بن ابی کثیر نے یہ سورت پڑھ کر سنائی] اور محمد بن کثیر کہتے ہیں: ہمیں امام اوزاعی نے یہ سورت پڑھ کر سنائی، اور امام دارمی کہتے ہیں: ہمیں محمد بن کثیر نے یہ سورت پڑھ کر سنائی۔

پھر اسی طرح سورۃ الصّف سنانے کا یہ سلسلہ چلتا رہا، تا آنکہ میرے حضرت: شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب قدس سرہ نے ۱۳۸۳ھ میں مجھے یہ سورت پڑھ کر سنائی (اور درمیانی سند حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کے رسالہ مسلسلات میں ہے) اور مسلسلات میں یہ صحیح ترین مسلسل حدیث ہے، جس کا تسلسل تا امروز چلا آرہا ہے۔

اس سورت کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب عمل جہاد فی سبیل اللہ ہے، پوری سورت اسی محور پر گھومتی ہے، البتہ شروع میں یہ تنبیہ ہے کہ بڑا ابول نہیں بولنا چاہئے، اور مؤمن کو گفتار کا نہیں بلکہ کردار کا غازی ہونا چاہئے۔

فائدہ: جاننا چاہئے کہ تمام مسلسلات میں ضعف در آیا ہے، ابن الصلاح فرماتے ہیں: قَلَّمَا تَسْلَمُ المسلسلاتُ مِنْ ضُعْفٍ، أعني في وصف التسلسل، لا في أصل المتن (ظفر الامانی ص: ۲۶۸) البتہ سورت الصّف سنانے کا تسلسل جاری ہے: قال في " المِنَح": هذا صحيح متصلُ الإسناد والتسلسل، ورجاله ثقات، وهو أصحُّ مسلسل رُوِي في الدنيا، رواه الترمذي في " جامعه" والحاكم في " مستدركه" مسلسلاً، وصحَّحه على شرط الشيخين، ورواه أبو يعلى والطبراني وغيرهم (ظفر الامانی ص: ۲۸۵)

اور کھجور پانی کی ضیافت کی روایت موضوع ہے، اس کا روایت کرنا اور اس پر عمل کرنا جائز نہیں، شیخ عبدالفتاح ابوغدّہ قدس سرہ ظفر الامانی کے حاشیہ (ص: ۲۸۰) میں لکھتے ہیں: وأنا أجزمُ ألفَ ألفِ مرة أن هذا الحديث كذبٌ مفترًى موضوعٌ على رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأُخاصمُ من خالفني في ذلك، لأن الشرع والعقل يشهدان ببطلانه اھـ: مجھے کروڑوں مرتبہ یقین ہے کہ یہ حدیث رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ، بہتان اور گھڑی ہوئی حدیث ہے، اور میں اس شخص سے بحث کرنے کے لئے تیار ہوں جو اس سلسلہ میں میری مخالفت کرے، کیونکہ شریعت اور عقل دونوں اس کے بطلان کی گواہی دیتے ہیں۔

[٦١-] سُوْرَةُ الصَّفِّ

[٣٣٣٢-] حدثنا عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: قَعَدْنَا نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم، فَتذَاكَرْنَا، فَقُلْنَا: لَوْ نَعْلَمُ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ لَعَمِلْنَاهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ، يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالاَ تَفْعَلُوْنَ﴾ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلاَمٍ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا ابْنُ سَلاَمٍ، قَالَ يَحْيىَ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، [قَالَ الْأَوْزَاعِيُّ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا يَحْيىَ] قَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَقَرَأَهَا عَلَيْنَا ابْنُ كَثِيْرٍ.

وَقَدْ خُوْلِفَ مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ فِيْ إِسْنَادِ هٰذَا الحديثِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، فَرَوَى ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ هِلاَلِ بْنِ أَبِيْ مَيْمُوْنَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلاَمٍ، أَوْ: عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلاَمٍ، وَرَوَى الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ نَحْوَ رِوَايَةِ مُحمدِ بْنِ كَثِيْرٍ.

وضاحت: قوله: نفر: بعض نسخوں میں نفر (حالت رفعی) میں ہے، اور بعض میں نفرًا (حالتِ نصبی) میں، پہلی صورت میں نا: ضمیر متکلم سے بدل ہے، اور دوسری صورت میں حال ہے یعنی ہم بیٹھے درانحالیکہ ہم کئی آدمی تھے...... النَّفَر: آدمیوں کی تین سے دس تک کی تعداد...... اور کھڑی دوقوسوں کے درمیان عبارت مسند احمد (۵:۴۵۲) اور ابن کثیر کی جامع المسانید والسنن (حدیث۵۶۷۲) سے بڑھائی ہے...... قوله: وقد خولف: محمد بن کثیر مخالفت کئے گئے ہیں، یعنی امام اوزاعی کے دوسرے شاگرد سند اور طرح بیان کرتے ہیں، اس کے بعد مثال کے طور پر ابن المبارک کی سند لکھی ہے، یہ سند مسند احمد میں اس طرح ہے: عبد الله بن المبارك، أنا الأوزاعي، ثنا يحيى بن أبي كثير، حدثني هلال بن أبي ميمونة: أن عطاء بن يسار حدثه: أن عبد الله بن سلام حدثه، أو قال: حدثني أبو سلمة بن عبد الرحمن، عن عبد الله بن سلام ...... أو قال کا فاعل يحيى بن أبي كثير ہیں، یعنی یحییٰ یہ حدیث دوسندوں سے روایت کرتے ہیں، ایک وہی امام دارمی والی سند اور دوسری: عن هلال، عن عطاء، عن ابن سَلام۔ پس یہ کوئی مخالفت نہیں، بلکہ نئی سند پیش کی ہے، پھر ولید بن مسلم بھی محمد بن کثیر کی طرح سند بیان کرتے ہیں، پس دونوں سندیں صحیح ہیں۔

سورة الجمعة

سورۃ الجمعہ کی تفسیر

۱- نبی ﷺ عرب وعجم کی طرف مبعوث کئے گئے ہیں

سورۃ الجمعہ (آیات ۲-۴) میں نبی ﷺ کی امت کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: اُمّی اور دوسرے لوگ: اُمیوں

سے مرادعرب ہیں، جو بعثت نبوی کے وقت جزیرۃ العرب میں رہتے تھے، جن کی اکثریت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد تھی اور ناخواندہ تھی، ان کی طرف آپؐ بلاواسطہ مبعوث فرمائے گئے ہیں، اور آخرین سے مراد تمام عجم (غیر عرب) ہیں، ان کی طرف آپؐ کی بعثت پہلی امت کے توسط سے ہے، تفصیل رحمۃ اللہ الواسعہ (۵۱:۲) میں ہے۔

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سورۃ الجمعہ نازل کی گئی تو ہم نبی ﷺ کے پاس تھے، آپؐ نے اس کو پڑھا، جب آپؐ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ پر پہنچے تو ایک شخص نے پوچھا: یارسول اللہ! یہ کون لوگ ہیں جو ابتک ہمارے ساتھ نہیں ملے؟ (اور جن کی آئندہ ملنے کی توقع ہے) پس آپؐ نے بات نہ کی یعنی جواب نہ دیا۔ حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں: اور ہم میں سلمان فارسیؓ تھے، پس نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ حضرت سلمانؓ پر رکھا، اور فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر ایمان ثریا پر ہوتا تو بھی اس کو ضرور حاصل کر لیتے ان لوگوں (فارسیوں) میں سے کچھ لوگ''

سند کا حال: حدیث کی یہ سند ضعیف ہے، علی بن المدینی رحمہ اللہ کے والد عبداللہ بن جعفر ضعیف راوی ہیں، مگر اس حدیث کی اور سندیں بھی ہیں، اور ان سے یہ روایت متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ۴۸۹۷ مسلم حدیث ۲۵۴۶)

تشریح: یہ حدیث امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے فضائل میں بیان کی جاتی ہے، کیونکہ آپ فارسی الاصل ہیں، اور فارسیوں کا تذکرہ بطور مثال ہے، کیونکہ آخرین سے مراد عربوں کے علاوہ ساری دنیا ہے، کوئی خاص قوم مراد نہیں، مگر یہ بھی واقعہ ہے کہ جزیرۃ العرب سے متصل ایران تھا، اور وہی سب سے پہلے فتح ہوا، اور وہ ملک سارا اسلام میں داخل ہوگیا، روم اس کے بعد فتح ہوا، اور تمام رومی اسلام میں داخل نہیں ہوئے، پس فارس کی فضیلت مسلّم ہے۔

[٦٢-] سُوْرَةُ الجُمُعَةِ

[٣٣٣٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنِيْ ثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ الدِّيْلِيُّ، عَنْ أَبِيْ الْغَيْثِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ، فَتَلَاهَا، فَلَمَّا بَلَغَ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِنَا؟ فَلَمْ يُكَلِّمْهُ، قَالَ: وَسَلْمَانُ فِيْنَا، قَالَ: فَوَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ، فَقَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ كَانَ الإِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا، لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِنْ هٰؤُلَآءِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، هُوَ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ الْمَدِيْنِيِّ، ضَعَّفَهُ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِيْ هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ اللَّيْثِ: اسْمُهُ سَالِمٌ مُوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعٍ، وَثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ مَدَنِيٌّ، وَثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ شَامِيٌّ.

۲-جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ تجارت اور تماشے سے بہتر ہے

پہلے عیدین کی طرح جمعہ کا خطبہ بھی نماز کے بعد دیا جاتا تھا (کمافی مراسیل ابی داؤد) ایک جمعہ کے روز یہ واقعہ پیش آیا کہ نماز سے فارغ ہو کر آپؐ خطبہ دے رہے تھے، اچانک ایک تجارتی قافلہ مدینہ میں وارد ہوا، اور اس نے ڈھول باجے سے اعلان شروع کیا، نماز سے چونکہ فراغت ہو چکی تھی اس لئے لوگ خریداری کے لئے چل پڑے، اس پر سورۃ الجمعہ کی آخری آیتیں نازل ہوئیں: ''اور جب لوگ کسی تجارت یا مشغلہ کی چیز کو دیکھتے ہیں تو اس کی طرف دوڑ پڑتے ہیں، اور آپؐ کو کھڑا ہوا چھوڑ جاتے ہیں، آپؐ کہیں کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ تجارت اور تماشہ سے بدرجہا بہتر ہے''......اور چونکہ جمعہ ہر ہفتہ آتا ہے اور کاروبار کے درمیان نماز پڑھنی ہوتی ہے، اس لئے احتمال تھا کہ آئندہ بھی ایسی صورت پیش آئے، اس لئے جمعہ کا خطبہ نماز سے پہلے کر دیا، اور عیدین کے خطبے بعد میں رہنے دیئے، کیونکہ وہ مشغولیت کے دن نہیں ہیں۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثنا کہ نبی ﷺ جمعہ کے دن کھڑے ہوئے خطبہ دے رہے تھے کہ اچانک ایک تجارتی قافلہ مدینہ میں آیا، پس صحابہ اس کی طرف دوڑ پڑے، یہاں تک کہ ان میں سے صرف بارہ آدمی رہ گئے، جن میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما تھے، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی۔

[۳۳۳۴-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا حُصَيْنٌ، عَنْ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، إِذْ قَدِمَتْ عِيْرُ الْمَدِيْنَةِ، فَابْتَدَرَهَا أَصْحَابُ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ إِلَّا اثْنَا عَشَرَ رَجُلاً، فِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿وَإِذَا رَأَوْا تِجَارَةً أَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْا إِلَيْهَا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا حُصَيْنٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة المنافقين

سورۃ المنافقین کی تفسیر

۱-سورۃ المنافقین کا شانِ نزول

۵ ہجری یا ۶ ہجری میں غزوۂ بنی المصطلق پیش آیا، اسی کا نام غزوۂ مریسیع بھی ہے (مریسیع: اس قوم کے چشمے یا کنویں کا نام ہے) اس جنگ میں کامیابی کے بعد ایک واقعہ پیش آیا۔ ایک مہاجری اور ایک انصاری میں جھگڑا ہو گیا،

مہاجری نے مہاجرین کو مدد کے لئے پکارا، اور انصاری نے انصار کو، اور قریب تھا کہ مسلمانوں میں ایک فتنہ کھڑا ہو جائے، اس جھگڑے میں انصاری کو چوٹ لگی تھی، نبی صلی اللہ علیہ وسلم موقع پر پہنچے، اور فرمایا: ''یہ جاہلیت کا نعرہ کیسا ہے؟ اسے چھوڑو، یہ بدبودار نعرہ ہے!'' اس طرح معاملہ رفع دفع ہو گیا۔

مگر اس واقعہ سے رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی نے فائدہ اٹھایا، اس نے اپنے لوگوں سے کہا: تم نے ان مہاجرین کو سر پے چڑھا لیا ہے، تم نے ان کو اپنے اموال اور جائدادیں تقسیم کر کے دیں، اب یہ تمہاری روٹیوں پر پلے ہوئے تمہیں آنکھیں دکھا رہے ہیں، اگر اب بھی تم نے ان کے تعاون سے ہاتھ نہ کھینچا تو یہ لوگ تمہارا جینا حرام کر دیں گے، تمہیں چاہئے کہ جب تم مدینہ پہنچو تو عزت والا ذلیل کو وہاں سے باہر کر دے۔

یہ گفتگو حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے سنی، وہ اس وقت نوجوان تھے، انھوں نے یہ بات اپنے چچا کو بتلائی، چچا نے وہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتائی، آپؐ نے حضرت زید کو بلا کر تحقیق کی، اور پوچھا: ''لڑکے تم جھوٹ تو نہیں بولتے؟'' حضرت زید نے قسم کھا کر کہا کہ انھوں نے وہ بات اپنے کانوں سے سنی ہے، آپؐ نے پھر پوچھا: ''تمہیں کچھ شبہ تو نہیں ہو گیا؟'' حضرت زید نے پھر وہی جواب دیا، تب آپؐ نے عبداللہ کو بلا کر پوچھا، وہ قسم کھا گیا کہ اس نے یہ بات نہیں کہی، اور زید جھوٹا ہے، چنانچہ تھوڑی دیر کے لئے آپؐ کو اس کا اعتبار آ گیا، اور حضرت زید سے بدظنی ہو گئی، پھر جب سورۃ المنافقین نازل ہوئی تو ڈھول کا پول کھل گیا، اور قرآن نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کی تصدیق کر دی —— امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس سلسلہ میں کئی روایتیں ذکر کی ہیں، ان میں واقعہ کے متعلقات میں کچھ اختلاف بھی ہے، اور وہ سب روایتیں ایک درجہ کی بھی نہیں ہیں:

حدیث (۱): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اپنے چچا کے ساتھ تھا، پس میں نے عبداللہ بن ابی (رئیس المنافقین) کو اپنے ساتھیوں سے کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو لوگ جمع ہیں ان پر خرچ مت کرو، یہاں تک کہ وہ منتشر ہو جائیں، اور بخدا! اگر ہم مدینہ لوٹے تو عزت والا ذلیل کو (مدینہ سے) نکال دے گا، پس میں نے یہ بات اپنے چچا سے ذکر کی، پس میرے چچا نے وہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا، میں نے آپؐ سے وہ بات بیان کی، آپ نے عبداللہ اور اس کے ساتھیوں کے پاس آدمی بھیجا، ان لوگوں نے قسمیں کھائیں کہ انھوں نے یہ بات نہیں کہی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جھوٹا ٹھہرایا، اور اس کو سچا سمجھا، پس مجھے پہنچی وہ چیز کہ نہیں پہنچی تھی مجھے کوئی چیز کبھی بھی اس کے مانند یعنی مجھے بڑا صدمہ ہوا، پس میں گھر میں بیٹھ گیا، اور میرے چچا نے کہا: نہیں ارادہ کیا تو نے مگر اس کا کہ جھوٹا قرار دیں تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سخت ناراض ہوں تجھ سے یعنی چچا بھی سخت ناراض ہو گئے کہ تو نے ایسی جھوٹی بات کیوں کہی! پس اللہ تعالیٰ نے: ﴿إِذَا جَاءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ نازل کی، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس آدمی بھیجا، اور اس کو پڑھا، پھر فرمایا: ''بیشک اللہ نے تجھے سچا ٹھہرایا!'' (یہ حدیث متفق علیہ ہے،

اور چچا کے نام میں روایتوں میں اختلاف ہے)

[٦٣-] سُوْرَةُ الْمُنَافِقِيْنَ

[٣٣٣٥-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ عَمِّىْ، فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ ابْنَ سَلُوْلَ، يَقُوْلُ لِأَصْحَابِهِ: لَاتُنْفِقُوْا عَلٰى مَنْ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ حَتّٰى يَنْفَضُّوْا، وَلَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِعَمِّىْ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ عَمِّىْ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَعَانِىْ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَحَدَّثْتُهُ، فَأَرْسَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ وَأَصْحَابِهِ، فَحَلَفُوْا مَاقَالُوْا، فَكَذَّبَنِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَصَدَّقَهُ، فَأَصَابَنِىْ شَيْئٌ لَمْ يُصِبْنِىْ شَيْئٌ قَطُّ مِثْلُهُ، فَجَلَسْتُ فِى الْبَيْتِ، فَقَالَ عَمِّىْ: مَا أَرَدْتَ إِلَّا أَنْ كَذَّبَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَقَتَكَ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿إِذَا جَاءَ كَ الْمُنَافِقُوْنَ﴾ فَبَعَثَ إِلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَرَأَهَا، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۲): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا، اور ہمارے ساتھ کچھ بدّو تھے، پس ہم پانی کی طرف دوڑتے تھے، اور بدّو ہم سے پانی پر جلدی پہنچ جاتے تھے، پس ایک بدّو اپنے ساتھیوں سے پہلے پہنچ گیا، پس بدّو پہلے پہنچتے تھے، اور حوض بھر لیتے تھے، اور اس کے اردگرد پتھر رکھ دیتے تھے، اور اس پر چرمی فرش ڈال دیتے تھے، یہاں تک کہ اس کے ساتھی آجائیں یعنی اس طرح وہ پانی ریزرو کر لیتے تھے۔ زیدؓ کہتے ہیں: پس ایک انصاری آدمی بدّو کے پاس آیا، اور اس نے اپنی اونٹنی کی لگام ڈھیلی کر دی تا کہ وہ پانی پیئے، پس بدّو نے انکار کیا اس سے کہ وہ اس کو چھوڑے یعنی اس نے اونٹنی کو پانی نہیں پینے دیا، پس انصاری نے پانی کی روک ہٹادی یعنی وہ چرمی فرش اٹھادیا، پس بدّو نے لکڑی اٹھائی، اور انصاری کے سر پر ماری، اور اس کے سر کو زخمی کر دیا، پس وہ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کے پاس گیا، اور اس کو واقعہ بتلایا، اور وہ انصاری عبداللہ کے ساتھیوں میں سے تھا، پس عبداللہ غضبناک ہوا، اور اس نے کہا: ان لوگوں پر جو رسول اللہ کے پاس ہیں خرچ مت کرو، یہاں تک کہ وہ آپؐ کے پاس سے منتشر ہو جائیں، وہ بدّوؤں کو مراد لے رہا تھا، اور بدّو رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے تھے جب کھانے کا وقت ہوتا تھا، پس عبداللہ نے کہا: جب وہ لوگ محمد کے پاس سے منتشر ہو جائیں تب تم محمد کے پاس کھانا لاؤ، تا کہ وہ اور جو لوگ ان کے پاس ہیں کھانا کھائیں، پھر اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا: بخدا! اگر ہم مدینہ کی طرف لوٹے تو تم میں سے جو عزت والا ہے وہ ذلیل کو نکال دے گا۔

حضرت زیدؓ کہتے ہیں: اور میں سواری پر اپنے چچا کے پیچھے بیٹھا تھا، پس میں نے عبداللہ کی بات سنی اور اپنے چچا کو بتلائی، پس وہ چلے اور رسول اللہ ﷺ کو اطلاع دی، تو رسول اللہ ﷺ نے اس کے پاس آدمی بھیجا، پس اس نے قسم کھائی اور انکار کر دیا، زیدؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو سچا سمجھا، اور مجھے جھوٹا سمجھا۔ زیدؓ کہتے ہیں: اور میرے چچا میرے پاس آئے، اور انھوں نے کہا: تو نے کس بات کا ارادہ کیا ہے؟ یعنی تو نے یہ کیا حماقت کی ہے! یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ تجھ سے شدید ناراض ہو گئے، اور تجھے جھوٹا ٹھہرایا اور مسلمانوں نے بھی، زیدؓ کہتے ہیں: پس مجھ پر پڑ گیا فکر میں سے جو نہیں پڑا ہوگا کسی پر، یعنی مجھے بڑی فکر لاحق ہوئی۔ زیدؓ کہتے ہیں: پس دریں اثنا کہ میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا، اور فکر سے اپنا سر جھکائے ہوئے تھا، اچانک آپ ﷺ میرے پاس آئے اور میرا کان مموڑا اور میرے سامنے ہنسے، پس نہیں خوش کرسکتی تھی مجھے یہ بات کہ میرے لئے اس کے عوض میں دنیا میں ہمیشہ رہنا ہو، یعنی مجھے دنیا میں ہمیشہ جینے کی خوشی سے بھی زیادہ خوشی آپؐ کے اس عمل سے ہوئی —— پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مجھ سے ملے، اور پوچھا: تم سے رسول اللہ ﷺ نے کیا کہا؟ میں نے کہا: مجھ سے کچھ نہیں کہا، بس آپؐ نے میرا کان مموڑا اور میرے سامنے ہنسے! پس حضرت ابوبکرؓ نے کہا: خوش ہو جاؤ! —— پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے ملے، اور ان سے بھی میں نے وہی بات کہی جو حضرت ابوبکرؓ سے کہی تھی، پھر جب ہم نے صبح کی تو رسول اللہ ﷺ نے (فجر کی نماز میں) سورۃ المنافقین پڑھی۔

تشریح: یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس کو حسنٌ صحیحٌ کہا ہے، مگر یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح نہیں، اس کی سند میں سدّی کبیر اسماعیل بن عبدالرحمٰن ہے جو حدیث میں غلطیاں کرتا تھا، اور ابوسعید ازدی بھی معمولی ثقہ راوی ہے، اور اس حدیث میں جو ﴿حَتَّى يَنْفَضُّوْا﴾ کا مطلب بیان کیا گیا ہے وہ بھی صحیح نہیں۔

ملحوظہ: ہمارے نسخہ میں أنا ردفُ رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے، مگر وہ صحیح نہیں، جامع الاصول میں یہ حدیث ترمذی سے نقل ہوئی ہے، اس میں: ردفُ عَمِّیْ ہے، اور وہی صحیح ہے، چنانچہ متن میں اسی کو لیا ہے۔

[۳۳۳۶-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْأَزْدِيِّ، نَا زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ مَعَنَا أُنَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ، فَكُنَّا نَبْتَدِرُ الْمَاءَ، وَكَانَ الْأَعْرَابُ يَسْبِقُوْنَا إِلَيْهِ، فَسَبَقَ أَعْرَابِيٌّ أَصْحَابَهُ، فَيَسْبِقُ الْأَعْرَابِيُّ، فَيَمْلَأُ الْحَوْضَ، وَيَجْعَلُ حَوْلَهُ حِجَارَةً، وَيَجْعَلُ النَّطْعَ عَلَيْهِ، حَتَّى يَجِيْءَ أَصْحَابُهُ.

قَالَ: فَأَتَى رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ أَعْرَابِيًّا، فَأَرْخَى زِمَامَ نَاقَتِهِ لِتَشْرَبَ، فَأَبَى أَنْ يَدَعَهُ، فَانْتَزَعَ قِبَاضَ الْمَاءِ، فَرَفَعَ الْأَعْرَابِيُّ خَشَبَةً، فَضَرَبَ بِهَا رَأْسَ الْأَنْصَارِيِّ، فَشَجَّهُ، فَأَتَى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ رَأْسَ

الْمُنَافِقِيْنَ، فَأَخْبَرَهُ، وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَغَضِبَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ، ثُمَّ قَالَ: لَاتُنْفِقُوْا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِهِ، يَعْنِي الْأَعْرَابَ، وَكَانُوْا يَحْضُرُوْنَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ الطَّعَامِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: إِذَا انْفَضُّوْا مِنْ عِنْدِ مُحمدٍ فَأْتُوْا مُحمدًا بِالطَّعَامِ، فَلْيَأْكُلْ هُوَ وَمَنْ عِنْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِأَصْحَابِهِ: لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيُخْرِجِ الْأَعَزُّ مِنْكُمُ الْأَذَلَّ.

قَالَ زَيْدٌ: وَأَنَا رِدْفُ عَمِّيْ فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، فَأَخْبَرْتُ عَمِّيْ، فَانْطَلَقَ، فَأَخْبَرَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَحَلَفَ وَجَحَدَ.

قَالَ: فَصَدَّقَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَكَذَّبَنِيْ، قَالَ: فَجَاءَ عَمِّيْ إِلَيَّ، فَقَالَ: مَا أَرَدْتَ إِلَى أَنْ مَقَتَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَذَّبَكَ وَالْمُسْلِمُوْنَ؟ قَالَ: فَوَقَعَ عَلَيَّ مِنَ الْهَمِّ مَالَمْ يَقَعْ عَلَى أَحَدٍ.

قَالَ: فَبَيْنَمَا أَنَا أَسِيْرُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، قَدْ خَفَقْتُ بِرَأْسِيْ مِنَ الْهَمِّ، إِذْ أَتَانِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَعَرَكَ أُذُنِيْ، وَضَحِكَ فِيْ وَجْهِيْ، فَمَا كَانَ يَسُرُّنِيْ أَنَّ لِيْ بِهَا الْخُلْدَ فِي الدُّنْيَا، ثُمَّ إِنَّ أَبَا بَكْرٍ لَحِقَنِيْ، فَقَالَ: مَاقَالَ لَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قُلْتُ: مَاقَالَ لِيْ شَيْئًا، إِلَّا أَنَّهُ عَرَكَ أُذُنِيْ، وَضَحِكَ فِيْ وَجْهِيْ، فَقَالَ: أَبْشِرْ، ثُمَّ لَحِقَنِيْ عُمَرُ، فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ قَوْلِيْ لِأَبِيْ بَكْرٍ، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُوْرَةَ الْمُنَافِقِيْنَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۳): حکم بن عتیبہ کہتے ہیں: میں نے چالیس سال پہلے محمد بن کعب قرظی سے سنا: انھوں نے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ عبداللہ بن ابی نے غزوۂ تبوک میں کہا: بخدا! اگر ہم مدینہ لوٹے تو نہایت معزز ضرور نہایت ذلیل کو نکال دے گا! زید کہتے ہیں: پس میں نبی ﷺ کے پاس آیا، اور آپؐ سے یہ بات ذکر کی، تو اس نے قسم کھائی کہ اس نے یہ بات نہیں کہی، پس میری قوم نے مجھے ملامت کی، انھوں نے کہا: اس حرکت سے تیرا کیا ارادہ ہے؟ پس میں گھر آیا اور شکستہ خاطر مغموم ہو گیا، پس رسول اللہ ﷺ میرے پاس آئے، یا کہا: میں آپؐ کے پاس آیا، پس آپؐ نے فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ نے تجھے سچا ٹھہرایا!'' زیدؓ کہتے ہیں: پس یہ آیت اتری: ''وہی ہیں جو کہتے ہیں: مت خرچ کرو ان لوگوں پر جو رسول اللہ کے پاس ہیں، تاکہ وہ منتشر ہو جائیں''

تشریح: یہ حدیث شعبہؒ کے شاگرد آدم کی سند سے بخاری شریف (حدیث ۴۹۰۲) میں ہے، اس میں غزوۂ تبوک کا ذکر نہیں، پس یہ محمد بن ابی عدی کا وہم ہے، یہ واقعہ غزوۂ بنوالمصطلق کا ہے۔

[٣٣٣٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا مُحمدُ بْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ محمدَ بْنَ كَعْبٍ الْقُرَظِيَّ، مُنْذُ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ، قَالَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ: لَئِنْ رَّجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، قَالَ: فَأَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَحَلَفَ مَاقَالَهُ، فَلَامَنِيْ قَوْمِيْ، فَقَالُوْا: مَا أَرَدْتَ إِلَى هٰذِهِ؟ فَأَتَيْتُ الْبَيْتَ، وَنِمْتُ كَئِيْبًا حَزِيْنًا، فَأَتَانِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ: أَتَيْتُهُ، فَقَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ قَدْ صَدَّقَكَ!" قَالَ: فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَاتُنْفِقُوْا عَلَى مَنْ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ حَتَّى يَنْفَضُّوْا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدیث (۴): حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں تھے ـــــ ابن عیینہ کہتے ہیں: لوگوں (محدثین) کا خیال ہے کہ یہ غزوہ: غزوۂ بنوالمصطلق تھا ـــــ پس ایک مہاجری نے ایک انصاری کی سرین پر لات ماری، پس مہاجری نے پکارا: او مہاجرو! مدد کو دوڑو! اور انصاری نے پکارا: او انصارو! مدد کو دوڑو! پس نبی ﷺ نے یہ بات سنی اور فرمایا: ''جاہلیت کا نعرہ کیسا ہے؟!'' لوگوں نے بتایا، ایک مہاجری نے ایک انصاری کی سرین پر لات ماری ہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''اس نعرہ کو چھوڑو، یہ گندہ نعرہ ہے!'' پس یہ بات عبداللہ بن ابی نے سنی، اس نے کہا: کیا انھوں نے (مہاجرین نے) یہ حرکت کی ہے؟ بخدا! اگر ہم مدینہ لوٹے تو نہایت عزت والا ضرور نہایت ذلیل کو مدینہ سے نکال دے گا ـــــ پس عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیجئے: میں ان منافق کی گردن ماردوں! آپؐ نے فرمایا: ''اسے چھوڑو، لوگ باتیں نہ کریں کہ محمد (ﷺ) اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں'' ـــــ اور عمرو بن دینار کے علاوہ نے بیان کیا: پس اس سے اس کے بیٹے حضرت عبداللہ بن عبداللہ نے کہا: بخدا! نہیں پلٹے گا تو یعنی مدینہ میں داخل نہیں ہوسکے گا تو یہاں تک کہ تو اقرار کرے کہ تو ہی ذلیل ہے اور رسول اللہ ﷺ عزت والے ہیں، پس اس نے اقرار کیا (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[٣٣٣٨-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: كُنَّا فِيْ غَزَاةٍ - قَالَ سُفْيَانُ: يَرَوْنَ أَنَّهَا غَزْوَةُ بَنِي الْمُصْطَلِقِ - فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِيْنَ! وَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا لَلْأَنْصَارِ! فَسَمِعَ ذٰلِكَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "مَابَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟" قَالُوْا: رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعُوْهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ" فَسَمِعَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُوْلٍ، فَقَالَ: أَوَ قَدْ فَعَلُوْهَا؟ وَاللّٰهِ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِيْنَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: يَارسولَ

اللّٰهِ! دَعْنِي أَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "دَعْهَ، لَايَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحمدًا يَّقْتُلُ أَصْحَابَهُ" وَقَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: فَقَالَ لَهُ ابْنُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: وَاللّٰهِ! لَاتَنْقَلِبُ حَتَّى تُقِرَّ أَنَّكَ الذَّلِيْلُ، وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم العَزِيْزُ: فَفَعَلَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲- جو مسلمان اعمال میں کوتاہی کرے گا وہ موت کے وقت مہلت مانگے گا

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جس کے پاس اتنا مال ہے کہ وہ اس کو بیت اللہ تک حج کے لئے پہنچا سکتا ہے، یا اس کے پاس اتنا مال ہے کہ اس میں زکوۃ واجب ہے، پس اس نے حج نہ کیا اور زکوۃ ادا نہ کی تو وہ موت کے وقت دنیا میں واپس لوٹنے کی درخواست کرے گا (تاکہ اپنی کوتاہی کی تلافی کرے)...... پس ایک شخص نے کہا: ابن عباس! اللہ سے ڈرو! واپس لوٹنے کی درخواست کفار ہی کریں گے۔ حضرت ابن عباسؓ نے کہا: میں ابھی آپ کے سامنے اس سلسلہ میں قرآن پڑھونگا کہ یہ بات کافروں کے ساتھ خاص نہیں، بلکہ وہ مؤمن جس نے اعمال میں کوتاہی کی ہے وہ بھی درخواست کرے گا، پھر آپؓ نے سورۃ المنافقین کی (آیات ۹-۱۱) پڑھیں: "اے ایمان والو! تمہیں تمہارے مال اور تمہاری اولاد اللہ کی یاد سے غافل نہ کریں، اور جو ایسا کرے گا: پس وہی لوگ ناکام رہنے والے ہیں، اور کچھ خرچ کرو اس رزق میں سے جو ہم نے تمہیں دیا ہے، اس سے پہلے کہ تم میں سے ایک کے پاس موت آ کھڑی ہو، پس وہ کہے: اے میرے پروردگار! مجھ کو اور تھوڑے دنوں کے لئے مہلت کیوں نہ دیدی کہ میں خیرات کر لیتا اور نیک کام کرنے والوں میں شامل ہو جاتا، اور ہرگز اللہ تعالیٰ مہلت نہیں دیتے کسی کو جب اس کی میعاد آ جاتی ہے، اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے کاموں کی خوب خبر ہے"

اس شخص نے پوچھا: زکوۃ کب فرض ہوتی ہے؟ یعنی اس نے ابن عباسؓ کی بات مان لی، اور اب وہ زکوۃ کے مسائل پوچھنے لگا، ابن عباسؓ نے فرمایا: "جب مال دوسو درہم یا زیادہ ہو جائے (اور اس پر سال گذر جائے) اس نے پوچھا: اور حج کس چیز سے فرض ہوتا ہے؟ آپؓ نے فرمایا: "توشہ اور اونٹ سے"

تشریح: سورۃ المؤمنون کی (آیات ۹۹و۱۰۰) ہیں: ﴿حَتَّى إِذَاجَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ، قَالَ: رَبِّ ارْجِعُوْنِ ۝ لَعَلِّيْ أَعْمَلُ صالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ، كَلَّا، إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا، وَمِنْ وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلَى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ﴾: یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سر پر موت آ کھڑی ہوتی ہے تو وہ کہتا ہے: اے میرے رب! آپ مجھے دنیا میں واپس بھیج دیں، تاکہ جس (مال) کو میں چھوڑ آیا ہوں اس میں نیک کام کروں، ہرگز نہیں! یہ اس کی ایک بات ہے جس کو وہ کہہ رہا ہے یعنی وہ بات پوری ہونے والی نہیں اور ان کے آگے ایک آڑ (قبر کی زندگی) ہے قیامت کے دن تک ...... اس آیت سے اعتراض کرنے والے کو دھوکہ ہوا ہے، اس آیت میں کافر کا ذکر ہے، مگر اس میں حصر نہیں کہ وہی

واپس لوٹنے کی درخواست کرے گا، اور سورۃ المنافقین کی آیات میں صراحت ہے کہ مسلمان بھی اگر اس نے اعمال میں کوتاہی کی ہے: واپس لوٹنے کی درخواست کرے گا۔

سند کا بیان: ابو جناب یحییٰ بن ابی حیہ کے شاگرد جعفر بن عون اس حدیث کو موقوف کرتے ہیں، یعنی یہ حضرت ابن عباسؓ کا قول ہے، اور ابو جناب کے دیگر تلامذہ مثلاً ابن عیینہ وغیرہ بھی اسی طرح موقوف روایت کرتے ہیں، اور عبدالرزاق: ثوریؒ سے مرفوع روایت کرتے ہیں، مگر صحیح بات یہ ہے کہ یہ روایت موقوف ہے۔

[۳۳۳۹-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، نَا أَبُوْ جَنَابٍ الْكَلْبِيُّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ مَالٌ يُبَلِّغُهُ حَجَّ بَيْتِ رَبِّهِ، أَوْ يَجِبُ عَلَيْهِ فِيْهِ زَكَاةٌ، فَلَمْ يَفْعَلْ: يَسْأَلُ الرَّجْعَةَ عِنْدَ الْمَوْتِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يا ابْنَ عَبَّاسٍ اتَّقِ اللّٰهَ! فَإِنَّمَا يَسْأَلُ الرَّجْعَةَ الْكُفَّارُ، فَقَالَ: سَأَتْلُوْ عَلَيْكَ بِذَلِكَ قُرْآنًا: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَاتُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلاَ أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَأُوْلٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ، وَأَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنَاكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَأْتِيَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ، فَيَقُوْلَ: رَبِّ لَوْلاَ أَخَّرْتَنِي إِلَى أَجَلٍ قَرِيْبٍ، فَأَصَّدَّقَ﴾ إِلَى قَوْلِهِ﴿ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾

قَالَ: فَمَا يُوْجِبُ الزَّكَاةَ؟ قَالَ: إِذَا بَلَغَ الْمَالُ مِائَتَيْنِ فَصَاعِدًا، قَالَ: فَمَا يُوْجِبُ الْحَجَّ؟ قَالَ: الزَّادُ وَالْبَعِيْرُ"

حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ حَيَّةَ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِنَحْوِهِ.

هٰكَذَا رَوَى ابْنُ عُيَيْنَةَ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِيْ جَنَابٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، وَأَبُوْ جَنَابٍ القَصَّابُ: اسْمُهُ يَحْيَى بْنُ أَبِيْ حَيَّةَ، وَلَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ فِي الحديثِ.

سورة التغابن

سورۃ التغابن کی تفسیر

بیوی بچے اگر اللہ کے فرض سے مانع بنیں تو وہ دوست نہیں، دشمن ہیں

سورۃ التغابن کی (آیت ۱۴) ہے: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ﴾: اے ایمان والو! تمہاری کچھ بیویاں اور اولاد تمہاری دشمن ہیں، پس تم ان سے ہوشیار رہو! —— ایک شخص نے حضرت ابن عباسؓ سے اس آیت کا شانِ نزول پوچھا: آپؓ نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو مکہ والوں میں سے مسلمان ہوئے یعنی ہجرتِ

مدینہ کے بعد، اور انھوں نے ارادہ کیا کہ (ہجرت کرکے) نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوجائیں، مگر ان کے اہل وعیال نے ان کو نہ چھوڑا کہ وہ (ہجرت کرکے) نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوں، پھر جب وہ نبی ﷺ کی خدمت میں (تاخیر سے) پہنچے (اور) انھوں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ دین کی سمجھ حاصل کرچکے ہیں تو انھوں نے بیوی بچوں کو سزا دینے کا ارادہ کیا، پس مذکورہ آیت نازل ہوئی (اور آخر آیت میں کہا گیا کہ تم ان کو معاف کردو، اور درگذر کر جاؤ، اور بخش دو!)

تشریح: اور ابن عباس رضی اللہ عنہ کے شاگرد حضرت عطاء بن ابی رباح سے مروی ہے کہ یہ آیت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے، جب کسی غزوہ کا موقع آتا اور وہ جہاد میں نکلنا چاہتے تو بیوی بچے فریاد کرتے کہ ہمیں کس پر چھوڑ کر جارہے ہو؟ وہ ان کی فریاد سے متأثر ہوکر رک جاتے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی (روح، ابن کثیر) ان دونوں باتوں میں کوئی تضاد نہیں، اللہ کا فرض خواہ ہجرت ہو یا جہاد: اگر بیوی بچے اس فرض کی ادائیگی میں مانع بنیں تو وہ دوست نہیں، دشمن ہیں، مگر اس کے باوجود ان کے ساتھ تشدد کا معاملہ نہ کیا جائے، عفو و درگذر اور معافی کا برتاؤ کیا جائے، کیونکہ ان کی یہ حرکت بربنائے محبت طبعی ہے، دین سے دشمنی کی بنا پر نہیں ہے۔

مسئلہ: اہل وعیال سے کوئی خلافِ شرع کام ہوجائے تو بھی ان سے بیزار ہوجانا مناسب نہیں، حتی الامکان اصلاح کی کوشش کرنی چاہئے، البتہ جب مایوسی ہوجائے تو نَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ پر عمل مناسب ہے۔

[٦٤-] سُوْرَةُ التَّغَابُنْ

[٣٣٤٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا إِسْرَائِيْلُ، نَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، وَسَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ﴾ قَالَ: هٰؤُلَآءِ رِجَالٌ أَسْلَمُوْا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، وَأَرَادُوْا أَنْ يَأْتُوْا النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأَبَى أَزْوَاجُهُمْ وَأَوْلَادُهُمْ أَنْ يَدَعُوْهُمْ أَنْ يَأْتُوْا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمَّا أَتَوْا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: رَأَوُا النَّاسَ قَدْ فَقِهُوْا فِيْ الدِّيْنِ: هَمُّوْا أَنْ يُعَاقِبُوْهُمْ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: ﴿يٰأَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ وَأَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ﴾ الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة التحريم

سورۃ التحریم کی تفسیر

سورۃ التحریم کی ابتدائی آیات کا شانِ نزول

بخاری شریف (حدیث ۲۵۸۱) میں ہے کہ ازواجِ مطہرات کی دو جماعتیں تھیں، ایک میں: حضرات عائشہ، حفصہ،

صفیہ اور سودہ رضی اللہ عنہن تھیں، اور دوسری میں: حضرت ام سلمہ اور دیگر ازواج تھیں (انتہی) اور علم وفضل میں حضرت عائشہؓ کے بعد حضرت ام سلمہؓ کا نمبر آتا ہے اور حسن وجمال میں حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا، اور نبی ﷺ کا معمول تھا کہ عصر کے بعد کھڑے کھڑے سب بیویوں کے پاس تشریف لے جاتے تھے اور خیر خیریت معلوم کرتے تھے، اس موقعہ پر ہر بیوی صاحبہ کوشش کرتی تھی کہ آپؐ زیادہ سے زیادہ اس کے پاس ٹھہریں، چنانچہ حضرت زینبؓ نے شہد منگوا کر رکھ رکھا تھا، نبی ﷺ کو شہد مرغوب تھا، وہ شہد کا شربت بناتیں، پلاتیں اور باتیں کرتیں، اور اس طرح کافی دیر آپؐ کو روک رکھتیں، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ بات کھلی، انھوں نے حضرت حفصہؓ وغیرہ کو اعتماد میں لیا، اور ایک پلان بنایا کہ نبی ﷺ زینبؓ کے پاس سے شربت پی کر جس کے پاس بھی تشریف لائیں: وہ کہے: یارسول اللہ! آپؐ نے مغافیر کھایا ہے؟ مغافیر جمع ہے مِغْفار کی، یہ کھانے کا ایک گوند ہے، جو عرفط پودے سے نکلتا ہے، اور اس میں بو ہوتی ہے جو بعض لوگوں کو ناپسند ہوتی ہے، اور نبی ﷺ کو یہ بات ناپسند تھی کہ ازواج آپؐ کے منہ سے بو محسوس کریں، چنانچہ آپ گھر میں تشریف لاتے تو مسواک فرماتے، پس جب آپؐ سے مذکورہ بات پوچھی جائے گی تو آپؐ جواب دیں گے: نہیں، میں نے مغافیر نہیں کھایا، بلکہ زینب کے یہاں شہد کا شربت پیا ہے، تو وہ کہے کہ شہد کی مکھی نے عرفط گھاس سے چارہ لیا ہوگا، جس سے شہد میں بو آگئی، پس آپؐ اس شہد سے ہاتھ اٹھالیں گے، اور اس طرح مسئلہ حل ہوجائے گا...... چنانچہ جب آپؐ شہد نوش فرما کر حضرت سودہؓ کے پاس تشریف لائے تو انھوں نے پلان کے مطابق بات کہی، آپؐ نے مذکورہ جواب دیا، پھر جب آپؐ حضرت حفصہؓ کے پاس پہنچے تو انھوں نے بھی وہی بات کہی، اور آپؐ نے بھی وہی جواب دیا، نیز یہ بھی فرمایا کہ میں شہد کو اپنے لئے حرام کرتا ہوں، مگر یہ بات کسی کو بتلانا نہیں (تاکہ زینبؓ کی دل شکنی نہ ہو، نہ ازواج کی دوسری جماعت کو جوابی کاروائی کرنے کا موقع ملے) مگر حضرت حفصہؓ نے یہ بات حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتلادی کہ پلان کامیاب ہوگیا، اور نبی ﷺ نے مطلق شہد کو اپنے لئے حرام کرلیا...... پھر جب اگلے دن آپؐ حضرت زینبؓ کے پاس پہنچے، اور انھوں نے شربت بنانا چاہا تو آپؐ نے فرمایا: لاحاجة لي فيه: مجھے شہد کا شربت نہیں پینا، اس سے ازواج کی دوسری جماعت کا ماتھا ٹھنکا، مگر اس سے پہلے کہ بات آؤٹ ہو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کو وحی کے ذریعہ صورتِ حال سے آگاہ کردیا، اور آپؐ نے حضرت حفصہؓ سے صرف اتنا فرمایا کہ تم نے راز فاش کردیا، اس سے زیادہ کچھ نہ کہا، نہ یہ بتلایا کہ آپؐ کو یہ بات کیسے معلوم ہوئی، حفصہؓ کا خیال اس طرف گیا کہ عائشہؓ نے یہ بات آپؐ کو بتائی ہوگی، اگر ایسا ہوا ہے تو وہ عائشہؓ کے سر ہوجائیں گی، مگر آپؐ نے جواب دیا کہ مجھے ساری بات اللہ تعالیٰ نے بتائی ہے، اس واقعہ میں سورۃ التحریم کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں، جو یہ ہیں:

"اے نبی! آپؐ کیوں حرام کرتے ہیں اس چیز کو جسے اللہ نے آپ کے لئے حلال کیا ہے؟ آپؐ اپنی بیویوں کی خوشنودی چاہتے ہیں! اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے بڑے مہربان ہیں! (یہ معاتبہ ہے یعنی بر بنائے تعلق اظہار

ناراضگی ہے) اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کے لئے اپنی قسموں کو کھولنے کا طریقہ مقرر کر دیا ہے (اور وہ طریقہ یہ ہے کہ قسم توڑ دی جائے اور جس چیز کو حرام کیا ہے اس کو استعمال کیا جائے، پھر قسم توڑنے کا کفارہ دیا جائے) اور اللہ تعالیٰ تمہارے کارساز ہیں، اور وہ خوب جاننے والے بڑی حکمت والے ہیں (اور یہ بات بھی کارسازی میں داخل ہے کہ نامناسب قسم سے نکلنے کی راہ تجویز فرمادی) اور یاد کرو اس وقت کو جب نبی ﷺ نے اپنی کسی بیوی سے رازدارانہ طور پر ایک بات کہی، پھر جب اس نے وہ بات بتلادی اور اللہ تعالیٰ نے پیغمبر کو اس کی خبر کردی تو نبی ﷺ نے تھوڑی سی بات جتلائی اور کچھ بات وہ ٹال گئے، سو جب پیغمبر نے اس بیوی کو وہ بات جتلائی تو اس نے پوچھا: آپؐ کو بات کس نے بتلائی؟ آپؐ نے فرمایا: بڑے جاننے والے نہایت باخبر نے مجھے یہ بات بتلائی ہے، اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو تو تمہارے دل مائل ہو رہے ہیں، یعنی دلوں میں توبہ کے لئے آمادگی ہے، اور اگر تم دونوں نبی ﷺ کے خلاف کاروائی کرو تو اللہ نبی کے رفیق ہیں، اور جبرئیل اور نیک مسلمان، اور فرشتے بھی آپؐ کے مددگار ہیں''

سوال: یہ تو کوئی بڑا معاملہ نہیں، صرف ایک راز افشا کرنے کی بات تھی، پھر قرآن نے اس کو اتنی اہمیت کیوں دی کہ اگر تم دونوں نبی ﷺ کے خلاف کاروائی کروگی (اور اپنی پارٹی کے ساتھ مل کر کروگی) تو اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کے کارساز ہیں، اور جبرئیل اور نیک مسلمان پشت پناہ ہیں اور فرشتے بھی مددگار ہیں، اتنے بڑے لاؤلشکر کی کیا ضرورت ہے؟ یہ تو معمولی مسئلہ ہے!

جواب: چنگاری ابتدا میں معمولی نظر آتی ہے، مگر جب بھڑکتی ہے تو لاوا پھونک دیتی ہے، گھریلو مسائل کا بھی یہی حال ہے، شروع میں وہ معمولی نظر آتے ہیں، مگر جب بڑھتے ہیں تو نشیمن اجاڑ دیتے ہیں، غور کرو! یہاں مسئلہ صرف دو ازواج کا نہیں تھا، بلکہ تمام ازواج کا تھا، پس جب ازواج کے دو گروپ متصادم ہونگے تو نبی ﷺ کے گھر کا کیا حال ہوگا؟ اس کا اندازہ ہر معاشرتی مسائل سے واقف کار بخوبی لگا سکتا ہے، چنانچہ اگلی آیت میں وارننگ دی ہے کہ اگر نبی ﷺ تم سب بیویوں کو طلاق دیدیں تو اللہ تعالیٰ تم سے بہتر ازواج آپؐ کے لئے مہیا فرمادیں گے یعنی نبی ﷺ کی گاڑی تمہارے بغیر بھی خوب چلے گی، پس تم ہوش میں آجاؤ...... اور ان آیات میں سب بیویوں کو نہیں لپیٹا، صرف ان دو کو توبہ پر ابھارا ہے جو واقعہ کا اصل کردار تھیں، کیونکہ جب چنگاری بجھ جائے گی تو خطرہ ٹل جائے گا...... پھر معاً مسلمانوں کو گھریلو معاملات سنوارنے کا حکم دیا ہے۔

اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان آیات کے شانِ نزول میں ایک طویل روایت ذکر کی ہے، جو حسن صحیحٌ ہے، مگر غریب روایت ہے، بعض مضامین میں غتر بود ہو گیا ہے، آیاتِ تخییر سے جو واقعہ متعلق ہے اور جو سورۃ الاحزاب (آیت ۲۸) کی تفسیر میں گذر چکا ہے اس کے بعض اجزاء اس روایت میں آگئے ہیں، اس کا خیال رکھ کر حدیث پڑھیں؟

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: عرصہ سے میرے دل میں خواہش تھی کہ میں ان دو عورتوں

کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کروں جن کے بارے میں (سورۃ التحریم آیت ۴ میں) فرمایا ہے کہ ''اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو تو تمہارے دل مائل ہو رہے ہیں'' یہاں تک کہ ایک موقع آیا، حضرت عمرؓ حج کے لئے نکلے، اور میں بھی شریکِ سفر ہو گیا، دورانِ سفر ایک دن حضرت عمرؓ قضائے حاجت کے لئے جنگل کی طرف تشریف لے گئے، واپس آئے تو میں نے وضو کے لئے پانی کا انتظام کر رکھا تھا، میں نے آپ کے ہاتھوں پر پانی ڈالا، اور وضو کراتے ہوئے میں نے سوال کیا کہ وہ دو عورتیں کون ہیں جن کے بارے میں ارشادِ پاک ہے: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾؟ حضرت عمرؓ نے مجھ سے کہا: ابن عباس! مجھے تم پر حیرت ہے! (کہ تم ابھی تک یہ موٹی سی بات نہیں جانتے!) امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور حضرت عمرؓ نے بخدا! وہ بات ناپسند کی جو ابن عباسؓ نے ان سے پوچھی، مگر انھوں نے وہ بات چھپائی نہیں (بلکہ بتادی، مگر امام زہریؒ کا یہ خیال صحیح نہیں، بخاری شریف (حدیث ۴۹۱۳) میں عبید بن حنین کی روایت ہے: ابن عباسؓ نے کہا: میں ایک سال سے یہ بات آپ سے دریافت کرنا چاہتا تھا، مگر ہیبت کی وجہ سے دریافت نہ کر سکا، حضرت عمرؓ نے کہا: ایسا نہ کریں، جس چیز کے بارے میں تمہارا خیال ہے کہ میں اس کو جانتا ہوں: پوچھ لو، اگر مجھے اس کا علم ہوگا تو بتلا دونگا، اس روایت سے معلوم ہوا کہ امام زہری رحمہ اللہ کا خیال صحیح نہیں، اور نہ واعجباً لك کا یہ مطلب ہو سکتا ہے) پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا: وہ عائشہ اور حفصہ ہیں (بس یہاں تک شانِ نزول کا واقعہ ہے، اس سے زیادہ تفصیل کی حاجت نہیں تھی، ابن عباسؓ باقی بات جانتے تھے، کیونکہ آیات میں سب کچھ موجود تھا، صرف دو ازواج کی تعیین نہیں تھی جو حضرت عمرؓ نے کر دی —— مگر چونکہ بات سے بات نکلتی ہے اس لئے حضرت عمرؓ نے وہ واقعہ بیان کیا جو آیاتِ تخییر سے متعلق ہے)

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پھر حضرت عمرؓ نے مجھ سے واقعہ بیان کرنا شروع کیا: فرمایا: ہم جماعتِ قریش عورتوں پر غالب رہتے تھے، پھر جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے ایسے لوگوں کو پایا جن پر ان کی عورتیں غالب تھیں، پس ہماری عورتوں نے بھی ان عورتوں سے سیکھنا شروع کیا، چنانچہ میں ایک دن اپنی بیوی پر غصہ ہوا، تو اچانک وہ مجھے جواب دینے لگی (میں نے اس کو اوپرا سمجھا) تو اس نے کہا: آپ اس میں سے کیا چیز اوپری سمجھتے ہیں؟ پس بخدا! نبی ﷺ کی بیویاں نبی ﷺ کو جواب دیتی ہیں، اور ان میں سے ایک نبی ﷺ کو چھوڑ دیتی ہے یعنی ناراض ہو جاتی ہے صبح سے شام تک، آپؐ سے بولتی نہیں —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں نے دل میں کہا: گھاٹے میں رہی وہ جس نے ان میں سے ایسا کیا اور ٹوٹے میں رہی! —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: اور میرا گھر عوالی میں تھا، بنو امیہ کے محلّہ میں، اور میرا ایک انصاری پڑوسی تھا، ہم نبی ﷺ کی خدمت میں باری باری حاضر ہوتے تھے، وہ ایک دن حاضر رہتا تھا، اور میرے پاس وحی وغیرہ کی خبریں لاتا تھا، اور میں ایک دن حاضر رہتا تھا اور اس کو اسی طرح خبریں پہنچاتا تھا —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس ہم باتیں کئے جاتے تھے کہ غسّان گھوڑوں کے نعل باندھ رہے ہیں، تاکہ وہ ہم پر فوج کشی کریں —— حضرت عمرؓ کہتے

ہیں: پس وہ انصاری ایک روز رات کے وقت آیا، اور زور سے میرا دروازہ کھٹکھٹایا، پس میں باہر نکلا، اس نے کہا: ایک بہت بڑا معاملہ پیش آ گیا ہے، میں نے کہا: کیا غسان نے حملہ کردیا ہے؟ اس نے کہا: اس سے بھی بڑا معاملہ! نبی ﷺ نے اپنی سب بیویوں کو طلاق دیدی ہے! —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں نے دل میں کہا: حفصہ یقیناً گھاٹے میں رہی اور ٹوٹے میں رہی! اور میں اس بات کو ہونے والا گمان کرتا تھا —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس جب میں نے صبح کی تو میں نے اپنے اوپر کپڑے باندھے، اور چلا، یہاں تک کہ حفصہ کے پاس گیا، پس اچانک وہ رو رہی تھیں، میں نے پوچھا: کیا نبی ﷺ نے تم لوگوں کو طلاق دیدی؟ انھوں نے کہا: مجھے معلوم نہیں اور آپؐ یہ رہے علاحدہ ہونے والے بالاخانہ میں۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں چلا اور کالے غلام کے پاس آیا، اور میں نے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، وہ اندر گیا، پھر میرے پاس باہر آیا، اس نے کہا: میں نے آپؐ سے تمہارا تذکرہ کیا، مگر آپؐ نے مجھ سے کچھ نہ کہا! —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں مسجد کی طرف چلا، اچانک منبر کے پاس چند لوگ رو رہے تھے، میں ان کے پاس بیٹھ گیا، پھر مجھ پر غالب آئی وہ بات (غم، فکر) جو میں پاتا تھا، چنانچہ میں غلام کے پاس آیا، میں نے کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، وہ اندر گیا پھر میری طرف نکلا، اس نے کہا: میں نے آپؐ سے تمہارا تذکرہ کیا مگر آپؐ نے مجھ سے کچھ نہ کہا! پس میں پھر مسجد کی طرف چلا اور بیٹھ گیا، پھر مجھ پر غالب آئی وہ بات جو میں پاتا تھا، پس میں غلام کے پاس آیا، اور کہا: عمر کے لئے اجازت طلب کر، وہ اندر گیا پھر میری طرف نکلا، اور اس نے کہا: میں نے آپؐ سے تمہارا تذکرہ کیا مگر آپؐ نے مجھ سے کچھ نہ کہا...... حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں پیٹھ پھیر کر چل دیا، پس اچانک غلام مجھے بلا رہا ہے، اس نے کہا: اندر جائیے، آپ کو اجازت دیدی —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں اندر گیا، پس اچانک نبی ﷺ ٹیک لگائے ہوئے تھے برہنہ چٹائی پر، پس میں نے چٹائی کے تنکوں کا اثر آپؐ کے دونوں پہلوؤں میں دیکھا، میں نے پوچھا: یا رسول اللہ! کیا آپؐ نے اپنی بیویوں کو طلاق دیدی؟ آپؐ نے فرمایا: ''نہیں'' پس میں نے نعرۂ تکبیر بلند کیا (تاکہ مسجد میں جو صحابہ رو رہے تھے ان کو اطمینان ہوجائے کہ آپؐ نے طلاق نہیں دی، یہ افواہ پھیلی ہے، پھر حضرت عمرؓ نے بات شروع کی:) یا رسول اللہ! اگر آپؐ ہمیں دیکھتے درانحالیکہ ہم قریش کی جماعت غالب رہتے تھے عورتوں پر، پس جب ہم مدینہ آئے تو ہم نے ایسے لوگوں کو پایا جن پر ان کی عورتیں غالب تھیں، پس ہماری عورتوں نے ان کی عورتوں سے سیکھنا شروع کیا، پس میں ایک دن اپنی بیوی پر غضبناک ہوا، پس اچانک وہ مجھے جواب دے رہی ہے، میں نے اس کو اوپرا سمجھا، اس نے کہا: آپ کو کیا بات اوپری معلوم ہوتی ہے؟ پس بخدا! حضور کی بیویاں حضور کو جواب دیتی ہیں، اور ان میں سے ایک آپؐ کو چھوڑ دیتی ہے ایک پورے دن رات تک —— حضرت عمرؓ نے کہا: پس میں نے حفصہؓ سے پوچھا: کیا تم جواب دیتی ہو نبی ﷺ کو؟ اس نے کہا: ہاں! اور آپؐ کو ہم میں سے ایک چھوڑتی ہے دن بھر رات تک —— حضرت عمرؓ نے کہا: پس میں نے کہا: نامراد ہوئی وہ جس نے تم میں سے یہ کیا اور گھاٹے میں رہی وہ! کیا تم میں سے ایک بے خوف ہے اس سے کہ اللہ تعالیٰ اس پر

غضبناک ہوں رسول اللہ ﷺ کے غضبناک ہونے کی وجہ سے؟ پس اچانک وہ ہلاک ہوچکی ہو! ـــــ پس نبی ﷺ مسکرائے ـــــ حضرت عمرؓ نے کہا: پس میں نے حفصہ سے کہا تم رسول اللہ ﷺ کو جواب نہ دو، اور نہ آپؐ سے کوئی چیز مانگو، اور مجھ سے مانگو جو کچھ تمہیں چاہئے، اور تمہیں دھوکہ نہ دے یہ بات کہ تمہاری ساتھ والی تم سے زیادہ خوبصورت ہے، اور وہ رسول اللہ ﷺ کو زیادہ محبوب ہے ـــــ حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ دوسری مرتبہ مسکرائے!

پس میں نے کہا: یارسول اللہ! کیا میں آپؐ سے بے تکلفی کی بات کروں؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! ـــــ حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں نے سر اٹھایا، پس نہیں دیکھی میں نے گھر میں مگر تین کھالیں، پس میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! دعا فرمائیں اللہ سے کہ وسعت فرمائے وہ آپؐ کی امت کے لئے، کیونکہ اللہ نے یقیناً وسعت فرمائی ہے روم وفارس کے لئے، درانحالیکہ وہ اللہ کی عبادت نہیں کرتے، پس آپ سیدھے بیٹھ گئے، اور فرمایا: ''کیا تم شک میں ہو اے ابن خطاب! وہ ایسے لوگ ہیں جن کو ان کی ستھری چیزیں دنیوی زندگی میں جلدی کھلا دی گئی ہیں'' ـــــ حضرت عمرؓ نے کہا: اور آپؐ نے قسم کھائی تھی کہ آپؐ ایک ماہ تک اپنی بیویوں کے پاس تشریف نہیں لے جائیں گے، پس اللہ تعالیٰ نے اس معاملہ میں اظہار ناگواری کیا، پس اس کے لئے قسم کا کفارہ گردانا۔

تشریح: اس آخری مضمون میں راویوں نے غت ربود کر دیا ہے، آپؐ نے جو ایک ماہ تک ازواج کے پاس نہ جانے کی قسم کھائی تھی اس سلسلہ میں کوئی اظہار ناراضگی نہیں کیا گیا تھا، بلکہ آپؐ نے وہ مدت پوری فرمائی تھی، اور ختم مدت پر آیاتِ تخییر نازل ہوئی تھیں، جن کا تذکرہ سورۃ الاحزاب میں ہے ـــــ اظہارِ ناگواری شہد کو حرام کرنے کے واقعہ میں کیا گیا ہے، اور اس کے لئے قسم کا کفارہ تجویز کیا ہے، جس کا تذکرہ سورۃ التحریم کے شروع میں ہے ـــــ آگے کا سارا مضمون بھی آیاتِ تخییر سے متعلق ہے۔

باقی روایت: امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجھے حضرت عروۃ نے بتایا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہوئے کہ جب انتیس دن گذر گئے تو نبی ﷺ میرے پاس تشریف لائے، مجھ سے (اختیار دینے کی) ابتداء فرمائی، آپؐ نے فرمایا: ''عائشہ! میں تم سے ایک بات ذکر کرنے والا ہوں، پس تم (جواب دینے میں) جلدی نہ کرنا، یہاں تک کہ تم اپنے والدین سے مشورہ کرلو، حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ﴿یٰـأَیُّهَا النَّبِیُّ! قُلْ لِأَزْوَاجِكَ﴾ آخر تک ـــــ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: بخدا! آپؐ جانتے تھے کہ میرے ماں باپ مجھے حکم نہیں دیں گے آپؐ سے جدا ہونے کا ـــــ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس میں نے کہا: کیا اس معاملہ میں اپنے والدین سے مشورہ کروں! میں تو اللہ کو، اللہ کے رسول کو اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں۔

معمر کہتے ہیں: پس مجھے ایوب نے بتلایا کہ عائشہؓ نے نبی ﷺ سے کہا: یارسول اللہ! آپؐ اپنی ازواج کو اس بات کی اطلاع نہ دیں جو میں نے اختیار کی ہے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''مجھے اللہ نے پہنچانے والا بنا کر بھیجا ہے،

پریشانی کھڑی کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا!'' (اور دوسری روایت میں ہے کہ اگر کوئی پوچھے گی کہ عائشہ نے کیا جواب دیا؟ تو بتاؤں گا، ورنہ نہیں بتاؤں گا، مگر کسی نے نہیں پوچھا، سب ازواج نے آیات سنتے ہی آپ کو اختیار کیا) یہ حدیث متعدد سندوں سے بخاری وغیرہ میں ہے۔

[٦٥-] سُوْرَةُ التَّحْرِيْم

[٣٣٤١-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: لَمْ أَزَلْ حَرِيْصًا أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾ حَتَّى حَجَّ عُمَرُ، وَحَجَجْتُ مَعَهُ، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ مِنَ الإِدَاوَةِ، فَتَوَضَّأَ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَنِ الْمَرْأَتَانِ مِنْ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم اللَّتَانِ قَالَ اللّٰهُ: ﴿إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا﴾؟ فَقَالَ لِيْ: وَاعَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ! قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَكَرِهَ وَاللّٰهِ! مَا سَأَلَهُ عَنْهُ، وَلَمْ يَكْتُمْهُ، فَقَالَ لِيْ: هِيَ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ.

قَالَ: ثُمَّ أَنْشَأَ يُحَدِّثُنِي الْحَدِيْثَ، فَقَالَ: كُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نِسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتَعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ، فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلَى امْرَأَتِيْ، فَإِذَا هِيَ تُرَاجِعُنِيْ، فَقَالَتْ: مَا تُنْكِرُ مِنْ ذٰلِكَ؟ فَوَ اللّٰهِ! إِنَّ أَزْوَاجَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم لَيُرَاجِعْنَهُ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ: قَدْ خَابَتْ مَنْ فَعَلَتْ ذٰلِكَ مِنْهُنَّ، وَخَسِرَتْ!

قَالَ: وَكَانَ مَنْزِلِيْ بِالْعَوَالِيْ فِيْ بَنِيْ أُمَيَّةَ، وَكَانَ لِيْ جَارٌ مِنَ الأَنْصَارِ، كُنَّا نَتَنَاوَبُ النُّزُوْلَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَيَنْزِلُ يَوْمًا، وَيَأْتِيْنِي بِخَبَرِ الْوَحْيِ وَغَيْرِهِ، وَأَنْزِلُ يَوْمًا، فَآتِيْهِ بِمِثْلِ ذٰلِكَ، قَالَ: فَكُنَّا نُحَدَّثُ أَنَّ غَسَّانَ تُنْعِلُ الْخَيْلَ لِتَغْزُوْنَا، قَالَ: فَجَاءَ نِيْ يَوْمًا عِشَاءً، فَضَرَبَ عَلَيَّ الْبَابَ، فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: حَدَثَ أَمْرٌ عَظِيْمٌ! قُلْتُ: أَجَاءَ تْ غَسَّانُ؟ قَالَ: أَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ! طَلَّقَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نِسَاءَ هُ، قَالَ: فَقُلْتُ فِيْ نَفْسِيْ: قَدْ خَابَتْ حَفْصَةُ وَخَسِرَتْ! قَدْ كُنْتُ أَظُنُّ هٰذَا كَائِنًا.

قَالَ: فَلَمَّا صَلَّيْتُ الصُّبْحَ، شَدَدْتُّ عَلَيَّ ثِيَابِيْ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى دَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ، فَإِذَا هِيَ تَبْكِيْ، فَقُلْتُ: أَطَلَّقَكُنَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: لاَ أَدْرِيْ! هُوَ ذَا مُعْتَزِلٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَشْرَبَةِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ، فَأَتَيْتُ غُلاَمًا أَسْوَدَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ، قَالَ: فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، قَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا حَوْلَ الْمِنْبَرِ نَفَرٌ يَبْكُوْنَ، فَجَلَسْتُ إِلَيْهِمْ، ثُمَّ غَلَبَنِيْ مَا أَجِدُ، فَأَتَيْتُ الْغُلاَمَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ، فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، قَالَ: قَدْ ذَكَرْتُكَ

لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، فَانْطَلَقْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ أَيْضًا، فَجَلَسْتُ، ثُمَّ غَلَبَنِى مَا أَجِدُ، فَأَتَيْتُ الْغُلَامَ، فَقُلْتُ: اسْتَأْذِنْ لِعُمَرَ، فَدَخَلَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيَّ، فَقَالَ: ذَكَرْتُكَ لَهُ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، قَالَ: فَوَلَّيْتُ مُنْطَلِقًا، فَإِذَا الْغُلَامُ يَدْعُوْنِىْ، فَقَالَ: ادْخُلْ فَقَدْ أَذِنَ لَكَ.

قَالَ: فَدَخَلْتُ، فَإِذَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئٌ عَلَى رَمْلِ حَصِيْرٍ، فَرَأَيْتُ أَثَرَهُ فِىْ جَنْبَيْهِ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَطَلَّقْتَ نِسَاءَ كَ؟ قَالَ:"لَا" قُلْتُ: اللّٰهُ أَكْبَرُ!

لَوْ رَأَيْتنَا يَارسولَ اللّٰهِ! وَكُنَّا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ نَغْلِبُ النِّسَاءَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ: وَجَدْنَا قَوْمًا تَغْلِبُهُمْ نَسَاؤُهُمْ، فَطَفِقَ نِسَاؤُنَا يَتعَلَّمْنَ مِنْ نِسَائِهِمْ، فَتَغَضَّبْتُ يَوْمًا عَلَى امْرَأَتِىْ، فَإِذَا هِىَ تُرَاجِعُنِىْ، فَأَنْكَرْتُ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ: مَا تُنْكِرُ؟ فَوَ اللّٰهِ! إِنَّ أَزْوَاجَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم لَيُرَاجِعْنَهُ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَاهُنَّ الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: أَتُرَاجِعِيْنَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: نَعَمْ، وَتَهْجُرُهُ إِحْدَانَا الْيَوْمَ إِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: فَقُلْتُ: قَدْ خَابَتْ مَنْ فَعَلَتْ ذٰلِكَ مِنْكُنَّ وَخَسِرَتْ! أَتَأْمَنُ إِحْدَاكُنَّ أَنْ يَغْضَبَ اللّٰهُ عَلَيْهَا لِغَضَبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا هِىَ قَدْ هَلَكَتْ! فَتَبَسَّمَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ: لَاتُرَاجِعِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا تَسْأَلِيْهِ شَيْئًا، وَسَلِيْنِى مَا بَدَالَكِ، وَلَا يُغَرَّنَّكِ أَنْ كَانَتْ صَاحِبَتُكِ أَوْسَمَ مِنْكِ، وَأَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَتَبَسَّمَ أُخْرَى.

فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَسْتَأْنِسُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَرَفَعْتُ رَأْسِىْ، فَمَا رَأَيْتُ فِى الْبَيْتِ إِلَّا أُهْبَةً ثَلَاثَةً، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أُدْعُ اللّٰهَ أَنْ يُوَسِّعَ عَلَى أُمَّتِكَ، فَقَدْ وَسَّعَ عَلَى فَارِسَ وَالرُّوْمِ، وَهُمْ لَايَعْبُدُوْنَهُ، فَاسْتَوَى جَالِسًا، فَقَالَ:" أَفِىْ شَكٍّ أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ! أُوْلٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِى الْحَيَاةِ الدُّنْيَا" قَالَ: وَكَانَ أَقْسَمَ أَنْ لَايَدْخُلَ عَلَى نِسَائِهِ شَهْرًا، فَعَاتَبَهُ اللّٰهُ فِىْ ذٰلِكَ، فَجَعَلَ لَهُ كَفَّارَةَ الْيَمِيْنِ.

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَأَخْبَرَنِىْ عُرْوَةُ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَعِشْرُوْنَ، دَخَلَ عَلَيَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، بَدَأَ بِىْ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ! إِنِّىْ ذَاكِرٌ لَكِ شَيْئًا، فَلَا تَعْجَلِىْ حَتَّى تَسْتَأْمِرِىْ أَبَوَيْكِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَرَأَ هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ! قُلْ لِأَزْوَاجِكَ﴾ الآيَةَ. قَالَتْ: عَلِمَ، وَاللّٰهِ! أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُوْنَا يَأْمُرَانِىْ بِفِرَاقِهِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: أَفِىْ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ؟ فَإِنِّىْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَالدَّارَ الآخِرَةَ!

قَالَ مَعْمَرٌ: فَأَخْبَرَنِىْ أَيُّوْبُ: أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَاتُخْبِرْ أَزْوَاجَكَ أَنِّىْ اخْتَرْتُكَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا بَعَثَنِىَ اللّٰهُ مُبَلِّغًا، وَلَمْ يَبْعَثْنِىْ مُتَعَنِّتًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، قَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

سورة نٓ والقلم

سورۃ القلم کی تفسیر

قلم سے کونسا قلم مراد ہے؟

سورۃ القلم کے شروع میں قلم کی قسم کھائی ہے، اس سے کونسا قلم مراد ہے؟ تین رائیں ہیں:

۱- تقدیر لکھنے والا قلم مراد ہے، عبدالواحد جو ضعیف راوی ہے کہتا ہے: میں مکہ پہنچا، میری ملاقات حضرت عطاء رحمہ اللہ سے ہوئی، میں نے کہا: اے ابو محمد! کچھ لوگ ہمارے یہاں (بصرہ میں) تقدیر میں گفتگو کرتے ہیں، یعنی تقدیر کا انکار کرتے ہیں، پس حضرت عطاء نے ولیدؒ سے، اور انھوں نے اپنے ابا حضرت عبادۃ بن الصامتؓ سے یہ حدیث روایت کی کہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا، اور اس سے کہا: لکھ! پس وہ چلی اس چیز کے ساتھ جو ابد تک ہونے والی ہے یعنی سب کچھ قلم تقدیر نے لکھ دیا (یہ حدیث ابواب القدر کے آخر (تحفہ ۵:۵۱۶) میں مفصل آچکی ہے) —— اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی تفسیر مروی ہے (درمنثور)

۲- فرشتوں کے قلم مراد ہیں جو انسانوں کے اعمال لکھتے ہیں، یا ملأ اعلیٰ کے قلم مراد ہیں، جو معاملات الٰہی لکھتے ہیں۔

۳- انسانوں کے عام قلم مراد ہیں جو علوم و تاریخ انسانی کے واقعات لکھتے ہیں، اور جس کا ذکر ﴿عَلَّمَ بِالْقَلَمِ﴾ میں آیا ہے، یا انسانوں کے خاص قلم مراد ہیں جو ''سیرتِ نبوی'' رقم کرتے ہیں —— یہ آخری احتمال سب سے احسن ہے، آیتوں کے ساتھ زیادہ فٹ یہی احتمال ہے، اس کی تفصیل ان شاء اللہ تفسیر ہدایت القرآن میں کرونگا، یہاں سال کا آخر ہونے کی وجہ سے موقع نہیں۔

[٦٦-] سُوْرَة نون والقلم

[٣٣٤٢-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ، فَلَقِيْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِيْ رَبَاحٍ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا مُحمدٍ! إِنَّ نَاسًا عِنْدَنَا يَقُوْلُوْنَ فِيْ الْقَدَرِ، فَقَالَ عَطَاءٌ: لَقِيْتُ الْوَلِيْدَ بْنَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' إِنَّ أَوَّلَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ الْقَلَمَ، فَقَالَ لَهُ: اكْتُبْ، فَجَرَى بِمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَى الْأَبَدِ''

وفى الحديثِ قِصَّةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَفِيْهِ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

سورۃ الْحَاقَّۃ

سورۃ الحاقہ کی تفسیر

آٹھ پہاڑی بکروں کی روایت

سورۃ الحاقہ کی (آیت ۱۷) ہے:﴿وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمَانِيَةٌ﴾:اور آپ کے پروردگار کے عرش کو اس روز یعنی قیامت کے روز آٹھ فرشتے اٹھائے ہوئے ہونگے —— اس آیت کی تفسیر میں امام ترمذی رحمہ اللہ آٹھ پہاڑی بکروں والی روایت ذکر کرتے ہیں:

حدیث: حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ وہ مقام بطحاء میں ایک جماعت کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، اور نبی ﷺ بھی ان میں بیٹھے ہوئے تھے، اچانک ان کے اوپر سے ایک بادل گذرا، سب نے اس کی طرف دیکھا، پس نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو اس کا کیا نام ہے؟ لوگوں نے کہا: ہاں یہ سحاب ہے (سحاب: پانی سے بھرا ہوا یا خالی بادل) آپؐ نے فرمایا: اور مُزن؟ (مُزن: پانی سے بھرا ہوا بادل) لوگوں نے کہا: مُزن بھی اس کو کہہ سکتے ہیں، آپؐ نے فرمایا: اور عَنان؟ (عنان: سامنے نظر آنے والا بادل) لوگوں نے کہا: عَنان بھی کہہ سکتے ہیں، پھر ان سے نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو آسمان وزمین کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ لوگوں نے کہا: نہیں! بخدا! ہم نہیں جانتے، آپؐ نے فرمایا: ''بیشک دونوں کے درمیان یا تو اکہتّر یا بہتّر یا تہتّر سال کا فاصلہ ہے، اور جو آسمان اس کے اوپر ہے وہ بھی اتنے ہی فاصلہ پر ہے'' یہاں تک کہ آپؐ نے ان کو سات آسمان اسی طرح شمار کئے، پھر فرمایا: ''ساتویں آسمان کے اوپر سمندر ہے، اس کی بالائی سطح اور زیریں سطح کے درمیان بھی اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا آسمان وزمین کے درمیان ہے، اور اس سے اوپر آٹھ پہاڑی بکرے ہیں، ان کے کھروں اور ان کے گھٹنوں کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان کے درمیان ہے، پھر ان پہاڑی بکروں کے اوپر عرش الٰہی ہے، اس کی زیریں سطح اور بالائی سطح کے درمیان بھی اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا ایک آسمان سے دوسرے آسمان کے درمیان ہے، اور اس سے اوپر اللہ پاک ہیں۔

تشریح: یہ حدیث حدیثُ الأوعال (پہاڑی بکروں والی روایت) کہلاتی ہے، یہ حدیث حسنٌ ہے یعنی اس کے راوی ٹھیک ہیں، مگر اعلی درجہ کی نہیں، چنانچہ صحیحین میں یہ روایت نہیں لی گئی، صرف ترمذی، ابن ماجہ اور ابوداؤد نے اور نسائی نے سنن کبری میں اور امام احمد نے مسند میں لی ہے، نیز یہ حدیث غریب بھی ہے یعنی سماک بن حرب سے آخر تک اس کی یہی ایک سند ہے، اور سماک صدوق (معمولی ثقہ راوی) ہیں، مگر آخر حیات میں ان کے حافظہ میں تبدیلی آگئی تھی، اور وہ کبھی لقمہ بھی لینے لگے تھے (تقریب) —— پھر سماک سے یہ حدیث پانچ روات نقل کرتے ہیں، جن میں سے چار حدیث کو مرفوع کرتے ہیں، اور شریک مرفوع نہیں کرتے: ۱– ولید بن ابی ثور کی روایت ابوداؤد (حدیث

۴۷۲۳) ابن ماجہ (حدیث ۱۹۳) اور مسند احمد (۲۰۷:۱) میں ہے۔ ۲- عمرو بن ابی قیس کی روایت ابوداؤد (حدیث ۴۷۲۴) میں ہے۔ ۳- ابراہیم بن طہمان کی روایت ابوداؤد (حدیث ۴۷۲۵) میں ہے۔ ۴- شعیب بن خالد کی روایت مسند احمد (۲۰۶:۱) میں ہے، اس میں پانچ سو سالہ مسافت کا ذکر ہے، اور اس میں عبداللہ بن عمیرۃ اور حضرت عباسؓ کے درمیان احنف بن قیس کا واسطہ نہیں ہے، پس یہ روایت منقطع ہے۔ ۵- شریک کی روایت موقوف ہے، جس کا حوالہ امام ترمذی نے دیا ہے۔

اور مضمون حدیث کے سلسلہ میں دو باتیں غور طلب ہیں:

۱- ترمذی وغیرہ کی روایت میں اکہتّر یا بہتّر یا تہتّر سالہ مسافت کا ذکر ہے، اور اس کو تکثیر پر محمول نہیں کیا جاسکتا، تین عددوں میں تردید اس سے مانع ہے، جبکہ عام روایات میں اور شعیب کی اسی روایت میں پانچ سو سالہ مسافت کا ذکر ہے، یہ صریح تعارض ہے۔

۲- سورۃ الحاقہ میں اس کی صراحت ہے کہ قیامت کے دن عرش الٰہی کو آٹھ فرشتے اٹھائیں گے، اور اس روایت میں یہ ہے کہ اِس وقت اُس کو آٹھ پہاڑی بکرے اٹھائے ہوئے ہیں، یہ بات نص قرآنی کے خلاف ہے۔

پس ان وجوہ سے یہ حدیث صحیح نہیں، اور بابِ صفات میں حدیث کا صحیح ہونا ضروری ہے، البتہ عرش الٰہی کا قرآنِ کریم سے قطعی ثبوت ہے، اور استواء علی العرش کا مضمون سات آیتوں میں آیا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا آسمان میں ہونا بھی سورۃ الملک کی دو آیتوں میں آیا ہے، اور یہ بات ناقابل تردید ہے کہ اللہ تعالیٰ نہ کسی جہت میں ہیں نہ مکان میں، کیونکہ جہت ومکان مخلوق ہیں اور خالق مخلوق میں نہیں ہوسکتا، اور یہ امت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نہ مخلوق کے مشابہ ہیں نہ ان کی صفات کی کیفیت کوئی جانتا ہے، پس عرش کو ماننا، عرش پر اللہ کے استواء کو ماننا اور اللہ کے آسمان میں ہونے کو ماننا ضروری ہے، باقی تفصیلات کو اللہ کے حوالے کرنا چاہئے۔

ملحوظہ: ابن معین نے فرمایا: عبدالرحمٰن بن سعد حج کیوں نہیں کرتے کہ ان سے یہ حدیث سنی جائے (اور عرش الٰہی کے منکرین اس سے عبرت حاصل کریں)

ایک راوی کا تعارف: حدیث الاوعال کے ایک راوی عبدالرحمٰن بن سعد ہیں، یہ دادا کی طرف نسبت ہے، والد کا نام عبداللہ تھا۔ اور سعد بن عثمان دشتکی تابعی ہیں، انھوں نے حضرت عبداللہ بن خازمؓ کو دیکھا ہے۔

ایک روایت: عبدالرحمٰن اپنے والد عبداللہ سے روایت کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ان کو ان کے والد سعد رازی نے بتایا کہ میں نے بخاریٰ میں ایک شخص کو خچر پر سوار دیکھا، انھوں نے کالا عمامہ باندھ رکھا تھا، وہ کہتے تھے کہ ان کو یہ عمامہ رسول اللہ ﷺ نے عنایت فرمایا ہے (پس سعد تابعی ہوئے اور عبدالرحمٰن ان کے پوتے ہیں)

ملحوظہ: کھڑی دو قوسوں کے درمیان [عن أبیه] ابوداؤد (حدیث ۴۰۳۸ کتاب اللباس) سے بڑھایا ہے۔

[٦٧-] سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ

[٣٣٤٣-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمِيْرَةَ، عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: زَعَمَ أَنَّهُ كَانَ جَالِسًا فِيْ الْبَطْحَاءِ فِيْ عِصَابَةٍ، وَرَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ فِيْهِمْ، إِذْ مَرَّتْ عَلَيْهِمْ سَحَابَةٌ، فَنَظَرُوْا إِلَيْهَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلْ تَدْرُوْنَ مَا اسْمُ هٰذِهِ؟" قَالُوْا: نَعَمْ هٰذَا السَّحَابُ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالْمُزْنُ؟" قَالُوْا: وَالْمُزْنُ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالْعَنَانُ؟" قَالُوْا: وَالْعَنَانُ. ثُمَّ قَالَ لَهُمْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلْ تَدْرُوْنَ كَمْ بُعْدُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ؟" قَالُوْا: لَا، وَاللّٰهِ! مَا نَدْرِىْ، قَالَ: فَإِنَّ بُعْدَ مَا بَيْنَهُمَا إِمَّا وَاحِدَةٌ، وَإِمَّا اثْنَتَانِ، أَوْ ثَلَاثٌ وَسَبْعُوْنَ سَنَةً، وَالسَّمَاءُ الَّتِىْ فَوْقَهَا كَذٰلِكَ" حَتَّى عَدَّدَهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ كَذٰلِكَ، ثُمَّ قَالَ:" فَوْقَ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ بَحْرٌ، بَيْنَ أَعْلَاهُ وَأَسْفَلِهِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ إِلَى السَّمَاءِ، وَفَوْقَ ذٰلِكَ ثَمَانِيَةُ أَوْعَالٍ بَيْنَ أَظْلَافِهِنَّ وَرُكَبِهِنَّ مِثْلُ مَا بَيْنَ سَمَاءٍ إِلَى سَمَاءٍ، ثُمَّ فَوْقَ ظُهُوْرِهِنَّ الْعَرْشُ، بَيْنَ أَسْفَلِهِ وَأَعْلَاهُ مِثْلُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ إِلَى السَّمَاءِ، وَاللّٰهُ فَوْقَ ذٰلِكَ"

قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ مَعِيْنٍ، يَقُوْلُ: أَلَا يُرِيْدُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَعْدٍ أَنْ يَحُجَّ، حَتَّى يُسْمَعَ مِنْهُ هٰذَا الحديثُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، رَوَى الْوَلِيْدُ بْنُ أَبِىْ ثَوْرٍ، عَنْ سِمَاكٍ نَحْوَهُ، وَرَفَعَهُ. وَرَوَى شَرِيْكٌ عَنْ سِمَاكٍ بَعْضَ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَوَقَفَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الرَّازِيُّ.

[٣٣٤٤-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ الرَّازِيُّ [عَنْ أَبِيْهِ] أَنَّ أَبَاهُ أَخْبَرَهُ، قَالَ: رَأَيْتُ رَجُلًا بِبُخَارَى عَلَى بَغْلَةٍ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ، يَقُوْلُ: كَسَانِيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

سورةُ سَأَلَ سَائِلٌ

سورۃ المعارج کی تفسیر

سورۃ المعارج کی (آیت ۸) ہے:﴿يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَاءُ كَالْمُهْلِ﴾:جس دن آسمان (رنگ میں) تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوجائے گا......اور یہی تشبیہ سورۃ الدخان (آیت ۴۵) میں بھی آئی ہے، مگر وہ جہنمیوں کے کھانے

(زقّوم) کے سلسلہ میں آئی ہے، امام ترمذیؒ نے پہلے بھی (تحفہ ٦: ٣٥٠ ابواب صفۃ جہنم باب ۴) میں اور یہاں بھی یہ حدیث ذکر کی ہے کہ مُہل کی وضاحت کرتے ہوئے نبی ﷺ نے فرمایا: ''جیسے تیل کی تلچھٹ'' (بس اتنی ہی بات یہاں مقصود ہے یعنی قیامت کے دن آسمان رنگت میں تیل کی گاد کی طرح سیاہ ہو جائے گا) پس جب جہنمی اس (گاد) کو اپنے چہرے سے قریب کرے گا تو اس کے چہرے کی کھال بال سمیت اس میں گر پڑے گی (العَکَر: ہر چیز کی گاد، تلچھٹ، اس کا رنگ گہرا کالا ہوتا ہے، یہ حدیث رشدین کی وجہ سے ضعیف ہے)

[٦٨-] سُوْرَةُ سَأَلَ سَائِلٌ

[٣٣٤٥-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ: أَبِيْ السَّمْحِ، عَنْ أَبِيْ الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ قَوْلِه: ﴿كَالْمُهْلِ﴾ قَالَ: "كَعَكَرِ الزَّيْتِ، فَإِذَا قَرَّبَهُ إِلَى وَجْهِهِ، سَقَطَتْ فَرْوَةُ وَجْهِهِ فِيْهِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ رِشْدِيْنَ.

سُوْرَةُ الْجِنِّ

سورۃ الجن کی تفسیر

سورۃ الجن کا شانِ نزول

رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے پہلے جنّات آسمان کے قریب جاتے تھے، اور فرشتوں کی گفتگو میں سے کوئی بات سن لیتے تھے، اور اس کے ساتھ قیاسی باتیں ملا کر بات مکمل کر کے کاہنوں تک پہنچاتے تھے، پھر جب قرآنِ کریم کا نزول شروع ہوا تو سیکورٹی قائم کر دی گئی، انگارہ پھینک کر ان کو دفع کیا جانے لگا، تو شیطانِ اکبر کے پاس ان کی کانفرنس ہوئی، اور اس نئی صورتِ حال پر غور کیا گیا، طے پایا کہ دنیا میں ضرور کوئی نیا واقعہ رونما ہوا ہے، جس کی وجہ سے ہمارے ساتھ یہ معاملہ کیا جا رہا ہے، چنانچہ کمیشن مقرر ہوئے جو ساری دنیا کا جائزہ لیں گے کہ کیا نئی بات پیدا ہوئی ہے؟ ان وفود میں سے ایک وفد نصیبین کے جنّات کا تھا، جو تہامہ ڈویژن کا جائزہ لے رہا تھا، جب وہ وفد نخلہ مقام میں پہنچا تو نبی ﷺ فجر کی نماز پڑھا رہے تھے اور جہری قراءت فرما رہے تھے، ان لوگوں نے قرآن سنا تو حیرت میں پڑ گئے، وہ قرآنِ کریم سے بے حد متأثر ہوئے، انھوں نے فیصلہ کیا کہ یہی وہ کلام ہے جس کی وجہ سے ان کی درگت بن رہی ہے، چنانچہ وہ واپس لوٹے، اور اپنی قوم کے سامنے مفصل رپورٹ پیش کی، یہ وفد نبی ﷺ سے اس وقت نہیں ملا تھا، نہ آپؐ کو اس کی اطلاع ہوئی تھی، قرآنِ کریم نے سورۃ الاحقاف (آیات ۲۹-۳۲) کے ذریعہ آپؐ کو اس کی اطلاع دی، اور ان کی پوری رپورٹ سورۃ الجن میں نازل فرمائی، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی درج ذیل روایت میں اسی کا تذکرہ ہے:

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے جنّات کو قرآن نہیں سنایا، اور نہ آپؐ نے ان کو دیکھا یعنی آگے جو واقعہ بیان کیا جارہا ہے اس موقعہ پر۔ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ چلے، آپؐ عکاظ میلے کا ارادہ کررہے تھے، اور شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان اڑچن کھڑی کی جاچکی تھی، اور ان پر آگ کے انگارے چھوڑے جاتے تھے، پس شیاطین اپنی قوم کی طرف لوٹے، ان کی قوم نے ان سے پوچھا: کیا بات ہے؟ یعنی اب تم خبریں کیوں نہیں لاتے؟ انھوں نے کہا: ہمارے اور آسمان کی خبر کے درمیان روک قائم کردی گئی ہے، اور ہم پر آگ کا شعلہ پھینکا جاتا ہے، پس قوم نے کہا: ہمارے اور آسمان کی خبر کے درمیان نہیں آڑ بنا مگر کوئی نیا واقعہ، پس تم زمین کے مشرق ومغرب کا سفر کرو، اور جائزہ لو کہ وہ کیا چیز ہے جو تمہارے اور آسمان کی خبر کے درمیان حائل ہوئی ہے؟

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس وہ چلے، وہ مشرق ومغرب کا سفر کررہے تھے، وہ اس چیز کو جاننا چاہتے تھے جو شیاطین اور آسمان کی خبر کے درمیان آڑ بن گئی ہے، پھر وہ جماعت جو تہامہ کا جائزہ لے رہی تھی نبی ﷺ کی طرف متوجہ ہوئی، جبکہ آپ نخلہ مقام میں تھے، اور آپؐ کا ارادہ عکاظ میلے میں جانے کا تھا، اور اس وقت آپؐ اپنے صحابہ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھ رہے تھے، پس جب اس وفد نے قرآن سنا تو اس کو کان لگا کر (بغور) سنا، اور انھوں نے کہا: بخدا! یہ وہ کلام ہے جو تمہارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان آڑ بن گیا ہے۔

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس وہ اسی وقت اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے، اور انھوں نے کہا: ''اے ہماری قوم! ہم نے عجیب قرآن سنا ہے، جو راہِ راست بتلاتا ہے، سو ہم اس پر ایمان لے آئے، اور ہم ہرگز اپنے رب کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کریں گے'' پس اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ پر یہ آیت اتاری: ﴿قُلْ أُوْحِیَ إِلَیَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ﴾ یعنی پوری سورۃ الجن نازل فرمائی (ابن عباسؓ نے فرمایا:) اور آپؐ کی طرف جنات کی بات ہی وحی کی گئی یعنی اس موقعہ پر جنات سے آپؐ کی ملاقات نہیں ہوئی (یہاں تک حدیث متفق علیہ ہے)

(اور سورۃ الجن کی (آیت ۱۹) ہے: ﴿وَأَنَّهُ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ یَدْعُوْهُ کَادُوْا یَکُوْنُوْنَ عَلَیْهِ لِبَدًا﴾: اور جب خدا کا خاص بندہ خدا کی عبادت کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو لوگ اس پر ٹھٹھ لگا لیتے ہیں —— اس آیت کی ایک تفسیر حضرت ابن عباسؓ سے یہ مروی ہے:)

اور اسی سند سے ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ جنات نے جو اپنی قوم سے کہا تھا: ﴿لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ﴾ (اس کی تفسیر میں ابن عباسؓ نے) فرمایا: جب جنات نے نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھا، اور آپؐ کے صحابہ آپؐ کی اقتدا میں نماز ادا کررہے تھے، اور آپ کے ساتھ سجدے کررہے تھے، ابن عباسؓ نے کہا: جنات حیرت زدہ رہ گئے صحابہ کے آپؐ کی اقتدا کرنے پر، چنانچہ انھوں نے اپنی قوم کو اس کی خبر دی کہ جب اللہ کا خاص بندہ (نبی ﷺ) اللہ کو پکارتا تھا یعنی نماز پڑھ رہا تھا تو لوگ یعنی صحابہ قریب تھے کہ ان پر بھیڑ کرلیں (حدیث کا یہ حصہ متفق علیہ نہیں ہے، اس کو حاکم، عبد بن حمید اور ابن

جریر طبری نے روایت کیا ہے۔ اور حضرت ابن عباسؓ سے دوسرا قول اس آیت کی تفسیر میں یہ مروی ہے کہ جب جنات نے نبی ﷺ کو قرآن پڑھتے ہوئے سنا تو وہ قریب تھے کہ آپؐ پر ٹھٹھ لگالیں شدتِ اشتیاق سے، مگر نبی ﷺ کو اس کی اطلاع اس وقت ہوئی جب سورۃ الجن نازل ہوئی۔ یہ روایت بھی ابن جریر اور ابن مردویہ نے بیان کی ہے —— اور آیت کی عام تفسیر یہ ہے کہ جب خدا کے خاص بندے (مراد نبی ﷺ ہیں) خدا کی عبادت کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو وہ لوگ یعنی کافر اس بات کے قریب ہوتے ہیں کہ آپؐ پر پِل پڑیں یعنی شدت عداوت ونفرت سے آپؐ پر حملہ کردیں۔ آیت کے سیاق سے یہی تفسیر اقرب ہے)

حدیث (۲): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: جنات آسمان کی طرف چڑھتے تھے بادلوں تک جاتے تھے، وحی کو سنتے تھے، یعنی فرشتوں کی آپس کی باتوں کو سنتے تھے جو ان کی طرف وحی کی گئی تھیں، پس جب وہ کوئی کلمہ سنتے تو اس میں نو کلمے (اپنی طرف سے) ملاتے، پس رہا وہ ایک کلمہ (سنا ہوا) تو وہ سچا ہوتا تھا، اور رہی وہ باتیں جو جنات نے بڑھائی ہیں تو وہ غلط ہوجاتی تھیں، پس جب نبی ﷺ کی بعثت ہوئی تو وہ اپنی نشست گاہوں سے روک دیئے گئے، پس انھوں نے یہ بات ابلیس سے ذکر کی، اور وہ اس سے پہلے ستاروں سے نہیں مارے جاتے تھے، پس ان سے ابلیس نے کہا: نہیں ہے یہ بات مگر کسی ایسے امر کی وجہ سے جو زمین میں نیا پیدا ہوا ہے، پس اس نے اپنا لشکر بھیجا، اور انھوں نے نبی ﷺ کو دو پہاڑوں کے درمیان کھڑے ہوئے نماز پڑھتے پایا، راوی کہتا ہے: میرا گمان ہے کہ ابن عباسؓ نے فرمایا: مکہ میں یعنی یہ ہجرت سے پہلے کا واقعہ ہے، پس جنات نے آپؐ سے ملاقات کی، اور انھوں نے ابلیس کو خبر دی، پس ابلیس نے کہا: یہی وہ واقعہ ہے جو زمین میں رونما ہوا ہے (یہ حدیث مسند احمد اور نسائی کی سنن کبری میں ہے)

فائدہ (۱): جنات: اللہ تعالیٰ کی ایک مخلوق ہے، جو اسی زمین پر بسی ہوئی ہے، اور انسانوں کی طرح جسم اور عقل وشعور رکھتی ہے، مگر ہماری نظروں سے اوجھل ہے، کیونکہ وہ ہم سے لطیف ہے، اور کثیف کو لطیف نظر نہیں آتا، جیسے ہمیں ہوا نظر نہیں آتی۔ اور جنات میں انسانوں کی طرح نر ومادہ ہوتے ہیں، اور ان میں توالد وتناسل بھی ہوتا ہے، اور وہ ہماری طرح مکلّف ہیں، مگر اب ان میں رسالت کا سلسلہ باقی نہیں رہا، آدم علیہ السلام سے پہلے کیا صورت تھی: وہ معلوم نہیں، اب وہ دین وشریعت میں انسانوں کے تابع ہیں، انسانوں میں جو انبیاء مبعوث ہوتے ہیں انہی سے وہ دین اخذ کرتے ہیں، اور کس طرح اخذ کرتے ہیں؟ اس کی تفصیلات ہمیں معلوم نہیں، پہلے اسی جلد میں کسی جگہ اس کا تذکرہ آچکا ہے، اور روایات میں چھ مرتبہ آپ ﷺ کا جنات کی تعلیم کے لئے ان کے اجتماع میں جانا مروی ہے۔

فائدہ (۲): شہاب کے معنی ہیں: آگ کا دہکتا ہوا انگارہ، سلگتی آگ کا شعلہ —— ستارے ٹوٹنے کا سلسلہ قدیم زمانہ سے جاری ہے، فلاسفہ کے نزدیک: اس کی حقیقت یہ ہے کہ زمین سے کچھ آتشیں مادے فضا میں پہنچتے ہیں، وہاں ان میں آگ لگ جاتی ہے، اور یہ وجہ بھی ہوسکتی ہے کہ کسی ستارے سے آتشیں مادہ نکلتا ہو، بہر حال جو بھی اس کا سبب

ہو،اس سے نزولِ قرآن کے وقت شیاطین کودفع کرنے کا کام لیا جاتا تھا،اور جب نزولِ قرآن مکمل ہوگیا تو یہ سلسلہ بھی موقوف ہوگیا،اب جوستارے ٹوٹتے ہیں وہ عالمی اسباب کا نتیجہ ہوتے ہیں۔

[٦٩-] سُوْرَةُ الجنِّ

[٣٣٤٦-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنِی أَبُوْ الْوَلِيْدِ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ أَبِی بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَا قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْجِنِّ، وَلاَ رَآهُمْ، انْطَلَقَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِیْ طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، عَامِدِيْنَ إِلَیْ سُوْقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيْلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ إِلَى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: مَالَكُمْ؟ قَالُوْا: حِيْلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَأُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ، فَقَالُوْا: مَا حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ إِلَّا مِنْ حَدَثٍ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الَّذِیْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ؟

قَالَ: فَانْطَلَقُوْا يَضْرِبُوْنَ مَشَارِقَ الْأَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، يَبْتَغُوْنَ مَا هٰذَا الَّذِیْ حَالَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ؟ فَانْصَرَفَ أُوْلٰئِكَ النَّفَرُ الَّذِيْنَ تَوَجَّهُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ بِنَخْلَةَ عَامِدًا إِلَى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَهُوَ يُصَلِّیْ بِأَصْحَابِهِ صَلاَةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوْا الْقُرْآنَ اسْتَمَعُوْا لَهُ، فَقَالُوْا: هٰذَا وَاللّٰهِ الَّذِیْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ.

قَالَ: فَهُنَالِكَ رَجَعُوْا إِلَى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: يَاقَوْمَنَا!﴿ إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا، يَّهْدِیْ إِلَى الرُّشْدِ، فَآمَنَّا بِهِ، وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا﴾ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى نَبِيِّهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿قُلْ: أُوْحِیَ إِلَیَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِنَ الْجِنِّ﴾ وَإِنَّمَا أُوْحِیَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ.

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: قَالَ: قَوْلُ الْجِنِّ لِقَوْمِهِمْ: ﴿لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا﴾ قَالَ: لَمَا رَأَوْهُ يُصَلِّیْ، وَأَصْحَابُهُ يُصَلُّوْنَ بِصَلاَتِهِ، وَيَسْجُدُوْنَ بِسُجُوْدِهِ، قَالَ: تَعَجَّبُوْا مِنْ طَوَاعِيَةِ أَصْحَابِهِ لَهُ: قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ:﴿ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣٤٧-] حدثنا محمدُ بْنُ يَحيىَ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا إِسْرَائِيْلُ، نَا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ الْجِنُّ يَصْعَدُوْنَ إِلَى السَّمَاءِ، يَسْتَمِعُوْنَ الْوَحْیَ، فَإِذَا سَمِعُوْا الْكَلِمَةَ زَادُوْا فِيْهَا تِسْعًا، فَأَمَّا الْكَلِمَةُ فَتَكُوْنُ حَقًّا، وَأَمَّا مَا زَادُوْهُ فَيَكُوْنُ بَاطِلاً، فَلَمَّا بُعِثَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنِعُوْا مَقَاعِدَهُمْ، فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِإِبْلِيْسَ، وَلَمْ تَكُنِ النُّجُوْمُ يُرْمَى بِهَا قَبْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ

لَهُمْ إِبْلِيْسُ: مَا هٰذَا إِلَّا مِنْ أَمْرٍ قَدْ حَدَثَ فِيْ الْأَرْضِ، فَبَعَثَ جُنُوْدَهُ، فَوَجَدُوْا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَائِمًا يُصَلِّيْ بَيْنَ جَبَلَيْنِ — أُرَاهُ قَالَ: بِمَكَّةَ — فَلَقَوْهُ، فَأَخْبَرُوْهُ، فَقَالَ: هٰذَا الْحَدَثُ الَّذِيْ حَدَثَ فِيْ الْأَرْضِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة المدثر

سورۃ المدثّر کی تفسیر

۱-ابتدائی پانچ آیتوں کا شانِ نزول

سب سے پہلے سورۃ العلق (سورۂ اقراء) کی پانچ آیتیں نازل ہوئی ہیں، پھر بعض حکمتوں سے کچھ وقفہ کے لئے وحی رک گئی، پھر ایک بار جنگل میں آپؐ کو ایک آواز سنائی دی، نظر اٹھا کر دیکھا تو جبرئیل علیہ السلام آسمان وزمین کے درمیان کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں، آپؐ پر ہیبت طاری ہوگئی، گھبرا کر گھر لوٹے اور کپڑوں میں لپٹ گئے، اسی وقت سورۃ المدثر کی ابتدائی پانچ آیتیں نازل ہوئیں، بقیہ سورت بعد میں نازل ہوئی۔

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے سنا، درانحالیکہ آپؐ وحی کے وقفہ کا تذکرہ فرمارہے تھے، آپؐ نے اپنی حدیث میں فرمایا: اس درمیان کہ میں چل رہا تھا، میں نے آسمان سے ایک آواز سنی، میں نے اپنا سر اوپر اٹھایا، تو اچانک وہ فرشتہ جو میرے پاس غار حراء میں آیا تھا، آسمان وزمین کے درمیان کرسی پر بیٹھا ہوا ہے، پس میں ہیبت سے اکھڑ گیا اور لوٹ گیا، اور گھر والوں سے کہا: مجھے کپڑا اوڑھاؤ! مجھے کپڑا اوڑھاؤ! لوگوں نے مجھے کمبل اوڑھا دیا، پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیتیں اتاریں: ''اے کپڑے میں لپٹنے والے! اٹھو یعنی مستعد ہوجاؤ، پس (کافروں کو) ڈراؤ، اور اپنے رب کی بڑائی بیان کرو، اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھو، اور بتوں کو چھوڑ دو'' یعنی لوگوں کو سمجھاؤ کہ وہ بتوں کو چھوڑ دیں (اور یہ حکم) نماز فرض کئے جانے سے پہلے (آیا ہے یعنی کپڑوں کی طہارت فی نفسہ مطلوب ہے) (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[۷۰-] سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرْ

[۳۳۴۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يُحَدِّثُ عَنْ فَتْرَةِ الْوَحْيِ، فَقَالَ فِيْ حَدِيْثِهِ: بَيْنَمَا أَنَا أَمْشِيْ سَمِعْتُ صَوْتًا مِنَ السَّمَآءِ، فَرَفَعْتُ رَأْسِيْ، فَإِذَا الْمَلَكُ الَّذِيْ جَاءَ نِيْ بِحِرَآءٍ، جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، فَجُئِثْتُ مِنْهُ رُعْبًا، فَرَجَعْتُ، فَقُلْتُ : زَمِّلُوْنِيْ! زَمِّلُوْنِيْ! فَدَثَّرُوْنِيْ،

فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: ﴿يٰـأَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، قُمْ فَأَنْذِرْ﴾ إِلَى قَوْلِه ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ قَبْلَ أَنْ تُفْرَضَ الصَّلَاةُ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ يَحْيىَ بْنُ أَبِي كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَيْضًا.

لغات: الفَتْرَة: دو زمانوں کے درمیان کا عرصہ، فَتَرَ: چستی کے بعد سست پڑ جانا...... جُئِثْتُ: فعل مجہول، از جَثَّ يَجُثُّ: ڈرنا، اور بعضوں نے ترجمہ کیا ہے: میں اپنی جگہ سے اکھیڑ ڈالا گیا، اور بخاری میں جُئِثْتُ ہے، اس کے بھی یہی معنی ہیں۔

۲- صَعُوْد: آگ کا پہاڑ ہے

سورۃ المدثر کی (آیت ۱۷) ہے: ﴿سَأُرْهِقُهُ صَعُوْدًا﴾: عنقریب میں کافر کو (مرنے کے بعد) صعود پر چڑھاؤں گا —— اس آیت کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: صعود: آگ کا ایک پہاڑ ہے، جس پر کافر ستّر سال تک چڑھے گا یعنی اتنی مدت میں چوٹی پر پہنچے گا، پھر وہ جہنم میں گرے گا، اسی طرح تا ابد کرتا رہے گا (یہ حدیث ابن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے اور یہ حدیث اسی سند سے پہلے ابواب صفۃ جہنم (باب ۲ تحفہ ۶: ۳۴۸) میں آچکی ہے)

[۳۳٤۹-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ ابنِ لَهِيْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الصَّعُوْدُ: جَبَلٌ مِنْ نَارٍ، يُتَصَعَّدُ فِيْهِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا، ثُمَّ يُهْوَى بِهِ كَذٰلِكَ أَبَدًا "
هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ، وَقَدْ رُوِىَ شَيْئٌ مِنْ هٰذَا عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ مَوْقُوْفٌ.

۳- جہنم کے ذمہ دار فرشتے انیس ہیں

سورۃ المدثر کی (آیت ۳۰) ہے: ﴿عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَر﴾ یعنی جہنم پر انیس فرشتے مقرر ہیں (ان میں سے ایک مالک ہیں) اور اس عدد خاص کی حکمت قطعی طور پر معلوم نہیں، البتہ یہ انیس افسر ہیں اور ہر ایک کے ماتحت کتنے فرشتے ہیں؟ اس کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں)

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: یہود کے کچھ لوگوں نے: صحابہ میں سے چند حضرات سے سوال کیا: کیا تمہارے نبی جہنم کے ذمہ دار فرشتوں کی تعداد جانتے ہیں؟ صحابہ نے جواب دیا: ہمیں معلوم نہیں، ہم اپنے نبی سے پوچھیں گے۔ پس ایک شخص (یہودی) نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے کہا: اے محمد! آج تمہارے صحابہ ہار گئے! آپؐ نے پوچھا: کس بات سے ہار گئے؟ اس نے کہا: یہود نے ان سے پوچھا: کیا تمہارے نبی جہنم کے ذمہ دار فرشتوں

کی تعداد جانتے ہیں؟ آپؐ نے پوچھا: پھر انھوں نے کیا جواب دیا؟ اس نے کہا: انھوں نے یہ جواب دیا کہ ہمیں معلوم نہیں، ہم اپنے نبی سے پوچھیں گے۔ آپؐ نے فرمایا: ''پس وہ لوگ کیسے ہار گئے جو ایسی بات پوچھے گئے جو وہ نہیں جانتے تھے، پس انھوں نے کہا کہ ہم نہیں جانتے، ہم اپنے نبی سے پوچھیں گے؟'' یعنی بھلا یہ بھی کوئی ہارنے کی بات ہوئی؟ —— لیکن یہود نے اپنے نبی سے (ایک محال امر کا) سوال کیا ہے: انھوں نے کہا: ہمیں اللہ تعالیٰ کو علانیہ طور پر دکھلایئے! یعنی ایسے فضول سوال کرنے کی ان کی پرانی عادت ہے —— ان اللہ کے دشمنوں کو میرے پاس لاؤ، میں ان سے جنت کی مٹی کے بارے میں پوچھونگا، جنت کی مٹی سفید میدہ ہے —— راوی کہتا ہے: پس جب وہ آئے تو انھوں نے (فوراً ہی) سوال کیا: اے ابوالقاسم! جہنم کے ذمہ دار فرشتوں کی تعداد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اتنی اور اتنی'' یعنی ہاتھوں کی انگلیوں سے بتایا کہ ایک مرتبہ دس اور دوسری مرتبہ نو، یعنی انیس، انھوں نے کہا: ہاں یعنی آپؐ نے صحیح تعداد بتائی —— پس نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: جنت کی مٹی کیسی ہے؟ راوی کہتا ہے: پس وہ کچھ دیر خاموش رہے، پھر انھوں نے کہا: اے ابوالقاسم! آپ ہمیں بتایئے، آپؐ نے فرمایا: ''سفید میدے کی روٹی (کی طرح) ہے'' (یہ حدیث مجالد کی وجہ سے ضعیف ہے، اور اس کی تخریج بزار نے بھی کی ہے)

[۳۳۵۰-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ نَاسٌ مِنَ الْیَهُوْدِ لِأُنَاسٍ مِنْ أَصْحَابِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم: هَلْ یَعْلَمُ نَبِیُّکُمْ عَدَدَ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ؟ قَالُوْا: لَانَدْرِیْ، حَتّٰی نَسْأَلَهُ، فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَی النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَ: یَامُحمدُ! غُلِبَ أَصْحَابُكَ الْیَوْمَ! قَالَ: "وَبِمَا غُلِبُوْا؟" قَالَ: سَأَلَهُمْ یَهُوْدُ: هَلْ یَعْلَمُ نَبِیُّکُمْ عَدَدَ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ؟ قَالَ: "فَمَا قَالُوْا؟" قَالَ: قَالُوْا: لَانَدْرِیْ، حَتّٰی نَسْأَلَ نَبِیَّنَا، قَالَ: "أَفَغُلِبَ قَوْمٌ سُئِلُوْا عَمَّا لَایَعْلَمُوْنَ، فَقَالُوْا: لَانَعْلَمُ حَتّٰی نَسْأَلَ نَبِیَّنَا؟ لٰکِنَّهُمْ قَدْ سَأَلُوْا نَبِیَّهُمْ، فَقَالُوْا: ﴿أَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً﴾، عَلَیَّ بِأَعْدَاءِ اللّٰهِ! إِنِّیْ سَائِلُهُمْ عَنْ تُرْبَةِ الْجَنَّةِ" وَهِیَ الدَّرْمَكُ؟ قَالَ: فَلَمَّا جَاؤُوْا، قَالُوْا: یَا أَبَا الْقَاسِمِ! کَمْ عَدَدُ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ؟ قَالَ: "هٰکَذَا، وَهٰکَذَا" فِیْ مَرَّةٍ عَشَرَةٌ، وَفِیْ مَرَّةٍ تِسْعَةٌ، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صلی الله علیه وسلم: "مَا تُرْبَةُ الْجَنَّةِ؟" قَالَ: فَسَکَتُوْا هُنَیْهَةً، ثُمَّ قَالُوْا: أَخْبِرْنَا یَا أَبَا الْقَاسِمِ! فَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: "الْخُبْزُ مِنَ الدَّرْمَكِ"

هٰذَا حدیثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ مُجَالِدٍ.

۴- اللہ اس کے حقدار ہیں کہ ان سے ڈرا جائے، اور وہی اس کے حقدار ہیں کہ گناہ بخشیں

سورۃ المدثر کی آخری آیت ہے: ﴿هُوَ أَهْلُ التَّقْوٰی وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ﴾ اس میں التقوی: مصدر مجہول ہے، اور المغفرۃ: مصدر معروف، اور ترجمہ وہ ہے جو عنوان میں دیا گیا ہے، درج ذیل حدیث قدسی میں بھی یہی بات ہے:

حدیثِ قدسی: نبی ﷺ نے آیت: ﴿هُوَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ﴾ کی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ''میں اس کا حقدار ہوں کہ مجھ سے ڈرا جائے، پس جو مجھ سے ڈرتا ہے، اور میرے ساتھ کوئی اور معبود نہیں گردانتا تو میں اس کا حقدار ہوں کہ اس کی بخشش کردوں'' یعنی جو اللہ سے ڈر کر شرک سے بچے گا: اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف کردیں گے (اس حدیث کا راوی سہیل ضعیف ہے: اور وہی ثابت بنانی سے یہ حدیث روایت کرتا ہے، اور یہ حدیث نسائی، ابن ماجہ اور مسند احمد میں بھی ہے)

[۳۳۵۱-] حدثنا الحَسُنُ بْنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، نَا سُهَيْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُطَعِيُّ، وَهُوَ أَخُوْ حَزْمِ بْنِ أَبِيْ حَزْمٍ الْقُطَعِيِّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ فِيْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿هُوَ أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ﴾ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تبارَكَ وَتَعَالَى: أَنَا أَهْلُ أَنْ أُتَّقَى، فَمَنِ اتَّقَانِيْ فَلَمْ يَجْعَلْ مَعِي إِلٰهًا، فَأَنَا أَهْلُ أَنْ أَغْفِرَ لَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَسُهَيْلٌ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِيْ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ تَفَرَّدَ سُهَيْلٌ بِهٰذَا الحديثِ عَنْ ثَابِتٍ.

سورة القيامة

سورۃ القیامۃ کی تفسیر

۱- نبی ﷺ کو قرآن یاد نہیں کرنا پڑتا تھا، خود بخود یاد ہوجاتا تھا

سورۃ القیامہ کی (آیات ۱۶-۱۹) ہیں: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۝ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ ۝ فَإِذَا قَرَأْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ ۝ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ﴾: آپؐ قرآن کے ساتھ اپنی زبان نہ ہلائیں، تاکہ اس کو جلدی لے لیں، یعنی یاد کرلیں ۝ بیشک ہمارے ذمے ہے اس کا (آپؐ کے دل ودماغ میں) جمع کرنا، اور اس کو (لوگوں کے سامنے) پڑھوا دینا ۝ پس جب ہم یعنی جبرئیل اس کو پڑھیں تو آپؐ اس کی پیروی کریں یعنی سننے کی طرف متوجہ ہوں ۝ پھر بیشک ہمارے ذمہ ہے اس کو کھولنا یعنی اس کے مضمرات کو سمجھانا ـــــ غرض: یاد کرادینا، لوگوں کے سامنے پڑھوا دینا اور اس کے معانی سمجھا دینا: یہ سب باتیں ہمارے ذمے ہیں۔

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ پر قرآن نازل ہوتا تھا، تو آپؐ قرآن کے ساتھ اپنی زبان ہلاتے تھے، چاہتے تھے آپؐ اس کو یاد کرنا، پس اللہ پاک نے مذکورہ آیتیں اتاریں ـــــ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس آپؐ قرآن کے ساتھ اپنے دونوں ہونٹوں کو ہلاتے تھے یعنی سرا پڑھتے تھے ـــــ اور سفیان بن عیینہ

رحمہ اللہ نے اپنے دونوں ہونٹ ہلائے (یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور یہ حدیث "مسلسل بتحریک الشفتین" کہلاتی ہے، ہر محدث ہونٹ ہلاکر حاملین حدیث کو دکھاتا تھا، مگر اب اس کا تسلسل باقی نہیں رہا، بلکہ شاید ہی کسی مسلسل حدیث کا تسلسل باقی ہو، ننانوے فیصد مسلسلات کا تسلسل ختم ہو گیا ہے)

آیت کا ماقبل سے ربط: ماقبل میں یہ آیات ہیں: ﴿بَلِ الإِنْسَانُ عَلَى نَفْسِهِ بَصِيْرَةٌ ۝ وَلَوْ أَلْقَى مَعَاذِيْرَهُ﴾: انسان خود اپنی حالت سے خوب واقف ہے، اگرچہ وہ اپنے حیلے بہانے پیش کرے! یعنی قیامت کے دن انسان کو اپنے سب احوال یاد آجائیں گے، کیونکہ اس دن بھول کی نعمت ختم کردی جائے گی: ﴿يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الإِنْسَانُ مَاسَعٰى﴾: جس دن انسان کو اپنا سب کیا یاد آجائے گا (النازعات ۳۵) مگر پھر بھی کافر حیلے بہانے پیش کرے گا، اور اپنے کفر و معاصی کے اعذار گھڑے گا۔

اس کی ایک مثال: جیسے نبی ﷺ کو وحی خود بخود یاد ہو جاتی تھی، کبھی اس کا تجربہ نہیں ہوا تھا کہ آپؐ وحی کا کچھ حصہ بھول گئے ہوں، مگر پھر بھی آپ قرآن کو یاد کرنے کے لئے جبرئیلؑ کے ساتھ سراً پڑھتے تھے، ہونٹ ہلانے کا یہی مطلب ہے، دل میں پڑھنے کی حد تک تو کوئی حرج نہیں تھا، بلکہ وہ تو مطلوب ہے، جس کا حاصل بغور سننا ہے، مگر سراً پڑھنے سے آپؐ پر دوہرا بوجھ پڑتا تھا، اس لئے یہ بے ضرورت مشقت برداشت کرنا تھا، لیکن اگر آپؐ سے اس بے ضرورت عمل کی وجہ دریافت کی جائے تو آپ ضرور کہیں گے: میں اس لئے پڑھتا ہوں کہ قرآن یاد ہو جائے، اس کا کوئی حصہ ذہن سے نکل نہ جائے، یہ عذر بارد ہے، کیونکہ وحی بھولنے کا آپؐ کو کبھی تجربہ نہیں ہوا۔

آیت کا مابعد سے ربط: پھر ان چار آیتوں کے بعد ہے: ﴿كَلَّا! بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَتَذَرُوْنَ الآخِرَةَ﴾: ایسا ہرگز نہیں! بلکہ تم جلد (دنیا) کو پسند کرتے ہو، اور پچھلی (آخرت) کو چھوڑے ہوئے ہو، یعنی انسان دنیا کو محبوب رکھتا ہے اور آخرت سے بے اعتنائی برتتا ہے، اس کی کوئی تیاری نہیں کرتا، ساری توانائی دنیا کے پیچھے ضائع کرتا ہے —— اس کی مثال بھی یہی ہے کہ نزولِ وحی کے وقت کی حالت ہی آپؐ کے پیش نظر رہتی تھی، چنانچہ آپ سراً پڑھتے تھے، حالانکہ پچھلی حالت پیش نظر رہنی چاہئے تھی، آپؐ کو وحی خود بخود یاد ہو جاتی تھی، پھر بے ضرورت دوہری مشقت کیوں اٹھائی جائے؟ —— غرض: اس طرح ان آیات کا ماقبل اور مابعد سے گہرا ربط ہے۔

بھول اور آگاہی: پھر ایک مرتبہ نبی ﷺ سے بھول ہوگئی، اور آپؐ حضرت جبرئیل علیہ السلام کے ساتھ ساتھ پڑھنے لگے تو یہ آیت نازل ہوئی: ﴿وَلاَ تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مَنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ، وَقُلْ: رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا﴾: اور آپؐ قرآن (لینے) کے بارے میں جلدی نہ کریں یعنی جبرئیل کے ساتھ سراً نہ پڑھیں، اس سے پہلے کہ آپؐ کی طرف اس کی وحی مکمل کردی جائے، اور آپؐ دعا کریں: "اے میرے پروردگار! میرے علم میں اضافہ فرما!" —— پھر اس آیت کو سورۂ طٰہٰ میں ایک خاص جگہ رکھا گیا ہے (آیت ۱۱۴) کیونکہ وہاں ماقبل اور مابعد سے اس کا گہرا ربط ہے، جس

کی تفصیل میری تفسیر ہدایت القرآن (۳۵۲:۵) میں ہے۔
ملحوظہ: ان آیات کا ماقبل و مابعد سے ربط خفی تھا، اس لئے میں نے تفصیل کی، ورنہ باب کی حدیث سمجھنے کے لئے اس کی ضرورت نہیں تھی۔

[۷۱-] سُوْرَةُ القِيَامَة

[۳۳۵۲-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ، يُحَرِّكُ بِهِ لِسَانَهُ، يُرِيْدُ أَنْ يَحْفَظَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: ﴿لاَتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ﴾ قَالَ: فَكَانَ يُحَرِّكُ بِهِ شَفَتَيْهِ، وَحَرَّكَ سُفْيَانُ شَفَتَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ: قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ: كَانَ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ يُحْسِنُ الثَّنَاءَ عَلَى مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ خَيْرًا.

تعدیل: ثوریؒ: موسی کے حق میں کلمۂ خیر کہا کرتے تھے یعنی یہ راوی ثقہ ہے، چنانچہ یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

۲- اعلی درجے کے جنتی صبح و شام اللہ کی زیارت کریں گے

سورۃ القیامۃ کی (آیات ۲۲و۲۳) ہیں: ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ ○ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾: بہت سے چہرے اس دن بارونق ہونگے، اپنے پروردگار کی طرف دیکھتے ہونگے —— ان آیات کی تفسیر میں درج ذیل حدیث پڑھیں:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جنتیوں میں جو سب سے کمتر ہوگا وہ اپنے باغات کی طرف، اپنی بیویوں کی طرف، اپنی نعمتوں کی طرف، اپنے خادموں کی طرف اور اپنی مسہریوں کی طرف، ہزار سال کی مسافت تک دیکھے گا'' یعنی اتنی دور تک اس کی یہ نعمتیں پھیلی ہوئی ہونگی'' اور جنتیوں میں جو اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز ہوگا وہ اللہ کے چہرے کی طرف صبح و شام دیکھے گا'' پھر نبی ﷺ نے سورۃ القیامہ کی مذکورہ آیتیں پڑھیں (یہ حدیث اسی سند سے پہلے (تحفہ ۶: ۳۲۵ ابواب صفۃ الجنہ باب ۱۶ میں) گذر چکی ہے اور سند پر یہاں جو گفتگو ہے وہ بھی وہاں آئی ہے، اور وہاں اس کو حل کیا ہے)

[۳۳۵۳-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: ثَنِيْ شَبَابَةُ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً: لَمَنْ يَنْظُرُ إِلَى جِنَانِهِ، وَأَزْوَاجِهِ، وَخَدَمِهِ، وَسُرُرِهِ مَسِيْرَةَ أَلْفِ سَنَةٍ؛ وَأَكْرَمُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ: مَنْ يَنْظُرُ إِلَى وَجْهِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً"، ثُمَّ قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ﴿وُجُوْهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ﴾

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ إِسْرَائِيْلَ مِثْلَ هٰذَا مَرْفُوْعًا، وَرَوَى عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبْجَرَ،عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ. وَرَوَى الْأَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ ثُوَيْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ قَوْلَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا ذَكَرَ فِيْهِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، غَيْرَ الثَّوْرِيِّ.

سورة عبس

سورۂ عبس کی تفسیر

ا-سورۂ عبس کی ابتدائی آیات کا پس منظر

سورۃ عبس کی ابتداءاس طرح ہوئی ہے: ’’پیغمبر چیں بجبیں ہوئے اورروگردانی کی! اس وجہ سے کہ ان کے پاس اندھا آیا! اور آپؐ کو کیا پتہ شاید وہ نابینا سنور جائے، یا نصیحت قبول کرے، پس اس کو نصیحت قبول کرنا فائدہ پہنچائے، رہا وہ شخص جو بے پرواہ ہے، پس آپؐ اس کی فکر میں پڑے ہوئے ہیں، حالانکہ آپؐ پر کوئی الزام نہیں کہ وہ نہ سنورے، اور رہا وہ شخص جو آپؐ کے پاس دوڑتا ہوا آیا ہے اور وہ اللہ سے ڈرتا ہے، پس آپؐ اس سے بے اعتنائی برت رہے ہیں! یعنی یہ طرزِ عمل ٹھیک نہیں۔

شانِ نزول: ایک مرتبہ نبی ﷺ بعض رؤساء مشرکین کو توحید کا مضمون سمجھا رہے تھے، اتنے میں حضرت عبداللہ بن ام مکتوم نابینا صحابی حاضر خدمت ہوئے، اور کچھ پوچھنا شروع کیا، آپ کو یہ دخل در معقولات ناگوار ہوا، اور ان کی طرف التفات نہیں فرمایا، بلکہ ناگواری سے چیں بجبیں ہوئے پس ختم مجلس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں —— ان آیات میں آپؐ کی ایک اجتہادی چوک سے آپؐ کو مطلع کیا گیا، آپؐ نے اہم کو مقدم فرمایا تھا، کفر کی شناعت بہر حال اہم تھی، جیسے دو مریض ہوں، ہیضہ اور زکام کے، تو مقدم ہیضے والے کو رکھا جاتا ہے، پہلے اسے دیکھا جاتا ہے۔ مگر ایک دوسرا پہلو یہ ہے کہ زکام کا مریض طالب علاج ہے اور ہیضہ کا مریض معرض، پس طالب کا حق پہلا ہے، یہاں شانِ نزول کے واقعہ میں یہی صورت تھی۔

حدیث: یحییٰ بن سعید اموی کہتے ہیں: یہ وہ حدیث ہے جو ہم نے ہشام کے سامنے پیش کی یعنی ان کے سامنے پڑھی، یہی ’’عرض‘‘ ہے —— صدیقہؓ فرماتی ہیں: سورۂ عبس: ابن ام مکتوم نابینا صحابی کے حق میں نازل کی گئی، وہ نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، اور کہنے لگے: یارسول اللہ! میری دینی راہ نمائی فرمایئے! جبکہ آپؐ کے پاس مشرکین کے بڑے لوگوں میں سے ایک آدمی تھا، پس نبی ﷺ: ابن ام مکتوم سے روگردانی کرتے رہے، اور اس دوسرے شخص کی طرف متوجہ رہے، اور کہتے رہے: ’’کیا آپ اس بات میں جو میں کہتا ہوں کچھ حرج محسوس کرتے ہیں!‘‘ پس وہ کہتا: نہیں! (اور موطا میں ہے: نہیں، قسم مورتیوں کی!) پس اس واقعہ میں سورۂ عبس اتاری گئی۔

تشریح: یہ حدیث مرسل بھی آئی ہے اور وہ موطا مالک میں ہے —— اور حضرت ابن ام مکتوم کے نام میں اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے —— اور قرآنِ کریم میں صفتِ اعمی کے ساتھ ان کا تذکرہ کرکے اشارہ کیا گیا ہے کہ یہ نظرِ کرم کے محتاج ہیں، بے چارے نابینا ہیں، نیز دفع دخل مقدر بھی کیا گیا ہے، کیونکہ صحابہ دخل در معقولات کریں، اس کی ان سے امید نہیں، مگر یہ بے چارے نابینا تھے، انہیں اندازہ ہی نہیں تھا کہ کون بیٹھا ہے؟ اور آپ کس سے مخاطب ہیں؟

[۷۲-] سُوْرَةُ عَبَسَ

[۳۳۵٤-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الأَمَوِيُّ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: هٰذَا مَا عَرَضْنَا عَلَى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أُنْزِلَ ﴿عَبَسَ وَتَوَلّٰى﴾ فِيْ ابْنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ الأَعْمىٰ، أَتَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرْشِدْنِيْ، وَعِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلٌ مِنْ عُظَمَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعْرِضُ عَنْهُ، وَيُقْبِلُ عَلَى الآخَرِ، وَيَقُوْلُ: "أَتَرَى بِمَا أَقُوْلُ بَأْسًا؟" فَيَقُوْلُ: لاَ، فَفِيْ هٰذَا أُنْزِلَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أُنْزِلَ: ﴿عَبَسَ وَتَوَلّٰى﴾ فِيْ ابْنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ.

۲-میدانِ حشر میں سب کو اپنی اپنی پڑی ہوگی!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "تم میدانِ حشر میں جمع کئے جاؤ گے ننگے پاؤں، ننگے بدن اور بغیر ختنہ کئے ہوئے" پس ایک عورت نے پوچھا: کیا ہمارے بعض بعض کو دیکھیں گے؟ آپ نے سورۃ عبس کی (آیت ۳۷) پڑھی، فرمایا: "او فلانی! اس دن ان میں سے ہر شخص کے لئے ایسا مشغلہ ہوگا جو اس کو اور طرف متوجہ نہیں ہونے دے گا!" (یُبصِر اور یَرَی میں راوی کو شک ہے، مفہوم دونوں کا ایک ہے، اور اس روایت کا کچھ حصہ پہلے (تحفہ ۶:۱۹۴) آ گیا ہے، وہاں حل لغات ہے)

[۳۳۵۵-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ الْفَضْلِ، نَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "تُحْشَرُوْنَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلاً" فَقَالَتِ امْرَأَةٌ: أَيُبْصِرُ أَوْ: يَرَى بَعْضُنَا عَوْرَةَ بَعْضٍ؟ قَالَ: يَا فُلَانَةُ: ﴿لِكُلِّ امْرِىءٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيْهِ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ.

سورة إذا الشمس كورت

سورۃ التکویر کی تفسیر

جو قیامت کا منظر دیکھنا چاہے وہ تکویر، انفطار اور انشقاق پڑھے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کو یہ بات خوش کرے کہ وہ قیامت کی طرف دیکھے گویا وہ آنکھ کا دیکھنا ہے تو اسے چاہئے کہ سورہ تکویر، سورہ انفطار اور سورہ انشقاق پڑھے (ان سورتوں کے شروع میں قیامت کی عجیب منظر کشی کی گئی ہے)

[۷۳-] سُوْرَةُ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ

[۳۳۵۶-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَحِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَهُوَ: ابْنُ يَزِيْدَ الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُ رَأْيُ عَيْنٍ، فَلْيَقْرَأْ: ﴿إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ﴾ و﴿إِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ﴾ و﴿إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ﴾

سورة ويل للمطففين

سورۃ التطفیف کی تفسیر

۱- دل پر بیٹھا ہوا گناہوں کا زنگ قبول حق سے مانع بنتا ہے

سورۃ التطفیف کی (آیت ۱۴) ہے: ﴿كَلَّا بَلْ، رَانَ عَلَى قُلُوْبِهِمْ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾: ایسا ہرگز نہیں یعنی قرآن کریم اگلوں سے منقول بے سند باتیں نہیں ہیں، بلکہ (تکذیب کی اصل وجہ یہ ہے کہ) ان کے دلوں پر ان کے کرتوتوں کا زنگ بیٹھ گیا ہے......رَانَ (ض) رَيْنًا علی قلبه الذنبُ: دل پر گناہ چھا جانا اور دل کا معصیت کے ارتکاب سے سخت ہو جانا، جس طرح زنگ لوہے کو کھا جاتا ہے دل کی صلاحیت کو بھی ختم کر دیتا ہے، آدمی میں بھلے برے کی تمیز باقی نہیں رہتی۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب بندہ کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ دھبہ لگا دیا جاتا ہے، پھر جب وہ گناہ سے نکل جاتا ہے اور بخشش طلب کرتا ہے اور توبہ کر لیتا ہے تو اس کا دل صاف کر دیا جاتا ہے (سقل اور صقل کے ایک معنی ہیں) اور اگر وہ دوبارہ گناہ کرتا ہے تو اس دھبہ میں اضافہ کر دیا جاتا ہے، یہاں تک کہ وہ اس کے دل پر چھا جاتا ہے

اور یہی وہ زنگ ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے: ﴿كَلَّا بَلْ، رَانَ عَلَى قُلُوْبِهِمْ مَاكَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾ میں تذکرہ فرمایا ہے
(الرَّان: زنگ، مسلسل گناہوں کا دل پر جمنے والا گہرا اثر)

[۷۴-] سُوْرَة ويل للمطففين

[۳۳۵۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هريرةَ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا أَخْطَأَ خَطِيْئَةً: نُكِتَتْ فِيْ قَلْبِهِ نُكْتَةٌ سَوْدَاءُ، فَإِذَا هُوَ نَزَعَ وَاسْتَغْفَرَ وَتَابَ سُقِلَ قَلْبُهُ، وَإِنْ عَادَ زِيْدَ فِيْهَا، حَتَّى تَعْلُوَ قَلْبَهُ، وَهُوَ الرَّانُ الَّذِيْ ذَكَرَ اللّٰهُ: ﴿كَلَّا بَلْ رَانَ عَلَى قُلُوْبِهِمْ مَاكَانُوْا يَكْسِبُوْنَ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲-میدانِ حشر میں لوگ پسینے میں شرابور ہونگے

سورۃ التطفیف کی (آیت ٦) ہے: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾: جس دن تمام لوگ رب العالمین کے لئے کھڑے ہونگے، یہ میدانِ حشر کا بیان ہے، اس کی تفسیر میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''لوگ پسینے میں کھڑے ہونگے اپنے آدھے کانوں تک'' یعنی لوگ اپنے آدھے کانوں تک پسینے میں شرابور ہونگے (یہ حدیث حماد بن زید کے خیال میں مرفوع ہے، پھر نافع کے دوسرے شاگرد عبداللہ بن عون کی سند سے حدیث بیان کی ہے، اس میں صراحۃً رفع ہے، اور یہ دونوں حدیثیں پہلے ابواب صفۃ القیامہ (باب ۳، حدیث ۲۴۱۶ تحفہ ٦: ۱۹۳) میں آچکی ہیں۔

[۳۳۵۸-] حدثنا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ — قَالَ حَمَّادٌ: هُوَ عِنْدَنَا مَرْفُوْعٌ —: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ قَالَ: "يَقُوْمُوْنَ فِيْ الرَّشْحِ إِلَى أَنْصَافِ آذَانِهِمْ"

[۳۳۵۹-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ قَالَ: "يَقُوْمُ أَحَدُهُمْ فِيْ الرَّشْحِ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِيْ هريرةَ.

سورة إذا السماء انشقت

سورۃ الانشقاق کی تفسیر

جس سے حساب لیتے وقت ردوکد کی گئی اس کی لٹیا ڈوبی!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس سے حساب لیتے وقت مناقشہ کیا گیا وہ تباہ ہوا!'' صدیقہ رضی اللہ عنہا نے

عرض کیا: یارسول اللہ! سورۃ الانشقاق (آیت ۷و۸) میں ہے: ''جس کو نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا: اس سے آسان حساب لیا جائے گا'' اس سے معلوم ہوا کہ جس سے بھی حساب لیا جائے گا وہ تباہ نہیں ہوگا، بعض سے آسان حساب لیا جائے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ آسان حساب لینا صرف پیش کرنا ہوگا'' یعنی اس میں مناقشہ اور ردوکد نہیں ہوگی (یہ حدیث دونوں سندوں سے پہلے ابواب صفۃ القیامہ (باب ۶ حدیث ۲۴۲۰ تحفہ ۶: ۱۹۷) میں آچکی ہے) — یہی حدیث یہاں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کی ہے، اس کے الفاظ ہیں: من حُوْسِبَ عُذِّب: جس سے (بھی) حساب لیا جائے گا وہ سزا دیا جائے گا، اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ اگر حساب میں مناقشہ ہوگا اور پوچھا جائے گا کہ یہ گناہ کیوں کیا؟ اور جب تک مجرم جواب نہیں دے گا حساب میں پیش رفت نہیں ہوگی وہ سزا دیا جائے گا۔ اللّٰھم! حَاسِبْنَا حَسَابًا يَسِيْرًا (آمین)

[۷۵-] سُوْرَةُ إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

[۳۳۶۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ ابْنِ أَبِی مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ النبیَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' مَنْ نُوْقِشَ الْحِسَابَ هَلَكَ'' قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يَقُوْلُ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أُوْتِیَ كِتَابَهُ بِيَمِيْنِهِ﴾ إِلَى قَوْلِهِ ﴿يَسِيْرًا﴾ قَالَ: ''ذٰلِكَ الْعَرْضُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ ابْنِ أَبِی مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[۳۳۶۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْهَمْدَانِیُّ، نَا عَلِیُّ بْنُ أَبِی بَكْرٍ، عَنْ هَمَّامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' مَنْ حُوْسِبَ عُذِّبَ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

سورة البروج

سورۃ البروج کی تفسیر

۱- یوم موعود، شاہد اور مشہود کی تفسیر

سورۃ البروج کی شروع کی تین آیتوں میں چار چیزوں کی قسمیں کھائی گئی ہیں: ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ()

وَالْیَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ○ وَشَاھِدٍ وَمَشْھُوْدٍ﴾: قسم ہے برجوں والے آسمان کی (برجوں سے مراد بڑے بڑے ستارے ہیں) اور وعدہ کئے ہوئے دن کی یعنی قیامت کے دن کی، جس کے آنے کا وعدہ ہے، اور شاہد (دیکھنے والے) کی، اور مشہود (دیکھے ہوئے) کی ــــ اس میں شاہد ومشہود سے کیا مراد ہے؟ درج ذیل حدیث میں اس کی تعیین ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''وعدہ کیا ہوا دن قیامت کا دن ہے، اور دیکھا ہوا دن عرفہ کا دن ہے، اور دیکھنے والا دن جمعہ کا دن ہے'' ــــ اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''اور نہیں نکلا سورج اور نہیں ڈوبا کسی دن پر جمعہ کے دن سے افضل یعنی جمعہ کا دن باقی چھ دنوں سے افضل ہے، اس میں ایک گھڑی ہے (ساعتِ مرجوّہ) نہیں موافق ہوتا اس سے کوئی مؤمن بندہ درانحالیکہ وہ کسی خیر کی دعا کر رہا ہو، مگر اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول کرتے ہیں، اور نہیں پناہ چاہتا وہ کسی شر سے مگر اللہ تعالیٰ اس کو اس شر سے پناہ دیتے ہیں''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی موسیٰ بن عبیدۃ ہے، اس کی کنیت ابوعبدالعزیز ہے، اور نسبتیں: مدنی اور ربذی ہیں، اس راوی پر امام یحییٰ قطان وغیرہ نے جرح کی ہے کہ اس کی حدیثی یادداشت اچھی نہیں تھی، اور یہ حدیث اسی راوی سے مروی ہے ــــ اور اس راوی سے اگرچہ امام شعبہ، امام ثوری وغیرہ بڑے بڑے لوگوں نے روایت کی ہے، مگر بڑے لوگ کبھی کسی مصلحت سے ضعیف رواۃ سے بھی روایت کرتے تھے، پس اس سے توثیق لازم نہیں آتی، فن میں اس کو ضعیف قرار دیا گیا ہے (تقریب)

اور اس روایت کے سب مضامین ٹھیک ہیں، مگر شاہد ومشہود کی تفسیر صحیح نہیں، کیونکہ ان کے ساتھ لفظ الیوم نہیں ہے، اور اس تفسیر پر قسموں کا مقسم بہ سے کوئی جوڑ بھی قائم نہیں ہوتا، بلکہ ان سے مراد کفار ومؤمنین ہیں جن کا ذکر اگلے عنوان کے تحت آرہا ہے، اور ساعتِ مرجوہ والا مضمون پہلے (حدیث ۵۰۲ تحفہ ۲:۳۵۴) آگیا ہے۔

[۷۶-] سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ

[۳۳۶۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَۃَ، وَعُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسَی، عَنْ مُوْسَی بْنِ عُبَیْدَۃَ، عَنْ أَیُّوْبَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ أَبِیْ ھریرۃَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' الیَوْمُ الْمَوْعُوْدُ: یَوْمُ الْقِیَامَۃِ، وَالْیَوْمُ الْمَشْھُوْدُ: یَوْمُ عَرَفَۃَ، وَالشَّاھِدُ: یَوْمُ الْجُمُعَۃِ'' قَالَ: ''وَمَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَلاَ غَرَبَتْ عَلَی یَوْمٍ أَفْضَلَ مِنْہُ، فِیْہِ سَاعَۃٌ لاَیُوَافِقُھَا عَبْدٌ مُؤْمِنٌ یَدْعُوْ اللّٰہَ بِخَیْرٍ إِلاَّ اسْتَجَابَ اللّٰہُ لَہُ، وَلاَ یَسْتَعِیْذُ مِنْ شَرٍّ إِلاَّ أَعَاذَہُ اللّٰہُ مِنْہُ''

ھٰذَا حدیثٌ [غریبٌ] لاَنَعْرِفُہُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ مُوْسَی بْنِ عُبَیْدَۃَ، وَمُوْسَی بْنُ عُبَیْدَۃَ یُضَعَّفُ فِیْ الْحَدِیْثِ، ضَعَّفَہُ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ وَغَیْرُہُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِہِ، وَقَدْ رَوَی شُعْبَۃُ، وَسُفْیَانُ الثَّوْرِیُّ، وَغَیْرُ

وَاحِدٍ مِنَ الأَئِمَّةِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ.

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ الأَسَدِيُّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

وَمُوْسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ: يُكْنَى أَبَا عَبْدِ الْعَزِيْزِ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، وَغَيْرُهُ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وضاحت: حدیث میں ہمارے نسخہ میں: ولا یستعیذ من شیئ تھا، مگر جامع الاصول (حدیث ۸۷۳) میں ولا یستعیذ من شر ہے، اور خیر کے مقابلہ میں یہی لفظ صحیح ہے، اس لئے میں نے کتاب میں تبدیلی کردی ہے...... اور کھڑی دوقوسوں کے درمیان [غریبٌ] مشکوۃ (حدیث ۱۳۶۲) سے بڑھایا ہے، اور یہ غریب بمعنی ضعیف ہے۔

۲-مجمع کی کثرت پر اترانا تباہ کرتا ہے

سورۃ التوبہ کی (آیات ۲۵-۲۷) ہیں: ﴿لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ﴾ الآیاتِ: ترجمہ: البتہ واقعہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بہت سی جنگوں میں تمہاری مدد کی ہے، اور جنگ حنین کے موقعہ پر بھی، جبکہ تم کو اپنے مجمع کی کثرت پر غرّہ ہوگیا تھا، پھر وہ کثرت تمہارے کچھ کام نہ آئی، اور تم پر زمین باوجود اپنی پہنائی کے تنگی کرنے لگی، پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے ○ اس کے بعد اللہ نے اپنے رسول پر، اور دوسرے مؤمنین پر خاص تسلی نازل فرمائی، اور (فرشتوں کا) ایسا لشکر نازل فرمایا جسے تم نے نہیں دیکھا، اور کافروں کو سزا دی یعنی شکست سے دوچار کیا، اور یہی (دنیا میں) کافروں کی سزا ہے ○ پھر اللہ تعالیٰ اس کے بعد جسے چاہیں گے توبہ نصیب کریں گے، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے مہربان ہیں۔

تفسیر: حنین: ایک مقام ہے، مکہ اور طائف کے درمیان، یہاں قبیلۂ ہوازن وثقیف سے فتح مکہ کے دو ہفتہ کے بعد لڑائی ہوئی تھی، مسلمان بارہ ہزار تھے، اور مشرکین چار ہزار۔ بعض مسلمان اپنا مجمع دیکھ کر ایسے طور پر کہ اس سے پندار مترشح ہوتا تھا، کہنے لگے: ہم آج کسی طرح مغلوب نہیں ہوسکتے! چنانچہ اول مقابلہ میں کفار کو ہزیمت ہوئی، اور کچھ مسلمان غنیمت جمع کرنے لگے، اس وقت کفار ٹوٹ پڑے، اور وہ بڑے تیرانداز تھے، مسلمانوں پر تیر برسانے لگے، اس سے مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے، صرف رسول اللہ ﷺ مع چند صحابہ کے میدان میں رہ گئے، آپؐ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے مسلمانوں کو آواز دلوائی، پھر سب لوٹ کر دوبارہ کفار سے مقابل ہوئے، اور آسمان سے فرشتوں کی مدد آئی، آخر کفار بھاگے، اور بہت سے قتل ہوئے، پھر ان قبائل کے بہت سے آدمی آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوکر مشرف بہ اسلام ہوئے، اور آپؐ نے ان کے اہل وعیال جو پکڑے گئے تھے سب ان کو واپس کردیئے (بیان القرآن)

حدیث: حضرت صہیب رومی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ جنگ حنین کے موقعہ پر جب عصر کی نماز سے فارغ ہوتے تھے، تو آہستہ کچھ دعا کرتے تھے، جو سمجھ میں نہیں آتی تھی، چنانچہ صحابہ نے اس سلسلہ میں دریافت کیا،

آپ نے فرمایا: مجھے ایک نبی کا واقعہ یاد آیا، ان کے ساتھ ان کی قوم کا بڑا لشکر تھا، پس انھوں نے کہا: ان کا مقابلہ کون کرسکتا ہے؟ (یہ پندار ہے) پس وحی آئی کہ تین باتوں میں سے ایک بات اختیار کریں، یعنی یہ بڑا لشکر بھی ہلاک ہوسکتا ہے، اور اس کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں، پس ان میں سے کوئی ایک پسند کریں: یا تو ہم ان پر ان کے دشمنوں کو مسلط کریں یا بھوک مری یا موت مسلط کریں، پس انھوں نے اس سلسلہ میں اپنی قوم سے مشورہ کیا، قوم نے کہا: آپ اللہ کے نبی ہیں، سارا معاملہ آپ کے اختیار میں ہے، آپ جو چاہیں ہمارے لئے فیصلہ کریں، پس وہ نماز کے لئے کھڑے ہوئے، اور جب ان کو کوئی گھبراہٹ پیش آتی تھی تو وہ نماز شروع کردیتے تھے، پس انھوں نے جتنی اللہ نے چاہی نماز پڑھی، پھر عرض کیا: اے پروردگار! باہری دشمن تو مسلط نہ فرمائیں، اور بھوک مری کی بھی ہم میں تاب نہیں، البتہ موت گوارہ ہے، چنانچہ ان پر موت مسلط کی گئی، اور ان میں سے ایک دن میں ستّر ہزار مر گئے —— اس لئے میں نے آہستہ سے دعا کی: جو تم نے دیکھی: اللّٰهم! بك أُقَاتِلُ، وبك أَصول، ولا حول ولاقوة إلا بالله: الٰہی! میں آپ کی مدد سے جنگ کرتا ہوں، اور آپ کی مدد سے حملہ کرتا ہوں، اور کچھ طاقت وقوت نہیں مگر آپ کی مدد سے (یہ حدیث ترمذی میں مختصر ہے۔ اور مسند احمد میں مفصل ہے، اسی کا میں نے ترجمہ کیا ہے، اور حدیث کا اتنا حصہ مسلم شریف میں نہیں ہے باقی حدیث جو آگے آرہی ہے وہ مسلم شریف میں ہے، اور سورۃ البروج کی تفسیر سے اس حصہ کا کچھ تعلق نہیں)

[۳۳۶۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالَا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ صُهَيْبٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ هَمَسَ - وَالْهَمْسُ: فِيْ قَوْلِ بَعْضِهِمْ: تَحَرُّكُ شَفَتَيْهِ، كَأَنَّهُ يَتَكَلَّمُ - فَقِيْلَ لَهُ: إِنَّكَ يَارسولَ اللّٰهِ! إِذَا صَلَّيْتَ الْعَصْرَ هَمَسْتَ، قَالَ: إِنَّ نَبِيًّا مِنَ الْأَنْبِيَاءِ كَانَ أُعْجِبَ بِأُمَّتِهِ، فَقَالَ: مَنْ يَقُوْمُ لِهٰؤُلَاءِ؟ فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَيْهِ أَنْ خَيِّرْهُمْ بَيْنَ أَنْ أَنْتَقِمَ مِنْهُمْ، وَبَيْنَ أَنْ أُسَلِّطَ عَلَيْهِمْ عَدُوَّهُمْ، فَاخْتَارُوْا النَّقْمَةَ، فَسَلَّطَ عَلَيْهِمُ الْمَوْتَ، فَمَاتَ مِنْهُمْ فِيْ يَوْمٍ سَبْعُوْنَ أَلْفًا.

ترجمہ: صہیبؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ عصر کی نماز پڑھتے تھے تو آہستہ سے کچھ کہتے تھے —— اور بعض نے ہمس کے معنی کئے ہیں: دونوں ہونٹ ہلانا گویا وہ کچھ بول رہا ہے —— پس آپؐ سے پوچھا گیا: یارسول اللہ! جب آپؐ عصر کی نماز پڑھتے ہیں تو آہستہ سے کچھ بولتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: نبیوں میں سے ایک نبی کو ان کی امت بہت ہی پسند آئی، یعنی ان کی کثرت پر ناز ہوا، انھوں نے کہا: ان کے لئے کون کھڑا ہوگا؟ یعنی ان کا مقابلہ کون کرسکتا ہے؟ پس اللہ نے ان کی طرف وحی بھیجی کہ ان کو اختیار دیں: اس کے درمیان کہ (خود) ان سے بدلہ لوں، اور اس کے درمیان کہ میں ان پر مسلط کروں ان کے دشمنوں کو، پس انھوں نے سزا کو پسند کیا، پس اللہ نے ان پر موت مسلط کی، پس ان میں سے ایک

دن میں ستّر ہزار مر گئے۔

۳-اصحاب الاخدود کا واقعہ

سورۃ البروج کی ابتدائی آٹھ آیتوں میں اصحاب الاخدود کا ذکر ہے، پہلے چار چیزوں کی قسم کھائی ہے، اور قرآنی قسمیں مقسم بہ (دعوی) کی دلیلیں ہوتی ہیں:

ایک: بڑے بڑے ستاروں والے آسمان کی قسم کھائی ہے، جیسے زمین پر پیش آنے والے واقعات کی گواہ خود زمین ہوتی ہے، قیامت کے دن زمین کا وہ حصہ جس پر کوئی نیکی یا برائی کی گئی ہے: اس عمل کی گواہی دے گا، اور یہ مضمون حدیثوں میں مصرح ہے، اسی طرح آسمان بھی چشم دید گواہ ہے، وہ بھی ان اعمال کی گواہی دے گا جو اس کے سایہ تلے کئے گئے ہیں، بلکہ اس میں جو بڑے بڑے ستارے نصب ہیں وہ ایک طرح کے کیمرے ہیں جو واقعات کیچ کر رہے ہیں، قیامت کے دن یہ سارا ریکارڈ روبرو لایا جائے گا۔

دوم: قیامت کے دن کی قسم کھائی ہے جس کا وعدہ کیا گیا ہے یعنی جو بالیقین آنے والی ہے، اسی دن کے لئے یہ سب ریکارڈ تیار کیا جارہا ہے، اس دن اس دنیا کے تمام معاملات کا آخری فیصلہ کیا جائے گا، پس ظالم مطمئن نہ ہوجائیں۔

سوم: شاہد (دیکھنے والے) کی قسم کھائی ہے، یعنی اصحاب الاخدود کی سزا دہی کے وقت جو ظالم موقعہ پر موجود تھے ان کی قسم کھائی ہے، وہ قیامت کے دن خود اپنے ظلم کے گواہ ہونگے، ان کے ہاتھ پیران کی حرکتوں کی گواہی دیں گے۔

چہارم: مشہود (دیکھے ہوئے) کی قسم کھائی ہے، یعنی جن مسلمانوں کی سزا کا ان ظالموں نے نظارہ کیا ہے ان مسلمانوں کی قسم کھائی ہے، تاکہ وہ مطمئن رہیں کہ ان کو قیامت کے دن انصاف ملے گا۔

پھر فرمایا: ''ناس ہو اصحاب الاخدود کا! یعنی ایندھن سے دہکتی ہوئی آگ والوں کا! جب وہ اس کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اور وہ مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ کر رہے تھے اس کو دیکھ رہے تھے، اور ان کافروں نے ان مسلمانوں میں کوئی عیب نہیں پایا بجز اس کے کہ وہ زبردست سزاوار حمد اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے ہیں'' یعنی ان کو اس خوبی کی سزا دی گئی ہے!

اصحاب الاخدود کا واقعہ: صحیح مسلم میں یہ واقعہ مفصل آیا ہے: اس کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی کافر بادشاہ کے پاس ایک کاہن (غیب کی خبریں دینے والا) تھا، اس نے بادشاہ سے کہا: مجھے کوئی ہوشیار لڑکا دو، تاکہ میں اس کو اپنا علم سکھادوں، چنانچہ ایک لڑکا تجویز کیا گیا، اس کے راستہ میں ایک عیسائی راہب رہتا تھا، جو اس وقت کے دین حق (مسیحیت) کا سچا پیرو تھا، اس لڑکے کی راہب کے پاس آمد و رفت شروع ہوئی، اور وہ خفیہ طور پر مسلمان ہوگیا —— ایک مرتبہ اس لڑکے نے دیکھا کہ ایک شیر نے لوگوں کا راستہ روک رکھا ہے، اور لوگ پریشان ہیں، اس نے ایک پتھر لے کر دعا کی: اے اللہ! اگر راہب کا دین سچا ہے تو یہ جانور میرے پتھر سے مارا جائے! پھر پتھر شیر کو مارا تو وہ مر گیا، لوگوں میں اس کا بڑا چرچا

ہوا کہ اس لڑکے کو کوئی عجیب علم آتا ہے، ایک اندھے نے یہ بات سنی، کہتے ہیں: وہ بادشاہ کا وزیر تھا، اس نے آکر لڑکے سے کہا: اگر میری آنکھیں اچھی ہوجائیں تو میں نواز دونگا، لڑکے نے کہا: مجھے مال نہیں چاہئے، اگر تو مسلمان ہونے کا وعدہ کرے تو میں دعا کروں، اس نے وعدہ کیا، لڑکے نے دعا کی اور وہ بینا ہوکر مسلمان ہوگیا، بادشاہ کو یہ سب خبریں پہنچیں، اس نے لڑکے کو، راہب کو اور اندھے کو طلب کرلیا، جواب بینا تھا، پھر راہب اور بینا کو تو شہید کردیا، اور لڑکے کے لئے حکم دیا کہ اسے پہاڑ سے گرادیا جائے، مگر جو لوگ اس کو لے کر گئے تھے وہ گر کر ہلاک ہوگئے، اور لڑکا بچ آیا، پھر بادشاہ نے حکم دیا کہ اس کو سمندر میں غرق کردیا جائے، مگر جو ڈبونے گئے تھے وہ سب غرق ہوگئے اور لڑکا زندہ سلامت نکل گیا تو بادشاہ سخت مضطرب ہوا۔ لڑکے نے بادشاہ سے کہا: اگر تو مجھے مارنا چاہتا ہے تو بسم اللہ کہہ کر تیر مار: میں مرجاؤنگا، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور لڑکا شہید ہوگیا —— یہ واقعہ دیکھ کر ملک کے بہت سے عوام ایمان لے آئے، بادشاہ بدحواس ہوگیا، اس نے ارکانِ سلطنت کے مشورے سے بڑی بڑی خندقیں آگ سے دہکائیں، اور اعلان کیا کہ جو اسلام سے نہیں پھرے گا وہ نذرِ آتش کردیا جائے گا، چنانچہ سب مسلمان زندۂ جاوید بن گئے، ایک بھی دین سے نہیں پھرا۔

قَالَ: وَكَانَ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ: حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ الآخَرِ:

قَالَ: كَانَ مَلِكٌ مِنَ الْمُلُوْكِ، وَكَانَ لِذٰلِكَ الْمَلِكِ كَاهِنٌ، يَكْهَنُ لَهُ، فَقَالَ الْكَاهِنُ: انْظُرُوْا إِلَيَّ غُلاَمًا فَهِمًا — أَوْ قَالَ فَطِنًا — لَقِنًا، فَأُعَلِّمَهُ عِلْمِيْ هٰذَا، فَإِنِّيْ أَخَافُ أَنْ أَمُوْتَ، فَيَنْقَطِعَ مِنْكُمْ هٰذَا الْعِلْمُ، وَلاَ يَكُوْنَ فِيْكُمْ مَنْ يَعْلَمُهُ.

قَالَ: فَنَظَرُوْا لَهُ عَلَى مَا وَصَفَ، فَأَمَرُوْهُ أَنْ يَحْضُرَ ذٰلِكَ الْكَاهِنَ، وَأَنْ يَخْتَلِفَ إِلَيْهِ، فَجَعَلَ يَخْتَلِفُ إِلَيْهِ، وَكَانَ عَلَى طَرِيْقِ الْغُلاَمِ رَاهِبٌ فِيْ صَوْمَعَةٍ، قَالَ مَعْمَرٌ: أَحْسَبُ أَنَّ أَصْحَابَ الصَّوَامِعِ كَانُوْا يَوْمَئِذٍ مُسْلِمِيْنَ.

قَالَ: فَجَعَلَ الْغُلاَمُ يَسْأَلُ ذٰلِكَ الرَّاهِبَ، كُلَّمَا مَرَّ بِهِ، فَلَمْ يَزَلْ بِهِ، حَتَّى أَخْبَرَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا أَعْبُدُ اللّٰهَ، قَالَ: فَجَعَلَ الْغُلاَمُ يَمْكُثُ عِنْدَ الرَّاهِبِ، وَيُبْطِئُ عَنِ الْكَاهِنِ، فَأَرْسَلَ الْكَاهِنُ إِلَى أَهْلِ الْغُلاَمِ: أَنَّهُ لاَيَكَادُ يَحْضُرُنِيْ، فَأَخْبَرَ الْغُلاَمُ الرَّاهِبَ بِذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُ الرَّاهِبُ: إِذَا قَالَ لَكَ الْكَاهِنُ: أَيْنَ كُنْتَ؟ فَقُلْ: عِنْدَ أَهْلِيْ، وَإِذَا قَالَ لَكَ أَهْلُكَ: أَيْنَ كُنْتَ؟ فَأَخْبِرْهُمْ أَنَّكَ كُنْتَ عِنْدَ الْكَاهِنِ.

قَالَ: فَبَيْنَمَا الْغُلاَمُ عَلَى ذٰلِكَ، إِذْ مَرَّ بِجَمَاعَةٍ مِنَ النَّاسِ كَثِيْرٍ، قَدْ حَبَسَتْهُمْ دَابَّةٌ — فَقَالَ بَعْضُهُمْ: إِنَّ تِلْكَ الدَّابَّةَ كَانَتْ أَسَدًا — فَأَخَذَ الْغُلاَمُ حَجَرًا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ! إِنْ كَانَ مَايَقُوْلُ الرَّاهِبُ حَقًّا، فَأَسْأَلُكَ أَنْ أَقْتُلَهُ، ثُمَّ رَمَى، فَقَتَلَ الدَّابَّةَ، فَقَالَ النَّاسُ: مَنْ قَتَلَهَا؟ قَالُوْا: الْغُلاَمُ، فَفَزِعَ النَّاسُ، فَقَالُوْا: قَدْ عَلِمَ هٰذَا الْغُلاَمُ عِلْمًا لَمْ يَعْلَمْهُ أَحَدٌ.

قَالَ: فَسَمِعَ بِهِ أَعْمَى، فَقَالَ لَهُ: إِنْ أَنْتَ رَدَدْتَّ بَصَرِيْ فَلَكَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: لاَ أُرِيْدُ مِنْكَ هٰذَا، وَلٰكِنْ أَرَأَيْتَ إِنْ رَجَعَ إِلَيْكَ بَصَرُكَ أَتُؤْمِنُ بِالَّذِيْ رَدَّهُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ! قَالَ: فَدَعَا اللّٰهَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ بَصَرَهُ، فَآمَنَ الأَعْمٰى، فَبَلَغَ الْمَلِكَ أَمْرُهُمْ، فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ، فَأُتِيَ بِهِمْ، فَقَالَ: لَأَقْتُلَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ قِتْلَةً لاَ أَقْتُلُ بِهَا صَاحِبَهُ، فَأَمَرَ بِالرَّاهِبِ وَالرَّجُلِ الَّذِيْ كَانَ أَعْمَى، فَوَضَعَ الْمِنْشَارَ عَلَى مَفْرَقِ أَحِدِهِمَا، فَقَتَلَهُ، وَقَتَلَ الآخَرَ بِقِتْلَةٍ أُخْرَى، ثُمَّ أَمَرَ بِالْغُلاَمِ، فَقَالَ: انْطَلِقُوْا بِهِ إِلَى جَبَلِ كَذَا وَكَذَا، فَأَلْقُوْهُ مِنْ رَأْسِهِ، فَانْطَلَقُوْا بِهِ إِلَى ذٰلِكَ الْجَبَلِ، فَلَمَّا انْتَهَوْا بِهِ إِلَى ذٰلِكَ الْمَكَانِ الَّذِيْ أَرَادُوْا أَنْ يُلْقُوْهُ مِنْهُ: جَعَلُوْا يَتَهَافَتُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ الْجَبَلِ، وَيَتَرَدَّوْنَ، حَتَّى لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ إِلاَّ الْغُلاَمُ.

قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ، فَأَمَرَ بِهِ الْمَلِكُ أَنْ يَنْطَلِقُوْا بِهِ إِلَى الْبَحْرِ، فَيُلْقُوْنَهُ فِيْهِ، فَانْطُلِقَ بِهِ إِلَى الْبَحْرِ، فَغَرَّقَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَانُوْا مَعَهُ، وَأَنْجَاهُ، فَقَالَ الْغُلاَمُ لِلْمَلِكِ: إِنَّكَ لاَ تَقْتُلُنِيْ حَتَّى تَصْلُبَنِيْ، وَتَرْمِيَنِيْ، وَتَقُوْلَ إِذَا رَمَيْتَنِيْ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ هٰذَا الْغُلاَمِ!

قَالَ: فَأَمَرَ بِهِ، فَصُلِبَ، ثُمَّ رَمَاهُ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ هٰذَا الْغُلاَمِ! قَالَ: فَوَضَعَ الْغُلاَمُ يَدَهُ عَلَى صُدْغِهِ حِيْنَ رُمِيَ، ثُمَّ مَاتَ، فَقَالَ أُنَاسٌ: لَقَدْ عَلِمَ هٰذَا الْغُلاَمُ عِلْمًا مَا عَلِمَهُ أَحَدٌ، فَإِنَّا نُؤْمِنُ بِرَبِّ هٰذَا الْغُلاَمِ.

قَالَ: فَقِيْلَ لِلْمَلِكِ: أَجَزِعْتَ أَنْ خَالَفَكَ ثَلاَثَةٌ، فَهٰذَا الْعَالَمُ كُلُّهُمْ قَدْ خَالَفُوْكَ، قَالَ: فَخَدَّ أُخْدُوْدًا، ثُمَّ أَلْقَى فِيْهَا الْحَطَبَ وَالنَّارَ، ثُمَّ جَمَعَ النَّاسَ، فَقَالَ: مَنْ رَجَعَ عَنْ دِيْنِهِ تَرَكْنَاهُ، وَمَنْ لَمْ يَرْجِعْ أَلْقَيْنَاهُ فِيْ هٰذِهِ النَّارِ، فَجَعَلَ يُلْقِيْهِمْ فِيْ تِلْكَ الأُخْدُوْدِ.

قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى فِيْهِ: ﴿قُتِلَ أَصْحَابُ الأُخْدُوْدِ، النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ﴾ حَتَّى بَلَغَ ﴿الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ﴾

قَالَ: فَأَمَّا الْغُلاَمُ فَإِنَّهُ دُفِنَ، قَالَ: فَيُذْكَرُ أَنَّهُ أُخْرِجَ فِيْ زَمَنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَإِصْبَعُهُ عَلَى صُدْغِهِ كَمَا وَضَعَهَا حِيْنَ قُتِلَ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

ترجمہ: حضرت صہیبؓ کہتے ہیں: اور جب نبی ﷺ یہ (مذکورہ) واقعہ بیان فرماتے تھے تو یہ (درج ذیل) واقعہ بھی بیان فرماتے تھے:

تشریح: اور دونوں واقعوں میں مشابہت یہ ہے کہ اس نبی کی امت پر موت مسلط کی گئی، اور ایک دن میں ستّر ہزار آدمی مر گئے: یہ عذاب نہیں تھا، بلکہ آزمائش تھی، اور امتحان وآزمائش سونے کو کندن بنا دیتی ہے، اسی طرح مؤمن کی آزمائش کبھی دشمن کو مسلط کر کے کی جاتی ہے، وہ مسلمانوں کو شہید کرتے ہیں، اس طرح مؤمنین زندۂ جاوید بن جاتے

ہیں، جیسے اصحاب الاخدود نے جن مسلمانوں کو جلایا، وہ ناکام نہیں رہے، بلکہ وہ کامیاب ہوگئے!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ تھا، اور اس بادشاہ کے لئے ایک کاہن تھا، جو اس کو غیب کی خبریں بتایا کرتا تھا، پس اس کاہن نے کہا: میرے لئے کوئی ذہین فطیں لڑکا تلاش کرو — فَهِمًا اور فَطِنًا کے ایک معنی ہیں — میں اس کو اپنا یہ علم سکھلا دوں، کیونکہ مجھے اپنی موت نزدیک نظر آرہی ہے، پس تم میں سے یہ علم ختم ہوجائے گا، اور تم میں کوئی ایسا شخص نہیں رہے گا جو اس علم کو جانتا ہو۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پس لوگوں نے اس کے لئے ویسا ایک لڑکا تلاش کیا جیسا اس نے کہا تھا، اور اس لڑکے کو حکم دیا کہ وہ اس کاہن کے پاس حاضر ہوے، اور اس کے پاس آیا جایا کرے، چنانچہ وہ اس کے پاس آنے جانے لگا۔ اور لڑکے کے راستے میں ایک گرجا میں ایک راہب (درویش) رہتا تھا، حدیث کے راوی معمر کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ گرجوں والے اس زمانہ میں مسلمان یعنی دین حق پر تھے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پس لڑکے نے اس درویش سے پوچھنا شروع کیا، جب بھی وہ اس کے پاس سے گذرتا (کہ اس کا دین کیا ہے؟) پس برابر وہ اس کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے لڑکے کو بتایا کہ میں اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرتا ہوں — نبی ﷺ نے فرمایا: پس لڑکا اس درویش کے پاس ٹھہرنے لگا، اور کاہن کے پاس دیر سے جانے لگا، پس کاہن نے لڑکے کے گھر والوں کے پاس آدمی بھیجا کہ لڑکا نہیں قریب ہے کہ میرے پاس حاضر ہو یعنی لڑکا میرے پاس بہت کم آتا ہے یا تھوڑی دیر کے لئے آتا ہے، پس لڑکے نے راہب کو یہ بات بتائی، راہب نے کہا: جب تجھ سے کاہن پوچھے کہ کہاں تھا؟ تو کہہ: گھر والوں کے پاس تھا، اور جب تجھ سے تیرے گھر والے پوچھیں کہ کہاں تھا؟ تو کہہ: کاہن کے پاس تھا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: لڑکا اسی طرح شب و روز گذارتا رہا (ایک دن) اچانک وہ لوگوں کی بہت بڑی بھیڑ کے پاس سے گذرا، جن کو کسی جانور نے روک رکھا تھا — بعض نے کہا: وہ جانور شیر تھا — پس لڑکے نے ایک پتھر لیا، اور کہا: الٰہی! اگر وہ بات برحق ہے جو راہب کہتا ہے تو میں آپ سے چاہتا ہوں کہ میں جانور کو ماردوں! یعنی وہ میرے پتھر سے مارا جائے، پھر اس نے پتھر پھینکا، پس اس نے جانور کو ماردیا، پس لوگوں نے (ایک دوسرے سے) پوچھا: کس نے اس کو مارا؟ لوگوں نے بتلایا لڑکے نے! پس لوگ حیرت زدہ رہ گئے، اور انھوں نے کہا: یہ لڑکا کوئی ایسا علم جانتا ہے جس کو کوئی نہیں جانتا!

نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس کے بارے میں ایک اندھے نے سنا (کہتے ہیں: وہ اندھا بادشاہ کا وزیر تھا) پس اس نے کہا: اگر تو میری بینائی لوٹا دے تو میں تجھے اتنا اور اتنا مال دونگا، لڑکے نے کہا: میں آپ سے یہ چیزیں نہیں چاہتا، بلکہ بتلائیں: اگر آپ کی طرف آپ کی بینائی لوٹ آئی تو کیا آپ اس پر ایمان لائیں گے جس نے آپ پر بینائی لوٹائی؟

اس نے کہا: ہاں! ــــ نبی ﷺ نے فرمایا: پس لڑکے نے دعا کی اور اللہ نے اس پر اس کی بینائی لوٹا دی، پس نابینا ایمان لے آیا، پس ان کی خبر بادشاہ کو پہنچی، اس نے آدمی بھیج کر ان لوگوں کو بلایا، پس ان کو لایا گیا، بادشاہ نے کہا: میں ضرور تم میں سے ہر ایک کو قتل کرونگا اس طرح قتل کرنا کہ اس طریقہ سے اس کے ساتھی کو قتل نہیں کرونگا یعنی ہر ایک کے لئے قتل کا نیا طریقہ اختیار کرونگا، پھر راہب اور اس آدمی کے بارے میں جو اندھا تھا: حکم دیا، پس آرہ ان دونوں میں سے ایک کی مانگ پر رکھا گیا اور اس کو قتل کر دیا، اور دوسرے کو دوسرے طریقے سے قتل کیا، پھر لڑکے کے بارے میں حکم دیا کہ اس کو فلاں پہاڑ پر لے جاؤ، اور اس کو چوٹی سے گرادو، پس وہ اس کو لے کر اس پہاڑ کی طرف چلے، جب وہ اس کو لے کر اس جگہ تک پہنچے جس سے وہ اس کو گرانا چاہتے تھے تو وہ خود اس پہاڑ سے گرنے لگے اور لڑھکنے لگے، یہاں تک کہ ان میں سے لڑکے کے علاوہ کوئی باقی نہ رہا۔

نبی ﷺ نے فرمایا: پھر لڑکا لوٹا، تو بادشاہ نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اس کو سمندر میں لے جاؤ، اور اس کو سمندر میں ڈال دو، پس اس کو سمندر میں لے جایا گیا، پس اللہ نے ڈوبا دیا ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ تھے اور لڑکے کو بچالیا ــــ پس لڑکے نے بادشاہ سے کہا: تو مجھے قتل نہیں کرسکتا، یہاں تک کہ مجھے سولی دے، اور مجھے تیر مارے، اور جب تو تیر مارے تو کہے: اس لڑکے کے پروردگار کے نام سے تیر مارتا ہوں! نبی ﷺ نے فرمایا: پس لڑکے کے بارے میں بادشاہ نے حکم دیا، پس وہ سولی دیا گیا، پھر بادشاہ نے اس کو تیر مارا، اور کہا: اس لڑکے کے پروردگار کے نام سے تیر مارتا ہوں!

نبی ﷺ نے فرمایا: پس لڑکے نے اپنا ہاتھ اپنی کن پٹّی پر رکھا جب وہ تیر مارا گیا، یعنی تیر کن پٹی پر لگا تو لڑکے نے زخم پر ہاتھ رکھ کر خون کو روکا، پھر وہ مر گیا، پس بہت سے لوگوں نے کہا: البتہ واقعہ یہ ہے کہ یہ لڑکا ایک ایسا علم جانتا ہے جس کو کوئی نہیں جانتا، پس ہم اس لڑکے کے پروردگار پر ایمان لاتے ہیں!

نبی ﷺ نے فرمایا: پس بادشاہ سے کہا گیا: کیا آپ گھبرا گئے اس سے کہ آپ کی تین شخصوں نے مخالفت کی، اب یہ ساری دنیا آپ کی مخالف ہوگئی! یعنی اب کیا کروگے؟ ــــ نبی ﷺ نے فرمایا: پس اس نے کھائیاں کھودیں، اور ان میں سوختہ ڈالا اور آگ لگائی، پھر لوگوں کو جمع کیا، اور کہا: جو اپنے دین سے لوٹ جائے گا ہم اس کو چھوڑ دیں گے، اور جو نہیں لوٹے گا ہم اس کو اس آگ میں ڈال دیں گے! پس اس نے ان کو کھائیوں میں ڈالنا شروع کیا، نبی ﷺ نے فرمایا: اس واقعہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں: ناس ہو اصحاب الاخدود کا یعنی ایندھن سے دہکتی آگ والوں کا! (الی آخرہ) ــــ نبی ﷺ نے فرمایا: پھر وہ لڑکا دفن کر دیا گیا ــــ راوی کہتا ہے: پس بیان کیا جاتا ہے کہ وہ لڑکا دورِ فاروقی میں نکالا گیا یعنی کوئی شخص زمین کھود رہا تھا کہ اس لڑکے کی لاش نکل آئی درانحالیکہ اس کی انگلی اس کی کن پٹی پر تھی، جیسا اس نے اس کو رکھا تھا جب وہ قتل کیا گیا تھا (پھر لوگوں نے خط لکھ کر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اس کا حکم دریافت کیا تو آپؓ نے جواب دیا کہ اس کو اسی جگہ اسی طرح دفن کردو)

سورة الغاشية

سورۃ الغاشیہ کی تفسیر

نبی کا کام صرف نصیحت کرنا ہے، مار کر مسلمان بنانا نہیں ہے

سورۃ الغاشیہ کی (آیات ۲۱و۲۲) ہیں: ﴿فَذَكِّرْ، إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ، لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ﴾: پس آپؐ نصیحت کریں، آپؐ تو صرف نصیحت کرنے والے ہیں، آپؐ ان پر مسلط نہیں کئے گئے —— اور حدیث میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے جنگ کروں، یہاں تک کہ لوگ لا إلٰہ إلا اللہ کہیں، پس جب انھوں نے یہ بات کہی تو انھوں نے مجھ سے اپنے خون اور اپنے مال محفوظ کر لئے، مگر اس کلمہ کے حق کی وجہ سے، اور ان کا حساب اللہ تعالیٰ پر ہے'' پھر آپؐ نے مذکورہ آیت تلاوت فرمائی (یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سند سے پہلے ابواب الایمان (حدیث ۲۶۰۴ تحفہ ۶: ۳۷۵) میں آچکی ہے، وہاں اس کی شرح کی گئی ہے)

[۷۷-] سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ

[۳۳٦٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُوْلُوْا: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوْهَا عَصَمُوْا مِنِّي دِمَاءَ هُمْ وَأَمْوَالَهُمْ، إِلَّا بِحَقِّهَا، وَحِسَابُهُمْ، عَلَى اللّٰهِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ، لَّسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة الفجر

سورۃ الفجر کی تفسیر

طاق اور جفت سے کیا مراد ہے؟

سورۃ الفجر کی تیسری آیت میں جفت اور طاق کی قسم کھائی گئی ہے، جفت اور طاق سے کیا مراد ہے؟ ایک حدیث میں ہے کہ جفت سے مراد ذی الحجہ کی دسویں تاریخ اور طاق سے مراد ذی الحجہ کی نویں تاریخ ہے، اور یہاں حدیث ہے کہ اس سے نمازیں مراد ہیں: کسی نماز کی رکعتیں طاق ہیں (جیسے مغرب اور وتر کی) اور کسی کی جفت (باقی نمازوں کی) —— اور پہلی حدیث کو روایۃً بھی اصح کہا گیا ہے، اور درایۃً بھی وہ راجح ہے، کیونکہ اس سورت کے شروع میں جن چیزوں

کی قسم کھائی گئی ہے وہ سب زمانے اوراوقات کی قسم سے ہیں، پس جفت اور طاق بھی اوقات ہی کی قسم سے ہوں تو تناسب واضح رہتا ہے (بیان القرآن) (یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی مجہول ہے جو حضرت عمران سے یہ حدیث روایت کرتا ہے)

[٧٨-] سُوْرَةُ الْفَجْرِ

[٣٣٦٥-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، قَالاَ: نَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ عِصَامٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، عَنِ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ عَنِ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ؟ قَالَ:" هِيَ الصَّلاَةُ: بَعْضُهَا شَفْعٌ، وَبَعْضُهَا وَتْرٌ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ، وَقَدْ رَوَاهُ خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ أَيْضًا عَنْ قَتَادَةَ.

سورة: والشمس وضحاها

سورۃ الشّمس کی تفسیر

صالح علیہ السلام کی اونٹنی کا قاتل کیسا آدمی تھا؟

حدیث: حضرت عبداللہ بن زمعہ رضی اللہ عنہ تین باتیں بیان کرتے ہیں:

۱- میں نے ایک دن نبی ﷺ کو (صالح علیہ السلام کی) اونٹنی کا اور اس شخص کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا جس نے اونٹنی کی کوچیں (وہ موٹا پٹھا جو چوپایے کے ٹخنے کے نیچے ہوتا ہے) کاٹی تھیں، پس آیت: ﴿إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا﴾ کی تفسیر میں فرمایا "اٹھ کھڑا ہوا اونٹنی (کو قتل کرنے) کے لئے ایک بدخو، طاقتور اور کنبے میں جتھے والا جیسے ابوزمعہ!"

تشریح: ابوزمعہ: روایت کرنے والے صحابی کا دادا ہے، اس کا نام اسود تھا، اسلام کا بڑا ٹھٹھا کیا کرتا تھا، مکہ میں بحالتِ کفر مرا، اور اس کا لڑکا زمعہ جو راوی صحابی کا باپ ہے: وہ بدر میں بحالتِ کفر مارا گیا، اور راوی حضرت عبداللہ بن زمعہ بن اسود حضرت عثمانؓ کے ساتھ شہید ہوئے۔

۲- پھر میں نے آپؐ کو عورتوں کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا: فرمایا: "کس چیز کا ارادہ کرتا ہے تم میں سے ایک: پس مارتا ہے اپنی بیوی کو غلام کے مارنے کی طرح، اور ہوسکتا ہے کہ وہ اس سے ہم بستر ہو اپنے دن کے آخر میں! یعنی بیویوں کو جانوروں کی طرح مت مارو!

۳- پھر آپؐ نے لوگوں کو نصیحت کی ان کے ہنسنے سے ریح خارج کرنے سے، پس فرمایا: "کس چیز سے ہنستا ہے تم میں سے ایک؟ کیا اس بات سے جس کو وہ خود کرتا ہے!" یعنی ریح ہر ایک خارج کرتا ہے، پھر دوسرے کے ریح خارج

کرنے پر ہنستا کیوں ہے؟

[۷۹-] سُوْرَة والشمس وضحاها

[۳۳۶۶-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ، قَالَ:

[۱-] سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، يَذْكُرُ النَّاقَةَ، وَالَّذِىْ عَقَرَهَا، فَقَالَ: ﴿إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا﴾: انْبَعَثَ لَهَا رَجُلٌ عَارِمٌ، عَزِيْزٌ، مَنِيْعٌ فِىْ رَهْطِهِ، مِثْلُ أَبِىْ زَمْعَةَ"

[۲-] ثُمَّ سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ النِّسَاءَ، فَقَالَ: "إِلَى مَا يَعْمِدُ أَحَدُكُمْ؟ فَيَجْلِدُ امْرَأَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ، وَلَعَلَّهُ أَنْ يُضَاجِعَهَا مِنْ آخِرِ يَوْمِهِ"

[۳-] قَالَ: ثُمَّ وَعَظَهُمْ فِىْ ضَحِكِهِمْ مِنَ الضَّرْطَةِ، فَقَالَ:" إِلَى مَا يُضْحِكُ أَحَدُكُمْ؟ مِمَّا يَفْعَلُ؟"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة والليل إذا يغشى

سورۃ اللیل کی تفسیر

تقدیر کے دو پہلو ہیں: اللہ کی جانب کا، جو عقیدہ ہے، اور بندوں کی جانب کا، جو برائے عمل ہے

حدیث: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں: ہم ایک جنازہ میں قبرستان بقیع میں تھے، پس نبی ﷺ تشریف لائے، اور بیٹھ گئے، ہم بھی آپؐ کے ساتھ بیٹھ گئے، آپؐ کے ہاتھ میں کوئی لکڑی تھی، جس سے آپؐ زمین کرید رہے تھے، پس آپؐ نے آسمان کی طرف اپنا سر اٹھایا اور فرمایا: ''کوئی بھی زندہ شخص نہیں ہے مگر اس کا ٹھکانہ لکھا جا چکا ہے!'' پس لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! کیا پس ہم اپنے نوشتہ پر تکیہ نہ کرلیں؟ پس جو شخص نیک بختی والوں میں سے ہوگا وہ نیک بختی والے کام کرے گا، اور جو شخص بدبختی والوں میں سے ہوگا وہ بدبختی والے کام کرے گا! آپؐ نے فرمایا: (نہیں) ''بلکہ عمل کرو یعنی نیک کام کرنے کی کوشش کرو، پس ہر شخص آسان کیا ہوا ہے، رہا وہ شخص جو نیک بختوں میں سے ہے وہ آسان کیا ہوا ہے نیک بختی والے کاموں کے لئے، اور رہا وہ شخص جو بدبختوں میں سے ہے وہ آسان کیا ہوا ہے بدبختی والے کاموں کے لئے!'' پھر آپ نے سورۃ اللیل کی (آیات ۵-۱۰) پڑھیں: ''پس رہا وہ شخص جس نے اللہ کی راہ میں مال دیا، اور وہ اللہ سے ڈرا یعنی تقوی والی زندگی اختیار کی، اور اچھی بات یعنی کلمۂ اسلام کو اس نے سچا جانا، تو ہم اس کو آہستہ آہستہ آسانی (جنت) میں پہنچا دیں گے، اور رہا وہ شخص جس نے بخیلی کی یعنی مال میں سے حقوقِ واجبہ ادا نہیں کئے، اور اللہ سے بے پروائی اختیار

کی یعنی اللہ کے دین پر عمل نہیں کیا، اور اچھی بات کو جھٹلایا، تو ہم اس کو آہستہ آہستہ سختی (دوزخ) میں پہنچادیں گے'' (یہ حدیث سعد کے شاگرد سلیمان اعمش کی سند سے پہلے مختصراً (حدیث ۲۱۳۶ تحفہ ۵: ۴۹۳ ابواب القدر میں) آچکی ہے)

تشریح: نبی ﷺ نے پہلے تقدیر کا مسئلہ اللہ کی جانب سے پیش کیا ہے کہ کوئی امر منتظر نہیں ہے، ہر معاملہ ازل سے طے شدہ ہے، پھر جب سوال پیدا ہوا تو آپؐ نے لوگوں کی توجہ دوسری طرف پھیری کہ ہمیں تقدیر کا معاملہ اپنی طرف سے دیکھنا چاہئے، ہمارے حق میں تقدیر معلق ہے، ہم دونوں طرح کے عمل کا جزوی اختیار رکھتے ہیں، اور جو رخ ہم اختیار کرتے ہیں اس میں اللہ کی طرف سے مدد کی جاتی ہے، دنیوی معاملات میں ہر شخص ایسا ہی کرتا ہے، نوشتہ تقدیر پر تکیہ کر کے نہیں بیٹھا رہتا، پھر ایمان وعمل کے معاملہ میں ایسا کیوں نہ کیا جائے! (باقی تقدیر کے مسئلہ کی تفصیل ابواب القدر کے شروع میں آچکی ہے)

[۸۰-] سُوْرَة وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى

[۳۳۶۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرحمنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنَّا فِي جَنَازَةٍ فِي الْبَقِيْعِ، فَأَتَى النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَجَلَسَ، وَجَلَسْنَا مَعَهُ، وَمَعَهُ عُوْدٌ يَنْكُتُ بِهِ فِي الْأَرْضِ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: "مَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ إِلَّا قَدْ كُتِبَ مَدْخَلُهَا!" فَقَالَ الْقَوْمُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَلَا نَتَّكِلُ عَلَى كِتَابِنَا؟ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَهُوَ يَعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ لِلشَّقَاءِ! قَالَ: "بَلِ اعْمَلُوْا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ: أَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ، فَإِنَّهُ مُيَسَّرٌ لِعَمَلِ السَّعَادَةِ، وَأَمَّا مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ مُيَسَّرٌ لِعَمَلِ الشَّقَاءِ" ثُمَّ قَرَأَ: ﴿فَأَمَّا مَنْ أَعْطَى وَاتَّقَى، وَصَدَّقَ بِالْحُسْنَى، فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْيُسْرَى، وَأَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنَى، وَكَذَّبَ بِالْحُسْنَى، فَسَنُيَسِّرُهُ لِلْعُسْرَى﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

سورة والضحى

سورۃ الضحیٰ کی تفسیر

آپؐ کے رب نے نہ آپؐ کو چھوڑا نہ بیزار ہوئے

حدیث: حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ دو باتیں بیان کرتے ہیں:

۱- میں ایک لشکر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا، پس آپؐ کی انگلی خون آلود ہوگئی، پس آپؐ نے فرمایا:

نہیں ہے تو مگر ایک ایسی انگلی جو خون آلود ہوگئی ہے ۞ اور راہِ خدا میں ہے وہ جس سے تو نے ملاقات کی ہے

تشریح: غار کے معروف معنی ہیں: پہاڑ کی کھوہ، اور اس کے غیر معروف معنی ہیں: بڑا مجمع، لشکر جرار، یہاں یہی معنی مناسب ہیں، کیونکہ بخاری (حدیث ۲۸۰۲) میں حضرت جندب ہی کی حدیث میں ہے: إن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان فى بعض المشاهد، وقد دَمِيَتْ إصْبَعُه: نبی ﷺ کسی جنگ میں تھے، اور آپؐ کی انگلی خون آلود ہوگئی۔ اور بخاری (حدیث ۶۱۴۶) میں حضرت جندب ہی کی حدیث میں ہے: بينما النبى صلى الله لعيه وسلم يمشى إذا أصابه حَجَرٌ، فَعَثَرَ، فَدَمِيَتْ إصْبَعُه: اس درمیان کہ نبی ﷺ چل رہے تھے: اچانک آپؐ کو پتھر لگا، پس آپ لڑکھڑائے، پس آپؐ کی انگلی خون آلود ہوگئی۔

۲- حضرت جندبؓ کہتے ہیں: اور جبرئیل علیہ السلام نے آپؐ کے پاس آنے میں دیر کی، پس مشرکوں نے کہا: محمد چھوڑ دیئے گئے! پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى﴾: آپؐ کے رب نے نہ تو آپ کو چھوڑا نہ وہ بیزار ہوئے!

تشریح: یہ فترتِ وحی کا واقعہ نہیں ہے، تاخیر وحی کے واقعات متعدد مرتبہ پیش آئے ہیں، اور بخاری میں حضرت جندب کی اسی روایت میں ہے کہ ایک دو رات آپؐ تہجد کے لئے نہیں اٹھے تو آپؐ کی کافر چچی ام جمیل (ابولہب کی بیوی) نے طعنہ دیا، اس پر یہ آیت اتری۔

[۸۱-] سُوْرَة والضُّحٰى

[۳۳۶۸-] حدثنا ابْنُ أَبِىْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ البَجَلِيِّ، قَالَ:

[۱-] كُنْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَارٍ، فَدَمِيَتْ إِصْبَعُهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ ۞ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَا لَقِيْتِ

[۲-] قَالَ: وَأَبْطَأَ عَلَيْهِ جِبْرَئِيْلُ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: قَدْ وُدِّعَ مُحمدٌ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبَارَكَ وَتعَالَى: ﴿مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ.

ومن سورة ألم نشرح

سورۃ الم نشرح کی تفسیر

شرح صدر کا بیان

سورۃ الم نشرح کی پہلی آیت ہے: ﴿أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ؟﴾: کیا ہم نے آپؐ کی خاطر آپؐ کا سینہ نہیں

کھول دیا؟ ـــــ شرح کے لفظی معنی: کھولنے کے ہیں، اور سینہ کو کھولنا: اس کو علوم و معارف کے لئے وسیع کرنے کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، سورۃ الانعام (آیت ۱۲۵) میں ہے: ﴿فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ أَنْ يَّهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلإِسْلَامِ﴾: پس جس شخص کو اللہ تعالیٰ راہِ ہدایت پر ڈالنا چاہتے ہیں: اس کے سینے کو اسلام کے لئے کشادہ کر دیتے ہیں ـــــ نبی ﷺ کے سینۂ مبارک کو اللہ تعالیٰ نے علوم و معارف کے لئے ایسا وسیع کر دیا تھا کہ آپؐ کے بیان کئے ہوئے علوم نے کتب خانے بھر دیئے! ـــــ اور روایات صحیحہ میں آیا ہے کہ فرشتوں نے معراج کے موقعہ پر بہ حکم الٰہی سینۂ مبارک کو ظاہری طور پر بھی چاک کر کے صاف کیا، پھر علم و حکمت سے بھر دیا، بعض مفسرین نے شرح صدر سے یہی معجزۂ شق صدر مراد لیا ہے۔

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ: حضرت مالک بن صعصعہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ـــــ جو ان کے خاندان کے ایک آدمی ہیں ـــــ کہ نبی ﷺ نے بیان فرمایا: ''دریں اثنا کہ میں بیت اللہ کے پاس کچھ سویا اور کچھ بیدار تھا کہ اچانک میں نے کسی کہنے والے کو سنا: ''تین کے درمیان کا ایک'' (آپؐ، حضرت حمزہ اور حضرت جعفر سوئے ہوئے تھے، آپؐ درمیان میں تھے) پس میرے پاس سونے کی سلفچی لائی گئی، جس میں زمزم کا پانی تھا، پس میرا سینہ کھولا گیا یہاں سے یہاں تک ـــــ قتادہ نے حضرت انسؓ سے پوچھا: یہاں تک سے کیا مراد ہے؟ حضرت انسؓ نے کہا: میرے پیٹ کے نیچے تک ـــــ نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس میرا دل نکالا گیا، پس اس کو زمزم کے پانی سے دھویا گیا، پھر اس کو اس کی جگہ رکھ دیا گیا، پھر وہ ایمان و حکمت سے لبریز کر دیا گیا'' اور حدیث میں لمبا مضمون ہے (یہ معراج کی لمبی حدیث ہے اور متفق علیہ ہے)

[۸۲-] وَمِنْ سُوْرَةِ أَلَمْ نَشْرَحْ

[۳۳۶۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ صَعْصَعَةَ - رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ - أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''بَيْنَمَا أَنَا عِنْدَ الْبَيْتِ، بَيْنَ النَّائِمِ وَالْيَقْظَانِ، إِذْ سَمِعْتُ قَائِلًا يَقُوْلُ: أَحَدُ بَيْنَ الثَّلَاثَةِ، فَأُتِيْتُ بِطَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، فِيْهَا مَاءُ زَمْزَمَ، فَشُرِحَ صَدْرِيْ إِلَى كَذَا وَكَذَا - قَالَ قَتَادَةُ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَا يَعْنِيْ؟ قَالَ: إِلَى أَسْفَلِ بَطْنِيْ قَالَ: فَاسْتُخْرِجَ قَلْبِيْ، فَغُسِلَ قَلْبِيْ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ أُعِيْدَ مَكَانَهُ، ثُمَّ حُشِيَ إِيْمَانًا وَّحِكْمَةً'' وفي الحديثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ وَهَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ.

ومن سورة والتين

سورۃ التین کی تفسیر

سورت کی آخری آیت کا جواب

حدیث: اسماعیل بن امیہ کہتے ہیں: میں نے ایک بدّو سے سنا: وہ کہتا ہے: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا درانحالیکہ وہ اس کو روایت کررہے تھے، یعنی ابو ہریرہؓ نے اس کو نبی ﷺ سے روایت کیا ہے، ان کی اپنی بات نہیں ہے (اور ابو داؤد (حدیث ۸۸۶) میں ہے: قَالَ: سمعتُ أَعرابيا يقول: سمعتُ أبا هريرة يقولُ: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إلخ) نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص سورۃ التین پڑھے، پس: ﴿أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ؟﴾ پڑھے تو چاہئے کہ کہے: بلیٰ، وأنا على ذلك مِنَ الشاهدين! کیوں نہیں اور میں اس پر گواہ ہوں کہ وہ احکم الحاکمین ہیں (اور ابو داؤد کی روایت میں دیگر آیتوں کے جواب بھی ہیں)

تشریح: جواب طلب آیتوں کا جواب دینا مستحب ہے، خارج صلوٰۃ زبان سے جواب دے، اور نماز میں دل میں جواب دے، اور پہلے سورۃ الرحمٰن کی تفسیر میں بھی جواب دینے کی حدیث گذری ہے۔

[۸۳-] وَمِنْ سُوْرَةِ وَالتِّيْنِ

[۳۳۷۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنَ أُمَيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلاً بَدَوِيًّا أَعْرَابِيًّا، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَرْوِيْهِ، يَقُوْلُ:" مَنْ قَرَأَ سُوْرَةَ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ، فَقَرَأَ﴿ أَلَيْسَ اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ﴾ فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَأَنَا عَلَى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ "

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا يُرْوَى بِهٰذَا الإِسْنَادِ، عَنْ هٰذَا الْأَعْرَابِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، وَلاَ يُسَمَّى.

ومن سورة إقرأ باسم ربك

سورۃ العلق کی تفسیر

اللہ کے سپاہیوں سے مراد فرشتے ہیں

سورۃ العلق کی (آیت ۱۷و۱۸) ہیں: ﴿فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ، سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ﴾: پس چاہئے کہ وہ اپنی محفل کو بلا لے، ہم بھی اپنے سپاہیوں کو بلالیں گے ـــــ النَّادي: مجلس (جس میں لوگ مشورہ یا دیگر اغراض کے لئے جمع ہوتے ہیں) بزم، محفل، کلب...... الزَّبانية: اصل میں سپاہیوں کو کہتے ہیں، مراد مخصوص فرشتے ہیں جو دوزخیوں کو آگ میں دھکیلیں

گے ـــــ ان آیتوں کا شانِ نزول یہ ہے:

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے: ﴿سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ﴾ کی تفسیر میں مروی ہے کہ ابو جہل نے کہا: بخدا! اگر میں نے محمد کو (کعبہ کے پاس) نماز پڑھتے دیکھا تو ضرور میں اس کی گردن کو روندونگا! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اگر وہ ایسا کرتا تو ضرور اس کو فرشتے برملا پکڑ لیتے!'' (یہ بخاری کی روایت ہے)

حدیث (۲): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ (کعبہ کے پاس) نماز پڑھ رہے تھے، پس ابو جہل آیا، اور اس نے کہا: کیا میں نے تجھے اس سے (کعبہ کے پاس نماز پڑھنے سے) منع نہیں کیا؟ کیا میں نے تجھے اس سے منع نہیں کیا؟ کیا میں نے تجھے اس سے منع نہیں کیا؟ پس نبی ﷺ (اس کی طرف) پلٹے، اور اس کو ڈانٹا، پس ابو جہل نے کہا: بیشک تو جانتا ہے کہ مکہ میں مجھ سے بڑی محفل والا کوئی نہیں! پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''پس چاہئے کہ وہ اپنی محفل کو بلالے، ہم اپنے سپاہیوں کو بلائیں گے!'' حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: اگر وہ اپنی محفل کو بلاتا تو ضرور اس کو اللہ کے سپاہی پکڑ لیتے!

[۸۴-] وَمِنْ سُوْرَةِ إِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ

[۳۳۷۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: ﴿سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ﴾ قَالَ: قَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: لَئِنْ رَأَيْتُ مُحمدًا يُصَلِّى لَأَطَأَنَّ عَلَى عُنُقِهِ! فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ فَعَلَ لَأَخَذَتْهُ الْمَلائِكَةُ عِيَانًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۳۳۷۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الأَشَجُّ، نا أَبُوْ خَالِدٍ الأَحْمَرُ، عَنْ دَاوُدَ بنِ أَبِىْ هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّى، فَجَاءَ أَبُوْ جَهْلٍ، فَقَالَ: أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هٰذَا؟ أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هٰذَا؟ أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هٰذَ؟ فَانْصَرَفَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَزَبَرَهُ، فَقَالَ أَبُوْ جَهْلٍ: إِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا بِهَا نَادٍ أَكْثَرُ مِنِّى، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبارَكَ وَتعالَى: ﴿فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ، سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ﴾ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاللّٰهِ! لَوْ دَعَا نَادِيَهُ لَأَخَذَتْهُ زَبَانِيَةُ اللّٰهِ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَفِيْهِ عَنْ أَبِىْ هريرةَ.

ومن سورة ليلة القدر

سورۃ القدر کی تفسیر

۱- کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا، بھان متی نے کنبہ جوڑا!

حدیث: یوسف بن سعد جو مجہول راوی ہے، کہتا ہے: ایک شخص حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی طرف کھڑا ہوا،

ان کے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بیعت کرنے کے بعد، پس اس نے کہا: آپؓ نے مسلمانوں کے منہ کالے کر دیئے! یا کہا: اے مسلمانوں کے چہروں کو سیاہ کرنے والے! پس حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے ملامت نہ کریں، اللہ آپ پر رحم فرمائیں! کیونکہ نبی ﷺ نبوامیہ کو اپنے منبر پر دکھلائے گئے ہیں (یہ ایک خواب ہے، آپؐ نے خواب میں دیکھا کہ بنوامیہ کے بادشاہ یکے بعد دیگرے منبر نبوی پر چڑھتے ہیں اور اترتے ہیں) پس آپؐ کو یہ بات ناگوار ہوئی، چنانچہ آیت: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾ نازل ہوئی یعنی اے محمد! ہم نے آپؐ کو کوثر یعنی جنت کی ایک نہر عطا فرمائی۔ کوثر کے معنی خیر کثیر کے بھی ہیں یعنی اگر چند روز بنوامیہ برسر اقتدار رہے تو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، ان کے بعد آپؐ ہی کا خاندان بنو ہاشم برسر اقتدار آئے گا (بنو عباس بھی بنو ہاشم ہیں) اور یہ آیات نازل ہوئیں: ''بیشک ہم نے اس (قرآن) کو شبِ قدر میں نازل فرمایا ہے، اور کیا آپ جانتے ہیں کہ شبِ قدر کیا ہے؟ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے!'' یعنی اے محمد! اس رات کے بقدر آپؐ کے بعد بنوامیہ حکومت کے مالک ہونگے —— حدیث کا راوی قاسم بن الفضل کہتا ہے: پس ہم نے اس اقتدار کو شمار کیا، پس اچانک وہ ایک ہزار مہینے تھا، نہ زیادہ نہ کم! یعنی بنوامیہ کی حکومت اتنی ہی مدت رہی، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو تختِ اقتدار سے اتار دیا، اور ان کی جگہ بنو عباس برسر اقتدار آئے۔

تشریح: یہ آیتوں کی تفسیر نہیں، بلکہ آیتوں کے ساتھ کھلواڑ ہے، اور یہ کھلواڑ شاید یوسف بن سعد نے کیا ہے، معلوم نہیں یہ کون شخص تھا! کاش امام ترمذی رحمہ اللہ اس روایت کو بیان نہ کرتے، ﴿أَنْزَلْنَاهُ﴾ کی ضمیر کا مرجع قرآنِ کریم ہے، بنوامیہ کا اقتدار نہیں —— اور ایسا ہی ایک کھلواڑ لوگوں نے سورۃ المدثر کی آیت ۳۰ ﴿عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ﴾ کے ساتھ کیا ہے، انھوں نے انیس کے عدد سے نہ معلوم کیا کیا گل کھلائے ہیں! —— اور بنوامیہ کی حکومت کا زمانہ اول تو ٹھیک اس مدت تک نہیں رہا، لیکن اگر مان لیا جائے تو وہ محض اتفاق ہے، آیتِ پاک سے اس کا کچھ تعلق نہیں۔

[۸۵-] وَمِنْ سُوْرَةِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

[۳۳۷۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَامَ رَجُلٌ إِلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، بَعْدَ مَا بَايَعَ مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: سَوَّدْتَّ وُجُوْهَ الْمُؤْمِنِيْنَ! أَوْ: يَا مُسَوِّدَ وُجُوْهِ الْمُؤْمِنِيْنَ! فَقَالَ: لَاتُؤَنِّبْنِيْ، رَحِمَكَ اللّٰهُ! فَإِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أُرِىَ بَنِيْ أُمَيَّةَ عَلَى مِنْبَرِهِ، فَسَاءَهُ ذٰلِكَ، فَنَزَلَتْ: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾ يا مُحمدُ! يَعْنِىْ نَهْرًا فِى الْجَنَّةِ، وَنَزَلَتْ: ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَمَا أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ؟ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ﴾: يَمْلِكُهَا بَعْدَكَ بَنُوْ أُمَيَّةَ يا مُحمدُ! قَالَ الْقَاسِمُ: فَعَدَدْنَاهَا، فَإِذَا هِىَ أَلْفُ شَهْرٍ، لَاتَزِيْدُ يَوْمًا وَلَا تَنْقُصُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانعرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ، وَقَدْ قِيْلَ: عَنِ

الْقَاسِمِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَازِنٍ، وَالْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ الْحُدَّانِيُّ: هُوَ ثِقَةٌ، وَثَّقَهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَيُوْسُفُ بْنُ سَعْدٍ: رَجُلٌ مَجْهُوْلٌ، وَلاَ نَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ عَلَى هٰذَا اللَّفْظِ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲-شبِ قدر سال بھر میں دائر ہے یا رمضان بھر میں؟

حدیث: زِر بن حُبیش کہتے ہیں: میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ کے برادر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ''جو شخص سال بھر نفلیں پڑھے گا: وہ شب قدر کو پالے گا'' (اس سے معلوم ہوا کہ شب قدر سال بھر میں دائر ہے، کبھی وہ رمضان سے باہر بھی ہوتی ہے) حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمٰن (ابن مسعودؓ) کی مغفرت فرمائیں! بخدا! وہ یقیناً جانتے ہیں کہ شب قدر رمضان کے آخری عشرہ میں ہے، اور یہ کہ وہ ستائیسویں رات ہے، مگر وہ چاہتے ہیں کہ لوگ اس پر تکیہ نہ کرلیں (بلکہ سال بھر نفلیں پڑھیں، اس لئے وہ بات فرمائی ہے) پھر حضرت ابیؓ نے استثناء کئے بغیر یعنی ان شاءاللہ کہے بغیر قسم کھائی کہ وہ ستائیسویں رات ہے'' —— زر کہتے ہیں: میں نے ان سے پوچھا: اے ابوالمنذر! کس دلیل سے آپ یہ بات کہتے ہیں؟ آپؓ نے فرمایا: ''اس نشانی سے جو ہمیں نبی ﷺ نے بتلائی ہے —— یا فرمایا: علامت سے —— کہ اس دن سورج نکلے گا درانحالیکہ اس میں کرنیں نہیں ہونگی'' (یہ روایت پہلے (حدیث ۷۸۴ کتاب الصوم، تحفہ ۳: ۷۰ا میں) آچکی ہے، اور وہاں اس کی شرح بھی کی گئی ہے)

[۳۳۷۴-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ أَبِيْ لُبَابَةَ، وَعَاصِمٍ، سَمِعَا زِرَّبْنَ حُبَيْشٍ يَقُوْلُ: قُلْتُ لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: إِنَّ أَخَاكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ: مَنْ يَقُمِ الْحَوْلَ: يُصِبْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، قَالَ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِأَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! لَقَدْ عَلِمَ أَنَّهَا فِي الْعَشْرِ الْأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، وَأَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ، وَلٰكِنَّهُ أَرَادَ أَنْ لاَيَتَّكِلَ النَّاسُ، ثُمَّ حَلَفَ – لاَيَسْتَثْنِيْ – أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: بِأَيِّ شَيْئٍ تَقُوْلُ ذٰلِكَ، يَا أَبَا الْمُنْذِرِ؟ قَالَ: " بِالآيَةِ الَّتِيْ أَخْبَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم – أَوْ: بِالْعَلاَمَةِ – أَنَّ الشَّمْسَ تَطْلُعُ يَوْمَئِذٍ لاَشُعَاعَ لَهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ومن سورة لم يكن

سورۃ البینہ کی تفسیر

بہترینِ خلائق کون لوگ ہیں؟

سورۃ البینہ کی (آیت ۷) ہے: جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کئے: وہ لوگ بہترین خلائق ہیں ——

اس آیت کی رو سے ہر نیک مؤمن بہترین خلائق ہے۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کو خطاب کیا کہ اے مخلوقات میں سب سے بہتر! تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ ابراہیم علیہ السلام ہیں'' —— یہ مسلم شریف کی روایت ہے اور یہ بات بابِ تواضع (خاکساری) سے ہے، آدمی کو چاہئے کہ خود کو لمبا نہ کھینچے، اور اگر کوئی تعریف میں ایسی ویسی بات کہہ دے تو دوسرے کو اس کا مستحق ٹھہرادے۔

[۸۶-] وَمِنْ سُوْرَةِ لم يكن

[۳۳۷۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنِ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ رَجُلٌ لِلنبيِّ صلى الله عليه وسلم: يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ! قَالَ: ''ذَاكَ إِبْرَاهِيْمُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ومن سورة إذا زلزلت

سورۃ الزلزال کی تفسیر

قیامت کے دن زمین اپنی باتیں بیان کرے گی

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے یہ آیت پڑھی: ﴿يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا﴾: زمین قیامت کے دن اپنی باتیں بیان کرنے لگے گی، نبی ﷺ نے پوچھا: جانتے ہو وہ باتیں کیا ہیں؟ لوگوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں! آپ نے فرمایا: ''اس کی خبریں یہ ہیں کہ زمین ہر مرد وزن کے بارے میں گواہی دے گی ان کاموں کی جو اس کی پیٹھ پر کئے گئے ہیں، وہ کہے گی: فلاں دن اس نے یہ اور یہ کیا ہے، یہی اس کی باتیں ہیں'' (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۴۲۳ تحفہ ۶: ۲۰۰ میں) آچکی ہے)

[۸۷-] وَمِنْ سُوْرَةِ إِذَا زلزلت

[۳۳۷۶-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَرَأَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هٰذِهِ الآيَةَ: ﴿يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا﴾ قَالَ: أَتَدْرُوْنَ مَا أَخْبَارُهَا؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ! قَالَ: '' فَإِنَّ أَخْبَارَهَا: أَنْ تَشْهَدَ عَلَى كُلِّ عَبْدٍ وَأَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلَى ظَهْرِهَا، تَقُوْلُ: عَمِلَ يَوْمَ كَذَا: كَذَا وَكَذَا، فَهٰذِهِ أَخْبَارُهَا'' هذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

ومن سورة ألهاكم التكاثر

سورۃ التکاثر کی تفسیر

۱- غلط طریقوں سے مال ودولت جمع کرنے کی مذمت

حدیث: حضرت عبداللہ بن الشخیر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس پہنچے، آپ سورۃ التکاثر پڑھ رہے تھے، آپ نے فرمایا: ''انسان کہتا ہے: یہ میرا مال ہے، وہ میرا مال ہے، حالانکہ نہیں ہے تیرے لئے تیرے مال میں سے مگر وہ جو تو نے صدقہ کردیا، پس اس کو آگے بھیج دیا، یا جس کو تو نے کھالیا، پس اس کو ختم کردیا، یا تو نے اس کو پہن لیا، پس اس کو پرانا کردیا!'' اور مسلم کی روایت میں اضافہ ہے: ''اور اس کے سوا جو کچھ ہے وہ تیرے ہاتھ سے جانے والا ہے، اور تو اس کو لوگوں (وارثوں) کے لئے چھوڑنے والا ہے''

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے سورۃ التکاثر پڑھ کر فرمایا: تكاثُرُ الأموال: جمعُها من غير حقها، ومنعُها من حقها، وشدُّها في الأوعية: تکاثر: مال کو ناجائز طریقوں سے حاصل کرنا، اور مال میں جو اللہ کے حقوق عائد ہوتے ہیں ان میں خرچ نہ کرنا، اور برتنوں میں باندھ کر رکھ لینا ہے (قرطبی) پس اگر جائز ناجائز کا خیال رکھ کر مال حاصل کیا جائے، اور اس میں سے اللہ کے حقوق ادا کئے جائیں تو مال کی یہ زیادتی مذموم نہیں۔

[۸۸-] وَمِنْ سُوْرَةِ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ

[۳۳۷۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ انْتَهَى إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَقْرَأُ: ﴿أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ﴾ قَالَ: "يَقُوْلُ ابْنُ آدَمَ: مَالِيْ، مَالِيْ، وَهَلْ لَكَ مِنْ مَالِكَ إِلَّا مَا تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ، أَوْ أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ، أَوْ لَبِسْتَ فَأَبْلَيْتَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۲- سورۃ التکاثر سے عذابِ قبر کا ثبوت

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم برابر عذابِ قبر کے سلسلہ میں تردد میں رہے، یہاں تک کہ سورۃ التکاثر نازل ہوئی (پس تردد ختم ہوگیا —— اور امام ترمذیؒ کے استاذ ابوکریب: کبھی سند میں عمرو بن قیس کے بعد حجاج بن ارطاۃ کا ذکر کرتے تھے اور کبھی ابن ابی لیلیٰ صغیر کا، اور یہ دونوں ہی راوی ضعیف ہیں، پس یہ حدیث ضعیف ہے)

تشریح: سورۃ التکاثر کی ابتدائی دو آیتوں کی ایک تفسیر یہ کی جاتی ہے کہ تکاثر (مال کی فراوانی کا جذبہ) لوگوں کو اس

درجہ غافل کئے رہتا ہے کہ جب وہ کسی جنازہ کو لے کر دفن کرنے کے لئے قبرستان جاتے ہیں تو وہاں بھی کاروبار کی باتیں کرتے ہیں، یہ تفسیر صحیح نہیں، زیارتِ قبور: موت سے کنایہ ہے، یعنی انسان تاحیات مال ودولت کے پیچھے توانیاں صرف کرتا رہتا ہے، یہاں تک کہ قبر کے گھڑے میں پہنچ جاتا ہے، پھر وہاں پہنچتے ہی آخرت سے غفلت کا مزہ چکھنا پڑتا ہے۔

پھر فرمایا: ''ہرگز نہیں، تم کو بہت جلد (قبر میں جاتے ہی یعنی مرتے ہی) معلوم ہوجائے گا، پھر (کہتا ہوں:) ہرگز نہیں، تمہیں بہت جلد معلوم ہوجائے گا (پھر تیسری بار کہتا ہوں:) ہرگز نہیں، کاش تم یقینی طور پر جان لیتے (یہ عذاب قبر کا ذکر ہے) بخدا! تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے، پھر (دوبارہ کہتا ہوں:) بخدا! تم اس کو دیکھو گے ایسا دیکھنا جو خود یقین ہے، پھر بخدا! اس روز تم سے ضرور نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا (یہ آخرت کے احوال کا بیان ہے) ــــــ غرض: یہ سورت عذاب قبر اور عذاب آخرت کے بیان پر مشتمل ہے۔

[٣٣٧٨-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ قَيْسٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ المِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: مَا زِلْنَا نَشُكُّ فِيْ عَذَابِ الْقَبْرِ، حَتَّى نَزَلَتْ: ﴿أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ﴾ قَالَ أَبُوْ كُرَيْبٍ مَرَّةً: عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ قَيْسٍ، عَنْ ابنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنِ الْمِنْهَالِ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

٣- امت کو خوش حالی کی بشارت

ایک حدیث: دوسندوں سے ذکر کرتے ہیں: پہلی سند سفیان بن عیینہ کی ہے، انھوں نے سند حضرت زبیرؓ تک پہنچائی ہے اور دوسری سند: ابوبکر بن عیاش کی ہے، انھوں نے سند حضرت ابوہریرہؓ تک پہنچائی ہے، امام ترمذیؒ نے ابن عیینہ کی سند کو ان کے احفظ ہونے کی وجہ سے ترجیح دی ہے۔

حدیث (١): حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی کہ قیامت کے روز ضرور تم سے نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا! تو حضرت زبیرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کونسی نعمتوں کے بارے میں ہم سے پوچھا جائے گا، فی الحال تو ہمارے پاس کھانے کے لئے دو سیاہ چیزیں: کھجور اور پانی ہی ہیں؟ یعنی یہ تو کوئی ایسی نعمتیں نہیں ہیں جن کا حساب دینا پڑے، آپؐ نے فرمایا: ''سنو! عنقریب تمہیں نعمتیں ملیں گی!''

حدیث (٢): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی: ''پھر تم ضرور پوچھے جاؤ گے قیامت کے دن نعمتوں کے بارے میں!'' تو لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! کونسی نعمتوں کے بارے میں ہم سے پوچھا جائے گا، فی الحال تو ہمیں دو سیاہ چیزیں (کھجور اور پانی) ہی میسر ہیں، اور دشمن سر پے کھڑا ہے، اور ہماری تلواریں کندھوں پر ہیں؟

آپؐ نے فرمایا: ''بیشک وہ نعمتیں (جن کا آیت میں ذکر ہے) تمہیں حاصل ہونگی!''

[۳۳۷۹-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ يَحْيیَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: ﴿ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ﴾ قَالَ الزُّبَيْرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَأَیُّ النَّعِيْمِ نُسْأَلُ عَنْهُ، وَإِنَّمَا هُمَا الْأَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ؟ قَالَ: '' أَمَا إِنَّهُ سَيَكُوْنُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۳۸۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هريرةَ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ: ﴿ثُمَّ لَتُسْأَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ﴾ قَالَ النَّاسُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَنْ أَیِّ النَّعِيْمِ نُسْأَلُ، وَإِنَّمَا هُمَا الْأَسْوَدَانِ، وَالْعَدُوُّ حَاضِرٌ، وَسُيُوْفُنَا عَلیٰ عَوَاتِقِنَا؟ قَالَ: '' إِنَّ ذٰلِكَ سَيَكُوْنُ''

وَحَدِيْثُ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو عِنْدِیْ أَصَحُّ مِنْ هٰذَا، سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ أَحْفَظُ، وَأَصَحُّ حَدِيْثًا مِنْ أَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ.

۴-وہ نعمتیں جن کا حساب دینا ہوگا

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلی وہ چیز جس کے بارے میں پوچھا جائے گا یعنی بندے سے نعمتوں کے بارے میں کہا جائے گا: کیا ہم نے تیرے لئے تیرے بدن کو درست نہیں کیا تھا؟ اور تجھے ٹھنڈے پانی سے سیراب نہیں کیا تھا؟ (یہ وہ نعمتیں ہیں جن کا حساب دینا ہوگا)

[۳۳۸۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا شَبَابَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنِ الضَّحَاكِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَمٍ الْأَشْعَرِیِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: '' إِنَّ أَوَّلَ مَا يُسْأَلُ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ - يَعْنِی الْعَبْدُ مِنَ النَّعِيْمِ - أَنْ يُقَالَ: أَلَمْ نَصِحَّ لَكَ جِسْمَكَ؟ وَنُرْوِيْكَ مِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ؟ ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَالضَّحَّاكُ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَبٍ، وَيُقَالُ ابْنُ عَرْزَمٍ، وابْنُ عَرْزَمٍ أَصَحُّ.

وضاحت: ضحاک کے دادا کے نام میں اختلاف ہے، امام ترمذیؒ نے عَرْزَم کو ترجیح دی ہے، مگر تقریب میں عَرْزَبْ کو لیا ہے۔

ومن سورة الكوثر

سورۃ الکوثر کی تفسیر

حوض کوثر کے احوال

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ارشادِ پاک: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾: کی تفسیر میں مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ جنت میں ایک نہر ہے'' — حضرت انسؓ کہتے ہیں: پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں نے جنت میں ایک نہر دیکھی، اس کے دونوں کنارے موتی کے گنبد ہیں، میں نے جبرئیلؑ سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ نے آپؐ کو عطا فرمائی ہے''

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''دریں اثنا کہ میں جنت میں چل رہا تھا، اچانک میرے سامنے ایک نہر آئی، اس کے دونوں کنارے موتی کے گنبد تھے، میں نے فرشتہ سے پوچھا: یہ کیا ہے؟ اس نے کہا: یہ وہ کوثر ہے جو اللہ نے آپ کو عطا فرمائی ہے'' — نبی ﷺ نے فرمایا: ''پھر فرشتے نے مٹی کی طرف اپنا ہاتھ مارا، پس اس میں سے مشک کی شکل میں مٹی نکالی، پھر میرے لئے سدرۃ المنتہی (باڑ کی بیری کا درخت) اٹھایا گیا یعنی دکھایا گیا، پس میں نے اس کے پاس بڑا نور دیکھا''

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: '' کوثر جنت میں ایک نہر ہے، اس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں، اور اس کا بہاؤ موتی اور یاقوت پر ہے، اس کی مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہے، اور اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا ہے، اور برف سے زیادہ سفید ہے''

تشریح: حوض اور کوثر ایک چیز ہیں، اور اس کی تفصیلات ابواب صفۃ الجنہ (باب ۱۳ تحفہ ۶: ۲۱۵) میں آچکی ہیں، اور سدرۃ المنتہی کا تذکرہ اسی جلد میں سورۃ النجم کی تفسیر میں آیا ہے — یہاں یاد رکھنے کی خاص بات یہ ہے کہ کوثر کے لغوی معنی خیر کثیر کے ہیں، اور حوض کوثر اس کا ایک فرد ہے جو آخرت میں آپؐ کو ملے گا، علاوہ ازیں اس دنیا میں بھی اللہ نے آپؐ کو بے شمار خوبیوں سے نوازا ہے، اور سب سے بڑی خوبی:

ایک نامِ مصطفیٰ ہے جو بڑھ کر گھٹا نہیں ❁ ورنہ پنہاں ہر عروج میں زوال ہے

[۸۹-] وَمِنْ سُوْرَةِ الْكَوْثَرِ

[۳۳۸۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِيْ قَوْلِهِ تَعَالَى: ﴿إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ﴾: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:'' هُوَ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ'' قَالَ: فَقَالَ النبيُّ

صلى الله عليه وسلم: " رَأَيْتُ نَهْرًا فِي الْجَنَّةِ، حَافَتَيْهِ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ، قُلْتُ: مَا هٰذَا يَاجِبْرَائِيلُ؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِیْ أَعْطَاكَهُ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣٨٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، نَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَيْنَا أَنَا أَسِيرُ فِي الْجَنَّةِ، إِذْ عُرِضَ لِیْ نَهْرٌ، حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ، قُلْتُ لِلْمَلَكِ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِیْ أَعْطَاكَهُ اللّٰهُ" قَالَ: " ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلَى طِيْنَةٍ، فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا، ثُمَّ رُفِعَتْ لِیْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى، فَرَأَيْتُ عِنْدَهَا نُورًا عَظِيْمًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ.

[٣٣٨٤-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْكَوْثَرُ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ، حَافَتَاهُ مِنْ ذَهَبٍ، وَمَجْرَاهُ عَلَى الدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ، تُرْبَتُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، وَمَاؤُهُ أَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، وَأَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ومن سورة الفتح

سورۃ النصر کی تفسیر

سورۃ النصر کے ذریعہ آپؐ کو قربِ وفات کی اطلاع دی گئی ہے

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے صحابہ کی موجودگی میں (علمی باتیں) پوچھا کرتے تھے، پس ان سے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ ان سے پوچھتے ہیں جبکہ ہمارے بھی ان جیسے بیٹے ہیں؟ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس حضرت عمرؓ نے ان کو جواب دیا: بیشک اس کا علمی مقام وہ ہے جو آپ جانتے ہیں، پھر حضرت عمرؓ نے ان سے یعنی ابن عباسؓ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا کہ جب اللہ کی مدد آجائے اور مکہ فتح ہوجائے (کا کیا مطلب ہے؟) یعنی اس کا ماسیق لاجلہ الکلام کیا ہے؟ میں نے کہا: وہ نبی ﷺ کا مقررہ وقت ہی ہے، اللہ تعالیٰ نے (اس سورت کے ذریعہ) آپؐ کو اس کی اطلاع دیدی ہے، اور ابن عباس نے سورت آخر تک پڑھی (آخری آیت میں آپؐ کو آخرت کی تیاری کرنے کا حکم ہے) پس ان سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخدا! نہیں جانتا میں اس سورت سے مگر وہ بات جو تم جانتے ہو یعنی میرے نزدیک بھی اس سورت کے نزول کا یہی مقصد ہے۔

[٩٠-] وَمِنْ سُوْرَةِ الفتح

[٣٣٨٥-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ عُمَرُ يَسْأَلُنِیْ مَعَ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَتَسْأَلُهُ، وَلَنَا بَنُوْنٌ مِثْلُهُ؟ قَالَ: فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: إِنَّهُ مِنْ حَيْثُ تَعْلَمُ، فَسَأَلَهُ عَنْ هٰذِهِ الآيَةِ: ﴿إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ﴾ فَقُلْتُ: إِنَّمَا هُوَ أَجَلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَعْلَمَهُ إِيَّاهُ، وَقَرَأَ السُّوْرَةَ إِلَى آخِرِهَا، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: وَاللّٰهِ مَا أَعْلَمُ مِنْهَا إِلَّا مَا تَعْلَمُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ بِشْرٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ: أَتَسْأَلُهُ وَلَنَا ابْنٌ مِثْلُهُ؟ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وضاحت: پہلی روایت میں بنون (جمع) ہے اور دوسری روایت میں ابن (مفرد) ہے، دونوں روایتوں میں بس اتنا ہی فرق ہے۔

ومن سورة تبت

سورۃ اللھب کی تفسیر

سورۃ اللھب کا شانِ نزول

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن صفا پہاڑی پر چڑھے، اور پکارا: ہائے صبح کے وقت آنے والی آفت! پس قریش آپؐ کے پاس اکٹھا ہوئے (آنے والی مصیبت کی خبر سننے کے لئے) پس آپؐ نے فرمایا: ''میں تم کو سخت عذاب سے پیشگی ڈراتا ہوں! بتلاؤ! اگر میں تمہیں خبر دوں کہ دشمن شام کو حملہ کرنے والا ہے یا صبح کو حملہ کرنے والا ہے: تو کیا تم میری تصدیق کروگے؟'' پس ابولہب نے کہا: کیا اسی کے لئے تو نے ہمیں اکٹھا کیا ہے؟ تیرا ناس ہو! پس اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا: ''ابولہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹیں! اور وہ برباد ہو!''

[٩١-] وَمِنْ سُوْرَةِ تبت

[٣٣٨٦-] حدثنا هَنَّادٌ، وَأَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، قَالَا: نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نَا الأَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: صَعِدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الصَّفَا، فَنَادَى: "يَاصَبَاحَاهْ!" فَاجْتَمَعَتْ إِلَيْهِ قُرَيْشٌ، فَقَالَ: " إِنِّیْ نَذِيْرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَیْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ! أَرَأَيْتُمْ: لَوْ

أَنِّي أَخبرتكم: أَنَّ الْعَدُوَّ مُمَسِّيكُمْ، أَوْ مُصَبِّحُكُمْ، أَكُنْتُمْ تُصَدِّقُوْنِّي؟" فَقَالَ أَبُوْ لَهَبٍ: أَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا؟ تَبًّا لَكَ! فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تبَارَكَ وَتَعَالَى: ﴿تَبَّتْ يَدَا أَبِي لَهَبٍ وَتَبَّ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ومن سورة الإخلاص

سورۃ الاخلاص کی تفسیر

سورۃ الاخلاص کا شانِ نزول

امام ترمذی رحمہ اللہ نے ایک حدیث دوسندوں سے ذکر کی ہے: پہلی سند موصول ہے، اس کے آخر میں حضرت ابی بن کعبؓ کا ذکر ہے، یہ سند ابوسعد صغّانی کی ہے، مگر یہ راوی ضعیف ہے، اور دوسری سند عبید اللہ بن موسیٰ کی ہے، یہ راوی ثقہ ہے، مگر ان کی سند مرسل ہے، آخر میں حضرت ابی رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں، امام ترمذیؒ نے اسی سند کو اصح کہا ہے، اور دونوں حدیثوں کا مضمون یہ ہے: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مشرکین نے رسول اللہ ﷺ سے کہا: آپؐ ہمارے سامنے اپنے پروردگار کا نسب بیان کیجئے (قرآن نے بار بار اللہ تعالیٰ کے لئے ''رب'' استعمال کیا ہے اور مشرکین یہ لفظ مورتیوں کے لئے استعمال کرتے تھے، اس لئے انھوں نے یہ سوال کیا تھا) پس اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا: ''آپؐ کہیں: وہ (پروردگار) اللہ ہیں یعنی ان کا نام پاک یہ ہے، وہ بے ہمہ ہیں یعنی سب کے بغیر تنہا اکیلے ہیں، اللہ باہمہ ہیں یعنی سب کے ساتھ ہیں، سب کچھ ان کے پاس ہے، وہ بے نیاز ہیں، وہ کسی کے محتاج نہیں، سب ان کے محتاج ہیں، نہ انھوں نے کسی کو جنا، اور نہ وہ جنے گئے، کیونکہ جو جنتا ہے وہ اپنے پیچھے وارث چھوڑتا ہے، اور خود چل دیتا ہے، جبکہ اللہ ہی آخر ہیں، ان کا کوئی وارث نہیں۔ اور جو جنا جاتا ہے وہ حادث ہوتا ہے، اور اللہ قدیم ہیں، اور نہ کوئی ان کا ہم سر ہے یعنی نہ کوئی ان جیسا ان کے برابر اور ان کے مانند ہے۔

تشریح: حدیث کے راوی ربیع بن انس نے صمد کے معنی: لم یلد ولم یولد کئے ہیں یعنی آیت تین کو صمد کی تفسیر قرار دیا ہے، کیونکہ جو جنتا ہے وہ بوڑھاپے میں اولاد کا محتاج ہوتا ہے اور جو جنا جاتا ہے وہ ماں باپ کا محتاج ہوتا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ صمد (بے نیاز) ہیں، وہ کسی کے محتاج نہیں، اور ربیع نے کفو کے معنی کئے ہیں: برابر، ہم سر اور مانند۔

فائدہ: قرآنِ کریم میں تین چھوٹی سورتیں: تین اہم موضوعات پر ہیں۔ سورۃ الاخلاص میں اللہ تعالیٰ کا مکمل تعارف ہے، سورۃ الکوثر میں شانِ نبوی ﷺ کا بیان ہے، اور سورۃ العصر میں لوگوں کے احوال کی اصلاح کا بیان ہے، حضرت امام شافعی رحمہ اللہ کا ارشاد ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ پورا قرآن نازل نہ فرماتے، صرف سورۃ العصر نازل فرماتے تو وہ لوگوں کی اصلاح کے لئے کافی تھی!...... گویا سورۃ الاخلاص: لا إله إلا الله کی شرح ہے، اور سورۃ الکوثر محمد رسول اللہ کی، اور آپ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت کا خلاصہ سورۃ العصر میں پیش کیا گیا ہے۔

[۹۲-] وَمِنْ سُوْرَةِ الإخلاصِ

[۳۳۸۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا أَبُوْ سَعْدٍ، هُوَ الصَّغَّانِيُّ، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: إِنَّ الْمُشْرِكِيْنَ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: اُنْسُبْ لَنَا رَبَّكَ؟ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: ﴿قُلْ: هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، اللّٰهُ الصَّمَدُ﴾

وَالصَّمَدُ: الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُوْلَدْ: لِأَنَّهُ لَيْسَ شَيْئٌ يُوْلَدُ، إِلَّا سَيَمُوْتُ، وَلَيْسَ شَيْئٌ يَمُوْتُ إِلَّا سَيُوْرَثُ، وَإِنَّ اللّٰهَ لَايَمُوْتُ وَلَايُوْرَثُ.

وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ: قَالَ: لَمْ يَكُنْ لَهُ شَبِيْهٌ، وَلَا عِدْلٌ، وَلَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ"

[۳۳۸۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ مُوْسَى، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم ذَكَرَ آلِهَتَهُمْ، فَقَالُوْا: انْسُبْ لَنَا رَبَّكَ؟ قَالَ: فَأَتَاهُ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ: ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ فَذَكَرَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ سَعْدٍ، وَأَبُوْ سَعْدٍ: اسْمُهُ مُحمدُ بْنُ مُيَسَّرٍ.

ترجمہ: اورصمد: وہ ہے جس نے نہ جنا ہے اور نہ وہ جنا گیا ہے، اس لئے کہ نہیں ہے کوئی ایسی چیز جو جنی گئی ہو مگر وہ آئندہ مرتی ہے یعنی جو بھی چیز جنی جاتی ہے اس کو موت آتی ہے، اور نہیں ہے کوئی بھی مرنے والی چیز مگر اس کا وارث (جانشین) ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ نہ مریں گے، نہ وہ وارث بنائیں گے — قوله: ولم يكن له كفواً أحد: فرمایا: نہ کوئی ان کے مشابہ ہے اور نہ برابر اور نہ کوئی چیز ان کے مانند ہے (یہ دونوں تفسیریں غالباً ربیع بن انس رحمہ اللہ کی ہیں)

ومن سورة المعوِّذتين

معوذتین کی تفسیر

۱- چاند بھی غاسق ہے جب وہ غروب ہوجائے

سورۃ الفلق کی تیسری آیت ہے: ﴿وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ﴾: اور شب تار کی برائی سے جب وہ چھا جائے! ......غَسَقَ الليلُ کے معنی ہیں: رات کا تاریک ہونا، اور غَسَقَ القمرُ کے معنی ہیں: چاند کا گہن کی وجہ سے تاریک ہونا، یا محاق کی وجہ سے تاریک ہونا۔ اور غاسق (اسم فاعل) کے دو معنی ہیں: (۱) رات جبکہ شفق غائب ہوجائے اور تاریکی بڑھ جائے یا مہینہ کے آخر میں محاق کی وجہ سے تاریک ہوجائے (۲) چاند جبکہ گہن آلود ہوکر تاریک ہوجائے — اور وَقَبَتِ الشمس کے معنی ہیں: سورج کا غروب ہونا، چھپ جانا، اور وَقَبَ القمر کے معنی ہیں: چاند کا گہن میں آنا، اور

وَقَبَ الظلامُ کے معنی ہیں: تاریکی کا پھیل جانا، تاریکی کا لوگوں پر چھا جانا۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے چاند کی طرف دیکھا، اور فرمایا: ''اے عائشہ! آپ اللہ کی پناہ چاہیں اس (چاند) کے شر سے، پس یہی غاسق ہے جب وہ چھپ جاتا ہے''

تشریح: غاسق کے اصل معنی ہیں: شبِ تار، اور إذا وقب کے معنی ہیں: جب وہ چھپ جائے یعنی تاریکی گہری ہوجائے، اور یہ صورت غروبِ شفق کے بعد ہوجاتی ہے، جب تک شفق رہتی ہے کچھ نہ کچھ روشنی رہتی ہے، تاریکی گھٹا ٹوپ نہیں ہوجاتی پھر جب شفق غائب ہوجاتی ہے تو رات پوری طرح چھا جاتی ہے —— اور چاندراتوں میں یہ صورت اس وقت ہوتی ہے جب چاند غروب ہوتا ہے، اس وقت رات اندھیری ہوجاتی ہے، اسی طرح ماہ کے آخر میں جب چاند نہیں رہتا اس وقت بھی یہی صورت ہوجاتی ہے، اس لئے چاند بھی غاسق کا مصداق ہے۔

۲-معوذتین کی اہمیت

معوذ (اسم فاعل) کے معنی ہیں: پناہ دینے والا، چونکہ یہ دونوں سورتیں رُقیہ (منتر) ہیں، اس لئے ان کا نام معوذتین ہے، یہ دونوں سورتیں ایک ساتھ نازل ہوئی ہیں، اور ان کے نزول کا واقعہ یہ ہے کہ لبید یہودی اور اس کی بیٹیوں نے نبی ﷺ پر سحر کیا تھا، جس سے آپؐ کو مرض کی سی حالت عارض ہوگئی تھی، چنانچہ آپؐ نے دعا فرمائی، تو اللہ تعالیٰ نے یہ دو سورتیں نازل فرمائیں، اور آپؐ کو اس سحر کا موقع بتلایا، وہاں سے مختلف چیزیں نکلیں اور ایک تانت بھی نکلی جس میں گیارہ گرہیں تھیں، ان دونوں سورتوں میں گیارہ آیتیں ہیں، حضرت جبرئیل علیہ السلام یہ سورتیں پڑھنے لگے اور ایک ایک گرہ کھلتی گئی، اور آپؐ بالکل شفایاب ہوگئے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھ پر چند آیتیں نازل فرمائی ہیں جن کے مثل نہیں دیکھی گئیں: سورۃ الناس پوری اور سورۃ الفلق پوری (ان کے ذریعہ مختلف شرور سے استعاذہ کیا جاسکتا ہے)

[٩٣-] وَمِنْ سُوْرَةِ المعوِّذتين

[٣٣٨٩-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ ابْنِ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَن عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ، فَقَالَ: ''يَا عَائِشَةُ! اسْتَعِيْذِيْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هٰذَا، فَإِنَّ هٰذَا هُوَ الْغَاسِقُ إِذَا وَقَبَ'' هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٣٩٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، نَا قَيْسٌ، وَهُوَ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' قَدْ أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ

آيَاتٍ لَمْ يُرَ مِثْلُهُنَّ: ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ إِلَى آخِرِ السُّوْرَةِ، وَ﴿قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾ إِلَى آخِرِ السُّوْرَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

انکار اور بھول موروثی کمزوریاں ہیں

کتاب التفسیر کے آخر میں دو باب بے سرے (بےعنوان) ہیں۔ اور ہر باب میں ایک ایک حدیث ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ ایسا کرتے ہیں، متفرق حدیثیں ابواب کے آخر میں درج کردیتے ہیں، چنانچہ یہاں بھی ایسا ہی کیا ہے۔

پہلے باب کی حدیث سورۃ الاعراف کی (آیت ۱۷۲): ﴿وَإِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ﴾ کی تفسیر میں درج کرسکتے ہیں، وہاں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہی حدیث ابوصالح کی سند سے آچکی ہے، اور میرے خیال میں یہی انسب ہے ــــ اور اگر آپ چاہیں تو سورۂ طٰہ (آیت ۱۱۴) کی تفسیر میں بھی ذکر کرسکتے ہیں، شارحین کا رجحان اسی طرف ہے، مگر سورۂ طٰہ کی آیت میں جس نسیان کا ذکر ہے وہ اور ہے، اور اس حدیث میں جس نسیان کا ذکر ہے وہ اور ہے، سورۂ طٰہ کی آیت یہ ہے: ﴿وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَى آدَمَ مِنْ قَبْلُ، فَنَسِيَ، وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا﴾: اور البتہ واقعہ یہ ہے کہ ہم قبل ازیں آدمؑ کو ایک حکم (جنت کے مخصوص درخت کو نہ کھانے کا) دے چکے ہیں، پس وہ بھول گئے، اور ہم نے ان میں پختگی نہ پائی ــــ اور قبل ازیں یعنی نبی ﷺ کے بھولنے سے پہلے، جس کی تفصیل سورۃ القیامہ کی آیت: ﴿لَاتُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ﴾ کی تفسیر میں گذر چکی ہے۔ یہ عہدِ خداوندی کا نسیان ہے، اور حدیث میں داؤد علیہ السلام کو اپنی زندگی میں سے چالیس سال دے کر اس کو بھول جانے کا ذکر ہے، پس آیت اور حدیث میں پوری طرح مطابقت نہیں ہوگی، اور سورۃ الاعراف کی آیت سے پوری طرح مطابقت ہے، اس لئے اس حدیث کو اس آیت کی تفسیر میں ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا، اور ان (کے پتلے) میں روح پھونکی تو انھوں نے چھینک لی، پس آپ نے (بےساختہ) کہا: الحمدللہ! اللہ تیرا شکر ہے! ــــ پس آپؑ نے اللہ کی اجازت سے اللہ کی تعریف کی یعنی آپؑ کی زبان سے جو الحمد للہ نکلا وہ اللہ کے دل میں ڈالنے کی وجہ سے تھا ــــ پس ان کو ان کے رب نے جواب دیا: یرحمك الله یا آدم! اے آدم! تم پر اللہ کی مہربانی ہو! ــــ (پھر اللہ نے حکم دیا:) ان فرشتوں کے پاس جاؤ ــــ فرشتوں کی بیٹھی ہوئی ایک جماعت کی طرف اشارہ کیا ــــ پس کہو: السلام علیکم: تم پر سلامتی ہو! (چنانچہ آدمؑ گئے، اور فرشتوں کو سلام کیا) انھوں نے کہا: وعلیك السلام ورحمة الله! اور آپ کے لئے بھی سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت! پھر آدمؑ اپنے رب کی طرف لوٹے، اللہ نے فرمایا: ''یہ آپ کا سلام ہے اور آپ کی اولاد کا آپس میں سلام

ہے — پھر اللہ نے فرمایا: درانحالیکہ ان کی دونوں مٹھیاں بند تھیں: دونوں میں سے جس کو چاہیں آپ پسند کریں، آدمؑ نے کہا: میں اپنے رب کا دایاں ہاتھ پسند کرتا ہوں، اور میرے رب کے دونوں ہی ہاتھ دائیں بابرکت ہیں! پھر اللہ نے اس مٹھی کو کھولا تو اچانک اس میں آدمؑ اور ان کی اولاد تھی (یہ مثالی تمثل تھا) پس آدمؑ نے پوچھا: اے میرے رب! یہ کون لوگ ہیں؟ اللہ نے فرمایا: یہ آپ کی اولاد ہیں — پس اچانک ہر انسان کی عمر اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھی ہوئی تھی، پس اچانک ان میں سے ایک آدمی ان میں سب سے زیادہ روشن تھا، آدمؑ نے پوچھا: اے میرے رب! یہ کون ہے؟ اللہ نے فرمایا: ''یہ آپ کے بیٹے داؤد ہیں، اور میں نے ان کی عمر چالیس سال لکھی ہے۔ آدمؑ نے کہا: اے میرے رب! ان کی عمر میں اضافہ فرمادیں، اللہ نے فرمایا: یہی وہ عمر ہے جوان کے لئے لکھی گئی ہے۔ آدمؑ نے کہا: اے میرے رب! میں نے ان کو اپنی عمر میں سے ساٹھ سال دیدیئے، اللہ نے فرمایا: یہ آپ کا اختیار ہے!

نبی ﷺ نے فرمایا: پھر وہ جنت میں بسائے گئے جتنا اللہ نے چاہا، پھر وہ جنت سے اتارے گئے، پس آدمؑ اپنے لئے (عمر) گنتے تھے — نبی ﷺ نے فرمایا: پس ان کے پاس موت کا فرشتہ آیا، پس اس سے آدمؑ نے کہا: آپ جلدی آگئے! میرے لئے ہزار سال لکھے گئے ہیں، فرشتے نے کہا: ہاں، مگر آپ اپنے بیٹے داؤد کو ساٹھ سال دے چکے ہیں، پس آدمؑ نے انکار کیا، پس ان کی اولاد نے انکار کیا، اور آدمؑ بھولے پس ان کی اولاد بھولی — نبی ﷺ نے فرمایا: ''پس اس دن سے لکھنے کا اور گواہ بنانے کا حکم دیا گیا''

تشریح: یہ سعید بن ابی سعید مقبری کی حدیث ہے، اس راوی کا حافظہ وفات سے چار سال پہلے بگڑ گیا تھا، چنانچہ امام ترمذی نے اس کی حدیث کو حسنٌ غریبٌ کہا ہے، اور یہی حدیث پہلے سورۃ الاعراف کی تفسیر میں ابوصالح کی سند سے گذر چکی ہے، وہ حسنٌ صحیحٌ ہے، اور اُس میں چالیس سال دینے کا ذکر ہے، اور اِس حدیث میں ساٹھ سال دینے کا ذکر ہے، پس صحیح پہلی حدیث ہے اور ساٹھ سال سعید مقبری کا وہم ہے۔

فائدہ: اس حدیث کا یہ مضمون بھی غریب (انجانا) ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دونوں ہاتھوں میں سے ایک کو اختیار کرنے کا امر فرمایا، اور آدم علیہ السلام نے دائیں ہاتھ کو اختیار کیا، جس میں وہ خود اور ان کی ذریت تھی — یہاں سوال پیدا ہوگا کہ دوسرے ہاتھ میں کیا ہوگا؟ اس کا کچھ جواب سمجھ میں نہیں آتا — نیز یہ مضمون سورۃ الاعراف (آیت ۱۷۲) اور صحیح احادیث کے بھی خلاف ہے، قرآن وصحیح احادیث میں صراحت ہے کہ اولادِ آدم: آدمؑ کی پھر ان کی اولاد کی پیٹھ سے لی گئی تھی، اس لئے اس روایت کا یہ مضمون بھی صحیح نہیں۔

[٩٤-] بابٌ

[٣٣٩١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسَى، نَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرحمنِ بْنِ أَبِيْ ذُبَابٍ،

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَمَّا خلَقَ اللّٰهُ آدَمَ، وَنَفخَ فِيْهِ الرُّوْحَ: عَطَسَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ! فَحَمِدَ اللّٰهَ بِإِذْنِهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ يَا آدَمُ! اذْهَبْ إِلَى أُوْلٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ – إِلَى مَلأٍ مِنْهُمْ جُلُوْسٍ – فَقُلْ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ! قَالُوْا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ! ثُمَّ رَجَعَ إِلَى رَبِّهِ، قَالَ: إِنَّ هٰذِهِ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيْكَ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ اللّٰهُ لَهُ، وَيَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ: اخْتَرْ أَيَّهُمَا شِئْتَ! قَالَ: اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّيْ، وَكِلْتَا يَدَىْ رَبِّيْ يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهَا، فَإِذَا فِيْهَا آدَمُ وَذُرِّيَتُهُ، فَقَالَ: أَىْ رَبِّ! مَا هٰؤُلَآءِ؟ قَالَ: هٰؤُلَآءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَإِذَا كُلُّ إِنْسَانٍ مَكْتُوْبٌ عُمُرُهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَإِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ أَضْوَؤُهُمْ، أَوْ: مِنْ أَضْوَئِهِمْ. قَالَ: يَارَبِّ مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا ابْنُكَ دَاوُدُ، وَقَدْ كَتَبْتُ لَهُ عُمُرَ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَارَبِّ! زِدْهُ فِيْ عُمُرِهِ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِيْ كُتِبَ لَهُ، قَالَ: أَىْ رَبِّ! فَإِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ لَهُ مِنْ عُمُرِيْ سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: أَنْتَ وَذَاكَ، قَالَ: ثُمَّ أُسْكِنَ الْجَنَّةَ مَاشَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ أُهْبِطَ مِنْهَا، فَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهِ، قَالَ: فَأَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ، قَدْ كُتِبَ لِيَ أَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلَى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهُ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهُ، قَالَ: فَمِنْ يَوْمَئِذٍ أُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُوْدِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

پہاڑ زمین کا توازن برقرار رکھنے کے لئے

قرآنِ کریم میں دوجگہ (النحل ۱۵ لقمان ۱۰ میں) یہ آیت آئی ہے: ﴿وَأَلْقَى فِيْ الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ﴾: اوراللہ تعالیٰ نے زمین میں پہاڑ پیدا کئے تا کہ زمین تم کو لے کر ڈگمگانے نہ لگے —— ان آیات کی تفسیر میں درج ذیل حدیث آئی ہے:

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب اللہ تعالیٰ نے زمین کو پیدا کیا تو اس نے ڈگمگانا شروع کیا، پس اللہ نے پہاڑ پیدا کئے، اوران کو زمین پر نصب کیا، پس زمین ٹھہر گئی، پس فرشتے پہاڑوں کی سختی سے حیرت زدہ رہ گئے، انھوں نے پوچھا: پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں پہاڑوں سے بھی زیادہ کوئی سخت (مضبوط) مخلوق ہے؟ اللہ نے فرمایا: ہاں! لوہا (وہ پتھروں کو بھی توڑ دیتا ہے) فرشتوں نے پوچھا: پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں لوہے سے بھی زیادہ کوئی سخت مخلوق ہے؟ اللہ نے فرمایا: ہاں، آگ (وہ لوہے کو بھی پگھلا دیتی ہے) فرشتوں نے پوچھا: پروردگار! کیا آپ کی مخلوق

میں آگ سے بھی زیادہ کوئی سخت مخلوق ہے؟ اللہ نے فرمایا: ہاں، پانی (وہ آگ کو بھی بجھا دیتا ہے) فرشتوں نے پوچھا: پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں پانی سے بھی زیادہ کوئی سخت مخلوق ہے؟ اللہ نے فرمایا: ہاں ہوا (وہ پانی کو بھی خشک کر دیتی ہے) فرشتوں نے پوچھا: پروردگار! کیا آپ کی مخلوق میں ہوا سے بھی زیادہ کوئی سخت مخلوق ہے؟ اللہ نے فرمایا: ہاں، انسان، وہ اپنے دائیں ہاتھ سے خیرات کرتا ہے، جس کو وہ اپنے بائیں ہاتھ سے چھپاتا ہے!

تشریح: انسان عناصر اربعہ کا مجموعہ ہے، اس لئے اس میں چاروں عناصر کی خاصیات جمع ہیں: زمین کی خاصیت بخل اور روکنا ہے، بے شمار خزانے زمین میں دفن ہیں، مگر جب تک اس کا سینہ نہ چیرا جائے وہ واپس نہیں کرتی، اور پانی کی خصوصیت پھیلنا ہے، وہ تا حدامکان پھیلتا جاتا ہے، اور آگ کی خصوصیت استعلاء (بلند ہونا) ہے، آگ جب بھی جلائی جائے گی لو بلندی کی طرف جائے گی، اور ہوا کی خصوصیت نفوذ (گھسنا) ہے، کہتے ہیں خلا محال ہے، ملا برحق ہے، ہر جگہ کو ہوا نے بھر رکھا ہے —— انسان بھی بخیل ہے، لینے کے لئے فوراً آمادہ ہو جاتا ہے، مگر اپنی چیز دیتے ہوئے اس پر زور پڑتا ہے، اور زمین میں پھیلتا چلا جاتا ہے، اور اب تو ستاروں پر بھی کمندیں ڈالنے لگا ہے، اور اس کے مزاج میں بلندی ہے، وہ دبنا نہیں جانتا، اور ہر چیز میں دخل دیتا ہے، ایک کندۂ ناتراش بھی علمی بحث میں بول پڑتا ہے، اس لئے انسان عناصر اربعہ سے بھی زیادہ سخت ہے۔

پھر سختی (مضبوطی) دو طرح کی ہوتی ہے: داخلی اور خارجی، جسمانی طور پر انسان اگرچہ عناصر اربعہ سے کمزور ہے، مگر ذہنی اور اخلاقی اعتبار سے ان سے قوی ہے، وہ آگ کو بجھا دیتا ہے، زمین کو پامال کرتا ہے، پانی پر بند باندھ دیتا ہے اور ہوا کو قابو میں کر لیتا ہے، اور اس کی اخلاقی قوت کا حال یہ ہے: بیرونی چیزوں پر قابو پانا آسان ہے، خود پر قابو رکھنا مشکل ہے، حدیث میں ہے: ''پہلوان: وہ نہیں جو کشتی مارتا ہے، بلکہ پہلوان: وہ ہے جو غصے کے وقت اپنے اوپر قابو رکھتا ہے'' اور انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا دایاں ہاتھ خیرات کرتا ہے، اور اس کے بائیں ہاتھ کو پتہ نہیں چلتا، حالانکہ دکھلانا اور سنانا اس کی گھٹی میں پڑا ہوا جذبہ ہے، پس انسان سے زیادہ کوئی اپنے نفس پر کنٹرول نہیں کر سکتا، یہ اس کی انتہائی درجہ اخلاقی مضبوطی کی دلیل ہے۔

حدیث کا حال: اس حدیث کا راوی سلیمان بن ابی سلیمان ہاشمی (مولی ابن عباس) مقبول (معمولی ثقہ راوی) ہے اور صرف ترمذی کا راوی ہے، پس حدیث حسن ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس کو غریب بمعنی تفرد اسناد کہا ہے، یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، باقی کتب خمسہ میں نہیں ہے۔

[۹۵-] بابٌ

[۳۳۹۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ أَبِىْ

سُلَيْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الأَرْضَ جَعَلَتْ تَمِيْدُ، فَخَلَقَ الْجِبَالَ، فَقَالَ بِهَا عَلَيْهَا، فَاسْتَقَرَّتْ، فَعَجِبَتِ الْمَلاَئِكَةُ مِنْ شِدَّةِ الْجِبَالِ، فَقَالُوْا: يَارَبِّ! هَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْئٌ أَشَدُّ مِنَ الْجِبَالِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْحَدِيْدُ، فَقَالُوْا: يَارَبِّ! فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْئٌ أَشَدُّ مِنَ الْحَدِيْدِ؟ قَالَ: نَعَمْ، النَّارُ، قَالُوْا: يَارَبِّ! فَهَلْ مِنْ خَلْقِكَ شَيْئٌ أُشَدُّ مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الْمَاءُ، قَالُوْا: يَارَبِّ! فَهَلْ فِيْ خَلْقِكَ شَيْئٌ أَشَدُّ مِنَ الْمَاءِ؟ قَالَ: نَعَمْ، الرِّيْحُ، قَالُوْا: يَارَبِّ! فَهَلْ فِيْ خَلْقِكَ شَيْئٌ أَشَدُّ مِنَ الرِّيْحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، ابْنُ آدَمَ: تَصَدَّقَ بِصَدَقَةٍ بِيَمِيْنِهِ يُخْفِيْهَا مِنْ شِمَالِهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

﴿ آخر التفسير ﴾

﴿ الحمدللہ! ابواب التفسیر کی شرح پوری ہوئی ﴾

الحمدللہ! تحفہ الألعمی شرح سنن الترمذی کی جلد ہفتم مکمل ہوئی، جلد ہشتم أبو اب الدعوات سے شروع ہوگی



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

أبوابُ الدعوات

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

اذکار ودعوات کا بیان

اذکار: ذکر کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: اللہ کی یاد۔ اور دعوات: دعوۃ کی جمع ہے، اس کے معنی ہیں: دعا۔ امام ترمذی رحمہ اللہ نے عنوان میں اذکار کا تذکرہ نہیں کیا، مگر وہ بھی مراد ہے، اور آپ نے اذکار ودعوات کی روایتیں ملی جلی لکھی ہیں، اگر علاحدہ علاحدہ لکھتے تو بہتر ہوتا۔ اور یہ ابواب کتاب التفسیر کے بعد اس لئے لائے ہیں کہ تلاوتِ قرآن کی طرح اذکار ودعوات بھی تحصیلِ اخبات کا بہترین ذریعہ ہیں، قرآنِ کریم اللہ کا کلام ہے، اس لئے وہ بہترین ذکر ہے، اور تلاوتِ قرآن میں دعا کی بھی شان ہے۔ حدیث قدسی ہے کہ جس کو تلاوتِ قرآن کی وجہ سے اللہ سے مانگنے کا موقعہ نہیں ملتا: اللہ تعالیٰ اس کو مانگنے والوں سے بہتر دیتے ہیں، اس لئے خاص ذکر ودعا کے بعد اب عام ذکر ودعا کا بیان شروع کرتے ہیں۔

اذکار ودعوات: تحصیلِ اخبات کا بہترین ذریعہ ہیں:

اخبات کے معنی ہیں: بارگاہِ خداوندی میں عجز وانکساری اور نیازمندی کا اظہار کرنا۔ اور اخبات کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے، اور اسی صفت کو بدست لانے کے لئے نماز، تلاوت اور اذکار ودعوات مشروع کئے گئے ہیں، اس صفت کا تذکرہ سورۃ الحج (آیت ۳۴) میں ہے: ﴿وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ﴾: آپؐ ہمہ تن اسی کے ہوکر رہنے والوں کو خوش خبری سنائیں، پھر اگلی آیت میں ہے کہ وہ ایسے لوگ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل سہم جاتے ہیں، اور وہ اُن مصائب پر جو ان پر پڑتے ہیں صبر کرتے ہیں، اور وہ نمازوں کا اہتمام کرتے ہیں، اور وہ اس مال میں سے جو ہم نے ان کو بطور روزی دیا ہے خرچ کرتے ہیں، یعنی اخبات ایسی اہم صفت ہے کہ اس کی بدولت کمالاتِ نفسیہ اور بدنیہ اور مالیہ حاصل ہوتے ہیں۔

نماز کا سب سے بڑا فائدہ اللہ کی یاد ہے:

اکیسویں پارے کی پہلی آیت ہے: ﴿أُتْلُ مَا أُوْحِیَ إِلَیْكَ مِنَ الْكِتَابِ، وَأَقِمِ الصَّلٰوةَ، إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ، وَلَذِكْرُ اللّٰهِ أَكْبَرُ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ﴾: آپ اُس کتاب کی تلاوت کریں جو آپؐ کی طرف وحی کی گئی ہے، اور نماز کا اہتمام کریں، بیشک نماز بے حیائی اور ناجائز کاموں سے روکتی ہے، اور اللہ کی یاد اس سے بھی بڑا فائدہ ہے، اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو اس کو جانتے ہیں —— اس آیت میں پہلے تلاوتِ قرآن کا مستقل حکم دیا ہے، پھر نماز کے اہتمام کا حکم دیا ہے، اس کے بعد نماز کا ایک فائدہ بیان کیا ہے کہ وہ زبان حال سے کہتی ہے: اے بندے! جب تو معبود کی تعظیم اس درجہ کرتا ہے کہ پانچ مرتبہ اس کے سامنے سر نیاز خم کرتا ہے تو پھر بے حیائی کے کام اور دیگر ناجائز کام کیوں کرتا ہے؟ کیا یہ بے تعظیمی تجھے زیب دیتی ہے؟ مگر جس طرح نالائق بیٹا کبھی مہربان باپ کی نصیحت قبول نہیں کرتا، اسی طرح نانہجار نمازی کبھی نماز کی نصیحت پر کان نہیں دھرتا —— پھر نماز کا اس سے بھی بڑا فائدہ بیان کیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ نماز اللہ کی یاد کا بہترین ذریعہ ہے، نمازوں کے ذریعے بندہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد رکھتا ہے، ورنہ یہ دنیا بھول نگری ہے، ذرا دیر میں اللہ سے دھیان ہٹ جاتا ہے —— مگر ضروری ہے کہ بندہ نماز حضور قلب اور خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھے، تبھی نماز کی برکتیں حاصل ہوسکتی ہیں، اور اللہ تعالیٰ جو کچھ تم کرتے ہو اس کو جانتے ہیں۔

تلاوت، اذکار اور دعوات نماز کے ساتھ خاص نہیں:

اور نماز: اقوال وافعال کا مجموعہ ہے، اور اقوال تین ہیں: تلاوتِ قرآن، اذکار اور دعوات۔ انہی تین اجزاء سے نماز مرکب ہے، مگر یہ تینوں چیزیں نماز کے ساتھ خاص نہیں، نماز سے باہر بھی یہ تینوں چیزیں مطلوب ہیں، چنانچہ مذکورہ آیت میں تلاوتِ قرآن کا مستقلاً حکم دیا ہے، پھر نماز کا تذکرہ کیا ہے، اور قرآنِ کریم میں جگہ جگہ نماز سے فارغ ہوکر اللہ کو یاد کرنے کا حکم دیا ہے اور حدیثوں میں مُدام ذکر اللہ کی ترغیب آئی ہے، اور دعا بھی ہر حال میں مطلوب ہے، اور نماز کا تو گویا وہ مغز، نچوڑ اور خلاصہ ہے، بغیر دعا کی نماز ایسی مونگ پھلی ہے جس میں گری نہیں۔

اذکار ودعوات کی دس قسمیں:

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہٗ نے حجۃ اللہ البالغہ (ابواب الاحسان) میں اذکار ودعوات کو دس قسموں میں منضبط کیا ہے، جو یہ ہیں: ۱- تسبیح۔ ۲- تحمید۔ ۳- تہلیل۔ ۴- تکبیر۔ ۵- فوائد طلبی اور پناہ خواہی۔ ۶- اظہار فروتنی ونیاز مندی۔ ۷- توکل۔ ۸- استغفار۔ ۹- اسمائے الٰہی سے برکت حاصل کرنا۔ ۱۰- درود شریف۔ تفصیل درج ذیل ہے:

پہلا اور دوسرا اذکر: تسبیح وتحمید ہیں۔ تسبیح کے معنی ہیں: تمام عیوب ونقائص سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرنا، اور تحمید کے معنی ہیں: تعریف کرنا۔ یعنی تمام خوبیوں اور کمالات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو متصف کرنا، اور جب کسی جملہ میں تسبیح

وتحمید دونوں جمع ہوجائیں تو وہ معرفت ربانی کا بہترین ذریعہ ہوتا ہے، جیسے سبحان الله وبحمده: اللہ تعالیٰ پاک ہیں اور خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں، اور سبحان الله العظيم: اللہ تعالیٰ پاک ہیں اور عظیم المرتبت ہیں، اور بڑے مرتبے والا وہی ہوتا ہے جو خوبیوں کے ساتھ متصف ہو، اسی وجہ سے حدیث میں ان دونوں جملوں کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ یہ دو جملے زبان پر یعنی ادائیگی میں ہلکے، اور ترازو میں یعنی ثواب میں بھاری، اور رحمان (مہربان ہستی) کو بہت پیارے ہیں۔

تیسرا ذکر: تہلیل ہے۔ لا إله إلا الله میں توحید اور شانِ یکتائی کا بیان ہے، یہ جملہ شرک جلی وخفی کو دفع کرتا ہے اور جملہ حجابات کو رفع کرتا ہے، حدیث میں ہے: لا إله إلا الله کے لئے اللہ تعالیٰ سے وَرے کوئی حجاب نہیں، یہاں تک کہ یہ کلمہ اللہ تعالیٰ تک پہنچ جاتا ہے۔

چوتھا ذکر: تکبیر ہے، اللّٰهُ أكبر کے ذریعہ اللہ کی عظمت وقدرت اور سطوت وشوکت کو پیش نظر لایا جاتا ہے، اور یہ جملہ اللہ تعالیٰ کی مثبت معرفت کی طرف مشیر ہے، اور حدیث میں اس کی فضیلت یہ آئی ہے کہ الله أكبر آسمان وزمین کو بھر دیتا ہے۔

پانچواں ذکر: فوائد طلبی اور پناہ خواہی ہے۔ یعنی ایسی دعائیں جن میں ایسی مفید چیزیں طلب کی جائیں جو جسم یا روح کے لئے مفید ہوں، خواہ نفع خلقت کے اعتبار سے ہو یا دل کے سکون کے اعتبار سے، جیسے آنکھوں کا نور اور دل کا سرور طلب کرنا، اور خواہ ان فوائد کا تعلق اہل وعیال سے ہو یا جاہ ومال سے، اسی طرح مضر چیزوں سے پناہ چاہنا بھی اس زمرہ میں آتا ہے۔

چھٹا ذکر: اظہار فروتنی ونیازمندی ہے، اور ایسی عبدیت (بندگی) ہے جو انسان کا امتیازی وصف اور بڑا کمال ہے، اللہ تعالیٰ کے حضور میں انتہائی تذلل وبندگی، عاجزی وسرافگندگی اور محتاجی ومسکینی کا اظہار کرنا ہی بندگی ہے، اور بندگی انسان کا مقصد تخلیق ہے، اسی مقصد کی تحصیل کے لئے نماز مقرر کی گئی ہے، اور نماز میں اور نماز سے باہر اذکار اور بہت سی دعائیں مشروع کی گئی ہیں۔

فائدہ: پانچواں اور چھٹا ذکر درحقیقت دعائیں ہیں، اور ماثورہ دعائیں دو قسم کی ہیں: ایک: وہ دعائیں ہیں جن کے ذریعہ بندہ دنیا وآخرت کی بھلائیاں طلب کرتا ہے اور مختلف چیزوں کے شر سے پناہ چاہتا ہے، دوسری: وہ دعائیں ہیں جن سے مقصود قُوی فکریہ (دل ودماغ) کو اللہ کے جلال وعظمت کے تصور سے لبریز کرنا ہوتا ہے، یا نفس میں فروتنی اور انکساری پیدا کرنا مقصود ہوتا ہے، کیونکہ باطنی حالت کا زبان سے اظہار: نفس کو اس حالت سے خوب آگاہ کرتا ہے، جیسے بیٹے سے کوئی غلطی ہوجائے، اور وہ اپنی غلطی پر نادم ہوکر باپ سے عرض کرے: ''ابا جان! واقعی مجھ سے غلطی ہوگئی، میں خطا کار ہوں، اپنی غلطی پر نادم ہوں، آپ مجھے معاف کردیں'' تو اس اعتراف سے غلطی کا خوب اظہار ہوتا ہے، اور کوتاہی نظروں کے سامنے آجاتی ہے (پانچواں ذکر پہلی قسم کی دعائیں ہیں اور چھٹا ذکر دوسری قسم کی دعائیں ہیں)

ساتواں ذکر: توکل ہے۔ توکل کے معنی ہیں: اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنا، اور توکل کی روح ہے: اللہ تعالیٰ کی طرف

توجہ تام۔ یعنی اعتقاد رکھنا کہ سب کچھ کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ہے، بندہ بذاتِ خود کچھ نہیں کرسکتا، انسان کے تمام معاملات پر مکمل غلبہ انھی کو حاصل ہے، انھی کی تدبیر کارگر ہے، باقی تمام تدابیر مقہور و مغلوب ہیں، مگر توکل کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ظاہری اسباب اختیار نہ کرے، صحیح توکل یہ ہے کہ اسباب اختیار کرنے کے بعد اللہ کی ذات پر اعتماد کرے، کام کا انجام ان پر چھوڑ دے، اور جو کچھ غیب سے ظاہر ہو اس پر مطمئن رہے۔

آٹھواں ذکر: استغفار ہے۔ استغفار کے معنی ہیں: توبہ کرنا، اپنے گناہوں اور کوتاہیوں کی معافی مانگنا اور رحمتِ الٰہی کا جویاں ہونا، اور استغفار کی روح یہ ہے کہ آدمی اپنے ان گناہوں کو سوچے جنھوں نے اس کے نفس کو میلا اور گندہ کردیا ہے، اور اسبابِ مغفرت اختیار کرکے نفس کو ان گناہوں سے پاک کرے، اور اسبابِ مغفرت: نیک اعمال، اپنے احوال کو ملائکہ کے مشابہ کرنا اور ندامت کے آنسو بہانا ہیں۔

نواں ذکر: اللہ کے ناموں سے برکت حاصل کرنا ہے، اللہ کے ناموں کی برکت ہی سے مخلوقات منور ہوتی ہیں، پس جو بندہ ان ناموں کی طرف متوجہ ہوگا وہ اللہ کی رحمت کو خود سے قریب پائے گا۔

دسواں ذکر: درود شریف ہے، درود فارسی لفظ ہے، عربی لفظ صلاۃ ہے، جس کے معنی ہیں: غایتِ انعطاف یعنی آخری درجہ کا میلان، نماز میں بندے کا اللہ کی طرف آخری درجہ کا میلان ہوتا ہے، اس لئے اس کو ''صلوٰۃ'' کہتے ہیں، اور نماز فارسی لفظ ہے، اس کا مترادف ہندی میں ''نمنا'' ہے، یعنی جھکنا، نماز میں بندے کا اللہ کی طرف ظاہری اور باطنی جھکاؤ ہوتا ہے، اس لئے اس عبادت کو ''نماز'' کہتے ہیں ــــ اسی طرح مؤمنین کا حبیبِ رب العالمین کی طرف جو میلان ہوتا ہے اس کو بھی عربی میں ''صلاۃ'' اور فارسی میں ''درود'' کہتے ہیں ــــ نبی ﷺ کے احسانات امت پر بے حساب ہیں، اس لئے ضروری ہے کہ مؤمنین آپ ﷺ کا ذکر خیر کریں، اور ہر وقت یاد رکھیں، اسی لئے درود مشروع کیا گیا ہے۔

اذکار و دعوات کے ذریعہ بھی دین کے بنیادی عقائد کی تعلیم دی گئی ہے:

دین کے بنیادی عقیدے تین ہیں: توحید، رسالت اور آخرت، اذکار و دعوات کے ذریعہ بھی دین کے ان بنیادی عقائد کی تعلیم دی گئی ہے، توحید کی تعلیم سے تو ہر ذکر و دعا بھری ہوئی ہے، شاید ہی کوئی ایسا ذکر یا دعا ہو جس میں توحید کی صحیح تعلیم نہ دی گئی ہو، اور موقع بہ موقع رسالت و آخرت کا بھی ذکر آتا ہے، اور جب بندہ ذکر و دعا کے ذریعہ ان بنیادی عقائد سے واقف ہوگا تو وہ صحیح ڈگر پر قائم رہے گا، صراطِ مستقیم سے ہٹنے نہیں پائے گا۔

اور اذکار و دعوات میں توحید کی تعلیم پر زیادہ زور اس لئے دیا گیا ہے کہ توحید کی صحیح معرفت حاصل نہ ہونے سے انسان گمراہی کی دلدل میں پھنس جاتا ہے، چنانچہ اذکار و دعوات کے ذریعہ یہ تعلیم دی گئی ہے کہ عبد و معبود کے درمیان کوئی واسطہ نہیں، ہر شخص براہِ راست اللہ سے مانگ سکتا ہے، اور لوگوں نے جو معبودانِ باطل کو اور انبیاء و اولیاء کو درمیان میں حائل کرلیا ہے: وہ ان کی بہت بڑی بھول ہے، غرض: اذکار و دعوات کے ذریعہ عبد و معبود کا رشتہ مضبوط و مستحکم کیا گیا

ہے، اور یہ اذکار ودعوات کی افادیت کا خاص پہلو ہے۔

تعدّداذکار کی حکمتیں:

ایک ہی موقعہ کے لئے متعدد اور مختلف مواقع کے لئے مختلف اذکار دو حکمتوں سے مشروع کئے گئے ہیں:

ا- ہر ذکر میں ایک راز (منفعت) ہے جو دوسرے میں نہیں، پس کوئی ایک ذکر کافی نہیں، اس لئے مختلف مواقع میں متعدد اذکار مشروع کئے گئے ہیں، تاکہ اذکار کا نفع تام ہو۔

۲- مسلسل ایک ہی ذکر کرتے رہنا عام لوگوں کے حق میں زبان کا لقلقہ (محض آواز) ہوکر رہ جاتا ہے، مضمونِ ذکر سے ذہن ہٹ جاتا ہے، اور ایک ذکر سے دوسرے ذکر کی طرف انتقال نفس کو ہوشیار اور خوابیدہ طبیعت کو بیدار کرتا ہے۔

اذکار کے فضائل مُدام ذکر کرنے کی صورت میں ہیں:

اور یہ بات خاص طور پر یاد رکھنی چاہئے کہ آگے جو مختلف اذکار کے فضائل آرہے ہیں: وہ ایک دوبار یا چند بار وہ ذکر کرنے کی صورت میں نہیں ہیں، بلکہ بکثرت وہ ذکر کرنے کی صورت میں ہیں، جیسے نوافل اعمال کی روایتوں میں مداومت ومواظبت کی قید ملحوظ ہوتی ہے (تفصیل کے لئے دیکھیں تحفہ ۲:۲۵۶) اسی طرح فضائل اذکار میں بھی یہ قید ملحوظ ہوتی ہے، اگرچہ وہ مذکور نہ ہو۔

اذکار ودعوات کے موضوع پر دو اہم کتابیں:

اردو میں اذکار ودعوات کے موضوع پر دو اہم کتابیں ہیں، طلبہ کے لئے ان کو مطالعہ میں رکھنا مفید ہوگا:

ایک: حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ کی حجۃ اللہ البالغہ کے ابواب الاحسان ہیں، جن کی شرح رحمۃ اللہ الواسعہ کی چوتھی جلد میں ہے۔

دوسری: حضرت مولانا محمد منظور نعمانی صاحب قدس سرہ کی معارف الحدیث کی پانچویں جلد ہے، یہ پوری جلد اذکار ودعوات کے موضوع پر ہے، اور خاصے کی چیز ہے، طلبہ اس کو ضرور مطالعہ میں رکھیں۔

بابُ ماجاء فِی فَضْل الدُّعَاءِ

دعا کی اہمیت

یہ تین باب ہیں، اور ان میں چار حدیثیں ہیں، جن سے دعا کی اہمیت واضح ہوتی ہے، اور نماز سے اس کا خاص تعلق سمجھ میں آتا ہے:

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: **لَيس شيئٌ أكرمَ على الله من الدعاء:** اللہ تعالیٰ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں!

تشریح: تمام اذکار وعبادات میں اللہ تعالیٰ کو دعا سب سے زیادہ محبوب ہے، بندے اللہ سے مانگیں یہ بات اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے، یہ حدیث اگرچہ عام ہے مگر اس کا خاص تعلق نماز سے ہے، نماز میں قعدۂ اخیرہ میں، اور نفل نماز کے سجدوں وغیرہ میں، اور نمازوں سے فراغت کے بعد دعا رکھی گئی ہے، مگر دعا مانگنا فرض یا واجب نہیں، چنانچہ بہت سے لوگ دعا کا اہتمام نہیں کرتے، وہ قعدۂ اخیرہ میں دعائے ماثورہ: اللّٰھم إنی ظلمتُ نفسی ضرور پڑھتے ہیں، مگر اس کو سمجھتے نہیں، اس لئے یہ دعا تو محض ذکر ہو کر رہ گئی ہے، پس نمازیوں کو چاہئے کہ نمازوں سے فارغ ہو کر اپنی زبان میں اپنی مرادیں خوب اہتمام سے مانگیں، اور جن نمازوں کے بعد سنتیں ہیں، ان میں فرضوں کے بعد مختصر اذکار کر کے سنتوں میں مشغول ہو جائیں، پھر جب نفلوں سے فارغ ہو جائیں تو دعا کریں، اور جو لوگ کہتے ہیں کہ نمازوں کے بعد دعا مانگنا بدعت ہے: وہ بدعت کی حقیقت سے ناواقف ہیں۔

اور دعا سب سے زیادہ پیاری عبادت اس لئے ہے کہ اس میں بندوں کا فائدہ ہے، دعا سے عابدوں کا معبود سے رشتہ مضبوط ہوتا ہے، اور اس میں بندوں کی حاجت روائی کا سامان بھی ہے، جیسے: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾ کے جواب میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: هذا بيني وبين عبدي، ولعبدي ماسأل: یہ آیت مجھ سے اور میرے بندے سے: دونوں سے تعلق رکھتی ہے، کیونکہ بندہ جب بھی دعا کرے گا: پہلے عجز وانکساری اور بندگی کا اعتراف کرے گا، پھر اپنی مرادیں مانگے گا، اس طرح عبد ومعبود کا تعلق بھی استوار ہوگا، اور اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں بھی پوری فرمائیں گے جو بندوں کا فائدہ ہے، اس لئے دعا اللہ تعالیٰ کو دیگر عبادتوں سے زیادہ پیاری ہے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث معمولی درجہ کی ہے، اس کو ابوالعوام عمران بن دَاوَر قطان (روئی کا تاجر) ہی روایت کرتا ہے، اور یہ راوی صدوق ہے، مگر حدیث میں غلطیاں کرتا تھا، اور اس پر خوارج کی موافقت کا الزام بھی تھا، اس لئے یہ حدیث بہت زیادہ قوی نہیں، اور مشکوٰۃ (حدیث ۲۲۳۲) میں حسنٌ بھی ہے، مگر ترمذی کے نسخوں میں اور تحفۃ الاشراف میں حسنٌ نہیں ہے۔

أبوابُ الدَّعْوَاتِ

عَن رَّسُولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم

[۱-] بابُ ماجاءَ فِي فَضْلِ الدعاء

[۳۳۹۳-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيْمِ الْعَنْبَرِيُّ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "لَيْسَ شَيْئٌ أَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ"

هٰذَا حديثٌ غَرِيْبٌ لَانَعْرِفُهُ مَرْفُوْعًا إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.
حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ بِنَحْوِهِ.

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: **الدعاءُ مُخُّ العبادة:** دعا عبادت کا مغز ہے۔

تشریح: یہ حدیث بھی عام ہے، مگر نماز سے اس کا خصوصی تعلق ہے، اور دعا عبادت کا مغز اس لئے ہے کہ عبادت کی حقیقت بارگاہِ خداوندی میں عجز و نیاز اور بندگی اور محتاجگی کا اظہار ہے، اور دعا کا جزو کل، اول و آخر اور ظاہر و باطن یہی ہے، اس لئے دعا ہر عبادت کا جوہر اور مغز ہے، پس ہر عبادت کے ساتھ یا بعد میں دعا ضرور ہونی چاہئے، سورۃ الذاریات (آیت ۱۷و۱۸) میں ہے: ﴿كَانُوْا قَلِيْلاً مِنَ اللَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ وَبِالْأَسْحَارِهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ﴾: متقی لوگ رات میں بہت کم سوتے ہیں، اور آخر شب میں استغفار کرتے ہیں، یعنی عرض کرتے ہیں: خدایا! عبادت میں جو ہم سے کوتاہی ہوگئی ہے اس کو معاف فرما! اس سے معلوم ہوا کہ ہر عبادت کے بعد، خاص طور پر نمازوں کے بعد، دعا واستغفار ضرور چاہئے، یہی عبادت کا جوہر اور خلاصہ ہے۔

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: **الدعاء هو العبادة:** دعا عینِ عبادت ہے، پھر آپؐ نے سورۃ المؤمن کی (آیت ۶۰) پڑھی: ''اور تمہارے پروردگار نے فرمایا: مجھ کو پکارو (مجھ سے مانگو) میں تمہاری درخواست قبول کروں گا (اس میں دعا کرنے کا حکم ہے، پھر فرمایا:) بیشک جو لوگ میری عبادت سے سرتابی کرتے ہیں: وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم رسید ہونگے (اس میں عبادت سے مراد دعا ہے، پس معلوم ہوا کہ دعا اور عبادت ایک چیز ہیں)

تشریح: اور یہ بات کہ ''دعا عینِ عبادت ہے'' اس لئے فرمائی ہے کہ کہیں کوئی بندہ خیال نہ کرے کہ دعا تو میری ضرورت اور میری حاجت ہے، اس میں بندگی کا پہلو کیا ہوسکتا ہے؟ اس لئے فرمایا کہ دعا میں نہ صرف یہ کہ عبادت کا پہلو ہے، بلکہ وہ تو عینِ عبادت ہے، حدیث میں ہے کہ اگر بندے کی مصلحت سے مانگی ہوئی چیز نہیں دی جاتی تو اس کی دعا کو عبادت بنا کر نامۂ اعمال میں لکھ لیا جاتا ہے، پس دعا بہر حال چاہئے، خواہ مطلوبہ چیز ملے یا نہ ملے، کیونکہ دعا: حصولِ مقصد کا وسیلہ ہونے کے ساتھ بذاتِ خود عبادت بھی ہے۔

حدیثوں کا حال: دوسری حدیث عبداللہ بن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے، اور تیسری حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، اگرچہ ذَر بن عبداللہ مُرہبی سے آخر تک ایک سند ہے، مگر ذَر اور یُسیع بن مَعدان کوفی: دونوں ثقہ راوی ہیں۔

[۲-] بابٌ مِنْهُ

[۳۳۹۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ابنِ لَهِيْعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبَانَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ لَهِيْعَةَ.

[۳۳۹۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنْ يُسَيْعٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" الدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ" ثُمَّ قَرَأَ:﴿ وَقَالَ: رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ، إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ﴾

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ مَنْصُوْرٌ، وَالْأَعْمَشُ، عَنْ ذَرٍّ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ ذَرٍّ.

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: من لم يَسْأَلَ الله: يَغْضَبْ عليه: جو اللہ سے نہیں مانگتا: اللہ تعالیٰ اس پر سخت ناراض ہوتے ہیں۔

تشریح: ابھی سورۃ المؤمن کی آیت آئی ہے کہ اللہ سے نہ مانگنا: اللہ کی عبادت سے سرتابی ہے، اور جو اللہ کی عبادت سے سرتابی کرتا ہے: اس سے اللہ کی سخت ناراضگی بجا ہے، وہ بندہ ہی کیا جو مراسم بندگی ادا نہ کرے!

حدیث کا حال: ابو المَلیح سے آخر تک حدیث کی یہی سند ہے، اور ابوالملیح کا نام صَبیح یا حُمید ہے، یہ ثقہ راوی ہے، یہ فارسی الاصل اور مدینہ کے باشندے تھے...... اور ابو صالح: ذکوان سمّان نہیں ہیں جو اعلیٰ درجہ کے راوی ہیں، بلکہ یہ ابو صالح خُوزی ہے، جو لَیِّنُ الحدیث ہے۔ اس کا نام معلوم نہیں، پس حدیث حسن کے درجہ کی ہے...... اور وکیع کی سند ابن ماجہ باب الدعاء میں ہے۔

[۳-] بابٌ مِنْهُ

[۳۳۹۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ أَبِيْ الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّهُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ"

وَقَدْ رَوَى وَكِيْعٌ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، عَنْ أَبِيْ الْمَلِيْحِ هٰذَا الحديثَ، وَلاَ نَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ حُمَيْدٍ أَبِيْ الْمَلِيْحِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

بابُ ماجاء فی فَضْلِ الذِّكْرِ

ذکر کی فضیلت

یہ تین باب ہیں، اور ہر باب میں ایک ایک حدیث ہے، اور سب میں ذکر کی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول!

احکامِ الٰہی میرے لئے بہت ہوگئے ہیں، پس مجھے کوئی ایسی چیز بتائیں جس سے میں چمٹ جاؤں، آپؐ نے فرمایا: لَایَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا من ذكر الله: تیری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہے!

تشریح: ملا علی قاری رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ شرائع الاسلام سے مراد نوافل اعمال ہیں، اور قرینہ قد كَثُرَتْ علیَّ ہے، نوافل اعمال ہی بہت ہیں، فرائض وواجبات تو بس واجبی ہی ہیں............ اور ارشادِ پاک کا مطلب یہ ہے کہ ہر وقت کوئی نہ کوئی ذکر زبان پر جاری رہنا چاہئے، کوئی معین ذکر کرنا ضروری نہیں، پس اس سے مطلق ذکر کی فضیلت ثابت ہوئی، اور مُدام ذاکر رہنے کی اہمیت واضح ہوئی...... اور ''زبان تر رہے'' میں اشارہ ہے کہ ذوق ولذت کے ساتھ ذکر ہونا چاہئے، اسی صورت میں زبان تر رہتی ہے، بے ذوق ولذت بولتے رہنے سے زبان خشک ہوجاتی ہے (تَشَبَّثَ بالشیئ: چمٹنا، کسی چیز کے ساتھ وابستہ ہوجانا، اچھی طرح تھامنا)

[٤-] بابُ ماجاء فی فَضْلِ الذِّكْرِ

[٣٣٩٧-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ شَرَائِعَ الإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيَّ، فَأَخْبِرْنِي بِشَيْئٍ أَتَشَبَّثُ بِهِ، قَالَ: '' لَايَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

حدیث (۲): حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ سے دریافت کیا گیا: قیامت کے دن اللہ کے نزدیک درجہ کے اعتبار سے کونسا بندہ افضل ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کو بے حد یاد کرنے والے!'' راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! راہِ خدا میں لڑنے والے سے بھی (بے حد ذکر کرنے والوں کا درجہ بلند ہوگا؟) آپؐ نے فرمایا: ''اگر کسی نے کفار ومشرکین پر تلوار چلائی، یہاں تک کہ اس کی تلوار ٹوٹ گئی، اور وہ (یا تلوار) خون سے لہولہان ہوگیا (یا ہوگئی) تو بھی اللہ کا بے حد ذکر کرنے والے بندے اس مجاہد سے درجہ میں افضل ہونگے''

تشریح: بیہقی رحمہ اللہ نے دعواتِ کبیر میں اسی مضمون کی روایت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی بیان کی ہے، فرمایا: ما من شيئ أَنْجیٰ من عذابِ الله من ذكر الله! قالوا: ولا الجهادُ في سبيل الله؟ قال: ولاَ أَنْ يَّضْرِبَ بسيفه حتى يَنْقَطِعَ: اللہ کے عذاب سے اللہ کے ذکر سے زیادہ بچانے والی کوئی چیز نہیں! لوگوں نے عرض کیا: کیا جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اور نہ یہ بات (ذکر اللہ سے زیادہ عذاب سے بچاسکتی ہے) کہ وہ اپنی تلوار چلائے یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے، پس ثابت ہوا کہ تمام اعمال صالحہ میں ذکر اللہ افضل اور عند اللہ محبوب ہے، بندے کو اللہ کا جو قرب اور جو سعادت ذکر سے حاصل ہوتی ہے وہ کسی اور عمل سے حاصل نہیں ہوتی، البتہ یہ بات ملحوظ رہنی چاہئے کہ اس ذکر میں نماز، تلاوتِ قرآن وغیرہ سب ہی اذکار شامل ہیں، خانقاہ والے اذکار کے ساتھ حدیث خاص نہیں۔

[٥-] بابٌ مِنْهُ

[٣٣٩٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ أَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُئِلَ: أَیُّ الْعِبَادِ أَفْضَلُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: "الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا" قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمِنَ الْغَازِیْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: "لَوْ ضَرَبَ بِسَيْفِهِ فِی الْكُفَّارِ وَالْمُشْرِكِيْنَ، حَتّٰی يَنْكَسِرَ، وَيَخْتَضِبَ دَمًا: لَكَانَ الذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا أَفْضَلَ مِنْهُ دَرَجَةً"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ دَرَّاجٍ.

وضاحت: ابوالسمح دراج بن سمعان صدوق ہیں، مگر ابوالہیثم سے روایتوں میں ضعیف ہیں (تقریب) ......اور الذاکرین کا اعراب حکائی ہے، سورۃ الاحزاب (آیت ۳۵) میں یہ إن کا اسم ہے، اور بعض نسخوں میں الذاکرون (حالتِ رفعی) میں ہے، اس صورت میں مبتدا اھم محذوف ہوگا۔

حدیث (۳): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے دریافت کیا: "کیا میں تمہیں وہ عمل نہ بتاؤں جو تمہارے تمام اعمال میں سب سے بہتر، اور تمہارے مالک کی نگاہ میں پاکیزہ تر، اور تمہارے درجوں کو سب سے زیادہ بلند کرنے والا، اور تمہارے لئے (راہِ خدا میں) سونا چاندی خرچ کرنے سے بھی بہتر، اور تمہارے لئے اس جہاد سے بھی بہتر ہے جس میں تمہارا اپنے دشمنوں سے مقابلہ ہو، پس تم ان کی گردنیں مارو، اور وہ تمہاری گردنیں ماریں؟" صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں! یعنی ایسا قیمتی عمل ضرور بتائیں! آپؐ نے فرمایا: "وہ اللہ کا ذکر ہے" —— اور اسی سند سے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد بھی مروی ہے: ما شیئٌ أَنجیٰ من عذاب الله من ذكر الله: اللہ کے عذاب سے: اللہ کے ذکر سے زیادہ کوئی چیز بچانے والی نہیں یعنی سب سے زیادہ مؤثر عذاب الٰہی سے حفاظت میں ذکر اللہ ہے۔

تشریح: احسان کی تحصیل میں ذکر اللہ کا اہم کردار ہے، اس لئے اس کو بہترین عمل قرار دیا گیا ہے —— احادیث میں مختلف اعمال کو مختلف اعتبارات سے بہترین عمل قرار دیا گیا ہے، ایک حدیث میں بروقت نماز ادا کرنے کو بہترین عمل کہا گیا ہے (بخاری حدیث ۲۷۸۲) اور ذکر اللہ بایں اعتبار سب اعمال سے افضل ہے کہ اس سے مُدام اللہ پاک کی طرف توجہ رہتی ہے، اور یہ بات بندے کے لئے بے حد نافع ہے، خصوصاً ان پاکیزہ نفوس کے لئے جو ریاضتوں (پُرمشقت عبادتوں) کے محتاج نہیں، ان کو بس ہروقت اللہ کی طرف متوجہ رہنے کی حاجت ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۲۹۹)

[٦-] بابٌ مِنْهُ

[٣٣٩٩-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ، هُوَ ابْنُ أَبِیْ هِنْدٍ،

عَنْ زِيَادٍ مَوْلَى ابْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِى بَحْرِيَّةَ، عَنْ أَبِى الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرِ أَعْمَالِكُمْ، وَأَزْكَاهَا عِنْدَ مَلِيْكِكُمْ، وَأَرْفَعِهَا فِى دَرَجَاتِكُمْ، وَخَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ إِنْفَاقِ الذَّهَبِ وَالْوَرِقِ، وَخَيْرٌ لَكُمْ مِنْ أَنْ تَلْقَوْا عَدُوَّكُمْ، فَتَضْرِبُوْا أَعْنَاقَهُمْ، وَيَضْرِبُوْا أَعْنَاقَكُمْ؟ قَالُوْا: بَلَى، قَالَ: "ذِكْرُ اللّٰهِ"

قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: مَا شَيْئٌ أَنْجَى مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ مِثْلَ هٰذَا بِهٰذَا الإِسْنَادِ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْهُ فَأَرْسَلَهُ.

وضاحت: أبو بَحْرِيَّة: حضرت عبداللہ بن قیس کندی، سکونی، تراغمی: مخضرم تابعی ہیں اور ثقہ ہیں ...... اور زیاد بن ابی زیاد میسرہ مخزومی مدنی: عبداللہ بن عیاش بن ابی ربیعہ کے آزاد کردہ ہیں، اور ثقہ ہیں۔

بابُ ماجاءَ فى الْقَوْمِ يَجْلِسُوْنَ فَيَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ: مَالَهُمْ مِنَ الْفَضْلِ؟

اجتماعی ذکر کی فضیلت

مسلمانوں کا جمع ہوکر شوق ورغبت کے ساتھ اللہ کا ذکر کرنا، سبق پڑھنا، تقریر سننا، تلاوت کرنا اور ذکر جہری یا سری کرنا: رحمتِ خداوندی کو کھینچتا ہے، ملائکہ ان کو گھیر لیتے ہیں، ذاکرین کے انوار ایک دوسرے پر منعکس ہوتے ہیں (پلٹتے ہیں) اور ایک کو دوسرے سے حوصلہ ملتا ہے، اس لئے اجتماعی ذکر میں انفرادی ذکر سے زیادہ فوائد ہیں، چنانچہ سالکین عموماً اجتماعی ذکر کرتے ہیں، مگر بعض حضرات جوش میں آکر چلانے لگتے ہیں: یہ ٹھیک نہیں، متفق علیہ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے، صحابہ ایک سفر میں چلا کر اجتماعی ذکر کرتے ہوئے چل رہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: أيها الناس! اِرْبَعُوْا على أنفسكم، إنكم ليس تَدْعُوْنَ أَصَمَّ ولاغائبًا، إنكم تَدْعُوْنَ سميعا قريباً، وهو معكم: لوگو! اپنے اوپر نرمی کرو، تم بہرے یا غیر حاضر کو نہیں پکارتے، تم خوب سننے والے نزدیک کو پکارتے ہو، اور وہ تمہارے ساتھ ہیں (مسلم شریف حدیث ۲۷۰۴ کتاب الذکر)

حدیث (۱): ابومسلم اغرّ (روشن پیشانی یا بلند کردار) حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے یقینی خبر دیتے ہیں کہ ان دونوں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے یقینی خبر دی کہ آپؐ نے فرمایا: ''جب بھی کچھ لوگ بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرتے ہیں تو فرشتے ان کو گھیر لیتے ہیں، یعنی ان کو کنفِ عنایت میں لے لیتے ہیں، اور ان پر رحمتِ الٰہی چھا جاتی ہے، اور ان پر سکینت نازل ہوتی ہے یعنی ان کے دلوں میں جمعیت پیدا ہوتی ہے، اور ان کو روحانی سکون حاصل ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کرّ وبیوں میں ان کا تذکرہ کرتے ہیں (جس طرح لوگ اپنی محفلوں میں اپنے محبوبوں کا تذکرہ کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ بھی مقرب فرشتوں میں ان محبوب بندوں کا تذکرہ کرتے ہیں، اور بیٹھنے کی قید غالب کے

اعتبار سے ہے، مراد عام ہے، خواہ جماعت میں شامل ہوکر کسی طرح ذکر کرے، طواف کرے، نماز با جماعت پڑھے یا درس ووعظ میں شرکت کرے، سب کو حدیث عام ہے)

فائدہ: اغر: سلمان اغر نہیں ہیں، بلکہ یہ دوسرے راوی ہیں، مدنی کوفی ہیں اور ثقہ ہیں، اور شَھِدَ علی فلان کے معنی ہیں: کسی کی طرف سے سچی اور معتبر خبر دینا، یہ بات راوی نے محض تاکید کے لئے بڑھائی ہے، کبھی موقعہ کا تقاضا ہوتا ہے کہ اس قسم کی تاکید لائی جائے، اور یہ روایت مسلم شریف کی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف لائے (مسجد میں ایک حلقہ قائم تھا) آپؓ نے پوچھا: تم یہاں کس لئے بیٹھے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم بیٹھ کر اللہ کو یاد کررہے ہیں! حضرت معاویہؓ نے کہا: اللہ کی قسم! واقعی تم صرف اللہ کے ذکر کے لئے بیٹھے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: بخدا! ہم اسی مقصد سے بیٹھے ہیں، حضرت معاویہؓ نے کہا: آپ لوگوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ میں نے کسی بدگمانی کی وجہ سے آپ لوگوں کو قسم نہیں کھلائی (بلکہ نبی ﷺ کی سنت پر عمل کیا ہے، جیسا کہ آگے آرہا ہے، اب آگے سنو!) جس درجہ کا تعلق اور قرب مجھے رسول اللہ ﷺ سے حاصل تھا، اس درجہ کا کوئی آدمی مجھ سے کم حدیثیں بیان کرنے والا نہیں ہے، یعنی میں حدیثیں بیان کرنے میں بہت محتاط ہوں (اب حدیث سنو!) نبی ﷺ ایک دن اپنے صحابہ کے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے، آپؐ نے پوچھا: آپ لوگ یہاں کیوں بیٹھے ہو؟ انھوں نے جواب دیا: ہم جڑے بیٹھے ہیں: اللہ کا ذکر کررہے ہیں، اور اللہ نے جو ہماری دین اسلام کی طرف راہ نمائی فرمائی ہے اور ہم پر ایمان کی توفیق دے کر احسانِ عظیم فرمایا ہے: ہم اس پر اللہ کی حمد وثنا کررہے ہیں، نبی ﷺ نے پوچھا: بخدا! آپ لوگ اسی مقصد سے یہاں جڑے بیٹھے ہو؟ لوگوں نے جواب دیا: واللہ! ہم اسی مقصد سے یہاں بیٹھے ہیں، آپؐ نے فرمایا: سنو! میں نے کسی بدگمانی کی وجہ سے آپ لوگوں کو قسم نہیں دی، بلکہ بات یہ ہے کہ میرے پاس جبرئیل آئے، اور مجھے بتلایا کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کے سامنے آپ لوگوں کا فخریہ ذکر فرمارہے ہیں! (اس سے اجتماعی ذکر کی فضیلت ثابت ہوئی، اور یہ حدیث صحیح ہے: مسلم شریف کی روایت ہے (حدیث ۲۷۰۱ کتاب الذکر حدیث ۴۰) امام ترمذی نے معلوم نہیں حدیث کی تصحیح کیوں نہیں کی)

[۷-] بابُ ماجاءَ فِی الْقَوْمِ یَجْلِسُوْنَ فَیَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ: مَالَھُمْ مِنَ الْفَضْلِ؟

[۳۴۰۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَھْدِیٍّ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ: أَبِیْ مُسْلِمٍ، أَنَّہُ شَھِدَ عَلَی أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، وَأَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، أَنَّھُمَا شَھِدَا عَلَی رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، أَنَّہُ قَالَ: " مَا مِنْ قَوْمٍ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ إِلَّا حَفَّتْ بِھِمُ الْمَلاَئِکَۃُ، وَغَشِیَتْھُمُ الرَّحْمَۃُ، وَنَزَلَتْ عَلَیْھِمُ السَّکِیْنَۃُ، وَذَکَرَھُمُ اللّٰہُ فِیْمَنْ عِنْدَہُ" ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۳۴۰۱-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ العَطَّارُ، نَا أَبُوْ نَعامَةَ، عَنْ أَبِى عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِى سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: خَرَجَ مُعَاوِيَةُ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: مَا يُجْلِسُكُمْ؟ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ، قَالَ: آللّٰهِ مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ؟ قَالُوْا: وَاللّٰهِ! مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَاكَ، قَالَ: أَمَا إِنِّى لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ تُهْمَةً لَكُمْ، وَمَا كَانَ أَحَدٌ بِمَنْزِلَتِىْ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَقَلَّ حَدِيْثًا عَنْهُ مِنِّىْ، إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ عَلَى حَلْقَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: ”مَا يُجْلِسُكُمْ؟“ قَالُوْا: جَلَسْنَا نَذْكُرُ اللّٰهَ وَنَحْمَدُهُ لِمَا هَدَانَا لِلإِسْلَامِ، وَمَنَّ عَلَيْنَا بِهِ، فَقَالَ: ”آللّٰهِ! مَا أَجْلَسَكُمْ إِلَّا ذَاكَ؟“ قَالُوْا: آللّٰهِ! مَا أَجْلَسَنَا إِلَّا ذَاكَ، قَالَ: ”أَمَا إِنِّىْ لَمْ أَسْتَحْلِفْكُمْ لِتُهْمَةٍ لَّكُمْ، إِنَّهُ أَتَانِىْ جِبْرَئِيْلُ، وَأَخْبَرَنِىْ أَنَّ اللّٰهَ يُبَاهِىْ بِكُمُ الْمَلاَئِكَةَ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ نَعَامَةَ السَّعْدِيُّ: اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ عِيْسَى، وَأَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلٍّ.

بابُ ماجاءَ فِى الْقَوْمِ يَجْلِسُوْنَ، وَلاَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ

ذکرودرود سے غفلت موجب حسرات ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ”جوبھی قوم کسی ایسی مجلس میں بیٹھتی ہے جس میں اس نے اللہ کا ذکر نہیں کیا، اور انھوں نے اپنے نبی پر درود نہیں بھیجا تو وہ مجلس ان پر حسرت وندامت ہوتی ہے، پھر اگر اللہ تعالیٰ چاہیں گے تو ان کو سزا دیں گے، اور اگر چاہیں گے تو ان کو معاف کردیں گے“

حدیث کا حال: اس حدیث کی سند میں صالح بن نبہان مدنی مولی التَّوْأَمَة ہیں، یہ صدوق ہیں، مگر آخر عمر میں ان کو اختلاط کا عارضہ پیش آیا تھا، اس لئے حدیث کا آخری مضمون اللہ جانے محفوظ ہے یا نہیں؟ اور یہ حدیث ابوداؤد اور مسند احمد میں بھی ہے، مگر اس میں یہ آخری مضمون نہیں ہے۔

تشریح: جب ذکر سے غفلت ہوتی ہے، اور آدمی دنیا کی طرف مائل ہوتا ہے تو صفتِ احسان سے دوری ہوجاتی ہے، اور وہ سابقہ بہت سی باتیں بھول جاتا ہے، اور ایسا کورارہ جاتا ہے جیسے وہ کیفیات کبھی نصیب ہی نہیں ہوئیں، یہ بات موجبِ حسرت وندامت ہے، کیونکہ غفلت کی یہ حالت دوزخ کی طرف اور ہر برائی کی طرف دعوت دیتی ہے، جو گھاٹا ہی گھاٹا ہے، اور جب حسرتوں کا انبار لگ جاتا ہے تو نجات کی کوئی راہ باقی نہیں رہتی، پس نیکوکاروں کو ہمیشہ ہی اذکار کا اہتمام کرنا چاہئے، اور ان کا کوئی لمحہ ذکر سے خالی نہیں رہنا چاہئے۔ ورنہ کل آئندہ بے پناہ حسرتوں کا سامنا ہوگا (التِرَة: حسرت، ندامت، خسارہ اور گھاٹا)

[۸-] بابُ ماجاءَ فِی الْقَوْمِ یَجْلِسُوْنَ وَلاَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ

[۳۴۰۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، نا سُفْیَانُ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَی التَّوْأَمَةِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" مَا جَلَسَ قَوْمٌ مَجْلِسًا لَمْ یَذْکُرُوْا اللّٰہَ فِیْہِ، وَلَمْ یُصَلُّوْا عَلَی نَبِیِّهِمْ، إِلاَّ کَانَ عَلَیْهِمْ تِرَةً، فَإِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ، وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ دَعْوَةَ الْمُسْلِمِ مُسْتَجَابَةٌ

مسلمان کی دعا ضرور قبول کی جاتی ہے

دو چیزیں علاحدہ علاحدہ ہیں: ایک ہے: دعا کا قبول ہونا، اور دوسری ہے: مانگی ہوئی چیز کا مل جانا، کچھ لوگ ناواقفیت سے دونوں کو ایک سمجھتے ہیں، انھوں نے جو کچھ مانگا ہے وہ مل جاتا ہے تو سمجھتے ہیں کہ دعا قبول ہوئی، ورنہ ان کو بدگمانی ہوتی ہے کہ دعا قبول نہیں ہوئی، یہ بڑی غلط فہمی ہے، مسلمان کی کوئی دعا رد نہیں کی جاتی، اس کی ہر دعا قبول کرلی جاتی ہے، بشرطیکہ اس نے کسی گناہ کی یا قطع رحمی کی دعا نہ کی ہو، رہا مانگ کا پورا ہونا تو وہ مصلحت کے تابع ہے، اللہ تعالیٰ علیم وحکیم ہیں، اگر بندے کی مصلحت ہوتی ہے تو مانگی ہوئی چیز عنایت فرماتے ہیں، اور جس چیز کے دینے میں بندے کی مصلحت نہیں ہوتی، اور وہ اس کی جائز خواہش ہوتی ہے اور روا مطالبہ ہوتا ہے تو اس کو عبادت قرار دے کر نامہ اعمال میں لکھ لیا جاتا ہے، اور اس کا صلہ آخرت میں ملتا ہے، کیونکہ دعا بذاتِ خود عبادت بھی ہے، پھر جب آخرت میں اس کا صلہ ملتا ہے تو بندہ کہتا ہے: یَا لَیْتَهُ لم یُعَجَّلْ له شیئٌ من دُعَائه: اے کاش! اس کو اس کی دعا میں سے جلدی کچھ بھی نہ دیا گیا ہوتا (کنز العمال ۲:۵۷)

اس کو ایک مثال سے سمجھیں: کسی کا اکلوتا بیٹا ہو، اور وہ بخار میں مبتلا ہو جائے، اور قلفی بیچنے والا گرمیوں کی دوپہر میں سڑک پر آکر گھنٹی بجائے، تو بچہ حسب عادت بے تاب ہو جاتا ہے، وہ مطالبہ کرتا ہے: ابا میں قلفی کھاؤں گا، باپ اس کا یہ مطالبہ رد نہیں کرتا، کیونکہ اس کو بچے سے بے پناہ محبت ہے، وہ فوراً نوکر کو دوڑاتا ہے کہ قلفی لا، وہ رمز شناس ہوتا ہے، جاتا ہے اور واپس نہیں آتا، لاری والا آگے بڑھ جاتا ہے، اور بچہ مطالبہ بھول جاتا ہے، باپ بچے کو برف اسی وقت دے گا جب ڈاکٹر اجازت دے، کیونکہ باپ کو بچے کی زندگی پیاری ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ بھی دیتے وہی ہیں جس میں بندے کی مصلحت ہوتی ہے، مگر وہ اس کی ہر دعا قبول فرمالیتے ہیں، سورۃ البقرۃ (آیت ۱۸۶) میں ہے: ﴿أُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ﴾: میں درخواست کرنے والی کی عرضی منظور کرلیتا ہوں، جب وہ میرے حضور میں درخواست دیتا ہے۔ اس آیت میں یہی بات فرمائی ہے کہ درخواست منظور کرلی جاتی ہے، قرآن وحدیث میں کہیں یہ نہیں آیا کہ میں

اس کا ہر مطالبہ پورا کر دیتا ہوں، کیونکہ یہ بات بندے کی مصلحت پر موقوف ہوتی ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی (مسلمان) بندہ کوئی دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں جو اس نے مانگی ہے، یا اس سے کوئی ویسی ہی برائی دور کرتے ہیں، جب تک وہ کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے''

تشریح: اگر مصلحت ہوتی ہے تو مطالبہ پورا کیا جاتا ہے، اور مانگی ہوئی چیز مل جاتی ہے، ورنہ اس کی دعا دفع بلیات کی طرف پھیر دی جاتی ہے، اور جو الا بلا آنی مقدر ہوتی ہے: اس کو دعا کی وجہ سے ٹال دیا جاتا ہے، اور اگر یہ بات بھی نہ ہو تو دعا کو عبادت قرار دیدیا جاتا ہے، جیسا کہ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے —— البتہ اگر گناہ کی دعا ہوتی ہے یا قطع رحمی کی دعا ہوتی ہے (یہ تخصیص بعد التعمیم ہے) مثلاً اس نے اپنے بھائی کے لئے بددعا کی کہ اس کا بیڑا غرق ہو جائے تو ایسی دعا رد کر دی جاتی ہے، اس کو عبادت بنا کر ذخیرہ نہیں کیا جاتا۔

[۹-] بابُ مَاجاءَ أَنَّ دَعْوَةَ الْمُسْلِمِ مُسْتَجَابَةٌ

[۳۴۰۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ أَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' مَا مِنْ أَحَدٍ يَدْعُوْ بِدُعَاءٍ، إِلَّا آتَاهُ اللّٰهُ مَا سَأَلَ، أَوْ كَفَّ عَنْهُ مِنْ سُوْءٍ مِثْلَهُ، مَالَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ، أَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ'' وفى الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، وَعُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ.

بے غرض تعلق آڑے وقت کام آتا ہے

میں مدرس اور مصنف ہوں، جلسوں میں نہیں جاتا، کیونکہ تدریس وتصنیف کے ساتھ اسفار کا جوڑ نہیں، ناغہ کرنے سے طلبہ کا نقصان ہوتا ہے، ایک دن کا ناغہ چالیس دن کی برکت ختم کر دیتا ہے، اور قلم جب رک جاتا ہے، اور معلومات بکھر جاتی ہیں، تو جمع ہوتے ہوئے دیر لگتی ہے، اور قلم مشکل سے چلتا ہے —— مگر کچھ حضرات بے غرض تعلق رکھتے ہیں، گاہ بگاہ ملنے آتے ہیں، فون کرتے ہیں، اور خیر خیریت معلوم کرتے رہتے ہیں، جب وہ جلسے کی دعوت دینے آتے ہیں تو انکار مشکل ہو جاتا ہے، بلکہ بعض کے تو اشارے پر بات ماننی پڑتی ہے، معلوم ہوا کہ بے غرض تعلق آڑے وقت کام آتا ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: من سَرَّهُ أن يَسْتَجِيْبَ اللّٰهُ له عند الشَّدَائِدِ: فَلْيُكْثِرِ الدُّعاءَ فِي الرَّخاءِ: جس کو یہ بات خوش کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ سختیوں میں اور بے چینوں میں اس کی دعا قبول فرمائیں تو اس کو چاہئے کہ خوش حالی میں بکثرت دعا کیا کرے۔

تشریح: واقعہ یہ ہے کہ جو لوگ صرف پریشانی میں اللہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، اور اسی وقت ان کے ہاتھ دعا کے لئے اٹھتے ہیں، ان کا رابطہ اللہ کے ساتھ بہت ضعیف ہوتا ہے، اس کے برعکس جو بندے ہر حال میں اللہ سے مانگنے کے عادی ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے ساتھ ان کا رابطہ قوی ہوتا ہے، پس جو چاہے کہ پریشانیوں اور تنگیوں میں اللہ

اس کی دعا قبول فرمائیں: وہ عافیت اور خوش حالی کے دنوں میں اللہ تعالیٰ سے زیادہ سے زیادہ دعا کرے، ان شاء اللہ تنگی کے دنوں میں اس کی دعا خاص طور پر قبول ہوگی۔

[٣٤٠٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ، نَا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ عَطِيَّةَ اللَّيْثِيُّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهُ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَسْتَجِيْبَ اللّٰهُ لَهُ عِنْدَ الشَّدَائِدِ وَالْكُرَبِ، فَلْيُكْثِرِ الدُّعَاءَ فِيْ الرَّخَاءِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بہترین ذکر لا إلٰہ إلا اللہ اور بہترین دعا الحمدللہ ہے

لا إلٰہ إلا اللہ: بہترین ذکر اس لئے ہے کہ اس سے توحید کی صحیح معرفت حاصل ہوتی ہے، اس جملہ میں شانِ یکتائی کا بیان ہے، اور یہ اس کلمہ کا ظاہری پہلو ہے، اور اس کے مخفی پہلو یہ ہیں: یہ جملہ شرکِ جلی اور خفی (ریاء وسمعہ) کو دفع کرتا ہے، اور ان حجابات کو دور کرتا ہے جو اللہ کی معرفت میں حائل ہوتے ہیں —— اور الحمدللہ: بہترین دعا اس لئے ہے کہ دعا کی دو قسمیں ہیں: ایک: وہ جس سے دل ودماغ عظمتِ خداوندی سے لبریز ہوجاتے ہیں، اور دل میں نیازمندی کی کیفیت پیدا ہوتی ہے، دوم: وہ جس کے ذریعہ دنیاء وآخرت کی خیر طلب کی جاتی ہے، اور شر سے حفاظت کی درخواست کی جاتی ہے —— اور الحمد للہ میں یہ دونوں باتیں جمع ہیں، جب بندہ کہتا ہے: ستائشوں کے سزاوار اللہ تعالیٰ ہیں تو اس کا دل نیازمندی اور عاجزی سے لبریز ہوجاتا ہے، اور الحمدللہ کلمہ شکر بھی ہے، اور شکر سے نعمت بڑھتی ہے، پس حمد کرنے والا دارین کی سعادتوں سے مالا مال کردیا جاتا ہے، اور شرور وفتن سے اس کی حفاظت کی جاتی ہے (رحمۃ اللہ الواسعہ ۴: ۳۰۵)

ملحوظہ: حدیث کا ترجمہ وہ ہے جو عنوان میں لکھا گیا ہے۔

[٣٤٠٥-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، نَا مُوْسَى بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "أَفْضَلُ الذِّكْرِ لا إلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، وَقَدْ رَوَى عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ هٰذَا الحديثَ.

ہر حال میں اللہ کا ذکر کرنا

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ اللّٰهَ على كُلِّ أَحْيَانِه: نبی ﷺ ہر حال میں اللہ کا ذکر کیا کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث میں دو عموم ہیں، ایک: ذکر اللہ عام ہے، تلاوتِ قرآن کو بھی شامل ہے۔ دوم: احوال بھی عام ہیں، خواہ پاک ہو، بے وضو ہو، حالتِ جنابت میں ہو، کھڑا ہو، بیٹھا ہو، لیٹا ہو یا چل رہا ہو، ہر حال میں اللہ کا ذکر جائز ہے۔ مگر علماء نے دوسری حدیث کی وجہ سے تلاوتِ قرآن کو عموم احوال سے خاص کیا ہے، کیونکہ تلاوتِ قرآن حالتِ جنابت میں جائز نہیں، اسی طرح چھوٹے بڑے استنجاء کی حالت کو اور ہم بستری کی حالت کو خاص کیا ہے، ان احوال میں ہر ذکر مکروہ ہے، پس یہ حدیث عام مخصوص منہ البعض ہے، کیونکہ خطابیات کا عموم منطقی عموم سے کم ہوتا ہے، خطابیات میں غالب احوال کا اعتبار کر کے گفتگو کی جاتی ہے۔

[۳۴۰٦-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، وَمُحمدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمُحَارِبِيُّ، قَالاَ: نَا يَحْيىَ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ البَهِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَذْكُرُ اللّٰهَ عَلَى كُلِّ أَحْيَانِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيىَ بْنِ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، وَالْبَهِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ.

بابُ ماجاءَ أَنَّ الدَّاعِيَ يَبْدَأُ بِنَفْسِهِ

دعا کرنے والا پہلے اپنے لئے دعا کرے

دعا کا ایک ادب یہ ہے کہ جب بھی کسی دوسرے کے لئے دعا کرے تو پہلے اپنے لئے دعا مانگے، پھر اس کے بعد دوسرے کے لئے مانگے، نبی ﷺ کا یہی معمول تھا، جب آپؐ کسی کو یاد فرماتے، اور اس کے لئے دعا کرتے تو پہلے اپنے لئے مانگتے، پھر اس کے لئے دعا فرماتے، مثلاً: قبرستان جاتے تو اس طرح دعا سلام کرتے: السلام عليكم يا أهلَ القبور، يَغْفِرُ اللّٰه لنا ولكم، أنتم سَلَفُنَا ونحن بالأثر: تم سلامت رہو، اے قبور والو! اللہ ہماری اور تمہاری بخشش فرمائیں، تم ہم سے پہلے گئے ہو، اور ہم تمہارے پیچھے آرہے ہیں۔

اور اپنے لئے پہلے دعا مانگنے کی وجہ یہ ہے کہ جو صرف دوسرے کے لئے مانگتا تھا: اس کی حیثیت محتاج سائل کی نہیں ہوتی، بلکہ سفارشی کی ہوتی ہے، اور یہ بات دربار الٰہی کے سائل کے لئے مناسب نہیں، عبدیت کاملہ کا تقاضا یہ ہے کہ اپنے لئے پہلے مانگے، دوسرے کے لئے بعد میں۔

[١٠-] بابُ ماجاء أَنَّ الدَّاعِيَ يَبْدَأُ بِنَفْسِهِ

[۳۴۰۷-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْكُوْفِيُّ، نَا أَبُوْ قَطَنٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ

سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا ذَكَرَ أَحَدًا، فَدَعَا لَهُ، بَدَأَ بِنَفْسِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ قَطَنٍ: اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ.

بابُ ماجاءَ فِيْ رَفْعِ الأَيْدِيْ عِنْدَ الدُّعَاءِ

دعا میں ہاتھ اٹھانے اور منہ پر پھیرنے کا بیان

جاننا چاہئے کہ احوال کی دو قسمیں ہیں: احوالِ متواردہ (پے بہ پے پیش آنے والے احوال) اور احوالِ خاصہ، اول میں جواذ کار وادعیہ مروی ہیں: ان میں ہاتھ اٹھانا مستحب نہیں، جیسے صبح وشام کی دعائیں، سونے جاگنے کے اذکار: یہ بغیر ہاتھ اٹھائے کرنے چاہئیں، اور احوالِ خاصہ کی دعاؤں میں ہاتھ اٹھانا مسنون ہے، جیسے نمازوں کے بعد کی دعائیں ہاتھ اٹھا کر مانگنی چاہئیں۔

نیز دعا کی دو قسمیں ہیں: دعائے رغبت اور دعائے رہبت۔ جب دنیا یا آخرت کی کوئی خیر اور بھلائی مانگے تو ہاتھ سیدھے پھیلانے چاہئیں، جس طرح سائل ہاتھ پھیلا کر مانگتا ہے، اور آخر میں پھیلے ہوئے ہاتھ منہ پر پھیر لئے جائیں، اور جب آنے والی کسی بلا کو رکوانے کے لئے دعا کرے تو ہاتھوں کی پشت آسمان کی طرف کرے، اور ہتھیلیاں نیچے کی طرف، اور اس صورت میں بھی دعا سے فارغ ہو کر ہاتھوں کو منہ پر پھیر لے۔

اور فتاوی عالم گیری (کتاب الکراہیہ ۵: ۳۱۸) میں دعائے رغبت میں ہاتھ اٹھانے کا افضل طریقہ یہ لکھا ہے کہ دونوں ہاتھ پھیلائے، اور سینہ کے مقابل تک اٹھائے، اور دونوں ہاتھوں کے درمیان فُرجہ (کشادگی) رکھے، چاہے تھوڑا ہو، (ہاتھ بالکل ملا نہ دے) اور ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر نہ رکھے۔

حکمت: دعا میں ہاتھ اٹھانا اور آخر میں منہ پر پھیرنا: رغبت کا ظاہری روپ ہے، اور دل کی کیفیت اور بدنی ہیئت کے درمیان ہم آہنگی ہے، آدمی اس طرح سراپا التجا بن جاتا ہے، جیسے سائل ہاتھ پسار کر مانگتا ہے تو اس کا سارا وجود سوال بن جاتا ہے، نیز اس سے نفس چوکنا ہوتا ہے کہ وہ کوئی چیز مانگ رہا ہے —— اور ہاتھ منہ پر پھیرنا: امید برآری کی تصویر ہے کہ یہ پھیلے ہوئے ہاتھ خالی نہیں رہے، رب کریم ورحیم کی برکت ورحمت کا کوئی حصہ انہیں ضرور ملا ہے، جسے اس نے اپنے اشرف عضو (چہرے) کا غازہ بنالیا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۲۶)

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دعا کے لئے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتے تھے تو دونوں کو نہیں گراتے تھے یہاں تک کہ ان کو اپنے چہرے پر پھیرتے تھے (محمد بن المثنی کی روایت میں **لَمْ يَحُطَّهُمَا** کی جگہ **لَمْ يَرُدَّهُمَا** ہے۔ دونوں کا مطلب ایک ہے)

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا ایک راوی حماد بن عیسیٰ جہنی واسطی ضعیف ہے، اور یہی راوی یہ حدیث روایت کرتا ہے، اس کے پاس حدیثی سرمایہ بہت کم تھا، مگر متعدد روات اس سے روایت کرتے ہیں (اس لئے مجہول العین نہیں) اور اس کا استاذ حنظلہ ثقہ راوی ہے۔ امام قطانؒ نے اس کی توثیق کی ہے۔

مگر اس حدیث کے ضعیف ہونے سے مسئلہ پر اثر نہیں پڑتا، یہ مسئلہ قریب بہ تواتر روایات سے ثابت ہے، امام نوویؒ نے شرح مہذب میں تیس حدیثیں ذکر کی ہیں جن سے دعا میں ہاتھ اٹھانا اور آخر میں منہ پر پھیرنا ثابت ہوتا ہے۔

فائدہ: متفق علیہ روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: **لم یکن النبی صلی اللہ علیہ وسلم یرفع یدیه فی شیئ من دعائه، إلا فی الاستسقاء:** نبی ﷺ اپنی کسی دعا میں اپنے دونوں ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے، مگر بارش طلبی کی دعا میں۔ اس حدیث سے بعض لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ بارش طلبی کے علاوہ ہر دعا میں ہاتھ نہ اٹھانا سنت ہے، حالانکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی اس حدیث میں غیر معمولی رفع کی نفی ہے، یعنی آپ ﷺ بارش طلبی کی دعا میں ہاتھ بہت اوپر تک اٹھاتے تھے، یہاں تک کہ بغل کی سفیدی نظر آنے لگتی تھی، اور دوسری دعاؤں میں اتنے اوپر تک ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے، سینہ کے مقابل تک اٹھاتے تھے، احادیث میں تطبیق کے لئے یہ توجیہ ضروری ہے۔

[۱۱-] بابُ مَاجاءَ فِی رَفْعِ الأَیْدِیْ عِنْدَ الدُّعَاءِ

[۳۴۰۸-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَی مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، وَإِبْرَاهِیْمُ بْنُ یَعْقُوْبَ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا حَمَّادُ ابْنُ عِیْسَی الْجُهَنِیُّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ أَبِیْ سُفْیَانَ الْجُمَحِیِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم إِذَا رَفَعَ یَدَیْهِ فِی الدُّعَاءِ، لَمْ یَحُطَّهُمَا حَتّٰی یَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ، قَالَ مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی فِیْ حَدِیْثِهِ: لَمْ یَرُدَّهُمَا حَتّٰی یَمْسَحَ بِهِمَا وَجْهَهُ.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ حَمَّادِ بْنِ عِیْسَی، وَقَدْ تَفَرَّدَ بِهِ، وَهُوَ قَلِیْلُ الْحَدِیْثِ، وَقَدْ حَدَّثَ عَنْهُ النَّاسُ، وَحَنْظَلَةُ بْنُ أَبِیْ سُفْیَانَ الْجُمَحِیُّ ثِقَةٌ، وَثَّقَهُ یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ.

بابُ ماجاءَ فِیْ مَنْ یَسْتَعْجِلُ فِیْ دُعَائِهِ

عجلت پسندی قبولیتِ دعا کے استحقاق کو کھودیتی ہے

دعا بندے کی طرف سے اللہ کے حضور میں ایک التجا ہے، اور اللہ تعالیٰ مختار ہیں، وہ بندے کی مانگ جلدی بھی پوری کرسکتے ہیں، اور اس میں کسی مصلحت سے دیر بھی ہوسکتی ہے، کبھی بندے کی مصلحت اس میں ہوتی ہے کہ اس کی مانگ جلدی پوری نہ کی جائے، مگر چونکہ انسان کے خمیر میں جلد بازی ہے، اس لئے وہ کبھی تنگ دل ہوکر مانگنا چھوڑ دیتا ہے، یہ

اس کی غلطی ہے، جلد بازی سے قبولیتِ دعا کا استحقاق ختم ہوجاتا ہے، پس بندے کو چاہئے کہ اس در کا فقیر بنا رہے، اور برابر مانگتا رہا، رحمتِ خداوندی دیرسویر ضرور متوجہ ہوگی، اور یقین رکھے کہ قبولیت کی تاخیر میں کوئی حکمت ہے۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک وہ جلدی نہ مچائے (اور جلدی مچانا یہ ہے کہ) کہے: میں نے دعا کی مگر وہ قبول نہ ہوئی!''

تشریح: مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ جلدی مچانا کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''دعا مانگنے والا (دل میں) کہے کہ میں نے دعا کی، میں نے دعا کی یعنی بار بار کی، پھر میں نے دیکھا کہ میری دعا قبول نہیں ہورہی، چنانچہ اس نے تھک کر دعا مانگنی چھوڑ دی'' (مشکوٰۃ حدیث ۲۲۲۷) ـــــ کامل توجہ نزولِ رحمت میں عبادت سے زیادہ کارگر ہے، اور اللہ کے حضور میں عاجزی کا اظہار، اور بار بار اظہار، دریائے رحمت کو موجزن کرتا ہے، اس لئے قبولیت میں دیر ہونے سے مایوس نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ کبھی دعا کا تسلسل ترقی اور تقرب کا خاص ذریعہ ہوتا ہے، پس اگر بندوں کی منشأ کے مطابق ان کی دعا جلد قبول کرلی جائے تو وہ اس عظیم نعمت سے محروم رہ جائیں۔

[-١٢] بابُ ماجاءَ فِي مَنْ يَسْتَعْجِلُ فِي دُعَائِهِ

[-٣٤٠٩] حدثنا الأَنْصارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدٍ: مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''يُسْتَجابُ لِأَحدِكُمْ مَالَمْ يَعْجَلْ، يَقُوْلُ: دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِيْ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عُبَيْدٍ: اسْمُهُ سَعْدٌ، وَهُوَ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَزْهَرَ، وَيُقَالُ: مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَفِيْ الْبَابِ عَنْ أَنَسٍ.

بابُ ماجاءَ فِي الدُّعَاءِ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسٰى

صبح وشام کی دعائیں

۱- ایک ذکر جو آفاتِ ارضی وسماوی سے بچاتا ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص ہر دن کی صبح میں اور ہر رات کی شام میں یعنی رات کے شروع حصے میں تین دفعہ یہ دعا پڑھ لیا کرے تو اسے کوئی ضرر نہیں پہنچے گا'' یعنی وہ کسی حادثہ کا شکار نہیں ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْئٌ فِيْ الْأَرْضِ وَلاَ فِيْ السَّمَآءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

(اس اللہ کے نام سے (صبح یا شام کرتا ہوں) جس کے نام کے ساتھ زمین وآسمان کی کوئی چیز ضرر نہیں پہنچا سکتی،

اور وہ سب کچھ سننے والے خوب جاننے والے ہیں)

ایک واقعہ: یہ حدیث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے ان کے صاحبزادے حضرت ابان رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں، ان پر فالج کا حملہ ہوا تھا، جب انھوں نے یہ حدیث روایت کی تو ایک شخص خاص نظر سے ان کو دیکھنے لگا (کہ خود انھوں نے اس حدیث سے فائدہ کیوں نہیں اٹھایا، اور وہ فالج کا شکار کیوں ہوگئے؟) پس اس سے حضرت ابان نے کہا: آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟ سنیں! حدیث ویسی ہی ہے جیسی میں نے آپ سے بیان کی، یعنی نہ میں غلط بیان کر رہا ہوں، نہ حضرت عثمانؓ نے مجھ سے غلط بیان کیا، حدیث بالکل صحیح ہے، مگر میں نے اس دن یہ دعا نہیں پڑھی تھی (جس دن مجھ پر فالج کا حملہ ہوا) تاکہ نافذ فرمائیں اللہ تعالیٰ مجھ پر اپنا فیصلہ (اور ابوداؤد میں ہے کہ اس دن میں غصہ میں تھا جس کی وجہ سے یہ دعا پڑھنا بھول گیا، اور اسی دن یہ فالج کا حملہ ہوگیا، اور جو تقدیر الٰہی میں تھا وہ پورا ہو کر رہا)

[١٣-] بابُ ماجاءَ فِي الدُّعَاءِ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى

[٣٤١٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، وَهُوَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُوْلُ فِيْ صَبَاحِ كُلِّ يَوْمٍ، وَمَسَاءِ كُلِّ لَيْلَةٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَايَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْئٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ، وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَيَضُرُّهُ شَيْئٌ"

وَكَانَ أَبَانُ قَدْ أَصَابَهُ طَرَفُ فَالَجٍ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ أَبَانُ: مَا تَنْظُرُ؟ أَمَا! إِنَّ الْحَدِيْثَ كَمَا حَدَّثْتُكَ، وَلٰكِنِّيْ لَمْ أَقُلْهُ يَوْمَئِذٍ، لِيُمْضِيَ اللّٰهُ عَلَيَّ قَدْرَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۲- ذاکر قیامت کے دن ضرور خوش کیا جائے گا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص کہے: جب وہ شام کرے: رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا: میں اللہ کے پروردگار ہونے پر، اور اسلام کے دین ہونے پر، اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے پر خوش ہوں! تو اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ پر لازم کرلیا ہے کہ وہ (قیامت کے دن) اس کو خوش کردیں گے۔

تشریح: مسند احمد میں ہے: "جو مسلمان صبح وشام تین دفعہ یہ ذکر کرے" —— یہ بہت مختصر ذکر ہے، اس سے اللہ ورسول اور دینِ اسلام کے ساتھ تعلق تازہ اور مستحکم ہوتا ہے، اس لئے اس کا یہ صلہ ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کو بے حساب ثواب سے راضی اور خوش کردیں گے (پس طلبہ یہ ذکر یاد کرلیں اور اس سے فائدہ اٹھائیں)

[٣٤١١-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ: سَعِيْدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِيَ: رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا،

وَبِالإِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا: كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ أَنْ يُرْضِيَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳-صبح وشام کی ایک جامع دعا: جس سے بندگی اور نیازمندی کا اظہار ہوتا ہے

حدیث: نبی ﷺ جب شام کرتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے: أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وحدَه لاشريك له ــــ راوی کا خیال ہے کہ یہ بھی فرمایا: له الْمُلْكُ، وله الحمدُ، وهو على كل شيئ قدير ــــ أَسْأَلُكَ خَيْرَ ما في هذه الليلةِ، وخَيْرَ ما بعدها، وأَعُوْذُ بك من شَرِّ هذه الليلة، وشَرِّ ما بعدها، وأعوذ بك من الكَسْلِ، وسُوْءِ الْكِبَرِ، وأعوذ بك من عذاب النار، وعذاب الْقَبْرِ: ہم نے شام کی اور ساری کائنات نے اللہ کے لئے شام کی، اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، ان کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ اکیلے ہیں، ان کا کوئی ساجھی نہیں ــــ (اور ابراہیم بن سوید نے اپنی روایت میں یہ اضافہ کیا ہے:) انہی کا راج ہے، اور انہی کے لئے ستائش ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہیں ــــ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں اس رات کی خیر کی، اور اس کے بعد والی رات کے خیر کی، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس رات کے شر سے، اور اس کے بعد والی رات کے شر سے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں سستی سے اور بوڑھاپے کی برائی سے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے ــــ اور جب آپ صبح کرتے تو بھی (ایک کلمہ کی تبدیلی کے ساتھ) یہی دعا کرتے: أَصْبَحْنَا، وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالحمدُ للّٰهِ (الی آخرہ) (یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

تشریح: اس دعا میں اپنی ذات پر اور ساری کائنات پر اللہ کی ملکیت کا اقرار، اور اس کی حمد وثنا کے ساتھ توحید کا اعلان ہے، پھر رات اور دن میں جو خیر اور برکتیں ہیں ان کا سوال ہے، اور جو برائیاں ہیں جو سعادت سے محرومی کا سبب بن جاتی ہیں ان سے پناہ چاہی گئی ہے، اور آخر میں دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگی گئی ہے، پس یہ ایک جامع دعا ہے، اور اس میں اپنی بندگی اور نیازمندی کا اظہار ہے۔

[٣٤١٢-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَمْسَى قَالَ: "أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ" - أُرَاهُ قَالَ: "لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ" - "أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَخَيْرَمَا بَعْدَهَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسْلِ، وَسُوْءِ الْكِبَرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ"

وَإِذَا أَصْبَحَ قَالَ ذٰلِكَ أَيْضًا: "أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۴-صبح وشام کی ایک مختصر دعا: جو نبی ﷺ اپنے صحابہ کو سکھلایا کرتے تھے

حدیث: نبی ﷺ اپنے صحابہ کو یہ دعا سکھلایا کرتے تھے: فرماتے: جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو کہے: اللّٰھم بك أَصْبَحْنَا وبِكَ أَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحْيٰى، وَبِكَ نَمُوْتُ، وإليك المصير: الٰہی! آپ ہی کی مدد سے ہم نے صبح کی، اور آپ ہی کی مدد سے ہم شام کرتے ہیں، اور آپ ہی کی مدد سے ہم زندہ ہیں، اور آپ ہی کی مدد سے ہم مریں گے، اور آپ ہی کی طرف ہمیں لوٹ کر جانا ہے۔

اور جب شام کرے تو کہے: اللّٰھم بك أَمْسَيْنَا، وبك أَصْبَحْنَا، وبك نَحْيٰى، وبك نَمُوْتُ، وإليك النُّشُوْرُ: الٰہی! آپ ہی کی مدد سے ہم نے شام کی، اور آپ ہی کی مدد سے ہم صبح کرتے ہیں، اور آپ ہی کی مدد سے ہم زندہ ہیں، اور آپ ہی کی مدد سے ہم مریں گے، اور آپ کے پاس ہم زندہ ہوکر حاضر ہونگے۔

تشریح: رات کے بعد پو پھٹنا اللہ کی بڑی نعمت ہے، اسی طرح دن کے ختم پر رات کا چھانا بھی بڑی نعمت ہے، اگر رات کے بعد صبح نہ ہوتو ہمارے سارے کام ٹھپ ہوجائیں، اور دن کے بعد رات کاموں سے چھٹی دلاتی ہے، اور راحت وآرام کا پیام لاتی ہے، سورۃ القصص (آیات ۷۱-۷۳) میں اس کا تذکرہ ہے، پس جب صبح وشام ہوتو ان نعمتوں کا اعتراف ہونا چاہئے —— اور جس طرح بہ حکم الٰہی دن کی عمر ختم ہوکر رات آتی ہے، اور رات کی عمر ختم ہوکر دن نکلتا ہے، اسی طرح اور اسی کے حکم سے ہماری زندگی چل رہی ہے، اور اسی کے حکم سے مقررہ وقت پر موت آئے گی، پھر اللہ کے حضور میں پیشی ہوگی، پس ہر دن صبح وشام موت اور آخرت کو یاد کرنا چاہئے۔

[۳٤۱۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا سُهَيْلُ بْنُ أَبِى صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعَلِّمُ أَصْحَابَهُ، يَقُوْلُ: "إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ أَمْسَيْنَا، وَبِكَ نَحيَى، وَبِكَ نَمُوْتُ، وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ"

وَإِذَا أَمْسَى فَلْيَقُلْ: "اللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا، وَبِكَ أَصْبَحْنَا، وَبِكَ نَحيَى، وَبِكَ نَمُوْتُ، وَإِلَيْكَ النُّشُوْرُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ مِنْهُ

۵-ایک دعا جو صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کو سکھائی گئی

حدیث: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کسی چیز (ذکر ودعا) کا حکم دیجئے جس کو میں صبح وشام کہہ لیا کروں، آپؐ نے فرمایا: "کہو: اللّٰھم! عَالِمَ الغيب والشهادة! فَاطِرَ السماواتِ

والأَرضِ! رَبَّ كُلِّ شيئٍ وَمَلِيْكَهُ! أشهدُ أن لا إلٰه إلا أَنْتَ! أَعُوْذُ بك من شَرِّ نفسی، ومن شَرِّ الشيطان، وشِرْكِهٖ: اے اللہ! اے غیب وشہادت کے جاننے والے! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کی برائی سے، اور شیطان کی برائی سے، اور اس کے شرک سے (یا جال سے) —— نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ اس کو کہیں: جب آپ صبح کریں، اور جب آپ شام کریں، اور جب آپ سونے کے لئے اپنے بستر پر لیٹیں''

تشریح: شرک کے ایک معنی تو معروف ہیں یعنی اللہ کا ساجھی بنانا یعنی اس بات سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ شیطان مجھے شرک میں مبتلا کردے، اور شرک کے دوسرے معنی ہیں: جال یعنی میں اس بات سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں کہ میں شیطان کی جال میں پھنس جاؤں۔

[۱۴-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۱۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَاصِمٍ الثَّقَفِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارسولَ اللهِ! مُرْنِيْ بِشَيْءٍ أَقُوْلُهُ إِذَا أَصْبَحْتُ، وَإِذَا أَمْسَيْتُ، قَالَ: قُلْ: "اللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وشِرْكِهِ" قَالَ: "قُلْهُ إِذَا أَصْبَحْتَ، وَإِذَا أَمْسَيْتَ، وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

۶-سید الاستغفار یعنی اللہ سے معافی مانگنے کی بہترین دعا

حدیث: نبی ﷺ نے حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''کیا میں تمہیں اعلی درجہ کے استغفار سے آگاہ نہ کروں؟ وہ یہ ہے:

اللّٰهُمَّ! أنتَ ربی! لا إلٰه إلا أنت، خَلَقْتَنِیْ، وَأنا عبدُك، وأنا على عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعوذ بك من شر ما صَنَعْتُ، وَأَبُوْءُ لك بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَعْتَرِفُ بِذُنُوْبِیْ، فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ،إنه لايَغْفِرُ الذنُوْبَ إلا أنت.

ترجمہ: اے اللہ! آپ ہی میرے پروردگار ہیں! آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ نے مجھے پیدا کیا، اور میں آپ کا بندہ ہوں، اور جہاں تک میرے بس میں ہے: میں آپ کے ساتھ کیئے ہوئے عہد و پیمان پر اور آپ کے ساتھ

کیے ہوئے وعدے پر قائم ہوں، میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں ان کاموں کے شر سے (برے نتیجہ سے) جو میں نے کیے ہیں، میں اقرار کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے نعمتوں سے نوازا ہے، اور میں اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، پس آپ میرے لئے میرے گناہوں کو معاف فرمادیں، کیونکہ آپ کے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں۔

(رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:) نہیں کہتا ان کلمات کو تم میں سے کوئی جب شام کرتا ہے، پس آئے اس پر موت صبح کرنے سے پہلے، مگر ثابت ہوجاتی ہے اس کے لئے جنت (اور بخاری شریف میں ہے: جو بندہ یقین کے ساتھ دن کے کسی حصہ میں یہ کلمات کہے، اور اسی دن اس کو موت آجائے تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا، اور جو رات کے کسی حصہ میں یہ کلمات کہے، اور اسی رات وہ چل بسے تو وہ بلاشبہ جنت میں جائے گا۔ مشکوٰۃ حدیث ۲۳۳۵)

تشریح: بخاری کی روایت سے معلوم ہوا کہ سید الاستغفار: صبح وشام کے اذکار وادعیہ میں سے ہے، اس لئے امام ترمذی اس کو اس باب میں لائے ہیں، اور کتاب میں جو وفی الباب ہے۔ اس سے مراد صبح وشام کی دعائیں ہیں، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ سید الاستغفار ان سب صحابہ سے مروی ہے۔

اور استغفار کے معنی ہیں: توبہ کرنا یعنی اپنے گناہوں اور قصوروں کی معافی مانگنا، اور بخشش طلب کرنا، اور استغفار کی حقیقت اور روح یہ ہے کہ آدمی اپنے ان گناہوں کو سوچے، جنھوں نے اس کے نفس کو میلا اور گندہ کر رکھا ہے، پھر اسباب مغفرت اختیار کر کے نفس کو ان گناہوں سے پاک کرے، اور اسباب مغفرت تین ہیں: نیک عمل، فیضِ ملکوتی اور مدد روحانی، تفصیل درج ذیل ہے:

پہلا سبب: بہترین نیک عمل ہے یعنی آدمی کوئی ایسا نیک کام کرے کہ رحمتِ حق اس کی طرف متوجہ ہوجائے، اور ملائکہ اس کے عمل سے خوش ہو کر اس کے لئے دعا گو بن جائیں تو اس کی خطائیں خود بخود معاف ہوجاتی ہیں، جیسے کفر ونفاق سے توبہ کر کے مخلص مؤمنین کے زُمرہ میں شامل ہونا ایسا نیک عمل ہے کہ سابقہ گناہ سب معاف ہوجاتے ہیں۔

دوسرا سبب: فیض ملکوتی ہے یعنی آدمی فرشتہ صفت بن جائے، اپنے احوال میں ملائکہ کی مشابہت اختیار کرے اور نفس کی تیزی کو توڑے یعنی پاکیزہ زندگی اختیار کرے: تو گناہوں پر قلم عفو پھیر دیا جاتا ہے، جیسے حج مقبول سے سابقہ تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں، کیونکہ حج مقبول سے زندگی کا رخ بدل جاتا ہے۔

تیسرا سبب: مدد روحانی ہے، جب گنہ گار بندہ ندامت کے آنسو بہاتا ہے، اور کوتاہی کے احساس کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، اور وہ اس یقین سے معافی طلب کرتا ہے کہ رب کریم ضرور نظر کرم فرمائیں گے تو لطف ومہربانی کی بارش ہونے میں دیر نہیں لگتی، سید الاستغفار ایسی ہی ایک دعا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۳۶)

سید الاستغفار ایسے کلمات سے شروع ہوتا ہے جن میں عبدیت کی روح بھری ہوئی ہے، پھر بندہ عبادت واطاعت کے عہد ومیثاق کی تجدید کرتا ہے اور اقرار کرتا ہے کہ جہاں تک مجھ سے بن پڑے گا اس عہد ومیثاق پر قائم رہنے کی

کوشش کرونگا، پھراپنی غلطیوں اورکوتاہیوں کی معافی کا طلب گار ہوتا ہے، اور ساتھ ہی اللہ کے انعامات واحسانات کا اعتراف کرتا ہےاورآخر میں اس درکا بھکاری بن کرمعافی مانگتا ہے، کیونکہ اس کے لئے اس دَر کے سوا کوئی دَر نہیں، اور متفق علیہ روایت میں ہے کہ اللہ کے ایک بندے نے گناہ کیا، پھر ملتجی ہوا: اے میرے پروردگار! مجھ سے گناہ ہوگیا، مجھے معاف فرما! تو اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرماتے ہیں: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی مالک ہے جو گناہوں پر پکڑتا بھی ہےاورمعاف بھی کرتا ہے(سنو!) میں نے اپنے بندے کا گناہ بخشش دیااوراس کومعاف کردیا(مشکوٰۃ حدیث ۲۳۳۳)

ملحوظہ: حدیث میں قَدَرٌ کے معنی ہیں: تقدیراور مراد موت ہے، اور طلبہ کو چاہئے کہ وہ سید الاستغفار یاد کرلیں اور صبح وشام ایک مرتبہ اس کو پڑھ لیا کریں۔اور یہاں صبح وشام کے اذکار وادعیہ کا بیان پورا ہوا۔

[١٥-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤١٥-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ رَبِيْعَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ لَهُ:" أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى سَيِّدِ الِاسْتِغْفَارِ؟ "اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ، وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَأَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَعْتَرِفُ بِذُنُوْبِيْ، فَاغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ": "لَايَقُوْلُهَا أَحَدُكُمْ حِيْنَ يُمْسِيَ فَيَأْتِيَ عَلَيْهِ قَدَرٌ قَبْلَ أَنْ يُصْبِحَ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، وَلَا يَقُوْلُهَا حِيْنَ يُصْبِحَ، فَيَأْتِيَ عَلَيْهِ قَدَرٌ قَبْلَ أَنْ يُمْسِيَ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ"

وفى الباب: عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ، وَابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَابْنِ أَبْزَى، وَبُرَيْدَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ حَازِمٍ: هُوَ ابْنُ أَبِيْ حَازِمٍ الزَّاهِدُ.

بابُ ماجاءَ فى الدُّعَاءِ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ

سوتے وقت کے اذکار وادعیہ

نیند: موت کی بہن ہے، سونے والا: مردے کی طرح دنیا ومافیہا سے غافل ہوجاتا ہے، اس لحاظ سے نیند: بیداری اورموت کے درمیان کی ایک حالت ہے، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے سوتے وقت کے لئے اذکار مشروع فرمائے، پس جب آدمی سونے کے لئے بستر پر لیٹ جائے تو درج ذیل اذکار میں سے کوئی ایک یا زیادہ اذکار کرکے سوئے۔

پہلا ذکر: نبی ﷺ نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا نہ سکھلاؤں میں آپ کو چند ایسے کلمات جن کو آپ کہہ لیں جب آپ اپنے بستر پر پہنچ جائیں، پھر اگر آپ کی اسی رات میں موت واقع ہوگئی تو آپ

کا خاتمہ اسلام پر ہوگا، اور اگر آپ نے صبح کی تو آپ صبح کریں گے اس حال میں کہ آپ بڑی خیر کو پہنچے؟ آپ کہیں:

اللّٰهُمَّ! أَسْلَمْتُ نفسی إلیك، وَوَجَّهْتُ وجهی إلیك، وفَوَّضْتُ أمری إلیك، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إلیك، وأَلْجَأْتُ ظهری إلیك، لاَمَلْجَأَ وَلاَ مَنْجٰی منك إلا إلیك، آمنتُ بکتابك الذی أنزلتَ، ونَبِیِّكَ الذی أَرْسَلْتَ.

ترجمہ: اے اللہ! میں نے اپنی روح آپ کو سپرد کردی، اور اپنا رخ آپ کی طرف پھیر دیا، اور اپنا معاملہ آپ کے سپرد کردیا، آپ کی طرف رغبت کرتے ہوئے اور آپ سے ڈرتے ہوئے، اور میں نے اپنی پیٹھ آپ کے سپرد کردی، کوئی جائے پناہ نہیں اور کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں آپ سے بھاگ کر مگر آپ ہی کی طرف، میں آپ کی کتاب پر ایمان لایا جس کو آپ نے نازل فرمایا ہے، اور آپ کے نبی پر ایمان لایا جس کو آپ نے بھیجا ہے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (جب میں نے یہ دعا یاد کر کے سنائی تو) میں نے کہا: وبرسولك الذی أَرْسَلْتَ (یعنی نبیك کی جگہ برسولك کہا) براءؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے اپنے ہاتھ سے میرے سینے میں چوکا دیا، پھر فرمایا: ونبیك الذی أرسلتَ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ماثورہ دعاؤں میں تبدیلی نہیں کرنی چاہئے، ان کو اسی طرح پڑھنا چاہئے جس طرح وہ وارد ہوئی ہیں، ہاں ماثورہ دعامیں آگے پیچھے اضافہ کرسکتے ہیں۔

تشریح: اس باب میں حضرت رافع کی جو حدیث ہے: وہ اگلے نمبر پر آرہی ہے...... اور حضرت براءؓ کی یہ حدیث منصور کی سند سے آگے أحادیث شتّٰی (حدیث ۳۵۹۵) میں آرہی ہے۔ اور اس میں یہ اضافہ ہے کہ ''جب تم اپنے بستر پر پہنچ جاؤ درانحالیکہ تم باوضو ہو'' —— اور یہ متفق علیہ حدیث ہے، اور صحیحین میں ہے: ''جب تم سونے کا ارادہ کرو تو پہلے وضو کرو، پھر داہنی کروٹ پر لیٹ جاؤ، پھر مذکورہ ذکر کرو'' اور آخر میں ہے: ''اس دعا کے بعد کوئی بات نہ کرو، اگر اسی حال میں موت آگئی تو تمہاری موت دین فطرت پر ہوگی (مشکوۃ حدیث ۲۳۸۵)

اور یہی ذکر حضرت رافعؓ کی حدیث میں بھی مروی ہے، اور اس کے الفاظ قدرے مختلف ہیں، مگر وہ حدیث اعلی درجہ کی نہیں، اس لئے طلبہ کو وہی ذکر یاد کرنا چاہئے جو حضرت براءؓ کی حدیث میں آیا ہے، یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

[١٦-] بابُ مَاجاءَ فِی الدُّعَاءِ إِذَا أَوَی إِلٰی فِرَاشِهِ

[٣٤١٦-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِیِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ لَهُ: " أَلاَ أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ تَقُوْلُهَا إِذَا أَوَیْتَ إِلَی فِرَاشِكَ، فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَیْلَتِكَ مُتَّ عَلَی الْفِطْرَةِ، وَإِنْ أَصْبَحْتَ أَصْبَحْتَ وَقَدْ أَصَبْتَ خَیْرًا؟ تَقُوْلُ: "اَللّٰهُمَّ! أَسْلَمْتُ نَفْسِیْ إِلَیْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ إِلَیْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِیْ إِلَیْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَیْكَ، وَأَلْجَأْتُ

ظَهْرِیْ إِلَیْكَ، لَامَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَیْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ، وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ"
قَالَ الْبَرَاءُ: فَقُلْتُ:" وَبِرَسُوْلِكَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ" قَالَ: فَطَعَنَ بِیَدِهِ فِیْ صَدْرِیْ، ثُمَّ قَالَ: "وَنَبِیِّكَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وَفِی البَابِ: عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ عَنِ الْبَرَاءِ، وَرَوَاهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَیْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ:" إِذَا أَوَیْتَ إِلَی فِرَاشِكَ وَأَنْتَ عَلَی وُضُوْءٍ"

[٣٤١٧-] حدثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، نَا عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ یَحْیَی بْنِ أَبِی كَثِیْرٍ، عَنْ یَحْیَی بْنِ إِسْحَاقَ ابْنِ أَخِیْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ: "إِذَا اضْطَجَعَ أَحَدُكُمْ عَلَی جَنْبِهِ الْأَیْمَنِ، ثُمَّ قَالَ:"أَسْلَمْتُ نَفْسِیْ إِلَیْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِیْ إِلَیْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ إِلَیْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِیْ إِلَیْكَ، لَامَلْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَیْكَ، أُؤْمِنُ بِكِتَابِكَ وَبِرَسُوْلِكَ" فَإِنْ مَاتَ مِنْ لَیْلَتِهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ "هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِیْثِ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ.

دوسرا ذکر: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ بستر پر لیٹتے تو کہتے:

الحمدُ للہ الذی أَطْعَمَنَا، وَسَقَانَا، وَكَفَانَا، وَآوَانَا، فَكَمْ مِمَّنْ لَاكَافِیَ لَهُ، وَلَا مُؤْوِیَ لَهُ.

(تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، اور پلایا، اور ہماری ضرورتیں پوری کیں، اور ہمیں ٹھکانا دیا، پس کتنے ہی ایسے بندے ہیں جن کی نہ کوئی ضرورت پوری کرنے والا ہے، اور نہ کوئی ان کو ٹھکانا دینے والا ہے)

[٣٤١٨-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا حَمَّادٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ إِذَا أَوَی إِلَی فِرَاشِهِ، قَالَ:" الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكَفَانَا، وَآوَانَا، فَكَمْ مِمَّنْ لَاكَافِیَ لَهُ وَلَا مُؤْوِیَ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ.

بابٌ مِنْهُ

تیسرا ذکر: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے تین مرتبہ کہا جب اس نے اپنے بستر پر ٹھکانا پکڑا: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الذی لا إلٰه إلا هو الحی القیوم، وَأَتُوْبُ إِلَیْهِ: میں اس اللہ سے معافی چاہتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، جو سدا زندہ رہنے والا ہر چیز کو تھامنے والا ہے، اور میں اس کے حضور میں توبہ کرتا ہوں: تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ معاف فرما دیں گے،

اگر چہ وہ سمندر کے جھاگ کے بقدر ہوں، اور اگر چہ وہ درختوں کے پتوں کی تعداد میں ہوں، اور اگر چہ وہ عالج بیابان کی ریت کی تعداد میں ہوں، اور اگر چہ وہ دنیا کے دنوں کی تعداد میں ہوں (یہ حدیث ضعیف ہے، وصّافی: عبیداللہ بن الولید ضعیف راوی ہے، اور عطیہ بن سعد بن جُنادہ عوفی جدلی بھی معمولی راوی (صدوق) ہے، اور وہ حدیث میں غلطیاں بھی بہت کرتا تھا، اور شیعی اور مدلس بھی تھا، اور عالج: جزیرۃ العرب کا ایک بیابان ہے، جس میں بے پناہ ریت ہے)

[۱۷-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۱۹-] حدثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْوَصَّافِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" مَنْ قَالَ حِيْنَ يَأْوِیَ إِلَی فِرَاشِهِ:" أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ، وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ" ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ ذُنُوْبَهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ، وَإِنْ كَانَتْ عَدَدَ وَرَقِ الشَّجَرِ، وَإِنْ كَانَتْ عَدَدَ رَمْلِ عَالِجٍ، وَإِنْ كَانَتْ عَدَدَ أَيَّامِ الدُّنْيَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْوَصَّافِیِّ.

بابٌ مِنْهُ

چوتھا ذکر: نبی ﷺ جب سونے کا ارادہ فرماتے تو داہنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھ کر لیٹ جاتے، پھر کہتے: اللّٰهم! قِنِیْ عَذابَك يومَ تَبْعَثُ عِبادَك: الٰہی! مجھے اپنے عذاب سے بچا جب آپ اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ کریں۔

تشریح: یہ ذکر حضرت حذیفہ، حضرت براء اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے مروی ہے، پہلے حضرت حذیفہؓ کی روایت لکھی ہے، اس میں راوی کو تَجْمَعُ اور تَبْعَثُ میں شک ہے، لیکن باقی دو حضرات کی روایتوں میں بغیر شک کے تَبْعَثُ ہے۔ پھر حضرت براء رضی اللہ عنہ کی روایت لکھی ہے، اور اس کی چار سندیں بیان کی ہیں:

۱- ابواسحاق سبیعی ہمدانی رحمہ اللہ کے صاحبزادے یوسف اپنے والد ابواسحاق سے، وہ حضرت ابو بردہؓ سے، اور وہ حضرت براءؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۲- سفیان ثوری رحمہ اللہ، ابواسحاق سے، اور وہ حضرت براءؓ سے روایت کرتے ہیں، ثوریؒ درمیان میں کوئی واسطہ ذکر نہیں کرتے (ابواسحاق کا حضرت براءؓ سے لقاء وسماع ہے)

۳- شعبہ رحمہ اللہ: ابواسحاق سے، وہ ابوعبیدۃ (صاحبزادۂ ابن مسعود) سے اور ایک دوسرے شخص سے، اور وہ دونوں حضرت براءؓ سے روایت کرتے ہیں۔

۴- ابواسحاق رحمہ اللہ کے پوتے اسرائیل اپنے دادا ابواسحاق سے، وہ عبداللہ بن یزید سے، اور وہ حضرت براءؓ سے روایت کرتے ہیں، پھر تحویل ہے، اسرائیل اپنے دادا ابواسحاق سے، وہ ابوعبیدۃ سے، اور وہ اپنے ابا حضرت عبداللہ

بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

امام ترمذی رحمہ اللہ نے ان اسانید میں کوئی ترجیح قائم نہیں کی، کیونکہ سبھی سندیں صحیح ہیں، مسند احمد میں سبھی سندوں سے یہ روایت مروی ہے، البتہ آخری سند جو تحویل کے بعد ہے: اس سے یہ روایت ابن ماجہ میں ہے۔

نوٹ: یہ سب سے چھوٹا ذکر ہے، اس کو ہر طالب علم یاد کرلے اور سوتے وقت اس کے پڑھنے کا اہتمام کرے۔

[١٨-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤٢٠-] حدثنا ابْنُ أَبِىْ عُمَرَ، نَاسُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ، وَضَعَ يَدَهُ تَحْتَ رَأْسِهِ: ثُمَّ قَالَ: "اللّٰهُمَّ قِنِىْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ أَوْ: تَبْعَثُ عِبَادَكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٤٢١-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ يُوْسَفَ بْنِ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَتَوَسَّدُ يَمِيْنَهُ عِنْدَ الْمَنَامِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: "رَبِّ قِنِىْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَى الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، لَمْ يَذْكُرْ بَيْنَهُمَا أَحَدًا، وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِىْ عُبَيْدَةَ، وَرَجُلٍ آخَرَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَرَوَاهُ إِسْرَائِيْلُ عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَعَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِىْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ.

بابٌ مِنْهُ

پانچواں ذکر: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ ہمیں حکم دیا کرتے تھے، جب ہم میں سے کوئی اپنی خواب گاہ کو پکڑے تو کہے:

اللّٰهم! رَبَّ السماوات وربَّ الأرضين! ورَبَّنَا وربَّ كلِّ شيئٍ! فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوىٰ! ومُنْزِلَ التوراةِ وَالإِنْجِيْلِ وَالْقُرآنِ! أعوذ بك من شَرِّ كلِّ ذى شَرٍّ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، أَنْتَ الأولُ فليس قبلك شيئ: وَأَنْت الآخر فليس بعدك شيئ، وَأنت الظاهر، فليس فوقك شيئ، وأنت الباطن، فليس دونك شيئ، اِقْضِ عَنِّى الدَّيْنَ، وأَغْنِنِىْ مِن الْفَقْرِ.

(اے اللہ! اے آسمانوں کے پروردگار اور اے زمینوں کے پروردگار! اور اے ہمارے پروردگار اور اے ہر چیز کے

پروردگار! اے دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے! یعنی اگانے والے! اور اے تورات وانجیل وقرآن کو نازل فرمانے والے! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں ہر برائی والی چیز کی برائی سے، جس کی پیشانی کے بالوں کو آپ پکڑنے والے ہیں، یعنی ہر چیز آپ کے قبضہ قدرت میں ہے، آپ ہی سب سے پہلے ہیں، آپ سے پہلے کوئی چیز نہیں! اور آپ ہی سب کے بعد ہیں، آپ کے بعد کوئی چیز نہیں، اور آپ ہی ظاہر ہیں، آپ سے اوپر کوئی چیز نہیں، اور آپ ہی باطن ہیں، آپ کے وَرے کوئی چیز نہیں، میری طرف سے قرضہ چکائیے، اور مجھے فقر سے بے نیاز کردیجئے!

تشریح: اللہ ہی اول وآخر ہیں یعنی نہ ان پر عدم سابق طاری ہوا، اور نہ عدم لاحق طاری ہوگا —— اور اللہ ہی ظاہر ہیں یعنی دلائل کے اعتبار سے، کیونکہ کائنات کا ذرہ ذرہ ان کے وجود کی گواہی دے رہا ہے، ہر ورق دفترے است از معرفتِ کردگار! اور آپ سے اوپر کوئی چیز نہیں یعنی معرفت کے اعتبار سے آپ سے اجلی کوئی چیز نہیں، اور آپ ہی باطن ہیں، یعنی آپ کی ذات کا کوئی ادراک نہیں کرسکتا۔

فائدہ: یہ دعا ان بندگانِ خدا کے زیادہ حسب حال ہے جو مقروض اور معاشی پریشانیوں میں مبتلا ہیں، وہ یہ دعا کر کے سوئیں اور ربّ کریم سے امید رکھیں کہ وہ رزق میں کشائش کی کوئی صورت پیدا فرمائیں گے (معارف الحدیث ۵: ۱۸۳)

[۱۹-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، نا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْمُرُنَا: إِذَا أَخَذَ أَحَدُنَا مَضْجَعَهُ أَنْ يَقُوْلَ: "اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمواتِ وَرَبَّ الْأَرْضِيْنَ، وَرَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْئٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوى، وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ، أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، أَنْتَ الْأَوَّلُ، فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الآخِرُ، فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ، فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ، فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْئٌ، اقْضِ عَنِّی الدَّيْنَ، وَأَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

چھٹا ذکر: نبی ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی اپنے بستر سے کھڑا ہو، پھر اس کی طرف لوٹے (عرب بستر بچھا ہوا چھوڑ دیتے تھے) تو چاہئے کہ وہ اس کو اپنی لنگی کے پلّے سے تین مرتبہ جھاڑے، کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کیا چیز بستر پر اس کے پیچھے آئی ہے، اس کے اٹھنے کے بعد، یعنی ممکن ہے کوئی کیڑا، تتیا، بچھو وغیرہ اس پر آ گرا ہو، پھر جب لیٹ جائے تو کہے: بِاسْمِكَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ، وَبِكَ أَرْفَعُه، فَإِنْ أمسكتَ نفسی فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا،

بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عبادَكَ الصَالحين. اے میرے پروردگار! آپ کے نام سے میں نے پہلو رکھا، اور آپ کی مدد سے میں اس کو اٹھاؤنگا، اگر آپ میری جان کو روک لیں تو اس پر مہربانی فرمائیں، اور اگر آپ اس کو چھوڑ دیں تو اس کی نگہداشت فرمائیں، اس چیز کے ذریعہ جس سے آپ اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتے ہیں۔

اور جب بیدار ہو تو کہے: الحمدُ للّٰہ الذی عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ، وَرَدَّ علیَّ روحی، وَأَذِنَ لِیْ بذکرہ: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے میرے جسم کو عافیت بخشی، اور مجھ پر میری روح واپس پھیردی، اور مجھے اپنا ذکر کرنے کی اجازت دی یعنی موقع فراہم کیا۔

[۲۰-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۲۳-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ الْمَكِّیُّ، نا سُفْیَانُ، عَنْ ابنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ عَنْ فِرَاشِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَیْهِ، فَلْیَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ إِزَارِهِ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَإِنَّهُ لَایَدْرِیْ مَا خَلَفَهُ عَلَیْهِ بَعْدَهُ، فَإِذَا اضْطَجَعَ فَلْیَقُلْ:" بِاسْمِكَ رَبِّیْ وَضَعْتُ جَنْبِیْ، وَبِكَ أَرْفَعُهُ، فَإِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِیْ فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِیْنَ" فَإِذَا اسْتَیْقَظَ، فَلْیَقُلْ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ، وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ، وَأَذِنَ لِیْ بِذَكْرِهِ" وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَعَائِشَةَ، وَحدیثُ أَبِیْ هُرَیْرَةَ حدیثٌ حسنٌ.

لغت: الصِنْفَةُ وَالصَّنِفَةُ: کپڑے کا حاشیہ، کنارہ، پلا۔

بابُ ماجاءَ فِی مَنْ یَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ عِنْدَ الْمَنَام

سوتے وقت قرآن کریم پڑھنا

۱-سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھنا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ جب ہر رات اپنے بستر پر ٹھکانا پکڑتے تو اپنی دونوں ہتھیلیاں اکٹھا کرتے، پھر ان میں دم کرتے (دم میں ہوا کے ساتھ تھوک کے ہلکے ذرات بھی جانے چاہئیں) پھر ان میں سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھتے، یعنی یہ تین سورتیں پڑھ کر ہتھیلیوں میں دم کرتے، اور جہاں تک آپؐ کے ہاتھ پہنچ سکتے ان کو اپنے جسم پر پھیرتے، پہلے سر اور چہرے پر اور جسم کے سامنے کے حصے پر پھیرتے، آپؐ یہ عمل تین دفعہ کرتے۔

تشریح: سورۃ الاخلاص بڑی بابرکت سورت ہے، اس میں توحید کی کامل تعلیم ہے، اور معوذتین: رقیہ (منتر) ہیں،

ان کے ذریعہ سحر اور آسیب سے حفاظت ہوتی ہے، آج کل مسلمان سحر کا کس قدر رونا روتے ہیں! اور آسیب سے کس قدر پریشان ہیں! اور یہ تین سورتیں ہر شخص کو یاد ہوتی ہیں، مگر لوگ غفلت برتتے ہیں، پس یہ کس قدر حرماں نصیبی کی بات ہے! کاش لوگوں کو ان سورتوں کی قدر و قیمت معلوم ہوجائے! اور ان سورتوں کے ساتھ سورۃ الکافرون بھی پڑھنی چاہئے، جیسا کہ آئندہ حدیث میں آرہا ہے۔

[۲۱-] بابُ مَاجاءَ فِيمَنْ يَقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ عِنْدَ الْمَنَامِ

[۳٤۲٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ، جَمَعَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ نَفَثَ فِيْهِمَا، فَقَرَأَ فِيْهِمَا قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ، يَبْدَأُ بِهِمَا عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ، وَمَا أَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ، يَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

۲-سورۃ الکافرون پڑھنا

حدیث: نوفل بن معاویہ رضی اللہ عنہ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کچھ (ذکر و دعا) سکھلائیے جسے میں کہوں، جب میں اپنے بستر پر ڈھکانا پکڑوں، پس آپؐ نے فرمایا: ''سورۃ الکافرون پڑھو، پس وہ شرک سے براءت (بےتعلقی) ہے (شعبہؒ کہتے ہیں: ابواسحاق کبھی مرۃً کہتے تھے اور کبھی نہیں کہتے تھے یعنی یہ سورت ایک مرتبہ پڑھیں)

تشریح: سورۃ الکافرون بھی سورۃ الاخلاص ہے، اس میں اخلاص فی العبادۃ کا بیان ہے، اور ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾ میں اخلاص فی الاعتقاد کا بیان ہے، اور اس حدیث کو گذشتہ حدیث کے ساتھ ملایا جائے، تو سوتے وقت چار قل پڑھنے کی فضیلت ثابت ہوتی ہے۔

سند کا بیان: اس حدیث کی سند میں ابواسحاق رحمہ اللہ کے تلامذہ میں اختلاف ہے، شعبہؒ کی سند جو باب کے شروع میں ہے: اس طرح ہے: عن أبی إسحاق، عن رجل، عن فروة (فروۃ صحابی نہیں ہیں، پس یہ روایت مرسل ہے) اور اسرائیل و زہیر کی سندیں اس طرح ہیں: عن أبی اسحاق، عن فروة، عن أبيه نوفل، یہ سند اصح ہے، کیونکہ زہیر: اسرائیل کے متابع ہیں، اور حضرت نوفل صحابی ہیں، پس سند متصل ہے۔ اور اس حدیث کو فروۃ کے بھائی

عبدالرحمٰن بھی اپنے ابا نوفل سے روایت کرتے ہیں، پس عبدالرحمٰن: نوفل کے متابع ہوئے، اس لئے یہ سند اصح ہے۔

[۲۲-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۲۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ: أَنَّهُ أَتَى النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِی شَيْئًا أَقُوْلُهُ إِذَا أَوَيْتُ إِلَى فِرَاشِیْ، فَقَالَ: "اقْرَأْ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ" قَالَ شُعْبَةُ: أَحْيَانًا يَقُوْلُ: مَرَّةً، وَأَحْيَانًا لَايَقُوْلُهَا.

[۳۴۲۶-] حدثنا مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ، نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّهُ أَتَى النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَرَوَى زُهَيْرٌ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ، وَهٰذَا أَشْبَهُ وَأَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ.

وَقَدِ اضْطَرَبَ أَصْحَابُ أَبِی إِسْحَاقَ فِی هٰذَا الحديثِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، قَدْ رَوَاهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ نَوْفَلٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ: هُوَ أَخُوْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ.

۳-سورۃ السجدۃ اور سورۃ الملک پڑھنا

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نہیں سویا کرتے تھے یہاں تک کہ سورۃ السجدۃ اور سورۃ الملک پڑھتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث تحفۃ الالمعی (۷:۵۰ حدیث ۲۹۰۱) میں گذر چکی ہے، اور سندوں پر کلام بھی وہاں گذر چکا ہے۔ زہیر بن معاویہ شدت سے انکار کرتے ہیں، وہ کہتے ہیں: یہ حدیث ابوالزبیر محمد بن مسلم مکی: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت نہیں کرتے، انھوں نے خود ابوالزبیر سے پوچھا ہے کہ آپ نے یہ حدیث حضرت جابرؓ سے سنی ہے؟ انھوں نے انکار کیا، اور کہا: میں نے یہ حدیث صفوان بن عبداللہ بن صفوان بن امیہ قرشی سے سنی ہے (یہی صفوان بھی ہیں اور ابن صفوان بھی) ـــــ مگر محاربی: عبدالرحمٰن بن محمد بن زیاد کوفی، اور سفیان ثوری وغیرہ یہ حدیث امام لیث سے روایت کرتے ہیں، وہ ابوالزبیر سے، اور وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، اور امام لیث کے علاوہ مغیرۃ بن مسلم بھی ابو الزبیر سے، اور وہ حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، پس مغیرۃ: امام لیث کے متابع ہیں، پس زہیر کا بیان کیسے قابل قبول ہوسکتا ہے؟ (اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے کوئی ترجیح قائم نہیں کی)

[۳۴۲۷-] حدثنا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ الْكُوْفِيُّ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لاَيَنَامُ، حَتّٰى يَقْرَأَ تَنْزِيْلَ السَّجْدَةِ وَتَبَارَكَ.

وَهٰكَذَا رَوَى الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَرَوَى زُهَيْرٌ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، قَالَ: قُلْتُ لَهُ: سَمِعْتَهُ مِنْ جابرٍ؟ قَالَ: لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ جَابِرٍ، إِنَّمَا سَمِعْتُهُ مِنْ صَفْوَانَ أَوْ: ابنِ صَفْوَانَ، وَقَدْ رَوَى شَبَابَةُ، عَنْ مُغِيْرَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ نَحْوَ حَدِيْثِ لَيْثٍ.

۴-سورۃ الزمر اور سورہ بنی اسرائیل پڑھنا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ جب تک سورۃ الزمر اور سورہ بنی اسرائیل نہیں پڑھتے تھے: سوتے نہیں تھے (یہ حدیث تحفہ ۷:۴۷ حدیث ۲۹۳۲ میں آچکی ہے)

سند کا بیان: اس حدیث کی سند متصل ہے، ابولبابہ مروان بصری ثقہ راوی ہے، کہتے ہیں: وہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا آزاد کردہ تھا، اور امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عبدالرحمٰن بن زیاد کا مولیٰ تھا، بہرحال اس کا حضرت عائشہ سے سماع ہے، اور حماد بن زید کا اس سے سماع ہے۔

[۳۴۲۸-] حدثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي لُبَابَةَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَةُ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لاَيَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ الزُّمَرَ، وَبَنِي إِسْرَائِيْلَ.

أَخْبَرَنِي مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: أَبُوْ لُبَابَةَ هٰذَا اسْمُهُ مَرْوَانُ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، وَسَمِعَ مِنْ عَائِشَةَ، سَمِعَ مِنْهُ حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ.

۵-مُسَبِّحات پڑھنا

حدیث: حضرت عرباض رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ جب تک مُسَبِّحات نہیں پڑھتے تھے: سوتے نہیں تھے، اور فرماتے تھے کہ ان سورتوں میں ایک آیت ہے جو ہزار آیتوں سے بہتر ہے (یہ حدیث تحفہ ۷:۴۷ حدیث ۲۹۳۳ میں آچکی ہے)

تشریح: مسبحات: سات سورتیں ہیں، جن کے شروع میں سبحان یا سَبَّحَ (ماضی) یا یُسَبِّحُ (مضارع) یا سَبِّحْ (امر) ہے، وہ یہ ہیں: اسراء، حدید، حشر، صف، جمعہ، تغابن اور اعلیٰ۔

[٣٤٢٩-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، نا بَقِیَّةُ بْنُ الْوَلِیْدِ، عَنْ بُحَیْرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِی بِلَالٍ، عَنْ العِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم کَانَ لاَیَنَامُ حَتّٰی یَقْرَأَ الْمُسَبِّحَاتِ، وَیَقُوْلُ:" فِیْهَا آیَةٌ خَیْرٌ مِنْ أَلْفِ آیَةٍ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

بابٌ مِنْهُ

٦-قرآنِ پاک کی کوئی بھی سورت پڑھنا

حدیث: بنوحنظلہ کا ایک شخص (مجہول راوی) کہتا ہے: میں ایک سفر میں حضرت شداد رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا، آپؓ نے فرمایا: کیا میں تجھے نہ سکھاؤں وہ دعا جو نبی ﷺ ہم کو سکھلایا کرتے تھے کہ ہم کہیں:

اللّٰهُمَّ! إِنِّی أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْأَمْرِ، وَأَسْأَلُكَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عَبَادَتِكَ، وأسألك لسانا صادقا، وقلباً سلیماً، وأعوذ بك من شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْألك من خیر ما تعلم، وأَستغفرك مماتعلم، إنك أنت عَلَّامُ الغیوب.

(اے اللہ! میں آپ سے دین میں ثابت قدمی کی درخواست کرتا ہوں، اور میں آپ سے پختہ ہدایت کی درخواست کرتا ہوں، اور میں آپ سے آپ کی نعمتوں کا شکر بجالانے کی اور آپ کی بہترین عبادت کرنے کی درخواست کرتا ہوں، اور میں آپ سے سچی زبان اور محفوظ دل مانگتا ہوں، اوران چیزوں کی برائی سے پناہ چاہتا ہوں جن کو آپ جانتے ہیں، اور ان چیزوں کی بھلائی کی درخواست کرتا ہوں جن کو آپ جانتے ہیں، اوران سب گناہوں کی معافی مانگتا ہوں جن کو آپ جانتے ہیں، بیشک آپ تمام پوشیدہ باتوں کوخوب جاننے والے ہیں)

حضرت شدادؓ نے فرمایا: اور نبی ﷺ نے فرمایا: "جو بھی مسلمان اپنی خوابگاہ پکڑے (اور) کتاب اللہ کی کوئی بھی سورت پڑھے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر کرتے ہیں، پس اس سے کوئی ایسی چیز نزدیک نہیں ہوتی جو اس کو ستائے، یہاں تک کہ اٹھ کھڑا ہووہ: جب اٹھ کھڑا ہو" (یہ آخری جزء یہاں مقصود ہے)

[٢٣-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤٣٠-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَیْرِیُّ، نَا سُفْیَانُ، عَنِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ أَبِی الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّیْرِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِی حَنْظَلَةَ، قَالَ: صَحِبْتُ شَدَّادَ بْنَ أَوْسٍ فِی سَفَرٍ، فَقَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یُعَلِّمُنَا أَنْ نَقُوْلَ؟: "اللّٰهُمَّ إِنِّی أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْأَمْرِ، وَأَسْأَلُكَ عَزِیْمَةَ الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ لِسَانًا صادِقًا، وَقَلْبًا سَلِیْمًا، وَأَعُوْذُ

بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ، وَأَسْتَغْفِرُكَ مِمَّا تَعْلَمُ، إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ"
قَالَ: وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَامِنْ مُسْلِمٍ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ يَقْرَأُ سُوْرَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ إِلاَّ وَكَلَّ اللّٰهُ مَلَكًا، فَلاَ يَقْرَبُهُ شَيْئٌ يُؤْذِيْهِ، حَتّٰى يَهُبَّ مَتٰى هَبَّ"
هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ الْعَلاَءِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِيْرِ.

بَابُ مَاجَاءَ فِي التَّسْبِيْحِ، وَالتَّكْبِيْرِ، وَالتَّحْمِيْدِ عِنْدَ الْمَنَامِ

سوتے وقت سبحان اللہ، اللہ اکبر اور الحمد للہ کا ورد

۱- تسبیحاتِ فاطمہؓ کا بیان

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر میں سب کام کرنا ہوتا تھا، چکّی خود چلاتیں، مشکیزے میں پانی بھر کر لاتیں، گھوڑے کا چارہ تیار کرتیں، گھر میں جھاڑو لگاتیں، اور بچوں کی دیکھ ریکھ کرتیں، ان سب کاموں کی وجہ سے وہ تھک جاتیں تھیں، ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ نبی ﷺ کے پاس دولڑکے (غلام) آئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ وہ ابا کے پاس جائیں، اور ایک غلام مانگ لائیں، تاکہ کام کا بوجھ کچھ ہلکا ہو ـــــ حضرت فاطمہؓ گئیں، مگر اتفاق سے کچھ صحابہ آپؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، وہ گھر میں چلی گئیں، جب لوگوں کے اٹھنے میں دیر ہوئی تو انھوں نے بالاجمال حضرت عائشہؓ سے اپنی حاجت کا تذکرہ کیا، اور واپس آگئیں، آپ ﷺ نے ان کو آتے جاتے دیکھا تھا، بعد میں حضرت عائشہؓ نے ان کی آمد کا مقصد بیان کیا، مگر آپؐ کو دن بھر فرصت نہیں ملی، آپ عشاء کے بعد ان کے گھر تشریف لے گئے، دونوں میاں بیوی اپنے اپنے بستروں پر لیٹ چکے تھے، آپؐ کی آمد پر دونوں نے اٹھنا چاہا، مگر آپؐ نے منع کر دیا، آپؐ دونوں کے درمیان خالی جگہ میں بیٹھ گئے، آپؐ نے پوچھا: فاطمہ! دن میں تم کیوں آئی تھیں؟ (آپؐ تفصیل سے ان کی بات سننا چاہتے تھے) حضرت فاطمہؓ شرم کی وجہ سے خاموش رہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں بتاتا ہوں، پھر انھوں نے ساری بات تفصیل سے بیان کی، اور یہ بھی بتایا کہ میں نے ان کو مشورہ دیا تھا ـــــ آپؐ نے فرمایا: "وہ غلام تمہارے لئے نہیں ہیں، میں وہ غلام ان یتیم بچوں کو دونگا جن کے والد بدر میں شہید ہوگئے ہیں" ـــــ پھر آپؐ نے فرمایا: "میں تمہیں ایک عمل بتاتا ہوں، جس کو تم دونوں کروگے تو تم گھر کے کام سے نہیں تھکوگی، جب تم دونوں اپنی خوابگاہوں میں پہنچ جاؤ تو ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہو (اگر میاں بیوی دونوں یہ تسبیحات پابندی سے پڑھیں تو بیوی گھر کے کام کاج سے نہیں تھکے گی، اور یہی تسبیحاتِ فاطمہ ہیں، اور نمازوں کے بعد یہی تسبیحات تسبیح فقراء ہیں، اس سلسلہ کی حدیث اور تفصیل تحفہ (۲۴۸:۲) میں

گذر چکی ہے) پھر آپؐ نے تہجد کی ترغیب دی، اور فرمایا: ''رات میں اٹھنا چاہئے، اور نماز پڑھنی چاہئے!'' (اس کا معقول جواب یہ تھا کہ یارسول اللہ! ہم کوشش کریں گے، آپؐ ہمارے لئے توفیق کی دعا فرمائیں، مگر) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ یارسول اللہ! جب ہم سوجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ہماری روحیں قبض کر لیتے ہیں: جب وہ چھوڑیں تو ہم اٹھیں! آپؐ نے یہ جواب پسند نہیں فرمایا، اور آپؐ ران پر ہاتھ مارتے ہوئے یہ کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے کہ إن الإنسان أکثرُ شیئ جَدَلاً: انسان بڑا ہی جھگڑالو واقع ہوا ہے!

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے آٹا پیسنے کی وجہ سے اپنے ہاتھوں کے چھالوں کی شکایت کی، میں نے کہا: کاش آپ اپنے ابا کے پاس جاتیں، اور ان سے کوئی خادم مانگ لاتیں! پس آپؐ نے فرمایا: ''کیا میں تم دونوں کو اس کام سے آگاہ نہ کروں جو تم دونوں کے لئے خادم سے بہتر ہے؟ جب تم دونوں اپنی خوابگاہوں میں پہنچ جاؤ تو دونوں ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ **الحمد للہ**، **سبحان اللہ** اور **اللہ أکبر** کہو، اور حدیث میں لمبا مضمون ہے (جو اوپر آ گیا، اور یہ روایت متفق علیہ ہے)

[۲۴-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّحْمِيْدِ عِنْدَ الْمَنَامِ

[۳۴۳۱-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيىَ الْبَصْرِيُّ، نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: شَكَتْ إِلَيَّ فَاطِمَةُ مَجْلَ يَدَيْهَا مِنَ الطَّحِيْنِ، فَقُلْتُ: لَوْ أَتَيْتِ أَبَاكِ، فَسَأَلْتِيْهِ خَادِمًا؟ فَقَالَ: " أَلاَ أَدُلُّكُمَا عَلى مَاهُوَ خَيْرٌ لَّكُمَا مِنَ الْخَادِمِ؟ إِذَا أَخَذْتُمَا مَضْجَعَكُمَا تَقُوْلاَنِ ثَلاَثًا وَثَلاَثِيْنَ وَثَلاَثًا وَثَلاَثِيْنَ وَأَرْبَعًا وَثَلاَثِيْنَ مِنْ تَحْمِيْدٍ وَتَسْبِيْحٍ وَتَكْبِيْرٍ" وَفِيْ الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَوْنٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَلِيٍّ.

[۳۴۳۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنْ ابنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبِيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: جَاءَتْ فَاطِمَةُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم تَشْكُوْ مَجْلَ يَدَيْهَا، فَأَمَرَهَا بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّحْمِيْدِ.

بابٌ مِنْهُ

۲- جو شخص دو باتوں کی پابندی کرے وہ جنت میں ضرور جائے گا

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''دو باتیں: جو بھی مسلمان ان دو باتوں کی حفاظت کرے: وہ جنت میں ضرور جائے گا، سنو! اور وہ دونوں بہت آسان ہیں (مگر) ان پر عمل کرنے والے تھوڑے ہیں:

۱- ہر نماز کے بعد دس دس مرتبہ سبحان اللہ، الحمدللہ اور اللہ اکبر کہنا ـــــ راوی کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کو دیکھا: باندھتے تھے وہ ان کو اپنے ہاتھ سے (تحفۃ الاحوذی میں ہے کہ ایک نسخہ میں: یَعُدُّھَا ہے یعنی گنتے تھے عقد انامل سے) نبی ﷺ نے فرمایا: پس یہ پڑھنے میں ڈیڑھ سو ہیں، اور میزانِ عمل میں پندرہ سو ہیں (کیونکہ نیکی دس گنا بڑھائی جاتی ہے)

۲- اور جب آپ اپنی خوابگاہ میں پہنچ جائیں تو سو مرتبہ اللہ کی پاکی بیان کریں اور ان کی بڑائی بیان کریں اور ان کی تعریف کریں، یعنی ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمدللہ، اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہیں، پس یہ پڑھنے میں سو ہیں، اور میزانِ عمل میں ایک ہزار ہیں، پس تم میں سے کون رات دن میں ڈھائی ہزار گناہ کرتا ہے؟ (پس ان نیکیوں کے برائیوں کو بھسم کرنے کے بعد بھی کچھ نیکیاں بچ جائیں گی، اور وہ قیامت کے دن دخولِ جنت کا سبب ہونگی)

صحابہ نے عرض کیا: پس ہم کیسے ان کی حفاظت نہیں کر سکتے؟ آپ نے فرمایا: ''آتا ہے تم میں سے ایک کے پاس شیطان درانحالیکہ وہ اپنی نماز میں ہوتا ہے، پس کہتا ہے: یاد کر یہ، یاد کر یہ، یہاں تک کہ پلٹ جاتا ہے، اور شاید اس نے وہ تسبیحات نہ پڑھی ہوں، اور آتا ہے شیطان اس کے پاس، درانحالیکہ وہ اپنی خوابگاہ میں ہوتا ہے، پس برابر اس کو تھپکی دیتا ہے یہاں تک کہ وہ سو جاتا ہے''

تشریح: پہلے کتاب الصلوٰۃ (باب ۱۸۸ حدیث ۴۱۹ تحفہ ۲: ۲۴۸) میں نمازوں کے بعد ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ مرتبہ کی روایت گذری ہے، اور یہ بات گذری ہے کہ یہ تسبیحات فقراء ہیں ـــــ اور باب کی حدیث جس طرح ابن علیہ نے مفصل بیان کی ہے: شعبہ اور ثوری رحمہما اللہ بھی عطاء سے مفصل روایت کرتے ہیں، البتہ امام اعمش: عطاء سے مختصر روایت کرتے ہیں، جو اگلے نمبر پر ہے، پھر وہ آگے (باب ۷۲ حدیث ۳۵۰۹ **باب ماجاء فی عقد التسبیح بالید** میں) بھی آرہی ہے۔

حدیث (۲): حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا آپ تسبیحات کو عقد انامل سے گنتے تھے۔

تشریح: آگے کتاب الدعوات (باب ۷۲ میں) تفصیل آئے گی کہ عقد انامل سے گننے کا کیا حکم ہے، اور تسبیح وغیرہ کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

[۲۵-] بابٌ مِنْهُ

[۳۴۳۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، نَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَلَّتَانِ لاَ يُحْصِيْهِمَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ، أَلاَ وَهُمَا يَسِيْرٌ، وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيْلٌ، يُسَبِّحُ اللّٰهَ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلاَةٍ عَشْرًا، وَيَحْمَدُهُ عَشْرًا، وَيُكَبِّرُهُ عَشْرًا - قَالَ: فَأَنَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْقِدُهَا بِيَدِهِ - قَالَ:" فَتِلْكَ خَمْسُوْنَ وَمِائَةٌ

بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ فِي الْمِيزَانِ.
وَإِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ تُسَبِّحُهُ وَتُكَبِّرُهُ وَتَحْمَدُهُ مِائَةً، فَتِلْكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ فِي الْمِيزَانِ، فَأَيُّكُمْ يَعْمَلُ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ أَلْفَي وَخَمْسَمِائَةِ سَيِّئَةٍ؟
قَالُوْا: فَكَيْفَ لَانُحْصِيْهَا؟ قَالَ: "يَأْتِي أَحَدَكُمُ الشَّيْطَانُ وَهُوَ فِي صَلَاتِهِ، فَيَقُوْلُ: اذْكُرْ كَذَا، اذْكُرْ كَذَا، حَتَّى يَنْفَتِلَ، فَلَعَلَّهُ أَنْ لَايَفْعَلَ، وَيَأْتِيْهِ وَهُوَ فِي مَضْجَعِهِ، فَلَا يَزَالُ يُنَوِّمُهُ حَتَّى يَنَامَ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ هٰذَا الحديثَ، وَرَوَى الْأَعْمَشُ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ مُخْتَصَرًا. وفي الباب: عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَأَنَسٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ.
[٣٤٣٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى الصَّنْعَانِيُّ، نَا غَنَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعْقِدُ التَّسْبِيْحَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْأَعْمَشِ.

۳-باری باری پڑھی جانی والی تسبیحات

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''باری باری پڑھی جانے والی تسبیحات، جن کا پڑھنے والا محروم نہیں رہتا: ہر نماز کے بعد آپ ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہیں (لفظ مُعقِّبات: سورۃ الرعد (آیت ۱۱) میں بھی آیا ہے، وہاں فرشتے مراد ہیں جن کی ڈیوٹی بدلتی رہتی ہے، اور یہاں تسبیحات مراد ہیں، کیونکہ یہ بھی آگے پیچھے پڑھی جاتی ہیں)

فائدہ: یہ حدیث حکم بن عُتَیْبَۃ کی سند سے مسلم شریف (حدیث ۵۹۶ کتاب المساجد باب ۲۶) میں ہے، اور شعبہؒ اگرچہ حدیث کو مرفوع نہیں کرتے، مگر منصور: عمرو ملائی کے متابع ہیں، اس لئے رفع اصح ہے۔

[٣٤٣٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ سَمُرَةَ الْأَحْمَسِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحمدٍ، نَا عَمْرُو ابْنُ قَيْسٍ الْمُلَائِيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحمنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مُعَقِّبَاتٌ لَايَخِيْبُ قَائِلُهُنَّ: تُسَبِّحُ اللّٰهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتَحْمَدُهُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتُكَبِّرُهُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَعَمْرُو بْنُ قَيْسٍ الْمُلَائِيُّ ثِقَةٌ حَافِظٌ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنِ الْحَكَمِ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَرَوَاهُ مَنْصُوْرُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ عَنِ الْحَكَمِ فَرَفَعَهُ.

بابُ ماجاءَ فِي الدُّعَاءِ إِذَا انْتبَهَ مِنَ اللَّيْلِ

سوکراٹھنے کی دعائیں

پہلی دعا: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جوشخص رات میں یہ ذکر بڑبڑاتا ہوااٹھا:

لا إلٰه إلا الله، وحدَه لاشريك له، له الملك وله الحمد، وهو على كل شيئ قدير، وسبحان الله، والحمد لله، ولا إلٰه إلا الله، والله أكبر، ولاحول ولاقوة إلا بالله.

(اللہ کے علاوہ کوئی معبودنہیں، وہ بے ہمہ ہیں، ان کا کوئی ساجھی نہیں، انہی کاراج ہے، اورانہی کے لئے تعریف ہے(وہی تمام صفاتِ حمیدہ کے ساتھ متصف ہیں) اوروہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں، اوروہ پاک ذات ہیں، اورسب خوبیاں ان کے لئے ہیں، اوران کے علاوہ کوئی معبودنہیں، اوروہ سب سے بڑے ہیں، اور کچھ طاقت وقدرت نہیں مگراللہ کی مدد سے)

پھراس نے کہا: اے میرے پروردگار: میری مغفرت فرما! — یا نبی ﷺ نے فرمایا: پھراس نے (کوئی بھی) دعا کی — تواس کی دعاقبول کی جائے گی، پھراگروہ ہمت کرکےاٹھااوروضوکی، پھرنماز پڑھی تواس کی نمازقبول کی جائے گی۔

تشریح: تَعَارَّ فلان: رات کو بےخواب رہنا، اور بڑبڑاتے ہوئے بستر پر کروٹیں بدلنا (مادّہ: عَرَّ) یعنی رات میں جب آنکھ کھلی، اورابھی پوری نہیں کھلی، اس وقت مذکورہ ذکرودعازبان پرجاری ہوتومذکورہ فضیلت ہے، اور یہ بات اسی کو حاصل ہوتی ہے جوذکرکرتا ہواسویا ہو، یاذکراس کی نوکِ زباں رہتا ہو—— اس کے بعدعُمیر بن ہانی ابوالولید دمشقی (تابعی) کے بارے میں روایت ہے کہ وہ روزانہ ہزار رکعتیں پڑھتے تھے، اورایک لاکھ مرتبہ تسبیح پڑھتے تھے، اور یہ بات جبھی ہوسکتی ہے کہ وہ آنکھ کھلتے ہی اٹھ کھڑے ہوتے ہوں، کروٹ بدل کرلیٹ نہ جاتے ہوں، اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اس کی توفیق عطافرمائیں (آمین)

[٢٦-] بابُ ماجاء فِي الدُّعَاءِ إِذَا انْتبَهَ مِنَ اللَّيْلِ

[٣٤٣٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ أَبِىْ رِزْمَةَ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا الْأَوْزَاعِيُّ، ثَنِى عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، قَالَ: ثَنِىْ جُنَادَةُ بْنُ أَبِىْ أُمَيَّةَ، قَالَ: ثَنِىْ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، عَنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ، فَقَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: رَبِّ اغْفِرْ لِىْ — أَوْ قَالَ: ثُمَّ دَعَا — اسْتُجِيْبَ لَهُ، فَإِنْ عَزَمَ وَتَوَضَّأَ، ثُمَّ صَلّٰى قُبِلَتْ صَلَاتُهُ " هٰذَا حديثٌ

حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳٤۳۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ يُصَلِّيْ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ سَجْدَةٍ، وَيُسَبِّحُ مِائَةَ أَلْفِ تَسْبِيْحَةٍ.

بابٌ مِنْهُ

دوسری دعا: حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ (جو اصحابِ صفّہ میں سے ہیں) کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے (حجرے کے) دروازے کے پاس سویا کرتا تھا، پس (جب آپؐ بیدار ہوتے تو) میں آپؐ کو وضوء کا پانی دیا کرتا تھا، پس میں آپؐ کو رات کے ایک حصہ میں فرماتے ہوئے سنتا: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حمده: اور میں آپؐ کو رات کے ایک حصہ میں فرماتے ہوئے سنتا: الحمد لله رب العالمين: یعنی جب بھی آپؐ کی آنکھ کھلتی کوئی نہ کوئی ذکر زبانِ مبارک پر جاری ہوتا۔ اَلْهَوِیُّ: رات کا ایک حصہ۔ اور یہ مفعول فیہ ہے۔

[۲۷-] بابٌ مِنْهُ

[۳٤۳۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، وَأَبُوْ عَامِرٍ العَقَدِيُّ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالُوْا: نَا هِشَامُ الدَّسْتَوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: ثَنِي رَبِيْعَةُ بْنُ كَعْبٍ الأَسْلَمِيُّ، قَالَ: كُنْتُ أَبِيْتُ عِنْدَ بَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَأُعْطِيْهِ وَضُوْءَهُ، فَأَسْمَعُهُ الْهَوِيَّ مِنَ اللَّيْلِ، يَقُوْلُ: " سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" وَأَسْمَعُهُ الْهَوِيَّ مِنَ اللَّيْلِ يَقُوْلُ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ مِنْهُ

تیسری دعا: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ سونے کا ارادہ فرماتے تو کہتے: اللّٰهُمَّ! بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيىٰ: اے اللہ! آپ کے نام پر مرتا ہوں، یعنی سوتا ہوں، اور زندہ ہوتا ہوں یعنی جاگتا ہوں —— اور جب آپؐ بیدار ہوتے تو فرماتے: الحمدُ لله الذى أَحْيَا نَفْسِيْ بعدَ مَا أَمَاتَهَا، وإليه النُّشُوْر: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے میری جان کو مارنے کے بعد زندہ کیا، اور قیامت میں اٹھ کر انہی کے پاس حاضر ہونا ہے۔

ملحوظہ: سونے اور جاگنے کی یہ دعائیں بہت مختصر ہیں، طلبہ ان کو یاد کرلیں اور معمول بنائیں۔

[۲۸-] بابٌ مِنْهُ

[۳٤۳۹-] حدثنا عُمَرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ، نَا أَبِيْ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ،

عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيٰى" وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ أَحْيَا نَفْسِىْ بَعْدَ مَا أَمَاتَهَا وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاء: مَايَقُوْلُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ إِلَى الصَّلَاةِ؟

جب رات کوتہجد کے لئے اٹھے تو کیا ذکر کرے؟

اس باب میں اور آئندہ باب میں طویل اذکار ہیں، جن کو یاد کرنا ہمارے طلبہ کے بس کی بات نہیں، ان کو اہل لسان ہی یاد کرسکتے ہیں، اس لئے صرف ترجمہ کرتا ہوں، طلبہ ترجمہ اچھی طرح سمجھ لیں اور مضمون محفوظ کرلیں، اور اپنی زبانوں میں دعامیں یہ مضامین ادا کریں:

پہلا ذکر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ رات کے درمیان میں نماز کے لئے اٹھتے تو یہ ذکر کرتے تھے: "اے اللہ! آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، آپ آسمانوں اور زمین کا نور ہیں یعنی کائنات میں جس کو بھی نور ہدایت نصیب ہوا ہے وہ آپ ہی کا عنایت فرمایا ہوا ہے۔ — اور آپ کے لئے تمام تعریفیں ہیں، آپ آسمانوں اور زمین کو تھامنے والے ہیں — اور آپ کے لئے تعریف ہے، آپ آسمانوں اور زمین کے اور ان چیزوں کے جوان میں ہیں پروردگار ہیں — آپ برحق ہیں یعنی آپ کا وجود یقینی ہے — اور آپ کا (قیامت کا) وعدہ برحق ہے — اور آپ سے ملنا برحق ہے — اور جنت برحق ہے — اور دوزخ برحق ہے — اور قیامت برحق ہے — اے اللہ! میں آپ کے سامنے سرافگندہ ہوں — اور میں آپ ہی پر ایمان لایا ہوں — اور میں نے آپ پر بھروسہ کیا ہے — اور میں آپ ہی کی طرف رجوع ہوتا ہوں — اور میں آپ ہی کی مدد سے دشمن سے جھگڑا کرتا ہوں — اور میں آپ ہی کی طرف فیصلہ کے لئے رجوع کرتا ہوں — پس بخش دیں آپ میرے وہ گناہ جو میں نے پہلے کئے اور جو میں بعد میں کرونگا — اور جو میں نے چپکے سے کئے اور جو میں نے برملا کئے — آپ ہی میرے معبود ہیں، آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں! (یہ روایت متفق علیہ ہے)

[۲۹-] بابُ ماجاء: مَايَقُوْلُ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ إِلَى الصَّلَاةِ؟

[۳۴۴۰-] حدثنا الأَنْصَارِىُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ الْيَمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ، يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ! وَلَكَ الْحَمْدُ، أَنْتَ قَيَّامُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ! وَلَكَ

الْحَمْدُ، أَنْتَ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ! أَنْتَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاءُ كَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِيْ مَاقَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، أَنْتَ إِلٰهِيْ لاَ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ عَنِ النبیِّ صلی الله عليه وسلم.

لغات:القَيَّام، القَوَّام، القَيُّوْم: وہ ذات جو ہمیشہ قائم رہے اور اپنے علاوہ ہر چیز کی نگران ومحافظ ہو، کائنات کو تھامنے والی ہستی ......أَنَابَ إنابة: بار بار لوٹنا، أَنابَ إِلى اللّٰهِ: تائب ہوکر اللہ کی طرف رجوع کرنا ...... خَاصَمَهُ مخاصمَةً: کسی سے جھگڑا کرنا......حَاكَمَهُ إلى فلان: کسی کے خلاف کسی کے پاس مقدمہ لے جانا،حَاكَمَهُ إلى الله أو إلى كتاب الله: فیصلہ کے لئے اللہ یا اللہ کی کتاب کی طرف رجوع کرنا۔

بابٌ مِنْهُ

دوسرا ذکر: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے ایک رات جب آپؐ (تہجد کی) نماز سے فارغ ہوئے تو آپؐ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا: ''اے اللہ! بیشک میں آپ سے درخواست کرتا ہوں خاص اپنے پاس سے خاص مہربانی کی — جس کے ذریعہ آپ میرے دل کو راہِ راست دکھائیں — اور اکٹھا کریں اس کے ذریعہ میرے معاملہ کو یعنی اپنی رحمت سے مجھے جمعیت خاطر نصیب فرمائیں — اور اس کے ذریعہ آپ میری پراگندگی دور فرمائیں یعنی آپ کی رحمت سے میرے احوال کی ابتری دور ہو — اور اس کے ذریعہ آپ میری غیر موجود چیزوں کو سنواریں — اور اس کے ذریعہ آپ میری موجود چیزوں کو بلند فرمائیں یعنی ان کی قدر افزائی فرمائیں — اور اس کے ذریعہ میرے عمل کو ستھرا فرمائیں — اور اس کے ذریعہ مجھے میری ہدایت الہام فرمائیں یعنی آپ کی رحمت سے میرے دل میں وہی بات آئے جو صحیح اور مناسب ہو — اور اس کے ذریعہ آپ میری طرف میری رغبت پھیریں، یعنی مجھے جن چیزوں سے رغبت والفت ہو وہ اپنی رحمت سے مجھے عطا فرمائیں — اور آپ اپنی رحمت کے ذریعہ میری ہر برائی سے حفاظت فرمائیں''

''اے اللہ! مجھے ایسا ایمان ویقین نصیب فرمائیں جس کے بعد کفر نہ ہو یعنی کوئی بھی بات مجھ سے احکام شرعیہ کے خلاف سرزد نہ ہو — اور ایسی رحمت عطا فرمائیں جس کے ذریعہ میں دنیا وآخرت میں آپ کی عزت کا شرف حاصل کروں یعنی سرخ رو ہوؤں''

''اے اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں قضاء کے فیصلوں میں کامیابی کی یعنی تقدیر کا ہر فیصلہ میری پسند کے مطابق ہو — اور شہداء کی قیامگاہ کی — اور نیک بختوں کی زندگی کی — اور دشمنوں پر مدد (غلبہ) کی''

’’اے اللہ! میں آپ کے پاس اپنی حاجتیں اتارتا ہوں یعنی آپ کی بارگاہ میں اپنی حاجتیں لے کر حاضر ہوا ہوں ــــ اگرچہ میری رائے کوتاہ ہے یعنی میں اپنی عقل سے اپنی حاجتیں پوری نہیں کر سکتا ــــ اور میرا عمل کمزور ہے، یعنی میرا استحقاق نہیں ہے کہ درخواست کروں ــــ میں آپ کی رحمت کا محتاج ہوں، پس میں آپ سے درخواست کرتا ہوں: اے تمام امور کا فیصلہ فرمانے والے! اور اے سینوں کو شفا بخشنے والے! یعنی دلوں کا روگ دور کرنے والے! جس طرح آپ (کھارے اور شیریں) سمندروں کو ایک دوسرے سے جدا رکھتے ہیں: مجھے اور آتش دوزخ کو، اور ہلاکت کی دعا کو اور قبر کی آزمائش کو ایک دوسرے سے جدا رکھیں‘‘

’’اے اللہ! جس خیر سے میری رائے کوتاہ رہی ہو یعنی وہ خیر میری عقل میں نہ آئی ہو ــــ اور اس تک میری نیت نہ پہنچی ہو ــــ اور میں نے آپ سے اس کی استدعا نہ کی ہو (من خیر : ما کا بیان ہے) ــــ (اور) جس خیر کا آپ نے اپنی مخلوق میں سے کسی سے وعدہ کیا ہو، یا جو خیر آپ اپنے بندوں میں سے کسی کو دینے والے ہوں: پس بیشک میں آپ کے سامنے اس خیر کی رغبت کرتا ہوں، اور میں آپ کی رحمت سے، اے جہانوں کے پالنہار! وہ خیر آپ سے مانگتا ہوں‘‘

’’اے اللہ! (مخلوق سے) مضبوط رسّی (رشتہ، تعلق) والے! اور درست معاملہ والے! یعنی راہِ راست دکھانے والے! میں آپ سے قیامت کے دن چین کا خواہاں ہوں (یوم الوعید: قیامت کا دن ہے، سورۂ ق آیت ۲۰) اور ہمیشہ رہنے کے دن میں جنت کا طلب گار ہوں (ق ۳۴) ان مقرب بندوں کے ساتھ جو آپ کی بارگاہ کے حاضر باش ہیں، رکوع وسجود کرنے والے ہیں، اور عہد وپیمان کو پورا کرنے والے ہیں، بیشک آپ نہایت مہربان، بہت محبت فرمانے والے ہیں، اور بیشک آپ جو چاہیں کرتے ہیں!‘‘

’’اے اللہ! ہمیں راہ نما، ہدایت مآب بنا، گمراہ ہونے والا اور گمراہ کرنے والا نہ بنا، آپ کے دوستوں سے مصالحت کرنے والا بنا، اور آپ کے دشمنوں کا دشمن بنا، آپ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ہم اس سے محبت رکھیں جو آپ سے محبت رکھتا ہے ــــ اور آپ سے دشمنی رکھنے کی وجہ سے ہم اس سے دشمنی رکھیں جو آپ کے احکام کی خلاف ورزی کرتا ہے‘‘

’’اے اللہ! یہ میری دعا ہے، اور قبول فرمانا آپ کا کام ہے ــــ اور یہ میری کوشش ہے، اور بھروسہ آپ کی ذات پر ہے‘‘

’’اے اللہ! میرے فائدے کے لئے میرے دل میں نور پیدا فرما! ــــ میری قبر میں نور پیدا فرما! ــــ اور میرے دونوں ہاتھوں کے سامنے، اور میرے پیچھے نور پیدا فرما! ــــ اور میرے دائیں بائیں نور پیدا فرما! ــــ اور میرے اوپر اور میرے نیچے نور پیدا فرما! ــــ اور میرے کانوں میں، اور میری آنکھوں میں، اور میرے بالوں میں، اور میری کھال میں، اور میرے گوشت میں، اور میرے خون میں، اور میری ہڈیوں میں نور پیدا فرما!‘‘

’’اے اللہ! میرے نور کو بڑھا، اور مجھے نور عطا فرما، اور میرے لئے نور گردان ــــ پاک ہے وہ ذات جس نے عزت کی چادر اوڑھ لی ہے، اور جو عزت کی بات پسند کرتا ہے ــــ پاک ہے وہ ذات جس نے مجد (بزرگی) کا لباس پہن لیا ہے، اور

وہ اس کے ذریعہ معزز ومکرم ہوگیا ہے — پاک ہے وہ ذات جس کے سوا کسی کے لئے پاکی سزاوار نہیں — پاک ہے وہ ذات جو بندوں پر فضل وکرم فرمانے والی ہے! — پاک ہے مجد وکرم والی ذات — پاک ہے جلال واکرام والی ذات!''

لغات وتشریحات:

قوله: تَلُمُّ بِها شَعَثِيْ: اس رحمت کے ذریعہ آپ میری پراگندگی دور فرمائیں۔ **لَمَّ الشیئَ** (ن) **لَمًّا:** اچھی طرح اکٹھا کرنا، خوب جمع کرنا...... **الشَّعَثُ:** منتشر شیرازہ، بکھرے ہوئے اجزاء، پراگندگی، کہتے ہیں: **لَمَّ اللّٰه شَعَثَه:** اللہ نے اس کا حال درست کردیا، اس کا معاملہ ٹھیک کردیا۔

قوله: نُزُل الشهداء: شہداء کی قیامگاہ، شہداء کی ضیافت، مہمانی: **النُّزُل:** منزل، قیامگاہ، ضیافت، سورۃ الکہف (آیت ۱۰۷) میں ہے: ﴿كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلاً﴾: نیک بندوں کی مہمانی کے لئے فردوس (بہشت بریں) کے باغ ہونگے، فردوس ان کی قیامگاہ ہوگی۔

قوله: قَصَرَ رَأيِيْ: میری رائے کوتاہ رہی ہو: **قَصَرَ فلان عن الأمر:** کسی کام سے عاجز و بے بس ہونا، کسی کام کو کرنے میں ناکام رہنا۔

قوله: كما تُجير: جس طرح آپ جدائی کرتے ہیں، **أَجَارَه من كذا:** پناہ دینا، نجات دینا، سورۃ المؤمنون (آیت ۸۸) میں ہے: ﴿وَهُوَ يُجِيْرُ، وَلاَيُجَارُ عَلَيْهِ﴾: اور وہ پناہ دیتے ہیں، اور ان کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا۔

قوله: دعوة الثبور: موت (ہلاکت) کی دعا۔ دیکھیں سورۃ الانشقاق (آیت ۱۱)

قوله: أو خيرٍ أنت معطيه: یہ پہلے خیرٍ پر معطوف ہے...... **يوم الوعيد:** قیامت کا دن (دیکھیں سورۂ قٓ آیت ۲۰) **يوم الخلود:** ہمیشہ رہنے کا دن یعنی قیامت کا دن (دیکھیں سورۂ قٓ آیت ۳۴)...... **سَلْما وسِلْما:** صلح جو، امن پسند...... **تَعَطَّفَ الْعِطَافَ:** کوٹ وغیرہ پہننا۔

فائدہ: سبحان اللہ! کتنی بلند اور کس قدر جامع ہے یہ دعا! تنہا اسی ایک دعا سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کے شئون وصفات کی کتنی معرفت حاصل تھی، اور عبدیت جو بندے کا سب سے بڑا کمال ہے: اس میں آپؐ کا کیا مقام تھا، اور سید العالمین اور محبوبِ رب العالمین ہونے کے باوجود خود کو آپ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے کرم کا کتنا محتاج سمجھتے تھے، اور بندگی ونیازمندی کی کس فقیرانہ شان کے ساتھ اس سے اپنی حاجتیں مانگتے تھے، نیز یہ بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ دعا کے وقت آپؐ کے قلب مبارک کی کیا کیفیت ہوتی تھی، اور اللہ تعالیٰ نے انسانی حاجتوں کا کتنا تفصیلی علم اور کتنا عمیق احساس آپ کو عطا فرمایا تھا، اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے ساتھ جیسے رؤف ورحیم وکریم ہیں: اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی ان دعاؤں کے ایک ایک فقرے پر اللہ تعالیٰ کے دریائے رحمت میں کیسا تلاطم اور دعا مانگنے والے پر کتنا پیار آتا ہوگا (معارف الحدیث ۵: ۱۶۵)

[۳۰-] بابٌ مِنْهُ

[۳٤٤١-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ أَبِیْ لَیْلَی، قَالَ: ثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: ثَنِی ابْنُ أَبِیْ لَیْلَی، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِیٍّ، هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ لَیْلَةً حِیْنَ فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ:" اللّٰهُمَّ! إِنِّی أَسْأَلُكَ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِكَ، تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ، وَتَجْمَعُ بِهَا أَمْرِیْ، وَتَلُمُّ بِهَا شَعَثِیْ، وَتُصْلِحُ بِهَا غَائِبِیْ، وَتَرْفَعُ بِهَا شَاهِدِیْ، وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ، وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ، وَتَرُدُّ بِهَا أُلْفَتِیْ، وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ كُلِّ سُوْءٍ.

اللّٰهُمَّ! أَعْطِنِیْ إِیْمَانًا وَّیَقِیْنًا، لَیْسَ بَعْدَهُ كُفْرٌ، وَرَحْمَةً أَنَالُ بِهَا شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِیْ الدُّنْیَا وَالآخِرَةِ.

اللّٰهُمَّ! أَنِّیْ أَسْأَلُكَ الفَوْزَ فِیْ الْقَضَاءِ، وَنُزُلَ الشُّهَدَاءِ، وَعَیْشَ السُّعَدَاءِ، وَالنَّصْرَ عَلَی الأَعْدَاءِ.

اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِیْ، وَإِنْ قَصرَ رَأْیِیْ، وَضَعُفَ عَمَلِیْ، افْتَقَرْتُ إِلٰی رَحْمَتِكَ، فَأَسْأَلُكَ یَاقَاضِیَ الأُمُوْرِ! وَیَاشَافِیَ الصُّدُوْرِ! كَمَا تُجِیْرُ بَیْنَ الْبُحُوْرِ: أَنْ تُجِیْرَنِیْ مِنْ عَذَابِ السَّعِیْرِ، وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ.

اللّٰهُمَّ مَاقَصرَ عَنْهُ رَأْیِیْ، وَلَمْ تَبْلُغْهُ نِیَّتِیْ، وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْأَلَتِیْ مِنْ خَیْرٍ وَعَدْتَّهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ، أَوْ خَیْرٍ أَنْتَ مُعْطِیْهِ أَحَدًا مِنْ عِبَادِكَ، فَإِنِّیْ أَرْغَبُ إِلَیْكَ فِیْهِ، وَأَسْأَلُكَهُ، بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ.

اللّٰهُمَّ! ذَا الْحَبْلِ الشَّدِیْدِ، وَالأَمْرِ الرَّشِیْدِ، أَسْأَلُكَ الأَمْنَ یَوْمَ الْوَعِیْدِ، وَالْجَنَّةَ یَوْمَ الْخُلُوْدِ، مَعَ الْمُقَرَّبِیْنَ الشُّهُوْدِ، الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ، الْمُوْفِیْنَ بِالْعُهُوْدِ، إِنَّكَ رَحِیْمٌ وَدُوْدٌ! وَإِنَّكَ تَفْعَلُ مَاتُرِیْدُ!

اللّٰهُمَّ! اجْعَلْنَا هَادِیْنَ، مُهْتَدِیْنَ، غَیْرَ ضَالِّیْنَ، وَلاَ مُضِلِّیْنَ، سَلْمًا لِّأَوْلِیَائِكَ، وَعَدُوًّا لِّأَعْدَائِكَ، نُحِبُّ بِحُبِّكَ مَنْ أَحَبَّكَ، وَنُعَادِیْ بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ.

اللّٰهُمَّ! هٰذَا الدُّعَاءُ، وَعَلَیْكَ الإِجَابَةُ، وَهٰذَا الْجُهْدُ، وَعَلَیْكَ التُّكْلَانُ.

اللّٰهُمَّ! اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ، وَنُوْرًا فِیْ قَبْرِیْ، وَنُوْرًا مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ، وَنُوْرًا مِنْ خَلْفِیْ، وَنُوْرًا عَنْ یَمِیْنِیْ، وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِیْ، وَنُوْرًا مِنْ فَوْقِیْ، وَنُوْرًا مِنْ تَحْتِیْ، وَنُوْرًا فِیْ سَمْعِیْ، وَنُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ، وَنُوْرًا فِیْ شَعْرِیْ، وَنُوْرًا فِیْ بَشَرِیْ، وَنُوْرًا فِیْ لَحْمِیْ، وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ، وَنُوْرًا فِیْ عِظَامِیْ.

اللّٰهُمَّ ! أَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا، وَأَعْطِنِیْ نُوْرًا، وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا، سُبْحَانَ الَّذِیْ تَعَطَّفَ الْعِزَّ، وَقَالَ بِهِ، سُبْحَانَ الَّذِیْ لَبِسَ الْمَجْدَ، وَتَكَرَّمَ بِهِ، سُبْحَانَ الَّذِیْ لَایَنْبَغِیْ التَّسْبِیْحُ إِلَّا لَهُ، سُبْحَانَ ذِیْ الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ، سُبْحَانَ ذِیْ الْمَجْدِ وَالْكَرَمِ، سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ.

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِثْلَ هٰذَا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ أَبِیْ لَیْلَی إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَی شُعْبَةُ

وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْضَ هٰذَا الحديثِ، وَلَمْ يَذْكُرْهُ بِطُوْلِهِ.

بابُ ماجاءَ فِي الدُّعَاءِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلاَةِ بِاللَّيْلِ

رات میں تہجد شروع کرتے وقت کی دعائیں

پہلی دعا: حضرت ابوسلمہ رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: جب رسول اللہ ﷺ رات میں تہجد کے لئے اٹھتے تھے تو کس دعا سے اپنی نماز شروع فرماتے تھے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: جب آپؐ رات میں اٹھتے تھے، اور اپنی نماز شروع فرماتے تھے تو کہتے تھے:

''اے اللہ! اے جبرئیل ومیکائیل واسرافیل کے پروردگار! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے غیب وشہادت کے جاننے والے! آپ (قیامت کے دن) اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ فرمائیں گے جن میں وہ (دنیا میں) اختلاف کیا کرتے تھے (پس) آپ مجھے اپنی توفیق سے اس دینِ حق پر جمائیے جس میں اختلاف کیا گیا ہے یعنی جسے کچھ لوگ قبول نہیں کرتے، بیشک آپ سیدھے راستے پر ہیں، یعنی آپ ہی کا راستہ سیدھا ہے''

تشریح: دعا کا موقعہ تعریف کا موقعہ ہوتا ہے، اور تعریف کے موقعہ پر امور عظام کا تذکرہ کیا جاتا ہے، معمولی باتوں کا تذکرہ نہیں کیا جاتا، یہ تو کہا جائے گا کہ آپ آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے ہیں، مگر یہ نہیں کہا جائے گا کہ آپ کیڑے مکوڑوں کو پیدا کرنے والے ہیں، چنانچہ دعا کے شروع میں ایسے ہی امور عظام کا ذکر کیا ہے —— اور غیب (چھپی ہوئی چیزیں) اور شہادت (کھلی ہوئی اور واضح چیزیں) یہ بات مخلوقات کے اعتبار سے ہے، اللہ تعالیٰ کے لئے کوئی چیز غیب نہیں —— **قوله: اِهْدِنِیْ:** مجھے دینِ حق پر مضبوط رکھئے ﴿اهدنا الصراط المستقيم﴾ میں بھی ہدایت کے یہی معنی ہیں، **إراء ة الطريق** کے معنی نہیں ہیں، بلکہ **إيصال إلى المطلوب** کے معنی بھی نہیں ہیں، بلکہ اس کے بعد کا درجہ مراد ہے، اور وہ ہے مطلوب ومقصود پر جمائے رکھنا —— ''جس میں اختلاف کیا گیا'' یعنی جسے کچھ لوگوں نے قبول نہیں کیا —— اور آخری جملہ مسلم شریف (حدیث ۷۷۰) **كتاب صلاة المسافرين حديث ۲۰۰**) میں اس طرح ہے: **إنك تهدی من تشاء إلى صراط مستقيم:** آپ جسے چاہتے ہیں سیدھا راستہ دکھاتے ہیں۔

[۳۱-] بابُ ماجاءَ فِي الدُّعَاءِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلاَةِ بِاللَّيْلِ

[۳۴۴۲-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عُمَرَ بْنُ يُوْنُسَ، نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: ثَنِيْ أَبُوْ سَلَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ بِأَيِّ شَيْئٍ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه

وسلم يَفْتَتِحُ صَلاَتَهُ إِذَاقَامَ مِنَ اللَّيْلِ؟ قَالَتْ: كَانَ إِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ افْتَتَحَ صَلاَتَهُ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَإِسْرَافِيْلَ، فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، أَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْافِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ، اِهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِكَ، إِنَّكَ عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

دیگر دعائیں:

پہلی روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اعلی درجہ کی صحیح روایت ہے، اس میں پانچ جگہ دعائیں مروی ہیں:

۱-دعائے استفتاح۔۲-دعائے رکوع،۳-دعائے قومہ۔۴-دعائے سجدہ۔۵-دعائے قعدہ۔ یہ حدیث حضرت علیؓ سے عبیداللہ بن ابی رافع روایت کرتے ہیں، پھر ان سے عبدالرحمٰن اعرج، اور یہی مدار حدیث ہیں، پھر پہلی روایت اعرج سے یعقوب ماجشون روایت کرتے ہیں، اور ان سے ان کے لڑکے یوسف روایت کرتے ہیں —— اور دوسری روایت یعقوب ماجشون سے ان کے لڑکے یوسف اور ان کے بھتیجے عبدالعزیز روایت کرتے ہیں (پس عبدالعزیز: یوسف کے متابع ہیں) —— اور تیسری روایت اعرج سے عبداللہ بن الفضل روایت کرتے ہیں (پس یہ یعقوب ماجشون کے متابع ہیں) —— ان روایتوں میں معمولی فرق ہے، اس لئے پہلی روایت کا ترجمہ کیا جاتا ہے، اور باقی دو روایتوں میں جو کلمات مختلف ہیں: ان کا ترجمہ کیا جائے گا (اور ماجشون: ماہ گوں کا معرب ہے یہ اس خاندان کے جد امجد کا لقب تھا، ان کے گال لال تھے، اس لئے ان کا یہ لقب پڑ گیا تھا، پھر ان کا سارا ہی خاندان مَاجِشُوْن کہلانے لگا)

حدیث: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ (تہجد میں) نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو کہتے:

"میں اپنا رخ اس اللہ کی طرف پھیرتا ہوں جس نے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا، درانحالیکہ میں حنیف (باطل ادیان سے یکسو ہو کر دینِ حق کی طرف مائل ہونے والا) ہوں، اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں (سورۃ الانعام آیت ۷۹) بیشک میری نماز، میری عبادت، میرا جینا، اور میرا مرنا: سارے جہانوں کے پالنہار اللہ ہی کے لئے ہے، جن کا کوئی شریک نہیں، اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے، اور میں (احکامِ الٰہیہ کے سامنے) سرافگندہ لوگوں میں سے ہوں" (سورۃ الانعام آیات ۱۶۲و۱۶۳) (یہاں تک دعائے توجیہ کہلاتی ہے)

"اے اللہ! آپ بادشاہ ہیں، آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، آپ میرے پروردگار ہیں، اور میں آپ کا بندہ ہوں، میں نے اپنے اوپر ظلم کیا (کہ آپ کا حق پوری طرح نہیں پہچانا) میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس آپ میرے سارے ہی گناہ بخش دیں، آپ کے علاوہ گناہوں کو کوئی بخشنے والا نہیں"

"اور میری بہترین اخلاق کی طرف راہ نمائی فرما، آپ کے علاوہ کوئی بہترین اخلاق کی راہ دکھلانے والا نہیں، اور

مجھ سے برے اخلاق کو پھیر دے (دور کردے) آپ کے علاوہ کوئی مجھ سے برے اخلاق کو پھیرنے والا نہیں، میں آپ پر ایمان لایا، آپ کی ذات بابرکت اور بلند مرتبت ہے، میں آپ سے گناہوں کی معافی کا طلب گار ہوں، اور آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں''

پھر جب آپؐ رکوع فرماتے تو کہتے:

''اے اللہ! آپ کے لئے میں نے رکوع کیا، اور آپ پر میں ایمان لایا، اور آپ کی میں نے تابعداری کی، آپ کے لئے میرے کان، میری آنکھیں، اور میرا گودا، اور میری ہڈیاں، اور میرے پٹھے جھکے ہوئے ہیں''

پھر جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تو (قومہ میں) کہتے:

''اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! آپ کے لئے تعریف ہے، آسمانوں کو، اور زمین کو، اور اس (فضا) کو بھر کر جو ان کے درمیان ہے، اور ان چیزوں کو بھر کر جن کو آپ چاہیں''

پھر جب آپ سجدہ کرتے تو کہتے:

''اے اللہ! میں نے آپ کے لئے سجدہ کیا، اور میں آپ پر ایمان لایا، اور میں نے آپ کی تابعداری کی، سجدہ کیا میرے چہرے نے اس ہستی کو جس نے اس کو پیدا کیا، پس اس کی صورت گری کی، اور اس میں شنوائی اور بینائی پیدا کی، سو کیسی شان ہے اللہ کی جو سب صنّاعوں سے بڑھ کر ہیں!''

پھر آپؐ آخر میں تشہد اور سلام کے درمیان کہتے:

''اے اللہ! میرے لئے معاف فرما جو کوتاہیاں میں نے پہلے کیں، اور جو میں آئندہ کروں گا، اور جو میں نے چپکے سے کیں، اور جو میں نے برملا کیں، اور جن کو آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں، آپ ہی آگے بڑھانے والے ہیں اور آپ ہی پیچھے کرنے والے ہیں، آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں!''

[۳۲-] بابٌ مِنْهُ

[۳٤٤۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِیْ الشَّوَارِبِ، نَا یُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ أَبِیْ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم كَانَ إِذَا قَامَ فِیْ الصَّلاَةِ، قَالَ: "وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيْفًا، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، إِنَّ صَلاَتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، لاَشَرِيْكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ، وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ.

اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ، لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّیْ وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ، فَاغْفِرْلِیْ

ذُنُوْبِیْ جَمِیْعًا، إِنَّهُ لَایَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ.

وَاهْدِنِیْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ، لَایَهْدِیْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا، لَایَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، آمَنْتُ بِكَ، تَبَارَكْتَ وَتَعَالَیْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَیْكَ"

فَإِذَا رَكَعَ قَالَ:" اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، خَشَعَ لَكَ سَمْعِیْ، وَبَصَرِیْ، وَمُخِّیْ، وَعَظْمِیْ، وَعَصَبِیْ"

فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِیْنَ وَمَا بَیْنَهُمَا، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍ"

فَإِذَا سَجَدَ، قَالَ:" اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِیْ لِلَّذِیْ خَلَقَهُ، فَصَوَّرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ"

ثُمَّ یَكُوْنُ آخِرُ مَایَقُوْلُ بَیْنَ التَّشَهُّدِ وَالسَّلَامِ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّیْ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

دوسری روایت: پہلی روایت صرف یوسف بن یعقوب بن ابی سلمہ الماجشون کی اپنے ابا یعقوب بن ابی سلمہ الماجشون سے تھی، اور دوسری روایت یوسف الماجشون، اوران کے چچازاد بھائی عبدالعزیز بن عبداللہ بن ابی سلمہ الماجشون کی ہے، یوسف اپنے ابا سے، اورعبدالعزیز اپنے چچا یعقوب بن ابی سلمہ الماجشون سے روایت کرتے ہیں، اس روایت میں دوجگہ معمولی تفاوت ہے، جودرج ذیل ہے:

۱-قوله: لبيك وسعديك إلخ: میں بار بار آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوں، اور بار بار آپ کی عبادت کوسعادت سمجھتاہوں، اورخیر ساری کی ساری آپ کے قبضہ میں ہے، اور برائی آپ کی طرف منسوب نہیں ہے، اور میرا وجود آپ کی وجہ سے ہے، اورمیں آپ کی پناہ لیتاہوں۔

تشریح: ہر چیز کے خالق و مالک اللہ تعالیٰ ہیں، شر کے خالق بھی وہی ہیں، اللہ کے علاوہ کوئی خالق نہیں، مگر تعریف کے موقعہ پر شر کی نسبت اللہ کی طرف جائز نہیں، چنانچہ سورہ آل عمران (آیت ۲۶) میں بھی: ﴿بِیَدِكَ الْخَیْرِ﴾ ہی فرمایا ہے، شر کا تذکرہ نہیں کیا، کیونکہ وہ بھی تعریف کا موقعہ ہے۔

۲-قوله: وما أَسْرَفْتُ: اورمیں جوکچھ حد سے بڑھا۔

ان دوجگہوں کے علاوہ دعا بعینہٖ وہی ہے جوپہلی روایت میں گذری، اوران دونوں سندوں سے یہ روایت مسلم شریف (حدیث ۷۱ کتاب صلاۃ المسافرین حدیث ۲۰۱ و۲۰۲ باب ۲۶ باب الدعاء فی صلاۃ اللیل وقیامه) میں ہے، پس ترمذی اور مسلم میں صراحت ہے کہ آپ ﷺ یہ دعائیں تہجد کی نماز میں مانگتے تھے، فرائض کے لئے یہ دعائیں نہیں ہیں۔

[٣٤٤٤-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَيُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، قَالَ عَبْدُ الْعَزِيْزِ: حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ، وَقَالَ يُوْسُفُ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: ثَنِيْ الْأَعْرَجُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، قَالَ: " وَجَّهْتُ وَجْهِي لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيْفًا، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، إِنَّ صَلاَ تِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَایَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، لَاشَرِيْكَ لَهُ، وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ، وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ لاَ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَنْتَ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِيْ، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ جَمِيْعًا، إِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ.

وَاهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلاَقِ، لَايَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا، لَايَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِيْ يَدَيْكَ، وَالشَّرُّ لَيْسَ إِلَيْكَ، أَنَا بِكَ، وَإِلَيْكَ، تبارَكْتَ وَتعالَيْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ"

فَإِذَا رَكَعَ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، وَخَشَعَ لَكَ سَمْعِيْ، وَبَصَرِيْ، وَعِظَامِيْ، وَعَصَبِيْ"

وَإِذَا رَفَعَ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، مِلْءَ السَّمَاءِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَابَيْنَهُمَا، وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْئٍ بَعْدُ"

فَإِذَا سَجَدَ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَصَوَّرَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ، وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ"

ثُمَّ يَقُوْلُ مِنْ آخِرِ مَا يَقُوْلُ بَيْنَ التَّشَهُّدِ وَالتَّسْلِيْمِ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ، أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنْتَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

تیسری روایت: عبدالرحمٰن بن ابی الزناد کی ہے، وہ موسیٰ بن عقبہ سے، اور وہ عبداللہ بن الفضل سے، اور وہ اعرج سے روایت کرتے ہیں، اور عبدالرحمٰن بڑے فقیہ تھے، ان کے والد کا نام عبداللہ بن ذکوان ہے، اصل مدینہ کے ہیں، پھر بغداد میں جا بسے تھے، اور تقریب میں ہے: صدوقٌ تَغَيَّرَ حفظُه لمّا قَدِمَ بغداد: حدیث میں معمولی ثقہ راوی ہیں، اور جب سے وہ بغداد میں وارد ہوئے ہیں ان کی حدیثی یادداشت میں فرق آ گیا تھا۔ اور سلیمان بن داؤد ہاشمی بغدادی ہیں، پس ان کا سماع ورود بغداد کے بعد کا ہے —— اور موسیٰ بن عقبہ: امام المغازی کے بارے میں کہتے ہیں کہ ابن معین

نے ان کو لَيِّنُ الحديث قرار دیا ہے، مگر حافظ فرماتے ہیں: لَمْ يَصِحْ: ابن معین کی یہ بات ثابت نہیں، مگر ابن ابی الزناد کا معاملہ تو کمزور ہے، چنانچہ امام مسلم رحمہ اللہ نے یہ روایت صحیح مسلم میں نہیں لی۔

روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ فرض نماز کے لئے کھڑے ہوتے تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے دونوں مونڈھوں کے مقابل تک اٹھاتے، اور یہی عمل کرتے جب آپؐ اپنی قراءت پوری کر لیتے، اور چاہتے کہ رکوع کریں یعنی رکوع میں جاتے وقت بھی رفع یدین کرتے تھے، اور یہی عمل کرتے جب آپؐ اپنا سر رکوع سے اٹھاتے، اور آپؐ رفع یدین نہیں کرتے تھے اپنی نماز میں کسی جگہ درانحالیکہ آپ بیٹھے ہوئے ہوتے تھے، پھر جب آپ دو رکعتوں سے (تیسری رکعت کے لئے) کھڑے ہوتے تو بھی اسی طرح رفع یدین کرتے، پھر تکبیر کہتے، اور جب نماز شروع کرتے تو تکبیر کے بعد کہتے: وَجهتُ وجهي الى آخره۔

قوله: لامنجا إلخ: کوئی جائے پناہ نہیں آپ سے بھاگ کر، اور کوئی ٹھکانہ نہیں، مگر آپ کی طرف ......اور جب رکوع سے اپنا سر اٹھاتے تو کہتے: اللہ تعالیٰ سنتے ہیں اس کی جو ان کی تعریف کرتا ہے، پھر اس کے پیچھے لاتے: اے اللہ! (الی آخرہ) تسمیع وتحمید کو جمع کرنا قرینہ ہے کہ یہ روایت نفلوں کے بارے میں ہے، اور شروع میں جو راوی نے اس کو فرضوں سے متعلق کیا ہے وہ ابن ابی الزناد کا وہم ہے۔

دو مسئلے: روایت کے بعد امام ترمذی رحمہ اللہ نے دو مسئلے ذکر کئے ہیں:

۱-فرائض میں طویل اذکار کا حکم:

یہ مسئلہ تحفۃ الالمعی (۲:۶۱) میں آچکا ہے، امام اعظم رحمہ اللہ کے نزدیک فرائض میں صرف متعین اذکار پڑھنے چاہئیں، کیونکہ وہ باقاعدہ اللہ کے دربار کی حاضری ہے، اور نوافل میں طویل اذکار کی گنجائش ہے، کیونکہ نفل نماز پرائیوٹ ملاقات ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ دعائے توجیہ تو تمام نمازوں میں پڑھنی چاہئے، اور دیگر طویل اذکار میں آپ جماعت اور غیر جماعت کا فرق کرتے ہیں، اور دعائے توجیہ کے استحباب کی دلیل یہ حدیث ہے، حالانکہ یہ حدیث تہجد کے سلسلہ کی ہے، اور تیسری روایت جس میں فرض کی صراحت ہے وہ صحیح نہیں، اور اس مسئلہ کی پوری تفصیل تحفۃ الالمعی (۱:۵۷۵) میں آچکی ہے۔

۲-اسانید میں صحیح ترین سند کونسی ہے؟

اس میں اختلاف ہے کہ صحیح ترین سند کونسی ہے؟ چار پانچ رائیں ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱-**زهري، عن سالم، عن أبيه** (یہ امام اسحاق اور امام احمد کی رائے ہے)

۲-**مالك، عن نافع، عن ابن عمر** (یہ امام بخاری کی رائے ہے)

۳-**أعمش، عن إبراهيم، عن علقمة، عن ابن مسعود** (یہ یحییٰ بن معین کی رائے ہے)

۴- ابن سيرين، عن عَبيدةَ السلمانی، عن علی (یہ علی مدینی اور عمرو بن فلاس کی رائے ہے)
۵- زهری، عن علی بن الحسین، عن أبیه، عن علی (یہ ابن ابی شیبہ کی رائے ہے)
اور امام ترمذیؒ نے سلیمان بن داؤد ہاشمی کا قول بواسطہ ابو اسماعیل محمد بن اسماعیل بن یوسف سُلمی ترمذی یہ نقل کیا ہے کہ انھوں نے پہلے: باب کی یہ تیسری روایت ذکر کی، پھر فرمایا: یہ سند ہمارے نزدیک زهری، عن سالم، عن أبیه جیسی ہے (حالانکہ ان کے استاذ ابن ابی الزناد کا حال اوپر آ گیا کہ ورود بغداد کے بعد ان کا حافظہ صحیح نہیں رہا تھا)

[۳٤٤٥-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي رَافِعٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ إِذَاقَامَ إِلَى الصَّلَاةِ الْمَكْتُوْبَةِ، رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَيَصْنَعُ ذٰلِكَ إِذَا قَضَى قِرَاءَ تَهُ، وَأَرَادَ أَنْ يَرْكَعَ، وَيَصْنَعُهُ إِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، وَلَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِيْ شَيْئٍ مِنْ صَلَاتِهِ وَهُوَ قَاعِدٌ، فَإِذَا قَامَ مِنْ سَجْدَتَيْنِ رَفَعَ يَدَيْهِ كَذٰلِكَ، فَكَبَّرَ.

وَيَقُوْلُ حِيْنَ يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ بَعْدَ التَّكْبِيْرِ: "وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ حَنِيْفًا، وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، إِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، لَاشَرِيْكَ لَهُ، وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنْتَ، سُبْحَانَكَ! أَنْتَ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُكَ، ظَلَمْتُ نَفْسِيْ، وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ جَمِيْعًا، إِنَّهُ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، وَاهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ، لَايَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا، لَايَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ، لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ! وَأَنَا بِكَ وَإِلَيْكَ، لَامَنْجَا مِنْكَ وَلَا مَلْجَأَ إِلَّا إِلَيْكَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ" ثُمَّ يَقْرَأُ.

فَإِذَا رَكَعَ، كَانَ كَلَامُهُ فِيْ رُكُوْعِهِ، أَنْ يَقُوْلَ: "اللّٰهُمَّ لَكَ رَكَعْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، وَأَنْتَ رَبِّيْ، خَشَعَ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ وَمُخِّيْ وَعَظْمِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

فَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" ثُمَّ يُتْبِعُهَا: "اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، مِلْءَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَمِلْءَ مَاشِئْتَ مِنْ شَيْئٍ بَعْدُ"

فَإِذَا سَجَدَ، قَالَ فِيْ سُجُوْدِهِ: "اللّٰهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ، وَبِكَ آمَنْتُ، وَلَكَ أَسْلَمْتُ، وَأَنْتَ رَبِّيْ، سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، تَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ"

وَيَقُوْلُ عِنْدَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلَاةِ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ وَأَنْتَ إِلٰهِيْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنْتَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَالْعَمَلُ عَلَى هٰذَا الحديثِ عِنْدَ الشَّافِعِيِّ، وَبَعْضِ أَصْحَابِنَا، وَقَالَ

بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ، مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ وَغَيْرِهِمْ: يَقُوْلُ هٰذَا فِيْ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ، وَلاَ يَقُوْلُهُ فِي الْمَكْتُوْبَةِ.
سَمِعْتُ أَبَا إِسْمَاعِيْلَ – يَعْنِي التِّرْمِذِيَّ – يَقُوْلُ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ دَاوُدَ الْهَاشِمِيَّ يَقُوْلُ – وَذَكَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ – فَقَالَ: هٰذَا عِنْدَنَا مِثْلُ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيْهِ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ؟

سجدۂ تلاوت میں کیا ذکر کرے؟

اس باب کی دونوں حدیثیں انہی سندوں سے پہلے (تحفہ۲:۴۶۷ حدیث ۵۸۴ و۵۸۵) گذر چکی ہیں، اس لئے حدیثوں کا صرف ترجمہ کیا جاتا ہے، باقی تفصیلات محولہ جگہ میں دیکھیں:

حدیث (۱): حسن کہتے ہیں: مجھ سے ابن جریج نے کہا کہ مجھے عبید اللہ نے بتایا: حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہوئے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں نے آج رات خود کو دیکھا درانحالیکہ میں سورہا تھا کہ میں ایک درخت کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہوں، جب میں نے سجدہ کیا تو درخت نے بھی میرے سجدہ کی وجہ سے سجدہ کیا، پس میں نے اس کو سنا کہ وہ کہہ رہا ہے: اللّٰهُمَّ! اكْتب لى بها أجرًا، وَضَعْ عنى بها وِزْرًا، واجْعلها لى عندك ذُخْراً، وتقبلها منى كما تقبلتها من عبدك داود: اے اللہ! آپ میرے لئے اس سجدہ کی وجہ سے اپنے پاس ثواب لکھئے، اور آپ اس کی وجہ سے مجھ سے گناہوں کا بوجھ اتار دیجئے، اور آپ اس کو اپنے پاس میرے لئے ذخیرہ کیجئے، اور آپ اس کو میری طرف سے قبول فرمائیے، جس طرح آپ نے اس کو اپنے بندے داؤد کی طرف سے قبول فرمایا —— ابن جریج نے کہا: مجھ سے آپ کے دادا نے کہا کہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ نبی ﷺ نے آیتِ سجدہ پڑھی، پھر سجدہ کیا، ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کو سنا درانحالیکہ آپ کہہ رہے تھے اس کے مانند جو آپؐ کو اس آدمی نے درخت کے قول سے بتایا تھا۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب تہجد میں آیتِ سجدہ تلاوت کر کے سجدہ کرتے تھے تو یہ دعا پڑھتے تھے: سجد وجهى للذى خلقه، وشَقَّ سمعَه، وبصره: بحوله وقوته: اس ذات کے لئے میرے چہرے نے سجدہ کیا جس نے اس کو پیدا کیا، اور جس نے اس میں سماعت وبصارت کو پھاڑا یعنی جلوہ گر کیا: اپنی قدرت اور طاقت سے (یہ اذکار یاد کریں اور ان کو سجدۂ تلاوت میں پڑھیں)

[۳۳–] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ؟

[۳۴۴٦–] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا مُحمدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُنَيْسٍ، نَا الْحَسَنُ بْنُ مُحمدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ

يَزِيْدَ، قَالَ: قَالَ لِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! رَأَيْتُنِيْ اللَّيْلَةَ وَأَنَا نَائِمٌ، كَأَنِّيْ أُصَلِّيْ خَلْفَ شَجَرَةٍ، فَسَجَدْتُ، فَسَجَدَتِ الشَّجَرَةُ لِسُجُوْدِيْ، فَسَمِعْتُهَا وَهِيَ تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا، وَضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ.

قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: قَالَ لِيْ جَدُّكَ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقَرَأَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم سَجْدَةً، ثُمَّ سَجَدَ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَسَمِعْتُهُ، وَهُوَ يَقُوْلُ مِثْلَ مَا أَخْبَرَهُ الرَّجُلُ عَنْ قَوْلِ الشَّجَرَةِ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَفِي الْبَابِ: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ.

[۳٤٤۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِ الْقُرْآنِ بِاللَّيْلِ: "سَجَدَ وَجْهِيْ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ، بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ؟

جب اپنے گھر سے نکلے تو کیا دعا کرے؟

پہلی دعا: نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے کہا: یعنی جب وہ اپنے گھر سے نکلا: بسم الله توكلتُ على الله! لاحولَ ولاقوة إلا بالله: اللہ کے نام سے نکلتا ہوں، اللہ تعالیٰ پر میں نے بھروسہ کیا، کچھ طاقت وقوت نہیں مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے! —— پس اس سے کہا جاتا ہے، یعنی فرشتے اس سے کہتے ہیں: كُفِيْتَ ووُقِيْتَ: تو کفایت کیا گیا، اور بچایا گیا یعنی پیچھے اللہ تعالیٰ تیرے کام بنائیں گے اور باہر وہ تیری حفاظت فرمائیں گے، اور شیطان اس سے کنارہ پر ہو جاتا ہے یعنی وہ کوئی گزند نہیں پہنچا سکتا۔

تشریح: اس دعا کی روح یہ ہے کہ جب بندہ گھر سے نکلے تو اپنی ذات کو بالکل عاجز وناتواں اور خدا کی حفاظت کا محتاج سمجھے اور اس کی پناہ چاہے، پس اللہ تعالیٰ اس کو اپنی حفاظت میں لے لیتے ہیں، اور شیطان اس کو کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکتا۔

دوسری دعا: جب نبی ﷺ اپنے گھر سے نکلتے تو کہتے: بسم الله! توكلتُ على الله! اللّٰهم! إِنَّا نعوذ بك من أن نَزِلَّ، أو نَضِلَّ، أَوْ نَظْلِمَ، أو نُظْلَمَ، أو نَجْهَلَ، أو يُجْهَلَ علينا: اللہ کے نام سے نکلتا ہوں! اللہ تعالیٰ پر میں نے بھروسہ کیا! اے اللہ! ہم آپ کی پناہ چاہتے ہیں اس سے کہ ہم پھسل جائیں، یا گمراہ ہو جائیں، یا ہم ظلم کریں، یا ہم پر ظلم کیا جائے، یا ہم نادانی کریں، یا ہم پر نادانی کی جائے!

تشریح: جب آدمی گھر سے نکلتا ہے تو پیچھے اور آگے مختلف احوال پیش آتے ہیں، اور مختلف لوگوں سے سابقہ پڑتا ہے، پس اگر اللہ کی مدد شامل حال نہ ہو، اور اللہ تعالیٰ بندے کی دستگیری اور حفاظت نہ فرمائیں تو بندہ بہک سکتا ہے، پھِسل سکتا ہے، اور کسی ناکردنی میں بھی مبتلا ہوسکتا ہے، وہ خود صراط مستقیم سے ہٹ جائے یا کسی دوسرے بندے کی گمراہی کا سبب بن جائے: یہ سب ممکن ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی ظالمانہ یا جاہلانہ حرکت کر بیٹھے، یا کوئی دوسرا اس پر ظلم وستم ڈھائے یا جہل ونادانی کا نشانہ بنائے، اس لئے نبی ﷺ نے گھر سے نکلتے وقت مذکورہ دعا تعلیم فرمائی تاکہ ان سب خطرات سے حفاظت ہوجائے، اور پہلی دعا کا مضمون بھی اس دعا میں شامل ہے۔

فائدہ: اگر کوئی گھر سے نکلتے وقت صرف لاحول ولا قوة إلا بالله کہہ لے تو یہ بھی پناہ جوئی کے لئے کافی ہے۔

[۳٤-] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ؟

[۳٤٤٨-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، نَا أَبِيْ، نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قَالَ – يَعْنِيْ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ –: بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، يُقَالُ لَهُ: كُفِيْتَ، وَوُقِيْتَ! وَتَنَحَّى عَنْهُ الشَّيْطَانُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۵-] بابٌ مِنْهُ

[۳٤٤۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ، قَالَ: "بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَنْ نَزِلَّ، أَوْ نَضِلَّ، أَوْ نَظْلِمَ، أَوْ نُظْلَمُ، أَوْ نَجْهَلَ، أَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا دَخَلَ السُّوْقَ؟

جب بڑے بازار میں داخل ہو تو کیا دعا کرے؟

حدیث: محمد بن واسع کہتے ہیں: میں مکہ میں پہنچا تو میری ملاقات میرے (اسلامی) برادر سالم سے ہوئی، پس انھوں نے اپنے والد (ابن عمرؓ) سے، اور انھوں نے سالم کے دادا (حضرت عمرؓ سے) روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے کہا: جب وہ بازار میں داخل ہوا: لا إلٰه إلا الله، وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد، يحيي ويميت، وهو حيٌّ لّايموت، بيده الخير، وهو على كل شيئ قدير: اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، وہ بے ہمہ ہیں، ان کا کوئی ساجھی نہیں، انہی کی حکومت اور انہی کے لئے خوبیاں ہیں، وہ جلاتے ہیں اور مارتے

ہیں، اور وہ ایسے زندہ ہیں جو کبھی نہیں مریں گے، ان کے قبضۂ قدرت میں ساری خیر ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والے ہیں: تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس لاکھ نیکیاں لکھیں گے، اور اس سے دس لاکھ برائیاں مٹائیں گے، اور اس کے لئے دس لاکھ درجے بلند کریں گے ـــــ اور دوسری روایت میں ہے کہ اس کے لئے جنت میں ایک حویلی بنائیں گے۔

تشریحات:

۱- پہلی روایت محمد بن واسع ازدی رحمہ اللہ کی ہے، وہ یہ حدیث حضرت سالم رحمہ اللہ سے روایت کرتے ہیں، یہ ثقہ، عابد، کثیر المناقب راوی ہیں، اور اسی روایت کو عمرو بن دینار اعور (جو خاندان زبیر کے میر منشی تھے، جو اُس خاندان کے آمد وصرف کا حساب رکھتے تھے) بھی روایت کرتے ہیں، یہ راوی ضعیف ہے، جیسا کہ باب ۳۸ میں آرہا ہے۔ ان کی روایت میں آخری جملہ بڑھا ہوا ہے (اور ایک حضرت عمرو بن دینار مکی جمحی ابو محمد اثرم ہیں، وہ اعلیٰ درجہ کے راوی اور مشہور تابعی ہیں، وہ اس حدیث کے راوی نہیں ہیں)

۲- الفُ ألف کے معنی ہیں: دس لاکھ، ہزار کو ہزار میں ضرب دیا جائے تو یہ عدد حاصل ہوگا، مگر حدیث میں ''ہزاروں ہزار'' مراد ہے، یہ لفظ معین عدد کے لئے استعمال نہیں کیا گیا، بلکہ غیر معمولی کثرت کے لئے بطور کنایہ استعمال کیا گیا ہے۔

۳- بازار غفلت اور اللہ سے بے توجہی کی جگہ ہے، وہ گناہوں کی احتمالی جگہ اور شیاطین کے اڈے ہیں، چنانچہ بازاروں کو حدیث میں شر البقاع (بدترین جگہیں) کہا گیا ہے، اس لئے جب تاجر بازار میں دوکان کھولنے کے لئے جائے یا گاہک سودا سلف خریدنے کے لئے جائے تو یہ ذکر کرے تا کہ وہاں کی ظلمتوں کا توڑ ہو، اور اللہ تعالیٰ کی بے حد وحساب عنایات کا مورد بنے۔

[۳۶-] بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا دَخَلَ السُّوْقَ؟

[۳٤٥۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: نَا أَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ، نَا مُحمدُ بْنُ وَاسِعٍ، قَالَ: قَدِمْتُ مَكَّةَ، فَلَقِيَنِيْ أَخِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، فَحَدَّثَنِيْ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ، فَقَالَ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَايَمُوْتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ: كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَلْفَ أَلْفِ حَسَنَةٍ، وَمَحَى عَنْهُ أَلْفَ أَلْفِ سَيِّئَةٍ، وَرَفَعَ لَهُ أَلْفَ أَلْفِ دَرَجَةٍ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ قَهْرَمَانُ آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ هٰذَا الحديثَ نَحْوَهُ.

[۳٤٥۱-] حدثنا بِذٰلِكَ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَالْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالاَ: نَا

عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ – وَهُوَ قَهْرَمَانُ آلِ الزُّبَيْرِ – عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: مَنْ قَالَ فِيْ السُّوْقِ:" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَايَمُوْتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ: كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَلْفَ أَلْفِ حَسَنَةٍ، وَمَحَى عَنْهُ أَلْفَ أَلْفِ سَيِّئَةٍ، وَبَنَى لَهُ بَيْتًا فِيْ الْجَنَّةِ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ الْعَبْدُ إِذَا مَرِضَ؟

جب بیمار پڑے تو کیا ذکر کرے؟

حدیث: ابومسلم اغرّ (روشن پیشانی، بلند کردار، معزز) مدینی کوفی کہتے ہیں: میں حضرت ابوسعید خدری اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما پر گواہی دیتا ہوں (یہ تاکید ہے یعنی میں نے بالیقین یہ حدیث ان دو صحابہ سے سنی ہے) کہ ان دونوں نے نبی ﷺ پر گواہی دی کہ آپؐ نے فرمایا:

۱- جس نے (تندرستی کی حالت میں) کہا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! اور اللہ سب سے بڑے ہیں!'' تو اللہ تعالیٰ اس کو سچا قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں ہی سب سے بڑا ہوں!''

۲- اور جب بندے نے کہا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! اور اللہ یگانہ ہیں!'' تو اللہ تعالیٰ (اس کو سچا قرار دیتے ہوئے) فرماتے ہیں: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں! اور میں ہی یگانہ ہوں!''

۳- اور جب بندے نے کہا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یگانہ ہیں، ان کا کوئی ساجھی نہیں!'' تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں! میں یگانہ ہوں! میرا کوئی ساجھی نہیں''

۴- اور جب بندے نے کہا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، انہی کا راج ہے! اور انہی کے لئے تعریف ہے!'' تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں! میرا ہی راج ہے! اور میرے ہی لئے تعریف ہے!''

۵- اور جب بندے نے کہا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! اور کچھ قوت وطاقت نہیں مگر اللہ کی مدد سے!'' تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''میرے سوا کوئی معبود نہیں! اور کچھ قوت وطاقت نہیں مگر میری مدد سے!''

۶- اور نبی ﷺ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص اپنی بیماری میں یہ کلمات کہے، پھر وہ مرجائے تو جہنم کی آگ اس کو نہیں کھائے گی۔

تشریح: اس باب میں مقصود یہ آخری نمبر ہے، یہی بیماری کا ذکر ہے، اور یہ بڑا قیمتی ذکر ہے، پس تندرستی میں بھی یہ ذکر کرنا چاہئے، اور خاص طور پر بیماری میں یہ ذکر کرنا چاہئے، معلوم نہیں کونسی بیماری آخری ثابت ہو، اور اگر آخری بیماری میں اس ذکر کی توفیق مل گئی تو بیڑا پار ہے!

[٣٧-] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ الْعَبْدُ إِذَا مَرِضَ؟

[٣٤٥٢-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُحمدِ بْنِ جُحَادَةَ، نَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الأَغَرِّ أَبِيْ مُسْلِمٍ، قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِيْ سَعِيْدٍ وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ:

[١-] مَنْ قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّااللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، صَدَّقَهُ رَبُّهُ وَقَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنَا، وَأَنَا أَكْبَرُ.

[٢-] وَإِذَا قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنَا وَأَنَا وَحْدِىْ.

[٣-] وَإِذَا قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، قَالَ اللّٰهُ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنَا، وَحْدِىْ لَاشَرِيْكَ لِىْ.

[٤-] وَإِذَا قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ اللّٰهُ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنَا، لِىَ الْمُلْكُ، وَلِىَ الْحَمْدُ.

[٥-] وَإِذَا قَالَ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ اللّٰهُ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا أَنَا، وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّابِىْ.

[٦-] وَكَانَ يَقُوْلُ: مَنْ قَالَهَا فِىْ مَرَضِهِ، ثُمَّ مَاتَ، لَمْ تَطْعَمْهُ النَّارُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الأَغَرِّ أَبِىْ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَأَبِىْ سَعِيْدٍ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ بِمَعْنَاهُ،وَلَمْ يَرْفَعْهُ شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا رَأَى مُبْتَلًى؟

جب کسی مبتلائے مصیبت کودیکھے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کسی مبتلائے مصیبت کو دیکھا، پس (دل میں) کہا: الحمد لله الذى عَافَانِىْ مِمَّا ابْتَلَاكَ به، وفَضَّلَنِىْ على كثير مِمَّنْ خَلَقَ تفْضِيْلاً: اس اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے عافیت (سلامتی) بخشی اس مصیبت سے جس میں تجھے مبتلا کیا، اور مجھے بڑی فضیلت بخشی ان بہت سی مخلوقات پر جن کو اس نے پیدا کیا: پس وہ تاحیات اس بلاء سے سلامت رکھا جائے گا، خواہ وہ کوئی بھی بلا ہو۔

تشریح: یہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، اور ضعیف ہے، عمرو بن دینار جو خاندان زبیرؓ کا آزاد کردہ، اور اسی خاندان کا میر منشی تھا، اور جو اس خاندان کے آمد وصرف کا حساب رکھتا تھا اور بصرہ میں رہتا تھا: ضعیف راوی ہے، وہ سالم، عن ابن عمرؓ کی سند سے کئی ایسی حدیثیں روایت کرتا ہے جس میں وہ متفرد ہے، یعنی سالم رحمہ اللہ کا دوسرا کوئی

شاگردوہ روایتیں نہیں کرتا۔

نیز یہ حدیث حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے (جو اگلے نمبر پر ہے) مگر وہ بھی ضعیف ہے، عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم بن عمر بن الخطاب: ابو عبدالرحمٰن العمری ضعیف راوی ہے۔

اور بلاء سے مراد عام ہے، خواہ جسمانی کمی ہو یا دینی۔ جسمانی کمی: جیسے برص وجذام میں مبتلا ہونا، نہایت ٹھگنا یا لموجی ہونا، لولا لنگڑا اندھا وغیرہ ہونا —— اور دینی کمی: جیسے فسق وفجور میں مبتلا ہونا، ظلم وعدوان کرنا، اور بدعت وکفر وغیرہ میں مبتلا ہونا۔ حضرت شیخ شبلی رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ جب بندہ کسی آدمی کو دیکھے جو خدا سے فاغل اور آخرت سے بے فکر ہو کر دنیا میں پھنسا ہوا ہو تو بھی یہی دعا پڑھے (معارف الحدیث ۵:۲۰۶)

سوال: یہ دعا آہستہ پڑھنی چاہئے یا زور سے تاکہ وہ مبتلائے مصیبت سنے؟

جواب: اگر کسی میں جسمانی کمی یا عیب دیکھے تو دعا آہستہ پڑھے، کیونکہ اس کی وہ بلاء غیر اختیاری ہے، پس اگر زور سے پڑھے گا تو اس کی دل آزاری ہوگی، حضرت علی زین العابدین کے صاحبزادے حضرت محمد باقر رحمہما اللہ فرماتے ہیں: جب بندہ کسی مبتلائے مصیبت کو دیکھے تو پہلے اس مصیبت سے اللہ کی پناہ چاہے، پھر یہ دعا آہستہ پڑھے، اور اس مبتلائے مصیبت کو نہ سنائے (یہ روایت کتاب میں ہے)

اور اگر کسی شخص میں دینی کمزوری دیکھے، آخرت سے غافل پائے یا کسی گناہ میں مبتلا دیکھے، اور یہ امید ہو کہ زور سے دعا پڑھنے سے اس کو تنبہ ہوگا اور وہ گناہ سے باز آئے گا تو دعا زور سے پڑھے اور اس کو سنائے، اور اگر یہ امید نہ ہو تو آہستہ پڑھے، اور خود کو سنائے، تاکہ اس غفلت سے بچے۔

[۳۸-] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا رَأَى مُبْتَلًى؟

[۳۴۵۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بزِيْعٍ، قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، مَوْلَى آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ رَأَى صَاحِبَ بَلاَءٍ، فَقَالَ: الحمدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ عَافَانِىْ مِمَا ابْتَلاَكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِىْ عَلَى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلاً: إِلاَّ عُوْفِيَ مِنْ ذٰلِكَ الْبَلاَءِ، كَائِنًا مَاكَانَ، مَا عَاشَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَفِى الْبَابِ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَعَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ: قَهْرَمَانُ آلِ الزُّبَيْرِ، هُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ، وَلَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِيْ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ تَفَرَّدَ بِأَحَادِيْثَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ.

وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِىْ جَعْفَرٍ مُحمدِ بْنِ عَلِيٍّ، أَنَّهُ قَالَ: إِذَا رَأَى صَاحِبَ بَلاَءٍ يَتَعَوَّذُ، يَقُوْلُ ذٰلِكَ فِىْ نَفْسِهِ، وَلاَ يُسْمِعُ صَاحِبَ الْبَلاَءِ.

[۳٤٥٤-] حدثنا أَبُوْ جَعْفَرٍ السَّمْنَانِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نا مُطَرِّفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدَنِيِّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ رَأَى مُبْتَلًى، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِيْ عَلَى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلاً: لَمْ يُصِبْهُ ذٰلِكَ الْبَلَاءُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ؟

مجلس سے اٹھنے کے وقت کی دعائیں

جب آدمی کسی مجلس میں بیٹھتا ہے تو بسا اوقات اس میں ایسی باتیں کہتا یا سنتا ہے جو ایک مؤمن کے لئے مناسب نہیں ہوتیں، بلکہ ان پر مؤاخذہ ہوسکتا ہے، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ جب مجلس سے اٹھو تو اللہ کی حمد و تسبیح، شہادتِ توحید اور توبہ واستغفار کرو، یہ مجلس کی بے احتیاطیوں کا کفارہ ہوجائے گا (معارف الحدیث ۵:۱۹۷)

پہلی دعا: نبی ﷺ نے فرمایا: "جو شخص کسی مجلس میں بیٹھا، پس اس میں بہت شور وغل ہوا یعنی اِدھر اُدھر کی بہت باتیں ہوئیں، پس اس نے اپنی اس مجلس سے اٹھنے سے پہلے کہا: سبحانَك اللّٰهم وبحمدك، أشهد أن لا إلٰه إلا أنت، أستغفرك وأتوب إليك: آپ کی ذات پاک ہے، اے میرے اللہ! اور آپ خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں آپ سے گناہوں کی معافی طلب کرتا ہوں، اور میں آپ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں: تو اس کے وہ گناہ بخش دیئے جائیں گے جو اس کی اس مجلس میں سرزد ہوئے ہیں۔

دوسری دعا: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کے لئے ایک مجلس میں سو مرتبہ اٹھنے سے پہلے شمار کیا جاتا تھا: رَبِّ اغْفِرْ لی، وَتُبْ عَلَيَّ، إنك أنت التواب الرحيم: اے میرے پروردگار! میرے گناہ معاف فرما! اور مجھ پر نظر کرم فرما! بیشک آپ ہی بے حد نظر کرم فرمانے والے بے حد مہربانی فرمانے والے ہیں۔

تشریح: یہ دونوں دعائیں بہت مختصر ہیں، اور جامع کلمات ہیں، طلبہ ان کو یاد کرلیں اور اپنا معمول بنائیں، پہلی دعا کفارۃ المجلس کہلاتی ہے، اس سے مجلس میں جو لغو باتیں ہوئی ہیں: معاف ہوجاتی ہیں، لوگ فضائل کی تعلیم کے بعد تو اس دعا کا اہتمام کرتے ہیں، جبکہ اس مجلس میں کوئی لغو بات نہیں ہوتی، مگر وہ حضرات بھی اپنی دیگر مجالس میں اس ذکر کا اہتمام نہیں کرتے، یہ بات ٹھیک نہیں، اور عام مسلمان تو گویا کفارۃ المجلس جانتے ہی نہیں۔ فیا للأسف!

[۳۹-] بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ؟

[۳٤٥٥-] حدثنا أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ أَبِيْ السَّفَرِ الْكُوْفِيُّ، وَاسْمُهُ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِيُّ، نَا

الْحَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِیْ مُوْسَی بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم:" مَنْ جَلَسَ فِیْ مَجْلِسٍ فَكَثُرَ فِيْهِ لَغَطُهُ، فَقَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُوْمَ مِنْ مَجْلِسِهِ ذٰلِكَ:" سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوْبُ إِلَيْكَ: إِلَّا غُفِرَ لَهُ مَاكَانَ فِیْ مَجْلِسِهِ ذٰلِكَ"

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ بَرْزَةَ، وَعَائِشَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳٤۵٦-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِیُّ، نَا الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سُوْقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ تُعَدُّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم فِی الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِائَةُ مَرَّةٍ، مِنْ قَبْلِ أَنْ يَقُوْمَ:" رَبِّ اغْفِرْلِیْ، وَتُبْ عَلَیَّ، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

باب: مَايَقُوْلُ عِنْدَ الْكَرْبِ؟

فکراور پریشانی کے وقت کے اذکار

پہلا ذکر: نبی ﷺ بے چینی کے وقت دعا فرمایا کرتے تھے:لا إله إلا الله الحليم الحكيم، لا إلٰه إلا اللّٰهُ ربُّ العرش العظيمِ، لا إلٰهَ إلا اللّٰهُ ربُّ السماوات والأرض وربُّ العرش الكريم: اللہ کےعلاوہ کوئی معبود نہیں، وہ بردبار حکمت والے ہیں، اللہ کےعلاوہ کوئی معبود نہیں، وہ عرشِ عظیم کے پروردگار ہیں، اللہ کےعلاوہ کوئی معبود نہیں، وہ آسمانوں اور زمین کے پروردگار ہیں اور معزز عرش کے پروردگار ہیں —— اور مسند ابی عوانہ میں ہے کہ پھر آپ دعا فرماتے تھے یعنی یہ ذکر دعا کی تمہید ہے۔

دوسرا ذکر: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کو کوئی معاملہ مغموم و بے چین کرتا تو آپ آسمان کی طرف سر اٹھاتے، پس کہتے:سبحان الله العظيم: عظیم المرتبت اللہ تعالیٰ تمام نقائص سے پاک ہیں، اور جب آپ پوری کوشش سے دعا فرماتے تو کہتے: يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ: اے سدا زندہ، اے کائنات کو سنبھالنے والے (یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، ابراہیم بن الفضل مخزومی مدنی متروک راوی ہے، اور پہلی حدیث متفق علیہ ہے)

[٤٠-] باب: مَايَقُوْلُ عِنْدَ الْكَرْبِ؟

[۳٤۵۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِی الْعَالِيَةِ، عَنْ

ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ نَبِیَّ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یَدْعُوْ عِنْدَ الْکَرْبِ: لاَ إِلٰـہَ إِلاَّ اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْحَکِیْمُ، لاَإِلٰـہَ إِلاَّ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، لاَ إِلٰـہَ إِلاَّ اللّٰہُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ"

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا ابْنُ أَبِی عَدِیٍّ، عَنْ ہِشَامٍ، عَنْ قَتَادَۃَ، عَنْ أَبِی الْعَالِیَۃِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم بِمِثْلِہِ. وفی الباب: عَنْ عَلِیٍّ، ہٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

[۳۴۵۸-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَۃَ یَحْیَی بْنُ الْمُغِیْرَۃِ الْمَخْزُوْمِیُّ الْمَدِیْنِیُّ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا ابْنُ أَبِی فُدَیْکٍ، عَنْ إِبْرَاہِیْمَ بْنِ الْفَضْلِ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِی ہُرَیْرَۃَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ إِذَا أَہَمَّہُ الْأَمْرُ، رَفَعَ رَأْسَہُ إِلَی السَّمَاءِ، فَقَالَ: " سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ" وَإِذَا اجْتَہَدَ فِیْ الدُّعَاءِ، قَالَ: "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ" ہٰذَا حدیثٌ غریبٌ.

بابُ ماجاءَ: مَایَقُوْلُ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلاً؟

جب کسی منزل پر اترے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص (اثنائے سفر) کسی منزل پے اترا، پھر اس نے کہا: أَعُوْذُ بکلماتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ، من شَرِّ مَاخَلَقَ: اللہ تعالیٰ کے کامل ارشادات کی پناہ لیتا ہوں اس کی مخلوقات کے شر سے: تو اس کو کوئی چیز ضرر نہیں پہنچائے گی، یہاں تک کہ وہ اپنی اس منزل سے کوچ کرے۔

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں جب مسافر کسی منزل پر اترتا تھا تو اس علاقہ کے جنات کے سردار کی دُہائی دیتا تھا یعنی اس کی پناہ لیتا تھا، اس سے مدد طلب کرتا تھا، جس سے جنات کا دماغ خراب ہوگیا تھا، سورۃ الجن (آیت ۶) ہے: ﴿وَأَنَّہُ کَانَ رِجَالٌ مِنَ الْإِنْسِ یَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِنَ الْجِنِّ فَزَادُوْہُمْ رَہَقًا﴾: اور کچھ لوگ ایسے تھے جو جنات میں سے بعض لوگوں کی پناہ لیتے تھے: سوان آدمیوں نے ان جنات کی بد دماغی اور بڑھادی۔ پس نبی ﷺ نے اس کے بدل یہ دعا تلقین فرمائی، اس سے بھی وہی مقصد حاصل ہوگا، اب اس منزل میں کوئی چیز اس کو ضرر نہیں پہنچا سکے گی، اور دوسرا فائدہ یہ حاصل ہوگا کہ بندے کا اللہ سے اور ان کے کلام سے رشتہ مضبوط ہوگا —— اللہ کے کامل ارشادات سے قرآنِ کریم مراد ہے یا عام ارشاداتِ کاملہ مراد ہیں، پس یہ اللہ کی صفتِ کلام کی پناہ طلب کرنا ہے۔

[۴۱-] بابُ ماجاءَ: مَایَقُوْلُ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلاً؟

[۳۴۵۹-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِی حَبِیْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ یَعْقُوْبَ، عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْأَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِی وَقَّاصٍ، عَنْ خَوْلَۃَ بِنْتِ الْحَکِیْمِ السُّلَمِیَّۃِ،

عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ:" مَنْ نَزَلَ مَنْزِلاً، ثُمَّ قَالَ:" أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ" لَمْ يَضُرَّهُ شَيْئٌ، حَتّٰى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ ذٰلِكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَرَوَى مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ: أَنَّهُ بَلَغَهُ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ الْأَشَجِّ، فَذَكَرَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ، وَرُوِىَ عَنِ ابنِ عَجْلَانَ هٰذَا الْحَدِيْثُ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَشَجِّ، وَيَقُوْلُ: عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، [عَنْ سَعْدٍ] عَنْ خَوْلَةَ، وَحَدِيْثُ اللَّيْثِ أَصَحُّ مِنْ رِوَايَةِ ابْنِ عَجْلَانَ.

سند کی وضاحت: اس حدیث کی دوسندیں ہیں: پہلی سند: امام لیث بن سعد کی ہے، جو باب کے شروع میں ہے، وہ یعقوب اور حضرت سعدؓ کے درمیان بُسر بن سعید کا واسطہ لاتے ہیں، یہی سند صحیح ہے، اس سند سے حدیث مسلم شریف (حدیث ۲۷۰۸ کتاب الذکر، باب ۱۶ حدیث ۵۴) میں ہے، کیونکہ امام مالک رحمہ اللہ امام لیث کے متابع ہیں، موطا مالک (کتاب الاستئذان باب ۱۳ حدیث ۳۴) میں اس کی سند اس طرح ہے: مالك، عن الثقة عنده، عن يعقوب (الی آخرہ) —— اور دوسری سند: محمد بن عجلان کی ہے، وہ یعقوب اور حضرت سعدؓ کے درمیان سعید بن المسیب کا واسطہ بڑھاتے ہیں، اس سند سے حدیث مسند احمد (۶: ۴۰۹) میں ہے، اور کتاب میں [عَنْ سَعْدٍ] مسند احمد سے بڑھایا ہے۔

بابُ مَایَقُوْلُ إِذَا خَرَجَ مُسَافِرًا؟

سفر پر روانہ ہوتے وقت کی دعا

اس باب میں دو روایتیں ہیں: پہلی روایت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہے، اس کا راوی عبداللہ بن بشر خثعمی کوفی صرف صدوق ہے، اس لئے یہ روایت صرف حسن ہے، اور دوسری روایت: حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ کی ہے، جو اعلی درجہ کی صحیح اور مسلم شریف میں ہے، ان روایتوں میں یہ ہے کہ جب نبی ﷺ سفر فرماتے تھے، اور اپنی سواری (اونٹنی) پر سوار ہوتے تھے تو اپنی انگلی سے اشارہ کرتے تھے، حدیث کے راوی امام شعبہ رحمہ اللہ نے (سامنے کی طرف) اپنی انگلی لمبی کی (اور اشارہ کی صورت واضح کی) پھر فرماتے:

" اللّٰهُمَّ! أنت الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالخليفة فى الأهل، اللّٰهُمَّ! اصْحَبْنَا فى سَفَرِنَا، واخْلُفْنَا فى أهلنا، اللّٰهم! إنى أعوذ بك من وَعْثَاءِ السفر، وكَآبَةِ المنقلبِ، ومن الْحَوْرِ بعد الْكَوْرِ، ومن دعوةِ المظلوم، ومن سوء الْمَنْظَرِ فِيْ الْأَهْلِ والمال"

"اے اللہ! آپ ہی سفر کے ساتھی ہیں، اور گھر والوں میں نائب ہیں۔ اے اللہ! آپ ہمارے سفر میں ہمارے ساتھ رہیں، اور ہمارے گھر والوں میں ہماری نیابت فرمائیں۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں سفر کی دشواری سے، اور واپسی کی جگہ کی افسردگی سے یعنی سفر سے لوٹ کر ہمیں کوئی برا منظر دیکھنا نہ پڑے، اور زیادتی کے بعد کمی سے،

اور مظلوم کی بددعا سے، اور اہل و مال میں بدنظری سے"

اور پہلی روایت میں ہے: "اے اللہ! آپ اپنی خیرخواہی کے ساتھ (سفر میں) ہمارے ساتھ رہیں، اور اپنی ذمہ داری کے ساتھ ہمیں (سفر سے) واپس لوٹائیں (ایک روایت میں بذمتك ہے) اے اللہ! ہمارے لئے زمین کو سمیٹ دیں (تاکہ سفر جلد طے ہو) اور ہمارے لئے سفر کو آسان فرمائیں!"

لغات وتشریحات:

صَحِبَ (س) صُحْبَةً: ساتھ ہونا، ساتھ رہنا...... قَلَبَ (ض) الشیئَ قَلْبًا: پلٹنا، برعکس کرنا، حالت بدلنا...... زَوىٰ يَزْوِىْ (ض) الأرضَ: زمین کو جمع کرنا، سمیٹنا...... وَعَثَ يَوْعَثُ وَعْثًا الطريقُ: راستہ کا دشوار گذار ہونا...... كَئِبَ (س) كَآبَةً: افسردہ ہونا، شکستہ خاطر ہونا...... حَارَ يَحُوْرُ حَوْرًا العمامةَ پگڑی کھول دینا، اس کے اصل معنی ہیں: لوٹنا، واپس ہونا، سورۃ الانشقاق (آیت ۱۴) ہے: ﴿إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ﴾: اس نے خیال کررکھا تھا کہ اس کو (خدا کی طرف) لوٹنا نہیں!...... اَلْكَوْرُ: عمامہ کا ایک پھیر (چکر) كَوَّرَ الْعِمَامَةَ: سر پر پگڑی لپیٹنا، عمامہ کو پیچ دینا...... المنظر: منظر (Scene)...... اَلْمُنْقَلَب: واپسی کی جگہ۔

امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: الحَوْرُ بعد الكون بھی مروی ہے (مسلم شریف میں یہی ہے، اور الكون: كان کا مصدر ہے، جس کے معنی ہیں: ہونا) اور دونوں کے معنی درست ہوسکتے ہیں (بعد الكون کے معنی ہیں: کسی خیر کے وجود کے بعد اس میں کمی یعنی شر کی طرف پلٹنا) اور حدیث میں: ایمان سے کفر کی طرف، یا اطاعت سے معصیت کی طرف یا اچھی حالت سے بری حالت کی طرف پلٹنا مراد ہے۔

[٤٢-] بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا خَرَجَ مُسَافِرًا؟

[٣٤٦٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، نَا ابْنُ أَبِىْ عَدِيٍّ، عُنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بِشْرٍ الْخَثْعَمِيِّ، عَنْ أَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَافَرَ، فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ، قَالَ بِإِصْبَعِهِ – وَمَدَّ شُعْبَةُ إِصْبَعَهُ – قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِىْ السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِىْ الأَهْلِ، اللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحِكَ، وَأَقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ، اللّٰهُمَّ ازْوِ لَنَا الأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ"

حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا شَعْبَةُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، لاَنعرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ أَبِىْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ.

[٣٤٦١-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ الأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

سَرْجَسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا سَافَرَ، يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِيْ السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِيْ الْأَهْلِ، اللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِيْ سَفَرِنَا، وَاخْلُفْنَا فِيْ أَهْلِنَا، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ، وَمِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ، وَمِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ، وَمِنْ سُوْءِ الْمَنْظَرِ فِيْ الْأَهْلِ وَالْمَالِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى الْحَوْرُ بَعْدَ الْكَوْنِ أَيْضًا، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: الْحَوْرُ بَعْدَ الْكَوْنِ، أَوِ الْكَوْرِ: وَكِلَاهُمَا لَهُ وَجْهٌ: يُقَالُ: إِنَّمَا هُوَ الرُّجُوْعُ مِنَ الإِيْمَانِ إِلَى الْكُفْرِ، أَوْ مِنَ الطَّاعَةِ إِلَى الْمَعْصِيَةِ، إِنَّمَا يَعْنِيْ مِنْ رُجُوْعِ شَيْئٍ إِلٰى شَيْئٍ مِنَ الشَّرِّ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهِ؟

جب سفر سے لوٹے تو کیا ذکر کرے؟

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کسی سفر سے لوٹتے تو کہتے: آئبون، تائبون، عابدون لربنا حامدون: ہم واپس ہورہے ہیں، اپنی لغزشوں سے توبہ کرتے ہیں، ہم عبادت کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی تعریف کرنے والے ہیں (لِرَبِّنَا میں معانقہ ہے، اس کا ماقبل سے بھی تعلق ہوسکتا ہے اور مابعد سے بھی)

تشریح: یہ حدیث ابواسحاق سبیعی رحمہ اللہ سے امام شعبہ اور امام ثوری: دونوں روایت کرتے ہیں، شعبہ اپنی سند میں حضرت براءؓ کے صاحبزادے ربیع کا واسطہ بڑھاتے ہیں، ثوری یہ واسطہ نہیں بڑھاتے (اور ابواسحاق کا حضرت براءؓ سے لقاء وسماع ہے) مگر چونکہ شعبہ کی سند میں ایک واسطہ بڑھ گیا، اس لئے وہ سند نازل ہوگئی، چنانچہ امام ترمذیؒ نے اپنے مزاج کے مطابق اسی کو اصح کہہ دیا، حالانکہ اس کی اصحیت کی کوئی وجہ نہیں، دونوں سندیں صحیح ہیں، اور شعبہؒ کی سند مزید فی متصل الاسناد ہے، اور امام احمد رحمہ اللہ نے اپنی مسند میں یہ حدیث دونوں سندوں سے روایت کی ہے۔

حدیث (۲): حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کسی سفر سے لوٹتے، اور مدینہ شریف کے مکانات نظر آتے تو مدینہ کی محبت کی وجہ سے آپؐ اپنا اونٹ تیز ہانکتے، اور اگر کسی اور سواری پر ہوتے تو اس کو بھی تیز کردیتے۔

تشریح: وطن کی محبت فطری امر ہے، اس حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے، مگر حُبُّ الوطن من الإیمان: موضوع روایت ہے، صغانی نے اس کی صراحت کی ہے، یعنی وطن کی محبت کو اتنی اہمیت دینا کہ اس کو ایمان کا جزء اور ایمان کا تقاضا بنادیا جائے، درست نہیں۔

[۴۳-] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهِ؟

[۳۴۶۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الرَّبِيْعَ بْنَ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ،

قَالَ: " آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرَوَى الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ البَرَاءِ، وَرِوَايَةُ شُعْبَةَ أَصَحُّ، وفي الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

[٤٤-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤٦٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ، فَنَظَرَ إِلَى جُدْرَانِ الْمَدِيْنَةِ أَوْضَعَ رَاحِلَتَهُ، وَإِنْ كَانَ عَلَى دَابَّةٍ حَرَّكَهَا: مِنْ حُبِّهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا وَدَّعَ إِنْسَانًا؟

جب کسی کو رخصت کرے تو کیا دعا دے؟

پہلی دعا: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کسی کو رخصت کرتے تو اس کا ہاتھ پکڑتے، اور اس کو نہ چھوڑتے تا آنکہ وہی نبی ﷺ کا ہاتھ چھوڑتا، یعنی رخصتی مصافحہ کرتے، اور فرماتے: أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دينك، وأمانتك، وخَوَاتِيْمَ عملك: میں تیرا دین، تیری امانت اور تیرا آخری عمل اللہ تعالیٰ کے پاس امانت رکھتا ہوں۔

تشریح: امانت سے مراد بھی دین ہے، سورۃ الاحزاب (آیت ۷۲) میں ہے: ﴿إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ﴾: ہم نے امانت یعنی دین آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا (الی آخرہ) اور آخری عمل سے مراد: حسن خاتمہ ہے، آخرت کی کامیابی کا اسی پر مدار ہے...... اور اللہ تعالیٰ کے پاس امانت رکھنے کا مطلب: اللہ تعالیٰ کو سونپنا ہے یعنی اللہ تعالیٰ ان چیزوں کی حفاظت کریں۔

پہلی روایت حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے مولی نافع رحمہ اللہ کی ہے، اور ضعیف ہے، ابراہیم بن عبدالرحمٰن مجہول راوی ہے، اور دوسری روایت ابن عمرؓ کے صاحبزادے سالم کی ہے، اور صحیح ہے، ان کی روایت میں شروع میں اضافہ ہے: سالم کہتے ہیں: جب کوئی آدمی سفر کا ارادہ کرتا تو حضرت ابن عمرؓ اس سے کہا کرتے تھے کہ میرے قریب آ: میں تجھے اس طرح رخصت کروں جس طرح نبی ﷺ ہمیں رخصت کیا کرتے تھے، پھر آپؐ فرماتے: (الی آخرہ)

[٤٥-] بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا وَدَّعَ إِنْسَانًا؟

[٣٤٦٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ عُبَيْدِ اللّٰهِ السَّلِيْمِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ: سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم

إِذَا وَدَّعَ رَجُلاً: أَخَذَ بِيَدِهِ، فَلاَ يَدَعُهَا حَتَّى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ يَدَعُ يَدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيَقُوْلُ: ''أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَآخِرَ عَمَلِكَ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحَدِيْثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عُمَرَ.

[٣٤٦٥-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الْفَزَارِيُّ، نَا سَعِيْدُ بْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ حَنْظَلَةَ، عَنْ سَالِمٍ: أَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ لِلرَّجُلِ إِذَا أَرَادَ سَفَرًا: أَنِ ادْنُ مِنِّيْ: أُوَدِّعْكَ، كَمَا كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُوَدِّعُنَا، فَيَقُوْلُ: أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ.

دوسری دعا: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں سفر کا ارادہ کرتا ہوں، پس آپؐ مجھے کوئی توشہ دیں، یعنی دعا سے نوازیں، آپؐ نے فرمایا: زَوَّدَكَ اللّٰهُ التقوى: اللہ آپ کو پرہیزگاری کا توشہ دیں۔ اس نے کہا: مجھے اور دیں، آپؐ نے فرمایا: وَغَفَرَ ذنبك: اور اللہ تعالیٰ آپ کی بخشش فرمائیں! اس نے کہا: مجھے اور دیں، میرے ابا اور میری امی آپ پر قربان! آپؐ نے فرمایا: وَيَسَّرَ لك الخيرَ حيثُ ما كنتَ: اور اللہ تعالیٰ آپ کے لئے خیر آسان فرمائیں جہاں بھی آپ رہیں!

تیسری دعا: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں سفر کرنا چاہتا ہوں، پس آپؐ مجھے کوئی وصیت کریں۔ آپؐ نے فرمایا: آپ تقوی لازم پکڑیں، اور ہر بلندی پر تکبیر کہیں، پھر جب اس آدمی نے پیٹھ پھیری تو آپؐ نے فرمایا: ''اے اللہ! اس کے لئے دوری کو لپیٹ دے، اور اس کے لئے سفر کو آسان فرما!

ملحوظہ: یہ یا ان کے علاوہ اور مناسب دعائیں دے کر مسافر کو رخصت کرنا چاہئے۔

[٤٦-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤٦٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نَا سَيَّارٌ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أُرِيْدُ سَفَرًا فَزَوِّدْنِيْ، قَالَ: ''زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى'' قَالَ: زِدْنِيْ، قَالَ: '' وَغَفَرَ ذَنْبَكَ'' قَالَ: زِدْنِيْ، بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! قَالَ: ''وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٤٧-] بابٌ مِنْهُ

[٣٤٦٧-] حدثنا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ أُرِيْدُ أَنْ أُسَافِرَ فَأَوْصِنِيْ،

قَالَ: "عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ، وَالتَّكْبِيْرِ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ" فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ اطْوِلَهُ الْبُعْدَ، وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ ماذُكِرَ فِيْ دَعْوَةِ الْمُسَافِرِ

مسافر کی دعا کی قبولیت کا بیان

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تین دعائیں قبول کی ہوئی ہیں: اس میں ذرا شک نہیں! مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا اور باپ کی اپنی اولاد کے لئے دعا۔

تشریح: یہ حدیث پہلے (ابواب البر والصلۃ، باب ۷ حدیث ۱۹۰۲ تحفہ ۵:۲۴۹) ابن علیہ کی سند سے گذر چکی ہے، اور دعا سے مراد دعا اور بددعا دونوں ہیں۔ مظلوم اگر ظالم کے لئے بددعا کرے یا جو اس کی طرف دستِ تعاون بڑھائے: اس کے لئے نیک دعا کرے، اور مسافر دورانِ سفر اپنے مددگاروں کے لئے اور اپنے متعلقین کے لئے دعا کرے یا سفر میں باعثِ اذیت بننے والوں کے لئے بددعا کرے، اور والدین اولاد کے برتاؤ سے خوش ہوکر دعا کریں یا ان کی ایذا رسانیوں سے تنگ آکر بددعا کریں: یہ سب دعائیں ضرور قبول کی جاتی ہیں، اللہ تعالیٰ شکستہ خاطر کی دعا اور اخلاص سے کی ہوئی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں، مزید تفصیل محولہ بالا جگہ میں دیکھیں، اور اس حدیث کا راوی ابوجعفر: المؤذن ہے، اس کا نام معلوم نہیں، یہ ابوجعفر: حضرت محمد باقر رحمہ اللہ نہیں ہیں۔

[٤٨-] بابُ مَاذُكِرَ فِيْ دَعْوَةِ الْمُسَافِرِ

[٣٤٦٨-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِىْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ثَلاَثُ دَعَوَاتٍ مُسْتَجَابَاتٌ: دَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ، وَدَعْوَةُ الْمُسَافِرِ، وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ عَلَى وَلَدِهِ"

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: " مُسْتَجَابَاتٌ لاَشَكَّ فِيْهِنَّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَأَبُوْ جَعْفَرٍ هٰذَا: هُوَ الَّذِىْ رَوَى عَنْهُ يَحْيىَ بْنُ أَبِىْ كَثِيْرٍ، يُقَالُ لَهُ: أَبُوْ جَعْفَرٍ الْمُؤَذِّنُ، وَلاَنَعْرِفُ اسْمَهُ.

بابُ ماجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا رَكِبَ دَابَّةً؟

جب سواری پر سوار ہو تو کیا ذکر کرے؟

حدیث (۱): علی بن ربیعہ والبی کوفی کہتے ہیں: میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر تھا۔ آپ کے پاس

ایک سواری لائی گئی، تا کہ آپؓ اس پر سوار ہوں، پس جب آپؓ نے رکاب میں پیر رکھا تو کہا: بسم اللہ: اللہ کے نام سے سوار ہوتا ہوں، پھر جب آپؓ اس کی پیٹھ پر سیدھے بیٹھ گئے تو کہا: الحمدللہ! اللہ تیرا شکر ہے! پھر آپؓ نے پڑھا: ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا﴾ الآیة: پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے بس میں کر دیا، اور ہم ایسے نہیں تھے کہ اس کو قابو میں کرتے، اور ہم یقیناً اپنے پروردگار کی طرف پلٹنے والے ہیں (الزخرف ۱۳و۱۴) پھر تین مرتبہ الحمد للہ کہا، اور تین مرتبہ اللہ أکبر کہا، پھر کہا: سبحانك! إنی قد ظلمتُ نفسی، فاغفرلی، فإنه لایغفر الذنوب إلا أنت: آپ کی ذات پاک ہے! میں نے یقیناً اپنے نفس پر ظلم کیا یعنی میں گنہ گار ہوں، پس آپ میری بخشش فرمائیں، کیونکہ آپ کے علاوہ گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں ——— پھر آپؓ ہنسے، میں نے عرض کیا: امیر المؤمنین! آپ کیوں ہنسے؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپؐ نے ویسا ہی کیا جیسا میں نے کیا، پھر آپؐ ہنسے، تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: ''بیشک آپ کے پروردگار تعجب کرتے ہیں اپنے بندے سے، جب وہ کہتا ہے: اے میرے پروردگار! میرے گناہوں کو بخش دے، کیونکہ آپ کے علاوہ کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں!

تشریح: ''ہم ایسے نہیں تھے کہ اس کو قابو میں کرتے'' کیونکہ سواری کا جانور اونٹ گھوڑا وغیرہ ہم سے زیادہ طاقتور ہے، مگر اللہ نے ہمیں اس سے زیادہ عقل دی، اس کے بل بوتے پر ہم نے اس کو قابو میں کیا، یہ اللہ کا فضل وکرم ہے، اور اس پر اللہ کا شکر بجالانا ضروری ہے ——— **تعجب:** کسی چیز کی ظاہری حالت دیکھ کر اس کو بہت بڑا محسوس کرنا، اور اس کے سبب کا مخفی ہونا، پس تعجب اللہ تعالیٰ کو لاحق نہیں ہوسکتا، کیونکہ ان کے لئے کوئی سبب مخفی نہیں، اس لئے تعجب کی غایت ونتیجہ مراد لیا جائے گا، اور وہ ہے خوشی اور پسندیدگی، یعنی اللہ تعالیٰ بندے کی اس بات سے بہت خوش ہوتے ہیں...... **رکاب:** وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے کی زین میں دونوں طرف لٹکا رہتا ہے، اور سوار اس میں پاؤں رکھ کر گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب نبی ﷺ سفر کرتے اور اپنی سواری پر سوار ہوتے تو تین مرتبہ اللّٰہُ أکبر کہتے، پھر کہتے: ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا﴾ الآیة: پھر کہتے: اے اللہ! میں آپ سے میرے اس سفر میں نیکی اور تقوی کی درخواست کرتا ہوں، اور وہ عمل چاہتا ہوں جو آپ کو خوش کرے، اے اللہ! ہم پر سفر آسان فرما، اور ہمارے لئے زمین کی دوری کو لپیٹ دے، اے اللہ! آپ ہی سفر کے ساتھی ہیں، اور گھر والوں میں نائب ہیں، اے اللہ! آپ ہمارے سفر میں ہمارے رفیق رہیں، اور ہمارے گھر والوں میں ہماری نیابت فرمائیں!

اور جب آپؐ اپنے گھر والوں کی طرف واپس لوٹتے تو کہا کرتے تھے: ہم اگر اللہ نے چاہا تو وطن کی طرف لوٹنے والے ہیں، گناہوں سے توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں اپنے پروردگار کی تعریف کرنے والے ہیں (سفر سے واپسی کی یہ دعا ابھی باب ۴۳ میں گذری ہے)

[٤٩-] بابُ مَاجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَارَكِبَ دَابَّةً؟

[٣٤٦٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنا أَبُوْ الأَحْوَصِ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا أُتِيَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِيْ الرِّكَابِ، قَالَ:" بِسْمِ اللّٰهِ" فَلَمَّا اسْتَوٰى عَلَى ظَهْرِهَا قَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ" ثُمَّ قَالَ: ﴿سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا، وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَالَمُنْقَلِبُوْنَ﴾ ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ ثَلاثًا، اللّٰهُ أَكْبَرُ ثَلاثًا، سُبْحَانَكَ إِنِّىْ قَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ، فَاغْفِرْلِىْ، فَإِنَّهُ لايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ!

ثُمَّ ضَحِكَ، فَقُلْتُ: مِنْ أَىِّ شَيْئٍ ضَحِكْتَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ، ثُمَّ ضَحِكَ، فَقُلْتُ: مِنْ أَىِّ شَيْئٍ ضَحِكْتَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " إِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهِ، إِذَا قَالَ: رَبِّ اغْفِرْ لِىْ ذُنُوْبِىْ ، إِنَّهُ لايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَيْرُكَ" وفى الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٤٧٠-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَارِقِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا سَافَرَ، فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ، كَبَّرَ ثَلاثًا،وَقَالَ: ﴿سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَاكُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ﴾ ثُمَّ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِىْ هٰذَا: مِنَ الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى، وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضَى، اللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا الْمَسِيْرَ، وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَ الأَرْضِ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِيْ السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِيْ الأَهْلِ، اللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِيْ سَفَرِنَا، وَاخْلُفْنَا فِيْ أَهْلِنَا"

وَكَانَ يَقُوْلُ إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ:" آئِبُوْنَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ مَاجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا هَاجَتِ الرِّيْحُ؟

جب آندھی چلےتو کیا دعا کرے؟

تیز وتند ہوائیں اورآندھیاں کبھی عذاب بن کرآتی ہیں، اور کبھی رحمتِ الٰہی یعنی بارش کا مقدمہ بن کرآتی ہیں، اس لئے خداشناس اورخداپرست بندوں کو چاہئے کہ جب اس طرح کی ہوائیں چلیں تو وہ جلالِ خداوندی کے خطرے کو محسوس کریں، اوردعا کریں کہ یہ ہوائیں شراور ہلاکت کا ذریعہ نہ بنیں، بلکہ رحمت کا وسیلہ بنیں (معارف الحدیث۵:۲۴۳)

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ جب آندھی چلتی تو کہتے:''اے اللہ! میں آپ سے اس ہوا کی خیر مانگتا ہوں، اوراس چیز کی خیر مانگتا ہوں جواس میں ہے، اوراس چیز کی خیر مانگتا ہوں جس کے ساتھ وہ بھیجی گئی

ہے، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس ہوا کی برائی سے، اور اس چیز کی برائی سے جو اس میں ہے، اور اس چیز کی برائی سے جس کے ساتھ وہ بھیجی گئی ہے!''

تشریح: ریح (مفرد) سے وہ ہوا مراد ہوتی ہے جو ہلاکت خیز ہوتی ہے، اور ریاح (جمع) سے وہ ہوا مراد ہوتی ہے جو رحمت بن کر آتی ہے، چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ جب کبھی ہوا تیز چلتی تو آپؐ دعا فرماتے: ''اے اللہ! اس ہوا کو ہمارے لئے رحمت بنا، عذاب نہ بنا، اے اللہ! اس کو ہمارے لئے ریاح بنا، ریح نہ بنا —— اور صحیحین میں ہے کہ جب آسمان پر گھرا ابر آتا تو آپؐ کا یہ حال ہوجاتا کہ کبھی گھر کے اندر آتے، کبھی باہر جاتے، کبھی آگے بڑھتے کبھی پیچھے ہٹتے، اور آپؐ کا رنگ بدل جاتا، پھر جب خیریت سے بارش شروع ہوجاتی تو آپؐ کی یہ کیفیت ختم ہوجاتی۔

صدیقہؓ نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کا یہ حال کیوں ہوجاتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: آسمان پر ابر دیکھ کر مجھے خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ کہیں وہ اس قسم کا ابر نہ ہو جسے اپنی وادیوں کی طرف بڑھتا ہوا دیکھ کر قوم عام نے کہا تھا کہ یہ بادل ہمارے علاقہ پر برسے گا، حالانکہ وہ عذاب کا بادل تھا، جو ان کی مکمل تباہی کا سامان لے کر آیا تھا۔

[۵۰-] بابُ مَاجاءَ: مَايَقُوْلُ إِذَا هَاجَتِ الرِّيْحُ؟

[۳٤۷۱-] حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْأَسْوَدِ: أَبُوْ عَمْرٍو البَصْرِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا رَأَى الرِّيْحَ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ إِنِّى أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهَا، وَخَيْرِ مَا فِيْهَا، وَخَيْرِ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا، وَشَرِّ مَا فِيْهَا، وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ" وفى الباب: عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابُ: مَايَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ؟

گرج کڑک کے وقت کیا دعا کرے؟

آندھیوں کی طرح بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک بھی کبھی آفت ڈھاتی ہے، سورۃ الرعد (آیت ۱۳) میں ہے: ﴿وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلاَئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهِ، وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ﴾: اور پا کی بیان کرتی ہے گرج اللہ کی تعریف کے ساتھ، اور دیگر فرشتے بھی اللہ کے ڈر سے، اور وہ کڑک دار بجلیاں بھیجتے ہیں، پس جس پر چاہتے ہیں گرادیتے ہیں —— اور وقتاً فوقتاً کڑا کے گرنے کے واقعات پیش آتے رہتے ہیں، جس سے املاک تباہ ہوتی ہیں، اور جانیں جاتی ہیں، پس مؤمن کو ایسے موقع پر پوری عاجزی کے ساتھ اللہ کے رحم وکرم اور عافیت کی دعا کرنی چاہئے۔

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ بادلوں کی گرج اور بجلیوں کی کڑک

سنتے تو یہ دعا کرتے: اللّٰهم! لاتَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ، وَلاَتُهْلِكْنَا بعذابك، وعَافِنَا قبل ذلك: اے اللہ! ہمیں اپنے غضب سے مار نہ ڈال! اور اپنے عذاب سے ہلاک نہ کردے! اور ہمیں اس سے پہلے عافیت بخش! (یہ حدیث ضعیف ہے، حجاج بن ارطاۃ میں کلام ہے اور اس کا استاذ ابو مطر مجہول راوی ہے)

[٥١-] بابُ: مَايَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ؟

[٣٤٧٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِيْ مَطَرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا سَمِعَ صَوْتَ الرَّعْدِ وَالصَّوَاعِقِ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ لاَ تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ، وَلاَ تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ، وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ: مَايَقُوْلُ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْهِلاَلِ؟

جب نیا چاند دیکھے تو کیا دعا کرے؟

ہر مہینہ زندگی کا ایک مرحلہ ہے، جب ایک مہینہ ختم ہوکر دوسرے مہینے کا چاند آسمان پر نمودار ہوتا ہے تو گویا زندگی کا ایک مرحلہ پورا ہوا، اور دوسرا مرحلہ شروع ہوا، اور کچھ لوگ بعض مہینوں کو منحوس اور نا مبارک سمجھتے ہیں، اسلام میں ہر مہینہ خیر و برکت اور رشد و ہدایت کا مہینہ ہے، اور کچھ لوگ چاند کو دیوتا مانتے ہیں، اور اس کی پوجا کرتے ہیں، اس لئے نیا چاند نظر آنے پر ایسی دعا تعلیم فرمائی گئی ہے جس سے ان سب باطل خیالات کی تردید ہوجاتی ہے۔

حدیث: حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نیا چاند دیکھتے تو کہتے: اللّٰهم! أَهْلِلْهُ علينا بِالْيُمْنِ، وَالإِيمان، والسلامة، والإسلام، رَبِّيْ وربك الله: اے اللہ! نئے چاند کو ہمارے لئے نمودار فرما برکت، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ، میرا اور تیرا پروردگار اللہ ہے!

لغت: إهلال: نمودار ہونا، ظاہر کرنا۔ أَهْلِلْهُ: فکّ ادغام کے ساتھ اور أَهِلَّهُ: ادغام کے ساتھ دونوں طرح مروی ہے۔

[٥٢-] بابُ: مَايَقُوْلُ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْهِلاَلِ؟

[٣٤٧٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدِيْنِيُّ، قَالَ: ثَنِيْ بِلاَلُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلاَلَ، قَالَ: " اللّٰهُمَّ أَهْلِلْهُ عَلَيْنَا بِالْيُمْنِ، وَالإِيْمَانِ، وَالسَّلاَمَةِ، وَالإِسْلاَمِ، رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ: مَايُقُوْلُ عِنْدَ الْغَضَبِ؟

جب سخت غصہ آئے تو کیا دعا کرے؟

سخت غصے میں ایک نیم جنونی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔ اس وقت آدمی کا شعور کام نہیں کرتا، اور وہ انتہائی اوچھی حرکتوں پر اتر آتا ہے:

رفتہ رفتہ آدمی را کم تر سازد غضب ❁ آب را چنداں کہ جوشانند کم تر شود

(سخت غصہ آہستہ آہستہ آدمی کو 'اوچھا' کردیتا ہے ÷ پانی کو جتنا جوش دیں گے کم ہوتا جائے گا)

حضرت الاستاذ علامہ محمد ابراہیم صاحب بلیاوی قدس سرہ (صدر المدرسین دار العلوم دیوبند) فرمایا کرتے تھے کہ مولوی صاحب! غصہ قوتِ عاقلہ کی کمزوری سے آتا ہے، اور غصہ کرنے سے قوت عاقلہ کمزور ہوجاتی ہے (جیسے بیڑی سگریٹ پینے سے قبض ہوجاتا ہے، اور بیڑی سگریٹ پینے ہی سے اجابت ہوتی ہے)

لیکن اگر بندہ غصہ کے وقت حالت بدل دے تو غصہ ہلکا پڑ جاتا ہے، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کو سخت غصہ آئے، اور وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، اگر غصہ ختم ہوجائے تو فبہا، ورنہ لیٹ جائے'' (ابوداؤد حدیث ۴۷۸۲) اور اگر غصہ کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے پناہ چاہے تو اللہ تعالیٰ اس کے غصے کی آگ کو ٹھنڈا کردیتے ہیں، اور وہ غصے کے نتائج بد سے محفوظ ہوجاتا ہے۔

حدیث: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں دو شخصوں کے درمیان سخت کلامی ہوگئی، یہاں تک کہ ان میں سے ایک کے چہرے پر غصہ کے آثار نظر آنے لگے (اور ابوداؤد کی روایت میں ہے: ان میں سے ایک سخت غضبناک ہوا، یہاں تک کہ مجھے ایسا محسوس ہونے لگا کہ سخت غصے کی وجہ سے اس کی ناک پھٹ جائے گی) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں ایک ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ آدمی اس کو کہہ لے تو اس کا غصہ کافور ہوجائے، وہ کلمہ یہ ہے: أعوذ باللہ من الشیطان الرجیم: میں مردود شیطان سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں'' (پس حضرت معاذؓ اس کو یہ کہنے کا حکم دینے لگے، مگر اس نے انکار کیا یعنی یہ کلمہ نہیں کہا، اور وہ کٹ حجتی کرنے لگا، اور غصہ میں بڑھنے لگا، اور صحیحین میں سلیمان بن صُرد کی روایت میں ہے: اس نے کہا: کیا میں پاگل ہوں؟!)

تشریح: نبی ﷺ نے یہ مضمون غالباً سورۃ الاعراف (آیات ۲۰۰ و ۲۰۱) سے مستنبط فرمایا ہے، ارشادِ پاک ہے: ﴿وَإِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ، إِنَّهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ. إِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوْا فَإِذَا هُمْ مُبْصِرُوْنَ﴾: اگر تیرے دل میں شیطان کی طرف سے سخت وسوسہ آئے تو تو اللہ کی پناہ مانگ لے، وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ خدا ترس ہیں: جب ان کو کوئی خطرۂ شیطانی پیش آتا ہے تو وہ اللہ کی یاد میں لگ جاتے ہیں، پس یکایک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

مگر یہ بھی واقعہ ہے کہ غصہ کی بحرانی کیفیت میں جب آدمی سنجیدگی، توازن اور اچھائی برائی کا احساس کھو بیٹھتا ہے تو بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے کہ یہ باتیں اسے یاد آئیں، ایسے وقت میں خیر خواہوں کو چاہئے کہ وہ حکمت سے اس کو اس طرف متوجہ کریں، اور اس کو رسول اللہ ﷺ کی یہ زریں ہدایت یاد دلائیں (معارف الحدیث ۵: ۲۳۷)

[۵۳-] بابٌ: مَايُقُوْلُ عِنْدَ الْغَضَبِ؟

[۳۴۷۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا قَبِيْصَةُ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلاَنِ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حَتّٰى عُرِفَ الغَضَبُ فِيْ وَجْهِ أَحَدِهِمَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْقَالَهَا لَذَهَبَ غَضَبُهُ: "أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ" وفي الباب: عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُفْيَانَ نَحْوَهُ، وَهٰذَا حديثٌ مُرْسَلٌ، عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلٰى لَمْ يَسْمَعْ مِنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَمَاتَ مُعَاذٌ فِيْ خِلاَفَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَقُتِلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلٰى غُلاَمٌ: ابْنُ سِتِّ سِنِيْنَ. هٰكَذَا رَوٰى شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى.

وَقَدْ رَوٰى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَرَآهُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ لَيْلٰى يُكْنٰى أَبَا عِيْسٰى. وَأَبُوْ لَيْلٰى: اسْمُهُ يَسَارٌ، وَرُوِيَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلٰى، قَالَ: أَدْرَكْتُ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً مِنَ الْأَنْصَارِ، مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وضاحت: حضرت سلیمان بن صُرد رضی اللہ عنہ کی روایت متفق علیہ ہے، اس میں بھی اسی غصہ کرنے والے کا واقعہ ہے، اور اسی استعاذہ کا ذکر ہے (بخاری حدیث ۶۰۴۸ مسلم حدیث ۲۶۱۰) اور باب کی حضرت معاذؓ کی روایت: مرسل (منقطع) ہے، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ (ابن ابی لیلیٰ کبیر) کا حضرت معاذؓ سے لقاء وسماع نہیں، حضرت معاذؓ کا انتقال حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں (طاعون عمواس میں) ہوا ہے (اور عبدالرحمٰن اسی سال پیدا ہوئے ہیں یا اس سے ایک سال پہلے پیدا ہوئے ہیں) اور حضرت عمرؓ کی شہادت کے وقت عبدالرحمٰن چھ سال کے تھے، اور یہ حدیث سفیان ثوری رحمہ اللہ نے عبدالرحمٰن سے بواسطہ عبدالملک روایت کی ہے، اور امام شعبہ رحمہ اللہ نے بواسطہ حکم بن عتیبہ روایت کی ہے۔

پھر امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: عبدالرحمٰن نے حضرت عمرؓ سے (اور حدیثیں) روایت کی ہیں، اور عبدالرحمٰن نے حضرت عمرؓ کو دیکھا ہے (مگر یہ بات کیسے ممکن ہے؟ چھ سال کا بچہ حدیث کا تحمل نہیں کرسکتا، اس لئے بہت سے حضرات حضرت عمرؓ سے سماع کا انکار کرتے ہیں، بلکہ حضرت عثمانؓ سے بھی سماع کا انکار کرتے ہیں، البتہ عبدالرحمٰن کا حضرت علیؓ سے لقاء وسماع ہے، تفصیل تہذیب التہذیب میں ہے)

اورعبدالرحمٰن کی کنیت ابوعیسیٰ تھی، اوران کے والد ابولیلیٰ کا نام یسار تھا، اورعبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے مروی ہے کہ میں نے ایک سوبیس انصاری صحابہ کا زمانہ پایا ہے۔

بابٌ: مَایَقُوْلُ إِذَا رَأَی رُؤْیًا یَّکْرَهُهَا؟

جب کوئی براخواب دیکھے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی ایسا خواب دیکھے، جس کو وہ پسند کرے تو وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے، پس چاہئے کہ وہ اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالائے، اور چاہئے کہ وہ خواب بیان کرے جو اس نے دیکھا ہے (مگر ایسے شخص سے بیان کرے جو خواب دیکھنے والے سے محبت رکھتا ہو، جو اس کو ناپسند کرتا ہو اس سے بیان نہ کرے) —— اور جب اس کے علاوہ دیکھے، ان خوابوں میں سے جن کو وہ ناپسند کرتا ہے تو وہ خواب شیطان ہی کی طرف سے ہے، پس چاہئے کہ وہ اس کے شر سے اللہ کی پناہ چاہے (اور اٹھ جائے، اور بائیں طرف تھتکار دے) اور کسی سے اس خواب کو بیان نہ کرے، پس وہ خواب اس کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔

حوالہ: باب میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے، وہ پہلے (حدیث ۲۲۷۵ تحفہ ۶: ۶۲ میں) آچکی ہے، اور خوابوں کے اسباب، ان کی قسمیں اور اچھے برے خواب آنے پر کیا کرنا چاہئے؟ اس کی تفصیل ابواب الرؤیا کے شروع میں (تحفہ ۶: ۴۹-۶۴) میں آچکی ہے۔

[۵۴-] بابٌ: مَایَقُوْلُ إِذَا رَأَی رُؤْیًا یَّکْرَهُهَا؟

[۳۴۷۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، نَا بَکْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدَرِیِّ، أَنَّهُ سَمِعَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، یَقُوْلُ: "إِذَا رَأَی أَحَدُکُمُ الرُّؤْیَا یُحِبُّهَا، فَإِنَّمَا هِیَ مِنَ اللّٰهِ، فَلْیَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَیْهَا، وَلْیُحَدِّثْ بِمَا رَأَی، وَإِذَا رَأَی غَیْرَ ذٰلِكَ مِمَّا یَکْرَهُهُ، فَإِنَّمَا هِیَ مِنَ الشَّیْطَانِ، فَلْیَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، وَلَا یَذْکُرُهَا لِأَحَدٍ، فَإِنَّهَا لَاتَضُرُّهُ"

وفی البابِ: عَنْ أَبِیْ قَتَادَةَ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ صحیحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَابْنُ الْهَادِ: اسْمُهُ یَزِیْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ الْمَدِیْنِیُّ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِیْثِ، رَوَی عَنْهُ مَالِكٌ وَالنَّاسُ.

بابُ: مَایَقُوْلُ إِذَا رَأَی الْبَاکُوْرَةَ مِنَ الثَّمَرِ؟

جب پہلا پھل دیکھے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب صحابہ پہلا پھل دیکھتے تو اس کو نبی ﷺ کے پاس لاتے،

پس جب آپؐ اس کو لیتے تو کہتے: ''اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے پھلوں میں برکت فرما! اور ہمارے لئے ہمارے شہر میں برکت فرما، اور ہمارے لئے ہمارے صاع اور مدّ میں برکت فرما! اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام یقیناً آپ کے بندے، آپ کے گہرے دوست اور آپ کے پیغمبر تھے، اور میں بھی آپ کا بندہ اور آپ کا پیغمبر ہوں، اور انھوں نے مکہ کے لئے آپ سے دعا کی ہے، اور میں مدینہ کے لئے آپ سے دعا کرتا ہوں، اس دعا کے مانند جو انھوں نے مکہ کے لئے کی ہے، اور اس کے مانند اس کے ساتھ یعنی مدینہ شریف کو ڈبل برکتوں سے نواز دے! —— راوی کہتے ہیں: پھر آپ اس چھوٹے بچے کو بلاتے جو آپؐ کو نظر آتا، پس وہ پھل اس کو دیتے۔

تشریح: ابراہیم علیہ السلام نے مکہ والوں کے لئے یہ دعا کی ہے: ﴿اجْعَلْ أَفْئِدَةً مِنَ النَّاسِ تَهْوِیْ إِلَیْهِمْ، وَارْزُقْهُمْ مِنَ الثَّمَرَاتِ﴾: آپ کچھ لوگوں کے قلوب ان کی طرف مائل کردیں، اور ان کو پھلوں میں سے روزی دیں! (سورۂ ابراہیم آیت ۳۷) یہی دعا نبی ﷺ نے مدینہ والوں کے لئے فرمائی ہے، اور اس کی قبولیت کا ہر شخص مشاہدہ کرسکتا ہے —— اور صحابہ پہلا پھل آپؐ کے پاس اس لئے لاتے تھے کہ آپ دعا فرمائیں، چنانچہ آپؐ دعا فرماتے، اور پھل ہاتھ میں لے کر دعا فرماتے، پھر سب سے چھوٹے بچے کو اس لئے عنایت فرماتے کہ وہ مہربانی کا زیادہ مستحق ہے۔

[۵۵-] بابٌ: مَایَقُوْلُ إِذَا رَأَى الْبَاکُوْرَةَ مِنَ الثَّمَرِ؟

[۳۴۷۶-] حدثنا الْأَنْصَارِیُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، [ح:] وَنَا قُتَیْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ إِذَا رَأَوْا أَوَّلَ الثَّمَرِ جَاؤُا بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا أَخَذَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْ ثِمَارِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِیْمَ عَبْدُكَ وَخَلِیْلُكَ وَنَبِیُّكَ، وَإِنِّیْ عَبْدُكَ وَنَبِیُّكَ، وَإِنَّهُ دَعَاكَ لِمَكَّةَ، وَأَنَا أَدْعُوْكَ لِلْمَدِیْنَةِ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ بِهِ لِمَكَّةَ، وَمِثْلُهُ مَعَهُ'' قَالَ: ثُمَّ یَدْعُوْ أَصْغَرَ وَلِیْدٍ یَرَاهُ، فَیُعْطِیْهِ ذٰلِكَ الثَّمَرَ. هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابُ مَایَقُوْلُ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا؟

جب کوئی کھانا کھائے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں اور خالد بن ولید: رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں داخل ہوئے (حضرت میمونہ دونوں کی خالہ ہیں) پس وہ ہمارے پاس دودھ کا ایک برتن لائیں، پس رسول اللہ ﷺ نے نوش فرمایا، اور میں آپؐ کی دائیں جانب تھا، اور خالدؓ بائیں جانب، پس آپؐ نے مجھ

سے فرمایا: ''بچا ہوا پینے کا حق تمہارا ہے، پس اگر تم چاہو یعنی اجازت دو تو میں بچے ہوئے کے ساتھ خالد کو ترجیح دوں (کیونکہ وہ عمر میں تم سے بڑے ہیں) میں نے عرض کیا: میں آپؐ کے بچے ہوئے (تبرک) کے ساتھ کسی کو ترجیح نہیں دونگا (چنانچہ آپؐ نے برتن ابن عباس کو تھمادیا)

پھر نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس کو اللہ تعالیٰ کوئی کھانا کھلائیں تو چاہئے کہ وہ کہے: اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت فرما! اور ہمیں اس سے بہتر کھلا! —— اور جس کو اللہ تعالیٰ دودھ پلائیں: وہ کہے: اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت فرما! اور ہمیں اور بھی دودھ پلا —— اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دودھ کے علاوہ کوئی چیز کھانے اور پانی کی جگہ کافی نہیں ہوتی!'' اور یہ دعائیں کھانے کے شروع میں یا درمیان میں پڑھنے کی ہیں)

[٥٦-] بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا؟

[٣٤٧٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ، هُوَ ابْنُ أَبِى حَرْمَلَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَلى مَيْمُوْنَةَ، فَجَاءَ تْنَا بِإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا عَنْ يَمِيْنِهِ،وَخَالِدٌ عَنْ شِمَالِهِ، فَقَالَ لِىْ:" الشَّرْبَةُ لَكَ، فَإِنْ شِئْتَ آثَرْتُ بِهَا خَالِدًا" فَقُلْتُ: مَاكُنْتُ أُوْثِرُ عَلى سُؤْرِكَ أَحَدًا!

ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَطْعَمَهُ اللّٰهُ طَعَامًا، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ، وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ. وَمَنْ سَقَاهُ اللّٰهُ لَبَنًا، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنا فِيْهِ، وَزِدْنَا مِنْهُ"

وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَيْسَ شَيْئٌ يُجْزِئُ مَكَانَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ غَيْرَ اللَّبَنِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، فَقَالَ: عَنْ عُمَرَ بْنِ حَرْمَلَةَ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ عَمْرُو بْنُ حَرْمَلَةَ، وَلاَيَصِحُّ.

وضاحت: اس حدیث کا راوی عمر بن حرملہ یا ابی حرملہ: مجہول راوی ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے، اور اس راوی کا نام عمر ہے، عمرو نہیں ہے۔

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّعَامِ؟

جب کھانا کھاچکے تو کیا دعا کرے؟

کھانا پینا لوازمِ حیات میں سے ہے، نبی ﷺ کو جب کچھ کھانے یا پینے کے لئے میسر آتا تو آپؐ اس کو اللہ کی طرف سے اور اس کا عطیہ یقین کرتے ہوئے اس کی حمد اور اس کا شکر ادا کرتے، آپؐ سے خاص اس موقع کے لئے مختلف

اذکار مروی ہیں:

پہلا ذکر: جب رسول اللہ ﷺ کے سامنے سے دسترخوان اٹھایا جاتا تو آپؐ کہتے: **الحمد لله حمداً كثيراً طَيِّبًا مباركاً فيه، غَيْرَ مُوَدَّعٍ، ولا مُسْتَغْنًى عنه، رَبَّنَا!**: ہر حمد اللہ کے لئے ہے، بہت زیادہ حمد، پاکیزہ حمد، جس حمد میں برکت (اضافہ) فرمائی گئی ہو، نہ رخصت کیا ہوا، اور نہ اس سے بے نیاز ہوا ہوا، اے ہمارے پروردگار!

تشریح: حمداً: فعل محذوف حَمِدْتُ کا مفعول مطلق ہے، طَيِّبًا اور مُبارکاً: حمداً کی صفتیں ہیں: طیب: ستھری یعنی دکھانے سنانے سے پاک تعریف، اور تعریف میں برکت فرمائی ہوئی یعنی دائمی غیر منقطع تعریف...... غَيْرَ (منصوب) حمداً سے حال ہے، مُوَدَّع (اسم مفعول) از تَوْدِيع: رخصت کرنا، چھوڑنا یعنی دسترخوان اور کھانا ہم نے ہمیشہ کے لئے نہیں چھوڑ دیا، وقتی طور پر چھوڑ دیا ہے، کیونکہ ہم ہمیشہ کھانے کے محتاج ہیں...... مُسْتَغْنًى (اسم مفعول) از استغناء: بے نیاز ہونا یعنی ہم کبھی بھی کھانے سے بے نیاز نہیں ہوسکتے...... اور بخاری کی روایت میں مباركا فيه کے بعد غَيْرَ مَكْفِيٍّ بھی ہے، یعنی یہ کھانا ہمارے لئے کافی ہونے والا نہیں، کیونکہ ہم تا حیات کھانے کے محتاج ہیں یا ہم برتن الٹ دینے والے نہیں، ہمیں آئندہ ہمیں اس دسترخوان کی حاجت ہوگی۔

دوسرا ذکر: جب رسول اللہ ﷺ کھاتے یا پیتے تو کہتے: **الحمد لله الذى أَطْعَمَنَا، وَسَقَانَا، وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ**: اس اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا، اور ہمیں پلایا، اور ہمیں مسلمان بنایا (کھانے پینے سے بڑی نعمت: دولتِ اسلام ہے، اس لئے اس کا خاص طور پر شکر ادا کیا ہے)

تیسرا ذکر: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کچھ کھایا، پھر کہا: **الحمد لله الذى أَطْعَمَنِىْ هذا، وَرَزَقَنِيْهِ من غير حَوْلٍ مِّنِّىْ ولا قوةٍ**: اس اللہ کے لئے حمد ہے جس نے مجھ یہ کھانا کھلایا، اور مجھ یہ روزی عنایت فرمائی، میری کسی قوت وطاقت کے بغیر: تو اس کے سابقہ سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تشریح: بعض اعمال بظاہر چھوٹے نظر آتے ہیں، مگر اللہ کی نظر میں وہ بڑے وقیع ہوتے ہیں، میزانِ عمل میں وہ بہت بھاری ہوتے ہیں، اور ان کا نتیجہ بڑا غیر معمولی نکلتا ہے، اس حدیث میں بتایا گیا ہے کہ جو بندہ کھانے کے بعد صدق دل سے یہ اعتراف کرے کہ یہ کھانا مجھے میرے پروردگار اور پالنہار نے عطا فرمایا ہے، میرے کسی ہنر اور کسی صلاحیت واستحقاق کو اس میں کوئی دخل نہیں، جو کچھ عطا فرمایا ہے وہ اس نے صرف اپنے کرم سے عطا فرمایا ہے، اور ساری حمد وستائش کا مستحق وہی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی اس حمد کی اتنی قدر فرماتے ہیں کہ اس کے سارے پچھلے گناہ اس کی برکت سے بخش دیتے ہیں۔

اور ابوداؤد کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ جس نے کپڑا پہنا، پھر اس طرح اللہ کی حمد کی: **الحمد لله الذى كَسَانِىْ هذا، وَرَزَقَنِيْهِ من غير حول منى ولا قوة**: اس اللہ کے لئے حمد ہے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، اور مجھے یہ رزق عطا فرمایا، میری کسی قوت وطاقت کے بغیر: تو بھی اس کے سابقہ سارے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

دراصل بندے کا یہ اعتراف واحساس کہ اس کے پاس جو کچھ ہے اس کے رب کا عطیہ ہے، وہ خود کسی بھی لائق نہیں: یہ عبدیت کا جوہر ہے، اور اللہ تعالیٰ کے یہاں بڑی قدر و قیمت رکھتا ہے، اور اُن اعمال میں سے ہے جن کے صدقہ میں عمر بھر کی خطائیں معاف کردی جاتی ہیں، اللہ تعالیٰ ان حقائق کا فہم اور ان پر یقین نصیب فرمائے، اور عمل کی توفیق دے۔

(معارف الحدیث ۵:۲۰۷)

[۵۷-] بابُ مایَقُوْلُ إِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّعَامِ؟

[۳۴۷۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، نَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رُفِعَتِ الْمَائِدَةُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، يَقُوْلُ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ، غَيْرَ مُوَدَّعٍ وَلاَ مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۴۷۹-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، وَأَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ عَبِيْدَةَ، قَالَ حَفْصٌ: عَنْ ابنِ أَخِیْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، وَقَالَ أَبُوْ خَالِدٍ: عَنْ مَوْلًى لِأَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: كَانَ النبیُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَكَلَ أَوْ شَرِبَ قَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ"

[۳۴۸۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ أَبِیْ أَيُّوْبَ، قَالَ: ثَنِیْ أَبُوْ مَرْحُوْمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ أَكَلَ طَعَامًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنِیْ هٰذَا، وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّیْ وَلاَ قُوَّةٍ: غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ مَرْحُوْمٍ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ مَيْمُوْنٍ.

وضاحت: دوسری حدیث پر امام ترمذیؒ نے کوئی حکم نہیں لگایا، اس کی سند میں حجاج: صدوق ہیں، مگر کثیر الخطاء والتدلیس ہیں...... اور ریاح بن عبیدۃ کوفی ثقہ ہیں، مگر ان کے استاذ مجہول ہیں حفص بن غیاث نے ان کو ابن أخی أبی سعید کہا ہے یعنی ریاح: حضرت ابوسعید خدریؓ کے بھتیجے سے روایت کرتے ہیں، اور ابوخالد احمر نے مولیً لأبی سعید کہا ہے یعنی ریاح: حضرت ابوسعید کے آزاد کردہ سے روایت کرتے ہیں، بہر صورت یہ مجہول راوی ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے...... اور تیسری حدیث میں سہل بن معاذ لا بأس به کے درجہ کا راوی ہے، اس لئے حدیث صرف حسن ہے۔

بابُ مَايَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ نَهِيْقَ الْحِمَارِ؟

جب مرغوں کی بانگ اور گدھے کا رینکنا سنے تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جب تم مرغوں کی بانگ سنو تو اللہ سے اس کے فضل کی دعا کرو، کیونکہ انھوں نے

یقیناً فرشتے کو دیکھا ہے، اور جب تم گدھے کا رینکنا (چیخنا) سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو، کیونکہ اس نے یقیناً شیطان کو دیکھا ہے''

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، بخاری شریف (حدیث ۳۳۰۳) اور مسلم شریف (حدیث ۲۷۲۹) میں اسی سند سے ہے۔ اور ابوداؤد، نسائی اور حاکم کی روایت میں کتّوں کے رونے کا بھی ذکر ہے، جب وہ رات میں روئیں اس وقت شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنی چاہئے، وہ بھی شیطان کو دیکھ کر روتے ہیں (اور الدِّیَکة (بفتح الیاء) الدِّیْك (بسکون الیاء) کی جمع ہے)

مرغ بوقتِ سحر (تہجد کے وقت) بانگ دیتے ہیں، سب ایک ساتھ بولتے ہیں، پھر خاموش ہوجاتے ہیں، پھر جب بالکل صبح صادق قریب آتی ہے تو سب دوبارہ بولتے ہیں، ان کو وقت کا اندازہ کیسے ہوتا ہے؟ رات چھوٹی ہو یا بڑی: مرغ خاص وقت میں اذان دیتے ہیں، کیونکہ وہ فرشتوں کو دیکھتے ہیں، اس بابرکت وقت میں وہ بھی تسبیح وتحمید میں مشغول ہوجاتے ہیں، اور رات کی خاموش فضا میں اپنی تسبیح سے ہلچل مچادیتے ہیں، پس اس وقت بندوں کو بھی اٹھ جانا چاہئے، اور اللہ تعالیٰ سے ان کا فضل طلب کرنا چاہئے، اور دن میں جو اکا دکا مرغ بولتا ہے وہ حدیث کا مصداق نہیں، کیونکہ حدیث میں الدِّیَکة جمع ہے۔

اور کچھ جانور ملعون ہوتے ہیں، جیسے گدھا، کتا، بندر اور سوّر وغیرہ، ان کو شیاطین سے مناسبت ہے، اس لئے ان کو شیاطین نظر آتے ہیں، وہ جب ان کو دیکھتے ہیں تو رینکتے ہیں اور روتے ہیں، کتّے عام طور پر رات میں روتے ہیں، اور گدھا کسی بھی وقت رینکتا ہے، پس اس وقت شیطان کے شر سے پناہ طلب کرنی چاہئے۔

[۵۸-] بابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ نَهِيْقَ الْحِمَارِ؟

[۳٤۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا سَمِعْتُمْ صِيَاحَ الدِّيَكَةِ فَاسْأَلُوْا اللهَ مِنْ فَضْلِهِ، فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا، وَإِذَا سَمِعْتُمْ نَهِيْقَ الْحِمَارِ، فَتَعَوَّذُوْا بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِنَّهُ رَأَى شَيْطَانًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَاجَاءَ فِي فَضْلِ التَّسْبِيْحِ، وَالتَّكْبِيْرِ، وَالتَّهْلِيْلِ، وَالتَّحْمِيْدِ

تسبیح، تکبیر، تہلیل اور تحمید کا ثواب

پانچ خاص اذکار ہیں، یہ اذکار اگرچہ مختصر ہیں مگر بڑے قیمتی ہیں:

پہلا ذکر: تسبیح وتقدیس ہے، تسبیح کے معنی ہیں: تمام عیوب ونقائص سے اللہ کی پاکی بیان کرنا، اس کے لئے خاص

جملہ سبحان اللہ ہے، یہ جملہ اللہ تعالیٰ کی صفاتِ سلبیہ کی طرف مشیر ہے۔

دوسرا ذکر: تکبیر ہے، تکبیر کے معنی ہیں: اللہ کی بڑائی بیان کرنا، اس کے لئے خاص جملہ اللہ أکبر ہے۔ اور یہ جملہ اللہ کی ثبوتی معرفت کی طرف مشیر ہے۔

تیسرا ذکر: تہلیل ہے، یعنی لا إلٰہ إلا اللہ کہنا، اس جملہ میں توحید اور شانِ یکتائی کا بیان ہے، اور یہ جملہ ان حجابات کو رفع کرتا ہے جو اللہ کی معرفت کی راہ میں حائل ہوتے ہیں۔

چوتھا ذکر: تحمید وتوصیف ہے، تحمید کے معنی ہیں: تعریف کرنا، یعنی تمام خوبیوں کے ساتھ اور تمام صفاتِ کمالیہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کو متصف کرنا۔

پانچواں ذکر: لاحول ولا قوۃ إلا باللہ ہے، اس ذکر کے ذریعہ بندہ اپنی قوت وطاقت کی نفی کرتا ہے، اور اللہ پر کامل بھروسہ کرتا ہے، پس اس جملہ میں توکل کی تعلیم ہے (امام ترمذی نے باب میں اس ذکر کا تذکرہ نہیں کیا، مگر باب کی حدیثوں میں اس کا ذکر ہے)

ملحوظہ: یہ اذکار علاحدہ علاحدہ بھی کرسکتے ہیں، اور دو یا چند ملا کر بھی کرسکتے ہیں۔

۱- تہلیل، تکبیر اور حوقلہ سے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''زمین میں کوئی نہیں جو کہے: لا إلہ إلا اللہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! واللہ أکبر: اور اللہ سب سے بڑے ہیں! ولا حول ولا قوۃ إلا باللہ: اور کچھ طاقت اور قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے: مگر اس سے اس کی خطائیں مٹادی جاتی ہیں، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں''

تشریح: سمندر: زمین کے تین چوتھائی حصے پر محیط ہیں، ان میں موجوں کے تلاطم سے جو جھاگ پیدا ہوتا ہے وہ بے اندازہ ہوتا ہے، اگر کسی کی خطائیں سمندر کے جھاگ کے برابر بھی ہوں تو وہ مذکورہ تین اذکار سے معاف ہوجاتی ہیں، مگر یہ بات دو چار بار یہ کلمات کہنے سے حاصل نہیں ہوتی، مُدام یہ اذکار کرنے سے یہ فضیلت حاصل ہوتی ہے، اور تینوں اذکار ایک ساتھ کرنا ضروری نہیں، ان میں سے کوئی بھی ذکر زبان پر جاری رہنا چاہئے، وقتاً فوقتاً وہ ذکر کرنا چاہئے، اور تعدد اذکار میں حکمت یہ ہے کہ مسلسل ایک ہی ذکر کرتے رہنا عام لوگوں کے حق میں زبان کا لقلقہ (محض آواز) ہوکر رہ جاتا ہے، اور ایک ذکر سے دوسرے ذکر کی طرف انتقال: نفس کو ہوشیار اور خوابیدہ طبیعت کو بیدار کرتا ہے۔

سند کا بیان: یہ حدیث ٹھیک ہے، اس کو ابوبلج سے حاتم اور شعبہ روایت کرتے ہیں، حاتم حدیث کو مرفوع کرتے ہیں اور شعبہ موقوف، مگر امام شعبہ کی یہ عادت تھی کہ وہ کبھی احتیاطاً حدیث مرفوع کو موقوف بیان کیا کرتے تھے، پس صحیح: حدیث کا مرفوع ہونا ہے، حاتم کے دو شاگرد: عبداللہ بن بکر سہمی اور ابن ابی عدی: حاتم سے اس کو مرفوع روایت کرتے

ہیں، بَلْج کے معنی ہیں: خندہ پیشانی، اور ابوبلج کا نام یحییٰ اور ان کے باپ کا نام سُلیم یا ابی سُلیم تھا، یہ فزاری کوفی ہیں، اور حاتم کی کنیت ابو یونس ہے، یہ بصری اور ثقہ راوی ہیں۔

[۵۹-] بابُ مَاجَاءَ فِي فَضْلِ التَّسْبِيْحِ، وَالتَّكْبِيْرِ، وَالتَّهْلِيْلِ، وَالتَّحْمِيْدِ

[۳۴۸۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ السَّهْمِيُّ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَاعَلَى الْأَرْضِ أَحَدٌ يَقُوْلُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ: إِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ خَطَايَاهُ، وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَأَبُوْ بَلْجٍ! اسْمُهُ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمٍ، وَيُقَالُ ابْنُ سُلَيْمٍ أَيْضًا.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ حَاتِمِ بْنِ أَبِيْ صَغِيْرَةَ، عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، نَحْوَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

۲- ذکر میں جہر مفرط نہ کرنا، اور حوقلہ کی فضیلت

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں: ہم ایک جہاد میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے، جب ہم لوٹے اور مدینہ کے قریب پہنچے تو لوگوں نے تکبیر کہنی شروع کی، اور انھوں نے اپنی آوازیں بلند کیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: إن ربکم لیس بِأَصَمَّ ولا غائبٍ، هو بینکم وبین رؤوس رحالکم: تمہارے پروردگار نہ تو بہرے ہیں نہ غیر حاضر، وہ تمہارے اور تمہارے کجاووں کے سروں کے درمیان ہیں (پس چلا کر ذکر کرنے کی کیا ضرورت ہے؟ اور صحیحین میں ہے: اِرْبَعُوْا علی أنفسکم: اپنے اوپر نرمی کرو، پس ذکر میں جہر مفرط نہ چاہئے) —— پھر آپؐ نے فرمایا: "اے عبداللہ بن قیس! (یہ ابوموسیٰ اشعری کا نام ہے) کیا میں آپ کو جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ نہ بتلاؤں؟ وہ لاحول ولا قوة إلا بالله ہے۔

تشریح: کچھ لوگ جوش میں آکر ذکر کرتے وقت چلاتے ہیں، خود بھی تھکتے ہیں اور دوسروں کو بھی پریشان کرتے ہیں، یہ طریقہ ٹھیک نہیں، ذکر درمیانی آواز سے کرنا چاہئے، تاکہ بشاشت بھی رہے اور تھکے بھی نہیں —— اور اس موقعہ پر حوقلہ کی تعلیم میں راز یہ ہے کہ غزوہ سے لوٹ کر گھر پہنچنا اللہ کی توفیق سے ہوتا ہے، پس خاص اس موقعہ پر تکبیر سے بہتر ذکر حوقلہ ہے، اس میں اپنی مقدرت کی نفی اور اللہ کی قدرت پر اعتماد ہے —— اور "اللہ تمہارے اور تمہارے کجاووں کے سروں کے درمیان ہیں" کا مطلب اللہ تعالیٰ کے لئے مکانیت ثابت کرنا نہیں ہے، بلکہ معیتِ علمی اور

قدرت کے ساتھ: ساتھ ہونا مراد ہے، سورۃ الحدید (آیت ۴): ﴿وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ﴾: میں بھی یہی معیت علمی مراد ہے، یعنی اللہ تعالیٰ ہر حال قریب سے جانتے ہیں اور قدرت کے ساتھ: ساتھ ہونا مراد ہے، یعنی اللہ تعالیٰ ہر بات پر پوری قدرت رکھتے ہیں (یہ فائدہ کتاب میں ہے)

[۳٤٨٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعَطَّارُ، نَا أَبُوْ نُعَامَةَ السَّعْدِيُّ، عَنْ أَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ غَزَاةٍ، فَلَمَّا قَفَلْنَا أَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَكَبَّرَ النَّاسُ تَكْبِيْرَةً، وَرَفَعُوْا بِهَا أَصْوَاتَهُمْ،فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَصَمَّ وَلاَ غَائِبٍ، هُوَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رُؤُوْسِ رِحَالِكُمْ "ثُمَّ قَالَ: "يَا عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ قَيْسٍ! أَلَا أُعَلِّمُكَ كَنْزًا مِنْ كُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عُثْمَانَ النَّهْدِيُّ: اسْمُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُلٍّ، وَأَبُوْ نُعَامَةَ: اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ عِيْسَى، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: هُوَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رُؤُوْسِ رَوَاحِلِكُمْ: إِنَّمَا يَعْنِيْ عِلْمَهُ وَقُدْرَتَهُ.

۳- تسبیح، تحمید، تہلیل اور تکبیر جنت کے پودے ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شبِ معراج میں میری ملاقات حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی، پس آپؑ نے فرمایا: "اے محمد! اپنی امت کو میری طرف سے سلام کہنا، اور انہیں بتلانا کہ جنت کی زمین زرخیز ہے، اس کا پانی شیریں ہے، مگر وہ چٹیل ہے، اور اس کے پودے سبحان الله، الحمد لله، لا إله إلا الله اور ألله أكبر ہیں (پس مؤمنین کو چاہئے کہ یہ اذکار کر کے اپنی جنت میں زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں، اور اس کو خوب آباد کریں، اور ان اذکار میں یہی ترتیب ضروری نہیں، ترتیب بدلی جاسکتی ہے، نیز چاروں اذکار ایک ساتھ ہونا بھی ضروری نہیں، بعض کلمات کا ذکر بھی کرسکتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی جنت کو آباد کرنے کی توفیق عطا فرمائیں: آمین)

[٦٠-] بابٌ

[٣٤٨٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نَا سَيَّارٌ، نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لَقِيْتُ إِبْرَاهِيْمَ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِيْ، فَقَالَ: يَامُحمدُ! اقْرَأْ أُمَّتَكَ مِنِّيْ السَّلَامَ، وَأَخْبِرْهُمْ أَنَّ الْجَنَّةَ طَيِّبَةُ التُّرْبَةِ، عَذْبَةُ الْمَاءِ، وَأَنَّهَا قِيْعَانٌ، وَأَنَّ غِرَاسَهَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ"

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

۴-روزانہ ہزار نیکیاں کیسے کمائی جائیں؟

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اپنے ہم نشینوں سے فرمایا: ''کیا تم میں سے ایک عاجز ہے اس سے کہ وہ ہزار نیکیاں کمائے؟'' پس آپؐ کے ہم نشینوں میں سے ایک پوچھنے والے نے پوچھا: ہم میں سے ایک شخص ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''تم میں سے ایک شخص سو مرتبہ **سبحان اللہ** کہے تو اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور اس کی ہزار برائیاں مٹائی جاتی ہیں''

تشریح: ''نیکی دس گنا'' کے قاعدے سے سو کی ہزار نیکیاں ہو جائیں گی، پس مثبت پہلو سے ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی، اور منفی پہلو سے ہزار برائیاں مٹائی جائیں گی، جیسے مسجد جاتے ہوئے ہر قدم پر ایک نیکی لکھی جاتی ہے، اور ایک برائی مٹائی جاتی ہے (اور یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

[۳٤۸٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا مُوْسَى الْجُهَنِيُّ، قَالَ: ثَنِيْ مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِجُلَسَائِهِ: " أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَكْسِبَ أَلْفَ حَسَنَةٍ؟" فَسَأَلَهُ سَائِلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: كَيْفَ يَكْسِبُ أَحَدُنَا أَلْفَ حَسَنَةٍ؟ قَالَ: " يُسَبِّحُ أَحَدُكُمْ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ: تُكْتَبُ لَهُ أَلْفُ حَسَنَةٍ، وَتُحَطُّ عَنْهُ أَلْفُ سَيِّئَةٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۵-ایک ذکر جس کی وجہ سے جنت میں ایک کھجور کا درخت لگایا جاتا ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس نے کہا: **سبحان اللہ العظیم وبحمدہ** (اللہ عظیم المرتبت (تمام نقائص سے) پاک ہیں، اور اپنی خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں) تو اس کے لئے جنت میں ایک کھجور کا درخت لگایا جاتا ہے (عربوں کے نزدیک کھجور کا درخت پیارا اور منفعت بخش ہے) اور یہ حدیث ابو الزبیر ہی حضرت جابرؓ سے روایت کرتے ہیں، اس لئے غریب ہے، اور ابو الزبیر سے حجاج الصواف اور حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں، پس حدیث حسنٌ صحیحٌ ہے

[٦١-] بابٌ

[۳٤۸٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ:

غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ.

[٣٤٨٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ رَافِعٍ، نَا مُؤَمَّلٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ: غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

٦-روزانہ سومرتبہ سبحان الله وبحمده کہنے کا ثواب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جو شخص روزانہ سومرتبہ سبحان الله وبحمده کہے: اس کی سب لغزشیں معاف کردی جاتی ہیں، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں''

تشریح: یہ روایت متفق علیہ ہے، اور سومرتبہ کہنا عام ہے، خواہ ایک مجلس میں کہے یا متفرق مجالس میں، اور اس ذکر میں اللہ کی کامل معرفت کا بیان ہے، یعنی اس ذاتِ قدسی کا نقائص سے مبرا ہونا اور خوبیوں کے ساتھ متصف ہونا بیان کیا گیا ہے، جب یہ ذکر اخلاص کے ساتھ کیا جائے تو قربِ الٰہی کا وسیع باب وَا ہوتا ہے، اور اس کی تمام لغزشیں معاف کردی جاتی ہیں۔

[٣٤٨٨-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ، نَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ: غُفِرَتْ لَهُ ذُنُوْبُهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۷-دو جملے: بولنے میں ہلکے، ثواب میں بھاری اور رحمٰن کو بہت پیارے ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' دو جملے زبان پر یعنی بولنے میں ہلکے، ترازو میں یعنی ثواب میں بھاری، اور رحمٰن (مہربان ہستی) کو پیارے ہیں: ۱-سبحان الله وبحمده: اللہ پاک ہیں، اور خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں۔ ۲-سبحان الله العظيم: اللہ تعالیٰ پاک اور عظیم المرتبت ہیں (العظيم میں حمد کا مفہوم ہے، بڑا وہی ہوتا ہے جو خوبیوں کے ساتھ متصف ہو)

تشریح: جب کسی جملہ میں تسبیح وتحمید: دونوں جمع ہوجاتے ہیں تو وہ انسان کی معرفتِ ربانی کی بہترین تعبیر ہوتے ہیں، کیونکہ انسان اللہ تعالیٰ کو اسی طرح پہچان سکتا ہے کہ وہ ایک ایسی ذات کا تصور کرے جو تمام عیوب ونقائص سے، جو مخلوقات میں پائے جاتے ہیں: پاک ہو، اور جو ان تمام خوبیوں کے ساتھ، جو مخلوقات میں خوبیاں تصور کی جاتی ہیں: متصف ہو —— مگر اتصاف صرف خوبی ہونے کی جہت سے مانا جائے، مثلاً: بینا شنوا ہونا مخلوقات میں خوبی کی بات

ہے، پس اللہ کو ان سے متصف کیا جائے، اور ان کو سمیع وبصیر مانا جائے، مگر مادّی آنکھ، کان ان کے لئے ثابت نہ کئے جائیں، کیونکہ یہ خوبی کی بات نہیں (رحمۃ اللہ ۴: ۳۰۳)

[۳۴۸۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ القَعْقَاعِ، عَنْ أَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”كَلِمَتَانِ خَفِيْفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِىْ الْمِيْزَانِ، حَبِيْبَتَانِ إِلَى الرَّحْمٰنِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور بخاری کتاب الدعوات میں اسی طرح **سبحان الله العظيم** مقدم ہے، اور ایمان ونذور اور کتاب التوحید میں **سبحان الله وبحمده** مقدم ہے، اور مسلم شریف میں بھی ایسا ہی ہے، اور محمد بن فضیل سے آخر تک یہی سند ہے، اس لئے یہ حدیث غریب بمعنی تفرد اسناد ہے۔

۸- کلمۂ توحید کی فضیلت

چوتھا کلمہ: کلمہ توحید ہے، اور وہ یہ ہے: **لا إلٰه إلا الله، وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد، يحيي ويميت، وهو على كل شيئ قدير**: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بے ہمہ ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں، اسی کے لئے فرمانروائی ہے اور اسی کے لئے ستائش ہے، وہ جلاتا ہے اور مارتا ہے، اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔

اس کلمہ کی فضیلت میں درج ذیل روایت آئی ہے:

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے سو مرتبہ کہا: **لا إله إلا الله** (الی آخرہ) تو وہ دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب کا مستحق ہوگا، اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جائیں گی، اور اس کی سو برائیاں مٹائی جائیں گی، اور یہ عمل اس کے لئے اس دن شام تک شیطان سے حفاظت کا ذریعہ ہوگا، اور کسی آدمی کا عمل اس کے عمل سے افضل نہیں، بجز اس آدمی کے جس نے اس سے زیادہ یہ عمل کیا۔

تشریح: کلمۂ توحید مثبت ومنفی دونوں مضامین پر مشتمل ہے، اس کلمہ سے دونوں پہلوؤں سے اللہ کی معرفت حاصل ہوتی ہے، اور صفاتِ سلبیہ کے ذریعہ اللہ کی معرفت گناہوں کی معافی میں زیادہ کارگر ہے، اور صفاتِ ثبوتیہ کے ذریعہ معرفت: نیکیوں کے وجود میں زیادہ مفید ہے، اس لئے کلمۂ توحید کی فضیلت میں دونوں باتوں کا لحاظ کیا گیا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۰۹) اور یہ حدیث متفق علیہ ہے۔

حدیث (۲): اور اسی سند سے یہ حدیث بھی مروی ہے کہ جس نے **سبحان الله وبحمده** سو مرتبہ کہا اس کی خطائیں مٹادی جائیں گی، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ سے بھی زیادہ ہوں (اس مضمون کی حدیث ابھی (نمبر ۳۴۸۸ پر) گذر چکی ہے۔

[۳۴۹۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الأَنْصَارِیُّ، نَا مُعْنٌ، نا مَالِكٌ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:" مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِیْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، یُحْیِی وَیُمِیْتُ، وَهُوَ عَلَی كُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ: فِیْ یَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ: كَانَ لَهُ عِدْلُ عَشْرِ رِقَابٍ، وَكُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ، وَمُحِیَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَیِّئَةٍ، وَكَانَ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّیْطَانِ یَوْمَهُ ذٰلِكَ حَتّٰی یُمْسِیَ، وَلَمْ یَأْتِ أَحَدٌ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا أَحَدٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ"

[۳۴۹۱-] وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم:" مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ، حُطَّتْ خَطَایَاهُ وَإِنْ كَانَتْ أَكْثَرَ مِنْ زَبَدِ الْبَحْرِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ

۹-سبحان اللہ وبحمدہ کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''جس نے صبح میں اور شام میں سبحان اللہ وبحمدہ سومرتبہ کہا تو قیامت کے دن اس کے عمل سے بہتر عمل کوئی شخص نہیں لائے گا، مگر جس نے یہی عمل کیا یا اس میں اضافہ کیا۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے ایک دن اپنے صحابہ سے فرمایا: سبحان اللہ وبحمدہ سومرتبہ کہو، جس نے ایک مرتبہ کہا اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اور جس نے دس مرتبہ کہا اس کے لئے سونیکیاں لکھی جائیں گی، اور جس نے سومرتبہ کہا اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی، اور جس نے اس میں اضافہ کیا تو اللہ تعالیٰ اس کے ثواب میں اضافہ فرمائیں گے، اور جو شخص اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی بخشش طلب کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیتے ہیں۔

تشریح: پہلی حدیث مسلم شریف کی ہے، اور صحیح ہے، اور دوسری حدیث ضعیف ہے، داؤد متروک راوی ہے، بلکہ ازدی نے اس کو کذاب قرار دیا ہے، مگر اس کا مضمون اصولِ شرع کے موافق ہے، اور پہلی حدیث میں جو ثواب بیان کیا کیا ہے وہ ہمیشہ یہ ذکر کرنے کا ہے۔

[۶۲-] بابٌ

[۳۴۹۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِی الشَّوَارِبِ، نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ سُهَیْلِ ابْنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ سُمَیٍّ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:"مَنْ قَالَ حِیْنَ یُصْبِحُ وَحِیْنَ یُمْسِیْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ: مِائَةَ مَرَّةٍ: لَمْ یَأْتِ أَحَدٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ بِأَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ، إِلَّا أَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَاقَالَ، أَوْ زَادَ عَلَیْهِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ.

[۳۴۹۳-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى، نَا دَاوُدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ يَوْمٍ لِأَصْحَابِهِ: " قُوْلُوْا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ، مَنْ قَالَ مَرَّةً كُتِبَتْ لَهُ عَشْرًا، وَمَنْ قَالَهَا عَشْرًا كُتِبَتْ لَهُ مِائَةً، وَمَنْ قَالَهَا مِائَةً كُتِبَتْ لَهُ أَلْفًا، وَمَنْ زَادَ زَادَهُ اللّٰهُ، وَمَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ غَفَرَ لَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۱۰- روزانہ سو مرتبہ تسبیح، تحمید، تہلیل یا تکبیر کا ثواب

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱- جس نے صبح میں سو مرتبہ اور شام میں سو مرتبہ اللہ کی پاکی بیان کی: سبحان اللہ کہا تو وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے سو حج کئے!

۲- اور جس نے صبح میں سو مرتبہ اور شام میں سو مرتبہ اللہ کی تعریف کی: الحمدللہ کہا تو وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے جہاد میں استعمال کے لئے سو گھوڑے دیئے! یا فرمایا: جس نے سو جہاد کئے!

۳- اور جس نے صبح میں سو مرتبہ اور شام میں سو مرتبہ لا إلٰہ إلا اللہ کہا وہ اس شخص کی طرح ہوگا جس نے اسماعیل علیہ السلام کی نسل کے سو غلام آزاد کئے!

۴- اور جس نے صبح میں سو مرتبہ اور شام میں سو مرتبہ اللہ أکبر کہا تو نہیں لائے گا اس دن میں کوئی اس عمل سے زیادہ جس کو وہ لایا ہے، مگر جس نے یہی عمل کیا یا اس میں اضافہ کیا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، ضحاک بن حُمرۃ اُملوکی واسطی ضعیف راوی ہے، اور یہ روایت نسائی میں بھی ہے۔

حدیث (۲): امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: رمضان میں ایک مرتبہ سبحان اللہ کہنا دوسرے دنوں میں ہزار مرتبہ کہنے سے افضل ہے۔

تشریح: یہ امام زہری کا قول ہے، حدیث مرفوع نہیں، اور کسی حدیث مرفوع سے اس کی تائید نہیں ہوتی، اور اس کی سند بھی ضعیف ہے، ابو بشر جو امام زہری سے روایت کرتا ہے مجہول ہے، اور اس سے صرف حسن بن صالح بن حیّ ہی روایت کرتا ہے۔

[۶۳-] بابٌ

[۳۴۹۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ وَزِيْرٍ الْوَاسِطِيُّ، نَا أَبُوْ سُفْيَانَ الْحِمْيَرِيُّ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ، عَنْ

عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[١-] مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ، وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ: كَانَ كَمَنْ حَجَّ مِائَةَ حَجَّةٍ.

[٢-] وَمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ، وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ: كَانَ كَمَنْ حَمَلَ عَلَى مِائَةِ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ" أَوْ قَالَ: "غَزَا مِائَةَ غَزْوَةٍ"

[٣-] وَمَنْ هَلَّلَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ، وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ: كَانَ كَمَنْ أَعْتَقَ مِائَةَ رَقَبَةٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ.

[٤-] وَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ مِائَةً بِالْغَدَاةِ، وَمِائَةً بِالْعَشِيِّ: لَمْ يَأْتِ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ أَحَدٌ بِأَكْثَرَ مِمَّا أَتَى بِهِ، إِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ أَوْ زَادَ عَلَى مَاقَالَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[٣٤٩٥-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْعِجْلِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: تَسْبِيْحَةٌ فِيْ رَمَضَانَ أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ تَسْبِيْحَةٍ فِيْ غَيْرِه.

بابٌ

۱۱- ایک ذکر کا ثواب چار کروڑ نیکیاں

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے: آپؐ نے فرمایا: جس نے دس مرتبہ کہا: أشهد أن لا إله إلا الله، وحده لاشريك له، إلٰهًا واحدًا أحدًا صمداً، لم يَتَّخِذْ صاحبةً ولا ولداً، ولم يكن له كفواً أحد: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یگانہ ہے اس کا کوئی ساجھی نہیں، ایک معبود، بے ہمہ، بے نیاز، نہ اس کی کوئی جورو اور نہ کوئی اولاد، اور نہ اس کا کوئی ہم سر! تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے چار کروڑ نیکیاں لکھتے ہیں۔

تشریح: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، اس کا راوی خلیل بن مرۃ ضعیف ہے، اور امام بخاری رحمہ اللہ کے نزدیک منکر الحدیث ہے یعنی اس کی حدیثیں نہایت ضعیف ہوتی ہیں، اور ازہر بن عبداللہ کا حضرت تمیم داری سے لقاء وسماع نہیں (تہذیب) پس حدیث منقطع بھی ہے۔ (حساب: ۴۰،۰۰۰×۱۰۰۰=۴۰،۰۰،۰۰،۰۰۰)

[٦٤-] بابٌ

[٣٤٩٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا اللَّيْثُ، عَنِ الْخَلِيْلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَزْهَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "مَنْ قَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، إِلٰهًا وَاحِدًا أَحَدًا صَمَدًا، لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ: عَشْرَ

مَرَّاتٍ: كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ أَرْبَعِيْنَ أَلْفَ أَلْفِ حَسَنَةٍ“
هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْخَلِيْلُ بْنُ مُرَّةَ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ عِنْدَ أَصْحَابِ الْحَدِيْثِ، قَالَ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ: هُوَ مُنْكَرُ الْحَدِيْثِ.

١٢- فجر کے بعد دس مرتبہ چوتھے کلمہ کے ورد کا ثواب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے فجر کی نماز کے بعد دس مرتبہ کہا، درانحالیکہ وہ اپنے دونوں پیر موڑنے والا ہو یعنی قعدہ کی ہیئت میں بیٹھا ہوا ہو، کسی سے بات کرنے سے پہلے: **لا إله إلا الله، وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد، يحيى ويميت، وهو على كل شيئ قدير**: تو اس کے لئے دس نیکیاں لکھی جائیں گی، اور اس کی دس برائیاں مٹائی جائیں گی، اور اس کے دس درجے بلند کئے جائیں گے، اور وہ اس پورے دن میں ہر ناگوار بات سے محفوظ رکھا جائے گا، اور اس کی شیطان سے حفاظت کی جائے گی، اور کسی گناہ کے لئے مناسب نہیں یعنی جائز نہیں کہ وہ اس کو اس دن میں پالے، مگر اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا مستثنیٰ ہے یعنی اگر وہ مشرک ہو جائے تو پھر اس کو ہر گناہ پاسکتا ہے۔

تشریح: یہ حدیث نسائی اور طبرانی کی اوسط میں بھی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے اس کی تصحیح کی ہے، مگر یہ حدیث بھی اعلی درجہ کی نہیں، زید بن ابی انیسہ ثقہ راوی ہے، مگر **له أفراد**: وہ ایسی روایتیں بھی کرتا ہے جس کو وہی روایت کرتا ہے، اور شہر بن حوشب **كثير الإرسال والأوهام** ہیں، چنانچہ یہ روایت مسند احمد میں مرسل ہے، آخر میں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کا ذکر نہیں (مگر چونکہ فضائل میں ضعیف روایتیں معتبر ہوتی ہیں: اس لئے امام ترمذیؒ نے اس قسم کی ضعیف روایتیں ذکر کی ہیں)

[٣٤٩٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ” مَنْ قَالَ فِيْ دُبُرِ صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ، قَبْلَ أَنْ يَتَكَلَّمَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيْتُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ: عَشْرَ مَرَّاتٍ: كُتِبَتْ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكَانَ يَوْمَهُ ذٰلِكَ كُلَّهُ فِيْ حِرْزٍ مِنْ كُلِّ مَكْرُوْهٍ، وَحُرِسَ مِنَ الشَّيْطَانِ، وَلَمْ يَنْبَغِ لِذَنْبٍ أَنْ يُدْرِكَهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ إِلَّا الشِّرْكَ بِاللّٰهِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِی جَامِعِ الدَّعْوَاتِ

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جامع اور ہمہ گیر دعائیں

رسول اللہ ﷺ سے جو دعائیں مروی ہیں: ان کو مضامین اور موقع محل کے لحاظ سے تین قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے: ایک: وہ دعائیں جن کا تعلق نماز سے ہے، دوم: وہ دعائیں جن کا تعلق خاص اوقات یا خاص مواقع اور حالات سے ہے۔ سوم: وہ دعائیں جن کا تعلق نہ نماز سے ہے، نہ خاص اوقات یا مواقع سے، بلکہ وہ عمومی دعائیں ہیں۔

یہی تیسری قسم کی دعائیں اب پیش کر رہے ہیں، ان میں سے زیادہ تر مضامین کے لحاظ سے جامع اور ہمہ گیر ہیں، محدثین ان دعاؤں کو ''جامع الدعوات'' کے عنوان سے پیش کرتے ہیں، یہ دعائیں امت کے لئے رسول اللہ ﷺ کا خاص عطیہ اور بیش بہا تحفہ ہیں، اللہ تعالیٰ ان کی قدر کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

۱- اللہ کا اسم اعظم (سب سے بڑا نام) کیا ہے؟

اللہ تعالیٰ کے کچھ نام اہم ترین نام ہیں، جو'اسم اعظم' کہلاتے ہیں، حدیث میں ہے کہ اگر ان کے ذریعہ دعا کی جائے تو اللہ تعالیٰ مراد پوری فرماتے ہیں، اور اگر ان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو پکارا جائے تو وہ جواب دیتے ہیں۔ یہ وہ نام ہیں جو اللہ تعالیٰ کی جامع ترین تجلیات کی ترجمانی کرتے ہیں، اور وہ نام ملأ اعلی کے درمیان بکثرت مروّج ہیں، اور عالم غیب کے ترجمان حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی زبانوں پر ہر زمانہ میں چڑھے رہے ہیں۔ اور ان ناموں میں سے ہر نام میں عالم بالا میں اللہ کی مخصوص تجلی جلوہ فرما ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۴۱)

اسم اعظم کیا ہے؟ اسم اعظم صراحت کے ساتھ متعین نہیں کیا گیا، کسی درجہ میں اس کو مبہم رکھا گیا ہے، جیسے شبِ قدر کو اور جمعہ کی ساعتِ مرجوہ کو مبہم رکھا گیا ہے، اور احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ درج ذیل نام اسم اعظم ہو سکتے ہیں:

۱- أنت اللّٰہ، لا إلٰہ إلا أنتَ الأحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد، ولم یکن لہ کفواً أحد۔

۲- لک الحمدُ، لا إلٰہ إلا أنتَ الحنان المنان، بدیع السماوات والأرض، یا ذا الجلال والإکرام، یا حی یا قیوم! (یہ ذکر (حدیث نمبر ۳۵۶۴) میں ہے)

۳- سورۃ البقرۃ کی (آیت ۱۶۳) اور سورۂ آل عمران کی ابتدائی آیات میں اسم اعظم ہے، جیسا کہ آگے حدیث میں

آرہا ہے۔

ملحوظہ: احادیث سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ عوام میں اسم اعظم کا جو تصور ہے، اوراس کے بارے میں جو باتیں مشہور ہیں: وہ بالکل بےاصل ہیں (معارف الحدیث ۵:۶۹)

حدیث (۱): حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک آدمی کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا، وہ اللہ کی بارگاہ میں عرض کررہا تھا: ''اے اللہ! میں اپنی حاجت آپ سے مانگتا ہوں: بوسیلہ اس کے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ ہی اللہ ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ یکتا اور بے نیاز ہیں، جس نے نہ جنا اور نہ وہ جنا گیا، اور نہ اس کا کوئی ہم سر ہے'' حضرت بریدہؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بخدا! اس نے اللہ سے اُس اسم اعظم کے وسیلہ سے مانگا ہے کہ جب اس نام سے پکارا جاتا ہے تو وہ جواب دیتا ہے، اور جب اس کے وسیلہ سے مانگا جاتا ہے تو وہ دیتا ہے''

حدیث کی سندیں: یہ حدیث ٹھیک ہے، مگر غریب (بمعنی تفرد اسناد) ہے، اس کی مالک بن مغول (اعلی درجہ کے ثقہ راوی) سے آخر تک یہی ایک سند ہے، پھر مالک سے تین حضرات روایت کرتے ہیں: زید بن حباب عُکلی، ابواسحاق سبیعی اور سفیان ثوری، اور شریک کی سند جس میں مالک کا واسطہ نہیں: وہ خطا ہے۔

عبارت کا ترجمہ: زید کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث مالک سے سننے کے سالوں بعد زہیر سے ذکر کی تو انھوں نے ابو اسحاق، عن مالک کی سند سے سنائی (معلوم ہوا کہ ابواسحاق بھی یہ حدیث مالک سے روایت کرتے ہیں) زید کہتے ہیں: پھر میں نے یہ حدیث سفیان ثوری سے ذکر کی، تو انھوں نے مالک بن مغول سے روایت کرکے حدیث بیان کی (معلوم ہوا کہ سفیان بھی مالک سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں، پس مالک کا واسطہ یقینی ہے) امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: شریک نخعی یہ حدیث ابواسحاق سے روایت کرتے ہیں، مگر مالک بن مغول کا ذکر نہیں کرتے، یہ صحیح نہیں، ابواسحاق نے یہ حدیث مالک ہی سے لی ہے، براہ راست عبداللہ بن بریدہ سے نہیں لی۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے: ﴿وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ﴾ (سورۃ البقرۃ آیت ۱۶۳) اور سورۃ آل عمران کی ابتدائی آیتیں: ﴿آلٓمٓ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾

[۶۵-] بابُ ماجاءَ فِي جَامِعِ الدَّعْوَاتِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

[۳۴۹۸-] حدثنا جَعْفَرُ بْنُ مُحمدِ بْنِ عِمْرَانَ الثَّعْلَبِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ

مِغْوَلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الأَسْلَمِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَدْعُوْ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُك: بِأَنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ لا إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ الأَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ، قَالَ: فَقَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَقَدْ سَأَلَ اللّٰهَ بِاسْمِهِ الأَعْظَمِ الَّذِيْ إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى"

قَالَ زَيْدٌ: فَذَكَرْتُهُ لِزُهَيْرِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسِنِيْنَ، فَقَالَ: حَدَّثَنِيْ أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، قَالَ زَيْدٌ: ثُمَّ ذَكَرْتُهُ لِسُفْيَانَ، فَحَدَّثَنِيْ عَنْ مَالِكٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى شَرِيْكٌ هٰذَا الحديثَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، وَإِنَّمَا أَخَذَهُ أَبُوْ إِسْحَاقَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ.

[۳٤۹۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ زِيَادٍ القَدَّاحُ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اسْمُ اللّٰهِ الأَعْظَمُ فِيْ هَاتَيْنِ الآيَتَيْنِ: ﴿وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ، لَا إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ﴾ وَفَاتِحَةِ آلِ عِمْرَانَ: ﴿أَلَمٓ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۲-دعا حمد وصلوٰۃ سے شروع کرنی چاہئے

حدیث: حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: دریں اثناء کہ رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے: اچانک ایک شخص (مسجدِ نبوی میں) داخل ہوا، پس اس نے نماز پڑھی، پھر اس نے کہا: **اللّٰهم اغفرلی وارحمنی:** اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما! پس نبی ﷺ نے فرمایا: "اے نمازی! تو نے جلدی کی، جب تو نماز پڑھے، پھر تو نماز سے فارغ ہوکر بیٹھے تو اللہ کی ایسی تعریف کر جس کے وہ حقدار ہیں، اور مجھ پر درود بھیج، پھر اللہ سے مانگ" —— حضرت فضالہؓ کہتے ہیں: پس اس کے بعد ایک اور شخص نے نماز پڑھی، پس اس نے اللہ کی تعریف کی اور نبی ﷺ پر درود بھیجا، تو اس سے نبی ﷺ نے فرمایا: "اے نمازی! مانگ: جواب دیا جائے گا"

تشریح: یہ حدیث امام ترمذی رحمہ اللہ نے دوسندوں سے ذکر کی ہے، پہلی سند صرف حسن ہے، کیونکہ اس میں رشدین بن سعد ہلکے ضعیف راوی ہیں، اور دوسری سند حیوۃ بن شریح کی ہے، وہ حسنٌ صحیحٌ ہے —— اور ہمارے نسخے میں (حدیث ۳۵۰۲) پہلے آگئی ہے، یہ تصحیف ہے، میں نے مصری نسخہ کے مطابق ترتیب کردی ہے۔

[٦٦-] بابٌ

[٣٥٠٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا رِشْدِيْنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ عَلِيٍّ الْجَنْبِيِّ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: بَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَاعِدٌ، إِذْ دَخَلَ رَجُلٌ فَصَلّٰى، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " عَجِلْتَ أَيُّهَا الْمُصَلِّيْ! إِذَا صَلَّيْتَ فَقَعَدْتَ فَاحْمَدِ اللّٰهَ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ، وَصَلِّ عَلَيَّ، ثُمَّ ادْعُهُ "

قَالَ: ثُمَّ صَلّٰى رَجُلٌ آخرُ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَصَلّٰى عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " أَيُّهَا الْمُصَلِّيْ! ادْعُ تُجَبْ "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رَوَاهُ حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيِّ، وَأَبُوْ هَانِئٍ: اسْمُهُ حُمَيْدُ بْنُ هَانِئٍ، وَأَبُوْ عَلِيٍّ الْجَنْبِيُّ: اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ.

[٣٥٠١-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: ثَنِيْ أَبُوْهَانِئٍ: أَنَّ عَمْرَو بْنَ مَالِكٍ الْجَنْبِيَّ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلًا يَدْعُو فِيْ صَلَاتِهِ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " عَجَّلَ هٰذَا " ثُمَّ دَعَاهُ، فَقَالَ لَهُ أَوْ لِغَيْرِهِ: " إِذَا صَلّٰى أَحَدُكُمْ، فَلْيَبْدَأْ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ، ثُمَّ لْيُصَلِّ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ لْيَدْعُ بَعْدُ مَاشَاءَ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-دعا یقین اور حضور دل سے مانگنی چاہئے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے دعا کرو، درانحالیکہ تمہیں قبولیتِ دعا کا پورا یقین ہو، اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل بے پروا دل کی دعا قبول نہیں فرماتے''

تشریح: اس حدیث میں دعا کے تعلق سے دو باتیں فرمائی گئی ہیں:

پہلی بات: دعا اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکر، اور ان کی شانِ کریمی پر اعتماد کرتے ہوئے، پورے یقین کے ساتھ مانگی جائے تو اللہ تعالیٰ ضرور قبول فرماتے ہیں، بے یقینی کی دعا بے جان اور بے روح ہوتی ہے، نیز اس میں استغناء کا شائبہ بھی پایا جاتا ہے جو مقام عبدیت کے منافی ہے۔

دوسری بات: دعا دراصل وہی ہے جو دل کی گہرائی سے اور حضور قلب کے ساتھ مانگی جائے، غافل اور بے پروا دل کی دعا بس ضابطہ کی خانہ پُری ہوتی ہے، وہ حقیقت میں دعا نہیں ہوتی، اس لئے وہ قبولیت کا شرف بھی حاصل نہیں کرتی۔

نوٹ: مصری نسخہ میں اس حدیث پر باب بلاعنوان ہے، پس ہمارے نسخے میں جو یہ حدیث گذشتہ باب میں آگئی

ہے:وہ صحیح نہیں۔

[۳۵۰۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، نَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحمدِ بْن سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" ادْعُوْا اللّٰهَ، وَأَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالإِجَابَةِ، وَاعْلَمُوْا أَنَّ اللّٰهَ لَايَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِنْ قَلْبِ غَافِلٍ لَاهٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۴-جسم اور نظر کی عافیت کی دعا

حدیث: صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: **اللّٰهم! عَافِنِیْ فی جسدی، وعافنی فی بصری، وَاجْعَلْهُ الوارثَ منی، لا إلٰهَ إلا اللّٰهُ الحليم الكريم، سبحان الله رب العرش العظيم، والحمد لله رب العالمين:** اے اللہ! میرے جسم کو امراض وآفات سے محفوظ فرما! اور میری آنکھوں کو امراض وآفات سے محفوظ فرما! اور میری بصارت کو میرا وارث بنا یعنی موت تک اس کو صحیح سالم رکھ تا کہ وہ دیگر قوی کی وارث بنے، بردبار وکریم اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، عرشِ عظیم کا رب اللہ تعالیٰ تمام عیوب ونقائص سے پاک ہے، اور تمام تعریفیں جہانوں کے پالنہار اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔

تشریح: اگر آدمی تندرست ہو، امراض وآفات سے محفوظ ہو، اور نظر صحیح ہو تو کسی کی محتاجگی نہیں ہوتی، پس یہ ایک جامع دعا ہے۔

سند کا بیان: امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حبیب کا عروہ سے مطلق سماع نہیں، پس حدیث منقطع ہے، مگر پہلے (تحفہ ۱:۳۴۲ میں) یہ بات آئی ہے کہ یہ امام بخاری کی رائے ہے، اور دوسرے محدثین کے نزدیک فی الجملہ سماع ثابت ہے، اور مثبت کی بات نافی سے مقدم ہوتی ہے، پس حدیث ٹھیک ہے۔

[۶۷-] بابٌ

[۳۵۰۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِیْ ثَابِتٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ جَسَدِیْ، وَعَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّیْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، سَمِعْتُ مُحمدًا يَقُوْلُ: حَبِيْبُ بْنُ أَبِيْ ثَابِتٍ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ شَيْئًا.

بابٌ

۵-قرض کی ادائیگی اور محتاجی سے بے نیازی کی دعا

حدیث: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے پاس آئیں، درانحالیکہ وہ آپؐ سے غلام طلب کررہی تھیں، پس آپؐ نے ان سے فرمایا: تم کہو: ''اے اللہ! اے سات آسمانوں کے پالنہار، اور اے عرشِ عظیم کے پروردگار! اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! اے تورات وانجیل وقرآن کے نازل فرمانے والے! اے غلّے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے یعنی اُگانے والے! میں آپ کی پناہ چاہتی ہوں ہر اس چیز کی برائی سے جس کی چوٹی آپ پکڑنے والے ہیں، یعنی جو آپ کے قبضہ قدرت میں ہے، آپ ہی پہلے ہیں، کوئی چیز آپ سے پہلے نہیں! اور آپ ہی سب کے بعد ہیں، کوئی چیز آپ کے بعد نہیں، یعنی آپ ازلی ابدی ہیں، اور آپ ہی ظاہر (کھلے) ہیں، کوئی چیز آپ کے اوپر نہیں یعنی واضح ہونے میں، اور آپ ہی باطن (پوشیدہ) ہیں، کوئی چیز آپ کے وَرے (پوشیدہ) نہیں یعنی ادراک میں: آپ میرا قرضہ ادا فرمادیں، اور مجھے محتاجگی سے بے نیاز فرمادیں!

تشریح: حضرت فاطمہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کو اس موقع پر آپؐ نے تسبیحاتِ فاطمہ بھی تلقین فرمائی تھیں، جن کا تذکرہ (دعوات، باب ۲۴، حدیث ۳۴۳۱) آچکا ہے —— اور اس دعا میں اللہ تعالیٰ کی جن صفات کا بیان ہے، ان کا تذکرہ بھی (دعوات، باب ۱۹، حدیث ۳۴۲۲) آگیا ہے۔

[٦٨-] بابٌ

[٣٥٠٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: جَاءَ تْ فَاطِمَةُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، تَسْأَلُهُ خَادِمًا، فَقَالَ لَهَا: " قُوْلِيْ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْئٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوى، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْئٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيس قَبْلَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الآخِرُ فَلَيْس بَعْدَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْئٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْس دُوْنَكَ شَيْئٌ، اِقْضِ عَنِّيْ الدَّيْنَ وَاغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَهٰكَذَا رَوَى بَعْضُ أَصْحَابِ الْأَعْمَشِ، عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَ هٰذَا، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۶- چار چیزوں سے اللہ کی پناہ طلب کرنا

حدیث: رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: **اللّٰهم! إني أعوذ بك من قلبٍ لایَخْشَعُ، ومن دعاءٍ لایُسْمَعُ، ومن نفس لا تَشْبَعُ، ومن علمٍ لایَنْفَعُ، أعوذ بك من هؤلاء الأربع**: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں ایسے دل سے جو آپ کے سامنے عاجزی نہ کرے، اور ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے، اور ایسے (ہوسناک) نفس سے جو سیر نہ ہو، اور ایسے علم سے جو سودمند نہ ہو، میں ان چار چیزوں سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں۔

تشریح: خشوع کے معنی ہیں: عاجزی دکھانا، خود کو چھوٹا اور بے حیثیت بنانا، انکساری اور فروتنی سے پیش آنا —— اوران چار چیزوں سے اللہ کی پناہ مانگنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں علم نافع عطا فرمائیں، دل کو استکبار سے بچائیں، نفس کو ہوسنا کی سے پاک فرمائیں اور صفتِ قناعت سے آراستہ فرمائیں، اور ہماری دعاؤں کو قبولیت سے نوازیں۔

[۶۹-] بابٌ

[۳۵۰۵-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ الأَقْمَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَايَخْشَعُ، وَمِنْ دُعَاءٍ لَايُسْمَعُ، وَمِنْ نَفْسٍ لَاتَشْبَعُ، وَمِنْ عِلْمٍ لَايَنْفَعُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هٰؤُلَاءِ الأَرْبَعِ"

وفي الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۷- ہدایت طلبی اور نفس کے شر سے پناہ خواہی

حدیث: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے میرے ابا حصین سے پوچھا: اے حصین! تم روزانہ کتنے معبودوں کی پرستش کرتے ہو؟ میرے ابا نے کہا: سات کی: چھ زمین میں اور ایک آسمان میں۔ آپؐ نے پوچھا: تم ان میں سے کس کو اپنی رغبت و رہبت کے لئے گنتے ہو؟ (رغبت: چاہت، رہبت: ڈر، گنتے ہو یعنی امید باندھتے ہو، یعنی واقعی معبود کونسا ہے؟) انھوں نے جواب دیا: اس کو جو آسمان میں ہے (معلوم ہوا کہ زمین زرخیز ہے، پس) آپؐ نے فرمایا: "اے حصین! سنو! اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو میں تمہیں ایسے دو کلمے سکھلاؤں جو تمہیں نفع پہنچائیں"

حضرت عمرانؓ کہتے ہیں: پھر جب حصین مسلمان ہوئے تو انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے وہ دو کلمے سکھلایئے جن کا آپؐ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے، پس آپؐ نے فرمایا: کہو: اللّٰهم! أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ، وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ

نفسی: اے اللہ! مجھے میری ہدایت الہام فرما یعنی دل میں ڈال، اور مجھے میرے نفس کی برائی سے اپنی پناہ میں رکھ۔

تشریح: یہ ایک جامع دعا ہے، اگر اللہ تعالیٰ بندے کو اس کی ہدایت الہام فرمادیں تو ہر گمراہی سے اس کی حفاظت ہوجائے گی، اور نفس کے شر سے بچالیں تو وہ اکثر گناہوں سے بچ جائے گا، کیونکہ اکثر گناہ نفسِ امّارہ کی وجہ سے وجود میں آتے ہیں۔

[۷۰-] بابٌ

[۳۵۰۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ شَبِيْبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ: "يَا حُصَيْنُ! كَمْ تَعْبُدُ الْيَوْمَ إِلٰهًا؟" قَالَ أَبِيْ: سَبْعَةً، سِتَّةً فِيْ الْأَرْضِ، وَوَاحِدًا فِيْ السَّمَآءِ، قَالَ: "فَأَيُّهُمْ تَعُدُّ لِرَغْبَتِكَ وَرَهْبَتِكَ؟" قَالَ: الَّذِيْ فِيْ السَّمَاءِ، قَالَ: "يَا حُصَيْنُ! أَمَا إِنَّكَ لَوْ أَسْلَمْتَ عَلَّمْتُكَ كَلِمَتَيْنِ تَنْفَعَانِكَ" قَالَ: فَلَمَّاأَسْلَمَ حُصَيْنٌ، قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ الْكَلِمَتَيْنِ اللَّتَيْنِ وَعَدْتَنِيْ، فَقَالَ: "قُلْ: اللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ، وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۸- مختلف کمزوریوں اور آزمائشوں سے پناہ طلبی

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بارہا نبی ﷺ کو ان کلمات سے دعا کرتے ہوئے سنا کرتا تھا: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں فکر سے، رنج وملال سے، کم ہمتی سے، بخیلی سے، قرض کے بار سے، اور لوگوں کے غلبہ (دباؤ) سے۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ دعا فرمایا کرتے تھے: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں: سستی سے، انتہائی درجے کے بڑھاپے سے، بزدلی سے، بخیلی سے، دجال کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے۔

تشریح: ان حدیثوں میں گیارہ چیزوں سے پناہ چاہی گئی ہے: ۱- فکر وغم، ۲- رنج وملال، ۳- قرض کا بار، ۴- مخالفین کا غلبہ، ۵- کم ہمتی، ۶- بخیلی، ۷- کاہلی، ۸- بزدلی، ۹- انتہائی درجہ کا بڑھاپا۔ ۱۰- دجال کا فتنہ، ۱۱- قبر کا عذاب۔

ان میں سے پہلی چار: ایسی چیزیں ہیں جو آدمی کو زندگی کے لطف سے محروم کردیتی ہیں، سخت روحانی اذیت میں مبتلا کردیتی ہیں، اور قوتِ کار اور صلاحیتوں کو معطل کردیتی ہیں، جس کی وجہ سے آدمی دنیا وآخرت کی بہت سی کامیابیوں سے محروم رہ جاتا ہے، اس لئے ان سے پناہ چاہی گئی ہے —— اور ان کے بعد کی چار چیزیں: ایسی کمزوریاں

ہیں جن کی وجہ سے آدمی جرأت مندانہ اقدام نہیں کرسکتا، محنت وقربانی والے اعمال انجام نہیں دے سکتا، اور نہ وہ کام کرسکتا ہے جن کی وجہ سے دنیا میں کامرانی یا آخرت میں فوز وفلاح حاصل ہوتی ہے، اس لئے ان سے بھی پناہ چاہی گئی ہے —— اور انتہائی درجہ کا بڑھاپا یہ ہے کہ عمر اس حد تک دراز ہو جائے کہ ہوش وحواس صحیح سالم نہ رہیں، آدمی بالکل از کاررفتہ ہو جائے، ظاہر ہے: ایسی زندگی ایک بوجھ ہے، اس لئے اس سے پناہ مانگی گئی ہے —— اور دجال کا فتنہ: ان عظیم ترین فتنوں میں سے ہے، جس سے نبی ﷺ بکثرت پناہ مانگا کرتے تھے، پس اہل ایمان کو بھی اس سے پناہ مانگنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ دجال اکبر کے فتنے سے اور ہر دجالی فتنہ سے ہماری حفاظات فرمائیں، اور مرتے دم تک ایمان واسلام پر ہمیں ثابت قدم رکھیں (آمین) —— اور عذاب قبر: صرف کافروں ہی کو نہیں ہوگا، گنہ گار مؤمنوں کو بھی اس سے سابقہ پڑے گا، اس لئے امت کو اس سے پناہ طلبی کی تلقین کی گئی ہے، اور اس سے پناہ چاہنے کا لازمی تقاضا یہ ہے کہ آدمی گناہوں سے بچے، تاکہ عذاب جہنم سے دوچار نہ ہونا پڑے۔

[۷۱-] بابٌ

[۳۵۰۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، نَا أَبُوْ مُصْعَبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو: مَوْلَى الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَثِيْرًا مَا كُنْتُ أَسْمَعُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم يَدْعُو بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ، وَالْحُزْنِ، وَالْعجْزِ، وَالْكَسْلِ، وَالْبُخْلِ، وَضَلَعِ الدَّيْنِ، وَقَهْرِ الرِّجَالِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ أَبِيْ عَمْرٍو.

[۳۵۰۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَدْعُو، يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسْلِ، وَالْهَرَمِ، وَالْجُبْنِ، وَالْبُخْلِ، وَفِتْنَةِ الْمَسِيْحِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغت: ضَلَعَ: ٹیڑھا ہونا، ضَلَعُ الدين: قرض کا بوجھ، کیونکہ وہ بھی کمر کو دوہرا کر دیتا ہے۔

بابُ ماجاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيْحِ بِالْيَدِ

۹-انگلیوں سے تسبیحات گننے کا بیان

حدیث: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو اپنے ہاتھ سے تسبیحات منعقد کرتے ہوئے دیکھا ہے، یعنی گنتے ہوئے دیکھا ہے۔

تشریح: اس مضمون کی حدیث آگے (حدیث ۳۶۰۳) حضرت یُسیرہ رضی اللہ عنہا کی آرہی ہے، نبی ﷺ نے

خواتین سے فرمایا: ''تم تسبیح، تہلیل اور تقدیس لازم پکڑو، اور انگلیوں کے پوروں سے ان کو منعقد کرو، کیونکہ وہ پورے پوچھے جائیں گے، گویا کئے جائیں گے، اور غافل نہ ہو جاؤ کہ رحمت کو بھول جاؤ'' —— اذکار گننے کا یہ طریقہ ''عقد انامل'' کہلاتا ہے، پہلے تسبیحات اسی طرح گنی جاتی تھیں —— مگر آگے دو حدیثیں کنکریوں اور کھجور کی گٹھلیوں سے گننے کے سلسلہ میں بھی آرہی ہیں۔

۱- حدیث: (نمبر ۳۵۸۹) حضرت سعد بن ابی وقاصؓ: نبی ﷺ کے ساتھ ایک عورت کے پاس داخل ہوئے، اس کے سامنے گٹھلیاں یا کنکریاں تھیں، وہ ان کے ذریعہ تسبیحات پڑھ رہی تھیں (الی آخرہ)

۲- حدیث (نمبر ۳۵۷۵) حضرت ام المؤمنین صفیہ رضی اللہ عنہا کے پاس نبی ﷺ تشریف لائے، درانحالیکہ ان کے سامنے چار ہزار گٹھلیاں تھیں، جن سے وہ تسبیحات گن رہی تھیں (الی آخرہ)

ان روایات سے ثابت ہوا کہ انگلیوں ہی سے تسبیحات گننا ضروری نہیں، اور چیزوں سے بھی گن سکتے ہیں، اور اس موضوع پر حضرت مولانا ابو الحسنات عبد الحی لکھنوی قدس سرہ کا ایک قیمتی رسالہ ہے، جس کا نام ہے: نُزْهة الفكر في سُبْحَة الذكر، یہ رسالہ مستقل بھی طبع ہوا ہے، اور مجموعةُ رسائلِ اللكنوي جلد اول میں بھی شامل ہے، اس میں حضرت ابو ہریرہؓ اور دیگر صحابہ وتابعین سے کنکریوں کے ذریعہ کھجور کی گٹھلیوں کے ذریعہ اور دھاگے میں لگائی ہوئی گانٹھوں کے ذریعہ تسبیحات گننا مروی ہے، پس رائج تسبیح بدعت نہیں۔

[۷۲-] بابُ ماجاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيْحِ بِالْيَدِ

[۳۵۰۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَعْقِدُ التَّسْبِيْحَ بِيَدِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ الأَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، وَرَوَى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ بِطُوْلِهِ، وفي الباب: عَنْ يُسَيْرَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ.

لغت: عَقَدَ (ض) عَقْدًا: باندھنا، گرہ لگانا، مراد گننا...... اور شعبہ وثوری رحمہما اللہ کی مفصل حدیث معلوم نہیں: کس کتاب میں ہے۔

۱۰- دنیا وآخرت کی بہتری طلب کرنا اور دوزخ سے پناہ مانگنا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک شخص کی بیمار پرسی کی، جو نہایت لاغر چوزے جیسا ہو گیا تھا، نبی ﷺ نے اس سے پوچھا: ''کیا تو دعا نہیں کرتا؟ کیا تو اپنے پروردگار سے عافیت طلب نہیں کرتا؟'' اس

نے کہا: میں اس طرح دعا کرتا ہوں: اے اللہ! آپ جس عمل کی آخرت میں مجھے سزا دینے والے ہیں: وہ سزا آپ مجھے دنیا میں جلدی دیدیں، نبی ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ!: عجیب! تو اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ یا فرمایا: تو اس کو سہار نہیں سکتا، پس تو یہ دعا کیوں نہیں کرتا: اللّٰهم! آتنا فی الدنیا حسنة، وفی الآخرة حسنة، وقنا عذاب النار: اے اللہ! ہمیں دنیا میں بہتری عطا فرما، اور آخرت میں بھی بہتری! اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا (سورۃ البقرۃ آیت ۲۰۱)

تشریح: دنیا کی بہتری یعنی توفیقِ بندگی وغیرہ......اور آخرت کی بہتری یعنی ثواب، رحمت اور جنت......اور منفی پہلو سے جہنم کے عذاب سے پناہ......ایسے لوگوں کو دارین کی خوبیوں سے نوازا جاتا ہے......پس یہ ایک جامع ہمہ گیر دعا ہے۔ اور یہ روایت مسلم شریف کی ہے۔

[۳۵۱۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا سَهْلُ بْنُ يُوسُفَ، نَا حُمَيْدٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ [ح:] وَنَا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَادَ رَجُلاً، قَدْ جُهِدَ حَتَّى صَارَ مِثْلَ فَرْخٍ، فَقَالَ لَهُ: " أَمَا كُنْتَ تَدْعُو؟ أَمَا كُنْتَ تَسْأَلُ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ؟" قَالَ: كُنْتُ أَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ مَاكُنْتَ مَعَاقِبِيْ بِهِ فِيْ الآخِرَةِ، فَعَجِّلْهُ لِيْ فِيْ الدُّنْيَا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" سُبْحَانَ اللّٰهِ! إِنَّكَ لَاتُطِيْقُهُ، أَوْ: لَاتَسْتَطِيْعُهُ، أَفَلَا كُنْتَ تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ آتِنَافِيْ الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِيْ الآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ؟"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ،وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

۱۱- ہدایت، تقوی، عفاف اور غنی کی دعا

حدیث: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: اللّٰهم! إنی أسألك الهدى، والتُّقى، والعفاف، والغنى: اے اللہ! میں آپ سے ہدایت، پرہیزگاری، پاکدامنی اور مالداری مانگتا ہوں!

تشریح: ہدایت: صحیح راہ پر رہنا......التُّقى: اللہ کی سزا سے ڈر کر اس کی منع کی ہوئی چیزوں سے بچنا......عفاف: ناجائز یا ناپسندیدہ قول وفعل سے بچنا......غنى: تمول، مالداری، مگر شریعت کی تعلیمات میں غنی: دل کی بے نیازی ہے، مال واسباب کی زیادتی غنا نہیں ہے، دل کا چین اصل غنی ہے، پھر مال سامان بھی مل جائے تو برا نہیں...... یہ ایک مختصر جامع دعا ہے، طلبہ اس کو یاد کرلیں۔

[-٧٣] بابٌ

[٣٥١١-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْأَحْوَصِ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَدْعُوْ: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْهُدَى، وَالتُّقَى، وَالْعَفَافَ، وَالغِنَى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۱۲- اللہ تعالیٰ سے ان کی خاص محبت مانگنا

محبتِ خاص: یہ ہے کہ اللہ پر ایمان کی حلاوت: پہلے عقل پر غلبہ پائے، پھر وہ لذت: قلب ونفس پر چھا جائے، اور وہ محبت دونوں کی چاہتوں کا قائم مقام بن جائے۔ دل کا میلان: عام طور پر اولاد، ازواج اور اموال کی طرف ہوتا ہے، اور نفس کی چاہت: لذائذ: عمدہ کھانے اور ٹھنڈا پانی ہوتا ہے، جب ایمان ویقین کی لذت: اِن میلانات وخواہشات کی جگہ لے لیتی ہے تو وہ اعلیٰ درجہ کی محبت ہوتی ہے (رحمۃ اللہ ۴:۶۶۲)

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "داؤد علیہ السلام کی دعاؤں میں سے ہے: "اے اللہ! میں آپ سے آپ کی محبت کی التجا کرتا ہوں، اور ان بندوں کی محبت چاہتا ہوں جو آپ سے محبت کرتے ہیں، اور ان اعمال کی محبت چاہتا ہوں جو آپ کی محبت تک پہنچانے والے ہیں، اے اللہ! ایسا کردیں کہ میری جان اور میرے اہل وعیال کی محبت سے اور ٹھنڈے پانی کی چاہت سے بھی زیادہ آپ کی محبت اور چاہت ہو جائے"

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اور جب نبی ﷺ حضرت داؤد علیہ السلام کا تذکرہ کرتے تو ان کے بارے میں یہ بات بیان فرماتے کہ: "وہ اللہ کے بندوں میں سب سے زیادہ عبادت گذار تھے!" (مگر عبدیت میں اعلیٰ درجہ پر فائز ہونے سے اعلمیت اور افضلیت لازم نہیں آتی، کیونکہ یہ ایک جزوی فضیلت ہے)

تشریح: ایمان اس وقت کامل ہوتا ہے جب اللہ ورسول سے تعلق محض رسمی یا عقلی نہ ہو، بلکہ اس کے ساتھ گرویدگی بھی ہو، بندہ اللہ ورسول کی محبت میں ایسا سرشار ہو کہ ہر چیز سے زیادہ اس کو اللہ ورسول سے محبت ہو، اور اس محبت کا اس کے دل پر ایسا قبضہ ہو کہ ازواج واولاد واموال سے تعلق محض رسمی رہ جائے، اور اللہ ورسول کی محبت نفس پر ایسی حاوی ہو جائے کہ وہ بمنزلہ لذائذ بن جائے، اللہ تعالیٰ ایسی محبت سے ہمیں بہرہ ور فرمائیں (آمین) پس یہ ایک جامع دعا ہے، اگر کسی کو محبت کا یہ خاص مقام حاصل ہو جائے تو راستہ کا ہر کانٹا دور ہو جائے گا، اور منزل تک پہنچنا آسان ہو جائے گا۔

[۷٤-] بابٌ

[۳۵۱۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا مُحمدُ بْنُ فَضَيْلٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبِيْعَةَ الدِّمَشْقِيِّ، قَالَ: ثَنِيْ عَائِذُ اللّٰهِ: أَبُوْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلاَنِيُّ، عَنْ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" كَانَ مِنْ دُعَاءِ دَاوُدَ، يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّكَ، وَالْعَمَلَ الَّذِيْ يُبَلِّغُنِيْ حُبَّكَ، اللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِيْ، وَأَهْلِيْ، وَمِنَ الْمَاءِ الْبَارِدِ" قَالَ: وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا ذَكَرَ دَاوُدَ يُحَدِّثُ عَنْهُ، قَالَ:" كَانَ أَعْبَدَ الْبَشَرِ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۱۳- جونعمتیں ملی ہیں ان کو طاعات میں استعمال کرنے کی دعا کرنا،
اور جونہیں ملیں ان کو فراغ بالی کا ذریعہ سمجھنا

حدیث: نبی ﷺ اپنی دعا میں فرمایا کرتے تھے:"اے اللہ! مجھے اپنی محبت نصیب فرما! اور اس کی محبت نصیب فرما جس کی محبت آپ کے نزدیک سودمند ہے (اس کا بیان گذشتہ باب میں آیا ہے) اے اللہ! جو چیزیں آپ نے مجھے میری پسند کی چیزوں میں سے نصیب فرمائی ہیں: ان کو میرے لئے ان کاموں میں قوت کا ذریعہ بنا جو آپ کو پسند ہیں، اے اللہ! آپ نے میری پسند کی چیزوں میں سے جو کچھ مجھ سے دور رکھا ہے یعنی عنایت نہیں فرمایا: اس کو میرے لئے فراغ بالی کا ذریعہ بنا ان کاموں میں مشغول ہونے کے لئے جو آپ کو پسند ہیں"

لغت: زَوىٰ يَزْوِىٰ زَيًّا المالَ: مال جمع کرنا، اور عن صلہ کے ساتھ معنی ہیں: دور رکھنا، نہ دینا، جیسے زَوَى السِّرَّ عنه: کسی سے راز مخفی رکھنا۔

ایک واقعہ: خواجہ عبید اللہ احرار رحمہ اللہ بڑے دولت مند تھے، ان کی خدمت میں بہت دور سے ایک مرید آیا، وہ خواجہ صاحب کا ٹھاٹھ دیکھ کر دنگ رہ گیا، اس کے دل میں وسوسہ آیا کہ یہ کیسے بزرگ ہیں؟ اس نے خانقاہ کے دروازے پر لکھ دیا: نہ مرد است آنکہ دنیا دوست دارد! یعنی جو دنیا سے محبت رکھتا ہے وہ بزرگ نہیں ہوسکتا، کسی نے خواجہ صاحب سے اس کا تذکرہ کیا تو فرمایا: اس کے نیچے لکھو: وگر دارد برائے دوست دارد! یعنی اگر دنیا اللہ کے لئے رکھتا ہے تو اس میں کچھ مضائقہ نہیں، وہ شخص بزرگ ہوسکتا ہے۔

لہٰذا مؤمن کو اللہ کی بخشی ہوئی نعمتیں طاعات میں استعمال کرنی چاہئیں، اور اس کے لئے دعا بھی کرنی چاہئے،

کیونکہ اللہ کی توفیق کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا، اور جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ بالغہ سے روک لی ہیں ان پر رال نہیں ٹپکانی چاہئے، بلکہ اس کو طاعات کے لئے فراغ بالی کا ذریعہ سمجھنا چاہئے، کیونکہ دنیا کا جھمیلا کبھی عبادتوں میں مشغولیت کے لئے مانع بن جاتا ہے، پس ان نعمتوں کا نہ ملنا ہی خیر ہے۔

[٧٥-] بابٌ

[٣٥١٣-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نا ابْنُ أَبِیْ عَدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ جَعْفَرِ الْخَطْمِيِّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِيْ دُعَائِهِ: "اللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حُبَّكَ، وَحُبَّ مَنْ يَنْفَعُنِيْ حُبُّهُ عِنْدَكَ، اللّٰهُمَّ مَا رَزَقْتَنِيْ مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ قُوَّةً لِيْ فِيْمَا تُحِبُّ، اللّٰهُمَّ مَا زَوَيْتَ عَنِّيْ مِمَّا أُحِبُّ فَاجْعَلْهُ فَرَاغًا لِيْ فِيْمَا تُحِبُّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ جَعْفَرٍ الْخَطْمِيُّ: اسْمُهُ عُمَيْرُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ خُمَاشَةَ.

بابٌ

١۴- کان، آنکھ، زبان، دل اور شرمگاہ کے شر سے پناہ چاہنا

حضرت شُکل بن حُمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ مجھے کوئی تعوذ (پناہ چاہنے کی دعا) سکھلائیے، جس سے میں اللہ کی پناہ طلب کیا کروں، پس نبی ﷺ نے (اہتمام کے لئے) میری ہتھیلی پکڑی، اور فرمایا: کہو: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں میرے کان کی برائی سے، میری آنکھ کی برائی سے، میری زبان کی برائی سے، میرے دل کی برائی سے، اور میری منی کی برائی سے یعنی شرمگاہ کی برائی سے"

تشریح: سمع وبصر، زبان وقلب، اور جنسی خواہش کا شر یہ ہے کہ یہ چیزیں احکامِ خداوندی کے خلاف استعمال ہوں، جس کا انجام اللہ کا غضب اور اس کا عذاب ہے، اس لئے ضروری ہے کہ ان کے شر سے محفوظ رہنے کی اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے، اور ان کی پناہ مانگی جائے، وہی اگر بچائیں تو بندہ بچ سکے گا، ورنہ مبتلا ہو کر ہلاک ہو جائے گا (معارف الحدیث ۵: ۳۰۱) پس یہ بھی ایک جامع دعا ہے۔

[٧٦-] بابٌ

[٣٥١٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: ثَنِيْ سَعْدُ بْنُ أَوْسٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَى العَبْسِيِّ، عَنْ شُتَيْرِ بْنِ شَكَلٍ، عَنْ أَبِيْهِ: شَكَلِ بْنِ حُمَيْدٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم،

فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِی تَعَوُّذًا أَتَعَوَّذُ بِهِ، قَالَ: فَأَخَذَ بِكَفِّیْ، فَقَالَ:" قُلِ اللّٰهُمَّ إِنِّی أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِی، وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ، وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ، وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ، وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ" يَعْنِیْ فَرْجَهُ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ سَعْدِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ بِلَالِ بْنِ يَحْيَی.

بابٌ

۱۵- استعاذہ (پناہ طلبی) کی دو جامع دعائیں

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ دعا سکھلایا کرتے تھے، جس طرح قرآن کی سورت سکھلاتے تھے: ''اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے! اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں مسیح دجال کی آزمائش سے! اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کی آزمائش سے!''

حدیث (۲): حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ ﷺ ان کلمات سے دعا کیا کرتے تھے: ''اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخ کی آزمائش سے، اور دوزخ کے عذاب سے، اور قبر کی آزمائش سے اور قبر کے عذاب سے، اور مالداری کی آزمائش کی برائی سے، اور محتاجگی کی آزمائش کی برائی سے، اور مسیح دجال کی برائی سے۔ اے اللہ! میرے گناہ دھو دیجئے برف اور اولوں کے پانی سے، اور میرے دل کو خطاؤں سے صاف کر دیجئے جس طرح آپ سفید کپڑے کو میل سے صاف کر دیتے ہیں۔ اور میرے درمیان اور میری خطاؤں کے درمیان فاصلہ کر دیجئے، جس طرح آپ نے مشرق ومغرب کے درمیان فاصلہ کر دیا ہے۔ اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں کاہلی سے، انتہائی درجہ کے بڑھاپے سے، گناہ سے اور زیر باری سے''

لغات: لغت میں فَتَنَ کے معنی ہیں: سونے کو آگ میں تپا کر کھرا کھوٹا جانچنا (تاج) اور قرآن وحدیث میں لفظ فتنۃ اور اس کے مشتقات مختلف معانی میں استعمال کئے گئے ہیں، مثلاً: ۱- آزمائش اور آزمائش کرنا۔ ۲- آفت، مصیبت۔ ۳- فساد انگریزی۔ ۴- تختۂ مشق بنانا، مسلط کرنا۔ ۵- ایذاء، دکھ وغیرہ...... مَسِیْحٌ: بروزن فَعِیْلٌ ہے، اور اس وزن پر آنے والے الفاظ کبھی اسم فاعل کے معنی میں ہوتے ہیں، اور کبھی اسم مفعول کے معنی میں۔ اور مَسَحَ الشيئَ کے معنی ہیں: پونچھنا، ہاتھ پھیرنا، اور المَسِیح: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ہے، اور اسم فاعل مَاسِح کے معنی میں ہے، آپ اپنا بابرکت ہاتھ بیماروں پر پھیرتے تھے پس وہ چنگے ہوجاتے تھے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لئے جب یہ لقب استعمال ہوتا ہے تو اس کے ساتھ کوئی صفت نہیں آتی...... اور اَلْمَسِیْح: کانے دجال کا بھی لقب ہے، اس وقت وہ اسم مفعول کے معنی میں ہوتا ہے، مُسِحَ کے معنی ہیں: پونچھا ہوا، ہاتھ پھیرا ہوا، دجال کی ایک آنکھ پر قدرت نے اپنا پھیر دیا ہوگا، جس

سے وہ چوپٹ (کانی) ہوگئی ہوگی، دجال کے لئے یہ لقب مطلق نہیں آتا، اس کے ساتھ صفت دجال ضرور آتی ہے......
اور دونوں میں اس طرح بھی فرق کرتے ہیں: حضرت عیسیٰ علیہ السلام: مسیح ہدایت ہیں، اور دجال: مسیح ضلالت، اور یہود کی کتابوں میں دونوں مسیحوں کی خبر دی گئی تھی، چنانچہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوئے تو یہود نے ان کو مسیح ضلالت سمجھا، اور ان کے قتل کے درپے ہوئے، بلکہ اپنے زعم میں انھوں نے مسیح ضلالت کو قتل کر دیا، اور اب وہ مسیح ہدایت کے منتظر ہیں، چنانچہ جب کانا دجال ظاہر ہوگا تو یہود اس کو مسیح ہدایت سمجھ کر سب سے پہلے اس پر ایمان لائیں گے، کیونکہ وہ اس کے منتظر ہیں —— اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اتریں گے، اور دونوں مسیح جمع ہونگے، اور علی رؤس الاشہاد حضرت عیسیٰ علیہ السلام مسیح دجال کو قتل کریں گے، اس وقت حق واضح ہوگا کہ مسیح ہدایت کون تھا اور مسیح ضلالت کون؟......الْمَحْيَا اور الحياة مترادف ہیں......البَرَد (بفتح الراء): اولا، جو بارش کے ساتھ آسمان سے گرتا ہے، اور البَرْد (بسکون الراء): زکام......الثَّلَج: برف، خواہ آسمان سے گرے یا کارخانہ میں جمایا جائے...... برف اور اولے میں چکنائی صاف کرنے کی وافر صلاحیت ہوتی ہے، وہ صابن کا کام کرتا ہے......الدَّنَس: میل کچیل......المأثم اور الإثم: مترادف ہیں......المَغْرَم اور الغَرَامَة کے معنی ہیں: نقصان، خسارہ، قرض وغیرہ کی زیر باری۔

تشریح: ان دو دعاؤں میں بارہ چیزوں سے پناہ چاہی گئی ہے:

(۱و۲) فتنۂ قبر اور عذابِ قبر: بخاری شریف میں حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کی روایت میں ہے: إنكم تُفْتَنُوْن في قبوركم مثلَ أو: قريبا من فتنة الدجال: قبر میں پہنچنے کے بعد ویسی ہی آزمائش پیش آئے گی جیسی دجال کے نکلنے کے بعد پیش آئے گی، سورہ ابراہیم (آیت ۲۷) میں ہے: ﴿يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ الآية: اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جمائے رکھتے ہیں پکی بات (کلمہ طیبہ) کی برکت سے دنیا اور آخرت میں، اور ظالموں (کافروں اور منافقوں) کو بچلا دیتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں کرتے ہیں —— غرض: قبر میں آزمائش پیش آئے گی، اور جو امتحان میں فیل ہوگا اس کو عذاب ہوگا، اس لئے دونوں چیزوں سے پناہ چاہی گئی ہے۔

(۳و۴) فتنۂ جہنم اور عذابِ جہنم: فتنۂ جہنم اس دنیا میں پیش آتا ہے، جس کے نتیجہ میں آدمی گمراہ ہو جاتا ہے، اور آخرت میں جہنم کی سزا پاتا ہے، غرض: فتنۂ قبر اور عذابِ قبر ایک نہیں ہیں، فتنۂ جہنم اس دنیا میں پیش آتا ہے، اور عذابِ جہنم سے آخرت میں دوچار ہونا پڑتا ہے۔

(۵-۸) فتنۂ مسیح دجال، کسل (سستی) ہرم (آخری درجہ کا بڑھاپا) مغرم (زیر باری) کا بیان (حدیث ۳۵۰۷و۳۵۰۸) کی شرح میں آچکا ہے۔

(۹و۱۰) مالداری اور غریبی کا فتنہ: دولت مندی اور خوش حالی تکبر وغرور پیدا کرتی ہے، اگر مال ودولت کے صحیح استعمال کی توفیق نہ ملے تو وہ قارونیت ہے، اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے —— اور غریبی کے ڈانڈے (سرحدیں) کفر سے ملے ہوئے

ہیں، اگر محتاجگی کے ساتھ صبر وقناعت نہ ہوتو وہ خدا کا ایک عذاب ہے، چنانچہ دونوں کے شر سے پناہ مانگی گئی ہے۔

(۱۱) **موت وحیات کا فتنہ:** زندگی میں آدمی کسی بھی وقت فتنہ کا شکار ہوسکتا ہے، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے: إن الْحَيَّ لاتُؤْمَنُ عليه الفتنة: زندہ کسی بھی وقت فتنہ میں مبتلا ہوسکتا ہے، اور بوقتِ موت بھی امکان ہے کہ شیطان اس کے ایمان پر ڈاکہ ڈال دے، اس لئے ان فتنوں سے بھی پناہ چاہی گئی۔

(۱۲-) **ماثم** (گناہ) کی معافی کی دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام خطاؤں کو دھودیں، دور کردیں، اور ان پر قلم عفو پھیر دیں۔

[۷۷-] بابٌ

[۳۵۱۵-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ طَاوُوْسٍ الْيَمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُعَلِّمُهُمْ هٰذَا الدُّعَاءَ، كَمَا يُعَلِّمُهُمُ السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۵۱۶-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُو بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنىٰ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَأَنْقِ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا أَنْقَيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسْلِ، وَالْهَرَمِ، وَالْمَأْثَمِ، وَالْمَغْرَمِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۶- بوقتِ وفات آپ ﷺ کی جامع دعا

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے بوقتِ وفات نبی ﷺ کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا ہے: اللّٰهُمَّ اغفرلي، وارحمني، وأَلْحِقْنِيْ بالرفيق الأعلى: اے اللہ! میری بخشش فرما، اور مجھ پر مہربانی فرما، اور مجھے ملأ اعلیٰ میں شامل فرما!

تشریح: یہ وفات کے قریب کی دعا ہے، اور ایسے نازک وقت میں آدمی نہایت اہم، جامع اور ہمہ گیر دعا کیا کرتا ہے۔ اور مقرب فرشتوں کے اجتماعات ہوتے ہیں، جس طرح اللہ چاہتے ہیں، اور جہاں چاہتے ہیں، ان حضرات کو اس اجتماع کے اعتبار سے الرفيق الأعلى، النَّدى الأعلى اور الملأ الأعلى کہا جاتا ہے، اور ملأ اعلیٰ میں صرف فرشتے ہی نہیں، اونچے درجے کے انسان جیسے انبیاء اور اولیاء بھی شامل ہیں، تفصیل رحمۃ اللہ (۲۰۹:۱) میں ہے۔

[۳۵۱۷-] حدثنا هَارُوْنُ، نا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ عِنْدَ وَفَاتِهِ: " اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْأَعْلَى" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

اللہ کی بعض صفات سے بعض صفات کی پناہ طلب کرنا

اور

اللہ کی تعریف کا پورا حق بندہ ادا نہیں کرسکتا

حدیث: حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پہلو میں سوئی ہوئی تھی، پس میں نے رات میں آپؐ کو گم پایا، جب میں نے بستر ٹٹولا تو میرا ہاتھ آپؐ کے دونوں پیروں پر پڑا، درانحالیکہ آپؐ سجدے میں تھے، اور آپؐ فرما رہے تھے: **اللّٰهم! أعوذ برضاك من سخطك، وبمعافاتك من عقوبتك، لا أحصى ثناءً عليك، أنت كما أَثْنَيْتَ على نفسك، وفي رواية: وأعوذ بك منك، لا أُحصى ثناء عليك:** اے اللہ! میں آپ کی خوشنودی کی پناہ چاہتا ہوں آپ کی ناراضگی سے، اور آپ کی باعافیت رکھنے کی صفت کی پناہ چاہتا ہوں آپ کی سزادہی کی صفت سے، میں آپ کی تعریف کا پورا حق ادا نہیں کرسکتا، جیسی آپ نے خود اپنی تعریف کی ہے، اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے: اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں آپ سے، میں آپ کی تعریف کا پورا حق ادا نہیں کرسکتا (یہ دعا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت سے آگے (حدیث ۳۵۸۷ باب فی دعاء الوتر) آرہی ہے وہاں شروع میں اللّٰھم بھی ہے)

لغات: **عافاه معافاةً، وعِفَاءً، وعافيةً** (مصادر باب مفاعلہ) خیریت وعافیت سے رکھنا...... **أَحْصَى الشيئَ:** مقدار جاننا، گننا، شمار کرنا۔

تشریح: یاد رکھیں: **مُسْتَعَاذ به** (جس کی پناہ طلب کی جائے) پر ب آتی ہے، اور **مُسْتَعَاذ منه** (جس سے پناہ طلب کی جائے) پر مِنْ آتا ہے، اور اردو میں ب کا ترجمہ ''کی'' اور مِنْ کا ترجمہ ''سے'' کیا جاتا ہے، جیسے **أعوذ بالله من الشيطان الرجيم:** میں اللہ کی شیطان مردود سے پناہ چاہتا ہوں، طلبہ کبھی ب اور من کے ترجمہ میں غلطی کرتے ہیں، اس کا خیال رکھا جائے، یہ بہت سخت غلطی ہوگی۔

اور پناہ کے معنی ہیں: حمایت، حفاظت، نگرانی، سہارا، امداد —— اور اللہ کی صفات بھی ہماری صفات کی طرح من وجہٍ مستقل ہیں، اور ہر صفت کا ایک تقاضا ہے، جیسے ہم جب کسی سے خوش ہوتے ہیں تو مہربانی کا معاملہ کرتے ہیں، اور ناراض

ہوتے ہیں تو ڈانٹتے مارتے ہیں، اسی طرح اللہ کی صفات رضا و معافات کا الگ تقاضا ہے، اور سخط (ناراضگی) اور عقوبت (سزادہی) کا دوسرا تقاضا ہے، چنانچہ پہلی قسم کی صفات کی دوسری قسم کی صفات سے پناہ چاہی گئی ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی جائے پناہ نہیں! اور بك اور منك کا بھی یہی مطلب ہے، اللہ کی ذات کی بعض صفات کے اعتبار سے پناہ چاہی گئی ہے، اللہ ہی کی ذات سے بعض دوسری صفات کے اعتبار سے ـــــ اور آخر میں یہ اعتراف کیا ہے کہ کوئی بندہ اللہ کی تعریف کا پورا حق ادا نہیں کرسکتا، اللہ تعالیٰ ہی اپنی حمد کما حقہ بیان کرسکتے ہیں، کیونکہ ''تعریف'' کا مدار ''معرفت'' پر ہے، اور بندوں کو اللہ تعالیٰ کی کامل معرفت حاصل نہیں، پھر وہ اللہ کی تعریف کا پورا حق کیسے ادا کرسکتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کو اپنی ذات کی کامل معرفت حاصل ہے، اس لئے وہ اپنی تعریف کما حقہ کرسکتے ہیں۔

[۷۸-] بابٌ

[۳۵۱۸-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ نَائِمَةً إِلَى جَنْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَفَقَدْتُّهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَسْتُهُ، فَوَقَعَ يَدِىْ عَلَى قَدَمَيْهِ، وَهُوَ سَاجِدٌ، وَهُوَ يَقُوْلُ: " أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، لاَ أُحْصِىْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَزَادَ فِيْهِ: " وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ، لاَأُحْصِىْ ثَنَاءً عَلَيْكَ"

بابٌ

۱۸- دعا میں عزم بالجزم ضروری ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص دعا کرے تو یہ نہ کہے کہ الٰہی! اگر آپ چاہیں تو مجھے بخش دیں! الٰہی! اگر آپ چاہیں تو مجھ پر مہربانی فرمائیں! (بلکہ) چاہئے کہ پختہ ارادے سے مانگے، کیونکہ اللہ پر کوئی زور ڈالنے والا نہیں۔

تشریح: دعا: اللہ کی کریمی پر نگاہ رکھتے ہوئے قبولیت کے یقین کے ساتھ کرنی چاہئے، تذبذب اور بے یقینی کی دعا بے جان اور بے روح ہوتی ہے، اور یہ خیال کہ بڑوں کی بارگاہ میں اصرار مناسب نہیں: دل سے نکال دینا چاہئے، کیونکہ اللہ کی بارگاہ ایسی ہے کہ ان پر کوئی زور ڈالنے والا نہیں، اور وہ ہر بندے کی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں، پھر اگر حکمت ہوتی

ہے تو مانگی ہوئی چیز عنایت فرماتے ہیں، ورنہ دعا کو بلا ٹالنے کی طرف پھیر دیتے ہیں، ورنہ دعا کو عبادت گردان کر بندے کے نامۂ اعمال میں ثبت فرمادیتے ہیں، اور اس کا اجر آخرت میں عنایت فرماتے ہیں۔

[۷۹-] بابٌ

[۳۵۱۹-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "لاَیَقُوْلُ أَحَدُکُمْ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ إِنْ شِئْتَ، اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ إِنْ شِئْتَ، لِیَعْزِمِ الْمَسْأَلَةَ، فَإِنَّهُ لاَمُکْرِهَ لَهُ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ

۱۹- قبولیتِ دعا کے دو بہترین اوقات

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "ہمارے پروردگار ہر رات دنیا والے آسمان پر اترتے ہیں، جس وقت رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے، پس وہ صدا دیتے ہیں: "کون ہے جو مجھ سے دعا کرے، پس میں اس کی دعا قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے مانگے، پس میں اس کو عنایت کروں؟ کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے، پس میں اس کی بخشش کروں؟"

حوالہ: یہ حدیث پہلے اور سند سے (کتاب الصلاۃ، باب ۲۱۴، حدیث ۴۵۵ تحفہ ۲: ۲۹۵ میں) گذر چکی ہے، وہاں ہے: حِیْنَ یَمْضِی ثُلُثُ اللیل الأول: جس وقت رات کا پہلا تہائی حصہ گذر جاتا ہے، اور یہاں ہے: جس وقت رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے: یہ روایت اصح ہے، یہ حدیث بخاری شریف (حدیث ۱۱۴۵) میں ہے۔ باقی تفصیلات محولہ بالا مقام میں دیکھیں۔

حدیث (۲): حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ سے دریافت کیا گیا: اے اللہ کے رسول! کونسی دعا زیادہ سنی جاتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "رات کے (نصف) آخر کا درمیان، اور فرض نمازوں کے بعد" —— اور حضرت ابوذر اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "رات کے (نصف) آخر کا درمیان: دعا اس وقت میں افضل (بہتر) ہے اور اس کی قبولیت کی امید زیادہ ہے"

تشریح: قبولیتِ دعا کے بہترین اوقات — بطور مثال — دو ہیں: ایک: تہجد کا وقت یعنی رات کے آخری چھٹے حصہ سے لے کر صبح صادق تک (اس کا اول نمبر ہے، جیسا کہ ابوذر اور ابن عمر کی حدیث میں ہے) دوم: فرض نمازوں کے بعد: دُبر: حیوان میں تو اس کا جزء ہوتا ہے، مگر غیر حیوان میں بعد والا متصل جزء ہوتا ہے، پس یہ حدیث فرائض کے بعد دعا

کی مشروعیت کی اصل ہے، رہا التزام اور ہیئتِ اجتماعی کی پابندی: تو ان کی اصلاح کر لی جائے، بدعت کہہ کر بندوں کو دعا سے روکا نہ جائے۔ اور عجمی مسلمان قعدۂ اخیرہ میں دعا کرنے پر قادر نہیں، وہ سلام کے بعد ہی اپنی زبان میں دعا کر سکتے ہیں، تفصیل پہلے (تحفہ ۲:۹۴) گذر چکی ہے۔

[۸۰-] بابٌ

[۳۵۲۰-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نا مَعْنٌ، نا مَالِكٌ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الأَغَرِّ، وَعَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:قَالَ: "يَنْزِلُ رَبُّنَا كُلَّ لَيْلَةٍ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، حِيْنَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الآخِرُ، فَيَقُوْلُ: مَنْ يَدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ، مَنْ يَسْأَلُنِيْ فَأُعْطِيَهُ، وَمَنْ يَسْتَغْفِرُنِيْ فَأَغْفِرَ لَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الأَغَرُّ: اسْمُهُ سَلْمَانُ. وفي الباب: عَنْ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَجُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، وَرِفَاعَةَ الْجُهَنِيِّ، وَأَبِي الدَّرْدَاءِ، وَعُثْمَانَ بْنِ أَبِي الْعَاصِ.

[۳۵۲۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيَى الثَّقَفِيُّ الْمَرْوَزِيُّ، نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: قِيْلَ: يارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الدُّعَاءِ أَسْمَعُ؟ قَالَ:" جَوْفُ اللَّيْلِ الآخِرُ، وَدُبُرَ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "جَوْفُ اللَّيْلِ الآخِرُ: الدُّعَاءُ فِيْهِ أَفْضَلُ وَأَرْجَى" وَنَحْوَ هٰذَا.

بابٌ

۲۰-صبح وشام کا ایک ذکر: جس سے ایڈوانس گناہ معاف ہوجاتے ہیں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص صبح میں کہے: ''اے اللہ! ہم نے صبح کی، ہم آپ کو گواہ بناتے ہیں، اور آپ کے عرش بردار فرشتوں کو، اور آپ کے سارے فرشتوں کو، اور آپ کی ساری مخلوقات کو اس بات کا گواہ بناتے ہیں کہ آپ ہی اللہ ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ یکتا ہیں، آپ کا کوئی ساجھی نہیں، اور اس بات کا گواہ بناتے ہیں کہ (حضرت) محمد (ﷺ) آپ کے بندے اور رسول ہیں: پس اللہ تعالیٰ اس کی وہ خطائیں بخش دیں گے جو اس سے اس دن میں سرزد ہونگی ـــــ اور اگر وہ یہ ذکر شام میں کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی وہ خطائیں بخش دیں گے جو اس سے اس رات میں سرزد ہونگی (شام میں: اللّٰھم! أَمْسَيْنَا کہے، باقی ذکر وہی صبح والا ہے)

[۸۱-] بابٌ

[۳۵۲۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ، عَنْ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيْدِ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يَقُوْلُ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ: اللّٰهُمَّ أَصْبَحْنَا، نُشْهِدُكَ وَنُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلاَئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ بِأَنَّكَ اللّٰهُ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ، وَحْدَكَ لاَشَرِيْكَ لَكَ، وَأَنَّ مُحمدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ: إِلاَّ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا أَصَابَ فِيْ يَوْمِهِ ذٰلِكَ، وَإِنْ قَالَهَا حِيْنَ يُمْسِيْ: غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ مَا أَصَابَ فِيْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ مِنْ ذَنْبٍ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

۲۱- ایک مختصر دعا جس میں سب کچھ آ گیا ہے

حدیث: ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! آج رات میں نے آپؐ کی دعا سنی، پس جو اس میں سے مجھے پہنچی یعنی میں نے محفوظ کی وہ یہ تھی کہ آپؐ نے فرمایا: اللّٰهم اغفرلي ذنبي، ووَسِّعْ لي في داري، وبارك لي فيما رَزَقْتَنِيْ: اے اللہ! میرے لئے میرے گناہ بخش دے! اور میرے لئے میرے گھر میں گنجائش پیدا فرما! اور میرے لئے اس رزق میں برکت فرما جو آپ نے مجھے عنایت فرمایا ہے —— نبی ﷺ نے فرمایا: پس کیا دیکھتا ہے تو ان دعاؤں کو کہ چھوڑا ہے انھوں نے کسی چیز کو؟ یعنی ان دعاؤں میں سب کچھ آ گیا ہے۔

تشریح: لوگوں میں ایک بڑی کمزوری یہ ہے کہ ان کے لئے ان کے گھر میں گنجائش نہیں ہوتی، گھر میں ان کا دل نہیں لگتا، وہ کھا پی کر چوراہوں پر، دوکانوں پر یا دوستوں کے پاس جا بیٹھتے ہیں، پھر جب نیند کا غلبہ ہوتا ہے تو گھر میں آ کر پڑ جاتے ہیں، یہ اچھا طریقہ نہیں، اس سے آدمی کا قیمتی وقت ضائع ہو جاتا ہے، نہ دین کا کوئی کام کر سکتا ہے، نہ دنیا کا، بلکہ گناہوں کی پوٹ لے کر گھر لوٹتا ہے، علاوہ ازیں: گھر والے بھی اس سے بددل ہو جاتے ہیں، وہ انتظار کرتے کرتے سو جاتے ہیں، پس اس دعا میں یہ تعلیم ہے کہ آدمی کو فارغ وقت گھر میں گذارنا چاہئے، تاکہ کچھ عبادت کرے، کوئی دنیا کا کام کرے یا کم از کم گھر والوں کی دل بستگی کا ذریعہ بنے —— میرے حضرت: شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب سہارنپوری ثم مہاجر مدنی قدس سرہ فرمایا کرتے تھے: ''جس کو لوگوں سے انسیت ہو جاتی ہے وہ اگر سونا بھی ہوتا ہے تو ٹھیکری بن جاتا ہے، اور جس کو لوگوں سے وحشت ہو جاتی ہے: تو وہ اگر ٹھیکری بھی ہوتا ہے تو سونا بن جاتا ہے'' —— یہ طلبہ اور علماء کے لئے ایک قیمتی نصیحت ہے، وقت سونے سے زیادہ قیمتی ہے، اس کو لغویات میں ہرگز ضائع نہیں کرنا چاہئے، اس کو زیادہ سے زیادہ کارآمد بنانا چاہئے، اور یہ بات اسی وقت ممکن ہے کہ آدمی کے لئے اس کے گھر میں گنجائش ہو، گھر اس کو کاٹے نہیں، بلکہ انسیت کا ذریعہ بنے۔

[۸۲-] بابٌ

[۳۵۲۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ عُمَرَ الْهِلَالِيُّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ إِيَاسٍ الجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ السَّلِيْلِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! سَمِعْتُ دُعَاءَ كَ اللَّيْلَةَ، فَكَانَ الَّذِيْ وَصَلَ إِلَيَّ مِنْهُ، أَنَّكَ تَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ، وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا رَزَقْتَنِيْ" قَالَ: "فَهَلْ تَرَاهُنَّ تَرَكْنَ شَيْئًا" وَأَبُوْ السَّلِيْلِ: اسْمُهُ ضُرَيْبُ بْنُ نُقَيْرٍ، وَيُقَالُ نُفَيْرٍ، وَهٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

۲۲- نبی ﷺ کی مجلس کے ساتھیوں کے لئے دعا

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ نبی ﷺ اپنی مجلس سے اٹھیں، یہاں تک کہ آپؐ درج ذیل کلمات سے اپنے اصحاب کے لئے یہ دعا کرتے تھے، یعنی مجلس سے اٹھنے سے پہلے عام طور پر رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے:

۱- اللّٰهم اقْسِمْ لنا من خَشْيَتِكَ ماتَحُوْلُ به بيننا وبين مَعَاصِيْكَ: اے اللہ! ہمیں اپنی خشیت (ڈر) میں سے اتنا نصیب فرما جس کے ذریعہ آپ ہمارے درمیان اور آپ کے گناہوں کے درمیان حائل ہوجائیں، یعنی ہم آپ کے اس ڈر سے آپ کی نافرمانی نہ کریں۔

۲-وَمن طَاعَتِكَ ما تُبَلِّغُنَا به جَنَّتَكَ: اور اپنی طاعت میں سے اتنا نصیب فرما جس کے ذریعہ آپ ہمیں اپنی بہشت میں پہنچادیں، یعنی ایسے اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرما جو دخولِ جنت کا باعث بنیں۔

۳-ومن الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ به علينا مُصِيْبَاتِ الدنيا: اور ایمان ویقین میں سے اتنا نصیب فرما جس کے ذریعہ آپ ہم پر دنیا کے مصائب آسان فرمادیں، یعنی ان مصائب پر ثواب کی امید سے ہمارے لئے ان مصائب کو برداشت کرنا آسان ہوجائے۔

۴-ومَتِّعْنا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنا مَا أَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الوارثَ مِنَّا: اور ہمیں بہرہ مند فرما، ہماری سماعت، بصارت اور قوت سے جب تک آپ ہمیں زندہ رکھیں، اور اس بہرہ مندی کو ہمارا وارث بنا یعنی آخر عمر تک اس کو باقی رکھ، زندگی بھر ہمارے اعضاء اور حواس کو سلامت رکھ۔

۵-واجْعَلْ ثَأْرَنَا على من ظَلَمَنَا: اور ہمارا بدلہ اس پر گردان جس نے ہم پر ظلم کیا یعنی ظالموں سے بدلہ لینے پر ہمیں قدرت عطا فرما!

٦-وَانْصُرْنَا على مَنْ عَادَانا: اور ہماری ان لوگوں کے خلاف مدد فرما جو ہم سے دشمنی رکھیں۔

٧-ولا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنا فِي دِيْنِنَا: اور ہماری مصیبت ہمارے دین میں نہ گردان یعنی ہمیں ایسے کاموں میں مبتلا نہ فرما جو نقصانِ دین کا باعث بنیں۔

٨-ولا تَجْعَلِ الدنيا أَكْبَرَ هَمِّنَا، ولا مَبْلَغَ عِلْمِنَا: اور دنیا کو ہماری بڑی فکر اور ہمارے علم کا منتہی نہ بنا، یعنی ہماری ساری دوڑ دھوپ دنیا کے لئے نہ ہو، اور ہمارا سارا علم: دنیا کی نذر ہو کر نہ رہ جائے۔

٩- ولاتُسَلِّطْ علينا من لايَرْحَمُنَا: اور ہم پر اس شخص کو مسلط نہ فرما جو ہم پر رحم نہ کرے۔

[٨٣-] بابٌ

[٣٥٢٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، نَا يَحْيىَ بْنُ أَيُّوْبَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحَرٍ، عَنْ خَالِدِ ابْنِ أَبِي عِمْرَانَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ: قَلَمَّا كَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْمُ مِنْ مَجْلِسٍ، حَتَّى يَدْعُوَ بِهٰؤُلاَءِ الْكَلِمَاتِ لِأَصْحَابِه:" اللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَايَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا، وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنا مَا أَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا، وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لاَيَرْحَمُنَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَبِيْ عِمْرَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ.

٢٣-فکر (ٹینشن) کاہلی اور عذابِ قبر سے پناہ

حدیث: حضرت ابوبکرة رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے مسلم کہتے ہیں: میرے ابا نے مجھے اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا: "اے اللہ! میں آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں فکر، کسل اور عذابِ قبر سے" پس ابا نے کہا: میرے پیارے بچے! کس سے تو نے یہ دعا سنی ہے؟ میں نے کہا: میں نے آپ کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا ہے، آپؓ نے فرمایا: ان کلمات کو لازم پکڑ، کیونکہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا کرتے ہوئے سنا ہے (اس کا بیان باب ۷۱ حدیث ۳۵۰۷ میں آچکا ہے)

[٣٥٢٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ، ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: سَمِعَنِيْ أَبِيْ وَأَنَا أَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ، وَالْكَسْلِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، قَالَ: يَابُنَيَّ! مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا؟ قَالَ: قُلْتُ: سَمِعْتُكَ تَقُوْلُهُنَّ، قَالَ: الْزَمْهُنَّ فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهُنَّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۲۴-ایک ذکر جس سے بے گناہ بھی بخش دیا جاتا ہے

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''کیا میں تم کو چند کلمات نہ سکھلاؤں: جب تم ان کو کہہ لو تو اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش فرمادیں، اگرچہ تم بخشے بخشائے ہوؤ؟ فرمایا: کہو: لا إلٰه إلا الله العلی العظیم، لا إلٰهَ إلا الله الحلیم الکریم، لا إلٰه إلا الله، سبحان الله رب العرش العظیم، والحمد لله رب العالمین: اللہ بلند و عظیم کے سوا کوئی معبود نہیں! اللہ حلیم و کریم کے سوا کوئی معبود نہیں! اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں! پاک ہیں اللہ جو عرشِ عظیم کے مالک ہیں! (اور دوسری سند سے اس ذکر کے آخر میں یہ اضافہ ہے) اور تمام تعریفیں جہانوں کے پالنہار اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں (اس حدیث کی سند میں حارث بن عبداللہ اعور کوفی ہیں، ان میں کچھ ضعف تھا، اور ابواسحاق سے آخر تک حدیث کی یہی سند ہے)

تشریح: اس حدیث سے ایک کام کی بات ہاتھ لگی: بخشا بخشایا بھی بخشا جاتا ہے، کیونکہ جب چند مکفرات جمع ہوجاتے ہیں تو جِلا (صفائی) بڑھ جاتی ہے، جیسے ایک ہال میں چند بلب روشن کئے جائیں تو روشنی میں اضافہ ہوجاتا ہے، اسی طرح پانچ نمازوں سے گناہ معاف ہوتے ہیں، جمعہ سے جمعہ تک کے گناہ معاف ہوتے ہیں، اور عاشورہ اور عرفہ کے روزوں سے سال بھر کے گناہ معاف ہوتے ہیں، یہاں طالبِ علم سوال کرتے ہیں کہ جب ایک مکفر سے گناہ معاف ہوگئے تو دوسرا مکفر کیا کرے گا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جب چند مکفرات جمع ہوجاتے ہیں تو جِلا بڑھ جاتی ہے، جیسے اس حدیث میں فرمایا کہ بخشا بخشایا بھی بخش دیا جاتا ہے یعنی اس بندے کے تعلق سے اللہ کی خوشنودی میں اضافہ ہوجاتا ہے۔

[٨٤-] بابٌ

[٣٥٢٦-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، نَا الفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ، إِذَا قُلْتَهُنَّ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ، وَإِنْ كُنْتَ مَغْفُوْرًا لَكَ؟'' قَالَ: '' قُلْ: لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ العَلِيُّ الْعَظِيْمُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، لَا إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ''

قَالَ عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ: وَأَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيْهِ بِمِثْلِ ذٰلِكَ، إِلَّا أَنَّهُ قَالَ فِيْ آخِرِهَا: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مَنْ حَدِيْثِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ.

بابٌ

۲۵-حضرت یونس علیہ السلام کی دعا کرب وبلا میں کامیاب ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''مچھلی والے (پیغمبر یونس علیہ السلام) کی دعا: جب انھوں نے دعا کی: درانحالیکہ وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے: (وہ دعا یہ ہے:) ﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، سُبْحَانَكَ، إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ﴾: آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ پاک ذات ہیں، بیشک میں قصورواروں میں سے ہوں! (سورۃ الانبیاء آیت ۸۷): پس بیشک شان یہ ہے کہ نہیں دعا کی ان کلمات سے کسی مسلمان آدمی نے کبھی بھی کسی معاملہ میں، مگر اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتے ہیں۔

ترکیب: دعوةُ: مبتدا ہے، اور لا إله إلا أنت إلخ خبر ہے، اور: إذ دعا: دعوةُ کا ظرف ہے، اور وهو جملہ حالیہ ہے، اور فإنه میں ضمیر شان ہے۔

تشریح: یہ دعا حضرت یونس علیہ السلام کے ساتھ خاص نہیں، کیونکہ اگلی آیت میں ہے: ﴿وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ﴾: اور ہم اسی طرح ایمان والوں کو (ہر کرب وبلا سے) نجات دیا کرتے ہیں، پس یہ دعا سب مؤمنین کے لئے عام ہے۔ پس جب بھی کسی مؤمن کو کوئی کرب وبلا پیش آئے تو وہ یہ دعا کرے، اور اس دعا کا کوئی خاص طریقہ نہیں، اپنے مقصد کو ذہن میں رکھ کر برابر اس دعا کا ورد کرے، اور یہ بات بھی پیشِ نظر رکھے کہ اس کو جو ابتلا پیش آیا ہے: وہ اس کے کسی قصور (کوتاہی) کا نتیجہ ہے۔

اور اگر فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان: اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ: مسلسل چالیس دن تک یہ آیت ایک سو ایک مرتبہ پڑھے، پھر دعا کرے تو ان شاء اللہ اس کی بے چینی دور ہوجائے گی۔

سند کا بیان: یہ حدیث محمد بن یوسف فریابی سے دو سندوں سے مروی ہے، پہلی سند میں جو باب کے شروع میں ہے ابراہیم کے بعد عن أبيه ہے، یعنی ابراہیم یہ حدیث اپنے والد محمد سے، اور وہ اپنے ابا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، اور ابواحمد زبیری بھی اسی طرح سند بیان کرتے ہیں، اور دوسری سند میں عن أبيه نہیں ہے، یعنی ابراہیم یہ حدیث اپنے دادا حضرت سعد سے روایت کرتے ہیں، یونس کے متعدد متلامذہ اسی طرح سند پیش کرتے ہیں۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے کوئی فیصلہ نہیں کیا کہ کونسی سند اصح ہے؟ لیکن ابن حبان کہتے ہیں: ابراہیم کا کسی بھی صحابی سے سماع نہیں، پس دوسری سند کیسے صحیح ہوسکتی ہے؟ پہلی سند ہی صحیح ہے۔

[۸۵-] بابٌ

[۳۵۲۷-] حدثنا محمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا يُوْنُسُ بْنُ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ

مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " دَعْوَةُ ذِی النُّوْنِ، إِذْ دَعَا، وَهُوَ فِیْ بَطْنِ الْحُوْتِ: لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ: فَإِنَّهُ لَمْ يَدْعُ بِهَا رَجُلٌ مُسْلِمٌ فِیْ شَیْئٍ قَطُّ إِلَّا اسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ"

وَقَالَ مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ مَرَّةً: عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ أَبِيْهِ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ: وَهُوَ أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِیُّ، عَنْ يُوْنُسَ، فَقَالُوْا: عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعْدٍ نَحْوَ رِوَايَةِ مُحمدِ بْنِ يُوْسُفَ.

بابٌ

۲۶- اللہ تعالیٰ کے نام یاد رکھنے کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے ننانوے — ایک کم سو — نام ہیں، جوان کو یاد کرے گا جنت میں جائے گا''

تشریح: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام یاد رکھنے کی فضیلت: دخولِ جنت ہے، اور اس کے تین اسباب ہیں:

پہلا سبب: ان ناموں سے اللہ تعالیٰ کی معرفتِ کاملہ حاصل ہوتی ہے، کیونکہ جو صفات اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کی جانی چاہئیں، اور جن چیزوں کی ان کی ذات سے نفی کی جانی چاہئے: ان ننانوے ناموں میں وہ سب کچھ آ گیا ہے، پس یہ ننانوے نام اللہ تعالیٰ کی معرفت کا مکمل نصاب ہیں۔

دوسرا سبب: یہ نام اللہ تعالیٰ کو بے حد پسند ہیں، کیونکہ یہ بابرکت نام ہیں، اور عالمِ قدس میں ان کو قبولیت کا خاص مقام حاصل ہے، جیسے کسی حافظ، قاری، مولوی، مفتی کو مفتی صاحب کہا جائے تو وہ خوش ہوتا ہے، حافظ صاحب کہہ کر پکارنے سے اس کو خوشی نہیں ہوتی، اسی طرح یہ نام اللہ تعالیٰ کو بے حد پسند ہیں۔

تیسرا سبب: یہ نام بارگاہِ بے نہایت کی ترجمانی کرتے ہیں، اس لئے ان ناموں کو یاد کرنا اجرِ عظیم کا مستحق بناتا ہے، جب بندے کے نامۂ اعمال میں ان ناموں کی صورت ٹھہرتی ہے یعنی وہ بندے کا مقبول عمل قرار پاتے ہیں تو ضروری ہے کہ ان کی پہنائی بے پناہ رحمت کی طرف ہو (رحمۃ اللہ ۴: ۳۴۰)

اللہ کے ناموں سے برکت حاصل کرنا:

اور اللہ کے ناموں میں برکت اس وجہ سے ہے کہ مخلوقات کی ہر نوع میں کچھ چیزیں اللہ کی تجلیات کا مورد ہوتی ہیں، اس وجہ سے وہ متبرک ہو جاتی ہیں، جیسے انسانوں میں انبیاء اور زمین میں کعبہ، اسی طرح الفاظ کی دنیا میں اللہ تعالیٰ کے وہ

نام بابرکت ہیں جو حضرات انبیاء کے ذریعہ نازل کئے گئے ہیں، اس لئے جب بندہ ان ناموں کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو وہ اللہ کی رحمت کو قریب پاتا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۴۰)

چند وضاحتیں:

اس کے بعد حدیث میں مذکور چار باتیں سمجھ لینی چاہئیں:

۱- اتنی حدیث متفق علیہ ہے، اگلی روایت میں جو اسمائے حسنیٰ کی تفصیل آرہی ہے: وہ صحیحین میں نہیں ہے۔

۲- ننانوے کے بعد: ایک کم سو اس لئے بڑھایا ہے کہ عربوں کے گننے کا طریقہ یہ تھا کہ وہ کسر کو چھوڑ دیتے تھے، اگرچہ وہ کسر نو ہی کیوں نہ ہو۔ جیسے نبی ﷺ کی عمر مبارک کے بیان میں ساٹھ سال کی روایت بھی آئی ہے، اس میں کسر (تین) چھوڑ دی گئی ہے، اور چاندی کے نصاب کی روایت میں آیا ہے کہ ایک سو نوے میں کچھ نہیں، اور مراد یہ ہے کہ ایک سو ننانوے میں کچھ نہیں، جب پورے دوسو درہم ہوجائیں، تب زکوٰۃ واجب ہوگی —— مگر یہاں حقیقی ننانوے مراد ہیں، اس لئے بطور تاکید: ''ایک کم سو'' بڑھایا، جیسے الباقیات الصالحات میں ۳۳، ۳۳ اور ۳۴ کا عدد مراد ہے، نہ کم نہ زیادہ، اسی طرح یہاں ٹھیک ننانوے کا عدد پیشِ نظر ہے۔

۳- أَحْصَى الشيئَ: کے لغوی معنی ہیں: شمار کرنا، مقدار جاننا، اور حدیث میں کیا مراد ہے؟ اس میں چار قول ہیں:

(الف) یاد کرنا مراد ہے، کیونکہ صحیحین میں اسی روایت میں حَفِظَهَا اور يَحْفَظُهَا بھی آیا ہے، اور ایک روایت دوسری روایت کی تفسیر کرتی ہے، اس لئے اکثر علماء نے اسی معنی کو ترجیح دی ہے۔

(ب) ہر نام علاحدہ علاحدہ پڑھنا، فرفر نہ پڑھنا، گویا پڑھنے والا ان کو شمار کررہا ہے۔

(ج) اسماء کو جاننا اور ان کے معانی میں تدبر کرنا، اور ان کے حقائق سے واقف ہونا۔

(د) ناموں کو یاد کرنا، ان کو سمجھنا اور ان کے مقتضی پر عمل کرنا یعنی جو نام اللہ کے ساتھ خاص نہیں، جیسے مہربانی کرنا: ان صفات کو اپنے اندر پیدا کرنا —— مجھے یہ آخری معنی زیادہ پسند ہیں، کیونکہ اس میں حفظ کا مفہوم بھی آگیا ہے، اور یاد کرنے کا مقصد بھی پیشِ نظر رکھا گیا ہے، اور حدیث میں ہے: الراحمون: یرحمهم الرحمن، ارحموا من فی الأرض: یرحمکم من فی السماء: مہربانی کرنے والے بندوں پر نہایت مہربان اللہ تعالیٰ مہربانی فرماتے ہیں: زمین کی مخلوقات پر رحم کرو، آسمانوں میں جو اللہ ہے وہ تم پر رحم کرے گا۔ اس حدیث میں صفات کے مقتضی پر عمل کرنے کی طرف صاف اشارہ ہے۔

۴- دَخَلَ الْجَنَّةَ: میں مستقبل میں پائی جانے والی بات کو ماضی کے صیغہ سے تحققِ وقوع کی طرف اشارہ کرنے کے لئے تعبیر کیا گیا ہے، یعنی یہ وعدہ ضرور پورا ہوگا۔

[٨٦-] بابٌ

[٣٥٢٨-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْبَصْرِيُّ، نَا عَبْدُ الأَعْلَى، عَنْ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِى رَافِعٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا: مِائَةً غَيْرَ وَاحِدٍ: مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ"

قَالَ يُوْسُفُ: نَا عَبْدُ الأَعْلَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمِثْلِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

۲۷-اللہ تعالیٰ کے ننانوے مبارک نام

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے ننانوے — ایک کم سو — نام ہیں، جو ان کو یاد کرے گا جنت میں جائے گا (وہ نام یہ ہیں:)

(۱و۲) **هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لاَ إِلٰهَ إِلاَّ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ**: وہ (معبود) اللہ ہیں، جن کے سوا کوئی معبود نہیں: نہایت رحم والے، بے حد مہربان!

تشریح: اللہ: اسم علم (ذاتی نام) ہے، وہ اسماء حسنیٰ میں شمار نہیں، پہلا نام الرحمن ہے، اور اس میں علمیت کی شان ہے، چنانچہ وہ ذاتِ پاک کے علاوہ پر نہیں بولا جاتا، دوسرا نام: الرحیم ہے، اور دونوں کا مادّہ ''رحمت'' ہے، جس کے لغوی معنی ہیں: دل کا پسیجنا، اور مرادی معنی ہیں: انعام فرمانا، مہربانی کرنا...... یہ صفت بندوں کو اپنے اندر پیدا کرنی چاہئے، جیسا کہ ابھی حدیث میں گذرا —— اور رحمٰن میں رحیم سے حروف زیادہ ہیں، اور کثرتِ مبانی: کثرتِ معانی پر دلالت کرتی ہے، اس لئے رحمٰن میں معنی کی زیادتی ہے، رحمٰن کا تعلق اس دنیا سے ہے، اس دنیا میں اللہ کی رحمت مؤمن وکافر کو عام ہے، اور رحیم کا تعلق آخرت سے ہے، آخرت میں رحمت کے حقدار صرف مؤمن ہوں گے، اس لئے کہتے ہیں: رحمٰن الدنیا ورحیم الآخرۃ۔

ملحوظہ: بعض لوگوں نے اللہ کو اسماء حسنیٰ میں شمار کیا ہے، کیونکہ ہندوستانی نسخہ میں اسماء حسنیٰ میں الأحد چھوٹ گیا ہے، اس لئے ننانوے کا عدد پورا کرنے کے لئے اللہ کو اسماء حسنیٰ میں شمار کیا گیا ہے: جو صحیح نہیں۔

(۳-۶) **اَلْمَلِكُ، القدوس، السلام، المؤمن**: وہ بادشاہ ہے، (سب عیبوں سے) پاک ہے، ہر نقصان

سے محفوظ ہے، امن دینے والا ہے۔

تشریح: القدوس: بہت پاک، بے عیب، قَدُس (ک) قُدْسًا: پاک ہونا، بے داغ ہونا...... السلام: سالم، محفوظ، عیوب ونقائص سے خالی، سَلِمَ (س) من الآفاتِ: آفات سے محفوظ رہنا، بچا رہنا...... اللہ تعالیٰ میں نہ ماضی میں کوئی عیب تھا، یہ قدوس کا حاصل ہے۔ اور نہ آئندہ ان میں عیب کا احتمال ہے، یہ سلام کا حاصل ہے...... المؤمن: اسم فاعل: آمَنَ فلاناً: امن دینا، بے خوف کرنا، یہ صفت عام ہے، اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں، پس ہر مؤمن کو چاہئے کہ دوسروں کو اپنے ضرر سے بے خوف کرے، حدیث میں ہے: المؤمنُ: من أَمِنَهُ الناسُ على دمائهم وأموالهم: مؤمن: وہ ہے جس سے لوگ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کے بارے میں بے خوف ہوں (ترمذی حدیث ۲۶۲۸ تحفہ ۶: ۴۰۹)

(۷-۱۰) المهيمن، العزيز، الجبار، المتكبر: وہ بڑا نگہبان ہے، نہایت قوی (زبردست) ہے، بگڑی بنانے والا ہے، بڑی عظمت والا ہے۔

تشریح: المهيمن: اسم فاعل، هَيْمَنَ عَلَى كذا: نگرانی اور حفاظت کرنا، کسی چیز پر حاوی اور قابض ہونا، سورۃ المائدہ (آیت ۴۸) میں قرآن کے بارے میں ہے: ﴿وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ﴾: قرآنِ کریم سابقہ کتابوں کے مضامین کی حفاظت کرنے والا ہے...... العزیز: غالب وطاقت ور: جو کسی سے مغلوب نہ ہو، عَزَّ (ض) فلانٌ عِزًّا وعِزَّةً: طاقت ور ہونا، صاحبِ عزت وغلبہ ہونا...... الجبار: کے دو معنی ہیں: ۱- شکستہ احوال کو بہت زیادہ درست کرنے والا، جَبَرَ (ن) العظمَ جبرًا: شکستہ ہڈی کو جوڑنے کے لئے پٹی باندھنا ۲- زبردست، عظیم، جَبَرَ فلاناً على الأمر: کسی کو کسی کام پر مجبور کرنا...... المتکبر: اسم فاعل: نہایت بڑا...... یہ چاروں صفات اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں، حدیث میں ہے: الكبرياء ردائی، والعظمة إزاری: انتہائی بڑائی: میری اوڑھنے کی چادر ہے، اور عظمت میری لنگی ہے، جو مجھ سے یہ دو کپڑے چھیننا چاہے گا: میں اس کو جہنم میں اوندھے منہ ڈالوں گا، معلوم ہوا کہ یہ صفاتِ خاصہ ہیں، انسان سے مطلوب تواضع اور خاکساری ہے۔

(۱۱-۱۳) الخالق، البارئ، المصور: وہ پیدا کرنے والا ہے، ہر چیز کو ٹھیک ٹھیک بنانے والا ہے، وہ صورت گری کرنے والا ہے۔

تشریح: البارئ: اسم فاعل: بَرَأَ (ف) بَرْءً ا: پیدا کرنا۔ البارئ: بمعنی الخالق ہے، اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ خلق عام ہے، اور ہر چیز کو حکمت کے موافق بنانے والا یا موجد (پہلی مرتبہ پیدا کرنے والا) البارئ ہے...... المصور: اسم فاعل: صورت بنانے والا، صَوَّرَہ: جسمانی شکل وصورت بنانا، سورۃ آل عمران (آیت ۶) میں ہے: ﴿هُوَ الَّذِىْ يُصَوِّرُكُمْ فِى الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ﴾: وہ اللہ ایسا ہے جو بچہ دانیوں میں تمہاری شکل وصورت بناتا ہے جس طرح چاہتا ہے...... یہ صفات بھی خاص ہیں، چنانچہ تصویر بنانا یا کھینچنا حرام ہے، کیونکہ یہ اللہ کی مشابہت اختیار کرنا ہے، حدیث میں اسی علت سے تصویر کشی کو حرام قرار دیا ہے (یہاں تک ۱۳ صفات سورۃ الحشر (آیات ۲۲-۲۴) میں آئی ہیں)

(۱۴-۱۶) **الغفار، القهار، الوهاب**: وہ بے انتہا بخشنے والے ہیں، ہر چیز پر غالب ہیں، بہت زیادہ دینے والے ہیں۔

تشریح:الغفار: صیغۂ مبالغہ: بہت زیادہ بخشنے والا، بکثرت معاف کرنے والا، غَفَرَ الشیئَ: چھپانا، غَفَرَ الشیبَ بالخضاب: بالوں کی سفیدی کو خضاب سے چھپانا۔ غَفَرَ اللّٰهُ له: اللہ نے اس کا گناہ چھپایا، یعنی معاف کردیا اور اپنی رحمت میں چھپالیا، پس انبیاء بھی استغفار کے محتاج ہیں، وہ سب سے زیادہ مستحق ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمت میں چھپائیں...... القهار: صیغۂ مبالغہ: ایسا زبردست غالب جس کے مقابلہ میں سب ذلیل ہوں، قَهَرَهُ (ف) قَهْراً: مغلوب کرنا، زیر کرنا...... الوهابُ: صیغۂ مبالغہ: بہت بخشنے والا، وَهَبَ يَهَبُ وَهبًا: بلاعوض کوئی چیز کسی کو دینا، بخشنا، ہبہ کرنا ...... یہ صفات اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں، سورۃ الشوریٰ (آیت ۴۳) میں ہے: ﴿وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُوْرِ﴾: اور جو شخص صبر کرے اور معاف کردے تو یہ بات البتہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے...... اور حدیث میں ہے: لاتزال عِصابة من أمتي، يقاتلون على أمر الله عزوجل، قاهرين لعدوهم الحديث: میری امت کی ایک جماعت برابر اللہ کے دین کے لئے لڑتی رہے گی، دشمنوں کو زیر کرتی رہے گی، یہاں تک کہ قیامت آجائے گی اور وہ یہی کر رہے ہونگے (مسلم حدیث ۱۹۲۴)

(۱۷-۱۹) **الرزاق، الفتاح، العليم**: وہ بہت روزی دینے والے، خوب فیصلہ کرنے والے، خوب جاننے والے ہیں۔

تشریح:الرزاق: صیغۂ مبالغہ: روزی پر روزی بکثرت اور وسعت کے ساتھ دینے والا، رزق کا متکفل، ہر جان کی بقاء کے لئے جس قدر روزی کی ضرورت ہے: اس کو بہم پہنچانے والا ...... اور اس لفظ کا اطلاق غیر اللہ پر جائز نہیں، اللہ کے سوا کوئی رزاق نہیں، سورۃ الذاریات (آیت ۵۸) ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوْ الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ ہی سب کو روزی پہنچانے والے ہیں، قوت والے اور نہایت قوت والے (مضبوط) ہیں ...... الفتاح: صیغۂ مبالغہ: خوب فیصلہ کرنے والا، معاملات کو خوب کھولنے والا۔ فَتَحَ بَيْنَ الخَصْمَيْنِ: فریقین میں فیصلہ کیا، فتحَ المغلق: بند چیز کو کھولا ...... یہ صفت سورۂ سبأ (آیت ۲۶) میں آئی ہے۔

(۲۰-۲۳) **القابض، الباسط، الخافض، الرافع**: (روزی) روکنے والے، (روزی) کھولنے والے (مرتبہ) پست کرنے والے (رتبہ) بلند کرنے والے ہیں۔

تشریح: یہ صفات متقابلات ہیں، القابض: الباسط کا مقابل ہے، اور الخافض: الرافع کا ...... قبض عليه الرزقَ: کسی کی روزی تنگ کرنا ...... بَسَطَ (ن) بَسْطًا: کشادہ کرنا، پھیلانا، وسعت دینا ...... خَفَضَ الشيئَ: پست کرنا، اتارنا ...... رَفَعَ الشيئَ: اوپر اٹھانا، بلند کرنا۔

یہ صفات قرآن میں بعینہٖ نہیں آئیں، مستنبط کی گئی ہیں، سورۃ البقرۃ (آیت ۲۴۵) میں ہے: ﴿واللّٰهُ يَقْبِضُ

وَيَبْسُطُ﴾: اللہ تعالیٰ (روزی میں) کمی کرتے ہیں، اور فراخی کرتے ہیں ...... اور سورۃ الواقعہ کی تیسری آیت ہے: ﴿خَافِضَةٌ رَافِعَةٌ﴾: قیامت بعض کو پست کردے گی، اور بعض کو بلند کردے گی، یعنی اس دن اللہ تعالیٰ یہ کریں گے، اسی طرح دنیا میں بھی مرتبہ بلند کرنے والے اور پست کرنے والے اللہ تعالیٰ ہی ہیں۔

(۲۴-۲۷) **المعز، المذل، السمیع، البصیر**: عزت دینے والے، ذلیل کرنے والے، خوب سننے والے، خوب دیکھنے والے ہیں۔

تشریح: **المعز**: اسم فاعل أَعَزَّهٗ معزز ومکرم بنانا، مضبوط وطاقتور بنانا۔ عَزَّ (ن) عَزًّا: کسی پر غلبہ پانا، زیر کرنا...... **المذل**: اسم فاعل: أَذَلَّ فلانا: ذلیل کرنا، بے عزت کرنا، ذَلَّ (ض) ذُلًّا: ذلیل ہونا، حقیر ہونا...... یہ دو صفتیں بھی مستنبط کی گئی ہیں، سورۃ آل عمران (آیت ۲۶) میں ہے: ﴿تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ﴾: آپ جسے چاہتے ہیں عزت بخشتے ہیں، اور جسے چاہتے ہیں رسوائی سے دوچار کرتے ہیں۔

(۲۸-۳۱) **الحَكَمُ، العَدْل، اللطیف، الخبیر**: حکم جاری کرنے والے، انصاف کرنے والے، باریک بیں، بڑے باخبر ہیں۔

تشریح: **الحکم**: بمعنی الحاکم ہے: فیصلہ کنندہ، حکم کرنے والا، سورۃ مائدہ (آیت ۱) میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَايُرِيْدُ﴾: اللہ تعالیٰ جو چاہتے ہیں حکم کرتے ہیں، اور سورۃ الرعد (آیت ۴۱) میں ہے: ﴿وَاللّٰهُ يَحْكُمُ، لَامُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ﴾: اور اللہ تعالیٰ حکم کرتے ہیں، ان کے حکم کو کوئی چیلنج کرنے والا نہیں (یہ صفت بھی مستنبط ہے)...... **العدل**: بمعنی العادل ہے: منصف، انصاف پرور، اور یہ صفت بھی مستنبط ہے، سورۃ النحل میں ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ، وَالإِحْسَانِ﴾ الآیۃ: اللہ تعالیٰ انصاف کرنے کا اور نکوکاری کا حکم دیتے ہیں، اور عالم سارا اللہ کی صفات کا مظہر اور پرتو ہے۔ پس احکام شرعیہ بھی مختلف صفات کا پرتو ہیں، پس اللہ تعالیٰ نے انصاف کرنے کا جو حکم دیا ہے وہ ان کی صفت عدل کا تقاضا ہے ...... **اللطیف**: باریک سے باریک چیزوں کو دیکھنے والا، یعنی تمام چیزوں کے حقائق واسرار سے واقف۔

(۳۲-۳۴) **الحلیم، العظیم، الغفور**: نہایت بردبار، عظیم المرتبت، بڑے بخشنے والے ہیں۔

تشریح: **الحلیم**: صفتِ مشبہ: بردبار، تحمل والا، جوشِ غضب سے نفس کو روکنے والا ...... **العظیم**: صیغۂ صفت: عظمت وجلال والا۔

(۳۵-۳۷) **الشکور، العلی، الکبیر**: بڑے قدرشناس، بڑے مرتبہ والے، سب سے بڑے ہیں۔

تشریح: **الشَّکور** (بفتح الشین): صیغۂ صفت اور مبالغہ کے اوزان میں سے ہے: بڑے شکرگذار، بڑے قدرداں، بڑے احسان ماننے والے، تھوڑے کام پر بہت ثواب عنایت فرمانے والے...... شکور: صفتِ مشترک ہے، جب یہ لفظ بندے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تو طاعت وعبادت میں خوب کوشش کرنا مراد ہوتا ہے...... **العَلِيُّ**: عَلاء سے بروزن

فَعیلٌ صفتِ مشبہ کا صیغہ: بلندمرتبہ، عالی شان، برتر، رفیع القدر، ایسی ذات جواس سے کہیں برتر ہو کہ وصف بیان کرنے والوں کا وصف اور عالموں کا علم اس کا احاطہ کر سکے، اور ایسی ذات جس کے اوپر کوئی نہ ہو، جو ساری مخلوق پر غالب ہو، جس نے سب کو اپنی قدرت سے مغلوب کر رکھا ہو...... الکبیر: صفتِ مشبہ: عظمت و مرتبہ میں بہت بڑا۔

(۳۸-۴۰) **الحفیظ، المقیت، الحسیب**: خوب حفاظت کرنے والے، روزی دینے والے (یا قدرت رکھنے والے) حساب لینے والے ہیں۔

تشریح: الحفیظُ: حِفْظ سے بروزن فعیلٌ بمعنی فاعل ہے: نگہبان، حفاظت کرنے والا، جو کل جہاں کا نگہبان ہے...... المُقیتُ: کے دو معنی ہیں: ۱- روزی دینے والا، أَقَاتَ فلانا: کسی کو اس کے گذارے کے بقدر خوراک دینا، القُوْت: آب ودانہ، بدن کے بقاء کے لئے ضروری غذا، باب افعال سے اسم فاعل ۲- قدرت رکھنے والا، أَقات الشیئَ: قادر ہونا، قابو پانا، سورۃ النساء (آیت ۵۸) میں ہے: ﴿وَكَانَ اللّٰهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ مُقِيْتًا﴾: اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں...... الحسیب: حساب سے بروزن فعیل بمعنی فاعل ہے: حساب لینے والا۔

(۴۱-۴۳) **الجلیل، الکریم، الرقیب**: بڑے بزرگ، بڑے سخی (بڑے معزز) بڑے نگہبان ہیں۔

تشریح: الجلیل: عظیم، جَلَّ یَجِلُّ جَلالاً و جلالۃ: بلند رتبہ ہونا، بڑے مرتبہ والا ہونا، فھو جلیل، جب یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنی: عظمت کی انتہا کے ہوتے ہیں، چنانچہ ذو الجلال و الإکرام اللہ کی خاص صفت ہے...... الکریم: کَرُم (ک) سے اسم فاعل: بڑے بزرگ، عزت والے، بڑے سخی، الکریم: اللہ کی صفت بھی آتی ہے، انسان کی، فرشتوں کی، قرآن کی، نبی کی اور دوسری چیزوں کی بھی: ۱- اللہ کے کرم سے: مخلوق پر اس کا احسان وانعام مراد ہوتا ہے ۲- آدمی کے کرم سے: اخلاق پسندیدہ اور خصائل حمیدہ مراد ہوتے ہیں ۳- ملائکہ کے کریم ہونے کے معنی ہیں: دربارِ الٰہی میں ان کی عزت ہے، کراماً کاتبین: عزت والے فرشتے جو انسانوں کے نامۂ اعمال لکھتے ہیں ۴- اور قرآن یا کتاب کے کریم ہونے کے معنی ہیں: عزت وشرف والا، بزرگ قرآن ۵- رسول کی صفت ہو تو معنی ہوتے ہیں: عزت وبزرگی والا پیغمبر ۶- قول کریم: نرم، اچھی اور عاجزانہ بات ۷- دیگر چیزوں کی صفت ہو تو اچھی صفات سے متصف ہونا اور عمدہ ہونا مراد ہوتا ہے، جیسے زوج کریم: عمدہ قسم، مقام کریم: عمدہ مقام...... الرقیب: رُقوب سے بروزن فعیل صفتِ مشبہ ہے، رَقَبَہُ (ن) رَقْبا و رُقوبا: نظر رکھنا، حفاظت کرنا، رقیب: وہ ذات جو اپنی مخلوقات سے غافل نہ ہو۔

(۴۴-۴۶) **المجیب، الواسع، الحکیم**: بہت قبول کرنے والے، بڑی وسعت والے، بڑی حکمت والے ہیں۔

تشریح: المجیب: إجابۃ (باب افعال) سے اسم فاعل: دعا قبول کرنے والا، جواب دینے والا (سورۃ ہود آیت ۶۱ میں یہ صفت آئی ہے)...... الواسع: سَعَۃ سے اسم فاعل: وسیع فضل وبخشش والا...... الحکیم: حکمت والا، صفتِ مشبہ، حکمت: فہم ودانش، علم وعقل کے ذریعہ حق بات دریافت کرنا، انسانی حکمت: موجودات کو پہچاننا اور نیک کام انجام

دینا، اللہ کی حکمت: بندوں کے مصالح ومفاسد کو جاننا۔

(۴۷-۵۰) **الودود، المجید، الباعث، الشهید**: بہت محبت کرنے والے، بڑے بزرگ، مُردوں کو اٹھانے والے، موجود وحاضر ہیں۔

تشریح: الودود: وَدٌّ سے صیغۂ مبالغہ: اپنے نیک بندوں سے بے حد محبت کرنے والے، مشفق (یا اپنے اولیاء کے دلوں میں محبوب اعظم) وَدَّ، یَوَدُّ، وَدًّا: چاہنا، محبت کرنا (یہ صفت سورۂ ہود آیت ۹۰ میں آئی ہے)...... **المجید**: مَجْد (بزرگی) سے صفتِ مشبہ: بڑا بزرگ...... **الباعث**: موت کے بعد زندہ کرنا، بعثه من النوم: بیدار کرنا (یہ صفت صراحۃً قرآن میں نہیں آئی)...... **الشهید**: موجود وحاضر، شَهِد سے فعیل بمعنی فاعل، شَهِدَ الشیئَ: دیکھنا، پانا، قرآنِ پاک میں ہے: ﴿فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ﴾: پس جو شخص تم میں سے ماہِ رمضان کو دیکھے وہ اس کے روزے رکھے (سورۃ البقرۃ آیت ۱۸۵) اور یہ صفت سورۃ آل عمران (آیت ۹۸) اور سورۃ المائدہ (آیت ۱۱۷) میں آئی ہے) اور حاضر وناظر ہونا اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے، اس وصف میں نبی ﷺ بھی شریک نہیں۔

(۵۱-۵۴) **الحق، الوکیل، القوی، المتین**: برحق ذات، بڑے کارساز، بڑے زور والے، بڑے قوی ومضبوط ہیں۔

تشریح: الحق: مصدر، حَقَّ (ض) الأمر حَقًّا: صحیح ہونا، ثابت ہونا، سچا وجود ہونا، یعنی اللّٰہ: ایک فرضی تصور نہیں ہے، بلکہ وہ واقعی موجود ذات ہیں...... **الوکیل**: کارساز، دوسرے کا کام اس کا قائم مقام بن کر انجام دینے والا (یہ صفت قرآنِ کریم میں صراحۃً نہیں آئی)...... **المتین**: باب کرم سے اسم فاعل، مَتُنَ (ک) الشیئُ مَتَانَةً: سخت ومضبوط ہونا، ٹھوس اور پختہ ہونا۔

(۵۵-۵۷) **الولی، الحمید، المحصی**: کارساز (دوست) مستحق حمد، شمار کرنے والے ہیں۔

تشریح: الولی: وَلاَء اور وَلاَیَة سے اسم صفت، جمع أولیاء، وَلاَء کے لغوی معنی ہیں: دو چیزوں میں ایسا اتصال وقرب کے اجنبیت حائل نہ رہے، پھر مجازاً قرب مراد لیا جاتا ہے، خواہ قرب مکانی ہو، نسبی ہو، دینی ہو، دوستی کا ہو، اعتقاد کا ہو، امداد کا ہو، مالکیت کا ہو یا مملوکیت کا۔ اور جب اللہ کی صفت ہو اس وقت بھی قرب ہی مراد ہوتا ہے، جیسے: ﴿اللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا﴾ الآیة: اللہ تعالیٰ ایمان والوں کے دوست (کارساز) ہیں (البقرۃ آیت ۲۵۷)...... **الحمید**: ستودہ، تعریف کیا ہوا، حَمْد سے بروزن فعیل صفتِ مشبہ کا صیغہ بمعنی مفعول یعنی محمود ہے...... **المُحْصِی**: إحصاء (باب افعال) سے اسم فاعل: گننے والا، شمار کرنے والا، اللہ تعالیٰ نے ہر چیز اپنے علم میں محفوظ کر لی ہے، ہر ایک کی گنتی وہ جانتے ہیں، خواہ بڑی ہو یا چھوٹی (یہ صفت قرآن میں صراحۃً نہیں آئی)

(۵۸-۶۱) **المُبْدِئُ، المُعِیْدُ، المُحْیِی، المُمِیْت**: پہلی بار پیدا کرنے والے، دوبارہ پیدا کرنے والے، زندہ کرنے والے، مارنے والے ہیں۔

تشریح: المبدئُ: أَبْدَأَ سے اسم فاعل، بَدَأَ الشيئَ: شروع کرنا...... المعيد: أعاده سے اسم فاعل، أعاد الشيئَ: لوٹانا، دوبارہ کرنا: ﴿إِنَّهُ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ﴾: وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے، اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا (سورۃ البروج آیت ۱۳)...... المحيي: إحياء سے اسم فاعل: زندہ کرنے والا، حیات بخشنے والا...... المميت: إمَاتَة سے اسم فاعل: مارنے والا، ہست کو نیست کرنے والا۔

(۶۲-۶۵) الحیّ، القيوم، الواجد، الماجد: ہمیشہ زندہ رہنے والے، کائنات کو سنبھالنے والے، بڑے تو انگر، بڑی عظمت والے ہیں۔

تشریح: الحي: حياة سے صفتِ مشبہ: حَيِيَ يَحْيٰى حياة: زندہ رہنا، فهو حي: زندہ...... القيوم: صیغۂ مبالغہ: از قائم: وہ ذات جو اپنے بل پر ہمیشہ خود قائم رہے، اور اپنے ماسوا ہر چیز کی نگران ومحافظ ہو...... الواجد: غنی ذات جو کبھی مفلس ومحتاج نہ ہو (یہ صفت صراحۃً قرآن میں نہیں آئی)...... الماجد: مَجْد (بزرگی) سے اسم فاعل: شریف ومعزز، برتر و بڑا، قابل تعظیم (یہ صفت بھی قرآن میں نہیں آئی، البتہ المجید آیا ہے)

(۶۶-۶۸) الواحد، الأحد، الصمد: یگانہ، بے ہمہ، باہمہ ہیں۔

تشریح: الواحد: اکیلا، ذات وصفات میں تنہا، لاثانی، بے ہمہ، وَحَدَ يَحِدُ اور وَحِدَ يوحد سے اسم فاعل: یکتا ہونا، اکیلا ہونا، اور الواحد (اسم) کے معنی ہیں: ایک (حساب کا پہلا عدد)...... اور الأحد کے بھی یہی معنی ہیں، ﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ﴾: کہو: وہ رب اللہ ہے، اکیلا ہے، مشرکین لفظ ''رب'' اپنے معبودوں کے لئے استعمال کرتے تھے، جب قرآن نے یہ لفظ اللہ تعالیٰ کے لئے استعمال کیا تو کفار نے کہا: اپنے رب کا تعارف کرائیے، پس سورۃ الاخلاص نازل ہوئی، اور ان سے کہا گیا: رب الله ہی ہیں، وہ اپنی ذات وصفات میں اکیلے ہیں...... الصمد: بے نیاز، باہمہ، سب کچھ جن کے پاس ہے، وہ کسی چیز میں کسی کے محتاج نہیں، ملا علی قاری رحمہ اللہ نے الحرز الثمین میں صمد کے لغوی معانی کا خلاصہ یہ لکھا ہے: صمد: وہ ذات ہے جو غنی اور مغنی ہو، جو کسی چیز کی محتاج نہ ہو، اور سب اس کی طرف محتاج ہوں۔

(۶۹-۷۲) القادر، المقتدر، المقدِّم، المؤخِّر: قدرت والے، بڑے صاحبِ اقتدار، آگے کرنے والے، پیچھے کرنے والے ہیں۔

تشریح: القادر: اسم فاعل: قدر عليه (ض) قَدَارَة: قابو یافتہ ہونا، قادر ہونا، طاقت رکھنا...... المقتدر: اسم فاعل: اقتدر عليه: قادر ہونا، قابو پانا...... المقدم: اسم فاعل: قَدَّمَ فلانا: آگے کرنا، مستحق کو آگے بڑھانا...... المُؤخر: اسم فاعل: أَخَّرَ فلاناً: پیچھے کرنا، غیر مستحق کو پیچھے ہٹانا۔

(۷۳-۷۶) الأول، الآخر، الظاهر، الباطن: سب سے پہلے، سب سے پیچھے ہیں، (دلیل کے لحاظ سے) واضح اور (ادراک کے لحاظ سے) پوشیدہ ہیں۔

تشریح: وہ اول وآخر ہیں یعنی ان پر نہ عدم سابق طاری ہوا، نہ عدم لاحق طاری ہوگا (یہ چاروں صفات سورۃ الحدید (آیت ۳) میں آئی ہیں)

(۷۷-۸۰) **الوالی، المتعالی، البر، التواب**: بڑے کارساز، بہت بلند، بڑے سلوک کرنے والے، توبہ قبول کرنے والے ہیں۔

تشریح: **الوالی**: ولایۃ سے اسم فاعل: وَلِیَ یَلِیْ الشیئَ وعلیہ وِلایۃ: انتظام وانصرام کرنا، حاکم کو والی اسی لئے کہتے ہیں کہ وہ ملک کا انتظام وانصرام کرتا ہے، اور رعایا کی کارسازی کرتا ہے...... **المتعالی**: اسم فاعل: از تَعَالیٰ (باب تفاعل) مادّہ: عُلُوّ، متعالی: عالی سے زیادہ مبالغہ پر دلالت کرتا ہے...... **الْبَرّ**: صفت مشبہ: احسان کرنے والا، نیک سلوک کرنے والا، جمع: أَبرار۔

(۸۱-۸۳) **المنتقم، العفو، الرؤوف**: بدلہ لینے والے، درگذر کرنے والے، بے حد شفقت کرنے والے ہیں۔

(۸۴و۸۵) **مالك الملك، ذوالجلال والإكرام**: ملک کے مالک (خداوند جہاں) عظمت وبزرگی والے ہیں۔

تشریح: صفت **مالك الملك**: سورۂ آل عمران (آیت ۲۶) میں، اور **ذوالجلال والإكرام**: سورۃ الرحمٰن (آیت ۲۷) میں آئی ہے۔

(۸۶-۸۹) **المقسط، الجامع، الغنی، المغنی**: انصاف کرنے والے، اکٹھا کرنے والے، بڑے بے نیاز، بے نیاز کرنے والے ہیں۔

تشریح: **المقسط**: اسم فاعل: أقسط: انصاف کرنا...... **المغنی**: اسم فاعل: أغناہ: اس کو مالدار وبے نیاز کر دیا۔

(۹۰-۹۳) **المانع، الضار، النافع، النور**: روکنے والے، ضرر کے مالک، نفع رساں، روشنی (روشن کرنے والے) ہیں۔

(۹۴-۹۶) **الهادی، البدیع، الباقی**: راہ دکھانے والے، انوکھا پیدا کرنے والے، ہمیشہ باقی رہنے والے ہیں۔

(۹۷-۹۹) **الوارث، الرشید، الصبور**: ہر چیز کے وارث، سیدھا راستہ دکھانے والے، نہایت تحمل والے ہیں۔

سند کا بیان: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کا ابتدائی حصہ متفق علیہ ہے، گذشتہ باب میں یہ حدیث آچکی ہے، البتہ یہ حدیث جس میں ننانوے ناموں کی تفصیل ہے: متفق علیہ نہیں، چنانچہ بعض شارحین کی رائے یہ ہے کہ ننانوے ناموں کی یہ تفصیل ارشادِ نبوی کا جزء نہیں، یہ حدیث ولید بن مسلم قرشی ابوالعباس دمشقی کی روایت ہے، جو کثیر التدلیس تھا، اور تدلیس کی نہایت بری قسم (تدلیس التسویہ) کرتا تھا، اور اس کے تلامذہ میں اللہ کے ناموں کے بیان میں شدید اختلاف ہے، اور ابن ماجہ (حدیث ۳۸۶۱) میں یہ حدیث عبدالملک صنعانی کی سند سے ہے، اور یہ راوی بھی ضعیف ہے۔ اور یہ حدیث مستدرک حاکم کے شروع میں بھی ہے، مگر ان میں اسمائے حسنیٰ ترمذی سے مختلف ہیں، البتہ ترمذی کی

سندسب سے اچھی ہے، اوراس میں اسماءِ حسنیٰ کی ترتیب بھی عمدہ ہے، چنانچہ عام طور پر یہی نام معروف ہیں۔

ترمذی کے سیاق میں ایک نام چھوٹ گیا ہے:

باب کی روایت میں ترمذی کے ہندوستانی نسخہ میں، اور مصری نسخہ میں (شرح ابن العربی کے متن میں) الأحد چھوٹ گیا ہے، فتح الباری (۲۱۶:۱۱) میں بھی یہ حدیث ترمذی سے نقل ہوئی ہے، اس میں بھی یہ نام نہیں ہے، چنانچہ لوگوں نے ننانوے کا عدد پورا کرنے کے لئے اللہ کو ایک نام شمار کرلیا، حالانکہ وہ اسم علم (ذاتی نام) ہے، اور مشکوۃ شریف (حدیث ۲۲۸۸ باب أسماء الله تعالى، كتاب الدعوات) میں، اور جامع الاصول من احادیث الرسول (۲۵:۵) میں اور درمنثور (۱۴۸:۳) میں بھی یہ حدیث ترمذی سے منقول ہے، ان میں یہ نام ہے، چنانچہ میں نے اسماءِ حسنیٰ میں اس کا اضافہ کردیا ہے۔

اسماءِ حسنیٰ کو یاد کرے، ان کو وظیفہ بنائے، اوران کے ذریعہ دعا کرے:

سورۃ الاعراف (آیت ۱۸۰) میں ہے: ﴿وَلِلّٰهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾: اور اللہ تعالیٰ کے لئے اچھے اچھے نام ہیں، پس اس کو ان ناموں سے پکارو یعنی موسوم کرو، اوران کے ذریعہ دعا کرو، کیونکہ یہ صفاتی اسماءِ حسنیٰ اللہ تعالیٰ کے کمالات کے عنوانات اوران کی معرفت کے دروازے ہیں، پس اللہ تعالیٰ کے ذکر کی ایک بڑی جامع شکل یہ بھی ہے کہ بندہ عظمت ومحبت کے ساتھ ان پاک ناموں کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرے، ان کو اپنا وظیفہ بنائے، اوران ناموں کا ورد کرکے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ اس کی دعا قبول ہوگی، اور آخرت میں جنت نشیں ہوگا۔

بچوں کو اسماءِ حسنیٰ یاد کرائے جائیں:

لوگ عام طور پر اسماءِ حسنیٰ سے غافل ہوتے ہیں، اسماءِ حسنیٰ عمدہ کاغذ پر چھاپ کر برکت کے لئے گھر میں ضرور لٹکاتے ہیں، مگر یاد کوئی نہیں کرتا، حالانکہ گھر میں ایک سے زیادہ قرآن موجود ہوتے ہیں، جو برکت کے لئے کافی ہیں، مگر قرآن کی برکت بھی اس وقت ہوگی جب اس کو پڑھا جائے، محض رکھ چھوڑنے سے پورا فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا، اسی طرح اسماءِ حسنیٰ کا فائدہ بھی اس وقت حاصل ہوگا: جب ان کو یاد کیا جائے، محض گھر میں لٹکانے سے فائدۂ مقصودہ (دخولِ جنت) حاصل نہیں ہوگا...... اوراس سے بھی زیادہ عجیب بات یہ ہے کہ قرآن کے شروع میں اسماءِ حسنیٰ شائع کئے جاتے ہیں، تاکہ تلاوت کرنے والے اور حفظ کرنے والے ان کو یاد کریں، مگر لوگوں نے ان کو محض زینتِ قرآن خیال کررکھا ہے، اساتذہ سارا قرآن بچوں کو حفظ کرادیتے ہیں، مگر یہ نام پاک یاد نہیں کراتے، یہ بڑی کمی ہے، حفظ کے اساتذہ کو چاہئے کہ پہلے خود یہ اسماءِ حسنیٰ یاد کریں، پھر حفظ کے ہر بچے کو یاد کرائیں، بچپن کا یاد کیا ہوا پتھر کی لکیر ہوجاتا ہے، بچہ بڑا ہوکر ان کا ورد کرے گا تو استاذ کو بھی اس کا ثواب پہنچے گا۔ میں دورۂ حدیث شریف کے تمام طلبہ کو سال کے شروع میں یہ نام یاد کراتا ہوں، پس حدیث کے اساتذہ کو بھی ایسا ہی کرنا چاہئے، دیکھئے میری آواز صدا بصحرا تو نہیں ہوتی!

[٨٧-] بابٌ

[٣٥٢٩-] حدثنا إِبْراهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِى حَمْزَةَ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اسْمًا: مِائَةً غَيْرَ وَاحِدَةٍ: مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ الْوَكِيْلُ الْقَوِىُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ الْمُحْصِىْ الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِىْ الْمُمِيْتُ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْأَوَّلُ الْآخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ الْوَالِىْ الْمُتَعَالِىْ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ الرَّؤُوْفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ الْمُقْسِطُ الْجَامِعُ الْغَنِىُّ الْمُغْنِىْ الْمَانِعُ الضَّارُّ النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِىْ الْبَدِيْعُ الْبَاقِىْ الْوَارِثُ الرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، حَدَّثَنَا بِهِ غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ صَالِحٍ، وَلَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ صَفْوَانَ ابْنِ صَالِحٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، لَانَعْلَمُ فِىْ كَبِيْرِ شَيْئٍ مِنَ الرِّوَايَاتِ ذِكْرَ الْأَسْمَاءِ، إِلَّا فِىْ هٰذَا الحديثِ.

وَقَدْ رَوَى آدَمُ بْنُ أَبِىْ إِيَاسٍ هٰذَا الحديثَ بِإِسْنَادٍ غَيْرِ هٰذَا، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، وَذَكَرَ فِيْهِ الْأَسْمَاءَ، وَلَيْسَ لَهُ إِسْنَادٌ صحيحٌ.

[٣٥٣٠-] حدثنا ابْنُ أَبِىْ عُمَرَ، نا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ اسْمًا: مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ"

وَلَيْسَ فِىْ هٰذَا الحديثِ ذِكْرُ الْأَسْمَاءِ، وَهُوَ حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ، رَوَاهُ أَبُوْ الْيَمَانِ، عَنْ شُعَيْبِ ابْنِ أَبِى حَمْزَةَ، عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ الْأَسْمَاءَ.

۲۸-مساجد اور مجالسِ ذکر سے استفادہ کیا جائے

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جنت کے سبزہ زاروں سے گذرو تو چرو'' یعنی اس کے پھل کھاؤ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: جنت کے مرغزار کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''مسجدیں'' حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا: اور چرنا کیا ہے، اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: سبحان الله، والحمدلله، ولا إلٰه إلا الله، والله أکبر (یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی حمید مکی مجہول ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم جنت کے سبزہ زاروں سے گذرو تو چرو'' لوگوں نے پوچھا: جنت کے سبزہ زار کیا ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ذکر کی مجالس'' (یہ حدیث بھی ضعیف ہے، ثابت بنانی کا لڑکا محمد ضعیف ہے)

تشریح: مساجد اور مجالسِ ذکر: جنت کے مرغزار ہیں، پس جب کوئی ان مقامات سے گذرے تو استفادہ کرے، اور استفادے کی مختلف صورتیں ہیں: تحیۃ المسجد پڑھنا، یا کم از کم مذکورہ ذکر کرنا، مجالس وعظ وارشاد میں شریک ہونا اور دروس سے استفادہ کرنا: یہ سب جنت کے پھلوں سے استفادہ کی صورتیں ہیں۔

[۳۵۳۱-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، أَنَّ حُمَيْدَ الْمَكِّيَّ مَوْلَى ابْنِ عَلْقَمَةَ حَدَّثَهُ، أَنَّ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا" قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ:" الْمَسَاجِدُ" قُلْتُ: وَمَا الرَّتْعُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلاَ إِلٰهَ إِلاَّ اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[۳۵۳۲-] حدثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: ثَنِيْ مُحمدُ بْنُ ثَابِتٍ: هُوَ الْبُنَانِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِذَا مَرَرْتُمْ بِرِيَاضِ الْجَنَّةِ فَارْتَعُوْا" قَالُوْا: وَمَا رِيَاضُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: "حِلَقُ الذِّكْرِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ.

بابٌ

۲۹-جب کوئی مصیبت نازل ہو تو کیا دعا کرے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کسی کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہے: إنا للّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اللّٰهم! عندك أَحْتَسِبُ مُصيبتي فآجِرْني فيها، وأَبْدِلْنِيْ منها خيرا: بیشک ہم اللہ کی ملک ہیں، اور بیشک ہم انہی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اے اللہ! آپ کے پاس میں اپنی مصیبت کے ثواب کی امید رکھتا ہوں، پس مجھے اس کا اجر

عنایت فرمائیں، اور مجھے اس کے بدلے میں بھلائی عطا فرمائیں —— پس جب ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی موت کا وقت قریب آیا تو انھوں نے دعا کی: ''اے اللہ! میری اہلیہ کو مجھ سے بہتر قائم مقام عطا فرما'' —— پھر جب ان کی روح قبض ہوگئی تو ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: إنا لله وإنا إليه راجعون، عند اللّٰهِ أَحْتَسِبُ مُصيبتی، فَأْجُرْنِیْ فِيْها: بیشک ہم اللہ ہی کی ملک ہیں، اور بیشک ہم انہی کی طرف لوٹنے والے ہیں، اللہ ہی سے میں اپنی مصیبت کے ثواب کی امید رکھتی ہوں، پس آپ مجھے اس کا ثواب عنایت فرمائیں!

لغات: اِحْتَسَبَ الأَجرَ علی الله: اللہ سے ثواب کی امید رکھنا...... أَجَرَ (ن) اللّٰهُ عبدَه: ثواب دینا، اجر دینا، بدلہ دینا، آجرَهُ إِيْجارًا (باب افعال) کے بھی یہی معنی ہیں، پس فَآجِرْنی اور فَأْجُرْنی: دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں...... أَبْدَلَهُ: بدلنا، بدل بنانا...... أَخْلَفَ: جانشین بنانا، قائم مقام بنانا، أَخْلَفَ اللّٰهُ لك وعليك خيراً: اللہ تمھیں ضائع شدہ چیز کا بہتر بدل دیں۔

تشریح: اس دنیا میں انسانوں کو بعض اوقات مصائب ومشکلات سے سابقہ پڑتا ہے، اس وقت صبر کرنا اور ہمت سے کام لینا مامور بہ ہے، سورۃ البقرۃ (آیت ۱۵۵و۱۵۶) میں ہے: ﴿وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ الَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُصِيْبَةٌ قَالُوْا: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ﴾: آپ ایسے صابرین کو بشارت سنادیں کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہیں، اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں: پس اُس وقت صرف ترجیع کرنا، یا اس حدیث میں جو اس کے ساتھ اضافہ ہے: یہ دعا بھی کرنا، یا حسبنا الله ونعم الوكيل کہنا: مصائب ومشکلات میں مددگار ہوتا ہے، اور اللہ تعالیٰ مصائب کے ذریعے بھی اہل ایمان کی تربیت کرتے ہیں، ابتلاآت ان کے لئے انابت الی اللہ اور تعلق مع اللہ میں ترقی کا وسیلہ بنتے ہیں۔

[۸۸-] بابٌ

[۳۵۳۳-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عُمَرَ ابْنِ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّهِ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''إِذَا أَصَابَ أَحَدَكُمْ مُصِيْبَةٌ فَلْيَقُلْ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِیْ فَآجِرْنِیْ فِيْهَا، وَأَبْدِلْنِیْ مِنْهَا خَيْرًا'' فَلَمَّا احْتُضِرَ أَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ: اللّٰهُمَّ أَخْلِفْ فِیْ أَهْلِیْ خَيْرًا مِنِّیْ، فَلَمَّا قُبِضَ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، عِنْدَ اللّٰهِ أَحْتَسِبُ مُصِيْبَتِیْ فَأْجُرْنِیْ فِيْهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِن غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ سَلَمَةَ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْأَسَدِ.

وضاحت: یہ حدیث حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی سند سے مسلم شریف میں ہے...... اور حضرت ابوسلمہ: جن کا نام عبداللہ ہے، جو حضرت ام سلمہؓ کے پہلے شوہر ہیں: وہ نبی ﷺ کے رضاعی (دودھ شریک) بھائی اور آپؐ کی پھوپھی برۃ بنت عبدالمطلب کے لڑکے تھے، سابقین میں سے اور بدری صحابی ہیں، جمادی الثانیہ ۴ ہجری میں جنگ احد کے بعد ان کی وفات ہوئی ہے۔

بابٌ

۳۰- دنیا وآخرت کی خیریت وعافیت طلب کرنا

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نبی ﷺ کے پاس آئے، انھوں نے عرض کیا: کونسی دعا بہتر ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''اپنے پروردگار سے دنیا وآخرت کی خیریت وعافیت طلب کرو'' وہ صاحب دوسرے دن آئے اور یہی سوال کیا تو آپؐ نے وہی جواب دیا، وہ تیسرے دن آئے، اور وہی سوال کیا، آپؐ نے فرمایا: ''جب تم دنیا میں عافیت دیئے گئے، اور آخرت میں بھی عافیت دیئے گئے تو تم یقیناً کامیاب ہو گئے'' یعنی تمہارے لئے یہ دعا کافی ہے (یہ حدیث ضعیف ہے، سلمۃ بن وَردان ابویعلی لیثی مدنی ضعیف راوی ہے)

حدیث (۲): حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کچھ سکھلایئے جو میں اللہ سے مانگوں، آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے عافیت طلب کرو'' (حضرت عباسؓ کہتے ہیں:) پس میں کئی دن ٹھہرا رہا، پھر میں حاضر خدمت ہوا، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کچھ سکھلایئے جو میں اللہ سے مانگوں، پس آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''اے اللہ کے رسول کے چچا! اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی عافیت مانگو'' (یہ حدیث صحیح ہے)

تشریح: عافیة اور معافاة: دونوں بابِ مفاعلہ کے مصادر ہیں، اور دونوں ہم معنی ہیں: عافاه الله عافيةً و معافاةً: امراض وآفات سے محفوظ رکھنا، خیریت وعافیت سے رکھنا، اور آخرت کی عافیت: عذاب سے حفاظت ہے، پس دنیا وآخرت کی سب بھلائیاں اس دعا میں آگئیں، اس لئے یہ جامع دعا ہے۔

ملحوظہ: ترتیب میں دونوں حدیثوں کے درمیان آئندہ حدیث کا فصل ہوگیا ہے۔

۳۱- شبِ قدر میں مانگنے کی ایک جامع دعا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یا رسول اللہ! بتلائیں! اگر مجھے (کسی طرح) پتہ چل جائے کہ شبِ قدر کونسی رات ہے، تو میں اس رات میں کیا دعا مانگوں؟ آپؐ نے فرمایا: ''کہو: اللّٰهم! إنك عَفُوٌّ، تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عني: اے اللہ! آپ بہت درگذر کرنے والے ہیں، اور درگذر کرنے کو پسند فرماتے ہیں، پس آپ مجھ سے درگذر فرمائیں۔

تشریح: عَفُوّ: مبالغہ کا صیغہ ہے، مصدر باب نصر سے عَفْو ہے، عفا الله ذنبَه: معاف کرنا، درگذر کرنا۔ یہ نام پاک سورۃ الحج (آیت ۶۰) میں آیا ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ﴾: اللہ تعالیٰ بے حد درگذر کرنے والے، بخشش فرمانے والے ہیں۔

[۸۹-] بابٌ

[۳۵۳۴-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، نا سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الدُّعَاءِ أَفْضَلُ؟ قَالَ:" سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ" ثُمَّ أَتَاهُ فِيْ الْيَوْمِ الثَّانِيْ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ الدُّعَاءِ أَفْضَلُ؟ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ أَتَاهُ يَوْمَ الثَّالِثِ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، قَالَ:" فَإِذَا أُعْطِيْتَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا، وَأُعْطِيْتَهَا فِيْ الآخِرَةِ فَقَدْ أَفْلَحْتَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سَلَمَةَ بْنِ وَرْدَانَ.

[۳۵۳۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَرَأَيْتَ إِنْ عَلِمْتُ أَيُّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مَا أَقُوْلُ فِيْهَا؟ قَالَ:" قُوْلِيْ: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۵۳۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا عُبَيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ شَيْئًا أَسْأَلُهُ اللّٰهَ، قَالَ: "سَلِ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ" فَمَكَثْتُ أَيَّامًا، ثُمَّ جِئْتُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ شَيْئًا أَسْأَلُهُ اللّٰهَ؟ فَقَالَ لِيْ: "يَاعَبَّاسُ! يَاعَمَّ رسولِ اللّٰهِ! سَلِ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ"

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ: هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، وَقَدْ سَمِعَ مِنَ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

بابٌ

۳۲-استخارے کی ایک جامع دعا

حدیث: جب کوئی اہم کام کرنا ہو نماز استخارہ پڑھ کر دعائے استخارہ کرنی چاہئے، اس کا تفصیلی بیان کتاب الصلوٰۃ باب ۲۳۴ (تحفہ ۲: ۳۳۶) میں گذر چکا ہے، یہاں اس سلسلہ کی ایک جامع دعا ہے، اس کے لئے نماز ضروری نہیں، جب بھی کوئی کام کرنا ہو درج ذیل دعا کی جائے، پھر وہ کام کیا جائے۔

حدیث: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کسی کام کا ارادہ کرتے تو کہتے:

اللّٰهم خِرْلِيْ، وَاخْتَرْلِيْ: اے اللہ! میرا کام اچھا کردے، اور جو کام میرے حق میں بہتر ہو اس کو میرے لئے پسند فرما۔

لغات: خار الشيئُ يخير خيراً: اچھا، بھلا اور مفید ہونا، خار له الأمرَ: کسی کے لئے کسی کام میں بھلائی کرنا، نفع پہنچانا، کسی کو اس کے فائدے کی چیز دینا...... اِخْتَارَه: پسند کرنا، چننا، منتخب کرنا، ترجیح دینا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، اس کا راوی زَنْفل (بروزن جعفر) ضعیف راوی ہے، اس راوی کی نسبت عرفی تھی، کیونکہ یہ عرفہ میں رہتا تھا، یہی راوی یہ حدیث بیان کرتا ہے، اس کا کوئی متابع نہیں۔

[۹۰-] بابٌ

[۳۵۳۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ الْوَزِيْرِ، نَا زَنْفَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصَّدِّيْقِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَرَادَ أَمْرًا، قَالَ: " اللّٰهُمَّ خِرْ لِيْ وَاخْتَرْلِيْ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ زَنْفَلٍ، وَهُوَ ضَعِيْفٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَيُقَالُ لَهُ: زَنْفَلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَرَفِيُّ، وَكَانَ يَسْكُنُ عَرَفَاتٍ، وَتَفَرَّدَ بِهٰذَا الحديثِ، وَلاَ يُتَابَعُ عَلَيْهِ.

بابٌ

۳۳- جامع ذکر: تسبیح وتحمید

پہلے یہ بات آچکی ہے کہ امام ترمذی رحمہ اللہ نے "اذکار ودعوات" کو "دعوات" ہی کے عنوان سے ذکر کیا ہے، چنانچہ اب جامع الدعوات کے عنوان کے ذیل میں جامع الأذکار کا تذکرہ کرتے ہیں۔

صرف تسبیح یعنی تمام عیوب ونقائص سے اور ہر گندگی سے اللہ کی پاکی بیان کرنا بھی ایک جامع ذکر ہے، مگر جب کسی جملہ میں تسبیح وتحمید دونوں جمع ہوجاتے ہیں تو وہ انسان کی معرفتِ ربانی کی بہترین تعبیر ہوتے ہیں، کیونکہ انسان اللہ تعالیٰ کو اسی طرح پہچان سکتا ہے کہ وہ ایک ایسی ذات کا تصور کرے جو تمام عیوب ونقائص سے، جو مخلوق میں پائے جاتے ہیں: پاک ہو، اور جو ان تمام خوبیوں کے ساتھ، جو مخلوق میں خوبیاں تصور کی جاتی ہیں: متصف ہو۔

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ۱- وضو آدھا ایمان ہے۔ ۲- اور الحمد للہ ترازو کو بھر دیتا ہے۔ ۳- اور سبحان اللہ اور الحمد للہ: دونوں آسمانوں اور زمین کی درمیانی فضا کو بھر دیتے ہیں۔ ۴- اور نماز نور ہے۔ ۵- اور خیرات دلیل ہے۔ ۶- اور صبر روشنی ہے۔ ۷- اور قرآن تیرے لئے یا تیرے خلاف حجت ہے۔ ۸- لوگ صبح کرتے ہیں: پس ہر شخص اپنے نفس کا سودا کرنے والا ہے: پس وہ اس کو آزاد کرنے والا ہے، یا اس کو ہلاک کرنے والا ہے۔

تشریح: اس حدیث میں آٹھ باتیں ہیں:

پہلی بات: وضو آدھا ایمان ہے، اور مسلم کی روایت میں وضو کی جگہ الطُّهور (پاکی) ہے اور جُرَیّ بن کُلَیب نہدیؒ کی روایت (نمبر ۳۵۴۰) میں شَطْر کی جگہ نصف ہے...... اور ایک دو مرتبہ وضو کرنا حدیث کی مراد نہیں، بلکہ ہمیشہ باوضوء رہنا ایمان کے آدھے تقاضوں کی تکمیل کرتا ہے، کیونکہ وضوء مؤمن کا ہتھیار ہے، مؤمن اس کے ذریعہ نفس کا مقابلہ کرتا ہے، اور شہوت فرج کے تقاضوں سے بلکہ ان کے خیالات سے بھی محفوظ رہتا ہے —— علاوہ ازیں: وضوء شرطِ نماز ہے، اور نماز دین کا بنیادی ستون ہے، پس نماز ایمان کا نصف تقاضا ہے، اور طہارت نماز کے لئے شرط ہے، پس وضوء ایمان کا شطر (نصف) ہے —— مزید برآں: طہارت مؤمن کو ملائکہ کے مشابہ بناتی ہے، اور انسان ملکیت وبہیمیت کا آمیزہ ہے، بایں اعتبار بھی طہارت نصفِ ایمان ہے، کیونکہ اس سے ملکیت کو قوت پہنچتی ہے، اور بہیمیت رام ہوتی ہے، اس لئے مؤمن کو ہمیشہ باوضوء رہنے کا اہتمام کرنا چاہئے۔

دوسری بات: تحمید میزانِ عمل کو بھر دیتی ہے، یہ ایسا ذکر ہے کہ اس کے ذریعہ مثبت پہلو سے اللہ کی معرفت بدست آتی ہے، اور یہ ایک مرتبہ الحمد للہ کہنے کا ثواب نہیں ہے، بلکہ مُدام یہ ذکر کرنے کا ثواب ہے، جو بندہ بکثرت اللہ کی حمد کرتا ہے، اور الحمد للہ کا ورد اس کی زبان پر جاری رہتا ہے: اس کی زندگی بھر کی تحمید سے کل قیامت کے دن میزانِ عمل بھر جائے گی، اس کو مزید کسی نفلی عمل کی ضرورت نہ ہوگی، اسی سے اس کا بیڑا پار ہو جائے گا۔

تیسری بات: تسبیح وتحمید کا مجموعہ آسمانوں اور زمین کی درمیانی فضا کو بھر دیتا ہے، کیونکہ اس کے ذریعہ مثبت ومنفی: دونوں پہلوؤں سے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے، پس یہ ذکر جامع ہے، اور یہی مضمون یہاں مقصود ہے —— اور یہ بات بھی ایک دو بار یہ ذکر کرنے سے حاصل نہ ہوگی، بلکہ بکثرت یہ ذکر کرنے کی فضیلت ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں مُدام تسبیح وتحمید کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

چوتھی بات: نماز نور ہے: دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی —— دنیا میں بے شمار تاریکیاں ہیں: گناہوں کی تاریکی، فتنوں کی تاریکی، ناجائز معاملات کی تاریکی، معاشرتی معاملات کی تاریکی، اور غلط ماحول کی تاریکی: ان تمام تاریکیوں میں نماز روشنی کا کام دیتی ہے، سورۃ العنکبوت (آیت ۴۵) ﴿إِنَّ الصَّلاَةَ تَنْهَى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ﴾ کا بھی یہی مطلب ہے، اور سورۃ الفتح کی آخری آیت میں ہے: ﴿سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُوْدِ﴾ (ان کی خاص علامت ان کے چہروں میں سجدوں (نماز) کے آثار سے نمایاں ہے) اس آیت میں بھی نماز کے انوار کا بیان ہے —— اور آخرت میں بھی نماز نور ہوگی، پل صراط کی تاریکیوں میں نماز روشن شمع کا کام دے گی —— مگر یہ بات اس صورت میں حاصل ہوگی جب نمازیں پابندی سے پڑھی جائیں، گاہ بہ گاہ (آٹھ کی یا ۳۶۰ کی) نماز پڑھنے سے یہ بات حاصل نہ ہوگی۔

پانچویں بات: خیرات دلیل ہے —— اس بات کی دلیل ہے کہ خیرات کرنے والے کے دل میں جذبۂ ترحم ہے،

دل کا پسیجنا ہی خیرات پر برانگیختہ کرتا ہے، اور حدیث میں ہے: ''مہربانی کرنے والوں پر رحمٰن (نہایت مہربان اللہ) مہربانی کرتے ہیں، پس تم زمین والوں پر مہربانی کرو، آسمان والا تم پر مہربانی کرے گا'' ـــــ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محض دل میں جذبۂ ترحم کا ہونا کافی نہیں، اس کا عملی مظاہرہ بھی ہونا چاہئے، اس کا پیکر محسوس بھی سامنے آنا چاہئے، خیرات دل کی حالت کی ترجمانی کرتی ہے، اور وہ قیامت کے دن دلیل بنے گی، اور خیرات کرنے والا بندہ مراحم ربانی کا مستحق ہوگا۔

چھٹی بات: صبر روشنی ہے یعنی مصائب وآلام میں ہمت سے کام لینا کٹھنائیوں سے پار لگا دیتا ہے، سورۃ البقرۃ (آیات ۱۵۵-۱۵۷) میں ہے: ''ہم ضرور تمہارا امتحان کریں گے کسی قدر خوف سے اور فاقہ سے، اور مال اور جان اور پھلوں کی کمی سے، اور آپ ایسے صبر شعار بندوں کو خوش خبری سنا دیں کہ جب ان پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو وہ کہتے ہیں: ہم اللہ کی ملک ہیں، اور ہم انہی کے پاس جانے والے ہیں، انہی لوگوں پر ان کے پروردگار کی جانب سے خاص رحمتیں اور عام رحمت نازل ہوگی، اور یہی لوگ راہ پانے والے ہیں'' ـــــ پس صبر روشنی ہے، جس طرح روشنی تاریکیوں سے نکالتی ہے: ہمتِ مرداں بھی بیڑا پار لگاتی ہے۔

ساتویں بات: قرآنِ کریم آدمی کے موافق یا اس کے خلاف حجت ہے، اگر قرآن پڑھا ہے، اس کا حق ادا کیا ہے، اور اس کے احکام پر عمل کیا ہے تو کل قیامت کے دن موافق دلیل ہوگا، اور اگر تلاوت سے بے بہرہ رہا ہے اور احکام شریعت کو نظر انداز کیا ہے تو کل قیامت کے دن وہ مخالف دلیل ہوگا، پس مؤمن کو کوشش کرنی چاہئے کہ قرآن اس کی دلیل بنے، اس کے خلاف دلیل نہ بنے، واللہ الموفق!

آٹھویں بات: جب ہر شخص صبح کرتا ہے تو وہ سودا کرتا ہے، پس کوئی نجات آفریں معاملہ کرتا ہے، اور کوئی تباہ کن معاملہ کرتا ہے، یعنی وہ دن بھر کیا کام کرے گا؟ ابھی اسے کچھ معلوم نہیں! جہنم سے بچانے والے کام بھی کرسکتا ہے، اور جہنم میں پہنچانے والے کام بھی، پس ہر شخص کو ہوشیاری سے کام لینا چاہئے، جنت والے کام کرنے چاہئیں، اور جہنم والے کاموں سے بچنا چاہئے، تا کہ ہلاکت سے دوچار نہ ہو۔

[-۹۱] بابٌ

[-۳۵۳۸] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نَا حِبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، نَا أَبَانٌ: هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ العَطَّارُ، نَا يَحْيَى: أَنَّ زَيْدَ بْنَ سَلَامٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا سَلَّامٍ حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''الْوُضُوْءُ شَطْرُ الإِيْمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَأُ الْمِيْزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ أَوْ: تَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُوْرٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْ: فَبَايِعٌ نَفْسَهُ: فَمُعْتِقُهَا أَوْ مُوْبِقُهَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳۴- ذکر جامع: تسبیح وتحمید وتہلیل وتکبیر

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”تسبیح (اللہ کی پاکی بیان کرنا) آدھی ترازو ہے، اور تحمید ترازو کو بھردیتی ہے (یہ نسبت کا بیان ہے، تحمید کا ثواب تسبیح سے دوگنا ہے، کیونکہ تحمید مثبت معرفت ہے اور تسبیح منفی معرفت ہے، اور مثبت کا مرتبہ منفی سے بڑھا ہوا ہوتا ہے، جیسے برتن پر قلعی کرتے ہیں تو پہلے اس کا میل صاف کرتے ہیں، یہ منفی عمل ہے، پھراس پر قلعی کرتے ہیں، یہ مثبت عمل ہے، اور ظاہر ہے قلعی نام مثبت عمل کا ہے) اور تہلیل کے لئے اللہ سے ورے کوئی رکاوٹ نہیں، یہاں تک کہ تہلیل اللہ تک پہنچ جاتی ہے (تہلیل: مثبت ومنفی دونوں پہلوؤں سے اللہ کی معرفت کا ذریعہ ہے، پس یہ ذکر جامع ہے، اس کا درجہ سبحان اللہ اور الحمد للہ سے کہیں بڑھا ہوا ہے)

حدیث کا حال: اس حدیث کی یہ سند ضعیف ہے، اسماعیل بن عیاش حمصی (شامی) کی حدیثیں شامی محدثین سے تو ٹھیک ہوتی ہیں، اوران کے علاوہ سے وہ جو روایتیں کرتے ہیں: ان میں غت ربود کردیتے ہیں —— اور یہ حدیث وہ عبدالرحمٰن بن زیاد بن انعم افریقی سے کرتے ہیں، اس لئے یہ روایت ٹھیک نہیں، اور خود ابن زیاد بھی حافظہ کے کمزور ہیں (مگر حدیث کا مضمون دوسری صحیح روایات سے ثابت ہے)

حدیث (۲): جُرَیّ (تابعی اور مقبول راوی) قبیلۂ بنی سلیم کے ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں (جن کا نام معلوم نہیں) کہ رسول اللہ ﷺ نے آئندہ پانچ باتوں کو میرے ہاتھ میں یا کہا: اپنے ہاتھ میں گنا: ۱- تسبیح آدھی ترازو ہے۔ ۲- اور تحمید ترازو کو بھردیتی ہے۔ ۳- اور تکبیر آسمان وزمین کی درمیانی فضا کو بھردیتی ہے۔ ۴- اور روزہ آدھا صبر ہے۔ ۵- اور پاکی آدھا ایمان ہے۔

تشریح: صحابی کی جہالت مضر نہیں، کیونکہ استقراء (جائزہ لینے) سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ تمام صحابہ نقل دین میں قابل اعتماد ہیں، کسی صحابی نے جان بوجھ کر کوئی گڑبڑ نہیں کی، چنانچہ اصولِ فقہ اور اصولِ حدیث میں ضابطہ طے کردیا گیا ہے: **الصحابةُ کلهم عُدول**: صحابہ سب نقلِ دین میں قابل اعتماد ہیں —— اور پہلے یہ بات آچکی ہے کہ تسبیح وتحمید وتکبیر کا یہ ثواب مُدام یہ اذکار کرنے کی صورت میں ہے۔

اور روزہ آدھا صبر اس لئے ہے کہ روزے میں کھانے پینے اور جنسی تعلق سے نفس کو روکنا ہوتا ہے، پس روزہ صبر کی ریہرسل ہے، روزہ دار آسانی سے مصائب وآلام میں نفس کو آپے سے باہر ہوجانے سے روک سکتا ہے —— اور ہاتھ میں گننا اہتمام شان کے لئے ہے، تاکہ صحابی اس کو یاد رکھ سکیں۔

[۹۲-] بابٌ

[۳۵۳۹-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

ابْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "التَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَؤُهُ، وَلاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ لَيْسَ لَهَادُوْنَ اللّٰهِ حِجَابٌ، حَتّٰى تَخْلُصَ إِلَيْهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

[٣٥٤٠-] حدثنا هَنَّادٌ، نا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ جُرَيٍّ النَهْدِيِّ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ، قَالَ: عَدَّهُنَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ يَدِيْ أَوْ: فِيْ يَدِهِ: " التَّسْبِيْحُ نِصْفُ الْمِيْزَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَؤُهُ، وَالتَّكْبِيْرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ، وَالطُّهُوْرُ نِصْفُ الإِيْمَانِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَى شُعْبَةُ وَالثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ.

بابٌ

٣٥-وقوفِ عرفہ کی ایک جامع دعا

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میدانِ عرفات میں شام کے وقت بکثرت جودعا فرمائی وہ یہ تھی: "اے اللہ! آپ کے لئے تعریف ہے جیسی آپ نے اپنی تعریف کی ہے، اور بہتر اس سے جو ہم نے تعریف کی ہے، اے اللہ! آپ کے لئے میری نماز، اور میری عبادت، اور میرا جینا، اور میرا مرنا ہے، اور آپ ہی کی طرف میرا لوٹنا ہے، اور آپ ہی کے لئے اے میرے پروردگار میری میراث ہے، اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے، اور سینے کے وسوسے سے، اور پراگندہ حالی سے۔ اے اللہ! بیشک میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس چیز کی برائی سے جس کو ہوا لاتی ہے"

تشریح: أكثر: مادعا کی طرف مضاف ہے، اور مبتدا ہے، اور اللّٰهم إلخ خبر ہے ...... **كالذى تقول:** أى كالحمدِ الذى تَحْمَدُ به نفسَك ...... **خيراً مما نقول:** أى خيراً مما نحمدك من المحامد ...... **نسكى:** أى سائر عباداتى ...... **المَآب:** مصدر بھی ہے اور اسم زمان ومکان بھی، یعنی لوٹنا، لوٹنے کا وقت اور لوٹنے کی جگہ، آب يَؤُوْبُ (ن): لوٹنا ...... **التُّرَاث:** مال وراثت، ترکہ، انبیاء کا ترکہ اللہ کے لئے صدقہ ہوتا ہے، اس میں میراث جاری نہیں ہوتی ...... **شَتاتُ الأمر:** معاملات کا انتشار یعنی پراگندہ حالی ...... جس کو ہوا لاتی ہے یعنی تباہ کن عذاب، جیسے قوم عاد پر ہوا کا عذاب آیا تھا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، قیس بن الربیع الاسدی ابو محمد کوفی صدوق ہے، لیکن جب یہ راوی بوڑھا ہوگیا تھا تو اس کے بیٹے نے اس کی حدیثوں میں ایسی حدیثیں داخل کردی تھیں جو اس کی حدیثیں نہیں تھیں، اور وہ اس نے بیان کیں، اس لئے اس کا اعتبار ختم ہوگیا۔

[٩٣-] بابٌ

[٣٥٤١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ المُؤَدِّبُ، نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، ثَنِيْ قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ، وَكَانَ مِنْ بَنِيْ أَسَدٍ، عَنِ الْأَغَرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ خَلِيْفَةَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: أَكْثَرُ مَا دَعَا بِهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِشِيَّةَ عَرَفَةَ فِيْ الْمَوْقِفِ: " اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَالَّذِيْ تَقُوْلُ، وَخَيْرًا مِمَّا تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ لَكَ صَلاَ تِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ، وَإِلَيْكَ مَآبِيْ، وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِيْ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَوَسْوَسَةِ الصَّدْرِ، وَشَتَاتِ الْأَمْرِ، اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَجِيْءُ بِهِ الرِّيْحُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

بابٌ

٣٦-ایک جامع دعا جس کو یاد کرنا بہت آسان ہے

حدیث: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے (کسی خاص موقعہ پر حیاتِ مبارکہ میں) بہت سی دعائیں فرمائیں، جن میں سے ہمیں کچھ بھی یاد نہ رہا، پس ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے بہت سی دعائیں فرمائیں جن میں سے ہمیں کچھ بھی یاد نہ رہا (اور ہم چاہتے ہیں کہ وہ سب دعائیں مانگیں، پس ہم کیا کریں؟) آپؐ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ بتلاؤں جس میں وہ ساری دعائیں آجائیں؟ کہو: **اللّٰهم! إنا نسألك من خير ماسألك منه نبيك محمد صلى الله عليه وسلم، ونعوذ بك من شر ما استعاذ منه نبيك محمد صلى الله عليه وسلم، وأنت المستعان، وعليك البلاغ، ولاحول ولاقوة إلا بالله:** اے اللہ! ہم آپ سے وہ سب کچھ مانگتے ہیں جو آپ کے نبی ﷺ نے آپ سے مانگا ہے، اور ہم ان سب چیزوں سے آپ کی پناہ چاہتے ہیں جن سے آپ کے نبی محمد ﷺ نے پناہ چاہی ہے، اور آپ ہی سے مدد چاہی جاتی ہے، اور مقاصد اور مرادوں تک پہنچنا آپ ہی کے کرم پر موقوف ہے، اور کچھ طاقت وقوت نہیں مگر آپ ہی کی مدد سے!

تشریح: دنیا میں ایسے بندوں کی تعداد زیادہ ہے جو تمام ماثورہ دعائیں یاد نہیں کر سکتے، ان کے لئے یہ نہایت آسان اور جامع دعا ہے، لوگ چاہیں تو اپنی زبان میں یہ دعا مانگیں: ''اے اللہ! ہم ہر وہ خیر اور بھلائی آپ سے مانگتے ہیں جو تیرے حبیب ﷺ نے تجھ سے مانگی ہے، اور ہم ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتے ہیں جس سے تیرے حبیب ﷺ نے پناہ چاہی ہے، اور آپ ہی وہ ہستی ہیں جس کی مدد چاہی جاتی ہے، اور مقاصد اور مرادوں تک پہنچنا آپ ہی کے کرم پر موقوف ہے، اور قوت وطاقت کا سرچشمہ آپ ہی کی ذات ہے!'' (اس ایک دعا میں نبی ﷺ کی ساری

دعائیں آجاتی ہیں، پس طلبہ اس کو ضرور یاد کرلیں اور اس سے فائدہ اٹھائیں)

[۹٤-] بابٌ

[۳۵٤۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ المُؤَدِّبُ، نَا عَمَّارُ بْنُ مُحمدٍ ابْنُ أُخْتِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، نَا لَيْثُ ابْنُ أَبِیْ سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ، قَالَ: دَعَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِدُعَاءٍ كَثِيْرٍ، لَمْ نَحْفَظْ مِنْهُ شَيْئًا، قُلْنَا: يَارسولَ اللّٰهِ! دَعَوْتَ بِدُعَاءٍ كَثِيْرٍ، لَمْ نَحْفَظْ مِنْهُ شَيْئًا! قَالَ: "أَلاَ أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا يَجْمَعُ ذٰلِكَ كُلَّهُ؟ تَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَاسَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحمدٌ صلى الله عليه وسلم، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحمدٌ صلى الله عليه وسلم، وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ، وَعَلَيْكَ الْبَلاَغُ، وَلاَ حَوْلَ وَلاَقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۳۷- دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا

حدیث: شہر بن حوشب رحمہ اللہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: اے ام المؤمنین! جب رسول اللہ ﷺ آپؓ کے پاس ہوتے تھے یعنی آپؓ کی باری کا دن ہوتا تھا تو آپؐ کی بکثرت دعا کیا ہوتی تھی؟ ام سلمہؓ نے کہا: آپ کی زیادہ تر دعا یہ ہوتی تھی: يَا مقلب القلوب! ثَبِّتْ قلبی علی دينك: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ! ام سلمہؓ کہتی ہیں: پس میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ بکثرت یہ دعا کیوں کرتے ہیں کہ "اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت وقائم رکھ!" یعنی کیا ہدایت کے بعد بھی گمراہی کا احتمال ہے جو آپؐ بکثرت یہ دعا کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: "اے ام سلمہؓ! بیشک کوئی آدمی نہیں مگر اس کا دل اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہے، پس وہ جس کا دل چاہتے ہیں سیدھا رکھتے ہیں، اور جس کا دل چاہتے ہیں ٹیڑھا کر دیتے ہیں!" —— پھر حدیث کے راوی معاذ بن معاذ عنبری، ابو المثنی بصری قاضی رحمہ اللہ نے سورۃ آل عمران کی (آیت ۸) پڑھی: ﴿رَبَّنَا لاَتُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا، وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً، إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ﴾: اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو کج نہ کر دیں، اس کے بعد کہ آپ ہمیں ہدایت پر لے آئے، اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما! آپ بلاشبہ بڑے عطا فرمانے والے ہیں! یعنی مؤمنین باوجود وصول الی اللہ کے اس کمال پر نازاں نہ ہوں، بلکہ حق تعالیٰ سے استقامت کی دعا کرتے رہیں!

تشریح: نبی ﷺ کی دعاؤں میں تعلیم امت کا پہلو سب سے نمایاں ہوتا ہے، علاوہ ازیں: جس کو اپنے نفس کی

اوراپنے رب کی معرفت نصیب ہوتی ہے اس کا یہی حال ہوتا ہے، وہ کبھی خودکو مامون ومحفوظ نہیں سمجھتا، اور یہی بندگی کا کمال ہے، نزدیکاں رابیش بود حیرانی کا یہی مطلب ہے۔

فائدہ: ہدایت کے شرح تہذیب میں دو معنی بیان کئے ہیں: اراءۃ الطریق اور ایصال الی المطلوب: یہ بات صحیح نہیں، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہدایت کے ایک تیسرے معنی بھی ہیں۔ اور وہ صراطِ مستقیم پر استوار رکھنا، جمانا ہیں، اهدنا الصراط المستقیم میں یہی معنی ہیں۔

حوالہ: یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے پہلے (ابواب القدر، باب ۷ حدیث ۲۱۴۰ تحفہ ۵:۵۰۰ میں) گذر چکی ہے، اور وہاں اس کی تفصیل ہے کہ اس حدیث میں ''عموم قدرت'' کا بیان ہے۔

[۹۵-] بابٌ

[۳۵۴۳-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيْ كَعْبٍ صَاحِبِ الْحَرِيْرِ، قَالَ: ثَنِيْ شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأُمِّ سَلَمَةَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ! مَاكَانَ أَكْثَرُ دُعَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا كَانَ عِنْدَكِ؟ قَالَتْ: كَانَ أَكْثَرُ دُعَائِهِ " يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلَى دِيْنِكَ" قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا لِأَكْثَرِ دُعَائِكَ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ؟ قَالَ:" يَا أُمَّ سَلَمَةَ! إِنَّهُ لَيْسَ آدَمِيٌّ إِلَّا وَقَلْبُهُ بَيْنَ إِصْبَعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ، فَمَنْ شَاءَ أَقَامَ وَمَنْ شَاءَ أَزَاغَ" فَتَلَا مُعَاذٌ: ﴿رَبَّنَا لَاتُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا﴾

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَالنَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، وَأَنَسٍ، وَجَابِرٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَنُعَيْمِ بْنِ حَمَّارٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

۳۸- نیند نہ آنے کی دعا

الأَرَق: بےخوابی کا مرض، نیند نہ آنے کی شکایت، أَرِقَ (س) أَرَقًا: نیند نہ آنا، بےخوابی طاری ہونا۔

حدیث: حضرت سیف اللہ خالد بن الولید مخزومی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے شکایت کی کہ مجھے رات میں نیند نہیں آتی، پس آپؐ نے فرمایا: جب تم بستر پر لیٹ جاؤ تو یہ دعا کرو: اللّٰهم! ربَّ السماواتِ السبعِ وما أَظَلَّتْ! وَرَبَّ الْأَرضينَ وَمَا أَقَلَّتْ! وَرَبَّ الشياطينِ وما أَضَلَّتْ! كُنْ لِيْ جَارًا من شر خلقك كلهم جميعاً: أن يَفْرُطَ عليَّ أحدٌ منهم، أَوْ أَنْ يَبْغِى، عَزَّجارُك، وجلَّ ثناؤُك، ولا إله غيرك، لا إله إلا أنت: اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے

اوران چیزوں کے پروردگار جن پر آسمان سایہ فگن ہیں! اور اے زمینوں کے اوران چیزوں کے پروردگار جن کو زمینیں اٹھائے ہوئے ہیں! اور اے شیاطین کے اوران کی گمراہ کن سرگرمیوں کے پروردگار! آپ میرے پڑوسی (سہارا) بن جائیں اپنی ساری ہی مخلوق کے شر سے! اس سے کہ مجھ پر کوئی زیادتی کرے یا یہ کہ مجھ پر کوئی ظلم کرے، طاقتور ہے آپ کا سہارا! اور بلندرتبہ ہے آپ کی تعریف یعنی آپ کی حمد وثنا کا مقام بہت بلند ہے، اور آپ کے سوا کوئی لائق پرستش نہیں! اور بس آپ ہی معبود برحق ہیں!

لغات: أَظَلَّ الشجَرُ: درخت کا سایہ فگن ہونا...... أَقَلَّ الشيئَ: اٹھانا...... أن يفرط سے پہلے مِن پوشیدہ ہے...... فَرَطَ عليه: زیادتی کرنا...... بغىٰ عليه(ض): ظلم کرنا...... عَزَّ فلان: طاقتور ہونا...... جَلَّ جلالاً: بلندرتبہ ہونا، شاندار ہونا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ٹھیک ہے، مگر اس کی یہ سند نہایت ضعیف ہے، حکم بن ظُہیر فزاری متروک راوی ہے، اس پر رافضی ہونے کا الزام تھا، اور ابن معین نے اس پر کذب فی الحدیث کا الزام بھی لگایا ہے، صرف ترمذی میں اس کی روایت ہے، مگر یہ حدیث طبرانی اور مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت خالدؓ سے بھی مروی ہے، اس لئے روایت ٹھیک ہے۔

[-۹٦] بابٌ

[-۳۵٤٤] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نَا الْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ، نَا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: شَكَا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْمَخْزُوْمِيُّ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَنَامُ اللَّيْلَ مِنَ الْأَرَقِ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ، فَقُلْ: اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ، وَرَبَّ الْأَرْضِيْنِ وَمَا أَقَلَّتْ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضَلَّتْ، كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّ خَلْقِكَ كُلِّهِمْ جَمِيْعًا: أَنْ يَفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ، أَوْ أَنْ يَبْغِيَ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ"

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ، وَالْحَكَمُ بْنُ ظُهَيْرٍ: قَدْ تَرَكَ حَدِيْثَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَيُرْوَى هٰذَا الحديثُ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، مُرْسَلٌ، مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۹- نیند میں ڈر جانے کی دعا

ڈراؤنے اور پریشان کن خواب شیطانی اثرات سے ہوتے ہیں، پس اگر کوئی نیند میں ڈر جائے اور آنکھ کھل جائے تو اس کے لئے درج ذیل دعا ہے:

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی نیند میں ڈر جائے تو چاہئے کہ کہے: أعوذ بكلمات اللّٰهِ التَّامَّةِ: من غضبهِ، وعِقَابه، ومن شرِّ عباده، ومن هَمَزَاتِ الشياطينِ، وأن يحضرونِ: میں پناہ چاہتا ہوں اللہ

کے تام کلمات کے ذریعہ: ان کے غصہ سے، اور ان کے عذاب سے، اور شیاطین کے وسوسوں سے، اور اس سے کہ وہ میرے پاس آئیں (اور مجھے ستائیں): پس شیاطین اس کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے —— حدیث کے راوی حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص کا معمول تھا کہ وہ یہ دعا اپنی اس اولاد کو سکھلا دیتے تھے جو بالغ ہوتی تھی (تاکہ وہ اس کو اپنا معمول بنائیں) اور جو بچے ابھی چھوٹے ہوتے تھے: آپؓ یہ دعا ایک کاغذ وغیرہ پر لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیتے تھے۔

تشریح: یہ اسماعیل بن عیاش کی محمد بن اسحاق سے روایت ہے، ابن اسحاق مدنی حجازی ہیں، اس لئے روایت میں کمزوری ہے، اسماعیل کی جو روایتیں شامی رُوات سے ہوتی ہیں: وہی قابل اعتبار ہوتی ہیں ...... اور عمرو بن شعیب کی سند میں بھی کلام مشہور ہے، چنانچہ شیخین نے اس سند کو صحیحین میں نہیں لیا ...... تام کلمات: یعنی اعلی درجہ کے ارشادات، جیسے آیاتِ قرآنیہ ...... هَمَزَ (ض) هَمْزًا: کوئی چیز چبھانا، هَمْزُ الشیطان: شیطان کا وسوسہ ...... یحضرونِ کی نون مکسور ہے، کیونکہ آخر سے ی محذوف ہے، اور کسرہ اس کی علامت ہے ...... صَكّ کے معنی ہیں: کوئی بھی تحریر، یہی لفظ انگریزی میں ''چیک'' بنا ہے۔

فائدہ: بچے کو یا کسی اور کو جھاڑیں یا دوسرے کے لئے تعویذ بنائیں تو أعوذ کو أُعِيْذُهُ سے بدل دیں، اور اب یحضرونَ کی نون مفتوح ہوگی۔

حوالہ: جھاڑ پھونک کا حکم کتاب الطب باب ۱۴ (تحفہ ۵: ۳۹۶) میں، اور کوڑی وغیرہ باندھنے کی ممانعت، اور قرآن وحدیث سے بنایا ہوا تعویذ بوقتِ ضرورت باندھنے کا جواز، کتاب الطب، باب ۲۳ (تحفہ ۵: ۴۱۱) میں گذر چکا ہے، وہاں دیکھ لیں وہاں حاشیہ میں یہ حدیث ابوداؤد سے نقل کی ہے، اس وقت ذہن میں نہیں تھا کہ یہ حدیث آگے ترمذی میں آرہی ہے۔

[۳۵٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ محمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِوبْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا فَزِعَ أَحَدُكُمْ فِيْ النَّوْمِ، فَلْيَقُلْ: أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ: مِنْ غَضَبِهِ، وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ: فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ" فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُلَقِّنُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهِ، وَمَنْ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهُمْ كَتَبَهَا فِيْ صَكٍّ، ثُمَّ عَلَّقَهَا فِيْ عُنُقِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۴۰- اللہ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، اور اللہ کو اپنی تعریف بے حد پسند ہے

حدیث: جب ابووائل شقیق بن سلمہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے آئندہ حدیث بیان کی تو عمرو بن مُرۃ نے پوچھا: آپ نے یہ حدیث ابن مسعودؓ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! اور ابن مسعودؓ نے یہ

حدیث مرفوع کی ہے یعنی نبی ﷺ سے روایت کی ہے، ان کا اپنا قول نہیں ہے، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت مند کوئی نہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے بے حیائی والے کام حرام کردیئے، خواہ برملا کئے جائیں یا چھپ کر، اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی کو اپنی تعریف پسند نہیں، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے خود اپنی تعریف فرمائی''

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے...... اور غیرت کے معنی ہیں: اپنی محبوب یا محترم چیز پر کسی کی دست درازی کے خلاف جوش وناگواری، اپنی بیوی کے دوسرے مرد کی طرف رجحان یا اس کے برعکس پر جوش وناگواری، غیرت وحمیت، اس کی ضد دیوث پنا ہے ــــــ ساری خلقت اللہ کا کنبہ ہے، پس اللہ تعالیٰ اپنے کنبہ میں دست درازی کو سخت ناپسند کرتے ہیں، اور سارا عالم اللہ کی صفات کا پرتو ہے، احکام بھی صفاتِ باری کا تقاضا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفتِ غیرت کے تقاضے سے تمام بے حیائی والے کام، جیسے زنا، اغلام وغیرہ مطلقاً حرام کردیئے، خواہ برملا کئے جائیں یا چھپ کر، ہر حال میں حرام ہیں، اور جاہلیتِ قدیمہ اور جاہلیتِ جدیدہ کا تصور یہ ہے کہ اگر یہ کام باہمی رضامندی سے چھپ کر کئے جائیں تو ناجائز نہیں، حالانکہ اللہ سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں، ان کے لئے ہر چیز آشکارہ ہے!

اور اللہ تعالیٰ کو اپنی تعریف بے حد پسند ہے، مگر اس پسندیدگی میں اللہ تعالیٰ کا اپنا نفع کچھ نہیں، اللہ کی تعریف سے اللہ کی عزت میں کچھ اضافہ نہیں ہوتا، بلکہ یہ پسندیدگی بندوں کے نفع کی خاطر ہے، بندے اللہ کو خوش کرکے ثواب کے مستحق ہوتے ہیں ــــــ اور حدیث کا یہی جزء یہاں مقصود ہے، دعا کرنے والے کو چاہئے کہ دعا سے پہلے اللہ کی خوب تعریف کرے، تاکہ دعا کی قبولیت کے لئے راہ ہموار ہو۔

[-۹۷] بابٌ

[-۳۵۴٦] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ – قُلْتُ لَهُ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَرَفَعَهُ – أَنَّهُ قَالَ: " لَاأَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللّٰهِ، وَلِذٰلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَاظَهَرَ وَمَا بَطَنَ، وَلَا أَحَدَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللّٰهِ، وَلِذٰلِكَ مَدَحَ نَفْسَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۴۱- قعدۂ اخیرہ کی ایک اہم دعا

حدیث: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی دعا سکھلائیں جسے میں اپنی نماز میں مانگا کروں، آپؐ نے فرمایا: ''کہو: اے اللہ! بیشک میں نے اپنی ذات پر بے حد ظلم کیا یعنی میں نے آپ کے

بہت سے احکام کی خلاف ورزی کی، یا میں نے آپ کے بہت سے احکام کی کما حقہ تعمیل نہیں کی (یہ اعترافِ قصور ہے) اور آپ کے سوا گناہوں کا بخشنے والا کوئی نہیں! (یہ اللہ کے دروازے سے چپکنا ہے) پس آپ میری خاص اپنے پاس سے بخشش فرمادیں، اور مجھ پر مہربانی فرمائیں (یہ بندے کی سب سے بڑی حاجت ہے) بیشک آپ ہی بڑے بخشنے والے، بڑے رحم فرمانے والے ہیں!

تشریح: اس دعا کی اہمیت اس سے واضح ہے کہ نبی ﷺ نے یہ دعا اس بزرگ ہستی کو سکھلائی ہے جس سے افضل اس امت میں کوئی نہیں، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ جو بار بار جنت کی بشارت سے سرفراز کئے جاچکے ہیں، اور جن کی نماز پوری امت میں سب سے بہتر اور کامل نماز تھی، ان کو یہ دعا تعلیم فرمائی گئی ہے۔ اس دعا میں یہ تعلیم ہے کہ بہتر سے بہتر نماز پڑھ کر بھی دل میں یہ وسوسہ نہیں آنا چاہئے کہ اس نے اللہ کی عبادت کا حق ادا کردیا، بلکہ چاہئے کہ آدمی نماز کے بعد خود کو قصور وار گردانے، اپنی کوتاہی کا اعتراف کرے، اور رحمت و مغفرت کی بھیک مانگے!

اور اس حدیث میں اگرچہ صراحۃً یہ بات نہیں ہے کہ یہ دعا نماز کے آخر میں سلام سے پہلے مانگنی چاہئے، مگر شارحینِ حدیث عام طور پر اس دعا کا محل: خاص یہی موقع تجویز فرماتے ہیں، کیونکہ صحیحین میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث مروی ہے کہ نمازی جب تشہد و درود سے فارغ ہوجائے تو جو دعا اس کو سب سے اچھی معلوم ہو اس کا انتخاب کرے، اور نماز کے آخر میں وہ دعا اللہ سے مانگے، اور جو دعا صدیق اکبرؓ کو سکھلائی گئی ہے اس سے بہتر دعا کیا ہوسکتی ہے! چنانچہ امام بخاری رحمہ اللہ نے باب الدعاء قبل السلام کے عنوان سے یہی دعا (حدیث ۶۳۲۶) ذکر فرمائی ہے۔ اور یہ حدیث متفق علیہ ہے، مگر امام لیث سے آخر تک یہی سند ہے، اس لئے غریب بمعنی تفرد اسناد ہے۔

[۹۸-] بابٌ

[۳۵۴۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ أَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، أَنَّهُ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ دُعَاءً أَدْعُوْ بِهِ فِيْ صَلاَ تِيْ، قَالَ: "قُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا، وَلاَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْلِيْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، وَهُوَ حَدِيْثُ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، وَأَبُوْ الْخَيْرِ: اسْمُهُ مَرْثَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيُّ.

بابٌ

۴۲- صفات کی دہائی قبولیتِ دعا میں کارگر ہے

انسانوں میں جب اولاد باپ کو 'ابو' کہہ کر پکارتی ہے، یا ماں کو 'امی' کہہ کر خطاب کرتی ہے، یا شاگرد: استاذ کو 'حضرت'

سے خطاب کرتا ہے، یا مرید: پیر کو 'سیدی' کہتا ہے، یا ملازم: آقا کو 'سر' یا 'جناب' کہہ کر کوئی بات عرض کرتا ہے: تو یہ القاب مخاطبین کو بھلے معلوم ہوتے ہیں، وہ عرض ومعروض جلد سنتے ہیں، اسی طرح — بلاتشبیہ — اللہ تعالیٰ کو بعض صفات سے پکارنا پسند آتا ہے، جیسے صفتِ حَيّ (سدا زندہ) قیوم (مخلوق کو سنبھالنے والا) ذو الجلال والإکرام (عظمت وبزرگی والا) ان صفات سے اللہ تعالیٰ کو پکارنا اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، چنانچہ درج ذیل احادیث میں ان صفات سے پکارنے کی اور دعا کرنے کی فضیلت آئی ہے۔ پس یہ صفات اپنی دعاؤں میں بکثرت استعمال کی جائیں، ان صفات کی دہائی قبولیتِ دعا میں زیادہ کارگر ہے۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کو کسی معاملہ میں پریشانی اور بے چینی لاحق ہوتی تو آپؐ کہتے: یاحيّ یاقیوم! برحمتك أَسْتَغِيْثُ: اے زندۂ جاوید! اے کائنات کو سنبھالنے والے! میں آپ کی رحمت کی بھیک مانگتا ہوں۔

لغات: کَرَبَ (ض) فلاناً الأمرُ: کسی معاملہ میں پریشانی اور بے چینی لاحق ہونا ...... اسْتَغَاثَ به: کسی کی مدد مانگنا، کسی کو مدد کے لئے پکارنا۔

باقی حدیث: اور اسی سند سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یا ذا الجلال والإکرام سے چمٹے رہو یعنی اس کا ورد رکھو، اس کے ذریعہ دعا کرو۔

لغت: لَظَّ به وأَلَظَّ به: چمٹے رہنا، لگے رہنا، أَلَظَّ بالمکان: کسی جگہ مستقل قیام کرنا، أَلَظَّ بفلان: کسی کے ساتھ لگے رہنا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، رقاشی: یزید بن ابان، ابوعمرو بصری واعظ ضعیف راوی ہے، اور یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک اور سند سے بھی مروی ہے، مگر وہ سند بھی صحیح نہیں، پھر اگلے نمبر پر وہ دوسری سند ذکر کی ہے، حماد بن سلمہ: حمید طویل سے، اور وہ حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: یاذا الجلال والإکرام سے چمٹے رہو، یہ سند بھی ضعیف ہے، بلکہ محفوظ نہیں، صحیح سند یہ ہے: حماد بن سلمہ: حمید طویل سے، وہ حضرت حسن بصریؒ سے، اور وہ نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں (پس یہ حدیث مرسل ہے) اور پہلی سند مؤمل (بروزن محمد) کی غلطی ہے، حمید کا کوئی شاگرد اس طرح سند بیان نہیں کرتا۔

حدیث (۲): (نمبر ۳۵۵۰) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:

۱- نبی ﷺ نے ایک شخص کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا: اللّٰهم! إنی أسألك تمامَ النعمة: اے اللہ! میں آپ سے پوری نعمت کی درخواست کرتا ہوں، نبی ﷺ نے ان سے پوچھا: (جانتے ہو) ''پوری نعمت کیا ہے؟'' انھوں نے جواب دیا: یہ ایک دعا ہے، جو میں نے مانگی ہے، اور میں اس دعا سے خیر کی امید رکھتا ہوں یعنی میں اجمالاً اس دعا کا مفہوم

سمجھتا ہوں، تفصیلاً نہیں جانتا کہ ''پوری نعمت'' کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''پوری نعمت میں سے جنت میں داخل ہونا اور جہنم سے بچ جانا ہے'' یعنی یہ جامع اور ہمہ گیر دعا ہے، اس کا دائرہ بہت وسیع ہے، غرض: آپؐ نے ان کی دعا کی تحسین فرمائی (الفوز: الخلاص والنجاة)

۲- اور آپؐ نے ایک دوسرے شخص کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا: یا ذا الجلال والإکرام! اے عظمت و بزرگی والے خدا! پس آپؐ نے فرمایا: ''آپ کی دعا قبول کی گئی، پس آپ مانگیں!'' یعنی آپ کا اس طرح دعا کو شروع کرنا بڑا پیارا انداز ہے، یہ دہائی اللہ کو بہت پسند ہے، اب آپ دل کھول کر مانگیں (حدیث کا یہی جزء اس باب میں مقصود ہے)

۳- اور آپؐ نے ایک تیسرے شخص کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا: اے اللہ! میں آپ سے صبر کی درخواست کرتا ہوں، پس آپؐ نے فرمایا: ''تو نے بلا و مصیبت مانگی، پس اللہ سے عافیت مانگ''

تشریح: اگر کوئی بلا آپڑی ہو، اور کسی مصیبت میں پھنس گیا ہو تو صبر کی دعا کرنی چاہئے، مگر بلا وجہ صبر کی دعا کو نبی ﷺ نے پسند نہیں کیا، کیونکہ صبر کی دعا کا مطلب یہ ہے کہ الٰہی! مجھ پر مصیبت نازل فرما تا کہ میں اس پر صبر کروں، حالانکہ آدمی کو عافیت طلب کرنی چاہئے، عافیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے بچائیں، اور ہر قسم کے شرور و فتن سے محفوظ رکھیں، صبر کے پردے میں بلا نہیں مانگنی چاہئے۔

حدیث کا حال: پہلی حدیث تو ضعیف تھی، مگر یہ حدیث صحیح ہے، جُریری: سعید بن ایاس ہیں، جو ثقہ راوی ہیں، اور ابوالورد: ثمامة بن حَزْن قشیری ہیں، یہ بھی ثقہ ہیں، اور مخضرم تابعی ہیں، اور لجلاج عامری صحابی ہیں، جو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

[۹۹-] بابٌ

[۳۵٤۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ، نَا أَبُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنِ الرُّحَيْلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ: أَخِيْ زُهَيْرِ ابْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا كَرَبَهُ أَمْرٌ، قَالَ: "يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ"

وَبِإِسْنَادِهِ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلِظُّوْا بِيَاذَ الْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ"

وَهٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَنَسٍ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۵٤۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا مُؤَمَّلٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَلِظُّوْا بِيَاذَ الْجَلَالِ وَالإِكْرَامِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ بِمَحْفُوْظٍ، وَإِنَّمَا يُرْوَى هٰذَا عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ

الْحَسَنِ البَصْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهٰذَا أَصَحُّ، وَالْمُؤَمَّلُ غَلَطَ فِيْهِ، فَقَالَ: عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَلاَ يُتَابَعُ فِيْهِ.

[۳۵۵۰-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِىْ الوَرْدِ، عَنِ اللَّجْلاَجِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: سَمِعَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً يَدْعُوْ، يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَسْأَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ، فَقَالَ: "أَىُّ شَيْءٍ تَمَامُ النِّعْمَةِ؟" قَالَ: دَعْوَةٌ دَعَوْتُ بِهَا، أَرْجُوْ بِهَا الْخَيْرَ، قَالَ: "فَإِنَّ مِنْ تَمَامِ النِّعْمَةِ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ، وَالْفَوْزَ مِنَ النَّارِ"

وَسَمِعَ رَجُلاً، وَهُوَ يَقُوْلُ: يَا ذَا الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ! فَقَالَ: "قَدِ اسْتُجِيْبَ لَكَ فَسَلْ"

وَسَمِعَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً، وَهُوَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أَسْأَلُكَ الصَّبْرَ، قَالَ: "سَأَلْتَ اللّٰهَ البَلاَءَ، فَاسْأَلْهُ الْعَافِيَةَ"

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الجُرِيْرِيِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

۴۳- جو باوضوء ذکر کرتا ہوا سوئے، وہ کروٹ بدلتے وقت جو مانگے گا: ملے گا!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جس نے اپنے بستر پر ٹھکانہ پکڑا، درانحالیکہ وہ پاک (باوضوء) ہے، اللہ کا ذکر کررہا ہے، یہاں تک کہ اس کو اونگھ آنے لگی (پس زبان ذکر سے رُک گئی) تو وہ نہیں کروٹ بدلے گا رات کی کسی گھڑی میں درانحالیکہ وہ اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی بھلائی میں سے کوئی چیز مانگ رہا ہو: مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں"

تشریح: جو شخص باوضوء ذکر کرتا ہوا سوتا ہے، وہ نیند میں بھی ذکر ودعا میں مشغول رہتا ہے، اوراس کا قرینہ یہ ہے کہ جب وہ کروٹ بدلتا ہے تو دعا کررہا ہوتا ہے، یہ بات اسی کو میسر آسکتی ہے جو نیند میں بھی دعا کررہا ہو، پس یہ حالت خود "جامع الاذکار والادعیہ" ہے، اور غالباً اسی وجہ سے یہ حدیث ان ابواب میں لائی گئی ہے۔

ملحوظہ: ایک روایت میں لم ينفلت کی جگہ لم يتقلّب ہے یعنی نہیں کروٹ بدلتا۔

[۱۰۰-] بابٌ

[۳۵۵۱-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِىْ حُسَيْنٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِىْ أُمَامَةَ البَاهِلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "مَنْ أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ طَاهِرًا يَذْكُرُ اللّٰهَ، حَتَّى يُدْرِكَهُ النُّعَاسُ: لَمْ يَنْقَلِبْ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ، يَسْأَلُ

اللّٰهَ شَيْئًا مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ: إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا أَيْضًا عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي ظَبْيَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

۴۴-صبح وشام کا ایک جامع ذکر اور دعا

حدیث: ابوراشد حُبرانی شامی کہتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے ان سے عرض کیا: ہم سے کوئی حدیث بیان کریں ان حدیثوں میں سے جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہیں، پس انھوں نے میری طرف ایک تحریر ڈالی، اور فرمایا: یہ وہ تحریر ہے جو میرے لئے رسول اللہ ﷺ نے لکھی ہے۔ ابوراشد کہتے ہیں: پس میں نے اس تحریر کو دیکھا، پس اچانک اس میں تھا کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے وہ دعا سکھلائیں جو میں صبح وشام مانگا کروں، نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوبکر! کہو: اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے غیب وشہادت کے جاننے والے! آپ کے علاوہ کوئی معبود نہیں! اے ہر چیز کے پروردگار اور اس کے بادشاہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کی برائی سے یعنی اس بات سے کہ میں کوئی برا کام کروں، اور شیطان کی برائی سے یعنی اس سے کہ وہ مجھے کسی برائی میں مبتلا کرے، اور اس کے شرک میں مبتلا کرنے سے، اور اس بات سے کہ میں اپنے نفس کے لئے ضرر رساں کوئی برائی کماؤں، یا میں اس برائی کو کسی مسلمان کی طرف گھسیٹوں یعنی اس کو پہنچاؤں۔

لغات: المَلِك اور الملیك: بادشاہ، صاحب سلطنت ...... الشِّرْك: مصدر کے معنی ہیں: اللہ کی حاکمیت میں کسی کو شریک ٹھہرانا اور اگر یہ لفظ الشَّرِك: اسم ہے تو اس کے معنی ہیں: شکاری کا جال، پھندا ...... اقْتَرَفَ: کمانا، اقترف الذنبَ: گناہ کا مرتکب ہونا ...... جَرَّ (ن) الشیئَ: کھینچنا، گھسیٹنا، سبب بننا اور ضمیر منصوب سوء کی طرف راجع ہے۔

[۱۰۱-] بابٌ

[۳۵۵۲-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ محمدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الحُبْرَانِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ العَاصِ، فَقُلْتُ لَهُ: حَدِّثْنَا مِمَّا سَمِعْتَ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَلْقَى إِلَيَّ صَحِيْفَةً، فَقَالَ: هٰذَا مَا كَتَبَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَنَظَرْتُ فِيْهَا، فَإِذَا فِيْهَا: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ قَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِّمْنِيْ مَا أَقُوْلُ إِذَا أَصْبَحْتُ

وَإِذَا أَمْسَيْتُ، قَالَ: "يَا أَبَا بَكْرٍ! قُلِ: اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، رَبَّ كُلِّ شَيْئٍ وَمَلِيْكَهُ، أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ، وَشِرْكِهِ، وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلَى نَفْسِيْ سُوْءً ا، أَوْ أَجُرَّهُ إِلَى مُسْلِمٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴۵-اذکار اربعہ کی وجہ سے پکّے ہوئے پتّوں کی طرح گناہ جھڑ جاتے ہیں

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ ایک ایسے درخت کے پاس سے گذرے جس کے پتّے سوکھ چکے تھے، پس آپؐ نے درخت کو اپنی لاٹھی ماری، پس پتے جھڑنے لگے، پس آپؐ نے فرمایا: **الحمد لله** اور **سبحان الله** اور **لا إلٰه إلا الله** اور **الله أكبر**: یقیناً بندے کے گناہوں کو جھاڑ دیتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑ گئے (یہ ثواب مُدام یہ اذکار کرنے کا ہے، اور یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں انقطاع ہے، امام اعمش نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حدیث نہیں سنی، ہاں ان کو دیکھا ہے، پس وہ تابعی ہیں، مگر منذری کہتے ہیں: یہ حدیث مسند احمد میں اعمش کے علاوہ سے صحیح سند سے مروی ہے)

[۳۵۵۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، أَخْبَرَنَا الفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ بِشَجَرَةٍ يَابِسَةِ الْوَرَقِ، فَضَرَبَهَا بِعَصَاهُ، فَتَنَاثَرَ الْوَرَقُ، فَقَالَ: "إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهَ أَكْبَرُ: لَتُسَاقِطُ مِنْ ذُنُوْبِ الْعَبْدِ كَمَا تَسَاقَطَ وَرَقُ الشَّجَرَةِ هٰذِهِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَا نَعْرِفُهُ لِلْأَعْمَشِ سَمَاعًا مِنْ أَنَسٍ، إِلَّا أَنَّهُ قَدْ رَآهُ وَنَظَرَ إِلَيْهِ.

۴۶-کلمۂ توحید کی بڑی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے کہا: **لاإلٰه إلا الله، وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد، يحيي ويميت، وهو على كل شيئ قدير**: جس نے یہ کلمۂ توحید مغرب کے بعد دس مرتبہ کہا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے سیکورٹی (محافظ فرشتے) بھیجتے ہیں، جو صبح تک شیطان سے اس کی حفاظت کرتے ہیں، اور اس کے لئے اس کلمہ کی وجہ سے جنت واجب کرنے والی دس نیکیاں لکھتے ہیں، اور اس سے تباہ کن دس برائیاں مٹاتے ہیں، اور اس کو دس مسلمان غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے (اس حدیث کی سند ٹھیک ہے، مگر راوی عمارہ صحابی نہیں، اس لئے حدیث مرسل ہے)

تشریح: کلمۂ توحید مثبت و منفی دونوں مضامین پر مشتمل ہے، پس اس کلمہ سے دونوں پہلوؤں سے اللہ کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔ اور صفاتِ سلبیہ کے ذریعہ اللہ کی معرفت گناہوں کی معافی میں زیادہ کارگر ہے، اور صفاتِ ثبوتیہ کے ذریعہ معرفت: نیکیوں اور جزاؤں کو وجود میں لانے میں زیادہ مفید ہے، اور ثبوتی معرفت: سلبی معرفت سے اہم ہے،

غرض کلمۂ توحید کے ثواب میں دونوں باتوں کا لحاظ کیا گیا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۰۹)

لغات: الأَثَر اور الإِثْر: نشان، اثر، في إِثْرِه: اس کے پیچھے، اس کے بعد...... المَسْلَحُ وَالْمَسْلَحَةُ: ہتھیار خانہ، ہتھیار بند، سپاہیوں کی پہرا چوکی، سرحدی حفاظتی پولس، جمع مسالح۔

[۳۵۵۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنِ الْجُلَاحِ: أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِّيِّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ شَبِيْبٍ السَّبَاءِ يِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ قَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيْتُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ: عَشْرَ مَرَّاتٍ عَلَى أَثَرِ الْمَغْرِبِ: بَعَثَ اللّٰهُ لَهُ مَسْلَحَةً، يَحْفَظُوْنَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ حَتَّى يُصْبِحَ، وَكَتَبَ لَهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ مُوْجِبَاتٍ، وَمَحَى عَنْهُ عَشْرَ سَيِّئَاتٍ مُوْبِقَاتٍ، وَكَانَتْ لَهُ بِعَدْلِ عَشْرِ رَقَبَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، وَلَا نَعْرِفُ لِعُمَارَةَ بْنِ شَبِيْبٍ، سَمَاعًا مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

بَابُ مَاجَاءَ فِيْ فَضْلِ التَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، وَمَا ذُكِرَ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ لِعِبَادِهِ

توبہ واستغفار کی فضیلت اور توبہ کرنے والے بندوں پر اللہ کی مہربانی

توبہ واستغفار کے لغوی اور اصطلاحی معنی:

توبہ کے لغوی معنی ہیں: لوٹنا، رجوع کرنا۔ تَابَ العبدُ إلى الله: گناہوں پر پشیمان ہوکر اللہ کی طرف رجوع کرنا۔ تَابَ اللّٰهُ على عبده: گناہ معاف کر کے اللہ کا بندے کی طرف مہربانی کے ساتھ رجوع کرنا، پس بندے کی صفت تائب اور اللہ کی صفت توَّاب ہے۔

اور استغفار کے لغوی معنی ہیں: چھپانا، غَفَرَ الشيبَ بالخِضاب: بالوں کی سفیدی کو خضاب سے چھپایا، غَفَرَ المتاعَ في الوِعاء: کسی ظرف میں سامان رکھ کر چھپایا، غَفَرَ اللّٰه ذَنْبَه: گناہ کو چھپایا، معاف کیا، فهو غافر، اور برائے مبالغہ: غَفور اور غفّار۔

اور اصطلاح میں توبہ کی دوصورتیں ہیں:

پہلی صورت: گنہ گار کی توبہ — یعنی اگر بندے سے کوئی گناہ سرزد ہوجائے تو اس پر رنج وندامت اور پشیمانی کا ہونا، اور آئندہ کے لئے اس گناہ سے بچے رہنے کا عزم مصمم کرنا، اور اپنے اس گناہ کی اللہ تعالیٰ سے معافی اور بخشش مانگنا، جب یہ تین باتیں جمع ہوں تو وہ گنہ گار کی توبہ ہے۔

دوسری صورت: نیک بندوں کی توبہ — عبد ومعبود کا رشتہ ہمیشہ مستحکم رہنا ضروری ہے، ضروری ہے کہ بندہ ہر وقت اللہ کی طرف لو لگائے رہے، کسی آن اللہ سے اس کی توجہ نہ ہٹے، مگر یہ دنیا: غفلت کی دنیا ہے، یہاں ہر وقت یہ بات ممکن نہیں، بار ہا اللہ سے بندے کی توجہ ہٹ جاتی ہے، پس ضروری ہے کہ نیک بندے اللہ کی طرف لوٹیں، اور اپنی بے توجہی کی معافی مانگیں، اللہ کے نیک بندے بایں معنی بار بار اللہ کے سامنے توبہ کرتے ہیں۔

اور توبہ کی طرح استغفار کی بھی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت: جب بندے سے کوئی گناہ سرزد ہو جائے تو توبہ کرکے اللہ سے درخواست کرے کہ وہ گناہ معاف کرکے اس کو اپنی رحمت کے سایے میں لے لیں، یہ عام لوگوں کا استغفار ہے۔

دوسری صورت: ہر بندہ ہر وقت اس کا محتاج ہے کہ اللہ کی رحمت اس پر سایہ فگن رہے، کسی لمحہ اللہ کی کنفِ عنایت سے دور نہ ہو، پس اللہ تعالیٰ سے ہر وقت دعا کرنی چاہئے کہ الٰہی! مجھے اپنی رحمت میں چھپالے، اللہ کے نیک بندے بایں معنی بکثرت استغفار کرتے ہیں، اور وہی درحقیقت رحمتِ خداوندی کے زیادہ حقدار ہیں۔

توبہ واستغفار میں چولی دامن کا ساتھ ہے:

توبہ: استغفار کے لوازم میں سے ہے، اور دونوں میں چولی دامن کا ساتھ ہے، البتہ توبہ کو تقدم ذاتی یا زمانی حاصل ہے، اور استغفار: توبہ کا لازمی ثمرہ اور نتیجہ ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب بندے سے کوئی گناہ سرزد ہو جاتا ہے، اور وہ اپنی کوتاہی پر نادم ہوتا ہے، تو وہ اللہ تعالیٰ سے ضرور بخشش کی استدعا کرتا ہے، تاکہ وہ اس گناہ کے برے انجام سے بچ جائے —— اسی طرح جب بندہ عذاب کے خوف سے استغفار کرے گا اور گناہ کی معافی مانگے گا تو اس کو اس گناہ پر ضرور رنج وافسوس ہوگا، اور آئندہ وہ اس گناہ کے پاس سے بھی نہیں گذرے گا —— اس طرح توبہ واستغفار لازم ملزوم ہیں۔

مثال سے وضاحت:

کبھی سخت غصہ کی حالت میں آدمی خودکُشی کے ارادے سے زہر کھالیتا ہے، پھر جب وہ زہر جسم میں پہنچ کر اپنا عمل شروع کرتا ہے، آنتیں کٹنے لگتی ہیں، اور ناقابل برداشت تکلیف اور بے چینی شروع ہو جاتی ہے، اور موت سامنے کھڑی نظر آتی ہے، تو اس کو اپنی اس احمقانہ حرکت پر سخت رنج وافسوس ہوتا ہے، اس وقت وہ چاہتا ہے کہ کسی بھی طرح اس کی جان بچ جائے، پس وہ آئندہ کبھی بھی یہ نامعقول حرکت نہیں کرے گا —— اسی طرح مؤمن بندے سے بھی غفلت کی حالت میں یا اغوائے شیطانی سے، یا نفس امارہ کے تقاضے سے گناہ سرزد ہو جاتا ہے، مگر جب اس کا ایمانی حاسّہ بیدار ہوتا ہے، اور وہ اپنے گناہ کے انجام کو سوچتا ہے تو سخت پشیمان ہوتا ہے، اور عزم مصمم کرتا ہے کہ آئندہ کبھی بھی وہ یہ حرکت نہیں کرے گا، اور اپنے رحیم وکریم مولیٰ سے معافی مانگتا ہے پس مہربان مولیٰ اس کو معاف کردیتے ہیں، اور دوبارہ اس کو اپنی کنفِ عنایت میں لے لیتے ہیں، یہی توبہ واستغفار کی حقیقت ہے (یہ مضمون پہلے تحفہ ۶: ۲۷۴ میں آچکا ہے)

توبہ سے بڑے سے بڑا گناہ معاف ہوجاتا ہے:

اللہ کی رحمت بے حد وسیع ہے، وہ توبہ کرنے پر اور معافی مانگنے پر بڑے سے بڑا گناہ معاف کردیتے ہیں، انھوں نے سورۃ الزمر (آیت ۵۳) میں اعلان کیا ہے: ''اے میرے وہ بندو جنھوں نے اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں! تم اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہوؤ، اللہ تعالیٰ بالیقین تمام گناہوں کو معاف فرمادیں گے، وہی بڑے بخشنے والے بڑی رحمت والے ہیں!'' —— اور ان کی صفتِ قہر وجلال انہی مجرموں کے لئے ہے جو گناہ کرنے کے بعد توبہ نہیں کرتے، اس کی طرف رجوع نہیں ہوتے، اور اس سے معافی اور مغفرت طلب نہیں کرتے۔

۴۷- توبہ کا دروازہ ہر وقت کھلا ہے

باب کی حدیثوں میں چار مضمون ہیں: ۱- علم دین حاصل کرنے والوں کی فضیلت۔ ۲- چمڑے کے موزوں پر مسح کی مشروعیت۔ ۳- کسی سے محبت کرنے کا حکم۔ ۴- توبہ کا دروازہ ہر وقت کھلا ہے، اور باب کی دونوں حدیثیں درحقیقت ایک ہیں، پہلی روایت حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ کی ہے، اور دوسری حماد بن زید کی۔ دونوں حضرت عاصم بن ابی النجود (امام القراء) سے روایت کرتے ہیں:

حدیث (۱): زِرُّ بن حُبَیْش رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت صفوان بن عسّال مرادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، تاکہ میں ان سے چمڑے کے موزوں پر مسح کے بارے میں دریافت کروں، پس انھوں نے پوچھا: اے زر! آپ کیوں آئے ہیں؟ میں نے کہا: علم کی تلاش میں! انھوں نے فرمایا:

پہلا مضمون: فرشتے یقیناً اپنے پر رکھ دیتے ہیں علم دین حاصل کرنے والوں کے لئے، اس علم سے خوش ہوکر جس کو وہ طلب کر رہا ہے (یہ مضمون حدیث ۲۶۸۱ ابواب العلم، باب ۱۹ تحفہ ۶: ۴۵۸ میں آچکا ہے)

دوسرا مضمون: میں نے عرض کیا: بڑے اور چھوٹے استنجے کے بعد چمڑے کے موزوں پر مسح نے میرے سینہ میں کھٹک پیدا کی ہے، اور آپ نبی ﷺ کے صحابہ میں سے ایک صحابی ہیں، پس میں آپ کے پاس آیا ہوں تاکہ آپ سے دریافت کروں کہ آیا آپ نے نبی ﷺ کو اس سلسلہ میں کچھ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! آپؐ ہمیں حکم دیا کرتے تھے جب ہم مسافر ہوتے تھے کہ ہم تین رات دن اپنے موزے نہ نکالیں، مگر جنابت سے (نکالیں) البتہ بڑے اور چھوٹے استنجے سے اور نیند سے (نہ نکالیں) (یہ مضمون حدیث ۹۹ کتاب الطہارۃ، باب ۷۱ تحفہ ۱: ۳۶۲ میں آچکا ہے)

تیسرا مضمون: زِرّ کہتے ہیں: پس میں نے عرض کیا: آپ نے محبت کرنے کے بارے میں نبی ﷺ سے کوئی بات سنی ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! ہم ایک سفر میں نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس دریں اثناء کہ ہم آپؐ کے پاس تھے، اچانک آپؐ کو ایک بدّو نے پکارا اپنی اونچی آواز سے: او محمد! پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو اسی کے بقدر بلند آواز سے جواب دیا: ''میں یہ ہوں!'' پس ہم نے اس سے کہا: اپنی آواز پست کر، کیونکہ تو نبی ﷺ کے پاس ہے، اور تجھے اس طرح اونچی

آواز سے پکارنے سے (سورۃ الحجرات آیت ۲ میں) منع کیا گیا ہے، اس نے کہا: بخدا! میں آواز پست نہیں کرونگا (یہ اکھڑ پن ہے!) اس نے پوچھا: ایک شخص کسی قوم سے محبت کرتا ہے، اور وہ ابتک ان کے ساتھ (عمل کے اعتبار سے) ملا نہیں ہے یعنی اس نے ان جیسے اعمال نہیں کیئے تو اس کا کیا حکم ہے؟ نبی ﷺ نے فرمایا: ''آدمی قیامت کے دن ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن سے وہ محبت کرتا ہے!'' (اللہ کے لئے محبت کرنے کا بیان تحفہ ۶: ۱۶۴ میں آ گیا ہے)

تشریح: اس بدّو کو نبی ﷺ اور صحابہ سے محبت تھی، مگر بے چارہ دیر سے اسلام میں داخل ہوا تھا، اس لئے اعمال میں کوتاہ تھا، جس کا اسے افسوس تھا، چنانچہ اس نے مذکورہ سوال کیا —— اور ''ساتھ ہونے'' کا مطلب یہ ہے کہ آخرت میں محبّ کے محبوبوں کے ساتھ گہرے مراسم ہونگے، ہم درجہ ہونا مراد نہیں —— هَاؤُم: اسم فعل، جمع مذکر حاضر بمعنی امر، سورۃ الحاقہ (آیت ۱۹) میں یہ لفظ آیا ہے، مفرد هَاءَ ہے، اس کے معنی ہیں: لے لو یعنی میں یہ موجود ہوں، کہو کیا کہنا ہے؟ —— اور آپؐ نے بلند آواز سے جواب اس لئے دیا کہ ''جواب ترکی بہ ترکی'' ہو جائے، اور اس بدّو کو اللہ تعالیٰ اس کی گستاخی کی کوئی سزا نہ دیں۔

چوتھا مضمون: جو باب میں مقصود ہے: پس حضرت صفوان برابر ہم سے حدیثیں بیان کرتے رہے، یہاں تک کہ انھوں نے جانبِ مغرب میں ایک دروازے کا تذکرہ کیا، جس کی چوڑائی کی مسافت، یا کہا: اس کی چوڑائی میں اونٹ سوار چالیس، یا کہا: ستّر سال چلے گا —— حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ نے کہا: ملک شام کی جانب میں (یہ دروازہ ہوگا) —— اس دروازے کو اللہ تعالیٰ نے توبہ کے لئے کھلا ہوا پیدا کیا گیا ہے، جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، وہ نہیں بھیڑا جائے گا تا آنکہ سورج مغرب سے نکلے گا۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ سورۃ الانعام (آیت ۱۵۸) میں جو ارشادِ پاک ہے کہ جس روز آپ کے رب کی بڑی نشانی آ پہنچے گی تو کسی ایسے شخص کا ایمان اس کے کام نہیں آئے گا جو پہلے سے ایمان نہیں لایا، یا اس نے اپنے ایمان میں کوئی نیک عمل نہیں کیا، اس آیت میں ''بڑی نشانی'' سے مراد سورج کا مغرب سے طلوع ہونا ہے، اس کے بعد توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔

تشریح: توبہ کا دروازہ ہر وقت کھلا ہوا ہے، البتہ جب نزع شروع ہو جاتا ہے تو توبہ کا موقعہ نہیں رہتا، اسی طرح جب قربِ قیامت میں سورج مغرب سے نکل آئے گا تو توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا، پس کسی بھی قصوروار کو مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، ہر گنہ گار کو چاہئے کہ جلد سے جلد توبہ کرے، کہیں ایسا نہ ہو کہ موت سامنے آ کھڑی ہو، پھر کفِ افسوس ملنے کے علاوہ چارہ نہ رہے! اللّٰهم! إنا نتوب إليك، ونستغفرك من الذنوب كلها (آمین)

[۱۰۲-] بابُ ماجاءَ فِيْ فَضْلِ التَّوْبَةِ وَالإِسْتَغْفَارِ، وَمَا ذُكِرَ مِنْ رَحْمَةِ اللهِ لِعِبَادِهِ

[۳۵۵۵-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُوْدِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ:

أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، أَسْأَلُهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: مَاجَاءَ بِكَ يَازِرُّ؟ فَقُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، فَقَالَ:

[١-] الْمَلاَئِكَةُ لَتَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ، رِضًا بِمَا يَطْلُبُ.

[٢-] قُلْتُ: إِنَّهُ حَكَّ فِيْ صَدْرِيْ الْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ بَعْدَ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ، وَكُنْتَ امْرَأً مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَجِئْتُ أَسْأَلُكَ: هَلْ سَمِعْتَهُ يَذْكُرُ فِيْ ذٰلِكَ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كَانَ يَأْمُرُنَا إِذَا كُنَّا سَفْرًا أَوْ: مُسَافِرِيْنَ أَنْ لاَ نَنْزِعَ خِفَافَنَا ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ وَلَيَالِيَهُنَّ، إِلاَّ مِنْ جَنَابَةٍ، لٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ وَنَوْمٍ.

[٣-] قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَهُ يَذْكُرُ فِيْ الْهَوَى شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ سَفَرٍ، فَبَيْنَا نَحْنُ عِنْدَهُ، إِذْ نَادَاهُ أَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ لَهُ جَهْوَرِيٍّ: يَا مُحمدُ! فَأَجَابَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ:" هَاؤُمُ" فَقُلْنَا لَهُ: اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ، فَإِنَّكَ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ نُهِيْتَ عَنْ هٰذَا، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لاَ أَغْضُضُ، قَالَ الأَعْرَابِيُّ: الْمَرْءُ يُحِبُّ الْقَوْمَ، وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

[٤-] فَمَا زَالَ يُحَدِّثُنَا حَتَّى ذَكَرَ بَابًا مِنْ قِبَلِ الْمَغْرِبِ، مَسِيْرَةُ عَرْضِهِ، أَوْ: يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ عَرْضِهِ أَرْبَعِيْنَ أَوْ: سَبْعِيْنَ عَامًا – قَالَ: سُفْيَانُ: قِبَلَ الشَّامِ – خَلَقَهُ اللّٰهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضَ، مَفْتُوْحًا – يَعْنِيْ لِلتَّوْبَةِ – لاَيُغْلَقُ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٥٥٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ: أَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ، فَقَالَ لِيْ: مَاجَاءَ بِكَ؟ قُلْتُ: ابْتِغَاءَ الْعِلْمِ، قَالَ:

[١-] بَلَغَنِيْ أَنَّ الْمَلاَئِكَةَ تَضَعُ أَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ، رِضًا بِمَا يَفْعَلُ.

[٢-] قَالَ: قُلْتُ لَهُ: إِنَّهُ حَاكَ أَوْ: حَكَّ فِيْ نَفْسِيْ شَيْئٌ مِنَ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ، فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْهِ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا إِذَا كُنَّا سَفْرًا أَوْ: مُسَافِرِيْنَ، أَمَرَنَا أَنْ لاَ نَخْلَعَ خِفَافَنَا ثَلاَثًا، إِلاَّ مِنْ جَنَابَةٍ، ولٰكِنْ مِنْ غَائِطٍ وَبَوْلٍ، وَنَوْمٍ.

[٣-] قَالَ: فَقُلْتُ: فَهَلْ حَفِظْتَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْهَوَى شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ أَسْفَارِهِ، فَنَادَاهُ رَجُلٌ كَانَ فِيْ آخِرِ الْقَوْمِ، بِصَوْتٍ جَهْوَرِيٍّ، أَعْرَابِيٌّ جِلْفٌ جَافٌّ، فَقَالَ: يَامُحمدُ! يَامُحمدُ! فَقَالَ لَهُ الْقَوْمُ: مَهْ! إِنَّكَ قَدْ نُهِيْتَ عَنْ هٰذَا، فَأَجَابَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى نَحْوٍ مِنْ صَوْتِهِ:" هَاؤُمُ" فَقَالَ: الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ،

وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "المَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ"

[٤-] قَالَ: زِرٌّ: فَمَا بَرِحَ يُحَدِّثُنِیْ، حَتَّی حَدَّثَنِیْ: أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ جَعَلَ بِالْمَغْرِبِ بَابًا، عَرْضُهُ مَسِيْرَةُ سَبْعِيْنَ عَامًا: لِلتَّوْبَةِ، لاَ يُغْلَقُ حَتَّی تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ قِبَلِهِ، وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: ﴿يَوْمَ يَأْتِیْ بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ لاَيَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا﴾ الآيَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۴۸-توبہ کب تک قبول ہوتی ہے؟

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: إن الله يَقْبَلُ توبةَ العبد مالم يُغَرْغِرْ: اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ قبول کرتے ہیں جب تک دَم گھٹنے اور آواز نکلنے نہ لگے!

تشریح: موت کے وقت جب روح جسم سے نکلنے لگتی ہے تو دَم گھٹنے لگتا ہے، اور حلق کی نالی میں ایک قسم کی آواز پیدا ہوتی ہے، اس کو "حالتِ نزع" کہتے ہیں، اس کے بعد زندگی کی کوئی امید نہیں رہتی، اور اس وقت دوسرا عالم منکشف ہوجاتا ہے، اس لئے اس وقت کا ایمان اور توبہ قابل قبول نہیں، کیونکہ ایمان بالغیب (بن دیکھے ایمان لانا) مطلوب ہے، اس لئے جب تک موت آنکھوں کے سامنے نہ آجائے توبہ کا موقعہ ہے، سورۃ النساء (آیت ۱۸) میں ہے: "اور ایسے لوگوں کی توبہ قابل قبول نہیں جو گناہ کرتے رہتے ہیں، یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے سامنے موت آ کھڑی ہوتی ہے یعنی دوسرے عالم کی چیزیں نظر آنے لگتی ہیں تو وہ کہتا ہے: میں اب توبہ کرتا ہوں! اور نہ ان لوگوں کا ایمان قابلِ قبول ہے جن کو حالتِ کفر میں موت آجاتی ہے"

لغت: غَرْغَرَ الروحُ: گلے میں دم اٹکنا اور آواز نکلنا، غَرْغَرَ القِدْرُ: ہانڈی سے کھولنے کی آواز نکلنا، غَرْغَرَة: منہ میں پانی لے کر گھمانا۔

[۱۰۳-] بابٌ

[۳۵۵۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا عَلِیُّ بْنُ عَيَّاشٍ الحِمْصِیُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَالَمْ يُغَرْغِرْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ العَقَدِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

بابٌ

۴۹-توبہ سے اللہ تعالیٰ کو بے حد خوشی ہوتی ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے ایک کی توبہ سے اللہ تعالیٰ یقیناً زیادہ خوش ہوتے ہیں: تم میں سے ایک کے (خوش ہونے سے) اپنے گم شدہ جانور کی وجہ سے جب وہ اس کو پاتا ہے''

تشریح: یہ متفق علیہ حدیث ہے، مگر مختصر ہے، اور باب میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے وہ مفصل ہے، اور وہ بھی متفق علیہ ہے: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: ''خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ اپنے مؤمن بندے کی توبہ سے اُس مسافر سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں جو (دورانِ سفر) کسی غیر آباد سنسان زمین میں اتر گیا ہو، جو سامانِ حیات سے خالی اور اسبابِ ہلاکت سے پُر ہو، اور اس کے ساتھ بس اس کی سواری کی اونٹنی ہو، اُسی پر اُس کے کھانے پینے کا سامان ہو، پھر وہ (آرام کرنے کے لئے) سر رکھ کر لیٹ جائے، پھر اسے نیند آجائے، پھر جب اس کی آنکھ کھلے تو وہ دیکھے کہ اس کی اونٹنی غائب ہے، پھر وہ اس کی تلاش میں سرگرداں پھرے، یہاں تک کہ گرمی اور پیاس کی شدت سے جاں بلب ہوجائے، اور سوچنے لگے کہ اب میرے لئے یہی بہتر ہے کہ میں اسی جگہ جا کر پڑ جاؤں، یہاں تک کہ مجھے موت آجائے۔

پھر وہ بازو پر سر رکھ کر مرنے کے ارادے سے لیٹ گیا، مگر جب اس کی آنکھ کھلی تو دیکھا کہ اس کی اونٹنی پورے ساز و سامان کے ساتھ اس کے پاس موجود ہے، اس وقت وہ مسافر جتنا خوش اپنی اونٹنی کے ملنے سے ہوگا: خدا کی قسم! مؤمن بندے کی توبہ سے اللہ تعالیٰ اس سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں!

اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہ اضافہ ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اونٹنی کے اس طرح مل جانے سے وہ اتنا خوش ہوا کہ اس کی زبان بہک گئی، اور اس نے کہا: اللّٰهم! أنت عبدی، وأنا ربك!: اے اللہ! آپ میرے بندے ہیں، اور میں آپ کا خدا! (حالانکہ وہ کہنا یہ چاہتا تھا: اللّٰهم! أنت ربی، وأَنا عبدك: الٰہی! آپ میرے رب ہیں، اور میں آپ کا بندہ!) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أَخْطَأَ من شدة الْفَرَح: فرطِ مسرت سے اس کی زبان بہک گئی۔

تشریح: اس حدیث میں گنہ گار بندوں کے لئے پُر تاثیر پیغام ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر شفیق ماں سے بھی زیادہ مہربان ہیں، اگر کوئی بندہ بغاوت کر کے راہِ فرار اختیار کر چکا ہے تو وہ مایوس نہ ہو، وہ اپنی بے راہ روی پر نادم ہو کر بارگاہِ کریم کی طرف لوٹ آئے، اور سچے دل سے توبہ کرے، ابھی توبہ کا دروازہ بند نہیں ہوا، اللہ تعالیٰ اس کو ضرور گلے لگائیں گے، اور اس کے سارے گناہ دھو دیں گے، إنه هو الغفور الرحیم! إنه هو التواب الکریم!

[۱۰٤-] بابٌ

[۳۵۵۸-]حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا الْمُغِیْرَۃُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَۃ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: " لَلّٰهُ أَفْرَحُ بِتَوْبَةِ أَحَدِکُمْ مِنْ أَحَدِکُمْ بِضَالَّتِهِ، إِذَا وَجَدَهَا" وفی الباب:عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَالنُّعْمَانِ بْنِ بَشِیْرٍ، وَأَنَسٍ، وَهٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۵۰-توبہ کرو: شانِ غفاریت بخشنے کے لئے آمادہ ہے

حدیث: حضرت ابوصرمۃ مازنی انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا، تو آپؓ نے فرمایا: میں نے آپ لوگوں سے ایک حدیث چھپا رکھی ہے جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے، میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اگر یہ بات ہو کہ تم گناہ نہ کرو، تو اللہ تعالیٰ ضرور پیدا کریں ایسے لوگ جو گناہ کریں، پس اللہ تعالیٰ ان کو بخشیں!

تشریح: مسلم شریف (حدیث ۲۷۴۹ کتاب التوبۃ، باب۲) میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: والذی نفسی بیدہ! لو لم تُذْنِبُوْا: لَذَهَبَ اللّٰهُ بکم، ولَجاءَ بقوم یُذْنِبُوْنَ، فَیَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ، فَیَغْفِرُ لهم: قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر تم گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ تم کو ختم کردیں، اور ضرور ایسی قوم پیدا کریں جو گناہ کریں، پس وہ اللہ سے گناہوں کی بخشش چاہیں، پس اللہ تعالیٰ ان کو بخشیں!

اس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام (مقصد) وہ ہے جو عنوان میں لکھا گیا ہے کہ توبہ کرو: اللہ کی شانِ غفاریت ہمہ وقت بخشنے کے لئے آمادہ ہے۔ بس بندوں کی توبہ کی دیر ہے، پس اس حدیث کا مفہوم بھی وہی ہے جو گذشتہ باب کی حدیث کا ہے کہ توبہ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے!

مگر چونکہ حضرت ابوایوبؓ کی روایت میں استغفار وتوبہ کا ذکر نہیں، اس لئے غلط فہمی کا اندیشہ تھا، بے باک لوگوں کو روایت سے گناہوں کا حوصلہ مل سکتا تھا، ان کو غلط فہمی ہوسکتی تھی کہ غفاریت کے ظہور کے لئے گناہوں کی ضرورت ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کو اپنی بندگی کے لئے پیدا کیا ہے، سورۃ الذاریات کی (آیت ۵۶) ہے:﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالإِنْسَ إِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ﴾: اور میں نے جنات اور انسانوں کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں، گناہ اور نافرمانی کے لئے ان کو پیدا نہیں کیا، مگر ابوایوبؓ کی حدیث سے ایسی غلطی فہمی ہوسکتی تھی، اس لئے آپؓ نے زندگی بھر اس حدیث کو چھپائے رکھا، اور آخر حیات میں کتمانِ علم کی وعید سے بچنے کے لئے ظاہر کیا۔

فائدہ(۱): یہاں ایک دقیق مضمون ہے کہ غفاریت کے لئے گناہوں کی ضرورت نہیں، البتہ گناہوں کے لئے صفتِ غفاریت ضروری ہے، اگر اللہ تعالیٰ غفار نہ ہوتے تو گنہ گاروں کا کیا بنتا؟ دو مثالوں سے یہ مضمون سمجھیں:

پہلی مثال: علم: معلوم سے منتزع ہوتا ہے، اور اس کے تابع ہوتا ہے، معلوم: علم کے تابع نہیں ہوتا، پس جیسا معلوم ہوگا ویسا علم ہوگا، اگر علم: معلوم کے موافق ہے تو وہ علم صحیح ہے، اور معلوم کے خلاف ہے تو وہ علم غیر واقعی ہے، مگر معلوم: علم کے تابع نہیں ہوتا کہ جس نے جیسا جان لیا: معلوم ایسا ہی ہوجائے: یہ ضروری نہیں۔ جیسے اللہ تعالیٰ ازل سے کائنات کے ذرے ذرے کو جانتے ہیں، اور یہ علم: معلومات سے منتزع ہے، مگر چونکہ اللہ کا علم حضوری ہے، حصولی نہیں، اس لئے وہ معلومات کے وجود کے محتاج نہیں، مگر ہے وہ علم: معلومات سے منتزع، پس اس کا معلومات کے مطابق ہونا ضروری ہے، مگر معلومات کا علم خداوندی کے مطابق ہونا ضروری نہیں، کیونکہ معلومات: علم کے تابع نہیں ہوتے۔

دوسری مثال: صفتِ خلق کے لئے مخلوقات کا ہونا ضروری نہیں، مخلوقات کے وجود کے بغیر بھی خالق: خالق ہیں، مگر مخلوقات کو صفتِ خلق کی حاجت ہے، اللہ کی صفتِ خالقیت ہی سے مخلوقات وجود پذیر ہوتی ہیں۔

اور حسّی مثالیں یہ ہیں: خطابت کی مہارت کے لئے خطاب کا پایا جانا ضروری نہیں، اور کتابت کی مہارت کے لئے نوشتہ کا وجود ضروری نہیں۔ مگر خطاب کے وجود کے لئے خطابت کی مہارت ضروری ہے، اور خطاطی کا نمونہ خطاطی کی مہارت ہی سے وجود میں آتا ہے۔

اسی طرح سمجھنا چاہئے کہ شانِ غفاریت کے لئے گناہوں کی ضرورت نہیں، البتہ بندوں کے گناہ صفتِ غفاریت کے محتاج ہیں، ورنہ عاصیوں کا کیا بنے گا؟ اللہ تعالیٰ میں یہ صفت کامل موجود ہے، پس توبہ کی ضرورت ہے، شانِ غفاریت ہر وقت بخشنے کے لئے آمادہ ہے۔

فائدہ(۲): اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جو مضمون عوام میں غلط فہمی پیدا کرے، اس کو عام طور پر بیان نہیں کرنا چاہئے، خواص ہی سے بیان کرنا چاہئے، تاکہ وہ اس کو اچھی طرح بوجھیں۔

[۱۰۵-] بابٌ

[۳۵۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ قَيْسٍ: قَاصِّ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ أَبِيْ صِرْمَةَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، أَنَّهُ قَالَ حِيْنَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ: قَدْ كَتَمْتُ عَنكُمْ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "لَوْلاَ أَنَّكُمْ تُذْنِبُوْنَ: لَخَلَقَ اللّٰهُ خَلْقًا يُذْنِبُوْنَ فَيَغْفِرَ لَهُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا عَنْ مُحمدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ، عَنِ النبيِّ صلى

اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ. حدثنا بِذٰلِكَ قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الرِّجَالِ، عَنْ عُمَرَ: مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ أَبِي أَيُّوْبَ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَهُ.

بابٌ

۵۱-بڑے سے بڑا گناہ معاف کرنا اللہ کے لئے کوئی بڑی بات نہیں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

۱-اے انسان! جب تک تو مجھے پکارے اور مجھ سے امید رکھے: میں تجھے بخش دونگا، جن گناہوں میں بھی تو ہو، اور مجھے کچھ پرواہ نہیں!

۲-اے انسان! اگر تیرے گناہ آسمان کی بلندی تک پہنچ جائیں، پھر تو مجھ سے معافی کا طلب گار ہو، تو میں تجھے بخش دونگا، اور مجھے کچھ پرواہ نہیں!

۳-اے انسان! اگر تو میرے پاس آئے زمین بھر کر خطاؤں کے ساتھ، پھر تو مجھ سے ملاقات کرے اس حال میں کہ تو نے میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا، تو میں ضرور تیرے پاس آؤنگا زمین بھر کر مغفرت کے ساتھ۔

لغات اور ترکیب: ما دعوتني: میں ما مصدریہ ظرفیہ ہے، أي ما دُمتَ تدعوني وترجوني ...... على ما كان فيك: میں ما کا بیان محذوف ہے: أي من المعاصي ...... القُرَابة: قریب قریب، لگ بھگ ...... خطايا: تمیز ہے ...... لاتُشرك: جملہ حالیہ ہے ...... مغفرةً: مفعول ثانی ہے۔

[۱۰۶-] بابٌ

[۳۵۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا كَثِيْرُ بْنُ فَائِدٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ بَكْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيَّ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى:

[۱-] يَا ابْنَ آدَمَ! إِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَرَجَوْتَنِيْ: غَفَرْتُ لَكَ عَلَى مَا كَانَ فِيْكَ، وَلاَ أُبَالِيْ!

[۲-] يَا ابْنَ آدَمَ! لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عَنَانَ السَّمَآءِ، ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ، وَلاَ أُبَالِيْ!

[۳-] يَا ابْنَ آدَمَ! إِنَّكَ لَوْ أَتَيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْأَرْضِ خَطَايَا، ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لاَتُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا: لَأَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً! هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۵۲- اللہ کی رحمت بے پایاں ہے

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے سورحمتیں پیدا کیں، پس ایک رحمت اپنی مخلوق کے درمیان بانٹی، جس کے ذریعے مخلوقات ایک دوسرے پر مہربانی کرتی ہیں، اور ننانوے رحمتیں اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں۔

تشریح: اللہ تعالیٰ نے اپنی سورحمتوں میں سے ایک رحمت دنیا میں اتاری ہے، جس کے ذریعے انسان، جنات، چوپایے، درندے اور کیڑے ایک دوسرے پر مہربانی کرتے ہیں، باقی ننانوے رحمتیں آخرت میں مؤمنین کے لئے ریزرو (مخصوص) ہیں، اور ننانوے: تحدید کے لئے نہیں ہے، بلکہ تفاوت کا بیان ہے، آخرت میں جو رحمت مؤمنین کے حصہ میں آئے گی، وہ ننانوے فیصد ہے، اور دنیا میں جو رحمت تمام مخلوقات کو عطا ہوئی ہے: وہ ایک فیصد ہے، ببیں تفاوت از کجا است تا بہ کجا؟ ورنہ حقیقت میں اللہ کی رحمت بے پایاں ہے! قال الطيبي: لانهاية لها، فلم يُرد بما ذكره تحديداً، بل تصويراً للتفاوت بين قسط أهل الإيمان منها في الآخرة، وقسط كافة المربوبين في الدنيا۔

[١٠٧-] بابٌ

[٣٥٦١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' خَلَقَ اللّٰهُ مِائَةَ رَحْمَةٍ، فَوَضَعَ رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ خَلْقِهِ، يَتَرَاحَمُوْنَ بِهَا، وَعِنْدَ اللّٰهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ رَحْمَةً ''

وفي الباب: عَنْ سَلْمَانَ، وَجُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۵۳- رحمت کی طرح عقوبت بھی بے پایاں ہے!

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر مؤمن جان لے اس سزا کو جو اللہ کے پاس ہے تو کوئی بھی جنت کی آرزو نہ کرے! اور اگر کافر جان لے اس رحمت کو جو اللہ کے پاس ہے تو کوئی بھی جنت سے مایوس نہ ہو!''

تشریح: اللہ کی صفات غیر متناہی ہیں، صفاتِ جمال بھی اور صفاتِ جلال بھی، سورۃ الحجر (آیات ۴۹و۵۰) ہیں: ﴿نَبِّئْ عِبَادِيْ أَنِّيْ أَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَأَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيْمُ﴾: آپ میرے بندوں کو آگاہ کردیں کہ میں ہی بہت درگذر کرنے والا، بے حد مہربانی کرنے والا ہوں، اور یہ بھی کہ میرا ہی عذاب نہایت دردناک عذاب ہے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ خدائے آمرزگار کی رحمت بھی بے کراں اور مغفرت بھی بے پایاں ہے، جو اس پر نظر کرے گا اسے ہر طرف امید ہی امید نظر آئے گی، اگر چہ وہ کافر ہو، اسی طرح اللہ کا عذاب نہایت دردناک عذاب ہے، دنیا کی کوئی تکلیف اللہ کے عذاب کے لاکھویں حصہ کے برابر بھی نہیں، پس جو اس پر نظر کرے گا وہ اپنی لغزشوں اور خطاؤں سے تھرا جائے گا، اگر چہ وہ مؤمن ہو۔

[١٠٨-] بابٌ

[٣٥٦٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الْعُقُوْبَةِ: مَا طَمِعَ فِيْ الْجَنَّةِ أَحَدٌ، وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ: مَا قَنَطَ مِنَ الْجَنَّةِ أَحَدٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْعَلاَءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ.

بابٌ

۵۴- رحمتِ الٰہی: غضبِ خداوندی پر غالب ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ نے کائنات پیدا کی تو اپنے ہاتھ سے اپنی ذات پر لکھ دیا کہ "میری رحمت میرے غضب پر غالب رہے گی!"

تشریح: اللہ تعالیٰ کی ہر صفت بے پایاں ہے، مگر مخلوقات کے ساتھ معاملہ کرنے میں تفاضل (کمی بیشی) ہے، رحمت کا برتاؤ بکثرت ہوتا ہے، اور غضب کی پکڑ کبھی کبھی، کیونکہ مخلوقات اسی قسم کا معاملہ کرنے سے پنپ سکتی ہیں، سورۃ الاعراف (آیت ۱۵۶) میں ہے: ﴿قَالَ: عَذَابِىْ أُصِيْبُ بِهِ مَنْ أَشَاءُ، وَرَحْمَتِىْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ﴾: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں اپنا عذاب اسی پر واقع کرتا ہوں جس پر چاہتا ہوں، اور میری رحمت تمام چیزوں کو محیط ہے! اور سورۃ الفاطر کی آخری آیت ہے: ﴿وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا﴾ الآيَةَ: اگر اللہ تعالیٰ لوگوں کی ان کے برے اعمال کے سبب دارو گیر فرمانے لگیں تو روئے زمین پر کوئی متنفس نہ چھوڑیں، لیکن اللہ تعالیٰ ان کو ایک مقررہ وقت تک مہلت دیتے ہیں، پھر جب ان کا مقررہ وقت آجائے گا تو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو آپ دیکھ لیں گے ـــــ اور اللہ تعالیٰ کے ذمے دوسرا تو کوئی بات لازم نہیں کرسکتا، کیونکہ ان سے بڑا کوئی نہیں، مگر وہ خود اپنے ذمے کوئی چیز لازم کریں: اس میں کوئی محذورِ شرعی نہیں، سورۃ الانعام (آیت ۵۴) میں ہے: ﴿كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ﴾: تمہارے پروردگار نے اپنے ذمے مہربانی فرمانا لازم کرلیا ہے، جو بھی شخص جہالت سے کوئی برا کام کر بیٹھے، پھر توبہ کرے اور خود کو سنوار لے تو

اللہ تعالیٰ بڑے مغفرت کرنے والے، بڑی رحمت والے ہیں!

[۱۰۹-] بابٌ

[۳۵۶۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِنَّ اللّٰهَ حِيْنَ خلقَ الْخلْقَ، كَتَبَ بِيَدِهِ عَلَى نَفْسِهِ: "إِنَّ رَحْمَتِيْ تَغْلِبُ غَضَبِيْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۵۵- جب سخی کا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے تو کھل جاتا ہے

حدیث: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ مسجد میں داخل ہوئے، درانحالیکہ ایک شخص نماز سے فارغ ہوکر دعا مانگ رہا تھا، اور وہ اپنی دعا میں کہہ رہا تھا: اللّٰھم! لا إلٰہ إلا أنت! أنت المنان، بدیعَ السماوات والأرض، ذاالجلال والإکرام: اے اللہ! آپ کے سوا کوئی معبود نہیں! آپ ہی احسانِ عظیم فرمانے والے ہیں! اے آسمانوں اور زمین کو انوکھے انداز پر پیدا کرنے والے! اے عظمت وبزرگی اور اکرام واحسان والے! پس نبی ﷺ نے فرمایا: "جانتے ہو اس نے اللہ کی کن صفات کے ذریعہ دعا کی؟ اُس نے اللہ تعالیٰ سے ان کے اس "بڑے نام" کے ذریعہ دعا کی ہے کہ جب اس کے ذریعے دعا کی جاتی ہے تو وہ قبول فرماتے ہیں، اور جب اس کے ذریعے مانگا جاتا ہے تو وہ عنایت فرماتے ہیں"

تشریح: اسم اعظم (بڑے نام) کی وضاحت جامع الدعوات کے پہلے باب میں گذر چکی ہے، اور یہ حدیث اس سند سے نہایت ضعیف ہے، سعید بن زَربی خزاعی بصری منکر الحدیث (نہایت ضعیف راوی) ہے، مگر یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دوسری صحیح سند سے بھی مروی ہے ـــــ اور اُن صحابی نے جن صفات کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کو پکارا ہے: ان میں المنان (احسانِ عظیم فرمانے والے) اور ذا الجلال والإکرام (کرم واحسان فرمانے والے) بھی ہیں، یہی صفاتِ رحمت کی دُہائی ہے، ومَنِ انْدَقَّ بابَ کریمٍ انْفَتَح: جب کوئی سخی کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے تو وہ کھل جاتا ہے!

[۳۵۶٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ أَبِيْ ثَلْجٍ – رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَغْدَادَ، أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ: صَاحِبُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ – ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: دَخَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم الْمَسْجِدَ، وَرَجُلٌ قَدْ صَلَّى، وَهُوَ يَدْعُو، وَهُوَ يَقُوْلُ فِيْ دُعَائِهِ: "اللّٰهُمَّ لا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، أَنْتَ الْمَنَّانُ، بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، ذَا الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ" فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَتَدْرُوْنَ بِمَا دَعَا اللّٰهَ؟ دَعَا اللّٰهَ بِاسْمِهِ الْأَعْظَمِ الَّذِيْ إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَنَسٍ.

بابٌ

۵٦- درودوسلام کی اہمیت

درودوسلام بھی اعلی درجہ کی ایک دعا ہے، جو نبی ﷺ کے لئے کی جاتی ہے۔ درود: فارسی کلمہ ہے، اس کے لئے عربی لفظ ''صلوۃ'' ہے، جس کے معنی ہیں: غایتِ انعطاف یعنی آخری درجہ کا میلان، میلان: محسوس بھی ہوتا ہے اور معقول بھی، جیسے علو (بلندی) اور فوقیت: محسوس بھی ہوتی ہے اور معقول بھی، عرش پر اللہ کی فوقیت معنوی ہے، اور چھت پر زید کی فوقیت محسوس۔ اسی طرح نماز میں بندے کا اللہ کی طرف میلان محسوس ہے، رکوع وسجود اس کے پیکر ہائے محسوس ہیں، اور درود شریف میں میلان معنوی ہے —— پھر اس میلانِ معنوی کی مختلف صورتیں ہیں: اللہ تعالیٰ کا بندوں کی طرف میلان: انعام واکرام اور الطاف واحسان ہے، ملائکہ کا میلان: دعائے استغفار ہے، اور مؤمنین کا نبی ﷺ کی طرف میلان: دعائے خاص ہے۔

اور نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم سورۃ الاحزاب (آیت ۵٦) میں بڑے مؤثر انداز میں آیا ہے، ارشادِ پاک ہے: ''بیشک اللہ تعالیٰ اور ان کے فرشتے اِس نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی آپؐ پر درود بھیجو، اور خوب سلام بھیجو'' اور احادیث میں بھی درود بھیجنے کے بڑے فضائل آئے ہیں، اور درود نہ بھیجنے پر سخت وعیدیں آئی ہیں، ذیل میں دو حدیثیں ذکر کی جاتی ہیں:

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱- ذلیل وخوار ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا ذکر آیا، پس اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا۔

۲- ذلیل وخوار ہو وہ آدمی جس پر رمضان کا مہینہ آیا، پھر وہ گذر گیا اس سے پہلے کہ اس کی مغفرت کا فیصلہ ہو یعنی اس نے رمضان کا مہینہ غفلت اور خدا فراموشی میں گذار دیا، اور توبہ واستغفار کر کے اپنی مغفرت کا فیصلہ نہیں کرالیا۔

۳- ذلیل وخوار ہو وہ آدمی جس کے ماں باپ یا ان میں سے کوئی ایک اس کے سامنے بڑھاپے کو پہنچا، پس ان دونوں نے یا ایک نے اس کو جنت میں داخل نہیں کرایا، یعنی ان کی خدمت کر کے اس نے جنت کا استحقاق پیدا نہیں کیا۔

حدیث (۲): حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بخیل: وہ آدمی ہے جس کے سامنے میرا ذکر آیا، پس اس نے مجھ پر درود نہ بھیجا!''

درودوسلام میں درود بھیجنے والے کا فائدہ:

درودوسلام اگرچہ رسول اللہ ﷺ کے لئے ایک دعا ہے، مگر جس طرح دوسرے کے لئے دعا کرنے کا مقصد اس کو نفع پہنچانا ہوتا ہے: صلوٰۃ وسلام کا یہ مقصد نہیں، ہماری دعاؤں کی اللہ کے حبیب ﷺ کو قطعاً حاجت نہیں، بلکہ جس

طرح عبادت بندوں پر اللہ کا ایک حق ہے، مگر اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کو نفع پہنچانا نہیں، بلکہ اپنی عبودیت کا اظہار مقصود ہوتا ہے، اور اس کا نفع عابد کی طرف لوٹتا ہے، اسی طرح درود شریف بھی آقا سے عقیدت ومحبت کے اظہار کا ایک طریقہ ہے، اور اس کا نفع بھی درود بھیجنے والے کی طرف لوٹتا ہے، حدیث میں ہے: ''جو بندہ مجھ پر ایک دفعہ درود بھیجتا ہے: اللہ تعالیٰ اس پر دس خاص رحمتیں نازل فرماتے ہیں'' (رواہ مسلم)

درود وسلام کی حکمتیں:

نبی ﷺ پر درود بھیجنے میں متعدد حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: —— عقیدۂ توحید کی حفاظت —— درود شریف دین کو تحریف سے بچاتا ہے، اس سے شرک کی جڑ کٹتی ہے، درود بھیجنے سے یہ بات ذہن نشین ہوتی ہے کہ سید کائنات ﷺ بھی اللہ کی رحمت وعنایت اور نظر وکرم کے محتاج ہیں، اور محتاج ہستی: بے نیاز ذات کی شریک وسہیم نہیں ہوسکتی۔

دوسری حکمت: —— دعاؤں میں قبولیت کی صلاحیت پیدا کرنا —— حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے: ''دعا آسمان وزمین کے درمیان رکی رہتی ہے، اس میں سے کچھ بھی اوپر نہیں جاتا، یہاں تک کہ آپ نبی ﷺ پر درود بھیجیں'' (یہ روایت پہلے (حدیث ۴۹۷) آچکی ہے، تحفہ ۲: ۳۴۸)

تیسری حکمت: —— نبی ﷺ سے قربِ منزلت پیدا کرنا —— حدیث شریف میں ہے: ''قیامت کے دن مجھ سے قریب وہ امتی ہوگا جو مجھ پر بکثرت درود بھیجتا ہوگا'' (یہ حدیث پہلے (حدیث ۴۹۵، تحفہ ۲: ۳۴۷) میں آچکی ہے)

علاوہ ازیں دو حکمتیں اور بھی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے بیان کی ہیں (دیکھیں رحمۃ اللہ ۴: ۳۴۴)

درود وسلام کا شرعی حکم:

سورۃ الاحزاب کی مذکورہ بالا آیت کی وجہ سے تمام فقہاء متفق ہیں کہ زندگی میں ایک بار نبی ﷺ پر درود وسلام بھیجنا فرض ہے —— پھر امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب، اور امام احمد رحمہ اللہ کی ایک روایت یہ ہے کہ نماز میں قعدۂ اخیرہ میں تشہد کے بعد درود شریف پڑھنا فرض ہے، اس کے بغیر نماز نہیں ہوگی، اور امام اعظم اور امام مالک رحمہما اللہ کے نزدیک سنت ہے، اس کو چھوڑ دینے سے بھی نماز ہوجائے گی —— اور جب بھی نبی ﷺ کا تذکرہ کیا جائے یا ذکر آئے تو ہر دفعہ درود بھیجنا واجب نہیں، مستحب ہے، جمہور فقہاء کا یہی مسلک ہے —— اور ایک مجلس میں بار بار ذکر آئے تو ایک بار درود شریف پڑھنا کافی ہے۔ اور ہر بار درود بھیجنا اولیٰ ہے۔

[۱۱۰-] بابٌ

[۳۵۶۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا رِبْعِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ،

عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرِيرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[۱-] رَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ ذُكِرَتْ عِنْدَهُ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ.

[۲-] وَرَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ دَخَلَ عَلَيْهِ رَمَضَانُ، ثُمَّ انْسَلَخَ قَبْلَ أَنْ يُغْفَرَ لَهُ.

[۳-] وَرَغِمَ أَنْفُ رَجُلٍ أَدْرَكَ عِنْدَهُ أَبَوَاهُ الْكِبَرَ، فَلَمْ يُدْخِلَاهُ الْجَنَّةَ" قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: وَأَظُنُّهُ قَالَ: "أَوْ أَحَدُهُمَا"

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَأَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرِبْعِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: هُوَ أَخُوْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، وَهُوَ ثِقَةٌ، وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ.

وَيُرْوَى عَنْ بَعْضِ أَهْلِ الْعِلْمِ، قَالَ: إِذَاصَلَّى الرَّجُلُ عَلَى النبیِّ صلى الله عليه وسلم مَرَّةً فِیْ الْمَجْلِسِ، أَجْزَأَ عَنْهُ مَاكَانَ فِیْ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ.

[۳۵۶۶-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، نَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِیُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الْبَخِيْلُ الَّذِیْ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابٌ

۵۷- دل کی خنکی اور گناہوں کی صفائی کی دعا

حدیث: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے: اللّٰهم! بَرِّدْ قلبی بِالثَّلْجِ والْبَرَدِ والماء البارد: اے اللہ! میرے دل کو ٹھنڈا کردے برف سے، اولوں سے، اور ٹھنڈے پانی سے، اللّٰهم! نَقِّ قَلبی مِن الخطايا كما نَقَّيْتَ الثوبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ: اے اللہ! میرے دل کو لغزشوں سے صاف کردے جس طرح آپ میل سے سفید کپڑے کو صاف کردیتے ہیں۔

تشریح: دل پر سارے جسم کا مدار ہے، حدیث میں ہے: اگر یہ بوٹی سنور جائے تو سارا جسم سنور جاتا ہے، اور یہ بوٹی بگڑ جائے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے، پس قلب کی حفاظت سب سے اہم ہے، اس کی خنکی ہر پریشانی کا علاج ہے، اور اس کی خطاؤں سے صفائی سارے جسم کی حفاظت ہے، پس یہ ایک جامع دعا ہے، طلبہ اس کو یاد کرلیں، اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔

[۱۱۱-] بابٌ

[۳۵۶۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِیُّ، نَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، نَا أَبِیْ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ أَوْفَی، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ بَرِّدْ قَلْبِیْ بِالثَّلْجِ، وَالْبَرَدِ، وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اللّٰهُمَّ نَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

۵۸- دعا کا دروازہ کھلنے سے رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تم میں سے جس کے لئے دعا کا دروازہ کھولا گیا، اس کے لئے رحمت کے دروازے کھول دیئے گئے''

تشریح: جو شخص خلوص دل سے پیدا ہونے والی رغبت سے دعا مانگنے کا طریقہ جانتا ہے، اور یہ بھی جانتا ہے کہ دعا کب قبول ہوتی ہے؟ اور حضوری کی کیفیت پیدا کرنے کا بھی مشاق ہوگیا ہے: اس کے لئے دنیا میں بھی رحمت کا دروازہ کھل جاتا ہے، اور ہر مصیبت میں اس کی مدد کی جاتی ہے —— اور موت کے بعد بھی اگر خطائیں اس کا احاطہ کر لیتی ہیں، اور اس پر دنیوی علائق کا پردہ پڑ جاتا ہے تو وہ شخص بے تابانہ اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے، جیسا کہ وہ دنیا میں اس کا عادی تھا، پس اس وقت بھی اس کی دعا قبول کی جاتی ہے، اور رحمتِ الٰہی اس کی طرف متوجہ ہوتی ہے، اور وہ اپنی کوتاہیوں سے ایسا پاک صاف نکل جاتا ہے، جیسا گوندھے ہوئے آٹے میں سے بال کھینچ لیا جاتا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۲۷)

۵۹- عافیت طلبی اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں مانگی گئی اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز زیادہ محبوب اس سے کہ ان سے عافیت مانگی جائے'' اور اسرائیل کی روایت کے الفاظ ہیں: ''نہیں مانگی گئی اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز زیادہ محبوب عافیت سے!''

تشریح: عافیت کے معنی ہیں: امراض وآفات سے حفاظت، صحت وسلامتی، امن وآسودگی اور خیریت۔ اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے پیشگی عافیت کی دعا کرنا اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہے، امراض وآفات میں مبتلا ہونے کے بعد تو سبھی دعا کرتے ہیں، اور وہ دعا سودمند بھی ہوتی ہے، مگر اس میں خود غرضی کا شائبہ ہے، جو ت بجا تو سرِ نیاز خم کیا یہ کیا کمال ہوا؟ ایڈوانس عافیت کی دعا کی جائے تو اس سے کامل نیازمندی کا اظہار ہوتا ہے (یہی مضمون حدیث کے اگلے ٹکڑے میں ہے)

۶۰- دعا نازل شدہ اور غیر نازل شدہ آفات میں مفید ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''دعا نفع پہنچاتی ہے ان بلاؤں میں جو نازل ہوچکی ہیں، اور ان بلاؤں میں جو ابھی نازل نہیں ہوئیں، پس اے اللہ کے بندو! دعا کو لازم پکڑو!''

تشریح: اللہ تعالیٰ کو اگر چہ عافیت کی دعا زیادہ پسند ہے، مگر اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ امراض و آفات میں مبتلا ہونے کے بعد دعا بے سود ہے، دعا بہرحال مفید ہے، پس ہر حال میں دعا کرنی چاہئے، بلائیں نازل ہونے سے پہلے بھی اور بعد میں بھی۔

حدیث کا حال: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، عبدالرحمٰن ملیکی کو حدیثیں بالکل یاد نہیں تھیں، اور وہی مدار حدیث ہے، اسرائیل بھی اسی سے روایت کرتے ہیں۔

ترکیب: شَیئا کی صفت أَحبَّ إلیه عبارت میں نہیں تھی، کسی راوی نے بڑھائی ہے ...... اور من أن یُسأل: میں أن مصدریہ ہے، أی من سؤال العافیة ...... مما نزل: میں ما کا بیان من البلاء محذوف ہے، اسی طرح مما لم ینْزِلْ میں۔

[۱۱۲-] بابٌ

[۳۵۶۸-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:

[۱-] مَنْ فُتِحَ لَهُ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ: فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ.

[۲-] وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا يَعْنِيْ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يُسْأَلَ الْعَافِيَةَ.

[۳-] وَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ، فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ الْقُرَشِيِّ، وَهُوَ الْمَكِّيُّ الْمُلَيْكِيُّ، وَهُوَ ضَعِيْفٌ فِيْ الْحَدِيْثِ، قَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وَقَدْ رَوَى إِسْرَائِيْلُ هٰذَا الحديثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَاسُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الْعَافِيَةِ" حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الْكُوْفِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ بِهٰذَا.

۶۱- تہجد لازم پکڑو: اس میں بہت فوائد ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "تہجد لازم پکڑو! وہ تم سے پہلے والے نیک لوگوں کا معمول ہے، تہجد کی نماز اللہ سے نزدیک کرنے والی ہے، گناہوں سے روکنے والی ہے، برائیوں کو مٹانے والی ہے، اور جسم کی بیماری کو دفع کرنے والی ہے" —— یہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے، جس کا راوی محمد قریشی ہے، جو متروک ہے —— اور حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت یہ ہے، جس کے راوی معاویہ بن صالح ہیں، جو صالح راوی ہیں: علیکم بقیام اللیل! فإنه

دَأْبُ الصالحين قبلكم، وهو قُربةٌ إلى ربكم، ومَكْفَرَةٌ لِلسِّيِّئَاتِ، ومَنْهَاةٌ لِلإِثْمِ: تہجد کی نماز لازم پکڑو، وہ تم سے پہلے والے نیک لوگوں کا معمول ہے، اور تمہارے پروردگار سے نزدیک کرنے والی ہے، اور برائیوں کو مٹانے والی ہے، اور گناہوں سے روکنے والی ہے —— اس روایت میں یہ مضمون کہ وہ جسم کی بیماری کو دفع کرنے والی ہے: نہیں ہے۔

سند کا بیان: محمد قریشی: جس نے حدیث کی سند حضرت بلال رضی اللہ عنہ تک پہنچائی ہے: متروک راوی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس کے باپ کا نام سعید اور نسبت شامی تھی، اور اس کے باپ کی کنیت ابو قیس تھی، اور کبھی اس کو دادا کی طرف نسبت کر کے محمد بن حسان بھی کہتے ہیں، اس کی حدیث چھوڑ دی گئی ہے یعنی یہ متروک راوی ہے (یہ شخص زندیق تھا، منصور نے اسی جرم میں اس کو قتل کیا ہے، اور احمد بن صالح کہتے ہیں: اس نے چار ہزار حدیثیں گھڑی تھیں) اور ربیعہ کے دوسرے شاگرد معاویہ بن صالح حدیث کی سند حضرت ابو امامہؓ تک پہنچاتے ہیں، یہی سند اصح ہے، یعنی یہ حدیث حضرت بلالؓ کی نہیں ہے، بلکہ حضرت ابو امامہؓ کی ہے۔

تشریح: فرائض سے اقرب سنن مؤکدہ ہیں، وہ فرائض کے ساتھ لاحق ہیں، پھر تہجد کا مرتبہ ہے، اور مذکورہ حدیث میں تہجد کے چار فوائد ذکر کئے گئے ہیں: ۱- تہجد گذشتہ امتوں کے صالحین میں معمول بہ تھی، اس کی یہ قدامت اس کی اہمیت کی دلیل ہے۔ ۲- وہ فرائض کی طرح قربِ خداوندی کا ذریعہ ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مقام محمود (شفاعتِ کبری کا مقام) اسی نماز کی برکت سے حاصل ہوا ہے (سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷۹) ۳- تہجد برائیوں کو مٹاتی ہے، کیونکہ نیکیاں: برائیوں کو مٹادیتی ہیں (سورۂ ہود آیت ۱۱۴) ۴- تہجد گناہوں سے روکتی ہے، کیونکہ رات میں اٹھ کر نماز پڑھنا نفس کو بہت زیادہ روندتا ہے (سورۃ المزمل آیت ۶)

اور یہ حدیث ''جامع الدعوات'' میں غالباً اس لئے ذکر کی گئی ہے کہ تہجد کی نماز فعلی دعا ہے، جیسے حدیث میں ہے کہ جس کو قرآن کی مشغولیت کی وجہ سے اللہ سے مانگنے کا موقعہ نہیں ملتا: اس کو اللہ تعالیٰ مانگنے والوں سے بہتر دیتے ہیں، کیونکہ تلاوت کی مشغولیت خود فعلی دعا ہے، پھر جو تہجد کے لئے اٹھے گا وہ بالفعل دعا بھی مانگے گا، پس یہ نماز ہم خرما ہم ثواب کا مصداق ہے۔

لغات: الدَّأْب: معمول، پختہ عادت ...... قُربة: مصدر: نزدیکی کا ذریعہ ...... مَنْهاة: مصدر میمی: بمعنی اسم فاعل: روکنے والی ...... تکفیر: مصدر، مَكْفَرَة: مصدر میمی: بمعنی اسم فاعل: مٹانے والی ...... مَطْرَدَة: مصدر میمی: بمعنی اسم فاعل: دفع کرنے والی۔

[۳۵۶۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا أَبُو النَّضْرِ، نَابَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ، عَنْ مُحمدٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ رَبِيْعَةَ ابْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيْسَ الْخَوْلاَنِيِّ، عَنْ بِلاَلٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ! فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ، وَإِنَّ قِيَامَ اللَّيْلِ قُرْبَةٌ إِلَى اللّٰهِ، وَمَنْهَاةٌ عَنِ الإِثْمِ، وَتَكْفِيرٌ لِلسَّيِّئَاتِ، وَمَطْرَدَةٌ لِلدَّاءِ عَنِ الْجَسَدِ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ بِلَالٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَا يَصِحُّ مِنْ قِبَلِ إِسْنَادِهِ.

وَسَمِعْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ، يَقُوْلُ: مُحمدٌ القُرَشِيُّ: هُوَ مُحمدُ بْنُ سَعِيْدٍ الشَّامِيُّ، وَهُوَ ابْنُ أَبِي قَيْسٍ، وَهُوَ مُحمدُ بْنُ حَسَّانٍ، وَقَدْ تُرِكَ حَدِيْثُهُ.

[۳۵۷۰-] وَقَدْ رَوَى هٰذَا الْحَدِيْثَ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، حَدَّثَنَا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِي إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: ”عَلَيْكُمْ بِقِيَامِ اللَّيْلِ! فَإِنَّهُ دَأْبُ الصَّالِحِيْنَ قَبْلَكُمْ، وَهُوَ قُرْبَةٌ إِلَى رَبِّكُمْ، وَمَكْفَرَةٌ لِلسَّيِّئَاتِ، وَمَنْهَاةٌ لِلإِثْمِ“ وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ أَبِي إِدْرِيْسَ عَنْ بِلَالٍ.

بابٌ

۶۲- اس امت کی عمریں ساٹھ تاستّر سال ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”میری امت کی عمریں ساٹھ اور ستّر سال کے درمیان ہیں، اور تھوڑے ہی لوگ اس سے آگے بڑھتے ہیں“

حوالہ: یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے پہلے (حدیث ۲۳۲۴ ابواب الزہد، باب ۱۸ تحفہ ۶: ۱۱۸ میں) آچکی ہے۔

تشریح: اس حدیث میں امت کی عمروں کا اوسط نکالا گیا ہے، کسی کی عمر اس سے کم رہ جائے یا کسی کی اس سے زیادہ ہوجائے: یہ بات ممکن ہے، بچے بھی مرتے ہیں، اور حضرت انسؓ کی عمر ۱۰۳ سال، حضرت اسماء بنت ابی بکر کی عمر ۱۰۰ سال، حضرت حسانؓ کی عمر ۱۲۰ سال، اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کی عمر (عام خیال کے مطابق) ۲۵۰ سال ہوئی ہے۔

اور حدیث کا سبق یہ ہے کہ جب آدمی ساٹھ سال پورے کرلے تو اسے آخرت کی فکر میں لگ جانا چاہئے، اور جب عمر ستّر سال ہوجائے تو اب ایک لمحہ بھی ضائع نہیں کرنا چاہئے، ہر وقت عبادت اور دعا میں مشغول رہنا چاہئے، یہی فرزانگی ہے، امام ترمذی رحمہ اللہ نے جامع الدعوات میں یہ حدیث غالباً اسی تنبیہ کے لئے ذکر فرمائی ہے، واللہ اعلم

[۱۱۳-] بابٌ

[۳۵۷۱-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، قَالَ: ثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحمدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”أَعْمَارُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ إِلَى السَّبْعِيْنَ، وَأَقَلُّهُمْ مَنْ يَجُوْزُ ذٰلِكَ“

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

٦٣-ایک جامع دعا جس میں چند مفید باتیں مانگی گئی ہیں

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے:"اے میرے پروردگار! میری مدد فرما، اور میرے خلاف مدد نہ فرما۔ اور میری حمایت فرما، اور میرے خلاف حمایت نہ فرما۔ اور میرے لئے خفیہ تدبیر فرما، اور میرے خلاف خفیہ تدبیر نہ فرما۔ اور مجھے راہِ راست پر چلا، اور میرے لئے سیدھے راستے پر چلنا آسان فرما۔ اور اس شخص کے خلاف میری مدد فرما جو مجھ پر زیادتی کرے۔ اے میرے پروردگار! مجھے اپنا بہت بڑا شکر گذار بندہ بنا، اپنا ذکر شعار بندہ بنا، آپ سے بہت ڈرنے والا بندہ بنا، اپنا خوب فرمانبردار بندہ بنا، آپ کے سامنے نیاز مندی سے جھکنے والا بنا، آپ کے سامنے زاری کرنے والا، رجوع ہونے والا بندہ بنا۔ اے میرے پروردگار! میری توبہ قبول فرما۔ اور میرے گناہوں کو دھوڈال۔ اور میری دعا قبول فرما۔ اور میری دلیل مضبوط فرما۔ اور میری زبان ٹھیک چلا۔ اور میرے دل کو راہِ راست دکھا۔ اور میرے سینہ کی سیاہی (حسد، کینہ، بغض وغیرہ) آہستہ آہستہ نکال دے۔

تشریح: اس دعا میں یہ تعلیم ہے کہ کائنات کا ذرہ ذرہ اللہ کے حکم کے تابع ہے، سب کچھ کرنے والی ذات اللہ کی ہے، ان کے سوا کسی کے بس میں کچھ نہیں، جب بندے کا یہ ذہن بن جائے گا تو وہ ہر چیز اللہ تعالیٰ ہی سے مانگے گا، اور انہی کی ذات پر بھروسہ کرے گا۔

[١١٤-] بابٌ

[٣٥٧٢-] حدثنا مُحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفْرِیُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ طُلَيْقِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم يَدْعُوْ، يَقُوْلُ:" رَبِّ أَعِنِّیْ، وَلاَ تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ، وَلاَ تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْكُرْلِیْ، وَلاَ تَمْكُرْ عَلَیَّ، وَاهْدِنِیْ، وَيَسِّرْ لِیَ الهُدَی، وَانْصُرْنِیْ عَلَی مَنْ بَغَا عَلَیَّ، رَبِّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَكَّارًا، لَكَ ذَكَّارًا، لَكَ رَهَّابًا، لَكَ مِطْوَاعًا، لَكَ مُخْبِتًا، إِلَيْكَ أَوَّاهًا مُنِيْبًا، رَبِّ! تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ، وَاغْسِلْ حَوْبَتِیْ، وَأَجِبْ دَعْوَتِیْ، وَثَبِّتْ حُجَّتِیْ، وَسَدِّدْ لِسَانِیْ، وَاهْدِ قَلْبِیْ، وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ صَدْرِی"

قَالَ: مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ: وثَنَا مُحمدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِیُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِیِّ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

باب

٦٤-جس نے ظالم کے لئے بددعا کی اس نے بدلہ لے لیا

حدیث: ابوحمزہ میمون الاعور کی روایت ہے، جوضعیف راوی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **من دعا علی من ظلمه فقد انتصر:** جس نے ظالم کے لئے بددعا کی اس نے بدلہ لے لیا، یعنی اب اللہ تعالیٰ اس کے لئے ظالم سے بدلہ نہیں لیں گے۔

تشریح: یہ حدیث صحیح روایات کے خلاف ہے، نبی ﷺ اور صحابۂ کرام نے بہت سے ظالموں کے لئے بددعائیں کی ہیں، بلکہ قنوتِ نازلہ بھی پڑھی ہے، اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ مظلوم کی بددعا سے بچو، کیونکہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی حجاب نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ مظلوم کی بددعا کے باوجود اللہ تعالیٰ اس کے لئے ظالم سے بدلہ لیتے ہیں۔

[-١١٥] بابٌ

[-٣٥٧٣] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ دَعَا عَلَى مَنْ ظَلَمَهُ فَقَدِ انْتَصَرَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ حَمْزَةَ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ أَبِيْ حَمْزَةَ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ، وَهُوَ مَيْمُوْنُ الْأَعْوَرُ.

حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ أَبِيْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

باب

٦٥-دس بار کلمہ توحید کہنے کا ثواب

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جس نے دس مرتبہ کہا: **لا إله إلا الله، وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد، وهو على كل شيئ قدير:** تو ہونگے یہ کلمات اس کے لئے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے دس گردنوں (غلاموں) کو آزاد کرنے کے برابر"

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری حدیث ٦٤٠٤ مسلم حدیث ٢٦٩٣) اور بخاری میں اس کی متعدد سندیں ہیں، امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ روایت حضرت ابوایوبؓ سے موقوف بھی مروی ہے —— اور قال: **وأخبرني سفيان الثوري:** میں قال کا فاعل کون ہے؟ موسی یا زید بن حباب؟ اس کی تعیین میں نہیں کرسکا، اگر زید بن حباب فاعل ہیں تو یہ

انداز کیوں بدلا؟ اس کی وجہ معلوم نہیں، تحفۃ الاشراف (۹۴:۳) میں عن زید بن الحباب، عن سفیان ہے......اور محمد بن عبدالرحمٰن کون راوی ہیں؟ ابن ابی لیلیٰ صغیر ہیں یا کوئی اور؟ اس کی تعیین مولانا مبارک پوری بھی نہیں کر سکے ہیں ——— اور مغرب بعد کلمہ توحید دس مرتبہ کہنے کی فضیلت کی روایت ابھی جامع الدعوات میں گذر چکی ہے۔

[۱۱۶-] بابٌ

[۳۵۷٤-] حدثنا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِيْ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ لَيْلَى، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ قَالَ عَشَرَ مَرَّاتٍ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ: كَانَتْ لَهُ عِدْلُ أَرْبَعِ رِقَابٍ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ" وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ مَوْقُوْفًا.

بابٌ

٦٦-مروّجہ تسبیح بدعت نہیں، اس کی اصل ہے

پہلے باب عقدِ التسبیح بالید میں اس مسئلہ پر گفتگو آچکی ہے۔

حدیث: ام المؤمنین حضرت صفیہ بنت حییّ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ میرے سامنے چار ہزار گٹھلیاں تھیں، جن کے ذریعہ میں تسبیح پڑھ رہی تھی، آپؐ نے فرمایا: "تم نے ان گٹھلیوں کے ذریعہ تسبیح پڑھی! یعنی چار ہزار تسبیح پڑھی! پس کیا میں تمہیں نہ سکھلاؤں اُس سے زائد جن کے ذریعہ تم نے تسبیح پڑھی؟" پس میں نے عرض کیا: کیوں نہیں! مجھے سکھلائیں! پس آپؐ نے فرمایا: "تم کہو: سبحان الله عددَ خلقه: میں آپ کی پاکی بیان کرتی ہوں آپ کی مخلوق کی تعداد کے بقدر!"

سند کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، ہاشم بن سعید کوفی: ضعیف راوی ہے، اور محدثین کے نزدیک یہ سند معروف بھی نہیں، مگر ضعیف حدیث بھی بوقتِ ضرورت حجت ہے، البتہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی آئندہ حدیث: صحیح ہے، مگر اس میں گٹھلیوں وغیرہ پر گننے کا تذکرہ نہیں، ہاں آگے (حدیث ۳۵۸۹) حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث آرہی ہے، وہ حدیث ٹھیک ہے، پس مروجہ تسبیح کی صحیح اصل موجود ہے۔

[۱۱۷-] بابٌ

[۳۵۷۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا هَاشِمٌ: هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ

الْكُوْفِيُّ، ثَنَا كِنَانَةُ: مَوْلَى صَفِيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ صَفِيَّةَ، تَقُوْلُ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَبَيْنَ يَدَيَّ أَرْبَعَةُ آلَافِ نَوَاةٍ، أُسَبِّحُ بِهَا، قَالَ:" لَقَدْ سَبَّحْتِ بِهٰذِهِ! أَلَا أُعَلِّمُكِ بِأَكْثَرَ مِمَّا سَبَّحْتِ بِهِ؟" فَقُلْتُ: بَلَى، عَلِّمْنِيْ، فَقَالَ:" قُوْلِيْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ صَفِيَّةَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ هَاشِمِ بْنِ سَعِيْدٍ الْكُوْفِيِّ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمَعْرُوْفٍ، وَفِي الْبابِ: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

٦٧- ذکر کی کشادگی بوقتِ جزاء اس کے معنی کے بقدر ہوتی ہے

حدیث: ام المؤمنین حضرت جویریہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ ان کے پاس سے گذرے، درانحالیکہ وہ اپنی مسجد (نماز پڑھنے کی جگہ) میں تھیں، پھر نبی ﷺ ان کے پاس سے تقریباً دوپہر کے وقت گذرے (وہ اب تک تسبیح پڑھنے میں مشغول تھیں) پس آپؐ نے پوچھا: ''میں جب سے تمہارے پاس سے گیا ہوں، کیا تم اس وقت سے برابر اسی حال میں ہو؟ اور اسی طرح پڑھ رہی ہو؟'' انھوں نے جواب دیا: جی ہاں! پس آپؐ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں چند ایسے کلمات نہ سکھلاؤں جن کو تم کہو؟'' (وہ کلمات یہ ہیں:)

سبحان الله عدد خلقه: اللہ کے لئے پاکی ہے ان کی مخلوق کی تعداد کے بقدر (تین بار) **سبحان الله رِضٰی نفسه**: اللہ کے لئے پاکی ہے ان کی خوشی کے بقدر (تین بار) **سبحان الله زِنَةَ عرشه**: اللہ کے لئے پاکی ہے ان کے عرش کے وزن کے بقدر (تین بار) **سبحان الله مداد كلماته**: اللہ کے لئے پاکی ہے ان کے فرمودات کی تعداد کے بقدر (تین بار) (یہ روایت مسلم شریف کی ہے)

تشریح: مذکورہ ذکر کا بے حد ثواب اس وجہ سے ہے کہ جب کوئی عمل مقبول قرار پاتا ہے تو بوقتِ جزاء اس کی کشادگی اور پہنائی اس کلمہ کے معنی کے بقدر ہوتی ہے، پس جب ذکر میں **عدد خلقه** جیسے جملے ہیں تو اس کی فراخی اسی کے بقدر ہوگی (رحمۃ اللہ (۳۱۱:۴) میں ایک واقعہ سے اس پر استدلال ہے)

[۳۵۷٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرَيْبًا، يُحَدِّثُ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَرَّ عَلَيْهَا، وَهِيَ فِيْ مَسْجِدِهَا، ثُمَّ مَرَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِهَا قَرِيْبًا مِنْ نَصْفِ النَّهَارِ، فَقَالَ لَهَا:" مَازِلْتِ عَلَى حَالِكِ؟" قَالَتْ: نَعَمْ، فَقَالَ:" أَلَا أُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ تَقُوْلِيْنَهَا؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَى نَفْسِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَى نَفْسِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَى نَفْسِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ

زِنَةَ عَرْشِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِه، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِه"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَمُحمدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: هُوَ مَوْلَى آلِ طَلْحَةَ، وَهُوَ شَيْخٌ مَدِيْنِيٌّ ثِقَةٌ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ الْمَسْعُوْدِيُّ وَالثَّوْرِيُّ هٰذَا الحديثَ.

بابٌ

٦٨-اللہ کے دَر کا بھکاری کبھی محروم نہیں رہتا!

حدیث: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "بیشک اللہ تعالیٰ نہایت شرمیلے، بڑے سخی ہیں، ان کو شرم آتی ہے: جب بندہ ان کی طرف اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے: اس سے کہ وہ ان کو خالی نامراد واپس کردیں" (کیونکہ اس دَر کا بھکاری کبھی محروم نہیں رہتا، وہ کچھ نہ کچھ دینے کا فیصلہ ضرور کرتے ہیں)

٦٩-تشہد میں ایک انگلی سے اشارہ کرنا چاہئے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص (تشہد میں) اپنی دو انگلیوں سے اشارہ کررہا تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک انگلی سے اشارہ کر! ایک انگلی سے اشارہ کر!" (امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس حدیث کا محمل یہ ہے کہ آدمی تشہد میں دو انگلیوں سے اشارہ کرے، ایک انگلی سے اشارہ نہ کرے تو ممانعت ہے، اور تشہد کے علاوہ دیگر مواقع میں اگر ضرورت ہو تو دو یا زیادہ انگلیوں سے اشارہ کیا جاسکتا ہے)

[١١٨-] بابٌ

[٣٥٧٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، قَالَ: أَنْبَأَنَا جَعْفَرُ بْنُ مَيْمُوْنٍ: صَاحِبُ الْأَنْمَاطِ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ، يَسْتَحْيِيْ إِذَا رَفَعَ الرَّجُلُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُمَا صِفْرًا خَائِبَتَيْنِ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَاهُ بَعْضُهُمْ وَلَمْ يَرْفَعْهُ.

[٣٥٧٨-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسَى، نَا مُحمدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَجُلاً كَانَ يَدْعُوْ بِأُصْبُعَيْهِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَحِّدْ أَحِّدْ!"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَمَعْنَى هٰذَا الحديثِ: إِذَا أَشَارَ الرَّجُلُ بِإِصْبَعَيْهِ فِيْ الدُّعَاءِ عِنْدَ الشَّهَادَةِ، وَلاَ يُشِيْرُ إِلَّا بِإِصْبَعٍ وَاحِدَةٍ.

أحادیثُ شَتّٰی

من أبواب الدعوات

شَتَّتَ الأشیاءَ: بکھیرنا، منتشر کرنا، أشیاءُ شَتّٰی: مختلف اور بے جوڑ چیزیں۔ ابواب الدعوات کی کچھ متفرق حدیثیں رہ گئی ہیں: اب ان کو ذکر کرتے ہیں۔

بابٌ

۱- اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگنا

حدیث: حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ منبر نبوی پر کھڑے ہوئے، اور رو پڑے، پھر فرمایا: نبی ﷺ (منبر بننے کے بعد) پہلے سال منبر پر کھڑے ہوئے، اور رو پڑے، پس فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت (بلاؤں سے حفاظت) مانگو، کیونکہ کوئی شخص ایمان ویقین کے بعد عافیت سے بہتر نعمت نہیں دیا گیا''

أحادیثُ شَتّٰی من أبْوَابِ الدَّعْوَاتِ

[-۱۱۹] بابٌ

[-۳۵۷۹] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ العَقَدِیُّ، نَا زُهَیْرٌ: وَهُوَ ابْنُ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدبْنِ عَقِیْلٍ، أَنَّ مُعَاذَ بْنَ رَفَاعَةَ أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: قَامَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّیْقُ عَلَی الْمِنْبَرِ، ثُمَّ بَكَی، فَقَالَ: قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَامَ الْأَوَّلِ عَلَی الْمِنْبَرِ، ثُمَّ بَكَی، فَقَالَ:'' سَلُوْا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ، فَإِنَّ أَحَدًا لَمْ یُعْطَ بَعْدَ الْیَقِیْنِ خَیْرًا مِنَ الْعَافِیَةِ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِیْ بَكْرٍ.

۲- گر صد بار توبہ شکستی باز آ!

حدیث: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے گناہ کی معافی مانگ لی وہ گناہ پر نہیں اڑا، اگرچہ ایک دن میں ستّر مرتبہ اس نے وہ گناہ کیا ہو!''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مولیٰ (آزاد کردہ) ابورجاء: مجہول راوی ہے، اور ابونُصیرۃ مسلم بن عبید ثقہ ہیں ـــــ اور یہ حدیث سورۃ آل عمران (آیت ۱۳۵) کی تفسیر ہے، اس آیت میں نیکوکاروں کا حال یہ بیان کیا گیا ہے: ﴿وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلَى مَافَعَلُوْا، وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ﴾: وہ لوگ اپنے فعل پر اصرار نہیں کرتے، درانحالیکہ وہ جانتے ہوں ـــــ اور حدیث کا مضمون فرضاً ہی صحیح ہوسکتا ہے بایں طور کہ الیوم میں توسع کیا جائے، اور سبعین کو مبالغہ پر محمول کیا جائے، ورنہ توبہ جن تین چیزوں کے مجموعہ کا نام ہے، ان میں سے ایک یہ ہے کہ عزم مصمم ہو کہ آئندہ کبھی وہ یہ گناہ نہیں کرے گا، ہاں زندگی میں کبھی عزم مصمم کے باوجود غلطی ہوجائے: یہ بات ممکن ہے مگر جو ایک دن میں بار بار ایک ہی گناہ کرتا ہے: اس میں عزم مصمم کہاں پایا گیا!

[-۱۲۰] بابٌ

[-۳۵۸۰] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، نَا أَبُوْ يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، نَا عُثْمَانُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِي نُصَيْرَةَ، عَنْ مَوْلَى لِأَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا أَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ، وَلَوْ فَعَلَهُ فِيْ الْيَوْمِ سَبْعِيْنَ مَرَّةً" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ نُصَيْرَةَ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

۳- نیا لباس پہننے کی دعا

حدیث: حضرت ابوامامہ کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نیا لباس پہنا، پس کہا: الحمد لله الذى كَسَانِيْ مَا أُوَارِي بِه عَوْرَتِيْ، وَأَتَجَمَّلُ به فى حياتي: اس اللہ کے لئے حمد وشکر ہے جس نے مجھے وہ لباس پہنایا جس کے ذریعہ میں اپنی ستر پوشی کرتا ہوں، اور جس کے ذریعہ میں اپنی زندگی میں مزین ہوتا ہوں ـــــ پھر حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ "جو شخص نیا لباس پہنے، پھر مذکورہ ذکر کرے، پھر اس کپڑے کا قصد کرے جس کو اس نے پرانا کردیا ہے، پس وہ اس کو خیرات کردے تو وہ اللہ کے پہلو میں اور اللہ کی حفاظت میں اور اللہ کے پردے میں ہوتا ہے زندگی میں بھی اور مرنے کے بعد بھی"

تشریح: لباس بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے، اور کھانے پینے ہی کی طرح انسان کی بنیادی ضرورتوں میں سے ہے، پس اس نعمت کے استحضار کے ساتھ اللہ کی حمد اور اس کا شکر ادا کرنا چاہئے، اور پہنا ہوا پرانا کپڑا صدقہ کردینا چاہئے، اللہ تعالیٰ ایسے بندے کو زندگی میں اور مرنے کے بعد اپنی حفاظت میں رکھتے ہیں، اور اس کی پردہ داری فرماتے ہیں۔

[-۳۵۸۱] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، وَسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ – الْمَعْنَى وَاحِدٌ – قَالَا: نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا الْأَصْبَغُ بْنُ زَيْدٍ، نَا أَبُوْالْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثَوْبًا جَدِيْدًا، فَقَالَ:

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا أُوَارِیْ بِهِ عَوْرَتِیْ، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِیْ حَیَاتِیْ، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، یَقُوْلُ: " مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِیْدًا، فَقَالَ: " الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا أُوَارِی بِهِ عَوْرَتِیْ، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِیْ حَیَاتِیْ " ثُمَّ عَمِدَ إِلَی الثَّوْبِ الَّذِیْ أَخْلَقَ، فَتَصَدَّقَ بِهِ: كَانَ فِیْ كَنَفِ اللّٰهِ، وَفِیْ حِفْظِ اللّٰهِ، وَفِیْ سِتْرِ اللّٰهِ حَیًّا وَمَیِّتًا " هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، وَقَدْ رَوَاهُ یَحْیَی بْنُ أَیُّوْب، عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ یَزِیْدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِیْ أُمَامَةَ.

۴- نماز فجر کے بعد سے اشراق تک مسجد میں رکا رہنا روزہ مرہ کا اعتکاف ہے

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کی طرف ایک لشکر روانہ فرمایا۔ پس انھوں نے بہت غنیمتیں پائیں، اور بہت جلد واپس لوٹ آئے، پس ایک شخص نے ان لوگوں میں سے جو لشکر میں نہیں گیا تھا، کہا: ہم نے نہیں دیکھا کوئی لشکر زیادہ جلدی لوٹنے والا، اور زیادہ بہتر غنیمت پانے والا: اس لشکر سے! پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ’’کیا نہ آگاہ کروں میں آپ لوگوں کو ایسے لوگوں پر جو غنیمت کے اعتبار سے بہتر ہیں، اور لوٹنے کے اعتبار سے تیز تر ہیں؟ وہ لوگ جو صبح کی نماز میں حاضر ہوتے ہیں، پھر وہ مسجد میں بیٹھے ہوئے اللہ کا ذکر کرتے ہیں، یہاں تک کہ سورج نکل آتا ہے (پھر وہ اشراق پڑھ کر گھر لوٹتے ہیں) تو یہ لوگ لوٹنے کے اعتبار سے تیز تر اور غنیمت کے اعتبار سے بہتر ہیں!‘‘

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، حماد بن ابی حمید: جس کو محمد بن ابی حمید اور ابراہیم انصاری مدنی بھی کہتے ہیں: ضعیف راوی ہے۔ اور یہ روزمرہ کا اعتکاف ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نیکوکاروں کے لئے مشروع کیا ہے، اس میں گھنٹہ بھر خرچ ہوتا ہے، اشراق پڑھ کر آدمی گھر لوٹ جاتا ہے، اور ڈھیر سارا ثواب سمیٹ لیتا ہے، یہ بات حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نے بیان فرمائی ہے (رحمۃ اللہ ۳: ۴۸۰)

[۳۵۸۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ - قِرَاءَةً عَلَیْهِ - عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِیْ حُمَیْدٍ، عَنْ زَیْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم بَعَثَ بَعْثًا قِبَلَ نَجْدٍ، فَغَنِمُوْا غَنَائِمَ كَثِیْرَةً، وَأَسْرَعُوْا الرَّجْعَةَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ لَمْ یَخْرُجْ: مَا رَأَیْنَا بَعْثًا أَسْرَعَ رَجْعَةً، وَلَا أَفْضَلَ غَنِیْمَةً: مِنْ هٰذَا الْبَعْثِ! فَقَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم: " أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَی قَوْمٍ أَفْضَلَ غَنِیْمَةً، وَأَسْرَعَ رَجْعَةً؟: قَوْمٌ شَهِدُوْا صَلَاةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ جَلَسُوْا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ حَتَّی طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَأُوْلٰئِكَ أَسْرَعُ رَجْعَةً، وَأَفْضَلُ غَنِیْمَةً "

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَمَّادُ بْنُ أَبِیْ حُمَیْدٍ: هُوَ مُحمدُ بْنُ أَبِیْ حُمَیْدٍ، وَهُوَ أَبُوْ إِبْرَاهِیْمَ الْاَنْصَارِیُّ الْمَدِیْنِیُّ، وَهُوَ ضَعِیْفٌ فِیْ الْحَدِیْثِ.

۵- دوسرے سے دعا کے لئے کہنا

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ سے عمرہ کے لئے جانے کی اجازت طلب کی (آپؐ نے اجازت دیدی) اور فرمایا: ''بھئی! ہمیں اپنی دعاؤں میں شریک کرنا، بھول نہ جانا!'' —— اور ابوداؤد (حدیث ۱۴۹۸ باب الدعاء، کتاب الصلاۃ) میں یہ اضافہ ہے: حضرت عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک ایسی بات فرمائی کہ اگر مجھے ساری دنیا مل جاتی تو بھی اتنی خوشی نہ ہوتی (یہ روایت عاصم کی وجہ سے ضعیف ہے، یہ عاصم: حضرت عمرؓ کے صاحبزادے عاصم کے پوتے ہیں، اور ضعیف راوی ہیں، امام شعبہ کہتے ہیں: اس راوی کا حال یہ تھا کہ اگر اس سے پوچھا جائے کہ بصرہ کی مسجد کس نے بنائی؟ تو وہ اس کو بھی فلان عن فلان، عن النبي صلی اللہ علیه وسلم: أنه بَنَاهُ کہے گا یعنی بصرہ کی مسجد نبی ﷺ نے بنائی ہے (بذل ۶: ۲۲۷) پس امام ترمذی کی تصحیح سے دھوکہ نہ کھائیں...... اور أُخَيّ: أخ کی تصغیر، برائے تلطّف ہے...... اور بھئی: بھائی کا مخفف ہے اور پیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

[۳۵۸۳-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْعُمْرَةِ، فَقَالَ: '' أَيْ أُخَيَّ! أَشْرِكْنَا فِيْ دُعَائِكَ، وَلاَ تَنْسَنَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۶- قرض اور تنگ حالی سے نجات کی دعا

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ایک مکاتَب ان کے پاس آیا۔ اس نے کہا: میں اپنا بدلِ کتابت ادا کرنے سے عاجز ہو رہا ہوں، پس آپ میری مدد کریں۔ آپؓ نے فرمایا: کیا نہ سکھلاؤں میں تجھے چند کلمات جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے سکھلائے ہیں؟ اگر ہوگا تجھ پر صِیْر پہاڑ کے مانند قرضہ تو بھی اس کو اللہ تعالیٰ تیری طرف سے ادا کردیں گے، فرمایا: کہہ: اللّٰهُم اكْفِنِيْ بحلالك عن حرامك، وَاغْنِنِيْ بفضلك عَمَّنْ سِوَاكَ: اے اللہ! بے نیاز کردیں آپ مجھے اپنے حلال مال کے ذریعہ اپنے حرام مال سے، اور بے نیاز کردیں آپ مجھے اپنے فضل وکرم کے ذریعہ اپنے علاوہ سے!

تشریح: مکاتب: وہ غلام ہے جس کو آقا نے کہہ دیا ہو کہ اتنی رقم ادا کردے تو تو آزاد ہے، وہ جب معینہ رقم ادا کردے گا تو آزاد ہوجائے گا، اور اگر عاجز رہ جائے گا تو غلامی میں لوٹ جائے گا —— اور صِیْر: قبیلۂ طَی کا ایک بڑا پہاڑ ہے —— حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس اس وقت اعانت کے لئے مال نہیں ہوگا، چنانچہ آپؓ نے اس کو وہ دعا تعلیم فرمائی جو رسول اللہ ﷺ نے آپ کو تعلیم فرمائی تھی۔

اس سے معلوم ہوا کہ اگر ضرورت مند کی مال سے کسی وقت مدد نہ کی جاسکے تو اس کو یہ دعا تلقین کرنی چاہئے، یہ بھی ایک طرح کی اعانت ہے ـــــ اور طالب علمی کا زمانہ ناداری کا زمانہ ہے، پس طلبہ یہ دعا یاد کرلیں، اور اس کو اپنا معمول بنالیں، اللہ تعالیٰ ان کی کفالت کریں گے۔

لغات: اِكْفِ: فعل امر: كفي يكفي كفايةً فلاناً الْأَمْرَ: کسی معاملہ میں کسی کا کام خود انجام دینا، اور اس کو بے نیاز کردینا، اس کو مشقت سے بچالینا...... اِغْنِ: فعل امر کے بھی یہی معنی ہیں۔

[۳۵۸٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا يَحْيىَ بْنُ حَسَّانٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ مُكَاتَبًا جَاءَ هُ، فَقَالَ: إِنِّيْ قَدْ عَجَزْتُ عَنْ كِتَابَتِيْ، فَأَعِنِّيْ، قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِيْهِنَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ لَوْ كَانَ عَلَيْكَ مِثْلُ جَبَلِ صِيْرٍ دَيْنًا أَدَّاهُ اللّٰهُ عَنْكَ، قَالَ: قُلْ: "اللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَاغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ فِيْ دُعَاءِ الْمَرِيْضِ

۷- بیمار کے لئے دعا

پہلی مختصر دعا: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں بیمار تھا، پس رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گذرے! درانحالیکہ میں کہہ رہا تھا: اے اللہ! اگر میری موت کا وقت آگیا ہے تو مجھے (موت دے کر) آرام پہنچا، اور اگر ابھی موت میں دیر ہے تو مجھے بلند فرما یعنی بیماری دور فرما! اور اگر یہ بیماری کوئی بلاء (آزمائش) ہے، تو مجھے صبر (ہمت وحوصلہ) عطا فرما! ـــــ پس رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: تم نے کس طرح دعا کی؟ راوی کہتے ہیں: پس علیؓ نے آپؐ کے سامنے اس دعا کا اعادہ کیا جو انھوں نے کی تھی، راوی کہتا ہے: پس نبی ﷺ نے ان کو اپنے پیر سے مارا، یعنی مریض سے اتصال قائم کیا، اور فرمایا: اللّٰهم! عَافِهِ: اے اللہ! اس کو عافیت بخش! یا فرمایا: اللّٰهمَ اشْفِهِ: اے اللہ! اس کو شفا بخش! ـــــ امام شعبہ رحمہ اللہ شک کرنے والے ہیں ـــــ (پس دونوں میں سے کوئی بھی دعا کرسکتے ہیں) حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پھر مجھے وہ تکلیف اس کے بعد نہیں ہوئی (رواہ احمد، والحاکم، وابن حبان)

دوسری دعا: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی ﷺ کسی بیمار کی عیادت کرتے تھے تو کہتے تھے: (اللّٰهم!) أَذْهِبِ الْبَأْسَ! رَبَّ الناس! وَاشْفِ، أنت الشافي، لاشفاء إلا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَّايُغَادِرُ سَقَمًا: (اے اللہ!) تکلیف کو دور فرما! اے لوگوں کے پالنہار! اور شفا بخش! آپ ہی شفا بخشنے والے ہیں! نہیں ہے شفا، مگر آپ کی

شفاء! ایسی شفاء جو کسی بھی بیماری کو نہ چھوڑے۔

تشریح: اس حدیث کی سند میں حارث اعور ہیں، جو ذرا کمزور راوی ہیں، مگر صحیحین میں یہ دعا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے، اور شفاءً: اِشْفِ کا مفعول مطلق ہے —— اور دعا دیتے وقت مریض سے اتصال قائم کرنا چاہئے، درد کی جگہ ہاتھ رکھنا چاہئے، اور اگر درد پورے بدن میں ہو تو کسی بھی جگہ ہاتھ یا پیر لگانا چاہئے، پھر دعا پڑھ کر دم کرنا چاہئے، یہ دم کرنا بھی اتصال قائم کرنا ہے، اور یہ دعا حضرت انس رضی اللہ عنہ کی سند سے پہلے (حدیث ۹۶۱) آچکی ہے، اور وہاں (تحفہ ۳: ۳۷۶) دم کرنے کا طریقہ بیان کیا ہے...... أَذْهِبْ: باب افعال سے فعل امر ہے۔

[۱۲۱-] بابٌ فِي دُعَاءِ الْمَرِيْضِ

[۳۵۸۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلِمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كُنْتُ شَاكِيًا، فَمَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا أَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ إِنْ كَانَ أَجَلِيْ قَدْ حَضَرَ فَأَرِحْنِيْ، وَإِنْ كَانَ مُتَأَخِّرًا فَارْفَعْنِيْ، وَإِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كَيْفَ قُلْتَ؟" قَالَ: فَأَعَادَ عَلَيْهِ مَاقَالَ، قَالَ: فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ عَافِهِ" أَوْ: "اشْفِهِ" — شُعْبَةُ الشَّاكُّ — قَالَ: فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجَعِي بَعْدُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۵۸۶-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا عَادَ مَرِيْضًا، قَالَ: "أَذْهِبِ الْبَأْسَ، رَبَّ النَّاسِ! وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ، لَاشِفَاءَ إِلَّا شَفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ فِي دُعَاءِ الْوِتْرِ

۸- وتر کی نماز کی دعا

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ اپنی وتر کی نماز میں یہ دعا کیا کرتے تھے: اللّٰهم! إِني أَعوذ بِرِضَاكَ من سَخَطِكَ، وأعوذ بِمُعَافَاتِكَ من عقوبتك، وأعوذ بك منك، لا أُحْصِيْ ثناءً عليك أنت كما أَثْنَيْتَ على نفسك: اے اللہ! میں آپ کی خوشنودگی کی پناہ طلب کرتا ہوں آپ کی ناراضگی سے، اور آپ کی عافیت دہی کی پناہ طلب کرتا ہوں آپ کی سزا دہی سے، اور میں آپ کی (رحمت کی) پناہ طلب کرتا ہوں آپ (کے عذاب) سے، میں آپ کی تعریف کا احاطہ نہیں کرسکتا، جس طرح آپ نے اپنی تعریف کی ہے۔

تشریح: ابوداؤد اور ابن ماجہ میں ہے کہ آپؐ یہ دعا وتر کے آخر میں کرتے تھے، اور نسائی کی ایک روایت میں ہے:

جب آپؐ وتروں سے فارغ ہوجاتے تھے، اور بستر پر لیٹتے تھے تو یہ دعا کرتے تھے، اور مسلم شریف (حدیث ۴۸۶ کتاب الصلاۃ، باب ۴۲) میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت ہے کہ آپ تہجد کے سجدوں میں یہ دعا کرتے تھے، بہر حال یہ قیمتی دعا ہے، طلبہ اس کو یاد کریں، اور نفل نمازوں میں اور فرائض کے بعد یہ دعا کیا کریں۔

[۱۲۲-] بابٌ فِي دُعَاءِ الْوِتْرِ

[۳۵۸۷-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَمْرٍو الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ فِيْ وِتْرِه: "اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَأَعُوْذُ بِمعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ، لاَ أُحْصِيْ ثَنَاءً عَلَيْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ.

بابٌ فِيْ دُعَاءِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَتَعَوُّذِهِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلاَةٍ

۹- نمازوں کے بعد نبی ﷺ کے اذکار اور پناہ طلبی

(الف) نماز کے بعد استعاذہ

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے مصعب اور عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں کہ حضرت سعدؓ اپنے بیٹوں کو یہ کلمات سکھلایا کرتے تھے، جس طرح مکتب کا استاذ مکتب کے لڑکوں کو سکھلاتا ہے، اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ان کلمات سے نماز کے بعد پناہ طلب کیا کرتے تھے: اللّٰهم! إني أعوذ بك من الْجُبْنِ: اے اللہ! میں بزدلی سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں: وَأعوذ بك من البخل: اور میں کنجوسی سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں: وأعوذ بك من أَرْذَلِ العمر: اور میں نکمی عمر سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں: وأعوذ بك من فتنة الدنيا وعذاب القبر: اور میں دنیا کے فتنے سے اور قبر کے عذاب سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں!

تشریح: یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے، بخاری شریف کی روایت ہے، اور امام دارمی کہتے ہیں: یہ حدیث عمرو بن میمون سے ابواسحاق ہمدانی سبیعی بھی روایت کرتے ہیں، مگر ان کی سند میں اضطراب ہے، کبھی وہ آخر میں حضرت عمرؓ کا تذکرہ کرتے ہیں، کبھی کسی اور کا (ابواسحاق کی یہ سند نسائی وغیرہ میں ہے، ترمذی میں نہیں ہے، پس یہ یہاں ہوائی بحث ہے!)

[۱۲۳-] بابٌ فِيْ دُعَاءِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَتَعَوُّذِهِ فِيْ دُبُرِ كُلِّ صَلاَةٍ

[۳۵۸۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، هُوَ ابْنُ عَمْرٍو، عَنْ

عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، وَعَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، قَالاَ: كَانَ سَعْدٌ يُعَلِّمُ بَنِيْهِ هٰؤُلاَءِ الْكَلِمَاتِ، كَمَا يُعَلِّمُ الْمُكْتِبُ الغِلْمَانَ، وَيَقُوْلُ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَعَوَّذُ بِهِنَّ دُبَرَ الصَّلاَةِ: " اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ أَرْذَلِ الْعُمُرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَبُوْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ يَضْطَرِبُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، يَقُوْلُ: عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عُمَرَ، وَيَقُوْلُ: عَنْ غَيْرِهِ، وَيَضْطَرِبُ فِيْهِ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

(ب) نماز کے بعد کے اذکار

۱- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی عائشہ (جنھوں نے بڑی عمر پائی ہے، یہاں تک کہ امام مالکؒ نے ان سے ملاقات کی ہے، مگر وہ صحابیہ نہیں ہیں) اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ ان کے ابا نبی ﷺ کے ساتھ ایک خاتون کے پاس گئے، درانحالیکہ ان کے سامنے گٹھلیاں تھیں — یا کہا: کنکریاں تھیں — وہ ان کے ذریعہ تسبیح پڑھ رہی تھیں، پس آپؐ نے فرمایا: "کیا میں نہ بتلاؤں تمہیں وہ ذکر جو تمہارے لئے اس سے آسان ہے اور بہتر ہے؟: سبحان الله عَدَدَ ما خَلَقَ فی السماءِ: اللہ تعالیٰ کے لئے پاکی ہے آسمانی مخلوقات کی تعداد کے بقدر: وسبحان الله عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الأرض: اور اللہ تعالیٰ کے لئے پاکی ہے زمینی مخلوقات کی تعداد کے بقدر: وسبحان الله عَدَدَ ما بين ذلك: اور اللہ تعالیٰ کے لئے پاکی ہے فضائی مخلوقات کی تعداد کے بقدر: وسبحان الله عَدَدَ ما هو خالق: اور اللہ تعالیٰ کے لئے پاکی ہے اس مخلوق کی تعداد کے بقدر جس کو اللہ تعالیٰ آئندہ پیدا کرنے والے ہیں — اور اسی طرح شروع میں الله أكبر لگا کر کر یہ چاروں جملے کہے — اور اسی طرح شروع میں الحمد لله لگا کر یہ چاروں جملے کہے — اور اسی طرح شروع میں لاحول ولاقوة إلا بالله لگا کر یہ چاروں جملے کہے (اس روایت کا راوی خزیمہ جو عائشہؒ سے روایت کرتا ہے: مجہول راوی ہے)

فائدہ: اس حدیث سے تقریر نبوی کی وجہ سے مروجہ تسبیح کا جواز ثابت ہوتا ہے اور یہ مسئلہ پہلے باب عقد التسبيح باليد میں آچکا ہے۔

۲- حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ کوئی بھی صبح نہیں کرتا، مگر ایک منادی پکارتا ہے: "بادشاہ کی، سب عیبوں سے پاک ہستی کی پاکی بیان کرو" (پس فجر کی نماز کے بعد سبحان الملك القدوس کی تسبیح پڑھنی چاہئے) (اس حدیث کے دو راوی: محمد بن ثابت اور ابو حکیم: مجہول راوی ہیں، پس اس حدیث کی اسناد ضعیف ہے)

[۳۵۸۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا أَصْبَغُ بْنُ الفَرَجِ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ، عَنْ خُزَيْمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهَا: أَنَّهُ دَخَلَ مَعَ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى امْرَأَةٍ، وَبَيْنَ يَدَيْهَا نَوَاةٌ – أَوْ قَالَ: حَصَاةٌ – تُسَبِّحُ بِهَا، فَقَالَ:" أَلَا أُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ أَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا وَأَفْضَلُ؟: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الْأَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلُ ذٰلِكَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ سَعْدٍ.

[۳۵۹۰-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، وَزَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَكِيْمٍ: مَوْلَى الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ العَوَّامِ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْ صَبَاحٍ يُصْبِحُ الْعَبْدُ، إِلَّا مُنَادٍ يُنَادِيْ: سَبِّحُوْا الْمَلِكَ الْقُدُّوْسَ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ فِي دُعَاءِ الْحِفْظِ

۱۰- حفظِ قرآن کی دعا

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: دریں اثناء کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے، اچانک آپؐ کے پاس حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے، اورعرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! یہ قرآن ایک دم میرے سینے سے چھٹک جاتا ہے، پس میں خود کو اس پر قادر نہیں پاتا یعنی یاد ہو کر ذہن سے نکل جاتا ہے، پس رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ''اے ابوالحسن! کیا میں تمہیں چند ایسے کلمات نہ سکھلاؤں جن سے اللہ تعالیٰ تمہیں نفع پہنچائیں، اور ان لوگوں کو نفع پہنچائیں جن کو تم وہ کلمات سکھلاؤ، اور جو کچھ تم نے سیکھا ہے اس کو وہ کلمات تمہارے سینہ میں جمادیں؟ حضرت علیؓ نے جواب دیا: ہاں! اے اللہ کے رسول! مجھے وہ کلمات سکھلایئے۔

نبی ﷺ نے فرمایا: جب جمعہ کی رات آئے: پس اگر تمہارے بس میں ہو کہ تم رات کی آخری تہائی میں اٹھو (تو بہت اچھا ہے) کیونکہ وہ ایسی گھڑی ہے جس میں ملائکہ حاضر ہوتے ہیں، اور اس گھڑی میں دعا قبول کی جاتی ہے، اور میرے بھائی یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا تھا: ﴿سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ﴾: عنقریب میں تمہارے لئے اپنے رب سے گناہ کی معافی طلب کروں گا: وہ کہہ رہے ہیں: یہاں تک کہ جمعہ کی رات آئے (تو میں اس میں تمہارے لئے استغفار کرونگا) —— پس اگر یہ بات تمہارے بس میں نہ ہو تو آدھی رات میں اٹھو، اور اگر یہ بات بھی تمہارے بس میں نہ ہو تو شروع رات میں کھڑے ہوؤ، اور چار رکعتیں پڑھو: پہلی رکعت میں: سورۃ الفاتحہ اور یٰسٓ پڑھو، دوسری رکعت

میں: سورۃ الفاتحہ اور حٰمٓ الدخان پڑھو، تیسری رکعت میں: سورۃ الفاتحہ اور الٓمٓ تنزیل السجدۃ پڑھو، اور چوتھی رکعت میں: سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الملک پڑھو، پس جب آپ تشہد سے فارغ ہوجائیں (اور درود شریف بھی پڑھ لیں) تو اللہ کی تعریف کریں، اور اللہ کی بہترین تعریف کریں، اور مجھ پر درود بھیجیں، اور بہترین درود بھیجیں، اور تمام نبیوں پر درود بھیجیں، اور استغفار کریں مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کے لئے اور اپنے ان تمام مؤمن بھائیوں کے لئے جو آپ سے پہلے ایمان کے ساتھ گذر چکے ہیں۔

پھر اس کے بعد کہیں:

''اے اللہ! مجھ پر مہربانی فرما، ہمیشہ گناہوں کو چھوڑنے کے ذریعہ، جب تک آپ مجھ کو باقی رکھیں۔ اور مجھے بچا اس سے کہ میں بہ تکلف وہ کام کروں جو میرے لئے لایعنی ہیں، اور مجھے نصیب فرما اچھی طرح غور کرنا ان کاموں میں جو آپ کو مجھ سے خوش کریں۔ اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کو انوکھے طریقہ پر پیدا کرنے والے! اے عظمت وجلال اور احسان واکرام والے، اور ایسے غلبہ والے جس کا قصد نہیں کیا جاتا! یعنی ایسا غلبہ کسی کو حاصل نہیں ہوسکتا یا ایسا با اقتدار جس کا کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا، میں آپ سے درخواست کرتا ہوں: اے اللہ! اے نہایت مہربان ہستی! آپ کے جلال اور آپ کی ذات کے نور کے طفیل کہ لازم کردیں آپ میرے دل کو اپنی کتاب کے حفظ کے ساتھ، جس طرح آپ نے مجھے (ناظرہ) سکھلایا ہے اور مجھے نصیب فرما کہ میں اس کی تلاوت کروں، اس طرح جو آپ کو مجھ سے خوش کردے۔ اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کو انوکھے طریقے پر پیدا کرنے والے! اے عظمت وجلال اور احسان واکرام والے، اور ایسے غلبہ والے جس کا قصد نہیں کیا جاتا۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں: اے اللہ! اے نہایت مہربان ہستی! آپ کے جلال اور آپ کی ذات کے نور کے طفیل کہ آپ اپنی کتاب کے ذریعہ میری نگاہ کو منور کریں، اور آپ اس کے ساتھ میری زبان کو چلادیں، اور آپ اس کے ذریعہ میرے دل کو کھول دیں، اور آپ اس کے ذریعہ میرے سینہ کو کھول دیں، اور آپ اس سے میرے بدن کو دھودیں، بیشک نہیں مدد کرتا میری حق بات میں آپ کے علاوہ کوئی! اور نہیں دیتے وہ بات مگر آپ ہی! نہیں ہے قوت وطاقت مگر برتر وبڑے اللہ کی مدد سے!''

اے ابوالحسن! آپ یہ کام تین یا پانچ یا سات جمعہ کریں، بہ حکم الٰہی آپ کی دعا قبول کی جائے گی، اور قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے دین حق کے ساتھ بھیجا ہے! نہیں چوکتی یہ دعا کسی مؤمن کو کبھی بھی!

ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس بخدا! نہیں ٹھہرے حضرت علیؓ مگر پانچ یا سات جمعہ، یہاں تک کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، اسی جیسی مجلس میں، پس انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں گذشتہ زمانہ میں نہیں لیا کرتا تھا مگر چار آیتوں کو، یا ان کے مانند کو یعنی پہلے مجھے روزانہ چار پانچ آیتیں یاد ہوتی تھیں، پھر جب میں ان کو اپنے دل میں پڑھتا تھا تو وہ یکدم میرے سینہ سے نکل جاتی تھیں، اور آج میں چالیس آیتیں یا اس کے مانند سیکھتا ہوں، پھر جب میں ان کو

دل میں پڑھتا ہوں تو گویا قرآن میری آنکھوں کے سامنے ہے، اور میں آپؐ کی حدیثیں سنتا تھا، پھر جب میں ان کو دوہراتا تھا تو وہ یکدم سینہ سے نکل جاتی تھیں، اور اب میں حدیثیں سنتا ہوں، پھر جب میں ان کو بیان کرتا ہوں تو ان میں سے ایک حرف بھی کم نہیں کرتا، پس اس وقت ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوالحسن! تم ایماندار ہو! قسم ہے کعبہ کے پروردگار کی!''، یعنی میری بتلائی ہوئی بات پر یقین کی بدولت تمہاری دعا قبول ہوئی، اور تمہاری مشکل حل ہوگئی!

حدیث کا حال: ولید بن مسلم قرشی دمشقی سے آخر تک حدیث کی یہی سند ہے، اس لئے حدیث غریب بمعنی تفرد اسناد ہے، اور سند فی نفسہ حسن ہے، مگر یہ امام ترمذی کا حسن ہے، جو فن کے حسن سے فروتر ہوتا ہے، کیونکہ ولید: تدلیس التسویہ کیا کرتے تھے —— اور یہ حدیث مستدرک حاکم (۱:۳۱۶) میں بھی ہے، اور حاکم نے اس کو علی شرط الشیخین قرار دیا ہے، مگر ذہبی نے اس پر سخت اعتراض کیا ہے، اور حدیث کو منکر وشاذ قرار دیا ہے، بلکہ فرمایا ہے کہ مجھے ڈر ہے کہ حدیث موضوع ہو۔

چار سوالوں کے جوابات:

سوال (۱): حفظِ قرآن کی اس نماز میں: دوسری رکعت میں سورۂ دخان پڑھنی ہے، جو قرآن کی ۴۴ ویں سورت ہے، اور تیسری رکعت میں: سورۃ السجدۃ پڑھی جاتی ہے، جو ۳۲ ویں سورت ہے، یہ خلاف ترتیب پڑھنا ہے، جو مکروہ تحریمی ہے؟

جواب: اس کے دو جواب دیئے گئے ہیں:

۱- ترتیب سے قرآن پڑھنا فرائض میں واجب ہے، نوافل میں واجب نہیں۔

۲- نفل نماز کا ہر دوگانہ علاحدہ نماز ہے، پس تیسری رکعت سے نیا شفعہ شروع ہوتا ہے۔

سوال (۲): تبارك کے ساتھ المفصل کیوں بڑھایا ہے؟

جواب: ایک تبارک سورۃ الفرقان کے شروع میں ہے، وہ سورت مراد نہیں، وہ سورت مئین میں سے ہے، دوسرا تبارک سورۃ الملک کے شروع میں ہے، چوتھی رکعت میں اس کو پڑھنا ہے، وہ مفصلات میں سے ہے۔

سوال (۳): حدیث میں جو دعا ہے: وہ قعدۂ اخیرہ میں پڑھنی ہے، اگر وہ دعا یاد نہ ہو سکے تو کیا کرے؟

جواب: ایسا عجمی یہ دعا سلام کے بعد کتاب میں دیکھ کر پڑھ سکتا ہے۔

سوال (۴): اگر کسی کو یہ چار سورتیں یاد نہ ہو سکیں تو وہ کیا کرے؟

جواب: وہ ناظرہ پڑھنے پر اکتفا کرے، حفظ کی زحمت نہ کرے، اس کے حفظ کے بغیر بھی قرآن کی حفاظت ہو جائے گی۔

إذا لم تَسْتَطِعْ شَيْئًا فَدَعْهُ ❁ وَجَاوِزْهُ إلى ما تَسْتَطِيْع

(جب کوئی کام تمہارے بس میں نہ ہو تو اس کو چھوڑ و، اور وہ کام کرو جو تمہارے بس میں ہے)

[١٢٤-] بابٌ فِي دُعَاءِ الْحِفْظِ

[٣٥٩١-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبدِ الرَّحمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، نَا ابْنُ جرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِيْ رَبَاحٍ، وَعِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِذْ جَاءَ هُ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ، فَقَالَ: بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! تفَلَّتَ هٰذَا الْقُرْآنُ مِنْ صَدْرِيْ، فَمَا أَجِدُنِيْ أَقْدِرُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "يَا أَبَا الْحَسَنِ! أَفَلاَ أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنفَعُكَ اللّٰهُ بِهِنَّ، وَيَنْفَعُ بِهِنَّ مَنْ عَلَّمْتَهُ، وَيُثَبِّتُ مَا تَعَلَّمْتَ فِيْ صَدْرِكَ؟" قَالَ: أَجَلْ يَارسولَ اللّٰهِ! فَعَلِّمْنِيْ!

قَالَ:" إِذَا كَانَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَقُوْمَ فِيْ ثُلُثِ اللَّيْلِ الآخِرِ، فَإِنَّهَا سَاعَةٌ مَشْهُوْدَةٌ، وَالدُّعَاءُ فِيْهَا مُسْتَجابٌ، وَقَدْ قَالَ أَخِيْ يَعْقُوْبُ لِبَنِيْهِ: ﴿سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ﴾ يَقُوْلُ: حَتَّى تَأْتِيَ لَيْلَةُ الْجُمُعَةِ، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِيْ وَسْطِهَا، فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ فَقُمْ فِيْ أَوَّلِهَا، فَصَلِّ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ: تَقْرَأُ فِيْ الرَّكْعَةِ الأُوْلَى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَسُوْرَةِ يٰسٓ، وَفِيْ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَحٰمٓ الدُّخَانَ، وَفِيْ الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَالٓمٓ تَنْزِيْلُ السَّجْدَةِ، وَفِيْ الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَتبَارَكَ الْمُفَصَّلِ، فَإِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَهُّدِ فَاحْمَدِ اللّٰهِ، وَأَحْسِنِ الثَّنَاءَ عَلَى اللّٰهِ، وَصَلِّ عَلَيَّ وَأَحْسِنْ، وَعَلَى سَائِرِ النَّبِيِّيْنَ، وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَلِإِخْوَانِكَ الَّذِيْنَ سَبَقُوْكَ بِالإِيْمَانِ.

ثُمَّ قُلْ فِيْ آخِرِ ذٰلِكَ:

اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ أَبَدًا مَا أَبْقَيْتَنِيْ، وَارْحَمْنِيْ أَنْ أَتَكَلَّفَ مَالاَ يَعْنِيْنِيْ، وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ، اللّٰهُمَّ! بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، ذَا الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ، وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لاَتُرَامُ: أَسْأَلُكَ: يَااللّٰهُ، يَا رَحْمٰنُ بِجَلاَلِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ: أَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ، وَارْزُقْنِيْ أَنْ أَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ، اللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ، ذَا الْجَلاَلِ وَالإِكْرَامِ، وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لاَتُرَامُ، أَسْأَلُكَ: يَا اللّٰهُ! يَا رَحْمٰنُ! بِجلاَلِكَ، وَنُوْرِ وَجْهِكَ أَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ، وَأَنْ تُطْلِقَ بِهِ لِسَانِيْ، وَأَنْ تُفَرِّجَ بِهِ عَنْ قَلْبِيْ، وَأَنْ تَشْرَحَ بِهِ صَدْرِيْ، وَأَنْ تَغْسِلَ بِهِ بَدَنِيْ، فَإِنَّهُ لاَيُعِيْنُنِيْ عَلَى الْحَقِّ غَيْرُكَ، وَلاَ يُؤْتِيْهِ إِلاَّ أَنْتَ، وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللّٰهِ العَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

يَا أَبَا الْحَسَنِ! تَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلاَثَ جُمَعٍ، أَوْ خَمْسًا، أَوْ سَبْعًا: تُجَبْ بِإِذْنِ اللّٰهِ، وَالَّذِيْ بَعَثَنِيْ بِالْحَقِّ مَا أَخْطَأَ مُؤْمِنًا قَطُّ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَوَ اللّٰهِ مَا لَبِثَ عَلِيٌّ إِلاَّ خَمْسًا، أَوْ سَبْعًا، حَتَّى جَاءَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم فِيْ مِثْلِ ذٰلِكَ الْمَجْلِسِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّيْ كُنْتُ فِيمَا خَلاَ لاَآخُذُ إِلاَّ أَرْبَعَ آيَاتٍ وَنَحْوَهُنَّ، فَإِذَا قَرَأْتُهُنَّ عَلَى نَفْسِيْ تَفَلَّتْنَ، وَأَنَا أَتَعَلَّمُ الْيَوْمَ أَرْبَعِيْنَ آيَةً وَنَحْوَهَا، فَإِذَا قَرَأْتُهَا عَلَى نَفْسِيْ فَكَأَنَّمَا كِتَابُ اللّٰهِ بَيْنَ عَيْنَيَّ، وَلَقَدْ كُنْتُ أَسْمَعُ الْحَدِيْثَ، فَإِذَا رَدَدْتُهُ تَفَلَّتَ، وَأَنَا الْيَوْمَ أَسْمَعُ الأَحَادِيْثَ، فَإِذَا تَحَدَّثْتُ بِهَا لَمْ أَخْرِمْ مِنْهَا حَرْفًا، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ ذٰلِكَ: "مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ أَبَا الْحَسَنِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ.

بابٌ فِي انْتِظَارِ الفَرَجِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

۱۱- دعا کے بعد کشادگی کا انتظار کرنا

وغیر ذلك میں دور تک کی روایات کو سمیٹا ہے، ہم ان پر الگ الگ عنوانات قائم کریں گے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سَلُوْا اللّٰهَ من فضله، فإن اللّٰه يُحِبُّ أن يُسْأَلَ، وأفضلُ العبادة: انتظار الفَرَجِ: اللہ تعالیٰ سے ان کا فضل مانگو، اللہ تعالیٰ کو یہ بات پسند ہے کہ ان سے مانگا جائے، اور بہترین عبادت یعنی دعا کشادگی کا انتظار ہے۔

تشریح: متفق علیہ روایت میں ہے: ''تمہاری دعائیں اس وقت تک قبول ہوتی ہیں، جب تک تم جلد بازی نہ کرو (اور جلد بازی یہ ہے کہ) بندہ کہنے لگے: میں نے دعا کی مگر قبول نہ ہوئی!'' (بخاری حدیث ۶۳۴۰) اور مسلم شریف کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا: جلدی مچانا کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''دعا مانگنے والا کہے: میں نے دعا کی، میں نے دعا کی! یعنی بار بار دعا کی، پھر میں نے دیکھا کہ میری دعا قبول نہیں ہورہی، پس اس نے تھک کر دعا مانگنی چھوڑ دی!'' (مشکوٰۃ حدیث ۲۲۲۷)

غرض: مایوسی قبولیتِ دعا کا استحقاق کھودیتی ہے، پس بندے کو چاہئے کہ مسلسل مانگتا رہے، اور یقین رکھے کہ رحمتِ حق دیر سویر ضرور متوجہ ہوگی، کیونکہ برانگیختہ کرنے والی کامل توجہ: نزولِ رحمت میں عبادت سے زیادہ کارگر ہے یعنی بندگی بھی باعثِ رحمت ہے، اللہ کی بارگاہ میں عاجزی ولاچاری اور محتاجی ومسکینی کا پورا پورا اظہار دریائے رحمت کو موجزن کردیتا ہے (رحمۃ اللہ ۴: ۳۲۱)

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، حماد بن واقد عیشی ابو عمار صفّار بصری ضعیف راوی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث کہا ہے، ترمذی میں اس کی یہی ایک روایت ہے —— اور ابو نعیم فضل بن دُکین: یہ حدیث اسرائیل سے روایت کرتے ہیں، اس کی تخریج ابن مردویہ نے کی ہے، مگر اس کی سند کے آخر میں مجہول راوی ہے، جو غالبًا غیر صحابی ہے، پس وہ روایت مرسل ہے، امام ترمذی نے اسی کو اصح قرار دیا ہے۔

[۱۲۵-] بابٌ فِي انْتِظَارِ الفَرَجِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

[۳۵۹۲-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُعاذٍ الْعَقَدِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "سَلُوْا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُسْأَلَ، وَأَفْضَلُ الْعِبَادَةَ انْتِظَارُ الْفَرَجِ"

هٰكَذَا رَوَى حَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ، وَحَمَّادُ بْنُ وَاقِدٍ لَيْسَ بِالْحَافِظِ، وَرَوَى أَبُوْ نُعَيْمٍ هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ أَبِيْ نُعَيْمٍ أَشْبَهُ أَنْ يَكُوْنَ أَصَحَّ.

۱۲- کاہلی، بے بسی، بخیلی، سٹھیا جانے اور عذابِ قبر سے پناہ طلب کرنا

حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ دعا کیا کرتے تھے: اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں کاہلی (سستی) سے، اور بے بسی (درماندگی) سے، اور بخیلی سے —— اور اسی سند سے مروی ہے کہ آپ پناہ طلب کیا کرتے تھے انتہائی درجہ کے بڑھاپے سے اور قبر کے عذاب سے!

تشریح: کچھ طلبہ کاہلی کا شکار ہوتے ہیں، وہ سستی کی وجہ سے کما حقہ نہیں پڑھتے، ان کو اپنی اس کمزوری سے اللہ کی پناہ طلب کرنی چاہئے، وہ دعا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کی یہ کمی دور فرمادیں گے —— اور کچھ لوگ کسی مہم کو اس لئے سر نہیں کرسکتے کہ وہ بے بسی کا شکار ہوتے ہیں، وہ کام سے ہمت ہار جاتے ہیں، حالانکہ ہمت مرداں مدد خدا! ان کو بھی اپنی اس کمزوری سے پناہ طلب کرنی چاہئے —— اور بخیلی تو بہت ہی بری بیماری ہے —— اور سٹھیا جانا یہ ہے کہ عقل ٹھکانے نہ رہے، یہ بیکار زندگی ہے، پس اس سے اور عذاب قبر سے پناہ طلب کرنی چاہئے۔

[۳۵۹۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ، وَالْعَجْزِ، وَالْبُخْلِ"

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ كَانَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْهَرَمِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۳- گناہ کی دعا کے علاوہ ہر دعا قبول ہوتی ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''زمین پر کوئی مسلمان نہیں جو اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا کرے، مگر اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز عنایت فرماتے ہیں، یا اس کے مانند کوئی برائی (تکلیف) پھیر دیتے ہیں، جب تک وہ کسی گناہ کی یا قطع رحمی کی

دعا نہ کرے''، پس لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: تب تو ہم بہت دعائیں کریں گے! پس آپؐ نے فرمایا: اللّٰہ أکثر: اللہ تعالیٰ بہت دینے والے ہیں! یعنی بہت دعائیں کرو، اللہ سب پوری کریں گے۔

تشریح: مسند احمد میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت میں تین باتوں کا تذکرہ ہے، تیسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمان کی دعا کو عبادت بنا کر ذخیرہ کر لیتے ہیں ...... اور قطع رحمی کا تذکرہ: تعمیم کے بعد تخصیص ہے، یہ اہم گناہ ہے ...... اور إیاھا اور مثلھا کی ضمیروں کا مرجع دعوۃ ہے۔

[۳۵۹۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ ابنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ جُبَيرِبْنِ نُفَيْرٍ، أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " مَا عَلَى الْأَرْضِ مُسْلِمٌ، يَدْعُو اللّٰهَ تَعَالٰى بِدَعْوَةٍ، إِلَّا آتَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهَا، أَوْ صَرَفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْءِ مِثْلَهَا، مَالَمْ يَدْعُ بِمَأْثَمٍ، أَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: إِذًا نُكْثِرُ! قَالَ: " اللّٰهُ أَكْثَرُ"

وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وابْنُ ثَوْبَانَ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ الْعَابِدُ الشَّامِيُّ.

بابٌ

۱۴- سونے کے وقت کی دعا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم سونے کا ارادہ کرو تو نماز والی وضوء کرو، پھر اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جاؤ، پھر کہو: اللّٰهم! أَسْلَمْتُ وجهي إليك، وفَوَّضْتُ أمري إليه، وأَلْجَأْتُ ظهري إليك، رَغبةً ورَهْبَةً إليك، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَا منك إلا إليك، آمنتُ بكتابك الذي أنزلتَ، ونَبِيِّكَ الذي أرسلتَ: اے اللہ! میں نے اپنی ذات آپ کے سپرد کر دی، اور اپنا معاملہ آپ کے سپرد کر دیا۔ اور اپنی پیٹھ آپ کے سپرد کر دی، آپ کی طرف رغبت کرتے ہوئے اور آپ سے ڈرتے ہوئے۔ کوئی جائے پناہ نہیں اور کوئی بچاؤ کی جگہ نہیں آپ سے (بھاگ کر) مگر آپ ہی کی طرف، میں آپ کی اس کتاب پر ایمان لایا جس کو آپ نے نازل فرمایا ہے۔ اور آپ کے اس نبی پر ایمان لایا جس کو آپ نے بھیجا ہے: پس اگر اسی رات تمہاری موت آگئی تو تمہاری موت دینِ اسلام پر ہوگی۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس میں نے وہ کلمات دوہرائے تاکہ ان کو یاد کرلوں، پس میں نے کہا: آمنتُ برسولك الذي أرسلتَ: تو آپؐ نے فرمایا: کہو: آمنتُ بنبيك الذي أرسلت۔

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور آخری بات کا مطلب یہ ہے کہ ماثورہ دعاؤں میں تبدیلی نہیں کرنی چاہئے، وہ

جس طرح وارد ہوئی ہیں: اسی طرح پڑھنی چاہئیں، البتہ اس میں مستقل اضافہ کی گنجائش ہے، اور یہ بات پہلے (تحفہ ۲:۹۴) میں آچکی ہے۔

نیند: ایک طرح کی موت ہے، سونے والا مردے کی طرح ہر چیز سے بے خبر ہوجاتا ہے، اور کبھی آدمی سوتے ہوئے مر بھی جاتا ہے، اس لئے یہ دعا تلقین فرمائی، یہ دعا اللہ پر اعتماد اور تسلیم وانقیاد کی روح سے بھری ہوئی ہے، اور ساتھ ہی ایمان کی تجدید بھی ہے، اور ہدایت فرمائی کہ باوضوء سوؤ —— امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: وضوء کا تذکرہ اسی روایت میں آیا ہے، اس روایت کے دوسرے طرق میں وضوء کا ذکر نہیں —— اور دائیں کروٹ پر سوؤ، تاکہ دل پر بوجھ نہ پڑے، اور غفلت کی نیند نہ آئے: پھر اگر سوتے ہوئے موت آگئی تو وہ ایمان کی حالت میں دنیا سے رخصت ہوگا (یہ دعا میں طلباء کو یاد کراتا ہوں)

[۱۲۶-] بابٌ

[۳۵۹۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَاجَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ: ثَنِي الْبَرَاءُ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ، فَتَوَضَّأْ وُضُوْءَكَ لِلصَّلاَةِ، ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلَى شِقِّكَ الأَيْمَنِ، ثُمَّ قُلْ: اللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لاَ مَلْجَأَ وَلاَ مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ: فَإِنْ مُتَّ فِيْ لَيْلَتِكَ: مُتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ"

قَالَ: فَرَدَدْتُهُنَّ لِأَسْتَذْكِرَهُ، فَقُلْتُ: آمَنْتُ بِرَسُوْلِكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ، فَقَالَ: قُلْ: آمَنْتُ بِنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنِ الْبَرَاءِ، وَلاَ نَعْلَمُ فِيْ شَيْئٍ مِنَ الرِّوَايَاتِ ذِكْرَ الْوَضُوْءِ إِلَّا فِيْ هٰذَا الحديثِ.

۱۵- صبح وشام: سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھنا ہر چیز کے لئے کافی ہے

حدیث: حضرت عبداللہ بن خبیب جُہنی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک بارانی اور سخت تاریک رات میں نکلے، ہم رسول اللہ ﷺ کو تلاش کررہے تھے، تاکہ آپؐ ہمارے لئے نماز پڑھیں (کیونکہ جب آپؐ کو کوئی سخت معاملہ پیش آتا تھا تو آپؐ نماز کی طرف سبقت کرتے تھے)

حضرت عبداللہ کہتے ہیں: پس میں نے آپؐ کو پایا، آپؐ نے فرمایا: "کہو" یعنی پڑھو، میں نے کچھ نہیں کہا (کیونکہ ان کی سمجھ میں نہیں آیا تھا کہ کیا پڑھیں؟) آپؐ نے فرمایا: "کہو" پس میں نے کچھ نہیں کہا۔ آپؐ نے (پھر تیسری مرتبہ)

فرمایا: ''کہو'' پس میں نے عرض کیا: کیا کہوں؟ آپؐ نے فرمایا: کہو یعنی تین مرتبہ قل ھو اللہ أحد، اور معوذتین پڑھو جب تم شام کرو اور جب صبح کرو، وہ تمہارے لئے ہر چیز سے کافی ہیں۔

تشریح: اس حدیث کی شرح ابوداؤد کی روایت میں آئی ہے۔ حضرت عقبۃ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ جُحْفَة اور ابواء کے درمیان سخت آندھی آئی، اور سخت اندھیری چھا گئی، رسول اللہ ﷺ معوذتین پڑھ کر پناہ مانگنے لگے، اور مجھ سے ارشاد فرمایا: ''اے عقبہ! تم بھی یہ دونوں سورتیں پڑھ کر اللہ کی پناہ طلب کرو، کسی بھی پناہ طلب کرنے والے نے ان کے مثل پناہ طلب نہیں کی یعنی اللہ کی پناہ لینے کے لئے کوئی دعا ایسی نہیں جو ان دونوں سورتوں کے مثل ہو، یہ دونوں سورتیں پناہ طلبی کے لئے بہترین سورتیں ہیں۔

پس جب بھی کسی مصیبت اور خطرے کا سامنا ہو تو سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرنی چاہیئے، ان سے بہتر بلکہ ان جیسا بھی کوئی دوسرا تعوذ نہیں۔

[۳۵۹٦-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِيْ فُدَيْكٍ، نَا ابْنُ أَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْبَرَّادِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجْنَا فِيْ لَيْلَةٍ مَطِيْرَةٍ، وَظُلْمَةٍ شَدِيْدَةٍ، نَطْلُبُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يُصَلِّيْ لَنَا، قَالَ: فَأَدْرَكْتُهُ، فَقَالَ: '' قُلْ'' فَلَمْ أَقُلْ شَيْئًا، ثُمَّ قَالَ: ''قُلْ'' فَلَمْ أَقُلْ شَيْئًا، قَالَ: '' قُلْ'' فَقُلْتُ: مَا أَقُوْلُ؟ قَالَ: '' قُلْ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِيْنَ تُمْسِيْ وَتُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: تَكْفِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْئٍ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَأَبُوْ سَعِيْدٍ الْبَرَّادُ: هُوَ أَسِيْدُ بْنُ أَبِيْ أَسِيْدٍ.

١٦- میزبان کے لئے کیا دعا کرے؟

حدیث: حضرت عبداللہ بن بُسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے والد بُسر اسلمی رضی اللہ عنہ کے مہمان ہوئے، عبداللہ کہتے ہیں: ہم نے آپؐ کے سامنے کھانا پیش کیا، پس آپؐ نے تناول فرمایا، پھر آپؐ کی خدمت میں چھوہارے پیش کئے گئے، پس آپؐ ان کو کھاتے تھے اور اپنی دونوں انگلیوں سے گٹھلیاں ڈالتے تھے، آپؐ نے کلمہ والی انگلی اور درمیانی انگلی اکٹھا کیں ـــــ شعبہؒ کہتے ہیں: اور وہ یعنی جملہ جَمَعَ السبابةَ والوسطى: میرا گمان ہے کہ وہ اگر اللہ نے چاہا تو حدیث میں ہے ـــــ اور گٹھلی دونوں انگلیوں کے درمیان ڈالی یعنی دونوں انگلیوں کے درمیان گٹھلی پکڑ کر دور ڈال دیتے تھے، پھر آپؐ کی خدمت میں کوئی مشروب پیش کیا گیا تو آپؐ نے اس کو نوش فرمایا، پھر بچا ہوا مشروب اس شخص کو دیا جو آپؐ کی دائیں جانب تھا ـــــ عبداللہ کہتے ہیں: پس میرے ابا نے کہا، درانحالیکہ انھوں نے آپ کی سواری کی لگام تھام رکھی تھی: ہمارے لئے دعا فرمائیں! پس آپؐ نے دعا دی: اللّٰهم! بارك لهم

فیما رزقتهم، واغفرلهم، وارحمهم: اے اللہ! آپ نے ان کو جو روزی دیے اس میں برکت فرما! اور ان کی مغفرت فرما! اور ان پر مہربانی فرما!

تشریح: اور ابوداؤد میں روایت ہے: ایک مرتبہ نبی ﷺ: حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے، انھوں نے روٹی اور روغن زیتون پیش کیا، آپؐ نے تناول فرمایا، پھر ان کے لئے یہ دعا کی: أَفْطَرَ عندکم الصائمون، وأکل طعامکم الأبرارُ، وصَلَّتْ علیکم الملائکة: روزہ دار بندے تمہارے یہاں افطار کیا کریں اور نیک لوگ تمہارے یہاں کھانا کھایا کریں اور فرشتے تمہارے لئے دعا کیا کریں۔

ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ میزبان کی حیثیت پیش نظر رکھ کر دعا دینی چاہئے، حضرت سعدؓ کا بڑا مقام تھا، اس لئے ان کو اور دعا دی، اور حضرت بُسرؓ کا وہ مقام نہیں تھا، اس لئے ان کو دوسری دعا دی۔

[۳۵۹۷-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَی مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ خُمَیْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ: نَزَلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلَی أَبِیْ، فَقَالَ: فَقَرَّبْنَا إِلَیْهِ طَعَامًا، فَأَکَلَ مِنْهُ، ثُمَّ أُتِیَ بِتَمْرٍ، فَکَانَ یَأْکُلُهُ، وَیُلْقِیْ النَّوَی بِإِصْبَعَیْهِ، جَمَعَ السَّبَّابَةَ وَالْوُسْطٰی — قَالَ شُعْبَةُ: وَهُوَ ظَنِّی فِیْهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ — وَأَلْقَی النَّوَی بَیْنَ إِصْبَعَیْنِ، ثُمَّ أُتِیَ بِشَرَابٍ فَشَرِبَهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ الَّذِیْ عَنْ یَمِیْنِهِ، قَالَ: فَقَالَ أَبِیْ، وَأَخَذَ بِلِجَامِ دَابَّتِهِ: ادْعُ لَنَا، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ، وَارْحَمْهُمْ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

۱۷- ایک خاص استغفار کا عظیم ثواب

حدیث: حضرت زید بن بولا رضی اللہ عنہ نے (جو رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ تھے) نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کہا: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهُ الذی لا إلٰهَ إلا هو الْحَیُّ القیومُ، وأَتُوْبُ إلیه: میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں جو حی وقیوم ہیں، اور میں ان کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کی بخشش فرمادیں گے، اگرچہ وہ میدانِ جنگ سے بھاگا ہو!

تشریح: میدانِ جنگ سے بھاگنا کبیرہ گناہ ہے، مگر استغفار کے یہ کلمات ایسے سنگین گناہ کو بھی دھوڈالتے ہیں، اور یہ حدیث غریب بمعنی تفرد اسناد ہے، اور سند فی نفسہ حسن ہے، اور حاکم نے بھی ابن مسعودؓ سے یہ استغفار روایت کیا ہے، مگر اُس میں ہے کہ تین مرتبہ یہ کلمات کہے، اور استغفار وہی ہے جو دل سے ہو، صرف زبان سے استغفار ایک ذکر ہے۔

[۳۵۹۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، نَا مُوْسَی بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الشَّنِّیُّ، ثَنِیْ أَبِیْ: عُمَرُ بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بِلَالَ بْنَ یَسَارِ بْنِ زَیْدٍ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ جَدِّیْ، سَمِعَ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم،

يَقُوْلُ: ”مَنْ قَالَ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِىْ لاَ إِلٰـهَ إِلاَّ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ: غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، وَإِنْ كَانَ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ“ هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۸- دعا میں نبی ﷺ کا توسّل جائز ہے

توسّل: کے معنی ہیں: قُرب ڈھونڈھنا، نزدیکی چاہنا، کسی کورابطہ کا ذریعہ بنانا۔ اور وسیلة: بروزن فعیلة: صفت کا صیغہ بھی ہے اور مصدر بھی۔ اوراس کے معنی ہیں: ذریعۂ قرب اورقُرب۔ یہ لفظ قرآنِ کریم میں دوجگہ آیا ہے (سورۃ المائدہ آیت ۳۵، سورۃ بنی اسرائیل آیت ۵۷) اور دونوں جگہ طاعات کے ذریعہ اللہ کی نزدیکی حاصل کرنا مراد ہے، معروف وسیلہ (کسی کوتقرب کا ذریعہ بنانا) مرادنہیں۔

اور حدیثوں میں اذان کی دعا میں لفظ ”وسیلہ“ آیا ہے، مگر وہاں خود ذاتِ نبوی ﷺ کو مخلوقات اور پروردگار کے درمیان تقرب کا ذریعہ بنانا مراد ہے، اپنے لئے توسل مرادنہیں، پس وہ بھی معروف توسل نہیں۔

معروف توسّل: یہ ہے کہ اپنے کسی نیک عمل کو یا کسی نیک بندے کو اللہ کے تقرب کا ذریعہ بنایا جائے، اوراس کی برکت سے دعا کی جائے، جیسے ایک طالب علم میرے پاس درخواست لے کر آتا ہے، اور کہتا ہے: میں فلاں (بڑے آدمی) کا بیٹا یا پوتا ہوں تو میں اس کی درخواست کو اہمیت دیتا ہوں۔ یہ معروف توسل ہے، اوراس کے لئے لفظ توسل ہی ضروری نہیں، اس معنی پر دلالت کرنے والا کوئی بھی لفظ استعمال کیا جاسکتا ہے، مثلاً کہے: فلاں کے طفیل میں، فلاں کی برکت سے، فلاں کے وسیلے سے، فلاں کا امتی ہونے کی وجہ سے اور فلاں سے روحانی تعلق ہونے کی وجہ سے: یہ سب توسل معروف کی صورتیں ہیں۔

توسلِ معروف جائز ہے یانہیں؟

یادرہے: مسئلہ صرف جواز کا ہے، وجوب یا استحباب کانہیں ہے، جونہایت قوی دلیل کی ضرورت ہو، پس جاننا چاہئے کہ توسل کی تین صورتیں ہیں:

پہلی صورت: اپنے کسی نیک عمل کو دعا میں پیش کرکے اس کی برکت سے کشادگی کا خواہاں ہونا۔ یہ بالاجماع جائز ہے، اور دلیل: ان تین شخصوں کی روایت ہے جو کسی غار میں پھنس گئے تھے، پھران میں سے ہرایک نے اپنے نیک عمل کے ذریعہ دعا کی تھی، اور اللہ نے ان کی دعائیں قبول فرمائی تھیں (بخاری حدیث ۵۹۷۴ کتاب الادب، باب ۵)

دوسری صورت: کسی زندہ نیک آدمی کے ساتھ تعلق کو پیش کرکے دعا کرنا، اور قبولیت کی امید رکھنا، یہ بھی بالاتفاق جائز ہے، اور دلیل: باب کی حدیث ہے: ایک نابینا شخص نے آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں آپؐ کے توسل سے دعا کی ہے، اور وہ قبول ہوئی ہے، اور لوگ اس صورت کے جواز کے لئے بخاری شریف کی اس حدیث سے بھی استدلال کرتے ہیں:

حضرت عمرؓ نے فرمایا:اللّٰهم! إنا كنا نَتوَسَّلُ إليك بنَبينا صلى الله عليه وسلم فَتسْقِيْنَا: اے اللہ! ہم آپ کی بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کا توسل کیا کرتے تھے، پس آپ ہمیں بارش عطافرماتے تھے (بخاری حدیث ۱۰۱۰ كتاب الاستسقاء)

تیسری صورت: کسی ایسی ہستی کی جس کا ایمان پر خاتمہ یقینی ہو، جیسے نبی ﷺ، یا یقینی جیسا ہو، جیسے صحابۂ کرام اور اولیاءعظام: ان کی وفات کے بعد ان کے توسل سے دعا کرنا اور قبولیت کی امید رکھنا —— جمہور کے نزدیک یہ بھی جائز ہے۔اور دلیل باب کی حدیث ہے، یہ حدیث عام ہے، اور عموم کی دلیل وہ واقعہ ہے جو طبرانی میں حدیث کے شروع میں ہے کہ حضرت عثمان بن حنیفؓ نے وفاتِ نبوی کے بعد ایک حاجت مند کو یہ دعا سکھلائی ہے، اور اس نے توسل کیا ہے، اور اس کی دعا قبول ہوئی ہے —— اور دلیل عقلی یہ ہے کہ غیر نبی اپنی حیات میں فتنہ کا شکار ہوسکتا ہے، ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:إن الحيَّ لاتُؤْمَنُ عليه الفتنةُ: زندہ یقیناً فتنے سے بے خوف نہیں، وہ کسی بھی وقت فتنہ میں مبتلا ہوسکتا ہے، پھر بھی اس کا توسل جائز ہے جیسے حضرت عباسؓ کا توسل ان کی حیات میں، پس جس کا ایمان پر خاتمہ یقینی ہے، جیسے نبی ﷺ کا ایمان پر گذرنا قطعی ہے: ان کا توسل بدرجۂ اولیٰ جائز ہے۔

اور علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ، اور ان کے متبعین کا خیال یہ ہے کہ توسل کی یہ صورت جائز نہیں۔ان کی دلیل بخاری شریف کی مذکورہ بالا حدیث ہے۔عام الرَّمادہ: قحط کا سال ۱۸ھ جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں آیا تھا، اور جس میں بڑی ہلاکت ہوئی تھی، آپؓ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کیا تھا، نبی ﷺ کا توسل نہیں کیا تھا، فرمایا: اللّٰهم! إِنَّا كنا نَتوَسَّلُ إليك بنبينا صلى الله عليه وسلم، فَتَسْقِيْنَا، وإِنَّا نَتوَسَّلُ إليك بِعَمِّ نبينا، فَاسْقِنَا، فَيُسْقَوْنَ: اے اللہ! ہم آپ کی بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کا توسل کیا کرتے تھے، پس آپ ہمیں بارش عطا فرماتے تھے، اور (اب) ہم آپ کی بارگاہ میں اپنے نبی ﷺ کے چچا (حضرت عباس رضی اللہ عنہ) کا توسل کرتے تھے، پس آپ ہمیں بارش عطا فرمائیں! چنانچہ وہ بارش دیئے گئے —— یہ حضرات کہتے ہیں: اگر وفات کے بعد بھی نبی ﷺ کا توسل جائز ہوتا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کا توسل چھوڑ کر: حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کیوں کرتے؟ معلوم ہوا کہ بعد وفات کسی بھی نیک آدمی کا توسل جائز نہیں۔

جواب: بخاری شریف کی مذکورہ روایت میں توسل کے معنی دعا کرانے کے ہیں۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بارش طلبی کی نماز پڑھائی، پھر تواضعاً حضرت عباسؓ کو خود سے افضل سمجھتے ہوئے درخواست کی کہ آگے آئیں، اور بارش کے لئے دعا کرائیں، حیاتِ نبوی میں نبی ﷺ بذاتِ خود دعا کراتے تھے، آج حضرت عمرؓ کو دعا کرانی چاہئے تھی، مگر آپؓ نے خاکساری کے طور پر فرمایا: آج ہمارے درمیان نبی ﷺ موجود نہیں ہیں کہ ہم ان سے دعا کرائیں، البتہ ان کے بزرگ چچا موجود ہیں، جن کے ساتھ نبی ﷺ باپ جیسا معاملہ فرماتے تھے، ہم ان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ بارش کے لئے دعا کرائیں، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی جب کوئی لشکر روانہ کرتے تھے تو حضرت

عباسؓ ہی سے دعا کراتے تھے، فتح الباری اور عمدۃ القاری میں اس کی صراحت ہے۔ بلکہ اس موقعہ پر حضرت عباسؓ نے جو دعا کرائی تھی: وہ پوری دعا دونوں شارحوں نے نقل کی ہے۔

حدیث: حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: ایک بینائی میں نقصان رسیدہ شخص نبی ﷺ کی خدمت میں آیا، اور عرض کیا: آپؐ اللہ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھے عافیت بخشے! آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم چاہو تو میں دعا کروں، اور اگر تم چاہو تو صبر کرو، پس وہ تمہارے لئے بہتر ہے!'' اس شخص نے کہا: آپؐ اللہ سے دعا فرمائیں!

حضرت عثمانؓ کہتے ہیں: پس نبی ﷺ نے اس کو حکم دیا کہ وضوء کرے، پس اچھی طرح وضوء کرے (اور ابن ماجہ وغیرہ میں ہے کہ دو نفلیں پڑھے) اور یہ دعا کرے: **اللّٰهُمَّ! إنى أسألك، وأتوجه إليك بنبيك محمد نبى الرحمة، إنى توجهتُ بك إلى ربى فى حاجتى هذه، لِتُقْضٰى لى، اللّٰهم! فَشَفِّعْهُ فِيَّ**: اے اللہ! بیشک میں آپ سے (اپنی حاجت) مانگتا ہوں، اور آپ کی طرف آپ کے نبی حضرت محمد ﷺ کے ذریعہ متوجہ ہوتا ہوں جو پیغمبر رحمت ہیں، بیشک میں آپؐ کے ذریعہ اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہوتا ہوں اپنی اِس حاجت میں، تاکہ وہ میرے لئے پوری کی جائے، اے اللہ! آپ ان کی سفارش میرے حق میں قبول فرمائیں! (اور نسائی کی عمل الیوم واللیلہ میں ہے: **فرجع، وقد كشف الله عن بصره**: وہ مسجدِ نبوی سے گھر لوٹا درانحالیکہ اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھیں ٹھیک کردیں، اور مستدرک حاکم میں ہے: **فَدعا بهذا الدعاء، فقام وقد أبصر**: پس اس نے یہ دعا کی، پس وہ کھڑا ہوا درانحالیکہ وہ بینا ہو چکا تھا)

حدیث کا شروع کا حصہ: طبرانی کبیر (۹: ۳۱ حدیث ۸۳۱۱) اور صغیر (۱: ۱۸۳) میں روایت کے شروع میں یہ واقعہ ذکر کیا ہے کہ ایک شخص حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں اپنی ایک حاجت لے کر بار بار خلیفہ کے پاس آتا جاتا تھا، مگر حضرت عثمان اس کی طرف التفات نہیں کرتے تھے، نہ اس کی حاجت میں دیکھتے تھے، پس اس شخص کی ملاقات حضرت عثمان بن حُنیف رضی اللہ عنہ سے ہوئی، اس نے ان کے سامنے اُس بات کا شکوہ کیا، پس اس سے عثمان بن حنیف نے کہا: وضوء خانے میں جا، وضوء کر، پھر مسجد (نبوی) جا، اور وہاں دو رکعتیں پڑھ، پھر کہہ: **اللّٰهُمَّ! إنى أسألك، وأتوجه إليك بنبينا محمد صلى الله عليه وسلم نبى الرحمة، يا محمد! إنى أتوجهُ بك إلى ربى فيقضى حاجتى**: اور اپنی حاجت کا تصور کر، اور میرے پاس آ، تاکہ میں تیرے ساتھ حضرت عثمانؓ کے پاس جاؤں۔ چنانچہ وہ آدمی گیا، اور حضرت عثمان بن حنیف نے جو اس سے کہا تھا: وہ کیا، پھر وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دروازے پر پہنچا، دربان آئے، اور اس کا ہاتھ پکڑا، اور حضرت عثمانؓ کے پاس لے گئے، حضرت عثمانؓ نے اس کو اپنے ساتھ فرش پر بٹھایا، اور پوچھا: آپ کی کیا ضرورت ہے؟ اس نے اپنی حاجت بیان کی، حضرت عثمانؓ نے وہ حاجت پوری کی، اور معذرت کی کہ مجھے آپ کی ضرورت اسی وقت یاد آئی، اور فرمایا: تمہیں جب بھی کوئی حاجت پیش آئے میرے پاس آجانا ــــــ پھر وہ نکل کر حضرت عثمان بن حنیفؓ سے ملا، اور ان سے کہا: اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں! حضرت عثمانؓ تو میری

حاجت میں غور ہی نہیں کرتے تھے، اور میری طرف توجہ ہی نہیں فرماتے تھے، تا آنکہ آپ نے ان سے میرے معاملہ میں گفتگو کی، پس حضرت عثمان بن حنیفؓ نے کہا: بخدا! میں نے ان سے گفتگو نہیں کی، بلکہ میری موجودگی میں یہ واقعہ پیش آیا ہے (پھر انھوں نے مذکورہ حدیث بیان کی) —— اور آخر میں یہ اضافہ ہے: عثمان بن حنیف نے کہا: پس بخدا! ہم منتشر نہیں ہوئے، اور ہماری مجلس دراز ہوگئی، یہاں تک کہ وہ آدمی ہمارے پاس آیا، گویا اس کو کچھ بھی تکلیف نہیں تھی —— پھر طبرانی نے معجم صغیر میں حدیث کی مختلف سندیں ذکر کر کے فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

حوالہ: یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث ۱۳۸۵ کتاب إقامة الصلاة، باب ۱۸۹) صحیح ابن خزیمہ، مستدرک حاکم (۱:۳۱۳) میں بھی ہے، حاکم نے اس کو علی شرط الشیخین کہا ہے، اور ذہبی نے ان کی موافقت کی ہے، البتہ ابتدائی واقعہ صرف طبرانی کے دونوں معجموں میں ہے۔ اور اس کو ابوسعید شبیب بن سعید مکی: روح بن القاسم سے روایت کرنے میں متفرد ہے۔ امام شعبہؒ: ابوجعفر خطمی سے یہ ابتدائی واقعہ روایت نہیں کرتے، مگر معجم صغیر طبرانی میں صراحت ہے کہ ابوسعید مکی ثقہ ہیں، اور ثقہ کی زیادتی معتبر ہے، پس یہ ابتدائی واقعہ بھی صحیح ہے۔

سند کا بیان: ابوجعفر خطمی انصاری مدنی سے آخر تک حدیث کی یہی ایک سند ہے، اس لئے یہ سند غریب بمعنی تفرد اسناد ہے، اس راوی کا نام عمیر بن یزید ہے، اور صدوق ہے، اس لئے حدیث فی نفسہ حسن ہے۔

سوال: حدیث میں إنی توجهتُ بك إلی ربی ہے، اور طبرانی میں حدیث کے شروع میں جو واقعہ ہے: اس میں یا محمد ہے، یہ دونوں خطاب ہیں، یہ کیسے جائز ہیں؟ اور آج یہ دعا پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: نابینا نے تو مسجدِ نبوی میں دعا کی تھی، نبی ﷺ وہاں موجود تھے، اس لئے خطاب درست ہے، اور اُس واقعہ میں جس شخص نے دعا کی تھی: وہ بھی مسجدِ نبوی میں کی تھی، اور قبر اطہر کے پاس یا رسول اللہ کہنا جائز ہے —— اور آج بھی یہ دعا اسی طرح پڑھیں گے، جیسے التحیات میں السلام علیك پڑھتے ہیں، یہ حکایتِ حال ماضی ہے —— البتہ یہاں ایک اشکال ہے کہ وہ شخص دعا کر کے حضرت عثمان بن حنیفؓ کے پاس کیوں نہیں آیا؟ جبکہ اس سے یہ بات کہی گئی تھی؟ وہ شخص سیدھا حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس کیوں گیا؟ طلباء اس کا جواب سوچیں!

ملحوظہ: ترمذی میں عبارت کے آخر میں تھا: وهو غير الخطمی، اس میں لفظ غیر غلط ہے، یہ قدیم غلطی ہے، مزّی کی تحفۃ الاشراف (۷:۲۳۶) میں ترمذی سے منقول ہے: لانعرفه إلا من حديث أبی جعفر الخطمی، اور ابن ماجہ میں عن أبی جعفر المدنی ہے۔ اور معجم طبرانی کبیر میں عن أبی جعفر الخطمی المدنی ہے، اور معجم صغیر میں بھی یہی ہے، بلکہ آخر میں ہے: وقد روی هذا الحديث شعبة، عن أبی جعفر الخطمی، واسمه عمير بن يزيد، وهو ثقة، تفرد به عثمان بن عمر بن فارس، عن شعبة، والحديث صحيح اھ، البتہ تقریب میں ہے: قال الترمذی: ليس هو الخَطمی، معلوم ہوا کہ یہ پرانی غلطی ہے، میں نے عبارت سے لفظ غیر حذف کیا ہے،

کیونکہ یہ راوی خطمی ہی ہے، اگر غیر صحیح ہوتا تو امام ترمذیؒ تعیین کرتے کہ یہ راوی خطمی نہیں تو دوسرا کون ہے؟ بات ادھوری نہ چھوڑتے!

[۳۵۹۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَر، نَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ: أَنَّ رَجُلاً ضَرِيْرَ الْبَصَرِ، أَتَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُعَافِيَنِيْ، قَالَ:" إِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ، وَإِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ" قَالَ: فَادْعُهُ، قَالَ: فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ، فَيُحْسِنَ وُضُوْءَ هُ، وَيَدْعُو بِهٰذَا الدُّعَاءِ:" اللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ، وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحمدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، إِنِّيْ تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلَى رَبِّيْ فِيْ حَاجَتِيْ هٰذِهِ، لِتُقْضَى لِيْ، اللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ جَعْفَرٍ، وَهُوَ الْخَطْمِيُّ.

۱۹- قبولیتِ دعا کا ایک خاص وقت

حدیث: حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:''جب پروردگار بندے سے نزدیک تر ہوتے ہیں: وہ آخر رات کے درمیان کا وقت ہے، پس اگر تمہارے بس میں ہو کہ تم ان لوگوں میں سے ہوؤ جو اس گھڑی میں اللہ کو یاد کرتے ہیں تو تم ہوؤ!''

تشریح: قبولیتِ دعا کے کچھ خاص اوقات واحوال ہیں۔ ان میں سے ایک وقت وہ ہے جو مذکورہ حدیث میں آیا ہے۔ جب پچھلی آدھی رات کا درمیان یعنی سحری کا وقت شروع ہوتا ہے تو وہ قبولیتِ دعا کا خاص وقت ہوتا ہے، اس وقت میں اللہ کی رحمت وعنایت خاص طور پر بندوں کی طرف متوجہ ہوتی ہے، پس جو اس قیمتی وقت سے فائدہ اٹھا سکتا ہے: وہ ضرور فائدہ اٹھالے۔

ترکیب: أقرب: مبتدا ہے، اور فی جوف خبر ہے...... اور الآخر: اللیل کی صفت ہے، اور جوف کے معنی ہیں: پیٹ یعنی درمیان، اور رات: غروب آفتاب سے صبح صادق تک کا وقت ہے، پس جب رات کے تین چوتھائی گذر جائیں تو برکت والا وقت شروع ہوتا ہے، یہی وقت سحری کے لئے اٹھنے کا ہے۔

[۳۶۰۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، ثَنِيْ مَعْنٌ، ثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ عَبْسَةَ: أَنَّهُ سَمِعَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:" أَقْرَبُ مَايَكُوْنُ الرَّبُّ مِنَ الْعَبْدِ: فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ الآخِرِ، فَإِنْ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُوْنَ مِمَّنْ يَذْكُرُ اللّٰهَ فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ فَكُنْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۰-قبولیتِ دعا کا دوسرا خاص وقت

حدیث: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ عزوجل فرماتے ہیں: بیشک میرا بندہ، پوری طرح سے بندہ یعنی کامل بندہ وہ ہے جو مجھے یاد کرتا ہے جبکہ وہ اپنے ہم سر سے ملاقات کرتا ہے'' (یہ حدیث عفیر بن معدان کی وجہ سے ضعیف ہے)

تشریح: مختلف روایتوں میں دعا کی قبولیت کے جو خاص اوقات واحوال آئے ہیں: وہ یہ ہیں: ۱-فرض نمازوں کے بعد۔۲-ختم قرآن کے بعد۔۳-اذان واقامت کے درمیانی وقفہ میں۔۴-میدانِ جہاد میں بوقتِ جنگ۔۵-بارانِ رحمت کے نزول کے وقت۔۶-جس وقت کعبہ شریف پر پہلی نظر پڑے۔۷-بیابان میں نماز پڑھ کر جہاں اللہ کے سوا کوئی دیکھنے والا نہ ہو۔۸-میدانِ کارزار میں جب کمزور ساتھیوں نے ساتھ چھوڑ دیا ہو۔۹-جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جائے۔۱۰-شبِ قدر میں۔۱۱-عرفہ کے دن میدانِ عرفات میں۔۱۲-جمعہ کی ساعتِ مرجوہ میں۔ ۱۳-بوقت افطار۔۱۴-سفر حج میں۔۱۵-سفر جہاد میں۔۱۶-بیماری کی حالت میں۔۱۷-مسافری کی حالت میں۔

[۳۶۰۱-] حدثنا أَبُوْ الْوَلِيْدِ الدِّمَشْقِيُّ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثَنِيْ عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا دَوْسٍ الْيَحْصُبِيَّ، يُحَدِّثُ عَنِ ابنِ عَائِذٍ الْيَحْصُبِيِّ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ زَعْكَرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:'' إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَقُوْلُ: إِنَّ عَبْدِيْ كُلَّ عَبْدِيَ الَّذِيْ يَذْكُرُنِيْ، وَهُوَ مُلَاقٍ قِرْنَهُ'' يَعْنِيْ عِنْدَ الْقِتَالِ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ.

بابٌ فِي فَضْلِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

۲۱-حوقلہ جنت کا ایک دروازہ ہے!

حدیث: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے اپنے صاحبزادے قیس رضی اللہ عنہ کو خدمتِ نبوی کے لئے سپرد کردیا تھا۔ قیسؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گذرے جبکہ میں نماز سے فارغ ہوگیا تھا، آپؐ نے (تنبیہ کے لئے) مجھے اپنا پیر مارا، اور فرمایا: ''کیا میں تجھے جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازے سے واقف نہ کروں؟'' قیسؓ نے جواب دیا: کیوں نہیں! آپؐ نے فرمایا: لاحول ولا قوة إلا بالله: (جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے)

تشریح: صحیحین میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: حوقلہ جنت کا ایک خزانہ ہے۔ ان دونوں روایتوں کا مقصد: اس کلمہ کی عظمت اور قدر وقیمت بتانا ہے، جنت کا ایک دروازہ اور جنت کا ایک جوہر: اس کے لئے بہترین تعبیریں ہیں۔

اور اس کلمہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی بھی کام کے لئے سعی وحرکت اور اس کو کرنے کی قوت وطاقت، اور کسی بھی گناہ

سے باز آنا: بس اللہ ہی کی مدد وتوفیق سے ہوسکتا ہے، کوئی بندہ خود کچھ بھی نہیں کرسکتا ـــــ اور نماز کے بعد اس تعلیم میں اشارہ ہے کہ طاعات کے بعد خاص طور پر اپنی بےبسی کا اعتراف کیا جائے، اور اللہ کی توفیق کا شکر بجالایا جائے۔

[۱۲۷-] بابٌ فِي فَضْلِ لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللّٰهِ

[۳۶۰۲-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: سِمِعْتُ مَنْصُوْرَ ابْنَ زَاذَانَ، يُحَدِّثُ عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ أَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ: أَنَّ أَبَاهُ دَفَعَهُ إِلَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَخْدُمُهُ، قَالَ: فَمَرَّ بِي النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ صَلَّيْتُ، فَضَرَبَنِيْ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: "أَلاَ أَدُلُّكَ عَلَى بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ؟" قُلْتُ: بَلَى، قَالَ: "لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِاللّٰهِ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۲-تسبیحات گننا ذکر میں معاون ہوتا ہے

تجربہ شاہد ہے کہ اگر اذکار گنے نہ جائیں تو تھوڑی دیر میں زبان رُک جاتی ہے، اور عقدانامل یا تسبیح وغیرہ کسی بھی چیز سے گنے جائیں تو ذکر کا سلسلہ دیر تک چلتا رہتا ہے، بلکہ تسبیح تو مذکر (یاد دلانے والی) ہے، جب تسبیح ہاتھ میں ہوتی ہے تو زبان خود بخود ذکر کرنے لگتی ہے، چنانچہ درج ذیل حدیث میں اذکار کو گننے کا حکم دیا ہے۔

حدیث: یُسیرہ رضی اللہ عنہا: جو ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ہیں: بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم خواتین سے فرمایا: ''تم تسبیح تہلیل اور تقدیس کو لازم پکڑو، اور ان کو انگلیوں کے پوروں سے گنو، کیونکہ پورے قیامت کے دن پوچھے جائیں گے، گویا کئے جائیں گے یعنی وہ گواہی دیں گے، اور تم ذکر سے غافل مت ہوجاؤ، پس تم رحمت بھلادی جاؤ! یعنی رحمتِ خداوندی سے محروم رہ جاؤ۔

تشریح: عقدانامل: اذکار کو گننے کا ایک خاص طریقہ ہے، اس کے بیان میں ایک اردو رسالہ بھی چھپا ہوا ہے، مگر ملتا کم ہے، اور تحفۃ الاحوذی میں حضرت مولانا مبارک پوری رحمہ اللہ نے بھی اس کا طریقہ لکھا ہے، جس کو دلچسپی ہو: اس کو دیکھ کر سیکھے، اور میں اس لئے بیان نہیں کرتا کہ زمانہ بہت آگے نکل گیا ہے، گننے کی بہت سی نئی صورتیں وجود پذیر ہوگئی ہیں، اور عقدانامل سے گننا فی نفسہ مطلوب نہیں، حدیث کا مقصد عقدانامل کی ترغیب دینا نہیں ہے، بلکہ گن کر اذکار کرنے کی ترغیب دینا ہے، خواہ کسی چیز سے گنے، اور جس طرح عقدانامل گواہی دیں گے مروجہ تسبیح کے دانے بھی گواہی دیں گے ـــــ تسبیح: سبحان الله کہنا، تہلیل: لا إله إلا الله کہنا، تقدیس: سبحان الملك القدوس کہنا...... عَقَد الحبلَ (ض) عقداً کے معنی ہیں: گرہ لگانا، اور پوروں سے گرہ لگانے کا مطلب: انگلیوں کے نشانات سے گننا ہے...... اور فَتُنْسَيْنَ: إنساء (باب افعال) سے مجہول ہے، ضمیر مؤنث نائب فاعل، اور الرحمةَ مفعول ثانی ہے، اس کو تاء کے زبر کے

ساتھ مجرد سے معروف پڑھنا بھی درست ہے، یعنی تم رحمت کو بھول جاؤ۔ اور دونوں صورتوں میں مطلب یہ ہے کہ اگر تم ذکر موقوف کردو گی تو اللہ کی رحمت سے محروم رہ جاؤ گی، فإن الله لاَيَمَلُّ حتى تَمَلُّوْا: جب بندہ عبادت موقوف کردیتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی ثواب موقوف کردیتے ہیں —— اور ذکر جاری رکھنے کے لئے معاون اس کو گننا ہے، پس تسبیح ہاتھ میں لے کر ذکر کرو، تاکہ ذکر دیر تک جاری رہے۔

[۳۶۰۳-] حدثنا مُوْسَى بْنُ حِزَامٍ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ قَالُوْا: نَا مُحمدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هَانِئَ بْنَ عُثْمَانَ، عَنْ أُمِّهِ: حُمَيْضَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ، عَنْ جَدَّتِهَا: يُسَيْرَةَ، وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيْحِ، وَالتَّهْلِيْلِ، وَالتَّقْدِيْسِ، وَاعْقِدْنَ بِالْأَنَامِلِ، فَإِنَّهُنَّ مَسْئُوْلاَتٌ مُسْتَنْطَقَاتٌ، وَلاَ تَغْفُلْنَ فَتَنْسَيْنَ الرَّحْمَةَ"

هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ هَانِئِ بْنِ عُثْمَانَ، وَقَدْ رَوَاهُ مُحمدُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ هَانِئِ بْنِ عُثْمَانَ.

۲۳- جہاد کے موقعہ پر دعا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ جہاد کرتے تو یہ دعا فرماتے: اللّٰهم! أنت عَضُدِیْ، وأنت نصيرى، وبك أقاتل: اے اللہ! آپ میرا بازو ہیں، اور آپ میرے مددگار ہیں، اور آپ ہی کی مدد سے میں جنگ کرتا ہوں (جہاد کے موقعہ کے لئے یہی دعا مناسب ہے)

[۳۶۰۴-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الجَهْضَمِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا غَزَى، قَالَ:" اللّٰهُمَّ أَنْتَ عَضُدِيْ، وَأَنْتَ نَصِيْرِيْ، وَبِكَ أُقَاتِلُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۲۴- دعا کلمۂ توحید سے شروع کی جائے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بہترین دعا: عرفہ کے دن کی دعا ہے، اور بہترین ذکر جو میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء نے کیا ہے وہ لا إله إلا الله وحده لاشريك له، له الملك، وله الحمد، وهو على كل شيئ قدير ہے یعنی یہ افضل الذکر ہے۔

تشریح: یہ حدیث اس طریق سے ضعیف ہے، حماد بن ابی حمید: جس کو محمد بن ابی حمید اور ابو ابراہیم انصاری مدنی بھی کہتے ہیں: ضعیف راوی ہے۔ مگر یہ حدیث فی نفسہ حسن ہے کیونکہ دیگر طرق سے بھی مروی ہے، موطا مالک (کتاب القرآن، باب ماجاء فی الدعاء، حدیث ۳۲) میں دوسری سند سے یہ حدیث مروی ہے۔

اور یہ حدیث طبرانی میں بہ سندِ حسن اس طرح ہے: أفضلُ ما قلتُ والنبیون قبلی عشیةَ عرفةَ: لا إله إلا الله (الی آخرہ) اور مسند احمد میں ثقہ رواۃ کی سند سے اس طرح ہے: کان أکثر دعاء رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم عرفة: لا إله إلا الله وحده، لاشریك له، له الملك (الی آخرہ) یعنی حدیث کے دونوں مضمون علاحدہ علاحدہ نہیں ہیں، بلکہ ایک مضمون ہے، اور وہ یہ ہے کہ آپ ﷺ اور آپ سے پہلے انبیاء کرام علیہم السلام کلمہ توحید سے دعا شروع کرتے تھے، چنانچہ آپؐ نے عرفہ کی شام کو، جو دعا کا بہترین وقت ہے، بکثرت اسی طرح دعا کی ہے، پس ثابت ہوا کہ ہر دعا حمد وثنا سے شروع کرنی چاہئے، اور بہترین حمد وثنا کلمہ توحید ہے، پس دعا اس سے شروع کی جائے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حمد وثنا بھی ضمنی دعا ہے، وہ دعا میں قبولیت کی شان پیدا کرتی ہے، پس جتنی شاندار تمہید ہوگی اتنی شاندار دعا ہوگی۔

[۳٦۰٥-] حدثنا أَبُوْ عَمْرٍو: مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الحَذَّاءُ المَدِیْنِیُّ، قَالَ: ثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِیْ حُمَیْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "خَیْرُ الدُّعَاءِ: دُعَاءُ یَوْمِ عَرَفَةَ، وَخَیْرُ مَا قُلْتُ أَنَا وَالنَّبِیُّوْنَ مِنْ قَبْلِیْ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَاشَرِیْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَمَّادُ بْنُ أَبِیْ حُمَیْدٍ: هُوَ مُحمدُ بْنُ أَبِیْ حُمَیْدٍ، وَهُوَ إِبْرَاهِیْمُ الْأَنْصَارِیُّ الْمَدِیْنِیُّ، وَلَیْسَ هُوَ بِالْقَوِیِّ عِنْدَ أَهْلِ الحدیثِ.

بابٌ

۲۵- باطن کی اصلاح اور مال واہل واولاد کے لئے دعا

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا سکھلائی: اللّٰهم اجعلْ سَرِیْرَتِیْ خَیراً من علانیتی، واجعلْ علانیتی صالحة، اللّٰهم! إنی أسألك من صالحِ ما تُؤْتِی الناس: من المال، والأهل، والأولاد، غیرِ الضَّالِّ ولا المُضِلِّ: اے اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر بنادے! اور میرے ظاہر کو (بھی) نیک بنادے! اے اللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں ایسے اچھے مال واہل واولاد کی جو آپ لوگوں کو دیتے ہیں، جو نہ گمراہ ہوں، نہ گمراہ کرنے والے ہوں!

ترکیب: صالح: مابعد کی طرف مضاف ہے، اور من المال إلخ ما کا بیان ہے، اور غیرِ: مال وغیرہ کی صفت ہے، اور لا: بمعنی غیر ہے۔

تشریح: اہل سے مراد بیوی ہے یعنی ایسی بیوی اور ایسی اولاد عنایت فرما جو نیک ہوں، جو نہ خود گمراہ ہوں، نہ دوسروں

کو گمراہ کرنے والی ہوں، سورۃ الفرقان (آیت ۷۴) میں رحمٰن کے خاص بندوں کی یہ دعا آئی ہے: ''اور وہ لوگ ایسے ہیں کہ دعا کرتے رہتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار! ہم کو ہماری بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا یعنی جیسے خود دین کے سچے عاشق ہیں: چاہتے ہیں کہ اہل وعیال بھی ایسے ہی دیندار ہوں، تاکہ ان کو دیکھ کر راحت وسرور حاصل ہو۔

[-۱۲۸] بابٌ

[-۳۶۰۶] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَیْدٍ، نَا عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ بَکْرٍ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ الْکِنْدِیِّ، عَنْ أَبِیْ شَیْبَۃَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُکَیْمٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: عَلَّمَنِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، قَالَ: قُلْ:'' اللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِیْرَتِیْ خَیْرًا مِنْ عَلاَنِیَتِیْ، وَاجْعَلْ عَلاَنِیَتِیْ صَالِحَۃً، اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ مِنْ صَالِحِ مَا تُؤْتِی النَّاسَ: مِنَ الْمَالِ، وَالْأَهْلِ، وَالْوَلَدِ، غَیْرِ الضَّالِّ، وَلاَ الْمُضِلِّ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَیْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ.

بابٌ

۲۶- دل کو دین پر مضبوط رکھنے کی دعا

حدیث: عاصم بن کلیب کے دادا: حضرت شہاب بن مجنون جرمی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا، آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، آپؐ نے اپنا بایاں ہاتھ اپنی بائیں ران پر، اور دایاں ہاتھ اپنی دائیں ران پر رکھا ہوا تھا، اور انگلیاں بند کر رکھی تھیں، اور شہادت کی انگلی پھیلا رکھی تھی یعنی آپؐ قعدہ میں بیٹھے ہوئے تھے، اور آپ کہہ رہے تھے: یامقلب القلوب! ثبت قلبی علی دینك: اے دلوں کو الٹنے پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر مضبوط رکھ! (یہ حدیث حضرت انسؓ کی سند سے پہلے (حدیث ۲۱۴۰ ابواب القدر، باب ۷ تحفہ ۵: ۵۰۰ میں) آچکی ہے)

تشریح: آئندہ پیش آنے والے احوال کا کسی کو اندازہ نہیں، ممکن ہے ایسے اسباب پیش آئیں کہ آدمی کی ڈگر بدل جائے، اور وہ ایمان سے نکل کر کفر میں جا پڑے، اس لئے ہمیشہ ڈرتے رہنا چاہئے، اور یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ دین پر جمائے رکھے، جو بندہ ہمیشہ یہ دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو جادۂ مستقیم پر جمائے رکھیں گے۔

فائدہ: احناف کے نزدیک تشہد میں نفی کے ساتھ انگلی اٹھائی جاتی ہے، اور اثبات کے ساتھ رکھ دی جاتی ہے، یعنی اشارہ ختم کر دیا جاتا ہے، درمختار میں ہے: یَرْفَعُهَا عند النفی، ویَضَعُهَا عند الإثبات: فقہ کی اور کتابوں میں بھی یہی الفاظ ہیں، اور شوافع اثبات کے ساتھ انگلی اٹھاتے ہیں، اور آخر تک اشارہ باقی رکھتے ہیں، اور مالکیہ انگشتِ شہادت کو

دائیں بائیں حرکت دیتے رہتے ہیں —— اور حضرت گنگوہی قدس سرہ نے الکوکب میں بَسْطَ السبابة کی شرح میں فرمایا ہے: ''اس میں دلالت ہے کہ اشارہ کے بعد سلام تک شہادت کی انگلی نہ رکھی جائے (یعنی اشارہ باقی رکھا جائے جیسا کہ شوافع کے یہاں معمول ہے) کیونکہ ''پھیلانا'' انگلی اٹھائے رکھے بغیر تام نہیں ہوتا'' (انتہی) اور حضرت تھانوی قدس سرہ نے بھی پہلے یہ فتوی دیا تھا کہ سبابہ کو ذرا جھکا دے، بالکلیہ نہ گرادے، بلکہ سلام پھیرنے تک اشارہ باقی رکھے (امداد الفتاوی ۱:۲۱۴ سوال نمبر ۱۹۸) مگر بعد میں حضرت حکیم الامت نے اس سے رجوع فرمالیا، سوال نمبر (۱۹۶) کے جواب میں ہے: ''واقعی بقائے اشارہ میں روایت ترمذی کی صریح نہیں، گو محتمل ہے، اور ملا علی قاری رحمہ اللہ کی عبارت کا مدلول بھی واقعی قبضِ اصابع وبسطِ سبابہ ہی کا بقاء ہے نہ اشارہ کا (یعنی باقی انگلیاں تو بند رکھی جائیں، اور شہادت کی انگلی پھیلائے رکھی جائے، باقی انگلیوں کی طرح اس کو موڑ نہ لیا جائے، البتہ اشارہ ختم کردیا جائے) پس بہشتی زیور کے مضمون سے رجوع کرتا ہوں، اور اس کو اس طرح بدلتا ہوں: ''تشہد میں لا إلٰه کے وقت انگلی اٹھاوے، اور إلا اللہ پر جھکاوے، مگر عقد اور حلقہ کی ہیئت کو آخر نماز تک باقی رکھے'' —— پھر سوال نمبر ۱۹۷ میں اس سلسلہ میں طویل بحث ہے، سائل نے حضرت کے رجوع پر نقد کیا ہے، اور ابقائے اشارہ الی آخر العقدۃ کے دلائل بیان کئے ہیں، مگر حضرت اپنے رجوع پر برقرار رہے ہیں، اور سائل کی تمام دلیلوں کے جوابات دیئے ہیں، غرض: الکوکب کا افادہ غور طلب ہے، کیونکہ شہادت کی انگلی کا پھیلانا وضع (رکھنے) کے ساتھ بھی جمع ہوسکتا ہے، اور یہ مسئلہ (تحفہ ۲:۸۸) میں بھی آیا ہے۔

[۱۲۹-] بابٌ

[۳۶۰۷-] حدثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ سُفْيَانَ الجَحْدَرِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَعْدَانَ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ الجَرْمِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يُصَلِّيْ، وَقَدْ وَضَعَ يَدَهُ الْيُسْرَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُسْرَى، وَوَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى فَخِذِهِ الْيُمْنَى، وَقَبَضَ أَصَابِعَهُ، وَبَسَطَ السَّبَابَةَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: "يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلَى دِيْنِكَ!" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۷- ہر قسم کے درد کی دعا

حدیث: محمد بن سالم کہتے ہیں: مجھ سے ثابت بُنانی نے کہا: اے محمد! جب تم بیمار ہوؤ، تو اپنا (دایاں) ہاتھ اس جگہ رکھو جہاں تکلیف ہے، پھر کہو: بسم الله، أعوذ بعزة الله وقدرته! من شر ما أجد من وجعي هذا: اللہ کے نام سے شفاء طلب کرتا ہوں، پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی عزت اور اس کی قدرت کی استعانت سے اس چیز کی برائی سے جو میں پارہا ہوں میرے اس دکھ درد سے: پھر اپنا ہاتھ اٹھالو، پھر اس کو لوٹاؤ یعنی پھر ہاتھ رکھو اور مذکورہ دعا پڑھو: طاق مرتبہ (اور پہلے آیا ہے سات مرتبہ) کیونکہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے مجھ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ بات بیان کی ہے (یہ دعا

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ کی روایت سے پہلے (حدیث ۲۰۸۳ ابواب الطب، باب ۲۷ تحفہ ۵: ۴۱۹ میں) آچکی ہے)

[۳۶۰۸-] حدثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثَنِي أَبِيْ، نَا مُحمدُ بْنُ سَالِمٍ، ثَنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، قَالَ: قَالَ لِيْ: يَا مُحمدُ! إِذَا اشْتَكَيْتَ، فَضَعْ يَدَكَ حَيْثُ تَشْتَكِيْ، ثُمَّ قُلْ: "بِسْمِ اللّٰهِ أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ! مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ مِنْ وَجَعِيْ هٰذَا" ثُمَّ ارْفَعْ يَدَكَ، ثُمَّ أَعِدْ ذٰلِكَ وِتْرًا، فَإِنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَنِيْ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَدَّثَهُ بِذٰلِكَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۸- غروب کے وقت کی دعا

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھلایا، فرمایا: کہو: اللّٰهم! هذا اسْتقبالُ لَيْلِكَ، واسْتِدْبَارُ نهارك، وأصواتُ دُعائك، وحضورُ صلواتك: أسألك أن تغفرلي: اے اللہ! یہ آپ کی رات کے آنے کا، آپ کے دن کے جانے کا، آپ کی طرف بلانے والی آوازوں کا، اور آپ کی نمازوں کے شروع ہونے کا وقت ہے: میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ آپ میری مغفرت فرمائیں!

سند کا بیان: ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرنے والے ابوکثیر ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے مولی (آزاد کردہ) ہیں، مگر ان کی بیٹی حفصہ غیر معروف ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے۔

ملحوظہ: یہ دعا اس وقت کی جائے جب مغرب کی اذان شروع ہو، ابوداؤد کی روایت میں اس کی صراحت ہے۔

[۳۶۰۹-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْأَسْوَدِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْهَا: أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: عَلَّمَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " قُوْلِيْ: اللّٰهُمَّ هٰذَا اسْتِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَاسْتِدْبَارُ نَهَارِكَ، وَأَصْوَاتُ دُعَائِكَ، وَحُضُوْرُ صَلَوَاتِكَ، أَسْأَلُكَ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَفْصَةُ بِنْتُ أَبِيْ كَثِيْرٍ، لَانَعْرِفُهَا، وَلَا أَبَاهَا.

۲۹- اخلاص سے کلمہ طیبہ کہنے کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کوئی بھی بندہ کبھی بھی اخلاص سے لا إله إلا الله کہتا ہے تو اس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ کلمہ عرش تک پہنچ جاتا ہے، جب تک وہ کبیرہ گناہوں سے بچے"

تشریح: اخلاص سے: یعنی دکھانے سنانے کے لئے نہیں .... یہاں تک کہ وہ کلمہ عرش تک پہنچ جاتا ہے: یہ سرعتِ قبول کی تعبیر ہے، یعنی یہ کلمہ اللہ تعالیٰ کو اتنا پسند ہے کہ وہ عرش سے وَرے نہیں رکتا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی

حدیث ہے:لا إلٰه إلا الله: لیس لها حجاب دون الله، حتی تخلص إلیه:کلمہ طیبہ سے ورے کوئی پردہ نہیں، یہاں تک کہ وہ کلمہ اللہ تعالیٰ تک پہنچ جاتا ہے(رواہ الترمذی،مشکوٰۃ حدیث ۲۳۱۳)............ جب تک وہ کبیرہ گناہوں سے بچے:یعنی کلمہ طیبہ کی یہ فضیلت صالح مؤمنین کے لئے ہے،کیونکہ فضائل کی روایات اُس پینٹ کی طرح ہیں جو پلاستر شدہ مکان پر کیا جاتا ہے،ایسے ہی مکان پر رنگ کھلتا ہے۔

[۳۶۱۰-] حدثنا الحُسَیْنُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ یَزِیْدَ الصُّدَائِیُّ الْبَغْدَادِیُّ، نَا الْوَلِیْدُ بْنُ قَاسِمٍ الْهَمْدَانِیُّ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ کَیْسَانَ، عَنْ حَازِمٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" مَا قَالَ عَبْدٌ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ قَطُّ مُخْلِصًا: إِلَّا فُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ حَتّٰی تُفْضِیَ إِلَی الْعَرْشِ مَا اجْتَنَبَ الْکَبَائِرَ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۰-برے اخلاق واعمال اورخواہشات سے پناہ چاہنا

حدیث: حضرت قطبہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ یہ دعا کیا کرتے تھے:اللّٰھم! إنی أعوذ بك من منکرات الأخلاق، والأعمال، والأھواء:اے اللہ!میں آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں برے اخلاق واعمال اور اہواء سے ـــــ منکرات: منکر کی جمع ہے،منکر:ہر وہ بات جو شریعت کی رو سے ناپسندیدہ یا حرام ہو،اس کی ضد: معروف ہے یعنی بھلائی،نیکی ـــــ اورالأھواء: الھوی کی جمع ہے،ھوی:خواہشِ نفس۔

[۳۶۱۱-] حدثنا سُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِیْرٍ، وَأَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: کَانَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْکَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، وَعَمُّ زِیَادِ بْنِ عِلَاقَةَ: هُوَ قُطْبَةُ بْنُ مَالِكٍ، صَاحِبُ النبیِّ صلی الله علیه وسلم.

۳۱-ایک ذکر:جس کے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں

حدیث: حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں:دریں اثناء کہ ہم نبی ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے:اچانک لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا:اللہ أکبر کبیراً، والحمد للہ کثیراً، وسبحان اللہ بکرۃ وأصیلاً:اللہ تعالیٰ بہت ہی بڑے ہیں!اوراللہ تعالیٰ کے لئے بہت زیادہ تعریف ہے!اوراللہ تعالیٰ صبح وشام میں یعنی ہر وقت پاک ہیں!پس نبی ﷺ نے پوچھا:کس نے یہ اور یہ ذکر کیا؟پس لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا:میں نے،یارسول اللہ!آپؐ نے فرمایا:"مجھے ان کلمات کی وجہ سے تعجب ہوا،ان کلمات کے لئے آسمانوں کے دروازے کھول دیئے گئے!ـــــ ابن عمرؓ کہتے ہیں:میں

نے یہ کلمات نہیں چھوڑے جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے۔

[٣٦١٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، نَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ بَيْنَا نَحْنُ نُصَلِّيْ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِذْ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلاً، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنِ الْقَائِلُ كَذَا وَكَذَا؟" فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: أَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "عَجِبْتُ لَهَا، فُتِحَتْ لَهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ" قَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَا تَرَكْتُهُنَّ مُنْذُ سَمِعْتُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ حسنٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَحَجَّاجُ بْنُ أَبِي عُثْمَانَ: هُوَ حَجَّاجُ بْنُ مَيْسَرَةَ الصَّوَّافُ، وَيُكْنَى أَبَا الصَّلْتِ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ.

بابٌ: أَيُّ الْكَلَامِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟

۳۲- اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کونسا کلام پسند ہے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی بیمار پرسی کی، یا حضرت ابوذرؓ نے رسول اللہ ﷺ کی بیمار پرسی کی (راوی کو شک ہے) پس ابوذرؓ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کونسا کلام پسند ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "وہ کلام جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کے لئے منتخب کیا ہے: سبحان ربی وبحمدہ! سبحان ربی وبحمدہ!: میرے پروردگار پاک ہیں (اور) اپنی خوبیوں کے ساتھ متصف ہیں (دو مرتبہ یعنی فرشتے یہ ذکر مسلسل کرتے ہیں، پس ہمیں بھی یہ ذکر کرنا چاہئے)

تشریح: یہ جملہ اللہ تعالیٰ کی سلبی اور ثبوتی معرفت پر مشتمل ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہیں، یہ سلبی معرفت ہے، اور وہ ہر خوبی کے ساتھ متصف ہیں، یہ ثبوتی معرفت ہے، اس لئے یہ کلام اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے، اور یہ پسندیدگی کا ایک پہلو ہے، اور دوسرے پہلو سے بہترین ذکر لا إلٰہ إلا اللہ ہے، پس دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں۔

[١٣٠-] بابٌ: أَيُّ الْكَلَامِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟

[٣٦١٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: أَخْبَرَنِي الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَسْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَادَهُ، أَوْ: أَنَّ أَبَا ذَرٍّ عَادَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي! يَارسولَ اللّٰهِ!

أَيُّ الْكَلاَمِ أَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ؟ فَقَالَ:" مَا اصْطَفَاهُ اللّٰهُ لِمَلاَئِكَتِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهِ! سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهِ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳۳۳-اذان واقامت کے درمیان عافیت طلب کرنا

عافیت: صحت وسلامتی، اور حدیث کا ترجمہ ہے: اذان واقامت کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی، اس حدیث میں سفیان کے شاگرد یحیٰ بن الیمان یہ اضافہ کرتے ہیں: لوگوں نے پوچھا: پس ہم یارسول اللہ! کیا دعا کریں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے (اس وقت میں) دنیا اور آخرت کی عافیت طلب کرو''

پھر سفیان کے دیگر تلامذہ کی روایت لکھی ہے، اس میں یہ اضافہ نہیں ہے، اور یہی روایت اصح ہے، کیونکہ یحیٰ حدیث میں بہت غلطیاں کرتے تھے، اور آخر حیات میں ان کا حافظہ بگڑ گیا تھا (تقریب) اور یہ اصح حدیث پہلے (حدیث ۲۰۸ کتاب الصلاۃ، باب ۴۵ تحفہ ا: ۵۳۵ میں) گذر چکی ہے، شرح وہاں دیکھیں۔

[۳٦۱٤-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ: مُحمدُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، نَا يَحْيىَ بْنُ الْيَمَانِ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ زَيْدٍ العَمِّيِّ، عَنْ أَبِيْ إِيَاسٍ: مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الدُّعَاءُ لاَيُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ" قَالُوْا: فَمَاذَا نَقُوْلُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" سَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ زَادَ يَحْيىَ بْنُ الْيَمَانِ فِيْ هٰذَا الحديثِ هٰذَا الْحَرْفِ: " قَالُوْا: فَمَاذَا نَقُوْلُ؟ قَالَ:" سَلُوْا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ"

[۳٦۱٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَأَبُوْ أَحْمَدَ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " الدُّعَاءُ لاَيُرَدُّ بَيْنَ الْأَذَانِ وَالإِقَامَةِ "

وَهٰكَذَا رَوَى أَبُوْ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ هٰذَا الحديثَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِيْ مَرْيَمَ الْكُوْفِيُّ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابٌ

۳۳۴-ذکر سے گناہوں کا بوجھ ہلکا ہوجاتا ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تنہا ہونے والے قدم بڑھا گئے!'' لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول!

تنہا ہونے والے کون ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''اللہ کے ذکر کے شیدائی! اللہ کا ذکر ان سے ان کے گناہوں کا بوجھ اتار دیتا ہے، پس وہ قیامت کے دن (گناہوں کے بوجھ سے) ہلکے آئیں گے!''

لغت: المُسْتَهْتِر (دوسری تاء کے فتح اور کسرہ کے ساتھ: اسم مفعول یا اسم فاعل): شیدائی، اِسْتُهْتَرَ بالشیئ: تنقید ونصیحت سے بے پرواہ ہوکر کسی چیز کا شیدائی ہونا، جیسے اِسْتُهْتِرَ بالشراب: وہ کھلے بندوں شراب پیتا ہے۔ اِسْتُهْتِرَ بفلانة: وہ فلاں عورت سے عشق بازی کرتا ہے...... المفرَّد اور المفرِّد (اسم مفعول یا اسم فاعل) فَرَّدَ: لوگوں سے جدا ہوا، فَرَّدَ برأیه: رائے میں اکیلا ہوا۔

اور حدیث میں مراد: وہ شخص ہے جو غیب (اللہ تعالیٰ) کی طرف متوجہ ہونے والا ہے یعنی بکثرت اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے...... یہ لوگ اس لئے آگے نکل گئے کہ ذکر الٰہی نے ان کے گناہوں کا بوجھ ہلکا کر دیا، پس سبک ساراں سبک تر روند! وہ بڑھے اور مراتب کمال تک پہنچ گئے (رحمۃ اللہ ۴:۳۸۹)

تشریح: مسلم شریف میں یہ حدیث مفصل ہے: ایک غزوہ سے لشکر مدینہ کی طرف لوٹ رہا تھا۔ جب مدینہ قریب آیا تو کچھ لوگ لشکر سے جدا ہوکر آگے چل دیئے، تاکہ رات سے پہلے گھر پہنچ جائیں۔ آنحضرت ﷺ کا معمول مدینہ کے قریب مُعَرَّس نامی مقام میں قیام کرکے صبح مدینہ میں داخل ہونے کا تھا، اس موقعہ پر آپؐ نے فرمایا: ''چلتے رہو یہ جُمدان پہاڑی ہے'' یعنی اب مدینہ قریب ہے، اور ''تنہا ہونے والے آگے نکل گئے'' سَبَقَ المفرِّدون: صحابہ نے دریافت کیا: تنہا ہونے والے کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: الذاکرون اللہ کثیراً والذاکرات: اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرنے والے مرد وزن (مشکوٰۃ حدیث ۲۲۶۲)

مجمع بحار الانوار (مادّہ ف، ر، د) میں علامہ طیبی شارح مشکوٰۃ کے حوالہ سے لکھا ہے کہ آنحضرت ﷺ کا جواب فن اعتبار سے تھا، اصل مراد تو وہ حضرات تھے جو لشکر سے جدا ہوکر جلدی مدینہ کی طرف چل پڑے تھے، مگر آپؐ نے بکثرت اللہ کا ذکر کرنے والے مرد وزن کو اس کا مصداق قرار دیا، کیونکہ یہ لوگ بھی عام لوگوں سے منفرد ہوکر اللہ تعالیٰ کی طرف سبقت کرنے والے ہیں، بکثرت ذکر سے ان کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں، اور وہ بلند مراتب تک پہنچ جاتے ہیں (رحمۃ اللہ ۲:۳۳۱)

[۱۳۱-] بابٌ

[۳٦١٦-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ: مُحمدُ بْنُ الْعَلاَءِ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " سَبَقَ الْمُفَرِّدُوْنَ" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا الْمُفَرِّدُوْنَ؟ قَالَ: " الْمُسْتَهْتَرُوْنَ فِىْ ذِكْرِ اللّٰهِ، يَضَعُ الذِّكْرُ عَنْهُمْ أَثْقَالَهُمْ، فَيَأْتُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ خِفَافًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۳۵-ایک چار کلماتی ذکر آپؐ کو دنیا و ما فیہا سے زیادہ محبوب تھا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''البتہ یہ بات کہ کہوں میں: سبحان الله، والحمدلله، ولا إلٰه إلا الله والله أكبر: مجھے زیادہ محبوب ہے ان چیزوں سے جن پر سورج نکلتا ہے، یعنی زمین کی تمام چیزوں سے یہ ذکر مجھے زیادہ محبوب ہے۔

[۳۶۱۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لَأَنْ أَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ للّٰهِ، وَلاَ إِلٰـهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ: أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳۶-تین شخصوں کی دعا رد نہیں کی جاتی

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تین شخصوں کی دعا رد نہیں کی جاتی: ۱- روزے دار کی جب وہ روزہ کھولتا ہے۔ ۲- انصاف پرور حاکم کی۔ ۳- مظلوم کی بددعا: اللہ تعالیٰ اس کو بادلوں سے اوپر اٹھاتے ہیں، اور اس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں، اور پروردگار فرماتے ہیں: میری عزت کی قسم! میں ضرور تیری مدد کرونگا، اگرچہ تھوڑی دیر کے بعد ہو، یعنی کسی مصلحت سے مظلوم کی بددعا قبول ہونے میں دیر ہوسکتی ہے، مگر وہ قبول ضرور ہوتی ہے۔

حوالہ: یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۵۲۱ ابواب صفۃ الجنہ، باب ۲ تحفہ ۶: ۲۹۹ میں) مفصل آچکی ہے۔

[۳۶۱۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ سَعْدَانَ الْقُمِّيِّ، عَنْ أَبِيْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِيْ مُدِلَّةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' ثَلاَثَةٌ لاَتُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: الصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ ، والإِمَامُ العَادِلُ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ، يَرْفَعُهَا اللّٰهُ فَوْقَ الغَمَامِ، وَيَفْتَحُ لَهَا أَبْوَابَ السَّمَاءِ، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ: وَعِزَّتِيْ! لَأَنْصُرَنَّكَ، وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَسَعْدَانُ الْقُمِّيُّ: هُوَ سَعْدَانُ بْنُ بِشْرٍ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ وَأَبُوْ عَاصِمٍ وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَأَبُوْ مُجَاهِدٍ: هُوَ سَعْدٌ الطَّائِيُّ، وَأَبُوْ مُدِلَّةَ: هُوَ مَوْلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ، وَإِنَّمَا نَعْرِفُهُ بِهٰذَا الحديثِ، وَيُرْوَى عَنْهُ هٰذَا الحديثُ أَطْوَلَ مِنْ هٰذَا وَأَتَمَّ.

۳۷-علم نافع اور علم میں زیادتی کی دعا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! مجھے نفع پہنچا اس علم سے جو آپ نے مجھے سکھلایا ہے، اور

مجھے وہ علم سکھلا جو مجھے نفع پہنچائے، اور میرے علم میں اضافہ فرما! اللہ تعالیٰ کے لئے تعریف ہے ہر حال میں، اور میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں دوزخیوں کے حال سے!''

تشریح: بعض طلباء اپنے علم سے کما حقہ فائدہ نہیں اٹھاتے، وہ پڑھے ہوئے علم پر عمل نہیں کرتے، حالانکہ علم برائے علم مطلوب نہیں، برائے عمل مطلوب ہے، کہتے ہیں: علمے کہ راہِ حق نمنماید جہالت است! ایسا علم وبالِ جان ہوسکتا ہے، اسی لئے آخر میں دوزخیوں کے حال سے پناہ مانگی گئی ہے، پس ہر طالب علم کو چاہئے کہ ہر وقت دعا کرے کہ جو کچھ اس نے پڑھا ہے: اللہ تعالیٰ اس علم سے اس کو نفع پہنچائیں، اور اس کے علم میں اضافہ فرمائیں، اور ہر حال میں اللہ کا شکر بجا لائے، جس کے لئے جتنا علم مقدر ہوگا اتنا علم اس کو ضرور ملے گا۔

[۳۶۱۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ محمدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ، وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ، وَزِدْنِیْ عِلْمًا، الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ أَهْلِ النَّارِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۸- ذکر اللہ کی فضیلت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کے لئے کچھ فرشتے ہیں، زمین میں گھومنے والے، یہ فرشتے نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کے علاوہ ہیں، جب وہ ایسے لوگوں کو پاتے ہیں جو اللہ کو یاد کررہے ہوتے ہیں، تو وہ ایک دوسرے کو پکارتے ہیں: اِدھر آؤ اپنے مقصود کی طرف! پس وہ آتے ہیں، اور ذکر کرنے والوں کو آسمانِ دنیا تک گھیر لیتے ہیں (پھر جب وہ منتشر ہوتے ہیں تو آسمان پر چڑھتے ہیں) پس اللہ تعالیٰ ان سے پوچھتے ہیں: تم میرے بندوں کو کیا کام کرتے ہوئے چھوڑ کر آئے ہو؟ وہ جواب دیتے ہیں: ہم نے ان کو اس حال میں چھوڑا ہے کہ وہ آپ کی تعریف کررہے تھے، آپ کی بزرگی بیان کررہے تھے، اور آپ کو یاد کررہے تھے ـــــ پس اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: نہیں! پس اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: ان کا کیا حال ہوتا اگر وہ مجھے دیکھتے؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: اگر وہ آپ کو دیکھتے تو اور زیادہ تعریف کرتے، اور زیادہ بزرگی بیان کرتے، اور زیادہ آپ کو یاد کرتے ـــــ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اور وہ لوگ کیا چیز مانگ رہے ہیں؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: جنت مانگ رہے ہیں! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے جنت دیکھی ہے؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: نہیں! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: ان کا کیا حال ہوتا اگر وہ جنت کو دیکھتے؟ فرشتے کہتے ہیں: اگر وہ جنت کو دیکھتے تو اور زیادہ اس کو طلب کرتے، اور اور زیادہ اس کی حرص کرتے! ـــــ اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: اور وہ کس چیز سے پناہ طلب کرتے ہیں؟ فرشتے کہتے ہیں: جہنم سے پناہ چاہتے ہیں! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: کیا انھوں نے جہنم دیکھی ہے؟ فرشتے جواب دیتے ہیں: نہیں! اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں: ان کا کیا حال ہوتا اگر وہ جہنم کو

دیکھتے؟ فرشتے کہتے ہیں: اگر وہ جہنم کو دیکھتے تو اس سے بہت زیادہ بھاگتے! اور اس سے بہت زیادہ ڈرتے! اور اس سے بہت زیادہ پناہ چاہتے! —— پس اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کو بخش دیا! —— فرشتے کہتے ہیں: ان میں فلاں شخص بڑا خطا کار ہے، اس نے ان کا ارادہ نہیں کیا، یعنی وہ ذکر کی مجلس میں شرکت کے لئے نہیں آیا ہے، وہ ان کے پاس کسی ضرورت ہی سے آیا ہے، پس اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: وہ ذاکرین ایسے لوگ ہیں کہ ان کا ہم نشیں بدبخت نہیں ہوتا! یعنی میں نے اس کو بھی بخش دیا!

لغات: یہ متفق علیہ روایت ہے (بخاری حدیث ۶۴۰۸ مسلم حدیث ۲۶۸۹) اور امام سلیمان اعمش رحمہ اللہ کو شک ہے کہ یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے یا حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی، مگر صحیحین میں بغیر شک کے یہ حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے...... **فضلاً عن:** علاوہ...... **کُتّاب:** کاتب کی جمع: نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتے ...... **الْبُغْيَة:** مطلب، مقصود...... **حَفَّ بالشيئ:** گھیرنا، گھرنا، **حُفَّتِ الجنةُ بالمكاره:** جنت ناگوار کاموں سے گھیری گئی ہے...... **أيَّ شيئ:** **يصنعون** کا مفعول بہ مقدم ہے...... اور حدیث میں بار بار قَال آیا ہے، اس کا ترجمہ چھوڑ دیا ہے، اس کا فاعل نبی ﷺ ہیں، کوئی راوی فاعل نہیں...... **الخَطَّاء:** بہت گناہ کرنے والا، بڑا خطا کار، یہ فلاناً کی صفت ہے ...... **لهم:** **جليس** سے متعلق ہے۔

سوال (۱): اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہیں، کائنات کے ذرے ذرے سے واقف ہیں، پھر وہ فرشتوں سے انسانوں کے احوال کیوں معلوم کرتے ہیں؟

جواب: بیشک وہ عالم الغیب ہیں، مسلم کی روایت میں ہے: **فيسألهم الله عزوجل، وهو أعلم بهم:** اللہ تعالیٰ فرشتوں سے دریافت کرتے ہیں، درانحالیکہ وہ ان کو خوب جانتے ہیں —— تاہم اس لئے پوچھتے ہیں کہ ان پر حجت تام کریں، انھوں نے کہا تھا: ﴿أَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا، وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ، وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ﴾: کیا آپ زمین میں ایسے لوگوں کو پیدا کریں گے جو فساد کریں گے، اور خونریزیاں کریں گے؟ اور ہم برابر آپ کی پاکی بیان کرتے رہتے ہیں، آپ کی تعریف کے ساتھ، اور آپ کی تقدیس کرتے رہتے ہیں (البقرۃ ۳۰) اللہ تعالیٰ نے ان سے سوال کر کے اعتراف کرایا کہ انسانوں میں فرشتہ صفت لوگ بھی ہیں، سب نانہجار نہیں ہیں۔ اور کھیت سے مقصود غلہ ہوتا ہے مگر وہ بھوس کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے!

سوال (۲): فرشتے ذکر کرنے والوں کو آسمانِ دنیا تک کیوں گھیر لیتے ہیں، دائیں بائیں، آگے پیچھے کیوں نہیں گھیرتے؟

جواب: ذاکرین پر برکت اوپر سے نازل ہوتی ہے، اس لئے فرشتے چاہتے ہیں کہ وہ بھی رحمت کا مورد بن جائیں، اس سے باہر نہ رہ جائیں، اس لئے اوپر کی جانب گھیرتے ہیں۔

[۳۶۲۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرة، أَوْ: عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ لِلّٰهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِيْنَ فِیْ الْأَرْضِ، فَضْلاً عَنْ كُتَّابِ النَّاسِ، فَإِذَا وَجَدُوْا أَقْوَامًا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ، تَنَادَوْا: هَلُمُّوْا إِلَى بُغْيَتِكُمْ، فَيَجِيْئُوْنَ، فَيَحِفُّوْنَ بِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ:" أَیَّ شَيْئٍ تَرَكْتُمْ عِبَادِیْ يَصْنَعُوْنَ؟" فَيَقُوْلُوْنَ: تَرَكْنَاهُمْ يَحْمَدُوْنَكَ، وَيُمَجِّدُوْنَكَ، وَيَذْكُرُوْنَكَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" هَلْ رَأَوْنِیْ؟" قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لاَ. قَالَ: فَيَقُوْلُ: "كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِیْ؟" قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْكَ لَكَانُوْا أَشَدَّ تَحْمِيْدًا، وَأَشَدَّ تَمْجِيْدًا، وَأَشَدَّ لَكَ ذِكْرًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" وَأَیَّ شَيْئٍ يَطْلُبُوْنَ؟" قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: يَطْلُبُوْنَ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" فَهَلْ رَأَوْهَا؟" قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لاَ. قَالَ: فَيَقُوْلُ:" فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟" قَالَ: فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ رَأَوْهَا لَكَانُوْا أَشَدَّ لَهَا طَلَبًا، وَأَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: فَمِنْ أَیِّ شَيْئٍ يَتَعَوَّذُوْنَ؟ قَالُوْا: يَتَعَوَّذُوْنَ مِنَ النَّارِ، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" وَهَلْ رَأَوْهَا؟" فَيَقُوْلُوْنَ: لاَ، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا؟" فَيَقُوْلُوْنَ: لَوْرَأَوْهَا لَكَانُوْا أَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا، وَأَشَدَّ مِنْهَا خَوْفًا، وَأَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا، قَالَ: فَيَقُوْلُ:" فَإِنِّیْ أُشْهِدُكُمْ: أَنِّیْ قَدْ غَفَرْتُ لَهُمْ" فَيَقُوْلُوْنَ: إِنَّ فِيْهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ، لَمْ يُرِدْهُمْ، إِنَّمَا جَاءَ هُمْ لِحَاجَةٍ، فَيَقُوْلُ:" هُمُ الْقَوْمُ لاَيَشْقَى لَهُمْ جَلِيْسٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳۹-حوقلہ جنت کا ایک خزانہ ہے!

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:'' آپ بکثرت لاحول ولاقوۃ إلا باللہ کہا کریں، کیونکہ یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے'' —— یہاں تک حدیث مرفوع ہے، اگرچہ منقطع ہے، کیونکہ مکحول کا حضرت ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں، پھر آگے حدیث مقطوع ہے، یعنی مکحول کا قول ہے کہ جس نے کہا: لاحول ولا قوۃ إلا باللہ، ولا منجا من اللہ إلا إلیہ: تو اس سے ضرر (نقصان) کے ستّر دروازے کھول دیئے جائیں گے، یعنی ستر نقصان رساں چیزیں پھیر دی جائیں گی، ان میں سے کم ترین چیز محتاجگی ہے، یعنی اس کلمہ کے ذکر سے محتاجگی دور ہوجاتی ہے۔

[۳۶۲۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ الغَازِ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ أَبِیْ هُرِيرةَ، قَالَ: قَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَكْثِرْ مِنْ قَوْلِ: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ: فَإِنَّهَا مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ، قَالَ مَكْحُوْلٌ: فَمَنْ قَالَ: لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، وَلَا مَنْجَا مِنَ اللّٰهِ إِلَّا إِلَيْهِ: كَشَفَ عَنْهُ سَبْعِيْنَ

بَابًا مِنَ الضُّرِّ، أَدْنَاهُنَّ الفَقْرُ"
هٰذَا حديثٌ إِسْنَادُهُ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ، مَكْحُوْلٌ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ.

۴۰- نبی ﷺ نے اپنی مقبول دعا امت کے لئے محفوظ رکھی ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہر نبی کے لئے ایک مقبول دعا ہے (پس ہر نبی نے اپنی دعا جلدی یعنی دنیا میں مانگ لی ہے) اور میں نے اپنی دعا قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لئے محفوظ رکھی ہے، پس وہ ان شاء اللہ میرے ہر اس امتی کو پہنچے گی جو اس حال میں مرا ہو کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرایا'' (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

تشریح: انبیائے کرام علیہم السلام کے لئے مقبول دعا ایک نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت سی مقبول دعاؤں سے نوازا ہے، خود ہمارے نبی ﷺ نے بہت سے مواقع میں دعائیں فرمائی ہیں، اور وہ قبول ہوئی ہیں —— اس حدیث میں جس مقبول دعا کا ذکر ہے: اس سے مراد وہ دعا ہے جو ہر نبی کو اس کی نبوت کے تعلق سے دی جاتی ہے۔ یعنی اگر لوگ ایمان لائیں تو وہ دعا ان کے لئے رحمت بن جائے، پیغمبران کے لئے برکتوں کی دعا کریں، اور اگر وہ روگردانی کریں تو وہ دعا ان کے لئے عذاب بن جائے، پیغمبران کے لئے بددعا کریں، اور وہ تباہ ہو جائیں، جیسے نوح علیہ السلام نے جب لوگ ایمان نہ لائے تو ہلاکت کی دعا کی، اور وہ غرقاب ہو گئے۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرعونیوں کے لئے بددعا کی تو وہ نذرِ آب ہو گئے، اور صالح علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے بددعا کی تو ان کو چنگھاڑ نے پکڑ لیا۔

اور ہمارے نبی ﷺ نے محسوس کیا کہ آپؐ کی بعثت کا عظیم مقصد: لوگوں کے لئے سفارشی بننا ہے، اور قیامت کے دن رحمتِ خاصہ کے نزول کا واسطہ بننا ہے، چنانچہ آپؐ نے قوم کی ایذا رسانی پر صبر کیا، اور اپنی سب سے بڑی دعا کو، جو نبوت کے تعلق سے آپؐ کو دی گئی تھی: قیامت کے دن گنہ گار موحّد امتیوں کی سفارش کے لئے ریزور کر لی، **فجزاه الله عن أمته أحسن الجزاء، ورزقنا شفاعته يوم القيامة بمنه تعالى و كرمه (آمين)** (رحمۃ اللہ ۴:۳۳۱)

[۳۶۲۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ، وإِنِّيْ اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِيْ شَفَاعَةً لِأُمَّتِيْ، وَهِيَ نَائِلَةٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ: مَنْ مَاتَ مِنْهُمْ لَايُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۴۱- اللہ تعالیٰ نیک بندوں کے ساتھ کیسا معاملہ فرمائیں گے؟

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ یعنی یہ حدیثِ قدسی ہے: میں میرے ساتھ میرے

خاص بندوں کے گمان کے پاس ہوں یعنی اگر وہ یہ گمان کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی خردہ گیری کریں گے، معمولی معمولی باتوں پر ان کی پکڑ کریں گے: تو وہ ایسا کریں گے، اور اگر وہ پُر امید رہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں سے درگذر فرمائیں گے: تو وہ ایسا کریں گے، اور یہ دوسرا گمان ان کے لئے بہتر ہے، پس وہ نیک کاموں کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے پر امید رہیں''

''اور میں اپنے خاص بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے'' (یعنی میں اس کے ساتھ رحمتِ بے کراں کا معاملہ کرتا ہوں) ''چنانچہ اگر وہ مجھے اپنے دل میں (تنہائی میں) یاد کرتا ہے تو میں اس کو اپنے دل میں یاد کرتا ہوں'' (اس کو بھولتا نہیں) ''اور اگر وہ مجھے مجمع میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو ان لوگوں سے بہتر مجمع میں یاد کرتا ہوں'' یعنی فرشتوں کے مجمع میں اس کا تذکرہ کرتا ہوں کہ دیکھو میرا فلاں بندہ لوگوں کے درمیان میرا ذکر کر رہا ہے ''اگر وہ مجھ سے (اعمالِ صالحہ کر کے) ایک بالشت نزدیک ہوتا ہے تو میں اس سے ایک ہاتھ نزدیک ہوتا ہوں (یہی وسیع رحمت کا معاملہ کرنا ہے)

''اور اگر وہ مجھ سے ایک ہاتھ نزدیک ہوتا ہے تو میں اس سے ایک باہ (دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کے فاصلہ کے بقدر) نزدیک ہوتا ہوں، اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے تو میں اس کی طرف لپک کر آتا ہوں (لپک: عام چال اور دوڑنے کے درمیان کی چال)

تشریح: یہ حدیث متفق علیہ ہے، مگر کچھ لوگوں کے لئے الجھن کا باعث ہے، وہ حدیث کا مصداق و مقصد نہیں سمجھتے، اس لئے ان کو فہم میں دشواری پیش آتی ہے، اس لئے پہلے یہ سمجھ لیں کہ عبدی میں اضافت تشریف (بزرگ بنانے) کے لئے ہے، اور اللہ کے خاص، نیک اور صالح بندے مراد ہیں، عام لوگ مصداق نہیں —— اور حدیث کا مقصد: نیک بندوں کے خوف کو کم کرنا ہے، ان کو ڈھارس بندھانا ہے، کیونکہ وہ اللہ سے اتنا ڈرتے ہیں کہ کبھی حدِ یاس (مایوسی) کو پہنچ جاتے ہیں، ان کا یہ حال ٹھیک نہیں، ان کو اس حدیث کے ذریعہ سمجھایا گیا ہے کہ اگر وہ اللہ کے ساتھ یہ گمان رکھیں گے کہ وہ معمولی معمولی باتوں پر پکڑ کریں گے: تو وہ ایسا کریں گے، اور اگر وہ امیدوار رہیں گے کہ اللہ ان کی لغزشوں کو معاف کریں گے: تو وہ ایسا کریں گے، کیونکہ اللہ کے نیک بندے اللہ کے ساتھ جیسا گمان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ ویسا ہی ان کے ساتھ معاملہ فرماتے ہیں، لہٰذا نیک بندوں کو اللہ تعالیٰ سے پُر امید رہنا چاہئے، کبھی یاس کا شکار نہیں ہونا چاہئے —— پھر مختلف مثالوں کے ذریعہ ان کو یہ بات سمجھائی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیشہ نیک بندوں کے ساتھ وسیع رحمت کا معاملہ فرماتے ہیں، ان کو ہمیشہ یاد کرتے ہیں، وہ طاعات بجالا کر جتنا اللہ سے قریب ہوتے ہیں: اللہ تعالیٰ اپنی رحمت و مغفرت کے ساتھ اس سے ڈبل ان سے قریب ہوتے ہیں، پھر ایسے کریم آقا سے مایوس کیوں ہوا جائے! بلکہ آگے حدیث (نمبر ۳۶۲۹) آرہی ہے: إن حُسْنَ الظَّنِّ بالله من حُسْنِ العبادة: اللہ کے ساتھ اچھا گمان رکھنا بہترین عبادت میں سے ہے، پھر بدگمانی کیوں کی جائے کہ اللہ تعالیٰ میری ضرور پکڑ کریں گے؟! ایسا خیال کبھی دل میں نہ لایا جائے، بندگی میں لگا رہے، ان شاء اللہ بیڑا پار ہو جائے گا۔

ملحوظہ: حدیث کی مذکورہ شرح سے واضح ہوا کہ اس حدیث کا تعلق نیک بندوں سے ہے، بدکار اور بے باک مسلمان جوگمان باندھتے ہیں کہ اللہ غفور الرحیم ہیں، کرو جو کچھ کرنا ہے، وہ ضرور بخش دیں گے: یہ گمان صحیح نہیں، سفہ (حماقت) ہے، امام غزالی رحمہ اللہ نے اس کی مثال یہ دی ہے کہ بوائی تو کی نہیں، اور کھلیان میں فصل کا منتظر ہے، اس کو حماقت کے سوا کیا نام دیا جاسکتا ہے؟ اور اللہ تعالیٰ بیشک غفور الرحیم ہیں، مگر ساتھ ہی ان کی پکڑ بھی سخت ہے، اور ان کا عذاب بھی دردناک ہے: ﴿نَبِّئْ عِبَادِیْ أَنِّیْ أَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ وَأَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِیْمُ﴾: میرے بندوں کو اطلاع کردیں کہ میں بڑا مغفرت ورحمت والا ہوں، اور یہ بھی کہ میری سزا دردناک سزا ہے (سورۃ الحجر آیات ۴۹و۵۰)

فائدہ: یہ صفاتِ متشابہات کی حدیث ہے، اللہ کے قرب کی حقیقت ہم نہیں سمجھ سکتے، پس بہتر تنزیہ مع التفویض ہے، یعنی کہا جائے کہ ہماری ایک دوسرے سے نزدیکی جیسی نزدیکی مراد نہیں، پھر کیا مراد ہے؟ اس کو اللہ کے حوالے کردیا جائے، وہی اپنی نزدیکی کی حقیقت بہتر جانتے ہیں —— اور اگر کوئی مناسب تاویل کرنی ہے تو تنزیہ مع التاویل بھی جائز ہے، یعنی کہا جائے کہ ہماری نزدیکی جیسی نزدیکی مراد نہیں، پھر کیا مراد ہے؟ پس اللہ کی نزدیکی کا اللہ کے شایانِ شان مطلب بیان کیا جائے، مثلاً حضرت سلیمان اعمشؒ نے یہ مطلب بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی مغفرت ورحمت سے نزدیک ہوتے ہیں، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب بندہ طاعات کے ذریعہ اور مامورات بجالا کر اللہ سے نزدیک ہوتا ہے: تو اللہ کی مغفرت ورحمت اس کی طرف تیزی سے بڑھتی ہے (یہ تاویل کتاب میں ہے) —— پس جو سلفی مناسب تاویل کو ناجائز کہتے ہیں وہ غور کریں: امام اعمش کا شمار سلف میں ہے، وہ خلف میں سے نہیں ہیں، اور وہ تاویل کررہے ہیں، معلوم ہوا کہ صفات کی مناسب تاویل کرنا بھی سلف ہی کا مسلک ہے، اللہ تعالیٰ اس بات کو سمجھنے کی توفیق عطا فرمائیں (آمین)

[۳۶۲۳-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَابْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالىٰ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِيْ بِيْ، وَأَنَا مَعَهُ حِيْنَ يَذْكُرُنِيْ، فَإِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهِ: ذَكَرْتُهُ فِيْ نَفْسِيْ، وَإِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ مَلَأٍ: ذَكَرْتُهُ فِيْ مَلَأٍ خَيْرٍ مِنْهُمْ، وَإِنِ اقْتَرَبَ إِلَيَّ شِبْرًا اقْتَرَبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا، وَإِنِ اقْتَرَبَ إِلَيَّ ذِرَاعًا اقْتَرَبْتُ إِلَيْهِ بَاعًا، وَإِنْ أَتَانِيْ يَمْشِيْ أَتَيْتُهُ هَرْوَلَةً "

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُرْوَى عَنِ الْأَعْمَشِ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذَا الحديثِ: "مَنْ تَقَرَّبَ مِنِّيْ شِبْرًا تَقَرَّبْتُ مِنْهُ ذِرَاعًا " يَعْنِيْ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ، وَهٰكَذَا فَسَّرَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ هٰذَا الْحَدِيْثَ، قَالُوْا: إِنَّمَا مَعْنَاهُ: يَقُوْلُ: إِذَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ الْعَبْدُ بِطَاعَتِيْ وَبِمَا أَمَرْتُ: تُسَارِعُ إِلَيْهِ مَغْفِرَتِيْ وَرَحْمَتِيْ.

۴۲- دوعذابوں اور دوفتنوں سے پناہ چاہنا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی پناہ طلب کرو جہنم کے عذاب سے! اور اللہ کی پناہ طلب کرو قبر کے عذاب سے! اور اللہ کی پناہ طلب کرو مسیح دجال کے فتنے سے! اور اللہ کی پناہ طلب کرو زندگی اور موت کے فتنے سے! (یہ دوعذاب سنگین ہیں، اور یہ دو فتنے سخت ہیں، ان چاروں سے ہمیشہ پناہ طلب کرنی چاہئے، اللہ تعالیٰ ان سے ہماری حفاظت فرمائیں، اور یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

[۳٦٢٤-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَاسْتَعِيْذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

۴۳- ڈنک مارنے والے جانور کے زہر سے حفاظت کی دعا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص تین مرتبہ کہے: جب وہ شام کرے: أعوذ بكلمات الله التامّاتِ من شر ما خلق: میں اللہ کے کامل فرمودات (قرآن وغیرہ) کی پناہ چاہتا ہوں اللہ کی مخلوقات کی برائی سے: تو اس کو اس رات میں کوئی ڈنک کا زہر ضرر نہیں پہنچائے گا'' —— حدیث کے راوی سہیل کہتے ہیں: ہمارے گھر والوں نے یہ دعا سیکھ لی تھی، چنانچہ وہ اس کو ہر رات کہا کرتے تھے، پس ان کی کوئی باندی ڈس لی گئی تو اس نے کوئی تکلیف نہیں پائی۔

تشریح: اس مضمون کی روایت مسلم شریف میں بھی ہے، اور امام مالکؒ نے موطا میں بھی روایت کی ہے، البتہ عبید اللہ عمری اس کی سند سہیل پر روک دیتے ہیں، آخر میں حضرت ابوہریرہؓ کا ذکر نہیں کرتے، یعنی ان کی روایت مرسل ہے۔

[۱۳۲-] بابٌ

[۳٦٢٥-] حدثنا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " مَنْ قَالَ حِيْنَ يُمْسِی ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ: لَمْ يَضُرَّهُ حُمَةٌ تِلْكَ اللَّيْلَةَ "

قَالَ سُهَيْلٌ: فَكَانَ أَهْلُنَا تَعَلَّمُوْهَا، فَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَهَا كُلَّ لَيْلَةٍ، فَلُدِغَتْ جَارِيَةٌ مِنْهُمْ، فَلَمْ تَجِدْ لَهَا وَجَعًا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ هٰذَا الحَدِيثَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ

أَبِیْ هُریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، وَرَوَی عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَغَیْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحدیثَ، عَنْ سُهَیْلٍ، وَلَمْ یَذْکُرُوْا فِیْهِ: عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ.

بابٌ

۴۴-ایک دعا جو حضرت ابو ہریرہؓ ہمیشہ مانگتے تھے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک دعا جس کو میں نے رسول اللہ ﷺ سے یاد کیا ہے: میں اس کو نہیں چھوڑتا: ''اے اللہ! مجھے توفیق عطا فرما کہ میں آپ کا بڑا شکر بجالاؤں، اور آپ کو بکثرت یاد کروں، اور آپ کی نصیحت کی پیروی کروں، اور آپ کی وصیت کی حفاظت کروں'' (یہ حدیث ابو فضالہ کی وجہ سے ضعیف ہے)

[-۱۳۳] بابٌ

[-۳۶۲۶] حدثنا یَحْیَی بْنُ مُوْسَی، نَا وَکِیْعٌ، نَا أَبُوْ فَضَالَةَ: الْفَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، أَنَّ أَبَا هُریرةَ قَالَ: دُعَاءٌ حَفِظْتُهُ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم لاَ أَدَعُهُ: ''اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ أُعْظِمُ شُکْرَكَ، وَأُکْثِرُ ذِکْرَكَ، وَأَتَّبِعُ نَصِیْحَتَكَ، وَأَحْفَظُ وَصِیَّتَكَ'' هٰذَا حدیثٌ غریبٌ.

بابٌ

۴۵-دعا میں جلدی مچانے کی ممانعت

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی شخص اللہ سے کوئی دعا کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کر لی جاتی ہے: پھر یا تو اس کی دعا دنیا میں جلدی پوری کر دی جاتی ہے، یا وہ آخرت کے لئے ذخیرہ بنا کر رکھ لی جاتی ہے، یا اس سے اس کی دعا کے بقدر اس کے گناہوں میں سے مٹایا جاتا ہے، بشرطیکہ وہ کسی گناہ کی یا قطع رحمی کی دعا نہ کرے، یا جلد بازی نہ کرے'' لوگوں نے پوچھا: وہ جلد بازی کس طرح کرے گا؟ (کیونکہ یہ معاملہ اس کے اختیار میں نہیں) آپؐ نے فرمایا: ''وہ کہے: میں نے اپنے پروردگار کو پکارا، مگر انھوں نے میری دعا قبول نہیں کی!'' (حالانکہ اللہ تعالیٰ دیر سویر دعا ضرور قبول کرتے ہیں، چنانچہ اس کو دعا کے نتیجے میں تین باتوں میں سے ایک بات ضرور ملتی ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو بھی بندہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے، یہاں تک کہ اس کی بغل نظر آنے لگے، پس وہ اللہ سے کوئی چیز مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو وہ چیز دیتے ہیں، جب تک وہ جلد بازی نہ کرے'' لوگوں نے پوچھا: اور وہ جلدی بازی کس طرح کرتا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ کہتا ہے: میں نے مانگا، مانگا، مگر میں نہیں دیا گیا!''

یہی حدیث دوسری سند سے جامع الفاظ کے ساتھ اس طرح مروی ہے: يُستجاب لأحدكم مالم يَعْجَل يقول: دعوتُ فلم يُسْتَجَبْ لی: تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک وہ جلد بازی نہ کرے: کہے: میں نے دعا کی، مگر میری دعا قبول نہ ہوئی!

راوی: پہلی حدیث کا راوی: زیاد طائی مجہول ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ سے اس کا سماع بھی نہیں (تقریب وتحفۃ الاشراف مزی) اور دوسری حدیث: زہری کی سند سے باب من يستعجل فی دعائه میں آ گئی ہے۔

[١٣٤-] بابٌ

[٣٦٢٧-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، نَا اللَّيْثُ: هُوَ ابْنُ أَبِىْ سُلَيْمٍ، عَنْ زِيَادٍ، عَنْ أَبِى هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُوْ اللّٰهَ بِدُعَاءٍ إِلَّا اسْتُجِيْبَ لَهُ، فَإِمَّا أَنْ يُعَجَّلَ لَهُ فِىْ الدُّنْيَا، وَإِمَّا أَنْ يُدَّخَرَلَهُ فِىْ الآخِرَةِ، وَإِمَّا أَنْ يُكَفَّرَ عَنْهُ مِنْ ذُنُوْبِهِ بِقَدْرِ مَادَعَا، مَالَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ، أَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ، أَوْ يَسْتَعْجِلْ" قَالُوْا: يارسولَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ؟ قَالَ:" يَقُوْلُ دَعَوْتُ رَبِّىْ فَمَا اسْتَجَابَ لِىْ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٣٦٢٨-] حدثنا يَحْيىَ، نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: نَا يَحْيىَ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْ عَبْدٍ يَرْفَعُ يَدَيْهِ، حَتَّى يَبْدُوَ إِبْطُهُ، يَسْأَلُ اللّٰهَ مَسْأَلَةً إِلَّا آتَاهَا إِيَّاهُ، مَالَمْ يَعْجَلْ" قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَكَيْفَ عُجْلَتُهُ؟ قَالَ:" يَقُوْلُ: قَدْ سَأَلْتُ، وَسَأَلْتُ، وَلَمْ أُعْطَ شَيْئًا"

وَرَوَى هٰذَا الحديثَ الزُّهْرِىُّ، عَنْ أَبِى عُبَيْدٍ: مَوْلَى ابْنِ أَزْهَرَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" يُسْتَجَابُ لِأَحَدِكُمْ مَالَمْ يَعْجَلْ، يَقُوْلُ: دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِىْ"

بابٌ

۴۶-اللہ تعالیٰ سے اچھی امید باندھنا بھی عبادت کا ایک پہلو ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إن حسن الظن بالله من حُسنِ عبادة الله: اللہ تعالیٰ کے ساتھ اچھا گمان رکھنا: اللہ کی عبادت کی خوبی میں سے ہے، یعنی یہ بھی بندگی کا ایک پہلو ہے، اس سے عبادت کا لطف بڑھ جاتا ہے، جو غلام: آقا کے کرم کا امیدوار رہتا ہے: وہ جی لگا کر کام کرتا ہے، مزدور خوش دل کند کار بیش! اور جو غلام: آقا سے بدگمان یا بددل ہوتا ہے: وہ ہارے جی سے کام کرتا ہے، اس کو کام میں کچھ مزہ نہیں آتا۔ پس مؤمن جب بھی کوئی عبادت کرے تو

یہ خیال نہ کرے کہ میری عبادت کیا قبول ہوگی! اور مجھے اس ٹوٹی پھوٹی عبادت پر کیا صلہ ملے گا! بلکہ یہ امید رکھے کہ میں نے اپنی استطاعت کے مطابق عبادت کی ہے، اور اگرچہ عبادت ناقص ہے، مگر میرا مولی اس کو نظرانداز نہیں کرے گا، وہ ضرور اس کا بہترین صلہ عطا فرمائے گا، ایسا گمان باندھنا بھی ایک طرح کی عبادت ہے، اور بہترین عبادت ہے!

[۱۳۵-] بابٌ

[۳۶۲۹-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا صَدَقَةُ بْنُ مُوْسَى، نَا مُحمدُ بْنُ وَاسِعٍ، عَنْ سُمَيْرِ بْنِ نَهَارٍ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ بِاللّٰهِ مِنْ حُسْنِ عِبَادَةِ اللّٰهِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۴۷- لمبی چوڑی آرزوئیں باندھنے کی ممانعت

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لِيَنْظُرَنَّ أحدُكم ماالذی يَتَمَنّٰى؟ فإنه لايدرى ما يُكْتَبُ له من أُمْنِيَّتِه: چاہئے کہ ضرور دیکھے تم میں سے ایک اس کو جس کی تمنا کرتا ہے! پس بیشک شان یہ ہے کہ وہ نہیں جانتا اس چیز کو جو اس کے لئے لکھی جاتی ہے اس کی تمنا سے۔

ترکیب: ما الذی: لینظرن کا مفعول بہ ہے...... مایکتب: لایدری کا مفعول بہ ہے...... من أمنيته: ما کا بیان ہے۔

تشریح: یہ حدیث مرسل ہے، عمر جو مدینہ کے قاضی تھے: اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، ان کے والد حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رحمہ اللہ ہیں جو مدینہ کے فقہائے سبعہ میں سے ہیں اور تابعی ہیں، وہ کسی صحابی کا ذکر نہیں کرتے، اس لئے حدیث مرسل ہے —— اور اس حدیث میں دنیا وآخرت کی لمبی چوڑی آرزوئیں کرنے کی ممانعت ہے، کیونکہ معلوم نہیں: مقدر کیا ہے؟ پھر جب آرزو پوری نہیں ہوگی تو دھکا لگے گا، لہٰذا پہلے ہی سوچ کر ایسی تمنا کرے جس کا امکان ہو، شیخ چلّی والی آرزوئیں کبھی پوری نہیں ہوتیں۔ میرا معمول یہ ہے کہ میں کسی معاملہ میں اور کسی شخص سے کبھی کوئی امید قائم نہیں کرتا، اگر میرا کام ہوجاتا ہے تو اللہ کا شکر بجالاتا ہوں، ورنہ مقدر کا کرشمہ تصور کرتا ہوں —— اسی طرح اللہ تعالیٰ کے ساتھ بھی سوچ کر اچھا گمان قائم کرنا چاہئے، اللہ تعالیٰ کے ساتھ اچھا گمان بھی عبادت ہے، مگر "مقام محمود" کی آرزو نہیں کرنی چاہئے، وہ مقام تو ایک ہی بندے کے لئے مقدر ہے۔ پس یہ حدیث گذشتہ دونوں حدیثوں سے ایک طرح کا استثناء ہے، فرمایا: ایاز قدرِ خود بشناس! آخرت میں ایسی نعمتوں کی تمنا مت کرو جو تمہاری طاعات سے میل نہ کھائیں، بالاجمال مغفرت مانگو، اور جنت الفردوس کی دعا کرو، امیدوں کے پل مت باندھو، جو مقدر

ہوگا اللہ تعالیٰ عنایت فرمائیں گے۔

[١٣٦-] بابٌ

[٣٦٣٠-] حدثنا يَحْيي بْنُ مُوْسَى، نَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " لِيَنْظُرَنَّ أَحَدُكُمْ مَا الَّذِىْ يَتَمَنَّى، فَإِنَّهُ لايَدْرِىْ مَا يُكْتَبُ لَهُ مِنْ أُمْنِيَّتِهِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

بابٌ

۴۸- بقائے حواس کی اور ظالم سے بدلہ لینے کی دعا

حدیث: رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے: "اے اللہ! مجھے میرے کانوں سے اور میری آنکھوں سے فائدہ پہنچا، اور دونوں کو میرا وارث بنا، یعنی یہ دونوں قوتیں تا حیات سلامت رہیں، اور میری مدد فرما اس کے خلاف جو مجھ پر ظلم کرے، اور اس سے میرا بدلہ لے" (جابر بن نوح ضعیف راوی ہے، اس لئے حدیث ضعیف ہے)

[١٣٧-] بابٌ

[٣٦٣١-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا جَابِرُ بْنُ نُوْحٍ، قَالَ: نَا مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدْعُوْ، فَيَقُوْلُ: " اللّٰهُمَّ مَتِّعْنِىْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِىْ، وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَ مِنِّىْ، وَانْصُرْنِىْ عَلَى مَنْ يَظْلِمُنِىْ، وَخُذْ مِنْهُ بِثَأْرِىْ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۴۹- ہر حاجت اللہ تعالیٰ ہی سے مانگو

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک اپنے پروردگار سے اپنی تمام حاجتیں مانگے، یہاں تک کہ اگر چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اللہ تعالیٰ سے مانگے" (یہ روایت قَطَن بن نُسیر ہی جعفر بن سلیمان سے مسند کرتا ہے، دوسرے تلامذہ سند کے آخر میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کا تذکرہ نہیں کرتے، پھر جعفر کے شاگرد صالح کی سند لائے ہیں، جو ثابت بنانی پر رک جاتی ہے، اس کا مضمون یہ ہے: "چاہئے کہ تم میں سے ہر ایک اپنے

پروردگار سے اپنی ضرورتیں مانگے، یہاں تک کہ نمک بھی ان سے مانگے، اور یہاں تک کہ جب چپل کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اسی سے مانگے"

تشریح: امور دو قسم کے ہیں: عادی اور غیر عادی، جیسے کسی سے پانی مانگنا، اور اولاد مانگنا۔ پہلی قسم کے امور میں غیر اللہ سے استعانت جائز ہے، حدیث میں ہے: إن اللّٰه فی عون العبد ما کان العبد فی عون أخیه: اللہ تعالیٰ بندے کی مدد میں رہتے ہیں، جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد کرتا ہے۔ اور دوسری قسم کے امور میں غیر اللہ سے استعانت جائز نہیں، اللہ پاک کا ارشاد ہے: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ، وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ﴾: ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں، اور آپ ہی سے مدد طلب کرتے ہیں۔

پھر جن امور میں غیر اللہ سے استعانت جائز ہے: اس کی بھی دو صورتیں ہیں: حقیقی استعانت اور مجازی استعانت۔ حقیقی استعانت: کسی کو مختار سمجھ کر مدد مانگنا: یہ قطعاً جائز نہیں، کیونکہ اللہ کے سوا کوئی کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا۔ اور مجازی استعانت: کسی کو غیر مختار سمجھ کر مدد مانگنا: یہ امور عادیہ میں جائز ہے۔

رہی یہ بات کہ جو استعانت جائز ہے: وہ بھی کرنی چاہئے یا نہیں؟ اس حدیث میں اسی کا بیان ہے کہ اپنی تمام حاجتیں اللہ ہی سے مانگو، کسی سے حاجتیں مانگ کر اس کے ممنونِ احسان مت بنو، نبی ﷺ نے چند صحابہ سے اس شرط پر بیعت لی تھی کہ وہ کسی سے کچھ نہیں مانگیں گے، چنانچہ ان کا کوڑا اگر جاتا تھا تو وہ بھی کسی سے نہیں مانگتے تھے، خود گھوڑے سے اتر کر لیتے تھے۔ ان کا حال یہ تھا: مجھے جینا ہی نہیں بندۂ احساں ہو کر!

[۱۳۸-] بابٌ

[۳۶۳۲-] حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ: سُلَيْمَانُ بْنُ الأَشْعَثِ السِّجْزِيُّ، ثَنَا قَطَنُ الْبَصْرِيُّ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لِيَسْأَلْ أَحَدُكُم رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا، حَتَّى يَسْأَلَ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنْ أَنَسٍ.

[۳۶۳۳-] حدثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لِيَسْأَلْ أَحَدُكُم رَبَّهُ حَاجَتَهُ، حَتَّى يَسْأَلَهُ الْمِلْحَ، وَحَتَّى يَسْأَلَهُ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ "

وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ قَطَنٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ.



أبْوَابُ الْمَنَاقِبِ

عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

فضائل ومناقب کا بیان

اب کتاب کے آخری ابواب شروع ہورہے ہیں۔ مناقب: مَنْقَبة کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: عمدہ اخلاق واوصاف، ذاتی خوبیاں۔ اس کے لئے دوسرا لفظ فضائل ہے، یہ فضیلة کی جمع ہے، جس کے معنی ہیں: خصوصیت وامتیاز، عمدہ کردار —— امام ترمذی رحمہ اللہ نے پہلے فضائلِ نبوی بیان کئے ہیں پھر فضائلِ صحابہ وغیرہ۔

بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم

فضائل نبوی کا بیان

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بے حساب ہیں، نہ کوئی قلم ان کا احاطہ کرسکتا ہے، نہ کوئی بیان ان کا حق ادا کرسکتا ہے۔ شاعر کہتا ہے:

حسنِ یوسف، دم عیسیٰ، یدِ بیضا داری ❁ آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

آپ یوسفؑ کی خوبصورتی، عیسیٰؑ کی پھونک اور موسیٰؑ کا روشن ہاتھ رکھتے ہیں ÷ جو خوبیاں سب رکھتے ہیں وہ آپؐ تنہا رکھتے ہیں!

اور حضرت حسان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

وَأَحْسنَ مِنْكَ لَمْ تَرَ قَطُّ عَینی ❁ وأجملَ منك لم تَلِدِ النساءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّأً من كل عيب ❁ كأنك قد خُلِقْتَ كما تشاءُ

(آپؐ سے عمدہ کوئی شخص میری آنکھ نے کبھی نہیں دیکھا ÷ اور آپ سے خوبصورت کوئی شخص عورتوں نے نہیں جنا)

(آپ ہر عیب سے پاک پیدا کئے گئے ہیں ÷ گویا آپ جیسا آپؐ چاہتے ہیں پیدا کئے گئے ہیں)

اور مولانا عبدالرحمٰن جامی قدس سرہٗ فرماتے ہیں:

یاصَاحِبَ الجمال، ویا سیِّد البشر ۞ من وجھكَ الْمُنِیْرِ لقد نُوِّرَ القمر
لایمكن الثناء كما كان حَقُّه ۞ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر
(اے صاحب حسن وجمال! اے انسانوں کے آقا! ÷ آپؐ کے رخ انور سے چاند کو روشنی نصیب ہوئی ہے!)
(آپؐ کی تعریف: جیسا کہ تعریف کا حق ہے: ممکن نہیں ÷ پس مختصر بات یہ ہے کہ اللہ کے بعد بزرگی میں آپؐ کا مرتبہ ہے!)
اور حکیم شیراز قدس سرہ فرماتے ہیں:

بَلَغَ الْعُلٰی بکماله ۞ کشف الدُّجٰی بجماله
حَسُنَتْ جمیعُ خصاله ۞ صلوا علیه وآله

(آپؐ اپنے کمالات کے ذریعہ بلندی کو پہنچے ÷ تاریکیوں کو اپنی خوبصورتی سے چھانٹ دیا)
(آپؐ کی ساری ہی عادات بہترین ہیں ÷ آپ پر اور آپ کے خاندان پر درود بھیجو)

یا ربِّ! صَلِّ وَسَلِّمْ دائماً أبدًا ۞ علی حبیبك خیرِ الخلقِ کلهم
(اے پروردگار! ہمیشہ ہمیش درود وسلام بھیج ÷ اپنے حبیب پر جو ساری خلقت سے بہتر ہیں)

۱- نسبِ پاک اور اونچا خاندان

ہمارے نبی ﷺ کا نام: محمد، آپؐ کے والد کا نام عبداللہ، دادا کا نام عبدالمطلب (شیبہ) پردادا کا نام هَاشِم (عَمرو) تھا۔ آگے سلسلۂ نسب یہ ہے: ابنُ عبدِ مُنَافٍ (مغیرۃ) ابنِ قُصَیِّ بْنِ کِلَابِ بْنِ مُرَّةَ، بْنِ کَعْبِ، بْنِ لُؤَیِّ، بْنِ غَالِبِ، بْنِ فَهْرٍ (ان کا لقب قریش تھا، اور ان کی اولاد قریش کہلاتی ہے) ابن مالك، بن النَّضْرِ، بن کِنَانَةَ (ان کی اولاد بنو کنانہ کہلاتی ہے) ابن خُزَیْمَةَ، بْنِ مُدْرِکَةَ، بن إلیاس، بن مُضَرَ (ان کی اولاد مضر کہلاتی ہے) ابن نِزَارِ، بن مَعَدِّ، بن عَدْنان: یہاں تک نسب نامہ پر ماہرین انساب کا اتفاق ہے، اور عدنان سے اوپر حضرت اسماعیل علیہ السلام تک مؤرخین میں وسائط میں اختلاف ہے۔

آپؐ کا خاندان (خانوادۂ ہاشم) عرب کا نامی گرامی خاندان تھا، نہایت بہادر، بے حد سخی، فصاحت میں یکتا اور ذکاوت میں بے مثال تھا۔ آپؐ نے ایسے اونچے خاندان میں آنکھ کھولی، اور اسی طرح انبیائے کرام علیہم السلام بہترین خاندان میں مبعوث کئے جاتے ہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں سے اسماعیل علیہ السلام کو برگزیدہ کیا (ابراہیم علیہ السلام کے سات صاحبزادے تھے، تفصیل کے لئے قصص القرآن (مولانا حفظ الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ) کی مراجعت کریں) اور اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے بنو کنانہ کو برگزیدہ کیا، اور بنو کنانہ میں سے قریش

کو برگزیدہ کیا۔ اور قریش میں سے بنو ہاشم کو برگزیدہ کیا۔ اور مجھے بنو ہاشم میں سے برگزیدہ کیا۔

أَبْوَابُ الْمَنَاقِبِ

عن رسول الله صلی الله علیه وسلم

[١-] بابُ ماجاءَ فِی فَضْلِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم

[٣٦٣٤-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ الْبَغْدَادِیُّ، نَا مُحمدُ بْنُ مُصْعَبٍ، نَا الْأَوْزَاعِیُّ، عَنْ أَبِیْ عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَی مِنْ وَلَدِ إِبْرَاهِیْمَ: إِسْمَاعِیْلَ، وَاصْطَفَی مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِیْلَ: بَنِیْ کِنَانَةَ، وَاصْطَفَی مِنْ بَنِیْ کِنَانَةَ: قُرَیْشًا، واصْطَفَی مِنْ قُرَیْشٍ: بَنِیْ هَاشِمٍ، وَاصْطَفَانِیْ مِنْ بَنِیْ هَاشِمٍ" هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

حدیث (۲): نبی ﷺ کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب نے آپؐ کو خبر دی کہ قریش (ایک مجلس میں) بیٹھے، پس انھوں نے خاندانی خوبیوں کا آپس میں تذکرہ کیا، اور انھوں نے آپؐ کی مثال "کوڑی میں اُگے ہوئے کھجور کے درخت" کی بیان کی (کوڑی کا سبزہ شاندار ہوتا ہے، مگر اس کی اصل گندی ہوتی ہے، یعنی آپؐ کی ذات تو عظیم ہے، مگر خاندان بس ایسا ہی ہے!) پس آپؐ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ نے مخلوق (انسانوں) کو پیدا کیا، پس مجھے ان کے بہترین فرقے (حصے) سے گردانا، اور دو فرقوں میں سے ایک کو ترجیح دی، پھر قبائل کو ترجیح دی، پس مجھے بہترین قبیلہ میں سے گردانا، پھر گھروں (خاندانوں) کو ترجیح دی، پس مجھے ان کے بہترین خاندان میں سے گردانا، پس میں ان میں ذات کے اعتبار سے بھی بہتر ہوں، اور خاندان کے اعتبار سے بھی بہتر ہوں!"

لغت: کَبْوَة کے معنی ہیں: ٹھوکر، لغزش، کہاوت ہے: لکل جَوَادٍ کَبْوَةٌ: ہر اچھے گھوڑے کو ٹھوکر لگتی ہے، زمخشری کا خیال ہے کہ یہ لفظ راوی نے اچھی طرح محفوظ نہیں کیا، صحیح لفظ کِبَا ہے، جس کے معنی ہیں مَزْبَلَة (کوڑی) کُبَة بھی اس معنی میں آتا ہے، اس کے لئے ایک لفظ الدِّمْنَة بھی ہے، جس کے معنی ہیں: کوڑی خانہ، وہ جگہ جہاں گوبر وغیرہ غلاظتیں ڈالی جاتی ہیں، اس کی جمع دِمَنٌ اور دِمْنٌ ہے، روایت ہے: إیاکم وخَضْرَاءَ الدِّمَن: کوڑی کے سبزے سے بچو، یعنی برے خاندان کی گوری عورت سے نکاح مت کرو۔

[٣٦٣٥-] حدثنا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسَی الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِیُّ، نَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَی، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بْنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، قَالَ:

قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰہِ! إنَّ قُرَیْشًا جلَسُوْا، فَتَذَاکَرُوْا أَحْسَابَھُمْ بَیْنَھُمْ، فَجَعَلُوْا مَثَلَكَ مَثَلَ نَخْلَةٍ فِیْ کَبْوَةٍ مِنَ الأَرْضِ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: '' إِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ، فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ فِرَقِھِمْ، وَخَیَّرَ الفَرِیْقَیْنِ، ثُمَّ خَیَّرَ القَبَائِلَ، فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ الْقَبِیْلَةِ، ثُمَّ خَیَّرَ البُیُوْتَ، فَجَعَلَنِیْ مِنْ خَیْرِ بُیُوْتِھِمْ، فَأَنَا خَیْرُھُمْ نَفْسًا، وَخَیْرُھُمْ بَیْتًا'' ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ، وَعَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْحَارِثِ: ھُوَ ابْنُ نَوْفَلٍ.

حدیث (۳): مطلب کہتے ہیں: حضرت عباس رضی اللہ عنہ: رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے، اور گویا انھوں نے کوئی بات سنی ہے (وہی بات سنی ہے جو گذشتہ حدیث میں آئی ہے) پس نبی ﷺ منبر پر کھڑے ہوئے، اور سوال کیا: ''میں کون ہوں؟'' لوگوں نے جواب دیا: آپؐ اللہ کے رسول ہیں، آپؐ پر سلامتی ہو! آپؐ نے فرمایا: ''میرا نام محمد (ﷺ) ہے، میرے والد کا نام عبد اللہ ہے، اور میرے دادا کا نام عبد المطلب ہے۔ بیشک اللہ تعالیٰ نے مخلوق (انسانوں) کو پیدا کیا، پس مجھے ان کے بہترین حصہ میں گردانا، پھر ان کو دو جماعتیں بنایا، پس مجھے ان کی بہترین جماعت میں گردانا، پھر ان کے قبیلے بنائے، پس مجھے ان کے بہترین قبیلہ میں گردانا، پھر ان کو گھر (خاندان) بنایا، پس مجھے ان کے بہترین خاندان میں گردانا، اور مجھے ان میں سے بہترین ذات بنایا''

سند کا بیان: یہ مذکورہ حدیث نمبر (۲) ہی ہے، وہ اسماعیل کے شاگرد عبید اللہ کی روایت تھی، اور یہ سفیان ثوریؒ کی، اور سفیان ثوریؒ سے اسماعیل کی سند کی طرح بھی سند مروی ہے۔

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو برگزیدہ کیا، اور کنانہ میں سے قریش کو برگزیدہ کیا، اور قریش میں سے ہاشم کو برگزیدہ کیا، اور ہاشم کی اولاد میں سے مجھے برگزیدہ کیا۔

[۳۶۳۶-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْیَانُ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِیْ وَدَاعَةَ، قَالَ: جَاءَ العَبَّاسُ إِلَی رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَکَأَنَّہُ سَمِعَ شَیْئًا، فَقَامَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَی الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: '' مَنْ أَنَا؟'' فَقَالُوْا: أَنْتَ رسولُ اللّٰہِ، عَلَیْكَ السَّلَامُ، قَالَ: ''أَنَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، إِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ الْخَلْقَ، فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ، ثُمَّ جَعَلَھُمْ فِرْقَتَیْنِ، فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ فِرْقَةً، ثُمَّ جَعَلَھُمْ قَبَائِلَ، فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ قَبِیْلَةً، ثُمَّ جَعَلَھُمْ بُیُوْتًا، فَجَعَلَنِیْ فِیْ خَیْرِھِمْ بَیْتًا وَخَیْرِھِمْ نَفْسًا''

ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وَرُوِیَ عَنْ سُفْیَانَ الثَّوْرِیِّ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ زِیَادٍ نَحْوَ حَدِیْثِ إِسْمَاعِیْلَ بْنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

[۳۶۳۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، نَا سُلَیْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِیُّ، نَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ،

نَا الْأَوْزَاعِيُّ، نَا شَدَّادٌ أَبُوْ عَمَّارٍ، ثَنِيْ وَاثِلَةُ بْنُ الْأَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: ”إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَاعِيْلَ، وَاصْطَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ، وَاصْطَفَى هَاشِمًا مِنْ قُرَيْشٍ، وَاصْطَفَانِيْ مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۲- نبی ﷺ کے لئے نبوت کب ثابت ہوئی؟

حدیث: لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ! آپؐ کے لئے نبوت کب ثابت ہوئی؟ یعنی اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو نبی بنانے کا فیصلہ کب فرمایا؟ آپؐ نے فرمایا: ”جب آدم علیہ السلام روح اور جسم کے درمیان تھے!“ یعنی ابھی ان کا پتلہ بھی نہیں بنا تھا کہ آپؐ کی نبوت کا فیصلہ کردیا گیا تھا۔

تشریح: اس حدیث میں لوگوں نے ایک اضافہ کیا ہے: وکنتُ نبیا ولا ماء ولاطین: میں نبی تھا درانحالیکہ نہ پانی تھا نہ مٹی: یہ اضافہ صحیح نہیں، اور اصل حدیث مستدرک حاکم اور امام بخاری کی تاریخ وغیرہ میں ہے، اور صحیح ہے۔

اور اس حدیث میں مراحلِ تقدیر میں سے ایک مرحلہ کا ذکر ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی قدس سرہ نے حجۃ اللہ البالغہ کی قسم اول کے مبحث پنجم کے باب پنجم میں تقدیر کے پانچ مراحل بیان کئے ہیں، مگر پانچ میں حصر نہیں فرمایا، فرماتے ہیں:

”تقدیر پانچ مراحل میں ظاہر ہوئی ہے: پہلی مرتبہ: اللہ کے علم ازلی میں تمام چیزوں کے انداز ٹھہرائے گئے، دوسری مرتبہ: تخلیقِ ارض وسماء سے پچاس ہزار سال پہلے عرش کی قوتِ خیالیہ میں سب چیزیں موجود ہوئی، تیسری مرتبہ: تخلیقِ آدم کے بعد جب عہد الست لیا گیا: اس وقت تقدیر کا تحقق ہوا۔ چوتھی مرتبہ: شکم مادر میں جب روح پڑنے کا وقت آتا ہے تو تقدیر کا یک گونہ تحقق ہوتا ہے۔ اور پانچویں مرتبہ: دنیا میں واقعہ رونما ہونے کے کچھ پہلے تقدیر پائی جاتی ہے، اور تقدیر کے یہ مراحل انسانوں اور ان کے احوال سے متعلق ہیں“ (کامل برہان الٰہی ۱: ۴۰۷)

اور اس حدیث میں ایک اور مرحلہ کا ذکر ہے، جو تخلیقِ ارض وسماء اور تخلیقِ آدم کے درمیان کا مرحلہ ہے، مگر چونکہ یہ تقدیر خاص تھی، اس لئے شاہ صاحب نے اس کا ذکر نہیں کیا۔

[۳٦۳۸-] حدثنا أَبُوْهَمَّامٍ: الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰہِ! مَتَى وَجَبَتْ لَكَ النُّبُوَّةُ؟ قَالَ: ”وَآدَمُ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالْجَسَدِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۳-روزِ محشر نبی ﷺ کے چند امتیازات

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں لوگوں میں پہلا شخص ہوں نکلنے کے اعتبار سے جب وہ قبروں سے اٹھائے جائیں گے، اور میں ان کا مقرر ہوں جب وہ قاصد بن کر جائیں گے، اور میں ان کو خوش خبری سنانے والا ہوں جب وہ مایوس ہونگے، حمد کا جھنڈا اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا، اور میں میرے پروردگار کے نزدیک اولادِ آدم میں سب سے زیادہ معزز ہوں، اور یہ بات بطور فخر نہیں کہتا!'' (بلکہ اظہار حقیقت کے طور پر کہتا ہوں)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں پہلا وہ شخص ہوں جس سے زمین پھٹے گی، پس میں جنت کے پوشاکوں میں سے ایک پوشاک پہنایا جاؤں گا، پھر میں عرش کی دائیں جانب کھڑا ہونگا، اور میرے علاوہ مخلوقات میں سے کوئی اس جگہ کھڑا نہیں ہوگا''

تشریح: ان حدیثوں میں قیامت کے دن نبی ﷺ کے سات امتیازات کا ذکر ہے، ان میں سے تین کا تذکرہ پہلے (حدیث ۳۱۲۷ تحفہ ۷: ۳۲۹ میں) آچکا ہے: ۱- قیامت کے دن نبی ﷺ سب سے پہلے قبر شریف سے نکلیں گے۔ ۲- قیامت کے دن سب سے پہلے آپؐ کو جنت کا لباس پہنایا جائے گا۔ ۳- جب اہل محشر بارگاہِ خداوندی میں حاضر ہونگے تو متکلم آپ ہونگے (وفد میں افضل متکلم ہوتا ہے) ۴- جب بھی اہل محشر مایوس ہونگے تو آپؐ ان کی ڈھارس بندھائیں گے۔ ۵- قیامت کے دن سب سے زیادہ باری تعالیٰ کی حمد آپؐ ہی کریں گے، اور دوسرے آپؐ سے حمد کرنا سیکھیں گے۔ ۶- قیامت کے دن آپؐ ہی اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ معزز و محترم ہونگے۔ ۷- قیامت کے دن آپؐ کو عرش کی دائیں جانب میں مقام خاص ملے گا، یہ مقام کسی اور بندے کو نصیب نہیں ہوگا۔

[۲-] بابٌ

[۳۶۳۹-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ خُرُوْجًا إِذَا بُعِثُوْا، وَأَنَا خَطِيْبُهُمْ إِذَا وَفَدُوْا، وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوْا، لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِیْ، وَأَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَى رَبِّيْ، ولَافَخْرَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۶۴۰-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ، نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيْدَ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَا

أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ، فَأُكْسَى الْحُلَّةَ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ أَقُوْمُ عَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ، لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الْخَلاَئِقِ يَقُوْمُ ذٰلِكَ الْمَقَامَ غَيْرِیْ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابٌ

۴- جنت میں بلند مرتبہ آپ ؐ ہی کو حاصل ہوگا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے لئے وسیلہ کی دعا کرو'' لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! وسیلہ کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ جنت میں ایک بلند مرتبہ ہے، اس کو ایک ہی شخص حاصل کرے گا، اور میں امید رکھتا ہوں کہ وہ شخص میں ہوؤں گا (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والا ابو عامر کعب مدنی مجہول راوی ہے، مگر چونکہ وہ تابعی ہے، اس لئے اس کی جہالت سے صرفِ نظر کی جانی چاہئے۔ اور وسیلہ: محبوبیت کا ایک خاص مقام ہے، اسی کا نام ''مقامِ محمود'' ہے، اس کی تفصیل پہلے (حدیث ۲۰۷ تحفہ ۱: ۵۳۴ میں) آ گئی ہے)

[۳-] بابٌ

[۳٦٤١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا سُفْيَانُ: وَهُوَ الثَّوْرِيُّ، عَنْ لَيْثٍ: وَهُوَ ابْنُ أَبِیْ سُلَيْمٍ، قَالَ: ثَنِیْ كَعْبٌ، ثَنِیْ أَبُوْ هُرَيرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " سَلُوا اللّٰهَ لِیَ الْوَسِيْلَةَ " قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! وَمَا الْوَسِيْلَةُ؟ قَالَ: " أَعْلَى دَرَجَةٍ فِیْ الْجَنَّةِ، لاَيَنَالُهَا إِلاَّ رَجُلٌ وَاحِدٌ، أَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ أَنَا هُوَ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَإِسْنَادُهُ لَيْسَ بِقَوِيٍّ، وَكَعْبٌ لَيْسَ هُوَ بِمَعْرُوْفٍ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى عَنْهُ غَيْرَ لَيْثِ بْنِ أَبِیْ سُلَيْمٍ.

۵- نبی ﷺ قصرِ نبوت کی آخری اینٹ ہیں، اور آپؐ کے چند دیگر امتیازات

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری عجیب حالت نبیوں میں: اس شخص کی حالت جیسی ہے جس نے کوئی حویلی بنائی، پس اس کو شاندار بنایا، اور اس کو مکمل کیا، اور اس کو خوبصورت بنایا، اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی، پس لوگوں نے اس عمارت میں گھومنا شروع کیا، اور وہ اس عمارت پر تعجب کرنے لگے، اور کہنے لگے: کاش اس اینٹ کی جگہ پوری کر دی جاتی، اور میں نبیوں میں اس اینٹ کی جگہ ہوں''

تشریح: حویلی بنانے والے اللہ تعالیٰ ہیں، اور حویلی دینِ اسلام ہے، اور اس کی اینٹیں انبیاء کی شخصیات ہیں، لوگ یہ قصرِ نبوت دیکھتے تھے، اور حیرت زدہ رہ جاتے تھے، اور تبصرہ کرتے تھے کہ حویلی تو شاندار ہے، مگر ایک اینٹ کی جگہ خالی

ہے، کاش وہ بھی بھر جاتی! آپؐ نے فرمایا: ''وہ آخری اینٹ میں ہوں!'' آپؐ پر سلسلۂ نبوت پورا ہوگیا، اب قصر نبوت میں کسی اینٹ کی جگہ نہیں، اور یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت سے پہلے (حدیث ۲۸۷۲ ابواب الامثال، باب ۲ تحفہ ۶:۶۱۰ میں) آچکی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب قیامت کا دن آئے گا تو میں نبیوں کا پیشوا، ان کا متکلم اور ان کا سفارشی ہوؤنگا، اور یہ بات بطور فخر نہیں کہتا'' (بلکہ اظہار حقیقت کے طور پر کہہ رہا ہوں)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں قیامت کے دن اولادآدم کا سردار ہونگا، اور یہ بات بطور فخر نہیں کہتا، اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا، اور یہ بات (بھی) بطور فخر نہیں کہتا، اور اس دن کوئی بھی نبی نہیں ہونگے ـــــ آدم علیہ السلام اور وہ انبیاء جو ان کے علاوہ ہیں ـــــ مگر وہ میرے جھنڈے تلے ہونگے، اور میں پہلا وہ شخص ہوؤنگا جس سے زمین پھٹے گی، اور یہ بات بطور فخر نہیں کہتا (بلکہ یہ سب باتیں بطور اظہار حقیقت فرمائی ہیں)

حوالہ: یہ حدیث تفصیل سے پہلے (حدیث ۳۱۷۲ تحفہ ۷:۳۲۹ میں) گذر چکی ہے۔

[۳۶۴۲-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، نَا زُهَيْرُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ ابْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' مَثَلِيْ فِيْ النَّبِيِّيْنَ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنٰى دَارًا، فَأَحْسَنَهَا، وَأَكْمَلَهَا، وَأَجْمَلَهَا، وَتَرَكَ مِنْهَا مَوْضِعَ لَبِنَةً، فَجَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ بِالْبِنَاءِ، وَيَعْجَبُوْنَ مِنْهُ، وَيَقُوْلُوْنَ: لَوْ تَمَّ مَوْضِعُ تِلْكَ اللَّبِنَةِ! وَأَنَا فِيْ النَّبِيِّيْنَ مَوْضِعُ تِلْكَ اللَّبِنَةِ ''

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ كُنْتُ إِمَامَ النَّبِيِّيْنَ، وَخَطِيْبَهُمْ، وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ، غَيْرَ فَخْرٍ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۶۴۳-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ ابنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ فَخْرَ، وَبِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ، وَلاَ فَخْرَ، وَمَا مِنْ نَبِيٍّ يَوْمَئِذٍ، آدَمُ فَمَنْ سِوَاهُ، إِلَّا تَحْتَ لِوَائِيْ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، وَلاَ فَخْرَ '' وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ. وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ.

۶- اذان کے بعد درود اور وسیلہ کی دعا اور ان کا فائدہ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم مؤذن کو سنو تو کہو جیسا وہ کہتا ہے یعنی اذان کا جواب دو، پھر مجھ پر درود بھیجو، اس لئے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا: اس پر اللہ تعالیٰ اس کے عوض میں دس بار درود بھیجیں گے، پھر میرے لئے ''وسیلہ'' مانگو، پس وسیلہ جنت میں ایک مرتبہ ہے، مناسب نہیں وہ مگر اللہ کے بندوں میں سے کسی ایک

بندے کے لئے، اور امید رکھتا ہوں میں کہ ہوؤں گا میں وہ ایک بندہ! اور جو شخص میرے لئے وسیلہ کی دعا کرے گا اس کے لئے میری سفارش اتر پڑے گی۔

تشریح: اس حدیث کی وجہ سے بعض لوگ اذان کی دعا میں: وارزقنا شفاعته يوم القيامة: بڑھاتے ہیں، حالانکہ اس کی ضرورت نہیں، شفاعت وسیلہ کی دعا کا لازمی نتیجہ ہے۔

راوی: اس حدث کے راوی عبدالرحمٰن بن جبیر: قرشی عامری مصری ہیں، اور طبقۂ ثالثہ کے ہیں۔ اور ایک دوسرے عبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر ہیں، جو حمصی شامی ہیں، اور طبقہ رابعہ کے ہیں، اور دونوں ثقہ ہیں (دونوں راویوں میں یہ امتیاز امام بخاری رحمہ اللہ نے کیا ہے)

[۳۶۴۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ نَا حَيْوَةُ، نَا كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ، سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: " إِذَا سَمِعْتُمُ الْمُؤَذِّنَ، فَقُوْلُوْا مِثْلَ مَايَقُوْلُ، ثُمَّ صَلُّوْا عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ صَلَاةً صَلى اللّٰهُ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا، ثُمَّ سَلُوْا لِيَ الْوَسِيْلَةَ، فَإِنَّهَا مَنْزِلَةٌ فِيْ الْجَنَّةِ، لَاتَنْبَغِيْ إِلَّا لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ، وَأَرْجُوْ أَنْ أَكُوْنَ أَنَا هُوَ، وَمَنْ سَأَلَ لِيَ الْوَسِيْلَةَ حَلَّتْ عَلَيْهِ الشَّفَاعَةُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَالَ مُحمدٌ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرٍ، هٰذَا: قُرَشِيٌّ، وَهُوَ مِصْرِيٌّ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ شَامِيٌّ.

۷- دیگر انبیاء صاحبِ کمال ہیں تو نبی ﷺ صاحبِ کمالات!

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: چند صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم مسجد میں بیٹھے ہوئے آپ ﷺ کا انتظار کررہے تھے، پس آپؐ نکلے یعنی نکلنے کے ارادے سے گھر میں سے چلے، یہاں تک کہ جب ان سے قریب ہوئے تو آپؐ نے ان کو باتیں کرتے ہوئے سنا (پس آپؐ اندر ہی رک گئے) اور آپؐ نے ان کی باتیں سنیں۔

ایک نے کہا: حیرت زا بات! اللہ نے اپنی مخلوق میں سے ایک دوست بنایا (سورۃ النساء آیت ۱۲۵ میں ہے:) ﴿واتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلًا﴾: اور اللہ نے ابراہیم علیہ السلام کو اپنا خاص دوست بنایا، یعنی نبیوں میں بڑا کمال ابراہیم علیہ السلام کو حاصل ہوا، کیونکہ خلیل ہونا اعلیٰ درجہ کا تقرب اور مقبولیت کا درجہ ہے۔

دوسرے نے کہا: موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہم کلامی سے زیادہ حیرت ناک بات کیا ہے! (سورۃ النساء آیت ۱۶۴ میں ہے:) ﴿وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا﴾: اور اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے خاص طور پر کلام فرمایا، یعنی موسیٰ علیہ السلام کو ابراہیم علیہ السلام سے بھی بڑا کمال حاصل ہے۔

تیسرے نے کہا: پس عیسیٰ علیہ السلام اللہ کا بول اور اس کی خاص روح ہیں (سورۃ النساء آیت ۱۷۱ میں ہے:) ﴿وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ﴾: اور عیسیٰ علیہ السلام اللہ کا ایک کلمہ ہیں جس کو اللہ نے مریم تک پہنچایا یعنی وہ کلمہ کُنْ سے پیدا ہوئے، ان کی پیدائش میں باپ کا واسطہ نہیں، اور وہ اللہ کی طرف سے ایک خاص جان ہیں۔ یعنی عیسیٰ علیہ السلام کو موسیٰ علیہ السلام بھی بڑا کمال حاصل ہے۔

چوتھے نے کہا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو برگزیدہ کیا (سورۃ آل عمران آیت ۳۳ میں ہے:) ﴿إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ﴾: بیشک اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو (نبوت کے لئے) منتخب فرمایا۔ یعنی آدم علیہ السلام کو عیسیٰ علیہ السلام سے بھی بڑا کمال حاصل ہے۔

پس آپ ﷺ ان لوگوں پر نکلے، اور سلام کیا، اور فرمایا: ''میں نے آپ حضرات کی باتیں سنیں، اور آپ کے حیرت کرنے کو بھی سنا، بیشک ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خاص دوست ہیں، اور وہ ویسے ہی ہیں یعنی یہ فضیلت ان کے لئے ثابت ہے، اور موسیٰ علیہ السلام اللہ کے ساتھ سرگوشی کرنے والے ہیں، اور وہ ویسے ہی ہیں، اور عیسیٰ علیہ السلام اللہ کی خاص روح اور ان کا بول ہیں، اور وہ ویسے ہی ہیں، اور آدم علیہ السلام کو اللہ نے برگزیدہ کیا ہے، اور وہ ویسے ہی ہیں: اور سنو!

۱- میں اللہ کا حبیب (محبوب دوست) ہوں، اور فخر نہیں کر رہا! (بلکہ اظہار حقیقت ہے) (اور حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی خلیل (خاص دوست) بنایا ہے، جیسا ابراہیم علیہ السلام کو خلیل بنایا ہے'' پس محبوبیت کا مرتبہ خلّت کے مرتبہ سے بلند ہے)

۲- اور میں قیامت کے دن حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوؤنگا، اور فخر نہیں کر رہا! یعنی آپؐ قیامت کے دن اللہ کی تعریف سب سے زیادہ کریں گے، اور دوسرے حضرات آپؐ سے اللہ کی تعریف کرنا سیکھیں گے۔

۳- اور میں قیامت کے دن پہلا سفارش کرنے والا اور پہلا سفارش قبول کیا ہوا ہوؤنگا، اور فخر نہیں کر رہا! یعنی آپؐ ہی شفاعتِ کبریٰ فرمائیں گے۔

۴- اور میں پہلا شخص ہوؤنگا جو جنت کے کنڈے ہلاؤں گا، پس اللہ تعالیٰ میرے لئے جنت کے دروازے کھولیں گے، اور اللہ تعالیٰ مجھے جنت میں داخل کریں گے، اور میرے ساتھ غریب مؤمنین ہونگے، اور میں فخر نہیں کر رہا! یعنی جنت میں سب سے پہلے آپؐ اور آپؐ کی امت داخل ہوگی۔

۵- اور میں اگلوں اور پچھلوں میں سب سے زیادہ معزز و مکرم ہوؤنگا، اور میں فخر نہیں کر رہا! (بلکہ اظہارِ حقیقت کر رہا ہوں)

ملحوظہ: حدیث کے راوی زمعۃ بن صالح پر تھوڑا سا کلام کیا گیا ہے، مگر اس راوی کی حدیث مسلم شریف میں مقروناً بغیرہ ہے اس لئے روایت ٹھیک ہے۔

[٣٦٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، نَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَلَسَ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَنْتَظِرُوْنَهُ، قَالَ: فَخَرَجَ، حَتّٰى إِذَا دَنَا مِنْهُمْ: سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ، فَسَمِعَ حَدِيْثَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَجَبًا! إِنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهِ خَلِيْلاً، اتَّخَذَ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلاً، وَقَالَ آخَرُ: مَاذَا بِأَعْجَبَ مِنْ كَلاَمِ مُوْسٰى؟ كَلَّمَهُ تَكْلِيْمًا. وَقَالَ آخَرُ: فَعِيْسٰى كَلِمَةُ اللّٰهِ وَرُوْحُهُ، وَقَالَ آخَرُ: آدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ، فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ، فَسَلَّمَ، وَقَالَ:" قَدْ سَمِعْتُ كَلاَمَكُمْ وَعَجَبَكُمْ: إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ، وَهُوَ كَذٰلِكَ، وَمُوْسٰى نَجِيُّ اللّٰهِ، وَهُوَ كَذٰلِكَ، وَعِيْسٰى رُوْحُهُ وَكَلِمَتُهُ، وَهُوَ كَذٰلِكَ، وَآدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ، وَهُوَ كَذٰلِكَ، أَلاَ وَأَنَا حَبِيْبُ اللّٰهِ، وَلاَ فَخْرَ، وَأَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ، وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلاَ فَخْرَ، وَأَنَا أَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ حِلَقَ الْجَنَّةِ، فَيَفْتَحُ اللّٰهُ لِيْ، فَيُدْخِلُنِيْهَا، وَمَعِيَ فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلاَ فَخْرَ، وَأَنَا أَكْرَمُ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ، وَلاَ فَخْرَ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

۸- کیا عیسیٰ علیہ السلام: نبی ﷺ کے پہلو میں دفن ہونگے؟

حدیث: حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تورات میں محمد ﷺ کے اوصاف مذکور ہیں (ان میں یہ بھی ہے:) اور عیسیٰ علیہ السلام آپؐ کے ساتھ دفن کئے جائیں گے۔

ایک راوی: امام ترمذیؒ کے استاذ زید طائی نے، محمد سے روایت کرنے والے راوی کا نام عثمان بن ضحاک بیان کیا ہے، مگر معروف نام ضحاک بن عثمان حزامی مدنی ہے، یہ راوی علامہ اور اخباری تھا، اور ٹھیک تھا۔

تشریح: یہ حدیث نہیں ہے، حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے تورات کی بات ذکر کی ہے، اور احادیث صحیحہ سے یہ بات ثابت نہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام: نبی ﷺ کے ساتھ دفن ہونگے، اور یہ روایت کہ حضرت عائشہؓ نے آپؐ کے ساتھ دفن ہونے کی اجازت طلب کی تو آپؐ نے فرمایا: وَأَنّٰى لكِ بذلك، وليس في ذلك الموضع إلا قبري، وقبر أبي بكر، وعمر، وعيسىٰ ابن مريم: حافظ ابن حجرؒ نے فرمایا: یہ روایت ثابت نہیں، اور اخبار مدینہ میں حضرت سعید بن المسیب کا قول ہے کہ روضہ اقدس میں ایک قبر کی جگہ ہے، اس میں عیسیٰ علیہ السلام دفن ہونگے، اس کی سند ضعیف ہے، اور یہ بھی تابعی کا قول ہے، اور مشکوٰۃ (حدیث ۵۵۰۸ باب نزول عیسیٰ) میں جو روایت ہے: فَيُدْفَنُ معي في قبري: اس کی سند معلوم نہیں، مشکوٰۃ میں اس کا یہ حوالہ ہے: رواه ابن الجوزي في كتاب الوفاء، اور ابن الجوزی واعظ تھے اور بہت بعد کے آدمی ہیں، اس لئے صرف ان کا حوالہ کافی نہیں۔

اور عیسیٰ علیہ السلام کا آپؐ کے ساتھ دفن ہونا: اگر یہ بات ثابت ہوجائے تو وہ آپ ﷺ کے فضائل میں اس طرح

شمار ہوگی کہ بڑوں کے پاس دفن ہونے کی لوگ تمنا کرتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بڑی خواہش تھی کہ آپ ؐ کے پہلو میں دفن ہوں، اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام بھی آپ ؐ کے پہلو میں دفن ہونے کی تمنا کریں گے، حدیث میں ہے: ''ہر نبی کی روح اللہ تعالیٰ اس جگہ قبض کرتے ہیں جہاں اس کو دفن ہونا پسند ہوتا ہے'' پس جب عیسیٰ علیہ السلام آپ ؐ کے پہلو میں دفن ہونے کی تمنا کریں گے تو یہ آپ ؐ کی فضیلت کی ایک دلیل ہے۔

[۳٦٤٦-] حدثنا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: ثَنِيْ أَبُوْمَوْدُوْدٍ الْمَدَنِيُّ، نَا عُثْمَانُ بْنُ الضَّحَّاكِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: مَكْتُوْبٌ فِي التَّوْرَاةِ صِفَةُ مُحمدٍ: وَعِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يُدْفَنُ مَعَهُ، قَالَ: فَقَالَ أَبُوْ مَوْدُوْدٍ: قَدْ بَقِيَ فِيْ الْبَيْتِ مَوْضِعُ قَبْرٍ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، هٰكَذَا قَالَ: عُثْمَانُ بْنُ الضَّحَّاكِ، وَالْمَعْرُوْفُ: الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ الْمَدِيْنِيُّ.

۹- وہ آئے تو چمن میں بہار آئی، وہ گئے تو ہر پھول مرجھا گیا!

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس دن رسول اللہ ﷺ مدینہ میں وارد ہوئے تو مدینہ کی ہر چیز روشن ہوگئی، پھر جس دن آپ ؐ کی وفات ہوئی تو مدینہ کی ہر چیز تاریک ہوگئی، اور ابھی ہم نے رسول اللہ ﷺ کو مٹی دے کر ہاتھ جھاڑے بھی نہیں تھے، ابھی ہم آپ ؐ کو دفن ہی کر رہے تھے کہ ہم نے اپنے دلوں کو اوپرا (انجانا) پایا، یعنی قلوب کی طمانینت اور دلوں کا چین رخصت ہوگیا، بڑوں کا سایہ جب تک سر پر رہتا ہے: ایک عجیب سکون محسوس ہوتا ہے، اور جب وہ سایہ سر سے اٹھ جاتا ہے تو دل بے چین ہوجاتے ہیں، اسی بے چینی کو ''اوپرا پن'' سے تعبیر کیا ہے۔

[۳٦٤۷-] حدثنا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ دَخَلَ فِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ: أَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَيْئٍ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، أَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْئٍ، وَمَا نَفَضْنَا عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْأَيْدِيَ، وَإِنَّا لَفِيْ دَفْنِهِ، حَتَّى أَنْكَرْنَا قُلُوْبَنَا '' هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِي مِيْلَادِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

۱۰- نبی ﷺ کی ولادتِ مبارکہ کا بیان

حدیث: قیس بن مخرمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اور رسول اللہ ﷺ ہاتھی کے سال پیدا ہوئے ہیں۔ قیس ؓ کہتے ہیں: حضرت عثمان ؓ نے قُباث بن اشیم یعمری رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ بڑے ہیں یا رسول اللہ ﷺ؟

انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ مجھ سے (رتبہ میں) بڑے ہیں، اور میں ان سے پہلے پیدا ہوا ہوں (یہ ادب کا انتہائی درجہ لحاظ ہے) قُباث کہتے ہیں: اور میں نے پرندوں کی بیٹ دیکھی ہے، وہ ہری بدلی ہوئی تھی۔

تشریح: ہاتھی کا سال: جس سال یمن کے بادشاہ ابرہہ نے کعبہ شریف پر چڑھائی کی تھی، اور وہ اور اس کا لشکر معجزاتی طور پر ہلاک ہوگیا تھا، یہ ۵۷۱عیسوی کا واقعہ ہے، اور نبی ﷺ کی ولادت یا تو واقعہ فیل سے دو سال پہلے ہوئی ہے، یا اسی سال ۵۵ دن پہلے، اور ولادتِ مبارکہ ماہ ربیع الاول میں بروز پیر ہوئی ہے، مگر تاریخ میں چار قول ہیں: ۲، ۸، ۱۰ اور ۱۲ ربیع الاول، اور لوگوں نے جو ۱۲/ ربیع الاول متعین کرلی ہے اس کی کوئی دلیل نہیں —— اسی طرح وفاتِ حسرت آیات بھی ربیع الاول میں پیر کے دن ہوئی ہے، مگر تاریخ متعین نہیں، اور لوگوں نے جو ۱۲/ ربیع الاول متعین کرلی ہے: وہ تو ممکن ہی نہیں۔ کیونکہ حجۃ الوداع میں عرفہ کا دن بالیقین جمعہ کا دن تھا، اب اگر ہر ماہ تیس کا، یا انتیس کا، یا بعض تیس کے اور بعض انتیس کے فرض کئے جائیں تو بھی کسی صورت میں ۱۲/ ربیع الاول کو پیر نہیں آتا، اس لئے یہ تاریخ بھی بے دلیل ہے۔

لغات: الخَذْق: پرندوں کی بیٹ، جانور کی لید...... مَحِیْل: بروزن فعیلٌ: بمعنی اسم مفعول: بدلی ہوئی۔

[٤-] بابُ ماجاءَ فِی مِیْلَادِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم

[٣٦٤٨-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِیُّ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ، نَا أَبِیْ، قَالَ: سَمِعْتُ محمدَ بْنَ إِسْحَاقَ، یُحَدِّثُ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَیْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: وُلِدْتُّ أَنَا وَرسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَامَ الْفِیْلِ، قَالَ: وَسَأَلَ عُثْمَانُ بْنُ عُفَّانَ قُبَاثَ بْنَ أَشْیَمَ أَخَا بَنِیْ یَعْمَرَ بْنِ لَیْثٍ: أَنْتَ أَكْبَرُ أَمْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم؟ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم أَكْبَرُ مِنِّیْ، وَأَنَا أَقْدَمُ مِنْهُ فِی الْمِیْلَادِ، قَالَ: وَرَأَیْتُ خَذْقَ الطَّیْرِ أَخْضَرَ مَحِیْلاً.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ.

بابُ ماجاءَ فِی بَدْءِ نُبُوَّةِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم

۱۱- نبوت سے پہلے کا حال: بُحیرا راہب کا واقعہ

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوطالب شام کے سفر کے لئے نکلے، ان کے ساتھ نبی ﷺ قریش کے چند بڑے لوگوں کے قافلے میں نکلے، پس جب وہ راہب سے قریب ہوئے تو اترے، اور انھوں نے اپنے کجاوے کھولے، پس راہب ان کی طرف نکلا، اور وہ لوگ اس سے پہلے اس کے پاس سے گذرتے تھے مگر وہ ان کی طرف نہیں نکلتا تھا، نہ کچھ التفات کرتا تھا۔

راوی کہتے ہیں: پس وہ لوگ اپنے کجاوے کھول رہے تھے کہ راہب نے ان کے درمیان گھومنا شروع کیا، یہاں تک کہ وہ آیا، اوراس نے رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ پکڑا، اور کہا: ''یہ تمام جہانوں کے سردار ہیں! یہ تمام جہانوں کے پالنہار کے پیغامبر ہیں! اللہ تعالیٰ ان کو سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر مبعوث فرمائیں گے!'' پس اس سے قریش کے بڑے لوگوں نے پوچھا: ''آپ کو کیسے پتہ چلا؟'' اس نے کہا: ''جب آپ لوگ گھاٹی کے نزدیک آئے تو کوئی پتھر اور کوئی درخت باقی نہیں رہا مگر وہ سجدے میں گر پڑا، اور شجر وحجر نبی ہی کو سجدہ کرتے ہیں، اور میں ان کو (نبی آخر الزمان کو) مہر نبوت سے پہچانتا ہوں، جو سیب کی شکل میں ان کے شانے کی نرم وگداز ہڈی سے نیچے ہوگی۔

پھر وہ گرجے میں لوٹ گیا، اوران کے لئے کھانا تیار کیا، جب وہ ان کے پاس کھانا لایا تو نبی ﷺ اونٹ چرانے کے لئے گئے ہوئے تھے، پس راہب نے کہا: آدمی بھیج کر ان کو بلاؤ، پس آپؐ آئے درانحالیکہ آپ پر ایک بادل سایہ فگن تھا، پس جب آپؐ لوگوں کے قریب آئے تو دیکھا کہ لوگ درخت کے سایے کی طرف سبقت کر چکے ہیں، پس جب آپؐ (دھوپ میں) بیٹھے تو درخت کا سایہ ان کی طرف مائل ہو گیا، راہب نے کہا: درخت کے سایے کو دیکھو ان کی طرف جھک گیا ہے (یہ دلیلِ نبوت ہے)

راوی کہتے ہیں: پس دریں اثناء کہ راہب ان کے پاس کھڑا تھا، اوران کو قسم دے رہا تھا کہ وہ ان کو روم نہ لے جائیں، کیونکہ رومی اگر ان کو دیکھیں گے تو صفات سے پہچان لیں گے، اوران کو قتل کر دیں گے، پھر راہب (ایک طرف) متوجہ ہوا، پس اچانک سات آدمی روم سے آرہے تھے، راہب نے ان کا استقبال کیا، اور پوچھا: آپ لوگ کیوں آئے ہیں؟ انھوں نے کہا: ہم اس لئے آئے ہیں کہ یہ نبی (نبی آخر الزماں) اس مہینہ میں ظاہر ہونے والے ہیں، چنانچہ کوئی راستہ باقی نہیں رہا ہے مگر اس پر کچھ لوگوں کو بھیج دیا گیا ہے، اور ہمیں بھی اس کی اطلاع دی گئی ہے، ہمیں (اتھارٹی نے) آپ کے اس راستہ کی طرف بھیجا ہے۔ راہب نے پوچھا: ''کیا تمہارے پیچھے کوئی ہے جو تم سے بہتر ہو؟'' یعنی تم بہت اچھے لوگ ہو، پس کیا تم سے بھی بہتر کوئی تمہارے پیچھے اس مقصد سے آرہا ہے؟ انھوں نے جواب دیا: ہم ہی نے ایک عمدہ راستہ کا انتخاب کیا ہے: آپ کے راستہ کا! یعنی اس روڑ پر ہم ہی بھیجے گئے ہیں، ہمارے پیچھے اور کوئی نہیں آرہا، اور ہم نے اس راستہ کا خود ہی انتخاب کیا ہے۔ راہب نے کہا: ''بتلاؤ! ایک معاملہ اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ پورا کریں: پس کیا لوگوں میں سے کوئی طاقت رکھتا ہے کہ اس کو پھیر دے؟ انھوں نے کہا: نہیں! راوی کہتا ہے: پس وہ راہب سے بیعت ہو گئے، اوراس کے پاس ٹھہر گئے''

راہب نے کہا: میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں: تم لوگوں میں سے کون ان کا سرپرست ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: ابو طالب (اس کے سرپرست ہیں) پس برابر راہب: ابو طالب کو قسم دیتا رہا، یہاں تک کہ آپؐ کو ابو طالب نے واپس کر دیا، اور آپؐ کے ساتھ حضرت ابو بکرؓ نے حضرت بلالؓ کو بھیجا، اور راہب نے آپؐ کو شیر مال اور روغن زیتون کا توشہ دیا!

تشریح: یہ روایت صرف ترمذی میں ہے، باقی کتبِ خمسہ میں نہیں ہے، اور یہ روایت مذکورہ تفصیل کے ساتھ صحیح نہیں، کیونکہ واقدی کے بیان کے مطابق: اس واقعہ کے وقت آپؐ کی عمر مبارک بارہ سال تھی، اور سہیل کے بیان کے مطابق نو سال تھی (البدایہ ابن کثیر ۲:۲۸۵) پس حضرت ابوبکرؓ کی عمر اس وقت سات سال ہوگی، اور حضرت بلال تو پیدا ہی نہیں ہوئے تھے۔

اور اگر کہا جائے کہ یہ واقعہ کے متعلقات ہیں، ان کو چنداں اہمیت نہیں دینی چاہئے، حضرت بلالؓ کے ساتھ نہیں بھیجا ہوگا تو کسی اور غلام کے ساتھ بھیجا ہوگا، اور حضرت ابوبکرؓ نے نہیں بھیجا ہوگا تو کسی اور نے بھیجا ہوگا، اس سے نفس واقعہ پر کیا اثر پڑتا ہے!

مگر دوسری اہم بات یہ ہے کہ آپؐ نے پچیس سال کی عمر میں حضرت خدیجہ کا تجارتی مال لے کر شام کا سفر کیا ہے، اگر یہ واقعہ پیش آیا تھا تو آپؐ نے دوبارہ شام کا سفر کیوں کیا؟ اس کا کوئی جواب نہیں!

نیز اس حدیث میں ہے کہ ''وہ نبی اس مہینہ میں ظاہر ہونے والے ہیں'': یہ بھی غلط ہے، آپؐ کی بعثت اس واقعہ سے بہت سالوں کے بعد ہوئی ہے، اس لئے صحیح واقعہ اتنا ہی معلوم ہوتا ہے جتنا طبقات ابن سعد (۱:۱۲۰) میں ہے:

''ابن سعد کہتے ہیں: ہمیں خالد بن خداش نے بتلایا، وہ کہتے ہیں: ان کو معتمر بن سلیمان نے بتایا، وہ کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا کو ابومجلز سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ عبدالمطلب یا ابو طالب (خالد کو شک ہے) نے کہا: جب عبداللہ (نبی ﷺ کے والد) کا انتقال ہوگیا تو وہ (ابوطالب) محمد ﷺ پر بہت مہربان ہوگئے —— راوی کہتا ہے: پس آپؐ کوئی بھی سفر نہیں کرتے تھے، مگر وہ (ابوطالب) آپؐ کے ساتھ ہوتے تھے، اور وہ آپؐ کو لے کر شام کی طرف متوجہ ہوئے، پس ایک جگہ پڑاؤ کیا، پس ان کے پاس اس جگہ ایک راہب (تارک الدنیا) آیا، اور اس نے کہا: تمہارے درمیان ایک نیک آدمی ہے، پھر اس نے پوچھا: اس لڑکے کا باپ کہاں ہے؟ ابوطالب نے کہا: میں اس کا سرپرست ہوں! راہب نے کہا: آپ اس لڑکے کی حفاظت کریں، اس کو شام نہ لے جائیں، یہود حاسد قوم ہے، اور مجھے اس پر یہود کا ڈر ہے! ابوطالب نے کہا: یہ بات آپ نہیں کہتے، اللہ تعالیٰ کہتے ہیں یعنی آثار رُشد ان میں پہلے سے ظاہر ہیں، چنانچہ ابوطالب نے آپؐ کو واپس کردیا''

بس اتنا ہی سادہ واقعہ صحیح معلوم ہوتا ہے، ترمذی کی روایت اپنی تمام تفصیلات کے ساتھ صحیح معلوم نہیں ہوتی، اس کو عبدالرحمٰن بن غزوان ہی روایت کرتے ہیں، جن کا لقب قُراد (چیچڑی) تھا، یہ راوی اگرچہ ثقہ اور بخاری کا راوی ہے، مگر وہ بعض روایتیں ایسی بھی بیان کرتا تھا جسے اور کوئی بیان نہیں کرتا تھا۔ لَہُ أفراد (تقریب) اس لئے اس کی تمام روایتوں پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا۔

لغات: الغُضْرُوْف: کسی بھی جگہ کی نرم وگداز ہڈی، جمع غَضَاریف...... کعك (فارسی کا معرب) دودھ سے

گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی، شیر مال، کیک، پیسٹری۔

تصحیح: ترمذی میں دوجگہ تصحیف ہے۔ابن کثیر رحمہ اللہ نے جامع المسانید والسنن (حدیث ۱۲۴۵۶ مجلد ۷) میں ترمذی سے یہ حدیث نقل کی ہے (ابن الاثیر نے جامع الأصول میں ترمذی سے نقل نہیں کی، رزین سے نقل کی ہے) میں نے ترمذی میں جامع المسانید سے تصحیح کی ہے: ۱-علی الراهب هبطوا کی جگہ علی الراهب هبط (مفرد) تھا......
۲-قالوا: إنما اخترنا خِيَرَةً لك، لطريقك هٰذا کی جگہ إنما أُخبرنا خبره، بطريقك هذا تھا۔

[٥-] بابُ ماجاءَ فِي بَدْءِ نُبُوَّةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[٣٦٤٩-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ: أَبُوْ الْعَبَّاسِ الْأَعْرَجُ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَزْوَانَ، نَا يُوْنُسُ بْنُ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: خَرَجَ أَبُوْ طَالِبٍ إِلَى الشَّامِ، وَخَرَجَ مَعَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ أَشْيَاخٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَلَمَّا أَشْرَفُوْا عَلَى الرَّاهِبِ: هَبَطُوْا، فَحَلُّوْا رِحَالَهُمْ، فَخَرَجَ إِلَيْهِمُ الرَّاهِبُ، وَكَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ يَمُرُّوْنَ بِهِ، فَلاَ يَخْرُجُ إِلَيْهِمْ، وَلاَ يَلْتَفِتْ.

قَالَ: فَهُمْ يَحُلُّوْنَ رِحَالَهُمْ، فَجَعَلَ يَتَخَلَّلُهُمُ الرَّاهِبُ، حَتّٰى جَاءَ، فَأَخَذَ بِيَدِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: هٰذَا سَيِّدُ الْعَالَمِيْنَ، هٰذَا رسولُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ، فَقَالَ لَهُ أَشْيَاخٌ مِنْ قُرَيْشٍ: مَا عِلْمُكَ؟ فَقَالَ: إِنَّكُمْ حِيْنَ أَشْرَفْتُمْ مِنَ الْعَقَبَةِ، لَمْ يَبْقَ حَجَرٌ وَلاَ شَجَرٌ إِلَّا خَرَّ سَاجِدًا، وَلاَ يَسْجُدَانِ إِلَّا لِنَبِيٍّ، وَإِنِّيْ أَعْرِفُهُ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ، أَسْفَلَ مِنْ غُضْرُوْفِ كَتِفِهِ، مِثْلَ التُّفَاحَةِ.

ثُمَّ رَجَعَ فَصَنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَلَمَّا أَتَاهُمْ بِهِ، فَكَانَ هُوَ فِيْ رِعْيَةِ الإِبِلِ، فَقَالَ: أَرْسِلُوْا إِلَيْهِ، فَأَقْبَلَ، وَعَلَيْهِ غَمَامَةٌ تُظِلُّهُ، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْقَوْمِ: وَجَدَهُمْ قَدْ سَبَقُوْهُ إِلَى فَيْءِ الشَّجَرَةِ، فَلَمَّا جَلَسَ مَالَ فَيْءُ الشَّجَرَةِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: انْظُرُوْا إِلى فَيْءِ الشَّجَرَةِ مَالَ عَلَيْهِ.

قَالَ: فَبَيْنَمَا هُوَ قَائِمٌ عَلَيْهِمْ، وَهُوَ يُنَاشِدُهُمْ أَنْ لاَيَذْهَبُوْا بِهِ إِلَى الرُّوْمِ، فَإِنَّ الرُّوْمَ إِنْ رَأَوْهُ عَرَفُوْهُ بِالصِّفَةِ، فَيَقْتُلُوْنَهُ، فَالْتَفَتَ فَإِذَا بِسَبْعَةٍ قَدْ أَقْبَلُوْا مِنَ الرُّوْمِ، فَاسْتَقْبَلَهُمْ فَقَالَ: مَاجَاءَ بِكُمْ؟ قَالُوْا: جِئْنَا أَنَّ هٰذَا النبيَّ خَارِجٌ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ، فَلَمْ يَبْقَ طَرِيْقٌ إِلَّا بُعِثَ إِلَيْهِ نَاسٌ، وإِنَّا قَدْ أُخْبِرْنَا خَبَرَهُ، بَعَثْنَا إِلَى طَرِيْقِكَ هٰذَا، فَقَالَ: هَلْ خَلْفَكُمْ أَحَدٌ، هُوَ خَيْرٌ مِنْكُمْ؟ قَالُوْا: إِنَّمَا اخْتَرْنَا خِيَرَةً لَكَ لِطَرِيْقِكَ هٰذَا، قَالَ: أَفَرَأَيْتُمْ أَمْرًا أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَقْضِيَهُ: هَلْ يَسْتَطِيْعُ أَحَدٌ مِنَ النَّاسِ رَدَّهُ؟ قَالُوْا: لاَ، قَالَ: فَبَايَعُوْهُ، وأَقَامُوْا مَعَهُ.

قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ! أَيُّكُمْ وَلِيُّهُ؟ قَالُوْا: أَبُوْ طَالِبٍ، فَلَمْ يَزَلْ يُنَاشِدُهُ حَتّٰى رَدَّهُ أَبُوْ طَالِبٍ، وَبَعَثَ مَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ بِلاَلاً،وَزَوَّدَهُ الرَّاهِبُ مِنَ الْكَعْكِ وَالزَّيْتِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاءَ فِي مَبْعَثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وابْنُ كَمْ كَانَ حِيْنَ بُعِثَ؟

۱۲-بعثتِ نبوی اور بوقتِ بعثت عمر مبارک

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ پر وحی نازل کی گئی درانحالیکہ آپؐ کی عمر چالیس سال ہوچکی تھی، پس آپؐ مکہ میں تیرہ سال رہے، اور مدینہ میں دس سال، اور آپؐ کی وفات ہوئی درانحالیکہ عمر مبارک تریسٹھ سال تھی (یہ امام بخاری کی محمد بن بشار سے روایت ہے)

حدیث (۲): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی روح قبض کی گئی درانحالیکہ آپؐ کی عمر مبارک پینسٹھ سال تھی (یہ امام ترمذی کی محمد بن بشار سے روایت ہے)

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نہ بالکل واضح لمبے تھے، نہ ٹھگنے تھے (بلکہ میانہ قد تھے) اور نہ بالکل چونے جیسے سفید تھے، نہ سانولے تھے (بلکہ گورے تھے) اور بال نہ بالکل گھونگریالے تھے، نہ بالکل سیدھے تھے، آپؐ کو اللہ نے چالیس سال میں مبعوث فرمایا، پس آپؐ نے دس سال مکہ میں قیام فرمایا (کسر چھوڑ دی) اور مدینہ میں دس سال قیام فرمایا، اور ساٹھ سال کی عمر میں اللہ نے آپؐ کو اپنے پاس بلالیا (یہاں بھی کسر چھوڑ دی) درانحالیکہ آپؐ کے سر اور ڈاڑھی میں بیس بال سفید نہیں تھے۔

تشریح: جب عمر مبارک چالیس سال، چھ ماہ، باون دن ہوئی تو ۶۱۰ عیسوی میں، ماہ رمضان کی شبِ قدر میں، غارِ حراء میں پہلی وحی نازل ہوئی، اور وفات ۶۳ سال کی عمر میں ہوئی، یہ بالکل صحیح حساب ہے، مگر عرب چونکہ کسر چھوڑ دیتے تھے، اس لئے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے ساٹھ سال عمر مبارک بیان کی، اور چونکہ ولادت ربیع الاول میں بروز پیر کسی تاریخ میں ہوئی ہے، اور وفات بھی ربیع الاول میں بروز پیر کسی تاریخ میں ہوئی ہے، اس لئے اگر دونوں ناقص سالوں کو پورا گن لیا جائے تو عمر مبارک ۶۵ سال ہوگی، پس تینوں روایتوں میں کچھ تعارض نہیں۔

[٦-] بابُ ماجاءَ فِي مَبْعَثِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وابْنُ كَمْ كَانَ حِيْنَ بُعِثَ؟

[٣٦٥٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أُنْزِلَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِيْنَ، فَأَقَامَ بِمَكَّةَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٦٥١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قُبِضَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً، هٰكَذَا حَدَّثَنَا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَرَوَى

عَنْهُ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ مِثْلَ ذٰلِكَ.

[۳٦٥۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ،ح: وَثَنَا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أُنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: لَمْ يَكُنْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، وَلاَ بِالأَبْيَضِ الأَمْهَقِ، وَلاَ بِالآدَمِ، وَلَيْسَ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبِطِ، بَعَثَهُ اللّٰهُ عَلَى رأسِ أَرْبَعِيْنَ سنةً، فَأَقَامَ بِمكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سَنِيْنَ، وَتوَفَّاهُ اللّٰهُ عَلَى رَأْسِ سِتِّيْنَ، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات:البائن: اسم فاعل: بَانَ الشيئُ يَبِيْنُ بَيْنًا: نمایاں اور واضح ہونا، الطويل البائن: لمبوجی......أَمْهَق: اسم صفت:مَهِقَ يَمْهَقُ (س)مَهَقًا: بہت سفید ہونا، فهو أَمْهَق، وهي مَهْقَاء......الجَعْد: گھونگھریالا، سکڑا ہوا، جَعُد (ک) جُعودة: بالوں کا گھونگھریالا ہونا......القَطَط: چھوٹے گھونگھریالے بال،قَطَّ الشَّعْرُ قَطَطًا: بالوں کا چھوٹا اور گھونگھریالا ہونا......السَّبِط:(باء کا زیر اور سکون) من الشَّعر: سیدھے (غیر گھونگھریالے) بال۔

بابُ ماجاءَ فِي آيَاتِ نُبُوَّةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا قَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ بِهِ

(نبوت کی نشانیوں کا بیان، اوران معجزات کا بیان جن کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو خاص کیا)

۱۳-معجزات کا بیان

معجِزة (جیم کا زیر): اسم فاعل واحد مؤنث: أَعْجَزَ الشيئُ فلانًا: تھکا دینا، عاجز کر دینا، معجزہ: وہ خارقِ عادت (معمول کے خلاف) امر ہے جو کرشماتی طور پر کسی نبی کے ذریعہ ظاہر ہو، اور دوسروں کے بس میں اس کو ظاہر کرنا نہ ہو —— اگر ایسا امر امتی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو اس کو "کرامت" کہتے ہیں —— اور غیر مسلم مرتاض کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو اس کو "استدراج" کہتے ہیں —— معجزہ: نبی کا اختیاری امر نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ مختلف مصلحتوں سے نبی کے ہاتھ سے اس کو ظاہر کرتے ہیں —— ہمارے نبی ﷺ کا سب سے بڑا معجزہ قرآنِ کریم ہے، اس کے علاوہ بہت سے دیگر معجزات سے بھی اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو سرفراز فرمایا تھا، جن کا ذکر متواتر بقدر مشترک روایات میں آیا ہے۔ چند روایات درج ذیل ہیں۔

پہلا معجزہ: بعثت کے وقت ایک پتھر آپؐ کو سلام کرتا تھا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مکہ میں ایک پتھر ہے، وہ مجھے سلام کیا کرتا تھا، جن ایام میں مجھے نبی بنایا گیا، میں اس کو اب بھی جانتا ہوں (وہ کہا کرتا تھا السلام عليك يا رسول الله!)

تشریح: کائنات کی ہر چیز میں اس کی شان کے مطابق حیات اور شعور (سمجھ) ہے۔ سورۃ بنی اسرائیل (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿وَإِنْ مِّنْ شَيْءٍ إِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهِ وَلٰكِنْ لَّاتَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ﴾: اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اللہ کی پاکی بیان نہ کرتی ہو، مگر تم لوگ ان کی تسبیح سمجھتے نہیں، پس پتھر کے سلام کرنے میں کچھ استبعاد نہیں!

[۷-] بابُ ماجاءَ فِي آيَاتِ نُبُوَّةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا قَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ بِهِ

[۳٦٥۳-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَا: نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُعَاذٍ الضَّبِّيُّ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ بِمَكَّةَ حَجَرًا، كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ لِيَالِيَ بُعِثْتُ، إِنِّيْ لَأَعْرِفُهُ الآنَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

دوسرا معجزہ: کھانے میں اضافہ ہوا

حدیث: حضرت سمرۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ، صبح سے رات تک، ایک بڑے پیالے سے باری باری کھاتے تھے، دس آدمی اٹھتے تھے تو دوسرے دس آدمی بیٹھتے تھے! لوگوں نے پوچھا: وہ پیالہ کہاں سے کمک پہنچایا جاتا تھا؟ (یہ سوال تعجب پر دلالت کرتا ہے) حضرت سمرہؓ نے کہا: تمہیں کس چیز پر حیرت ہو رہی ہے؟ وہ پیالہ یہاں سے ہی کمک پہنچایا جاتا تھا! اور آپؐ نے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔

[۳٦٥٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ سَمُرَةَ ابْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَتَدَاوَلُ مِنْ قَصْعَةٍ، مِنْ غُدْوَةٍ حَتَّى اللَّيْلِ، تَقُوْمُ عَشَرَةٌ وَتَقْعُدُ عَشَرَةٌ، قُلْنَا: فَمَا كَانَتْ تُمَدُّ؟ قَالَ: مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَعْجَبُ! مَاكَانَتْ تُمَدُّ إِلَّا مِنْ هٰهُنَا، وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى السَّمَاءِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ الْعَلَاءِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِيْرِ.

بابٌ

تیسرا معجزہ: پہاڑوں اور درختوں کا سلام کرنا

حدیث: حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ مکہ میں تھا یعنی یہ مکی دور کا واقعہ ہے، پس ہم مکہ کے بعض کناروں میں نکلے، پس جو بھی پہاڑ یا درخت آپ ﷺ کے سامنے آتا: وہ کہتا تھا: السلام علیک یا رسول اللہ!

راوی کا نام: حضرت علیؓ سے روایت کرنے والا راوی عباد مجہول ہے، اس کے باپ کا نام یزید ہے یا اس کی کنیت ابو یزید ہے؟ امام ترمذیؒ کے استاذ عباد نے ابو یزید کہا ہے، ولید کے دیگر تلامذہ فروہ وغیرہ بھی ابو یزید کہتے ہیں۔

[٨-] بابٌ

[٣٦٥٥-] حدثنا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْكُوْفِيُّ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ أَبِيْ ثَوْرٍ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ، فَخَرَجْنَا فِيْ بَعْضِ نَوَاحِيْهَا، فَمَا اسْتَقْبَلَهُ جَبَلٌ وَلاَ شَجَرٌ إِلَّا وَهُوَ يَقُوْلُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارسولَ اللّٰهِ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ، وَقَالُوْا: عَنْ عَبَّادِ بْنِ أَبِيْ يَزِيْدَ، مِنْهُمْ فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ.

بابٌ

چوتھا معجزہ: فراقِ نبوی میں کھجور کے ستون کا بلکنا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کھجور کے ایک تنے سے لگ کر خطبہ دیا کرتے تھے، پس جب صحابہ نے آپؐ کے لئے منبر بنایا تو آپؐ نے اس پر چڑھ کر خطبہ دیا، پس وہ آواز نکالنے لگا اونٹنی کے اپنے بچے کے اشتیاق میں آواز نکالنے کی طرح، پس نبی ﷺ منبر سے اترے، اوراس کو ہاتھ لگایا تو وہ خاموش ہوا۔

لغات: اللِّزْق: متصل، لگ کر، لَزِقَ (س) الشیئُ بِالشیئِ: چپکنا، چمٹنا، مل جانا...... حَنَّ (ض) حَنِيْنًا: آواز نکالنا، حَنَّتِ الناقةُ: اونٹنی کا اپنے بچے کے اشتیاق میں آواز نکالنا۔

[٩-] بابٌ

[٣٦٥٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ إِلَى لِزْقِ جِذْعٍ، وَاتَّخَذُوْا لَهُ مِنْبَرًا، فَخَطَبَ عَلَيْهِ، فَحَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ النَّاقَةِ، فَنَزَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَمَسَّهُ، فَسَكَتَ.

وفي الباب: عَنْ أُبَيٍّ، وَجَابِرٍ، وَابْنِ عُمَرَ، وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَأُمِّ سَلَمَةَ، حديثُ أَنَسٍ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

پانچواں معجزہ: کھجور کے گچھے کا آپؐ کے بلانے پر نیچے اتر آنا، پھر لوٹ جانا

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک بدّو رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ اس نے کہا: میں کیسے جانوں کہ آپؐ نبی ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: اگر میں اس کھجور کے اس گچھے کو بلاؤں تو تو گواہی دے گا کہ میں اللہ

کارسول ہوں؟ پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو بلایا، وہ کھجور کے درخت سے اترنے لگا، یہاں تک کہ نبی ﷺ کے پاس آ گیا، پھر آپؐ نے فرمایا: 'واپس جا' چنانچہ وہ چلا گیا، پس وہ بدّو مسلمان ہو گیا۔

لغت: العِذْق: کھجوروں کا گچھا، خوشہ خرما (اس حدیث کی سند میں قاضی شریک نخعی ہیں، ان کی حدیثوں میں غلطیاں ہوتی تھیں)

[۳۶۵۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا مُحمدُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ أَبِيْ ظَبْيَانَ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: بِمَ أَعْرِفُ أَنَّكَ نَبِيٌّ؟ قَالَ: "إِنْ دَعَوْتُ هٰذَا الْعِذْقَ مِنْ هٰذِهِ النَّخْلَةِ: تَشْهَدُ أَنِّيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟" فَدَعَاهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ يَنْزِلُ مِنَ النَّخْلَةِ، حَتَّى سَقَطَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، ثُمَّ قَالَ: 'ارْجِعْ' فَعَادَ، فَأَسْلَمَ الْأَعْرَابِيُّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابٌ

چھٹا معجزہ: ایک صحابی کو خوبصورتی کی دعا دی پس وہ ایک سو بیس سال تک بوڑھے نہیں ہوئے!

حدیث: حضرت ابوزید عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ میرے چہرے پر پھیرا، اور میرے لئے دعا فرمائی (مسند احمد میں ہے: رسول اللہ ﷺ نے ان کے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور ان کے لئے خوبصورتی کی دعا فرمائی) حدیث کے راوی عزرۃ بن ثابت کہتے ہیں: ابوزید ایک سو بیس سال تک زندہ رہے، درانحالیکہ ان کے سر میں چند ہی سال سفید ہوئے تھے۔

[۱۰-] بابٌ

[۳۶۵۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، نَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، نَا عِلْبَاءُ بْنُ أَحْمَرَ، نَا أَبُوْ زَيْدِ بْنِ أَخْطَبَ، قَالَ: مَسَحَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ عَلَى وَجْهِيْ، وَدَعَا لِيْ، قَالَ عَزْرَةُ: إِنَّهُ عَاشَ مِائَةً وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ إِلَّا شُعَيْرَاتٌ بِيْضٌ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ زَيْدٍ، اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ أَخْطَبَ.

ساتواں معجزہ: آپؐ کی دعا سے کھانے میں بے حد برکت ہوئی

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا

سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کی آواز کمزورسنی ہے (ضعیفًا: صوت سے حال ہے) مجھے آپؐ کی آواز میں بھوک (فاقہ) محسوس ہوئی، پس کیا آپ کے پاس کچھ (کھانا) ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں! پس انھوں نے جَو کی چند روٹیاں نکالیں، اور اپنی اوڑھنی نکالی، پس روٹیوں کو اوڑھنی کے ایک حصہ سے لپیٹا، پھر اس کو میرے ہاتھ میں (بغل میں) چھپایا، اور اوڑھنی کا باقی حصہ مجھے اوڑھایا (تاکہ بچہ روٹیوں کو گرانہ دے) پھر مجھے رسول اللہ ﷺ کے پاس بھیجا —— حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں ان کو لے کر آپؐ کے پاس گیا، میں نے آپؐ کو مسجد میں بیٹھا ہوا پایا، اور آپؐ کے ساتھ لوگ تھے (یہ اصحابِ صفّہ تھے، اور وہ بھی فاقے سے تھے) —— حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں ان کے پاس کھڑا ہوگیا۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ''تمہیں ابوطلحہ نے بھیجا ہے؟'' میں نے کہا: ہاں! آپؐ نے پوچھا: ''کھانے کے ساتھ؟'' میں نے کہا: ہاں! پس رسول اللہ ﷺ نے ان لوگوں سے جو آپؐ کے ساتھ تھے فرمایا: ''اٹھو'' حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس وہ لوگ چلے، اور میں ان کے آگے چلا، یہاں تک کہ ابوطلحہ کے پاس آیا، اور میں نے ان کو بتلایا، پس ابوطلحہ نے کہا: اے ام سُلیم! رسول اللہ ﷺ لوگوں کے ساتھ تشریف لے آئے، درانحالیکہ ہمارے پاس نہیں ہے وہ کھانا جو ہم ان کو کھلائیں! ام سلیم نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں —— حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس ابوطلحہ چلے، یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کی یعنی استقبال کیا، پس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے درانحالیکہ ابوطلحہ ان کے ساتھ تھے، یہاں تک کہ دونوں گھر میں داخل ہوئے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے ام سلیم! تمہارے پاس جو کچھ ہے وہ لاؤ'' پس وہ آپؐ کے پاس روٹیاں لائیں، رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارے میں حکم دیا، پس وہ چوری گئیں، اور ام سلیم نے اپنی گھی کی کپّی نچوڑی، اور ان کو چکنا کیا، پھر اس میں رسول اللہ ﷺ نے وہ دعا پڑھی جو اللہ نے چاہا کہ آپ پڑھیں، پھر فرمایا: ''دس آدمیوں کو اجازت دو'' (گھر میں اتنے ہی آدمیوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہوگی) چنانچہ ان کو اجازت دی گئی، انھوں نے شکم سیر ہوکر کھایا اور نکل گئے، تب آپؐ نے فرمایا: ''دوسرے دس آدمیوں کو اجازت دو'' چنانچہ ان کو اجازت دی گئی، انھوں نے بھی شکم سیر ہوکر کھایا، اور نکل گئے، تب آپؐ نے فرمایا: ''اور دس آدمیوں کو اجازت دو'' چنانچہ ان کو بھی اجازت دی گئی، انھوں نے بھی شکم سیر ہوکر کھایا، اور نکل گئے، پس سب لوگوں نے کھایا اور شکم سیر ہوگئے، اور لوگ ستّر یا اسّی آدمی تھے (پھر نبی ﷺ اور گھر والوں نے کھایا، اور کچھ بچ گیا، اور مسلم کی روایت میں ہے کہ کچھ بچا جو پڑوسیوں کو پہنچایا گیا، اور مسلم کی روایت میں یہ بھی ہے کہ پھر آپؐ نے باقی ماندہ لیا، اور اس کو اکٹھا کیا، پھر اس میں برکت کی دعا فرمائی تو وہ ایسا ہی ہوگیا جیسا تھا) (یہ روایت متفق علیہ ہے)

[۱۱-] بابٌ

[۳۶۵۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، قَالَ: عَرَضْتُ عَلَى مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ

إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ لِأُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَعِيْفًا، أَعْرِفُ فِيْهِ الْجُوْعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ؟ فَقَالَتْ: نعَمْ، فَأَخْرَجَتْ أَقْرَاصًا مِنْ شَعِيْرٍ، ثُمَّ أَخْرَجَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ فِيْ يَدِيْ، وَرَدَّتْنِي بِبَعْضِهِ، ثُمَّ أَرْسَلَتْنِيْ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ إِلَيْهِ، فَوَجَدْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ، وَمَعَهُ النَّاسُ، قَالَ: فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ رسول اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرْسَلَكَ أَبُوْ طَلْحَةَ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: "بِطَعَامٍ؟" فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِمَنْ مَعَهُ:" قُوْمُوْا" قَالَ: فَانْطَلَقُوْا، فَانْطَلَقْتُ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ، حَتَّى جِئْتُ أَبَا طَلْحَةَ، فَأَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ! قَدْ جَاءَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ! قَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ أَعْلَمُ.

قَالَ: فَانْطَلَقَ أَبُوْ طَلْحَةَ، حَتَّى لَقِيَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَقْبَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَبُوْ طَلْحَةَ مَعَهُ، حَتَّى دَخَلاَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" هَلُمِّيْ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ! مَا عِنْدَكِ" فَأَتَتْهُ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، فَأَمَرَ بِهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ بِعُكَّةٍ لَهَا، فَأَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: "ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا، حَتَّى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ:" ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا حَتَّى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، ثُمَّ قَالَ:" ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ" فَأَذِنَ لَهُمْ، فَأَكَلُوْا، حَتَّى شَبِعُوْا، ثُمَّ خَرَجُوْا، فَأَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ، وَشَبِعُوْا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ أَوْ ثَمَانُوْنَ رَجُلاً، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: القُرص: گول ٹکیہ یعنی روٹی...... لَفَّ الشيئَ بالشيئ: لپیٹنا، ملانا، اکٹھا کرنا...... دَسَّه (ن) دَسًّا: چھپانا، جیسے دَسَّ الشيئَ في التراب: مٹی میں چھپایا...... رَدَّتْنِيْ: رِدَاء سے ہے: رَدَّاهُ تَرْدِيَةً: چادر اوڑھانا...... فَتَّهُ، فَتًّا: (روٹی) چورنا، ریزے ریزے کرنا، انگلیوں سے توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا...... العكة (عین کا پیش اور زبر): گھی کا مشکیزہ، کپّی، جمع: عُكك، وعكاك...... أَدَمَه: گھی سے تر کیا، اصل معنی: مار کر خون نکالنا، خود آلود کرنا۔

بابٌ

آٹھواں معجزہ: آپؐ کی انگلیوں سے پانی کا پھوٹنا، اور ایک بڑے مجمع کا اس سے وضو کرنا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، درانحالیکہ عصر کا وقت قریب آ گیا تھا (یہ کسی سفر کا واقعہ ہے) اور لوگوں نے وضوء کے لئے پانی ڈھونڈھا، مگر نہیں پایا، پس رسول اللہ ﷺ وضوء

کا (تھوڑا سا) پانی لائے گئے، آپؐ نے اس برتن میں اپنا ہاتھ رکھا، اور لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اس سے وضو شروع کریں۔
حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس میں نے دیکھا کہ پانی آپؐ کی انگلیوں کے نیچے سے پھوٹ رہا ہے، پس لوگوں نے وضوء کرلیا، یہاں تک کہ سبھوں نے وضوء کرلیا (یہ روایت متفق علیہ ہے، اور باب میں جو حضرت عمران اور حضرت جابر کی حدیثیں ہیں: وہ بھی متفق علیہ ہیں، اور حضرت ابن مسعود کی روایت آگے (حدیث ۳۶۶۲ میں) آرہی ہے)

[۱۲-] بابٌ

[۳۶۶۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ، وَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوْءَ، فَلَمْ يَجِدُوْا، فَأُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِوَضُوْءٍ، فَوَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ فِيْ ذٰلِكَ الإِنَاءِ، وَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّئُوْا مِنْهُ، قَالَ: فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ، فَتَوَضَّأَ النَّاسُ، حَتَّى تَوَضَّأُوْا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ.
وفي الباب: عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَجَابِرٍ، حديثُ أَنَسٍ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

نواں معجزہ: اچھے خوابوں سے نبوت کی ابتدا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبوت کی پہلی وہ بات جس سے رسول اللہ ﷺ شروع کئے گئے، جب اللہ نے آپؐ کو عزت بخشنے کا، اور آپؐ کے ذریعہ بندوں پر مہربانی کرنے کا ارادہ فرمایا (وہ پہلی بات یہ تھی) کہ آپؐ نہیں دیکھتے تھے کوئی خواب، مگر وہ سپیدۂ صبح کی طرح (سامنے) آجاتا تھا، پس آپؐ اس حال میں ٹھہرے رہے جتنا اللہ نے چاہا کہ آپؐ ٹھہرے رہیں (یہ حال چھ ماہ تک رہا) اور (اسی زمانہ میں) آپ کے لئے تنہائی محبوب کی گئی، چنانچہ آپؐ کے لئے کوئی چیز زیادہ محبوب نہیں تھی اس سے کہ آپؐ تنہا رہیں۔

تشریح: وحی کا آنا ایک معجزہ ہے، چنانچہ آپؐ کا سب سے بڑا معجزہ قرآنِ کریم ہے، اور وحی کی تمہید میں اچھے خوابوں کا آنا بھی معجزہ سے کم نہیں، حدیث میں ہے: ''اچھے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں'' اور خواب چونکہ عالم مثال اور عالم شہادت کے درمیان کا معاملہ ہوتا ہے، اس لئے عالم شہادت میں نزول وحی سے پہلے انبیاء کو اچھے خواب نظر آتے ہیں، اور وہ نزولِ وحی کا پیش خیمہ بنتے ہیں —— چنانچہ نبی ﷺ کو بھی نبوت ملنے سے چھ ماہ پہلے ایسے خواب آنے شروع ہوئے جو صبح صادق کی روشنی کی طرح واضح ہوتے تھے، جو کچھ آپؐ خواب میں دیکھتے وہ واقعہ بن کر سامنے آجاتا...... اسی

زمانہ میں آپؐ کو خلوت بھانے لگی، چنانچہ آپؐ غارِ حراء میں جانے لگے، وہاں کئی کئی دن تک عبادت میں مشغول رہتے، یہاں تک کہ اسی غار میں پہلی وحی آئی۔

[۱۳-] بابٌ

[۳٦٦۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: ثَنِيْ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّها قَالَتْ: أَوَّلُ مَا ابْتُدِئَ بِهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ النُّبُوَّةِ، حِيْنَ أَرَادَ اللّٰهُ كَرَامَتَهُ، وَرَحْمَةَ الْعِبَادِ بِهِ: أَنْ لاَيَرَى شَيْئًا إِلَّا جَاءَ تْ كَفَلَقِ الصُّبْحِ، فَمَكَثَ عَلَى ذٰلِكَ مَاشَاءَ اللّٰهُ أَنْ يَمْكُثَ، وَحُبِّبَ إِلَيْهِ الْخَلْوَةُ، فَلَمْ يَكُنْ شَيْئٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَخْلُوَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

دسواں معجزہ: صحابہ کا کھانے کی تسبیح سننا

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا: آپ لوگ اللہ کی نشانیوں کو عذاب تصور کرتے ہو، اور ہم عہدِ نبوی میں ان کو برکت (مبارک) سمجھتے تھے، بخدا! ہم نبی ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا کرتے تھے، درانحالیکہ ہم کھانے کی تسبیح سنتے تھے —— ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک برتن لایا گیا، پس آپؐ نے اس میں اپنا ہاتھ رکھا، پس پانی آپ کی انگلیوں کے درمیان سے نکلنے لگا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''مبارک وضوء کے پانی کی طرف، اور آسمان سے نازل ہونے والی برکت کی طرف آؤ!'' یہاں تک کہ ہم نے سب نے وضوء کرلی (یہ روایت بخاری میں بھی ہے)

تشریح: قدرتی نشانیاں: نہ سب ڈرنے کی چیز ہیں نہ خوش ہونے کی، بعض تخویفات ہوتی ہیں، جیسے شمس وقمر کا گہنانا، اور بعض ایمان میں تازگی پیدا کرتی ہیں، جیسے آپؐ کی انگلیوں سے پانی کو نکلتے ہوئے دیکھنا۔

سوال: وہ پانی بتاؤ جو نہ آسمان سے نازل ہوا، نہ زمین سے نکلا، اور وہ سب پانیوں سے افضل ہے؟

جواب: وہ وہ پانی ہے جو معجزہ کے طور پر نبی ﷺ کی انگلیوں سے نکلا تھا۔

[۱٤-] بابٌ

[۳٦٦۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: إِنَّكُمْ تَعُدُّوْنَ الآيَاتِ عَذَابًا، وَإِنَّمَا كُنَّا نَعُدُّهَا عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَرَكَةً، لَقَدْ كُنَّا نَأْكُلُ الطَّعَامَ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَنَحْنُ نَسْمَعُ تَسْبِيْحَ الطَّعَامِ.

قَالَ: وَأُتِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِإِنَاءٍ، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيْهِ، فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " حَيَّ عَلَى الْوَضُوْءِ الْمُبَارَكِ، وَالْبَرَكَةِ مِنَ السَّمَاءِ" حَتَّى تَوَضَّأْنَا كُلُّنَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ: كَيْفَ كَانَ يَنْزِلُ الوَحْيُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟

۱۴- نبی ﷺ پر وحی کس طرح نازل ہوتی تھی؟

حدیث: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے سوال کیا: یارسول اللہ! آپؐ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''کبھی وحی میرے پاس گھنٹی کی آواز کی طرح آتی ہے، اور وہ مجھ پر بہت بھاری ہوتی ہے، پس جب وہ آواز بند ہوتی ہے تو میں وحی کو محفوظ کر چکا ہوتا ہوں، اور کبھی فرشتہ میرے پاس انسانی شکل میں آتا ہے، پس وہ جو کچھ کہتا ہے: میں محفوظ کر لیتا ہوں'' —— حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: سخت جاڑے کے زمانہ میں آپؐ کی پیشانی سے پسینہ پھوٹ پڑتا تھا (یہ وحی کی پہلی صورت کی شدت کا بیان ہے)

تشریح: وحی کی پہلی صورت میں نبی ﷺ بشری بناوٹ سے عروج کرکے ملکیت کی حدود میں داخل ہوتے تھے، پھر اُس موطن (جگہ) کے لحاظ سے کلام سنتے تھے، جو اِس عالم میں گھنٹی کی آواز کے مشابہ ہوتی تھی، مگر محض آواز نہیں ہوتی تھی، بلکہ باقاعدہ کلام ہوتا تھا، چنانچہ جب وہ آواز بند ہوتی تھی تو نبی ﷺ وحی کو محفوظ کر چکے ہوتے تھے —— اور دوسری صورت میں فرشتہ ملکی بناوٹ سے نزول کرکے بشریت کے حدود میں قدم رکھتا ہے، اور اِس عالم کے لحاظ سے کلام کرتا ہے، اس لئے اس صورت میں نبی ﷺ پر بوجھ نہیں پڑتا۔

پھر اگر فرشتہ ایسے مقام کی طرف اترتا ہے جس میں عالم مثال کی مشابہت ہوتی ہے تو اس کو صرف نبی ﷺ دیکھتے ہیں، دوسروں کو وہ نظر نہیں آتا۔ اور اگر فرشتہ بالکل عالم ناسوت میں اتر آتا ہے تو اس کو سب لوگ دیکھتے ہیں، جیسے حدیث جبرئیل میں سب صحابہ نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تھا (رحمۃ اللہ ملخصاً ۵:۶۰۶)

لغات: الصَّلْصَلَة: گھنٹی کی آواز، گونج ...... وَعَى يَعِيْ وَعْيًا الحديثَ: بات کو اچھی طرح سمجھ کر ذہن میں رکھنا، محفوظ کر لینا ...... فَصَمَ (ض) فَصْمًا: چیرنا، پھاڑنا، فَصَمَ عَنْهُ: جدا ہونا ...... تَفَصَّد الجبينُ عَرَقًا: پیشانی سے پسینہ بہنا، فَصَدَ (ض) فَصْدًا: رگ کھولنا۔

[۱۵-] بابُ ماجاءَ: كَيْفَ كَانَ يَنْزِلُ الوَحْيُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟

[۳۶۶۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ: هُوَ ابْنُ عِيْسَى، نَا مَالِكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ

عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَأَلَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم: كَيْفَ يَأْتِيْكَ الْوَحْيُ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَحْيَانًا يَأْتِيْنِى مِثْلَ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ، وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ، وَأَحْيَانًا يَتَمَثَّلُ لِيَ الْمَلَكُ رَجُلاً، فَيُكَلِّمُنِىْ، فَأَعِي مَايَقُوْلُ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيُ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيْدِ الْبَرْدِ، فَيَفْصِمُ عَنْهُ، وَإِنَّ جَبِيْنَهُ لَيَتفَصَّدُ عَرَقًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

۱۵- نبی ﷺ کے احوال (حلیہ اوراخلاق) کا بیان

(الف) نبی ﷺ کی زلفیں مونڈھوں کو چھوتی تھیں

پہلی حدیث: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کسی پٹھے والے کو سرخ جوڑے میں نبی ﷺ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا، آپؐ کے بال مونڈھوں تک آرہے تھے۔ آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان کچھ فاصلہ تھا (اور جس کے شانوں میں فاصلہ ہوتا ہے اس کا سینہ چوڑا ہوتا ہے، اور یہ بہادری کی علامت ہے) آپؐ نہ پستہ قد تھے نہ دراز قامت!
(یہ حدیث پہلے (حدیث ۱۷۲۴ ابواب اللباس، باب ۴ تحفہ ۵:۵۷ میں) آچکی ہے، اور شمائل (حدیث ۴) میں بھی آئے گی)

لغات اور ترکیب: **اللِّمَّة:** کان کی لَو سے بڑھی ہوئی زلفیں...... **الوَفْرَة:** کان کی لَو سے ملی ہوئی زلفیں...... **الجُمَّة:** مونڈھوں تک لٹکی ہوئی زلفیں...... بال ایک حال پر نہیں رہتے، جب کانوں تک کٹوائے جاتے ہیں، تو وہ وفرہ کہلاتے ہیں، پھر جب بڑھ کر آدھی گردن تک پہنچ جاتے ہیں تو وہ لمہ کہلاتے ہیں، پھر جب بڑھ کر مونڈھوں کو چھونے لگتے ہیں تو وہ جُمہ کہلاتے ہیں، اور یاد رکھنے کا فارمولہ وَلَج ہے، یعنی حروف ہجاء کی ترتیب کے برعکس...... **حُلّة:** سوٹ، جوڑا، دو کپڑوں کی پوشاک...... من ذی لمة إلخ رأیت کا مفعول اول ہے، اور أحسنَ مفعول ثانی...... ضرب کے تقریباً ۲۵ معنی ہیں پس موقع کی مناسبت سے معنی کئے جائیں گے، یہاں معنی ہیں: پہنچنا۔ طالب علموں کے ذہنوں میں ایک معنی بیٹھے ہوئے ہوتے ہیں یعنی مارنا، چنانچہ جہاں یہ لفظ آتا ہے: وہ جھک مارتے ہیں، وہ مارنے کے معنی بٹھانے کی کوشش کرتے ہیں، یہ طریقہ ٹھیک نہیں...... **بُعید:** بُعد کی تصغیر ہے: ذرا زیادہ دوری یعنی فاصلہ۔

[١٦-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[٣٦٦٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ مِنْ ذِيْ لِمَّةٍ فِيْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ أَحْسَنَ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لَهُ شَعْرٌ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ،

بُعَيْدُ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَمْ يَكُنْ بِالْقَصِيْرِ، وَلاَ بِالطَّوِيْلِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

(ب) آپؐ کا چہرہ چاند کی طرح روشن تھا

دوسری حدیث: کسی نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ کا چہرہ تلوار کی طرح (چمکدار) تھا؟ آپؓ نے فرمایا: نہیں! چاند کی طرح (روشن) تھا ـــــ تلوار میں ''تخویف'' کا مفہوم ہے، اور چاند میں ''محبوبیت'' کا، اس لئے حضرت براءؓ نے پہلی تشبیہ پسند نہیں کی، اور دوسری تشبیہ دی (یہ حدیث شمائل (حدیث ۱۰) میں آئے گی)

[۱۷-] بابٌ

[۳۶۶۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ: أَكَانَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لاَ مِثْلَ الْقَمَرِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

(ج) نہ کوئی آپؐ سے پہلے آپؐ جیسا خوبصورت ہوا، نہ کوئی آپؐ کے بعد آپ جیسا ہوگا

تیسری حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ دراز قامت نہیں تھے، اور نہ پستہ قد تھے، ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں پُر گوشت تھے، سر مبارک بڑا تھا، اعضاء کے جوڑ کی ہڈیاں بھی بڑی تھیں، سینہ کے بالوں کی دھاری لمبی تھی، جب آپؐ چلتے تو ذرا ملتے ہوئے چلتے، گویا ڈھلان میں اتر رہے ہیں، میں نے آپؐ سے پہلے اور آپ کے بعد آپؐ جیسا (خوبصورت) آدمی نہیں دیکھا، ان پر اللہ کی بے پایاں رحمتیں اور سلامتی نازل ہو!

تشریحات:

۱- نبی ﷺ دراز قامت نہیں تھے، بلکہ درمیانہ قد تھے، لیکن کسی قدر طول کی طرف مائل تھے، شمائل (حدیث ۷) میں ہے: أَطْوَلَ من المَرْبُوْعِ: میانہ قد سے ذرا دراز تھے ـــــ اور جب آپؐ کسی جماعت میں کھڑے ہوتے تو سب سے زیادہ بلند نظر آتے، یہ بات معجزہ کے طور پر تھی، تاکہ جس طرح کمالاتِ معنویہ میں کوئی آپؐ سے بلند رتبہ نہیں، اسی طرح صورتِ ظاہری میں بھی کوئی بلند محسوس نہ ہو۔

۲- ہتھیلیوں اور پاؤں کا پُر گوشت ہونا مردوں کے لئے محمود ہے، یہ قوت وشجاعت کی علامت ہے، اور عورتوں کے لئے مذموم ہے...... اور سر بڑا سردار کا ہوتا ہے۔

لغات: الشَّثْن: موٹا، شَثَنَتْ كفُّه: ہتھیلی کا موٹا اور پُر گوشت ہونا...... شَثْن سے پہلے اگر ھو پوشیدہ ہے تو اس کی خبر ہے، اور مرفوع ہے۔ اور اگر کان پوشیدہ ہے، تو اس کی خبر ہے، اور منصوب ہے، اسی طرح بعد کے جملوں میں...... الكُرْدُوْس: ہر دو ہڈیاں جو ایک جوڑ پر اکٹھا ہوں، جیسے مونڈھے، گھٹنے، اور کولہے کی ہڈیاں، جمع الكراديس...... المَسْرُبة: سینہ سے ناف تک باریک بال، بالوں کی لکیر، دھاری...... تكفأ في مشيته: اتراتے ہوئے چلنا، جھومتے اور ہلتے ہوئے چلنا، تکفیا: مفعول مطلق نوعیت کے لئے ہے، یعنی ذرا ہلتے ہوئے چلتے تھے...... الصَّبَب: ڈھلان، ڈھال، اتار۔ اور من بمعنی فی ہے، شمائل (حدیث۶) میں فی صَبَب ہے۔

[-۱۸] بابٌ

[-۳۶۶۶] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، نَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: لَمْ يَكُنِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِالطَّوِيْلِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، ضَخْمُ الرَّأْسِ، ضَخْمُ الْكَرَادِيْسِ، طَوِيْلُ الْمَسْرُبَةِ، إِذَا مَشَا: تَكَفَّأَ تَكَفِّيًا، كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ، لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ، صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ، بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

بابٌ

(د) حضرت علیؓ نے آپؐ کے احوال تفصیل سے بیان کئے ہیں

چوتھی حدیث: ابراہیم (محمد بن الحنفیہ کے صاحبزادے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پوتے) کہتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے حالات بیان کرتے تو کہتے: آپؐ نہ کھینچے ہوئے لمبے تھے، اور نہ ایسے ٹھگنے تھے کہ بعض اعضاء بعض میں گھسے ہوئے معلوم ہوں، بلکہ آپؐ میانہ قد لوگوں میں سے تھے —— اور آپؐ کے بال نہ بالکل پیچیدہ تھے، نہ بالکل سیدھے تھے، بلکہ تھوڑی سی پیچیدگی لئے ہوئے تھے —— آپؐ نہ موٹے بدن کے تھے، نہ گول چہرے والے، البتہ آپؐ کے چہرے میں تھوڑی سی گولائی تھی —— آپؐ کا رنگ سفید سرخی مائل تھا —— آپؐ کی آنکھیں نہایت سیاہ تھیں —— آپؐ کی پلکیں دراز تھیں —— آپؐ کے جوڑوں کے ملنے کی ہڈیاں اور شانے پُر گوشت تھے —— آپؐ کے بدن پر (معمول کے علاوہ) بال نہیں تھے (بعض لوگوں کے بدن پر بال زیادہ ہوتے ہیں، آپؐ کے بدن پر خاص حصوں (بازو پنڈلیوں) کے علاوہ کہیں بال نہیں تھے) —— آپؐ کے سینہ سے ناف تک بالوں کی لکیر تھی —— آپؐ کے ہاتھ اور پیر پُر گوشت تھے —— جب آپ چلتے تو پیروں کو قوت سے اٹھاتے تھے، گویا آپؐ نشیب میں

اتر رہے ہیں ـــــ جب آپؐ کسی کی طرف متوجہ ہوتے تو پورے بدن سے متوجہ ہوتے (صرف گردن پھیر کر نہیں دیکھتے تھے، اس سے لاپرواہی ظاہر ہوتی ہے) ـــــ آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی، اور آپ سلسلۂ نبوت کو مکمل کرنے والے تھے ـــــ آپؐ سب لوگوں سے زیادہ سخی دل تھے ـــــ اور سب سے زیادہ سچی زبان والے تھے ـــــ اور سب سے زیادہ نرم طبیعت تھے ـــــ اور سب سے زیادہ شریف خاندان کے تھے ـــــ جو آپؐ کو یکا یک دیکھتا مرعوب ہو جاتا، اور جو آپؐ کو پہچان کر ملتا: وہ آپؐ سے محبت کرتا ـــــ اور آپ کا حلیہ بیان کرنے والا یہی کہے گا: میں نے آپؐ سے پہلے اور آپؐ کے بعد آپ جیسا نہیں دیکھا، آپ پر بے پایاں رحمتیں اور سلامتی نازل ہو! (یہ حدیث منقطع ہے، ابراہیم کی اپنے دادا حضرت علیؓ سے ملاقات نہیں ہوئی، اور یہ حدیث شمائل (حدیث ٦) میں آئے گی)

[١٩-] بابٌ

[٣٦٦٧-] حدثنا أَبُوْ جَعْفَرٍ: مُحمدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِيْ حَلِيْمَةَ: مِنْ قَصْرِ الْأَحْنَفِ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالُوْا: نَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: مَوْلَى غُفْرَةَ، ثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحمدٍ: مِنْ وَلَدِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ إِذَا وَصَفَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْمُمَّغِطِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ الْمُتَرَدِّدِ، وَكَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ، وَلَمْ يَكُنْ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبِطِ، كَانَ جَعْدًا رَجِلاً، وَلَمْ يَكُنْ بِالْمُطَهَّمِ، وَلاَ بِالْمُكَلْثَمِ، وَكَانَ فِي الْوَجْهِ تَدْوِيْرٌ، أَبْيَضُ مُشْرَبٌ، أَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ، أَهْدَبُ الْأَشْفَارِ، جَلِيْلُ الْمُشَاشِ وَالْكَتِدِ، أَجْرَدُ، ذُوْ مَسْرُبَةٍ، شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، إِذَا مَشَى تَقَلَّعَ كَأَنَّمَا يَمْشِيْ فِيْ صَبَبٍ، وَإِذَا الْتَفَتَ الْتَفَتَ مَعًا، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، وَهُوَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ، أَجْوَدُ النَّاسِ صَدْرًا، وَأَصْدَقَ النَّاسِ لَهْجَةً، وَأَلْيَنُهُمْ عَرِيْكَةً، وَأَكْرَمُهُمْ عِشْرَةً، مَنْ رَآهُ بَدِيْهَةً هَابَهُ، وَمَنْ خَالَطَهُ مَعْرِفَةً أَحَبَّهُ، يَقُوْلُ نَاعِتُهُ: لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ صلى الله عليه وسلم.

هٰذَا حديثٌ لَيْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، قَالَ أَبُوْ جَعْفَرٍ: سَمِعْتُ الْأَصْمَعِيَّ، يَقُوْلُ فِيْ تَفْسِيْرِ صِفَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:

[١-] الْمُمَّغِطُ: الذَّاهِبُ طُوْلاً، قال: وَسَمِعْتُ أَعْرَابِيًا، يَقُوْلُ فِيْ كَلاَمِهِ: تَمَغَّطَ فِيْ نُشَّابَتِهِ: أي مَدَّهَا مَدًّا شَدِيْدًا.

[٢-] وَأَمَّا الْمُتَرَدِّدُ: فَالدَّاخِلُ بَعْضُهُ فِيْ بَعْضٍ قِصَرًا.

[٣-] وَأَمَّا الْقَطَطُ: فَالشَّدِيْدُ الْجُعُوْدَةِ.

[٤-] وَالرَّجِلُ: الَّذِيْ فِي شَعْرِهِ حُجُوْنَةٌ: أي يَنْحَنِيْ قَلِيْلاً.

[٥-] وَأَمَّا المُطَهَّمُ: فالبادِنُ الكَثِيْرُ اللَّحْمِ.

[٦-] أَمَا المُكُلْثَمُ: المُدَوَّرُ الْوَجْهِ.

[٧-] وَأَمَّا المُشْرَبُ: فَهُوَ الَّذِي فِيْ بَيَاضِهِ حُمْرَةٌ.

[٨-] وَالأَدْعَجُ: الشَّدِيْدُ سَوَادِ العَيْنِ.

[٩-] وَالأَهْدَبُ: الطَّوِيْلُ الأَشْفَارِ.

[١٠-] وَالْكَتِدُ: مُجْتَمَعُ الْكَتِفَيْنِ، وَهُوَ الْكَاهِلُ.

[١١-] وَالْمَسْرُبَةُ: هُوَ الشَّعْرُ الدَّقِيْقُ الَّذِىْ هُوَ كَأَنَّهُ قَضِيْبٌ، مِنَ الصَّدْرِ إِلَى السُّرَّةِ.

[١٢-] والشَّثْنُ: الغَلِيْظُ الأَصابعِ: مِنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ.

[١٣-] وَالتَّقَلُّعُ: أَنْ يَمْشِيَ بِقُوَّةٍ.

[١٤-] وَالصَّبَبُ: الحَدُوْرُ، تَقُوْلُ: انْحَدَرْنَا مِنْ صَبُوْبٍ وَصَبَبٍ.

[١٥-] وَقَوْلُهُ: جَلِيْلُ الْمُشَاشِ: يُرِيْدُ رُؤُسَ الْمَنَاكِبِ.

[١٦-] وَالْعِشْرَةُ: الصُّحْبَةُ، وَالْعَشِيْرُ: الصَّاحِبُ.

[١٧-] وَالْبَدِيْهَةُ: المُفَاجَأَةُ، يَقُوْلُ: بَدَهْتُهُ بِأَمْرٍ: أَىْ فَجِئْتُهُ.

حل لغات:

۱-مُمَّغِطْ: بہت لمبا، اصمعی رحمہ اللہ نے ایک اعرابی سے دورانِ کلام سنا: تَمَغَّط فی نُشَّابته: کمان میں تیر ڈال کر بہت کھینچا......نُشَّابة: تیر، جمع نَشَاشِیْب...... مَغَطَ (ف) الشیئَ مَغْطًا: لمبا کرنے کے لئے کھینچنا......تَمَغَّطَ: کے بھی یہی معنی ہیں۔

۲-المُتَرَدِّد: اسم فاعل: اتنا ٹھگنا کہ بعض اعضاء بعض میں گھسے ہوئے معلوم ہوں۔ تَرَدَّدَ: لوٹنا، واپس ہونا، بار بار لوٹنا۔

۳-الجَعْد: گھونگھریالے، سکڑے ہوئے بال......القَطَط: چھوٹے گھونگھریالے بال، قَطَّ الشَّعْرُ: بالوں کا چھوٹا اور گھونگھریالا ہونا القَطَطْ: الجَعْد کے معنی میں مبالغہ ہے، أى الشديد الجُعُوْدة: انتہائی درجہ کے چھوٹے گھونگھریالے۔

۴-رَجِلَ (س) الشَّعْرُ: بالوں کا قدرے گھونگھریالا ہونا، فهو رَجِلٌ وَرَجَلٌ، جمع أَرْجال...... حَجِنَ (س) الشَّعْرُ: بالوں کا گھونگھریالا ہونا۔ رَجِل: وہ شخص جس کے بالوں میں تھوڑا گھونگھریالا پن ہو، یعنی قدرے مڑے ہوئے ہوں (سبوطة اور جعودة کے درمیان)

۵-المُطَهَّم: بہت موٹا، طَهَّمَ الشیئَ: موٹا بھاری ہونا، البادن: موٹے بدن کا۔

۶-اَلْمُكَلْثَم: گول چہرہ، كَلْثَم وجْهُه: چہرے کے گوشت کا سمٹ جانا، الكلثوم: چہرے اور رخسار پر گوشت چڑھا ہوا۔

۷-المُشْرَب: اسم مفعول، پلایا ہوا، أشرب فلانا: پلانا، سیراب کرنا، اور مشرب: وہ شخص ہے جس کی سفیدی میں سرخی خوب ملادی گئی ہو۔

۸-أَدْعَج: سخت سیاہ آنکھ کی پتلی والا، دَعِجَتِ (س) العینُ: آنکھ کا بہت سیاہ وسفید ہونا، یعنی پتلی بہت زیادہ سیاہ ہو، اور باقی سفید حصہ بہت سفید ہو۔

۹-أَهْدَب: لمبی پلکوں والا، جمع هُدْب، الهُدْب: پلک، آنکھ کے پردے کے بال......الشَّفِیْر: پلک کی جڑ، جمع أشفار۔

۱۰-الکَتِد: کندھوں کے درمیان کا حصہ، اس کے لئے دوسرا لفظ الکاهل ہے۔

۱۱- المَسْرُبَة: سینہ سے ناف تک کے باریک بال، گویا وہ چھڑی ہیں۔

۱۲-الشَّثْن: ہتھیلیوں اور پیروں کی انگلیوں کا موٹا ہونا، شَثْنَتْ کَفُّه: ہتھیلی کا موٹا اور پر گوشت ہونا۔

۱۳- التَّقَلُّع: آگے کی طرف جھکتے ہوئے چلنا، جیسے اوپر سے دباؤ کے ساتھ آرہا ہو، دوسرے معنی: اکڑ جانا یعنی قوت سے پیر اٹھانا۔

۱۴-الصَّبَبَ و الصَّبُوْب: ڈھلان، انحدرنا من صَبُوْب اور من صَبَب: ڈھلان میں اترنا، نشیب میں اترنا۔

۱۵-المُشَاشَة: مونڈھے کی ابھری ہوئی ہڈی، جمع: مُشَاش......جلیل: عظیم یعنی مونڈھوں کے سرے موٹے تھے۔

۱۶-العِشْرَة: صحبت، اختلاط، آپس داری......العَشِیْر: ہم صحبت، میل جول رکھنے والا (میاں بیوی) جمع عُشراء۔

۱۷-البَدَاهة و البدیهة: اچانک پیش آنے والا معاملہ، برجستگی، بے ساختگی، بَدَهَه بأمر: اچانک کوئی چیز سامنے لے آنا۔

۱۸-وَلَد اور وُلْد: دونوں صحیح ہیں......امام ترمذیؒ کے استاذ ابو جعفر کی کنیت القَصْرِیْ تھی، وہ قصر احنف میں رہتے تھے۔

بابٌ

(۵) آپؐ صاف واضح گفتگو فرماتے تھے

پانچویں حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ کی گفتگو آپ لوگوں کی طرح لگاتار (جلدی جلدی) نہیں ہوتی تھی، بلکہ آپؐ واضح صاف گفتگو فرمایا کرتے تھے، تاکہ آپؐ کے پاس بیٹھنے والا اچھی طرح سے بات محفوظ کرلے۔

تصحیح: حدیث میں: یُبَیِّنُه فَصْلٌ تھا، اور اس عبارت کا ترجمہ ہے: کلام کو واضح کرتا تھا فصل یعنی آپ ٹھہر ٹھہر کر گفتگو فرماتے تھے، مگر یہ حدیث شمائل (حدیث ۲۱۵) میں اسی سند سے آرہی ہے، وہاں بکلامٍ بَیِّنٍ فصلٍ ہے، میں نے وہاں سے کتاب میں تصحیح کی ہے۔

[۲۰-] بابٌ

[۳۶۶۸-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، نَا حُمَيْدُ بْنُ الأَسْوَدِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَسْرُدُ سَرْدَكُمْ هٰذَا، وَلٰكِنَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ بَيِّنٍ فَصْلٍ، يَحْفَظُهُ مَنْ جَلَسَ إِلَيْهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الزُّهْرِيِّ، وَقَدْ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ.

لغت: سَرَدَ (ن) الشيئَ سَرْدًا: جاری رکھنا، لگا تار کرنا، جیسے دورے میں مسلسل عبارت پڑھنا 'سرد' کہلاتا ہے۔

بابٌ

(و) آپؐ کبھی کلام کو تین مرتبہ دوہراتے تھے

چھٹی حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ (کبھی) کلام کو تین مرتبہ دوہراتے تھے، تاکہ آپ کی بات اچھی طرح سمجھ لی جائے (یہ حدیث شمائل (حدیث ۲۱۶) میں اسی سند سے ہے)

تشریح: اگر مضمون مشکل ہوتا، غور وتدبر کی ضرورت ہوتی، یا مجمع زیادہ ہوتا یا کسی بات پر زور دینا ہوتا یا اس کی اہمیت ظاہر کرنی ہوتی تو آپؐ تینوں جانب متوجہ ہوکر مضمون بیان فرمایا کرتے تھے، تاکہ مجمع اچھی طرح بات سمجھ لے، اور تین مرتبہ غایت اکثر یہ ہے، اگر دومرتبہ کافی ہوجاتا تو دومرتبہ فرماتے۔

[۲۱-] بابٌ

[۳۶۶۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيَى، نَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ، سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُعِيْدُ الْكَلِمَةَ ثَلَاثًا، لِتُعْقَلَ عَنْهُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنَّى.

بابٌ

(ز) آپؐ مسکراتے تھے، ہنستے کم تھے

ساتویں حدیث: عبداللہ بن الحارث رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے زیادہ مسکرانے والا کوئی شخص نہیں دیکھا (اس حدیث کی سند میں عبداللہ بن لہیعہ ہیں، جن میں ضعف ہے، اس لئے غریب بمعنی ضعیف ہے، اور

دوسری سند سے جو یزید کی ہے: حدیث اس طرح ہے:)

آٹھویں حدیث: حضرت عبد اللہ بن الحارث کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ہنسنا نہیں تھا مگر مسکرانا یعنی آپؐ بس مسکراتے تھے، ہنستے بہت کم تھے (یہ حدیث صحیح ہے، آپؐ کا ہنسنا عام طور پر بس مسکرانا ہوتا ہے، اور گذشتہ حدیث صحیح نہیں کہ آپؐ ہروقت مسکراتے رہتے تھے، اور یہ مضمون آگے (حدیث ۳۶۷۴ میں) آرہا ہے)

تصحیح: کتاب میں دوسری حدیث کے شروع میں حدثنا کے بعد بذلك تھا، جو میں نے حذف کیا ہے، کیونکہ یہ حدیثیں شمائل (۲۱۹و۲۲۰) میں آرہی ہیں، وہاں بذلك نہیں ہے، اور امام ترمذی بذلك وہاں لاتے ہیں: جہاں آدھی سند پہلے آئی ہو، اور آدھی بعد میں۔ اور یہاں دوسری سند پوری لکھی ہے، اس لئے بذلك کی ضرورت نہیں۔

[۲۲-] بابٌ

[۳۶۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِىَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ، مِثْلُ هٰذَا.

[۳۶۷۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الخَلاَّلُ، نا يَحْيىَ بْنُ إِسْحَاقَ نا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ، قَالَ: مَاكَانَ ضَحِكُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ تَبَسُّمًا.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ، إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابُ ماجاءَ فِی خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

۱۶-مہر نبوت کا بیان

نویں حدیث: حضرت سائب بن یزید کہتے ہیں: میری خالہ مجھے نبی ﷺ کی خدمت میں لے گئیں، اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے اس بھانجے کے سر اور پیٹ میں درد ہے، پس آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا، اور میرے لئے برکت کی دعا فرمائی، پھر آپؐ نے وضوء فرمائی، تو میں نے آپؐ کا وضوء کا بچا ہوا پانی پیا، پھر میں آپؐ کی پیٹھ کے پیچھے کھڑا ہوا، تو میں نے آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی، پس اچانک وہ دلہن کے کمرے کی گھونڈی کے مانند تھی (شمائل حدیث ۱۵)

دسویں حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی مہر یعنی مہر نبوت جو دونوں مونڈوں کے درمیان تھی: وہ کبوتر کے انڈے کے مانند گوشت کا سرخ ابھرا ہوا حصہ تھی (شمائل حدیث ۱۶)

تشریح: مہر نبوت بھی حالاتِ نبوی کے ذیل میں آتی ہے، مگر چونکہ حدیثوں میں ایک ہی مضمون تھا، اس لئے

باب قائم کرنا آسان تھا: چنانچہ قائم کردیا —— مہر نبوت: علاماتِ نبوی میں سے تھی، اور ولادت کے وقت ہی سے تھی، اور وفات کے وقت غائب ہوگئی تھی، اور اس پر کچھ لکھا ہوا نہیں تھا، اور جن روایتوں میں کچھ لکھا ہوا ہونا منقول ہے: وہ روایات درجۂ ثبوت کو نہیں پہنچی —— اور مہر نبوت کی مقدار اور رنگ میں روایتیں مختلف ہیں، کیونکہ یہ تشبیہات ہیں، اور ہر شخص کی تشبیہ اس کے ذہن کے موافق ہوتی ہے، اس لئے اختلاف ناگزیر ہے۔

لغات: الوَجع: ہر قسم کی تکلیف، دکھ درد، جمع أوجاع، چونکہ حضرت سائب کے سر پر نبی ﷺ نے ہاتھ پھیرا تھا، اور وضوء کا پانی پلایا تھا: اس لئے میں نے یہ سمجھا ہے کہ درد: سر اور پیٹ میں ہوگا۔ واللہ اعلم ...... الزِّرّ: بٹن، گھنڈی ...... الحَجلة: گنبد نما کپڑوں سے آراستہ کیا ہوا دولہن کا کمرہ، گھر کے اندر دلہن کے لئے لگایا ہوا پردہ...... اس کا ترجمہ: چکور بھی کیا گیا ہے، یہ کبوتر جیسا ایک پرندہ ہے، جس کے پیر اور چونچ سرخ ہوتی ہے، اور اس کا گوشت عمدہ ہوتا ہے، اس صورت میں زِرّ کا ترجمہ: 'انڈا' کیا جائے گا۔

[۲۳-] بابُ ماجاءَ فِي خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

[۳۶۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الجَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ ابْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ وَجِعٌ، فَمَسَحَ بِرَأْسِيْ، وَدَعَا لِيْ بِالْبَرَكَةِ، وَتَوَضَّأَ، فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، فَقُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْخَاتَمِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَإِذَا هُوَ مِثْلُ زِرِّ الحَجَلَةِ.

وفى الباب: عَنْ سَلْمَانَ، وَقُرَّةَ بْنِ إِيَاسٍ الْمُزَنِيِّ، وَجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، وَأَبِيْ رِمْثَةَ، وَبُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسٍ، وَعَمْرِو بْنِ أَخْطَبَ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۶۷۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ، نَا أَيُّوْبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ خَاتَمُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم - يَعْنِيْ الَّذِيْ بَيْنَ كَتِفَيْهِ - غُدَّةٌ حَمْرَاءُ مِثْلُ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

(ح) آپ ﷺ کی آنکھیں سرمگیں تھیں

گیارہویں حدیث: حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی پنڈلیوں میں پتلا پن تھا، اور آپ ﷺ کا ہنسنا بس مسکرانا ہوتا تھا (اس کا ذکر حدیث ۳۶۷۱ میں آ گیا ہے) اور میں جب آپ ﷺ کی طرف دیکھتا تو (دل میں) کہتا: آپ ﷺ

کی آنکھیں سرمگیں ہیں یعنی آپؐ نے سرمہ لگا رکھا ہے، حالانکہ آپؐ نے سرمہ نہیں لگایا ہوتا تھا (بلکہ فطری طور پر آنکھیں سرمگیں تھیں) آپؐ پر بے پایاں رحمتیں اور سلامتی نازل ہو!

لغت: حَمُش (ک) حَمَاشَةً وَحُمُوْشَة: ٹانگوں کا پتلا ہونا...... كَحِلَ (س) الرجلُ: سرمگیں آنکھوں والا ہونا، فهو أَكْحَل، وهي كَحْلاَء۔

[۲٤-] بابٌ

[۳٦۷٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، نَا الْحَجَّاجُ: هُوَ ابْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ فِيْ سَاقَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حُمُوْشَةٌ، وَكَانَ لَايَضْحَكُ إِلَّا تَبَسُّمًا، وَكُنْتُ إِذَا نَظَرْتُ إِلَيْهِ، قُلْتُ: أَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ، وَلَيْسَ بِأَكْحَلَ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابٌ

(ط) دہن مبارک، آنکھوں اور ایڑیوں کا حال

بارہویں حدیث: حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ فراخ دہن تھے، آنکھوں کی سفیدی میں سرخی ملی ہوئی تھی، اور ایڑیوں پر گوشت بہت کم تھا (اس حدیث کی پہلی سند ابو قَطن عمرو بن الہیثم کی ہے، ان کی روایت میں الفاظ کی تشریح نہیں ہے، اور دوسری سند محمد بن جعفر کی ہے، ان کی روایت میں الفاظ کی وضاحت ہے، اس دوسری سند سے حدیث شمائل (حدیث ۸) میں ہے)

لغات: الضَّلِيع: کشادہ دہن، ضَلُع (ک) فَمُه: منہ چوڑا ہونا (عربوں کے نزدیک مردوں کے لئے یہ چیز پسندیدہ ہے)...... الأَشْكَل: وہ شخص جس کی آنکھ کی سفیدی میں سرخی ملی ہوئی ہو، شَكِلَ (س) اللونُ: رنگ کا مخلوط ہونا، دوسرا رنگ مل جانا۔ شَكِلَتِ العين: آنکھ کی سفیدی میں سرخی مل جانا —— اور سماک بن حرب نے جو معنی کئے ہیں: وہ لغت کے خلاف ہیں، انھوں نے أشکل کے معنی کئے ہیں: آنکھوں کی پھٹن کا لمبا ہونا یعنی فراخ چشم ہونا: یہ معنی صحیح نہیں ...... المَنْهُوْس: دبلا آدمی، رجلٌ منهوس العَقِب: ایڑیوں پر گوشت کم ہونا، نَهَسَ (ف) اللحمَ: کھانے کے لئے دانتوں سے گوشت نوچنا۔

[۲۵-] بابٌ

[۳٦۷۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا أَبُوْ قَطَنٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ،

قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَلِيْعَ الفَمِ، أَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ، مَنْهُوْسَ الْعَقِبِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳٦٧٦-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى: مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَاشُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَلِيْعَ الفَمِ، أَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ، مَنْهُوْسَ الْعَقِبِ.

قَالَ شُعْبَةُ: قُلْتُ لِسِمَاكٍ: مَا ضَلِيْعُ الفَمِ؟ قَالَ: وَاسِعُ الْفَمِ،قُلْتُ: مَا أَشْكَلُ الْعَيْنَيْنِ؟ قَالَ: طَوِيْلُ شِقِّ الْعَيْنِ، قُلْتُ: مَامَنْهُوْسُ الْعَقِبِ؟ قَالَ: قَلِيْلُ اللَّحْمِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

(ی) آپ ﷺ تیز رفتار تھے

تیرہویں حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی، گویا سورج آپؐ کے چہرے میں رواں تھا، یعنی رخ انور میں غایت درجہ چمک دمک تھی۔اور میں نے اپنی چال میں رسول اللہ ﷺ سے تیز رفتار کسی کو نہیں دیکھا، گویا زمین آپ کے لئے لپیٹی جاتی تھی، بیشک ہم خود کو (آپؐ کے ساتھ چلتے ہوئے) تھکا دیتے تھے، اور آپ تیز رفتار نہیں چل رہے ہوتے تھے، بلکہ اپنی معمولی رفتار سے چلتے تھے (یہ حدیث شمائل (حدیث ۱۱۸) میں ہے)

لغت: مُكْتَرِث: اسم فاعل: اِكْتِرَاث پرواہ کرنا (اس معنی میں نفی کے ساتھ ہی استعمال ہوتا ہے) ما أكترِثُ له: مجھے اس کی پرواہ نہیں، غیرُ مكترث: پرواہ کرنے والے اور تیز چلنے کا اہتمام کرنے والے نہیں تھے۔

[۲٦-] بابٌ

[۳٦٧٧-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ أَبِيْ يُوْنُسَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ شَيْئًا أَحْسَنَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، كَأَنَّ الشَّمْسَ تَجْرِيْ فِيْ وَجْهِهِ، وَمَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَسْرَعَ فِيْ مِشْيَتِهِ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَأَنَّمَا الْأَرْضُ تُطْوَى لَهُ، إِنَّا لَنُجْهِدُ أَنْفُسَنَا، وَإِنَّهُ لَغَيْرُ مُكْتَرِثٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

بابٌ

(ک) آپ ﷺ ابراہیم علیہ السلام سے بہت زیادہ مشابہ تھے

چودہویں حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (معراج میں یا خواب میں) میرے سامنے انبیاء پیش کئے گئے،

یعنی دکھلائے گئے، پس اچانک موسیٰ علیہ السلام ہلکے بدن کے تھے، گویا وہ (یمن کے) قبیلۂ شنوءہ کے لوگوں میں سے ہیں۔ اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان کے ساتھ مشابہت کے اعتبار سے قریب تر عمرو بن مسعود ہے۔ اور میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان کے ساتھ مشابہت کے اعتبار سے قریب تر تمہارے ساتھی ہیں، آپؐ خود کو مراد لے رہے ہیں۔ اور میں نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان سے قریب تر دحیہ کلبی ہیں (یہ روایت شمائل (حدیث ۱۲) میں اور مسلم کتاب الایمان میں ہے)

لغات وترکیب: رجلٌ ضربٌ: چھریرے بدن کا قد آور آدمی...... أقرب: اسم تفضیل: مضاف: الناس: مضاف الیہ، من رأیتُ أی ممن رأیت: الناس کی صفت، به أقرب سے متعلق، شَبَهًا: تمیز، عروۃ: خبر...... أقرب من رأیت میں أقرب مابعد کی طرف مضاف ہے۔

تشریح: احوالِ نبوی میں اس روایت کو لانے کا مقصد یہ بتانا ہے کہ آپ ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بہت زیادہ مشابہ تھے۔

[۲۷-] بابٌ

[۳۶۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "عُرِضَ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ، فَإِذَا مُوْسَى ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شُنُوْءَ ةَ، وَرَأَيْتُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ، فَإِذَا أَقْرَبُ النَّاسِ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا: عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ، فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا: صَاحِبُكُمْ، يَعْنِي نَفْسَهُ، وَرَأَيْتُ جِبْرَئِيْلَ، فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا: دِحْيَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

بابُ ماجاءَ فِي سِنِّ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَابْنُ كَمْ كَانَ حِيْنَ مَاتَ؟

۱۷- نبی ﷺ کی وفات کے وقت عمر کتنی تھی؟

روایات مختلف ہیں کہ بوقتِ وفات عمر مبارک کتنی تھی؟ دغفل (بروزن جعفر) بن حنظلہ (جو صحابی نہیں) بیان کرتے ہیں کہ آپؐ کی وفات ۶۵ سال کی عمر میں ہوئی (یہ روایت شمائل (حدیث ۳۶۵) میں ہے) یہی بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے (ابن عباسؓ کی یہ روایت امام ترمذیؒ نے دوسندوں سے ذکر کی ہے) ——— اور حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ساٹھ سال کی عمر میں وفات ہوئی (یہ روایت شمائل میں دوجگہ آئی ہے،

پہلی حدیث اور حدیث ۳۶۷۷) ـــــ اور حضرت عائشہ، حضرت معاویہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں کہ عمر مبارک تریسٹھ سال تھی (تینوں کی روایتیں یہاں بھی ہیں، اور شمائل میں بھی ہیں)

پس اکثر رُوات کا قول لینا چاہئے کہ عمر مبارک ۶۳ سال ہوئی ہے، اور ساٹھ والے قول کی توجیہ یہ ہے کہ اس میں کسر چھوڑ دی ہے، اور ۶۵ والے قول کی توجیہ یہ ہے کہ اس میں شروع اور آخر کے ناقص سالوں کو پورا شمار کرلیا ہے۔

پندرہویں حدیث (نمبر۳۶۷۹): ابن عباسؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ کی عمر ۶۵ سال تھی (یہ اسماعیل بن علیہ کی روایت ہے خالد حذاء سے، وہ ابوعمر عمار بن ابی عمار مولیٰ بنی ہاشم سے روایت کرتے ہیں، اور عمار: حضرت ابن عباسؓ سے)

سولہویں حدیث (نمبر۳۶۸۰): بھی یہی ہے کہ بوقتِ وفات عمر مبارک ۶۵ سال تھی (یہ بشر بن المفضل کی روایت ہے، خالد حذاء سے الی آخرہ، یہ روایت بھی عمار کی ہے)

سترہویں حدیث (نمبر۳۶۸۱): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مکہ میں تیرہ سال قیام فرمایا یعنی آپؐ کی طرف وحی کی جاتی تھی، یعنی یہ تیرہ سال نبوت کے بعد کے ہیں، اور آپؐ کی فات ہوئی درانحالیکہ آپؐ ۶۳ سال کے تھے (یہ عمرو بن دینار کی روایت ہے حضرت ابن عباسؓ سے)

اٹھارہویں حدیث (نمبر۳۶۸۲): حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے تقریر میں بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ کی عمر ۶۳ سال تھی، اور اتنی ہی عمر میں حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے وفات پائی، اور اس وقت میری عمر (حضرت معاویہ کی عمر) بھی ۶۳ سال ہے (حضرت معاویہؓ اس کے بعد کئی سال تک زندہ رہے)

انیسویں حدیث (نمبر۳۶۸۳): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپ کی عمر ۶۳ سال تھی۔

[۲۸-] بابُ ماجاءَ فِی سِنِّ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَابْنُ کَمْ کَانَ حِیْنَ مَاتَ؟

[۳۶۷۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ، وَیَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ، قَالاَ: نَا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ عُلَیَّةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، قَالَ: ثَنِیْ عَمَّارٌ: مَوْلَی بَنِیْ هَاشِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ یَقُوْلُ: تُوُفِّیَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّیْنَ.

[۳۶۸۰-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَهْضَمِیُّ، نَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، نَا عَمَّارٌ: مَوْلَی بَنِیْ هَاشِمٍ، نَا ابْنُ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم تُوُفِّیَ، وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّیْنَ، هٰذَا حدیثٌ

حسنُ الإِسْنَادِ صحيحٌ.

[٢٩-] بابٌ

[٣٦٨١-]حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، نَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَكَثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً، يَعْنِيْ يُوْحىٰ إِلَيْهِ، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ.

وفي الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَدَغْفَلِ بْنِ حَنْظَلَةَ، وَلاَ يَصِحُّ لِدَغْفَلٍ سَمَاعٌ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ ابنِ عَبَّاسٍ حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ.

[٣٠-] بابٌ

[٣٦٨٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُهُ يَخْطُبُ، يَقُوْلُ: مَاتَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَأَنَا ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣١-] بابٌ

[٣٦٨٣-] حدثنا العَبَّاسُ العَنْبَرِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْبَصْرِيُّ، قَالاَ: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أُخْبِرْتُ عَنْ ابنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَقَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ فِيْ حَدِيْثِهِ: ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ ابْنُ أَخِيْ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَ هٰذَا.



فضائل صحابہ رضی اللہ عنہم

احادیث میں صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل وارد ہوئے ہیں، ان کی چند بنیادیں ہیں:

پہلی بنیاد: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی کی ایسی قلبی کیفیت پر مطلع ہوں جو دخولِ جنت کا باعث ہو، جیسے:

۱- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''آپؓ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں جو تکبر کی بنا پر ایسا کرتے ہیں'' (رواہ البخاری، مشکوۃ حدیث ۴۳۶۹) یعنی تہبند گھسیٹتے ہیں۔

۲- اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی جانی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اُن کمالات وخصائل حمیدہ کی تکمیل کر لی ہے جن کی وجہ سے ان کے لئے جنت کے سبھی باب وَا ہوجائیں گے، چنانچہ آپؐ نے فرمایا: ''میں امید کرتا ہوں کہ آپؓ انہی لوگوں میں سے ہیں!'' (مشکوۃ حدیث ۱۸۹۰) یعنی آپؓ ان لوگوں میں سے ہیں جن کو جنت کے سبھی دروازوں سے پکارا جائے گا (رحمۃ اللہ ۴: ۱۴۶)

۳- اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''شیطان تمہیں جس راستہ پر چلتا ہوا دیکھتا ہے: وہ تمہاری راہ چھوڑ کر دوسری راہ اختیار کر لیتا ہے!'' (متفق علیہ، مشکوۃ حدیث ۶۰۲۷)

۴- اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بھی فرمایا کہ ''اگر میری امت میں کوئی مُحدَّث (ملہم) ہے تو وہ عمر ہیں (متفق علیہ، مشکوۃ حدیث ۶۰۲۶)

دوسری بنیاد: خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم دیکھیں، یا آپؐ کے دل میں یہ بات ڈالی جائے کہ فلاں شخص دین میں راسخ القدم ہے، جیسے:

۱- آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ جنت میں آپؐ کے آگے چل رہے ہیں۔ (رحمۃ اللہ ۳: ۵۲۱)

۲- اور آپؐ نے جنت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا محل دیکھا (مشکوۃ حدیث ۶۰۲۸)

۳- اور خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے لوگ پیش کئے گئے، جنھوں نے کرتے پہن رکھے تھے، کسی کا کرتا چھاتی تک تھا، کسی کا اس سے نیچے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ پیش کئے گئے، انھوں نے اتنا لمبا کرتا پہن رکھا تھا کہ وہ زمین پر گھسٹتا تھا، لوگوں نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''دین!'' (متفق علیہ، مشکوۃ حدیث ۶۰۲۹) یعنی دین میں آپؓ راسخ القدم ہیں۔

۴- اور خواب میں آپ ﷺ کے سامنے دودھ کا پیالہ پیش کیا گیا۔ آپؐ نے خوب چھک کر پیا، اور بچا ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا۔ لوگوں نے پوچھا: اس کی تعبیر کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''علم'' (متفق علیہ، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۳۰) یعنی علم دین میں آپؓ کا مقام بلند ہے۔

تیسری بنیاد: نبی ﷺ کسی سے محبت کریں، یا اس کی تعظیم وتکریم کریں، یا اس کے ساتھ ہمدردی کریں، یا اس نے اسلام کی طرف سبقت کی ہو: تو یہ سب باتیں اس بات کی علامت ہیں کہ اس کا دل ایمان سے لبریز ہے، جیسے:

۱- ایک مرتبہ آپ ﷺ لیٹے ہوئے تھے، پنڈلیاں کھلی تھیں، ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما یکے بعد دیگرے آئے، آپؐ نے اسی حال میں ان کو اجازت دیدی، پھر جب عثمان رضی اللہ عنہ آئے تو آپ بیٹھ گئے، کپڑے درست کر لئے، پھر ان کو اجازت دی (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۶۰۶۰) یہ تکریم کی مثال ہے۔

۲- حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ غزوۂ خندق میں زخمی ہوئے، آپؐ نے ان کی خبر گیری کے لئے ان کا خیمہ مسجدِ نبوی کے پاس لگوایا، یہ ہمدردی کی مثال ہے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم پر اعتماد کیوں ضروری ہے؟

ملتِ اسلامیہ: زمانہ کے طول وعرض میں نقل وتوارث کے ذریعہ ثابت ہوئی ہے۔ یعنی جہاں آئندہ نسل کو دین صحابہ نے پہنچایا ہے: وہیں جزیرۃ العرب سے باہر پوری دنیا میں دین صحابہ نے پہنچایا ہے، پس اگر صحابہ کی توقیر وتعظیم نہیں کی جائے گی، اور ان لوگوں کو قابل اعتماد قرار نہیں دیا جائے گا، جنھوں نے مواقع وحی کو دیکھا ہے، وحی کا مطلب سمجھا ہے، سیرتِ طیبہ کا مشاہدہ کیا ہے، اور ملت کی ہر طرح سے حفاظت کی ہے، نہ اس میں غلو کیا ہے، نہ عمل میں سستی کی ہے، نہ اس کو دوسری ملت کے ساتھ خلط ملط کیا ہے: تو نقل وتوارث سے اعتماد اٹھ جائے گا، اور دین کا استناد ختم ہو جائے گا۔

شیخین افضلِ امت کیوں ہیں؟

امت کے قابل اعتماد لوگ اس پر متفق ہیں کہ شیخین (ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) افضلِ امت ہیں، کیونکہ کار نبوت کے دو بازو ہیں: ایک: اللہ سے دین حاصل کرنا، دوسرا: لوگوں میں اس کو پھیلانا۔ اول میں نبی ﷺ کے ساتھ کوئی شریک نہیں، اور دوم میں حضراتِ شیخین رضی اللہ عنہما: آپؐ کے زمانہ میں بھی، اور آپؐ کے بعد بھی پیش پیش رہے ہیں، اس لئے وہ افضلِ امت ہیں (رحمۃ اللہ ۵:۶۷۵)

فضائل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

اسم گرامی: عبداللہ، کنیت ابوبکر، والد کا نام عثمان، کنیت ابوقُحافہ، لقب صدیق وعتیق، نسبت: تیمی، قرشی، ولادت:

ہجرت سے اکیاون سال پہلے، وفات: ۱۳ہجری مطابق ۵۷۳-۶۳۴عیسوی، ۱۱ہجری میں وفاتِ نبوی کے دن خلیفہ چنے گئے، مدتِ خلافت: دوسال ساڑھے تین ماہ، لقب صدیق: واقعۂ معراج کی تصدیق کرنے کی وجہ سے پڑا، مردوں میں سب سے پہلے آپؓ ایمان لائے، آپؓ نے شراب جاہلیت میں اپنے لئے حرام کرلی تھی، آپؓ کے فضائل بے شمار ہیں۔

۱- دلی دوست بنانے کے قابل ابوبکرؓ ہی ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں ہر دلی دوست سے اس کی دوستی سے بےتعلقی کا اظہار کرتا ہوں، یعنی میرا کوئی ولی دوست نہیں، اور اگر میں کسی کو دلی دوست بناتا تو ابوقحافہ کے لڑکے (ابوبکر رضی اللہ عنہ) کو ضرور دلی دوست بناتا، اور بیشک تمہارے ساتھی یعنی نبی ﷺ اللہ ہی کے دلی دوست ہیں!''

تشریح: یادکرنے کے لئے بہترین الفاظ مسلم شریف (حدیث ۲۳۸۳) کے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ألا! إِنِّی أَبْرَأُ إِلی کل خِلِیْلٍ من خِلِّه، ولو کنتُ مُتَّخِذًا خلیلاً: لاَتَّخَذْتُ أبا بکر خلیلاً، إِنَّ صاحِبَکم خلیلُ الله!

لغات: خِلٌّ اور خلیلٌ مترادف الفاظ ہیں، اسی طرح خِلٌّ اور خُلَّةٌ بھی مترادف الفاظ ہیں، گہرا دوست اور گہری دوستی، قلبی دوست اور قلبی دوستی: اس کے معنی ہیں .... اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خلّت: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا وصف خاص نہیں، آپ ﷺ بھی خلیل اللہ ہیں، اسی طرح نَجِیّ (ہم کلام ہونا) بھی موسیٰ علیہ السلام کا وصف خاص نہیں، نبی ﷺ بھی معراج میں اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہوئے ہیں۔

[۳۲-] مَنَاقِبُ أَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِیْقِ رضی الله عنه

واسْمُهُ: عبدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ، وَلَقَبُهُ عَتِیْقٌ

[۳۶۸۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا الثَّوْرِیُّ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ الأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰه، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' أَبْرَأُ إِلَی کُلِّ خَلِیْلٍ مِنْ خِلِّهِ، وَلَوْ کُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِیْلاً لاَتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِیْ قُحَافَةَ خَلِیْلاً، وَإِنَّ صَاحِبَکُمْ لَخَلِیْلُ اللّٰهِ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، وَأَبِیْ هُرِیرةَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَابْنِ الزُّبَیْرِ.

۲- ابوبکرؓ رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھے!

حدیث (۱): حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''ابوبکرؓ ہمارے سردار، ہم میں افضل، اور ہم میں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کو محبوب تھے!'' (یہی محبوبیت دلیلِ افضلیت ہے، چنانچہ بہ اجماع امت: حضرت ابوبکرؓ افضلِ امت ہیں)

حدیث (۲): عبداللہ بن شقیق نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: نبی ﷺ کے کونسے صحابی رسول اللہ

ﷺ کوزیادہ محبوب تھے؟ انھوں نے کہا: ابوبکر! میں نے کہا: پھرکون؟ انھوں نے کہا: عمر، میں نے کہا: پھرکون؟ انھوں نے فرمایا: پھرابوعبیدۃ، عبداللہ کہتے ہیں: میں نے کہا؟ پھرکون؟ تو حضرت عائشہ خاموش ہوگئیں (آگے جواب نہیں دیا)

[۳۶۸۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِیْ أُوَيْسٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ هشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ سَيِّدُنَا، وَخَيْرُنَا، وَأَحَبُّنَا إِلٰى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۶۸۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَیُّ أَصْحَابِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: أَبُوْ بَكْرٍ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: عُمَرُ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: فَسَكَتَتْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما جنت میں بلند درجہ والوں سے بھی افضل ہونگے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "(جنت میں) بلند درجات والوں کو وہ لوگ جوان سے (درجات میں) نیچے ہونگے اس طرح دیکھیں گے جس طرح تم آسمان کے کنارے میں طلوع ہونے والے ستارے کو دیکھتے ہو، اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما یقیناً ان (بلند درجات والوں) میں سے ہیں، بلکہ دونوں اور زیادہ افضل ہیں! (أَنْعَمَ فلانٌ: آسودہ اور خوشحال ہونا، مزے میں ہونا)

[۳۶۸۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِیْ حَفْصَةَ، وَالْأَعْمَشِ، وَعَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ صُهْبَانَ، وَابْنِ أَبِیْ لَيْلَى، وَكَثِيْرِ النَّوَّاءِ، كُلُّهِمْ عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ أَهْلَ الدَّرَجَاتِ الْعُلَى لَيَرَاهُمْ مَنْ تَحْتَهُمْ، كَمَا تَرَوْنَ النَّجْمَ الطَّالِعَ فِیْ أُفُقِ السَّمَاءِ، وَإِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ مِنْهُمْ، وَأَنْعَمَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ.

۴-نبی ﷺ پر ابوبکرؓ سے زیادہ جانی ومالی احسان کسی کا نہیں

حدیث (۱): حضرت ابوالمعلّی بن لوزان انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ نے تقریر میں فرمایا: "ایک آدمی کو اس کے پروردگار نے دو باتوں میں اختیار دیا: ۱-وہ دنیا میں جتنی زندگی چاہے گذارے، اور دنیا

میں جو چیز چاہے کھائے۔۲- وہ اپنے رب سے ملاقات کرے (اور وہاں کی نعمتوں سے متمتع ہو) پس اس نے اپنے پروردگار سے ملنے کو پسند کیا!'' —— راوی کہتے ہیں: پس ابوبکرؓ رونے لگے، صحابہ نے کہا: کیا تمہیں تعجب نہیں ہوتا ان حضرت پر! رسول اللہ ﷺ ایک نیک بندے کا تذکرہ کررہے ہیں کہ اس کو اس کے رب نے دنیا کے درمیان اور اس کے رب سے ملنے کے درمیان اختیار دیا، پس اس نے اپنے رب سے ملنے کو ترجیح دی (اس میں رونے کی کیا بات ہے؟) —— راوی کہتے ہیں: پس ابوبکرؓ ان لوگوں سے زیادہ جانتے تھے اس بات کو جو رسول اللہ ﷺ نے فرمائی تھی، چنانچہ ابوبکرؓ نے کہا: بلکہ ہم آپؐ پر اپنے ماں باپ کو قربان کرتے ہیں! یعنی جو افتاد آپؐ پر پڑنے والی ہے وہ ہمارے ماں باپ پر پڑے، اور آپ بچے رہیں، زندہ سلامت رہیں!

پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں میں ابوبکر سے زیادہ کوئی نہیں مجھ پر احسان کرنے والا: ساتھ رہنے میں اور مال خرچ کرنے میں! اور اگر میں کسی کو دلی دوست بناتا تو ابوبکر کو دلی دوست بناتا! مگر قلبی محبت اور ایمانی اخوت! یعنی بس یہی ہے: — یہ بات دو مرتبہ یا تین مرتبہ فرمائی — اور تمہارے ساتھی اللہ ہی کے دلی دوست ہیں (ابوعوانہ سے آخر تک اس حدیث کی یہی سند ہے، اور ضعیف ہے، ابوالمعلی کا لڑکا مجہول ہے، البتہ آئندہ حدیث متفق علیہ ہے)

حدیث (۲): حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے، اور فرمایا: إن عبداً خَيَّرَهُ الله: بين أن يؤتِيَهُ من زهرة الدنيا ماشاء، وبين ما عنده، فَاخْتارَ ما عنده: اللہ تعالیٰ نے اپنے ایک بندے کو دو باتوں میں اختیار دیا: ۱- اللہ تعالیٰ اس کو دنیا کی رونق دیں جتنی وہ چاہے ۲- اور ان نعمتوں کے درمیان جو اللہ کے پاس ہیں، پس اس نے ان نعمتوں کو پسند کیا جو اللہ کے پاس ہیں! پس ابوبکرؓ نے کہا: یا رسول اللہ! ہم آپؐ پر اپنے ماں باپ کو قربان کرتے ہیں!

راوی کہتے ہیں: پس ہمیں حیرت ہوئی، اور لوگوں نے کہا: ان حضرت کو دیکھو، نبی ﷺ خبر دے رہے ہیں ایک بندے کے بارے میں کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا، اس کے درمیان کہ اللہ اس کو دنیا کی رونق دیں جتنی وہ چاہے، اور ان نعمتوں کے درمیان جو اللہ کے پاس ہیں، اور ابوبکرؓ کہتے ہیں: ہم آپؐ پر اپنے ماں باپ کو قربان کرتے ہیں! اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس بندے پر کوئی حادثہ پڑنے والا ہے، حالانکہ آپؐ نے ایسی کوئی بات نہیں فرمائی!

پس نبی ﷺ ہی اختیار دیئے ہوئے تھے، اور ابوبکرؓ ہم میں اس بات کو زیادہ جانتے تھے، یعنی وہ بات کی تہ تک پہنچ گئے تھے، پس نبی ﷺ نے (ڈھارس بندھانے کے لئے) فرمایا: إن من أَمَنِّ الناسِ عَلَيَّ في صحبته وماله أبو بكر: بیشک لوگوں میں زیادہ احسان کرنے والا مجھ پر ساتھ دینے میں اور مال خرچ کرنے میں ابوبکرؓ ہیں: لو كنتُ متخذاً خليلاً لاتَّخذتُ أبا بكر خليلا: اگر میں کسی کو جگری دوست بناتا تو ضرور ابوبکر کو جگری دوست بناتا: لاتُبْقَيَنَّ في المسجدِ خُوْخَةٌ إلا خوخةُ أبي بكر: مسجد نبوی میں ہرگز کوئی کھڑکی باقی نہ رکھی جائے مگر ابوبکر کی

کھڑکی! (کیونکہ ان کوخلیفہ بلافصل ہونا تھا، پس ان کومسجد میں آنے کے لئے کھڑکی کی ضرورت ہوگی) (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[۳۳-] بابٌ

[۳۶۸۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ أَبِي الْمُعَلَّى، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ يَوْمًا، فَقَالَ:" إِنَّ رَجُلاً خَيَّرَهُ رَبُّهُ: بَيْنَ أَن يَعِيْشَ فِي الدُّنْيَا مَاشَاءَ أَنْ يَعِيْشَ، وَيَأْكُلَ فِي الدُّنْيَا مَاشَاءَ أَنْ يَأْكُلَ، وَبَيْنَ لِقَاءِ رَبِّهِ، فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهِ"

قَالَ فَبَكَى أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: أَصْحَابُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَلَا تَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا الشَّيْخِ! إِذْ ذَكَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَجُلاً صَالِحًا، خَيَّرَهُ رَبُّهُ بَيْنَ الدُّنْيَا وَلِقَاءِ رَبِّهِ، فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهِ. قَالَ: فَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ أَعْلَمَهُمْ بِمَا قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بَلْ نَفْدِيْكَ بِآبَائِنَا وَأَمْوَالِنَا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنَ النَّاسِ أَحَدٌ أَمَنَّ إِلَيْنَا فِي صُحْبَتِهِ وَذَاتِ يَدِهِ مِنْ ابْنِ أَبِي قُحَافَةَ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيْلاً، وَلٰكِنْ وُدٌّ وَإِخَاءُ إِيْمَانٍ – مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا – وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ"

وفي الباب: عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ بِإِسْنَادٍ غَيْرِ هٰذَا، وَمَعْنَى قَوْلِهِ:" أَمَنَّ إِلَيْنَا:" يَعْنِي أَمَنَّ عَلَيْنَا.

[۳۶۸۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِي النَّضْرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَلَسَ عَلَى الْمَنْبَرِ، فَقَالَ: "إِنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ: بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَاءَ، وَبَيْنَ مَا عِنْدَهُ، فَاخْتَارَ مَا عِنْدَهُ" فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: فَدَيْنَاكَ يَارسولَ اللّٰهِ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا!

قَالَ: فَعَجِبْنَا، فَقَالَ النَّاسُ: انْظُرُوْا إِلَى هٰذَا الشَّيْخِ، يُخْبِرُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ عَبْدٍ خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَيْنَ أَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَاشَاءَ، وَبَيْنَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: فَدَيْنَاكَ بِآبَائِنَا وَأُمَّهَاتِنَا! فَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هُوَ الْمُخَيَّرُ، وَكَانَ أَبُوْ بَكْرٍ هُوَ أَعْلَمَنَا بِهِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ مِنْ أَمَنِّ النَّاسِ عَلَيَّ فِي صُحْبَتِهِ وَمَالِهِ أَبُوْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتخِذًا خَلِيْلاً لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيْلاً، وَلٰكِنْ أُخُوَّةُ الإِسْلَامِ، لَا تُبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خُوْخَةٌ إِلَّا خُوْخَةُ أَبِي بَكْرٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۵- میں ابوبکرؓ کے احسانات کا بدلہ نہیں چکا سکا!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ابوبکر کے علاوہ ہم پر کسی کا کوئی احسان نہیں: مگر ہم نے اس کا بدلہ چکا دیا ہے، البتہ ابوبکر کا ہم پر بڑا احسان ہے (اور ہم اس کا بدلہ نہیں چکا سکے) اللہ تعالیٰ ہی قیامت کے دن ان کو اس احسان کا بدلہ دیں گے، اور مجھے کسی کے مال نے اتنا نفع نہیں پہنچایا جتنا ابوبکر کے مال نے پہنچایا ہے، اور اگر میں کسی کو دلی دوست بناتا تو ابوبکر کو دلی دوست بناتا، اور تمہارے ساتھی اللہ ہی کے دلی دوست ہیں! (کیونکہ ایک دل میں دو دوستوں کے لئے گنجائش نہیں ہوتی)

[۳٤-] بابٌ

[۳٦۹۰-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ الْكُوْفِيُّ، نَا مَحْبُوْبُ بْنُ مُحْرِزٍ الْقَوَارِيْرِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ يَزِيْدَ الْأَوْدِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا لِأَحَدٍ عِنْدَنَا يَدٌ إِلَّا وَقَدْ كَافَيْنَاهُ، مَا خَلَا أَبَا بَكْرٍ، فَإِنَّ لَهُ عِنْدَنَا يَدًا يُكَافِيْهِ اللّٰهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَا نَفَعَنِيْ مَالُ أَحَدٍ قَطُّ مَا نَفَعَنِيْ مَالُ أَبِيْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُ أَبَابَكْرٍ خَلِيْلًا، أَلَا وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيْلُ اللّٰهِ"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

٦- نبی ﷺ کے بعد خلیفہ ابوبکرؓ ہونگے، پھر عمرؓ

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اِقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ من بعدی: أبی بکر وعمر: میرے بعد ان دو کی پیروی کرو جو خلیفہ ہونگے: یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما (اسی مضمون کی حدیث حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے، جو آگے (حدیث ۳۸۳۷ پر) آئے گی)

سند کا بیان: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی اس حدیث کی پہلی سند سفیان بن عیینہ کی ہے، وہ زائدۃ بن قدامہ سے، وہ عبدالملک بن عمیر سے، وہ ربعی بن حراش سے، اور وہ حضرت حذیفہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور اسی حدیث کو سفیان ثوریؒ عبدالملک سے روایت کرتے ہیں، مگر وہ سند میں عبدالملک اور ربعی کے درمیان ہلال کا واسطہ بڑھاتے ہیں، جو ربعی کے آزاد کردہ ہیں، ابن عیینہ یہ واسطہ نہیں بڑھاتے، اور ابن عیینہ سے جس طرح حسن بن الصباح نے روایت کی ہے، اسی طرح احمد بن منیع وغیرہ بھی روایت کرتے ہیں یعنی زائدہ کا ذکر کرتے ہیں، مگر ابن عیینہ اس سند میں تدلیس کیا کرتے تھے یعنی استاذ کا نام چھوڑ دیا کرتے تھے، کبھی زائدہ کا تذکرہ کرتے تھے، کبھی نہیں کرتے تھے (مگر ابن عیینہ ثقہ استاذ ہی کا

نام چھوڑ تے تھے، اس لئے یہ تدلیس کوئی عیب نہیں) ——— پھر ثوری کی سند پیش کی ہے، ان سے ابراہیم بن سعد روایت کرتے ہیں، اور وہ ہلال کا واسطہ بڑھاتے ہیں (یہ تکرار ہے) اور یہ حدیث ربعی بن حراش سے دوسری سند سے بھی مروی ہے، اس کو اگلے نمبر پر پیش کیا ہے:

حدیث (۲): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میں نہیں جانتا کہ میں آپ لوگوں کے درمیان کتنے دن رہونگا؟ پس آپ لوگ اِن دو کی پیروی کریں جو میرے بعد خلیفہ ہونگے'' اور آپؐ نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ فرمایا۔

[۳۶۹۱-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ: هُوَ ابْنُ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " اقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ: أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ "

وفي الباب: عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مَوْلًى لِرِبْعِيٍّ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ نَحْوَهُ، وَكَانَ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ يُدَلِّسُ فِيْ هٰذَا الحديثِ، فَرُبَّمَا ذَكَرَهُ: عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، وَرُبَّمَا لَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ زَائِدَةَ.

وَرَوَى هٰذَا الحديثَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ هِلَالٍ مَوْلَى رِبْعِيٍّ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ أَيْضًا، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۶۹۲-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي الْعَلَاءِ الْمُرَادِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " إِنِّيْ لَا أَدْرِيْ مَا بَقَائِيْ فِيْكُمْ؟ فَاقْتَدُوْا بِالَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ " وَأَشَارَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ.

بابٌ

۷- ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما ادھیڑ عمر کے جنتیوں کے سردار ہونگے

الکَهْل: ادھیڑ عمر کا (۳۴-۵۱ سال کی عمر کا) آدمی، جمع: کُهُول۔

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ اچانک ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نکلے، پس آپؐ نے فرمایا: ''یہ دونوں اگلے اور پچھلے ادھیڑ عمر کے جنتیوں کے سردار ہونگے، علاوہ نبیوں اور رسولوں کے! اے علی! آپ ان کو (یہ بات) نہ بتلائیں!''

تشریح: یہ حدیث امام ترمذی نے تین سندوں سے ذکر کی ہے، دو سندیں حضرت علیؓ کی حدیث کی ہیں، اور ایک حضرت انسؓ کی: پہلی سند: نہایت ضعیف ہے، ولید متروک راوی ہے، اور علی زین العابدین کی حضرت علیؓ سے ملاقات نہیں ہوئی، دوسری سند: حضرت انسؓ کی حدیث کی ہے، اس سند کی امام ترمذی نے تحسین کی ہے، مگر اس کی ایک ہی سند ہے، اور محمد بن کثیر ثقفی صنعانی کثیر الغلط ہے (تقریب) اور تیسری سند: حضرت علیؓ کی حدیث کی دوسری سند ہے، اس پر امام ترمذیؒ نے کوئی حکم نہیں لگایا، اس میں حارث اعور ہیں، جن میں ضعف ہے۔ اور تینوں روایتوں کے الفاظ ایک ہیں، اس لئے الگ الگ ترجمہ نہیں کیا گیا۔ اور باب میں ابن عباسؓ کی حدیث بھی ہے، مگر معلوم نہیں وہ کس کتاب میں ہے، اور اس کی سند کیسی ہے؟

سوال: جنت میں کوئی ادھیڑ عمر نہیں ہوگا، سب ۳۳ سال کی عمر کے ہونگے، پھر حدیث کا کیا مطلب ہے؟

جواب: یہ مجاز ما کان ہے یعنی جو دنیا میں ادھیڑ عمر میں فوت ہوئے ہیں وہ جنتی مراد ہیں۔ جیسے الحسنُ والحسینُ سَیِّدَا شباب أهل الجنة میں بھی یہی مجاز مراد ہے۔

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بتانے سے کیوں منع کیا؟ اور ابن ماجہ میں ہے: مادام حَیَّیْن یعنی جب تک وہ زندہ رہیں: نہ بتائیں: اس کا کیا مطلب ہے؟

جواب: حدیث کا یہ جزء کھٹک پیدا کرتا ہے کہ حدیث صحیح ہے یا نہیں؟ اور سند کسی بھی حدیث کی صحیح نہیں، پس اللہ تعالیٰ اس حدیث کا حال بہتر جانتے ہیں، جب اُن دونوں حضرات کو جنت کی بشارت دی گئی ہے، اور اس سے کسی خود فریبی میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہیں تھا تو یہ بات بتانے میں ضرر کا کیا اندیشہ ہوسکتا ہے؟!

[-٣٥] بابٌ

[-٣٦٩٣] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُحمدٍ الْمُوَقَّرِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِذْ طَلَعَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " هَذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ، إِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ، يَا عَلِيُّ! لَاتُخْبِرْهُمَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَالْوَلِيْدُ بْنُ مُحمدٍ الْمُوَقَّرِيُّ يُضَعَّفُ فِيْ الحديثِ، وَقَدْ رُوِىَ

هٰذَا الحديثُ عَنْ عَلِيٍّ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، وَفِى الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ.

[٣٦٩٤-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، نَا مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ: "هٰذَانِ سَيِّدَا كُهُوْلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ، إِلَّا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ، لَاتُخْبِرْهُمَا يَاعَلِيُّ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٣٦٩٥-] حدثنا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: ذَكَرَهُ دَاوُدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ سَيِّدَا كُهُوْلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنَ الْأَوَّلِيْنَ وَالآخِرِيْنَ، مَا خَلَا النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ، لَاتُخْبِرْهُمَا يَا عَلِيُّ"

بابٌ

۸-حضرت ابوبکرؓ نے کہا: میں خلافت کا سب سے زیادہ حقدار ہوں!

روایت: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: "کیا میں لوگوں میں خلافت کا سب سے زیادہ حقدار نہیں ہوں؟ کیا میں نے سب سے پہلے اسلام قبول نہیں کیا؟ (آپؓ مردوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے ہیں) کیا مجھے یہ فضیلت حاصل نہیں؟ کیا مجھے یہ فضیلت حاصل نہیں؟

سند کا بیان: اس روایت کی پہلی سند: امام شعبہ کے شاگرد عقبہ بن خالد کی ہے، انھوں نے سند کے آخر میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا ہے، پس یہ سند متصل ہے —— اور دوسری سند: امام شعبہ کے شاگرد عبد الرحمٰن بن مہدی کی ہے، وہ سند ابونضرۃ منذر بن مالک بن قُطعہ پر روک دیتے ہیں، اور ابونضرۃ کا حضرت ابوبکر سے لقاء وسماع نہیں، پس یہ سند مرسل ہے، اور اسی سند کو امام ترمذیؒ نے اصح قرار دیا ہے، پس یہ روایت ضعیف ہے —— اور حضرت ابوبکرؓ کا اس قسم کا دعوی کرنے کا مزاج بھی نہیں تھا، وہ تواضع کی تصویر تھے، سقیفۂ بنی ساعدہ میں بھی خلافت کے لئے اپنا نام پیش نہیں کیا تھا، بلکہ حضرت عمر اور حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہما کے نام پیش کئے تھے، اس لئے اس روایت کا حال اللہ تعالیٰ بہتر جانتے ہیں۔

[٣٦-] بابٌ

[٣٦٩٦-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: أَلَسْتُ أَحَقَّ النَّاسِ بِهَا؟ أَلَسْتُ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ؟ أَلَسْتُ صَاحِبَ كَذَا؟ أَلَسْتُ صَاحِبَ كَذَا؟

هٰذَا حديثٌ قَدْ رَوَاهُ بَعْضُهُمْ عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ، حدثنا بِذٰلِكَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ، وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابٌ

۹- ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہی نبی ﷺ کے سامنے کھلتے تھے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اپنے مہاجرین وانصار صحابہ کی طرف نکلا کرتے تھے، درانحالیکہ وہ بیٹھے ہوئے ہوتے تھے، یعنی آپؐ گھر سے نکل کر اکابر صحابہ کے ساتھ بیٹھتے تھے، اوران میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما (بھی) ہوتے تھے، پس آپؐ کی طرف ان میں سے، ابوبکر وعمر کے علاوہ کوئی نہیں دیکھتا تھا، اور آپؐ بھی ان کی طرف دیکھتے تھے، اور وہ آپؐ کے سامنے مسکراتے تھے، اور آپؐ بھی ان کے سامنے مسکراتے تھے یعنی انہی کے ساتھ انبساط اور بے تکلفی کا معاملہ فرماتے تھے، یہ ان کی فضیلت ہے (یہ حدیث حکم کی وجہ سے ضعیف ہے)

[۳۷-] بابٌ

[۳۶۹۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَخْرُجُ عَلَى أَصْحَابِهِ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْأَنْصَارِ، وَهُمْ جُلُوْسٌ، وَفِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَلَا يَرْفَعُ إِلَيْهِ أَحَدٌ مِّنْهُمْ بَصَرَهُ إِلَّا أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَإِنَّهُمَا كَانَا يَنْظُرَانِ إِلَيْهِ، وَيَنْظُرُ إِلَيْهِمَا، وَيَتَبَسَّمَانِ إِلَيْهِ، وَيَتَبَسَّمُ إِلَيْهِمَا.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِي الْحَكَمِ بْنِ عَطِيَّةَ.

بابٌ

۱۰- ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما: قیامت کے دن نبی ﷺ کے ساتھ مبعوث ہونگے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک دن رسول اللہ ﷺ (گھر سے) نکلے، اور مسجد میں داخل ہوئے، اور ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما (بھی نکلے) ان میں سے ایک آپؐ کی دائیں جانب تھا، اور دوسرا بائیں جانب، اور آپؐ دونوں کے ہاتھ پکڑے ہوئے تھے، پس فرمایا: هکذا نُبْعَثُ یومَ القیامة: ہم اسی طرح قیامت کے دن (قبروں سے) اٹھیں گے (یہ سند سعید بن مسلمہ اموی کی وجہ سے ضعیف ہے، مگر اس حدیث کی نافع سے اور بھی متعدد

سندیں ہیں، اس لئے حدیث ٹھیک ہے)

سوال: اگر یہ حدیث صحیح ہے تو پھر حضرت عمرؓ نے قبر اطہر کے پاس دفن ہونے کے لئے حضرت عائشہؓ سے اجازت کیوں طلب کی؟ اور حضرت عائشہؓ نے یہ کیوں فرمایا کہ یہ جگہ میں نے اپنے دفن کے لئے رکھی تھی، مگر اب میں عمرؓ کو ترجیح دیتی ہوں؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ نکتہ کسی راوی نے بعد الوقوع پیدا کیا ہے؟

جواب: اس حدیث میں قبروں کے ساتھ ہونے کی طرف صرف اشارہ ہے، صراحت نہیں۔ کہیں بھی دفن ہوں اور ساتھ مبعوث ہوں: یہ بات ممکن ہے، پس حدیث کا ماسیق لاجلہ الکلام (مقصد) صرف اخروی رفاقت کا بیان ہے۔

[۳۸-] بابٌ

[۳۶۹۸-] حدثنا عُمَرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم خَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ: أَحَدُهُمَا عَنْ يَمِيْنِهِ، وَالآخَرُ عَنْ شِمَالِهِ، وَهُوَ آخِذٌ بِأَيْدِيْهِمَا، وَقَالَ: " هٰكَذَا نُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ " هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَسَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِالْقَوِيِّ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ أَيْضًا مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ.

۱۱- ابوبکرؓ دنیاء و آخرت میں آپ ﷺ کے ساتھی ہیں

حدیث: حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ سے فرمایا: "آپؓ حوضِ کوثر پر میرے ساتھی ہیں، اور غارِ ثور میں میرے ساتھی ہیں" یعنی دنیا میں خطرناک موقع پر آپ ﷺ کے ساتھ رہے، اس لئے آخرت میں شرف کے مقام میں آپ ﷺ کے ساتھ ہونگے۔ اور غارِ ثور میں ساتھ ہونے کا تذکرہ سورۃ التوبۃ (آیت ۴۰) میں ہے۔

[۳۶۹۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى الْقَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ، نَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ أَبِيْ الأَسْوَدِ، قَالَ: ثَنِيْ كَثِيْرٌ: أَبُوْ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ لِأَبِيْ بَكْرٍ: "أَنْتَ صَاحِبِيْ عَلَى الْحَوْضِ، وَصَاحِبِيْ فِيْ الْغَارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

بابٌ

۱۲- ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کے کان اور ناک تھے

حدیث: عبداللہ بن حنطب (جن کا صحابی ہونا مختلف فیہ ہے) کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما

کو دیکھا، پس فرمایا:هذانِ السمعُ و البَصَرُ : یہ دونوں کان اورآنکھ ہیں!

تشریح: آدمی کے لئے کانوں اورآنکھوں کی اہمیت واضح ہے، ان دونوں حضرات کی بھی ایسی ہی اہمیت تھی، یہ دونوں آپ ؐ کے وزیر (مددگار) تھے، اور بادشاہ کو وزیر کی ضرورت ہوتی ہے، پس اس حدیث سے ان دونوں حضرات کی فضیلت ثابت ہوئی۔ مگر یہ حدیث مرسل ہے، اوراس کی سند میں اختلاف ہے، اور باب میں حضرت عبداللہ بن عمرو کی جو روایت ہے: اس کی تخریج طبرانی نے کی ہے، اوراس کی سند میں بھی ایک مجہول راوی ہے، پس یہ حدیث اپنی تمام سندوں سے ضعیف ہے، اور کتاب میں عن عبد اللہ بدل ہے عن جدہ سے۔

[۳۹-] بابٌ

[۳۷۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم رَأَى أَبَابَكْرٍ وَعُمَرَ، فَقَالَ:" هٰذَانِ السَّمْعُ وَالْبَصَرُ"

وفى الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، هٰذَا حديثٌ مُرْسَلٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَنْطَبٍ لَمْ يُدْرِكِ النبيَّ صلى الله عليه وسلم.

بابٌ

۱۳- آپ ؐ نے آخرحیات میں ابوبکرؓ کو امامتِ صغری سونپی اس میں امامتِ کبری کی طرف صاف اشارہ تھا

۲۹ر صفر ۱۱ ہجری بروز دوشنبہ: رسول اللہ ﷺ ایک جنازے میں بقیع تشریف لے گئے، واپسی پر راستے میں درد سر شروع ہوا۔ یہ آپ ؐ کے مرض الموت کا آغاز تھا، آپ ؐ نے اسی حالت میں گیارہ دن نماز پڑھائی۔ مرض کی کل مدت ۱۳ یا ۱۴ دن تھی۔ وفات سے چار دن پہلے تک سخت تکلیف کے باوجود آپ ؐ ہی نمازیں پڑھاتے رہے، آخری دن بھی مغرب کی نماز آپ ؐ ہی نے پڑھائی، اوراس میں سورۃ المرسلات تلاوت فرمائی۔ لیکن وفات سے چار دن پہلے عشاء کے وقت مرض بڑھ گیا، اور غشی طاری ہوگئی، جب ہوش آیا تو دریافت فرمایا: ''لوگوں نے نماز پڑھ لی؟'' عرض کیا گیا: نہیں! لوگ آپ ؐ کا انتظار کررہے ہیں۔ آپ ؐ نے فرمایا: میرے لئے لگن میں پانی رکھو، گھر والوں نے ایسا ہی کیا۔ آپ ؐ نے غسل فرمایا، مگر جب اٹھنا چاہا تو پھر آپ ؐ پر غشی طاری ہوگئی، جب افاقہ ہوا تو دریافت کیا: ''لوگوں نے نماز پڑھ لی؟'' عرض کیا گیا: نہیں! لوگ آپ ؐ کا انتظار کررہے ہیں۔ آپ ؐ نے دوبارہ اورسہ بارہ غسل فرمایا، مگر ہر بار جب اٹھنے کا ارادہ فرماتے تو غشی طاری ہوجاتی۔ بالآخر آپ ؐ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو کہلوایا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں،

چنانچہ ابوبکرؓ نے ان ایام میں نماز پڑھائی۔ نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں آپؓ کی پڑھائی ہوئی نمازوں کی تعداد سترہ ہے (الرحیق المختوم)

اس موقعہ پر حضرت عائشہؓ نے تین یا چار بار گفتگو کی کہ امامت کا کام حضرت ابوبکرؓ کے بجائے حضرت عمرؓ کو سونپا جائے ایک بار حضرت حفصہؓ سے بھی یہ بات کہلوائی، مگر آپؐ ہر بار یہی فرماتے رہے کہ ابوبکر سے کہو: وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، بلکہ آخر میں تو ڈانٹ پلائی کہ تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو! ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، اس طرح آپؐ نے آخر حیات میں امامتِ صغری حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سونپی: اس میں امامتِ کبری کی طرف صاف اشارہ تھا۔

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' حضرت عائشہؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ابوبکر جب آپؐ کی جگہ کھڑے ہونگے تو وہ رونے کی وجہ سے لوگوں کو آواز نہیں سنا سکیں گے، پس آپؐ عمرؓ کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، آپؐ نے (پھر) فرمایا: ''ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' —— حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس میں نے حفصہؓ سے کہا کہ تم آپؐ سے کہو کہ ابوبکرؓ جب آپؐ کی جگہ کھڑے ہونگے تو رونے کی وجہ سے لوگوں کو آواز نہیں سنا سکیں گے: پس آپؐ عمرؓ کو حکم دیں کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، جب حضرت حفصہؓ نے یہ بات عرض کی تو آپؐ نے فرمایا: ''تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو! ابوبکر سے کہو: وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں'' پس حفصہؓ نے عائشہؓ سے کہا: نہیں تھی میں کہ پاتی تم سے کوئی خیر! یعنی مجھے تم سے کسی خیر کی امید نہیں تھی، یعنی تم مجھے ہمیشہ اسی طرح پھنساتی رہتی ہو، آج بھی پھنسا دیا اور ڈانٹ پلوائی!

تشریح: ڈانٹ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہما کو پڑھی تھی، دیگر ازواج اس میں شامل نہیں تھیں، اور ضمیر جمع مؤنث کا مرجع دو عورتیں ہوسکتی ہیں۔ دو پر بھی جمع کا اطلاق آتا ہے، بلکہ تعظیماً ایک کے لئے بھی جمع کی ضمیر استعمال کرتے ہیں —— اور حقیقت میں یہ ڈانٹ صرف حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو پڑی تھی۔ ان کے دل میں تو یہ تھا کہ یہ شرف ابوبکرؓ کو حاصل ہونا چاہئے، مگر انھوں نے سوچا کہ اگر آپؐ کی اس مرض میں وفات ہوگئی تو لوگ ابوبکرؓ کو منحوس سمجھیں گے، اس لئے زبان سے انھوں نے دوسری بات کہی اور کہلوائی —— اور یوسف علیہ السلام والی عورتوں سے مراد: امرائے مصر کی بیگمات ہیں، جب ان کو عزیز مصر کی بیوی نے پارٹی میں بلایا، اور یوسف علیہ السلام کو دکھلایا تو وہ سب یوسف علیہ السلام کو دل دے بیٹھیں، مگر سب نے زبان سے یوسف علیہ السلام کو نصیحت کی کہ وہ اپنی مالکہ کو بامراد کریں، یہ دل میں کچھ اور زبان پر کچھ کی مثال ہے، حضرت عائشہ کا بھی یہی معاملہ تھا۔

اور حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی پارٹی کی تھیں، اور حضرت عائشہؓ سے بھولی تھیں، حضرت عائشہؓ ان کو کبھی کبھی استعمال کرتی تھیں، شہد والے واقعہ میں بھی حضرت عائشہؓ نے ان کو استعمال کیا ہے، چنانچہ

اِس واقعہ میں جب ڈانٹ پڑی، اور بظاہر دونوں کو پڑی تو حضرت حفصہؓ نے کہا: مجھے آپ سے کسی خیر کی امید نہیں! یعنی تم مجھے اسی طرح پھنساتی رہتی ہو، اور مجھ سے کام لیتی ہو، آج بھی تم نے میرے ساتھ ایسا ہی کیا۔

[۴۰-] بابٌ

[۳۷۰۱-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى: إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ: هُوَ ابْنُ عِيْسَى، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ أَبَا بَكْرٍ إِذَا قَامَ مَقَامَكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَأْمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، قَالَتْ فَقَالَ: "مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ لِحَفْصَةَ، قَوْلِيْ لَهُ: إِنَّ أَبَابَكْرٍ إِذَا قَامَ فِيْ مَقَامِكَ لَمْ يُسْمِعِ النَّاسَ مِنَ الْبُكَاءِ، فَأْمُرْ عُمَرَ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَفَعَلَتْ حَفْصَةُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّكُنَّ لَأَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ! مُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ" فَقَالَتْ حَفْصَةُ لِعَائِشَةَ: مَا كُنْتُ لِأُصِيْبَ مِنْكِ خَيْرًا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَأَبِيْ مُوْسَى، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَسَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ.

بابٌ

۱۴- یہ بات مناسب نہیں کہ ابوبکرؓ کی موجودگی میں کوئی دوسرا شخص امامت کرے

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کسی قوم کے لئے مناسب نہیں، جن میں ابوبکرؓ ہوں، کہ ان کی امامت ابوبکر کے علاوہ کوئی شخص کرے"

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، بلکہ ابن الجوزی نے اس کو "موضوعات" میں لیا ہے، کیونکہ عیسیٰ بن میمون ضعیف راوی ہے، بلکہ امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کو منکر الحدیث (نہایت ضعیف) قرار دیا ہے، مگر دیگر محدثین نے شواہد صحیحہ کی وجہ سے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے، شاید آپؐ نے یہ بات گذشتہ حدیث والے واقعہ میں فرمائی ہوگی۔

[۴۱-] بابٌ

[۳۷۰۲-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ، نَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ عِيْسَى بْنِ مَيْمُوْنٍ الأَنْصَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَايَنْبَغِيْ لِقَوْمٍ فِيْهِمْ أَبُوْ بَكْرٍ أَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

باب

۱۵-حضرت ابوبکرؓ کو جنت کے سبھی دروازوں سے بلایا جائے گا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے راہِ خدا میں یعنی جہاد کے لئے جوڑا خرچ کیا: وہ جنت میں بلایا جائے گا: اے بندۂ خدا! یہ دروازہ تیرے لئے بہتر ہے! پس جو شخص نماز والوں میں سے ہوگا: اس کو نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا، اور جو جہاد والوں میں سے ہوگا: اس کو جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا، اور جو خیرات والوں میں سے ہوگا: اس کو خیرات کے دروازے سے بلایا جائے گا، اور جو روزے والوں میں سے ہوگا: اس کو سیرابی کے دروازے سے بلایا جائے گا —— پس حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر فدا! اس شخص کے لئے جو ان دروازوں میں سے کسی بھی دروازے سے بلایا جائے ضروری نہیں (کہ اس کو کسی دوسرے دروازے سے بھی بلایا جائے، ایک ہی دروازہ جنت میں جانے کے لئے کافی ہے) مگر کیا کوئی ایسا شخص بھی ہوگا جس کو ان سبھی دروازوں سے بلایا جائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں! اور میں امید رکھتا ہوں کہ آپ ان لوگوں میں سے ہیں! (جن کو سبھی دروازوں سے بلایا جائے گا) (یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور اس کی شرح رحمۃ اللہ ۴: ۶۴۶ میں ہے)

[۴۲-] باب

[۳۷۰۳-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: ''مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ نُوْدِيَ فِيْ الْجَنَّةِ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ! هٰذَا خَيْرٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ'' فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: بِأَبِيْ أَنْتَ وَأُمِّيْ! مَا عَلَى مَنْ دُعِيَ مِنْ هٰذِهِ الْأَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، فَهَلْ يُدْعَى أَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ كُلِّهَا؟ قَالَ: '' نَعَمْ، وَأَرْجُوْ أَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۶-حضرت ابوبکرؓ سے خیر کے کام میں حضرت عمرؓ کبھی سبقت نہیں کرسکے

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (غزوۂ تبوک کے موقعہ پر) ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خیرات کرنے کا حکم دیا، اور وہ حکم موافق ہوا میرے پاس مال کے، یعنی اتفاق سے اس زمانہ میں میرے پاس مال تھا، پس میں نے (دل میں) کہا: آج میں ابوبکرؓ سے بڑھ جاؤں گا، اگر میں ان سے کسی دن بڑھ سکا (إنْ شرطیہ کی صورت میں یہ ترجمہ ہے) یا میں

ان سے کسی بھی دن نہیں بڑھ سکا ہوں (إِنْ نافیہ کی صورت میں یہ ترجمہ ہے) —— حضرت عمرؓ کہتے ہیں: پس میں اپنا آدھا مال لایا، رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے پوچھا: ''اپنے گھر والوں کے لئے کتنا باقی رکھا؟'' میں نے کہا: اتنا ہی یعنی آدھا مال لایا ہوں، اور آدھا اپنی ضرورتوں کے لئے رکھ چھوڑا ہے —— اور ابوبکرؓ جو کچھ ان کے پاس تھا: وہ سارا ہی لائے، پس رسول اللہ ﷺ نے پوچھا: ''اے ابوبکر! اپنے گھر والوں کے لئے کتنا باقی رکھا؟'' انھوں نے کہا: ان کے لئے میں نے اللہ اور اس کے رسول کو باقی رکھا ہے یعنی ان کی رضامندی اور خوشنودی کافی ہے —— حضرت عمرؓ نے (دل میں) کہا: میں ابوبکر سے کبھی بھی کسی چیز کی طرف سبقت نہیں کرسکتا!

تشریح: ابوداؤد (حدیث ۱۶۷۸ کتاب الزکاۃ) میں ہے: لاَ أُسَابِقُكَ إلى شيئٍ أبداً: میں کبھی فضائل میں آپؓ کی ریس نہیں کرونگا، کیونکہ جس نے تنگی میں نہیں بڑھنے دیا وہ فراخی میں کیا بڑھنے دے گا —— اور تاریخ الخلفاء (ص: ۴۶) میں ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ما بينكما كما بين كلمتيكما: تم دونوں کے درجات میں اتنا ہی تفاوت ہے جتنا تم دونوں کی باتوں میں تفاوت ہے۔

[۳۷۰٤-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَزَّازُ الْبَغْدَادِيُّ، نَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ: أَمَرَنَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنْ نَتَصَدَّقَ، وَوَافَقَ ذٰلِكَ عِنْدِيْ مَالاً، فَقُلْتُ: الْيَوْمَ أَسْبِقُ أَبَا بَكْرٍ، إِنْ سَبَقْتُهُ يَوْمًا، قَالَ: فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِيْ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِكَ؟" قُلْتُ مِثْلَهُ، وَأَتَى أَبُوْ بَكْرٍ بِكُلِّ مَاعِنْدَهُ، فَقَالَ: " يَا أَبَابَكْرٍ مَا أَبْقَيْتَ لِأَهْلِكَ؟" فَقَالَ: أَبْقَيْتُ لَهُمُ اللهَ وَرَسُوْلَهُ! قُلْتُ: لاَ أَسْبِقُهُ إِلَى شَيْئٍ أَبَدًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۱۷- حضرت ابوبکرؓ کو نبی ﷺ نے اپنا قائم مقام بنایا

حدیث: ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس آئی، اس نے آپؐ سے کسی چیز کے بارے میں گفتگو کی یعنی مدد طلب کی، پس آپؐ نے اس کے لئے کسی بات کا حکم دیا یعنی دوسرے وقت آنے کے لئے فرمایا، اور تعاون کا وعدہ کیا۔ اس عورت نے پوچھا: یارسول اللہ! بتائیں: اگر میں آپؐ کو نہ پاؤں؟ یعنی حسب وعدہ آؤں اور آپؐ کی وفات ہوگئی ہو؟ آپؐ نے فرمایا: ''اگر تم مجھے نہ پاؤ تو ابوبکرؓ کے پاس آنا'' (یہ متفق علیہ روایت ہے، اور اس میں ابوبکرؓ کی یہ فضیلت ہے کہ آپؐ نے ان کو اپنا قائم مقام بنایا ہے، اور اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ آپؐ کے بعد خلیفہ ابوبکرؓ ہونگے)

[٤٣-] بابٌ

[٣٧٠٥-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، أَخْبَرَنِيْ يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُحمدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، أَنَّ أَبَاهُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ أَخْبَرَهُ: أَنَّ أمْرَأَةً أَتَتْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَلَّمَتْهُ فِيْ شَيْئٍ، فَأَمَرَهَا بِأَمْرٍ، فَقَالَتْ: أَرَأَيْتَ يَارسولَ اللّٰهِ! إِنْ لَمْ أَجِدْكَ؟ قَالَ: "إِنْ لَمْ تَجِدِيْنِيْ فَأْتِي أَبَابَكْرٍ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

باٌبٌ

۱۸-حضرت ابوبکرؓ کے دریچے کے علاوہ تمام دریچے بند کرادیئے

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے ابوبکرؓ کے دروازے کے علاوہ تمام دروازوں کو بند کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، ابراہیم بن المختار ضعیف الحفظ ہے، اور اسحاق بن راشد کی امام زہری سے حدیثوں میں وہم ہوتا ہے۔ مگر باب میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے: وہ متفق علیہ ہے۔ یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۶۸۹) گذر چکی ہے، پس اس حدیث کے ضعف سے مضمون پر کوئی اثر نہیں پڑتا، اور اس حدیث میں صحیح لفظ خُوْخة (دریچہ، کھڑکی) ہے، باب (دروازہ) صحیح لفظ نہیں۔ اور اس حدیث سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اہمیت واضح ہوتی ہے، اور اس میں خلافت کی طرف بھی اشارہ ہے، خلافت کی ضرورت ہی کے لئے حضرت ابوبکرؓ کا دریچہ کھلا رہنے دیا تھا۔

سوال: آگے حدیث (نمبر ۳۷۶۰) آرہی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دروازے کے علاوہ تمام دروازوں کو بند کرنے کا حکم دیا، پس یہ تعارض ہے، اس کا کیا حل ہے؟

جواب: علماء نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ پہلے مسجد سے متصل تمام مکانوں کے دروازے مسجد میں کھلتے تھے، سب سے پہلے ان کو بند کرایا، مگر حضرت علیؓ کا دروازہ مستثنیٰ کیا، کیونکہ ان کے گھر کا دروازہ دوسری طرف کھولنے کی کوئی صورت نہیں تھی، چنانچہ حسبِ حکم لوگوں نے گھروں کے دروازے دوسری طرف پھیر لیے، مگر مسجدِ نبوی میں آنے جانے کے لئے مسجد کی طرف دریچے بنادیئے۔ وفاتِ نبوی کے قریب ابوبکرؓ کے دریچے کے علاوہ باقی دریچے بھی بند کردایئے، اور حضرت علیؓ کا دروازہ بدستور کھلا رہا کیونکہ وہ ایک مجبوری تھی۔

[٤٤-] بابٌ

[٣٧٠٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ،

عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ إِلَّا بَابَ أَبِيْ بَكْرٍ.
وفي الباب: عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

١٩-حضرت ابوبکرؓ کو اللہ تعالیٰ نے دوزخ سے آزاد کردیا

حدیث: حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکرؓ ایک مرتبہ نبی ﷺ کے پاس آئے۔آپؐ نے فرمایا: أنت عتیق الله من النار: آپؓ کو اللہ نے دوزخ سے آزاد کردیا ہے، چنانچہ اس دن سے آپؓ کا نام ''عتیق'' پڑ گیا۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، اسحاق بن یحییٰ ضعیف راوی ہے، اور سند میں اختلاف بھی ہے کہ حضرت عائشہؓ سے یہ حدیث اسحاق بن طلحہ روایت کرتا ہے یا موسیٰ بن طلحہ، اول صرف مقبول راوی ہے، اور دوم ثقہ اور ثبت ہیں۔

مگر دو حدیثیں اس کی شاہد ہیں:

١-حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکرؓ نبی ﷺ کے پاس سے گذرے۔آپؐ نے فرمایا: من أراد أن ینظر إلی عتیق من النار: فلینظر إلی هذا: جو جہنم سے آزاد کو دیکھنا چاہے تو وہ ان کو دیکھے، یہ روایت مستدرک حاکم (٦١:٣) میں ہے۔

٢-حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ کہتے ہیں: حضرت ابوبکرؓ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا، پس ان سے نبی ﷺ نے مذکورہ بات فرمائی پس ان کا نام عتیق پڑ گیا۔ یہ روایت صحیح ابن حبان اور طبرانی وغیرہ میں ہے۔

[٤٥-] بابٌ

[٣٧٠٧-] حدثنا الْأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ إِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: '' أَنْتَ عَتِيْقُ اللّٰهِ مِنَ النَّارِ'' فَيَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيْقًا.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَرَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ مَعْنٍ، وَقَالَ: عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ.

بابٌ

٢٠-ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے وزیر تھے

وزیر: بادشاہ کا مشیر ومصاحب، جو اپنی رائے اور مشورہ سے بادشاہ کا بوجھ ہلکا کرے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کوئی نبی نہیں، مگر اس کے لئے آسمان والوں میں سے دو وزیر، اور زمین والوں میں سے دو وزیر ہوتے ہیں، اور آسمان والوں میں سے میرے دو وزیر جبرئیل و میکائیل ہیں، اور زمین والوں میں سے میرے دو وزیر ابوبکر و عمر ہیں''

سند کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، تَلید بن سلیمان محاربی رافضی اور ضعیف ہے، ابوالجحاف داؤد بن ابی عوف بُرجمی بھی شیعہ تھا اور کبھی غلطی بھی کرتا تھا، مگر ثوریؒ نے اس کی توثیق کی ہے، آپ نے سبق میں فرمایا: ہم سے ابوالجحاف نے حدیث بیان کی، اور وہ پسندیدہ راوی تھا۔ اور عطیہ بن سعد عوفی بھی شیعہ تھا، تدلیس بھی کرتا تھا اور بہت زیادہ غلطیاں بھی کرتا تھا۔ اور اس حدیث کی اور بھی سندیں ہیں، مگر سب ضعیف ہیں۔

[٤٦-] بابٌ

[٣٧٠٨-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا تَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيْ الجَحَّافِ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيْدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا وَلَهُ وَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ، وَوَزِيْرَانِ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ. فَأَمَّا وَزِيْرَایَ مِنْ أَهْلِ السَّمَاءِ فَجِبْرَئِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ، وَأَمَّا وَزِيْرَایَ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ فَأَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ الجَحَّافِ: اسْمُهُ دَاوُدُ بْنُ أَبِيْ عَوْفٍ، وَيُرْوَى عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، قَالَ: نَا أَبُوْ الجَحَّافِ، وَكَانَ مَرْضِيًّا.

۲۱- قوتِ ایمانی میں آپؐ نے ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کو اپنے ساتھ ملایا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دریں اثناء کہ ایک شخص گائے ربیل پر سوار تھا (اس نے اس کو مارا، پس) اچانک اس نے کہا: میں اس کام کے لئے پیدا نہیں کیا گیا! میں کھیتی کے لئے پیدا کیا گیا ہوں! (مسلم شریف میں ہے: پس لوگوں نے کہا: سبحان الله: تَعَجُّبًا وفَزَعًا، أبقرةٌ تكَلَّمُ؟: سبحان اللہ! عجیب بات! گھبرا دینے والی بات: کیا بیل بولتا ہے؟) پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں اس پر ایمان لایا اور ابوبکر و عمر!'' حدیث کے راوی ابوسلمہ کہتے ہیں: اور وہ دونوں اس وقت وہاں موجود نہیں تھے (مگر آپؐ نے ان کی قوتِ ایمان پر اعتماد کرتے ہوئے: ان کو بھی مصدقین میں شامل فرمایا، اور یہ حدیث متفق علیہ ہے)

[٣٧٠٩-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: بَيْنَمَا

رَجُلٌ رَاكِبٌ بَقَرَةً، إِذْ قَالَتْ: لَمْ أُخْلَقْ لِهٰذَا، إِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحَرْثِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "آمَنْتُ بِذٰلِكَ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ" قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَاهُمَا فِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ.
حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ

مَنَاقِبُ أَبِيْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی الله عنه

فضائل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

اسم گرامی: عمرؓ، کنیت: ابوحفص، والد کا نام: خطاب بن نُفیل، نسبت: عدوی، قرشی، ولادت ہجرت سے چالیس سال قبل، وفات ۲۳ ہجری مطابق ۵۸۴-۶۴۴ عیسوی، دوسرے خلیفہ راشد، سب سے پہلے امیر المؤمنین آپؓ کو کہا گیا، حضرت ابوبکرؓ کو خلیفۂ رسول اللہ کہا جاتا تھا، ۱۳ ہجری میں صدیق اکبر کی وفات کے دن خلیفہ بنائے گئے، مدتِ خلافت: دس سال، چند ماہ، آپؓ کے زمانہ میں ایران، شام، عراق، قدس، مدائن، مصر اور جزیرہ فتح ہوئے، اور آپؓ کے حکم سے کوفہ اور بصرہ بسائے گئے، آپؓ نے ملک وملت کی تنظیم کے لئے بہت سے کارنامے انجام دیئے، اور آپؓ کے بے شمار فضائل ہیں، حضرت صدیق اکبر کے فضائل کی روایات میں بھی آپؓ کے فضائل آئے ہیں۔

۱- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کے لئے نبی ﷺ نے دعا فرمائی

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک بڑی فضیلت یہ ہے کہ ان کے اسلام کے لئے نبی ﷺ نے خصوصی دعا فرمائی ہے۔ ۶ نبوی میں حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام سے تین دن بعد آپؓ مسلمان ہوئے ہیں۔ نبی ﷺ نے ان کے اسلام لانے کے لئے یہ دعا فرمائی: اللّٰهم! أَعِزَّ الإسلامَ بِأَحَبِّ هٰذين الرجلين إليك: بأَبي جهل أو بعمر بن الخطاب: اے اللہ! اسلام کو قوت پہنچا، ابوجہل اور عمر بن الخطاب میں سے جو شخص آپ کے نزدیک زیادہ محبوب ہو: اس کے ذریعہ! (اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول فرمائی، اور حضرت عمرؓ مسلمان ہوگئے) اور نبی ﷺ نے فرمایا: وکان أَحَبَّهُمَا إليه عمر: اللہ کے نزدیک ان دونوں میں زیادہ محبوب عمرؓ تھے (کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہی کو ایمان کی دولت سے نوازا)

حضرت عمرؓ کے مسلمان ہونے سے اسلام اور مسلمانوں کو بڑی قوت حاصل ہوئی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم خانۂ کعبہ کے پاس نماز پڑھنے پر قادر نہیں تھے، یہاں تک کہ حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت عمرؓ مسلمان ہوئے تو اسلام پردے سے باہر آیا، اس کی علانیہ دعوت دی گئی، ہم حلقے بنا کر بیت اللہ کے گرد بیٹھے، بیت اللہ کا طواف کیا، اور جس نے ہم پر سختی کی اس سے انتقام لیا، اور کفار کے بعض مظالم کا جواب دیا (تاریخ عمرؓ لابن الجوزی) اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ جب سے حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا: ہم

برابر طاقتور اور باعزت رہے: مازِلْنا أَعِزَّةً مُنذُ أسلم عمر (بخاری حدیث ۳۸۶۳)

فائدہ: ابوجہل کا نام عمرو بن ہشام اور کنیت ابوالحکم تھی، نبی ﷺ نے اس کی کنیت ابوجہل رکھی، اوراس کو اس امت کا فرعون قرار دیا، بدر کی جنگ میں بحالتِ کفر مارا گیا۔

[۴۷-] مَنَاقِبُ أَبِيْ حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رضی اللہ عنہ

[۳۷۱۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالاَ: نَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، نَا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" اللّٰهُمَّ أَعِزَّ الإِسْلاَمَ بِأَحَبِّ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْكَ: بِأَبِيْ جَهْلٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ"قَالَ:" وَكَانَ أَحَبَّهُمَا إِلَيْهِ عُمَرُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عُمَرَ.

بابٌ

۲- حضرت عمرؓ کے دل میں ہمیشہ حق بات آتی تھی، اور وہی ان کی زبان سے نکلتی تھی

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إن الله جعل الحقَّ على لسان عمر وقلبه: اللہ تعالیٰ نے عمر کی زبان پر اور دل میں صحیح بات گردانی ہے یعنی ہمیشہ ان کے دل میں حق بات آتی ہے، اور وہی ان کی زبان سے نکلتی ہے ـــــ نافع بیان کرتے ہیں: اور حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا: نہیں اتری لوگوں کے پاس کوئی بات کبھی بھی یعنی جب بھی کوئی اہم معاملہ پیش آتا پس لوگوں نے اس میں رائے دی، اور حضرت عمرؓ نے اس میں رائے دی ـــــ یا فرمایا: ابن الخطاب نے اس میں رائے دی، یہ خارجہ بن عبداللہ کا شک ہے ـــــ مگر اس معاملہ میں قرآن اترتا تھا اس رائے کے موافق جو حضرت عمرؓ نے دی ہوتی تھی۔

تشریح: ہمیشہ دل میں حق بات کا آنا، اور وہی زبان پر جاری ہونا: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک ایسی فضیلت ہے: جس میں کوئی ان کا شریک وسہیم نہیں۔ حضرت عمرؓ کی رائے کے موافق ہی مقام ابراہیم کو طواف کا دوگانہ ادا کرنے کی جگہ تجویز کیا گیا ہے، اور ازواج مطہرات کے لئے خصوصی پردے کا حکم نازل ہوا ہے (بخاری حدیث ۴۰۲) اور بدر کے قیدیوں کے سلسلہ میں بھی آپؓ کی رائے کو مستحسن قرار دیا گیا تھا۔

[۴۸-] بابٌ

[۳۷۱۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ: هُوَ الْعَقَدِيُّ، نَا خَارِجَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: هُوَ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ

عُمَرَ، وَقَلْبِه"

قَالَ: وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: مَانَزَلَ بِالنَّاسِ أَمْرٌ قَطُّ، فَقَالُوْا فِيْهِ، وَقَالَ فِيْهِ عُمَرُ – أَوْ: قَالَ ابْنُ الْخَطَّابِ فِيْهِ، شَكَّ خارِجَةُ – إِلَّا نَزَلَ فِيْهِ الْقُرْآنُ عَلَى نَحْوِ مَاقَالَ عُمَرُ.

وفی الباب: عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، وَأَبِیْ ذَرٍّ، وَأَبِیْ هُرِيرةَ، هٰذَا حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۳-حضرت عمرؓ کے حق میں دعائے نبوی فوراً قبول ہوئی!

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! اسلام کو تقویت پہنچا، ابوجہل بن ہشام اور عمر بن الخطاب میں سے جو شخص آپ کے نزدیک زیادہ محبوب ہو اس کے ذریعہ! (آپؐ نے یہ دعا جمعرات کی شام کو کی تھی) ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس صبح میں حضرت عمرؓ رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچے، اور اسلام قبول کیا (گویا رحمتِ حق کو انتظار تھا کہ اِدھر حضرت عمرؓ کے حق میں دعائے نبوی صادر ہو: اُدھر بابِ قبولیت وا ہو، یہی آپؓ کی فضیلت ہے، اور یہ حدیث ضعیف ہے۔ نضر ابو عمر نہایت ضعیف حدیثیں بیان کیا کرتا تھا، مگر یہ حدیث ابن عمر کی سند سے ابھی (حدیث ۳۷۱۰) گذری ہے، اور وہ حدیث صحیح ہے)

[-۴۹] بابٌ

[-۳۷۱۲] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ النَّضْرِ: أَبِیْ عُمَرَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اللّٰهُمَّ أَعِزَّ الإِسْلَامَ بِأَبِیْ جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ" قَالَ: فَأَصْبَحَ فَغَدَا عُمَرُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَأَسْلَمَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُهُمْ فِیْ النَّضْرِ: أَبِیْ عُمَرَ، وَهُوَ يَرْوِیْ مَنَاكِيْرَ.

بابٌ

۴-حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بہتر آدمی پر سورج طلوع نہیں ہوا

حدیث: حضرت عمرؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا: "اے اللہ کے رسول ﷺ کے بعد لوگوں میں سب سے بہتر!" پس ابوبکرؓ نے کہا: سنیں: اگر آپؓ یہ کہتے ہیں تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: "عمر سے بہتر شخص پر سورج طلوع نہیں ہوا!"

سوال: یہ حدیث عام ہے، اس سے ابوبکرؓ پر عمرؓ کی فضیلت لازم آتی ہے، جبکہ امت کا اجماع ہے کہ افضل الناس حضرت ابوبکرؓ ہیں۔

جواب: یہ حدیث انتہائی ضعیف ہے۔ عبداللہ ضعیف راوی ہے، امام بخاری رحمہ اللہ نے اس کے بارے میں فرمایا ہے: فیه نظر، اور امام بخاری یہ بات متہم بالکذب کے بارے ہی میں فرماتے تھے۔ اور محمد بن المنکدر کا بھتیجا عبدالرحمٰن مجہول ہے، اس کی یہی ایک حدیث ہے، اور ذہبی نے کہا ہے کہ یہ روایت جھوٹ ہے —— اور حضرت ابوبکرؓ کی افضلیت اجماع امت سے ثابت ہے، اور اجماع قطعی دلیل ہے، اور ضعیف روایت قطعیات سے مزاحم نہیں ہوتی۔ اور باب میں حضرت ابوالدرداء کی حدیث کا جو حوالہ ہے: وہ معلوم نہیں کس کتاب میں ہے!

[۵۰-] بابٌ

[۳۷۱۳-] حدثنا محمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْوَاسِطِيُّ: أَبُوْ مُحمدٍ، ثَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ أَخِیْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ لِأَبِیْ بَکْرٍ: یَا خَیْرَ النَّاسِ بَعْدَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم! فَقَالَ أَبُوْ بَکْرٍ: أَمَا إِنَّكَ إِنْ قُلْتَ ذَاكَ، فَلَقَدْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: "مَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ عَلٰی رَجُلٍ خَیْرٍ مِنْ عُمَرَ"

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَلَیْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ، وفی الباب: عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ.

۵- ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی بدگوئی کرنے والے کا نبی ﷺ سے کچھ تعلق نہیں!

روایت: حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ کہتے ہیں: نہیں گمان کرتا میں اس شخص کو جو ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی بدگوئی کرتا ہے کہ وہ نبی ﷺ سے محبت رکھتا ہے!

تشریح: محمد بن سیرین رحمہ اللہ کا گمان صحیح ہے، ابن معین رحمہ اللہ نے تلید بن سلیمان پر یہ تبصرہ کیا ہے: وہ مہا جھوٹا ہے! حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو گالیاں دیا کرتا تھا، اور جو حضرت عثمان یا حضرت طلحہ یا کسی بھی صحابی کو گالی دیتا ہے: وہ دجال (مہا مکار) ہے، اس کی حدیث نہ لی جائے، اور اس پر اللہ کی، فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے (تہذیب)

[۳۷۱۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، قَالَ: مَا أَظُنُّ رَجُلًا یَنْتَقِصُ أَبَا بَکْرٍ وَعُمَرَ: یُحِبُّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم، هٰذَا حدیثٌ غریبٌ حسنٌ.

بابٌ

٦-حضرت عمر رضی اللہ عنہ کمالاتِ نبوت کے حامل تھے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب:** اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر بن الخطاب ہوتے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ٹھیک ہے، البتہ یہ حدیث حضرت عقبہؓ سے، مِشرح بن ہاعان مَعافری ہی روایت کرتے ہیں، اور یہ مقبول راوی ہیں، اور یہ حدیث احمد، حاکم، ابن حبان اور طبرانی نے معجم اوسط میں روایت کی ہے۔

تشریح: کسی مدرسہ نے کسی مصلحت سے اپنے یہاں شیخ الحدیث کا منصب موقوف کردیا، پس اس کا یہ مطلب نہیں کہ اب کسی میں شیخ الحدیث ہونے کی قابلیت پیدا نہیں ہوگی، قابلیت رکھنے والے ضرور پیدا ہونگے، مگر منصب ختم کردیا گیا —— اسی طرح نبوت بھی کچھ کمالات کی وجہ سے ملتی ہے، اللہ تعالیٰ بے صلاحیت آدمی کو نبی نہیں بناتے، مگر اب اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمتِ بالغہ سے نبوت کا سلسلہ خاتم النّبیین ﷺ پر موقوف کردیا ہے، آپؐ کے بعد کسی بھی قسم کا نیا نبی پیدا نہیں ہوگا، عیسیٰ علیہ السلام ضرور آئیں گے، مگر وہ پہلے نبی بنائے جاچکے ہیں، البتہ نبوت کے کمالات اِفراداً و اجتماعاً پائے جاسکتے ہیں، حدیث میں ہے کہ اچھے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں۔

پس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کمالاتِ نبوت کے حامل ہیں، اگر نبوت جاری ہوتی تو ان کو نبوت ملتی! مگر نبوت وہبی ہے، کسبی نہیں۔ پس اس حدیث میں حضرت عمرؓ کی غایت درجہ فضیلت ہے۔

سوال: کمالاتِ نبوت کا یہ اجتماع حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میں بھی تو ہوسکتا ہے، کیونکہ وہ افضلِ صحابہ ہیں پھر ان کے حق میں یہ بات کیوں نہیں فرمائی؟

جواب: حدیث قضیہ مہملہ ہے، اس میں کوئی سور نہیں، پس ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی نبی ہوسکتے ہیں، اگر نبوت جاری ہوتی، مگر ہمیں اطلاع صرف حضرت عمرؓ کے بارے میں ملی ہے، اس لئے یہ آپؓ کے لئے بڑی فضیلت ہے۔

[٥١-] بابٌ

[٣٧١٥-] حدثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ، نَا الْمُقْرِئُ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ كَانَ نَبِيٌّ بَعْدِىْ لَكَانَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ.

بابٌ

۷-آپ ﷺ نے اپنے علم میں سے حضرت عمرؓ کو دیا!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے خواب دیکھا، گویا میں دودھ کا پیالہ دیا گیا، پس میں نے اس میں سے پیا، پھر میں نے اپنا بچا ہوا عمر بن الخطاب کو دیا، لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کی کیا تعبیر نکالی؟ آپؐ نے فرمایا: ''علم!''، یعنی آپؐ نے اپنے علم میں سے حضرت عمرؓ کو عنایت فرمایا۔ یہ حضرت عمرؓ کے لئے بڑی فضیلت ہے۔

۸-جنت میں حضرت عمرؓ کے لئے سونے کا محل ہے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں (معراج میں) جنت میں داخل ہوا، پس اچانک میں سونے کے ایک محل کے پاس تھا، میں نے پوچھا: ''یہ کس کا محل ہے؟'' فرشتوں نے کہا: ''ایک قریشی جوان کا!'' میں نے گمان کیا کہ وہ قریشی جوان میں ہوں، چنانچہ میں نے پوچھا: ''وہ کون ہے؟'' فرشتوں نے کہا: ''عمر بن الخطاب'' (جنت میں حضرت عمرؓ کے لئے سونے کا محل ہونا: آپؓ کے لئے بڑی فضیلت ہے)

[۵۲-] بابٌ

[۳۷۱۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " رَأَيْتُ كَأَنِّيْ أُتِيْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ، فَشَرِبْتُ مِنْهُ، فَأَعْطَيْتُ فَضْلِيْ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ" قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " الْعِلْمَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۷۱۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَإِذَا أَنَا بِقَصْرٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِشَابٍّ مِنْ قُرَيْشٍ، فَظَنَنْتُ أَنِّيْ أَنَا هُوَ، فَقُلْتُ: " وَمَنْ هُوَ؟" قَالُوْا: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۹-حضرت عمرؓ کے لئے جنت میں نبی ﷺ کے محل جیسا محل ہے!

حدیث: حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے (خواب دیکھا) صبح میں بلال رضی اللہ عنہ کو بلایا، اور پوچھا: اے بلال! تم کس عمل کی وجہ سے جنت میں مجھ سے پہلے پہنچ گئے؟ میں جب بھی جنت میں گیا

تمہارے قدموں کی چاپ آگے سنائی دی! میں گذشتہ رات جنت میں گیا، میں نے تمہارے قدموں کی چاپ اپنے آگے محسوس کی! پھر میں سونے کے بہت اونچے چوکور محل کے پاس پہنچا۔ میں نے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ فرشتوں نے کہا: ایک عربی شخص کا!(آپؐ نے گمان کیا کہ شاید وہ محل آپؐ کا ہے، جیسا کہ ابھی حدیث (۳۷۱۷) میں گذرا) آپؐ نے کہا: میں عربی ہوں: یہ محل کس کا ہے؟ انھوں نے کہا: ایک قریشی آدمی کا! آپؐ نے کہا: میں قریشی ہوں: یہ محل کس کا ہے؟ انھوں نے کہا: محمد (ﷺ) کے ایک امتی کا! آپؐ نے کہا: میں محمد ہوں: یہ محل کس کا ہے؟ انھوں نے کہا: عمر بن الخطاب کا! —— پس حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ! میں جب بھی اذان دیتا ہوں: دو نفلیں پڑھتا ہوں، اور میری جب بھی وضوء ٹوٹتی ہے میں وضوء کر لیتا ہوں، اور میں نے اللہ کا اپنے ذمہ یہ حق سمجھا ہے کہ دو نفلیں پڑھوں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''انہی دو عملوں کی وجہ سے!''

اور یہ مضمون حضرات جابر، معاذ، انس اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں نے جنت میں ایک سونے کا محل دیکھا، پس میں نے پوچھا: یہ محل کس کا ہے؟ پس جواب ملا: عمر بن الخطاب کا! —— اور دخلتُ الجنةَ البارحةَ کا مطلب ہے: میں نے گذشتہ رات خواب دیکھا کہ گویا میں جنت میں گیا، بعض احادیث میں خواب کی صراحت ہے —— اور ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ انبیاء کے خواب وحی ہوتے ہیں (رواہ الطبرانی، مجمع الزوائد ۷: ۱۷۶)

تشریحات:

۱-قوله: ما دخلتُ الجنة قَطّ سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے بار بار جنت میں حضرت بلال کو اپنے آگے دیکھا ہے۔ یہاں سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایک امتی اپنے نبی سے جنت میں آگے کیسے بڑھ گیا؟ اس کا جواب رحمۃ اللہ (۳: ۵۲۱) میں تفصیل سے ہے، اور مختصر جواب یہ ہے کہ حضرت بلالؓ نبی ﷺ کے خادم تھے، اور خادم مخدوم سے آگے چلتا ہے، پس یہ امتی کا نبی سے آگے ہونا نہیں ہے، بلکہ خادم کا مخدوم سے آگے چلنا ہے، خواب میں وہی تصورات پیکر محسوس اختیار کرتے ہیں جو خزانۂ خیال میں بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ تاہم یہ آگے ہونا فی نفسہ ایک فضیلت رکھتا ہے۔

۲-قوله: انہی دو عملوں کی وجہ سے: کسی نے اس کا مصداق اذان کے بعد کے دوگانہ کو اور وضوء کے بعد کے دوگانہ کو قرار دیا ہے، اور کسی نے اس کا مصداق: ہمیشہ باوضوء رہنے کو اور تحیۃ الوضوء کو قرار دیا ہے۔

۳-اور باب کی روایتوں میں سے حضرت جابرؓ کی روایت متفق علیہ ہے، اور حضرت معاذؓ کی روایت مسند احمد اور طبرانی میں ہے، اور انسؓ کی روایت ابھی (حدیث ۳۷۱۷) گذری ہے، اور حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت متفق علیہ ہے۔

۴-قوله: هكذا رُوِى فى بعض الحديث: صحیحین میں حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث کے الفاظ ہیں: بينا أنا نائم، إذ رأيتُنى فى الجنة: دریں اثناء کہ میں سویا ہوا تھا، اچانک میں نے خود کو جنت میں دیکھا، اس سے معلوم ہوا کہ یہ خواب ہے۔

۵-اور فرشتوں نے محل کے بارے میں شروع میں نہیں بتایا کہ وہ عمرؓ کا ہے، فرشتے مجمل جواب دیتے رہے، اور

آپؐ کا اشتیاق بڑھاتے رہے، کیونکہ آپؐ اس کو اپنا محل خیال فرما رہے تھے، اس طرح انھوں نے محل والے کی اہمیت آپؐ کے دل میں بٹھائی، یہی اس واقعہ میں حضرت عمرؓ کی فضیلت ہے۔

[٥٣-] بابٌ

[٣٧١٨-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ: أَبُوْ عَمَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ، نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنِیْ أَبِیْ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَیْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بریْدَةُ، قَالَ: أَصْبَحَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَدَعَا بِلاَلاً، فَقَالَ:" یَا بِلاَلُ! بِمَ سَبقْتَنِیْ إِلَی الْجَنَّةِ؟ مَا دَخَلْتُ الْجَنَّةَ قَطُّ إِلاَّ سَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ أَمَامِیْ، دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةَ، فَسَمِعْتُ خَشْخَشَتَكَ أَمَامِیْ، فَأَتَیْتُ عَلَی قَصْرٍ مُرَبَّعٍ، مُشْرِفٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِرَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ، فَقُلْتُ: أَنَا عَرَبِیٌّ، لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَقُلْتُ: أَنَا قُرَشِیٌّ، لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِرَجُلٍ مِنْ أُمَّةِ مُحمدٍ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: أَنَا مُحمدٌ، لِمَنْ هٰذَا الْقَصْرُ؟ قَالُوْا: لِعُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ“

فَقَالَ بِلاَلٌ: یَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَذَّنْتُ قَطُّ إِلاَّ صَلَّیْتُ رَكْعَتَیْنِ، وَمَا أَصَابَنِیْ حَدَثٌ قَطُّ إِلاَّ تَوَضَّأْتُ عِنْدَهَا، وَرَأَيْتُ أَنَّ لِلّٰهِ عَلَيَّ رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم "بِهِمَا“

وفی الباب: عَنْ جَابِرٍ، وَمُعَاذٍ، وَأَنَسٍ، وَأَبِیْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ النبیَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" رَأَیْتُ فِیْ الْجَنَّةِ قَصْرًا مِنْ ذَهَبٍ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هٰذَا؟ فَقِیْلَ: لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، وَمَعْنَی هٰذَا الْحَدِیْثِ:" أَنِّیْ دَخَلْتُ الْبَارِحَةَ الْجَنَّةِ “ يَعْنِیْ رَأَيْتُ فِیْ الْمَنَامِ، كَأَنِّیْ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، هٰكَذَا رُوِیَ فِیْ بَعْضِ الْحَدِیْثِ، وَیُرْوَی عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ قَالَ: رُؤْیَا الْأَنْبِیَاءِ وَحْیٌ.

بابٌ

۱۰-شیاطین الانس والجن: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھاگتے ہیں

حدیث (۱): حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کسی غزوہ میں تشریف لے گئے، جب لوٹ کر واپس آئے تو ایک کالی (حبشی) باندی آئی، اس نے کہا: یارسول اللہ! میں نے منت مانی ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ آپؐ کو صحیح سلامت واپس لائیں تو میں آپؐ کے سامنے ڈفلی (ایک ہاتھ سے بجانے کا ایک ساز) بجاؤنگی، اور اشعار پڑھونگی، آپؐ نے اس سے فرمایا: ”اگر تو نے منت مانی ہے تو بجالے، ورنہ نہیں!“ —— پس وہ بجانے لگی (اور رزین کی روایت میں

اضافہ ہے کہ اس نے: طلع البدرُ علینا ÷ من ثَنِیَّاتِ الوَدَاع÷ وجب الشکر علینا÷ ما دعاللہ داعٍ: پڑھا، جامع الاصول ۹:۴۴۸ حدیث ۶۴۳۳) پس ابوبکرؓ آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر علیؓ آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر عثمانؓ آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر عمرؓ آئے تو اس نے ڈفلی اپنی سرین کے نیچے کرلی، اور اس پر بیٹھ گئی یعنی چھپالی، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے عمر! شیطان یقیناً آپؓ سے ڈرتا ہے! میں بیٹھا تھا اور وہ بجارہی تھی، پھر ابوبکر آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر علی آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر عثمان آئے، اور وہ بجاتی رہی، پھر اے عمر! جب تم آئے تو اس نے ڈفلی چھپالی!''

لغات: **تغَنّٰی بالشِّعْرِ**: ترنم سے اشعار پڑھنا......**الإست**: سرین، اس کی اصل **السَّته** ہے، **سَتِهَ** (س) **سَتَهًا**: بڑے سرین والا ہونا۔

تشریح: تھاپ کے ساتھ اشعار پڑھنا جائز ہے، یہ گانا بجانا نہیں ہے۔ اور امر مباح کی منت منعقد نہیں ہوتی، آپؐ نے اس باندی کو محض اس کا دل رکھنے کے لئے اجازت دی تھی، اور ''ورنہ نہیں'' میں اس کی ناپسندیدگی کی طرف اشارہ ہے۔ اور حضرت عمرؓ کے دبدبے سے اس نے وہ شیطانی چرخہ روک دیا، یہی حضرت عمرؓ کی فضیلت ہے۔

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ تشریف فرما تھے کہ ہم نے شور وغل اور بچوں کی آواز سنی، نبی ﷺ کھڑے ہوئے تو اچانک ایک حبشن کھیل رہی تھی، اور اس کے اردگرد بچے تھے، آپؐ نے فرمایا: ''عائشہ! آؤ اور دیکھو'' پس میں آئی، اور میں نے اپنے جبڑے رسول اللہ ﷺ کے مونڈھے پر رکھ دیئے، اور میں آپؐ کے مونڈھے اور سر کے درمیان سے اس عورت کو دیکھنے لگی، پس آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ''کیا تمہارا پیٹ نہیں بھرا!'' (کچھ وقت کے بعد آپؐ نے پھر فرمایا:) ''کیا تمہارا پیٹ نہیں بھرا!'' پس میں کہتی رہی: نہیں! تاکہ میں اپنا مرتبہ آپؐ کے نزدیک دیکھوں (کہ آپؐ کب تک میری وجہ سے کھڑے رہتے ہیں؟) پس اچانک عمر نکل آئے، تو لوگ اس کے پاس سے تتّر بتّر ہو گئے، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں شیاطین الانس والجن کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ عمرؓ کی وجہ سے بھاگے جارہے ہیں!'' حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: ''پس میں (بھی) لوٹ گئی!''

لغات: **لغط**: شور وغل...... **زَفِنَ** (س) **زَفْنًا**: ناچنا...... **اِرْفَضَّ وَتَرَفَّضَ**: تتر بتر ہونا، بکھر جانا، منتشر ہو جانا۔

تشریح: شیاطین جن چیزوں سے بھاگیں: ان کی اہمیت ظاہر ہے۔ وہ اذان واقامت سن کر بھاگتے ہیں: اس سے ان دونوں کی اہمیت واضح ہوتی ہے، پس جب شیاطین الجن ہی نہیں، شیاطین الانس بھی حضرت عمرؓ کو دیکھ کر بھاگتے ہیں تو اس سے آپؓ کی اہمیت وفضیلت ثابت ہوتی ہے۔

[٥٤-] بابٌ

[٣٧١٩-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ

اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ بُرَيْدَةَ، يَقُوْلُ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ، فَلَمَّا انْصرفَ جاءَ تْ جارِيَةٌ سَوْدَاءُ، فَقالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّیْ كُنْتُ نَذَرْتُ: إِنْ رَدَّكَ اللّٰهُ سَالِمًا: أَنْ أَضْرِبَ بَيْنَ يَدَيْكَ بِالدُّفِّ، وَأَتَغَنَّى، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنْ كُنتِ نَذَرْتِ فَاضْرِبِیْ،وَإِلَّا فَلاَ" فَجَعَلَتْ تَضْرِبُ، فَدَخَلَ أَبُوْ بَكْرٍ، وَهِيَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخلَ عَلِیٌّ، وَهِیَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخَلَ عُثْمَانُ، وَهِیَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخلَ عُمَرُ، فَأَلْقَتِ الدُّفَّ تَحْتَ إِسْتِهَا، ثُمَّ قَعَدَتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَخَافُ مِنْكَ يَا عُمَرُ! إِنِّیْ كُنْتُ جَالِسًا، وَهِیَ تَضْرِبُ، فَدَخَلَ أَبُوْبَكْرٍ، وَهِیَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخَلَ عَلِیٌّ، وَهِیَ تَضْرِبُ، ثُمَّ دَخلَ عُثْمَانُ، وَهِیَ تَضْرِبُ، فَلَمَّا دَخَلْتَ أَنْتَ يَا عُمَرُ أَلْقَتِ الدُّفَّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ بُرَيْدَةَ، وفی الباب: عَنْ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ.

[۳۷۲۰-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: أَنَا يَزِيْدُ بْنُ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسًا، فَسَمِعْنَا لَغَطًا وَصَوْتَ صِبْيَانٍ، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا حَبَشِيَّةٌ تَزْفِنُ، وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهَا، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ! تَعَالَی، فَانْظُرِیْ" فَجِئْتُ، فَوَضَعْتُ لَحْيَيَّ عَلَى مَنْكِبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهَا، مَا بَيْنَ الْمَنْكِبِ إِلَى رَأْسِهِ، فَقَالَ لِیْ: "أَمَا شَبِعْتِ؟ أَمَا شَبِعْتِ؟" قَالَتْ: فَجَعَلْتُ أَقُوْلُ: لاَ، لِأَنْظُرَ مَنْزِلَتِیْ عِنْدَهُ، إِذْ طَلَعَ عُمَرُ، قَالَتْ: فَارْفَضَّ النَّاسُ عَنْهَا، قَالَتْ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنِّیْ لَأَنْظُرُ إِلَى شَيَاطِيْنِ الْجِنِّ وَالإِنْسِ قَدْ فَرُّوْا مِنْ عُمَرَ" قَالَتْ: فَرَجَعْتُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۱۱-حضرت عمرؓ قیامت کے دن تیسرے نمبر پر قبر سے نکلیں گے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں پہلا شخص ہوں جس سے (قیامت کے دن) زمین (قبر) پھٹے گی، پھر ابوبکرؓ سے، پھر عمرؓ سے، پھر میں قبرستان بقیع والوں کے پاس آؤنگا، پس وہ میرے ساتھ (میدانِ حشر میں) جمع کئے جائیں گے، پھر میں مکہ والوں کا انتظار کروں گا، یہاں تک کہ میں حرمین والوں کے درمیان جمع کیا جاؤنگا''

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، عاصم عمری: امام ترمذی کے نزدیک حافظ (اچھی طرح حدیثوں کو یاد رکھنے

والے) نہیں، اور محدثین کے نزدیک: ضعیف ہے۔ اور عبداللہ صائغ کی کتاب تو صحیح تھی، مگر حافظہ میں کمزوری تھی، اور یہ حدیث انھوں نے معلوم نہیں کتاب سے بیان کی ہے یا حافظہ سے؟ اور یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، باقی کتب خمسہ میں نہیں ہے، البتہ مستدرک حاکم (۲: ۴۶۵) میں ہے، مگر ذہبی نے صائغ کی تضعیف کی ہے، اور مستدرک میں سند بھی مختلف ہے —— پھر اس حدیث کو حضرت ابوبکرؓ کے فضائل میں لانا چاہئے تھا، کیونکہ ان کا نمبر دوسرا ہے۔

نوٹ: عبارت کے آخر میں عن أهل الحديث تھا، میں نے اس کو حذف کیا ہے، تحفۃ الاشراف مزّی میں یہ نہیں ہے، اور واو عاطفہ کے بغیر یہ عبارت بے جوڑ ہے۔

[۵۵-] بابٌ

[۳۷۲۱-] حدثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الصَّائِغُ، نَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ، ثُمَّ أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ آتِىْ أَهْلَ الْبَقِيْعِ، فَيُحْشَرُوْنَ مَعِىْ، ثُمَّ أَنْتَظِرُ أَهْلَ مَكَّةَ، حَتَّى أُحْشَرَ بَيْنَ الْحَرَمَيْنِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَعَاصِمُ بْنُ عُمَرَ العُمَرِيُّ لَيْسَ عِنْدِىْ بِالْحَافِظِ.

بابٌ

۱۲- حضرت عمرؓ اس امت کے محدَّث (ملہم) ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''گذشتہ امتوں میں (نبیوں کے علاوہ) محدَّث (سمجھائے ہوئے، کلام کئے ہوئے) ہوا کرتے تھے، پس اگر میری امت میں کوئی محدث ہے تو وہ عمر بن الخطاب ہیں!'' (یہ حدیث متفق علیہ ہے) اور سفیان بن عیینہ رحمہ اللہ نے محدَّث کی تفسیر مُفَهَّم سے کی ہے یعنی اللہ کی طرف سے سمجھایا ہوا۔

تشریح: حَدَّث کے معنی ہیں: کلام کرنا، خبر دینا، بیان کرنا۔ مُحَدَّث: اسم مفعول: کلام کیا ہوا، باتیں بتایا ہوا۔ اور اصطلاح میں محدَّث وہ ہے: جس کا نفس عالم ملکوت (فرشتوں کی دنیا) کے بعض علمی خزانوں کی طرف سبقت کرے، اور وہاں اللہ تعالیٰ نے جو علوم شرعیہ مہیا کئے ہیں: ان میں سے بعض نزولِ وحی سے پہلے اخذ کرلے، جن کا تعلق آئین وشریعت سے ہو، یا نظام انسانی کی اصلاح سے ہو، جیسے بعض نیک بندے عالم ملکوت میں جو باتیں طے پا چکی ہیں ان کو خواب میں دیکھ لیتے تھے (رحمۃ اللہ ۴: ۴۵۱ ملخصاً)

اور مُفَهَّم: اسم مفعول کے لغوی معنی ہیں: سمجھایا ہوا، پڑھایا ہوا، اور اصطلاح میں مفہم: وہ شخص ہے جو کسب واکتساب اور تعلیم وتعلّم کے بغیر بارگاہ مقدس کی تائید سے، نوع انسانی کی حالت کو سمجھتا ہو، اور ان کے دینی ودنیوی مصالح کو جانتا

ہو، حجۃ اللہ میں شاہ صاحب رحمہ اللہ نے مفہمین کے بارہ امتیازات بیان کئے ہیں، پس نبی اور محدث وغیرہ سب مفہمین میں شامل ہیں (رحمۃ اللہ ۲:۴۴)

[٥٦-] بابٌ

[٣٧٢٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا اللَّيْثُ، عَنْ ابنِ عَجْلاَنَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" قَدْ كَانَ يَكُوْنُ فِيْ الْأُمَمِ مُحَدَّثُوْنَ، فَإِنْ يَكُ فِي أُمَّتِيْ أَحَدٌ فَعُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَخْبَرَنِيْ بَعْضُ أَصْحَابِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، قَالَ: مُحَدَّثُوْنَ: يَعْنِيْ مُفَهَّمُوْنَ.

بابٌ

۱۳- ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما جنتی ہیں!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: (ابھی) نمودار ہوگا تم پر جنتیوں میں سے ایک آدمی! پس ابوبکر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے، پھر آپؐ نے فرمایا: (اب) نمودار ہوگا تم پر جنتیوں میں سے ایک آدمی! پس عمر رضی اللہ عنہ نمودار ہوئے۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، امام ترمذی کے استاذ محمد بن حمید رازی ضعیف راوی ہیں، اور عبداللہ بن سلمہ مرادی کے حافظہ میں تغیر آ گیا تھا، اور ابوموسیٰ کی حدیث آگے (حدیث ۳۷۳۹) آرہی ہے، اور حضرت جابر بن عبداللہ کی حدیث مسند احمد اور طبرانی کی اوسط اور مسند بزار میں ہے، اس لئے شواہد کی وجہ سے مضمون صحیح ہے)

[٥٧-] بابٌ

[٣٧٢٣-] حدثنا محمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْقُدُّوْسِ، نا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ": فَاطَّلَعَ أَبُوْ بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ:" يَطَّلِعُ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ": فَاطَّلَعَ عُمَرُ. وفي الباب: عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، وَجَابِرٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

۱۴- قوتِ ایمانی میں آپؐ نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کو اپنے ساتھ ملایا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "دریں اثناء کہ ایک آدمی اپنی بکریاں چرا رہا تھا: اچانک بھیڑیا آیا، اور اس نے ایک

بکری پکڑی، پس اس کا مالک آیا، اور اس نے بکری بھیڑیے سے چھڑالی، پس بھیڑیے نے کہا: درندوں کے دن بکری کے ساتھ کس طرح کرے گا، جبکہ میرے علاوہ بکریوں کا کوئی چرواہا نہیں ہوگا؟! (لوگوں نے کہا: سبحان اللہ! عجیب بات!) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں اس پر ایمان لایا، اور ابوبکر وعمر!'' ابوسلمہ کہتے ہیں: اس وقت وہ دونوں لوگوں میں (موجود) نہیں تھے (یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور اس کا بعض حصہ پہلے (حدیث ۳۷۰۹ میں) آچکا ہے، مسلم شریف (حدیث ۲۳۸۸) میں دونوں واقعے (بیل کا واقعہ اور بھیڑیے کا واقعہ) ایک ساتھ ہیں۔

۱۵- حضرت عمر رضی اللہ عنہ راہِ خدا میں شہید ہوئے

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ احد پہاڑ پر چڑھے، اور ابوبکر وعمر وعثمان (بھی) پس احد پہاڑ ان کے ساتھ زور زور سے ہلنے لگا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''احد ٹھہر جا! تیرے اوپر نبی، صدیق اور دو شہید ہیں!''

تشریح: حضرت عمر رضی اللہ عنہ دعا کیا کرتے تھے: ''الٰہی! مجھے اپنے راستہ میں شہادت نصیب فرما، اور میری موت مدینۃ الرسول میں مقدر فرما، چنانچہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے مجوسی غلام ابولؤلؤہ نے فجر کی نماز پڑھاتے ہوئے آپؓ پر خنجر سے وار کیا، اور ایسا کاری زخم لگایا کہ آپؓ اس سے جانبر نہ ہوسکے، اور تین دن بعد وفات پاکر جوارِ رسولؐ میں مدفون ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر پر بے پایاں رحمت کی بارش فرمائیں (آمین)

[۳۷۲٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:'' بَيْنَمَا رَجُلٌ يَرْعَى غَنَمًا لَهُ، إِذْ جَاءَ الذِّئْبُ، فَأَخَذَ شَاةً، فَجَاءَ صَاحِبُهَا، فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ، فَقَالَ الذِّئْبُ: كَيْفَ تَصْنَعُ بِهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَارَاعِيَ لَهَا غَيْرِيْ؟ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' فَآمَنْتُ بِذٰلِكَ أَنَا وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ'' قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا فِي الْقَوْمِ يَوْمَئِذٍ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدٍ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۷۲۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، أَنَّ أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَعِدَ أُحُدًا، وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ، فَرَجَفَ بِهِمْ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' اثْبُتْ أُحُدُ! فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ، وَصِدِّيْقٌ، وَشَهِيْدَانِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ

اسم گرامی: عثمان، والد کا نام: عفان بن ابی العاص بن امیہ،نسبت: اموی قریشی، کنیتیں: ابوعمرو اور ابوعبداللہ، لقب: ذوالنورین (کیونکہ آپؓ کے نکاح میں نبی ﷺ کی دو صاحبزادیاں (رقیہ اور ام کلثوم) یکے بعد دیگرے آئی ہیں) ولادت مکہ میں ہجرت سے ۴۷ سال پہلے، شہادت: مدینہ میں ۳۵ ہجری میں، مطابق ۵۷۷-۶۵۶ عیسوی، تیسرے خلیفہ راشد، اور عشرۂ مبشرہ میں سے ایک، ۲۳ ہجری میں حضرت عمرؓ کی وفات کے بعد خلیفہ بنائے گئے، مدتِ خلافت ۱۲ سال، آپؓ کے زمانہ میں آرمینیہ، قوقاز، خراساں، کرمان، سجستان، افریقہ اور قبرس فتح ہوئے۔

۱- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کی پیشین گوئی

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ حراء پہاڑ پر تھے (جس پر غارِ حراء ہے، پس یہ مکہ کا واقعہ ہے، اکثر روایات میں یہی ہے، اور حضرت سہل کی حدیث میں جو مسند ابو یعلی میں ہے: حراء کی جگہ احد ہے، پس یہ مدینہ کا واقعہ ہے) آپؐ اور ابو بکر، اور عمر، اور عثمان، اور علی، اور طلحہ، اور زبیر، پس چٹان ہلی، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''تھم جا! تجھ پر نبی، صدیق اور شہید ہی ہیں!''

تشریح: نبی ﷺ اور صدیق اکبر کے علاوہ پانچوں حضرات راہِ خدا میں شہید ہوئے ہیں، یہ عظیم پیشین گوئی ہے۔

حضرت عثمانؓ پر آخر حیات میں یہ اعتراض ہوا تھا کہ آپؓ نے اپنے اقرباء کو بڑے بڑے عہدوں پر فائز کر دیا ہے، چنانچہ کوفہ، بصرہ اور مصر سے وفود آئے، اور انھوں نے مطالبہ کیا کہ آپؓ اپنے اقرباء کو عہدوں سے ہٹائیں۔ آپؓ نے انکار کیا، بلوائیوں نے آپؓ کو اپنے گھر میں محصور کر دیا، اور مطالبہ شروع کیا کہ آپؓ خود کو خلافت سے معزول کر دیں۔ آپؓ نے یہ بھی نہیں کیا، چنانچہ چالیس دن تک محاصرہ رہا۔ بالآخر عید الاضحیٰ کے دن ایک شخص دیوار پھاند کر گھر میں داخل ہوا، آپؓ تلاوت فرما رہے تھے، اسی حال میں آپؓ کو شہید کر دیا —— باقی حضرات دوسرے موقعوں پر شہید ہوئے ہیں۔

[۵۸-] مَنَاقِبُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضی اللہ عنہ

وَلَهُ كُنْيَتَانِ: يُقَالُ: أَبُوْ عَمْرٍو، وأَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ

[۳۷۲۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرِيرةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عَلَى حِرَاءٍ: هُوَ، وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ،

وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، فَتَحَرَّكَتِ الصَّخْرَةُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "اهْدَأْ! فَمَا عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ، أَوْ صِدِّيقٌ، أَوْ شَهِيْدٌ"

وفي الباب: عَنْ عُثْمَانَ، وَسَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَسَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَبُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيِّ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

۲- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جنت میں نبی ﷺ کے رفیق ہونگے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لكل نبي رفيق في الجنة، ورفيقي فيها عثمان بن عفان: ہر نبی کے لئے جنت میں کوئی ساتھی ہوتا ہے، اور میرے ساتھی جنت میں عثمان بن عفان ہیں (یہ ابن ماجہ کی روایت کے الفاظ ہیں)

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے: ایک تو بنو زہرہ کا شیخ مجہول ہے، دوم: حارث کا حضرت طلحہ سے لقاء وسماع نہیں۔ اور یہ حدیث ابن ماجہ (حدیث ۱۰۹) میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، اور وہ بھی ضعیف ہے، اس کی سند کا ایک راوی عثمان بن خالد بالاتفاق ضعیف ہے، مگر فضائل میں ضعیف روایت معتبر ہے۔

[۵۹-] بابٌ

[۳۷۲۷-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا يَحْيَى بْنُ الْيَمَانِ، عَنْ شَيْخٍ مِنْ بَنِيْ زُهْرَةَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيْقٌ، وَرَفِيْقِي - يَعْنِيْ فِيْ الْجَنَّةِ - عُثْمَانُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِيِّ، وَهُوَ مُنْقَطِعٌ.

بابٌ

۳- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بیر رومہ خرید کر وقف کیا

بیر رومہ ایک یہودی کا تھا، وہ مسلمانوں کو اس سے پانی بھرنے نہیں دیتا تھا، پیسے لیتا تھا، اس کا پانی شیریں تھا، نبی ﷺ نے مسلمانوں کو ترغیب دی کہ جو کوئی یہ کنواں خرید کر وقف کردے اس کے لئے جنت ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے وہ کنواں بیس ہزار درہم میں خرید کر وقف کیا۔

حدیث: ابوعبدالرحمٰن سُلمی کہتے ہیں: جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مقید کئے گئے تو انھوں نے اپنے گھر کی بلندی (چھت) سے لوگوں کو دیکھا اور خطاب فرمایا:

۱- میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ جب حراء پہاڑ ہلا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا: ''حراء تھم جا! تیرے اوپر نبی، صدیق یا شہید ہی ہیں!'' لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں!

۲- آپؓ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے تنگی کے لشکر (تبوک کے لشکر) کے بارے میں فرمایا تھا: ''کون مقبول خیرات (اخلاص والی خیرات) کرتا ہے؟'' جبکہ لوگ تھکے ماندے اور تنگ دست تھے! پس میں نے اس لشکر کے لئے سامان فراہم کیا؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں!

۳- آپؓ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ بیر رومہ سے کوئی شخص (مسلمان) پانی نہیں لے سکتا تھا، مگر قیمت کے ساتھ، پس میں نے اس کو خریدا، اور میں نے اس کو مالدار، غریب اور مسافر کے لئے وقف کر دیا؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں! بخدا!

اور آپؓ نے دوسری چند باتوں کو گنایا (مگر ان لوگوں پر ان باتوں کا کوئی اثر نہیں ہوا، محاصرہ بدستور جاری رہا)

[-٦٠] بابٌ

[-٣٧٢٨] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدٍ: هُوَ ابْنُ أَبِيْ أُنَيْسَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ: أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ فَوْقَ دَارِهِ، ثُمَّ قَالَ:

[-١] أُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ حِرَاءَ حِيْنَ انْتَفَضَ، قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''اثْبُتْ حِرَاءُ، فَلَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ، أَوْ صِدِّيْقٌ، أَوْ شَهِيْدٌ؟'' قَالُوْا: نَعَمْ.

[-٢] قَالَ: أُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ فِيْ جَيْشِ الْعُسْرَةِ: ''مَنْ يُنْفِقُ نَفَقَةً مُتَقَبَّلَةً؟'' وَالنَّاسُ مُجْهَدُوْنَ مُعْسِرُوْنَ، فَجَهَّزْتُ ذٰلِكَ الْجَيْشَ؟ قَالُوْا: نَعَمْ.

[-٣] ثُمَّ قَالَ: أُذَكِّرُكُمْ بِاللّٰهِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رُوْمَةَ لَمْ يَكُنْ يَشْرَبُ مِنْهَا أَحَدٌ إِلَّا بِثَمَنٍ، فَابْتَعْتُهَا، فَجَعَلْتُهَا لِلْغَنِيِّ وَالْفَقِيْرِ وابْنِ السَّبِيْلِ؟ قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ - وَأَشْيَاءَ عَدَّهَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ.

۴- حضرت عثمانؓ نے غزوۂ تبوک کے موقعہ پر اونٹوں اور دیناروں سے لشکر کی بھرپور مدد کی:

پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اب عثمان جو کچھ کریں اس کا ضرر ان کو نہیں پہنچے گا!''

حدیث (۱): حضرت عبدالرحمٰن بن خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس موجود تھا، جب آپؐ تنگی

کے لشکر کے لئے سامان تیار کرنے کی ترغیب دے رہے تھے، پس حضرت عثمانؓ کھڑے ہوئے، اور عرض کیا: میرے ذمہ راہِ خدا میں سواونٹ ہیں، ان کے ٹاٹوں اور کجاوں کے ساتھ۔ آپؐ نے پھر لشکر کا سامان تیار کرنے کی ترغیب دی، تو حضرت عثمان کھڑے ہوئے، اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ذمہ راہِ خدا میں دوسواونٹ ہیں، ان کے ٹاٹوں اور کجاوں کے ساتھ، پھر (آپؐ منبر کی ایک سیڑھی نیچے اترے اور) لشکر کے لئے سامان فراہم کرنے کی ترغیب دی، تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے، اور عرض کیا: میرے ذمہ راہِ خدا میں تین سواونٹ ہیں، ان کے ٹاٹوں اور کجاوں کے ساتھ —— پس میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ منبر سے یہ فرماتے ہوئے اترے: **ما علی عثمان ما عَمِل بعدُ**: اس کے بعد عثمان جو کچھ کریں گے اس کا ضرر ان کو نہیں پہنچے گا!

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے، فرقد مجہول راوی ہے، مگر آئندہ حدیث اس کی شاہد ہے، اس لئے مضمون درست ہے، اور یہ حدیث مسند احمد (۴:۷۵) میں بھی اسی سند سے ہے، اور اس میں صراحت ہے کہ دوسو پہلے سو کے ساتھ ہیں، اسی طرح تین سو پہلے دوسو کے ساتھ ہیں، روایت کے الفاظ یہ ہیں: **قال عثمان: عليَّ مأة أخرى، بأحلاسها وأقتابها، قال: ثم نزل مرقاةً من المنبر، ثم حثَّ، فقال عثمان بن عفان: عليَّ مأة أخرى بأحلاسها وأقتابها،** پس مجموعہ تین سواونٹ ہوئے، چھ سو نہیں، جیسا کہ ملا علی قاری رحمہ اللہ نے مرقات میں لکھا ہے۔

قوله: ما على عثمان ما عَمِل بعدُ میں پہلا مَا نافیہ بمعنی لیس ہے، اور دوسرا موصولہ، اور صلہ کے ساتھ ما کا اسم مؤخر ہے، **أي ليس عليه: أي لايضره الذي يعمل في جميع عمره بعد هذه الحسنة!** یعنی یہ عملِ سابق ان کے تمام لاحق گناہوں کا کفارہ بن گیا! اور اس معنی کا قرینہ اگلی روایت ہے۔

حدیث (۲): حضرت عبدالرحمٰن بن سمرۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کی خدمت میں ایک ہزار دینار لائے —— حدیث کا راوی حسن بن واقع کہتا ہے: میری کتاب میں دوسری جگہ: **في كُمِّه** بھی ہے یعنی اپنی آستین میں لائے —— جب انھوں نے تنگی کے لشکر کے لئے سامان تیار کیا، یعنی چندہ دیا پس اس کو نبی ﷺ کی گود میں پھیلا دیا، عبدالرحمٰن کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ ان کو اپنی گود میں پلٹ رہے تھے، اور فرما رہے تھے: **ماضَرَّ عثمانَ ما عمل بعد اليوم**: آج کے بعد عثمان جو کچھ کریں گے اس کا ضرر ان کو نہیں پہنچے گا! (یہ بات دومرتبہ فرمائی)

لغات: **الحِلْس**: وہ ٹاٹ یا دری وغیرہ جو اونٹ کے کجاوے یا گھوڑے کی زین کے نیچے کمر سے لگا ہوا ہوتا ہے...... **القَتَب** اور **القِتْب**: کجاوہ، پالان۔

تشریح: اعمالِ صالحہ: اعمالِ سیئہ کے لئے کفارہ بن جاتے ہیں: ﴿**إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ**﴾: نیک کام: برے کاموں کو یقیناً مٹا دیتے ہیں (ہود آیت ۱۱۴) —— پھر مکفرات عام طور پر گناہوں سے مؤخر ہوتے ہیں، مگر کبھی

مقدم بھی ہوتے ہیں، جیسے بدری صحابہ کے بارے میں فرمایا ہے: لعل الله قد اطلع على أهل بدر، فقال: اعملو ما شئتم فقد غفرتُ لكم: اللہ تعالیٰ نے یقیناً بدری صحابہ کے بارے میں جان لیا، پس فرمایا: ''جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا!'' —— اور جیسے یوم عرفہ کے روزے سے ایک سال مقدم اور ایک سال مؤخر کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں (رواہ مسلم، مشکوٰۃ حدیث ۲۰۴۴) —— اسی طرح نبی ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اس عمل کو بھی ایسا ہی عمل قرار دیا ہے، پس اگر بالفرض آپؓ سے آخر حیات میں کوئی کوتاہی ہوئی ہے تو یہ عمل اس کے لئے کفارہ بن گیا ہے۔

[۳۷۲۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ: السَّكَنُ بْنُ الْمِغيْرَةِ، وَيُكْنَى أَبَا مُحمدٍ، مَوْلًى لِآلِ عُثْمَانَ، قَالَ: نَا الْوَلِيْدُ بْنُ أَبِيْ هِشَامٍ، عَنْ فَرْقَدٍ: أَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ، قَالَ: شَهِدْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ يَحُثُّ عَلَى جَيْشِ الْعُسْرَةِ، فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيْرٍ بِأَحْلاَسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ، فَقَامَ عُثْمَانُ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلَيَّ مِائَتَا بَعِيْرٍ بِأَحْلاَسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، ثُمَّ حَضَّ عَلَى الْجَيْشِ، فَقَامَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَقَالَ: عَلَيَّ ثَلاَثُمِائَةِ بَعِيْرٍ بِأَحْلاَسِهَا وَأَقْتَابِهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، فَأَنَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَنْزِلُ عَنِ الْمِنبَرِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: '' مَا عَلَى عُثْمَانَ مَاعَمِلَ بَعْدَ هٰذِهِ! مَا عَلَى عُثْمَانَ مَاعَمِلَ بَعْدَ هٰذِهِ'' هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وفي الباب: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ.

[۳۷۳۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ الرَّمْلِيُّ، نَا ضَمْرَةُ، عَنْ ابنِ شَوْذَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ كَثِيْرٍ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَاءَ عُثْمَانُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِأَلْفِ دِيْنَارٍ — قَالَ الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ: وَفِيْ مَوْضِعٍ آخَرَ مِنْ كِتَابِيْ: فِيْ كُمِّهِ — حِيْنَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ، فَنَثَرَهَا فِيْ حِجْرِهِ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: فَرَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يُقَلِّبُهَا فِيْ حِجْرِهِ، وَيَقُوْلُ: '' مَاضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ'' مَرَّتَيْنِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۵- حضرت عثمانؓ کی طرف سے بیعتِ رضوان رسول اللہ ﷺ نے کی، جوان کے لئے اپنی بیعت سے بہتر تھی

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر ایک اعتراض یہ بھی کیا گیا تھا کہ وہ بیعتِ رضوان سے غیر حاضر رہے، اس کا جواب درج ذیل حدیث میں ہے:

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ نے بیعتِ رضوان کا حکم دیا تو عثمانؓ مکہ والوں کی طرف اللہ کے رسول کے رسول (قاصد) تھے، پس لوگوں نے بیعت کی (جب سب لوگ بیعت کر چکے) تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عثمان اللہ کی اور اس کے رسول کی ضرورت کے لئے گئے ہوئے ہیں، پھر آپؐ نے اپنا ہاتھ دوسرے ہاتھ پر مارا (اور ان کی طرف سے بیعت کی) پس رسول اللہ ﷺ کا ہاتھ حضرت عثمان کے لئے: صحابہ کے ہاتھوں سے اپنے لئے: بہتر تھا (یہ روایت بیہقی نے بھی نقل کی ہے)

تشریح: حدیبیہ میں مشرکین کی طرف سے سفارت آئی، مگر وہ ناکام لوٹی، پس رسول اللہ ﷺ نے اپنی طرف سے سفیر روانہ کرنے کا ارادہ فرمایا۔ آپؐ نے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بلایا، لیکن انھوں نے یہ کہہ کر معذرت کی کہ اے اللہ کے رسول! اگر مجھے اذیت دی گئی تو مکہ میں بنی کعب کا ایک فرد بھی ایسا نہ ہوگا جو میری حمایت کرے، پھر انھوں نے مشورہ دیا کہ حضرت عثمان کو بھیجا جائے، ان کا کنبہ مکہ میں ہے، اور وہ ان کی حمایت کرے گا۔ چنانچہ آپؐ نے حضرت عثمان کو بلایا، اور سفارت پر روانہ کیا، اور فرمایا: ''مکہ والوں کو بتلاؤ کہ ہم لڑنے نہیں آئے، عمرہ کرنے آئے ہیں'' مکہ والوں نے حضرت عثمانؓ کو روک لیا، غالباً انھوں نے اس لئے روکا ہوگا کہ وہ باہم مشورہ کر کے کوئی قطعی فیصلہ کریں، اور وہ جواب حضرت عثمانؓ کے ذریعہ بھیجیں، مگر حضرت عثمان کے دیر تک رکے رہنے کی وجہ سے مسلمانوں میں یہ افواہ پھیل گئی کہ ان کو قتل کر دیا گیا، چنانچہ آپؐ نے جنگ کا قطعی فیصلہ کر لیا اور ایک درخت کے نیچے بیعت لی کہ ہر شخص آخر دم تک لڑے گا، کسی حال میں میدان نہیں چھوڑے گا، اس بیعت کے اختتام پر آپؐ نے خود حضرت عثمانؓ کی طرف سے بیعت لی تھی، پھر جب بیعت مکمل ہوگئی تو حضرت عثمان بھی آگئے، اور انھوں نے خود بھی بیعت کی۔

[۳۷۳۱-] حدثنا أَبُوْ زُرْعَةَ، نَا الْحَسَنُ بْنِ بِشْرٍ، نَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَّا أَمَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِبَيْعَةِ الرِّضْوَانِ: كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رسولَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ، قَالَ: فَبَايَعَ النَّاسُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''إِنَّ عُثْمَانَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ'' فَضَرَبَ بِإِحْدَى يَدَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى، فَكَانَتْ يَدُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعُثْمَانَ خَيْرًا مِنْ أَيْدِيْهِمْ لِأَنْفُسِهِمْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

فائدہ: امام ترمذی کے استاذ ابو زرعہ: مشہور محدث امام ابو زرعہ رازی ہیں، جن کا نام عبید اللہ بن عبد الکریم ہے۔

۶- حضرت عثمانؓ نے ایک قطعۂ زمین خرید کر مسجدِ نبوی میں اضافہ کیا

حدیث: ثمامۃ بن حزن قشیری رحمہ اللہ کہتے ہیں: میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر پر موجود تھا، جب انھوں

نے لوگوں کو گھر کے اوپر سے جھانکا، اور فرمایا: میرے پاس ان دو شخصوں کو لاؤ جو تم کو مجھ پر چڑھا لائے ہیں؟ راوی کہتا ہے: پس وہ دونوں لائے گئے گویا وہ دو اونٹ ہیں، یا کہا: دو گدھے ہیں، راوی کہتا ہے: پس حضرت عثمانؓ نے لوگوں کو گھر کے اوپر سے جھانکا، اور فرمایا:

۱- میں آپ لوگوں کو اللہ کی اور اسلام کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ مدینہ میں تشریف لائے، درانحالیکہ مدینہ میں بیر رومہ کے علاوہ کوئی میٹھا پانی نہیں تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کون ہے جو بیر رومہ خریدے، پھر اپنا ڈول مسلمانوں کے ڈول کے ساتھ کر دے: اس بہتر صلہ کے عوض میں جو اس کو اس کنویں کے بدل جنت میں ملے گا!'' پس میں نے اس کو اپنے ذاتی مال سے خریدا، مگر آج تم مجھے روکتے ہو کہ میں اس کا پانی پیئوں، یہاں تک کہ سمندر کا پانی پی رہا ہوں! لوگوں نے جواب دیا: بخدا! ہم یہ بات جانتے ہیں!

۲- پھر آپؓ نے فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی اور اسلام کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ مسجدِ نبوی نمازیوں سے تنگ ہوگئی تھی، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کون ہے جو فلاں خاندان کا قطعۂ زمین خریدے، پس اس کا مسجد میں اضافہ کرے: اس بہتر صلہ کے عوض میں جو اس کو اس قطعۂ زمین کے بدل جنت میں ملے گا!'' پس میں نے اس کو اپنے ذاتی مال سے خریدا، اور تم آج مجھے روکتے ہو کہ میں اس میں دو رکعتیں پڑھوں، لوگوں نے جواب دیا: اے اللہ! ہم یہ بات جانتے ہیں!

۳- فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی اور اسلام کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ میں نے اپنے مال سے غزوۂ تبوک کے لشکر کا سامان تیار کیا تھا؟ لوگوں نے جواب دیا: اے اللہ! ہم یہ بات جانتے ہیں!

۴- فرمایا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی اور اسلام کی قسم دیتا ہوں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ مکہ کے ثبیر پہاڑ پر تھے، اور آپؐ کے ساتھ ابوبکر و عمر اور میں تھا، پس پہاڑ لرزا، یہاں تک کہ اس کے پتھر دامنِ کوہ میں گرنے لگے، پس نبی ﷺ نے اس کو ٹھوکر ماری، اور فرمایا: ''تھم جا اے ثبیر! تیرے اوپر نبی، صدیق اور دو شہید ہیں!'' لوگوں نے جواب دیا: اے اللہ! ہم یہ بات جانتے ہیں۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ اکبر! لوگوں نے گواہی دی میرے لئے، رب کعبہ کی قسم! میں شہید ہوں! یہ بات تین بار فرمائی۔

لغات و ترکیب: أَلَّبَ القومَ تألیبا: جمع کرنا، أَلَبَ (ن) أَلْبًا: جمع ہونا ...... الْحَضِیْض: پست زمین، پہاڑ کی زیریں زمین، دامن کوہ ...... حدیث میں دو جگہ بخیر آیا ہے، یہ یشتری سے متعلق ہے، اور باء بدل کے لئے ہے۔

قوله: ائتونی بصاحِبَیْکم سے **فأشرف علیهم عثمان** تک عبارت ترمذی میں ہے۔ اور دار قطنی (حدیث ۴ باب وقف المساجد، کتاب الأحباس ۴: ۱۹۷) اور نسائی (حدیث ۳۶۰۸ کتاب الاحباس) میں یہ عبارت نہیں ہے، مشکوٰۃ

(حدیث۲۰٦٦) میں بھی نہیں ہے۔اور''دوسرغنوں'' سے کون مراد ہیں؟ یہ بات معلوم نہیں، مصر سے جو بلوائی آئے تھے: وہ چار ٹکڑیاں ہو کر آئے تھے، اور ہر ٹکڑی کا ایک سردار تھا، پھر چاروں پر ایک امیر تھا، اسی طرح کوفہ اور بصرہ سے لوگ آئے تھے، پس وہ دو شخص کون تھے؟ یہ بات معلوم نہیں......اور''اپنا ڈول مسلمانوں کے ڈول کے ساتھ کر دے''یعنی وقف کر دے، اپنا کوئی خصوصی حق اس میں باقی نہ رکھے۔

تشریح: مسجدِ نبوی میں پہلی مرتبہ توسیع نبی ﷺ کے زمانہ میں ہوئی تھی، اس حدیث میں اسی کا ذکر ہے، پھر دوسری مرتبہ توسیع حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوئی۔اور ان دونوں اضافوں میں اصل مسجد برقرار رکھی گئی تھی۔ پھر تیسری مرتبہ توسیع حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں ہوئی، اس مرتبہ ساری مسجد از سر نو بنائی گئی۔

[۳۷۳۲-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَعَبَّاسُ بْنُ محمدٍ الدُّوْرِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالُوْا: ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: أَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ - عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَجَّاجِ المِنْقَرِيِّ، عَنْ أَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ، قَالَ: شَهِدْتُ الدَّارَ حِيْنَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ، فَقَالَ: ائْتُوْنِي بِصَاحِبَيْكُمُ اللَّذَيْنِ أَلَّبَاكُمْ عَلَيَّ؟ قَالَ: فَجِيْءَ بِهِمَا كَأَنَّهُمَا جَمَلَانِ، أَوْ: كَأَنَّهُمَا حِمَارَانِ، قَالَ: فَأَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ، فَقَالَ:

[۱-] أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَ الإِسْلَامِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ، وَلَيْسَ بِهَا مَاءٌ يُسْتَعْذَبُ، غَيْرَ بِئْرِ رُوْمَةَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَشْتَرِيْ بِئْرَ رُوْمَةَ، فَيَجْعَلُ دَلْوَهُ مَعَ دِلَاءِ الْمُسْلِمِيْنَ: بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِيْ الْجَنَّةِ؟" فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ، فَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنَنِّيْ أَنْ أَشْرَبَ مِنْهَا، حَتَّى أَشْرَبَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ! قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ.

[۲-] فَقَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ والإِسْلَامِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِأَهْلِه، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ يَشْتَرِيْ بُقْعَةَ آلِ فُلَانٍ، فَيَزِيْدُهَا فِيْ الْمَسْجِدِ: بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِيْ الْجَنَّةِ؟" فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ، وَأَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنَنِيْ أَنْ أُصَلِّيَ فِيْهَا رَكْعَتَيْنِ! قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ.

[۳-] قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِالإِسْلَامِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنِّيْ جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِيْ؟ قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ.

[٤-] قَالَ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالإِسْلَامِ: هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عَلَى ثَبِيْرِ مَكَّةَ، وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ وَأَنَا، فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ حَتَّى تَسَاقَطَتْ حِجَارَتُهُ بِالْحَضِيْضِ، قَالَ: فَرَكَضَهُ بِرِجْلِهِ، فَقَالَ: "اسْكُنْ ثَبِيْرُ! فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيْقٌ وَشَهِيْدَانِ؟" قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ.

قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ: شَهِدُوْا لِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ! أَنِّيْ شَهِيْدٌ: ثَلاَثًا. هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عُثْمَانَ.

۷-حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں جوفتنہ ہوااس میں آپؓ حق پر تھے

حدیث: ابوالاشعث شراحیل بن آدۃ سے مروی ہے کہ (شہادت عثمانؓ کے بعد) ملک شام میں چند مقررین کھڑے ہوئے، ان میں چند صحابہ بھی تھے، پس ان (مقررین) کے آخر میں ایک صاحب کھڑے ہوئے، جن کو مرۃ بن کعبؓ کہا جاتا تھا۔ انھوں نے کہا: اگر ایک حدیث میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہ سنی ہوتی تو میں تقریر کے لئے کھڑا نہ ہوتا (وہ حدیث یہ ہے:)

اور نبی ﷺ نے فتنوں کا تذکرہ فرمایا، پس ان کو نزدیک کیا یعنی یہ فرمایا کہ یہ فتنے بہت جلد آرہے ہیں، پس ایک شخص (وہاں سے) کپڑا اوڑھے ہوئے گذرا، آپؐ نے فرمایا: ”یہ شخص اس دن ہدایت (حق) پر ہوگا“ پس میں اس کی طرف اٹھا پس اچانک وہ حضرت عثمانؓ تھے، میں نے ان کے چہرے کو نبی ﷺ کی طرف پھیرا، اور پوچھا: یہ شخص؟ آپؐ نے فرمایا: ”ہاں!“ (یہ روایت ترمذی کے علاوہ مسند احمد میں بھی ہے، اور صحیح ہے، اور حضرت ابن عمرؓ کی روایت آگے (حدیث ۳۷۳۶) آرہی ہے، اور باب کی باقی دو روایتیں مسند احمد وغیرہ میں ہیں)

بابٌ

۸- نبی ﷺ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو منع کر دیا تھا کہ وہ خلافت چھوڑیں

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ”اے عثمانؓ! شاید اللہ تعالیٰ آپؓ کو کوئی کرتا پہنائیں، پس اگر لوگ آپؓ سے اس کو نکالنے کا مطالبہ کریں، تو آپؓ اس کو ان کی خاطر نہ نکالیں“ (یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، اور حدیث میں جو لمبا مضمون ہے: وہ معلوم نہیں کیا ہے؟ اور کہاں ہے؟ اور کرتے سے مراد خلافت کی ذمہ داری ہے)

[۳۷۳۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، نَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلاَبَةَ، عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ: أَنَّ خُطَبَاءَ قَامَتْ بِالشَّامِ، وَفِيْهِمْ رِجَالٌ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَامَ آخِرَهُمْ رَجُلٌ، يُقَالُ لَهُ: مُرَّةُ بْنُ كَعْبٍ، فَقَالَ: لَوْلاَ حَدِيْثٌ سَمِعْتُهُ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَا قُمْتُ، وَذَكَرَ الْفِتَنَ، فَقَرَّبَهَا، فَمَرَّ رَجُلٌ مُقَنَّعٌ فِيْ ثَوْبٍ، فَقَالَ: هٰذَا يَوْمَئِذٍ على الْهُدَى، فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، فَأَقْبَلْتُ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ، فَقُلْتُ هٰذَا؟ قَالَ نَعَمْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَوَالَةَ، وَكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ.

[٦١-] بابٌ

[٣٧٣٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى، نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: " يَا عُثْمَانُ! إِنَّهُ لَعَلَّ اللّٰهَ يُقَمِّصُكَ قَمِيْصًا، فَإِنْ أَرَادُوْكَ عَلٰى خَلْعِهِ فَلَا تَخْلَعْهُ لَهُمْ" وفی الحديثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ، وَهٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

بابٌ

۹- حیاتِ نبوی میں حضرت عثمان فضیلت میں تیسرے نمبر پر تھے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کی حیات میں کہا کرتے تھے: "ابوبکر اور عمر اور عثمان" یعنی ہم حیاتِ نبوی میں فضیلت کے درجات اس طرح قائم کرتے تھے، ہم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو تیسرے درجہ میں صحابہ میں افضل سمجھتے ہیں۔ اور اس پر امت کا اجماع ہے، اور کچھ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے افضل سمجھتے ہیں، مگر ان کی رائے جمہور کے خلاف ہے۔

۱۰- حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مظلوم قتل کیے گئے!

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک فتنہ کا تذکرہ فرمایا، اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حق میں فرمایا: "یہ اس فتنہ میں مظلوم قتل کیا جائے گا!"

[٦٢-] بابٌ

[٣٧٣٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِیُّ، نَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْعَطَّارُ، نَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كُنَّا نَقُوْلُ وَرَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم حَیٌّ: أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، يُسْتَغْرَبُ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ ابنِ عُمَرَ.

[٣٧٣٦-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الجَوْهَرِیُّ، نَا شَاذَانُ: الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ سِنَانِ بْنِ هَارُوْنَ،

عَنْ كُلَيْبِ بْنِ وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: ذَكَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِتْنَةً، فَقَالَ: "يُقْتَلُ هٰذَا فِيْهَا مَظْلُوْمًا" لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رضى الله عنه، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۱۱-حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر تین اعتراضات اوران کے جوابات

حدیث: عثمان بن عبداللہ بن مَوہب سے مروی ہے کہ مصر کے لوگوں میں سے ایک شخص نے بیت اللہ کا حج کیا۔ اس نے (مسجدِ حرام میں) کچھ لوگوں کو بیٹھا ہوا دیکھا۔ اس نے پوچھا: یہ لوگ کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: یہ قریش کے لوگ ہیں۔ اس نے پوچھا: ان میں یہ حضرت کون ہیں؟ لوگوں نے بتایا: یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ہیں، پس وہ آپؓ کے پاس آیا، اوراس نے کہا: میں آپؓ سے ایک بات پوچھتا ہوں، آپؓ مجھے اس کا جواب دیں:

پہلا اعتراض: میں آپؓ کو اس گھر کی عزت وعظمت کی قسم دیتا ہوں! کیا آپؓ جانتے ہیں کہ عثمانؓ جنگ احد میں بھاگے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

دوسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ بیعتِ رضوان سے غائب رہے تھے، پس اس میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

تیسرا اعتراض: اس نے پوچھا: کیا آپؓ جانتے ہیں کہ وہ جنگ بدر سے غائب رہے تھے، پس اس میں شریک نہیں ہوئے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں!

پس اس شخص نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا یعنی تینوں اعتراضات صحیح نکلے، ابن عمرؓ نے ان کا اعتراف کرلیا، پس اس سے ابن عمرؓ نے کہا: آ، یہاں تک کہ میں واضح کروں تیرے لئے وہ باتیں جو تو نے پوچھی ہیں یعنی اپنے اعتراضات کے جوابات بھی لیتا جا!

پہلے اعتراض کا جواب: رہا ان کا جنگِ احد کے موقعہ پر بھاگنا: تو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ نے ان کو معاف کردیا ہے، اوران کو بخش دیا ہے۔

تشریح: سورۃ آل عمران کی (آیت ۱۵۵) ہے: ﴿إِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ: إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ بِبَعْضِ مَاكَسَبُوْا، وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ، إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾: تم میں سے جن لوگوں نے پشت پھیری جس دن دو جماعتیں باہم مقابل ہوئیں: ان کو شیطان ہی نے پھسلایا، ان کے بعض اعمال کی وجہ سے (تیراندازوں کے مورچہ چھوڑنے کی وجہ سے) اور بالیقین جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کردیا، اوراللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے، بڑے بردبار ہیں!

بعض معاندینِ صحابہ نے اس واقعہ سے صحابہ پر، خصوصاً حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا ہے، اوراس سے

یہ بات مستنبط کی ہے کہ وہ خلافت کے اہل نہیں تھے، لیکن یہ مہمل اعتراض ہے، کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو معاف کر دیا تو اب دوسروں کو مؤاخذہ کرنے کا کیا حق ہے؟ اور خلافت کے لئے اہل حق کے نزدیک عصمت شرط نہیں۔

دوسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا جنگ بدر سے غیر حاضر رہنا، تو اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کے نکاح میں نبی ﷺ کی صاحبزادی (حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا تھیں، اور وہ سخت علیل تھیں، چنانچہ آپؐ نے حضرت اسامہ اور حضرت عثمان کو تیمارداری کے لئے گھر رہنے کا حکم دیا) اور ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں اس شخص کا ثواب ملے گا جو جنگ بدر میں شریک ہوا، اور اس کا حصہ ملے گا''

تیسرے اعتراض کا جواب: اور رہا ان کا بیعتِ رضوان سے غیر حاضر رہنا: تو اگر کوئی شخص مکہ میں عثمانؓ سے زیادہ معزز ہوتا تو رسول اللہ ﷺ عثمان کی جگہ اس کو بھیجتے (مگر ایسا کوئی نہیں تھا، اس لئے رسول اللہ ﷺ نے عثمانؓ کو بھیجا، اور بیعتِ رضوان عثمانؓ کے مکہ جانے کے بعد ہوئی تھی) ابن عمرؓ کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے اپنے دائیں ہاتھ سے اشارہ کیا، اور فرمایا: ''یہ عثمان کا ہاتھ ہے'' اور اس کو اپنے بائیں ہاتھ پر مارا، اور فرمایا: ''یہ عثمان کے لئے (بیعت) ہے!'' —— پھر ابن عمرؓ نے سائل سے فرمایا: اب یہ جوابات اپنے ساتھ لے کر جا!

نوٹ: حدیث میں جوابات میں لف ونشر مشوش ہے، تیسرے اعتراض کا جواب پہلے آیا ہے، اور دوسرے کا بعد میں۔

[۶۳-] بابٌ

[۳۷۳۷-] حدثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ مِصْرَ حَجَّ الْبَيْتَ، فَرَأَى قَوْمًا جُلُوْسًا، فَقَالَ: مَنْ هٰؤُلاَءِ؟ قَالُوْا: قُرَيْشٌ، قَالَ: فَمَنْ هٰذَا الشَّيْخُ؟ قَالُوْ: ابْنُ عُمَرَ، فَأَتَاهُ، فَقَالَ: إِنِّيْ سَائِلُكَ عَنْ شَيْءٍ فَحَدِّثْنِيْ، أَنْشُدُكَ بِحُرْمَةِ هٰذَا الْبَيْتِ: أَتَعْلَمُ أَنَّ عُثْمَانَ فَرَّ يَوْمَ أُحُدٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَتَعْلَمُ أَنَّهُ تَغَيَّبَ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ، فَلَمْ يَشْهَدْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: أَتَعْلَمُ أَنَّهُ تَغَيَّبَ يَوْمَ بَدْرٍ، فَلَمْ يَشْهَدْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ!

فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: تَعَالَ حَتَّى أُبَيِّنَ لَكَ مَا سَأَلْتَ عَنْهُ: أَمَّافِرَارُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، فَأَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ قَدْ عَفَا عَنْهُ، وَغَفَرَ لَهُ، وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَإِنَّهُ كَانَتْ عِنْدَهُ – أَوْ: تَحْتَهُ – ابْنَةُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لَكَ أَجْرُ رَجُلٍ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمُهُ'' وَأَمَّا تَغَيُّبُهُ عَنْ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ: فَلَوْ كَانَ أَحَدٌ أَعَزَّ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ عُثْمَانَ، لَبَعَثَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَكَانَ عُثْمَانَ، بَعَثَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عُثْمَانَ، وَكَانَتْ بَيْعَةُ الرِّضْوَانِ بَعْدَمَا ذَهَبَ عُثْمَانُ إِلَى مَكَّةَ، قَالَ: فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ الْيُمْنَى: '' هٰذِهِ يَدُ عُثْمَانَ'' وَضَرَبَ بِهَا عَلَى يَدِهِ، وَقَالَ: '' هٰذِهِ لِعُثْمَانَ'' قَالَ لَهُ: اذْهَبْ بِهٰذَا الآنَ مَعَكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۱۲- جس کو عثمانؓ سے بغض ہے وہ اللہ کے نزدیک مبغوض ہے

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک شخص کا جنازہ لایا گیا، تاکہ آپؐ اس کی نماز پڑھائیں، مگر آپؐ نے اس کا جنازہ نہیں پڑھایا، پس عرض کیا گیا: یارسول اللہ! ہم نے نہیں دیکھا کہ آپؐ نے اس سے پہلے کسی کی نماز جنازہ چھوڑی ہو! (پھر اس شخص کی نمازِ جنازہ کیوں نہیں پڑھائی؟) آپؐ نے فرمایا: ''یہ شخص عثمان سے بغض رکھتا تھا، اس لئے اللہ کو اس سے شدید نفرت ہے!''

حدیث کا حال: یہ حدیث منکر (سخت ضعیف) ہے، کسی طرح قابل اعتبار نہیں، اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور اس کا ایک راوی محمد بن زیاد بے انتہا ضعیف ہے (تمام محدثین نے اس کو کذاب قرار دیا ہے) اور یہ میمون بن مہران کا شاگرد تھا (اس کی نسبت: یشکری، لقب: طحان، اعور، الفائفا تھا، وطنی نسبت: الرقی ثم الکوفی ہے)

دو اور محمد بن زیاد ہیں جو ثقہ راوی ہیں:

۱- ابوالحارث محمد بن زیاد جمحی، مدنی ثم بصری، تلمیذ ابوہریرہؓ: یہ ثقہ راوی ہیں (یہ بات تمیز کے لئے بیان کی ہے)

۲- ابوسفیان محمد بن زیاد الہانی حمصی، تلمیذ حضرت ابوامامہؓ: یہ بھی ثقہ ہیں (یہ بات بھی تمیز کے لئے بیان کی ہے)

[٦٤-] بابٌ

[٣٧٣٨-] حدثنا الفَضْلُ بْنُ أَبِى طَالِبٍ الْبَغْدَادِىُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا عُثْمَانُ بْنُ زُفَرَ، نَا مُحمدُ ابْنُ زِيَادٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَجْلاَنَ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أُتِيَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم بِجَنَازَةِ رَجُلٍ، لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا رَأَيْنَاكَ تَرَكْتَ الصَّلاَةَ عَلَى أَحَدٍ قَبْلَ هٰذَا! قَالَ: '' إِنَّهُ كَانَ يُبْغِضُ عُثْمَانَ، فَأَبْغَضَهُ اللّٰهُ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمُحمدُ بْنُ زِيَادٍ هٰذَا: هُوَ صَاحِبُ مَيْمُوْنِ بْنِ مِهْرَانَ، ضَعِيْفٌ فِيْ الحديثِ جِدًّا. وَمُحمدُ بْنُ زِيَادٍ صَاحِبُ أَبِىْ هُرَيْرَةَ: وَهُوَ بَصْرِىٌّ ثِقَةٌ، وَيُكْنَى أَبَا الْحَارِثِ. وَمُحمدُ بْنُ زِيَادٍ الأَلْهَانِىُّ صَاحِبُ أَبِىْ أُمَامَةَ: ثِقَةٌ شَامِىٌّ يُكْنَى أَبَا سُفْيَانَ.

۱۳- نبی ﷺ کی پیشین گوئی کہ عثمان رضی اللہ عنہ کو آزمائش پہنچے گی

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی ﷺ کے ساتھ چلا، آپؐ انصار کے ایک باغ میں داخل ہوئے، وہاں اپنی حاجت پوری کی، پھر مجھ سے فرمایا: ''اے ابوموسیٰ! دروازے پر نگرانی کرو، کوئی میرے

پاس میری اجازت کے بغیر نہ آئے'' ـــــ پس ایک آدمی آیا، اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے پوچھا: کون؟ اس نے کہا: ابوبکر۔ میں نے کہا: یارسول اللہ! یہ ابوبکر اجازت چاہتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''انہیں اجازت دو، اور انہیں جنت کی خوش خبری سناؤ!'' پس وہ اندر آئے، اور میں نے ان کو جنت کی خوش خبری سنائی ـــــ پھر ایک اور شخص آیا، اس نے بھی دروازہ کھٹکھٹایا، میں نے پوچھا: کون؟ اس نے کہا: عمر۔ میں نے کہا: یارسول اللہ! یہ عمر اجازت طلب کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ان کے لئے دروازہ کھول دو، اور ان کو جنت کی خوش خبری سناؤ!'' میں نے دروازہ کھول دیا، وہ اندر آئے تو میں نے ان کو جنت کی خوش خبری سنائی ـــــ پھر ایک اور شخص آیا، اور اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ میں نے پوچھا: کون؟ اس نے کہا: عثمان۔ میں نے کہا: یارسول اللہ! یہ عثمان اجازت طلب کرتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ان کے لئے دروازہ کھول دو، اور ان کو جنت کی خوش خبری سناؤ، ایک ایسی مصیبت کے ساتھ جو ان کو پہنچے گی!''

[٦٥-] بابٌ

[٣٧٣٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ أَبِىْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ، قَالَ: انْطَلَقْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَدَخَلَ حَائِطًا لِلْأَنْصَارِ، فَقَضَى حَاجَتَهُ، فَقَالَ لِىْ: '' يَا أَبَا مُوْسَى! أَمْلِكْ عَلَىَّ الْبَابَ، فَلاَ يَدْخُلَنَّ عَلَىَّ أَحَدٌ إِلَّا بِإِذْنٍ'' فَجَاءَ رَجُلٌ، فَضَرَبَ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالَ: أَبُوْ بَكْرٍ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! هٰذَا أَبُوْبَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ؟ قَالَ: إِئْذَنْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَدَخَلَ، وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، وَجَاءَ رَجُلٌ آخرُ، فَضَرَبَ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: عُمَرُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! هٰذَا عُمَرُ يَسْتَأْذِنُ، قَالَ: افْتَحْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، فَفَتَحْتُ، وَدَخَلَ وَبَشَّرْتُهُ بِالْجَنَّةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ آخرُ فَضَرَبَ الْبَابَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: عُثْمَانُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللهِ! هٰذَا عُثْمَانُ يَسْتَأْذِنُ، قَالَ: '' افْتَحْ لَهُ، وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ عَلَى بَلْوىٰ تُصِيْبُهُ ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، وفى الباب: عَنْ جَابِرٍ، وابنِ عُمَرَ.

وضاحت: یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور حضرت جابرؓ کی روایت: معلوم نہیں کس کتاب میں ہے، اور ابن عمرؓ کی روایت طبرانی میں ہے، اور اس کی سند میں ابراہیم بن عمر بن ابان: ضعیف راوی ہے۔

۱۴- اُس عہد کو ہم وفا کر چلے!

حدیث: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مولیٰ ابوسہلہ رحمہ اللہ (جو ثقہ راوی ہیں) کہتے ہیں: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مجھ سے جب وہ اپنے گھر میں محصور تھے، فرمایا: ''مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے ایک بات کا عہد لیا ہے، پس

میں اس پر صبر کرنے والا ہوں!''

تشریح: یہ عہد پہلے (حدیث ۳۷۳۴ میں) آ گیا ہے، آپؐ نے حضرت عثمان سے فرمایا تھا کہ ''شاید اللہ تعالیٰ آپؓ کو کوئی کرتا پہنائیں، پس اگر لوگ آپؓ سے اس کے نکالنے کا مطالبہ کریں تو آپؓ اس کو ان کی خاطر نہ نکالیں'' سو آپؓ نے اس عہد کو وفا کیا، اور اس کی خاطر اپنی جان قربان کردی (یہ حدیث ابن ماجہ میں بھی ہے)

[۳۷٤۰-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، وَيَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، ثَنِيْ أَبُوْ سَهْلَةَ، قَالَ: قَالَ لِيْ عُثْمَانُ يَوْمَ الدَّارِ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَدْ عَهِدَ إِلَيَّ عَهْدًا، فَأَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ.

مَنَاقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رضى الله عنه

فضائل حضرت علی رضی اللہ عنہ

اسم گرامی: علیؓ (بلند رتبہ) والد کا نام: ابوطالب بن عبد المطلب بن ہاشم۔ خانوادہ: ہاشمی، قرشی، کنیت: ابوالحسن اور ابوتراب (مٹی والا) ولادت: ہجرت سے ۲۳ سال قبل۔ وفات: ۴۰ ہجری۔ مطابق ۶۰۰-۶۶۱ عیسوی۔ مدتِ عمر: ۶۳ سال۔ چوتھے خلیفہ راشد، منجملۂ عشرۂ مبشرہ۔ نبی ﷺ کے چچازاد بھائی، پروردہ اور داماد۔ اولاد: آپؓ کی اٹھائیس اولاد تھی، گیارہ صاحبزادے اور سترہ صاحبزادیاں۔ بچوں میں آپؓ سب سے پہلے ایمان لائے۔ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ۳۵ ہجری میں خلیفہ چنے گئے، اور ۴۰ ہجری میں شہید کئے گئے، قاتل: عبدالرحمٰن بن ملجم مرادی ملعون۔ مدتِ خلافت ۵ سال۔ خانہ جنگی: ۳۶ ہجری میں جنگ جمل، ۳۷ ہجری میں جنگ صفین (یہ جنگ ایک سو دس دن تک چلی، پھر تحکیم پر ختم ہوئی) پھر ۳۸ ہجری میں جنگ نہروان لڑی (خارجیوں کے ساتھ) دارالخلافت: کوفہ۔ قبر کی جگہ معلوم نہیں! ہجرت کے بعد جب نبی ﷺ نے مسلمانوں میں بھائی چارہ کرایا تو حضرت علیؓ کو آپؐ نے اپنا بھائی بنایا۔ اور آپؓ کے لئے رضی اللہ عنہ کے علاوہ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجهه (اللہ آپؓ کے چہرے کو معزز کرے!) بھی استعمال کرتے ہیں، کیونکہ بنوامیہ آپؓ کے لئے قَبَّحَ الله وجهه (اللہ آپ کے چہرے کو برا کرے) استعمال کرتے تھے۔ اہل السنہ نے مذکورہ جملہ سے ان کا توڑ کیا ہے۔

۱- حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ہم مزاج تھے

حدیث: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بھیجا، اور ان پر حضرت علیؓ

کو عامل (امیر) مقرر کیا۔ پس وہ سریہ میں گئے، اور انھوں نے ایک باندی سے صحبت کی (یہ باندی انھوں نے مالِ غنیمت کے خمس میں سے لی تھی، خمس میں ذوی القربی کا بھی حصہ ہے) پس لوگوں نے ان پر اعتراض کیا، اور چار صحابہ نے باہم معاہدہ کیا۔ انھوں نے کہا: جب ہماری رسول اللہ ﷺ سے ملاقات ہوگی تو ہم آپؐ کو علیؓ کی حرکت سے واقف کریں گے ــــ اور مسلمان جب بھی کسی سفر سے لوٹتے تھے تو پہلے رسول اللہ ﷺ سے ملتے تھے، آپؐ کو سلام کرتے تھے، پھر گھر جاتے تھے ــــ پس سریہ لوٹ کر آیا، سریہ والوں نے نبی ﷺ کو سلام کیا، پس چار میں سے ایک کھڑا ہوا، اور اس نے کہا: یا رسول اللہ! کیا آپؐ نے علی بن ابی طالب کو نہیں دیکھا: انھوں نے ایسا ایسا کیا! آپؐ نے اس سے روگردانی کی یعنی جواب نہیں دیا۔ پھر دوسرا کھڑا ہوا، اس نے بھی وہی بات کہی، آپؐ نے اس سے بھی روگردانی کی۔ پھر تیسرا کھڑا ہوا، اس نے بھی وہی بات کہی، پس آپؐ نے اس سے بھی روگردانی کی۔ پھر چوتھا کھڑا ہوا، اور اس نے بھی وہی پہلی والی بات کہی۔ پس رسول اللہ ﷺ اس کی طرف متوجہ ہوئے، درانحالیکہ آپؐ کے چہرے سے غصہ ہویدا تھا، اور فرمایا: ''تم لوگ علی سے کیا چاہتے ہو! تم لوگ علی سے کیا چاہتے ہو! تم لوگ علی سے کیا چاہتے ہو! بیشک علی مجھ سے ہیں، اور میں ان سے ہوں! اور وہ میرے بعد ہر مسلمان کے دوست ہیں!'' (یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے)

حدیث کا حال: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، جعفر بن سلیمان ضُبعی ابوسلیمان بصری: سڑا ہوا شیعہ تھا، جب حضرت معاویہؓ کا ذکر آتا تو یہ ان کو گالیاں دیتا، اور جب حضرت علیؓ کا ذکر آتا تو بیٹھ کر رونے لگتا! نیز یہ شخص: شیخین رضی اللہ عنہما سے بھی بغض رکھتا تھا، اس نے اپنے دو گدھوں کے نام ابوبکر وعمر رکھے تھے، ان کو جی بھر کر گالیاں دیتا تھا۔ اور اصولِ حدیث کی کتابوں میں طے ہے کہ گمراہ فرقے کا آدمی اگر کوئی ایسی حدیث بیان کرے، جس سے اس کے باطل مذہب کی تائید ہوتی ہو تو وہ روایت قطعاً مردود ہے، پس اس راوی نے جو روایت کے آخر میں من بعدی بڑھا ہے: وہ قطعاً مردود ہے!

حضرت علیؓ پر اعتراض کیوں ہوا؟ کہتے ہیں: حضرت علیؓ نے باندی سے استبرائے رحم کے بغیر جماع کیا تھا، حالانکہ ایک حیض آنے سے پہلے صحبت حرام ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ وہ باندی کنواری ہوگی، اور صحابہ میں ایک رائے یہ رہی ہے کہ کنواری باندی میں استبرائے رحم ضروری نہیں، کیونکہ علوق (حاملہ ہونے) کا احتمال نہیں، پس ممکن ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بھی یہی رائے ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ قید ہونے کے بعد حیض آ گیا ہو۔

حضرت علیؓ کی خلافت بلا فصل پر دو استدلال اور ان کے جواب

پہلا استدلال: نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں اس حدیث میں فرمایا ہے: **علی منِّی وأنا منه!**: علی مجھ سے ہیں، اور میں ان سے ہوں! یہ جملہ یگانگت واتحاد پر دلالت کرتا ہے، پس جیسے آپؐ اپنے زمانہ میں امیر المؤمنین تھے: آپؐ کے بعد علیؓ کو خلیفہ ہونا چاہئے تھا، کیونکہ آپؐ نے کسی اور صحابی کے بارے میں یہ ارشاد نہیں فرمایا۔

جواب: اس جملہ کا مفہوم: یگانگت واتحاد نہیں ہے، بلکہ ہم مزاجی اور ہم مشربی ہے، پہلے (تحفہ ۲:۵۰۳ میں) کلام عرب سے استشہاد کرکے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔ دو شخصوں کا مزاج ملتا جلتا ہو تو یہ جملہ استعمال کرتے ہیں، جیسے اردو محاورہ ہے: شیر وشکر ہونا، اور فارسی جملہ ہے: من تو شدم تو من شدی! ـــــ اور یہ جملہ آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ ہی کے لئے استعمال نہیں کیا، اور بھی متعدد حضرات کے لئے استعمال کیا ہے، جیسے:

۱- حضرت جُلَیْبیب رضی اللہ عنہ ایک جنگ میں سات کافروں کو قتل کرکے شہید ہوئے، پس آپؐ نے فرمایا: **قتلوہ! هذا منی و أنا منه**: کافروں نے ان کو قتل کردیا! یہ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں! (یہ روایت مسلم شریف میں ہے)

۲- نبی ﷺ نے قبیلہ اشعر کے لوگوں کی تعریف میں فرمایا: ''ان لوگوں کا طریقہ یہ ہے کہ جب کسی غزوہ میں توشہ ختم ہونے کو آتا ہے، یا وطن میں بال بچوں کا کھانا کم رہ جاتا ہے: تو وہ اپنے پاس جو کچھ ہوتا ہے: اس کو ایک کپڑے میں جمع کرتے ہیں، پھر اس کو برابر برابر بانٹ لیتے ہیں: **فهم منی و أنا منهم**: پس وہ لوگ میرے مزاج کے اور میرے طریقے پر ہیں اور میں ان کے مزاج کا ہوں! (یہ روایت بھی مسلم شریف میں ہے)

۳- جو شخص امرائے سوء کے پاس نہیں جاتا، یا جاتا ہے مگر ان کی ہاں میں ہاں نہیں ملاتا، اس کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا: **هو منی و أنا منه**: وہ میرا ہم مزاج اور ہم مشرب ہے اور میں اس کے مزاج کا ہوں! (یہ حدیث پہلے (حدیث ۶۱۴ تحفہ ۲:۵۰۵ میں) آچکی ہے)

۴- یہ جملہ آپؐ نے اپنے عم محترم حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے لئے بھی استعمال کیا ہے۔ آگے (حدیث ۳۷۹۲) آرہی ہے: **العباس منی و أنا منه**: عباس مجھ سے ہیں اور میں عباس سے ہوں!

خلاصہ یہ کہ یہ محاورہ ہم مزاجی اور ہم مشربی پر دلالت کرتا ہے۔ یگانگت واتحاد پر دلالت نہیں کرتا، اور یہ محاورہ آپؐ نے صرف حضرت علیؓ کے لئے استعمال نہیں کیا، پس شیعوں کا اس سے استدلال باطل ہے۔

دوسرا استدلال: نبی ﷺ نے اس حدیث میں فرمایا ہے: **هو ولی کل مؤمن من بعدی**: وہ میرے بعد ہر مؤمن کے ولی ہونگے۔ شیعہ کہتے ہیں: ولی کے معنی والی (حاکم) کے ہیں، اور **من بعدی**: صراحۃً خلافت بلافصل پر دلالت کرتا ہے۔

جواب: ولی کے معنی والی کے نہیں ہیں۔ یہ دو الگ الگ لفظ ہیں، مترادف نہیں ہیں۔ اور دونوں ولایت سے مشتق ہیں، اور ولایت کے دو معنی ہیں: دوستی اور امارت، پہلے معنی کے لئے لفظ ولی ہے، اور دوسرے معنی کے لئے لفظ والی، فقہ میں نماز جنازہ کے سلسلہ میں عبارت ہے: **إذا اجتمع الولی والوالی قُدِّم الوالی**: جب میت کا ولی اور حاکم جمع ہوں تو نماز پڑھانے کا حق والی (حاکم) کا ہے ـــــ اور حدیث میں ولی کے معنی دوست کے ہیں، اس کی ضد عداوت ہے، اور حدیث کسی زمانہ کے ساتھ خاص نہیں، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ علی رضی اللہ عنہ سے ہر مسلمان کی دوستی ہونی چاہئے،

کسی کو بھی ان سے عداوت نہیں رکھنی چاہئے، ورنہ اس کا انجام برا ہوگا۔

اور حضرت عمران بن حصینؓ کی اس حدیث میں من بعدی کے الفاظ صرف جعفر بن سلیمان ضُبعی روایت کرتا ہے، اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں یہ الفاظ صرف اجلح کندی بڑھاتا ہے، اور یہ دونوں راوی شیعہ ہیں، اس لئے ان کی روایتوں کا اعتبار نہیں۔ اور شیعوں کا استدلال انہی دو باتوں پر موقوف ہے، پس ان کا استدلال باطل ہوگیا۔

[٦٦-] مَناقِبُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رضی الله عنه

يُقَالُ: وَلَهُ كُنْيَتَانِ: أَبُوْ تُرابٍ، وَأَبُوْ الْحَسَنِ

[٣٧٤١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: بَعَثَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم جَيْشًا، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، فَمَضَى فِيْ السَّرِيَّةِ، فَأَصَابَ جَارِيَةً، فَأَنْكَرُوْا عَلَيْهِ، وَتَعَاقَدَ أَرْبَعَةٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَقَالُوْا: إِنْ لَقِيْنَا رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم أَخْبَرْنَاهُ بِمَا صَنَعَ عَلِيٌّ، وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ إِذَا رَجَعُوْا مِنْ سَفَرٍ بَدَأُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، فَسَلَّمُوْا عَلَيْهِ، ثُمَّ انْصَرَفُوْا إِلَى رِحَالِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ سَلَّمُوْا عَلَى النبيِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَامَ أَحَدُ الْأَرْبَعَةِ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَلَمْ تَرَ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ رَسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، ثُمَّ قَامَ الثَّانِيْ، فَقَالَ: مِثْلَ مَقَالَتِهِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ الثَّالِثُ، فَقَالَ: مِثْلَ مَقَالَتِهِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ الرَّابِعُ، فَقَالَ: مِثْلَ مَاقَالُوْا، فَأَقْبَلَ إِلَيْهِ رَسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَالغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: " مَاتُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ؟ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ؟ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ؟ إِنَّ عَلِيًّا مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ مِنْ بَعْدِيْ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ.

۲- حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ہر مسلمان کو محبت ہونی چاہئے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: من كنتُ مولاه، فعليٌّ مولاه: میں جس کا مخلص دوست ہوں، پس علیؓ بھی اس کے مخلص دوست ہیں۔ یعنی جو نبی ﷺ سے محبت رکھتا ہے، وہ علیؓ سے بھی محبت رکھے، ان سے عداوت نہ رکھے!

تشریح: یہ حدیث ترمذی میں مختصر ہے، اور حدیث کا اتنا حصہ صحیح ہے، بلکہ بعض کے نزدیک تو متواتر ہے، پھر آگے ہے: اللّٰهم وَالِ من وَالاهُ، وَعَادِ من عَادَاهُ: اے اللہ! جو علیؓ سے محبت رکھے: آپ اس سے محبت رکھیں، اور جو علیؓ

سے دشمنی رکھے: آپ اس سے دشمنی رکھیں۔ حدیث کا یہ حصہ بھی صحیح ہے، اور یہ جزء مسند احمد وغیرہ میں ہے —— اور ایک طریق میں یہ بھی ہے: وانصر من نصره، واخذل من خذله: جو علیؓ کی مدد کرے: اس کی مدد فرما، اور جو علیؓ کو رسوا کرے: اسے رسوا فرما۔ حدیث کا یہ جزء ضعیف ہے۔ اس کی سند میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں، ان کی یادداشت آخر عمر میں بگڑ گئی تھی —— اسی طرح اس حدیث کا یہ حصہ بھی ضعیف ہے کہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ کو مبارک باد دی، اور فرمایا: أَصبحتَ وأمسيتَ مولى كل مؤمن ومؤمنة: آج سے آپؓ ہر مؤمن مرد وزن کے دوست ہو گئے، حدیث کا یہ جزء علی بن زید بن جُدعان ہی روایت کرتا ہے، اور یہ راوی ضعیف ہے —— اور شیعہ جو اس حدیث میں بڑھاتے ہیں: إنه خليفتي من بعدي: یہ حصہ قطعاً موضوع ہے۔

حدیث کا شانِ ورود: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق میں یہ بات نبی ﷺ نے دو موقعوں پر فرمائی ہے:

پہلا موقعہ: وہ ہے جو ابھی حضرت عمران بن حصین کی روایت (نمبر ۳۷۱۴) میں گذرا ہے، یہی بات حضرت بریدۃ بن الحصیب اور براء بن عازب رضی اللہ عنہما سے بھی مروی ہے: نبی ﷺ نے ایک سریہ (چھوٹا لشکر) روانہ فرمایا، اور اس کے دو حصے کئے، ایک کا امیر حضرت علیؓ کو اور دوسرے کا حضرت خالد بن الولیدؓ کو بنایا، اور ہدایت دی کہ جب جنگ ہو تو سارے لشکر کے امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ ہونگے۔ جنگ ہوئی، مالِ غنیمت ہاتھ آیا۔ اس کے خمس (پانچویں حصہ) میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک باندی لی، کیونکہ اس میں ذوی القربی کا بھی حصہ ہوتا ہے، اور اسی رات اس سے مقاربت فرمائی۔ یہ بات حضرت بریدہ اور حضرت خالد وغیرہ کو کھلی، کیونکہ باندی میں استبرائے رحم ضروری ہوتا ہے۔ واپسی میں نبی ﷺ سے اس کی شکایت کی گئی، تو آپؐ نے مذکورہ ارشاد فرمایا کہ میں علیؓ سے ہوں اور علی مجھ سے ہیں، اور وہ ہر مسلمان کے دوست ہیں، یعنی ان کی شکایت گویا میری شکایت ہے، اور شکایت: نفرت وعداوت پر دلالت کرتی ہے، حالانکہ علیؓ سے ہر مسلمان کو محبت ہونی چاہئے! اور حضرت براء کی روایت میں ہے: ”تمہارا کیا خیال ہے اس شخص کے بارے میں جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے، اور جس سے اللہ اور اس کے محبت کرتے ہیں!“ (یہ روایت تحفہ ۴: ۶۲۲ حدیث ۱۹۴ میں گذری ہے، اور آگے (حدیث ۳۷۵۴ پر) بھی آ رہی ہے)

دوسرا واقعہ: ۹ ہجری میں نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قاضی وغیرہ بنا کر یمن بھیجا۔ پھر جب نبی ﷺ نے ۱۰ ہجری میں حج فرمایا تو علی رضی اللہ عنہ یمن سے سیدھے مکہ مکرمہ آ کر حج میں شریک ہوئے، وہ یمن سے ایک لشکر کے ساتھ آئے تھے۔ جب مکہ مکرمہ قریب آیا تو آپؓ نے ایک شخص کو لشکر کا امیر بنایا۔ اور خود آگے بڑھ گئے، تاکہ جلدی نبی ﷺ سے ملاقات کریں۔ پیچھے امیر نے لشکریوں کو ایک ایک قیمتی جوڑا تقسیم کیا، تاکہ وہ پہن کر نبی ﷺ سے ملاقات کریں۔ جب لشکر مکہ پہنچا، اور حضرت علیؓ سے ملاقات ہوئی تو آپؓ نے امیر کے عمل کو نادرست قرار دیا، اور وہ سب جوڑے واپس لے لئے۔ یہ بات لشکریوں کے لئے باعثِ شکایت بن گئی۔ چنانچہ حج سے واپسی میں مقام جحفہ کے

قریب غدیرِ خُم میں، جہاں سے یمن والوں کا راستہ الگ ہوتا تھا: آپؐ نے لوگوں سے خطاب فرمایا، اور مقصود یمن والوں کو مطمئن کرنا تھا۔ آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: ''میں جس کا مولیٰ (دوست) علی اس کے مولیٰ!'' یعنی جسے مجھ سے محبت ہے، اور یہ محبت ہر مؤمن کو ہوتی ہے، اسے چاہئے کہ علیؓ سے بھی محبت رکھے، معمولی باتوں کی وجہ سے ان سے ناراض نہ ہو، اور شکایت نہ کرے۔ پھر آپؐ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! جو علی سے محبت کرے آپ اس سے محبت کریں، اور جو علی سے عداوت رکھے آپ اس کو دشمن سمجھیں!'' اس طرح آپؐ نے یمن والوں کو مطمئن کر کے رخصت کیا (یہ واقعہ البدایہ والنہایہ میں ہے)

ملحوظہ: رہا شیعوں کا اس حدیث سے استدلال: پس اس کا جواب گذشتہ حدیث کے ذیل میں آ گیا ہے۔ وہ اور یہ حدیثیں ایک ہیں، بس موقعہ اور محل کا اختلاف ہے، اور ولی اور مولی کے معنی بھی ایک ہیں، یعنی مخلص دوست، ان میں سے کسی لفظ کے معنی: حاکم کے نہیں ہیں۔

سند کا بیان: حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہؓ: صحابی ہیں۔ ۳ ہجری (احد والے سال) میں پیدا ہوئے ہیں، اور وفات کے اعتبار سے آخری صحابی ہیں۔ ۱۱۰ ہجری میں وفات ہوئی ہے ـــــ حضرت ابوالطفیل: یہ حدیث حضرت ابو سریحہ حذیفہ بن اُسید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں (یہ اصحابِ شجرہ میں سے ہیں) یا حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، شعبہ رحمہ اللہ کو سلمۃ بن کہیل کی سند میں شک ہے۔ البتہ شعبہؒ کی جو سند میمون ابوعبداللہ سے ہے: اس میں یہ حدیث زید بن ارقم ہی سے مروی ہے، شک نہیں ہے۔

سوال: لوگوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے شکایت کیوں ہوتی تھی؟ اور بھی تو صحابہ تھے، ان سے لوگوں کو شکایت کیوں نہیں ہوتی تھی؟

جواب: اور حضرات سے بھی شکایت ہوتی تھی، اس میں حضرت علیؓ کی کچھ تخصیص نہیں تھی۔ مثلاً: آخری مہم جو رسول اللہ ﷺ نے ترتیب دی تھی، وہ جیش اسامہ تھا، اس لشکر میں بڑے بڑے حضرات شامل تھے، اور اس کا سپہ سالار حضرت اسامۃ بن زید بن حارثہؓ کو بنایا گیا تھا، اس موقع پر کچھ لوگوں نے سپہ سالار کی نوعمری کو نکتہ چینی کا نشانا بنایا، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم لوگ ان کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کے سپہ سالاری پر بھی طعنہ زنی کر چکے ہو، حالانکہ وہ خدا کی قسم! سپہ سالاری کے اہل تھے، اور میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے، اور یہ بھی ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں!'' (بخاری حدیث ۳۷۳۰) یہ ایک مثال میں دو مثالیں ہیں۔ اور تتبع کیا جائے تو ایسی بہت سی مثالیں مل جائیں گی۔ بخاری (حدیث ۴۶۴۰) میں ہے: ایک مرتبہ حضرت ابوبکرؓ سے حضرت عمرؓ کو شکایت ہوئی، پس آپؐ نے حضرت عمرؓ کو فہمائش کی، اور فرمایا ہے: هل أنتم تارکولی صاحبی: کیا تم میرے رفیق سے قطع تعلق کرو گے؟ غرض شکایتیں ہوتی رہتی ہیں یہ کوئی اچنبھے کی بات نہیں۔

[۳۷۴۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْ سَرِيْحَةَ: أَوْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ – شَكَّ شُعْبَةُ – عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَرَوَى شُعْبَةُ هٰذَا الحديثَ عَنْ مَيْمُوْنٍ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَأَبُوْ سَرِيْحَةَ: هُوَ حُذَيْفَةُ بْنُ أَسِيْدٍ صَاحِبُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

۳- حضرت علیؓ کے حق میں دعا کہ حق اُدھر ہو جدھر علیؓ ہوں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ ابوبکر پر مہربانی فرمائیں! انھوں نے اپنی لڑکی سے میرا نکاح کیا، اور مدینہ کی طرف ہجرت میں انھوں نے میرا ساتھ دیا، اور انھوں نے اپنے مال سے بلالؓ کو آزاد کیا! —— اللہ عمر پر مہربانی فرمائیں: وہ حق بات کہتے ہیں: چاہے کڑوی لگے۔ حق بات کہنے نے ان کو اس حال میں کر دیا ہے کہ ان کا کوئی دوست نہیں! —— اللہ عثمان پر مہربانی فرمائیں! ان سے فرشتے بھی شرم کرتے ہیں! —— اللہ علی پر مہربانی فرمائیں! اے اللہ! حق کو ان کے ساتھ گھما جدھر وہ گھومیں! (یہ حدیث ضعیف ہے، مختار بن نافع تیمی ابو اسحاق تمار کوفی ضعیف راوی ہے)

[۳۷۴۳-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ زِيَادُ بْنُ يَحْيىَ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ عَتَّابٍ سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا الْمُخْتَارُ بْنُ نَافِعٍ، نَا أَبُوْ حَبَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "رَحِمَ اللّٰهُ أَبَا بَكْرٍ! زَوَّجَنِيْ ابْنَتَهُ، وَحَمَلَنِيْ إِلَى دَارِ الْهِجْرَةِ، وَأَعْتَقَ بِلَالًا مِنْ مَالِهِ؛ رَحِمَ اللّٰهُ عُمَرَ: يَقُوْلُ الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، تَرَكَهُ الْحَقُّ وَمَالَهُ صَدِيْقٌ، رَحِمَ اللّٰهُ عُثْمَانَ! تَسْتَحْيِيْهِ الْمَلَائِكَةُ، رَحِمَ اللّٰهُ عَلِيًّا! اَللّٰهُمَّ أَدِرِ الْحَقَّ مَعَهُ حَيْثُ دَارَا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴- حضرت علی رضی اللہ عنہ مؤمنِ کامل ہیں

حدیث: ربعی بن حراشؒ کہتے ہیں: ہم سے حضرت علیؓ نے رحبہ میں حدیث بیان کی۔ فرمایا: حدیبیہ کے دن ہمارے (مسلمانوں کے) پاس چند مشرکین آئے، ان میں سہیل بن عمرو اور دیگر رؤسائے مشرکین تھے۔ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہمارے بیٹوں، بھائیوں اور غلاموں میں سے چند لوگ آپؐ کے پاس آئے ہیں، ان کو دین کی سمجھ حاصل نہیں، وہ صرف ہمارے مالوں اور جائیدادوں سے بھاگے ہیں (عجیب بات! مال اور جائداد کس کو بری لگتی ہے!) پس ان کو ہماری طرف واپس کر دیں، تاکہ اگر ان میں دین کی سمجھ نہ ہو تو ہم ان کو دین سمجھائیں (یہ کمزور مسلمان تھے، جو ظلم وستم کی چکی میں پس رہے تھے، وہ بھاگ کر اسلامی لشکر میں آ گئے تھے، ان کے ورثاء ان کو واپس مانگ رہے تھے، تاکہ ان پر اور ستم

ڈھائیں!) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے قریش کے لوگو! تم ضرور باز آجاؤ، ورنہ اللہ تعالیٰ تم پر ایسے لوگ بھیجیں گے جو دین (شرک وکفر) کی وجہ سے تلوار سے تمہاری گردنیں ماریں گے، جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے ایمان کی کسوٹی پر جانچ لیا ہے'' یعنی وہ پکے مسلمان ہیں ـــــ لوگوں نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! وہ کون لوگ ہیں؟ پس حضرت ابوبکرؓ نے پوچھا: وہ کون لوگ ہیں؟ اور حضرت عمرؓ نے پوچھا: وہ کون لوگ ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''چپل گانٹھنے والا!'' اور نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کو گانٹھنے کے لئے اپنے چپل دے رکھے تھے (اور وہ پاس ہی بیٹھے ہوئے ان کی مرمت کررہے تھے) ـــــ ربعی کہتے ہیں: پس حضرت علیؓ ہماری طرف متوجہ ہوئے، اور فرمایا: بیشک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے!'' یعنی مجھے یہ وعید یاد ہے، پس میں نے مذکورہ بات گھڑی نہیں ہے! (رحبہ: مکانوں کے درمیان کی کھلی جگہ۔ یہ کوفہ میں ایک خاص جگہ تھی، وہاں حضرت علی رضی اللہ عنہ تعلیم اور قضاء کے لئے بیٹھتے تھے)

تشریح: سوال اس لئے ہوا تھا کہ صحابہ سمجھتے تھے: شاید کوئی نئی مخلوق آئے گی جو قریش کو دین دشمنی کا مزہ چکھائے گی۔ اور جواب کا حاصل یہ ہے کہ وہ صحابہ ہی ہونگے جن سے اللہ تعالیٰ یہ کام لیں گے، اور حضرت علیؓ کا نام بطور مثال ہے، اور قرینہ قلوبهم کی جمع کی ضمیر ہے، مگر یہ تخصیص بھی ایک طرح کی فضیلت ہے۔

[۳۷٤٤-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، نا أَبِيْ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ بِالرَّحَبَةِ، فَقَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ الْحُدَيْبِيَّةِ، خَرَجَ إِلَيْنَا نَاسٌ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، فِيْهِمْ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو، وَأُنَاسٌ مِنْ رُؤَسَاءِ الْمُشْرِكِيْنَ، فَقَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! خَرَجَ إِلَيْكَ نَاسٌ مِنْ أَبْنَائِنَا وَإِخْوَانِنَا وَأَرِقَّائِنَا، وَلَيْسَ لَهُمْ فِقْهٌ فِيْ الدِّيْنِ، وَإِنَّمَا خَرَجُوْا فِرَارًا مِنْ أَمْوَالِنَا وَضِيَاعِنَا، فَارْدُدْهُمْ إِلَيْنَا، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ فِقْهٌ فِي الدِّيْنِ سَنُفَقِّهُهُمْ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ! لَتَنْتَهُنَّ أَوْ لَيَبْعَثَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَضْرِبُ رِقَابَكُمْ بِالسَّيْفِ عَلَى الدِّيْنِ، قَدِ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ عَلَى الإِيْمَانِ" قَالُوْا: مَنْ هُوَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ لَهُ أَبُوْ بَكْرٍ: مَنْ هُوَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ وَقَالَ عُمَرُ: مَنْ هُوَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "هُوَ خَاصِفُ النَّعْلِ" وَكَانَ أَعْطَى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهَا، قَالَ: ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيْنَا عَلِيٌّ، فَقَالَ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ رِبْعِيٍّ، عَنْ عَلِيٍّ.

بابٌ

۵- حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض ونفرت نفاق کی علامت ہے

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم یعنی انصار کی جماعت منافقین کو پہچانتے تھے

ان کے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض رکھنے کی وجہ سے، یعنی جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بغض ونفرت رکھتا: ہم اس کو منافق سمجھتے تھے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث پرلے درجے کی ضعیف ہے، اس کی سند میں جعفر بن سلیمان ضُبعی ابوسلیمان بصری ہے، جو سڑا ہوا شیعہ تھا، ابھی (حدیث ۳۷۴۱ میں) اس کا تذکرہ آیا ہے، دوسرا راوی ابو ہارون عمارۃ بن جُوین عبدی بھی متروک، کذاب اور شیعہ ہے، اور امام ترمذیؒ نے اس کی جو دوسری سند بیان کی ہے، رُوِی (فعل مجہول) سے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اس لئے یہ روایت کچھ نہیں۔

[٦٧-] بابٌ

[٣٧٤٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِیْ هَارُوْنَ الْعَبْدِیِّ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: إِنْ كُنَّا لَنَعْرِفُ الْمُنَافِقِيْنَ، نَحْنُ مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ، بِبُغْضِهِمْ عَلِیَّ بْنَ أَبِیْ طَالِبٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ تَكَلَّمَ شُعْبَةُ فِیْ أَبِیْ هَارُوْنَ العَبْدِیِّ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ.

بابٌ

٦- حضرت علیؓ سے مؤمن ہی محبت کرتا ہے، اور منافق ہی عداوت رکھتا ہے

حدیث: مُساور حمیری (مجہول راوی) اپنی ماں (مجہول راویہ) سے روایت کرتا ہے، وہ کہتی ہیں: میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی: میں نے ان کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: "منافق علی سے محبت نہیں کرتا، اور مؤمن ان سے بغض نہیں رکھتا"

حدیث کا حال: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، اس کے دو راوی مجہول ہیں۔ اور ذہبی نے مساور کے ترجمہ میں لکھا ہے: **فيه جهالة: وخبره منكر:** مساور مجہول ہے اور اس کی روایت نہایت ضعیف ہے۔

البتہ باب میں جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: وہ صحیح ہے۔ یہ روایت مسلم شریف (حدیث ۷۸ کتاب الایمان، باب ۳۳) میں ہے: **قال علی: والذی فَلَقَ الحبةَ، وبَرَأَ النَّسَمَةَ! إنه لعهدُ النبی الأمی صلی اللہ علیه وسلم إلَیَّ: أن لایُحبنی إلا مؤمن، ولا یُبْغِضُنِیْ إلا منافق:** حضرت علیؓ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے دانے کو پھاڑا یعنی اگایا، اور جان کو پیدا کیا! میرے ساتھ نبی امی ﷺ کا یہ عہد و پیمان ہے کہ مجھ سے مؤمن ہی محبت کرے گا، اور مجھ سے منافق ہی عداوت رکھے گا! (یہ حدیث آگے (حدیث ۳۷۶۴ پر) آرہی ہے)

[٦٨-] بابٌ

[٣٧٤٦-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: أَبِیْ نَصْرٍ، عَنِ الْمُسَاوِرِ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ، فَسَمِعْتُهَا تَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " لاَيُحِبَّ عَلِيًّا مُنَافِقٌ، وَلاَ يُبْغِضُهُ مُؤْمِنٌ"

وفى الباب: عَنْ عَلِيٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

٧-اللہ نے نبیؐ کو جن چار شخصوں سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے: ان میں ایک علیؓ ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھے چار شخصوں سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے، اور مجھے اطلاع دی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتے ہیں'' لوگوں نے پوچھا: یارسول اللہ! ہمارے لئے ان حضرات کو نامزد فرمائیں (تاکہ ہم ان سے محبت کریں) آپؐ نے فرمایا: ''علی ان میں سے ایک ہیں'' یہ بات آپؐ نے تین بار فرمائی (تاکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی اہمیت ظاہر ہو) اور ابوذر غفاری، اور مقداد بن عمرو (ابن الاسود) اور سلمان فارسی، اور مجھے ان سے محبت کرنے کا حکم دیا ہے، اور مجھے اطلاع دی ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتے ہیں''

حدیث کا حال: اس حدیث کی سند میں شریک بن عبداللہ نخعی ہیں، اس راوی میں ضعف تھا، اس لئے امام ترمذیؒ نے حدیث کی صرف تحسین کی ہے۔ یہ روایت ابن ماجہ (حدیث ۱۴۹ مقدمہ باب ۱۱) میں بھی ہے، مگر حدیث کا آخری جملہ: وأمرني إلخ نہیں ہے، پس یہ تکرار ہے، اور حاکم نے (مستدرک ۳: ۱۳۰ میں) اس روایت کو علی شرط مسلم کہا ہے، مگر ذہبی نے اعتراض کیا ہے کہ ابوربیعہ ایادی مسلم شریف کا راوی نہیں۔

[٦٩-] بابٌ

[٣٧٤٧-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الفَزَارِيُّ ابْنُ بِنْتِ السُّدِّيِّ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ أَبِیْ رَبِيْعَةَ، عَنْ ابنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِیْ بِحُبِّ أَرْبَعَةٍ، وَأَخْبَرَنِیْ أَنَّهُ يُحِبُّهُمْ" قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! سَمِّهِمْ لَنَا؟ قَالَ: " عَلِيٌّ مِنْهُمْ" يَقُوْلُ ذٰلِكَ ثَلاَثًا، وَأَبُوْ ذَرٍّ، وَالْمِقْدَادُ، وَسَلْمَانُ، وَأَمَرَنِیْ بِحُبِّهِمْ، وَأَخْبَرَنِیْ أَنَّهُ يُحِبُّهُمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ.

بابٌ

۸- براءت کا اعلان حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کرایا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''علی مجھ سے ہیں، اور میں علی سے ہوں'' (اس کی شرح مناقب علیؓ کی پہلی حدیث (نمبر ۳۷۴۱) میں آگئی ہے) ''اور میری طرف سے (براءت کا) اعلان نہیں کرے گا مگر میں یا علی!''

تشریح: خون اور مال کے عہد و پیمان کے سلسلہ میں عرب کا دستور یہ تھا کہ اس کا اعلان یا تو خود سردار کرتا تھا، یا اس کے خاندان کا کوئی فرد کرتا تھا، خاندان سے باہر کے کسی شخص کا اعلان تسلیم نہیں کیا جاتا تھا، اس لئے براءت کا اعلان حضرت علیؓ سے کرایا (تفصیل تحفہ ۷: ۲۶۸ میں ہے) اور حدیث کی اگرچہ امام ترمذیؒ نے تصحیح کی ہے، مگر یہ حدیث اعلی درجہ کی نہیں ہے، شریک نخعی کی حدیثوں میں غلطیاں بہت ہوتی تھیں، چنانچہ علی منی وأنا من علی: غالبًا اس حدیث کا جزء نہیں ہے، وہ علاحدہ حدیث ہے۔ اور حضرت حُبشیؓ سے صرف ابواسحاق اور شعبی روایت کرتے ہیں۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا ہے: إسناده فيه نظر (تہذیب)

[۷۰-] **بابٌ**

[۳۷۴۸-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ حُبْشِيِّ بْنِ جُنَادَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلِيٌّ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْ عَلِيٍّ، وَلاَ يُؤَدِّيْ عَنِّيْ إِلَّا أَنَا أَوْ عَلِيٌّ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

۹- حضرت علیؓ دنیاء و آخرت میں نبی ﷺ کے بھائی ہیں!

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنے اصحاب کے درمیان بھائی چارہ کرایا، پس علیؓ آئے، درانحالیکہ ان کی آنکھیں اشکبار تھیں۔ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپؐ نے اپنے اصحاب کے درمیان بھائی چارہ قائم کیا، اور میرے اور کسی کے درمیان مواخات قائم نہیں کی! پس ان سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أنتَ أخي في الدنيا و الآخرة: آپؓ دنیاء و آخرت میں میرے بھائی ہیں!

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، علی بن قادم شیعہ تھا، اور حکیم بن جبیر اسدی کوفی ضعیف بھی ہے، اور اس پر شیعہ ہونے کا الزام بھی ہے۔ اور باب میں زید بن ابی اوفی کی جو حدیث ہے، وہ معلوم نہیں کس کتاب میں ہے۔

[۳۷۴۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى القَطَّانُ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ صَالِحِ بْنِ حَيٍّ،

عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ جُمَيْعِ بْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: آخَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَيْنَ أَصْحَابِهِ، فَجَاءَ عَلِيٌّ تَدْمَعُ عَيْنَاهُ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! آخَيْتَ بَيْنَ أَصْحَابِكَ، وَلَمْ تُؤَاخِ بَيْنِيْ وَبَيْنِ أَحَدٍ، فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنْتَ أَخِيْ فِيْ الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَفِيْهِ: عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِيْ أَوْفَى.

۱۰- نبی ﷺ کے ساتھ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پرندہ کھایا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک (پکا ہوا یا بُھنا ہوا) پرندہ تھا، آپؐ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! میرے پاس لائیں اس کو جو آپ کو اپنی مخلوق میں سب سے زیادہ پسند ہو، تاکہ وہ میرے ساتھ یہ پرندہ کھائے!'' پس حضرت علیؓ آئے، اور انھوں نے آپؐ کے ساتھ (وہ پرندہ) کھایا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث قطعاً باطل ہے، ابن جوزی نے اس کو موضوعات میں لیا ہے۔ امام ترمذیؒ سے اسماعیل سدّی تک اس کی یہی ایک سند ہے، اور سدّی پر شیعہ ہونے کا الزام تھا (تقریب) اور عبیداللہ بن موسیٰ بن باذام عبسی کوفی شیعہ تھا: كان يَتَشَيَّع: وہ فرقہ شیعہ میں شامل ہوگیا تھا (تقریب) اور سفیان بن وکیع کی حدیثوں کو ان کے مسودہ نویس نے خراب کردیا تھا، تقریب میں ہے: كان صدوقا، إلا أنه ابْتُلِيَ بِوَرَّاقِه، فأدخل عليه ما ليس من حديثه، فَنُصِحَ، فلم يقبل، فسقط حديثُه: سفیان: صدوق (معمولی درجے کے راوی) تھے، مگر وہ اپنے مسودہ نویس کے ساتھ مبتلی کئے گئے یعنی معلوم نہیں اس کے ساتھ ان کا کیا تعلق ہوگیا، پس اس نے سفیان کی کتابوں میں وہ حدیثیں داخل کردیں جو ان کی نہیں تھیں، اور وہ خیر خواہی کئے گئے یعنی ان کو سمجھایا گیا کہ اس مسودہ نویس کو ہٹادیں، مگر انھوں نے قبول نہیں کیا، چنانچہ ان کی حدیثوں کا اعتبار ختم ہوگیا —— اور درایۃً یہ حدیث اس لئے صحیح نہیں کہ اس میں نہ انبیاء کا استثناء ہے، نہ سید الانبیاء کا، پس کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ اللہ کے نزدیک ان سب سے افضل تھے؟ نعوذ باللہ! پس یہ حدیث قطعاً باطل ہے۔ اور حاکم نے مستدرک (۱۳۱:۳) میں یہ حدیث دو سندوں سے ذکر کی ہے (حاکم ابوعبداللہ میں بھی شیعیت کے جراثیم تھے) اور ذہبی نے اس پر سخت اعتراض کیا ہے، لکھا ہے: ولقد كنتُ زمانا طويلاً أظن أن حديث الطير لم يَجْسُر الحاكم أن يودعَه في مستدركه، فلما عَلَّقْتُ هذا الكتاب رأيتُ الهولَ من الموضوعات التي فيه، فإذا حديث الطير بالنسبة إليها سماء: میرا عرصۂ دراز تک خیال تھا کہ پرندے والی حدیث کو مستدرک میں لانے کی حاکم نے جسارت نہیں کی ہوگی، پھر جب میں نے مستدرک پر حاشیہ لکھا تو میں اس میں موضوعات دیکھ کر گھبرا گیا، پس اچانک پرندے والی روایت ان موضوعات کی بہ نسبت آسمان ہے (الطير في السماء کی طرف تلمیح ہے) (مزید تفصیل تحفۃ الاحوذی (۳۲۸:۴) میں ہے)

[۷۱-] بابٌ

[۳۷۵۰-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عِيْسَى بْنِ عُمَرَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم طَيْرٌ، فَقَالَ:" اَللّٰهُمَّ ائْتِنِى بِأَحَبِّ خَلْقِكَ إِلَيْكَ، يَأْكُلُ مَعِىْ هٰذَا الطَّيْرَ" فَجَاءَ عَلِيٌّ فَأَكَلَ مَعَهُ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ السُّدِّيِّ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ، وَالسُّدِّيُّ: اسْمُهُ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَقَدْ أَدْرَكَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَرَأَى الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ.

۱۱- رسول اللہ ﷺ: حضرت علیؓ کو مانگنے پر بھی دیتے تھے اور بے مانگے بھی!

روایت: حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں جب رسول اللہ ﷺ سے کوئی چیز طلب کرتا تو آپؐ عنایت فرماتے، اور جب خاموش رہتا یعنی طلب نہیں کرتا تھا تو بھی آپؐ ازخود مجھے عنایت فرماتے تھے! (یہ حدیث منقطع ہے، عبداللہ جملی کا حضرت علیؓ سے لقاء وسماع نہیں)

[۳۷۵۱-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ الْبَغْدَادِيُّ، نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، نَا عَوْفٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ هِنْدٍ الْجَمَلِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ: كُنْتُ إِذَا سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَعْطَانِىْ، وَإِذَا سَكَتُّ ابْتَدَأَنِىْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۱۲- نبیؐ علم وحکمت کا گھر اور علیؓ اس کا دروازہ ہیں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أنا دار الحكمة، وعليّ بابها: میں حکمت کا گھر ہوں، اور علی اس کا دروازہ ہیں (حکمت سے مراد: وہ حکمت ہے جس کا تذکرہ: ﴿يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾ میں آیا ہے، اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نبی ﷺ علم وحکمت کا مخزن ہیں، اور اس خزانہ تک پہنچنے کا گیٹ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں، کیونکہ آپؓ کو حکمتِ نبوی سے حظّ وافر حاصل تھا، پس جو علم وحکمت کا متوالا ہے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علوم کا تتبع کرے۔

حدیث کا حال: امام ترمذی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ حدیث منکر (نہایت ضعیف) ہے (شریک بن عبداللہ نخعی میں کلام ہے، اور یہ سند محمد بن عمر ابن الرومی کی ہے) اور دوسرے بعض تلامذہ بھی شریک سے یہ حدیث روایت کرتے

ہیں، مگر وہ سند میں صنابحی (عبدالرحمٰن بن عسیلہ) کا ذکر نہیں کرتے، اور یہ حدیث شریک کے علاوہ کوئی ثقہ راوی روایت نہیں کرتا، اور باب میں حضرت ابن عباسؓ کی روایت ہے (یہ روایت مستدرک حاکم میں ہے، مگر ذہبی نے اس کے صحیح ہونے پر اعتراض کیا ہے)

اضافہ: اور ابن الجوزی نے اس روایت کو ''موضوعات'' میں لیا ہے، اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے، اور حافظ ابن حجر نے اس کو ''حسن'' کہا ہے۔ اور یہی رائے صحیح ہے۔

حدیث سے شیعوں کا استدلال اور اس کا جواب:

شیعہ کہتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حکمت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ خاص تھی، کیونکہ گھر میں دروازے ہی سے داخل ہوا جاتا ہے، اور دوسرے صحابہ علم وحکمت سے تہی دامن تھے!

اس کا جواب: یہ ہے کہ حدیث میں حصر نہیں ہے کہ علیؓ ہی حکمت کا دروازہ تھے، پس جیسے جنت کے آٹھ دروازے ہیں: علم وحکمت کے بھی بہت سے دروازے ہیں، ان میں سے ایک اہم دروازہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے، اور دوسرے اکابر صحابہ دوسرے دروازے تھے، اور اس کی دلیل یہ ہے کہ تابعین کرام نے حضرت علیؓ کے علاوہ دوسرے صحابہ سے بھی علم حاصل کیا ہے، اور نبی ﷺ نے دیگر صحابہ کے حق میں بھی ان کا علمی مقام واضح کرنے والے ارشادات فرمائے ہیں۔ آپؐ نے خواب میں دودھ نوش فرما کر بچا ہوا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیا ہے، اور اس کی تعبیر ''علم'' سے بیان فرمائی ہے، اور حضرت زید بن ثابت کو فرائض کا سب سے زیادہ جاننے والا، اور حضرت معاذ بن جبل کو حلال وحرام کا بڑا عالم، اور حضرت ابیؓ کو قراءت میں فائق قرار دیا ہے۔

[۷۲-] بابٌ

[۳۷۵۲-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى، نَا مُحمدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الرُّوْمِيِّ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفْلَةَ، عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَنَا دَارُ الْحِكْمَةِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مُنْكَرٌ، رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ شَرِيْكٍ، وَلَمْ يَذْكُرُوْا فِيْهِ: عَنِ الصُّنَابِحِيِّ، وَلَا نَعْرِفُ هٰذَا الحديثَ عَنْ أَحَدٍ مِنَ الثِّقَاتِ غَيْرَ شَرِيْكٍ، وَفي الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

۱۳- علی رضی اللہ عنہ کو اللہ ورسول سے محبت تھی اور اللہ ورسول کو ان سے!

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عامر کہتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو حکم دیا، پس فرمایا: کیا چیز روکتی ہے آپؓ کو اس بات سے کہ برا کہیں آپؓ ابوتراب (حضرت

علیؓ) کو؟ حضرت سعدؓ نے کہا: رہا میرا یاد کرنا تین باتوں کو جو رسول اللہ ﷺ نے [ان سے] فرمائی ہیں (برا کہنے سے مانع ہیں) پس میں ہرگز ان کو برا نہیں کہونگا، البتہ یہ بات کہ ہو میرے لئے ان میں سے کوئی ایک بات: مجھے زیادہ پسند ہے سرخ اونٹوں سے!

پہلی بات: میں نے رسول اللہ ﷺ کو علیؓ سے فرماتے ہوئے سنا ہے، درانحالیکہ آپؐ نے ان کو اپنے کسی غزوہ میں (غزوۂ تبوک میں) اپنے پیچھے رکھا تھا، پس آپؐ سے علیؓ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ مجھے عورتوں اور بچوں کے ساتھ پیچھے چھوڑ رہے ہیں؟ پس رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: ''کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ہوؤ تم مجھ سے جیسے ہارونؑ: موسیٰؑ سے؟ مگر یہ کہ میرے بعد نبوت نہیں ہے!'' (حدیث کا یہ جزء آگے (حدیث ۳۷۵۸ میں) آرہا ہے)

دوسری بات: اور میں نے آپؐ کو جنگِ خیبر کے موقعہ پر فرماتے ہوئے سنا: ''میں ضرور جھنڈا ایک ایسے شخص کو دونگا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے، اور اللہ اور اس کے رسول اس سے محبت کرتے ہیں'' —— حضرت سعدؓ کہتے ہیں: پس ہم دراز ہوئے (ہم نے قد اونچا کیا) اس جھنڈے کے لئے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میرے لئے علی کو بلاؤ'' پس وہ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے، درانحالیکہ انہیں آشوبِ چشم تھا، پس آپؐ نے ان کی دونوں آنکھوں میں تھوکا یعنی دم کیا، اور ان کو جھنڈا دیا، پس اللہ نے ان کے ہاتھ پر فتح نصیب فرمائی!

تیسری بات: اور جب یہ آیت (سورۃ آل عمران کی آیت ۶۱) اتری: ''بلائیں ہم اپنے بیٹوں کو اور تمہارے بیٹوں کو، اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں کو'' (آخر آیت تک پڑھیں) تو رسول اللہ ﷺ نے حضرات علی، فاطمہ اور حسنین رضی اللہ عنہم کو بلایا، اور فرمایا: ''اے اللہ! یہ میرے گھر والے ہیں!'' (حدیث کا یہ جزء پہلے (حدیث ۳۰۲۲ تحفہ ۷: ۱۵۹ میں) گذر چکا ہے)

تشریح: یہ حدیث مسلم شریف میں ہے، متن میں [لَهُ] وہاں سے بڑھایا ہے۔ اور روایت کا شروع حصہ واضح نہیں، بلکہ غلط فہمی پیدا کرنے والا ہے۔ أَمَرَ کا مامنعك سے کوئی جوڑ نہیں، برا کہنے کا حکم بھی دیا، پھر مانع بھی دریافت کیا: یہ دو بے جوڑ باتیں ہیں۔ اصل قصہ یہ پیش آیا تھا کہ ایک مجلس میں لوگوں نے حضرت علی کی برائی کی، حضرت سعدؓ اس موقعہ پر خاموش رہے، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان سے اس کفِ لسان کی وجہ دریافت کی، چنانچہ حضرت سعدؓ نے حضرت علیؓ کے تین فضائل بیان کئے، اور فرمایا: یہ تین باتیں میرے لئے برائی کرنے سے مانع بنیں، اور فرمایا: یہ تو تین فضیلتیں ہیں، اگر ان میں سے ایک بھی فضیلت ہوتی، اور میں اس کی وجہ سے کفِ لسان کرتا تو وہ میرے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہوتا۔

ترکیب: ماذکرتُ: میں ما مصدریہ ہے، اور پورا جملہ بتاویل مصدر ہو کر مبتدا ہے، اور خبر محذوف ہے: أی: مانع عن سَبِّه، پس پورا جملہ اس طرح ہوگا: أما ذکری ثلاث کلمات قالهن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی

شأن علی: فمانع عن سبه، فلن أُسُبَّه۔

[٣٧٥٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مِسْمَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقاصٍ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: أَمَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ سَعْدًا، فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ أَنْ تَسُبَّ أَبَا تُرَابٍ؟ قَالَ: أَمَّا مَا ذَكَرْتُ ثَلاَثًا قَالَهُنَّ [لَهُ] رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: فَلَنْ أَسُبَّهُ، لَأَنْ تَكُوْنَ لِيْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ:

[١-] سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ لِعَلِيٍّ: وَخَلَفَهُ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: يَارسولَ اللّٰهِ! تَخْلُفُنِيْ مَعَ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ! فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم:" أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُوْنَ مِنِّي بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى؟ إِلَّا أَنَّهُ لَانُبُوَّةَ بَعْدِيْ"

[٢-] وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ يَوْمَ خَيْبَرَ: "لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ" قَالَ: فَتَطَاوَلْنَا لَهَا، فَقَالَ:" ادْعُوْا لِيْ عَلِيًّا" قَالَ: فَأَتَاهُ، وَبِهِ رَمَدٌ، فَبَصَقَ فِيْ عَيْنِهِ، فَدَفَعَ الرَّايَةَ إِلَيْهِ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ.

[٣-] وَأُنْزِلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ:﴿ نَدْعُ أَبْنَاءَ نَا وَأَبْنَاءَ كُمْ وَنِسَاءَ نَا وَنِسَاءَ كُمْ﴾ الآيَةَ، دَعَا رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم عَلِيًّا، وَفَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلِيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

١٤- حضرت علیؓ میں جنگی صلاحیت حضرت خالدؓ سے زیادہ تھی

حدیث: پہلے (حدیث ١٦٩٤ تحفہ ٤: ٦٢٢ میں) یہ حدیث گذری ہے کہ نبی ﷺ نے دوسریے روانہ فرمائے۔ ایک کا امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو، اور دوسرے کا امیر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کو بنایا۔ اور فرمایا: ''جب جنگ شروع ہو تو امیر علیؓ ہیں''، حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس حضرت علیؓ نے ایک قلعہ فتح کیا، اور جو غلام باندی ہاتھ آئے: ان میں سے ایک باندی لی (یہ بات حضرت خالد کو ناگوار گذری) پس انھوں نے مجھے ایک خط دے کر نبی ﷺ کے پاس بھیجا، اس خط میں انھوں نے حضرت علیؓ کی شکایت کی تھی، پس میں نبی ﷺ کے پاس پہنچا، جب آپؐ نے خط پڑھا (اور مسند احمد میں حضرت بریدہؓ کی حدیث میں ہے: پس جب وہ خط آپؐ کے سامنے پڑھا گیا) تو آپؐ کا چہرہ متغیر ہو گیا، آپؐ نے فرمایا: ''تمہارا کیا خیال ہے اس شخص کے بارے میں جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے، اور جس سے اللہ اور اس

کے رسول محبت کرتے ہیں؟'' حضرت براءؓ نے عرض کیا: میں اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی سے پناہ چاہتا ہوں، میں صرف ڈاکیہ ہوں یعنی میرا خط کے مضمون سے کوئی تعلق نہیں، پس آپؐ کا غصہ ٹھنڈا ہوا، اور آپؐ خاموش ہو گئے۔

تشریح: جنگ لڑانے کی ذمہ داری اس شخص کو سونپی جاتی ہے جو جنگ لڑانے کی زیادہ صلاحیت رکھتا ہے، چونکہ یہ صلاحیت حضرت علیؓ میں حضرت خالدؓ سے زیادہ تھی، اس لئے آپؐ نے فرمایا: ''جب جنگ شروع ہو تو امیر علیؓ ہونگے'' یعنی حضرت خالد کی امارت ختم ہو جائے گی، کیونکہ جنگ میں دو امیر مناسب نہیں، دو امیر ہونگے تو اختلاف ہوگا۔

[٧٣-] بابٌ

[٣٧٥٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، نَا الْأَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: بَعَثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم جَيْشَيْنِ، وَأَمَّرَ عَلَى أَحَدِهِمَا عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، وَعَلَى الآخَرِ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ، وَقَالَ:'' إِذَا كَانَ الْقِتَالُ فَعَلِيٌّ'' قَالَ: فَافْتَتَحَ عَلِيٌّ حِصْنًا، فَأَخَذَ مِنْهُ جَارِيَةً، فَكَتَبَ مَعِيْ خَالِدٌ كِتَابًا إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم يَشِيْ بِهِ، قَالَ: فَقَدِمْتُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَرَأَ الْكِتَابَ، فَتَغَيَّرَ لَوْنُهُ، ثُمَّ قَالَ:'' مَا تَرَى فِيْ رَجُلٍ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ، وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ'' قَالَ: قُلْتُ: أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَمِنْ غَضَبِ رَسُوْلِهِ، وَإِنَّمَا أَنَا رَسُوْلٌ فَسَكَتَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

١٥- حضرت علیؓ سے نبی ﷺ نے طویل سرگوشی فرمائی!

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: طائف کے محاصرہ کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے علی رضی اللہ عنہ کو بلایا، اور ان سے سرگوشی کی، پس لوگوں نے کہا: نبی ﷺ نے اپنے چچازاد بھائی سے طویل سرگوشی کی! پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے ان سے سرگوشی نہیں کی، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ سرگوشی کی!'' یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا کہ میں ان کے ساتھ سرگوشی کروں۔

تشریح: یہ حدیث سورۃ الانفال (آیت ١٧) کے انداز پر ہے: ﴿وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمَى﴾: اور آپؐ نے مشتِ خاک نہیں پھینکی، جبکہ آپؐ نے پھینکی، بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی!

اور یہ واقعہ غالبًا اس وقت کا ہے: جب سورۃ المجادلۃ کی آیت ١٣ نازل ہوئی تھی، اور اس میں حکم دیا تھا کہ جسے نبی ﷺ سے سرگوشی کرنی ہے وہ پہلے کچھ خیرات دے (تحفہ ٧: ٤٩٥) اس حکم پر صرف حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عمل کیا تھا،

انھوں نے ایک دینار خرچ کر کے سرگوشی کا وقت لیا تھا، چنانچہ آپؐ نے ان سے دیر تک تنہائی میں بات کی، اس پر مذکورہ تبصرہ ہوا، اور آپؐ نے مذکورہ بات فرمائی۔

لغات: اِنْتَجٰی فلاناً: سرگوشی کے لئے کسی کو خاص کرنا...... النجوی: سرگوشی، رازدارانہ بات۔

حدیث کا حال: یہ حدیث کچھ بہت زیادہ قوی نہیں، اجلح بن عبداللہ بن حُجَیَّۃ: صدوق ہے، مگر شیعہ ہے......اور محمد بن فضیل بن غزوان پر بھی شیعہ ہونے کا الزام تھا، مگر اجلح سے یہ حدیث محمد بن فضیل کے علاوہ رواۃ بھی بیان کرتے ہیں، بہرحال امام ترمذیؒ نے روایت کی تصحیح نہیں کی۔

[۷٤-] بابٌ

[۳۷۵۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: دَعَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلِيًّا يَوْمَ الطَّائِفِ، فَانْتَجَاهُ، فَقَالَ النَّاسُ: لَقَدْ طَالَ نَجْوَاهُ مَعَ ابْنِ عَمِّهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا انْتَجَيْتُهُ، وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْأَجْلَحِ، وَقَدْ رَوَاهُ غَيْرُ ابْنِ فُضَيْلٍ عَنِ الْأَجْلَحِ، وَمَعْنَى قَوْلِهِ: "وَلٰكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ:" يَقُوْلُ: إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَنْتَجِيَ مَعَهُ.

بابٌ

۱٦- حضرت علیؓ کے لئے بحالتِ جنابت مسجدِ نبوی میں گذرنے کی روایت

حدیث: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے علیؓ سے فرمایا: "جائز نہیں کسی کے لئے کہ جنبی ہوئے اس مسجد میں: سوائے میرے اور تمہارے!" (أَجنب الرجلُ: جنبی ہونا) امام ترمذی کے استاذ علی بن المنذر نے ضرار بن صُرد سے پوچھا: اس حدیث کا یعنی مسجدِ نبوی میں جنبی ہونے کا کیا مطلب ہے؟ انھوں نے کہا: گذرنا مراد ہے یعنی کسی کے لئے جائز نہیں کہ وہ حالتِ جنابت میں مسجدِ نبوی میں گذرے: سوائے میرے اور تمہارے!

تشریح: ضرار بن صُرد ابونعیم الطّحان الکوفی پر بھی شیعہ ہونے کا الزام تھا (تقریب) اس نے حدیث کی مذکورہ تاویل کر کے اس کو قابلِ قبول بنانے کی کوشش کی ہے، حالانکہ حدیث کا بظاہر مفہوم مسجدِ نبوی میں جماع کرنا ہے، کیونکہ نبی کو احتلام نہیں ہوتا۔

حدیث کا حال: یہ حدیث پرلے درجہ کی ضعیف ہے، ابن الجوزی نے اس کو "موضوعات" میں لیا ہے۔ عطیہ عوفی شیعہ تھا، مدلّس تھا، اور حدیث میں بہت زیادہ غلطیاں کرتا تھا۔ اس سے یہ حدیث دو شخص روایت کرتے ہیں، اور دونوں

شیعہ ہیں: ایک: کثیر بن اسماعیل النواء: یہ غالی شیعہ تھا اور ضعیف راوی ہے۔ دوسرا: سالم بن ابی حفصہ عجلی ابو یونس کوفی: یہ بھی غالی شیعہ تھا ـــــ اس لئے یہ روایت یا تو موضوع ہے یا غایت درجہ ضعیف ہے، اس سے نہ استدلال ہوسکتا ہے، نہ کوئی خصوصیت ثابت ہوسکتی ہے، اور نہ یہ اعتراض کیا جاسکتا ہے کہ مسجد میں جنبی ہونا یا گذرنا کسی کے لئے کیسے جائز ہوگیا؟

فائدہ: امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث مجھ سے امام بخاری نے سنی ہے، اور اس کو انتہائی درجہ ضعیف قرار دیا ہے (امام بخاری نے ایک دوسری حدیث بھی امام ترمذی سے سنی ہے، اس کا ذکر پہلے (تحفہ ۷: ۴۹۷) آیا ہے)

[۷۵-] بابٌ

[۳۷۵۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، نَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِیْ حَفْصَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِعَلِيٍّ: "يَاعَلِيُّ! لَايَحِلُّ لِأَحدٍ أَنْ يُجْنِبَ فِیْ هٰذَا الْمَسْجِدِ غَيْرِیْ وَغَيْرُكَ"

قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ: قُلْتُ لِضِرَارِ بْنِ صُرَدٍ: مَا مَعْنَى هٰذَا الحديثِ؟ قَالَ: لَايَحِلُّ لِأَحَدٍ يَسْتَطْرِقُهُ جُنُبًا غَيْرِیْ وَغَيْرُكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ سَمِعَ مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ مِنِّیْ هٰذَا الحديثَ، وَاسْتَغْرَبَهُ.

بابٌ

۱۷- نبوت ملنے کے دوسرے دن حضرت علیؓ کے نماز پڑھنے کی روایت

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی بعثت پیر کو ہوئی، اور علی رضی اللہ عنہ نے منگل کو نماز پڑھی۔

روایت کا حال: یہ روایت باطل ہے، کیونکہ نبوت کے ساتھ ہی نماز فرض نہیں ہوئی، بعد میں فرض ہوئی ہے اور علی بن عابس اسدی کوفی اور مسلم بن کیسان ضبّی، مُلائی، برّاد، اعور کوفی: ضعیف ہیں، اور مستدرک (۳: ۱۱۲) میں یہ روایت اس طرح ہے: نبی ﷺ پیر کو نبی بنائے گئے، اور علی رضی اللہ عنہ منگل کے دن مسلمان ہوئے: یہ بات صحیح ہوسکتی ہے۔

اور حبّۃ بن جُوین (غالی شیعہ) کی روایت مستدرک (۳: ۱۱۲) میں ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عَبَدْتُّ اللّٰهَ مع رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم سبع سنين، قبل أن يَعْبُدَهُ أَحدٌ من هذه الأمة: میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی سات سال عبادت کی ہے: اس سے پہلے کہ اس امت میں سے کوئی عبادت کرتا۔ یہ محض گپ ہے، کیا حضرت خدیجہ، حضرت ابوبکر وغیرہ سات سال تک مسلمان نہیں ہوئے تھے؟

[-۷٦] بابٌ

[-۳۷۵۷] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى، نَا عَلِيُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بُعِثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الاِثْنَيْنِ، وَصَلَّى عَلِيٌّ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُسْلِمٍ الْأَعْوَرِ، وَمُسْلِمٌ الْأَعْوَرُ لَيْسَ عِنْدَهُمْ بِذَاكَ الْقَوِيِّ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ حَبَّةَ، عَنْ عَلِيٍّ نَحْوَ هٰذَا.

۱۹- أنت منی بمنزلة هارون من موسی کا مطلب

حدیث: حضرت سعد بن ابی وقاص اور حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: أنت مني بمنزلة هارون من موسىٰ، إلا أنه لانبي بعدي: تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارونؑ: موسیٰؑ سے۔ یعنی ہارون علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کی نیابت کی تھی، اسی طرح تم میرے پیچھے میری نیابت کروگے، البتہ یہ بات ہے کہ میرے بعد نبی نہیں! (پس خود کو نبی نہ سمجھ لینا!)

حدیث کا شانِ ورود: ابھی (حدیث ۳۷۵۳) حضرت سعدؓ ہی کی روایت میں آیا ہے کہ جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے چلے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مدینہ میں رہنے کا حکم دیا، تاکہ وہ مدینہ کو سنبھالیں، اور مجاہدین کے گھر والوں کی خبر گیری کریں۔ حضرت علیؓ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپؐ مجھے عورتوں اور بچوں میں پیچھے چھوڑ کر جارہے ہیں! اس وقت آپؐ نے ان کی دلداری کے لئے مذکورہ ارشاد فرمایا تھا۔

حدیث کا مطلب: جب موسیٰ علیہ السلام طور پر تشریف لے گئے تو قوم کا ذمہ دار ہارون علیہ السلام کو بنا گئے تھے، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیچھے قوم کو حضرت ہارون علیہ السلام نے سنبھالا تھا، اسی طرح جب نبی ﷺ غزوۂ تبوک کے لئے گئے تو علی رضی اللہ عنہ کو پیچھے رکھا تھا، تاکہ وہ مدینہ اور اہل مدینہ کو سنبھالیں، حدیث کا بس اتنا ہی مطلب ہے، البتہ اس ارشاد میں حضرت علیؓ کی بڑی فضیلت ہے۔

شیعوں کا استدلال اور اس کا جواب: اس حدیث سے شیعوں نے حضرت علیؓ کی خلافت بلا فصل پر استدلال کیا ہے، مگر یہ استدلال باطل ہے، کیونکہ ہارون علیہ السلام کی وفات موسیٰ علیہ السلام سے پہلے ہوئی ہے، وہ موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ بلا فصل نہیں بنے تھے۔ اور حیات میں خلافت: بعد الوفات خلافت کے لئے مستلزم نہیں، کیونکہ آپؐ نے مختلف اسفار میں مختلف حضرات کو قائم مقام بنایا ہے، مگر ان کو بعد الوفات خلافت نہیں ملی، نہ فصل کے ساتھ نہ بغیر فصل کے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث صحیح ہے، مختلف صحابہ سے مروی ہے، اور حضرت سعدؓ کی حدیث تو متفق علیہ ہے۔

حدیث کا آخری حصہ: دفع دخل مقدر ہے، کبھی کوئی شخص لفظ بمنزلة سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا نبی ہونا نہ سمجھ

بیٹھے، بمنزلۃ کا ترجمہ: ''جیسے'' ہے، اور بس! مگر اس تنبیہ کے باوجود شیعوں نے حضرت علی کی بلکہ بارہ اماموں کی نبوت کا عقیدہ گھڑ لیا، اور گمراہ ہوگئے، اللہ تعالیٰ انہیں ہدایت نصیب فرمائیں (آمین)

[۳۷۵۸-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ: "أَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سَعْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَيُسْتَغْرَبُ هٰذَا الحديثُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ.

[۳۷۵۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ: "أَنْتَ مِنِّيْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسَى، إِلَّا أَنَّهُ لَانَبِيَّ بَعْدِيْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ.

بابٌ

۱۹- حضرت علیؓ کے دروازے کے علاوہ سب دروازے بند کرادیئے

حدیث: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت علیؓ کے دروازے کے علاوہ سب دروازوں کو بند کرنے کا حکم دیا۔

تشریح: اس حدیث کی یہی ایک سند ہے۔ اور محمد بن حمید رازی حافظ (کثیر الحدیث) تھے، مگر مختلف فیہ راوی ہیں۔ اور ابراہیم بن المختار کا حافظہ کمزور تھا، اس لئے ابن جوزی کا خیال ہے کہ یہ حدیث شیعوں نے اُس حدیث کا توڑ کرنے کے لئے گھڑی ہے جو پہلے (حدیث ۳۷۰۶) گذری ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت ابوبکر کے دروازے کے علاوہ تمام دروازوں کو بند کرنے کا حکم دیا۔ مگر علماء نے دونوں حدیثوں کو جمع کیا ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لامعارضة بينه وبين حديث أبي بكر: لأن الأمر بسد الأبواب، وفتح باب علي كان في أول الأمر، والأمر بسد الخوخات إلا خوخة أبي بكر كان في آخر الأمر في مرضه، حيث بقي من عمره ثلاثة أو أقل (اللمعات نقله في تحفة الأحوذي ۴: ۳۳۱) اور اس عبارت کا حاصل حدیث (نمبر ۳۷۰۶) کی تشریح میں آچکا ہے۔

[۷۷-] بابٌ

[۳۷۶۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَمَرَ بِسَدِّ الْأَبْوَابِ إِلَّا بَابَ عَلِيٍّ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ عَنْ شُعْبَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲۰- چار تن سے محبت کا صلہ

حدیث: علی بن جعفر: اپنے بھائی موسیٰ کاظم سے، وہ حضرت جعفر صادق سے، وہ حضرت محمد باقر سے، وہ حضرت علی زین العابدین سے، وہ حضرت حسین سے، وہ حضرت علی رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے ہاتھ پکڑے اور فرمایا: جو مجھ سے محبت کرے، اور ان دونوں سے محبت کرے، اور ان کے والد (حضرت علیؓ) اور ان کی والدہ (حضرت فاطمہ) سے محبت کرے: وہ قیامت کے دن میرے ساتھ میرے درجہ میں ہوگا (جیسا کہ حدیث میں ہے: المرأ مع من أحب: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس کو محبت ہے!)

[۳۷۶۱-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَخِيْ: مُوْسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ: جَعْفَرِ بْنِ مُحَمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ: مُحمدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَبِيْهِ: عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَخَذَ بِيَدِ حَسَنٍ وَحُسَيْنٍ، قَالَ: "مَنْ أَحَبَّنِيْ، وَأَحَبَّ هٰذَيْنِ، وَأَبَاهُمَا، وَأُمَّهُمَا: كَانَ مَعِيْ فِيْ دَرَجَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۲۱- سب سے پہلے اسلام کس نے قبول کیا؟

اس باب میں دو روایتیں ہیں: حضرت ابن عباسؓ کی اور حضرت زید بن ارقمؓ کی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت اُسی سند سے مروی ہے: جس پر (حدیث ۳۷۶۰ میں) کلام کیا جاچکا ہے۔ اس روایت میں نماز پڑھنے سے مراد: مسلمان ہونا ہے، کیونکہ جو اسلام قبول کرتا ہے وہ فوراً نماز شروع کر دیتا ہے، چنانچہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی روایت میں یہی آیا ہے کہ سب سے پہلے حضرت علیؓ نے اسلام قبول کیا، غرض دونوں حدیثوں کا مصبّ (گرنے کی جگہ) ایک ہے، مگر جب عمرو بن مرۃ نے حضرت زید کی یہ حدیث حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے ذکر کی تو انھوں نے اس کو اوپرا

سمجھا، اور فرمایا: سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا ہے۔ اور بعض اہل علم نے فرمایا: مردوں میں سب سے پہلے مسلمان ہونے والے حضرت ابوبکرؓ ہیں، اور بچوں میں حضرت علیؓ، وہ آٹھ سال کی عمر میں مسلمان ہوئے ہیں، اور عورتوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا (اس تطبیق کو عام طور پر پسند کیا گیا ہے)

[٧٨-] بابٌ

[٣٧٦٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ صَلَّى عَلِيٌّ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ شُعْبَةَ عَنْ أَبِيْ بَلْجٍ، إِلاَّ مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ ابْنِ حُمَيْدٍ، وَأَبُوْ بَلْجٍ: اسْمُهُ يَحْيىَ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمٍ، وَقَالَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، وَأَسْلَمَ عَلِيٌّ وَهُوَ غُلاَمٌ ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ، وَأَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ النِّسَاءِ خَدِيْجَةُ.

[٣٧٦٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالاَ: نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ عَلِيٌّ، قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِإِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ، فَأَنْكَرَهُ، وَقَالَ: أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ حَمْزَةَ: اسْمُهُ طَلْحَةُ بْنُ يَزِيْدَ.

بابٌ

٢٢- حضرت علیؓ سے محبت کون کرتا ہے، اور بغض کون رکھتا ہے؟

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے نبی امی ﷺ نے یہ وصیت کی ہے یعنی خاص طور پر یہ بات بتائی ہے کہ تجھ سے مؤمن ہی محبت کرے گا اور تجھ سے منافق ہی عداوت رکھے گا (یہ حدیث مسلم شریف کے حوالے سے پہلے (حدیث ٣٧٤٦ کی شرح میں) گذر چکی ہے)

فائدہ: اس حدیث کا ایک راوی عدی بن ثابت: تبع تابعی ہے، وہ کہتا ہے: میں اس زمانہ کا ہوں جس کے لئے نبی ﷺ نے دعا کی ہے یعنی قرنِ ثالث کا ہوں۔ یہ انصاری کوفی ہے، اس پر شیعہ ہونے کا الزام تھا، مگر اس سے سبھی صحاح ستہ والوں نے روایت لی ہے، البتہ اس کے باپ اور دادا کے نام میں اختلاف ہے۔

[٧٩-] بابٌ

[٣٧٦٤-] حدثنا عِيْسَى بْنُ عُثْمَانَ ابْنُ أَخِيْ يَحْيىَ بْنِ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ، نَا يَحْيىَ بْنُ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ،

عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ، عَنْ عَلِیٍّ، قَالَ: لَقَدْ عَهِدَ إِلَیَّ النبیُّ الْأُمِّیُّ: أَنَّهُ لَایُحِبُّكَ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا یُبْغِضُكَ إِلَّا مُنَافِقٌ.

قَالَ عَدِیُّ بْنُ ثَابِتٍ: أَنَا مِنَ الْقَرْنِ الَّذِیْنَ دَعَالَهُمُ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

۲۳-حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ملنے کا اشتیاق

حدیث: حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ نے ایک لشکر بھیجا، اس میں علی رضی اللہ عنہ بھی تھے، پس میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا، درانحالیکہ آپؐ اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے ہوئے تھے، اور دعا فرما رہے تھے: ''اے اللہ! آپ مجھے موت نہ دیں، یہاں تک کہ آپ مجھے علی کو دکھلائیں'' یعنی وہ بہ سلامت واپس آجائیں: وہاں تک میں زندہ رہوں (یہ حدیث ضعیف ہے۔ ابوالجراح بہزی اور ام شراحیل: مجہول ہیں، دونوں سے روایت ترمذی ہی میں ہے)

[۳۷٦۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَیَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِی الْجَرَّاحِ، قَالَ: ثَنِی جَابِرُ بْنُ صَبِیْحٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِی أُمُّ شَرَاحِیْلَ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِی أُمُّ عَطِیَّةَ، قَالَتْ: بَعَثَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم جَیْشًا، فِیْهِمْ عَلِیٌّ، قَالَتْ: فَسَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُوَ رَافِعٌ یَدَیْهِ، وَیَقُوْلُ: "اللّٰهُمَّ لَاتُمِتْنِیْ حَتَّی تُرِیَنِیْ عَلِیًّا" هٰذَا حدیثٌ غریبٌ حَسَنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائل حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ

نام نامی: طلحہ، باپ کا نام: عبیداللہ بن عثمان۔ قبیلہ: تیمی قرشی، کنیت: ابومحمد، منجملہ عشرۂ مبشرہ، منجملۂ اصحاب شوری، آٹھ اسلام کی طرف سبقت کرنے والوں میں سے ایک۔ القاب: طلحۃ الجود، طلحۃ الخیر، طلحۃ الفیاض، ولادت: ہجرت سے ۲۸ سال پہلے۔ شہادت: بدستِ مروان ۳٦ ہجری۔ مدت عمر: ٦۴ سال۔ جنگ جمل میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ شہید ہوئے۔ آپ بڑے سخی اور بڑے بہادر تھے۔

۱-طلحہؓ نے اپنے لئے جنت واجب کر لی!

حدیث: حضرت زبیرؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے جنگ احد کے موقعہ پر دو زرہیں (لوہے کے جالی دار کرتے) پہن رکھی تھیں، پس آپؐ نے ایک چٹان پر چڑھنا چاہا، مگر چڑھ نہ سکے، تو حضرت طلحہ کو اپنے نیچے بٹھایا، اور آپؐ چڑھے، یہاں تک کہ اچھی طرح چٹان پر پہنچ گئے، پس میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''طلحہ نے اپنے لئے جنت واجب کر لی!'' (یہ حدیث اسی سند سے ابواب الجہاد (باب ۷ احدیث ۱٦۸۳ تحفہ ۴: ٦۱۳) میں آچکی ہے)

[۸۰-] مَنَاقِبُ أَبِيْ مُحمدٍ: طَلْحَةَ بْنِ عُبيْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنه

[۳۷٦٦-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ عَبَّادِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ: عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: كَانَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ دِرْعَانِ، فَنَهَضَ إِلَى الصَّخْرَةِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَأَقْعَدَ تَحْتَهُ طَلْحَةَ، فَصَعِدَ النبيُّ صلی اللہ علیه وسلم، حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الصَّخْرَةِ، قَالَ: فَسَمِعْتُ النبيَّ صلی اللہ علیه وسلم، يَقُوْلُ: "أَوْجَبَ طَلْحَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۲-حضرت طلحہؓ چلتے پھرتے شہید!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "جسے یہ بات خوش کرے یعنی جسے خوشی ہو کہ وہ کسی شہید کو دیکھے، درانحالیکہ وہ سطح زمین پر چل رہا ہے یعنی زندہ ہے تو چاہئے کہ وہ طلحہ بن عبید اللہ کو دیکھے!" (یہ پیشین گوئی ہے چنانچہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ جنگ جمل میں شہید ہوئے۔ یہ حدیث ابن ماجہ اور حاکم میں بھی ہے، مگر انتہائی ضعیف ہے۔ صالح اور صلت: متروک راوی ہیں)

[۳۷٦۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا صَالِحُ بْنُ مُوْسَى، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، قَالَ: قَالَ جَابِرُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، يَقُوْلُ: "مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَهِيْدٍ يَمْشِيْ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيثِ الصَّلْتِ بْنِ دِيْنَارٍ، وَقَدْ تَكَلَّمَ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ فِيْ الصَّلْتِ بْنِ دِيْنَارٍ، وَضَعَّفَهُ، وَتَكَلَّمُوْا فِيْ صَالِحِ بْنِ مُوْسَى.

۳-طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہما جنت میں نبی ﷺ کے پڑوسی ہونگے

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اپنے کان سے نبی ﷺ کو اپنے منہ سے فرماتے ہوئے سنا کہ "طلحہ اور زبیر جنت میں میرے پڑوسی ہیں!" (دونوں حضرات کو یہ پڑوس مبارک! مگر یہ حدیث ضعیف ہے۔ ابوعبد الرحمٰن عنزی اور عقبہ: دونوں ضعیف راوی ہیں، اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے، مگر ذہبی نے اس کو رد کر دیا ہے)

[۳۷٦۸-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَنْصُوْرٍ العَنَزِيُّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ الْيَشْكُرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، يَقُوْلُ: سَمِعَتْ أُذُنِيْ مِنْ فِيْ رَسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَهُوَ يَقُوْلُ: "طَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ جَارَاىَ فِيْ الْجَنَّةِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۴-حضرت طلحہؓ ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنی نذر پوری کرلی!

حدیث: حضرت طلحہؓ کے صاحبزادے موسیٰ کہتے ہیں: میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، انھوں نے کہا: کیا میں تمہیں خوش خبری نہ سناؤں؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! حضرت معاویہؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''طلحہ ان لوگوں میں سے ہیں جنھوں نے اپنی نذر پوری کرلی!'' (یہ حدیث پہلے سورۃ الاحزاب کی تفسیر (حدیث ۳۲۲۶ تحفہ ۷: ۳۹۴) میں آچکی ہے، اور اس کا شانِ ورود آئندہ روایت میں ہے)

[۳۷۶۹-] حدثنا عَبْدُ القُدُّوْسِ بْنُ مُحمدٍ العَطَّارُ، نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيىَ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ: مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: أَلاَ أُبَشِّرُكَ؟ قُلْتُ: بَلٰى! قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:'' طَلْحَةُ مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ مُعَاوِيَةَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بابٌ

۵-مذکورہ حدیث کا شانِ ورود

حدیث: حضرت طلحہؓ کے دو صاحبزادے: موسیٰ اور عیسیٰ: اپنے ابا حضرت طلحہؓ سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ نے ایک نادان بدّو سے کہا: تو نبی ﷺ سے اس شخص کے بارے میں پوچھ جس نے اپنی نذر پوری کرلی یعنی آیت کا مصداق معلوم کرکہ کون ہے؟ صحابہ آپؐ سے سوال کرنے پر دلیری نہیں کرتے تھے، وہ آپؐ کی تعظیم کرتے تھے، اور آپؐ سے ڈرتے تھے۔ پس اس بدّو نے پوچھا: آپؐ نے اس سے اعراض کیا، اس نے پھر پوچھا تو بھی آپؐ نے اعراض کیا۔ اس نے تیسری مرتبہ پوچھا، اب بھی آپؐ نے روگردانی کی۔ حضرت طلحہؓ کہتے ہیں: پھر میں اچانک مسجد کے دروازے سے نمودار ہوا، میں نے ہرے رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے، جب آپؐ نے مجھے دیکھا تو فرمایا: وہ شخص کہاں ہے جو ﴿مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ﴾ کا مصداق پوچھ رہا تھا؟ اس بدّو نے کہا: میں حاضر ہوں، یارسول اللہ! آپؐ نے فرمایا: ''یہ شخص ان لوگوں میں سے ہے جس نے اپنی نذر پوری کرلی ہے!'' کیونکہ جنگ احد میں آپؓ جم کر لڑے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۲۲۷ تحفہ ۷: ۳۹۴ میں) آچکی ہے۔

سند کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ کے استاذ ابوکریب محمد بن العلاء سے آخر تک اس حدیث کی یہی ایک سند ہے۔ یہ حدیث اکابر محدثین ابوکریب ہی سے روایت کرتے ہیں۔ امام بخاری رحمہ اللہ سے بھی امام ترمذیؒ نے اسی سند سے یہ حدیث سنی ہے، اور امام بخاریؒ نے کتاب الفوائد میں بھی اسی سند سے اس حدیث کو درج کیا ہے۔

ملحوظہ: امام بخاری رحمہ اللہ کی کتاب الفوائد کا صرف امام ترمذیؒ نے تذکرہ کیا ہے۔ معلوم نہیں یہ کیا کتاب ہے۔

[۸۱-] بابٌ

[۳۷۷۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْعَلاَءِ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، نَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيىَ، عَنْ مُوْسَى وَعِيْسَى ابْنَيْ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْهِمَا طَلْحَةَ: أَنَّ أَصْحَابَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالُوْا لِأَعْرَابِيٍّ جَاهِلٍ: سَلْهُ عَمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ: مَنْ هُوَ؟ وَكَانُوْا لاَيَجْتَرِءُوْنَ عَلَى مَسْأَلَتِهِ، يُوَقِّرُوْنَهُ، وَيَهَابُوْنَهُ، فَسَأَلَهُ الْأَعْرَابِيُّ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ سَأَلَهُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ إِنِّيْ اطَّلَعْتُ مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، وَعَلَيَّ ثِيَابٌ خُضْرٌ، فَلَمَّا رَآنِيْ النبيُّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَيْنَ السَّائِلُ عَمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ؟" قَالَ الْأَعْرَابِيُّ: أَنَا يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "هٰذَا مِمَّنْ قَضَى نَحْبَهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ كُرَيْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ بُكَيْرٍ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ كِبَارِ أَهْلِ الْحَدِيْثِ عَنْ أَبِيْ كُرَيْبٍ هٰذَا الحديثَ، وَسَمِعْتُ مُحمدَ بْنَ إِسْمَاعِيْلَ يُحَدِّثُ بِهٰذَا عَنْ أَبِيْ كُرَيْبٍ، وَوَضَعَهُ فِيْ كِتَابِ الْفَوَائِدِ.

فضائل حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ

نام نامی: زبیرؓ۔ باپ کا نام: العَوّام بن خُوَیلد بن اسد بن عبدالعزّی بن قُصی۔ قبیلہ: اسدی قرشی۔ کنیت: ابوعبداللہ۔ منجملۂ عشرۂ مبشرہ، اور منجملۂ اصحابِ شوری۔ نبی ﷺ کی پھوپھی صفیۃ بنت عبدالمطلب کے لڑکے۔ ولادت: ۲۸ سال قبل ہجرت۔ شہادت: ۳۶ ہجری (جنگ جمل میں) مطابق ۵۹۴-۶۵۶ عیسوی۔ آٹھ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا اور تمام غزوات میں شریک رہے۔

۱- نبی ﷺ نے حضرت زبیرؓ پر اپنے ماں باپ کو قربان کیا

حدیث: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "جنگ بنوقریظہ کے موقعہ پر رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے اپنے ماں باپ کو جمع کیا، یعنی دونوں کو فدا کیا، اور فرمایا: بأبی أنت و أمی!: میرے ماں باپ آپؓ پر قربان!

تشریح: جان یا باپ یا ماں باپ کو قربان کرنا: آخری درجہ کا ایثار ہے۔ اس کا مطلب ہوتا ہے: جو مصیبت مخاطب پر آنے والی ہے: وہ متکلم پر یا متکلم کے ماں باپ پر آئے، اور مخاطب بچ جائے، اور یہ تفدیہ اس وقت کیا جاتا ہے جب کوئی کسی کی طرف سے کوئی بڑا کارنامہ انجام دے۔ جیسے جنگ احد میں نبی ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے فرمایا: "اے طاقت ور لڑکے! تیر چلاتا رہ، تجھ پر میرے ماں باپ قربان!"...... جنگِ احزاب کے دوران بنوقریظہ نے نقضِ عہد کیا

تھا۔ان کے احوال معلوم کرنے کے لئے نبی ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو بھیجا تھا، وہ خطرے میں کودے اور احوال معلوم کر کے آئے تو نبی ﷺ نے ان پر اپنے ماں باپ کو قربان کیا۔ یہ حضرت زبیرؓ کے لئے بڑی فضیلت ہے۔

[۸۲-] مَنَاقِبُ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ رضی الله عنه

[۳۷۷۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: جَمَعَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ قُرَيْظَةَ، فَقَالَ: " بِأَبِيْ وَأُمِّيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ وبابٌ

۲-حضرت زبیرؓ نبی ﷺ کے حواری ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہر نبی کے لئے کوئی حواری (ساتھی، حامی اور مددگار) ہوتا ہے، اور میرے حواری زبیر بن العوام ہیں!''

تشریح: یہ حدیث حضرت علی اور حضرت جابر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، اور دونوں روایتیں صحیح ہیں، حضرت جابر کی روایت تو متفق علیہ ہے۔ نبی ﷺ کا یہ ارشاد غزوۂ احزاب کے موقع کا ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: کوئی ہے جو دشمن کے کیمپ کی خبر لائے؟ حضرت زبیرؓ نے کہا: میں حاضر ہوں! دوسری مرتبہ اور تیسری مرتبہ بھی حضرت زبیر ہی نے لبیک کہا، چنانچہ وہ گئے اور خبر لائے تو آپؐ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

اور قرآن میں حواری: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخصوص صحابہ کے لئے آیا ہے، وہاں سے یہ لفظ مستعار لیا گیا ہے، اور ناصر و مددگار کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔

[۸۳-] بابٌ

[۳۷۷۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، نا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا، وَإِنَّ حَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ بْنُ الْعَوَّامِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَيُقَالُ الْحَوَارِيُّ: النَّاصِرُ.

[۸٤-] بابٌ

[۳۷۷۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفَرِيُّ، وَأَبُوْ نُعَيْمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ

الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ: "إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ حَوَارِيًّا، وَحَوَارِيَّ الزُّبَيْرُ" وَزَادَ أَبُوْ نَعِيْمٍ فِيْهِ: يَوْمَ الْأَحْزَابِ، قَالَ: "مَنْ يَأْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ؟" قَالَ الزُّبَيْرُ: أَنَا، قَالَهَا ثَلَاثًا، قَالَ: الزُّبَيْرُ أَنَا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابٌ

۳-حضرت زبیرؓ کا جسم راہِ خدا میں زخموں سے چھلنی ہو گیا تھا

حدیث: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے جنگِ جمل کی صبح کو حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما سے آخری بات یہ کہی کہ "میرا کوئی عضو ایسا نہیں جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ زخمی نہ ہوا ہو حضرت عبداللہ کہتے ہیں: یہاں تک کہ وہ زخم آپؓ کی شرمگاہ تک پہنچا!

[۸۵-] بابٌ

[۳۷۷٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ صَخْرِ بْنِ جُوَيْرِيَّةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، قَالَ: أَوْصَى الزُّبَيْرُ إِلَى ابْنِهِ: عَبْدِ اللّٰهِ صَبِيْحَةَ الْجَمَلِ، فَقَالَ: مَا مِنِّيْ عُضْوٌ إِلَّا وَقَدْ جُرِحَ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى انتهَى ذٰلِكَ إِلَى فَرْجِهِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ.

فضائل حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ

نام نامی: عبدالرحمٰن (جاہلی نام: عبدالکعبہ یا عبدعمرو) باپ کا نام: عوف بن عبدعوف بن عبدالحارث، کنیت: ابو محمد، قبیلہ: زہری، قرشی۔ منجملۂ عشرۂ مبشرہ، اور منجملۂ اصحابِ شوریٰ۔ ولادت ۴۴ سال قبل ہجرت، وفات مدینہ میں: ۳۲ ہجری۔ مطابق ۵۸۰-۶۵۲ عیسوی، آٹھویں نمبر پر مسلمان ہوئے، بڑے مالدار، بڑے سخی، بڑے بہادر اور بڑے عقلمند تھے، حبشہ کی طرف دو مرتبہ ہجرت کی، بدر سے لے کر سبھی جنگوں میں شریک رہے۔ غزوۂ تبوک میں آپؓ کے پیچھے نبی ﷺ نے فجر کی نماز پڑھی ہے۔

۱-حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں

(وہ دس صحابہ جن کو ایک ساتھ جنت کی خوش خبری سنائی گئی)

عَشَرۃ: دس مُبَشَّرۃ: اسم مفعول، بَشَّرَہُ بکذا: خوش خبری دینا —— وہ صحابہ جن کو مختلف مناسبات میں صراحۃً،

اشارۃً یا دلالۃً جنت کی خوش خبری سنائی گئی ہے: وہ بہت ہیں۔ اور باب کی حدیث میں ان دس اکابر صحابہ کا ذکر ہے جن کو ایک ساتھ یہ بشارت سنائی گئی تھی۔ ان میں حضرت عبدالرحمٰن بھی شامل ہیں۔ اس مناسبت سے یہ حدیث یہاں لائے ہیں۔ وہ دس صحابہ یہ ہیں:

۱- حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ ۲- حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔ ۳- حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ۴- حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ ۵- حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ۔ ۶- حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ۔ ۷- حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ۔ ۸- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ۹- حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ (حضرت عمرؓ کے بہنوئی) ۱۰- حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح رضی اللہ عنہ۔

یہ حدیث حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے پوتے عبدالرحمٰن بن حمید: اپنے ابا حمید سے روایت کرتے ہیں۔ پھر حمید کس سے روایت کرتے ہیں؟ اس میں رواۃ میں اختلاف ہے۔ عبدالعزیز دراوردی کی دو سندیں ہیں: قتیبۃ بن سعید آخر میں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کا ذکر کرتے ہیں، اور ابومُصعب کسی صحابہ کا ذکر نہیں کرتے یعنی حدیث کو مرسل کرتے ہیں۔ اور عبدالرحمٰن کے شاگرد عمر بن سعید (جو ثقہ راوی ہیں) آخر میں حضرت سعید بن زید (حضرت عمرؓ کے بہنوئی) کا ذکر کرتے ہیں یعنی یہ حدیث حضرت سعید کی ہے۔ امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی سند کو اصح کہا ہے۔

حدیث: حمید سے حضرت سعید بن زید نے چند لوگوں کے درمیان بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”دس آدمی جنتی ہیں: ابوبکرؓ جنت میں ہیں، اور عمرؓ جنت میں ہیں، اور علی، اور عثمان، اور زبیر، اور طلحہ، اور عبدالرحمٰن، اور ابو عبیدۃ، اور سعد بن ابی وقاص“ —— راوی کہتا ہے: حضرت سعید نے ان نو کو شمار کیا، اور دسویں کا ذکر نہیں کیا۔ پس لوگوں نے کہا: اے ابوالاعور! ہم آپ کو اللہ کی قسم دیتے ہیں! (بتلائیں:) دسواں کون ہے؟ حضرت سعید نے فرمایا: آپ لوگوں نے مجھے اللہ کی قسم دی ہے (اس لئے بتاتا ہوں، دسواں) ابوالاعور ہے یعنی وہ خود جنت میں ہیں (یہ حدیث مسند احمد میں متعدد سندوں سے ہے، اور ابن ماجہ، سنن دارقطنی اور ضیاء کی مختارہ میں ہے)

[۸۶-] مَنَاقِبُ عبدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفِ بْنِ عَبْدِ عَوْفٍ الزُّهْرِيِّ رضی الله عنه

[۳۷۷۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ” أَبُوْ بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِيْ الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِيْ الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِيْ الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِيْ الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِيْ الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ فِيْ الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ فِيْ الْجَنَّةِ، وَسَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ فِيْ الْجَنَّةِ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِيْ الْجَنَّةِ “

[۳۷۷۶-] أَخْبَرَنَا أَبُوْ مُصْعَبٍ، قِرَاءَةً عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِيْه، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ.

وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ.

[۳۷۷۷-] حدثنا صَالِحُ بْنُ مِسْمَارٍ الْمَرْوَزِيُّ، نَا ابْنُ أَبِىْ فُدَيْكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ يَعْقُوْبَ، عَنْ عمر ابْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ حَدَّثَهُ فِىْ نَفَرٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ”عَشْرَةٌ فِىْ الْجَنَّةِ: أَبُوْ بَكْرٍ فِىْ الجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِىْ الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ، وَعُثْمَانُ، وَالزُّبَيْرُ، وَطَلْحَةُ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَأَبُوْ عُبَيْدَةَ، وَسَعْدُ بْنُ أَبِىْ وَقَّاصٍ“

قَالَ: فَعَدَّ هٰؤُلَاءِ التِّسْعَةَ، وَسَكَتَ عَنِ الْعَاشِرِ، فَقَالَ الْقَوْمُ: نَنْشُدُكَ اللّٰهَ يَا أَبَا الْأَعْوَرِ! مَنِ الْعَاشِرُ؟ قَالَ: نَشَدْتُمُوْنِىْ بِاللّٰهِ: أَبُوْ الْأَعْوَرِ فِىْ الْجَنَّةِ، قَالَ: هُوَ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بنِ نُفَيْلٍ، وَسَمِعْتُ مُحمدًا، يَقُوْلُ: هٰذَا أَصَحُّ مِنَ الْحَدِيْثِ الْأَوَّلِ.

نوٹ: حدیث (نمبر ۳۷۷۶) میں عن أبیه کے بعد عن سعید بن زید تھا، یہ غلطی ہے، میں نے اس کو حذف کیا ہے۔ یہ تصحیح مزی رحمہ اللہ کی تحفۃ الاشراف سے کی ہے۔

بابٌ

۲-حضرت عبدالرحمٰنؓ نے ازواج مطہرات کے لئے چار لاکھ کی قیمت کے باغ کی وصیت کی

حدیث: ابوسلمۃ بن عبدالرحمٰن بن عوف: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: ”مجھے تمہارا (ازواج مطہرات کا) معاملہ اپنے بعد فکر مند کئے ہوئے ہے (کہ تمہارا کیا ہوگا؟ میں نے تمہارے لئے کوئی ترکہ نہیں چھوڑا، اور تم نے بھی دار آخرت کو اختیار کیا ہے، اور کچھ جمع نہیں کیا) اور ہرگز صبر نہیں کریں گے تم پر مگر صبر کرنے والے“ یعنی باہمت بندے ہی تمہاری خبر گیری کریں گے —— ابوسلمہ کہتے ہیں: پھر حضرت عائشہؓ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تیرے ابا کو یعنی عبدالرحمٰن بن عوف کو جنت کی سلسبیل نہر سے سیراب کریں، انھوں نے ازواج مطہرات کو ایسی جائیداد دی تھی جو چالیس ہزار (دینار) میں فروخت کی گئی —— اور دوسری روایت میں ہے: عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے ازواج مطہرات کے لئے ایک باغ کی وصیت کی تھی جو چار لاکھ (درہم) میں فروخت کیا گیا (اس زمانہ میں ایک دینار: دس درہم کا ہوتا تھا)

[۸۷-] بابٌ

[۳۷۷۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رسولَ اللهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ: "إِنَّ أَمْرَكُنَّ لَمِمَّا يَهُمُّنِيْ بَعْدِیْ، وَلَنْ يَصْبِرَ عَلَيْكُنَّ إِلَّا الصَّابِرُوْنَ" قَالَ: ثُمَّ تَقُوْلُ عَائِشَةُ: فَسَقَى اللّٰهُ أَبَاكَ مِنْ سَلْسَبِيْلِ الْجَنَّةِ: تُرِيْدُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ، وَقَدْ كَانَ وَصَلَ أَزْوَاجَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَالٍ، بِيْعَتْ بِأَرْبَعِيْنَ أَلْفًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۷۷۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ الْبَصْرِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَا: نَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ: أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ أَوْصَى بِحَدِيْقَةٍ لِأُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، بِيْعَتْ بِأَرْبَعِمِائَةِ أَلْفٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

قوله: يهمنی: مجرد سے یَهُمُّنِیْ اور مزید سے یُهِمُّنِیْ: دونوں طرح پڑھا جاسکتا ہے۔

فضائل حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ

نام نامی: سعد، والد کا نام: ابو وقّاص مالک بن اُہیب (وہیب) بن عبد مناف بن زہرہ بن کلاب۔ خاندان: قرشی زہری، کنیت: ابو اسحاق۔ ولادت: ۲۳ سال قبل ہجرت۔ وفات: ۵۵ ہجری مطابق ۶۰۰-۶۷۵ عیسوی، منجملہ عشرۂ مبشرہ، اور منجملہ اصحابِ شوری، فاتح عراق و مدائن کسری، سب سے پہلے آپؓ نے راہِ خدا میں تیر چلایا۔ ۱۷ سال کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ بدر اور بعد کی جنگوں میں شریک رہے، جنگ قادسیہ میں آپؓ کمانڈر انچیف تھے، شہر کوفہ کی پلاننگ میں آپؓ کا بڑا حصہ ہے، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما کے زمانے میں آپ کوفہ کے گورنر رہے۔ مدینہ میں وفات پائی اور بقیع میں دفن ہوئے۔

۱- حضرت سعدؓ کو نبی ﷺ نے قبولیتِ دعا کی دعا دی

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! سعد کی دعا قبول فرما جب وہ آپ سے دعا کریں!"

تشریح: نبی ﷺ نے حضرت سعد کے لئے یہ دعا غزوۂ احد میں فرمائی تھی، فرمایا: "اے اللہ! سعد کی تیر اندازی کو سخت (کارگر) فرما، اور ان کی دعا کو قبول فرما" (مشکوۃ حدیث ۶۱۱۵) چنانچہ حضرت سعد مستجاب الدعوۃ مشہور تھے، جو بھی دعا کرتے: اللہ تعالیٰ قبول فرماتے تھے۔

سند کا بیان: اس حدیث کی دو سندیں ہیں: اول: قیس بن ابی حازم بجلی: حضرت سعدؓ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سند موصول ہے، دوم: قیس: نبی ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سند مرسل ہے، قیس مخضرم تابعی ہیں، اور یہی سند اصح ہے۔

[۸۸-] مَنَاقِبُ أَبِیْ إِسْحَاقَ: سَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ رضی اللہ عنہ

وَاسْمُ أَبِیْ وَقَّاصٍ: مَالِكُ بْنُ وُهَیْبٍ

[۳۷۸۰-] حدثنا رَجَاءُ بْنُ مُحمدٍ العُذْرِیُّ، نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ إِسْمَاعِیْلَ بْنِ أَبِیْ خَالِدٍ، عَنْ قَیْسٍ، عَنْ سَعْدٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ إِذَا دَعَاكَ "

وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحدیثُ عَنْ إِسْمَاعِیْلَ، عَنْ قَیْسٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم قَالَ:" اللّٰهُمَّ اسْتَجِبْ لِسَعْدٍ إِذَا دَعَاكَ " وَهٰذَا أَصَحُّ.

بابٌ

۲-حضرت سعدؓ: نبی ﷺ کے خاندانی ماموں تھے

حدیث: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: حضرت سعد رضی اللہ عنہ آئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ’’یہ میرے ماموں ہیں، پس چاہئے کہ دکھلائے کوئی مجھے اپنا ماموں!‘‘ (کسی کا ماموں ایسا ہے؟!) یہ مجالد بن سعید کوفی کی روایت ہے، اور اس راوی کا حافظہ قوی نہیں تھا، اور مشکوۃ میں ہے کہ مصابیح السنہ میں فَلْیُرِنی کے بجائے فَلْیُکْرِمَنَّ ہے یعنی پس چاہئے کہ ان کی تعظیم کی جائے۔ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے ماموں اس طرح تھے کہ آپؐ کی والدہ بنوزہرہ کی تھیں، پس حضرت سعدؓ خاندانی ماموں تھے۔

[۸۹-] بابٌ

[۳۷۸۱-] حدثنا أَبُوْ كُرَیْبٍ، وَأَبُوْ سَعِیْدٍ الأَشَجُّ، قَالاَ: نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَقْبَلَ سَعْدٌ، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" هٰذَا خَالِیْ، فَلْیُرِنِیْ امْرُءٌ خَالَهُ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ مُجَالِدٍ، وَكَانَ سَعْدٌ مِنْ بَنِیْ زُهْرَةَ، وَكَانَتْ أُمُّ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم مِنْ بَنِیْ زُهْرَةَ، لِذٰلِكَ قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیه وسلم:" هٰذَا خَالِیْ"

بابٌ

۳-نبی ﷺ نے حضرت سعدؓ پر اپنے ماں باپ کو قربان کیا

اس باب میں تین روایتیں ہیں: پہلی روایت: جو پہلے (حدیث ۲۸۳۸ تحفہ ۶:۵۸۲ میں) گذری ہے: حضرت علیؓ

فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت سعدؓ کے علاوہ کسی کے لئے اپنے ماں باپ کو جمع نہیں کیا، یعنی کسی سے فداك أبی وأمی! نہیں کہا، ان سے جنگ احد میں فرمایا: ''تجھ پر میرے ماں باپ قربان! تیر چلا، اے طاقتور لڑکے!'' ——

دوسری روایت: بھی پہلے (حدیث ۲۸۳۹) گذری ہے: حضرت سعدؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے جنگ احد میں اپنے ماں باپ کو جمع کیا —— اور تیسری روایت: عبداللہ بن شداد کی ہے: حضرت علیؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو حضرت سعدؓ کے علاوہ کسی پر اپنے ماں باپ کو فدا کرتے ہوئے نہیں سنا، میں نے جنگِ احد کے موقعہ پر آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا: ''اے سعد! تیر چلاؤ! تم پر میرے ماں باپ قربان!''

سوال: ابھی حدیث (۳۷۷۱) میں گذرا ہے کہ جنگ بنی قریظہ کے موقعہ پر نبی ﷺ نے حضرت زبیرؓ کے لئے اپنے ماں باپ کو جمع کیا۔ اور حضرت علیؓ اس کی نفی کررہے ہیں۔ اس تخالف کا کیا جواب ہے؟

جواب: یہ کہا جائے کہ حضرت علیؓ کی نفی: عدم علم پر مبنی ہے یا جنگ احد کے ساتھ نفی خاص کی جائے۔ یعنی یہ کہیں گے کہ حضرت زبیرؓ کے لئے جمع کرنے کا علم حضرت علیؓ کو نہیں تھا، یا یہ کہیں گے کہ جنگ احد میں حضرت سعدؓ کے علاوہ کسی کے لئے جمع نہیں کیا۔

[۹۰-] بابٌ

[۳۷۸۲-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، سَمِعَا سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ: قَالَ عَلِيٌّ: مَا جَمَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَاهُ وَأُمَّهُ لِأَحَدٍ إِلَّا لِسَعْدٍ، قَالَ: لَهُ يَوْمَ أُحُدٍ: " ارْمِ فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ! ارْمِ أَيُّهَا الْغُلَامُ الْحَزَوَّرُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَقَدْ رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدٍ.

[۳۷۸۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَعَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ: جَمَعَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبَوَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ.

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَلِيٍّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۷۸٤-] حدثنا بِذٰلِكَ مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: مَا سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَفْدِيْ أَحَدًا بِأَبَوَيْهِ إِلَّا لِسَعْدٍ، فَإِنِّيْ سَمِعْتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ يَقُوْلُ: " ارْمِ سَعْدُ، فِدَاكَ أَبِيْ وَأُمِّيْ!" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

بابٌ

۴- نیک آدمی کا مصداق حضرت سعد رضی اللہ عنہ

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہجرت کے شروع میں ایک رات نبی ﷺ کو نیند نہیں آئی۔ آپؐ نے فرمایا: ''کاش کوئی نیک آدمی آج رات میری چوکیداری کرتا!'' حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس دریں اثناء کہ ہم اسی حال میں تھے: اچانک ہم نے ہتھیار کی جھنکار سنی۔ پس آپؐ نے پوچھا: کون ہے؟ آنے والے نے کہا: سعد بن ابی وقاص! رسول اللہ ﷺ نے ان سے پوچھا: کیوں آئے ہو؟ انھوں نے کہا: میں نے دل میں رسول اللہ ﷺ پر خطرہ محسوس کیا، اس لئے آپؐ کی چوکیداری کے لئے آیا ہوں۔ آپؐ نے ان کے لئے دعا کی، پھر سو گئے۔ (سَهِرَ (س): نیند نہ آنا...... خشخشة: ہتھیاروں کی جھنکار)

[۹۱-] بابٌ

[۳۷۸۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيْعَةَ، أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَهِرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَقْدَمَهُ الْمَدِيْنَةَ لَيْلَةً، فَقَالَ:" لَيْتَ رَجُلاً صَالِحًا يَحْرُسُنِيْ اللَّيْلَةَ" قَالَتْ: فَبَيْنَمَا نَحْنُ كَذٰلِكَ، إِذْ سَمِعْنَا خَشْخَشَةَ السِّلاَحِ، فَقَالَ:" مَنْ هٰذَا؟" فَقَالَ: سَعْدُ بْنُ أَبِيْ وَقَّاصٍ! فَقَالَ لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا جَاءَ بِكَ؟" فَقَالَ سَعْدٌ: وَقَعَ فِيْ نَفْسِيْ خَوْفٌ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجِئْتُ أَحْرُسُهُ، فَدَعَا لَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ نَامَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

فضائل حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

نام نامی: سعید۔ والد کا نام: زید بن عمرو بن نُفیل۔ خاندان: عدوی قرشی، کنیت: ابوالاعور۔ ولادت: ۲۲ سال قبل ہجرت۔ وفات: ۵۱ ہجری۔ مطابق ۶۰۰-۶۷۱ عیسوی۔ حضرت عمرؓ کے بہنوئی، منجملۂ عشرۂ مبشرہ۔ حضرت ابوعبیدہؓ نے آپؓ کو دمشق کا گورنر مقرر کیا تھا۔

حضرت سعید بن زیدؓ بھی عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں

حدیث: حضرت سعیدؓ نے فرمایا: میں نو آدمیوں کے بارے میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ جنتی ہیں، اور اگر میں دسویں کے بارے میں گواہی دوں تو گنہ گار نہیں ہوؤنگا۔ پوچھا گیا: اور یہ بات کس طرح ہے؟ —— فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حراء پہاڑ پر تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''حراء تھم جا! کیونکہ تجھ پر نبی، صدیق یا شہید ہی ہیں!'' (یہ ایک

حدیث میں دوسری حدیث داخل ہوگئی ہے) ـــــ لوگوں نے پوچھا: وہ نو کون ہیں؟ فرمایا: (ایک:) رسول اللہ ﷺ، اور (باقی) ابوبکر، اور عمر، اور عثمان، اور علی، اور طلحہ، اور زبیر، اور سعد بن ابی وقاص، اور عبدالرحمٰن بن عوف۔ پوچھا گیا: دسواں کون ہے؟ فرمایا: میں! (یہ عبداللہ بن ظالم مازنی کی حضرت سعید سے روایت ہے۔ اور عبدالرحمٰن بن الاخنس بھی حضرت سعید سے اسی طرح روایت کرتے ہیں)

تشریح: یہ حدیث حضرت سعید بن زید سے پانچ راوی روایت کرتے ہیں:

۱-عبداللہ بن ظالم مازنی: اس راوی کو امام بخاریؒ نے لَیِّنُ الحدیث کہا ہے۔ اس راوی کی روایت میں دو تسامح ہیں:

اول: ایک حدیث میں دوسری حدیث داخل کر دی ہے۔ جبل حراء والی روایت مستقل روایت ہے، اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے پہلے (حدیث ۳۷۲۶) آچکی ہے۔

دوم: اس روایت میں عشرۂ مبشرہ میں رسول اللہ ﷺ کو شمار کیا ہے، حالانکہ آپؐ مُبَشِّرْ (اسم فاعل) ہیں، مُبَشَّرْ (اسم مفعول) نہیں ہیں۔ اور حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح کو چھوڑ دیا ہے، جبکہ ان کا منجملۂ عشرۂ مبشرہ ہونا اجماعی ہے۔

۲-عبدالرحمٰن بن الاخنس: یہ راوی مستور ہے، اور اس کی روایت ابوداؤد (حدیث ۴۶۴۹) میں ہے، اس کی روایت میں جبل حراء والا مضمون نہیں ہے، البتہ اس میں بھی نبی ﷺ کو عشرۂ مبشرہ میں شمار کیا ہے، اور حضرت ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا ہے۔

۳-ریاح بن الحارث کوفی: یہ راوی ثقہ ہے۔ اس کی روایت ابوداؤد (حدیث ۴۶۵۰) اور مسند احمد (۱:۱۸۷) میں ہے، مسند احمد کی روایت مفصل ہے۔ اور اس کے پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت سعید نے یہ روایت سخت غصہ کی حالت میں بیان کی ہے۔ ایک شخص کوفہ کے گورنر حضرت مغیرہ بن شعبہؓ کی مجلس میں آیا، اور اس نے گالیوں کا جھاڑ باندھ دیا۔ حضرت سعیدؓ نے پوچھا: یہ کس کو گالیاں دے رہا ہے؟ حضرت مغیرہ نے کہا: علی بن ابی طالب کو۔ اس پر حضرت سعیدؓ کو سخت غصہ آیا، اور مذکورہ روایت سنائی کہ علیؓ یقیناً جنتی ہیں۔ ان کو آپؓ کی مجلس میں اس طرح گالیاں دی جارہی ہیں اور آپ روکتے نہیں! ـــــ پس ممکن ہے غصہ میں ذہول ہوگیا ہو، اور حضرت ابوعبیدۃ کا نام حافظہ سے نکل گیا ہو، اور تعداد پوری کرنے کے لئے آپؓ نے نبی ﷺ کا نام لے دیا ہو۔ واللہ اعلم

۴-ہلال بن یساف: یہ راوی بھی ثقہ ہے۔ اور اس کی روایت مسند احمد (۱:۱۸۷) میں ہے۔

۵-حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف: یہ راوی بھی ثقہ ہے۔ اس کی روایت پہلے (حدیث ۳۷۷۷) آچکی ہے۔ اس میں عشرۂ مبشرہ میں رسول اللہ ﷺ کو شمار نہیں کیا، بلکہ حضرت ابوعبیدۃ بن الجراح کو شمار کیا ہے، اور یہی روایت صحیح ہے باقی سب روایتوں میں وہم ہے۔ کیونکہ اُس روایت کو پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت سعیدؓ نے یہ حدیث پرسکون ماحول میں بیان کی ہے، اور ایسے وقت میں جو بات بیان کی جاتی ہے: وہ قابل اعتماد ہوتی ہے۔

[٩٢-] مَنَاقِبُ أَبِي الْأَعْوَرِ، وَاسْمُهُ سَعِيْدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ رضی اللہ عنہ

[٣٧٨٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نا هُشَيْمٌ، نا حُصَيْنٌ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ظَالِمٍ الْمَازِنِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، أَنَّهُ قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى التِّسْعَةِ: أَنَّهُمْ فِي الْجَنَّةِ، وَلَوْ شَهِدْتُ عَلَى الْعَاشِرِ لَمْ آثَمْ، قِيْلَ: وَكَيْفَ ذَاكَ؟ قَالَ: كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِحِرَاءَ، فَقَالَ: "اثْبُتْ حِرَاءُ، فَإِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ، أَوْ صِدِّيْقٌ، أَوْ شَهِيْدٌ" قِيْلَ: وَمَنْ هُمْ؟ قَالَ: رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، قِيْلَ: فَمَنِ الْعَاشِرُ؟ قَالَ: أَنَا.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، ثَنِي شُعْبَةُ، عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّبَّاحِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْأَخْنَسِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

فضائل حضرت ابوعبیدة رضی اللہ عنہ

نام نامی: عامر، کنیت: ابوعبیدة، لقب: امین الامۃ۔ باپ کا نام: عبداللہ بن الجراح بن ہلال، قبیلہ: فہری قرشی۔ ولادت: ۴۰ سال قبل ہجرت۔ وفات: طاعون عمواس میں: ۱۸ ہجری میں۔ مطابق ۵۸۴-۶۳۹ عیسوی، منجملہ عشرۂ مبشرہ فاتح شام۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کی جگہ اسلامی افواج کا سپہ سالار اعظم مقرر کیا تھا۔

۱- حضرت ابوعبیدة رضی اللہ عنہ اس امت کے امین ہیں

حدیث (۱): حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عاقب وسید نبی ﷺ کے پاس آئے (یہ دونوں نجران کے نصاری کے وفد میں آئے تھے، عاقب کا نام: عبدالمسیح، اور سید کا نام أَیْھَم یا شراحیل تھا، ان کے ساتھ ابوالحارث بن علقمہ بھی تھا۔ یہ سب عیسائی مذہب کے بڑے لوگ تھے، ان کو سورۃ آل عمران (آیت ۶۱) کے مطابق مباہلہ کی دعوت دی گئی، انھوں نے انکار کیا اور اسلامی حکومت سے مصالحت کی) دونوں نے عرض کیا: آپؐ ہمارے ساتھ اپنے دیانت دار آدمی کو بھیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: ''میں ابھی تمہارے ساتھ دیانت دار آدمی کو بھیجونگا جو واقعی دیانت دار ہے!'' پس لوگ اس کے لئے اونچے ہوئے (تاکہ اس پر نبی ﷺ کی نظر پڑے، اور آپؐ اس کا انتخاب فرمائیں) پس آپؐ نے ابو عبیدة کو بھیجا —— ابواسحاق رحمہ اللہ جب یہ حدیث صلۃ بن زُفر سے روایت کرتے تھے تو فرماتے تھے: میں نے یہ

حدیث ساٹھ سال پہلے سنی ہے (یہ ان کے قوتِ حفظ کی دلیل ہے) اور حضرت حذیفہ نے اپنے شاگرد صلة بن زفر کے بارے میں فرمایا: صلة بن زفر کا دل سونے کا ہے یعنی صاف وشفاف اور منور ہے (پس یہ راوی بھی نہایت عمدہ ہے، چنانچہ یہ حدیث متفق علیہ ہے)

حدیث (۲): حضرت ابن عمر اور حضرت انس رضی اللہ عنہما سے یہ مرفوع حدیث مروی ہے: **لكل أمة أمين، وأمين هذه الأمة أبو عبيدة بن الجراح**: ہر امت میں کوئی دیانت دار ہوتا ہے، اور اس امت کے دیانتدار ابو عبیدة بن الجراح ہیں۔

تشریح: حضرت ابن عمرؓ کی روایت تو کسی کتاب میں نہیں ملی۔ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت متفق علیہ ہے۔ اور اس حدیث میں امانت داری کا حضرت ابوعبیدة رضی اللہ عنہ میں حصر نہیں، نہ اسم تفضیل کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے، تاہم یہ ارشاد آپؓ کے امتیاز پر دلالت کرتا ہے، اور یہی آپ کی فضیلت ہے۔

[۹۳-] مَنَاقِبُ أَبِيْ عُبَيْدَةَ: عَامِرِ بْنِ الْجَرَّاحِ رضى الله عنه

[۳۷۸۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: جَاءَ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ إِلى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالاَ: ابْعَثْ مَعَنَا أَمِيْنَكَ، قَالَ: "فَإِنِّيْ سَأَبْعَثُ مَعَكُمْ أَمِيْنًا حَقَّ أَمِيْنٍ" فَأَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ، فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ.

قَالَ: وَكَانَ أَبُوْ إِسْحَاقَ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ صِلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً، هٰذا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۷۸۸-] وَقَدْ رُوِيَ عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَأَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ"

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، وَأَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ: قَلْبُ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ مِنْ ذَهَبٍ.

۲- نبی ﷺ نے حضرت ابوعبیدہؓ کی ستائش کی!

حدیث (۱): عبداللہ بن شقیق نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: صحابہ میں نبی ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب کون تھا؟ انھوں نے کہا: ابوبکرؓ، عبداللہ نے پوچھا: پھر کون؟ انھوں نے کہا: عمرؓ۔ عبداللہ نے پوچھا: پھر کون؟ انھوں نے کہا: ابوعبیدة بن الجراح۔ عبداللہ نے پوچھا: پھر کون؟ تو حضرت عائشہ خاموش ہوگئیں یعنی آگے جواب نہیں دیا (یہ حدیث ابھی (حدیث ۳۶۸۶) گذری ہے)

تشریح: ابھی (حدیث ۳۷۳۵ میں) حضرت ابن عمرؓ کا قول گذرا ہے کہ حیاتِ نبوی میں ہم کہا کرتے تھے: ابوبکر وعمر وعثمان! اس سے فضیلت میں تیسرا نمبر حضرت عثمانؓ کا ثابت ہوتا ہے، اور حضرت عائشہؓ کے قول سے تیسرا نمبر حضرت ابوعبیدہؓ کا ثابت ہوتا ہے؟ اس تخالف کے دو جواب ہیں: ۱- یہ دونوں حضرات کے اپنے اپنے اندازے ہیں، اور اس قسم کے اندازوں میں اختلاف ہوجاتا ہے۔ ۲- محبوبیت اور افضلیت میں فرق کیا جائے۔ اول میں تیسرا نمبر حضرت ابوعبیدۃ کا ہے اور ثانی میں حضرت عثمان کا۔ محبوبیت وافضلیت میں تلازم نہیں۔

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ابوبکر بہت اچھے آدمی ہیں! عمر بہت اچھے آدمی ہیں! ابوعبیدۃ بن الجراح بہت اچھے آدمی ہیں! (یہ حدیث آگے (حدیث ۳۸۲۵) مفصل آرہی ہے، اس میں اور صحابہ کی بھی ستائش ہے)

[۳۷۸۹-] حدثنا أَحْمَدُ الدَّوْرَقِيُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَيُّ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَ أَحَبَّ إِلَيْهِ؟ قَالَتْ: أَبُوْ بَكْرٍ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ عُمَرُ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ فَسَكَتَتْ.

[۳۷۹۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:'' نِعْمَ الرَّجُلُ أَبُوْ بَكْرٍ! نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ! نِعْمَ الرَّجُلُ أَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ!'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ.

فضائل حضرت عباس رضی اللہ عنہ

نام نامی: عباسؓ۔ باپ کا نام: عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف۔ خانوادہ: ہاشمی قرشی، کنیت: ابوالفضل۔ رشتہ: نبی ﷺ کے چچا (عبدالمطلب کے دس یا گیارہ یا تیرہ بیٹے اور چھ بیٹیاں تھیں) خلفائے عباسیہ کے جدامجد۔ ولادت: مکہ میں اکیاون سال قبل ہجرت (نبی ﷺ سے دو یا تین سال بڑے تھے) وفات: مدینہ میں ۳۲ ہجری میں (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں) مطابق: ۵۷۳-۶۵۳ عیسوی، قدیم الاسلام ہیں، مگر فتح مکہ تک اپنا اسلام چھپائے رکھا، پھر ہجرت کی۔ آپؐ کے دس لڑکے تھے (لڑکیاں ان کے علاوہ تھیں) حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما آپؓ کا بے حد اکرام کرتے تھے۔

۱- جس نے میرے چچا کو ستایا اس نے مجھے ستایا

حدیث: عبدالمطلب بن ربیعہ رضی اللہ عنہ (آنحضرت ﷺ کے چچا حارث بن عبدالمطلب کے پوتے اور صحابی) بیان کرتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے پاس غصہ کی حالت میں آئے، درانحالیکہ

میں آپؐ کے پاس موجود تھا۔ پس آپؐ نے پوچھا: ''آپ کو کس چیز نے غضبناک کیا؟'' انھوں نے کہا: یارسول اللہ! ہمارے لئے اور قریش کے لئے کیا ہے؟! یعنی قریش کے لوگ مجھ پر کیوں جلتے ہیں؟ جب وہ آپس میں ملتے ہیں تو خندہ پیشانی سے ملتے ہیں، اور جب ہم سے ملتے ہیں تو اور طرح سے ملتے ہیں! (یہ ان کے جلنے کی علامت ہے) راوی کہتے ہیں: پس رسول اللہ ﷺ غضبناک ہوئے، یہاں تک کہ آپؐ کا چہرہ سرخ ہوگیا، پھر فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! کسی بھی آدمی کے دل میں ایمان داخل نہیں ہوسکتا: جب تک وہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے تم سے محبت نہ کرے!'' —— پھر آپؐ نے (خطاب عام میں) فرمایا: ''لوگو! جس نے میرے چچا کو ستایا اس نے مجھے ستایا، کیونکہ باپ اور چچا ایک جڑ سے نکلنے والے دو درخت ہیں!'' یعنی چچا بمنزلہ باپ ہے، اس کو ستانا باپ کو ستانا ہے، اور باپ کو ستانا بیٹے کو ستانا ہے۔

لغت: الصِّنْوُ: ایک جڑ سے نکلنے والے دو درخت، جیسے گنّا، کیلا، پپیتا وغیرہ کی جڑ سے کئی پودے نکلتے ہیں، اسی طرح دادا سے باپ اور چچا دونوں صادر ہوتے ہیں۔ صِنو أخیه: سگا بھائی۔ هما صِنوان: دو ایک جیسے۔ اس کا تثنیہ: صِنْوان: سورۃ الرعد (آیت ۴) میں آیا ہے۔

[۹۴-] مَنَاقِبُ أَبِی الْفَضْلِ عَمِّ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم:

وَهُوَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رضی اللہ عنه

[۳۷۹۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ زِیَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: ثَنِیْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ بْنُ رَبِیْعَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ: أَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ دَخَلَ عَلَی رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم مُغْضَبًا، وَأَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: ''مَا أَغْضَبَكَ؟'' قَالَ: یَارسولَ اللّٰهِ! مَالَنَا وَلِقُرَیْشٍ! إِذَا تَلاَقَوْا بَیْنَهُمْ: تَلاَقَوْا بِوُجُوْهٍ مُبْشَرَةٍ، وَإِذَا لَقُوْنَا: لَقُوْنَا بِغَیْرِ ذٰلِكَ، قَالَ: فَغَضِبَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم حَتَّی احْمَرَّ وَجْهُهُ، ثُمَّ قَالَ: ''وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهِ! لاَیَدْخُلُ قَلْبَ رَجُلٍ الإِیْمَانُ حَتَّی یُحِبَّکُمْ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهِ'' ثُمَّ قَالَ: ''یَا أَیُّهَا النَّاسُ! مَنْ آذَی عَمِّیْ فَقَدْ آذَانِیْ، فَإِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِیْهِ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

بابٌ وبابٌ وبابٌ

۲- چچا اور بھتیجا ہم مزاج تھے!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **العباس منی وأنا منه**: عباس مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں! یعنی ہم

دونوں ہم مزاج اور ہم مشرب ہیں، ایسا ہی ارشاد آپؐ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا ہے: إن علیا منی وأنا منہ (یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۷۱۴) گذر چکی ہے، وہاں اس کی شرح کی گئی ہے) (یہ حدیث ترمذی کے ہندی نسخہ میں نہیں ہے، حاشیہ میں ہے، اور مصری نسخہ میں حوض میں ہے)

۳- باپ اور چچا: ایک جڑ سے نکلنے والے دو درخت ہیں

پہلے (تحفہ ۲: ۶۱۰ میں) یہ بات گذری ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مدینہ اور قرب وجوار کی زکوتیں وصول کرنے کے لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا تھا، کام مکمل کر کے انھوں نے رپورٹ دی کہ سب زکوتیں وصول ہوگئیں، مگر حضرت عباس اور حضرت خالد بن ولید اور ابن جمیل نے زکوتیں نہیں دیں۔ آپؐ نے فرمایا: ''عباسؓ سے میں دو سال کی پیشگی زکوۃ وصول کر چکا ہوں، اس لئے وہ میرے ذمے ہے (الی آخرہ) پھر آپؐ نے حضرت عمرؓ کو فہمائش کی کہ میرے چچا کی جس طرح سے تم نے شکایت کی ہے وہ نامناسب ہے۔ چچا بمنزلہ باپ کے ہوتا ہے، اور باپ کی شکایت اس انداز پر بیٹے سے کی جائے تو اس سے بیٹے کو تکلیف پہنچتی ہے۔ پس ایسی صورت میں شکایت کرنے والے کو خوبصورت عنوان تلاش کرنا چاہئے۔ جیسے استاد زادہ آوارہ ہو رہا ہو، اور استاذ اس کی حرکتوں سے ناواقف ہو، تو مناسب عنوان سے استاذ کے علم میں یہ بات لانی چاہئے۔ سیدھا یہ کہنا کہ حضرت! آپ کا بیٹا آوارہ ہو رہا ہے: تکلیف دہ ثابت ہوسکتا ہے۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''عباسؓ: رسول اللہ ﷺ کے چچا ہیں، اور آدمی کا چچا اس کے باپ کا صنو ہوتا ہے یعنی باپ اور چچا ایک جڑ (دادا) سے نکلنے والے دو درخت ہیں (یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے حضرت عباسؓ کے معاملہ میں حضرت عمرؓ سے فرمایا: ''آدمی کا چچا اس کے باپ کا صنو ہے!'' حضرت عمرؓ نے آپؐ سے حضرت عباسؓ کی زکوۃ کے معاملہ میں گفتگو کی تھی (یہ حضرت علیؓ کی روایت ہے)

[۹۵-] بابٌ

[۳۷۹۲-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِیْنَارٍ الْکُوْفِیُّ، قَالَ: ثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ، عَنْ إِسْرَائِیْلَ، عَنْ عَبْدِ الأَعْلَی، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' العَبَّاسُ مِنِّیْ وَأَنَا مِنْہُ ''

قَالَ: ھٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُہُ إِلاَّ مِنْ حَدِیْثِ إِسْرَائِیْلَ.

[۹۶-] بابٌ

[۳۷۹۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاھِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ، نَا شَبَابَۃُ، نَا وَرْقَاءُ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ ھُرَیْرَۃَ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: '' العَبَّاسُ عَمُّ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَإِنَّ

عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيْهِ، أَوْ: مِنْ صِنوِ أَبِيْهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ أَبِيْ الزِّنَادِ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۹۷-] بابٌ

[۳۷۹٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، نَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ الْأَعْمَشَ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي البَخْتَرِيِّ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِعُمَرَ فِيْ الْعَبَّاسِ: " إِنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ أَبِيْهِ " وَكَانَ عُمَرُ كَلَّمَهُ فِيْ صَدَقَتِهِ، هٰذَا حديث حسنٌ.

۴- حضرت عباس اوران کی اولاد کے لئے مغفرتِ عامہ تامہ کی دعا

حدیث: ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''جب پیر کی صبح ہوتو آپؓ اورآپ کی اولاد میرے پاس آئیں، تاکہ میں آپ لوگوں کے لئے ایک ایسی دعا کروں جس سے اللہ تعالیٰ آپؓ کو اورآپ کی اولاد کوفائدہ پہنچائیں'' چنانچہ وہ (عباسؓ) اورہم آپ کے ساتھ صبح کے وقت گئے۔ پس آپؐ نے ہمیں کمبل اوڑھایا، اوردعا فرمائی: ''اے اللہ! عباس کی اوران کی اولاد کی ظاہری اور باطنی مغفرت فرما، ایسی مغفرت جوکوئی گناہ نہ چھوڑے! اے اللہ! عباس کی ان کی اولاد میں حفاظت فرما!'' (یہ حدیث ترمذی کے علاوہ کسی کتاب میں نہیں، صرف رزین نے اس کی تخریج کی ہے، اور یہ اضافہ کیا ہے:) واجعل الخلافة باقيةً في عَقِبِه: اورخلافت (حکومت) کوان کی نسل میں باقی رکھ!

حدیث کا حال: یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ عبدالوہاب نے اس حدیث میں تدلیس کی ہے، اس نے ثور بن یزید سے یہ حدیث نہیں سنی، تقریب میں ہے: أنكروا عليه حديثا في العباس، يقال: دَلَّسه عن ثور: محدثین نے عبدالوہاب کی حضرت عباس کے سلسلہ کی اس حدیث کونہایت ضعیف قراردیاہے، کہاجاتاہے کہ اس نے استاذ کانام چھپایاہے، اورثور سے روایت کردی ہے، اوراب جبکہ خلافتِ عباسیہ ختم ہوگئی تواس روایت کی حقیقت واضح ہوگئی کہ یہ روایت بے سروپا ہے۔

[۳۷۹۵-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ مَكْحُوْلٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِلْعَبَّاسِ: " إِذَا كَانَ غَدَاةَ الإِثْنَيْنِ: فَأْتِنِيْ أَنْتَ وَوَلَدُكَ، حَتَّى أَدْعُوَ لَهُمْ بِدَعْوَةٍ يَنْفَعُكَ اللّٰهُ بِهَا وَوَلَدَكَ " فَغَدَا وَغَدَوْنَا مَعَهُ، فَأَلْبَسَنَا كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: " اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْعَبَّاسِ وَوَلَدِهِ مَغْفِرَةً ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً، لاَ تُغَادِرُ ذَنْبًا، اللّٰهُمَّ احْفَظْهُ فِيْ وَلَدِهِ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائل حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ

نام نامی: جعفرؓ۔ باپ کا نام: ابو طالب بن عبد المطلب بن ہاشم۔ خانوادہ: ہاشمی قرشی، لقب: طیّار (بہت اڑنے والے) ذوالجناحین (دو بازو والے) کنیت: ابو المساکین (غریب پرور) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی۔ عمر میں دس سال بڑے، سابقین اولین میں سے۔ حبشہ کی طرف ہجرت کی، پھر وہاں سے ہجرت کر کے مدینہ آئے۔ ۸ ہجری میں جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔ عمر چالیس سال سے متجاوز تھی۔

۱- دو ہاتھوں کی جگہ اللہ تعالیٰ نے دو پَر دیئے!

غزوۂ موتہ (میم کا پیش، واو ساکن) میں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جھنڈا حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے سنبھالا تھا، آپؓ دوسرے کمانڈر مقرر کئے گئے تھے۔ آپؓ گھوڑے سے اتر پڑے اور اس کی کوچیں کاٹ دیں (تاکہ وہ دشمن کے کام نہ آئے) پھر آپؓ وار پر وار کرتے رہے، یہاں تک کہ دشمن کی ضرب سے آپؓ کا داہنا ہاتھ کٹ گیا، آپؓ نے جھنڈا بائیں ہاتھ میں لے لیا، وہ بھی کٹ گیا تو باقی ماندہ بازوؤں سے جھنڈا آغوش میں لے لیا، اور اس وقت تک بلند رکھا جب تک خلعتِ شہادت سے سرفراز نہ ہوگئے۔ پھر دشمن نے ایسی تلوار ماری کہ آپؓ کے دو ٹکڑے ہوگئے۔ اللہ نے آپؓ کو دو بازوؤں کے عوض جنت میں دو پَر عنایت فرمائے، جن کے ذریعہ وہ جہاں چاہتے ہیں اڑتے ہیں، اسی لئے ان کا لقب جعفر طیّار اور جعفر ذوالجناحین پڑ گیا۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے (خواب میں) جعفر کو جنت میں فرشتوں کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھا!''

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، علی مدینی کے والد عبد اللہ بن جعفر ضعیف راوی ہیں، ابن معین وغیرہ نے ان کی تضعیف کی ہے۔ مگر یہ حدیث اور متعدد صحابہ سے بھی مروی ہے، اس لئے شواہد کی وجہ سے قابل اعتبار ہے۔ طبرانی میں ابن عباسؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں (خواب میں) گذشتہ رات جنت میں گیا، پس میں نے جنت میں جعفر کو فرشتوں کے ساتھ اڑتے ہوئے دیکھا!'' اس کے علاوہ فتح الباری میں اور بھی روایات ہیں، پس یہ فضیلت ثابت ہے، گو یہ روایت ضعیف ہے۔

سوال: پہلے حدیث (نمبر ۱۶۳۲ تحفہ ۴: ۵۷۲) آئی ہے کہ شہداء کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں (کے پوٹوں) میں ہوتی ہیں، وہ جنت کے پھلوں سے کھاتی ہیں۔ پس جب سبھی شہداء جنت میں جاتے ہیں تو حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کی خصوصیت کیا رہی؟

جواب: حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی دو خصوصیتیں ہیں:

اول: شہداء کی روحیں سبز رنگ کے پرندوں کے پوٹوں میں بیٹھ کریعنی ہرے رنگ کے ہوائی جہازوں کی اگلی سیٹ پر بیٹھ کر جنت میں جاتی ہیں، اور وہاں چگتی چرتی ہیں، پھر واپس آجاتی ہیں یعنی دوسرے کے پروں سے اڑ کر جاتی ہیں۔ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ خود اپنے پروں سے اڑ کر جاتے ہیں، اور دونوں میں فرق واضح ہے۔

دوم: شہداء کی روحیں تنہا جاتی ہیں، ان کو کوئی لینے نہیں آتا، اور وہ چر چگ کر واپس آجاتی ہیں، اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرشتوں کے جھرمٹ میں جاتے ہیں، اور جہاں اور جب تک چاہتے ہیں: گھومتے ہیں یعنی حضرت جعفرؓ کو میزبان کے فرستادے لینے آتے ہیں، اور پورے اعزاز کے ساتھ لے جاتے ہیں، اور دوسرے شہداء اپنے طور پر جاتے ہیں، ان کو کوئی لینے نہیں آتا۔ یہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کا امتیاز ہے۔

[۹۸-] مَنَاقِبُ جَعْفَرِ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ: أَخِیْ عَلِیٍّ رضی اللّٰہُ عنهما

[۳۷۹۶-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "رَأَیْتُ جَعْفَرًا یَّطِیْرُ فِی الْجَنَّةِ مَعَ الْمَلَائِکَةِ"

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ مِنْ حَدِیْثِ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، وَقَدْ ضَعَّفَ یَحْیَى بْنُ مَعِیْنٍ وَغَیْرُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، وَهُوَ وَالِدُ عَلِیِّ بْنِ الْمَدِیْنِیِّ، وفی الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

بابٌ

۲- باحیثیت لوگوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد افضل حضرت جعفرؓ ہیں

روایت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نہ چپل پہنے نہ جوتے، نہ سواری کے جانور پر سواری کی، نہ کجاوے پر بیٹھا: کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد یعنی علاوہ: حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے افضل آدمی! یعنی باحیثیت لوگوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مستثنیٰ کر کے سب سے افضل حضرت جعفر رضی اللہ عنہ ہیں، اور یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا تأثر ہے، اور اس کی وجہ آگے (حدیث ۳۷۹۹ میں) آرہی ہے۔ جاننا چاہئے کہ اس زمانہ میں بڑے لوگ ہی جوتے چپل پہنتے تھے، اور اونٹ گھوڑے پر سفر کرتے تھے، عام لوگ ننگے پاؤں پیدل سفر کرتے تھے۔

لغات: اِحْتَذَى النعلَ: چپل پہننا...... اِنْتَعَلَ الحذاء: جوتا پہننا (یہ دونوں جملے مترادف ہیں)...... المَطِیَّة: سواری کا جانور، جمع: مَطَایَا...... الکُوْر: اونٹ کا کجاوہ، جمع أکوار (یہ دونوں جملے بھی مترادف ہیں)

[۹۹-] بابٌ

[۳۷۹۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِیُّ، نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنْ أَبِیْ

هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا احْتَذَى النِّعَالَ وَلاَ انْتَعَلَ، وَلاَ رَكِبَ الْمَطَايَا وَلاَ رَكِبَ الْكُوْرَ، بَعْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَفْضَلُ مِنْ جَعْفَرٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۳-حضرت جعفرؓ حلیہ اور اخلاق میں نبی ﷺ کے مشابہ تھے

سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ اور بچی مکہ میں تھیں۔ جب عمرۃ القضاء میں نبی ﷺ مکہ مکرمہ سے لوٹے تو بچی آپؐ کو چچا! چچا! کہتی ہوئی پیچھے چلی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کو لے لیا، اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حوالے کیا۔ جب قافلہ مرّ الظہران پہنچا تو اس بچی کی پرورش کا معاملہ خدمتِ نبوی میں پیش ہوا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: ''میری چچازاد بہن ہے، اور میں نے اس کو لیا ہے'' اس لئے میرا حق ہے۔ اور حضرت علیؓ کے بھائی حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: ''میری بھی چچازاد بہن ہے، اور اس کی خالہ (حضرت اسماء بنت عمیسؓ) میرے نکاح میں ہیں'' پس میرا حق ہے۔ اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا: ''میری بھتیجی ہے!'' پس میں قریبی رشتہ دار ہوں، اس لئے میرا حق ہے (نبی ﷺ نے حضرت حمزۃ اور حضرت زید رضی اللہ عنہما میں بھائی چارہ کرایا تھا)

نبی ﷺ نے بچی کی پرورش کا فیصلہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے حق میں کیا، اور وجہ ترجیح یہ بیان کی کہ ''خالہ ماں سی ہے!'' اور حضرت جعفر کے حق میں فرمایا: أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ: تم حلیہ اور اخلاق میں میرے مشابہ ہو! اور حضرت علیؓ کے حق میں فرمایا: أنتَ منی وأنا منك: تم میرے مزاج کے ہو، اور میں تمہارے مزاج کا ہوں! اور حضرت زیدؓ کے حق میں فرمایا: أنت أخونا ومولانا: تم ہمارے دینی بھائی اور ہمارے آزاد کردہ ہو! تینوں حضرات خوش ہو گئے، اور حضرت جعفرؓ حبشہ والا ایک پیر کا ناچ ناچے! (بخاری حدیث ۴۲۵۱ مع الفتح) (رحمۃ اللہ ۵: ۳۷۰)

[۳۷۹۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِجَعْفَرِ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ: ''أَشْبَهْتَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ'' وفي الحديثِ قِصَّةٌ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

لغات: خَلْق: بناوٹ، ساخت، حلیہ...... خُلُق: أخلاق کی جمع: خوبیاں...... **قوله: وفي الحديث قصة**: اور حدیث میں لمبا مضمون ہے: یہ لمبا مضمون وہی ہے جو میں نے بخاری کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

۴-حضرت جعفر رضی اللہ عنہ غریب پرور تھے

روایت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں صحابہ میں سے ایک آدمی سے قرآن کی آیات معلوم کیا کرتا تھا، جن کو میں ان سے زیادہ جانتا تھا یعنی وہ آیات مجھے یاد ہوتی تھیں۔ میں ان سے اسی لئے پوچھتا تھا کہ وہ (میرے فاقہ کا

اندازہ کریں، اور) مجھے کھانا کھلائیں۔ پس جب میں حضرت جعفرؓ سے پوچھتا تو وہ مجھے جواب نہیں دیتے تھے، یہاں تک کہ مجھے اپنے گھر لے جاتے تھے، اور اپنی اہلیہ سے کہتے: ''اے اسماء! ہمیں کھلاؤ!'' پس جب وہ ہمیں کھلاتیں تو وہ مجھے جواب دیتے۔ اور حضرت جعفرؓ غریبوں سے بہت محبت کرتے تھے، ان کے پاس بیٹھتے تھے، ان سے باتیں کرتے تھے، اور وہ (غرباء) ان سے باتیں کرتے تھے، چنانچہ رسول اللہ ﷺ ان کو ابوالمساکین کی کنیت سے پکارتے تھے۔

[۳۷۹۹-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ: أَبُوْ يَحْيىَ التَّيْمِيُّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ: أَبُوْ إِسْحَاقَ الْمَخْزُوْمِيُّ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: إِنْ كُنْتُ لَأَسْأَلُ الرَّجُلَ مِنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم عَنِ الآيَاتِ مِنَ الْقُرْآنِ، أَنَا أَعْلَمُ بِهَا مِنْهُ، مَا أَسْأَلُهُ إِلَّا لِيُطْعِمَنِيْ شَيْئًا، فَكُنْتُ إِذَا سَأَلْتُ جَعْفَرَ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ لَمْ يُجِبْنِيْ حَتَّى يَذْهَبَ بِيْ إِلَى مَنْزِلِهِ، فَيَقُوْلُ لِامْرَأَتِهِ: يَا أَسْمَاءُ! أَطْعِمِيْنَا، فَإِذَا أَطْعَمَتْنَا أَجَابَنِيْ، وَكَانَ جَعْفَرٌ يُحِبُّ الْمَسَاكِيْنَ، وَيَجْلِسُ إِلَيْهِمْ، وَيُحَدِّثُهُمْ، وَيُحَدِّثُوْنَهُ، فَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُكْنِيْهِ بِأَبِي الْمَسَاكِيْنِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَأَبُوْ إِسْحَاقَ الْمَخْزُوْمِيُّ: هُوَ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْفَضْلِ الْمَدِيْنِيُّ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ أَهْلِ الْحَدِيْثِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

وضاحت: ابراہیم بن الفضل: متروک راوی ہے، مگر یہ روایت ہے، حدیث نہیں، پھر اس کا تعلق فضائل سے ہے، مسائل سے نہیں!

فضائل حضرات حسن وحسین رضی اللہ عنہما

حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے اکثر فضائل مشترک ہیں: اس لئے دونوں کے لئے ایک باب قائم کیا ہے۔ دونوں سِبط رسول اللہ ﷺ ہیں (سبط: نواسہ) دونوں حضرات: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے ہیں۔ حضرت حسن بڑے ہیں، اور حضرت حسین ان سے چھوٹے۔ اور دونوں کی والدہ حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا ہیں۔ اور انہی دونوں حضرات کی اولاد: نبی ﷺ کی اولاد کہلاتی ہے:

حضرت حسن رضی اللہ عنہ: کنیت: ابومحمد۔ ولادت ۳ ہجری (مدینہ میں) وفات: ۵۰ ہجری (مدینہ میں) پانچویں خلیفہ راشد۔ مدتِ خلافت: ۶ ماہ ۵ دن۔ ۴۱ ہجری میں خلافت: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے کی۔ چونکہ حضرت معاویہؓ کے بعد خلافت آپؓ کی طرف منتقل ہوتی: اس لئے آپؓ کی اہلیہ اسماء بنت الاشعث بن قیس کے ذریعہ زہر دلوایا گیا۔ آپؓ کے گیارہ لڑکے اور ایک لڑکی تھی۔ آپؓ کی اولاد کی نسبت ''حسنی'' ہے۔

حضرت حسین رضی اللہ عنہ: شہید کربلا۔ کنیت: ابوعبداللہ۔ ولادت: ۴ ہجری (مدینہ میں) شہادت ۶۱ ہجری (کربلا

میں) قبر معلوم نہیں۔حضرت معاویہؓ کے بعد جب یزید خلیفہ بنا تو آپؓ نے بیعت نہیں کی، کوفہ والوں نے آپ کو دعوت دی، آپ اپنے خاندان کے اسّی افراد کے ساتھ کوفہ روانہ ہوئے، یزید نے لشکر روانہ کیا، کربلا میں (عراق میں کوفہ کے قریب) مقابلہ ہوا، اور آپ کو شہید کر دیا گیا۔آپؓ کی اولاد کی نسبت ''حسینی'' ہے۔

۱- حسن وحسین رضی اللہ عنہما جنت کے جوانوں کے سردار ہیں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: **الحسن والحسین سَيِّدَا شَبَابِ أهلِ الْجنة:** حسن وحسین رضی اللہ عنہما جنت کے جوانواں کے سردار ہیں!

تشریح: یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے، یہاں تک کہ سیوطی رحمہ اللہ نے اس کو متواتر کہا ہے۔اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جو دنیا میں جوانی میں فوت ہوئے: حسنین رضی اللہ عنہما آخرت میں ان کے سردار ہونگے، پس یہ سوال ختم ہوگیا کہ جنت میں سبھی جوان ہوں گے، ۳۳ سال کی عمر کے ہونگے، پھر جوانوں کے سردار ہونے کا کیا مطلب؟ (اور دیکھیں حدیث ۳۶۹۳ کی شرح)

[۱۰۰-] مَنَاقِبُ أَبِیْ مُحمدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ وَالْحُسَيْنِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ رضی الله عنهما

[۳۸۰۰-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ الحَفْرِیُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِیْ زِيَادٍ، عَنْ ابنِ أَبِیْ نُعْمٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم:'' الحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجنَّةِ''

حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا جَرِيْرٌ، وَابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَزِيْدَ نَحْوَهُ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ حَسَنٌ، وَابْنُ أَبِیْ نُعْمٍ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ نُعْمٍ الْبَجَلِیُّ الْكُوْفِیُّ.

۲- اے اللہ! ان لوگوں سے محبت فرما جو حسنینؓ سے محبت کریں

حدیث: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ایک رات میں نے کسی ضرورت سے نبی ﷺ کا دروازہ کھٹکھٹایا، پس نبی ﷺ باہر تشریف لائے۔آپؐ کسی چیز کو اپنے کپڑے میں لئے ہوئے تھے۔میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کیا ہے؟ پس جب میں اپنی ضرورت پوری کر چکا تو میں نے پوچھا: یہ کیا چیز ہے جس کو آپؐ اپنے کپڑے میں لپیے ہوئے ہیں؟ پس آپؐ نے کپڑا کھولا، اچانک حسن وحسین رضی اللہ عنہما آپؐ کے دونوں کولہوں پر تھے یعنی دونوں کو کمر کی دونوں جانب میں اٹھائے ہوئے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''یہ دونوں میرے بیٹے ہیں، اور میری بیٹی کے بیٹے ہیں! اے اللہ!

میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، پس آپ بھی ان سے محبت فرمائیں! اوران لوگوں سے بھی محبت فرمائیں جوان دونوں سے محبت کریں!''

لغات: نَبَّال: تیرساز...... الوَرِك: کولہا...... أُحِبُّ: مضارع واحد متکلم...... أَحِبَّ: امر واحد حاضر۔

[۳۸۰۱-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالاَ: نَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، نَا مُوْسَى بْنُ يَعْقُوْبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ أَبِيْ سَهْلٍ النَّبَّالُ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ الْحَسَنُ بْنُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ: أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: طَرَقْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْ بَعْضِ الْحَاجَةِ، فَخَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَهُوَ مُشْتَمِلٌ عَلَى شَيْئٍ، لاَ أَدْرِيْ مَا هُوَ؟ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْ حَاجَتِيْ، قُلْتُ: مَا هٰذَا الَّذِيْ أَنْتَ مُشْتَمِلٌ عَلَيْهِ؟ فَكَشَفَهُ فَإِذَا حَسَنٌ وَحُسَيْنٌ عَلَى وَرِكَيْهِ، فَقَالَ:'' هٰذَانِ ابْنَایَ، وَابْنَا ابْنَتِيْ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُحِبُّهُمَا فَأَحِبَّهُمَا، وَأَحِبَّ مَنْ يُحِبُّهُمَا'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۳- حسنین رضی اللہ عنہما نبی ﷺ کے پھول تھے!

حدیث: عبدالرحمٰن بن ابی نُعم کہتے ہیں: ایک عراقی نے حضرت ابن عمرؓ سے مچھر کے خون کے بارے میں پوچھا جو کپڑے پر لگ جائے۔ پس ابن عمرؓ نے فرمایا: ''اِس شخص کو دیکھو! مچھر کے خون کے بارے میں پوچھتا ہے، جبکہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کے بیٹے (حضرت حسینؓ) کو قتل کیا ہے! اور میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: إن الحسن والحسين: هُمَا رَيْحَانَتَایَ من الدنيا: حسن وحسین دنیا میں میرے دو پھول ہیں (اور آگے روایت آرہی ہے کہ آپؐ دونوں صاحبزادوں کو سونگھتے تھے، چومتے تھے اور اپنے جسم سے چمٹاتے تھے) (یہ بخاری کی حدیث ہے)

مسئلہ: مچھر اور کھٹمل خون پئیں تو وضوء نہیں ٹوٹتی، اور ان کا خون ناپاک نہیں ہے۔ پس خون کپڑے پر لگا ہو اور نماز پڑھی جائے تو نماز ہو جاتی ہے (بہشتی زیور)

[۳۸۰۲-] حدثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبَصْرِيُّ الْعَمِّيُّ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، نا أَبِيْ، عَنْ مُحمدِ ابْنِ أَبِيْ يَعْقُوْبَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ نُعْمٍ: أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْعِرَاقِ، سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ، يُصِيْبُ الثَّوْبَ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: انْظُرُوْا إِلَى هٰذَا: يَسْأَلُ عَنْ دَمِ الْبَعُوْضِ، وَقَدْ قَتَلُوْا ابْنَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَسَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:'' إِنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنُ هُمَا رَيْحَانَتَایَ مِنَ الدُّنْيَا ''

هٰذَا حديثٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ محمدِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، وَقَدْ رَوَى أَبُوْ هُرَيْرَةَ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا، وابنُ أَبِي نُعْمٍ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي نُعْمٍ الْبَجَلِيُّ.

۴-ایک خواب کہ نبی ﷺ نے قتلِ حسینؓ دیکھا!

روایت: سلمی بکریہ (مجہولہ) کہتی ہیں: میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئی، آپؓ رورہی تھیں، میں نے پوچھا: آپؓ کیوں رورہی ہیں؟ انھوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا، آپؐ کے سر اور ڈاڑھی پر مٹی تھی۔ میں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کا یہ حال کیوں ہے؟ آپؐ نے فرمایا: شهدتُ قتلَ الحسين آنفا: میں نے ابھی حسین کا قتل دیکھا! (یہ روایت ضعیف ہے)

[۳۸۰۳-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا أَبُوْ خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، نَا رَزِيْنٌ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ سَلْمَى، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ، وَهِيَ تَبْكِيْ، فَقُلْتُ: مَا يُبْكِيْكِ؟ قَالَتْ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم - تَعْنِيْ فِيْ الْمَنَامِ - وَعَلَى رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ التُّرَابُ، فَقُلْتُ: مَالَكَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: "شَهِدْتُ قَتْلَ الْحُسَيْنِ آنِفًا" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

۵-حسن وحسین رضی اللہ عنہما آپ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھے

حدیث: رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا: آپؐ کو اپنے گھر والوں میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا: "حسن اور حسین!" اور آپؐ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کرتے تھے: "میرے لئے میرے دونوں بیٹوں کو بلاؤ" پھر آپؐ دونوں کو سونگھتے تھے، اور دونوں کو اپنے سے چمٹاتے تھے (یہ حدیث ضعیف ہے، یوسف بن ابراہیم ضعیف راوی ہے، مگر اس کے شواہد ہیں۔ اس لئے مضمون صحیح ہے)

[۳۸۰٤-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، نَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثَنِي يُوْسُفُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: سُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَيُّ أَهْلِ بَيْتِكَ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: "الحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ" وَكَانَ يَقُوْلُ لِفَاطِمَةَ: "ادْعِيْ لِيَ ابْنَيَّ" فَيَشُمُّهُمَا، وَيَضُمُّهُمَا إِلَيْهِ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ.

باب

۶-اللہ تعالیٰ نے حضرت حسنؓ کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں مصالحت کرائی

حدیث: ایک دن نبی ﷺ منبر سے صحابہ سے خطاب فرمارہے تھے۔ اچانک حضرت حسن رضی اللہ عنہ آگئے (وہ

بچے تھے) آپؐ نے ان کو گود میں لے لیا، اور فرمایا: ''میرا یہ بیٹا سردار ہے! اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ (مسلمانوں کی دو بڑی) جماعتوں کے درمیان مصالحت کرائیں گے!'' (یہ روایت بخاری شریف کی ہے)

تشریح: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت حسن رضی اللہ عنہ خلیفہ چنے گئے۔ حضرت معاویہؓ نے بیعت نہیں کی، آپؓ لشکر جرار لے کر ان کو رام کرنے کے لئے روانہ ہوئے۔ حضرت معاویہؓ بھی ویسا ہی لشکر لے کر مقابلہ کے لئے آئے۔ جب حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے دونوں طرف دو بڑے لشکر دیکھے تو انھوں نے مصلحت یہ سمجھی کہ خلافت سے دست بردار ہو جائیں، تاکہ مسلمانوں کا خون نہ بہے، چنانچہ چھ ماہ کے بعد آپؓ حضرت معاویہؓ کے حق میں خلافت سے دست بردار ہو گئے، اور نبی ﷺ کی پیشین گوئی پوری ہوئی۔

[۱۰۱-] بابٌ

[۳۸۰۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، نَا الْأَشْعَثُ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ: صَعِدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم المِنْبَرَ، فَقَالَ: " إِنَّ ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ: يُصْلِحُ اللّٰهُ على يَدَيْهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، قَالَ: يَعْنِيْ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ.

بابٌ

۷-اولاد کی محبت فطری امر ہے

حدیث: حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ ہم سے خطاب فرما رہے تھے۔ اچانک حسن وحسین رضی اللہ عنہما آ گئے۔ دونوں نے سرخ کرتے پہن رکھے تھے، اور دونوں چل رہے تھے، اور ٹھوکر کھا کر گر رہے تھے۔ پس نبی ﷺ منبر سے اترے، اور دونوں کو اٹھالیا، اور دونوں کو اپنے سامنے بٹھایا، اور فرمایا: اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے: ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾: تمہارے اموال اور تمہاری اولاد: بس تمہارے لئے ایک آزمائش ہی ہیں! (سورۃ التغابن آیت ۱۵) میں نے ان بچوں کو دیکھا کہ چل رہے ہیں اور ٹھوکر کھا کر گر رہے ہیں تو میں صبر نہ کر سکا، یہاں تک کہ میں نے اپنی بات منقطع کر دی، اور دونوں کو اٹھالیا (فتنہ کے معنی کے لئے دیکھیں تحفہ ۵:۵۱۹)

[۱۰۲-] بابٌ

[۳۸۰۶-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ: بُرَيْدَةَ يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْطُبُنَا، إِذْ جَاءَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ، عَلَيْهِمَا قَمِيْصَانِ أَحْمَرَانِ، يَمْشِيَانِ، وَيَعْثُرَانِ: فَنَزَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم مِنَ الْمِنبَرِ، فَحمَلَهُمَا، وَوضَعَهُما بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: ”صَدَقَ اللّٰهُ: ﴿إِنَّمَا أَمْوَالُكُمْ وَأَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ﴾ نَظَرْتُ إِلَى هٰذَيْنِ الصَّبِيَّيْنِ، يَمْشِيَانِ، وَيَعْثِرَانِ، فَلَمْ أَصْبِرْ حَتَّى قَطَعْتُ حَدِيْثِي وَرَفَعْتُهُمَا“
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ.

۸- حضرت حسین رضی اللہ عنہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم مزاج تھے

حدیث: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسين مني وأنا من حسين: حسین میرے مزاج کے ہیں، اور میں حسین کے مزاج کا ہوں! اللہ تعالیٰ اس بندے سے محبت کریں جو حسین سے محبت کرے۔ حسین: قبیلوں میں سے ایک بڑا قبیلہ ہیں!

تشریح: حسين مني وأنا من حسين کی وضاحت کے لئے حدیث (۳۷۴۱) کی شرح دیکھیں...... پھر دعا ہے۔ یہ دعا حدیث (۳۸۰۱) میں آچکی ہے...... پھر پیشین گوئی ہے کہ حسین: بڑا قبیلہ بنیں گے، ان کی بہت اولاد ہوگی۔ یہ بات آج واقعہ بن گئی ہے...... اور لفظ أسباط میں آیتِ کریمہ: ﴿وَقَطَّعْنَاهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أَسْبَاطًا أُمَمًا﴾ کی طرف تلمیح ہے (سورۃ الاعراف آیت ۱۶۰)

[۳۸۰۷-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَيَّاسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ” حُسَيْنٌ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْ حُسَيْنٍ، أَحَبَّ اللّٰهُ مَنْ أَحَبَّ حُسَيْنًا، حُسَيْنٌ سِبْطٌ مِنَ الأَسْبَاطِ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

۹- حسنین رضی اللہ عنہما: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم شکل تھے

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خاندان میں کوئی بھی آپؐ کے ساتھ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے زیادہ مشابہ نہیں تھا، یعنی آپؓ بالکل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم شکل تھے۔

تشریح: یہ بخاری شریف کی روایت (نمبر ۳۷۵۲) ہے، اور أَشْبَهُ اسم تفضیل ہے، اور کان کی خبر ہے...... اور ابھی حضرت انس رضی اللہ عنہ کی یہ روایت آرہی ہے کہ سب سے زیادہ مشابہ حضرت حسین رضی اللہ عنہ تھے، پس تطبیق یہ ہے کہ دونوں ہی آپؐ کے ہم شکل تھے۔

حدیث (۲): حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ آپؐ کے بالکل ہم شکل تھے۔

حدیث (۳): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں عبید اللہ بن زیاد کے پاس تھا۔ اس کے پاس حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا سر لایا گیا (عبید اللہ بن زیاد بن ابی سفیان: یزید کی طرف سے کوفہ کا گورنر تھا، حضرت حسین رضی اللہ عنہ اس

کی امارت کے زمانہ میں شہید کئے گئے، چنانچہ کربلا سے حضرت حسینؓ کا سر اس کے پاس لایا گیا) پس وہ آپؓ کی ناک میں چھڑی سے اشارہ کرنے لگا، اور کہنے لگا: میں نے ایسی خوبصورتی نہیں دیکھی! (یہ تہکم (ٹھٹھا) تھا) کیوں ذکر کیا جاتا ہے؟ یعنی لوگ اس کی خوبصورتی کا چرچا کیوں کرتے ہیں؟ یہ تو کچھ بھی خوبصورت نہیں! حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے کہا: سن! بے شک وہ خاندانِ نبوت میں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مشابہ (ہم شکل) تھے (تو کیا تیرے نزدیک رسول اللہ ﷺ بھی سب سے زیادہ خوبصورت نہیں تھے؟ ان کی خوبصورتی میں بھی کچھ شبہ تھا، ابن زیاد کو اس کی اس گستاخی کی سزا دنیا ہی میں ملی ہے، جیسا کہ ابھی آرہا ہے)

تشریح: یہ روایت بھی بخاری شریف (حدیث ۳۷۴۸) میں ہے، اور اس کے الفاظ زیادہ واضح ہیں: فجعل يَنْكُتُ، وقال في حسنه شيئًا: پس اس نے کریدنا شروع کیا، اور آپؓ کے حسن کے بارے میں کچھ کہا یعنی اس میں کمی بتائی، بلکہ بالکل ہی حسن کی نفی کی۔

حدیث (۴): حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حسنؓ سینہ اور سر کے درمیان یعنی جسم کے بالائی حصہ میں رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مشابہ تھے۔ اور حسینؓ اس جسم میں جو سینہ سے نیچے تھا: رسول اللہ ﷺ سے زیادہ مشابہ تھے (یہ صاحب البیت کا بیان ہے، یہی فیصلہ کن ہے) (اور اس حدیث میں أَشْبَهَ: فعل ماضی ہے، اسم تفضیل نہیں ہے)

[۳۸۰۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِنْهُمْ أَشْبَهَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۰۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ يُشْبِهُهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وفي الباب: عَنْ أَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، وَابْنِ الزُّبَيْرِ.

[۳۸۱۰-] حدثنا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ الْبغدَادِيُّ، نَاالنَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، نَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، قَالَتْ: ثَنِيْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ زِيَادٍ، فَجِيْءَ بِرأْسِ الْحُسَيْنِ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ بِقَضِيْبٍ فِيْ أَنْفِهِ، وَيَقُوْلُ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ هٰذَا حُسْنًا! لِمَ يُذْكَرُ؟ قَالَ: قُلْتُ: أَمَا إِنَّهُ كَانَ مِنْ أَشْبَهِهِمْ بِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۸۱۱-] حدثنا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ هَانِئِ بْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: الْحَسَنُ أَشْبَهَ بِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَا بَيْنَ الصَّدْرِ إِلَى الرَّأْسِ، وَالْحُسَيْنُ أَشْبَهَ بِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَا كَانَ أَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

۱۰-ابن زیاد کو گستاخی کی سزا دنیا ہی میں ملی!

روایت: عمارۃ بن عمیر کہتے ہیں: جب عبید اللہ بن زیاد اور اس کے ساتھیوں کے سر لائے گئے، اور رحبہ کی مسجد میں ترتیب سے رکھے گئے تو میں ان کے پاس پہنچا، لوگ کہہ رہے تھے: آ گیا! آ گیا! پس اچانک ایک (پتلا) سانپ آیا، اور سروں کے درمیان گھسنے لگا، یہاں تک کہ عبید اللہ بن زیاد کے دونوں نتھنوں میں داخل ہوا، پھر تھوڑی دیر اندر رہا، پھر نکلا اور چلا گیا، یہاں تک کہ غائب ہو گیا۔ پھر لوگوں نے کہا: آ گیا! آ گیا! سانپ نے ایسا دو یا تین مرتبہ کیا۔

تشریح: عبید اللہ: زیاد بن ابیہ کا لڑکا، حضرت معاویہؓ کا بھتیجا، اور یزید کا چچازاد بھائی تھا، اس کی کوفہ کی امارت کے زمانہ میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ شہید کئے گئے، پھر اس کو اور اس کے ساتھیوں کو ابراہیم بن الاشتر نے ۶۶ ہجری میں قتل کیا۔ ابراہیم کو مختار بن ابی عبید ثقفی نے ابن زیاد سے لوہا لینے کے لئے بھیجا تھا۔ پھر مختار نے یہ سب سر مکہ مکرمہ میں حضرت محمد بن الحنفیہ کے پاس یا عبد اللہ بن الزبیر کے پاس بھیج دیئے، اور ان کی لاشوں کو نذر آتش کر دیا —— اور یہ روایت امام ترمذی فضائل حسین رضی اللہ عنہ میں اس لئے لائے ہیں تاکہ اولیاء کو ستانے کا انجام دنیا کے سامنے آ جائے۔

[۳۸۱۲-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَى، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: لَمَّا جِيْءَ بِرَأْسِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ وَأَصْحَابِهِ، نُضِدَتْ فِي الْمَسْجِدِ فِي الرَّحْبَةِ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِمْ، وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ: قَدْ جَاءَتْ! قَدْ جَاءَتْ! فَإِذَا حَيَّةٌ قَدْ جَاءَتْ، تَخَلَّلَ الرُّؤُوْسَ، حَتَّى دَخَلَتْ فِي مِنْخَرَيْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ، فَمَكَثَتْ هُنَيْهَةً، ثُمَّ خَرَجَتْ، فَذَهَبَتْ، حَتَّى تَغَيَّبَتْ، ثُمَّ قَالُوْا: قَدْ جَاءَتْ! قَدْ جَاءَتْ! فَفَعَلَتْ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۱۱-حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا جنت کی عورتوں کی سردار ہیں

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میری ماں نے مجھ سے پوچھا: تجھے نبی ﷺ سے ملے ہوئے کتنے دن ہو گئے؟ میں نے کہا: میں اتنی اور اتنی مدت سے نبی ﷺ سے نہیں ملا۔ میری ماں نے مجھے آڑے ہاتھوں لیا! میں نے ان سے کہا: مجھے چھوڑیں! میں نبی ﷺ کے پاس جاتا ہوں، اور آپؐ کے ساتھ مغرب پڑھتا ہوں، اور آپؐ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ میرے لئے اور آپ کے لئے دعائے مغفرت کریں۔ پس میں نبی ﷺ کے پاس آیا، اور آپؐ کے ساتھ مغرب پڑھی۔ آپؐ مغرب کے بعد نفلیں پڑھتے رہے، تاآنکہ عشاء کی نماز پڑھی، پھر آپؐ پھرے، میں آپؐ کے پیچھے ہولیا، آپؐ نے میری آواز سنی، پوچھا: کون ہے، حذیفہ ہے؟ میں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''تمہاری کیا ضرورت ہے؟ اللہ تعالیٰ تیری اور تیری ماں کی مغفرت فرمائیں!'' پھر فرمایا: ''یہ ایک فرشتہ ہے جو آج رات سے پہلے

کبھی زمین پر نہیں اترا۔اس نے اپنے پروردگار سے اجازت طلب کی کہ وہ مجھے سلام کرے،اور مجھے خوش خبری سنائے کہ فاطمہؓ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔اور حسن وحسین جنتیوں کے جوانوں کے سردار ہیں (یہ آخری مضمون حدیث ۳۸۰۰ میں آچکا ہے اور ماں باپ کی فضیلت اولاد کی فضیلت ہے، اس لئے یہ حدیث یہاں لائے ہیں، اوراس میں حسنین کی خود بھی فضیلت کا بیان ہے، اور یہ حدیث سند کے اعتبار سے ٹھیک ہے)

[۱۰۳-] بابٌ

[۳۸۱۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَإِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، قَالاَ: نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنْ مِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: سَأَلَتْنِيْ أُمِّيْ مَتى عَهْدُكَ؟ تَعْنِيْ بِالنبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: مَالِيْ بِهِ عَهْدٌ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا، فَنَالَتْ مِنِّيْ، فَقُلْتُ لَهَا: دَعِيْنِيْ آتِي النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَأُصَلِّيْ مَعَهُ الْمَغْرِبَ،وَأَسْأَلُهُ أَنْ يَسْتَغْفِرَ لِيْ وَلَكِ، فَأَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْمَغْرِبَ، فَصَلَّى حَتَّى صَلَّى العِشَاءَ، ثُمَّ انْفَتَلَ، فَتَبِعْتُهُ، فَسَمِعَ صَوْتِيْ، فَقَالَ:" مَنْ هٰذَا؟ حُذَيْفَةُ!" قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:" مَاحَاجَتُكَ؟ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِأُمِّكَ!" قَالَ:" إِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَمْ يَنزِلِ الْأَرْضَ قَطُّ قَبْلَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، اسْتَأْذَنَ رَبَّهُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيَّ، وَيُبَشِّرَنِيْ بِأَنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَأَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ إِسْرَائِيْلَ.

۱۲-فضائل حسنینؓ کی تین متفرق حدیثیں

حدیث (۱): حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے حسن وحسین رضی اللہ عنہما کو دیکھا پس فرمایا: "اے اللہ! میں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں، پس آپ بھی ان دونوں سے محبت فرمائیں!"

حدیث (۲): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ حضرت حسنؓ کو کندھے پر اٹھائے ہوئے تھے، پس ایک شخص نے کہا: اے لڑکے! تو بہترین سواری پر سوار ہے! پس نبی ﷺ نے فرمایا:"اور وہ بھی تو بہترین سوار ہے!" (یہ حدیث زمعہ کی وجہ سے ضعیف ہے)

حدیث (۳): حضرت براءؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، آپؐ حضرت حسنؓ کو اپنے کندھے پر اٹھائے ہوئے تھے،اور فرما رہے تھے:"اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں، پس آپ بھی اس سے محبت فرمائیں!"

[۳۸۱۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ

الْبَرَاءِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبْصَرَ حَسَنًا وَحُسَيْنًا، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أُحِبُّهُمَا، فَأَحِبَّهُمَا"
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۱۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، نَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَامِلَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ، فَقَالَ رَجُلٌ: نِعْمَ الْمَرْكَبُ، رَكِبْتَ يَا غُلَامُ! فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" وَنِعْمَ الرَّاكِبُ هُوَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَزَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ: قَدْ ضَعَّفَهُ بَعْضُ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْ قِبَلِ حِفْظِهِ.

[۳۸۱٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَاضِعَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَى عَاتِقِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ إِنِّىْ أُحِبُّهُ فَأَحِبَّهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

بابُ مَنَاقِبِ أَهْلِ بَيْتِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں کے فضائل

پہلے (تحفہ ۲:۱۴۳:۳اور ۷:۳۹۶ حدیث ۳۲۲۹ میں) یہ بات تفصیل سے آچکی ہے کہ سورۃ الاحزاب (آیت ۳۳) میں أھل البیت کا مصداق ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ہیں۔ اور آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم: أھل البیت کا مصداق ثانوی ہیں۔ یہ حضرات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے اہل البیت میں شامل ہوئے ہیں۔ مگر شیعوں کے پروپیگنڈے سے متأثر ہوکر بعض اہل السنہ بھی یہ سمجھنے لگے ہیں کہ اہل البیت کا اصل مصداق صرف آلِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور ازواج مطہرات کا کوئی ذکر نہیں، یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے، اس سے ذہن صاف کرلینا چاہئے، اور شاید امام ترمذی رحمہ اللہ کے ذہن میں بھی یہی مفہوم ہے، چنانچہ حسنین رضی اللہ عنہما کے فضائل کے بعد یہ باب لائے ہیں، جبکہ یہ باب ازواج مطہرات کے فضائل کے بعد لانا چاہئے تھا۔ پس اس عنوان کے تحت ازواج مطہرات مع آلِ رسول کے فضائل بیان کئے جارہے ہیں۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی یہ حدیث ابھی (حدیث ۳۷۷۸) گذری ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: ''مجھے تمہارا (ازواج مطہرات کا) معاملہ اپنے بعد فکر مند کئے ہوئے ہے'' یعنی میرے بعد تمہارا کیا ہوگا؟ میں نے تمہارے لئے کوئی ترکہ نہیں چھوڑا! اور تم نے بھی دار آخرت کو اختیار کیا ہے، اور کچھ جمع نہیں کیا۔ اور ہرگز صبر نہیں کریں گے تم پر مگر صبر کرنے والے'' یعنی باہمت بندے ہی تمہاری خبر گیریں کریں گے۔ پھر ہوا یہ کہ حکومت نے ان کی ذمہ داری سنبھال لی، اور وہ فکر معاش سے بے فکر ہوگئیں۔

اس کے بعد جاننا چاہئے کہ نبی ﷺ نے آخر حیات میں مختلف مواقع پر مختلف چیزوں کے بارے میں وصیت (تاکید) فرمائی ہے۔ جیسے نماز کی تاکید فرمائی، غلاموں کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت کی، قرآنِ کریم (دین) کو مضبوط پکڑنے کا حکم دیا، اسی طرح ازواج مطہرات کے ساتھ حسن سلوک کی بھی تاکید فرمائی، جیسا کہ باب کی آخری حدیث میں ہے۔

تنبیہ: یہاں ایک بات یہ بھی سمجھ لینی چاہئے کہ باب کی حدیثیں ایک دوسری حدیث کے ساتھ مشتبہ (گڈمڈ) ہوگئی ہیں۔ موطا مالک میں بلاغاً اور مستدرک حاکم میں بہ سند حسن حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: تركتُ فيكم أمرين، لن تَضِلُّوْا ما تَمَسَّكْتُمْ بهما: كتابَ الله، وسنةَ رسوله: میں نے تم میں دو چیزیں چھوڑی ہیں: اللہ کی کتاب، اور اس کے رسول کی سنت (طریقہ) اگر تم ان دونوں کو تھامے رہے تو ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے ——— اور باب کی بعض حدیثوں میں کتاب اللہ اور اہل البیت کو مضبوط پکڑنے کا ذکر ہے۔ حالانکہ کتاب اللہ کو مضبوط پکڑنے کی بات تو معقول ہے، مگر اہل البیت کو مضبوط تھامنے کا کوئی مطلب نہیں۔ ان سے تو محبت وتعلق رکھنے کا، ادب واحترام کرنے کا اور ان کے ساتھ حسن سلوک کرنے کا حکم ہے، مگر باب کی تیسری روایت میں دونوں کو تَمَسَّكْتُمْ کے تحت لے لیا ہے۔ یہ تعبیر صحیح نہیں، یہ مذکورہ حدیث کا اس حدیث میں اثر آ گیا ہے۔ صحیح تعبیر حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، جو مسلم شریف (حدیث ۲۴۰۸ فضائل الصحابہ، باب ۴) میں ہے۔ حضرت زیدؓ فرماتے ہیں: نبی ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان خُمّ چشمے پر لوگوں سے خطاب فرمایا، پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی، پھر وعظ ونصیحت فرمائی، پھر ارشاد فرمایا: ''ألا، أيها الناس! فإنما أنا بشر، يوشِك أن يأتي رسولُ ربي فأجيبَ، وأنا تارك فيكم ثقلين: أولهما: كتاب اللّٰهُ، فيه الهدى والنور، فخذوا بكتاب الله، واسْتَمْسِكُوْا به'' فَحَثَّ على كتاب الله وَرَغَّبَ فيه، ثم قال: ''وأهلُ بيتي، أُذَكِّرُكُمُ اللّٰه في أهل بيتي! أذكركم اللّٰه في أهل بيتي! أذكركم الله في أهل بيتي!'': سنو، لوگو! میں انسان ہی ہوں یعنی مجھے بھی موت آنے والی ہے، قریب ہے کہ میرے پاس میرے پروردگار کا قاصد آئے، پس میں لبیک کہوں۔ اور میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑنے والا ہوں۔ ان میں سے ایک: اللہ کی کتاب ہے، اس میں ہدایت اور نور ہے، پس اللہ کی کتاب کو لے لو، اور اس کو مضبوط پکڑو پس آپؐ نے کتاب اللہ پر ابھارا، اور اس کی ترغیب دی، پھر فرمایا: ''اور میرے گھر والے (بشمول آلِ رسول) میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں اپنے گھر والوں میں! میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں اپنے گھر والوں میں! میں تمہیں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں اپنے گھر والوں میں!''

اس کے بعد حضرت زید رضی اللہ عنہ سے سوال ہوا کہ اہل بیت کون ہیں؟ کیا ازواج مطہرات اہل بیت نہیں؟ حضرت زیدؓ نے فرمایا: نساؤُه من أهل بيته، ولكن أهل بيته من حُرِمَ الصدقةَ بعدَه: آپؐ کی ازواج بھی اہل بیت ہیں، مگر جن پر زکوۃ حرام ہے وہ اہل بیت ہیں۔ اور ایک طریق میں ہے کہ ازواج ہی اہل بیت نہیں، بلکہ آلِ رسول بھی ان میں شامل ہیں۔ اس جواب سے ثابت ہوا کہ اہل البیت کا مصداق دونوں ہیں، صرف آلِ رسول نہیں۔

۱- کتاب اللہ کو تھامنا اور نبی ﷺ کے کنبے کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا

حدیث (۱): حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج میں عرفہ کے دن دیکھا، درانحالیکہ آپؐ اپنی اونٹنی قصواء پر خطبہ دے رہے تھے، پس میں نے آپؐ کو فرماتے ہوئے سنا: ''لوگو! بیشک میں نے تم میں چھوڑا ہے ان کو کہ اگر لئے رہو تم ان کو تو ہرگز گمراہ نہیں ہوؤ گے: اللہ کی کتاب اور میرا کنبہ یعنی میرے گھر والے!''

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے۔ زید بن الحسن قرشی ابوالحسین کوفی، صاحب الانماط (بستر کے اوپر کی چادریں بیچنے والا) ضعیف راوی ہے۔ مگر امام ترمذیؒ اس راوی سے خوش ہیں، فرماتے ہیں: زید بن الحسن سے متعدد اہل علم نے روایت لی ہے، یعنی یہ راوی ٹھیک ہے مگر حقیقت میں یہ ضعیف ہے، جیسا کہ تقریب میں ہے: یہ راوی دونوں چیزوں کو أخذتم به کے تحت لایا ہے، یہ تعبیر صحیح نہیں۔

[۱۰۴-] بابُ مَنَاقِبِ أَهْلِ بَيْتِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۳۸۱۷-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوْفِيُّ، نَا زَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ، وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ، فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: '' يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنِّيْ تَرَكْتُ فِيْكُمْ مَنْ إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا: كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِيْ: أَهْلَ بَيْتِيْ''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، وَحُذَيْفَةَ بْنِ أُسَيْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَزَيْدُ بْنُ الْحَسَنِ: قَدْ رَوَى عَنْهُ سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ.

۲- دعائے نبوی کی برکت سے آلِ رسول کا اہل بیت میں شامل ہونا

حدیث: نبی ﷺ کے پروردہ عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: جب ام سلمہؓ کے گھر میں نبی ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی کہ ''اللہ تعالیٰ کو یہ منظور ہے کہ اے نبی کے گھر والو! تم سے آلودگی کو دور رکھے، اور تم کو ہر طرح سے پاک وصاف کرے'' تو آپؐ نے حضرات فاطمہ، حسن اور حسین رضی اللہ عنہم کو بلایا، پس ان کو چادر اوڑھائی، اور حضرت علیؓ آپؐ کی پیٹھ کے پیچھے تھے، پس ان کو بھی کمبل اوڑھایا، پھر دعا فرمائی: ''اے اللہ! یہ لوگ (بھی) میرے گھر والے ہیں، پس ان سے (بھی) گندگی کو دور کیجئے، اور ان کو (بھی) خوب پاک صاف کیجئے!'' —— حضرت ام سلمہؓ نے کہا: اور میں (بھی) ان کے ساتھ ہوں! اے اللہ کے نبی! آپؐ نے فرمایا: ''تم اپنی جگہ رہو، اور تم بڑی خیر پر ہو!''

حوالہ: یہ حدیث اسی سند سے پہلے کتاب التفسیر (حدیث ۳۲۲۹ تحفہ ۷: ۳۹۶) میں گذر چکی ہے، اور اس کی شرح

وہاں کی گئی ہے۔

[۳۸۱۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْأَصْبَهَانِيِّ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَمْرَ بْنِ أَبِىْ سَلَمَةَ: رَبِيْبِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم:قَالَ: نَزَلَتْ هٰذِهِ الآيَةُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم: ﴿إِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا﴾ فِيْ بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ، فَدَعَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةَ، وَحَسَنًا، وَحُسَيْنًا: فَجَلَّلَهُمْ بِكِسَاءٍ، وَعَلِيٌّ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَجَلَّلَهُ بِكِسَاءٍ، ثُمَّ قَالَ: " اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، فَأَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ، وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا" قَالَتْ أُمُّ سُلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: " أَنْتِ عَلَى مَكَانِكِ، وَأَنْتِ إِلَى خَيْرٍ"

وفى الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَمَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، وَأَبِىْ الْحَمْرَاءِ، وَأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳-ایک روایت کہ قرآن اور کنبہ قیامت تک ساتھ رہیں گے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بیشک میں چھوڑنے والا ہوں تم میں اس کو کہ اگر مضبوط تھامے رہو تم اس کو تو ہر گز میرے بعد گمراہ نہیں ہوؤ گے، ان میں سے ایک چیز دوسری سے بڑی ہے: ۱- اللہ کی کتاب: آسمان سے زمین تک لمبی کی ہوئی رسّی ہے۔ ۲- اور میرا کنبہ یعنی میرے گھر والے۔ اور ہر گز دونوں جدا نہیں ہوں گے، یہاں تک کہ وہ دونوں میرے پاس حوض کوثر پر آئیں گے، پس دیکھو! تم کیسی جانشینی کرتے ہو میری ان دونوں میں!''

حدیث کا حال: یہ حدیث قطعاً صحیح نہیں۔ پہلی سند میں عطیہ عوفی: شیعہ تھا، اور مدلّس بھی تھا، اس نے کلبی کی کنیت ابوسعید رکھ رکھی تھی، اور عن أبی سعید کہہ کر روایت کرتا تھا، اور دھوکہ دیتا تھا کہ وہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کر رہا ہے۔

اور دوسری سند میں حبیب بن ابی ثابت ہیں، یہ بڑے فقیہ تھے، مگر کثیر الارسال والتدلیس تھے، یعنی سنے بغیر روایت کرتے تھے، خود کہتے ہیں: إذا حدثنی رجل بحدیث، ثم حدثتُ به عنك کنتُ صادقا (تہذیب) اس لئے صحیح روایت یزید بن حیان کی ہے، یہ راوی ثقہ ہے اس میں کچھ کمی نہیں۔ اور اس کی روایت مسلم شریف (حدیث ۲۴۰۸) میں ہے، جو پہلے نقل کی جاچکی ہے۔

[۳۸۱۹-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ الْكُوْفِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، نَا الْأَعْمَشُ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ [ح:] وَالْأَعْمَشُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِىْ ثَابِتٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله

علیه وسلم: ”إِنِّیْ تَارِكٌ فِیْكُمْ مَا إِنْ تَمَسَّكْتُم بِهِ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدِیْ، أَحَدُهُمَا أَعْظَمُ مِنَ الآخَرِ: كِتَابُ اللّٰهِ: حَبْلٌ مَمْدُوْدٌ مِنَ السَّمَاءِ إِلَی الأَرْضِ، وَعِتْرَتِیْ: أَهْلُ بَیْتِیْ، وَلَنْ یَتَفَرَّقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ، فَانْظُرُوْا كَیْفَ تَخْلُفُوْنِیْ فِیْهِمَا“ هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

۴- چودہ منتخب ساتھیوں والی روایت

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ”ہر پیغمبر سات ستودہ صفات ساتھی (یا نگہبان) دیا گیا ہے، اور میں چودہ دیا گیا ہوں!“ لوگوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: وہ کون ہیں؟ حضرت علیؓ نے فرمایا: ”میں، میرے دو بیٹے (حسن وحسین) جعفر، حمزہ، ابوبکر، عمر، مصعب، بلال، سلمان، عمار، مقداد، حذیفہ، اور ابن مسعود (رضی اللہ عنہم)

حدیث کا حال: یہ حدیث نہایت ضعیف، ناقابل اعتبار ہے۔ کثیر بن اسماعیل نَوّاء (بھاری بوجھ ڈھونے والا) نہایت ضعیف راوی اور سڑا ہوا شیعہ تھا، قال ابن عدی: كان غالیاً فی التشیع، مُفْرِطًا فیه (تہذیب) —— اسی طرح ابوادریس مرہبی کوفی بھی شیعہ تھا —— اور یہ روایت صرف ترمذی میں ہے، اور مرفوع ہے یا موقوف؟ اس میں اختلاف ہے یعنی یہ نبی ﷺ کا قول ہے یا حضرت علیؓ کا؟ یہ بات طے نہیں، پس یہ روایت شیعوں کی پیداوار ہے۔

لغات: النَّجیب: ستودہ صفات، اپنی ذات اور اپنی نوع میں ممتاز، جمع نُجَبَاء...... رفیق: ساتھی، جمع رفقاء...... الرقیب: نگہبان، محافظ، خیال رکھنے والا، جمع رُقَبَاءُ۔

[۳۸۲۰-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نا سُفْیَانُ، عَنْ كَثِیْرٍ النَّوَّاءِ، عَنْ أَبِیْ إِدْرِیْسَ، عَنِ الْمُسَیَّبِ بْنِ نَجَبَةَ، قَالَ: قَالَ عَلِیُّ بْنُ أَبِیْ طَالِبٍ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللّٰه علیه وسلم: إِنَّ كُلَّ نَبِیٍّ أُعْطِیَ سَبْعَةَ نُجَبَاءَ رُفَقَاءَ — أَوْ قَالَ: رُقَبَاءَ — وَأُعْطِیْتُ أَنَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ، قُلْنَا: مَنْ هُمْ؟ قَالَ: أَنَا، وابْنَایَ، وَجَعْفَرٌ، وَحَمْزَةُ، وَأَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمُصْعَبُ بْنُ عُمَیْرٍ، وَبِلَالٌ، وَسَلْمَانُ، وَعَمَّارٌ، وَالْمِقْدَادُ، وَحُذَیْفَةُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ.

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحدیثُ عَنْ عَلِیٍّ مَوْقُوْفًا.

۵- اہل بیت سے محبت کرنے کی وجہ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ سے محبت کرو، کیونکہ وہ تمہیں اپنی نعمتیں کھلاتے ہیں، اور مجھ سے محبت کرو: اللہ سے محبت کرنے کی وجہ سے، اور میرے گھر والوں سے محبت کرو: مجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے“

لغت: غذا یغذو غذاء: کھلانا...... من نِعَمِه: ما کا بیان ہے۔

تشریح: قاعدہ ہے: محبوب کا محبوب: محبوب ہوتا ہے۔ پس اللہ کی محبت تو لذاتہ ہے، اور اس وجہ سے ہے کہ وہ ہمہ وقت نعمتوں کی بارش فرما رہے ہیں، اور آپؐ اللہ کے رسول اور محبوب ہیں، اس لئے آپؐ سے لغیرہ محبت ضروری ہے، اسی طرح آپؐ کے گھر والوں سے آپؐ کی وجہ سے سے محبت ضروری ہے، اور گھر والوں کا اصل مصداق ازواجِ مطہرات ہیں، اور آلِ رسول بھی اس کا مصداق ہیں، اس لئے ان سے بھی محبت ضروری ہے۔

[۳۸۲۱-] حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ الْأَشْعَثِ، نَا يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ، نَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيِّ، عَنْ محمدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَحِبُّوْا اللّٰهَ لِمَا يَغْذُوْكُمْ مِنْ نِعَمِهِ، وَأَحِبُّوْنِيْ بِحُبِّ اللّٰهِ، وَأَحِبُّوْا أَهْلَ بَيْتِيْ بِحُبِّيْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائل حضرات: معاذ، زید بن ثابت، ابی بن کعب اور ابوعبیدۃ رضی اللہ عنہم

۱- حضرت معاذ بن جبل بن عمرو بن اوس انصاری خزرجی، ابوعبدالرحمٰن (ولادت: ۲۰ سال قبل ہجرت۔ وفات: ۱۸ ہجری مطابق ۶۰۳-۶۳۹ عیسوی) جوانی میں مسلمان ہوئے، حلال وحرام (مسائل فقہیہ) کے سب سے زیادہ جاننے والے تھے، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں شریک ہوئے، نبی ﷺ نے آپ کو یمن کا حاکم بنایا۔ خلافتِ صدیقی میں مدینہ واپس آئے اور حضرت ابوعبیدۃ کے ساتھ شام کے جہاد میں چلے گئے۔ جب طاعون عمواس میں حضرت ابوعبیدۃ کی وفات ہوئی تو انھوں نے حضرت معاذ کو اسلامی افواج کا سپہ سالارِ اعظم مقرر کیا، اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کو برقرار رکھا۔ مگر اسی سال آپؓ کا بھی انتقال ہوگیا۔

۲- حضرت زید بن ثابت بن الضحاک: انصاری، خزرجی، ابوخارجہ (ولادت ہجرت سے گیارہ سال پہلے، وفات ۴۵ ہجری۔ مطابق ۶۱۱-۶۶۵ عیسوی) ۱۷ دن میں سریانی زبان میں مہارت پیدا کرلی، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں قرآن کو سرکاری ریکارڈ میں لیا، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں مصاحف تیار کرنے والی کمیٹی میں شریک رہے، چھ اصحابِ فتوی میں سے تھے، اور علم المیراث کے خاص ماہر تھے، حضرت عمرؓ جب کہیں جاتے تو آپؓ کو اپنا قائم مقام بنا کر جاتے، ہجرت کے وقت نابالغ تھے، مگر کافی قرآن یاد کرلیا تھا۔ کاتبین وحی میں سے تھے۔

۳- حضرت ابی بن کعب بن قیس: نجاری، خزرجی، ابوالمنذر وابوالطفیل، سید القراء، بیعتِ عقبہ ثانیہ میں شریک ہوئے، چھ اصحابِ فتوی میں سے تھے، سنہ ولادت معلوم نہیں۔ وفات ۲۱ ہجری مطابق ۶۴۲ عیسوی۔ حضرت عمرؓ آپؓ کو سید المسلمین کہتے تھے۔

۴- حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے حالات پہلے آچکے ہیں۔

۱-حضرات ابوبکر وعمر وعثمان ومعاذ وزید وابی وابوعبیدة رضی اللہ عنہم کے امتیازات

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:أرحمُ أمتي بأمتي أبوبكر: میری امت میں میری امت پر سب سے زیادہ مہربان ابوبکرؓ ہیں:وأشدُّهم في أمر الله عمر: اوران میں اللہ کے دین کے معاملہ میں سب سے زیادہ سخت عمرؓ ہیں: وأصدقهم حياءً عثمان بن عفان: اوران میں شرم کے لحاظ سے سب سے زیادہ سچے یعنی پکے عثمانؓ ہیں:وأعلمهم بالحلال والحرام معاذ بن جبل: اوران میں حلال وحرام (مسائل) کے سب سے زیادہ جاننے والے معاذ ہیں: وأفرضهم زيد بن ثابت: اوران میں علم میراث کے سب سے زیادہ جاننے والے زید ہیں:وأقرء هم أبي بن كعب: اوران میں قرآن سب سے عمدہ پڑھنے والے ابیؓ ہیں:ولكل أمة أمين، وأمين هذه الأمة أبو عبيدة بن الجراح:اور ہرامت کے لئے کوئی دیانت دار ہوتا ہے،اوراس امت کے دیانت دارابوعبیدۃ ہیں۔

[۱۰۵-] مَنَاقِبُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَأَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، رضي الله عنهم

[۳۸۲۲-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، نَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ دَاوُدَ الْعَطَّارِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَرْحَمُ أُمَّتِيْ بِأُمَّتِيْ أَبُوْ بَكْرٍ، وَأَشَدُّهُمْ فِيْ أَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ، وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَأَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَقْرَؤُهُمْ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ: أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ قَتَادَةَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رَوَاهُ أَبُوْ قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

۲-حضرت ابیؓ کونامزد کرکے سورۃ البینہ سنانے کاحکم

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا:''مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ تمہیں سورۃ البینہ سناؤں'' حضرت ابی نے پوچھا: کیا مجھے نامزد کیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا:''ہاں!'' پس حضرت ابی رو پڑے (یہ رونا: یا تو خوشی کا تھا، یا اللہ کے حقوق کی ادائیگی میں تقصیر کی وجہ سے روئے تھے)

[۳۸۲۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الثَّقَفِيُّ، نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ

أَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: "إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِىْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾" قَالَ: وَسَمَّانِىْ؟ قَالَ: "نَعَمْ" فَبَكٰى.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

۳-عہدِ نبوی میں قبیلۂ خزرج کے چار شخصوں نے قرآنِ کریم حفظ کیا

روایت: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عہدِ نبوی میں چار حضرات نے قرآن جمع (حفظ) کیا، وہ سب انصار (کے قبیلۂ خزرج) میں سے تھے: ابی بن کعب، معاذ بن جبل، زید بن ثابت اور ابو زید عمرو بن اخطب خزرجی رضی اللہ عنہم۔ قتادہ کہتے ہیں: میں نے حضرت انسؓ سے پوچھا: یہ ابو زید کون ہیں؟ انھوں نے کہا: میرے ایک (خاندانی) چچا ہیں (اس روایت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ تمام صحابہ میں سے صرف ان چار حضرات نے عہدِ نبوی میں قرآن حفظ کیا تھا، بلکہ انصار کے قبیلۂ خزرج میں سے ان چار حضرات نے حفظ مکمل کیا تھا)

[۳۸۲۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَرْبَعَةٌ، كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ: أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَبُوْ زَيْدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: مَنْ أَبُوْ زَيْدٍ؟ قَالَ: أَحَدُ عُمُوْمَتِىْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۴- نبی ﷺ نے چند صحابہ کی ستائش کی!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ابو بکرؓ بہت اچھے آدمی ہیں! عمرؓ بہت اچھے آدمی ہیں! ابو عبیدۃ بہت اچھے آدمی ہیں! اُسید بن حُضیر بہت اچھے آدمی ہیں! ثابت بن قیس بہت اچھے آدمی ہیں! معاذ بن جبل بہت اچھے آدمی ہیں! معاذ بن عمرو بن الجموح بہت اچھے آدمی ہیں!

حوالہ: اس کے بعد کی روایت (نمبر ۳۸۲۶) پہلے (حدیث ۳۷۸۷ و ۳۷۸۸ میں) بعینہ گذر چکی ہے۔

[۳۸۲۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "نِعْمَ الرَّجُلُ أَبُوْ بَكْرٍ! نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ! نِعْمَ الرَّجُلُ أَبُوْ عُبَيْدَةَ ابْنُ الْجَرَّاحِ! نِعْمَ الرَّجُلُ أُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ! نِعْمَ الرَّجُلُ ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ! نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ! نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ سُهَيْلٍ.

[٣٨٢٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: جَاءَ الْعَاقِبُ وَالسَّيِّدُ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَا: ابْعَثْ مَعَنَا أَمِيْنَكَ، قَالَ: "فَإِنِّى سَأَبْعَثُ معكُمْ أَمِيْنًا حقَّ أَمِيْنٍ" فَأَشْرَفَ لَهَا النَّاسُ، فَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ.

قَالَ: وَكَانَ أَبُوْ إِسْحَاقَ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ صِلَةَ، قَالَ: سَمِعْتُهُ مُنْذُ سِتِّيْنَ سَنَةً، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

وَقَدْ رُوِىَ عَنْ عُمَرَ، وَأَنَسٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: "لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِيْنٌ، وَأَمِيْنُ هٰذِهِ الْأُمَّةِ أَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الجَرَّاحِ"

فضائل سلمان فارسی رضی اللہ عنہ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جنت تین شخصوں کی مشتاق ہے: علی، عمار اور سلمان فارسی رضی اللہ عنہم کی۔

تشریح: اس حدیث کے راوی حسن بن صالح ہمدانی پر شیعہ ہونے کا الزام تھا (تقریب) اس لئے اللہ تعالیٰ ہی اس حدیث کا حال بہتر جانتے ہیں ـــــ اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے کتنی عمر پائی؟ اس میں روایات بہت مختلف ہیں۔ ذہبی نے اپنی آخری رائے یہ لکھی ہے کہ آپؓ کی عمر اسّی سال سے متجاوز نہیں ہوئی تھی (اصابہ تذکرہ سلمان) غزوۂ احزاب میں آپؓ ہی نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا تھا۔ آخر میں مدائن کے گورنر مقرر رہوئے۔ سنہ وفات میں اختلاف ہے، غالباً ۳۶ ہجری میں وفات پائی ہے۔

[١٠٦-] مَنَاقِبُ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ رضى الله عنه

[٣٨٢٧-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِىْ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَبِىْ رَبِيْعَةَ الإِيَادِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ الْجَنَّةَ تَشْتَاقُ إِلٰى ثَلَاثَةٍ: عَلِيٍّ، وَعَمَّارٍ، وَسَلْمَانَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ.

فضائل عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما

ابوالیقظان عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما: قحطانی ہیں۔ مکہ میں بنومخزوم سے دوستی کا تعلق قائم کیا تھا۔ وہ اور ان کے والدین سابقین اولین (شروع میں اسلام قبول کرنے والوں) میں سے ہیں۔ والدہ ماجدہ: سمیہ رضی اللہ عنہا (اسلام میں پہلی شہید خاتون ہیں، ابوجہل نے ان کو قتل کیا تھا) ولادت: ستاون سال قبل ہجرت۔ شہادت: ۳۷ ہجری (جنگ صفین میں) مدتِ عمر: ترانوے سال۔ لقب: الطیب المَطَیَّب۔ والد ماجد: حضرت یاسر رضی اللہ عنہ بھی قدیم الاسلام ہیں۔ حضرت

عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا تھا، اور کوفہ والوں کو لکھا تھا: إنه من النجباء من أصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم: یہ چنیدہ صحابی ہیں!

۱- خوش آمدید طیب ومطیب!

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما آئے، درانحالیکہ وہ نبی ﷺ سے اجازت طلب کررہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''ان کو اجازت دیدو!'' (پھر جب وہ اندر آئے تو فرمایا:) ''خوش آمدید طیب ومطیب!''، یعنی طاہر ومطہر! (اسی دن سے آپؓ کا یہ لقب ہوگیا)

لغات: مرحباً: آپ کشادہ جگہ میں آئے، خوش آمدید، مہمان کے آنے پر انشراح ہو تو یہ جملہ کہتے ہیں...... طیب: پاکیزہ، طاہر۔ مُطَیَّب کے بھی یہی معنی ہیں: تاکید ومبالغہ کے لئے استعمال کیا ہے، خوشبودار کے معنی نہیں ہیں۔

۲- عمارؓ ہمیشہ راست روی والا معاملہ اختیار کرتے ہیں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عمار کو جب بھی دو باتوں میں اختیار دیا گیا تو انھوں نے راست روی والا معاملہ اختیار کیا''

تشریح: ایک روایت میں أَیْسَرَهما ہے۔ یعنی زیادہ آسانی والا راستہ اختیار کیا۔ اور ایک روایت میں أَصْعَبَهُما ہے یعنی زیادہ دشوار راستہ اختیار کیا۔ اور تطبیق یہ ہے کہ دوسروں کے لئے آسانی کو اور اپنے لئے احتیاط والے پہلو کو اختیار کرتے تھے (اور عبدالعزیز بن سیاہ: بخاری ومسلم کا راوی ہے)

[۱۰۷-] مَنَاقِبُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، وَكُنْيَتُهُ أَبُوْ الْيَقْظَانِ رضی الله عنه

[۳۸۲۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ هَانِئِ ابْنِ هَانِئٍ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: جَاءَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "ائْذَنُوْا لَهُ، مَرْحَبًا بِالطَّيِّبِ الْمُطَيَّبِ!" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۲۹-] حدثنا القَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ سِيَاهْ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَا خُيِّرَ عَمَّارٌ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا اخْتَارَ أَرْشَدَهُمَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ سِيَاهْ، وَهُوَ شَيْخٌ كُوْفِيٌّ، وَقَدْ رَوَى عَنْهُ النَّاسُ، وَلَهُ ابْنٌ، يُقَالُ لَهُ: يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ: ثِقَةٌ، رَوَى عَنْهُ يَحْيَى بْنُ آدَمَ.

۳-حضرت عمارؓ کی سیرت کی پیروی کرو!

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میں نہیں جانتا کہ میں آپ لوگوں کے درمیان کتنے دن رہونگا؟ پس آپ لوگ ان دو کی پیروی کرو جو میرے بعد (خلیفہ) ہونگے'' اور آپؐ نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ کیا (یہاں تک حدیث پہلے (حدیث ۳۶۹۲) آچکی ہے) ''اور عمار کی سیرت کی پیروی کرو، اور ابن مسعود تم سے جو کچھ بیان کریں اس کی تصدیق کرو''

لغات: اِهْتَدیٰ: ہدایت چاہنا، پیروی کرنا...... الهَدْی: سیرت، نقش قدم، طریقہ۔

تشریح: اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ آئندہ حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان جو نزاع ہوگا: اس میں حق حضرت علیؓ کے ساتھ ہوگا، کیونکہ حضرت عمارؓ ان کے ساتھ ہونگے۔ اور حضرت معاویہؓ اجتہادی غلطی پر ہونگے، جس سے درگذر کیا جائے گا۔

سند کا بیان: یہ حدیث صحیح ہے، مسند احمد میں بھی ہے۔ اور یہ حدیث سفیان ثوری سے وکیع رحمہ اللہ کے علاوہ ابراہیم بن سعد بھی روایت کرتے ہیں، اور اس کی ایک دوسری سند سالم مرادی کی ہے، جو پہلے (حدیث ۳۶۹۲) آگئی ہے۔

۴-حضرت عمارؓ کو باغی جماعت قتل کرے گی

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''خوش خبری سن لو عمار! تمہیں باغی جماعت قتل کرے گی!'' (باغی: قانون شکن، اسلامی حکومت سے خروج کرنے والا)

تشریح: یہ حدیث متعدد صحابہ سے مروی ہے، جن کے نام حدیث کے بعد مذکور ہیں، حتی کہ بعض محدثین کا خیال ہے کہ یہ حدیث متواتر ہے۔ اور جنگ صفین میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے، اور حضرت معاویہؓ کے لوگوں کے ہاتھ سے قتل کئے گئے، پس یہ حضرت علیؓ کے حق پر ہونے کی واضح دلیل ہے۔

سوال: اتنی واضح دلیل سامنے آنے پر بھی حضرت معاویہؓ اپنے موقف پر کیوں جمے رہے؟

جواب: اختلاف میں دماغ صحیح کام نہیں کرتا، آدمی اپنے عمل کی کوئی نہ کوئی تاویل کر لیتا ہے، چاہے وہ کتنی ہی لچر کیوں نہ ہو، جیسے منکرینِ اسلام کی سمجھ میں اسلام کی حقانیت نہیں آتی، وہ شرک کی تاویلیں کرتے ہیں۔ اسی طرح جب حضرت معاویہؓ سے یہ بات ذکر کی گئی کہ عمار ہماری فوج کے ہاتھوں مارے جاچکے ہیں، اور نبی ﷺ نے یہ فرمایا ہے! تو حضرت معاویہ نے تاویل کی کہ ہم نے عمار کو نہیں مارا، علی نے مارا ہے، وہی ان کو اپنے ساتھ لائے ہیں، اس لئے وہی ان کے قتل کے ذمہ دار ہیں۔

[۳۸۳۰-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مَوْلًى لِرِبْعِيٍّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "إِنِّيْ لَا أَدْرِيْ مَا قَدْرُ بَقَائِيْ فِيْكُمْ؟ فَاقْتَدُوْا بِاللَّذَيْنَ مِنْ بَعْدِيْ، وَأَشَارَ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَاهْتَدُوْا بِهَدْيِ عَمَّارٍ، وَمَا حَدَّثَكُمْ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَصَدِّقُوْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَرَوَى إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ ابْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ هِلَالٍ مُوْلَى رِبْعِيٍّ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَقَدْ رَوَى سَالِمٌ الْمُرَادِيُّ الْكُوْفِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ هٰذَا.

[۳۸۳۱-] حدثنا أَبُوْ مُصْعَبٍ الْمَدِيْنِيُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَبْشِرْ يَا عَمَّارُ! تَقْتُلُكَ الفِئَةُ الْبَاغِيَةُ"

وفي الباب: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، وَأَبِيْ الْيَسَرِ، وَحُذَيْفَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ.

فضائل حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

آپ کے نام اور والد کے نام میں اختلاف ہے، مشہور قول جُندب بن جُنادہ ہے، کنانہ بن خزیمہ کی شاخ غفار سے آپ کا تعلق تھا، یمن کے رہنے والے تھے، بہت قدیم الاسلام ہیں، کہتے ہیں: پانچویں مسلمان ہیں۔ تاریخ ولادت معلوم نہیں۔ وفات ربذہ میں ۳۴ ہجری میں ہوئی ہے۔ آپ کی سیرت کی ایک خاص بات یہ ہے کہ آپ کے نزدیک سونا چاندی رکھنا جائز نہیں تھا، حالانکہ زکوۃ حولانِ حول کے بعد واجب ہوتی ہے، اگر سونا چاندی جمع رکھنا جائز نہیں تو پھر زکوۃ کس چیز میں واجب ہوگی؟

حضرت ابوذرؓ جیسا سچا آدمی آسمان وزمین نے نہیں دیکھا!

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ما أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ، ولا أَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ أَصْدَقَ من أبي ذر: نہیں سایہ فگن ہوا آسمان، اور نہیں اٹھایا زمین نے ابوذرؓ سے زیادہ سچے آدمی کو، یعنی ابوذرؓ سے زیادہ سچا زمین کے اوپر اور آسمان کے نیچے کوئی پیدا نہیں ہوا (یہ حدیث ابن ماجہ، احمد اور حاکم میں بھی ہے، اور باب میں حضرت ابوالدرداءؓ کی جو حدیث ہے: وہ مسند احمد میں ہے، اور حضرت ابوذرؓ کی حدیث اگلے نمبر پر آرہی ہے)

لغت اور ترکیب: أَظَلَّ إظلالاً: سایہ فگن ہونا، ڈھانک لینا...... **الخضراء:** آسمان، کیونکہ اس کا رنگ نیلگوں ہے...... **أَقَلَّ إقْلالاً:** اٹھانا۔ سورۃ الاعراف (آیت ۵۶) میں ہے: ﴿حَتّٰی إِذَا أَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالاً﴾: یہاں تک کہ جب ہوائیں بھاری بادلوں کو اٹھاتی ہیں...... **الغبراء:** زمین، کیونکہ اس کا رنگ مٹیالا ہے...... **أصدق:** مفعول ہے أظلت اور أقلت کا، پس اس میں تنازع فعلان ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نہیں سایہ فگن ہوا آسمان، اور نہیں اٹھایا زمین نے کسی بھی بات کہنے والے کو ابوذر سے زیادہ سچے آدمی کو، اور زیادہ وعدہ وفا کرنے والے کو، وہ عیسیٰ علیہ السلام کے مشابہ ہیں!'' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حسد کے طور پر کہا: یارسول اللہ! کیا آپؐ ان کے لئے یہ بات جانتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہاں! پس تم لوگ اس کو جان لو!''

یہی حدیث ان لفظوں سے بھی مروی ہے: ''ابوذر زمین میں عیسیٰ علیہ السلام کے زہد کے ساتھ چلتے ہیں'' یعنی ابوذر: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زہد کا نمونہ ہیں (یہ مختصر حدیث معلوم نہیں کس کتاب میں ہے؟)

حدیث کا حال: اس حدیث کا راوی عکرمۃ بن عمار صدوق (معمولی ثقہ راوی) ہے، اور وہ حدیثوں میں غلطی کرتا تھا، اور اس کے پاس کتاب بھی نہیں تھی (تقریب) پس اس نے جو حضرت عمرؓ کے جلنے کی بات کہی ہے: وہ غیر معتبر ہے۔ بھلا حضرت عمرؓ رسول اللہ ﷺ سے یہ بات کیسے کہہ سکتے ہیں کہ کیا آپؐ ان کے لئے یہ بات جانتے ہیں؟ کیا وہ آپؐ کو اللہ کا رسول نہیں مانتے تھے؟!...... اور اگر کوئی أَفتُعَرِّفُ (باب تفعیل سے) پڑھے تو وہ کالحاسد سے بے جوڑ ہوجائے گا...... شبیهِ: (مجرور) أبی ذر سے بدل ہے...... اور فَاعْرِفُوْہ: مجرد سے ہے۔ عَرَفَ يَعْرِفُ معرفةً: جاننا۔

[۱۰۸-] مَنَاقِبُ أَبِیْ ذَرٍّ الْغَفَارِيِّ رضی اللہ عنه

[۳۸۳۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا ابْنُ نُمَيْرٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ: هُوَ أَبُوْ الْيَقْظَانِ، عَنْ أَبِیْ حَرْبِ بْنِ أَبِی الْأَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم يَقُوْلُ: "مَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ، وَلَا أَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ أَصْدَقَ مِنْ أَبِیْ ذَرٍّ"

وفی الباب: عَنْ أَبِی الدَّرْدَاءِ، وَأَبِیْ ذَرٍّ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[۳۸۳۳-] حدثنا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ، نَا النَّضْرُ بْنُ مُحمدٍ، نَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثَنِیْ أَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ ابْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم: "مَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ، وَلَاأَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ مِنْ ذِی لَهْجَةٍ: أَصْدَقَ وَلَا أَوْفٰی مِنْ أَبِیْ ذَرٍّ، شِبْهِ عِيْسَی ابْنِ مَرْيَمَ" فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كَالْحَاسِدِ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَفَتَعْرِفُ ذٰلِكَ لَهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ فَاعْرِفُوْهُ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[٣٨٣٤-] وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ، فَقَالَ: "أَبُوْ ذَرٍّ يَمْشِيْ فِيْ الأَرْضِ بِزُهْدِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمِ"

فضائل حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن سلام بن الحارث: ابو یوسف اسرائیلی رضی اللہ عنہ: پہلے یہودی تھے، آپ کا سابق نام حصین تھا۔ یہ لومڑی کی کنیت ہے، اس لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کا نام عبداللہ رکھا۔ ہجرت کے بعد آپ نے اسلام قبول کیا، جلیل القدر ذی علم صحابہ میں آپ کا شمار ہے۔ ۴۳ ہجری میں وفات پائی۔

۱- ابن سلامؓ کے حق میں قرآنِ کریم کی دو آیتیں نازل ہوئیں

یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۲۷۹ کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ الاحقاف، تحفہ ۷: ۴۵۳ میں) گذر چکی ہے، وہاں ترجمہ ہے، اور سندوں کی وضاحت بھی ہے، اس لئے مکرر ترجمہ بے فائدہ ہے، اور حدیث کا حاصل یہ ہے کہ سورۃ الاحقاف کی (آیت ۱۰) اور سورۃ الرعد کی آخری آیت آپ کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ یہ آپ کے لئے بڑی فضیلت ہے۔

۲- حضرت عبداللہ دس میں سے ایک جنتی ہیں

حدیث: یزید بن عمیرۃ کہتے ہیں: جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپؓ سے عرض کیا گیا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہمیں وصیت فرمایئے۔ آپؓ نے فرمایا: مجھے بٹھاؤ، پھر فرمایا: "علم اور ایمان اپنی جگہ ہیں" یعنی راستے میں نہیں پڑے، ان کو حاصل کرنے کے لئے طلب و محنت درکار ہے: "جو ان کو چاہے گا پائے گا" یعنی علم دین اور ایمان طلب ہی سے نصیب ہوتے ہیں، یہ بات آپؓ نے تین بار فرمائی: "اور علم چار شخصوں کے پاس تلاش کرو: ۱- حضرت عویمر ابوالدرداء رضی اللہ عنہ کے پاس۔ ۲- حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کے پاس ۳- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس۔ ۴- حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے پاس، جو پہلے یہودی تھے، پھر انھوں نے اسلام قبول کیا، پس بیشک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ "وہ جنت میں دس میں سے ایک ہیں!"

تشریح: اس حدیث کی سند ٹھیک ہے، مگر حدیث کا مطلب واضح نہیں۔ کیونکہ آپؓ عشرۂ مبشرہ میں شامل نہیں، اس لئے شارحین نے حدیث کے دو مطلب بیان کئے ہیں: ۱- آپؓ جنت میں دسویں نمبر پر داخل ہونگے۔ ۲- اسرائیلی صحابہ میں آپؓ کا دسواں نمبر ہے ـــــ بہرحال آپؓ بھی جنتی ہیں۔ اور یہ بات آپ کی فضیلت کے لئے کافی ہے۔

[۱۰۹-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ رضی اللہ عنہ

[۳۸۳۵-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، نَا أَبُوْ مُحَيَّاةَ: يَحْيىٰ بْنُ يَعْلَى، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ابنِ أَخِيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: لَمَّا أُرِيْدَ قَتْلُ عُثْمَانَ، جاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ، فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ: مَاجَاءَ بِكَ؟ قَالَ: جِئْتُ فِيْ نَصْرِكَ! قَالَ: اخْرُجْ إِلَى النَّاسِ، فَاطْرُدْهُمْ عَنِّيْ، فَإِنَّكَ خارِجًا خَيْرٌ لِيْ مِنْكَ دَاخِلًا، فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ إِلَى النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّهُ كَانَ اسْمِيْ فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ فُلَانٌ، فَسَمَّانِيْ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَبْدَ اللّٰهِ، وَنَزَلَتْ فِيَّ آيَاتٌ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، نَزَلَتْ فِيَّ: ﴿وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِيْ إِسْرَائِيْلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللّٰهَ لَايَهْدِيْ الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ﴾ وَنَزَلَ ﴿قُلْ كَفَى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهُ عِلْمُ الْكِتَابِ﴾

إِنَّ لِلّٰهِ سَيْفًا مَغْمُوْدًا عَنْكُمْ، وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ قَدْ جَاوَرَتْكُمْ فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا الَّذِيْ نَزَلَ فِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَاللّٰهَ اللّٰهَ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ أَنْ تَقْتُلُوْهُ، فَوَ اللّٰهِ! لإِنْ قَتَلْتُمُوْهُ لَتَطْرُدُنَّ جِيْرَانَكُمْ الْمَلَائِكَةَ، وَلَتَسُلُّنَّ سَيْفَ اللّٰهِ الْمَغْمُوْدَ عَنْكُمْ، فَلَا يُغْمَدُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالُوْا: اقْتُلُوْا اليَهُوْدِيَّ، وَاقْتُلُوْا عُثْمَانَ!

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، وَقَدْ رَوَى شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ هٰذَا الْحديثَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، فَقَالَ: عُمَرُ بْنُ مُحمدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ جَدِّهِ: عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ.

[۳۸۳۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ أَبِيْ إِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمِيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ الْمَوْتُ، قِيْلَ لَهُ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ! أَوْصِنَا، قَالَ: أَجْلِسُوْنِيْ، فَقَالَ: إِنَّ الْعِلْمَ وَالإِيْمَانَ مَكَانَهُمَا، مَنْ ابْتَغَاهُمَا وَجَدَهُمَا - يَقُوْلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - وَالْتَمِسُوْا الْعِلْمَ عِنْدَ أَرْبَعَةِ رَهْطٍ: عِنْدَ عُوَيْمِرٍ أَبِيْ الدَّرْدَاءِ، وَعِنْدَ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، وَعِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ: الَّذِيْ كَانَ يَهُوْدِيًّا، فَأَسْلَمَ. فَإِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: " إِنَّهُ عَاشِرُ عَشَرَةٍ فِيْ الْجَنَّةِ " وفي الباب: عَنْ سَعْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

فضائل حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن مسعود بن غافل بن حبیب ہذلی، ابوعبدالرحمٰن: قدیم الاسلام ہیں، حبشہ کی طرف دومرتبہ ہجرت کی، پھر مدینہ کی طرف ہجرت کی۔ علم وفہم، عقل ودانش میں ممتاز تھے۔ نبی ﷺ کے خادم خاص تھے۔ ان کے والد: زمانہ جاہلیت میں گذر گئے۔ ان کی والدہ: ام عبد: مسلمان ہوئیں، نبی ﷺ کے گھرانے سے ان کا خاص تعلق تھا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپؓ کو کوفہ کے بیت المال کا ذمہ دار بنایا تھا۔ خلافتِ عثمانی میں مدینہ آئے اور بعمر ساٹھ سال ۳۲ ہجری میں وفات پائی، بہت ہی پستہ قد تھے۔ بیٹھے ہوؤں کے برابر تھے، خوشبو بکثرت استعمال کرتے تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ آپؓ کو دیکھ کر فرمایا: وِعَاءٌ مُلِئَ علمًا: علم سے بھرا ہوا ایک برتن! آپ کو اللہ تعالیٰ نے بہترین تلامذہ نصیب فرمائے تھے، ان کے ذریعہ آپؓ کا علم خوب پھیلا۔

۱- ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیثوں کو مضبوط پکڑو

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ان دو کی یعنی ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی پیروی کرو، جو میرے صحابہ میں سے میرے بعد (خلیفہ) ہونگے۔ اور عمارؓ کی سیرت کو راہ نما بناؤ، اور ابن مسعودؓ کے عہد کو مضبوط تھامو!''

حدیث کا حال: حضرت ابن مسعودؓ کی یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، یحییٰ بن سلمہ: متروک راوی اور شیعہ تھا، مگر اسی مضمون کی حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی دو حدیثیں (حدیث ۳۶۹۱ و ۳۸۳۰) صحیح ہیں، جو پہلے آچکی ہیں، اس لئے اس حدیث کا مضمون صحیح ہے۔

راوی کا تعارف: ابوالزعراء دو ہیں: بڑے اور چھوٹے۔ اس حدیث کے راوی بڑے ابوالزعراء ہیں، ان کا نام عبد اللہ بن ہانی ہے۔ یہ کوفی، ابن مسعود کے شاگرد اور طبقۂ ثانیہ کے راوی ہیں۔ اور چھوٹے ابوالزعراء کا نام عمرو بن عمرو جشمی ہے، یہ طبقۂ سادسہ کے راوی ہیں، ان سے شعبہ وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ یہ حضرت ابن مسعودؓ کے تلمیذ ابوالاحوص عوف بن مالک بن نضلہ کے بھتیجے ہیں، اور اپنے چچا سے روایت بھی کرتے ہیں۔

تشریح: اس حدیث میں جو کہ ضعیف ہے لفظ عہد ہے، جس کے معنی ہیں: پیمان، قسم، وعدہ اور وصیت۔ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں: ما حَدَّثكم ابنُ مسعودٍ فصدِّقوه ہے، اور وہ روایت صحیح ہے۔ یعنی ابن مسعودؓ تم سے جو حدیثیں بیان کریں ان کی تصدیق کرو، ان کو سچ جانو!

اور حدیث کے تینوں مضامین میں مناسبت یہ ہے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت علی رضی اللہ عنہما میں سے خلافت کے زیادہ حقدار حضرت ابوبکرؓ تھے اور ان کے بعد حضرت عمرؓ تھے، اور یہ بات ابن مسعودؓ نے بیان کی ہے۔ فرمایا: لانُؤَخِّرُ من قدَّمه رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، أَلاَ نَرْضٰى لِدُنْيَانَا من ارتضاه لديننا؟ ــــ اور حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے قضیے میں خلافت کے حقدار حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے، اور اس بات کا حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی سیرت نے فیصلہ کیا ہے۔

[۱۱۰-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضى الله عنه

[۳۸۳۷-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ يَحْيىَ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ الزَّعْرَاءِ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ”اقْتَدُوْا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِيْ مِنْ أَصْحَابِيْ: أَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، وَاهْتَدُوْا بِهَدْيِ عَمَّارٍ، وَتَمَسَّكُوْا بِعَهْدِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ“

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ يَحْيىَ بْنِ سَلَمَةَ ابْنِ كُهَيْلٍ، وَيَحْيىَ بْنُ سَلَمَةَ يُضَعَّفُ فِيْ الْحَدِيْثِ، وَأَبُوْ الزَّعْرَاءِ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِئٍ، وَأَبُوْ الزَّعْرَاءِ الَّذِيْ رَوَى عَنْهُ شُعْبَةُ، وَالثَّوْرِيُّ، وَابْنُ عُيَيْنَةَ: اسْمُهُ عَمْرُو بْنُ عَمْرٍو، وَهُوَ ابْنُ أَخِيْ أَبِيْ الْأَحْوَصِ صَاحِبِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

۲-حضرت ابن مسعودؓ کا نبی ﷺ سے گھر جیسا تعلق تھا

حدیث: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اور میرے بھائی یمن سے آئے۔ اور نہیں گمان کرتے تھے ہم ایک عرصہ تک مگر یہ کہ عبداللہ بن مسعودؓ نبی ﷺ کے گھر کے ایک فرد ہیں، ہمارے دیکھنے کی وجہ سے ابن مسعودؓ کے اور ان کی والدہ کے نبی ﷺ کے گھر میں داخل ہونے کو۔ یعنی دونوں کا اتنی کثرت سے نبی ﷺ کے گھر میں آنا جانا تھا کہ ہم عرصہ تک سمجھ ہی نہیں سکے کہ یہ گھر کے افراد نہیں ہیں۔

تشریح: نبی ﷺ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو گھر میں آنے کی خصوصی اجازت دے رکھی تھی، فرمایا تھا: **إذنُك عليَّ أن يُرفع الحجابُ، وأن تَستَمِعَ سِوَادی، حتی أنهاك**: تمہارے لئے اجازت میرے پاس آنے کے لئے یہ ہے کہ پردہ اٹھا دیا گیا ہو یعنی کواڑ کھلے ہوں، اور تم میرا وجود گھر میں سنو یعنی مجھے کسی سے باتیں کرتے ہوئے سنو، تو اجازت لئے بغیر گھر میں آسکتے ہو، یہاں تک کہ میں تمہیں روک دوں (مسلم شریف حدیث ۲۱۶۹ کتاب السلام باب ٦)

قوله: لما نرى: لام تعلیلیہ اور ما مصدریہ ہے۔

[۳۸۳۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْسُفَ بْنِ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا مُوْسَى، يَقُوْلُ: لَقَدْ قَدِمْتُ أَنَا وَأَخِيْ مِنَ الْيَمَنِ، وَمَا نُرَى حِيْنًا إِلَّا أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مَسْعُوْدٍ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، لِمَانَرَى مِنْ دُخُوْلِهِ وَدُخُوْلِ أُمِّهِ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ.

۳-ابن مسعودؓ سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبی ﷺ سے قریب تھے

حدیث: عبدالرحمٰن بن یزید کہتے ہیں: ہم حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور عرض کیا: آپ کسی ایسے شخص کی نشان دہی کریں جو سیرت وخصلت میں نبی ﷺ سے قریب تر ہو، تا کہ ہم اس سے دین اخذ

کریں، اور اس سے حدیثیں سنیں۔ حضرت حذیفہؓ نے فرمایا: سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبی ﷺ سے قریب تر ابن مسعودؓ ہیں، یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس سے گھر میں جاتے ہیں یعنی جلوت کا حال یہ ہے، خلوت کے احوال سے میں واقف نہیں۔ اور بخدا! اکابر صحابہ جانتے ہیں کہ ابن ام عبد (حضرت ابن مسعودؓ) ہی صحابہ میں سب سے عالی رتبہ ہیں۔

لغات: الهَدْی، الدَّلُّ، السَّمْت: ایک ہی مفہوم ادا کرتے ہیں، ہم معنی الفاظ ہیں...... **الهَدْی**: سیرت وطریقہ، سمت وجہت، کہا جاتا ہے: هو حَسَنُ الهدی: وہ صحیح رخ یا سمت پر ہے...... **الدَّلُّ**: وقار وتمکنت اور سنجیدگی کی کیفیت ...... **السَّمْت**: جہت ورخ، وقار وتمکنت (اردو میں سین کے زیر کے ساتھ، سمت (جانب) بولتے ہیں)...... **الزُّلْفٰی**: تقرب، درجہ ومرتبہ، قربت ونزدیکی۔ قرآنِ کریم میں کفار کا قول ہے: ﴿مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا إِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى﴾: ہم بتوں کی پرستش صرف اس لئے کرتے ہیں کہ وہ ہم کو خدا کا مقرب بنادیں (الزمر ۳)...... کتاب میں زُلْفًا تھا، مگر صحیح رسم الخط زلفی ہے، اس لئے کتاب میں تبدیلی کی ہے (یہ بخاری شریف کی روایت ہے)

[۳۸۳۹-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: أَتَيْنَا حُذَيْفَةَ، فَقُلْنَا: حَدِّثْنَا بِأَقْرَبِ النَّاسِ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم هَدْيًا وَدَلًّا، فَنَأْخُذَ عَنْهُ، وَنَسْمَعَ مِنْهُ، قَالَ: كَانَ أَقْرَبُ النَّاسِ هَدْيًا وَدَلًّا وَسَمْتًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ابْنُ مَسْعُوْدٍ، حَتَّى يَتَوَارَى مِنَّا فِيْ بَيْتِهِ، وَلَقَدْ عَلِمَ الْمَحْفُوْظُوْنَ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ هُوَ مِنْ أَقْرَبِهِمْ إِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۴- حضرت ابن مسعودؓ میں امارت کی کامل صلاحیت تھی

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر میں صحابہ میں سے کسی کو مشورہ کے بغیر امیر بناتا تو ضرور ان پر ابن ام عبد کو امیر مقرر کرتا''

تشریح: یہ حدیث دو سندوں سے مروی ہے۔ پہلی سند: منصور بن المعتمر کی ہے، اور دوسری: سفیان ثوری کی۔ اور دونوں میں حارث اعور ہیں، اور اس راوی میں ضعف (کمزوری) تھا...... اور حدیث کا مطلب: امامتِ کبری کے لئے تعیین نہیں ہے، بلکہ کسی سریہ (چھوٹے لشکر) کی امارت مراد ہے، کیونکہ امامتِ کبری کے لئے تو پیشین گوئی ہے: الأئمة من قريش۔ اور حضرت ابن مسعودہُذلی تھے، قریشی نہیں تھے (حدیث کی یہ تاویل فضل اللہ تورپشتی رحمہ اللہ نے کی ہے) اور اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ آپ سرایا کے امیر بھی مشورہ کرکے مقرر فرماتے تھے۔ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں امارت کی کامل صلاحیت تھی، بہادری، ساتھیوں کو سنبھالنا اور جنگ لڑانے کی قابلیت موجود تھی، مگر قد بہت چھوٹا تھا، اس لئے شاید صحابہ ان کو امیر مقرر کرنے کا مشورہ نہ دیتے، امیر میں جچاؤ ضروری ہے۔

۵-ابن مسعود، ابی، معاذ اور سالم رضی اللہ عنہم سے قرآن اخذ کرنے کا حکم

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''چار شخصوں سے قران اخذ کرو: ابن مسعود، ابی بن کعب، معاذ بن جبل اور سالم مولیٰ ابی حذیفہ سے'' (سب سے پہلا نام آپؐ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا لیا ہے۔ اس سے آپؓ کی فضیلت ثابت ہوتی ہے)

[۳۸۴۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَاصَاعِدُ الْحَرَّانِيُّ، نَازُهَيْرٌ، نَا مَنْصُوْرٌ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا مِنْهُمْ مِنْ غَيْرِ مَشُوْرَةٍ، لَأَمَّرْتُ عَلَيْهِمْ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ '' هٰذَا حديثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ.

[۳۸۴۱-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا أَبِيْ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا مِنْ غَيْرِ مَشُوْرَةٍ لَأَمَّرْتُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ''

[۳۸۴۲-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''خُذُوْا الْقُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ: مِنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَسَالِمٍ مَوْلَى أَبِيْ حُذَيْفَةَ '' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۶-ابن مسعودؓ آپؐ کے وضوء اور چپلوں کے ذمہ دار تھے

حدیث: خیثمہ کہتے ہیں: میں مدینہ آیا۔ میں نے (مسجدِ نبوی میں) اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مجھے کوئی اچھا ہم نشیں (استاذ) میسر آئے، پس مجھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میسر آئے (خیثمہ دعا کر کے اٹھے، مسجدِ نبوی میں تعلیم کے حلقے جمے ہوئے تھے، ان کا میلان ایک حلقہ کی طرف ہوا، یہ حضرت ابو ہریرہؓ کا حلقہ تھا) پس میں ان کے حلقہ میں بیٹھ گیا۔ اور میں نے ان سے کہا: میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ مجھے کوئی اچھا ہم نشیں میسر آئے، پس آپؓ کی مجھے توفیق ملی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے پوچھا: آپ کون ہیں؟ میں نے کہا: کوفہ کا ہوں، خیر (علم دین) کی طلب اور تلاش میں آیا ہوں۔ پس ابو ہریرہؓ نے فرمایا: ''کیا تم میں مستجاب الدعوات حضرت سعد بن ابی وقاص نہیں ہیں؟ اور رسول اللہ ﷺ کے وضوء کے پانی والے اور آپؐ کے چپلوں والے یعنی خادم خاص ابن مسعود نہیں ہیں؟ اور رسول اللہ ﷺ کے راز دار حذیفہ نہیں ہیں؟ اور عمار نہیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی دعا کی وجہ سے شیطان سے پناہ میں رکھا ہے؟ اور دو کتابوں والے سلمان فارسی نہیں ہیں؟ یعنی ان بڑوں بڑوں کو چھوڑ کر یہاں کیوں آئے ہو؟

قتادہ کہتے ہیں: دو کتابوں سے مراد: انجیل و قرآن ہیں یعنی حضرت سلمان پہلے عیسائی تھے، انجیل پر ان کا ایمان تھا، پھر مسلمان ہوئے اور قرآن پر ایمان لائے۔

تشریح: حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہی بات حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے بھی فرمائی ہے۔ بخاری شریف (حدیث ۳۷۴۲) میں ہے: أليس فيكم الذى أجاره الله من الشيطان يعنى على لسان نبيه صلى الله عليه وسلم: کیا تم میں وہ نہیں ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے شیطان سے پناہ میں رکھا ہے؟ یعنی نبی ﷺ کی زبان مبارک سے! —— ان روایتوں کے اقتضاء سے ثابت ہوا کہ نبی ﷺ نے حضرت عمارؓ کے لئے ایسی دعا فرمائی ہے، اگرچہ وہ روایت آج ذخیرۂ احادیث میں موجود نہیں ہے۔

[۳۸۴۳-] حدثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَصْرِيُّ، نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خَيْثَمَةَ بْنِ أَبِیْ سَبْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَسَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَلِیْ جَلِيْسًا صَالِحًا، فَيَسَّرَ لِیْ أَبَا هُرَيْرَةَ، فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّیْ سَأَلْتُ اللّٰهَ أَنْ يُيَسِّرَ لِیْ جَلِيْسًا صَالِحًا، فَوُفِّقْتَ لِیْ، فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ أَهْلِ الْكُوْفَةِ، جِئْتُ أَلْتَمِسُ الْخَيْرَ، وَأَطْلُبُهُ، فَقَالَ: أَلَيْسَ فِيْكُمْ سَعْدُ بْنُ مَالِكٍ: مُجَابُ الدَّعْوَةِ، وَابْنُ مَسْعُوْدٍ: صَاحِبُ طَهُوْرِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَنَعْلَيْهِ، وَحُذَيْفَةُ: صَاحِبُ سِرِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَمَّارٌ: الَّذِیْ أَجَارَهُ اللّٰهُ مِنَ الشَّيْطَانِ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ، وَسَلْمَانُ: صَاحِبُ الْكِتَابَيْنِ، قَالَ: قَتَادَةُ: وَالْكِتَابَانِ: الإِنْجِيْلُ وَالْقُرْآنُ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَخَيْثَمَةُ: هُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ سَبْرَةَ، نُسِبَ إِلَى جَدِّهِ.

فضائل حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہما

نام نامی: حذیفہ۔ کنیت: ابوعبداللہ۔ لقب: صاحبُ السّر (رسول اللہ ﷺ کے راز دار) والد کا نام: حِسْل یا حُسَیْل۔ لقب: الیمان (غزوۂ احد میں غلط فہمی سے مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہوئے) وطن: یمن، قبیلہ کی طرف نسبت: عبسی، مدینہ میں انصار کے قبیلہ عبدالاشہل کے حلیف۔ وفات: ۳۶ ہجری (حضرت عثمانؓ کی شہادت کے چالیس دن بعد) بڑے بہادر، فاتح اور مدائن کے گورنر رہے۔ نبی ﷺ نے ان کو مدینہ کے منافقین کے نام بتائے تھے، فتن کی احادیث کے بڑے عالم تھے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جمع قرآن آپ ہی کے توجہ دلانے پر کیا تھا۔

حذیفہؓ تم سے جو کچھ بیان کریں اس کی تصدیق کرو

حدیث: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کاش آپؐ اپنا خلیفہ مقرر فرماتے! آپؐ نے فرمایا: اگر میں تم پر اپنا خلیفہ مقرر کروں، پس تم اس کی نافرمانی کرو، تو تم سزا دیئے جاؤ گے! البتہ جو کچھ تم سے حذیفہ بیان کریں اس کی تصدیق کرو، اور جو کچھ تمہیں ابن مسعودؓ پڑھائیں اس کو پڑھو" —— امام ترمذی کے استاذ امام

عبداللہ دارمی نے اپنے استاذ اسحاق بن عیسیٰ سے کہا: محدثین کہتے ہیں: یہ حدیث ابووائل شقیق بن سلمہ سے مروی ہے (وہ حضرت حذیفہ سے روایت کرتے ہیں) اسحاق بن عیسیٰ نے کہا: نہیں، ان شاءاللہ زاذان سے مروی ہے۔

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے۔ قاضی شریک بن عبداللہ نخعی جب سے کوفہ کے قاضی بنے تھے ان کی یاد داشت میں خرابی آگئی تھی (تقریب) اور ابوالیقظان عثمان بن عمیر بجلی کوفی اعمی ضعیف راوی ہے، تدلیس بھی کرتا تھا اور غالی شیعہ تھا (تقریب)

تشریح: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے خلافت کے بارے میں جو روایت مروی ہے وہ پہلے (حدیث ۳۶۹۱ و۳۶۹۲ میں) آچکی ہے۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے بعد ان دو کی پیروی کرو جو (خلیفہ) ہونگے'' اور آپؐ نے ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی طرف اشارہ کیا۔ اور یہی بات حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے۔ یہ حدیث بھی پہلے (حدیث ۳۸۳۷) آچکی ہے۔

[۱۱۱-] مَنَاقِبُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رضى اللّٰهُ عنه

[۳۸۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عِيْسَى، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ أَبِي الْيَقْظَانِ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! لَوِ اسْتَخْلَفْتَ؟ قَالَ: " إِنِ اسْتَخْلَفْتُ عَلَيْكُمْ فَعَصَيْتُمُوْهُ: عُذِّبْتُمْ، وَلٰكِنْ مَا حَدَّثَكُمْ حُذَيْفَةُ فَصَدِّقُوْهُ، وَمَا أَقْرَأَكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ فَاقْرَؤُوْهُ"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَقُلْتُ لِإِسْحَاقَ بْنِ عِيْسَى: يَقُوْلُوْنَ: هٰذَا عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ: لَا، عَنْ زَاذَانَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَهُوَ حَدِيْثُ شَرِيْكٍ.

فضائل حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ

حضرت زید بن حارثہ کلبی رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے متبنّی ہیں، زمانۂ جاہلیت میں بچپن میں اچک لئے گئے، پھر مکہ کے ایک میلے میں فروخت کئے گئے۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے لئے خریدے گئے، پھر شادی کے بعد انھوں نے نبی ﷺ کو بخش دیا۔ پھر ان کے بھائی اور چچا لینے آئے، مگر انھوں نے نبی ﷺ کے ساتھ رہنے کو ترجیح دی، پس آپؐ نے ان کو آزاد کر کے بیٹا بنالیا، اور لوگ زید بن محمدؐ کہنے لگے، آزاد شدہ لوگوں میں سب سے پہلے آپؓ ایمان لائے، نبی ﷺ نے ان کا نکاح اپنی پھوپھی زاد بہن حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے کر دیا، مگر بیل منڈھے نہ چڑھی، اور حضرت زید نے طلاق دیدی، تو ان سے نبی ﷺ نے نکاح کرلیا، اور اسلام میں متبنّی کی رسم ختم ہوگئی۔ اب لوگ آپ کو زید بن حارثہ کہنے لگے، آپ سے نبی ﷺ کو بے حد محبت تھی، چنانچہ جب بھی نبی ﷺ نے آپؓ کو کسی سریہ میں بھیجا تو امیر بنا کر بھیجا۔ ۸ ہجری میں غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے۔

۱-حضرت زیدؓ سے نبی ﷺ کو بے حد محبت تھی

حدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ اسلم عدوی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ کا ساڑھے تین ہزار درہم وظیفہ مقرر کیا، اور اپنے بیٹے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا تین ہزار۔ ابن عمرؓ نے عرض کیا: ''آپؓ نے اسامہ کو مجھ پر کیوں ترجیح دی؟ بخدا! انھوں نے مجھ سے کسی جنگ کی طرف سبقت نہیں کی!'' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے ان کو اس لئے برتری دی ہے کہ زید بن حارثہ رسول اللہ ﷺ کو آپ کے والد سے زیادہ محبوب تھے، اور اسامہ رسول اللہ ﷺ کو آپ سے زیادہ محبوب تھے، پس میں نے رسول اللہ ﷺ کے محبوب کو اپنے محبوب پر ترجیح دی!

۲-حضرت زید بن حارثہ پہلے زید بن محمدؐ کہلاتے تھے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: ہم زید بن حارثہ کو زید بن محمد کہا کرتے تھے، یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی: ''تم ان کو ان کے باپوں کی طرف منسوب کرکے پکارا کرو، یہ بات اللہ کے نزدیک زیادہ راستی کی بات ہے!'' (یہ روایت پہلے (حدیث ۳۲۳۳ تحفہ ۷: ۴۰۲) آچکی ہے)

[۱۱۲-] مَنَاقِبُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ رضى الله عنه

[۳۸۴۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا مُحمدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ: أَنَّهُ فَرَضَ لِأُسَامَةَ فِيْ ثَلَاثَةِ آلَافٍ وَخَمْسِمِائَةٍ، وَفَرَضَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ ثَلَاثَةِ آلَافٍ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ لِأَبِيْهِ: لِمَ فَضَّلْتَ أُسَامَةَ عَلَيَّ؟ فَوَ اللّٰهِ! مَا سَبَقَنِيْ إِلَى مَشْهَدٍ! قَالَ: لِأَنَّ زَيْدًا كَانَ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَبِيْكَ، وَكَانَ أُسَامَةُ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْكَ، فَآثَرْتُ حِبَّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى حِبِّيْ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۸۴۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: مَا كُنَّا نَدْعُوْ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ إِلَّا زَيْدَ بْنَ مُحمدٍ، حَتَّى نَزَلَتْ: ﴿أُدْعُوْهُمْ لِآبَاءِ هِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۳-بھائی کی رائے میری رائے سے بہتر تھی

حدیث: حضرت زید بن حارثہ کے بھائی جبلہ بن حارثہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے بھائی زید کو میرے ساتھ بھیجئے۔ آپؐ نے فرمایا: ''وہ یہ ہیں، اگر وہ آپ کے

ساتھ جائیں تو میں ان کو منع نہیں کرونگا'' حضرت زید نے کہا: یارسول اللہ! بخدا! میں آپ پر کسی کو ترجیح نہیں دونگا۔ جبلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس میں نے دیکھا یعنی بعد میں میری سمجھ میں آیا کہ بھائی کی رائے میری رائے سے بہتر تھی!

تشریح: اگر جبلہ بھائی کو لے کر چلے جاتے تو معلوم نہیں نبوت کے بعد آتے یا نہ آتے؟ اور ایمان کی دولت نصیب ہوتی یا نہ ہوتی؟ اور جب حضرت زید نبی ﷺ سے جدا نہ ہوئے تو ان کو بھی ایمان نصیب ہوا، اور جبلہ کو بھی یہ متاعِ گرانمایہ بدست آئی، پس حضرت زید کا فیصلہ جبلہ کے فیصلہ سے بہتر ثابت ہوا۔

حدیث کا حال: ابن الرومی لین الحدیث ہیں، اور علی بن مسہر بھی بوڑھاپے میں غرائب روایت کرتے تھے، چنانچہ ان کی اس حدیث میں بھی تسامح ہے، کیونکہ جبلہ جو حضرت زید کو لینے آئے تھے، وہ نبوت سے پہلے کا واقعہ ہے، اور حدیث میں اس کو نبوت کے بعد کا واقعہ قرار دیا ہے۔

[۳۸۴۷-] حدثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا محمدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الرُّوْمِيِّ، نَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ جَبَلَةُ بْنُ حَارِثَةَ: أَخُوْ زَيْدٍ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ لَهُ: يَارسولَ اللّٰهِ! ابْعَثْ مَعِيْ أَخِيْ زَيْدًا، قَالَ: " هُوَ ذَا، فَإِنِ انْطَلَقَ مَعَكَ لَمْ أَمْنَعْهُ" قَالَ زَيْدٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَاللّٰهِ لاَ أَخْتَارُ عَلَيْكَ أَحَدًا، قَالَ: فَرَأَيْتُ رَأْيَ أَخِيْ أَفْضَلَ مِنْ رَأْيِيْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ الرُّوْمِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ.

۴- حضرت زید ہر طرح امارت کے لائق تھے

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک لشکر بھیجا، اور اس پر حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو امیر مقرر کیا۔ پس کچھ لوگوں نے ان کی امارت پر اعتراض کیا۔ پس آپ نے فرمایا: ''اگر تم ان کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کی والد کی سپہ سالاری پر بھی طعنہ زنی کر چکے ہو، حالانکہ وہ سپہ سالاری کے اہل تھے، اور میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے تھے، اور یہ بھی ان کے بعد میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ہیں!''

تشریح: نبی ﷺ نے جو آخری فوجی مہم ترتیب دی تھی، اور جس میں شیخین (ابوبکر وعمر) بھی شامل تھے، اس کا امیر حضرت اسامہ کو مقرر کیا تھا۔ اس موقع پر کچھ لوگوں نے سپہ سالار کی نوعمری کو نکتہ چینی کا نشانہ بنایا، پس رسول اللہ ﷺ نے مذکورہ ارشاد فرمایا۔

[٣٨٤٨-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَعَثَ بَعْثًا، وَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، فَطَعَنَ النَّاسُ فِي إِمْرَتِهِ، فَقَالَ: "إِنْ تَطْعَنُوْا فِيْ إِمْرَتِهِ، فَقَدْ كُنْتُمْ تَطْعَنُوْنَ فِي إِمْرَةِ أَبِيْهِ مِنْ قَبْلُ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! إِنْ كَانَ لَخَلِيْقًا لِلإِمَارَةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ، وَإِنَّ هٰذَا مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ بَعْدَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ.

فضائل اسامۃ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما: جلیل القدر صحابی ہیں۔ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ والدہ ماجدہ: ام ایمن رضی اللہ عنہا (نبی ﷺ کی آیا: ماں کے مرنے کے بعد بچہ کی پرورش کرنے والی عورت) نبی ﷺ کی وفات کے وقت آپ کی عمر اٹھارہ یا بیس سال تھی، والد ماجد: حضرت زید بن حارثہ۔ صحابہ آپ کو "محبوب کا بیٹا محبوب!" کہتے تھے، نبی ﷺ آپ سے حسنین رضی اللہ عنہما کی طرح محبت کرتے تھے، نبی ﷺ نے آخری مہم کا امیر آپ کو بنایا تھا۔ ۵۴ ہجری میں مدینہ میں وفات پائی، شہادت عثمانؓ کے بعد فتنوں سے الگ تھلک رہے۔

۱- نبی ﷺ نے آخر وقت میں آپؓ کے لئے دعا کی!

حدیث: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کی بیماری بڑھ گئی، تو میں مدینہ میں اترا، اور لوگ بھی اترے، پس میں رسول اللہ ﷺ کے پاس داخل ہوا، جبکہ آپؐ کی زبان بند ہوگئی تھی، پس آپؐ بول نہیں سکے، آپؐ اپنے دونوں ہاتھ میرے اوپر رکھتے تھے، اور ان کو اٹھاتے تھے، پس میں سمجھ گیا کہ آپ میرے لئے دعا کر رہے ہیں۔

تشریح: صفر ۱۱ ہجری میں نبی ﷺ نے آخری فوجی مہم ترتیب دی، اور اس کا سپہ سالار حضرت اسامہ کو بنایا۔ لشکر روانہ ہوکر مدینہ سے تین میل دور مقام جرف میں خیمہ زن ہوگیا، لیکن رسول اللہ ﷺ کی بیماری سے متعلق تشویشناک خبروں کے سبب آگے نہ بڑھ سکا، بلکہ اللہ کے فیصلے کے انتظار میں وہیں ٹھہرنے پر مجبور ہوگیا۔ آخر وقت میں حضرت اسامہ لشکریوں کے ساتھ ملاقات کے لئے مدینہ میں آئے، اس حدیث میں اسی کا ذکر ہے۔ یہ لشکر وفاتِ نبوی کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے روانہ کیا، اور یہی آپؓ کی خلافت کی پہلی فوجی مہم قرار پائی۔

۲- اسامہؓ سے محبت کرو، نبی ﷺ ان سے محبت کرتے تھے

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے چاہا کہ اسامہ کی رینٹ صاف کریں۔ حضرت

عائشہؓ نے کہا: مجھے اس کا موقع دیں، میں ہی یہ کام کروں۔ آپ ؐ نے فرمایا: ''اسامہ سے محبت کرو، کیونکہ میں اس سے محبت کرتا ہوں!''

۳- نبی ﷺ کو اپنے متعلقین میں اسامہؓ سے سب سے زیادہ محبت تھی

حدیث: حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بیٹھا ہوا تھا کہ علی اور عباس رضی اللہ عنہما آئے، درانحالیکہ دونوں اجازت طلب کررہے تھے، پس دونوں نے کہا: اسامہ! ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ سے اجازت طلب کرو۔ میں نے کہا: یارسول اللہ! علی اور عباس اجازت طلب کررہے ہیں، آپ ؐ نے فرمایا: ''جانتے ہو: دونوں کیوں آئے ہیں؟'' میں نے کہا: نہیں! آپ ؐ نے فرمایا: ''مگر میں جانتا ہوں، دونوں کو اجازت دو، پس وہ دونوں اندر آئے، اور انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم آپ ؐ کی خدمت میں اس لئے حاضر ہوئے ہیں کہ آپ ؐ سے دریافت کریں کہ آپ ؐ کو اپنے گھر والوں میں سے کون سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپ ؐ نے فرمایا: ''میری بیٹی فاطمہ'' ان دونوں نے عرض کیا: ہم آپ سے دریافت کرنے آئے ہیں کہ آپ ؐ کے متعلقین میں سے کون زیادہ محبوب ہے؟ آپ ؐ نے فرمایا: ''میرے متعلقین میں سے مجھے سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جس پر اللہ نے انعام کیا ہے یعنی دولتِ ایمان سے نوازا ہے، اور جس پر میں نے انعام کیا ہے یعنی آزاد کیا ہے (سورۃ الاحزاب آیت ۳۷ کی طرف تلمیح ہے) یعنی اسامہ بن زید (سب سے زیادہ محبوب ہیں) ان دونوں نے پوچھا: پھر کون؟ آپ ؐ نے فرمایا: ''پھر علی بن ابی طالب!'' پس حضرت عباسؓ نے کہا: یارسول اللہ! آپ ؐ نے اپنے چچا کو سب سے آخر میں کردیا! آپ ؐ نے فرمایا: ''علی نے آپ سے پہلے ہجرت کی ہے!''

تشریح: سورۃ الاحزاب کی (آیت ۳۷) کا اصل مصداق حضرت زید بن حارثہؓ ہیں، مگر مولی کی اولاد بھی مولی ہوتی ہے، اس اعتبار سے آپ ؐ نے حضرت اسامہ کو بھی آیت کا مصداق قرار دیا ہے ——— اور یہ حدیث ٹھیک ہے۔ امام شعبہؒ نے اگرچہ عمر بن ابی سلمہ کی تضعیف کی ہے، مگر امام ترمذیؒ کے نزدیک یہ راوی صدوق ہے، اس لئے روایت کی تحسین کی ہے۔

اور أهل سے اُن دونوں حضرات کی مراد: متعلقین (اہل تعلق) تھے، مگر نبی ﷺ نے لفظ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پہلا جواب دیا تھا، اھل کا لفظ اہل وعیال کے معنی میں مستعمل ہے، پھر جب انھوں نے اپنی مراد واضح کی تو آپ ؐ نے دوسرا جواب دیا، آپ ؐ درحقیقت ان دونوں میں تفضیل سے بچنا چاہتے تھے، تاکہ چچا کا دل نہ دکھے، مگر جب انھوں نے سوال درسوال کرکے آپ ؐ کو مجبور کردیا تو آپ ؐ نے حقیقتِ حال کھولی، اور اس پر جو چچا نے شکوہ کیا: اس کا جواب دیا۔

[۱۱۳-] مَنَاقِبُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رضی اللہ عنہ

[۳۸۴۹-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ محمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ محمدِ بْنِ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: لَمَّا ثَقُلَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم هَبَطْتُ وَهَبَطَ النَّاسُ

الْمَدِيْنَةَ، فَدَخَلْتُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ أُصْمِتَ، فَلَمْ يَتكَلَّمْ، فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَضَعُ يَدَيْهِ عَلَيَّ وَيَرْفَعُهُمَا فَأَعْرِفُ أَنَّهُ يَدْعُوْ لِيْ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۸۵۰-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيىَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: أَرَادَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم أَنْ يُنَحِّيَ مُخَاطَ أُسَامَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: دَعْنِيْ، حَتَّى أَنَا الَّذِيْ أَفْعَلُ، قَالَ:" يَا عَائِشَةُ أَحِبِّيْهِ، فَإِنِّيْ أُحِبُّهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۸۵۱-] أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا مُوْسَى بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَبُوْ عَوَانَةَ، قَالَ: حَدَّثَ عُمَرُ بْنُ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا، إِذْ جَاءَ عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ يَسْتَأْذِنَانِ، فَقَالاَ: يَاأُسَامَةُ اسْتَأْذِنْ لَنَا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! عَلِيٌّ وَالْعَبَّاسُ يَسْتَأْذِنَانِ، قَالَ:" أَتَدْرِيْ مَاجَاءَ بِهِمَا؟" قُلْتُ: لاَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" لَكِنِّيْ أَدْرِيْ، ائْذَنْ لَهُمَا" فَدَخَلاَ، فَقَالاَ: يَارسولَ اللّٰهِ! جِئْنَاكَ نَسْأَلُكَ أَيُّ أَهْلِكَ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ:" فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحمدٍ" قَالاَ: جِئْنَاكَ نَسْأَلُكَ عَنْ أَهْلِكَ، قَالَ:" أَحَبُّ أَهْلِيْ إِلَيَّ مَنْ قَدْ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَأَنْعَمْتُ عَلَيْهِ: أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ" قَالاَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ:" ثُمَّ عَلِيُّ بْنُ أَبِيْ طَالِبٍ" فَقَالَ الْعَبَّاسُ: يَارسولَ اللّٰهِ! جَعَلْتَ عَمَّكَ آخِرَهُمْ! قَالَ:" إِنَّ عَلِيًّا قَدْ سَبَقَكَ بِالْهِجْرَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَكَانَ شُعْبَةُ يُضَعِّفُ عُمَرَ بْنَ أَبِيْ سَلَمَةَ.

فضائل حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ کا قبیلہ بجیلہ سے تعلق تھا۔ وکان سیِّدًا مُطاعًا ملیحاً طُوالاً۔ آپؓ کب مسلمان ہوئے؟ اس میں اختلاف ہے۔ راجح قول ۹ ہجری ہے۔ ذوالخلصہ کا مندر نبی ﷺ نے آپؓ کے ذریعہ ہدم کرایا تھا۔ بڑے حسین وجمیل تھے۔ حضرت عمرؓ آپؓ کو ''اس امت کا یوسف'' کہا کرتے تھے۔ جنگ قادسیہ میں بجیلہ کا علم آپ کے ہاتھ میں تھا، حضرت علیؓ نے آپ کو سفیر بنا کر حضرت معاویہؓ کے پاس بھیجا تھا، مگر بعد میں آپ فتنوں سے الگ ہوگئے، اور ۵۱ ہجری میں وفات پائی۔

حضرت جریرؓ سے آپؐ نے کبھی پردہ نہیں کیا، اور جب بھی ان سے ملاقات ہوئی آپؐ مسکرائے!

حدیث: حضرت جریرؓ خود بیان کرتے ہیں: جب سے میں مسلمان ہوا ہوں: نبی ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا یعنی جب بھی اجازت طلب کی اجازت دیدی، اور جب بھی نبی ﷺ نے مجھے دیکھا مسکرائے ہیں۔ یہ مسکرانا اکرام کے لئے تھا، جب وہ پہلی مرتبہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے تو آپؐ نے ان کے اکرام میں اپنی چادر

بچھائی تھی اور فرمایا تھا:إذَا أتاكم كريم قوم فأكرموه: جب تمہارے پاس کسی قوم کا معزز آدمی آئے تو اس کا اکرام کرو، اور خندہ پیشانی سے ملنا بھی اکرام ہے —— اور حدیث کی دونوں سندوں میں فرق یہ ہے کہ پہلی سند میں زائدہ کے استاذ بیان بن بشر احمسی ہیں، اور دوسری سند میں اسماعیل بن ابی خالد، باقی کچھ فرق نہیں۔

[١١٤-] مَنَاقِبُ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ رضى الله عنه

[٣٨٥٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو الْأَزْدِيُّ، نَا زَائِدَةُ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِى حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا حَجَبَنِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِىْ إِلَّا ضَحِكَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٨٥٣-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنِىْ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنِىْ زَائِدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: مَا حَجَبَنِىْ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِىْ إِلَّا تَبَسَّمَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

فضائل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما

حضرت عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب قرشی ہاشمی رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے چچازاد بھائی۔کنیت: ابوالعباس۔ خلفائے عباسیہ کے جدامجد، ولادت: مکہ میں ہجرت سے تین سال پہلے۔وفات: طائف میں ۶۸ ہجری میں۔لقب: ترجمان القرآن اور حبر الامۃ۔حضرت عمرؓ مشکلات آپ سے حل کراتے تھے، اور اکابر صحابہ پر آپ کو مقدم رکھتے تھے۔ والدہ ماجدہ: ام الفضل لبابۃ الکبری رضی اللہ عنہا۔

ابن عباسؓ نے دومرتبہ جبرئیلؑ کو دیکھا، اور دومرتبہ آپؐ نے ان کے لئے حکمت کی دعا کی

حدیث (۱): حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے دومرتبہ جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، اور ان کے لئے دومرتبہ نبی ﷺ نے دعا فرمائی۔

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: میرے لئے رسول اللہ ﷺ نے دومرتبہ دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ مجھے حکم (حکمت) عطا فرمائیں!

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے سینہ سے لگایا، اور فرمایا:اللّٰھم! عَلِّمْهُ الحكمة: اے اللہ! اس کو حکمت سکھلا!

تشریح: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دومرتبہ جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا:

ایک مرتبہ: حدیث جبرئیل کے موقعہ پر۔ جب جبرئیل علیہ السلام انسانی صورت میں صحابہ کے درمیان تشریف لائے تھے، اور ایمان، اسلام، احسان اور قیامت کے بارے میں سوالات کئے تھے، اس وقت اور حضرات نے بھی جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا تھا۔

دوسری مرتبہ: حضرت عباسؓ نے کسی ضرورت سے ابن عباس کو نبی ﷺ کے پاس بھیجا۔ وہ گئے تو نبی ﷺ کے پاس کوئی آدمی تھا، وہ لوٹ آئے اور ابا سے کہا کہ آپؐ کے پاس کوئی آدمی بیٹھا ہے، اس لئے میں لوٹ آیا، پھر حضرت عباسؓ خود آئے تو کوئی نہیں تھا۔ حضرت عباسؓ نے ابن عباسؓ کی بات ذکر کی تو آپؐ نے فرمایا: ''وہ جبرئیل تھے'' (یہ واقعہ طبقات ابن سعد میں ہے)

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے لئے نبی ﷺ نے دومرتبہ دعا کی:

ایک مرتبہ: جب نبی ﷺ حضرت میمونہؓ کے گھر میں استنجے کے لئے تشریف لے گئے تو ابن عباسؓ نے وضوء کے لئے پانی رکھا۔ آپؐ نے پوچھا: پانی کس نے رکھا؟ بتایا گیا کہ عبداللہ نے رکھا، پس آپؐ نے ان کو فقہ وفہم کی دعا دی۔

دوسری مرتبہ: جب آپؐ تہجد کے لئے کھڑے ہوئے تو ابن عباس بائیں طرف کھڑے ہوئے، آپؐ نے ان کو دائیں طرف برابر میں کھڑے ہونے کا اشارہ کیا، تو وہ دائیں طرف ذرا پیچھے کھڑے ہوئے، سلام پھیرنے کے بعد آپؐ نے پوچھا: تم برابر کیوں نہیں کھڑے ہوئے؟ ابن عباس نے جواب دیا: آپ اللہ کے نبی ہیں، میرے لئے برابر میں کھڑا ہونا مناسب نہیں۔ پس آپؐ نے پھر دعا دی: اللّٰهم عَلِّمْهُ الحكمةَ: اے اللہ! اس کو حکمت سکھلا!

اور حکم وحکمت کے ایک معنی ہیں، اور یہ لفظ وسیع المعنی ہے۔ اور: ﴿يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ﴾ میں حکمت کے جو معنی ہیں وہی یہاں مراد ہیں۔ تعلیم القرآن کا ایک ابتدائی مرحلہ ہے، دوسرا انتہائی، یہی مرتبہ حکمت ہے، اور وہ حدیثوں کو بھی شامل ہے۔ نیز احکام میں محکوم بہ اور محکوم علیہ کے درمیان جو نسبت حکمیہ ہوتی ہے وہ بھی حکمت ہے، اور یہ مرتبہ غایت الغایات ہے، اس کی تفصیل حضرت نانوتوی قدس سرہ کی کتاب ''آب حیات'' کے شروع میں ہے۔

[۱۱۵-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ رضی الله عنهما

[۳۸۵٤-] حدثنا بُنْدَارٌ، وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، قَالاَ: نَا أَبُوْ أَحْمَدَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِى جَهْضَمٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ رَأَى جِبْرَئِيْلَ مَرَّتَيْنِ، وَدَعَا لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم مَرَّتَيْنِ.

هٰذَا حديثٌ مُرْسَلٌ، وَأَبُوْ جَهْضَمٍ لَمْ يُدْرِكِ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَاسْمُهُ مُوْسَى بْنُ سَالِمٍ.

[۳۸۵۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُؤَدِّبُ، نَا قَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِى سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَعَا لِى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنْ يُؤْتِيَنِىَ اللّٰهُ الْحُكْمَ

مَرَّتَيْنِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ عَطَاءٍ، وَقَدْ رَوَاهُ عِكْرَمَةُ عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ.

[٣٨٥٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، نَا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ضَمَّنِيْ إِلَيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَالَ: "اللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْحِكْمَةَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

فضائل حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

حضرت ابوعبدالرحمٰن: عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما: جلیل القدر صحابی ہیں۔ ولادت: ہجرت سے دس سال قبل مکہ میں۔ وفات: ۷۳ ہجری میں مکہ میں۔ مطابق ۶۱۳-۶۹۲ عیسوی۔ مدت عمر: تراسی سال۔ اپنے والد صاحب کے ساتھ مسلمان ہوئے، اور انہی کے ساتھ ہجرت کی۔ غزوۂ خندق سے جہاد میں شرکت کی، نبی ﷺ سے بڑا علم حاصل کیا، ساٹھ سال تک فتوی دیا اور جب وفات پائی تو فضل وکمال میں اپنے والد صاحب کے مرتبہ تک پہنچ چکے تھے۔ وهو أحد العبادلة، وفقهاء الصحابة، والمكثرين منهم۔

عبداللہ نیک آدمی ہے!

حدیث: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں نے خواب میں دیکھا۔ گویا میرے ہاتھ میں ریشم کا ٹکڑا ہے۔ میں اس کے ذریعہ جنت کی جس جگہ کی طرف اشارہ کرتا ہوں: وہ مجھے اڑا کر وہاں لے جاتا ہے، پس میں نے یہ خواب حفصہ رضی اللہ عنہا سے ذکر کیا، انھوں نے یہ خواب نبی ﷺ سے ذکر کیا۔ تو آپؐ نے فرمایا: "تمہارا بھائی نیک آدمی ہے" یا فرمایا: "عبداللہ نیک آدمی ہے!"

تشریح: یہ متفق علیہ روایت ہے۔ اور ایک دوسری روایت میں: ایک دوسرے خواب میں نبی ﷺ نے فرمایا: نعم الرجلُ عبد الله، لو كان يصلي من الليل: عبداللہ اچھا آدمی ہے، کاش وہ رات میں نماز پڑھتا! چنانچہ وہ رات میں بس برائے نام سوتے تھے، کئی کئی مرتبہ اٹھ کر تہجد پڑھتے تھے۔

[١١٦-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رضی الله عنهما

[٣٨٥٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: رَأَيْتُ فِيْ الْمَنَامِ كَأَنَّمَا بِيَدِيْ قِطْعَةُ إِسْتَبْرَقٍ، وَلاَ أُشِيْرُ بِهَا إِلَى مَوْضِعٍ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا طَارَتْ بِيْ إِلَيْهِ، فَقَصَصْتُهَا عَلَى حَفْصَةَ، فَقَصَّتْهَا حَفْصَةُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "إِنَّ أَخَاكَ رَجُلٌ صَالِحٌ" أَوْ: "إِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ صَالِحٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

فضائل حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہما

حضرت ابوبکر عبداللہ بن الزبیر بن العوام رضی اللہ عنہما: ہجرت کے بعد ایک ہجری میں مدینہ میں پیدا ہوئے۔ اور ۷۳ ہجری میں مکہ میں شہید ہوئے۔ یزید کی موت کے بعد ۶۴ ہجری میں خلیفہ چنے گئے، عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں حجاج ثقفی کے ہاتھوں جام شہادت نوش فرمایا۔ والدہ ماجدہ: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما، وهو أحد العبادلة، وأحد الشجعان من الصحابة، وأحد من ولی الخلافة منهم۔

نبی ﷺ نے آپ کا نام رکھا اور تحنیک کی!

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ نے حضرت زبیرؓ کے گھر میں چراغ جلتا ہوا دیکھا، پس فرمایا: ''عائشہ! میرا گمان ہے کہ اسماء نے بچہ جنا ہے، پس تم اس کا نام نہ رکھنا، یہاں تک کہ میں اس کا نام رکھوں'' پس آپؐ نے ان کا نام عبداللہ رکھا، اور کھجور سے ان کی تحنیک کی (تحنیک: کھجور وغیرہ چبا کر بچے کے تالو کو لگانا)

[۱۱۷-] مَنَاقِبُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رضی الله عنه

[۳۸۵۸-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْجَوْهَرِيُّ، نَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلی الله علیه وسلم رَأَى فِيْ بَيْتِ الزُّبَيْرِ مِصْبَاحًا، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ! مَا أُرَى أَسْمَاءَ إِلَّا قَدْ نُفِسَتْ، فَلَا تُسَمُّوْهُ حَتَّى أُسَمِّيَهُ، فَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ، وَحَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

فضائل حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

حضرت انس بن مالک نجاری، خزرجی، انصاری رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے خادم (دس سال خدمت کی) والدہ ماجدہ: حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا۔ ولادت: ہجرت سے دس سال پہلے۔ وفات: بصرہ میں ۹۳ ہجری میں (بصرہ میں وفات پانے والے آخری صحابی) مدت عمر ایک سو تین سال۔ مطابق ۶۱۲-۷۱۲ عیسوی۔ کنیت: ابوثمامہ اور ابوحمزۃ، مکثرین صحابہ میں سے ہیں۔

۱- حضرت انسؓ کے لئے نبی ﷺ کی دعائیں

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ گذرے، پس میری امی ام سُلیم نے آپؐ کی آواز سنی، پس انھوں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! اے اللہ کے رسول! یہ چھوٹا انس! حضرت انس کہتے ہیں: پس

نبی ﷺ نے میرے لئے تین دعائیں کیں، ان میں سے دو کو میں نے دنیا میں دیکھ لیا ہے، یعنی مال اور اولاد کی کثرت کی دعائیں پوری ہو گئی ہیں، اور میں تیسری دعا کی آخرت میں امید رکھتا ہوں کہ وہ بھی پوری ہو گی۔ یہ مغفرت کی دعا ہے۔

حدیث (۲): حضرت ام سُلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کا خادم انس: اللہ تعالیٰ سے اس کے لئے دعا فرمائیں۔ پس آپؐ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! اس کے مال اور اولاد کو بڑھا! اور اس چیز میں برکت فرما جو آپ اس کو دیں!''

حدیث (۳): ابوالعالیہ کہتے ہیں: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے دس سال نبی ﷺ کی خدمت کی، اور نبی ﷺ نے آپؓ کے لئے دعا فرمائی۔ اور انسؓ کا ایک باغ تھا جو سال میں دو مرتبہ پھلتا تھا، اور اس باغ میں نازبو (ایک خوشبودار پودا، سیاہ تلسی) تھی، جس سے مشک کی خوشبو آتی تھی (یہ روایت آخر میں ہے)

۲- نبی ﷺ کی حضرت انسؓ سے دل لگی

حدیث (۴): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے میری کنیت (ابو حمزہ) رکھی تھی، ایک (زبان کو لگنے والی چرچری) سبزی کی وجہ سے جس کو میں (کھیتوں سے) چن کر لایا کرتا تھا۔

حدیث (۵): نبی ﷺ نے ایک مرتبہ دل لگی کے طور پر اپنے خادم انس رضی اللہ عنہ کو: ''او دو کان والے'' کہہ کر پکارا (یہ حدیث پہلے حدیث ۱۹۸۸ تحفہ ۵: ۳۲۸ میں) آچکی ہے۔

۳- حضرت انسؓ نے نبی ﷺ سے بڑا علم حاصل کیا

حدیث (۶): حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے شاگرد ثابت بنانی سے فرمایا: او ثابت! مجھ سے (کتاب وسنت کا) علم حاصل کر لے، پس تو ہرگز مجھ سے زیادہ معتمد شخص سے علم حاصل نہیں کرے گا (آپؓ بصرہ میں وفات پانے والے آخری صحابی ہیں) میں نے یہ علم رسول اللہ ﷺ سے حاصل کیا ہے، اور رسول اللہ ﷺ نے یہ علم جبرئیل علیہ السلام سے حاصل کیا ہے، اور حضرت جبرئیل نے یہ علم اللہ تعالیٰ سے حاصل کیا ہے۔

یہ امام ترمذی کے استاذ ابراہیم بن یعقوب جوزجانی کی روایت ہے، اور ابوکریب محمد بن العلاء کی روایت میں آخری دو جملے نہیں ہیں۔

[۱۱۸-] مَنَاقِبُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ

[۳۸۵۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْجَعْدِ أَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَرَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَمِعَتْ أُمِّيْ أُمُّ سُلَيْمٍ صَوْتَهُ، فَقَالَتْ: بِأَبِيْ وَأُمِّيْ! يَارسولَ اللّٰهِ! أُنَيْسٌ! قَالَ: فَدَعَا لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَلَاثَ دَعَوَاتٍ، قَدْ رَأَيْتُ مِنْهُنَّ اثْنَتَيْنِ فِيْ

الدُّنْيَا، وَأَنَا أَرْجُوْ الثَّالِثَةَ فِیْ الآخِرَةِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غَرِيْبٌ مِنْ هٰذَاالْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۳۸۶۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ، أَنَّهَا قَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ خَادِمُكَ ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: ”اللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ، وَوَلَدَهُ، وَبَارِكْ لَهُ فِيْمَا أَعْطَيْتَهُ“ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۶۱-] حدثنا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ الطَّائِیُّ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ جابرٍ، عَنْ أَبِیْ نَصْرٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَنَّانِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم بِبَقْلَةٍ، كُنْتُ أَجْتَنِيْهَا.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ: مِنْ حَدِيْثِ جَابِرٍ الْجُعْفِیِّ، عَنْ أَبِیْ نَصْرٍ، وَأَبُوْ نَصْرٍ: هُوَ خَيْثَمَةُ بْنُ أَبِیْ خَيْثَمَةَ الْبَصْرِیُّ، رَوَی عَنْ أَنَسٍ أَحَادِيْثَ.

[۳۸۶۲-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، نَا مَيْمُوْنٌ: أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ، نَا ثَابِتٌ الْبُنَانِیُّ، قَالَ: قَالَ لِیْ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: يَا ثَابِتُ! خُذْ عَنِّیْ، فَإِنَّكَ لَنْ تَأْخُذَ عَنْ أَحَدٍ أَوْثَقَ مِنِّیْ، إِنِّیْ أَخَذْتُهُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَأَخَذَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ جِبْرَئِيْلَ، وَأَخَذَهُ جِبْرَئِيْلَ عَنِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ.

حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا زَيْدُ بْنُ الحُبَابِ، عَنْ مَيْمُوْنٍ أَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ثابتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَ حَدِيْثِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ يَعْقُوْبَ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: وَأَخَذَهُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ جِبْرَئِيْلَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إلَّا مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ.

[۳۸۶۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رُبَّمَا قَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم:” يَاذَا الْأُذُنَيْنِ“ قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: يَعْنِیْ يُمَازِحُهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۳۸۶۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ أَبِیْ خَلْدَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِیْ الْعَالِيَةِ: سَمِعَ أَنَسٌ مِنَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: خَدَمَهُ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَدَعَا لَهُ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَكَانَ لَهُ بُسْتَانٌ يَحْمِلُ فِیْ السَّنَةِ الْفَاكِهَةَ مَرَّتَيْنِ، وَكَانَ فِيْهَارَيْحَانٌ يَجِدُ مِنْهُ رِيْحَ الْمِسْكِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، وَأَبُوْ خَلْدَةَ: اسْمُهُ خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ أَدْرَكَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، وَرَوَی عَنْهُ.

فضائل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

حضرت ابوہریرہ عبدالرحمٰن بن صخر (مشہور نام) دَوسی رضی اللہ عنہ (دَوس: یمن کا قبیلہ ہے) ولادت: ۲۱ سال قبل ہجرت۔ وفات ۵۹ ہجری (مدینہ میں) مطابق ۶۰۲-۶۷۹ عیسوی۔ مدتِ عمر: اسّی سال۔ ۷ہجری میں خیبر کے سال ہجرت کرکے مدینہ آئے۔ صحابہ میں سب سے زیادہ حدیثوں کے راوی (پانچ ہزار سے زیادہ حدیثیں آپؓ سے مروی ہیں) اور آٹھ سو صحابہ وتابعین آپؓ سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے آپؓ کو بحرین کا گورنر بنایا تھا، مگر نرم طبیعت اور عبادت میں مشغول پایا تو معزول کردیا۔ عارضی طور پر کئی مرتبہ مدینہ کے حاکم رہے (الهِرُّ: نر بلی (بلاؤ) الهِرَّة: مادہ بلی، الهُرَیْرَة (تصغیر) بلی کا بچہ، ابوہریرہ: بلی کے بچے والا، وجہ تسمیہ آگے آرہی ہے)

۱- حضرت ابوہریرہؓ کی کثرتِ احادیث کا راز

حدیث (۱): حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپؐ سے حدیثیں سنتا ہوں، مگر وہ مجھے یاد نہیں رہتیں! آپؐ نے فرمایا: ''اپنی (کرتے کی جگہ اوڑھنے کی) چادر پھیلاؤ'' پس میں نے اس کو پھیلایا۔ پس آپؐ نے بہت ساری حدیثیں بیان فرمائیں۔ پس میں ان میں سے جو آپؐ نے مجھ سے بیان کیں: کوئی چیز نہیں بھولا! (یہ حدیث بخاری شریف میں چھ جگہ ہے)

حدیث (۲): حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں: میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا، پس میں نے آپؐ کے پاس اپنا کپڑا پھیلا دیا، پھر آپؐ نے اس کو لیا، اور اس کو میرے دل پر جمع کرلیا (لگالیا) ابوہریرہؓ کہتے ہیں: پس میں اس کے بعد نہیں بھولا۔

واقعہ کی نوعیت: ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم لمبے خطاب کے لئے کھڑے ہوئے۔ خطاب کے شروع میں آپؐ نے فرمایا: ''کوئی ہے جو میرے سامنے اپنا کپڑا بچھادے، پھر جب میں تقریر ختم کروں تو وہ اپنا کپڑا اسمیٹ لے؟'' حضرت ابوہریرہؓ نے اوڑھی ہوئی چادر: بچھادی۔ پھر جب خطاب پورا ہوا تو انھوں نے چادر سمیٹ کر اپنے سینہ سے لگالی۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ اس لمبے خطاب کی سب باتیں بھی ابوہریرہؓ کو یاد ہوگئیں، اور آئندہ بھی آپؐ جو کچھ فرماتے: وہ ان کو یاد ہوجاتا۔

[۱۱۹-] مَنَاقِبُ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنه

[۳۸۶۵-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، نَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِیْدِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَسْمَعُ مِنْكَ أَشْیَاءَ فَلاَ أَحْفَظُهَا! قَالَ: "ابْسُطْ رِدَاءَ كَ" فَبَسَطْتُّهُ، فَحَدَّثَ حَدِیْثًا كَثِیْرًا، فَمَا نَسِیْتُ شَیْئًا حَدَّثَنِیْ بِهِ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ.

[٣٨٦٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، نَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ أَبِي الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَبَسَطْتُ ثَوْبِيْ عِنْدَهُ، ثُمَّ أَخَذَهُ، فَجَمَعَهُ عَلَى قَلْبِيْ، قَالَ: فَمَا نَسِيْتُ بَعْدَهُ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

٢-صحابہ نے حضرت ابو ہریرہؓ کی کثرتِ روایت کی تائید کی!

حدیث (۱): حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے جو (مکثرین صحابہ میں سے تھے) حضرت ابو ہریرہؓ سے کہا: ''اے ابو ہریرہؓ! آپ ہم سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لگے رہنے والے تھے، اور ہم سے زیادہ حدیثیں یاد رکھنے والے تھے!''

حدیث (۲): ایک شخص حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ کے پاس آیا (آپؓ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں) اور اس نے کہا: اے ابو محمد! بتائیں: یہ یمنی یعنی حضرت ابو ہریرہ: کیا وہ رسول اللہ ﷺ کی حدیثوں کو آپ حضرات سے زیادہ جاننے والا ہے؟ ہم اس سے وہ حدیثیں سنتے ہیں جو آپ حضرات سے نہیں سنتے! یا وہ رسول اللہ ﷺ کے نام سے وہ باتیں کہتا ہے جو آپؐ نے نہیں فرمائیں! —— حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سنو! بیشک شان یہ ہے کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ سے وہ باتیں سنی ہیں جو ہم نے آپؐ سے نہیں سنیں۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ مسکین آدمی تھے، ان کے پاس کچھ نہیں تھا، وہ رسول اللہ ﷺ کے مہمان تھے، ان کا ہاتھ رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ کے ساتھ تھا یعنی ان کا ہر وقت کا ساتھ تھا۔ اور ہم گھروں والے اور مال والے تھے، اور ہم صبح وشام خدمتِ نبوی میں حاضری دیتے تھے، پس میں بالیقین کہتا ہوں کہ انھوں نے نبی ﷺ سے وہ باتیں سنی ہیں جو ہم نے نہیں سنیں۔ اور نہیں پائیں گے آپ کسی کو جس میں خیر ہو کہ وہ رسول اللہ ﷺ پر وہ باتیں کہے جو آپؐ نے نہیں کہیں یعنی کوئی بھلا آدمی جھوٹی حدیثیں بیان نہیں کرسکتا۔

[٣٨٦٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا يَعْلَى بْنُ عَطَاءٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ قَالَ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ: أَنْتَ كُنْتَ أَلْزَمَنَا لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَحْفَظَنَا لِحَدِيْثِهِ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٣٨٦٨-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، نَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِيْ شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَبِيْ عَامِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى طَلْحَةَ ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا أَبَا مُحمدٍ! أَرَأَيْتَ هٰذَا اليَمَانِيَّ - يَعْنِيْ أَبَا هُرَيْرَةَ - أَهُوَ أَعْلَمُ بِحَدِيْثِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْكُمْ؟ نَسْمَعُ مِنْهُ مَالاَ نَسْمَعُ مِنْكُمْ! أَوْ يَقُوْلُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَالَمْ يَقُلْ؟ قَالَ: أَمَا إِنْ يَّكُوْنُ سَمِعَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَالَمْ نَسْمَعْ عَنْهُ،

وَذٰلِكَ أَنَّهُ كَانَ مَسْكِيْنًا، لَاشَيْئَ لَهُ، ضَيْفًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَدُهُ مَعَ يَدِ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكُنَّا نَحْنُ أَهْلَ بُيُوْتَاتٍ وَغِنًى، وَكُنَّا نَأْتِيْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَرَفَيِ النَّهَارِ، لَاأَشُكُّ إِلَّا أَنَّهُ سَمِعَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَالَمْ نَسْمَعْ، وَلَاتَجِدُ أَحَدًا فِيْهِ خَيْرٌ يَقُوْلُ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَالَمْ يَقُلْ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، وَقَدْ رَوَاهُ يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ وَغَيْرُهُ عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ.

وضاحتیں:

۱- دوسری حدیث میں امام ترمذی کے استاذ الاستاذ احمد بن ابی شعیب حرانی ہیں۔ ہندی نسخہ میں احمد بن سعید حرانی ہے، یہ پرانی غلطی ہے۔ تصحیح تہذیب، مزّی کی تحفۃ الاشراف اور تحفۃ الاحوذی سے کی ہے۔

۲- أما إن يَّكُوْنُ إلخ میں أما: حرف تنبیہ ہے، إِنْ: مخففہ من المثقلہ ہے، ضمیر شان إن کا اسم محذوف ہے، اور جملہ یکونُ خبر ہے۔ ہندی نسخہ میں أَمَّا أن یکونَ: اعراب لگایا ہے، یہ غلط اعراب ہے۔

۳- لاأشك إلا أنه: میں إلا زائد ہے۔ یہ حدیث امام بخاری کی تاریخ اور ابو یعلی کے مسند میں بھی ہے۔ ان کے الفاظ ہیں: فما نشك أنه قد سمع مالم نسمع۔

۳- گدڑی میں لعل!

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مجھ سے پوچھا: تم کس قبیلہ کے ہو؟ میں نے کہا: دوس کا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا: ''نہیں گمان کرتا تھا میں کہ قبیلۂ دوس کے کسی آدمی میں خیر ہے!'' (یعنی کبھی کوڑے میں سے ہیرا نکلتا ہے!)

۴- دعائے نبوی سے ابو ہریرہؓ کے چھوہاروں میں برکت ہوئی

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس چند چھوہارے لایا۔ اور عرض کیا: یارسول اللہ! ان چھوہاروں میں اللہ تعالیٰ سے برکت کی دعا فرمائیں، پس آپؐ نے ان کو ملایا یعنی ہاتھ میں لیا یا ان پر ہاتھ رکھا، پھر ان میں برکت کی دعا فرمائی، پھر مجھ سے فرمایا: ''ان کو لے لو، اور ان کو اپنے توشہ دان میں رکھ لو، اور جب بھی چاہو کہ ان میں سے کچھ لو، تو اپنا ہاتھ توشہ دان میں ڈالو، اور ان کو لے لو، اور توشہ دان کو بالکل جھاڑ نہ دو'' —— پس میں نے ان چھوہاروں میں سے اتنے اور اتنے وسق: راہِ خدا میں خرچ کئے، اور ہم اس میں سے کھایا کرتے تھے، اور کھلایا کرتے تھے،

اوروہ توشہ دان میری کمر سے علاحدہ نہیں ہوتا تھا، یہاں تک کہ حضرت عثمانؓ کے قتل کا دن آیا، پس وہ توشہ دان کٹ گیا۔

[٣٨٦٩-] حدثنا بِشْرُ بْنُ آدمَ ابْنِ ابْنَةِ أَزْهَرَ السَّمَّانِ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، نَا أَبُوْ خَلْدَةَ، نَا أَبُوْ العَالِيَةِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ لِيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" مِمَّنْ أَنْتَ؟" قُلْتُ: مِنْ دَوْسٍ، قَالَ:" مَا كُنْتُ أُرَى أَنَّ فِيْ دَوْسٍ أَحَدًا فِيْهِ خَيْرٌ!"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ صَحيحٌ، وَأَبُوْ خَلْدَةَ: اسْمُهُ خَالِدُ بْنُ دِيْنَارٍ، وَأَبُوْ الْعَالِيَةِ: اسْمُهُ رُفَيْعٌ.

[٣٨٧٠-] حدثنا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى القَزَّازُ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، نَا الْمُهَاجِرُ، عَنْ أَبِىْ الْعَالِيَةِ الرِّيَاحِيِّ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بِتَمَرَاتٍ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، فَضَمَّهُنَّ، ثُمَّ دَعَا لِيْ فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، فَقَالَ لِيْ:" خُذْهُنَّ، فَاجْعَلْهُنَّ فِيْ مِزْوَدِكَ هٰذَا- أَوْ: فِيْ هٰذَا الْمِزْوَدِ- كُلَّمَا أَرَدْتَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُ شَيْئًا فَأَدْخِلْ يَدَكَ فِيْهِ، فَخُذْهُ، وَلاَ تَنْثُرْهُ نَثْرًا" فَقَدْ حَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا مِنْ وَسْقٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَكُنَّا نَأْكُلُ مِنْهُ، وَنُطْعِمُ، وَكَانَ لاَيُفَارِقُ حِقْوِيْ، حَتَّى كَانَ يَوْمُ قَتْلِ عُثْمَانَ، فَإِنَّهُ انْقَطَعَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ.

۵-ابو ہریرہؓ کی کنیت کی وجہ

روایت: عبداللہ بن رافع کہتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا: آپ کی کنیت ابو ہریرہ کیوں پڑی؟ حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: کیا تو مجھ سے ڈرتا نہیں؟ (جو بے تکلف ایسی باتیں پوچھتا ہے؟) میں نے کہا: کیوں نہیں! میں یقیناً آپؓ سے ڈرتا ہوں (مگر استاذ کے احوال سے واقفیت کے لئے یہ بات دریافت کررہا ہوں) حضرت ابو ہریرہؓ نے فرمایا: میں اپنے گھر والوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا، اور میرے پاس ایک چھوٹی بلی تھی، میں اس کو رات میں ایک درخت میں رکھتا تھا، اور جب دن ہوتا تو میں اس کو اپنے ساتھ لے جاتا، اوراس سے کھیلتا، اس لئے لوگوں نے میری کنیت ابو ہریرہ رکھ لی۔

۶-لکھنا حفظ میں معاون ہوتا ہے

روایت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے زیادہ کوئی رسول اللہ ﷺ کی حدیثیں روایت کرنے والا نہیں، علاوہ عبداللہ بن عمرو بن العاص کے، کیونکہ وہ لکھتے تھے، اور میں لکھتا نہیں تھا (یہ روایت پہلے (حدیث ۲۶۶۸ تحفہ ۶:۴۴۵) آچکی ہے)

فائدہ: مگر حدیثیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے زیادہ مروی ہیں، کیونکہ وہ زندگی بھر پڑھنے پڑھانے میں لگے رہے، اور حضرت عبداللہ کے اور بھی مشاغل تھے، پھر حضرت ابوہریرہؓ کو اچھے تلامذہ ملے، جنھوں نے ان کو تر ایا، اور حضرت عبداللہ کو ایسے اچھے شاگرد نہیں ملے، بلکہ ان کے پوتے (شعیب) نے تو دادا کی حدیثیں بے اعتبار کردیں، اس لئے ان کی حدیثوں کی تعداد کم رہ گئی۔

[۳۸۷۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الرَّبَاطِيُّ، نَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، نَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَبِيْ هُرَيْرَةَ: لِمَ كُنِّيْتَ أَبَا هُرَيْرَةَ؟ قَالَ: أَمَا تَفْرَقُ مِنِّيْ؟ قُلْتُ: بَلَى! وَاللّٰهِ! إِنِّيْ لَأَهَابُكَ، قَالَ: كُنْتُ أَرْعَى غَنَمَ أَهْلِيْ، وَكَانَتْ لِيْ هُرَيْرَةٌ صَغِيْرَةٌ، فَكُنْتُ أَضَعُهَا بِاللَّيْلِ فِيْ شَجَرَةٍ، فَإِذَا كَانَ النَّهَارُ ذَهَبْتُ بِهَا مَعِيْ، فَلَعِبْتُ بِهَا فَكَنَّوْنِيْ أَبَا هُرَيْرَةَ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۸۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَخِيْهِ: هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَيْسَ أَحَدٌ أَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنِّيْ، إِلَّا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ، وَكُنْتُ لَا أَكْتُبُ.

فضائل حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ

حضرت معاویۃ بن ابی سفیان: صخر بن حرب بن امیۃ بن عبد شمس بن عبد مناف قرشی، اموی رضی اللہ عنہ: ولادت: مکہ میں ہجرت سے بیس سال پہلے۔ وفات: دمشق میں ۶۰ ہجری میں۔ مطابق ۶۰۳-۶۸۰ عیسوی۔ مدتِ عمر: اسّی سال، فتح مکہ سے پہلے مسلمان ہوئے۔ کاتبین وحی میں سے تھے، حضرت عمرؓ نے آپ کو اردن کا والی مقرر کیا، پھر حضرت عثمانؓ نے ملک شام بھی آپ کی ولایت میں شامل کیا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلیفہ ہوتے ہی آپ کو معزول کردیا، مگر آپ نے عزل تسلیم نہیں کیا، بلکہ حضرت عثمانؓ کے قصاص کا مطالبہ شروع کردیا، اور اس خون کا ذمہ دار حضرت علی کو قرار دیا، جس کے نتیجہ میں جنگ صفین ہوئی، پھر تحکیم کا واقعہ پیش آیا، پھر نتیجہ یہ نکلا کہ حکومت دو حصوں میں تقسیم ہوگئی، شام میں معاویہ اور عراق میں علی رضی اللہ عنہما حکومت کرتے رہے، پھر قتل علیؓ کے بعد حضرت حسنؓ خلیفہ ہوئے تو انھوں نے ۴۱ ہجری میں حضرت معاویہ سے مصالحت کرلی، اس کے بعد بیس سال تک آپ نے بلا منازعت حکومت کی، اور وفات سے پہلے اپنے بیٹے یزید کے لئے بیعت لی: فكانت ولايتُه بين إمارةٍ، ومحاربةٍ، ومملكةٍ أكثر من أربعين سنة متوالية۔

آپ کے فضائل میں کوئی حدیث صحیح نہیں۔ امام احمد رحمہ اللہ سے ان کے بیٹے عبداللہ نے پوچھا: علی اور معاویہ کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ آپ سے سر جھکالیا، پھر فرمایا: حضرت علیؓ کے مخالفین بہت تھے، انھوں نے ہر چند

آپ میں عیب ڈھونڈھا، مگر نہ پایا، تو انھوں نے آپ کے محارب (حضرت معاویہ) کو حد سے بڑھایا یعنی ان کے فضائل میں حدیثیں گھڑیں (پھر اس کے جواب میں شیعوں نے بھی حضرت علیؓ کی شان میں حدیثیں گھڑیں)

معاویہ کو راہ نما ہدایت مآب بنا، اور ان کے ذریعہ لوگوں کو راہ دکھا!

حدیث (۱): عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے حضرت معاویہؓ کے حق میں فرمایا: ''اے اللہ! معاویہ کو راہ نما ہدایت مآب بنا، اور ان کے ذریعہ (لوگوں کو) راہ دکھا''

تشریح: عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ صحابی ہیں یا نہیں؟ ترمذی میں ان کی یہی حدیث ہے، علامہ ابن عبدالبر کہتے ہیں: **لاتصح صحبته، ولایصح إسناد حدیثه**: ان کا صحابی ہونا ثابت نہیں، اور ان کی حدیث کی سند بھی صحیح نہیں!

حدیث (۲): ابوادریس خولانی کہتے ہیں: جب حضرت عمرؓ نے عمیر بن سعدؓ کو حمص کی گورنری سے معزول کیا تو معاویہؓ کو حاکم بنایا۔ پس لوگوں نے کہا: عمیر کو ہٹایا اور معاویہ کو حاکم بنایا! یعنی حضرت عمرؓ نے ٹھیک نہیں کیا۔ پس حضرت عمیرؓ نے کہا: معاویہ کا تذکرہ خیر ہی کے ساتھ کرو، کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اے اللہ! اس کے ذریعہ (لوگوں کو) راہ دکھا! (اس حدیث کی سند میں عمرو بن واقد دمشقی: متروک راوی ہے۔ اور حضرت عمیرؓ انصاری اوسی صحابی ہیں، حضرت عمرؓ ان کو نَسِیْجُ وَحْدِہ: اپنی مثال آپ: کہا کرتے تھے)

[۱۲۰-] مَنَاقِبُ مُعَاوِیَةَ بْنِ أَبِیْ سُفْیَانَ رضی اللہ عنه

[۳۸۷۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ یَحْیٰی، نَا أَبُوْ مُسْهِرٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ، عَنْ رَبِیْعَةَ بْنِ یَزِیْدَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِیْ عَمِیْرَةَ، وَکَانَ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم، أَنَّهُ قَالَ لِمُعَاوِیَةَ: '' اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِیًا مَهْدِیًّا، وَاهْدِ بِهِ '' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ.

[۳۸۷٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ یَحْیٰی، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحمدٍ النُّفَیْلِیُّ، نَا عَمْرُو بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ یُوْنُسَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ أَبِیْ إِدْرِیْسَ الْخَوْلاَنِیِّ، قَالَ: لَمَّا عَزَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُمَیْرَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ حِمْصٍ، وَلّٰی مُعَاوِیَةَ، فَقَالَ النَّاسُ: عَزَلَ عُمَیْرًا وَوَلّٰی مُعَاوِیَةَ! فَقَالَ عُمَیْرٌ: لاَتَذْکُرُوْا مُعَاوِیَةَ إِلاَّ بِخَیْرٍ، فَإِنِّي سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم یَقُوْلُ: '' اَللّٰهُمَّ اهْدِ بِهِ''

فضائل حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ

حضرت ابوعبداللہ عمرو بن العاص بن وائل سہمی قرشی: فاتح مصر رضی اللہ عنہ۔ ولادت: ہجرت سے پچاس سال

پہلے۔ وفات: قاہرہ میں ۴۳ ہجری میں۔ مطابق ۶۶۴-۵۷۴ عیسوی۔ مدت عمر: ۹۳ سال، جاہلیت میں اسلام کے سخت دشمن تھے۔ صلح حدیبیہ کے بعد ہدنہ کے زمانہ میں مسلمان ہوئے، نبی ﷺ نے ان کو غزوۂ ذات السلاسل میں امیر بنایا، پھر کمک کے لئے جو لشکر بھیجا اس میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما بھی تھے، پھر شام کے جہاد میں شریک رہے، اور قنسرین وغیرہ فتح کیا، پھر حضرت عمرؓ کے زمانہ میں آپ نے مصر فتح کیا، اور اس کے گورنر مقرر ہوئے، حضرت عثمانؓ نے آپ کو معزول کیا، حضرت علی اور معاویہ رضی اللہ عنہما کے جھگڑے میں آپ حضرت معاویہؓ کے ساتھ رہے، پھر حضرت معاویہ نے آپ کو مصر کا گورنر مقرر کیا۔

عمرو بن العاص: دل کی رغبت سے ایمان لائے ہیں، اور قریش کے اچھے لوگوں میں سے ہیں

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگ یعنی مکہ والے مسلمان ہوئے یعنی فتح مکہ کے بعد سرافگندہ ہوئے، اور عمرو بن العاص (دل کی رغبت سے ہدنہ کے زمانہ میں) ایمان لائے (یہ حدیث عبداللہ بن لہیعہ کی وجہ سے ضعیف ہے)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''عمرو بن العاص قریش کے اچھے لوگوں میں سے ہیں!'' (یہ حدیث منقطع ہے، ابن ابی ملیکہ کا حضرت طلحہ سے لقاء وسماع نہیں)

[۱۲۱-] مَنَاقِبُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ

[۳۸۷۵-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نا ابْنُ لَهِیْعَةَ، عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' أَسْلَمَ النَّاسُ، وَآمَنَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ''

هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ لَهِیْعَةَ، عَنْ مِشْرَحٍ، وَلَیْسَ إِسْنَادُهُ بِالْقَوِیِّ.

[۳۸۷۶-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، نا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ الْجُمَحِیِّ، عَنْ ابنِ أَبِیْ مُلَیْکَةَ، قَالَ: قَالَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰہِ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: '' إِنَّ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ مِنْ صَالِحِیْ قُرَیْشٍ''

هٰذَا حدیثٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ نَافِعِ بْنِ عُمَرَ الْجُمَحِیِّ، وَنَافِعٌ ثِقَةٌ، وَلَیْسَ إِسْنَادُهُ بِمُتَّصِلٍ، ابْنُ أَبِیْ مُلَیْکَةَ لَمْ یُدْرِكْ طَلْحَةَ.

فضائل حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ

حضرت خالد بن ولید بن المغیرۃ مخزومی قرشی رضی اللہ عنہ: سیف اللہ: ہدنہ کے زمانے میں ۷ ہجری میں (عمرو بن العاصؓ کے ساتھ) مسلمان ہوئے۔ جاہلیت میں گھوڑ سواروں کی کمان آپ کے ہاتھ میں رہتی تھی، نبی ﷺ نے بھی

آپ کوسواروں کے دستے کا امیر مقرر کیا۔خلافتِ صدیقی میں آپ نے مسیلمۂ کذاب اور مرتدین سے لوہالیا۔۱۲ہجری میں حضرت ابوبکرؓ نے آپ کوعراق کی طرف پیش قدمی کا حکم دیا۔پھر حضرت عمرؓ نے فوج کی کمان ان سے لے کر حضرت ابوعبیدہؓ کوافواج اسلامی کا سپہ سالار اعظم مقرر کیا۔اس وقت حضرت خالدؓ کے عزم واستقلال میں ذرہ برابر فرق نہیں آیا، وہ برابر حضرت ابوعبیدہؓ کے جھنڈے تلے لڑتے رہے۔شام فتح ہوجانے کے بعد۱۴ہجری میں مدینہ لوٹے۔حضرت عمرؓ نے ان کووالی مقرر کرنا چاہا،مگرانھوں نے انکار کیا۔حمص یامدینہ میں وفات پائی،حضرت ابوبکرؓ نے آپ کی شان میں فرمایا ہے کہ عورتیں خالد جیسا جننے سے عاجز ہیں! وكان مظفَّرًا خطيباً فصيحاً، يُشبه عمر بنَ الخطاب فی خُلُقِه وصفته! ظفرمندی آپ کےقدم چومتی تھی،بڑے فصیح ومقرر تھے،اخلاق واحوال میں حضرت عمرؓ کے مشابہ تھے!

خالدؓ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہیں!

حدیث: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک منزل پر پڑاؤ کیا۔پس لوگ گذرنے لگے، رسول اللہ ﷺ پوچھتے تھے: ابوہریرہ! یہ کون ہے؟ میں کہتا: فلاں ہے، پس آپؐ فرماتے: یہ اللہ کا اچھا بندہ ہے،اور پوچھتے: یہ کون ہے؟ میں کہتا: فلاں ہے۔پس آپؐ فرماتے: یہ اللہ کا برا بندہ ہے، یہاں تک کہ خالد بن الولید گذرے، پس آپؐ نے پوچھا: یہ کون ہے؟ میں نے کہا: یہ خالد بن الولید ہیں۔آپؐ نے فرمایا: ''خالد بن الولید اللہ کے اچھے بندے ہیں! اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہیں!''

تشریح: یہ حدیث منقطع ہے۔زید بن اسلم کا حضرت ابوہریرہؓ سے لقاء وسماع نہیں۔مگر بخاری شریف (حدیث ۴۲۶۲) میں غزوۂ موتہ کی روایت میں ہے: حتى أخذ الرايةَ سيف من سيوف الله، حتى فتح الله عليهم: اب اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار (حضرت خالد بن الولید) نے جھنڈا لیا،اور اللہ نے مسلمانوں کو فتح نصیب فرمائی! اور باب میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی جو حدیث ہے، وہ مسند احمد میں ہے۔حضرت ابوبکرؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا ہے: نِعْمَ عبدُ الله وأخو العشيرة خالد بن الوليد، وسيف من سيوف الله، سَلَّهُ اللّٰه عزوجل على الكفار والمنافقين!

[۱۲۲-] مَنَاقِبُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ رضى الله عنه

[۳۸۷۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَزَلْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَنْزِلاً، فَجَعَلَ النَّاسُ يَمُرُّوْنَ، فَيَقُوْلُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " مَنْ هٰذَا يا أَبَا هُريرةَ؟" فَأَقُوْلُ: فُلاَنٌ، فَيَقُوْلُ: " نِعم عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا" وَيَقُوْلُ: " مَنْ هٰذا؟" فَأَقُوْلُ: فُلاَنٌ، فَيَقُوْلُ: " بِئْسَ عَبْدُ اللّٰهِ هٰذَا" حَتَّى مَرَّ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، فَقَالَ: " مَنْ هٰذَا؟" قُلْتُ: هٰذَا

خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: " نِعْمَ عَبْدُ اللّٰهِ: خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ، سَيْفٌ مِنْ سُيُوْفِ اللّٰهِ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَلَانَعْرِفُ لِزَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ سَمَاعًا مِنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَهُوَ حَدِيْثٌ مُرْسَلٌ عِنْدِىْ، وفى الباب: عَنْ أَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رضى الله عنه.

فضائل سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ

حضرت سعد بن معاذ اوسی، اشہلی، انصاریؓ: قبیلۂ اوس کے سردار تھے، جیسے سعد بن عبادة رضی اللہ عنہ قبیلۂ خزرج کے سردار تھے، ہجرت سے پہلے حضرت مصعب بن عمیرؓ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے، پھر پورا قبیلہ آپؓ کی برکت سے مسلمان ہوگیا۔ جنگ بدر میں اوس کا علم آپ کے ہاتھ میں تھا۔ لمبا قد اور بھاری بدن تھا، جنگ خندق میں آپ کی بازو کی رگ تیر لگنے سے کٹ گئی۔ بنوقریظہ کا فیصلہ کرنے کے بعد ۳۷ سال کی عمر میں ۵ ہجری میں مدینہ میں وفات پائی۔

۱- جنت میں حضرت سعد کے دستی رومال دنیا کے ریشم سے بہتر ہونگے!

حدیث: حضرت براء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ریشم کا کپڑا ہدیہ میں پیش کیا گیا (یہ جبّہ حضرت سعد نے بھیجا تھا، اس میں زری کا کام کیا ہوا تھا) پس لوگ اس کی نرمی سے تعجب کرنے لگے۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کیا تم اس پر تعجب کرتے ہو! جنت میں سعد بن معاذ کے دستی رومال اس سے اچھے ہیں!" (اس وقت سعد بن معاذ حیات تھے) مندیل: ہاتھ یا پسینہ وغیرہ پونچھنے کا مربع رومال۔ اور یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور باب میں حضرت انس رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے، وہ پہلے (حدیث ۱۷۱۳ تحفہ ۵:۵۶) گذر چکی ہے، اس میں صراحت ہے کہ یہ جبہ حضرت سعدؓ نے ہدیہ کیا تھا۔

۲- حضرت سعدؓ کے لئے عرشِ الٰہی جھوم گیا!

حدیث: حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا درانحالیکہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ لوگوں کے سامنے تھا: "اللہ کا عرش سعد کے لئے (فرحت وشادمانی سے) جھوم گیا!" (یہ حدیث دس سے زیادہ صحابہ سے مروی ہے)

تشریح: اللہ تعالیٰ کی ہر مخلوق باشعور اور تسبیح خواں ہے۔ سورہ بنی اسرائیل (آیت ۴۴) میں ہے: ﴿تُسَبِّحُ لَهُ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَالْأَرْضُ وَمَنْ فِيهِنَّ﴾: ساتوں آسمان اور زمین اور جو لوگ ان میں ہیں: سب پاکی بیان کرتے ہیں، اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو، لیکن تم لوگ ان کی پاکی بیان کرنے کو سمجھتے نہیں ـــــ اور عرشِ الٰہی: اللہ کی ایک بڑی مخلوق ہے، اور اس میں بھی شعور ہے۔

اورفرعونیوں کے بارے میں سورۃ الدخان کی (آیت ۲۹) ہے:﴿فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ﴾: پس ان پرآسمان وزمین نہیں روئے، اس لئے کہ خس کم جہاں پاک! اس آیت سے معلوم ہوا کہ نیک لوگوں کی موت پرآسمان وزمین افسوس کرتے ہیں، اور جب مؤمن کی روح عالم بالا میں پہنچتی ہے تو ملائکہ خوش ہوتے ہیں، اوراس کومبارک باد دیتے ہیں، اور بارگاہِ خداوندی میں اس روح کوپیش کرتے ہیں۔ مسلم شریف میں (حدیث ۲۸۷۲ کتاب الجنة ۷۵) ہے: ''جب مؤمن کی روح نکلتی ہے تو دوفرشتے اس کا استقبال کرتے ہیں، وہ دونوں اس کو لے کر چڑھتے ہیں۔ اورآسمان والے کہتے ہیں: پاکیزہ روح زمین سے آئی ہے، اللہ کی بے پایاں رحمت ہوتجھ پر، اوراس جسم پرجس کوتو نے آباد کیا! پھراس کو پروردگار کے پاس لے جایا جاتا ہے۔ چنانچہ جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی روح بارگاہِ خداوندی میں پیش کی گئی تو عرشِ الٰہی سروروشادمانی سے جھوم گیا، پس یہ حقیقت ہے، اس میں مجاز کچھ نہیں۔

۳- حضرت سعدؓ کا جنازہ فرشتوں نے اٹھایا

حدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اٹھایا گیا تو منافقین نے کہا: جنازہ کس قدر ہلکا ہے! اور یہ بات بنوقریظہ کے حق میں ان کے فیصلے کی وجہ سے ہے یعنی بنوقریظہ کے حق میں انھوں نے ظالمانہ فیصلہ کیا ہے، اس لئے ان کا جنازہ ہلکا ہے، پس یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے فرمایا: ''فرشتے ان کے جنازے کواٹھائے ہوئے تھے!'' یعنی جنازہ ہلکااس لئے محسوس ہورہا تھا کہ فرشتے بھی کندھادے رہے تھے۔

[۱۲۳-] مَنَاقِبُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ رضی الله عنه

[۳۸۷۸-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ: أُهْدِيَ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَوْبُ حَرِيْرٍ، فَجَعَلُوْا يَعْجَبُوْنَ مِنْ لِيْنِهِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" أَتَعْجَبُوْنَ مِنْ هٰذَا؟ لَمَنَادِيْلُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فِي الْجَنَّةِ أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا" وفي الباب: عَنْ أَنسٍ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۳۸۷۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ، وَجَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ:"اهْتَزَّلَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ" وفي الباب: عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، وَأَبِيْ سَعِيْدٍ، وَرُمَيْثَةَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۳۸۸۰-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّاحُمِلَتْ جَنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ الْمُنَافِقُوْنَ: مَاأَخَفَّ جَنَازَتَهُ! وَذٰلِكَ لِحُكْمِهِ فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ! فَبَلَغَ ذٰلِكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" إِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَحْمِلُهُ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ غريبٌ.

فضائل حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہما

حضرت قیسؓ نبی ﷺ کی پولیس تھے!

حضرت سعد بن عبادۃ رضی اللہ عنہ (رئیسِ خزرج) کے صاحبزادے حضرت قیس خزرجی، انصاری رضی اللہ عنہ: جلیل القدر صحابی ہیں، بڑے بہادر اور سخی تھے، باب کی روایت میں انسؓ فرماتے ہیں: امیر کے نزدیک پولیس کا جو مقام ہوتا ہے، وہی مقام ومرتبہ: حضرت قیس رضی اللہ عنہ کا نبی ﷺ کے نزدیک تھا۔ حدیث کے راوی محمد بن عبداللہ انصاری کہتے ہیں: حضرت قیسؓ نبی ﷺ کے (سرکاری) کاموں کے ذمہ دار تھے۔ نبی ﷺ کی جنگوں میں انصار کا علم آپ کے پاس رہتا تھا، آپ کا قد بہت لمبا تھا اور آپؓ بہت خوبصورت تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خاص مددگاروں میں سے تھے، ۶۰ ہجری میں وفات پائی۔ اور ان کے پجامے کا جو قصہ مشہور ہے: وہ بے اصل ہے۔

[۱۲۴-] مَنَاقِبُ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ رضى الله عنه

[۳۸۸۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ الْبَصْرِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِيُّ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِمَنْزِلَةِ صَاحِبِ الشُّرَطِ مِنَ الْأَمِيْرِ، قَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَعْنِيْ مِمَّا يَلِيْ مِنْ أُمُوْرِهِ.

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حديثِ الْأَنْصَارِيِّ، حدثنا محمدُ بْنُ يَحْيىٰ، نَا الْأَنْصَارِيُّ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ قَوْلَ الْأَنْصَارِيِّ.

فضائل حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما: خزرجی، سُلمی، انصاری صحابی ہیں۔ آپ مکثرین صحابہ میں سے ہیں۔ پندرہ سو سے زائد حدیثیں آپ سے مروی ہیں۔ ولادت: ہجرت سے سولہ سال قبل۔ وفات: ۷۸ ہجری میں۔ مدتِ عمر: چورانوے سال۔ آپ کے والد غزوۂ احد میں شہید ہوئے۔ وہ کثیر العیال اور مقروض فوت ہوئے تھے، چنانچہ نبی ﷺ کی عنایات خاصہ حضرت جابرؓ کی طرف مبذول تھیں۔

حدیث (۱): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ آپؐ نہ خچر پر سوار تھے نہ غیر عربی گھوڑے پر!

تشریح: اس کی تفصیل پہلے (حدیث ۲۰۹۷ تحفہ ۵:۴۴۴) گذر چکی ہے۔ حضرت جابرؓ فرماتے ہیں: میں بیمار پڑا، پس نبی ﷺ میری عیادت کے لئے تشریف لائے، پس آپؐ نے مجھے پایا کہ میں بے ہوش ہوں۔ پس آپ

میرے پاس آئے، اور آپؐ کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ تھے، اور دونوں پیدل تشریف لائے تھے، پس آپؐ نے وضوء فرمائی، اور مجھ پر اپنے وضوء کا بچا ہوا پانی ڈالا، پس میں ہوش میں آگیا۔ آپؐ کا عیادت کے لئے آنا اور پیدل آنا: حضرت جابرؓ پر شفقت کی وجہ سے تھا۔ یہی حضرت جابر کی فضیلت ہے۔

حدیث (۲): حضرت جابرؓ کہتے ہیں: اونٹ والی رات میں رسول اللہ ﷺ نے میرے لئے پچیس مرتبہ استغفار کیا!

تشریح: اونٹ والی رات کا تذکرہ پہلے دوجگہ آیا ہے۔ تحفہ (۳: ۵۱۵) میں بخاری شریف کے حوالہ سے مفصل واقعہ ذکر کیا گیا ہے، پھر تحفہ (۴: ۱۷۵) میں بھی اس واقعہ تذکرہ آیا ہے۔ اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک سفر میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ساتھ تھے، پس انھوں نے اپنا اونٹ نبی ﷺ کو بیچ دیا، اور انھوں نے مدینہ تک سواری کی شرط کی۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں: جس رات میں نے اونٹ نبی ﷺ کو بیچا: اس رات آپؐ نے پچیس مرتبہ میرے لئے استغفار کیا۔ اور حضرت جابر کے والد عبداللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ عنہ جنگ احد میں قتل کئے گئے، اور انھوں نے کئی لڑکیاں چھوڑیں، پس حضرت جابرؓ ان کی کفالت کرتے تھے، اور ان پر خرچ کرتے تھے، اس وجہ سے نبی ﷺ حضرت جابر کے ساتھ حسن سلوک کرتے تھے، اور ان پر مہربانی کرتے تھے۔

اور آپؐ نے پچیس مرتبہ استغفار مسلسل نہیں کیا تھا، متفرق جملوں میں کیا تھا۔ مثلاً: یہ پوچھا کہ جابر اپنا اونٹ بیچتے ہو؟ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کریں! جابر! تمہاری شادی ہوگئی؟ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کریں! جابر! تم اسی اونٹ پر مدینہ چلے جاؤ، اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کریں! جابر! گھر پہنچ کر اونٹ میرے پاس لے آنا، اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کریں، جابر! گھر پہنچ کر محتاط رہنا، اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کریں! اسی طرح پچیس مرتبہ استغفار کیا۔

[۱۲۵-] مَنَاقِبُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رضی اللہ عنہ

[۳۸۸۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: جَاءَ نِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ وَلاَ بِرْذَوْنٍ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۸۳-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، نَابِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: اسْتَغْفَرَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْلَةَ الْبَعِيْرِ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ مَرَّةً، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صَحِيحٌ.

وَمَعْنَى لَيْلَةِ الْبَعِيْرِ

[۳۸۸۴-] مَارُوِیَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ جَابِرٍ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ النبيِّ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ سَفَرٍ، فَبَاعَ

بَعِيْرَهُ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَاشْتَرَطَ ظَهْرَهُ إِلَى الْمَدِيْنَةِ، يَقُوْلُ جَابِرٌ: لَيْلَةَ بِعْتُ مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم الْبَعِيْرَ اسْتَغْفَرَ لِيْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ مَرَّةً.

كَانَ جَابِرٌ قَدْ قُتِلَ أَبُوْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ يَوْمَ أُحُدٍ، وَتَرَكَ بَنَاتٍ، فَكَانَ جَابِرٌ يَعُوْلُهُنَّ، وَيُنْفِقُ عَلَيْهِنَّ، فَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَبَرُّ جَابِرًا، وَيَرْحَمُهُ بِسَبَبِ ذٰلِكَ، هٰكَذَا رُوِىَ فِيْ حَدِيْثٍ عَنْ جَابِرٍ نَحْوُ هٰذَا.

فضائل حضرت مُصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ

حضرت مصعب بن عمیر عبدری قرشی رضی اللہ عنہ: سابقین اولین میں سے ہیں، حبشہ کی طرف پہلی ہجرت کی، پھر مکہ واپس آ گئے۔ جب نبوت کے گیارہویں سال موسم حج میں مدینہ کے چھ آدمیوں نے اسلام قبول کیا، اور رسول اللہ ﷺ سے وعدہ کیا کہ وہ اپنی قوم میں جا کر اسلام کی دعوت دیں گے، تو آپؐ نے ان کے ساتھ حضرت مصعبؓ کو بھیجا تا کہ وہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں، اور جو مسلمان ہو جائیں ان کو قرآن پڑھائیں، آپ مدینہ میں گھر گھر جا کر اسلام کی دعوت دیتے تھے، آپ کے ہاتھ پر حضرت سعد بن معاذ اور حضرت اسید بن حضیر مسلمان ہوئے، آپ ہی نے مدینہ میں سب سے پہلے جمعہ قائم کیا۔ جنگ بدر میں شریک ہوئے، جنگ احد میں علم بردار تھے، اسی جنگ میں ۳ ہجری میں شہید ہوئے، اور یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۷۴۷ تحفہ ۶: ۲۵۳) گذری ہے کہ ایک مرتبہ ان کی خستہ حالی دیکھ کر نبی ﷺ آبدیدہ ہو گئے تھے۔

حضرت مصعب رضی اللہ عنہ نے ہجرت کا اجر دنیا میں نہیں کھایا!

حدیث: حضرت خباب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے ساتھ ہجرت کی، درانحالیکہ ہم اللہ کی خوشنودی چاہتے تھے، پس ہمارا ثواب اللہ کے یہاں ثابت ہو گیا۔ پھر ہم میں سے بعض نے اس حال میں وفات پائی کہ اس نے اپنے اجر میں سے کچھ بھی نہیں کھایا، اور ہم میں سے بعض کے لئے اس کا پھل پک گیا، پس وہ اس کو توڑ رہا ہے یعنی فتوحات سے فائدہ اٹھا رہا ہے۔ اور مصعب بن عمیرؓ نے وفات پائی (احد میں شہید ہوئے) درانحالیکہ انھوں نے صرف ایک کپڑا چھوڑا تھا، جب اس سے ان کے سر کو ڈھانکتے تھے تو پیر کھل جاتے تھے، اور جب اس سے ان کے پیر ڈھانکتے تھے تو سر کھل جاتا تھا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ان کے سر کو ڈھانکو، اور ان کے پیروں پر اذخر گھاس ڈال دو!''

[۱۲۶-] مَنَاقِبُ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ رضى الله عنه

[۳۸۸۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نا أَبُوْ أَحْمَدَ، نا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، نَبْتَغِيْ وَجْهَ اللّٰهِ، فَوَقَعَ أَجْرُنَا عَلَى اللّٰهِ، فَمِنَّا مَنْ

مَّاتَ لَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا، وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمرَتُهُ، فَهُوَ يَهْدِبُهَا، وَإِنَّ مُصْعَبَ بْنَ عُمَيْرٍ مَاتَ، وَلَمْ يَتْرُكْ إِلَّا ثَوْبًا، كَانُوْا إِذَا غَطُّوْا بِهِ رَأْسَهُ خَرجَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غَطُّوْا بِهِ رِجْلَيْهِ خَرجَ رَأْسُهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" غَطُّوْا رَأْسَهُ، وَاجْعَلُوْا عَلَى رِجْلَيْهِ الإِذْخِرَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، حدثنا هَنَّادٌ، نَا ابْنُ إِدْرِيْسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ نَحْوَهُ.

فضائل حضرت براء بن مالک رضی اللہ عنہ

حضرت براء بن مالک خزرجی، نجّاری، انصاری رضی اللہ عنہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حقیقی بھائی اور بڑے بہادر تھے، دیکھنے میں کمزور لاغر مگر سو آدمیوں کو مقابلہ پر بلا کر قتل کیا۔ فتح تُستر میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے لشکر کے دائیں بازو پر تھے، شہر کے مشرقی دروازے پر ۲۰ ہجری میں شہید ہوئے۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: كم من أشعثَ أَغْبَرَ، ذى طِمْرَيْنِ، لَايُؤْبَهُ له: لو أقسم على الله لَأَبَرَّهُ، منهم البراءُ بنُ مالك: بہت سے پراگندہ بال، گرد آلود، دو بوسیدہ کپڑوں والے، جن کی پرواہ نہیں کی جاتی یعنی ان کو اہمیت نہیں دی جاتی: اگر اللہ تعالیٰ پر قسم کھالیں تو اللہ تعالیٰ ضرور ان کی قسم پوری کریں، ان میں سے براء بن مالک ہیں!"

لغات: أشعث: پراگندہ بال۔ شَعِثَ (س) الشعر: بالوں کا بکھرا ہوا اور غبار آلود ہونا، فهو أشعث، وهى شعثاء ...... أغبر: گرد آلود۔ غبِرَ (س) الشيئُ: گرد آلود ہونا، فهو أغبر، وهى غبراء ...... الطِّمْر: بوسیدہ پرانا کپڑا ...... وَبَهَ يَوْبَهُ وَبْهًا: له وبه: جاننا، سمجھنا، کہا جاتا ہے: فلان لايُؤْبَهُ له أو به: فلاں کی پروا نہیں کی جاتی یعنی اہمیت نہیں دی جاتی ...... يُؤْبَهُ (ہمزہ کے ساتھ) بھی درست ہے ...... كم: خبر یہ مبتدا، من: بیانیہ، اور لو أقسم خبر ہے۔

[۱۲۷-] مَنَاقِبُ الْبَرَاءِ بْنِ مَالِكٍ رضى الله عنه

[۳۸۸۶-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَان، أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ وَعَلِيُّ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" كَمْ مِنْ أَشْعَثَ أَغْبَرَ ذِيْ طِمْرَيْنِ لَايُؤْبَهُ لَهُ، لَوْ أَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَأَبَرَّهُ، مِنْهُمُ الْبَرَاءُ بْنُ مَالِكٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

فضائل حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ

حضرت ابو موسیٰ عبد اللہ بن قیس قحطانی، یمنی، اشعری رضی اللہ عنہ: بہادر، حاکم اور فاتح تھے۔ زبید (یمن) میں ہجرت سے اکیس سال پہلے پیدا ہوئے، اور کوفہ میں ۴۴ ہجری میں وفات پائی۔ آپؓ ہلکے جسم کے اور چھوٹے قد کے تھے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو بہترین آواز سے نوازا تھا۔ ابتدائے اسلام میں مکہ آئے اور مسلمان ہوئے، پھر حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ وہاں

سے خیبر والے سال مدینہ کی طرف ہجرت کی۔ نبی ﷺ نے ان کو زبید اور عدن کا والی مقرر کیا تھا۔ پھر حضرت عمرؓ نے ۱۷ ہجری میں بصرہ کا والی مقرر کیا، پھر حضرت عثمانؓ نے کوفہ کا والی مقرر کیا، تحکیم کے واقعہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آپ کو اپنا نمائندہ بنایا۔ پھر جب حضرت عمرو بن العاص نے چال چلی تو وہ مایوس ہو کر کوفہ لوٹ گئے۔

ابوموسیٰ اشعری: داؤدؑ کے راگوں میں سے ایک راگ دیئے گئے تھے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوموسیٰ! بخدا! آپ خاندانِ داؤد کی بانسریوں (راگوں، لہجوں) میں سے ایک بانسری دیئے گئے ہو!''

تشریح: مسند ابویعلی میں اس ارشاد کا شانِ ورود یہ ہے: ایک مرتبہ نبی ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا: ابو موسیٰ کے پاس سے گذرے، ابوموسیٰ اپنے گھر میں قرآن پڑھ رہے تھے، دونوں کھڑے ہو کر ان کا پڑھنا سننے لگے، پھر دونوں بڑھ گئے، صبح جب ابوموسیٰ سے ملاقات ہوئی تو آپؐ نے مذکورہ ارشاد فرمایا، ابوموسیٰ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ میرا پڑھنا سن رہے ہیں تو میں خوب مزین کر کے آپؐ کو قرآن سناتا!

[۱۲۸-] مَنَاقِبُ أَبِيْ مُوْسَى الْأَشْعَرِيِّ رضى الله عنه

[۳۸۸۷-] حدثنا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكِنْدِيُّ، نَا أَبُوْ يَحْيىَ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ بُرَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهُ قَالَ: ''يا أَبَا مُوْسَى! لَقَدْ أُعْطِيْتَ مِزْمَاراً مِنْ مَزَامِيْرِ آلِ دَاوُدَ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وفى الباب: عَنْ بُرَيْدَةَ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَأَنسٍ.

فضائل حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ

حضرت سہل بن سعد خزرجی، انصاری رضی اللہ عنہ: وفاتِ نبوی کے وقت پندرہ سال کے تھے۔ ۹۱ ہجری میں وفات پائی، اصل نام حَزْن تھا، نبی ﷺ نے بدل کر سہل نام رکھا۔ باب میں دو حدیثیں ہیں، ایک: خود حضرت سہل کی، دوسری: حضرت انسؓ کی:

حدیث: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ تھے، درانحالیکہ آپؐ خندق کھود رہے تھے، اور ہم مٹی ڈھو رہے تھے، پس آپؐ ہمارے پاس سے گذرتے، اور فرماتے: ''اے اللہ! زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے ÷ پس انصار و مہاجرین کی بخشش فرما!اور حضرت انسؓ کی روایت میں فاغفر کی جگہ فأكرم ہے: پس عزت عطا فرما!

سوال: اس میں حضرت سہل کی کیا فضیلت ہے؟ **جواب:** وہ انصار کے عموم میں شامل ہیں، پس وہ بھی دعا کے حقدار ہیں۔

[۱۲۹-] مَنَاقِبُ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ

[۳۸۸۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ، نَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، نَا أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَهُوَ يَحْفُرُ الْخَنْدَقَ، وَنَحْنُ نَنْقُلُ التُّرَابَ، فَيُمُرُّبِنَا، فَقَالَ:

اللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ إِلَا عَيْشَ الآخِرَةْ ❁ فَاغْفِرْ لِلْأَنْصارِ وَالْمُهَاجِرَةْ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، أَبُوْ حَازِمٍ: اسْمُهُ سَلَمَةُ بْنُ دِيْنَارٍ الْأَعْرَجُ الزَّاهِدُ.

[۳۸۸۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَقُوْلُ:

اللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ إِلَا عَيْشَ الآخِرَةْ ❁ فَأَكْرِمِ الْأَنْصارَ وَالْمُهَاجِرَةْ!

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَنَسٍ.

بابُ ماجاءَ فِي فَضْلِ مَنْ رَأَى النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، وَصَحِبَهُ

فضائل صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم

صحابی کی تعریف: من لَقِيَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم مؤمناً به، ومات علی الإسلام: جس نے نبی ﷺ پر ایمان کی حالت میں آپؐ سے ملاقات کی ہو، اور اسلام پر اس کی وفات ہوئی ہو، ایمان کے بعد ساتھ رہنا شرط نہیں، بعض حضرات نے صحبت (ساتھ رہنے) کی شرط لگائی ہے، امام ترمذی نے باب میں جو وَصَحِبَه بڑھایا ہے وہ اس کی طرف مشیر ہے، مگر اصح مختار قول یہ ہے کہ یہ بات شرط نہیں، جس نے بھی بحالتِ ایمان نبی ﷺ کو دیکھا ہے، اگرچہ ایک جھلک ہی دیکھی ہو، اور اسلام پر اس کی وفات ہوئی ہو، مرتد نہ ہوا ہو تو وہ صحابی ہے۔

اسی طرح جس مؤمن نے کسی بھی صحابی کو بحالتِ ایمان دیکھا ہو، اور ایمان پر اس کا خاتمہ ہوا ہو تو وہ تابعی ہے، اور جس نے اسی طرح کسی تابعی کو دیکھا ہے: وہ تبع تابعی ہے، اس کے بعد فضیلت کا سلسلہ ختم ہے۔ البتہ ایک شاذ رائے یہ ہے کہ فضیلت کا یہ سلسلہ قیامت تک چلتا رہے گا، اگرچہ مرتبہ گھٹتا رہے گا، مگر یہ رائے حدیث کے خلاف ہے۔

اور یہ بات پہلے دوجگہ (تحفہ ۵: ۵۳۲ و ۵۹۱ میں) آچکی ہے کہ خیر القرون (بہترین زمانے) زمانے کے طول وعرض میں ایک ساتھ چلتے ہیں۔ نبی ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں جن مسلمانوں نے بحالتِ ایمان نبی ﷺ کی زیارت کی تھی: وہ صحابہ تھے، مگر سب مسلمانوں نے نبی ﷺ کی زیارت نہیں کی تھی، مدینہ منورہ سے جو دور رہتے تھے: ان میں

سے اکثر کو آپ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی تھی —— پھر ان کے قبیلہ میں کوئی صحابی کسی ضرورت سے گیا تو انھوں نے صحابی کی زیارت کی، پس وہ تابعی ہوگئے —— پھر جن مسلمانوں نے ان تابعین کو دیکھا وہ تبع تابعی ہوئے۔ اور جنھوں نے تابعی کو بھی نہیں دیکھا وہ چوتھے قرن کے لوگ ہوئے، ان کے لئے کوئی فضیلت نہیں۔

۱-صحابہ اور تابعین کو جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: لاتَمَسُّ النارُ مسلما رَآنِي، أو رَأَى من رآنِي: دوزخ کی آگ اس مسلمان کو نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا ہے، یا اس شخص کو دیکھا ہے جس نے مجھے دیکھا ہے (یہ فضیلت صحابہ و تابعین کے لئے ہے، تبع تابعین کے لئے نہیں)

حدیث کے راوی طلحہ بن خراش کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے (پس وہ تابعی ہوئے) اور موسیٰ انصاری کہتے ہیں: میں نے طلحہ کو دیکھا ہے (پس وہ تبع تابعی ہوئے) اور امام ترمذیؒ کے استاذ یحییٰ بصری کہتے ہیں: اور مجھ سے موسیٰ نے کہا: اور تم نے مجھے دیکھا ہے، اور ہم اللہ سے (تمہارے لئے بھی فضیلت کی) امید رکھتے ہیں (یہ وہی شاذ رائے ہے کہ یہ فضیلت تا قیامت چلتی رہے گی، مگر یہ رائے صحیح نہیں، یہ فضیلت صرف صحابہ اور تابعین کے لئے ہے، تبع تابعی کے لئے بھی نہیں ہے)

[۱۳۰-] بابُ ماجاءَ فِي فَضْلِ مَنْ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَصَحِبَهُ

[۳۸۹۰-] حدثنا يَحْيىٰ بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ الْبَصْرِيُّ، نَا مُوْسَى بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ كَثِيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: ” لاتَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَآنِيْ، أَوْ رَأَى مَنْ رَآنِيْ “

قَالَ طَلْحَةُ: فَقَدْ رَأَيْتُ جابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، وَقَالَ مُوْسَى: وَقَدْ رَأَيْتُ طَلْحَةَ، قَالَ: يَحْيىٰ: وَقَالَ لِيْ مُوْسَى: وَقَدْ رَأَيْتَنِيْ وَنَحْنُ نَرْجُوْا اللّٰهَ“

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ مُوْسَى بْنِ إِبْرَاهِيْمَ الْأَنْصَارِيِّ، وَرَوَى عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنْ أَهْلِ الْحَدِيْثِ عَنْ مُوْسَى هٰذَا الحديثَ.

۲-بہترین زمانے تین ہیں، پھر خیر نہیں!

حدیث: بخاری (حدیث ۲۶۵۸) میں ہے: نبی ﷺ سے پوچھا گیا: أي الناس خير؟ کونسے لوگ بہتر ہیں؟ آپ نے فرمایا: خير الناس قرني، ثم الذين يلونهم، ثم الذين يلونهم، ثم يجيئ قوم تَسْبِقُ شهادةُ أَحدهم يمينَه،

ویمینُه شهادتَه: بہترین لوگ میرے زمانے کے لوگ ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جو ان سے ملے ہوئے ہیں، پھر وہ لوگ ہیں جوان سے ملے ہوئے ہیں، پھر ایسے لوگ آئیں گے جن میں سے ایک کی گواہی اس کی قسم سے آگے بڑھے گی، اور جس کی قسم اس کی گواہی سے آگے بڑھے گی۔

تشریح: ترمذی کی روایت کے آخری حصہ کا ترجمہ ہے: ''پھر اس کے بعد یعنی قرونِ ثلاثہ کے بعد ایسے لوگ آئیں گے: جن کی قسمیں ان کی گواہیوں سے آگے بڑھیں گی'' یا فرمایا: ''ان کی گواہیاں ان کی قسموں سے آگے بڑھیں گی'' ترمذی کی روایت میں أو ہے، جو شک راوی کا بھی ہوسکتا ہے اور تنویع کا بھی، اور صحیحین میں واو ہے، اور وہی صحیح ہے —— اور باب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے: وہ پہلے (حدیث ۲۱۶۲ تحفہ ۵:۵۳۴ میں) آچکی ہے، اس کے الفاظ ہیں: أوصیکم بأصحابی، ثم الذین یلونهم، ثم الذین یلونهم، ثم یفشوا الکذبُ إلخ —— اور باب میں حضرت عمرانؓ کی جو حدیث ہے: وہ پہلے (حدیث ۲۲۱۹ و۲۲۲۰ تحفہ ۵:۵۹۲ میں) آچکی ہے —— اور حضرت بریدہؓ کی حدیث مسند احمد میں ہے۔

قوله: خیر الناس قرنی: یعنی صحابہ کا زمانہ: ثم الذین یلونهم یعنی تابعین کا زمانہ: ثم الذین یلونهم: یعنی تبع تابعین کا زمانہ —— اور قسموں کا گواہیوں سے آگے بڑھنا، اور گواہیوں کا قسموں سے آگے بڑھنا یہ ہے کہ لوگ ہر بات کے لئے تیار ہوں، خواہ قسمیں کھلالو، خواہ گواہیاں لے لو، کسی چیز سے ان کو باک نہ ہو۔

[۳۸۹۱-] حدثنا هَنَّادٌ، نَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ: هُوَ السَّلْمَانِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُم، ثُمَّ يَأْتِيْ قَوْمٌ بَعْدَ ذٰلِكَ: تَسْبِقُ أَيْمَانُهُمْ شَهَادَاتِهِمْ أو: شَهَادَاتُهُمْ أَيْمَانَهُمْ''
هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

فضائل اصحابِ بیعتِ رضوان

بیعتِ رضوان کا ذکر سورۃ الفتح (آیت ۱۸) میں ہے: ﴿لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ إِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ﴾: اللہ تعالیٰ مؤمنین سے راضی ہوئے جب وہ آپؐ سے درخت کے نیچے بیعت کررہے تھے! —— نبی ﷺ نے مصالحت کے لئے مکہ والوں کی طرف حضرت عثمانؓ کی سفارت روانہ کی تھی، قریش نے ان کو روک لیا۔ اِدھر مسلمانوں میں یہ افواہ پھیل گئی کہ انہیں قتل کردیا گیا، پس آپؐ نے ایک کیکر کے درخت کے نیچے بیٹھ کر صحابہ کرام سے بیعت لی کہ آخر دم تک لڑھیں گے، میدان جنگ چھوڑ کر بھاگیں گے نہیں! پھر جب بیعت مکمل ہوگئی تو حضرت عثمانؓ بھی آگئے، اور اس کے بعد قریش کی سفارت آئی، اور صلح ہوگئی۔ اس بیعت میں صرف ایک آدمی نے جو منافق تھا

شرکت نہیں کی، اس کا نام جدّ بن قیس تھا۔ اس کا سرخ اونٹ (قیمتی اونٹ) گم ہوگیا تھا، وہ اس کی تلاش میں نکلا تھا، اس سے صحابہ نے کہا کہ چل بیعت کر، مگر اس نے جواب دیا: مجھے میرا اونٹ مل جائے: یہ بیعت سے زیادہ اہم ہے۔

حدیث (۱): بیعت رضوان کرنے والوں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لایدخل النار أحد ممن بایع تحت الشجرة: کوئی بھی دوزخ میں نہیں جائے گا ان لوگوں میں سے جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی ہے (یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے، مسند احمد میں بھی ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''ضرور جنت میں داخل ہوگا وہ شخص جس نے درخت کے نیچے بیعت کی، مگر سرخ اونٹ والا (یعنی جدّ بن قیس منافق۔ یہ حدیث آگے نمبر ۳۸۹۵ پر آرہی ہے)

حدیث (۳): حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ کا غلام رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، درانحالیکہ وہ حضرت حاطبؓ کی شکایت کررہا تھا، پس اس نے کہا: یارسول اللہ! حاطب ضرور دوزخ میں جائے گا! آپؐ نے فرمایا: ''تو جھوٹ کہتا ہے۔ حاطب دوزخ میں نہیں جائیں گے، کیونکہ وہ جنگ بدر اور صلح حدیبیہ میں شریک ہوئے ہیں'' (یہ حدیث آگے نمبر ۳۸۹۶ پر آرہی ہے)

[۱۳۱-] بابُ مَاجَاءَ فی فَضْلِ مَنْ بَایَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

[۳۸۹۲-] حدثنا قُتَیْبَةُ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ أَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' لَایَدْخُلُ النَّارَ أَحَدٌ مِمَّنْ بَایَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ '' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ.

صحابۂ کرام کی برائی کرنا حرام ہے

یہ عنوان بھی منفی پہلو سے فضائل صحابہ کا عنوان ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے شرح مسلم شریف میں لکھا ہے: صحابہ کی برائی کرنا حرام ہے، اور گندے گناہوں میں سے ہے، خواہ وہ فتنوں کا شکار ہوئے ہوں یا نہ ہوئے ہوں، کیونکہ وہ حضرات مجتہد تھے اور تاویل کرنے والے تھے۔ اور قاضی عیاض مالکی رحمہ اللہ کہتے ہیں: کسی بھی صحابی کی برائی کرنا کبیرہ گناہ ہے، اور ہمارا اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ اس کو حد شرعی سے کم سزا دی جائے گی، قتل نہیں کیا جائے گا۔ البتہ بعض مالکیہ کی رائے میں اس کو قتل کردیا جائے گا۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ کو برا مت کہو، پس قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر یہ بات ہو کہ تم میں سے ایک شخص احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کرے تو بھی وہ صحابہ کے ایک مدّ (ایک سیر) کو نہیں پہنچے گا، اور نہ آدھے مدّ کو پہنچے گا''

تشریح: اس حدیث کا شانِ ورود خاص ہے۔ حضرت خالد اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف کے جھگڑے میں آپؐ

نے یہ ارشادفرمایا ہے (اصابہ۲: ۴۱۶) مگر چونکہ الفاظ عام ہیں، اس لئے حکم عام ہے۔ شانِ ورود کے ساتھ خاص نہیں۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ کے معاملہ میں اللہ سے ڈرو! اللہ سے ڈرو! میرے بعد ان کو (تنقید کا) نشانہ مت بناؤ! کیونکہ جو ان سے محبت کرے گا، وہ مجھ سے محبت کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا۔ اور جو ان سے بغض رکھے گا: وہ مجھ سے بغض رکھنے کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا۔ اور جو ان کو ستاتا ہے وہ یقیناً مجھے ستاتا ہے۔ اور جو مجھے ستاتا ہے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کو ستاتا ہے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کو ستاتا ہے: قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو پکڑلیں'' (یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ میں سے جو بھی کسی سرزمین میں مرے گا: وہ قائد ہونے کی حالت میں مبعوث ہوگا، اور لوگوں کے لئے قیامت کے دن نور ہوگا'' (یہ حدیث مرسل ہے، آخر میں حضرت بریدہؓ کا ذکر صحیح نہیں)

تشریح: صحابۂ کرام نے ساری دنیا میں دین پہنچایا ہے، پس وہ انسانوں کے دینی قائد اور مینارۂ نور ہیں۔ ان کی یہ شان قیامت کے دن بھی جلوہ گر ہوگی۔ پس ایسے محسنوں پر کیچڑ اچھالنا کہاں کی عقلمندی ہے! اپنے ماں باپ کو برا کوئی نہیں کہتا جو صرف جسم کے وجود کا ذریعہ ہیں، پس صحابہ کو برا کہنا جو حیاتِ روحانی کے باعث ہیں: کتنی بڑی احسان فراموشی ہے۔

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم ان لوگوں کو دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہہ رہے ہیں تو کہو: اللہ کی پھٹکار تم میں سے برے پر!'' (ایسا کہنے سے لعنت اسی پر لوٹ جائے گی، کیونکہ دونوں میں برا وہی ہے!) (یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ نضر اور سیف دونوں ضعیف راوی ہیں)

[۱۳۲-] فِی مَنْ سَبَّ أَصْحَابَ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم

[۳۸۹۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ، نا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ ذَکْوَانَ: أَبَا صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: '' لاَتَسُبُّوْا أَصْحَابِیْ، فَوَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہِ! لَوْ أَنَّ أَحَدَکُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ ذَهَبًا: مَا أَدْرَكَ مُدَّ أَحَدِهِمْ، وَلاَ نَصِیْفَهُ''

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وَمَعْنَی قَوْلِهِ: '' نَصِیْفَهُ'': یَعْنِیْ نَصْفَ مُدِّهِ.

حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ، نا أَبُوْ مُعَاوِیَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.

[۳۸۹۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ یَحْیَی، نَا یَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِیْمَ بْنِ سَعْدٍ، نَا عَبِیْدَةُ بْنُ أَبِیْ رَایِطَةَ، عَنْ عَبْدِ

الرَّحْمٰنِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اَللّٰهَ اللّٰهَ فِيْ أَصْحَابِيْ، لاتَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا بَعْدِيْ، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ أَبْغَضَهُمْ، وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِيْ، وَمَنْ آذَانِيْ فَقَدْ آذَى اللّٰهَ، وَمَنْ آذَى اللّٰهَ يُوْشِكُ أَنْ يَأْخُذَهُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۸۹۵-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ خِدَاشٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ مَنْ بَايَعَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ إِلَّا صَاحِبَ الْجَمَلِ الْأَحْمَرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

[۳۸۹۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ عَبْدًا لِحَاطِبٍ جَاءَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَشْكُوْ حَاطِبًا، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! لَيَدْخُلَنَّ حَاطِبٌ النَّارَ، فَقَالَ:" كَذَبْتَ، لايَدْخُلُهَا، فَإِنَّهُ شَهِدَ بَدْرًا، وَالْحُدَيْبِيَّةَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۸۹۷-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ نَاجِيَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَبِيْ طَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِيْ يَمُوْتُ بِأَرْضٍ، إِلَّا بُعِثَ قَائِدًا، وَنُوْرًا لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحديثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَبِيْ طَيْبَةَ، عَن ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلًا، وَهٰذَا أَصَحُّ.

[۳۸۹۸-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ، نَا النَّضْرُ بْنُ حَمَّادٍ، نَا سَيْفُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ أَصْحَابِيْ فَقُوْلُوْا: لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى شَرِّكُمْ" هٰذَا حديثٌ مُنْكَرٌ لانَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائل حضرت فاطمہ زَہراء رضی اللہ عنہا

الزَّهْراء: حسین عورت، جمع: زُهْرٌ۔ مذکر: الأزهر۔ رسول اللہ ﷺ کی چھوٹی صاحبزادی حضرت فاطمہ کا لقب۔ والدہ: حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا۔ ولادت: اٹھارہ سال قبل ہجرت۔ وفات: ۱۱ ہجری (نبی ﷺ کی وفات سے چھ ماہ بعد) نکاح: انیس سال کی عمر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے، اولاد: حضرات حسن، حسین، ام کلثوم اور زنیب رضی اللہ عنہم۔

۱-حضرت فاطمہؓ پر نکاح کرنے کی ممانعت حضرت علیؓ کے ایمان کی حفاظت کی وجہ سے تھی

حدیث (۱): حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا درانحالیکہ آپؐ منبر پر تھے: ''(ابوجہل کے والد) ہشام بن المغیرہ کے خاندان والوں نے مجھ سے اس بات کی اجازت طلب کی کہ وہ اپنی بیٹی کا علی بن ابی طالب سے نکاح کریں۔ پس میں ان کو اجازت نہیں دیتا! پھر میں اجازت نہیں دیتا! پھر میں اجازت نہیں دیتا! (تکرار تاکید کے لئے ہے یعنی یہ ممانعت قطعی ہے، اس میں نظر ثانی کی گنجائش نہیں) مگر یہ کہ ابن ابی طالب چاہیں کہ میری بیٹی کو طلاق دیدیں، اور ان کی بیٹی سے نکاح کریں (تو کریں!) اس لئے کہ فاطمہ میرا لخت (ٹکڑا) ہے، مجھے شک میں ڈالے گی وہ بات جو فاطمہ کو شک میں ڈالے گی، اور مجھے تکلیف پہنچائے گی وہ بات جو فاطمہ کو تکلیف پہنچائے گی (پس علیؓ کا ایمان محفوظ نہیں رہے گا؟) یہ امام لیث بن سعد مصری رحمہ اللہ کا سیاق ہے، وہ یہ حدیث عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ سے روایت کرتے ہیں، اور وہ حضرت مسور بن مخرمہؓ سے۔

حدیث (۲): حضرت ایوب سختیانی یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے، اور وہ حضرت عبداللہ بن الزبیرؓ سے روایت کرتے ہیں: حضرت علیؓ نے ابوجہل کی بیٹی کا ذکر کیا یعنی اس سے شادی کرنے کا ارادہ کیا، پس یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی، پس آپؐ نے فرمایا: ''فاطمہ میرا لخت ہے، مجھے تکلیف پہنچائے گی وہ بات جو فاطمہ کو تکلیف پہنچائے گی، اور مجھے تھکائے گی وہ بات جو فاطمہ کو تھکائے گی!'' (دونوں جملوں کا مطلب ایک ہے) (یہ روایت آگے (نمبر ۳۹۰۱ پر) آرہی ہے)

کونسی روایت صحیح ہے؟ امام ترمذیؒ نے کھل کر کچھ نہیں کہا، مگر دبے لفظوں میں پہلی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ امام لیث کے علاوہ متعدد روات، مثلاً عمرو بن دینار اسی طرح سند پیش کرتے ہیں، اور حضرت ایوب اکیلے ہیں، مگر بڑے آدمی ہیں، اس لئے امام ترمذیؒ نے فرمایا ہے: ممکن ہے ابن ابی ملیکہ نے حدیث دونوں سے (ابن الزبیر سے اور مسور بن مخرمہ سے) سنی ہو — مگر دونوں روایتوں کا سیاق مختلف ہے۔ پہلی روایت میں لڑکی والوں نے اجازت طلب کی ہے، اور دوسری روایت میں حضرت علیؓ نے نکاح کا ارادہ کیا ہے، اس لئے فیصلہ کرنا ضروری ہے کہ کونسی روایت صحیح ہے؟ میری ناقص رائے میں امام لیث کی روایت اصح ہے، حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہ پر نکاح کا ارادہ نہیں کیا تھا، واللہ اعلم۔

۲-خاندان میں آپؐ کو حضرت فاطمہؓ سب سے زیادہ محبوب تھیں

حدیث: حضرت بریدۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: خواتین میں رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب حضرت فاطمہ تھیں، اور مردوں میں حضرت علیؓ تھے۔ امام ترمذی کے استاذ ابراہیم کہتے ہیں: حضرت بریدہ کی مراد: من أھل بیتہ ہے یعنی خاندان کی عورتوں میں حضرت فاطمہ اور مردوں میں حضرت علیؓ سب سے زیادہ محبوب تھے۔

ملحوظہ: حدیث ۳۸۹۹ وحدیث ۳۹۰۱ پہلے عنوان سے متعلق ہیں، اور حدیث ۳۹۰۰ دوسرے عنوان سے متعلق ہیں۔

[۱۳۳-] مَاجَاءَ فِي فَضْلِ فَاطِمَةَ رضى الله عنها

[۳۸۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: "إِنَّ بَنِيْ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ اسْتَأْذَنُوْنِيْ فِيْ أَنْ يُنْكِحُوْا ابْنَتَهُمْ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ، فَلاَ آذَنُ، ثُمَّ لاَ آذَنُ، ثُمَّ لاَ آذَنُ، إِلَّا أَنْ يُرِيْدَ ابْنُ أَبِيْ طَالِبٍ أَنْ يُطَلِّقَ ابْنَتِيْ، وَيَنْكِحَ ابْنَتَهُمْ، فَإِنَّهَا بَضْعَةٌ مِنِّيْ، يَرِيْبُنِيْ مَا رَابَهَا، وَيُؤْذِيْنِيْ مَا آذَاهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۰۰-] حدثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ جَعْفَرٍ الْأَحْمَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ أَحَبَّ النِّسَاءِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاطِمَةُ، وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِيٌّ، قَالَ إِبْرَاهِيْمُ: يَعْنِيْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ. هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۹۰۱-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ: أَنَّ عَلِيًّا ذَكَرَ بِنْتَ أَبِيْ جَهْلٍ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "إِنَّمَا فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّيْ، يُؤْذِيْنِيْ مَا آذَاهَا، وَيَنْصِبُنِيْ مَا أَنْصَبَهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، هٰكَذَا قَالَ أَيُّوْبُ: عَنِ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابنِ الزُّبَيْرِ، وَقَالَ غَيْرُ وَاحِدٍ: عَنِ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، وَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ ابْنُ أَبِيْ مُلَيْكَةَ رَوَى عَنْهُمَا جَمِيْعًا، وَقَدْ رَوَاهُ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ نَحْوَ حديثِ اللَّيْثِ.

۳- چارتن کی جنگ ومصالحت کے ساتھ آپؐ کی جنگ ومصالحت کی روایت

حدیث: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے علی، فاطمہ، حسن اور حسین رضی اللہ عنہم سے فرمایا: ''میں جنگ (لڑائی، مخالف) ہوں ان لوگوں کے لئے جن سے تم جنگ کرو، اور میں مصالحت ہوں ان لوگوں کے لئے جن سے تم مصالحت کرو'' (حرب اور سلم: دونوں مصدر زید عدل کی طرح مبالغۃً محمول ہیں)

حدیث کا حال: یہ روایت قطعاً صحیح نہیں۔ علی بن قادم خزاعی کوفی شیعہ ہوگیا تھا، اور سدّی کبیر اسماعیل بن عبدالرحمٰن پر بھی شیعیت کا الزام تھا۔ اور اسباط بن محمد ہمدانی: حدیثوں میں بہت غلطیاں کرتا تھا اور عجیب وغریب روایتیں بیان کرتا تھا۔ اور صُبَیح معروف راوی نہیں۔ اور حضرت زید سے اس کا سماع بھی معلوم نہیں۔ یہ بات امام بخاری نے فرمائی ہے۔

۴- چارتن کی اہل بیت میں شمولیت دعائے نبوی کی برکت سے ہوئی ہے

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے حضرات حسن، حسین، فاطمہ اور علی رضی اللہ

عنہم کو کمبل میں ڈھانپا، پھر فرمایا: ''اے اللہ! یہ لوگ میرے گھر والے اور میرے گھر کے خاص افراد ہیں! ان سے آلودگی کو دور فرما، اور ان کو خوب اچھی طرح پاک صاف کردے!'' پس حضرت ام سلمہؓ نے کہا: اور میں اے اللہ کے رسول! ان کے ساتھ ہوں یعنی مجھے بھی دعا میں شامل فرمائیں۔ پس آپؐ نے فرمایا: ''تم بڑی خیر پر ہو!''

تشریح: یہ حدیث صحیح ہے۔ اور باب میں جو حضرت انس اور حضرت عمر بن ابی سلمہ کی روایتیں ہیں: وہ پہلے (حدیث ۳۲۲۹ و ۳۲۳۰ میں) آچکی ہیں۔ اور نبی ﷺ کے مولی ابوالحمراء کی روایت تفسیر طبری وغیرہ میں ہے۔ اور اس حدیث کا مطلب پہلے (تحفہ ۲: ۱۴۳ و ۵: ۳۹۶ میں) بیان کیا گیا ہے کہ چارتن کی اہل بیت میں شمولیت: دعائے نبوی کی برکت سے ہوئی ہے۔ اہل بیت کا اصل مصداق ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن ہیں۔ اور ''تم بڑی خیر پر ہو!'' کا مطلب یہ ہے کہ تم تو آیت کا شانِ نزول ہو، پس تمہیں دعا کی حاجت نہیں۔

[۳۹۰۲-] حدثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ الْبَغْدَادِيُّ، نَا عَلِيُّ بْنُ قَادِمٍ، نَا أَسْبَاطُ بْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ صُبَيْحٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ: ''أَنَا حَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ، وَسِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ''

هٰذَا حديثٌ غريبٌ إِنَّمَانَعْرِفُهُ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَصُبَيْحٌ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ لَيْسَ بِمَعْرُوْفٍ.

[۳۹۰۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم جَلَّلَ عَلَى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ كِسَاءً، ثُمَّ قَالَ: ''اللّٰهُمَّ هٰؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِيْ وَحَامَتِيْ، أَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيْرًا'' فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: وَأَنَا مَعَهُمْ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ''إِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَهُوَ أَحْسَنُ شَيْئٍ رُوِيَ فِيْ هذا الباب، وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَعُمَرَ ابْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، وَأَبِي الْحَمْرَاءِ.

۵- حضرت فاطمہؓ سیرت وخصلت اور دینی حالت میں نبیؐ سے سب سے زیادہ مشابہ تھیں!

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نہیں دیکھا میں نے کسی کو سیرت وخصلت اور دینی حالت میں زیادہ مشابہ رسول اللہ ﷺ سے، اپنے کھڑے ہونے اور بیٹھنے میں، رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ سے! —— حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: جب وہ نبی ﷺ کے پاس آتیں تو آپؐ (استقبال کے لئے) اٹھتے (اور ہاتھ پکڑتے۔ کمافی روایۃ ابی داؤد) اور ہاتھ کو چومتے، اور ان کو اپنی جگہ بٹھاتے —— اور جب نبی ﷺ ان کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ (استقبال کے لئے) اپنی جگہ سے اٹھتیں (اور آپؐ کا ہاتھ پکڑتیں) پس وہ آپؐ کو چومتیں، اور آپؐ کو اپنی جگہ

بٹھاتیں ــــ پس جب نبی ﷺ (آخری مرتبہ) بیمار ہوئے تو فاطمہؓ آئیں، اور آپؐ پر جھکیں، اور آپؐ کو چوما، پھر اپنا سر اٹھایا، اور روئیں! پھر وہ آپؐ پر جھکیں، پھر اپنا سر اٹھایا، اور ہنسیں ــــ پس میں نے (دل میں) کہا: بیشک شان یہ ہے کہ میں یقیناً گمان کیا کرتی تھی کہ یہ (فاطمہؓ) ہماری عورتوں میں سب سے زیادہ عقلمند ہیں، پس اچانک وہ عام عورتوں میں سے ہیں (کیونکہ وہ ہنسنے کا موقعہ نہیں تھا) ــــ پس جب نبی ﷺ کی وفات ہوگئی تو میں نے ان سے پوچھا: بتلائیں! جب آپؓ نبی ﷺ پر جھکی تھیں، پھر آپؓ نے سر اٹھایا تھا، اور روئی تھیں، پھر آپؓ نبی ﷺ پر جھکی تھیں، پھر اپنا سر اٹھایا تھا، اور ہنسی تھیں: کس چیز نے آپؓ کو ان کاموں پر ابھارا تھا؟ انھوں نے جواب دیا: بیشک میں تب تو بات پھیلانے والی ہوتی۔ مجھے آپؐ نے اطلاع دی تھی کہ آپؐ اپنی اس تکلیف میں وفات پانے والے ہیں تو میں روئی تھی، پھر آپؐ نے مجھے اطلاع دی کہ میں آپؐ کے خاندان میں سب سے پہلے آپؐ سے ملنی والی ہوں تو اس وقت میں ہنسی تھی!

تشریح: یہ حدیث صحیح ہے، حضرت عائشہؓ سے متعدد اسانید سے مروی ہے، اور یہ حدیث ابوداؤد، نسائی، صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں بھی ہے...... السَّمْت، الدَّلُّ اور الهَدْیُ کے معانی حدیث (۳۸۳۹) کی شرح میں بیان کئے گئے ہیں...... بَذِرَة: صفت مشبہ کا صیغہ، مذکر بَذِرٌ: باتیں افشا کرنے والا۔ بَذَرَ الحدیثَ (ن) بَذْرًا: باتیں پھیلانا، بَذَرَ الحَبَّ: بیج ڈالنا، بکھیرنا...... اور اس جملہ کا پس منظر یہ ہے کہ یہ بات حضرت عائشہؓ نے حیاتِ نبوی میں پوچھی تھی تو فاطمہؓ بات گول کرگئی تھیں۔ اب بعد وفات بتلائی، کیونکہ اگر وہ اس وقت بتلاتیں کہ آپؐ کی اس بیماری میں وفات ہونے والی ہے تو سب متعلقین پریشان ہوجاتے، اور راز کھل جاتا، اور اب جبکہ واقعہ رونما ہو چکا تو بتلانے میں کچھ حرج نہیں۔

[۳۹۰۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، نَا اِسْرائِيْلُ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَشْبَهَ سَمْتًا وَدَلًّا وَهَدْيًا بَرسولِ اللّٰهِ، فِيْ قِيَامِهَا وَقُعُوْدِهَا، مِنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قَالَتْ: وَكَانَتْ إِذَا دَخلَتْ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم قَامَ إِلَيْهَا، فَقبَّلَهَا وَأَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهِ، وَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا دَخلَ عَلَيْهَا، قَامَتْ مِنْ مَجْلِسِهَا، فَقبَّلَتْهُ، وَأَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا.

فَلَمَّا مَرِضَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم دَخلَتْ فَاطِمَةُ، فَأَكَبَّتْ عَلَيْهِ، فَقبَّلَتْهُ، ثُمَّ رَفعَتْ رَأْسَهَا، فَبكَتْ، ثُمَّ أَكَبَّتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ رَفعَتْ رَأْسَهَا، فَضَحِكَتْ، فَقُلْتُ: إِنْ كُنْتُ لَأَظُنُّ أَنَّ هٰذِهِ مِنْ أَعْقَلِ نِسَائِنَا، فَإِذَا هِيَ مِنَ النِّسَاءِ!

فَلَمَّا تُوُفِّيَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، قُلْتُ لَهَا: أَرَأَيْتِ حِيْنَ أَكْبَبْتِ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَرَفَعْتِ رَأْسَكِ، فَبَكَيْتِ، ثُمَّ أَكْبَبْتِ عَلَيْهِ، فَرَفَعْتِ رَأْسَكِ فَضَحِكْتِ، مَا حَمَلَكِ عَلَى ذٰلِكَ؟ قَالَتْ: إِنِّيْ إِذَنْ لَبَذِرَةٌ، أَخْبَرَنِيْ أَنَّهُ مَيِّتٌ مِنْ وَجعِهِ هٰذَا، فَبكَيْتُ، ثُمَّ أَخبرَنِيْ أَنِّيْ أَسرَعُ أَهْلِهِ لُحُوْقًا

بِهِ، وَذٰلِكَ حِيْنَ ضَحِكْتُ.
هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ رُوِیَ هٰذَا الحديثُ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ عَائِشَةَ.

۶- نبیؐ کوسب سے زیادہ محبت حضرت فاطمہؓ سے تھی پھر حضرت علیؓ سے

حدیث: جُمیع کہتے ہیں: میں اپنی پھوپھی کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا۔ پس حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا: لوگوں میں سے کون رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب تھا؟ انھوں نے جواب دیا: فاطمہؓ۔ پس پوچھا گیا: مردوں میں سے؟ فرمایا: ان کے شوہر (حضرت علیؓ، پھر حضرت عائشہؓ نے فرمایا:) بیشک شان یہ ہے کہ ان کے شوہر (حضرت علیؓ) تھے وہ — جہاں تک میں جانتی ہوں — بکثرت روزہ رکھنے والے، بکثرت رات میں نفلیں پڑھنے والے!

حدیث کا حال: یہ حدیث قطعاً قابل اعتبار نہیں۔ جمیع کوفی: شیعہ ہوگیا تھا۔ اور ابوالجحّاف: غالی شیعہ تھا، بکثرت اہل بیت کے سلسلہ میں روایات کرتا تھا، اور زائغ (کج رو) ضعیف بھی تھا۔ اور عبدالسلام: نہایت ضعیف روایتیں بیان کرتا تھا، اور حسین: لَيِّنُ الحديث (نرم حدیثوں والا) تھا۔

[۳۹۰۵-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ يَزِيْدَ الْكُوْفِيُّ، نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ جُمَيْعِ ابْنِ عُمَيْرٍ التَّيْمِيِّ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَمَّتِيْ عَلَى عَائِشَةَ، فَسُئِلَتْ: أَيُّ النَّاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتْ: فَاطِمَةُ، فَقِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ، قَالَتْ: زَوْجُهَا، إِنْ كَانَ – مَا عَلِمْتُ – صَوَّامًا قَوَّامًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ.

فضائل حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا: والد ماجد: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ والدہ ماجدہ: حضرت ام رومانِ فراسیہ (وفاتِ نبوی کے بعد تک حیات رہیں) کنیت: ام عبداللہ (نبی ﷺ نے ان کے بھانجے عبداللہ بن الزبیرؓ کے نام سے کنیت رکھی تھی) ولادت: ۴ یا ۵ نبوی میں۔ وفات: ۵۸ ہجری میں مدینہ میں۔ آپؐ سے نکاح: ۶ یا ۷ سال کی عمر میں (حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی وفات سے ۳ سال بعد) رخصتی: شوال سنہ ایک یا دو ہجری میں، رسول اللہ ﷺ کی سب سے پیاری بیوی، آپؐ سے نکاح باذنِ الٰہی ہوا۔ مکثرین صحابہ میں سے تھیں۔ دو ہزار سے زیادہ حدیثیں آپ سے مروی ہیں۔ اکابر صحابہ نے آپؓ سے استفادہ کیا ہے۔ حضرت عثمانؓ کی خلافت میں ان کے طرز عمل سے خوش نہیں تھیں، مگر ان کے قتل کے بعد ان کے خون کا مطالبہ لے کر اٹھیں اور جنگ جمل پیش آئی۔ و كانت من أَفْقَهِ نساءِ المسلمينَ، وأعلَمِهِنَّ بالدين والأدبِ۔

۱-صدیقہ کے ساتھ ہم خوابی کے وقت بھی آپؐ پر وحی نازل ہوتی تھی

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: لوگ اپنے ہدایا کے ساتھ عائشہؓ کی باری کا قصد کرتے تھے۔ حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: پس میری ساتھ والیاں (آپؐ کی دوسری بیویاں) ام سلمہؓ کے پاس اکٹھا ہوئیں۔ اور انھوں نے کہا: اے ام سلمہ! لوگ اپنے ہدایا کے ساتھ عائشہ کی باری کا قصد کرتے ہیں یعنی لوگ انتظار میں رہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ کی باری کے دن ہدیہ بھیجیں۔ اور ہم بھی خیر چاہتی ہیں جس طرح عائشہ خیر چاہتی ہیں یعنی ہماری بھی خواہش ہے کہ ہماری باری کے دن ہدایا آئیں۔ لہٰذا آپ رسول اللہ ﷺ سے کہیں کہ آپ لوگوں کو حکم دیں کہ وہ آپؐ کے پاس ہدایا بھیجیں جہاں بھی آپؐ ہوں۔ ام سلمہؓ نے یہ بات آپؐ سے ذکر کی، پس آپؐ نے ان سے روگردانی کی۔ پھر جب آپؐ (دوسرے دورے میں) ان کی طرف لوٹے تو انھوں نے وہ بات دوبارہ کہی۔ انھوں نے کہا: یارسول اللہ! میری ساتھ والیوں نے ذکر کیا کہ لوگ ہدایا کے ساتھ عائشہ کی باری کا قصد کرتے ہیں، لہٰذا آپؐ لوگوں کو حکم دیں کہ وہ ہدیہ بھیجیں جہاں بھی آپؐ ہوں (نبی ﷺ نے اس مرتبہ بھی روگردانی کی اور کوئی جواب نہیں دیا) پھر جب تیسری باری آئی تو انھوں نے یہی بات (سہ بارہ) کہی، پس آپؐ نے فرمایا: ''اے ام سلمہ! عائشہ کے معاملہ میں مجھے نہ ستاؤ، اس لئے کہ مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی درانحالیکہ میں ان کے علاوہ تم میں سے کسی کے لحاف میں ہوتا ہوں!''

لغات: تَحَرَّی الشیئَ: قصد کرنا، سوچ کر کوئی کام کرنا۔ جیسے قبلہ کی تحری کرنا ...... صواحبات: مفرد صاحبة، مذکر: صاحب: ساتھی، ہمراہی ...... غیرِها (مجرور) امرأة کی صفت ہے۔

[۱۳۴-] مِنْ فَضْلِ عَائِشَةَ رضی الله عنها

[۳۹۰۶-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ دُرُسْتَ، نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النَّاسُ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، قَالَتْ: فَاجْتَمَعَ صَوَاحِبَاتِي إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ، فَقُلْنَ: يَاأُمَّ سَلَمَةَ! إِنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، وَإِنَّا نُرِيْدُ الْخَيْرَ كَمَا تُرِيْدُ عَائِشَةُ، فَقُوْلِي لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَأْمُرُ النَّاسَ يُهْدُوْنَ إِلَيْهِ أَيْنَ مَاكَانَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ أُمُّ سَلَمَةَ، فَأَعْرَضَ عَنْهَا، ثُمَّ عَادَ إِلَيْهَا، فَأَعَادَتِ الْكَلَامَ، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّ صَوَاحِبَاتِي قَدْ ذَكَرْنَ: أَنَّ النَّاسَ يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ، فَأْمُرِ النَّاسَ يُهْدُوْنَ أَيْنَ مَا كُنْتَ، فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَتْ ذٰلِكَ، قَالَ: يَا أُمَّ سَلَمَةَ! لَاتُؤْذِيْنِي فِيْ عَائِشَةَ، فَإِنَّهُ مَا أُنْزِلَ عَلَيَّ الْوَحْيُ وَأَنَا فِي لِحَافِ امْرَأَةٍ مِنْكُنَّ، غَيْرِهَا''

وَقَدْ رَوَى بَعْضُهُمْ هٰذَا الحديثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، وَقَدْ رُوِيَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ هٰذَا الحديثُ، عَنْ عَوْفِ

ابْنِ الْحَارِثِ، عَنْ رُمَيْثَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ شَيْئًا مِنْ هٰذَا، وَهٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ رُوِيَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، فِيْهِ رِوَايَاتٌ مُخْتَلِفَةٌ،وَقَدْ رَوَى سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ نَحْوَ حَدِيْثِ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ.

سندوں کا بیان: یہ حدیث صحیح ہے،اور ہشام سے مختلف اسانید سے مروی ہے،امام ترمذی نے اس کی چار سندیں ذکر کی ہیں:

۱-امام ترمذی کے استاذ یحییٰ بن درست: یہ حدیث حماد بن زید سے روایت کرتے ہیں،اور آخر میں عائشہؓ کا ذکر کرتے ہیں۔ یہ سند باب کے شروع میں ہے۔

۲-امام بخاری کے استاذ عبداللہ بن عبدالوہاب: یہ حدیث حماد بن زید سے روایت کرتے ہیں،مگر مرسل کرتے ہیں،آخر میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں کرتے۔ یہ روایت بخاری شریف (حدیث ۳۷۷۵) میں ہے۔اس مرسل روایت کوامام ترمذی نے غریب (انوکھی) کہا ہے۔

۳-ابواسامہ: یہ حدیث ہشام سے روایت کرتے ہیں،مگر سند ام سلمہؓ تک پہنچاتے ہیں۔ یہ حدیث مسند احمد (۶:۲۹۳) میں ہے۔

۴-سلیمان بن بلال بھی یہ حدیث ہشام سے روایت کرتے ہیں، اور یہ حدیث بہت مفصل ہے۔ یہ حدیث بخاری شریف (حدیث ۲۵۸۱) میں ہے۔

۲-حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے نکاح باذنِ الٰہی ہوا

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام ان کا (عائشہؓ کا) فوٹو سبز ریشم کے ٹکڑے میں لائے،اور کہا: ''یہ دنیاء وآخرت میں آپؐ کی بیوی ہیں!''

یہ حدیث صحیحین میں ہشام کے متعدد تلامذہ ابواسامہ وغیرہ کی سند سے اس طرح ہے: رسول اللہ ﷺ نے عائشہؓ سے فرمایا: ''میں تم کو خواب میں دو مرتبہ دکھایا گیا، اچانک ایک شخص تمہیں ریشم کے ٹکڑے میں اٹھائے ہوئے ہے، پس اس نے کہا: یہ آپؐ کی اہلیہ ہیں، پس ان کو کھولئے، پس اچانک وہ تم ہو، پس میں نے کہا: اگر یہ بات اللہ کی طرف سے ہے تو وہ اس کو پورا کریں گے!''

تشریح: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے آپؐ کا نکاح غیبی اشارے سے ہوا تھا،آپؐ کی اپنی مرضی سے نہیں ہوا تھا۔اس کی تفصیل یہ ہے کہ نبوت کے دسویں سال ماہِ رمضان میں ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا کی وفات ہوئی،اس وقت آپؐ کی عمر پچاس سال تھی،اور بچیاں چھوٹی تھیں،اور کارِ نبوت روز افزوں تھا،اس لئے خاندان

کی عورتوں نے مشورہ دیا کہ آپ نکاح کرلیں، چنانچہ آپ نے شوال ۱۰ نبوی میں حضرت سودہ بنت زمعہ سے نکاح کرلیا۔ وہ قدیم الاسلام تھیں، حبشہ کی طرف ہجرتِ ثانیہ بھی کی تھی، ان کے دوسرے شوہر کا نام سکران بن عمرو تھا۔ وہ بھی قدیم الاسلام تھے، مگر ان کا حبشہ میں یا مکہ میں انتقال ہوگیا تھا۔ حضرت خدیجہؓ کے بعد یہ پہلی بیوی ہیں: جو آپ کے نکاح میں آئیں، اور یہ بڑی عمر کی خاتون تھیں، دومرتبہ بیوہ ہوچکی تھیں۔ اس نکاح کے بعد دومرتبہ نبی ﷺ نے مذکورہ خواب دیکھا، اور نبی کا خواب وحی ہوتا ہے، چنانچہ آپ نے خیال فرمایا کہ سودہؓ چند دن کی مہمان ہیں، پس اگر آپ عائشہؓ سے نکاح کرلیں تو وہ سودہؓ کے بعد گھر سنبھال لیں گی۔ اس طرح یہ نکاح غیبی اشارے سے ہوا۔ پھر ہجرت کے دوسرے سال جب وہ بالغ ہوگئیں تو حجلہ نبوی میں شامل ہوگئیں۔

سند کا بیان: اس حدیث کی جو سند امام ترمذیؒ نے پیش کی ہے یعنی عبداللہ بن عمرو بن علقمہ مکی کی سند غریب ہے، اور عبدالرزاق کے علاوہ ابن مہدی بھی اس سند سے حدیث روایت کرتے ہیں، مگر ان کی سند مرسل ہے، آخر میں حضرت عائشہؓ کا ذکر نہیں۔ البتہ اس حدیث کی دوسری سند حضرت ہشام کی ہے۔ ان سے یہ حدیث ابواسامہ وغیرہ متعدد تلامذہ روایت کرتے ہیں، اور یہ سب سندیں صحیحین میں ہیں، پس اس سند سے یہ روایت اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

[۳۹۰۷-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ الْمَكِّيِّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ حُسَيْنٍ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ جِبْرَئِيْلَ جَاءَ بِصُوْرَتِهَا فِيْ خِرْقَةِ حَرِيْرٍ خَضْرَاءَ، إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: " هٰذِهِ زَوْجَتُكَ فِيْ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، وَقَدْ رَوَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ هٰذَا الحديثَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عَائِشَةَ، وَقَدْ رَوَى أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

۳-جبرئیل علیہ السلام نے عائشہؓ کو سلام کہلوایا

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: "اے عائشہ! یہ جبرئیل علیہ السلام ہیں، وہ تمہیں سلام کہتے ہیں۔ پس حضرت عائشہؓ نے جواب دیا: "اور ان پر بھی سلامتی ہو، اور اللہ کی رحمت اور برکتیں! آپ دیکھتے ہیں وہ جو ہم نہیں دیکھتے" یعنی مجھے حضرت جبرئیل علیہ السلام نظر نہیں آرہے۔

تشریح: یہ حدیث ابوسلمہ سے معمر بھی روایت کرتے ہیں اور شعبی بھی۔ اور عامر شعبی کی سند سے یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۶۹۴ تحفہ ۶: ۴۷۴) آچکی ہے

۴-عائشہؓ کے پاس ہر مسئلہ کا کچھ نہ کچھ علم تھا!

روایت: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ''نہیں مشتبہ ہوئی ہم پر یعنی رسول اللہ ﷺ کے صحابہ پر کوئی بات کبھی بھی: پس ہم نے عائشہؓ سے دریافت کیا، مگر پایا ہم نے ان کے پاس اس مسئلہ کا کچھ نہ کچھ علم!''

تشریح: علماً: أی نوعَ علمٍ...... أصحابَ: منصوب علی الاختصاص ہے، یا مجرور ہے اور علینا کی ضمیر سے بدل ہے...... اور مشہور روایت: خذوا شطر دينكم عن الحميراء يعني عائشة: محض بے اصل ہے، کسی کتاب میں اس کی کوئی سند نہیں ہے (تحفۃ الاحوذی ۴: ۳۶۴)

۵-عائشہؓ فصاحت و بلاغت میں ید طولیٰ رکھتی تھیں!

روایت: موسیٰ بن طلحہ: جو جلیل القدر ثقہ تابعی ہیں: کہتے ہیں: میں نے کسی کو حضرت عائشہؓ سے زیادہ فصیح نہیں پایا یعنی وہ اپنے مقصود کو بہترین الفاظ سے ادا کرتی تھیں۔ یہی بات ایک موقعہ پر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بھی کہی ہے۔

۶-صدیقہؓ نبی ﷺ کی سب سے پیاری بیوی تھیں

حدیث (۱): حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے غزوۂ ذات السلاسل میں لشکر کا امیر مقرر کیا (اس لشکر میں حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما بھی تھے) وہ کہتے ہیں: غزوہ سے فارغ ہو کر میں خدمتِ نبوی میں حاضر ہوا (حضرت عمرو ابھی چند روز پہلے مسلمان ہوئے تھے، اور ان کو لشکر کا امیر بنایا گیا تھا، پس انھوں نے گمان کیا کہ وہ نبی ﷺ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہیں) پس انھوں نے پوچھا: یارسول اللہ! لوگوں میں کون آپؐ کو سب سے زیادہ محبوب ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''عائشہ!'' (یہ نبی ﷺ نے بات ٹلائی تھی، مگر نبی ہر حال میں برحق بات کہتا ہے) انھوں نے پوچھا: مردوں میں سے؟ آپؐ نے فرمایا: ''ان کے ابا! (اور بخاری کتاب المغازی میں ہے: پھر کون؟ آپؐ نے فرمایا: ''عمر!'' اسی طرح چند لوگوں کا تذکرہ کیا، پس عمرو خاموش ہو گئے کہ کہیں میرا نمبر سب سے آخر میں نہ آئے)

تشریح: یہ حدیث حضرت عمرو بن العاص سے ابوعثمان نہدی بھی روایت کرتے ہیں، اور قیس بن ابی حازم بھی۔ امام ترمذیؒ نے دونوں سندیں پیش کی ہیں۔ اور یہ حدیث حضرت انسؓ سے بھی مروی ہے۔ ان کی روایت باب کے آخر (حدیث ۳۹۱۷) میں ذکر کی ہے۔

حدیث (۲): (جنگ جمل کے موقعہ پر) کسی نے حضرت عمارؓ کے سامنے حضرت عائشہؓ کو برا کہا، تو آپؓ نے فرمایا: ''دور ہو بد بخت دھتکارے ہوئے! کیا تو نبی ﷺ کی محبوبہ (پیاری بیوی) کو ستاتا ہے! (أَغْرِب: فعل امر از باب

افعال: أَغْرَبَ الشيئَ: ہٹانا، دور کرنا...... مَقْبُوحاً اورمنبوحاً: أَغْرِبْ کی ضمیر أنت کے حال ہیں۔قبح الله فلانا: بھلائی سے دور رکھنا...... نبح الكلبُ: کتے کا بھونکنا) (یہ حدیث نمبر ۳۹۱۵ پر آ رہی ہے)

حدیث (۳): حضرت علیؓ نے جنگ جمل میں (یہ جنگ بصرہ میں ہوئی تھی) شرکت کی دعوت دینے کے لئے حضرت عمار اور حضرت حسن رضی اللہ عنہما کو کوفہ بھیجا، وہاں حضرت عمارؓ نے تقریر اس طرح شروع کی: میں جانتا ہوں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا دنیا و آخرت میں نبی ﷺ کی اہلیہ ہیں (مگر یہ تمہارے لئے امتحان کی گھڑی ہے کہ تم خلیفہ برحق کا ساتھ دیتے ہو یا حضرت عائشہ کا) (یہ حدیث آگے نمبر ۳۹۱۶ پر آ رہی ہے)

۷-عائشہؓ کی دیگر خواتین پر برتری

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: فضلُ عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام: عائشہ کی عورتوں پر برتری جیسے ثرید کی دیگر کھانوں پر برتری! (ثرید: روٹی کو چور کر شوربے میں بھگو کر بنایا ہوا کھانا۔ثَرَدَ الخبزَ (ن) ثَرْدًا: روٹی چور کر شوربے میں بھگونا)

سوال: حدیث میں ہے کہ کھانے کا سردار گوشت ہے؟ جواب: گوشت ثرید میں شامل ہے!

سوال: ثرید میں کیا خوبیاں ہیں؟ جواب: ثرید میں غذا بھی ہے اور مزہ بھی۔ وہ سہولت سے چب جاتا ہے، اور جلدی ہضم ہوجاتا ہے!

سوال: صدیقہ کی خوبیاں کیا ہیں؟ جواب: سیرت وصورت کی عمدگی، شیریں کلامی، فصاحت وبلاغت، مزاج میں سنجیدگی، رائے کی عمدگی، عقل کی پختگی، اور شوہر کے لئے سامانِ دل بستگی وغیرہ ان کی خوبیاں تھیں۔

حوالہ: یہ حدیث حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کی سند سے پہلے (حدیث ۱۸۲۸ تحفہ ۵: ۱۷۶ ابواب الاطعمۃ میں) آچکی ہے۔

[۳۹۰۸-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" يَا عَائِشَةُ! هٰذَا جِبْرَئِيْلُ، وَهُوَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلاَمَ" قَالَتْ: قُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ، وَرَحْمَةُ اللهِ، وَبَرَكَاتُهُ، تَرَى مَالاَ نَرَى! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۰۹-] حدثنا سُوَيْدٌ، نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، نَا زَكَرِيَّا، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ لِيْ رسولُ اللهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ جِبْرَئِيْلَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلاَمَ"، فَقُلْتُ: وَعَلَيْهِ السَّلاَمُ، وَرَحْمَةُ اللهِ! هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[۳۹۱۰-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، نَا زِيَادُ بْنُ الرَّبِيْعِ، نَا خَالِدُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ، عَنْ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، قَالَ: مَا أَشْكَلَ عَلَيْنَا أَصْحَابَ رسولِ اللهِ صلى الله عليه وسلم حَدِيْثٌ قَطُّ،

فَسَأَلْنَا عَائِشَةَ إِلَّا وَجَدْنَا عِنْدَهَا مِنْهُ عِلْمًا، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[٣٩١١-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا مُعَاوِيَةُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَفْصَحَ مِنْ عَائِشَةَ! هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[٣٩١٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، وَبُنْدَارٌ، قَالاَ: نَا يَحْيىَ بْنُ حَمَّادٍ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، نَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم اسْتَعْمَلَهُ عَلَى جَيْشِ ذَاتِ السَّلاَسِلِ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: "عَائِشَةُ" قُلْتُ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: "أبُوْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩١٣-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّهُ قَالَ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيْكَ؟ قَالَ: "عَائِشَةُ" قَالَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: "أَبُوْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ قَيْسٍ.

[٣٩١٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ"

وفى الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَأَبِىْ مُوْسَى، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ: هُوَ أَبُوْ طُوَالَةَ الْأَنْصَارِيُّ، مَدِيْنِيٌّ، وَهُوَ ثِقَةٌ.

[٣٩١٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ غَالِبٍ: أَنَّ رَجُلاً نَالَ مِنْ عَائِشَةَ عِنْدَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: أَغْرِبْ مَقْبُوْحًا مَنْبُوْحًا! أَتُؤْذِىْ حَبِيْبَةَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩١٦-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِىْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُوْلُ: هِىَ زَوْجَتُهُ فِىْ الدُّنْيَا والآخِرَةِ، يَعْنِىْ عَائِشَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩١٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قِيْلَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيْكَ؟ قَالَ: "عَائِشَةُ" قِيْلَ: مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: "أَبُوْهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ أَنَسٍ.

فضائل سیدۃ خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہا

ام المؤمنین حضرت خدیجہ بنت خُویلد قرشیہ رضی اللہ عنہا: نبی ﷺ کی پہلی بیوی صاحبہ۔ ولادت: ہجرت سے ۶۸ سال قبل۔ وفات: ہجرت سے تین سال قبل۔ نبی ﷺ سے پندرہ سال بڑی تھیں۔ اولاد: نبی ﷺ کی تمام اولاد (حضرت ابراہیم کے علاوہ) آپؓ ہی کے بطنِ مبارک سے ہے: قاسم (سب سے بڑے صاحبزادے جن سے آپؐ کی کنیت ابوالقاسم ہوئی) عبداللہ (جن کا لقب طیب وطاہر ہے) زینب، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ عنہم۔ نبی ﷺ پر عورتوں میں سے سب سے پہلے آپؓ ہی اسلام لائی ہیں۔ کنیت: ام ہند (یہ پہلے شوہر کے لڑکے ہیں)

۱- حضرت عائشہؓ کو سب سے زیادہ غیرت حضرت خدیجہؓ پر آتی تھی

حدیث: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی ازواج میں سے کسی پر مجھے اتنی غیرت نہیں آتی تھیں جتنی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر آتی تھی، حالانکہ نہیں تھا (رشک) میرے ساتھ یعنی میرے اندر بایں وجہ کہ میں نے ان کو پایا ہے، اور نہیں تھی وہ غیرت مگر بکثرت نبی ﷺ کے ان کا تذکرہ کرنے کی وجہ سے۔ اور بیشک شان یہ ہے کہ نبی ﷺ بکری ذبح کیا کرتے تھے، پس آپؐ ٹوہ لگاتے تھے بکری کے گوشت کے بارے میں حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کی۔ پس آپؐ ہدیہ بھیجتے تھے بکری کے گوشت کا ان سہیلیوں کے پاس (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۰۱۵ تحفہ ۵:۳۵۰) گذر چکی ہے، اور وہاں حدیث کی شرح کی گئی ہے)

۲- حضرت خدیجہؓ کو جنت کی بشارت!

حدیث: حضرت عائشہ کہتی ہیں: نہیں رشک آتا مجھے کسی عورت پر جتنا مجھے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا پر رشک آتا ہے، درانحالیکہ نہیں نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے مگر ان کی وفات کے بعد یعنی ان کا سوکن ہونا باعثِ رشک نہیں، بلکہ اس رشک کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو خوشخبری دی ہے جنت میں بانس کے ایک ایسے مکان کی جس میں نہ شور ہے نہ تکان! (یہ روایت متفق علیہ ہے)

لغات: قَصَب: ہر وہ نبات جس کا تنا پتلا کھوکھلا اور گانٹھ دار ہو، جیسے بانس، سرکنڈا، نرسل وغیرہ...... صَخَب: شور وغل، ہنگامہ...... نَصَب: تکان، دکھ درد۔

تشریح: عشرۂ مبشرہ کے علاوہ اور بھی متعدد صحابہ اور صحابیات کو نبی ﷺ نے مختلف مواقع میں جنت کی بشارت دی ہے، حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ عنہ کو بھی اس کی خوش خبری دی ہے ــــــ اور آخرت کی چیزوں میں اور اس دنیا کی چیزوں میں محض لفظی اشتراک ہوتا ہے، پس جنت کے بانس کی حقیقت آخرت ہی میں معلوم ہوگی۔

۳- حضرت خدیجہؓ اس امت کی بہترین خاتون ہیں

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اِس امت کی عورتوں میں بہترین خدیجہؓ ہیں (آپؓ ہمارے نبیؐ کی صحابیہ ہیں) اور اُس امت (امتِ عیسیٰ) کی عورتوں میں بہترین مریم ہیں (وہ عیسیٰ علیہ السلام کی صحابیہ ہیں) (یہ حضرت علیؓ کی روایت ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: ''کافی ہے تیرے لئے دنیا کی عورتوں میں سے: مریم، خدیجہ، فاطمہ اور فرعون کی بیوی آسیہ رضی اللہ عنہن۔ یعنی یہ اپنے اپنے زمانہ کی بہترین خواتین ہیں۔ اور خیریت کا ان میں حصر نہیں، ذکرِ شیئ نفی ماعدا کو مستلزم نہیں (اور یہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے)

[۱۳۵-] فَضْلُ خَدِيْجَةَ رضی اللہ عنہا

[۳۹۱۸-] حدثنا أَبُوْهِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، نَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا غِرْتُ عَلَى أَحَدٍ مِنْ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مَا غِرْتُ عَلَى خَدِيْجَةَ، وَمَا بِيْ أَنْ أَكُوْنَ أَدْرَكْتُهَا، وَمَا ذٰلِكَ إِلاَّ لِكَثْرَةِ ذِكْرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَهَا، وَإِنْ كَانَ لَيَذْبَحُ الشَّاةَ، فَيَتَتَبَّعُ بِهَا صَدَائِقَ خَدِيْجَةَ، فَيُهْدِيْهَا لَهُنَّ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

[۳۹۱۹-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا حَسَدْتُ امْرَأَةً مَا حَسَدْتُ خَدِيْجَةَ، وَمَا تَزَوَّجَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلاَّ بَعْدَ مَا مَاتَتْ، وَذٰلِكَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَشَّرَهَا بِبَيْتٍ فِيْ الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لاَصَخَبَ فِيْهِ وَلاَنَصَبَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۲۰-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، نَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "خَيْرُ نِسَائِهَا خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَخَيْرُ نِسَائِهَا مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ"

وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۲۱-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ زَنْجُوْيَةَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" حَسْبُكَ مِنْ نِسَاءِ الْعَالَمِيْنَ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَخَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحمدٍ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعُوْنَ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

فضائل ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن

۱- ازواج مطہرات نبی ﷺ کی نشانیاں ہیں

حدیث: عکرمہ کہتے ہیں: فجر کی نماز کے بعد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو اطلاع دی گئی کہ نبی ﷺ کی فلاں اہلیہ صاحبہ کا انتقال ہوگیا۔ پس آپؓ نے سجدہ کیا۔ آپؓ سے کہا گیا: کیا آپؓ اس وقت میں سجدہ کرتے ہیں (جبکہ نفلیں پڑھنا ممنوع ہے؟) آپؓ نے فرمایا: کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا: إذا رأيتم آيةً فاسجدوا: جب تم (اللہ کی قدرت کی) کوئی نشانی دیکھو تو سجدہ کرو؟ پس نبی ﷺ کی ازواج کی وفات سے بڑی نشانی کونسی ہے؟

تشریح: نبی ﷺ کی ازواج: نبی ﷺ کی نشانیاں ہیں، نبی ﷺ کی برکتیں ان نشانیوں کی شکل میں باقی تھیں، پس ان میں سے کسی بیوی صاحبہ کا انتقال امت کے لئے ایک المیہ ہے۔ اور ڈرانے والی نشانیوں میں مثلاً کسوف وخسوف کے وقت نماز پڑھنے کا حکم ہے، پس اس نشانی کے ظہور کے وقت بھی نماز نہ سہی سجدۂ آیات کرنے میں کیا حرج ہے؟ اور فجر اور عصر کے بعد نفلیں تو مکروہ ہیں، مگر سجدۂ تلاوت جائز ہے، پس سجدۂ آیات بھی جائز ہے —— اور یہ کونسی بیوی صاحبہ کی وفات کا واقعہ ہے؟ یہ بات معلوم نہیں! روایات میں صفیہ، حفصہ اور سودۃ رضی اللہ عنہن کے نام آئے ہیں۔

[۱۳۶-] فِي فَضْلِ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم

[۳۹۲۲-] حدثنا الْعَبَّاسُ الْعَنْبَرِيُّ، نَا يَحْيىَ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ: أَبُوْ غَسَّانَ، نَاسَلْمُ بْنُ جَعْفَرٍ، وَكَانَ ثِقَةً، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: قِيْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ بَعْدَ صَلاَةِ الصُّبْحِ: مَاتَتْ فُلاَنَةُ، لِبَعْضِ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَسَجَدَ، قِيْلَ لَهُ: أَتَسْجُدُ هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَالَ: أَلَيْسَ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا رَأَيْتُمْ آيَةً فَاسْجُدُوْا؟" فَأَيُّ آيَةٍ أَعْظَمُ مِنْ ذَهَابِ أَزْوَاجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم؟ هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۲- حضرت صفیہؓ کا بھی نبیوں سے رشتہ ہے

حدیث (۱): حضرت صفیہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ مجھے حفصہ اور عائشہ سے کچھ باتیں پہنچی تھیں، پس میں نے آپؐ سے ان باتوں کا تذکرہ کیا۔ آپؐ نے فرمایا: "تم نے ان سے کیوں نہ کہہ دیا کہ تم دونوں مجھ سے کیسے بہتر ہوسکتی ہو، درانحالیکہ میرے شوہر محمد (ﷺ) ہیں، اور میرے ابا ہارون (علیہ السلام) ہیں، اور میرے چچا موسیٰ (علیہ السلام) ہیں؟ —— اور وہ بات جو صفیہ کو پہنچی تھی: یہ تھی کہ انھوں نے کہا: ہم رسول اللہ ﷺ کے نزدیک صفیہ سے زیادہ معزز ہیں، اور انہوں نے کہا: ہم نبی ﷺ کی بیویاں ہیں، اور آپؐ کے چچا کی

بیٹیاں ہیں، یعنی آپؐ کے خاندان کی ہیں۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: حضرت صفیہ کو یہ بات پہنچی کہ حضرت حفصہؓ نے کہا: یہودی کی بیٹی! پس وہ رو پڑیں، پس ان کے پاس نبی ﷺ تشریف لائے، درانحالیکہ وہ رو رہی تھیں۔ آپؐ نے پوچھا: کیوں رو رہی ہو؟ انھوں نے کہا: مجھ سے حفصہ نے کہا کہ میں یہودی کی بیٹی ہوں! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''تم نبی کی بیٹی ہو، اور تمہارے چچا نبی ہیں، اور تم ایک نبی کی بیوی ہو! پس وہ کن باتوں کی وجہ سے تم پر فخر کرتی ہیں؟'' پھر آپؐ نے فرمایا: ''حفصہ! اللہ سے ڈرو!''

تشریح: یہ دونوں واقعے الگ الگ ہیں۔ اور عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما بھی اگرچہ نبی (اسماعیل علیہ السلام) کی بیٹیاں ہیں، اور ان کے چچا (اسحاق علیہ السلام) نبی ہیں، اور وہ دونوں نبی ﷺ کی بیویاں ہیں، مگر یہ دور کے آباء ہیں، اور قریبی آباء سے فخر اولیٰ ہے۔

[۳۹۲۳-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا عَبْدُ الصَّمَدِ، نَا هَاشِمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْكُوْفِيُّ، نَا كِنَانَةُ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ بَلَغَنِيْ عَنْ حَفْصَةَ وَعَائِشَةَ كَلَامٌ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: " أَلَا قُلْتِ: وَكَيْفَ تَكُوْنَانِ خَيْرًا مِنِّىْ، وَزَوْجِىْ مُحمدٌ، وَأَبِىْ هَارُوْنُ، وَعَمِّىْ مُوْسَى" وَكَانَ الَّذِىْ بَلَغَهَا أَنَّهُمْ قَالُوْا: نَحْنُ أَكْرَمُ عَلَى رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْهَا، وَقَالُوْا: نَحْنُ أَزْوَاجُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم وَبَنَاتُ عَمِّهِ.

وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ هَاشِمٍ الْكُوْفِيِّ، وَلَيْسَ إِسْنَادُهُ بِذَاكَ.

[۳۹۲۴-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَا: نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، نَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنسٍ، قَالَ: بَلَغَ صَفِيَّةَ: أَنَّ حَفْصَةَ قَالَتْ: بِنْتُ يَهُوْدِيٍّ! فَبَكَتْ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم، وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: " مَا يُبْكِيْكِ؟" قَالَتْ: قَالَتْ لِيْ حَفْصَةُ: إِنِّىْ ابْنَةُ يَهُوْدِيٍّ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: " وَإِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ، وَإِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ، وَإِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ، فَفِيْمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ؟" ثُمَّ قَالَ: "اتَّقِىْ اللّٰهَ يا حَفْصَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

۳- آپؐ نے قرب وفات کی اطلاع ازواج کو نہیں دی تا کہ وہ بے قرار نہ ہوں

حدیث: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عبد اللہ بن وہب کو بتلایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے سال حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا، اور ان سے سرگوشی کی، پس وہ روئیں، پھر آپؐ نے ان سے (دوسری) بات کہی تو وہ

ہنسیں۔ام سلمہؓ کہتی ہیں: پھر جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی، تو میں نے ان سے ان کے رونے اور ہنسنے کی وجہ دریافت کی، پس انھوں نے بتایا: مجھے نبی ﷺ نے خبر دی کہ آپؐ کی وفات ہونے والی ہے، پس میں روئی، پھر مجھے خبر دی کہ میں جنتیوں کی عورتوں کی، علاوہ مریمؑ کے، سردار ہوں تو میں ہنسی!

تشریح: اس حدیث کے سب راوی ٹھیک ہیں، مگر یہ واقعہ مرض موت کا ہے، فتح مکہ کا نہیں۔ پہلے (حدیث ۳۹۰۴) گذری ہے، اس میں اس کی صراحت ہے۔اور وہ حدیث متفق علیہ ہے۔اور دوسری مرتبہ کی سرگوشی میں نبی ﷺ نے دو باتیں بتائی تھیں: اول: میرے خاندان میں سے تم سب سے پہلے مجھ سے ملوگی۔ دوم: تم جنت کی عورتوں کی سردار ہو، روایات میں یہ دونوں باتیں متفرق ہوگئی ہیں، کسی روایت میں اول کا اور کسی میں ثانی کا ذکر ہے۔اور حضرت مریم رضی اللہ عنہا کا استثناء اسی روایت میں ہے، صحیحین کی روایات میں یہ استثناء نہیں ہے۔

سوال: اس حدیث کا ازواج مطہرات کے فضائل سے کیا تعلق ہے؟

جواب: عنوان میں اس تعلق کی طرف اشارہ کیا ہے۔ نبی ﷺ نے قربِ وفات کی اطلاع ازواج مطہرات کو نہیں دی، تا کہ وہ بسمل (بے قرار) نہ ہوں، ازواج پر یہ شفقت ان کی فضیلت ہے ـــــ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو رازدارانہ طور پر یہ اطلاع اس لئے دی کہ ان کو بعد میں خوش خبری بھی دینی تھی۔ چنانچہ پہلے قرب وفات کی اطلاع دی، پھر جب وہ بے قرار ہوگئیں تو دوسری دو اطلاعیں دے کر ان کو ہشاش بشاش کر دیا، پس ان کی بے قراری ہلکی پڑ گئی۔

[۳۹۲۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ، ثَنِیْ مُوْسَی بْنُ یَعْقُوْبَ الزَّمْعِیُّ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمٍ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ أَخْبرَهُ، أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم دَعَا فَاطِمَةَ عَامَ الْفَتْحِ، فَنَاجَاهَا، فَبَكَتْ، ثُمَّ حَدَّثَهَا فَضَحِكَتْ، قَالَتْ: فَلَمَّا تُوُفِّیَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم سَأَلْتُهَا عَنْ بُكَائِهَا وَضَحِكِهَا، قَالَتْ: أَخْبَرَنِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنَّهُ یَمُوْتُ فَبَكَیْتُ، ثُمَّ أَخْبرَنِیْ أَنِّیْ سَیِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، إِلَّا مَرْیَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ، فَضَحِكْتُ'' هٰذَا حدیثٌ حسنٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجهِ.

۴- نبی ﷺ کا ازواج کے ساتھ بہترین برتاؤ

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: خیر کم: خیر کم لأهله: تم میں بہتر وہ ہے: جو تم میں بہتر ہے اپنی بیویوں کے حق میں (تحفہ ۳: ۶۰۲): وأنا خیر کم لأهلی: اور میں تم میں بہتر ہوں اپنی بیویوں کے حق میں (ازواج کے ساتھ یہی حسن سلوک ان کی فضیلت ہے): وإذا مات صاحبکم فدعوه: اور جب تمہارا ساتھی (بیوی یا شوہر) مرجائے تو اس کو چھوڑ دو! یعنی اب اس کی برائی نہ کرو، اور یہ بھی حسن سلوک کا ایک باب ہے۔

۵- آپ ﷺ ہر کسی سے دل صاف رکھتے تھے

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے کوئی میرے صحابہ میں سے کسی کی طرف سے کوئی بات نہ پہنچائے! کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ ان کی طرف اس حال میں نکلوں کہ میرا دل (سب کی طرف سے) صاف ہو'' —— حدیث کے راوی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: آپؐ کی خدمت میں مال لایا گیا، آپؐ نے اس کو تقسیم کیا، پس میں دو بیٹھے ہوئے شخصوں کے پاس پہنچا، وہ کہہ رہے تھے: بخدا! محمد (ﷺ) نے ارادہ نہیں کیا اپنی اس تقسیم سے جو انھوں نے کی: اللہ کی خوشنودی کا اور نہ آخرت کے گھر کا! یعنی منصفانہ تقسیم نہیں کی، پس جب میں نے یہ بات سنی تو اس کو پھیلایا۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور میں نے وہ بات آپؐ کو بتلائی، آپؐ کا چہرہ سرخ ہوگیا، اور فرمایا: ''مجھے خود سے چھوڑو! یعنی مجھے ایسی باتیں مت پہنچاؤ، بخدا! موسیٰ علیہ السلام اس سے زیادہ ستائے گئے، پس انھوں نے صبر کیا یعنی میں بھی اس قسم کی باتوں پر صبر کرونگا (یہ واقعہ مذکورہ ارشاد کی ایک مثال ہے)

تشریح: جس ہستی کا مزاج یہ ہو کہ وہ اپنے ساتھیوں سے بددل نہ ہونا چاہتا ہو: وہ اپنی ازواج سے بددل کیسے ہوسکتا ہے؟ اور کوئی بیوی دوسری بیوی کے خلاف آپؐ کے کان کیسے بھر سکتی ہے؟ آپؐ ہمیشہ بیویوں کی طرف سے صاف دل رہتے تھے، اور کوئی بات وقتی طور پر پیش آجاتی تو آپؐ بروقت اس کا مداوا کردیتے تھے، پھر دل میں بات نہیں رکھتے تھے، تاکہ سب ازواج کے ساتھ حسن سلوک ہوسکے۔ یہی ازواج کی طرف سے قلب کی صفائی ان کی فضیلت ہے۔

[۳۹۲۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِه، وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِيْ، وَإِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوْهُ " هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَرُوِىَ هٰذَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلٌ.

[۳۹۲۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، نَا مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ الْوَلِيْدِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ زَائِدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لاَيُبَلِّغُنِىْ أَحَدٌ مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِىْ شَيْئًا، فَإِنِّىْ أُحِبُّ أَنْ أَخْرُجَ إِلَيْهِمْ، وَأَنَا سَلِيْمُ الصَّدْرِ"

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَأُتِىَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِمَالٍ، فَقَسَمَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَانْتَهَيْتُ إِلَى رَجُلَيْنِ جَالِسَيْنِ، وَهُمَا يَقُوْلاَنِ: واللّٰهِ مَا أَرَادَ مُحمدٌ بِقِسْمَتِهِ الَّتِىْ قَسَمَهَا وَجْهَ اللّٰهِ، وَلاَالدَّارَ الآخِرَةَ، فَتَثَبَّتُّ حِيْنَ سَمِعْتُهَا، فَأَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَأَخْبَرْتُهُ فَاحْمَرَّ وَجْهُهُ، قَالَ:"دَعْنِىْ عَنْكَ، فَقَدْ أُوْذِىَ مُوْسَى بِأَكْثَرَ مِنْ هٰذَا فَصَبَرَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَقَدْ زِيْدَ فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ رَجُلٌ.
أَخْبَرَنَا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحمدٍ، نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، وَالْحُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ أَبِيْ هِشَامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ زَائِدَةَ، عَنْ ابنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مِنْ هٰذَا.

وضاحت: حدیث نمبر ۳۹۲۷ میں بعض رواۃ نے سدّی کا واسطہ بڑھایا ہے، آخر میں اسی سند کو لائے ہیں۔ نَثَا الحدیثَ (ن) نَثْوًا: بات کو پھیلانا۔

فضائل حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ (دیکھیں مناقب، باب ۱۰۵)

نبی ﷺ کو حکم ملا کہ ابیؓ کو قرآن سنائیں!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں قرآن پڑھ کر سناؤں، پس آپؐ نے ان کو سورۃ البینہ پڑھ کر سنائی (یہاں تک حدیث حضرت انسؓ کی روایت سے پہلے (حدیث ۳۸۲۳ مناقب) آچکی ہے، اور اس میں پڑھا: ''بیشک (معتبر) دین اللہ کے نزدیک حنیفیت مسلمہ ہے (دینِ حنیف: دین ابراہیم علیہ السلام۔ اور ملتِ مسلمہ: نبی ﷺ کا دین۔ جو دینِ ابراہیم کا نیا ایڈیشن ہے) یہودیت، عیسائیت اور مجوسیت معتبر نہیں، اور جو شخص نیک کام کرے گا: اس کی ناشکری نہیں کی جائے گی'' (یہ آیت منسوخ التلاوۃ ہے) اور آپؐ نے ان کے سامنے پڑھا: ''اگر انسان کو مال کا بھرا ہوا ایک میدان مل جائے، تو وہ ضرور دوسرا میدان مانگے گا۔ اور اگر اس کو دوسرا میدان مل جائے، تو وہ ضرور تیسرا میدان مانگے گا۔ اور انسان کے پیٹ کو مٹی ہی بھر سکتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس بندے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو اللہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے (یہ آیت بھی منسوخ التلاوۃ ہے اور یہ مضمون حضرت انسؓ کی روایت سے پہلے (حدیث ۲۳۳۰ ابواب الزہد باب ۲۲ تحفہ ۶: ۱۲۳ میں) آچکا ہے)

[۱۳۷-] فَضْلُ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رضى الله عنه

[۳۹۲۸-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ: '' إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ فَقَرَأَ عَلَيْهِ: ﴿لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا﴾ وَقَرَأَ فِيْهَا: إِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْحَنِيْفِيَّةُ الْمُسْلِمَةُ، لاَ الْيَهُوْدِيَّةُ، وَلاَ النَّصْرَانِيَّةُ، وَلاَ الْمَجُوْسِيَّةُ، مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا فَلَنْ يُكْفَرَهُ، وَقَرَأَ عَلَيْهِ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ مَالٍ لاَبْتَغَى إِلَيْهِ ثَانِيًا، وَلَوْ كَانَ لَهُ ثَانِيًا لاَبْتَغَى إِلَيْهِ ثَالِثًا، وَلاَ يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ

إِلَّا تُرَابٌ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لِأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: "إِنَّ اللّٰهَ أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ" وَقَدْ رَوَى قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِأُبَيٍّ: "إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى أَمَرَنِيْ أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ"

فضائل انصار وقریش

انصار: اوس وخزرج اوران کے حلیف قبائل ہیں۔اورقریش: کون لوگ ہیں؟اس میں تین قول ہیں: فہر بن مالک کی اولاد،نضر بن کنانہ کی اولاد،اورقصی بن کلاب کی اولاد(ابواب المناقب کے شروع میں نبی ﷺ کا نسب نامہ دیکھیں) پہلے دوقول مشہور ہیں،تیسرا قول شاذ ہے۔اس باب میں گیارہ روایتیں ہیں،دومیں قریش کا ذکر ہے،باقی میں انصار کا۔

۱-جِعْرَانہ میں اموالِ غنیمت کی تقسیم کے موقع پر انصار کی بددلی اور نبیؐ کا ان سے خطاب

جب رسول اللہ ﷺ نے جعرانہ میں غزوۂ حنین کی غنیمت تقسیم فرمائی تو قریش اور قبائل عرب کو بڑے بڑے عطیے دیئے،اورانصار کو کچھ نہ دیا،پس انصار میں چومیگوئیاں ہوئیں،یہاں تک کہ کہنے والوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ پر وطن اورقوم کی محبت غالب آگئی!اور ہوسکتا ہے: آپؐ مکہ ہی میں ٹھہر جائیں!چنانچہ آپؐ نے انصار کو ایک چھولداری میں جمع کیا،اوران سے درج ذیل خطاب فرمایا:

"اے انصار کے لوگو!تمہاری یہ کیا چہ میگوئیاں ہیں جو میرے علم میں آئی ہیں؟ اور یہ کیا ناراضگی ہے جو تم اپنے دلوں میں محسوس کررہے ہو؟ کیا ایسا نہیں ہے کہ میں تمہارے پاس اس حالت میں آیا کہ تم گمراہ تھے،پس اللہ نے تمہیں ہدایت دی؟ اورتم محتاج تھے،پس اللہ نے تمہیں غنی کردیا؟ اورتم باہم دشمن تھے،پس اللہ نے تمہارے دل جوڑ دیئے؟"

لوگوں نے کہا: کیوں نہیں!بیشک ہم ایسے ہی تھے،اللہ نے اوراس کے رسول نے ہم پر فضل وکرم فرمایا!

اس کے بعد آپؐ نے فرمایا:"انصار کے لوگو!مجھے جواب کیوں نہیں دیتے؟"انصار نے عرض کیا: یارسول اللہ!ہم کیا جواب دیں؟ آپؐ نے فرمایا:"تم چاہوتو کہہ سکتے ہو،اور سچ ہی کہوگے اورتمہاری بات سچ مانی جائے گی کہ آپؐ ہمارے پاس اس حالت میں آئے کہ آپؐ کو جھٹلایا گیا،ہم نے آپؐ کی تصدیق کی! آپؐ کو بے یار ومددگار چھوڑ دیا گیا، ہم نے آپؐ کی مدد کی،آپؐ کو دھتکار دیا گیا،ہم نے آپؐ کو ٹھکانا دیا۔آپؐ محتاج تھے،ہم نے آپؐ کی غم خواری کی!"

اے انصار کے لوگو!تم متاع حقیر کی وجہ سے ناراض ہوگئے،جس کے ذریعہ میں نے لوگوں کے دل جوڑے،تاکہ وہ مسلمان ہوجائیں،اورتم کو تمہارے اسلام کے حوالے کردیا،اے انصار کے لوگو! کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ لوگ اونٹ

اور بکریاں لے کر جائیں، اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر اپنے ڈیروں میں پلٹو؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں محمد کی جان ہے! اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار ہی سے ہوتا۔ اگر سارے لوگ ایک راہ چلیں، اور انصار دوسری راہ، تو میں انصار کی راہ چلونگا۔ اے اللہ! انصار پر رحم فرما! اور انصار کے بیٹوں، اور انصار کے بیٹوں کے بیٹوں (پوتوں) پر بھی!''

رسول اللہ ﷺ کا یہ خطاب سن کر انصار اس قدر روئے کہ ڈارھیاں تر ہوگئیں، اور وہ کہنے لگے: ہم راضی ہیں کہ ہمارے نصیب میں رسول اللہ ﷺ آئیں! —— اس خطاب کی باتیں باب کی روایات میں متفرق طور پر مذکور ہیں، اور دیگر روایات میں بھی ترتیب نہیں ہے، میں نے اس عنوان کے تحت ان کو مرتب کیا ہے۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر ہجرت نہ ہوتی یعنی ہجرت کی فضیلت سے مجھے سرفراز کرنا مقصود نہ ہوتا تو میں انصار ہی کا ایک فرد ہوتا'' یعنی انصار ہی میں پیدا ہوتا! —— اور فرمایا: ''اگر انصار کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں تو میں انصار کے ساتھ چلونگا!''

حدیث (۲): نبی ﷺ نے انصار کے کچھ لوگوں کو ایک خیمہ میں جمع کیا۔ اور فرمایا: ''آجاؤ! کیا تمہارے اندر کوئی تمہارے علاوہ بھی ہے؟ لوگوں نے کہا: نہیں! البتہ ہمارا ایک بھانجا ہے، آپؐ نے فرمایا: ''قوم کا بھانجا انہی میں سے ہے!'' پھر فرمایا: ''بیشک قریش کا زمانہ نیا ہے جاہلیت اور مصیبت کے ساتھ، یعنی وہ ابھی ابھی مسلمان ہوئے ہیں، اور اس سے پہلے وہ جنگیں لڑ کر کمزور ہو چکے ہیں، اور میں چاہتا ہوں کہ ان کی شکستگی دور کروں، اور ان کو مسلمانوں سے جوڑوں، پس کیا تم خوش نہیں ہو کہ لوگ دنیا لے کر لوٹیں، اور تم رسول اللہ ﷺ کو لے کر اپنے گھر لوٹو؟'' لوگوں نے جواب دیا: کیوں نہیں! پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر لوگ کسی وادی یا گھاٹی میں چلیں، اور انصار دوسری وادی یا گھاٹی میں چلیں، تو میں انصار کی وادی اور ان کی گھاٹی میں چلونگا!'' (یہ روایت متفق علیہ ہے، اور کتاب میں حدیث (نمبر ۳۹۳۱) ہے)

حدیث (۳): حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو خط لکھا، وہ ان کو تسلی دے رہے تھے اس افتاد کے سلسلہ میں جو ان پر واقعہ حرّہ میں اہل وعیال اور خاندان کے لوگوں پر پڑی تھی۔ پس حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب لکھا کہ میں آپؓ کو اللہ کی طرف سے خوش خبری سناتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اے اللہ! انصار کی مغفرت فرما، اور انصار کی اولاد کی مغفرت فرما، اور ان کی اولاد کی اولاد کی اور ان کی عورتوں کی بھی۔ (یہ حدیث کتاب میں (نمبر ۳۹۳۲ و ۳۹۳۹) ہے)

۲- انصار سے مؤمن ہی محبت کرتا ہے اور منافق ہی بغض رکھتا ہے

انصار کے دونوں خاندان (اوس وخزرج) قحطانی ہیں، اور مہاجرین کی اکثریت عدنانی تھی، اور قحطان وعدنان کے درمیان موروثی عداوت چلی آرہی تھی، اس لئے انصار سے محبت کرنے کا حکم دیا، تا کہ مہاجرین وانصار شیر وشکر ہو جائیں۔

حدیث (۱): نبی ﷺ نے انصار کے حق میں فرمایا: ''انصار سے مؤمن ہی محبت کرتا ہے، اور ان سے منافق ہی بغض رکھتا ہے۔ جو انصار سے محبت کرتا ہے، اس سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، اور جو ان سے بغض رکھتا ہے، اس سے اللہ تعالیٰ بغض رکھتے ہیں!'' امام شعبہ نے عدی بن ثابت سے پوچھا: کیا آپ نے یہ حدیث حضرت براء رضی اللہ عنہ سے سنی ہے؟ انھوں نے کہا: حضرت براءؓ نے یہ حدیث مجھی سے بیان کی ہے، یعنی اس وقت اور کوئی نہیں تھا۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے ابن عباسؓ سے فرمایا: انصار سے بغض نہیں رکھتا، کوئی بھی جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے۔

۳- انصار کے اوصاف اور نبی ﷺ کا ان سے خصوصی تعلق

حدیث (۱): حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: مجھ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اپنی قوم سے (انصار سے) سلام کہو، کیونکہ جہاں تک میں جانتا ہوں وہ پاک دامن، پیشوائے قوم ہیں یا صبر شعار ہیں! (یہ حدیث محمد بن ثابت بنانی کی وجہ سے ضعیف ہے۔ عَفِیْف: پاک دامن، ناجائز اور ناپسندیدہ قول وفعل سے بچنے والے، جمع: أَعِفَّة۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: سنو! بیشک میرا بکس (تھیلا) جس کی طرف میں ٹھکانا پکڑے ہوئے ہوں: میرے گھر والے (خاندان) ہیں، اور میری اوجھ (پیٹ) انصار ہیں۔ پس ان میں سے برائی کرنے والوں سے درگذر کرو، اور ان میں سے نیک کام کرنے والوں سے قبول کرو (اس کی سند میں عطیہ عوفی ضعیف راوی ہے، مگر یہی حدیث اگلے نمبر پر آرہی ہے، اور وہ صحیح ہے...... اَلْعَیْبَةُ: چمڑے کا بکس یا تھیلا، پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری، آدمی کے بھید کی جگہ، راز دار...... الکَرِش، الکِرْش: جگالی کرنے والے جانوروں کی اوجھ جو انسان کے معدے کی طرح ہوتی ہیں۔ یہ دو تشبیہیں ہیں)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''انصار میری اوجھ اور میرا بکس ہیں۔ اور بیشک لوگ عنقریب زیادہ ہونگے، اور انصار (دن بہ دن) کم ہونگے، پس ان کے نیکوکاروں سے قبول کرو، اور ان کے بدکاروں سے درگذر کرو''

۴- قریش کا ذکر خیر، اور ان کے لئے دعا

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو قریش کو رسوا کرنا چاہے گا: اللہ تعالیٰ اس کو رسوا کریں گے!''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! آپ نے قریش کے شروع کے لوگوں کو عبرت انگیز سزا چکھائی، پس ان کے پچھلوں کو انعام سکھائیں!''

[۱۳۸-] فِیْ فَضْلِ الأَنْصَارِ وَقُرَیْشٍ

[۳۹۲۹-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا أَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ زُهَیْرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَقِیْلٍ، عَنِ

الطُّفَيْلِ بْنِ أَبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْلاَ الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَأً مِنَ الْأَنْصَارِ"

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" لَوْ سَلَكَ الْأَنْصَارُ وَادِيًا أَوْ: شِعْبًا لَكُنْتُ مَعَ الْأَنْصَارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٣٩٣٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّهُ سَمِعَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، أَوْ قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْأَنْصَارِ: "لاَ يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلاَ يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ، مَنْ أَحَبَّهُمْ فَأَحَبَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَأَبْغَضَهُ اللّٰهُ" فَقُلْنَا لَهُ: أَنْتَ سَمِعْتَهُ مِنَ الْبَرَاءِ؟ فَقَالَ: إِيَّاىَ حَدَّثَ، هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٣٩٣١-] حدثنا مَحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: جَمَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ:" هَلُمَّ، هَلْ فِيْكُمْ أَحَدٌ مِنْ غَيْرِكُمْ؟" فَقَالُوْا: لاَ، إِلَّا ابْنَ أُخْتٍ لَنَا، فَقَالَ:" ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ" ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ قُرَيْشًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِجَاهِلِيَّةٍ وَمُصِيْبَةٍ، وَإِنِّيْ أَرَدْتُ أَنْ أَجْبُرَهُمْ وَأَتَأَلَّفَهُمْ، أَمَا تَرْضَوْنَ أَنْ يَرْجِعَ النَّاسُ بِالدُّنْيَا، وَتَرْجِعُوْنَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى بُيُوْتِكُمْ؟" قَالُوْا: بَلَى، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا أَوْ: شِعْبًا وَسَلَكَتِ الْأَنْصَارُ وَادِيًا أَوْ: شِعْبًا لَسَلَكْتُ وَادِىَ الْأَنْصَارِ وَشِعْبَهُمْ" هٰذَا حديثٌ صحيحٌ.

[٣٩٣٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا هُشَيْمٌ، نَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، نَا النَّضْرُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ ابْنِ أَرْقَمَ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، يُعَزِّيْهِ فِيْمَنْ أُصِيْبَ مِنْ أَهْلِهِ وَبَنِيْ عَمِّهِ يَوْمَ الْحَرَّةِ، فَكَتَبَ إِلَيْهِ: إِنِّيْ أُبَشِّرُكَ بِبُشْرَى مِنَ اللّٰهِ؛ إِنِّيْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: " اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِذَرَارِى الْأَنْصَارِ، وَلِذَرَارِىْ ذَرَارِيْهِمْ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ قَتَادَةُ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ.

[٣٩٣٣-] حدثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، وَعَبْدُ الصَّمَدِ، قَالاَ: نَا مُحمدُ ابْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اقْرَأْ قَوْمَكَ السَّلاَمَ، فَإِنَّهُمْ مَا عَلِمْتُ أَعِفَّةٌ صُبُرٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩٣٤-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ:" أَلَا! إِنَّ عَيْبَتِيَ الَّتِيْ آوِيْ إِلَيْهَا: أَهْلُ بَيْتِيْ، وَإِنَّ كَرِشِيَ

الْأَنْصَارُ، فَاعْفُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ، وَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وفى الباب: عَنْ أَنَسٍ.

[۳۹۳۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" الْأَنْصَارُ كَرِشِيْ وَعَيْبَتِيْ، وَإِنَّ النَّاسَ سَيَكْثُرُوْنَ وَيَقِلُّوْنَ، فَاقْبَلُوْا مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجاوَزُوْا عَنْ مُسِيْئِهِمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۳۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ، نَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، نَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ أَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ يُرِدْ هَوَانَ قُرَيْشٍ أَهَانَهُ اللّٰهُ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

أخبرنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

[۳۹۳۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، وَالْمُؤَمَّلُ، قَالَا: نَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لِيْ:" لَايُبْغِضُ الْأَنْصَارَ أَحَدٌ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۳۸-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، نَا أَبُوْ يَحْيىَ الحِمَّانِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" اللّٰهُمَّ أَذَقْتَ أَوَّلَ قُرَيْشٍ نَكَالًا؛ فَأَذِقْ آخِرَهُمْ نَوَالًا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ، حدثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ الوَرَّاقُ، ثَنِيْ يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَمَوِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَهُ.

[۳۹۳۹-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، نَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ جَعْفَرٍ الْأَحْمَرِ، عَنْ عَطَاءِ ابْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله لعيه وسلم قَالَ:" اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْأَنْصَارِ، وَلِنِسَاءِ الْأَنْصَارِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

بطونِ انصار میں کونسا بطن بہتر ہے؟

انصار (اوس وخزرج) کے بہت سے بطون ہیں۔ نبی ﷺ نے ان میں سے چار بطون کو بالترتیب بہتر قرار دیا ہے۔وہ یہ ہیں:

۱- بنوالنجار: نسبت: نجّاری: خزرج کا بطن ہے: حضرت انسؓ بن مالک (خادم رسول اللہ ﷺ) اسی بطن سے

ہیں، اور یہی بطن: نبی ﷺ کی ننہال ہے۔
۲- بنوعبدالاشہل: نسبت: اشہلی: اوس کا بطن ہے۔ حضرت اُسید بن حُضیر اشہلی اسی بطن سے ہیں۔
۳- بنوالحارث: نسبت: حارثی: خزرج کا بطن ہے۔ حضرت رافع بن خدیج حارثی اسی بطن سے ہیں۔
۴- بنوساعدہ: نسبت: ساعدی: خزرج کا بطن ہے۔ حضرت سعد بن عبادۃ ساعدی اسی بطن سے ہیں۔
اس باب میں امام ترمذی رحمہ اللہ نے چار روایتیں ذکر کی ہیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں انصار کے بطون میں سے بہتر بطون نہ بتلاؤں؟'' لوگوں نے کہا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''بنوالنجار، پھر وہ لوگ جو ان سے (خوبیوں میں) قریب ہیں: یعنی بنوعبدالاشہل، پھر وہ لوگ جو ان سے قریب ہیں: یعنی بنوالحارث بن الخزرج، پھر وہ لوگ جو ان سے قریب ہیں: یعنی بنوساعدہ۔ پھر آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں سے اشارہ فرمایا، آپؐ نے انگلیاں بند کیں، پھر ان کو کھولا، جیسے کوئی دونوں ہاتھوں سے پھینکتا ہے، اور فرمایا: ''انصار کے سبھی بطون میں خیر ہے!''

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''انصار کے بطون میں بہتر بنوالنجار ہیں، پھر بنوعبدالاشہل، پھر بنو الحارث بن الخزرج، پھر بنوساعدہ، اور انصار کے سبھی بطون میں خیر ہے!'' پس حضرت سعد بن عبادہ نے کہا: نہیں دیکھتا میں رسول اللہ ﷺ کو مگر آپؐ نے برتری دی ہم پر یعنی ہمارے قبیلہ کو چوتھے نمبر پر کر دیا۔ پس ان سے کہا گیا: بہت سے قبائل پر تمہیں برتری بھی تو دی ہے یعنی تمہارے تین بطون کو ترجیح دی ہے، اور اوس کے ایک ہی بطن کو لیا ہے اور سب سے پہلے تمہارے ہی بطن: بنوالنجار کو رکھا ہے!

حدیث (۳): نبی ﷺ نے فرمایا: ''انصار کے بطون میں بہتر بنوالنجار ہیں!''

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''انصار کے بطون میں بہتر بنوعبدالاشہل ہیں!''

[۱۳۹-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ أَيِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ؟

[۳۹۴۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ سَعِيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْأَنْصَارِ، أَوْ: بِخَيْرِ الْأَنْصَارِ؟ قَالُوْا: بَلَى يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "بَنُوْ النَّجَّارِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ: بَنُوْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ: بَنُوْالْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ: بَنُوْ سَاعِدَةَ" ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ، فَقَبَضَ أَصَابِعَهُ، ثُمَّ بَسَطَهُنَّ كَالرَّامِيْ بِيَدَيْهِ، قَالَ: "وَفِيْ دُوْرِ الْأَنْصَارِ كُلِّهَا خَيْرٌ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنِ النبيِّ

صلى الله عليه وسلم.

[٣٩٤١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، نَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي أُسَيْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "خَيْرُ دُوْرِ الْأَنْصَارِ دُوْرُ بَنِي النَّجَّارِ، ثُمَّ دُوْرُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ، ثُمَّ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الخَزْرَجِ، ثُمَّ بَنِي سَاعِدَةَ، وَفِي كُلِّ دُوْرِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ" فَقَالَ سَعْدٌ: مَا أَرَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا قَدْ فَضَّلَ عَلَيْنَا، فَقِيْلَ: قَدْ فَضَّلَكُمْ عَلَى كَثِيْرٍ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ، وَأَبُوْ أُسَيْدٍ السَّاعِدِيُّ: اسْمُهُ: مَالِكُ بْنُ رَبِيْعَةَ.

[٣٩٤٢-] حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ: سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سَلْمٍ، نَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم" خَيْرُ دِيَارِ الْأَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ" هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

[٣٩٤٣-] حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ، نَا أَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" خَيْرُ الْأَنْصَارِ بَنُوْ عَبْدِ الْأَشْهَلِ" هٰذَاحديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائل مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً!

۱- مدینہ کی چیزوں میں برکت کی دعا

حدیث: حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے ساتھ نکلے، یہاں تک کہ جب ہم حَرَّةُ السُّقْیَا میں تھے، جوسعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی جائداد ہے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس وضوء کا پانی لاؤ، پس آپؐ نے وضوء کی، پھر کھڑے ہوئے، اور قبلہ کی طرف منہ کیا، اور دعا کی: ''اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام آپ کے بندے اور خلیل (خاص دوست) تھے، اور انھوں نے مکہ والوں کے لئے برکت کی دعا کی ہے، اور میں بھی آپ کا بندہ اور رسول ہوں، میں آپ سے مدینہ والوں کے لئے دعا کرتا ہوں کہ آپ برکت فرمائیں ان کے لئے ان کے مدّ میں اور ان کے صاع میں، ڈبل اس سے جو برکت فرمائی آپ نے مکہ والوں کے لئے: ایک برکت کے ساتھ دو برکتیں'' (یہ ڈبل برکت کی وضاحت ہے، اردو میں ہم اس کو ''برکت در برکت'' کہتے ہیں)

حوالہ: یہ دعا پہلے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے، کتاب الدعوات، باب ما يقول إذا رأى الباكورة من الثمر میں آچکی ہے۔ الحَرَّۃُ: کالے پتھروں والی زمین جو جلی ہوئی دکھائی دے۔ جمع: حِرار۔

[۱۴۰-] بابُ مَاجَاءَ فِیْ فَضْلِ الْمَدِیْنَةِ

[۳۹۴۴-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، نَا اللَّیْثُ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَیْمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، حَتّٰی إِذَا کَانَ بِحَرَّةِ السُّقْیَا، الَّتِیْ کَانَتْ لِسَعْدِ بْنِ أَبِیْ وَقَّاصٍ، فَقَالَ: رَسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" ائْتُوْنِیْ بِوَضُوْءٍ" فَتَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، فَقَالَ:" اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِیْمَ کَانَ عَبْدَكَ وَخَلِیْلَكَ، وَدَعَا لِأَهْلِ مَکَّةَ بِالْبَرَکَةِ، وَأَنَا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ، أَدْعُوْكَ لِأَهْلِ الْمَدِیْنَةِ أَنْ تُبَارِكَ لَهُمْ فِیْ مُدِّهِمْ وَصَاعِهِمْ، مِثْلَیْ مَا بَارَکْتَ لِأَهْلِ مَکَّةَ، مَعَ الْبَرَکَةِ بَرَکَتَیْنِ"

هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ، وفی الباب: عَنْ عَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَیْدٍ، وَأَبِیْ هُرَیْرَةَ.

۲-قبر اطہر اور منبر نبوی کے درمیان جنت کی کیاری!

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ما بین بیتی ومنبری روضة من ریاض الجنة: میرے گھر (حجرۂ عائشہؓ) اور میرے منبر کے درمیان جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے! (روضة: خوبصورت باغ، سبزہ زار، ہری بھری شاداب جگہ)

تشریح: یہ حدیث دو سندوں سے روایت کی ہے۔ پہلی سند: حضرت علی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی مشترک ہے، اور دوسری سند: صرف حضرت ابو ہریرہؓ کی ہے، اور اس دوسری سند سے یہ حدیث بھی مروی ہے کہ ''میری اس مسجد میں نماز بہتر ہے ایک ہزار نمازوں سے دوسری مساجد میں، علاوہ مسجد حرام کے!'' یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۲۵ تحفہ ۲:۱۴۶) آچکی ہے، اور دو روایتوں میں بیتی کی جگہ قبری ہے۔ اور طبرانی کی روایت میں بیت عائشة ہے۔

۳-مدینہ میں قیام اور موت کی فضیلت

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو اس بات کی طاقت رکھتا ہے کہ مدینہ میں مرے یعنی مدینہ میں قیام کرے، یہاں تک کہ اس کو یہاں موت آجائے تو چاہئے کہ وہ مدینہ میں مرے، کیونکہ میں ان لوگوں کے لئے سفارش کرونگا جن کی مدینہ میں وفات ہوئی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عمرؓ کی آزاد کردہ باندی ان کی خدمت میں آئی، اور اس نے عرض کیا: زمانہ مجھ پر سخت ہوگیا ہے یعنی میں تنگ دستی اور مفلسی کا شکار ہوگئی ہوں، اور میں عراق جانا چاہتی ہوں۔ ابن عمرؓ نے کہا: شام کیوں نہیں جاتی؟ وہ ارض محشر ہے! اور بے وقوف عورت صبر کر، میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: ''جو مدینہ کی

سختی اور تنگی پر صبر کرے گا: میں قیامت کے دن اس کے لئے گواہ اور سفارشی ہوؤنگا!'' (أو: بمعنی واو ہے، شک راوی نہیں ہے) یہ ابن عمر کی روایت ہے، اور باب کے آخر میں یہی حدیث حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت سے بھی آرہی ہے ......
اللّأْواء: مفلسی، تنگ دستی۔

[۳۹۴۵-] حدثنا عَبْدُاللّٰهِ بْنُ أَبِیْ زِیَادٍ، نَا أَبُوْ نُبَاتَةَ: یُوْنُس بْنُ یَحْیَی بْنِ نُبَاتَةَ، نَا سَلَمَةُ بْنُ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ الْمُعَلَّی، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، وَأَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالاَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: '' مَابَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَةٌ مِنْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ '' هٰذَا حدیثٌ غریبٌ حسنٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۹۴۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ کَامِلٍ الْمَرْوَزِیُّ، نَا عَبْدُ الْعَزِیْزِبْنُ أَبِیْ حَازِمٍ الزَّاهِدُ، عَنْ کَثِیْرِ بْنِ زَیْدٍ، عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِیْ هریرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:'' مَابَیْنَ بَیْتِیْ وَمِنْبَرِیْ رَوْضَةٌ مِنْ رِیَاضِ الْجَنَّةِ ''

وَبِهٰذَا الإِسْنَادِ عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: ''صَلاَةٌ فِیْ مَسْجِدِیْ هٰذَا خَیْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلاَةٍ فِیْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلاَّالْمَسْجِدَ الْحَرَامَ ''

هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ، وَقَدْ رُوِیَ عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم مِنْ غَیْرِ وَجْهٍ.

[۳۹۴۷-] حدثنا بُنْدَارٌ، نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم:'' مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ یَمُوْتَ بِالْمَدِیْنَةِ فَلْیَمُتْ بِهَا، فَإِنِّیْ أَشْفَعُ لِمَنْ یَمُوْتُ بِهَا''

وفی الباب: عَنْ سُبَیْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الأَسْلَمِیَّةِ، هٰذَا حدیثٌ حسنٌ صحیحٌ غریبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِیْثِ أَیُّوْبَ السَّخْتِیَانِیِّ.

[۳۹۴۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الأَعْلَی، نَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَیْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتَ عُبَیْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ مَوْلاَةً لَهُ أَتَتْهُ، فَقَالَتْ: اشْتَدَّ عَلَیَّ الزَّمَانُ، وَإِنِّیْ أُرِیْدُ أَنْ أَخْرُجَ إِلَی الْعِرَاقِ، قَالَ: فَهَلاَّ إِلَی الشَّامِ، أَرْضِ الْمَنْشَرِ؟ وَاصْبِرِی لَکَاعِ! فَإِنِّیْ سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، یَقُوْلُ:'' مَنْ صَبَرَ عَلَی شِدَّتِهَا وَلأْوَائِهَا کُنْتُ لَهُ شَهِیْدًا أَوْ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ''

وفی الباب: عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ، وَسُفْیَانَ بْنِ أَبِیْ زُهَیْرٍ، وَسُبَیْعَةَ الأَسْلَمِیَّةِ، هٰذَا حدیثٌ صحیحٌ غریبٌ.

۴-مدینہ منورہ آخر تک آباد رہے گا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اسلامی بستیوں میں سے آخری بستی اجڑنے کے اعتبار سے مدینہ منورہ ہے!'' (امام ترمذی نے کتاب العلل الکبیر میں لکھا ہے کہ میں نے اس حدیث کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ

سے پوچھا:فلم یعرفه، وتعجب منه: انھوں نے یہ حدیث نہیں پہچانی یعنی ان کو یہ حدیث معلوم نہیں تھی، اوران کو اس حدیث پر حیرت ہوئی، اس کا راوی جنادہ صدوق ہے، مگراس کی روایتوں میں اغلاط بھی ہوتی ہیں)

۵- مدینہ بھٹّی ہے جو دھات کے میل کو دور کرتی ہے!

حدیث: ایک بدّو نے رسول اللہ ﷺ سے بیعتِ اسلام کی، پس اسے مدینہ میں بخار آگیا۔ پس وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، اوراس نے کہا: مجھے میری بیعت واپس کردیجئے! آپؐ نے انکار کیا، وہ چلا گیا، وہ پھر آیا، اوراس نے کہا: مجھے میری بیعت واپس کردیجئے! آپؐ نے انکار کیا، تو وہ مدینہ سے چل دیا۔ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مدینہ بھٹی کی طرح ہے، دھات کے میل کو دور کرتا ہے، اور خالص کو چھانٹ لیتا ہے!''

۶- مدینہ کا بھی حرم ہے

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اگر میں ہرنوں کو دیکھوں کہ مدینہ میں چررہے ہیں یعنی شکار بدست ہے تو بھی میں ان کو خوفزدہ نہیں کرونگا، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے: ''جو مدینہ کے دولابوں (سیاہ پتھروں والی زمین) کے درمیان ہے: وہ محترم جگہ ہے!'' (مکہ کی طرح مدینہ کا بھی حرم ہے، مگراس کے احکام حرم مکہ سے مختلف ہیں)

حدیث (۲): رسول اللہ ﷺ (کسی سفر سے لوٹے، جب آپؐ) کو احد پہاڑ نظر آیا تو فرمایا: ''یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے، اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں، اے اللہ! ابراہیم علیہ السلام نے مکہ کو محترم قرار دیا ہے اور میں اُس کو محترم قرار دیتا ہوں جو مدینہ کے دولابوں کے درمیان ہے''

۷- مدینہ تین ہجرت گاہوں میں سے ایک ہے

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''بیشک اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی کی کہ ان تین بستیوں میں سے جس میں بھی آپؐ قیام کریں: وہ آپؐ کی ہجرت گاہ ہے: مدینہ منورہ، بحرین اور قنسرین'' (قنسرین: شام میں ایک شہر ہے)

تشریح: یہ حدیث صرف حسن ہے، اور صحیح حدیث کے خلاف ہے۔ بخاری میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے خواب دیکھا: (اور نبی کا خواب وحی ہوتا ہے) کہ میں نے مکہ سے ہجرت کی ایک ایسی سرزمین کی طرف جہاں کھجور کے درخت بہت ہیں، پس میرا خیال اس طرف گیا کہ ہجرت گاہ یمامہ یا ہجر ہے، پس اچانک وہ مدینہ (یثرب) نکلا۔

[۳۹۴۹-] حدثنا أَبُوْ السَّائِبِ: سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، ثَنَا أَبِيْ: جُنَادَةُ بْنُ سَلْمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " آخِرُ قَرْيَةٍ مِنْ قُرَى الإِسْلَامِ خَرَابًا:

الْمَدِيْنَةُ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ جُنَادَةَ عَنْ هِشَامٍ.

[٣٩٥٠-] حدثنا الأَنْصَارِيُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، [ح:] وَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَن مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا بَايَعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الإِسْلَامِ، فَأَصَابَهُ وَعْكٌ بِالْمَدِيْنَةِ، فَجَاءَ الأَعْرَابِيُّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: أَقِلْنِى بَيْعَتِىْ، فَأَبَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَخَرَجَ الأَعْرَابِىُّ، ثُمَّ جَاءَ هُ، فَقَالَ أَقِلْنِى بَيْعَتِىْ، فَأَبَى، فَخَرَجَ الأَعْرَابِىُّ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّمَا الْمَدِيْنَةُ كَالْكِيْرِ، تَنْفِىْ خَبَثَهَا، وَتُنَصِّعُ طَيِّبَهَا"

وفى الباب: عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، هٰذَاحديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩٥١-] حدثنا الأَنْصَارِىُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ [ح:] وَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِىْ هريرةَ، أَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ: لَوْ رَأَيْتُ الظِّبَاءَ تَرْتَعُ بِالْمَدِيْنَةِ مَا ذَعَرْتُهَا، إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَاحَرَامٌ"

وفى الباب: عَنْ سَعْدٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، وَأَنَسٍ، وَأَبِىْ أَيُّوْبَ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، وَجَابِرٍ، وَسَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ نَحْوَهُ، حديثُ أَبِىْ هُرَيْرَةَ حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩٥٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ [ح:] وَثَنَا الأَنْصَارِىُّ، نَا مَعْنٌ، نَا مَالِكٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم طَلَعَ لَهُ أُحُدٌ، فَقَالَ:" هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ حَرَّمَ مَكَّةَ، وَإِنِّىْ أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩٥٣-] حدثنا الحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عِيْسَى بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَامِرِىِّ، عَنْ أَبِىْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" إِنَّ اللّٰهَ أَوْحَى إِلَىَّ: أَىَّ هٰؤُلَآءِ الثَّلَاثَةِ نَزَلْتَ، فَهِىَ دَارُ هِجْرَتِكَ: الْمَدِيْنَةِ، أَوِالْبَحْرَيْنِ، أَوْ قِنَّسْرِيْنَ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لاَنَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ الْفَضْلِ بْنِ مُوْسَى، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُوْ عَمَّارٍ.

[٣٩٥٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، نَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لَايَصْبِرُ عَلَى لَأْوَاءِ الْمَدِيْنَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيْعًا أَوْ شَهِيْدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَصَالِحُ بْنُ أَبِىْ صَالِحٍ: أَخُوْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِىْ صَالِحٍ.

فضائل مکہ مکرمہ زادہا اللہ تکریما!

حدیث (۱): عبداللہ بن عدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو مقام حَزْوَرَة (بروزن قَسْوَرَة) پر کھڑے ہوئے دیکھا، پس آپؐ نے فرمایا: ''بیشک تو (مکہ مکرمہ) اللہ کی بہترین زمین ہے! اور اللہ کی زمین میں اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پیاری ہے! اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میں تیرے اندر سے نکالا گیا: ہوں تو میں نہ نکلتا (امام ترمذیؒ نے اس پر گفتگو کی ہے کہ یہ حدیث عبداللہ بن عدیؓ کی ہے یا ابو ہریرہؓ کی؟ اور ترجیح اس کو دی ہے کہ یہ عبداللہ بن عدی کی حدیث ہے، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث نہیں ہے، کیونکہ امام زہری احفظ ہیں۔ اور محمد بن عمرو بن علقمة بن ابی وقاص اللیثی: صدوق ہیں، اور ان کی حدیثوں میں اوہام بھی ہوتے تھے (مگر مسند احمد میں یہ حدیث امام زہری بھی عن أبی سلمة، عن أبی هريرة کی سند سے روایت کرتے ہیں۔ پس دونوں سندیں صحیح ہیں)

حدیث (۲): ابن عباسؓ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تو کتنا ستھرا شہر ہے! اور تو مجھے کس قدر پیارا ہے! اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میری قوم نے مجھے تیرے اندر سے نکال دیا: تو میں تیرے سوا کسی شہر میں قیام نہ کرتا''

فائدہ: علماء میں یہ مسئلہ زیر بحث آیا ہے کہ مکہ افضل ہے یا مدینہ؟ کوئی مکہ کو افضل کہتا ہے، کیونکہ وہاں کعبہ شریف ہے اور حرم مکی میں نماز کا ثواب ایک لاکھ ہے۔ اور کوئی مدینہ کو افضل کہتا ہے، کیونکہ وہاں قبر اطہر ہے۔ اور مذکورہ حدیثیں مکہ کی افضلیت کی طرف مشیر ہیں۔ اور فیصلہ یہ ہے کہ جہتیں مختلف ہیں، اور ہر ایک کا اپنا ایک مقام ہے۔

[۱۴۱-] فِی فَضْلِ مَكَّةَ

[۳۹۵۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِیِّ ابْنِ حَمْرَاءَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَاقِفًا عَلَى الْحَزْوَرَةِ، فَقَالَ:'' وَاللّٰهِ إِنَّكِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللّٰهِ، وَأَحَبُّ أَرْضِ اللّٰهِ إِلَى اللّٰهِ، وَلَوْلَا أَنِّیْ أُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ''

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ، وَقَدْ رَوَاهُ يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ نَحْوَهُ، وَرَوَاهُ مُحمدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَيرةَ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم، وَحَدِيْثُ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ حَمْرَاءَ عِنْدِیْ أَصَحُّ.

[۳۹۵۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مُوْسَى الْبَصْرِيُّ، نَا الْفَضْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، نَا سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، وَأَبُوْ الطُّفَيْلِ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِمَكَّةَ:'' مَا أَطْيَبَكِ مِنْ بَلَدٍ! وَأَحَبَّكِ إِلَيَّ! وَلَوْلَا أَنَّ قَوْمِیْ أَخْرَجُوْنِیْ مِنْكِ مَا سَكَنْتُ غَيْرَكِ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

فضائلِ عرب اَعزَّ ہم اللہ!

عرب: سامی النسل لوگ، جزیرہ نمائے عرب کے باشندے۔ جمع: أَعْرُب......الأعراب: دیہات کے رہنے والے عرب، بدّو جو بارشوں اور سبزہ والے مقامات میں سکونت پذیر ہوتے ہیں۔

۱- عربوں سے بغض نبی ﷺ کے بغض تک مفضی ہوگا

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے حضرت سلمان فارسیؓ سے فرمایا: ''اے سلمان! تم مجھ سے بغض مت رکھو، ورنہ تم اپنے دین سے جدا ہو جاؤ گے!'' حضرت سلمانؓ نے عرض کیا: میں آپ سے بغض کیسے رکھ سکتا ہوں، درانحالیکہ آپؐ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں دین کی راہ دکھائی ہے؟! آپؐ نے فرمایا: ''تم عربوں سے بغض رکھو تو تم نے مجھ سے بغض رکھا!''

تشریح: الفت ومحبت اور بغض وعداوت کا معاملہ یکساں ہے، اور مقتدیٰ اور اس کے متعلقین میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ پس اگر کسی کو اپنے مقتدی سے محبت ہوگی تو وہ اس کے متعلقین کی محبت کا سبب بنے گی۔ یہی حال بغض ونفرت کا ہے، پس اگر کسی کو عربوں سے نفرت ہوگی تو وہ نبی ﷺ کی نفرت تک مفضی ہوگی، اس لئے فرمایا: ''مجھ سے بغض مت رکھو!'' یعنی عربوں سے بغض مت رکھو، ورنہ تمہارے دین کی خیر نہیں!

فائدہ: اور مشہور روایت کہ ''عربوں سے تین وجوہ سے محبت کرو: اس لئے کہ میں عربی ہوں، قرآن عربی ہے اور اہل جنت کی زبان عربی ہے'': یہ روایت مستدرک حاکم میں ہے، اور ذہبی نے اس کو نہایت ضعیف قرار دیا ہے، بلکہ موضوع ہونے کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔

۲- جو عربوں کو دھوکہ دے گا وہ آپؐ کی شفاعت ومودت سے محروم رہے گا!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو عربوں کو دھوکہ دے گا: وہ میری شفاعت میں داخل نہیں ہوگا، اور اس کو میری محبت نہیں پہنچے گی!'' (یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ حصین بن عمر متروک راوی ہے)

۳- عربوں کی ہلاکت قربِ قیامت کی علامت ہے

حدیث: أم الْحُرَیْر کا حال یہ تھا کہ جب بھی کسی عرب کا انتقال ہوتا تو ان کو سخت صدمہ پہنچتا، پس ان سے پوچھا گیا: ہم آپ کو دیکھتے ہیں کہ جب بھی کوئی عرب فوت ہوتا ہے تو آپ کو سخت صدمہ پہنچتا ہے اس کی وجہ کیا ہے؟ انھوں نے کہا: میں نے اپنے آقا (طلحہ بن مالکؓ) سے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قرب قیامت (کی علامتوں) میں سے عربوں کا ہلاک ہونا ہے!'' (یہ حدیث ضعیف ہے، ام الحریر مجہولہ ہیں)

۴-خروج دجال کے وقت عرب تھوڑے رہ جائیں گے!

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگ ضرور دجال سے بھاگیں گے، یہاں تک کہ وہ پہاڑوں میں جا چھپیں گے!'' ام شریکؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ان دنوں عرب کہاں چلے جائیں گے یعنی وہ دین کا دفاع کیوں نہیں کریں گے؟ آپؐ نے فرمایا: ''وہ تھوڑے ہونگے!''

۵-عرب سامی نسل ہیں

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سام: عربوں کے جدامجد ہیں، حام: حبشیوں کے، اور یافث: رومیوں کے (یہ حدیث پہلے (حدیث ۳۲۵۵ تحفہ ۷: ۴۲۶) آچکی ہے)

[۱۴۲-] فِی فَضْلِ الْعَرَبِ

[۳۹۵۷-] حدثنا محمدُ بْنُ يَحْيىَ الْأَزْدِيُّ، وَأَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ بَدْرٍ شُجَاعُ ابْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ قَابُوْسَ بْنِ أَبِى ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" يَاسَلْمَانُ لَاتُبْغِضْنِىْ فَتُفَارِقَ دِيْنَكَ " قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! كَيْفَ أُبْغِضُكَ، وَبِكَ هَدَانَا اللّٰهُ؟ قَالَ: "تُبْغِضُ الْعَرَبَ: فَتُبْغِضُنِىْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِىْ بَدْرٍ شُجَاعِ بْنِ الْوَلِيْدِ.

[۳۹۵۸-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، نَا مُحمدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ مُخَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ غَشَّ الْعَرَبَ لَمْ يَدْخُلْ فِىْ شَفَاعَتِىْ، وَلَمْ تَنَلْهُ مَوَدَّتِىْ "

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ الْأَحْمَسِيِّ، عَنْ مُخَارِقٍ، وَلَيْسَ حُصَيْنٌ عِنْدَ أَهْلِ الْحَدِيْثِ بِذَاكَ الْقَوِيِّ.

[۳۹۵۹-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، نَا مُحمدُ بْنُ أَبِىْ رَزِيْنٍ، عَنْ أُمِّهِ، قَالَتْ: كَانَتْ أُمُّ الْحُرَيْرِ: إِذَا مَاتَ أَحَدٌ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا، فَقِيْلَ لَهَا: إِنَّا نَرَاكِ إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْكِ، قَالَتْ: سَمِعْتُ مَوْلَاىَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ"

قَالَ مُحمدُ بْنُ أَبِىْ رَزِيْنٍ: وَمَوْلَاهَا: طَلْحَةُ بْنُ مَالِكٍ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ سُلَيْمَانَ بْنِ حَرْبٍ.

[۳۹۶۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ الْأَزْدِيُّ، نَا حَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، عَنِ ابنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِىْ

أَبُوْ الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ شَرِيْكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "لَيَفِرَّنَّ النَّاسُ مِنَ الدَّجَالِ، حَتَّى يَلْحَقُوْا بِالْجِبَالِ" قَالَتْ أُمُّ شَرِيْكٍ: يَارسولَ اللّٰهِ! فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: "هُمْ قَلِيْلٌ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[۳۹۶۱-] حدثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، نَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "سَامُ أَبُوْ الْعَرَبِ، وَيَافِثُ أَبُوْ الرُّوْمِ، وَحَامُ أَبُوْ الْحَبْشِ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَيُقَالُ: يَافِثُ وَيَافِتُ وَيَفَثُ.

فضائل عجم اکرمہم اللہ!

العَجَم: خلافُ العرب، واحد: عَجَمِيٌّ: غیر عربی (خواہ عربی زبان بولتا ہو یا نہ بولتا ہو) بطور خاص ایرانیوں (فارسیوں) کا اسم علم۔

۱- عجمیوں پر عربوں سے زیادہ اعتماد

حدیث: رسول اللہ ﷺ کے سامنے عجمیوں کا تذکرہ آیا ہے، پس آپؐ نے فرمایا: ''میں اُن (عجمیوں) پر، یا فرمایا: ان کے بعض پر، زیادہ اعتماد کرنے والا ہوں: میرے اعتماد کرنے سے تم پر، یا فرمایا: تمہارے بعض پر۔

تشریح: یہ حدیث ضعیف ہے۔ صالح راوی غیر صالح (ضعیف) ہے اور یہ حدیث صرف ترمذی میں ہے، اور حدیث کا شانِ ورود مذکور نہیں کہ عجمیوں کا کیا تذکرہ ہوا تھا؟ اس لئے حدیث کا مطلب بھی واضح نہیں کہ نبی ﷺ نے عربوں سے زیادہ عجمیوں پر اعتماد کس بات میں کیا؟ کیونکہ کلی اعتماد تو مراد نہیں ہوسکتا، اور جزوی اعتماد کے لئے کوئی قرینہ نہیں، البتہ اتنی بات واضح ہے کہ خواہ کوئی سی بات ہو: آپؐ نے بعض باتوں میں عجمیوں پر عربوں سے زیادہ اعتماد کیا، پس یہی بات ان کی فضیلت کے لئے کافی ہے۔

۲- ایمان ثریا پر ہوتا تو بھی کچھ عجمی اس کو حاصل کر لیتے

حدیث: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سورۃ الجمعہ نازل ہوئی تو ہم نبی ﷺ کے پاس تھے، آپؐ نے اس کو پڑھا، جب آپؐ ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ پر پہنچے تو ایک شخص نے پوچھا: یہ کون لوگ ہیں جو اب تک ہمارے ساتھ نہیں ملے؟ (اور جن کی آئندہ ملنے کی امید ہے) پس آپؐ نے بات نہ کی یعنی جواب نہ دیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: اور ہم میں سلمان فارسی تھے، پس نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ حضرت سلمان پر رکھا، اور فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر ایمان ثریا پر ہوتا یعنی بعید التناول ہوتا تو بھی اس کو

ان لوگوں (فارسیوں) میں سے کچھ لوگ ضرور حاصل کر لیتے!''

حوالہ: یہ حدیث اسی سند و متن کے ساتھ پہلے (حدیث ۳۳۳۳ تحفہ ۷:۵۰۵) آچکی ہے۔ اور یہ سنداً اگرچہ ضعیف ہے، عبداللہ بن جعفر (علی بن المدینی کے والد) ضعیف راوی ہیں۔ مگر اس حدیث کی اور سندیں بھی ہیں، اور ان سے یہ روایت متفق علیہ ہے۔

[١٤٣-] فِي فَضْلِ الْعَجَمِ

[٣٩٦٢-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، نَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، نَا صَالِحُ بْنُ أَبِي صَالِحٍ: مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: ذُكِرَتِ الْأَعَاجِمُ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "لَأَنَا بِهِمْ، أَوْ: بِبَعْضِهِمْ أَوْثَقُ مِنِّي بِكُمْ أَوْ: بِبَعْضِكُمْ"

هٰذَا حديثٌ غَرِيْبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، وَصَالِحٌ: هُوَ ابْنُ مِهْرَانَ، مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ.

[٣٩٦٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنِي ثَوْرُ بْنُ زَيْدٍ الدِّيْلِيُّ، عَنْ أَبِي الغَيْثِ، عَنْ أَبِي هُريرةَ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ أُنْزِلَتْ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ، فَتَلَاهَا، فَلَمَّا بَلَغَ: ﴿وَآخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ﴾ قَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَنْ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِنَا؟ فَلَمْ يُكَلِّمْهُ، قَالَ: وَسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ فِيْنَا، قَالَ: فَوَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ عَلَى سَلْمَانَ، فَقَالَ: "وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْكَانَ الإِيْمَانُ بِالثُّرَيَّا لَتَنَاوَلَهُ رِجَالٌ مِنْ هٰؤُلَآءِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَقَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِي هريرةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

فضائل یمن

یُمْن: برکت۔ یَمَن: جزیرۃ العرب کا آخری جنوبی خطّہ۔ مشہور شہر: صنعاء، حضرت موت، مآرب وغیرہ۔ مشہور قبیلہ: اَزْد (اَسْد) نسبت: ازدی (اَسْدی) دادا: اَزْد بن الغوث بن نَبْت۔ اقسام: ازدشنوءہ، ازدالسَّراۃ اور ازدعمان۔ خاندان: خزاعہ اور انصار (اوس وخزرج)

۱- اہل یمن کے لئے دعا

حدیث: نبی ﷺ نے یمن کی طرف دیکھا، اور فرمایا: ''اے اللہ! یمن والوں کو ان کے دلوں کے ساتھ متوجہ فرما! یعنی وہ بہ رضاء و رغبت ایمان لے آئیں، اور ہمارے لئے ہمارے صاع اور مدّ میں برکت فرما! (مدینہ میں غلّہ

یمن سے آتا تھا، اس لئے درآمدات میں برکت کی دعا فرمائی)

۲- یمن والوں کی خوبیاں

حدیث: نبی ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے پاس یمن والے آئے، یعنی وہ بہ رضاء ورغبت ایمان لائے، وہ قلوب کے نرم اور دلوں کے پتلے ہیں۔ ایمان یمن والوں کا ہے یعنی ان کا ایمان خالص ہے، اور حکمت ودانشمندی بھی یمن والوں کی ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کو دین کا خاص فہم عطا فرمایا ہے۔

تشریح: قلوب اور افئدہ: مترادف ہیں، اور أضعف اور أرَق بھی مترادف ہیں۔ اور مسلم کی روایت میں: أَلْيَنُ قلوبًا (نرم دل) ہے (اور اس میں اختلاف ہے کہ یہ عصر نبوی کے یمن والوں کی خصوصیات ہیں یا عام ہیں؟ مگر تخصیص کی کوئی وجہ نہیں، اور علاقائی خصوصیات عام ہوتی ہیں، ہر زمانہ میں پائی جاتی ہیں)

۳- یمن والوں میں امانت داری ہے

روایت: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ملک (حکومت) قریش میں، قضاء (عدالت) انصار میں، اذان حبشہ میں، اور امانت داری ازد میں ہے۔ ازد سے انھوں نے یمن کو مراد لیا ہے (صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع نہیں، حضرت ابو ہریرہؓ کا قول ہے)

۴- یمن کے قبیلۂ ازد کی اہمیت

روایت (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ازد زمین میں اللہ کے ازد ہیں (اضافت تشریف کے لئے ہے) لوگ چاہتے ہیں کہ ان کو گھٹائیں (حیثیت گرائیں) اور اللہ تعالیٰ ان کو سر بلند ہی کرنا چاہتے ہیں، اور ضرور آئے گا لوگوں پر ایک زمانہ کہ آدمی کہے گا: کاش میرے ابا ازدی ہوتے! کاش میری امی ازدی ہوتی (صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث مرفوع نہیں، بلکہ حضرت انسؓ کا قول ہے)

روایت (۲): حضرت انسؓ کہتے ہیں: اگر ہم ازد سے نہیں ہیں تو ہم انسان ہی نہیں ہیں (انصار کا تعلق قبیلہ ازد سے تھا)

۵- یمن کے قبیلہ حِمْیَر کے لئے دعا اور ان کی خوبیاں

حدیث: حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ ایک آدمی آیا، میرا گمان ہے کہ وہ قبیلۂ قیس کا تھا۔ پس اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! حمیر پر لعنت بھیجیں! آپؐ نے اس سے روگردانی کی۔ وہ دوسری جانب سے آیا (اور یہی بات کہی) تب بھی آپؐ نے اعراض کیا۔ تیسری اور چوتھی بار بھی یہی ہوا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: ''اللہ حمیر پر مہربانی فرمائیں! ان کے منہ سلام ہیں یعنی ان میں سلام کا خوب رواج ہے ان کے ہاتھ کھانا ہیں، یعنی وہ غرباء پرور ہیں،

اوروہ امن وایمان والے ہیں (یہ روایت ضعیف ہے۔ میناء راوی نہایت ضعیف روایتیں بیان کرتا تھا)

[١٤٤-] فِي فَضْلِ الْيَمَنِ

[٣٩٦٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا أَبُوْ دُاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، نَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم نَظَرَ قِبَلَ الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ أَقْبِلْ بِقُلُوْبِهِمْ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ.

[٣٩٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَتَاكُمْ أَهْلُ الْيَمَنِ: هُمْ أَضْعَفُ قُلُوْبًا، وَأَرَقُّ أَفْئِدَةً، الإِيْمَانُ يَمَانٍ، وَالْحِكْمَةُ يَمَانِيَّةٌ" وفي الباب: عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ مَسْعُوْدٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[٣٩٦٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، نَا أَبُوْ مَرْيَمَ الأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "اَلْمُلْكُ فِيْ قُرَيْشٍ، وَالْقَضَاءُ فِي الأَنْصَارِ، وَالأَذَانُ فِي الْحَبَشَةِ، وَالأَمَانَةُ فِي الأَزْدِ" يَعْنِي الْيَمَنَ.

حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ مَرْيَمَ الأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ نَحْوَهُ، وَلَمْ يَرْفَعْهُ، وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ.

[٣٩٦٧-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحمدٍ الْعَطَّارُ، ثَنِيْ عَمِّيْ: صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الْكَبِيْرِ بْنِ شُعَيْبٍ، ثَنِيْ عَمِّيْ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الأَزْدُ: أَزْدُ اللّٰهِ فِي الأَرْضِ، يُرِيْدُ النَّاسُ أَنْ يَضَعُوْهُمْ، وَيَأْبَى اللّٰهُ إِلَّا أَنْ يَرْفَعَهُمْ، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، يَقُوْلُ الرَّجُلُ: يَالَيْتَ أَبِيْ كَانَ أَزْدِيًّا؛ يَالَيْتَ أُمِّيْ كَانَتْ أَزْدِيَّةً"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرُوِيَ عَنْ أَنَسٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ مَوْقُوْفًا، وَهُوَ عِنْدَنَا أَصَحُّ.

[٣٩٦٨-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ مُحمدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ كَثِيْرٍ، أَخْبَرَنِيْ مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، ثَنِيْ غَيْلَانُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: إِنْ لَمْ نَكُنْ مِنَ الأَزْدِ فَلَسْنَا مِنَ النَّاسِ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ صحيحٌ.

[٣٩٦٩-] حدثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ زَنْجُوَيْهِ، نَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنِيْ أَبِيْ، عَنْ مِيْنَاءَ: مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُريرةَ يَقُوْلُ: كُنَّا عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، أَحْسَبُهُ مِنْ قَيْسٍ، فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! الْعَنْ حِمْيَرًا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَهُ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ

جَاءَ هُ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَ هُ مِنَ الشِّقِّ الآخَرِ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "رَحِمَ اللّٰهُ حِمْيَرًا! أَفْوَاهُهُمْ سَلامٌ، وَأَيْدِيهِمْ طَعَامٌ، وَهُمْ أَهْلُ أَمْنٍ وَإِيْمَانٍ"

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، وَيُرْوَى عَنْ مِيْنَاءَ أَحَادِيْثُ مَنَاكِيْرُ.

قبائل غفار، اسلم، جہینہ اور مزینہ کا ذکر

۱-غفار: یمن کا مشہور قبیلہ: جس سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ہیں۔

۲-اسلم نام کے تین قبیلے تھے: اسلم خزاعہ، اسلم مذحج اور اسلم بجیلہ۔ معلوم نہیں حدیث میں کونسا قبیلہ مراد ہے۔

۳-جہینہ: قبیلۂ قضاعہ کا بطن ہے، جس سے حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ ہیں۔

۴-مزنیہ: مشہور قبیلہ ہے، جس سے حضرت عبداللہ بن المغفل مزنی رضی اللہ عنہ ہیں۔

۵-اشجع: بھی قبیلہ ہے، جس سے حضرت نعیم بن مسعود اشجعیؓ اور حدیث کے راوی ابو مالک اشجعی ہیں۔

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "انصار (اوس وخزرج) مزینہ، جہینہ، اشجع، غفار اور جو لوگ بنو عبد الدار سے ہیں: میرے مددگار ہیں، اللہ تعالیٰ کے سوا ان کا کوئی کارساز نہیں۔ اور اللہ اور اس کے رسول ہی ان کے مددگار ہیں (یہ روایت مسلم شریف میں ہے)

[۱۴۵-] فِيْ غِفَارٍ وَأَسْلَمَ وَجُهَيْنَةَ وَمُزَيْنَةَ

[۳۹۷۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا أَبُوْ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيُّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ أَبِيْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "الْأَنْصَارُ، وَمُزَيْنَةُ، وَجُهَيْنَةُ، وَأَشْجَعُ، وَغِفَارٌ، وَمَنْ كَانَ مِنْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ مَوَالِيَّ، لَيْسَ لَهُمْ مَوْلًى دُوْنَ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مَوْلَاهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

ثقیف اور بنو حنیفہ وغیرہ قبائل کا ذکر

۱-ثقیف کے لئے ہدایت کی دعا

ثقیف قبیلہ ہوازن کی شاخ ہے۔ غزوۂ حنین کے بعد غزوۂ طائف پیش آیا ہے، ثقیف قبیلہ طائف میں رہتا تھا، وہ قلعہ بند ہوگیا، اور اندر سے تباہ کن تیر اندازی شروع کردی، صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! ثقیف کے تیروں نے ہمیں

جلادیا! آپؐ ان کے لئے بددعا فرمائیں: آپؐ نے فرمایا: اللّٰهُمَّ اهْدِ ثقيفًا: اے اللہ! ثقیف کو ہدایت عطا فرما! چنانچہ بعد میں پورا ثقیف قبیلہ مسلمان ہوگیا۔

[١٤٦-] فِي ثَقِيْفٍ وَبَنِي حَنِيْفَةَ

[٣٩٧١-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ: يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ، نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! أَحْرَقَتْنَا نِبَالُ ثَقِيْفٍ، فَادْعُ اللّٰهَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ اهْدِ ثَقِيْفًا" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ.

۲-ثقیف، بنوحنیفہ اور بنوامیہ سے ناگواری

حدیث: حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ تین قبیلوں کو ناپسند کرتے تھے: ثقیف، بنوحنیفہ اور بنوامیہ کو۔

تشریح: کہتے ہیں: ثقیف کو مختار بن ابی عبید اور حجاج بن یوسف کی حرکتوں کی وجہ سے، اور بنوحنیفہ کو مسیلمۂ کذاب کے جھوٹے دعوئے نبوت کی وجہ سے، اور بنوامیہ کو عبیداللہ بن ابی زیاد (یزید کے چچازاد بھائی) کی خباثت کی وجہ سے (جو اس نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے ساتھ کی تھی) ناپسند کیا ہے۔ کیونکہ:

چوں ز قومے یکے بے دانشی کرد ❁ نہ کہ را منزلت ماند نہ مِہ را

(جب قوم کا ایک فرد بے عقلی کا کام کرتا ہے تو نہ چھوٹے کا مرتبہ رہتا ہے نہ بڑے کا!)

فائدہ: جس طرح ماضی میں پیش آنے والے اچھے برے واقعات اثر انداز ہوتے ہیں: اسی طرح آئندہ پیش آنے والے واقعات بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ مختار، مسیلمہ اور ابن زیاد آئندہ پیدا ہونگے، مگر ان کی نحوست ان کے قبائل پر ان کے وجود سے پہلے اثر انداز ہوگئی، چنانچہ آپؐ نے ان کے قبائل کو ناپسند کیا، اور ہم صرف گذشتہ احوال ہی جانتے ہیں، مگر انبیاء کو آئندہ کے احوال سے بھی واقف کیا جاتا ہے، اس لئے آپؐ نے ان تینوں کے قبائل کو ناپسند کیا۔

۳-ثقیف میں مہا جھوٹا اور ہلاکو ہونگے!

حدیث: حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: في ثقيفٍ كذاب ومبير: ثقیف میں مہا جھوٹا اور ہلاکو ہیں!

لغت: مُبير: اسم فاعل: أبارہ: ہلاک کرنا۔ ہلاکو: ظالم، جلاد۔

تشریح: مختار بن ابی عبید: (۱-۶۷ھ) حضرت ابن عمرؓ کا سالا تھا۔ کہتے ہیں: اس نے نبوت کا دعوی کیا تھا، اور قافیہ

بازی کرتا تھا، اور اس کو وحی قرار دیتا تھا۔ اور حجاج کے ظلم سے ہر شخص واقف ہے۔

راوی: حضرت ابن عمرؓ کی اس حدیث کے ایک راوی عبداللہ کے والد کا نام کیا تھا؟ عُصْم یا عُصْمَة؟ شریک نخعی عصم کہتے ہیں، اور اسرائیل عصمہ، اور اس کی کنیت ابوعلوان تھی، وہ کوفہ کا باشندہ تھا۔ اور ابن عمرؓ کی یہ حدیث حضرت اسماءؓ سے بھی مروی ہے۔

[۳۹۷۲-] حدثنا زَيْدُ بْنُ أَخْزَمَ الطَّائِيُّ، نَا عَبْدُ الْقَاهِرِبْنُ شُعَيْبٍ، نَا هِشَامٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: مَاتَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ يَكْرَهُ ثَلَاثَةَ أَحْيَاءٍ: ثَقِيْفًا، وَبَنِىْ حَنِيْفَةَ، وَبَنِىْ أُمَيَّةَ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ.

[۳۹۷۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فِيْ ثَقِيْفٍ كَذَّابٌ وَمُبِيْرٌ"

حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ وَاقِدٍ، نَا شَرِيْكٌ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُصْمٍ يُكْنَى أَبَا عُلْوَانَ، وَهُوَ كُوْفِيٌّ، هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ شَرِيْكٍ، وَشَرِيْكٌ يَقُوْلُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ، وَإِسْرَائِيْلُ يَرْوِىْ عَنْ هٰذَا الشَّيْخِ، وَيَقُوْلُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُصْمَةَ، وفى الباب: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِىْ بَكْرٍ.

۴- اب میں صرف قریشی، انصاری، ثقفی یا دوسی کا ہدیہ قبول کرونگا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک واقعہ دو سندوں سے مروی ہے: **پہلی سند**: یزید بن ہارون کی ہے، وہ ایوب بن مسکین ابوالعلاء سے، اور وہ سعید مقبری سے روایت کرتے ہیں، یہ روایت مختصر ہے۔ **دوسری سند**: محمد بن اسحاق امام المغازی کی ہے، وہ سعید مقبری سے روایت کرتے ہیں، یہ روایت مفصل ہے، امام ترمذیؒ نے اسی کو اصح کہا ہے۔

حدیث (۱): حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں: ایک بدّو نے نبی ﷺ کی خدمت میں ایک جوان اونٹنی بطور ہدیہ پیش کی، آپؐ نے اس کے عوض میں چھ اونٹنیاں دیں، وہ ان اونٹنیوں کی وجہ سے ناراض ہوگیا۔ یہ بات نبی ﷺ کو پہنچی تو آپؐ نے خطاب میں عام فرمایا کہ فلاں شخص نے مجھے ہدیہ میں اونٹنی دی، میں نے اس کے بدلہ میں چھ اونٹنیاں دیں، پس وہ ناراض ہوگیا (اس لئے اب) بخدا! میں نے ارادہ کیا ہے کہ ہدیہ قبول نہیں کروں گا مگر قریشی، انصاری، ثقفی یا دوسی سے!

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں اور بھی کلام ہے، یعنی یہ حدیث اس سے مفصل بھی مروی ہے، جو اگلے نمبر پر ہے۔ اور ایوب: یزید کے مخصوص استاذ ہیں۔ اور ان کے والد کا نام مسکین ہے، اور بعض لوگ کہتے ہیں: ان کی کنیت ابو مسکین ہے، باب کی حدیث یزید: انہی ایوب سے روایت کرتے ہیں۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: قبیلۂ بنوفزارہ کے ایک شخص نے نبی ﷺ کی خدمت میں اپنے ان

اونٹوں میں سے جو صحابہ کوغابہ مقام میں غنیمت میں ملے تھے: ان میں سے ایک اونٹنی (بطور ہدیہ) پیش کی، پس آپؐ نے اس کواس اونٹنی کا عوض دیا، پس وہ ناراض ہوا، پس میں نے نبی ﷺ کو منبر سے فرماتے ہوئے سنا: بعض عرب: ان میں سے کوئی ہدیہ لاتا ہے، پس میں اس کواس کا بدلہ دیتا ہوں، اس گنجائش کے بقدر جو میرے پاس ہوتی ہے، پھر وہ اس عوض سے ناراض ہوجاتا ہے، پس وہ برابر اس سلسلہ میں مجھ سے ناراض رہتا ہے۔ اور قسم بخدا! میں نہیں قبول کرونگا اپنی اس تقریر کے بعد عرب کے کسی آدمی کا کوئی ہدیہ، علاوہ قریشی، انصاری، ثقفی یا دوسی کے!

[۳۹۷٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، نَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، نَا أَيُّوْبُ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمُقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا أَهْدَى لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بَكْرَةً، فَعَوَّضَهُ مِنهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ، فَتَسَخَّطَهَا، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَحِمَدَ اللّٰهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ:" إِنَّ فُلَانًا أَهْدَى إِلَيَّ نَاقَةً، فَعَوَّضْتُهُ مِنهَا سِتَّ بَكَرَاتٍ، فَظَلَّ سَاخِطًا، لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ لَا أَقْبَلَ هَدِيَّةً إِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ، أَوْ أَنْصَارِيٍّ، أَوْ ثَقَفِيٍّ، أَوْ دَوْسِيٍّ"

وفى الحديثِ كَلَامٌ أَكْثَرُ مِنْ هٰذَا، هٰذَا حديثٌ قَدْ رُوِيَ مِنْ غَيْرِ وَجْهٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ يَرْوِيْ عَنْ أَيُّوْبَ: أَبِي الْعَلَاءِ، وَهُوَ أَيُّوْبُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ أَبِيْ مِسْكِيْنٍ، وَلَعَلَّ هٰذَا الحديثَ الَّذِيْ رُوِيَ عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، هُوَ: أَيُّوْبُ أَبُوْ الْعَلَاءِ، وَهُوَ أَيُّوْبُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ أَبِيْ مِسْكِيْنٍ.

[۳۹۷۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، نَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْحِمْصِيُّ، نَا مُحمدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيرةَ، قَالَ: أَهْدَى رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَاقَةً، مِنْ إِبِلِهِ الَّتِيْ كَانُوْا أَصَابُوْا بِالْغَابَةِ، فَعَوَّضَهُ مِنهَا بَعْضَ الْعِوَضِ، فَتَسَخَّطَ، فَسَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى الْمِنبَرِ، يَقُوْلُ:" إِنَّ رِجَالًا مِنَ الْعَرَبِ يُهْدِيْ أَحَدُهُمُ الْهَدِيَّةَ، فَأُعَوِّضُهُ مِنهَا بِقَدْرِ مَا عِنْدِيْ، ثُمَّ يَتَسَخَّطُهُ، فَيَظَلُّ يَتَسَخَّطُ فِيْهِ عَلَيَّ، وَأَيْمُ اللّٰهِ! لَا أَقْبَلُ بَعْدَ مَقَامِيْ هٰذَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ هَدِيَّةً، إِلَّا مِنْ قُرَشِيٍّ، أَوْ أَنْصَارِيٍّ، أَوْ ثَقَفِيٍّ، أَوْ دَوْسِيٍّ" وَهٰذَا أَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ يَزِيْدَ بْنِ هَارُوْنَ.

۵- قبیلۂ اسد اور اشعر کی تعریف

حدیث: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اسد (ازد) اور اشعر بہترین قبیلے ہیں، جنگ میں بھاگتے نہیں، اور مالِ غنیمت میں خیانت نہیں کرتے، وہ میرے ہم مزاج ہیں، اور میں ان کا ہم مزاج ہوں! —— عامر اشعری کہتے ہیں: پس میں نے یہ حدیث حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے بیان کی تو انھوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ایسا نہیں فرمایا، بلکہ فرمایا ہے: هم منی و إلیَّ: وہ میرے ہم مزاج ہیں، اور میرے حوالے ہیں! عامر نے کہا: مجھ سے میرے ابا نے اس

طرح بیان نہیں کیا، بلکہ میرے ابا نے مجھ سے بیان کیا کہ انھوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: هم منی و أنا منهم: حضرت معاویہؓ نے کہا: پس تم اپنے ابا کی حدیث کو بہتر جانتے ہو!

۶-قبائل اسلم وغفار کے لئے دعا اور قبیلہ عصیّہ محروم!

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''قبیلۂ اسلم: اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت فرمائیں! اور قبیلہ غفار: اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف فرمائیں (کہتے ہیں: یہ قبیلہ زمانۂ جاہلیت میں چوری کرتا تھا، اس لئے اس کو مغفرت کی دعا دی) اور قبیلہ عصیّہ: اس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی (اس لئے وہ دعا کا مستحق نہیں، بلکہ گونہ اس سے ناراضگی کا اظہار فرمایا)

[۳۹۷۶-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، نَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ خَلَّادٍ، يُحَدِّثُ عَنْ نُمَيْرِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَسْرُوْحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ أَبِيْ عَامِرٍ الْأَشْعَرِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: '' نِعْمَ الْحَيُّ الْأَسْدُ وَالْأَشْعَرِيُّوْنَ، لَايَفِرُّوْنَ فِي الْقِتَالِ وَلَا يَغُلُّوْنَ، هُمْ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُمْ'' قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِذٰلِكَ مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ: لَيْسَ هٰكَذَا قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' هُمْ مِنِّيْ وَإِلَيَّ'' فَقُلْتُ: لَيْسَ هٰكَذَا حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، وَلٰكِنَّهُ حَدَّثَنِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: '' هُمْ مِنِّيْ وَأَنَا مِنْهُمْ'' قَالَ: فَأَنْتَ أَعْلَمُ بِحَدِيْثِ أَبِيْكَ.

هٰذَا حديثٌ غريبٌ، لَانَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ حَدِيْثِ وَهْبِ بْنِ جَرِيْرٍ، وَيُقَالُ: الْأَسْدُ: هُمُ الْأَزْدُ.

[۳۹۷۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: '' أَسْلَمُ: سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ: غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا''

وفي الباب: عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ، وَأَبِيْ بَرْزَةَ الْأَسْلَمِيِّ، وَبُرَيْدَةَ، وَأَبِيْ هُرَيْرَةَ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۷۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: '' أَسْلَمُ: سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ: غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَعُصَيَّةُ: عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا مُؤَمَّلٌ، نَاسُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ نَحْوَ حَدِيْثِ شُعْبَةَ، وَزَادَ فِيْهِ: ''وَعُصَيَّةُ: عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ'' هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۷-قبائل عرب میں تفاضل

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں محمدؐ کی جان ہے! قبائل غفار، اسلم، مزینہ، اور جو لوگ قبیلۂ جہینہ کے ہیں، یا فرمایا: قبیلۂ جہینہ، اور جو لوگ قبیلۂ مزینہ کے ہیں: وہ قیامت کے دن اللہ

کے نزدیک یقیناً قبائل اسد،طی اور غطفان سے بہتر ہیں!''

تشریح: مسلم شریف (حدیث ۲۵۲۲ کتاب فضائل الصحابة حدیث ۱۹۳) میں حضرت ابوبکرہؓ کی حدیث اس سے مفصل ہے، اس سے اس حدیث کے سمجھنے میں مدد ملے گی۔ حضرت ابوبکرہؓ کہتے ہیں: اقرع بن حابس (تمیمی) نبی ﷺ کی خدمت میں آئے، اور انھوں نے کہا: آپؐ سے حاجیوں کا سامان چرانے والے قبائل: اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ نے بیعتِ اسلام کی ہے۔ پس آپؐ نے فرمایا: بتلاؤ! اگر اسلم، غفار، مزینہ اور جہینیہ بہتر ہوں بنوتمیم، بنوعامر، اسد اور غطفان سے تو وہ گھاٹے اور خسارے میں رہیں گے یا نہیں؟ اقرع نے جواب دیا: ہاں! پس آپؐ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! بیشک وہ قبائل اِن سے بہت بہتر ہیں!''

حدیث (۲): حضرت عمران رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: بنوتمیم کے کچھ لوگ (مالی تعاون کی امید لے کر) آئے (مگر اس وقت آپؐ کے پاس دینے کے لئے کچھ نہیں تھا) پس آپؐ نے فرمایا: ''تمیم کے لوگو! خوش خبری قبول کرو، یعنی برکتیں اور دعائیں لے کر جاؤ۔ ان لوگوں نے کہا: آپؐ نے ہمیں خوش خبری دی، اب کچھ مال دیجئے، پس آپ کا چہرہ بدل گیا (کیونکہ اس وقت دینے کے لئے کچھ نہیں تھا) پھر آپؐ کے پاس یمن کے کچھ لوگ آئے، آپؐ نے ان سے بھی فرمایا: ''اے یمن والو! خوش خبری قبول کرو، جبکہ اس کو بنوتمیم نے قبول نہیں کیا'' ان لوگوں نے عرض کیا: ہم خوش خبری قبول کرتے ہیں اے اللہ کے رسول! (اور انھوں نے کہا: ہم مال کے لئے نہیں آئے، علم حاصل کرنے کے لئے آئے ہیں) یہ حدیث (تحفہ ۷: ۲۹۱) میں آچکی ہے۔

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قبائل اسلم، غفار اور مزینہ بہتر ہیں: تمیم، اسد، غطفان اور بنوعامر بن صعصعہ سے!'' اور لمبی کی ان کلمات کے ساتھ اپنی آواز یعنی یہ بات بلند آواز سے فرمائی، پس لوگوں نے کہا: یقیناً وہ گھاٹے اور خسارے میں رہے یعنی مفضول قبائل۔ پس آپؐ نے فرمایا: ''پس وہ (اسلم وغیرہ قبائل) ان (بنوتمیم وغیرہ قبائل) سے بہتر ہیں! یعنی خواہ یہ قبائل گھاٹے میں رہیں یا نہ رہیں: اسلم وغیرہ قبائل بنوتمیم وغیرہ سے افضل ہیں (یہی حدیث اوپر مسلم شریف سے نقل کی ہے)

[۳۹۷۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ، نَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِيْ هريرةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحمدٍ بِيَدِهِ! الغِفَارُ، وَأَسْلَمُ، وَمُزَيْنَةُ، وَمَنْ كَانَ مِنْ جُهَيْنَةَ - أَوْقَالَ: جُهَيْنَةُ وَمَنْ كَانَ مِنْ مُزَيْنَةَ - خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أَسْدٍ، وَطَيِّئٍ وَغَطْفَانَ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۸۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ: جَاءَ نَفَرٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه

وسلم، فَقَالَ: "أَبْشِرُوْا يَابَنِى تَمِيْمٍ" قَالُوْا: بَشَّرْتَنَا فَأَعْطِنَا، قَالَ: فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَجَاءَ نَفَرٌ مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: "اقْبَلُوْا الْبُشْرَى، فَلَمْ يَقْبَلْهَا بَنُوْ تَمِيْمٍ" قَالُوْا: قَدْ قَبِلْنَا. هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

[۳۹۸۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، نَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِى بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "أَسْلَمُ، وَغِفَارٌ، وَمُزَيْنَةُ: خَيْرٌ مِنْ تَمِيْمٍ، وَأَسْدٍ، وَغَطَفَانَ، وَبَنِى عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ" يَمُدُّ بِهَا صَوْتَهُ، فَقَالَ الْقَوْمُ: قَدْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا! قَالَ: "فَهُمْ خَيْرٌ مِنْهُمْ" هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ.

۸-شام اور یمن کے لئے دعا اور نجد محروم!

حدیث(۱): رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت فرما! اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت فرما!" پس لوگوں نے لقمہ دیا: اور ہمارے نجد میں! پس آپؐ نے مکرر دعا کی: "اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے شام میں برکت فرما! اور ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت فرما!" لوگوں نے پھر لقمہ دیا: اور ہمارے نجد میں! آپؐ نے فرمایا: "وہاں زلزلے اور فتنے ہیں، اور وہاں سے شیطان کا سینگ نمودار ہوگا!" (چنانچہ مسیلمۂ کذاب کے فتنے نے نجد سے سر ابھارا!)

حدیث(۲): حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم نبی ﷺ کے پاس پرچوں سے قرآن کریم مرتب کررہے تھے، پس آپؐ نے فرمایا: "شام کے لئے خوبی ہے!" پس ہم نے پوچھا: کس وجہ سے؟ اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: "اس لئے کہ مہربان ہستی کے فرشتے شام پر اپنے پَر پھیلائے ہوئے ہیں!"

[۳۹۸۲-] حدثنا بِشْرُ بْنُ آدَمَ ابْنِ ابْنَةِ أَزْهَرَ السَّمَّانِ، ثَنِى جَدِّى: أَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنْ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ شَامِنَا، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ يَمَنِنَا" قَالُوْا: وَفِىْ نَجْدِنَا، فَقَالَ: "اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِىْ شَامِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِىْ يَمَنِنَا" قَالُوْا: وَفِىْ نَجْدِنَا، قَالَ: "هُنَالِكَ الزَّلَازِلُ وَالْفِتَنُ، وَبِهَا، أَوْ قَالَ: مِنْهَا، يَخْرُجُ قَرْنُ الشَّيْطَانِ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ صحيحٌ غريبٌ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ مِنْ حَدِيْثِ ابْنِ عَوْنٍ، وَقَدْ رُوِىَ هٰذَا الحديثُ أَيْضًا عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبىِّ صلى الله عليه وسلم.

[۳۹۸۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، نَا أَبِىْ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ أَيُّوْبَ، يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِىْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شَمَاسَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ

رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نُؤَلِّفُ الْقُرْآنَ مِنَ الرِّقَاعِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "طُوْبىٰ لِلشَّامِ!" فَقُلْنَا: لِأَيِّ ذٰلِكَ؟ يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ:" لِأَنَّ مَلَائِكَةَ الرَّحْمٰنِ بَاسِطَةٌ أَجْنِحَتَهَا عَلَيْهَا"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ غريبٌ إِنَّمَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيْثِ يَحْيىَ بْنِ أَيُّوْبَ.

۹-نسب وخاندان پر اترانے کی ممانعت

فضائل ومناقب کے بیان سے ایک ضرر کا اندیشہ تھا۔ممکن ہے کچھ لوگ اپنے اسلاف کے مفاخر پر اترانے لگیں، اور یہ مناقب ان کے لئے نخوت وغرور کا باعث بن جائیں، اس لئے یہ آخری باب لائے، اور اس کے ذریعہ تنبیہ کی کہ اخلاف کو اسلاف کے نقشِ قدم پر چلنا چاہئے، اور اولاد کو آباء کا نمونہ بننا چاہئے۔اسی سے نسبت میں چار چاند لگتے ہیں، ورنہ نسبت دنیا وآخرت میں سر بلند نہیں کر سکتی۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"ضرور باز آجائیں وہ لوگ جو اپنے اُن (جاہلی) آباء پر فخر کرتے ہیں جو مر چکے ہیں۔وہ لوگ جہنم کا کوئلہ ہی ہیں، یا وہ ضرور ہونگے اللہ کے نزدیک اُس گوبریلے کیڑے سے زیادہ ذلیل جو پاخانے کو اپنی ناک سے لڑھکاتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کی نخوت اور آباء پر فخر کرنا دور کر دیا۔انسان بس پرہیز گار مؤمن اور بدکار بدبخت ہی ہیں یعنی آخرت میں انسانوں کی یہی دو قسمیں ہیں۔سب لوگ آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں یعنی انسان کے خمیر میں کوئی کمال نہیں، عمل ہی سے کمال پیدا ہوتا ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا:"اللہ تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کی نخوت اور جاہلیت کا اسلاف پر اترانا دور کر دیا: اب لوگ دو طرح کے ہیں: پرہیز گار مؤمن اور بدکار بدبخت! سب انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں، اور آدم علیہ السلام مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں (یہ حدیث حضرت ابن عمرؓ کی سند سے پہلے (حدیث ۳۲۹۴ تحفہ ۷: ۴۶۹) آچکی ہے)

تشریح: سورۃ الحجرات (آیت ۱۳) میں اللہ پاک کا ارشاد ہے:﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ! إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى، وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوْبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوْا، إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ أَتْقَاكُمْ، إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ﴾: اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے، اور تم کو مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنایا ہے، تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو، اللہ کے نزدیک تم میں زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہے، بیشک اللہ تعالیٰ خوب جاننے والے، پورے باخبر ہیں۔

لغات: العُبِّيَّة: غرور ونخوت، اتراہٹ، مادہ: العَبّ: سانس اور چسکی لئے بغیر ایک دم پینا......الجعَل: بھونرے جیسا ایک کالا کیڑا، جو تر جگہوں میں پیدا ہوتا ہے، اور گوبر پاخانے کو لڑھکا کر بل میں لے جاتا ہے......دَهْدَهَ الحجرَ: پتھر کو لڑھکانا......الخِرَاءَ ة، وَالْخِرَاء: پاخانہ، لید، بیٹ۔

سندوں کا بیان: امام ترمذی رحمہ اللہ نے باب میں ایک ہی حدیث دو سندوں سے روایت کی ہے۔پہلی سند: ابو

عامر عقدی کی ہے، وہ سعید مقبری اور حضرت ابو ہریرہؓ کے درمیان واسطہ نہیں بڑھاتے (سعید مقبری بلاواسطہ بھی حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں، اور اپنے ابا کے واسطے سے بھی بہت سی روایتیں کرتے ہیں) دوسری سند: موسیٰ بن ابی علقمہ کی ہے (یہ راوی مجہول ہے) یہ بھی ہشام سے روایت کرتا ہے۔ اور سعید مقبری اور حضرت ابو ہریرہؓ کے درمیان سعید کے والد کا واسطہ بڑھاتا ہے۔ ان میں سے پہلی سند صحیح ہے (بغیر واسطہ والی) کیونکہ سفیان ثوری وغیرہ بہت سے ہشام کے تلامذہ ابو عامر عقدی کے متابع ہیں، وہ بھی واسطہ نہیں بڑھاتے۔

[٣٩٨٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، نا أَبُوْ عَامِرٍ الْعَقْدِیُّ، نَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: "لَيَنْتَهِيَنَّ أَقْوَامٌ يَفْتَخِرُوْنَ بِآبَائِهِمُ الَّذِيْنَ مَاتُوْا، إِنَّمَاهُمْ فَحْمُ جهنَّمَ، أَوْ لَيَكُوْنُنَّ أَهْوَنَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الجُعَلِ الَّذِیْ يُدَهْدِهُ الْخِرَاءَ ةَ بِأَنْفِهِ، إِنَّ اللّٰهَ أَذْهَبَ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الْجَاهِلِيَةِ، وَفَخْرَهَا بِالآبَاءِ، إِنَّمَا هُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ، وَفَاجِرٌ شَقِیٌّ، النَّاسُ كُلُّهُمْ بَنُوْ آدَمَ، وَآدَمُ خُلِقَ مِنَ التُّرَابِ" وفی الباب: عَنْ ابنِ عُمَرَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، هٰذَا حديثٌ حسنٌ.

[٣٩٨٥-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسَى بْنِ أَبِیْ عَلْقَمَةَ القَرَوِیُّ الْمَدِيْنِیُّ، قَالَ: ثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِیْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: "قَدْ أَذْهَبَ اللّٰهُ عَنْكُمْ عُبِّيَّةَ الجَاهِلِيَّةِ، وَفَخْرَهَا بِالآبَاءِ، مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ، وَفَاجِرٌ شَقِیٌّ، وَالنَّاسُ بَنُوْ آدَمَ، وَآدَمُ مِنْ تُرَابٍ"

هٰذَا حديثٌ حسنٌ، وَسَعِيْدٌ الْمَقْبُرِیُّ قَدْ سَمِعَ مِنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَيَرْوِیْ عَنْ أَبِيْهِ أَشْيَاءَ كَثِيْرَةً، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ.

وَقَدْ رَوَى سُفْيَانُ الثَّوْرِیُّ وَغَيْرُ وَاحِدٍ هٰذَا الحديثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَ حَدِيْثِ أَبِیْ عَامِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ.

[آخِرُ الْمُسْنَدِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَصَلَاتُهُ وَسَلَامُهُ عَلَى سَيِّدِنَا مُحمدٍ النَّبِیِّ وَآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ]

جمعہ ۱۶ر رجب ۱۴۳۰ھ مطابق ۱۰ر جولائی ۲۰۰۹ء کو ترمذی شریف کی شرح تحفۃ الالمعی (عصر کے بعد) مکمل ہوئی، کتاب العلل کی شرح کتاب کے شروع میں آچکی ہے۔ اب شمائل ترمذی کی شرح شروع ہوگی، ان شاء اللہ تعالیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمائل النبی ﷺ

نبی ﷺ کی حیاتِ طیبہ کا بیان

شَمَائل: شِمَال کی جمع ہے، جیسے خَصَائِلْ: خِصَالَ کی جمع ہے۔ شمال کے معنی ہیں: طبیعت، عادت اور اخلاق۔ اور مراد: حیاتِ طیبہ ہے۔ امام ترمذی رحمہ اللہ کے اس رسالہ میں ۵۶ باب اور ۳۹۷ حدیثیں ہیں۔ جن میں سے ۲۱۳ سنن ترمذی میں آچکی ہیں، اور ۱۸۴ نئی روایتیں ہیں۔ سنن کی آخری کتاب: ابواب المناقب تھی، وہ ابواب بھی سیرت طیبہ کے بیان سے شروع کئے تھے، مگر امام ترمذیؒ نے محسوس کیا کہ ان ابواب سے حق ادا نہیں ہوا، اس لئے یہ مستقل رسالہ سیرتِ طیبہ کے بیان میں سنن کے ساتھ لاحق کیا، اور یہ جو عام تصور قائم ہو گیا ہے کہ شمائل مستقل تصنیف ہے: یہ بات صحیح نہیں، جس طرح کتاب العلل سنن کا مقدمہ لاحقہ ہے: یہ رسالہ بھی ابواب المناقب کا تتمہ ہے۔

ملحوظہ: اس جلد میں ڈیڑھ سو صفحات ہی کی گنجائش تھی، اس لئے میں نے شمائل کی حدیثوں کی مفصل شرح نہیں کی، جو حدیثیں ترمذی میں آئی ہیں، ان کا حوالہ دیا ہے، ان کی شرح محوّلہ جگہ میں آگئی ہے، اور جو حدیثیں نئی ہیں: ان کی مفصل شرح کی ہے۔

بابُ ماجاءَ فِی خَلْقِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ ﷺ کے حلیۂ مبارک کا بیان

خَلَقَ (ن) الشیئَ خَلْقًا: پیدا کرنا، عدم سے وجود میں لانا۔ خَلْق (حاصل مصدر): بناوٹ، ساخت، حلیہ: سراپا، شکل وصورت۔ اس باب میں چودہ روایتیں ہیں، ان میں سے آٹھ سنن میں آچکی ہیں۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نہ واضح لمبے تھے، نہ پستہ قد تھے، اور نہ چونے کی طرح سفید تھے، اور نہ گندمی (سانولے) تھے۔ اور بال نہ بالکل پیچیدار تھے، نہ بالکل سیدھے (بالوں میں ہلکی سی پیچیدگی تھی) چالیس سال پورے ہونے پر اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو مبعوث فرمایا (نبوت سے سرفراز فرمایا) پس آپؐ مکہ میں دس سال ٹھہرے (کسر چھوڑ دی، مکہ میں آپؐ کا قیام تیرہ سال رہا ہے) اور مدینہ میں دس سال۔ اور ساٹھ سال

پورے ہونے پر اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو وفات دی (یہاں بھی کسر چھوڑ دی، وفات تریسٹھ سال میں ہوئی ہے) درانحالیکہ آپؐ کے سر اور ڈاڑھی میں بیس بال سفید نہیں تھے۔

تشریح: نبی ﷺ کا قد درمیانہ تھا، مگر کسی قدر طول کی طرف مائل تھا۔ آگے (حدیث ۷ میں) آرہا ہے: أطول من المربوع: آپؐ درمیانہ قد سے ذرا لمبے تھے ——— اور ایک حدیث میں جو آیا ہے کہ جب آپؐ کسی جماعت میں کھڑے ہوتے تھے تو سب سے بلند نظر آتے تھے: یہ بات بطور معجزہ تھی، تاکہ جس طرح کمالاتِ معنویہ میں کوئی آپؐ سے بلند نہیں، اسی طرح صورتِ ظاہری میں بھی کوئی آپؐ سے بلند محسوس نہ ہو (خصائل) ——— اور وفات کا بیان باب ۵۴ میں آرہا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

[الحَمْدُ للّٰهِ، وَسَلاَمٌ عَلَى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى]

[قَالَ الشَّيْخُ الْحَافِظُ مُحمدُ بْنُ سَوْرَةَ التِّرْمِذِيُّ رَحمهُ اللّٰهُ تَعَالٰى:]

[۱-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ خَلْقِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱-] أَخْبَرَنَا أَبُوْ رَجَاءٍ: قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، وَلاَ بِالأَبْيَضِ الأَمْهَقِ، وَلاَ بِالآدَمِ، وَلاَ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبْطِ، بَعَثَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، فَأَقَامَ بِمكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَتَوَفَّاهُ اللّٰهُ عَلَى رَأْسِ سِتِّيْنَ سَنَةً، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنُ شَعْرَةً بَيْضَاءَ.

لغات: البائن: ظاہر وواضح۔ بَانَ (ض) الشیئُ بَیَانًا: نمایاں اور واضح ہونا ...... الأَمْهَق: بہت سفید، مَهِقَ (س) مَهَقًا: بہت سفید ہونا، فهو أَمْهَقُ، وهی مَهْقَاء ...... آدم: گندم گوں۔ أَدِمَ (س) أَدَمًا وَأُدمة: گندم گوں ہونا، فهو آدم، وهی أَدماء ...... الجَعْد: گھونگھریالا، سکڑا ہوا۔ جَعُدَ (ک) الشَّعْرُ جُعودة: بالوں کا گھونگھریالا ہونا ...... القَطَط: چھوٹے گھونگھریالے بال۔ کہا جاتا ہے: رَجُل قَطَطٌ اور جَعْدٌ قَطَطٌ ...... السَّبْط (باء ساکن یا مکسور) من الشَّعْر: سیدھے بال (غیر پیچیدار) سَبِطَ (س) سَبَطًا: بالوں کا نرم اور سیدھا ہونا۔

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ میانہ قد تھے: نہ دراز قامت تھے، نہ پستہ قد، خوبصورت بدن والے تھے، اور آپؐ کے بال نہ بالکل پیچیدار تھے، نہ بالکل سیدھے، آپؐ گندمی رنگ کے تھے،

جب آپؐ چلتے تھے تو جھکتے ہوئے چلتے تھے (ترمذی، لباس، حدیث ۱۷۴۴ باب ۲۱ تحفہ ۵: ۸۶ میں آچکی ہے)

[۲-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَبْعَةً: لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، حَسَنَ الْجِسْمِ، وَكَانَ شَعْرُهُ لَيْسَ بِجَعْدٍ وَلاَ سَبْطٍ، أَسْمَرَ اللَّوْنِ، إِذَا مَشَى يَتَكَفَّأُ.

لغت: يَتَكَفَّأُ: آگے جھکتا ہوا چلنا۔ مجرد: كَفَى الإِنَاءَ: برتن اوندھا کرنا، یعنی آپؐ اکڑ کر اتراتے ہوئے نہیں چلتے تھے، بلکہ جس طرح اونچائی سے نشیب میں اترتے ہیں تو ذرا آگے جھک جاتے ہیں، اسی طرح آپؐ تواضع کے ساتھ چلتے تھے...... أَسْمَرَ: گندمی: آپؐ کا جو بدن کھلا رہتا تھا وہ گندمی تھا، اور جو ڈھکا رہتا تھا وہ سفید تھا، یا گندمی ہونے کا یہ مطلب ہے کہ بدن مبارک چونے جیسا سفید نہیں تھا، بلکہ اس میں سرخی ملی ہوئی تھی، اس لئے وہ گندمی نظر آتا تھا۔

حدیث (۳): حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ میانہ قد آدمی تھے، آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان (اور لوگوں سے) زیادہ فاصلہ تھا (ایسے آدمی کا سینہ چوڑا ہوتا ہے، جو بہادری کی علامت ہے) آپؐ گنجان بالوں والے تھے، جو کان کی لو تک (جب آپؐ پٹھے کٹواتے تھے) ہوتے تھے، آپؐ نے سرخ جوڑا زیب تن فرما رکھا تھا۔ میں نے آپؐ سے زیادہ حسین کبھی کوئی چیز نہیں دیکھی!

حدیث (۴): حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کسی پٹھے والے کو سرخ جوڑے میں نبی ﷺ سے زیادہ حسین نہیں دیکھا۔ آپؐ کے بال شانوں کو چھوتے تھے، آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان کچھ فاصلہ تھا، اور آپؐ نہ پستہ قد تھے، نہ دراز قامت (ترمذی، لباس باب ۴ تحفہ ۵: ۵۹ اور اسی جلد میں حدیث ۳۶۵۴)

[۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، يَعْنِيْ الْعَبْدِيَّ، ثَنَا مَحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ رَجُلاً مَرْبُوْعًا، بُعَيْدَ مَا بَيْنَ الْمِنْكِبَيْنِ، عَظِيْمَ الْجُمَّةِ، إِلَى شَحْمَةِ أُذُنَيْهِ، عَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، مَا رَأَيْتُ شَيْئًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ.

[۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: مَا رَأَيْتُ مِنْ ذِيْ لِمَّةٍ فِيْ حُلَّةٍ حِمْرَاءَ أَحْسَنَ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، لَهُ شَعْرٌ يَضْرِبُ مِنْكِبَيْهِ، بُعَيْدُ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَمْ يَكُنْ بِالْقَصِيْرِ وَلاَ بِالطَّوِيْلِ.

لغات: رَجُلاً کو رَجِلاً (جیم کے کسرہ کے ساتھ) بھی پڑھ سکتے ہیں، یعنی سیدھے بال والے، مگر اولیٰ رَجُلاً پڑھنا ہے...... بُعَيْد (مصغر) کو بَعِيْد (مکبّر) بھی پڑھ سکتے ہیں۔

حدیث (۵): حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نہ لانبے تھے، نہ کوتاہ قد۔ دونوں ہتھیلیاں اور دونوں پاؤں پُر گوشت تھے۔ سر مبارک بڑا تھا۔ اعضاء کے جوڑ کی ہڈیاں بڑی تھیں۔ سینہ سے ناف تک بالوں کی باریک لکیر تھی۔ جب چلتے تو ذرا جھکتے ہوئے چلتے، گویا اونچی جگہ سے اتر رہے ہیں، میں نے آپؐ جیسا نہ پہلے دیکھا نہ بعد میں۔ بے پایاں رحمتیں نازل ہوں آپؐ پر اور سلامتی! (ترمذی، مناقب حدیث ۳۶۶۶ باب ۱۸، اسی جلد میں ہے)

[۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ قَالَ:" لَمْ يَكُنِ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم بِالطَّوِيْلِ وَلاَ بَالْقَصِيْرِ، شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، ضَخْمُ الرَّأْسِ، ضَخْمُ الْكَرَادِيْسِ، طَوِيْلُ الْمَسْرُبَةِ، إِذَا مَشَى تَكَفَّأَ تكَفُّؤًا، كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ، لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ صلى الله عليه وسلم.

حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، حدثنا أَبِيْ، عَنِ الْمَسْعُوْدِيِ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ.

حدیث (۶): ابراہیم (محمد بن الحنفیہ کے صاحبزادے، اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پوتے) کہتے ہیں: جب حضرت علی رضی اللہ عنہ: نبی ﷺ کے حالات بیان کرتے تو کہتے: آپؐ نہ کھینچے ہوئے لمبے تھے، اور نہ ایسے ٹھگنے تھے کہ بعض اعضاء بعض میں گھسے ہوئے معلوم ہوں، بلکہ آپؐ میانہ قد لوگوں میں سے تھے —— اور آپؐ کے بال نہ بالکل پیچیدہ تھے، نہ بالکل سیدھے، بلکہ تھوڑی سی پیچیدگی لئے ہوئے تھے —— آپؐ نہ موٹے بدن کے تھے، نہ گول چہرے والے، البتہ آپؐ کے چہرے میں تھوڑی سی گولائی تھی —— آپؐ کا رنگ سفید سرخی مائل تھا —— آپؐ کی آنکھیں نہایت سیاہ تھیں —— آپؐ کی پلکیں دراز تھیں —— آپؐ کے جوڑوں کے ملنے کی ہڈیاں اور شانے پُر گوشت تھے —— آپؐ کے بدن پر (معمول کے علاوہ) بال نہیں تھے (بعض لوگوں کے بدن پر بال زیادہ ہوتے ہیں، آپؐ کے بدن پر خاص حصوں (بازو پنڈلیوں) کے علاوہ کہیں بال نہیں تھے) —— آپؐ کے سینہ سے ناف تک بالوں کی لکیر تھی —— آپؐ کے ہاتھ اور پیر پُر گوشت تھے —— جب آپ چلتے تو پیروں کو قوت سے اٹھاتے، گویا آپ نشیب میں اتر رہے ہیں —— جب آپؐ کسی کی طرف متوجہ ہوتے تو پورے دن سے متوجہ ہوتے (صرف گردن پھیر کر نہیں دیکھتے تھے، اس سے لاپرواہی ظاہر ہوتی ہے) —— آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی، اور آپ سلسلۂ نبوت کو مکمل کرنے والے تھے —— آپؐ سب لوگوں سے زیادہ سخی دل تھے —— اور سب سے زیادہ سچی زبان والے تھے —— اور سب سے زیادہ نرم طبیعت تھے —— اور سب سے زیادہ شریف خاندان کے تھے —— جو آپؐ کو یکایک دیکھتا مرعوب ہو جاتا، اور جو آپؐ سے پہچان کر ملتا: آپؐ سے محبت کرتا —— اور آپ کا حلیہ بیان کرنے والا یہی کہے گا کہ میں نے آپؐ سے پہلے اور آپؐ کے بعد آپ جیسا نہیں دیکھا، آپ پر بے پایاں رحمتیں اور

سلامتی نازل ہو! (یہ حدیث منقطع ہے، ابراہیم کی اپنے دادا حضرت علیؓ سے ملاقات نہیں ہوئی)

حوالہ: یہ حدیث اسی جلد میں (حدیث ۳۶۶۷ ابواب المناقب باب ۱۹) آچکی ہے، اور وہاں حل لغات بھی ہے۔ اور اصمعی کے اقوال کی شرح بھی ہے۔

[٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَبِّيُّ الْبَصْرِيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، وَأَبُوْ جَعْفَرٍ: مُحمدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، وَهُوَ ابنُ أَبِیْ حَلِيْمَةَ – وَالْمَعْنٰى وَاحِدٌ–قَالُوْا: ثَنَا عَيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، نَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ: مَوْلٰى غُفْرَةَ، ثَنِیْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحمدٍ: مِنْ وَلَدِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: كَانَ عَلِیٌّ إِذَا وَصَفَ النبیَّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: لَمْ يَكُنْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِالطَّوِيْلِ المُمَّغِطِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ الْمُتَرَدِّدِ، وَكَانَ رَبْعَةً مِنَ الْقَوْمِ، وَلَمْ يَكُنْ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبِطِ، كَانَ جَعْدًا رَجِلاً، وَلَمْ يَكُنْ بِالْمُطَهَّمِ، وَلَابِالْمُكَلْثَمِ، وَكَانَ فِیْ وَجْهِهِ تَدْوِيْرٌ، أَبْيَضُ، مُشْرَبٌ، أَدْعَجُ الْعَيْنَيْنِ، أَهْدَبُ الْأَشْفَارِ، جَلِيْلُ الْمُشَاشِ وَالْكَتِدِ، أَجْرَدُ، ذُوْمَسْرُبَةٍ، شَثْنُ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ، إِذَا مَشَى تَقَلَّعَ كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ فِیْ صَبَبٍ، وَإِذَا الْتَفَتَ الْتَفَتَ مَعًا، بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، وَهُوَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ، أَجْوَدُ النَّاسِ صَدْرًا، وَأَصْدَقُ النَّاسِ لَهْجَةً، وَأَلْيَنُهُمْ عَرِيْكَةً، وَأَكْرَمُهُمْ عِشْرَةً، مَنْ رَآهُ بَدِيْهَةً هَابَهُ، وَمَنْ خَالَطَهُ مَعْرِفَةً أَحَبَّهُ، يَقُوْلُ نَاعِتُهُ: لَمْ أَرَ قَبْلَهُ وَلاَ بَعْدَهُ مِثْلَهُ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ مُحمدَ بْنَ الْحُسَيْنِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ الْأَصْمَعِیَّ يَقُوْلُ فِیْ تَفْسِيْرِ صِفَةِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: الْمُمَّغِطُ: الذَّاهِبُ طُوْلاً، وَقَالَ: سَمِعْتُ أَعْرَابِيًّا يَقُوْلُ فِیْ كَلاَمِهِ: تَمَغَّطَ فِیْ نُشَّابَتِهِ: أَیْ مَدَّهَا مَدًّا شَدِيْدًا، وَالْمُتَرَدِّدُ: الدَّاخِلُ بَعْضُهُ فِیْ بَعْضٍ قِصَرًا. وَأَمَّا الْقَطَطُ: فَالشَّدِيْدُ الْجُعُوْدَةُ. وَالرَّجِلُ: الَّذِیْ فِیْ شَعْرِهِ حَجُوْنَةٌ: أَیْ: تَثَنٍّ قَلِيلاً. وَأَمَّا الْمُطَهَّمُ: فَالْبَادِنُ الْكَثِيْرُ اللَّحْمِ. وَالْمُكَلْثَمُ: الْمُدَوَّرُ الْوَجْهِ. وَالْمُشْرَبُ: الَّذِیْ فِیْ بَيَاضِهِ حُمْرَةٌ. وَالْأَدْعَجُ: الشَّدِيْدُ سَوَادِ الْعَيْنِ. وَالْأَهْدَبُ: الطَّوِيْلُ الْأَشْفَارِ: وَالْكَتِدُ: مُجْتَمِعَةُ الْكَتِفَيْنِ، وَهُوَ الْكَاهِلُ، وَالْمَسْرُبَةُ: هُوَ الشَّعْرُ الدَّقِيْقُ الَّذِیْ كَأَنَّهُ قَضِيْبٌ مِنَ الصَّدْرِ إِلَى السُّرَّةِ، وَالشَّثْنُ: الغَلِيْظُ الْأَصَابِعُ مِنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمَيْنِ. وَالتَّقَلُّعُ: أَنْ يَمْشِیَ بِقوة. وَالصَّبَبُ: الْحُدُوْرُ، تَقُوْلُ: انْحَدَرْنَا فِیْ صُبُوْبٍ، وَصَبَبٍ، وَقَوْلُهُ: جَلِيْلُ الْمُشَاشِ: يُرِيْدُ رُؤُوْسَ الْمَنَاكِبِ، وَالْعِشْرَةُ: الصُّحْبَةُ، وَالْعَشِيْرُ: الصَّاحِبُ، وَالْبَدِيْهَةُ: الْمُفَاجَأَةُ، يُقَالُ: بَدَهْتُهُ بِأَمْرٍ: أَیْ فَجَئْتُهُ.

حدیث (۷): حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے ماموں حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی

اللہ عنہ سے (نبی ﷺ کا حلیہ) دریافت کیا، اور وہ نبی ﷺ کا حلیہ بہت عمدہ بیان کرتے تھے۔ اور میں چاہتا تھا کہ وہ میرے سامنے (آپ ﷺ کے) کچھ احوال بیان کریں تاکہ میں اس کو اپناؤں، پس انھوں نے فرمایا:

[۱-] كان رسول الله صلى الله عليه وسلم فَخْمًا مُفَخَّمًا، يَتَلَألأُ وجهُه تَلَأْلُؤَ القمر ليلةَ البدر.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ عظیم الشان، بلند مرتبہ تھے، چودھویں کے چاند کی طرح آپؐ کا چہرہ چمکتا تھا۔

لغات: الْفَخْم: شاندار، عظیم الشان...... الْمُفَخَّمْ: بڑا، بلند رتبہ، معظم۔ فَخُم (ک) فَخَامَةً: عظیم الشان ہونا...... الفَخْم اور المُفَخَّم: تقریباً ہم معنی ہیں، اگر فرق کرنا ہو تو جو فی نفسہ عظیم الشان ہو: وہ الفَخْم ہے، اور جو دوسروں کی نظر میں عظیم الشان ہو: وہ المُفَخَّمْ (بڑا بنایا ہوا) ہے۔

[۲-] أطولَ من المَرْبُوْعِ، وأَقْصرَ من المُشَذَّبِ، عظيمَ الْهَامَةِ، رَجِلَ الشَّعْرِ، إنِ انْفَرَقَتْ عَقِيْقَتُهُ فَرَقَ، وَإلا فلا، يُجَاوِزُ شَعْرُهُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ، إِذَا هو وَفَّرَهُ.

ترجمہ: آپؐ میانہ قد والے سے لمبے، اور لمبوجی سے پست، بڑے سر والے، بال قدرے گھنگھریالا پن لئے ہوئے، سر کے بال (آسانی سے) پھٹ جاتے تو مانگ نکال لیتے، ورنہ نہیں یعنی مانگ نکالنے کا اہتمام نہیں کرتے تھے۔ آپؐ کے بال آپؐ کے دونوں کانوں کی لَو سے متجاوز ہوجاتے، جب آپؐ ان کو بڑھاتے (کان کی لَو تک بال: وَفرة، آدھی گردن تک: لِمَّة، اور شانوں تک: جُمَّة کہلاتے ہیں، یاد رکھنے کا فارمولہ: وَلَج ہے)

لغات: الرَّبْعَة: میانہ قد۔ اَلْمَرْبُوْع: درمیانہ قد کا آدمی...... الْمُشَذَّب: لمبوجی۔ اصل معنی: کھجور کا درخت، جس کی شاخیں کاٹ دی گئی ہوں، شَذَّبَ الشَّجَرَ: درخت کی ٹہنیاں کاٹنا...... الْهَامَة: سر، هَامَةُ القوم: سردار...... رَجِل (جیم کا زیر اور زبر) بالوں کا قدرے گھنگھریالا ہونا (سبوط اور جعودہ کے درمیان)...... العقيقة: نوزائیدہ بچے کے سر کے بال اور مطلق سر کے بال...... وَفَّرَ شَعْره: بال چھوڑنا، بڑھانا۔

[۳-] أزْهَرَ اللون، واسعَ الجبينِ، أَزَجَّ الْحَوَاجِبِ، سَوَابِغَ، في غيرِ قَرْنٍ، بينهما عِرْقٌ يُدِرُّهُ الغضبُ.

ترجمہ: آپؐ صاف شفاف رنگ والے اور کشادہ پیشانی والے تھے، آپؐ کے ابرو لمبائی میں پتلے اور مڑے ہوئے گنجان تھے، مگر باہم ملے ہوئے نہیں تھے، دونوں ابروؤں کے درمیان ایک رگ تھی، جو غصہ کے وقت پھڑکتی تھی۔

لغات: الأزهر: صاف شفاف، چمکدار...... زَجَّ الحاجبُ (س) زَجَجًا: ابرو کا لمبائی میں پتلا اور خمدار ہونا، فهو أَزَجُّ، وهي زَجَّاء (اسم تفضیل نہیں ہے)...... أَدَرَّ الشيئَ: ہلانا، حرکت دینا۔

[٤-] أَقْنَى الْعِرْنِيْنِ، له نُوْرٌ يَعْلُوْهُ، يحسَبُه من لم يتأمله أَشَمَّ.

ترجمہ: آپؐ کی ناک کا بانسہ بلندی مائل تھا، ناک کے بانسے پر ایک نور تھا جو اس پر چھایا ہوا تھا، آپؐ کو بڑی ناک والا گمان کرتا وہ جو اس بانسے میں یا نور میں غور نہیں کرتا۔

لغات: قَنِیَ (س) الأنفُ قَنًا: ناک کے بانسہ کا بیچ سے اٹھا ہوا ہونا، فهو أَقْنٰی، وهی قَنْوَاء...... العِرْنِیْنُ: ناک کا ابھرا ہوا سخت حصہ، بانسہ، جمع عَرَانِین، شُمُّ الْعَرَانِیْن: خوددار، باعزت، اونچی ناک والا...... شَمَّ الأنفُ: ناک کا اونچا ہونا، فهو أشَمُّ، وهی شَمَّاءُ۔

[۵-] كَثَّ اللِّحْيَةِ، سَهْلَ الْخدَّيْنِ، ضَلِيْعَ الْفَمِ، مُفَلَّجَ الأسنانِ، دقيقَ الْمَسْرُبَةِ، كَأَنَّ جِيْدَهُ جِيْدُ دُمْيَةٍ، فِيْ صَفَاءِ الْفِضَّة.

ترجمہ: آپؐ گھنی ڈاڑھی والے، نرم رخسار والے، کشادہ منہ والے، علاحدہ علاحدہ دانتوں والے (سامنے کے دانتوں میں ذرا فصل والے) سینہ سے ناف تک بالوں کی باریک لکیر والے تھے۔ آپؐ کی گردن جیسے مورتی کی گردن، چاندی کی صفائی میں (تشبیہ ہے)

لغات: كَثَّ وَأَكَثَّ الشَّعْرِ: بالوں کا گھنا اور گتھا ہوا ہونا...... سَهْلُ الخدين وسائل الخدين: نرم رخسار آدمی ...... ضَلِيْعُ الفم: کشادہ دہن، ضَلُع (ک) فَمُه: منہ چوڑا ہونا...... مُفَلَّج الأسنان: علاحدہ علاحدہ دانتوں والا...... جيد: گردن...... دُمية: مورتی۔

[۶-] مُعْتَدِلَ الْخَلْقِ، بَادِنٌ، مُتَمَاسِكٌ، سَوَاءَ البطنِ والصدرِ، عريضَ الصدرِ، بُعَيْدَ مابين الْمَنْكِبَيْنِ، ضَخْمَ الْكَرَادِيْسِ، أنورُ الْمُتَجَرَّدِ، موصولُ ما بين اللَّبَّةِ وَالسُّرَّةِ بِشَعْرٍ يجرى كَالْخَطِّ، عَارِىَ الثَّدْيَيْنِ والبطنِ، مما سوى ذٰلك.

ترجمہ: معتدل حلیہ (تمام اعضاء) والے، بھاری گٹھے ہوئے جسم والے، ہموار پیٹ اور سینہ والے، چوڑے سینہ والے، مونڈھوں کے مابین قدرے فصل والے، جوڑوں اور کلائیوں کی مضبوط ہڈیوں والے تھے۔ جو بدن کھلا رہتا ہے وہ روشن تھا۔ سینہ کے گھڑے اور ناف کے درمیان کا حصہ بالوں سے ملا ہوا تھا، جو لکیر کی طرح چلتے تھے، دونوں چھاتیاں اور پیٹ بالوں سے خالی تھے، علاوہ مسربہ کے بالوں کے۔

[۷-] أَشْعَرَ الذِّرَاعَيْنِ وَالْمَنْكِبَيْنِ وَأَعَالِیْ الصَّدْرِ، طويلَ الزَّنْدَيْنِ، رَحْبَ الرَّاحَةِ، شَثْنَ الكفين والقدمين، سَائِلَ الأطراف، أو قال: شَائِلَ الأطراف.

ترجمہ: آپؐ کے دونوں بازو، کندھے اور سینہ کا بالائی حصہ بالدار تھا، دونوں کلائیاں دراز، ہتھیلیاں فراخ، دونوں ہتھیلیاں اور دونوں قدم گداز (پرگوشت) ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں لانبی تھیں (چھوٹی سین کے ساتھ سائل، اور بڑی شین کے ساتھ شائل کے معنی ایک ہیں)

[۸-] خُمْصَانَ الأَخْمَصَيْنِ، مَسِيْحَ القدمين، يَنْبُوْ عنهما الماء، إذا زال: زال قَلْعًا، يَخْطُوْ تَكَفِّيًا، وَيَمْشِیْ هَوْنًا، ذَرِيْعَ الْمِشْيَةِ، إِذَا مَشٰى: كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ.

ترجمہ: دونوں تلوے قدرے گہرے، دونوں پیر قدرے چکنے، دونوں سے پانی ہٹ جاتا تھا، جب چلتے تو قوت سے قدم اٹھاتے، اور آگے کو جھک کر چلتے، اور نرمی سے چلتے، رفتار تیز تھی، جب آپؐ چلتے تو ایسا محسوس ہوتا کہ گویا آپ نشیب میں اتر رہے ہیں۔

لغات: الخُمْصَان: خالی پیٹ والا۔ الأَخْمَص: تلوا، پاؤں کا نچلا بیچ کا حصہ جو زمین کو نہیں لگتا ...... مَسِیْح: پونچھا ہوا، وہ شخص جس پر تیل کا ہاتھ پھیرا گیا ہو یعنی ہاتھ پیر قدرتی طور پر چکنے تھے، پانی ان پر سے لڑھک جاتا تھا۔

[۹-] وإذا التفت: التفت معًا، خافضَ الطرف، نَظَرُهُ إلى الأرضِ أَطْوَلُ من نظره إلى السماء.

ترجمہ: جب آپؐ کسی طرف متوجہ ہوتے تو پورے بدن سے متوجہ ہوتے، آپؐ کی نظریں نیچی رہتیں، آپؐ کی نگاہ آسمان کی بہ نسبت زمین کی طرف زیادہ رہتی (البتہ وحی کے انتظار میں آسمان کی طرف بھی نظر اٹھاتے تھے)

[۱۰-] جُلُّ نظرِه الملاحظةُ، یَسُوْقُ أصحابَه، ویَبْدَأُ من لَقِیَ بالسلام.

ترجمہ: آپؐ کا عام طور پر دیکھنا گوشۂ چشم سے ہوتا تھا، اپنے ساتھیوں کو ہانکتے تھے یعنی سفر میں آگے کر دیتے تھے، اور خود آنجناب پیچھے رہتے تھے، اور جس سے بھی ملاقات ہوتی سلام کرنے میں ابتداء فرماتے۔

حوالہ: یہ حدیث پوری نہیں ہے، اس کا باقی حصہ آگے (حدیث ۲۱۷ و ۳۲۱ میں) آرہا ہے۔

سند کا بیان: ترمذی میں تینوں جگہ حدیث کی سند اس طرح ہے: سفیان: جُمیع سے روایت کرتے ہیں (جمیع: ضعیف راوی اور رافضی ہے) سفیان کہتے ہیں: جُمیع نے ہمیں یہ حدیث اپنی کتاب سے لکھوائی ہے۔ وہ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے سابق شوہر ابو ہالہ کی اولاد میں سے کسی آدمی سے جو قبیلۂ بنو تمیم کا ہے روایت کرتا ہے: جس کی کنیت ابو عبداللہ تھی (مزّی نے اطراف میں کہا ہے: امام ترمذی کے علاوہ نے اس کا نام یزید بن عمر بتایا ہے) یہ ابو عبداللہ: ابو ہالہ کے بیٹے سے روایت کرتا ہے (یہ راوی اللہ جانے کون ہے؟) اور وہ بیٹا حضرت حسنؓ سے روایت کرتا ہے۔

اور طبقات ابن سعد (۴۲۲:۱) اور دلائل النبوۃ بیہقی (۲۸۶:۱) میں حدیث کی سند اس طرح ہے: **أخبرنا مالك بن إسماعیل: أبوغسان النهدی، أخبرنا جُمیع بن عُمیر بن عبد الرحمن العِجْلی، حدثنی رجل بمكة، عن ابنٍ لأبی هالة التمیمی، عن الحسن بن علی**: میرے خیال میں صحیح سند یہی ہے۔ مکہ کا ایک آدمی (جو مجہول ہے) ابو ہالہ کے بیٹے سے روایت کرتا ہے (یہ راوی بھی مجہول ہے) وہ حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت کرتا ہے، اور یہ سند صحیح اس لئے ہے کہ سفیان بن وکیع کے مسودات میں ان کے ورّاق نے گڑبڑ کر دی تھی۔

[۷-] حدثنا سُفْیَانُ بْنُ وَكِیْعٍ، قَالَ: ثَنَا جُمَیْعُ بْنُ عُمَیْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعِجْلِیّ، إِمْلاءً عَلَیْنَا مِنْ كِتَابِهِ، قَالَ: أَخْبَرَنِیْ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ تَمِیْمٍ مِنْ وَلَدِ أَبِیْ هَالَةَ زَوْجِ خَدِیْجَةَ، یُكْنٰی أَبَا عَبْدَ اللّٰهِ، عَنِ ابنٍ لأَبِیْ

هَالَةَ، وَكَانَ وَصَّافًا عَنْ حِلْيَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا أَشْتَهِيْ أَنْ يَّصِفَ لِيْ شَيْئًا، أَتَعَلَّقُ بِهِ، فَقَالَ:

[١-] كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخْمًا مُفَخَّمًا، يَتَلَأْلَأُ وَجْهُهُ تَلَأْلُؤَ الْقَمرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ.

[٢-] أَطْوَلَ مِنَ الْمَرْبُوْعِ، وَأَقْصرَ مِنَ الْمُشَذَّبِ، عَظِيْمَ الْهَامَةِ، رَجِلَ الشَّعْرِ، إِنِ انْفرَقَتْ عَقِيْقَتُهُ فَرَقَ، وَإِلاَّ فَلاَ، يَجَاوِزُ شَعْرُهُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ، إِذَا هُوَ وَفَّرَهُ.

[٣-] أَزْهَرَ اللَّوْنِ، وَاسِعَ الْجَبِيْنِ، أَزَجَّ الْحَوَاجِبِ، سَوَابِغَ، فِيْ غَيْرِ قَرَنٍ، بَيْنَهُمَا عِرْقٌ يُدِرُّهُ الغَضَبُ.

[٤-] أَقْنَى العِرْنِيْنِ، لَهُ نُوْرٌ يَعْلُوْهُ، يَحْسَبُهُ مَنْ لَمْ يَتَأَمَّلْهُ أَشَمَّ.

[٥-] كَثَّ اللِّحْيَةِ، سَهْلَ الْخَدَّيْنِ، ضَلِيْعَ الفَمِ، مُفَلَّجَ الأَسْنَانِ، دَقِيْقَ الْمَسْرُبَةِ، كَأَنَّ عُنُقَهُ جِيْدُ دُمْيَةٍ، فِيْ صَفَاءِ الْفِضَّةِ.

[٦-] مُعْتَدِلَ الْخَلْقِ، بَادِنٌ، مُتَمَاسِكٌ، سَوَاءَ الْبَطْنِ وَالصَّدْرِ، عَرِيْضَ الصَّدْرِ، بُعَيْدَ مَا بَيْنَ الْمِنْكَبَيْنِ، ضَخْمَ الْكَرَادِيْسِ، أَنْوَرَ الْمُتَجَرَّدِ، مَوْصُوْلُ مَابَيْنَ اللَّبَّةِ وَالسُّرَّةِ بِشَعْرٍ يَجْرِيْ كَالْخَطِّ، عَارِيَ الثَّدْيَيْنِ وَالْبَطْنِ، مِمَّا سِوَى ذٰلِكَ.

[٧-] أَشْعَرَ الذِّرَاعَيْنِ وَالْمَنْكِبَيْنِ وَأَعَالِيْ الصَّدْرِ، طَوِيْلَ الزَّنْدَيْنِ، رَحْبَ الرَّاحَةِ، شَثْنَ الْكَفَّيْنِ وَالْقَدَمِيْنِ، سَائِلَ الأَطْرَافِ، أَوْ قَالَ: شَائِلَ الأَطْرَافِ.

[٨-] خُمْصَانَ الأَخْمَصَيْنِ، مَسِيْحَ الْقَدَمِيْنِ، يَنْبُوْ عَنْهُمَا الْمَاءُ. إِذَا زَالَ: زَالَ قَلْعًا، يَخْطُو تَكَفِّيًا، وَيَمْشِيْ هَوْنًا، ذَرِيْعَ الْمِشْيَةِ، إِذَا مَشَى كَأَنَّمَا يَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ.

[٩-] وَإِذَا الْتَفَتَ: الْتَفَتَ مَعًا، خَافِضَ الطَّرْفِ، نَظْرُهُ إِلَى الأَرْضِ أَطْوَلُ مِنْ نَظَرِهِ إِلَى السَّمَآءِ.

[١٠-] جُلُّ نَظَرِهِ الْمُلاَحَظَةُ يَسُوْقُ أَصْحَابَهُ، وَيَبْدَأُ مَنْ لَقِيَ بِالسَّلاَمِ.

حدیث (۸): حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ فراخ دہن تھے، آنکھوں کی سفیدی میں سرخی ملی ہوئی تھی، اور ایڑیوں پر گوشت بہت کم تھا (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۷۵ و ۳۶۷۶، وہاں حل لغات بھی ہے)

حدیث (۹): حضرت جابرؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو ایک صاف فضا والی رات میں دیکھا۔ پس میں کبھی نبی ﷺ کو دیکھتا، اور کبھی چاند کو، اور آپؐ نے سرخ جوڑا زیب تن فرما رکھا تھا، پس اچانک آپؐ میرے نزدیک چاند سے زیادہ خوبصورت تھے (ترمذی، ادب، حدیث ۲۸۱۵، باب ۸۱ تحفہ ۶: ۵۶۶)

حدیث (۱۰): کسی نے حضرت براءؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ کا چہرہ تلوار کی طرح (چمکدار) تھا؟ آپؓ نے فرمایا: نہیں! چاند کی طرح (روشن) تھا (تلوار میں ظالمیت کا مفہوم ہے، اور چاند میں محبوبیت کا) (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۶۵ اسی جلد میں ہے)

[۸-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَى مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَلِيْعَ الْفَمِ، أَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ، مَنْهُوْسَ الْعَقِبِ.

قَالَ شُعْبَةُ: قُلْتُ لِسِمَاكٍ: مَا ضَلِيْعُ الْفَمِ؟ قَالَ: عَظِيْمُ الْفَمِ، قُلْتُ: مَا أَشْكَلُ الْعَيْنَيْنِ، قَالَ: طَوِيْلُ شَقِّ الْعَيْنَيْنِ، قُلْتُ: مَامَنْهُوْسُ الْعَقِبِ؟ قَالَ: قَلِيْلُ لَحمِ الْعَقِبِ.

[۹-] حدثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثَنَا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ أَشْعَثَ: يَعْنِيْ ابنَ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ لَيْلَةٍ إِضْحِيَانٍ، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَيْهِ وَإِلَى الْقَمَرِ، فَلَهُوَ عِنْدِيْ أَحْسَنُ مِنَ الْقَمَرِ.

[۱۰-] حدثنا سَفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرُّؤَاسِيُّ، عَنْ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ: أَكَانَ وَجْهُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لاَ، بَلْ مِثْلَ الْقَمَرِ.

حدیث (۱۱): حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گورے تھے، (صفائی میں) گویا آپؐ چاندی سے ڈھالے گئے تھے، بال قدرے گھنگھریالا پن لئے ہوئے تھے۔

حدیث (۱۲): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (معراج میں یا خواب میں) میرے سامنے انبیاء پیش کئے گئے، یعنی دکھلائے گئے، پس اچانک موسیٰ علیہ السلام ہلکے بدن کے تھے، گویا وہ (یمن کے) قبیلہ شنوءہ کے لوگوں میں سے ہیں۔ اور میں نے عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان کے ساتھ مشابہت کے اعتبار سے قریب تر عروۃ بن مسعود ہیں۔ اور میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان کے ساتھ مشابہت کے اعتبار سے قریب تر تمہارے ساتھی ہیں، آپؐ خود کو مراد لے رہے ہیں۔ اور میں نے جبرئیل علیہ السلام کو دیکھا، پس اچانک میرے دیکھے ہوئے لوگوں میں ان سے قریب تر دحیہ کلبی ہیں (یہ روایت مسلم کتاب الایمان میں ہے)

لغات وترکیب: رجلٌ ضربٌ: چھریرے بدن کا قد آور آدمی ...... أقرب: اسم تفضیل: مضاف: الناس: مضاف الیہ، من رأیتُ أی ممن رأیت: الناس کی صفت، بہ: أقرب سے متعلق، شبھًا: تمیز، عروۃ: خبر ...... أقرب من رأیت میں أقرب مابعد کی طرف مضاف ہے۔

تشریح: احوالِ نبوی میں اس روایت کو لانے کا مقصد یہ بتانا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بہت زیادہ مشابہ تھے (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۷۸ اسی جلد میں)

[١١-] حدثنا أَبُوْ دَاوُدَ الْمُصَاحِفِيُّ: سُلَيْمَانُ بنُ سَلْمٍ، ثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِى الْأَخْضَرِ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِى سَلَمَةَ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَبْيَضَ، كَأَنَّمَا صِيْغَ مِنْ فِضَّةٍ، رَجِلَ الشَّعْرِ.

[١٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "عُرِضَ عَلَيَّ الأَنْبِيَاءُ، فَإِذَا مُوْسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ، كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوْءَ ةَ، وَرَأَيْتُ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا صَاحِبُكُمْ، يَعْنِىْ نَفْسَهُ الْكَرِيْمَةَ، وَرَأَيْتُ جَبْرَئِيْلَ عَلَيهِ السلامُ فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا دِحْيَةُ"

حدیث (۱۳): حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا ہے، اور اب روئے زمین پر میرے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا: جس نے آپؐ کو دیکھا ہو۔ سعید جریری نے کہا: میرے لئے آپؐ کا حلیہ بیان کیجئے؟ فرمایا: كان أبيضَ، مَلِيْحًا، مُقْصَدًا: آپؐ گورے، خوب رو اور معتدل تھے! (حضرت ابوالطفیل: احد کے سال پیدا ہوئے، طویل عمر پائی، ۱۱۰ ہجری میں انتقال فرمایا، صحابہ میں سب سے آخر میں آپؓ کی وفات ہوئی ہے)

لغات: المَلِيْح: حسین، جاذب صورت، دل کش، خوب رو، سفیدی میں سرخی کی آمیزش والا ...... مُقْصَد: معتدل، ہر عضو فٹ، قَصَدَ الأمر: درمیانی راہ اختیار کرنا (افراط وتفریط سے بچنا)

حدیث (۱۴): حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے اگلے دانت کچھ کشادہ تھے (ملے ہوئے نہیں تھے) جب آپؐ گفتگو فرماتے تو ایک نور سا دیکھا جاتا تھا، جو آپؐ کے دانتوں کے درمیان سے نکلتا تھا۔

لغت: الثَّنِيَّة: سامنے والے چار دانتوں میں سے ایک (جو دو اوپر ہوتے ہیں، اور دو نیچے) جمع: ثَنَایَا۔

فائدہ: اور اس باب کی روایات کا حاصل یہ ہے کہ حلیہ مبارکہ کمالِ حسن کو پہنچا ہوا تھا، جس طرح آپؐ جمالِ معنوی میں انتہائی باکمال تھے، جمالِ ظاہری میں بھی آپؐ کا جواب نہیں تھا۔

یاربِّ! صَلِّ وسلِّم دائما أبدًا ۞ على حبيبك خيرِ الخلقِ كلهم

[١٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَسُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ - الْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالَا: أَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الطُّفَيْلِ، يَقُوْلُ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم، وَمَا بَقِيَ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ أَحَدٌ رَآهُ غَيْرِىْ، قُلْتُ: صِفْهُ لِىْ، قَالَ: كَانَ أَبْيَضَ، مَلِيْحًا، مُقْصَدًا.

[١٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، أَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ ثَابِتٍ

الزُّهْرِيُّ، ثَنِيْ إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ابْنُ أَخِيْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَفْلَجَ الثَّنِيَّتَيْنِ، إِذَا تَكَلَّمَ رُئِى كَالنُّوْرِ، يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ ثَنَايَاهُ.

بابُ ماجاءَ فِي خَاتَمِ النّبوة

مہر نبوت کا بیان

حدیث (۱): حضرت سائبؓ کہتے ہیں: مجھے میری خالہ نبی ﷺ کی خدمت میں لے گئیں۔ اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے اس بھانجے کے سر اور پیٹ میں درد ہے۔ پس آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا، اور میرے لئے برکت کی دعا فرمائی۔ پھر آپؐ نے وضوء فرمائی، تو میں نے آپ کا وضوء کا بچا ہوا پانی پیا، پھر میں آپؐ کی پیٹھ کے پیچھے کھڑا ہوا، تو میں نے آپؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی، پس اچانک وہ دلہن کے کمرے کی گھونڈی کے مانند تھی (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۷۲، باب ۲۳ وہاں مہر نبوت کی تفصیل ہے)

حدیث (۲): حضرت جابرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی مہر یعنی مہر نبوت، جو دونوں مونڈھوں کے درمیان تھی: وہ کبوتر کے انڈے کے بقدر گوشت کا سرخ ابھرا ہوا حصہ تھی (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۷۳) اور وہاں حل لغات بھی ہے۔

[۲-] بابُ مَاجَاءَ فِي خَاتَمِ النُّبُوَّةِ

[۱۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الجَعْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ: سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ، يَقُوْلُ: ذَهَبَتْ بِيْ خَالَتِيْ إِلَى النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ، إِنَّ ابْنَ أُخْتِيْ وَجِعٌ، فَمَسَحَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَأْسِيْ، وَدَعَا لِيْ بِالْبَرَكَةِ، وَتَوَضَّأَ فَشَرِبْتُ مِنْ وَضُوْئِهِ، وَقُمْتُ خَلْفَ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْخَاتَمِ الَّذِيْ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَإِذَا هُوَ مِثْلُ زِرِّ الْحَجَلَةِ.

[۱۶-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالَقَانِيُّ، أَنَا أَيُّوْبُ بْنُ جَابِرٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ الْخَاتَمَ بَيْنَ كَتِفَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم غُدَّةً حَمْرَاءَ، مِثْلَ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ.

حدیث (۳): رُمیثہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا، اور میں آپؐ سے اتنی قریب تھی کہ اگر میں چاہتی کہ اس مہر نبوت کو چوم لیتی جو آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان تھی: تو میں ایسا کر سکتی تھی: آپؐ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''اللہ کا عرش سعد کے لئے جھوم گیا!'' (اس حدیث کا آخری جملہ اسی جلد میں (حدیث ۳۸۷۹ میں) آ گیا ہے)

حدیث (۴): حضرت علیؓ کے پوتے ابراہیم کہتے ہیں: حضرت علیؓ رسول اللہ ﷺ کا وصف بہت عمدگی سے بیان کرتے تھے، پھر ابراہیم نے لمبی حدیث بیان کی، اور (اس حدیث میں) فرمایا: نبی ﷺ کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت تھی، اور آپؐ خاتم النّبیین (سلسلۂ نبوت کی آخری کڑی) تھے۔

حدیث (۵): حضرت ابوزید عمرو بن اخطب انصاریؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ''اے ابوزید! میرے قریب آؤ، اور میری پیٹھ مل دو، پس میں نے آپؐ کی پیٹھ ملنی شروع کی، تو میری انگلیاں مہر نبوت پر پڑیں۔ حدیث کے راوی علباء نے پوچھا: مہر نبوت کیا چیز تھی؟ حضرت عمرو نے کہا: چند بالوں کا مجموعہ تھا۔

[۱۷-] حدثنا أَبُوْ مُصْعَبِ الْمَدِيْنِيّ، أَنَا يُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ جَدَّتِهِ رُمَيْثَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَوْ أَشَاءُ أَنْ أُقَبِّلَ الْخَاتَمَ الَّذِيْ بَيْنَ كَتِفَيْهِ مِنْ قُرْبِهِ: لَفَعَلْتُ، يَقُوْلُ لِسَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ يَوْمَ مَاتَ: "اهْتَزَّ لَهُ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ"

[۱۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: مَوْلَى غُفْرَةَ، قَالَ: ثَنِيْ إِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحمدٍ، مِنْ وُلْدِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رضى الله عنه قَالَ: كَانَ عَلِيٌّ رضى الله عنه إِذَا وَصَفَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ، وَقَالَ: بَيْنَ كَتِفَيْهِ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ، وَهُوَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ.

[۱۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، أَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، ثَنِيْ عِلْبَاءُ بْنُ أَحْمَرَ، ثَنِيْ عَمْرُو بْنُ أَخْطَبَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: قَالَ لِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: يَا أَبَا زَيْدٍ! ادْنُ مِنِّيْ، فَامْسَحْ ظَهْرِيْ، فَمَسَحْتُ ظَهْرَهُ، فَوَقَعَتْ أَصَابِعِيْ عَلَى الْخَاتَمِ، فَقُلْتُ: وَمَا الْخَاتَمُ؟ قَالَ: شَعْرَاتٌ مُجْتَمِعَاتٌ.

حدیث (۶): حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں، جب آپؐ مدینہ منورہ میں فروکش ہوئے، ایک دسترخوان لائے، جس پر تازہ کھجوریں تھیں، اور اس کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے رکھا، آپؐ نے پوچھا: ''سلمان! یہ کیا ہے؟'' انھوں نے کہا: آپؐ کے لئے اور آپؐ کے ساتھیوں کے لئے صدقہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ''اسے اٹھالو، کیونکہ ہم صدقہ نہیں کھاتے!'' راوی کہتے ہیں: پس سلمان نے اس کو اٹھالیا —— پھر اگلے دن بھی وہ اس کے مانند لائے۔ اور اس کو رسول اللہ ﷺ کے سامنے رکھا۔ آپؐ نے دریافت کیا: ''سلمان! یہ کیا ہے؟'' انھوں نے کہا: آپ کے لئے ہدیہ ہے! پس رسول اللہ ﷺ نے اپنے صحابہ سے کہا: ''ہاتھ بڑھاؤ!'' —— پھر حضرت سلمان نے رسول اللہ ﷺ کی پیٹھ پر مہر نبوت دیکھی تو وہ ایمان لے آئے۔

اور حضرت سلمان یہود کے غلام تھے، پس ان کو رسول اللہ ﷺ نے اتنے اور اتنے درہم میں خرید لیا، اس شرط پر

کہ وہ ان کے لئے کھجور کے پودے لگائیں، پس سلمان اس باغ میں کام کریں، یہاں تک کہ وہ باغ پھل لے آئے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے کھجور کے وہ پودے لگائے، مگر ایک پودا حضرت عمرؓ نے لگایا، پس کھجور کے درختوں پر اس سال پھل آ گیا، مگر ایک درخت پر پھل نہیں آیا۔ آپؐ نے پوچھا: ''اس درخت کا کیا معاملہ ہے؟'' حضرت عمرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ پودا میں نے لگایا ہے، پس رسول اللہ ﷺ نے اس کو اکھاڑا، اور اس کو دوبارہ لگایا، پس وہ بھی اسی سال پھل لے آیا (یہ روایت مسند احمد میں بھی ہے، اور اس کی سند حسن ہے)

حوالہ: حضرت سلمانؓ کے فضائل وحالات پہلے (ابواب المناقب، باب ۱۰۶ میں) آ چکے ہیں، وہاں دیکھ لیں۔

حدیث (۷): ابونضرۃ نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کی مہر یعنی مہر نبوت کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: آپؐ کی پشت پر گوشت کا ایک ابھرا ہوا ٹکڑا تھا۔

حدیث (۸): حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، درانحالیکہ آپؐ لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے، پس میں اس طرح آپؐ کے پیچھے گھوما (راوی نے غالباً چکر لگا کر دکھایا) پس آپؐ وہ بات سمجھ گئے جو میں چاہ رہا تھا، پس آپؐ نے اپنی چادر اپنی پشت سے ڈال دی، پس میں نے آپؐ کے شانوں کے درمیان مٹھی کی طرح مہر کی جگہ دیکھی، اس کے اردگرد تل تھے، گویا وہ مسّے ہیں، پس میں لوٹا، یہاں تک کہ آپؐ کے سامنے آیا، پس میں نے کہا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپؐ کی مغفرت فرمائیں! پس آپؐ نے فرمایا: ''اور تمہاری بھی!'' پس لوگوں نے عبداللہ سے پوچھا: کیا آپ کے لئے رسول اللہ ﷺ نے دعائے مغفرت کی؟ انھوں نے کہا: ہاں اور تمہارے لئے بھی (دعائے مغفرت کی ہے) پھر عبداللہ نے سورۃ محمد کی آیت ۱۹ پڑھی: ''اور آپؐ دعائے مغفرت کیجئے اپنے گناہ کے لئے اور مؤمن مردوں کے لئے اور مؤمن عورتوں کے لئے'' (اس آیت کے امتثال میں آپؐ نے سبھی مؤمنین مرد وزن کے لئے دعا فرمائی ہے پس اس میں میرا کچھ امتیاز نہیں)

لغات: الجُمْع: کل، پورا، مٹھی، کہا جاتا ہے: ضَرَبه بِجُمْعِ يده: اسے مکّا مارا، اسے پورے ہاتھ سے مارا...... الخَال: بدن میں کالے نشان، تل (سیاہ نکتہ) جمع: خِيْلاَنٌ...... الثُّؤْلُوْل: مسّہ، چنے کے برابر ٹھوس پھنسی، جمع: ثَآلِيْل۔

[۲۰-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ الْخُزَاعِيُّ، أَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، ثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ: بُرَيْدَةَ، يَقُوْلُ: "جَاءَ سَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ: بِمَائِدَةٍ عَلَيْهَا رُطَبٌ، فَوَضَعَهَا بَيْنَ يَدَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: "يَاسَلْمَانُ! مَاهٰذَا؟" فَقَالَ: صَدَقَةٌ عَلَيْكَ، وَعَلَى أَصْحَابِكَ، فَقَالَ: ارْفَعْهَا، فَإِنَّا لاَنَأْكُلُ الصَّدَقَةَ، قَالَ: فَرَفَعَهَا، فَجَاءَ الغَدَ بِمِثْلِهِ، فَوَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "مَا هٰذَا يَاسَلْمَانُ؟" فَقَالَ: هَدِيَّةٌ لَكَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِأَصْحَابِهِ: ابْسُطُوْا، ثُمَّ نَظَرَ

إِلَى الْخَاتَمِ عَلَى ظَهْرِ رسولِ اللّٰهِ، فَآمَنَ بِهِ، وَكَانَ لِلْيَهُوْدِ، فَاشْتَرَاهُ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم بِكَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا، عَلَى أَنْ يَغْرِسَ لَهُمْ نَخْلاً، فَيَعْمَلَ سَلْمَانُ فِيْهِ حَتَّى تُطْعِمَ، فَغَرَسَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم النَّخْلَ، إِلَّا نَخْلَةً وَاحِدَةً غَرَسَهَا عُمَرُ رضی الله عنه، فَحَمَلَتِ النَّخْلُ مِنْ عَامِهَا، وَلَمْ تَحْمِلْ نَخْلَةٌ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" مَا شَأْنُ هٰذِهِ النَّخْلَةِ؟" فَقَالَ عُمَرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَا غَرَسْتُهَا، فَنَزَعَهَا رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فَغَرَسَهَا، فَحَمَلَتْ مِنْ عَامِهِ.

[۲۱-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَضَّاحِ، أَنَا أَبُوْ عَقِيْلٍ الدَّوْرَقِيُّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ عَنْ خَاتَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم ، يَعْنِيْ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، فَقَالَ: كَانَ فِيْ ظَهْرِهِ بَضْعَةٌ نَاشِزَةٌ.

[۲۲-] حدثنا أَبُوْ الْأَشْعَثِ: أَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ الْبَصْرِيُّ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسٍ قَالَ: أَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، وَهُوَ فِيْ نَاسٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَدُرْتُ هٰكَذَا مِنْ خَلْفِهِ، فَعَرَفَ الَّذِيْ أُرِيْدُ، فَأَلْقَى الرِّدَاءَ عَنْ ظَهْرِهِ، فَرَأَيْتُ مَوْضِعَ الْخَاتَمِ عَلَى كَتِفَيْهِ مِثْلَ الْجُمْعِ، حَوْلَهَا خِيْلَانٌ، كَأَنَّهَا ثَآلِيْلُ، فَرَجَعْتُ حَتَّى اسْتَقْبَلْتُهُ، فَقُلْتُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ:"وَلَكَ" فَقَالَ الْقَوْمُ: اسْتَغْفَرَ لَكَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟ فَقَالَ: نَعَمْ، وَلَكُمْ، ثُمَّ تَلاهٰذِهِ الآيَةَ: ﴿وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾

بابُ ماجاءَ فِی شَعْرِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے سر کے بالوں کا بیان

نبی ﷺ کی زلفوں کی مقدار میں روایات مختلف ہیں۔ جو زلفیں کانوں تک ہوتی ہیں: ان کو وَفْرہ کہتے ہیں۔ اور جو آدھی گردن تک پہنچی ہوئی ہوتی ہیں: ان کو لِمّۃ کہتے ہیں۔ اور جو مونڈھوں تک لٹکی ہوئی ہوتی ہیں: ان کو جُمّۃ کہتے ہیں۔ نبی ﷺ جب بال کٹواتے تھے تو کانوں کی لو تک کٹواتے تھے، پھر وہ بڑھ کر آدھی گردن تک پہنچ جاتے تھے، پھر بڑھ کر کندھوں پر پڑ جاتے تھے، اس وقت دوبارہ کٹوا لیتے تھے، اس لئے روایات میں کوئی تعارض نہیں۔

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے بال آدھے کانوں تک ہوتے تھے یعنی کٹواتے تو کانوں کی لو تک تھے، مگر جب کنگھی کی ہوئی نہیں ہوتی تھی تو وہ آدھے کانوں تک محسوس ہوتے تھے (یہ حمید طویل کی حضرت انسؓ سے روایت ہے)

حدیث (۲): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اور رسول اللہ ﷺ ایک برتن سے غسل کیا کرتے

تھے،اور آپؐ کے بال جُمہ سے اوپر یعنی کم،اور وفرہ سے نیچے یعنی زیادہ تھے،یعنی لمہ ہوتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (حدیث ۱۷۴۵ تحفہ ۵:۸۶) میں آچکی ہے۔

حدیث (۳): حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ میانہ قد تھے، دونوں شانوں کے درمیان ذرا دوری تھی،اور آپؐ کے سر کے بال کانوں کی لو تک پہنچے ہوئے تھے۔

حدیث (۴): قتادہؒ نے حضرت انسؓ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کے بال کیسے تھے؟ انھوں نے کہا: نہ سخت گھونگھریالے تھے اور نہ بالکل سیدھے (بلکہ تھوڑی سی پیچیدگی لئے ہوئے تھے) آپؐ کے بال کانوں کی لو تک پہنچے ہوئے تھے۔

حدیث (۵): ام ہانی کہتی ہیں: ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں ہمارے پاس تشریف لائے (یہ فتح مکہ کا واقعہ ہے) درانحالیکہ آپؐ کی چار لٹیں تھیں (یہ حدیث ابواب اللباس (حدیث ۱۷۷۴ تحفہ ۵:۱۰۵) میں آچکی ہے)

حدیث (۶): حضرت انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے سر کے بال آپؐ کے دونوں کانوں کے نصف تک تھے (یہ ثابت بنانی کی حضرت انسؓ سے روایت ہے)

حدیث (۷): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ (پہلے) بالوں میں مانگ نکالے بغیر ویسے ہی چھوڑ دیتے تھے (اور اس کی وجہ یہ تھی کہ) مشرکین مانگ نکالا کرتے تھے، اور اہل کتاب نہیں نکالتے تھے، اور آپؐ اہل کتاب کی موافقت پسند فرماتے تھے، ان امور میں جن میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا ہوتا تھا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے مانگ نکالنی شروع فرمائی۔

حدیث (۸): ام ہانی رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو چار لٹوں والا دیکھا (یہ حدیث ابواب اللباس (حدیث ۱۷۷۵ تحفہ ۵:۱۰۵) میں آچکی ہے۔

لغات: الغَدِیْرۃ: بالوں کا جوڑا، چٹیا، جمع غدائر ...... الضَّفیرۃ: چوٹی، بالوں کی لٹ جسے گول کرلیا جائے، جمع ضَفائر۔

[۳-] بابُ ماجاءَ فِيْ شَعْرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، نَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ شَعْرُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى نِصْفِ أُذُنَيْهِ.

[۲۴-] حدثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، نَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَكَانَ لَهُ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ، وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ.

[۲۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنَا أَبُوْ قَطَنٍ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: كَانَ

رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَرْبُوْعًا، بُعَيْدَ مَابَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، وَكَانَتْ جُمَّتُهُ تَضْرِبُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ.

[۲۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، ثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَيْفَ كَانَ شَعْرُ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: لَمْ يَكُنْ بِالْجَعْدِ وَلاَ بِالسَّبْطِ، كَانَ يَبْلُغُ شَعْرُهُ شَحْمَةَ أُذُنَيْهِ.

[۲۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ بْنِ أَبِىْ عُمَرَ، أَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ ابنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ أَبِىْ طَالِبٍ، قَالَتْ: قَدِمَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَلَيْنَا مَكَّةَ قَدْمَةً، وَلَهُ أَرْبَعُ غَدَائِرَ.

[۲۸-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِىِّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ شَعْرَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ.

[۲۹-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، أَنَا عُبَيْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يَسْدُلُ شَعْرَهُ، وَكَانَ الْمُشْرِكُوْنَ يَفْرِقُوْنَ رُءُ وْسَهُمْ، وَكَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يُسْدِلُوْنَ رُءُ وْسَهُمْ، وَكَانَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيْمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيْهِ بِشَيْءٍ، ثُمَّ فَرَّقَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم رَأْسَهُ.

[۳۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِىٍّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ نَافِعٍ الْمَكِّىِّ، عَنْ ابنِ أَبِىْ نَجِيْحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ، قَالَتْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم ذَا ضَفَائِرَ أَرْبَعٍ.

بابُ ماجاء فی تَرَجُّلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے بالوں میں تیل کنگھا کرنے کا بیان

رَجَّلَ الشَّعر: بالوں کو سنوارنا، آراستہ کرنا یعنی بالوں کو دھو کر تیل ڈالنا، پھر کنگھی کر کے سنوار لینا۔

حدیث (۱): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کے بالوں میں تیل کنگھی کیا کرتی تھی، درانحالیکہ میں حائضہ ہوتی تھی (حالتِ حیض میں عورت مرد کی یہ خدمت کر سکتی ہے)

حدیث (۲): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ بکثرت اپنے سر میں تیل ڈالا کرتے تھے، اور اپنی ڈاڑھی میں کنگھی کیا کرتے تھے، اور اپنے سر پر اکثر ایک کپڑا باندھا کرتے تھے، یہاں تک کہ وہ کپڑا گویا تیلی کا کپڑا ہے (جب آپ گھر میں ہوتے تھے تو پگڑی ٹوپی کے بجائے سر پر ایک کپڑا باندھ لیتے تھے، تاکہ بال نہ بکھریں، اور کپڑے خراب نہ ہوں، یہ کپڑا چکنا ہو جاتا تھا، جیسے تیلی کے کپڑے چکنے ہوتے ہیں)

حدیث کا حال: یہ حدیث ضعیف ہے، یزید بن ابان رقاشی ضعیف راوی ہے۔

حدیث (۳): حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: رسول اللہ ﷺ دائیں طرف سے ابتداء کرنے کو پسند فرماتے تھے، اپنے وضوء وغسل میں: جب آپؐ وضوء وغسل فرماتے، اور تیل کنگھی کرنے میں: جب آپؐ تیل کنگھی فرماتے، اور چپل پہننے میں: جب آپؐ چپل پہنتے (یہ تین چیزیں بطور مثال ہیں، ہر اچھا کام دائیں طرف سے کرنا چاہئے)

حوالہ: یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (باب ۳۱۳ حدیث ۶۱۰ تحفہ ۲: ۵۰۰) میں آچکی ہے۔

حدیث (۴): عبداللہ بن مغفلؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ تیل کنگھی کرنے کو منع فرماتے تھے، مگر گاہ بہ گاہ یعنی کم از کم تیسرے دن۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۲۲ حدیث ۱۷۴۶ تحفہ ۵: ۸۷) میں آچکی ہے۔ شرح وہاں دیکھ لی جائے۔

حدیث (۵): حمید ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ گاہے گاہے تیل کنگھی فرمایا کرتے تھے (اس حدیث کا راوی یزید بن ابی خالد: معلوم نہیں کون ہے؟ تہذیب الکمال، تہذیب التہذیب اور تقریب میں یہ راوی مجھے نہیں ملا)

[٤-] بابُ ماجاءَ فِي تَرَجُّلِ رسول الله صلى الله عليه وسلم

[٣١-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسَى، ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كُنْتُ أُرَجِّلُ رَأْسَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَأَنَا حَائِضٌ.

[٣٢-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، أَنَا وَكِيْعٌ، أَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ صَبِيْحٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبَانٍ، هُوَ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُكْثِرُ دَهْنَ رَأْسِهِ، وَتَسْرِيْحَ لِحْيَتِهِ، وَيُكْثِرُ الْقِنَاعَ، كَأَنَّ ثَوْبَهُ ثَوْبُ زَيَّاتٍ.

[٣٣-] حدثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، أَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ أَبِيْ الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيُحِبُّ التَّيَمُّنَ فِيْ طُهُوْرِهِ إِذَا تَطَهَّرَ، وَفِيْ تَرَجُّلِهِ إِذَا تَرَجَّلَ، وَفِيْ انْتِعَالِهِ إِذَا انْتَعَلَ.

[٣٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ، قَالَ: نَهَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنِ التَّرَجُّلِ إِلَّا غِبًّا.

[٣٥-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَرْفَةَ، قَالَ: ثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِيْ الْعَلَاءِ الْأَوْدِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ رَجُلٍ مِّنْ أَصْحَابِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَرَجَّلُ غِبًّا.

بابُ ماجاءَ فِی شَیْبِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کیسفید بال آجانے کا بیان

حدیث (۱): قتادہؒ نے حضرت انسؓ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے خضاب کیا ہے؟ انھوں نے کہا: آپؐ کی بالوں کی سفیدی اس مقدار کونہیں پہنچی تھی، سفید بال صرف آپؐ کی دونوں کن پٹّیوں میں تھے، البتہ ابوبکرؓ نے حنا اور کتم کا خضاب کیا ہے (خضاب کا بیان اوراس کے مسائل تحفہ (۸۲:۵) میں دیکھیں)

حدیث (۲): حضرت انسؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے سراور ڈاڑھی میں نہیں گنے مگر چودہ سفید بال (۱۴، ۱۷، ۱۸، ۲۰ کی تعداد روایات میں آئی ہے، یہ زمانہ کا اختلاف بھی ہوسکتا ہے، اور گننے کا فرق بھی)

حدیث (۳): جابر بن سمرةؓ سے رسول اللہ ﷺ کے سفید بالوں کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: جب آپؐ اپنے سر میں تیل ڈالتے تھے تو سفید بال محسوس نہیں ہوتے تھے، اور جب تیل ڈلا ہوانہیں ہوتا تھا تو کہیں کہیں سفید بال نظر آتے تھے۔

حدیث (۴): ابن عمرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کا بوڑھاپا تقریباً بیس سفید بال تھا۔

حدیث (۵): ابن عباسؓ کہتے ہیں: حضرت ابوبکرؓ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ بوڑھے ہونے لگے! آپؐ نے فرمایا: ''مجھے ہود، واقعہ، مرسلات، نبأ اور تکویر نے بوڑھا کردیا۔

حوالہ: یہ حدیث کتاب التفسیر، تفسیر سورۂ واقعہ (حدیث ۳۳۲۱ تحفہ ۷: ۴۸۹) میں آگئی ہے۔

حدیث (۶): ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم آپؐ کو دیکھتے ہیں کہ آپؐ بوڑھے ہونے لگے ہیں! آپ نے فرمایا: ''مجھے سورہ ہود اوراس کی بہنوں (اس جیسی پُرتاثیر سورتوں) نے بوڑھا کردیا۔

حدیث (۷): ابورمثہؓ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، میرے ساتھ میرا بیٹا بھی تھا۔ پس میں آپؐ کو دکھلایا گیا یعنی لوگوں نے بتلایا کہ آپؐ یہ تشریف فرما ہیں۔ پس میں نے (دل میں) کہا جب میں نے آپؐ کو دیکھا کہ یہ (واقعی) اللہ کے رسول ہیں۔ اس وقت آپؐ نے دو سبز کپڑے پہن رکھے تھے، اور آپؐ کے لئے زلفیں تھیں، جن پر بوڑھاپا بلند ہوگیا تھا یعنی بوڑھاپے کے آثار نظر آنے لگے تھے، اور آپؐ کے بوڑھاپے کے بال سرخ تھے۔

تشریح: اس حدیث کا یہ حصہ کہ آپؐ نے دو سبز کپڑے پہن رکھے تھے، پہلے (حدیث ۲۸۱۷ تحفہ ۶: ۵۶۷) میں آیا ہے۔ اوراس حدیث سے بعض حضرات نے یہ سمجھا ہے کہ آپؐ نے خضاب کیا ہے۔ مگر یہ بھی احتمال ہے کہ یہ سرخی طبعی ہو، کیونکہ بال کبھی پہلے سرخ ہوتے ہیں، پھر سفید ہوتے ہیں۔

حدیث (۸): حضرت جابر بن سمرہؓ سے پوچھا گیا: کیا رسول اللہ ﷺ کے سر میں بوڑھاپے کے بال تھے؟

انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے سر میں بوڑھاپے کے بال نہیں تھے، مگر آپؐ کے سر کی مانگ میں چند بال تھے، جب آپؐ سر میں تیل ڈالتے تھے تو تیل ان کو چھپا دیتا تھا۔

[۵-] بابُ ماجاءَ فِي شَيْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۳۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: هَلْ خَضَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَمْ يَبْلُغْ ذٰلِكَ، إِنَّمَا كَانَ شَيْبًا فِيْ صُدْغَيْهِ، وَلٰكِنْ أَبُوْ بَكْرٍ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ.

[۳۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، وَيَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، قَالاَ: ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَا عَدَدْتُ فِيْ رَأْسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلِحْيَتِهِ إِلَّا أَرْبَعَ عَشْرَةَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ.

[۳۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، نَا أَبُوْ دَاوُدَ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ سَمُرَةَ، وَقَدْ سُئِلَ عَنْ شَيْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: كَانَ إِذَا دَهَنَ رَأْسَهُ لَمْ يُرَ مِنْهُ شَيْبٌ، وَإِذَا لَمْ يَدَّهِنْ رُئِيَ مِنْهُ.

[۳۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ الْكُوْفِيُّ، أَنَا يَحْيىَ بْنُ آدَمَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: إِنَّمَا كَانَ شَيْبُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَحْوًا مِنْ عِشْرِيْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ.

[۴۰-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، أَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ أَبِيْ اسْحَاقَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ شِبْتَ! قَالَ:" شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ، وَالْوَاقِعَةُ، وَالْمُرْسَلاَتُ، وَعَمَّ يَتَسَاءَ لُوْنَ، وَإِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ"

[۴۱-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، أَنَا مُحمدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ! نَرَاكَ قَدْ شِبْتَ! قَالَ:" شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ وَأَخَوَاتُهَا"

[۴۲-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَ: أَنْبَأَنَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ إِيَادِ بْنِ لَقِيْطٍ الْعِجْلِيُّ، عَنْ أَبِيْ رِمْثَةَ التَّيْمِيِّ: تَيْمَ الرَّبَابِ، قَالَ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَمَعِي ابْنٌ لِيْ، قَالَ: فَأُرِيْتُهُ، فَقُلْتُ لَمَّا رَأَيْتُهُ: هٰذَا نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ ثَوْبَانِ أَخْضَرَانِ، وَلَهُ شَعْرٌ قَدْ عَلاَهُ الْمَشِيْبُ، وَشَيْبُهُ أَحْمَرُ.

[۴۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ،

قَالَ: قِيْلَ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ: أَكَانَ فِيْ رَأْسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْبٌ؟ قَالَ: لَمْ يَكُنْ فِيْ رَأْسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْبٌ، إِلَّا شَعَرَاتٌ فِيْ مَفْرَقِ رَأْسِهِ، إِذَا ادَّهَنَ وَارَاهُنَّ الدُّهْنُ.

بابُ ماجاءَ فی خِضَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ کے خضاب فرمانے کا بیان

رسول اللہ ﷺ کے خضاب کے بارے میں روایات مختلف ہیں۔ احناف کا اور امام ترمذی کا خیال یہ ہے کہ آپؐ نے خضاب نہیں فرمایا۔ کیونکہ بیس سفید بالوں کے لئے خضاب کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اور آپؐ کے جو سرخ بال دیکھے گئے، یا صحابہ کے پاس تھے: وہ اصلی سرخی تھی، یا مدت گذرنے سے سرخ ہو گئے تھے۔ اور خضاب سنت ہے، کیونکہ اس سلسلہ میں قولی حدیثیں ہیں، جن میں امر ہے، مگر یہ ایسی سنت ہے جس سے لوگ غفلت برتتے ہیں۔ البتہ سیاہ خضاب مکروہ تحریمی ہے، اس کے علاوہ ہر خضاب جائز ہے۔

حدیث (۱): ابھی گذری ہے کہ ابو رمثہؓ اپنے لڑکے کے ساتھ خدمتِ نبوی میں حاضر ہوئے۔ آپؐ نے پوچھا: ''کیا یہ تمہارا بیٹا ہے؟'' ابو رمثہ نے کہا: ہاں یہ میرا بیٹا ہے، آپؐ اس کے گواہ رہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ''وہ تم پر جرم نہیں کرے گا، نہ تم اس پر جرم کروگے!'' ابو رمثہ کہتے ہیں: اور میں نے آپؐ کے بوڑھاپے کے بالوں کو سرخ دیکھا (امام ترمذی فرماتے ہیں: یہ حدیث خضاب کے سلسلہ کی بہترین حدیث ہے اور نہایت واضح ہے کہ بوڑھاپے کے بال ہی سرخ تھے، خضاب نہیں کیا تھا، کیونکہ صحیح روایات سے یہ بات ثابت ہے کہ آپؐ بوڑھے نہیں ہوئے تھے)

تشریح: زمانۂ جاہلیت میں بیٹا باپ کے جرم میں ماخوذ ہوتا تھا، ابو رمثہ نے یہی بات عرض کی تھی کہ اگر کبھی اس کی ضرورت پیش آئے تو آپؐ گواہ رہیں کہ یہ میرا بیٹا ہے، آپؐ نے اس جاہلی رسم کو رد فرمایا کہ اسلام میں یہ قاعدہ نہیں، اسلام کا قاعدہ یہ ہے کہ جو جرم کرے وہی اس کا ذمہ دار ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہؓ سے پوچھا گیا: کیا رسول اللہ ﷺ نے خضاب کیا ہے؟ انھوں نے کہا: ہاں!

حدیث (۳): بشیر بن الخصاصیہ کی بیوی جھذمہ کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو مکان سے باہر نکلتے ہوئے دیکھا، آپؐ نے غسل فرما رکھا تھا۔ اور سر کو جھاڑ رہے تھے، اور آپؐ کے سر میں مہندی کا اثر تھا (حدیث میں ردع ہے یا ردغ؟ اس میں امام ترمذیؒ کے استاذ ابراہیم کو شک ہے۔ الردع (عین کے ساتھ) زعفران وغیرہ کا اثر، اور الردغ (غین کے ساتھ) کیچڑ کا دھبہ)

حدیث (۴): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے بالوں کو خضاب کیا ہوا دیکھا —— اور ابن عقیل کہتے ہیں: میں نے حضرت انسؓ کے پاس رسول اللہ ﷺ کے بال خضاب کئے ہوئے دیکھے۔

[۶-] بابُ ماجاءَ فی خِضَابِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۴۴-] حدَّثنِی أَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ، أَنَا هُشَیْمٌ، أَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَیْرٍ،عَنْ إِیَادِ بْنِ لَقِیطٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِی أَبُوْرِمْثَةَ، قَالَ: أَتَیْتُ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم مَعَ ابْنٍ لِیْ. فَقَالَ: ابْنُكَ هٰذَا؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، إِشْهَدْبِهِ، قَالَ: "لَایَجْنِیْ عَلَیْكَ، وَلَا تَجْنِیْ عَلَیْهِ" قَالَ: وَرَأَیْتُ الشَّیْبَ أَحْمَرَ.

قَالَ أَبُوْ عیسیٰ: هٰذَا أَحْسَنُ شَیْئٍ فِیْ هٰذَا الْبَابِ وَأَفْسَرُ، لِأَنَّ الرِّوَایَاتِ الصَّحِیْحَةَ أَنَّهُ صلی اللہ علیہ وسلم لَمْ یَبْلُغِ الشَّیْبَ. وَأَبُوْ رِمْثَةَ: اسْمُهُ رِفَاعَةُ بْنُ یَثْرِبِیِّ التَّیْمِیُّ.

[۴۵-] حدثنا سُفْیَانُ بْنُ وَكِیْعٍ، قَالَ: ثَنَا أَبِیْ، عَنْ شَرِیْكٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مَوْهِبٍ، قَالَ: سُئِلَ أَبُوْ هُریرةَ: هَلْ خَضَبَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ.

قَالَ أَبُوْ عیسیٰ: وَرَوَی أَبُوْ عَوَانَةَ هٰذَا الْحدیثَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَوْهَبٍ، فَقَالَ: عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ.

[۴۶-] حدثنا إِبْرَاهِیْمُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: أَنْبَأَنَا النَّضْرُ بْنُ زُرَارَةَ، عَنْ أَبِیْ جَنَابٍ، عَنْ إِیَادِ بْنِ لَقِیْطٍ، عَنِ الْجَهْذَمَةِ: امْرَأَةِ بَشِیْرِ بْنِ الْخَصَاصِیَةِ، قَالَتْ: أَنَا رَأَیْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، یَخْرُجُ مِنْ بَیْتِهِ، یَنْفُضُ رَأْسَهُ، وَقَد اغْتَسَلَ، وَبِرَأْسِهِ رَدْعٌ، أَوْ قَالَ: رَدْغٌ مِنْ حِنَّاءٍ، شَكَّ فِیْ هٰذَا: الشَّیْخُ.

[۴۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَا حُمَیْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَیْتُ شَعْرَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم مَخْضُوْبًا. قَالَ حَمَّادٌ: وَأَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مُحمدِ بْنِ عَقِیْلٍ، قَالَ: رَأَیْتُ شَعْرَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عِنْدَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَخْضُوْبًا.

بابُ ماجاءَ فِی كُحْلِ رسولِ اللّٰہِ صل اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ ﷺ کے سرمہ لگانے کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: "اِثمد کا سرمہ آنکھوں میں لگایا کرو، کیونکہ وہ نگاہ کی روشنی کو تیز کرتا ہے، اور پلکوں کے بالوں کو اگاتا ہے" حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک سرمہ دانی تھی، جس میں سے ہر رات تین سلائی اِس آنکھ میں اور تین سلائی اُس آنکھ میں ڈالا کرتے تھے (یہ عباد بن منصور کے شاگرد ابوداؤد طیالسی کی روایت ہے)

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۲۳ حدیث ۱۷۴۷ تحفہ ۵: ۸۷) میں آئی ہے، اور وہاں حدیث کی شرح ہے، اور ابواب الطب (باب ۹ حدیث ۲۰۴۷) میں بھی آئی ہے۔

حدیث (۲): حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سونے سے پہلے آنکھ میں اِثمد کی تین تین سلائیاں

ڈالا کرتے تھے (یہ عباد بن منصور کے شاگرد یزید بن ہارون کی روایت ہے) یزید کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک سرمہ دانی تھی، جس میں سے سوتے وقت تین تین سلائیاں آنکھوں میں ڈالا کرتے تھے (یعنی یہ ابن عباس کا قول نہیں ہے، یزید راوی کا قول ہے)

حدیث (۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سوتے وقت اِثمد کا سرمہ لازم پکڑو، کیونکہ وہ نگاہ کو تیز کرتا ہے، اور پلکوں کے بالوں کو اگاتا ہے''

حدیث (۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''تمہارے سب سرموں میں اِثمد سرمہ بہترین سرمہ ہے، نگاہ کو روشن کرتا ہے اور بال اگاتا ہے''

حدیث (۵): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اثمد سرمہ ضرور ڈالا کرو، کیونکہ وہ نظر کو روشن کرتا ہے، اور بالوں کو اگاتا ہے''

تشریح: اثمد سرمہ مشکل سے ملتا ہے، پس کوئی بھی سرمہ ڈالا جائے تو سنت ادا ہوجائے گی، بلکہ آنکھ میں ڈالنے کے قطروں سے بھی سنت ادا ہوجائے گی، کیونکہ مقصود آنکھ کی حفاظت ہے، آنکھ بڑی نعمت ہے، اس کی حفاظت ضروری ہے۔

[۷-] بابُ ماجاءَ فِی كُحْلِ رسولِ اللّٰهِ صل الله عليه وسلم

[۴۸-] حدثنا محمدُ بْنُ حُمِيْدٍ الرَّازِيُّ، أَنْبَأَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: ''اكْتَحِلُوْا بِالإِثْمِدِ، فَإِنَّهُ يَجْلُوْ الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ'' وَزَعَمَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ، يَكْتَحِلُ مِنْهَا كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلَاثَةً فِيْ هٰذِهِ وَثَلَاثَةً فِيْ هٰذِهِ.

[۴۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشَمِيُّ الْبَصْرِيُّ، أَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ مُوْسَى، أَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ، ح: وحدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، أَنْبَأَنَا عَبَّادُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَكْتَحِلُ قَبْلَ أَنْ يَّنَامَ بِالإِثْمِدِ، ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ، وَقَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ فِيْ حَدِيْثِهِ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ، يَكْتَحِلُ مِنْهَا عِنْدَ النَّوْمِ ثَلَاثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ.

[۵۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنْبَأَنَا مُحمدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جابِرٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: ''عَلَيْكُمْ بِالإِثْمِدِ عِنْدَ النَّوْمِ، فَإِنَّهُ يَجْلُوْ الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ''

[۵۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: أَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ

سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ خَيْرَ أَكْحَالِكُمُ الإِثْمِدُ، يَجْلُوْ الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ"

[٥٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلَيْكُمْ بِالإِثْمِدِ، فَإِنَّهُ يَجْلُوْ الْبَصَرَ، وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ"

بابُ ماجاءَ فِي لِبَاسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ کے لباس (پہناوے) کا بیان

لباس کے تین مقاصد ہیں: ستر چھپانا، مزین ہونا اور پرہیز گار بننا۔ سورۃ الاعراف (آیت ۲۶) میں ارشادِ پاک ہے: ﴿يٰبَنِيْ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُّوَارِيْ سَوْآتِكُمْ وَرِيْشًا، وَلِبَاسُ التَّقْوٰى، ذٰلِكَ خَيْرٌ﴾: لوگو! ہم نے تمہارے لئے لباس پیدا کیا: جو تمہارے ستر کو چھپاتا ہے، اور زینت کے طور پر (جیسے پرندے کے لئے پَر ہوتے ہیں) اور پرہیز گاری کا لباس یعنی اسلامی لباس، یہ اس (مذکورہ دو مقاصد) سے بھی بڑھ کر ہے۔

پس لباس: واجب، مستحب، مباح، مکروہ اور حرام ہوتا ہے۔ واجب: وہ لباس ہے جو ستر کو چھپائے، مستحب: وہ لباس ہے جس کے پہننے کی ترغیب آئی ہے، جیسے سفید کپڑا اور عید وغیرہ کے موقع پر تجمّل اور اسلامی لباس، مباح: وہ لباس ہے جس کی نہ ترغیب آئی ہے نہ ممانعت۔ مکروہ: وہ لباس ہے جس کی ناپسندیدگی مروی ہے، جیسے مردوں کے لئے تیز سرخ لباس، یا وہ ستر کے مقصد کی تکمیل نہیں کرتا، جیسے کمر تک کرتا یا بنیان اور نیچے پتلون، اس سے پورا پردہ نہیں ہوتا، اور حرام: وہ لباس ہے جس کی ممانعت آئی ہے، جیسے مردوں کے لئے بلا عذر ریشمی کپڑا پہننا۔

حدیث (۱-۳): حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی ﷺ کو کپڑوں میں یعنی اوپر کے آدھے بدن پر پہننے کے کپڑوں میں سب سے زیادہ پسند کرتہ تھا (کیونکہ اس کو روکنا نہیں پڑتا، اور اس میں تجمل زیادہ ہے)

حوالہ: یہ تینوں حدیثیں ابواب اللباس (حدیث ۵۵-۵۳ /تحفہ ۵:۹۳) میں آئی ہیں، اور وہاں سندوں کی وضاحت بھی ہے، جس کا حاصل یہ ہے کہ تیسری حدیث: جس میں عن أمه کا اضافہ ہے: وہ سنداً صحیح ہے۔

حدیث (۴): حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے کرتے کی آستین پہنچے (کلائی) تک ہوتی تھی۔ یہ حدیث ابواب اللباس (حدیث ۵۷ /تحفہ ۵:۹۴) میں آئی ہے۔ اور ایک روایت میں پہنچے سے نیچے ہونا بھی مروی ہے۔ اور تطبیق یہ ہے کہ آستین پہنچے تک ہی بہتر ہے، اور اگر کوئی اس میں زیادہ رکھنا چاہے تو جائز ہے، مگر انگلیوں سے متجاوز نہیں ہونی چاہئے۔

حدیث (۵): قرۃ بن ایاسؓ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں قبیلۂ مزینہ کی ایک جماعت کے ساتھ حاضر ہوا (ان کے ساتھ ان کے بیٹے بھی تھے) تاکہ ہم آپؐ سے بیعت کریں، اس وقت آپؐ کا کرتہ کھلا ہوا تھا، یا کہا: آپؐ کے کرتے کے بٹن کھلے ہوئے تھے، پس میں نے آپؐ کے کرتے کے گریبان میں ہاتھ ڈالا، اور میں نے آپؐ کی مہر نبوت کو چھویا (حدیث کے راوی عروہ کہتے ہیں: قرّۃ اور ان کے بیٹے معاویہ کبھی بھی گریبان کی گھنڈی نہیں لگاتے تھے۔ کیونکہ صحابہ کی یہ شان تھی کہ جو چیز ان کے ایمان کا سبب بنتی تھی، وہ اس کو اپنائے رہتے تھے، چونکہ ان حضرات کے لئے نبی ﷺ کی یہ سادگی ایمان کا سبب بنی تھی، اس لئے وہ اس کو ہمیشہ اپنائے رہے)

حدیث (۶): حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (غالباً مرض موت میں) نبی ﷺ (اپنے مکان سے) نکلے، درانحالیکہ آپؐ حضرت اسامہؓ پر سہارا لئے ہوئے تھے، اس وقت آپؐ پر ایک یمنی منقش کپڑا تھا، جس کو آپؐ نے اوڑھ رکھا تھا، پس آپؐ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

فائدہ: امام ترمذیؒ کے استاذ الاستاذ محمد بن الفضل کہتے ہیں: امام یحییٰ بن معین نے مجھ سے یہ حدیث پوچھی، جب وہ پہلی مرتبہ میرے پاس حدیث پڑھنے آئے، میں نے حدیث بیان کرنی شروع کی: حدثنا حماد بن سلمة، تو انھوں نے کہا: اگر آپ اپنی کتاب سے حدیث بیان کرتے تو زیادہ قابل اعتماد ہوتا، چنانچہ میں کھڑا ہوا کہ اپنی کتاب نکالوں، پس انھوں نے میرا کپڑا پکڑا، اور کہا: پہلے مجھے یہ حدیث لکھوا دیجئے، اس لئے کہ مجھے ڈر ہے کہ میری آپ سے ملاقات نہ ہو یعنی ہم دو میں سے کسی کی وفات ہو جائے، چنانچہ میں نے ان کو یہ حدیث (حافظہ سے) لکھوادی، پھر میں نے اپنی کتاب نکالی، اور ان کو حدیث پڑھ کر سنائی (اللہ اکبر! کس قدر دنیا کی بے ثباتی کا یقین تھا! اور کس قدر علم کی حرص تھی کہ موت سے پہلے جو کچھ علم دین حاصل کر سکتے تھے: کرلیں)

[۸-] بابُ ماجاءَ فِي لِبَاسِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٥٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، أَنْبَأَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، وَأَبُوْ تُمَيْلَةَ، وَزَيْدُ بْنُ حُبَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

[٥٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

[٥٥-] حدثنا زِيَادُ بْنُ أَيُّوْبَ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا أَبُوْ تُمَيْلَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْقَمِيْصُ.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰكَذَا قَالَ زِيَادُ بْنُ أَيُّوْبَ فِيْ حَدِيْثِهِ: عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أُمِّهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ أَبِيْ تُمَيْلَةَ مِثْلَ رِوَايَةِ زِيَادِ بْنِ أَيُّوْبَ، وَأَبُوْ تُمَيْلَةَ يَزِيْدُ فِيْ هٰذَا الإِسْنَادِ: "عَنْ أُمِّهِ" وَهُوَ أَصَحُّ.

[٥٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ محمدِ بْنِ الْحَجَّاجِ، ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ بُدَيْلٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ، قَالَتْ: كَانَ كُمُّ قَمِيْصِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَى الرُّسْغِ.

[٥٧-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، أَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، أَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُشَيْرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: أَتَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَهْطٍ مِنْ مُزَيْنَةَ لِنُبَايِعَهُ، وَإِنَّ قَمِيْصَهُ لَمُطْلَقٌ. أَوْ قَالَ: زِرُّ قَمِيْصِهِ مُطْلَقٌ. قَالَ: فَأَدْخَلْتُ يَدِيْ فِيْ جَيْبِ قَمِيْصِهِ، فَمَسَسْتُ الْخَاتَمَ.

[٥٨-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا محمدُ بْنُ الْفَضْلِ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ الشَّهِيْدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ، وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى أُسَامَةَ ابْنِ زَيْدٍ، عَلَيْهِ ثَوْبٌ قِطْرِيٌّ، قَدْ تَوَشَّحَ بِهِ، فَصَلَّى بِهِمْ.

قَالَ عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ: قَالَ محمدُ بْنُ الْفَضْلِ: سَأَلَنِيْ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ عَنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، أَوَّلَ مَا جَلَسَ إِلَيَّ، فَقُلْتُ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، فَقَالَ: لَوْ كَانَ مِنْ كِتَابِكَ! فَقُمْتُ لِأُخْرِجَ كِتَابِيْ، فَقَبَضَ عَلَى ثَوْبِيْ، ثُمَّ قَالَ: أَمْلِهِ عَلَيَّ، فَإِنِّيْ أَخَافُ أَنْ لاَ أَلْقَاكَ، قَالَ: فَأَمْلَيْتُهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ أَخْرَجْتُ كِتَابِيْ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ.

حدیث (۷): نبی ﷺ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو (پہلے) اس کا نام لیتے، مثلاً: هذه عِمامة، هذا قميص، هذا رداء کہتے، پھر فرماتے: اے اللہ! تمام تعریفیں آپ کے لئے ہیں، آپ نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، میں آپ سے اس کپڑے کی بھلائی مانگتا ہوں، اور اس چیز کی بھلائی مانگتا ہوں جس کے لئے یہ کپڑا بنایا گیا ہے یعنی کپڑا بھی بابرکت ثابت ہو، اور اس کے آثار بھی مبارک ہوں، اور میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں اس کپڑے کی برائی سے، اور اس کام کی برائی سے جس کے لئے وہ بنایا گیا ہے! (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۲۹ حدیث ۱۷۵۸ تحفہ ۵: ۹۵) میں آچکی ہے)

حدیث (۸): نبی ﷺ کو پہننے کے کپڑوں میں سب سے زیادہ پسند حِبَرۃ کپڑا تھا (یہ کپڑا یمن میں بنتا تھا، اس کی زمین سفید ہوتی تھی، اور اس میں سرخ دھاریاں پڑی ہوتی تھیں)

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۴۵ حدیث ۱۷۸۱ تحفہ ۵: ۱۰۹) میں آچکی ہے۔

حدیث (۹): ابوجحیفہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، درانحالیکہ آپؐ نے سرخ جوڑا زیب تن فرما رکھا

تھا، گویا میں (اب بھی) آپؐ کی پنڈلیوں کی چمک دیکھ رہا ہوں! سفیان ثوری کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ وہ حِبَرۃ کپڑا تھا یعنی بالکل سرخ نہیں تھا (یہ حدیث کتاب الصلوٰۃ (باب ۳۱ حدیث ۱۹۳ تحفہ ۱: ۵۱۳) میں آچکی ہے)

حدیث (۱۰): حضرت براءؓ کہتے ہیں: نہیں دیکھا میں نے لوگوں میں سے کسی کو زیادہ خوبصورت سرخ جوڑے میں نبی ﷺ سے یعنی آپؐ سرخ جوڑے میں بہت ہی حسین نظر آتے تھے، بیشک شان یہ ہے کہ آپؐ کے پٹھے آپؐ کے مونڈھوں کے قریب تک پہنچے ہوئے تھے (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۴ حدیث ۱۷۱۴ تحفہ ۵: ۵۹) میں آچکی ہے)

حدیث (۱۱): ابو رِمثہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، درانحالیکہ آپؐ پر دو سبز چادریں تھیں۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب الادب (باب ۸۲ حدیث ۲۸۱۷ تحفہ ۶: ۵۶۷) میں آچکی ہے۔

[۵۹-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ إِيَاسٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِى نَضْرَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا، سَمَّاهُ باسْمِهِ: عِمَامَةً، أَوْ قَمِيْصًا، أَوْ رِدَاءً، ثُمَّ يَقُوْلُ:" اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ، أَسْأَلُكَ خَيْرَهُ، وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ، وَشَرِّ مَاصُنِعَ لَهُ"

حدثنا هِشَامُ بْنُ يُوْنُسَ الْكُوْفِيُّ، أَنْبَأَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِىْ نَضْرَةَ، عَنْ أَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ.

[٦٠-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنْبَأَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِىْ أَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ أَحَبَّ الثِّيَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم [يَلْبَسُهَا] الْحِبَرَةُ.

[٦١-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِىْ جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ، كَأَنِّىْ أَنْظُرُ إِلَى بَرِيْقِ سَاقَيْهِ. قَالَ سُفْيَانُ: أُرَاهَا حِبَرَةً.

[٦٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ أَحْسَنَ فِىْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، إِنْ كَانَتْ جُمَّتُهُ لَتَضْرِبُ قَرِيْبًا مِنْ مَنْكِبَيْهِ.

[٦٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، أَنْبَأَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنِ إِيَادٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِىْ رِمْثَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ أَخْضَرَانِ.

حدیث (۱۲): حضرت قیلہؓ کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا، درانحالیکہ آپؐ نے دو چھوٹے پرانے کپڑے

پہن رکھے تھے، جو دونوں زعفران سے رنگے ہوئے تھے، جن کا رنگ اڑ گیا تھا، یا پھیکا پڑ گیا تھا (یہ حدیث ابواب اللباس (باب۸۴حدیث۲۸۱۹تحفہ۶:۵۶۹) میں آچکی ہے، اور حدیث میں جو لمبا مضمون ہے وہ طبرانی میں ہے)

حدیث (۱۳): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سفید کپڑے لازم پکڑو! چاہئے کہ پہنیں ان کو تمہارے زندے، اور کفن دو تم ان میں اپنے مُردوں کو، اس لئے کہ وہ تمہارے کپڑوں میں سب سے بہتر کپڑے ہیں''

حوالہ: یہ حدیث کتاب الجنائز (باب۱۷حدیث۹۷۸تحفہ۳:۳۹۸) میں آئی ہے۔

حدیث (۱۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سفید کپڑا پہنو، اس لئے کہ وہ زیادہ پاکیزہ اور زیادہ ستھرا ہے، اور اسی میں اپنے مردوں کو کفناؤ'' (یہ حدیث ابواب الادب (باب۸۰حدیث۲۸۱۴تحفہ۶:۵۶۵) میں آئی ہے)

حدیث (۱۵): حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ ایک صبح (گھر سے) نکلے، درانحالیکہ آپؐ پر کالے بالوں کی چادر تھی (یہ حدیث ابواب الادب (باب۸۳حدیث۲۸۱۸تحفہ۶:۵۶۸) میں آئی ہے)

حدیث (۱۶): حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے رومی جبّہ پہنا جس کی آستینیں تنگ تھیں۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب۳۰حدیث۱۷۵۹تحفہ۵:۹۵) میں آئی ہے۔

[٦٤-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، أَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ حَسَّانٍ الْعَنْبَرِيُّ، عَنْ جَدَّتَيْهِ: دُحَيْبَةَ، وَعُلَيْبَةَ، عَنْ قَيْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ، قَالَتْ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَعَلَيْهِ أَسْمَالُ مُلَيَّتَيْنِ، كَانَتَا بِزَعْفَرَانٍ، وَقَدْ نَفَضَتْهُ، وَفِي الحديثِ قِصَّةٌ طَوِيْلَةٌ.

[٦٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" عَلَيْكُمْ بِالْبَيَاضِ مِنَ الثِّيَابِ، لِيَلْبَسْهَا أَحْيَاءُ كُمْ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ، فَإِنَّهَا مِنْ خِيَارِ ثِيَابِكُمْ"

[٦٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ أَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُوْنِ بْنِ أَبِيْ شَبِيْبٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:"الْبِسُوْا الْبَيَاضَ، فَإِنَّهَا أَطْهَرُ وَأَطْيَبُ، وَكَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ"

[٦٧-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنْبَأَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، أَنَا أَبِيْ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ شَيْبَةَ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ذَاتَ غَدَاةٍ، وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مِنْ شَعْرٍ أَسْوَدَ.

[٦٨-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، أَنَا وَكِيْعٌ، أَنَا يُوْنُسُ بْنُ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَبِسَ جُبَّةً رُوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ.

بابُ ماجاءَ فِی عَیْشِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

رسول اللہ ﷺ کے گذارے کا بیان

یہی باب بعینہ کتاب کے آخر میں (باب۵۲) آرہا ہے، یہاں دو حدیثیں ذکر کی ہیں، اور وہاں نو حدیثیں، اور تکرار کی کوئی معقول وجہ سمجھ میں نہیں آئی۔

حدیث (۱): محمد بن سیرین کہتے ہیں: ہم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے، آپؓ نے سَنی کے گیرو سے رنگے ہوئے دو کپڑے پہن رکھے تھے، آپؓ نے ان میں سے ایک سے ناک صاف کی، پھر فرمایا: واہ واہ! ابو ہریرہ سَنی کے کپڑے سے ناک صاف کرتا ہے! بخدا! واقعہ یہ ہے کہ میں نے خود کو دیکھا ہے، درانحالیکہ میں بھوک کی وجہ سے منبر نبوی اور حجرۂ عائشہ کے درمیان بے ہوش ہوکر گر پڑتا تھا، پس ایک آنے والا آتا، اور میری گردن پر اپنا پیر رکھتا، وہ سمجھتا کہ مجھے دیوانگی ہے، حالانکہ وہ دیوانگی نہیں تھی، وہ چیز بھوک ہی تھی!

حوالہ: یہ حدیث ابواب الزہد (باب۲۹ حدیث۲۳۶۰ تحفہ۶: ۱۴۱) میں آگئی ہے، اور [مِنَ الجوع] وہاں سے بڑھایا ہے۔ اور اس حدیث کو نبی ﷺ کے حالات میں اس لئے ذکر کیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ جو خاص خدام میں سے تھے، جب ان کا یہ حال تھا تو آپؐ کی تنگی کا کیا حال ہوگا؟ آپؐ تو دوسروں کو اپنے اوپر ترجیح دیتے تھے، پس اگر آپؐ کے گھر میں کچھ ہوتا تو خدام کو ضرور ملتا۔

حدیث (۲): مالک بن دینار، جو تابعی صغیر (متوفی ۱۳۰ھ) ہیں مرسلاً (بغیر سند کے) بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی بھی روٹی اور گوشت سے شکم سیر ہوکر نہیں کھایا، مگر اجتماعی کھانے کے موقعہ پر، مالکؒ نے ایک بدّو سے ضَفَف کے معنی پوچھے اس نے ''اجتماعی کھانا'' معنی بتائے۔

تشریح: جب نبی ﷺ کے یہاں مہمان آتے یا آپؐ کسی کے یہاں مہمان ہوتے تو شکم سیر ہوکر کھانے کی نوبت آتی، ورنہ عام طور پر آپؐ کھانے کی معمولی مقدار لیتے تھے، پہلی صورت میں مہمان کی خاطر سے، اور دوسری صورت میں ساتھیوں کی خاطر سے آپؐ کھاتے رہتے، تاکہ وہ بھوکے نہ رہ جائیں۔

[۹-] بابُ ماجاءَ فِی عَیْشِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۶۹-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ، عَنْ أَیُّوْبَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سِیْرِیْنَ، قَالَ: کُنَّا عِنْدَ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی الله عنه، وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ مُمَشَّقَانِ مِنْ کِتَّانٍ، فَتَمَخَّطَ فِیْ أَحَدِهِمَا. فَقَالَ: بَخْ بَخْ! یَتَمَخَّطُ أَبُوْ هُریرةَ فِیْ الْکَتَّانِ، لَقَدْ رَأَیْتُنِیْ وَإِنِّیْ لَأَخِرُّ فِیْمَا بَیْنَ مِنْبَرِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

وَحُجْرَةِ عَائِشَةَ [مِنَ الْجُوْعِ] مَغْشِيًّا عَلَيَّ، فَيَجِيْءُ الْجَائِيْ، فَيَضَعُ رِجْلَهُ عَلَى عُنُقِيْ، يَرَى أَنَّ بِيْ جُنُوْنًا، وَمَا بِيْ جُنُوْنٌ، وَمَا هُوَ إِلا الْجُوْعُ.

[۷۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: مَا شَبِعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ خُبْزٍ قَطُّ وَلَحْمٍ إِلَّا عَلَى ضَفَفٍ.

قَالَ مَالِكُ بْنُ دِيْنَارٍ: سَأَلْتُ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ: مَا الضَّفَفُ؟ فَقَالَ: أَنْ يتَنَاوَلَ مَعَ النَّاسِ.

بابُ ماجاءَ فِي خُفِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

رسول اللہ ﷺ کے چمڑے کے موزوں کا بیان

حدیث (۱): حضرت بریدہؓ کہتے ہیں: نجاشی رحمہ اللہ نے نبی ﷺ کے پاس سیاہ رنگ کے دوسادہ موزے بطور ہدیہ بھیجے، آپؐ نے ان کو پہنا، اوروضوء کے بعدان پر مسح فرمایا (یہ حدیث ابواب الاستیذان (باب ۸۹ حدیث ۲۸۲۶ تحفہ ۵۷۴:۶) میں آئی ہے)

حدیث (۲): حضرت مغیرہؓ کہتے ہیں: حضرت دحیہ کلبی نے ایک جبہ نبی ﷺ کی خدمت میں پیش کیا، پس آپؐ نے اس کو پہنا (یہ حدیث ابواسحاق شیبانی: عامر شعبی سے، اوروہ حضرت مغیرہؓ سے روایت کرتے ہیں) اوراسرائیل: جابر جعفی (ضعیف راوی) سے، اوروہ عامر شعبی سے روایت کرتے ہیں: ''اورایک جبہ بھی، پس آپؐ نے دونوں (خفین اور جبہ) کو پہنا، یہاں تک کہ دونوں پھٹ گئے، اور نبی ﷺ نے اس کی تحقیق نہیں کی کہ وہ موزے مذبوحہ جانور کی کھال کے تھے یامردار کی کھال کے؟ (کیونکہ ہرکھال رنگنے سے پاک ہوجاتی ہے، اس لئے تحقیق کی ضرورت نہیں تھی) روایت کا یہ آخری حصہ مرسل اورضعیف ہے (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۳۰ حدیث ۱۷۶۰ تحفہ ۹۴:۵) میں آگئی ہے)

[۱۰-] بابُ ماجاءَ فِي خُفِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۷۱-] حدثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ دَلْهَمِ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ حُجَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ النَّجَاشِيَّ أَهْدَى لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم، خُفَّيْنِ أَسْوَدَيْنِ سَاذَجَيْنِ، فَلَبِسَهُمَا، ثُمَّ تَوَضَّأَ، وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا.

[۷۲-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ: قَالَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ، أَهْدَى دِحْيَةُ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم خُفَّيْنِ، فَلَبِسَهُمَا. وَقَالَ إِسْرَائِيْلُ: عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَامِرٍ: وَجُبَّةً، فَلَبِسَهُمَا حَتَّى تَخَرَّقَا، لَايَدْرِيْ النَّبِيُّ صلى الله

علیہ وسلم أَذُكِّیَ هُمَا أَمْ لاَ؟
قَالَ أَبُو عيسىٰ: هٰذَا هُوَ أَبُوْ إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، وَاسْمُهُ سُلَيْمَانُ.

بابُ ماجاءَ فِي نَعْلِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے چپلوں کا بیان

نبی ﷺ کے چپلوں کی ہیئت کیا تھی؟ اس کی کوئی واضح صورت روایات میں نہیں آئی، پس نعل مبارک کے نقشہ سے توسل یا تبرک کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اس پر تفصیلی کلام (تحفہ ۵:۹۸) میں آ گیا ہے۔

حدیث (۱): قتادہؒ نے حضرت انسؓ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کے چپل کیسے تھے؟ انھوں نے کہا: آپؐ کے چپلوں میں دو تسمے تھے (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۳۳ حدیث ۱۷۶۶ تحفہ ۵:۹۹) میں آئی ہے)

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے چپلوں کے تسمے دوہرے تھے (مُثَنّٰی: اسم مفعول: دوہرے، ثَنَّى الشيئَ: ڈبل کرنا، دوہرا کرنا)

حدیث (۳): عیسیٰ بن طہمان کہتے ہیں: حضرت انسؓ نے ہمیں دو چپل نکال کر دکھائے، جن پر بال نہیں تھے، ان میں دو تسمے تھے، پھر بعد میں مجھ سے ثابت بنانی نے حضرت انسؓ سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا کہ وہ دونوں نبی ﷺ کے چپل تھے۔

لغت: الجَرْدَاء: الأَجْرَد کا مؤنث، جس پر بال نہ ہوں، أرض جرداء: چٹیل زمین، اس لفظ کے معنی: پرانے بھی کئے گئے ہیں۔

حدیث (۴): عبید بن جُرَیج نے حضرت ابن عمرؓ سے پوچھا: میں آپؓ کو دیکھتا ہوں کہ آپؓ بغیر بالوں کے چمڑے کے چپل پہنتے ہیں (اور دوسرے لوگ بالوں والے چپل پہنتے ہیں، پس اس اہتمام کی وجہ کیا ہے؟) انھوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے ہی چپل پہنتے ہوئے دیکھا ہے، جن میں بال نہیں ہوتے تھے یعنی چمڑا رنگتے ہوئے بال صاف کر دیئے جاتے تھے، اور آپؐ ان میں وضوء فرماتے تھے یعنی ان کو پہنے ہوئے ہی پیر دھوتے تھے، یا پیر دھو کر ان کو پہن لیتے تھے، پس میں ایسے ہی چپلوں کو پہننا پسند کرتا ہوں (ابن عمرؓ سننِ عادیہ کا بھی اہتمام کرتے تھے)

حدیث (۵): حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے چپلوں میں دوہرے تسمے تھے۔

حدیث (۶): عَمرو بن حُریثؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے چپلوں میں نماز پڑھتے دیکھا ہے جن میں پیوند لگے ہوئے تھے یا ان چپلوں میں دوہرا چمڑا سلا ہوا تھا (یہ حدیث سدّی کی وجہ سے کمزور ہے)

لغت: مَخْصُوفة: اسم مفعول، واحد مؤنث، نعل: مؤنث سماعی ہے، خَصَفَ النعلَ (ض) خصفًا: جوتا سینا،

جوتے میں پیوند لگانا، الخَصَّاف: موچی۔

حدیث (۷): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ہرگز نہ چلے تم میں سے کوئی ایک چپل میں، چاہئے کہ دونوں چپل پہن کر چلے، یا دونوں کو نکال دے (اور ننگے پیر چلے) (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۳۴ حدیث ۱۷۶۷ تحفہ ۵:۹۹) میں آئی ہے)

حدیث (۸): حضرت جابرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے اس سے منع کیا کہ کوئی بائیں ہاتھ سے کھائے، یا ایک چپل پہن کر چلے۔

حدیث (۹): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص چپل پہنے تو دائیں سے ابتداء کرے، اور جب نکالے تو بائیں پیر کا چپل پہلے نکالے، تاکہ دایاں پاؤں چپل پہننے میں مقدم ہو، اور نکالنے میں مؤخر۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۳۷ حدیث ۱۷۷۲ تحفہ ۵:۱۰۲) میں آئی ہے۔

حدیث (۱۰): حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: رسول اللہ ﷺ دائیں جانب سے کرنے کو پسند کرتے تھے، جہاں تک ممکن ہوتا یعنی اس میں دایاں بایاں ہوتا: اپنے تیل کنگھا کرنے میں، اور اپنے چپل پہننے میں، اور اپنے وضوء و غسل کرنے میں۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب الصلوٰۃ (باب ۳۱۳ حدیث ۶۱۰ تحفہ ۲:۵۰۰) میں آئی ہے۔

حدیث (۱۱): حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کے چپل میں دو تسمے تھے، اور شیخین کے چپلوں میں بھی، اور (خلفاء میں سے) پہلے وہ شخص جنھوں نے ایک تسمہ لگوایا وہ عثمانؓ ہیں (کیونکہ دو تسمے چپلوں میں ضروری نہیں، اور یہ حدیث نہایت ضعیف ہے۔ ابو معاویہ عبدالرحمٰن بن قیس متروک راوی ہے)

[۱۱-] بابُ ماجاءَ فِی نَعْلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۷۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثَنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَ نَعْلُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: لَهُمَا قِبَالَانِ.

[۷۴-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ: مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ لِنَعْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قِبَالَانِ، مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا.

[۷۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَيَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنا عِيْسَى بْنُ طَهْمَانَ، قَالَ: أَخْرَجَ إِلَيْنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ نَعْلَيْنِ جَرْدَاوَيْنِ، لَهُمَا قِبَالَانِ.

قَالَ: فَحَدَّثَنِيْ ثَابِتٌ بَعْدُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّهُمَا كَانَتَا نَعْلَيِ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۷۶-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَنَا مَعْنٌ، قَالَ: ثَنا مَالِكٌ، ثَنا سَعِيْدُ بْنُ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ، أَنَّهُ قَالَ: لِابْنِ عُمَرَ: رَأَيْتُكَ تَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ؟ قَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ

اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِی لَيْسَ فِيْهَا شَعْرٌ، وَيَتَوَضَّأُ فِيْهَا، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَلْبَسَهَا.

[۷۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ ابنِ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ صَالِحٍ مَوْلَی التَّوْأَمَةِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ لِنَعْلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قِبَالاَنِ.

[۷۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثنا أَبُوْ أَحْمَدَ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ السُّدِّیِّ، حَدَّثَنِیْ مَنْ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ، يَقُوْلُ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ فِیْ نَعْلَيْنِ مَخْصُوْفَتَيْنِ.

[۷۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَی الأَنْصَارِیُّ، أَنَا مَعْنٌ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُرَيْرَةَ، أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:"لاَيَمْشِيَنَّ أَحَدُكُمْ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ، لِيَنْعَلْهُمَا، أَوْ لِيَحْفِهِمَا جَمِيْعًا"

حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ نَحْوَهُ.

[۸۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَی، أَنَا مَعْنٌ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم نَهَی أَنْ يَأْكُلَ - يَعْنِی الرَّجُلَ - بِشِمَالِهِ، أَوْ يَمْشِیَ فِیْ نَعْلٍ وَاحِدَةٍ.

[۸۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، ح: وَأَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَی، أَنَا مَعْنٌ، أَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الأَعْرَجِ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ:" إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيَمِيْنِ، وَإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ، فَلْتَكُنِ الْيُمْنَی أَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ، وَآخِرَهُمَا تُنْزَعُ"

[۸۲-] حدثنا أَبُوْ مُوْسَی: مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، أَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَنَا شُعْبَةُ، ثَنَا أَشْعَثُ هُوَ ابْنُ أَبِی الشَّعْثَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم يُحِبُّ التَّيَمُّنَ مَا اسْتَطَاعَ: فِیْ تَرَجُّلِهِ، وَتَنَعُّلِهِ، وَطُهُوْرِهِ.

[۸۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ مَرْزُوْقٍ: أَبُوْ عَبْدِ اللّٰہِ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ قَيْسٍ أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، أَنْبَأَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحمدٍ، عَنْ أَبِیْ هُريرةَ قَالَ: كَانَ لِنَعْلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قِبَالاَنِ، وَأَبِیْ بَكْرٍ وَعُمَرَ رضی اللہ عنهما، وَأَوَّلُ مَنْ عَقَدَ عَقْدًا وَاحِدًا عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ.

بابُ ماجاءَ فِی ذِكْرِ خَاتَمِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کی مہر لگانے کی انگوٹھی کا بیان

اس باب میں آٹھ حدیثیں ہیں، جن میں سے پانچ سنن میں آچکی ہیں۔ صرف تین نئی ہیں:

حدیث (۱): حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی، اوراس کا نگینہ حبشی (ساخت کا)

تھا (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۴، حدیث ۱۷۳۰ تحفہ ۵:۷۳) میں آئی ہے، اور اسی جگہ انگوٹھی کے احکام ہیں)

حدیث (۲): ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی، پس آپؐ اس سے مہر لگایا کرتے تھے، اس کو (عموماً) پہنتے نہیں تھے۔

تشریح: یہ حدیث مسند احمد میں بھی ہے، اور اس کی سند صحیح ہے، مگر اس کا آئندہ حدیثوں سے تعارض ہے، پس تطبیق کی صورت یہ ہے کہ اس کو عام احوال پر محمول کیا جائے۔

حدیث (۳): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی، اور اس کا نگینہ بھی اسی (چاندی) کا تھا۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (حدیث ۱۷۳۱ تحفہ ۵:۷۳) میں آگئی ہے۔

حدیث (۴): حضرت انسؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ نے شاہانِ عجم کو خطوط لکھنے کا ارادہ کیا، تو آپؐ کو یہ بات بتائی گئی کہ شاہانِ عجم صرف وہ خطوط قبول کرتے ہیں جن پر مہر ہوتی ہے، چنانچہ نبی ﷺ نے مہر بنوائی (اور اس میں محمد رسول اللہ کندہ کرایا) حضرت انسؓ کہتے ہیں: پس گویا میں نبی ﷺ کی ہتھیلی میں انگوٹھی کی سفیدی کو دیکھ رہا ہوں! یعنی وہ منظر آج بھی میری نگاہوں کے سامنے ہے (یہ حدیث ابواب الاستیذان (باب ۲۵ حدیث ۲۷۲۰ تحفہ ۶:۴۹۴) میں آئی ہے)

حدیث (۵): انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ کی انگوٹھی کا نقش: محمد ایک سطر، اور رسول ایک سطر، اور اللہ ایک سطر تھا۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۷، حدیث ۱۷۳۶ تحفہ ۵:۷۶) میں آئی ہے، اور وہاں ''محمد رسول اللہ'' کا نقشہ بھی دیا ہے۔

حدیث (۶): انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے کسری، قیصر اور نجاشی کو خطوط لکھنے کا ارادہ کیا، پس آپؐ سے کہا گیا کہ وہ لوگ خطوط قبول نہیں کرتے مگر مہر کے ساتھ، پس آپؐ نے مہر ڈھلوائی، اس کا حلقہ چاندی کا تھا، اور اس میں ''محمد رسول اللہ'' کندہ کروایا (یہ روایت مسلم میں ہے)

حدیث (۷): انسؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ بیت الخلاء تشریف لے جاتے تو اپنی انگوٹھی نکال دیتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۷ حدیث ۱۷۳۸ تحفہ ۵:۷۶) میں آئی ہے۔

حدیث (۸): ابن عمرؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے چاندی کی مہر بنوائی، پس وہ آپؐ کے ہاتھ میں تھی، پھر ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کے ہاتھ میں رہی، پھر وہ عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں رہی، یہاں تک کہ وہ بیر اریس میں گر گئی، اس پر ''محمد رسول اللہ'' کندہ تھا۔

تشریح: بیر اریس: قبا کے قریب ایک کنواں تھا۔ یہ انگوٹھی حضرت عثمانؓ کے زمانۂ خلافت میں چھ برس تک ان کے پاس رہی، اس کے بعد اتفاق سے اس کنویں میں گر گئی، حضرت عثمانؓ نے ہر چند اس کنویں میں تلاش کرایا، تین دن تک اس کا پانی نکلوایا، مگر نہیں ملی! علماء نے لکھا ہے کہ اس انگوٹھی کے گرتے ہی وہ فتن وحوادث شروع ہوگئے جو حضرت عثمان

کے آخر زمانہ میں بکثرت ظہور پذیر ہوئے (خصائل نبوی)

[۱۲-] بابُ ماجاءَ فِی ذِکْرِ خَاتَمِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۸٤-] حدثنا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ وَھْبٍ، عَنْ یُوْنُسَ، عَنْ ابنِ شِھَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: کَانَ خَاتَمُ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ وَرِقٍ، وَکَانَ فَصُّہُ حَبَشِیًّا.

[۸۵-] حدثنا قُتَیْبَۃُ، أَنَا أَبُوْ عَوَانَۃَ، عَنْ أَبِی بِشْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّۃٍ، فَکَانَ یَخْتِمُ بِہٖ، وَلاَ یَلْبَسُہُ.

قَالَ أَبُو عیسیٰ: أَبُوْ بِشْرٍ: اسْمُہُ جَعْفَرُ بْنُ أَبِی وَحْشِیَّۃَ.

[۸٦-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلاَنَ، أَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عُبَیْدٍ: ھُوَ الطَّنَافِسِیُّ، أَنَا زُھَیْرٌ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: کَانَ خَاتَمُ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم مِنْ فِضَّۃٍ، فَصُّہُ مِنْہُ.

[۸۷-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا مُعَاذُ بْنُ ھِشَامٍ، ثَنِی أَبِی، عَنْ قَتَادَۃَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَا أَرَادَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَنْ یَکْتُبَ إِلَی الْعَجَمِ، قِیْلَ لَہُ: إِنَّ الْعَجَمَ لاَیَقْبَلُوْنَ إِلاَّ کِتَابًا عَلَیْہِ خَاتَمٌ، فَاصْطَنَعَ خَاتَمًا، فَکَأَنِّیْ أَنْظُرُ إِلَی بَیَاضِہٖ فِیْ کَفِّہٖ.

[۸۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ یَحْیَی، أَنَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الأَنْصَارِیُّ، ثَنِی أَبِی، عَنْ ثُمَامَۃَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: کَانَ نَقْشُ خَاتَمِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم: مُحَمَّدٌ سَطْرٌ، وَرَسُوْلٌ سَطْرٌ، وَاللّٰہُ سَطْرٌ.

[۸۹-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَھْضَمِیُّ: أَبُوْ عَمْرٍو، أَنْبَأَنَا نُوْحُ بْنُ قَیْسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ قَیْسٍ، عَنْ قَتَادَۃَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَتَبَ إِلَی کِسْرَی وَقَیْصَرَ وَالنَّجَاشِیِّ، فَقِیْلَ لَہُ: إِنَّھُمْ لاَیَقْبَلُوْنَ کِتَابًا إِلاَّ بِخَاتَمٍ، فَصَاغَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم خَاتَمًا، حَلْقَتُہُ فِضَّۃٌ، وَنَقَشَ فِیْہِ: "مُحَمَّدٌ رسولُ اللّٰہِ"

[۹۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنْبَأَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ، وَالْحَجَّاجُ بْنُ مِنْھَالٍ، عَنْ ھَمَّامٍ، عَنْ ابنِ جُرَیْجٍ، عَنِ الزُّھْرِیِّ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلاَءَ نَزَعَ خَاتَمَہُ.

[۹۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ نُمَیْرٍ، نَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: اتَّخَذَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، فَکَانَ فِیْ یَدِہٖ، ثُمَّ کَانَ فِیْ یَدِ أَبِی بَکْرٍ وَعُمَرَ، ثُمَّ کَانَ فِیْ یَدِ عُثْمَانَ رضی اللہ عنھم، حَتّٰی وَقَعَ فِیْ بِئْرِ أَرِیْسٍ، نَقْشُہُ: "مُحمدٌ رسولُ اللّٰہِ"

بابُ ماجاءَ فِی أَنَّ النبیَّ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کَانَ یَتَخَتَّمُ فِیْ یَمِیْنِہِ

نبی ﷺ انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے

گھڑی انگوٹھی کس ہاتھ میں پہننی چاہئے؟ اس سلسلہ میں جاننا چاہئے کہ دائیں کی فضیلت مسلّم ہے، مگر دائیں ہاتھ سے چونکہ کام بہت کرنے پڑتے ہیں، اس لئے بائیں ہاتھ میں پہننے میں بھی کچھ حرج نہیں، حسنین رضی اللہ عنہما سے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا ثابت ہے۔

حدیث (۱): حضرت علیؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے (یہ حدیث صحیح ہے)

حدیث (۲): حماد بن سلمہ کہتے ہیں: میں نے عبید اللہ کو — جو نبی ﷺ کے آزاد کردہ حضرت ابو رافع کے صاحبزادے ہیں، ان کو — دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا۔ پس میں نے ان سے پوچھا؟ انھوں نے فرمایا: میں نے حضرت جعفر طیارؓ کے صاحبزادے حضرت عبد اللہ کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا ہے۔ اور عبد اللہ نے یہ بھی کہا کہ نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۶ حدیث ۱۷۴۵ تحفہ ۵:۵۷) میں آچکی ہے۔

حدیث (۳): عبد اللہ بن جعفرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے (حدیث کی یہ سند صحیح نہیں، ابراہیم بن الفضل متروک راوی ہے)

حدیث (۴): جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے (یہ سند بھی صحیح نہیں، عبد اللہ بن میمون منکر الحدیث (نہایت ضعیف راوی) ہے)

حدیث (۵): صلت بن عبد اللہ کہتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباسؓ کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے ہوئے دیکھا، اور میرا گمان ہے کہ ابن عباس نے یہ بھی فرمایا کہ نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۶ حدیث ۱۷۴۳ تحفہ ۵:۵۷) میں آئی ہے۔

حدیث (۶): ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی، اور آپؐ اس کا نگینہ اپنی ہتھیلی کی جانب رکھتے تھے، اور اس میں ''محمد رسول اللہ'' کندہ کرایا، اور اس بات سے منع کیا کہ کوئی اپنی انگوٹھی پر یہ عبارت کندہ کرائے (تاکہ مہر مشتبہ نہ ہو) اور یہی وہ انگوٹھی ہے جو معیقیب رضی اللہ عنہ کے ہاتھ سے بیر اریس میں گر گئی تھی (یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

حدیث (۷): محمد باقر رحمہ اللہ فرماتے ہیں: حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھیاں پہنا کرتے تھے (بلکہ بیہقی کی روایت میں باقر رحمہ اللہ کا بیان ہے کہ نبی ﷺ اور حضرات ابوبکر وعمر وعلی اور

حضرات حسنین رضی اللہ عنہم بائیں ہاتھ میں انگوٹھیاں پہنا کرتے تھے)

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۶ حدیث ۱۷۴۴ تحفہ ۵:۵۷۵) میں آگئی ہے۔

حدیث (۸): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے (اس حدیث کی یہی ایک سند ہے، اور قتادہ کے بعض تلامذہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے، مگر یہ روایت صحیح نہیں)

حدیث (۹): ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی، اور اس کو دائیں ہاتھ میں پہننا شروع کیا، پس لوگوں نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنائیں، پھر ایک دن منبر پر بیٹھ کر ارشاد فرمایا: ''میں اس کو کبھی نہیں پہنونگا (کیونکہ اب سونا مردوں کے لئے حرام ہوگیا ہے) پھر آپؐ نے وہ انگوٹھی نکال کر نیچے ڈال دی تو لوگوں نے بھی (اپنی سونے کی انگوٹھیاں) نکال کر نیچے ڈال دیں (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۶ حدیث ۱۷۴۲ تحفہ ۵:۵۷۴) میں آگئی ہے)

[۱۳-] بابُ مَاجَاءَ فِيْ أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ

[۹۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ الْبَغْدَادِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالاَ: أَخْبَرَنَا يَحْيىَ بْنُ حَسَّانٍ، أَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ رَضی الله عنه: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَلْبَسُ خَاتَمَهُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، أَنَا أَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلاَلٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ نَحْوَهُ.

[۹۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، أَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ ابْنَ أَبِيْ رَافِعٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: رَأَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ جَعْفَرٍ: كَانَ النبیُّ صلی الله علیه وسلم يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

[۹٤-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسَى، أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، أَنْبَأَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

[۹٥-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ: زِيَادُ بْنُ يَحْيىَ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُوْنٍ، عَنْ جَعْفَرَ بْنَ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: أَنَّ النبیَّ صلی الله علیه وسلم كَانَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

[۹٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ، وَلاَ إِخَالُهُ إِلاَّ قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهِ.

[۹۷-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، أَنَا سُفْیَانُ، عَنْ أَیُّوْبَ بْنِ مُوْسَی، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ فِضَّةٍ، وَجَعَلَ فَصَّهُ مِمَّا یَلِیْ کَفَّهُ، وَنَقَشَ فِیْهِ:" مُحمدٌ رسولُ اللّٰهِ" وَنَهَی أَنْ یَنْقُشَ أَحَدٌ عَلَیْهِ، وَهُوَ الَّذِیْ سَقَطَ مِنْ مُعَیْقِیْبٍ فِیْ بِئْرِ أَرِیْسَ.

[۹۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: أَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: کَانَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ رضی اللہ عنهما یَتَخَتَّمَانِ فِیْ یَسَارِهِمَا.

[۹۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا مُحمدُ بْنُ عِیْسَی: هوَ ابْنُ الطَّبَّاعِ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَخَتَّمَ فِیْ یَمِیْنِهِ.

قَالَ أَبُوْ عیسیٰ: هٰذَا حدیثٌ غریبٌ، لاَنَعْرِفُهُ مِنْ حَدِیْثِ سَعِیْدِ بْنِ أَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم نَحْوَ هٰذَا إِلاَّ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَرَوَی بَعْضُ أَصْحَابِ قَتَادَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیه وسلم تَخَتَّمَ فِیْ یَسَارِهِ، وَهُوَ حَدِیْثٌ لاَیَصِحُّ أَیْضًا.

[۱۰۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عُبَیْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ مُوْسَی بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: اتَّخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَکَانَ یَلْبَسُهُ فِیْ یَمِیْنِهِ، فَاتَّخَذَ النَّاسُ خَوَاتِیْمَ مِنْ ذَهَبٍ، فَطَرَحَهُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم، وَقَالَ: لاَ أَلْبَسُهُ أَبَدًا، فَطَرَحَ النَّاسُ خَوَاتِیْمَهُمْ.

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ سَیْفِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیه وسلم

نبی ﷺ کی تلوار کی حالت کا بیان

اس باب میں چار روایتیں ہیں، اور چاروں سنن میں آچکی ہیں: پہلی روایت: حضرت انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی تلوار کا قَبِیْعَة (دستہ کا کنارہ) چاندی کا تھا۔ دوسری روایت: سعید کی ہے، اس کا بھی یہی مضمون ہے۔ تیسری روایت: مزیدہ عصریؓ کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن جو تلوار لے کر مکہ میں داخل ہوئے تھے: اس پر سونے چاندی کا کام تھا۔ حدیث کے راوی طالب نے ہود سے پوچھا: چاندی کس جگہ تھی؟ ہود نے کہا: تلوار کا قبیعہ چاندی کا تھا۔

حوالہ: یہ سب حدیثیں ابواب الجہاد (باب ۱۶ تحفہ ۴: ۶۱۲) میں ہیں۔

حدیث (۴): ابن سیرینؒ کہتے ہیں: میں نے اپنی تلوار حضرت سمرةؓ کی تلوار کے نمونہ پر بنائی ہے، اور حضرت سمرہؓ فرماتے تھے کہ ان کی تلوار رسول اللہ ﷺ کی تلوار جیسی تھی، اور آپ ﷺ کی تلوار حنفی تھی (بنوحنیفہ: عرب کا ایک قبیلہ

ہے،اس قبیلہ کی طرف منسوب تلوار حنفی کہلاتی تھی) یہ حدیث ابواب الجہاد (باب ۱۲ حدیث ۱۶۷۴ تحفہ ۴: ۶۰۸) میں آئی ہے۔

[۱۴-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ سَيْفِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۰۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، أَنْبَأَنَا أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فِضَّةٍ.

[۱۰۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، قَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ فِضَّةٍ.

[۱۰۳-] حدثنا أَبُوْ جَعْفَرٍ مُحمدُ بْنُ صُدْرَانَ الْبَصْرِيُّ، أَنَا طَالِبُ بْنُ حُجَيْرٍ، عَنْ هُوْدٍ: وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: دَخَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَعَلَى سَيْفِهِ ذَهَبٌ وَفِضَّةٌ، قَالَ طَالِبٌ: فَسَأَلْتُهُ عَنِ الْفِضَّةِ، فَقَالَ: كَانَتْ قَبِيْعَةُ السَّيْفِ فِضَّةً.

[۱۰۴-] حدثنا مُحمدُ بْنُ شُجَاعٍ الْبَغْدَادِيُّ، أَنَا أَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ: صَنَعْتُ سَيْفِيْ عَلَى سَيْفِ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، وَزَعَمَ سَمُرَةُ أَنَّهُ صَنَعَ سَيْفَهُ عَلَى سَيْفِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ حَنَفِيًّا.

حدثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكَرَّمٍ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ بِهٰذَا الإِسْنَادِ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ دِرْعِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی زِرہ (فولاد کے جالی دار کرتے) کا بیان

حدیث (۱): حضرت زبیرؓ کہتے ہیں: جنگِ احد میں نبی ﷺ نے دو زرہیں زیب تن فرمائی تھیں، پس آپؐ نے ایک چٹان پر چڑھنا چاہا، مگر چڑھ نہ سکے (کیونکہ چٹان بہت اونچی تھی، اور بدن پر دو زرہوں کا بوجھ تھا) چنانچہ آپؐ نے حضرت طلحہؓ کو نیچے بٹھایا، پس آپؐ چڑھے، یہاں تک کہ چٹان پر پہنچ گئے۔ حضرت زبیر کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ''طلحہ نے اپنے لئے جنت واجب کرلی!''

حوالہ: یہ حدیث سنن میں دو جگہ آئی ہے: (۱) ابواب الجہاد (باب ۱۷ حدیث ۱۶۸۳ تحفہ ۴: ۶۱۳) (۲) اسی جلد میں (ابواب المناقب، مناقب طلحہ، حدیث ۳۷۶۶)

حدیث (۲): سائب بن یزیدؓ کہتے ہیں: جنگِ احد میں نبی ﷺ کے جسم میں دو زرہیں تھیں، آپؐ نے دونوں کو اوپر تلے پہن رکھا تھا (یہ حدیث ابوداؤد، ابن ماجہ اور مسند احمد میں ہے)

[۱۵-] بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ دِرْعِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۱۰۵-] حدثنا أَبُوْ سَعِيْدٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْأَشَجُّ، أَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ محمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَحْيىَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، قَالَ: كَانَ عَلَى النبىِّ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ أُحُدٍ دِرْعَانِ، فَنَهَضَ إِلَى الصَّخْرَةِ، فَلَمْ يَسْتَطِعْ، فَأَقْعَدَ طَلْحَةَ تَحْتَهُ، وَصَعِدَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى اسْتَوَى عَلَى الصَّخْرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ النبىَّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "أَوْجَبَ طَلْحَةُ"

[۱۰۶-] حدثنا ابْنُ أَبِىْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ عَلَيْهِ يَوْمَ أُحُدٍ دِرْعَانِ، قَدْ ظَاهَرَ بَيْنَهُمَا.

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ مِغْفَرِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خُود (لوہے کی ٹوپی) کا بیان

حدیث (۱): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم (فتح مکہ کے سال) مکہ میں داخل ہوئے، درانحالیکہ آپؐ نے خود پہن رکھا تھا۔ پس آپؐ کو اطلاع دی گئی کہ ابن خطل کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے! آپؐ نے فرمایا: "اس کو قتل کرو"

حوالہ: یہ حدیث ابواب الجہاد (باب ۱۸ حدیث ۱۶۸۴) میں آئی ہے۔

حدیث (۲): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ میں داخل ہوئے، درانحالیکہ آپؐ کے سر پر خود تھا، انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: پس جب آپؐ نے خود اتارا تو ایک شخص آیا، اور اس نے آپؐ سے کہا: ابن خطل کعبہ کے پردوں سے چمٹا ہوا ہے (اس کو وہاں قتل کیا جائے یا نہیں؟ یہ شخص اُن بارہ آدمیوں میں سے تھا جن کو امان نہیں دی گئی تھی) پس آپؐ نے فرمایا: "اس کو قتل کرو" امام زہری رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام نہیں باندھا تھا، یہ متفق علیہ روایت ہے (بخاری کتاب المغازی، باب ۴۹ حدیث ۴۲۸۶)

[۱۶-] بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ مِغْفَرِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۱۰۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ، وَعَلَيْهِ مِغْفَرٌ، فَقِيْلَ لَهُ: هٰذَا ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: "اقْتُلُوْهُ"

[۱۰۸-] حدثنا عِيْسَى بْنُ أَحْمَدَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ، ثَنِىْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ، وَعَلَى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ، قَالَ:

فَلَمَّا نزَعَهُ جاءَ هُ رَجُلٌ، فَقَالَ لَهُ: إِنَّ ابْنَ خَطَلٍ مُتعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: " اقْتُلُوْهُ" قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: وَبَلَغَنِیْ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لَمْ يَكُنْ يَوْمَئِذٍ مُحْرِمًا.

بابُ ماجاءَ فِی عِمَامَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے عمامہ (پگڑی) کا بیان

پگڑی باندھنا سنت ہے، نبی ﷺ پگڑی باندھتے تھے، اور صحابہ بھی، اس سلسلہ میں فعلی اور قولی روایات ہیں، اور پگڑی سرخ کے علاوہ کسی بھی رنگ کی باندھنا جائز ہے۔

حدیث (۱): جابرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ فتح مکہ کے سال مکہ میں داخل ہوئے، درانحالیکہ آپؐ کے سر پر سیاہ پگڑی تھی (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۱ حدیث ۱۷۲۶ تحفہ ۵:۷۰) میں آئی ہے)

حدیث (۲و۳): عمرو بن حُریثؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کے سر پر سیاہ پگڑی دیکھی (پہلی روایت مُساور ورّاق سے سفیان بن عیینہ کی ہے، اور دوسری وکیع کی، اس کا مضمون بھی یہی ہے کہ نبی ﷺ نے لوگوں سے خطاب کیا، درانحالیکہ آپؐ کے سر پر سیاہ پگڑی تھی (یہ روایت مسلم شریف کی ہے)

حدیث (۴): ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب پگڑی باندھتے تھے تو شملہ اپنے دونوں شانوں کے درمیان چھوڑتے تھے، نافع کہتے ہیں: ابن عمرؓ کا بھی یہی معمول تھا، اور عبید اللہ عمری کہتے ہیں: میں نے قاسم اور سالم کو بھی ایسا ہی کرتے دیکھا ہے (یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۱۲ حدیث ۱۷۲۷ تحفہ ۵:۷۱) میں آئی ہے)

حدیث (۵): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے لوگوں سے خطاب فرمایا، درانحالیکہ آپؐ کے سر پر سیاہ پگڑی تھی۔

لغات: العِصابة: عمامہ، پگڑی۔ عَصَبَ الشیئَ: باندھنا، موڑنا، طے کرنا...... عِصابَةٌ دَسْمَاء: سیاہ پگڑی، دَسِمَ (س) الشیئُ: چربی دار ہونا، روغن دار ہونا، یہاں عِصابَة کے معنی پگڑی، اور دَسْماء کے معنی "سیاہ" کئے گئے ہیں۔

[-۱۷] بابُ ماجاءَ فِیْ عِمَامَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

[-۱۰۹] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، ح: وَحَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: دَخَلَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

[-۱۱۰] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُسَاوِرِ الْوَرَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلَی رَسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم عِمَامَةً سَوْدَاءَ.

[۱۱۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، وَيُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، قَالَا: ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ مُسَاوِرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسَ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ.

[۱۱۲-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحمدٍ الْمَدِيْنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا اعْتَمَّ: سَدَلَ عِمَامَتَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ، قَالَ عُبَيْدُ اللهِ: وَرَأَيْتُ الْقَاسِمَ ابْنَ مُحمدٍ وَسَالِمًا يَفْعَلَانِ ذٰلِكَ.

[۱۱۳-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا أَبُوْ سُلَيْمَانَ: وَهُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْغَسِيْلِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم خَطَبَ النَّاسُ، وَعَلَيْهِ عِصَابَةٌ دَسْمَاءُ.

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ إِزَارِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی لنگی کی حالت کا بیان

حدیث (۱): ابوبُردہ کہتے ہیں: عائشہؓ نے ہمیں ایک موٹی اوڑھنے کی چادر اور ایک موٹی لنگی دکھائی، اور فرمایا: ان دو کپڑوں میں نبی ﷺ کی وفات ہوئی ہے (کِساء: اوڑھنے کی چادر۔ مُلَبَّدٌ: اسم مفعول: موٹی، لَبَّدَ الشيئَ بالشيءِ: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مضبوط چپکانا، جوڑنا، ٹھوس بنانا، مراد: موٹی، دبیز...... اور غلیظ: ملبد سے کم موٹی ہوتی ہے یا اس کا برعکس (یہ حدیث ابواب اللباس (باب۱۰ حدیث۱۷۲۴ تحفہ ۵:۶۹) میں آگئی ہے)

حدیث (۲): اشعث بن سُلیم ابی الشعثاء: اپنی پھوپھی رُہم بنت الاسود (مجہول راویہ) سے، اور وہ اپنے چچا عبید بن خالد محاربیؓ سے روایت کرتی ہیں: عبید کہتے ہیں: دریں اثنا کہ میں مدینہ میں چل رہا تھا، اچانک ایک انسان میرے پیچھے کہہ رہا ہے: ''اپنی لنگی اوپر اٹھاؤ، یہ زیادہ پرہیزگاری کی بات اور دیرپا ہے!'' یعنی لنگی اونچی باندھنے سے کبر وغرور سے حفاظت ہوتی ہے، اور کپڑا زیادہ دنوں تک چلتا ہے۔ پس اچانک وہ رسول اللہ ﷺ تھے، پس میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ معمولی چدر یہ ہے! یعنی اس میں کیا تکبر ہوسکتا ہے؟ اور اس کی حفاظت کی کیا ضرورت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''کیا تیرے لئے میری ذات میں نمونہ نہیں!'' پس میں نے دیکھا کہ اچانک آپؐ کی لنگی آدھی پنڈلی تک تھی (مسند احمد (۴: ۳۹۰) میں شریدؓ (بروزن طویل) کی روایت اس کی شاہد ہے)

حدیث (۳): سلمۃ بن الاکوعؓ کہتے ہیں: حضرت عثمانؓ آدھی پنڈلی تک لنگی رکھتے تھے، اور فرماتے تھے: میرے آقا (نبی ﷺ) کی لنگی ایسی ہی تھی (موسیٰ ضعیف راوی ہے، مگر آئندہ روایت، اور مشکوٰۃ (حدیث ۴۳۳۱) میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت: اس کی شاہد ہیں)

حدیث (۴): حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے میری یا اپنی پنڈلی کا پٹھا پکڑا، اور فرمایا: ''یہ لنگی کی جگہ ہے!'' یعنی لنگی یہاں تک ہونی چاہئے ''پس اگر آپ انکار کریں تو اس سے کچھ نیچی پہنیں، پس اگر آپ انکار کریں تو کوئی حق نہیں لنگی کے لئے ٹخنوں پر (یہ حدیث اعلی درجہ کی صحیح ہے اس سے ثابت ہوا کہ مسنون طریقہ آدھی پنڈلی تک لنگی پہننے کا ہے، اور ٹخنوں سے اوپر تک جائز ہے، اور ٹخنوں سے نیچے پہننا حرام ہے)

حوالہ: یہ حدیث ابواب اللباس (باب ۴۱ حدیث ۱۷۷۷، تحفہ ۵:۱۰۶) میں آئی ہے۔

[۱۸-] بابُ مَاجاءَ فِيْ صِفَةِ إِزَارِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۱٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِىْ بُرْدَةَ، قَالَ: أَخْرَجَتْ لَنَا عَائِشَةُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهَا كِسَاءً مُلَبَّدًا وَإِزَارًا غَلِيْظًا، فَقَالَتْ: قُبِضَ رُوْحُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ هٰذَيْنِ.

[۱۱٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْأَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّتِيْ، فَحَدَّثَتْ عَنْ عَمِّهَا، قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَمْشِىْ فِى الْمَدِيْنَةِ، إِذَا إِنْسَانٌ خَلْفِىْ يَقُوْلُ: '' ارْفَعْ إِزَارَكَ، فَإِنَّهُ أَتْقَى وَأَبْقَى'' فَإِذَا هُوَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ، إِنَّمَا هِىَ بُرْدَةٌ مَلْحَاءُ، قَالَ: '' أَمَا لَكَ فِيَّ أُسْوَةٌ؟'' فَنَظَرْتُ، فَإِذَا إِزَارُهُ إِلَى نِصْفِ سَاقَيْهِ.

[۱۱٦-] حدثنا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ يَأْتَزِرُ إِلَى أَنْصَافِ سَاقَيْهِ، وَقَالَ: هٰكَذَا كَانَتْ إِزْرَةُ صَاحِبِىْ، يَعْنِىْ النبيَّ صلى الله عليه وسلم.

[۱۱۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِىْ إِسْحَاقَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ نُذَيْرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ ابْنِ الْيَمَانِ، قَالَ: أَخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِعَضَلَةِ سَاقِىْ، أَوْ: سَاقِهِ، فَقَالَ: '' هٰذَا مَوْضِعُ الإِزَارِ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَأَسْفَلَ، فَإِنْ أَبَيْتَ فَلَا حَقَّ لِلإِزَارِ فِى الْكَعْبَيْنِ''

بابُ ماجاءَ فِى مِشْيَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی رفتار (چال) کا بیان

حدیث (۱): ابوہریرہؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے زیادہ خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی، گویا سورج آپؐ کے چہرے میں رواں تھا۔ یعنی رخ انور میں غایت درجہ چمک تھی۔ اور میں نے اپنی چال میں رسول اللہ ﷺ

سے تیز رفتار کسی کو نہیں دیکھا، گویا زمین آپؐ کے لئے لپیٹی جاتی تھی، بیشک ہم خود کو (آپؐ کے ساتھ چلتے ہوئے) تھکا دیتے تھے، اور آپؐ تیز رفتار نہیں چل رہے ہوتے تھے (بلکہ اپنی معمولی رفتار سے چل رہے ہوتے تھے)

حوالہ: یہ حدیث اسی جلد میں (مناقب باب ۲۶ حدیث ۳۶۷۷) آئی ہے، غیر مکترث کی لغوی تحقیق بھی وہاں ہے۔

حدیث (۲): حضرت علیؓ جب نبی ﷺ کا حلیہ بیان کرتے تو کہتے: جب آپؐ چلتے تھے تو قوت سے پیر اٹھاتے تھے، گویا آپؐ نشیب میں میں اتر رہے ہیں (یہ حدیث شمائل ہی میں (حدیث ۶) آچکی ہے)

حدیث (۳): بھی حضرت علیؓ کی ہے، اور اس کا مضمون بھی وہی ہے جو حدیث ۲ کا ہے۔

لغات: تَقَلَّع فی مِشْیَته: آگے کی طرف توازن کے ساتھ جھک کر چلنا، جیسے اوپر سے دباؤ کے ساتھ آرہا ہو، ایسی صورت میں آدمی پیر قوت سے اٹھاتا ہے، پیر گھسیٹ کر نہیں چلتا...... تکَفَّأَ فِیْ مِشْیَتِه: اتراتے ہوئے چلنا، ایسی صورت میں بھی آدمی پیر قوت سے اٹھاتا ہے۔

[۱۹-] بابُ ماجاءَ فِیْ مِشْیَةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۱۸-] حدثنا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ، أَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ، عَنْ أَبِیْ یُوْنُسَ، عَنْ أَبِیْ هُرِیْرَةَ، قَالَ: مارَأَیْتُ شَیْئًا أَحْسَنَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، کَأَنَّ الشَّمْسَ تَجْرِیْ فِیْ وَجْهِهِ، وَمَا رَأَیْتُ أَحَدًا أَسْرَعَ فِیْ مِشْیَتِهِ مِنْ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، کَأَنَّمَا الْأَرْضُ تُطْوَی لَهُ، إِنَّا لَنُجْهِدُ أَنْفُسَنَا، وَإِنَّهُ لَغَیْرُ مُکْتَرِثٍ.

[۱۱۹-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ: مَوْلَی غُفْرَةَ، قَالَ: ثَنِیْ إِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُحمدٍ، مِنْ وَلَدِ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ، قَالَ: کَانَ عَلِیٌّ إِذَا وَصَفَ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: کَانَ إِذَا مَشَی تَقَلَّعَ، کَأَنَّمَا یَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ.

[۱۲۰-] حدثنا سُفْیَانُ بْنُ وَکِیْعٍ، قَالَ: أَنَا أَبِیْ، عَنِ الْمَسْعُوْدِیِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ أَبِیْ طَالِبٍ رضی اللہ عنه، قَالَ: کَانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم إِذَا مَشَی تَکَفَّأَ کَأَنَّمَا یَنْحَطُّ مِنْ صَبَبٍ.

بابُ ماجاءَ فِی تَقَنُّعِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے قِناع (سر کے کپڑے) کا بیان

تَقَنَّعَ: کپڑا اوڑھنا، سر پر رومال وغیرہ ڈالنا۔ تقَنَّعَ المرأةُ: اوڑھنی اوڑھنا۔ القِناع: اوڑھنی دوپٹا۔ نبی ﷺ اکثر (جب گھر میں ہوتے تھے) سر پر کپڑا باندھ لیتے تھے، گویا آپؐ کا وہ کپڑا تیلی کا کپڑا تھا، یعنی تیلی کے کپڑوں کی طرح

چکنا ہوجاتا تھا (یہ حدیث شمائل میں (حدیث ۳۲) آچکی ہے)

[۲۰-] بابُ ماجاءَ فِی تَقَنُّعِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۲۱-] حدثنا یُوْسُفُ بْنُ عِیْسَی، أَنَا وَکِیْعٌ، أَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ صَبِیْحٍ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبَانٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِکٍ، قَالَ: کَانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یُکْثِرُ الْقِنَاعَ، کَأَنَّ ثَوْبَہُ ثَوْبُ زَیَّاتٍ.

بابُ ماجاءَ فِی جِلْسَةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کی نشست (بیٹھنے کی حالت) کا بیان

حدیث (۱): حضرت قیلہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں دیکھا، درانحالیکہ آپؐ اکڑوں (گوٹ مارکر) بیٹھے ہوئے تھے، وہ کہتی ہیں: پس جب میں نے رسول اللہ ﷺ کو خاکساری کی حالت میں بیٹھا ہوا دیکھا تو میں خوف سے لرز گئی (یہ حدیث تھوڑی سی ابواب الاستیذان (باب ۸۴ حدیث ۲۸۱۹ تحفہ ۶: ۵۶۹) میں آئی ہے، اور اس کا ایک حصہ شمائل میں (حدیث ۶۴) آیا ہے، تیسرا حصہ یہاں ہے، اور پوری حدیث طبرانی کی معجم کبیر جلد ۲۵ کے شروع میں ہے۔

لغات: القُرْفُصَاء: اکڑوں بیٹھک (سرین کے بل بیٹھ کر دونوں رانوں کو پیٹ سے ملانا، اور دونوں ہاتھوں کا پنڈلیوں کے اوپر حلقہ بنانا، اس کو گوٹ مارکر بیٹھنا بھی کہتے ہیں...... الفرَق: خوف، ڈر۔

حدیث (۲): عباد بن تمیم کے چچا حضرت عبداللہ بن زید بن عاصمؓ نے نبی ﷺ کو مسجد نبوی میں اس حال میں لیٹے ہوئے دیکھا کہ آپؐ اپنا ایک پیر دوسرے پیر پر رکھے ہوئے تھے (یہ حدیث اس باب میں شاید اس لئے لائے ہیں کہ لیٹنے کی حالت کو بیٹھنے کی حالت کے ساتھ لاحق کیا ہے۔ یہ حدیث (باب ۵۳ حدیث ۲۷۶۹ تحفہ ۶: ۵۳۴) میں آئی ہے)

حدیث (۳): ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں تشریف فرما ہوتے تھے تو اپنے دونوں ہاتھوں سے حبوہ بنالیتے تھے (الحبوۃ (حاء پر تینوں حرکتیں): وہ نشست جس میں آدمی سرین کے بل بیٹھ کر اپنی دونوں رانوں سے پنڈلیاں ملاکر گھٹنے کھڑے کرلیتا ہے، اور ہاتھ پنڈلیوں پر باندھ لیتا ہے، اور وہ کپڑا جس کا حبوہ بنایا جائے یعنی مذکورہ طریق پر بیٹھ کر کمر اور پنڈلیوں کے گرد کوئی کپڑا وغیرہ باندھ لیا جائے تو اس کو بھی حبوہ کہتے ہیں، جمع حُبیً۔

[۲۱-] بابُ ماجاءَ فِی جِلْسَةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۲۲-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَیْدٍ، أَنْبَأَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنِ حَسَّانٍ، عَنْ جَدَّتَیْہِ، عَنْ قَیْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ: أَنَّھَا رَأَتْ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِی الْمَسْجِدِ، وَھُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ، قَالَتْ: فَلَمَّا رَأَیْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الْمُتَخَشِّعَ فِی الْجِلْسَةِ، أُرْعِدْتُ مِنَ الْفَرَقِ.

[۱۲۳-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ، عَنْ عَمِّهِ: أَنَّهُ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم مُسْتَلْقِيًا فِيْ الْمَسْجِدِ،وَاضِعًا إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى.

[۱۲٤-] حدثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ، أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الْمَدَنِيُّ، أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحمدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ: أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا جَلَسَ فِيْ الْمَسْجِدِ احْتَبَى بِيَدَيْهِ.

بابُ ماجاءَ فِي تُكَأَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

کسی چیز پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ٹیک لگانے کا بیان

التُّكَأَة: وہ چیز جس سے ٹیک لگائی جائے، سہارا لیا جائے، جیسے تکیہ، چھڑی یا کمان وغیرہ۔

حدیث (۱): جابر بن سمرہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گدے پر اپنی بائیں جانب ٹیک لگائے ہوئے دیکھا (یہ حدیث ابواب الاستیذان (باب ۵۷ حدیث ۲۷۷۴ تحفہ ۶: ۵۳۸) میں آگئی ہے)

حدیث (۲): ابوبکرہؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کیا میں تمہارے سامنے بہت بڑے کبیرہ گناہ بیان نہ کروں؟'' صحابہ نے عرض کیا: کیوں نہیں! اے اللہ کے رسول! آپؐ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا، اور والدین کے ساتھ بدسلوکی کرنا'' حضرت ابوبکرۃ کہتے ہیں: اور آپؐ سیدھے بیٹھ گئے، پہلے آپؐ ٹیک لگائے ہوئے تھے، اور فرمایا: ''جھوٹی گواہی'' یا فرمایا: ''جھوٹی بات'' آپؐ یہ بات بار بار فرماتے رہے، یہاں تک کہ ہم نے (دل میں) کہا: کاش آپؐ خاموش ہوجاتے! (یہ حدیث ابواب البر والصلہ (باب ۴ حدیث ۱۸۹۷ تحفہ ۵: ۲۴۵) میں آگئی ہے)

حدیث (۳و۴): ابوجحیفہؓ سے مروی ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''رہا میں تو ٹیک لگا کر نہیں کھاتا'' (یہ روایت منفی پہلو سے ہے کہ ٹیک لگانا جائز ہے، مگر کھاتے وقت ٹیک نہیں لگانی چاہئے۔ اور پہلی حدیث شریک نخعیؒ کی علی بن اقمر سے روایت ہے اور دوسری سفیان ثوری کی) یہ حدیث ابواب الاطعمہ (باب ۲۷ حدیث ۱۸۲۴ تحفہ ۵: ۱۷۲) میں آئی ہے۔

حدیث (۵): پہلی حدیث ہی ہے، وہ اسحاق بن منصور کی اسرائیل سے روایت تھی، اس میں علی یسارہ تھا۔ اور یہ وکیع کی اسرائیل سے روایت ہے، اس میں علی یسارہ نہیں ہے، امام ترمذی نے اسی روایت کو ترجیح دی ہے، کیونکہ وکیع کے متابع ہیں، اور اسحاق کا کوئی متابع نہیں۔

[۲۲-] بابُ ماجاءَ فِي تُكَأَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۲۵-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، أَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ، عَنْ

سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ عَلَى يَسَارِهِ.

[۱۲۶-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، أَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، أَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَلاَ أُحَدِّثُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟" قَالُوْا: بَلَى، يَارسولَ اللّٰهِ! قَالَ: "الإِشْرَاكُ بِاللّٰهِ، وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ" قَالَ: وَجَلَسَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ مُتَّكِئًا، قَالَ: "وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ" أَوْ: "قَوْلُ الزُّوْرِ" قَالَ: فَمَا زَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُهَا، حَتَّى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ!

[۱۲۷-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِيْ جُحَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا أَنَا فَلاَ آكُلُ مُتَّكِئًا"

[۱۲۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، حدثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، أَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُحَيْفَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لاَ آكُلُ مُتَّكِئًا"

[۱۲۹-] حدثنا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسَى، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ.

قَالَ أَبُوْ عِيْسَى: لَمْ يَذْكُرْ وَكِيْعٌ: "عَلَى يَسَارِهِ" وَهٰكَذَا رَوَى غَيْرُ وَاحِدٍ نَحْوَ رِوَايَةِ وَكِيْعٍ، وَلاَ نَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى فِيْهِ: "عَلَى يَسَارِهِ" إِلَّا مَارَوَى إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِسْرَائِيْلَ.

بابُ ماجاءَ فِي اتِّكَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

کسی شخص پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ٹیک لگانے کا بیان

حدیث (۱): انسؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے، پس آپؐ اسامۃ بن زیدؓ کا سہارا لئے ہوئے گھر سے نکلے، درانحالیکہ آپؐ پر ایک یمنی منقش کپڑا تھا، جس کو آپؐ نے اوڑھ رکھا تھا، پس آپؐ نے لوگوں کو نماز پڑھائی (یہ حدیث ابھی شمائل (حدیث ۵۸) میں آئی ہے)

حدیث (۲): فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں داخل ہوا، آپؐ کی اس بیماری میں جس میں آپؐ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ کے سر پر ایک پیلا کپڑا بندھا ہوا تھا۔ میں نے آپؐ کو سلام کیا، آپؐ نے (بعد جواب) فرمایا: "اے فضل!" میں نے کہا: یارسول اللہ! حاضر ہوں! آپؐ نے فرمایا: "اس کپڑے سے میرا سر مضبوط باندھ دو" فضل کہتے ہیں: میں نے یہ کام کیا، پھر آپؐ نے اپنی ہتھیلی میرے مونڈھے پر رکھی، اور کھڑے ہوئے اور مسجد

میں تشریف لے گئے۔ یہ لمبی حدیث ہے (طبرانی نے معجم کبیر واوسط میں اور ابویعلی نے اس کو روایت کیا ہے، وہاں سے مجمع الزوائد (۹:۲۵) میں منقول ہے، اور اس کا ترجمہ خصائل نبوی میں ہے)

[۲۳-] بابُ ماجاءَ فِی اتِّکَاءِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۳۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَیْدٍ، عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ شَاکِیًا، فَخَرَجَ یَتَوَکَّأُ عَلَی أُسَامَةَ بْنِ زَیْدٍ، وَعَلَیْهِ ثَوْبٌ قِطْرِیٌّ، قَدْ تَوَشَّحَ بِهِ، فَصَلّٰی بِهِمْ.

[۱۳۱-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا مُحمدُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثَنَا عَطَاءُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَفَّافُ الْحَلَبِیُّ، أَنَا جَعْفَرُ بْنُ بُرْقَانَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِیْ رَبَاحٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَی رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ، وَعَلَی رَأْسِهِ عِصَابَةٌ صَفْرَاءُ، فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ، فَقَالَ: "یَا فَضْلُ!" قُلْتُ: لَبَّیْكَ یَارسولَ اللّٰہِ! قَالَ: "اشْدُدْ بِهٰذِهِ الْعِصَابَةِ رَأْسِیْ" قَالَ: فَفَعَلْتُ، ثُمَّ قَعَدَ، فَوَضَعَ کَفَّهُ عَلَی مَنْکِبِیْ، ثُمَّ قَامَ فَدَخَلَ فِیْ الْمَسْجِدِ، وَفِی الْحَدِیْثِ قِصَّةٌ.

بابُ ماجاءَ فِی أَکْلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے کھانا تناول فرمانے کا بیان

حدیث (۱): کعب بن مالکؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ (کھانے کے بعد) اپنی انگلیاں تین مرتبہ چاٹ لیا کرتے تھے (یہ محمد بن بشار کی روایت سے، دوسرے روات کہتے ہیں: آپؐ اپنی تین انگلیاں (جن سے کھاتے تھے ان کو) چاٹ لیتے تھے، آگے حدیث ۱۳۵ میں بھی یہی بات آرہی ہے، پس ضرورت ہوتو ایک سے زیادہ مرتبہ بھی چاٹ سکتے ہیں، مگر لامحالہ تین مرتبہ چاٹنا سنت نہیں)

حدیث (۲): انسؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ کھانا تناول فرماتے تو اپنی تین انگلیاں چاٹ لیتے تھے۔

حوالہ: یہ حدیث ابواب الاطعمہ (باب ۱۱ حدیث ۱۷۹۷ تحفہ ۵:۱۵۲) میں آئی ہے، اور وہاں انگلیاں چاٹنے کے مسائل بھی بیان کئے ہیں۔

حدیث (۳): ابوجحیفہؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: "رہا میں تو ٹیک لگا کر نہیں کھاتا" (یہ حدیث ابھی شمائل (حدیث ۱۲۷) میں آگئی ہے)

حدیث (۴): کعب بن مالکؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اپنی تین انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے تھے، اور ان

انگلیوں کو چاٹ لیتے تھے (تحفہ (۵:۱۵۲) میں تین انگلیوں سے کھانے کی حکمت بیان کی گئی ہے)

حدیث (۵): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھوہارے لائے گئے، پس میں نے آپؐ کو کھاتے ہوئے دیکھا، درانحالیکہ آپؐ اکڑوں بیٹھنے والے تھے، بھوک کی وجہ سے یعنی جلدی کی وجہ سے۔

لغت: مُقْعٍ: اسم فاعل، إِقْعَاء: رانیں ملا کر کھڑی کر کے کولہوں پر بیٹھنا، اکڑوں بیٹھنا۔

[۲۴-] بابُ ماجاءَ فِی أَكْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۳۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ ابنِ لَكَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ ثَلَاثًا.

قَالَ أَبُوْ عِيسىٰ: رَوَى غَيْرُ مُحمدِ بْنِ بَشَّارٍ هٰذَا الحديثَ، قَالَ: يَلْعَقُ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ.

[۱۳۳-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْخَلَّالُ، ثَنَا عَفَّانُ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَكَلَ طَعَامًا لَعِقَ أَصَابِعَهُ الثَّلَاثَ.

[۱۳۴-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ الصُّدَائِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "أَمَّا أَنَا فَلَا آكُلُ مُتَّكِئًا"

حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْأَقْمَرِ نَحْوَهُ.

[۱۳۵-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ ابْنٍ لِكَعْبِ ابْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ بِأَصَابِعِهِ الثَّلَاثِ، وَيَلْعَقُهُنَّ.

[۱۳۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، ثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: أُتِيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِتَمْرٍ، فَرَأَيْتُهُ يَأْكُلُ، وَهُوَ مُقْعٍ، مِنَ الْجُوْعِ.

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ خُبْزِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی روٹی کی حالت کا بیان

حدیث (۱): عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے دو دن مسلسل جو کی روٹی سے شکم سیر ہو کر نہیں کھایا، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی (ترمذی ابواب الزہد، باب ۲۸ حدیث ۲۳۵۰ تحفہ ۶:۱۳۶)

حدیث (۲): ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں سے جو کی روٹی بچتی نہیں تھی، یعنی ضرورت سے زیادہ پکتی نہیں تھی (ترمذی حدیث ۲۳۵۲ تحفہ ۶:۱۳۶)

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ اور آپؐ کے گھر والے پے بہ پے کئی راتیں بھوکے رہتے تھے، وہ رات کا کھانا نہیں پاتے تھے، اور ان حضرات کی روٹی عام طور پر جَو کی ہوتی تھی (ترمذی حدیث ۲۳۵۳ تحفہ ۶:۱۳۶)

حدیث (۴): سہل بن سعدؓ سے پوچھا گیا: رسول اللہ ﷺ نے میدہ کھایا ہے؟ حضرت سہلؓ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے وفات تک میدہ نہیں دیکھا! لوگوں نے دریافت کیا: دورِ نبوی میں آپ حضرات کے پاس چھلنیاں ہوتی تھیں؟ انھوں نے کہا: ہمارے پاس چھلنیاں نہیں ہوتی تھیں، پوچھا گیا: پھر جَو کس طرح استعمال کرتے تھے؟ انھوں نے جواب دیا: ہم اس میں پھونک مارا کرتے تھے، پس جو کچھ اڑنا ہوتا تھا اڑ جاتا تھا، پھر ہم اس کو بھگو لیتے تھے یعنی اس کو گوندھ لیتے تھے (ترمذی ابواب الزہد، باب ۲۸ حدیث ۲۳۵۷ تحفہ ۶:۱۲۸)

حدیث (۵): انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ نے میز ٹیبل پر نہیں کھایا، اور نہ آپؐ نے چھوٹی تشتری میں کھایا، اور نہ آپؐ کے لئے چپاتی پکائی گئی، یونس اسکاف نے قتادہ سے پوچھا: پھر دورِ نبوی میں لوگ کس چیز پر کھانا رکھ کر کھاتے تھے؟ قتادہ نے کہا: انہی چمڑے کے دسترخوانوں پر کھانا رکھ کر کھایا جاتا تھا (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ا حدیث ۱۷۸۲ تحفہ ۵:۱۲۸)

حدیث (۶): مسروق کہتے ہیں: میں عائشہؓ کے پاس گیا، انھوں نے میرے لئے کھانا منگوایا، اور فرمایا: میں جب بھی کوئی کھانا پیٹ بھر کر کھاتی ہوں، پھر میں رونا چاہتی ہوں تو رو پڑتی ہوں! مسروق نے پوچھا: آپؓ کیوں رو پڑتی ہیں؟ انھوں نے کہا: مجھے وہ حالت یاد آتی ہے جس پر نبی ﷺ دنیا سے جدا ہوئے ہیں یعنی آپؐ کی وفات تک جو ناداری کی حالت تھی، وہ مجھے یاد آتی ہے اور رلا دیتی ہے۔ بخدا! ایک دن میں آپؐ دو مرتبہ روٹی اور گوشت سے شکم سیر نہیں ہوئے (ترمذی ابواب الزہد، باب ۲۸ حدیث ۲۳۴۹ تحفہ ۶:۱۳۶)

حدیث (۷): صدیقہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ دو دن مسلسل جَو کی روٹی سے شکم سیر نہیں ہوئے، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی (ترمذی حدیث ۲۳۵۰ تحفہ ۶:۱۳۶)

حدیث (۸): انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے میز ٹیبل پر نہیں کھایا، اور نہ چپاتی کھائی ہے، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوگئی (یہ حدیث ۱۴۱ کے ہم معنی ہے)

[۲۵-] بابُ مَاجاءَ فِی صِفَةِ خُبْزِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۱۳۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، وَمُحمدُ بْنُ بُشَّارٍ، قَالاَ: ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِی إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، يُحَدِّثُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: مَا شَبِعَ آلُ مُحمدٍ صلی الله علیه وسلم مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ، حَتَّى قُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم.

[۱۳۸-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ محمدٍ الدُّوْرِيِّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، ثَنَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ سُلَيْمِ ابْنِ عَامِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ، يَقُوْلُ: مَاكَانَ يَفْضُلُ عَنْ أَهْلِ بيْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خُبْزُ الشَّعِيْرِ.

[۱۳۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ، ثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ رضى الله عنه، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَبِيْتُ اللَّيَالِيَ الْمُتَتَابِعَةَ طَاوِيًا هُوَ وَأَهْلُهُ، لايَجِدُوْنَ عَشَاءً، وَكَانَ أَكْثَرُ خُبْزِهِمْ خُبْزَ الشَّعِيْرِ.

[۱۴۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ: وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، ثَنَا أَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، أَنَّهُ قِيْلَ لَهُ: أَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ؟ يَعْنِيْ الْحُوَّارِيَّ، فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَأَى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم النَّقِيَّ، حَتَّى لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ، فَقِيْلَ لَهُ: هَلْ كَانَتْ لَكُمْ مَنَاخِلُ عَلَى عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: مَا كَانَتْ لَنَا مَنَاخِلُ! فَقِيْلَ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِالشَّعِيْرِ؟ قَالَ: كُنَّا نَنْفُخُهُ، فَيَطِيْرُ مِنْهُ مَاطَارَ، ثُمَّ نَعْجِنُهُ.

[۱۴۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: ثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَا أَكَلَ نَبِيُّ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى خِوَانٍ، وَلاَ فِيْ سُكُرُّجَةٍ، وَلاَ خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقٌ، قَالَ: فَقُلْتُ لِقَتَادَةَ: فَعَلاَمَ كَانُوْا يَأْكُلُوْنَ؟ قَالَ: عَلَى هٰذِهِ السُّفَرِ.

قَالَ مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ: يُوْنُسُ: هٰذَا الَّذِيْ رَوَى عَنْ قَتَادَةَ: هُوَ يُوْنُسُ الإِسْكَافُ.

[۱۴۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ الْمُهَلَّبِيُّ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَدَعَتْ لِيْ بِطَعَامٍ، وَقَالَتْ: مَا أَشْبَعُ مِنْ طَعَامٍ، فَأَشَاءُ أَنْ أَبْكِيَ إِلَّا بَكَيْتُ، قَالَ: قُلْتُ لِمَ؟ قَالَتْ: أَذْكُرُ الْحَالَ الَّتِيْ فَارَقَ عَلَيْهَا رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الدُّنْيَا، واللّٰهِ مَا شَبِعَ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ مَرَّتَيْنِ فِيْ يَوْمٍ.

[۱۴۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ، يُحدِّثُ عَنِ الأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا شَبِعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ حَتَّى قُبِضَ.

[۱۴۴-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: أَبُوْ عَمْرٍو، ثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَكَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى خِوَانٍ، وَلاَ أَكَلَ خُبْزًا مُرَقَّقًا حَتَّى مَاتَ.

بابُ ماجاءَ فِی إِدَامِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے سالن اور لاون کا بیان

یہ لمبا باب ہے۔ اس میں ۳۳ حدیثیں ہیں۔ لاون: وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں۔

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سرکہ بہترین لاون ہے!'' (امام دارمی کی روایت میں أُدْم اور إِدَام میں شک ہے، یہ دونوں لفظ مفرد ہیں، ان کی جمع أُدُم (بروزن کُتُب) ہے (ترمذی ابواب الاطعمۃ، باب ۳۴ حدیث ۱۸۳۶ تحفہ ۵:۱۸۰ میں حدیث کا شان ورود اور دیگر تفصیلات ہیں)

حدیث (۲): نعمان بن بشیرؓ کہتے ہیں: کیا تم نہیں ہو کھانے اور پینے میں جو تم چاہتے ہو؟ یعنی تم بافراغت زندگی گذار رہے ہو، جو چاہتے ہو کھاتے پیتے ہو۔ بخدا! میں نے تمہارے نبی ﷺ کو دیکھا ہے، اور آپؐ نہیں پاتے تھے معمولی کھجوروں میں سے وہ جن سے آپؐ اپنا پیٹ بھر سکیں (ترمذی ابواب الزہد، باب ۲۹ حدیث ۲۳۶۴ تحفہ ۶:۱۴۵)

حدیث (۳): جابرؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا: ''سرکہ بہترین لاون ہے'' (ترمذی ابواب الاطعمہ حدیث ۱۸۳۴ تحفہ ۵:۱۸۱)

حدیث (۴): زہدم کہتے ہیں: میں ابوموسیٰ اشعریؓ کے پاس تھا، ان کے پاس کھانے میں مرغی کا گوشت آیا، مجمع میں سے ایک آدمی پیچھے ہٹ گیا، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ نے اس سے پیچھے ہٹنے کی وجہ دریافت کی، اس نے کہا: میں نے مرغی کو گندگی کھاتے ہوئے دیکھا ہے، اس لئے میں نے مرغی نہ کھانے کی قسم کھالی ہے، حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: قریب آؤ (اور کھاؤ) میں نے نبی ﷺ کو مرغی کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا ہے (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۲۴ حدیث ۱۸۲۰ تحفہ ۵:۱۶۹)

حدیث (۵): حضرت سفینہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے ساتھ حُباری کا گوشت کھایا ہے (حُباری: تیتر جیسا ایک پرندہ ہے۔ ترمذی ابواب الاطعمہ باب ۲۵ حدیث ۱۸۲۲ تحفہ ۵:۱۷۰)

حدیث (۶): حدیث (۴) ہی ہے۔ پہلی ایوب سختیانی کی ابوقلابہ کے واسطہ سے زہدم سے روایت ہے، اور یہ قاسم تمیمی کے واسطہ سے ہے، اور صحیح روایت ابوقلابہ کی ہے، قاسم کی روایت میں تقدیم وتاخیر ہوگئی ہے۔ زہدم کہتے ہیں: ہم ابوموسیٰ کے پاس تھے، پس ان کا کھانا پیش کیا گیا، اور اس کھانے میں مرغی کا گوشت پیش کیا گیا، اور لوگوں میں قبیلہ بنی تیم اللہ کا ایک گورا آدمی تھا، گویا وہ آزاد شدہ ہے، وہ کھانے کے قریب نہیں آیا، پس اس سے ابوموسیٰ نے کہا: قریب آ، میں نے رسول اللہ ﷺ کو مرغی میں سے کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔ اس شخص نے کہا: میں نے مرغی کو کچھ (گندگی) کھاتے ہوئے دیکھا ہے، اس لئے مجھے اس سے گھن آتی ہے، پس میں نے قسم کھالی ہے کہ اس کو کبھی نہیں کھاؤں گا۔

حدیث (۷و۸): ابواسید اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''روغن زیتون کھاؤ، اور

اس سے اپنا بدن تر کرو یعنی بدن پر اس کی مالش کرو، کیونکہ وہ بابرکت (کثیر المنافع) درخت کا تیل ہے (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۴۱ حدیث ۱۸۴۵ و ۱۸۴۶ تحفہ ۵:۱۹۱)

حدیث (۹): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کو کدو پسند تھا۔ پس ایک کھانا لایا گیا، یا راوی نے کہا: آپؐ کے لئے کھانا منگوایا گیا، پس میں نے کدو کو تلاش کرنا شروع کیا، میں اس کو آپؐ کے سامنے رکھتا تھا، اس لئے کہ میں جانتا تھا کہ آپؐ کو کدو پسند ہے (کدو لوکی کے سلسلہ میں ترمذی ابواب الاطعمہ باب ۴۰، تحفہ ۵:۱۸۸ دیکھیں)

حدیث (۱۰): جابر بن طارق کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا، میں نے آپؐ کے پاس کدو کو دیکھا جو کاٹا جارہا تھا۔ میں نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ یعنی اس کا کیا بنے گا؟ آپؐ نے فرمایا: ''ہم اس کے ذریعہ اپنے کھانے (سالن) کو بڑھاتے ہیں''، یعنی گوشت میں ڈالیں گے تاکہ سالن بڑھ جائے۔

[۲۶-] بابُ مَاجَاءَ فِی إِدَامِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۱۴۵-] حدثنا مُحمدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالاَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلاَلٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رَسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: ''نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ''

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِیْ حَدِيْثِهِ: ''نِعْمَ الْأُدْمُ، أَوْ: الإِدَامُ الْخَلُّ''

[۱۴۶-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، يَقُوْلُ: أَلَسْتُمْ فِیْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَأَيْتُ نَبِيَّكُمْ صلی الله علیه وسلم وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَأُ بَطْنَهُ.

[۱۴۷-] حدثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِیُّ، ثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: ''نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ''

[۱۴۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ أَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِیِّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِیْ مُوْسَى الْأَشْعَرِیِّ، فَأُتِیَ بِلَحْمِ دَجَاجٍ، فَتَنَحَّى رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: مَالَكَ؟ فَقَالَ: إِنِّیْ رَأَيْتُهَا تَأْكُلُ شَيْئًا نَتِنًا، فَحَلَفْتُ أَلَّا آكُلَهَا، قَالَ: ادْنُ، فَإِنِّیْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَأْكُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ.

[۱۴۹-] حدثنا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ الْبَغْدَادِیُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَهْدِیٍّ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ ابْنِ عُمَرَ بْنِ سَفِيْنَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أَكَلْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم لَحْمَ حُبَارَى.

[۱۵۰-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنِ الْقَاسِمِ التَّمِيْمِیِّ، عَنْ زَهْدَمٍ

الجَرَمِيِّ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِيْ مُوْسَى الأَشْعَرِيِّ، قَالَ: فَقُدِّمَ طَعَامُهُ، وَقُدِّمَ فِيْ طَعَامِهِ لَحْمُ دَجَاجٍ، وَفِيْ الْقَوْمِ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَيْمِ اللّٰهِ أَحْمَرُ، كَأَنَّهُ مَوْلًى، قَالَ: فَلَمْ يَدْنُ، فَقَالَ لَهُ أَبُوْ مُوْسَى: ادْنُ فَإِنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَكَلَ مِنْهُ، فَقَالَ: إِنِّيْ رَأَيْتُهُ يَأْكُلُ شَيْئًا، فَقَذِرْتُهُ، فَحَلَفْتُ أَلَّا أَطْعَمَهُ أَبَدًا.

[۱۵۱-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، وَأَبُوْنُعَيْمٍ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عِيْسَى، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، يُقَالُ لَهُ: عَطَاءٌ، عَنْ أَبِيْ أَسِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا الزَّيْتَ، وادَّهِنُوْا بِهِ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ"

[۱۵۲-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسٰى، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ ابْنِ الْخَطَّابِ رضى الله عنه، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "كُلُوْا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْا بِهِ، فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ"

قَالَ أَبُوْ عِيسٰى: وَكَانَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ يَضْطَرِبُ فِيْ هٰذَا الحديثِ: فَرُبَّمَا أَسْنَدَهُ، وَرُبَّمَا أَرْسَلَهُ.

حدثنا السِّنْجِيُّ: وَهُوَ أَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ مَعْبَدٍ الْمَرْوَزِيُّ السِّنْجِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم نَحْوَهُ، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عَنْ عُمَرَ.

[۱۵۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَا: ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُعْجِبُهُ الدُّبَّاءُ، فَأُتِىَ بِطَعَامٍ، أَوْ: دُعِيَ لَهُ، فَجَعَلْتُ أَتَتَبَّعُهُ، فَأَضَعُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، لِمَا أَعْلَمُ أَنَّهُ يُحِبُّهُ.

[۱۵۴-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَرَأَيْتُ عِنْدَهُ دُبَّاءً يُقَطَّعُ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: "نُكَثِرُ بِهِ طَعَامَنَا"

قَالَ أَبو عيسىٰ: وَجَابِرٌ هٰذَا: هُوَ جَابِرُ بْنُ طَارِقٍ، وَيُقَالُ: ابْنُ أَبِيْ طَارِقٍ، وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا يُعْرَفُ لَهُ إِلَّا هٰذَا الحديثُ الْوَاحِدُ، وَأَبُوْ خَالِدٍ: اسْمُهُ سَعْدٌ.

حدیث (۱۱): ایک درزی نے نبی ﷺ کی دعوت کی، حضرت انسؓ بھی ساتھ تھے، داعی نے خدمتِ نبوی میں جَو کی روٹی اور کدو والے گوشت کا شوربہ پیش کیا۔ انسؓ نے دیکھا کہ نبی ﷺ پیالے کی سب جانبوں سے کدو کے ٹکڑے تلاش کر کے نوش فرما رہے ہیں، انسؓ فرماتے ہیں: اس وقت سے مجھے بھی کدو مرغوب ہوگیا (کیونکہ محبوب کی ہر ادا محبوب ہوتی ہے، تحفہ (۱۸۹:۵) میں یہ روایت آئی ہے)

حدیث (۱۲): حضرت عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کو میٹھا اور شہد پسند تھا یعنی یہ چیزیں آپؐ شوق سے تناول

فرماتے تھے (ترمذی ابواب الاطعمہ باب ۲۸ حدیث ۱۸۲۵ تحفہ ۵:۱۷۳)

حدیث (۱۳): ام سلمہؓ بیان کرتی ہیں: میں نے بکری کا بھنا ہوا پہلو نبی ﷺ سے نزدیک کیا، آپؐ نے اس میں سے تناول فرمایا، پھر آپؐ نماز کے لئے اٹھے، اور وضوء نہیں کی (ترمذی ابواب الاطعمہ باب ۲۶ حدیث ۱۸۲۳ تحفہ ۵:۱۷۱)

حدیث (۱۴): عبداللہ بن الحارثؓ کہتے ہیں: ہم نے مسجدِ نبوی میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بھنا ہوا گوشت کھایا۔

حدیث (۱۵): مغیرہؓ کہتے ہیں: میں ایک رات رسول اللہ ﷺ کا مہمان بنا، پس آپؐ بھنا ہوا بکری کا پہلو لائے گئے، پھر آپؐ نے چھری لی، اور اس سے میرے لئے اس میں سے کاٹنے لگے۔ مغیرہ کہتے ہیں: پس بلالؓ نے آکر آپؐ کو نماز کی اطلاع دی تو آپؐ نے چھری ڈال دی، اور فرمایا: ''اس کو کیا ہوا؟ یعنی کیا یہی وقت اطلاع دینے کا تھا! اس کے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں!'' مغیرہؓ کہتے ہیں: اور میری مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں۔ پس آپؐ نے ان سے (مغیرہ سے) کہا: ''میں اس کو تمہارے لئے مسواک پر رکھ کر کاٹ دیتا ہوں'' یا راوی نے کہا: آپؐ نے اس کو مسواک پر رکھ کر کاٹ دیا۔

حدیث (۱۶): ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی خدمت میں گوشت لایا گیا، پس آپؐ کی طرف دست اٹھایا گیا یعنی پیش کیا گیا، اور آپؐ کو دست کا گوشت زیادہ پسند تھا، پس آپؐ نے اس کو کھانا شروع فرمایا (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۳۳ حدیث ۱۸۳۱ تحفہ ۵:۱۷۹) (آگے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ۱۶۳ اس کے خلاف آرہی ہے)

حدیث (۱۷): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کو دست کا گوشت پسند تھا، فرمایا: اور دست کے گوشت میں آپؐ کو زہر دیا گیا، اور گمان کیا جاتا ہے کہ یہود نے آپؐ کو زہر دیا تھا۔

حدیث (۱۸): نبی ﷺ کے مولیٰ (آزاد کردہ) ابو عبید کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کے لئے ہانڈی پکائی، اور آپؐ کو دست کا گوشت پسند تھا، پس میں نے آپؐ کو دست دیا، پھر آپؐ نے فرمایا: ''مجھے دست دو'' پس میں نے دیا۔ پھر آپؐ نے فرمایا: ''مجھے دست دو'' میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! بکری کے دست کتنے ہوتے ہیں؟ یعنی دو ہی تو دست ہوتے ہیں، اور وہ میں دے چکا، پس آپؐ نے فرمایا: ''قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے! اگر تو خاموش رہتا تو مجھے دست دیتا رہتا جب تک میں مانگتا رہتا''

حدیث (۱۹): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کو دست کا گوشت سب گوشتوں سے زیادہ پسند نہیں تھا، بلکہ دست کو پسند کرنے کی وجہ یہ تھی کہ آپؐ گوشت نہیں پاتے تھے مگر گاہ بہ گاہ، پس وہ آپؐ کے سامنے جلدی پیش کر دیا جاتا تھا، کیونکہ دست کا گوشت سب گوشتوں میں جلدی پک جاتا ہے (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۳۳ حدیث ۱۸۳۲ تحفہ ۵:۱۷۹)

حدیث (۲۰): عبداللہ بن جعفرؓ سے مروی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''سب سے عمدہ گوشت پیٹھ کا گوشت ہے''

تشریح: ابوداؤد (حدیث ۳۷۸۰) میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ نبی ﷺ کو بکری کی وہ ہڈی سب سے زیادہ پسند تھی جس کا گوشت اتار لیا گیا ہو۔ اور بات درحقیقت یہ ہے کہ مختلف اعتبارات سے مختلف حصوں

کا گوشت پسند کیا جاتا ہے۔ مزیدار گوشت اس ہڈی کا ہوتا ہے جس پر سے گوشت کا بڑا حصہ اتار لیا گیا ہو، اور چاپ پیٹھ میں سے نکلتی ہے، اور وہ بھی پسند کی جاتی ہے، اور نرم گوشت گردن کا ہوتا ہے، اور دست کا گوشت جلدی پک جاتا ہے، پس سب صحابہ کا بیان صحیح ہے (تحفہ ۵:۱۷۹)

[۱۵۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ طَلْحَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: إِنَّ خَيَّاطًا دَعَا رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم لِطَعَامٍ صَنَعَهُ، فَقَالَ أَنَسٌ: فَذَهَبْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم إِلَى ذٰلِكَ الطَّعَامِ، فَقَرَّبَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم خُبْزًا مِنْ شَعِيْرٍ، وَمَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَقَدِيْدٌ. قَالَ أَنَسٌ: فَرَأَيْتُ النبيَّ صلی اللہ علیہ وسلم يَتَتَبَّعُ الدُّبَاءَ حَوَالِي الصَّحْفَةِ، فَلَمْ أَزَلْ أُحِبُّ الدُّبَاءَ مِنْ يَوْمَئِذٍ.

[۱۵۶-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَسَلَمَةُ بْنُ شَبِيْبٍ، وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالُوْا: ثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ.

[۱۵۷-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، أَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ: أَخْبَرَنِيْ مُحمدُ بْنُ يُوْسُفَ، أَنْ عَطَاءَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَهُ، أَنْ أُمَّ سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّهَا قَرَّبَتْ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم جَنْبًا مَشْوِيًّا، فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ، وَمَا تَوَضَّأَ.

[۱۵۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: أَكَلْنَا مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم شِوَاءً فِيْ الْمَسْجِدِ.

[۱۵۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنْبَأَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِيْ صَخْرَةَ: جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: ضِفْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَأُتِيَ بِجَنْبٍ مَشْوِيٍّ، ثُمَّ أَخَذَ الشَّفْرَةَ، فَجعَلَ يَحُزُّ لِيْ بِهَا مِنْهُ. قَالَ: فَجَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَأَلْقَى الشَّفْرَةَ، فَقَالَ: ”مَالَهُ؟ تَرِبَتْ يَدَاهُ!“ قَالَ: وَكَانَ شَارِبُهُ قَدْ وَفَى، فَقَالَ لَهُ: ”أَقُصُّهُ لَكَ عَلَى سِوَاكٍ“ أَوْ: قَصَّهُ عَلَى سِوَاكٍ.

[۱۶۰-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، ثنا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيْ حَيَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ النبيُّ صلی اللہ علیہ وسلم بِلَحْمٍ، فَرُفِعَ إِلَيْهِ الذِّرَاعُ، وَكَانَتْ تُعْجِبُهُ، فَنَهَشَ مِنْهَا.

[۱۶۱-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ زُهَيْرٍ، يَعْنِيْ ابْنَ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عِيَاضٍ، عَنِ ابنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُعْجِبُهُ الذِّرَاعُ، قَالَ: وَسُمَّ

فِيْ الذِّرَاعِ، وَكَانَ يُرَى أَنَّ الْيَهُوْدَ سَمُّوْهُ.

[١٦٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ: طَبَخْتُ للنبيِّ صلى الله عليه وسلم قِدْرًا، وَكَانَ يُعْجِبُهُ الذِّرَاعُ، فَنَاوَلْتُهُ الذِّرَاعَ، ثُمَّ قَالَ:"نَاوِلْنِيْ الذِّرَاعَ" فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ:"نَاوِلْنِيْ الذِّرَاعَ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! وَكَمْ لِلشَّاةِ مِنْ ذِرَاعٍ؟ فَقَالَ:" وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ! لَوْ سَكَتَّ لَنَاوَلْتَنِيْ الذِّرَاعَ مَا دَعَوْتُ"

[١٦٣-] حدثنا الحَسَنُ بْنُ مُحمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ فُلَيْحِ بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ عَبَّادٍ، يُقَالُ لَهُ: عَبْدُ الْوَهَابِ بْنِ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَاكَانَ الذِّرَاعُ أَحَبَّ اللَّحْمِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلٰكِنَّهُ كَانَ لَايَجِدُ اللَّحْمَ إِلَّا غِبًّا، وَكَانَ يُعْجَلُ إِلَيْهَا، لِأَنَّهَا أَعْجَلُهَا نَضْجًا"

[١٦٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثنا مِسْعَرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ شَيْخًا مِنْ فَهْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله لعيه وسلم يَقُوْلُ:" إِنَّ أَطْيَبَ اللَّحْمِ لَحْمُ الظَّهْرِ"

حدیث (۲۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:''سرکہ بہترین لاون ہے!'' (یہ حدیث عروہ کی سند سے ابھی (حدیث ۱۴۵) گذری ہے)

حدیث (۲۲): نبی ﷺ اپنی چچازاد بہن ام ہانی کے گھر تشریف لے گئے، آپؐ نے پوچھا: تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے؟ ام ہانی نے کہا: کچھ نہیں، صرف روٹی کے سوکھے ٹکڑے اور سرکہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا:''اس کو میرے پاس لاؤ، کیونکہ جس گھر میں سرکہ ہوتا ہے وہ گھر لاون سے خالی نہیں ہوتا (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۳۴ حدیث ۱۸۳۷ تحفہ ۵:۱۸۱ میں اس کی تفصیل ہے کہ کونسا سالن اور کونسا لاون بہتر ہے؟)

حدیث (۲۳): ابوموسیٰؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے فرمایا:''عائشہ کی برتری عورتوں پر ایسی ہے جیسی ثرید کی برتری تمام کھانوں پر!'' (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۳۰ حدیث ۱۸۲۸ تحفہ ۵:۱۷۶)

حدیث (۲۴): انسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا:''عائشہ کی عورتوں پر برتری: جیسے ثرید کی دیگر کھانوں پر برتری!'' (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۹۱۴ میں ثرید کی وضاحت ہے)

حدیث (۲۵): ابوہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: آپؐ نے سوکھائے ہوئے دودھ کے ٹکڑوں سے وضوء کی یعنی ما مست النار سے وضوء کی، پھر ابوہریرہؓ نے آپؐ کو دیکھا کہ بکری کے شانے کا گوشت کھایا، پھر نماز پڑھی اور وضوء نہیں کی (معلوم ہوا کہ ما مست النار کا حکم یا تو استحبابی تھا، یا منسوخ ہوگیا) (یہ مسئلہ تحفہ (۱:۳۲۵) میں ہے)

حدیث (۲۶): انسؓ سے مروی ہے: نبی ﷺ نے صفیہؓ کا ولیمہ ستو اور کھجور کے ذریعہ کیا یعنی اس میں گوشت

نہیں تھا (ترمذی کتاب النکاح، باب۱۰ حدیث ۱۰۸۷ تحفہ۳: ۵۱۱)

حدیث (۲۷): سلمیٰ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: حضرات حسن، ابن عباس اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم ان کے پاس آئے، انھوں نے سلمیٰ رضی اللہ عنہا سے کہا: آپ ہمارے لئے کوئی کھانا بنائیں ان کھانوں میں سے جو رسول اللہ ﷺ کو پسند تھا، اور آپ اس کو رغبت سے کھاتے تھے۔ سلمیٰ رضی اللہ عنہا نے کہا: میرے پیارے بچو! اب تم اس کو پسند نہیں کروگے، انھوں نے کہا: کیوں نہیں! آپ اس کو ہمارے لئے بنائیں (ہم اس کو رغبت سے کھائیں گے) پس وہ اٹھیں، اور انھوں نے کچھ جَو لئے، پس ان کو پیسا، پھر ان کو ایک ہانڈی میں ڈالا، اور اس پر تھوڑا زیتون کا تیل ڈالا، اور مرچ اور مسالے پیسے (اور ہانڈی میں ڈالے) اور اس کھانے کو ان حضرات سے نزدیک کیا، اور فرمایا: یہ کھانا ان کھانوں میں سے ہے جو رسول اللہ ﷺ کو پسند تھا، اور آپ اس کو رغبت سے کھاتے تھے۔

حدیث (۲۸): جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (غزوۂ احد کے موقع پر) نبی ﷺ ہمارے پاس ہمارے گھر میں تشریف لائے، پس ہم نے آپ کے لئے بکری ذبح کی، پس آپ نے فرمایا: ''گویا وہ لوگ جانتے ہیں کہ ہمیں گوشت پسند ہے!'' (یہ واقعہ تفصیل سے اسود بن قیس کے شاگرد ابوعوانہ کی سند سے مسند احمد (۳: ۳۹۷) میں ہے)

حدیث (۲۹): جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ گھر سے نکلے درانحالیکہ میں آپ کے ساتھ تھا، پس آپ ایک انصاری عورت کے پاس تشریف لے گئے، اس نے آپ کے لئے بکری ذبح کی، پس آپ نے کھایا، پھر وہ آپ کے پاس تازہ کھجوروں کی بڑی پلیٹ لائی، پس آپ نے اس میں سے کھایا، پھر ظہر کی نماز کے لئے وضوء فرمائی اور نماز پڑھی، پھر آپ (اپنی مجلس کی طرف) لوٹے، تو اس خاتون نے بکری کا باقی ماندہ جو تفلہ کے طور پر کھایا جاتا ہے: پیش کیا، آپ نے تناول فرمایا، پھر آپ نے عصر کی نماز پڑھی، اور وضوء نہیں کی (ترمذی، کتاب الطہارۃ، باب ۵۹ حدیث ۸۴ تحفہ۱: ۳۲۸)

حدیث (۳۰): ام المنذر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ میرے گھر تشریف لائے، آپ کے ساتھ علی رضی اللہ عنہ بھی تھے، ہمارے گھر میں کھجوروں کے خوشے لٹک رہے تھے، نبی ﷺ نے کھجوریں کھانی شروع کیں، علی رضی اللہ عنہ بھی آپ کے ساتھ کھانے لگے، آپ نے ان سے فرمایا: ''علی! رکو، تم ابھی بیماری سے اٹھو ہو!'' یعنی کھجوریں تمہارے لئے مضر ہیں، پس علی رضی اللہ عنہ بیٹھ گئے، اور آپ کھاتے رہے —— ام المنذر رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پھر میں نے ان کے لئے چقندر اور جَو کا کھانا (کھچڑا) تیار کیا (یہ دونوں چیزیں بارد ہیں) پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''علی! اس میں سے لو، یہ تمہارے لئے زیادہ موافق ہے!'' (ترمذی، ابواب الطب، باب اول حدیث ۲۰۳۴ تحفہ۵: ۳۷۴)

حدیث (۳۱): عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ میرے پاس تشریف لایا کرتے تھے، اور پوچھا کرتے تھے: ''کیا تمہارے پاس صبح کا کھانا ہے؟'' پس میں کہتی: نہیں! تو آپ فرماتے: ''میں روزہ سے ہوں!'' یعنی جب کھانے کو کچھ نہیں تو میں روزے کی نیت کر لیتا ہوں۔ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: ایک دن آپ میرے پاس تشریف لائے (اور کچھ نہیں پوچھا) پس

میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آج ہمارے پاس ہدیہ آیا ہے، آپؐ نے پوچھا: کیا آیا ہے؟ میں نے کہا حَیس آیا ہے (یہ کھانا ستّو، گھی اور کھجور ملا کر تیار کیا جاتا تھا) آپؐ نے فرمایا: ''سنو! میں نے صبح سے روزے کی نیت کر لی تھی، پھر آپؐ نے وہ حلوہ کھایا یعنی نفل روزہ توڑ دیا (ترمذی، کتاب الصوم، باب ۳۴ حدیث ۷۲۵ تحفہ ۳:۱۰۸)

حدیث (۳۲): عبداللہ بن سلامؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: آپؐ نے جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا، پھر اس پر ایک کھجور رکھی، اور فرمایا: ''یہ اس کا لاون ہے!'' پھر آپؐ نے نوش فرمایا (یہ حدیث ابوداؤد، بیہقی اور بغوی میں ہے)

حدیث (۳۳): انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کو ہانڈی کے نیچے کا کھانا پسند تھا۔ امام دارمی نے ثُفل کا یہی ترجمہ کیا ہے، یعنی ہانڈی میں نیچے جو کھانا بچ جاتا ہے (تلچھٹ، پھوک، گاد) وہ پسند تھا (اور یہ بات واضع کی بنا پر تھی یا اس وجہ سے تھی کہ نیچے کے کھانے میں دہنیت کم ہوتی ہے، اس لئے وہ جلدی ہضم ہو جاتا ہے)

[۱۶۵-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "نِعْمَ الإِدَامُ الْخَلُّ"

[۱۶۶-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ، ثنا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ ثَابِتٍ أَبِيْ حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ: "أَعِنْدَكِ شَيْئٌ؟" فَقُلْتُ: لاَ، إِلاَّ خُبْزٌ يَابِسٌ وَخَلٌّ، فَقَالَ: "هَاتِيْ، مَا أَقْفَرَ بَيْتٌ مِنْ أُدْمٍ فِيْهِ الْخَلُّ"

[۱۶۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مُرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ أَبِيْ مُوْسَى، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ"

[۱۶۸-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ الأَنْصَارِيِّ: أَبُوْ طُوَالَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ"

[۱۶۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی الله عنه: أَنَّهُ رَأَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم تَوَضَّأَ مِنْ ثَوْرِ أَقِطٍ، ثُمَّ رَآهُ أَكَلَ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ، ثُمَّ صَلَّى وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[۱۷۰-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنِ ابْنِهِ: وَهُوَ بَكْرُ بْنُ وَائِلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَوْلَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى صَفِيَّةَ بِتَمْرٍ وَسَوِيْقٍ.

[۱۷۱-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنِيْ فَائِدٌ: مَوْلَى عُبَيْدِ اللّٰهِ

ابْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ رَافِعٍ: مَوْلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ جَدَّتِهِ سَلْمَى: أَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، وَابْنَ عَبَّاسٍ، وَابْنَ جَعْفَرٍ: أَتَوْهَا، فَقَالُوْا لَهَا: اصْنَعِيْ لَنَا طَعَامًا مِمَّا كَانَ يُعْجِبُ رسولَ اللّٰهِ، وَيُحْسِنُ أَكْلَهُ. فَقَالَتْ: يَابُنَيَّ! لاتَشْتَهِيْهِ الْيَوْمَ، قَالُوْا: بَلَى، اصْنَعِيْهِ لَنَا، قَالَ: فَقَامَتْ، فَأَخَذَتْ شَيْئًا مِنَ الشَّعِيْرِ، فَطَحَنَتْهُ، ثُمَّ جَعَلَتْهُ فِيْ قِدْرٍ، وَصَبَّتْ عَلَيْهِ شَيْئًا مِنْ زَيْتٍ، وَدَقَّتِ الْفُلْفُلَ وَالتَّوَابِلَ، فَقَرَّبَتْهُ إِلَيْهِمْ، فَقَالَتْ: هٰذَا مِمَّا كَانَ يُعْجِبُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَيُحْسِنُ أَكْلَهُ.

[١٧٢-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: أَتَانَا النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَنْزِلِنَا، فَذَبَحْنَا لَهُ شَاةً، فَقَالَ: "كَأَنَّهُمْ عَلِمُوْا أَنَّا نُحِبُّ اللَّحْمَ" وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

[١٧٣-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، سَمِعَ جَابِرًا، قَالَ سُفْيَانُ: وَأَنَا مُحمدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا مَعَهُ، فَدَخَلَ عَلَى امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، فَذَبَحَتْ لَهُ شَاةً، فَأَكَلَ مِنْهَا، وَأَتَتْهُ بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ، فَأَكَلَ مِنْهُ، ثُمَّ تَوَضَّأَ لِلظُّهْرِ وَصَلَّى، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَأَتَتْهُ مِنْ عُلَالَةِ الشَّاةِ، فَأَكَلَ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ.

[١٧٤-] حدثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحمدٍ، ثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ أَبِيْ يَعْقُوبَ، عَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَمَعَهُ عَلِيٌّ، وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ. قَالَتْ: فَجَعَلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ، وَعَلِيٌّ مَعَهُ يَأْكُلُ. فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَهْ يا عَلِيُّ! فَإِنَّكَ نَاقِهٌ. قَالَتْ: فَجَلَسَ عَلِيٌّ، وَالنبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ. قَالَتْ: فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْرًا، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِعَلِيٍّ: "يَا عَلِيُّ! مِنْ هٰذَا فَأَصِبْ، فَإِنَّهُ أَوْفَقُ لَكَ"

[١٧٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةٍ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ رضى الله عنها. قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْتِيْنِيْ فَيَقُوْلُ: "أَعِنْدَكِ غَدَاءٌ؟" فَأَقُوْلُ: لاَ. فَيَقُوْلُ: "إِنِّيْ صَائِمٌ" قَالَتْ: فَأَتَانِيْ يَوْمًا. فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنَّهُ أُهْدِيَتْ لَنَا هَدِيَّةٌ، قَالَ: "وَمَا هِيَ؟" قُلْتُ: حَيْسٌ. قَالَ: "أَمَا إِنِّيْ أَصْبَحْتُ صَائِمًا" قَالَتْ: ثُمَّ أَكَلَ.

[١٧٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ مُحمدِ بْنِ أَبِيْ يَحْيَى الْأَسْلَمِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ أُمَيَّةَ الْأَعْوَرِ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَلَامٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَخَذَ كِسْرَةً مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ، فَوَضَعَ عَلَيْهَا

تَمْرَةً، وَقَالَ: " هٰذِهِ إِدَامُ هٰذِهِ" فَأَكَلَ.

[۱۷۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُعْجِبُهُ الثُّفْلُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: يَعْنِیْ مَابَقِیَ مِنَ الطَّعَامِ.

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ وُضُوْءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ الطَّعَامِ

کھانے سے پہلے نبی ﷺ کے ہاتھ دھونے کا بیان

حدیث (۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ بیت الخلاء سے تشریف لائے، آپؐ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا، لوگوں نے عرض کیا: کیا ہم آپؐ کے لئے وضوء کا پانی نہ لائیں؟ آپؐ نے فرمایا: "مجھے وضوء کا حکم اسی وقت دیا گیا ہے جب مجھے نماز پڑھنی ہو (ترمذی ابواب الاطعمہ، باب ۳۹ حدیث ۱۸۴۲ تحفہ ۵:۱۸۸) (کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے کے احکام اسی باب میں ہیں)

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ بیت الخلاء سے نکلے، پس کھانا پیش کیا گیا، پس آپؐ سے پوچھا گیا: کیا وضوء نہیں فرمائیں گے؟ آپؐ نے فرمایا: "کیا مجھے نماز پڑھنی ہے جو میں وضوء کروں؟ (یہ روایت مسلم شریف کتاب الحیض (حدیث ۳۷۴/۱۱۸) میں ہے)

حدیث (۳): سلمان فارسیؓ کہتے ہیں: میں نے (اسلام سے پہلے) تورات میں یعنی یہود کی کتابوں میں پڑھا تھا کہ کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے سے کھانے میں برکت ہوتی ہے، میں نے یہ بات نبی ﷺ سے ذکر کی یعنی میں نے یہ مسئلہ آپؐ سے پوچھا، اور میں نے آپؐ کو وہ بات بھی بتائی جو میں نے تورات میں پڑھی تھی، پس آپؐ نے فرمایا: "کھانے میں برکت: کھانے سے پہلے ہاتھ منہ دھونے سے، اور کھانے کے بعد ہاتھ منہ دھونے سے ہوتی ہے" (ترمذی، ابواب الاطعمہ، باب ۳۸ حدیث ۱۸۴۱ تحفہ ۵:۱۸۷) (اس باب میں مسائل، روایات اور مذاہب کی تفصیل ہے)

[۲۷-] بابُ مَاجاءَ فِی صِفَةِ وُضُوْءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عِنْدَ الطَّعَامِ

[۱۷۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ ابنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم خَرَجَ مِنَ الْخَلاَءِ، فَقُرِّبَ إِلَيْهِ الطَّعَامُ. فَقَالُوْا: أَلَا نَأْتِيْكَ بِوَضُوْءٍ؟ قَالَ: " إِنَّمَا أُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ إِذَا قُمْتُ إِلَى الصَّلاَةِ "

[۱۷۹-] حدثنا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما، قَالَ: خَرَجَ رسولُ اللّٰهِ مِنَ الْغَائِطِ، فَأُتِیَ بِطَعَامٍ،

فَقِيلَ لَهُ: أَلَا تَتَوَضَّأُ؟ فَقَالَ: "أُصَلِّيْ فَأَتَوَضَّأُ؟"

[۱۸۰-] حدثنا يَحْيىَ بْنُ مُوْسى، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، ثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيْعِ، ح: وَحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، ثَنَا عَبْدُ الْكَرِيْمِ الْجُرْجَانِيُّ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الرَّبِيْعِ، عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَرَأْتُ فِيْ التَّوْرَاةِ: إِنَّ بَرَكَةَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم وَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَرَأْتُهُ فِيْ التَّوْرَاةِ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "بَرَكَةُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَهُ، وَالْوُضُوْءُ بَعْدَهُ"

بابُ ماجاءَ فِيْ قَوْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَبْلَ الطَّعَامِ، وَبَعْدَ مَا يَفْرُغ مِنْهُ

وہ اذکار جو رسول اللہ ﷺ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد فرمایا کرتے تھے

حدیث (۱): ابوایوب انصاریؓ کہتے ہیں: ہم ایک دن نبی ﷺ کے پاس تھے، آپؐ کے سامنے کھانا پیش کیا گیا، پس نہیں دیکھا میں نے کوئی کھانا: جو برکت کے اعتبار سے بڑا ہوا ابتداء میں جب ہم نے کھایا، اور برکت کے اعتبار سے بہت کم ہوا اپنے آخر میں۔ یعنی وہ کھانا شروع میں تو بڑا بابرکت معلوم ہوتا تھا، کافی نظر آتا تھا، مگر وہ کھانے کے ختم پر بالکل بے برکت ہوگیا، لوگ بھوکے رہ گئے: میں نے اس دن کے کھانے کے علاوہ کوئی کھانا ایسا نہیں دیکھا! پس ہم نے پوچھا: یارسول اللہ! ایسا کیسے ہوگیا؟ آپؐ نے فرمایا: "ہم نے اللہ کا نام لیا، جب کھانا شروع کیا (اس لئے شروع میں وہ زیادہ نظر آتا تھا) پھر (دسترخوان) پر وہ شخص بیٹھا جس نے کھایا، اور اس نے اللہ کا نام نہیں لیا، یعنی درمیان میں ایک شخص کھانے میں شریک ہوگیا، اور اس نے بسم اللہ نہیں پڑھی، پس اس کے ساتھ شیطان نے کھایا (اور کھانا بے برکت ہوگیا)

تشریح: اس حدیث سے دو باتیں ثابت ہوئیں: ایک: کھانا بسم اللہ پڑھ کر شروع کرنا چاہئے، اس سے کھانے میں برکت ہوتی ہے، دوسری: جو بعد میں کھانے میں شریک ہو وہ بھی بسم اللہ پڑھے، ورنہ برکت ختم ہوجائے گی — اور یہ حدیث حسن ہے۔ حبیب بن اوس مقبول راوی ہے، وہ تابعی تھے، فتح مصر میں شریک تھے، پھر مصر ہی میں سکونت اختیار کرلی تھی — اور راشد بن جندل یافعی مصری بھی ثقہ راوی ہے — البتہ عبداللہ بن لہیعہ میں ضعف ہے، مگر ان کی حدیث حسن ہوتی ہے — اور اس باب میں یہی ایک حدیث نئی ہے، اور یہ حدیث مسند احمد، اور بغوی کی شرح السنہ میں بھی ہے۔

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "جب تم میں سے کوئی شخص کھانا کھائے، پس وہ شروع میں اپنے کھانے پر اللہ کا نام لینا بھول جائے، تو چاہئے کہ (یاد آنے پر) بسم الله أوله و آخره کہہ لے (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں از اول تا آخر: من أوله إلى آخره) (ترمذی، ابواب الاطعمہ، باب ۴۵ حدیث ۱۸۵۳/ تحفہ ۵:۱۹۹)

حدیث (۳): عمر بن ابی سلمہؓ نبی ﷺ کے پاس پہنچے، آپؐ کے سامنے کھانا تھا، آپؐ نے فرمایا: "نزدیک آجاؤ! میرے پیارے بچے! اللہ کا نام لو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ، اور اپنی جانب سے کھاؤ! (ترمذی حدیث ۱۸۵۱ تحفہ ۵:۱۹۸)

حدیث (۴): ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے کھانے سے فارغ ہوتے تو کہتے: **الحمد لله الذی أَطْعَمَنا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مسلمین**: اس اللہ کے لئے تمام تعریفیں ہیں جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا (ترمذی، دعوات حدیث ۳۴۷۹ اسی جلد میں)

حدیث (۵): ابوامامہؓ کہتے ہیں: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سے دسترخوان اٹھایا جاتا تو آپؐ کہا کرتے تھے: **الحمد لله حمداً کثیراً طَیِّبًا مبارکاً فیه، غَیْرَ مُوَدَّع، وَلاَ مُسْتَغْنًی عنه، رَبَّنَا!**: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں (میں تعریف کرتا ہوں:) بہت تعریف کرنا (ریاء وغیرہ سے) پاکیزہ تعریف کرنا، (ایسی تعریف کرنا) جس میں برکت (اضافہ) فرمائی گئی ہو۔ اے ہمارے پروردگار! (دسترخوان) رخصت کیا ہوا نہیں یعنی ہمیشہ کے لئے نہیں اٹھایا جارہا، اور نہ اس سے بے نیاز ہوا گیا ہے یعنی ہمیں پھر کھانے کی حاجت ہوگی (اور اللہ کی نعمتوں کی طرف احتیاج کا اظہار بھی حمد ہے) (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۴۷۹ اسی جلد میں)

حدیث (۶): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چھ صحابہ کے ساتھ کھانا تناول فرمارہے تھے کہ ایک بدّو آیا، وہ اس کو دو لقموں میں کھا گیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر وہ بسم اللہ پڑھتا تو کھانا تمہارے لئے کافی ہوجاتا!'' (ترمذی حدیث ۱۸۵۳/۲ تحفہ ۵:۱۹۸ دو لقموں میں بدّو کھانا کیسے کھا گیا؟ اس کی وضاحت تحفہ میں ہے)

حدیث (۷): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ یقیناً بندے کی اس بات سے خوش ہوتے ہیں کہ وہ کوئی کھانا کھائے یا کوئی چیز پیئے، پھر وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے'' (ترمذی، اطعمہ، حدیث ۱۸۱۰ تحفہ ۵:۱۶۱)

[۲۸-] بابُ مَاجَاءَ فِیْ قَوْلِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم قَبْلَ الطَّعَامِ، وَبَعْدَ مَایَفْرُغُ مِنْهُ

[۱۸۱-] حدثنا قُتَیْبَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِیْعَةَ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ حَبِیْبٍ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ جَنْدَلٍ الْیَافِعِیِّ، عَنْ حَبِیْبِ بْنِ أَوْسٍ، عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ الْأَنْصَارِیِّ، قَالَ: کُنَّا عِنْدَ النبیِّ صلی اللہ علیه وسلم یَوْمًا، فَقُرِّبَ إِلَیْهِ طَعَامٌ، فَلَمْ أَرَطَعَامًا کَانَ أَعْظَمَ بَرَکَةً مِنْهُ أَوَّلَ مَا أَکَلْنَا، وَلاَ أَقَلَّ بَرَکَةً فِیْ آخِرِهِ، قُلْنَا: یَارسولَ اللّٰہِ! کَیْفَ هٰذَا؟ قَالَ:'' إِنَّا ذَکَرْنَا اسْمَ اللّٰہِ تَعَالَی حِیْنَ أَکَلْنَا، ثُمَّ قَعَدَ مَنْ أَکَلَ، وَلَمْ یُسَمِّ اللّٰہَ تَعَالٰی، فَأَکَلَ مَعَهُ الشَّیْطَانُ''

[۱۸۲-] حدثنا یَحْیَی بْنُ مُوْسَی، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِیُّ، عَنْ بُدَیْلٍ الْعُقَیْلِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عُبَیْدِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ أُمِّ کُلْثُوْمٍ، عَنْ عَائِشَةَ رضی اللہ عنها، قَالَتْ: قَالَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیه وسلم: ''إِذَا أَکَلَ أَحَدُکُمْ، فَنَسِیَ أَنْ یَذْکُرَ اللّٰہَ تَعَالَی عَلَی طَعَامِهِ، فَلْیَقُلْ: بِسْمِ اللّٰہِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ''

[۱۸۳-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْهَاشِمِیُّ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَی، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ

عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِيْ سَلَمَةَ، أَنَّهُ: دَخَلَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعِنْدَهُ طَعَامٌ، فَقَالَ:" ادْنُ يَا بُنَيَّ! فَسَمِّ اللّٰهَ تَعَالَى، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ"

[١٨٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِيْ هَاشِمٍ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ رِيَاحٍ، عَنْ رِيَاحِ بْنِ عَبِيْدَةَ، عَنْ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدرِيِّ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ، قَالَ: "الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ"

[١٨٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا رُفِعَتِ الْمَائِدَةُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ، يَقُوْلُ:" الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ، غَيْرَ مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ، رَبَّنَا!"

[١٨٦-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ: مُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أُمِّ كُلْثُوْمٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الطَّعَامَ فِيْ سِتَّةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ، فَأَكَلَهُ بِلُقْمَتَيْنِ. فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَوْ سَمَّى لَكَفَاكُمْ"

[١٨٧-] حدثنا هَنَّادٌ، وَمَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِيْ زَائِدَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ: أَنْ يَأْكُلَ الْأَكْلَةَ، أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ، فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا"

بابُ ماجاءَ فِي قَدَحِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے پیالے کا بیان

القَدَح: پانی یا نبیذ پینے کا پیالہ، گلاس جو اوپر سے یا نیچے سے پتلا ڈنڈی دار ہو...... ضَبَّبَ الْخَشَبَ: لکڑی پر لوہا چڑھانا۔

حدیث (۱): ثابت بنانی کہتے ہیں: انسؓ نے لکڑی کا ایک پیالہ موٹا اوپر لوہا چڑھا ہوا ہماری طرف نکالا یعنی طلبہ کو دکھایا، اور فرمایا: اے ثابت! یہ رسول اللہ ﷺ کا پیالہ ہے (اس حدیث کی سند میں اختلاف ہے، اطراف مزّی کا حاشیہ دیکھیں)

حدیث (۲): انسؓ کہتے ہیں: بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس پیالے سے سبھی مشروبات پلائے ہیں: پانی، نبیذ، شہد اور دودھ (یہ حدیث مسلم کتاب الاشربہ میں ہے)

[۲۹-] بابُ ماجاءَ فِی قَدَحِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۱۸۸-] حدثنا الْحُسَیْنُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْبَغْدَادِیُّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحمدٍ، ثنا عِیْسَی بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: أَخْرَجَ إِلَیْنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَدَحَ خَشَبٍ، غَلِیْظًا مُضَبَّبًا بَحدِیْدٍ، فَقَالَ: یَاثَابِتُ! هٰذَا قَدَحُ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم.

[۱۸۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا حُمَیْدٌ، وَثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَقَدْ سَقَیْتُ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم بِهٰذَا الْقَدَحِ الشَّرَابَ کُلَّهُ: الْمَاءَ، وَالنَّبِیْذَ، وَالْعَسَلَ، وَاللَّبَنَ.

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ فَاکِهَةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے پھلوں کی حالت کا بیان

حدیث(۱): نبی ﷺ کھیرا ککڑی: پکی ہوئی کھجور کے ساتھ ملا کر کھایا کرتے تھے۔

(ترمذی، اطعمہ، حدیث ۱۸۳۹ تحفہ ۵:۱۸۵)

حدیث(۲): نبی ﷺ خربوزے کو تازہ کھجور کے ساتھ ملا کر کھایا کرتے تھے (ترمذی حدیث ۱۸۳۸ تحفہ ۵:۱۸۴ میں ملانے کی وجہ بیان کی گئی ہے)

حدیث(۳): انسؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو خربوزہ اور تازہ کھجوریں ملا کر کھاتے ہوئے دیکھا ہے۔

حدیث(۴): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ نے خربوزہ تازہ کھجوروں کے ساتھ ملا کر کھایا۔

حدیث(۵): ابوہریرہؓ کہتے ہیں: لوگ جب پہلا پھل (پکا ہوا) دیکھتے تو اس کو رسول اللہ ﷺ کے پاس لاتے، پس جب آپؐ اس کو لیتے تو کہتے: ''اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے پھلوں میں برکت فرما! اور ہمارے لئے ہمارے شہر میں برکت فرما! اور ہمارے لئے ہمارے صاع اور ہمارے مدّ میں برکت فرما! اے اللہ! بیشک ابراہیم علیہ السلام آپ کے بندے اور آپ کے دوست اور آپ کے نبی تھے، اور بیشک میں آپ کا بندہ اور آپ کا نبی ہوں، اور انھوں نے آپ سے مکہ کے لئے دعا کی ہے، اور میں آپ سے مدینہ کے لئے ویسی ہی دعا کرتا ہوں جیسی انھوں نے مکہ کے لئے کی ہے، اور اس کے مانند اس کے ساتھ یعنی مدینہ میں مکہ سے ڈبل برکت فرما، ابوہریرہؓ کہتے ہیں: پھر چھوٹے بچے کو بلاتے جو آپ کو نظر پڑتا، پس وہ پھل اس کو دیتے (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۴۷٦ اسی جلد میں)

حدیث(٦): رُبَیِّع کہتی ہیں: میرے چچا معاذ بن عفراءؓ نے مجھے تازہ کھجوروں کا ایک طبق دے کر، جس پر چھوٹی

روئیں دار ککڑیاں تھیں: نبی ﷺ کی خدمت میں بھیجا، اور نبی ﷺ کو ککڑی مرغوب تھی، پس میں اس کو لے کر آپؐ کے پاس پہنچیں، درانحالیکہ آپؐ کے پاس بحرین سے کچھ زیورات آئے ہوئے تھے، پس آپؐ نے اس میں سے اپنا ہاتھ بھرا، پس وہ مجھے عنایت فرمایا۔

حدیث (۷): بھی یہی ہے: ربیع کہتی ہیں: میں خدمتِ نبوی میں تازہ کھجوروں اور روئیں دار ککڑیوں کا ایک تھال لے کر پہنچی، تو آپؐ نے مجھے اپنی ہتھیلی بھر کر زیور ہبہ کیا یا کہا: سونا دیا۔

[٣٠-] بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ فَاكِهَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[١٩٠-] حدثنا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ مُوْسَى الفَزَارِيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَأْكُلُ الْقِثَّاءَ بِالرُّطَبِ.

[١٩١-] حدثنا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ ابْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَأْكُلُ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ.

[١٩٢-] حدثنا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، ثَنَا أَبِيْ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا يَقُوْلُ: أَوْ قَالَ: حَدَّثَنِيْ حُمَيْدٌ – قَالَ وَهْبٌ: وَكَانَ صَدِيْقًا لَهُ – عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَجْمَعُ بَيْنَ الْخِرْبِزِ وَالرُّطَبِ.

[١٩٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الرَّمْلِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ رُوْمَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضى الله عنها: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَكَلَ الْبِطِّيْخَ بِالرُّطَبِ.

[١٩٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، ح: وَثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ إِذَا رَأَوْا أَوَّلَ الثَّمَرِ، جَاءَ وُا بِهِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَإِذَا أَخَذَهُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: " اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثِمَارِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا، وَفِيْ مُدِّنَا، اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيْمَ عَبْدُكَ وَخَلِيْلُكَ وَنَبِيُّكَ، وَإِنِّيْ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، وَإِنَّهُ دَعَاكَ لِمَكَّةَ، وَإِنِّيْ أَدْعُوْكَ لِلْمَدِيْنَةِ، بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ لِمَكَّةَ، وَمِثْلِهِ مَعَهُ" قَالَ: ثُمَّ يَدْعُوْ أَصْغَرَ وَلِيْدٍ يَرَاهُ، فَيُعْطِيْهِ ذٰلِكَ الثَّمَرَ.

[١٩٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حُمَيْدٍ الرَّازِيُّ، ثَنَا إبراهِيْمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ، قَالَتْ: بَعَثَنِيْ مُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ

بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ، وَعَلَيْهِ أَجْرٌ مِنْ قِثَّاءٍ زُغْبٍ، وَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّ الْقِثَّاءَ، فَأَتَيْتُهُ بِهِ، وَعِنْدَهُ حِلْيَةٌ قَدْ قَدِمَتْ عَلَيْهِ مِنَ الْبَحْرَيْنِ، فَمَلَأَ يَدَهُ مِنْهَا، فَأَعْطَانِيْهِ.

[۱۹٦-] حدثنا عَلِيُّ حُجْرٍ، نَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ، قَالَتْ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ وَأَجْرٍ زُغْبٍ، فَأَعْطَانِي مِلْءَ كَفِّهِ حُلِيًّا، أَوْ قَالَتْ: ذَهَبًا.

بابُ ماجاءَ فِيْ صِفَةِ شَرَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مشروبات کی حالت کا بیان

حدیث (۱): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مشروبات میں سے زیادہ پسند میٹھا ٹھنڈا تھا (جیسے شہد ملا ہوا پانی یا کھجور کی نبیذ وغیرہ) (ترمذی، اشربہ، حدیث ۱۸۹۱ باب ۲۱ تحفہ ۵:۲۳۴)

سند کا بیان: یہ حدیث امام زہری کی مرسل روایت ہے (اور امام زہری کی مرسل روایتیں ضعیف ہوتی ہیں) سفیان بن عیینہ نے اس کی جو سند حضرت عائشہؓ تک پہنچائی ہے وہ صحیح نہیں، ابن المبارک، معمر، یونس اور عبدالرزاق وغیرہ اس کو مرسل روایت کرتے ہیں، اور یہی صحیح ہے۔

حدیث (۲): ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں اور خالد بن الولید: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میمونہؓ کے گھر میں داخل ہوئے (میمونہؓ دونوں کی خالہ ہیں) پس وہ ہمارے پاس دودھ کا ایک برتن لائیں، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نوش فرمایا، اور میں آپؐ کی دائیں جانب تھا، اور خالد بائیں جانب، پس آپؐ نے مجھ سے فرمایا: ”بچا ہوا پینے کا حق تمہارا ہے، پس اگر تم چاہو یعنی اجازت دو تو میں بچے ہوئے کے ساتھ خالد کو ترجیح دوں“ (کیونکہ وہ عمر میں تم سے بڑے ہیں) میں نے کہا: میں آپؐ کے بچے ہوئے کے ساتھ کسی کو ترجیح نہیں دیتا (پس آپؐ نے برتن ابن عباس کو تھما دیا) پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”جس کو اللہ تعالیٰ کوئی کھانا کھلائیں تو چاہئے کہ وہ کہے: ”اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت فرما، اور ہمیں اس سے بہتر کھلا، اور جس کو اللہ تعالیٰ دودھ پلائیں: وہ کہے: اے اللہ! ہمارے لئے اس میں برکت فرما، اور ہمیں مزید دودھ پلا!“ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”دودھ کے علاوہ کوئی چیز کھانے اور پانی کی جگہ کافی نہیں“ (ترمذی، دعوات، باب ۵٦ حدیث ۳۴۷۷ اسی جلد میں)

سند کا بیان: ام المؤمنین میمونہؓ: حضرات خالد، ابن عباس اور یزید بن الاصم کی خالہ ہیں۔ اور اس حدیث کی سند میں ایک راوی عمر بن ابی حرملہ ہے۔ اس کا نام عُمر ہے یا عَمرو؟ ابن جدعان کے شاگردوں میں اختلاف ہے، صحیح نام عُمر ہے۔ (امام ترمذیؒ نے دونوں روایتوں پر کلام جمع کر دیا ہے، قارئین غور سے پڑھیں)

[۳۱-] بابُ ماجاءَ فِیْ صِفَةِ شَرَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۹۷-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها، قَالَتْ: كَانَ أَحَبَّ الشَّرَابِ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْحُلْوُ الْبَارِدُ.

[۱۹۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، أَنَا عَلِیُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ: هُوَ ابْنُ أَبِیْ حَرْمَلَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهما، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنَا وَخَالِدُ ابْنُ الْوَلِيْدِ عَلَى مَيْمُوْنَةَ، فَجَاءَتْنَا بِإِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ، فَشَرِبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا عَلَى يَمِيْنِهِ، وَخَالِدٌ عَنْ شِمَالِهِ، فَقَالَ لِیْ: الشَّرْبَةُ لَكَ، فَإِنْ شِئْتَ آثَرْتُ بِهَا خَالِدًا، فَقُلْتُ: مَا كُنْتُ لِأُوْثِرَ عَلَى سُؤْرِكَ أَحَدًا، ثُمَّ قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ أَطْعَمَهُ اللّٰهُ طَعَامًا، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ، وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ، وَمَنْ سَقَاهُ اللّٰهُ لَبَنًا، فَلْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ، وَزِدْنَا مِنْهُ" قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" لَيْسَ شَيْئٌ يُجْزِئُ مَكَانَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ غَيْرَ اللَّبَنِ"

قَالَ أَبُوْ عِيسىٰ: هٰكَذَا رَوَى سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ هٰذَا الحديثَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رضی الله عنها، وَرَوَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَعَبْدُ الرَّزَّاقِ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنْ مُعَمَّرٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ: عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَهٰكَذَا رَوَى يُوْنُسُ وَغَيْرُ وَاحِدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ،عَنِ النبیِّ صلى الله عليه وسلم مُرْسَلاً، قَالَ أبو عيسىٰ: وَإِنَّمَا أَسْنَدَهُ ابْنُ عُيَيْنَةَ مِنْ بَيْنِ النَّاسِ.

وَمَيْمُوْنَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ زَوْجُ النبیِّ صلى الله عليه وسلم: هِیَ خَالَةُ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ، وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنهم وَخَالَةُ يَزِيْدَ بْنِ الْأَصَمِّ.

وَاخْتَلَفَ النَّاسُ فِیْ رِوَايَةِ هٰذَا الحديثِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ: فَرَوَى بَعْضُهُمْ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَبْنِ أَبِیْ حَرْمَلَةَ، وَرَوَى شُعْبَةُ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَيْدٍ، فَقَالَ: عَنْ عَمْرِو بْنُ حَرْمَلَةَ، وَالصَّحِيحُ: عُمَرُ بْنُ أَبِیْ حَرْمَلَةَ.

بابُ ماجاءَ فِیْ صِفَةِ شُرْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی پینے کی حالت کا بیان

حدیث(۱):ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے کھڑے ہوکر زمزم نوش فرمایا(ترمذی،اشربہ،حدیث۱۸۷۷تحفہ۶:۲۲۵)

حدیث(۲):عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو کھڑے ہوئے اور بیٹھے ہوئے پیتے ہوئے دیکھا

ہے (حوالہ بالا حدیث ۱۸۷۸)

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو زمزم پلایا، پس آپؐ نے پیا درانحالیکہ آپؐ کھڑے تھے (یہ پہلی ہی حدیث ہے)

حدیث (۴): نزال کہتے ہیں: علیؓ کے پاس پانی کا ایک ڈونگا لایا گیا، درانحالیکہ وہ رَحبہ (کوفہ میں ایک جگہ) میں تھے، پس آپؓ نے اس میں سے ایک چلّو لیا، اور اس سے اپنے ہاتھ دھوئے، اور کلی کی اور ناک صاف کی، اور اپنے چہرے، دونوں ہاتھوں اور سر پر مسح کیا، پھر اس میں سے پیا درانحالیکہ آپؓ کھڑے تھے، پھر فرمایا: یہ اس شخص کی وضوء ہے جس کی وضوء نہیں ٹوٹی، اسی طرح میں نے رسول اللہ ﷺ کو کرتے ہوئے دیکھا ہے (بخاری اشربہ حدیث ۵۶۱۵ و ۵۶۱۶)

حدیث (۵): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ برتن میں تین مرتبہ سانس لیا کرتے تھے، اور فرماتے تھے کہ یہ زیادہ خوشگوار ہے (اس طرح پینے سے مشروب جسم میں رچتا پچتا ہے) اور اس طرح پینے سے سیرابی خوب حاصل ہوتی ہے، یعنی صحت کے لئے زیادہ مفید ہے (ترمذی، اشربہ حدیث ۱۸۷۹ تحفہ ۵: ۲۲۷)

حدیث (۶): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب کوئی چیز پیتے تھے تو درمیان میں دو مرتبہ سانس لیتے تھے (پس مشروب کے تین ٹکڑے ہونگے) (ترمذی، اشربہ، حدیث ۱۸۸۲ تحفہ ۵: ۲۲۸)

حدیث (۷): کبشہؓ کہتی ہیں: ایک مرتبہ نبی ﷺ میرے گھر تشریف لائے، آپؐ نے ایک لٹکی ہوئی مشک کے منہ سے کھڑے ہوکر پانی پیا، پس میں مشکیزہ کی طرف اٹھی اور میں نے اس کا منہ کاٹ لیا (اور تبرکاً رکھ لیا) (ترمذی، اشربہ، حدیث ۱۸۸۸ تحفہ ۵: ۲۳۲)

حدیث (۸): انسؓ برتن میں تین سانس لیا کرتے تھے اور انھوں نے کہا کہ نبی ﷺ بھی برتن میں تین سانس لیا کرتے تھے (ترمذی، اشربہ، حدیث ۱۸۷۹ تحفہ ۵: ۲۲۷)

حدیث (۹): انسؓ بیان کرتے ہیں: نبی ﷺ ام سلیم کے گھر تشریف لائے، اور ایک مشک لٹکی ہوئی تھی، آپؐ نے مشکیزے کے منہ سے پیا، درانحالیکہ آپؐ کھڑے تھے، پس ام سلیم مشکیزے کے منہ کی طرف اٹھیں، اور اس کو کاٹ لیا (اور انھوں نے کہا: تاکہ کوئی اور شخص نبی ﷺ کے پینے کے بعد اس مشکیزے سے نہ پیئے) (تحفہ ۵: ۲۳۱)

حدیث (۱۰): سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کھڑے کھڑے مشروب پیا کرتے تھے (ترمذی میں دو باب ہیں: کھڑے ہوکر پینے کی ممانعت کا اور جواز کا، تفصیل تحفہ ۵: ۲۲۲ میں ہے)

[۳۲-] بابُ ماجاءَ فِيْ صِفَةِ شُرْبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۱۹۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، وَمُغِيْرَةُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم شَرِبَ مِنْ زَمْزَمَ، وَهُوَ قَائِمٌ.

[۲۰۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَشْرَبُ قَائِمًا وَقَاعِدًا.

[۲۰۱-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَقَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مِنْ زَمْزَمَ، فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ.

[۲۰۲-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ: مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، وَمُحمدُ بْنُ طَرِيْفٍ الْكُوْفِيُّ، قَالَا: أَنْبَأَنَا ابْنُ الْفُضَيْلِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ: أُتِيَ عَلِيٌّ بِكُوْزٍ مِنْ مَاءٍ، وَهُوَ فِيْ الرَّحْبَةِ، فَأَخَذَ مِنْهُ كَفًّا، فَغسَلَ يَدَيْهِ، وَمَضْمَضَ، وَاسْتَنْشَقَ، وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَذِرَاعَيْهِ وَرَأْسَهُ، ثُمَّ شَرِبَ مِنْهُ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ قَالَ: هٰذَا وُضُوْءُ مَنْ لَمْ يُحْدِثْ، هٰكَذَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَعَلَ.

[۲۰۳-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَيُوْسُفُ بْنُ حَمَّادٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ أَبِيْ عِصَامٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ فِيْ الإِنَاءِ ثَلَاثًا إِذَا شَرِبَ، وَيَقُوْلُ: "هُوَ أَمْرَأُ وَأَرْوَى"

[۲۰۴-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ رِشْدِيْنَ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ النبيِّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا شَرِبَ تَنَفَّسَ مَرَّتَيْنِ.

[۲۰۵-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ جَدَّتِهِ كَبْشَةَ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ النبيُّ صلى الله عليه وسلم، فَشَرِبَ مِنْ فِيْ قِرْبَةٍ مُعَلَّقَةٍ قَائِمًا، فَقُمْتُ إِلَى فِيْهَا فَقَطَعْتُهُ.

[۲۰۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ يَتَنَفَّسُ فِيْ الإِنَاءِ ثَلَاثًا، وَزَعَمَ أَنَسٌ أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَتَنَفَّسُ فِيْ الإِنَاءِ ثَلَاثًا.

[۲۰۷-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ زَيْدٍ ابْنِ ابْنَةِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ عَلَى أُمِّ سُلَيْمٍ، وَقِرْبَةٌ مُعَلَّقَةٌ، فَشَرِبَ مِنْ فَمِ الْقِرْبَةِ، وَهُوَ قَائِمٌ، فَقَامَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ إِلَى رَأْسِ الْقِرْبَةِ، فَقَطَعَتْهَا.

[۲۰۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ النَّيْسَابُوْرِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُحمدٍ الْفَرْوِيِّ، حَدَّثَتْنَا عَبِيْدَةُ بِنْتُ نَائِلٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ أَبِيْهَا: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَشْرَبُ قَائِمًا. قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَقَالَ بَعْضُهُمْ: عَبِيْدَةُ بِنْتُ نَابِلٍ.

بابُ ماجاءَ فِيْ تَعَطُّرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خوشبو لگانے کا بیان

حدیث (۱): انسؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک قسم کی مشک ملی ہوئی خوشبو (یا عطردان) تھی، اس سے آپؐ خوشبودار ہوتے تھے یعنی اس میں سے آپؐ خوشبو لگاتے تھے (یہ روایت ابوداؤد باب الترجل میں بھی ہے)

حدیث (۲): ثُمامہ کہتے ہیں: انسؓ خوشبو نہیں لوٹاتے تھے، اور انھوں نے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم (بھی) خوشبو نہیں لوٹاتے تھے (ترمذی، استیذان، حدیث ۲۷۹۳ تحفہ ۶: ۵۵۲)

حدیث (۳): ابن عمرؓ سے مروی ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تین چیزیں لوٹائی نہیں چاہئیں: تکیہ، تیل (عطر) اور دودھ'' (ترمذی، استیذان، حدیث ۲۷۹۴ تحفہ ۶: ۵۵۲)

حدیث (۴): نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مردوں کی خوشبو وہ ہے: جس کی بو ظاہر ہو، اور اس کا رنگ پوشیدہ ہو، اور عورتوں کی خوشبو وہ ہے: جس کا رنگ ظاہر ہو، اور اس کی بو پوشیدہ ہو (ترمذی، استیذان، حدیث ۲۷۹۱ تحفہ ۵: ۵۵۰)

حدیث (۵): ابوعثمان نہدی (تابعی) کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص نازبو (یا کوئی بھی خوشبو) دیا جائے تو وہ اس کو نہ لوٹائے، کیونکہ وہ جنت سے نکلی ہے (ریحان (نازبو) ایک خوشبودار پودہ ہے، اور ہر خوشبودار پودے کو مثلاً گلاب کے پھول کو بھی ریحان کہتے ہیں، اور یہ حدیث مرسل (ضعیف) ہے (ترمذی، استیذان، حدیث ۲۷۹۵ تحفہ ۶: ۵۲۲)

سند کا بیان: حنان اسدی کی یہی ایک روایت ہے، اور ابن ابی حاتم نے کتاب الجرح والتعدیل میں لکھا ہے: حنّان اسدی: قبیلہ اسد بن شریک کا تھا، بُردوں کا کاروبار کرتا تھا، اور مسدد بن مسرہد کے والد کا چچا تھا، وہ ابوعثمان نہدی سے روایت کرتا ہے، اور اس سے حجاج الصواف روایت کرتا ہے۔ ابن ابی حاتم نے یہ بات اپنے والد سے سنی ہے، یعنی یہ راوی مجہول سا ہے (سند کی باقی تفصیل تحفہ ۶: ۵۵۱ میں ہے)

حدیث (۶): جریر بن عبداللہ بجلیؓ کہتے ہیں: میں حضرت عمرؓ کے سامنے (معائنہ کے لئے) پیش کیا گیا (کمانڈر فوجیوں کا معائنہ کیا کرتا ہے) پس جریرؓ نے اپنی چادر رکھ دی، اور لنگی میں چلے یعنی صرف لنگی پہن کر معائنہ کرایا۔ پس حضرت عمرؓ نے ان سے کہا: اپنی چادر لے لو یعنی اوڑھ لو، کیونکہ معائنہ ہو چکا۔ پھر حضرت عمرؓ نے لوگوں سے کہا: ''میں نے جریر سے زیادہ خوبصورت کوئی آدمی نہیں دیکھا، مگر وہ بات جو ہمیں حضرت یوسف علیہ السلام کی صورت یعنی خوبصورتی کے بارے میں پہنچی ہے یعنی وہ جریر سے بھی زیادہ خوبصورت ہونگے، ان کے علاوہ کوئی شخص ایسا خوبصورت نہیں دیکھا۔

تشریح: یہ حدیث صرف شمائل میں ہے اور امام ترمذیؒ کا استاذ عمر بن اسماعیل متروک راوی ہے، اس لئے یہ

حدیث ضعیف ہے، اور اس حدیث کا باب سے تعلق بھی واضح نہیں، مگر یہ کہ کہا جائے کہ خوبصورتی اور زیبائش میں چولی دامن کا ساتھ ہے اور تعطّر (خوشبودار ہونا) زیبائش کے جلو میں چلتا ہے یعنی خوشبو لگانا منجملۂ اسباب زینت ہے، جیسے نبی ﷺ کائنات میں سب سے زیادہ حسین وجمیل تھے، اس لئے آپؐ بہتر سے بہتر خوشبو استعمال فرماتے تھے، چنانچہ آپؐ کا پسینہ بھی خوشبو سے زیادہ معطّر ہوگیا تھا۔

[۳۳-] بابُ ماجاءَ فِيْ تَعَطُّرِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۰۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ رَافِعٍ، وَغيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، ثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ الْمُخْتَارِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيْهِ قَالَ: كَانَ لِرَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم سُكَّةٌ يَتطَيَّبُ مِنْهَا.

[۲۱۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ لَايَرُدُّ الطِّيْبَ، وَقَالَ أَنَسٌ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ لَايَرُدُّ الطِّيْبَ.

[۲۱۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِيْ فُدَيْكٍ، عَنْ عبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "ثَلَاثٌ لَاتُرَدُّ: الْوَسَائِدُ، وَالدُّهْنُ، وَاللَّبَنُ"

[۲۱۲-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "طِيْبُ الرِّجَالِ: مَا ظَهَرَ رِيْحُهُ، وَخَفِيَ لَوْنُهُ، وَطِيْبُ النِّسَاءِ: مَا ظَهَرَ لَوْنُهُ، وَخَفِيَ رِيْحُهُ"

حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ نَضْرَةَ، عَنِ الطُّفَاوِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم مِثْلَهُ بِمَعْنَاهُ.

[۲۱۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ خَلِيْفَةَ، وَعَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثَنَا حَجَّاجُ الصَّوَّافُ، عَنْ حَنَانٍ، عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "إِذَا أُعْطِيَ أَحَدُكُمُ الرَّيْحَانَ فَلَا يَرُدَّهُ، فَإِنَّهُ خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ"

قَالَ أَبو عيسىٰ: لَايُعْرَفُ لِحَنَانٍ غَيْرُ هٰذَا الحديثِ، وَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِيْ حَاتِمٍ فِيْ كِتَابِ الْجَرْحِ وَالتَّعْدِيْلِ: حَنَانٌ الْأَسَدِيُّ: مِنْ بَنِيْ أَسَدِ بْنِ شَرِيْكٍ، وَهُوَ صَاحِبُ الرَّقِيْقِ، عَمُّ وَالِدِ مُسَدَّدٍ، وَرَوَى عَنْ أَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، وَرَوَى عَنْهُ الْحَجَّاجُ بْنُ أَبِيْ عُثْمَانَ الصَّوَّافُ، وَسَمِعْتُ أَبِيْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ.

[۲۱۴-] حدثنا عَمْرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ

أَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ: عُرِضْتُ بَیْنَ یَدَیْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَأَلْقٰی جَرِیْرٌ رِدَاءَہٗ، وَمَشٰی فِیْ إِزَارٍ، فَقَالَ لَہٗ: خُذْ رِدَاءَ كَ، فَقَالَ عُمَرُ لِلْقَوْمِ: مَا رَأَیْتُ رَجُلاً أَحْسَنَ صُوْرَةً مِنْ جَرِیْرٍ، إِلاَّ مَابَلَغَنَا مِنْ صُوْرَةِ یُوْسُفَ عَلَیْہِ السَّلاَمُ.

بابٌ كَیْفَ كَانَ كَلاَمُ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم؟

نبی ﷺ کا اندازِ گفتگو کیسا تھا؟

حدیث (۱): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کی گفتگو آپ لوگوں کی طرح لگا تار (جلدی جلدی) نہیں ہوتی تھی، بلکہ آپؐ صاف واضح گفتگو فرماتے تھے، تاکہ آپؐ کے پاس بیٹھنے والا اچھی طرح سے بات محفوظ کرلے (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۶۸، اسی جلد میں)

حدیث (۲): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ (کبھی) کلام کو تین مرتبہ دوہراتے تھے، تاکہ آپؐ کی بات اچھی طرح سمجھ لی جائے (حوالہ بالا حدیث ۳۶۶۹)

حدیث (۳): حضرت حسنؓ کہتے ہیں: میں نے اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہؓ سے پوچھا: اور وہ نبی ﷺ کا حلیہ بہت عمدہ بیان کرتے تھے، میں نے ان سے کہا: آپؓ میرے لئے نبی ﷺ کا اندازِ گفتگو بیان فرمائیں، انھوں نے کہا:

[۱-] كان رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مُتَوَاصِلَ الْأَحْزَانِ، دَائِمَ الْفِكْرَةِ، لیستْ له راحةٌ، طویلَ السَّكْتِ، لایتكلّم فی غیرِ حاجةٍ.

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ مسلسل غموں میں رہتے تھے، ہر وقت سوچتے رہتے تھے، آپؐ کے لئے ذرا بھی راحت نہیں تھی، اکثر اوقات خاموش رہتے تھے، بلاضرورت گفتگو نہیں فرماتے تھے۔

تشریح: یہ سب جملے ایک دوسرے کی وضاحت کرتے ہیں۔ مسلسل غموں میں رہتے تھے یعنی سوچتے رہتے تھے، تھوڑی دیر کے لئے بھی سوچنا موقوف نہیں کرتے تھے، اور جو سوچتا ہے وہ خاموش رہتا ہے، اِدھر اُدھر کی باتیں نہیں کرتا، اور یہ اندازِ گفتگو کی تمہید ہے۔ رہی یہ بات کہ آپ کیا سوچتے تھے؟ اس کی وضاحت اب کون کرسکتا ہے؟!

[۲-] یَفْتَتِحُ الكلامَ وَیَخْتِمُهُ بِأَشْدَاقِهِ، وَیَتَكَلَّمُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، كلامُه فَصْلٌ، لاَفُضُوْلَ ولاَ تَقْصِیْرَ.

ترجمہ: گفتگو شروع فرماتے اور گفتگو ختم فرماتے اپنی باچھوں سے یعنی منہ بھر کر گفتگو فرماتے تھے، نوکِ زبان سے کٹے کٹے الفاظ نہیں بولتے تھے، اور آپؐ جامع الفاظ سے گفتگو فرماتے تھے (جن کے الفاظ تھوڑے اور معانی بہت ہوتے ہیں) آپؐ کی گفتگو جدا جدا ہوتی تھی، یعنی بات سے بات ملی ہوئی نہیں ہوتی تھی، آپؐ کا کلام نہ مقصد سے زائد ہوتا تھا نہ کوتاہ!

لغت: الشِّدْق: گوشۂ لب، باچھ، دائیں بائیں جہاں دونوں ہونٹ ملتے ہیں۔

[٣-] لَيسَ بِالْجَافِي وَلاَ الْمُهِينِ، يُعَظِّمُ النِّعْمَةَ وَإِنْ دَقَّتْ، لاَيَذُمَّ مِنْهَا شَيْئًا، غيرَ أنه لم يَكُنْ يَذُمُّ ذَوَاقًا، وَلاَ يَمْدَحُهُ.

ترجمہ: آپؐ نہ سخت مزاج تھے، نہ رسوا کرنے والے، یعنی کسی کو شرمندہ نہیں کرتے تھے، اللہ کی نعمت کو بڑا سمجھتے تھے، اگرچہ معمولی ہو، کسی بھی نعمت کی برائی نہیں کرتے تھے، خاص طور پر کھانے کی نہ تو مذمت فرماتے تھے، اور نہ اس کی تعریف کرتے تھے۔

تشریح: کھانا: اللہ کی نعمت ہے، اس لئے اس کی برائی نہیں کرتے تھے، پسندِ خاطر ہوتا تو نوش فرماتے، ورنہ چھوڑ دیتے، اور کھانے کی بے حد تعریف: حرص کا شبہ پیدا کرتی ہے، اس لئے اس سے بھی بچتے تھے، البتہ کبھی کسی کی دلداری کے لئے کچھ تعریف کی ہے، جیسے فرمایا: سرکہ بہترین لاون ہے۔

[٤-] وَلاَ تُغْضِبُهُ الدنيا، وَلاَ مَاكَانَ لَهَا، فَإِذَا تُعُدِّيَ الحقُّ لَمْ يَقُمْ لِغَضَبِهِ شَيْئٌ، حَتى يَنْتَصِرَ له، وَلاَ يَغْضَبُ لِنَفْسِهِ، وَلاَ يَنْتَصِرُ لها.

ترجمہ: اور دنیا آپؐ کو غضبناک نہیں کرتی تھی، اور نہ وہ چیزیں جو دنیا کے لئے ہیں یعنی دنیا کے کسی معاملہ میں آپؐ کو سخت غصہ نہیں آتا تھا، البتہ جب حق بات سے تجاوز کیا جاتا، یعنی کسی امر شرعی کی خلاف ورزی کی جاتی، تو اس وقت آپؐ کے غصہ کی کوئی تاب نہیں لاسکتا تھا، یہاں تک کہ آپؐ اس امر حق کا انتقام لے لیں، یعنی مجرم کو سزا دیدیں۔ اور آپؐ اپنی ذات کے لئے غضبناک نہیں ہوتے تھے، اور نہ اپنی ذات کے لئے انتقام لیتے تھے (بلکہ گستاخی کرنے والے سے درگذر فرماتے تھے)

[٥-] وإذَا أَشَارَ أَشَارَ بِكَفِّهِ كُلِّهَا، وَإِذَا تَعَجَّبَ قَلَبَهَا، وَإِذَا تَحَدَّثَ اتَّصَلَ بِهَا، وَضَرَبَ بِرَاحَتِهِ الْيُمْنٰى بَطْنَ إِبْهَامِهِ الْيُسْرٰى.

ترجمہ: اور جب آپؐ (دورانِ کلام) اشارہ فرماتے تو اپنی پوری ہتھیلی سے اشارہ فرماتے، اور جب آپؐ کو کسی بات پر حیرت ہوتی تو ہتھیلی کو پلٹتے، اور جب آپؐ بات فرماتے تو اس کو ہتھیلی کے ساتھ ملاتے یعنی گفتگو کے ساتھ ہتھیلی سے اشارہ فرماتے، اور (دورانِ گفتگو) اپنی داہنی ہتھیلی کو بائیں انگوٹھے کے اندرونی حصہ پر مارتے۔

[٦-] وإذَا غَضِبَ أَعْرَضَ وَأَشَاحَ، وَإِذَا فَرِحَ غَضَّ طَرْفَهُ، جُلُّ ضَحِكِهِ التَّبَسُّمُ، يَفْتَرُّ عن مِثْلِ حَبِّ الْغَمَامِ.

ترجمہ: اور جب آپ غضبناک ہوتے تو روگردانی کرتے اور بے توجہی برتتے، اور جب خوش ہوتے تو آنکھ بند کرلیتے، عام طور پر آپؐ کی ہنسی مسکرانا ہوتا تھا۔ اس وقت دندانِ مبارک اولوں کی طرح (سفید چمکدار) ظاہر ہوتے تھے (یہ حدیث: حدیث نمبر ۷ کا حصہ ہے)

لغات: أَشَاحَ وَجْهَهُ وبوجهه عنه: نفرت وکراہت سے منہ پھیرلینا...... اِفْتَرَّ فلانٌ: اتنا ہنسنا کہ دانت کھل

جائیں......لفظ مثل زائد ہے، تحسین کلام کے لئے لایا گیا ہے۔

[۳۴-] بابُ كَيْفَ كَانَ كَلامُ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم؟

[۲۱۵-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا حُمَيْدُ بْنُ الْأَسْوَدِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَسْرُدُ سَرْدَكُمْ هٰذَا، وَلٰكِنَّهُ كَانَ يَتَكَلَّمُ بِكَلَامٍ بَيِّنٍ فَصْلٍ، يَحْفَظُهُ مَنْ جَلَسَ إِلَيْهِ.

[۲۱۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا أَبُوْ قُتَيْبَةَ: سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُثَنّٰى، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يُعِيْدُ الْكَلِمَةَ ثَلَاثًا، لِتُعْقَلَ عَنْهُ.

[۲۱۷-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، أَنْبَأَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعِجْلِيُّ، ثَنِیْ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ تَمِيْمٍ، مِنْ وَلَدِ أَبِیْ هَالَةَ زَوْجِ خَدِيْجَةَ، يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنٍ لِأَبِیْ هَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ خَالِیْ هِنْدَ بْنَ أَبِیْ هَالَةَ، وَكَانَ وَصَّافًا، قُلْتُ: صِفْ لِیْ مَنْطِقَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ:

[۱-] كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم مُتَوَاصِلَ الْأَحْزَانِ، دَائِمَ الفِكْرَةِ، لَيْسَتْ لَهُ رَاحَةٌ، طَوِيْلَ السَّكْتِ، لَايَتَكَلَّمُ فِیْ غَيْرِ حَاجَةٍ.

[۲-] يَفْتَتِحُ الْكَلَامَ وَيَخْتِمُهُ بِأَشْدَاقِهِ، وَيَتَكَلَّمُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ، كَلَامُهُ فَصْلٌ، لَا فُضُوْلَ وَلَا تَقْصِيْرَ.

[۳-] لَيْسَ بِالْجَافِیْ وَلَا الْمُهِيْنِ، يُعَظِّمُ النِّعْمَةَ وَإِنْ دَقَّتْ، لَايَذُمُّ مِنْهَا شَيْئًا، غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَذُمُّ ذَوَاقًا، وَلَا يَمْدَحُهُ.

[۴-] وَلَا تُغْضِبُهُ الدُّنْيَا، وَلَا مَاكَانَ لَهَا، فَإِذَا تُعُدِّیَ الْحَقُّ لَمْ يَقُمْ لِغَضَبِهِ شَيْئٌ، حَتّٰى يَنْتَصِرَ لَهُ، لَا يَغْضَبُ لِنَفْسِهِ، وَلَا يَنْتَصِرُ لَهَا.

[۵-] إِذَا أَشَارَ أَشَارَ بِكَفِّهِ كُلِّهَا، وَإِذَا تَعَجَّبَ قَلَبَهَا، وَإِذَا تَحَدَّثَ اتَّصَلَ بِهَا، وَضَرَبَ بِرَاحَتِهِ الْيُمْنٰى بَطْنَ إِبْهَامِهِ الْيُسْرٰى.

[۶-] وَإِذَا غَضِبَ أَعْرَضَ وَأَشَاحَ، وَإِذَا فَرِحَ غَضَّ طَرْفَهُ جُلُّ ضَحِكِهِ التَّبَسُّمُ، يَفْتَرُّ عَنْ مِثْلِ حَبِّ الْغَمَامِ.

بابُ ماجاءَ فِی ضَحِكِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے ہنسنے کا بیان

حدیث (۱): جابرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی پنڈلیوں میں پتلا پن تھا، اور آپؐ کا ہنسنا بس مسکرانا ہی ہوتا تھا، اور میں

جب آپ کی طرف دیکھتا تو (دل میں) کہتا: آپؐ کی آنکھیں سرگیں ہیں، حالانکہ آپؐ نے سرمہ نہیں لگایا ہوتا تھا (بلکہ فطری طور پر آنکھیں سرگیں تھیں) (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۴۷ اسی جلد میں)

حدیث (۲و۳): عبد اللہ بن الحارثؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے زیادہ مسکرانے والا کوئی شخص نہیں دیکھا (یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند میں ابن لہیعہ ہیں، اور دوسری سند سے جو یزید کی ہے، حدیث اس طرح ہے:) حضرت عبد اللہ بن الحارثؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ہنسنا نہیں تھا مگر مسکرانا، یعنی آپؐ بس مسکراتے تھے، ہنستے بہت کم تھے (یہ حدیث صحیح ہے، آپؐ کا ہنسنا عام طور پر بس مسکرانا ہوتا تھا، اور گذشتہ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ آپؐ ہر وقت مسکراتے رہتے تھے، یہ بات صحیح نہیں) (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۶۷۰ و ۳۶۷۱ یہ حدیثیں اسی جلد میں ہیں)

حدیث (۴): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اس آخری شخص کو جانتا ہوں جو جنت میں داخل ہوگا، اور اس آخری شخص کو جو جہنم سے نکلے گا (یہ ایک ہی شخص ہے) قیامت کے دن ایک آدمی لایا جائے گا۔ پس (فرشتوں سے) کہا جائے گا: اس کے سامنے اس کے چھوٹے گناہ پیش کرو، اور اس کے بڑے گناہ چھپادو، پس اس سے پوچھا جائے گا: تو نے فلاں دن یہ اور یہ کام کیا ہے؟ اور وہ اقرار کرنے والا ہوگا، انکار نہیں کرے گا، اور وہ بڑے گناہوں سے ڈر رہا ہوگا (کہ جب ان کا نمبر آئے گا تو کیا ہوگا؟) پس کہا جائے گا: اس کو ہر برائی کی جگہ جو اس نے کی ہے ایک نیکی دو، پس وہ کہے گا: میں نے اور بھی کچھ گناہ کئے ہیں جن کو میں یہاں نہیں دیکھتا یعنی وہ گناہ پہلے حاضر کئے جائیں، پھر ان کو نیکیوں سے بدلا جائے، ابو ذرؓ کہتے ہیں: بخدا! میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: آپؐ ہنسے یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں! (ترمذی، صفۃ جہنم، حدیث ۲۵۹۴ تحفہ ۶: ۳۶۲) (شمائل میں إنی لأعلم أول رجل تھا، تصحیح سنن ترمذی سے کی ہے)

حدیث (۵و۶): جریرؓ کہتے ہیں: جب سے میں مسلمان ہوا ہوں: نبی ﷺ نے مجھ سے پردہ نہیں کیا یعنی جب بھی میں نے اجازت طلب کی اجازت دیدی۔ اور جب بھی نبی ﷺ نے مجھے دیکھا ہے: آپ مسکرائے ہیں (یہ مسکرانا اکرام کے لئے تھا، ترمذی، مناقب، حدیث ۳۸۵۲ و ۳۸۵۳ یہ حدیثیں اسی جلد میں ہیں، اور دونوں سندوں میں فرق یہ ہے کہ پہلی سند میں زائدہ کے استاذ بیان بن بشر احمصی ہیں، اور دوسری سند میں اسماعیل بن خالد، اور کچھ فرق نہیں)

حدیث (۷): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میں اس شخص کو جانتا ہوں جو سب سے آخر میں دوزخ سے نکلے گا۔ ایک شخص جہنم سے گھسٹتا ہوا نکلے گا، پس اس سے کہا جائے گا: چل اور جنت میں داخل ہوجا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ جائے گا، تاکہ جنت میں داخل ہو، پس وہ لوگوں کو پائے گا کہ انھوں نے سب جگہیں گھیر لی ہیں، پس وہ لوٹ آئے گا۔ اور کہے گا: اے میرے رب! لوگوں نے سب جگہیں لے لی ہیں، پس اس سے کہا جائے گا: کیا تجھے (دنیا کا) وہ زمانہ یاد ہے جس میں تو تھا؟ وہ کہے گا: ہاں! پس اس سے کہا جائے گا: (اب تو) آرزو کر یعنی تجھے کتنی جنت چاہئے، اس کی تمنا کر، نبی ﷺ نے فرمایا: پس وہ آرزو کرے گا۔ پس اس سے کہا جائے گا: تیرے لئے وہ ہے جس کی تو نے آرزو کی،

اور دنیا کا دس گنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس وہ کہے گا: کیا آپ میرے ساتھ ٹھٹھا کرتے ہیں درانحالیکہ آپ شہنشاہ ہیں؟ راوی کہتے ہیں: پس بخدا! میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا: آپ ہنسے یہاں تک کہ آپ کی ڈاڑھیں کھل گئیں! (ترمذی، صفۃ جہنم، حدیث ۲۵۹۲ تحفہ ۶:۳۶۱)

حدیث (۸): علی بن ربیعہ والبی کوفی کہتے ہیں: میں علیؓ کے پاس تھا۔ آپؓ کے پاس ایک سواری لائی گئی، تاکہ آپؓ اس پر سوار ہوں، پس جب آپؓ نے رکاب میں پیر رکھا تو کہا: بسم الله، پھر جب آپؓ اس کی پیٹھ کر سیدھے بیٹھ گئے تو کہا: الحمد لله! پھر آپؓ نے پڑھا: ﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا﴾ الآیة پھر تین مرتبہ الحمد لله، اور تین مرتبہ الله أکبر کہا، پھر کہا: آپ کی ذات پاک ہے، میں نے یقیناً اپنے نفس پر ظلم کیا، پس آپ میری بخشش فرمادیں، کیونکہ آپ کے علاوہ گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں! —— پھر آپؓ ہنسے، علی بن ربیعہ نے عرض کیا: امیر المؤمنین! آپ کیوں ہنسے؟ آپؓ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا، آپؐ نے ویسا ہی کیا جیسا میں نے کیا، پھر آپؐ ہنسے، تو میں نے پوچھا: یارسول اللہ! آپؐ کیوں ہنسے؟ آپؐ نے فرمایا: "بیشک آپ کے پروردگار تعجب کرتے ہیں اپنے بندے سے جب وہ کہتا ہے: اے میرے پروردگار! میرے گناہ بخشش دیں! میرا بندہ جانتا ہے کہ گناہوں کو میرے علاوہ کوئی بخشنے والا نہیں (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۴۶۹ اسی جلد میں)

حدیث (۹): حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کہتے ہیں: بخدا! میں نے غزوۂ خندق کے موقعہ پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپؐ ہنسے یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں، صاحبزادے عامر کہتے ہیں: پس میں نے پوچھا: اس کا واقعہ کیا ہے؟ حضرت سعدؓ نے کہا: ایک (کافر) آدمی کے پاس ڈھال تھی، اور سعد ماہر تیر انداز تھے، اور وہ کافر ڈھال سے ایسا اور ایسا کرتا تھا: ڈھانکتا تھا وہ اپنی پیشانی کو یعنی وہ کبھی ڈھال سے منہ نکال کر دیکھتا اور کبھی اس کے پیچھے چھپ جاتا تھا، پس اس کے لئے سعدؓ نے ایک تیر کھینچا یعنی تیار رہے پس جب اس نے اپنا سر اٹھایا یعنی ڈھال سے سر نکالا تو سعدؓ نے اس کو تیر مارا، پس نہیں چوکا یہ تیر اس سے یعنی اس کی پیشانی سے، تیر اس کی پیشانی پر لگا، اور وہ الٹ گیا، اور اس نے اپنا پیر اوپر اٹھالیا یعنی وہ اُلر گیا، پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے، یہاں تک کہ آپؐ کی ڈاڑھیں کھل گئیں۔ عامر نے پوچھا: آپؐ کس بات سے ہنسے؟ حضرت سعدؓ نے کہا: اس آدمی کے ساتھ (سعدؓ کے) کرنے سے یعنی حضرت سعدؓ کے تیر سے وہ جو چاروں خانے چیت ہوگیا اور اس کے پیر اُلر گئے، اس پر آنجنابؐ ہنسے! (اس حدیث کا راوی محمد بن محمد بن الاسود مستور ہے، اور اس باب میں یہی ایک نئی حدیث ہے)

[۳۵-] بابُ ماجاءَ فِي ضَحِكِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۱۸-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، أَنَا الْحَجَّاجُ: وَهُوَ ابْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ

حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: كَانَ فِيْ سَاقَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حُمُوْشَةٌ، وَكَانَ لَايَضْحَكُ إِلَّا تَبَسُّمًا، فَكُنْتُ إِذَا نَظَرْتُ إِلَيْهِ، قُلْتُ: أَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ، وَلَيْسَ بِأَكْحَلَ.

[۲۱۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنَا ابْنُ لَهِيْعَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ ابْنِ جَزْءٍ، قَالَ: مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[۲۲۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَلَّالُ، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحَانِيُّ، ثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ: مَاكَانَ ضَحِكُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا تَبَسُّمًا. قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ.

[۲۲۱-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، أَنْبَأَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ رضى الله عنه، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: إِنِّيْ لَأَعْلَمُ آخِرَ رَجُلٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ، وَآخِرَ رَجُلٍ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ، يُؤْتَى بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُقَالُ: اعْرِضُوْا عَلَيْهِ صِغَارَ ذُنُوْبِهِ، وَتُخْبَأُ عَنْهُ كِبَارُهَا. فَيُقَالُ لَهُ: عَمِلْتَ يَوْمَ كَذَا: كَذَا وَكَذَا؟ وَهُوَ مُقِرٌّ لَايُنْكِرُ، وَهُوَ مُشْفِقٌ مِنْ كِبَارِهَا، فَيُقَالُ: أَعْطُوْهُ مَكَانَ كُلِّ سَيِّئَةٍ عَمِلَهَا حَسَنَةً، فَيَقُوْلُ: إِنَّ لِيْ ذُنُوْبًا، مَا أَرَاهَا هَاهُنَا، قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ.

[۲۲۲-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ بَيَانٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: مَا حَجَبَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْذُ أَسْلَمْتُ، وَلاَ رَآنِيْ إِلَّا ضَحِكَ.

[۲۲۳-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، قَالَ: مَاحَجَبَنِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلاَ رَآنِيْ مُنْذُ أَسْلَمْتُ إِلَّا تَبَسَّمَ.

[۲۲٤-] حدثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رضى الله عنه، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: " إِنِّيْ لَأَعْرِفُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا: رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنْهَا زَحْفًا. فَيُقَالُ لَهُ: انْطَلِقْ، فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَذْهَبُ لِيَدْخُلَ، فَيَجِدُ النَّاسَ قَدْ أَخَذُوْا الْمَنَازِلَ، فَيَرْجِعُ، فَيَقُوْلُ: يَارَبِّ! قَدْ أَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، فَيُقَالُ لَهُ: أَتَذْكُرُ الزَّمَانَ الَّذِيْ كُنْتَ فِيْهِ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ، قَالَ: فَيَتَمَنَّى، فَيُقَالُ لَهُ: فَإِنَّ لَكَ الَّذِي تَمَنَّيْتَ، وَعَشْرَةَ أَضْعَافِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: أَتَسْخَرُ بِيْ وَأَنْتَ الْمَلِكُ! قَالَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ.

[۲۲۵-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، أَنْبَأَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيْعَةَ، قَالَ:

شَهِدْتُ عَلِيًّا رضى الله عنه،أُتِىَ بِدَابَّةٍ لِيَرْكَبَهَا، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِى الرِّكَابِ، قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ. فَلَمَّا اسْتَوَى عَلَى ظَهْرِهَا قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ. ثُمَّ قَالَ: ﴿سُبْحَانَ الَّذِىْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ﴾ ثُمَّ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، ثَلاثًا، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، ثَلاثًا. سُبْحَانَكَ إِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لِىْ، فَإِنَّهُ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، ثُمَّ ضَحِكَ. فَقُلْتُ: مِنْ أَىِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ؟ قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَنَعَ كَمَا صَنَعْتُ ثُمَّ ضَحِكَ، فَقُلْتُ: مِنْ أَىِّ شَيْءٍ ضَحِكْتَ يَارسولَ اللّٰهِ؟ قَالَ:" إِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ: رَبِّ اغْفِرلِىْ ذُنُوْبِىْ! يَعْلَمُ أَنَّهُ لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ أَحَدٌ غَيْرِىْ"

[۲۲۶-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنْبَأَنَا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَنْصَارِىُّ، ثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ مُحمدِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ قَالَ سَعْدٌ: لَقَدْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ضَحِكَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ، حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ كَانَ؟ قَالَ: كَانَ رَجُلٌ مَعَهُ تُرْسٌ، وَكَانَ سَعْدٌ رَامِيًا، وَكَانَ يَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا بِالتُّرْسِ يُغَطِّىْ جَبْهَتَهُ، فَنَزَعَ لَهُ سَعْدٌ بِسَهْمٍ، فَلَمَّا رَفَعَ رَأْسَهُ رَمَاهُ، فَلَمْ يُخْطِئْ هٰذِهِ مِنْهُ، يَعْنِىْ جَبْهَتَهُ، وَانْقَلَبَ، وَشَالَ بِرِجْلِهِ، فَضَحِكَ النبىُّ صلى الله عليه وسلم حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، قُلْتُ: مِنْ أَىِّ شَيْءٍ ضَحِكَ؟ قَالَ: مِنْ فِعْلِهِ بِالرَّجُلِ.

بابُ ماجاءَ فِى صِفَةِ مِزَاحِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی دل لگی کا بیان

حدیث(۱): نبی ﷺ نے اپنے خادم انسؓ سے ایک مرتبہ دل لگی کے طور پر کہا:''او دوکان والے!'' راوی ابو اسامہ کہتے ہیں: یہ آپؐ نے ان سے دل لگی کی تھی (ترمذی، بروصلہ، حدیث ۱۹۸۸ تحفہ ۵:۳۲۹)

حدیث(۲): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کا ہمارے گھرانے کے ساتھ اتنا میل جول تھا کہ گھر کے چھوٹے بچوں کے ساتھ آپؐ دل لگی کرتے تھے، میرا ایک چھوٹا بھائی تھا، جو ہمیشہ اپنی چڑیا کے ساتھ مشغول رہتا تھا۔ ایک دن نبی ﷺ نے اس کو مغموم دیکھا پس پوچھا:''یہ بچہ مغموم کیوں ہے؟'' گھر والوں نے بتایا کہ اس کی چڑیا مرگئی ہے (اس لئے عدت میں بیٹھا ہے!) اس کے بعد جب بھی نبی ﷺ ہمارے گھر تشریف لاتے تو اس بچہ کو چھیڑتے، اور فرماتے:''اوابوعمیر! تیری بلبل کیا ہوئی؟'' پس بچہ ہشاش بشاش ہوجاتا تھا (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۳۴۱ تحفہ ۲:۱۵۵ اور بروصلہ، حدیث ۱۹۸۶ تحفہ ۵:۳۲۸) امام ترمذی فرماتے ہیں: اس حدیث سے تین مسئلے ثابت ہوئے: ۱- نبی ﷺ دل لگی فرماتے تھے۔ ۲- آپؐ نے چھوٹے بچے کی کنیت رکھی، نغیر سے ہم وزن کرنے کے لئے آپؐ نے اس کو ابوعمیر کہہ کر پکارا۔ ۳- بچے کو کھیلنے کے لئے پرندہ دینے کی گنجائش ہے۔

حدیث (۳): ابوہریرہؓ کہتے ہیں: صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ ہمارے ساتھ دل لگی فرماتے ہیں! یعنی کیا یہ بات آپؐ کے شایانِ شان ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''میں ہمیشہ سچ بات ہی کہتا ہوں'' یعنی ایسی خوش طبعی شانِ نبوت کے خلاف نہیں (ترمذی، بروصلہ، حدیث ۱۹۸۷ تحفہ ۵:۳۲۹)

حدیث (۴): انسؓ کہتے ہیں: ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے سواری کے لئے اونٹ مانگا، آپؐ نے فرمایا: ''میں تجھے سواری کے لئے اونٹنی کا بچہ دونگا'' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اونٹنی کے بچے کو کیا کرونگا؟ یعنی مجھے تو سواری چاہئے! پس آپؐ نے فرمایا: ''نہیں جنتی اونٹوں کو مگر اونٹنیاں!'' یعنی ہر اونٹ: اونٹنی کا بچہ ہوتا ہے! (ترمذی، برّ وصلہ، حدیث ۱۹۸۹ تحفہ ۵:۳۲۸)

حدیث (۵): انسؓ کہتے ہیں: جنگل کے رہنے والوں میں سے ایک شخص کا نام زاہر بن حرامؓ تھا، وہ نبی ﷺ کے لئے جنگل کی چیزوں (سبزی ترکاری) میں سے کوئی نہ کوئی ہدیہ لاتے تھے، چنانچہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''زاہر ہمارا جنگل ہیں، اور ہم اس کا شہر ہیں!'' یعنی ہماری دیہات کی ضرورتیں زاہر پوری کرتے ہیں، اور ہم ان کی شہر کی ضرورتیں پوری کرتے ہیں۔

اور رسول اللہ ﷺ زاہر سے محبت کرتے تھے، اور وہ بدشکل آدمی تھے (مگر سیرت شاندار تھی) پس ایک دن نبی ﷺ ان کے پاس آئے، درانحالیکہ وہ اپنا سامان بیچ رہے تھے، اور ان کے پیچھے سے ان کی کولی بھر لی، درانحالیکہ وہ آپؐ کو نہیں دیکھ رہے تھے (یہ پہلی دل لگی ہے) پس انھوں نے کہا: کون ہے؟ چھوڑ! پھر وہ متوجہ ہوئے اور نبی ﷺ کو پہچان لیا۔ پس وہ بہت اہتمام سے اپنی پیٹھ نبی ﷺ کے سینے سے ملنے لگے، جب انھوں نے آپؐ کو پہچان لیا (پس کھیل ختم ہوگیا)

پھر نبی ﷺ نے کہنا شروع کیا: اس بندے کو کون خریدتا ہے؟'' (یہ دوسری دل لگی ہے، بندے کے معنی غلام کے بھی ہیں) پس انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! تب تو آپؐ بخدا! مجھے کھوٹا (کم قیمت) پائیں گے! یعنی مجھ کالے کو کون خریدے گا؟ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مگر تم اللہ کے نزدیک کھوٹے نہیں ہو'' یا فرمایا: ''مگر تم اللہ کے نزدیک بیش قیمت ہو!'' (کیونکہ وہاں صورت نہیں دیکھی جاتی، سیرت دیکھی جاتی ہے)

حدیث (۶): حسن بصری رحمہ اللہ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس ایک بوڑھیا آئی۔ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ وہ مجھے جنت میں داخل کریں۔ آپؐ نے فرمایا: ''او فلاں کی ماں! بوڑھی عورت جنت میں نہیں جائے گی!'' پس اس نے پیٹھ پھیری، درانحالیکہ وہ رو رہی تھی، پس آپؐ نے فرمایا: ''اسے بتلاؤ کہ وہ جنت میں داخل نہیں ہوگی درانحالیکہ وہ بوڑھی ہوگی'' (بلکہ جوان کنواری ہوکر جنت میں داخل ہوگی) کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ''ہم نے ان (جنت کی) عورتوں کو خاص طور پر بنایا ہے، پس ہم نے ان کو کنواریاں، محبوبائیں اور (شوہروں کی)

ہم عمر بنایا ہے (سورۃ الواقعہ آیات ۳۵-۳۷) (یہ روایت مرسل ہے)

[۳۶-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ مِزَاحِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲۲۷-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، أَنْبَأَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ قَالَ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ لَهُ:" يَاذَا الْأُذُنَيْنِ!" قَالَ مَحْمُوْدٌ: قَالَ أَبُوْ أُسَامَةَ: يَعْنِيْ يُمَازِحُهُ.

[۲۲۸-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: إِنْ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لَيُخَالِطُنَا، حَتَّى يَقُوْلَ لِأَخٍ لِيْ صَغِيْرٍ:" يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَافَعَلَ النُّغَيْرُ؟"

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَفِقْهُ هٰذَا الحديثِ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُمَازِحُ، وَفِيْهِ: أَنَّهُ كَنىٰ غُلَامًا صَغِيْرًا، فَقَالَ لَهُ:" يَا أَبَا عُمَيْرٍ" وَفِيْهِ: أَنْ لَّا بَأْسَ أَنْ يُعْطَى الصَّبِيُّ الطَّيْرَ، لِيَلْعَبَ بِهِ، وَإِنَّمَا قَالَ لَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:" يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَافَعَلَ النُّغَيْرُ؟" لِأَنَّهُ كَانَ لَهُ نُغَيْرٌ يَلْعَبُ بِهِ، فَمَاتَ، فَحَزِنَ الْغُلَامُ عَلَيْهِ، فَمَازَحَهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فَقَالَ:" يَا أَبَا عُمَيْرٍ، مَافَعَلَ النُّغَيْرُ؟"

[۲۲۹-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ محمدٍ الدُّوْرِيُّ، أَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالُوْا: يَارسولَ اللّٰهِ إِنَّكَ تُدَاعِبُنَا! قَالَ: "إِنِّيْ لَا أَقُوْلُ إِلَّا حَقًّا" ...... تُدَاعِبُنَا: يَعْنِيْ تُمَازِحُنَا.

[۲۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا اسْتَحْمَلَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ:" إِنِّيْ حَامِلُكَ عَلَى وَلَدِ نَاقَةٍ!" فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! مَا أَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ؟ فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "وَهَلْ تَلِدُ الإِبِلَ إِلَّا النُّوْقُ!"

[۲۳۱-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ، كَانَ اسْمُهُ زَاهِرًا، وَكَانَ يُهْدِيْ إِلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم هَدِيَّةً مِنَ الْبَادِيَةِ، فَيُجَهِّزُهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "إِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا، وَنَحْنُ حَاضِرُوْهُ"

وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُحِبُّهُ، وَكَانَ رَجُلًا دَمِيْمًا. فَأَتَاهُ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَوْمًا، وَهُوَ يَبِيْعُ مَتَاعَهُ، وَاحْتَضَنَهُ مِنْ خَلْفِهِ، وَلَا يُبْصِرُ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ أَرْسِلْنِيْ، فَالْتَفَتَ، فَعَرَفَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ لَايَأْلُوْ مَا أَلْصَقَ ظَهْرَهُ بِصَدْرِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم حِيْنَ عَرَفَهُ.

فَجَعَلَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ: "مَنْ يَشْتَرِيْ هٰذَا الْعَبْدَ؟" فَقَالَ الرَّجُلُ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِذًا – وَاللّٰهِ!– تَجِدُنِيْ كَاسِدًا! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لٰكِنَّ عِنْدَ اللّٰهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ" أَوْقَالَ: "أَنْتَ عِنْدَ اللّٰهِ غَالٍ!"

[۲۳۲–] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: أَتَتْ عَجُوْزٌ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتْ: يَارسولَ اللّٰهِ! ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُدْخِلَنِيَ الْجَنَّةَ. فَقَالَ: "يَا أُمَّ فُلَانٍ! إِنَّ الْجَنَّةَ لَاتَدْخُلُهَا عَجُوْزٌ" قَالَ: فَوَلَّتْ تَبْكِيْ، فَقَالَ: أَخْبِرُوْهَا أَنَّهَا لَاتَدْخُلُهَا وَهِيَ عَجُوْزٌ، إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ: ﴿إِنَّا أَنْشَأْنَاهُنَّ إِنْشَاءً، فَجَعَلْنَاهُنَّ أَبْكَارًا، عُرُبًا أَتْرَابًا﴾

بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ كَلَامِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الشِّعْرِ

نبی ﷺ کی اشعار سے دلچسپی کا بیان

حدیث (۱): حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا: کیا نبی ﷺ کوئی شعر استشہاد کے طور پر پڑھتے تھے؟ انھوں نے کہا: عبداللہ بن رواحہ کے اشعار استشہاد کے طور پر پڑھتے تھے، استشہاد کے طور پر فرماتے: "تیرے پاس وہ شخص خبریں لائے گا جس کو تونے توشہ نہیں دیا!" (ترمذی، استیذان، حدیث ۲۸۵۷ تحفہ ۶:۵۹۶ میں پورا شعر اوراس کی شرح ہے)

حدیث (۲): نبی ﷺ نے فرمایا: "بیشک نہایت سچی بات جو کسی شاعر نے کہی ہے: وہ لبید کی بات ہے: سنو! اللہ کے علاوہ جو کچھ ہے وہ باطل (ناپائدار) ہے اور امیہ قریب تھا کہ مسلمان ہوجاتا (ترمذی، استیذان وادب، حدیث ۲۸۵۸ تحفہ ۶:۵۹۷ میں لبید کے دونوں شعر ہیں۔ اور حدیث کا آخری جزء صرف شمائل اور بخاری شریف میں ہے، لبید: صحابی ہیں اور امیہ ایمان نہیں لایا تھا)

حدیث (۳): جندبؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کی انگلی پر پتھر لگا، پس وہ خون آلود ہوگئی، پس آپؐ نے فرمایا:

نہیں ہے تو مگر ایک انگلی جو خون آلود ہوگئی ہے ❁ اور راہِ خدا میں ہے وہ جس سے تو نے ملاقات کی ہے

(ترمذی، تفسیر والضحیٰ، حدیث ۳۳۶۸ تحفہ ۷:۵۵۳)

حدیث (۴): براءؓ سے ایک شخص نے کہا: اے ابو عُمارہ! کیا آپ لوگ (غزوۂ حنین میں) نبی ﷺ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے تھے؟! انھوں نے کہا: نہیں! قسم بخدا! نبی ﷺ نہیں بھاگے تھے، بلکہ کچھ جلد باز قسم کے لوگ بھاگے تھے، جب ہوازن نے ان کو تیروں پر دھرلیا تھا، اور رسول اللہ ﷺ خچر پر سوار تھے، اور ابوسفیان بن الحارث آپؐ کے خچر کی لگام تھامے ہوئے تھے، اور رسول اللہ ﷺ یہ رجز پڑھ رہے تھے: "میں سچا نبی ہوں، اس میں جھوٹ نہیں ÷ میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں" (ترمذی، جہاد، حدیث ۱۶۷۸ تحفہ ۴:۶۱۱)

حدیث (۵): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: نبی ﷺ عمرۃ القضاء کے لئے مکہ میں داخل ہوئے، درانحالیکہ ابن رواحہ رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے سامنے چل رہے تھے، اور وہ یہ اشعار پڑھ رہے تھے: اے کافروں کے بچو! آپ ﷺ کی راہ سے ہٹ جاؤ ÷ ہم آج تم کو بجائیں گے نبی ﷺ کے فروکش ہونے کی وجہ سے ÷ ایسا بجانا جو کھوپڑی کو اس کے ٹھکانے سے جدا کردے گا ÷ اور جگری دوست کو اس کے جگری دوست سے بے خبر کردے گا!

پس ان سے عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اے ابن رواحہ! نبی ﷺ کے سامنے اور حرم شریف میں آپ رضی اللہ عنہ اشعار پڑھ رہے ہیں؟! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''عمر! ان کو چھوڑو، یہ اشعار کفار (کے حق) میں تیر برسانے سے زیادہ کارگر ہیں! (ترمذی، استیذان وادب، حدیث ۲۸۵۶ تحفہ ۶: ۵۹۵)

حدیث (۶): جابر بن سمرۃ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نبی ﷺ کے پاس سو مرتبہ سے زیادہ بیٹھا ہوں، آپ ﷺ کے صحابہ ایک دوسرے کو اشعار سناتے تھے، اور زمانۂ جاہلیت کی بہت سی باتیں کرتے تھے، اور نبی ﷺ خاموش رہتے تھے، البتہ کبھی ان کے ساتھ مسکراتے تھے، یعنی نبی ﷺ نے شعرائے جاہلیت کے اچھے اشعار سنے ہیں (ترمذی، استیذان وآداب، حدیث ۲۸۵۹ تحفہ ۵: ۵۹۷)

حدیث (۷): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''شاندار بات جو عربوں نے کہی ہے: وہ لبید شاعر کی بات ہے: سنو! اللہ کے سوا ہر چیز باطل ہے!'' (یہ حدیث پہلے (حدیث ۲۳۴) اسی باب میں گذری ہے، وہ حدیث سفیان ثوری کی تھی، اور یہ شریک نخعی کی، اس میں آخری جملہ: وكاد أمية نہیں ہے، اور یہی حدیث ترمذی (حدیث ۲۸۵۸) میں ہے، اور اضافہ والی روایت بخاری میں ہے)

حدیث (۸): شرید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کا ردیف تھا یعنی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا، پس میں نے آپ ﷺ کو امیۃ بن ابی الصلت کے سو اشعار سنائے، میں جب بھی کوئی شعر سناتا تو آپ ﷺ فرماتے: ''ایک اور سناؤ'' یہاں تک کہ میں نے آپ ﷺ کو سو شعر سنائے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''قریب تھا وہ کہ مسلمان ہو جاتا!'' (مگر یہ سعادت اس کے نصیب میں نہیں تھی، اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ اچھے اشعار سماعت فرماتے تھے، اگرچہ وہ غیر مسلم شعراء کے ہوں، اور یہ حدیث مسلم شریف میں ہے)

حدیث (۹): عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: نبی ﷺ حسان رضی اللہ عنہ کے لئے مسجدِ نبوی میں منبر (کوئی اونچی چیز) رکھتے تھے، حسان رضی اللہ عنہ اس پر کھڑے ہوتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کی طرف سے مفاخرہ (کسی کے مقابلہ میں اپنی برتری ثابت کرنا) یا فرمایا: منافحہ (دفاع کرنا، کسی کی حمایت وطرفداری کرنا) کرتے تھے، اور نبی ﷺ فرماتے: ''اللہ تعالیٰ جبرئیل علیہ السلام کے ذریعہ حسان کی مدد کرتے ہیں، جب تک وہ نبی ﷺ کی طرف سے مفاخرہ یا فرمایا: منافحہ کرتے ہیں'' (ترمذی، استیذان وآداب، حدیث ۲۸۵۵ تحفہ ۶: ۵۹۴)

[٣٧-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ كَلَامِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِي الشِّعْرِ

[٢٣٣-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا شَرِيْكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَ: قِيْلَ لَهَا: هَلْ كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَمَثَّلُ بِشَيْئٍ مِنَ الشِّعْرِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَتَمَثَّلُ بِشِعْرِ ابْنِ رَوَاحَةَ، وَيَتَمَثَّلُ وَيَقُوْلُ:" وَيَأْتِيْكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ"

[٢٣٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" إِنَّ أَصْدَقَ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ: أَلَا كُلُّ شَيْئٍ مَاخَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ، وَكَادَ أُمَيَّةُ بْنُ أَبِي الصَّلْتِ أَنْ يُسْلِمَ"

[٢٣٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، أَنْبَأَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ قَالَ: أَصَابَ حَجَرٌ إِصْبَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَدَمِيَتْ، فَقَالَ:

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيْتِ ۞ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَالَقِيْتِ

حدثنا ابْنُ أَبِي عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ نَحْوَهُ.

[٢٣٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، ثنا أَبُوْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ ابْنِ عَازِبٍ، قَالَ: قَالَ لَهُ رَجُلٌ: أَفَرَرْتُمْ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَا أَبَا عُمَارَةَ؟ فَقَالَ: لَا، وَاللّٰهِ! مَا وَلّٰى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلٰكِنْ وَلّٰى سَرْعَانُ النَّاسِ، تَلَقَّتْهُمْ هَوَازِنُ بِالنَّبْلِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَلَى بَغْلَتِهِ، وَأَبُوْ سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" أَنَا النبيُّ لَاكَذِبْ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ"

[٢٣٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، أَنْبَأَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَخَلَ مَكَّةَ فِيْ عُمْرَةِ الْقَضَاءِ، وَابْنُ رَوَاحَةَ يَمْشِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

خَلُّوْا بَنِيْ الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيْلِهْ ۞ اَلْيَوْمَ نَضْرِبْكُمْ عَلَى تَنْزِيْلِهْ
ضَرْبًا يُزِيْلُ الْهَامَ مِنْ مَقِيْلِهْ ۞ وَيُذْهِلُ الْخَلِيلَ عَنْ خَلِيْلِهْ

فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: يَا ابْنَ رَوَاحَةَ! بَيْنَ يَدَيْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَفِيْ حَرَمِ اللّٰهِ تَقُوْلُ شِعْرًا؟ فَقَالَ النبيُّ:" خَلِّ عَنْهُ يَا عُمَرُ! فَلَهِيَ أَسْرَعُ فِيْهِمْ مِنْ نَضْحِ النَّبْلِ"

[٢٣٨-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنْبَأَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: جَالَسْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ مَرَّةٍ، وَكَانَ أَصْحَابُهُ يَتَنَاشَدُوْنَ الشِّعْرَ، وَيَتَذَاكَرُوْنَ أَشْيَاءَ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ، وَهُوَ سَاكِتٌ، وَرُبَّمَا تَبَسَّمَ مَعَهُمْ.

[۲۳۹-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، أَخْبَرَنَا شَرِیْكٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ، عَنْ أَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم، قَالَ: "أَشْعَرُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَتْ بِهَا الْعَرَبُ، كَلِمَةُ لُبَیْدٍ: أَلاَ كُلُّ شَیْئٍ مَا خَلاَ اللّٰهَ بَاطِلٌ"

[۲۴۰-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ، ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِیَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّائِفِیِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِیْدِ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَأَنْشَدْتُهُ مِائَةَ قَافِیَةٍ مِنْ قَوْلِ أُمَیَّةَ بْنِ أَبِی الصَّلْتِ، كُلَّمَا أَنْشَدْتُهُ بَیْتًا قَالَ لِی النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: "هِیْهِ" حَتّٰی أَنْشَدْتُهُ مِائَةً، یَعْنِیْ بَیْتًا، فَقَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم "كَادَ لِیُسْلِمَ"

[۲۴۱-] حدثنا إِسْمَاعِیْلُ بْنُ مُوْسَی الْفَزَارِیُّ، وَعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ - وَالْمَعْنَی وَاحِدٌ - قَالاَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِی الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یَضَعُ لِحَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ مِنْبَرًا فِی الْمَسْجِدِ، یَقُوْمُ عَلَیْهِ قَائِمًا، یُفَاخِرُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، أَوْ قَالَ: یُنَافِحُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، وَیَقُوْلُ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "إِنَّ اللّٰهَ یُؤَیِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ! مَا یُنَافِحُ أَوْ: یُفَاخِرُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم"

بابُ ماجاءَ فِی كِلاَمِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِی السَّمَرِ

نبی ﷺ کا رات میں قصے سنانے کا بیان

السَّمَر: رات میں ساتھیوں سے باتیں کرنا، شب کی قصہ گوئی، سَمَرَ (ن) سَمْرًا: رات میں ساتھی سے باتیں کرنا، قصہ کہانی کہنا۔

حدیث (۱): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک رات اپنی ازواج کو کوئی قصہ سنایا۔ پس ان میں سے ایک نے کہا: یہ گویا خُرافہ کی بات ہے! پس آپؐ نے فرمایا: "جانتی ہو خُرافہ کیا چیز ہے؟ خرافہ قبیلۂ عذرہ کا ایک آدمی تھا، اس کو جنات نے قید کیا، وہ ان میں عرصۂ دراز تک رہا، پھر وہ اس کو انسانوں میں چھوڑ گئے، پس وہ لوگوں سے وہ عجائبات بیان کرتا تھا جو اس نے ان میں دیکھے تھے، پس لوگوں نے کہنا شروع کیا: خرافہ کی بات!" (اس طرح یہ محاورہ چل پڑا۔ اس حدیث کی سند میں مجالد بن سعید ہے، جو مضبوط راوی نہیں، اور یہ حدیث مسند احمد (۶: ۱۵۷) میں ہے)

حدیثِ خرافہ: جس کو ہر اس چیز کی مثال میں جو بے حقیقت (گپ) ہو پیش کیا جا سکتا ہے:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے استفسار پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا: خرافہ ایک نیک آدمی تھا، خود اس نے مجھ سے اپنا یہ واقعہ بیان کیا کہ ایک رات وہ کسی ضرورت سے گھر سے نکلا، راستہ میں اس کو تین جنّات ملے۔ انھوں نے

اس کو قید کرلیا، اور باہم مشورہ کرنے لگے کہ اس کے ساتھ کیا معاملہ کیا جائے؟ ایک نے کہا: اس کو معاف کردو اور جانے دو۔ دوسرے نے کہا: اس کو قتل کردو۔ تیسرے نے کہا: ہم اس کو غلام بنالیں گے۔

ابھی مشورہ کرہی رہے تھے کہ ایک شخص ان کے پاس سے گذرا اس نے سلام کیا اور ماجرا پوچھا، ایک جن بولا: یہ ہمارا قیدی ہے، اس کے ساتھ کیا کیا جائے؟ اس سلسلہ میں ہم مشورہ کررہے ہیں، نو وارد نے کہا: اگر میں تمہیں کوئی عجیب وغریب واقعہ سناؤں تو تم مجھے اس قیدی میں ساجھی بناؤ گے؟ انھوں نے کہا: ہاں، نو وارد نے کہا: میں ایک مالدار آدمی تھا، اچانک کنگال ہوگیا۔ اور قرض میں پھنس گیا، پس قرض خواہوں کے تقاضوں سے پریشان ہوکر میں نے شہر چھوڑنے کا ارادہ کیا، راستہ میں مجھے سخت پیاس لگی، میں پانی پینے کے لئے ایک کنویں میں اترا، جب میں نے پانی پینے کا ارادہ کیا تو کنویں میں سے آواز آئی، رک جا! پانی مت پی! میں رک گیا اور پانی پیئے بغیر آگے بڑھ گیا، کچھ دور جانے کے بعد جب پیاس سخت ہوگئی تو میں کنویں پر واپس آیا، اور اس میں سے پانی پینے کا ارادہ کیا، پھر وہی آواز آئی اور میں پانی پیئے بغیر آگے بڑھ گیا۔ مگر جب پیاس ناقابل برداشت ہوگئی تو سہ بارہ کنویں پر آیا، اور آواز کی پرواہ کئے بغیر میں نے اس میں سے پانی پی لیا۔ پس اس آواز دینے والے نے بددعا دی کہ اے اللہ! اگر یہ شخص مرد ہے تو عورت بن جائے اور عورت ہے تو مرد بن جائے، چنانچہ میری جنس بدل گئی اور میں عورت بن گیا۔ پھر میں ایک شہر میں پہنچا، اور وہاں میں نے ایک مرد سے شادی کی جس سے میرے دو لڑکے پیدا ہوئے، پھر ایک عرصہ کے بعد جب میں اپنے وطن واپس لوٹا تو میرا گذر پھر اسی کنویں پر ہوا، میں نے جب پانی پینے کا ارادہ کیا تو پھر وہی آواز آئی۔ میں نے آواز کی قطعا پرواہ نہیں کی، اور اس میں سے پانی پیا، چنانچہ اس نے پھر وہی بددعا، پس میں مرد بن گیا، پھر میں نے اپنے وطن میں ایک لڑکی سے شادی کی۔ اس لڑکی سے بھی میرے دو لڑکے ہوئے۔ پس میری کل چار اولاد ہیں، دو میری پیٹھ سے اور دو میرے پیٹ سے، نو وارد کی یہ روداد سن کر جناتوں نے کہا: بیشک تیرا واقعہ عجیب ہے اور تو ہمارا شریک ہے۔

پھر ابھی وہ چاروں مشورہ کرہی رہے تھے کہ ایک بیل دوڑتا ہوا وہاں سے گذرا، اور ایک شخص جس کے ہاتھ میں لاٹھی تھی اس کے پیچھے دوڑتا ہوا آیا۔ جب اس نے ان لوگوں کو دیکھا تو رک گیا اور سلام کرکے معاملہ پوچھا: انھوں نے سلام کا جواب دے کر وہی بات کہی جو اس پہلے شخص سے کہی تھی، چنانچہ اس نے بھی اس شرط پر کہ اگر اس کو قیدی میں شریک کرلیا جائے تو وہ انوکھا واقعہ سنائے گا۔ ان لوگوں نے شرط منظور کرلی، اس نے اپنا واقعہ بیان کیا کہ میرا ایک مالدار چچا تھا، جس کی ایک خوبصورت لڑکی تھی، اور ہم سات بھائی تھے، میرے چچا کے پاس ایک بچھڑا تھا جس کی وہ پرورش کررہا تھا، ایک دن اچانک وہ کھونٹے سے کھل کر بھاگ نکلا، میرے چچا نے ہم بھائیوں سے کہا: تم میں سے جو اس کو پکڑ کر لائے گا: میں اپنی لڑکی کا اس سے نکاح کروں گا، چنانچہ میں نے فوراً لاٹھی لی، اور لنگی کسی، اور بچھڑے کے پیچھے چل پڑا۔ اس وقت میں بچہ تھا اور آج میں جوان ہوچکا ہوں، اور اب تک اس بچھڑے کو پکڑ نہیں سکا، نہ میں اس

تک پہنچتا ہوں نہ وہ تھکتا ہے، سب نے اس کے واقعہ کو بھی عجیب قرار دیا اور قیدی میں اس کو شریک کر لیا۔

پھر وہ پانچوں مشورہ کے لئے بیٹھے، ابھی مشورہ کر ہی رہے تھے کہ ایک شخص گھوڑی پر سوار ان کے پاس آیا، اور اس کے پیچھے ایک غلام تھا جو گھوڑے پر سوار تھا۔ اس نے بھی سلام کیا اور واقعہ دریافت کیا: اس نے کہا: میں تمہیں ان دونوں سے بھی انوکھا واقعہ سناؤں، بشرطیکہ تم مجھے قیدی میں شریک کرلو، چنانچہ اس نے یہ واقعہ بیان کیا کہ میری ایک بدکار ماں تھی، پھر اس نے اس گھوڑی سے جس پر خود سوار تھا پوچھا: کیا یہ بات صحیح ہے؟ گھوڑی نے سر کے اشارے سے کہا: ہاں! اور میں اس کو اس غلام کے ساتھ متہم کرتا تھا، اور اس نے اس گھوڑے کی طرف اشارہ کیا جس پر غلام سوار تھا، اور اس سے پوچھا: کیا یہ بات صحیح ہے؟ گھوڑے نے بھی سر سے اشارہ کیا کہ ہاں! پھر میں نے اپنے اس سوار غلام کو ایک دن اپنی کسی ضرورت سے بھیجا، پس اس (بدکار ماں) نے اس غلام کو اپنے پاس روک لیا، پس اس غلام کو اونگھ آئی، پس اس نے خواب میں دیکھا کہ گویا وہ عورت (بدکار ماں) چیخی، پس اچانک ایک جنگلی چوہا نکلا، اس عورت نے اس سے کہا: تابعدار ہو جا پس وہ تابعدار ہو گیا، پھر اس نے کہا: ہل چلا، پس اس نے ہل چلایا، پھر اس نے کہا: غلہ اُگا پس اس نے غلہ اُگایا، پھر اس نے کہا: غلہ گاہ، پس اس نے غلہ گاہا، پھر اس عورت نے چکی کا پاٹ منگوایا، اور اس نے ایک پیالہ ستو پیسا۔ پھر اس کو اس غلام کے پاس (جو گھوڑے پر سوار ہے) لے کر آئی، اور اس سے کہا: اس کو اپنے آقا کے پاس لے جا، چنانچہ وہ غلام ستو میرے پاس لے کر آیا، میں نے چکمہ دے کر وہ ستو ان دونوں کو (زانی اور زانیہ کو) پلا دیا۔ پس اچانک یہ (بدکار ماں) گھوڑی ہوگئی اور وہ (بدکار غلام) گھوڑا ہو گیا، یہ واقعہ سنا کر اس نے گھوڑی اور گھوڑے سے پوچھا: کیا یہ واقعہ صحیح ہے؟ دونوں نے سر کے اشارہ سے کہا: ہاں، جنات نے اس کے واقعہ کو بھی عجیب قرار دے کر اس کو بھی قیدی میں شریک کر لیا، اور ان سب نے باہم یہ طے کیا کہ خرافہ کو آزاد کر دیا جائے، چنانچہ خرافہ آزاد ہو کر آنحضور ﷺ کے پاس آیا اور پورا واقعہ سنایا۔ اسی وجہ سے وہ باتیں جو محال (بکواس) ہوتی ہیں ''حدیثِ خرافہ'' کہلاتی ہیں۔

یہ روایت بس ایسی ہی ہے، حافظ ابن حجرؒ نے الاصابہ (۱:۴۲۲ ترجمہ خرافہ عذری (نمبر ۲۲۳۷) میں یہ روایت مختصراً ذکر کی ہے، اور تفصیل سے یہ روایت مقامات حریری کی شرح شُریسی (۱:۶۳) مقامہ رابعہ (دمیاطیہ) کے آخر میں مفضل کی ''امثال'' سے نقل کی ہے، میں نے یہ لمبی روایت اس لئے ذکر کی ہے کہ طلباء جان سکیں کہ کس قسم کی گپ ''حدیثِ خرافہ'' کہلاتی ہے، اور حافظ نے لکھا ہے کہ خرافہ کا کسی نے صحابہ میں تذکرہ نہیں کیا، پس یہ بھی ایک گپ ہے کہ خرافہ خدمتِ نبوی میں آیا، اور اس نے آپؐ سے یہ واقعہ بیان کیا۔

حدیث ام زرع

حدیث (۲): عائشہؓ کہتی ہیں: (عرب کی) گیارہ عورتیں بیٹھیں، انھوں نے باہم عہد کیا اور پیمان باندھا کہ وہ

اپنے شوہروں کی باتوں میں سے کچھ بھی نہیں چھپائیں گی! عائشہؓ کہتی ہیں:

قالت الأولی: زوجی لحمُ جملٍ غثٍّ، علی رأسِ جبلٍ وَعْرٍ، لَاسَهْلٌ فَیُرْتقٰی، ولا سمینٌ فَیُنْتَقٰی.

ترجمہ: پہلی نے کہا: میرا شوہر دُبلے اونٹ کا گوشت ہے، یعنی ایک ناکارہ وجود ہے، دشوار گذار پہاڑ کی چوٹی پر ہے یعنی انتہائی متکبر ہے، نہ پہاڑ ہموار ہے کہ اس پر چڑھا جائے، اور نہ گوشت فربہ ہے کہ اس کو چُنا جائے!

لغات: غَثٌّ: جَمَلٌ کی صفت ہے، اور وَعْرٌ: جَبَلٌ کی۔ غث: دبلا، سمین کی ضد، وَعْر: صَعْب: دشوار گذار...... یُرْتَقٰی: فعل مضارع مجہول: اِرْتَقَی الجبلَ: چڑھنا...... یُنْتَقٰی: فعل مضارع مجہول: اِنْتَقَی الشیئَ: چننا، چھانٹنا، انتقی المُخَّ من العظم: ہڈی سے گودا نکالنا۔

قالت الثانیة: زوجی: لَا أَبُثُّ خَبَرَہُ، إنی أَخَافُ أَلَّا أَذْرَہُ، إِنْ أَذْکُرْہُ أَذْکُرْ عُجَرَہُ وَبُجَرَہُ.

ترجمہ: دوسری نے کہا: میرا شوہر: میں اس کی بات نہیں پھیلاتی یعنی میں اس کے عیوب کا تذکرہ نہیں کرتی، بیشک میں ڈرتی ہوں کہ میں اس (خبر یا شوہر) کو نہیں چھوڑونگی، اگر میں اس (خبر یا شوہر) کو چھیڑوں گی تو اس کے ظاہری اور باطنی سبھی عیوب کو بیان کرونگی (اور وہ عیوب کا پٹارا ہے پس میں کہاں تک اس کے عیوب شمار کرونگی!)

لغات: بَثَّ (ن) الشیئَ بَثًّا: پھیلانا، منتشر کرنا...... وَذَرَ یَذَرُ: بمعنی وَدَعَ یَدَعُ: چھوڑنا، مگر اس کا ماضی اور مصدر مستعمل نہیں، صرف مضارع مستعمل ہے، اور ضمیر منصوب کا مرجع خبر ہے، اور زوج بھی مرجع ہوسکتا ہے، مگر اول اولیٰ ہے، اسی طرح آگے کی ضمیروں میں بھی دونوں احتمال ہیں...... البُجْرَة: عیب، جمع: بُجَر...... العُجْرَة: بدن کا موٹا حصہ، گانٹھ، مراد عیب جمع عُجَر۔

قالت الثالثة: زَوْجِی الْعَشَنَّقُ، إن أَنْطِقْ أُطَلَّقْ، وَإِنْ أَسْکُتْ أُعَلَّقْ!

ترجمہ: تیسری نے کہا: میرا شوہر لمبوجی (بے تکا لمبا) ہے یعنی صرف مینارے کی طرح دکھاوا ہے (اور حد سے لمبا بے وقوف بھی ہوتا ہے) اگر بولوں یعنی کچھ مانگوں تو طلاق دیدی جاؤں، اور اگر خاموش رہوں یعنی نہ مانگوں تو لٹکا دی جاؤں! یعنی خود سے کوئی چیز نہیں دیتا۔

فائدہ: ان تینوں عورتوں نے اپنے شوہروں کی انتہائی برائی کی ہے۔

قالت الرابعة: زوجی: کَلَیْلِ تِهَامَةَ، لَاحَرَّ وَلَاقَرَّ، ولَامَخَافَةَ وَلَا سَآمَةَ.

ترجمہ: چوتھی نے کہا: میرا شوہر تہامہ کی رات کی طرح (معتدل) ہے (تہامہ کی رات میں) نہ گرمی ہوتی ہے نہ ٹھنڈک (اور میرے شوہر سے) نہ خوف ہوتا ہے نہ ملال! (اس نے اپنے شوہر کی تعریف کی ہے) (مکہ اور اس کے گرد ونواح کو تہامہ کہتے ہیں، وہاں کی رات ہمیشہ معتدل رہتی ہے، دن میں خواہ کتنی ہی گرمی ہو)

قالت الخامسة: زوجی: إِنْ دَخَلَ فَهِدَ، وَإِنْ خَرَجَ أَسِدَ، وَلَا یَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ.

ترجمہ: پانچویں نے کہا: میرا شوہر: جب گھر میں آتا ہے چیتا بن جاتا ہے یعنی نرم بااخلاق ہوتا ہے، اور جب باہر جاتا ہے تو شیر بن جاتا ہے یعنی خوب دھاڑتا ہے، اور ان چیزوں کے بارے میں کچھ نہیں پوچھتا جن کی اس نے ہمیں ذمہ داری سونپی ہے یعنی جو خرچ ہمیں دیا ہے: اس کو ہم نے کس طرح خرچ کیا ہے؟ اس کی تحقیق نہیں کرتا۔

لغات: فَهِدَ (س) الرجلُ: چیتے (تیندوے) کی طرح بہت نیند والا ہونا، فَهِدَ عن الأمر: غافل ہونا...... أَسِدَ (س) أَسَدًا: شیر جیسا ہونا۔

قالتِ السادسة: زَوْجِيْ: إِن أكلَ لَفَّ، وإن شرِبَ اشْتَفَّ، وإِنِ اضْطَجَعَ الْتَفَّ، ولايُوْلِجُ الكفَّ ليعلَمَ الْبَثَّ.

ترجمہ: چھٹی نے کہا: میرا شوہر: جب کھاتا ہے تو سب چٹ کر جاتا ہے، اور جب پیتا ہے تو سب چڑھا جاتا ہے (گھر والوں کے لئے کچھ نہیں بچاتا) اور جب لیٹتا ہے تو (اکیلا ہی) کپڑے میں لپٹ جاتا ہے، اور (میرے کپڑوں میں) ہاتھ داخل نہیں کرتا کہ پراگندہ حالت (زنانی خواہش) کو جانے!

لغت: اِشْتَفَّ مافی الإناء: سب پی جانا...... اِلْتَفَّ الشيئ: لپٹ جانا۔

قالتِ السابعة: زوجی: عَيَايَاءُ – أَو: غَيَايَاءُ – طَبَاقَاءُ، كُلُّ دَاءٍ له دَاءٌ، شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ أو جَمَعَ كُلًّا لَّكِ!

ترجمہ: ساتویں نے کہا: میرا شوہر (صحبت کرتے وقت) تھک جانے والا ـــــ یا کہا: راستہ گم کرنے والا ـــــ سینے پر پڑ جانے والا ہے، ہر بیماری اس کی بیماری ہے یعنی صرف ضعیف الباہ ہی نہیں، بیماریوں کی پوٹ ہے، تیرا سر پھاڑ دے یا تجھے کُھنڈا کر دے یا دونوں ہی باتیں کر گزرے!

لغات: عَيَايَاءُ: کمزور قوت مردمی والا، صحبت میں تھک جانے والا، عَيِيٌّ فی الأُمور سے ماخوذ ہے...... طَبَاقَاءُ: صحبت کرتے وقت یا انزال کے وقت بیوی کے سینے پر پڑ جانے والا، یہ صحبت کا غلط طریقہ ہے، اس سے عورت کو تشفی نہیں ہوتی...... غَيَايَاءُ: غَيّ سے ہے، جس کے معنی ہیں: گمراہی اور أو شک راوی کا ہے، یعنی راستہ گم کرنے والا، ایسا قوتِ مردمی میں کمزوری کی صورت میں ہوتا ہے...... شَجَّهُ: سر کو زخمی کرنا...... فَلَّ السكينَ: دھار توڑنا، کُھنڈا کرنا، کُند کرنا...... فَلَكِّ: ترقی إلی الأدنی ہے، کُند کرنا یعنی ہمت توڑ دینا۔

قالتِ الثامنة: زَوْجِي: الْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ، وَالرِّيْحُ رِيْحُ زَرْنَبٍ.

ترجمہ: آٹھویں نے کہا: میرا شوہر: چھونے میں خرگوش کی طرح نرم، اور خوشبو میں زعفران کی طرح مہکتا ہے۔

لغت: الزَّرْنَب: ۱- ایک خوشبودار پودا۔ ۲- زعفران۔

قالتِ التاسعة: زوجی: رفيعُ العِماد، عظيمُ الرَّماد، طويلُ النِّجاد، قريبُ البيت من النَّادِ.

ترجمہ: نویں نے کہا: میرا شوہر: بلند ستون والا یعنی خاندانی شرافت والا، بہت زیادہ راکھ والا یعنی بڑا مہمان نواز، لمبے پرتلے والا یعنی دراز قامت بہادر، انجمن سے قریب گھر والا یعنی سردار اور ذی رائے ہے۔

لغات: العِمَاد: ستون، سہارے کی چیز، جمع عُمُد، فلانٌ رفيعُ العماد: فلاں خاندانی شرافت والا ہے ...... النِّجَاد: تلوار کا پرتلا۔

قالت العاشرة: زوجي: مالكٌ، وما مالك؟ مالكٌ خيرٌ من ذلك، له أبلٌ كثيراتُ الْمُبَارِكِ، قليلاتُ الْمسارح، إذا سَمِعْنَ صوتَ الْمِزْهَرِ: أَيْقَنَّ أنهن هو الك!

ترجمہ: دسویں نے کہا: میرا شوہر مالک ہے۔ اور مالک کیا ہے؟ اس کے لئے اونٹ ہیں اکثر باڑے میں بیٹھنے والے، بہت کم چراگاہ میں جانے والے۔ جب وہ سارنگی کی آواز سنتے ہیں تو یقین کر لیتے ہیں کہ ان کی موت آئی!

لغات: المَبَارِك: المَبْرَك کی جمع: اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ، باڑا ...... المَسَارِح: المَسْرَح کی جمع: چراگاہ ...... المِزْهَر: سارنگی (ایک قسم کا باجہ)

تشریح: اونٹ اگر چراگاہ میں چرنے جائیں تو آنے والے مہمانوں کی ضیافت کے لئے ان کی واپسی کا انتظار کرنا پڑتا ہے، اس لئے مالک کافی اونٹوں کو باڑے میں کھلاتا ہے، تاکہ جب بھی مہمان آئیں فوری طور پر شراب و سارنگی سے ان کی تواضع کی جائے۔ اور اتنے کہ یہ محفل نمٹے اونٹ ذبح کر کے کھانا تیار کر لیا جائے۔ چنانچہ سارنگی کی آواز سنتے ہی اونٹ سمجھ جاتے ہیں کہ اب ان پر چھری چلنے والی ہے (اس عورت نے شوہر کی مہمان نوازی کی تعریف کی ہے)

قالتِ الحاديةُ عَشْرَةَ: زوجي أبو زَرْعٍ، وما أَبو زَرْعٍ؟ أَنَاسَ من حُلِيٍّ أُذُنَيَّ، وَمَلَأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَيَّ، وَبَجَّحَنِيْ فَبَجِحْتُ إِلَى نفسي، وَجَدَنِيْ فِيْ أَهْلِ غُنَيْمَةٍ بِشِقٍّ، فجعلني في أَهْلِ صَهِيْلٍ، وَأَطِيْطٍ، وَدَائِسٍ، وَمُنَقٍّ، فعنده أقول فلا أُقَبَّحُ، وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ، وَأَشْرَبُ فَأَتَقَمَّحُ.

ترجمہ: گیارہویں نے کہا: میرا شوہر ابوزرع ہے، اور ابوزرع کیا ہے؟ اس نے زیورات سے میرے کان ہلائے یعنی اس نے میرے کانوں میں زیورات پہنائے، اور (کھلا پلا کر) چربی سے میرے بازو بھر دیئے، اور مجھے خوش کیا پس میں اپنے آپ کو بھلی لگنے لگی، اس نے مجھے چند بکریوں پر تنگی سے گذر بسر کرنے والی فیملی میں پایا، پس اس نے مجھے گھوڑے، اونٹ، بیل اور کسان خاندان میں گردانا۔ پس اس کے پاس میں کہتی ہوں تو برا نہیں کہی جاتی یعنی میری بات پر کوئی ناگواری کا اظہار نہیں کرتا، اور سوتی ہوں تو صبح تک سوتی ہوں، اور پیتی ہوں تو چھک کر چھوڑتی ہوں!

لغات: أَنَاسَه: حرکت دینا، ہلانا۔ نَاسَ الشيئُ (ن) نَوْسًا: لچکنا، ہلنا، جھومنا ...... بَجَّحَهُ: خوش کرنا، بَجِحَ به (ف، س) بَجَحًا: خوش ہونا، ناز کرنا ...... غُنَيمة: غنم کی تصغیر: تھوڑی بکریاں ...... الشِّقّ: محنت و مشقت، شَقَّ الأمر: دشوار ہونا، شاق اور ناقابل برداشت ہونا، صَهِيْل: گھوڑے، صَهَلَ الفرسُ صَهِيْلاً: گھوڑے کا ہنہنانا ...... أَطِيْط: اونٹ،

أَطَّ أَطِيطًا: اونٹ کا بولنا......دَائِس: اسم فاعل: گاہنے والا یعنی بیل، دَاسَ الشيَّ: روندنا، مسلنا، گاہنا......مُنَقّ: اسم فاعل: اناج صاف کرنے والا یعنی کسان، نَقَّاه: صاف کرنا......أُقَبَّحُ: مضارع مجہول واحد متکلم، قَبَّحَهُ: برا بنانا...... تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا......تَقَمَّحَ الشراب: چھک کر پینا چھوڑ دینا۔

أم أبی زرع: فما أمُّ أبی زرع؟ عُكُوْمُهَا رَدَاحٌ، وَبَيْتُهَا فُسَاحٌ.

ابن أبی زرع: فما ابنُ أبی زرع؟ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ، وَتُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ.

بنت أبی زرع: فما بنتُ أبی زرع؟ طَوْعُ أَبِيها، وَطَوْعُ أمها، وَمِلْءُ كِسَائِها، وَغَيْظُ جَارَتِهَا.

جارية أبی زرع: فما جاريةُ أبی زرع؟ لاَ تَبُثُّ حديثَنا تَبْثِيْثًا، ولاَ تُنَقِّثُ مِيْرَتَنَا تَنْقِيْثًا، وَلاَتَمْلأُ بَيْتَنَا تَعْشِيْشًا.

ترجمہ: ابوزرع کی ماں: (میری خوش دامن) پس کیا ہے ابوزرع کی ماں؟ اس کی گونیں باندھنے کی رسیاں بڑی ہیں یعنی وہ مالدار ہے۔ اور اس کا مکان وسیع ہے یعنی وہ بخیل نہیں، مکان کی وسعت سے مہمانوں کی کثرت مراد لی جاتی ہے۔

ابوزرع کا بیٹا: (دوسری بیوی سے) پس کیا ہے ابوزرع کا بیٹا؟ اس کی خوابگاہ کھجور کی ٹہنی رکھنے کی جگہ کے بقدر ہے یعنی وہ پتلا چھریرے بدن کا ہے، بکری کے بچے کا ایک دست اس کے پیٹ بھرنے کے لئے کافی ہے یعنی اس کی خوراک بہت کم ہے، گوشت کے چند ٹکڑے اس کی غذا ہے۔

ابوزرع کی بیٹی: (دوسری بیوی سے) پس کیا ہے ابوزرع کی بیٹی؟ اپنے باپ کی تابعدار، اور اپنی ماں کی فرمانبردار، اپنی چادر کو بھرنے والی یعنی موٹی تازی، اور اپنی پڑوسن (سوکن) کا شدید غصہ! یعنی اس کی سوکن اس کے کمالات سے جل بھن جاتی تھی۔

ابوزرع کی باندی: پس کیا ہے ابوزرع کی باندی؟ نہیں بکھیرتی ہماری بات بکھیرنا یعنی گھر کی بات باہر جا کر نہیں کہتی، اور نہیں منتقل کرتی ہماری رسد منتقل کرنا یعنی بے اجازت کھانے پینے کی چیزیں کسی کو نہیں دیتی۔ اور نہیں بھرتی ہمارے گھر کو کوڑے سے یعنی گھر ہمیشہ صاف ستھرا رکھتی ہے۔

لغات: العُكُوْم: العِكَام کی جمع: بوری (گون) باندھنے کی رسّی، ڈوری......الرَّدَاح: بہت بڑی......مَسَلّ: ظرف مکان: سونتی ہوئی تلوار رکھنے کی جگہ......شَطْبَة: کھجور کی ہری ٹہنی، کسی چیز کی کاٹی ہوئی لمبی پٹی...... الجَفْرة: بکری کا بچہ ......طَوْع: مصدر: حمل مبالغہ کے طور پر ہے......مِلْءٌ: مصدر: بھرنا......بَثَّ(ن) بَثًّا: بکھیرنا......نَقَّثَ الشيئَ: منتقل کرنا ......عَشَّشَ الطائرُ تعشيشًا: پرندے کا گھونسلا بنانا۔ جب پرندہ کسی درخت پر گھونسلا بناتا ہے تو نیچے کوڑا گرتا ہے۔

قالت: خرج أبو زرعٍ، والأوطابُ تُمَخَّضُ، فَلَقِيَ امرأةً، معهما ولدان لها كالفَهْدَيْنِ، يلعبان من

تحت خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ، فَطَلَّقنى ونكَحَهَا، فنَكَحْتُ بعدَه رجلاً سَرِيًّا، رِكب شَرِيًّا، وأخذ خَطِّيًّا، وَأَرَاحَ عليَّ نِعَمًا ثَرِيًّا، وَأَعْطانى من كل رائحةٍ زوجاً، وقال: كُلِيْ أَمَّ زَرْع، وَمِيْرِيْ أهلَكِ!

فَلوجمعتُ كلَّ شيئٍ أَعْطَانِيْهِ: مَا بَلَغَ أَصْغَرَ آنِيَةِ أَبى زَرْعٍ! قالت عائشة: فقال لى رسول الله صلى الله عليه وسلم: "كنتُ لكِ كأبى زرع لأم زرع!"

ترجمہ: ام زرع نے کہا: ابوزرع نکلا، درانحالیکہ دودھ کے برتن بلوئے جارہے تھے یعنی صبح سویرے نکلا، دودھ کے برتن صبح صادق کے وقت بلوئے جاتے ہیں۔ پس اس کی ایک عورت سے ملاقات ہوئی، اس کے ساتھ اس کے دو بچے تھے، چیتوں جیسے، دونوں اس کی کمر کے نیچے سے دواناروں کے ذریعہ کھیل رہے تھے یعنی اس کی کمر پتلی اور سرین بھاری تھے، اور کمر کے نیچے اتنی جگہ تھی کہ بچے انار اِدھر اُدھر کررہے تھے، پس ابوزرع نے مجھے طلاق دیدی، اور اس سے نکاح کرلیا، میں نے اس کے بعد ایک شریف آدمی سے نکاح کیا، جو تیز رو گھوڑے پر سوار ہوتا تھا، اور اس نے ہاتھ میں نیزہ لیا تھا یعنی وہ شہسوار مسلح فوجی تھا، اس نے مجھ پر بہت نعمتیں برسائیں، اور مجھے ہر قسم کے مال سے جوڑا دیا، اور اس نے کہا: ام زرع خود کھا، اور اپنے میکے والوں کو بھی کھلا!

(ام زرع کہتی ہے:) پس اگر جمع کروں میں تمام وہ چیزیں جو اس نے مجھے دی ہیں تو بھی وہ ابوزرع کے چھوٹے برتن کے برابر نہیں ہوسکتیں۔ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: پس رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: "میں تمہارے لئے ایسا ہی ہوں جیسا ابوزرع: ام زرع کے لئے!" (اور ایک حدیث میں یہ اضافہ ہے: "مگر میں تمہیں طلاق نہیں دونگا!" اور طبرانی کی روایت میں عائشہؓ کا جواب ہے کہ ابوزرع کی کیا حقیقت ہے؟ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان! آپ تو میرے لئے اُس سے بھی بڑھ کر ہیں)

سوال (۱): ام زرع کو دوسرا شوہر اچھا ملا تھا، پھر بھی وہ ابوزرع کو کیوں یاد کرتی تھی؟

جواب: اس لئے یاد کرتی تھی کہ وہ پہلا شوہر تھا، اس سے دل لگ گیا تھا، اور اس کی یاد دل سے نہیں نکلی تھی، اس لئے دوسرے شوہر کی محبت اس کی جگہ نہیں لے سکی، جیسے نبی ﷺ کو حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے جو محبت تھی: وہ کبھی دل سے نہیں نکلی، اگرچہ حضرت عائشہ جیسی بیوی مل گئی! پس یہ ایک فطری امر ہے۔

سوال (۲): یہ قصہ نبی ﷺ نے بیان فرمایا ہے یا کسی بیوی صاحبہ نے سنایا ہے؟ جواب: دونوں احتمال ہیں، راجح یہ ہے کہ آپؐ نے بیان فرمایا ہے۔

سوال (۳): جن عورتوں نے شوہروں کی برائی کی ہے: اس کا تذکرہ تو غیبت کے دائرہ میں آتا ہے؟ جواب: غیر معروف شخص کا حال بیان کرنا غیبت نہیں۔

لغات: مَخَّضَ اللبنَ: دودھ بلوکر مکھن نکالنا...... الخَصْر: کمر، کوکھ...... السَّرِيّ: معزز شریف آدمی...... الشَّرِيُّ

من الخیل: تیز رفتار گھوڑا......الخَطّیّ: خط مقام کا نیزہ (خط: بحرین کا ایک مقام ہے، جہاں نیزے بنتے تھے)

حوالہ: یہ حدیث متفق علیہ ہے (بخاری، نکاح، حدیث ۵۱۸۹، مسلم شریف، فضائل صحابہ، باب ۱۴ حدیث ۲۴۴۸)

[۳۸-] بابُ مَاجاءَ فِی کَلَامِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ السَّمَرِ

[۲۴۲-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ البَزَّارُ، ثَنا أَبُوْ النَّضْرِ، ثنا أَبُوْ عَقِیْلٍ الثَّقَفِیُّ: عَبْد اللّٰہِ بْنِ عَقِیْلٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: حَدَّثَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم ذَاتَ لَیْلَةٍ نِسَاءَہُ حَدِیْثًا، فَقَالَتِ امْرَأَةٌ مِّنْهُنَّ: کَأَنَّ الْحَدِیْثَ حَدِیْثُ خُرَافَةَ. فَقَالَ:" أَتَدْرُوْنَ ما خُرَافَةُ؟ إِنَّ خُرَافَةَ کَانَ رَجُلًا مِنْ عُذْرَةَ، أَسَرَتْهُ الْجِنُّ، فَمَکَثَ فِیْهِمْ دَهْرًا، ثُمَّ رَدُّوْهُ إِلَی الإِنْسِ،فَکَانَ یُحَدِّثُ النَّاسَ بِمَا رَأَی فِیْهِمْ مِنَ الأَعَاجِیْبِ، فَقَالَ النَّاسُ: حَدِیْثُ خُرَافَةَ "

[۲۴۳-] حدثنا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَخِیْهِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عائِشَةَ، قَالَتْ: جَلَسَتْ إِحْدَی عَشْرَةَ امْرَأَةً، فَتعَاهَدْنَ وَتعَاقَدْنَ أَلَّا یَکْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَیْئًا، فَقَالَتْ:

قَالَتِ الْأُوْلَی: زَوْجِیْ: لَحْمُ جَمَلٍ غثٍّ، عَلَی رَأْسِ جَبَلٍ وَعْرٍ، لَاسَهْلٌ فَیُرْتَقَی، وَلاَ سَمِیْنٌ فَیُنْتَقٰی.

قَالَتِ الثانِیَةُ: زَوْجِیْ: لَاأَبُثُّ خبرَهُ، إِنِّیْ أَخَافُ أَلَّا أَذرَهُ، إِنْ أَذْکُرْهُ أَذْکُرْ عُجرَهُ وَبُجرَهُ.

قَالَتِ الثَّالِثَةُ: زَوْجِیْ الْعَشَنَّقُ، إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ، وَإِنْ أَسْکُتْ أُعَلَّقْ.

قَالَتِ الرَّابِعَةُ: زَوْجِیْ کَلَیْلِ تِهَامَةَ، لَاحَرَّ وَلَا قَرَّ، وَلاَ مَخافَةَ وَلَاسَآمَةَ.

قَالَتِ الْخَامِسَةُ: زَوْجِیْ: إِنْ دَخلَ فَهِدَ، وَإِنْ خرَجَ أَسِدَ، وَلاَ یَسْأَلُ عَمَّا عهِدَ.

قَالَتِ السَّادِسَةُ: زَوْجِیْ: إِنْ أَکَلَ لَفَّ، وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ، وَإِنْ اضْطَجَعَ الْتفَّ، وَلاَ یُوْلِجُ الْکَفَّ لِیَعْلَمَ البثَّ.

قَالَتِ السَّابِعَةُ: زَوْجِیْ: عَیَایَاءُ، أَوْ: غَیَایَاءُ، طَبَاقَاءُ، کُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ، شَجَّكِ أَوْ فَلَّكِ، أَوْ جَمَعَ کُلًّا لَكِ.

قَالَتِ الثَّامِنَةُ:زَوْجِیْ: الْمَسُّ مَسُّ أَرْنَبٍ، وَالرِّیْحُ رِیْحُ زَرْنَبٍ.

قَالَتِ التَّاسِعَةُ: زَوْجِیْ: رَفِیْعُ الْعِمَادِ، عَظِیْمُ الرِّمَادِ، طَوِیْلُ النِّجادِ، قَرِیْبُ البَیْتِ مِنَ النَّادِ.

قَالَتِ الْعَاشِرَةُ: زَوْجِیْ مَالِكٌ، وَمَامَالِكٌ؟ مَالِكٌ خَیْرٌ مِنْ ذٰلِكَ، لَهُ إِبِلٌ کَثِیْرَاتُ الْمَبَارِكِ، قَلِیْلَاتُ الْمَسَارِحِ، إِذَا سَمِعْنَ صَوْتَ المِزْهَرِ: أَیْقَنَّ أَنَّهُنَّ هَوَالِكُ.

قَالَتِ الْحَادِیَةُ عَشْرَةَ: زَوْجِیْ أَبُوْ زَرْعٍ، وَمَا أَبُوْ زَرْعٍ؟ أَنَاسَ مِنْ حُلِیِّ أُذُنَیّ، وَمَلَأَ مِنْ شَحْمٍ عَضُدَیَّ،

وَبَجَّحَنِیْ فَبَجِحْتُ إِلَی نَفْسِیْ. وَجَدَنِی فِیْ أَهْلِ غُنَيْمَةٍ بِشِقٍّ، فَجَعَلَنِی فِیْ أَهْلِ صَهِيْلٍ، وَأَطِيْطٍ، وَدَائِسٍ، وَمُنَقٍّ، فَعِنْدَهُ أَقُوْلُ فَلاَ أُقَبَّحُ، وَأَرْقُدُ فَأَتَصَبَّحُ، وَأَشْرَبُ فَأَتَقَمَّحُ.

أُمُّ أَبِیْ زَرْعٍ: فَمَا أُمُّ أَبِی زَرْعٍ؟ عُكُوْمُهَا رَدَاحٌ، وَبَيْتُهَا فُسَاحٌ.

ابْنُ أَبِیْ زَرْعٍ: فَمَا ابْنُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ، وَتُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ.

بِنْتُ أَبِیْ زَرْعٍ: فَمَا بِنْتُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ طَوْعُ أَبِيْهَا، وَطَوْعُ أُمِّهَا، وَمِلْءُ كِسَائِهَا، وَغَيْظُ جَارَتِهَا.

جَارِيَةُ أَبِیْ زَرْعٍ: فَمَا جَارِيَةُ أَبِیْ زَرْعٍ؟ لاَتَبُثُّ حَدِيْثَنَا تَبْثِيْثًا، وَلاَ تُنَقِّثُ مِيرَتَنَا تَنْقِيْثًا، وَلاَ تَمْلأُ بَيْتَنَا تَعْشِيْشًا.

قَالَتْ: خَرَجَ أَبُوْ زَرْعٍ، وَالْأَوْطَابُ تُمْخَضُ: فَلَقِیَ امْرَأَةً، مَعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ، يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ، فَطَلَّقَنِیْ وَنَكَحَهَا، فَنَكَحْتُ بَعْدَهُ رَجُلاً سَرِيًّا، رَكِبَ شَرِيًّا، وَأَخَذَ خَطِّيًّا، وَأَرَاحَ عَلَیَّ نِعَمًا ثَرِيًّا، وَأَعْطَانِیْ مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا، وَقَالَ: كُلِیْ أُمَّ زَرْعٍ، وَمِيْرِیْ أَهْلَكِ.

فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْئٍ أَعْطَانِيْهِ مَابَلَغَ أَصْغَرَ آنِيَةِ أَبِیْ زَرْعٍ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: ”كُنْتُ لَكِ كَأَبِیْ زَرْعٍ لِأُمِّ زَرْعٍ!“

بابُ ماجاءَ فِی صِفَةِ نَوْمِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے سونے کی کیفیت کا بیان

حدیث(۱): براءؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا داہنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھ کر لیٹ جاتے، اور کہتے: ”اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا، جب آپ اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ کریں“ (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۵۴۱ اسی جلد میں)

حدیث(۲): حضرت حذیفہؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ سونے کے لئے اپنے بستر پر پہنچ جاتے تو کہتے: ”اے اللہ! آپ کے نام پر مرتا ہوں یعنی سوتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں یعنی جاگتا ہوں“ اور جب آپؐ بیدار ہوتے تو فرماتے: ”تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا، اور قیامت کے دن اٹھ کر انہی کے پاس جانا ہے!“

(ترمذی، دعوات، حدیث ۳۴۳۹ اسی جلد میں)

حدیث(۳): عائشہؓ کہتی ہیں: جب نبی ﷺ ہر رات اپنے بستر پر پہنچ جاتے تو دونوں ہتھیلیوں کو اکٹھا کرتے، پس ان میں دم کرتے، اور ان میں سورۃ الاخلاص اور معوذتین پڑھتے (تقدیم وتاخیر ہے، پہلے یہ سورتیں پڑھ کر پھر دم کریں گے) پھر جہاں تک ہاتھ پہنچ سکتا اپنے جسم پر پھیرتے، پہلے سر اور چہرے پر اور جسم کے سامنے کے حصہ پر پھیرتے، آپ

یہ عمل تین دفعہ کرتے تھے (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۴۰۲ اسی جلد میں)

حدیث (۴): ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سو گئے، یہاں تک کہ سانس تیز چلنے لگا، اور جب بھی آپؐ سوتے تھے سانس تیز چلتا تھا۔ پس آپؐ کے پاس بلالؓ آئے، اور انھوں نے آپؐ کو (فجر کی) نماز کی اطلاع دی، پس آپؐ اٹھے اور نماز پڑھی اور وضوء نہیں فرمائی (انبیاء کی نیند ناقض وضوء نہیں ہوتی) اور حدیث میں لمبا مضمون ہے (مفصل حدیث بخاری (حدیث ۱۳۸) میں ہے)

حدیث (۵): انسؓ کہتے ہیں: جب نبی ﷺ بستر پر لیٹتے تو کہتے: ''تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھلایا، اور پلایا، اور ہماری ضرورتیں پوری کیں، اور ہمیں ٹھکانا دیا، پس کتنے بندے ایسے ہیں جن کی نہ کوئی ضرورت پوری کرنے والا ہے، اور نہ کوئی ان کو ٹھکانا دینے والا ہے (ترمذی، دعوات، حدیث ۳۳۹۶ اسی جلد میں)

حدیث (۶): ابوقتادہؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ جب آرام کرنے کے لئے آخر رات میں اترتے تو دائیں پہلو پر لیٹ جاتے، اور جب صبح سے کچھ پہلے اترتے تو اپنا دایاں ہاتھ کھڑا کرتے اور اپنا سر ہتھیلی پر رکھ کر آرام فرماتے۔

[۳۹-] بابُ ماجاءَ فِي صِفَةِ نَوْمِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۲٤٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا إِسْرَائِيْلُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ، وَضَعَ كَفَّهُ تَحْتَ خَدِّهِ الْأَيْمَنِ، وَقَالَ: "رَبِّ! قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ"

[۲٤٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَنَا سَفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ، قَالَ: "اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ أَمُوْتُ وَأَحْيٰى" وَإِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: "الحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَحْيَانَا بَعْدَمَا أَمَاتَنَا، وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ"

[۲٤٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، أُرَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ، فَنَفَثَ فِيْهِمَا، وَقَرَأَ فِيْهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ، وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، ثُمَّ مَسَحَ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ، يَبْدَأُ بِهِمَا رَأْسَهُ وَوَجْهَهُ وَمَا أَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ، يَصْنَعُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.

[۲٤٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم نَامَ حَتَّى نَفَخَ، وَكَانَ إِذَا نَامَ نَفَخَ، فَأَتَاهُ بِلَالٌ، فَآذَنَهُ بِالصَّلَاةِ، فَقَامَ وَصَلَّى، وَلَمْ يَتَوَضَّأْ، وَفِي الْحَدِيْثِ قِصَّةٌ.

[۲٤۸-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا عَفَّانُ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ، قَالَ:" الْحَمْدُ للّٰهِ الَّذِىْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكَفَانَا وَآوَانَا، فَكَمْ مِمَّنْ لاَكَافِيَ لَهُ وَلاَ مُؤْوِيَ"

[۲٤۹-] حدثنا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ الْحَرِيْرِيُّ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ أَبِىْ قَتَادَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا عَرَّسَ بِلَيْلٍ اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الأَيْمَنِ، وَإِذَا عَرَّسَ قُبَيْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهُ، وَوَضَعَ رَأْسَهُ عَلَى كَفِّهِ"

بابُ ماجاءَ فِي عِبَادَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی عبادت کا بیان

حدیث (۱): مغیرہؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے تہجد کی نماز پڑھی یہاں تک کہ آپؐ کے دونوں پیروں پر ورم آ گیا، پس آپؐ سے کہا گیا: آپ نماز میں اتنی مشقت کیوں برداشت کرتے ہیں، جبکہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں آپؐ کے اگلے پچھلے سب گناہوں کی بخشش کا اعلان فرما دیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ''پس کیا میں شکر گذار بندہ نہ بنوں؟!'' (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۱۲ تحفہ ۲: ۲۵۱)

حدیث (۲): حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی اسی مضمون کی حدیث مروی ہے (یہ حدیث صحیح ابن خزیمہ اور مسند بزار میں ہے، اور یہ ابو سلمہ کی روایت ہے)

حدیث (۳): بھی حضرت ابو ہریرہؓ سے اسی مضمون کی مروی ہے، یہ ابو صالح کی روایت ہے، اور ابن ماجہ (حدیث ۱۴۲۰) میں ہے۔

حدیث (۴): اسود بن یزید نے عائشہؓ سے رسول اللہ ﷺ کی رات کی نماز (تہجد) کے بارے میں دریافت کیا۔ انھوں نے کہا: آپؐ شروع رات میں سوتے تھے، پھر اٹھتے تھے، اور جب سحری کا وقت ہوتا تھا تو وتر پڑھتے تھے، پھر اپنے بستر پر آتے تھے، پس اگر آپؐ کو ضرورت ہوتی تو بیوی سے مقاربت فرماتے، پھر جب فجر کی اذان ہوتی تو کود کر کھڑے ہوتے، پس اگر آپؐ جنبی ہوتے تو اپنے اوپر پانی بہاتے، یعنی غسل فرماتے، ورنہ وضوء فرماتے، اور نماز کے لئے تشریف لے جاتے (یہ روایت متفق علیہ ہے، بخاری، تہجد، حدیث ۱۱۴۶)

حدیث (۵): ابن عباسؓ نے کُریب کو بتلایا کہ انھوں نے اپنی خالہ میمونہؓ کے گھر ایک رات گذاری، انھوں نے کہا: پس میں تکیہ کی چوڑائی میں لیٹ گیا، اور رسول اللہ ﷺ اس کی لمبائی میں لیٹے، پس آپؐ آدھی رات تک یا اس سے

کچھ پہلے تک یا اس کے کچھ بعد تک سوئے، پھر آپؐ بیدار ہوئے، اور نیند کو اپنے چہرے سے پونچھا، پھر سورۂ آل عمران کی آخری دس آیتیں پڑھیں، پھر ایک لٹکی ہوئی مشک کی طرف اٹھے، پس اس سے وضوء کی، اور عمدہ وضوء کی، پھر نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوئے ـــــ ابن عباسؓ کہتے ہیں: پس میں آپؐ کے پہلو میں کھڑا ہوگیا، پس رسول اللہ ﷺ نے اپنا دایاں ہاتھ میرے سر پر رکھا، اور میرا دایاں کان پکڑا اور موڑا، پس آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں، پھر دو رکعتیں، پھر دو رکعتیں، پھر دو رکعتیں، پھر دو رکعتیں (حدیث کے راوی معن کہتے ہیں: چھ مرتبہ یعنی آپؐ نے بارہ رکعتیں پڑھیں) پھر آپؐ نے وتر پڑھے (اگر وتر ایک رکعت پڑھی تو کل تیرہ رکعتیں ہوئیں، اور اگر وتر تین رکعتیں پڑھیں تو کل پندرہ رکعتیں ہوئیں، اور اگر شروع کی دو ہلکی رکعتوں کو تہجد میں نہ گنا جائے تو تیرہ رکعتیں ہوئیں) پھر لیٹ گئے، پھر آپؐ کے پاس مؤذن آیا تو آپؐ اٹھے اور دو ہلکی رکعتیں پڑھیں، پھر فجر کی نماز کے لئے تشریف لے گئے۔

حدیث (۶): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ رات میں تیرہ رکعتیں پڑھتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۲ تحفہ ۲:۲۹۳ باب ۲۱۱ میں تہجد کے سلسلہ کی مفصل بحث ہے)

حدیث (۷): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ جب تہجد نہیں پڑھ سکتے تھے: آپؐ کو تہجد سے نیند روک دیتی تھی یا آپؐ پر آپؐ کی آنکھیں غالب آجاتی تھیں یعنی آنکھ نہیں کھلتی تھی تو آپؐ دن میں سورج نکلنے کے بعد بارہ رکعتیں پڑھتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۴ تحفہ ۲:۲۹۲)

[۴۰-] بابُ ماجاءَ فِی عِبادَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۲۵۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَبِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالاَ: ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلاَقَةَ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ، قَالَ: صَلَّى رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى انْتَفَخَتْ قَدَمَاهُ، فَقِيْلَ لَهُ: أَتَتَكَلَّفُ هٰذَا، وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: "أَفَلاَ أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا!"

[۲۵۱-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، أَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ حَتَّى تَرِمَ قَدَمَاهُ، قَالَ: فَقِيْلَ لَهُ: تَفْعَلُ هٰذَا، وَقَدْ جَاءَكَ أَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى قَدْ غَفَرَ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: "أَفَلاَ أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا!"

[۲۵۲-] حدثنا عِيْسَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عِيْسَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّمْلِيُّ، ثَنِيْ عَمِّيْ: يَحْيَى بْنُ عِيْسَى الرَّمْلِيُّ، عَنِ الأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ يُصَلِّيْ، حَتَّى تَنْتَفِخَ قَدَمَاهُ، فَيُقَالُ لَهُ: تَفْعَلُ هٰذَا، وَقَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ

وَمَا تَأَخَّرَ؟ قَالَ: "أَفَلاَ أَكُوْنُ عَبْدًا شَكُوْرًا!"

[٢٥٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، أَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيْدَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ يَنَامُ أَوَّلَ اللَّيْلِ، ثُمَّ يَقُوْمُ، فَإِذَا كَانَ مِنَ السَّحَرِ أَوْتَرَ، ثُمَّ أَتَى فِرَاشَهُ، فَإِذَا كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ أَ لَمَّ بِأَهْلِهِ، فَإِذَا سَمِعَ الْأَذَانَ وَثَبَ، فَإِنْ كَانَ جُنُبًا أَفَاضَ عَلَيْهِ مِنَ الْمَاءِ، وَإِلَّا تَوَضَّأَ، وَخَرَجَ إِلَى الصَّلاَةِ.

[٢٥٤-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، ح: وَثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ بَاتَ عِنْدَ مَيْمُوْنَةَ، وَهِيَ خَالَتُهُ، قَالَ: فَاضْطَجَعْتُ فِيْ عَرْضِ الْوِسَادَةِ، وَاضْطَجَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ طُوْلِهَا، فَنَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم حَتَّى انْتَصفَ اللَّيْلُ، أَوْ قَبْلَهُ بَقَلِيْلٍ، أَوْ بَعْدَهُ بِقَلِيْلٍ، فَاسْتَيْقَظَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَجَعَلَ يَمْسَحُ النَّوْمَ عَنْ وَجْهِهِ، ثُمَّ قَرَأَ الْعَشْرَ الآيَاتِ الْخَوَاتِيْمَ مِنْ سُوْرَةِ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ قَامَ إِلَى شَنٍّ مُعَلَّقٍ، فَتَوَضَّأَ مِنْهَا، فَأَحْسَنَ الْوُضُوْءَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: فَقُمْتُ إِلَى جَنْبِهِ، فَوَضَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَدَهُ الْيُمْنَى عَلَى رَأْسِيْ، ثُمَّ أَخَذَ بِأُذُنِيْ الْيُمْنَى فَفَتَلَهَا، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ رَكْعَتَيْنِ – قَالَ مَعْنٌ: سِتَّ مَرَّاتٍ – ثُمَّ أَوْتَرَ، ثُمَّ اضْطَجَعَ، ثُمَّ جَاءَهُ الْمُؤَذِّنُ، فَقَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الصُّبْحَ.

[٢٥٥-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ: مُحمدُ بْنُ الْعَلاَءِ، ثنا وَكِيْعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِیْ جَمْرَةَ، عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً.

[٢٥٦-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا أَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ إِذَا لَمْ يُصَلِّ بِاللَّيْلِ، مَنَعَهُ مِنْ ذٰلِكَ النَّوْمُ، أَوْ غَلَبَتْهُ عَيْنَاهُ، صَلَّى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً.

حدیث (٨): نبی ﷺ نے فرمایا: ''جب تم میں سے کوئی شخص رات میں (نماز کے لئے) اٹھے تو چاہئے کہ اپنی نماز دو ہلکی رکعتوں سے شروع کرے (یہ مسلم شریف (صلاۃ المسافرین، حدیث ٧٦٨/١٩٨) کی حدیث ہے، اور قولی روایت ہے، آئندہ حدیث فعلی روایت ہے)

حدیث (٩): زید بن خالد جُہنیؓ کہتے ہیں: ایک مرتبہ (میں نے طے کیا کہ) میں رسول اللہ ﷺ کی نماز ضرور بغور دیکھونگا، پس میں نے آپؐ کی چوکھٹ کو — یا کہا: آپؐ کے خیمہ کو — تکیہ بنایا، پس رسول اللہ ﷺ نے دو ہلکی

رکعتیں پڑھیں، پھر دو رکعتیں لمبی لمبی یعنی بہت لمبی پڑھیں، پھر آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں، اور وہ ان سے پہلے والی رکعتوں سے ہلکی تھیں، پھر آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں، اور وہ ان سے پہلے والی رکعتوں سے ہلکی تھیں، پھر آپ نے دو رکعتیں پڑھیں، اور وہ ان سے پہلے والی رکعتوں سے ہلکی تھیں، پھر آپ نے دو رکعتیں پڑھیں، اور وہ ان سے پہلے والی رکعتوں سے ہلکی تھیں، پھر آپؐ نے وتر پڑھے، پس یہ تیرہ رکعتیں ہوئیں (اس میں اگر شروع کی دو ہلکی رکعتیں شمار نہ کریں تو وتر تین رکعتیں ہونگی، اور اگر شمار کریں تو وتر ایک رکعت ہوگی، اور یہ حدیث مسلم شریف کی ہے، اور یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے، تفصیل تحفہ (۲:۳۰۱) میں ہے)

حدیث (۱۰): ابوسلمہ نے عائشہؓ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ رمضان کی راتوں میں تہجد کی کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ صدیقہؓ نے فرمایا: ''رسول اللہ ﷺ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ (پہلے) چار رکعت پڑھتے تھے، جن کی عمدگی اور درازی کے بارے میں مت پوچھ! پھر چار رکعتیں پڑھتے تھے، جن کی عمدگی اور درازی کے بارے میں مت پوچھ، پھر تین رکعتیں پڑھتے تھے'' عائشہ کہتی ہیں: میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپؐ وتر پڑھنے سے پہلے سوجاتے ہیں؟ آپؐ نے جواب دیا: ''عائشہ! میری آنکھیں سوتی ہیں، اور میرا دل نہیں سوتا'' (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۰ تحفہ ۲:۲۹۳)

حدیث (۱۱): عائشہؓ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ رات میں گیارہ رکعت پڑھا کرتے تھے، ان میں سے ایک رکعت کے ذریعہ (نماز کو) طاق بناتے تھے، پھر جب وتر سے فارغ ہوجاتے تو (صبح کے انتظار میں) دائیں کروٹ پر لیٹ جاتے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۱ تحفہ ۲:۲۹۳)

حدیث (۱۲): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ رات میں نو رکعتیں پڑھا کرتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۳ تحفہ ۲:۲۹۴)

حدیث (۱۳): حذیفہؓ نے رات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی، کہتے ہیں: جب آپؐ نے نماز شروع کی تو کہا: اللہ سب سے بڑا ہے! بادشاہت، غلبہ، بڑائی اور بزرگی والا ہے —— حذیفہؓ نے کہا: پھر سورۂ بقرہ پڑھی، پھر رکوع کیا، پس آپؐ کا رکوع آپؐ کے قیام کے مانند تھا، اور فرماتے: ''پاک ہے میرا عظیم رب! پاک ہے میرا عظیم رب!'' پھر اپنا سر اٹھایا، اور آپؐ کا قومہ آپؐ کے رکوع کے مانند تھا، اور فرماتے: ''میرے رب کے لئے حمد ہے! میرے رب کے لئے حمد ہے!'' پھر سجدہ کیا، پس آپؐ کا سجدہ آپؐ کے قومہ کے مانند تھا، اور فرماتے: ''پاک ہے میرا برتر پروردگار! پاک ہے میرا برتر پروردگار!'' پھر اپنا سر اٹھایا، پس دو سجدوں کے درمیان کا وقفہ سجدوں کے مانند تھا، اور فرماتے: ''میرے رب! میری بخشش فرما! میرے رب! میری بخشش فرما!'' یہاں تک کہ سورۂ بقرہ، آل عمران، نساء اور مائدہ یا انعام پڑھیں۔ شعبہ کو مائدہ اور انعام میں شک ہے۔

حدیث (۱۴): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ ایک رات قرآن کی ایک آیت کے ساتھ کھڑے رہے یعنی

پوری رات تہجد میں ایک ہی آیت پڑھتے رہے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۸ تحفہ ۲: ۲۹۸)

حدیث (۱۵): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک رات نماز پڑھی، پس آپؐ برابر کھڑے رہے یہاں تک کہ میں نے بری بات کا ارادہ کیا۔ آپؓ سے پوچھا گیا: اور کس بات کا آپؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ارادہ کیا؟ کہا: میں نے ارادہ کیا کہ بیٹھ جاؤں اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو (کھڑا) چھوڑ دوں! (یہ متفق علیہ روایت ہے)

حدیث (۱۶): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تہجد بیٹھ کر پڑھتے تھے، تو تلاوت بھی بیٹھ کر فرماتے تھے، پھر جب تیس چالیس آیتوں کے بقدر قراءت باقی رہ جاتی تو آپؐ کھڑے ہوجاتے، اور اتنی مقدار تلاوت کرکے رکوع وسجود کرتے، پھر دوسری رکعت، بیٹھ کر پڑھتے اور اسی طرح کرتے۔

[۲۵۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، أَنَا أَبُوْ أُسَامَةَ، عَنْ هِشَامٍ، يَعْنِيْ ابنَ حَسَّانٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: "إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ، فَلْيَفْتَتِحْ صَلاَ تَهُ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ"

[۲۵۸-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، ح: وَحَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، حَدَّثَنَا مَعْنٌ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ أَبِيْهِ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: لَأَرْمُقَنَّ صَلاَةَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَ: فَتَوَسَّدْتُّ عَتَبَتَهُ، أَوْ: فُسْطَاطَهُ، فَصَلَّى رَسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَهُمَا دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ أَوْتَرَ، فَذٰلِكَ ثَلاَثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً.

[۲۵۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، حَدَّثَنَا مَعْنٌ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ، أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلاَةُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لِيَزِيْدَ فِيْ رَمَضَانَ وَلاَ فِيْ غَيْرِهِ عَلَى إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُصَلِّيْ أَرْبَعًا، لاَ تَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّيْ أَرْبَعًا، لاَتَسْأَلْ عَنْ حُسْنِهِنَّ وَطُوْلِهِنَّ، ثُمَّ يُصَلِّيْ ثَلاَثًا، قَالَتْ عَائِشَةُ: قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَتَنَامُ قَبْلَ أَنْ تُوْتِرَ؟ قَالَ: "يَاعَائِشَةُ! إِنَّ عَيْنَيَّ تَنَامَانِ، وَلاَيَنَامُ قَلْبِيْ"

[۲۶۰-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنِ ابنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ إِحْدَى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُوْتِرُ مِنْهَا بِوَاحِدَةٍ، فَإِذَا فَرَغَ مِنْهَا اضْطَجَعَ عَلَى شِقِّهِ الْأَيْمَنِ.

حدثنا ابْنُ أَبِىْ عُمَرَ، أَنَا مَعْنٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ابْنِ شِهَابٍ نَحْوَهُ [ح:] وَثَنَا قُتَيْبَةُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، نَحْوَهُ.

[٢٦١-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكْعَاتٍ.

حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنا يَحْيى بْنُ آدمَ، ثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِىُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ نَحْوَهُ.

[٢٦٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا محمدُ بْنُ جعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِىْ حَمْزَةَ: رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِىْ عَبْسٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ: أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: فَلَمَّا دَخَلَ فِىْ الصَّلَاةِ، قَالَ:" اللّٰهُ أَكْبَرُ، ذُوْ الْمَلَكُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ" قَالَ: ثُمَّ قَرَأَ الْبَقَرَةَ، ثُمَّ رَكَعَ، فَكَانَ رُكُوْعُهُ نَحْوًا مِنْ قِيَامِهِ، وَكَانَ يَقُوْلُ:" سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَظِيْمِ، سُبْحَانَ رَبِّىَ الْعَظِيْمِ" ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، وَكَانَ قِيَامُهُ نَحْوًا مِنْ رُكُوْعِه، وَكَانَ يَقُوْلُ:" لِرَبِّىَ الْحَمْدُ، لِرَبِّىَ الْحَمْدُ" ثُمَّ سَجَدَ، فَكَانَ سُجُوْدُهُ نَحْوًا مِنْ قِيَامِهِ، وَكَانَ يَقُوْلُ: "سُبْحَانَ رَبِّىَ الْأَعْلَى، سُبْحَانَ رَبِّىَ الْأَعْلَى" ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَكَانَ مَا بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ نَحْوًا مِنَ السُّجُوْدِ، وَكَانَ يَقُوْلُ:" رَبِّ اغْفِرْلِىْ، رَبِّ اغْفِرْلِىْ" حَتَّى قَرَأَ الْبَقَرَةَ، وَآلَ عِمْرَانَ، وَالنِّسَاءَ، وَالْمَائِدَةَ، أَوِ الْأَنْعَامَ، شُعْبَةُ هُوَ الَّذِىْ شَكَّ فِىْ الْمَائِدَةِ وَالْأَنْعَامِ.

وَأَبُوْ حَمْزَةَ: اسْمُهُ طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَأَبُوْ جَمْرَةَ الضُّبَعِىُّ: اسْمُهُ نَصْرُ بْنُ عِمْرَانَ.

[٢٦٣-] حدثنا أَبُوْ بَكْرٍ: مُحمدُ بْنُ نَافِعٍ الْبَصْرِىِّ، ثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ إِسْمَاعِيْلَ ابْنِ مُسْلِمٍ الْعَبْدِىِّ، عَنْ أَبِىْ الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِآيَةٍ مِنَ الْقُرْآنِ لَيْلَةً.

[٢٦٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: صَلَّيْتُ لَيْلَةً مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَلَمْ يَزَلْ قَائِمًا حَتَّى هَمَمْتُ بِأَمْرِ سَوْءٍ، قِيْلَ لَهُ: وَمَا هَمَمْتَ بِهِ؟ قَالَ: هَمَمْتُ أَنْ أَقْعُدَ، وَأَدَعَ النبىَّ صلى الله عليه وسلم.

حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيْعٍ، ثَنا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمِشِ نَحْوَهُ.

[٢٦٥-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِىُّ، ثنا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ أَبِىْ النَّضْرِ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبىَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّىْ جَالِسًا، فَيَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ، فَإِذَا بَقِىَ مِنْ قِرَاءَ تِهِ قَدْرُ مَايَكُوْنُ ثَلَاثِيْنَ أَوْ أَرْبَعِيْنَ آيَةً، قَامَ فَقَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ، ثُمَّ رَكَعَ وَسَجَدَ، ثُمَّ صَنَعَ فِىْ الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ مِثْلَ ذٰلِكَ.

حدیث (۱۷): عائشہؓ فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ لمبی رات تک کھڑے کھڑے اور لمبی رات تک بیٹھے بیٹھے نفلیں پڑھتے تھے، یعنی کبھی کھڑے ہوکر اور کبھی بیٹھ کر تہجد پڑھتے تھے، اور آپؐ جب بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے تو رکوع وسجود بھی بیٹھ کر کرتے تھے، اور جب کھڑے ہوکر پڑھتے تھے تو رکوع وسجود بھی کھڑے ہوکر کرتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۳۸۶ تحفہ ۲:۲۰۳)

حدیث (۱۸): حفصہؓ کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو بیٹھ کر تہجد پڑھتے (کبھی) نہیں دیکھا، ہاں وفات سے ایک سال پہلے یعنی حیاتِ طیبہ کے آخری سال میں آپؐ بیٹھ کر تہجد پڑھتے تھے۔ اور آپؐ چھوٹی سورت بھی ترتیل کے ساتھ اور اس طرح پڑھتے تھے کہ وہ لمبی سے لمبی سورت کے مانند ہوجاتی تھی (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۳۸۴ تحفہ ۲:۲۰۲)

حدیث (۱۹): عائشہؓ فرماتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات نہیں ہوئی یہاں تک کہ آپؐ کی اکثر نماز (تہجد کی نماز) بیٹھ کر ہوتی تھی (یہ مسلم کی روایت ہے)

حدیث (۲۰): ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے ظہر سے پہلے نبی ﷺ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھیں، اور ظہر کے بعد دو رکعتیں، اور مغرب کے بعد آپؐ کے گھر میں دو رکعتیں، اور عشاء کے بعد آپؐ کے گھر میں دو رکعتیں (معیت صرف تعداد میں ہے، اور یہ حدیث مختصر: ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۳۶ تحفہ ۲:۲۷۴ میں ہے، اور مفصل صحیحین میں ہے)

حدیث (۲۱): ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور مجھ سے حفصہؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے جب صبح صادق ہوتی تھی، اور مؤذن بانگ دیتا تھا۔ ایوب سختیانی کہتے ہیں: میرا خیال ہے کہ روایت میں خفیفتین بھی ہے، یعنی فجر کی سنتیں آپؐ ہلکی پڑھتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۴۴ تحفہ ۲:۲۸۰ مفصلاً)

حدیث (۲۲): مذکورہ حدیث (۲۱) مفصل اس طرح ہے: ابن عمرؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے آٹھ رکعتیں (سنن مؤکدہ) یاد کی ہیں: ظہر سے پہلے دو رکعتیں، ظہر کے بعد دو رکعتیں، مغرب کے بعد دو رکعتیں اور عشاء کے بعد دو رکعتیں۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: اور مجھ سے فجر کی دو سنتیں حفصہؓ نے بیان کیں، اور میرا گمان ہے کہ میں نے ان کو نبی ﷺ سے محفوظ نہیں کیا (حوالہ بالا، اور ان لفظوں سے روایت صرف شمائل میں ہے)

حدیث (۲۳): عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں: میں نے عائشہؓ سے رسول اللہ ﷺ کی نفل نمازوں (سنن مؤکدہ) کے بارے میں پوچھا: انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ ظہر سے پہلے دو رکعتیں، ظہر کے بعد دو رکعتیں، مغرب کے بعد دو رکعتیں، عشاء کے بعد دو رکعتیں، اور فجر سے پہلے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۴۷ تحفہ ۲:۲۸۳)

حدیث (۲۴): عاصم بن ضمرہ کہتے ہیں: ہم نے علیؓ سے رسول اللہ ﷺ کی دن کی نماز (نفلوں) کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے کہا: تم اس کی طاقت نہیں رکھتے یعنی اس پر عمل نہیں کرسکتے، عاصم کہتے ہیں: ہم نے کہا: جو ہم میں سے اس کی طاقت رکھے گا: پڑھے گا۔ (اور جو طاقت نہیں رکھتا: وہ یاد رکھے گا، اور دوسروں کو پہنچائے گا) پس آپؓ نے فرمایا: عصر کی نماز جس وقت پڑھی جاتی ہے، اس وقت مغربی افق سے سورج جتنا بلند ہوتا ہے: جب سورج نکل کر اتنا بلند ہوجاتا

تھا تو آپؐ دو رکعتیں پڑھتے تھے (یہ اشراق کی نماز ہے) اور جس وقت ظہر کی نماز پڑھتے ہیں، اس وقت سورج مغربی افق سے جتنا اونچا ہوتا ہے: جب سورج نکل کر اتنا بلند ہوجاتا تھا تو آپ چار رکعتیں پڑھتے تھے (یہ چاشت کی نماز ہے) اور ظہر سے پہلے چار رکعتیں، اور ظہر کے بعد دو رکعتیں پڑھتے تھے، اور عصر سے پہلے چار رکعتیں (ایک سلام سے) پڑھتے تھے، ہر دو رکعتوں کے درمیان جدائی کرتے تھے، مقرب فرشتوں پر اور انبیاء پر اور مؤمنوں اور مسلمانوں میں سے جنھوں نے ان کی پیروی کی ہے: ان پر سلام کرنے کے ذریعہ یعنی ہر دو رکعتوں پر قعدہ فرماتے تھے، اور اس میں تشہد پڑھتے تھے۔

(ترمذی، صلاۃ، حدیث ٦٠٠ تحفہ ٢: ٤٨٨)

[٢٦٦-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا هُشَيْمٌ، أَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: عَنْ تَطَوُّعِهِ، فَقَالَتْ: كَانَ يُصَلِّيْ لَيْلاً طَوِيْلاً قَائِمًا، وَلَيْلاً طَوِيْلاً قَاعِدًا، فَإِذَا قَرَأَ وَهُوَ قَائِمٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ قَائِمٌ، وَإِذَا قَرَأَ وَهُوَ جَالِسٌ رَكَعَ وَسَجَدَ وَهُوَ جَالِسٌ.

[٢٦٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الْأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكٌ، عَنْ ابنِ شِهَابٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ أَبِيْ وَدَاعَةَ السَّهْمِيِّ، عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، أَنَّهَا قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم صَلَّى فِيْ سُبْحَتِهِ قَاعِدًا، حَتَّى كَانَ قَبْلَ وَفَاتِهِ صلى الله عليه وسلم بِعَامٍ، فَإِنَّهُ كَانَ يُصَلِّيْ فِيْ سُبْحَتِهِ قَاعِدًا، وَيَقْرَأُ بِالسُّوْرَةِ، وَيُرَتِّلُهَا حَتَّى تَكُوْنَ أَطْوَلَ مِنْ أَطْوَلَ مِنْهَا.

[٢٦٨-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ محمدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ سُلَيْمَانَ، أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ، أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم لَمْ يَمُتْ حَتَّى كَانَ أَكْثَرُ صَلاَتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ.

[٢٦٩-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فِيْ بَيْتِهِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ فِيْ بَيْتِهِ.

[٢٧٠-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، ثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَحَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ حِيْنَ يَطْلُعُ الْفَجْرُ، وَيُنَادِيْ الْمُنَادِيْ قَالَ أَيُّوْبُ: أُرَاهُ قَالَ: "خَفِيْفَتَيْنِ"

[٢٧١-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ ابنِ عُمَرَ، قَالَ: حَفِظْتُ مِنْ رَسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثَمَانِيَ رَكْعَاتٍ: رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَهَا، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعِشَاءِ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَحَدَّثَتْنِيْ حَفْصَةُ

بِرَكْعَتِي الْغَدَاةِ، وَلَمْ أَكُنْ أُرَاهُمَا مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[۲۷۲-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ: يَحْيىَ بْنُ خَلْفٍ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، قَالَتْ: كَانَ يُصَلِّيْ قَبْلَ الظُّهْرِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، وَبَعْدَ الْمَغْرِبِ ثِنْتَيْنِ، وَبَعْدَ الْعِشَاءِ رَكْعَتَيْنِ، وَقَبْلَ الْفَجْرِ ثِنْتَيْنِ.

[۲۷۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ. قَالَ: سَمِعْتُ عَاصِمَ بْنَ ضَمْرَةَ يَقُوْلُ: سَأَلْنَا عَلِيًّا عَنْ صَلاَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنَ النَّهَارِ، قَالَ: فَقَالَ: إِنَّكُمْ لاَتُطِيْقُوْنَ ذٰلِكَ! قَالَ: قُلْنَا: مَنْ أَطَاقَ مِنَّا ذٰلِكَ صَلَّى، فَقَالَ كَانَ إِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هَاهُنَا، كَهَيْئَتِهَا مِنْ هَاهُنَا عِنْدَ الْعَصْرِ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، وَإِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ مِنْ هَاهُنَا كَهَيْئَتِهَا مِنْ هَاهُنَا عِنْدَ الظُّهْرِصَلَّى أَرْبَعًا، وَيُصَلِّيْ قَبْلَ الظُّهْرِ أَرْبَعًا، وَبَعْدَهَا رَكْعَتَيْنِ، وَقَبْلَ الْعَصْرِ أَرْبَعًا يَفْصِلُ بَيْنَ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ بِالتَّسْلِيْمِ عَلَى الْمَلاَئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ.

بابُ صَلاَةِ الضُّحٰى

چاشت کی نماز کا بیان

حدیث (۱): معاذة نے عائشہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے؟ انھوں نے کہا: ہاں! چار رکعتیں (پڑھا کرتے تھے) اور جتنا اللہ تعالیٰ چاہتے زیادہ کرتے تھے (یہ مسلم کی روایت ہے، اور اشراق وچاشت دونمازیں ہیں یا ایک؟ اُس کے لئے دیکھیں تحفہ ۲: ۳۲۹)

حدیث (۲): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ چاشت کی چھ رکعتیں پڑھا کرتے تھے (یہ روایت صرف شمائل میں ہے، اور سند ٹھیک ہے، بس حکیم مستور راوی ہے)

حدیث (۳): ابن ابی لیلیٰ (کبیر) کہتے ہیں: مجھے کسی صحابی نے یہ بات نہیں بتائی کہ اس نے رسول اللہ ﷺ کو چاشت کی نماز پڑھتے دیکھا ہے۔ علاوہ ام ہانی کے، انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن ان کے گھر آئے، پس غسل کیا، پھر آٹھ نفلیں پڑھیں۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس سے ہلکی نماز پڑھتے نہیں دیکھا، البتہ آپؐ رکوع وسجود مکمل ادا فرماتے تھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۸۴ تحفہ ۲: ۳۳۱)

حدیث (۴): عبداللہ بن شقیق نے عائشہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے؟ انھوں نے کہا: نہیں، مگر یہ کہ آپؐ کسی سفر سے آتے (تو پڑھتے، یہ روایت مسلم شریف کی ہے)

حدیث (۵): ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ چاشت کی نماز پڑھا کرتے تھے، یہاں تک کہ ہمارا

گمان ہوتا تھا کہ آپؐ اب اس نماز کو کبھی نہیں چھوڑیں گے، پھر آپؐ اس کو پڑھنا بند کردیتے تھے، یہاں تک کہ ہمارا گمان ہوتا تھا کہ اب آپؐ اس کو کبھی نہیں پڑھیں گے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۸۷ تحفہ ۲:۳۳۱ اس کی سند میں عطیہ عوفی ہے، جو کمزور راوی ہے، خاص طور پر ابوسعید کی حدیثوں میں)

حدیث (٦): ابوایوب انصاریؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ سورج ڈھلنے پر پابندی سے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے، پس میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ سورج ڈھلنے پر یہ چار رکعتیں پابندی سے پڑھتے ہیں (اس کی کیا وجہ ہے؟) آپؐ نے فرمایا: ''سورج ڈھلنے پر آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں، پس وہ بند نہیں ہوتے یہاں تک کہ ظہر پڑھ لی جاتی ہے (رَتَجَ الباب: دروازہ بند کرنا) پس میں پسند کرتا ہوں کہ میرے لئے اس گھڑی میں کوئی نیک عمل چڑھے۔ میں نے پوچھا: کیا ان سب رکعتوں میں قراءت ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! میں نے پوچھا: کیا ان میں جدائی کرنے والا سلام ہے؟ یعنی دو رکعتوں پر سلام پھیرا جائے گا؟ آپؐ نے فرمایا: نہیں (عبیدۃ بن معتّب ضَبّی ضعیف راوی ہے، مگر آئندہ دونوں حدیثیں اس کی شاہد ہیں)

حدیث (٧): عبداللہ بن السائبؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ سورج ڈھلنے کے بعد ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور فرمایا: ''یہ ایک ایسی گھڑی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں، پس میں یہ بات پسند کرتا ہوں کہ اس میں میرا کوئی نیک عمل چڑھے (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۸۸ تحفہ ۲:۳۳۳)

حدیث (٨): علیؓ ظہر سے پہلے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے، اور انھوں نے ذکر کیا کہ نبی ﷺ بھی ان کو بوقتِ زوال پڑھتے تھے، اور ان کو طویل پڑھتے تھے۔

[٤١-] بابُ صَلاَةِ الضُّحٰی

[٢٧٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنَ غَيْلاَنَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاذَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ الضُّحَى؟ قَالَتْ: نَعَمْ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ، وَيَزِيْدُ مَاشَاءَ اللّٰهُ.

[٢٧٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنِى حَكِيْمُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الزِّيَادِيُّ، ثَنَا زِيَادُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الرَّبِيْعِ الزِّيَادِيُّ، عَنْ حُمَيْدِ الْطَّوِيْلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يُصَلِّىْ الضُّحَى سِتَّ رَكْعَاتٍ.

[٢٧٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ أَبِىْ لَيْلَى قَالَ: مَا أَخْبَرَنِىْ أَحَدٌ أَنَّهُ رَأَى النبيَّ صلى الله عليه وسلم يُصَلِّىْ الضُّحٰى إِلاَّ أُمُّ هَانِئٍ،

فَإِنَّهَا حَدَّثَتْ أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم دَخَلَ بَيْتَهَا يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، فَاغْتَسَلَ، فَسَبَّحَ ثَمَانِیَ رَكْعَاتٍ، مَا رَأَيْتُهُ صَلَّى صَلَاةً قَطُّ أَخَفَّ مِنْهَا، غَيْرَ أَنَّهُ كَانَ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدِ.

[۲۷۷-] حدثنا ابْنُ أَبِیْ عُمَرَ، ثَنَا وَكِيْعٌ، ثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَكَانَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ الضُّحَى؟ قَالَتْ: لَا، إِلَا أَنْ يَجِیْءَ مِنْ مَغِيْبَةٍ.

[۲۷۸-] حدثنا زِيَادُ بْنُ أَيُّوْبَ الْبَغدَادِیُّ، ثَنَا محمدُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوْقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدَرِیِّ، قَالَ: كَانَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ الضُّحَى حَتَّى نَقُوْلُ: لَايَدَعُهَا، وَيَدَعُهَا حَتَّى نَقُوْلُ: لَايُصَلِّيْهَا.

[۲۷۹-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، عَنْ هُشَيْمٍ، أَنَا عُبَيْدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَرْثَعٍ الضَّبِّیِّ، أَوْ: عَنْ قَزَعَةَ، عَنْ قَرْثَعٍ، عَنْ أَبِیْ أَيُّوْبَ الْأَنْصَارِیِّ: أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُدْمِنُ أَرْبَعَ رَكْعَاتٍ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ، فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰہِ! إِنَّكَ تُدْمِنُ هٰذِهِ الْأَرْبَعَ الرَّكْعَاتِ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ؟ فَقَالَ: إِنَّ أَبْوَابَ السَّمَاءِ تُفْتَحُ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ، فَلَا تُرْتَجُ حَتَّى تُصَلِّیَ الظُّهْرَ، فَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِیْ فِیْ تِلْكَ السَّاعَةِ خَيْرٌ، قُلْتُ: أَفِیْ كُلِّهِنَّ قِرَاءَةٌ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قُلْتُ: هَلْ فِيْهِنَّ تَسْلِيْمٌ فَاصِلٌ؟ قَالَ: "لَا"

حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثنا عُبَيْدَةُ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنْ سَهْمِ بْنِ مِنْجَابٍ، عَنْ قَزَعَةَ، عَنِ الْقَرْثَعِ، عَنْ أَبِیْ أَيُّوْبَ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم نَحْوَهُ.

[۲۸۰-] حدثنا محمدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، أَنَا أَبُوْدَاوُدَ، ثَنَا محمدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ أَبِیْ الْوَضَّاحِ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ الْجَزْرِیِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ السَّائِبِ: أَنَّ رسولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُصَلِّیْ أَرْبَعًا بَعْدَ أَنْ تَزُوْلَ الشَّمْسُ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَقَالَ: "إِنَّهَا سَاعَةٌ تُفْتَحُ فِيْهَا أَبْوَابُ السَّمَاءِ، فَأُحِبُّ أَنْ يَصْعَدَ لِیْ فِيْهَا عَمَلٌ صَالِحٌ"

[۲۸۱-] حدثنا أَبُوْ سَلَمَةَ: يَحْيَى بْنُ خَلَفٍ، ثَنَا عُمَرُبْنُ عَلِیٍّ الْمُقَدَّمِیُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ، عَنْ عَلِیٍّ: أَنَّهُ كَانَ يُصَلِّیْ قَبْلَ الظُّهْرِ أَرْبَعًا، وَذَكَرَ أَنَّ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم كَانَ يُصَلِّيْهَا عِنْدَ الزَّوَالِ، وَيَمُدُّ فِيْهَا.

بابُ ماجاءَ فِیْ صَلَاةِ التَّطَوُّعِ فِیْ الْبَيْتِ

گھر میں نوافل پڑھنے کا بیان

حدیث: عبداللہ بن سعد انصاریؓ کہتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ سے میرے گھر میں اور مسجد میں نماز کے

بارے میں دریافت کیا، آپؐ نے فرمایا: تم دیکھتے ہو میرا گھر مسجد سے کتنا قریب ہے، پھر بھی مجھے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں اپنے گھر میں نماز پڑھوں، اس سے کہ میں مسجد میں نماز پڑھوں، مگر یہ کہ فرض نماز ہو (یہ مسئلہ تفصیل سے ترمذی، صلاۃ، باب ۲۱۶ تحفہ ۲: ۲۹۹ میں آیا ہے)

[۴۲-] بابُ ماجاءَ فِیْ صَلاَۃِ التَّطَوُّعِ فِی الْبَیْتِ

[۲۸۲-] حدثنا عَبَّاسُ الْعَنْبَرِیُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ مُعَاوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُعَاوِیَةَ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَنِ الصَّلاَۃِ فِیْ بَیْتِیْ، وَالصَّلاَۃِ فِی الْمَسْجِدِ، قَالَ: "قَدْ تَرَی مَا أَقْرَبَ بَیْتِیْ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَلَأَنْ أُصَلِّیَ فِیْ بَیْتِیْ أَحَبُّ إِلَیَّ مِنْ أَنْ أُصَلِّیَ فِی الْمَسْجِدِ، إِلاَّ أَنْ تَکُوْنَ صَلاَۃً مَکْتُوْبَةً"

بابُ ماجاءَ فِیْ صَوْمِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے (نفل) روزوں کا بیان

حدیث (۱): عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں: میں نے عائشہؓ سے نبی ﷺ کے روزوں کے بارے میں پوچھا، انھوں نے کہا: آپؐ روزے رکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم سوچتے تھے کہ اب آپ ہمیشہ روزے رکھیں گے۔ اور روزے بند کردیتے تھے پس ہم خیال کرتے تھے کہ اب آپؐ کبھی روزے نہیں رکھیں گے۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: اور رسول اللہ ﷺ جب سے مدینہ میں تشریف لائے ہیں رمضان کے علاوہ کسی پورے مہینے کے روزے نہیں رکھے (ترمذی، صوم، حدیث ۷۵۹ تحفہ ۳: ۱۴۳)

حدیث (۲): انسؓ سے نبی ﷺ کے روزوں کے بارے میں پوچھا گیا۔ انھوں نے فرمایا: آپؐ کسی مہینہ میں روزے رکھنا شروع کرتے تھے تو ایسا خیال ہوتا تھا کہ آپؐ کا اس مہینے میں روزے چھوڑنے کا ارادہ نہیں ہے، اور کسی مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے، یہاں تک کہ ایسا خیال ہوتا تھا کہ آپؐ اس مہینے میں کوئی روزہ نہیں رکھیں گے (پھر سائل نے نبی ﷺ کی تہجد کے بارے میں سوال کیا تو فرمایا:) آپ رات کے جس حصہ میں نبی ﷺ کو نماز پڑھتے دیکھنا چاہیں: دیکھ سکتے ہیں، اور جس حصہ میں سوتے ہوئے دیکھنا چاہیں: دیکھ سکتے ہیں۔ یعنی آپؐ نے رات کے ہر حصہ میں تہجد پڑھا ہے (حوالہ بالا حدیث ۷۶۰)

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ روزے رکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم سوچتے تھے: اس ماہ آپؐ کا ارادہ کوئی روزہ چھوڑنے کا نہیں ہے، اور روزے نہیں رکھتے تھے، یہاں تک کہ ہم سوچتے تھے: اس ماہ آپؐ کا کوئی روزہ

رکھنے کا ارادہ نہیں ہے، اور جب سے آپؐ مدینہ میں تشریف لائے ہیں رمضان کے علاوہ آپؐ نے کسی پورے مہینے کے روزے نہیں رکھے (یہ متفق علیہ روایت ہے)

حدیث (۴): ام سلمہؓ کہتی ہیں: نہیں دیکھا میں نے کہ نبی ﷺ نے مسلسل دو مہینوں کے روزے رکھے ہوں، سوائے شعبان اور رمضان کے، یعنی آپؐ نے پورے شعبان اور پورے رمضان کے روزے رکھے ہیں (یہ عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے صاحبزادے ابوسلمہ کی ام سلمہ سے روایت ہے، اور وہ آئندہ حدیث عائشہؓ سے روایت کرتے ہیں)

حدیث (۵): عائشہؓ کہتی ہیں: نہیں دیکھا میں نے رسول اللہ ﷺ کو کہ آپؐ کسی ماہ میں روزے رکھتے ہوں زیادہ اپنے روزوں سے شعبان میں، آپؐ شعبان کے روزے رکھتے تھے، مگر چند ایام، بلکہ پورے ہی شعبان کے روزے رکھتے تھے (حدیث ۴ و ۵ میں گونہ تعارض ہے، جواب تحفہ (۳: ۱۱۰) میں ہے، اور سند کی بحث بھی اسی جگہ ہے دیکھیں کتاب الصوم، باب ۳۶ حدیث ۲۷ و ۲۸ تحفہ ۳: ۱۰۰)

[٤٣-] بابُ ماجاءَ فِيْ صَوْمِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٢٨٣-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صِيَامِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَتْ: كَانَ يَصُوْمُ حَتَّى نَقُوْلَ: قَدْ صَامَ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُوْلَ: قَدْ أَفْطَرَ، قَالَتْ: وَمَاصَامَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَهْرًا كَامِلاً مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ إِلَّا رَمَضَانَ.

[٢٨٤-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ صَوْمِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: كَانَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ حَتَّى يُرَى أَنَّهُ لَايُرِيْدُ أَنْ يُفْطِرَ مِنْهُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى يُرَى أَنَّهُ لَايُرِيْدُ أَنْ يَصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا، وَكُنْتَ لَاتَشَاءُ أَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا إِلَّا رَأَيْتَهُ مُصَلِّيًا، وَلَا نَائِمًا إِلَّا رَأَيْتَهُ نَائِمًا.

[٢٨٥-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ حَتَّى نَقُوْلَ: مَايُرِيْدُ أَنْ يُفْطِرَ مِنْهُ، وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُوْلَ: مَايُرِيْدُ أَنْ يَصُوْمَ، وَمَاصَامَ شَهْرًا كَامِلاً مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ إِلَّا رَمَضَانَ.

[٢٨٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ ابْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: مَا رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ إِلَّا شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ. قَالَ أَبُوْعِيسىٰ: هٰذَا إِسْنَادٌ صحيحٌ، وَهٰكَذَا قَالَ: عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ

أُمِّ سَلَمَةَ، وَرَوَى هٰذَا الحديثَ غيرُ وَاحِدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النبيِّ صلى الله عليه سلم، وَيَحْتَمِلُ أَنْ يَكُوْنَ أَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَدْ رَوَى هٰذَا الحديثَ عَنْ عَائِشَةَ، وَأُمِّ سَلَمَةَ جَمِيْعًا عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٢٨٧-] حدثنا هَنَّادٌ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عَمْرٍو، ثَنَا أَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمْ أَرَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ فِيْ الشَّهْرِ أَكْثَرَ مِنْ صِيَامِهِ فِيْ شَعْبَانَ، كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ إِلَّا قَلِيْلاً، بَلْ كَانَ يَصُوْمُهُ كُلَّهُ.

حدیث (۶): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ ہر مہینے کے شروع کے تین دنوں کے روزے رکھا کرتے تھے، اور بہت کم ایسا ہوتا تھا کہ آپؐ جمعہ کے دن روزہ نہ رکھیں (ترمذی، صوم، حدیث ۷۴۲ تحفہ ۳:۱۱۸)

حدیث (۷): معاذۃ نے عائشہؓ سے پوچھا: کیا نبی ﷺ ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے؟ انھوں نے کہا: ہاں! معاذۃ نے پوچھا: کن دنوں کے روزے رکھتے تھے؟ عائشہؓ نے کہا: آپؐ دنوں کی کوئی پرواہ نہیں کرتے تھے یعنی دن اور تاریخ کی تعیین کے بغیر تین روزے رکھتے تھے (ترمذی، صوم، حدیث ۷۶۳ تحفہ ۳:۱۳۶)

حدیث (۸): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ خیال کرکے (سوچ کرکے) پیر اور جمعرات کا روزہ رکھا کرتے تھے یعنی پہلے سے خیال رکھتے تھے کہ جب یہ دن آئیں گے تو روزہ رکھیں گے (ترمذی، صوم، حدیث ۷۳۶ تحفہ ۳:۱۲۱)

حدیث (۹): عائشہ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کسی مہینہ میں روزے نہیں رکھتے تھے: شعبان میں اپنے روزوں سے زیادہ یعنی آپؐ ماہ شعبان میں بکثرت روزے رکھتے تھے۔

حدیث (۱۰): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بندوں کے اعمال پیر اور جمعرات کو (بارگاہِ ایزدی میں) پیش کئے جاتے ہیں، پس میں پسند کرتا ہوں کہ میرے اعمال پیش کئے جائیں درانحالیکہ میں روزے سے ہوں (ترمذی، صوم، حدیث ۷۴۸ تحفہ ۳:۱۲۱)

حدیث (۱۱): رسول اللہ ﷺ ایک ماہ بار، اتوار اور پیر کے روزے رکھتے تھے، اور اگلے ماہ منگل، بدھ اور جمعرات کے روزے رکھتے تھے یعنی آپؐ نے سب دنوں کے روزے رکھے ہیں، کسی دن کو روزوں کے ساتھ خاص نہیں کیا (ترمذی حدیث ۷۴۷ تحفہ ۳:۱۲۱)

حدیث (۱۲): عائشہؓ کہتی ہیں: زمانۂ جاہلیت میں قریش عاشوراء کا روزہ رکھا کرتے تھے، اور رسول اللہ ﷺ بھی یہ روزہ رکھتے تھے، پھر جب آپؐ مدینہ آئے تو بھی آپؐ نے یہ روزہ رکھا، اور لوگوں کو یہ روزہ رکھنے کا حکم دیا، پھر جب رمضان کی فرضیت نازل ہوئی تو رمضان کے روزے ہی فرض رہ گئے، اور عاشوراء کی فرضیت ختم ہوگئی، پس جو عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہے: رکھے، اور جو نہ رکھنا چاہئے: نہ رکھے (ترمذی، صیام، حدیث ۷۵۳ تحفہ ۳:۱۲۷)

[٢٨٨-] حدثنا الْقَاسِمُ بْنُ دِيْنَارٍ الْكُوْفِيُّ، ثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى، وَطَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلاثَةَ أَيَّامٍ، وَقَلَّمَا كَانَ يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

[٢٨٩-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاذَةَ قَالَتْ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: أَكَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، قُلْتُ: مِنْ أَيِّهِ كَانَ يَصُوْمُ؟ قَالَتْ: كَانَ لَايُبَالِيْ مِنْ أَيِّهِ صَامَ.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَيَزِيْدُ الرِّشْكُ: هُوَ يَزِيْدُ الضُّبَعِيُّ الْبَصْرِيُّ، وَهُوَ ثِقَةٌ، رَوَى عَنْهُ شُعْبَةُ، وَعَبْدُ الْوَارِثِ ابْنُ سَعِيْدٍ، وَحَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، وَإِسْمَاعِيْلُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ مِنَ الْأَئِمَّةِ، وَهُوَ يَزِيْدُ الْقَاسِمُ، وَيُقَالُ: الْقَسَّامُ، وَالرِّشْكُ بِلُغَةِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ: هُوَ الْقَسَّامُ.

[٢٩٠-] حدثنا أَبُوْ حَفْصٍ: عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ رَبِيْعَةَ الْجُرَشِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَتَحَرَّى صَوْمَ الاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ.

[٢٩١-]حدثنا أَبُوْ مُصْعَبٍ الْمَدِيْنِيِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيْ النَّضْرِ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ فِيْ شَهْرٍ أَكْثَرَ مِنْ صِيَامِهِ فِيْ شَعْبَانَ.

[٢٩٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ يَحْيىَ، ثَنَا أَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" تُعْرَضُ الْأَعْمَالُ يَوْمَ الاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسِ، فَأُحِبُّ أَنْ يُعْرَضَ عَمَلِيْ وَأَنَا صَائِمٌ"

[٢٩٣-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، وَمُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ: السَّبْتَ، وَالْأَحَدَ، وَالاِثْنَيْنِ، وَمِنَ الشَّهْرِ الآخَرِ: الثُّلَاثَاءَ، والْأَرْبِعَاءَ، وَالْخَمِيْسَ.

[٢٩٤-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ عَاشُوْرَاءُ يَوْمًا تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِيْ الْجَاهِلِيَّةِ، وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَصُوْمُهُ، فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهُ، وَأَمَرَ النَّاسَ بِصِيَامِهِ، فَلَمَّا افْتُرِضَ رَمَضَانُ، كَانَ رَمَضَانُ هُوَ الْفَرِيْضَةُ، وَتُرِكَ عَاشُوْرَاءُ، فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ.

حدیث (۱۳): علقمہؒ نے عائشہؓ سے پوچھا: کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم دنوں میں سے کسی دن کو عمل کے ساتھ خاص کرتے تھے؟

انھوں نے کہا: آپؐ کا عمل پابندی سے ہوتا تھا، اور تم میں سے کون طاقت رکھتا ہے اس کی جس کی رسول اللہ ﷺ طاقت رکھتے تھے؟ (یہ حدیث متفق علیہ ہے، اور عمل کے عموم میں روزہ بھی شامل ہے)

حدیث (۱۴): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے، درانحالیکہ میرے پاس ایک خاتون تھی۔ آپؐ نے پوچھا: یہ کون عورت ہے؟ میں نے کہا: فلانی ہے (جو) رات کو نہیں سوتی (عبادت کرتی ہے) پس آپؐ نے فرمایا: ''لازم پکڑو وہ اعمال جو تمہارے بس میں ہیں، پس بخدا! اللہ تعالیٰ ملول (رنجیدہ) نہیں ہوتے یہاں تک کہ تم ملول ہوجاؤ یعنی جب تم عمل چھوڑ بیٹھو گے تو اللہ تعالیٰ ثواب بند کردیں گے، اور اعمال میں سے رسول اللہ ﷺ کو زیادہ پسند وہ عمل تھا جس پر عمل کرنے والا پابندی کرے (یہ حدیث متفق علیہ ہے اور یہ حدیث بھی روزوں کو شامل ہے)

حدیث (۱۵): ابوصالح نے عائشہ اور ام سلمہ رضی اللہ عنہما سے پوچھا: نبی ﷺ کو کونسا عمل زیادہ پسند تھا؟ دونوں نے کہا: جو عمل پابندی سے کیا جائے، اگرچہ وہ تھوڑا ہو (ترمذی، استیذان وآداب، حدیث ۲۸۶۷ تحفہ ۶۰۲:۶ یہ حدیث گذشتہ حدیث کے ہم معنی ہے)

حدیث (۱۶): عوف بن مالکؓ کہتے ہیں: میں ایک رات رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ پس آپؐ نے مسواک کی، پھر وضوء فرمائی، پھر نماز کے لئے کھڑے ہوئے تو میں بھی آپؐ کے ساتھ کھڑا ہوگیا۔ آپؐ نے سورۂ بقرہ شروع کی، پس آپؐ کسی آیتِ رحمت پر نہیں گذرتے تھے، مگر رکتے تھے اور دعا مانگتے تھے، اور کسی آیتِ عذاب پر نہیں گذرتے تھے، مگر رکتے تھے اور پناہ چاہتے تھے، پھر آپؐ نے رکوع کیا، پس رکوع کی حالت میں اپنے قیام کے بقدر ٹھہرے، اور آپ اپنے رکوع میں کہتے تھے: ''پاک ہے طاقت، حکومت، بڑائی اور عظمت والی ذات!'' پھر اپنے رکوع کے بقدر سجدہ کیا، اور اپنے سجدوں میں کہتے تھے: ''پاک ہے طاقت، حکومت، بڑائی اور عظمت والی ذات!'' پھر آپؐ نے سورہ آل عمران پڑھی، پھر (ہر رکعت میں) ایک ایک سورت پڑھی، اسی طرح آپؐ ہر رکعت میں کرتے تھے یعنی رکوع وسجود اور قومہ وجلسہ لمبا کرتے تھے۔

ملحوظہ: باب کی یہ آخری چار حدیثیں (حدیث ۲۹۵-۲۹۸) بظاہر باب سے غیر متعلق ہیں۔ باب روزوں کے بیان میں ہے، اور ان حدیثوں میں روزوں کا ذکر نہیں۔ پس جاننا چاہئے کہ شمائل کے بعض نسخوں میں یہ آخری تین باب (باب ۴۱-۴۳) نہیں ہیں، یہ سب روایتیں عبادت کے باب میں ہیں، پس اس صورت میں کوئی اشکال نہیں۔

اور ان ابواب کے وجود کی صورت میں یہ روایات تمام عبادات کے لئے قید ہیں، جن میں روزے بھی شامل ہیں۔ عبادات میں مطلوب میانہ روی اور پابندی ہے، اور یہ بات تھوڑے عمل کی صورت میں ممکن ہے۔ اگر عمل کثیر شروع کردے گا تو ملول ہوکر عمل چھوڑ دے گا۔ مگر اس سے اولوالعزم حضرات مستثنیٰ ہیں، آخری حدیث میں اسی کا بیان ہے۔ جیسے ناداری اچھی حالت نہیں، کَادَ الفقرُ أن یکون کفراً مگر اولوالعزم حضرات کے لئے یہی چیز قابل فخر ہے: الفقر فخری، اسی طرح صوم وصال عام لوگوں کے لئے ممنوع ہے، اور حضرت عمرؓ وغیرہ سے صوم وصال رکھنا مروی ہے۔ یہی

حال عبادات کا ہے، جس چیز کی تھوڑی مقدار پسندیدہ اور مطلوب ہو: اس کی کثرت بدرجہ اولیٰ پسندیدہ اور مطلوب ہوگی۔
آخری حدیث میں نبی ﷺ کی نماز کا جو حال آیا ہے، وہ پہلے (حدیث ۲۶۲ میں) بھی آچکا ہے۔ یہ بڑے لوگوں کا مقام ہے، عام لوگوں کے لئے مناسب یہ ہے کہ وہ میانہ روی اختیار کریں، تاکہ مداومت ہوسکے۔ غرض ان چار حدیثوں کا تعلق صرف روزوں سے نہیں ہے، بلکہ سبھی عبادات سے ہے۔

[٢٩٥-] حدثنا محمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْم، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: أَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخُصُّ مِنَ الْأَيَّامِ شَيْئًا؟ قَالَتْ: كَانَ عَمَلُهُ دِيْمَةً، وَأَيُّكُمْ يُطِيْقُ مَاكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُطِيْقُ!

[٢٩٦-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، أَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَعِنْدِيْ امْرَأَةٌ، فَقَالَ: "مَنْ هٰذِهِ؟" قُلْتُ: فُلَانَةٌ، لَاتَنَامُ اللَّيْلَ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "عَلَيْكُمْ مِنَ الْأَعْمَالِ مَاتُطِيْقُوْنَ، فَوَ اللّٰهِ! لَايَمَلُّ اللّٰهُ حَتَّى تَمَلُّوْا، وَكَانَ أَحَبُّ ذٰلِكَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ يَدُوْمُ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ.

[٢٩٧-] حدثنا أَبُوْ هِشَامٍ: مُحمدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ، ثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِيْ صَالِحٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ: أَيُّ الْعَمَلِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَتَا: مَادِيْمَ عَلَيْهِ، وَإِنْ قَلَّ.

[٢٩٨-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، ثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَمْرِو ابْنِ قَيْسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ عَاصِمَ بْنَ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ: كُنْتُ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْلَةً فَاسْتَاكَ، ثُمَّ تَوَضَّأَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّيْ، فَقُمْتُ مَعَهُ، فَبَدَأَ فَاسْتَفْتَحَ الْبَقَرَةَ، فَلَا يَمُرُّ بِآيَةِ رَحْمَةٍ إِلَّا وَقَفَ فَسَأَلَ، وَلَا يَمُرُّ بِآيَةِ عَذَابٍ إِلَّا وَقَفَ فَتَعَوَّذَ، ثُمَّ رَكَعَ فَمَكَثَ رَاكِعًا بِقَدْرِ قِيَامِهِ، وَيَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهِ: "سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ، وَالْمَلَكُوْتِ، وَالْكِبْرِيَاءِ، وَالْعَظَمَةِ" ثُمَّ سَجَدَ بِقَدْرِ رُكُوْعِهِ، وَيَقُوْلُ فِيْ سُجُوْدِهِ: "سُبْحَانَ ذِي الْجَبَرُوْتِ، وَالْمَلَكُوْتِ، وَالْكِبْرِيَاءِ، وَالْعَظَمَةِ" ثُمَّ قَرَأَ آلَ عِمْرَانَ، ثُمَّ سُوْرَةً سُوْرَةً، يَفْعَلُ مِثْلَ ذٰلِكَ فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ.

بابُ ماجاءَ فِي قِرَاءَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے قرآن پڑھنے کا بیان

حدیث (۱): یعلی نے ام سلمہؓ سے نبی ﷺ کے قرآن پڑھنے کے بارے میں پوچھا، پس اچانک وہ واضح طور پر

ایک ایک حرف پڑھنا بیان کررہی ہیں (ترمذی، فضائل القرآن، حدیث ۲۹۳۵ تحفہ ۷:۵۷)

حدیث (۲): قتادہؒ نے انسؓ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ کا قرآن پڑھنا کیسا تھا؟ انسؓ نے کہا: (مدوالے حروف کو) کھینچ کر پڑھتے تھے (مگر بعض قراء حد سے نکل جاتے ہیں، اصول کے خلاف نہیں کھینچنا چاہئے، اور یہ حدیث بخاری کی ہے)

حدیث (۳): ام سلمہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ سورۂ فاتحہ کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے پڑھا کرتے تھے، ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ﴾ پڑھ کر رک جاتے تھے، پھر ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ پڑھ کر رک جاتے تھے، پھر ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾ پڑھتے تھے (ترمذی، ابواب القراءۃ، حدیث ۲۹۳۹ تحفہ ۷:۸۰)

حدیث (۴): عبداللہ بن ابی قیس کہتے ہیں: میں نے عائشہؓ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ تہجد میں قراءت کس طرح فرماتے تھے: سراً یا جہراً؟ انھوں نے کہا: ہر طرح قرآن پڑھتے تھے، کبھی سراً پڑھتے تھے کبھی جہراً۔ یہ گنجائش پاکر عبد اللہ نے کہا: تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے معاملہ میں گنجائش رکھی! (ترمذی، صلاۃ، حدیث ۴۵۷ تحفہ ۲:۲۹۸)

حدیث (۵): ام ہانی کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کا قرآن پڑھنا سنا کرتی تھی، درانحالیکہ میں اپنے چھپر (گھر) پر ہوتی تھی (یہ روایت نسائی اور ابن ماجہ میں ہے)

حدیث (۶): عبداللہ بن مغفلؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ کو فتح مکہ کے دن اپنی اونٹنی پر دیکھا، درانحالیکہ آپؐ سورۃ الفتح پڑھ رہے تھے۔ عبداللہؓ کہتے ہیں: پس آپؐ نے پڑھا اور حلق میں آواز گھمائی۔ امام شعبہ کہتے ہیں: اور معاویہ بن قرّۃ نے کہا: اگر نہ ہوتی یہ بات کہ لوگ میرے پاس اکٹھا ہوجائیں گے تو میں تمہارے لئے اس آواز میں — یا کہا: اس لہجہ میں — پڑھنا شروع کرتا (اونٹنی چونکہ چل رہی تھی، اس لئے آواز حلق میں گھوم رہی تھی، اور یہ حدیث بخاری (حدیث ۴۲۸۱) میں ہے)

حدیث (۷): قتادہؒ کہتے ہیں: اللہ نے کوئی نبی نہیں بھیجا مگر خوبصورت خوش آواز! اور تمہارے نبی خوبصورت خوش آواز تھے، اور وہ (قرآن پڑھتے وقت) حلق میں آواز نہیں گھماتے تھے (اور مذکورہ حدیث میں جو بات ہے وہ عارضی تھی)

حدیث (۸): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پڑھنے کو کبھی وہ شخص سنتا تھا جو صحن میں ہوتا تھا، درانحالیکہ آپؐ گھر میں ہوتے تھے۔

[۴۴-] بابُ ماجاءَ فِی قِرَاءَ ۃِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۲۹۹-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ ابْنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مَمْلَكٍ، أَنَّهُ سَأَلَ أُمَّ سَلَمَةَ: عَنْ قِرَاءَ ةِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَإِذَا هِيَ تَنْعَتُ قِرَاءَ ةً مُفَسَّرَةً حَرْفًا حَرْفًا.

[۳۰۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، ثَنَا أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ

ابْنِ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَ قِرَاءَةُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: مَدًّا.

[٣٠١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْأُمَوِيُّ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنْ ابْنِ أَبِیْ مُلَيْكَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم يُقَطِّعُ قِرَاءَتَهُ، يَقُوْلُ: ﴿اَلْحَمْدُ للّٰهِ رَبِّ الْعَالِمِيْنَ﴾ ثُمَّ يَقِفُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: ﴿الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ﴾ ثُمَّ يَقِفُ، وَكَانَ يَقْرَأُ: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ﴾

[٣٠٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنَا اللَّيْثُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِیْ قَيْسٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ رضى الله عنها عَنْ قِرَاءَةِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم: أَكَانَ يُسِرُّ بِالْقِرَاءَةِ أَمْ يَجْهَرُ؟ قَالَتْ: كُلَّ ذٰلِكَ قَدْ كَانَ يَفْعَلُ: رُبَّمَا أَسَرَّ وَرُبَّمَا جهرَ، قُلْتُ: الْحَمْدُ للّٰهِ الَّذِیْ جعَلَ فِیْ الْأَمْرِ سَعَةً.

[٣٠٣-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنَا وَكِيْعٌ، ثنَا مِسْعَرُ، عَنْ أَبِیْ الْعَلَاءِ الْعَبْدِیِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ أُمِّ هَانِئٍ، قَالَتْ: كُنْتُ أَسْمَعُ قِرَاءَةَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم بِاللَّيْلِ، وَأَنَا عَلَى عَرِيْشِیْ.

[٣٠٤-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنَا أَبُوْ دَاوُدَ، نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ مُغَفَّلٍ، يَقُوْلُ: رَأَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم عَلَى نَاقَتِهِ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَهُوَ يَقْرَأُ: ﴿إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِيَغْفِرَلَكَ اللّٰهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ﴾ قَالَ: فَقَرَأَ وَرَجَّعَ، قَالَ: وَقَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ قُرَّةَ: لَوْلَا أَنْ يَجْتَمِعَ النَّاسُ عَلَيَّ لَأَخَذْتُ لَكُمْ فِیْ ذٰلِكَ الصَّوْتِ، أَوْ قَالَ: اللَّحْنِ.

[٣٠٥-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثنَا نُوْحُ بْنُ قِيْسٍ الْحُدَّانِیُّ، عَنْ حُسَامِ بْنِ مِصَكٍّ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: مَابَعَثَ اللّٰهُ نَبِيًّا إِلَّا حَسَنَ الْوَجْهِ، حَسَنَ الصَّوْتِ، وَكَانَ نَبِيُّكُمْ حَسَنَ الْوَجْهِ، حَسَنَ الصَّوْتِ، وَكَانَ لَايُرَجِّعُ.

[٣٠٦-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانٍ، ثنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ أَبِیْ الزِّنَادِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِیْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَتْ قِرَاءَةُ النبيِّ صلى الله عليه وسلم رُبَّمَا يَسْمَعُهَا مَنْ فِیْ الْحُجْرَةِ، وَهُوَ فِیْ الْبَيْتِ.

بابُ ماجاءَ فِی بُكَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے خوفِ خدا سے رونے کا بیان

حدیث (۱): عبداللہ بن الشخیرؓ کہتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا، درانحالیکہ آپؐ نماز پڑھ رہے تھے، اور آپؐ کے درون کے لئے رونے کی وجہ سے گونج تھی ہانڈی کی گونج کی طرح (الأزِيْز: گونج، سنسناہٹ)

حدیث (۲): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: مجھ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مجھے قرآن سناؤ'' میں نے عرض کیا: یارسول

اللہ! میں آپؐ کو قرآن سناؤں، درانحالیکہ قرآن آپؐ پر اترا ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ”میں چاہتا ہوں کہ اپنے علاوہ سے قرآن سنوں!“ پس میں نے آپؐ کے سامنے سورۃ النساء پڑھی، یہاں تک کہ جب میں: ﴿وَجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَاءِ شَهِيْدًا﴾ پر پہنچا: ابن مسعودؓ کہتے ہیں: پس میں نے نبی ﷺ کی دونوں آنکھوں کو آنسو بہاتے ہوئے دیکھا (ترمذی، تفسیر، حدیث ۳۰۴۹ تحفہ ۷: ۱۸۲)

حدیث (۳): عبداللہ بن عمروؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایک دن سورج گہنایا، پس نبی ﷺ نے نماز پڑھنی شروع کی، یہاں تک کہ نہیں قریب تھے کہ رکوع کریں یعنی قیام بہت طویل کیا، پھر رکوع کیا، پس نہیں قریب تھے کہ اپنا سر اٹھائیں یعنی بہت لمبا رکوع کیا، پھر اپنا سر اٹھایا، پس نہیں قریب تھے کہ سجدہ کریں، پھر سجدہ کیا، پس نہیں قریب تھے کہ اپنا سر اٹھائیں، پھر آپؐ نے پھونکنا اور رونا شروع کیا، اور کہتے تھے: ”اے میرب ربّ! کیا آپ نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ آپ ان کو سزا نہیں دیں گے درانحالیکہ میں ان میں ہونگا؟ اے میرے ربّ! کیا آپ نے مجھ سے وعدہ نہیں کیا تھا کہ آپ ان کو سزا نہیں دیں گے درانحالیکہ وہ استغفار کررہے ہونگے؟ اور ہم آپ سے گناہوں کی معافی طلب کرتے ہیں!“ — پھر جب آپؐ نے دو رکعتیں پڑھیں تو سورج روشن ہوگیا، پس آپؐ تقریر کے لئے کھڑے ہوئے، آپؐ نے اللہ کی تعریف کی اور خوب تعریف کی، پھر فرمایا: ”سورج اور چاند اللہ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، وہ دونوں نہ کسی کی موت کی وجہ سے گہناتے ہیں، نہ پیدا ہونے کی وجہ سے، پس جب وہ گہنائیں تو تم ڈر کر اللہ کے ذکر کا سہارا لو!“

حدیث (۴): ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنی ایک بیٹی کو (یعنی نواسی کو) لیا، جو سکرات میں تھی، پس آپؐ نے اس کو گود میں لیا، اور اس کو اپنے سامنے رکھا، پس اس نے وفات پائی درانحالیکہ وہ آپؐ کے سامنے تھی، اور ام ایمنؓ زور سے روئیں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ”کیا تم رسول اللہ ﷺ کے پاس روتی ہو؟“ پس انھوں نے کہا: کیا نہیں دیکھتی میں آپؐ کو کہ رو رہے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: ”میں نہیں رو رہا، آنکھ سے بہنے والے آنسو رحمت ہی ہیں، بیشک مؤمن ہر خیر کے ساتھ ہوتا ہے ہر حال میں، اس کی روح اس کے دونوں پہلوؤں سے نکالی جارہی ہوتی ہے اور وہ اللہ کی تعریف کررہا ہوتا ہے“

حدیث (۵): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ نے عثمان بن مظعونؓ کو بوسہ دیا درانحالیکہ وہ وفات پاچکے تھے اور آپؐ رو رہے تھے، یا فرمایا: آپؐ کی آنکھیں اشکبار تھیں (ترمذی، جنائز، حدیث ۹۷۴ تحفہ ۳: ۳۹۰)

حدیث (۶): انسؓ کہتے ہیں: ہم رسول اللہ ﷺ کی ایک بیٹی (ام کلثوم) کی تدفین میں حاضر ہوئے، اور رسول اللہ ﷺ قبر پر تشریف فرما تھے، پس میں نے آپؐ کی دونوں آنکھوں کو آنسو بہاتے ہوئے دیکھا، پھر آپؐ نے فرمایا: ”کیا تم میں کوئی ہے جس نے آج رات بیوی سے صحبت نہ کی ہو؟“ ابوطلحہ نے کہا: میں ہوں! آپؐ نے فرمایا: ”تم قبر میں اترو“ چنانچہ وہ ان کی قبر میں اترے (کہتے ہیں: یہ حضرت عثمانؓ پر چوٹ تھی، مگر یہ بات یوں غیر معقول ہے کہ محرم کی

موجودگی میں شوہر قبر میں نہیں اترتا، پس اس ارشاد کی کوئی اور وجہ ہوگی)

[٤٥-] بابُ ماجاءَ فِی بُکَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم

[٣٠٧-] حدثنا سُوَیْدُ بْنُ نَصْرٍ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ: وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّیْرِ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: أَتَیْتُ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم وَهُوَ یُصَلِّیْ، وَلِجَوْفِهِ أَزِیْزٌ کَأَزِیْزِ الْمِرْجَلِ مِنَ الْبُکَاءِ.

[٣٠٨-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، ثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ إِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عَبِیْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ لِیْ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: "اقْرَأْ عَلَیَّ" فَقُلْتُ: یَارسولَ اللّٰهِ! أَقْرَأُ عَلَیْكَ، وَعَلَیْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: "إِنِّیْ أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَیْرِیْ" فَقَرَأْتُ سُوْرَةَ النِّسَاءِ، حَتَّی بَلَغْتُ: ﴿وَجِئْنَا بِكَ عَلٰی هٰؤُلَاءِ شَهِیْدًا﴾ قَالَ: فَرَأَیْتُ عَیْنَیِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم تَهْمِلَانِ.

[٣٠٩-] حدثنا قُتَیْبَةُ، ثَنَا جَرِیْرٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِیْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: انْکَسَفَتِ الشَّمْسُ یَوْمًا عَلَی عَهْدِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم، فَقَامَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم یُصَلِّیْ، حَتَّی لَمْ یَکَدْ یَرْکَعُ، ثُمَّ رَکَعَ، فَلَمْ یَکَدْ یَرْفَعُ رَأْسَهُ، ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ، فَلَمْ یَکَدْ أَنْ یَسْجُدَ، ثُمَّ سَجَدَ، فَلَمْ یَکَدْ أَنْ یَرْفَعَ رَأْسَهُ، فَجَعَلَ یَنْفُخُ وَیَبْکِیْ، وَیَقُوْلُ: "رَبِّ أَلَمْ تَعِدْنِیْ أَلاَّ تُعَذِّبَهُمْ وَأَنَا فِیْهِمْ؟ رَبِّ أَلَمْ تَعِدْنِیْ أَلاَّ تُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ یَسْتَغْفِرُوْنَ؟ وَنَحْنُ نَسْتَغْفِرُكَ!"

فَلَمَّا صَلَّی رَکْعَتَیْنِ انْجَلَتِ الشَّمْسُ، فَقَامَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَی عَلَیْهِ، ثُمَّ قَالَ: "إِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ آیَتَانِ مِنْ آیَاتِ اللّٰهِ، لاَیَنْکَسِفَانِ لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلاَ لِحَیَاتِهِ، فَإِنِ انْکَسَفَا فَافْزَعُوْا إِلَی ذِکْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی.

[٣١٠-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عِکْرِمَةَ، عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَخَذَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم ابْنَةً لَهُ تَقْضِیْ، فَاحْتَضَنَهَا، فَوَضَعَهَا بَیْنَ یَدَیْهِ، فَمَاتَتْ وَهِیَ بَیْنَ یَدَیْهِ. وَصَاحَتْ أُمُّ أَیْمَنَ، فَقَالَ: یَعْنِیْ النبیَّ صلی اللہ علیہ وسلم: "أَتَبْکِیْنَ عِنْدَ رسولِ اللّٰهِ؟" فَقَالَتْ: أَلَسْتُ أَرَاكَ تَبْکِیْ؟ قَالَ: "إِنِّیْ لَسْتُ أَبْکِیْ، إِنَّمَا هِیَ رَحْمَةٌ، إِنَّ الْمُؤْمِنَ بِکُلِّ خَیْرٍ عَلَی کُلِّ حَالٍ، إِنَّ نَفْسَهُ تُنْزَعُ مِنْ بَیْنِ جَنْبَیْهِ وَهُوَ یَحْمَدُ اللّٰهَ تَعَالَی.

[٣١١-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَبَّلَ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُوْنٍ وَهُوَ مَیِّتٌ، وَهُوَ یَبْکِیْ، أَوْ قَالَ: وَعَیْنَاهُ تَذْرِفَانِ.

[۳۱۲-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا أَبُوْ عَامِرٍ، ثَنَا فُلَيْحٌ: وَهُوَ ابْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: شَهِدْنَا ابْنَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم جَالِسٌ عَلَى الْقَبْرِ، فَرَأَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ، فَقَالَ: "أَفِيْكُمْ رَجُلٌ لَمْ يُقَارِفِ اللَّيْلَةَ؟" قَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَنَا. قَالَ: "انْزِلْ" فَنَزَلَ فِيْ قَبْرِهَا.

بابُ ماجاءَ فِی فِرَاشِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے بستر کا بیان

حدیث (۱): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کا بستر جس پر آپؐ سوتے تھے چمڑے کا تھا، جس میں کھجور کے ریشے بھرے ہوئے تھے (ترمذی، لباس، حدیث ۱۷۵۲ تحفہ ۵: ۹۱)

حدیث (۲): محمد باقر رحمہ اللہ کہتے ہیں: عائشہؓ سے پوچھا گیا: آپ کے گھر میں رسول اللہ ﷺ کا بستر کیا تھا؟ انھوں نے کہا: چمڑے کا تھا، جس میں کھجور کے ریشے بھرے ہوئے تھے ـــــ اور حفصہؓ سے پوچھا گیا: آپ کے گھر میں رسول اللہ ﷺ کا بستر کیا تھا؟ انھوں نے کہا: ٹاٹ تھا، جس کو ہم دوہرا کر دیتے تھے، پس آپؐ اس پر سوتے تھے۔ ایک رات ہم نے سوچا: اگر میں ان کو چوہرا کردوں تو وہ آپؐ کے لئے زیادہ آرام دہ ہوگا۔ چنانچہ میں نے اس کو چوہرا کردیا، پس جب آپؐ نے صبح کی تو فرمایا: "آج رات آپ لوگوں نے میرے لئے کیا بچھادیا؟" حفصہ کہتی ہیں: ہم نے کہا: آپؐ کا وہی بستر تھا، مگر ہم نے اس کو چوہرا کردیا تھا، ہم نے سوچا کہ وہ آپؐ کے لئے زیادہ آرام دہ ہوگا! آپؐ نے فرمایا: "اس کو اس کی پہلی حالت پر لوٹادو، کیونکہ اس کی نرمی نے آج رات مجھے نماز سے روک دیا (یہ حدیث نہایت ضعیف ہے، عبداللہ بن میمون قدّاح منکر الحدیث متروک راوی ہے، اور باقر کی ولادت ۵۶ ہجری میں ہوئی ہے اور حفصہؓ کی وفات ۴۵ ہجری میں اور عائشہؓ کی وفات ۵۸ ہجری میں ہوئی ہے، اس لئے سند میں انقطاع ہے)

لغات: ثَنَی (ض) الشیئَ ثَنْیًا: موڑنا، لپیٹنا، طے کرنا...... الثِّنْیَة من الثوب: کپڑے کی تہ، لپیٹ۔

[۴۶-] بابُ ماجاءَ فِی فِرَاشِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۳۱۳-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: إِنَّمَا كَانَ فِرَاشُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الَّذِيْ يَنَامُ عَلَيْهِ مِنْ أَدَمٍ، حَشْوُهُ لِيفٌ.

[۳۱۴-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ: زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: نَاجَعْفَرُ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: سُئِلَتْ عَائِشَةُ: مَاكَانَ فِرَاشُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِكِ؟

قَالَتْ: مِنْ أَدَمٍ حَشْوُهُ لِيفٌ، وَسُئِلَتْ حَفْصَةُ: مَاكَانَ فِرَاشُ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ بَيْتِكِ؟ قَالَتْ: مِسْحًا، نَثْنِيْهِ ثِنْيَتَيْنِ، فَيَنَامُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتُ لَيْلَةٍ، قُلْتُ: لَوْ ثَنَيْتُهُ أَرْبَعَ ثِنْيَاتٍ: كَانَ أَوْطَأَ لَهُ: فَثَنَيْنَاهُ أَرْبَعَ ثِنْيَاتٍ، فَلَمَّا أَصْبَحَ قَالَ: "مَا فَرَشْتُمُوْنِيْ اللَّيْلَةَ؟ قَالَتْ: قُلْنَا: هُوَ فِرَاشُكَ، إِلَّا أَنَا ثَنَيْنَاهُ بِأَرْبَعِ ثِنْيَاتٍ، قُلْنَا: هَوَ أَوْطَأُ لَكَ، قَالَ: رُدُّوْهُ لِحَالَتِهِ الْأُوْلٰى، فَإِنَّهُ مَنَعَتْنِيْ وَطْأَتُهُ صَلَاتِيْ اللَّيْلَةَ.

بابُ ماجاءَ فِي تَوَاضُعِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کی تواضع (خاکساری) کا بیان

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری مبالغہ آمیز تعریف مت کرو، جیسی عیسائیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کی مبالغہ آمیز تعریف کی ہے (چنانچہ انھوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو معبود اور اللہ کا بیٹا قرار دے لیا) میں اللہ کا بندہ ہی ہوں، پس کہو: (آپؐ) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں (بخاری حدیث ۳۴۴۵)

لغت: أَطْرَاهُ إِطْرَاء: مبالغہ آمیز تعریف کرنا، حد سے زیادہ تعریف کرنا، مجرد طَرُوَ يَطْرُوُ (ک) طَرَاوَةً: نرم ونازک ہونا۔

حدیث (۲): انسؓ کہتے ہیں: ایک عورت نبی ﷺ کے پاس آئی، اور اس نے کہا: مجھے آپؐ سے کوئی ضروری بات کرنی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: ''تو مدینہ کے راستوں میں سے جس راستے میں چاہے بیٹھ جا: میں تیرے پاس بیٹھونگا'' یعنی وہاں آکر تیری بات سنونگا (پس یہ انتہائی درجہ کی تواضع ہے، مگر مسلم اور ابوداؤد میں ثابت بنانی کی روایت میں ہے: **كانت فى عقلها شيئ:** وہ کچھ بے عقل سی تھی، پس ممکن ہے آپؐ نے مسجد میں یا گھر میں اس کی بات سننا مناسب نہ سمجھا ہو، کیونکہ پاگل جو کام ایک مرتبہ کرتا ہے: بار بار کرتا ہے، پس وہ روز آئے گی، اور پریشان کرے گی، اس لئے آپؐ نے حسن تدبیر سے اس کو ٹال دیا ہو)

حدیث (۳): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ بیمار کی بیمار پرسی کیا کرتے تھے، اور جنازہ میں شرکت فرمایا کرتے تھے، اور گدھے پر سواری کیا کرتے تھے، اور غلام کی دعوت قبول کیا کرتے تھے، اور بنوقریظہ کی جنگ کے موقعہ پر آپؐ ایک ایسے گدھے پر سوار تھے جو کھجور کی چھال کی رسّی سے لگام دیا ہوا تھا، اور اس پر کھجور کی چھال کا پالان بندھا ہوا تھا (ترمذی، جنائز، حدیث ۱۰۰۱ تحفہ ۳:۴۲۲)

حدیث (۴): انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ جو کی روٹی اور پگھلی ہوئی باسی چربی کی دعوت دیئے جاتے تھے، پس آپؐ قبول کرتے تھے، اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ آپؐ کی ایک زرہ ایک یہودی کے پاس (گروی) تھی، پس نہیں پائی آپؐ نے وہ چیز جو اس زرہ کو چھڑائے، یہاں تک کہ آپؐ کی وفات ہوئی (ترمذی، بیوع، حدیث ۱۲۰۰ تحفہ ۴:۱۱۶)

حدیث (۵): انس کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ایک بوسیدہ کجاوے پر حج کیا، اور اس پر ایک کمبل تھا، جس کی قیمت چار درہم نہیں تھی، پس آپ نے فرمایا: ''اے اللہ! آپ اس کو ایسا حج بنائیں جس میں نہ دکھاوا ہو، اور نہ سنانا''

حدیث (۶): انس کہتے ہیں: صحابہ کے نزدیک نبی ﷺ سے زیادہ کوئی شخص محبوب نہیں تھا۔ انس کہتے ہیں: اور صحابہ جب آپ کو دیکھتے تھے تو کھڑے نہیں ہوتے تھے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آپ اس کو ناپسند کرتے ہیں (ترمذی، استیذان وآداب، حدیث ۲۷۵۸ تحفہ ۶: ۵۲۵ میں قیام تعظیمی پر مفصل گفتگو ہے)

[۴۷-] بابُ ماجاءَ فِی تَوَاضُعِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[۳۱۵-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيُّ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم:" لَاتُطْرُوْنِی كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَی عِيْسَی ابْنَ مَرْيَمَ، إِنَّمَا أَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، فَقُوْلُوْا: عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ"

[۳۱۶-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ امْرَأَةً جَاءَ تْ إِلَی النبیِّ صلی الله علیه وسلم، فَقَالَتْ: إِنَّ لِیْ إِلَيْكَ حَاجَةً. فَقَالَ:" اجْلِسِیْ فِیْ أَيِّ طَرِيْقِ الْمَدِيْنَةِ شِئْتِ: أَجْلِسْ إِلَيْكِ"

[۳۱۷-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُسْلِمٍ الْأَعْوَرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يَعُوْدُ الْمَرِيْضَ، وَيَشْهَدُ الْجَنَائِزَ، وَيَرْكَبُ الْحِمَارَ، وَيُجِيْبُ دَعْوَةَ الْعَبْدِ، وَكَانَ يَوْمَ بَنِیْ قُرَيْظَةَ عَلَی حِمَارٍ مَخْطُوْمٍ بِحَبْلٍ مِنْ لِيْفٍ، عَلَيْهِ إِكَافٌ مِنْ لِيْفٍ.

[۳۱۸-] حدثنا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰی الْكُوْفِيُّ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم يُدْعَی إِلَی خُبْزِ الشَّعِيْرِ وَالإِهَالَةِ السَّنِخَةِ فَيُجِيْبُ، وَلَقَدْ كَانَتْ لَهُ دِرْعٌ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ، فَمَا وَجَدَ مَا يَفُكُّهَا حَتَّی مَاتَ.

[۳۱۹-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ صَبِيْحٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: حَجَّ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم عَلَی رَحْلٍ رَثٍّ، وَعَلَيْهِ قَطِيْفَةٌ لَاتُسَاوِیْ أَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ، فَقَالَ:" اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا لَارِيَاءَ فِيْهِ وَلَا سُمْعَةَ"

[۳۲۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا عَفَّانُ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يَكُنْ شَخْصٌ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم، قَالَ: وَكَانُوْا إِذَا رَأَوْهُ لَمْ يَقُوْمُوْا، لِمَا يَعْلَمُوْنَ مِنْ كَرَاهِيَتِهِ لِذٰلِكَ.

حدیث (۷): حضرت حسنؓ کہتے ہیں: میں نے اپنے ماموں ہند بن ابی ہالہؓ سے پوچھا۔ اور وہ رسول اللہ ﷺ کا حلیہ (حالات) بہت عمدہ بیان کرتے تھے، اور میں چاہتا تھا کہ وہ میرے لئے ان اوصاف میں سے کچھ بیان کریں، چنانچہ انھوں نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ عظیم الشان بلند رتبہ تھے، رخ انور چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا تھا، پھر انھوں نے (حضرت حسنؓ نے) لمبی حدیث ذکر کی (یہ حدیث پہلے (حدیث ۷) آ چکی ہے)

حضرت حسنؓ کہتے ہیں: پس میں نے ان اوصاف کو حسینؓ سے ایک عرصہ تک چھپا رکھا (ہر آدمی قیمتی متاع کو چھپایا کرتا ہے اور علم بغیر طلب کے دینا متاع گرانمایہ کو ضائع کرنا ہے) پھر میں نے (حسینؓ سے) ان اوصاف کو بیان کیا، پس میں نے ان کو پایا کہ وہ مجھ سے ان حالات کی طرف سبقت کر چکے ہیں، انھوں نے حضرت ہندؓ سے وہ باتیں معلوم کر لی ہیں جن کے بارے میں میں نے ان سے دریافت کیا تھا، اور میں نے ان کو پایا کہ وہ اپنے ابا (حضرت علیؓ) سے نبی ﷺ کے گھر میں داخل ہونے، اور گھر سے باہر نکلنے، اور آپؐ کی شکل وہیئت کے بارے میں (بھی) دریافت کر چکے ہیں، پس انھوں نے ان میں سے کوئی چیز نہیں چھوڑی!

[۳۲۱-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعِجْلِيُّ، ثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ تَمِيْمٍ مِنْ وَلَدِ أَبِيْ هَالَةَ زَوْجِ خَدِيْجَةَ: يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنٍ لِأَبِيْ هَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: سَأَلْتُ خَالِيْ هِنْدَ بْنَ أَبِيْ هَالَةَ، وَكَانَ وَصَّافًا عَنْ حِلْيَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا أَشْتَهِيْ أَنْ يَصِفَ لِيْ مِنْهَا شَيْئًا، فَقَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَخْمًا مُفَخَّمًا، يَتَلَأْلَأُ وَجْهُهُ تَلَأْلُؤَ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ، فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ.

قَالَ الْحَسَنُ: فَكَتَمْتُهَا الْحُسَيْنَ زَمَانًا، ثُمَّ حَدَّثْتُهُ، فَوَجَدْتُّهُ قَدْ سَبَقَنِيْ إِلَيْهِ، فَسَأَلَهُ عَمَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ، وَوَجَدْتُهُ قَدْ سَأَلَ أَبَاهُ عَنْ مَدْخَلِهِ، وَمَخْرَجِهِ، وَشَكْلِهِ، فَلَمْ يَدَعْ مِنْهُ شَيْئًا.

لغت: مَدْخَل: مصدر میمی: مکان میں تشریف لے جانا، اور اسم ظرف: داخلہ کا دروازہ...... مَخْرَج: مصدر میمی: مکان سے باہر نکلنا۔ اور اسم ظرف: نکلنے کا دروازہ...... شَكْل: ہیئت، حالت۔

باقی حدیث: حضرت حسینؓ کہتے ہیں: پس میں نے اپنے ابا سے رسول اللہ ﷺ کے گھر میں تشریف لے جانے کے بارے میں دریافت کیا تو انھوں نے فرمایا:

۱- جب نبی ﷺ اپنے گھر میں ٹھکانہ پکڑتے تو اپنے گھر میں ہونے کو تین حصوں میں تقسیم فرماتے: ایک حصہ اللہ کے لئے (اس میں ذکر واذکار اور تہجد پڑھتے تھے) دوسرا حصہ اپنے گھر والوں کے لئے (ان سے باتیں فرماتے اور ان کے حقوق ادا فرماتے تھے) اور تیسرا حصہ اپنی ذات کے لئے، پھر اپنے والے (تیسرے) حصہ کو اپنے اور لوگوں کے

درمیان تقسیم فرماتے تھے (خیال رہے: یہ تینوں حصے زمانہ کے اعتبار سے برابر ہونے ضروری نہیں) پس آپؐ لوٹاتے اس کو یعنی تیسرے آدھے حصہ کو خواص کے ذریعہ عوام پر یعنی اس حصہ میں خواص ملنے آتے تھے، آپؐ ان کی تربیت فرماتے تھے، جو عوام تک پہنچتی تھی، اور آپؐ ان سے کوئی چیز ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے یعنی جو کچھ گھر میں موجود ہوتا اس سے ان کی تواضع کرتے۔

۲- اور آپؐ کے طریقہ میں سے امت کے جزء میں یعنی تیسرے آدھے حصہ میں: اہل فضل وکمال کو اجازت دینے میں ترجیح دینے کا، اور اس کو بانٹنے کا تھا ان کے دین میں فضل وکمال کی مقدار پر۔ یعنی باکمال لوگوں کو اجازت دینے میں مقدم رکھا جاتا تھا، پس ان میں سے کوئی ایک ضرورت والا ہوتا تھا، اور کوئی دو ضرورتوں والا، اور کوئی متعدد ضرورتوں والا، پس آپؐ ان کے ساتھ مشغول ہوتے، اور ان کو (بھی) مشغول کرتے ان کاموں میں جو ان کے لئے اور امت کے لئے مفید ہوتیں یعنی ان کا آپؐ سے دریافت کرنا، اور آپؐ کا ان کو وہ باتیں بتلانا جو ان کے لئے مناسب ہوتیں۔

۳- اور آپؐ فرماتے: ''چاہئے کہ تم میں سے موجود: غیر موجود کو بات پہنچائے، اور مجھے اس شخص کی حاجت پہنچاؤ جو خود اپنی حاجت نہیں پہنچا سکتا، کیونکہ جو شخص سلطان (اتھارٹی) کو اس شخص کی حاجت پہنچاتا ہے جو خود اپنی حاجت نہیں پہنچا سکتا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے دونوں پیر جمائیں گے''

۴- آپؐ کے پاس بس یہی باتیں ہوتی تھیں، اور آپؐ لوگوں سے یہی باتیں سنتے تھے (فضول اور لایعنی باتیں نہ ہوتی تھیں، نہ ان کو سنتے تھے) لوگ آپؐ کے پاس دینی امور کے طالب بن کر آتے تھے، اور نہیں جدا ہوتے تھے وہ مگر کچھ نہ کچھ چکھ کر، اور نکلتے تھے وہ مشعلِ خیر بن کر!

قَالَ الْحُسَيْنُ: فَسَأَلْتُ أَبِيْ عَنْ دُخُوْلِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: فَقَالَ:

[۱-] كَانَ إِذَا أَوٰى إِلَى مَنْزِلِهِ: جَزَّأَ دُخُوْلَهُ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءٍ: جُزْءٌ لِلّٰهِ، وَجُزْءٌ لِأَهْلِهِ، وَجُزْءٌ لِنَفْسِهِ. ثُمَّ جَزَّأَ جُزْأَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّاسِ، فَيَرُدُّ ذٰلِكَ بِالْخَاصَّةِ عَلَى الْعَامَّةِ، وَلَا يَدَّخِرُ عَنْهُمْ شَيْئًا.

[۲-] وَكَانَ مِنْ سِيْرَتِهِ فِيْ جُزْءِ الْأُمَّةِ: إِيْثَارُ أَهْلِ الْفَضْلِ بِإِذْنِهِ، وَقَسْمُهُ عَلَى قَدْرِ فَضْلِهِمْ فِي الدِّيْنِ، فَمِنْهُمْ ذُو الْحَاجَةِ، وَمِنْهُمْ ذُو الْحَاجَتَيْنِ، وَمِنْهُمْ ذُوْ الْحَوَائِجِ، فَيَتَشَاغَلُ بِهِمْ، وَيَشْغَلُهُمْ فِيْمَا يُصْلِحُهُمْ وَالْأُمَّةَ: مِنْ مَسْأَلَتِهِمْ عَنْهُ، وَإِخْبَارِهِمْ بِالَّذِيْ يَنْبَغِيْ لَهُمْ.

[۳-] وَيَقُوْلُ: ''لِيُبَلِّغِ الشَّاهِدُ مِنْكُمُ الْغَائِبَ، وَأَبْلِغُوْنِيْ حَاجَةَ مَنْ لَا يَسْتَطِيْعُ إِبْلَاغَهَا، فَإِنَّهُ مَنْ أَبْلَغَ سُلْطَانًا حَاجَةَ مَنْ لَا يَسْتَطِيْعُ إِبْلَاغَهَا، ثَبَّتَ اللّٰهُ قَدَمَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''

[٤-] لَا يُذْكَرُ عِنْدَهُ إِلَّا ذٰلِكَ، وَلَا يَقْبَلُ مِنْ أَحَدٍ غَيْرَهُ، يَدْخُلُوْنَ رُوَّادًا، وَلَا يَفْتَرِقُوْنَ إِلَّا عَنْ ذَوَاقٍ، وَيَخْرُجُوْنَ أَدِلَّةً عَلَى الْخَيْرِ.

لغات: رُوَّاد: الرَّائد کی جمع: تلاش وجستجو کرنا۔ رَادَ الشيئَ رَوْدًا وَرِيَادًا: تلاش وجستجو کرنا، تلاش میں گھومنا پھرنا، فهو رَائِد، وهی رَائِدةٌ ...... أَدِلَّة: الدليل کی جمع: راہ نما، گائڈ، مشعل راہ، دوسری جمع أَدِلَّاء ہے۔

باقی حدیث: حضرت حسینؓ کہتے ہیں: پس میں نے اپنے ابا سے نبی ﷺ کے باہر نکلنے (جلوت) کے بارے میں پوچھا کہ آپؐ باہر ہونے کی حالت میں کیا کرتے تھے؟ پس انھوں نے فرمایا:

۱- رسول اللہ ﷺ اپنی زبان محفوظ رکھتے تھے، مگر ان باتوں میں جو قابل لحاظ ہوتی تھیں۔

۲- اور آپؐ لوگوں کو جوڑتے تھے، ان کو بدکاتے نہیں تھے۔

۳- اور آپؐ ہر قوم کے معزز آدمی کا اکرام کرتے تھے، اور اس کو ان پر سردار مقرر کرتے تھے۔

۴- اور آپؐ لوگوں کو چوکنا کرتے رہتے تھے، اور خود بھی ان سے محتاط رہتے تھے، ان میں سے کسی سے اپنی خندہ پیشانی اور اپنی خوش اخلاقی لپیٹے بغیر یعنی لوگوں سے محتاط رہتے تھے، مگر سب کے ساتھ خندہ پیشانی سے ملتے تھے، اور اخلاق والا معاملہ فرماتے تھے۔

۵- اور آپؐ اپنے اصحاب کے احوال کی تحقیق فرماتے تھے، اور لوگوں سے لوگوں کے احوال معلوم کرتے تھے۔

۶- اور آپؐ اچھی بات کی تحسین فرماتے تھے، اور اس کو قوی کرتے تھے، اور بری بات کی برائی کرتے تھے، اور اس کو کمزور (ڈھیلا) کرتے تھے یعنی کوئی اچھا کام کرتا تو اس کی حوصلہ افزائی کرتے، اور کوئی برا کام کرتا تو اس کو کنڈم کرتے۔

۷- آپؐ کا معاملہ معتدل تھا، مختلف نہیں تھا یعنی آپؐ میں تلون مزاجی نہیں تھی۔

۸- آپؐ غفلت نہیں برتتے تھے یعنی ہر وقت لوگوں کی طرف متوجہ رہتے تھے: اس اندیشے سے کہ لوگ غافل اور ملول ہوجائیں۔

۹- ہر حالت کے لئے آپؐ کے پاس تیاری تھی، یعنی ہر کام کا خاص انتظام تھا۔

۱۰- آپؐ نہ امر حق میں کوتاہی کرتے تھے، اور نہ اس سے تجاوز فرماتے تھے۔

۱۱- آپؐ سے نزدیک وہ لوگ ہوتے تھے جو ان میں سب سے بہتر ہوتے تھے۔

۱۲- اور آپؐ کے نزدیک لوگوں میں افضل وہ تھا: جو اپنی خیر خواہی کے اعتبار سے زیادہ عام تھا یعنی لوگوں کی زیادہ سے زیادہ خیر خواہی کرنے والے کا آپؐ کے نزدیک خاص مقام تھا۔

۱۳- اور آپؐ کے نزدیک لوگوں میں بڑے مرتبے والا وہ تھا جو لوگوں کی غم خواری اور لوگوں کا تعاون کرنے میں اچھا تھا۔

قَالَ الْحُسَيْنُ: فَسَأَلْتُهُ عَنْ مَخْرَجِهِ، كَيْفَ كَانَ يَصْنَعُ فِيْهِ؟ قَالَ:

[۱-] كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَخْزُنُ لِسَانَهُ، إِلَّا فِيْمَا يَعْنِيْهِ.

[۲-] وَيُؤَلِّفُهُمْ، وَلاَ يُنفِّرُهُمْ،
[۳-] وَيُكْرِمُ كَرِيْمَ كُلِّ قَوْمٍ، وَيُوَلِّيْهِ عَلَيْهِمْ.
[٤-] وَيَحْذَرُ النَّاسَ وَيَحْتَرِسُ مِنْهُمْ، مِنْ غَيْرِ أَنْ يَطْوِىَ عَنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ بِشْرَهُ وَلاَ خُلُقَهُ.
[٥-] وَيَتفقَّدُ أَصْحَابَهُ، وَيَسْأَلُ النَّاسَ عَمَّا فِي النَّاسِ.
[٦-] وَيُحسِّنُ الْحسَنَ وَيُقَوِّيْهِ، وَيُقَبِّحُ الْقَبِيْحَ وَيُوْهِيْهِ.
[٧-] مُعْتَدِلُ الأَمْرِ غَيْرُ مُخْتَلِفٍ.
[٨-] وَلاَ يَغْفلُ مَخَافَةَ أَنْ يَغْفلُوْا وَيَمَلُّوْا.
[٩-] لِكُلِّ حَالٍ عِنْدَهُ عَتَادٌ.
[١٠-] لاَيُقَصِّرُ عَنِ الْحَقِّ وَلاَ يُجَاوِزُهُ.
[١١-] الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُ مِنَ النَّاسِ خِيَارُهُمْ.
[١٢-] أَفْضَلُهُمْ عِنْدَهُ: أَعَمُّهُمْ نَصِيْحَةً.
[١٣-] وَأَعْظَمُهُمْ عِنْدَهُ مَنْزِلَةً: أَحْسَنُهُمْ مُوَاسَاةً وَمُؤَازَرَةً.

لغات: خَزَنَ(ن)لسانَه: زبان کوروکے رکھنا، غلط بات سے حفاظت کرنا......عَنَى الأَمْرُ عُنِيًّا وَعِنَايَة: کسی کے لئے کوئی کام اہم ہونا......الْبِشْر: (باءکا زیر): خندہ روئی......أَوْهَاه: کمزوراورڈھیلا کرنا،وَهَى يَهِى وَهِيًا: کمزور ہونا۔

باقی حدیث: حضرت حسینؓ کہتے ہیں: پس میں نے ان سے (اپنے ابا سے) نبی ﷺ کی مجلس کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا:

۱-رسول اللہ ﷺ نہیں کھڑے ہوتے تھے،اورنہیں بیٹھتے تھےمگر اللہ کے ذکر پر یعنی اٹھتے بیٹھتے اللہ کا ذکر کرتے تھے۔

۲-اور جب آپؐ کسی قوم کی مجلس میں پہنچتے تو اس جگہ بیٹھ جاتے جہاں تک مجلس پہنچی ہوئی ہوتی تھی،اور آپؐ لوگوں کو بھی اس کا حکم دیتے تھے۔

۳-اور آپؐ اپنے تمام ہم نشینوں کو (توجہ سے) ان کا حصہ دیتے تھے،آپؐ کا کوئی ہم نشین یہ گمان نہیں کرتا تھا کہ آپؐ کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی معزز ہے۔

۴-جو آپؐ کے ساتھ بیٹھتا ــــ یا کہا: گفتگو کرتا ــــ کسی ضرورت میں تو آپؐ اس کے ساتھ رُکے رہتے، یہاں تک کہ وہی لوٹنے والا ہوتا۔

۵-اور جو آپؐ سے کسی ضرورت کا سوال کرتا تو آپؐ اس کو حاجت پوری کئے بغیر نہیں لوٹاتے تھے، یا کوئی آسان بات فرما کر لوٹاتے تھے۔

۶-اورآپؐ کی خوش روئی اورخوش اخلاقی سب لوگوں کے لئے عام تھی، پس آپؐ ان کے لئے باپ بن گئے تھے، اورلوگ آپؐ کے نزدیک امرحق کے معاملہ میں یکساں ہوگئے تھے۔

۷-آپؐ کی مجلس: علم وحیااورصبروامانت کی مجلس تھی، آپؐ کی مجلس میں کوئی زورسےنہیں بولتا تھا، اورنہ اس میں کسی کی آبرواتاری جاتی تھی، اورنہ کسی کی لغزش کوشہرت دی جاتی تھی۔

۸-سب لوگ (آپؐ کی مجلس میں) برابرہوتے تھے، آپؐ کی مجلس میں لوگ ایک دوسرے سے پرہیزگاری کی بنیاد پربڑھتے تھے، آپؐ کی مجلس میں لوگ ایک دوسرے کے ساتھ خاکساری سے پیش آتے تھے، آپؐ کی مجلس میں لوگ بڑے کی تعظیم کرتے تھے، چھوٹے پرمہربانی کرتے تھے، حاجت مندکوترجیح دیتے تھے، اورپردیسی کی حفاظت کرتے تھے۔

قَالَ: فَسَأَلْتُهُ عَنْ مَجْلِسِهِ: فَقَالَ:

[۱-] كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَايَقُوْمُ وَلَا يَجْلِسُ إِلَّا عَلَى ذِكْرٍ.

[۲-] وَإِذَا انْتَهَى إِلَى قَوْمٍ: جَلَسَ حَيْثُ يَنْتَهِيْ بِهِ الْمَجْلِسُ، وَيَأْمُرُ بِذٰلِكَ.

[۳-] يُعْطِيْ كُلَّ جُلَسَائِهِ بِنَصِيْبِهِ، لَايَحْسَبُ جَلِيْسُهُ أَنَّ أَحَدًا أَكْرَمُ عَلَيْهِ مِنْهُ.

[٤-] مَنْ جَالَسَهُ أَوْ: فَاوَضَهُ فِيْ حَاجَةٍ صَابَرَهُ حَتَّى يَكُوْنَ هُوَ الْمُنْصَرِفُ.

[٥-] وَمَنْ سَأَلَهُ حَاجَةً لَمْ يَرُدَّهُ إِلَّا بِهَا، أَوْ بِمَيْسُوْرٍ مِنَ الْقَوْلِ.

[٦-] قَدْ وَسِعَ النَّاسَ بَسْطُهُ وَخُلُقُهُ، فَصَارَ لَهُمْ أَبًا، وَصَارُوْا عِنْدَهُ فِي الْحَقِّ سَوَاءً.

[٧-] مَجْلِسُهُ مَجْلِسُ عِلْمٍ وَحَيَاءٍ، وَصَبْرٍ وَأَمَانَةٍ، لَاتُرْفَعُ فِيْهِ الْأَصْوَاتُ، وَلَا تُؤْبَنُ فِيْهِ الْحُرَمُ، وَلَاتُنْثٰى فَلَتَاتُهُ.

[٨-] مُتَعَادِلِيْنَ، يَتَفَاضَلُوْنَ فِيْهِ بِالتَّقْوَى، مُتَوَاضِعِيْنَ، يُوَقِّرُوْنَ فِيْهِ الْكَبِيْرَ، وَيَرْحَمُوْنَ فِيْهِ الصَّغِيْرَ، وَيُؤْثِرُوْنَ ذَا الْحَاجَةِ، وَيَحْفَظُوْنَ الْغَرِيْبَ.

لغات: أَبَنَ (ن،ض) فلانًا: عیب لگانا، تہمت لگانا...... الحُرَم: الحُرْمَة کی جمع: عزت وآبرو...... ثَنٰی ثَنْیًا: پلٹنا، پھیرنا یعنی شہرت دینا...... فَلْتَة: لغزش۔

حدیث (۸): رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اگر مجھے ہدیہ میں بکری کے پائے دیئے جائیں تو میں ان کو (بھی) قبول کرونگا، اوراگرمیری پایوں کی دعوت کی جائے تو میں اس کو (بھی) قبول کرونگا (ترمذی، احکام، حدیث ۱۳۲۱ تحفہ ۴: ۲۶۳)

حدیث (۹): جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس (بیمارپرسی کے لئے) تشریف لائے، درانحالیکہ آپؐ نہ خچر پرسوار تھے، نہ غیرعربی گھوڑے پر (ترمذی، مناقب، حدیث ۳۸۸۲ اسی جلد میں وحدیث ۲۰۹۷ تحفہ ۵: ۴۳۴)

حدیث (۱۰): حضرت عبداللہ بن سلامؓ کے صاحبزادے یوسف کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا نام یوسف رکھا، اور مجھے اپنی گود میں بٹھایا (یہ تواضع ہے) اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔

حدیث (۱۱): انسؓ کہتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کیا بوسیدہ کجاوے پر، اور (اونٹ کے کجاوے پر بچھانے کے) ایسے کمبل پر جس کی قیمت ہمارے خیال میں چار درہم تھی، پس جب آپؐ کی اونٹنی آپؐ کو لے کر سیدھی کھڑی ہوئی تو آپؐ نے فرمایا: ''بار بار حاضر ہوں ایسا حج کرنے کے لئے جس میں نہ سنانا ہے، نہ دکھانا'' (یہ حدیث ابھی (نمبر ۳۱۹) پر آئی ہے، وہ سفیان ثوری کی روایت تھی اور یہ ابوداؤد کی)

حدیث (۱۲): انسؓ کہتے ہیں: ایک درزی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی، پس اس نے آپؐ کے سامنے ایسا ثرید رکھا، جس پر کدو تھا، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو لیتے تھے، اور آپؐ کدو پسند فرماتے تھے، ثابت کہتے ہیں: پس میں نے انسؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میرے لئے کوئی کھانا نہیں بنایا جاتا، جس میں: میں کدو ڈالنے پر قادر رہوں: مگر وہ اس میں ڈالا جاتا ہے (یہ حدیث پہلے (نمبر ۱۵۵ پر) آچکی ہے، وہ حدیث اسحاق کی تھی اور یہ حدیث یزید رقاشی کی)

حدیث (۱۳): حضرت عائشہؓ سے پوچھا گیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں کیا کام کرتے تھے؟ انھوں نے کہا: آپ منجملۂ بشر تھے، اپنے کپڑوں میں جوئیں تلاش کرتے تھے اور اپنی بکری دوہتے تھے، اور اپنی خدمت خود کرتے تھے۔

[۳۲۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "لَوْ أُهْدِىَ إِلَيَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ، وَلَوْ دُعِيْتُ عَلَيْهِ لَأَجَبْتُ"

[۳۲۳-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ نِيْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ بِرَاكِبِ بَغْلٍ وَلَا بِرْذَوْنٍ.

[۳۲٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا أَبُوْ نُعَيْمٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِى الْهَيْثَمِ الْعَطَّارُ، قَالَ: سَمِعْتُ يُوْسُفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، قَالَ: سَمَّانِىْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُوْسُفَ، وَأَقْعَدَنِىْ فِىْ حِجْرِهِ، وَمَسَحَ عَلَى رَأْسِىْ.

[۳۲۵-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا أَبُوْ دَوُدَ، أَنْبَأَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ صَبِيْحٍ، ثَنَا يَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم حَجَّ عَلَى رَحْلٍ رَثٍّ وَقَطِيْفَةٍ، كُنَّا نَرَى ثَمَنَهَا أَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ، فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، قَالَ: "لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ، لَاسُمْعَةَ فِيْهَا وَلَا رِيَاءَ"

[۳۲٦-] حدثنا إِسْحَاقُ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، وَعَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ أَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا خَيَّاطًا دَعَا رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَرَّبَ لَهُ ثَرِيْدًا عَلَيْهِ دُبَّاءٌ، فَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَأْخُذُ الدُّبَّاءَ، وَكَانَ يُحِبُّ الدُّبَّاءَ، قَالَ ثَابِتٌ: فَسَمِعْتُ أَنَسًا يَقُوْلُ:

فَمَا صُنِعَ لِیْ طَعَامٌ أَقْدِرُ عَلَی أَنْ یُصْنَعَ فِیْهِ دُبَّاءٌ إِلاَّ صُنِعَ.

[۳۲۷-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِیْلَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِیْ مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ یَحْیی ابْنِ سَعِیْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، قَالَتْ: قِیْلَ لِعَائِشَةَ: مَاذَا کَانَ یَعْمَلُ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم فِیْ بَیْتِهِ؟ قَالَتْ: کَانَ بَشَرًا مِنَ الْبَشَرِ، یَفْلِیْ ثَوْبَهُ، وَیَحْلُبُ شَاتَهُ، وَیَخْدُمُ نَفْسَهُ.

بابُ ماجاءَ فِیْ خُلُقِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے اخلاق کا بیان

حدیث (۱): زید بن ثابتؓ کے لڑکے خارجہؒ کہتے ہیں: کچھ لوگ حضرت زیدؓ کے پاس آئے، انھوں نے حضرت زیدؓ سے کہا: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی حدیثیں سنائیے، پس حضرت زیدؓ نے کہا: میں آپ لوگوں سے کیا حدیثیں بیان کروں؟ یعنی کوئی موضوع متعین کرو تو میں اس سلسلہ کی حدیث سناؤں۔ میں آپؐ کا پڑوسی تھا، جب آپؐ پر وحی نازل ہوتی تو آپؐ میرے پاس آدمی بھیجتے، پس میں اس کو آپؐ کے لئے لکھتا، پس جب ہم دنیا کا تذکرہ کرتے تو آپؐ بھی ہمارے ساتھ اس کا تذکرہ کرتے، اور جب ہم آخرت کا تذکرہ کرتے تو آپؐ بھی ہمارے ساتھ اس کا تذکرہ کرتے، اور جب ہم کھانے کا تذکرہ کرتے تو آپؐ بھی ہمارے ساتھ اس کا تذکرہ کرتے، پس یہ سب باتیں میں نبی ﷺ کی طرف سے تم سے بیان کرتا ہوں (یعنی موضوع کی تعیین کئے بغیر میں کیا بیان کروں؟ مگر آپؓ نے یہ جو کچھ بیان کیا ہے: وہ بھی ایک حدیث ہے، اور یہ حدیث ٹھیک ہے، سلیمان مقبول راوی ہے)

حدیث (۲): عمرو بن العاصؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ اپنے چہرے اور اپنی بات کے ساتھ بدترین قوم کی طرف بھی متوجہ ہوتے تھے (یہی اخلاق عالیہ ہیں) آپؐ ان کو اس برتاؤ سے جوڑتے تھے۔ اور آپؐ اپنے چہرے اور اپنی بات سے میری طرف بھی متوجہ ہوتے تھے، یہاں تک کہ میں نے گمان کیا کہ میں سب لوگوں سے بہتر ہوں، چنانچہ میں نے پوچھا: یارسول اللہ! میں بہتر ہوں یا ابوبکر؟ آپؐ نے فرمایا: ابوبکرؓ۔ پھر میں نے پوچھا: یارسول اللہ! میں بہتر ہوں یا عمر؟ آپؐ نے فرمایا: عمرؓ۔ پھر میں نے پوچھا: یارسول اللہ! میں بہتر ہوں یا عثمان؟ آپؐ نے فرمایا: عثمان۔ پس جب میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے ٹھیک ٹھیک بتلا دیا۔ پس میری آرزو تھی کہ میں نے آپؐ سے یہ بات نہ پوچھی ہوتی!

حدیث (۳): انسؓ کہتے ہیں: میں نے دس سال نبی ﷺ کی خدمت کی ہے، مگر کبھی کسی بات پر آپؐ نے ''ہوں'' نہیں کہا، نہ کسی کام کے کرنے پر یہ فرمایا کہ یہ کیوں کیا؟ اور نہ کسی کام کے نہ کرنے پر یہ فرمایا کہ یہ کیوں نہیں کیا؟ اور نبی ﷺ سب لوگوں سے اخلاق میں بڑھ کر تھے (اسی طرح جسمانی حلیہ کے اعتبار سے بھی آپؐ سب سے بہتر تھے) میں نے کبھی کوئی خالص ریشم اور سلکی کپڑا اور نہ کوئی نرم چیز ایسی چھوئی ہے جو نبی ﷺ کی ہتھیلی سے زیادہ نرم ہو، اور نہ میں نے

کبھی کوئی مشک اور نہ کوئی عطر نبی ﷺ کے پسینہ سے زیادہ خوشبودار سونگھا ہے! (ترمذی، بروصلہ، حدیث ۲۰۱۳ تحفہ ۵:۳۴۹)

حدیث (۴): انسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک آدمی تھا، جس پر صفرہ کا اثر تھا (صفرہ: ایک زنانی زرد مرکب خوشبو ہے، جس کا جز غالب زعفران ہوتا تھا، اس شخص نے یہ خوشبو لگا رکھی تھی) انسؓ کہتے ہیں: اور رسول اللہ ﷺ نہیں قریب تھے کہ کسی سے رو در رو کوئی ایسی بات کہیں جو اس کو ناگوار ہو (یہی بلند اخلاق ہیں) پس جب وہ اٹھ کر چلا گیا تو آپؐ نے لوگوں سے کہا: کاش آپ لوگ اس سے کہیں کہ وہ یہ صفرہ چھوڑ دے!

حدیث (۵): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نہ طبعی طور پر فحش گو تھے، اور نہ بہ تکلف فحش باتیں کرتے تھے، اور نہ آپؐ بازاروں میں چلا کر بولتے تھے، اور نہ آپؐ برائی کا بدلہ برائی سے دیتے تھے، بلکہ آپؐ معاف کر دیتے تھے، اور درگذر فرماتے تھے (ترمذی، بروصلہ، حدیث ۲۰۱۴ تحفہ ۵:۳۴۹)

[۴۸-] بابُ ماجاءَ فِيْ خُلُقِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[۳۲۸-] حدثنا عَبَّاسُ بْنُ مُحمدٍ الدُّوْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ، ثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنِي أَبُوْ عُثْمَانَ: الْوَلِيْدُ بْنُ أَبِي الْوَلِيْدِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَارِجَةَ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: دَخَلَ نَفَرٌ عَلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، فَقَالُوْا لَهُ: حَدِّثْنَا أَحَادِيْثَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: مَاذَا أُحَدِّثُكُمْ؟ كُنْتُ جَارَهُ، فَكَانَ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ، بَعَثَ إِلَيَّ، فَكَتَبْتُهُ لَهُ، فَكُنَّا إِذَا ذَكَرْنَا الدُّنْيَا ذَكَرَهَا مَعَنَا، وَإِذَا ذَكَرْنَا الآخِرَةَ ذَكَرَهَا مَعَنَا، وَإِذَا ذَكَرْنَا الطَّعَامَ ذَكَرَهُ مَعَنَا، فَكُلُّ هٰذَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم!

[۳۲۹-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى، ثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ مُحمدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُقْبِلُ بِوَجْهِهِ وَحَدِيْثِهِ عَلَى أَشَرِّ الْقَوْمِ، يَتَأَلَّفُهُمْ بِذٰلِكَ، فَكَانَ يُقْبِلُ بِوَجْهِهِ وَحَدِيْثِهِ عَلَيَّ، حَتَّى ظَنَنْتُ أَنِّي خَيْرُ الْقَوْمِ. فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَا خَيْرٌ أَمْ أَبُوْ بَكْرٍ؟ فَقَالَ: "أَبُوْ بَكْرٍ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَا خَيْرٌ أَمْ عُمَرُ؟ فَقَالَ: "عُمَرُ" فَقُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنَا خَيْرٌ أَمْ عُثْمَانُ؟ فَقَالَ: "عُثْمَانُ" فَلَمَّا سَأَلْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَصَدَّقَنِيْ، فَلَوَدِدْتُ أَنِّيْ لَمْ أَكُنْ سَأَلْتُهُ.

[۳۳۰-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: خَدَمْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَشْرَ سِنِيْنَ، فَمَا قَالَ لِيْ: أُفٍّ قَطُّ، وَمَا قَالَ لِشَيْئٍ صَنَعْتُهُ: لِمَ صَنَعْتَهُ؟ وَلَا لِشَيْئٍ تَرَكْتُهُ: لِمَ تَرَكْتَهُ؟ وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ أَحْسَنِ النَّاسِ خُلُقًا، وَلَا مَسَسْتُ خَزًّا وَلَا حَرِيْرًا وَلَا شَيْئًا كَانَ أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَلَا شَمِمْتُ

مِسْكًا قَطُّ وَلاَ عِطْرًا كَانَ أَطْيَبَ مِنْ عَرَقِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

[۳۳۱-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ- وَالْمَعْنَى وَاحِدٌ - قَالاَ: ثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَلْمِ الْعَلَوِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: أَنَّهُ كَانَ عِنْدَهُ رَجُلٌ بِهِ أَثَرُ صُفْرَةٍ، قَالَ: وَكَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لاَيَكَادُ يُوَاجِهُ أَحَدًا بِشَيْئٍ يَكْرَهُهُ، فَلَمَّا قَامَ، قَالَ لِلْقَوْمِ: "لَوْ قُلْتُم لَهُ يَدَعُ هٰذِهِ الصُّفْرَةَ"

[۳۳۲-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الجَدَلِيِّ، وَاسْمُهُ عَبْدُ بْنُ عَبْدٍ، عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ: لَمْ يَكُنْ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فَاحِشًا، وَلاَ مُتَفَحِّشًا، وَلاَ صَخَّابًا فِيْ الْأَسْوَاقِ، وَلاَ يَجْزِيْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِئَةَ، وَلٰكِنْ يَعْفُوْ وَيَصْفَحُ.

حدیث (۶): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے کبھی کسی چیز کو نہیں مارا، مگر یہ کہ راہِ خدا میں لڑ رہے ہوں، اور نہ کبھی کسی خادم کو مارا اور نہ کسی بیوی کو (یہ روایت مسلم شریف میں ہے)

حدیث (۷): عائشہؓ کہتی ہیں:

۱- رسول اللہ ﷺ کبھی بھی کسی ظلم کا بدلہ نہیں لیتے تھے (یعنی سزا نہیں دیتے تھے، بلکہ معاف کردیتے تھے) جب تک محرماتِ شرعیہ کا ارتکاب نہ کیا جائے۔ اگر محرماتِ شرعیہ کا ارتکاب کیا جاتا تو اس معاملہ میں آپؐ کو سب سے زیادہ غصہ آتا (اور اس کو ضرور سزا دیتے)

۲- اور جب بھی آپؐ کو دو باتوں کے درمیان اختیار دیا جاتا تو آپؐ آسان امر کو اختیار فرماتے، بشرطیکہ اس میں کوئی محذور شرعی نہ ہوتا۔

لفظی ترجمہ: ۱- نہیں دیکھا میں نے رسول اللہ ﷺ کو بدلہ لیتے ہوئے کسی ایسے ظلم سے جو کیا گیا ہو کبھی بھی، جب تک پردہ دری نہ کی جائے اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں میں سے کسی چیز کی۔ پس جب پردہ دری کی جاتی اللہ کی حرام کی ہوئی چیزوں میں سے کسی چیز کی تو آپؐ ہوتے لوگوں میں سب سے زیادہ غصہ کے اعتبار سے اس معاملہ میں۔ ۲- اور نہیں اختیار دیئے گئے آپؐ دو باتوں کے درمیان، مگر آپؐ اُن میں سے آسان کو اختیار کرتے، جب تک وہ کوئی گناہ کا کام نہ ہو۔

حدیث (۸): عائشہؓ کہتی ہیں: ایک شخص نے نبی ﷺ کے پاس آنے کی اجازت چاہی، اور میں آپؐ کے پاس تھی، پس آپؐ نے فرمایا: ''قبیلہ کا برا آدمی ہے!'' پھر آپؐ نے اس کو اجازت دی، جب وہ آیا تو آپؐ نے نرمی سے اس سے باتیں کیں، پس جب وہ چلا گیا تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپؐ نے اس کے بارے میں فرمایا تھا کہ قبیلہ کا برا آدمی ہے، پھر آپؐ نے اس سے نرمی سے بات کی (اس کی کیا وجہ ہے؟) پس آپؐ نے فرمایا: ''اے عائشہ! لوگوں میں بدترین وہ ہے جس کو لوگ چھوڑ دیں اس کی بدگوئی کی وجہ سے!'' (ترمذی، برّوصلہ، حدیث ۱۹۹۳ تحفہ ۵: ۳۳۲)

[۳۳۳-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا ضَرَبَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم بِيَدِهِ شَيْئًا قَطُّ، إِلَّا أَنْ يُجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَا ضَرَبَ خَادِمًا وَلَا امْرَأَةً.

[۳۳٤-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

[۱-] مَا رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مُنْتَصِرًا مِنْ مَظْلَمَةٍ ظُلِمَهَا قَطُّ، مَالَمْ يُنْتَهَكْ مِنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ شَيْئٌ، فَإِذَا انْتُهِكَ مِنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ شَيْئٌ كَانَ مِنْ أَشَدِّهِمْ فِيْ ذٰلِكَ غَضَبًا.

[۲-] وَمَا خُيِّرَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا مَالَمْ يَكُنْ مَأْثَمًا.

[۳۳۵-] حدثنا ابْنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اسْتَأْذَنَ رَجُلٌ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا عِنْدَهُ، فَقَالَ: "بِئْسَ ابْنُ الْعَشِيْرَةِ!" أَوْ: "أَخُوْ الْعَشِيْرَةِ!" ثُمَّ أَذِنَ لَهُ، فَأَلَانَ لَهُ الْقَوْلَ، فَلَمَّا خَرَجَ، قُلْتُ: يَارسولَ اللّٰهِ! قُلْتَ لَهُ مَاقُلْتَ، ثُمَّ أَلَنْتَ لَهُ الْقَوْلَ: فَقَالَ: "يَاعَائِشَةُ، إِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ، أَوْ: وَدَعَهُ النَّاسُ اتِّقَاءَ فُحْشِهِ"

حدیث(۹): (یہ حدیث نمبر ۳۲۱ کا بقیہ ہے) حضرت حسینؓ کہتے ہیں: میں نے اپنے ابا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ کا اہل مجلس کے ساتھ کیسا برتاؤ تھا؟ پس انھوں نے کہا:

۱- رسول اللہ ﷺ ہمیشہ خندہ پیشانی، نرم اخلاق اور نرم خو تھے۔ آپؐ نہ سخت گو تھے نہ سخت دل، آپؐ نہ چلّاتے تھے نہ فحش گوئی کرتے تھے، نہ عیب گیری کرتے تھے نہ جھگڑا کرتے تھے، ناپسندیدہ بات سے اعراض کرتے تھے، اور ناپسندیدہ بات سے مایوس کرتے تھے اور اس میں موافقت نہیں کرتے تھے۔

۲- آپؐ نے تین باتوں سے خود کو علاحدہ کر رکھا تھا: جھگڑے سے، تکبر سے اور لایعنی باتوں سے۔ اور تین باتوں سے لوگوں کو بچا رکھا تھا: آپؐ کسی کی مذمت نہیں کرتے تھے، اور کسی پر عیب نہیں لگاتے تھے، اور کسی کی پوشیدہ باتوں کو تلاش نہیں کرتے تھے۔

۳- اور آپؐ گفتگو نہیں فرماتے تھے مگر اس معاملہ میں جس کے ثواب کی امید ہو، اور جب آپؐ گفتگو فرماتے تو حاضرین مجلس اس طرح سر جھکا لیتے تھے کہ گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ پس جب آپؐ خاموش ہوجاتے تو لوگ بولتے۔

۴- اور اہل مجلس آپؐ کے سامنے کسی بات میں جھگڑتے نہیں تھے، جب آپؐ کے سامنے کوئی بولتا تو سب لوگ اس کو خاموشی سے سنتے، یہاں تک کہ وہ اپنی پوری کرلیتا۔

۵-اوراہل مجلس کی آپؐ کے سامنے گفتگوان کے پہلے شخص کی گفتگو ہوتی تھی، یعنی ہر شخص کی بات توجہ سے سنی جاتی تھی، اورآپؐ اس بات سے ہنستے جس سے لوگ ہنستے، اورآپؐ اس بات سے تعجب کرتے جس سے لوگ تعجب کرتے۔ یعنی آپؐ ہرطرح اہل مجلس کا ساتھ دیتے۔

۶-اورآپؐ صبر فرماتے اجنبی (مسافر) کی سختی پر: اس کی بات میں، اوراس کے سوال کرنے میں یعنی اس کی سخت کلامی اورسوال کرنے میں بے تمیزی کو برداشت کرتے، یہاں تک کہ آپؐ کے صحابہ ان (اجنبیوں) کو تلاش کرکے لاتے (تاکہ وہ بے تکلف سوال کریں)

۷-اورآپؐ فرماتے: ''جب تم کسی حاجت مند کو دیکھو جو حاجت طلب کررہا ہے تو اس کا تعاون کرو''

۸-اورآپؐ تعریف قبول نہیں کرتے تھے، مگر احسان کا بدلہ دینے والے کی طرف سے۔

۹-اورآپؐ کسی کی بات کاٹتے نہیں تھے، یہاں تک کہ وہ حد سے گذر جاتا، پس آپؐ اس کو کاٹ دیتے: منع کرنے کے ذریعہ، یا مجلس سے اٹھ کھڑے ہونے کے ذریعہ۔

[۳۳۶-] حدثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثَنَا جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعِجْلِيُّ، ثَنِيْ رَجُلٌ مِنْ بَنِي تَمِيْمٍ مِنْ وُلْدِ أَبِيْ هَالَةَ زَوْجِ خَدِيْجَةَ، يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنٍ لِأَبِيْ هَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رضى الله عنهما، قَالَ: قَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ: سَأَلْتُ أَبِيْ عَنْ سِيْرَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ جُلَسَائِهِ، فَقَالَ:

[۱-] كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم دَائِمَ الْبِشْرِ، سَهْلَ الْخُلُقِ، لَيِّنَ الْجَانِبِ، لَيْسَ بِفَظٍّ وَلاَ غَلِيْظٍ، وَلاَ صَخَّابٍ، وَلاَ فَحَّاشٍ، وَلاَ عَيَّابٍ، وَلاَ مُشَاحٍّ، يَتَغَافَلُ عَمَّا لاَيَشْتَهِيْ، وَلاَ يُيْئِسُ مِنْهُ، وَلاَ يُجِيْبُ فِيْهِ.

[۲-] قَدْ تَرَكَ نَفْسَهُ مِنْ ثَلاَثٍ: الْمِرَاءِ، وَالإِكْبَارِ، وَمَا لاَيَعْنِيْهِ، وَتَرَكَ النَّاسَ مِنْ ثَلاَثٍ: كَانَ لاَيَذُمُّ أَحَدًا، وَلاَ يُعِيْبُهُ، وَلاَ يَطْلُبُ عَوْرَتَهُ.

[۳-] وَلاَ يُكَلِّمُ إِلاَّ فِيْمَا رَجَا ثَوَابَهُ، وَإِذَا تَكَلَّمَ أَطْرَقَ جُلَسَاءُ هُ، كَأَنَّمَا عَلَى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرُ، فَإِذَا سَكَتَ تَكَلَّمُوْا.

[۴-] لاَيَتَنَازَعُوْنَ عِنْدَهُ الْحَدِيْثَ، مَنْ تَكَلَّمَ عِنْدَهُ أَنْصَتُوْا لَهُ حَتَّى يَفْرُغَ.

[۵-] حَدِيْثُهُمْ عِنْدَهُ حَدِيْثُ أَوَّلِهِمْ، يَضْحَكُ مِمَّا يَضْحَكُوْنَ مِنْهُ، وَيَتَعَجَّبُ مِمَّا يَتَعَجَّبُوْنَ.

[۶-] وَيَصْبِرُ لِلْغَرِيْبِ عَلَى الْجَفْوَةِ فِيْ مَنْطِقِهِ وَمَسْأَلَتِهِ، حَتَّى إِنْ كَانَ أَصْحَابُهُ لَيَسْتَجْلِبُوْنَهُم.

[۷-] وَيَقُوْلُ: ''إِذَارَأَيْتُم طَالِبَ حَاجَةٍ يَّطْلُبُهَا فَأَرْفِدُوْهُ''

[-٨] وَلَا يَقْبَلُ الثَّنَاءَ إِلَّا مِنْ مُكَافِئٍ.
[-٩] وَلَا يَقْطَعُ عَلَى أَحَدٍ حَدِيْثَهُ حَتَّى يَجُوْزَ، فَيَقْطَعُهُ بِنَهْيٍ أَوْ قِيَامٍ.

حدیث (۱۰): جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں: نہیں سوال کئے گئے رسول اللہ ﷺ کبھی بھی کوئی چیز، پس آپؐ نے کہا: نہیں! یعنی آپؐ نے کبھی کسی سائل کو نامراد نہیں کیا (یہ متفق علیہ حدیث ہے)

حدیث (۱۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ خیر کے کاموں میں سب لوگوں سے زیادہ سخی تھے، اور آپؐ زیادہ سے زیادہ سخی ماہ رمضان میں ہوتے تھے، یہاں تک کہ وہ گذر جاتا یعنی پورے رمضان سخاوت کا دریا بہتا۔ آپؐ کے پاس جبرئیل علیہ السلام آتے، اور آپؐ ان کو قرآن سناتے، پس جب آپؐ کی جبرئیل علیہ السلام سے ملاقات ہوتی تو رسول اللہ ﷺ خیر کے کاموں میں چھوڑی ہوئی ہوا یعنی چلنے والی ہوا سے زیادہ سخی ہوتے (یہ حدیث متفق علیہ ہے)

حدیث (۱۲): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کوئی چیز آئندہ کل کے لئے ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے (ترمذی، زہد، حدیث ۲۳۵۵ تحفہ ۶: ۱۳۸)

حدیث (۱۳): عمرؓ کہتے ہیں: ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا، پس اس نے آپؐ سے سوال کیا کہ آپؐ اس کو دیں۔ پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے پاس کوئی چیز نہیں، البتہ تو میرے نام سے خرید لے، پس جب میرے پاس کوئی چیز آئے گی تو میں اس (قرضہ) کو چکا دونگا'' —— پس عمرؓ نے کہا: اے اللہ کے رسول! واقعہ یہ ہے کہ آپؐ نے اس (مال) کو دیا یعنی جو کچھ آپؐ کے پاس تھا وہ آپؐ دیتے رہے، پس نہیں مکلّف کیا اللہ نے آپؐ کو اس چیز کا جس پر آپؐ قادر نہیں، پس نبی ﷺ نے عمرؓ کی بات ناپسند کی —— پس ایک انصاری نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپؐ خرچ کریں، اور عرش والے سے کمی کا اندیشہ نہ کریں، پس رسول اللہ ﷺ مسکرائے، اور انصاری کی بات کی وجہ سے خوشی آپؐ کے چہرے میں پہچانی گئی، اور آپؐ نے فرمایا: ''میں اسی کا حکم دیا گیا ہوں'' (اس حدیث کا راوی موسیٰ بن ابی علقمہ مجہول ہے)

حدیث (۱۴): رُبَیِّع کہتی ہیں: میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تازہ کھجوروں کا تھال اور چھوٹی پتلی ککڑیاں لے کر گئی تو آپؐ نے مٹھی بھر کر مجھے زیور اور سونا عنایت فرمایا (ربیع: بچی تھی، اور بچے کو دینا تواضع ہے، اور یہ حدیث پہلے (حدیث ۱۹۶) آچکی ہے)

حدیث (۱۵): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ ہدیہ قبول فرمایا کرتے تھے، اور اس کا بدلہ دیا کرتے تھے (ترمذی، بر وصلہ، حدیث ۱۹۵۰ تحفہ ۵: ۲۹۸)

[-٣٣٧] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحمدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ: مَاسُئِلَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ: لَا.
[-٣٣٨] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ: أَبُوْ الْقَاسِمِ الْقُرَشِيُّ الْمَكِّيُّ، ثَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ ابنِ

شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ النَّاسِ بِالْخَيْرِ، وَكَانَ أَجْوَدَ مَايَكُوْنُ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ، حَتَّى يَنْسَلِخَ، فَيَأْتِيْهِ جِبْرَئِيْلُ، فَيَعْرِضُ عَلَيْهِ الْقُرْآنَ، فَإِذَا لَقِيَهُ جِبْرَئِيْلُ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيْحِ الْمُرْسَلَةِ.

[٣٣٩-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم لَايَدَّخِرُ شَيْئًا لِغَدٍ.

[٣٤٠-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَلْقَمَةَ الْفَرَوِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ: أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَسَأَلَهُ أَنْ يُعْطِيَهُ. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: "مَا عِنْدِيْ شَيْئٌ، وَلٰكِنِ ابْتَعْ عَلَيَّ، فَإِذَا جَاءَ نِيْ شَيْئٌ قَضَيْتُهُ" فَقَالَ عُمَرُ: يَارسولَ اللّٰهِ! قَدْ أَعْطَيْتَهُ، فَمَا كَلَّفَكَ اللّٰهُ مَالاَ تَقْدِرُ عَلَيْهِ، فَكَرِهَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم قَوْلَ عُمَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: يَارسولَ اللّٰهِ! أَنْفِقْ، وَلَاتَخَفْ مِنْ ذِيْ الْعَرْشِ إِقْلَالًا، فَتَبَسَّمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَعُرِفَ الْبِشْرُ فِيْ وَجْهِهِ لِقَوْلِ الْأَنْصَارِيِّ، ثُمَّ قَالَ: "بِهٰذَا أُمِرْتُ"

[٣٤١-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، أَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ محمدِ بْنِ عَقِيْلٍ، عَنِ الرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ، قَالَتْ: أَتَيْتُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بِقِنَاعٍ مِنْ رُطَبٍ، وَأَجْرٍ زُغْبٍ، فَأَعْطَانِيْ مِلْءَ كَفِّهِ حُلِيًّا وَذَهَبًا.

[٣٤٢-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: أَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقْبَلُ الْهَدِيَّةَ، وَيُثِيْبُ عَلَيْهَا.

بابُ ماجاءَ فِي حَيَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیا (شرم ولحاظ) کا بیان

حیا: اخلاق کا جزء ہے، پس یہ باب گذشتہ باب سے پیوستہ ہے، اور حیاء کا بیان تحفہ (۵: ۳۴۱) میں ہے۔

حدیث (۱): ابوسعید خدریؓ کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حیا میں کنواری لڑکی سے جو اپنے پردے میں ہو: کہیں بڑھے ہوئے تھے، اور جب آپؐ کسی چیز کو ناپسند کرتے تو ہم اس کو آپؐ کے چہرے سے پہچان لیتے تھے (یہ متفق علیہ روایت ہے)

تشریح: ایک کنواری لڑکی وہ ہے جو باہر پھرتی ہے، اس میں شرم کم ہوتی ہے، دوسری وہ ہے جو پردہ میں رہتی ہے: وہ بہت زیادہ شرمیلی ہوتی ہے۔

حدیث (۲): عائشہؓ کہتی ہیں: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شرمگاہ نہیں دیکھی، یا کہا: میں نے کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کی شرمگاہ نہیں دیکھی (شرمیلے آدمی کے سامنے دوسرے کو مجبوراً شرم کرنی پڑتی ہے، حضرت عثمانؓ آتے تو آپؐ پنڈلی ڈھانک لیتے تھے، پس جب نبی ﷺ کی حیا کی وجہ سے پیاری بیوی نے ستر نہیں دیکھا تو آپؐ ان کا ستر کیا دیکھتے!)

[۴۹-] بابُ ماجاءَ فِی حَیَاءِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۳۴۳-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، ثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا شُعْبَۃُ، عَنْ قَتَادَۃَ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ أَبِی عُتْبَۃَ، یُحَدِّثُ عَنْ أَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ: کَانَ رسولُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم أَشَدَّ حَیَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِیْ خِدْرِھَا، وَکَانَ إِذَا کَرِہَ شَیْئًا عَرَفْنَاہُ فِیْ وَجْھِہٖ.

[۳۴۴-] حدثنا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ، ثَنَا وَکِیْعٌ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُوْسَی بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ یَزِیْدَ الخَطْمِیِّ، عَنْ مَوْلًی لِعَائِشَۃَ، قَالَ: قَالَتْ عَائِشَۃُ: مَانَظَرْتُ إِلَی فَرْجِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم، أَوْ قَالَتْ: مَا رَأَیْتُ فَرْجَ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَطُّ.

بابُ ماجاءَ فِی حِجَامَۃِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے پچھنے لگوانے کا بیان

پچھنے لگوانا ایک علاج ہے، سینگی کے ذریعہ خراب خون چوس کر نکال دیا جاتا ہے پس خون کی بیماریوں سے حفاظت ہوجاتی ہے۔

حدیث (۱): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پچھنے لگوائے، اور آپؐ کے پچھنے ابوطیبہؓ نے لگائے، پس آپؐ نے اس کو دو صاع غلہ دینے کا حکم دیا، اور (اس کی درخواست پر) آپؐ نے اس کے آقاؤں سے بات کی، اور اس کا خراج (ٹیکس) کم کرادیا، اور فرمایا: ''پچھنے لگوانا بہترین علاج ہے'' (افضل اور امثل کے ایک معنی ہیں) (ترمذی، بیوع، حدیث ۱۲۶۳ تحفہ ۴: ۲۰۶)

حدیث (۲): علیؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے پچھنے لگوائے، اور مجھے حکم دیا کہ میں سینگی لگانے والے کو اس کی اجرت دوں۔

حدیث (۳): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے گردن کی ہر دو جانب میں دو پوشیدہ رگوں میں اور دو شانوں کے درمیان پچھنے لگوائے، اور سینگی لگانے والے کو اس کی اجرت دی، اگر پچھنے لگانے والے کی اجرت جائز نہ ہوتی تو آپؐ نہ دیتے (اس حدیث کی سند میں جابر جعفی ضعیف راوی ہے، مگر حدیث کے شواہد ہیں، اس لئے مضمون صحیح ہے)

حدیث (۴): ابن عمرؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے ایک سینگی لگانے والے کو بلایا، پس اس نے آپؐ کے پچھنے لگائے،

اوراس سے پوچھا: تیرا ٹیکس کیا ہے؟ اس نے کہا: (یومیہ) تین صاع، پس آپؐ نے اس میں سے ایک صاع کم کردیا، اوراس کواس کی اجرت دی (یہ حدیث صرف شمائل میں ہے)

حدیث (۵): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ گردن کی ہر دو جانب کی رگوں میں اور مونڈھے میں پچھنے لگواتے تھے، اور چاند کی سترہ، انیس اور اکیس تاریخوں میں لگواتے تھے (ترمذی، طب، حدیث ۲۰۵۱ تحفہ ۵:۳۹۴)

حدیث (۶): انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مَلَل مقام میں پیر کے اوپر کے حصہ میں پچھنے لگوائے، درانحالیکہ آپؐ احرام میں تھے۔

[٥٠-] بابُ ماجاءَ فِي حِجَامَةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٣٤٥-] حدثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ، فَقَالَ أَنَسٌ: احْتَجَمَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، حَجَمَهُ أَبُوْ طَيْبَةَ، فَأَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ، وَكَلَّمَ أَهْلَهُ، فَوَضَعُوْا مِنْ خَرَاجِهِ، وَقَالَ:" إِنَّ أَفْضَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ" أَوْ: " إِنَّ مِنْ أَمْثَلِ دَوَائِكُمُ الْحِجَامَةُ"

[٣٤٦-] حدثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُوْ دَاوُدَ، ثَنَا وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى، عَنْ أَبِي جَمِيْلَةَ، عَنْ عَلِيٍّ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ، وَأَمَرَنِي فَأَعْطَيْتُ الْحَجَّامَ أَجْرَهُ.

[٣٤٧-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: إِنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ فِي الْأَخْدَعَيْنِ وَبَيْنَ الْكَتِفَيْنِ، وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ، وَلَوْ كَانَ حَرَامًا لَمْ يُعْطِهِ.

[٣٤٨-] حدثنا هَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ ابنِ عُمَرَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم دَعَا حَجَّامًا، فَحَجَمَهُ، وَسَأَلَهُ: كَمْ خَرَاجُكَ؟ فَقَالَ: ثَلَاثَةُ آصُعٍ، فَوَضَعَ عَنْهُ صَاعًا، وَأَعْطَاهُ أَجْرَهُ.

[٣٤٩-] حدثنا عَبْدُ الْقُدُّوْسِ بْنُ محمدٍ الْعَطَّارُ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ، ثَنَا هَمَّامٌ، وَجَرِيْرُ ابْنُ حَازِمٍ، قَالَا: ثنا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَحْتَجِمُ فِي الْأَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ، وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ، وَتِسْعَ عَشْرَةَ، وَإِحْدَى وَعِشْرِيْنَ.

[٣٥٠-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، أَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم احْتَجَمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ بِمَلَلٍ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ.

بابُ ماجاءَ فِی أَسْمَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کے ناموں (القاب) کا بیان

حدیث (۱): نبی ﷺ نے فرمایا: ''میرے چند نام ہیں: میں محمد (ستودہ) ہوں، میں احمد (اللہ کی بے حد تعریف کرنے والا) ہوں، میں ماحی (مٹانے والا) ہوں، اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ کفر کو مٹائیں گے، میں حاشر (جمع کرنے والا) ہوں، اللہ تعالیٰ میرے دونوں قدموں پر یعنی میرے زمانۂ نبوت میں لوگوں کو (میدانِ حشر میں) جمع کریں گے، اور میں عاقب (پیچھے آنے والا) ہوں، اور عاقب وہ ہے جس کے بعد کوئی نبی نہ ہو (ترمذی، استیذان وآداب، حدیث ۲۸۴۸ تحفہ ۶: ۵۹۰ باب ۱۰۱ میں ناموں کی پوری تفصیل ہے)

حدیث (۲): حذیفہؓ کہتے ہیں: میں نے نبی ﷺ سے مدینہ کے بعض راستوں میں ملاقات کی، پس آپؐ نے فرمایا: میں محمد (ستودہ، تعریف کیا ہوا) ہوں، میں احمد (اللہ کی سب سے زیادہ تعریف کرنے والا) ہوں، میں نبی الرحمۃ (باعثِ رحمت پیغمبر) ہوں، اور میں نبی التوبہ (خود بکثرت توبہ کرنے والا اور امت کو بکثرت توبہ کا حکم دینے والا) ہوں، اور میں مقفّی (سب سے پیچھے آنے والا) ہوں، اور میں حاشر ہوں، اللہ تعالیٰ میرے دونوں قدموں پر یعنی میرے زمانۂ نبوت میں لوگوں کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے۔ اور میں نبی الملاحم ہوں (ملاحم: ملحمۃ کی جمع ہے: خوں ریز جنگ یعنی آپؐ کے زمانہ میں ہر طرف جہاد جاری رہے گا اور بڑی بڑی جنگیں ہونگی)

[٥١-] بابُ مَاجَاءَ فِیْ أَسْمَاءِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[٣٥١-] حدثنا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِیُّ، وَغَیْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا سُفْیَانُ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مُحمدِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِیْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: "إِنَّ لِیْ أَسْمَاءَ: أَنَا مُحمدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ، وَأَنَا الْمَاحِی: الَّذِیْ یَمْحُوْ اللّٰهُ بِیَ الْکُفْرَ، وَأَنَا الْحَاشِرُ: الَّذِیْ یُحْشَرُ النَّاسُ عَلَی قَدَمَیَّ، وَأَنَا الْعَاقِبُ، وَالْعَاقِبُ: الَّذِیْ لَیْسَ بَعْدَهُ نَبِیٌّ"

[٣٥٢-] حدثنا مُحمدُ بْنُ طَرِیْفٍ الْکُوْفِیُّ، ثَنَا أَبُوْ بَکْرِ بْنُ عَیَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ أَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ حُذَیْفَةَ، قَالَ: لَقِیْتُ النبیَّ صلی الله علیه وسلم فِیْ بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِیْنَةِ، فَقَالَ: " أَنَا مُحمدٌ، وَأَنَا أَحْمَدُ، وَأَنَا نَبِیُّ الرَّحْمَةِ، وَنَبِیُّ التَّوْبَةِ، وَأَنَا الْمُقَفَّی، وَأَنَا الْحَاشِرُ، وَنَبِیُّ الْمَلَاحِمِ.

حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، ثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ، أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ حُذَیْفَةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم نَحْوَهُ بِمَعْنَاهُ، هٰکَذَا قَالَ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ: عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ حُذَیْفَةَ.

بابُ ماجاءَ فِی عَیْشِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

نبی ﷺ کے گذر بسر کا بیان

حدیث (۱): نعمان بن بشیرؓ نے (لوگوں سے) کہا: کیا تم نہیں ہو کھانے اور پینے میں جو تم چاہتے ہو؟ بخدا! میں نے تمہارے نبی ﷺ کو دیکھا ہے: نہیں پاتے تھے آپؐ معمولی کھجوروں میں سے وہ جن سے آپؐ اپنا پیٹ بھر سکیں (ترمذی، زہد، حدیث ۲۳۶۴ تحفہ ۶: ۱۴۵ یہ حدیث شمائل میں (حدیث ۱۴۶) آچکی ہے)

حدیث (۲): عائشہؓ کہتی ہیں: بیشک شان یہ ہے کہ تھے ہم خاندانِ محمدؐ ٹھہرے رہتے تھے ایک ماہ: نہیں جلاتے تھے ہم آگ، نہیں تھا وہ (کھانا) مگر کھجور اور پانی (یعنی اس پر گذارہ کرتے تھے۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے)

حدیث (۳): ابوطلحہؓ کہتے ہیں: ہم نے نبی ﷺ کے سامنے بھوک کی شکایت کی، اور ہم نے اپنے پیٹوں پر سے کپڑا اٹھا کر دکھایا کہ ہم میں سے ہر ایک نے پیٹ پر ایک ایک پتھر باندھ رکھا ہے، پس آپؐ نے کپڑا اٹھایا تو آپؐ نے دو پتھر باندھ رکھے تھے (ترمذی، زہد، حدیث ۲۳۶۳ تحفہ ۶: ۱۴۵)

حدیث (۴): ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی ﷺ ایسے وقت (گھر سے) نکلے، جس وقت آپؐ گھر سے نہیں نکلا کرتے تھے۔ نہ اس وقت میں آپؐ سے کوئی ملتا تھا۔ پس آپؐ کے پاس ابوبکرؓ آئے۔ آپؐ نے پوچھا: ابوبکر! تمہیں کیا چیز لائی؟ انھوں نے کہا: میں اس لئے نکلا ہوں کہ نبی ﷺ سے ملاقات کروں، ان کے رخ انور کو دیکھوں، ان کو سلام کروں۔ پھر زیادہ دیر نہیں گذری تھی کہ عمرؓ آئے، آپؐ نے پوچھا: عمر! تمہیں کیا چیز لائی؟ انھوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! بھوک لائی ہے۔ آپؐ نے فرمایا: میں بھی کچھ بھوک پاتا ہوں۔ پس وہ لوگ ابوالہیثم کے گھر کی طرف چلے۔ وہ بہت کھجوروں اور بکریوں والے تھے، اور ان کے پاس کوئی خادم نہیں تھا۔ پس ان حضرات نے ابوالہیثم کو (گھر میں) نہیں پایا، پس ان کی اہلیہ سے پوچھا: تمہارے میاں کہاں ہیں؟ اہلیہ نے کہا: ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ پھر زیادہ دیر نہیں گذری تھی کہ ابوالہیثم اپنی مشک کے ساتھ آگئے، درانحالیکہ مشک زیادہ بھر جانے کی وجہ سے پانی پھینک رہی تھی، پس انھوں نے مشک رکھی، اور آئے، اور نبی ﷺ سے لپٹ گئے، اور آپؐ پر اپنے ماں باپ کو فدا کرنے لگے —— پھر وہ ان حضرات کو لے کر اپنے باغ کی طرف چلے، اور ان کے لئے فرش بچھایا، پھر وہ کھجور کے درخت کی طرف گئے، اور ایک خوشہ کاٹ کر لائے، اور اس کو (سب کے سامنے) رکھا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ ہمارے لئے اس کی پکی ہوئی کھجوریں چن کر کیوں نہیں لائے؟'' انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے چاہا کہ آپ حضرات خود انتخاب کریں یا انھوں نے کہا: آپ حضرات اس کی پکی اور نیم پکی میں سے خود انتخاب کریں یعنی جس کو جیسی پسند ہو وہ کھائے۔ پس ان حضرات نے کھایا، اور اس پانی سے پیا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس اللہ کی قسم جس کے قبضہ میں

میری جان ہے! یہ ان نعمتوں میں سے ہے جن کے بارے میں تم سے قیامت کے دن سوال ہوگا: ٹھنڈا سایہ، عمدہ پکی ہوئی کھجوریں، اور ٹھنڈا پانی!

پھر ابوالہیثم چلے تا کہ ان حضرات کے لئے کھانا تیار کریں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''کوئی دودھ والا جانور ہرگز ذبح نہ کرنا'' پس انھوں نے ان حضرات کے لئے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا، پس وہ اس کو ان کے پاس لائے، پس انھوں نے کھایا، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آپ کے پاس کوئی خادم نہیں؟'' انھوں نے کہا: نہیں! آپؐ نے فرمایا: ''جب ہمارے پاس قیدی آئیں تو ہمارے پاس آنا'' پھر نبی ﷺ کے پاس دو راس (قیدی) لائے گئے، ان کے ساتھ تیسرا نہیں تھا یعنی دو ہی تھے۔ پس ابوالہیثم آپؐ کے پاس آئے، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''دو میں سے انتخاب کرلو'' یعنی کوئی ایک لے جاؤ، انھوں نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپؐ ہی میرے لئے انتخاب کریں، پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''جس سے مشورہ لیا جاتا ہے اس پر اعتماد کیا جاتا ہے: یہ غلام لے لو، اس لئے کہ میں نے اس کو نماز پڑھتے دیکھا ہے، اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی میری وصیت قبول کرو''

پس ابوالہیثم (غلام لے کر) اپنی بیوی کی طرف چلے، پس اس کو نبی ﷺ کی بات بتائی، ان کی بیوی نے کہا: آپ پہنچنے والے نہیں اس بات کو جو نبی ﷺ نے غلام کے بارے میں فرمائی ہے، مگر یہ کہ آپؓ اس کو آزاد کردیں، کیونکہ اس کو غلامی میں رکھنا اس کے ساتھ بدسلوکی ہے، پس ابوالہیثم نے کہا: وہ آزاد ہے ـــــ پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''اللہ نے نہ کوئی نبی بھیجا ہے نہ اس کا نائب، مگر اس کے لئے دو رازدار ہوتے ہیں، مراد بیویاں ہیں: ایک: اس کو بھلائی کا حکم دیتا ہے، اور برائی سے روکتا ہے، اور دوسرا: بس اس کو تباہ کر کے ہی چھوڑتا ہے، اور جو برے رازدار سے بچا یا گیا: وہ بچالیا گیا! (ترمذی، زہد، حدیث ۲۳۶۲ تحفہ ۶: ۱۴۳)

[۵۲-] بابُ ماجاءَ فِی عَیْشِ رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم

[۳۵۳-] حدثنا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ، ثَنَا أَبُوْ الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِیْرٍ، یَقُوْلُ: أَلَسْتُمْ فِیْ طَعَامٍ وَشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ؟ لَقَدْ رَأَیْتُ نَبِیَّکُمْ صلی اللہ علیہ وسلم وَمَا یَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا یَمْلَأُ بَطْنَہُ.

[۳۵۴-] حدثنا ھَارُوْنُ بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَبْدَۃُ، عَنْ ہِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ، عَنْ أَبِیْہِ، عَنْ عَائِشَۃَ، قَالَتْ: إِنْ کُنَّا آلَ مُحمدٍ نَمْکُثُ شَھْرًا، مَا نَسْتَوْقِدُ بِنَارٍ، إِنْ ھُوَ إِلَّا التَّمْرُ وَالْمَاءُ.

[۳۵۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ أَبِیْ زِیَادٍ، ثَنَا سَیَّارٌ، ثَنَا سَھْلُ بْنُ أَسْلَمَ، عَنْ یَزِیْدَ بْنِ أَبِیْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ أَبِیْ طَلْحَۃَ، قَالَ: شَکَوْنَا إِلَی رسولِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم الْجُوْعَ، وَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا

عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ، فَرَفَعَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم عَنْ بَطْنِهِ عَنْ حَجَرَيْنِ.

قَالَ أَبو عيسىٰ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ مِنْ حَدِيْثِ أَبِىْ طَلْحَةَ، لاَنعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ، وَمَعْنى قَوْلِهِ: ”وَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ“: قَالَ: كَانَ أَحَدُهُمْ يَشُدُّ فِىْ بَطْنِهِ الْحجرَ مِنَ الْجُهْدِ وَالضَّعْفِ الَّذِيْ بِهِ مِنَ الْجُوْعِ.

[٣٥٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، ثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِىْ إِيَاسٍ، ثَنَا شَيْبَانُ: أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم فِىْ سَاعَةٍ لَّايَخْرُجُ فِيْهَا،وَلاَ يَلْقَاهُ فِيْهَا أَحَدٌ، فَأَتَاهُ أَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ:” مَاجَاءَ بِكَ يَا أَبَابَكْرٍ؟“ فَقَالَ: خَرَجْتُ أَلْقَى رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَأَنْظُرُ فِىْ وَجْهِهِ، وَالتَّسْلِيْمَ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جاء عُمَرُ. فَقَالَ:” ماجاءَ بِكَ يَا عُمَرُ؟“ قَالَ: الْجُوْعُ يَارسولَ اللّٰهِ! فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” وَأَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذٰلِكَ“

فَانْطَلَقُوْا إِلَى مَنْزِلِ أَبِىْ الْهَيْثَمِ بْنِ التَّيِّهَانِ الْأَنْصَارِيِّ، وَكَانَ رَجُلاً كَثِيْرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ خَدَمٌ، فَقَالُوْا لِامْرَأَتِهِ: أَيْنَ صَاحِبُكِ؟ فَقَالَتْ: انْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ، فَلَمْ يَلْبَثُوْا أَنْ جَاءَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا، فَوَضَعَهَا، ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النبيَّ صلى الله عليه وسلم، وَيَفْدِيْهِ بِأَبِيْهِ وَأُمِّهِ.

ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِمْ إِلَى حَدِيْقَتِهِ، فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى نَخْلَةٍ، فَجَاءَ بِقِنْوٍ، فَوَضَعَهُ، فَقَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:” أَفَلاَ تَنَقَّيْتَ مِنْ رُطَبِهِ“ فَقَالَ: يَارسولَ اللّٰهِ! إِنِّى أَرَدْتُ أَنْ تَخْتَارُوْا، أَوْ: تَخَيَّرُوْا مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ، فَأَكَلُوْا وَشَرِبُوْا مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” هٰذَا وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ! مِنَ النَّعِيْمِ الَّذِيْ تُسَأَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: ظِلٌّ بَارِدٌ، وَرُطَبٌ طَيِّبٌ، وَمَاءٌ بَارِدٌ“

فَانْطَلَقَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” لاَتَذْبَحَنَّ لَنَا ذَاتَ دَرٍّ“ فَذَبَحَ لَهُمْ عَنَاقًا أَوْ: جَدْيًا، فَأَتَاهُمْ بِهَا، فَأَكَلُوْا. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” هَلْ لَكَ خَادِمٌ؟“ قَالَ: لاَ. قَالَ:” فَإِذَا أَتَانَا سَبْىٌ، فَأْتِنَا“ فَأُتِىَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِرَأْسَيْنِ، لَيْسَ مَعَهُمَا ثَالِثٌ، فَأَتَاهُ أَبُوْ الْهَيْثَمِ، فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” اخْتَرْ مِنْهُمَا“ فَقَالَ: يَانَبِيَّ اللّٰهِ! اخْتَرْلِىْ. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” إِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ، خُذْ هٰذَا، فَإِنِّى رَأَيْتُهُ يُصَلِّىْ، وَاسْتَوْصِ بِهِ مَعْرُوْفًا“

فَانْطَلَقَ أَبُوْ الْهَيْثَمِ إِلَى امْرَأَتِهِ، فَأَخْبَرَهَا بِقَوْلِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَتِ امْرَأَتُهُ: مَا أَنْتَ بِبَالِغٍ مَاقَالَ فِيْهِ النبيُّ صلى الله عليه وسلم إِلَّا أَنْ تُعْتِقَهُ، قَالَ: فَهُوَ عَتِيْقٌ. فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم:” إِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا وَلاَ خَلِيْفَةً إِلَّا وَلَهُ بِطَانَتَانِ: بِطَانَةٌ تَأْمُرُهُ بِالْمَعْرُوْفِ، وَتَنْهَاهُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَبِطَانَةٌ لَاتَأْلُوْهُ خِبَالاً، وَمَنْ يُوْقَ بِطَانَةَ السُّوْءِ، فَقَدْ وُقِىَ“

حدیث (۵): سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں پہلا شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں خون بہایا ہے یعنی کسی کافر کو قتل کیا ہے، اور میں پہلا شخص ہوں جس نے راہِ خدا میں تیر چلایا ہے، اور میں نے خود کو دیکھا کہ صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ جہاد کر رہا ہوں، جو نہیں کھاتے تھے مگر درخت اور لوبیے جیسی تر کاری کے پتے، یہاں تک کہ ہماری باچھوں پر پھنسیاں نکل آئیں، اور ہم میں سے ایک شخص قضائے حاجت کرتا تھا جس طرح بکری اور اونٹ مینگنی کرتے ہیں۔ اور اب مجھے بنو اسد دین کے احکام سے واقف کرانے لگے ہیں! بخدا! اس صورت میں تو میں نامراد رہا، اور گھاٹے میں رہا، اور میرا عمل اکارت گیا! (ترمذی، زہد، حدیث ۲۳۵۸ تحفہ ۶: ۱۴۰)

حدیث (۶): خالد اور شویس کہتے ہیں: حضرت عمرؓ نے عتبۃ بن غزوان (شہر بصرہ کی پلاننگ کرنے والے صحابی) کو روانہ کیا۔ اور فرمایا: آپ اور آپ کے ساتھی چلیں، یہاں تک کہ جب آپ لوگ عرب کی سرزمین کی آخری حد میں، اور عجم کی زمین کے ابتدائی علاقوں میں پہنچ جائیں تو متوجہ ہوں —— یہاں تک کہ جب وہ لوگ مربد مقام میں پہنچے تو انھوں نے یہ سفید نرم پتھر پائے۔ پس انھوں نے پوچھا: یہ کیا ہے؟ لوگوں نے کہا: یہ بصرہ پتھر ہیں (اس سے شہر کا نام بصرہ پڑا) پس وہ لوگ چلے، یہاں تک کہ وہ چھوٹے پل کے مقابل پہنچے تو انھوں نے کہا: اسی جگہ (شہر بسانے کا) تم حکم دیئے گئے ہو، پس وہ اترے، پس انھوں نے لمبا مضمون بیان کیا (یہ مضمون مسند احمد (۴: ۱۷۴) میں ہے)

راوی کہتا ہے: پس عتبۃ بن غزوان نے (اپنی تقریر میں) کہا: بخدا! میں نے خود کو دیکھا ہے، درانحالیکہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات میں سے ایک تھا یعنی مختصر لشکر تھا۔ ہمارے لئے کھانا نہیں تھا مگر درختوں کے پتے، یہاں تک کہ ہماری باچھوں میں پھنسیاں نکل آئیں، پس (مالِ غنیمت میں) ایک چادر میرے ہاتھ آئی، جس کو میں نے اپنے اور سعد بن ابی وقاص کے درمیان بانٹ لیا۔ پس ان سات میں سے آج کوئی نہیں مگر وہ شہروں میں سے کسی شہر کا امیر ہے، اور عنقریب تم تجربہ کرو گے امراء کا ہمارے بعد یعنی آگے کیسے کیسے امراء ہونگے اس کا تمہیں پتہ چل جائے گا!

حدیث (۷): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں اللہ کے دین کے معاملہ میں ڈرایا گیا، درانحالیکہ کوئی اور نہیں ڈرایا جاتا تھا، اور بخدا! میں اللہ کے دین کے معاملہ میں ستایا گیا، درانحالیکہ کوئی اور نہیں ستایا جاتا تھا۔ اور بخدا! واقعہ یہ ہے کہ مجھ پر تیس رات دن ایسے گذرے ہیں کہ میرے اور بلال کے لئے کھانے کی کوئی چیز نہیں تھی، جس کو کوئی جاندار کھائے، علاوہ اس کے جس کو بلال نے اپنی بغل میں دبا رکھا تھا (ترمذی، رقائق، حدیث ۲۴۶۹ تحفہ ۶: ۲۵۰)

حدیث (۸): انسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کے پاس اکٹھا نہیں ہوا صبح وشام کا کھانا روٹی اور گوشت سے، مگر اجتماعی کھانے کے موقعہ پر (لفظ ضَفَفٌ کے معنی (حدیث ۷۰ میں) آچکے ہیں)

حدیث (۹): نوفل ہذلی کہتے ہیں: حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ ہمارے ہم مجلس (استاذ) تھے، اور وہ بہترین ہم نشیں تھے۔ وہ ایک دن ہمارے ساتھ (سبق کی مجلس سے) لوٹے، یہاں تک کہ ہم ان کے گھر میں داخل ہوئے، اور وہ بھی

داخل ہوئے۔ پس انھوں نے غسل کیا، پھر باہر آئے، اور ہمارے پاس ایک پیالہ لایا گیا، جس میں روٹی اور گوشت تھا۔ پس جب وہ رکھا گیا تو عبدالرحمٰن روئے۔ میں نے ان سے پوچھا: اے ابومحمد! آپؓ کیوں روئے؟ انھوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ نے اور آپؐ کے گھر والوں نے جَو کی روٹی سے شکم سیر ہو کر نہیں کھایا۔ پس نہیں دیکھتا میں کہ پیچھے رکھے گئے ہیں ہم اس چیز کے لئے جو کہ وہ ہمارے لئے بہتر ہے! یعنی آپؐ کا وہ حال ہی بہتر تھا۔

[۳۵۷-] حدثنا عُمَرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ مُجَالِدِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنِیْ أَبِیْ، عَنْ بَيَانٍ، حَدَّثَنِیْ قَيْسُ بْنُ أَبِی حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ أَبِیْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ: إِنِّیْ لَأَوَّلُ رَجُلٍ أَهْرَاقَ دَمًا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَإِنِّیْ لَأَوَّلُ رَجُلٍ رَمَی بِسَهْمٍ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، لَقَدْ رَأَيْتُنِیْ أَغْزُوْ فِیْ الْعِصَابَةِ مِنْ أَصْحَابِ مُحمدٍ صلی الله عليه وسلم، مَا نَأْكُلُ إِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِ وَالْحُبْلَةَ، حَتَّی تَقَرَّحَتْ أَشْدَاقُنَا، وَإِنَّ أَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ وَالْبَعِيْرُ، وَأَصْبَحَتْ بَنُوْ أَسَدٍ يُعَزِّرُوْنَنِیْ فِیْ الدِّيْنِ، لَقَدْ خِبْتُ إِذْنْ وَخَسِرْتُ، وَضَلَّ عَمَلِیْ.

[۳۵۸-] حدثنا مَحْمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسَی، ثَنَا عَمْرُو بْنُ عِيْسَی: أَبُوْ نُعَامَةَ الْعَدَوِیُّ، قَالَ: سَمِعْتُ خَالِدَ بْنَ عُمَيْرٍ، وَشُوَيْسًا: أَبَا الرَّقَادِ، قَالَا: بَعَثَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عُتْبَةَ بْنَ غَزْوَانَ، وَقَالَ: انْطَلِقْ أَنْتَ وَمَنْ مَعَكَ، حَتَّی إِذَا كُنْتُمْ فِیْ أَقْصَی أَرْضِ الْعَرَبِ، وَأَدْنَی بِلَادِ أَرْضِ الْعَجَمِ، فَاقْبَلُوْا، حَتَّی إِذَا كَانُوْا بِالْمِرْبَدِ، وَجَدُوْا هٰذَا الْكَذَّانَ، فَقَالُوْا: مَاهٰذِهِ؟ قَالُوْا: هٰذِهِ الْبَصْرَةُ، فَسَارُوْا حَتَّی إِذَا بَلَغُوْا حِيَالَ الجِسْرِ الصَّغِيْرِ، فَقَالُوْا: هَاهُنَا أُمِرْتُمْ، فَنَزَلُوْا، فَذَكَرُوْا الْحَدِيْثَ بِطُوْلِهِ.

قَالَ: فَقَالَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ: لَقَدْ رَأَيْتُنِیْ وَإِنِّیْ لَسَابِعُ سَبْعَةٍ مَعَ رسولِ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم، مَالَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقَ الشَّجَرِ، حَتَّی تَقَرَّحَتْ أَشْدَاقُنَا، فَالْتَقَطْتُّ بُرْدَةً، فَقَسَمْتُهَا بَيْنِیْ وَبَيْنَ سَعْدٍ، فَمَا مِنَّا مِنْ أُوْلٰئِكَ السَّبْعَةِ أَحَدٌ إِلَّا وَهُوَ أَمِيرُ مِصْرٍ مِنَ الْأَمْصَارِ، وَسَتُجَرِّبُوْنَ الْأُمَرَاءَ بَعْدَنَا.

[۳۵۹-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ أَسْلَمَ: أَبُوْ حَاتِمٍ الْبَصْرِیِّ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله عليه وسلم: "لَقَدْ أُخِفْتُ فِیْ اللّٰهِ، وَمَا يُخَافُ أَحَدٌ، وَلَقَدْ أُوْذِيْتُ فِیْ اللّٰهِ، وَمَا يُؤْذَی أَحَدٌ، وَلَقَدْ أَتَتْ عَلَیَّ ثَلَاثُوْنَ مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَمَالِیْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ ذُوْ كَبِدٍ إِلَّا شَيْئٌ يُّوَارِيْهِ إِبْطُ بِلَالٍ"

[۳۶۰-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنْبَأَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا أَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ، ثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ النبیَّ صلی الله عليه وسلم لَمْ يَجْتَمِعْ عِنْدَهُ غَدَاءٌ وَلَا عَشَاءٌ مِنْ خُبْزٍ وَلَحْمٍ إِلَّا عَلَی ضَفَفٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: قَالَ بَعْضُهُمْ: هُوَ كَثْرَةُ الْأَيْدِیْ.

[۳۶۱-] حدثنا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِیْ فُدَيْكٍ، ثَنَا ابْنُ أَبِیْ ذِئْبٍ، عَنْ مُسْلِمٍ

ابْنِ جُنْدُبٍ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ إِيَاسٍ الْهُذَلِيِّ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ لَنَا جَلِيْسًا، وَكَانَ نِعْمَ الْجَلِيْسُ، وَإِنَّهُ انْقَلَبَ بِنَا ذَاتَ يَوْمٍ، حَتّٰى إِذَا دَخَلْنَا بَيْتَهُ، وَدَخَلَ، فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ خَرَجَ، وَأُوْتِيْنَا بِصَحْفَةٍ فِيْهَا خُبْزٌ وَلَحْمٌ، فَلَمَّا وُضِعَتْ بَكَى عَبْدُ الرَّحْمٰنِ. فَقُلْتُ لَهُ: يَا أَبَا مُحمدٍ! مَا يُبْكِيْكَ؟ فَقَالَ: هَلَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَلَمْ يَشْبَعْ هُوَ وَأَهْلُ بَيْتِهِ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ، فَلَا أُرَانَا أُخِّرْنَا لِمَا هُوَ خَيْرٌ لَنَا.

بابُ ماجاءَ فِی سِنِّ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کی عمر شریف کا بیان

حدیث (۱): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے مکہ میں تیرہ سال قیام فرمایا، وحی کی جاتی تھی آپؐ کی طرف یعنی یہ تیرہ سال نبوت کے بعد کے ہیں، اور مدینہ میں دس سال قیام فرمایا، اور آپؐ نے وفات پائی درانحالیکہ آپؐ کی عمر ٦٣ سال تھی (ترمذی، مناقب، حدیث ۳٦٨١ اسی جلد میں)

حدیث (۲): معاویہؓ نے کہا: رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی درانحالیکہ آپؐ کی عمر ٦٣ سال تھی، اور اتنی ہی عمر میں ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما نے وفات پائی، اور اس وقت میری عمر بھی ٦٣ سال ہے (ترمذی، مناقب، حدیث ۳٦٨٢)

حدیث (۳): عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپ کی عمر ٦٣ سال تھی (ترمذی حدیث ۳٦٨۳)

حدیث (۴): ابن عباسؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپؐ کی عمر ٦٥ سال تھی (ترمذی حدیث ۳٦٨٠)

حدیث (۵): دغفل کہتے ہیں: نبی ﷺ کی وفات ہوئی، درانحالیکہ آپ کی عمر ٦٥ سال تھی (یہ حدیث صرف شمائل میں ہے)

حدیث (٦): شمائل کی پہلی حدیث ہے، ترجمہ پہلے آ گیا ہے اور روایات میں تطبیق بھی وہاں بیان کی گئی ہے۔

[٥٣-] بابُ ماجاءَ فِی سِنِّ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

[٣٦٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ: ثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، ثَنَا عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَكَثَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم بِمَكَّةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ يُوْحَى إِلَيْهِ، وَبِالْمَدِيْنَةِ عَشْرًا، وَتُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ.

[٣٦٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَرِيْرٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَخْطُبُ، قَالَ: مَاتَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ، وَأَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ، وَأَنَا ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً.

[٣٦٤-] حدثنا حُسَيْنُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ ابنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم مَاتَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً.

[٣٦٥-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، وَيَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالاَ: ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، حَدَّثَنِيْ عُمَارَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ.

[٣٦٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بْنُ أَبَانٍ، قَالاَ: ثَنَا مُعَاذُ بْنُ هُشَامٍ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ دَغْفَلِ بْنِ حَنْظَلَةَ: أَنَّ النبيَّ صلى الله عليه وسلم قُبِضَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً.

قَالَ أَبُوْ عيسىٰ: وَدَغْفَلُ: لاَنَعْرِفُ لَهُ سَمَاعًا مِنَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَكَانَ مَوْجُوْدًا فِيْ زَمَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم.

[٣٦٧-] حدثنا إِسْحَاقُ بْنُ مُوْسَى الأَنْصَارِيُّ، ثَنَا مَعْنٌ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ: كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم لَيْسَ بِالطَّوِيْلِ الْبَائِنِ، وَلاَ بِالْقَصِيْرِ، وَلاَ بِالْأَبْيَضِ الأَمْهَقِ، وَلاَ بِالآدَمِ، وَلاَ بِالْجَعْدِ الْقَطَطِ، وَلاَ بِالسَّبِطِ، بَعَثَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلَى رَأْسِ أَرْبَعِيْنَ سَنَةً، فَأَقَامَ بِمَكَّةَ عَشْرَ سِنِيْنَ، وَتوَفَّاهُ اللّٰهُ تَعَالَى عَلَى رَأْسِ سِتِّيْنَ سَنَةً، وَلَيْسَ فِيْ رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ عِشْرُوْنَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ.

حدثناقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ نَحْوَهُ.

بابُ ماجاءَ فِي وَفَاةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے وصال کا بیان

حدیث (۱): انسؓ کہتے ہیں: آخری بار جو میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا: پیر کے دن آپؐ نے پردہ کھولا، پس میں نے آپؐ کے چہرے کی طرف دیکھا گویا وہ قرآن کا ورق ہے، اور لوگ ابوبکرؓ کے پیچھے (نماز پڑھ رہے) تھے، پس آپؐ نے لوگوں کی طرف اشارہ کیا کہ جمے رہو، اور ابوبکرؓ ان کو نماز پڑھا رہے تھے، اور آپؐ نے پردہ ڈال دیا، اور اسی دن کے آخر میں آپؐ کی وفات ہوئی (بلکہ شروع دن میں وفات ہوئی)

حدیث (۲): عائشہؓ کہتی ہیں: میں نبی ﷺ کو اپنے سینہ سے سہارا دیئے ہوئے تھی — یا کہا: گود سے — پس آپؐ نے سلفچی منگوائی، تاکہ اس میں پیشاب کریں، پس آپؐ نے پیشاب فرمایا، پھر وفات پائی ﷺ!

حدیث (۳): عائشہؓ کہتی ہیں: میں نے نبی ﷺ کو دیکھا جبکہ جاں کنی کا وقت تھا، آپؐ کے پاس ایک پیالہ

رکھا تھا جس میں پانی تھا، آپؐ اپنا ہاتھ پیالے میں ڈالتے تھے، اور بھیگا ہوا ہاتھ چہرے پر پھیرتے تھے، اور کہتے تھے: ’’اے اللہ! موت کی سختیوں میں میری مدد فرما!‘‘ (ترمذی، جنائز، حدیث ۹۲۶ تحفہ ۳:۳۸۴)

حدیث (۴): عائشہؓ کہتی ہیں: میں کسی پر موت کی آسانی کی وجہ سے رشک نہیں کرتی، جب سے میں نے نبی ﷺ کی وفات کے وقت کی سختی دیکھی ہے (حوالہ بالا، حدیث ۹۶۷)

حدیث (۵): عائشہؓ کہتی ہیں: جب نبی ﷺ کی وفات ہوئی تو صحابہ میں آپؐ کی تدفین کے مسئلہ کو لے کر اختلاف ہوا، پس ابوبکرؓ نے کہا: میں نے نبی ﷺ سے کچھ سنا ہے، جس کو میں بھولا نہیں، آپؐ نے فرمایا: ’’اللہ تعالیٰ کسی نبی کی روح قبض نہیں کرتے مگر اس جگہ جہاں وہ دفن ہونا پسند کرتا ہے‘‘ پس رسول اللہ ﷺ کو آپؐ کے بستر کی جگہ میں دفن کرو (ترمذی، جنائز، حدیث ۱۰۰۲ تحفہ ۳:۴۲۳)

[٥٤-] بابُ مَاجاءَ فِی وَفَاةِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٣٦٨-] حدثنا أَبُوْ عَمَّارٍ: اَلْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: آخِرُ نَظْرَةٍ نَظَرْتُهَا إِلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: كَشْفَ السِّتَارَةَ يَوْمَ الاِثْنَيْنِ، فَنَظَرْتُ إِلَى وَجْهِهِ كَأَنَّهُ وَرَقَةُ مُصْحَفٍ، وَالنَّاسُ خَلْفَ أَبِی بَكْرٍ، فَأَشَارَ إِلَى النَّاسِ أَنِ اثْبُتُوْا، وَأَبُوْ بَكْرٍ يَؤُمُّهُمْ، وَأَلْقَى السَّجْفَ، وَتُوُفِّیَ مِنْ آخِرِ ذٰلِكَ الْيَوْمِ.

[٣٦٩-] حدثنا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِیُّ، ثَنَا سُلَيْمُ بْنُ أَخْضَرَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ إِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ مُسْنِدَةً النَّبِیَّ صلى الله عليه وسلم إِلَى صَدْرِی، أَوْ قَالَتْ: إِلَى حِجْرِی، فَدَعَا بِطَسْتٍ لِيَبُوْلَ فِيْهِ، ثُمَّ بَالَ، فَمَاتَ صلى الله عليه وسلم.

[٣٧٠-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابنِ الْهَادِ، عَنْ مُوْسَى بْنِ سَرْجِسٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّها قَالَتْ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَهُوَ بِالْمَوْتِ، وَعِنْدَهُ قَدَحٌ فِيْهِ مَاءٌ، وَهُوَ يُدْخِلُ يَدَهُ فِی الْقَدَحِ، ثُمَّ يَمْسَحُ وَجْهَهُ بِالْمَاءِ، ثُمَّ يَقُوْلُ: ’’اللّٰهُمَّ أَعِنِّیْ عَلَى مُنْكَرَاتِ الْمَوْتِ‘‘ أَوْ قَالَ: ’’عَلَى سَكَرَاتِ الْمَوْتِ‘‘

[٣٧١-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، ثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيْلَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنِ ابنِ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَا أَغْبِطُ أَحَدًا بِهَوْنِ مَوْتٍ، بَعْدَ الَّذِی رَأَيْتُ مِنْ شِدَّةِ مَوْتِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم.

قَالَ أَبُوْ عِيسىٰ: سَأَلْتُ أَبَا زُرْعَةَ، فَقُلْتُ لَهُ: مَنْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْعَلَاءِ هٰذَا؟ قَالَ: هُوَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ اللَّجْلَاجِ.

[٣٧٢-] حدثنا أَبُوْ كُرَيْبٍ: مُحمدُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثَنَا أَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ: هُوَ ابْنُ الْمُلَيْكِيِّ، عَنْ ابنِ أَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا قُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، اخْتَلَفُوْا فِيْ دَفْنِهِ، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: سَمِعْتُ عَنْ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم شَيْئًا مَا نَسِيْتُهُ، قَالَ: ”مَا قَبَضَ اللّٰهُ نَبِيًّا إِلَّا فِيْ الْمَوْضِعِ الَّذِيْ يُحِبُّ أَنْ يُدْفَنَ فِيْهِ“ اِدْفُنُوْهُ فِيْ مَوْضِعِ فِرَاشِهِ.

حدیث(٦):ابن عباس اور عائشہ رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:حضرت ابوبکرؓ نے نبی ﷺ کو وفات کے بعد بوسہ دیا۔

حدیث(٧):عائشہؓ کہتی ہیں: نبی ﷺ کی وفات کے بعد ابوبکرؓ تشریف لائے، اور اپنا منہ آپؐ کی دونوں آنکھوں کے درمیان رکھا۔ اور اپنے دونوں ہاتھ آپؐ کی دونوں کلائیوں پر رکھے، اور کہا:”ہائے نبی! ہائے مخلص دوست! ہائے جگری دوست!“

حدیث(٨):انسؓ کہتے ہیں: جس دن رسول اللہ ﷺ مدینہ میں وارد ہوئے: مدینہ کی ہر چیز روشن ہوگئی! پھر جس دن آپؐ کی وفات ہوئی: مدینہ کی ہر چیز تاریک ہوگئی! اور ابھی ہم نے رسول اللہ ﷺ کو مٹی دے کر ہاتھ جھاڑے بھی نہیں تھے، ابھی ہم آپؐ کو دفن ہی کر رہے تھے کہ ہم نے اپنے دلوں کو اوپرا (انجانا) پایا (ترمذی، مناقب، حدیث ٣٦٤٧ اسی جلد میں ہے عنوان: جب وہ آئے تو چمن میں بہار آئی ÷ جب وہ گئے تو ہر پھول مرجھا گیا!)

حدیث(٩): عائشہؓ کہتی ہیں: (ماہ ربیع الاول) پیر کے دن رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی (اور تاریخ متعین نہیں)

حدیث(١٠): محمد باقرؒ کہتے ہیں: پیر کے دن رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، پس آپؐ اس دن اور منگل کی رات ٹھہرے رہے یعنی تدفین عمل میں نہیں آئی، اور (منگل اور بدھ کی بیچ کی) رات میں دفن کئے گئے۔ سفیان بن عیینہ کہتے ہیں: جعفر صادقؒ کے علاوہ نے کہا: پھاوڑوں کی آواز رات کے آخری حصہ میں سنی گئی یعنی تدفین رات کے آخری حصہ میں عمل میں آئی۔

حدیث(١١): عبدالرحمٰن بن عوفؓ کے صاحبزادے ابوسلمہؒ کہتے ہیں: پیر کے دن رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوئی، اور منگل کے دن دفن کئے گئے۔

[٣٧٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَعَبَّاسٌ الْعَنْبَرِيُّ، وَسَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَغَيْرُ وَاحِدٍ، قَالُوْا: نَا يَحْيىَ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُوْسَى بْنِ أَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ رَضِى الله عنهما: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَبَّلَ النبيَّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَمَا مَاتَ.

[٣٧٤-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، ثَنَا مَرْحُوْمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْعَطَّارُ عَنْ أَبِيْ عِمْرَانَ

الْجُوْنِيِّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ بَابْنُوْسَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى النبيِّ صلى الله عليه وسلم بَعْدَ وَفَاتِهِ، فَوَضَعَ فَمَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلَى سَاعِدَيْهِ، وَقَالَ: وَانَبِيَّاهْ! وَاصَفِيَّاهْ! وَاخَلِيْلَاهْ!

[٣٧٥-] حدثنا بِشْرُ بْنُ هِلَالٍ الصَّوَّافُ الْبَصْرِيُّ، ثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ دَخَلَ فِيْهِ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم الْمَدِيْنَةَ، أَضَاءَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ أَظْلَمَ مِنْهَا كُلُّ شَيْءٍ، وَمَا نَفَضْنَا أَيْدِيَنَا عَنِ التُّرَابِ، وَإِنَّا لَفِيْ دَفْنِهِ صلى الله عليه وسلم، حَتَّى أَنْكَرْنَا قُلُوْبَنَا.

[٣٧٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ حَاتِمٍ، ثَنَا عَامِرُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الِاثْنَيْنِ.

[٣٧٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ أَبِيْ عُمَرَ، ثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحمدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، فَمَكَثَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ، وَلَيْلَةَ الثُّلَاثَاءِ، وَدُفِنَ مِنَ اللَّيْلِ. وَقَالَ سُفْيَانُ: وَقَالَ غَيْرُهُ: "يُسْمَعُ صَوْتُ الْمَسَاحِيْ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ"

[٣٧٨-] حدثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحمدٍ، عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ نَمِرٍ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، وَدُفِنَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ. قَالَ أَبُوْ عِيسىٰ: هٰذَا حديثٌ غريبٌ.

حدیث (۱۲): سالم بن عبید جو صحابی ہیں: کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مرض وفات میں بیہوشی طاری ہوئی، پھر ہوش آیا تو آپؐ نے پوچھا: ''نماز کا وقت ہوگیا؟'' لوگوں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''بلال سے کہو اذان دیں، اور ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھائیں'' پھر آپؐ بیہوش ہوگئے، پھر ہوش آیا۔ آپؐ نے پوچھا: ''نماز کا وقت ہوگیا؟'' لوگوں نے کہا: ہاں! آپؐ نے فرمایا: ''بلال سے کہو اذان دیں، اور ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھائیں'' پس عائشہؓ نے عرض کیا: میرے ابا نرم دل آدمی ہیں، جب وہ اس جگہ کھڑے ہونگے تو رو پڑیں گے، اور نماز نہیں پڑھا سکیں گے، پس کاش آپؐ کسی اور کو حکم دیتے! راوی کہتا ہے: پھر آپؐ پر بیہوشی طاری ہوگئی، پھر ہوش آیا تو فرمایا: ''بلال سے کہو اذان دیں اور ابوبکر سے کہو لوگوں کو نماز پڑھائیں، پس بیشک تم یوسف علیہ السلام والی عورتیں ہو!'' (اس کی شرح ترمذی، مناقب، حدیث ۳۷۰۱ میں اسی جلد میں ہے)

راوی کہتا ہے: پس بلالؓ سے کہا گیا، انھوں نے اذان دی، اور ابوبکرؓ سے کہا گیا، انھوں نے نماز پڑھائی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیماری میں تخفیف محسوس کی، پس فرمایا: ''دیکھو اس کو جس پر میں سہارا لوں'' پس بریرہ اور ایک اور آدمی آئے، پس آپ نے ان دونوں کا سہارا لیا، پس جب ابوبکرؓ نے آپؐ کو دیکھا تو وہ پیچھے ہٹنے لگے، پس آپؐ نے ان کو اشارہ کیا کہ

وہ اپنی جگہ جمے رہیں، یہاں تک کہ ابوبکرؓ نے اپنی نماز پوری کی (اس پیرے گراف کے مضامین میں کئی اوہام ہیں، بیماری میں تخفیف اسی نماز میں محسوس نہیں کی تھی، بلکہ یہ دوسرے وقت کی بات ہےاور سہارا دے کر لے جانے والوں میں بریرہ شامل نہیں، اور اشارہ کے باوجود ابوبکرؓ پیچھے ہٹ آئے تھے، اور نماز آپؐ نے خلیفہ بن کر پڑھائی تھی)

پھر رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی، پس عمرؓ نے کہا: بخدا! نہ سنوں میں کسی کو جو ذکر کرے کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی ہے، مگر میں اس کو اپنی تلوار سے ماروں گا (دوسرا ترجمہ: بخدا! اگر کسی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی ہے تو میں اس تلوار سے اس کی گردن اڑا دونگا!) —— راوی کہتا ہے: اور لوگ امی (ناخواندہ) تھے۔ ان میں آپؐ سے پہلے کوئی نبی نہیں ہوا تھا یعنی ان کو نبی کی موت کا تجربہ نہیں تھا۔ پس لوگ رک گئے یعنی یہ کہنے سے کہ آپؐ کی وفات ہوگئی۔ پس لوگوں نے کہا: اے سالم بن عبید! رسول اللہ ﷺ کے رفیق کے پاس جاؤ، اور ان کو بلا لاؤ۔ پس میں ابوبکرؓ کے پاس آیا درانحالیکہ وہ (سَنْح گاؤں میں) مسجد میں تھے، پس میں ان کے پاس گھبرایا ہوا روتا ہوا پہنچا۔ جب انھوں نے مجھے دیکھا تو مجھ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی؟ میں نے کہا: عمرؓ کہتے ہیں: بخدا! اگر کسی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی ہے تو میں اس تلوار سے اس کی گردن اڑا دونگا!

ابوبکرؓ نے مجھ سے کہا: چل، پس میں ان کے ساتھ چلا، وہ آئے درانحالیکہ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس داخل ہوگئے تھے، پس آپؓ نے کہا: لوگو! میرے لئے کشادگی کرو مجھے جگہ دو پس لوگوں نے آپؐ کے لئے کشادگی کی، پس وہ (قریب) آئے، یہاں تک کہ وہ آپؐ پر جھکے، اور آپؐ کو بوسہ دیا، اور کہا: ''آپؐ کو بھی مرنا ہے، اور ان کو بھی مرنا ہے!'' (سورۃ الزمر آیت ۳۰)

پھر لوگوں نے پوچھا: اے رسول اللہ کے رفیق! کیا ہم رسول اللہ ﷺ کی نماز جنازہ پڑھیں؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں! لوگوں نے پوچھا: کس طرح پڑھیں؟ آپؓ نے فرمایا: کچھ لوگ اندر جائیں، پس تکبیر کہیں، اور دعا کریں، اور نماز جنازہ پڑھیں، پھر نکل آئیں۔ پھر کچھ لوگ اندر جائیں، پس تکبیر کہیں، اور نماز پڑھیں اور دعا کریں، پھر نکل آئیں، یہاں تک کہ سب لوگ داخل ہوئے (آپؐ کی نماز کمرے ہی میں تنہا تنہا پڑھی گئی تھی، اس لئے تدفین میں تاخیر ہوئی)

لوگوں نے پوچھا: اے رسول اللہ کے رفیق! کیا رسول اللہ ﷺ دفن کئے جائیں گے؟ آپؓ نے فرمایا: ہاں! لوگوں نے پوچھا: کہاں؟ آپؓ نے فرمایا: اسی جگہ جہاں اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی روح قبض کی ہے، پس بیشک اللہ تعالیٰ نے آپؐ کی روح قبض نہیں کی مگر ستھری جگہ میں! پس لوگوں نے جانا کہ ابوبکرؓ نے سچ کہا، یعنی صحابہ کو آپؓ کی ہر ہر بات پر اطمینان ہوا۔ پھر ابوبکرؓ نے لوگوں کو حکم دیا کہ آپؐ کے خاندان کے لوگ آپؐ کو غسل دیں۔

اور مہاجرین مشورہ کرنے کے لئے اکٹھا ہوئے، پس انھوں نے کہا: آؤ ہم اپنے انصاری بھائیوں کے پاس چلیں، ہم ان کو بھی اس معاملہ میں اپنے ساتھ شریک کریں۔ پس انصار نے کہا: ایک امیر ہم میں سے ہو، اور ایک امیر تم میں سے!

پس عمرؓ نے کہا: کون ہے جس میں یہ تین فضیلتیں جمع ہیں؟ ’’دو میں کا دوسرا، جب وہ دونوں غار میں تھے، جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہے تھے: کچھ غم نہ کر، بیشک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہیں‘‘ (سورۃ التوبہ آیت ۴۰) کون ہیں وہ دونوں؟ (اس آیت میں تین مرتبہ معیت کا ذکر ہے: ۱- دو میں کا دوسرا۔ ۲- إذهما: جب وہ دونوں۔ ۳- معنا: ہمارے ساتھ)

راوی کہتا ہے: پھر عمرؓ نے ہاتھ بڑھایا، اور انھوں نے بیعت کی، اور لوگوں نے (بھی) بیعت کی عمدہ خوبصورت یعنی سب نے خوش دلی سے بیعت کی۔

فائدہ: یہ روایت پوری طبرانی نے معجم کبیر (حدیث ۶۳۶۷) میں ذکر کی ہے۔ اور اس کے متفرق اجزاء صحیحین وغیرہ میں آئے ہیں۔

[۳۷۹-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، قَالَ: ثَنَا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، أُخْبِرْنَا عَنْ نُعَيْمِ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيْطٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: أُغْمِيَ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ مَرَضِهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: ’’حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟‘‘ قَالُوْا: نَعَمْ، فَقَالَ: ’’مُرُوْا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ لِلنَّاسِ‘‘ أَوْ قَالَ: ’’بِالنَّاسِ‘‘ ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ. فَقَالَ: ’’حَضَرَتِ الصَّلَاةُ؟‘‘ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: ’’مُرُوْا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ‘‘ فَقَالَتْ عَائِشَةُ: إِنَّ أَبِيْ رَجُلٌ أَسِيْفٌ، فَإِذَا قَامَ ذٰلِكَ الْمَقَامَ بَكَى، فَلَا يَسْتَطِيْعُ، فَلَوْ أَمَرْتَ غَيْرَهُ! قَالَ: ثُمَّ أُغْمِيَ عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ، فَقَالَ: ’’مُرُوْا بِلَالًا فَلْيُؤَذِّنْ، وَمُرُوْا أَبَا بَكْرٍ فَلْيُصَلِّ بِالنَّاسِ، فَإِنَّكُنَّ صَوَاحِبُ، أَوْ: صَوَاحِبَاتُ يُوْسُفَ!‘‘

قَالَ: فَأُمِرَ بِلَالٌ فَأَذَّنَ، وَأُمِرَ أَبُوْ بَكْرٍ فَصَلَّى بِالنَّاسِ. ثُمَّ إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم وَجَدَ خِفَّةً، فَقَالَ: ’’انْظُرُوْا إِلَى مَنْ أَتَّكِئُ عَلَيْهِ‘‘ فَجَاءَتْ بَرِيْرَةُ، وَرَجُلٌ آخَرُ، فَاتَّكَأَ عَلَيْهِمَا، فَلَمَّا رَآهُ أَبُوْبَكْرٍ ذَهَبَ لِيَنْكُصَ، فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ، أَنْ يَّثْبُتَ مَكَانَهُ، حَتَّى قَضَى أَبُوْ بَكْرٍ صَلَاتَهُ.

ثُمَّ إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قُبِضَ، فَقَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ! لَا أَسْمَعُ أَحَدًا يَذْكُرُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قُبِضَ إِلَّا ضَرَبْتُهُ بِسَيْفِيْ هٰذَا! قَالَ: وَكَانَ النَّاسُ أُمِّيِّيْنَ، لَمْ يَكُنْ فِيْهِمْ نَبِيٌّ قَبْلَهُ، فَأَمْسَكَ النَّاسُ، فَقَالُوْا: يَا سَالِمُ! انْطَلِقْ إِلَى صَاحِبِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَادْعُهُ، فَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ، وَهُوَ فِيْ الْمَسْجِدِ، فَأَتَيْتُهُ أَبْكِيْ دَهِشًا، فَلَمَّا رَآنِيْ قَالَ لِيْ: أَقُبِضَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قُلْتُ: إِنَّ عُمَرَ يَقُوْلُ: لَا أَسْمَعُ أَحَدًا يَذْكُرُ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قُبِضَ إِلَّا ضَرَبْتُهُ بِسَيْفِيْ هٰذَا.

قَالَ لِيْ: انْطَلِقْ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ، فَجَاءَ هُوَ، وَالنَّاسُ قَدْ دَخَلُوْا عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَفْرِجُوْا لِيْ، فَأَفْرَجُوْا لَهُ، فَجَاءَ حَتَّى أَكَبَّ عَلَيْهِ، وَمَسَّهُ، فَقَالَ: ﴿إِنَّكَ

مَيِّتٌ وَإِنَّهُم مَيِّتُوْنَ﴾
ثُمَّ قَالُوْا: يَا صَاحِبَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَنُصَلِّيْ عَلَى رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالُوْا: وَكَيْفَ؟ قَالَ: يَدْخُلُ قَوْمٌ فَيُكَبِّرُوْنَ، وَيَدْعُوْنَ، وَيُصَلُّوْنَ، ثُمَّ يَخْرُجُوْنَ، ثُمَّ يَدْخُلُ قَوْمٌ فَيُكَبِّرُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ، وَيَدْعُوْنَ، ثُمَّ يَخْرُجُوْنَ، حَتَّى يَدْخُلَ النَّاسُ.

قَالُوْا: يَا صَاحِبَ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم أَيُدْفَنُ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم؟ قَالَ: نَعَمْ. قَالُوْا: أَيْنَ؟ قَالَ: فِي الْمَكَانِ الَّذِيْ قَبَضَ اللّٰهُ فِيْهِ رُوْحَهُ، فَإِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَقْبِضْ رُوْحَهُ إِلَّا فِيْ مَكَانٍ طَيِّبٍ، فَعَلِمُوْا أَنْ قَدْ صَدَقَ، ثُمَّ أَمَرَهُمْ أَنْ يُغَسِّلَهُ بَنُوْ أَبِيْهِ.

وَاجْتَمَعَ الْمُهَاجِرُوْنَ يَتَشَاوَرُوْنَ: فَقَالُوْا: انْطَلِقْ بِنَا إِلَى إِخْوَانِنَا مِنَ الْأَنْصَارِ، نُدْخِلْهُمْ مَعَنَا فِيْ هٰذَا الْأَمْرِ، فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ: مِنَّا أَمِيْرٌ، وَمِنْكُمْ أَمِيْرٌ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَنْ لَهُ مِثْلُ هٰذِهِ الثَّلَاثِ؟: ﴿ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْهُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُوْلُ لِصَاحِبِهِ لَاتَحْزَنْ إِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا﴾ مَنْ هُمَا؟ قَالَ: ثُمَّ بَسَطَ يَدَهُ، فَبَايَعَهُ، وَبَايَعَهُ النَّاسُ بَيْعَةً حَسَنَةً جَمِيْلَةً.

حدیث (۱۳): انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جب رسول اللہ ﷺ کو موت کی بے چینی محسوس ہوئی تو فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: ہائے (میرے ابا کی) بے چینی! پس نبی ﷺ نے فرمایا: ''آج کے بعد آپ کے ابا کے لئے کوئی بے چینی نہیں! آج آپ کے ابا کے پاس وہ فرشتہ آیا ہے جو موت سے کسی کو چھوڑنے والا نہیں! اب ملاقات قیامت کے دن ہوگی؟'' (اس روایت کا کچھ حصہ بخاری (حدیث ۴۴۶۲) میں ہے، اور پوری روایت ابن ماجہ میں ہے)

حدیث (۱۴): رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میری امت میں سے جس کے دو فرط (پیش رو) ہوں: اللہ تعالیٰ ان کی وجہ سے اس کو جنت میں داخل کریں گے'' عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا: یارسول اللہ! جس کا ایک فرط ہو؟ آپ نے فرمایا: ''اور جس کا ایک فرط ہو'' یعنی اس کے لئے بھی یہی ثواب ہے اے وہ عورت جسے خیر کی باتیں پوچھنے کی توفیق دی گئی ہے! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا: اور اگر آپ کی امت میں سے کسی کا کوئی فرط نہ ہو؟ آپ نے فرمایا: ''میں اپنی امت کا فرط ہوں، میرے مانند وہ ہرگز مصیبت نہیں پہنچائے گئے!'' یعنی میری امت کے لئے سب سے بڑا صدمہ میری وفات کا ہوگا، اور میری امت اس پر صبر کرے گی، پس میں ان کے لئے فرط (پیش رو) بنوں گا! (ترمذی، جنائز، حدیث ۱۰۴۵ تحفہ ۳: ۴۷۴)

[۳۸۰-] حدثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ: شَيْخٌ بَاهِلِيٌّ قَدِيْمٌ بَصْرِيٌّ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَمَا وَجَدَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم مِنْ كَرْبِ الْمَوْتِ، قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَاهْ! فَقَالَ النبيُّ صلى الله عليه وسلم: '' لَاكَرْبَ عَلَى أَبِيْكِ بَعْدَ الْيَوْمِ، إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ مِنْ

أَبِيْكِ مَا لَيْسَ بِتَارِكٍ مِّنْهُ أَحَدًا، الْمُوَافَاةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

[٣٨١-] حدثنا أَبُوْ الْخَطَّابِ: زِيَادُ بْنُ يَحْيىَ الْبَصْرِيَّ، وَنَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالاَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ رَبِّهِ بْنِ بَارِقٍ الْحَنَفِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَدِّيْ أَبَا أُمِّيْ: سِمَاكَ بْنَ الْوَلِيْدِ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يُحَدِّثُ أَنَّهُ سَمِعَ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، يَقُوْلُ:"مَنْ كَانَ لَهُ فَرَطَانِ مِنْ أُمَّتِيْ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ تعالى بِهِمَا الْجَنَّةَ" فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: فَمَنْ كَانَ لَهُ فَرْطٌ مِنْ أُمَّتِكَ؟ قَالَ:" وَمَنْ كَانَ لَهُ فَرْطٌ يَا مُوَفَّقَةُ" قَالَتْ: فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ فَرطٌ مِنْ أُمَّتِكَ؟ قَالَ:" فَأَنَا فَرْطٌ لِأُمَّتِيْ، لَنْ يُصَابُوْا بِمِثْلِيْ"

بابُ ماجاءَ فِي مِيْرَاثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

نبی ﷺ کے تر کہ کا بیان

حدیث (۱): رسول اللہ ﷺ کے سالے عمرو بن الحارث رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے نہیں چھوڑے مگر اپنے ہتھیار اور اپنا خچر اور وہ زمین جس کو آپ ﷺ نے صدقہ کر دیا تھا (یہ بخاری کی روایت ہے)

حدیث (۲): ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: فاطمہ رضی اللہ عنہا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئیں۔ اور ان سے پوچھا: آپ کا وارث کون ہوگا؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے گھر والے اور میری اولاد۔ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: پس میں اپنے ابا کی وارث کیوں نہیں؟ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ہم انبیاء مورث نہیں بنائے جاتے یعنی ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ البتہ رسول اللہ ﷺ جن کی کفالت کرتے تھے میں بھی ان کی کفالت کرونگا، اور میں بھی ان لوگوں پر خرچ کرونگا جن پر رسول اللہ ﷺ خرچ کرتے تھے (ترمذی، سیر، حدیث ۱۶۰۱ تحفہ ۴: ۵۴۲)

حدیث (۳): ابوالبختری کہتے ہیں: حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس جھگڑتے ہوئے آئے۔ ان میں سے ہر ایک اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا: تو ایسا ہے اور تو ایسا ہے! پس عمر رضی اللہ عنہ نے حضرات طلحہ، زبیر، ابن عوف اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم سے کہا: میں آپ لوگوں کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! کیا آپ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ " نبی کا ہر مال صدقہ ہے، علاوہ اس کے جو وہ اپنے گھر والوں کو کھلائے، بیشک ہم مورث نہیں بنائے جاتے!" یعنی ہمارا کوئی وارث نہیں ہوتا؟ (سب نے جواب دیا: ہاں ہم نے یہ ارشاد سنا ہے، اور یہ لمبی حدیث ہے، اور یہ حدیث ابوداؤد کتاب الخراج میں بھی ہے)

حدیث (۴): عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " ہم مورث نہیں بنائے جاتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ خیرات ہوتا ہے (متفق علیہ)

حدیث (۵): نبی ﷺ نے فرمایا: " میرے ورثاء دینار و درہم تقسیم نہیں کریں گے، میں جو کچھ اپنی بیویوں کے

خرچے اوراپنے کارکن کی تنخواہ کے بعد چھوڑونگا وہ صدقہ ہوگا'' (یہ روایت متفق علیہ ہے)

حدیث (۶): مالک بن اوس کہتے ہیں: میں حضرت عمرؓ کے پاس پہنچا، تھوڑی دیر بعد حضرات عثمان، زبیر، ابن عوف اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم پہنچ گئے، پھر علی اور عباس رضی اللہ عنہما اپنا مقدمہ لے کر آئے۔ پس عمرؓ نے حاضرین سے فرمایا: میں تمہیں اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان وزمین برقرار ہیں! کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: ''ہمارا کوئی وارث نہیں، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں صدقہ ہوتا ہے'' سب نے کہا: ہاں! (یہ لمبی حدیث ہے، جو بخاری (حدیث ۳۰۹۴) میں ہے) (ترمذی، سیر، حدیث ۱۶۰۲ تحفہ ۴: ۵۴۲)

حدیث (۷): عائشہؓ کہتی ہیں: رسول اللہ ﷺ نے نہ کوئی دینار چھوڑا نہ درہم نہ بکری، نہ اونٹ۔ راوی کہتا ہے: اور مجھے غلام اور باندی میں شک ہے (یہ مسلم شریف کی روایت ہے)

[٥٥-] بابُ مَاجاءَ فِيْ مِيْرَاثِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم

[٣٨٢-] حدثنا أَحْمَدُ بْنُ مَنِيْعٍ، ثَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحمدٍ، ثنا إِسْرَائِيْلُ. عَنْ أَبِيْ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ: أَخِيْ جُوَيْرِيَّةَ، لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ: مَا تَرَكَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم إِلَّا سِلَاحَهُ، وَبَغْلَتَهُ، وَأَرْضًا جَعَلَهَا صَدَقَةً.

[٣٨٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثَنَا أَبُوْ الْوَلِيْدِ، ثَنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحمدِ بْنِ عُمَرَ، وَعَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُريرةَ، قَالَ: جَاءَ تْ فَاطِمَةُ إِلَى أَبِيْ بَكْرٍ رضى الله عنهما. فَقَالَتْ: مَنْ يَرِثُكَ؟ فَقَالَ: أَهْلِيْ وَوَلَدِيْ، فَقَالَتْ: مَالِيْ لاَأَرِثُ أَبِيْ؟ فَقَالَ أَبُوْبَكْرٍ: سَمِعْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" لاَنُوْرَثُ" وَلَكِنِّيْ أَعُوْلُ مَنْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَعُوْلُهُ، وَأُنْفِقُ عَلَى مَنْ كَانَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يُنْفِقُ عَلَيْهِ.

[٣٨٤-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنّى، ثَنَا يَحْيىَ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ: أَبُوْ غَسَّانٍ، ثَناشُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ: أَنَّ الْعَبَّاسَ وَعَلِيًّا جَاءَ ا إِلَى عُمَرَ يَخْتَصِمانِ، يَقُوْلُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِصَاحِبِه، أَنْتَ كَذَا، أَنْتَ كَذَا! فَقَالَ عُمَرُ: لِطَلْحَةَ، وَالزُّبَيْرِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، وَسَعْدٍ: نَشَدْتُّكُمْ بِاللّٰهِ! أَسَمِعْتُمْ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم يَقُوْلُ:" كُلُّ مَالِ نَبِيٍّ صَدَقَةٌ، إِلَّا مَا أَطْعَمَهُ، إِنَّا لاَنُوْرَثُ" وفى الحديثِ قِصَّةٌ.

[٣٨٥-] حدثنا مُحمدُ بْنُ الْمُثَنّى، ثَنا صَفْوَانُ بْنُ عِيسَى، عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ:" لاَنُوْرَثُ، مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ"

[٣٨٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ،

عَنْ أَبِیْ هُرِیرةَ، عَنِ النبیِّ صلی الله علیه وسلم قَالَ: ”لاَ یَقْسِمُ وَرَثَتِیْ دِیْنَاراً وَلاَ دِرْهَمًا، مَا تَرَکْتُ بَعْدَ نَفقَةِ نِسَائِیْ، وَمَؤُنَةِ عَامِلِیْ، فَهُوَ صَدَقَةٌ“

[۳۸۷-] حدثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ الْخَلاَّلُ، ثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنِسٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰی عُمَرَ، فَدَخَلَ عَلَیْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَطَلْحَةُ، وَسَعْدٌ، وَجَاءَ عَلِیٌّ وَالْعَبَّاسُ یَخْتَصِمَانِ، فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ: أَنْشُدُکُمْ بِالَّذِیْ بِإِذْنِهِ تَقُوْمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ! أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ:” لاَنُوْرَثُ، مَا تَرَکْنَا صَدَقَةٌ“ فَقَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ! وَفِیْ الْحَدِیْثِ قِصَّةٌ طَوِیْلَةٌ.

[۳۸۸-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَاتَرَكَ رسولُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم دِیْنَاراً وَلاَدِرْهَمًا، وَلاَ شَاةً وَلاَ بَعِیْرًا“ قَالَ: وَأَشُكُّ فِیْ الْعَبْدِ وَالْأَمَةِ.

بابُ ماجاءَ فِی رُؤْیَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم

نبی ﷺ کوخواب میں دیکھنے کا بیان

حدیث (۱): ابن مسعودؓ کہتے ہیں: نبی ﷺ نے فرمایا: ”جس نے مجھے خواب میں دیکھا: اس نے مجھے ہی دیکھا، کیونکہ شیطان میرا پیکر نہیں بنا سکتا (ترمذی، رؤیا، حدیث ۲۲۷۴ تحفہ ۶: ۶۲ باب ۴ میں اس حدیث کی شرح ہے)

حدیث (۲): ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے مجھے خواب میں دیکھا: اس نے مجھے ہی دیکھا، پس بیشک شیطان میری شکل نہیں بنا سکتا“ یا فرمایا: ”میرے مشابہ نہیں ہوسکتا“

حدیث (۳): طارق بن اَشیمؓ سے بھی یہی حدیث مروی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”جس نے مجھے خواب میں دیکھا: اس نے مجھے ہی دیکھا“ (اس حدیث کے راوی خلف بن خلیفہ بھی تابعی ہیں، انھوں نے بچپن میں حضرت عمرو بن حریثؓ کو دیکھا ہے)

حدیث (۴): ابو ہریرہؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جس نے مجھے خواب میں دیکھا: اس نے مجھی کو دیکھا، کیونکہ شیطان میرا پیکر نہیں بنا سکتا۔ حدیث کے راوی کلیب کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث ابن عباسؓ سے بیان کی، اور میں نے کہا: میں نے نبی ﷺ کو خواب میں دیکھا ہے، پھر میں نے حضرت حسنؓ کا تذکرہ کیا، اور میں نے کہا: میں ان کو نبی ﷺ کے مشابہ قرار دیتا ہوں، پس ابن عباسؓ نے کہا: بیشک وہ نبی ﷺ کے مشابہ تھے۔

حدیث (۵): یزید فارسی جو قرآن لکھا کرتے تھے: کہتے ہیں: میں نے ابن عباسؓ کی حیات میں رسول اللہ ﷺ

کوخواب میں دیکھا، پس میں نے ابن عباسؓ سے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کوخواب میں دیکھا ہے۔ ابن عباسؓ نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: ''شیطان اس بات کی طاقت نہیں رکھتا کہ وہ میری شکل بنائے، پس جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا'' کیا تو طاقت رکھتا ہے کہ اس آدمی کا حال بیان کرے جس کو تو نے خواب میں دیکھا ہے؟ میں نے کہا: ہاں! حال بیان کرتا ہوں میں آپ کے لئے: ایک آدمی دو آدمیوں کے درمیان: اس کے جسم کا اور اس کے گوشت کا یعنی وہ معتدل قد اور معتدل جسم کے آدمی تھے، رنگ گندمی سفیدی مائل تھا، دونوں آنکھیں سرمگیں تھیں، مسکراہٹ عمدہ اور چہرے کے دائرے خوبصورت تھے، ان کی ڈاڑھی نے اِس کے اور اُس کے درمیان کو یعنی دونوں شانوں کے درمیان کو بھر رکھا تھا یعنی ڈاڑھی گھنی تھی ـــــ عوف راوی کہتے ہیں: مجھے معلوم نہیں اس وصف کے ساتھ اور کیا کیا تھا۔ پس ابن عباسؓ نے فرمایا: اگر تم بیداری میں آپؐ کو دیکھتے تو اس سے زیادہ آپؐ کے اوصاف بیان نہیں کر سکتے تھے۔

سند کے دو راویوں کا تعارف:

۱- یزید دو ہیں: ایک یزید فارسی جو اس حدیث کے راوی ہیں۔ دوسرے: یزید الرقاشی۔ اول کا نام: یزید بن ہرمز ہے، اور وہ یزید الرقاشی سے اقدم ہیں، وہ ابن عباسؓ سے متعدد حدیثیں روایت کرتے ہیں، اور یزید الرقاشی نے ابن عباس کا زمانہ نہیں پایا، ان کا نام یزید بن ابان الرقاشی ہے، وہ انسؓ سے روایت کرتے ہیں، اور دونوں بصرہ کے رہنے والے ہیں۔

۲- اور عوف بن ابی جمیلہ: عوف الاعرابی ہیں، نضر بن شمیل نے عوف اعرابی کا قول نقل کیا ہے کہ میں قتادہ سے عمر میں بڑا ہوں۔

حدیث (۶): ابوقتادہؓ کہتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھی کو دیکھا، کیونکہ شیطان میری شکل بنا کر (خواب میں) سامنے نہیں آسکتا'' ـــــ اور نبی ﷺ نے فرمایا: ''مسلمان کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے'' (اس حدیث کی شرح تحفۃ الالمعی ۶:۵۴ میں ہے)

[۵۶-] بابُ ماجاءَ فِی رُؤْیَةِ رسولِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ الْمَنَامِ

[۳۸۹-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، ثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ أَبِیْ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِیْ الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النبیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: ''مَنْ رَآنِیْ فِیْ الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِیْ، فَإِنَّ الشَّیْطَانَ لَایَتَمَثَّلُ بِیْ''

[۳۹۰-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحمدُ بْنُ الْمُثَنَّی، قَالَا: ثَنَا مُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِیْ حَصِیْنٍ، عَنْ أَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: ''مَنْ رَآنِیْ فِیْ

الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لايَتَصَوَّرُ، أَوْ: يَتَشَبَّهُ بِيْ"

[٣٩١-] حدثنا قُتَيْبَةُ، ثَنَا خَلْفُ بْنُ خَلِيْفَةَ، عَنْ أَبِيْ مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ رَآنِيْ فِيْ الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ"

قَالَ أَبو عيسىٰ: وَأَبُوْ مَالِكٍ هٰذَا: هُوَ سَعِيْدُ بْنُ طَارِقِ بْنِ أَشْيَمَ، وَطَارِقُ بْنُ أَشْيَمَ: هُوَ مِنْ أَصْحَابِ رسولِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم، وَقَدْ رَوَى عَنِ النبيِّ صلى الله عليه وسلم أَحَادِيْثَ، وَسَمِعْتُ عَلِيَّ ابْنَ حُجْرٍ، يَقُوْلُ: قَالَ: خَلْفُ بْنُ خَلِيْفَةَ: رَأَيْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ صَاحِبَ النبيِّ صلى الله عليه وسلم، وَأَنَا غُلَامٌ صَغِيْرٌ.

[٣٩٢-] حدثنا قُتَيْبَةُ: هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، حَدَّثَنِيْ أَبِيْ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم:" مَنْ رَآنِيْ فِيْ الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لايَتَمَثَّلُنِيْ" قَالَ: كُلَيْبٌ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ: قَدْ رَأَيْتُهُ، فَذَكَرْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، فَقُلْتُ: شَبَّهْتُهُ بِهِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّهُ كَانَ يُشْبِهُهُ.

[٣٩٣-] حدثنا مُحمدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِيْ عَدِيٍّ، وَمُحمدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالاَ: حَدَّثَنَا عَوْفُ بْنُ أَبِيْ جَمِيْلَةَ، عَنْ يَزِيْدَ الْفَارِسِيِّ، وَكَانَ يَكْتُبُ الْمَصَاحِفَ، قَالَ: رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ الْمَنَامِ، زَمَنَ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: إِنِّيْ رَأَيْتُ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فِيْ النَّوْمِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم كَانَ يَقُوْلُ:" إِنَّ الشَّيْطَانَ لايَسْتَطِيْعُ أَنْ يَتَشَبَّهَ بِيْ، فَمَنْ رَآنِيْ فِيْ النَّوْمِ فَقَدْ رَآنِيْ" هَلْ تَسْتَطِيْعُ أَنْ تَنْعَتَ هٰذَا الرَّجُلَ الَّذِيْ رَأَيْتَهُ فِيْ النَّوْمِ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَنْعَتُ لَكَ رَجُلاً بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ: جِسْمُهُ وَلَحْمُهُ، أَسْمَرَ إِلَى الْبَيَاضِ، أَكْحَلَ الْعَيْنَيْنِ، حَسَنَ الضَّحِكِ، جَمِيْلَ دَوَائِرِ الْوَجْهِ، قَدْ مَلَأَتْ لِحْيَتُهُ مَا بَيْنَ هٰذِهِ إِلَى هٰذِهِ، قَدْ مَلَأَتْ نَحْرَهُ، قَالَ عَوْفٌ: وَلاَ أَدْرِيْ مَا كَانَ مَعَ هٰذَا النَّعْتِ، فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: لَوْ رَأَيْتَهُ فِيْ الْيَقْظَةِ مَا اسْتَطَعْتَ أَنْ تَنْعَتَهُ فَوْقَ هٰذَا.

قَالَ أَبُو عيسىٰ: وَيَزِيْدُ الْفَارِسِيُّ: هُوَ يَزِيْدُ بْنُ هُرْمُزَ، وَهُوَ أَقْدَمُ مِنْ يَزِيْدَ الرَّقَاشِيِّ، وَرَوَى يَزِيْدُ الْفَارِسِي عَنْ ابنِ عَبَّاسٍ رضى الله عنهما أَحَادِيْثَ، وَيَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ لَمْ يُدْرِكِ ابْنَ عَبَّاسٍ، وَهُوَ يَزِيْدُ ابْنُ أَبَانَ الرَّقَاشِيُّ، وَهُوَ يَرْوِيْ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، وَيَزِيْدُ الفارسي وَيَزِيْدُ الرَّقَاشِيُّ كِلَاهُمَا مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، وَعَوْفُ بْنِ أَبِيْ جَمِيْلَةَ: هُوَ عَوْفٌ الْأَعْرَابِيُّ: حَدَّثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَلْمٍ الْبَلْخِيُّ، ثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: قَالَ عَوْفٌ الْأَعْرَابِيُّ: أَنَا أَكْبَرُ مِنْ قَتَادَةَ.

[٣٩٤-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِيْ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَخِيْ ابْنِ

شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَمِّهِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: قَالَ أَبُوْ سَلَمَةَ: قَالَ أَبُوْ قَتَادَةَ: قَالَ رسولُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: "مَنْ رَآنِيْ - يَعْنِيْ فِيْ النَّوْمِ - فَقَدْ رَأَى الْحَقَّ"

[۳۹۵-] حدثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَنَا مُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رسولَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم قَالَ: "مَنْ رَآنِيْ فِيْ الْمَنَامِ فَقَدْ رَآنِيْ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَايَتَخَيَّلُ بِيْ" قَالَ: "ورُؤْيَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَأَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ"

دو زرّیں نصیحتیں

جس طرح کتاب العلل الصغیر سنن ترمذی کا جزء ہے، وہ کتاب کا مقدمۂ لاحقہ ہے، اسی طرح شمائل النبی بھی سنن ترمذی کا حصہ ہے۔ کتاب کے آخر میں مناقب کے ابواب ہیں، اور مناقب کے شروع میں سیرۃ النبی کا بیان ہے، مگر امام ترمذی نے محسوس کیا کہ اس مختصر بیان سے سیرتِ نبوی کا حق ادا نہیں ہوا، اس لئے ابواب المناقب کے ساتھ یہ رسالہ لاحق کیا تا کہ کچھ تو حق ادا ہو، پس اب جامع ترمذی تمام اجزاء کے ساتھ مکمل ہو رہی ہے، اس لئے آخر میں دو قیمتی نصیحتیں فرماتے ہیں:

۱- قاضی اور مفتی کی احادیث وآثار پر نظر ہونی چاہئے

روایت: حضرت عبداللہ بن المبارک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: إِذَا ابْتُلِيْتَ بِالْقَضَاءِ فَعَلَيْكَ بِالْأَثَرِ: جب تم قضا میں پھنس جاؤ تو آثار کو لازم پکڑو!

تشریح: محدثین کے نزدیک: اثر: مرفوع اور موقوف حدیثوں کو شامل ہے، اسی طرح خبر بھی عام ہے، اور قضاء ہی کی طرح افتاء کی ذمہ داری بھی ہے۔ پس قاضی اور مفتی کو بطور خاص احادیث وآثارِ صحابہ سے مزاولت رکھنی چاہئے، صرف فقہ پر اکتفا نہیں کرنی چاہئے۔

حضرت علامہ مولانا محمد انور شاہ کشمیری قدس سرہ نے کسی جگہ فرمایا ہے: بعض اخلاقی احکام جو احادیث میں ہیں: فقہ میں نہیں ہیں، اس لئے مفتی کو کتبِ احادیث پیشِ نظر رکھنی چاہئیں، تا کہ وہ شریعت کے اس (اخلاقی) حصہ سے بھی لوگوں کو واقف کر سکے (انتہی) اسی طرح قاضی کو بھی احادیث وآثار صحابہ کا مطالعہ کرتے رہنا چاہئے، قاضی کو ان سے اپنے فیصلوں میں مدد ملے گی، اس کو اشباہ ونظائر کا علم ہوگا، اور اس کے فیصلے درستگی سے قریب ہونگے۔

۲- علم دین: دیندار مسلمان علماء ہی سے حاصل کرنا چاہئے

روایت: حضرت ابن سیرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں: هذا الحديثُ دينٌ، فانظروا عمن تأخذون دينكم؟: یہ

حدیثیں دین ہیں، پس دیکھو تم اپنا دین کس سے حاصل کرتے ہو؟

تشریح: مصادر شرعیہ: قرآن، حدیث اور اجماع امت ہیں، پس حدیثیں بھی دین ہیں، اور دین دیندار مسلمان علماء ہی سے حاصل کرنا چاہئے۔ غیر مسلموں (یہود و نصاریٰ) اور بد دین مسلمان علماء سے دین حاصل نہیں کرنا چاہئے، ان سے قرآن و حدیث اور علوم شرعیہ نہیں پڑھنے چاہئیں: زاغہا آشفتہ تر می گویند ایں افسانہا!: کوّے شاندار سے شاندار داستان کو بھی کائیں کائیں کرکے بدنما کردیں گے۔

اسی طرح دیندار مسلمان مصنف ہی کی کتاب پڑھنی چاہئے، مصنف اپنی کتاب پر اثر انداز ہوتا ہے، اور استاذ تو پوری طرح قابو یافتہ ہوتا ہے، وہ منٹوں میں ذہن اِدھر اُدھر پھیر دیتا ہے۔

ایک واقعہ: جب آکسفورڈ یونیورسٹی (لندن) میں اسلامیات کا شعبہ قائم ہوا تو وہاں سے دارالعلوم دیوبند کے نام خط آیا۔ انھوں نے دو ہونہار انگریزی جاننے والے طلبہ مانگے تھے، جو دراساتِ علیاء میں داخل ہونگے، اور ان کو یہ اور یہ سہولت دی جائے گی، مہتمم صاحب نے یہ خط مجلس شوری میں رکھ دیا۔ مجلس شوری نے کہا: ہم نے ان طلباء کو دین پڑھایا ہے، اب وہ وہاں جاکر یہود و نصاریٰ سے پڑھیں گے، اس لئے اندیشہ ہے کہ ان طلباء کا دین خراب ہوجائے، پس ان کو شکریہ کا خط لکھ دیا جائے۔

[٣٩٦-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِيْ، يَقُوْلُ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ: إِذَا ابْتُلِيْتَ بِالْقَضَاءِ فَعَلَيْكَ بِالْأَثَرِ.

[٣٩٧-] حدثنا مُحمدُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ، أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْفٍ، عَنْ ابنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: هٰذَا الحديثُ دِيْنٌ، فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَأْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ.

اللہ تعالیٰ کے بے پایاں فضل و کرم سے آج بتاریخ ۳رشعبان المعظم ۱۴۳۰ھ مطابق ۲۶رجولائی ۲۰۰۹ء کو سنن ترمذی مع شمائل نبوی کی شرح تحفۃ الالمعی جلد ہشتم پوری ہوئی، اور اس جلد پر یہ شرح تمام ہوئی۔

فالحمد لله والمنة له، والصلاة والسلام على حبيبه الكريم، وعلى آله وصحبه أجمعين